

بسم اللہ الرحمن الرحیم

هو ۔ هو ۔ اللہ ۔ هو ۔ هو



اسرار محبوب (کامل)



افادات ، ملفوظات ، تعلیمات ، اذکار و اشغال ، وظائف ۔

امام المشائخ پیر سید محبوب علی شاہ بانوا قادری"



مرتب ، مؤلف ، مصنف

محمد عبد الرؤف القادری البلوشی

برائے اذن و رہنمائی : +92 300 4695094

آستانہ عالیہ پیر سید محبوب علی شاہ بخاری" ، طیبہ کالج ، بستی عبداللہ ۔ پہلی پہاڑ روڈ ۔ دیپالپور ۔ اوکاڑہ ۔

پیر سید عابد علی شاہ صاحب ۔ پیر سید محسن شاہ صاحب ۔ پیر سید ابو سعید گلشن شاہ صاحب ۔ پیر سید مراد علی شاہ صاحب ابن پیر سید صائم شاہ ۔

مکتبہ دانیال ۔ اردو بازار ۔ لاہور ۔

موبائل نمبر 7660736 336 92+



کتابِ مُستطاب مُشتمل بَر عُلوم وَ فنونِ

علم القرآن وتفسیر۔ مجموعہ احادیثِ نبویہؐ۔ مسائل وفضائل نماز۔ دعوت وتبلیغ۔ تصوف۔ سلوک۔
معرفت الٰہی وعرفانِ روحانی۔ علم لدنی۔ اسمِ اعظم (تحقیق وتلاش)۔ تصرفاتِ اسمآ الحُسنیٰ۔ اعمالِ کشف۔
اَوراد و وظائف۔ اذکارِ ضربیہ۔ اشغال ومراقبات۔ فالنامہ۔ علومِ روحانیات وتسخیرات۔ طب وحکمت۔

اَسرَارِ مَحبُوبُ کامل


ملفوظات وتعلیمات۔ اوراد و اذکار۔ اشغال و مراقباتِ

شیخ المشائخ پیر سید محبوب علی شاہ بانوا قادریؒ

مُرتب و جامع کتاب

محمد عبدالرؤف البلوشی

اسمِ ذات ''اللہ'' برائے تصور



اسمِ ذات اللہ کے ارد گرد اسمِ مبارک ''اللہ'' کے بجائے ''ننانوے اسمائے الٰہیہ تحریر کرنے سے (مزید) کثیر فوائد و منافع حاصل ہو سکتے ہیں۔


صفات الٰہیہ
حقیقتِ احمدیہ
حقیقتِ حبیبیہ
حقیقتِ محمدیہ
فضل و رحمت
اللہ
کی رضا
فضل و رحمت
توکل
شکر
استقامت
تواضع
توبہ
مقام عبدیہ
بیت اللہ
مقام الٰہی
حجابات 70
عرش الٰہی
بیت المعمور
آسمان چہارم
کعبہ
مقام نماز
مقام روزہ
مقام زکوۃ
مقام حج
مقام قرآن
مقام سنت
مقام حضوری
مقام رحمت
روضہ شریف
قبرِ انور
قدیم مسجد نبوی
مجلس محمدی
مقام دعوت
مقام تکوین
خدمت دین
خدمت خلق
شرمگاہ
پاؤں
ہاتھ
معدہ
آنکھیں
کان
زبان
توبہ
فقہ
عقیدہ

﴾ کتابِ مستطاب اَسرارِ محبوب (کامل) کے جملہ حقوق بحق اولادِ پیر سید محبوب علی شاہؒ اور مرتب و جامع (البلوشی) محفوظ ہیں ﴿

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبُّکَ وَحُبُّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَحُبُّ عَمَلٍ یُقَرِّبُنِیْ اِلٰی حُبِّکَ ۔ آمین۔
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسَاءَ لُکَ لَذَّۃَ النَّظَرِ اِلٰی وَجْھِکَ ، وَالشَّوْقَ اِلٰی لِقَائِکَ ۔آمین۔
اَللّٰھُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ کُلِّھَا۔ وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْیَا وَعَذَابُ الْاٰ خِرَۃِ ۔ آمین۔

حسبی ربی جل اللہ	ما فی قلبی غیر اللہ
نور محمد صلی اللہ	لا الہ الا اللہ ۔ لا الہ الا اللہ

بندہء پروردگارم ، اُمتِ احمد نبی ﷺ
دوست دارم چھار یارم، تابا اولادِ علیؓ
مذھب حنفیہ دارم ، ملتِ حضرت خلیلؑ
خاک پائے غوثِ اعظمؓ زیرِ سایہ ھر ولی

نام کتاب: اَسْرَارِ مَحْبُوْبؒ (کامل)

فیضانِ کرم: قطب الاقطاب محبوب الٰہی حضرت پیر سید محبوب علی شاہ بانوا قادریؒ
عُرف نور اللہ شاہ بانوا قادری چشتی نقشبندی سہروردی شطاریؒ

مُرتب و جامع: ابو العباد محمد عبد الرؤف **البلوشی** ۔(خادمِ اہلِ بیتِ رسول ﷺ وخلفائے راشدینؓ)

ایڈیشن: (ایڈیشن چھارم)

تاریخ طباعت: 26 جون 2026ء بروزِ جمعۃ المبارک (**10 محرم الحرام** 1448ھ)

ہدیہ کتاب: ☆☆☆☆☆☆☆☆

رابطہ نمبر برائے اجازت ورہنمائی: سید ابو سعید گلشن شاہ صاحب ۔ **+92 3004695094**

(مخفی حقیقت) فقر کا آغاز جنون، وسط فنون اور انجام کن فیکون ہے۔ تو کیوں نہ فقیری حاصل کی جائے ۔ (البلوشی)

حدودِ عقل ہے ابتدائے جنون　　　کوئی دیوانہ ہی جانے عشقِ فنون

غریبم یا رسول الله غریبم ندارم دَر جهاں جُز تُو حبیبم
بریں نازم که هستم اُمّتِ تُو گنهگارم و لیکن خوش نصیبم

شرف عقیدت ۔ انتساب

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

کھربوں درودوسلام ،آداب وتسلیمات ،تعظیم وتکریم ، احترام ونیاز
بحضو ر ا ما م ا لمرسلین خا تم ا لنبیین

رسولِ معظم و مکرم سیدنا محمد رسول الله ﷺ پر

کہ! جن کا احسانِ عظیم پوری اُمت ،تمام جہانوں کی تمام مخلوقات پر تھا۔
اَ ب تک بھی ہے ۔ بلکہ ہمیشہ ہی ر ہے گا ۔

(انشاء الله العظیم)

میں ا پنی ا س کا وش کا ا نتسا ب ا پنے

پیارے نبی آخرالزمان سرورِکائنات سیدنا محمدرسول الله ﷺ

کے نا م کر نے کی سعا د تِ عظیمہ حا صل کر تا ہو ں۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆ ☆☆

ا یک ا د نیٰ سا ،کمتر ین و نا چیز اُ متی
اَ حقر ا لعبا د **محمد عبد ا لر ؤ ف** ا لحنفی ا لقا د ر ی ا لبلو شی (کوئٹہ)
گر قبول ا فتد زھے عزو شرف

اَز عمل خویش ندارم اُمید بَر کرم تُست مَرا اعتماد
مجھے اپنے کسی عمل سے نجات کی کوئی توقع نہیں ۔ (کیونکہ) مَیں توصِرف تیرے کرم پر بھروسہ رکھتا ہوں ۔

نعتِ رسولِ مقبول بحضور سید المرسلین خاتم النبیین ﷺ

نعتِ حضرت عبدالرحمان جامی نقشبندیؒ

تنم فرسودہ جاں پارہ   زِ ہجراں یا رسول اللہ ﷺ
دِلم پژمردہ آوارہ   زِ عصیاں یا رسول اللہ ﷺ
چُوں سوئے من گُذر آری   من مسکیں زِ ناداری
فدائے نقش نعلینت   کُنم جاں یا رسول اللہ ﷺ
زِ کردہ خِویش حیرانم   سیاہ شُد رو زِ عصیانم
پشیمانم پشیمانم   پشیماں یا رسول اللہ ﷺ
زِ جامِ حُبِ تُو مستم   بہ زنجیرِ تُو دِل بستم
نمی گویم کہ! من ہستم   سُخن داں یا رسول اللہ ﷺ
شب و روز از شکیبائی   زِ حد گُشتم تمنائی
چُو با زوئے شفاعت را   کشائی بر گنہ گاراں
مکن محروم جامیؒ را   در آں! یا رسول اللہ ﷺ

نعتِ حضرت عبدالرحمان جامی نقشبندیؒ

زِ مہجوری بر آمد جانِ عالم   ترحم یا نبی اللہ ترحم
تُو آخر رحمۃ للعالمینے   زِ محروماں چرا فارغ نشینے
زِ خاکِ اے لالہءِ سیراب برخیز   چُونرگس خواب چند از خواب برخیز
بروں آور سر از برد یمانی   کہ روئے تست صبحِ زندگانی
بہ تن در پوش عنبر بوئے جامہ   بہ سر بربند کافوری عمامہ
فرود آویز از سر گیسواں را   فگن سایہ بہ پا سرو رواں را
ادیم طایفی نعلین پا کن   شراک از رشتہءِ جاں ہائے ما کن
زِ حجرہ پائے در صحنِ حرم نہ   بہ فرقِ خاک رہ بوستاں قدم نہ
شب اندوہ ما را روزِ گرداں   زِ رویت روزِ ما فیروز گرداں
بدہ دستے زِ پا افتاد گاں را   بکن دل داری دلداگاں را
تُو ابر رحمتے آں بہ کہ گاہے   کنی بر حالِ لب خشکاں نگاہے

نعتِ حضرت عبدالرحمان جامی نقشبندیؒ

بخلوت سوئے من گزر آری   خراماں یا رسول اللہ ﷺ
چُو روزِ حشر بر خیزم   بدا ماں تُو آویزم
زِ دیدہ خون دِل ریزم   فراواں یا رسول اللہ ﷺ
زِ پا افتادم از پیری   برحمت دستِ من گیری
ہمیں یک حرف بپزیری   زِ ناداں! یا رسول اللہ ﷺ
بصدیقت خریدارم   عمرؓ را دوست می دارم
فدا سازم دل و جاں را   بعُثماں! یا رسول اللہ ﷺ
نہادم پیش گاھے سر   بپائے ساقیءِ کوثر
اماماںؓ را شُدم چاکر   با ایقاں! یا رسول اللہ ﷺ
بوقتِ نزع درمانم   روز از تن بروں جانم
نِگاہ داری تُوئی ایمانم   زِ شیطاں! یا رسول اللہ ﷺ

نعتِ حضرت عبدالرحمان جامی نقشبندیؒ

زِ رحمت کن نظر برحال زارم یا رسول اللہ ﷺ
غریبم بے نوایم خاکسارم یا رسول اللہ ﷺ
زِ داغِ ھجر تو کہ دل فگارم یا رسول اللہ ﷺ
بہارِ صد چمن دَر سینہ دارم یا رسول اللہ ﷺ
توئی تسکینِ دل آرام جاں صبر و قرارِ من
رُخِ پُر نور بنما بے قرارم یا رسول اللہ ﷺ
توئی مولائے من، آقائے من، والی و جانِ من
تُوئی دانی کہ جُز تو کَس ندارم یا رسول اَللہ ﷺ
دمِ آخر نمائی جلوہءِ دیدار جامی را
زِ لطفِ تُو ھمیں امیدوارم یا رسول اللہ ﷺ

نعتِ حضرت عبدالرحمان جامی نقشبندیؒ

سلام علیک اے نبی مکرم   مکرم تر از آدم و نسلِ آدم
سلام علیک اے زِ آبائے علوی
بصورت مؤخر بہ معنیٰ مقدم
سلام علیک اے زِ آغازِ فطرت   طفیل وجودِ تُو ایجادِ عالم
سلام علیک اے زِ اسمآئے حُسنہ
جمال تُو آئینہءِ اسمِ اعظم
تُوئی یارسول اللہ ﷺ آں بحرِ رحمت
کہ باشد محیط از عطائے تُو یک نم
جگر تشنہءِ گانیم از رہ رسیدہ   ترحم علینا بماءِ ترحم
جزاک الذی عمّ جودًا و برًّا
وارضاک عنا و صل و سلم

نعتِ حضرت مولانا جلالالدین الرومیؒ

تُو کریمی من کمینہ بردہ ام   لیکن از لطف شما پروردہ ام
زندگی آمد برائے بندی   زندگی بے بندگی شرمندگی
یادِ او سرمایہءِ ایمان بود   ھر گدا از یاد او سلطان بود
سید و سرور محمدؐ نورِ جہاں   مہتر و بہتر شفیعِ مجرماں
چون محمد پاک شد از نار و دود   ھر کجا رو کرد وجھہ اللہ بود
شہبازی لا مکانی جانِ او   رحمۃ اللعالمیں دو شانِ او
مہترین و بہترین در انبیاءؑ   جز محمد نیست در ارض و سمآء
آں محمد حامد و محمود شد   شکلِ عابد صورتِ معبود شد
اولیاء اللہ ھو اللہ اولیاء   یعنی دیدِ پیرِ دید کبریا
ھر کہ پیر ذاتِ حق را یک نہ دید   نے مرید و نے مرید و نے مرید
مولوی ھر گز نہ شد مولائے روم   تا غلامِ شمس تبریزی نہ شد

مَیں اِس کتاب کا ثواب حضرت سید المرسلین ﷺ، اہلِ بیتِ اطہارؓ، حضرات خلفائے راشدینؓ، دوازدہ امامینؒ ہفت سلطانُ الفقراء، چاروں امامانِ شریعتؒ و چاروں امامانِ طریقتؒ کی ارواحِ طیبات کو ایصالِ ثواب کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ میری اِس ادنیٰ سی کاوش کو اپنے رسولِ مقبول ﷺ خلفائے راشدینؓ اور اہلِ بیتِ اطہارؓ کے تصدق و توسل سے اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت عطا فرما کر مجھے، میرے والدین اور میرے پیر و مرشدؒ اور میرے اہل و عیال کو اَجرِ عظیم عطا فرمائے۔ آمین۔

محبت کرنے والوں کی تجارت بھی انوکھی ہے   منافع چھوڑ دیتے ہیں، خسارے بانٹ لیتے ہیں

کہہ دو غم حسینؓ منانے والوں سے
مومن کبھی شہداء کا ماتم نہیں کرتے
ہے عشق اپنی جاں سے زیادہ آلِ رسول ﷺ کا
یوں سر عام ہم ان کا تماشہ نہیں کرتے
روئیں تو وہ ، جو ہیں منکر شہادت حسینؓ کے
ہم زندہ و جاوید کا ماتم نہیں کرتے

حصہ	علوم اسلامیہ

حصہ اول ۔ فہرستِ مضامین

خموش اے دل ! بھری محفل میں چلانا نہیں اچھا
اَدب پہلا قرینہ ہے ، محبت کے قرینوں میں

یہ غازی یہ تیرے پُراسرار بندے
جنھیں تُو نے بخشا ہے ذوقِ خدائی
دو نیم ان کی ٹھوکر سے صحراء و دریا
سمٹ کر پہاڑ ان کی ہیبت سے رائی
دو عالم سے کرتی ہے بیگانہ دل کو
عجب چیز ہے لذتِ آشنائی
شہادت ہے مطلوب و مقصودِ مومن
نہ مالِ غنیمت ، نہ کشور کشائی

یاد داشت ضروریہ

چہرے کا تأثر تو زمانے کے لئے ہے　　　پڑھیئے میری آنکھوں میں جو پیغام لکھے ہیں

﴿ بوقتِ مطالعہ ضروری اور پسندیدہ مضامین کو صفحہ ہذا پر نوٹ فرمالیں۔ تاکہ مضامین آسانی ڈھونڈے جاسکیں ﴾

مضمون / عنوان	صفحہ نمبر	مضمون / عنوان	صفحہ نمبر

خطبۃ الحاجۃ

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں۔ کہ! رسول اللہ ﷺ نے ہمیں (ایک) خطبہء حاجت سکھایا۔ مختلف کتب میں مرقوم ہے۔ کہ! خطبہء حاجۃ دراصل وہ خطبہء مسنونہ ہے۔ جسے ہمارے پیارے نبی کریم ﷺ ہر خطبہ پر، ہر تقریر اور ہر نکاح میں پڑھا کرتے تھے۔ (بلکہ) حضرت علامہ ابنِ قیمؒ کہتے ہیں۔ کہ! آپ ﷺ جب بھی خطبہ دیتے تھے۔ تو اسی خطبہء حاجہ سے اپنے خطبہ کا آغاز فرماتے تھے۔ (علماء نے اس خطبہ میں کچھ اضافہ بھی کیا ہے)

اِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَ نَسْتَعِیْنُہٗ وَ نَسْتَغْفِرُہٗ وَ نَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَ مِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَ مَنْ یُّضْلِلْ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ اَرْسَلَہٗ بِالْحَقِّ بَشِیْرًا وَّ نَذِیْرًا بَیْنَ یَدَیِ السَّاعَۃِ مَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَ رَسُوْلَہٗ فَقَدْ رَشَدَ وَاھْتَدٰی وَ مَنْ یَّعْصِھِمَا فَاِنَّہٗ لَا یَضُرُّ اِلَّا نَفْسَہٗ وَ لَا یَضُرُّ اللّٰہَ شَیْئًا۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ حَقَّ تُقٰتِہٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ۔ یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَۃٍ وَّ خَلَقَ مِنْھَا زَوْجَھَا وَبَثَّ مِنْھُمَا رِجَالًا کَثِیْرًا وَّنِسَآءً ج وَاتَّقُوا اللّٰہَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِہٖ وَالْاَرْحَامَ ط اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِیْدًا لا یُّصْلِحْ لَکُمْ اَعْمَالَکُمْ وَیَغْفِرْلَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ ط وَمَنْ یُّطِعِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِیْمًا۔

مجھ پہ تحقیق میرے بعد کرے گی دُنیا　　　مجھے سمجھیں گے میرے بعد زمانے والے

عرض مرتب و جامع : (اپنی بات)

اللھم انی اسئلک علما نافعا ☆ ورزقا طیبا ☆ وعملا متقبلا ☆

سب سے پہلے تو میں الہ العالمین کا کھربوں بار شکرگزار ہوں۔ کہ اس ذاتِ اعلیٰ وارفع نے مجھے اس کتاب کوتحریر کرنے کی توفیق اور طاقت عطا فرمائی۔ کیونکہ یہ سعادت اس ذات اقدس کے فضل وکرم کے بناء ناممکن العمل تھی۔ (**شکر الحمد للہ رب العالمین**) چونکہ!

این سعادت بزور بازو نیست تانہ بخشد خدائے بخشندہ

یاد رھے۔کہ ! دورحاضر کےعصری تقاضے ومسائل دینی ودنیاوی کومدنظر رکھتے ہوئے کتاب کی تدوین وترویج اوراشاعت وتشہیر کی جارہی ہے۔قارئینِ کتاب ہٰذا(اَسرارِمحبوب کامل) کی خدمتِ اقدس میں راقم الحروف عرض پرداز ہے۔کہ اس کتاب میں شامل تمام مضامین قرآن وحدیث،فقہ وتصوف،سلوک و معرفت،ادعیہ واوراد،اذکارومراقبات ومشاغل،احوال ومقامات،درجاتِ اولیاء ومتعلقاتِ ولایت واقوال وملفوظات اولیاء وبزگانِ دین اوراعمال وعملیات کو اسناد کے صحیح ہونے کی بنیاد پرتحریر کیا گیا ہے۔یادرہے۔کہ! جوقاری وشائقِ کتاب ہذا کے متعلقات اوراعمال وعملیات سےمُستفید ومُتفع ہوں۔وہ مجھے،میرے والدین، پیرانِ سلسلہ وپیرومرشد(پیرسیدمحبوب علی شاہؒ) مع اولادوخلفاءکواپنی خصوصی دُعاؤں میں لازمی یادرکھیں۔ **جزاک اللہ خیرًا کثیرا۔**

خدا تجھے کسی طوفاں سے آشنا کر دے کہ تیرے بحر کی موجوں میں اضطراب نہیں
تجھے کتاب سے ممکن نہیں فراغ کہ تُو کتاب خواں ہے مگر صاحبِ کتاب نہیں

اور ہاں! برسرلب اتنا ضرور کہوں گا۔کہ اس کتاب میں جوکچھ بھی بیان ہوا ہے۔اگرلوگ شرائط کی پاسداری کے ساتھ ان اموروکوسر انجام دیں۔یا پھرمتذکرۃ الصدراقوال وملفوظات اوراعمال کواپنالیں۔تواثرات سے قطعًا محروم نہیں رہیں گے۔کیونکہ اللہ تعالیٰ بعداَزحصولِ تقوٰی وتوکل اورراضی بررضا جیسے اعمالِ صالحہ کی محنت ومشقت کوضائع نہیں کرتا۔اوریہی میراایمان وعقیدہ ہے۔

ہم فقیروں سے دوستی کرلو گر سکھا دیں گے بادشاہی کے

بہرحال! لوگ گھر بیٹھے بٹھائے جعلی قسم کے پیروں و فقیروں اورلٹیرے عاملین کی معاونت وچکموں کے بناء ہی اپنے جمیع الاقسام امور میں اپنی مدد آپ کے تحت اس کتاب کی مدد سے اپنے مسائل میں خودکفیل ہوسکیں گے۔انشاءاللہ العظیم۔

حضورسیدنا شیخ عبدالقادرالجیلانیؒ کی کتب کے بارے میں علماءواولیاءکی یہ آراء ہیں۔کہ! **غنیۃ الطالبین** علمائے عظام کے لئے ہے۔ **الفتح الربانی** عوام الناس کے لئے ہے۔ **فتوح الغیب** اُن کے مریدین کے لئے ہے۔اسی طرح **سرالاسرارفیما یحتاج الیہ الابرار** اور **آداب السلوک والتواصل الی المنازل الملوک** (یہ دونوں کتب اُن کے خلفاءاورخاص مریدین) کے لئے ہیں۔ مجھےاس بات کی بےحدمسرت ہے۔ کہ! یہ کتاب **اسرارِ محبوب کامل** عوام، علماء،مریدین اورخواص (یعنی) جملہ احباب کے لئے کفایت کرے گی۔ان شاءاللہ۔

بے سہارا کوئی ملتا ہے تو دکھ ہوتا ہے میں بھی کیا ہوں کہ کسی کام نہیں آسکتا

دورجدید میں خانقاہی نظام کوسیکھنے اورسمجھنے کے لئے کوئی درس وتدریس کا باقاعدہ کوئی سرکاری ادارہ یادرس گاہ موجودنہیں۔اورنہ ہی ہماری حکومتیں ایسی درسگاہوں کو بنانے کی طرف کوئی توجہ دیتی ہیں۔ہمارے پاس صرف سلف صالحین کی کتب کا خزانہ ہی واحدسبیل ہے۔یا پھرکچھ پوشیدہ اولیاء اللہ،کہ! جن سے ہم تصوف،ولایت یا سلوک ومعرفت کوسمجھ سکتے ہیں۔ہونا تو یہ چاہیئے۔کہ! مملکت خدادادارض وطن''اسلامی جمہوریہ پاکستان'' میں روحانی علوم و فنون کو باقاعدہ سیکھنے سکھانے کا بھی کوئی منضبط ادارہ ان روحانی ونورانی علوم وفنون کوتعمیر کرکے اُمتِ محمدیہ ﷺ پرایک احسان کرے۔ورنہ یہاں تو نہ کوئی ظاہراستاد ہےاورنہ ہی کوئی خانقاہی نظام تعلیم وتربیت کا حکومتی ادارہ۔جوکہ ان علوم وفنون کی باریک بینیوں سے مجھ جیسے کم عقل وناسمجھ بندے اورعوام الناس کوروشناس کراسکے۔بناءاستادورہبر کے کسی بھی قسم کے علم کوسیکھنا یا اُس کے مفاہیم وادراک تک رسائی حاصل کرنا ناممکن العمل امرہے۔کیونکہ!

مولوی ہرگز نہ شد مولائے روم تا غلام شمس تبریزی نہ شد

مَیں نے بھی کئی سال اپنے پیرومرشد جناب قبلہ وکعبہ سیدی پیرسیدمحبوب علی شاہؒ کی خدمت اقدس میں رہ کرتعلیم تصوف اورزمانہ شناسی کے کچھ اسباق حاصل کئے۔جوکہ واقعتاً میرے لئے پُرفخرسرمایہ حیات ہیں۔بلکہ اس کتاب (اسرارمحبوب کامل) کے اکثرمضامین انہیں کےملفوظات کا مجموعہ ہیں۔

یک زمانہ صحبت با اولیاء بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا

فی زمانہ ضرورت تواس امرکی تھی۔کہ عوام الناس کی زبوں حالی،مصائب ومشکلات،امراض ونقائص،ظاہروپوشیدہ مسائل کے تدارک ومداوہ وازالہ اوران کے روزمرہ کے جملہ مقاصدوجمیع مطالب کو مدنظر رکھتے ہوئے اسی لئے اِس کتاب کومزین ومعمورکیا گیا ہے۔

وابستہ تیری یاد سے کچھ تلخیاں بھی تھیں اچھا کیا جو مجھ کو فراموش کر دیا

لہذا اس کتاب میں جوبھی علوم وفنون، حقائق ومعارف بیان ہوئے ہیں۔ان تمام کوسہل اصطلاحات کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔اورکوشش

کی گئی ہے۔ کہ کتاب کے آخری حصہ (روحانیات وعملیات اور طب وحکمت) میں کم سے کم نقوش کا دخیل ہو۔ تاکہ لوگوں کو نقوش کی چالوں اور مشک وکستوری اور عرق گلاب وزعفران، ہر قسم کے بخورات وخوشبویات وغیرہم سے بھی باز رکھا جائے۔ اِسی لئے تمام عملیات واعمال کو سلیس اردو، عام فہم اور سادہ الفاظ میں شائقین وقارئین تک پہنچایا جارہا ہے۔ جو کہ کافی مشقت کے بعد حاصل کئے گئے ہیں۔

من نمی گویم انا الحق، یار می گوید بگو | چوں نہ گوید چوں مرا دلدار می گوید بگو
آنچہ نتواں گفت اندر صومعہ باز اہداں | بے تحاشا بر سرِ بازار می گوید بگو
بندہ قدوس گنگوہی خدا را خود شناس | ایں ندا از غیب با اِصرار می گوید بگو

اس کتاب کے ابواب میں ایک باب ادعیہ، مراقبات، مشاغل کا ایک باب عملیات کا بھی دیا گیا ہے۔۔شائقین عملیات وقارئینِ کتاب ہٰذا سے یہ گزارش بھی ہے۔ کہ اس کتاب کے کسی عمل پر عمل پیرا ہونے سے قبل عمل میں مستعمل سورہ یا آیت کے اعراب کی قرآنِ پاک سے ضرور بالضرور تصحیح کر کے تسلی وتشفی کر لیں۔ بیسویں واکیسویں صدی کی تاریخ میں عملیات ووظائف، اوراد و روحانی مجربات پر سینکڑوں کتب منظر عام پر آچکی ہیں۔ جو کہ کافی حد تک متداول ومقبول بھی ہیں۔ مجھے اللہ تعالیٰ سے امید کامل ویقین واثق ہے۔ کہ میری یہ کاوش بھی انہیں مشہور ومقبول ومعروف کتب میں سے ایک ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ یہ کتاب سہل پیرائے میں تصنیف کی گئی ہے۔ تاکہ مبتدی حضرات ومنتہی حضرات اس کتاب (**اَسرارِ محبوبِ کامل**) سے بھرپور انداز میں متفنع ومستفید ہوسکیں۔

مَیں اکیلا ہی چلا تھا جانبِ منزل مگر | لوگ ساتھ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا

یاد رہے۔ کہ عاملین وسالکین ومتصوفین وعلماء وصلحاء واولیاء اور ماہرینِ علوم جدیدہ، غرضیکہ تمام مکتبہ فکر کے لوگوں سے دست بستہ استدعا کی جاتی ہے۔ کہ امور دنیاوی کے علاوہ اوقاتِ باقی ماندہ میں قرآن خوانی، درود وسلام، اوراد ووظائف ومشاغل ومراقبات، وعظ ونصائح میں مشغول رہیں۔ پنج وقتی نماز باجماعت کے علاوہ تہجد واشراق وچاشت واوابین وصلوٰۃ التسبیح ومسبعاتِ عشر ودعائے حزب البحر واورادِ فتحیہ، اسبوع شریف اَز سیدی ومرشدی پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ وغیرہم کو قطعاً ترک نہ کریں۔ کہ اِن میں دین ودنیا کے جمیع امور کا سہل الحصول حل موجود ہے۔ اور ویسے بھی عاقل وعالم وطالب حق کے لئے لازمی ہے۔ کہ ہر مکانے وزمانے کے گفتار ورفتار، دیدن وشنیدن، نشستن وبرخاستن، در عالم رویاء وبحالت بیداری، کاہلی وہوشیاری غرضیکہ بہرصورت شرعی طریقے سے قرآن وسنت کے عین مطابق دین کی رسی کو مضبوط تھام کر زندگی بسر کریں۔ کیونکہ! **وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون۔**

دائم ہمہ جا با ہمہ کس در ہمہ کار | میدار نہاں چشم و دل جانب یار

میں اپنے استادمحترم، پیر بھائی اور قلبی دوست جنابِ مکرم پیر **سید ابو سعید گلشن شاہ** صاحب کا بھی انتہائی سپاس گزار ہوں۔ کہ! جو بارہا مرتبہ مجھے اس طرح کی کتاب لکھنے کا حکم فرماتے رہے۔ درحقیقت انہی کی ایماء پر یہ کتاب تحریر کی گئی ہے۔

سوچوں تو ہے خیال سا، دیکھوں تو روشنی | ویران دل کو اس نے **گلشن** بنا دیا

حضرت قبلہ موصوف نے اپنے قیمتی اوقات ومصروفیات کو بالائے طاق رکھ کر نہایت عرق ریزی سے کتاب کی نہ صرف اکمل انداز میں پذیرائی فرمائی۔ بلکہ اپنی قیمتی آراء ومشاورت سے بھی نوازا۔ اور کتاب میں موجود تقریباً ہر موضوع ومتن کے مطابق اشعار تحریر فرمائے۔ موصوف بلند کردار، اعلیٰ اخلاق کے حامل ہیں۔ اور شریعت وطریقت ومعرفت وحقیقت کے رموز واسرار سے کافی حد تک آگاہی وآشنائی رکھتے ہیں۔

اُٹھنا ہی تیری بزم سے دشوار تھا مجھے | اس پر سنبھالنا دلِ بے اختیار کا

تاحال موصوف (**سید ابو سعید گلشن شاہ صاحب 0300-4695094**) مریدین کی روحانی تربیت ورہنمائی کے لئے ہمہ تن مصروف ومشغول اور کوشاں ہیں۔ میں اللہ تعالیٰ کے حضور دست بستہ ملتجی ہوں۔ کہ وہ نبی آخرالزمان سیدالمرسلین حبیب رب العالمین ﷺ کے صدقے وطفیل اور توسل سے جناب گلشن شاہ صاحب کو ثوابِ دارین عطا فرمائے۔ اور اس کتاب کو اپنی بارگاہ میں شرف باریابی عطاء فرمائے۔

نہ غرض کسی سے نہ واسطہ، مجھے کام اپنے ہی کام سے | تیرے ذکر سے، تیرے فکر سے، تیری یاد سے تیرے نام سے

اور میری یہ بھی دعا ہے۔ کہ! **یا الٰہ العالمین** ! یہ کتاب مستطاب، روحانی علوم وفنون کے شائقین، اصحاب سلوک ومعرفت اور خدام الناس کے لئے کامیابی کی تقلید، شرف باریابی کی نوید جانفزاء طالبان راہ شریعت اور سالکان جادہ ءطریقت کے لئے بہترین تحفہ ثابت ہو۔ اور ہمارے شیخ طریقت پیر سید محبوب علی شاہؒ کے درجات عالیہ کو مزید بلند فرمائے۔ اور ہم تمام مریدین کو اس قسم کے عظیم علمی وروحانی مشن کی تکمیل وتتمیم کی توفیق انیق رفیق فرمائے۔ اور ہمی مریدین کو بھی اُنہیں کی طرح عشقِ الٰہی سے سرشار فرمادے۔ آمین۔

شاہیں کبھی پرواز سے تھک کر نہیں گرتا | پُر دَم ہے اگر تُو تو نہیں خطرہء اُفتاد

خود میں گم ہونا درحقیقت یہ وہی لمحہ ہے۔ کہ جس میں انسان کو اپنے وجود کا ادراک حاصل ہوتا ہے۔ اور وہ خود کو واحد اور اکیلا ملاحظہ کر کے رب متعال کی وحدانیت کو سمجھنے لگتا ہے۔ یہی وقتِ مراقبہ ہے۔ (البلوشی)

میری انتہائے نگارش یہی ہے　　　　تیرے نام (اللہ) سے ابتداء کر رہا ہوں

☆ **اظہار تشکر** اَز حقیر پُر تقصیر، نا چیز (**عبدالرؤف بلوچ**)

الحمدلله رب العالمين ــــ نحمده و نصلي على رسوله الكريم ــــ اما بعد فاعوذ بالله من الشيطن الرجيم. ان النفس لامارة بالسوء ــــ اللهم يا رب زدني علما ــــ اللهم انى اعوذبک من علم لا ينفع ــــ اللهم اعنى على ذكرك و شكرک و حسنِ عبادتک ــــ و تلاوت كتابک ــــ بحرمة سيدنا خاتم النبيين ﷺ ــــ

(**بقول حضرت سیدنا ابو بکر صدیق اکبرؓ**)

العجز عن درک الذات ادراک　　　　و القول بدرک الذات اشراک

(یعنی ذاتِ حق کے ادراک سے عاجز ہونا ہی ادراک ہے۔ اور ادراک ذاتِ حق کا دعویٰ شرک ہے)

(بقول حضرت داتا گنج بخش دَر **کشفُ المحجوب** ﴿**باب اول**﴾)

العجز عن درک الادرک ادراک　　　　والوقف فی طرق الاخیار اشراک

(علم کے ادراک سے عاجز رہنا ہی علم وادراک ہے۔ اخیار (نیکوکار) کی راہ سے ہٹ جانا شرک کے برابر ہے)

کامل العقل لوگ دائما عجائبات بدیعہ اور اسرار مکشوفہ ومخفیہ میں اپنی اپنی قیمتی زندگیاں صرف کر کے دارالفناء سے دارالبقاء کی جانب کوچ کر گئے ۔لیکن یہی کامل العقل و ذہن رسا لوگ اپنے مشاہدات ملفوظات اور تصانیف و تالیفات سے اپنی اپنی علمی و عقلی استعداد اور سعی کے مطابق عوام الناس کے مطالب و مقاصد کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں اپنے علمی وعملی جواہر پاروں سے مستفید و متنفع ہونے کا زریں موقع بھی عطا فرما گئے ۔ تاکہ خلق خدا کی تشنگی کا خاطرخواہ مداوہ ہو سکے ۔ اور وہ علوم وفنون میں مہارتِ تامہ حاصل کر سکیں ۔

اللہ تعالیٰ نے ہر ذی روح ، بالخصوص انسان کو عقل سلیم سے نوازا۔ مگر پھر بھی لوگ اپنی اپنی نفسانی وشہوانی خواہشات اور دنیاوی آسائشوں اور آلائشوں کے درپے ہوئے ۔ اور ایسے ہی لوگ علوم مخفیہ ومکشوفہ ومکنونہ سے بے بہرہ ، تدبر وتشکر اور دائمی نفع کے حصول سے خود کو آزاد کر کے بناء حصول نفع و فائدہ اس جہانِ فانی سے کوچ کر گئے ۔ بقولِ علامہ اقبالؒ !

اپنی اصلیت سے ہو آگاہ اے غافل کہ تو　　　　قطرہ ہے ، لیکن مثال بحر بے پایاں بھی ہے

کیوں گرفتار طلسم ہیچ مقداری ہے تو　　　　دیکھ تو پوشیدہ تجھ میں شوکت طوفانی بھی ہے

رب العالمین عزوجل کے مجھ ناچیز فقیر حقیر پرتقصیر (مرتب کتاب **اَسرارِ محبوب کامل**) محمد عبدالرؤف البلوشی پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے بے شمار و لاتعداد احسانات وانعامات ہیں۔ جن کو احاطہ تحریر میں لانا کم از کم مجھ جیسے کمترین انسان کے بس کی بات ہرگز نہیں ہوسکتی ۔

سب سے پہلی اور عظیم مہربانی تو یہ ہے ۔کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی تمام پیدا کردہ مخلوقات میں سب سے افضل و اشرف مخلوقات (یعنی انسانوں) میں مجھے پیدا فرمایا ۔ **لقد خلقنا الا نسان فى احسن تقويم** ۔ اور زمین پر اپنے نائبین کی اولاد میں سے بنایا ۔ **انى جاعل فى الارض خليفة** ۔ سبحان اللہ والحمدللہ۔

مجھے انساں بنا کر دولتِ ایماں بھی بخشی　　　　میرے مولا تو نے کیا مجھ پہ لطفِ بیکراں

اللہ تعالیٰ نے اس عظیم احسان کے ساتھ ساتھ ایک اور عظیم ترین احسان یہ بھی ہے۔ کہ! مجھے اپنے تمام انبیاءؑ اور رسلؑ کے امام وسردار بلکہ اپنے عزیز ترین، حبیب ترین رسول پاک سید المرسلین وخاتم النبیین ﷺ کی عظیم اُمت میں سے پیدا فرمایا۔ **رضيت بالله تعالىٰ ربا وبالاسلام دينا وبسيدنا محمد نبيا ورسولا** ۔ آمین۔ **وا لحمد لله علىٰ نعمة الاسلام و كفىٰ بها من نعمة** ۔

اُنؐ کا کرم ، کرم ہے میری زندگی کے ساتھ　　　　ایسا کرم ہوا ہے ، ہے یہ فضل کی بات

جن ﷺ کی عظمت وشان تمام انبیاء والرسلؑ کی بشارتوں سے اور ان پر نازل شدہ صحائف میں موجود ہے ۔ بلکہ خود اللہ تعالیٰ نے ان کو سب سے بلند و بالا اور عظیم المرتبت واعظم ترین درجات عالیہ سے نوازا۔ **ور فعنا لک ذکرک** ۔

ورفعنا لك ذكرك کا جب بیان ہوتا ہے　　　　ایسے موقع پر ہمیں ہوش کہاں ہوتا ہے

رب العالمین کا مجھ جیسے گناہ گار پر خصوصی لطف وکرم یہ ہے ۔ کہ یہ ناچیز (جامع ومرتبِ کتاب اسرارِمحبوب) امام الآئمہ، جدالآئمہ جناب امامِ اعظم ابوحنیفہؒ (نعمان بن ثابت کوفیؒ) کے فقہ کا پیروکار اور جناب پیرانِ پیر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ وحضرت سیدی عبدالعزیز دباغ شاذلیؒ کے سلسلہ عالیہ کا طالب و ارادت مند ہے۔ کہ! انہیں تینوں (امام ابوحنیفہؒ، حضرت پیرانِ پیرؒ اور حضرت دباغ ؒ) صاحبان عظیم المرتبت شخصیات کے لئے کثیر تعداد میں خوشخبریاں ہیں۔

مذہب حنفیہ دارم ، مِلتِ حضرت خلیلؑ　　　　خاک پائے غوثِ اعظمؒ ، زیر سایہ ہر ولیؒ

اللہ تعالیٰ کا احسان واکرام وانعام مجھ جیسے حقیر انسان پر یہ بھی ہے ۔ کہ مجھے شہنشاہ اولیاء پیران پیر کے سلسلہ عالیہ قادریہ میں بطفیل وتوسط قطب

الاقطاب **پیر سید محبوب علی شاہ بانوا قادری**ؒ (جون 2002ء تا جون 2014ء) کے عظیم وارفع سلسلہ میں شرف ارادت و عقیدت عطا فرمایا۔ جو کہ واقعتاً اپنے وقت کے عظیم ترین روحانی بزرگ، اُستاذ المشائخ اور **حکیمِ وقت** تھے۔ ماشاءاللہ العظیم۔

کُشتگانِ خنجرِ تسلیم را ہر زمان از غیب جانے دیگر است

ہر ایک انسان کی حیات صالحہ میں چند امور اور چند اشخاص ایسے ہوتے ہیں۔ جو کہ ناقابل فراموش اور لائق تحسین و توصیف لمحات سے معمور و مزین ہوا کرتے ہیں۔ جیسے کہ میرے والدین، میرے نانا جان اور بڑے بھائی (محمد فاروق بلوچ صاحب) کہ جن کی دعائیں اور ان کی تربیت و رہنمائی نے مجھے علم وعمل اور تصوف وعرفان کی آگاہی کا شعور بخشا۔ میرے جملہ بہن، بھائیوں، محترمہ شریک حیات اور بالخصوص سب سے چھوٹی ہمشیرہ محترمہ (ح۔ب Deputy Commisioner) جن کی معاونت کیلئے تاحیات ممنون ومشکور اور دست بستہ دائمًا دُعاگو ہوں۔

اگر گیتی سراسر باد گیرد چراغِ مقبلاں ہرگز نہ میرد

(اگر دنیا ختم ہو جاتی ہے تو ہو جائے۔ لیکن مقبولانِ خدا کا چراغ کبھی بھی نہیں بجھے گا)

میرے نانا جان جناب حضرت **مولانا محمد دینؒ** کہ جن کے سایہ عاطفت میں رہ کر مجھے دین اسلام اور صوفیانہ تعلیمات سے وابستگی اور محبت نصیب ہوئی۔ میرے نانا جانؒ جو کہ میرے استاد بھی تھے رہبر بھی۔ انہوں نے مجھے دین اسلام پر ہمیشہ عمل پیرا ہونے کا درس دیا۔ انؒ کی دعائیں، ظاہری و باطنی توجہ اور پرورش نے مجھے اور میری ذاتِ محتاج پر دینی و دنیاوی، علمی وعملی ان گنت اثرات ونقوش چھوڑے ہیں۔ جن کی زندہ امثال وہ لاتعداد و بے شمار ہزاروں خواتین وحضرات ہیں۔ جنہیں میرے نانا جانؒ نے قرآن مجید فرقان حمید کی تعلیم سے منور ومعمور فرمایا۔ غرضیکہ ان کی عنایات ومہربانیوں کو میں اور دیگر کئی لوگ آج بھی محسوس کرتے ہیں۔

نہ پوچھ ان خرقہ پوشوں سے، ارادت ہو تو دیکھ ان کو یدِ بیضا لئے بیٹھے ہیں اپنی آستینوں میں

میرے پیر و مرشد و مربی جناب سید محبوب علی شاہ نقوی بخاری بانوا قادریؒ

کچھ اپنی اور کچھ اپنے اپنوں کی: عہدِ شباب میں، جو ہنگامِ غرور، ایام سرور، نفسانی ہوا جس اور شیطانی وساوس کے غلبہ کا زمانہ ہوا کرتا ہے۔ خوش قسمتی سے اپنے نانا جان (مولانا شیخ محمد دینؒ) کے ساتھ دلی وابستگی کی وجہ سے اس ناچیز وضعیف، عاصی ءکمترین کے دل میں داعیہء طلب کا جذبہ صادقہ موجزن ہوا۔ اور ''**ان اللہ یحب معالی الامور**'' کے تقاضا کے موافق برادرانِ **اصحٰب مع اللہ** کی معیت وارادت کا عزمِ مصمم پیدا ہو گیا۔ اس بیچارہ کے صحیفہءقلب پر ملہمِ غیب نے قلمِ رشد سے یہ نقش کھینچ دیا۔ کہ! زندگی میں خیر و برکات، ظاہری وباطنی کیفیات وواردات، علمِ لدنی کے اسرار ورموز، شناسائی طریقت، واقفیت اسرارِ حقیقت، کشفی صلاحیت اور اس جیسے کئی انعامات واکرامات کی دولت کی یافت، ان کے حصول، سعادت کا وصول، سالکِ محقق کی اقتداء اور مخدومِ مرفق کی اقتضاء کے بغیر ظہور پذیر نہیں ہوگا۔ ''**من طلب شیئا و جدَّ وَجَدَ**'' کے قضیہء صادقہ اور **یھدی اللہ لنورہ من یشآء** کی علامت کے عین مطابق وموافقت میں سِرِّ ارادت، ولی قبہء ولایت، صفی کعبہءہدایت مرشدِ ربانی حامل کرامتِ صمدانی شیخ الشیوخ میرے پیرومرشد جناب قبلہ وکعبہ **حضرت حکیم پیر سید محبوب علی شاہ بانوا بخاری دہلویؒ** کے قدموں میں رکھ دیا۔ چنانچہ بنیتِ صادقہ یہ بندہ ناچیز اُنؒ کے آستانہءارادت میں داخل ہو کر فلاح دارین میں سے کچھ حاصل کرنے پہنچا۔ یاد رہے۔ کہ! مَیں اُنؒ کے دولتِ آستانہ پر (بعد از یک اشارہءغیبی درعالمِ رویاءصادقہ وصالحہ) واردِ ارادت ہوا۔

یونہی کام دنیا میں چلتا رہا ہے دیئے سے دیا جونہی جلتا رہا ہے

لفظ بانوا سے اکثر لوگ ناواقف ہیں۔ اگر اس طریقے (بانوا) کا لوگوں کو پتا چل جائے۔ تو ہر کس وناکس کی یہی خواہش ہوگی۔ کہ! کاش وہ بانوا ہوتا۔ کیونکہ! بانوا کو دیگر سلاسل میں فوقیت و برتری حاصل ہے۔ اس لئے کہ اکثر بانوا باطنی حکومت کے حکمران ہوتے ہیں۔ زیادہ تر رجال الغیب بانوا ہوا کرتے ہیں۔ لہذا یہ لوگ عموماً لوگوں سے پوشیدہ رہتے ہیں۔ بہت قلیل مرید بناتے ہیں۔ عزت، شہرت، دولت سے کوسوں دور رہنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ فقراء کے جیسی زندگی بسر کرتے ہیں۔ لیکن باطنی احکامات پر ان کا مکمل کنٹرول ہوا کرتا ہے۔ برصغیر پاک وہند میں اس وقت یہ سلسلہ فقیر پیر سید محبوب علی شاہ بخاری دہلوی (قادری بانوا) اور اُن کے صاحبزادگان اور خلفائے مجاز سے پھل پھول رہا ہے۔ یہ لوگ قلندرانہ زندگی اور ملامتیہ کے طرز پر چلتے ہیں۔ ان کے اوراد ووظائف میں بہت زیادہ تاثیر پائی جاتی ہے۔ یہ لوگ سیلان وسیاحت کرتے ہوئے (بمصداق سیر فی الارض) حکمِ الٰہی کے ماتحت اپنے (اندر کے) باطنی جہاں کی سیرِ باطنی کے ذریعے کرتے رہتے ہیں۔

حق نے کر ڈالی ہیں دوہری خدمتیں تیرے سپرد خود تڑپنا ہی نہیں، اور دل کو تڑپانا ہے مقصود

چونکہ! یہ میری زندگی کی عظیم تر شخصیت ہیں۔ کہ! جنہوں نے میرے جیسے کاہل وجاہل، ناقص العلم والعقل اور علم وعمل سے کوسوں میل بعید ایک عاصی بندے کی زندگی میں حسن ونکھار کا بحرِ بے کراں اور لاتعداد و بے شمار کمی وکوتاہیوں کو دور فرمانے میں بھرپور سعی کی۔ بلکہ میرے ظاہر و باطن کو جہالت سے علم___

علم سے عمل ___ عمل سے عامل ___ اور پھر ___ تصوف سے صوفی ___ صوفی سے متصوف ___ بلکہ! سب سے بڑھ کر میرے تقوی و ایمان و ایقان میں اضافہ کا سبب بننے والی شخصیت میرے پیر و مرشد ___ مربی و رہنما ___ جناب اُستاذُ الحکماء _ شمسُ الشریعت _ ماہرِ معرفت _ کاملِ طریقت _ اکملِ حقیقت _ **پیر سید محبوب علی شاہ نقوی بخاری بانوا قادری**ؒ ہیں ۔ یہ میری خوش نصیبی ہے ۔ کہ اپریل **2002** سے **2014** تک ان کے زیرِ سایہ عاطفت رہ کر مختلف الاعمال چلے اور ریاضتیں بخوبی سرانجام دینے کا عظیم ترین موقع میسر ہوا۔

سچ تو یہ ہے ۔ کہ! ان کی رہبری و رہنمائی میں ظاہر و باطن کو کافی حد تک تقویت اور روحانی علوم اور روحانیت سے آشنائی اور وقوف و ادراکِ علومِ باطنیہ نصیب ہوا ۔ ان کی محبت و شفقت کے بحرِ بے کراں نے میری شخصیت کو بھرپور طریقے سے نکھارنے کی سعی فرمائی ۔

خدا کے عاشق تو ہیں ہزاروں بنوں میں پھرتے ہیں مارے مارے
میں اُس کا بندہ بنوں گا جس کو خدا کے بندوں سے پیار ہو گا

یہ میرے لیے عظیم سعادت یہ بھی ہے ۔ کہ وہ ہر لمحہ میرے لئے چلہ کشی ، سخت ترین ریاضتوں اور ان اعمال کو سمجھنے کے لئے عظیم ترین استاد ثابت ہوئے ۔ سچ تو یہ ہے ۔ کہ! حضرت سلطان الاولیاء پیر و مرشدؒ نے اس ضعیف بے بضاعت اور فقیرِ بے استطاعت پر کمال شفقت و مہربانی فرمائی ۔ پہلی ہی ملاقات میں پیر و مرشدؒ نے دوران ملاقات اپنے جمیع اعمال ،عملیات و اوراد و وظائف کی تحریرًا بخوشی اِذن کے احکامات صادر فرماتے ہوئے مجھ کمترین پر احسانِ عظیم فرمایا ۔ کہ جس کا مَیں واقعتًا اہل نہ تھا ۔ بلکہ یہ اُن کی دلی وابستگی اور محبت تھی ۔ حق تو یہ ہے ۔ کہ! پیر و مرشدؒ ان تمام خوبیوں کے حامل و مالک تھے ۔ جو آج کل کے علماء ، عاملین ، حکماء صوفی حضرات یا پیرانِ عظام میں ڈھونڈنے سے بھی میسر نہیں آتیں ۔ ان کو بیک وقت مختلف زبانوں پر مکمل عبور حاصل تھا ۔ مختلف علوم وفنون کے وہ حاذق عالم تھے ۔ انہوں نے علم و عرفان ، طب وحکمت ، روحانی و جسمانی ، سلوک و معرفت ، اعمال وعملیات ، اوراد و وظائف ، نجوم و جفر وغیرہا ۔ ۔ ۔ غرضیکہ تمام علوم وفنون میں بھرپور انداز میں اپنے ماہرِ فن ہونے کا لوہا منوایا ۔ لیکن بظاہر وہ نہایت ہی سادہ لوح شخصیت ، منکسر المزاج اور مشفقانہ طبیعت کے حامل و مالک تھے ۔

از صد سُخن پِیرم یک نکتہ مَرا یاد اَست عالم نشود ویران تا میکدہ آباد اَست

اسی وجہ سے تو کثیر التعداد لوگ محوِ حیرت اور انگشت بدنداں رہ جاتے تھے ۔ کہ اللہ تعالیٰ کے ایک سادہ و درویش بندے کے پاس اس قدر علم وفن کیونکر آیا ۔ ان کی کئی کرامات مشہور و معروف ہیں ۔ گو کہ وہ کرامات کے ظہور سے بالکل احتراز فرمایا کرتے تھے ۔ کرامات کے صدور کا عمل میں آنا ویسے بھی اولیاء اللہ کا خاصہ ہے ۔

خاکسارانِ جہاں را بحقارت منگر تُو چہ دانی کہ! دریں گرد ،سوارے باشد

اور اسی طرح سے میری مزید خوش قسمتی کا دریچہ اُس وقت اچانک سے کھلا ۔ جب حضرت قطب الاقطاب ،غوث الوقت جناب **سیدی عبدالعزیز الدباغ**ؒ کے ملفوظات پر مشتمل کتاب ''**الابریز**'' میرے ہاتھ آئی ۔ جس میں علم لدنی کے کھلے اسرار و رموز کو بیان کیا گیا ہے ۔ مختلف قرآنی آیات کی بے نظیر تفسیر ، احادیث کی شرح ، صحیح احادیث کی پہچان ، تصوف اور دیگر دقیق علمی مسائل کا حل کے علاوہ مختلف علوم وفنون کو بڑی شرح و بسط کے ساتھ پیش کیا گیا ہے ۔ بہر حال! اس کتاب کو متعدد مرتبہ پڑھنے کے بعد پھر کچھ کچھ سمجھ آنے لگا ۔ اسی ضمن میں **2023**ء میں حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ کے سلسلے (شاذلی) کا فیس بک پیج ملاحظہ کیا ۔ تو بے حد خوشی ہوئی ۔ پھر اس سلسلے کے لوگوں (میاں غلام محی الدین صاحب ، استاد افضل صاحب اور ذیشان رسول صاحب) سے ٹیلی فون پر رابطہ کیا ۔ اور بالآخر رمضان **2024**ء میں حضرت حافظ وحید احمد المعروف **شیخ احمد دباغ** صاحب دامت برکاتہم سے شرف ملاقات نصیب ہوا ۔ اور میں تہہ دل سے اُن کا مرید و عقیدت مند ہوں ۔ لیکن میرے پیر و مرشد حضرت محبوب الٰہی شاہ بخاریؒ کا ہی یہ فیضان تھا ۔ کہ میں حضرت دباغ صاحب سے منسلک ہو سکا ۔ یہ بھی میرے لے بہت بڑے شرف و اعزاز کی بات ہے ۔ الحمدللہ ۔ ماشاءاللہ ۔ حضرت شیخ احمد دباغ صاحب بہت عظیم ولی اللہ اور صاحبانِ حضوری میں سے ہیں ۔ ان کی تعلیمات میں نہایت گہرا اثر ہے ۔ تصوف میں ان کے طریقہ کا نام ''طریقہء محمدیہ'' ہے ۔ حضرت صاحب مدظلہ العالی کی کچھ تعلیمات کو بطورِ خیر و برکت کتاب ہذا (اسرارِ محبوب کامل) میں بھی بیان کیا گیا ہے ۔ تا کہ سلوک و معرفت کے شائقین اِن کی عظیم تعلیمات سے مستفید و متنفع ہو سکیں ۔ ان شاءاللہ ۔

اس کو ناقدریء عالم کا صِلہ کہتے ہیں مر گئے ہم تو زمانے نے بہت یاد کیا

زندگی میں کچھ لوگ ایسے بھی ہوا کرتے ہیں ۔ کہ! جن سے ملاقات تو نہیں ہوتی ۔ لیکن ان کے فیوض و برکات ، تعلیمات و ملفوظات ، مکتوبات و تجربات ، مشاہدات و تحریرات سے بھرپور استفادہ کا موقع نصیب ہوتا ہے ۔ میری بھی زندگی میں چند نام اسی قبیل کے ہیں ۔ جیسے کہ حضرات عشرہ مبشرہؓ ، حضرت نعمان بن ثابت المعروف امام الآئمہ امام اعظم ابوحنیفہ کوفیؒ ، حضرت پیرانِ پیر **شیخ عبدالقادر جیلانی البغدادی**ؒ ، حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی اندلسیؒ ، حضرت شیخ الکل بایزید بسطامیؒ ، حضرت سیدی عبدالعزیز الدباغؒ ، حضرت سلطان العارفین سلطان باہوؒ ، حضرت فقیر نور محمد سروری قادریؒ (کلاچی) ، امام ربانی مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد سرہندیؒ ، حضرت امام جلال الدین السیوطی الشافعیؒ ، حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑویؒ ، شیخ ابوالعباس احمد بن علی بونیؒ ، شیخ الکبیر ابن الحاج التلمسانیؒ ، شاہ محمد غوث گوالیاریؒ ، مولانا عبدالعزیز پلہارویؒ ، علامہ شفق رام پوریؒ ، حضرت کاش البرنی ، حضرت غوث الوقت حافظ برخوردار (فیصل آبادی) ہیں ۔ ایسی ہی ایک شخصیت جن سے راقم الحروف کو انتہائی عقیدت و محبت ہے ۔ اور میرے باطنی استاد محترم جن کا نام نامی اسم گرامی **فقیر غلام**

الرسول ناشادؒ کہ جن کا تعلق لاڑکانہ شہر سے تھا۔فقیر ناشادؒ ہر وقت میری نیک تمناؤں اور دعاؤں میں رہتے ہیں۔بلکہ میرے باطنی استاد ہیں۔

اِک مُدت سے میرے دل کے اندر رَتُمؒ ہو میری اُلفت ، میری چاہت کا سمندر رَتُمؒ ہو

جن کو میں اپنا سب سے بڑا اور عظیم باطنی استاد تسلیم کرتا ہوں۔اللہ تعالیٰ اُن کے درجات بلند فرمائے۔آمین۔ **حضرت غلام الرسول میمن ناشادؒ** نے کتاب شموس الانوار، شمس المعارف اور دیگر کئی اردو، عربی، فارسی، عبرانی، سریانی زبانوں کے عملیات اور دیگر بے شمار علوم وفنون پر اپنی کامل تحقیقات کرتے ہوئے اپنے چند علمی جواہر پاروں سے عوام الناس کو بذریعہ ملاقات، خط وکتابت اور روحانی وعلمی رسائل وجرائد سے بھرپور طریقے سے مستفید ومتفع فرمایا۔آج بھی علمائے عاملین کی کتب میں اُن کے روحانی مضامین زینت بنے ہوئے ہیں۔

آنکھ والا تو تیرے جوبن کا تماشہ دیکھے دیدہء کور کو کیا نظر آئے کیا دیکھے

اور میں نے اِن کے چند زریں اعمال وعملیات کو اس کتاب کی زینت بھی بنایا۔تاکہ اُن کا روحانی مشن جاری وساری رہے۔اور عوامُ الناس اُن کے قیمتی جواہرات کے ذریعے اپنے مسائل کو حل کر کے حضرت ناشاد جیؒ کے لئے دُعاگو رہیں۔اور اللہ کریم ان کے انہی اعمال وعملیات کی بدولت ان کے مزید درجات بلند فرمائے۔اور اُن کی تربت مبارک کو جنت کا حسین باغ بنادے۔آمین۔

نظر در دیدہا ناقص فتادہ وگرنہ یارِمن از کس نہاں نیست

حضرت ناشاد جیؒ اُن خوش قسمت ترین بزرگوں میں سے ہیں۔جن کو عطائے ربانی وعنایات رحمانی سے اِسم اعظم نصیب ہوا۔میں ہمہ وقت ان کے عالی مرتبت، درجات عظیمہ کے لئے بارگاہ الٰہی میں دست بستہ دعاگو رہتا ہوں۔

اگر ہنگامہ ہائے شوق سے ہے لامکاں خالی خطا کس کی ہے یا رب! لامکاں تیرا ہے یا میرا

میرے دوست اور بھائی جناب **غلام الرسول میمن عائلی نقشبندی** صاحب سے بھی مجھے اکتسابِ علم کا موقع میسر آیا۔فاضل موصوف لاڑکانہ میں قیام پذیر تھے۔الائیڈ بینک کے منیجر تھے۔اور میرے باطنی مشفق استاد فقیر غلام الرسول ناشادؒ کے شاگرد رشید اور نواسے تھے۔اور بچپن ہی سے ان کی عنایات عائلی صاحب پر رہی ہیں۔عائلی صاحب کی حال ہی میں چند کتب بھی منظر عام پر آئی ہیں۔جیسے کہ مکاشفات اسرار، مکاشفات نورا اور مکاتیب رسول اللہ ﷺ، جامع الصفات والاسماء اور تخریج حدیث اسماءالحسنیٰ پر تحقیقی تحاریر موجود ہیں۔مجھے اور شائقین عملیات وروحانیت اور متصوفین کو ان کے قیمتی علوم وفنون سے مستفید ہونے کا موقع عطاء فرمائے۔آمین۔جناب محترم عائلی صاحب میرے استاد بھی تھے۔اللہ کا لاکھ لاکھ شکر ہے۔کہ وہ وقتاً فوقتاً میری رہنمائی کرتے رہتے تھے۔جس کا میں تہ دل سے ممنون ومشکور ہوں۔ **الحمد لله الذی بنعمته تتم الصا لحات۔**

میرے انتہائی مشفق استاد، رہبر ورہنما علامہ **پیر سید وارث علی شاہ جیلانیؒ** فیصل آباد خلیفہ مجاز **پیر سید مہر علی شاہ گولڑویؒ** جن سے اکتساب فیض کا بارہا موقع نصیب ہوا۔قبلہ شاہ صاحبؒ نے اپنے تمام اوراد وظائف اور تمام اعمال وعملیات کی مجھے بخوشی تحریراً اجازت مرحمت فرمائی۔جو کہ ان کو پیر سید مہر علی شاہ گولڑویؒ، ان کے والد محترمؒ اور دیگر کئی سلاسل کے بزرگان سے عنایت ہوئے تھے۔قبلہ پیر صاحبؒ سے تین مرتبہ دو بدو گفت وشنید اور استفسارات، اشکالات اور معمات کے حل کرانے کا زریں موقع میسر ہوا۔اور ان کے کئی خطوط اور مکتوبات کے علم بحر بے کراں سے کافی امور میں مکمل رہنمائی حاصل ہوئی۔میری دعا ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ انہیں جنت میں عظیم درجات سے نوازے۔اللہ تعالیٰ ان کی تربت مبارک کو جنت کے باغوں میں سے ایک وسیع وعریض باغ بنائے۔اور قبلہ شاہ صاحبؒ کے درجات بلند فرمائے۔آمین۔ثم آمین۔

کیف ومستی کی عجیب بستی ہے جہاں صبح وشام خُدا کی رحمت برستی ہے

میرے اپنوں میں اپنے خالہ زاد بھائی عالمی ایوارڈ یافتہ خطاط **مقصود علی لاشاری صاحب جواهر رقم**، کہ جن کی بدولت وبرکت سے مجھے علوم عجیبہ بدیعہ سیکھنے کا زریں موقع نصیب ہوا۔علم روحانیہ، علم الجفر آثار، علم الاعداد کے پوشیدہ وصدری اسرار سے آگاہی بچپن سے انہی شخصیت کے طفیل حاصل ہوئی۔بلکہ اگر سچ کہا جائے۔تو مجھے دنیائے روحانیات وعملیات سے روشناس کرانے والے یہی پہلے شخص ہیں۔انہوں نے نہ صرف مجھے ان علوم سے روشناس فرمایا۔بلکہ عملیاتی اقدار اور لاینحل معمات واشکالات کے عقود کی سبیل پیدا کی۔جس کا میں تاحیات مشکور وممنون رہوں گا۔اللہ تعالیٰ ان کو جزائے خیر عطا فرمائے۔اور ان کے علم وعمل، رزق وروزی اور اعمال صالحہ میں عظیم ترین خیر وبرکت واضافہ فرمائے۔آمین۔

عشق سے طبیعت نے زیست کا مزا پایا درد کی دوا پائی، دردِ بے دواء پایا

میرے بہت بہترین دوست اور رہنما جناب ایڈوکیٹ ڈاکٹر **سعید خان بزدار** صاحب، جناب ایڈوکیٹ (سپریم کورٹ) **بہادر خان مروت** اور کرنل ریٹائرڈ جناب **محمد نواز نعیم** صاحب، جن کے اَن گنت احسانات اور نوازشات ہمیشہ راقم الحروف کے ساتھ رہی ہیں۔جن کے ساتھ کئی کئی گھنٹوں پر محیط روحانی ونورانی محافل رہی ہیں۔جن کی بدولت روحانی علوم وفنون میں کافی حد تک مجھے علمی وعملی وقوف وادراک کا حصول ممکن ہوسکا۔ان تینوں حضرات کی دین ودنیا کی ترقی، ان کے مال واسباب اور اولاد کی دائمی خیر وبرکت کے لئے یہ راقم ہمیشہ دعاگو رہا ہے۔اللہ تعالیٰ ان تینوں کی عزت، جان ومال اور عمر میں خیر وبرکت عطا فرمائے۔اور انہیں زیادہ سے زیادہ اعمالِ صالحہ کرنے کی توفیق حاصل ہو۔اور دائمی قرب وعشق الٰہی نصیب ہو۔ آمین۔

عقل کو تنقید سے فرصت نہیں — عشق پر اعمال کی بنیاد رکھ

میرے عزیز ترین دوست اور بھائی جناب محترم **امتیاز حسین صاحب** مدظلہ العالیٰ وادی کوئٹہ کے مشہور و معروف صوفی بزرگ اور عملیات میں کامل انسان ہیں۔ ان جیسا ذہن رسا قابل شخص، عامل، صوفیانہ طرز و طرائق کا کامل شعور اور علمی اقدار و نکات کا بسیار فہم رکھنے والا شاید ہی سرزمین بلوچستان میں کوئی ہو۔ امتیاز صاحب کو کئی سلاسل طریقت میں خلافت و اجازت بھی حاصل ہے۔ حضرت سے راقم الحروف کو بہت بڑا قلمی و صدری علمی خزانہ حاصل ہوا۔ جناب کے پاس علمائے عظام اور جلیل القدر اولیائے کرام کے سینکڑوں قیمتی قلمی نسخے (نادر و نایاب مخطوطات) موجود ہیں۔ ان کے علم و حکمت کے مختلف الاقسام علوم وفنون پر مضامین عملیات، تصوف، ذکر و اذکار اور مشاغل کو پاک و ہند کے مختلف رسائل و جرائد سے معمور و مزین فرماتے رہتے ہیں۔ موصوف عملیات و تعویذات، تصوف و معرفت، دین و دنیا، ذکر و اذکار، مشاغل و مراقبات کے مجھ جیسے ہزاروں شائقین کی تشنگی کو مدنظر رکھتے ہوئے ثواب دارین حاصل کر رہے ہیں۔ ان کے پاس علمائے کرام بھی اکثر و بیشتر تشریف لاتے رہتے ہیں۔ ان کے فصیح و بلیغ مفاہیم کو ایک عام فہم آدمی سمجھنے سے یکسر قاصر ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو اس علمی و عملی تبلیغ و اشاعت اور تشہیر و ترویج کے عوض ثواب دارین عطا فرمائے۔ اور انہیں دائمی قرب و عشق الٰہی نصیب ہو۔ آمین۔ ثم آمین۔

ہم نے بھی بدل دیئے اَب اصولِ زندگی — جو ہمیں یاد کرے گا، وہی ہمیں یاد رہے گا

ان شخصیات کے علاوہ میرے چند انتہائی محترم و مکرم اُستاذان ذی اکرام، تلامذہ و معاونین، رفقاء اور احباب کی علمی و مالی معاونت اور حوصلہ افزائی شاملِ حال رہی ہے۔ جن کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

نشاں یہی ہے زمانے میں زندہ قوموں کا — کہ صبح و شام بدلتی ہیں ان کی تقدیریں

کمالِ صدق و مروت ہے زندگی ان کی — معاف کرتی ہے فطرت بھی ان کی تقصیریں

☆ جناب محترم و مکرم قبلہ و کعبہ **امان اللہ بلوچ** صاحب (مؤلف کے والد محترم)۔

☆ پیر سید محمد شاہ صائم (مرحوم و مغفور) سابقہ گدی نشیں، آستانہ عالیہ پیر سید محبوب علی شاہؒ دیپال پور۔☆ پیر سید عابد علی شاہ موج دریا جانشین پیر سید محبوب علی شاہؒ دیپال پور۔☆ پیر سید ابو صالح چمن شاہ صمدانی جانشین پیر سید محبوب علی شاہؒ دیپال پور۔☆ پیر سید ابو سعید گلشن شاہ جانشین پیر سید محبوب علی شاہؒ دیپال پور۔☆ حضرت خواجہ پیر سید طاہر علاؤالدین گیلانی ثم البغدادیؒ کوئٹہ۔☆ پیر حافظ وحید احمد المعروف شیخ احمد دباغ شاذلی صاحب ☆ پیر سیف الرحمٰن ابن صاحب عرفان فقیر نور محمد سروری قادریؒ کلاچوی ڈیرہ اسماعیل خان ☆ پیر سید عبدالصمد جان آغا نقشبندی (کچلاک) ☆ میاں محی الدین صاحب، خان پوری۔☆ سلطان محمد نجیب الرحمٰن سروری قادری شورکوٹ، جھنگ۔☆ پیر سراج الدین صاحب۔ موسیٰ زئی شریف، ڈیرہ اسماعیل خان۔☆ حضرت خواجہ پیر محمد طاہر صاحب ختنی نقشبندی المعروف **سجن سائیں** (اللہ آباد، کنڈیارو) ☆ جناب صوفی محمد اسلم صاحب نقشبندی، شادن لُنڈ، ڈیرہ غازیخان۔☆ پیر نور حسین صاحب بن حضرت صوفی نذر حسین صاحبؒ (وستی بزدار) تونسہ شریف۔☆ استاد محترم جناب سیف اللہ صاحب بزدار (پروفیسر) کوئٹہ☆ حاجی **عبدالرشید**ؒ صاحب (مرحوم و مغفور) لاہور۔☆ مزمل حسین صاحب، دیپال پور ☆ حضرت مولانا محمد مسعود اظہر صاحب (بہاولپور) ☆ جناب عمران ولی صاحب، (عامل حروفِ مقطعات) بنوری ٹاؤن، کراچی ☆ امیر بخش حبیب صاحب (لیکچرار) ڈگری کالج تربت۔☆ محترم جناب محمد عدنان یوسف صدیقی مجددی صاحب۔(**MBA-UK**) ☆ محترم جناب حاجی معراج الدین صاحب (سوات) کوئٹہ۔☆ ظفر علی صاحب (ایبٹ آباد) حال مقیم کوئٹہ ☆ مفتی نیک محمد صاحب (ہرنائی) بلوچستان ☆ محمد عثمان انصاری صاحب، حال مقیم انگلستان (**England**)۔☆ استاد رحمت اللہ ساسولی صاحب، ڈیرہ مراد جمالی۔☆ حاجی حبیب جمال صاحب (مرحوم) میٹ (**IMG**) کراچی۔☆ جناب شفیق الرحمان صاحب، میٹ (ہری پور ہزارہ)۔**.PMD.Islamabad** ☆ محمد طاہر لاشاری (مؤلف کتاب ہذا کا کزن اور بچپن کا عزیز ترین رفیق) ☆ ربیع الخان صاحب کراچی ☆ خرم شہزاد سیفی نقشبندی (کزن) تونسہ شریف ☆ عبدالغفور بلوچ (چھوٹا بھائی) کوئٹہ۔☆ ظہور احمد (چھوٹا بھائی) **XEN, NTDC**، کوئٹہ۔☆ **ابو حنظلہ** محمد اجمل صاحب مکتبہ اعلیٰ حضرت لاہور ☆ حکیم محمد آصف قادری تلہ گنگ ☆ عالم شیر صاحب (فیصل آباد) ☆ حکیم منصب علی صاحب ہڑپہ ساہیوال ☆ امین اللہ صاحب (سیکشن آفیسر) اسلام آباد ☆ جناب الطاف حسین (سمیع) لاڑکانہ ☆ محترم مولانا محمد الیاس گھمن صاحب۔ ☆ پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی، لاہور۔☆ حکیم محمد ذیشان قادری تلہ گنگ ☆ حکیم روحانی محمد عمران اعظم ہمدانی لاہور ☆ خادم حسین ساسولی چشتی صابری صاحب ڈیرہ مراد جمالی۔☆ محقق ابرار احمد شاہی (ابن عربی فاؤنڈیشن) اسلام آباد ☆ عامل خالد اسحاق راٹھور (ماہنامہ رسالہ رہنمائے عملیات) لاہور ☆ سید محمد عمران، کیٹرنگ مینجر، سرینا ہوٹل کوئٹہ۔(مؤلف کتاب ہذا کے بچپن کا عزیز ترین رفیق) ☆ جناب احسان اللہ نیازی (ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ) کوئٹہ۔(مؤلف کتاب ہذا کا بچپن کے عزیز ترین رفیق) ☆ حافظ عبدالقدیر صاحب ساسولی، ضلع پنجگور۔☆ عبدالروف نظامی، اوکاڑہ۔☆ محترم عثمان غنی صاحب (آفیسر محکمہ موسمیات)، مظفر گڑھ، ملتان۔☆ جناب سجاد حسین صاحب سیفی نقشبندی (میٹ اسسٹنٹ) ملتان۔☆ جناب اسد اللہ صاحب (سب انجینئر) آف ڈیرہ مراد جمالی۔ **PMD Quetta**۔☆ جناب علی رضا (سب انجینئر) آف ملتان/مظفر گڑھ۔ **PMD Quetta**۔☆ جناب لطف علی شیخ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر، **QESCO, Quetta**۔☆ جناب سید نظیر شاہ دباغی صاحب خیبر پختونخواہ۔

میرے قلب کو بھی نصیب ہوں، تیری ذات سے وہی نسبتیں — وہ جو عظمتیں تھیں اویسؓ کی، وہ جو رابطے تھے بلالؓ کے

عقائد، مسلکی مسائل، حیاتِ انبیاءؑ، علم غیب، توسل ...

شریعت دے دروازے اُچے راہ فقر دا موری ھو
عالم فاضل لنگھن نہ دیندے جو لنگھدا سو چوری ھو

میرا عقیدہ کیا ھے ؟ میں مذہبی طور پر کن خیالات کا قائل ہوں؟ (دراصل) میں مذہباً مسلمان (سُنی)، مسلکاً حنفی، مشرباً قادری ہوں۔ اور بلوچ (بُزدار) قوم سے تعلق رکھتا ہوں۔ اور یہ سب اللہ تعالیٰ کا مجھ پر خصوصی احسان اور بہت عظیم فضل وکرم اور اُس کی عطا ہے۔ شکر الحمد للہ۔

☆ **ایمانِ ظاهری و باطنی** : میں تمام عالمین کے رب یعنی اللہ تعالیٰ کے یکتا اور وحدہ لاشریک ہونے پر، اللہ تعالیٰ کے ماں باپ یا اولاد نہ ہونے پر، اللہ تعالیٰ کا ہر چیز پر مکمل قادر، مالک ومختار ہونے پر، اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے تمام انبیاء ورسلؑ اور آخری پیغمبر سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ پر اور اِن ﷺ کے حق و سچ ہونے پر اور جملہ انبیاء ورسلؑ کو اللہ تعالیٰ کی عطا کی گئی شریعتوں پر، اللہ تعالیٰ کے فرشتوں پر، اللہ تعالیٰ کی جانب سے اپنے تمام انبیاء ورُسلؑ پر نازل کردہ تمام آسمانی کتب (صحائف) کے حق اور سچ ہونے اور اِن کے اندر موجود تمام تر ہدایات وتعلیمات پر (بجز اُن ہدایات وتعلیمات کے، کہ! جن میں قصداً تبدل وتغیر اور تقدیم وتاخیر کی گئی)، قیامت کے دن پر، اچھی اور بُری تقدیر پر، اور موت پر اور موت کے بعد اُٹھائے جانے پر، زبانِ جسم وقلب سے کامل تصدیق کرتے ہوئے ایمان لایا ہوں۔ اور ہمیشگی سے ایمان رکھے ہوئے ہوں۔ اور میری ہر ہر لمحہ یہی دلی دُعا اور رب متعال سے دست بستہ عاجزانہ التجاء ہے۔ کہ! میرا خاتمہ بھی کہ اسی عقیدہ پر ہو۔ انشاء اللہ۔

☆ **قرآنِ مجید فرقانِ حمید** : میرا اس بات پر بھی مکمل ایمان ہے۔ کہ قرآنی تعلیمات میں کوئی رد وبدل نہیں کرسکتا۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے خود اس مقدس ومحترم کتاب کی حفاظت کی ذمہ داری اپنے اوپر لی ہوئی ہے۔ اور قرآنِ مجید اللہ تعالیٰ کے پیغامات کی جامع کتاب ہے۔ جس میں حق و سچ بالکل واضح ہے۔ یقیناً اس میں قطعاً کوئی شک وشبہ نہیں۔ قرآن کریم کوئی مخلوق نہیں۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کا واضح کلام ہے۔

☆ **فلسفه مغفرت** : میرا یہ ایمان ہے۔ کہ! اگر کوئی مسلمان چاہے کتنا ہی گناہ گار کیوں نہ ہو۔ اگر وہ سچے دل کے ساتھ بارگاہِ الٰہیہ میں توبہ کرکے اللہ تعالیٰ سے رجوع کرلے۔ اور دوبارہ اُس گناہ کی جانب مبذول نہ ہو۔ تو اُس کی مغفرت یقینی ہے۔ اور اگر کوئی غیر مسلم (عیسائی، یہودی ونصاریٰ، ہندو، آفتاب یا آتش پرست وغیرہ) دائرہ اسلام میں صدق قلب سے داخل ہوجائے۔ تو اس کے تمام سابقہ (صغیرہ وکبیرہ، سری یا خفی، اعلانیہ یا چھپ کرکئے گئے تمام گناہوں کو) اللہ تعالیٰ اپنی رحمتِ کاملہ اور خصوصی فضل وکرم سے بخش دیتا ہے۔ اور اگر کوئی غیر مسلم کتنا ہی متقی، دیانت دار، سچا، امین اور ہزاروں خوبیوں کا ہی مالک کیوں نہ ہو۔ اُس کے نیک امور کا اجر اسے دنیا ہی میں مل جاتا ہے۔ بالآخر اس کی آخری منزل جہنم ہی ہوگی۔ کیونکہ وہ کلمہ اسلام اور دولتِ ایمان (کہ جس میں اللہ تعالیٰ کی صریح وحدانیت اور آنحضور ﷺ کی نبوت ورسالت) سے یکسر محروم وخالی ہے۔ لہذا وہ جہنمی ہی ہوگا۔

مَیں ہر ہر لمحے اپنے لئے، والدین کریمین، پیرانِ سلسلہ قادریہ اور دیگر تمام سلاسل طریقت وتصوف، اپنے اہل وعیال وجملہ خاندان، عزیز واقارب، دوست احباب، بلکہ تمام اُمتِ محمدیہ ﷺ کے لئے، ایمان پر خاتمے اور مغفرت کی دُعا کے لئے اللہ تعالیٰ کے حضور دستہ بستہ ملتمس وملتجی ہوں۔ اللہ تعالیٰ قبول ومقبول فرمائے۔ آمین۔ ثم آمین۔ بحرمۃ سید المرسلین ﷺ۔

اے دل ملول مباش، کہ اللہ اکبر اَست
دشمن اگر قویست، نگہبان قوی تر اَست

☆ **حیات بعد از وصالِ انبیاءؑ و اولیاءؒ** : میرا اس بات پر بھی مکمل ایمان ہے۔ کہ تمام انبیاء ورسلؑ، شہدائے عُظام اور اولیاء اللہؒ کو اللہ تعالیٰ نے بعد از وصال حیاتِ باطنی عطا فرمائی ہوئی ہے۔ وہ اپنی قبور میں نہ صرف محوِ عبادت واستراحت ہیں۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُنہیں رزق بھی عطا کیا جاتا ہے۔ (جیسے کہ شہداء کے بارے میں تو فرمانِ باری تعالیٰ بھی شہادت آئی ہے) بالخصوص آنحضرت ﷺ معہ **شیخین** (حضرت ابوبکر صدیقؓ اور حضرت عمر فاروقؓ) اپنی اپنی قبور کے اندر محوِ عبادت واستراحت ہیں۔ اور دنیا میں جب بھی کوئی مسلمان درود وسلام پڑھ کر آنحضرت ﷺ کو ایصال وارسال کرتا ہے۔ تو حضرت سید المرسلین ﷺ خود وہ درودِ پاک سنتے ہیں۔ اور اُنہیں درود پاک پڑھنے والے شخص کی مکمل جان وپہچان ہے۔ یقیناً علمائے حق کا بھی اس بات پر مکمل اتفاق واتحاد ہوگا۔ ان شاء اللہ العظیم۔

(بہرحال!) یہ ایک ناقابلِ فراموش کھری حقیقت ہے۔ کہ! ہر ذی روح کو موت آنی ہے۔ کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کا واضح قانون ہے۔ کہ!

کل نفس ذائقة الموت۔ ہر نفس (یعنی جان رکھنے والے نے بہرحال) موت کا موت چکھنا ہے۔

☆ **علم غیبِ رسول اللہ ﷺ و انبیائے عظام اور اولیائے کرامؒ** : میرا اِس عقیدے پر قوی اتفاق اور مکمل ایمان ہے۔ کہ! مکمل غیب یا علومِ غیبی کا مالک ومختار صرف اللہ تعالیٰ خود ہے۔ اور نبی اکرم ﷺ، دیگر انبیاء ورسلؑ اور اولیاء اللہؒ کے پاس جو علمِ غیب ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کا عطائی، حادث اور محدود علم (غیب) ہے۔ اللہ تعالیٰ جسے جب چاہے، جتنا چاہے، اپنے خصوصی فضل وکرم سے علمِ غیب اور باقی علوم وفنون عطا فرماتا ہے۔ کیونکہ! **ان اللہ علیٰ کل شئی قدیر**۔

☆ **کامل اختیارِ رحمانی**: میرا اس بات پر بھی مکمل ایمان ہے ۔کہ اللہ تعالیٰ ہر انسان (مسلم وغیر مسلم)، حیوان، چرند و پرند، جمادات وغیرہ کو ہر وقت دیکھ رہا ہے ۔سُن رہا ہے ۔اور ہر کسی کی حاجات کو اللہ تعالیٰ ہی پورا کرتا ہے ۔کیونکہ! سب کچھ اللہ تعالیٰ ہی کے اِذن سے ہو رہا ہے ۔(جیسا حدیثِ نبوی ﷺ ہے ۔) **لا تتحرک ذرۃ الا باذن اللہ**۔ وہ کامل کارمختار اور تمام جہانوں کا واحد مالک ہے ۔

حمد بے حد مر خدائے پاک را آنکہ ایماں داد مُشت خاک را

☆ **توسل و استمداد از انبیاء کرام ؑ و اولیائے عظام ؒ**: میرا اس بات پر بھی مکمل ایمان ہے ۔کہ اگر کوئی مسلمان اپنی حاجات یا حاجت روائی کے لئے اپنے نیک اعمال یا انبیاء ورسل ؑ یا اللہ تعالیٰ کے مقبول صالحین بندوں کو وسیلہ بنائے ۔تو یہ امر وعمل نہ صرف جائز بلکہ مستحب و مستحسن بھی ہے ۔بلکہ یہ عمل تو سنتِ انبیاء ؑ اور صحابہ کرام و تابعین ؒ سے بھی منسوب ومنقول ہے ۔لیکن توسل و تصدق کے لئے صاحبِ حضوری کی ہونے کی شرط نہایت لازمی ہے ۔بنا حضوری کے توسل و تصدق شرک گردانا جائے گا ۔(اس موضوع پر چند صفحات آگے تفصیل موجود ہے)

☆ **خلافتِ راشدہ یعنی خلافتِ حقہ**: میرا اس بات پر بھی مکمل ایمان ہے ۔کہ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق ؓ ، حضرت سیدنا عمرِ فاروق ؓ ، حضرت سیدنا عثمانِ غنی ؓ ، حضرت سیدنا علی المرتضیٰ ؓ ، حضرت سیدنا حسن بن علی ؓ اور حضرت سیدنا عمر بن عبدالعزیز ؒ واقعتاً خلافت کے اُمور کو بخوبی سرانجام دینے میں حق و سچ پر اپنے آخیر سانس تک مکمل کاربند وعمل پیرا رہے ۔علاوہ ازیں حضرت سیدنا امیر معاویہ ؓ اور اُن کے والدِ محترم جناب حضرت ابوسفیان ؓ (بمطابق تاریخ اسلام، فتح مکہ کے موقع پر مسلمان ہوئے) اور حضرت سیدنا عمرو بن العاص ؓ بھی حضرت نبی مکرم ﷺ کے جلیل القدر صحابہ کرام ؓ میں سے تھے ۔

نامی کوئی بغیر مشقت نہیں ہوا سو بار جب عقیق کٹا، تب نگیں ہوا

☆ **افضلیتِ صحابہ کرام ؓ**: میرا اس بات پر بھی مکمل ایمان ہے ۔کہ آنحضور نبی اکرم سید المرسلین ﷺ کی اُمتِ عظیم المرتبت میں تمام خلفائے راشدین ؓ (ابوبکرؓ و عمرؓ، عثمانؓ و علیؓ و حسنؓ)، عشرہ مبشرہؓ اور اصحابِ بدر ؓ اور تمام اُمہات المؤمنین ؓ اور جملہ صحابہ کرام ؓ انتہائی زیادہ معزز و قابل احترام ہیں ۔کوئی چاہے کتنا ہی بڑا ولی اللہ ؒ کیوں نہ ہو ۔وہ صحابی ؓ کے مرتبے تک کبھی بھی نہیں پہنچ سکتا ۔اِن تمام میں سے کسی کے ساتھ بھی بغض وعداوت رکھنے والا یقینی طور پر صریح جہنمی ہے ۔بہرحال تمام صحابہء کرام حق و سچ تھے ۔کیونکہ ایک صحیح حدیثِ نبوی ﷺ اس بات کی شاہد ہے ۔کہ! **اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم**۔

☆ **شریعت اولین ترجیح**: میں باحوش وحواس الحمدللہ، اللہ تعالیٰ کی وحدانیت ومعبودیت، قرآنِ حکیم و زبور وانجیل وتوریت ودیگر آسمانی صحائف کے حق و سچ ہونے کے ساتھ ساتھ قرآنِ مجید کے آخری کتاب ہونے، آنحضرت محمد ﷺ کے آخری نبی و رسول ؑ ہونے پر، اہلِ بیتِ رضوان ؓ سے شدید محبت ہونے پر اور تمام صحابہء کرام ؓ کے حق پر ہونے، اولیائے کرام ؒ کی تعلیماتِ تصوف کے حق ہونے پر صدقِ قلب اور اخلاص نیت سے دائمی و قوی طور پر ایمان رکھتا ہوں ۔اور مَیں فرقہ واریت سے یا مسالکی تفرقہ (بمثل دیوبندیت، بریلویت یا غیر مقلدیت وغیرہم) سے عدم تعلق بلکہ اظہارِ بیزار ی رکھتا ہوں ۔کیونکہ میرے لئے تعلیماتِ قرآنی، سنتِ نبوی ؐ اور احادیثِ صحیحہ کافی و شافی ووافی ہیں ۔

فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں

لہٰذا عشقِ الٰہی اور حبِ رسول اور اہلِ بیتِ اطہار ؓ و تمام صحابہ کرام ؓ اور اولیاء اللہ ؒ سے شدت کی محبت و اُنسیت گردانتے ہوئے اپنا حقیقی ورثہ قرار دیتا ہوں ۔میرے نزدیک بحیثیت حامل اسلام اور حصولِ ایمان کے بعد عشقِ الٰہی اور معرفتِ خداوندی کی کھوج وتجسس اور انہی کے لئے جد و جہد نہایت لازمی ہے ۔(بہرحال! حقیقتِ توحید ایک قلبی راز ہے ۔جو کہ علم سے نہیں بلکہ عطائے خداوندی سے میسر ہوا)

سکونِ دل کے لئے کچھ تو اہتمام کروں ذرا نظر جو ملے، پھر انہیں سلام کروں

مجھے تو ہوش نہیں، آپ دیجئے مشورہ کہاں سے چھیڑوں فسانہ، کہاں تمام کروں

☆ **فی زمانہ پیر و مرشد سے بیعت کی اہمیت**: بعد نبی آخرالزمان جناب حضرت سید المرسلین ﷺ سلسلہ انبیاء والرسل ؑ ختم ہو چکا ۔لہٰذا اَب رشد وہدایت کی عظیم ذمہ داری علمائے کرام ؒ اور اولیائے عظام ؒ کے ذمہ ہے ۔کیونکہ تزکیہ نفس، تصفیہ قلب، رقتِ قلب اور آداب وحیاتِ روحانی کو سیکھنے سکھانے کے لئے خانقاہی نظام، عبادات میں دل لگی، عاجزی وانکساری کے حصول کے لئے فی زمانہ پیر ومرشد کی اہمیت وضرورت ایک لازمی امر ہے ۔اِسی لئے بزرگانِ دین نے تصوف وطریقت کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے ۔مگر پیر ومرشد کا پابند شریعت ہونا سب سے ضروری امر ہے ۔بعدہٗ اُن کے سلسلہ طریقت کا شجرہ شریف بھی آنحضرت نبی مکرم ﷺ تک پہنچنا نہایت ضروری ہے ۔تارک سنتِ نبوی ﷺ چاہے جتنا ہی باکمال و حاملِ کشف وکرامات کیوں نہ ہو ۔وہ پیر ومرشد نہیں ہوسکتا ۔(بقولِ شاعر)

خدا کے بندوں کی یہ تاثیر ہوتی ہے کہ ان کی ٹھوکروں کی خاک بھی اکسیر ہوتی ہے

(ممکن ہے ۔کہ! کچھ لوگ میرے عقائد سے تھوڑا یا بہت اختلاف رکھتے ہوں ۔بہرحال ہر شخص اپنے قول وفعل کا خود ذمہ دار ہوتا ہے)

ایمان ، اسلام اور احسان کی تعریف :

ایمانِ مفصل : اٰمَنْتُ بِا للّٰہِ وَ مَلٰئِکَتِہٖ وَ کُتُبِہٖ وَ رُسُلِہٖ وَالْیَوْمِ الْاٰ خِرِ وَالْقَدْ رِ خَیْرِہٖ وَ شَرِّہٖ مِنَ اللّٰہِ تَعَا لٰی وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ .

ایمانِ مفصل :اٰمَنْتُ بِا للّٰہِ کَمَا ھُوَ بِاَ سْمَآئِہٖ وَ صِفَا تِہٖ وَ قَبِلْتُ جَمِیْعَ اَحْکَامِہٖ اِقْرَار" م بِا للِّسَانِ وَ تَصْدِیْق" م بِا لْقَلْبِ .

ایمان کیا ھے ؟ ☆ کسی آدمی نے انحضرت ﷺ سے دریافت کیا۔ **ایمان کیا ھے** ؟ (تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔جب تیری نیکی تجھے خوش کردے۔اور تیری برائی تجھے غمگین کردے۔تو تُو مومن ہے۔(صحیح ابن حبان۔مسند احمد۔متدرک للحاکم) ☆ **ایمان کیا ھے** ؟ (تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔صبر و استقامت۔ (الحدیث) ☆ **ایمان کیا ھے** ؟ (تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔صبر و سخاوت۔ (الحدیث) ☆ آنحضرت ﷺ سے دریافت کیا گیا۔**افضل ایمان کیا ھے** ؟(تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔ہجرت۔پھر(پوچھنے والے) نے پوچھا۔ہجرت سے کیامُراد ہے ؟ (توآپ ﷺ نے) فرمایا۔گناہ چھوڑ دو۔ ☆ حضرت معاذؓ سے مروی ہے۔کہ! انہوں نے انحضرت ﷺ سے دریافت کیا۔ سب سے **افضل ایمان کیا ھے** ؟(تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔اللہ تعالیٰ کے لئے محبت اور نفرت کرو۔اور اپنی زبان کو ذکر الٰہی میں مصروف رکھو۔انہوں نے (پھر) پوچھا۔اس کے علاوہ۔(تو) حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔لوگوں کے لئے وہی پسند کرو۔جو اپنے لئے پسند کرتے ہو۔اوران کے لئے بھی اسی چیز کو ناپسند کرو۔جو اپنے لئے ناپسند کرتے ہو۔ ☆ حضراتِ متصوفین سے اگر پوچھا جائے۔کہ! **ایمان کیا ھے** ؟ (تو) وہ فرماتے ہیں۔کہ! ایمان درحقیقت تین چیزوں کا نام ہے۔ **قول با للسان** (زبان کا اقرار)، **اعتقاد با لجنان** (دل کی تصدیق)، **عمل با لارکان** (اعضاء کا عمل)

حضرت عیسیٰ روح اللہؑ سے روایت ہے۔کہ! (ایک مرتبہ) آپؑ نے **ابلیسِ لعین** سے پوچھا۔مخلوق میں تیرا سب سے محبوب شخص کون ہے؟ اس نے (جوابًا) کہا۔''ایمان والا۔جوبخیل ہو''۔(پھر) آپؑ نے پوچھا۔تیرے نزدیک سب سے بُرا کون ہے؟ اس نے کہا۔''فاسق سخی''۔ آپؑ نے دریافت فرمایا۔''ایسا کیوں ہے'' ؟(تو) اس نے جواب دیا۔ (کہ) ایمان والے بخیل سے مجھے اُمید ہے۔کہ اس کا بخل ایک نہ ایک دن اسے گناہ میں مبتلا کردے گا۔جبکہ سخی فاسق کے بارے میں مجھے خوف ہے۔کہ(کہیں) اس کی سخاوت سے اُس کے گناہ مٹ جائیں۔

یادرہے۔کہ! حضرت رسول اللہ ﷺ ایک دن لوگوں کے ساتھ تشریف فرما تھے۔کہ ایک نیا آدمی خدمتِ اقدس میں آن حاضر ہوا۔اور پوچھا۔☆ یارسول اللہ ﷺ! **ایمان کیا ھے** ؟ فرمایا۔کہ! ایمان یہ ہے۔کہ! تم اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں، رسولوںؑ اوراس کی ملاقات پر ایمان لاؤ۔اور روزِ قیامت پر ایمان لاؤ۔☆ (پھر) اس شخص نے پوچھا۔ **اسلام کیا ھے** ؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔کہ! اسلام یہ ہے۔کہ! تنہا اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو۔اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤ۔نماز قائم کرو۔اور فرض زکٰوۃ ادا کرو۔اور رمضان کے روزے رکھو۔☆ (پھر) اس شخص نے پوچھا۔ **احسان کیا ھے** ؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔کہ! احسان یہ ہے۔کہ! تم اللہ تعالیٰ کی اس طرح سے عبادت کرو۔گویا کہ تم اسے دیکھ رہے ہو۔ورنہ (اگر یہ نہ ہو سکے۔تو) یہ عقیدہ لازمًا رکھو۔کہ! اگر تم اسے نہیں دیکھتے۔تو وہ تمھیں ضرور دیکھ رہا ہے۔☆ (پھر) اس شخص نے پوچھا۔ یارسول اللہ ﷺ! **قیامت کب قائم ھو گی** ؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔کہ! جس سے پوچھا جا رہا ہے۔خود سائل سے زیادہ اس کے واقع ہونے کے متعلق نہیں جانتا۔ البتہ مَیں تمھیں اس (یعنی قیامت کے وقوع کی) چند نشانیاں بتاتا ہوں۔(کہ) جب عورت ایسی اولاد جنے گی۔جو اس کے آقا بن جائیں۔تو یہ قیامت کی نشانی ہے۔ جب ننگے پاؤں، ننگے جسم والے لوگ لوگوں پر حاکم ہو جائیں۔تو یہ سب قیامت کی نشانی ہے۔قیامت بھی ان پانچ چیزوں میں سے ہے۔جسے اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی نہیں جانتا۔بے شک! اللہ تعالیٰ ہی کے پاس قیامت کا علم ہے۔ (کیونکہ) وہی مینہ برساتا ہے۔اور وہی جانتا ہے۔کہ ماں کے رحم میں کیا ہے ؟ پھر وہ صاحب (یعنی آنے والا وہی نیا آدمی) اُٹھ کر چلا گیا۔تو نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔انہیں (اسی نئے آدمی کو) میرے پاس واپس لاؤ۔لوگوں نے انہیں (بہت) تلاش کیا۔تا کہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں دوبارہ لائیں۔لیکن ان کا کہیں پتہ نہیں تھا۔پھر آپ ﷺ نے فرمایا۔یہ صاحب (دراصل) حضرتِ جبرائیلؑ تھے۔(جو کہ شکلِ انس میں) لوگوں کو دین کی باتیں سکھانے آئے تھے۔(بخاری)

(**بقول البلوشی**) اگر اسی کیفیتِ احسان کو مدنظر رکھتے ہوئے وضو اور غسل بھی کیا جائے۔تو عبادات میں مزید لذت اور ذوق پیدا ہو جاتا ہے۔(الحمد للہ)

کیفیتِ احسان : یہ بھی عرض کرتا چلوں۔کہ! کچھ خوش نصیب دائمی حضوری میں رہتے ہیں۔کچھ نماز کی ادائیگی کے وقت حضوری میں رہتے ہیں۔کچھ کو دن میں ایک مرتبہ، کچھ کو ہفتہ، مہینہ یا سال میں ایک مرتبہ حضوری نصیب ہوتی ہے۔ جبکہ کسی کو تو جب وہ کسی ناگہانی آفت یا مصیبت میں مبتلا ہوتا ہے۔اور نکلنے کا کوئی راستہ اُسے نظر نہیں آتا۔تو وہ اللہ تعالیٰ کو گریہ وزاری سے یاد کرتا ہے۔درحقیقت اسی کیفیت کو حضوری کہتے ہیں۔کہ! جس میں اللہ تعالیٰ اور بندہ کے درمیان تیسرا کوئی حائل نہیں ہوتا۔نہ کوئی سوچ وخیال، نہ کوئی جن وانس، نہ کوئی نفس وشیطان۔۔۔ایسے وقت میں دعا اور آہ ضرور بالضرور اپنا اثر دکھاتی ہے۔

اسلام کیا ھے ؟ جیسا کہ اوپر آنحضور نبی مکرم ﷺ کی حدیث صحیح میں اسلام کی مکمل وضاحت فرما دی گئی ہے۔مزید برآں (بقولِ البلوشی) یہ کہ! اگر قرآنِ حکیم کا نچوڑ اور خلاصہ فقط ایک لفظ میں بیان کرنا پڑے۔تو شاید وہ لفظ ''اسلام'' ہی ہوگا۔کیونکہ! **ان الدین عنداللہ الاسلام** ۔اور اسلام کے معانی سلامتی وامن اور تسلیم ورضائے الٰہی کے ساتھ زندگی کا مکمل ضابطہ حیات ہونا ہیں۔اور ضمنًا اسلام کی تشریح یا مفہوم تسلیم ورضا کے ساتھ، سلامتی وامن (اپنے اور دوسروں کے لئے) کو عملی جامہ پہنا کر اللہ تعالیٰ کی مکمل اطاعت کرنا ہے۔ واللہ اعلم۔۔

ایمان کی شاخیں

(بمطابق حدیث) **الایمان بضع و سبعون شعبة والحیاء شعبة من الایمان** ۔ ایمان ستر سے زائد شاخوں پر مشتمل ہے۔ اور حیاء بھی ایمان ہی کی ایک شاخ ہے۔ **الایمان بضع و سبعون او بضع و ستون و افضلها قول: لا اله الا الله وادناها اماطة الاذی عن الطریق والحیاء شعبة من الایمان** ۔ ایمان کی ستر یا ساٹھ سے زیادہ شاخیں ہیں۔ جن میں سے سب سے افضل درجہ **لا اله الا الله** کہنا ہے۔ اور سب سے کم تر درجہ راستے سے کسی تکلیف دہ چیز کو ہٹانا ہے۔ اور حیاء بھی ایمان کی ایک شاخ ہے۔ (بہر حال!) ایمان کی ستر سے زائد شاخیں یہاں پر درج کی جا رہی ہیں۔ مندرجہ ذیل شاخوں کے علاوہ بھی مزید شاخیں بھی ہوں گی۔ جو کہ اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

☆ توحید (اللہ تعالیٰ کے یکتا ہونے پر ایمان) ☆ رسالت کی گواہی (حضرت رسولِ مکرم ﷺ کی نبوت و رسالت کی گواہی)۔ ☆ اللہ تعالیٰ اور حضرت رسولِ مکرم ﷺ سے والدین، اولاد اور دنیا کی ہر چیز سے بڑھ کر محبت رکھنا۔ ☆ حضرت رسولِ مکرم ﷺ سے والدین اور اولاد سے بڑھ کر محبت رکھنا۔ ☆ حضور ﷺ کی تعظیم، ادب اور احترام کے وجوب پر ایمان۔ (یعنی کہ) تم میں سے کوئی شخص (اس وقت تک) ایمان والا نہیں ہوسکتا۔ جب تک اس کے والد (والدین) اور اس کی اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ اس کے دل میں میری محبت نہ ہو جائے۔ ☆ ملائکہ (فرشتوں) پر ایمان۔ ☆ قرآنِ حکیم اور جمیع کتبِ سماویہ پر ایمان۔ ☆ خیر و شر کی تقدیر پر ایمان۔ ☆ آخرت پر ایمان۔ ☆ مرنے کے بعد والی دائمی زندگی پر ایمان۔ ☆ قبروں سے اُٹھنے کے بعد جملہ انسانوں کا ایک جگہ جمع کئے جانے پر ایمان۔ ☆ مؤمن کے لئے جنت اور کافر کے لئے جہنم پر ایمان۔ ☆ اللہ تعالیٰ کی محبت کے لزوم پر ایمان۔ ☆ خوفِ خدا کے وجوب پر ایمان (تقوٰی)۔ ☆ ہر حالت و صورت میں اللہ تعالیٰ سے اُمید رکھنے پر ایمان۔ (امید و خوف کی درمیانی کیفیت پر ایمان) ☆ توکل علی اللہ پر ایمان۔ ☆ دینِ اسلام کے وجوب پر ایمان۔ ☆ اساسِ شریعت (فرائض، سنن، واجبات، مکروہ، حلال و حرام) کے علم کی طلب کے وجوب پر ایمان۔ ☆ اشاعتِ علم۔ ☆ نمازِ پنجگانہ کی ادئیگی کے وجوب پر ایمان۔ ☆ نماز، زکوٰۃ، روزہ، حج و جہاد کی ترغیب و نصیحت۔ ☆ اللہ کے راستے میں سرحدوں کی حفاظت۔ ☆ اعتکاف کے وجوب پر ایمان۔ ☆ جمعہ کا غسل۔ ☆ جنابت کا غسل۔ ☆ صبر، شکر، پرہیز گاری (تقوٰی)، حیاء، اَمان، اخلاص یا نصیحت۔ ☆ حکمرانوں کی اطاعت۔ ☆ ذِکر کرنا۔ ☆ تکلیف کا دور کرنا۔ ☆ امانت کی ادائیگی۔ ☆ ظلم، حقارت، غیبت، چغلخوری اور تجسس کا ترک کرنا۔ ☆ اجازت طلب کرنا۔ ☆ مظلوم کی نصرت کرنا۔ ☆ آنکھوں کا جھکانا۔ ☆ غور و فکر کرنا۔ ☆ قرآنِ حکیم کی عظمت و تعظیم کے وجوب پر ایمان۔ ☆ پاکیزگی کے وجوب پر ایمان۔ ☆ میدانِ جنگ میں ثابت قدم رہنا۔ ☆ مالِ غنیمت کے خمس کا امام یا عامل کو ادا کرنا۔ ☆ قربِ الٰہی کے لئے غلام آزاد کرنے کے وجوب پر ایمان۔ ☆ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں، رحمتوں کا ذکر اور شکر کے وجوب پر ایمان۔ ☆ محافظتِ زبان (جھوٹ و غیبت سے پرہیز، سچ گوئی)۔ ☆ امانتوں کی ادائیگی ان کے اہل تک پہنچانا۔ ☆ قتلِ انسانی کی حرمت۔ ☆ گناہوں (صغائر و کبائر) سے محافظت کا خود پر لازم کرنا۔ ☆ ناحق (حرام و ناجائز) مال کھانے اور اپنے پاس رکھنے سے ہاتھ روکنا۔ ☆ ماکولات و مشروبات میں حرام اشیاء سے محافظت۔ ☆ حرام لباس اور حرام برتنوں سے اجتناب۔ ☆ خلافِ شریعت کھیل کود سے اجتناب۔ ☆ خرچ میں میانہ روی اختیار کرنا۔ ☆ بغض و کینہ اور حسد کا ترک کرنا۔ ☆ حرام سے قطعاً اجتناب۔ ☆ سود سے قطعاً اجتناب۔ ☆ اعمال میں اخلاص پیدا کرنا اور ریا سے محافظت اختیار کرنا۔ ☆ نیکی سے خوشی اور برائی پر نادم و شرمسار کے (عملی) وجوب پر ایمان۔ ☆ ہر گناہ کا علاج توبہ۔ ☆ قربانی اور عقیقہ کرنا۔ ☆ اوامر کا حکم اور نہی سے روکنا۔ ☆ نیکی و تقوٰی کے امور میں تعاون۔ ☆ حیاء۔ ☆ والدین کے ساتھ بھلائی۔ ☆ صلہ رحمی۔ ☆ حسنِ خلق۔ ☆ غلاموں کے ساتھ احسان۔ ☆ اولاد اور اہلِ خانہ کے حقوق۔ ☆ دین داروں کے ساتھ محبت کرنا۔ ☆ سلام کو پھیلانا (اور سلام کو رواج دینا)۔ ☆ سلام کا جواب دینا۔ ☆ مریض کی عیادت کرنا۔ ☆ اہلِ قبلہ نمازِ جنازہ۔ ☆ چھینکنے والے جواب دینا (اگر وہ الحمدللہ کہے۔ تو جواباً یرحمک اللہ کہنا)۔ ☆ کفار و مشرکین سے دوری اور ان پر سختی کرنا۔ ☆ ہمسائیوں کے ساتھ نیکی و بھلائی کرنا۔ ☆ بخل و کنجوسی سے اجتناب۔ ☆ مہمان سے بھلائی۔ ☆ مجرموں کی ستر پوشی۔ ☆ مصائب پر صبر کرنا۔ ☆ زہد و تقوٰی اختیار کرنا۔ ☆ تحفظِ عصمت۔ ☆ تحفظِ جان و مالِ انسانی۔ ☆ اختلاطِ مرد و زن سے اجتناب۔ ☆ نگاہوں کی محافظت کرنا۔ ☆ ہاتھوں اور شرمگاہ کی محافظت لازمی کرنا۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے خوف سے آنسو بہانا۔ ☆ سخاوت۔ ☆ چھوٹوں پر ففقت اور بڑوں کا ادب و احترام کرنا۔ ☆ باہمی صلح کرنا۔ ☆ بھائی چارہ قائم کرنا۔ ☆ دوسرے مسلمان کے لئے وہی پسند کرنا جو اپنے لئے کرتے ہو۔ ☆ غور و فکر کرنا۔ ☆ اچھی بات سنن اور عمل بھی کرنا۔ ☆ احسن طریقے سے دفاع کرنا۔ ☆ بُری بات کا اعلانیہ نہ کہنا۔ ☆ عیب پوشی کرنا۔ ☆ خشوع و خضوع اختیار کرنا۔ ☆ لایعنی باتوں کو ترک کرنا۔ ☆ فضولیات کا ترک کرنا۔ ☆ عہد پیمائی (وعدہ بہر صورت نبھانا)۔ ☆ دو یا زیادہ لوگوں کے درمیان پھوٹ نہ ڈالنا۔ ☆ نرمی اور مہربانی سے پیش آنا۔ ☆ دُعائیں لازمی مانگنا۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے حضور (تنہائی میں) گریہ وزاری کرنا۔ ☆ جاہلیت کو للکار کر چھوڑ دینا۔ ☆ ہر کسی (انس و حیوان، چرند و پرند) سے محبت کے ساتھ پیش آنا۔ ☆ اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت و نفرت کرنا۔ ☆ تحمل مزاجی اختیار کرنا۔ ☆ حلیمی اختیار کرنا۔ ☆ پاکبازی و سادگی اپنانا۔ ☆ جھوٹی گواہی سے قطعاً اجتناب۔ ☆ اشاروں کنایوں یا آنکھوں سے غیبت کرنا۔ ☆ تحائف دینا۔ ☆ دعوت و تبلیغ کرنا۔ ☆ نکاح کرنا۔ ☆ بدشگونی کو چھوڑ دینا۔ ☆ خوشبو پسند کرنا۔ ☆ انصار سے محبت کرنا۔ ☆ میت کو دنانا۔ ☆ قرضدار

کومہلت دینا۔ ☆ افطار کروانا۔ ☆ غریبوں کی (معاشی وسماجی ومعاشرتی) معاونت۔ ☆ دھوکا نہ دینا۔ ☆ کفر کی طرف دوبارہ نہ لوٹنے کو پسند کرنا۔ ☆ طعنہ زنی، لعنت ملامت، فحش گوئی اور بدکلامی سے قطعاً اجتناب۔ ☆ ازدواجی خوش خلقی (شوہر کا بیوی سے اور بیوی کا شوہر سے اخلاق سے پیش آنا اور ایک دوسرے کی عزت اور حقوق کا خیال رکھنا)۔ ☆ بدزبانی سے اجتناب۔ ☆ تجدیدِ ایمان کے لئے کلمہ کا ورد کرنا۔ ☆ برائی کو (پہلے) ہاتھ سے روکنا۔ ورنہ زبان سے روکنا ورنہ کم از کم دل میں اُس برائی کو بُرا جاننا۔ ☆ باہمی محبت اور سلام پھیلانا اور رواج دینا۔ ☆ حضرت علی المرتضیٰؓ سے دل میں محبت رکھنا۔ ☆ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔ تم مشرکین کے خلاف (مخالفت) کرو۔ داڑھی چھوڑ دو۔ اور مونچھیں کترواؤ۔ (بخاری۔ مسلم)

مرنا مرنا ہر کوئی آکھے ، میں وی آکھاں مرنا جس مرنے وچ یار نیں راضی ، اُس مرنے دا کی کرنا

آنحضور نبی مکرم ﷺ کو پانچ تحائف کا ملنا :

حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے۔ کہ! حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ مجھے (ایسی) پانچ چیزیں عطا کی گئی ہیں۔ جو مجھ سے پہلے کسی (اور نبی ؑ) کو نہیں دی گئی۔ **1**۔ ایک ماہ کی مسافت تک میری رُعب کے ساتھ مدد کی گئی۔ **2**۔ میرے لئے (پوری) زمین کو مسجد اور پاک کرنے والی بنا دیا گیا۔ کہ میرا اُمتی جہاں بھی نماز کا وقت پائے۔ تو نماز پڑھ لے۔ **3**۔ اور میرے لئے مالِ غنیمت حلال کر دیا گیا۔ جبکہ مجھ سے پہلے کسی کے لئے بھی حلال نہیں کیا گیا۔ **4**۔ مجھے شفاعت عطا کی گئی۔ **5**۔ اور ہر نبی کو خاص اس کی قوم کے لئے مبعوث کیا جاتا تھا۔ جبکہ مجھے تمام انسانوں کی طرف مبعوث کیا گیا۔

فرامینِ مصطفوی ﷺ : ☆ میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں اس طرح ہوں گے۔ یہ کہہ کر آپ ﷺ نے اپنی دونوں انگلیوں (یعنی شہادت اور ساتھ والی انگلی) کے ساتھ اشارہ فرمایا۔ ☆ معدہ بیماری کا گھر ہے۔ اور پرہیز دوا کی جڑ ہے۔ ☆ تم اپنے لئے شفاء کی دو چیزوں شہد اور قرآن کو لازم پکڑو۔ ☆ جس نے فجر وعصر کی نماز ادا کی۔ تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔ ☆ مسلمان بندے سے قیامت کے دن سب سے پہلے جس چیز کا حساب لیا جائے گا۔ وہ فرض نماز ہوگی۔ ☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ حضرت جبرائیلِ امینؑ نے مجھے خوشخبری دی۔ کہ میری اُمت میں سے جو کوئی اس حال میں مرے۔ کہ اس نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا ہو۔ تو وہ جنت میں جائے گا۔ اگرچہ اس نے زِنا کیا ہو۔ اگرچہ اس نے چوری کی ہو۔ ☆ ہر شئے قضاء و قدر سے ہے۔ یہاں تک کہ کمزوری اور طاقت بھی۔ ☆ نیکی اچھے اخلاق کا نام ہے۔ اور گناہ وہ ہے۔ جو تمھارے دل میں کھٹکے۔ اور تمھیں یہ بات ناپسند ہو۔ کہ لوگوں کو اس کا پتہ چل جائے۔ ☆ میری امت کے غریبوں کا حج جمعہ کی نماز ہے۔ ☆ زمزم کا پانی جس مقصد کے لئے پیا جائے۔ وہی مقصد پورا ہو جاتا ہے۔ ☆ اگر تم اتنی غلطیاں کرو۔ کہ تمھاری غلطیاں آسمان تک پہنچ جائیں۔ پھر توبہ کرو۔ تو (پھر بھی) اللہ تعالیٰ تمھاری توبہ قبول فرمائے گا۔ (ان شاء اللہ) ☆ ایمان کی حلاوت اسی کو (ہی) نصیب ہوگی۔ جس میں تین باتیں پائی جائیں۔ ایک یہ کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت اس کے دل میں سب سے زیادہ ہو۔ دوسرا یہ کہ جس شخص سے بھی محبت ہو۔ فقط اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہو۔ تیسرا یہ کہ ایمان کے بعد کفر کی طرف پلٹنے سے اس کو اتنی نفرت اور اذیت ہو۔ جیسی کہ آگ میں ڈالیجانے سے ہوتی ہے۔ ☆ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔ پس اس پر ظلم نہ کرے۔ اور ظلم نہ ہونے دے۔ جو شخص اپنے بھائی کی ضرورت پوری کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کی ضرورت پوری فرمائے گا۔ جو شخص کسی مسلمان کی ایک مصیبت دور کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے قیامت کے مصائب میں سے ایک بڑی مصیبت دور فرمائے گا۔ اور جو شخص کسی مسلمان کے عیب چھپائے گا۔ اللہ تعالیٰ قیامت میں اس کے عیب چھپائے گا۔ ☆ اگر (میں) کسی کو اپنی اُمت میں (اللہ تعالیٰ کے علاوہ) کسی کو خلیل بناتا۔ تو ابوبکر (صدیقؓ) کو خلیل بناتا۔ ☆ آدمی کے جھوٹا ہونے کے لئے یہی (بات) کافی ہے۔ کہ وہ ہر سنی سنائی بات بیان کر دے۔ ☆ قرآنِ مجید اس وقت تک پڑھو۔ جب تک تمھارے دلوں میں اُلفت رہے۔ جب اس میں تمھیں اختلاف کا اندیشہ ہو۔ تو اُٹھ جاؤ۔ ☆ ہر (نبیؑ) کی اُمت کے لئے ایک فتنہ (آزمائش وامتحان) رہا ہے۔ اور میری امت کا فتنہ مال ہے۔ (مشکوٰۃ)

ہدیہ **منقبت** اَز حضرت خواجہ غلام فرید کوٹ مٹھن شریف ، راجن پور ، پنجاب

میڈا عشق وی توں ، میڈا یار وی توں میڈا دین وی توں ، ایمان وی توں
میڈا جسم وی توں ، میڈا روح وی توں میڈا قلب وی توں ، جند جان وی توں
میڈا کعبہ ، قبلہ ، مسجد ، منبر مصحف تے قرآن وی توں
میڈا ذکر وی توں ، میڈا فکر وی توں میڈا ذوق وی توں ، وجدان وی توں
میڈا سانول مٹھڑا شام سلونڑا من موہن ، جانان وی توں
میڈا آس ، امید تے کھٹیا وٹیا تکیہ مانڑ تے ترانڑ وی توں
میڈا دھرم وی توں ، میڈا بھرم وی توں میڈا شرم وی توں ، میڈا شان وی توں
جے یار فرید قبول کرے سرکار وی توں ، سلطان وی توں
ناتاں کہتر ، کمتر ، احقر ، ادنیٰ لاشے لا امکان وی توں

رسالۃ الحقوق (کلام بزبان امام حضرت زین العابدینؓ بن حضرت امام حسینؓ) :

حضرت امام زین العابدینؓ نے اپنے ایک رسالہ تحریر فرمایا۔جن پر عمل پیرا ہونا نہایت ضروری ہے۔تاکہ دین و دنیا میں انسان کامیابی کے ساتھ بالآخر رب متعال سے جاملاتی ہو۔اوریقینی طور پر بہشت کا حق دارقرار پائے۔ ان شاءاللہ۔ جان لوکہ! تمہارے اوپر خدائے بزرگ و برتر کے کچھ حقوق ہیں۔خواہ انہیں تم حرکت وجنبش میں انجام دو یا بحالت سکون وآرام۔اس منزل میں کہ جس میں تم اُترے ہو۔یا اُس عضو کے ساتھ کہ جس کو تم نے بدلا ہے۔یا اُن اقدار کے ساتھ کہ جن کو تم بروئے کار لائے ہو۔اُن حقوق میں سے بعض (دیگر) حقوق سے بڑے (افضل) ہیں۔(لہذا) تمہارے اوپر اللہ تعالیٰ کے بڑے حقوق وہ ہیں۔جو کہ اُس نے اپنے لئے تمہارے اوپر واجب کئے ہیں۔اس کے بعد بدن کے اعضاء کو مدنظر رکھتے ہوئے سر سے لے کر پاؤں تک (مزید) کچھ حقوق واجب فرمائے ہیں۔کچھ حقوق تمہارے اوپر، تمہاری آنکھ کے ہیں۔اور تمہارے اوپر کچھ حقوق تمہارے کان کے ہیں۔اور تمھارے اوپر کچھ حقوق تمہاری زبان کے ہیں۔اور تمھارے اوپر کچھ حقوق تمہارے ہاتھوں کے ہیں۔اور تمہارے اوپر کچھ حقوق تمہارے پاؤں کے ہیں۔اور تمہارے اوپر کچھ حقوق تمہارے شکم (پیٹ) کے ہیں۔اور تمہارے اوپر کچھ حقوق تمہاری شرمگاہ کے ہیں۔(درحقیقت) یہی سات اعضاء (آنکھ، کان، زبان، ہاتھ، پاؤں، پیٹ اور شرمگاہ) اس کے بعد خداوندِ عالم نے تمہارے (جملہ) اعمال وافعال کے حقوق رکھے ہیں۔چنانچہ تمہاری نماز، روزے مزکوٰۃ کا (بھی) تماہرے اوپر حق (واجب) ہے۔

حقوق اللہ : اللہ تعالیٰ کا حق ، جو کہ جملہ حقوق سے بڑا ہے۔وہ یہ ہے۔کہ! تم (صرف اور صرف) اُسی کی عبادت کرو۔اور کسی چیز کو اُس کا شریک قرار مت دو۔(اور) جب تم خلوص کے ساتھ (بناء ریا اور دنیاوی منافع کے) اس کی عبادت کرو گے۔تو اللہ تعالیٰ نے بھی اپنے اوپر یہ لازم کرلیا ہے۔کہ وہ دنیوی اور اُخروی چیزوں میں تمہاری کفایت کرے گا۔اور تمہارے لئے تمہاری محبوب و پسندیدہ چیزوں کو محفوظ رکھے گا۔

شرح : رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔اللہ تعالیٰ کا بندوں پر یہ حق ہے۔کہ! (بندے) اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں۔اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں۔اور بندوں کا اللہ تعالیٰ پر یہ حق ہے۔جو بندہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا ہو۔اللہ تعالیٰ اسے عذاب نہ دے۔ (صحیح بخاری) **واعبدوا اللہ ولا تشرکوا بہ شیئا** ۔اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو۔اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ۔(سورہ النساء) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! میرے پاس میرے رب کی طرف سے ایک آنے والا (فرشتہ) آیا۔اس نے مجھے خوشخبری دی۔کہ! میری اُمت میں جو کوئی اس حال میں فوت ہو۔کہ! اس نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا ہو۔تو وہ جنت میں جائے گا۔اس پر مَیں نے پوچھا۔اگر چہ اس نے زِنا کیا ہو۔اگر چہ اس نے چوری کی ہو۔تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ہاں! اگر چہ اس نے زنا کیا ہو۔اگر چہ چوری کی ہو۔**(صحیح بخاری ، صحیح مسلم)**

حقوق النفس : تمہارے نفس کا تم پر یہ حق ہے۔کہ! اُسے بھر پور طریقے سے راہِ خدا میں مشغول رکھو۔اگر تم نے ایسا کیا۔تو گویا تم نے اپنی زبان کا حق، اپنے کان کا حق، اپنی آنکھ کا حق، اپنے ہاتھ کا حق، اپنے پاؤں کا حق، اپنے پیٹ کا حق اور اپنی شرمگاہ کا حق ادا کر دیا۔اور دیکھو۔(کہ) ان کے حقوق کی ادائیگی میں اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کرتے رہو۔

شرح : قرآنِ حکیم اور احادیثِ نبویہ ﷺ میں چار اقسام کے نفسوں کا ذِکر کیا گیا ہے۔امارہ۔لوامہ۔ملہمہ اور مطمئنہ۔ نفسِ امارہ انسان کو بہت زیادہ برائی کرنے کی ترغیب دیتا رہتا ہے۔نفسِ لوامہ انسان کو بُرائی کرنے پر ملامت کرتا رہتا ہے۔نفسِ ملہمہ ایسا نفس ہے۔جس پر ملائکہ اور شیاطین الہام کرتے ہیں۔یعنی نیک چیزوں اور باتوں کا الہام ملائکہ کرتے ہیں۔جبکہ برائی اور گناہ والی چیزوں اور باتوں کا الہام شیاطین کرتے ہیں۔ جبکہ نفسِ مطمئنہ انسان کو فعلِ حق کرنے پر اطمینان کی کیفیت کا احساس دلاتا ہے۔کیونکہ! یہ نفس بُری خصلتوں سے پاکیزہ ہو چکا ہوتا ہے۔

حقوق اللسان : تمہاری زبان کا تم پر یہ حق ہے۔کہ! اسے گالم گلوچ سے محفوظ رکھو۔اور اسے نیک اور شائستہ بات کہنے کا عادی بناؤ۔اسے باادب بناؤ۔اسے ضرورت اور دین و دنیا کے فائدے کے علاوہ بند ہی رکھو۔زیادہ چلنے (یعنی زیادہ اور فضول گفتگو کرنے) اور بے فائدہ بولنے سے روکے رکھو۔(کیونکہ) تم اس کے نقصان سے محفوظ نہیں ہو۔اس کا فائدہ کم ہے۔زبان (ہی) عقل کی گواہ اور اور اس کی دلیل سمجھی جاتی ہے۔اور عقل مند کا عقل کے زیور سے آراستہ ہونا (ہی) اس کی خوش بیانی ہے۔مدد توبَس خدائے بزرگ و برتر ہی کی طرف سے ہے۔

شرح : مسلمان وہ ہے۔جس کے ہاتھ اور زبان سے دیگر مسلمان محفوظ رہیں۔(صحیح بخاری و مسلم) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔جو شخص دونوں جبڑوں کے درمیان کی چیز (یعنی زبان) اور دونوں ٹانگوں کے درمیان کی چیز (یعنی شرم گاہ) کی ذمہ داری دے دے۔(تو) مَیں اس کے لئے جنت کی ذمہ داری دیتا ہوں۔(صحیح بخاری) اور جو کوئی اللہ تعالیٰ پر اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتا ہے۔وہ اچھی بات زبان سے نکالے۔ورنہ خاموش رہے۔(صحیح بخاری) **من صمت نجا** ۔جو خاموش رہا۔(وہ) نجات پا گیا۔(جامع ترمذی) حضرت سیدنا رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔جب انسان صبح کرتا ہے۔تو اس کے جملہ اعضاء جھک کر زبان سے کہتے ہیں۔ہمارے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔کیونکہ ہم تجھ سے متعلق ہیں۔اگر تُو سیدھی رہے گی۔(تو) ہم بھی سیدھے رہیں گے۔اور اگر تُو ٹیڑھی رہے گی۔تو ہم بھی ٹیڑھے ہو جائیں گے۔(جامع ترمذی) یاد رہے۔کہ! آنحضور نبی مکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر " **طویل خاموشی اور خوش خلقی** " کے خصائل کو بہترین عمل قرار دیا ہے۔

حقوق السمع : تمہارے کان کا تم پر یہ حق ہے۔کہ! تم اسے اپنے دل کا راستہ بنانے سے پاک رکھو۔مگر ہاں! اسے اس بہترین بات کے لئے دل کا راستہ بناؤ۔جو تمہارے دل میں پیدا ہو۔جو کہ تمہیں بہترین اخلاق سے آراستہ کرے۔کیونکہ کان (دراصل) دل کا راستہ

ہے۔اور وہ بہترین معنیٰ کا ادراک کرتا ہے۔کان (ہی) دل تک خیر و شر کو پہنچاتا ہے۔اور طاقت وقوت تو صرف اللہ تعالیٰ ہی کی ہے۔
شرح: قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔کہ! **اِنَّ السَّمۡعَ وَالۡبَصَرَ وَالۡفُؤَادَ کُلُّ اُولٰٓئِکَ کَانَ عَنۡهُ مَسۡئُوۡلًا** ۔بے شک! کان ،آنکھ اور دل (یعنی ان تینوں) کے بارے میں (روزِ حساب) پوچھا جائے گا۔(سوہ الاسراء)

حقوق البصر : تمہاری آنکھ کا تم پر یہ حق ہے۔کہ! اس کو اس چیز سے بند کرلو۔جو کہ تمہارے لئے حلال و رَوا نہیں ہے۔آنکھ سے وہی دیکھو۔جس سے کہ عبرت حاصل ہو سکے۔اور جس سے کہ تم بینا ہو جاؤ۔جہاں سے تم کوئی علم حاصل کرسکو۔کیونکہ! آنکھ عبرت حاصل کرنے کا (سب سے مؤثر) ذریعہ ہے۔
شرح: قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔کہ! **قل للمؤ منین یغضوا من ابصارھم و یحفظوا فروجھم ط ذلک از کی لھم ط ان اللہ خبیر م بما یصنعون** ۔مومن مَردوں سے کہہ دو۔کہ وہ اپنی نظریں نیچی رکھا کریں۔اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں۔(کیونکہ) یہ ان کے لئے بڑی پاکیزگی کی بات ہے۔اور یہ جو بھی (ٹھیک یا غلط کام) کرتے ہیں۔اللہ تعالیٰ اُن سے باخبر ہے۔(سورہ النور۔آیت 30) **اِنَّ السَّمۡعَ وَالۡبَصَرَ وَالۡفُؤَادَ کُلُّ اُولٰٓئِکَ کَانَ عَنۡهُ مَسۡئُوۡلًا** ۔بے شک! کان ،آنکھ اور دل (یعنی ان تینوں) کے بارے میں (بروزِ حساب) پوچھا جائے گا۔(سوہ الاسراء) حضرت رسول مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔آنکھ کی نظر شیطان کے تیروں میں سے ایک زہریلا تیر ہے۔جس نے اسے میرے خوف کی وجہ سے چھوڑ دیا۔مَیں اسے ایسا ایمان نصیب کروں گا۔جس کا ذائقہ وہ اپنے قلب میں محسوس کرے گا۔(الترغیب والترہیب) جس مسلمان کی نظر کسی عورت کے حُسن پر پڑے۔اور وہ اپنی نگاہ جھکا لے۔تو اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو عبادت کی لذت عطا فرمائے گا۔(الحدیث)

حقوق الرجلین : تمہارے پاؤں (پیروں) کا تم پر یہ حق ہے۔کہ! اُن کے ذریعے اُس چیز کی طرف نہ جاؤ۔جو تمہارے لئے حلال نہیں ہے۔اور انہیں اس راستے کے لئے اپنی سواری مَت بناؤ۔جو چلنے والے کی سبکی کا باعث ہوتا ہے۔کیونکہ وہ تمہیں اُٹھاتے ہیں۔اور دین کی طرف لے جاتے ہیں۔اور تمہارے آگے بڑھنے کا سبب ہوتے ہیں۔اور اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی قوت وطاقت نہیں ہے۔

حقوق الید : تمہارے ہاتھ کا تم پر یہ حق ہے۔کہ! اسے اُس چیز کی طرف مَت بڑھاؤ۔جو تمہارے لئے حلال نہیں ہے۔(کیونکہ اگر تم ایسے کرو گے۔تو یقیناً) آخرت میں تم اللہ تعالیٰ کے عذاب میں مبتلا ہو جاؤ گے۔اور دنیا میں بھی لوگوں کی ملامت سے محفوظ نہیں رہو گے۔اور اسے اس چیز سے بند نہ رکھو۔جو اللہ تعالیٰ نے تم پر واجب کی ہے۔اور اس کا اس طرح سے احترام کرو۔کہ ان سے اُن بہت سے کاموں کو انجام نہ دو۔جو اُن کے لئے حلال نہیں ہیں۔اور ان کو ان چیزوں کے لئے رکھو۔جن میں ان کا کوئی نقصان نہیں ہے۔پھر اگر اس دنیا میں دستِ حرام سے باز رہے اور عقل وشرافت سے کام لیا۔تو آخرت میں ان کے لئے ثواب ہے۔
شرح: قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔کہ! **و کلوا واشربوا ولا تسرفوا** ۔ اور کھاؤ اور پیو اور اسراف مَت کرو۔(سورہ الاعراف) حضرت سیدنا رسولِ مکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سُنا۔(کہ) کسی آدمی نے کوئی برتن اپنے شکم سے زیادہ بُرا نہیں بھرا۔آدمی کے لئے چند لقمے ہی کافی ہیں۔جو اس کی پیٹھ کو سیدھا رکھ سکیں۔اور اگر زیادہ ہی کھانا ضروری ہو تو پیٹ کا ایک تہائی حصہ اپنے کھانے کے لئے ،ایک تہائی (حصہ) پانی کے لئے اور ایک تہائی (حصہ) سانس لینے کے لئے باقی رکھے۔(جامع ترمذی) مسلمان وہ ہے۔جس کے ہاتھ اور زبان سے دیگر مسلمان محفوظ رہیں۔(صحیح بخاری ومسلم)

حقوق البطن : تمہارے پیٹ (شکم) کا تم پر یہ حق ہے۔کہ! اسے قلیل وکثیر حرام کا ظرف مَت بناؤ۔بلکہ حلال میں بھی اسے اس کے اندازے کے مطابق (خوراک) فراہم کرو۔اسے تقویت کی حد سے نکال کر پُرخوری اور بے مُروّتی کی حد تک نہ پہنچاؤ۔اور جب بھوک و پیاس میں مبتلا ہو۔تو اسے قابو میں رکھو۔کیونکہ! شکم پُری (درحقیقت) سُستی وکسالت (کاہلی) کا باعث ہوتی ہے۔اور ہر نیک ومستحسن امر کی انجام دہی سے باز رکھتی ہے۔اور جو (بھی) مشروب اپنے پینے والے کو مست کردے۔تو وہ اس کی سبکی ،نادانی اور بے مروتی کا سبب ہوتا ہے۔

حقوق الفرج : تمہاری شرمگاہ کا تم پر یہ حق ہے۔کہ! اسے اس چیز سے محفوظ رکھو۔جو تمہارے لئے حلال نہیں ہے۔اور اس سلسلے میں تم آنکھیں بند کرنے سے مدد حاصل کیا کرو۔کہ یہ بہترین معاون ہے۔دوسرا یہ کہ (ہروقت) موت کو یاد کرنے اور اپنے نفس کو اللہ تعالیٰ سے ڈرانے سے بھی معاونت حاصل کرو۔اور اس سلسلے میں عصمت وتحفظ اور تائیداللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہوتی ہے۔اور اس کی طاقت وقوت کے علاوہ کوئی طاقت وقوت نہیں ہے۔
شرح: قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔کہ! مومن مَردوں سے کہہ دو۔کہ وہ اپنی نظریں نیچی رکھا کریں۔اور اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کریں۔(کیونکہ) یہ ان کے لئے بڑی پاکیزگی کی بات ہے۔(سورہ النور۔) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔جو شخص دونوں جبڑوں کے درمیان کی چیز (یعنی زبان) اور دونوں ٹانگوں کے درمیان کی چیز (یعنی شرم گاہ) کی ذمہ داری دے دے۔(تو) مَیں اس کے لئے جنت کی ذمہ داری دیتا ہوں۔(صحیح بخاری)

حقوق الصلاۃ : نماز کا حق یہ ہے۔کہ! یہ تمہیں اللہ تعالیٰ کے حضور پہنچاتی ہے۔اور نماز میں تم اللہ تعالیٰ کے رُوبرو کھڑے ہوتے ہو۔اور جب تم اس بات کی طرف متوجہ ہو جاؤ۔کہ تم اللہ تعالیٰ کے سامنے ہو۔تو تمہیں اس طرح (ادب،احترام اور حضوری میں) کھڑا ہونا چاہیئے۔جس طرح سے کہ! ذلیل، عاجز، خورد، مشتاق، حیران، خوفزدہ، امیدوار، محتاج، زاری کرنے والا کھڑا ہوتا ہے۔اور جس (عظیم ہستی) کے رُوبرو تم کھڑے ہو۔اُس کی عظمت کو سمجھتے ہوئے ساکن، سر جھکائے، اعضاء کے خشوع کے اور فروتنی کے ساتھ اس کی عظمت کا لحاظ رکھو۔اور اپنے دل میں اس سے بہترین طریقہء مناجات ودُعا کے ذریعے اپنی گردن کو اُن خطاؤں سے آزاد کرنے کی (دائما) التماس کرو۔جو اس کا احاطہ کئے ہوئے ہیں۔اور ان گناہوں کی بخشش کی دعا کرو۔اور ربِ متعال کے سوا کوئی قوت وطاقت نہیں ہے۔

حقوق الصوم :روزہ کا حق یہ ہے۔کہ! تمہیں یہ معلوم ہونا چاہیئے ۔کہ! روزہ ایک حجاب (پردہ) ہے۔ جو اللہ تعالیٰ نے تمہاری زبان، تمہارے کان، تمہاری آنکھ، تمہاری شرمگاہ اور تمہارے پیٹ پر ڈال دیا ہے تاکہ اس کے ذریعے تمہیں آگ سے بچائے۔ پھر اگر تم نے روزہ (رکھنا) چھوڑ دیا۔ تو تم نے اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کے پردے کو چاک کر ڈالا۔ اسی طرح سے ایک حدیثِ نبوی ﷺ میں بھی بیان ہوا ہے۔کہ! روزہ جہنم سے بچنے کے لئے تمہاری زرہ ہے۔

شرح : اگر اس پردے سے تمہارے اعضاء و جوارح کو آرام میسر ہوتا ہے۔ تو اس کا مطلب یہ ہے۔کہ! تمہیں یہ امید ہوگئی ہے۔کہ! تم پردے میں ہو۔ اور اگر تم نے اس پردے کا پاس ولحاظ نہ رکھا۔ تو (گویا کہ) تم نے اس پردے میں خلل ورخنہ ڈال دیا۔ اور جب تم نے پردہ اُٹھایا۔ تو تمہاری نگاہ اس چیز کو دیکھے گی۔ کہ جس کو تمہیں نہیں دیکھنا چاہیئے۔ (کیونکہ) وہ شہوت کو بھڑکانے والی ہے۔ وہ تمہیں اللہ تعالیٰ کی پناہ سے نکال دے گی۔ اور جہاں پر پردہ چاک ہو جائے۔ اور تم اس سے باہر جاؤ۔ تو وہاں تمہیں خود کو محفوظ نہیں سمجھنا چاہیئے۔ قوت وطاقت اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے۔

حقوق الحج : حج کا حق یہ ہے۔کہ! تمہیں یہ معلوم ہونا چاہیئے۔کہ! یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک سفر اور تمہارا اپنے گناہوں سے اس کی طرف فرار ہے۔ حج کے وسیلے سے تمہاری دُعا قبول ہوتی ہے۔ اور تم اس واجب عمل کو انجام دیتے ہو۔ کہ جس کو اللہ تعالیٰ تم پر واجب کیا ہے۔

حقوق الصد قہ :صدقہ کا حق یہ ہے۔کہ! تمہیں یہ معلوم ہونا چاہیئے۔کہ! یہ تمہارے پروردگار کے پاس تمہارا ذخیرہ اور امانت ہے۔ کہ جس کے لئے گواہ لانے کی ضرورت نہیں ہے۔ اور جب تمہیں یہ معلوم ہو گیا۔ تو جو صدقہ تم خفیہ طور پر دو گے۔ تو تم اس صدقے کی بہ نسبت زیادہ مطمئن رہو گے۔ اور جو تم کھلم کھلا دیتے ہو۔ تمہارے شایانِ شان یہی ہے۔ کہ جو تم نے آشکار طور پر کیا ہے۔ اب اسے چھپا کر انجام دو۔ بہر حال! (تم ہمیشہ) اس طرح سے صدقہ دو۔ کہ اسے نہ کان سنیں نہ آنکھیں دیکھیں۔ بلکہ سربستہ طور پر دو۔ اور تمہیں اس پر یہ اعتماد ہونا چاہیئے۔کہ! کہ وہ تمہاری طرف پلٹ کر آئے گا۔ (اور تم) اس شخص کی مانند نہ ہو جاؤ۔ کہ جو صدقہ کے واپس لوٹنے (بہتر اور زیادہ طور سے واپس پلٹ آنے) پر اعتماد نہیں رکھتا۔

پھر اپنے اسی صدقہ کے ذریعے کسی پر احسان نہ جتاؤ۔ کیونکہ! وہ تمہارا ہی ہے۔ اگر اس پر تم احسان جتاؤ گے۔ تو تم محفوظ نہیں رہو گے۔ بلکہ اسی بدحالی (ریا اور شرکِ خفی) میں مبتلا ہو جاؤ گے۔ کہ جس میں وہ شخص مبتلا ہے۔ جس پر تم نے احسان جتایا ہے۔ کیونکہ! یہ اس بات کی دلیل ہے۔ کہ تم نے یہ نہیں چاہا۔ کہ وہ مال تمہارا ہے۔ اگر تم یہ چاہتے۔ کہ وہ تمہارے لئے باقی رہے۔ تو تم کسی پر احسان نہ جتاتے۔ طاقت تو صرف اللہ تعالیٰ ہی طرف سے ہے۔

حقوق الھدی : قربانی وھدی کا حق یہ ہے۔کہ! تمہیں یہ معلوم ہونا چاہیئے۔کہ! تم اسے اپنے پروردگار کے لئے خالص کرو۔ اور اسے اس کی رحمت وقبولیت کے لئے پیش کرو۔ لوگوں کو دکھانے کے لئے نہیں۔ اگر تم اس طرح (بغیر دکھاوے کے) قربانی کرو گے۔ تو خود کو زحمت میں نہیں ڈالو گے۔ اور نہ تکلف کرو گے۔ کیونکہ! اس سے تمہارا مقصد قربانی ہے۔ جان لو۔کہ! تم خداوندِ عالم کی بارگاہ میں بآسانی باریاب ہو گے۔ اور (تمہیں) محنت ومشقت نہیں ہوگی۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے بندوں کی تکلیف کو آسان کر دیا ہے۔ اور انہیں سختی میں مبتلا نہیں کرنا چاہا۔

اس (رب) کی بارگاہ میں تمہارا فروتنی کرنا تمہارے لئے تکبر کرنے سے بہتر ہے۔ کیونکہ کلفت ومشقت بھوکے لوگوں کے لئے ہے۔ لیکن فروتنی اور درویش منشی میں کوئی تکلیف ہے اور نہ ہی کوئی خرچ۔ کیونکہ یہ فطرت وسرشت کے مطابق ہے۔ اور طبیعت میں موجود ہے۔ اور قوت وطاقت صرف اللہ تعالیٰ کی ہے۔

حقوق الا ستاد : اُستاد کا حق تم پر یہ ہے۔کہ! اُس کی تعظیم (احترام اور اَدب) کرو۔ اُس کے درس کی مجلس کا احترام کرو۔ اور اُس کے درس کو غور سے سنو۔ اور ہمہ تن گوش اس کی طرف متوجہ رہو۔ اور اس کی مدد کرو۔ تاکہ وہ تمہیں اس چیز کی تعلیم دے۔ جس کی تمہیں حاجت ہے (ضرورت) ہے۔ اس سلسلے میں تم اپنی عقل کو امادہ (Ready) کرو۔ اور اپنے فہم وشعور اور دل کو اس کے سپرد کر دو۔ اور لذتوں کو چھوڑ کر اور اس کی خواہشات کو گھٹا کر اپنی نظر کو اس پر مرکوز کر دو۔ تمہیں یہ (بات ضرور) جان لینی چاہیئے۔کہ! جو چیز وہ تمہیں تعلیم دے رہا ہے۔ اس میں تم اس کے قاصد ہو۔ چنانچہ تمہارے اوپر لازم ہے۔ کہ اس چیز کی تم دوسروں کو تعلیم دو۔ اور اس فرض کو تم بخوبی سرانجام دو۔ اور اس کا پیغام پہنچانے میں خیانت نہ کرو۔ اور جس چیز کا تم نے اپنے (اوپر) ذمہ لیا ہے۔ اس پر لازمی عمل کرو۔ اور طاقت وقوت صرف اللہ تعالیٰ (ہی) کی طرف سے ہے۔

شرح : حضرت رسولِ مکرم ﷺ نے فرمایا۔ بہترین صدقہ یہ ہے۔کہ! مسلمان آدمی علم سیکھے۔ پھر اپنے مسلمان بھائی کو (علم) سکھائے۔ (سنن ابنِ ماجہ)

حضرت رسولِ مکرم ﷺ نے فرمایا۔ مَیں تمہارے لئے والد کی طرح ہوں۔ (کیونکہ میں) میں تمہیں (مختلف علوم وفنون) سکھاتا ہوں۔ (سنن ابی داؤد)

حضرت امیر المؤمنین علی المرتضیٰؓ سے منسوب ومنقول ایک قول نہایت معروف ہے۔کہ! جس نے مجھے ایک لفظ بھی سکھایا۔ وہ میرا اُستاد ہے۔ اور مَیں اس کا غلام ہوں۔ (ایک حدیث میں ہے۔کہ) جس شخص نے علم کا ایک باب سیکھا۔ تاکہ وہ لوگوں کو سکھائے۔ (تو) اسے ساٹھ صدیقوں کا ثواب عطا کیا جائے گا۔

حقوق الرعیۃ با لعلم : شاگرد کا حق یہ ہے۔کہ! تمہیں یہ معلوم ہونا چاہیئے۔کہ! اللہ تعالیٰ نے تمہیں جو علم دیا ہے۔ اور حکمت کا جو خزانہ تمہیں دیا ہے۔ اس میں تمہیں شاگردوں کو سرپرست بنایا ہے۔ پھر اگر تم نے اس سرپرستی کے حق کو اچھی طرح سے ادا کر دیا ہے۔ اور اس کے مہربان خزانچی اور خیر خواہ مولا (مددگار) قرار پائے۔ جو کہ صابر خواہ ہے۔ جب وہ کسی ضرورت مند کو دیکھتا ہے۔ تو وہ اپنے پاس موجود اموال میں سے اسے دیتا ہے۔ تم رشد یافتہ اور باایمان خادم ہو۔ ورنہ اللہ تعالیٰ کے خیانت کار اور اس کی مخلوق کے لئے ظالم اور عزت ونعمت کے سلب ہونے کا سبب ہو۔

حقوق الزوجۃ : شریکِ حیات (بیوی) کا حق یہ ہے۔کہ! نکاح کے ذریعے جو حق تمہارے اوپر مسلّم ہو گیا۔تم جان لو کہ! اسے اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے باعثِ سکون و آرام اور مونس وانیس اور نگہبان قرار دیا ہے۔اور اسی طرح تم دونوں (میاں بیوی) پر یہ فرض عائد ہوتا ہے۔کہ اپنے شریکِ حیات کے وجود پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے۔اور یہ جان لو کہ یہ اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے۔جو اس نے اسے عطا کی ہے۔اسی لئے ضروری ہے۔کہ! وہ اللہ تعالیٰ کی (اس) نعمت کی قدر کرے۔اور اس کے ساتھ نرمی سے پیش آئے۔اگر تمہاری شریکِ حیات پر تمہارا حق زیادہ سخت ہے۔جو تم پسند کرتے ہو۔اور جو تم ناپسند کرتے ہو۔اس میں اس پر تمہاری طاعت زیادہ لازم ہے۔بس اس میں گناہ نہ ہو۔لیکن اس کا بھی تم پر یہ حق ہے۔کہ! تم اس کے ساتھ نرمی اور محبت سے پیش آؤ۔اور وہ بھی اس لذت اندوزی کے لئے تمہارے لئے مرکزِ سکون ہے۔کہ جس سے مفر (فرار و چھٹکارہ) نہیں ہے۔اور یہ بجائے خود بڑا حق ہے۔اور نہ (ہی) اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی طاقت نہیں ہے۔

حقوق الام :ماں کا تمہارے اوپر یہ حق ہے۔کہ! تمہیں یہ معلوم ہونا چاہیئے۔کہ! وہ تمہیں ایک مدت تک اپنے پیٹ میں)اس طرح سے اُٹھائے رہی۔کہ! اس طرح سے کوئی بھی کسی کو نہیں اُٹھاتا ہے۔اور پھر (بطن سے اخراج کے بعد) اپنے میوہء دل دودھ (یعنی پستان) سے تمہیں خوراک بھی فراہم کرتی رہی۔اس طرح سے کوئی (بھی) کسی کو خوراک نہیں دیتا۔اپنے کان،آنکھ، ہاتھ، پاؤں، بال اور کھال سے تمہیں خوراک دی۔کہ اس طرح سے کوئی کسی کو نہیں دیتا۔اپنے کان،آنکھ، پیر، بال، کھال بلکہ اپنے جملہ اعضاء و جوارح کے ساتھ خوشی خوشی تمہارا بوجھ اُٹھائے پھرتی رہی۔اگر چہ اس کی وجہ سے مسلسل زحمتوں، تکالیف اور مشکلات مین (بھی) مبتلا رہی۔یہاں تک کہ دستِ قدرت نے تمہیں اس سے جُدا کر دیا۔اور (پھر یوں) تمہیں زمین پر اُتار دیا۔اس نے تمہیں شکم سیر کیا۔(جبکہ وہ) خود بھوکی (و پیاسی بھی) رہی۔تمہیں لباس پہنایا۔(جبکہ) خود عریاں رہی۔تمہیں سیراب کیا۔جبکہ خود پیاسی رہی۔خود تو دھوپ کی شدت (حدت و گرمی کو) سہتی رہی۔(جبکہ) تمہیں سائے میں رکھا۔ اس کی بے چینیوں میں تم نے آرام پایا۔خود (تو) بیدار رہی۔(مگر) تمہیں سلایا۔اس کا پیٹ تمہارا مسکن، اس کا گھر تمہاری حفاظت کا محل تھا۔اس کے پستان تمہارے دودھ پینے کے لئے چشمہ اور اس کا نفس تمہارا نگہبان تھا۔تمہارے لئے اس نے سردی و گرمی کو برداشت کیا۔اس کی ان زحمتوں اور تکالیف کا شکریہ ادا کرو۔لیکن (یاد رکھو۔کہ) تم اللہ تعالیٰ کی توفیق و مدد کے بغیر اپنی ماں کا شکریہ ادا نہیں کر سکتے۔

شرح : قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔کہ! اپنے والدین کے ساتھ حسنِ سلوک کا معاملہ کرو۔انہیں بُرا بھلا مت کہو۔یہاں تک کہ اُف تک (بھی بالکل) مَت کہو۔انہیں (قطعًا) مَت جھڑکو۔بلکہ (ان کے ساتھ ہمیشہ) نرمی سے پیش آؤ۔(اور لازمی طور پر) ادب و احترام سے کلام کرو۔ا(القرآن) ایک شخص حضرت سیدنا رسولِ مکرم ﷺ کے پاس آیا۔عرض کیا۔یا رسول اللہ ﷺ! لوگوں میں سب سے زیادہ حُسنِ سلوک کا مستحق کون ہے؟ (تو) آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔تیری ماں۔پھر کون؟ فرمایا۔تیری ماں۔ اس طرح آپ ﷺ نے تین مرتبہ فرمایا ''ماں''۔چوتھی مرتبہ باپ فرمایا۔(متفق علیہ)

حقوق الاب : باپ کا حق تم پر یہ ہے۔کہ! تمہیں یہ معلوم ہونا چاہیئے۔کہ! وہ تمہاری اصل بنیاد ہے۔(کیونکہ) تم اس کی شاخ وفرع ہو۔اگر وہ نہ ہوتے۔تو تمہارا وجود (بھی) نہ ہوتا۔پس جب تم اپنے اندر کوئی (بھی) ایسی چیز دیکھو۔جو (کہ) تمہیں خود پسندی (Self-Appreciation) میں مبتلا کر دے۔ تو اس وقت تم یہ خیال کرو۔کہ! اس نعمت کا سبب تمہارا باپ ہے۔اور اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر و ثناء کرو۔اور اللہ تعالیٰ ی طاقت کے علاوہ کوئی طاقت نہیں ہے۔

حقوق الولد :تمہارے اوپر بیٹے کا حق یہ ہے۔تم یہ جان لو۔کہ! وہ تمہارا ہی ہے۔دنیا میں تمہی سے وابستہ ہے۔اس کا خیر و شر بھی تمہاری ہی طرف منسوب ہوتا ہے۔اور یہ ذمہ داری (باپ کی حیثیت سے) تمہاری ہی ہے۔کہ اسے ادب سکھاؤ۔اس کے پروردگار کی طرف اس کی رہنمائی کرو۔اور اس (رب متعال) کی اطاعت میں اس کی مدد کرو۔اگر تم اس ذمہ داری کو پورا کرو گے۔تو (یقیناً) ثواب پاؤ گے۔اور اگر اس (رب کی اطاعت) کی انجام دہی میں کوتاہی کرو گے۔تو سزا پاؤ گے۔پس اس کے لئے اس طرح (کے) نیک اعمال کرو۔کہ اس کا حسن و جمال دنیا میں آشکار ہو جائے۔اور اس کی جو بہترین سرپرستی تم نے کی ہے۔اور جو نتیجہ تم نے حاصل کیا ہے۔وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تمہارے اور اس کے مابین ایک عذر ہو جائے گا۔

حقوق الذی المعروف : (احسان کرنے والے کا حق) جس نے تم پر احسان کیا۔اس کا تم پر یہ حق ہے۔کہ اس کا شکریہ ادا کرو۔اور اس کا ذکرِ خیر کرو۔اور اس کی اچھی باتوں کو پھیلاؤ۔اور اس کے لئے خلوص کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دُعا کرو۔کیونکہ! اگر اس نے ایسا کیا۔تو گویا تم نے کھلم کھلا اور خفیہ طور پر کا شکریہ ادا کیا۔پھر اگر تمہاری استطاعت میں ہو۔تو اس کا بدلہ دو۔ورنہ اس کے انتظار میں رہو۔اور اس کام کے لئے خود کو آمادہ (تیار) رکھو۔

حضرت امامؑ نے متعدد حقوق پر قلم اُٹھایا ہے۔شائقین اس رسالہ کو لازمی پڑھیں۔اب ہم اس رسالہ کے شروع کے چند حقوق کی شرح بیان کرتے ہیں۔

جن کے کردار سے آتی ہو صداقت کی مہک ان کی تدریس سے پتھر بھی پگھل جاتے ہیں

شِرک سے بچاؤ کی دُعا : (بمطابق نزھۃ المجالس بروایت طبرانی)

جو شخص اِس دُعا کو تین مرتبہ روزانہ پڑھا کرے۔تو وہ شِرک سے محفوظ رہے گا۔انشاء اللہ تعالیٰ۔دُعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ο اللھم انا نعوذبک من ان اُشرک بک شیئا نعلمہ و نستغفرک لما لا نعلمہ☆

تعلیماتِ محمدیہ (اَز حضرت شیخ احمد دباغ محمدی شاذلی)

قد افلح من تزکی ۔یقیناً! وہ(شخص) مراد کو پہنچا۔جس نے اپنے آپ (یعنی نفس) کو پاک کرلیا۔ (اسی طرح) **قد افلح من زکھا** ۔ یقیناً! وہ (شخص) مراد کو پہنچا۔جس نے اپنے آپ (یعنی نفس) کو پاک کرلیا۔**و قد خاب من دسھا** ۔ یقیناً! وہ ناکامی کو پہنچا۔جس نے اپنے آپ (نفس) کو خاک میں ملالیا۔حضرت امام غزالیؒ کے مطابق تزکیہ کے چار پہلوؤں سے انسان کو اپنی صفائی کی ضرورت ہے۔عقیدے کو شرک سے پاک رکھنا۔دل کو حسد،تکبر اور نفاق سے پاک رکھنا۔جسم کو بری حرکات سے پاک رکھنا۔لباس اور جسم کو گندگی سے پاک رکھنا۔پہلی دو شرائط کو پورا کرنے سے آخری دو شرائط کا پورا کرنا سہل ہوجاتا ہے۔

☆ **تزکیہ نفس کے لئے عملی اقدامات** :حضرت سیدی شیخ احمد دباغ صاحب (تربیت یافتہ از حضرت سیدی عبدالعزیز الدباغؒ) فرماتے ہیں۔ کہ! ہمارے سات اعضاء کی وجہ سے ہمارا دل زنگ آلود ہوجایا کرتا ہے۔لہٰذا ان کو مصفےٰ کرنا اور ان کا تزکیہ کرنا نہایت لازمی ہے۔تاکہ ہم اپنی گمشدہ میراث (صدق،اخلاص،راست گوئی،خوش خلقی،رضا،تقوی،توکل،فقر،صبر،سخاوت وغیرہا) کو دوبارہ حاصل کرلیں۔(ان شاء اللہ) ان انعامات و سعادتوں کے حصول کے لئے تیس تیس دنوں پر مشتمل مشقیں ترتیب دی گئی ہیں۔اس کا جدول نیچے دیا گیا ہے۔اس سے متعلقہ تصاویر اگلے صفحے پر دی گئیں ہیں۔

حدیثِ نبوی ﷺ : آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔اے ابوذرؓ! کیامیں تمھیں دوخوبیوں سے آگاہ نہ کردوں؟ (کہ) جن کی ادائیگی آسان ہے۔(اور) وہ ترازو میں دیگر جملہ نیکیوں سے بھاری ہوں گی۔انہوں نے عرض کیا۔جی یارسول اللہ ﷺ! (تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔تم حُسنِ خلق اور طویل خاموشی کو لازم پکڑلو۔اس ذات کی قسم (کہ) جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔مخلوقات نے کوئی ایسا عمل نہیں۔جو ان (دونوں اعمال) کے برابر ہو۔(شعب الایمان)

بہرحال! مذکورہ سات اعضاء کے اسماء یہ ہیں۔زبان، آنکھ،کان، ہاتھ،پاؤں، پیٹ اور شرم گاہ۔(ان سات اعضاء کے کچھ گناہ یہ ہیں)

1۔ **زبان** : جھوٹ بولنا،غیبت کرنا،اللہ اور رسول یا کسی نبیؑ سے متعلق جھوٹی بات کرنا،چغلی کھانا،اپنی بڑائی بیان کرنا، خوشامد کرنا،نفاق،لعنت ملامت کرنا،جھوٹا وعدہ کرنا،دل آزاری کرنا،تہمت لگانا،گالم گلوچ کرنا،فحش کلامی کرنا،راز ظاہر کرنا، بہت باتیں کرنا، ہنسی مذاق کرنا وغیرہ وغیرہ۔۔۔۔

2۔ **آنکھ** : غیرمحرم کو دیکھنا،حقارت سے دیکھنا،فلم ڈرامے اور ناجائز ویڈیو دیکھنا،دنیاوی چیزوں کو ضرورت سے زیادہ دیکھنا۔غلط اشارے کرنا۔

3۔ **کان** : جھوٹ سننا،غیبت سننا،گانے سننا، میوزک سننا، فضول باتیں سننا، غیرمحرم کی آواز سننا،چھپ چھپ کر اوروں کی باتیں سننا وغیرہ۔

4۔ **ھاتہ** : چوری کرنا،قلم کا غلط و ناجائز استعمال کرنا، غیرمحرم کو چھونا، ہاتھ سے غلط اشارے کرنا۔

5۔ **پاؤں** : غیرمحرم کی طرف جانا، بغیر اجازت کمرے یا لوگوں کے درمیان جانا،فلم ڈرامے یا ناجائز ویڈیو دیکھنے جانا،فضول جگہوں پر جانا۔

6۔ **پیٹ** : حرام کھانا اور پینا،پیٹ بھر کر کھانا کھانا، شراب پینا،نشہ آور چیز کا کھانا اور پینا،سگریٹ یا چرس کا دَم کھینچنا، بھنگ پینا وغیرہا۔

7۔ **شرم گاہ** : زِنا اور لواطت کرنا،ہم جنسی پرستی کرنا، ناپاکی میں تادیر رہنا،شرم گاہ کو نہ چھپانا،شرم گاہ کو کسی سے مَس کرنا۔مشت زنی کرنا۔

(یادرہے۔کہ! ان سات اعضاء کا تزکیہ کوئی نئی یا عجیب بات نہیں ہے۔اس پر متعدد علمائے حق نے قلم اُٹھایا۔بالخصوص امام غزالی نے اپنی کتاب ''منہاج العابدین'' میں اختصار کے ساتھ جبکہ حضرت شیخ اکبر سیدمحی الدین ابن عربیؒ نے کتاب ''مواقع النجوم'' میں مفصل بیان فرمایا ہے۔وہاں تفصیل ملاحظہ کی جاسکتی ہے)


تفصیلِ مشق : سب سے پہلے زبان سے متعلقہ جملہ گناہوں سے مسلسل 30 تک کامل پرہیز کرنا ہے۔اَب جس دن سے تزکیہ زبان شروع کرنا ہو۔اس دن کو پہلی تاریخ تصور کرتے ہوئے پہلے (صبح سویرے اُٹھ کر) صلوٰۃ التوبہ پڑھیں۔اور زبان سے متعلقہ تمام گناہوں سے سارا دن پرہیز کریں۔اگر سارا دن ان تمام گناہوں سے پاک گزرے تو رات کو سونے سے پہلے پہلی تاریخ میں ٹک مارک (صحیح نشان) لگا کر سوجائیں۔اسی طرح روزانہ روٹین بنالیں۔اگر خدانخواستہ کسی بھی دن زبان سے متعلقہ کوئی گناہ ہوجائے۔تو اس دن X (غلط کا نشان) لگائیں۔اَب گھبرائیں نہیں۔بلکہ یہ تو مشق کی شروعات ہیں۔اگلے دن کو دوبارہ پہلا دن تصور کرکے اسی روٹین کو دوبارہ شروع کریں۔یادرہے۔کہ! آپ کی زبان کا تزکیہ وتصفیہ اُس دن مکمل ہوگا۔کہ جس دن آپ نے مسلسل **30** دن تک زبان سے متعلق کوئی گناہ نہ کیا ہو۔

تفاصیلِ گناہ	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28	29	30
جھوٹ ۔ غیبت																														
خوشامد ۔ کبریائی																														
تہمت ۔ نفاق																														
فحش کلام ۔ گالم گلوچ																														
اللہ تعالیٰ یا نبیؑ سے متعلق جھوٹ																														
دل آزاری																														


علیٰ ہذا القیاس۔۔۔ مذکورہ بالا جدول ساتوں اعضاء سے متعلق اسی طرح سے بنیں گے۔بہتر یہ ہے۔کہ! سب سے پہلے **30** دنوں میں زبان کے تزکیہ کے عظیم مقصود ومطلوب کے حصول کے لئے خوش خلقی سے پیش آنا اور ہمہ وقتی خاموشی کو اختیار کرتے ہوئے جھوٹ غیبت چغلی ومنافقت سے کامل پرہیز کیا جائے۔

قلب کی حیثیت : قلب کی درستگی نہایت ضروری ہے۔کیونکہ ! اَلَاوَ اِنَّ فِی الْجَسَدِ مُضْغَۃً اِذَا صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ کُلُّہٗ وَاِذَا فَسَدَ تْ فَسَدَ الْجَسَدُ کُلُّہٗ . اَلَا وَ ھِیَ الْقَلْبُ ۔سُن لو۔ (ہرانسان کے) بدن میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے۔جب وہ درست ہوگا۔تو سارا بدن درست ہوگا۔اور(اگرخدانخواستہ وہی حصہ) بگڑا۔تو سارا بدن بگڑ گیا۔سن لو۔وہ ٹکڑا آدمی کا دل ہے۔ (صحیح بخاری۔نمبر 52)

ایک عام انسان مندرجہ ذیل سات اعضاء کی وجہ سے اپنے دین و دنیا کو برباد و تباہ کر کے مہذب معاشرے کا ناسور بن جاتا ہے۔



ایک عام انسان مندرجہ ذیل سات اعضاء کی وجہ سے اپنے دین و دنیا کو سنوار کر معاشرے کا ایک مہذب شہری بن جاتا ہے۔




اللہ تعالیٰ کے قُرب و رضا کا حصول اور جنت کا راستہ :

حضرت شیخ احمد دباغ صاحب کی تعلیمات (مع شرح واضافہ) میں ہے۔کہ! جو بھی بندہ خالصتاً اللہ تعالیٰ کی رضا اور قرب کی چاہت رکھتا ہو۔اور اللہ تعالیٰ کے انعام کی جگہ جنت تک پہنچنے کی تمنا رکھتا ہو۔تو ان خواہشات کو پورا کرنے کے لئے سب سے پہلے صدق نیت سے اللہ تعالیٰ سے طلب کرے۔یعنی اپنے سفر کے آغاز کو غفلت اور گناہوں کی غلیظ حالت سے اللہ کی رضا وقرب اور جنت کے راستے پر خود کو مصمم ارادے اور مسلسل جدو جہد سے شروع کرے۔اس سفر کا آغاز سچی اور حقیقی طلب کے بعد 4 شرائط کے پہاڑ سے شروع ہوگا۔عقیدہ، فقہ، توبہ اور مجاہدہ۔ **عقیدہ** :عقیدہ یعنی اسلامی عقائد ونظریات کا بنیادی علم ۔عقیدے کی بنیاد 7 چیزوں پر ایمان لانا ہے۔اللہ پر، ملائکہ پر، آسمانی کتب پر، انبیاءؑ پر، روزِ قیامت پر، تقدیر پر، موت کے بعد دوبارہ زندہ کئے جانے پر۔(بمطابق حدیث: **ان تؤمن باللہ و ملائکتہ و کتابہ و لقائہ و رسلہ وتؤمن بالبعث الآخر**)اور عقیدہ اہل سنت والجماعت والا ہو۔جیسے حضرت امام ابوحنیفہؒ ،حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانیؒ ۔اور حضرت شاہ ولی اللہؒ وغیرہا کا تھا۔ **فقہ**: اسلامی قوانین یعنی شرعی قانون کے بنیادی علم کو فقہ کہا جاتا ہے۔فقہ دراصل نفس کے حقوق، فرائض اور واجبات کو جاننے کا نام ہے۔فقہ کے چار بنیادی مأخذ اور ذرائع ہیں۔قرآنِ حکیم ،سنت (یعنی انحضرت ﷺ کے اقوال واعمال)، اجماع اور قیاس۔لیکن فقہ کے سب سے بڑے اور بنیادی مأخذ قرآنِ حکیم اور احادیثِ صحیحہ ہیں۔فقہائے کرام، آئمہ اربعہ (حنفی، مالکی، شافعی اور حنبلی) ومجتہدینِ حقہ کے وضع کردہ تمام قوانینِ شرعیہ درحقیقت احادیث کی شرح ہیں۔جبکہ احادیث قرآنِ کریم کی بہترین تفسیر ہیں۔ **توبہ** : توبہ رجوع کرنے، پلٹنے اور متوجہ ہونے کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔سابقہ گناہوں سے توبہ اور آئندہ برے امور واعمال نہ کرنے کا مضبوط ارادہ ونیت توبہ کے مفاہیم ہیں۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کی طرف ایسی توبہ کرو۔جو آگے کو نصیحت ہو جائے۔(یعنی کہ) انسان کا اپنے جملہ صغیرہ وکبیرہ، دانستہ ونادانستہ اور ظاہری وباطنی گناہوں سے نادم ہوکر توبہ کرکے دوبارہ ہرقسم کے گناہوں سے بچنا حقیقی توبہ کہلاتا ہے۔ہر مسلمان پر ہر حالت میں ہروقت توبہ کرتے رہنا واجب ہے۔حتیٰ کہ آنحضور ﷺ بھی روزانہ استغفار کیا کرتے تھے۔توبہ کا عمل اللہ تعالیٰ کو پسند اور انسان کے لئے صریح سعادت ونعمت کی بات ہے۔کیونکہ! **ان اللہ یحب التوابین**۔اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔(قرآن) **مجاھدہ** : فقرا۔مجاہدہ دراصل جہد سے متسخرج ہے۔یعنی نہایت کوشش کرنا۔یہاں پر مجاہدہ کا مفہوم یہ ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کے لئے ذہنی طور پر مجاہدے یعنی مضبوط ارادے اور نیت کے ساتھ حتی الامکان کوشش کرنا۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ **والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا** ۔جنہوں نے ہماری راہ میں جہد (بھرپور کوشش) کی۔تو ہم انہیں ضرور اپنے راستے دکھائیں گے۔(العنکبوت) یعنی کہ! انسان جب اپنا عقیدہ درست کرنے کے بعد عبادت وطہارت کا علم سیکھ کر فرائض وسنن کو اخلاص کے ساتھ پورا کرتا ہے۔غفلت اور گناہوں میں بسر کی گئی پچھلی زندگی سے حقیقی توبہ کرتا ہے۔اور رب متعال کو راضی کرنے کے لئے مجاہدے اور کوشش میں مصروف ہو جاتا ہے۔تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ہدایت کے دروازے کھول دیتا ہے۔ ☆☆ چار شرائط کی پہاڑی کو عبور کرنے کے بعد تزکیہ کا پُل آتا ہے۔جس کے اندر نفس کا تزکیہ درحقیقت جسم کو سنوارنے، دماغ کو نیک خیالات سے مزین کرنے، دل کو قلب سلیم میں ڈھالنے اور روح کو روشن وقوی کرنے والے امور لازمی ہیں۔چونکہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں آزمائش کے لئے جسم عطا فرمایا ہے۔اور جسم کے اندر نفس، دل، دماغ اور روح عطا فرمائے ہیں۔مزید برآں یہ کہ! کہ نفس کا تزکیہ، اخلاص کے بغیر عبور کرنا نہایت مشکل بلکہ ناممکن ہے۔تزکیہ یعنی صاف ہوجانا اور اللہ تعالیٰ کی چاہت کے مطابق خود کو ڈھال لینا ہے۔اللہ تعالیٰ کی پسند کو اپنانا اور اللہ تعالیٰ کے ناپسندیدہ اُمور سے مکمل اجتناب کرنا درحقیقت تزکیہ کہلاتا ہے۔یاد رہے۔کہ! جسم کے سات اعضاء سے انسان کا آزمایا جاتا ہے۔جسم کا تزکیہ زبان، آنکھیں، ہاتھ، کان، پاؤں، پیٹ اور شرم گاہ سے ہی ممکن ہے۔دماغ کا تزکیہ، گناہوں کی نفی، مناجات، مسنون اذکار اور ہمہ وقت اللہ تعالیٰ کی حضوری کے بناء ممکن نہیں۔دل کا تزکیہ اخلاص، تواضع، توبہ، شکر، رضا سے ممکن ہوتا ہے۔جب جسم، دل اور دماغ کا تزکیہ پایہ تکمیل کو پہنچ جائے گا۔تو روح ازخود روشن اور قوی ہو جائے گی۔(ان شاءاللہ) ☆☆ تزکیہ کے اس پُل کو عبور کرنے کے بعد انسان کو چار مقاصد اور صفات کے پہاڑ کو عبور کرنا لازمی ہوتا ہے۔اللہ تعالیٰ کی ہروقت حضوری، مخلوقِ خدا پر ہروقت شفقت کرنا، اللہ تعالیٰ کے حکم کو ترجیح اول دینا اور حضرت رسالت مآب ﷺ کی سنتوں اور احادیثِ صحیحہ کو ترجیح دینا۔لیکن یاد رہے۔کہ! ان چار مقاصد اور صفات کے پہاڑ کو عبور کرتے وقت اچھے خواب شروع ہو جائیں گے، کشفی صلاحیت پیدا ہو جائے گی، احساسات (غیبی امور کی اطلاع بمثل القاء والہام کی سی کیفیت) اور کرامات وخوارق العادات کا ظاہر ہونا۔لیکن یہ جملہ چیزیں مقاصد نہیں ہیں۔کہ انسان انہیں میں پھنس کر رہ جائے۔ ☆☆ اس پہاڑ کو عبور کر کے انسان اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحمت کے لائق ہو جاتا ہے۔اور اُس میں انتہا درجہ کی عاجزی، انکساری اور اخلاص پیدا ہو جاتا ہے۔اور بالآخر بندہ کی رسائی ایک بڑے مقصد یعنی مقصودِ اعظم تک جا پہنچتی ہے۔جو کہ اللہ تعالیٰ کے قرب ورضا اور جنت کے پانے تک کا راستہ ہے۔یہاں پر سالک کا ظاہری سفر ختم ہو جاتا ہے۔

☆☆ اس تمام سفر (یعنی راہ بطرفِ بہشت) کے بعد اَب یہاں پر استقامت واستقلال اور ہمہ وقت شکرگزاری کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔ اور اس بندے کی یہ ڈیوٹی ہو جاتی ہے۔کہ! وہ آنحضور نبی مکرم ﷺ کی عظیم اُمت کو بھی اسی راستے کا وقوف وادراک اور شناسائی فراہم کرنے میں معاون ومددگار رہو۔ اور انہیں بھی صدقِ نیت اور خلوص قلب سے اس راستے پر چلانے کی بھرپور کوشش کرے۔دعوت وتبلیغ کو جاری کرے۔ ہر وقت ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کو ترجیح اول رکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی بڑائی بیان کرتا رہے۔

انسان رب کی رضا کو کیسے حاصل کرتا ہے یا (نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ کے غضب کا کن اسباب سے باعث بنتا ہے۔آگے دی گئی **تصاویر** میں واضح کیا گیا ہے۔

ایک عام انسان اپنی دینی و دنیاوی تباہی اور اللہ تعالیٰ کے غضب کے قریب کس طرح سے ہوتا ہے؟ نیچے والے جدول کو غور و تفکر سے ملاحظہ کریں۔



ایک عام انسان اپنی دینی و دنیاوی بہتری، اللہ تعالیٰ کی رضا اور جنت کے راستے پر کیسے گامزن ہوسکتا ہے؟ نیچے والے جدول کو غور و تفکر سے ملاحظہ کریں۔



بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالْعَصْرِ ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۝

نوٹ : اس سفر کے دوران چند امور کو ملحوظِ خاطر رکھنا نہایت لازمی ہے۔ فرائض کی ادائیگی۔ قرآنِ حکیم کو سمجھ کر اس کی تلاوت کرنا۔ نوافل کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے قرب کی کوشش کرنا۔ انبیائے کرامؑ صحابہء عظام اور اولیاء اللہ کے حالات و واقعات کو پڑھنا اور دوسروں تک پہنچانا۔ اپنے متعلقین کے ساتھ حسنِ اخلاق اور حسنِ معاملات کی طرز پر زندگی بسر کرنا۔ نیکو کار لوگوں کی صحبت اختیار کرنا۔ موت کو یاد کرنا، قبور کی زیارت عبرت کے حصول کی خاطر کرنا۔ قبر کے احوال، روزِ حساب کو جاننا، جنت کے انعامات اور دوزخ کے عذاب کے متعلق خود بھی جاننا اور دوسروں کو بھی آگاہی پیش کرنا وغیرہا یہ لازمی امور ہیں۔

تعلیماتِ شاذلیہ دباغیہ (اَز حضرت شیخ احمد دباغ محمدی شاذلی)

حدیثِ نبوی ﷺ: حضرت ابوذرؓ (ایک مرتبہ) حضور نبی مکرم ﷺ سے ملے۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ کیا میں تجھے دو (نہایت ہی عظیم) خوبیوں سے آگاہ نہ کردوں؟ جن کی ادائیگی آسان ہے۔ لیکن وہ ترازو میں دیگر جملہ نیکیوں سے (زیادہ) بھاری ہوں گیں۔ انہوںؓ نے عرض کی۔ جی ہاں! یارسول اللہ ﷺ! (تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔ **تُو حُسنِ خلق اور طویل خاموشی** کو لازم پکڑ۔ اس ذات کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری ان ہے۔ مخلوقات نے کوئی ایسا عمل نہیں کیا۔ جو ان دو (اُمور) کے برابر ہو۔ (سلسلہ احادیث صحیحہ)

☆ **رضا و رحمتِ الٰھیہ کے 04 طریقے** یعنی **04 ترجیحات**: اللہ تعالیٰ کو سب سے پہلے اور سب سے زیادہ اہمیت دینا۔ حضرت رسولِ مکرم ﷺ کو اللہ تعالیٰ کے بعد اہمیت دینا۔ اللہ تعالیٰ کی مخلوقات (انسان، جنات، چرند و پرند، درخت و پودے) پر رحم کرنا۔ اللہ تعالیٰ کی دائمی حضوری میں رہنا۔ (حضوری سے مراد ہے۔ ہمہ وقت اس تصور میں رہنا کہ! اللہ تعالیٰ میرے ساتھ ہے، مجھے دیکھ رہا ہے، اور مجھے سن رہا ہے)

☆ **سالک کی ترقی کے 05 طریقے**: **سالک** (یعنی ایسا شخص جو کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں اللہ تعالیٰ کے قرب و اطاعت و عشق میں اُسی کی جانب سفر کرنے والا ہو) اگر جسمانی، روحانی اور نورانی ترقی کا خواہاں ہے۔ تو اُسے چاہیئے۔ کہ! روزانہ پانچ اعمال کی استقامت کا اہتمام کرے۔ تاکہ سالک کے جسم، دماغ، دل، نفس اور روح کا تزکیہ بآسانی ہو سکے۔ (ان شاء اللہ) روزانہ کرنے والے وہ پانچ اعمال یہ ہیں۔ مراقبہ اور ذِکر۔ نماز میں حضوری والا درجہ۔ زبان کے تزکیہ کی شیٹ۔ اخلاص کی شیٹ۔ حضور نبی مکرم ﷺ کی سنت کی پیروی۔

☆ **اصلاحِ قلب کے 04 طریقے**: پہلا طریقہ: توبہ کرنا۔ دوسرا طریقہ: اخلاص۔ تیسرا طریقہ: عاجزی۔ چوتھا طریقہ: شکر۔

☆ **یقین کی 07 اقسام**: ویسے تو (مبتدی حضرات کے لئے) یقین کی تین موٹی اقسام ہیں۔ علم الیقین، عین الیقین اور حق الیقین۔ مگر سالکین کے لئے یقین کی سات مختلف اقسام ہیں۔ علم الیقین۔ عقل الیقین۔ قلب الیقین۔ عین الیقین۔ نفس الیقین۔ روح الیقین۔ حق الیقین۔

☆ **اللہ تعالیٰ کے 07 حقوق**: پہلا حق: اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات میں کسی (اور) کو شریک نہ ٹھہرانہ۔ دوسرا حق: اللہ تعالیٰ کی عبادت صرف اس کی رضا کے حصول کے لئے کرنا (نہ کہ دکھاوے، شہرت و عزت کے لئے)۔ تیسرا حق: قضاء نمازوں کو ادا کرنا اور توبہ کرنا۔ چوتھا حق: قضاء روزوں یا توڑے ہوئے روزوں کا کفارہ دینا۔ پانچواں حق: گذشتہ برسوں کی زکوٰۃ کا حساب کر کے ادا کرنا۔ چھٹا حق: حج اگر فرض ہے (اور استطاعت ہے) تو ادا کرنے کا اسی برس ارادہ کرنا۔ ساتواں حق: اگر اللہ تعالیٰ سے کوئی وعدہ کیا ہو، یا منت مانی ہو، تو اس کو لازمی پورا کرنا۔

☆ **رسول اللہ ﷺ کے 05 حقوق**: پہلا حق: حضورِ اکرم ﷺ پر کامل طریقے سے ایمان لانا۔ دوسرا حق: حضرت رسولِ مکرم ﷺ سے سب سے زیادہ محبت کرنا۔ تیسرا حق: حضورِ اکرم ﷺ سے متعلقہ ہر چیز (اُن کی سنت، اقوال، اہلِ بیت، صحابہ کرامؓ وغیرہا) سے محبت کرنا۔ چوتھا حق: حضورِ اکرم ﷺ کے دین، شریعت اور سنت کی پیروی کرنا۔ پانچواں حق: حضورِ اکرم ﷺ کے دین، شریعت اور سنت کی لوگوں کو دعوت دینا اور تبلیغ کرنا۔

☆ **اپنی ذات اور نفس کے 05 حقوق**: پہلا حق: اپنی ذات اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے اور اپنے جسم کو جہنم کی آگ سے بچانا۔ دوسرا حق: اپنی جسمانی صحت و تندرستی کا خیال رکھنا۔ تیسرا حق: بقدرِ ضرورت (چھ سے آٹھ گھنٹے) نیند و آرام کرنا۔ چوتھا حق: اپنے جسم کی پاکیزگی، صفائی اور طہارت کا خیال رکھنا۔ پانواں حق: رزقِ حلال سے جسم کی پرورش و نشو نما کرنا۔

☆ **بندہ اپنی فطرت میں ان امور کو خود پر لازم کرلے**: پورا دن اطاعت الٰہی میں خاموشی و خوش خلقی کے ساتھ گذارے۔ حضوری (اللہ تعالیٰ میرے ساتھ ہے، مجھے دیکھ رہا ہے، مجھے سن رہا ہے) اور توبہ کو قطعاً نہ چھوڑے۔ فرائض کی پابندی کے لئے خود کو وقف کر دے۔ نماز کو کیفیتِ احسان کے ساتھ ادا کرے۔ زندگی کو اخلاص، تقوٰی، صبر و شکر، تواضع و قناعت، سخاوت و خدا ترسی کے ساتھ گذارے۔ والدین کی خدمت، بڑوں کا ادب و احترام اور تعظیم کے ساتھ ساتھ اولاد کی اچھی تعلیم و تربیت، اخلاقیات پر خصوصی توجہ دینا۔

روزانہ رات کو سونے سے قبل تنہائی میں نمازِ توبہ پڑھ کر کم از کم صد مرتبہ استغفار پڑھے۔ حضرت سیدنا رسول اللہ ﷺ پر نہایت ادب سے درود و سلام بھیجے۔ قرآنِ حکیم کو سمجھ کر (یعنی ترجمہ کے ساتھ) پڑھنے کا اہتمام کرے۔ روزانہ رات کو سونے سے قبل اپنا محاسبہ کرے۔ کہ پورے دن میں کتنے لمحات اطاعت میں اور کتنے لمحات گناہ میں گذرے۔ (نیکیوں پر رب متعال کا شکر گزار ہو۔ کیونکہ یہ نیکیاں اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ توفیق طاقت سے ہی ممکن ہو سکا۔ اور گناہوں کی اخلاص سے توبہ کرے)۔ جملہ انسانوں (بالخصوص مسلمان مخالفین) کو معاف کردے۔

احسان کے 9 درجات: عبادت کا مغز ''دُعا'' جبکہ جوہر ''حضوری'' ہے۔ حضوری (اللہ معی، اللہ بصری، اللہ سمعی) (مثال) اگر ایک تسبیح کا دھاگا حضوریء حق کا مظہر ہے۔ جبکہ عبادت کے مختلف درجات اور اعمال اسی تسبیح کے دانے ہوں۔ چونکہ دھاگہ جملہ عبادات کا مرکز ہوگا۔ جو کہ ان میں تعلق کو قائم رکھتا ہے۔ یہی دھاگا اللہ تعالیٰ کی حضوری کو ظاہر کرتا ہے۔ اگر دھاگہ ٹوٹ جائے۔ تو تمام دانے بکھر جائیں۔ اسی طرح اگر عبادت میں حضوری نہ رہے۔ تو جملہ عبادت ضائع جاسکتی ہے۔ احسان میں پہلا درجہ حضور، دوسرا درجہ اسم ''اللہ'' کا تصور، تیسرا درجہ مناجات کا تصور از حق متعال، چوتھا درجہ تفکر، پانچواں درجہ تدبر، چھٹا درجہ روحانی سفر اور روحانی دنیا کا مشاہدہ کرنا، ساتواں درجہ روحانی رہنمائی کا حصول، آٹھواں درجہ مناجاتِ قلبی، نواں درجہ ذات و صفاتِ الٰہیہ کی معرفت و مشاہدہ کا حصول ہے۔

☆ **غیر اختیاری احوال و کیفیات** : بندہ خدا اپنی کچھ کم علمی و کم فہمی کی وجہ سے کچھ چیزوں میں مشغول و مرغوب ہو جاتا ہے۔ جو کہ درحقیقت اللہ تعالیٰ کے قرب و رضا اور خوشنودی کے راستے کی منازل بھی نہیں ہیں۔ اور نہ ہی ان کا حاصل ہونا ضروری ہے۔ اور بندہ جو کہ حکمت و دانائی کے ساتھ اپنی روحانی زندگی کا خواہاں ہو۔ تو اُسے مندرجہ ذیل امور کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنا مقصد بھی نہیں بنانا چاہیئے۔ (اور) اچھے خوابوں کا آنا۔ اذکار و وظائف کے دوران لذت کے پیچھے کوشش کرنا (یعنی ہمیں عبداللہ بننا چاہیئے، نہ کہ عبداللذت)۔ کشف و کرامات کا ظاہر ہونا۔ ضمیر شناسی یا کشف القلب کا حاصل ہونا۔ آئندہ کی خبروں یا دوسروں کی سوچ وں کا علم ہونا۔ الہام یا اس جیسی کیفیت پیدا ہونا۔ ذکر، وظیفہ، ورد یا مراقبہ میں رنگ و نور کا نظر آنا۔ دم اور تعویذات کی اجازت حاصل کرنا۔ غیر مرئی مخلوقات (جیسے کہ جنات، مؤکلات وغیرہا) کا قبضے میں آ جانا۔ آسیبی و جناتی مریضوں کا علاج کرنا۔ رزق و کاروبار یا تنخواہ میں اضافہ ہونا۔ جسمانی بیماریوں سے شفا مل جانا۔ دنیاوی مقاصد، مقدمات یا فیصلوں میں کامیابی حاصل کرنا۔ اولاد کا حاصل ہونا یا بڑھنا۔ نیک امور کا از خود شروع ہو جانا، گناہوں سے از خود چھٹکارہ ہو جانا، کہ محنت نہ کرنی پڑے۔ کوئی (استاد یا مرشد وغیرہ) بخشش کی ذمہ داری لے لے ہم چاہے گناہوں میں محو و مشغول رہیں۔ گناہوں کی طرف ہلکا سا بھی میلان نہ ہونا۔ لطائف کا حرکت کرنا۔ برا خیال یا وسوسہ نہ آنا۔ (چونکہ) مقصودِ حقیقی تو اللہ تعالیٰ اور اُس کے حبیب ﷺ کی بناء رِیا (یعنی) اخلاص کے ساتھ اطاعت و فرمانبرداری کرنا ہے۔ لہذا ہر وقت اللہ تعالیٰ کی کامل حضوری میں رہے۔ اور اُس کی جملہ مخلوقات پر رحم و شفقت، ہمدردی اور مدد والا معاملہ کرنا۔ فرائض کی پابندی اور تقوٰی، صبر و شکر، عاجزی و انکساری، تواضع و قناعت سے زندگی گذارے۔ صغیرہ و کبیرہ گناہوں سے بچنا۔ خاموشی و خوش اخلاقی کو اپنا شعار بلکہ فطرت بنائے۔

☆ **توبہ کے 09 درجات** : پہلا درجہ: مکمل اخلاص کے ساتھ، اللہ تعالیٰ (بخشنے والے) سے (ہر صغیرہ و کبیرہ گناہوں بلکہ کفر و شرک اور غلط عقائد سے بھی) توبہ کرنا۔ دوسرا درجہ: مکمل اخلاص کے ساتھ، سب سے زیادہ بخشنے والے اللہ تعالیٰ سے (اپنے سات اعضاء (زبان، آنکھ، ہاتھ، کان، پاؤں، پیٹ اور شرمگاہ) کے گناہوں سے) توبہ کرنا۔ تیسرا درجہ: مکمل اخلاص کے ساتھ، سب سے زیادہ بخشنے والے اللہ تعالیٰ سے اپنی سوچوں سے توبہ کرنا۔ اور (اپنی) ناپاک سوچوں، برے ارادوں اور شیطانی وساوس کو آگے بڑھنے سے روکنا۔ چوتھا درجہ: مکمل اخلاص کے ساتھ، سب سے زیادہ بخشنے والے اللہ تعالیٰ سے اپنے تئیں (باطن) میں موجود ارادی اور غیر ارادی برائیوں سے توبہ کرنا۔ پانچواں درجہ: مکمل اخلاص کے ساتھ، سب سے زیادہ بخشنے والے اللہ تعالیٰ سے ان جملہ مکروہ اعمال سے توبہ کرنا۔ جو کہ جسم، ذہن یا دل سے سرزد ہوئے۔ چھٹا درجہ: مکمل اخلاص کے ساتھ، سب سے زیادہ بخشنے والے اللہ تعالیٰ سے غیر اللہ کی جملہ سوچوں سے توبہ کرنا۔ اور غفلت سے دوبارہ اللہ تعالیٰ کی جانب لوٹنا۔ ساتواں درجہ: مکمل اخلاص کے ساتھ، سب سے زیادہ بخشنے والے اللہ تعالیٰ سے اپنی جملہ کمی و کوتاہیوں سے توبہ کرنا، جو اللہ تعالیٰ کی عبادت اور تابعداری کرنے سے سرزد ہوئیں۔ آٹھواں درجہ: مکمل اخلاص کے ساتھ، سب سے زیادہ بخشنے والے اللہ تعالیٰ سے اپنی جملہ کمی اور کوتاہیوں سے توبہ کرنا۔ جو کہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور عبادت کی میں سرزد ہوئیں۔ نواں درجہ: مکمل اخلاص کے ساتھ، بندہ اپنے آپ کو توبہ کے کامل مقام پر کبھی بھی فائز نہیں سمجھنا چاہیئے۔ بلکہ وہ موت تک یہی سمجھے۔ کہ! میں توبہ کے اگلے مقامات کے حصول کے لئے جدو جہد کرتا رہوں گا۔

☆ **اپنی سوچوں کو پاک کرنے کے دس درجات** : پہلا درجہ: گناہ کی سوچ سے بچنا، یعنی نہ ہی خود وہ سوچ کو لانا، نہ چلانا اور نہ ہی سوچ کو ہٹانے کے لئے کسی سوچ میں مشغول ہونا۔ دوسرا درجہ: دنیاوی امور اور مشاغل کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے تعلق و ہم آہنگی پیدا کرنے کا طریقہ۔ تیسرا درجہ: اللہ تعالیٰ سے ہر جائز کام کرنے سے پہلے اجازت طلب کرنا۔ چوتھا درجہ: دل میں یادِ الٰہی کے ساتھ زبان کے ساتھ مختلف امور کی (کم از کم) چالیس مسنون دعائیں یاد کرنا۔ پانچواں درجہ: کوشش کرنا کہ ہر وقت اس دھیان میں رہنا کہ اللہ تعالیٰ میرے ساتھ ہے، مجھے دیکھ رہا ہے اور مجھے سن رہا ہے۔ چھٹا درجہ: اللہ تعالیٰ کی مخلوقات اور روزمرہ کے واقعات سے سبق حاصل کرنا۔ ساتواں درجہ: ہمیشہ مثبت اور اچھی سوچ رکھنا۔ آٹھواں درجہ: منفی اور غلط (گھٹیا) سوچ سے بچنا۔ نواں درجہ: ظاہر اور باطن سے حضرت رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تعلق رکھنا۔ دسواں درجہ: ظاہر اور باطن سے اللہ تعالیٰ کی ذات کے ساتھ گہرا اور مضبوط تعلق پیدا کرنا۔

☆ **اخلاص حاصل کرنے کا طریقہ** : جو بھی نیک عمل کریں۔ گہرائی سے سوچیں۔ کہ! اللہ تعالیٰ کی اجازت و مرضی کے بغیر ساری انسانیت و مخلوقات نہ تو مجھے فائدہ پہنچا سکتے ہیں اور نہ ہی کسی قسم کا کوئی نقصان۔ اور میں یہ (عبادت اور نیک) عمل فقط اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ہی کروں گا۔ کیونکہ! اسی ذاتِ واحد ہی کے قبضہءِ قدرت میں عزت، ذلت، نفع و نقصان، زندگی اور موت ہے۔ ہر عمل کرنے سے قبل اپنی نیت کو درست کر لیں۔ اور اس عمل کی ادائیگی کے دوران اپنی نیت کو (کچھ کچھ دیر بعد) ٹٹولیں۔ کہ کہیں میری نیت بدل تو نہیں گئی۔ اور آخر میں (یعنی عمل کے اختتام سے قبل) پھر اپنی نیت کو جانچ لیں۔ اگر بدلے تو دوبارہ اس کو درست کر لیں۔ اور اللہ تعالیٰ سے معافی کے خواستگار ہوں۔ اس طرح اخلاص بالآخر حاصل ہو جائے گا۔ (ان شاء اللہ)

☆ **اخلاص کے 07 درجات** : پہلا درجہ: جملہ نیک امور جیسے نمازِ پنجگانہ قائم کی ادائیگی، ذکر الٰہی اور درود و سلام پڑھنے میں بندے کو رضائے الٰہی و اجر از الہ حاصل کرنے اور اُخروی نجات کے لئے کرنا چاہئیں۔ دوسرا درجہ: جملہ نیک امور اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے ہونے چاہئیں۔ بندے کو اپنے احساسات کی پیروی نہیں کرنی چاہیئے۔ تیسرا درجہ: ترجیح اول حصول رضائے الٰہی اور ترجیح دوئم جنت کا حصول (کیونکہ جنت بھی رب متعال کی طرف سے انعام ہے)۔ چوتھا درجہ: روحانی درجات، مکاشفات اور کرامات کے حصول کے لئے اعمال نہ کریں۔ کیونکہ یہ چیزیں حصول قرب الٰہی میں مانع ہوتی ہیں۔ پانچواں درجہ: عبادت الٰہی صرف اور صرف خالص اللہ تعالیٰ کے لئے ہو۔ نہ کہ حصولِ جنت یا خوفِ جہنم کے لئے۔ چھٹا درجہ: عبادتِ الٰہی بغیر کسی شرط، غرض اور ضرورت کے ہو۔ ساتواں درجہ: اس بات پر یقین کہ ابھی تک میں اخلاص حاصل کرنے میں لگا ہوا ہوں۔ اور موت تک لگا رہوں گا۔

☆ **عاجزی کے 10 درجات** : پہلا درجہ: یہ سوچ اور یقین رکھنا کہ دنیا کا ہر مسلمان مجھ سے کئی گنا بہتر اور اعلیٰ ہے۔ اور خود کو سب سے کمتر اور نیچ سمجھنا۔ دوسرا درجہ: دنیاوی معاملات کی وجہ سے اگر کسی سے نفرت یا بغض پیدا ہوگیا ہو۔ تو اسے رب کی رضا کے لئے دور کر دینا۔ تیسرا درجہ: ہر نیک عمل کو اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ توفیق سمجھیں نہ کہ اپنی طرف نسبت کریں۔ چوتھا درجہ: اللہ تعالیٰ، حضرت رسولِ کریم ﷺ اور دیگر جملہ مسلمانوں کے ساتھ عملی طور پر عاجزی اور انکساری کا اظہار کرنا۔ پانچواں درجہ: اللہ تعالیٰ کی جملہ مخلوقات (انسان، جنات، چرند و پرند، درخت و پودے وغیرہ) کی بے لوث خدمت کرنا۔ چھٹا درجہ: اپنے سے بڑے یا درمیانی عمر کے لوگوں (مرد یا خواتین) سے ملنے پر ان کے لئے دل کی گہرائیوں سے دعا کرنا۔ ساتواں درجہ: یہ یقین رکھنا کہ میری ہر نیکی، اچھائی اور مجھے ملنے والی نعمت و رحمت فقط رب کی عطا ہے۔ ورنہ نہ تو میرے اعمال اور نہ میری طاقت و مرضی سے یہ امور سرانجام پانا ممکن تھے۔ آٹھواں درجہ: پورے دل جمعی سے عبادت کرنے کے باوجود بھی یہ سمجھنا کہ میں اللہ تعالیٰ کی یاد اور اس کے دین کی صحیح طریقے سے خدمت نہیں کر پا رہا۔ نواں درجہ: میں کبھی بھی اللہ تعالیٰ کے حقوق پورے نہیں کر سکتا۔ جس طرح سے اللہ تعالیٰ کے حقوق ہیں۔ دسواں درجہ: میں پوری دل جمعی سے عاجزی کے حصول کی کوشش کر رہا ہوں۔ اور موت تک اسی کوشش میں لگا رہوں گا۔ (ان شاء اللہ)

☆ **نماز کے 10 ظاھری درجات** : پہلا درجہ: وضو، غسل اور نماز کے فرائض، سنن، واجبات، مفسدات و مکروہات سیکھ کر جملہ عبادات کو سرانجام دینا۔ دوسرا درجہ: نماز کے مستحبات، سجدہ سہو کا طریقہ، نمازِ قصر، باجماعت نمازوں میں شامل ہونے کا طریقہ وغیرہا سیکھنا۔ تیسرا درجہ: مردوں کا مساجد میں اور عورتوں کا گھروں میں نماز کی پابندی پر زور ہونا۔ نماز میں مستعمل وضو کا پانی، کپڑوں، کمائی اور پیٹ میں موجود خوراک سب چیزوں کا حلال ہونے کا مکمل ادراک رکھ کر نماز پڑھنا۔ چوتھا درجہ: نماز کے جملہ ارکین (قیام، رکوع، قومہ، جلسہ، سجود، تشہد وغیرہ) کو سیکھ کر ادا کرنا۔ اور نماز کی شکل و ہئیت کو سنت کے مطابق ڈھال کر ادا کرنا۔ پانچواں درجہ: نماز میں ثناء سے لے کر سلام تک تلفظ کی درستگی کر کے کسی ماہر استاد کو سنانا۔ نمازِ جنازہ ادا کرنے کا طریقہ سیکھنا۔ چھٹا درجہ: حدیثِ مبارکہ میں وارد نماز کے مختلف ارکین کی دعائیں یاد کرنا۔ اور نوافل (تہجد، اشراق، چاشت و اوابین) کا اہتمام کرنا۔ ساتواں درجہ: پوری نماز میں سورتوں، تکبیر، تسبیح تہلیل تحمید اور دعاؤں کا ترجمہ یاد کر کے سمجھنا اور مفہوم کو ذہن میں رکھ کر نماز ادا کرنا۔ آٹھواں درجہ: مرد و خواتین کا نماز کو اچھے، صاف ستھرے اور معطر لباس کے ساتھ ادا کرنا۔ نواں درجہ: نماز میں پڑھنے کے لئے قرآنِ حکیم کی آخری دس سورتیں ترجمہ کے ساتھ یاد کر کے نمازوں میں پڑھنا۔ دسواں درجہ: نمازوں کو اول وقت میں ادا کرنا، نماز سے پہلے باتیں نہ کرنا اور نماز (پنج گانہ) کے ساتھ نوافل کا اہتمام کرنا۔

☆ **نماز کے 10 روحانی درجات** : پہلا درجہ: نماز کے جملہ ارکین (قیام، رکوع، قومہ، جلسہ، سجود، تشہد وغیرہ) میں تین مرتبہ یہ تینوں خیالات (اللہ میرے ساتھ ہے، اللہ مجھے دیکھ رہا ہے۔ اللہ مجھے سُن رہا ہے) تازہ کریں۔ دوسرا درجہ: نماز کے شروع سے لے کر آخر تک مسلسل اللہ تعالیٰ کی طرف دھیان کو لگائے رکھنا۔ اور اپنے ارادے سے کوئی اور سوچ لے کر نہ آنا۔ تیسرا درجہ: جملہ نماز کو اس طرح سے سمجھ کر پڑھنا کہ گویا نمازی اللہ تعالیٰ سے مناجات کر رہا ہے۔ چوتھا درجہ: نماز کے دوران آخرت کے امور (قبر، حشر، روزِ قیامت، پل صراط، جنت وجہنم وغیرہ) کے بارے میں سوچنا۔ پانچواں درجہ: نماز سے پہلے یہ سوچنا کہ یہ آخری نماز ہے۔ جسے موت سے پہلے آپ کو ادا کرنے کا موقع دیا گیا ہے۔ چھٹا درجہ: نماز میں مسلسل بندہ اللہ تعالیٰ اور امورِ آخرت کی سوچ میں اس طرح سے گم ہو۔ کہ کوئی دوسرا خیال باقی نہ رہے۔ ساتواں درجہ: نماز میں مسلسل یہ تصور رکھنا کہ منکر نکیر کے سوالات کرنے سے پہلے اس آخری نماز کا مجھے موقع دیا گیا ہے۔ آٹھواں درجہ : نماز امِ قیامت کا تصور کرنا اور مخلوق سے اللہ تعالیٰ کا حساب لینا۔ لوگ پریشانی اور تکلیف کے عالم میں ہیں۔ اور مجھے رحمان کے عرش تلے نماز ادا کرنے کی جگہ دی گئی ہے۔ اور عنقریب نمازی کی اللہ تعالیٰ کے حضور بھی پیشی ہونے والی ہے۔ اسی کیفیت کو خود پر طاری کر کے نماز ادا کرنا۔ نواں درجہ: نماز کے بعد کم از کم ایک گھنٹے تک خود کو حضوری کی کیفیت (یعنی (کہ) اللہ میرے ساتھ ہے، اللہ مجھے دیکھ رہا ہے۔ اللہ مجھے سُن رہا ہے) میں رکھ کر خاموشی سے مسجد میں بیٹھے رہنا۔ دسواں درجہ: نماز اس طرح سے ادا کریں۔ کہ! اللہ تعالیٰ کی 99 صفات میں سے کسی ایک یا ایک سے زیادہ صفت کے مراقبے میں رہیں۔ (مثلاً۔ اللہ رحیم ہے۔ جملہ انس و جن، چرند و پرند، شجر وغیرہا کو اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت کے سائے میں ڈھانپا ہوا ہے۔ وہ ہر ایک پر رحم فرماتا ہے۔ نمازی بھی ہر ایک پر رحم کرنے والا بن جائے)۔ اور دوسری یہ بھی سوچ رکھنا کہ جس طرح سے مجھے نماز ادا کرنی چاہئے تھی۔ میں ادا نہیں کر پا رہا۔

☆ **نماز کی قبولیت کی 10 شرائط** : پہلی شرط: نمازی بندہ تواضع اور عاجزی اختیار کرے۔ دوسری شرط: نمازی بندہ مخلوق کے ساتھ غرور و تکبر کے ساتھ پیش نہ آئے۔ اور نہ ہی مال و دولت اور جاہ و جلال دِکھا کر پریشان کرے۔ تیسری شرط: اپنی راتوں کو گناہوں اور عیاشی میں نہ گذارے۔ چوتھی شرط: ناجائز خواہشاتِ نفس پر اللہ تعالیٰ کے حکم کو ترجیح دینا۔ پانچویں شرط: ہر نماز کے دوران اور بعد میں خود کو کامل حضوری میں رکھنا۔ چھٹی شرط: مسافروں، مساکین، بیواؤں اور مصیبت زدوں پر ترس کھائے۔ اور ان کی (ضروریاتِ زندگی، جیسے کھانے، پہننے، اوڑھنے بچھونے وغیرہ میں) ہر ممکن مدد کرے۔ ساتویں شرط: گذشتہ (پہلی سے چھٹی) شرائط میں موجود جملہ امور کو فقط اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے کرے۔ آٹھویں شرط: اپنی زبان سے عوام الناس کو نقصان کے بجائے نفع دے۔ نویں شرط: عوام الناس کے جان و مال کی حفاظت کرے۔ اور خود کو بے حیائی سے بچائے۔ دسویں شرط: اپنے اختیارات اور طاقت کا استعمال کرتے ہوئے ظلم نہ کرے۔ بلکہ ہر ایک کی مدد کرے۔ گیارہویں شرط: ناجائز طور پر کسی کا مال حاصل نہ کرے۔ بلکہ مخلوق پر اپنے مال میں سے خرچ کرے۔ بارہویں شرط: اپنے دل کو بغض، کینہ، حسد، غرور و تکبر اور نفاق سے پاک رکھے۔

زندگی کا راز اور انسان کی مکمل کہانی :

حضرت شیخ احمد دباغ صاحب کی تعلیمات (مع شرح و اضافہ) میں ہے ۔کہ! جب اللہ تعالیٰ کے سوا کچھ نہ تھا ۔ وہ وقت ''**عدم** '' کہلاتا ہے ۔(کَانَ اللّٰہُ وَلَمْ یَکُنْ مَّعَہٗ شَیْءٌ" ۔اللہ تعالیٰ موجود تھا ۔ اور اُس کے ساتھ دوسری کوئی بھی چیز (مخلوق) موجود نہ تھی) اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ارواح کا جہان پیدا فرمایا ۔(جیسا کہ ایک حدیثِ قدسی میں آتا ہے ۔کہ! **کنت کنزا مخفیا. فا حببت . ان اعرف . فخلقت الخلق لکی اعرف** ۔مَیں ایک چھپا ہوا خزانہ تھا ۔مَیں نے چاہا ۔کہ! مَیں جانا جاؤں ۔تو مَیں نے خلقت کو تخلیق کیا ۔تاکہ مَیں جانا جاؤں ۔) پھر اللہ تعالیٰ نے ایک جہان تخلیق فرمایا ۔جس کو عالَمِ ارواح (روحوں کا جہان) کہا جاتا ہے ۔ روحوں کے اس جہان کی پہلی ہی مجلس میں اللہ تعالیٰ نے استفسار فرمایا ۔کہ! **انا عرضنا الا ما نۃ علی السموات والارض والجبال فا بین ان یحملنھا و اشفقن منھا و حملھا الانسان ط انہ کان ظلو ما جھو لا** ۔ یقیناً! ہم نے آسمانوں ، زمینوں ، اور پہاڑوں پر امانت پیش فرمائی ۔تو انہوں نے اس کے اُٹھانے سے انکار کر دیا ۔ اور اس سے وہ ڈر گئے ۔ اور انسان نے اس امانت کو اُٹھا لیا ۔ بیشک وہ زیادتی کرنے والا ، بڑا نادان ہے ۔(سورہ احزاب ۔ آیت نمبر 72) یہاں پر امانت سے مراد'' قوتِ اختیار '' ہے ۔ (مفسرین فرماتے ہیں ۔کہ! امانت سے مراد اطاعتِ الٰہی یعنی اوامر کو بجالانا اور نہی سے بچتے رہنا) جب انسان نے امانت اُٹھالی ۔ تو اللہ تعالیٰ نے انسان سے ایک عہد لیا ۔کہ! **الست بر بکم** ؟ تو انسان نے اثبات میں جواباً کہا ۔ **بلٰی** ۔ ہاں ۔(یعنی کیوں نہیں ۔ بے شک تُو ہی ہمارا رب ہے) یہ درحقیقت عہدِ اتباع تھا ۔ پھر اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا ۔**الم اعھد الیکم یٰبنی اٰ دم ان لا تعبد و اا لشیطٰن ج انہ لکم عدو مبین** ۔ اے اولادِ آدم! کیا مَیں نے تم سے عہد نہیں لیا تھا ۔کہ شیطان کو نہ پوجنا ۔ بے شک! وہ تمھارا کھلا دشمن ہے ۔(سورہ یسین)

عالمِ دُنیا : دوسرا جہان ،جس کو عالمِ دنیا کہا جاتا ہے ۔اس دنیا میں اوسطاً انسانی عمر تقریباً 60 برس ہوتی ہے ۔ اِن ساٹھ سالوں کو اگر ہم پیدائش سے موت تک ملاحظہ کریں ۔ تو اس مکمل زندگی کا دورانیہ کچھ اس طرح سے ہوگا ۔ بچپن کی عمر 13 برس تک ، کام اور تعلیم کی عمر 15 برس ، باتھ میں گزارا گیا وقت 3 برس ، کچھ نہ کرنے کی عمر 1 برس ، سانے کی عمر 21 برس ، پریشانیوں کی عمر 1 برس جبکہ خوشحالی و لذت کی عمر 6 برس بنتی ہے ۔ اور یہی 6 برس دراصل انسانی زندگی کا وہ دَور ہے ۔ جو کہ اصلی زندگی کہلاتا ہے ۔ اور انہیں چھ برس کی خاطر انسان اتنی مشکلات سے گزرتا ہے ۔ تو یہ ٹوٹل ساٹھ (60) برس کی زندگی ہے ۔ لہٰذا اب اگر اسی زندگی کو اطاعتِ الٰہی کے مطابق گزارا جائے ۔ تو اس کا واضح مطلب ہوگا ۔کہ! عہدِ وفا میں کیا گیا عہد انسان نے پورا کر لیا ۔

عالمِ برزخ: تیسرا جہان برزخ (مرنے کے بعد کی حالت و کیفیت) کا ہے ۔ اب اگر انسان سے اللہ تعالیٰ راضی رہا ۔ تو اُس کی قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہوگی ۔ اور اگر خدانخواستہ اللہ تعالیٰ ناراض رہا ۔ تو یہی قبر جنت کے خوفناک وڈراؤنے عذاب کے ساتھ دوزخ کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا ہوگی ۔

روزِ قیامت : مقامِ برزخ کے بعد اگلا مقام روزِ قیامت کا ہے ۔کہ جس میں ہر انسان سے باز پرس ہوگی ۔کہ! اُس نے دُنیا میں جو بھی اچھا یا بُرا کیا تھا ۔ اُس کے بارے میں پوچھ گچھ ہوگی ۔ یہیں پر فیصلہ ہوگا ۔کہ! انسان کا اگلا مقام جو کہ دائمی ہوگا ، آیا وہ جنت میں رہے گا یا جہنم میں ۔ یا پھر اپنے کیئے کی سزا کے بعد جنت میں دائمی حیات گزارے گا ۔

(بقول البلوشی)! عبادت درحقیقت ایک جامع لفظ ہے ۔ اس سے مراد ہر وہ عمل (قول و فعل) ہے ۔کہ جس سے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور رضا حاصل ہو ۔ جیسے کہ! عشقِ رسول ﷺ واطاعتِ رسول ﷺ ، تلاوتِ قرآنِ حکیم ، دعوت الی اللہ ، نماز ، روزہ ، زکوٰۃ ، حج ، توکل الی اللہ ، حق بات کی تلقین ، امانت کی ادائیگی ، ہر ایک کے ساتھ حسنِ سلوک سے پیش آنا ، حقوق کا خیال رکھنا ، جہاد کرنا وغیرہا ۔۔۔ اور عبادت کا حسن اخلاص میں مضمر ہے ۔ اس عظیم مضمون کو سمیٹتے ہوئے ایک آیتِ قرآنی اور حدیثِ نبوی ﷺ پیشِ خدمت ہیں ۔**ان الذین قالوا ربنا اللہ ثم استقاموا تتنزل علیھم الملئکۃ الا تخافوا و لا تحزنوا وابشروا با لجنۃ التی کنتم تو عدون** ۔ بے شک! وہ جنھوں نے کہا ۔ ہمارا رب اللہ تعالیٰ ہے ۔ پھر اس (اللہ تعالیٰ کی وحدانیت) پر قائم رہے ۔ کہ (تم لوگ بالکل بھی) نہ ڈرو ، نہ غم کرو اور خوش ہو جاؤ ۔ اس جنت پر کہ جس کا تمھیں وعدہ دیا جا چکا ہے ۔(سورہ حم السجدہ ۔ 54) صحیح مسلم میں ہے ۔کہ! حضرت سفیان بن عبداللہ ثقفیؓ فرماتے ہیں ۔کہ! مَیں نے آنحضرت ﷺ سے عرض کیا ۔ یارسول اللہ ﷺ ! مجھے اسلام کے بارے میں کوئی ایسی بات بتایئے ۔کہ! مَیں آپؐ کے بعد کسی اور سے سوال نہ کروں ۔(تو آپؐ) نے ارشاد فرمایا ۔ تم کہو ۔(کہ) مَیں اللہ تعالیٰ پر ایمان لایا ۔ پھر اس (اقرار) پر ثابت قدم رہو ۔

قرآن کے ہوتے ہوئے حدیثِ نبوی ﷺ کی اور احادیث کے ہوتے ہوئے فقہ (شریعت) کی ضرورت کیوں ؟

چونکہ! سننِ نبویہ ، نماز میں رکعتوں کی تعداد ، معاملات و حقوق اور دیگر کئی باتوں کا علم حضور ﷺ کی قول و فعل کے بناء جاننا ناممکن ہے ۔ لہٰذا

قرآن مانند بنیاد کے ، کتبِ احادیث نبویہ ﷺ مانند دیوار وچھت کے ، جبکہ فقہ مانند دروازہ کے ہیں ۔ (سمجھو)

قرآن مانند نظامِ شمسی کے ، کتبِ احادیث نبویہ ﷺ مانند شمس کے ، جبکہ فقہ دیگر سیاروں وستاروں معہ زمین کے ہیں ۔ (سمجھو)

قرآن مانند دودھ کے ، احادیث نبویہ ﷺ مانندِ لسی کے ، جبکہ فقہ مانند مکھن کے ہیں ۔ (سمجھو)

قیامت کے روز کے متعلقات :

قرآن حکیم میں آیا ہے۔کہ! کل امر مستقر ۔ ہر کام کا ایک وقت مقرر ہے۔(سورہ قمر) قیامت کا دن پچاس ہزار برس کا ہوگا۔اس دن میں ہماری اس دنیا کی زندگی جیسی کئی زندگیاں سما سکتی ہیں۔اس دن انسان کو اپنی زندگی کے ہر ایک گذارے گئے لمحے کا حساب دینا ہوگا۔خصوصًا جوانی کی زندگی،صحت وتندرستی اور فراغت والی زندگی، توانائیاں کہاں اور کن انداز میں صَرف کیں ؟ مال و دولت کن زرائع سے کمایا تھا ؟ کہاں پر خرچ کیا تھا؟ مزید برآں یہ بھی پوچھا جائے گا۔کہ! اپنے علم پر کتنا عمل کیا؟ نیک لوگوں کے لئے یہ دن بہت جلد گزر جائے گا۔یاد رہے۔کہ! اس دن تین قسم کی عدالتیں لگیں گے۔جن کی تفصیل یہ ہے۔

☆ **پهلی عدالت** : (ایمان و کفر کی عدالت) **یه عدالت ایمان و کفر کی عدالت هے۔**

اس عدالت میں توحید و شرک کے متعلق سوال ہوگا۔یعنی انسان کا عقیدہ پوچھا جائے گا۔اور انسان نے اپنے دَور کے کس رسولؑ کے ذریعے اللہ جل شانہٗ کی وحدانیت،ربوبیت،ذات صفات اور رب متعال کو راضی اور ناراض کرنے والے اعمال پر اطلاع پائی تھی۔

☆ **دوسری عدالت** : (حقوق اللہ کی عدالت) **یه حقوق الله و حقوق الرسولؑ کی عدالت هے۔**

اس عدالت میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؑ کے حقوق کے متعلق باز پرس ہوگی۔مثلاً نماز،روزہ،زکوٰۃ،حج کی کہاں تک پابندی کی ؟ اور زندگی کو کس حد تک سنتِ رسولؑ کے مطابق سرانجام دیا ؟ اور قرآنی تعلیمات کو اپنی زندگی کس حد تک ڈھالنے کی کوشش کی تھی ؟ کیونکہ! انسانی زندگی کی کامیابی کا راز قرآن وسنت کے مطابق چلنے میں ہی مضمر ہے۔

☆ **تیسری عدالت** : (حقوق العباد کی عدالت) **یه بندوں کے حقوق کی عدالت هے۔**

اس عدالت میں انسانوں (ماں،باپ،بیوی بچے،ہمسائے،عزیز واقارب،آقا وغلام اور متعلقین وغیرہا) اور دوسری مخلوقات کے حقوق کے متعلق پاچھا جائے گا۔جس میں لوگوں کے جان و مال،عزت وآبرو کی حفاظت وسلامتی،نان ونفقہ کا بندوبست کرنے،آسانی یا مشکلات پیدا کرنے وغیرہا کے متعلق سوال ہوگا۔ مزید برآں جانوروں (چوپائے،حشرات اور چرند پرند) کو ناحق ایزارسانی کے متعلق بھی پوچھا جائے گا۔

ان عدالتوں سے فراغت کے بعد جزوی اور دائمی زندگیوں کا آغاز ہوگا۔جن کی مختصر مگر جامع تفصیل یہ ہے۔

دوزخ کی زندگی (جزوی و دائمی حیاتِ انسانی)

اگر اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل وکرم اور رحمت سے درگزر نہ فرمایا۔تو فسق وفجور اور گناہوں سے لَت پَت مسلمانوں کو ایک لمبے عرصے تک جہنم کی گرم آگ،وادیوں اور نہروں میں رہ کر عذاب سہنا پڑے گا۔جو آگ اور پیپ کی ہوں گی۔انسان اور پتھر دوزخ کا ایندھن ہیں۔اور بعد ایک لمبی مدت کے مسلمانوں کو وہاں سے باہر نکالا جائے گا۔کیونکہ صاحبِ ایمان کے لئے دوزخ دائمی نہیں ہے۔جبکہ کفار تو دائمًا اُسی دوزخ میں ہمیشہ کی زندگی گذاریں گے۔

دوزخوں کے اسماء: جهنم. لظی. (ویل)۔ الحطمة. سقر. السعیر. الجحیم. هاویة.

جنت کی زندگی (دائمی حیاتِ انسانی)

اللہ تعالیٰ ان کی خصوصی رحمت اور فضل وکرم سے جن لوگوں نے ایمان لانے کے بعد نیک اعمال کئے۔اور خود کو (صغیرہ وکبیرہ) گناہوں سے محفوظ رکھا۔تو اُمید ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم اور خصوصی رحمتوں سے ان کو جنت میں داخل فرمائیں گے۔(مگر یاد رہے۔کہ! جنت اپنے نیک اعمال کی بدولت نہیں مگر اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ہی عطا ہوگی۔اعمالِ صالحہ تو جنت میں داخلے کے لئے فقط جز وہوں گے)۔ایک عام آدمی کی جنت بھی اس دُنیا سے کئی گنا بڑی اور وسیع تر ہوگی۔ہر جنتی کو جنت میں پانچ انعامات سے نوازا جائے گا۔ہر جنتی کا حضرت آدمؑ کے قد جتنا قد ہوگا۔ ہر جنتی کو حضرت یوسف نبیؑ کی طرح کا حسن عطا کیا جائے گا۔ہر جنتی کو حضرت عیسیٰؑ کی سی عمر عطا ہوگی۔(یعنی وہ ہمیشہ جوان رہے گا) ہر جنتی کو حضرت داؤدؑ کی سی خوبصورت اور دلکش آواز میسر ہوگی۔اور ہر جنتی کو حضرت سرورِ کائنات سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ والے اخلاق عطا کئے جائیں گے۔(ان شاءاللہ)

جنت (حیاتِ انسانی کی سب سے بڑی اور عظیم کامیابی کا انعام)

اللہ جل شانہٗ جنتیوں کو خود براہ راست اپنا کلام سنائیں گے۔اور اپنے لازوال اور بے مثال حسن کا دیدار عطا فرمائیں گے۔جنت میں نہ تو کوئی بیماری ہوگی نہ موت نہ کوئی بڑھاپا ہوگا نہ کوئی نقاہت وسستی،نہ کوئی غم ہوگا اور نہ ہی کوئی پریشانی یا مشکل۔بلکہ وہاں پر تو ہر جنتی عبادات سے بھی مستثنیٰ ہوگا۔جنت درحقیقت اُن لوگوں کا ٹھکانہ ہے۔جنھوں نے دنیا میں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اپنے نفسوں کا تزکیہ اور اپنے قلوب کا تصفیہ کرتے ہوئے اپنی ارواح کو پاکیزہ کرلیا۔اور اللہ تعالیٰ کو راضی کرلیا۔کیونکہ تزکیہ نفس وتصفیہ قلب ہی سے انسان رب متعال کا محبوب بن جاتا ہے۔اور بالآخر اللہ تعالیٰ ایسے خوش نصیب سے راضی وخوش ہوکر جنت عطا فرمادیتے ہیں۔وگرنہ موت کے بعد برزخ اور برزخ سے قیامت تک کا سفر بہت کٹھن،دشوار گزار،مشکل،مصائب سے بھرپور،بہت زیادہ دردناک اور دکھ دینے والا عذاب ہمارا منتظر ہے۔

جنتوں کے اسماء : دارالجلال۔ دارالقرار۔ دارالسلام۔ جنتِ عدن۔ جنتِ ماویٰ۔جنتِ خُلد۔ جنتالفردوس۔ جنتِ نعیم۔(بقول حضرت شیخ احمد دباغ صاحب،جنتوں کے اسمأ اور ترتیب اس طرح ہے) دارالسلام۔جنت نعیم۔جنت ماویٰ۔جنت خلد۔جنت عدن۔جنت فردوس۔جنت علیین۔جنت مزید۔

اللہ تعالیٰ کی جانب قریب ترین راستہ : (قرب الی اللہ کے طریقے)

☆ قربِ الٰہی کے تین طریقے نہایت واضح اور مؤثر ترین ہیں ۔(1) **واسجد واقترب** ۔سجدہ کرو۔اور قریب ہو جاؤ۔(بمطابق حدیث) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! بندہ سجدہ کی حالت میں اپنے رب کے حضور بہت زیادہ قریب ہوتا ہے۔پس (تم بحالت سجدہ) میں کثرت سے دُعائیں کرو۔(صحیح مسلم) (2) ادائیگیءنوافل سے قرب الٰہی کا حصول ۔اور نوافل کی وجہ سے بندہ مجھ سے قریب ہوتا رہتا ہے۔یہاں تک کہ میں اُسے اپنا محبوب بنا لیتا ہوں۔ جب میں اسے اپنا محبوب بنالیتا ہوں۔تو پھر میں اس کے کان بن جاتا ہوں۔جس سے وہ سنے۔اور اس کی آنکھ بن جاتا ہوں۔جس سے وہ دیکھے۔اور اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں۔جس سے وہ پکڑے۔اور اُس کے پاؤں بن جاتا ہوں۔جس سے وہ چلے۔اگر وہ مجھ سے کچھ مانگتا ہے۔تو میں اسے ضرور عطا کرتا ہوں۔اگر وہ کسی چیز سے پناہ چاہتا ہے۔تو میں ضرور اسے پناہ دیتا ہوں۔(صحیح بخاری) یادر ہے۔کہ! عُرفاء کی نظر میں سیر وسلوک دراصل خانقاہی نظام کے مطابق دو مراحل ''قربِ فرائض'' اور ''قربِ نوافل'' ہی کے ذریعے حاصل ہوتا ہے۔(3) صفاتِ الٰہیہ کے اپنانے سے قربِ الٰہی کا حصول۔جس طرح اللہ کریم ہے، رحیم ہے رحمان ہے، تواب ہے، غفار ہے۔۔۔اسی طرح سے اگر کوئی انسان بھی خود کو انہیں صفات سے متصف کرلے۔یعنی وہ ہر کسی پر رحم، وکرم، عفو ودرگزر والا معاملہ کرے۔غرضیکہ اللہ تعالیٰ کی صفات سے خود کو متصف کرلے۔تو ایسا شخص بھی قربِ الٰہیہ کی طرف یقینی طور پر گامزن ہو جاتا ہے۔ بقولِ اقبالؒ !

وادیء عشق بسے دور و دراز اَست وَلے   طے شود جادہء صد سالہ بہ آہے گاہے

(عشق کی وادی (یعنی منزل) بہت ہی دور و دراز فاصلے پر واقع ہے۔لیکن کبھی کبھار سو سالہ مسافت کا فاصلہ فقط ایک ہی آہ سے طے ہو جایا کرتا ہے)

☆ حضرت مولا علیؓ نے آنحضور نبی مکرم ﷺ سے عرض کی۔کہ! یا رسول اللہ ﷺ ! مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف جانے کا قریب ترین راستہ بتایئے۔جو اس کے بندوں کے لئے زیادہ سہل ہو۔اور اللہ تعالیٰ کے ہاں زیادہ فضیلت والا ہو۔پس حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔اے علیؓ ! **ہمیشہ خلوت میں اپنے حق میں اللہ تعالیٰ کے ذکر کو پابندی سے لازم جانو**۔تو حضرت علی المرتضیٰؓ نے کہا۔یہی فضیلتِ ذِکر تمام ذِکر کرنے والے لوگوں کی ہے۔پس حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔اے علیؓ ! **(تمام) روئے زمین پر جب تک کوئی ''اللہ اللہ'' کہنے والا باقی رہے گا۔اس وقت تک قیامت قائم نہ ہوگی**۔پس آپؓ نے کہا۔یا رسول اللہ ﷺ ! مَیں کِس طرح (اللہ تعالیٰ کا) ذِکر کروں؟ تو حضور ﷺ نے فرمایا۔آنکھیں بند کرو۔اور مجھ سے تین مرتبہ سنو۔''**لا الہ الا اللہ**'''تین مرتبہ (آنحضرت ﷺ نے فرمایا) اور حضرت علی المرتضیٰؓ سن رہے تھے۔پھر حضرت علیؓ نے (بھی) تین مرتبہ''**لا الہ الا اللہ**'' کہا۔اور آنحضرت نبی مکرم ﷺ سنتے رہے۔چنانچہ حضرت علی المرتضیٰؓ نے حضرت حسن بصریؒ ،کو اسی ذِکر کی تلقین فرمائی۔اور یہ تلقین آج تک اسی طرح سے چلی آرہی ہے۔(منقبت حضرت بوعلی قلندرؒ)

حیدریم ، قلندرم ، مستم   بندہء مرتضیٰ ، علی ہستم

پیشوا تمام رندانم   کہ سگ کوی شیرِ یزدانم

حضرت سلطانُ الموحدین مولانا قاضی خان یوسف ناصحیؒ فرمایا کرتے تھے۔کہ **چار ہزار مشائخینِ طریقت کا اس بات پر اجماع ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ تک رسائی دو طریقوں سے (جلدی اور لازماً) حاصل ہوتی ہے۔ایک ذکرِ الٰہی اور دوسرا بھوکا رہنے سے**۔ اور جو شخص ذکرِ جلی کیا کرتا ہے۔اسے زیادہ بھوک برداشت کرنے کی ضرورت نہیں۔وہ چوتھائی پیٹ خالی رکھے۔اور گھی وغیرہ استعمال کرے۔تاکہ دماغ میں خشکی کی وجہ سے خلل واقع نہ ہو۔سالک جب ذکرِ جلی سے فارغ ہو۔یا اسے کوئی رکاوٹ پیش آئے۔تو ذکرِ خفی یعنی پاس انفاس جیسے کسی ذکر میں مشغول ہو جائے۔ مبتدی کو شغل میں ہیشگی اور دوام کی اسی ذکرِ خفی یعنی پاس انفاس سے حاصل ہوتی ہے۔اس **ذکرِ خفی یعنی پاس انفاس کا طریقہ یہ ہے**۔کہ!

سانس باہر نکلے تو کلمہ''لا الہ'' کہے۔اور جب سانس اندر لے۔تو کلمہ''الا اللہ'' کہے۔سانس کی اس کیفیت کو دل سے ربط ہے۔اسی ذکر کے سبب سے دل ذاکر ہو جاتا ہے۔(ذکر پاس انفاس کے مختلف طریقے پچھلے صفحات میں تفصیلاً بیان کئے گئے ہیں) اولیائے عظامؒ فرماتے ہیں۔کہ! کل جب بروزِ قیامت پوچھا جائے گا۔کہ! تُم نے اپنے سانس کہاں صَرف کئے۔تو صِرف وہی سانس ہی کام آئیں گے۔جو یادِ حق میں صَرف ہوئے ہوں گے۔اور اِنہی کے سبب چھٹکارا حاصل ہوگا۔(لہذا ایک سمجھدار شخص کو چاہیئے۔کہ! وہ اس بات کو ہمیشہ پیشِ نظر رکھے۔کہ!) زندگی کا جو بھی سانس گزرتا ہے۔وہ ایک قیمتی گوہر ہے۔جو دوبارہ کبھی بھی واپس نہیں آئے گا۔اور ہر سانس کی قیمت دونوں جہانوں سے کہیں زیادہ ہے۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ اپنے رسائل میں سالکین کے سلوک اور معرفت الٰہیہ کے ضمن میں رقم طراز ہیں۔کہ!

قربِ الٰہی اور اس کے فیوض وبرکات کا حصول دو راستوں سے میسر ہو سکتا ہے۔پہلا راستہ قربِ نبوت کا ہے۔جو کہ حضرت سیدنا صدیق اکبرؓ کے واسطے و وسیلے سے ممکن ہے۔ان کا سلوک **سیر انفسی** سے تعلق رکھتا ہے۔جبکہ! دوسرا راستہ قربِ ولایت کا ہے۔جو کہ حضرت سیدنا مولا علیؓ کے واسطے و وسیلے سے نصیب ہوتا ہے۔ان کا سلوک **سیر آفاقی** سے متعلق ہے۔گو کہ دونوں راستے اور سلوک مشکوٰۃ انوارِ نبوت ﷺ سے ہی مقتبس و مربوط ہیں۔

☆ حضرت خواجہ ابو بکر شبلیؒ جب جناب حضرت جنید بغدادیؒ کی خدمت میں تشریف لے گئے۔تو بہ کی۔اور مرید ہو گئے۔گھر پہنچتے ہی پہلے دن'' دنیا ''ترک کردی۔دوسرے دن''عقبیٰ (آخرت) ''ترک کی۔اور تیسرے دن اللہ تعالیٰ تک پہنچ گئے۔(ماشاءاللہ)

تقرب الی اللہ کے طریقے : (بقول حضرت شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ)

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی کتاب ''آداب السلوک والتواصل الی المنازل الملوک'' کے صفحہ نمبر 157 (اردو ترجمہ۔ مکتبہ زاویہ) میں فرماتے ہیں ۔کہ! اللہ تعالیٰ کے قرب کی ایک ابتداء ہے اور ایک انتہاء۔ اس کی ابتداء ''زہد اور ورع'' ہے۔ جبکہ اس کی انتہاء ''تسلیم و رضا اور توکل'' ہے۔ ایک اور جگہ آپؒ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے تعلق کی دو صورتیں ہوسکتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ اللہ تعالیٰ سے غائب اور بعید ہوا جائے۔ (کیونکہ یہ غائب رہنا اور دوری کے غم و پریشانی کی وجہ سے بھی قرب الی اللہ حاصل ہو جائے گا) جبکہ دوسری صورت یہ ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ سے واصل اور قریب ہوا جائے۔ (کیونکہ اللہ تعالیٰ سے وصل و عشق اور ہر چیز کی نفی کرتے ہوئے بھی تُو قرب الی اللہ تک بالآخر پہنچ ہی جائے گا)

☆ اسی طرح! حضرت بایزید بسطامیؒ کے متعلق مشہور ہے۔ کہ جب آپؒ نے خواب میں اللہ رب العزت کی زیارت کی۔ تو بارگاہِ خداوندی میں عرض کی۔ یا بارِ الٰہ! تیری قربت کا (آسان اور مؤثر) راستہ کونسا ہے؟ تو رب قدوس نے فرمایا۔ نفس کا راستہ چھوڑ دے۔ اور چلا آ۔ حضرت بایزیدؒ فرماتے ہیں۔ کہ میں نفس سے یوں دور ہوا۔ جیسے (کوئی) سانپ اپنی **کینچلی** سے دور ہوتا ہے۔ لہٰذا اس گفتگو سے ثابت ہوا۔ کہ! ساری بھلائی ہر حال میں نفس کی مخالفت میں ہے۔۔۔ جب تُو دِلی خیالات (دلی خواہشات) سے رُک جائے گا۔ اور اپنا ہر معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے گا۔ اور پھر کسی آزمائش سے سامنا ہوگا۔ تو دستِ قدرت تیری دستگیری فرمائے گا۔ اور تجھے لغزش سے بھی محفوظ رکھے گا۔ کیونکہ یہ فعل اللہ کا ہوگا۔ اور اللہ تعالیٰ اپنے فعل پر تجھے سزا نہیں دے گا۔ کیونکہ سزا تو اُس وقت ملتی ہے۔ کہ جب کسی معاملہ میں تیری نیت و ارادہ شامل ہو۔ لہٰذا اگر تُو حالتِ حقیقت یعنی حالتِ ولایت میں ہے۔ تو خواہشِ نفسانی کی مخالفت کر۔ اور جملہ امور میں حکمِ خداوندی کی مکمل اتباع کر۔ (سمجھنا چاہیئے۔ کہ) اتباع کی بھی دو صورتیں ہیں۔

☆ ایک صورت تو یہ ہے۔ کہ! دُنیا سے قوتِ لایموت حاصل کر۔ یعنی جو تیرے نفس کا حق ہے۔ لذائذ دُنیا کو ترک کر دے۔ اور فرائض کو ادا کر۔ اور ظاہری و باطنی جملہ گناہوں کو ترک کر کے خود کو مطہر کر لے۔ ☆ جبکہ دوسری صورت امر باطنی کی ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ باطن کے متعلق بھی حکم صادر فرماتا ہے۔ بعض چیزوں (امور) کا حکم فرماتا ہے۔ جبکہ بعض چیزوں سے منع فرماتا ہے۔ (جاننا چاہیئے۔ کہ) القاء و الہام درحقیقت مباحات (مباح امور) کے بارے میں ہوتا ہے۔

☆ ایک اور جگہ آپؒ فرماتے ہیں۔ کہ! تجھے اس وقت تک اللہ تعالیٰ کی معیتِ خاصہ حاصل نہیں ہوسکتی۔ جب تک تُو شکستہ ذات نہیں ہو جاتا۔ (یعنی جب تک تیری خواہش اور ارادہ نامکمل ہونے کی وجہ سے ٹوٹ پھوٹ نہیں جاتے) پس جب تیری ذات مکمل طور پر ٹوٹ جائے گی۔ تو تجھ میں کوئی بھی چیز قرار پذیر نہیں ہو سکے گی۔ (یعنی اسباب سے، لوگوں سے بلکہ دنیا کی ہر چیز سے بھروسہ و یقین یکسر ختم ہو جائے) تو تُو اللہ تعالیٰ کے ماسوا کسی اور کے لائق ہی نہیں رہے گا۔ تو پھر اللہ تعالیٰ تجھے ایک نئی زندگی عطا فرمائے گا۔ اور تجھ میں ایک نیا ارادہ پیدا فرما دے گا۔ ☆ حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ تقرب الی اللہ کے متعلق فرماتے ہیں۔ کہ! یہی اللہ تعالیٰ تک پہنچنے میں میرا راستہ ہے۔ کہ! تُو (اے حضرت انسان) کبھی اپنی عبودیت سے جُدا نہ ہو۔ کبھی بھی اپنے بارے میں یہ مت سوچ کہ تُو موجودات میں سے کسی بھی شئے سے افضل ہے۔ کیونکہ! یہ خیال اُسی وقت آتا ہے۔ جب کوئی قہر والا وصف تجھ میں قائم ہو جائے۔ ☆ حضرت شیخ اکبرؒ فرماتے ہیں۔ کہ! جب اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے کسی کو اپنا قُرب عطا کرنا چاہتا ہے۔ تو اسے ان اعمال پر وقوع سے پہلے مطلع کرتا ہے۔ جو اُس نے اس پر مقدور کیئے ہوئے ہیں۔ اس مقام پر اختصاص اور قرب کے باعث مقدور اُسے نقصان نہیں پہنچاتا۔ اور وہ ویسا ہے۔ جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ کہ! **فاولئک یبدل اللہ سیأاتھم حسنات** ۔ یہ وہ لوگ ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ ان کے گناہوں کو نیکیوں سے بدل دیتا ہے۔ (سورہ فرقان۔70) یہ اس کے لئے جسے ذوق، کشف اور اطلاع سے یہ حال حاصل ہو۔ ☆ حضرت شیخ عبداللہ انصاری ہراتؒ نے آیتِ کریمہ ''**واذکر ربك اذا نسیت**'' ترجمہ: اور جب بھی بھول جاؤ۔ تو اپنے رب کو یاد کرو۔ (سورہ کہف۔ آیت نمبر 24) کی تفسیر میں فرماتے ہیں۔ کہ! جب تو ذکرِ خداوندی میں اس کے غیر کو بھول جائے۔ یا پھر اپنے ذکر کو بھول جائے۔ یا پھر ذکرِ حق میں اپنے آپ کو بھول جائے۔ تو سمجھ لے۔ کہ اَب تیرا ذکر کامل ہوگیا ہے۔ کیونکہ! ذکر کا اعلیٰ اور اَتم درجہ فنائیت ہی ہے۔ یعنی کہ سالک کو اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی بھی چیز کی خبر نہ رہے۔ ☆ حضرت شیخ شرف الدین منیریؒ مکتوبات میں فرماتے ہیں۔ کہ! بزرگوں کا قول ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ تک پہنچنا بہت آسان اور بہت مشکل ہے۔ (بشرطِ کہ) اگر کوئی دُنیا کی محبت ترک کر دے۔ اور اپنے کھانے پینے، بیوی بچوں کے کھانے و کپڑے وغیرہا کا غم اپنے دل سے نکال دے۔ اور اسی طلب میں اُسے صدق و خلوص بھی بدرجہ کمال حاصل ہو۔ ایسے شخص کے لئے اللہ تعالیٰ تک پہنچنا (نہایت) سہل ہے۔

(بقول **البلوشی**) حق کو پانے اور اپنی عبادات (اذکار، مشاغل و مراقبات وغیرہا) میں لذت و تاثیر کے حصول کے لئے بہترین وقت تہجد کا ہے۔ کیونکہ اس وقت سورہ یسین سے قربِ الٰہی ضرور حاصل ہوتا ہے۔ کیونکہ اس وقت قرآن کا دل سورہ یسین، رات کا دل (وقت تہجد) اور انسان کا دل، یہ تینوں مجتمع ہوتے ہیں۔

☆ (اسی طرح سے) اہلِ معارف میں سے کسی سے کہا گیا۔ کہ! **اللہ تعالیٰ کی معرفت کیسے حاصل ہوسکتی ہے** ؟ جواب دیا گیا۔ کہ! وہ ذاتِ اقدس اشیاء کی مدد سے نہیں بلکہ اشیاء اُس ذات کی مدد سے پہچانی جاتی ہیں۔ جیسا کہ! حضرت ذوالنون مصریؒ نے فرمایا۔ کہ **اَمیں نے اللہ تعالیٰ کو اللہ تعالیٰ ہی سے پہچانا ھے** ۔ اور اللہ تعالیٰ کے ماسوا تمام اشیاء کو اللہ تعالیٰ کے نور کی مدد سے جانا ہے۔ اسی طرح سے حضرت جنید بغدادیؒ نے فرمایا۔ کہ! **لا یعرف اللہ الا اللہ تعالیٰ** ۔ (یعنی کہ) اللہ تعالیٰ کو کوئی نہیں پہچانتا مگر خود اللہ تعالیٰ۔

مٹا دے اپنی ہستی کو اگر کچھ مرتبہ چاہے ۔۔۔ کہ دانہ خاک میں مل کر گل گلزار ہوتا ہے

سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں وصول الی اللہ کے طریقے : (حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ درکتاب الانتباہ فی سلاسل اولیاء)

پہلا طریقہ : مشائخِ نقشبندیہ کے ہاں وصول الی اللہ کے تین راستے ہیں۔اول صحبتِ شیخ (مرشد) دوئم ذکر (اسمِ ذات "اللہ" یا کلمہ "لا الہ الا اللہ") اور سوئم مراقبہ۔(یاد رہے۔کہ) اِن تینوں میں سے نزدیک ذکر کا طریقہ یہ ہے۔کہ کلمہ طیبہ "لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ" کا ذکر حبسِ دَم (یعنی سانس کو روک کر) کے ساتھ کرے۔اور گنتی میں طاق عدد کی رعایت ملحوظ رکھے۔جب ذکر ایک سانس میں اکیس (21) مرتبہ سے بڑھ جائے۔تو اَز سرِنو شروع کرے۔ذکر کے اثرات سے مراد یہ ہے۔کہ! جس وقت "لا الہ الا اللہ" کہے۔تو وجودِ بشریہ کی نفی کرے۔اور جب "الا اللہ" کہے۔تو جذبہ الٰہیہ کے تصرفات ظاہر ہوں۔اثر کا ظہور استعداد کے مطابق ہوا کرتا ہے۔بعض سالکین کو تو پہلے ماسوائے حق سے غیبت حاصل ہوتی ہے۔اور کچھ کو پہلے سکر اور غیبت حاصل ہوتی ہے۔اور اس کے بعد ان کو وجود کی نفی ثابت ہوتی ہے۔

دوسرا طریقہ : حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ (الانتباہ فی سلاسل اولیاء میں) فرماتے ہیں۔کہ! **حصولِ معرفت اور سببِ وصول کے سلسلے میں مشائخینِ نقشبندیہ کا دوسرا اور آسان ترین اور قریب ترین راستہ" توجہ" اور" مراقبہ" ہے۔اور مراقبہ کا راستہ نفی اثبات کے طریق سے بہت ہی اعلیٰ اور افضل ہے۔اور دوسرے راستوں کے مقابلے میں مراقبہ کا راستہ" جذبہءالٰہیہ" کا قریب ترین راستہ ہے۔** مراقبہ کے ذریعے ملکوت میں سیر و تصرف کرنا، کشف القلوب، دوسروں کو نظروں سے عطا کر دینا، کسی کے باطن کو روشن کرنا ممکن ہے۔مراقبہ کے ملکہ سے دائمی جمعیتِ خاطر حاصل ہوتی ہے۔

(بہرحال) سالک معنی مقدس جو کیفیت اور مثال سے منزہ ہے۔اسمِ مبارک یعنی" اللہ" کی طرف کسی عربی، عبرانی، فارسی یا کسی بھی اور زبان کے الفاظ کو بیچ میں لائے بغیر ذہن کو منتقل کرے۔اور اپنے تصور و تخیل میں اس صورت اور حفاظت نقش کرے۔سالک کو چاہیئے۔کہ! اپنی قوتوں اور ادراکات کے ساتھ قلبِ صنوبری میں اسی معنی مقدس کو جاگزیں کرے۔اور اسی ریاضت پر ہمیشگی اختیار کرے۔اسے اپنانے کے سلسلے میں اس قدر تکلف اور کوشش سے کام لے۔کہ یہ کلفت (بھدا یا بےڈول) اور سعی بھی وسط سے اُٹھ جائے۔اور یہ علم طبیعتِ ثانیہ اور ملکہ بن جائے۔

(یاد رہے۔کہ) مراقبہ کی تعریف و طریقہ تفصیلاً اگلے باب میں مذکور ہے۔اَب ہم یہ دیکھتے ہیں۔کہ! مراقبہ میں واردات اور کیفیات کا نزول کس طرح سے ہوتا ہے۔مشاہدے سے پتا چلا ہے۔کہ! مراقبہ میں واردات اور کیفیات کا نزول دو طرح سے ہوا کرتا ہے۔☆ پہلی صورت تو یہ ہے۔کہ! آدمی آنکھیں بند کئے بیٹھا ہے۔اس کے اوپر آدھی نیند طاری ہو گئی۔جس کو ہم نیم غنودگی کہہ سکتے ہیں۔اور اس حالت میں بیٹھے بیٹھے وہ بہت سی چیزوں کا مشاہدہ کرتا ہے۔ ☆ جبکہ دوسری صورت یہ ہے۔کہ! ایک آدمی آنکھیں تو بند کئے بیٹھا ہے۔لیکن اس کے اوپر نیند یا غنودگی طاری نہیں ہے۔وہ صرف آنکھیں بند کئے بیٹھا ہے۔اور وہ غیب کی چیزوں کا مشاہدہ بھی کر رہا ہے۔اس کیفیت کا اصطلاحی نام ورود ہے۔جب کوئی شخص اس کیفیت سے پوری طرح آشنا ہو جاتا ہے۔تو پھر ورود کی اس حالت میں اس کی آنکھیں کھلنے لگتی ہیں۔اور کیفیت یہی ہوتی ہے۔کہ! وہ ہر چیز بند آنکھوں سے دیکھ ہی رہا ہوتا ہے۔آنکھوں پر دباؤ (Stress) پڑنے کی وجہ سے آنکھیں کھل گئیں۔رفتہ رفتہ یہی حالت اس درجہ تک غالب آ جاتی ہے۔کہ اس کو آنکھیں بند کرنے کی بھی نوبت نہیں آتی۔اور وہ اپنے ارادے کے ساتھ جہاں دیکھنا چاہتا ہے۔بآسانی دیکھ لیتا ہے۔اَب اس کیفیت کا اصطلاحی نام کشف یا مکاشفہ کہلاتا ہے۔لیکن اس حالت میں انسانی شعور کافی حد تک معطل اور دَبا ہوا رہتا ہے۔یعنی جب اس کے اوپر جب یہ حالت وارد ہوتی ہے۔تو اپنے اردگرد کے ماحول سے اس کا تعلق منقطع ہو جاتا ہے۔جبکہ باطنی اور غیر موجود ماحول سے تعلق ملحق ہو جاتا ہے۔اور جب وہ اس کیفیت سے باہر آتا ہے۔تو پھر دوبارہ اپنے اردگرد کے ماحول سے تعلق بحال ہو جاتا ہے۔

تیسرا طریقہ : وصول الی اللہ کا تیسرا طریقہ ایسے مرشد سے رابطہ کرنا ہے۔جسے مقامِ مشاہدہ (مقامِ مشاہدہ و معائنہ) حاصل ہے۔اور وہ تجلیاتِ ذاتیہ سے بہرہ ور ہے۔بلاشبہ کسی ایسے شیخ (ولیءخدا) کی زیارت ان لوگوں کی زیارت کے زمرے میں آتی ہے۔کہ جن کے لئے کہا گیا ہے۔کہ! **انما المؤ منون الذین اذا ذکر اللہ وجلت قلو بھم** (ترجمہ) درحقیقت مومن تو وہ لوگ ہیں۔کہ! جب ان کے سامنے اللہ تعالیٰ کا ذکر ہوتا ہے۔تو اِن کے دل ڈر جاتے ہیں (سورہ انفال۔آیت نمبر 02) ایسے مشائخین و مرشدین کے بارے میں مشہور ہے۔کہ! جب انہیں دیکھا جائے۔تو اللہ تعالیٰ یاد آ جاتا ہے۔چنانچہ اسی لئے تو کہا جاتا ہے۔کہ! اِن کی زیارت بمنزلہ ذکر ہے۔یہ زیارتِ ذکر ہی کا فائدہ دیتی ہے۔اسی طرح اِن کی صحبت" **ھم جلساء اللہ**۔(وہ اللہ تعالیٰ کے جلیس ہیں) کے مطابق اِن کی صحبت بھی وہی فائدہ دیتی ہے۔جو ابھی بیان کیا گیا۔

اگر واقعتاً کسی مرشدِ کامل، صاحبِ مشاہدہ و معائنہ و صاحبِ امرو لی کامل بزرگ کی صحبت میسر ہو جائے۔تو یہ بہت بڑی نعمتِ الٰہیہ ہو گی۔اور سالک ایسے شخص کی صحبت کے اثرات کو محسوس بھی کرے گا۔تو سالک کو چاہیئے۔کہ! اپنی استطاعت کے مطابق وہ ان اثرات کو سمیٹے۔اور انہیں محفوظ کرے۔اگر ان اثرات میں کوئی خلل یا رکاوٹ پیش آئے۔تو پھر شیخ کی صحبت اختیار کرے۔تاکہ ان کی برکت سے دوبارہ سابقہ اثرات میسر ہو سکیں۔اور اسی عمل (صحبتِ شیخ) کی بار ہا مداومت جاری رکھے۔یہاں تک کہ اثرات کی یہ کیفیت ملکہ بن جائے۔

اور اگر اس بزرگ کی صحبت سے اثر ظاہر نہ ہو۔مگر محبت اور جذب کی کیفیت حاصل ہو تو سالک کو چاہیئے۔کہ! شیخ کی صورت کا تصور کرے۔اور قلبِ صنوبری کی طرف متوجہ ہو۔تاکہ غیبت اور فنائے نفس حاصل ہو سکے۔ اور اگر روحانی ترقی یعنی واردات میں رکاوٹ اور قبض کی سی کیفیت پیدا ہو جائے۔تو اپنے دائیں کندھے میں صورتِ شیخ کا تصور کرے۔اور اپنے قلب کو دائیں کندھے تک ممتد (مسلسل پھیلا ہوا) سمجھے۔پھر صورتِ مرشد کو اس پھیلاؤ کے ذریعے اپنے قلب میں لے آئے۔اُمید ہے۔کہ! اس طرح غیبت اور فنا کی منزل میسر آ جائے گی۔

تعلق مع اللہ کے مجرب المجرب قدیمی طریقے :

ہوش والوں کو خبر کیا ، بے خودی کیا چیز ہے عشق کیجئے ، پھر سمجھئے ، زندگی کیا چیز ہے

☆ عارفین میں سے کسی سے پوچھا گیا۔کہ! بندے اور حق کے درمیان کتنا فاصلہ ہے۔تو اُس نے فرمایا۔صِرف چار قدم کا۔(کیونکہ) جو بندہ پہلا قدم دنیا سے اُٹھاتا ہے۔دوسرا قدم مخلوق سے تیسرا قدم اپنے نفس سے اور چوتھا قدم آخرت سے۔تو وہ حق سے واصل ہو جاتا ہے۔

☆ حضرت امام العارف شیخ جلال الدین الرومیؒ فرماتے ہیں۔کہ! اگر تم اپنا رابطہ براہِ راست اللہ تعالیٰ سے قائم نہیں کر سکتے۔تو کسی برگزیدہ شیخ (پیرومرشد ہی) کو واسطہ بنالو۔اپنا ہاتھ صاحبِ نسبت شیخ کے ہاتھ میں پکڑاؤ۔کیونکہ! (یقیناً) اِس کے ہاتھ کو اللہ تعالیٰ کی دستگیری حاصل ہے۔

☆ اسی طرح سے حضرت امامِ طریقت واقفِ حقیقت جناب السید احمد کبیر الرفاعی الحسینیؒ فرماتے ہیں۔کہ! مَیں نے سلوک و معرفت کے سبھی طریقوں میں تواضع و انکساری سے بہتر کوئی طریقہ نہ دیکھا۔اِس لئے مَیں نے اِسے ہی اپنے اور دوسروں کے لئے پسند کیا ہے۔

☆ اسی طرح سے حضرت امامِ طریقت شیخ حقیقت **حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ** کے بارے میں آتا ہے۔ بعد از وفات کسی نے اُنہیں خواب میں ملاحظہ کیا۔تو احوال پوچھا۔آپؒ نے فرمایا۔کہ! دنیا میں کوئی چیز کام نہ آئی بجز غرباء و مساکین کی دل جوئی کرنے اور انہیں کھانا کھلانے کے۔(لہٰذا) فرائض کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ لوگوں کی دل جوئی کرنا ، اُن کے ساتھ اخلاقِ حسنہ سے پیش آنا اور غرباء و مساکین کو کھانا کھلانے سے ربِ متعال راضی وخوش ہوتا ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

☆ ایک حدیثِ قدسی ہے۔کہ! **انا عند المنکسر قلو بھم من اجلی** ۔ (یعنی) مَیں ان لوگوں کے پاس ہوتا ہوں۔جن کے قلوب میرے لئے شکستہ (منکسر) ہوتے ہیں۔(یاد رہے۔کہ اسی لئے انبیائے کرامؑ دنیا اور دنیا کی جملہ چیزوں (آرام ، آسائش ، مال و متاع ، وقار و عظمت وغیرہا) سے اپنے قلوب سے کو قابو کر لیتے ہیں۔اور واقعتاً یہ تمام چیزیں خسارے کا سامان ہیں)

☆ طالبانِ راہِ حق کی طبائع میں بہت کچھ اختلاف ہوتا ہے۔اور سب کو ایک ہی طریقہ سے نہیں سمجھایا جا سکتا۔شیخ چونکہ طبیبِ دل ہوا کرتا ہے۔اور ہر مریض کی طبیعت پر نظر کر کے اور نوعیتِ مرض کو دیکھ کر اس کا علاج کرتا ہے۔اور اس کے مناسب حال نسخہ اس کے لئے تجویز کرتا ہے۔اسی لئے سلوک کے طریقے بے تعداد ہیں۔بلکہ! **الطرق الی اللہ بعدد انفاس الخلائق** ۔اللہ تعالیٰ تک رسائی کے راستوں کی تعداد اتنی ہے۔جتنے کہ تمام مخلوق کے سانس۔(بہرحال) تین طریقے زیادہ عام اور اقرب ہیں۔بطریقِ اخیار۔بطریقِ اصحابِ مجاہدات و ریاضات۔بطریقِ اصحابِ شطاریہ۔

گر ترا پرسند سہہ دیگر کدام کم خوردن ، کم گفتن و خفتن حرام

پُر حکمت اقوالِ زریں : (اَز حضرت حجۃ الاسلام امام غزالیؒ در کتاب کیمیائے سعادت)

حقیقت یہ ہے۔کہ! اگر کوئی شخص ریاضت و مجاہدے سے کام لے۔اور دل کو غصہ و شہوت اور اخلاقِ بد کے چنگل میں نہ پھنسنے دے۔اور اس جہان (فانی) سے رُو گرداں ہو کر گوشہ خلوت اختیار کر لے۔اور اس جہان (کی آسائشوں ،عیش وعشرت سے) آنکھیں بند کر لے۔اور اپنے حواس کو معطل کر دے۔اور دل کی مناسبت عالمِ ملکوت سے پیدا کر لے۔اور وہ یوں کہ! ہمیشہ زبان کے بجائے دل سے مسلسل **'' اللہ ۔اللہ ''** کہا کرے۔یہاں تک کہ اپنے آپ سے بے خبر ہو جائے۔اور سوائے ذاتِ باری تعالیٰ کے کسی بھی چیز کی سُدھ بُدھ نہ رہے۔تو ایسا خوش نصیب شخص خواہ بیدار ہی کیوں نہ ہو۔اس پر یقیناً روزنِ دل کشادہ رہے گا۔اور ارواحِ نیک اور ملائکہ (فرشتے) ایسے شخص کو حسین وجمیل صورتوں میں دکھائی دینے لگیں گے۔ ایسا شخص شروع میں دَرعالمِ رویاء اور پھر بحالتِ بیداری ارواحِ اولیاء وصالحین حتیٰ کہ پیغمبروںؑ کو بھی دیکھنے کی صلاحیت اور ملکہ حاصل کر لیتا ہے۔اور ان سے فیوض و برکات اور فوائدِ ظاہری و باطنی حاصل کرنے لگ جاتا ہے۔ اور ان کی باطنی وظاہری امداد سے بھی مشرف ہوتا ہے۔اور فرشتے زمین وآسمان کے ہر گوشے سے اس پر سایہ فگن ہو کر اسے مرجع خلائق بنا دیتے ہیں۔(یاد رہے۔کہ!) جس پر یہ راز کھل جائے۔اس سے کارہائے عظیمہ ملاحظہ کرنے میں آتے ہیں۔یہاں تک کہ ایسے شخص کے اوصاف و صفات زیرِ قلم آنے سے عقل و ادراک یکسر قاصر و خاموش ہے۔ اور اس تمام عمل میں قلب کی حفاظت نہایت ضروری ہے۔(واللہ اعلم بالصواب)

روشن اسی ضَو سے ہے ، پوشیدہ مسلماں کا مقام خود مسلماں سے ہے اگر ظلمتِ کردار نہ ہو

حضرت رائفہ اسدیؓ سے روایت ہے۔کہ! مَیں رسول اللہ ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا۔تاکہ خیر وشر کی نسبت آپ ﷺ سے سوال کروں۔اور (مَیں) لوگوں کے اوپر سے پھلانگتا ہوا آپ ﷺ کے نزدیک پہنچا۔جب آپ ﷺ سے نزدیک ہوا۔تو (آپ ﷺ نے) فرمایا۔اے رائفہؓ ! تُو مجھ سے ایک بات دریافت کرنے آیا ہے۔مَیں تجھے بتاؤں۔کہ وہ کیا بات ہے۔مَیں نے عرض کیا۔ہاں یا رسول اللہ ﷺ ! بتلایئے۔فرمایا۔تُو مجھ سے خیر وشر کی نسبت سوال کرنے آیا ہے۔پھر آپ ﷺ نے اپنی انگشت مبارک میرے سینہ میں مار کر فرمایا۔اے رائفہؓ ! جو بات ہو۔اپنے قلب سے پوچھ لے۔کیونکہ نیکی وہی ہے۔جس کا نفس کو الہام ہو۔اور قلب اس کی طرف قرار پکڑے۔اور مطمئن ہو جائے۔اور بدی وہی ہے۔جو دل میں کھٹکتی رہے۔(لہٰذا) اس کو چھوڑ دے۔اگرچہ فتویٰ دینے والے اُس کا تجھے فتویٰ (بھی) دیں۔

اسمِ اعظم ہی سمجھتا ہوں میں اسمِ یار کو اس لئے مَیں یار ہی کے نام کا عامل ہوا

دعوت الی اللہ : فضائل و فوائد (وتواصوا با لحق ۔اور آپس میں حق (بات) کی تلقین کریں)

دعوت الی اللہ '' تمام انبیاءؑ کی اولیں ترجیح اور اللہ تعالیٰ کی جانب سے ودیعت وتفویض شدہ ایک قطعی حکم تھا۔جس میں کسی کا کوئی اختلاف نہیں ۔لہذا علمِ دعوت وہ عظیم علم وفن ہے۔کہ! جس میں دینِ حق یعنی دینِ اسلام کی طرف بلانے ، بھلائی کرنے کے لئے اُبھارنے ، برائی سے بچنے اور اس سے ڈرانے ،اچھائی کا حکم دینے ، برائی سے روکنے ،فضائل سے محبت کرنے ،بُرے اخلاق سے نفرت پیدا کرنے ،حق کی اتباع اور باطل کا رَد کرنا لازم ہے۔

دعوتِ الی اللہ میں حائل رکاوٹیں : جب آنحضور ﷺ نے دعوت کا آغاز کیا۔توانہیں تین پیشکش (offers) کی گئیں۔دولت، بادشاہی (یعنی مکہ کی سرداری) اور کوئی خوبصورت عورت۔تو نبی کریم ﷺ نے تینوں پیشکشوں کو یکسر مطلقاً مستر دکر دیا۔لہذا یہ تینوں پیشکشیں دائمًا مستر د ہیں۔

واقعہء عجیبہ : آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔کہ! اللہ تعالیٰ نے حضرتِ جبرائیلؑ کو حکم فرمایا۔کہ! فلاں بستی کو جا کر اُلٹ دو۔(تو) حضرت جبرائیلؑ نے عرض کیا۔کہ یا اللہ تعالیٰ! اس (بستی) میں آپ کا ایک ایسا (نیک ،صالح اور عبادت گزار) بندہ رہتا ہے۔جس نے پلک جھپکنے کے برابر بھی کبھی آپ کی نافرمانی نہیں کی۔(تو) اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔اس (نیک وصالح) بندے سمیت اس بستی کو اُلٹ دو۔اور سب پر عذاب نازل کردو۔کیونکہ! اس (نیک وصالح اور عبادت گزار بندے) کے سامنے میری نافرمانیاں ہوتی تھیں۔لیکن کبھی اس کی پیشانی پر بَل نہیں آیا۔نہ کبھی اس (نیک وصالح بندے) نے کسی کو روکا۔(لہذا) اس کو بھی ہلاک کردو۔(بیہقی۔مشکوٰۃ شریف) لہذا! بندہءمومن صِرف اپنی ہی عبادت پر تکیہ نہ کرے۔بلکہ دعوت وتبلیغ اور **امر بالمعروف و نھی عن المنکر** کا بھی سختی سے پابند ہو۔کیونکہ! اَب انبیائے کرامؑ کا سلسلہ ختم ہو چکا ہے۔اور اَب یہ ذمہ دارہ ہم اُمتِ نبویہ ﷺ پر آ گئی ہے۔

نہ تُو زمیں کے لئے ، نہ آسماں کے لئے　　　جہاں ہے تیرے لئے ، تُو نہیں جہاں کے لئے

حضرت نوحؑ کی دعوتِ حق کے منھج یہ ھیں (بمطابق کتاب نیکی کی دعوت کے اہم اصول)

دعوتِ حضرت نوحؑ کے تین اساس : دعوتِ توحید۔ رَدِّ شرک۔ اخوت و مساوات۔

دعوتِ حضرت نوحؑ کے تین اسلوب : شفقت بھرا انداز۔ اندازِ دعوت میں وسعت۔ غور و فکر کی ترغیب۔

دعوتِ حضرت نوحؑ کے تین کوششیں : مسلسل کوشش۔ جملہ معاملات اللہ کے سپرد کرنا۔ اللہ پر کامل توکل۔

دعوتِ الی اللہ (یعنی تبلیغ اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر) سے بڑھ کر اگر کوئی بلند مرتبت وشان والا کام ہوتا تو اللہ تعالیٰ ضرور بالضرور انبیائے عظامؑ کو بھی وہی حکم فرماتا۔ لہذا نصوصِ قطعیہ سے روزِ روشن اور اظہر من الشّمس کی طرح یہ ایک ثابت قطعی دلیل ہے۔کہ! اس اُمتِ مرحومہ کا درجہ،شان اور مرتبہ جملہ اُمتوں سے زیادہ ،اعلیٰ اور بھلی ہونے کی وجہ ہی یہی ہے۔کہ! اس کا فریضہ سب اُمتوں سے بڑا اور اس کا کارنامہ سب سے اعلیٰ وارفع اور اہم ترین ہے۔اور یہ لوگ (**کُنتُم خَیرَ امة**) درحقیقت وہ امور سرانجام دینے کے پابند ہیں۔جو دراصل انبیائے کرامؑ کے تفویضی فرائضِ منصبی میں اولیں حیثیت کے حامل تھے۔لہذا (الحمدللہ) ہم خیرالامم ہونے پر نازاں وشاداں ہیں۔(ماشاءاللہ تعالیٰ) قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔کہ! **وَ مَنۡ اَحۡسَنُ قَوۡلًا مِّمَّنۡ دَعَاۤ اِلَی اللّٰہِ وَ عَمِلَ صَالِحًا وَّ قَالَ اِنَّنِیۡ مِنَ الۡمُسۡلِمِیۡنَ** ۔ اور اس شخص کی بات سے اچھی کس کی بات ہوسکتی ہے۔جو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دے۔اور نیک عمل کرے۔اور کہے کہ! میں مسلمان ہوں۔(سورہ فصلت۔ 33) لہذا دعوت الی اللہ کا نبوی ﷺ طریقہ یہ ہے۔کہ! **وَ اُوۡحِیَ اِلَیَّ ہٰذَا الۡقُرۡاٰنُ لِاُنۡذِرَکُمۡ بِہٖ وَ مَنۡۢ بَلَغَ** ط اور یہ قرآن میری طرف اس لئے وحی کیا گیا۔ تاکہ! مَیں اس (قرآنِ حکیم) کے ذریعے سے تم کو اور جس شخص تک یہ (قرآن) پہنچ سکے،اسے ڈراؤں۔(سورہ انعام۔آیت نمبر 19) یعنی کہ! آنحضرت محمد ﷺ کا تبلیغِ دین کا سب سے اعلیٰ طریقہ قرآنِ حکیم کی آیات کو حوالہ بنا کر بیان کرنا ہے۔کیونکہ! قرآنِ مجید تو خود اللہ تعالیٰ ہی کا فرمان عالیشان ہے۔اور قرآنِ حکیم کے ابتدائیہ ہی میں ہمیں دَرس دیا گیا ہے۔کہ! **ذٰلِکَ الۡکِتٰبُ لَا رَیۡبَ ۚ فِیۡہِ ۚ ہُدًی لِّلۡمُتَّقِیۡنَ** ۔ یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب (یعنی قرآنِ مجید) ہے۔اس میں قطعًا کوئی شک نہیں۔اس (کتاب یعنی قرآنِ حکیم) میں ہدایت ہے متقین (پرہیزگاروں) کے لئے۔(سورہ البقرہ) قرآنِ حکیم سے ہدایت نہ پانے کی ایک بڑی وجہ عدم تقوٰی ہی ہے۔ (اسی طرح سے قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔کہ!) **اِنَّ ہٰذَا الۡقُرۡاٰنَ یَہۡدِیۡ لِلَّتِیۡ ہِیَ اَقۡوَمُ** ۔یقینًا! یہ قرآن وہ راستہ دکھاتا ہے۔جو سب سے سیدھا ہے۔(سورہ الاسراء) **اِنَّ الَّذِیۡنَ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ ۙ لَا یَہۡدِیۡہِمُ اللّٰہُ وَ لَہُمۡ عَذَابٌ اَلِیۡمٌ** ۔جو لوگ اللہ تعالیٰ کی (نازل کردہ) آیات پر ایمان نہیں رکھتے۔انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے رہنمائی بھی نہیں ہوتی۔اور ان کے لئے المناک عذاب (تیار) ہیں۔(قرآن میں ہے) **اَجِیۡبُوۡا دَاعِیَ اللّٰہِ** ۔(ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے منادی کی بات پر لبیک کہو۔

حیرت ہے کہ تعلیم و ترقی میں ہے پیچھے　　　جس قوم کا آغاز ہی **اقراء** سے ہوا تھا

ارشاد باری تعالیٰ ہے۔کہ! **وَلۡتَکُنۡ مِّنۡکُمۡ اُمَّۃٌ یَّدۡعُوۡنَ اِلَی الۡخَیۡرِ وَ یَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَ یَنۡہَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡکَرِ ؕ وَ اُولٰٓئِکَ ہُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ** ۔اور آپ (لوگوں) کے مابین ایک ایسی جماعت ہونی چاہیئے۔جو لوگوں کو نیکی کی دعوت دیں۔اور بھلائی کا حکم کریں۔اور برائیوں سے روکتے رہیں۔یہی وہ لوگ ہیں۔جو فلاح پانے والے ہیں۔(سورہ اٰل عمران۔آیت نمبر 104) قرآنِ حکیم میں ایک اور جگہ آیا ہے۔کہ! **کُنۡتُمۡ خَیۡرَ اُمَّۃٍ اُخۡرِجَتۡ لِلنَّاسِ تَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَ تَنۡہَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡکَرِ وَ تُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰہِ** ۔ (اے محمدی اُمت) آپ وہ بہترین اُمت ہیں۔جسے لوگوں کی ہدایت واصلاح

کے لئے میدان میں لایا گیا ہے۔(کیونکہ) آپ نیکی کا حکم دیتے ہیں۔اور برائیوں سے روکتے ہیں۔اور اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں۔(سورہ ال عمران۔آیت نمبر **110**) قرآنِ حکیم میں ہے۔کہ! **یَاَیُّھَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ ط وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَہٗ** ۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو ارشادات آپؐ پر نازل ہوئے ہیں۔سب لوگوں تک پہنچا دیں۔اگر ایسا نہ کیا۔تو آپؐ نے اللہ تعالیٰ کے پیغامِ حق کو پہنچانے کی ذمہ داری ادا نہ کی۔(سورہ مائدہ۔ **67**) بلکہ! انبیائے کرامؑ کو تو یہ حکم ہوا۔کہ! **فَاِنَّمَا عَلَیْکَ الْبَلٰغُ الْمُبِیْنَ** ۔یقیناً! آپؐ پر صاف صاف پیغامِ حق پہنچانے کے سوا اور کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔(سورہ نحل۔82) قرآنِ حکیم میں ہے۔ **اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْمَوْعِظَۃِ الْحَسَنَۃِ** ۔لوگوں کو حکمت (دانش مندی) اور نیک نصیحت سے اپنے رب کے راستے کی جانب دعوت دیں۔(سورہ النحل۔ **125**) اسی طرح سے قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔کہ! **وَرَبَّکَ فَکَبِّرْ** ۔اور اپنے رب ہی کی بڑائی کا (سرعام) اعلان کریں۔(سورہ المدثر۔ **3**)

آگاہ اپنی موت سے کوئی بشر نہیں ۔۔۔ سامان سو برس کا پل کی خبر نہیں

قرآنِ حکیم میں ہے۔کہ! **وَمَا الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ** ۔اور دُنیا کا سامان تو صرف دھوکے کا سامان ہے۔(آلِ عمران۔ **185**)

دُنیا کے اے مسافر منزل تیری قبر ہے ۔۔۔ طے کر رہا ہے جو تُو ، دو دن کا وہ سفر ہے

لہذا جب کوئی مبلغ دعوت الی اللہ کا کام کرتا ہے۔تو اسے صبر کا دامن بھی تھامنا پڑتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْہَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَاصْبِرْ عَلٰی مَآ اَصَابَکَ ط اِنَّ ذٰلِکَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ** ۔ اور (آپ) لوگوں کو نیکی کی تلقین کریں۔اور بدی سے منع کریں۔اور آپ کو جو تکلیف پیش آئے۔اس پر صبر کریں۔یقیناً یہ بہت ہمت کے کام ہیں۔(سورہ لقمان۔آیت نمبر **17**)

مشہور حدیث ہے۔کہ! **بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَۃً** ۔ میرا پیغام لوگوں تک پہنچاؤ۔اگر چہ ایک آیت ہی ہو۔(بخاری) حضرت نبی ﷺ نے فرمایا۔کہ! اس پروردگار کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔یا تو تم لازماً ''**اَمَرْ بِالْمَعْرُوْفِ**'' اور ''**نَھِیُ عَنِ الْمُنْکَرْ**'' کروگے۔اوریا (پھر) قریب ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ تم پر اپنی طرف سے عذاب مسلط کرے گا۔پھر (جب) تم اُس کو پکاروگے۔مگر تمہارہ دُعا قبول نہیں کی جائے گی۔(مشکوٰۃ المصابیح)

نکل کر خانقاہوں سے ادا کر رسمِ **شبیری** ۔۔۔ کہ فقر ، خانقاہی ہے فقط اندوہ **دلگیری**

☆ رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔کہ تم میں سے جو شخص کوئی برائی دیکھے۔تو اسے ہاتھ سے مٹا دے۔اگر قدرت نہ رکھتا ہو۔تو زبان سے منع کرے۔اور اگر یہ بھی نہ ہو سکے۔تو دل سے برا سمجھے۔یہ ایمان کا سب سے کمزور (تر) درجہ ہے۔ (صحیح مسلم شریف)

نہیں ڈر کچھ حوادث کا دل جرأت بداماں کو ۔۔۔ یہ ساحل جذب کر لیتا ہے ہر اِک موجِ طوفاں کو

☆ صحیح مسلم شریف میں مذکور ہے۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔کہ جس نے نیکی کی طرف رہنمائی کی اسے اس پر عمل کرنے والے کے برابر ثواب ملے گا۔ (فرمانِ رب متعال ہے۔کہ! **وَتَعَاوَنُوْا عَلَی الْبِرِّ وَالتَّقْوٰی** ۔۔) اسی طرح بمطابق احادیثِ نبویہ ﷺ! ''فتنوں میں سے سب سے بڑا فتنہ اُمت پر یہ ہے۔کہ لوگ اپنی رائے سے قیاس کریں۔پس حلال جانیں حرام کو۔اور حرام کریں حلال کو۔

ہزاروں منزلیں ہوں گی، ہزاروں کارواں ہوں گے ۔۔۔ بہاریں ہم کو ڈھونڈیں گی، نہ جانے ہم کہاں ہوں گے

داعی الی الدعوۃ الحق (تبلیغی یا تلقینی ماہر کے لئے لازمی اُمور اور اُس کے اوصاف)


(بمطابق کتاب نیکی کی دعوت کے اہم اصول) قوم کے خطیب اور مبلغ کے لئے مندرجہ ذیل اصولوں کا جاننا اور سمجھنا نہایت ضروری ہے۔

☆ مبلغ کو کامیاب کرنے والے محرکات یہ ہیں۔ خوش اخلاق اور شریعت کا پابند ہونا۔(علم ،اخلاق ،تقوٰی ، زہد کا حامل ہونا۔فرائض وسنن پر کاربند رہنا) معلوماتِ عامہ (جیسے کہ قرآنی احکامات ،فرائض وسنن کے متعلق احادیث کا جاننے والا ،فقہی مسائل کی سدھ بدھ رکھنے والا ،سیرتِ نبوی ﷺ اور صحابہ کرام کے متعلق معلومات رکھنے والا۔عصر حاضر کے جدید مسائل کا جاننے والا) اچھے اور برے افعال کی پہچان۔ (حلال وحرام ،مستحب ومسنون اور مکروح ومباح کا جاننے والا۔سنت وبدعت کا جاننے والا) ذہن سازی کرنا۔(واقعات نبویہ ﷺ قصص الانبیاءؑ اور صحابہ وصالحین کی سچی حکایات کا جاننے والا۔عجائبات وسائنسی ایجادات کا جاننے والا۔) فکرانگیز بیانات (جنت کے حصول میں معاون امور کا بیان کرنا۔دنیا میں رہنے کا ڈھنگ ،سادگی کا اختیار کرنا ،قبر وقیامت کے عذاب سے ڈرا کر بچانا۔) حاضر جوابی کا ماہر ہونا۔ظرافت یعنی خوش طبع ہونا۔کلام وبیان اور تقریر میں فصاحت وبلاغت۔

☆ مبلغ کے ظاہری آداب۔ سنت کے مطابق حلیہ وضع لباس۔ خاموشی۔وقار۔سنجیدگی۔تحمل۔کشادہ ذہنی۔بہادری۔ آواز۔ لہجے میں مٹھاس۔عیب پوشی کرنا۔ خوداعتمادی۔ ☆ مبلغ کے باطنی آداب۔ صدقِ نیت۔صدقِ خیالات۔اخلاص۔ ورع۔تقوٰی۔تواضع۔حلم۔کشادہ قلبی۔توکل۔ بلندہمتی۔

☆ مبلغ کو ناکام کرنے والے محرکات یہ ہیں۔ دوسروں کو نصیحت مگر خود بےعمل۔فطری عیوب میں مبتلا ہونا۔بے ڈھنگی آواز۔تنگیٔ صدر۔ عجلت پسندی۔ سست روی۔موضوع سے عدم موافقت۔ کھنکارنا ئی کھانسنا۔ غیر ضروری طوالتِ مضامین۔منصب کا غیر ضروری استعمال۔

اُٹھا میں مدرسہ و خانقاہ سے غمناک ۔۔۔ نہ زندگی ، نہ محبت ، نہ معرفت ، نہ نگاہ



اللہ تعالیٰ کی عبادت کا فلسفہ : (واعبدوا اللہ ۔اوراللہ تعالیٰ کی عبادت کریں)

واصتنعتک لنفسی ۔مَیں نے تمہیں (اے انسان فقط) اپنے لئے بنایا ہے۔(جب رب متعال ہی ہمارا خالق، صانع، مالک، پروردگار ہے۔تو اُس (ذات) کا ہم پر پورا پورا حق ہے۔کہ وہ جیسے چاہے۔ہمیں حکم دے۔اور ہم کامل پابند ہیں۔کہ! اُس رب کا کہنا من وعن مانیں) (پھر فرمایا) **وما خلقت الجن والانس الا لیعبدو ن** ۔مَیں نے جنات اور انسانوں کو صِرف اس لئے پیدا کیا۔تاکہ وہ میری عبادت کریں۔(بمطابق قرآن) **وما امروا الا لیعبدو اللہ مخلصین لہ الدین حنفآء** ۔(ترجمہ) اور انہیں یہی حکم ہوا۔کہ ہر چیز سے کنارہ کش ہوکر (فقط) اللہ تعالیٰ کی بندگی کریں۔(سورہ البینہ) **یا یھا الناس اعبدو ربکم** ۔اےلوگو! اپنے رب کی عبادت کرو۔ **اعبدو اللہ ما لکم من الہ غیرہ** ۔ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو۔(کیونکہ) اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ **وما ارسلنا من قبلک من رسول الا نوحی الیہ انہ لا الہ الا انا فاعبدون** ۔ اے نبیؐ! آپؐ سے قبل ہم نے جس بھی پیغمبر کو بھیجا۔اُس کو ہم نے یہی وحی کی۔کہ! میرے سوا کوئی معبود نہیں۔پس میری عبادت کرو۔ **واعبد ربک حتی یأ تیک الیقین** ۔اپنے رب کی عبادت کرتے رہو۔یہاں تک کہ یقین (یعنی موت) کا وقت آن پہنچے۔(اس آیت **وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون** ۔کا ایک مفہوم فضیلۃ الشیخ حضرۃ احمد دباغ صاحب نے کچھ اس طرح فرماتے ہیں۔کہ! اس آیت کا مفہوم ہے کہ! اے انسانو اور جنوں! تم کبھی بھی فٹ یا فکس نہیں ہو سکتے (بالکل ایسی ہی، جیسے ایک کار میں ٹریکٹر کا اگر ایک ٹائر لگا یا جائے۔جبکہ باقی تینوں ٹائرز کار کے ہوں۔تو کار کیسے چلے گی؟) پھر آیت کا اگلا حصہ **الا لیعبدون** ۔ جس کا مفہوم ہے۔کہ صرف تم عبادت ہی کر سکتے ہو۔(مگر یاد رہے۔کہ!) عبادت کا مطلب صرف نماز، روزہ، زکوٰۃ و حج نہیں بلکہ فرائض کے ساتھ ساتھ معاملات کو سنت کے عین مطابق کرنا۔یعنی عبادت کا مطلب محبت اور حضوری کے ساتھ اطاعتِ الٰہی ہے۔اور اپنے آپ کو اللہ کے حضور تسلیم ورضا کے ساتھ اخلاص کا لبادہ اوڑھ کر سپرد کر دینا۔

دامنِ دیں ہاتھ سے چھوٹا تو جمعیت کہاں
اور جمعیت ہوئی رخصت، تو ملت بھی گئی

اول الذکر قولِ باری تعالیٰ میں ذاتِ وحدہٗ لاشریک کا حضرت انسان و جنات کی تخلیق کی واحد غرض وغایت صرف اور صرف اپنی ہی عبادت کی تلقین ہے۔جبکہ بعدہٗ کے اقوال میں حضرت انسان سے صِرف ایک ہی مطالبہ ہے۔کہ! تم سب صرف میری ہی عبادت کرو۔(یاد رہے۔کہ) عبادت سے عدم توجہی پر اللہ تعالیٰ کی شدید سرزنش بھی ہے۔ **ان الذین یستکبرون عن عبادتی سید خلون جھنم داخرین** ۔ بے شک! جو (بھی) لوگ عبادت سے منہ موڑتے ہیں۔وہ دوزخ میں ذلیل وخوار ہوکر داخل ہوں گے۔(اور اسی طرح سے) عبادت کرنے والوں کے لئے خوشخبریاں بھی ہیں۔جیسے کہ! **عینا یشرب بھا عباد اللہ** ۔ ایک چشمہ جس سے اللہ کے (عبادت گزار) بندے سیراب ہوں گے۔(یاد رہے۔کہ) اسی عبادتِ ربانی واطاعت رحمانی ہی کی بدولت انسان اشرف المخلوقات کے خطاب سے متصف ہوکر جملہ مخلوقات میں سب سے اعلیٰ وارفع عہدے پر متمکن ہوا۔کیونکہ! بوجہ عبدیت، انسان شرف ومجد اور عظمت وسعادت کی معراج کمال ہے۔اور اس سے آگے بلندی کا کوئی مقام باقی نہیں رہ جاتا۔لہٰذا یہ ثابت ہوا۔کہ! دینِ اسلام درحقیقت اپنے جملہ اجزاء کے ساتھ ''عبادت'' ہی میں سمٹا ہوا ہے۔

سجدوں کے عوض فردوس ملے، یہ بات مجھے منظور نہیں
بے لوث عبادت کرتا ہوں، بندہ ہوں تیرا، مزدور نہیں

عبادت درحقیقت اطاعتِ خداوندی اور شریعت مطہرہ پر عاجزانہ سرفگندگی، خضوع، تذلل اور نہایت انسیت ومحبت کے ساتھ عمل پیرا ہونے کا نام ہے۔یعنی ہم اللہ تعالیٰ کی بندگی واطاعت کرتے ہوئے اپنے آپ کو کامل طور پر اُسی ذاتِ حق کے حضور اظہارِ تذلل وسرفگندگی سے پیش (Surrender) کر دیں۔حضرت شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ اپنی کتاب ''**العبودیۃ**'' میں رقمطراز ہیں۔کہ! عبادت کا مفہوم صرف بندگی تک ہی محدود نہیں۔بلکہ عبادت کا مفہوم خضوع وتذلل کے ساتھ اس میں محبت کا عنصر بھی شامل ہے۔کیونکہ! **والذین امنوا اشد حبا للہ** ۔اور ایمان والے تو سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہیں۔(سورہ بقرہ) اور اسی طرح سے عبادت کے لئے حب نبوی ﷺ کا ہونا بھی مسلمانوں پر عین فرض ہے۔جیسا کہ رب متعال کا فرمان ہے۔ **قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ و یغفر لکم ذنو بکم** ۔اے حبیب ﷺ! فرمادیں۔کہ! اے لوگو! اگر تم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہو۔تو میرے (یعنی شریعت محمدیؐ) فرمانبردار بن جاؤ۔تو اللہ تعالیٰ بھی تم سے محبت فرمائے گا۔اور تمھارے گناہ بھی بخش دے گا۔(آلِ عمران) اور عبادت، شریعت کی زبان میں اللہ تعالیٰ کے روبرو انتہائی تذلل اور کامل محبت (دونوں کے مجموعے) کا نام ہے۔لہٰذا جب تک کہ اللہ تعالیٰ کی ذاتِ حق ہماری ترجیح اول نہ بن جائے، اور جب تک کہ ہم خود کو کامل طور پر اُس ذاتِ باری تعالیٰ کے سامنے مجموعی طور پر پیش نہ ہو کر عاجزانہ طور پر نہ جھکیں، تو عبادت جیسے فریضے سے عہدہ برآ نہیں ہو سکتے۔ اور رب متعال کی ذاتِ حق کو اپنانے کا صرف ایک ہی ذریعہ ہے۔کہ! اس جہاں میں اُسے ہر وقت ہر جگہ محسوس کرتے ہوئے اُسی سے ڈر وخوف (تقوٰی) کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے صِرف اُسی پر توکل کرتے ہوئے کامل یقین کے ساتھ اُسی سے ساری دینی ودنیاوی اُمیدیں جوڑ لیں۔یعنی ڈر بھی ہمہ وقت اور واحد اُمید بھی ہمہ وقت اُسی سے۔اور ہمیں ہر وقت خود سے یہی پوچھنا چاہیئے۔جو اللہ تعالیٰ کا حکم قطعی ہے۔ **الیس اللہ بکاف عبدہ**۔کیا اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے لئے کافی نہیں ہے۔

کیا انس و جن فقط عبادت ھی کے لئے تخلیق کئے گئے ؟ : قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔کہ! **وما خلقت الجن والانس الا لیعبدو ن** ۔مَیں نے جنات اور انسانوں کو صِرف اس لئے پیدا کیا۔تاکہ وہ میری عبادت کریں۔(القرآن) بعض بزرگوں نے "**لیعبدو ن**" کی تفسیر "**لتعرفونی**'' کی ہے۔ کیا اللہ تعالیٰ ہماری عبادت کا محتاج ہے؟ جبکہ اُس ذاتِ مقدس نے ملائکہ ودیگر مخلوقات کو فقط اپنی ہی عبادت کے لئے مختص فرمایا ہوا ہے۔

خطبہء حجۃ الوداع: (خطبہ حجۃ الوداع کا جاننا، سمجھنا اور لوگوں تک اس خطبہ کا پہنچانا نہایت ضروری ہے)

چونکہ، یہ خطبہ احادیث کی کتب میں ٹکڑوں میں موجود ہے۔ لہذا یہاں پر اس خطبے کے چند نکات کو بیان کیا جاتا ہے۔ تاکہ! اللہ تعالیٰ ہمیں بھی سعادت ابدی، انعام واکرام سے نوازے۔ ان شاءاللہ۔ (آمین) بقول **پروفیسر نثار احمد** (درکتاب **خطبہ حجۃ الوداع . حقوقِ انسانی کا عالمی منشور**) یہ خطبہ (سمجھنے اور سمجھانے کے لئے) پانچ حصص پر مشتمل ہے۔ دیباچہ۔ اساسیات۔ اجتماعیات۔ دینیات۔ اختتامیہ۔

حصہء دیباچہ : ☆ آپ ﷺ نے فرمایا۔ سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے، ہم اسی کی حمد وثناء کرتے ہیں۔ اور اسی سے مغفرت طلب کرتے ہیں۔ اسی کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ اور اسی کے دامنِ عفو میں اپنے نفس کی شرارتوں اور بُرے اعمال سے پناہ چاہتے ہیں۔ جس کو اللہ تعالیٰ ہدایت عطا فرمائے۔ اس کو کوئی گمراہ نہیں کرسکتا۔ اور جس کو وہ (خدانخواستہ) گمراہ کردے۔ اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔ اور میں گواہی دیتا ہوں۔ کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ اکیلا ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اور گواہی دیتا ہوں۔ کہ محمد ﷺ اس (اللہ) کے بندے اور رسولؐ ہیں۔ امابعد! ☆ لوگو! میری بات اچھی طرح سن لو۔ کیا خبر! شاید اس برس کے بعد میری تمہاری ملاقات کبھی نہ ہوسکے۔ ☆ لوگو! خاموش ہوجاؤ۔ تم لوگ اس سال کے بعد شاید مجھے نہ دیکھ سکو گے۔ ☆ آپ ﷺ نے فرمایا۔ میری بات اچھی طرح سے سُن لو۔ کیا خبر، شاید اس برس کے بعد اس جگہ میری تمہارے ساتھ ملاقات نہ ہوسکے۔ (پھر فرمایا) اے بندگانِ خدا! آج کے بعد واللہ مجھے نہیں معلوم، شاید مَیں تم سے اس مام پر پھر کبھی نہ مل سکوں گا۔ ☆ لوگو! حج کے مسئلے مسائل مجھ سے سیکھ لو۔ میں نہیں جانتا شاید اس کے بعد مجھے دوسرے حج کی نوبت نہ آئے۔ ☆ آپ ﷺ نے پوچھا۔ (**الا ھل بلغت**) خبردار! کیا مَیں نے (اللہ تعالیٰ کا پیغام، دین سمجھا کر آپ لوگوں تک) پہنچا دیا؟ تو گوں نے جواب دیا۔ ہاں۔ ☆ تب آپ ﷺ نے فرمایا۔ (**اللھم اشھد**) اے اللہ تعالیٰ تُو گواہ رہ۔ (اس کے بعد دوبارہ) آپ ﷺ نے لوگوں کو حکم فرمایا۔ (**فلیبلغ الشاھد الغائب فرب مبلغ اوعی من سامع**) چاہیئے کہ! حاضر غائب (تک یہ پیغامِ توحید ورسالت) پہنچادے۔ کیونکہ! بعض اوقات پیغام حاصل کرنے والا، سننے والے سے زیادہ سمجھنے اور محفوظ کرنے والا ہوتا ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ اسے تروتازہ رکھے۔ جس نے میری باتیں سُنیں۔ اور انہیں دوسروں تک پہنچایا۔ (کیونکہ) بعض اوقات سننے والا (اس قدر) سمجھدار نہیں ہوتا۔ جس کو (پیغام) پہنچایا جائے۔ وہ زیادہ سمجھدار نکلتا ہے۔

حصہء اساسیات : ☆ لوگو! تمہارا رب ایک ہے۔ اور تمہارا باپ (حضرت آدمؑ بھی) ایک ہے۔ تم سب آدمؑ کی اولاد ہو۔ اور آدمؑ مٹی سے بنے ہوئے تھے۔ ☆ تم میں سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک (سب سے زیادہ) معزز وہ ہے۔ جو زیادہ تقوٰی شعار ہے۔ بے شک! اللہ تعالیٰ علیم وخبیر ہے۔ ☆ دیکھو! کسی عربی کو کسی عجمی پر اور کسی عجمی کو کسی عربی پر، کسی کالے کو کسی سرخ (یعنی سفید وسرخ رنگت والے) پر اور کسی سرخ کو کسی کالے پر کوئی فضیلت، لحاظ اور امتیاز حاصل نہیں۔ مگر ہاں تقوٰی کے سبب۔ ☆ اللہ کے بندو! مَیں تمہیں تقوٰی شعاری (اللہ تعالیٰ سے ہروقت ڈرنے) کی وصیت کرتا ہوں۔ اور تمہیں اس (رب متعال) کی اطاعت کا حکم دیتا ہوں۔ ☆ جان لو! جاہلیت کی ہر چیز میرے قدموں تلے (روندی گئی) ہے۔ خبردار! جاہلیت کی ہر چیز (رسم رواج اور حرام امور) میرے قدموں کے نیچے ہیں۔ ☆ سن لو! جاہلیت کا ہر خون (انتقام)، مال (مغصوبہ) اور آثارِ جاہلیت (خاندانی وموروثی مواخر) قیامت تک میرے قدموں تلے کالعدم ٹھہرائے جاتے ہیں۔ ☆ ہر قسم کا سُود آج سے ممنوع قرار دیا جاتا ہے۔ البتہ تمہیں اپنی اصل رقم لینے کا حق ہے۔ جس میں نہ اوروں کا نقصان ہے۔ اور نہ تمہارا نقصان ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ بات طے کردی ہے۔ کہ سود میں (اب کسی بھی طرح کی کوئی) گنجائش نہیں ہے۔ ☆ اور زمانہء جاہلیت کے جملہ سود اب باطل ہیں۔ ☆ اور زمانہء جاہلیت کے جملہ خون (انتقام یعنی خون کے بدلے خون) اب کالعدم ہیں۔ ☆ دیکھو! اب زمانہ گھوم پھر کراُسی جگہ آگیا ہے۔ جہاں سے کائنات کی پیدائش کا دن شروع ہوا تھا۔ مہینوں کی گنتی (یعنی تعداد) اللہ تعالیٰ کے نزدیک بارہ ہے۔ ان میں سے چار حرام (یعنی محترم) ہیں۔ کہ تین متواتر (ماہ بالترتیب **ذی قعد، ذی الحجہ اور مُحرم**) ہیں۔ جبکہ ایک الگ (ماہ یعنی رجب) ہے۔ جو کہ شہر مضر کہلاتا ہے۔ اور جو کہ جمادی الثانی اور شعبان کے بیث آتا ہے۔ اور مہینہ انتیس دن کا بھی ہوتا ہے۔ اور تیس دن کا بھی۔ ☆ بے شک! تمہارا خون، تمہارا مال، تمہاری عزت وآبرو اور تمہاری کھال بھی (ایک دوسرے لئے نہایت) معزز ومحترم ہے۔ ☆ میری بات سنو۔ زندگی پا جاؤ گے۔ (بشرطیکہ) خبردار ایک دوسرے پر ظلم مَت کرنا۔ دیکھو! ایک دوسرے پر ظلم (اور زیادتی قطعًا) مَت کرنا۔ اور خوب سمجھ لو کہ! ایک دوسرے پر باہم ظلم وستم (بالکل بھی) نہ کرنا۔

حصہء اجتماعیات : ☆ اللہ تعالیٰ کے بندو! میری بات سنو اور سمجھو۔ بلاشبہ! ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔ اور تمام مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ ☆ خبردار! ہر مسلمان دوسرے مسلمان پر حرام ومحترم ہے۔ ☆ اور ہر مومن دوسرے مومن پر حرام ومحترم ہے۔ جس طرح آج کے دن کی حرمت۔ ☆ مسلمان وہی ہے۔ جو اپنی زبان اور ہاتھ سے دوسرے لوگوں کو محفوظ رکھے۔ ☆ اور مومن درحقیقت وہ ہے۔ جس سے دوسرے لوگوں کی جان ومال (یقینی طور پر) اَمن وعافیت میں رہے۔ ☆ اور مہاجر درحقیقت وہ ہے۔ جو اپنے گناہوں اور خطاؤں سے کنارہ کشی کرلے۔ ☆ اور مجاہد تو دراصل وہ ہے۔ جو اطاعتِ الٰہی کی خاطر اپنے نفس کا مقابلہ کرے۔ ☆ خبردار! اگر کسی کے پاس کوئی امانت رکھوائی جائے۔ تو وہ اس بات کا پابند ہے۔ کہ امانت رکھوانے والے کو امانت واپس لوٹا دے۔ ☆ قرض واپس ادائیگی کا متقاضی ہے۔ ☆ اُدھار لی ہوئی چیز کو واپس کیا جانا چاہیئے۔ ☆ عطیہ لوٹایا جائے۔ ☆ ضامن، ضمانت کا ذمہ دار ہے۔ ☆ دیکھو! اَب ایک مجرم اپنے جرم کا خود ہی ذمہ دار ہوگا۔ ☆ جان

لو! اَب نہ باپ کے جرم کے عوض (بدلے) بیٹا پکڑا جائے گا۔ اور نہ بیٹے کا بدلہ باپ سے لیا جائے گا۔ ☆ عورتوں کی بابت اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ کیونکہ! تم نے انہیں اللہ تعالیٰ کی امانت کے طور پر حاصل کیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے کلمات (احکاماتِ امر بالمعروف ونہی عن المنکر) کے تحت ان کے ستر تمہارے لئے حلال ہوئے۔ ☆ خبردار! تمہارے لئے عورتوں سے نیک سلوک کی وصیت ہے۔ کیونکہ! وہ تمہاری پابند ہیں۔ اور اس کے سوا تم کسی معاملے میں حق ملکیت نہیں رکھتے۔ ☆ لوگو! جس عورتوں کے کچھ حقوق تمہارے ذمہ ہیں۔ اسی طرح ان پر بھی تمہارے کچھ حقوق واجب ہیں۔

حصہء دِینیات : (یعنی عقائد، عبادات، معاملات، معمولات، اخلاقیات) ☆ لوگو! بے شک مجھے حکم دیا گیا ہے۔ کہ لوگوں سے لڑوں۔ یہاں تک کہ وہ **لا الہ الا اللہ** کے قائل ہو جائیں۔ اور جب وہ اس کلمہ کا اقرار کرلیں۔ تو گویا انہوں نے اپنی جانوں اور مالوں کو بچا لیا۔ اور باقی حساب اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہراؤ۔ ☆ خوب سُن لو۔ اپنے پروردگار کی عبادت کرو۔ نمازِ پنجگانہ ادا کرو۔ امضان کے روزے رکھو۔ اپنے (رب کے) گھر کا حج کرو۔ اپنی زکٰوۃ خوشی خوشی دیا کرو۔ اپنے حکام کی اطاعت کرو۔ (پھر) اپنے رب کی جنت میں داخل ہو جاؤ۔ ☆ اور نہ کسی کی ناحق جان لو (یعنی بے قصور کسی کو قتل مَت کرو) ☆ اور نہ چوری کرو۔ ☆ لوگو! میرے بعد نہ کوئی پیغمبر (آنے والا) ہے۔ اور نہ ہی تمہارے بعد کوئی اُمت (آئے گی) ☆ اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ اور لوگوں کو اُن کی چیزیں (ماپ اور ناپ تول میں) کم نہ دیا کرو۔ اور ملک میں فساد کرتے نہ پھرو۔ ☆ خبردار! دین میں غلو (یعنی مبالغہ آمیزی، لایعنی باتیں، انتہا پسندی، بدعت) سے بچو۔ اس لئے (کہ) جو تم سے پہلے (قومیں) تھیں۔ وہ دین میں غلو کی وجہ سے ہلاک کر دی گئیں۔ ☆ دیکھو! شیطان اس بات سے تو بے شک بالکل مایوس ہو چکا ہے۔ کہ تمہاری اس سرزمین پر کبھی اس کی پرستش کی جائے گی۔ مگر چوکنا رہو۔ وہ اس بات پر بھی راضی ہوگا۔ کہ اس (پرستش) کے سوا چھوٹی چھوٹی باتوں میں اس کے اشاروں کی تعمیل کی جائے۔ پس اپنے دین وایمان کی خاطر اس سے بچے رہنا۔ ☆ لوگو! اللہ تعالیٰ نے میراث میں ہر وارث کا حصہ مقرر فرما دیا ہے۔ لہذا وارث کے لئے وصیت کرنا جائز نہیں۔ (چنانچہ) کسی کو ایک تہائی سے زائد (ترکہ، مال) کی وصیت کا حق حاصل نہیں۔ ☆ صدقہ دیا کرو۔ اس لئے (کہ) مَیں نہیں جانتا۔ مگر شاید تم آج کے بعد مجھے پھر نہ دیکھ سکو۔ ☆ لوگو! اللہ تعالیٰ کے نام پر قسمیں نہ کھایا کرو۔ کیونکہ جو (بھی شخص) اللہ تعالیٰ کے نام پر قسم کھائے گا۔ (تو) اللہ تعالیٰ اس کا جھوٹ ظاہر کر دے گا۔ ☆ لوگو! علم میں سے جو کچھ حاصل کر سکتے ہو۔ لے لو۔ اس سے پہلے کہ وہ سمیٹ لیا جائے۔ اور قبل اس کے کہ علم کو اُٹھا لیا جائے۔ خبردار! علم کے اُٹھائے جانے کی ایک شکل یہ بھی ہے۔ کہ اس کے جاننے والے ختم ہو جائیں۔ آپ ﷺ نے یہ بات تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔ ☆ دیکھو! تین باتیں ایسی ہیں۔ کہ جن میں (مومن کا) دل کینے کا شکار نہیں ہوتا۔ عمل میں اخلاص (یعنی عمل صرف اللہ کے لئے ہو)۔ حکام کی خیر خواہی (کیونکہ) عام مسلمانوں (کی جماعت) سے وابستگی میں۔ کیونکہ ان (مسلمانوں) کی دُعائیں انہیں گھیرے رہتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ایسی کوئی بیماری پیدا نہیں کی۔ جس کی دوا بھی نہ اُتاری ہو سوائے بڑھاپے کے۔ ☆ لوگو! میری بات سمجھو۔ کیونکہ! مَیں نے سب کچھ تم تک پہنچا دیا ہے۔ ☆ میں نے تمہارے درمیان ایک ایسی چیز چھوڑ دی ہے۔ کہ تم کبھی بھی گمراہ نہ ہو گے۔ اگر اسے مضبوطی سے تھامے رہو۔ اور وہ ہے اللہ تعالیٰ کی کتاب۔ (اسی طرح ایک اور حدیث میں آیا ہے۔ کہ) اور میں نے تمہارے درمیان ایسی (دو عظیم) چیزیں چھوڑی ہیں۔ اگر (تم لوگ) اس کو تھامے رہو۔ تو پھر کبھی بھی گمراہ نہ ہو گے۔ (ایک) اللہ تعالیٰ کی صاف اور روشن کتاب (جبکہ دوسری چیز، اللہ تعالیٰ کے حبیب اور) اس کے نبیؑ کی سنت۔ ☆ لوگو! سنو اور اطاعت کرو۔ اگر چہ تمہارے اوپر کوئی ناک کٹا ایک حبشی غلام بطور امیر (وحاکم) مقرر کیا جائے۔ جو تمہارے درمیان کتاب اللہ (کے حق وسچ احکامات کو) قائم کرے۔ ☆ جان لو! میرے علاوہ ہر نبیؑ کی دعوت (یعنی تبلیغ دین ونفاذِ شریعت) گذر چکی ہے۔ مَیں نے اس (دعوت) کو اپنے پروردگار کے پاس قیامت تک کے لئے ذخیرہ کر دیا ہے۔ (یعنی اَب صِرف اور صِرف شریعتِ محمدی تا قیامت باقی رہے گی) ☆ امابعد! انبیاءؑ (بروزِ قیامت اپنی اپنی امتوں کی) کثرتِ تعداد پر فخر کریں گے۔ پس تم مجھے اپنی بداعمالیوں کے سبب رُسوا مَت کر دینا۔ مَیں حوضِ کوثر پر (تمہارا منتظر) ہوں گا۔ ☆ خبردار! میں حوضِ کوثر پر تم سے پہلے پہنچوں گا۔ اور دوسری امتوں پر تمہاری کثرت کے سبب فخر کروں گا۔ تو کہیں (تم) میری رُسوائی کا سب (باعث) مَت بننا۔ ☆ سنو! مَیں بعض لوگوں کو (تو اپنی شفاعت یعنی سفارش) سے چھڑوا لوں گا۔ مگر بعض لوگ مجھ سے چھڑا لئے جائیں گے۔ پھر میں اپنے رب کو عرض گذار ہوں گا۔ اے میرے رب! یہ تو میرے اصحاب (اُمتی) ہیں۔ (تو) اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ کہ آپ ﷺ نہیں جانتے۔ کہ ان لوگوں نے آپ ﷺ کے بعد کیا کیا بدعتیں کر ڈالیں۔ ☆ خبردار! میرے بعد کہیں کافر نہ ہو جانا۔ کہ آپس میں ایک دوسرے کی گردنیں مارنے لگ جانا۔ ☆ اور ہاں سنو! (جب) تم اپنے رب سے ملو گے۔ تو اللہ تعالیٰ تم سے تمہارے اعمال کے بارے میں (ضرور) باز پرس کرے گا۔ ☆ دیکھو! اب تم نے مجھے (جی بھر کے) دیکھ بھی لیا ہے۔ اور مجھ سے ان تمام باتوں کو سن بھی لیا ہے۔ تم سے عنقریب میرے بارے میں پوچھا بھی جائے گا۔ پس جس نے مجھ پر جھوٹ باندھا۔ وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے (گا) ☆ دیکھو! جو یہاں موجود ہے۔ وہ غیر حاضر تک میری باتیں پہنچا دے۔ ☆ سن لو! تم میں جو یہاں قریب ہیں۔ اپنے دور والوں تک یہ باتیں پہنچا دیں۔

غریبم بے نوایم خاکسارم یا رسول اللہ   زِ رحمت یک نظر بر حالِ زارم یا رسول اللہ

حصہء اختتامیہ : ☆ پھر آپ ﷺ نے فرمایا۔ اے اللہ جل شانہٗ! میں نے (آپ کا پیغام بھرپور طور سے) پہنچا دیا یا نہیں؟ (پھر آپ ﷺ نے یہی بات لوگوں سے بیان کی۔ کہ) کیا میں نے اللہ تعالیٰ کا پیغام تم تک اچھی طرح سے نہیں پہنچا دیا؟ سنو! کیا میں نے حق تبلیغ ادا نہیں کیا؟ دیکھو! کیا میں نے تعلیم وتلقین دین کی انتہا کر دی؟ (تو سب حاضرین، سامعین اور مجمع والوں نے بیک وقت یک زباں ہو کر اقرار واعتراف کے ساتھ) سب نے اثبات میں جواب دیا۔ بے شک۔ بے شک۔ (تب حضرت رسولِ مکرم ﷺ نے) فرمایا۔ اے اللہ جل شانہٗ! گواہ رہنا۔ (پھر آپ ﷺ نے فرمایا) اے اللہ جل شانہٗ! گواہ رہنا۔ (پھر آپ ﷺ نے فرمایا) اے اللہ جل شانہٗ! گواہ رہنا۔ (پھر آپ ﷺ نے فرمایا) اور تم لوگوں سے میرے بارے میں پوچھا جائے گا۔ تو تم لوگ کیا کہو گے؟ تو سب نے (جواباً) کہا۔ ہم گواہی دیتے ہیں۔ کہ! بے شک آپ ﷺ نے امانتِ الٰہی ہم تک پہنچا دی ہے۔ اور حقِ رسالت ادا کر دیا ہے۔ اور (ہم سب امتیوں کو) نصیحت کرنے کی انتہا کر دی ہے۔ (اس کے بعد حضرت رسولِ مکرم ﷺ نے اپنی انگشتِ شہادت آسمان کی طرف بلند کیا۔ اور پھر اسے لوگوں کی طرف جھکا کر) فرمایا۔ اے اللہ جل شانہٗ گواہ رہنا۔ اے اللہ جل شانہٗ گواہ رہنا۔ اے اللہ جل شانہٗ گواہ رہنا۔

دیکھتا دیدار ہوں میں ہر دوام — وردہے دیدار میرا صبح و شام
مصطفےٰ ﷺ پر جو یقیں رکھتا نہیں — کاذب و مردودِ حق ہے وہ لعیں

عمل پر اِستقامت کے متعلق سات احادیثِ مبارکہ :

حضرت سیدنا عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں۔ کہ آپ ﷺ کا عمل دائمی تھا۔ اور جب بھی آپ ﷺ کوئی عمل کرتے۔ تو بڑی عُمدگی سے ادا کرتے۔ (سُنن ابی داؤد) ☆ جس قدر اعمال کی تم طاقت رکھتے ہو۔ اسی قدر بجا لاؤ۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ (تو اپنا) فضل فرماتا رہتا ہے۔ جب تک کہ تُم نہ اُکتا جاؤ۔ ☆ اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ پسند ومحبوب وہ عمل ہے۔ جو پابندی سے کیا جائے۔ اگرچہ تھوڑا ہی کیوں نہ ہو (صحیح ابن خُزیمہ) ☆ اللہ تعالیٰ جس کو عبادت کا عادی بنا دے۔ اور پھر وہ شخص سُستی کی بِنا پر اسے ترک کر دے۔ تو اللہ تعالیٰ اس پر ناراض ہو جاتا ہے۔ ☆ ہر وہ دن جس میں مَیں کوئی زائد عمل نہ کر پاؤں۔ تو اس دن کی صبح میرے لئے کوئی برکت نہ ہو۔ ☆ جس کے دو دن ایک جیسے ہوں۔ وہ خسارے ونُقصان میں ہے۔ اور جس کا آج گزرے ہوئے کل سے بُرا ہو۔ تو وہ محروم ہے۔ اور جس کے آج میں گذشتہ کل سے کسی عمل کی زیادتی نہ ہو۔ وہ بھی نُقصان میں ہے۔ ☆ جو اپنے نفس کا نقصان تلاش نہیں کرتا۔ وہ نقصان میں ہے۔ اور جو نقصان میں ہو۔ اس کے لئے موت بہتر ہے۔ اور میری عمر کی قسم، بیشک مومن شکر کرنے والا ہوتا ہے۔ اور شکر کرنے والا مزید (فضل وکرم) کے حصول پر رہتا ہے۔

سونے و چاندی سے زیادہ خوبصورت باتیں : (حضرت عبداللہ ابنِ عباسؓ کی پانچ وصایا)

☆ لایعنی مُعاملہ میں ہرگز گُفتگو مت کرنا۔ کہ یہی سلامتی کے زیادہ قریب ہے۔ ☆ اور خطا ولغزش سے بے خوف مت ہونا۔ ☆ اپنی ضرورت کے معاملے میں بھی موقع محل دیکھے بغیر ہرگز گفتگو مت کرنا کہ بسا اوقات اپنے فائدے کے معاملے میں موقع محل کا خیال کئے بغیر گفتگو کرنے والا بھی شرمسار ہو جاتا ہے۔ ☆ کسی بردبار سے بحث ومباحثہ مت کرنا نہ کسی بیوقوف سے کہ بُردبار شخص تجھے خُوب تڑپائے گا۔ اور بیوقوف اذیت پہنچائے گا۔ ☆ جب تیرا کوئی بھائی تیرے پاس موجود نہ ہو۔ تو اس کی عدم موجودگی میں اس کا ایسا تذکرہ کرنا جیسا تو پسند کرتا ہے۔ کہ وہ تیری عدم موجودگی میں تیرا تذکرہ کرے۔ اور اس کی ہر وہ خطا و لغزش معاف فرما دینا۔ جس پر تم اپنے لئے اس کی جانب سے مُعافی کو پسند کرتے ہو۔ ☆ ایسے شخص جیسے اعمال بجالانا جو جانتا ہے۔ کہ اسے احسان کا انعام ملے گا۔ اور بُرائی کی سزا۔ (شعب الایمان۔ اَز حضرت مجاہدؒ)

کہ عیب تیرے بھی نہیں پنہاں خدا سے — نہ کر بے نقاب کسی کے عیبوں کو

چار اہم ترین نصائح : حضرت سیدنا ابراہیم بن ادھمؒ فرماتے ہیں۔ کہ میں کوہ لبنان میں کئی اولیائے کرامؒ کی صحبتِ بابرکت میں رہا۔ اِن میں سے ہر ایک نے مجھے یہی نصیحت کی۔ کہ میں جب بھی لوگوں میں جاؤں۔ تو ان چار باتوں کی لوگوں کو نصیحت کروں۔ (جو کہ مندجہ ذیل ہیں)

☆ جو پیٹ بھر کر کھانا کھائے گا۔ اُسے عبادت کی لذت نصیب نہیں ہوگی۔ ☆ جو زیادہ سوئے گا۔ اُس کی عُمر میں برکت نہیں ہوگی۔ ☆ غیبت اور فضول گوئی زیادہ کرے گا۔ وہ دین اسلام پر نہیں مرے گا۔ ☆ جو صرف لوگوں کی خوشنودی چاہے۔ وہ رضائے الٰہی سے مایوس ہو جائے گا۔

مجھے گرتے ہوئے پتوں نے سکھایا ہے — بوجھ بنو گے، تو اپنے ہی گرا دیں گے

حضرت سیدنا صدیق اکبرؓ کی سب سے زیادہ محبوب ترین چیزیں :

حضرت صدیقِ اکبرؓ نے ایک مرتبہ آنحضور نبی مکرم ﷺ سے عرض کیا۔ اے اللہ کے رسول ﷺ! مجھے دنیا میں فقط تین چیزیں محبوب ہیں۔ اِن سے بڑھ کر میری نگاہ میں کوئی چیز نہیں ہے۔ ☆ ہر وقت آپ ﷺ کی جانب دیکھنا۔ ☆ آپ ﷺ کے رو برو بیٹھنا۔ ☆ آپ ﷺ پر خرچ کرنا۔

یاد رہے۔ کہ! اگر عشقِ نبوی ﷺ سچا اور خالص ہو۔ تو دین و دنیا میں نہایت خیر و برکت ہو جاتی ہے۔ اور جملہ امور منجانب الٰہی حل ہوتے چلے جاتے ہیں۔

آسمان و زمین کی تخلیق سے پہلے سات فرشتے رکھے گئے :

صحیح ابن حبان اور مستدرک حاکم میں حضرت معاذ بن جبل ؓ نے آنحضور نبی مکرم ﷺ سے ایک مروی حدیث ، جس کو حضرت امام محمد غزالی ؒ نے کتاب ''کیمیائے سعادت'' اور امام عبدالوہاب الشعرانی ؒ نے '' لواقح الانوار القدسیہ فی بیان العہود المحمدیہ '' میں وضاحت و شرح کے ساتھ بیان کیا ہے ۔

☆ اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان پیدا کرنے سے قبل سات ملائکہ (فرشتے) پیدا فرمائے ۔ بعدہٗ (سات) آسمان بنا کر اِن میں سے ہر آسمان میں ایک ایک فرشتے کو دربان مقرر کیا ۔ چنانچہ بندے کی حفاظت کرنے والے فرشتے (ملائکہ) صبح سے لے کر شام تک اوپر جاتے ہیں ۔ جن کے انوارات شمس کی مانند ہوتے ہیں ۔ اور وہ اسے (یعنی لوگوں کی عبادات و اعمالِ صالحہ کو) لے کر پہلے آسمان پر (جونہی) پہنچتے ہیں ۔ تو اس (شخص کے اعمال) کی کثیر خوبیوں کو شمار کرتے ہیں ۔ سماوی ملائک ، ارضی ملائک سے کہتا ہے ۔ کہ ! یہ اعمال اس (شخص) کے منہ پر دے مارو ۔ مجھے (اس شخص کی) مخفی باتوں کا علم ہے ۔ اور رب متعال نے مجھے حکم دے رکھا ہے ۔ لوگوں کی چغلی (غیبت اور بدگوئی) کرنے والوں کا کوئی عمل (عبادات و اعمالِ صالحہ) مجھ سے آگے (آسمانوں سے گذر کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں) نہ جا سکے ۔

☆ پھر فرمایا ۔ کہ ! وہی فرشتہ بندے کے نیک عمل لے کر دوسرے آسمان پر پہنچتے ہیں ۔ تو وہاں پر مقرر فرشتہ کہے گا ۔ کہ یہیں ٹھہر جاؤ ۔ اور یہ عمل کرنے والے کے منہ پر دے مارو ۔ کیونکہ اس (نیک عمل یا عبادت کرنے) سے اس شخص کا ارادہ '' دُنیا کمانا '' تھا ۔ اور وہ لوگوں میں بیٹھ کر فخر کرتا تھا ۔

☆ پھر فرمایا ۔ کہ ! وہی فرشتہ بندے کے صدقات ، روزے ، قیام اللیل اور تہجد لے کر تیسرے آسمان پر پہنچے گا ۔ تو وہاں پر مقرر فرشتہ کہے گا ۔ (کہ یہیں پر) ٹھہر جاؤ ۔ اور انہیں (ان نیک اعمال کے کرنے والے شخص کے) منہ پر دے مارو ۔ چونکہ مَیں اہلِ تکبر پر مقرر فرشتہ ہوں ۔ اور اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دیا ہے ۔ کہ اپنے علم و عمل میں تکبر کرنے والوں کا کوئی عمل (عبادت یا اعمالِ صالحہ کو) اپنے سے آگے (چوتھے اور باقی آسمان سے پار ہو کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ تک) نہ گذرنے دوں ۔

☆ پھر فرمایا ۔ کہ ! وہ فرشتہ بندے کے نیک عمل لے کر چوتھے آسمان پر پہنچتے ہیں ۔ تو وہاں پر مقرر فرشتہ کہے گا ۔ یہ عمل اسی کے منہ پر دے مارو ۔ (چونکہ) مَیں غرور و نخوت پر مقرر ہوں ۔ اس بندے کا یہ عمل غرور کے بناء نہ تھا ۔ (پھر وہ فرشتہ کہتا ہے ۔ کہ !) مَیں اس کے عمل کو آگے نہیں جانے دوں گا ۔

☆ پھر فرمایا ۔ کہ ! وہ فرشتہ بندے کے نماز ، زکوٰۃ اور حج لے کر پانچویں آسمان پر پہنچے گا ۔ تو وہاں پر مقرر فرشتہ کہے گا ۔ ٹھہر جاؤ ۔ یہ عمل اسی کے منہ پر دے مارو ۔ جس نے کئے تھے ۔ مَیں حسد پر مقرر ہوں ۔ لہذا اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دے رکھا ہے ۔ حاسدین کا کوئی عمل (عبادات و اعمالِ صالحہ) کو آگے نہ جانے دوں ۔

☆ پھر فرمایا ۔ کہ ! وہ فرشتہ بندے کے نیک عمل لے کر چھٹے آسمان پر پہنچیں گے ۔ اور وہ یوں ہو گا ۔ جیسے دولہا کے لئے دلہن سجائی ہوئی ہوتی ہے ۔ وہاں پر مقرر فرشتہ روکتے ہوئے کہے گا ۔ کہ ٹھہرو ۔ اور یہ عمل اس کے منہ پر دے مارو ۔ جس نے کئے ہیں ۔ میں بڑائی پر مقرر فرشتہ ہوں ۔ اور اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دے رکھا ہے ۔ کہ ! اپنے عمل (عبادات اور اعمالِ صالحہ) میں بڑائی دکھانے والے کسی بھی شخص کا کوئی عمل اپنے سے آگے نہ گذرنے دوں ۔

☆ پھر فرمایا ۔ کہ ! وہ فرشتہ بندے کے نیک عمل لے کر ساتویں آسمان کو جائیں گے ۔ اس میں شہد کی مکھی کی بھنبھناہٹ کی سی آواز سنائی دے گی ۔ اور سورج کی سی جیسی روشنی نظر آ رہی ہو گی ۔ وہاں پر مقرر فرشتہ کہے گا ۔ کہ یہیں ٹھہر جاؤ ۔ اور یہ عمل اسی کے منہ پر دے مارو ۔ جس نے کئے تھے ۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے حکم دے رکھا ہے ۔ جو کام میری رضا کے بغیر کیا گیا ہے ۔ اُسے اپنے سے آگے نہ گذرنے دوں ۔

اس پر ساتھ چلنے والے تین ہزار فرشتے کہیں گے ۔ کہ اے پروردگار ! ہم تو اس شخص کے بارے میں بہتری ہی دیکھ رہے ہیں ۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرمائے گا ۔ تم تو صرف میرے بندے کے عمل پر نظر رکھے ہوئے ہو ۔ جبکہ مَیں تو ان کے قلوب پر بھی باخبر ہوں ۔ اس (شخص) نے یہ عمل کرتے ہوئے یہ ارادہ کر رکھا تھا ۔ کہ میں امیر اور اونچا دکھائی دوں ۔ علماء کے پاس میرا ذِکر ہوتا رہے ۔ اور شہروں میں میرے ڈنکے بجتے رہیں ۔

پھر فرمایا ۔ وہ فرشتے بندے کے عمل لے کر ساتوں آسمانوں کے اوپر جائیں گے ۔ دربان فرشتے بھی ساتھ ہوں گے ۔ اور پھر اس بندے کو لے کر اللہ تعالیٰ کے سامنے جا کر ٹھہریں گے ۔ اس وقت اللہ تعالیٰ فرمائے گا ۔ کہ ! اس بندے نے اپنا یہ عمل کرتے ہوئے میرے علاوہ کسی اور کو خوش کرنے کا ارادہ کر رکھا تھا ۔ لہذا اس پر میری طرف سے لعنت ہو ۔ یہ سن کر سب فرشتے بھی اس پر لعنت کریں گے ۔

☆☆☆ رِیا کے ضمن میں حضرت امام غزالی ؒ اپنی اسی کتاب یعنی کیمیائے سعادت میں رقمطراز ہیں ۔ کہ ! حضرت علی المرتضیٰ ؓ کا فرمانِ عالیشان ہے ۔ کہ ! رِیا کار کی تین علامات (یعنی نشانیاں) ہیں ۔ ایک تو یہ کہ (ریا کار عابد و صالح) خلوت میں کاہل رہتا ہے ۔ دوسرا یہ کہ لوگوں کے روبرو (عبادات و اعمالِ صالحہ میں) چست و چالاک ہو جاتا ہے ۔ تیسرا یہ کہ جب اس (عابد و صالح) کی تعریف بیان کی جاتی ہے ۔ تو بڑھ چڑھ کر عبادت کرتا ہے ۔ جبکہ چوتھی یہ کہ جب اسے ملامت کیا جائے یا اس کی سرزنش ہو ۔ تو اپنے عمل (صالح و عبادت) کو کم کر دیتا ہے ۔

پھلاں دا تُوں عطر بنا — عطراں دا فر کڈھ دریا
دریا وچ فر رج کے نہا — مچھلیاں وانگوں تاریاں لا
فر وی تیری بو نئیں مکنی — پہلے اپنی '' مَیں '' مکا

اَسباب و وجوھات ابتلائے مصائب یا مشکلات وآفات : (فقیرحقیر البلوشی کی رائے میں)

کسی بھی مصیبت، مشکل یا آفت کے پیش ہونے میں مندر جہ ذیل تین وجوہات ہی ہوسکتی ہیں۔ شامت اعمال (خطائے نفسی)۔ گناہ کرنا۔ قضائے الٰہی (تقدیر)

1۔ شامتِ اعمال یا خطائے نفسی : اپنی ہی کسی غلطی یا عجلت یا عیاشی یا حصولِ آسائش وسہولت کی وجہ سے بندہ مصائب میں پھنستا ہے۔ اور ہر خطا وغلطی میں بندہ کا اپنا حصہ تقریباً **98%** (کم وبیش) ہوتا ہے۔ فرمانِ الٰہی۔ **و ما اصابکم من مصیبۃ فبما کسبت** ۔ تمھیں جو بھی مصیبت پہنچتی ہے۔ وہ تمھاری اپنی کمائی کی وجہ سے ہے۔ **ما اصابک من حسنۃ فمن اللہ وما اصابک من سیئۃ فمن نفسک** ۔ (اے آدم زاد!) تجھے جو فائدہ پہنچے۔ وہ منجانب اللہ ہے۔ اور جو نقصان پہنچے۔ وہ تیری (شامتِ اعمال ہی کی) وجہ سے ہے۔ جبکہ دو فیصد حصہ تقدیر کے لکھا کا ہوا کرتا ہے۔ کہ جس کی وجہ سے وہ مصیبت وغیرہ میں دھنستا چلا جاتا ہے۔ بمطابق قرآن۔ **ان اللہ لا یظلم الناس شیئا ولکن الناس انفسھم یظلمون** ۔ یقیناً اللہ تعالیٰ لوگوں پر ظلم نہیں کرتا۔ مگر ہاں۔ لوگ خود اپنی ہی جانوں پر ظلم کرتے ہیں۔ **ان اللہ لا یظلم مثقال ذرۃ** ۔ یقیناً! اللہ تعالیٰ ایک ذرہ کے برابر بھی کسی پر ظلم نہیں کرتا۔

2۔ گناھوں کا ارتکاب : بعض اوقات کوئی بندہ ءکفر کرنے یا بکنے یا بڑے بول بولنے یا غرور وتکبر یا ریاکاری یا پھر کسی بھی صغیرہ وکبیرہ گناہ کرنے یا کسی کی دل آزاری کرنے یا بددُعا یا آہ لینے کی وجہ سے مشکلات کا شکار ہوجاتا ہے۔ اس میں بندہ کے گناہوں کا حصہ شاید فقط **5%** ہوسکتا ہے۔ کیونکہ! اللہ تعالیٰ اپنی شانِ رحیمی وکریمی کی وجہ سے پکڑ نہیں کرتا۔ بلکہ وہ تو اپنے بندوں کو بخشنے میں بہت خوش ہوتا ہے۔

3۔ قضائے الٰھی یعنی تقدیر کا لکھا : بہت ہی کم ایسا ہوتا ہے۔ کہ! قضائے الٰہی کی وجہ سے مصائب کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس میں بندہ کا حصہ **1%** ہوسکتا ہے۔ جبکہ قضائے الٰہیہ **99%** ہوتا ہے۔ جیسے سیلاب یا زلزلہ یا آسمانی بجلی کا گرنا یا مکان وعمارت کی چھت کا اچانک گر جانا۔ (یہ سب میرے ذاتی خیالات پر مبنی مفروضہ جات ہیں۔ قارئین میرے ان مفروضوں سے نااتفاقی کرسکتے ہیں) بہرحال! کچھ آیات پیشِ خدمت ہیں۔ ☆ **و نبلو کم بالشر و الخیر فتنۃ** ۔ اور ہم تمھارا امتحان برائیوں اور اچھائیوں کے ذریعے سے لیں گے۔ (سورہ انبیاء۔35) ☆ **احسب الناس ان تترکوا ان یقولوا امنا لا یفتنون** ۔ لوگوں کا گمان ہے۔ کہ! ہم ایمان لائے۔ (تو منجانب الٰہی) انہیں یوں ہی چھوڑ دیا جائے گا۔ اور انہیں آزمایا نہیں جائے گا۔ (سورہ عنکبوت۔2) لہٰذا آزمائش و امتحان سب کے لئے ہے۔ بلکہ انبیاءؑ کو بھی آزمایا گیا۔ **و اذ ابتلی ابراھیم ربہ** ۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیمؑ کا امتحان لیا۔

چونکہ! دل پر اولین شیاطین، حرص وہوس اور غلیظ نفس کی حکومت ہوا کرتی ہے۔ اور جوارح انہیں کے تابع فرمان رہتے ہوئے طرح طرح کے گناہوں، اباطیل و ترہات میں مبتلا ہیں۔ پس ابتلاء وآزمائش سے دل پر سے ان کی حکومت وولایت ختم ہوتی چلی جاتی ہے۔ جوارح بھی گناہوں سے رُک جاتے ہیں۔ اور بادشاہِ حقیقی کا گھر یعنی دل خالی ہوجاتا ہے۔ اور اس کے گھر کا صحن یعنی سینہءقلب ہر قسم کی غلاظت وپاک ومصفی ہوجاتا ہے۔ اور جب دل صاف ہوتا ہے۔ تو یہ قلب توحیدِ الٰہی، عشقِ الٰہی اور علم ومعرفت بن جاتا ہے۔ اور سینہ کے صاف ہونے کی وجہ سے غیبی عجائبات اور موارداسے گھیرے میں لے لیتے ہیں۔ اور یہ سب ابتلاء ومصیبت کا نتیجہ وثمر ہے۔

(بقول البلوشی)! اللہ تعالیٰ کے جملہ فیصلے بہت اچھے، پُرحکمت، اور مصلحت آمیز ہوا کرتے ہیں۔ مگر اکثر اوقات انسان مصائب ومشکلات، اپنی کم فہمی اور عدمِ دانائی وحکمت، اور معرفتِ خداوندی کے نہ ہونے کی وجہ سے ان کے ادراک سے یکسر قاصر ونابلد ہوتا ہے۔ لہٰذا چاہیئے۔ کہ! فرائض کی ادائیگی، اخلاقِ حسنہ کے ساتھ، خاموش اللسان رہتے ہوئے اللہ تعالیٰ پر توکل کرتے ہوئے اس کی ہر رضا میں راضی رہے۔ ہر مصیبت ومشکل میں صبر وتحمل، حلم وحکمت کے ساتھ اطاعتِ الٰہی میں دائماً مشغول ومگن رہے۔ اوامر کو ادا کرے۔ نواہی سے اجتناب برتے۔ تقدیر سے قطعاً لڑنے کی کوشش نہ کرے۔ اور اسی طرزِ حیات سے واصل باللہ ہوجائے۔ ہروقت، ہرجگہ بلکہ ہرموقع پر اللہ تعالیٰ سے اس کا فضل وکرم اور رحمت کا خواہاں رہے۔ ان شاءاللہ کامیاب ہوگا۔

ایک حدیث میں آیا ہے۔ کہ! حقوق اللہ کی حفاظت ونگہداشت کر۔ اللہ تعالیٰ تیری حفاظت فرمائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ کو (ہروقت، ہرجگہ، ہرموقع پر) حاضر وناظر یقین جانو۔ تو تُو اسے اپنے سامنے پائے گا۔ جب بھی سوال کرنا مقصود ہو تو صرف اسی سے ہی سوال کر۔ جب احتیاج وضرورت ہو تو صرف اسی سے مانگ۔ (ہمیشہ ذہن میں رکھو۔ کہ) جو بھی کچھ ہونا تھا۔ اسے قلم لکھ کر خشک ہوچکی ہے۔ (اَب) اگر جملہ بنی آدم (تمام دنیا کے انسان) کوشش کریں۔ کہ! تجھے وہ کچھ دے دیں۔ جو کہ تیرے مقدر میں نہیں۔ تو ان کی جملہ کوششیں یکسر رائیگاں جائیں گیں۔ اور اگر وہ (یعنی دنیا کے تمام انسان) تجھے کچھ نقصان پہنچانا چاہیں۔ جو تیری قسمت میں لکھا ہی نہیں گیا۔ تو وہ (سب کے سب اپنی تمام تر قوتوں کے ساتھ) درماندہ ہوجائیں گے۔ اگر (تُو) یقین میں اللہ تعالیٰ سے سچائی بَرت سکتا ہے۔ تو (اپنے ہی فائدے کے حصول کے لئے لازمی طور پر) سچائی برت۔ اگر تجھ میں (سچائی برتنے کی) استطاعت نہیں۔ تو پھر کسی ایسی چیز پر صبر کر۔ جو تجھے ناپسند ہے۔ بہت بہتر ہے۔ جان لے کہ اللہ تعالیٰ کی مدد صبر کے ساتھ ہے۔ جبکہ کشائش ونجات مصیبت کے ساتھ ہے۔ اور تنگی کے بعد فراخی ہے۔ (کیونکہ! **فان مع العسر یسرا** ۔ ہر تنگی کے ساتھ آسانی ہے) مسندِ احمد بن حنبل

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اپنی کتاب ''آداب السلوک والتواصل الی المنازل الملوک'' میں فرماتے ہیں۔ کہ! جب بھی کسی انسان پر کوئی مصیبت آتی ہے۔ تو وہ اس مصیبت سے نکلنے کے لئے پہلے خود کوشش کرتا ہے۔ (اگر اپنی مدد آپ کے تحت اس مصیبت سے جان نہ چھڑا سکا۔ تو) پھر دوسروں (عزیز واقارب، دوست واحباب، امراء وسلاطین وحکمران وغیرہا) سے معاونت کا خواستگار ہوتا ہے۔ (اگر دوسروں کی مدد سے بھی اس مصیبت سے جان نہ چھڑا سکا۔ تو پھر وہ خود سے اور دیگر لوگوں سے مایوس ہوکر سب سے) آخر میں ربِ متعال کے حضور عاجزی وانکساری سے ملتمس ہوتا ہے۔ اور اللہ کریم کی بارگاہ میں سرِ نیاز جھکا دیتا ہے۔ اور جب

وہ اللہ تعالیٰ سے بھی دُعائیں کرکر کے تھک جاتا ہے۔اوراس کی دعا قبول نہیں ہوتی۔حتیٰ کہ انسان جملہ اسباب سے تعلق توڑ دیتا ہے۔تو ایسے بندے میں اللہ تعالیٰ اپنا حکم جاری فرما دیتا ہے۔ جب خالق اس شخص میں اپنا حکم صادر فرما دیتا ہے۔تو بندہ روحِ محض بن جاتا ہے۔(یعنی اس شخص میں بشریت دَم توڑ دیتی ہے۔اور روحانیت کارفرما ہوتی ہے) پھر وہ مصیبت زدہ ہر جہت اللہ کریم کے فعل کو ملاحظہ کرتا ہے۔پس وہ صاحبِ یقین اور موحد بن جاتا ہے۔اور اسے اس بات کا کامل ادراک حاصل ہوجاتا ہے۔کہ! حقیقی فاعل تو اللہ عزوجل ہی ہے۔اس کے سوا نہ تو کوئی حرکت دینے والا ہے۔اور نہ ہی حرکت روکنے والا ہے۔پھر وہ اپنے آپ کو تقدیر میں دے دیتا ہے۔جس طرح کہ ایک شِیر خوار بچہ دایہ کے ہاتھ میں یا ایک میت غسال کے ہاتھ میں یا پھر ایک گیند کسی کھلاڑی کے ہاتھ میں۔کہ جسے یہ لوگ جیسے بھی ادھر اُدھر پلٹیں، دائیں بائیں کریں،اوپر نیچے گھومائیں۔۔۔یعنی شِیر خوار بچہ، یا میت یا گیند کی اپنی کوئی مرضی نہیں چل سکتی۔بعینہٖ اسی طرح سے وہ مصیبت گرفتہ شخص بھی خود پر یہی کیفیت وحالت اپنا لیتا ہے۔اور وہ خود کو کلیۃً اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیتا ہے۔اور اپنے آپ سے غائب اور بعید ہوجاتا ہے۔پھر نہ تو وہ کوئی حرکت کرتا ہے اور نہ ہی دیکھتا سنتا یا سمجھتا ہے۔(کیونکہ وہ راضی برضا ہوجاتا ہے) پھر جب وہ کچھ کرتا ہے۔تو وہ اللہ کے فعل سے کرتا ہے۔جب دیکھتا ہے تو نورِ فراست سے دیکھتا ہے۔جب سنتا ہے تو محض اللہ تعالیٰ کے کہے کو ہی سنتا ہے۔اور وہ القاء والہام کے بغیر کچھ نہیں سمجھتا۔اس طرح ایسے شخص کو قربِ الٰہی اور معیتِ الٰہی حاصل ہوتے ہیں۔اسی ذاتِ حق پر بھروسہ، یقین اور توکل کرتا ہے۔اور وہ اسی کے نورِ ذاتی سے معرفت وہدایت حاصل کرتا ہے۔اور اسی کے عطا کردہ علومِ لدنی سے بہرہ ور ہوتا ہے۔

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ فرماتے ہیں۔کہ! بندہءمؤمن بقدرِ ایمان ویقین آزمایا جاتا ہے۔جس قدر ایمان راسخ اور یقین کامل ہوگا۔اسی قدر مصیبت و آزمائش سخت ترین ہوتی ہے۔رسولؑ کی آزمائش نبیؑ کی آزمائش سے زیادہ ہوتی ہے۔اسی طرح نبیؑ کی آزمائش ولیءکامل (غوث وقطب وابدال) سے زیادہ ہوتی ہے۔اوراسی طرح ولی کامل کی آزمائش عام انسان سے کہیں زیادہ ہوتی ہے۔۔۔کیونکہ ہر ایک کو ایمان ویقین، توکل وتسلیم ورضا کے مطابق ابتلاء وآزمائش کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔لیکن اسی آزمائش ومصیبت میں درجات ومقامات اور منازل بھی طے ہوتے چلے جاتے ہیں۔یاد رہے۔کہ! ابتلاء وآزمائش زحمت نہیں بلکہ رحمتِ خداوندی کا مؤجب ہے۔کیونکہ اس امتحان سے رب کسی کو اپنا محبوب بنالیتا ہے۔اور جسے اللہ کریم آزمانا چاہتا ہے۔تو اس کی مصیبت اور فقر کو دوام دے دیتا ہے۔اور پھر ان مصائب وآلام کو ایمان کی مدد سے دور فرماتا ہے۔حدیث کے الفاظ ہیں۔کہ! ہر نیک عمل کا ثواب اسی عمل کے بقدر رہوتا ہے۔مگر صبر کا ثواب اس کلیہ سے مستثنیٰ ہے۔(کیونکہ صبر کا ثواب بہت ہے) اللہ تعالیٰ میں فرماتا ہے۔کہ! **انما یو فی الصابرون اجر ھم بغیر حساب**۔(مصائب وآلام میں) صبر کرنے والوں کو ان کا اجر بے حساب دیا جائے گا۔(سورہ الزمر) اسی لئے تو اللہ تعالیٰ نہ صرف صابرین کے ساتھ ہے۔بلکہ صابرین کو بہت عزیز بھی رکھتا ہے۔ایک حدیث میں آتا ہے۔کہ! جب اللہ تعالیٰ کسی انسان سے محبت کرتا ہے۔تو اسے آزمائش میں ڈال دیتا ہے۔اگر وہ اس مصیبت پر صبر کرلے۔تو اللہ تعالیٰ اسے ہر چیز سے بے نیاز کر دیتا ہے۔اور ایسے شخص کو اپنا بنا لیتا ہے۔عرض کیا گیا۔کہ! یا رسول اللہ ﷺ! اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو کیسے بے نیاز کر کے اپنا بنا لیتا ہے؟ (تو آنحضور ﷺ نے) فرمایا۔نہ اس کے مال کو چھوڑتا ہے اور نہ ہی اس کی اولاد کو زندہ چھوڑتا ہے۔(دیلمی) چونکہ مال واولاد درحقیقت انسانی کمزوریاں ہیں۔اسی لئے انہیں فتنہ کے اسم سے ملقب کیا گیا ہے۔حضرت علی المرتضیٰؓ فرماتے ہیں۔کہ! جس میں صبر نہیں اس کا ایمان نہیں۔(یعنی ایمان کامل کرنے کی کی نشانی صبر وحلم کا ہونا ہے) نزولِ بلا جب دوام اختیار کرتی ہے۔تو خواہشاتِ نفسانی زائل ومتروک ہوجاتی ہیں۔اور ان کے نفس کی سرکشی بھی ٹوٹ جاتی ہے۔اوراس طرح سے اس کے سامنے حق وباطل آشکار ہوجاتے ہیں۔سب شہوات، نفسانی ارادے، نسوانیت پسندی، لذات وراحت کی طرف میلان یکسر ختم ہوجاتے ہیں۔یعنی دنیا میں نفس جس جس چیز کی طرف مائل ومشغول ہوسکتا ہے۔مصیبت وآزمائش کی وجہ سے یہ میلان بالکل ناپید ہوجاتا ہے۔اور وعدہءحق کی وجہ سے سکون وطمانیت حاصل ہوجاتی ہے۔اور انسان اللہ تعالیٰ کے ہر ہر فیصلے کے سامنے سرخم تسلیم کرنے اوراس کی اطاعت پر قناعت کرنے اور مصیبت پر صبر بلکہ شکر کرنے کی اہلیت کے درجہ پر فائز ہوجاتا ہے۔کیونکہ بلاء ومصیبت ہی عزم ویقین کو پختگی کے ساتھ استحکام بخشتی ہے۔اور ایمان صبر کو ثبات بخشتا ہے۔کیونکہ جب بھی دل کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے۔اور انسان اس مصیبت وتکلیف پر صبر کرتا ہے۔اور وہ کسی سے یا رب متعال سے کوئی شکایت نہیں کرتا۔اور فعلِ خداوندی کے سامنے سر جھکا دیتا ہے۔تو اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہوجاتا ہے۔اور اسے شکر کی توفیق عطا فرماتا ہے۔اور پھر اللہ تعالیٰ کی مدد سے، یعنی اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور رحمت سے اس کی نعمتوں میں اضافہ ہوجاتا ہے۔اور وہ مقامِ رضا پر فائز ہوجاتا ہے۔کیونکہ ''**لئن شکر تم لأ زید نکم**'' اگر تم پہلے احسانات کا شکر ادا کرو۔تو میں مزید اضافہ کروں گا۔

حضرت سلطان ابراھیم اُدھمؒ کا خواب :

حضرت ابراہیم بن ادھمؒ نے خواب میں دیکھا۔ کہ گویا وہ اللہ تعالیٰ کے حضور کھڑا ہے۔اور اللہ تعالیٰ فرما رہا ہے۔اے ابراہیم!

کیا تم کو مجھ سے یہ درخواست کرنے میں شرم نہیں آئی۔کہ میں تم کو ایسی شئے عطا کروں۔(کہ) جس کے ذریعے تمھارا قلب میری ملاقات کے بغیر ہی مطمئن اور پرسکون ہوجائے۔'' کیا کوئی عاشق (اپنے) معشوق کی ملاقات کے بغیر مطمئن اور پرسکون ہوسکتا ہے؟ پس میں (یعنی ابراہیم ادہمؒ) نے کہا۔اے میرے رب! میں مدہوش اور حیران ہوں۔اسی لیے میں نہیں جانتا۔کہ میں کیا کہوں؟ لہذا تُو مجھ کو بخش دے۔اور مجھ کو تُو ہی بتا دے۔کہ میں کیا عرض کروں؟ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔(کہ) تم اس طرح سے کہو۔ ''**اے میرے اللہ! تُو مجھ کو اپنی قضاء سے رضا مندی اور اپنی بلاء پر صبر عطا فرما۔ اور مجھ کو اپنی نعمتوں کے شکر کی توفیق عطا فرما**''۔ حضرت سری سقطیؒ نے فرمایا۔کہ! عارف کا سب سے اونچا اور بزرگ ترین مقام ''شوق'' ہے۔ اللہ تعالیٰ نے خود فرمایا۔کہ! میرے کچھ خاص بندے ہیں۔میں ان سے محبت کرتا ہوں۔وہ مجھ سے محبت کرتے ہیں۔میں ان کا مشتاق رہتا ہوں۔وہ میرے مشتاق رہتے ہیں۔میں ان کا ذکر کرتا ہوں۔وہ میرے ذکر میں مشغول رہتے ہیں۔میں ان کی طرف دیکھتا ہوں۔وہ میری طرف دیکھتے ہیں۔۔۔

ایک اچھے مسلمان کے اوصافِ جمیلہ اور اخلاقِ حمیدہ : (نصائح و وصایا اَز البلوشی)

یاد رہے۔کہ! نصیحت و وصیت کرنا اوران کی دلی خواہش کرنا، دونوں امور سہل ہیں۔مگران کا قبول کرنا اوران پرعمل پیرا ہونا دونوں امور نہایت مشکل ہیں۔کیونکہ ہر کوئی خود کو عقلِ کل، عالم لامحدود اور فلسفی گردانتا ہے۔مگر درحقیقت یہی عقل، علم اور فلسفہ ہی اُس کے لئے بہت بڑے حجابات ہیں۔

میرے بعد جب اُٹھے گا میرے علم و فن سے پردہ مجھے ڈھونڈتا پھرے گا یہ بے خبر زمانہ

☆ یاد رکھو۔کہ! قرآنِ حکیم شاہد ہے۔ہر مسلمان بلکہ انسان کا حقیقی خیرخواہ صِرف اور صِرف اللہ تعالیٰ ہی ہے۔اُس کے سوا نہ کوئی مددگار ہے نہ کوئی وکیل نہ کوئی کفیل نہ کوئی حاجت روا نہ کوئی مشکل کُشا۔اللہ تعالیٰ پر توکل کرنے والا، اور اللہ تعالیٰ سے ہی مدد مانگنے والا ہی کامیاب و کامران، شاد و آباد رہتا ہے۔ ☆ یاد رکھو۔کہ! قرآنِ حکیم شاہد ہے۔شرک سب سے بڑا اور عظیم گناہ ہے۔جو شرک سے بچا۔اپنی زبان، ہاتھ اور شرمگاہ کو محفوظ رکھا۔وہی حقیقی جنتی ہے۔ ☆ یاد رکھو۔کہ! قرآنِ حکیم شاہد ہے۔اگر تم تقویٰ اختیار کرو گے۔تو اللہ تعالیٰ تم سے سیئات (گناہ، برائیاں) دور فرما دے گا۔اور تم کو ایسی جگہ سے رزق عطا فرمائے گا۔جہاں تمہارا گمان بھی نہ ہوگا۔اور تم کو ایسی مشکل اور مصیبت سے نجات عطا فرمائے گا۔جہاں سے نکلنا مشکل ہوگا۔ ☆ یاد رکھو۔کہ! قرآنِ حکیم شاہد ہے۔اللہ کی اطاعت رسولؐ کی اطاعت ہے اور رسولؐ کی اطاعت اللہ کی اطاعت ہے۔اللہ کی محبت اطاعت الرسول میں مضمر ہے ☆ یاد رکھو۔کہ! نماز میں ذکر، درود شریف، سجدہ، تسبیح و تہلیل اور تمہید سب موجود ہیں۔لہذا سب سے بہترین ذِکر نماز کا قائم کرنا ہے۔☆ یاد رکھو۔کہ! قرآنِ حکیم شاہد ہے۔نیکیاں (گذشتہ) بُرائیوں (گناہوں) کو مٹا دیتی ہیں۔خوفِ الٰہی میں اخلاص کے ساتھ آنسو بہانا جہنم سے نجات کا سبب بنتا ہے۔☆ یاد رکھو۔کہ! ہمارے جسم کا ہماری ذات پرحق ہے۔کہ! ہم اپنے جسم کو جہنم (دوزخ) کی آگ سے محفوظ رکھیں۔اور اس کا طریقہ بالکل واضح ہے۔کہ! امر بالمعروف پرمکمل عمل پیرا ہونا جبکہ نہی عن المنکر سے مکمل کنارہ کشی اِختیار کرنا۔ ☆ یاد رکھو۔کہ! ہر نماز سے قبل وضو کرو۔وضو بھی ایک بہت بڑی نیکی ہے۔صحیح مسلم شریف میں آیا ہے۔کہ! آنحضور ﷺ نے فرمایا۔کہ! جوشخص اچھی طرح وضو کرے۔پھر یہ کہے۔**اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ و اشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ** ۔ تو اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دئے جاتے ہیں۔جس میں سے چاہے۔(جنت کے اندر) داخل ہو جائے۔ ☆ یاد رکھو۔کہ! قرآنِ حکیم شاہد ہے۔اللہ تعالیٰ سے ہر وقت مغفرت طلب کرنے کے کثیر فوائد ہیں۔جیسے کہ! مغفرت طلب کرنے والے کو اللہ تعالیٰ بخش دے گا۔ مغفرت طلب کرنے والے کو اللہ تعالیٰ عذاب نہیں دے گا۔مغفرت طلب کرنے والے کو اللہ تعالیٰ ایک مقررمدت تک فائدہ عطا کرتا رہے گا۔مغفرت طلب کرنے والوں پر اللہ تعالیٰ بارش برسائے گا۔مغفرت طلب کرنے والے کو اللہ تعالیٰ تمہاری قوت کے ساتھ مزید طاقت میں اضافہ فرما دے گا۔☆ یاد رکھو۔کہ! ایک انسان کے لئے دُنیا کی سب سے بڑی اور عظیم دولت اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا اقرار کرنا اور اسی بات پر قائم رہنا ہے۔☆ یاد رکھو۔کہ! اگر تم آنکھ کو غیر محرمات کے دیکھنے سے، زبان کو جھوٹ غیبت بہتان سے اور ہاتھوں، پاؤں، شرمگاہ کو غلط کاموں سے اور پیٹ کو حرام غذا سے لازمی روکو۔ورنہ دینی، دُنیاوی اور اُخروی حیات میں بہت بڑا نقصان کر بیٹھو گے۔جس کا مداوہ ناممکن ہوگا۔چہ جائیکہ **توبۃ النصوحہ** نہ کرو۔☆ یاد رکھو۔کہ! اپنے قلب و نفس کی معرفت حاصل کرو۔لہذا اپنی زبان، آنکھ، ہاتھ، کان، پیٹ اور شرمگاہ کا لازمی تزکیہ کرو۔نفسانی، شیطانی، شہوانی، نسوانی مکر و فریب سے خود کو محفوظ رکھو۔تاکہ آپ اور ہم سب فلاح پائیں۔ ☆ یاد رکھو۔کہ! پیسوں میں خیر و برکت کا ذریعہ اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم اور رحمت ہی ہے۔نہ آپ کی محنت اور نہ کوشش۔ ☆ لہذا ایک اچھے مسلمان کو اپنی زبان، ہاتھ، آنکھ اور شرمگاہ پر قابو اور گناہوں سے بچنے کی قدرت حاصل ہونی چاہیئے۔نماز پنجگانہ، تقوٰی، توکل، سچائی، زیادہ تر خاموش رہنا، خوش اخلاق ہونا، ہر لحہ اللہ تعالیٰ کے عشق میں محو رہنا، نظریں جھکائے رکھنا، اکل حلال، صدق قال، کم خوردن، کم خوابیدان، تنہائی پسند، بہر وقت باوضو رہنا، قانع، صابر، شاکر، سخی اور ہنس مکھ ہونا اچھے اور نیک مسلمان کی علامات اور نشانیاں ہیں۔ایسا شخص ہمیشہ بات کرتے وقت حد درجہ خوش اخلاقی کے ساتھ پیش آتا ہے۔یعنی جھوٹ وغیبت، بغض وعداوت، کینہ وحسد، غصیلا پن، لالچ وبخل اور حرصِ طعام سے اجتناب کرنا ایسے شخص کے خصائل ہیں۔ ایسا شخص ہر وقت اپنی زبان کو ذِکرِ الٰہی سے تر رکھتا ہے۔ایسا شخص صرف اور صرف اللہ تعالیٰ پر مکمل یقین، بھروسہ، توکل کرتے ہوئے اور فرائض کی بااحسن طریقے سے ادائیگی کرتے ہوئے اپنی پوری زندگی گزارتا ہے۔ ☆ یاد رکھو۔کہ! رجب و شعبان اور رمضان کے مہینوں کے نہایت کثیر فوائد، فضائل اور خصائل ہیں۔ رجب ''اللہ تعالیٰ کا، شعبان'' حضرت رسولِ مکرم ﷺ کا جبکہ رمضان حضور ﷺ کی اُمت کا مہینہ ہے۔لہذا ہمیں چاہیئے۔کہ! اللہ تعالیٰ کے ماہ میں زیادہ سے زیادہ تلاوتِ قرآنِ حکیم، تحمید، تہلیل (بالخصوص لا الہ الا اللہ کا ورد)، تسبیحات (یعنی سبحٰن اللہ۔۔۔۔ والے اوراد) کو ذکر جلی وخفی سے کیا جائے۔اسی طرح سے ماہ شعبان میں درود و سلام کی کثرت کے ساتھ ساتھ سیرتِ النبی ﷺ اور شمائلِ نبویہ ﷺ کا مطالعہ کیا جائے۔اور رمضان میں نوافل (بالخصوص تہجد) کی ادائیگی، استغفار کی کثرت، زیادہ سے زیادہ مسجد میں اطاعت الٰہی کے ساتھ وقت صَرف کیا جائے۔مزید برآن یہ کہ رمضان کے تین عشروں کو تین مقاصد و مطالب کے حصول کے لئے وقف کیا جائے۔چونکہ پہلا عشرہ رحمت ہے۔لہذا اللہ تعالیٰ کی رحمت طلب کی جائے۔دوسرا عشرہ مغفرت کا ہے۔لہذا اللہ تعالیٰ سے استغفار کرکے اپنے گناہوں کی مغفرت اور معافی طلب کی جائے۔اور تیسرا عشرہ جہنم سے نجات کا ہے تو چاہیئے۔کہ! اللہ تعالیٰ سے جہنم سے آزادی کے اعمال اور دُعائیں کی جائیں۔جبکہ باقی نو ماہ کو بھی فرائض کی ادائیگی میں ہی صَرف کیا جائے۔اطاعتِ الٰہی ہم پر بہرصورت فرض ہے۔

مجھ پہ تحقیق میرے بعد کرے گی دُنیا مجھ کو سمجھیں گے میرے بعد زمانے والے

یارب العالمین	تعارفِ قرآنِ حکیم ۔ زندگی گذارنے کے قطعی رہنما اصول، قواعد و ضوابط نصائح ، وصایا ، گذارشات	یاحی یاقیوم

تعارفِ قرآن بزبانِ قرآن

میرا (البلوشی) کا دعوٰی بلکہ عقیدہ وایمان ہے۔کہ! انسان کی بہترین زندگی کا کل دارومدار فقط قرآنی تعلیمات اورسنتِ نبویہؐ میں مضمر ہے۔
اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم اور رحمتِ کاملہ سے مَیں اپنی ذات کے لئے ،اپنی ازواج واولاد،اعزاء واقربا،احباب ورفقاء،معتقدین ومحبین کے لئے چند قرآنی آیات کواس کتاب ''اسرارِمحبوب کامل'' کی زینت بنانے کا شرف اوراعزاز حاصل کررہاہوں۔چونکہ ہم پر لازم ہے۔کہ! ((**اتبعوا ما انزل اللہ** ۔جواللہ تعالیٰ نے اُتارا۔) کی لازمی اتباع کریں۔**وذکر فان الذکری تنفع المؤ منین** ۔اورنصیحت کریں۔یقیناً نصیحت نفع پہنچاتی ہے مومنوں کو۔(القرآن) **ذٰلک الکتاب لا ریب ج فیه ج ھدی للمتقین** ۔یہ اللہ تعالیٰ کی کتاب (یعنی قرآنِ مجید) ہے۔اس میں قطعًا کوئی شک نہیں۔اس (کتاب یعنی قرآنِ حکیم) میں ہدایت ہے متقین (پرہیزگاروں) کے لئے۔(سورہ البقرہ) قرآنِ حکیم سے ہدایت نہ پانے کی ایک بڑی وجہ عدم تقوٰی ہی ہے۔ (اسی طرح سے قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔کہ!) **اِنَّ ھٰذَا الْقُرْآنَ یَھْدِیْ لِلَّتِیْ ھِیَ اَقْوَمُ وَ یُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِیْنَ الَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَھُمْ اَجْرًا کَبِیْرًا لا** ۔یقیناً! یہ قرآن وہ راستہ دکھاتا ہے۔جوسب سے سیدھا ہے۔اورجومؤمنین اس (قرآن حکیم) پر ایمان لاکرنیک اعمال کرتے ہیں۔ان کو (یہی قرآن) خوشخبری دیتا ہے۔کہ! ان کے لئے بڑا (عظیم) اجر ہے۔(سورہ الاسراء۔آیت نمبر09) **ان الذین لا یؤ منون باٰیت اللہ لا یھدیھم اللہ و لھم عذاب الیم** ۔جولوگ اللہ تعالیٰ کی (نازل کردہ) آیات پر ایمان نہیں رکھتے۔انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے رہنمائی بھی نہیں ہوتی۔اوران کے لئے المناک عذاب (تیار) ہیں۔ **ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ** ۔اگرتم (واقعتًا) اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہو۔تو میری اطاعت (یعنی سنتِ نبویہ ﷺ پر عمل) کرو۔(کیونکہ) اگرتم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہو۔تو میری اتباع کرو۔(کیونکہ میری اتباع کرنے سے اللہ تعالیٰ بھی تم سے محبت کرے گا۔ان شاءاللہ) **یحببکم اللہ ویغفر لکم ذنو بکم واللہ غفور رحیم** ۔(تو) اللہ تعالیٰ خودبھی تم سے محبت کرے گا۔(بلکہ) تمہارے گناہ بھی معاف کرے گا۔(کیونکہ) اللہ تعالیٰ بہت ہی بخشش والا ہے۔(**من یطع الرسول فقد اطاع اللہ** ۔جس نے حضرت نبی مکرم ﷺ کی اطاعت (فرمانبرداری) کی۔توبے شک اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی) اور چنداپنی ذاتی آراء سے چند نصائح،وصایا اوراحکاماتِ الٰہیہ تحریر کرکے رب متعال سے ثوابِ دارین اورسعادت ابدی حاصل کرنے کا متمنی وملتجی ہوں۔((اسی طرح سے قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔کہ!) **و کل شیء فصلنا ہ تفصیلا** ۔(ترجمہ) اورہم نے ہرشئے کو (قرآنِ پاک میں) پوری تفصیل کے ساتھ واضح کردیا ہے۔(سورہ بنی اسرائیل۔12) جس میں اللہ تعالیٰ کی جانب سے بہت بڑا اجر اورحضرت رسولِ مکرم ﷺ کی خوشی ہے۔(کیونکہ بمطابق حدیث) نیکی کی راہ دکھانے والا ایسا ہی ہے۔جیسے اِس نے (خود) نیکی کی۔اللہ تعالیٰ کے حق وسچ کلام یعنی قرآنِ حکیم کے مطابق (کیونکہ **ومن اظلم ممن افترٰی علی اللہ کذب** ۔اس سے بڑھ کرظالم کون ہوگا۔جواللہ تعالیٰ پرجھوٹ باندھے) (قرآن میں ہے) **اجیبوا داعی اللہ** ۔(ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے منادی کی بات پر لبیک کہو۔(بمطابق قرآنِ حکیم) **تنزیل الکتٰب لا ریب فیه من رب العالمین** ۔(سورہ سجدہ۔آیت نمبر02) اس کتاب (یعنی قرآنِ کریم) کی تنزیل (نزول) بلاشبہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔(بمطابق قرآنِ حکیم) **ھذا بیان للناس وھدی و موعظة للمتقین** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر138) یہ کلام (یعنی قرآنِ کریم) عام لوگوں کے لئے تو (محض ایک) بیان ہے۔اور پرہیزگاروں کے لئے ہدایت ونصیحت ہے۔(بقولِ قرآن) **ھذا بصآئر للناس وھدی و رحمة لقوم یو قنون** ۔یہ قرآنِ حکیم لوگوں کے لئے بصیرت کے بیانات کا مجموعہ ہے۔اورجولوگ یقین رکھیں۔ان کے لئے منزل مقصودتک پہنچانے کا ذریعہ اورسراپارحمت ہے۔(سورہ جاثیہ۔آیت نمبر20) اورجگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! **یبین اللہ لکم ان تضلوا** ۔اللہ تعالیٰ آپ کے لئے احکامات کی وضاحت کرتا ہے۔تاکہ تم گمراہ نہ ہوجاؤ۔(سورہ نساء۔آیت نمبر176) اورجگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! **وانه لھدی و رحمة للمؤ منین** ۔اوریقیناً (یہی قرآنِ حکیم) مومنوں کے لئے ہدایت اوررحمت ہے۔**و ذکر فان الذکری تنفع المؤ منین** ۔اورنصیحت کرتے رہو۔کہ! نصیحت مومنوں کونفع فراہم کرتی ہے۔ (یادرہے۔کہ!سب سے پیاری اوراعلیٰ درجہ کی نصیحت قرآن ہی ہے) **و لقد صر فنا للناس فی ھذا القرآن من کل مثل ز فابی اکثر الناس الا کفورا** ۔ اورہم نے تواس قرآن میں لوگوں لے سمجھنے کے لئے طرح طرح کی مثالیں (علم وحکمت کے کثیر بیانات) بیان کی ہیں۔مگر (پھربھی) اکثر لوگ بازنہیں آتے (سورہ اسرائیل۔آیت نمبر 89) (بمطابق قرآنِ حکیم) **کتٰب انزل الیک فلا یکن فی صدرک حرج منه لتنذر به و ذکرٰی للمؤ منین** ۔(سورہ اعراف۔آیت نمبر02) (اے پیغمبر ﷺ!) یہ کتاب ہے۔جوتم پراس لئے اتاری گئی ہے۔کہ تم اس کے ذریعے لوگوں کوہوشیارکرو۔لہٰذا اس کی وجہ سے آپ ﷺ کے دل میں کوئی پریشانی نہیں ہونی چاہیئے۔اورمومنین کے لئے یہ (قرآنِ حکیم اوراس میں موجودتمام باتیں) ایک نصیحت کا پیغام ہے۔**و نزلنا علیک الکتٰب تبیانا لکل شیء و ھدی و رحمة و بشرٰی للمسلمین** ۔اورہم نے آپ پر یہ کتاب نازل فرمائی ہے۔جس کے اندرہرچیز کا شافی بیان اورہدایت،رحمت وخوشخبری ہے مسلمانوں کے لئے۔**و اتل ما اوحی الیک من کتاب ربک ۔لا مبدل لکلمٰته ۔ولن تجد من دو نه ملتحدا** o (سورہ کہف۔27) تیری جانب جوتیرے رب کی کتاب (قرآنِ مجید) وحی کی گئی ہے اسے پڑھتے رہیں۔اِس کی باتوں کوکوئی بدلنے والانہیں۔آپ اِس کے سواہرگزہرگزکوئی پناہ کی

جگہ نہ پائیں گے۔(قرآن میں ہے۔کہ!) **ھو للذین اٰمنوا ھدی و شفآء** ۔یہ تو ایمان والوں کے لئے ہدایت وشفاء ہے۔(سورہ حٰم السجدہ۔44)
قل لئن ا جتمعت ا لا نس و ا لجن علی ان یا توا بمثل ھذا ا لقرآن لا یا تون بمثلہ ولو کان بعضھم لبعض ظھیر ا ۔کہہ دیجئے۔کہ! اگر تمام انسان اورکل جنات مل کراس قرآن کے مثل لانا چاہیں۔تو ان سب سے اس کے مثل لانا ناممکن ہے۔گووہ (آپس میں) ایک دوسرے کے معاون بھی بن جائیں۔(قرآنِ حکیم میں آیا ہے) **و ما یعزب عن ربک من مثقال ذرۃ فی الارض ولا فی السمآء ولا اصغر من ذٰلک ولا اکبر الا فی کتٰب مبین** o (سورہ کہف،آیت نمبر۔61) ترجمہ:اورآپ کے رب سے کوئی چیز ذرہ برابر بھی غائب (چھپی ہوئی) نہیں،نہ زمین میں نہ آسمان میں۔اور نہ کوئی چیز اِس سے چھوٹی اور نہ کوئی چیز بڑی،مگر یہ سب (کچھ) کتابِ مبین میں موجود ہے۔(سورہ کہف،آیت نمبر۔61) ایک اورجگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ **و کل شیء فصلنا ہ تفصیلا** ۔(ترجمہ) اورہم نے ہر شئے کو (قرآنِ پاک میں) پوری تفصیل کے ساتھ واضح کر دیا ہے۔(سورہ بنی اسرائیل۔12) **و لا ر طب و لا یا بس ا لافی کتاب مبین** ۔(ترجمہ) روشن کتاب (یعنی قرآنِ حکیم) میں ہر تر وخشک شئے کولکھ دیا گیا۔ **ا ن ا لذین یکتمون ما انزلنا من ا لبینٰت وا لھدٰی من م بعد ما بینہ للناس فی ا لکتاب لا اولئک یلعنھم ا للہ و یلعنھم ا للعنون o لا ا لذین تا بوا اصلحوا و بینوا فاولئک اتوب علیھم ج وانا ا لتواب ا لر حیم o** ۔(ترجمہ) یقیناً! وہ لوگ جو ہماری نازل کردہ حکموں اور ہدایت کو چھپاتے ہیں۔باوجودیکہ ہم اسے اپنی کتاب میں لوگوں کے لئے بیان کر چکے ہیں۔ان لوگوں پر اللہ تعالیٰ کی اور تمام لعنت کرنے والوں کی لعنت ہے۔مگر وہ لوگ جو توبہ کر لیں۔اور اصلاح کرلیں۔اور بیان کر دیں۔تو میں ان کی توبہ قبول کر لیتا ہوں۔اور میں تو بہ قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا ہوں۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 160 - 159)
ھٰذَا بیان للناس و ھدی و موعظۃ للمتقین o عام لوگوں کے لئے تو یہ بیان (یعنی یہ صرف قرآنِ) ہے۔اور پرہیز گاروں کے لئے ہدایت اور نصیحت ہے۔(سورہ آلِ عمران،آیت نمبر۔138) **ان فی ذٰلک لذکریٰ لمن کان لہ قلب او القٰی السمع وھو شھید o** (سورہ قٓ۔آیت نمبر۔37) یقیناً! اس (قرآن) میں اس شخص کے لئے بڑی نصیحت کا سامان موجود ہے۔جس کے پاس دل ہو۔یا جو بغور (قرآنِ حکیم کو) سنے۔

سوال۔قرآنِ حکیم کی آیات کا جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوگا ؟

جواب۔**واغرقنا الذین کذبوا با یٰتنا** ط (سورہ اعراف۔آیت نمبر 64) اور جن لوگوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا۔(تو ہم نے) اُن کو غرق کر دیا۔**و قطعنا دابر الذین کذبوا با یٰتناوما کانوا مؤ منین** (سورہ اعراف۔آیت نمبر 72) اور ہم نے ان کی جڑ کاٹ دی۔جن لوگوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا۔اوروہ ایمان لانے والے نہ تھے۔(اسی طرح قرآن میں ہے) **والذین کفروا و کذبوا باٰیتنا اولئک اصحٰب النار.ھم فیھا خٰلدون** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 39) اور جو (جن وانس یا دیگر مخلوقات) انکار کر کے ہماری آیات کو جھٹلائیں وہ جہنمی ہیں۔اور ہمیشہ اسی میں رہیں گے۔

سوال۔ قرآنِ حکیم کی تعلیمات کے مطابق تخلیق انسانیت کا مقصد کیا ہے ؟

جواب۔ **وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون. وما خلقھم للھو س وما خلقھم للعب ما خلقھم للا کل والشرب والنوم والنکاح** ۔(ترجمہ) اورانس وجن کو ہم نے (محض) اپنی عبادت کے لئے پیدا فرمایا ہے۔انہیں ہوس،کھیل کود،کھانے پینے اور نکاح کرنے کے لئے پیدا نہیں کیا۔(ایک اور جگہ آیا ہے۔کہ!) **وما امروا الا لیعبدو اللہ مخلصین لہ الدین حنفآء** ۔(ترجمہ) اورانہیں یہی حکم ہوا۔کہ ہر چیز سے کنارہ کش ہو کر (فقط) اللہ تعالیٰ کی بندگی کریں۔(سورہ ءالبینہ) **و ا صطنعتک لنفسی** ۔میں نے تجھے (اے انسان) اپنی ذات کے لئے بنایا ہے۔میرے (البلوشی) کے خیال کے مطابق عبادت کامفہوم درحقیقت اللہ عزوجل کے ساتھ انتہائی محبت کے ساتھ اُسی ذاتِ اقدس کی حضوری میں پہچان (معرفت) ہی اصل عبادت ہے۔

☆ (مذاہب میں سے صِرف اسلام ہی اللہ کومحبوب ہے) **ان الدین عنداللہ الاسلام** ۔بیشک! دین تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک (صِرف) اسلام ہی ہے۔(اسی لئے یہ حکم رحمانی ہے۔کہ) **ادخلوا فی السلم کا فۃ** ۔ اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ۔(القرآن) اور ہر جگہ اللہ تعالیٰ کے دین کو لے آؤ۔کیونکہ! **ویکون الدین کلہ للہ** ۔ اور سارا دین (ہر جگہ پر) اللہ تعالیٰ ہی کا ہو جائے۔(سورہ انفال۔39) اسی طرح ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! **ومن یبتغ غیرالاسلام دینا فلن یقبل منہ وھوفی الاٰ خرۃ من الخٰسرین** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 85) جو (بھی) شخص اسلام کے سوا اور (کوئی) دین تلاش کرے۔اس کا دین (اللہ تعالیٰ کے ہاں) قبول نہیں کیا جائے گا۔اوروہ آخرت میں نقصان پانے والوں میں سے ہوگا۔(بمطابق حدیث) مسلمان وہ ہے۔جس کے ہاتھ اورزبان سے تمام مسلمان محفوظ رہیں۔☆ جو مردعمدہ طریق پراسلام لایا۔اِس نے تمام لُغویات سے کنارہ کشی اختیار کر لی۔☆ مسلمان ہوجاؤ۔تا کہ بچ جائے۔☆ حضرت سیدنا عبادہ بن صامتؓ حضرت نبی مکرم ﷺ سے بیان کرتے ہیں۔کہ! آپ ﷺ نے فرمایا۔کہ! جس شخص نے گواہی دی **(لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ وان محمدا عبدہ ورسولہ ، وان عیسی عبداللہ و رسولہ و کلمۃ القاھا الی مریم وروح منہ ، والجنۃ حق ، والنار حقہ)** اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں۔وہ وحدہ لاشریک ہیں۔حضرت محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے بندے اوررسولؐ ہیں۔اورحضرت عیسیٰؑ اللہ تعالیٰ کے رسولؐ،بندے اورکلمہ ہیں۔جواس نے حضرت مریمؑ کی طرف القاءفرمایا۔اوروہ روح اللہ ہیں۔اور جنت اور جہنم برحق ہیں۔'' چاہےاس کے اعمال جیسے بھی ہوں۔(تو) اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کر دیں گے۔(ان شاءاللہ العظیم) (بمطابق حدیث) **دین اللہ یسرا** ۔ اللہ تعالیٰ کا دین تو (عمل کرنے اور سمجھنے کے لئے بہت ہی) آسان ہے۔ (صحیح بخاری۔ صحیح مسلم)

☆ (قرضدارکومہلت دو) **وان کان ذو عسرۃ فنظرۃ الی میسرۃ** ۔اگر قرض دینے والا تنگ دَست ہو۔تو اسے کشائش کے حصول تک کی مہلت دو۔

جملہ مصائب اور فتنوں سے نجات کا واحد راستہ قرآن ہے۔ اور قرآن کی بہترین تفسیر قولِ رسول ﷺ اور سنتِ رسول ﷺ ہے۔

جیسے ترمذی اور دارمی وغیرہ نے حارث اعور کے طریق پر حضرت علی المرتضیٰؓ سے روایت کی ہیں۔ کہ انہوں نے حضرت سید المرسلین خاتم الانبیاء ﷺ سے سنا ہے کہ! ''عنقریب وہ وقت آنے والا ہے جب کہ فتنے برپا ہوں گے۔ میں نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ! پھر اِن فتنوں سے نکلنے کا کیا ذریعہ ہوگا؟ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! کتاب اللہ (قرآن مجید) اُس میں تم سے قبل کے حالات اور تم سے بعد کی خبریں اور تمھارے مابین (موجودہ امور) کا حکم ہے۔ اور فصل (قولِ فیصل) ہے کوئی ہزل (ظرافت) نہیں جو شخصِ جبارا سے چھوڑ دے گا رب ذوالجلال اُس کو توڑ ڈالے گا۔ اور جو شخص قرآن پاک کے ماسوا کسی اور کتاب میں ہدایت کو تلاش کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اُس کو گمراہ کردے گا۔ قرآنِ مجید ہی اللہ تعالیٰ کی استوار رسی ہے۔ وہی ذکرِ حکیم اور وہی صراطِ مستقیم ہے۔ قرانِ مجید ہی (وہ واحد ہدایت کرنے والی) چیز ہے کہ جس کو نفسانی خواہشات لغزش میں نہیں لاسکتیں۔ اور زبانیں اس کے ساتھ ملتبس نہیں ہوسکتیں۔ علمائے کرام اُس کے علم سے آسودہ نہیں ہوا کرتے اور باوجود ادھر اُدھر بکثرت پھیرے جانے کے پرانا اور زرد نہیں ہوتا۔ اور اس کے عجائبات ختم ہونے میں نہیں آتے۔ اُس کے مطابق کہنے والا سچا اور اُس پر عمل کرنے والا مستحق اجر ہوجاتا ہے۔ اور اُس کے موافق حکم دینے والا عادل ہوتا ہے اور اُس کی جانب دعوت دینے والا راہ راست کی طرف ہدایت پاتا ہے۔ ☆ دارمی نے حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی حدیث سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ! ''اللہ تعالیٰ کے نزدیک آسمانوں اور زمین میں اور جو کچھ اِن دونوں میں ہے اُن سب سے قرآن مجید ہی زیادہ محبوب ہے'' ☆ ایک حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے۔ کہ! تم لوگ اللہ تعالیٰ کا قرب اس چیز سے بڑھ کر کسی اور چیز سے حاصل نہیں کرسکتے۔ (کہ) جو خود اللہ تعالیٰ (ہی) سے نکلی ہو۔ یعنی قرآن۔ ☆ احمد اور ترمذی نے شداد بن اوسؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''جو مسلمان لیٹے ہوئے کتاب اللہ کی کوئی سورہ پڑھ لیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اُس پر ایک فرشتہ کو محافظ مقرر کردیتا ہے اور فرشتہ کسی اذیت دینے والی چیز کو اُس کے پاس نہیں آنے دیتا یہاں تک کہ جس وقت وہ مسلمان بیدار ہوتا ہے اُس وقت وہ فرشتہ بھی اپنی (اُس شخص کی حفاظت کی) خدمت سے سبکدوش ہوجاتا ہے۔'' ☆ حضرت عبداللہ بن عمرؓ کی حدیث سے روایت ہے۔ کہ! ''جس شخص نے قرآن پاک کو پڑھا تو بے شک اُس کے دونوں پہلوؤں کے مابین نبوت کا استدراج ہوگیا مگر فرق یہ ہے اُس پر وحی نہیں بھیجی جاتی، صاحب القرآن کو یہ بات سزاوار نہیں کہ وہ جد کلام اللہ کو اپنے جوف (پیٹ) میں رکھتے ہوئے جد (متانت کا برتاؤ) کرنے والے کے ساتھ جد کرے اور اُسے جہالت کرنے والے کے ساتھ جہالت بھی کرنی چاہیئے۔'' (حاکم) ☆ بزار نے انسؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''جس گھر میں قرآن مجید پڑھا جاتا ہے۔ اُس (گھر) میں خیر و برکت بکثرت ہوا کرتی ہے اور جس گھر میں قرآنِ پاک نہیں پڑھا جاتا اُس کی خیر و برکت کم ہوجاتی ہے''۔ ☆ ابویعلی اور طبرانی نے ابوہریرہؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''قرآن مجید میں ایسی تونگری ہے۔ کہ اُس کے بعد فقر ہوتا ہی نہیں۔ اور نہ ہی اُس کے برابر کوئی اور تونگری ہے۔'' ☆ حاکم نے ابوہریرہؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''قیامت کے دن صاحب قرآن (جب) حشر میں آئے گا تو قرآنِ پاک کہے گا اِس (قرآنِ پاک کے پڑھنے والے شخص) کو لباس آراستہ پہنا دے چنانچہ اُس کو بزرگی کا تاج پہنایا جائے گا پھر قرآنِ پاک کہے گا آپ اِس کو اور زیادہ مرتبہ عطا فرمائیں اور اِس سے راضی ہوجائیں اور خدائے ذوالجلال اُس سے راضی ہوجائے گا اور اُس کو حکم دے گا کہ ایک ورق پڑھ، اور ہر ایک آیت کے عوض اُس کی ایک نیکی بڑھائے گا۔''

جنت الفردوس تک لے کر جانے والے اعمال کون سے ہیں ؟ (قرآن حکیم کی روشنی میں)

اللہ تعالیٰ سورہ مومنون کی آیت 1 سے 11 تک میں فرماتا ہے۔ کہ ! قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ. الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ. وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ . وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فَاعِلُوْنَ . وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ . اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ . فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ . وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُوْنَ . وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ . اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوَارِثُوْنَ . الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ط هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ . (ترجمہ) یقیناً! ایمان والے ہی مراد کو پہنچے۔ جو اپنی نماز میں گڑگڑاتے ہیں۔ (یعنی نماز میں خشوع کرنے والے) اور وہ جو کسی بیہودہ بات کی طرف التفات نہیں کرتے۔ اور وہ کہ زکوٰۃ دینے کا کام کرتے ہیں۔ اور وہ جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ مگر اپنی بیبیوں یا جو اِن کے ہاتھ کی مِلک (یا شرعی باندیوں) ہیں۔ کہ ان پر کوئی ملامت نہیں۔ تو جو اِن کے سوا کچھ اور چاہے، (یعنی زنا، لواطت یا مشت زنی وغیرہا) وہی حد سے بڑھنے والے ہیں۔ اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کا پاس رکھنے والے ہیں۔ اور وہ جو اپنی نمازوں کی نگہبانی کرتے ہیں۔ یہی لوگ (حقیقی طور پر) وارث ہیں۔ کہ فردوس کی میراث پائیں گے۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ **سورہ مومنون۔**

حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ کہ! مجھ پر دس (ایسی) آیات اُتری ہیں۔ جو اِن پر جَم گیا۔ وہ جنتی ہوگیا۔ (اسی طرح سے) حضرت عائشہ صدیقہؓ نے فرمایا۔ آنحضور ﷺ کا خُلق (درحقیقت) قرآنِ حکیم ہے۔ (اور اسی طرح سے) جامع ترمذی شریف میں حضرت عمرؓ روایت ہے۔ (حضور ﷺ) فرمایا کہ! مجھ پر دس ایسی آیات نازل ہوئیں۔ جس نے اِن پر عمل کیا۔ (وہ) جنت میں داخل ہوجائے گا۔

نیک ، سچے اور متقی لوگ کون ہیں ؟ (قرآن حکیم کی روشنی میں)

اللہ تعالیٰ قرآنِ حکیم میں حضرتِ انسان سے مخاطب ہے ۔کہ! ولٰکن البر من اٰمن باللہ والیوم الاٰخر والملٰکۃ والکتب والنبیین ج واتی المال علی حبہ ذوی القربی والیتٰمٰی والمسٰکین وابن السبیل لا والسائلین و فی الرقاب ج واقام الصلٰوۃ واتی الزکٰوۃ ج والموفون بعھدھم اذا عٰھدوا ج والصبرین فی الباسآء والضراء و حین الباس ط واولٰئک الذین صدقوا ط واولٰئک ھم المتقون ۔(ترجمہ) اچھا شخص تو وہ ہے۔جو اللہ تعالیٰ پر، قیامت کے دن پر، اللہ تعالیٰ کی کتاب پر اور انبیائے کرامؑ پر ایمان رکھنے والا ہو۔جو مال سے محبت کرنے کے باوجود قرابت داروں، یتیموں، مساکین، مسافروں اور سائلین کو دینے والا ہو۔غلاموں کو آزاد کرے۔نماز کی پابندی کرے۔زکٰوۃ کی ادائیگی کرے۔جب وعدہ کرے۔ تو اسے پورا کرے۔تنگ دستی، دُکھ درد اور لڑائی کے وقت صبر کرے۔یہی سچے لوگ ہیں۔اور یہی (لوگ) پرہیز گار ہیں۔

☆ سچے مومن کون لوگ ہیں؟ انما المؤمنون الذین اذا ذکر اللہ وجلت قلوبھم واذا تلیت علیھم اٰیتہ زادتھم ایمانا و علی ربھم یتوکلون . الذین یقیمون الصلوۃ ومما رزقنھم ینفقون . اولٰئک ھم المؤمنون حقا لھم درجت عند ربھم و مغفرۃ ورزق کریم ۔ سچے مومن تو وہ (لوگ) ہیں۔کہ جب ان کے سامنے اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جائے۔تو ان کے دل کانپ اُٹھتے ہیں۔اور جب انہیں اللہ تعالیٰ کی آیات سنائی جائیں۔تو ان کا ایمان بڑھ جاتا ہے۔اور وہ (صرف اور صرف) اپنے رب پر ہی بھروسہ کرتے ہیں۔وہ نماز قائم کرتے ہیں۔اور ہم نے جو مال و دولت انہیں دے رکھی ہے۔اس میں سے وہ خرچ کرتے ہیں۔یہی سچے مومن ہیں۔جن کے لئے ان کے رب کے ہاں درجات ہیں۔بخشش ہے۔اور عزت کی روزی ہے۔

کن خوش نصیبوں کے لئے خوشخبری ہے ؟ (قرآن حکیم کی روشنی میں)

التآئبون العٰبدون الحٰمدون السآئحون الراکعون السجدون الاٰمرون بالمعروف والناھون عن المنکر والحٰفظون لحدود اللہ ط وبشر المؤمنین ۔(سورہ توبہ۔113) وہ ایسے ہیں۔جو توبہ کرنے والے،عبادت کرنے والے، حمد کرنے والے، روزہ رکھنے والے، رکوع کرنے والے، سجدے کرنے والے، نیک باتوں کی تعلیم کرنے والے، اور بُری باتوں سے باز رکھنے والے، اور اللہ تعالیٰ کی حدود کا خیال رکھنے والے ہیں۔اور ایسے مومنین کو (آپ) خوشخبری سنا دیں۔ والعصر. ان الانسان لفی خسر. الا الذین اٰمنوا وعملوا الصلحت وتوصو بالحق وتوصو بالصبر ۔زمانے کی قسم! انسان خسارے میں ہے۔بجز اُن کے، جو ایمان لائے اور نیک اعمال کرتے رہے۔اور آپس میں حق بات اور صبر کی تلقین کرتے رہے۔

☆ اور اِسی راوی نے عبداللہ بن عمرؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''روزہ اور قرآنِ پاک ، یہ دونوں (قرآنِ مجید کے قاری اور روزہ رکھنے والے) بندہ کی شفاعت کریں گے۔'' اور پھر اِسی راوی نے ابی ذرؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''تُم لوگ اللہ تعالیٰ کے سامنے اُس شئے سے بڑھ کر کوئی تحفہ نہ لے جاؤ گے جو اُسی سے نکلی ہو، اور اُس سے مُراد قرآنِ پاک ہے۔''

☆ کیا (قرآنِ حکیم کے مطابق) قرآنِ حکیم بہت مشکل اور فہم سے بالا اللہ تعالیٰ کا کلام ہے؟ ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر ۔اور یقیناً! ہم نے قرآن کو سمجھنے (اور نصیحت حاصل کرنے) کے لئے آسان کر دیا ہے۔(تو) اَب کیا کوئی ہے نصیحت قبول کرنے والا۔(سورہ القمر۔آیت نمبر 17)

☆ قرآنِ حکیم کو کم سے کم یا زیادہ سے زیادہ کتنا پڑھا جائے؟ فاقرءوا ما تیسر من القرآن ۔پس بآسانی جتنا قرآنِ حکیم میں سے پڑھ سکو۔ (تو ضرور) پڑھ لیا کرو۔(سورہ مزمل۔آیت نمبر 20)

☆ قرآنِ حکیم کے مطابق بات کرنے کا فلسفہ کیا ہے؟ یایھا الذین اٰمنوا اتقوا اللہ و قولوا قولا سدیدا ۔اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔اور سیدھی بات کہا کرو۔(سورہ احزاب۔70) وقولوا لھم قولا معروفا ۔اور ان سے مناسب انداز (معقول و مناسب اور اچھی) بات کہا کرو۔(سورہ النساء۔آیت نمبر 05) فقل لھم قولا میسورا ۔ان سے نرمی سے بات کہہ دیا کرو۔(سورہ الاسراء۔28)

☆ قرآنِ حکیم کے مطابق اللہ تعالیٰ کن لوگوں کے ساتھ ہے؟ کفار کے حملے کے وقت اللہ تعالیٰ کا کیا رویہ ہوتا ہے؟ وقال اللہ انی معکم لئن اقمتم الصلوۃ واتیتم الزکوۃ وامنتم برسولی ۔اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔یقیناً! میں تمہارے ساتھ ہوں۔اگر (تم) نماز قائم رکھو گے۔اور زکات دیتے رہو گے۔اور میرے (بھیجے ہوئے تمام) رسولوںؑ پر ایمان لاؤ گے۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر 12) اور جب (خدانخواستہ) کفار ظلم پر اُتر آئیں۔یا مسلمانوں کے قتل کے درپہ ہوں۔تو اللہ تعالیٰ کا اٹل فیصلہ ہے۔کہ! لا تحزن ان اللہ معنا ۔غم زدہ نہ ہوں۔اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے (سورہ توبہ۔آیت نمبر 40) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ قال لا تخافا اننی معکما اسمع واریٰ (ترجمہ) اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ڈریں مت یقیناً مَیں تمہارے ساتھ ہوں مَیں سنتا ہوں اور مَیں دیکھتا ہوں۔(سورہ طٰہٰ. آیت نمبر 46) ضمناً! میں یہ کہتا چلوں۔کہ جب تک ہم حتمی طور پر یہ سوچیں، سمجھیں اور احساس نہ رکھیں۔کہ اللہ تعالیٰ ہر وقت ہمارے ساتھ ہے، ہمیں سنتا ہے اور ہمیں دیکھتا ہے۔ہمارے اندر تقوٰی، توکل، راضی برضا اور کیفیتِ احسان پیدا نہیں ہو سکتے۔اور جب تک کیفیتِ احسان نہ ہو گی۔تب تک حضوری، خشوع و خضوع اور لذت بھلا کیونکر پیدا ہو سکتی ہے؟

☆ اللہ تعالیٰ کِن بندوں کی معاونت (مدد) فرماتا ہے؟ اور اللہ تعالیٰ کی مدد کے بعد کیا نتیجہ نکلتا ہے؟ وھو یتولی الصلحین ۔(سورہ اعراف۔آیت نمبر 196) اور وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) نیک بندوں کی مدد کرتا ہے۔(اور پھر اللہ تعالیٰ کی مدد کے بعد یہ نتیجہ نکلتا ہے۔کہ!) ان ینصرکم اللہ فلا غالب لکم ۔(یعنی کہ) اگر اللہ تعالیٰ تمہاری مدد کرے۔تو تم پر کوئی غالب نہیں آ سکتا۔

☆ مسلمان ممالک کے پاس دنیا کی سب سے زیادہ دولت موجود ہے۔ پھر بھی ہم مسلمان مغلوب ہیں۔ اس کی وجہ کیا ہے؟ **وانتم الاعلون ان کنتم مؤمنین** ۔ (یعنی کہ) اور تم ہی غالب رہو گے۔ اگر تم واقعی مؤمن ہو۔ (سورہ آلِ عمران) اس آیت سے بالکل واضح ہو جاتا ہے۔ کہ اگر ہمارے اندر ایمان باقی نہیں رہے۔ گا تو ہم کبھی بھی غالب نہیں ہو سکتے۔ چاہے۔ پوری دنیا کی دولت، وسائل، ذرائع ہمارے پاس ہو۔

☆ (دلوں کو چین کیسے مل سکتا ہے) **الا بذکر اللہ تطمئن القلوب** ۔ بیشک! دلوں کا چین (صرف اور صرف) اللہ تعالیٰ کو یاد کرنے میں ہے۔

☆ (اللہ تعالیٰ کسی پر بھی آزمائش ڈال سکتا ہے) **و لنبلو نکم بشیء من الخوف والجوع و نقص من الاموال والانفس والثمرٰت . و بشر الصّٰبرین** ۔ (سورہ بقرہ۔ آیت نمبر 155) اور ہم کسی نہ کسی طرح تمھاری آزمائش ضرور کریں گے۔ دشمن کے خوف سے، بھوک و پیاس سے، مال و جان سے اور پھلوں کی کمی سے۔ (مگر جو لوگ صبر کرتے ہیں) اِن صبر کرنے والوں کو خوشخبری دے دیجئے۔ (یعنی کہ) اسی طرح سے اللہ تعالیٰ کی آزمائش پر صبر کرنے اور ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے والوں کے لئے بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ پیغام ہے۔ **اولٰئک علیھم صلوٰت من ربھم و رحمۃ. واولٰئک ھم المھتدون** ۔ (سورہ بقرہ۔ آیت نمبر 157) اِن پر ان کے رب کی جانب سے نوازشیں اور رحمتیں ہیں۔ اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔

☆ (اللہ کے ہاں سب سے زیادہ عزت والا کون) **ان اکرمکم عنداللہ اتقکم** ۔ بے شک! تم میں سے سب سے زیادہ مکرم (عزت والا) وہ ہے۔ جو سب سے زیادہ متقی ہے۔ (کیونکہ) **فان خیر الزاد التقویٰ** ۔ بے شک تقوی ہی (آخرت کی بھلائی کے لئے) بہترین زاد ہے۔ (متقی شیطان سے بھی محفوظ ہیں) **ان عبادی لیس لک علیھم سلطان** ۔ بیشک! میرے (متقی و نیک) بندوں پر تمہارا (اے شیطان) کوئی زور نہیں چلے گا۔ (لیکن) میرے خیال کے مطابق تقوی کے حصول میں تین سب سے بڑی رکاوٹیں یہ ہیں۔ نفس، اَنا اور عدمِ اخلاص (یعنی ریا)

☆ (اللہ تعالیٰ کے ہاں مومن کسے کہا جاتا ہے؟) **انما المؤمنون الذین اٰمنوا باللہ ورسولہ ثم لم یرتابوا و جٰھدوا باموالھم و انفسھم فی سبیل اللہ ط اولٰئک ھم الصّٰدقون** ۔ (ترجمہ) مؤمن تو (درحقیقت) وہی ہیں۔ جو اللہ تعالیٰ اور رسولِ مکرم ﷺ پر ایمان لائے۔ پھر شک میں نہ پڑے۔ اور اپنی جانوں اور مال سے راہِ اللہ جہاد کریں۔ یہی لوگ (ایمان کے) سچے ہیں (سورہ الحجرات۔ آیت نمبر 15)

☆ قرآنِ حکیم کی تعلیمات کے مطابق کسی سے حق بات کرنے یا کسی کو نصیحت کرنے کے متعلق کیا حکمِ ربانی: **وذکر فان الذکریٰ تنفع المؤمنین** ۔ البتہ نصیحت کرتے رہو۔ (کہ) نصیحت ایمان والوں کو نفع (فائدہ) دیتی ہے۔ (الذاریات)

☆ (اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی سے قطعاً کوئی امید مت رکھو۔ کیونکہ) **قل ارئیتم ما تدعون من دون اللہ ان ارادنی اللہ بضر ھل ھن کٰشفٰت ضرہ او ارادنی برحمۃ ھل ھن ممسکٰت رحمتہ o قل حسبی اللہ علیہ یتوکل المتوکلون** ۔ کہہ دیجئے۔ بھلا دیکھو۔ تو سہی کہ تم اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر جن ہستیوں (بتوں، دیویوں، مزارات والوں) کو چھوڑ کر پکارتے ہو۔ (تو ضرور جان لو۔ کہ) اگر اللہ تعالیٰ مجھ کو کوئی تکلیف پہنچانا (ہی) چاہے۔ تو کیا وہ (ہستیاں) اس تکلیف کو دور کر سکتے ہیں۔ یا پھر اگر (اللہ تعالیٰ ہی) مجھ پر کوئی مہربانی کرنا چاہے۔ تو وہ (ہستیاں) اس مہربانی کو روک سکتے ہیں۔ تو بس ان (صاف صاف) سے کہہ دیں۔ کہ میرے لئے (تو صرف اور صرف) اللہ تعالیٰ ہی کافی ہے۔ (کیونکہ) بھروسہ کرنے والے (تو صرف اسی) اللہ پر ہی بھروسہ (توکل) کرتے ہیں۔ **والذین اتخذوا من دونہ ما نعبد ھم الا لیقربونا الی اللہ زلفٰی** ۔ اور وہ لوگ کہ جنہوں نے (اللہ تعالیٰ کے سوا اپنے حمایتی بنا رکھے ہیں۔ (تو وہ کہیں گے۔ کہ) ہم ان کی عبادت تو صرف اس لئے کرتے ہیں۔ کہ یہ ہمیں اللہ تعالیٰ سے اچھی طرح قریب کر دیں۔ **ویعبدون من دون اللہ مالایضر ھم ولا ینفعھم ویقولون ھؤلآء شفعآء نا عنداللہ** ۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کے سوا ان چیزوں کی عبادت کرتے ہیں۔ جو انہیں نہ تو نقصان پہنچاتی ہیں اور نہ ہی انہیں نفع دیتی ہیں۔ اور پھر کہتے ہیں۔ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے ہاں ہمارے شفاعت کرنے والے (سفارشی) ہیں۔ **ایاک نعبد وایاک نستعین** ۔ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔ اور ہم (صِرف اور صِرف) تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔ (یہاں تک کہ حضور ﷺ کو بھی قطعی حکم ہوا۔ کہ) **قل انی املک لکم ضرا ولا رشدا** ۔ (آپؐ) کہہ دیجئے کہ بلا شبہ مَیں نہ تو تمہارے لئے نہ کوئی نقصان پہنچانے پر قدرت رکھتا ہوں۔ اور نہ ہی کوئی بھلائی کرنے پر۔

☆ (اس وقت دنیا میں حق والی کون سی جماعت ہے؟) **ان الذین فرقوا دینھم وکانوا شیعا لست منھم فی شیء** ۔ جن لوگوں نے اپنے دین میں بہت سے راستے (فرقے جیسے کہ دیوبندی، بریلوی، اہلحدیث، توحیدی، شیعہ وغیرہا) نکالے۔ اور متعدد ٹکڑوں میں بٹ گئے۔ ان سے آپ کو کوئی سروکار نہیں۔ (اب حق کیا ہے؟) **الحق من ربک فلا تکن من الممترین** ۔ حق (تو صرف اور صرف) وہی ہے۔ جو تمہارے رب کی طرف سے آیا ہے۔ (یعنی کتاب اللہ۔ اور کتاب اللہ کی عملی تفسیر سنتِ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ ہے) لہٰذا حق والی جماعت کا ہونا بھی ضروری ہے۔ کیونکہ! **ولا تکن منکم امۃ یدعون الی الخیر ویا مرون بالمعروف و ینھون عن المنکر. واولٰئک ھم المفلحون** ۔ (سورہ آلِ عمران۔ 104) اور تمھارے درمیان ایک جماعت ایسی (ضرور) ہونی چاہیئے۔ جس کے افراد (لوگوں کو) بھلائی کی طرف بلائیں۔ نیکی کی تلقین کریں۔ اور برائی سے روکیں۔ ایسے ہی لوگ ہیں۔ جو فلاح پانے والے ہیں۔ اسی طرح ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالی شان یہ بھی ہے۔ کہ! **کنتم خیر امۃ اخرجت للناس تا مرون بالمعروف و تنھون عن المنکر و تؤمنون باللہ** ۔ (سورہ آلِ عمران۔ 110) تم وہ بہترین اُمت ہو۔ جو لوگوں کے فائدے کے لئے وجود میں لائی گئی ہو۔ تم نیکی کی تلقین کرتے ہو۔ برائی سے روکتے ہو۔ اور اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہو۔

☆ (سچے لوگ اللہ تعالیٰ کو پسند ہیں) **وکونوا مع الصادقین** ۔ اور سچوں کے ساتھ ہو جاؤ۔ (حق و سچ کا ساتھ دینا ہماری اخلاقی اور دینی ذمہ داری ہے)

☆ (اس فانی دُنیا میں دل مَت لگاؤ) **كل من عليها فان** ۔زمین پر جو ہیں سب فنا ہونے والے ہیں۔ **كل نفس ذائقة المو ت** ۔ ہرنفس (یعنی جس میں جان وزندگی موجود ہے) نے موت کا مزہ (بالآخرضرور) چکھنا ہے۔(**كفٰى با لموت واعظا**. نصیحت (حاصل کرنے کے لئے) موت کافی ہے۔(حدیث) کیونکہ! ہم یہ جانتے ہیں۔کہ! اللہ تعالیٰ کا حکمِ قطعی قرآن میں یہ آیا ہے۔کہ! **ان الى ربك الر جعى** ۔ یقیناً لوٹنا تیرے رب ہی کی طرف ہے۔

☆ (انسان کی فطرت ہے۔کہ! وہ زن،زراورزمین سے بے حد محبت کرتا ہے۔حالانکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔کہ) **واعلموا انما اموالكم واولادكم فتنة** ۔ اورجان لو۔تمہارے اموال (مال ودولت وجاگیرواثاثہ) اورتمہاری اولاد فتنہ ہیں۔ **اعلموا انما الحيٰوة الد نيا لعب و لهو و زينة**۔جان لوکہ! دُنیا کی زندگی (تو محض) کھیل کود،تماشااورزینت ہے۔

☆ (اللہ تعالیٰ کسی پراُس کی استطاعت یابرداشت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا) **لا يكلف الله نفسا الا وسعها** ۔ اللہ تعالیٰ کسی نفس (انسان) پراس کی قوت برداشت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا۔ (اگرکوئی انسان کسی مصیبت یامشکل میں پھنستا ہے۔تو یہ آس کی اپنی ہی کارستانی ہوتی ہے۔کیونکہ) **وما اصابكم من مصيبة فبما كسبت** ۔ تمہیں جوبھی مصیبت پہنچی ہے۔وہ تمہاری اپنی کمائی کی وجہ سے ہے۔(کیونکہ!) **ولا يظلم ربك احدا** ۔ اورآپ کا رب کسی پرظلم نہیں کرتا۔ (سورہ کہف۔آیت نمبر 49)

☆ (معاف کرناایک اچھے مسلمان کی علامت ہے) **وان تعفوا اقرب للتقوٰى**۔اورتمہارامعاف کردیناتقوٰی سے بہت قریب ہے۔**اعفوا واصفحوا** ۔ ایک دوسرے کے ساتھ معافی اوردرگزرکامعاملہ کرو۔

☆ مؤمنین (ایمان والے) کون لوگ ہیں ؟ مومنین پراللہ تعالیٰ کے کیا کیا انعامات ہیں ؟ **ولكن البر من اٰمن بالله واليوم الاٰ خر والملٰئكة والكتٰب والنبيين** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 177) ہاں اصلی نیکی یہ ہے۔کہ! (ایمان والوں کے لئے شرائط ہیں۔کہ) وہ قیامت پر،فرشتوں پر، (آسمانی والہامی) کتب پراورپیغمبروں پرایمان لائے۔ **من اٰمن بالله واليوم الاٰ خر والعمل صا لحا فلا خوف عليهم ولا هم يحز نون** ۔(سورہ مائدہ۔آیت 69) جوسچے دل سے اللہ تعالیٰ اورروزِ قیامت پرایمان لائے۔اوراچھے کام کرے۔تواسے نہ اندیشہ ہے۔اورنہ(ہی) کچھ غم۔ **من اٰمن بالله واليوم الاٰ خر واقا مة الصّلٰوة وا تى الزكٰوة ولم يخش الا الله فعسٰى اولٰئك ان يكونوا من المهتد ين** ۔(سورہ توبہ۔آیت نمبر 18) جو(لوگ)اللہ تعالیٰ پر اورروزِ قیامت پرایمان لاتے ہیں۔اورنماز قائم کرتے ہیں۔اورزکات دیتے ہیں۔اوراللہ تعالیٰ کے سواکسی سے نہیں ڈرتے۔توقریب ہے۔کہ یہ لوگ ہدایت والوں میں ہوں۔**والله ولى المؤ منين** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 68) اوراللہ تعالیٰ مومنین کا کارساز (دوست) ہے۔ **وعلى الله فليتو كل المؤ منون** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 122) اورمومنین کواللہ تعالیٰ ہی پربھروسہ رکھنا چاہئے۔**ولا تهنوا ولا تحزنوا وانتم الا علون ان كنتم مؤمنين** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 139) (اے مسلمانو!) تم نہ توکمزورپڑو۔اورنہ ہی غمگین رہو۔اگرتم واقعی مومن رہو۔تو (تمام دنیامیں ہرمذہب پر صرف) تم ہی سربلندرہوگے۔**والله ذو فضل على المؤ منين** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 152) اوراللہ تعالیٰ مومنین پربڑافضل کرنے والا ہے۔**لقد من الله على المؤ منين اذ بعث فيهم رسولا من انفسهم يتلوا عليهم اٰ يٰته ويز كيهم ويعلمهم الكتٰب والحكمة. وان كانوا من قبل لفى ضلٰل مبين** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 164) حقیقت یہ ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ نے مومنین پربڑااحسان کیا۔کہ ان کے درمیان انہی میں سے ایک رسول ﷺ بھیجا۔جو ان کے سامنے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کوتلاوت کرے۔انہیں پاک صاف بنائے۔اورانہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دے۔جبکہ یہ لوگ اس سے پہلے یقیناً کھلی گمراہی میں تھے۔**واما الذين اٰمنوا وعملوا الصّٰلحٰت فيو فيهم اجو رهم** ۔اورجوایمان لائے۔اورانہوں نے نیک کام کئے۔اللہ تعالیٰ ان کابھرپوراجرعطافرمائے گا۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 57) **وان الذين اٰمنوا وعملوا الصّٰلحٰت لهم اجرغير ممنون** ۔(سورہ سجدہ۔) اورجوایمان لائے۔اورانہوں نے نیک کام کئے۔اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کے لئے نہ ختم ہونے والااجر ہے۔ **وان الله لا يضيع اجرالمؤ منين** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 171) اوراللہ تعالیٰ مومنین کااجرضائع نہیں کرتا۔ **فلا تخا فوهم وخافون ان كنتم مؤ منين** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 175) اگرتم سچے مومن ہو۔تونہ ان (شیاطین اوراس کےٹولے) سے ڈرو۔اوربس تم (اے مومنین) صرف میراخوف کیاکرو۔**ومن يعمل من الصّٰلحٰت من ذكر او انثٰى وهو مؤ من فاولٰئك يدخلون الضنة ولا يظلمون نقيرا** ۔(سورہ نساء۔آیت نمبر 124) اورجوشخص نیک کام کرے۔چاہے وہ مردہویاعورت۔بشرطیکہ (وہ) مؤمن ہو۔توایسے لوگ جنت میں داخل ہوں گے۔اورکھجورکی گٹھلی کے شگاف برابربھی ان پرظلم نہیں کیاجائے گا۔**ا لا الذين تا بوا واصلحوا واعتصموا بالله واخلصوا دينهم لله فاولٰئك مع المؤ منين وسوف يؤت الله المؤ منين اجرا عظيما** ۔(سورہ نساء۔آیت نمبر 146) البتہ جو(لوگ سچی) توبہ کرلیں۔اوراپنی اصلاح کرلیں۔اوراللہ تعالیٰ کاسہارامضبوطی سے تھام لیں گے۔اوراپنے (حق وسچ) دین کوخالصتاً اللہ تعالیٰ کے لئے بنالیں گے۔توایسے لوگ مومنین کے ساتھ شامل ہوجائیں گے۔اوراللہ تعالیٰ (یقیناً) مومنین کوضروراجرِعظیم عطافرمائے گا۔**قال اتقواالله ان كنتم مؤ منين** ۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر 112) اوراگرتم مومن ہوتواللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ **يا يها الذين اٰمنوا اتقواالله وذروا ما بقى من الرّبٰوٓا ان كنتم مؤ منين** ۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر 278) اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔اگرتم واقعی (سچے) مومن ہو۔توسودکاجوبھی حصہ (کسی کے ذمے) باقی رہ گیا ہے۔اسے چھوڑدو۔**فاٰ منوا با لله ورسله . وان تؤمنوا و تتقوا فلكم اجر عظيم** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 179) لہٰذا اگر (تم لوگ) اللہ تعالیٰ اوررسولوں ؑ پرایمان رکھوگے۔اور ایمان رکھوگے۔اورتقوٰی اختیارکروگے۔توزبردست ثواب کے مستحق ہوگے۔(قرآن میں ایک اورجگہ آیا ہے۔کہ!) **انما المؤ منون الذين اذا ذكر الله**

وجلت قلوبھم واذا تلیت علیھم اٰیتہ زادتھم ایمانا و علی ربھم یتو کلون ۔(سورہ انفال۔02) مومن تو وہ لوگ ہیں۔کہ جب ان کے سامنے اللہ تعالیٰ کا ذکر ہوتا ہے۔تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں۔اور جب ان کے سامنے اس (اللہ تعالیٰ کے قرآنِ حکیم) کی آیات پڑھی جاتی ہیں۔تو وہ آیتیں ان کے ایمان کو اور ترقی دیتی ہیں۔اور وہ اپنے پروردگار پر بھروسہ کرتے ہیں۔

☆ قرآنِ حکیم کی روشنی میں نیک لوگوں کے چند خصائص کا ذکر کریں۔ **اَلَّذِیۡنَ یُنۡفِقُوۡنَ فِی السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالۡکٰظِمِیۡنَ الۡغَیۡظَ وَالۡعَافِیۡنَ عَنِ النَّاسِ ط وَاللّٰہُ یُحِبُّ الۡمُحۡسِنِیۡنَ .وَالَّذِیۡنَ اِذَا فَعَلُوۡا فَاحِشَۃً اَوۡ ظَلَمُوۡۤا اَنۡفُسَھُمۡ ذَکَرُوا اللّٰہَ فَاسۡتَغۡفَرُوۡا لِذُنُوۡبِھِمۡ ص وَمَنۡ یَّغۡفِرُ الذُّنُوۡبَ اِلَّا اللّٰہُ . وَلَمۡ یُصِرُّوۡا عَلٰی مَا فَعَلُوۡا وَھُمۡ یَعۡلَمُوۡنَ .اُولٰٓئِکَ جَزَآؤُھُمۡ مَّغۡفِرَۃٌ مِّنۡ رَّبِّھِمۡ وَجَنّٰتٌ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِھَا الۡاَنۡھٰرُ خٰلِدِیۡنَ فِیۡھَا ط وَنِعۡمَ اَجۡرُ الۡعٰمِلِیۡنَ** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 134-136)

جو لوگ آسانی میں اور سختی کے موقع پر بھی اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں۔غصہ پینے والے اور درگزر کرنے والے ہیں۔اللہ تعالیٰ ان نیک کاروں سے محبت کرتا ہے۔جب ان سے کوئی ناشائستہ فعل سرزد ہو جائے۔ یا (یہ لوگ) کوئی گناہ کر بیٹھیں۔تو فوراً اللہ تعالیٰ کا ذکر اور اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کے لئے استغفار کرتے ہیں۔فی الواقع اللہ تعالیٰ کے سوا اور کون گناہوں کو بخش سکتا ہے؟ اور وہ لوگ باوجود علم (رکھنے کے) کسی برے کام پر اَڑ نہیں جاتے۔انہیں کا بدلہ (اجر) ان کے رب کی طرف سے مغفرت ہے۔اور جنتیں ہیں۔جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔جن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے رہیں گے۔ان نیک کاموں کے کرنے والوں کا ثواب کیا ہی اچھا ہے۔(توبہ کے بہت فوائد ہیں) حضرت اغر بن یسار مزنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔اے لوگو! اللہ تعالیٰ سے توبہ کرو۔کیونکہ! مَیں دن میں سو مرتبہ اللہ عزوجل سے توبہ کرتا ہوں۔(صحیح مسلم)

☆ اگر کوئی کسی کے لئے جھوٹ بولے یا جھوٹا بیان دے۔ یا کوئی کسی کے گناہ خود پر بھلا کیسے لے سکتا ہے۔ **الا تزر وازرۃ وزرا اُخریٰ** ۔کہ (بروزِ قیامت) کوئی بوجھ اُٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا۔(سورہ النجم۔آیت نمبر 62)

☆ اگر کوئی کافر اپنے کفر سے باز آ کر اسلام قبول کر لے۔تو اس کے سابقہ گناہوں کا کیا ہوگا ؟ **قل للذین کفروا ان ینتھوا یغفر لھم ما قد سلف ج** (سورہ انفال۔آیت نمبر 38) آپ ان کفار سے کہہ دیجیئے۔کہ! اگر یہ لوگ (اسلام لے آئیں اور کفر سے) باز آ جائیں۔تو ان کے سارے گناہ جو پہلے ہو چکے ہیں۔سب معاف کر دیئے جائیں گے۔

☆ توبہ کرنے کے کیا کیا فوائد ہیں ؟ اور اللہ تعالیٰ کن لوگوں کی توبہ قبول کرتا ہے ؟ اور اللہ تعالیٰ کن لوگوں کی توبہ قبول نہیں کرتا ؟

یا یھا الذین اٰمنوا توبوا الی اللہ تو بۃ نصو حا.عسٰی ربکم ان یکفر عنکم سیاٰتکم و ید خلکم جنٰت تجری من تحتھا الانھٰر ۔(سورہ تحریم۔08) اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کی جناب میں خالص توبہ کرو۔امید ہے۔(کہ) تمھارا رب تم سے برائیوں کو دور کر دے گا۔اور تمھیں ایسے باغات میں داخل کر دے گا۔جن کے دامن میں ندیاں بہتی ہیں۔(قرآن میں ہے) **انما التو بۃ علی الذین یعملون السوٓء بجھا لۃ ثم یتوبون من قریب فاولٰئک یتوب اللہ علیھم. و کان اللہ علیما حکیما** ۔(سورہ نسآء۔17) اللہ تعالیٰ صرف انہی لوگوں کی توبہ قبول کرتا ہے۔جو بوجہ نادانی کوئی برائی کر گزریں۔پھر جلد اس سے باز آ جائیں۔اور توبہ کر لیں۔تو اللہ تعالیٰ بھی ان کی توبہ قبول کرتا ہے۔اللہ تعالیٰ بڑے علم والا حکمت والا ہے۔(بمطابق قرآن حکیم) **فمن تاب من م بعد ظلمہٖ واصلح فان اللہ یتوب علیہ. ان اللہ غفور رحیم** ۔(سورہ مائدہ۔39) پھر جو شخص اپنی ظالمانہ کاروائی سے توبہ کر لے۔اور معاملات درست کر لے۔تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کر لے گا۔ بے شک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔(قرآن میں ہے) **ولیست التو بۃ للذین یعملون السیاٰت. حتی اذا حضر احدھم الموت قال انی تبت الئٰن ولا الذین یموتون وھم کفار. اولٰئک اعتد نا لھم عذابا الیما** ۔(سورہ نسآء۔18) ان کی توبہ نہیں۔جو برائیاں کرتے چلے جائیں۔یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کے پاس موت آ جائے۔تو کہہ دے کہ اَب مَیں نے توبہ کی۔اور ان کی توبہ بھی قبول نہیں۔جو کفر پر ہی مر جائیں۔یہی (وہ) لوگ ہیں۔جن کے لئے ہم نے المناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔(بمطابق قرآن) **ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ ویغفر مادون ذٰلک لمن یشآء. ومن یشرک باللہ فقد افترٰی اثما عظیما** ۔(سورہ نساء۔48) بے شک! اللہ تعالیٰ اپنے ساتھ شریک کئے جانے کو نہیں بخشتا۔اور اس کے سوا جسے چاہے بخش دیتا ہے۔اور جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک مقرر کرے۔اس نے بہت بڑا گناہ اور بہتان باندھا۔(ایک انتہائی ضروری بات، کہ!) ہمارے پاس کونسی قرآنی دلیل موجود ہے۔کہ! جس سے ہمیں یہ پتہ چل سکے۔کہ! اس طرح توبہ کرنے سے ہماری توبہ ضرور قبول ہوگی۔(انشاءاللہ) **الم یعلموا ان اللہ ھو یقبل التوبۃ عن عبادہ و یاخذ الصدقٰت وان اللہ ھو التواب الرحیم** ۔کیا وہ نہیں جانتے کہ! اللہ تعالیٰ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے۔اور وہی صدقات (وخیرات) کو قبول فرماتا ہے۔اور یہ کہ! اللہ تعالیٰ ہی بہت توبہ قبول کرنے والا نہایت مہربان ہے۔ (سورہ توبہ۔آیت نمبر 104)

☆ توبہ کے کثیر فوائد: **الا الذین تابوا واصلحوا و بینوا فا ولٰئک اتوب علیھم . وانا التواب الرحیم** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 160) مگر وہ لوگ جو توبہ کر لیں۔اور (توبہ کرنے کے بعد اپنی) اصلاح کر لیں۔اور (چھپی ہوئی باتوں کو) بیان کر دیں۔تو میں (یعنی اللہ تعالیٰ) ان کی توبہ قبول کر لیتا ہوں۔اور میں (ہی صرف) توبہ قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا ہوں۔(بمطابق قرآن حکیم) **قل یعبادی الذین اسرفوا علی انفسھم لا تقنطوا من رحمۃ اللہ ط ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا ط انہ ھو الغفور الرحیم** ۔(اے میرے حبیب ﷺ! لوگوں کو میری جانب سے) کہہ دیں۔کہ! اے

میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ۔تم اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نا اُمید (مایوس بالکل بھی) مت ہونا۔(اور یقین رکھو۔کہ) اللہ تعالیٰ تمام (صغیرہ کبیرہ) گناہوں کو معاف فرما دیتا ہے۔(کیونکہ! واقعتًا) وہ بڑی بخشش اور رحمت والا ہے (سورہ الزمر۔آیت نمبر 53) لہذا جب اللہ تعالیٰ نے خود ہی فرما دیا۔کہ! ''جمیعا'' تو اس کا مطلب ہے۔کہ! تمام گناہ (صغیرہ و کبیرہ، دانستہ وغیر دانستہ)۔اور مایوسی تو ویسے بھی گناہ ہے۔ **ومن یقنط من رحمة ربه الا الضا لین** ۔رب تعالیٰ کی رحمت سے مایوس تو (فقط) بھکے ہوئے گمراہ لوگ ہی ہو سکتے ہیں۔(سورہ الحجر۔آیت نمبر 56) **و لا تا یئسوا من روح الله ۔ انه لا یا یئس من روح الله الا القوم الکٰفرون** ۔اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نا امید مَت ہو۔یقینًا رب متعال سے نا امید وہی ہوتے ہیں۔جو کافر ہوتے ہیں۔(سورہ یوسف۔آیت نمبر۔87)(کیونکہ!) **انه لا یاىس من روح الله الا القوم الکٰفرون** ۔بے شک! اللہ تعالیٰ کی رحمت سے صرف کافر لوگ ہی مایوس ہوتے ہیں۔(اور فرمانِ باری تعالیٰ ہے) **وما لکم من دون الله من ولی ولا نصیر** ۔اور اللہ تعالیٰ کے سوا نہ تو تمہارا کوئی دوست ہے اور نہ ہی کوئی مددگار۔(کیونکہ!) **وما کان ربک نسیا** ۔اور تیرا رب تجھے بھولنے والا نہیں۔(سورہ مریم۔آیت نمبر 64) اللہ تعالیٰ بندے کو کب بھولتا ہے۔جب! **نسو الله فنسیهم** ۔ وہ (جب مسلسل) اللہ تعالیٰ کو بھول گئے۔تو اللہ تعالیٰ (نے بھی کچھ مختصر عرصے کے لئے) اُنہیں بھلا دیا۔(سورہ توبہ۔آیت نمبر 67) **الا من تاب واٰمن و عمل صا لحا فاولئک یدخلون الجنة ولا یظلمون شیئا** ۔(سورہ مریم۔آیت نمبر 60) مگر وہ لوگ جنہوں نے توبہ کی۔اور ایمان لائے۔اور (پھر) نیک اعمال کئے۔تو وہی لوگ جنت میں داخل ہوں گے۔اور ان پر قطعًا کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا۔ (بمطابق قرآنِ حکیم) **والذین عملوا السیئات ثم تابوا من م بعدها واٰمنوا ط ان ربی من م بعدها لغفور رحیم** ۔(سورہ اعراف۔آیت نمبر 153) اور جن لوگوں نے گناہ کئے۔پھر وہ ان (گناہوں) کے بعد توبہ کرلیں۔تو آپ کا رب اس توبہ کے بعد گناہ معاف کر دینے والا، رحمت کرنے والا ہے۔قرآن میں ہے۔☆ (معافی مانگنے سے اللہ تعالیٰ کا بندوں پر رحم کرنا) **لولا تستغفرون الله لعلکم ترحمون** ۔تم اللہ تعالیٰ سے استغفار کیوں نہیں کرتے۔تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔(سورہ النمل۔آیت نمبر 46) تائب شخص کو دنیا سے رخصت ہونے سے پہلے خوف (قبر و جہنم) سے بچا لیتا ہے۔

☆ کیا ہمیں توبہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے ؟ **و توبوا الی الله جمیعا. ایه المؤ منون لعلکم تفلحون** ۔(سورہ نور۔31) اور تم سب اللہ تعالیٰ کی طرف (آگے) توبہ کرو۔اے ایمان والو! تاکہ تم فلاح پاؤ۔(یعنی جو شخص توبہ کرتا رہے گا۔وہ ضرور فلاح پائے گا۔انشاء اللہ) **(حدیث)** آنحضور نبی مکرم ﷺ ستر یا سو مرتبہ اللہ تعالیٰ کے حضور توبہ کیا کرتے تھے۔حالانکہ وہ ہر قسم کے گناہوں سے محفوظ و معصوم اور پاک تھے۔لیکن توبہ کا عمل چونکہ اللہ تعالیٰ کو بہت محبوب ہے۔اسی لئے حضور اکرم ﷺ اللہ تعالیٰ کی مزید محبوبیت و قربت کے لئے توبہ کے عمل کو اختیار کئے ہوئے تھے۔ **(حدیث)** آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔(کہ) جو شخص، استغفار کو اپنے اوپر لازم کر لے۔تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ہر تنگی سے نکلنے کا راستہ نکال دیتا ہے۔اور ہر غم و پریشانی سے اسے نجات دیتا ہے۔اور اسے ایسی جگہ سے اور اس طرح سے رزق بہم پہنچاتا ہے۔جس کا اس کو گمان بھی نہیں ہوتا۔(اسی ضمن میں مزید عرض ہے۔کہ!) آنحضور نبی مکرم ﷺ کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے بھی توبہ و استغفار کرنے کا حکم تھا۔ **فسبح بحمد ربک واستغفره. انه کان توابا** ۔(سورہ نصر۔03) تو پھر آپ ﷺ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجئے۔اور اس سے مغفرت طلب کیجئے۔یقینًا وہ بہت توبہ قبول فرمانے والا ہے۔ اسی طرح سے اللہ تعالیٰ نے عوام الناس کو مخاطب کرتے ہوئے حکم دیا ہے۔کہ! **واستغفروا الله. ان الله غفور رحیم** ۔(سورہ بقرہ۔199) اور اللہ تعالیٰ سے بخشش کی طلب کرتے رہو۔یقینًا اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے۔

لہذا ہماری ہمیشہ یہ دعا ہونی چاہیئے۔ **اللھم انی اسئلک التوبة. اللھم انی اسئلک شھوة التوبة** ۔**(ترجمہ)** یا اللہ تعالیٰ مَیں آپ سے توبہ کا سوال کرتا ہوں۔یا اللہ تعالیٰ میں تجھ سے توبہ کی خواہش کا سوال کرتا ہوں۔ (کیونکہ!) یہ بات ہمیشہ ذہن نشین رہنی چاہیئے۔کہ توبہ کی توفیق بھی کسی کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے میسر ہوتی ہے۔صاحب غنیۃ الطالبین فرماتے ہیں۔کہ! توبہ (توبۃ النصوح) کرنے والے کو اللہ تعالیٰ چار (04) انعامات کے ساتھ نوازتا ہے۔ نمبر 01۔تائب شخص کو گناہ سے ایسے الگ کر دیتا ہے۔کہ جیسے اس نے کبھی (کوئی صغیرہ و کبیرہ) گناہ کیا ہی نہ ہو۔ 02۔تائب شخص کو اللہ تعالیٰ اپنا (خاص الخاص) محبوب بنا لیتا ہے۔ نمبر 03۔تائب شخص پر اللہ تعالیٰ شیطانِ لعین کو مسلط نہیں ہونے دیتا۔بلکہ ہمیشہ اس کی حفاظت کرتا ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کن لوگوں سے محبت کرتا ہے ؟ اللہ تعالیٰ کو کون سے لوگ پسند ہیں ؟ **ان الله یحب المحسنین** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 195) بے شک اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ **ان الله یحب التو بین و یحب المتطهر ین** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 222) بے شک اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں اور پاک صاف رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ **من اوفٰی بعهده واتقٰی فان الله یحب المتقین** .(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 76) جو اپنا (کیا ہوا) عہد پورا کرے۔اور متقی رہے۔تو بے شک اللہ تعالیٰ متقین (پرہیز گاروں) کو پسند کرتا ہے۔ **و الله یحب الصّٰبرین** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 146) اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ **ان الله یحب المتو کلین** ۔(سورہ آلِ عمران۔159) بے شک اللہ تعالیٰ بھروسہ کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ **ان الله یحب المقسطین** ۔(سورہ مائدہ۔42) بے شک اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ **ان الله یحب المتقین** ۔(سورہ توبہ۔04) بے شک اللہ تعالیٰ پرہیز گاروں کو دوست رکھتا ہے۔ **و الله یحب المتطهر ین** ۔(سورہ توبہ۔108) اور اللہ تعالیٰ پاک صاف رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ **ان الله یحب الذین یقا تلون فی سبیله صفا کا نهم بنیان مرصوص** ۔(سورہ صف۔04) بے شک اللہ تعالیٰ ان لوگوں سے محبت کرتا ہے۔جو اس کے راستے میں صف بنا کر لڑتے ہیں۔جیسے وہ سیسہ پلائی ہوئی عمارت ہوں۔

☆ اللہ تعالیٰ کے دوست کون لوگ ہیں ؟ اور اللہ تعالیٰ کے دوستوں کی نشانی کیا ہے ؟ **الله ولی الذین اٰمنوا یخرجهم من الظلمٰت الی**

النور. والذین کفرو اولیئھم الطاغوت یخرجونھم من النور الی الظلمٰت. اولئک اصحٰب النار. ھم فیھا خٰلدون ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 258) ایمان والوں کا دوست (وکیل و مددگار) اللہ تعالیٰ خود ہے۔ وہ انہیں (ظلمت و تاریکی کے) اندھیروں سے روشنی کی طرف نکال لے جاتا ہے۔اور کفار کے دوست (وکیل و مددگار) شیاطین ہیں۔ وہ انہیں روشنی سے نکال کر (ظلمت و تاریکی کے) اندھیروں کی طرف لے جاتے ہیں۔ یہ لوگ جہنمی ہیں۔ جو ہمیشہ اسی میں پڑے رہیں گے۔اور اللہ تعالیٰ کے دوستوں کی نشانی یہ ہے۔کہ! الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون.الذین اٰمنوا و کانوا یتقون ۔(سورہ یونس۔) یاد رکھو! جو اللہ تعالیٰ کے دوست ہیں۔ان کو نہ کسی قسم کا کوئی خوف ہوگا۔اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ (خوف کسی چیز کے وقوع پذیر ہونے سے پہلے کی حالت و کیفیت ہوتی ہے۔جبکہ غم کسی واقعے کے وقوعِ پذیر ہونے کے بعد کی حالت و کیفیت کو کہا جاتا ہے۔لہٰذا یاد رہے۔کہ! خوف وغم سے بَری لوگ اولیاء ہیں) فا ما یا تینکم منی ھد ی فمن تبع ھدای فلا خوف علیھم ولا ھم یحزنون ۔ جب تمھارے پاس میری طرف سے ہدایت پہنچے۔تو جو لوگ میری ہدایت کی پیروی کریں گے۔ان کو نہ کوئی خوف ہوگا۔اور نہ ہی وہ لوگ غمناک ہوں گے۔ ان الذین اٰمنوا و عملوا الصلحٰت و اقاموا الصلوٰۃ و اٰتو الزکوٰۃ لھم اجر ھم عند ربھم ولا خوف علیھم ولا ھم یحزنون ۔جو لوگ ایمان لائے۔اور نیک اعمال کرتے رہے۔اور زکات دیتے رہے۔تو ان کو ان کے ان نیک امور کا اَجر (صلہ) بے شک ان کے رب کریم سے ضرور ملے گا۔اور ان کے لئے نہ کوئی غم اور نہ ان کو کسی قسم کا کوئی خوف ہوگا۔و ینجی اللہ الذین اتقوا بمفا ز تھم لا یمسھم السوٓء ولا ھم یحزنون ۔اور جن لوگوں نے تقویٰ اختیار کیا۔اللہ تعالیٰ ان کو نجات عطا فرما کر ان کو ان کی مراد تک پہنچا دے گا۔اور انہیں کسی بھی بات کا کوئی غم نہیں ہوگا۔من اٰمن با للہ والیوم الاٰ خر وعمل صا لحا فلھم اجر ھم عند ربھم ولا خوف علیھم ولا ھم یحزنون ۔ جو بھی اللہ تعالیٰ اور روزِ آخرت پر ایمان لائے گا۔اور نیک عمل کرے گا۔تو اس کا اَجر اس کے ربِّ کریم کے پاس ہے۔اور ایسے (مومنین) کے لئے کسی خوف اور غم میں مبتلا نہیں ہوں گے۔(اَب ایمان والے کون ہیں؟) و الذین اٰ منوا اشد حبا للہ۔اور ایمان والے تو (اس جہاں میں) سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہیں۔

☆ اللہ تعالیٰ کے انعام یافتہ لوگ کون کون ہیں؟ ومن یطع اللہ والرسول فأو لٰئک مع الذین انعم اللہ علیھم من النبیین والصد یقین والشھدآء والصلحین و حسن أولئک ر فیقا ۔(سورہ النساء۔69)۔اور جو لوگ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرتے ہیں۔وہ (بروزِ قیامت) ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے۔جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام کیا۔یعنی انبیاءؑ ،صدیقین،شہداء اور صالحین اور ان لوگوں کی رفاقت بہت ہی خوب ہے۔(بمطابق قرآن) اھدنا الصراط المستقیم.صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضآ لّین ۔(سورہ فاتحہ۔) ہمیں سیدھے راستے پر چلا۔ان لوگوں کی راہ پر کہ جن پر (اے اللہ تعالیٰ) آپ نے انعام کیا۔ان کی نہیں۔کہ جن پر غضب کیا گیا۔اور نہ گمراہوں کی۔

☆ اللہ تعالیٰ کا فرمانبردار اور نافرمان بندہ کون ہوتا ہے؟ اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ لوگ کون ہیں؟ کنت احبکم کما اطعتمو نی فلما عصیتمو نی بغضتکم ۔جو میری فرمانبرداری کرتا ہے۔اسے (مَیں) دوست رکھتا ہوں۔اور جو نافرمانی کرتا ہے۔اس سے نفرت کرتا ہوں۔ا لذین ینفقون فی السرآء والضرآء والکٰظمین الغیظ والعا فین عن الناس ط واللہ یحب المحسنین ۔ جو خوشی اور غم (دونوں حالتوں میں) اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں۔اور جو غصے کو پی جاتے ہیں۔اور دوسروں کے قصور معاف کر دیتے ہیں۔ایسے نیک لوگ اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہیں۔(سورہ آلِ عمران۔134)

☆ اللہ تعالیٰ کن لوگوں سے محبت نہیں کرتا؟ اللہ تعالیٰ کن لوگوں سے نفرت کا اظہار فرماتا ہے؟ ان اللہ لا یحب المعتدین ۔(سورہ بقرہ۔190) بے شک اللہ تعالیٰ زیادتی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔(بمطابق قرآن) و اللہ لا یحب الفساد ۔(سورہ بقرہ۔80) اللہ تعالیٰ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔(بمطابق قرآن) و اللہ لا یحب کل کفار اثیم ۔(سورہ بقرہ۔276) اللہ تعالیٰ ناشکرے گناہ گاروں کو پسند نہیں کرتا۔(بمطابق قرآن) فان اللہ لا یحب الکٰفرین ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 32) تو بے شک اللہ تعالیٰ کافروں کو پسند نہیں کرتا۔(بمطابق قرآن) و اللہ لا یحب الظا لمین ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 57) اللہ تعالیٰ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔(بمطابق قرآن) ان اللہ لا یحب من کان مختا لا فخورا ۔(سورہ نساء۔آیت نمبر 36) بے شک اللہ تعالیٰ کسی اترانے والے شیخی باز کو پسند نہیں کرتا۔(بمطابق قرآن) ان اللہ لا یحب کل مختا ل فخور ۔(سورہ لقمان۔آیت نمبر 18) یقیناً اللہ تعالیٰ کسی اترانے والے شیخی باز کو پسند نہیں کرتا۔(بمطابق قرآن) ان اللہ لا یحب من کان خوانا اثیما ۔(سورہ نساء۔آیت نمبر 107) بے شک اللہ تعالیٰ کسی خیانت کرنے والے گناہ گار کو پسند نہیں کرتا۔لا یحب الجھر بالسوء من القول الا من ظلم و کان اللہ سمیعا علیما ۔(سورہ نساء۔آیت نمبر 148) اللہ تعالیٰ اس بات کو پسند نہیں کرتا۔کہ کسی کی برائی اعلانیہ زبان پر لائی جائے۔مگر یہ کہ کسی پر ظلم ہوا ہو۔اور اللہ تعالیٰ سب کچھ سنتا اور ہر بات کو جانتا ہے۔(بمطابق قرآن) و اللہ لا یحب المفسدین ۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر 64) اللہ تعالیٰ فساد مچانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔(بمطابق قرآن) انہ لا یحب المسرفین ۔(سورہ انعام۔آیت نمبر 141) بے شک وہ (اللہ تعالیٰ) فضول خرچی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔(بمطابق قرآن) ان اللہ لا یحب الخا ئنین ۔(سورہ انفال۔آیت نمبر 58) بے شک اللہ تعالیٰ بدعہدی کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔(بمطابق قرآن) انہ لا یحب المستکبرین ۔(سورہ نحل۔آیت نمبر 23) بے شک وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) تکبر کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔(بمطابق قرآن) ان اللہ لا یحب کل خوان کفور ۔(سورہ حج۔38) یقیناً اللہ تعالیٰ کسی دغاباز ناشکرے کو پسند نہیں کرتا۔(بمطابق قرآن) ان اللہ لا یحب الفرحین ۔(سورہ قصص۔76) بے شک اللہ تعالیٰ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔

☆ نیکی اور نیک لوگوں کا قرآنِ حکیم نے کیسے تعارف کرایا ہے؟ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ج وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ لا وَ السَّآئِلِيْنَ وَ فِي الرِّقَابِ ج وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ج وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ج وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَ الضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ط اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ط وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ۔ (سورہ البقرہ۔نمبر 177)

اصل نیکی وہ ہے۔ جو اللہ تعالیٰ پر، روزِ آخرت پر، ملائکہ پر، کتاب پر اور انبیاءؑ پر ایمان لائے۔ اور اللہ تعالیٰ کی محبت میں اپنا دل پسند مال، رشتہ دار یتیموں، مساکین، مسافرین، سائلین، اور غلاموں کی رہائی پر خرچ کرے۔ نماز قائم کرے۔ اور زکوٰۃ ادا کرے۔ اور نیک لوگ وہ ہیں۔ کہ جب عہد کریں۔ تو اسے وفا کریں۔ اور تنگی و مصیبت کے وقت میں اور حق و باطل کی جنگ میں صبر کریں۔ یہی لوگ (حقیقتاً) سچے اور پرہیزگار ہیں۔

☆ (سب سے بڑے گناہ شرک سے بچو۔ کیونکہ) انه من يشرك با لله فقد حرم الله عليه الجنة وماوٰه النار ۔ جو بھی اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک بنائے۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے جنت حرام فرمادی ہے۔ اور اس کا ٹھکانہ جہنم ہے۔

☆ ہمیشہ نیک امور کے حصول کی کوشش جاری رکھنی چاہیئے۔ ليس للا نسان الا ما سعى۔ انسان کے لئے وہی کچھ ہے۔ جس کے لئے وہ کوشاں ہے۔ (لہٰذا انسان کے اچھے عمل اور نیک اعمال ضائع نہیں ہوتے) ان لا نضيع اجرا من احسن عملا ۔ ہم اُن کے اجر ضائع نہیں کرتے۔ جن کے اعمال اچھے ہوں۔ (ہدایت و تقوٰی، فضل و کرم اور رحمت طلب کرنا بھی احسن عمل ہے) والذين جاهدوا فينا لنهد ينهم سبلنا۔ و ان الله لمع المحسنين ۔ اور جن لوگوں نے ہماری خاطر کوشش کی۔ ہم انہیں ضرور اپنی طرف (ضرور) راستے دِکھائیں گے۔ اور یقیناً اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

☆ ہم اتنے عرصے سے نمازیں پڑھ رہے ہیں۔ نیک اعمال بھی کر رہے ہیں۔ مگر ہمیں ہدایت نصیب نہیں ہو رہی۔ والذين جاهدوا فينا لنهد ينهم سبلنا وان الله لمع المحسنين ۔ جن لوگوں نے ہمارے لئے کوشش (جدوجہد اور مجاہدہ) کی۔ ہم انہیں (ضرور بالضرور) اپنے (ہدایت والے) استے دکھائیں گے۔ اور یقیناً! اللہ تعالیٰ تو نیکی کرنے والوں کے ساتھ (ہمیشہ ہوتا) ہے۔ (سورہ العنکبوت۔ آیت نمبر 69)

حدیث: جو شخص کسی کریم کا دروازہ مسلسل کھٹکھٹاتا رہے۔ بالآخر اس کے لئے دروازہ کھلے گا۔ اور وہ اندر جا سکے گا۔

☆ توکل اور متوکل کا کیا حکم ہے؟ وعلى الله فليتوكل المؤ منون ۔ (سورہ مائدہ۔ 11) اور مومنوں کو (صرف) اللہ تعالیٰ (ہی) پر بھروسہ کرنا چاہیئے۔ قرآنِ حکیم میں ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ فاذا عزمت فتو كل على الله. ان الله يحب المتو كلين ۔ (سورہ آلِ عمران۔ 159) پھر جب آپ ارادہ کرلیں (کسی امر کا) تو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کریں۔ بے شک! اللہ تعالیٰ بھروسہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اسی طرح قرآنِ حکیم میں ایک اور جگہ آیا ہے۔ و على الله فتو كلوا ان كنتم مؤ منين۔ (سورہ مائدہ۔ 23) اگر تم (واقعی) مومن ہو۔ تو تمھیں (صرف) اللہ تعالیٰ (ہی) پر بھروسہ رکھنا چاہیئے۔ (اسی لیے) رب متعال متوکلین کو پسند فرماتا ہے۔ حسبي الله عليه يتوكل المتوكلون ۔ میرے لئے اللہ تعالیٰ ہی کافی ہے۔ (اور یقیناً) توکل کرنے والے (صرف اسی ذات اقدس پر ہی) توکل کرتے ہیں۔ (سورہ الزمر۔ 38) و من يتوكل على الله فهو حسبه۔ (سورہ طلاق۔ 65) جو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھے۔ تو اللہ تعالیٰ (متوکل کے امور میں) کفایت کرتا ہے۔ وتوكل على الله و كفىٰ بالله وكيلا ۔ اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھیں۔ اور اللہ تعالیٰ ہی مطلق کارساز ہے۔ (سورہ النساء۔ آیت نمبر 81) (بمطابق حدیث) لعنتی ہے۔ لعنتی ہے۔ (وہ شخص) جو اپنے جیسی مخلوق پر بھروسہ کرے۔ (یا درہے۔ کہ) توکل کے دو درجات ہیں۔ عمومی توکل دراصل اسباب کے بجائے اللہ تعالیٰ پر توکل کرنا ہے۔ لیکن خصوصی توکل (درحقیقت) دل کا حق تعالیٰ پر توکل کرنا ہے۔

☆ نیک و برائی کبھی برابر نہیں ہوسکتیں۔ اور برائی کو نیکی سے دفع کرو) ولا تستوى الحسنة ولا السيئة ط ادفع بالتي هي احسن ۔ نیکی اور برائی برابر نہیں ہوسکتی۔ برائی کو بھلائی سے دفع کرو۔ (ہمیں نیکیاں لازمی کرنی چاہئیں۔ کیونکہ) ان الحسنات يذهبن السيأت ۔ بیشک! نیکیاں (گذشتہ) گناہوں کو مِٹا دیتی ہیں۔ للذين احسنوا الحسنىٰ و زيادة ۔ نیک کام کرنے والوں کے لئے نیکی اور کچھ زائد بھی ہے۔ من جاء بالحسنة فله عشر امثا لها ۔ جو نیکی لے کر آئے گا۔ تو اس کے لئے اس جیسی دس نیکیاں ہیں۔ استبقوا الخيرات ۔ نیکیوں میں ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کرو۔ (بمطابق حدیث) أتبع السيئة الحسنة تمحها ۔ گناہ کرنے کے بعد نیکی (ضرور) کرو۔ کیونکہ یہ (یہ نیکی گذشتہ) گناہ کو مٹا دیتی ہے۔ ☆ جس نے نیکی کا ارادہ کیا۔ لیکن عمل نہیں کیا۔ (تو) اللہ تعالیٰ اپنے ہاں اس کی ایک کامل نیکی لکھ دے گا۔ اور اگر نیکی کا ارادہ اس پر عمل بھی کیا۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے عوض دس سے لے کر سات سو نیکیوں تک دو چند بڑھائے گا۔ ☆ راضی برضا رہنے میں ہی مسلمان کے لئے عافیت ہے۔

وعسىٰ ان تكرهوا شيئا وهو خير لكم ان تحبوا شيئا وهو شر لكم والله يعلم انتم تعلمون ۔ (ترجمہ) اور ممکن ہے۔ کہ تمھیں کوئی چیز ناپسند ہو۔ جبکہ وہ تمھارے لئے بہتر ہو۔ اور ممکن ہے۔ کہ! کوئی شئے تمھیں پسند ہو۔ اور وہ تمھارے لئے شر (بدتر۔ نقصان دہ) ہو۔ (کیونکہ) اللہ تعالیٰ (اپنی حکمت کے پیشِ نظر بہتر) جانتا ہو۔ جو (کہ) تم نہیں جانتے۔ (سورہ بقرہ) اسی طرح قرآن میں ایک اور جگہ پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ کہ! و ما او تيتم من العلم الا قليلا ۔ اور تمھیں نہایت قلیل علم دیا گیا ہے۔ (سورہ بنی اسرائیل)

☆ جب ہمارے پاس زیادہ مال و دولت ہوگی ۔ تو کیا ہمارے رزق میں وسعت و زیادتی ہوگی ۔ حالانکہ ! اللہ تعالیٰ کا قانون اور واضح حکم تو یہ ہے ۔ کہ ! **لئن شکرتم لازیدنکم** ۔ تم (ہروقت اور ہر حالت میں میرا) شکرادا کرو گے ۔ تو میں تمہیں مزید (نعمتیں اور رحمتیں) عطا کروں گا ۔ (سورہ ابراہیم ۔ نمبر 07) (کیونکہ) **و قلیل من عبادی الشکور** ۔ میرے بندوں میں سے شکرگزار (بندے بہت) قلیل ہیں ۔ شاکرین کی فضیلت قرآن میں یہ ہے ۔ کہ ! **وسنجزی الشکرین** ۔ اور جو لوگ شکرگزار ہیں ۔ ہم جلد ہی ان کو (ان کی شکرگزاری کا) اجرعطا کریں گے ۔

☆ (دوسروں کو نصیحت مگر خود بےعمل) **اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسکم وانتم تتلون الکتٰب افلا تعقلون** ۔ کیا لوگوں کو بھلائی (کرنے) کا حکم کرتے ہو ۔ اور (حالانکہ تم) خود اپنے آپ کو بھول جاتے ہو ۔ باوجودیکہ تم کتاب (بھی) پڑھتے ہو ۔ کیا (تمہیں اتنی سی معمولی) بات بھی سمجھ نہیں آتی ۔

سوال ۔ قرآنِ حکیم کے مطابق انسان فلاح کیسے پا سکتا ہے ؟

جواب ۔ واتقوا اللہ لعلکم تفلحون ۔ (سورہ بقرہ ۔ آیت نمبر 189) اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو ۔ تاکہ تم نجات پاؤ ۔ **وجاھدوا فی سبیلہ لعلکم تفلحون** ۔ (سورہ مائدہ ۔ آیت نمبر 35) اور اس (اللہ تعالیٰ) کے راستے میں جہاد کرو ۔ تاکہ تم فلاح پاؤ ۔ **یا یھا الذین اٰمنوا انما الخمر والمیسر والانساب والازلام رجس من عمل الشیطٰن فاجتنبوا لعلکم تفلحون** ۔ (سورہ مائدہ ۔ آیت نمبر 90) اے ایمان والو ! شراب ، جوا ، بت اور پاسے (یہ تمام) ناپاک کام شیطان کی جانب سے ہیں ۔ سو ان سے بچتے رہو ۔ تاکہ (تم) نجات پاؤ ۔ **فاذکروا الآء اللہ لعلکم تفلحون** ۔ (سورہ اعراف ۔ آیت نمبر 69) پس اللہ تعالیٰ کی (عطا کردہ تمام) نعمتوں کو یاد کرو ۔ تاکہ تم فلاح پاؤ ۔ **یا یھا الذین اٰمنوا اذا لقیتم فئۃ فاثبتوا واذکروا اللہ کثیرا لعلکم تفلحون** ۔ (سورہ انفال ۔ آیت نمبر 45) اے ایمان والو ! جب تمہارا آمنا سامنا کسی جماعت (کفار یا دشمنانِ اسلام) سے ہو تو (تم پر لازم ہے کہ تم) ثابت قدم رہو ۔ اور اللہ تعالیٰ کو کثرت سے یاد کرو ۔ تاکہ تم فلاح پاؤ ۔ **یا یھا الذین اٰمنوا ارکعوا واسجدوا واعبدوا ربکم وافعلوا الخیر لعلکم تفلحون** ۔ (سورہ حج ۔ آیت نمبر 77) اے ایمان والو ! رکوع کرتے رہو ۔ سجود کرتے رہو ۔ اور اپنے رب کی عبادت کرتے رہو ۔ اور نیک کام کرتے رہو ۔ تاکہ تم فلاح پاؤ ۔ **وتوبوا الی اللہ جمیعا ایہ المؤمنون لعلکم تفلحون** ۔ (سورہ نور ۔ آیت نمبر 31) اور تم سب اللہ تعالیٰ کے آگے توبہ کرو اے مومنو ! تاکہ تم فلاح پاؤ ۔

☆ قرآنِ حکیم کے مطابق اللہ تعالیٰ کن لوگوں کے اعمال کو ضائع نہیں کرتا ؟ **والذین یمسکون بالکتٰب واقاموا الصلوٰۃ ط انا لا نضیع اجر المصلحین** ۔ (سورہ اعراف ۔ آیت نمبر 170) اور جو لوگ کتاب (اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی کتاب) کے پابند ہیں ۔ اور نماز کی پابندی کرتے ہیں ۔ ہم ایسے لوگوں کو ، جو اپنی اصلاح کریں ۔ (اُن کے نیک اعمال کا) ثواب ضائع نہیں کریں گے ۔

☆ فلسفہ دُعا بمطابق قرآن کیا ہے؟ **ادعونی استجب لکم** ۔ مجھ سے دُعا مانگو ۔ مَیں قبول کروں گا ۔ (دُعا عبادت کا مغز ہے) **اجیب دعوۃ الداع** ۔ مَیں دُعا کرنے والے کی دُعا کو سنتا ہوں ۔ (سورہ نمل) **ادعوا ربکم تضرعا و خفیۃ** ۔ اپنے رب کو عاجزی کے ساتھ چھپ کر پکارو ۔ (سورہ اعراف) **ادعوا ربکم تضرعا و خفیۃ** ۔ (سورہ اعراف ۔ آیت نمبر ۔ 55) تم لوگ اپنے پروردگار سے گڑگڑا کر اور چپکے چپکے سے دعا کیا کرو ۔ قرآنِ حکیم میں ہے ۔ کہ ! **واذا سالک عبادی عنی فانی قریب. اجیب دعوۃ الداع اذا دعان.فلیستجیبوا لی ولیؤ منوا بی لعلھم یرشدون** ۔ (سورہ بقرہ ۔ آیت نمبر ۔ 186) اور (اے میرے حبیب ﷺ) جب میرے بندے آپ ﷺ سے میرے متعلق پوچھیں ۔ تو (آپ ﷺ انہیں بتا دیجئے ۔ کہ) میں (تم سے) اتنا قریب ہوں ۔ کہ جب کوئی مجھے پکارتا ہے ۔ تو میں پکارنے والے کی پکار سنتا ہوں ۔ لہذا وہ بھی میری بات دل سے قبول کریں ۔ اور مجھ پر ایمان لائیں ۔ تاکہ وہ راہِ راست پر آجائیں ۔ **امن یجیب المضطر اذا دعا** ۔ ہے کوئی جو مضطر کی دعا قبول کرے ۔ جب وہ اسے پکارے ۔ (کیونکہ) **و نحن اقرب من حبل الورید** ۔ اور ہم اُس کی رگِ جان سے بھی زیادہ قریب ہیں ۔ (ایک حدیث میں آیا ہے) **من لم یسال اللہ یغضب علیہ** ۔ جو اللہ سے نہیں مانگتا ۔ اللہ تعالیٰ اُس سے ناراض ہو جاتا ہے ۔ (ترمذی) **حدیث :** رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ہمارا پروردگار بلند برکت والا ہے ۔ ہر رات کو اس وقت آسمانِ دنیا پر آتا ہے ۔ جب رات کا آخری تہائی حصہ رہ جاتا ہے ۔ وہ فرماتا ہے ۔ ہے کوئی مجھ سے دعا کرنے والا ۔ کہ میں اس کی دعا قبول کروں ۔ ہے کوئی مجھ سے مانگنے والا ۔ کہ میں اسے عطا کروں ۔ ہے کوئی مجھ سے بخشش طلب کرنے والا ۔ کہ میں اس کو بخش دوں ۔ بخاری (یہی حدیث کتاب صحیح مسلم میں ان الفاظ کے اضافہ کے ساتھ ہے ۔ کہ ! ۔۔۔ ہے کوئی مجھ سے بخشش طلب کرنے والا ۔ کہ میں اس کو بخش دوں ۔ اللہ تعالیٰ اسی طرح فرماتا رہتا ہے ۔ یہاں تک کہ صبح روشن ہو جاتی ہے ۔) صحیح مسلم شریف کی ایک حدیث ہے ۔ کہ ! نبی کریم ﷺ فرمایا کرتے تھے ۔ کہ ! مسلمان مرد کی اپنے بھائی کے لئے پس پشت دعا قبول ہوتی ہے ۔ اس (دعا کرنے والے مسلمان) کے سر کے پاس ایک موکل (فرشتہ) موجود ہے ۔ جب یہ اپنے بھائی کے لئے بھلائی کی دعا کرتا ہے ۔ تو موکل فرشتہ (اس کی دعا پر) آمین کہتا ہے ۔ اور کہتا ہے ۔ کہ ! تیرے لئے بھی اس کی مثل ہو ۔ حدیث میں ہے ۔ **الدعا ھو العبادۃ** ۔ (دعا عبادت ہے) حدیث میں ہے ۔ **الدعا مخ العبادۃ** ۔ (دعا عبادت کا مغز ہے) ۔ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے گزارش کی ۔ کہ ! یا رسول اللہ ﷺ ! آپ ﷺ میرے حق میں دُعا فرمائیں ۔ کہ ! اللہ تعالیٰ میری دُعاؤں کو قبول فرمایا کرے ۔ (تو) آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ اے سعد رضی اللہ عنہ ! پاکیزہ چیزیں کھایا کرو ۔ حلال لقمہ کھایا کرو ۔ (تو) اللہ تعالیٰ آپ رضی اللہ عنہ کی دعائیں قبول فرماتا رہے گا ۔ (ان شاء اللہ)

☆ (ہم سب کو اپنے کئے گئے اعمال میں ذرہ ذرہ کا حساب دینا ہوگا ، کیونکہ) **فمن یعمل مثقال ذرۃ خیرا یرۃ ومن یعمل مثقال ذرۃ شرا**

یرہ ۔ پس جو بھی شخص ذرہ برابر بھی نیکی کرے گا۔تو س (نیکی) کا ضرور اَجر پائے گا۔اور جو شخص ذرہ برابر بُرائی کرے گا۔تو اُس کی ضرور سزا پائے گا۔

☆ جو لوگ بحالتِ کفر فوت ہو جائیں۔اِن کے لئے اللہ تعالیٰ کا کیا حکم ہے ؟ **الا الـذیـن کفروا وماتوا وھم کفار واولٰئک علیھم لعنة اللہ والـمـلـٰئکة والناس اجمعین** ۔(سورہ بقرہ ۔آیت نمبر **161**) یقیناً جو کفار اپنے کفر میں ہی مَر جائیں ۔اِن پر اللہ تعالیٰ کی ،فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی لعنت ہے ۔

☆ کیا خلوصِ قلب سے توبہ کرنا ہر کسی کے بُس کی بات ہے ؟ کیونکہ توبہ کرنے والا بھی اللہ تعالیٰ کا محبوب بندہ ہوا کرتا ہے۔ **و یتوب اللہ علی من یشآء. واللہ علیم حکیم** ۔(سورہ توبہ۔آیت نمبر **15**) اور اللہ تعالیٰ جس کو چاہے ۔توبہ کی توفیق عطا فرمائے۔اور اللہ تعالیٰ جاننے والا اور حکمت والا ہے۔

ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ کا فرمانِ ذی شان ہے ۔کہ! **ثم یتوب اللہ من م بعد ذٰلک علٰی من یشآء. واللہ غفور رحیم** ۔(سورہ توبہ۔آیت نمبر **27**) پھر اس کے بعد (بھی) اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے توبہ (کرنے کی سعادت) نصیب فرمائے گا۔جس کو چاہے گا۔اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے ۔

☆(ہر انسان سے بات کا کیا انداز ہونا چاہیئے ؟) **قولوا للناس حسنا.** تمام انسانوں سے اچھی بات کہو ۔ (سورہ البقرہ ۔آیت نمبر **83**)

☆ (جھوٹ اللہ تعالیٰ کو سخت ناپسند ہے) **لـعـنت اللہ علی الکذ بین** ۔ جھوٹوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ۔(القران) جھوٹ بولنے کے نقصانات کیا کیا ہیں؟ **و قد خاب من ا فترٰی** ۔جس نے جھوٹ گھڑا۔وہ ناکام ہی رہا۔قرآنِ حکیم میں آیا ہے ۔کہ! **افمن ا فترٰی علی اللہ ا لکذب من م بعد ذٰلک فا و لٰئک ھم ا لظٰلمون** ۔پھر ان باتوں کے واضح ہونے کے بعد بھی جو لوگ اللہ تعالیٰ پر جھوٹا بہتان باندھیں ۔وہی لوگ درحقیقت بڑے ظالم ہیں ۔

☆ (بوقت پریشانی ومصیبت صبر کرو۔نوافل حاجات پڑھ کر اللہ سے مدد مانگو) **واسـتـعـینوا بالصبر والصلٰوة** ۔اور صبر اور نماز سے مدد حاصل کریں ۔(یاد رکھو۔کہ نماز کے بہت زیادہ فوائد ہیں) **واقم الصلٰوة ط اِن الـصـلـٰوة تنھٰی عن الفحشاءِ والمنکر ط** اور نماز کو قائم کریں ۔بے شک نماز بے حیائی اور ناشائستہ امور سے روکتی رہتی ہے ۔ **واقـم الصلٰوة لذکری** ۔ نماز میری یاد کے لئے قائم کرو۔ **قـد افلح المؤمنون .الـذین ھم فی صـلا تھـم خا شعون.** وہ مومنین فلاح پا گئے ۔جو اپنی نمازوں میں خشوع کرتے ہیں ۔(نماز کی تاکید کرنا نہایت ضروری ہے ۔کیونکہ) **وامـر اھلک بـالـصلٰوة واصطبر علیھا** ۔ اور اپنے اہل وعیال کو نماز کا حکم دیتے رہا کرو۔اور خود بھی اس کے پابند رہو۔(کیونکہ! نماز قربِ الٰہی کا بہترین وسیلہ بھی ہے) **واسـجـد واقترب** ۔سجدہ کر کے رب سے قرب حاصل کرو۔(بمطابق حدیث) حضرت ابودرداء؄ کہتے ہیں ۔کہ! میرے خلیل ﷺ نے مجھ کو وصیت فرمائی ۔کہ! تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک مَت کرنا ۔اگرچہ تمھارے ٹکڑے ٹکڑے (کیوں نہ) کردیئے جائیں ۔اور جلا دیئے جاؤ۔اور فرض نماز کو جان بوجھ کر (کبھی بھی) مَت چھوڑنا ۔کیونکہ! جس نے جان بوجھ کر اسے (یعنی فرض نماز کو) چھوڑا۔تو اس (بے نمازی) پر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ اُٹھ جائے گی ۔اور تم شراب (قطعًا) مَت پینا ۔کیونکہ شراب جملہ برائیوں کی کنجی ہے ۔(سنن ابن ماجہ) حضرت بریدہ؄ بیان کرتے ہیں ۔کہ! حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔(کہ) ہمارے اور ان (منافقین) کے درمیان نماز عہد ہے ۔پس جس نے اسے (یعنی نماز کو) ترک کیا ۔تو (گویا) اس نے کفر کیا ۔ (ترمذی ۔نسائی ۔ابن ماجہ)

☆ (نماز نہ پڑھنے کے بہت نقصانات ہیں) **فویل للمصلین o الذین ھم عن صلو تھم ساھون o** ۔ بیشک! ایسے نمازیوں کے لئے تباہی ہے ۔جو اپنی نماز سے غافل ہیں ۔(الحدیث) حضرت سعد؄ فرماتے ہیں ۔(کہ) مَیں نے نبی مکرم ﷺ سے پوچھا ۔ **الـذیـن ھم عن صلا تھم سا ھون** ۔(آیت) کے بارے میں پوچھا ۔تو آپ ﷺ نے فرمایا ۔وہ لوگ جو نماز کو وقت سے مؤخر کرتے ہیں ۔ **وأمـر اھـلـک بـا لـصـلاة واصـطـبـر علیھا** ۔اپنے اہل وعیال کو نماز کی تلقین کرو۔اور خود بھی اس کے پابند رہو ۔(سورہ طٰہٰ ۔**132**) **مـا سلککم فی سقر** ۔(تمھیں کس چیز نے سقر (سقر یعنی جہنم کی جھلستی ہوئی آگ) میں ڈالا ؟) **قـالوا لم نک من المصلین o ولـم نـک نطعم المسکین o وکـنـا نخوض مع الخا ئضین o وکنا نکذب بیوم الدین o حتی ا تٰنا الیقین o** وہ کہیں گے ۔کہ ہم نمازی نہ تھے ۔نہ مسکینوں کو کھانا کھلاتے تھے ۔اور ہم بحث کرنے والے (منکرین) کا ساتھ دے کر بحث مباحثہ میں مشغول رہا کرتے تھے ۔ (وہ کہیں گے ۔(کیونکہ) ہم نماز پڑھنے والوں میں سے نہ تھے) ۔(سورہ مدثر ۔آیت نمبر **42-43**) **منیبین الیہ واتقوہ و ا قیموا الصلٰوة ولا تکو نوا من المشر کین** ۔مومنو اُسی اللہ کی طرف رجوع کئے رہو۔اور اسی سے ڈرتے رہو۔ اور نماز پڑھتے رہو۔اور مشرکین میں سے مَت ہو جانا ۔(ہمیں سوچنا چاہیئے ۔کہ! نماز کس لئے ؟ نماز نہ پڑھنے کا نقصان کیا ہے ؟) **ا قـــم ا لـصـلـوة لذکرٰی** ۔(ترجمہ) میری یاد کے لئے نماز پڑھو۔(سورہ طہٰ ۔آیت نمبر 14) **(حـد یـث)** صحیحین میں ہے ۔کہ! حضرت عبداللہ بن مسعود؄ نے آنحضرت ﷺ سے پوچھا ۔کہ! اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ کون سا عمل محبوب ہے ؟ (تو آپ ﷺ نے) فرمایا ۔اوقات میں نماز (کو قائم کرنا) ۔

☆ (ایمان ہر انسان کے لئے اس دُنیا کی سب سے بڑی دولت ہے ۔نیک اعمال کرنے سے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے ۔اور بالآخر انسان اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور رحمت سے نیک اعمال کرتا ہوا جنت کا مستحق ہو جاتا ہے) **ان الـلـہ یدخل الذین امنوا و عملوا الصلحت جنت تجری** ۔ جو لوگ ایمان لائے ۔اور نیک عمل کرتے رہے ۔اللہ تعالیٰ ان کو جنتوں میں داخل فرمائے گا ۔ (سوال یہ ہے ۔کہ صاحبِ ایمان کی نشانی وعلامت کیا ہے ؟ متعدد نشانیوں میں دو نشانیاں یہ ہیں ۔ ایک تو اللہ تعالیٰ کی محبت واطاعت جبکہ دوسری نشانی اس کے رسول ﷺ کی محبت واطاعت) **والـذیـن اٰمنوا اشد حبا للہ** ۔اور اہلِ ایمان اللہ تعالیٰ سے شدید محبت رکھتے ہیں ۔ جدھر دیکھتا ہوں ، ادھر تُو ہی تُو ہے (حدیث میں آتا ہے) جس نے اللہ تعالیٰ کے لئے محبت و دشمنی رکھی ۔اس نے اپنے

ایمان کوکامل کرلیا۔(قرآنِ حکیم شاہد ہے) **ان صلوٰتی و نسکی و محیای و مماتی للہ رب العالمین** ۔ میری نماز، میری عبادت، میرا جینا، میرا مرنا (غرضیکہ میرے جملہ اعمال خالصتاً) اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں۔ جوتمام جہانوں کا رب ہے۔**و تبتل الیہ تبتیلا** ۔ ہر ایک سے کٹ کر اس (رب) کے ہو جاؤ۔ (الحاصل الکلام) عشقِ الٰہی اور عبادتِ رحمانی ہی ایمان کی اساس ہے۔

☆ (فسادی، ظالم، طعنہ گو اور بُرے القاب سے پکارنے والے لوگ اللہ تعالیٰ کوسخت ناپسند ہیں) **ولا تفسدوا فی الارض** ۔ تم زمین پر فساد نہ پھیلاؤ۔ **لا یفلح الظالمون** ۔ ظالم لوگ کبھی نجات نہیں پائیں گے۔**ولا تلمزوا انفسکم** ۔ اورتم لوگ آپس میں ایک دوسرے کوطعنہ مَت دو۔ **ولا تنابزو با لالقاب بئس الاسم** ۔ اور ایک دوسرے کوبُرے القاب سے یادمَت کرو۔

☆ قرآنِ حکیم کے مطابق ''تقوٰی کا فلسفہ کیا ہے ؟ **واتقوا اللہ ربکم** ۔اوراللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ جوتم سب کا رب ہے۔(سورہ طلاق۔آیت نمبر 1) **یا یھا الذین اٰمنوا اتقوا اللہ حق تقتہ** ۔اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔جیسا کہ اس سے ڈرنے کاحق ہے۔(سورہ آل عمران ۔آیت نمبر 102) یادرہے۔کہ! حضرت رسالت مآب ﷺ اورصحابہ کرامؓ کی طرح عوام الناس حق تقوٰی پورانہیں کرسکتے۔اسی لئے حق تعالیٰ نے فرمایا۔ **فاتقوا اللہ ما استطعتم** ۔پس ڈرواللہ تعالیٰ سے! جتنی تم میں استطاعت ہے۔(سورہ تغابن۔16) کیونکہ (بمطابق قول حضرت عبداللہ بن مسعودؓ) حق تقوٰی یہ ہے۔کہ! **اَنْ یُّطَا عَ فَلا یُعْصٰی وَاِنْ یُّشْکَرَ فَلاَ یُکْفَر وَاَنْ یُّذْکَرَ فَلاَ یُنْسٰی** ۔اس (رب متعال) کی اطاعت کی جائے۔اس کی نافرمانی نہ کی جائے۔اس (حق تعالیٰ) کو یادرکھا جائے۔اسے بھلایا نہ جائے۔اوراوراس کاشکرادا کیا جائے۔ناشکری نہ کی جائے۔(مستدرک حاکم۔تفسیرابن کثیر) **ان اکرمکم عنداللہ اتقکم** ۔یقیناً تم (تمام لوگوں) میں سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک عزت والا وہ ہے۔جومتقی (تقوٰی والا) ہے۔(سورہ الحجرات۔آیت نمبر 13) **ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجاو یرزقہ من حیث لا یحتسب** ۔ اور جو (شخص) اللہ تعالیٰ سے ڈرے گا۔تو اس (متقی) کے لئے مشکلات سے نکلنے کا راستہ پیدا فرمادے گا۔اوراسے ایسی جگہ سے رزق ملے گا۔جہاں سے اسے گمان بھی نہ ہوگا۔(ان شاءاللہ) (سورہ طلاق۔02) **ومن یتق اللہ یجعل لہ من امرہ یسرا** ۔اورجواللہ تعالیٰ سے ڈرے گا۔تو وہ اس کے لئے اس کے تمام امورمیں آسانی پیدافرمادے گا۔(سورہ طلاق۔آیت نمبر 04) **خذوا ما تینا کم بقوۃ واذکروا ما فیہ لعلکم تتقون** ۔(ترجمہ) جوہم نے تمھیں (کتاب کی صورت میں) دیا۔اس کومضبوطی سے تھام لو۔اوراس میں جوکچھ لکھا ہے۔اس کو یادرکھو۔تاکہ تمھیں تقوٰی حاصل ہو۔(سورہ بقرہ۔63) اس آیت سے واضح طور پرہمیں یہ پتہ چلتا ہے۔کہ! احکاماتِ الٰہیہ کویادکرنے اوراس پرعمل پیرا ہونے سے تقوٰی کاحصول ممکن ہے۔**یا یھا الذین اٰمنوا کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم لعلکم تتقون** ۔(ترجمہ) اے ایمان والو! تم پر رزے فرض کئے گئے ہیں۔جیسے کہ تم سے پہلے والے لوگوں لوگوں پرفرض کئے گئے تھے۔تاکہ تمھارے اندرتقوٰی پیدا ہو۔(سورہ بقرہ۔183) **البر من اتقٰی** ۔(ترجمہ) نیکی یہ ہے۔کہ! انسان تقوٰی اختیارکرے۔(سورہ بقرہ۔189) اس آیت میں نیکی کوتقوٰی کے ساتھ مشروط ومربوط کردیا گیا ہے۔ **اعدلوا. ھو اقرب للتقوٰی** ۔ عدل (انصاف) کیا کرو۔جو پرہیزگاری کے قریب ہے۔(سورہ مائدہ۔ **08**) **فان خیر الزاد التقوٰی. واتقون یا ولی الا لباب** ۔(ترجمہ) بے شک! بہترین زادِراہ تقوٰی ہے۔اوراےعقل والو! میری نافرمانی سے ڈرتے رہو۔(سورہ بقرہ۔197) اس آیت کا یہ مفہوم ہوسکتا ہے۔کہ! انسان اس دنیا میں ایک نہایت ہی قلیل ومختصروقت کے لئے لایا گیا ہے۔چونکہ اس نے واپس لوٹنا ہے۔لہذا اسے اپنے سفرکے لئے کچھ نہ کچھ زادِراہ بھی تو چاہیئے۔اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔کہ! بہترین زادِراہ تقوٰی ہے۔ **من اٰمن با للہ والیوم الاٰ خر والملٰئکۃ والکتٰب والنبیین. واٰتی المال علٰی حبہ ذوی القربٰی والیتٰمٰی والمسٰکین وابن السبیل. والسآ ئلین وفی الرقاب. واقام الصلوٰۃ واٰتی الزکٰوۃ. والموفون بعھدھم اذا عٰھدوا. والصّٰبرین فی البا سآء والضّرّاء وحین الباس. اولٰئک الذین صدقوا. واولٰئک ھم المتقون** ۔ جواللہ تعالیٰ پرایمان لائے۔اورقیامت کے دن پر، فرشتوں پر، اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ کتاب پر، انبیائے کرامؑ پرایمان رکھنے والا ہو۔ جومال سے محبت رکھنے کے باوجودقرابت داروں، یتیموں، مسکینوں، مسافروں اورسائلین کودے۔غلاموں کوآزادکرے۔نماز (کو پابندی کے ساتھ) قائم کرے۔زکات دے۔جب وعدہ کرے۔تو اسے پورا کرے۔تنگ دستی اوردکھ درد اورلڑائی کے وقت صبراختیارکرے۔یہی سچے لوگ ہیں۔اوریہی متقی (پرہیزگاراوراللہ تعالیٰ سے ہروقت ڈرنے والے) لوگ ہیں۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 177-176) (بمطابق قرآنِ حکیم) **واذا حکمتم بین الناس ان تحکموا با لعدل** ۔(سورہ نساء۔آیت نمبر۔58) اور جب لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو۔تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو۔قرآنِ حکیم میں ایک اورجگہ ہے۔کہ! **ان اللہ یا مر با لعدل والاحسان** ۔(سورہ نحل۔آیت نمبر۔**90**) بے شک! اللہ تعالیٰ عدل (انصاف) اوراحسان کاحکم دیتا ہے۔(بمطابق قرآنِ حکیم) **ان اللہ یحب المقسطین** ۔(سورہ ممتحنہ۔آیت نمبر۔**08**) بے شک! اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں کوپسندفرماتا ہے۔ ☆ حضرت ابوذرغفاریؓ سے روایت ہے۔(کہ!) رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا۔(کہ!) تم کواپنی ذات سے نہ کسی گورے کے مقابلے میں بڑائی حاصل ہے۔نہ کسی کالے کے مقابلہ میں۔البتہ تقوٰی۔ (مسنداحمد)

☆ (تقوٰی کا فائدہ کیا ہے؟) **ومن یتق اللہ یکفر عنہ سیاٰتہ و یعظم لہ اجرا** ۔اورجو(شخص) اللہ تعالیٰ سے ڈرے گا۔وہ اس سے اس کی برائیاں (گناہ) دورکردے گا۔اوراسے بہت بڑااجرعطافرمائے گا۔**ومن یتق اللہ یجعل لہ من امرہ یسرا** ۔اورجو(شخص) اللہ تعالیٰ سے ڈرے گا۔تو اللہ تعالیٰ اس (متقی شخص) کے معاملات (یعنی مصائب ومشکلات کے حل) میں آسانی پیدافرمادے گا۔(**بمطابق حدیث**) جودنیااورآخرت میں عزت و

بزرگی چاہتا ہے۔تو اسے چاہیئے ۔کہ! تقوٰی اختیار کرے۔ ☆جو شخص یہ چاہے۔کہ! سب لوگوں میں زیادہ عزت والا ہو۔اسے چاہیئے ۔کہ تقوٰی اختیار کرے۔ ☆جن نیک بندوں نے دنیا میں پرہیزگاری اختیار کی۔ان کا حساب کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ شرمائے گا۔ (**بقولِ البلوشی**) جاننا چاہیئے ۔کہ! تقوٰی کی اصل درحقیقت دو باتوں میں پوشیدہ ہے۔پہلی بات ایک یقینی کیفیت ہے۔جبکہ دوسری کیفیت ایک یقینی احساس ہے۔ 1۔اگر اللہ تعالیٰ سب کچھ عطا کرسکتا ہے۔تو وہ سب کچھ لے بھی سکتا ہے۔2۔رب متعال مجھ سے کیا چاہتا ہے ؟ کہ میں کروں۔ اور رب متعال مجھ سے کیا چاہتا ہے ؟ کہ مَیں نہ کروں۔

☆اگر کسی کے مقدر میں بے عزتی لکھ دی گئی ہے۔تو رب متعال پر غصہ دکھاتے ہو۔منہ بنالیتا ہے۔ **من کان یرید العزۃ فللہ العزۃ جمیعا** ۔جو شخص عزت کا طلب گار ہے۔تو (وہ یہ بات جان لے۔کہ) عزت تو ساری کی ساری اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہے۔(سورہ فاطر۔آیت نمبر10) **اللھم مالک الملک تؤتی الملک من تشاء وتنزع الملک ممن تشاء وتعز من تشاء وتذل من تشأبیدک الخیر. انک علی کل شیءقدیر** ۔ اے اللہ! تمام تر بادشاہی کے مختارِ کُل ! تُو جس کو چاہے۔بادشاہی بخشے۔اور جس سے چاہے۔بادشاہی چھین لے۔اور (علاوہ ازیں) تُو جس کو چاہے عزت سے سرفراز فرمائے۔اور تُو جس کو چاہے۔ذلیل کرے۔(کیونکہ) بھلائی تو تیرے ہی اختیار میں ہے۔اور (ویسے بھی) تو ہر چیز پر قادر ہے۔(سورہ آل عمران۔26)

☆ کیا دولت مند ہی سب سے زیادہ عزت والا ہے؟ **ان اکرمکم عنداللہ اتقکم** ۔یقیناً تم (تمام لوگوں) میں سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک عزت والا وہ ہے۔جو متقی ہے۔(سورہ الحجرات۔آیت نمبر13) برگزیدہ بندوں کی نشانی وعلامت اللہ تعالیٰ نے یہ بھی بتائی ہے۔کہ! **وممن ھدینا واجتبینا اذا تتلی علیھم ایٰت الرحمٰن خروا سجداو بکیا** ۔ اور یہ ان لوگوں میں سے تھے۔جن کو ہم نے ہدایت بخشی اور برگزیدہ کیا۔ان کا یہ حال تھا۔کہ جب رحمان کی آیات ان کو سنائی جاتیں۔تو (یہ اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندے) روتے ہوئے سجدے میں گر پڑتے۔(سورہ مریم۔آیت نمبر58) اسی ضمن میں ایک اور جگہ یوں آیا ہے۔ **ومن یاتہ مؤ منا قد عمل الصّٰلحت فاولٰئک لھم الدرجٰت العلٰی** ۔(سورہ طٰہٰ۔آیت نمبر75) اور جو اس (اللہ تعالیٰ) کے پاس ایمان دار ہو کر حاضر ہوگا۔اور اس نے نیک اعمال بھی کئے ہوں گے۔اس کے لئے بلند و بالا درجات ہیں۔

☆ (گمراہ لوگو! توبہ کر کے سیدھے راستے پر آجاؤ۔) **ان الذین یضلون عن سبیل اللہ لھم عذاب شدید م بما نسوا یوم الحساب** ۔ یقیناً وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کی راہ سے بھٹک جاتے ہیں۔ان کے لئے سخت عذاب ہے۔اس لئے کہ وہ حساب کے دن کو بھول گئے ہیں۔ **ومن اضل ممن ھوٰہ بغیر ھدی من اللہ** ۔ اور اس سے بڑھ کر گمراہ کون ہوگا۔جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی ہدایت کے بغیر اپنی خواہش کی پیروی کرے۔

☆(سود سے خود بھی بچیں۔اور دوسروں کو بھی بچائیں) **یا یھا الذین امنوا اتقوا اللہ وذروا ما بقی من الربوا ان کنتم مؤمنینoفان لم تفعلوا فاذنوا بحرب من اللہ ورسولہ** ۔ اے لوگو! جو ایمان لائے ہو۔اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔اور جو سود باقی ہے۔اسے چھوڑو۔اگر تم مومن ہو۔اگر تم نے یہ نہ کیا۔تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف سے بڑی جنگ کا اعلان سن لو۔(بمطابق حدیث) جب زنا اور سود کسی آبادی میں عام ہو جاتا ہے۔تو وہاں کے لوگ اللہ تعالیٰ کے عذاب کو اپنے اوپر خود لے آتے ہیں۔(ایک اور حدیث) حضرت رسول مکرم ﷺ نے فرمایا۔سات مہلک گناہوں سے بچتے رہو۔صحابہ کرام ؓ نے پوچھا۔یارسول اللہ ﷺ !وہ (سات تباہ کرنے والے) گناہ کون سے ہیں ؟ آپ ﷺ نے فرمایا۔اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا۔جادو کرنا۔کسی کی ناحق جان لینا کہ جسے اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہو۔ سود کھانا۔ یتیم کا مال کھانا۔لڑائی میں سے بھاگ جانا۔ پاک دامن بھولی بھالی مسلمان عورتوں پر تہمت لگانا۔

☆ (دُنیاوی خواہشات کے پیچھے بھاگنا ایک اچھے مسلمان کی خامی ہے) **ولا تتبع الھوٰی فیضلک عن سبیل اللہ** ۔اور خواہشات کی پیروی نہ کر۔کہیں وہ (خواہشات) تجھے اللہ تعالیٰ کے راستے سے بھٹکا نہ دیں۔(لہذا نفس (یعنی خواہش) کی حرص سے بچو) **ومن یوق شح نفسہ فاولٰئک ھم المفلحون** ۔اور جو شخص اپنے نفس کی حرص سے بچا لیا گیا۔تو وہی کامیاب ہے۔

☆ (ہم گناہ گاروں کو چاہیئے ۔کہ اللہ تعالیٰ سے معافی مانگ کر سیدھی راہ اپنائیں) (**قل یٰعبادی الذین اسرفوا علی انفسھم لا تقنطوا من رحمۃ ط ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا ط انہ ھو الغفور رحیم** o۔ (کہہ دیجئے۔کہ) اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی ۔تم اللہ تعالیٰ کی رحمت سے (قطعاً) مایوس مَت نہ ہو۔یقیناً اللہ تعالیٰ تمہارے جملہ گناہ معاف فرمادے گا۔(کیونکہ) وہ بڑی بخشش والا، بڑی رحمت والا ہے۔(گناہ کرنے کے باوجود بھی ہمیں اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا چاہیئے) **توبوا الی بارئکم** ۔ اپنے پیدا کرنے والے (یعنی رب) کی طرف رجوع کرو۔

☆ (بھیک مانگنے والے یا سوال کرنے والے (سائل) کو حقیر مَت جانو اور نہ ہی اُسے جھڑکو) **واما السائل فلا تنھر** ۔ اور کسی سائل (سوال کرنے والے یا بھیک مانگنے والے) کو مَت جھڑکو۔ (بمطابق حدیث) سائل (سوال کرنے والا یعنی مانگنے والا) اللہ تعالیٰ کا اس کے بندے کی طرف ہدیہ ہے۔

☆ (شیطان کون ہے؟ اور اس کا کیا کام ہے ؟) **ولا تتبعوا خطوٰت الشیطٰن. انہ لکم عدو مبین. انما یا مرکم بالسوٓء والفحشآء وان تقولوا علی اللہ مالا تعلمون** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر169-168) اور شیطانی راہ پر مَت چلو۔وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔وہ تمھیں صرف برائی اور بے حیائی کا اور اللہ تعالیٰ پر ان باتوں کے کہنے کا حکم دیتا ہے۔جن کا تمھیں علم نہیں۔(قرآن حکیم میں ہے۔کہ) **ان الشیطان للانسان عدو مبین** ۔(ترجمہ) بے شک! شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔

☆ (شیطان کن لوگوں پر اُترتا ہے ؟) **ھل اُنبئکم علی من تنزل الشیٰطین تنزل علی کل افاک اثیم** ۔کیا مَیں تمھیں خبر دوں۔کہ! شیاطین کس پر اُترتے ہیں۔وہ ہر جھوٹے (شخص) اور گناہ گار (شخص) پر اترتے ہیں۔

☆ (کیا سارے گناہ ہم سے شیطان کرواتا ہے۔کیا شیطان کا ہم پر بس چل سکتا ہے؟) **ان عبادی لیس لک علیھم سلطٰن الا من اتبعک من الغٰوین** ۔بےشک! جومیرے(مخلص وحقیقی) بندے ہیں۔اِن پر تیرا کوئی زور نہیں چلے گا۔تیرا بس توصرف(بھٹکے ہوئے گمراہ) لوگوں پر ہی چلے گا۔(سورہ الحجر۔آیت نمبر42) اسی طرح سے اللہ تعالٰی کا یہ بھی وعدہ ہے۔کہ! **ان عبادی لیس لک علیھم سلطٰن و کفٰی بر بک و کیلا** ۔بےشک! جومیرے(مخلص وحقیقی) بندے ہیں۔اِن پر تیرا کوئی زور نہیں چلے گا۔اور تیرا پروردگار(ان کی رکھوالی کے لئے) کافی ہے۔(سورہ الاسراء۔آیت نمبر65)

☆ (کیا نیکی ہم خود کرتے ہیں۔جبکہ برائی ہم سے شیطان کرواتا ہے؟) **ما اصابک من حسنۃ فمن اللہ وما اصابک من سیئۃ فمن نفسک** ۔اے انسان! تجھے جو بھی بھلائی حاصل ہوتی ہے۔وہ اللہ تعالٰی کی عنایت ہی سے ہوتی ہے۔اور جو نقصان (یا مصیبت) تجھے پہنچے۔وہ (تیرے ہی شامتِ اعمال یعنی) نفس کی وجہ سے ہے۔(سورہ النساء۔79)

☆ (دین کو ہنسی مذاق بنانے والوں کے ساتھ کیسا سلوک ورویہ رکھنا چاہیئے؟) **یا یھا الذین اٰمنوا لا تتخذوا الذین اتخذوا دینکم ھزوا ولعبا** ۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر57) اے اہلِ ایمان! (تم) ان لوگوں کو اپنا دوست مت بناؤ۔جنہوں نے تمھارے (سچے) دین کو ہنسی مذاق اور کھیل بنا رکھا ہے۔

☆ (کیا حضرت انسان ازخود ہدایت یافتہ بن سکتا ہے؟) **واللہ یھدی من یشآء الٰی صراط مستقیم** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر213) اور اللہ تعالٰی جس کو چاہے۔سیدھی راہ کی طرف رہبری کرتا ہے۔ بلکہ قرآن حکیم کے ذریعے اللہ تعالٰی نے اپنے محبوب نبی ﷺ کو بھی واضح حکم فرمایا ہے۔کہ! **لیس علیک ھدٰھم ولٰکن اللہ یھدی من یشآء** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر213) (اے نبی مکرم ﷺ) آپ ﷺ کے ذمہ نہیں ہے۔کہ ان کو ہدایت دے دیں۔بلکہ اللہ تعالٰی ہی ہدایت دیتا ہے۔جس کو(وہ) چاہتا ہے۔(پھر قرآن میں ہے) **انک لا تھدی من احببت ولٰکن اللہ یھدی من یشآء. وھو اعلم بالمھتدین** ۔(سورہ قصص۔آیت نمبر56) (اے نبی مکرم ﷺ) آپ ﷺ ہدایت نہیں دے سکتے۔جس کو آپ ﷺ چاہیں۔ بلکہ اللہ تعالٰی ہدایت دیتا ہے۔جس کو چاہتا ہے۔اور وہ خوب جانتا ہے۔ہدایت پانے والوں کو۔(لہذا) ہدایت بھی طلب کرو۔(حق حاصل ہونے کے بعد ہمیں صراطِ مستقیم پر چلنا ضروری ہے۔ **اھدنا الصراط المتسقیم** ہمیں سیدھے راستے پر چلا۔(یعنی ہر وقت ہدایت طلب کرتے رہنا چاہیئے۔) کیونکہ! **ومن یھد اللہ فھو المھتد** ۔ اور جسے اللہ تعالٰی ہدایت عطا فرمائے۔تو وہی (درحقیقت) ہدایت پر ہے۔ اگر خدانخواستہ **ومن یضلل اللہ فما لہ من ھاد** ۔ اور جس کو اللہ تعالٰی (ہی) گمراہ کردے۔تو اس کو راہ دکھانے والا کوئی نہیں۔(لہذا ہمیں ہر وقت اللہ تعالٰی سے اُس کا فضل،کرم،رحمت، مغفرت،ہدایت طلب کرتے رہنا چاہیئے۔(قرآن میں ہے۔) **ذٰلک ھدی اللہ یھدی بہ من یشآء ومن یضلل اللہ فما لہ من ھاد** ۔(ترجمہ) یہ اللہ تعالٰی کی ہدایت ہے۔جسے چاہے۔راہ دکھائے۔اور جسے چاہے۔گمراہ کردے۔ اسے کوئی راہ دکھانے والا نہیں۔

☆ (ہدایت حاصل ہوجانے (یا ہدایت ملنے) اور ہدایت سے نہ ملنے کی نشانیاں کیا ہیں؟) **فمن یرد اللہ ان یھدیہ یشرح صدرہ للاسلام. ومن یرد ان یضلہ یجعل صدرہ ضیقا حرجا کا نما یصعد فی السمآء. کذٰلک یجعل اللہ الرجس علی الذین لا یؤمنون. وھٰذا صراط ربک مستقیما. قد فصلنا الاٰیٰت لقوم یذکرون** ۔(سورہ انعام۔آیت نمبر126-125) تو اللہ تعالٰی جس کسی کو ہدایت سے نوازنا چاہتا ہے۔اس کے سینے کو اسلام کے لئے کھول دیتا ہے۔اور جس کو گمراہ کرنا چاہتا ہے۔اس کے سینے کو بالکل تنگ کردیتا ہے گھٹا ہوا۔(وہ ایسی تنگی محسوس کرتا ہے۔کہ) گویا اسے آسمان پر چڑھنا پڑ رہا ہے۔اس طرح اللہ تعالٰی ان لوگوں پر ناپاکی مسلط کردیتا ہے۔جو ایمان نہیں لاتے۔اور یہ تیرے رب کا سیدھا راستہ ہے۔ہم نے اپنی آیات خوب تفصیل سے بیان کردی ہیں۔ان لوگوں کے لئے جونصیحت حاصل کرنا چاہیں۔

☆ (کیا کوئی بندہ دوسرے کو مار پیٹ یا جبر وتشدد سے مسلمان کرسکتا ہے؟ یا کوئی شخص جبر وتشدد اور ظلم سے کسی کو نیک اعمال کرنے (جیسے نماز روزہ وغیرہ) کی تلقین کرسکتا ہے؟) **لا اکراہ فی الدین** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر256) دین میں کوئی جبر (زبردستی) نہیں ہے۔

☆ (دین سے پھر جانے والوں (مرتدین) کے لئے اللہ تعالٰی کا کیا حکم ہے؟) **و من یرتدد منکم عن دینہ فیمت وھو کافر فاولٰئک حبطت اعمالھم فی الدنیا والاٰخرۃ. واولٰئک اصحٰب النار. ھم فیھا خٰلدون** ۔(سورہ بقرہ۔217) جو کوئی تم میں سے اپنے (حق وسچ) دین سے پھر گیا۔تو یہ وہ لوگ ہوں گے۔جن کے تمام اعمال دنیا اور آخرت ضائع جائیں گے۔اور وہ (مرتد) جہنم والے ہوں گے۔اور اسی (جہنم) میں ہمیشہ رہیں گے۔(قرآن حکیم میں ایک اور جگہ آیا ہے۔کہ) **یا یھا الذین اٰمنوا من یرتد منکم عن دینہ فسوف یا تی اللہ بقوم یحبھم ویحبو نہ. اذلۃ علی المؤمنین اعزۃ علی الکٰفرین یجاھدون فی سبیل اللہ ولا یخا فون لو مۃ لآ ئم. ذٰلک فضل اللہ یؤ تیہ من یشآء. واللہ واسع علیم** ۔(سورہ مائدہ۔54) اے ایمان والو! تم میں سے جو شخص اپنے دین سے پھر جائے۔تو اللہ تعالٰی بہت جلد ایسی قوم کو لائے گا۔جو اللہ تعالٰی کی محبوب ہوگی۔اور وہ اللہ تعالٰی سے محبت رکھتی ہوگی۔وہ مسلمانوں پر نرم دل ہوں گے۔اور کفار پر سخت اور تیز ہوں گے۔ اللہ تعالٰی کی راہ میں جہاد کریں گے۔اور کسی بھی ملامت کرنے والے کی پرواہ تک نہیں کریں گے۔یہ ہے اللہ تعالٰی کا (خصوصی) فضل۔جسے چاہے عنایت فرمائے۔اللہ تعالٰی بڑی وسعت والا اور زبردست علم والا ہے۔

☆ (اللہ تعالٰی کی رحمت کے اُمیدوار کون کون لوگ ہیں؟) **ان الذین اٰمنوا والذین ھاجروا و جٰھدوا فی سبیل اللہ. اولٰئک یرجون رحمت اللہ. واللہ غفور رحیم** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر218) بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے۔جنہوں نے (اپنے دین وجانوں کی حفاظت کے لئے)

ہجرت کی ۔اور (اللہ تعالیٰ کی راہ میں) جہاد کیا ۔تو یہی وہ لوگ ہیں ۔ جو اللہ تعالیٰ کی رحمت کے اُمیدوار ہیں ۔اور اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا اور بہت مہربانی کرنے والا ہے ۔قرآنِ حکیم میں ایک اور جگہ آتا ہے ۔کہ! **فمن تاب من م بعد ظلمه واصلح فان الله يتوب عليه. ان الله غفور رحيم** ۔(سورہ مائدہ ۔آیت نمبر ۔90) جو شخص اپنے گناہ کے بعد توبہ کر لے ۔اور (اپنے تئیں) اصلاح کر لے ۔تو اللہ تعالیٰ (اپنی وسیع و عریض) رحمت کے ساتھ اس کی طرف لوٹتا ہے ۔ یقیناً ! اللہ تعالیٰ معاف فرمانے والا مہربانی کرنے والا ہے ۔

☆ (ترقی یافتہ ممالک (بالخصوص European Counries) میں جنت کا سا نظارہ دیکھنے کو ملتا ہے ۔میٹھا پانی، چشمے، مال و دولت کی ریل پیل، سکون اطمینان کی زندگی ہے ۔جبکہ مسلم ممالک میں غربت وافلاس، فسادات، ناانصافی، ظلم و جبر وغیرہ پایا جاتا ہے ۔یعنی کفار عیش و آرام میں ہیں ۔جبکہ مسلمان آزمائشوں اور امتحانات سے گزر رہے ہیں ۔اس کی وجہ کیا ہے ؟) **زين للذين كفروا الحيوٰة الد نيا و يسخرون من الذين امنوا والذين اتقوا فوقهم يوم القيٰمة. والله يرزق من يشآء بغيير حساب** ۔(سورہ بقرہ ۔آیت نمبر 212) کفار کے لئے دنیا کی زندگی خوب زینت دار کی گئی ہے ۔وہ ایمان والوں سے ہنسی مذاق کرتے ہیں ۔حالانکہ! پرہیزگار لوگ قیامت کے دن اِن سے اعلیٰ ہوں گے ۔اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے ۔بے حساب رزق دیتا ہے ۔

☆ (اگر کوئی غیر مسلم پوری زندگی بھلائی کے کام کرتا رہے ۔تو کیا وہ جنتی ہوگا ؟) **ان الذين كفروا وماتوا وهم كفار فلن تقبل من احد هم ملء الارض ذهبا ولوفتدیٰ به. اولٰئک لهم عذاب ا ليم. وما لهم من نّصرين** ۔(سورہ آلِ عمران ۔آیت نمبر 91) ہاں جو لوگ کفر کریں ۔اور مرتے دَم تک کافر (ہی) رہیں ۔ان میں سے کوئی اگر زمین بھر سونا دے دے ۔گو فدیئے میں ہی ہو ۔تو بھی ہرگز قبول نہ کیا جائے گا ۔یہی لوگ ہیں ۔جن کے لئے تکلیف دینے والا عذاب (یعنی جہنم) ہے ۔اور جن کا کوئی یار و مددگار نہیں ۔

☆ دینِ الٰہی کا وقوف و ادراک اس دنیا اور اُس دنیا کے لئے ضروری ہے ۔کیونکہ! **ومن كان في هذه اعمٰى فهو في الآ خرة اعمٰى واضل سبيلا** ۔اور جو شخص اس دنیا میں اندھا بن کر رہا ۔وہ آخرت میں بھی اندھا ہی رہے گا ۔بلکہ راستے سے اور بھی زیادہ بھٹکا ہوا رہے گا ۔(سورہ الاسراء ۔72)

☆ بوقتِ مصیبت ، تنگ دستی ، مشکل صورتِ حال اللہ تعالیٰ کا قانون اور واضح حکم کیا ہے ۔کہ! **لا يكلف الله نفسا الا وسعها** ۔ (یعنی کہ) اللہ تعالیٰ کسی کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا ۔(سورہ بقرہ ۔آیت نمبر 286) اور اسی طرح قرآن میں ایک اور جگہ آیا ہے ۔کہ! **لا تكلف نفس الا وسعها** ۔ (یعنی کہ) کسی شخص کو اس کی قوتِ برداشت سے زیادہ تکلیف نہیں دی جاتی ۔(سورہ بقرہ ۔۔نمبر 233) چاہیئے کہ! مصائب ومشکلات اور آزمائش کے وقت اُسی زات کو پکارے کو سب سے زیدہ قریب ترین ہے ۔**و نحن اقرب اليه من حبل الو ريد** ۔اور ہم اس کے شہ رگ (رگِ گردن) سے بھی زیادہ اس کے قریب ہیں ۔(سورہ ق ۔آیت نمبر 16) یاد رہے ۔کہ اکثر اوقات مصیبت کی وجہ انسان خود ہی ہوتا ہے ۔کیونکہ! **و ما اصا بكم من مصيبة فبما كسبت** ۔تمھیں جو بھی مصیبت پہنچتی ہے ۔وہ تمھاری اپنی کمائی کی وجہ سے ہے ۔(لہذا) ہمارا حقیقی اور طاقتور خیر خواہ کون ہے ؟ **و ما لكم من دون الله من و لي ولا نصير** ۔ اور اللہ تعالیٰ کے سوا نہ تو تمھارا کوئی دوست ہے ۔اور نہ ہی کوئی مددگار ۔ (کیونکہ !) **ان ينصر كم الله فلا غالب لكم** ۔(ترجمہ) اگر اللہ تعالیٰ تمھاری مدد فرمائے گا ۔تو کوئی تم پر غالب نہ ہوگا ۔(ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ۔کہ!) **ان تنصرو الله ينصر كم و يثبت اقدا مكم** ۔(ترجمہ) اگر تم اللہ تعالیٰ کی مدد کرو گے ۔تو اللہ تعالیٰ تمھاری مدد فرمائے گا ۔اور تمھیں ثابت قدم رکھے گا ۔

☆ کیا آنکھوں سے بھی گناہ کرنا ممکن ہے؟ **قل ا للمؤ منين يغضوا من ابصا رهم** ۔اے محبوب! مومنین سے کہیں ۔کہ اپنی نظریں جھکائے رہیں ۔

☆ صبر اور معاف کرنے کا اجر ؟ **ولمن صبر و غفر ان ذلک لمن عزم الامور** ۔ اور جو شخص صبر کر لے ۔اور معاف (بھی) کر دے ۔(تو) یقیناً ! یہ بڑی ہمت کے کاموں میں سے (ایک کام) ہے ۔

☆ اللہ تعالیٰ کن لوگوں کو سخت سزا دیتا ہے ؟ **ومن يشا قق الله ورسوله فان الله شد يد العقاب** ۔(سورہ انفال ۔آیت نمبر 13) اور جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کی مخالفت کرتا ہے ۔سو بے شک! اللہ تعالیٰ (ایسے دشمن کو) سخت سزا دینے والا ہے ۔

☆ انسان جھگڑالو کیوں ہے ؟ **اولم يرالانسان انا خلقنه من نطفة فاذا هو خصيم مبين** ۔کیا انسان کو اتنا بھی معلوم نہیں ۔کہ! ہم نے اسے نطفے سے خلق کیا ہے؟ پھر یکا یک وہ صریح جھگڑالو بن بیٹھا ۔(انسان کے جھگڑالو ہونے کی ایک اور وجہ یہ بھی ہے ۔کہ) **وكان الا نسان عجو لا** ۔ اور انسان جلد باز واقع (پیدا) ہوا ہے ۔

عشق آں شعلہ اَست کہ چوں بروخت ہر کہ جز معشوق ، باقی جملہ سوخت

☆ نصیحت کون لوگ قبول کرتے ہیں ؟ **ا نما يتذ كر او لوا الباب** ۔بے شک! نصیحت تو وہی قبول کرتے ہیں ۔جو عاقل ہیں ۔کیونکہ! اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ۔کہ! **ان هذه تذكرة ج فمن شاء اتخذ الى ربه سبيلا** ۔ یقیناً یہ تو نصیحت ہے ۔پھر جو کوئی چاہے ۔اپنے رب کی جانب (قرب، وصل ولقا کے قصد سے) راستہ بنالے ۔

☆ دو لوگ یا دو گروہ یا دو خاندان آپس میں چھوٹی بڑی بات پر دست وگریبان ہو جاتے ہیں ۔اس بارے میں کیا حکمِ رحمانی ہے؟ **فلا جناح عليهما ان يصلحا بينهما صلحا والصلح خير** ۔تو نہیں گناہ ان دونوں پر کہ وہ آپس میں صلح کر لیں ۔(کیونکہ) صلح بہتر ہے ۔(سورہ النساء ۔128)

☆ لوگ سمجھتے ہیں۔کہ! یہ نعمتیں ہماری محنت، کمائی اور کوشش کا نتیجہ ہیں۔حالانکہ **وما بکم من نعمة فمن الله** ۔تمھیں جو بھی نعمت حاصل ہوتی ہے۔ وہ (صرف اور صِرف) اللہ تعالیٰ ہی طرف سے ہے۔(سورہ النحل۔آیت نمبر53) **انعمت علیهم** ۔کی قرآنِ حکیم کی تفسیر کے مطابق: **و من یطع الله والرسول فا و لئک مع الذین انعم الله علیهم من النبیین و الصد یقین والشهداء والصا لحین و حسن اولئک رفیقا . ذٰلک الفضل من الله و کفٰی با لله علیما .** (سورہ النساء) ۔اور وہ (خوش نصیب) لوگ، جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کریں گے۔تو وہ اُن لوگوں کے ساتھ ہوں گے۔ یا اُن لوگوں میں سے ہوں گے۔جن پر اللہ تعالیٰ نے (اپنا خصوصی) انعام کیا۔یعنی انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین۔اور یہ لوگ (یقیناً) بہت ہی اچھے رفیق ہیں۔یہ فضل (فقط) اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے۔اور اللہ تعالیٰ کافی ہے جاننے والا۔(اللہ تعالیٰ کے ہاں ہر نیکی کا بھرپور اجر ہے) **ان الذین اٰمنوا وعملوا الصلحت لهم اجر غیر ممنون** ۔یقیناً! جو لوگ ایمان لائیں۔اور بھلے کام کریں۔تو ان کے لئے نہ ختم ہونے والا اجر ہے۔ (سورہ حٰم السجدہ۔) اور اللہ تعالیٰ اچھے اعمال والے کو چیک بھی کرتا ہے۔ **ان الذین اٰمنوا وعملوا الصلحت انا لا نضیع اجر من ا حسن عملا** ۔یقیناً ! جو لوگ ایمان لے آئے۔اور بھلے کام کئے۔ہم ان کے اچھے اعمال کا اجر ضائع نہیں کرتے۔

☆ لوگ جب کسی معاملے یا مسئلے میں پھنس جاتے ہیں۔تو وہ کسی سے پوچھنے کے بجائے اپنی عقل ودانائی اور علم کو استعمال کرتے ہیں۔حالانکہ! **فسئلوا اهل الذکر ان کنتم لا تعلمون** ۔اگر تم لوگ (کوئی بھی بات) نہیں جانتے۔تو (اہلِ علم) سے پوچھ لو۔(سورہ النحل۔آیت نمبر43)

☆ (دنیا کی مرغوب چیزوں زن، زر اور زمین وغیرہ سے محبت رکھنا کیسا ہے؟) **زین للناس حب الشهوٰت من النسآء والبنین والقنا طیر المقنطرة من الذهب والفضة والخیل المسومة والانعام والحرث. ذٰلک متاع الحیوٰة الدنیا. والله عنده حسن المآب** ۔(سورہ اٰل عمران۔آیت نمبر14) مرغوب چیزوں کی محبت لوگوں کے لئے مزین کردی گئی۔جیسے عورتیں، بیٹے، سونے اور چاندی کے جمع کئے ہوئے خزانے (اس کے ساتھ ساتھ) شاندار گھوڑے، چوپائے اور کھیتی۔یہ سب دنیاوی زندگی کا سامان ہے۔(لیکن) ابدی انجام کا حسن تو صرف اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہے۔

☆ جب کوئی صاحب ثروت (حامل مال و دولت) کسی پر اپنے مال و دولت اور اثر ورسوخ کے بل بوتے پر کسی پر ناجائز ظلم کرتا ہے۔تو وہ اللہ تعالیٰ کو بھول جاتا ہے۔حالانکہ! اللہ تعالیٰ کا قانون اور واضح حکم تو یہ ہے۔کہ! **یا یها الناس انتم الفقراء الی الله والله هو الغنی الحمید** ۔اے لوگو! تم سب اللہ تعالیٰ کے محتاج ہو۔اور اللہ تعالیٰ بے نیاز اور سزاوار ہے۔(سورہ فاطر۔آیت نمبر15) اگر جنہوں نے ظلم کیا۔تو شاید ہم بخشے نہیں جائیں گے۔ **الا من ظلم ثم بدل حسنا بعد سوء فانی غفور رحیم** ۔ہاں! جس نے ظلم (کوئی بہت برا گناہ یا کوئی قصور) کیا۔پھر اس برائی کے بعد نیکی سے (اس گناہ، ظلم وقصور) کو بدل دیا۔تو میں بخشنے والا مہربان ہوں۔(سورہ النمل۔آیت نمبر11) ظالم لوگوں نے آخرت بھلادی ہے۔ **یا یها الناس انما بغیکم علی انفسکم متاع الحیوٰة الدنیا مرجعکم فننئکم بما کنتم تعلمون** ۔لوگو! تمہاری یہ سرکشی درحقیقت خود تمہارے اپنے خلاف پڑتی ہے۔اَب تو دنیوی زندگی کے مزے اُڑالو۔آخر کو ہمارے پاس ہی تمہیں لوٹ کر آنا ہے۔اس وقت ہم تمہیں بتائیں گے۔کیا تم کیا کچھ کرتے رہے ہو۔(سورہ یونس۔آیت نمبر23)

☆ لوگ سمجھتے ہیں۔کہ! اگر کوئی برا ہے یا گناہ گار ہے۔تو اس کی غیبت کرتے ہیں۔حالانکہ! اللہ تعالیٰ کا قانون اور واضح حکم تو یہ ہے۔کہ! **لا یحب الله الجهر بالسوء من القول** ۔اللہ تعالیٰ اس بات کو پسند نہیں کرتا۔کہ! کوئی کسی کو اعلانیہ بُرا کہے۔(سورہ النساء۔آیت نمبر148)

☆ لوگ سمجھتے ہیں۔کہ! بار بار گھر والوں کو نماز کا کہیں گے۔تو وہ ناراض ہو جائیں گے۔ اس کا حل کیا ہے؟ **وامر اهلک بالصلوٰة واصطبر علیها** ۔اور اپنے اہل وعیال کو نماز کا حکم دیتے رہا کرو۔اور خود بھی اس کے پابند رہو۔(سورہ طٰہٰ۔نمبر132)

☆ لوگ سمجھتے ہیں۔کہ! آج امریکہ یا یورپی ممالک بہت زیادہ طاقتور ہیں۔اور اُن کا (توبہ نعوذ باللہ) اللہ تعالیٰ کا قادر ہونے سے ایمان ویقین ختم ہو گیا ہے۔اور لوگ اُن سے خوف زدہ ہیں۔حالانکہ! اللہ تعالیٰ کا قانون اور واضح حکم تو یہ ہے۔کہ! **ان ینصر کم الله فلا غالب** ۔ **وان یخذلکم فمن ذا الذی ینصر کم من م بعده ط و علی الله فلیتو کل المؤ منون** ۔اگر اللہ تعالیٰ تمھاری مدد کرے۔تو کوئی طاقت تم پر غالب آنے والی نہیں ہے۔اور اگر وہ تمھیں تنہا چھوڑ دے۔تو کون ہے؟ جو اس کے بعد تمھاری معاونت کر سکے۔اور ایمان والوں کو (تو) چاہیئے۔کہ! وہ (صرف اور صِرف) اللہ تعالیٰ ہی پر توکل (کامل بھروسہ) کریں(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر160)

☆ شیطان متقی لوگوں کو ذکرِ الٰہی کی وجہ سے گمراہ نہیں کرسکتا۔کیونکہ! اللہ تعالیٰ کا قانون اور واضح حکم تو یہ ہے۔کہ! **ان الذین اتقوا اذا مسهم طٰئف من الشیطٰن تذکروا فاذا هم مبصرون** ۔جن لوگوں نے تقویٰ اختیار کیا ہے۔انہیں جب شیطان کی طرف سے کوئی خیال آکر چھوتا بھی ہے۔تو وہ (اللہ تعالیٰ کو) یاد کر لیتے ہیں۔چنانچہ اچانک اُن کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔(سورہ اعراف۔آیت نمبر201)

☆ لوگ گناہ کرتے وقت یا کسی کے بارے میں غلط سوچتے وقت بھول جاتے ہیں۔حالانکہ! اللہ تعالیٰ کا قانون اور واضح حکم تو یہ ہے۔کہ! **واعلموا ان الله یعلم ما فی انفسکم فاحذروه** ۔ **ان الله غفور حلیم** ۔اور جان لو۔کہ! جو کچھ تمھارے قلوب میں ہے۔اللہ تعالیٰ کو سب معلوم ہے۔(لہذا) اُس سے ڈرتے رہو۔یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا اور بڑا بردبار ہے۔(سورہ البقرہ۔آیت نمبر235)

☆ کسی کو نفع ونقصان اللہ تعالیٰ کے ماسوا کوئی پہنچانے پر قدرت نہیں رکھتا۔کیونکہ! **لا املک لنفسی نفعا و لا ضرا الا ماشاء الله** ۔جب تک

اللہ تعالیٰ نہ چاہے۔مَیں (محمد ﷺ) خود اپنے آپ ﷺ کو (بھی) کوئی نفع یا نقصان پہنچانے کا اختیار نہیں رکھتا۔(سورہ اعراف۔آیت نمبر188)

☆ کوئی کسی کو مصیبت نہیں پہنچا سکتا۔کیونکہ! **قل لن يصيبنا الا ما كتب الله لنا هو مولٰنا و على الله فليتو كل المؤمنون** ۔کہہ دیں۔کہ! ہمیں کوئی مصیبت نہیں پہنچ سکتی بجز اس کے جو کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے لکھ دی ہے۔(کیونکہ) وہی ہمارا مولیٰ کارساز) ہے۔اور مومنوں کو (تو صِرف) اللہ تعالیٰ ہی پر توکل (بھروسہ) رکھنا چاہیئے۔(سورہ التوبۃ۔آیت نمبر51)

☆ اللہ تعالیٰ کی آزمائش: **وان يمسسک الله بضر فلا كاشف له الا هو ۔ وان يمسسک بخير فهو علٰى كل شيء قدير** ۔اگر اللہ تعالیٰ تمھیں کسی آزمائش میں ڈالے۔تو اس کے سوا (اُس آزمائش کو) دور کرنے والا کوئی نہیں۔اور اگر وہ تمھیں کوئی بھلائی سے بہرہ مند فرمائے۔تو وہ (ویسے بھی) ہر چیز پر (مکمل طور پر) قادر ہے۔(سورہ انعام۔آیت نمبر17) اسی طرح ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ کا فرمان عالیشان ہے۔کہ! **وان يمسسک الله بضر فلا كاشف له الا هو ۔ وان يردک بخير فلا راد لفضله يصيب به من يشآء من عباده وهو الغفور الرحيم** ۔اور اگر اللہ تعالیٰ تمھیں کسی آزمائش میں ڈالے۔تو اس کے سوا (اُس آزمائش کو) دور کرنے والا کوئی نہیں۔اور اگر وہ تمھیں کوئی بھلائی سے بہرہ مند فرمائے۔تو اس کے فضل کو پھیرنے والا کوئی نہیں۔وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے۔اپنے فضل سے نوازتا ہے۔اور وہ بخشنے والا مہربان ہے۔(سورہ یونس۔آیت نمبر107) **و بلونهم با لحسنات والسيئات** ۔(ترجمہ) اور ہم نے انہیں بھلائیوں اور برائیوں سے آزمایا۔ **ما اصاب من مصيبة الا باذن الله** ۔(ترجمہ) کوئی بھی مصیبت اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر نہیں آتی۔(سورہ تغابن۔آیت نمبر18)

☆ کیا بوقتِ گناہ اللہ تعالیٰ نہیں دیکھ رہا۔ **ايحسب ان لم يره احد** ۔کیا اُسے یہ گمان ہے۔کہ! کسی نے اُس کو نہیں دیکھا۔(سورہ البلد۔آیت نمبر07) قرآنِ حکیم میں ایک اور جگہ آتا ہے۔کہ! **من يعمل سوء ا يجز به** ۔(ترجمہ) جو برائی کرے گا۔اس کا بدلہ پائے گا۔

☆ اگر کسی بات کی سمجھ نہ آئے۔تو پریشان نہ ہونا چاہیئے۔کیونکہ! **فان تنازعتم في شيء فردوه الى الله ولرسول ان كنتم تؤمنون با لله واليوم الآخر ذٰلک خير واحسن تا ويلا** ۔اگر تم میں کسی بات پر اختلاف واقع ہو جائے۔تو اگر (تم) اللہ تعالیٰ اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتے ہو۔تو اس میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ (کے حکم اور اطاعت) کی طرف رجوع کرو۔یہ بہت اچھی بات ہے۔اور اس کا انجام بھی سب سے بہتر ہے۔(سورہ النساء۔آیت نمبر59) کیونکہ! ہر مسئلے کا حل اور ہر بات کا جواب قرآن حکیم اور سنتِ نبوی ﷺ میں موجود ہے۔

☆ جب کوئی بندہ تقوٰی اختیار کر کے توکل و اخلاص کی طرف کوشاں ہوتا ہے۔تو اُسے صرف یہ خیال آتا ہے۔کہ! **الذي خلقني فهو يهد ين** ۔(ترجمہ) جس نے مجھے پیدا کیا۔وہی مجھے ہدایت (بھی) دے گا۔(کیونکہ) حقیقتِ توبہ دراصل دل کے اعمال سے ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر اترانے والے کی پکڑ: **حتى اذا فرحوا بما اوتوا اخذ نا هم بغتة** ۔(ترجمہ) جب وہ ہماری عطا کردہ نعمتوں پر اترانے لگے۔تو ہم نے انہیں دبوچ لیا۔ **وما بكم من نعمة فمن الله** ۔جو (بھی لاتعداد) نعمتیں تمہیں میسر ہیں۔سب منجانب اللہ ہیں۔(سورہ نحل۔53)

☆ اللہ تعالیٰ کی مثال: ۔ **ليس كمثله شيء وهو السميع البصير** ۔اُس کی مثل کوئی چیز نہیں۔وہ سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔

☆ شیطان کو کھلا چیلنج: ۔ **ان عبادى ليس لک عليهم سلطان** ۔(ترجمہ) میرے (متقی و مخلص) بندوں پر تیرا کوئی زور نہیں چلے گا۔

☆ لوگوں کے نیک اعمال کی وجوہات اور اُن کا واحد حل: **منكم من يريد الدنيا و منكم من يريد الآخرة** ۔(ترجمہ) تم میں سے کوئی دنیا کا طلب گار ہے۔اور کوئی آخرت کو چاہنے والا ہے۔(مگر انعام یافتہ کون لوگ ہیں) **يريدون و جهه** ۔(ترجمہ) انہیں صِرف رضائے الٰہی کی جستجو ہے۔(کیونکہ! وہ جانتے ہیں۔کہ!) **فهنا لک الو لا ية لله الحق** ۔(ترجمہ) یہاں (صِرف اور صِرف) اللہ تعالیٰ ہی کی ولایت ہے۔جو کہ حق ہے۔

☆ تقدیرِ الٰہی کے ہر فیصلے میں ہمارا یہ ایمان ہونا چاہیئے۔کہ! **لا يسئل عما يفعل و هم يسئلون** ۔(ترجمہ) اور وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) جو کچھ کرتا ہے۔اس سے نہ پوچھا جائے گا۔اور لوگوں سے (اُن کے تمام امور کے بارے میں ضرور) پوچھا جائے گا۔

☆ نیکی اور بدی کا تصور۔ **فا لهمها فجو رها و تقو ها . قد افلح من ز كها** ۔(ترجمہ) پھر الہام کیا بدکاری سے بچنے اور تقوٰی (کے اختیار کرنے) کی۔جس نے اسے پاک کیا۔وہ کامیاب ہوا۔(مفہومِ آیت) یعنی اللہ تعالیٰ نے حضرتِ انسان کو بدکاری و تقوٰی کی شناخت کا شعور الہام فرمایا۔تو جس نے بدی کو نیکی سے اور نیکیوں کو اخلاص کے ساتھ پاک کیا۔وہ یقیناً فلاح پا گیا۔

☆ کیا طاقتور لوگ غالب ہیں؟ **ان حزب الله هم الغا لبون** ۔(ترجمہ) بے شک! اللہ والے ہی غالب ہیں۔

☆ شکر گزار اور ایماندار بننے کا فائدہ: **وسنجزى الشاكرين** ۔اور شکر گذاروں کو ہم بہت جلد صلہ دیں گے۔(سورہ آل عمران۔آیت نمبر145) **ما يفعل الله بعذا بكم ان شكر تم وامنتم** ۔(ترجمہ) اگر تم شکر گزار اور ایمان دار بنو۔تو اللہ تعالیٰ (کے جیسی نہایت ہی رحمان و رحیم ہستی) نے تمھیں عذاب دے کر کیا لینا ہے۔(سورہ النساء)

☆ بندہ کا ایک دل ہے۔لہذا دنیا اور آخرت ایک ساتھ ایک دل میں جمع نہیں ہو سکتے۔اگر دو دل ہوتے تو یہ شاید ممکن ہوتا۔مگر قانونِ الٰہی تو یہ ہے۔کہ! **ما جعل الله لر جل من قلبين في جو فه** ۔(ترجمہ) اللہ تعالیٰ نے کسی سینے میں دو قلوب نہیں بنائے۔(سورہ احزاب)

☆ ایمان والوں کے جان و مال سے جنت کی خریداری: **ان الله اشترى من المؤ منين انفسهم وامو الهم بان لهم الجنة** ۔(ترجمہ)

اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں سے ان کی جانیں اور مال کو جنت کے بدلے خرید لیا ہے۔(سورہ توبہ)

☆ اللہ تعالیٰ ظاہری اعمال کو نہیں دیکھتا۔ **لن ینال اللہ لحو مھا و لا دمآ ؤھا ولکن ینا لہ التقوٰی منکم** ۔(ترجمہ) اللہ تعالیٰ کو ان کے گوشت اور خون نہیں پہنچتے۔لیکن اللہ تعالیٰ کو تمھارا تقوی پہنچتا ہے۔(سورہ الحج)

☆ اللہ تعالیٰ کا علمِ لامحدود : **واللہ یعلم وانتم لا تعلمون**۔(ترجمہ) اللہ تعالیٰ کو علم ہے۔اور تم کو علم نہیں۔

☆ اپنی حالت بدلنے کے لئے خود کوشش کرو۔کیونکہ! **ان اللہ لا یغیر ما بقوم حتی یغیروا ما با نفسھم** ۔(ترجمہ) بے شک ! اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا۔جب تک کہ وہ قوم خود اپنی حالت کو نہ بدلے۔(سورہ رعد) بقولِ شاعر!

خدا نے آج تک اُس قوم کی حالت نہیں بدلی — نہ ہو خیال جس کو خود اپنی حالت بدلنے کا

☆ دُنیا کی زندگی کی زینت کس لئے ہے ؟ **زھرۃ الحیوٰۃ الدنیا لنفتنھم فیہ** ۔(ترجمہ) دنیا کی زندگی کی زینت محض ان کی آزمائش کے لئے ہے۔(سورہ طٰہٰ) **اعلموا انما الحیوٰۃ الدنیا لعب و لھو و زینۃ** .(ترجمہ) جان لو۔کہ! دنیا کی زندگی (تو محض) کھیل کود، تماشا اور زینت ہے۔(سورہ الحدید) **ارضیتم بالحیوٰۃ الدنیا من الآ خرۃ** ۔(ترجمہ) کیا تم نے دنیا کی زندگی آخرت کی زندگی کے بدلے پسند کر لی۔ایک جگہ پر ہے۔کہ! **فا ما من طغٰی واثر الحیوٰۃ الد نیا فان الجحیم ھی الماوٰی** ۔(ترجمہ) تو وہ جس نے سرکشی کی۔اور دنیا کی زندگی کو ترجیح دی۔تو بے شک جہنم ہی اس کا ٹھکانہ ہے۔(بقول **البلوشی**) ترجیح اول ہمیشہ اللہ تعالیٰ اور ترجیح دوئم رسول اللہ ﷺ ہونے چاہئیں۔

☆ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے مدد مانگنا کیسا ہے ؟ **الیس اللہ بکا ف عبدہ** ۔(ترجمہ) کیا اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے لئے کافی نہیں۔(یاد رہے۔کہ!) اسی لئے ہمیں سکھایا گیا ہے۔کہ! **ایاک نعبد وایاک نستعین** . ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔اور تجھی سے ہی مدد مانگتے ہیں۔اور قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! **ان الذین تدعون من دون اللہ لن یخلقوا ذبابا** ۔تم اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر جن جن کو دعا کے لئے پکارتے ہو۔وہ ایک مکھی بھی پیدا نہیں کر سکتے۔(سورہ الحج۔آیت نمبر 73۔) (لہٰذا) اُمید صرف اللہ تعالیٰ کی ذاتِ مقدسہ سے: **وما لکم من دون اللہ من ولی ولا نصیر** ۔(ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ کے سوا تمھارا نہ (تو) کوئی حمایتی ہے اور نہ ہی کوئی مددگار۔(لہٰذا میرے خیال میں اس کا جواب یہ ہوگا) **ففروا الی اللہ** ۔(ترجمہ) اللہ تعالیٰ کی طرف بھاگو۔(میرے خیال میں اس کا جواب یہ ہوگا) **فقد فاز فو زا عظیما** ۔(ترجمہ) پس اس نے بڑی کامیابی پائی۔

☆ اللہ تعالیٰ کے ہاں کثرت عبادت والوں کی تعریف وتوصیف : **کانوا قلیلا من اللیل ما یھجعون و بالا سحار ھم یستغفرون** ۔(ترجمہ) وہ راتوں میں نہایت کم سوتے ہیں۔اور رات کے پچھلے پہر استغفار کیا کرتے ہیں۔(سورہ الذاریات)

☆ جنتی کون ہیں ؟ **الذین اٰمنوا با یتنا و کا نوا مسلمین**۔وہی جنتی ہیں۔جو ہماری آیتوں پر ایمان لائے۔اور مسلمان ہوئے۔

☆ اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتیں :**انتعدوا نعمۃ اللہ لا تحصوا ھا** ۔(ترجمہ) اگر تم اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو۔تو شمار نہیں کر سکتے۔

☆ اللہ تعالیٰ کا شانِ فضل : **ان اللہ لذو فضل علی الناس** ۔(ترجمہ) بے شک اللہ تعالیٰ لوگوں پر فضل کرنے والا ہے۔(ایک اور جگہ آیا ہے) **ذٰلک فضل اللہ یؤ تیہ من یشآء** ۔(ترجمہ) یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے۔جسے چاہے عطا فرمائے۔(اسی طرح ایک اور جگہ آیا ہے) **واللہ ذو الفضل العظیم** ۔(ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ بڑے فضل والا ہے۔(یاد رہے۔کہ!) صبر کی وجہ سے سلامتی میسر آتی ہے۔قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔کہ! **سلٰم علیکم بما صبر تم** ۔(ترجمہ) سلامتی ہو تم پر تمھارے صبر کا بدلہ۔(سورہ رعد۔آیت نمبر 24)

☆ اللہ تعالیٰ کو بھولنے کا انجام : **نسو ا اللہ فنسیھم** ۔(ترجمہ) وہ اللہ تعالیٰ کو بھول بیٹھے۔اور اللہ تعالیٰ نے انہیں بھلا دیا۔

☆ (ہمارا صدقہ، خیرات وغیرہا کیسے قبول ہوگا) **لن تنالوا البر حتی تنفقوا مما تحبون** ۔ جب تک (کہ) تُم اپنی پسندیدہ چیز سے (یا چیز میں سے خالصتاً) اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ نہ کرو گے۔ ہرگز بھلائی نہ پاؤ گے۔ (بمطابق حدیث) تم میں سے کوئی اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا۔جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لئے وہی پسند نہ کرے۔جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔(احسان جتلانا بھی بُری خصلت ہے۔) **لاتبطلوا صد قتکم بالمن والاذیٰ** ۔اپنے صدقات (مستحقین کو دیتے وقت) احسان جتلا کر اور تکلیف پہنچا کر ضائع مَت کرو۔ **وانفقوا فی سبیل اللہ ولا تلقوا با ید یکم الی التھلکۃ ج واحسنوا ج ان اللہ یحب المحسنین** ۔(ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرو۔اور اپنے ہاتھوں خود کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔اور نیکی کرو۔بے شک ! اللہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں سے محبت فرماتا ہے۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 286)

☆ عبرت پکڑو : **فا عتبروا یا اولی الابصار** ۔(ترجمہ) اے نگاہ والو ! عبرت پکڑو۔

☆ اللہ تعالیٰ کی مدد : **یا یھا الذین اٰ منوا ان تنصروا اللہ ینصر کم و یثبت اقدا مکم** ۔(ترجمہ) اے ایمان والو! اگر تم اللہ تعالیٰ کی مدد کرو گے۔تو وہ بھی تمھاری مدد کرے گا۔اور تم کو ثابت قدم رکھے گا۔(سورہ محمد۔آیت نمبر 07)

☆ فسادی لوگوں کو سخت تنبیہ : **لا تفسدوا فی الارض** ۔(ترجمہ) زمین پر فساد نہ کرو۔(کیونکہ قرآنِ حکیم میں واضح طور پر آیا ہے۔کہ) **ولا تحسبن اللہ غافلا عما یعمل الظا لمون ط انما یؤخر ھم لیوم تشخص فیہ الابصار لا** ۔(ترجمہ) (اے مومنو!) تم ہرگز یہ مت سوچو۔کہ یہ ظالم جو عمل (ظلم وستم اور حق تلفی) کر رہے ہیں۔اللہ تعالیٰ اِن (کے برے اعمال) سے بے خبر ہے۔وہ (تو) ان کو اس دن تک مہلت دے رہا ہے۔جس میں ان کی

آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گیں۔(سورہ ابراہیم۔آیت نمبر 42) پھراللہ تعالیٰ یہ بھی فرماتا ہے۔کہ! **واصبر حتی یحکم اللہ ج وھو خیر الحاکمین ع** ۔(ترجمہ) (مصائب ومشکلات پر) صبرکریں۔یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کا فیصلہ آجائے۔اوروہ (یقیناً) سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔(سورہ یونس۔آیت نمبر 109) قرآن میں ہے۔کہ! **ام حسب الذین یعملون السیأت ان یسبقونا ط ساء ما یحکمون** ۔کیا وہ لوگ جو بُرے کام کرتے ہیں۔کیا وہ یہ سمجھتے ہیں۔کہ! ہم جیت جائیں گے۔ان کا بہت بُرا اندازہ ہے۔جو وہ لگا رہے ہیں۔(سورہ العنکبوت۔آیت نمبر 04) سب سے آخری فیصلہ کس کے اختیار میں ہے؟ **و الی اللہ عاقبة الامور** ۔اورتمام معاملات کا آخری فیصلہ اللہ تعالیٰ ہی کے ہاتھ میں ہے۔(سورہ لقمان۔22)

☆ تمام امورکس کے دائرہ اختیار میں ہیں ؟ **بل للہ الامر جمیعا** ۔اورسب کام اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہیں۔**اللہ یفعل ما یشاء** ۔اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے،کرتا ہے۔ **و کل امر مستقر** ۔اور ہر کام کا وقت مقرر ہے۔**وما تشآؤن الا ان یشآء اللہ رب العالمین** ۔اورتمھارے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا۔جب تک اللہ رب العالمین نہ چاہے۔**و ان یمسسک اللہ بضر فلا کاشف لہ الا ھو ط وان یمسسک بخیر فھو علی کل شیء قدیر** ۔اوراگراللہ تعالیٰ تمھیں کوئی سختی (تکلیف) پہنچائے۔تو اس (رب) کے سوا اس کو کوئی دورکرنے والا نہیں۔اوراگر تمھیں اللہ تعالیٰ کوئی نفع (خیر،نعمت،راحت) عطا کرے۔(تو کوئی اس کو روکنے والا نہیں۔کیونکہ) وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

☆ انسان اشرف الخلوقات! **و لقد کرمنا بنی اٰدم** ۔اورحقیقت تو یہ ہے۔کہ! ہم نے بنی آدم (حضرت آدمؑ کی اولاد) کوعزت وبزرگی عطا کی۔(قرآن میں ہے) **و فضلنا ھم علیٰ کثیر ممن خلقنا تفضیلا** ۔اورہم نے اپنی جمیع مخلوقات میں (بنی آدم) کونمایاں فوقیت بخشی۔

☆ عبادات (یعنی قرآن،اذکار و وظائف پڑھنے یا نمازادا کرنے) سے پہلے خود کومزین کرنا کیسا ہے؟ **یٰبنی اٰدم خذو ا زینتکم عند کل مسجد** ۔اے حضرت آدمؑ کے بیٹو وبیٹیو! ہرعبادت کے موقع پراپنی زینت سے آراستہ رہو۔(اسی لئے) لازمی ہے۔کہ! کپڑوں کا پاک ہونے کے ساتھ ساتھ صاف وخوشبودار ہونا بھی مستحسن عمل ہے۔لوگ اس بات کا خیال نہیں رکھتے۔

☆ برائیاں دورکرنے کا آسان ترین نسخہ! **ان الحسنات یذھبن السیات** ۔درحقیقت نیکیاں ، برائیوں کو دورکردیتی ہیں۔ **ان تجتنبوا کبائر ما تنھون عنه نکفر عنکم سیاٰتکم و ند خلکم مد خلا کریما** ۔اگرتم ان بڑے گناہوں سے بچوگے۔کہ جن سے تمھیں منع کیا گیا ہے۔تو ہم تم سے تمھارے چھوٹے گناہ معاف کردیں گے۔اورتمھیں عزت کے مقام میں داخل کریں گے۔ (سورہ النساء۔آیت نمبر 31)

☆ نیک اعمال والوں کے لئے کیا خوش خبری ہے ؟ **ادخلوا الجنة بما کنتم تعلمون** ۔اپنے اعمال کے ذریعے جنت میں داخل ہوجاؤ۔ (کیونکہ نیک اعمال سرانجام دینے والے اللہ تعالیٰ کے قہر سے محفوظ ہیں۔جیسا کہ قرآن حکیم میں آیا ہے) **وعملوا الصلحت** ۔ (سورہ العصر)

☆ خوشحالی کیسے! **الذین اٰمنوا و عملوا الصلحت طوبیٰ و حسنِ مآب** ۔جولوگ ایمان لائے۔ اورنیک کام بھی کئے۔اِن کے لئے خوشحالی بھی ہے۔اوربہترین خزانہ۔(لیکن بمطابق قرآن) **واذا مسه الخیر منوعا** ۔اورجب خوشحالی آتی ہے۔تو (بندہ) بہت بخیل بن جاتا ہے۔

☆ ہمیں اللہ تعالیٰ سے دائمًا ہدایت طلب کرتے رہنا چاہیئے۔کیونکہ! **و من یضلل اللہ فما لہ من ھاد** ۔اورجس کو (خدانخواستہ) اللہ تعالیٰ ہی گمراہ کردے۔تو اس کوراہ دِکھانے والا کوئی نہیں۔ **و من یرد اللہ فتنته فلن تملک لہ من اللہ شیئا** ۔اورجس کو اللہ تعالیٰ (ہی خود) گمراہ کرنے کا ارادہ کرلے۔تو اللہ تعالیٰ سے اس کے لئے کچھ اختیار نہیں رکھتا۔

☆ حق کیا ہے ؟ **الحق من ربک فلا تکن من الممترین** ۔ حق (تو صرف اورصرف) وہی ہے۔جوتمھارے رب کی طرف سے (قرآنِ حکیم میں) آیا ہے۔لہذا شک کرنے والوں میں شامل نہ ہونا۔ (سورہ آل عمران۔آیت نمبر 60)

☆ حق پر کون ہے ؟ **ان الذین فرقوا دینھم و کانوا شیعا لست منھم فی شیء ط** جن لوگوں نے اپنے دین میں بہت سے راستے (فرقے) نکالے۔اور متعدد ٹکڑوں میں بٹ گئے۔ان سے آپ کو (ان سے) کوئی کام نہیں۔(سورہ انعام۔ آیت نمبر **159**) ایک اور جگہ فرمان باری تعالیٰ ہے۔کہ! **ولا تکونوا کالذین تفرقوا واختلفوا من م بعد ما جآءھم البینٰت ط و اولئک لھم عذاب عظیم** ۔ (ترجمہ) اورتم ان لوگوں کی طرح مَت ہوجانا۔جوتفرقہ میں پڑگئے۔باوجودیکہ! ان کے پاس روشن دلیل آئی۔لیکن پھربھی انہوں نے اختلاف کیا۔اور ان کے لئے بڑا عذاب (تیار) ہے۔ س ضمن میں یہ فقیرحقیر (البلوشی) قارئین کی خدمت میں نہایت ادب اورتاسف سے عرض گزار ہے۔کہ! آج ہمارے ہاں لوگ خودکو دیوبندی، بریلوی،اہلِ حدیث کہلوانا نا صرف پسند کرتے ہیں۔بلکہ اس بات پر بے حدفخر بھی محسوس کرتے ہیں۔

☆ خواہشات کا فلسفہ! **و غرتکم الامانی حتی جآء امر اللہ** ۔اورجھوٹی تمناؤں نے تمھیں دھوکہ میں ہی رکھا۔یہاں تک کا اللہ تعالیٰ کا فیصلہ آگیا۔(خواہشات کے پیچھے جانا کیسا) **لا تتبع الھویٰ فیضلک عن سبیل اللہ** ۔(ترجمہ) اورخواہش کے پیچھے مت جانا۔کہ تجھے اللہ تعالیٰ کی راہ سے بہکا دے گی۔(زمین پرکیا باقی رہے گا؟) **کل من علیھا فان** ۔ ہر چیز جوزمین پر ہے فنا ہوجانے والی ہے۔ (صرف اللہ تعالیٰ کی ذاتِ مقدس ہی باقی رہے گی) **و یبقی و جه ربک ذواجلال والاکرام** ۔ اورآپ کے رب کی جلال والی،فضل وکرم والی ذات ہی باقی رہے گی۔(سورہ الرحمٰن۔آیت نمبر 27)۔(اور یہ بھی یاد رکھو۔تاکہ دُنیا کی محبت تمہارے قلوب سے ختم ہوجائے) ! **ان الیٰ ربک الرجعیٰ** ۔یقیناً لوٹنا تیرے رب (ہی) کی طرف ہے۔

☆ اندازِ کلام! **و قل لعبادی یقو لوا التی ھی احسن** ۔اورمیرے بندوں سے کہہ دیں۔کہ وہ لوگوں سے ہمیشہ اچھی باتیں کیا کریں۔

☆ نیک اعمال کی جزا ؟ **ادخوا الجنة بما کنتم تعملون** ۔تم لوگ اپنے اعمال کے صلے میں جنت میں داخل ہو جاؤ۔ جوتم کیا کرتے تھے۔

☆ اگر شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ آئے۔تو ؟ **و اما ینز غنک من الشیطٰن نزغ فا ستعذ با للہ ط انه هو السمیع العلیم** ۔اوراگر شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ آئے۔تو اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کرو۔یقیناً ! وہ بہت ہی سننے والا اور جاننے والا ہے۔

☆ زور سے یا بآوازِ بلند بولنا کیسا ہے؟ **و اغضض من صو تک** ۔اور اپنی آواز دھیمی رکھا کرو۔

☆ ہدایت کس کیلئے ؟ **و یهدی الیه من ینیب** ۔اور(اللہ تعالیٰ تو اُن لوگوں کو) راہ دکھا تا ہے۔ جو اس کی طرف رجوع کرتا ہے۔(لیکن یا د رہے۔ کہ) ہمیں رجوع کرنے کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا بھی لازمی کرنی چاہیئے ۔کیونکہ! **اللہ یجتبی الیه من یشآء** ۔ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے۔چُن کر اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔کیونکہ! فلسفہءِ ہدایت بھی فضلِ ربی پر منحصر ہوتا ہے۔ **و لو شئنا لا یتنا کل نفس هد لها** ۔اگر ہم چاہتے۔تو ہر نفس کو ہدایت نصیب فرما دیتے۔(سورہ سجدہ۔32) **وما یتذ کر الا من ینیب** ۔نصیحت تو (صرف) وہی حاصل کرتا ہے۔ جو (اخلاص اور کوشش سے اللہ کی طرف) رجوع کرتا ہے۔(سورہ غافر۔آیت نمبر 13)

☆ صبر کا صلہ،اَجر اور بدلہ کیا ہے ؟ **انما یو فی الصابرون اجر هم بغیر حساب** ۔(ترجمہ) صبر کرنے والوں کو اُن (کے صبر پر قائم رہنے) کا بے حساب اجر ملے گا۔(39 .10) ایک اور جگہ پر آیا ہے۔کہ! **ان اللہ مع الصا برین** ۔(ترجمہ) بے شک! اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔اسی طرح ایک اور جگہ پر آیا ہے۔**واللہ یحب الصا برین** ۔(ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کا دوست ہے۔ **و لمن صبر و غفر ان ذلک لمن عزم الامور** ۔(ترجمہ) اور جو صبر کرلے۔اور معاف کر دے۔یقیناً ! یہ بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے۔

☆ قرآن میں اخلاص کو کیسے بیان کیا گیا ہے؟ **فمن کان یر جوا لقآء ربه فلیعمل عملا صا لحا ولا یشرک بعبادة ر به ا حدا** ۔جو شخص اپنے رب سے ملنے کا امیدوار ہو۔تو اسے چاہیئے ۔کہ! نیک عمل کیا کرے۔اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو شریک نہ کرے۔(کہف۔110)

☆ اللہ تعالیٰ کا اختیارِ کلی : **و للہ ملک السمٰوٰت والارض ط یغفر لمن یشآء و یعذب من یشآء ط وکان اللہ غفورا رحیما o** ۔اور زمین و آسمان کی سلطنت اللہ ہی کی ہے۔(تو وہ) جسے چاہے بخش دے۔اور جسے چاہے۔عذاب دے۔اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

☆ دورانِ تبلیغ غیر مسلموں کو، عیسائیوں کو، یہودیوں وغیرہا کو قرآنِ حکیم کی کس آیت سے تبلیغ یا دعوتِ اسلام شروع کرنی چاہیئے ؟ **یا اهل الکتٰب تعالوا الی کلمة سواء بیننا وبینکم الا نعبد الا اللہ ولا نشرک به شیئا ولا یتخذ بعضنا بعضا اربابا من دون اللہ ط** (سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 20) اے اہلِ کتاب! ایسے کلمے کی طرف آؤ۔ جو ہمارے اور تمھارے مابین یکساں ہے۔اور وہ (کلمہ یا بات) یہ ہے۔کہ! ہم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کریں۔اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہرائیں۔اور ہم میں کوئی ایک اللہ تعالیٰ کے سوا کسی دوسرے کو (اپنا) رب نہ بنائے۔

☆ کسی کا مذاق اُڑانا، کسی پر ہنسنا، آپس میں طعنہ زنی کرنا برے نام رکھ کر پکارنے والوں کی قرآن حکیم میں مذمت : **یا یها الذین اٰمنوا لا یسخر قوم من قوم عسی ان یکونوا خیرا منهم ولا نساء من نساء عسی ان یکن خیرا منهن ولا تلمزوا انفسکم ولا تنابزوا بالالقاب بئس الاسم الفسوق بعد الایمان ومن لم یتب فاولئک هم الظٰلمون** ۔اے ایمان والو! مرد دوسرے مردوں پر نہ ہنسیں۔ہوسکتا ہے۔وہ ان ہنسنے والوں سے بہتر ہوں۔اور نہ عورتیں دوسری عورتوں پر ہنسیں۔ ہوسکتا ہے۔وہ ان ہنسنے والیوں سے بہتر ہوں۔اور آپس میں کسی کو طعنہ نہ دو۔اور ایک دوسرے کے بُرے نام نہ رکھو۔ مسلمان ہونے کے بعد فاسق کہلانا کیا ہی برا نام ہے۔اور جو توبہ نہ کریں۔تو وہی ظالم ہیں۔(سورہ الحجرات۔آیت نمبر 18)

☆ قرآنِ حکیم کی تعلیمات کے مطابق مشکل حالات میں اللہ تعالیٰ کا کیا حکم ہے ؟ **تبارک الذی بیده الملک وهو علی کل شیء قدیر .** کہہ دو میرے ان بندوں سے، کہ جنہیں حالات ناممکن لگ رہے ہیں۔ میں ہر شئے پر قدرت رکھنے والا ہوں۔(سورہ ملک۔آیت 01)

☆ ہر عمل کا اللہ تعالیٰ کے ہاں ریکارڈ: **ان کان مثقال حبة من خردل ا تینا بها ط و کفٰی بنا حٰسبین** ۔اور اگر (کسی کا کوئی نیک و بد عمل) رائی کے دانے کے برابر بھی ہوگا۔تو ہم اسے (بروزِ قیامت سامنے) لے آئیں گے۔اور حساب کتاب لینے کے لئے ہم (اکیلے ہی) کافی ہیں۔

☆ عزت کا حصول کیسے ؟ **من کان یرید العز فللہ العزة جمیعا** ۔ **الیه یصعد الکلم الطیب والعمل الصالح یر فعه** ۔ جو کوئی عزت چاہتا ہے۔(تو وہ لازمی طور پر یاد رکھے۔کہ) تمام تر عزت اللہ تعالیٰ ہی کے قبضے میں ہے۔اُس کے ہاں جو چیز اوپر چڑھتی ہے۔وہ صِرف پاکیزہ قول ہے۔اور عملِ صالح اس کو اوپر چڑھاتا ہے۔(سورہ فاطر۔آیت نمبر 10)

☆ قرآنِ حکیم میں مال اور اولاد کے بارے میں حکم: ۔ **واعلموا انما اموالکم والولادکم فتنة ط وان اللہ عنده اجر عظیم** ۔(سورہ انفال۔آیت نمبر 28) اور تم اس بات کو جان لو۔کہ تمھارے اموال (جو کہ تمھیں غافل کر دیں) اور تمھاری اولاد (کہ جس کی محبت اللہ اور اس کے رسولؐ پر غالب آجائے) ایک آزمائش (بمثل فتنہ) کی چیز ہے۔اور اس بات کو بھی جان لو۔کہ اللہ تعالیٰ کے پاس بڑا بھاری اَجر ہے۔

☆ کسی مسلمان کے غیر مسلم بہن بھائیوں کے متعلق کیا قرآنی حکم ہے ؟۔ **یا یها الذین اٰمنوا لا تتخذوا ابآ ءکم واخوانکم اولیاء ان استحبوا الکفر علی الایمان ط ومن یتو لهم منکم ط فأ و لئک هم الظلمون** ۔(سورہ توبہ۔23) اے ایمان والو! اپنے باپوں اور بھائیوں کو دوست مَت بناؤ۔اگر وہ کفر کو ایمان سے زیادہ عزیز رکھیں۔تم میں سے جو بھی ان (کافر و مشرک باپ و بھائیوں) سے محبت رکھے گا۔وہ پورا گناہ گار اور ظالم ہے۔

اسلام کے اوائل میں آنخضور نبی مکرم ﷺ نے جب کفار کو دعوت دینا شروع کی ۔تو جن لوگوں نے دعوتِ اسلام قبول کی ۔اِن کی وجہ سے ان کے والدین اور بہن بھائی ان کے جانی دشمن ہوگئے ۔حتیٰ کہ بعض غزوات میں بھائی نے اپنے سگے بھائی اور باپ کا بطور دشمن سامنا بھی کیا ۔

☆ قرآنِ حکیم کا منافقین کے بارے میں حکم قرآنی کیا ہے؟ منافق مرد اور منافق عورتوں کی کیا پہچان ہے ؟ **المنٰفقین والمنٰفقٰت بعضھم من بعض ۔ یامرون بالمنکر و ینھون عن المعروف و یقبضون ایدیھم ط نسوا اللہ فنسیھم ط ان المنٰفقین ھم الفٰسقون ۔ وعداللہ المنٰفقین والمنٰفقٰت والکفار نار جھنم خٰلدین فیھا ط حی حسبھم ج ولھم عذاب مقیم** ۔(سورہ توبہ۔68-67) تمام منافق مرد و عورت آپس میں ایک ہی ہیں ۔یہ بُری باتوں کا حکم دیتے ہیں ۔اور بھلی باتوں سے روکتے ہیں ۔اور اپنی مٹھی بندر کھتے ہیں ۔(یعنی بخل کرتے ہیں) یہ اللہ تعالیٰ کو بھول گئے ۔اللہ تعالیٰ نے انہیں بھلا دیا ۔بے شک منافق ہی فاسق و بد کردار ہیں ۔اللہ تعالیٰ ان منافق مردوں اور عورتوں سے آگ کا وعدہ کر چکا ہے ۔جہاں یہ ہمیشہ رہنے والے ہیں ۔وہی انہیں کافی ہے ۔ان پر اللہ تعالیٰ کی پھٹکار ہے ۔اور انہیں کے لئے اللہ تعالیٰ کا دائمی عذاب ہے ۔(یادرہے ۔کہ!) منافق یہ سمجھتا ہے ۔کہ! وہ جو کچھ سوچتا اور کرتا ہے ۔کسی کو معلوم نہیں ۔حالانکہ! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ۔کہ! **ربکم اعلم بما فی نفوسکم** ۔تمھارا رب خوب جانتا ہے ۔کہ تمھارے قلوب میں کیا ہے ۔(سورہ بنی اسرائیل ۔25) احادیث میں منافق کی چار علامات بیان کی گئی ہیں ۔خائن ۔جھوٹا ۔وعدہ خلاف اور بوقت جھگڑا گالی بکنے والا ۔(الحدیث) یادرہے ۔کہ! زبان و دل کا یکساں نہ ہونا نفاقِ عملی کہلاتا ہے ۔دل میں کچھ زبان پر کچھ، یہ دوغلی پالیسی منافقت کی بڑی نشانیوں میں سے ایک نشانی ہے ۔جو کہ آج کل عام ہے ۔

☆ اچھا ٹھکانہ کہاں ہے؟ **واللہ عندہ حسن المآب** ۔اور اچھا ٹھکانہ تو (صرف) اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہے ۔

☆ کسی کو معاف کرنے اور معاملات کو درست رکھنے یا کرنے کا کیا فائدہ ہے ؟ **فمن عفا و اصلح فاجرہ علی اللہ** ۔پس جو معاف کرے ۔اور اور اصلاح سے کام لے ۔(تو) اس کا اجر اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر ہے ۔(سورہ الشوریٰ ۔آیت نمبر 40)

☆ عبادتِ الٰہی کیسے کی جائے؟ **و اعبد ربک حتی یاتیک الیقین**. عبادتِ ربی (اس طرح) کرو ۔حتیٰ کہ یقین (موت) آجائے ۔(سورہ الحجر ۔99)

☆ ہدایت کیسے نصیب ہوسکتی ہے ۔ **ومن یعتصم باللہ فقد ھدی الی صراط مستقیم** ۔اور جس نے اللہ تعالیٰ کو مضبوطی سے پکڑ لیا ۔وہ (یقیناً) ہدایت پا گیا ۔(سورہ آلِ عمران ۔آیت نمبر 101) لیکن کوشش میں اخلاص ہونا ضروری ہے ۔کیونکہ! **یعلم ما تکسب کل نفس** ۔اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے ۔کہ! ہر شخص کیا کچھ کر رہا ہے ۔(سورہ الرعد ۔آیت نمبر 42)

☆ احسان کا بدلہ : **ھل جزآء الاحسان الا الاحسان** ۔سوائے احسان کے ،کیا احسان کا کچھ اور بدلہ بھی ہے ؟ کیونکہ! اللہ تعالیٰ کا حکم ہے ۔کہ! **واحسن کما احسن اللہ الیک** ۔ اور احسان کرو ۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے تم پر احسان کیا ہے ۔(سورہ القصص)

☆ احسان کس کس پر ؟ **واعبدوا اللہ ولا تشرکوا بہ شیئا و بالوالدین احسانا و بذی القربٰی والیتٰمی والمسٰکین والجار ذی القربٰی والجار الجنب والصاحب بالجنب وابن السبیل لا وما ملکت ایمانکم ط ان اللہ لا یحب من کان مختالا فخورا** ۔ اور اللہ تعالیٰ ہی کی عبادت کرو ۔اور اُس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بناؤ ۔اور ماں باپ ،قرابت والوں ،یتیموں محتاجوں ،رشتہ داروں و ہمسایوں ،اور اجنبی ہمسائیوں اور رفقائے پہلو (پاس بیٹھنے والوں) اور مسافروں اور جو (بھی) لوگ تمھارے قبضے (ماتحت) ہوں ۔سب کے ساتھ احسان کرو ۔کیونکہ! اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے ۔اور تکبر کرنے (بڑائی والوں) کو کبھی دوست نہیں رکھتا ۔**واما بنعمۃ ربک فحدث** ۔اور ہر حال میں اپنے رب کے احسان کا ذِکر کرتے رہو ۔(سورہ ۔آیت نمبر 11) کیونکہ! اللہ کا ذکر کرنے ،شکر ادا کرنے ،احسان یاد کرنے کا نہ صرف اجر و ثواب ہے ۔بلکہ دینی و دنیاوی فائدہ بھی ہے ۔

☆ ناپ تول میں کمی کرنے والوں کی اللہ تعالیٰ کے ہاں مذمت : **ویل للمطففین** ۔بڑی خرابی میں ناپ تول میں کمی کرنے والوں کی ۔

☆ کیا بروزِ قیامت کوئی بندہ اپنی نیکی کسی کو دے کر بچا پائے گا یا کوئی اس جہاں میں کسی کی خاطر جھوٹ بول کر یا بد دیانتی کر کے اگلے جہاں خود کو چھڑا پائے گا ؟ **الا تزر وازرۃ وزر اخری**. (ترجمہ) کوئی بوجھ اُٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اُٹھا پائے گا ۔(سورہ نجم ۔آیت نمبر 62)

☆ کیا ۔ ہم مسلمانوں کی ایک بہت بڑی خامی یہ بھی ہے ۔کہ! قرآنِ حکیم کے کچھ حصہ پر ایمان رکھتے ہیں ۔جبکہ کچھ حصہ کا انکار کرتے ہیں ۔جیسا کہ نماز تو ہم پڑھتے ہیں ۔مگر سود بھی کھاتے ہیں ،جھوٹ بھی بولتے ہیں ،صلہ رحمی بھی نہیں کرتے ۔حالانکہ! قرآنِ حکیم میں رب متعال کا بالکل واضح حکیم ہے ۔کہ! **افتؤمنون ببعض الکتب وتکفرون ببعض ج فما جزآء من یفعل ذلک منکم الا خزی فی الحیوۃ الدنیا ج و یوم القیمۃ یردون الی اشد العذاب ط وما اللہ بغافل عما تعملون** ۔کیا تم کتاب (احکاماتِ قرآنی کے) بعض حصوں پر تو ایمان رکھتے ہو ۔جبکہ بعض کا انکار کرتے ہو ۔پس تم میں سے جو شخص ایسا کرے ۔اس کی اور کیا سزا ہوسکتی ہے ماسوائے اس کے ،کہ! دنیا کی زندگی میں (احکاماتِ قرآنی کے منکر شخص) کو ذلت و رسوائی ہو ۔اور بروزِ قیامت اسے سخت عذاب کی طرف لوٹایا جائے ۔ اور (تم ہمیشہ یہ بات یاد رکھو ۔کہ) اللہ تعالیٰ تمہارے جملہ کاموں سے باخبر ہے ۔(سورہ بقرہ ۔آیت نمبر 85)

﴿اللہ تعالیٰ سے دعا ہے ۔کہ! وہ ذاتِ بابرکات اپنے خصوصی فضل و کرم اور عزت و رفعت اور اپنے حبیبِ صادق پیغمبر آخر الزمان ﷺ کے تصدق و توسل سے میری یہ سعی (سولات انسانی معہ جواباتِ رحمانی) اپنی بارگاہ میں منظور و مقبول فرمائے ۔ اور اس کتاب کو میرے لئے ،میرے اہلِ خانہ ،عزیز و اقارب ،دوست و احباب ،تمام مسلمانوں کے لئے مفید و نافع بنائے ۔ان شاء اللہ تعالیٰ ۔آمین ثم آمین﴾

سوالاتِ انسانی و جواباتِ رحمانی از قرآنِ حکیم

سوال۔ حکمِ الٰہی وحکمِ رسولؐ میں فرق ! قرآنِ حکیم کے ہوتے ہوئے آنحضور ﷺ کے قول وفعل کی اہمیت !

جواب۔ من یطع الرسول فقد اطاع اللہ ۔جس نے رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کی۔(تو) یقیناً اُس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی۔(اسی طرح قرآن میں ہے) **فلا وربک لا یؤ منون حتّٰی یحکموک فیما شجر بینھم ثم لا یجدوا فی انفسھم حرجا مما قضیت ویسلموا تسلیما** ۔(سورہ شمس۔آیت نمبر**75**) تو(اے محبوب ﷺ) آپ ﷺ کے رب کی قسم! وہ لوگ (اُس وقت تک) مسلمان نہیں ہو سکتے۔ یہاں تک کہ وہ (تمام لوگ) آپ ﷺ کو ہر اس جھگڑے میں حاکم نہ مانیں۔ جو ان کے درمیان پیدا ہو۔اور پھر اپنے قلوب میں ہر اس فیصلے سے کوئی تنگی نہ پائیں۔ جو (کہ) آپ ﷺ نے کیا۔اور(آنحضور نبی اکرم ﷺ کے ہر فیصلے کو) بخوشی دل سے مان لیں۔(کیونکہ) سیرت الرسولؐ عین قرآن کی تفسیر ہے۔

سوال ۔ وہ کون لوگ ہیں ۔ جن پر کوئی اداسی یا غم نہیں ہوتا ؟

جواب۔من اٰمن باللہ والیوم الاٰ خر وعمل صا لحا فلھم اجر ھم عند ربھم. ولا خوف علیھم ولا ھم یحزنون ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر**62**) جو (لوگ) اللہ تعالیٰ پر اور روزِ آخرت پر ایمان لائے۔اور نیک عمل کرے۔تو اُن کے اجر ان کے رب کے پاس ہیں۔اور ان پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ (کسی قسم کی کوئی) اُداسی ہے۔

سوال۔ جب ہم پر کوئی مصیبت یا آزمائش آئے ۔ تو ہمیں کیا کہنا چاہیئے ؟

جواب۔ا لذین اذا اصا بتھم مصیبۃ . قالوا انا للہ وانا الیہ رٰجعون ۔(سورہ بقرہ۔**156**) **ترجمہ**۔جنہیں جب کبھی کوئی مصیبت پیش آتی ہے۔تو (وہ لوگ) کہہ دیا کرتے ہیں۔کہ ہم تو خدا اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہیں۔اور ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔

سوال ۔تعلیمات قرآنی کی روشنی میں قصاص لینا کیسا ہے ؟

جواب۔ یاایھاالذین اٰمنوا کُتِبَ علیکم القصاص فی القتلیٰ. الحر بالحر والعبد بالعبد والاُ نثیٰ بالاُنثیٰ . فمن عفی لہ من اخیہ شیء فا تباع م بالمعروف واداء الیہ با حسان. ذٰلک تخفیف من ربکم ورحمۃ. فمن اعتدیٰ بعد ذٰلک فلہ عذاب الیم. ولکم فی القصاص حیٰوۃ یآ ولی الاباب لعلکم تتقون ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر**179-177**) اے ایمان والو! تم پر مقتولین کا قصاص لینا فرض کیا گیا ہے۔آزاد کے بدلے آزاد، غلام کے بدلے غلام اورعورت کے بدلے عورت۔(مگر) ہاں! جس کسی کو اس کے بھائی کی طرف سے کچھ معافی دے دی جائے۔(تو) اسے بھلائی کی اتباع کرنی چاہیئے۔اور آسانی کے ساتھ دیت ادا کرنی چاہیئے۔تمھارے رب کی جانب سے یہ تخفیف اور رحمت ہے۔اس کے بعد بھی جو سرکشی کرے۔اسے دردناک عذاب ہوگا۔(اے عقل مندو) قصاص میں تمھارے لئے زندگی ہے۔اس باعث کہ تم (کسی کے قتلِ ناحق سے) رُک جاؤ۔

سوال ۔ہمیں روزے کس فائدے کے حصول کے لئے رکھنے چاہئیں ؟ اور اگر کوئی شخص روزے نہ رکھ سکتا ہو تو اس کے لئے قرآنِ حکیم میں کیا حکم ہے ؟

جواب۔ یاایھا الذین اٰ منوا کُتِبَ علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم لعلکم تتقون.ایاما معدوداٰت. فمن کان منکم مریضا او علی سفر فعدۃ من ایام اُ خر. وعلی الذین یطیقو نہ فدیۃ طعام مسکین. فمن تطوع خیرا فھو خیرلہ. وان تصوموا خیرلکم ان کنتم تعلمون ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر**184-183**) اے ایمان والو! تم پر (رمضان کے) روزے رکھنا فرض کیا گیا ہے۔جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر (روزے) رکھنا فرض کیا گیا تھا۔تا کہ تم تقوی اختیار کرو۔گنتی کے چند ہی دن ہیں۔لیکن تم میں سے جو شخص بیمار ہو۔یا سفر میں ہو۔تو وہ اور دنوں میں گنتی پورا کرلے۔اور اس کی طاقت رکھنے والے فدیہ میں ایک مسکین کو کھانا (کھلا) دیں۔پھر جو شخص نیکی میں سبقت کرے۔وہ اسی کے لئے بہتر ہے۔لیکن تمھارے حق میں بہتر کام روزے رکھنا ہے۔اگر تم جانتے ہو۔ اسی طرح رمضان کے روزوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا فرمان مبارک آیا ہے۔کہ! **فمن شھد منکم الشھر فلیصمہ. ومن کان مریضا او علیٰ سفر فعدۃ من ایام اخر. یرید اللہ بکم الیسر ولا یرید بکم العسر ولتکملوا العدۃ ولتکبروااللہ علیٰ ما ھدٰکم. ولعلکم تشکرون** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر**185**) تم میں سے جو اس مہینے کو پائے۔اسے روزے رکھنے چاہئیں۔ہاں جو بیمار ہو۔یا مسافر ہو۔اسے دوسرے دنوں میں یہ گنتی پوری کرنی چاہیئے۔اللہ تعالیٰ کا ارادہ تمھارے ساتھ آسانی کا ہے۔سختی کا نہیں۔وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) چاہتا ہے۔کہ تم گنتی پوری کرلو۔اور اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی ہدایت پر اس کی بڑائی بیان کرو۔اور اس کا شکرادا کرو۔

سوال ۔شراب اور جوئے کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا قرآن حکیم میں کیا حکم ہے ؟

جواب۔ یسئلونک عن الخمر والمیسر. قل فیھما اثم کبیر و منا فع للناس. واثمھما اکبر من نفعھما ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر**219**) لوگ آپ ﷺ سے شراب اور جوئے کا مسئلہ پوچھتے ہیں۔آپ ﷺ کہہ دیجیئے۔(کہ) ان دونوں میں بڑا گناہ ہے۔اور لوگوں کو اس سے دنیاوی فائدہ بھی ہوتا ہے۔لیکن ان کا گناہ ان کے نفع سے کہیں زیادہ ہے۔

سوال۔ صلوٰۃ وسطیٰ (نمازِ عصر) کی ادائیگی کا کیا حکم منجانب الٰہی آیا ہے ؟

جواب۔ حا فظوا علی الصلوٰۃ الوسطیٰ ۔(سورہ بقرہ۔**238**) نمازوں کی حفاظت کرو۔بالخصوص نمازِ وسطیٰ (یعنی نمازِ عصر) کی۔(یاد رہے۔کہ!) کچھ علماء کے نزدیک نمازِ وسطیٰ سے مراد نمازِ فجر ہے۔اور وہ یہ دلیل پیش کرتے ہیں۔کہ! اگلے دن کا آغاز غروبِ آفتاب سے ہوتا ہے۔نہ کہ رات

12:00AM یا طلوعِ آفتاب سے۔ کیونکہ! ماہِ رمضان کا آغاز بھی غروبِ آفتاب سے ہو جایا کرتا ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

سوال۔ اگر کوئی شخص فقر و افلاس سے تنگ آ کر بے حیائی کا راستہ اختیار کر لے۔ تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ کا کیا حکم ہے ؟

جواب۔ الشیطٰن یعدکم الفقر ویامرکم بالفحشآء. واللہ یعدکم مغفرۃ منہ وفضلا. واللہ واسع علیم ۔ (سورہ بقرہ ۔ آیت نمبر 268) شیطان لعین تمھیں فقیری سے ڈراتا دھمکاتا ہے۔ اور (اس فقیری و افلاس سے نکلنے کے لئے بطور تدبیر) بے حیائی کا حکم دیتا ہے۔ (جبکہ) اللہ تعالیٰ تم سے اپنی بخشش اور فضل کا وعدہ کرتا ہے۔ (بے شک) اللہ تعالیٰ وسعت والا اور علم والا ہے۔

سوال۔ حکمت کا عطا کیا جانا کیا فائدہ رکھتا ہے ؟

جواب۔ یؤتی الحکمۃ من یشآء. ومن یؤت الحکمۃ فقد اوتی خیرا کثیرا. وما یذکرو الا اولوالالباب ۔ (سورہ بقرہ ۔ آیت نمبر 269) وہ جس کو چاہتا ہے۔ حکمت عطا فرماتا ہے۔ اور جسے حکمت دی گئی۔ اسے تو خیرِ کثیر (بہت بڑی بھلائی) عطا کی گئی۔ اور نصیحت صرف ہوش مند (عقل والے) ہی حاصل کر سکتے ہیں۔

سوال۔ صدقہ خیرات کرنے اور پوشیدہ طور پر مساکین کی مدد کرنے والوں کو کیا حاصل ہو گا ؟

جواب۔ انما تبدو الصدقٰت فنعما ھی. وان تخفوھا وتؤتوھا الفقراء فھو خیرلکم. ویکفر عنکم من سیاٰتکم. واللہ بما تعملون خبیر ۔ (سورہ بقرہ ۔ آیت نمبر 271) اگر تم صدقے خیرات کو ظاہر کرو۔ تو وہ بھی اچھا ہے۔ اور اگر تم اسے پوشیدہ (طور پر) مسکینوں کو دے دو۔ تو یہ تمھارے حق میں بہتر ہے۔ (اس صدقے وخیرات اور مساکین کی مدد کے عوض) اللہ تعالیٰ تمھارے گناہوں کو مٹا دے گا۔ اور اللہ تعالیٰ تمھارے تمام اعمال کی خبر رکھنے والا ہے۔

سوال۔ کیا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں کسی سے ادھار اور لین دَین کے معاملہ کو لکھنا درست ہے ؟

جواب۔ یا یھا الذین اٰمنوا اذا تدا ینتم بدین الی اجل مسمی فاکتبوہ. ولیکتب بینکم کاتب بالعدل ۔ (سورہ بقرہ ۔ 281) اے ایمان والو! جب تم آپس میں ایک میعادِ مقررہ تک اُدھار کا معاملہ کرو۔ تو اسے لکھ لیا کرو۔ اور چاہیئے۔ کہ (کوئی) کاتب عدل (انصاف) سے لکھ لیا کرے۔

سوال۔ کسی کو بادشاہی وسلطنت دینا یا اس سے چھین لینا اور کسی کو عزت دینا یا عزت چھین لینا کس ذات کا امر ہے ؟

جواب۔ قل اللھم مٰلک الملک تؤتی الملک من تشآء وتنزع الملک ممن تشآء. وتعز من تشآء وتذل من تشآء. بیدک الخیر. انک علی کل شیءِ قدیر ۔ (ال عمران ۔ آیت 26) آپ ﷺ کہہ دیجیئے۔ اے تمام جہان کے مالک! تو جسے چاہے بادشاہی دے۔ اور جس سے چاہے سلطنت چھین لے۔ اور تو جسے چاہے عزت دے۔ اور جسے چاہے ذلت دے۔ تیرے ہی ہاتھ میں سب بھلائیاں ہیں۔ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

سوال۔ اگر کوئی شخص مومنین کے بجائے کفار سے دوستی کر لے۔ تو اس کے لئے کیا حکم ہے ؟

جواب۔ لا یتخذ المؤمنون الکٰفرین اولیآء من دون المؤمنین. ومن یفعل ذٰلک فلیس من اللہ فی شیءِ ۔ (سورہ اٰل عمران ۔ آیت نمبر 29) مومنوں کو چاہیئے۔ کہ ایمان والوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا یار و مددگار نہ بنائیں۔ اور جو ایسا کرے گا۔ وہ اللہ تعالیٰ کا اس سے کوئی تعلق نہیں۔

سوال۔ کیا اللہ تعالیٰ کی اطاعت و تابعداری کے لئے آنحضور نبی مکرم ﷺ سے محبت بھی شرط ہے ؟

جواب۔ قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ ویغفرلکم ذنو بکم. واللہ غفور رحیم ۔ (سورہ اٰل عمران ۔ آیت نمبر 31) آپ ﷺ کہہ دیجیئے۔ اگر تم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہو۔ تو میری تابعداری کرو۔ (مجھ سے محبت اور میری پیروی کے عوض) اللہ تعالیٰ خود تم سے محبت کرے گا۔ اور (آپ ﷺ کی خاطر) ان کے گناہ معاف کر دے گا۔ اور اللہ تعالیٰ بہت معاف کرنے والا، بڑا مہربان ہے۔ (قران میں ہے) **من یطع الرسول فقد اطاع اللہ** ۔ (سورہ نساء ۔ آیت نمبر 80) جو رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرے۔ (تو گویا) اس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی۔

محمد ﷺ کی محبت، دین کی شرطِ اول ہے اگر نہ ہو یہی تو، دین ہی نامکمل ہے

سوال۔ غیبت کرنے اور بدگمانی کرنے والوں کے بارے میں قرآنِ حکیم کی کیا تعلیمات ہیں ؟

جواب۔ یا یھا الذین اٰمنوا اجتنبوا کثیرا من الظن. ان بعض الظن اثم ولا تجسسو ولا یغتب بعضکم بعضا. ایحب احد کم ان یا کل لحم اخیہ میتا فکرھتموہ. واتقواللہ. ان اللہ تواب رحیم ۔ (سورہ حجرات ۔ آیت نمبر 12) اے ایمان والو! بہت سے بدگمانوں سے احتراز کرو۔ بعض گمان گناہ ہوتے ہیں۔ اور ایک دوسرے کے حال کا تجسس نہ کیا کرو۔ اور نہ (ہی) کوئی کسی کی غیبت کیا کرے۔ کیا تم میں سے کوئی اس بات کو پسند کرے گا۔ کہ (وہ) اپنے مَرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے ؟ اس سے تو تم ضرور نفرت کرو گے۔ اور اللہ تعالیٰ کا ڈر رکھو۔ بے شک اللہ تعالیٰ توبہ قبول کرنے والا بہت مہربان ہے۔

سوال۔ ایمان والوں اور نیک اعمال کرنے والوں کی اللہ تعالیٰ کی نظر میں اہمیت ہے ؟

جواب۔ واما الذین اٰمنوا وعملوا الصّٰلحٰت فیو فیھم اجو رھم. واللہ لا یحب الظّٰلمین ۔ (سورہ آلِ عمران ۔ 57) لیکن ایمان والوں اور نیک اعمال سرانجام دینے والوں کو اللہ تعالیٰ ان کا پورا پورا ثواب عطا فرمائیں گے۔ اور اللہ تعالیٰ ظالموں سے محبت نہیں کرتا۔

سوال۔ اللہ تعالیٰ کے گھر (بیت اللہ شریف) کن خصائل کا حامل ہے ؟

جواب۔ ان اول بیت وضع للناس للذی ببکۃ مبٰرکا و ھدی للعٰلمین ۔ (سورہ آلِ عمران ۔ آیت نمبر 96) اللہ تعالیٰ کا پہلا گھر جو

لوگوں کے لئے مقرر کیا گیا۔ وہی ہے۔ جو مکہ (معظّمہ) میں ہے۔ جو تمام دنیا کے لئے برکت و ہدایت والا ہے۔

سوال۔ کیا ہمیں ہمیشہ مسلمان (اسلام پر قائم رہنے) کی دعا کرنی ضروری ہے ؟

جواب۔ **یـا یھا الذین اٰمنوا اتقوا اللہ حق تقتٰہ ولا تموتن الا وانتم مسلمون** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر **102**) اے ایمان ولو! اللہ تعالیٰ سے اتنا ڈرو۔ جتنا اس سے ڈرنا چاہیئے۔اور دیکھو۔مرتے دَم تک مسلمان ہی رہنا۔

سوال۔ سود کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا کیا حکم ہے ؟

جواب۔ **یـاایھـا الـذین اٰمنوا لا تا کلوا الربٰوا اضعافا مُضٰعفۃ. واتقوا اللہ لعلکم تفلحون** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر **130**) اے ایمان والو! بڑھا چڑھا کر سود نہ کھاؤ۔اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔تاکہ تمھیں نجات مِل سکے۔

سوال۔ اللہ تعالیٰ کے رحم کا حق دار کون ہے ؟

جواب۔ **واطیعـوا اللہ والرسول لعلکم ترحمون** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر **132**) اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی (کامل) فرمانبرداری کرو۔تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

سوال۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں تم میں سے سب سے زیادہ مکرم (عزت وعظمت اور وقار کا حامل) کون ہے ؟

سوال۔ کیا قلب کی پاکیزگی لازمی ہے ؟ فلاح کس نے پائی ؟ مومنوں نے فلاح کیسے پائی ؟

جواب۔ **قد افلح المؤ منون** یقیناً! ایمان والوں نے فلاح پائی۔ **الذین ھم فی صلا تھم خٰشعون** ۔ جونمازوں میں خشوع اختیار کرتے ہیں۔ **والـذیـن ھم عن اللغو معر ضون** ۔ اور جو بیہودہ باتوں سے منہ موڑے رہتے ہیں۔ **والـذیـن ھم للز کٰوۃ فٰعلون** ۔ اور جو زکوۃ ادا کرتے ہیں۔ **والذین ھم لفرو جھم حٰفظون** ۔ اور جو اپنی شرم گاہوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ **قد افلح من زکٰھا. وقد خاب من دسھا** ۔(سورہ شمس۔**9-10**) بے شک (وہ شخص) کامیاب ہوا۔جس نے اس (دل) کو پاک کرلیا۔اور یقیناً (وہ) ناکام ہوا۔جس نے اس (دل) کو گندگی سے آلودہ کرلیا۔ (یہاں پر تزکی سے مراد تزکیہ نفس ہے۔یعنی جس نے اپنے نفس کو پاکیزہ کرلیا۔وہ مراد (فلاح) کو پہنچ گیا) بقولِ قرآن! **قـد افـلـح من زکھا** ۔یقیناً! وہ فلاح پا گیا۔جس نے (اپنے) نفس کا تزکیہ کیا۔ (بقولِ قرآن) **قـد افلح من تز کی** ۔(سورہ اعلیٰ۔آیت نمبر **14**) بے شک وہ شخص کامیاب ہوا۔جس نے (اپنے دل کو) پاک کرلیا۔(بقولِ قرآنِ حکیم) **یوم لا ینفع مال و لا بنون۔ الا من اتی اللہ بقلب سلیم** ۔جس دن نہ کوئی مال کام آئے گا نہ اولاد۔(مگر) ہاں جو شخص اللہ تعالیٰ کے پاس سلامتی والا دل لے کر آئے گا۔(صِرف اُسی کو نجات ملے گی) (سورہ الشعراء۔آیت نمبر 89-88)

بضمن **قلبِ سلیم !** رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! **الا وان فـی الـجـسـد مضغۃ اذا صلحت صلح الجسد کلہ واذا فسدت فسد الجسد کلہ الا وھی القلب الا وھی القلب** ۔خبردار! اور بے شک انسان کے بدن میں گوشت کا ایک لوتھڑا (ٹکڑا) ہے۔(اگر) جو وہ ٹھیک ہوگیا۔تو تمام بدن ٹھیک ہوگیا۔اور اگر وہ بگڑ گیا۔تو تمام بدن بگڑ گیا۔سنو! وہ دل ہے۔سنو! وہ دل ہے۔سنو! وہ دل ہے۔(اسی طرح سے ایک اور حدیث میں آیا ہے۔کہ!) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! بندے کا عمل اس وقت درست نہیں ہوسکتا۔جب تک اس کا دل درست نہ ہو۔اور اس کا دل اُس وقت تک درست نہیں ہوسکتا۔جب تک (کہ) اس کی زبان درست نہ ہو۔ احادیث میں ہے۔ **قـال رسـول اللہ** ﷺ **اکمل المؤ منین ایمانا احسنھم خلقا** ۔(ترمذی شریف۔حدیث حسن) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! ایمان میں سب سے کامل مومن وہ ہے۔جو سب سے بہتر اخلاق والا ہو۔ **قال رسول اللہ** ﷺ **المسلم من سلم المسلمون من لسا نہ و یدہ والمؤ من من امنہ الناس علی دما ئھم واموا لھم** ۔(ترمذی شریف۔نسائی شریف۔بیہقی۔شعب الایمان) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ مسلمان وہ ہے۔جس کے ہاتھ اور زبان (کی ایذاء سے) مسلمان محفوظ رہیں۔اور مومن وہ ہے۔(کہ) جس سے لوگ اپنی جان اور مال کو مامون سمجھیں۔ **قـال رسـول اللـہ** ﷺ **لا یـزنـی الـزانـی حیـن یـز نـی. وھـو مؤمـن.ولا یشـرب الخمر حین یشرب.وھو مؤمن.ولا یسرق حین یسرق.وھو مؤمن.ولا ینتھب نھبۃ یر فع الناس الیہ فیھا ابصا رھم حین ینتھبھا.وھو مؤمن** ۔(صحیح بخاری شریف) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔زانی مومن رہتے ہوئے (کبھی بھی) زنا کا مرتکب نہیں ہوسکتا۔ شرابی مومن رہتے ہوئے (کبھی بھی) شراب نہیں پی سکتا۔ چور مومن رہتے ہوئے (کبھی بھی) چوری کا مرتکب نہیں ہوسکتا۔ لٹیرا ڈاکو مومن رہتے ہوئے (کبھی بھی) لوٹ مار ڈاکہ ڈالنے کا مرتکب نہیں ہو سکتا۔کہ لوگوں کی نظریں اس کی طرف اُٹھی ہوئی ہوں۔اور وہ لوٹ رہا ہو۔ **قـال عـلـی** ؓ **والـذی فلق الحبۃ برأ النسمۃ انہ لعھد النبی الا می** ﷺ **الی. أن لا یحبنی الا مؤ من ولا یبغضنی الا منا فق** ۔(صحیح مسلم شریف) حضرت سیدنا علی المرتضیٰ ؓ نے فرمایا۔(کہ) قسم ہے اس ذات کی (کہ) جس نے دانہ کو پھاڑا۔اور ذی روح کو پیدا کیا۔درحقیقت حضرت نبی امی ﷺ نے مجھے یقین دلایا تھا۔کہ جو (کامل) مومن ہوگا۔وہ مجھ سے (یعنی حضرت علی بن ابی طالب ؓ) سے محبت رکھے گا۔اور جو منافق ہوگا۔وہ مجھ سے (یعنی حضرت علی المرتضیٰ ؓ) سے عداوت رکھے گا۔

سوال۔ غزوہ اُحد کے بارے میں اللہ تعالیٰ کیا فرماتا ہے ؟

جواب۔ **ولیـعلم اللہ الذین اٰمنوا ویتخذ منکم شُھدآء واللہ لا یحب الظّٰلمین** ۔(سورہ آلِ عمران۔**140**) درحقیقت (غزوہ اُحد کی پریشانی) اس لئے تھی۔کہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو ظاہر کردے۔اور تم میں سے بعض کو درجہ شہادت پر فائز فرمادے۔اور (یقیناً) اللہ تعالیٰ ظالموں سے محبت نہیں کرتا۔

سوال۔ شکر کرنے والوں کا اللہ تعالیٰ کی نظر میں کیا درجہ و مقام ہے ؟

جواب۔ **واشکرولی ولا تکفرون** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر1152) اور میرا شکرادا کرو۔اور میری ناشکری نہ کرو۔ **ان اللہ لذو فضل علی الناس ولٰکن اکثرالناس لا یشکرون** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر243) حقیقت یہ ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ لوگوں پر بہت فضل فرمانے والا ہے۔لیکن اکثر لوگ (اللہ تعالیٰ کا) شکرادا نہیں کرتے۔**فاتقواللہ لعلکم تشکرون** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر123) لہذا (اگرتم لوگ صرف) اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ توتم شکرگزار ہوگے۔ **و سیجزی اللہ الشّٰکرین** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر144) عنقریب اللہ تعالیٰ شکرگزاروں کو نیک بدلہ عطا فرمائے گا۔**و سنجزی الشّٰکرین** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر145) جولوگ شکرگزار ہیں۔ان کو ہم (اللہ تعالیٰ) جلد ہی نیک بدلہ عطا کریں گے۔ **ما یفعل اللہ بعذا بکم ان شکر تم وامنتم. وکان اللہ شاکرا علیما** ۔(سورہ نساء۔آیت نمبر147) اگرتم (اللہ تعالیٰ کے شکرگزار) بنو۔اور (صحیح معنوں میں) ایمان لے آؤ۔تو اللہ تعالیٰ تمھیں عذاب دے کرآخر کیا کرے گا ؟ اللہ تعالیٰ بڑا قدردان ہے۔اور خوب جاننے والا ہے۔**کذٰلک یبین اللہ لکم اٰیتہ لعلکم تشکرون** ۔(سورہ مائدہ۔89) اسی طرح اللہ تعالیٰ اپنی آیتیں کھول کھول کرتمھارے سامنے واضح کرتا ہے۔تاکہ تم شکرادا کرو۔ **لئن شکرتم لا زید نکم ولئن کفرتم ان عذابی لشدید** ۔(سورہ ابراہیم۔07) اگرتم (واقعی) اللہ تعالیٰ کا (خلوصِ دل سے) شکرادا کرو۔تومیں تمھیں اور (بھی) زیادہ دوں گا۔اوراگرتم نے (میری) ناشکری کی۔تو (یقین جانوکہ) میرا عذاب بڑا سخت ہے۔ **واللہ اخرجکم من م بطون امّٰھتکم لا تعلمون شیئا. و جعل لکم السمع والابصار والافئدۃ. لعلکم تشکرون** ۔(سورہ نحل۔78) اور اللہ تعالیٰ نے تمھاری ماؤں کے پیٹ سے (تم لوگوں) کوایسی حالت میں نکالا۔کہ تم کچھ بھی نہ جانتے تھے۔اورتمھارے لئے کان،آنکھیں اوردل پیدا کئے۔تاکہ تم (اللہ تعالیٰ کا ہروقت) شکرادا کرو۔**واشکروا نعمت اللہ ان کنتم ایاہ تعبدون** ۔(سورہ نحل۔آیت نمبر114) اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکرادا کرو۔اگرتم واقعی اسی (وحدہ لاشریک) کی ہی عبادت کرتے ہو۔ **ومن رحمتہ جعل لکم الیل والنہار لتسکنوا فیہ ولتبتغوا من فضلہ ولعلکم تشکرون** ۔(سورہ قصص73) یہ تو اسی (ذاتِ برحق) نے اپنی (وسیع وعریض) رحمت سے تمھارے لئے رات بھی بنائی اوردن بھی۔تاکہ تم اس میں آرام وسکون کرو۔اوراس میں اللہ تعالیٰ کا فضل تلاش کرو۔تاکہ تم شکر (بھی) ادا کرو۔

سوال۔ کیا وہ لوگ جو دنیا کی زندگی کو آخرت کی زندگی کے مقابلے میں محبوب سمجھتے ہیں ۔ ان کو ہدایت نصیب ہوتی ہے ؟

جواب۔ **ذٰلک با نھم استحبوا الحیٰوۃ الد نیا علی الأ خرۃ وان اللہ لا یھدی القوم الکٰفرین** ۔(سورہ نحل۔107) یہ اس لئے کہ ایسے لوگوں نے دنیا کی زندگی کو آخرت کے مقابلے میں زیادہ محبوب سمجھا۔اوراسی لئے کہ اللہ تعالیٰ ایسے ناشکرے لوگوں کو ہدایت تک نہیں پہنچایا کرتا۔

سوال۔ کیا کسی کے کہنے سے کوئی جی یا مرسکتا ہے ۔ جب تک کہ اللہ تعالیٰ کی مرضی شامل حال نہ ہو ؟

جواب۔ **وما کان لنفس ان تموت الا باذن اللہ کتٰبا مؤجلا** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر145) اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر کوئی جاندار مَر نہیں سکتا۔ (کیونکہ! ہرجان کے مرنے کا اللہ تعالیٰ کی) کتاب میں مقرر وقت لکھا ہوا ہے۔

اسی طرح سے اللہ تعالیٰ ایک اورجگہ فرماتا ہے۔کہ! **ان ینصر کم اللہ فلا غالب لکم. وان یخذ لکم فمن ذالذی ینصر کم من م بعدہٖ. وعلی اللہ فلیتو کل المؤ منون** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر160) اگراللہ تعالیٰ تمھاری مدد کرے۔توتم پر کوئی بھی غالب نہیں آسکتا۔اوراگروہ تمھیں چھوڑ دے۔تواس کے بعد کون ہے؟ جوتمھاری مدد کرے۔ایمان والوں کو اللہ تعالیٰ ہی پر (ہمیشہ) بھروسہ رکھنا چاہیئے۔

سوال۔ آنحضور نبی مکرم ﷺ کا اپنی اُمت کے ساتھ معاملہ کیسا ہے؟ قرآن کیا کہتا ہے ؟

جواب۔ **فبما رحمۃ من اللہ لنت لھم. ولو کنت فظا غلیظ القب لا نفضوا من حولک. فا عف عنھم واستغفر لھم وشاور ھم فی الامر. فاذا عزمت فتو کل علی اللہ. ان اللہ یحب المتو کلین** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر159) اللہ تعالیٰ کی رحمت کے باعث آپ ﷺ ان پرنرم دل ہیں۔اوراگرآپ ﷺ تندمزاج اورسخت دل ہوتے۔تو یہ سب (لوگ) آپ ﷺ کے پاس سے چھٹ جاتے۔سوآپ ﷺ ان سے درگزرفرمائیں۔اوران کے لئے استغفار کریں۔اوران کے ساتھ (کسی) اَمر میں مشورہ (صلاح) کیا کریں۔پھرجب آپ ﷺ کا پختہ ارادہ ہوجائے۔تو اللہ تعالیٰ پر (کامل) بھروسہ کریں۔بے شک اللہ تعالیٰ توکل کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

سوال۔ شہید کے بارے میں اللہ تعالیٰ کیا فرماتا ہے ؟

جواب۔ **ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات. بل احیاء و لکن لا تشعرون** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر154) اوراللہ تعالیٰ کی راہ کے شہیدوں کو مُردہ مَت کہو۔وہ زندہ ہیں۔لیکن تم اس (بات کا) شعورنہیں رکھتے۔اسی طرح قرآنِ حکیم میں ایک اورجگہ پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! **ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا. بل احیآء عند ربھم یرزقون** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر169) جولوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید کئے گئے۔ان کو ہرگزمُردہ نہ سمجھیں۔بلکہ وہ زندہ ہیں۔(اوریقیناً وہ) اپنے رب کے پاس سے رزق دیئے جاتے ہیں۔

سوال۔ اللہ تعالیٰ کی پکڑ اور اَجر کے سلسلے میں قرآنی تعلیمات کیا ہیں ؟

جواب۔ **ان اللہ لا یظلم مثقال ذرۃ. وان تک حسنۃ یضعفھا ویوت من لد نہ اجرا عظیما** ۔(سورہ نساء۔آیت نمبر40) بے شک اللہ تعالیٰ ایک ذرہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا۔اوراگر (کسی کی) نیکی ہو۔تواسے دوگنی کردیتا ہے۔اورخاص اپنے پاس سے بہت بڑا ثواب دیتا ہے۔ایک اورجگہ اللہ تعالیٰ فرماتا

ہے۔کہ! **فمن یعمل مثقال ذرة خیرا یره. ومن یعمل مثقال ذرة شرا یره** ۔(سورہ زلزلۃ۔آیت نمبر08-07) چنانچہ جس نے ذرہ برابر نیکی کی ہوگی۔وہ اسے دیکھ لے گا۔اورجس نے ذرہ برابر برائی کی ہوگی۔وہ اسے(بھی) دیکھ لے گا۔

سـوال۔ جیسا کہ حضرت خضرؑ کے بارے میں مشہور ہے۔کہ انہیں لمبی عمر عطا کی گئی ہے؟ کیا وہ بھی انتقال فرمائیں گے ؟ موت کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا واضح وصریح حکم بیان کریں۔

جواب۔ کـل نفس ذآئقة الموت ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر185) ہر جان نے موت کا مزہ چکھنا ہے۔ اسی طرح قرآنِ پاک میں ایک اورجگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! **اینـ ما تکونوا یدرککم الموت ولو کنتم فی بروج مشیدة** ۔(سورہ نساء۔آیت نمبر78) تم جہاں کہیں بھی ہو۔موت تمھیں (یقیناً) آ پکڑے گی۔ چاہے تم مضبوط قلعوں میں ہی کیوں نہ ہو۔

سوال۔ کیا اللہ تعالیٰ ہماری (جان و مال و اولاد سے) آزمائش کرے گا ؟

جواب۔ لتبلـون فـی امـوالـکم وانفسکم ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر186) یقیناً (اللہ تعالیٰ) تمھارے مالوں اورجانوں سے تمھاری آزمائش کرے گا۔اورقرآنِ حکیم میں ایک اورجگہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ!**ونبـلـوکم بالشر والخیر فتنة** ۔(سورہ انبیاء۔آیت نمبر35) اورہم (یعنی اللہ تعالیٰ خود) تمھیں آزمانے کے لئے بری اوربھلی حالتوں میں مبتلا کرتے ہیں۔اورقرآنِ حکیم میں ایک اورجگہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **واعـلـمـوا انـمـا امـوالـکـم واولادکـم فتنة** ۔(سورہ انفال۔آیت نمبر08) اور یہ بات سمجھ لو۔کہ تمھارے مال اورتمھاری اولاد ایک آزمائش (آزمائشی فتنہ) ہیں۔اورقرآنِ حکیم میں ایک اورجگہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ!**وجـعـلـنـا بعضکم لبعض فتنة** ۔(سورہ فرقان۔آیت نمبر20) اورہم نے تم لوگوں (اے حضرت انسان) ایک دوسرے کی آزمائش کا ذریعہ بنایا ہے۔اورقرآنِ حکیم میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **انـمـا امـوالـکـم واولادکـم فتنة** ۔(سورہ تغابن۔آیت نمبر15) بے شک ! تمھارے مال اورتمھاری اولاد ایک آزمائش (آزمائشی فتنہ) ہیں۔

سوال۔ یتیموں کا مال ناحق طریقے سے ظلم کر کے کھانے والوں کے لئے اللہ تعالیٰ کا کیا فیصلہ ہے ؟

جواب۔ ان الـذیـن یـا کلون اموال الیتٰمٰی ظلما انما یاکلون فی بطونهم نارا. ویصلون سعیرا ۔(سورہ نساء۔آیت نمبر10) یقیناً جو لوگ ناحق ظلم سے یتیموں کا مال کھاجاتے ہیں۔وہ اپنے (ہی) پیٹ میں آگ بھر رہے ہیں۔اورعنقریب وہ دوزخ میں جائیں گے۔

سوال۔ وراثت کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا قرآنی فیصلہ کیا ہے ؟ کس کو کتنی وراثت ملے گی ؟

جواب۔ یُوصِیکُمُ اللّٰهُ فِیۤ أَوْلاَدِکُمْ لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الأُنثَیَیْنِ فَإِن کُنَّ نِسَاۤءً فَوْقَ اثْنَتَیْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَکَ وَإِن کَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ وَلأَبَوَیْهِ لِکُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَکَ إِن کَانَ لَهُ وَلَدٌ فَإِن لَّمْ یَکُن لَّهُ وَلَدٌ وَوَرِثَهُ أَبَوَاهُ فَلأُمِّهِ الثُّلُثُ فَإِن کَانَ لَهُ إِخْوَةٌ فَلأُمِّهِ السُّدُسُ مِن بَعْدِ وَصِیَّةٍ یُوصِی بِهَاۤ أَوْ دَیْنٍ آبَآؤُکُمْ وَأَبناؤُکُمْ لاَ تَدْرُونَ أَیُّهُمْ أَقْرَبُ لَکُمْ نَفْعاً فَرِیضَةً مِّنَ اللّهِ إِنَّ اللّهَ کَانَ عَلِیْما حَکِیْما ۔(سورہ نساء۔آیت نمبر11) اللہ تعالیٰ تمھیں تمھاری اولاد کے بارے میں حکم کرتا ہے۔کہ! ایک لڑکے کا حصہ دولڑکیوں کے برابر ہے۔اوراگرصرف لڑکیاں ہی ہوں۔اوردو سے زیادہ ہوں۔توانہیں مال متروکہ کا دوتہائی حصہ ملے گا۔اوراگر ایک ہی لڑکی ہوتواس کے لئے آدھا ہے۔اورمیت کے ماں باپ میں سے ہرایک کے لئے اس کے چھوڑے ہوئے مال کا چھٹا حصہ ہے۔اوراگراس (مرے ہوئے) کی اولادہو۔اوراگراولادنہ ہواور ماں باپ وارث ہوتے ہیں۔تواس کی ماں کے لئے تیسرا حصہ ہے۔ہاں اگرمیت کے کئی بھائی ہوں۔توپھراس کی ماں کا چھٹا حصہ ہے۔یہ (تمام مذکورہ) حصےاس وصیت (کی تکمیل) کے بعد ہیں۔جومرنے والا کرگیا ہو۔یاادائے قرض کے بعد۔تمھارے باپ ہوں یاتمھارے بیٹے،تمھیں نہیں معلوم کہ ان میں سے کون تمھیں نفع پہنچانے میں زیادہ قریب ہے۔یہ حصے اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقررکردہ ہیں۔بے شک اللہ تعالیٰ پورےعلم اورکامل حکمتوں والا ہے۔

سوال۔ قرآنی تعلیمات کے مطابق مردوعورت کا وراثت میں کتنا کتنا حصہ ہے ؟

جواب۔ یو صیکم الله فی اولادکم ق للذکر مثل حظ الا نثیین . اللہ تعالیٰ تمھیں حکم دیتا ہے۔تمھاری اولاد کے بارے میں (کہ) بیٹے کا حصہ دو بیٹیوں کے مساوی ہے۔(سورہ النساء۔آیت نمبر11)

سوال۔کیاکسی مسلمان مردوعورت کا کسی دوسرے ہندو یا مشرک مرد یاعورت سے نکاح جائز ہے ؟ **جواب۔ ولا تـنـکـحـوا الـمشرکٰت حتّٰـی یـؤمـن** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر221) اورشرک کرنے والی عورتوں سے تاوقتیکہ وہ ایمان نہ لائیں۔تم (ان سے) نکاح نہ کرو۔ **ولا تـنـکـحـوا المشرکین حتّٰی یؤمنوا** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر221) اورشرک کرنے والے مردوں کے نکاح میں عورتوں کونہ دوجب تک کہ وہ ایمان نہ لے آئیں۔

سوال ۔ قرآنی تعلیمات کے مطابق کن کن سے نکاح شرعاً جائز نہیں ؟ **جواب۔ حُـرِّمَـتْ عَـلَـیْـکُـمْ أُمَّهَـاتُـکُـمْ وَبَنَاتُکُمْ وَأَخَـوَاتُـکُـمْ وَعَـمَّـاتُـکُـمْ وَخَـالاَتُـکُمْ وَبَنَاتُ الأَخِ وَبَنَاتُ الأُخْتِ وَأُمَّهَاتُکُمُ اللاَّتِیۤ أَرْضَعْنَکُمْ وَأَخَوَاتُکُم مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَأُمَّهَاتُ نِسَـآئِـکُـمْ وَرَبَـائِـبُـکُـمُ اللاَّتِی فِی حُجُورِکُم مِّن نِّسَآئِکُمُ اللاَّتِی دَخَلْتُم بِهِنَّ فَإِن لَّمْ تَکُونُواْ دَخَلْتُم بِهِنَّ فَلاَ جُنَاحَ عَلَیْکُمْ وَحَلاَئِلُ أَبْنَائِکُمُ الَّذِیْنَ مِنْ أَصْلاَبِکُمْ وَأَن تَجْمَعُواْ بَیْنَ الأُخْتَیْنِ إِلاَّ مَا قَدْ سَلَفَ إِنَّ اللّهَ کَانَ غَفُوراً رَّحِیماً.** (سورہ نساء۔آیت نمبر23)

حرام کردی گئیں تم پرتمھاری مائیں اورتمھاری لڑکیاں اورتمھاری بہنیں ،تمھاری پھوپھیاں ، اورتمھاری خالائیں اور بھائی کی لڑکیاں اور بہن کی لڑکیاں اور تمھاری وہ مائیں جنھوں نے تمھیں دودھ پلایا ہواورتمھاری دودھ شریک بہنیں اورتمھاری ساس اورتمھاری وہ پرورش کردہ لڑکیاں جوتمھاری گود میں ہیں ۔تمھاری ان عورتوں سے جن سےتم دخول کر چکے ہو۔ ہاں اگرتم نے ان کے ساتھ قربت نہ کی ہوتو تم پرکوئی گناہ نہیں ۔اورتمھارے صلبی سگے بیٹوں کی بیویاں اور تمھارادوبہنوں کا جمع کرنا۔ ہاں جوگزر چکا سوگزر چکا ۔یقیناً اللہ تعالیٰ بڑا بخشنے والا بہت مہربان ہے ۔

سوال۔ کسی مومن کوقتل کرنے کی کیا سزا ہے ؟

جواب۔ ومن یقتل مؤ منا متعمدا فجز آئہ جھنم خالدا فیھا وغضب اللہ علیہ ولعنہ واعد لہ عذابا عظیما ۔(سورہ نسآء۔آیت نمبر **93**) اور جوکوئی کسی مومن کوقصداً قتل کرڈالے ۔(تو) اس کی سزادوزخ ہے ۔جس میں وہ ہمیشہ رہے گا ۔اس پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہے ۔اسے اللہ تعالیٰ نے لعنت کی ہے ۔اوراس کے لئے بڑا عذاب تیارکررکھا ہے ۔قرآن میں ایک اورجگہ اللہ تعالیٰ فرما تا ہے ۔کہ! **فکانما قتل الناس جمیعا. ومن احیا ھا فکا نما احیا الناس جمیعا** ۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر۔**32**) جوشخص کسی کوقتل کرڈالے ۔گویااس نے تمام لوگوں کوقتل کردیا۔اور جوشخص کسی ایک کی جان بچالے ۔توگویااس نے تمام لوگوں کوحیات دی ۔

سوال۔ حضرت عیسیٰؑ کو (نعوذ باللہ) خدا سمجھنے والوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا اٹل فیصلہ کیا ہے ؟

جواب۔ لقد کفر الذین قالوا ان اللہ ھو المسیح ابن مریم ۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر۔**17**) بے شک ! وہ لوگ کافر ہو گئے ۔ جنہوں نے کہا ۔کہ ! خدا ہی مسیح ابنِ مریم ہے ۔

سوال۔ عیسائی عقائد کا حضرت عیسیٰؑ کے مصلوب کئے جانے کے بارے میں قرآن حکیم کا کیا فیصلہ ہے ؟

جواب۔ وقولھم انا قتلنا المسیح عیسیٰ ابن مریم رسول اللہ. وما قتلوہ وما صلبوہ ولکن شبہ لھم وان الذین اختلفوا فیہ لفی شک منہ. ما لھم بہ من علم الا اتباع الظن. وما قتلوہ یقینا بل رفعہ اللہ الیہ. وکان اللہ عزیزا حکیما .(سورہ نسآء۔آیت نمبر**158-157**)اوریوں کہنے کے باعث کہ! ہم نے اللہ تعالیٰ کے رسول حضرت عیسیٰ بن مریمؑ کوقتل کردیا۔حالانکہ نہ توانہوں نے اسے قتل کیا۔اورنہ ہی سولی پر چڑھایا۔ بلکہ ان کے لئے ان (حضرت عیسیٰؑ) کی شبیہ(ہم شکل) بنادیا گیا۔یقین جانو۔کہ حضرت عیسیٰؑ کے بارے میں اختلاف کرنے والے ان کے بارے میں (خودبھی)شک میں ہیں۔انہیں اس کا کوئی یقین نہیں ۔بجز تخمینی باتوں پرعمل کرنے کے ۔(بہرحال یہ وقعتاً ایک حقیقت ہی ہے۔کہ) انہوں نے انہیں قتل نہیں کیا۔

سوال۔ عہد و پیان پورا کرنے کے بارے میں اللہ تعالیٰ کیا فرماتا ہے ؟

جواب۔ یا یھا الذین اٰمنوا اوفوا با لعقود ۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر**1**) اے ایمان والو! (اپنے) عہد و پیان پورے کرو۔قرآنِ حکیم میں ایک اورجگہ ہے۔ **من اوفٰی بعھدہ وا تقی فان اللہ یحب المتقین** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر**76**) جواپنا اقرار(عہد) پورا کرے ۔اور پرہیزگاری (اختیار) کرے ۔توبے شک اللہ تعالیٰ پرہیزگاروں کودوست رکھتا ہے ۔

سوال۔ لوگوں کی کس موقع پر مدد کرنا مستحسن اور کہاں پر ممنوع ہے ؟

جواب۔ وتعاونوا علی البر والتقوٰی۔ ولا تعاونوا علی الا ثم والعدوان ۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر **02**)اورنیکی و پرہیزگاری کے امور میں ایک دوسرے کی معاونت کرو۔(لیکن) گناہ اورظلم (وزیادتی) میں ایک دوسرے کی مدد نہ کرو۔

سوال۔ نیک اعمال (نیکی کرنے والوں کے ساتھ) اللہ تعالیٰ کا کیا وعدہ ہے ؟

جواب۔وعد اللہ الذین اٰمنوا وعملوا الصلحت. لھم مغفرۃ و اجر عظیم ۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر۔**9**) اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے ۔ کہ جوایمان لائیں ۔اورنیک اعمال کریں ۔ان کے لئے وسیع مغفرت اور بہت بڑاا جر وثواب ہے ۔

سوال۔ چوری کرنے والے یا چوری کرنے والی کی اسلام میں کیا سزا مقرر ومتعین ہے ؟

جواب۔ والسارق والسارقۃ فا قطعا اید یھما جزآء بما کسبا نکالا من اللہ ۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر۔**38**) چوری کرنے والے مرد اور چوری کرنے والی عورت کے ہاتھ کاٹ دیا کرو۔ یہ بدلہ ہے اس کا جوانہوں نے کیا۔عذاب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے ۔

سوال۔ یہود و نصاریٰ سے دوستی کے متعلق اللہ تعالیٰ کا کیا حکم ہے ؟

جواب۔ یا یھا الذین اٰمنوا لا تتخذوا الیھود والنصٰری اولیآء۔ بعضھم اولیآء بعض۔ومن یتو لھم منکم فا نہ منھم۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر۔**51**) اے ایمان والو! تم یہود و نصاریٰ کو(اپنا) دوست مت بناؤ۔ یہ تو آپس میں ہی ایک دوسرے کے دوست ہیں ۔تم میں سے جوبھی ان میں سے کسی سے دوستی کرے ۔وہ بے شک انہی میں سے ہے ۔

سوال۔ نیکی پر اللہ تعالیٰ کا انعام اور برائی پر اللہ تعالیٰ کی معمولی سی سرزنش پر قرآنِ حکیم کیا فرماتا ہے؟

جواب۔ من جآء با لحسنۃ فلہ عشر امثا لھا. ومن جآء با لسیئۃ فلا یجزیٰ الا مثلھا و ھم لا یظلمون ۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر۔**160**) جوشخص نیک کام کرے ۔اس کواس کے دس گنا ملیں گے ۔اور جوشخص بُرا کام کرے گا۔اس کواس کے برابر ہی سزا ملے گی ۔اوران لوگوں پرظلم نہ ہوگا۔

(اسی ضمن میں آنحضور نبی مکرم ﷺ کی صحیح بخاری شریف میں یہ حدیث ہے۔ کہ!) انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔کہ جب (ایک) بندہ مسلمان ہو جائے۔اوراس کا اسلام (بھی) عمدہ ہو۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ کو جو اس نے (اسلام قبول کرنے سے پہلے) کئے۔معاف فرما دیتا ہے۔اوراب اس کے بعد کے لئے بدلا (اجر) شروع ہو جاتا ہے۔(یعنی) ایک نیکی کے عوض دس گنا سے لے کر سات سو گنا تک (ثواب منجانب الٰہی دیا جاتا ہے) اور ایک برائی کا اسی برائی کے مطابق (بدلا دیا جاتا ہے) مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اس برائی سے بھی درگزر کرے۔

سوال۔ قیامت کے روز کون کامیاب اور کون خسارے میں ہوگا ؟

جواب۔ والوزن یو مئذ ن الحق. فمن ثقلت موازینه فاو لٰئک هم المفلحون. ومن خفت موازینه فاولٰئک الذین خسروا انفسهم بما کانوا باٰیتنا یظلمون ۔(سورہ اعراف۔آیت نمبر۔**09-08**) اور اس روز (بروزِ قیامت) وزن بھی برحق ہے۔ پھر جس شخص کا پلا بھاری ہوگا۔سو ایسے لوگ کامیاب ہوں گے۔اور جس شخص کا پلا ہلکا ہوگا۔سو یہ وہ لوگ ہوں گے۔جنہوں نے اپنا (ہی) نقصان کر لیا۔ بسبب اس کے کہ! ہماری آیتوں کے ساتھ ظلم کرتے تھے۔

سوال۔ لوگ رزق کے حصول کے لئے سرگردان پھرتے رہتے ہیں۔اس بارے میں اللہ تعالیٰ کا واضح قانون کیا ہے ؟

جواب۔ وما من دا بة فی الارض الا علی الله رزقها ویعلم مستقرها و مستو دعها ۔اور زمین پر کوئی چلنے پھرنے والا (جن وانس، چرندو پرند وحیوان ایسا بالکل) نہیں۔مگر اس کا رزق اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔وہ جہاں رہتا ہے۔اسے بھی جانتا ہے اور جہاں (اُسے اُس کے حصے کا رزق) سونپا جاتا ہے۔اُسے بھی۔(سورہ ہود۔آیت نمبر 06) اسی طرح سے ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالیشان ہے۔کہ! **ذٰلکم یو عظ به من کان یؤ من با لله والیوم الآ خر ومن یتق الله یجعل له مخرجا ۙ و یر زقه من حیث لا یحتسب ؕ و من یتو کل علی الله فهو حسبه ۔**ان باتوں سے اس شخص کو نصیحت کی جاتی ہے۔(کہ) جو اللہ تعالیٰ پر اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتا ہے۔اور جو کوئی اللہ تعالیٰ سے ڈرے گا۔تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ (ہر قسم کے رنج و غم، مصائب ومشکل سے) نکلنے (کی یقینی صورت ضرور بالضرور) پیدا فرما دے گا۔اور اس کو ایسی جگہ سے رزق عطا فرمائے گا۔جہاں سے (ایسا ایمان رکھنے والے اور تقوٰی اختیار کرنے والے کو وہم و) گمان بھی نہ ہو۔اور جو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ (توکل) کرے گا۔تو وہی اس کو کفایت کرے گا (سورہ طلاق۔آیت نمبر 3-2)

سوال۔ اللہ تعالیٰ نے مایوسی کی کن الفاظ میں مذمت فرمائی ہے ؟

جواب۔ و لا تایئسوا من روح الله . انه لا یا یئس من روح الله الا القوم الکٰفرون ۔(سورہ یوسف۔آیت نمبر۔**87**) اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید مَت ہو۔یقیناً رب متعال سے ناامید وہی ہوتے ہیں۔جو کافر ہوتے ہیں۔

سوال۔ اگر مومنین کسی تکلیف یا مشکل میں پڑ جائیں۔تو اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو کیا مژدہ سنایا ہے ؟

جواب۔ و لا تهنوا ولا تحز نوا وانتم الاعلون ان کنتم مؤ منین ۔ اورسست نہ پڑو۔اور **غمگین** مَت ہو۔اگر تم واقعہ مومن رہو۔تو تم ہی سربلند رہو گے۔(سورہ آلِ عمران۔**139**) **فان مع العسر یسرا ۔** پس بے شک! مشکلات کے ساتھ آسانی بھی ہوتی ہے۔(سورہ الشرح۔**05**)

سوال۔ رحمتِ الٰہی کن لوگوں کے قریب ہے ؟

جواب۔ ان رحمت الله قر یب من المحسنین ۔(سورہ اعراف۔نمبر **56**) بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت نیک کام کرنے والوں کے قریب ہے۔

سوال۔ فلاح پانے والے اور نجات یافتہ کون لوگ ہیں ؟

جواب۔الذین یؤمنون بالغیب و یقیمون الصلوٰ ة و مما رزقنا هم ینفقون. والذین یؤ منون بما انزل الیک وما انزل من قبلک. وبا لآ خرة هم یوقنون. اولئک علٰی هدی من ربهم. واولئک هم المفلحون ۔(سورہ بقرہ **5-3**) جو لوگ غیب پر ایمان لاتے ہیں۔اور نماز کو قائم کرتے ہیں۔اور ہمارے عطا کردہ (مال) میں سے خرچ کرتے ہیں۔اور جو لوگ ایمان لاتے ہیں۔اس پر جو آپ کی طرف اُتارا گیا۔اور جو آپ سے پہلے اتارا گیا۔(یعنی آسمانی صحائف کی صورت میں جو اللہ تعالیٰ کی طرف احکامات کو لوگوں کی ہدایت کے لئے اتارا گیا) اور وہ آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں۔یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں۔اور یہی لوگ فلاح پانے والے اور نجات پانے والے ہیں۔

سوال۔ قرآنِ حکیم کا قیامت کے وقوع پذیر ہونے کے بارے میں کیا حکم ہے ؟

جواب۔ یسئلونک عن الساعة ایان مر سها ؕ قل انما علمها عند ربی ج لا یجلیها لو قتها الا هو ؕ ثقلت فی السمٰوٰت والارض ؕ لا تا تیکم الا بغتة ؕ یسئلونک کا نک حفی عنها ؕ قل انما علمها عندالله ولکن اکثر الناس لا تعلمون ۔(سورہ اعراف۔آیت نمبر 187) یہ لوگ آپ سے قیامت کے متعلق سوال کرتے ہیں۔کہ اس کا وقوع کب ہوگا ؟ آپ فرما دیجئے۔کہ اس کا علم صرف میرے رب ہی پاس ہے۔اس کے وقت پر اس کو سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی اور ظاہر نہ کرے گا۔وہ آسمانوں اور زمینوں میں بڑا بھاری ہوگا۔وہ تم پر محض اچانک آ پڑے گی۔وہ آپ سے اس طرح پوچھتے ہیں۔جیسے گویا آپ اس کی تحقیق کر چکے ہیں۔آپ فرما دیجئے۔کہ اس کا علم خاص اللہ تعالیٰ (ہی) کے پاس ہے۔لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

سوال۔ قرآنِ حکیم مین مومنین (ایمان والوں) کی کیا کیا نشانیاں ہیں ؟

جواب۔ انما المؤ منون الذین اذا ذکر الله وجلت قلو بهم واذا تلیت علیهم ایٰته ذادتهم ایمانا وعلٰی ربهم یتو کلون ۔(سورہ

انفال ۔آیت نمبر 02) پس ایمان والے تو ایسے ہوتے ہیں ۔کہ جب (اِن کے سامنے) اللہ تعالیٰ کا ذکر آتا ہے ۔تو اِن کے قلوب ڈر جاتے ہیں ۔اور جب اللہ تعالیٰ کی آیتیں ان کو پڑھ کر سنائی جاتی ہیں ۔تو وہ آیتیں ان کے ایمان کو اور زیادہ کر دیتی ہیں ۔اور وہ لوگ اپنے رب پر توکل کرتے ہیں ۔

سوال ۔ قرآنِ حکیم کے مطابق ایک انسان بزدل کب اور کیسے ہوتا ہے ؟ **جواب ۔ واطیعوا اللـه ورسولـه ولا تنازعوا فتفشلوا و تذهب ریحکم واصبروا ط ان اللـه مع الصا برین** ۔(سورہ انفال ۔آیت نمبر 46) اور اللہ تعالیٰ واس کے رسولؐ کی اطاعت کرتے رہو ۔آپس میں اختلاف نہ کرو ۔ورنہ (تم لوگ) بزدل ہو جاؤ گے ۔(کیونکہ اسی بزدلی کی وجہ سے) تمھاری ہوا اکھڑ جائے گی ۔اور صبر سہارا رکھو ۔یقیناً ! اللہ تعالیٰ صابرین کے ساتھ ہے ۔

سوال ۔ کیا اللہ تعالیٰ نے جہاد کی ترغیب دی ہے؟ اور اگر بفرضِ محال مسلمانوں کی تعداد کفار کے مقابلے میں کم ہو تو اللہ تعالیٰ کا کیا حکم ہے ؟

جواب ۔یا یها النبی حرض المؤ منین علی القتال ط ان یکن منکم عشرون صٰبرون یغلبوا مائتین ج وان یکن منکم مائة یغلبوا الفا من الذین کفروا با نهم قوم لا یفقهون ۔ الـٰن خفف الله عنکم وعلم ان فیکم ضعفا ط فان یکن منکم الف یغلبوا الفین باذن الله ط والله مع الصّٰبرین ۔(سورہ انفال ۔آیت نمبر 66-65) اے نبیؐ ! ایمان والوں کو جہاد کا شوق دلائیں ۔اگر آپ میں سے (صرف) بیس بھی صبر کرنے والے ہوں گے ۔تو وہ دو سو پر غالب رہیں گے ۔اور اگر تم میں سے ایک سو ہوں گے ۔تو وہ ایک ہزار کافروں پر غالب رہیں گے ۔اس واسطے کہ وہ لوگ (کفار) بے سمجھ ہیں ۔اچھا ! اَب اللہ تعالیٰ آپ کا بوجھ ہلکا کرتا ہے ۔وہ خوب جانتا ہے ۔کہ ! آپ میں ناتوانی ہے ۔پس اگر آپ میں سے ایک سو صبر کرنے والے ہوں گے ۔تو وہ دو سو پر غالب رہیں گے ۔اور اگر آپ میں سے ایک ہزار ہوں گے ۔تو وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے دو ہزار پر غالب رہیں گے ۔(کیونکہ !) اللہ تعالیٰ (تو ہمیشہ سے) صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے ۔

سوال ۔ قرآنِ حکیم نے کفار کی کیا عادت بیان فرمائی ہے ؟ کہ جس سے کسی (مسلم) ملک میں فتنہ وفساد پیدا ہو جائے ۔

جواب ۔ والـذین کفروا بعضهم اولیاء بعض ط الا تـفعلوه تکن فتنة فی الارض وفساد کبیر ۔(سورہ انفال ۔آیت نمبر 73) اور جو لوگ کافر ہیں ۔اور وہ ایک دوسرے کی حمایت کرتے ہیں ۔اگر تم (بھی ان کفار کی) حمایت نہیں کرو گے ۔تو ملک میں فتنہ وفساد برپا ہو جائے گا ۔(قرآن میں آیا ہے) **ولـن تـرضٰی عنک الیهود ولا النصٰرٰی حتی تتبع ملتهم ط قـل ان هدی الله هو الهدٰی ط ولـئن اتبعت اهواء هم بعدالذی جآ ءک من العلم لا مـالک من الله من ولی ولا نصیر** ۔(سورہ بقرہ ۔آیت نمبر 120) اور تم سے یہود ونصارٰی (عیسائی) کبھی راضی نہیں ہوں گے ۔جب تک کہ تم ان کے راستے (یعنی مذہبِ یہودیت وعیسائیت والے) پر نہ چلنے لگو ۔(تم) ان سے کہہ دو ۔کہ ! راستہ تو صرف وہی ہے ۔جو اللہ تعالیٰ نے (صراطِ مستقیم) بتایا ہے ۔ورنہ اگر اس علم (قرآن وسنتِ قولی وفعلی) کے بعد ، جو تمہارے پاس آ چکا ہے ۔تم نے ان کی خواہشات کی پیروی کی ۔تو اللہ تعالیٰ کی پکڑ سے سے بچانے والا تمہارے ہاں کوئی دوست اور مددگار نہیں ہوگا ۔

آیاتِ قرآنی کے انوارات : (علمِ لدنی کا ایک عظیم ترین باطنی راز)

سیدی عبدالعزیز الدباغؒ فرماتے ہیں ۔کہ ! قرآنی آیات کے انوارات دراصل تین اقسام پر مشتمل ہیں ۔سفید ، سبز اور زرد ۔

☆ **سفید رنگ کا تعلق اُن آیات کے ساتھ ہے** ۔جن کے بندے قائل ہیں ۔ ☆ **سبز رنگ کا تعلق اُن آیات کے ساتھ ہے** ۔جن کا قائل اللہ تعالیٰ خود ہے ۔ ☆ **زرد رنگ کا تعلق اُن آیات سے ہے** ۔جو کفار (اور مشرکین) سے متعلق ہیں ۔جن پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہوا ۔ اب اگر ہم **سورہ فاتحہ** کا جائزہ لیں ۔تو ہمیں یہ معلوم ہوگا ۔کہ ! ''**الـحـمـد لـلـه**'' میں سبز رنگ (اخضر) پایا جاتا ہے ۔ ''**رب العا لمین**'' سے لےکر'' **انعمت علیهم (غیر)** '' تک سفید رنگ (ابیض) پایا جاتا ہے ۔

اور'' **(غیر) المغضوب** '' سے لےکر'' **علیهم ولا الضا لین**'' میں زرد رنگ (اصفر) پایا جاتا ہے ۔

جیسے یہ تینوں انوارات'' **سورۃ فاتحہ** '' میں پائے جاتے ہیں ۔اِسی طرح باقی تمام قرآنی سورتوں میں بھی یہ تینوں انوارات پائے جاتے ہیں ۔گویا کہ یہ تینوں انوارات قرآنِ مجید کی تمام سورتوں میں بھی موجود ہیں ۔البتہ بعض اوقات کوئی ایک رنگ کسی ایک سورت میں کم اور دوسری میں زیادہ پایا جاتا ہے ۔جس طرح کہ تم نے سورہ فاتحہ میں ملاحظہ کر لیا ۔اِن تینوں قسموں کے انوارات کے درمیان اختلاف کی وجہ یہ ہے ۔کہ لوحِ محفوظ کے تین حصے اور رُخ ہیں ۔(جن کی تفصیل یہ ہے) ☆ ایک حصے کا رُخ دنیا کی طرف ہے ۔جس میں دنیا کے متعلق تمام تر معلومات ، احوال وصفات درج ہیں ۔ ☆ دوسرے حصے کا رُخ جنت کی طرف ہے ۔جس میں جنت اور اہلِ جنت کے متعلق تمام تر معلومات ، احوال وصفات درج ہیں ۔ ☆ تیسرے حصے کا رُخ جہنم کی طرف ہے ۔جس میں جہنم اور اہلِ جہنم کے متعلق تمام تر معلومات ، احوال وصفات درج ہیں ۔

یاد رہے کہ زرد نور درحقیقت سیاہ نور ہے ۔مگر مومن کی نگاہ کو یہ نور زرد نظر آتا ہے ۔کیونکہ جب اس کا نورِ بصیرت سیاہ رنگت پر پڑتا ہے ۔تو اسے اس کی نگاہ میں زرد بنا دیتا ہے ۔حتیٰ کہ مومن جب محشر میں کھڑا ہوگا ۔تو اس کو اس کی لکھی ہوئی تقدیر کے مطابق نور ملے گا ۔ اور اس سے دور ایک کافر ہوگا ۔جسے بہت بڑی سیاہی اور تاریکیوں نے گھیرا ہوا ہوگا ۔تو وہ کافر مومن کو زرد دکھائی دے گا ۔جس سے کہ مومن سمجھ جائے گا ۔کہ یہ کسی کافر ہی کا وجود ہے ۔حضرت سیدی دباغؒ نے مزید فرمایا کہ کافر کوئی چیز نہیں دیکھ سکے گا ۔کیونکہ وہ تاریکی اور نورِ سیاہ جس نے اُس کافر کو چاروں اطراف سے گھیرے میں لے رکھا ہوگا ۔اُس کے لئے حجاب (پردہ) کا کام دے گا ۔لہذا اُنہیں (کفار) کو تاریکی میں رنگتِ سیاہ کے ماسوا کچھ بھی نظر نہیں آ سکے گا ۔

قرآنِ پاک	قُرآنِ پاک کے علوم وفنون	یا حی یا قیوم

قُرآنِ پاک کا اعجاز جلیلہ : (از: حضرت شاہ ولی اللہ۔ دَرکتاب: الفوز الکبیر فی علوم التفسیر)

اللہ تعالیٰ نے اس عاجز (حضرت شاہ ولی اللہؒ) کو جن بے شمار ولاتعداد نعمتوں سے نوازا ہے۔ اُن میں سے جو سب سے بڑی نعمت مجھے نصیب ہوئی ہے۔ وہ قُرآنِ مجید فُرقانِ حمید کا علم وفہم ہے۔ اِس کے بعد نبی آخرالزمان سید المرسلین محمد رسول اللہ ﷺ کے بھی ہم (جمیع اُمتِ مسلمہ) پر بہت بڑے احسانات ہیں۔ جن میں سب سے بڑا احسان یہ ہے۔ کہ! آپ ﷺ نے ہمیں قُرآنِ حکیم کی دعوت وتبلیغ فرمائی۔

آنحضور ﷺ نے سب سے پہلے صحابہ کرامؓ کو قرآنِ پاک کی تعلیم دی۔ پھر صحابہ کرامؓ نے اپنے بعد آنے والی نسلوں کو قرانِ مجید سکھایا۔ اسی طرح ہر نسل نے اپنے بعد آنے والی نسل تک قرآنِ پاک کی تعلیمات کو پہنچایا۔ یہاں تک کہ اس کی روایت و درایت میں سے اس فقیر (حضرت شاہ ولی اللہؒ) کو بھی وافر مقدار میں حصہ نصیب ہوا۔ اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء اور نبی مکرم ﷺ پر درود وسلام کے بعد یہ فقیر جس کا نام ولی اللہ بن عبد الرحیمؒ ہے۔ عرض کرتا ہے۔ کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اپنی کتاب (قُرآنِ مجید فُرقانِ حمید) کے فہم وادراک کا دروازہ مجھ پر کھولا۔ تو میں نے چاہا۔ کہ بعض مفید معلومات اور نکات کو اس مختصر سی کتاب (الفوز الکبیر) میں تحریر کردوں۔ اللہ تعالیٰ سے امید ہے۔ کہ وہ اس کتاب (الفوز الکبیر) کے ذریعے طالب علموں کے لئے قرآن فہمی کی ایسی وسیع راہیں کھول دے گا۔ جو موجودہ زمانے میں عمریں کھپانے کے باوجود لوگوں پر نہیں کھلتیں۔ میں نے اِس کتاب کا نام ''الفوز الکبیر فی علوم التفسیر'' رکھا ہے۔

قُرآنِ پاک کے پانچ بنیادی علوم وفنون : حضرت شاہ ولی اللہؒ اپنی کتاب ''الفوز الکبیر'' میں فرماتے ہیں۔ کہ! اللہ تعالیٰ نے درحقیقت قُرآنِ مجید میں پانچ بنیادی علوم بیان فرمائے ہیں۔ جن کو علوم خمسہ یا علوم پنج گانہ کہا جاتا ہے۔ ۱۔ علمِ احکام۔ ۲۔ علمِ مخاصمہ۔ ۳۔ علمِ تذکیر بآلاء اللہ۔ ۴۔ علمِ تذکیر بایام اللہ۔ ۵۔ علمِ تذکیر بالموت ومابعدالموت۔

زبانِ یارِ من تُرکی وَمن ترکی نمی دانم

علمِ احکام : (Allah's composite orders in Quran)

بمطابق حضرت شاہ ولی اللہؒ! اس علم میں فرائض، واجبات، مستحبات، مباحات، حرام اور مکروہات کی بحث ہوتی ہے۔ اور اس کا دائرہ کار (Jurisdiction) عبادات، معاملات، معاشرت اور سیاست تک پھیلا ہوا ہے۔ ایسے احکامات کی تشریح کرنا علمائے مجتہدینؒ اور فقہائے کرامؒ کا کام ہے۔ علم احکام کی آیات کا شانِ نزول لوگوں کے اچھے وبُرے اعمال اور ایک دوسرے پر احسان واکرام اور ظلم وزیادتی ہے۔ لیکن یاد رہے۔ کہ قرآن مجید فرقانِ حمید کے علمِ احکام کا سب سے پہلا نکتہ یہ ہے۔ کہ نبی آخرالزمان امام الانبیاء شہنشاہِ کون ومکان سید المرسلین ﷺ کی بعثت دراصل ملتِ ابراہیمیؑ کے تناظر میں ہوئی تھی۔ اسی لئے یہ ضروری تھا۔ کہ آپؐ نے بھی ملتِ ابراہیمیؑ کی تعلیمات اور احکامات کو باقی رکھنا تھا۔ اور اِن کو علاقائیت سے نکال کر عالمگیریت (Universality) کا رَنگ دیں۔ اور اِن کی تکمیل کے لئے اِن میں مزید اِضافہ کریں۔ اسی حوالے سے دوسرا نکتہ یہ تھا کہ مشیتِ الٰہیہ کے مطابق آنحضور نبی مکرم ﷺ کے ذریعے سے پہلے عربوں کی اصلاح ہو۔ پھر حضور نبی کریم ﷺ کے ان تربیت یافتہ عربوں کے ذریعے سے باقی قوموں کی اصلاح کا کام ہو سکے۔ اسی لئے یہ ضروری تھا۔ کہ شریعتِ محمدیہ ﷺ کے احکامات کی بنیاد عربوں کے مزاج وعادات اور رسم ورواج پر رکھی جائے۔ یہی ایک بنیادی وجہ ہے۔ کہ اگر ملتِ ابراہیمیہؑ کے احکامات اور اہلِ عرب کے رسم ورواج کو دیکھا جائے۔ جو کہ دراصل پہلے دونوں کی اصلاح اور تکمیل کا نام ہے۔ تو ہمیں شریعت اسلامیہ کے ہر ہر حکم کا سبب ووجہ معلوم ہوجائے گی۔ اور قرآن میں بیان کردہ ہر ہر امر ونہی میں پوشیدہ حکمت ومصلحت سے بھی آگاہی میسر ہوجائے گی۔ انشاءاللہ۔ یعنی کہ ملت ابراہیمیؑ کی عبادات جیسے کہ طہارت، روزہ، نماز، زکوٰۃ، حج اور ذکر الٰہی میں لوگوں نے خرافات شامل کر کے اِن کے اندر بے شمار نقائص اور خرابیاں پیدا کر دی تھیں۔ جن کی وجہ سے لوگ اِن احکامات پر عمل پیرا ہونے میں غفلت ولاپرواہی کا شکار ہوگئے۔ اور دوسری وجہ یہ بھی تھی۔ کہ صحیح علم نہ ہونے کے باعث اِن احکامات کے بارے میں عربوں میں مختلف الاقسام اختلافات پیدا ہوچکے تھے۔ جس وجہ سے صحیح احکام الٰہیہ سے عدم واقفیت اور جہالت کی بہت سی بدعات، تحریفات اور تشبیہات جنم لے چکی تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ان تمام ناہمواریوں کو دور کر کے اعتدال کی راہ اختیار کی ہے۔ علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے اُن سوالوں اور استفسارات کا قرآنِ پاک میں جواب مرحمت فرمایا ہے۔ جو مختلف اوقات میں آنحضور نبی مکرم ﷺ سے کئے گئے۔ جیسے کہ! آیت نمبر1۔ **کتب علیکم اذا حضر احد کم الموت ان ترک خیرا۔ ن الوصیة للوالدین والاقربین بالمعروف ج حقا علی المتقین** ۔(سورہ بقرہ۔ آیت نمبر 180) ترجمہ۔ (فرمانِ الٰہی!) جب تم میں سے کسی کو موت آئے۔ تو اگر وہ کچھ مال چھوڑے۔ تو اس پر فرض کیا گیا ہے۔ کہ وہ اپنے والدین (ماں اور باپ دونوں) اور قریبی رشتہ داروں کے لئے دستور کے مطابق وصیت کرے۔ یہ متقین (اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والوں پر) پر حق ہے۔ (بمطابق قرآن) **یا یھا الذین اٰمنوا کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم لعلکم تتقون** ۔(سورہ بقرہ۔ 183) ترجمہ۔ (فرمانِ الٰہی!) ایمان والو! تم پر روزے رکھنا فرض کیا گیا ہے۔ جس طرح کہ تم سے پہلے لوگوں پر روزہ فرض کیا گیا تھا۔ تاکہ تم متقی بن جاؤ۔

(بقول البلوشی) ! علمِ احکام کے موضوع پر علمائے عُظام نے قرآن مجید اور احادیثِ نبویہ ﷺ کو ماخذ بناتے ہوئے اپنے علم، عقل وفہم کے مطابق بہت سی گراں قدر تصانیف وتالیف کو اُمت تک پہنچانے میں بہت اہم کردار ادا کیا ہے۔ جس سے کہ موجودہ دور کے علمائے انگشت بدنداں اور تحیر کا شکار ہیں۔ کہ عدم سہولیات کے باوجود قدیم علمائے حق نے اللہ تعالیٰ کے احکامات کو کس قدر مفصل و جامع انداز میں پیش کر کے امت مرحومہ پر احسانِ عظیم سرفراز فرمایا۔ اللہ تعالیٰ اُنہیں اپنی شانِ کریمی کے مطابق جزائے خیر سے نوازے۔ آمین۔ ثم آمین۔

علمِ مخاصمہ (بحث و مباحثہ کی آیات ۔ Quranic Ayah of Debate) :

حضرت شاہ ولی اللہؒ اس علم کے متعلق فرماتے ہیں۔ کہ! اس علم کے مطابق قُرآن مجید میں 4 گمراہ فرقوں (یہودیوں، عیسائیوں، مشرکین اور منافقین) سے بحث و مباحثہ کیا گیا ہے۔ اس بحث و مباحثے کے دو حصے ہیں۔ پہلا حصہ وہ ہے۔ جس میں اُن گمراہ فرقوں (یہودیوں، عیسائیوں، مشرکین اور منافقین) کے غلط عقائد کی تردید کی گئی ہے۔ جبکہ دوسرے حصے میں اُن گمراہ فرقوں (یہودیوں، عیسائیوں، مشرکین اور منافقین) کے باطل اعتراضات اور شکوک وشبہات کا مکمل و جامع جواب دیا گیا ہے۔ اس علم کی تشریح کرنا ماہرینِ علمِ کلام (متکلمین) کے ذمہ کرم پر ہے۔ علمِ مخاصمہ کی آیات کا شانِ نزول لوگوں کے غلط و باطل عقائد ہیں۔

علمِ تذکیر باٰلاء اللہ : (اللہ تعالیٰ کی نعمتوں ونشانیوں سے سمجھانے کا علم) :

حضرت شاہ ولی اللہؒ اس علم کے متعلق فرماتے ہیں۔ کہ! اس علم کے لحاظ سے قُرآنِ مجید میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور اُس کی نشانیوں کا مفصل ذکر ہے۔ آسمان وزمین کی تخلیق کا بیان ہے۔ نوعِ انسان جس ہدایت اور تعلیم کا محتاج وتشنہ ہے۔ اس کی مکمل وضاحت بیان کی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی جامع ومکمل صفات کا تذکرہ ملتا ہے۔ اسی لئے ہی تو علمِ تذکیر باٰلاء اللہ کی آیات کا شانِ نزول اللہ تعالیٰ کی نعمتوں اور نشانیوں کے ضمن میں ہے۔ یہ ایک حقیقت ہے۔ کہ قُرآنِ مجید تمام جہانوں کے لوگوں کی اصلاح اور ہدایت کے لئے نازل ہوا ہے۔ اسی لئے اِس میں عربی وعجمی، امیر وغریب، شہری ودیہاتی کا کوئی فرق وامتیاز نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت سے صرف ان نعمتوں اور نشانیوں کے ذریعے نصیحت وتذکیر فرمائی ہے۔ جن کو اکثر لوگ جانتے اور پہچانتے ہیں۔ اور اس سے زیادہ امور پر بحث نہیں کی ہے۔

علمِ تذکیر بایام اللہ :

حضرت شاہ ولی اللہؒ اس علم کے متعلق فرماتے ہیں۔ کہ! یہ وہ علم ہے۔ جس کا تعلق اُن تاریخی واقعات اور حالات سے ہے۔ جو قُرآنِ مجید میں مذکور ہیں۔ اس میں اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں پر اُس کے انعام واکرام کا اور نافرمانوں پر غضب وعذاب کا نازل ہونا بیان کیا گیا ہے۔ لہذا علمِ تذکیر بایام اللہ کی آیات کا شانِ نزول اچھے ومتقی لوگوں کے اچھے اعمال اور ایک دوسرے پر احسان واکرام، جبکہ بُرے لوگوں کے بُرے اعمال اور ظلم وزیادتی سے متعلق ہیں۔ اس سلسلے میں قرآن پاک نے صرف اُن واقعات کو لیا ہے۔ جن کو لوگ اپنے آباؤ اجداد سے سن چکے تھے۔ جیسے قومِ نوح، قومِ عاد، قومِ ثمود وغیرہ یا پھر حضرت ابراہیمؑ اور اقوامِ اسرائیلؑ وغیرہ۔ جس طرح قرآن نے کسی نئے اور انوکھے واقعے کا ذکر نہیں کیا۔ اسی طرح بیان شدہ کسی واقعے یا قصے کو مکمل یا مفصل طور پر بیان کرنے سے بھی گریز کیا ہے۔ بلکہ صرف کسی بھی قرآنی واقعے یا قصے کے صرف اُن پہلوؤں کو اُجاگر کیا ہے۔ جس سے قرآن کا مقصد وغایت پورا ہو جاتا ہے۔ اور جس سے لوگوں کو ہدایت اور عبرت حاصل ہو سکتی ہے۔ اس انداز سے اللہ تعالیٰ کا قرآنِ مجید میں واقعات پیش کرنے کا مقصد وحکمت یہ ہے۔ کہ اگر عوام الناس کو کوئی نیا اور عجیب وغریب قصہ یا واقعہ کو مفصل ومطول سنایا یا بیان کیا جائے۔ تو لوگ اس قصے و واقعے کی دلچسپیوں میں منہمک ومگن ہو جاتے ہیں۔ کہ جس سے قصہ و واقعہ بیان کرنے کا اصل مقصد فوت ہو جاتا ہے۔ حضراتِ انبیائے کرامؑ جیسے کہ حضرت آدمؑ اور اُنؑ کی قوم کا قصہ، حضرت نوحؑ اور اُنؑ کی قوم کا قصہ، حضرت ہودؑ اور اُنؑ کی قوم کا قصہ، حضرت صالحؑ اور اُنؑ کی قوم کا قصہ، حضرت لوطؑ اور اُنؑ کی قوم کا قصہ، حضرت شعیبؑ اور اُنؑ کی قوم کا قصہ، غرضیکہ اِن انبیائے کرامؑ اور اِنؑ کی اقوام کے قصص و واقعات میں ایک جیسی مماثلت پائی جاتی ہے۔ کہ ان واقعات میں ہر پیغمبر کا اپنی قوم سے وحدانیت، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے بارے میں بحث ومباحثہ ہوا ہے۔ ہر قوم نے اللہ تعالیٰ اور اُس کے پیغمبر کی نافرمانی کی۔ اور فضول اور بے معنٰی اعتراضات کئے۔ پھر ہر قوم پر اللہ تعالیٰ کا عذاب وغضب نازل ہونے اور انبیائے کرامؑ اور اُنؑ کے پیروکاروں کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے نُصرت وحمایت اور عذاب وغضب سے نجات پانے کا ذکر ملتا ہے۔ اسی طرح باقی انبیائے کرامؑ جیسے حضرت یوسف نبیؑ، حضرت عیسٰی بن مریمؑ، حضرت موسٰیؑ، حضرت داؤدؑ، حضرت سلیمان نبیؑ، حضرت خضر نبیؑ، حضرت یونسؑ، حضرت ایوبؑ، حضرت زکریاؑ، حضرت ادریسؑ کے ساتھ ساتھ ملکہ سباء (بلقیس)، ذوالقرنین، اصحابِ کہفؓ، باغ والے، حضرت عیسٰیؑ کے تین قاصدوں کی شہادت، اصحابِ فیل وغیرہ وغیرہ کے قصص و واقعات مختصراً قرآنِ پاک میں بیان ہوئے ہیں۔ ان تمام قصص و واقعات کے بیان کرنے کا مقصد محض قصہ گوئی یا کہانیاں سنانا نہیں ہے۔ بلکہ اِس قصص و واقعات کا مقصد (حضرت شاہ ولی اللہؒ کی نظر میں) عوام الناس کا اس بات کی طرف توجہ دلانا ہے۔ کہ شرک ونافرمانی اور صغیرہ وکبیرہ گناہ کرنے والوں پر ہمیشہ اللہ تعالیٰ کا عذاب وغضب نازل ہوتا ہے۔ اور اس کے برعکس سچے ایمان وایقان والوں، اللہ ونبیؐ کے فرمانبرداروں کو ہمیشہ اللہ سبحانہ تعالیٰ کی جانب سے تائید ونصرت، انعام واکرام کے ساتھ ساتھ ہمہ قسم کے عذاب وغضب سے نجات حاصل ہوتی ہے۔

سامنے کے دشمنوں سے بچ کے رہنا سہل تھا   آستیں کا سانپ تھا، بڑھتا رہا، پلتا رہا

علمِ تذ کیر با لموت وما بعد الموت :

حضرت شاہ ولی اللہؒ اس علم کے متعلق فرماتے ہیں۔کہ! اس علم کا تعلق موت اور آخرت کے احوال و واقعات سے ہے۔اس میں تفصیل کے ساتھ حشر ونشر، حساب وکتاب،میزان اور جنت و دوزخ کا ذکر ملتا ہے۔لہذا علمِ تذ کیر بالموت و مابعدالموت کی آیات کا شانِ نزول بھی حشر ونشر،حساب وکتاب،میزان اور جنت و دوزخ سے متعلق ہے۔قرآنِ پاک میں موت اور موت کے بعد کے واقعات کا علم بھی موجود ہے۔اس میں انسان پر موت کی حالت طاری ہونے ،اُس وقت انسان کے بے بس ہو جانے ،مرنے کے بعد اُس (مُردے) کو جنت و دوزخ دکھائے جانے اور عذاب کے فرشتوں کے آنے کا ذکر ملتا ہے۔اس کے علاوہ قیامت کی نشانیوں ،حضرت عیسٰی نبیؑ کا آسمان سے زمین پر نازل ہونا، یاجوج ماجوج کا نکلنا ،صور کا پھونکا جانا ،لوگوں کا حشر کے میدان میں جمع ہونا، اعمال کا حساب ہونا، میزان کا قائم ہونا، دائیں یا بائیں ہاتھ میں اعمال نامے کا مِلنا ، ایمان والوں کا جنت میں داخل ہونا اور کفار کا دوزخ میں بھیجا جانے کا ذکر ملتا ہے۔اس کے لئے یہ بھی بتایا گیا ہے۔کہ دوزخ میں عام لوگوں اور اُن کے رہنماؤں اور پیشواؤں کے درمیان ایک جھگڑا کب ہوگا؟ وہ ایک دوسرے پر الزام لگائیں گے۔ایک دوسرے کو بُرا بھلا بھی کہیں گے۔مومنین کو جنت میں اللہ تعالیٰ کا دیدار بھی نصیب ہوگا۔کفار کو کس طرح عذاب دیا جائے گا۔عذاب کے لئے زنجیروں ،طوق ،کھولتے ہوئے پانی ، پیپ ، زقوم (تھوہر) کے درخت کا ذکر بھی مِلتا ہے۔ جنت کی نعمتوں میں حوروں ،محلات ،نہروں ، پسندیدہ کھانوں ،عمدہ لباس ،حسین وجمیل عورتوں ،اور اہلِ جنت کی دلچسپ باتوں اور محفلوں کا ذکر ملتا ہے۔اوران تمام باتوں کا ذکر قرآنِ مجید کی مختلف سورتوں میں الگ الگ مقامات پر کہیں مختصراور کہیں مفصل بیان ہوا ہے۔لیکن ہرجگہ پر نئے اسلوبِ بیان کو اختیار کیا گیا ہے۔تا کہ لوگوں کی دلچسپی کا ساماں پیدا کیا جا سکے۔

نسخ کے جدید اصطلاحی طریقے :

حضرت شاہ ولی اللہؒ اس ضمن میں رقم طراز ہیں۔کہ! نئی اصطلاح کے تحت نسخ کے چند ایک طریقے درج ذیل ہیں۔

☆ ایک طریقہ تو یہ ہے۔کہ کسی قرآنی حکم کی انتہائی مدت مقرر کر دی جائے۔اور اس مدت کے بعد وہ حکم خود بخود ختم ہو جائے گا۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے۔کہ کسی قرآنی آیت کے ظاہری مفہوم کو کسی دوسرے مفہوم کی طرف پھیر دیا جائے۔اس صورت میں پہلے مفہوم کو منسوخ سمجھا جائے گا۔ ☆ تیسرا طریقہ یہ ہے۔کہ کسی قرآنی حکم میں مذکور شرط کے بارے میں یہ وضاحت کر دی جائے۔کہ یہ شرط لازمی نہیں ہے۔ ☆ چوتھا طریقہ یہ ہے۔کہ کسی قرآنی عام حکم کو خاص حکم میں تبدیل کر دیا جائے۔ ☆ پانچواں طریقہ یہ ہے۔کہ کوئی ایسا نکتہ بیان کیا جائے۔جس سے قرآنی آیت کے اصلی حکم کے مفہوم میں اور اس آیت کے الفاظ سے بظاہر پیدا ہونے والے غلط مفہوم کا فرق واضح کیا جائے۔ ☆ چھٹا طریقہ یہ ہے۔کہ جاہلیت کے کسی رسم و رواج یا پہلی شریعتوں کے کسی حکم کو ختم کر دیا جائے۔ اِس طرح کے اور بھی کئی طریقے ہیں۔جن سے کسی آیت کے حکم کو دوسرے حکم سے منسوخ سمجھا جائے۔

سلف صالحین کے نزدیک منسوخ آیات اور اُن کی تعداد :

حضرت شاہ ولی اللہؒ اس ضمن میں رقم طراز ہیں۔کہ! صحابہ کرامؓ ،تابعینؒ وتبع تابعینؒ اور سلف صالحین کے ادوار میں ''نسخ'' کے لفظ کو جن موقعوں کے لئے استعمال کیا گیا۔جس سے کہ اِس لفظ ''نسخ'' کے معنی میں بہت وسعت پیدا ہوگئی۔اور اس میں عقل وفہم اور رائے کا عمل دخل شامل ہوگیا۔جس کے نتیجے میں منسوخ آیتوں کی تعداد کے بارے میں بہت زیادہ اختلافات پیدا ہوگئے۔یاد رہے۔کہ از سلف تا خلف پوری اُمت مسلمہ اس بات پر متفق ہے۔کہ قرآنِ کریم میں ناسخ آیات کے ساتھ منسوخ آیات بھی موجود ہیں۔ہم اگر اِن جملہ اختلافات کو سامنے رکھیں۔تو منسوخ آیات کی تعداد پانچ سو 500 سے بھی تجاوز کر گئی۔بلکہ غور کرنے سے تو یہاں تک بھی پتہ چلتا ہے۔کہ منسوخ آیات کا کوئی شمار ہی نہیں۔(مولف (شاہ ولی اللہؒ) کی نظر میں یہ ایک لغزش ہی ہے۔کہ 500 یا اس سے زائد آیات اگر منسوخ تصور کی جائیں۔تو قرآنِ پاک کی آیاتِ احکامات تو بالکل قلیل ہی رہ جائیں گیں۔قرآنِ پاک تو سارا کا سارا ہی بامقصد ہے۔اور انسانی زندگی کے ساتھ نہ صرف جُڑا ہوا ہے۔بلکہ ایک مکمل ضابطہ حیات بھی ہے۔کیونکہ!

(It's a comprehensive and compsite book for all mankind of the universe.)

یاد رہے۔کہ! علمِ ناسخ والمنسوخ من القرآن والحدیث کا وقوف وادراک ہونا علماء کے لئے لازمی بھی ہے۔کیونکہ آئمہ مجتہدین کا قول ہے۔کہ جب تک کوئی شخص قرآنِ پاک کے ناسخ اور منسوخ کی پوری طرح سے معرفت حاصل نہ کر لے۔اُس وقت تک اُس کے لئے قرآن مجید کی تفسیر کرنا جائز نہیں ہوسکتا۔اسی ضمن میں خلیفہ چہارم جناب حضرت علیؓ کا ایک واقعہ ہے۔کہ!

تیری صورت سے کسی کی نہیں ملتی صورت ہم جہاں میں تیری تصویر لئے پھرتے ہیں

حکایت : حضرت علیؓ بن ابی طالب نے ایک ایسے شخص سے جو کہ قرآنِ کریم کے معانی ومطالب (مطالب یعنی تفسیر ومفاہیم) بیان کیا کرتا تھا۔اس سے دریافت فرمایا۔کہ آیا اُسے قرآن حکیم کی ناسخ ومنسوخ آیتوں کا حال معلوم ہے۔اُس شخص نے نفی میں جواب دیا۔اور پھر حضرت علیؓ نے فرمایا۔تُو خود (تو ویسے بھی) ہلاک ہوا۔اور تُو نے دوسروں کو بھی ہلاک کیا۔ اسی ضمن میں علامہ جلال الدین السیوطی الشافعیؒ فرماتے ہیں۔کہ! نسخ کی تین اقسام ہیں۔ نمبر 1۔ نسخ وہ منسوخ حکم ہے۔کہ **ما مور به** (حکم دی گئی چیز) کا نسخ اُس کی بجا آوری سے

قبل کر دیا گیا ہو۔ اور اس کی مثال ہے آیتِ نجوٰی اور یہی حقیقی نسخ ہے۔ نمبر2۔ نسخ وہ منسوخ حکم ہے۔ جو کہ ہم (مسلمانوں) سے قبل کی اُمتوں پر نافذ اور مشروع تھا۔ اس کی مثال ہے شرع قصاص اور دیت کی آیت۔ یا یہ بات تھی۔ کہ اس امر کا اجمالی حکم دیا گیا تھا۔ مثلاً بیت المقدس کی طرف متوجہ ہو کر نماز ادا کرنے کا حکم خانہ کعبہ کی جانب رُخ کرنے کے ساتھ۔ اور عاشورہ وروزے رمضان کے ایک ماہ کے روزوں کے ساتھ منسوخ کئے گئے۔ اور اسکو نسخ کے نام سے مجازی طور پر موسوم کرتے ہیں۔ نمبر3۔ نسخ وہ منسوخ حکم ہے۔ کہ جس کے لئے کسی سبب سے حکم دیا گیا تھا۔ مگر بعد میں وہ سبب زائل ہو گیا۔ جس طرح کہ مسلمانوں کی کمزوری اور قلتِ وقت میں صبر و درگذر (اور شکر) کا حکم دیا گیا۔ مگر بعد میں یہ عذر جاتا رہا۔ تو قتال کا واجب بنا کر اس اگلے حکم کو منسوخ کر دیا گیا۔ نسخ کی تیسری قسم درحقیقت نسخ نہیں ہے۔ بلکہ اس کو منساء (فراموش کردہ) کہا جائے گا۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ '' **او ننسھا** '' (ترجمہ) بھلا دیتے ہیں۔ یا فراموش کر دیتے ہیں۔ (سورہ بقرہ۔ حصہ آیت نمبر 106) یعنی کہ قتال کا حکم اُس وقت کا نظر انداز کر رکھا گیا۔ جب تک کہ مسلمانوں میں قوت نہیں آئی۔ اور کمزوری کی حالت میں اذیت اور تکلیف کو صبر و درگذر (اور شکر) کے ساتھ برداشت کرنے کا حکم تھا۔ یاد رہے۔ (بقولِ امام سیوطیؒ) کہ ناسخ آیات پر مشتمل سورتوں کی تعداد فقط چھ ہے۔ جن میں ناسخ آیتیں پائی جاتی ہیں۔ اور منسوخ کا وجود نہیں۔ وہ سورتیں یہ ہیں۔

سورہ فتح. سورہ حشر. سورہ منافقون. سورہ تغابن. سورہ طلاق. سورہ اعلیٰ.

اور اسی طرح سے منسوخ آیات پر مشتمل سورتوں کی تعداد چالیس ہے۔ جن میں محض منسوخ آیتیں پائی جاتی ہیں۔ اور ناسخ کا وجود نہیں۔ (اس ضمن میں مزید تفصیل کے لئے علامہ جلال الدین السیوطی الشافعیؒ کی کتاب '' **الاتقان فی علوم القرآن** '' کی طرف رجوع کرنا چاہیئے۔ کیونکہ اس کتاب میں علوم القرآن اور علم التفسیر پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ جو کہ بہت مفید و منتفع ہے)

یہ راز کسی نہیں معلوم کہ مومن قاری نظر آتا ہے حقیقت میں ہے قرآن

ناسخ و منسوخ آیات :

ناسخ و منسوخ سے عدم واقفیت کی وجہ سے قرآنِ پاک کی بعض آیات میں تضاد (**Contradiction**) نظر آتا ہے۔ جس کی وجہ سے صحیح مفہوم سمجھ میں نہیں آتا۔ اسی لئے علمائے مفسرین کے نزدیک فہمِ قرآن کے لئے جن مشکل مقامات پر بہت بحثیں ہوئی ہیں۔ یا اختلاف و تضاد نظر آیا ہے۔ اس کی سب سے بڑی وجہ ناسخ و منسوخ آیات کی پہچان ہے۔ اِس حوالے سے سب سے بڑی دشواری یہ ہے۔ کہ! قدیم و جدید مفسرین کی اصطلاحات میں فرق پایا جاتا ہے۔ اگر صحابہ کرامؓ اور تابعین و تبع تابعینؒ کے اقوال کا جائزہ لیا جائے۔ تو ہمیں معلوم ہوگا۔ کہ نسخ بمعنٰی منسوخ ہونا (یعنی ایک چیز کو دوسری چیز سے ہٹا دینا)۔ لیکن دورِ جدید کے علمائے کرام نے نسخ کی اایک نئی اصطلاح بنائی۔ یعنی کہ ایک آیت کے حکم کو دوسری آیت کے حکم سے بدل دینا۔

نہ کتابوں سے نہ کالج کے در سے پیدا دین تو ہوتا ہے بزرگوں کی نظر سے پیدا

متاٰخرین کے نزدیک منسوخ آیات کی تعداد :

بقول حضرت شاہ ولی اللہؒ ! سلف صالحین کے بعد علمائے متاخرین نے '' نسخ '' کا لفظ جن معنوں میں استعمال کر کے اسے ایک نئی اصطلاح بنا دیا ہے۔ جس کے مطابق منسوخ آیات کی تعداد بہت کم رہ جاتی ہے۔ اس ضمن میں امام جلال الدین سیوطیؒ نے اپنی گراں مایہ کتاب '' **الاتقان فی علوم القرآن** '' میں ابنِ عربیؒ کے حوالے سے قرآنِ کریم کی منسوخ آیات کی تعداد بیس 20 بیان فرمائی ہے۔ لیکن میرے (حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ) نزدیک یہ تعداد اور بھی کم ہوسکتی ہے۔ اس ضمن میں (حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ) کے مطابق منسوخ آیات کی تعداد صرف پانچ 05 رہ جاتی ہے۔

جناب علامہ غلام رسول سعیدی (**شیخ الحدیث**) اپنی مشہور و معروف تفسیر تبیانُ القرآن (جو کہ **اہلِ سنت والجماعت** کی موجودہ دور کی **انتہائی مقبول اور سنی حضرات کے تقریباً تمام مدارس میں سب سے زیادہ پڑھی جانے والی تفسیر ہے**) میں رقم طراز ہیں۔ ان کے مطابق منسوخ آیات کی تعداد صرف 12 رہ جاتی ہے۔ علامہ سعیدی صاحب فرماتے ہیں۔ کہ! کچھ لوگ قرآن مجید کے الفاظ کا مفہوم احادیث اور آثار کے بجائے لغت سے متعین کرتے ہیں۔ اور لغت میں '' نسخ '' کا معنٰی کسی چیز کو مِٹا دینا اور اس کی جگہ پر دوسری چیز کو لے کر آنا ہے۔ جیسے کہ تیمّم کے وقت وضو کرنا منسوخ نہیں ہوتا۔ بلکہ بدستور مشروع رہتا ہے۔ یاد رہے۔ کہ نسخ کے وقوع پر قرآنِ مجید سے بھی استدلال لایا جاسکتا ہے۔ ہم یہاں پر چند آیات کا حوالہ دیتے ہیں۔ جیسے کہ! **ما ننسخ من آیۃ او ننسھا نات بخیر منھا او مثلھا**۔ (سورہ بقرہ۔ آیت نمبر 106) ترجمہ۔ ہم جو آیت منسوخ کر دیتے ہیں۔ یا اس کو بُھلا دیتے ہیں۔ تو اس سے بہتر یا اِس جیسی آیت لے آتے ہیں۔ (اسی طرح) **و اذا بدلنا آیۃ مکان آیۃ لا واللہ اعلم بما ینزل قالوا انما انت مفتر ط بل اکثر ھم لا یعلمون**۔ (سورہ نحل۔ نمبر 101) ترجمہ۔ اور جب ہم ایک آیت کو بدل کر اس کی جگہ پر دوسری آیت کو لاتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے۔ جو کچھ نازل فرماتا ہے۔ تو کافر کہتے ہیں۔ آپ ﷺ یہ آیتیں خود بنا لاتے ہیں۔ (یہ بات نہیں) بلکہ اِن میں سے اکثر (تو) جاہل ہیں۔ **فاعفوا واصفحوا حتی یاتی اللہ بامرہ**۔ (سورہ بقرہ۔ آیت نمبر 109) ترجمہ۔ تو انہیں معاف کر دیں۔ اور درگذر کریں۔ حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ اپنا کوئی (اور) حکم لے آئے۔

ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے آتے ہیں جو کام دوسروں کے

قُرآنِ پاک کا اندازِ بیان :

حضرت شاہ ولی اللہؒ اس ضمن میں رقم طراز ہیں ۔کہ! قُرآنِ پاک میں اِن علوم وفنون خمسہ (علوم پنج گانہ) کو بیان کرنے کے لئے قدیم عربوں کا اسلوب (Ancient Arab's Styles) اختیار کیا گیا ہے ۔ یاد رہے ۔کہ یہ قدیمی اسلوب بعد کے عربوں کے ہاں نہیں ملتا۔ چنانچہ قُرآن مجید نے احکامی آیات کو مختصر انداز میں واضح کیا ہے ۔فقہاء کرامؒ کی طرح تفصیلات و جزئیات بیان نہیں کیں ۔اسی طرح علم مخاصمہ کی آیات میں مخالفین کے عقائد پر تقریری انداز میں کلام کیا گیا ہے ۔ اور اُن سے فلسفیانہ اور منتقیانہ دلائل کے ساتھ بحث ومباحثہ کا انداز اختیار نہیں کیا گیا ہے ۔ جیسا کہ بعد کے لوگوں کا طریقہ ہے ۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی ہدایت کے لئے جو کچھ بھی ضروری تھا ۔ اُسے عمومی ترتیب کی پرواہ کئے بغیر بیان کیا گیا ہے ۔

ہے قولِ خدا ، قولِ محمدؐ ، فرمان نہ بدلا جائے گا   بدلے گا زمانہ لاکھ مگر ، قرآن نہ بدلا جائے گا

قُرآن فہمی کی مشکلات اور اُن کا حل :

قرآنِ پاک عربوں کی زبان میں اسی لئے نازل ہوا ۔ کیونکہ اِنہیں قران فہمی کا قدرتی سلیقہ حاصل تھا ۔ جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ۔کہ!

☆ حٰمٓ ۔قسم ہے واضح کتاب کی ۔(سورہ دُخان) اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ۔کہ! بے شک ہم نے یہ عربی قرآن اُتارا ہے ۔تا کہ تم سمجھو ۔(سورہ یوسف)

☆ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ۔کہ! الٓرٰ ۔ یہ کتاب ہے ۔جس کی آیات محکم ومفصل ہیں ۔ یہ ایک دانا اور باخبر ذات کی طرف سے ہے ۔(سورہ یوسف)

قرآن میں ہو غوطہ زن اے مَردِ مسلماں   اللہ کرے کہ ہو تجھ کو عطا جدتِ کردار

قُرآن فہمی میں دشواری کا بنیادی سبب :

حضرت شاہ ولی اللہؒ اس ضمن میں رقم طراز ہیں ۔کہ! قرآن کے بعض مقامات کو سمجھنے میں مشکلات کی چند وجوہات درج ذیل ہیں ۔

☆ کسی سورہ اور آیہ میں استعمال ہونا والا لفظ نامانوس ہوتا ہے ۔ چونکہ لفظ کا صحیح مفہوم معلوم نہیں ہوتا ۔ اسی لئے پوری آیت کا مطلب و مقصد سمجھنے میں دشواری پیش آتی ہے ۔ اس مشکل کا ایک حل تو یہ ہے ۔کہ دیکھا جائے ۔کہ صحابہ کرامؓ ، تابعین و تبع تابعینؒ اور سلف صالحین کے زمانے میں اس لفظ کے کیا معنٰی تھے ۔تو آیت کو سمجھنا آسان ہو جائے گا ۔ بصورتِ دیگر لغت کا سہارا لیا جا سکتا ہے ۔

☆ قرآنِ پاک کی کسی سورہ یا آیت کا شانِ نزول نہ جاننے کی وجہ سے صحیح مطلب ومقصد اور مفہوم سمجھنے میں دشواری ہوتی ہے ۔ ☆ کبھی کبھار قرآن میں کسی جگہ کوئی لفظ محذوف ہوتا ہے ۔خواہ وہ مضاف ہو، موصوف ہو یا کچھ اور ہو ۔ اس حذف کی وجہ سے آیت کا مضمون مبہم و غیر واضح ہوتا ہے ۔ ☆ کہیں کسی ضمیر کے اسم یا مرجع کا پتہ نہیں چلتا ۔ ☆ بعض اوقات علم صرف ونحو سے عدم واقفیت کی بناء پر قرآن فہمی میں رکاوٹ پیش آتی ہے ۔ مثلاً ایک لفظ دوسرے لفظ سے ، یا ایک حرف دوسرے حرف سے ، یا ایک فعل کو دوسرے فعل سے ، یا ایک اسم کو دوسرے اسم سے بدلا ہوا ہوتا ہے ۔

☆ بعض اوقات واحد کی جگہ جمع اور جمع کی جگہ واحد آجاتا ہے ۔ ☆ کہیں الفاظ کی تقدیم وتاخیر ہوتی ہے ۔ ☆ بعض اوقات کہیں حاضر اور مخاطب کے لئے غائب کا صیغہ استعمال ہوتا ہے ۔ ☆ کبھی ایک لفظ کے ایک سے زیادہ معنٰی ہوتے ہیں ۔جس کی وجہ سے پتہ نہیں چلتا ۔کہ یہاں کون سا معنی ہوگا ۔ ☆ بعض اوقات کہیں تکرار ، کہیں تفصیل ، کہیں اختصار ، کہیں اشارے کنائے ، کہیں متشابہ ، کہیں مجاز مرسل کی وجہ سے بات سمجھ نہیں آتی ۔ ☆ قرآن فہمی کی راہ میں رکاوٹ کا ایک بڑا سبب یہ بھی ہے ۔کہ کبھی کبھار معلوم نہیں ہوتا ۔کہ کونسی آیت ناسخ ہے؟ اور کون سی آیت منسوخ ہے؟

نہیں ہے شکوہ کسی کی بے رخی سے غالب   شاید ہم ہی نہ تھے ، دلوں میں بسنے کے قابل

مفسرین کے جدید و قدیم گروہ : (بمطابق حضرت شاہ ولی اللہؒ)

محدثینِ کرام : یہ مفسرین کا پہلا گروہ ہے ۔ جو علم تفسیر میں اُن واقعات وقصص کو آسان پیرائے میں بیان کرنا ضروری سمجھتے ہیں ۔جن کا ذِکر قرآن مجید میں آیا ہے ۔ لیکن یہ گروہ اس بات کی پرواہ نہیں کرتا ۔کہ اِن واقعات وقصص کی صداقت کی چھان بین اور تحقیق بھی کرے ۔مگر وہ ہر واقعے کو نقل کردیتے ہیں ۔خواہ وہ واقعہ کسی مرفوع حدیث نبوی ﷺ کا ہو ۔ یا موقوف کا ۔ چاہے اُسے کسی تابعی نے ہی کیوں نہ بیان کیا ہو ۔ جو کہ کسی بھی طرح اُس واقعے کا گواہ ہی نہیں ہوسکتا ۔ یا پھر اس واقعے کا تعلق اسرائیلیات (بنی اسرائیل کے قصص وکہانیاں) سے ہو ۔مفسرین کا یہ گروہ محدثین کہلاتا ہے ۔

فقیہِ شہر کا لہجہ ہے پُر جلال بہت   تبھی تو شہر میں پھیلا ہے اشتعال بہت

متکلمینِ عظام : مفسرین کا دوسرا گروہ ہے ۔ جو اللہ تعالیٰ کے اسمائے حُسنٰی کی توجیہ وتاویل کرنا ضروری سمجھتا ہے ۔ وہ اِس ضمن میں عموماً ظاہری مفہوم نہیں لیتے ۔ بلکہ اِسے اللہ تعالیٰ کی شان کے برخلاف سمجھتے ہیں ۔ اِن لوگوں نے علم تفسیر میں بھی اپنا یہی انداز اختیار کئے ہوئے ہے ۔ وہ جن آیات کے ظاہری مفہوم کو اپنے خیال میں اللہ تعالیٰ کی شانِ عظیمی کے خلاف سمجھتا ہے ۔ اُن کی تاویل کر دیتا ہے ۔ اِن کا حریف (Rival) مکتبہ فکر (School of Thought) جب اِس حوالے سے الفاظ کا ظاہری مفہوم لیتا ہے ۔تو یہ لوگ اِس کی تردید کر دیتے ہیں ۔

نہ ہو نومید ، نومیدی زوالِ علم و عرفاں ہے   اُمیدِ مردِ مؤمن ہے ، خدا کے راز دانوں میں

فـقھائے کرام کا گروہ : مفسرین کا تیسرا گروہ فقہائے کرام اور اصولیین کا ہے۔ جو قرآنی آیات سے فقہی احکامات نکالتا ہے۔ بعض مسائل میں تو ترجیح دینے کا کام بھی کرتا ہے۔ اور اِس کے لئے دلائل بھی دیتا ہے۔ اگر کسی آیت سے مختلف الاقسام احکامات نکلتے ہوں۔ تو وہ اپنی رائے کے مطابق اِن میں سے بہتر اور راجح کو اختیار کرتا ہے۔ اور اپنے نقطہ نظر سے اختلاف کرنے والوں کے نقطہ نظر کی کلی تردید کرتا ہے۔

لـغـت و صـرف و نحو کے ماھرین کا گروہ : مفسرین کا چوتھا گروہ جو کہ لغت اور قواعد و انشاء کے ماہرین کا گروہ ہے۔ جو قرآنی الفاظ کے معانی، الفاظ کے مختلف استعمالات ور اِن کی صرفی ونحوی حیثیت سے بحث کرتا ہے۔ یہ گروہ الفاظ کے معانی و لغت اور صرف ونحو کے حوالے سے اِن کو بیان کرتے ہوئے عربوں کے کلام سے استشہاد کرتا ہے اور ثبوت بھی پیش کرتا ہے۔

ادیبوں کا گروہ : مفسرین کا پانچواں گروہ قرآن کریم میں علم معانی اور علم بیان کے نقاط تلاش کر کے اِن کو بیان کرتا ہے۔ اور قرآن مجید کی فصاحت و بلاغت کے پہلوؤں کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ علم تفسیر میں ادیبوں کا گروہ کہلاتا ہے۔

عـلـمِ قرأت کے ماھرین کا گروہ : مفسرین کا چھٹا گروہ جو کہ قرآنِ پاک کی مختلف قرأتوں سے دلچسپی رکھتا ہے۔ قرآنِ مجید کی مختلف مشہور و معروف قرأتوں کو نقل کرنا، اکٹھا کرنا اور اِن کو بیان کرنا اِس گروہ کے ماہرین کا کام ہے۔ اور یہ گروہ اِس سلسلے میں کسی قسم کی کوئی کسر نہیں چھوڑتا۔ یہ قرأ یعنی قاریوں کا گروہ ہے۔

علم تصوف و متصوفین کا گروہ : مفسرین کا ساتواں گروہ جو کہ اُن لوگوں کا (عظیم المرتبت) گروہ ہے۔ جو کہ درحقیقت تصوف، علم صوفیاء اور سلوک ومعرفت سے خاصی دلچسپی رکھتے ہیں۔ یہ لوگ دراصل قرآن پاک سے تصوف کے مسائل کی تحقیق وجستجو اور تلاش کر کے اِن کی تفسیر بیان کرتے ہیں۔ اِن کو قرآن شریف میں جہاں کہیں کوئی صوفیانہ نقطہ ملتا ہے۔ یہ لوگ اِس کی فوراً تشریح وتوضیح کر دیتے ہیں۔

الغرض تفسیر کا میدان بہت وسیع ہے۔ تفسیر کی مذکورہ تمام اقسام میری نظر میں ہیں۔ اور میں نے اِن تمام قسم کی تفاسیر پر مجتہدانہ تحقیق کی ہے۔ بلکہ اِن کے علاوہ بھی علم تفسیر کی دو ایک ایسی اقسام ہیں۔ جو مجھے براہ راست الہام ہوتی ہیں۔ یہ ایک ایسی سعادت ہے۔ جس کا بیان کرنا کسی انسان کے بس میں نہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

نکل کر خانقاہوں سے ادا کر رسمِ شبیری ۔۔۔ کہ فقر خانقاہی ہے، فقط اندوہِ دلگیری

اِس ضمن میں یہ فقیرِ حقیر (البلوشی) مزید دو گروہ کا تذکرہ بھی کرنے کی جسارت کر رہا ہے۔

آئـمہء فقھائے و مجتھدین کا گروہ : مفسرین کا آٹھواں گروہ **مجتھدین** کا بھی ہے۔ جو کہ تابعین وتبع تابعین میں سے تھے۔ جنہوں نے قرآن واحادیث سے فقہی مسائل کا استخراج کیا ہے۔ اور انہیں تفسیر پر کمال حاصل تھا۔ جیسے کہ! امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت ؒ (80ھ ۔150ھ) حضرت امام ابوعبداللہ محمد بن ادریس الشافعی ؒ (150ھ ۔204ھ) حضرت امام بن انس بن مالک ؒ (93ھ ۔179ھ) حضرت امام احمد بن حنبل ؒ (164ھ ۔241ھ)۔ ان کے علاوہ حضرت امام حسن بصری ؒ ، حضرت امام ابن سیرینؒ، حضرت سفیان ثوریؒ، امام اوزاعیؒ، حضرت اسحاق بن راہویہ ؒ، امام ابن حزمؒ اور حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ وغیرہا۔

دل کے آئینہ میں ہے تصویرِ یار کی ۔۔۔ جب ذرا گردن جھکائی، دیکھ لی

تصوف میں ایک عجیب و غریب نظریہ : نظریہ وحدت الوجود ۔ نظریہ وحدت الشہود

☆ **نظریہ وحدت الوجود** : (ھمہ اوست) : گو کہ اس نظریہ کا وجود بہت پہلے سے موجود تھا۔ مگر اس نظریہ پر تحقیق اور مفصل بحث حضرت شیخ اکبر سید محی الدین ابن عربیؒ نے اپنی کتب میں بیان فرمائی ہیں۔ وحدت الوجود کا مطلب یہ ہے۔ کہ! وجودِ حقیقی صرف رب متعال ہی کی ذاتِ اقدس ہے۔ جبکہ جملہ تخلیقات یعنی کائنات میں موجود ہر جاندار و بے جان اشیاء اسی خالقِ کائنات کا مظہر اور عکس ہیں۔ بالفاظِ دیگر! کائنات کا الگ سے کوئی حقیقی وجود ہے ہی نہیں۔ بلکہ ہر تخلیق میں اللہ تعالیٰ ہی کی ذات کی جھلک نظر آتی ہے۔ واللہ اعلم

☆ **نظریہ وحدت الشہود** : (ھمہ از اوست) : گو کہ اس نظریہ کا وجود بھی بہت پہلے سے موجود تھا۔ مگر اس نظریہ پر تحقیق اور مفصل بحث حضرت شیخ امام مجدد الف ثانیؒ نے اپنے مکتوبات اور دیگر کتب میں بیان فرمائی ہیں۔ وحدت الشہود کا مطلب ہے۔ کہ! اللہ جل شانہٗ اور کائنات دونوں الگ الگ حقیقتیں ہیں۔ کائنات کا وجود محض ایک سایہ یا عکس (ظلی) ہے۔ ہر شئے میں خدا نہیں بلکہ خدا کا نور ہے۔ جب کسی سالک کو توحیدِ الٰہی کا گہرا مشاہدہ ہوتا ہے۔ تو اسے کائنات کا وجود نظر آنا بند ہو جاتا ہے۔ واللہ اعلم

حدیث: (1) اللہ تعالیٰ تمہارے لئے تین باتیں پسند نہیں فرماتا۔ بلا وجہ کی گپ شپ، فضول خرچی اور لوگوں سے بہت مانگنا۔ (صحیح بخاری)

حدیث: (2) بلا شبہ! تمھارے لئے ہر جمعہ کے دن ایک حج اور ایک عمرہ موجود ہے۔ لہٰذا جمعہ کی نماز کے لئے جلدی نکلنا حج ہے۔ اور جمعہ کی نماز کے بعد عصر کی نماز کے لئے انتظار کرنا عمرہ ہے۔ (السنن الکبریٰ للبیہقی)

قرآن حکیم کا سات حروف پر نزول : (ایک مخفی راز)

ان ھذا القرآن انزل علیٰ سبعۃ اُحرف ۔ بے شک ! اس قرآنِ پاک کو سات حروف پر اُتارا گیا۔ اسی حدیثِ نبوی ﷺ کے مطابقت رکھنے والی چند مزید احادیث پیش خدمت ہیں ۔ تاکہ مَیں خود اور دیگر شائقین کتاب ہذا اس مخفی راز والی حدیثِ نبوی ﷺ سے بھرپور مستفید و منتفع ہوسکیں ۔

☆ مسند احمد کی حدیث نمبر 4031 میں آیا ہے ۔ کہ ! حضرت ابنِ مسعودؓ نے فرمایا ۔ (ان القرآن نزل علی نبیکم صلی اللہ علیہ وسلم من سبعۃ ابواب علی سبعۃ احرف ۔۔۔) کہ یہ قرآن تمھارے نبی ﷺ پر سات دروازوں سے سات حروف پر نازل ہوا ہے ۔ جبکہ اس سے پہلے کی کتاب ایک دروازے سے ایک حرف پر نازل ہوتی تھیں ۔ ☆ مسند احمد کی حدیث نمبر 19323 میں آیا ہے ۔ کہ ! حضرت سمرہؓ (سمرہ بن جندب) سے مروی ہے ۔ کہ ! نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ ! ((قال نزل القرآن علی سبعۃ احرف ۔۔۔)) قرآنِ مجید سات حروف پر نازل ہوا ہے ۔ ☆ مسند احمد کی حدیث نمبر 20182 میں آیا ہے ۔ کہ ! حضرت عبادہ بن صامتؓ سے مروی ہے ۔ کہ ! نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ ! قرآنِ مجید سات حروف پر نازل کیا گیا ہے ۔ ☆ سنن ابوداؤد کی حدیث نمبر 1477 میں آیا ہے ۔ کہ ! نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! ابی ! مجھے قرآن پڑھایا گیا ۔ پھر مجھ سے پوچھا گیا ۔ ایک حرف پر یا دو حرف پر ؟ میرے ساتھ جو فرشتہ تھا ۔ اُس نے کہا ۔ کہو ۔ (کہ) دو حرف پر ۔ مَیں نے کہا ۔ دو حرف پر ۔ پھر مجھ سے پوچھا گیا ۔ دو حرف پر یا تین حرف پر ؟ اس فرشتے نے جو کہ میرے ساتھ تھا ۔ کہا ۔ کہو ۔ تین حرف پر ۔ چنانچہ مَیں نے کہا ۔ تین حرف پر ۔ اسی طرح معاملہ سات حروف تک پہنچا ۔ (تو) آپ ﷺ نے فرمایا ۔ اِن میں سے ہر ایک حرف شافی اور کافی ہے ۔ تم ''سمیعا علیما'' کہو ۔ یا ''عزیزا حکیما'' ۔ جب تک (کہ) تم عذاب کی آیت کو رحمت پر ا ور رحمت کی آیت کو عذاب پر ختم نہ کرو ۔

یہ راز تو خود قرآن کھول رہا ہے   لہجے میں محمد ﷺ کے خدا بول رہا ہے

☆ حضرت ابوبکرہ (ابوبکرہ نفیع بن حارث بن کلدہ) سے مروی ہے ۔ کہ ! نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ ! میرے پاس حضرت جبرائیلؑ اور حضرت میکائیلؑ تشریف لائے ۔ حضرت جبرائیلؑ نے مجھ سے کہا ۔ قرآنِ کریم کو ایک حرف پر پڑھیں ۔ حضرت میکائیلؑ نے کہا ۔ اس میں اضافہ کی درخواست کریں ۔ پھر حضرت جبرائیلؑ نے کہا ۔ کہ قرانِ حکیم کو آپ ﷺ سات حروف پر پڑھ سکتے ہیں ۔ جن میں سے ہر ایک کافی شافی ہے ۔ بشرطِ کہ ! آیتِ رحمت کو آیتِ عذاب سے یا آیتِ عذاب کو آیتِ رحمت سے بدل نہ دیں ۔ (مسند احمد) ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ ! میرے پاس حضرت جبرائیلؑ اور حضرت میکائیلؑ تشریف لائے تھے ۔ حضرت جبرائیلؑ نے کہا ۔ قرآنِ کریم کو ایک حرف سے پڑھیئے ۔ حضرت میکائیلؑ نے کہا ۔ اس میں اضافہ کی درخواست کریں ۔ پھر حضرت جبرائیلؑ نے کہا ۔ کہ اسے دو حرفوں پر پڑھیئے ۔ حضرت میکائیلؑ نے پھر کہا ۔ اس میں اضافہ کی درخواست کریں ۔ یہاں تک کہ سات حروف تک پہنچ گئے ۔ قرانِ حکیم کو آپ ﷺ سات حروف پر پڑھ سکتے ہیں ۔ اور فرمایا ۔ ان میں سے ہر ایک کافی شافی ہے ۔ اگر آپ ﷺ ''غفورا رحیما'' یا ''سمیعا علیما'' یا ''علیما سمیعا'' کہہ دیتے ہو ۔ تو اللہ تعالیٰ اسی طرح ہے ۔ بشرطِ کہ ! تم آیت عذاب کو آیتِ رحمت سے یا آیتِ رحمت کو آیتِ عذاب سے بدل نہ دیں ۔ ☆ (مسند احمد) حضرت ابن عباسؓ سے نبی مکرم ﷺ کا ارشاد منقول ہے ۔ مجھے جبرائیلؑ نے قرآنِ حکیم ایک حرف پر پڑھایا ۔ مَیں ان سے بار بار اضافہ کا مطالبہ کرتا رہا ۔ اور وہ اس میں برابر اضافہ کرتے رہے ۔ تا آنکہ سات حروف تک پہنچ کر رک گئے ۔ (مسند احمد) ☆ حضرت ابن عباسؓ سے نبی مکرم ﷺ کا ارشاد منقول ہے ۔ مجھے جبرائیلؑ نے قرآنِ حکیم ایک حرف (پر) پڑھایا ۔ اور وہ اس میں برابر اضافہ کرتے رہے ۔ تا آنکہ سات حروف تک پہنچ کر رک گئے ۔ (مسند احمد)

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں   ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں

مسند احمد میں اس طرح کی دیگر بھی کئی احادیث نبوی ﷺ موجود ہیں ۔ وہاں سے دیکھی جاسکتی ہیں ۔

حضرت عبداللہ بن مبارک اپنے پیر و مرشد و مربی ''غوث الوقت جناب سیدی عبدالعزیز الدباغ'' کے ملفوظات بنام ''الابریز'' میں رقم طرز ہیں ۔ کہ ! مَیں نے کئی مرتبہ آپؒ سے اس حدیث نبوی ﷺ کے معنی دریافت کئے ۔

کتاب میں ہو غوطہ زن اے مردِ مسلماں   اللہ کرے ہو تجھے عطا جدت کردار

ان ھذا القرآن انزل علیٰ سبعۃ اُحرف ۔ (ترجمہ) بے شک ! اس قرآنِ پاک کو سات حروف پر اُتارا گیا ۔

اور آپؒ نے اس حدیث کے بہت سے جوابات عنایت فرمائے ۔ لیکن اس کے باوجود میری تسلی نہیں ہوسکی ۔ اور مَیں کسی جامع اور تسلی بخش جواب کا منتظر رہا ۔ اصل اُلجھن یہ تھی ۔ کہ ''حرف'' کا لغوی معانی ظاہر تو ہے ۔ لیکن بعض سورتوں کے آغاز میں آنے والے حروفِ مقطعات سمجھ میں نہیں آتے ۔ علمائے کرامؒ (مفسرین ومحدثین) نے اس حدیث میں کثیر اقوال کے ساتھ بہت اختلاف کیا ہے ۔ جن کے مطالعے کے بعد بے چینی میں (مزید) اضافہ ہوجاتا ہے ۔ کیونکہ آنحضرت ﷺ کی مراد تو (اس حدیث) سے ایک ہی ہوگی ۔ لیکن اختلافی اقوال کی تعداد چالیس سے متجاوز ہے ۔ جو اس کے مبہم اور دقیق ہونے کے موجب ہیں ۔ صحابہ کرامؓ کی کثیر تعداد نے اسی ضمن میں اقوال و احادیث اکٹھی کی ہیں ۔ (جن میں سے چند ایک کو مَیں نے ابھی ذکر کیا ہے ۔ جو آپ پیچھے پڑھ آئے ہیں)

یہاں تک کہ مشہور محدث حافظ ابویعلیٰ ؒ اپنی کتاب ''مسندِ کبیر'' میں درج ذیل روایت نقل کرتے ہیں۔کہ! ایک مرتبہ حضرت عثمانِ غنی ؓ نے منبر پر کھڑے ہو کر خطبے کے دوران حاضرین سے یہ بات دریافت کی۔کہ مَیں اللہ تعالیٰ کا واسطہ دے کر یہ بات کہہ رہا ہوں۔کہ تم میں سے جس شخص نے حضور نبی مکرم ﷺ کا فرمانِ ذی مقام سن رکھا ہے۔وہ کھڑا ہو جائے۔ **ان ھـذا القرآن انزل علٰی سبعة حرف و کل لشا ن** ۔(ترجمہ) بے شک !اس قرآنِ پاک کو سات حروف پر اُتارا گیا۔اور اس میں سے ہر حرف کی اپنی مخصوص شان ہے۔(خلیفہ سوئم جناب حضرت عثمان بن عفان ؓ کی یہ بات سن کر) بہت سے افراد کھڑے ہو گئے۔جن میں سے ہر ایک اس بات کا اقرار کر رہا تھا۔کہ اس نے بذاتِ خود نبی اکرم ﷺ کی زبانی یہ فرمان عالی شان سن رکھا ہے۔

اسی ضمن میں احمد بن مبارک کہتے ہیں۔کہ اس مسئلے کے متعلق (بہت سارے علماء کی کتب کی چھان بین کے بعد مجھے) ذاتی طور پر چار حضرات کی تحقیق اور رائے پسند آئی۔احمد بن مبارک کہتے ہیں۔کہ اگر چہ مَیں ان چاروں حضرات کی کتب اور تحقیقات ملاحظہ کر چکا ہوں۔اور اس مسئلے کے جو پہلو میرے پیشِ نظر تھے۔ لیکن اس کے باوجود یہ بات واضح نہ ہو سکی۔کہ آنحضور نبی مکرم ﷺ کے اس فرمان سے کیا مراد ہے؟ مَیں نے اپنے شیخ **حضـرت جناب سیدی عبدالعزیز دباغ** ؒ کی خدمت میں دوبارہ عرض کیا۔کہ مَیں صرف آپ ؒ کے مؤقف کے تحت نبی اکرم ﷺ کے فرمان کی مراد کے بارے میں جاننا چاہتا ہوں۔تو آپ ؒ نے فرمایا۔انشاء اللہ میں کل تمھیں اس بارے میں جواب دوں گا۔اور اگلے ہی دن آپ ؒ نے جواب مرحمت فرمایا۔جو کہ بالکل سچ (اور صحیح) تھا۔آپ ؒ نے فرمایا۔مَیں نے نبی اکرم ﷺ سے اس حدیث کے مرادی معنیٰ دریافت کئے۔تو آپ ﷺ نے اپنی مراد کی تشریح فرمائی۔احمد بن مبارک کہتے ہیں۔کہ! حضرت شیخ دباغ ؒ نے میرے سامنے جو معانی اور مفاہیم بیان کئے۔تو میں تین دن تک شیخ ؒ کے ساتھ بحث میں مصروف و مشغول رہا۔اور آپ ؒ اس کے معانی کی وضاحت کرتے رہے۔اس کے بعد مجھے اندازہ ہوا۔کہ یہ حدیث نبوی ﷺ (معنوی، اصطلاحی اور فہمی وسعت کے اعتبار) سے نہایت ہی عظیم مرتبے کی حامل ہے۔اس کی تشریح کے دوران مَیں نے اس قدر اسرار کا علم حاصل کیا۔کہ جن کی وضاحت کرنا ممکن ہی نہیں۔تاہم مَیں (احمد بن مبارک ؒ) اپنے الفاظ میں ان کا (قدرے) خلاصہ بقدرِ استطاعت تحریر کر رہا ہوں۔

نبی مکرم ﷺ کی ذاتِ اقدس میں اللہ تعالیٰ نے ایک ایسی خاص قوت ودیعت کر رکھی ہے۔کہ! جس کے انوار سات قسم پر مشتمل ہیں۔ان میں سے ہر ایک نور کے دو رخ ہیں۔ایک رخ تو آپ ﷺ کی ذاتِ اقدس اور اللہ تعالیٰ کی ذاتِ مقدسہ کے بارے میں ہے۔اور دوسرے پہلو کا تعلق مخلوق کے ساتھ آپ ﷺ کے تعلق سے ہے۔یہ انوار پہلے رخ (یعنی آپ ﷺ کی ذاتِ اقدس اور اللہ تعالیٰ کی ذاتِ مقدسہ کے تعلق) میں متواتر فیضان کرتے رہتے ہیں۔اور کبھی نہیں تھمتے۔اور نہ ہی سست پڑتے ہیں۔پس جب اللہ تعالیٰ آنحضرت ﷺ کی طرف کوئی آیت نازل کرتے ہیں۔تو اس نازل شدہ آیت کے ہمراہ پہلے رخ کے نور میں سے تھوڑا سا نور بھی ظاہر ہو کر آتا ہے۔سارا تو نہیں۔کیونکہ وہ تو اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ ہونے کی وجہ سے تھمتا ہے اور نہ سست پڑتا ہے۔اس لئے مخلوقات کی طرف توجہ کے وقت صِرف تھوڑا سا نور ظاہر ہوتا ہے۔پھر اللہ تعالیٰ جب دوسری آیت اُتارتا ہے۔تو اس میں دوسرے رُخ کا کچھ نور ہوتا ہے۔پھر جب تیسری آیت اُترتی ہے۔تو اس میں تیسرے نور میں سے کسی قدر نور ہوتا ہے۔اسی طرح ساتویں نور تک۔ پھر مَیں نے عرض کیا۔یہ ساتوں انوار کہ جن کی طرف سات حرف کہہ کر اشارہ کیا گیا ہے۔کون سے ہیں؟ حضرت شیخ دباغ ؒ نے فرمایا۔وہ سات حروف یہ ہیں۔ ☆ **حرفِ نبوت**۔ ☆ **حرفِ رسالت**۔ ☆ **حرفِ آدمیت**۔ ☆ **حرفِ روح**۔ ☆ **حرفِ علم**۔ ☆ **حرفِ قبض**۔ ☆ **حرفِ بسط**۔ (ان تمام (یعنی سات حروف) کی مختصر مگر جامع تشریح یہاں پیش کی جاتی ہے۔شائقین حضرات مکمل تفصیل کے لئے کتاب ''الابریز'' یا اس کے اردو ترجمہ بنام ''**خزینہ معارف**'' کی طرف رجوع فرمائیں)

☆ **حرفِ نبوت** : حرفِ نبوت کی شناخت و علامت یہ ہے۔کہ! آیتِ مبارکہ میں صبر کا حکم دیا گیا ہو۔اور حق کی جانب رہنمائی کی گئی ہو۔وہ آیت دنیا اور اس کی خواہشات (شہوات) سے گریز کرنے کی تعلیم دیتی ہو۔اس کی وجہ یہ ہے۔کہ! نبوت طبعی طور پر حق ہی کی طرف مائل ہوتی ہے۔اور صرف حق بیان کرتی ہے۔اور حق ہی کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔اور اس ضمن میں خیر خواہی کا فریضہ سرانجام دیتی ہے۔

☆ **حرفِ رسالت** : حرفِ رسالت کی نشانی و علامت یہ ہے۔کہ! اس آیت میں دارِ آخرت، اس کے درجات اور وہاں رہنے والوں کے مقامات اور اِنہیں حاصل ہونے والے ثواب کا ذکر موجود ہے۔

☆ **حرفِ آدمیت**: حرفِ آدمیت کا ماحصل وہ نور ہے۔کہ! جسے اللہ تعالیٰ نے انسانوں میں ودیعت کر رکھا ہے۔اور انہیں اس سے انسانی کلام کرنے پر قدرت بخشی ہے۔تا کہ ان کا کلام ملائکہ، جنات اور باقی جملہ مخلوقات کے کلام سے یکسر ممتاز ہو سکے۔باوجود اس کے کہ یہ صفت تمام انسانوں میں پائی جاتی ہے۔اسے ان ساتوں میں سے اس لئے شامل کیا گیا۔کہ یہ صفت آنحضرت ﷺ میں طہارت اور صفائی کے لحاظ سے انتہا کو پہنچ چکی ہے۔جس کی وجہ سے طہارت اور صفائی میں آپ ﷺ کی ذاتِ اقدس کا کمال اس درجہ عالیہ تک پہنچ چکا ہے۔کہ جس سے بڑھ کر کوئی کمال ممکن نہیں۔اور آنحضرت ﷺ کی ذات کے ماسوا کسی اور کی ذات میں اس کا ہونا بھی ناممکن ہے۔مختصر یہ کہ! جب یہ نور جس سے کہ انسان کلام کیا کرتا ہے۔آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی ذاتِ اقدس میں یہ نور باقی تمام انوارات (نورِ نبوت۔نورِ رسالت۔نورِ علم۔نورِ روح۔نورِ قبض اور نورِ بسط) کے ساتھ پایا گیا۔تو یہ نور انتہائی کمال پر ہی ہوگا۔کیونکہ آپ ﷺ کی ذاتِ اقدس اِن چھ انوارات سے مستفیض ہو رہی ہے۔لہٰذا آپ ﷺ پر جب آیات کا نزول ہوگا۔تو کوئی آیت بھی ایسی نہ

ہو گی ۔ کہ جس میں یہ نور نہ پایا جائے ۔ کیونکہ قرآنِ حکیم بنی نوعِ انسان ہی سے تعلق رکھنے والے ایک گروہ کی زبان یعنی عربی میں ہی نازل ہوا ہے ۔

☆ حرفِ روح: حرفِ روح کی شناخت یہ ہے ۔ کہ! قرآنِ پاک کی آیت اللہ تعالیٰ کی ذاتِ مقدسہ یا اس کی صفاتِ مبارکہ کے بیان پر مشتمل ہو ۔ اور اس میں مخلوق کا کوئی ذکر نہ ہو ۔ اس کی وجہ یہ ہے ۔ کہ! روح ہمیشہ مشاہدہ حق میں محو و مستغرق رہتی ہے ۔ اسی لئے جب بھی اس نوعیت کی کوئی آیت نازل ہوتی ہے ۔ تو اس میں نورِ روح لازمی موجود ہوتا ہے ۔

☆ حرفِ علم: حرفِ علم کی پہچان یہ ہے ۔ کہ! آیت میں گذشتہ لوگوں کے حالات و واقعات بیان کئے گئے ہوں ۔ مثلاً عاد ۔ ثمود ۔ قومِ نوح ۔ قومِ ہود ۔ قومِ صالح وغیرہ کے حالات و واقعات یا اس میں کسی رائے کے مذموم ہونے کی اطلاع دی گئی ہو ۔ جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالیشان ہے ۔ **أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ ص فَمَا رَبِحَت تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ** ۔ (ترجمہ) یہی وہ لوگ ہیں ۔ جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خریدی ۔ لیکن ان کی تجارت فائدہ مند نہ ہوئی ۔ اور وہ (فائدہ مند و نفع بخش سودے کی) راہ جانتے ہی نہ تھے ۔ یعنی کہ مختصر طور پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں ۔ کہ وہ تمام آیات کہ جن میں واقعات بیان کئے گئے ہوں ۔ وعظ و نصیحت کی گئی ہو ۔ یا پھر حکمت آمیز باتیں کی گئی ہوں ۔ سیدی دباغؒ فرماتے ہیں ۔ کہ اس حرف کے نور کا تعلق انسان سے جہالت کو دور کر کے اسے عارف و معرف بنا دیتا ہے ۔

☆ حرفِ قبض: حرفِ قبض کی علامت یہ ہے ۔ کہ! آیتِ کریمہ میں کفار و مشرکین کو مخاطب کیا گیا ہو ۔ کبھی انہیں تباہی کی وعید سنائی گئی ہو ۔ اور کبھی دیگر طریقوں سے ڈرایا گیا ہو ۔ جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان عالی شان ہے ۔ کہ! **فی قلو بھم مرض فزادھم اللہ مر ضا ولھم عذاب الیم م بما کانوا یکذبون** ۔ (ترجمہ) اور ان کے دلوں میں بیماری ہے ۔ پس اللہ تعالیٰ نے ان کی بیماری کو اور بڑھا دیا ۔ اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے ۔ اس وجہ سے کہ وہ جھوٹ بولتے ہیں ۔ (سورہ بقرہ ۔ آیت نمبر 102) نور اور ظلمت کی افواج ہمیشہ برسرِ پیکار رہتی ہیں ۔ جب نبی مکرم ﷺ کی توجہ ان ظلمتوں کی طرف مبذول ہوتی ہے ۔ تو اس وقت حرفِ قبض کا یہ نور ظاہر ہوتا ہے ۔ اور اس نور میں سے مذکورہ بالا قسم کی آیات سامنے آئی ہیں ۔

☆ حرفِ بسط: حرفِ بسط کی شناخت یہ ہے ۔ کہ! کسی آیت میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا ذکر کیا گیا ہو ۔ جب آپ ﷺ کی توجہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی طرف مبذول ہوتی ہے ۔ تو اس وقت بسط کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے ۔ اور یہ آیات مقامِ بسط سے ظاہر ہوتی ہیں ۔ حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ فرماتے ہیں ۔ کہ! ان ساتوں حروف کی تقریباً یہی پہچان و علامات اور نشانیاں ہیں ۔ جو یہاں ذکر کی گئی ہیں ۔ ورنہ ہر ہر حرف میں **366** وجہیں ہیں ۔ اگر میں ہر حرف کی **366** مختلف وجوہ میں سے ہر ایک کا ذکر کرنا شروع کر دوں ۔ تو نبی مکرم ﷺ کے باطن کا آفتاب سب لوگوں کے سامنے روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جائے گا ۔ لیکن یہ درحقیقت وہ رموز و اسرار ہیں ۔ کہ! جنہیں چھپانا واجب ہے ۔ اللہ تعالیٰ اپنے خصوصی فضل کے تحت جن لوگوں کو **فتحِ کبیر** عطا فرماتا ہے ۔ وہ ان کا علم حاصل کر لیتے ہیں ۔ اور جسے فتح حاصل نہیں ہوتی ۔ اس کے لئے مناسب یہی ہے ۔ کہ! وہ اپنی ظاہری حالت پر ہی باقی رہے ۔

سیدی عبدالعزیز دباغؒ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ احادیثِ مبارکہ میں جو اختلافِ تلفظ پایا جاتا ہے ۔ اُس کی وجہ باطنی انوارات کے اختلاف کی **فرع** ہے ۔ کیونکہ قبض کی بدولت کچھ حروف کو ساکن پڑھا جاتا ہے ۔ اور اس پر پیش پڑھی جاتی ہے ۔ زبر حرفِ رسالت سے پیدا ہوتی ہے ۔ اور زیر حرفِ آدمیت سے پیدا ہوتی ہے ۔ اور ہر آیت کے لئے ایک خاص فتح اور مخصوص ذوق ہوتا ہے ۔ جب آپؒ تشریح فرما رہے تھے ۔ تو میں نے آپؒ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ۔ کہ! آیت میں کچھ تو اجزاءِ نبوت کے ہوتے ہیں ۔ کچھ اجزاءِ رسالت کے ہوتے ہیں ۔ اور اسی طرح باقی پانچ حروف کے ۔ اس لئے میں نے عرض کیا ۔ کہ! یا حضرت! ان سات حروف کے اجزاء کی مزید تشریح فرما دیں ۔ اور یہ بھی بتا دیں ۔ کہ! ان حروف کی ان پر تفریع کیسے ہوتی ہے ۔ تا کہ اُن کا فائدہ مکمل ہو جائے ۔ سیدی دباغؒ نے فرمایا ۔ کہ! ان سات حرفوں میں سے ہر ایک کے سات سات اجزاء ہوتے ہیں ۔ (انتہی کلام الدباغ)

بندہ (البلوشی) قارئینِ کتاب کی خدمت میں عرض گزار ہے ۔ کہ اِن سات حروف کے اجزاء اور اِن سات حروف، چند قرآنی آیات اور کچھ نہ سمجھ آنے والی احادیثِ نبویہ ﷺ کی مزید جامع و مبسوط تشریح کتاب ''الابریز'' میں موجود ہے ۔ وہاں سے استفادہ کیا جا سکتا ہے ۔ کیونکہ علمِ لدنی کے موضوع پر اس قدر کھلے اسرار و رموز پر **الابریز** اور **الفتح الربانی** **(نصائح غوثیہ)** سے بہتر شاید ہی کسی عالم کی کوئی کتاب ہو ۔

لا یعنی باتیں اور وقت کا ضیاع : مجھے کچھ لوگوں سے ایک گلہ ہے ۔ کہ! وہ خواہ مخواہ میں کچھ مسائل میں خود کو الجھا دیتے ہیں ۔ جیسے کہ! حضرت امام ابو حنیفہؒ بڑے محدث تھے یا کہ حضرت امام بخاریؒ؟ حالانکہ! حضرت امام اعظم ابو حنیفہؒ قانونِ اسلامی و اجتہاد، فقہ اور احادیث مبارکہ سے فقہی مسائل کے مرتب کرنے میں بہت زیادہ ماہر تھے ۔ اور ان علوم و فنون میں انبیائے عظامؑ اور صحابہ کرامؓ کے بعد ان کا کوئی ثانی نہیں تھا ۔ اور اسی طرح سے احادیث کو تقویٰ و صحت کے ساتھ جمع کرنے میں صحابہ کرامؓ کے بعد حضرت امام بخاریؒ اور حضرت امام مسلمؒ سے بڑھ کر کوئی دوسرا نہیں ہوا ۔ احادیث کے جمع و تدوین اور صحت میں امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ جبکہ آیاتِ قرآنیہ و احادیث نبویہ سے فقہی مسائل پر محنت شاقہ میں حضرت امام ابو حنیفہؒ اور حضرت امام شافعیؒ کی الگ الگ امتیازی خصوصیات ہیں ۔ یا پھر لوگ آنحضور نبی مکرم ﷺ کی حیات و ممات، یا علمِ غیب یا حاضر و ناظر جیسے ابحاث میں دلائل پیش کر کے ایک دوسرے پر کفر و شرک کے فتوے لگاتے ہیں ۔ حالانکہ! اگر دیکھا جائے ۔ تو یہ ابحاث فقط اپنی علمیت کی دکانداری چمکانے کے علاوہ کچھ بھی نہیں ۔ ایک سیدھا سادہ اسلامی قانون ہے ۔ کہ! قرآنِ حکیم کی تعلیمات اور سنتِ نبوی ﷺ میں پورا کا پورا اسلام ہے ۔ بس انہیں دو پر عمل کرنا چاہئے ۔

قرآن مجید کے فہم اور عربی زبان سیکھنے کے لئے چند معلومات :

چند نہایت ہی ضروری علمی جواہرات کہ جس سے قرآنِ حکیم کا ترجمہ کرنا یا عربی زبان سیکھنا کچھ نہ کچھ حد تک آسان ہو جائے گا۔ ان شاءاللہ العظیم۔

☆ عربی زبان میں زبر کو **فتح**، زیر کو **کسرۃ**، پیش کو **ضمۃ** جبکہ دو زبر یا دو زیر یا دو پیش کو **تنوین** کہتے ہیں۔ اور زبر، زیر، پیش یا تنوین کو حرکات کہتے ہیں۔

☆ زبان سے نکلے ہر بامعنی لفظ کو ''کلمہ'' جبکہ بے معنی لفظ کو ''مہمل'' کہا جاتا ہے۔ روٹی کلمہ جبکہ شوٹی مہمل ہے۔ **کلمہ** کی تین اقسام ہیں۔ اسم، فعل اور حرف۔

☆ **اسم**: کسی شخص، چیز، جگہ، حیوان، چرند و پرند وغیرہ یا اِن کی اچھی یا بُری صفت کو کہتے ہیں۔ جیسے۔ محمد ﷺ، قرآن، قلم، جنت، متقی، جنتی۔۔۔

☆ **فعل** : جس کلمہ سے کام کے ہونے یا کرنے کا پتہ چلے۔ اور کوئی زمانہ بھی پایا جائے۔ **فعل** کی چار اقسام ہیں۔ ماضی (گزرا ہوا زمانہ)، مضارع (حال و مستقبل (یعنی) موجودہ زمانہ یا آنے والا زمانہ)، امر (جس میں حکم دیا جائے)، نہی (جس میں منع کیا جائے)۔ جیسے **نَصَرَ**۔ اُس نے مدد کی (یا) وہ مدد کرے گا۔ یاد رہے۔ کہ! اگر کسی لفظ کے شروع میں ''ی، **ت**، **أ**، **ن**، **قد** '' آجائے۔ جیسے کہ! **یَعْبُدُ**، **تَعْلَمُ**، **نَخْلُقُ**، **اَعُوْذُ**۔۔۔ یا پھر کسی لفظ کے آخر میں **تَ**، **تِ**، **تُ**، **ثُ**، **نَّ** '' آجائے۔ جیسے کہ! **خَلَقْتَ**، **کُنْتِ**، **ظَلَمْتُ**، **کَسَبْتُ**، **لَنُسْئَلَنَّ**۔۔۔

اگر ''ت'' کسی فعل کے آخر میں حرکات کے ساتھ آجائے۔ تو گزرے ہوئے زمانہ (ماضی) کا ترجمہ کیا جاتا ہے۔ اس کی تفصیل یوں ہوگی۔

''**تَ**'' یہ علامت واحد مذکر کیلئے ہے۔ اور ترجمہ ''تُو یا تُو نے'' ہوگا۔ جیسے کہ! **خَلَقْتَ**۔ تُو نے پیدا کیا۔ **اَنْعَمْتَ**۔ تُو نے انعام کیا۔ **اٰمَنْتَ**۔ تُو ایمان لایا۔

''**تِ**'' یہ علامت واحد مؤنث کیلئے ہے۔ اور ترجمہ ''تُو یا تُو نے'' ہوگا۔ جیسے کہ! ! **جِئْتِ**۔ تُو آئی ہے۔ **خِفْتِ**۔ تُو ڈری۔

''**تْ**'' یہ علامت بھی واحد مؤنث کیلئے ہے۔ ترجمہ ''وہ یا اُس نے'' ہوگا۔ مثلاً **صَدَقَتْ**۔ اُس (عورت) نے سچ کہا۔ **آمَنَتْ**۔ وہ (عورت) ایمان لائی۔

''**تُ**'' یہ علامت واحد مذکر و مؤنث کیلئے ہے۔ اور ترجمہ ''مَیں، مَیں نے'' ہوگا۔ جیسے کہ! **خَلَقْتُ**۔ مَیں نے پیدا کیا۔ **اَنْعَمْتُ**۔ مَیں نے انعام کیا۔

☆ اگر ''**ت**'' اور ''**ن**'' کسی فعل کے آخر میں آجائیں۔ تو زمانہ ماضی ہوگا۔ اور **ت** کا مطلب ''**تو، وہ** اور **مَیں**'' ہوگا۔ جبکہ **ن** کا مطلب ''ہم'' ہوگا۔ جیسے کہ **صَبَرْتِ**۔ ایک عورت نے صبر کیا۔ **صَبَرْتُ**۔ مَیں ایک مرد یا عورت نے صبر کیا۔ **صَبَرَتْ**۔ اس ایک عورت نے صبر کیا۔ **صَبَرْنَا**۔ ہم نے صبر کیا۔

☆ **حرف** : وہ کلمہ جو نہ اسم ہو اور نہ ہی فعل، بلکہ اسماء یا فعلوں کو آپس میں ملانے کا کام دے۔ لیکن اگر یہی کلمہ منفرد ہو تو کسی کام کا نہیں۔ جیسے کہ! **اِنَّ**۔ بے شک۔ **عَلٰی**۔ پر، کے اوپر۔ **لَمْ**۔ نہیں۔

کسی فعل کے شروع میں **ی** (وہ)، **ت** (تم)، **أ** (مَیں) اور **ن** (ہم) وغیرہ لگانے سے مطلب تبدیل ہو جائے گا۔ زمانہ حال رہے گا۔

جنس	عربی الفاظ	اُردو معنی	عربی الفاظ	اُردو معنی	عربی الفاظ	اُردو معنی	عربی الفاظ	اُردو معنی
مذکر	**یَذْکُرُ**	وہ یاد کرتا ہے	**تَذْکُرُ**	تم یاد کرتے ہو	**أذْکُرُ**	مَیں یاد کرتا ہوں	**نَذْکُرُ**	ہم یاد کرتے ہیں
مؤنث	**تَشْکُرَانِ**	تم دو شکر کرتے ہو	**تَشْکُرُوْنَ**	تم تمام شکر کرتے ہو	**تَشْکُرِیْنَ**	تم ایک شکر کرتی ہو	**تَشْکُرْنَ**	تم تمام شکر کرتی ہو

☆ عربی کے الفاظ کے شروع میں **ان** (وہ)، **ون** (تم)، **ین** (مَیں) اور **ن** (ہم) وغیرہ لگانے سے مطلب تبدیل ہو جائے گا۔ اور اِن الفاظ کا ترجمہ حال یا مستقبل میں ہوگا۔ جیسے کہ! **یَصْبِرُ**۔ وہ صبر کرتا ہے۔ (یا) وہ صبر کرے گا۔

☆ اور اسی طرح سے یہ تینوں علامات (**وْا**، **وْنَ** اور **یْنَ**) الفاظ کے آخر میں آتی ہیں۔ ان سب کا عموماً ترجمہ ''سب'' کیا جاتا ہے۔ اور یہ علامتیں ''جمع مذکر'' کو ظاہر کرتی ہیں۔ جیسے کہ! **اٰمَنُوْا**۔ وہ (سب) ایمان لائے۔ **اِعْلَمُوْا**۔ تم سب جان لو۔ **مُسْلِمُوْنَ**۔ اسلام لانے والے (سب) مرد۔ **یَعْلَمُوْنَ**۔ وہ (سب) جانتے ہیں۔ **یَظْلِمُوْنَ**۔ وہ (سب) ظلم کرتے ہیں۔ **شَاکِرِیْنَ**۔ (سب) شکر ادا کرنے والے۔ **مُتَّقِیْنَ**۔ (سب) تقوٰی اختیار کرنیوالے۔

☆ اگر لفظ کے آخر میں ''**ہ**'' آجائے۔ جیسے **قَلَمُہٗ** (یعنی) اس ایک مرد کا قلم۔ اور **قَلَمُھَا** (یعنی) اس ایک عورت کا قلم۔ اس طرح **رَضِیَ اللّٰہُ** (کے بعد) **عَنْہُ** (ایک صحابیؓ کے لئے)، **عَنْھَا** (ایک صحابیہؓ کے لئے)، **عَنْھُمَا** (کثیر صحابہ کرامؓ کے لئے) وغیرہا۔۔۔

☆ یہ دونوں علامات (کَ، کِ) اِسم، فعل اور حرف کے آخر میں استعمال ہوتی ہیں۔ کَ (واحد مذکر کیلئے) اور کِ (واحد مؤنث کیلئے)۔ جیسے کہ!

اَسماء کے ساتھ " **کَ** " کا استعمال : (کَ معنی۔ تیرا، تیری، تیرے) **عَمَلُکَ**۔ تیرا عمل۔ **بَصَرُکَ**۔ تیری نظر۔ **بَعْدَکَ**۔ تیرے بعد۔

اَسماء کے ساتھ " **کِ** " کا استعمال : (کِ معنی۔ تیرا، تیری، تیرے) **رَبُّکِ**۔ تیرا رب۔ **اَبُوْکِ**۔ تیرا رب۔ **اُمُّکِ**۔ تیری ماں۔

اَفعال کے ساتھ " **کَ** " کا استعمال : (کَ معنی۔ تم کو، تم سے، تجھے) **خَلَقَکَ**۔ اس نے پیدا کیا تجھے۔ **یُعْطِیْکَ**۔ وہ دے گا آپ کو۔

اَفعال کے ساتھ " **کِ** " کا استعمال : (کِ معنی۔ تم کو، تم سے، تجھے) **طَھَّرَکِ**۔ اس نے تجھے پاک کیا۔ **اِلَیْکِ**۔ تیری یا اپنی طرف۔

حروف کے ساتھ " **کَ** " کا استعمال : (کَ معنی۔ تُو، تجھ، تیری) **اِنَّکَ**۔ بیشک تُو۔ **لَکَ**۔ تیرے لئے۔ **عَنْکَ**۔ تجھ سے۔ **فِیْکَ**۔ تجھ میں۔

حروف کے ساتھ " **کِ** " کا استعمال : (کِ معنی۔ تُو، تجھ، تیری) **اِنَّکِ**۔ بیشک تُو۔ **لَکِ**۔ تیرے لئے۔ **عَلَیْکِ**۔ تجھ پر۔

حروف کے ساتھ " **کَ** " کا شروع میں استعمال : (کَ معنی۔ جیسے، کی طرح، مانند) **کَصَیِّبٍ**۔ بارش کی مثل۔ **کَشَجَرَۃٍ**۔ درخت کی طرح۔

☆ اگر لفظ کے آخر میں ''ک'' آجائے۔ تو ترجمہ ''تیرا یا تیری'' ہوگا۔ جیسے **کِتَابُکَ**۔ تجھ ایک مرد کی کتاب۔ **کِتَابُکِ** (یعنی) تجھ ایک عورت کی کتاب۔

☆ اگر اسم کے آخر میں ''ی'' آئے۔ تو ترجمہ ''میری، میرا یا میرے'' ہوگا۔ جیسے کہ! ''**کِتَابِیْ**'' یعنی میری کتاب۔ **یا ربی**۔ اے میرے رب۔ ☆ اگر

حرف کے آخر میں ''ی'' آئے۔تو ترجمہ ''مجھ، میرے یا مَیں'' ہوگا۔جیسے کہ! ''**اِنِّیْ** ''یعنی بے شک مَیں۔ **عَنِّیْ**۔مجھ سے۔**بِی**۔میرے ساتھ۔☆اگر فعل کے آخر میں ''ی'' سے پہلے ''ن'' آئے۔تو ترجمہ ''مجھے'' ہوگا۔جیسے کہ! ''**یَھْدِ نِیْ** ''یعنی وہ ہدایت دیتا ہے مجھے۔ **عَلَّمَنِیْ**۔اس نے سکھایا مجھے۔

☆ اگر کسی اسم میں اگر ''ی'' کے بجائے ''**نَا**'' لگا دیا جائے۔تو ترجمہ ''ہمارے، ہماری، ہمارے'' ہوگا۔جیسے۔ **کِتَابُنَا**۔ہماری کتاب۔ **یَا رَبَّنَا**۔اے ہمارے رب۔☆اگر کسی فعل کے آخر میں ''نا'' ہو۔☆مگر اس سے پہلے حرف پر جزم ہو۔تو ترجمہ ''ہم نے'' ہوگا۔جیسے کہ! **نَزَّلْنَا**۔ہم نے اُتارا۔**خَلَقْنَا**۔ہم نے پیدا کیا۔☆اگر کسی حرف کے آخر میں ''**نا**'' ہو۔تو ترجمہ ''ہم یا ہماری'' ہوگا۔جیسے کہ! **اِلَیْنَا**۔ہماری طرف۔ **عَلَیْنَا**۔ہم پر۔ **فِیْنَا**۔ہم میں۔ **مِنَّا**۔ہم سے۔ **لَنَا**۔ہمارے لئے۔لیکن اگر کسی فعل کے آخر میں ''نا'' ہو۔☆مگر اس سے پہلے حرف پر جزم کے بجائے زبر یا زیر ہو۔تو ترجمہ ''ہمیں نے'' ہوگا۔جیسے کہ! **بَعَثَنَا**۔اس نے بھیجا ہمیں۔**اِھْدِنَا**۔تُو ہدایت دے ہمیں۔**اٰتِنَا**۔تُو دے ہمیں۔

☆ اگر کسی عربی لفظ کے شروع میں ''اَلْ'' آ جائے۔تو وہ چیز خاص بن جاتی ہے۔''**ال**'' کو انگریزی میں **The** کی طرح حیثیت دی جائے گی۔جیسے۔ **اَلْکِتَابُ**۔(خاص کتاب)۔اور اسی طرح سے اگر کسی لفظ کے آخر میں تنوین ہو۔تو وہ چیز عام ہو جائے گی۔جیسے **کِتَابٌ**۔(کوئی کتاب)

☆ اگر کسی اسم کے آخر میں ''اَنِ یا یْنِ'' آ جائے۔تو یہ علامت ''**دو**'' ہونے پر دلالت کرتی ہے۔جیسے کہ! **جَنَّتَانِ**۔دو باغات۔ **بَحْرَانِ**۔دو سمندر۔ **عَیْنَیْنِ**۔دو آنکھیں۔ **مُسْلِمَیْنِ**۔دو مسلمان۔☆اگر کسی فعل کے آخر میں بھی ''انِ یا یْنِ'' آ جائے۔تو یہ علامت ''**دو**'' ہونے پر دلالت کرتی ہے۔جیسے کہ! **یُعَلِّمَانِ**۔وہ دونوں سکھاتے ہیں۔ **یَلْتَقِیَانِ**۔وہ دو ملتے ہیں۔ **تُکَذِّبَانِ**۔تم دونوں جھٹلاتے ہو۔ **یَسْجُدَانِ**۔وہ دو سجدے کرتے ہیں۔

☆ عربی زبان میں الفاظ کے شروع میں ''**لَا** اور **مَا** '' اگر آ جائیں۔تو ان کا ترجمہ ''نہ، نہیں، مَت'' ہوگا۔لیکن یاد رہے۔کہ! اگر ''لا'' کے بعد ایک ایسا اسم ہو۔کہ جس کے آخر میں ''زبر'' ہو۔تو اس میں ''پوری جنس'' کی نفی کا مفہوم بنے گا۔اور ترجمہ عموماً ''کوئی۔۔۔نہیں'' بنے گا۔جیسے کہ! **لاریب**۔کوئی شک نہیں۔**لا الہ**۔کوئی معبود نہیں۔ **لا غالب**۔کوئی غالب نہیں۔☆اگر ''لا'' کے بعد فعل کے آخر میں ''**پیش** یا **وْنَ** '' ہو۔تو ایسے جملے میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔جیسے کہ! **لا یومن**۔وہ ایمان نہیں لاتا ہے۔ **لَا یَخَافُ**۔وہ نہیں ڈرتا ہے۔ **لَا یَشْکُرُ**۔وہ شکر نہیں کرتا ہے۔ **لَا یَشْکُرُوْنَ**۔وہ سب شکر نہیں کرتے ہیں۔ **لَا تَعْقِلُوْنَ**۔تم سب عقل نہیں کرتے ہو۔ **لَا یَشْعُرُوْنَ**۔وہ سب شعور نہیں رکھتے ہیں۔☆اگر ''لا'' کے بعد فعل کے آخر میں ''**جزم** یا **وْا**'' ہو۔تو ایسے جملے میں کسی کام کے ''نہ کرنے کا حکم یا التجا'' ہوتی ہے۔اور ترجمہ ''نہ، نہیں یا مَت'' کرتے ہیں۔جیسے کہ! **لَا تَقْرَبُوْا**۔تم سب قریب مَت جانا۔ **لَا تُبَرِّرْ**۔تُو فضول خرچی نہ کر۔ **لَا تُشْرِکْ**۔تُو شرک نہیں کر۔ **لَا تَا کُلُوْا الرِّبَا**۔تم سب سود مَت کھاؤ۔

☆ اور اسی طرح سے ''**مَا** '' کا معنی بھی ''نہ، نہیں یا مَت'' ہوتا ہے۔ **وَمَا یَشْعُرُوْنَ**۔اور وہ سب شعور نہیں رکھتے۔☆ کبھی کبھار ''مَا'' کا معنی ''جو'' بھی ہوتا ہے۔ **لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ**۔جو زمین و آسمان میں ہے وہ اللہ تعالیٰ کا ہے۔ **مَا عِنْدَکُمْ یَنْفَدُ**۔جو تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا۔

☆ اسی طرح سے ''مَا'' کا معنی ''کیا، کس'' بھی ہوتا ہے۔جیسے کہ! **وَمَا اَدْرٰکَ**۔اور آپ کیا جانیں؟

☆ اسی طرح سے ''**وما**'' اور ''**اَ**'' کا استعمال بھی مختلف ہے۔اگر کسی اسم کا نام لئے بغیر سوال کریں گے۔وما کا استعمال ہوگا۔جیسے **وما ھذا** ؟ یہ کیا ہے؟ اور اگر کسی اسم کا نام لے کر سوال کریں گے۔تو ''اَ'' کا استعمال ہوگا۔جیسے کہ! **اَ ھٰذَا حِصَانٌ** ؟ کیا یہ گھوڑا ہے؟

عربی زبان کو سمجھنے کے لئے ضمائر سے واقفیت ہونا بھی از حد ضروری امر ہے۔یہاں پر ضمائر کی پہچان کا جدول دیا جا رہا ہے۔

ضمائر	ضمائرِ منفصلة			ضمائرِ متصلة		
	واحد	مثنٰی	جمع	واحد	مثنٰی	جمع
مذکر (غائب)	هُوَ	هُمَا	هُمْ	هٗ	هُمَا	هُمْ
	وہ	وہ دو	وہ تمام	اُس کا	اُن دو کا	اُن تمام کا
مؤنث (غائب)	هِیَ	هُمَا	هُنَّ	هَا	هُمَا	هُنَّ
	وہ	وہ دو	وہ تمام	اُس کا	اُن دو کا	اُن تمام کا
مذکر (حاضر)	اَنْتَ	اَنْتُمَا	اَنْتُمْ	کَ	کُمَا	کُمْ
	تم	تم دونوں	تم سب	تمہارا	تم دونوں کا	تم سب کا
مؤنث (حاضر)	اَنْتِ	اَنْتُمَا	اَنْتُنَّ	کِ	کُمَا	کُنَّ
	تم	تم دونوں	تم سب	تمہارا	تم دونوں کا	تم سب کا
مذکر/مؤنث (متکلم)	اَنَا		نَحْنُ	ی		نَا
	مَیں		ہم (سب)	میرا		ہم (سب کا)

☆ **علمِ صرف** : وہ علم جس سے کلمہ میں تبدیلی ہو۔جیسے کہ! ضَرَبَ ، ضَرَبَا ، ضَرَبُوْا ، ضَرَبَتْ ، ضَرَبَتَا ، ضَرَبْنَ ، ضَرَبْتَ ،

ضَرَبْتُمَا ، ضَرَبْتُمْ ، ضَرَبْتِ ، ضَرَبْتُمَا ، ضَرَبْتُنَّ ، ضَرَبْتُ ، ضَرَبْنَا ۔

☆ اسی طرح سے ایک فعل میں حرکات (زیر، زبر، پیش، تنوین یا جزم) سے زمانہ اور معنی بھی تبدیل ہو جاتے ہیں ۔ جیسے کہ ! نَصَرَ ۔ مدد کی اُس نے (ایک مرد کی) ۔ یاد رہے ۔ کہ ! اس جملے میں ''ایک مرد کی'' کا مطلب صِرف مذکر کا ہونا ہے ۔ نُصِرَ ۔ مدد کی گئی اس ایک مرد کی ۔ یَنْصُرُ ۔ مدد کریگا وہ ایک مرد کی (یا) مدد کر رہا ہوگا وہ ایک مرد ۔ یُنْصَرُ ۔ مدد کی جائے گی اس ایک مرد کی (یا) مدد کی جارہی ہے اس ایک مرد کی ۔

فعل امر : وہ فعل جس میں کسی کام کے ہونے یا کرنے کی تاکید، حکم، گذارش وغیرہ ہو ۔ یعنی فعلِ امر کی پہچان ''حکم، التجا، تاکید'' ہو ۔

فعلِ امر حاضر : ۔ اُنْصُرْ ۔ مدد کر تُو (اس ایک مرد کی) ۔ اُنْصُرَا ۔ مدد کرو تم (دو مردوں کی) ۔ اُنْصُرُوْا ۔ مدد کرو تم (متعدد مردوں کی) ۔ اُنْصُرِیْ ۔ مدد کر تُو (ایک عورت کی) ۔ اُنْصُرَا ۔ مدد کرو تم (دو عورتوں کی) ۔ اُنْصُرْنَ ۔ مدد کرو تم (کئی عورتوں کی) ۔

فعل اَمر کی چند مزید مثالیں : نَصَرَ شَاکِر '' ۔ شاکر نے مدد کی ۔ نُصِرَ شَاکِر '' ۔ شاکر کی مدد کی گئی ۔ مَا نَصَرَ شَاکِر '' ۔ شاکر نے مدد نہیں کی ۔

فعلِ امر حاضر (مؤکد بانون) : اُنْصُرَنَّ ۔ یقیناً ضرور مدد کر (ایک مرد کی) ۔ اُنْصُرَانِّ ۔ یقیناً ضرور مدد کر (دو مرد) ۔ اُنْصُرُنَّ ۔ یقیناً ضرور مدد کر (متعدد مرد) ۔ اُنْصُرِنَّ ۔ یقیناً ضرور مدد کر (ایک عورت کی) ۔ اُنْصُرَانِّ ۔ یقیناً ضرور مدد کر (دو عورتوں) ۔ اُنْصُرْنَانِّ ۔ یقیناً ضرور مدد کر (کئی عورتوں کی) ۔

فعل نھی : وہ فعل جس میں کسی کام کے نہ ہونے یا نہ کرنے کی تاکید، حکم، گذارش وغیرہ ہو ۔ یعنی فعلِ نہی کی پہچان ''نہ، نہیں، مت'' ہے ۔

فعلِ نہی حاضر : لَا تَنْصُرْ ۔ مت مدد کر تُو (ایک مرد کی) ۔ لَا تَنْصُرَا ۔ مت مدد کر تُو (دو مردوں کی) ۔ لَا تَنْصُرُوْا ۔ مت مدد کر تُو (متعدد مردوں کی) ۔ لَا تَنْصُرِیْ ۔ مت مدد کر تُو (ایک عورت کی) ۔ لَا تَنْصُرَا ۔ مت مدد کر تُو (دو عورتوں کی) ۔ لَا تَنْصُرْنَ ۔ مت مدد کر تُو (متعدد عورتوں کی) ۔

فعلِ نہی حاضر (مؤکد بانون) : لَا تَنْصُرَنَّ ۔ ہرگز مدد نہ کر تُو (ایک مرد کی) ۔ لَا تَنْصُرَانِّ ۔ ہرگز مدد نہ کر تُو (دو مردوں) ۔ لَا تَنْصُرُنَّ ۔ ہرگز مدد نہ کر تُو (کئی مردوں) ۔ لَا تَنْصُرِنَّ ۔ ہرگز مدد نہ کر تُو (ایک عورت) ۔ لَا تَنْصُرَانِّ ۔ ہرگز مدد نہ کر تُو (دو عورتوں) ۔ لَا تَنْصُرْنَانِّ ۔ ہرگز مدد نہ کر تُو (کئی عورتوں کی) ۔

☆ **علمِ نحو :** وہ علم جس میں اسم، فعل اور حرف کو باہم ترتیب دینے کا طریقہ بیان کیا جائے ۔ جیسے ھٰذِہِ الْبِنْتُ الصَّالِحَۃ ۔ یہ لڑکی نیک ہے ۔

عربی اور اُردو کے ایک جیسے : مندرجہ ذیل الفاظ بہت معمولی تبدیل یا بعینہٖ اسی طرح سے اُردو اور عربی میں استعمال ہوتے ہیں ۔ اور اسی طرح سے عربی اور اُردو کے کچھ الفاظ کے معنیٰ ایک ہی ہیں ۔ جیسے دَخَلَ ۔ داخل ہونا ، شَکَرَ ۔ شکر کرنا ، قَتَلَ ۔ قتل کرنا وغیرہا ۔

قرآن، نبی ۔ رسول، تعلیم، علم، کتاب، اول، آخر، قبل، آدمی، انسان، قلم، دوات، باب (دروازہ)، حکم، حکمت، حیاء، حیات، جنون، جواب، خاص، خبر، ساعت، وقت، خیر، صلح، ملال، مدرسہ، مفید، نافع، مغرور، تکبر، نیت، نور، سفر، صبر، تمام، تمیز، وفاء، وطن، یوم، یتیم، مسکین، ذوق، کرسی، کباب، ہوا، لفافہ، شہد، دواء، دنیا، مرہم، بندوق، زیتون، لباس، قمیص، خط (لائن ۔ سطر)، بلبل، قلعہ، حلوائی، زکام، صبح، علاج، مریض، تاریخ، مالک، بخیل، معلوم، موسم، قانون، عالم، جاہل، عقل، غالب، غائب، حاضر، کلام، فوج، بعد، شیطان، شکر، فقیر، اسلام، صحیح، شک، شرط، قتل، ایمان، اتفاق، اخلاق، احترام، اختلاف، اذان، امام، اشارۃ، اصول، دِین، اطمینان، اعتراف، صادق، ظالم، باطل، ظاہر، باطن، حب، تاجر، برکت، تجربہ، تحفہ، ترجمہ، جسم، روح، جِلد، جلسہ، جن، جنت، جہنم، حالت، حج، عمرہ، حق، حقیقت، خوف، رب، خیال، ذرہ، ردی، ساحل، سطح، سلطان، سیاست، صدقہ، صفحہ، صورت، عبادت، عجیب، غرائب، حق، عزت، ذلت، عشق، عطر، علامت، عیب، عید، علم، غبار، غذا، غسل، ضو، غلاف، غلط، فرق، فرض، فصل، قابل، فطرت، قاضی، قبر، قدم، قصہ، قطرہ، لقمہ، ماہر، مبارک، مثال، محتاج، مدعی، مسجد، مقبول، مشکل، مکان، نجات، منزل، موجود، شاہد، مقبول، واجب، قریب، قبض، بسط، خالہ، احمق، اخوت، ضعیف، اولاد، اعتراف، شدت، شمال، تربیت، انتخاب، غضب، نعمت، رحمان، رحیم، شکور، قدیم، دائما، صابن، بازار، قوی، امتحان ۔ کل (تمام)، معلم، صحیح، ثانوی، مقدمہ، جاہل، درس، نجات، شکر، اخلاص، توبہ، زکام، کثیر، قلیل، شجاعت، جمال، حرص، نسیان، علیل، حساس، معدہ، مثانہ، بواسیر، بول و براز، طاعون، مطیع، عاقل، مسرور ۔ ۔ ۔ وغیرہ

لازمی الفاظ : وہ الفاظ جو کہ قرآنِ حکیم اور عربی بول چال میں کثرت سے استعمال ہوتے ہیں ۔

عربی الفاظ	اُردو معنی	عربی الفاظ	اُردو معنی	عربی الفاظ	اُردو معنی	عربی الفاظ	اُردو معنی	عربی الفاظ	اُردو معنی
اِذْ	جب	اَنْ	یہ کہ ۔ کہ	قَدْ	یقیناً	مِنْ	سے	کَمَا	جیسا کہ
اِذَا	جب	اِنْ	اگر	اَمْ	یا	مَنْ	جو ۔ کون	عَلٰی	پر ۔ کے اوپر
اِمَّا	جب	اِنَّ	بے شک	اَوْ	یا	مَا	جو ۔ کیا ۔ نہیں	اَلْ	تمام ۔ سب
اَمَّا	لیکن ۔ مگر	اَنَّ	کہ ۔ بے شک	وَ	اور	فِیْ	میں ۔ کے اندر ۔ کو	یَا	اے ۔ حرفِ ندا
لَمَّا	جب	اَنَا	مَیں	بِئْسَ	بُرا	اِلٰی	تک ۔ کی طرف	اَیُّھَا	اے ۔ (مذکر)
لِمَا	کس لئے	اِنَّا	بے شک ہم	بِئْسَمَا	وہ بُرا ہے	اِلَیَّ	میری طرف	اَیَّتُھَا	اے ۔ (مؤنث)
کَلَّمَا	جب بھی	اِنِّیْ	بے شک مَیں	مِنَّا	ہم سے	کَیْفَ	کیسا	کَاَنَّ	گویا کہ

مِمَّا	جس سے	ثُمَّ	اسی جگہ	مِنِّیْ	مجھ سے	اَیْنَ	کہاں	لٰکِنَّ	لیکن
لَوْ	اگر	مُشْطٌ	کنگھی	مَتٰی	کب	مَا ذَا	کیا	لَعَلَّ	شاید۔تاکہ
کَمْ	کتنا	اَیٌّ	کون سا	اَنّٰی	کہاں سے	فِیْمَا	کس لئے	لَیْتَ	کاش
مَا. مَاذَا	کیا	عَمَّا	کس نسبت سے	مِمَّنْ	کس شخص سے	بِکُمْ	کتنے میں	لِمَنْ	کس کا
لَمْ	ہرگزنہیں	عابد	عبادت کرنیوالا	ساجد	سجدہ کرنیوالا	ہٗ. ھُوَ	وہ (ایک مرد)	ھَا	وہ (ایک عورت)
مسلم	ایک مسلمان مرد	معبود	جسکی عبادت کیجائے	مسجود	جسکوسجدہ کیا جائے	ھُمَا	وہ (دومرد)	ھُمَا	وہ (دوعورتیں)
مسلمة	ایک مسلمان عورت	مُحْسِنْ	احسان کرنیوالا	نَحْنُ	ہم (سب مرد)	ھُمْ	وہ (تمام مرد)	ھُنَّ	وہ (تمام عورتیں)
مسلمات	تمام مسلمان م۔ع	مُحْسَنْ	جس پراحسان کیا گیا	لَا	نہیں	قَالَ	کہا (اس نے)	اِلَّا	سوائے۔مگر
کَانَ	تھا	اَلَّذِیْ	جو۔جس نے (واحد)	أ	کیا۔اے۔خواہ	قَالَا	کہا (اُن دونوں نے)	اَلَا	مگر
الَّذِیْنَ	جولوگ	اَلَّذِیْنَ	جو۔جس نے (جمع)	اِذًا	اسی وقت	ھٰکَذَا	اسی طرح	اَلَّا	یہ کہ نہیں ہے
النَّاس	لوگ	اَلَّتِیْ	جو۔جس نے (واحد)	بِھٰذَا	اس سے	اِیَّاکَ	صرف تیری	اِیَّا	ہی
لَنْ	ہرگز۔کبھی بھی	اَلّٰتِیْ . اَلّٰئِیْ	جو۔جس نے (جمع)	بِهٖ	اس سے	عَسٰی	شاید	بَلٰی	جی ہاں
فَ	پس۔پھر۔تب	بِ	سے۔کے ساتھ۔پر۔کو	مِمَّنْ	کون ان میں سے	حَیْثُ	جیسے	ذِیْ	والا
تحت	نیچے	عَنْ	کی طرف سے۔بابت	کَذَالِکَ	اسی طرح	عِنْدَ	نزدیک۔پاس	ذُوْ	والا
فوق	اوپر	یُوْقِنُوْنَ	وہ یقین رکھتے ہیں	اُنْظُرْ	دیکھو۔دیکھئے	لِمَاذَا	کیوں	اِقْرَا	پڑھو۔پڑھیں
یمین	دائیں	لِھٰذَا . لَهٗ	اُس کا	اِسْتَمِعْ	سنو۔سنئے	اِخْتَرْ	منتخب کرو	اَشِرْ	اشارہ کرو
یسار	بائیں	لِھٰذِہٖ . لَھَا	اُس کی	اُکْتُبْ	لکھو۔لکھیں	رَاتِبٌ	تنخواہ	وَجْعٌ	درد
امام	آگے	خلف	پیچھے	صُدَاعٌ	سر کا درد	جَرَاحَةٌ	زخم	جُنُوْنٌ	پگلا پن
فَرْحَةٌ	خوشی	حُزْنٌ	غم	جُوْدٌ	سخاوت	بَخِیْلٌ	کنجوس۔بخیل	ذَنْبٌ	گناہ
کُرَّاسَةٌ	کاپی	بُکَاءٌ	رونا	ضِحْکٌ	ہنسنا	جُوْعٌ	بھوک	اَلظَّلَامُ	اندھیرا
هَاجِرَةٌ	دوپہر	نِسْیَانٌ	بھول	بَدْرٌ	چودھویں کا چاند	شُرُوْق	دھوپ	ظِلٌّ	سایہ
حَلَّاقٌ	نائی۔حجام	نَسِیْمٌ	صبح کی ہوا	اَلْبُوْقُ	ہارن	بَارِدٌ	ٹھنڈا	سَاخِنٌ	گرم
سَاعَةٌ	گھنٹہ	سُکُوْتٌ	خاموشی	دُخَانٌ	دھواں	عَادِیٌ	نارمل	اَلْمُحَرِّکُ	انجن
دَقِیْقَةٌ	منٹ	مُسْتَشْفٰی	ہسپتال	تَذْکِرَةٌ	ٹکٹ	قَرْنٌ	صدی	عَامٌ	سال
اُرِیْدُھَا	مجھے چاہیئے	مَحْفَظَةٌ	نوٹ بک	اَعْمٰی	اندھا۔	اَصَمُّ	بہرہ	قِفْ	رکو
جَوَازٌ	پاسپورٹ	تَاشِیْرَةٌ	ویزا	رَخِیْصٌ	سستا	غَالٍ	مہنگا۔گراں	دُرْ	مڑو
هَاتِ الْمَآءَ	پانی لاؤ	لَا بَاسَ	کوئی حرج نہیں	سُوْقٌ	بازار	فُنْدُقٌ	ہوٹل	مَطْعَمٌ	ریسٹورینٹ
شُرْطِیٌّ	سپاہی	خَطَاً	غلط	عُنْوَانٌ	پتہ۔ایڈریس	نُقُوْدٌ	کیش	مَبْلَغٌ	رقم

عربی بول چال یا گفتگو سیکھنا : مندرجہ ذیل جملے عموماً گفتگو کے دوران اکثر بولے اور سنے جاتے ہیں۔

مَا اِسْمُکَ ۔ اِسْمِیْ عَلِی	تمہارا نام کیا ہے۔میرا نام علی ہے۔	مَا ھٰذَا . مَا ھُوَ. مَنْ اَنْتَ	یہ کیا ہے؟ وہ کیا ہے؟ تم کون ہو؟
مَتٰی تَنَامُ . مَتٰی تَسْتَیْقَظُ	تم کب سوتے ہیں؟ تم کب بیدار ہوتے ہو؟	مَاذَا یَفْعَلُ عِمْرَان	عمران کیا کرتا ہے
لِمَنْ ھٰذَا الْقَلَمُ . ھٰذَا قَلَمِیْ	یہ قلم کس کا ہے؟ یہ قلم میرا ہے	صَبَاحَ الْخَیْر . مَسَاءَ الْخَیْر	صبح بخیر ۔ شام بخیر
اَیْنَ نَحْنُ. اَیْنَ اَنَا . اَیْنَ اَنْتَ	ہم کہاں ہے؟ میں کہاں ہو؟ تم کہاں ہو؟	اَنَا بِالْخَیْر . اَنَا طَیِّب	میں خیریت سے ہوں۔میں اچھا ہوں
اَیْنَ الْکِتَاب. کَیْفَ الْحَال. کَیْفَ اَنْتَ	کتاب کہاں ہے؟ کیا حال ہے؟ تم کیسے ہو؟	اَیُّ مَرَضٍ اَصَابَکَ	تم کو کیا بیماری لاحق ہوگئی ہے؟
کَیْفَ حَالُکُمْ . کَیْفَ حَالُ وَالِدَتِکَ	آپکا کیا حال ہے؟ آپکی والدہ کا کیا حال ہے؟	مَاذَا تَقُوْلُ . مَاذَا تَفْعَل	تم کیا کہتے ہو؟ تم کیا کرتے ہو؟

هَلْ اَنْتَ تَفْهَمُ كَلَامِیْ. تَعَالَ نَذْهَبُ	کیا آپ میری بات سمجھتے ہیں۔آؤ چلیں	اَنْتَ مِنْ اَیِّ بَلَدٍ	آپ کہاں کے رہنے والے ہیں
هٰذَا رَجُل" طَیِّب". هٰذَا رَجُل" رَدِیّ"	وہ اچھا آدمی ہے۔ وہ خراب آدمی ہے	اَنَا مِنْ بَاكِسْتَان.	مَیں پاکستان کا رہنے والا ہوں
تَفَضَّلْ . اِطْلَعْ بَرَّه . اُدْخُلْ	تشریف رکھیں۔باہر آئیں۔اندر چلیں	اُتْرُكْنِیْ .عَلَیْكَ بِشُغْلِكَ	مجھے چھوڑ و۔اپنا کام کرو۔
عُمْرُكَ كَمْ سَنَةٍ . عُمْرِیْ عِشْرُوْنَ سَنَةٍ	آپ کی عمر کتنی ہے؟ میری عمر بیس برس ہے۔	اِنِّیْ جَائِع" . اِنَا عَطْشَانُ	مَیں بھوکا ہوں۔مَیں پیاسا ہوں۔
اَیْنَ مَنْزِلَه' . هٰذَا مَنْزِلِیْ	اس کا گھر کہاں ہے؟ یہ میرا گھر ہے۔	اَیْنَ الطِّفْلُ ۔ اَلطِّفْلُ فِی الْغُرْفَةِ	بچہ کہاں ہے۔بچہ کمرے میں ہے
هٰذَا غَالِیْ . اِنَّهَا رَخِیْصَة جدًّا	یہ مہنگا ہے۔ یہ بہت سستا ہے۔	بِكُمْ تَبِیْعُ هٰذَا .مَا ثَمَنُ هٰذَا	یہ کتنے کا ہے؟اس کی قیمت کیا ہے؟
مِنْ اَیْنَ جِئْتَ. لِمَ جِئْتَ	تم کہاں سے آئے؟ تم کیوں آئے؟	مَ جِئْتَ هُنَا .اَیْنَ دَارُكَ .	تم کس لئے یہاں آئے ہو؟تمہارا گھر کہاں ہے؟
اَیْنَ تَسْكُنُ. اَنَا اُسْكُنُ فِیْ كُوْئِتَة	تم کہاں رہتے ہو؟مَیں کوئٹہ میں رہتا ہوں۔	مِنْ اَیْنَ اَتَیْتَ. اَیْنَ مَكْتَبُكَ	تم کہاں سے آئے ہو؟تمہارا دفتر کہاں ہے
اَنَا تِلْمِیْذ". استاذ. مدرس	مَیں طالبعلم ہوں۔استاد ہوں۔	لِمَا ذَا اَتَیْتَ هُنَا. مَاذَا اَفْعَلُ الْآنَ	تم یہاں کیوں آئے ہو؟اَب مَیں کیا کروں
مَاهُوَ عُنْوَانُكَ. مَا هِیَ مِحْنَتُكَ	تمہارا پیشہ کیا ہے؟	اَسْتَاذِنُكَ الْآنَ	اَب مَیں آپ سے اجازت چاہتا ہوں۔
هَلْ تَعْرِفُنِیْ. نَعَمْ اَنَا اَعْرِفُكَ	کیا تم مجھے جانتے ہو؟ہاں!مَیں تمہیں جانتا ہوں	اَلَیْسَ كَذٰلِكَ. هٰذِهٖ مَسْئَلَة"	کیا ایسا نہیں؟ یہ ایک مسئلہ ہے
هَلْ عِنْدَكَ جَوَازُ سَفَرٍ	کیا تمہارے پاس پاسپورٹ ہے؟	هَلْ تَعْرِفُنِیْ . مَا لَكَ	کیا تم مجھے جانتے ہو؟ کیا بات ہے
اَتَسْتَطِیْعُ اَنْ تَتَكَلَّمَ بِا للُّغَةِ الْعَرَبِیَّةِ	کیا تم عربی زبان بول سکتے ہو؟	هَلْ اَنْتَ مُتَزَوِّج". مَا الْاَمْرُ	کیا تم شادی شدہ ہو؟ کیا بات ہے
هَلْ تَعْرِفُ لُغَةِ الْعَرَبِیَّةِ. لَا اَعْرِفُ	کیا تم عربی زبان جانتے ہو؟نہیں مَیں نہیں جانتا۔	كَیْفَ صِحَتُكَ الْآنَ	اَب تمہاری طبیعت کیسی ہے
هَلْ تَسْتَطِیْعَ اَنْ تَتَكَلَّمَ الْاِنْجِلِیْزِیَّةَ	کیا تم انگریزی بول سکتے ہو	نَعَمْ یَا سَیِّدِیْ. اَتَكَلَّمُ بِهَا جَیِّدًا	جی ہاں جناب۔مَیں اچھی طرح بولتا ہوں
هَلْ تَتَكَلَّمُ الْعَرَبِیَّةَ . عُنْوَانِیْ مُدَرِّسٌ	کیا تم عربی بولتے ہو؟ مَیں استاد ہوں۔	مَا ظَنُّكَ . هٰذَا مُسْتَحِیْل"	تمہارا کیا خیال ہے؟یہ ناممکن ہے
مَتٰی تَذْهَبُ اِلَی الْمُكْتَب. مَاذَا اَفْعَلُ	آپ آفس کب جاتے ہیں۔تم کیا کرتے ہو	كَمْ فَصْلًا فِی الْعَامِ	سال بھر میں کتنے موسم ہوتے ہیں
اَنَااَعْرِفُ.. اُدْرِكَ.. آسِفُ	میں جانتا ہوں۔سمجھتا ہوں۔مجھے افسوس ہے	اَنَا تَائِه". اَنَا مُتَاخِّر"	مَیں بھٹک گیا ہوں۔مجھے دیر ہوگئی ہے
اَنَا مُسْتَعْجِل".. فَرِح".. مَرِیْض"	میں جلدی میں ہوں۔خوش ہوں۔بیمار ہوں	هٰذَا مَا اُرِیْدُه' فِعْلاً. هٰذَا یَكْفِیْنِیْ	مَیں یہی چاہتا ہوں۔یہ میرے لئے کافی ہے
اَنَاغَاضِب"..تَعْبَان"..مَشْغُوْل"	میں غصے میں ہوں۔تھکا ہوا ہوں۔مصروف ہوں	مِنْ فَضْلِكَ. اَشْكُرُكَ	برائے مہربانی۔میں آپکا شکریہ ادا کرتا ہوں
یَنْبَغِیْ اَنْ اَذْهَبَ . دَعْنِیْ لِوَحْدِیْ	مجھے جانا چاہیئے۔مجھے تنہا چھوڑ دو۔	طَیِّب". حُسْنًا.. حَالًا	بہتر ہے۔۔ابھی/ اسی وقت
عَلَی الْعُمُوْمِ. عَلَی الْاَ قَلِّ. اِلَیْكَ عَنِّیْ	عموماً۔کم ازکم۔مجھ سے دُور رہو۔	هٰذَا وَ ذَاكَ . اَخِیْرًا. لِمَ لَا	یہ یا وہ۔آخرکار۔کیوں نہیں
لَا تَتَكَلَّمْ عَنِّیْ . اَیُّ خِدْمَةٍ	میرے متعلق بات مَت کریں۔ کوئی خدمت	لِلْبَیْعِ . اَكْثَرًا فَاكْثَرًا	برائے فروخت۔زیادہ سے زیادہ
مَا لُخَطْبُ . هٰذَا یَكْفِیْنِیْ	کیا بات ہے؟ یہ میرے لئے کافی ہے	هٰذَا اَمْر" مُسَلَّم" بِهٖ	یہ بات طے شدہ (قطعی) ہے
لَا قَدَّرَ اللّٰهُ. مَاذَا تَعْنِیْ	خدانخواستہ۔تمہارا کیا مطلب ہے	لِسُوْءِ الْحَظِّ. مَا الْاَمْرُ/ مَا الْخَطْبُ	بدقسمتی سے۔کیا بات ہے۔
مَاذَا تُرِیْدُ . لَا یُمْكِنُ الْیَوْمَ	تم کیا چاہتے ہو؟ نہیں آج ممکن نہیں	لِنَدْ خُلْ. اِمْشِ مَعِیْ	ہمیں اندر چلنا چاہیئے۔میرے ساتھ چلئے
مَنْ مَعَكَ . لَا شَكَّ فِیْ قَوْلِكَ	آپکے ساتھ کون ہے؟ آپکی بات میں کوئی شک نہیں	قَدْ حَانَةِ الصَّلٰوةِ. لَا تَنْسٰی	نماز کا وقت ہوگیا ہے۔مَت بھولو۔
اِجْلِسْ سَاكِتًا. اِصْبِرْ.	آرام سے بیٹھو۔صبر کرو یا رکو یا ٹھہرو	مَنْ فِی الْبَیْتِ. مَاذَا تُرِیْدُ	گھر میں کون ہے؟ تم کیا چاہتے ہو
اِجْلِسْ عِنْدِیْ. اِسْمَعْ كَلَامِیْ	میرے پاس بیٹھئے۔میری بات سنئے	هَلْ عِنْدَكَ مِفْتَاح". اَرِنِیْ	کیا آپکے پاس کنجی ہے؟ مجھے دکھاؤ
مَا تَشَآءُ. مَاعِنْدِیْ شَیْءٌ"	تم کیا چاہتے ہو؟ میرے پاس کچھ نہیں ہے	اَحْسَنُ الْكَلَامِ كَلَامُ اللّٰهِ	سب سے اچھی بات، اللہ کی بات ہے
اَلْوَلَدُ یَكْتُبُ. اَلْبِنْتُ تَقْرَءُ	بچہ لکھتا ہے۔بچی پڑھتی ہے	نَحْنُ فِیْ یَوْمِ الْجُمْعَةِ. حَدِّثْنِیْ	آج جمعہ کا روز ہے۔مجھ سے بات کرو
دُعَآءُ الْمَظْلُوْمِ مُسْتَجَاب". سَاعِدْ نِیْ	مظلوم کی دعا قبول ہوتی ہے۔میری مدد کرو	غَدًا یَوْمُ الْخَمِیْسِ. اِتْبَعْنِیْ	کل جمعرات ہوگی۔میرے پیچھے آؤ
لَا تَتَسَرَّعْ اَبَدًا. اِرْحَلْ.	کبھی بھی جلد بازی مَت کرو۔ چلے جاؤ	اَیُّ خِدْمَةٍ. لَا اَدْرِیْ	میرے لائق کوئی کام۔مجھے نہیں معلوم۔

ضروری ہدایات دورانِ تلاوتِ قرآن مجید

قرآنِ مجید میں بیس ایسے مقامات ہیں کہ جہاں پر ذراسی بے احتیاطی سے نادانستہ کلمہ کفر کا ارتکاب ہوجاتا ہے۔کیونکہ زیر، زبر و پیش ردوبدل کر دینے سے معنٰی کچھ کے کچھ ہوجاتے ہیں۔اِسی لئے دانستہ پڑھنے سے گناہِ کبیرہ بلکہ صریح کفر تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔ذیل میں وہ تمام مقامات درج کئے جارہے ہیں۔

نمبر شمار	مقاماتِ قرآن مجید	غلط	صحیح
1	سورہ فاتحہ (اُمُّ الکتاب)	اَنعَمتُ عَلَیھِم	اَنعَمتَ عَلَیھِم
2	سورہ فاتحہ (اُمُّ الکتاب)	اِیَاکَ نَعبُدُ وَاِیَاکَ نَستَعِین	اِیَّاکَ نَعبُدُ وَاِیَّاکَ نَستَعِین
3	سورہ بقرہ	وَاِذِابتَلٰی اِبرَاھِیمُ رَبَّہٗ	وَاِذِابتَلٰی اِبرَاھِیمَ رَبُّہٗ
4	سورہ بقرہ	قَتَلَ دَاوٗدَ جَالُوتُ	قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوتَ
5	آیتُ الکرسی	اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُو	اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُو
6	سورہ بقرہ	وَاللّٰہُ یُضعَفُ	وَاللّٰہُ یُضٰعِفُ
7	سورہ نساء	رُسُلًا مُبَشِّرِینَ وَ مُنذَرِینَ	رُسُلًا مُبَشِّرِینَ وَ مُنذِرِین
8	سورہ توبہ	مِنَ المُشرِکِینَ . وَرَسُولِہ	مِنَ المُشرِکِینَ . وَرَسُولُہٗ
9	سورہ بنی اسرائیل	وَ مَا کُنَّا مُعَذَّبِینَ	وَ مَا کُنَّا مُعَذِّبِین
10	سورہ طٰہٰ	وَ عَصٰی اٰدَمَ رَبُّہٗ	وَ عَصٰی اٰدَمُ رَبَّہٗ
11	سورہ انبیاء	اِنّی کُنتَ مِنَ الظَّالِمِینَ	اِنّی کُنتُ مِنَ الظَّالِمِین
12	سورہ الشعراء	لِتَکُونَ مِنَ المُنذَرِینَ	لِتَکُونَ مِنَ المُنذِرِین
13	سورہ فاطر	یَخشَی اللّٰہُ مِن عِبَادِہِ العُلَمٰٓؤُا	یَخشَی اللّٰہَ مِن عِبَادِہِ العُلَمٰٓؤُا
14	سورہ الصافات	فِیھِم مُنذَرِین	فِیھِم مُنذِرِین
15	سورہ فتح	صَدَقَ اللّٰہَ رَسُولُہٗ	صَدَقَ اللّٰہُ رَسُولَہٗ
16	سورہ الحشر	مُصَوَّرُ	مُصَوِّرُ
17	سورہ الحاقۃ	اِلَّا الخَاطَئُونَ	اِلَّا الخَاطِئُونَ
18	سورہ مزمل	فَعَصٰی فِرعَونَ الرَّسُولُ	فَعَصٰی فِرعَونُ الرَّسُولَ
19	سورہ مرسلٰت	فِی ظَلَلٍ	فِی ظِلٰلٍ
20	سورہ والنزعات	اِنَّمَا اَنتَ مُنذَرُ	اِنَّمَا اَنتَ مُنذِرُ

رسم الخط عربی میں یائے مجہول نہیں ہے۔لیکن قرآنِ حکیم میں صرف ایک موقع پر اِس طرح کی آیت آئی ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرِھَا وَ مُرْسٰھَا ۔اِس کو ایسے پڑھیں گے۔ **بسم اللّٰہِ مجرے ھَا وَ مُرسٰھَا** ۔ علاوہ ازیں قرآنِ مجید میں اکثر جگہوں پر''ا'' الف لکھا ہوا آیا ہے۔لیکن یہ''**ا**'' **الف**'' پڑھا نہیں جاتا۔اور اکثر قرآنِ مجید کے اندر اِسی''ا'' پر ایک چھوٹا سا گول دائرہ بنا ہوا ہوتا ہے۔

اِس کے علاوہ قرآنِ پاک میں جہاں پر''وْ'' کے بعد حرف''ا'' آجائے تو وہ''ا'' بھی نہیں پڑھا جائے گا۔جیسے **قَالُوا ، وَاتَّقُوا ، وَاعْلَمُوا** ۔۔۔

رموز اوقاف قرآن مجید برائے معلومات :

قرآن مجید کی عبارات رب العالمین جل شانہ اور سید المرسلین خاتم النبیین ﷺ کے مابین گفتگو کے انداز میں واقع ہوئی ہے۔اس لئے اہل علم نے اس کے ٹھہرنے نہ ٹھہرنے کی چند جگہوں پر علامتیں مقرر کر رکھی ہیں۔جن کو رموزِ اوقاف کہتے ہیں۔قرآن مجید کی تلاوت کرنے والے ان رموز کو ملحوظ رکھیں۔اور وہ یہ ہیں۔

o جہاں بات پوری ہوجاتی ہے۔وہاں چھوٹا سا دائرہ لگا دیتے ہیں۔یہ حقیقت میں گول (ت) ہے۔جو بصورت (ۃ) لکھی جاتی ہے۔اور یہ وقف تام کی علامت ہے۔یعنی اس پر ٹھہرنا چاہیے۔اب (ۃ) تو نہیں لکھی جاتی۔اس کی جگہ دائرہ یا کوئی اور علامت آیت نمبر کے ساتھ ڈال دی جاتی ہے۔اس قرآن پاک میں اس کو (۝) کے نشان سے ظاہر کیا گیا ہے۔آیت کے نشان پر اگر کوئی اور علامت نہ ہو تو رک جائیں۔ورنہ علامت کے مطابق عمل کریں۔ **۵** یہ اس بات کی علامت ہے۔کہ اس موقع پر غیر کوفیین کے نزدیک آیت ہے۔وقف کریں۔تو اعادہ کی ضرورت نہیں۔اس کا حکم بھی وہی ہے۔جو آیت کے نشان کا ہے۔ **م** وقف مطلق کی علامت ہے۔اس پر ٹھہرنا چاہیے۔یہ علامت وہاں ہوتی ہے۔جہاں مطلب تمام نہیں ہوتا۔اور بات کہنے والا ابھی کچھ اور کہنا چاہتا ہے۔

ج وقف جائز کی علامت ہے۔یہاں ٹھہرنا بہتر اور نہ ٹھہرنا جائز ہے۔ **ز** علامت وقف مجوز کی ہے۔یہاں نہ ٹھہرنا بہتر ہے۔ **ص** علامت وقف مرخص کی ہے۔یہاں ملا کر پڑھنا چاہیے۔لیکن اگر کوئی تھک کر ٹھہر جائے۔تو رخصت ہے۔معلوم رہے۔کہ (ص) پر ملا کر پڑھنا (ز) کی نسبت زیادہ ترجیح رکھتا

ہے۔ **صلے** الوصل اولی کا اختصار ہے۔ یہاں ملا کر پڑھنا بہتر ہے۔ **ق** قیل علیہ الوقف کا خلاصہ ہے۔ یہاں ٹھہرنا نہیں چاہیے۔ **صل** قد یوصل کا مخفف ہے۔ یہاں ٹھہرا بھی جاتا ہے۔ اور کبھی نہیں بھی۔ بوقت ضرورت وقف کر سکتے ہیں۔ **قف** اس کے معنی ہیں ٹھہر جاؤ۔ یہ علامت وہاں استعمال ہوتی ہے۔ جہاں پڑھنے والے کے ملا کر پڑھنے کا احتمال ہو۔ **سکتہ** یہاں کسی قدر ٹھہرنا چاہیے مگر سانس نہ ٹوٹنے پائے۔ **وقفة** لمبے سکتہ کی علامت ہے۔ یہاں سکتہ کی نسبت زیادہ ٹھہرنا چاہیے۔ لیکن سانس نہ توڑیں۔ سکتہ اور وقفہ میں یہ فرق ہے۔ کہ سکتہ میں کم ٹھہرنا ہوتا ہے۔ اور وقفہ میں زیادہ۔ **لا** ۔ لا کے معنی نہیں کے ہیں۔ یہ علامت کہیں آیت کے نشان کے اوپر استعمال کی جاتی ہے۔ اور کہیں آیت کی عبارت کے اندر۔ عبارت کے اندر ہو۔ تو ہرگز نہیں ٹھہرنا چاہیے۔ آیت کے نشان کے اوپر ہو تو اختلاف ہے۔ بعض کے نزدیک ٹھہرنا چاہیے۔ اور بعض کے نزدیک نہیں ٹھہرنا چاہیے۔ لیکن ٹھہرا جائے یا نہ ٹھہرا جائے۔ اس سے مطلب میں خلل واقع نہیں ہوتا۔ **ک** کذلک کا مخفف ہے۔ اس سے مراد ہے۔ کہ جو رمز اس سے پہلی آیت میں آچکی ہے۔ اس کا حکم اس پر بھی ہے۔ ( ) تین نقاط والے دو وقف قریب قریب آتے ہیں۔ ان کو معانقہ کہتے ہیں۔ کبھی اس کو مختصر کر کے (**مع**) بھی لکھ دیتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے۔ کہ دونوں وقف گویا معانقہ کر رہے ہیں۔ ان کا حکم یہ ہے۔ کہ ان دونوں میں سے کسی ایک پر ٹھہرنا چاہیے۔ ہاں وقف کرنے میں رموز کی قوت اور ضعف کو ملحوظ رکھنا چاہیے۔

فضیلتِ قرآنِ حکیم : (بقول علامہ علاؤ الدین علی المتقی بن حسام الدین الہندی البرہان نوری رح)

حضرت عمر فاروق رض نے مقام اجناد کے حکام کی جانب پیغام بھیجا۔ کہ ہر حامل قرآن کو میرے روبرو پیش کرو۔ تا کہ میں انہیں عطاء کے شرف میں رکھوں۔ اور انہیں نئے جہانوں میں بھیجوں۔ (تا کہ) وہ لوگوں کو (قرآن کریم کی) تعلیم دیں۔ تو حضرت اشعری رض نے حضرت سیدنا فاروقِ اعظم رض کی طرف (جواباً) پیغام بھیجا کہ یہ پتہ چلا ہے۔ کہ میری جانب تقریباً تین سو 300۔ اور کچھ حاملینِ قرآن ہیں۔ تب حضرت عمر فاروق رض نے ان کی طرف یہ پیغام بھیجا۔

بسم الله الرحمٰن الرحیم ۝

اللہ تعالیٰ کے بندے عمر رض کی جانب سے !

عبداللہ بن قیس رض اور ان کے ساتھ موجود حاملینِ قرآن کی طرف !

السّلامُ علیکم !

بعد ازاں ! بلا شبہ یہ قرآن کریم تمہارے لئے ہمیشہ اجر کا باعث رہے گا اور ہمیشہ تمہارے لئے بلندی اور ذخیرہ شدہ رہے گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) چنانچہ تم اس (قرآن مجید) کی پیروی کرو۔ یہ تمہارے پیچھے نہ لگا رہے کیونکہ جس کے پیچھے قرآنِ کریم لگا اس کی گدی میں دھکا مارا جائے گا۔ حتیٰ کہ یہی قرآنِ کریم اسے دوزخ میں پھینک دے گا۔ اور جس آدمی نے قرآنِ کریم کی پیروی کی۔ تو قرآنِ کریم اُسے جنت الفردوس میں لے جائے گا۔ (انشاء اللہ) اگر تم طاقت رکھتے ہو۔ تو اسے تمہارا سفارشی بننا چاہیئے۔ تمہاری چغلی کھانے والا نہیں بننا چاہیئے۔ کیونکہ جس کی سفارش قرآنِ کریم کرے گا۔ وہ جنت میں (ضرور) داخل ہوگا۔ اور جس کی چغلی قرآنِ کریم کھائے گا۔ وہ دوزخ میں داخل ہوگا۔ جان لو! **یہ قرآنِ کریم ہدایت کا سرچشمہ اور علم کی بہار ہے**۔ اس نے تمام کتابوں سے تازہ تازہ ربِ رحمٰن کے قرب کا زمانہ پایا ہے۔ اس (قرآنِ حکیم) کے **باعث اللہ تعالیٰ اندھی آنکھوں، بہرے کانوں اور غلاف چڑھے قلوب کو کھولتا ہے**۔ جان لو! جب بندہ رات کو اُٹھے۔ مسواک کرے۔ اور وضو کرے۔ پھر اللہ تعالیٰ کی بڑائی بیان کرے۔ اور قرآنِ کریم پڑھے۔ تو فرشتہ اپنا منہ اس آدمی (قرآن پڑھنے والے) کے منہ پر رکھتا ہے۔ اور کہتا ہے۔ تلاوت کرتا رہ۔ تُو پاک صاف رہ۔ اور یہ تجھے راس آئے۔ اور اگر اس نے وضو کیا۔ اور مسواک نہ کی۔ تو وہ اس (مسواک کرنے) کی حفاظت کرے۔ اور دوبارہ ایسا نہ کرے۔ خبردار! **نماز کے ساتھ قرآن کریم کی تلاوت کرنا پوشیدہ خزانہ اور رکھی ہوئی بھلائی ہے**۔ تم جتنی طاقت رکھتے ہو۔ اس کی زیادہ مقدار چاہو۔ کیونکہ نماز نور، زکوٰۃ دلیل، صبر ضیاء، روزہ ڈھال اور قرآنِ کریم تمہارے لئے حجت ہے۔ یا پھر تمہارے خلاف حجت ہے۔ چنانچہ قرآنِ کریم کی تکریم کرو اُس کی تذلیل مت کرو۔ کیونکہ جس نے قرآنِ کریم کی تکریم کی اللہ تعالیٰ اُسے عزت دے گا۔ اور جس نے اس (قرآنِ کریم) کی تذلیل کی اُسے (اللہ تعالیٰ) ذلیل و خوار کرے گا۔ جان لو! جس نے قرآنِ کریم کی تلاوت کی اسے یاد کیا اور اس پر عمل کیا اور جو کچھ اس میں ہے اس کی پیروی کی تو اس کے لئے **اللہ تعالیٰ کے ہاں ایک دُعا مستجاب ہوگی**۔ چاہے تو اسے (یعنی اس دعا کو) دنیا میں ہی جلدی سے اپنے لئے حاصل کرے وگرنہ وہ آخرت میں اس (یعنی اُس شخص کے لئے جو قرآنِ کریم پڑھے اور اس کی تعلیمات پر عمل کرے) کے لئے ذخیرہ ہوگی۔ اور جان لو کہ! جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ وہ بہتر ہے۔ اور ان لوگوں کے لئے باقی رہنے والا ہے۔ جو ایمان لائے۔ اور اپنے رب تعالیٰ پر بھروسہ کرتے ہیں۔ (**كنز العلوم فى سنن الاقوال و الافعال**)

اهمیت قرآن خوانی : (بقولِ حضرت مولانا جلال الدین الرومی رح) : اگر تُم قرآنِ حکیم کو آنکھوں سے (پڑھ کر) دیکھو گے۔ تو (تمھیں صرف) الفاظ نظر آئیں گے۔ اگر تم دماغ سے (پڑھ کر) دیکھو گے۔ تو (تمھیں ایک عظیم نورانی) علم نظر آئے گا۔ اگر تم دل سے (پڑھ کر غور کرتے ہوئے) دیکھو گے۔ تو (تمھیں اللہ تعالیٰ کی عظیم) محبت نظر آئے گی۔ اور اگر (خوش نصیبی تمھارے مقدر ہوئی۔ اور) تم اپنی روح سے (پڑھتے ہوئے) دیکھو گے۔ تو تمھیں (یقیناً) اللہ تعالیٰ نظر آئے گا۔ (کیونکہ! یہ کلام الٰہی ہے۔ کلام پڑھنے کا مطلب ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ قاری قرآن سے محوِ گفتگو ہے) سبحان اللہ العظیم۔

رات توں بھانویں کالی رکھ   پر اندروں دیوے بالی رکھ

فضائل و فوائد وخواصِ قرآنِ مجید

☆ صحیح بخاری اور صحیح مسلم (صحیحین) میں ہے ۔کہ! قرآنِ پاک کا ماہر، نیکوکار کاتبِ قرآن، ملائکہ (فرشتوں) کے ساتھ ہوگا۔اور جو قرآن شریف کو اٹک اٹک کر پڑھتا ہے ۔اور مشقت اُٹھاتا ہے ۔اس کو دہرا اَجر ہوگا۔ ☆ (صحیحین) میں حضرت ابنِ عمرؓ سے روایت ہے ۔کہ! غبطہ (یعنی کسی کی خوبی کی وجہ سے اُس کے زوال یا کم از کم اُس سے برابری کی خواہش رکھنا) اور رشک (یعنی حسد اور جلن) دو اشخاص کے سوا کسی سے جائز نہیں ۔ایک وہ (کہ) جس کو اللہ تعالیٰ نے قرآنِ پاک عطا کیا ہو۔اور وہ دن رات اس کی تلاوت کرتا رہا۔(جبکہ) دوسرا وہ شخص (کہ) جس کو اللہ تعالیٰ نے خوب مال عطا کیا ہو۔اور وہ دن رات اس (مال و دولت) کو خرچ کرنے میں مصروف ہو۔ ☆ اللہ تعالیٰ اِس قرآن کی بدولت بہت سی اقوام کو رفعت و بلندی عطا فرماتے ہیں ۔اور بہت سی اقوام کو پستی و ذلت کا شکار کرتے ہیں ۔صحیح مسلم ☆ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے ۔کہ! وہ شخص جو (کہ) قرآن پڑھتا ہے ۔اور اس کا ماہر ہے ۔وہ کاتبین (قرآن)، نیکوکار ، ملائکہ (فرشتوں) کے سرداروں کے ساتھ ہوگا۔اور وہ شخص جو قرآن شریف کو مشقت کے ساتھ (یعنی اٹک اٹک کر) پڑھتا ہے ۔اس کو دُگنا اَجر ہوگا۔(ترمذی۔مسند احمد) ☆ حضرت جبیر بن نفیرؓ اور مستدرک للحاکم میں حضرت ابی ذرؓ سے روایت ہے ۔کہ! تم اللہ تعالیٰ کے پاس اس سے بہتر کوئی شئے نہیں لے جاسکتے ۔جو خود اِس سے نکلی ہے ۔یعنی قرآنِ پاک ۔(ترمذی ۔مسند احمد) ☆ سنن ابنِ ماجہ میں حضرت سعدؓ سے روایت ہے ۔کہ! تم میں بہترین لوگ وہ ہیں ۔جو قرآن کو سیکھیں ۔اور اس کو سکھائیں ۔ ☆ ابنِ عساکر میں حضرت عثمانؓ سے روایت ہے ۔کہ! تم میں بہترین اور معزز وہ شخص ہے ۔جو قرآن کو سیکھے ۔اور اس کو سکھائے ۔ ☆ حضرت ابنِ مسعودؓ سے روایت ہے ۔کہ! تم میں بہترین لوگ وہ ہیں ۔جو قرآن کو پڑھیں ۔اور اس کو پڑھائیں ۔ ☆ حضرت سمرہؓ سے روایت ہے ۔کہ! ہر میزبان اپنا دسترخوان پیش کرنا پسند کرتا ہے ۔اور اللہ تعالیٰ کا دسترخوان قرآن ہے ۔سو اس کو مَت چھوڑو۔ (شعب الایمان) ☆ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے ۔کہ! وہ گھر جس میں قرآن پڑھا جاتا ہے ۔اہلِ آسمان کے لئے ایسے چمکتا ہے ۔جیسے اہلِ اَرض کے لئے ستارے ۔(شعب الایمان) ☆ قرآنِ پاک کھلا نور ہے ۔حکمت و دانائی کا ذکر ہے ۔اور راہِ مستقیم ہے ۔ (شعب الایمان) ☆ میری اُمت کی افضل ترین عبادت قرآنِ پاک کی قرأت ہے ۔ (شعب الایمان) ☆ حضرت انسؓ سے روایت ہے ۔کہ! ہر ختمِ قرآن پر دُعا قبول ہوتی ہے ۔ (شعب الایمان) ☆ احمد نے معاذ بن انسؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''جس شخص نے قرآن پاک کو اللہ تعالیٰ (کی رضا وخوشنودی) کے لئے پڑھا وہ صدیقین ،شہداء اور صالحین کی ہمراہی میں لکھا دیا گیا اور یہ لوگ کیسے ہی اچھے رفیق ہیں ۔'' ☆ تُم لوگ اللہ تعالیٰ کے سامنے اُس شئے سے بڑھ کر کوئی تحفہ نہ لے جاؤ گے جو اُسی سے نکلی ہو، اور اُس سے مُراد قرآنِ پاک ہے ۔'' ☆ اہلِ قرآن ہی اہل اللہ اور اللہ کے خاص بندے ہیں ۔ ☆ تم لوگ اللہ تعالیٰ کا قرب اس چیز سے بڑھ کر کسی اور چیز سے حاصل نہیں کر سکتے ۔(کہ) جو خود اللہ تعالیٰ (ہی) سے نکلی ہو۔یعنی قرآن ۔ ☆ نسائی ، ابن ماجہ اور حاکم نے انسؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! اُس نے کہا ،''اہلِ قرآن ہی اہل اللہ اور اللہ کے خاص بندے ہیں ۔'' ☆ الحاصل کلام! قرآن تعلیم ہے ، اور سنتِ نبوی اس تعلیم کی تفسیر اور تربیت ہے ۔قرآن علم ہے ۔اور حضورؑ اس علم کے استاد ہیں ۔

فضیلتِ قرآنِ حکیم :

حضرت انس بن مالکؓ کا بیان ہے ۔کہ! انہوں نے حضرت عمر فاروقؓ سے سنا۔جس صبح کو مسلمانوں نے حضرت ابو بکر صدیقؓ سے بیعت کی ۔وہ حضرت ابو بکر صدیقؓ سے پہلے رسول اللہ ﷺ کے منبر پر بیٹھے ۔اور فرمایا۔اما بعد! اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اللہ ﷺ کو اپنی اس چیز کے ساتھ خاص فرمایا۔جو تمھارے پاس ہے ۔یہ وہ کتاب (قرآنِ حکیم) ہے ۔جس کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول ﷺ کو راستہ دکھایا۔ (صحیح بخاری)

اھمیتِ قرآنِ حکیم : حضرت ابنِ عباسؓ نے فرمایا۔کہ! جب رسول اللہ ﷺ کا وقتِ وصال آیا۔اور کاشانہ ءاقدس میں بہت سے حضرات (بھی) موجود تھے ۔(تو) حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! مجھے لکھنے کا سامان لا کر دو۔تاکہ مَیں (ایک) ایسی تحریر لکھ کر دوں ۔(کہ) جس کے سبب میرے بعد کبھی گمراہ نہیں ہوگے ۔حضرت عمر فاروقؓ نے کہا۔کہ! بے شک حضرت نبی کریم ﷺ درد کی شدت میں ایسا فرما رہے ہیں ۔حالانکہ! قرآنِ حکیم تمھارے پاس ہے ۔اور اللہ تعالیٰ کی کتاب (قرآنِ حکیم ہی) ہمارے لئے کافی ہے ۔اس پر اہلِ بیتِ اطہارؓ نے اختلاف کیا۔ان کا اختلاف اس سبب سے تھا۔کہ بعض لوگ کہتے تھے ۔کہ! لکھنے کا سامان لا دیا جائے ۔تاکہ حضرت نبی کریم ﷺ (ایک) ایسی تحریر لکھ دیں ۔کہ اس کے بعد تم کبھی گمراہ نہ ہوسکو۔بعض وہ کہتے تھے ۔جو کہ حضرت عمر فاروقؓ نے کہا۔جب حضرت نبی کریم ﷺ کے سامنے یہ بے فائدہ کلام اور اختلاف ہونے لگا۔تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ میرے پاس سے جاؤ۔حضرت ابنِ عباسؓ فرمایا کرتے کہ یہ کتنی بڑی آفت آئی ۔کہ لوگوں کا اختلاف اور ان کا شور و غل رسول اللہ ﷺ اور اس لکھی جانے والی تحریر کے مابین رکاوٹ بن گیا۔(صحیح بخاری)

(صحیح بخاری میں یہ حدیث ان الفاظ کے ساتھ زیادہ ہے) آخر آپ ﷺ نے اپنی وفات کے وقت تین وصیتیں فرمائی تھیں ۔مشرکین کو جزیرہ عرب سے باہر کر دینا۔دوسرے یہ کہ وفود سے ایسا ہی سلوک (خاطرداری، ضیافت واحترام) کرتے رہنا۔جیسے مَیں کرتا رہا۔اور تیسری ہدایت (وصیت) مَیں بھول گیا۔

کلام اِلٰھی: اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے ۔جو ایمان لائیں ۔اور نیک کام کریں ۔ان کے لئے وسیع مغفرت اور بہت بڑا اَجر وثواب ہے ۔ قرآنِ حکیم میں ہر انسان کے ہر ہر سوال کا مکمل و جامع جواب موجود ہے ۔مثلاً دنیا کے تمام انسانوں (مسلم و غیر مسلم یا لادین) کے لئے ایک

معمہ بنا ہوا ہے۔ کہ! دلوں کا سکون کس چیز میں ہے؟ یا دلوں کا سکون وقرار کیسے حاصل کیا جا سکتا ہے؟ لوگ جو کہ غربت و افلاس کا شکار ہیں۔ یا وہ لوگ جن کے پاس مال و دولت بہت کثرت کے ساتھ موجود ہے۔ یا وہ لوگ جو پڑھے لکھے یا اَن پڑھ ہیں۔ اور وہ لوگ جو عقل مند یا کند ذہن ہیں۔ ہر ایک سوچتا ہے۔ سکون کہاں اور کس چیز میں پوشیدہ ہے؟ اِن سوالوں کا جواب اللہ تعالیٰ قرآنِ پاک میں یہ دیتا ہے۔ **الا بـذکر اللہ تطمئن القلوب**۔ (سورہ رعد۔ آیت نمبر 28) خبردار رہو۔ اللہ تعالیٰ کے ذکر (ہی) سے دلوں کو اطمینان (سکون وقرار) نصیب ہوا کرتا ہے۔

پورا قرآنِ پاک تمام مخلوقات و عالمین کے لئے ایک مکمل ضابطہ حیات اور زندگی گزارنے کا رہنما (**Manual**) ہے۔ ہم یہاں پر اپنے اور تمام انسانیت کے لئے سوالات کے ضمن میں قرآنِ حکیم کی چند آیات بطورِ جوابات پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔ مجھے یقین ہے۔ کہ! اگر ان سوالات و جوابات کو زبانی یاد کر لیا جائے۔ تو یہ آیات ہمارے لئے بہت بڑی رہنمائی کا سبب و جواز ہوں گیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

خصائلِ قرآنِ حکیم : (بقول علامہ جلال الدین عبدالرحمٰن السیوطی الشافعیؒ در کتاب ''الاتقان'')

ابوبکر بن شیبہ النسائیؒ، ابوعبید القاسم بن سلام، ابن الضریس اور دیگر کئی علمائے عظامؒ نے اس نوع پر جداگانہ کتابیں تصنیف کی ہیں۔ اور اس بارے میں باعتبار اجمال صحیح احادیثِ نبویہ ﷺ پائی جاتی ہیں۔ اور بعض سورتوں میں تعین کے ساتھ بھی کوئی نہ کوئی فضیلت ثبوت کو پہنچتی ہے۔ مگر ایک بات جو کہ قابل لحاظ ہے وہ یہ کہ! فضائلِ قرآن کے بارے میں کثیر تعداد میں احادیثِ نبویہ ﷺ وضع کی گئیں ہیں۔ (یعنی کہ جھوٹے طور پر گھڑی گئی) اسی لئے میں نے ایک خاص کتاب بنام ''**حمائل الزھر فی فضائل السور**'' تصنیف کی ہے۔ اور اس میں صرف وہی احادیثِ نبویہ ﷺ تحریر کی ہیں جو کہ موضوع نہیں تھیں۔

☆ حضرت عبداللہؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ! وہ شخص بہت بُرا ہے جو یہ کہے کہ میں قرآنِ پاک کی فلاں آیت بھول گیا ہوں۔ بلکہ وہ آیت اسے بُھلائی گئی ہے۔ قرآن مجید یاد کرتے رہو۔ کیونکہ یہ بندھے ہوئے جانور سے (بھی) زیادہ تیزی سے انسان کے سینے سے رُخصت ہوجاتا ہے۔ (یہ حدیث نبوی ﷺ صحیحین اور دیگر کتب حدیث سے ماخوذ ہے) ☆ حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ! انہیں نبی مکرم ﷺ کی اِس حدیث کا پتا چلا ہے کہ اللہ تعالیٰ اچھی آواز والے نبیؑ کو اچھے طریقے سے قرآن پڑھنے پر جو اجر عطا کرتا ہے وہ کسی اور عمل پر عطا نہیں کرتا۔ (صحیح مسلم) ☆ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ قرآنِ پاک پڑھنے والے مسلمان کی مثال ترنج کی طرح ہے جس کی خوشبو پاکیزہ ہوتی ہے اور ذائقہ مزیدار ہوتا ہے اور قرآنِ پاک نہ پڑھنے والے مسلمان کی مثال کھجور کی طرح ہے جس کی کوئی خوشبو (تو) نہیں ہوتی مگر ذائقہ میٹھا ہوتا ہے۔ قرآنِ مجید پڑھنے والے منافق کی مثال ریحانہ کی طرح ہوتی ہے جس کی خوشبو (تو) اچھی ہوتی ہے مگر ذائقہ کڑوا ہوتا ہے قرآنِ مجید نہ پڑھنے والے منافق کی مثال حنظلہ کی طرح ہوتی ہے جس کی خوشبو بھی نہیں ہوتی ہے اور ذائقہ بھی کڑوا ہوتا ہے۔ (صحیح بخاری۔ صحیح مسلم)

ہر قرآنی آیت کا ایک ظاہر ہوتا ہے اور ایک باطن۔ اور باطن کا بھی باطن۔ حتیٰ کہ ہر آیت کے سات بطون ہوتے ہیں۔ (حدیث) حضرت امام عبداللہ ابن عباسؓ فرماتے ہیں۔ کہ! صحبتِ نبوی ﷺ کے فیضان سے مجھے قرآنِ حکیم کی اس قدر معرفت حاصل ہوچکی ہے۔ (کہ اگر) میرے اونٹ کی رسی گم ہوجائے۔ تو قرآنِ حکیم کے ذریعے تلاش کر لیتا ہوں۔ امام جلال الدین السیوطیؒ ''الاتقان'' میں رقمطراز ہیں۔ کہ! کائنات میں کوئی بھی ایسی چیز نہیں۔ کہ جس کا استخراج و استنباط آپ قرآنِ حکیم سے نہ کرسکیں۔ لیکن یہ علوم ومعارف صِرف اُسی پر ہی آشکار ہوتے ہیں۔ جسے رب ذوالجلال خصوصی فہم وادراک سے بہرہ ور فرمائے۔

قُرآنِ کریم کے اسرار و آداب : قرآن شریف پڑھنے کے کثیر اسرار ہیں۔ جو کہ پڑھنے والے کے دل پر بہت عظیم الشان وگہرے اثرات کو دائمًا منقش کرتے ہیں۔ ان اسرار کے ساتھ ساتھ بہت سے آداب بھی ہیں۔ لیکن یہاں پر فقط **10** آداب یہاں پر بیان کئے جارہے ہیں۔ جو کہ یہ ہیں۔

1۔ قُرآن کریم پڑھنے کے وقت اللہ تعالیٰ کے کلام مبارک کی دل میں عزت وتکریم اور عظمت کو پہچانے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا کلام (لفظوں میں) دیگر تمام کلاموں سے فصاحت و بلاغت کے لحاظ سے بہت بلند وعظیم المرتبت اور معنوں میں سب سے زیادہ کامل ہے۔ **2**۔ تعظیم متکلم، یعنی کہ پڑھنے کے وقت اللہ تعالیٰ کی عزت و عظمت کو جانے۔ **3**۔ قُرآنِ پاک کو حضورِ دل سے پڑھتے ہوئے دیگر کسی چیز کی طرف قطعًا دھیان نہ کرے۔ تاکہ فیوض وبرکات کا مستحق قرار پاسکے۔ **4**۔ قُرآن کریم پڑھتے وقت اس کے معانی ومفاہیم اور اسرار میں تدبر وتفکر کرے۔ اور تحقیق کے ساتھ سمجھنے کی سعی وجستجو کرے۔ **5**۔ قُرآن کریم پڑھتے وقت ہر ایک آیت کا مرتبہ علیحدہ جانے۔ کیونکہ ہر آیت میں اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات، آیات افعال واقوال، آیات کے احکامات اور مبشرات، وعید، ڈروخوف واحکاماتِ شریعہ کو علیحدہ علیحدہ معلوم کرکے پہچاننے کی سعی کرے۔ **6**۔ قُرآن کریم کی کسی آیت کی تکلف سے تاویل نہ کرے۔ کیونکہ دیگر اکثر مذاہب کے پیروکاروں کی عادات ہیں۔ کہ تکلف سے آیتوں کو اپنے اپنے مذاہب کے موافق اور مطابق ڈھال لیتے ہیں۔ **7**۔ قُرآنِ پاک کی آیتوں سے متاثر ہو۔ قُرآن کریم کی تلاوت کے وقت آیاتِ ذات اور آیاتِ صفات کی اپنے دل میں ہیبت کو بزرگی کو غالب کرے۔ اور جب وعدے ووعید کی آیات پر پہنچے تو قاری کو چاہیئے کہ اپنے دل کو رقیق و نرم رکھے۔ **8**۔ بوقتِ تلاوتِ قُرآن کریم اپنے دل سے خیالات وتعلقات، ذریعے ووسیلے ایسے طور سے محو وزائل کرے کہ اس کو معلوم ہوے کہ گویا میں کلام عالیشان کو اللہ تعالیٰ ہی کی مقدس ومحترم ذات سے بے واسطہ سُن رہا ہوں۔ **9**۔ تلاوت کے وقت اپنی طاقت وقوت پر کسی قسم کا گھمنڈ نہ کرے۔ کہ میں اتنا پڑھ سکتا ہوں۔ (کیونکہ اولیاء اللہؒ تو ایک ایک دن میں کئی کئی مرتبہ پورا کا پورا قُرآن کریم کا ختم کرلیا کرتے تھے) **10**۔ قُرآن مجید کی ہمیشہ تلاوت کرتا رہے۔ لیکن ہمیشہ کی تلاوت کا دل ودماغ میں غرور وتکبر پیدا نہ ہونے دے۔ اور روزانہ کی تلاوت کو محض وفقط رب متعال کا فضل وکرم ہی سمجھے۔ نہ کہ اپنی کوششوں کا ثمر۔

☆ **قرآنِ حکیم سننے کے آداب و فوائد!** وا ذا قری القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم تر حمون ۔ اور جب (بھی) قرآنِ حکیم پڑھا جائے ۔ تو اسے کان لگا کر (بغور) سنو ۔ اور خاموش رہو ۔ تا کہ تم پر رحم ہو ۔ (بمطابق قرآنِ حکیم) **فا قرء ما تیسر من القرآن** ۔ جتنا آسانی سے ہو سکے ۔ قرآنِ حکیم میں سے (روزانہ لازمی) پڑھ لیا کرو ۔

خود بدلتے نہیں ، قرآں کو بدل دیتے ہیں ہوئے کس درجہ فقیہانِ حرم بے توفیق

☆ **قرآنِ حکیم سے روگردانی کی سزا ؟ یسمع ا یت اللہ تتلی علیہ یضر مستکبرا کان لم یسمعھا ج فبشرہ بعذاب ا لیم** ۔ جو اللہ تعالیٰ کی (اُن) آیات کو سنتا ہے ۔ جو اُس پر پڑھ پڑھ کر سنائی جاتی ہیں ۔ پھر تکبر کرتے ہوئے اصرار کرتا ہے ۔ گویا اُس نے انہیں سنا ہی نہیں ۔ تو آپ ؐ اسے دردناک عذاب بشارت دے دیں ۔ (سورہ جاثیہ) (لیکن!) آج کا مسلمان اپنی آسانی و آسائش اور اپنے عقیدہ و مسلکی تخیل (بریلوی ، دیو بندی ، اہلِ حدیث وغیرہا) کے دفاع کے لئے قرآنِ حکیم میں آیات تلاش کر کے لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے اور اُن میں اپنی دھاک بٹھانے کے لئے دل و جاں سے کوشاں ہے ۔

وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہو کر اور تم خوار ہوئے ، تارکِ قرآں ہو کر

ویسے تو الحمد للہ پورے کا پورا قرآن ہی نہ صرف مسلمانوں بلکہ تمام عالمِ انسانیت کے لئے مکمل ظابطہء حیات ، نصائحِ کاملہ سے بھرپور اور زندگی کو با حسن طریق سے گزارنے کی ایک آسمانی کتاب ہے ۔ جو جیسے تھی ۔ اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل و کرم سے ویسے ہی ہے ۔ یہاں پر اس کتاب سے چند نصائح کا انتخاب کیا گیا ہے ۔ (بمطابق البلوشی) ! اگر اِن نصائح کو یاد کر کے ہمیشہ ملحوظ خاطر رکھا جائے اور ذہن نشین کر لیا جائے ۔ تو کوئی بھی انسان گمراہی یا پریشانیوں ، مصائب و مشکلات کی طرف نہیں جائے گا ۔ (ان شاءاللہ) بلکہ زندگی بہت آسان ، پُر لطف اور عزت و تکریم کے ساتھ گزرے گی ۔ (ان شاءاللہ)

شکریہ تیرا ، تیرے آنے سے رونق تو بڑھی ورنہ یہ محفلِ جذبات ادھوری رہتی

مختلف سورتوں کے نزول کے وقت فرشتوں کی ایک عظیم تعداد ہمراہ اُترنے کی روایات

امامِ السیوطی الشافعیؒ '' **الا تقان فی علوم القرآن** '' میں فرماتے ہیں ۔ کہ ! ابن حبیب اور اس کی پیروی میں ابن النقیب دونوں کا قول ہے ۔ کہ قرآنِ پاک میں بعض سورتیں اور آیتیں اس قسم کی (بھی) ہیں ۔ کہ جن کے ساتھ فرشتوں (ملائکہ) کی ایک کثیر تعداد مشایعت کرتی ہوئی نازل ہوئی تھی ۔

☆ اس قبیل کی سورتوں میں ایک سورہ انعام ہے ۔ جس کی مشایعت ستر ہزار فرشتوں نے کی ۔ ☆ '' سورہ انعام کا نزول فرشتوں کے ایک جلوس کے ساتھ ہوا یہ جلوس اِس قدر بڑا اور کثیر تھا کہ اس جلوس نے مشرق تا مغرب تمام فضا کو پُر کر دیا تھا اور اِن فرشتوں کی تسبیح و تقدیس کے غلغلہ سے زمین تھرتھرا رہی تھی '' ۔ (طبرانی ۔ بیہقی) '' جس وقت **سورہ انعام** کا نزول ہوا اس وقت رسول اللہ ﷺ نے **سبحان اللہ العظیم** پڑھ کر فرمایا کہ ! اِس سورہ کے سامنے اتنے فرشتے بطور مشایعت کے آئے ہیں کہ اُنہوں نے اُفق کو مسدود کر دیا ہے '' ۔ (حاکم ۔ بیہقی) ☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! '' **سورہ بقرہ** قرآنِ کریم کا بلند ترین رکن اور کنگرہ ہے ۔ اس کی ہر ایک آیت کے ساتھ اَسی (شاید اسی ہزار) فرشتے نازل ہوئے ۔ اور آیہ **اللہ لا الہ الاھو الحی القیوم . . .** عرش کے نیچے سے نکال کر اِس میں ملائی گئی ۔ '' (مسند احمد) ☆ '' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا میں تُم لوگوں کو ایک ایسی سورت نہ بتاؤں ؟ (کہ) جس کی عظمت نے زمین و آسمان کے مابین تمام خلاء کو بھر لیا ہے اور ستر ہزار فرشتے اِس (سورہ) کی مشایعت میں آئے ہیں ۔ یہ **سورۃ الکھف** ہے ۔ '' ☆ صحیح بخاری شریف میں یہ روایت ہے ۔ کہ ! حضرت براء بن عازبؓ سے روایت ہے ۔ کہ ! آنحضور نبی اکرم ﷺ کے مبارک دور میں ایک مرتبہ ایک شخص نے اپنے گھر میں **سورہ کھف** کی تلاوت کی ۔ اُن (تلاوت کرنے والے صحابیؓ) کے گھر میں ایک گھوڑا بندھا ہوا تھا ۔ وہ (گھوڑا) تلاوت سن کر خوشی سے اپنے پَر اور گردن کو ہلانے لگا ۔ اور ایک بادل اُن (صحابیؓ) کے گھر پر آ کر سایہ فگن ہو گیا ۔ ان (صحابیؓ) نے اس (سورہ کہف کی تلاوت) کا ذکر حضور نبی مکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں کیا ۔ تو اس پر حضور ﷺ نے فرمایا ۔ کہ سورہ کہف پڑھا کرو ۔ کیونکہ یہ (سورہ کہف کی تلاوت کرنا) سکینہ ہے ۔ یعنی اس سے سکون ملتا ہے ۔ اور یہ بذریعہ وحی قرآن نازل ہوئی ہے ۔ دوئم ۔ **فاتحۃ الکتاب** کہ جس کی مشایعت (ہمراہی) میں اَسی ہزار فرشتے میں آئے ۔ سوئم ۔ **سورہ یونس** اس کی مشایعت تیس ہزار فرشتوں نے کی ۔ چہارم ۔ سورہ زخرف (**واسئل من ارسلنا من قبلک من رسلنا**) کہ اس سورہ کے ساتھ بیس (یا شاید بیس ہزار) فرشتے آسمان سے نازل ہوئے ۔ ☆ اِس کے علاوہ **آیت الکرسی** کی مشایعت میں تیس ہزار فرشتے آسمان سے اُترے تھے ۔

لگی ہوئی آگ کو بجھانے کا وظیفہ : برایت حضرت عبداللہ بن عمرؓ ، حضرت رسولِ معظم ﷺ نے فرمایا ۔ اگر کہیں آگ لگ جائے ۔ تو '' **ا للہ ا کبر** '' کا ورد (مسلسل شروع) کرو ۔ کہ یہ آگ کو بجھا دیتا ہے ۔ (واللہ یہ عمل بار ہا کا مجرب عمل ہے)

نہ تھیں اور کوئی رنجشیں ، صرف عادتوں میں تضاد تھا کہ ! اسے پسند تھیں شوخیاں ، مجھے سادگی میں کمال تھا

سورہ بقرہ سے حصولِ فیض و نفع کا طریقہ : محققین فرماتے ہیں ۔ کہ ! جو کوئی سورہ بقرہ کے فیوض و برکات سے مستفید و متنفع ہونا چاہے ۔ تو اُسے چاہیئے ۔ کہ ! کم از کم 41 دنوں تک بوقتِ فجر سنت و فرض کے درمیانی وقفہ میں اور عشاء کے فرض و وتر کے درمیانی وقفہ (سنت سے پہلے یا بعد میں) روزانہ سورہ بقرہ کو مکمل پڑھنے سے اس کے فیوض و برکات سے یقینی طور پر مستفید و متنفع ہوا جا سکتا ہے ۔

خبر سن کر میرے مرنے کی وہ بولے رقیبوں سے خدا بخشے بہت سی خوبیاں تھیں مرنے والے میں

خاص عرش کے خزانے سے نازل ہونے والی آیات : (از حضرت امام جلال الدین السیوطی ۔ در کتاب ۔ الاتقان)

ابن الضریس کہتا ہے کہ مجھ سے محمود بن غیلان نے بواسطہ یزید بن ہارون بیان کیا ہے کہ اِس سے ولید یعنی ابن جمیل نے بواسطہ قاسم ابی امامہ سے روایت کی ہے کہ! ''چار آیات اس قسم کی ہیں کہ جو عرش کے خزانے سے نازل کی گئیں اور بجز اِن آیات کے اور کوئی آیت عرش کے خزانے میں سے نہیں اُتاری گئی۔ (وہ چار آیات یہ ہیں) ☆**الم o ذٰلک الکتاب** (شاید **المفلحونo** تک) ☆ **آیت الکرسی شریف** ☆ **سورۃ البقرہ** (شاید آخری آیات **آمن الرسول بما ..... علی القوم الکٰفرین o** تک) ☆ **سورہ کوثر ۔**

ہم کو لگتا ہے کہ سو سجدوں سے بہتر ہے یہی   اِک سجدے کا تیرے در پہ ادا ہو جانا

☆ اسی طرح ابوعبیدؒ نے اپنی کتاب الفضائل میں کعب سے روایت کرتا ہے کہ انہوں نے کہا کہ! ''محمد رسول اللہ ﷺ کو چار آیات ایسی عطا کی گئی ہیں۔ جو حضرت موسٰی کلیم اللہؑ کو عطا نہیں کی گئی تھیں۔ اُن چار آیات میں سے ایک تو **آیت الکرسی** ہے۔اور باقی تین آیات یہ ہیں۔

لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ یُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ط فَیَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیُعَذِّبُ مَنْ یَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ'' o

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ط كُلٌّ'' اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ قف لَانُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ قف وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ز غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ o لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ط لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَیْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ط رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ج رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وقفة وَاغْفِرْ لَنَا وقفة وَارْحَمْنَا وقفة اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ o

☆ علامہ جلال الدین عبدالرحمٰن السیوطی الشافعیؒ اس ضمن میں فرماتے ہیں کہ میں کہتا ہوں کہ! **سورہ فاتحہ** کی نسبت بھی بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں حضرت انسؓ کی حدیث سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ!''بے شک جن چیزوں کو خداوند کریم نے مجھے (اپنی محبت وشفقت کے پیشِ نظر) احسان جتلا کرعطا فرمایا ہے۔اُن میں سے ایک یہ بھی ہے کہ خداوند عالم نے ارشاد فرمایا (کہ) میں نے آپ ﷺ کو فاتحۃ الکتاب (**سورہ فاتحہ**) عطا کی ہے۔اور یہ میرے عرش کے خزانوں کا تحفہ ہے''۔ ☆ **صحیح مسلم** میں روایت ہے۔کہ حضرت سیدنا ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ حضرت جبرائیلِ امینؑ بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں حاضر تھے کہ اُنہوں نے اپنے سر پر ایک آواز سُنی تو اوپر سر اُٹھایا اور عرض کیا۔یہ آسمان کا دروازہ ہے جو آج ہی کھولا گیا ہے اس سے پہلے کبھی نہیں کھولا گیا۔ پھر اس سے ایک فرشتہ نیچے اُترا۔تو جبرائیلؑ نے عرض کیا۔یہ ایک فرشتہ ہے جو زمین کی طرف اُترا ہے آج سے پہلے کبھی نہیں اُترا۔ پھر اس فرشتے نے سلام کیا اور عرض کیا !یارسول اللہ ﷺ !دونوروں کی خوشخبری لیجئے جو آپ ﷺ کو عطا کئے گئے ہیں اور آپ ﷺ سے پہلے کسی بھی نبیؑ کو عطا نہیں ہوئے۔وہ (سورہ) فاتحہ اور (سورہ) **بقرہ کی آخری آیات** ہیں۔آپ ﷺ ان دونوں میں سے جو بھی حرف پڑھیں گے اس کے عوض آپ ﷺ پر عطائیں کی جائیں گیں۔(**انشاءاللہ العظیم**) ☆ حاکم نے معقل بن یسارؓ سے مرفوعاً نقل روایت کی ہے کہ! ''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! مجھے فاتحۃ الکتاب اور سورہ بقرہ کے خاتمہ کی آیات (شاید آخری آیات **آمن الرسول... علی القوم الکٰفرین o** تک) عرش کے نیچے عطا کی گئی ہیں۔'' ☆ ابن راہویہ اپنی مسند حضرت علی المرتضٰیؓ سے روایت کرتا ہے کہ اُن سے **فاتحۃُ الکتاب** کی نسبت سوال کیا گیا تو اُنہوں نے کہا کہ! ''مجھ سے نبی کریم ﷺ نے (یہ) فرمایا کہ یہ سورہ زیرِعرش کے ایک خزانہ سے نازل ہوئی ہے۔'' ☆ خاتمہ سورہ بقرہ کے بارے میں دارمی نے اپنی مسند میں ایفع الکلاعیؒ سے روایت کی ہے کہ اس نے بیان کیا کہ! ''کسی شخص نے دریافت کیا تھا کہ! یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ اپنے اور اپنی اُمت کے لئے کس آیت کا حاصل ہونا پسند فرماتے ہیں؟ تو رسولِ پاک ﷺ نے فرمایا! سورہ بقرہ کے آخری حصے کی آیت (شاید آخری آیات **آمن الرسول... علی القوم الکٰفرین o** تک) کیونکہ وہ عرشِ الٰہی کے خزانہ رحمت کا تحفہ ہے۔'' ☆ احمد وغیرہ نے عقبہ بن عامر کی حدیث سے مرفوع طور پر روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ! ''تُم لوگ اِن دونوں آیتوں (شاید(**آیت الکرسی شریف**)اور آخری آیات **آمن الرسول... علی القوم الکٰفرین o** تک) کو پڑھا کرو۔کیونکہ پروردگارِ عالم نے مجھے یہ دونوں عرش کے خزانہ سے عطا کی ہیں۔'' ☆ حضرت ابی ذرؓ سے روایت ہے کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ!''یہ سورۃ البقرہ کے خاتمے کی آیات (شاید آخری آیات **آمن الرسول... علی القوم الکٰفرین o** تک) مجھ کو زیرِعرش کے خزانے سے ملی ہیں اور یہ مجھ سے پہلے کسی نبیؑ کو عطا نہیں کی گئیں۔'' ☆ اور اسی راوی نے حضرت حذیفہؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ!'' **سورۃ البقرہ** کے خاتمے کی آیات (شاید آخری آیات **آمن الرسول... علی القوم الکٰفرین o** تک) مجھ کو زیرِعرش خزانے سے ملی ہیں اور یہ مجھ سے پہلے کسی نبیؑ کو عطا نہیں کی گئیں۔'' اور اسی حدیث کے بکثرت طریقے حضرت عمر فاروقؓ ،حضرت علی المرتضٰیؓ اور ابنِ مسعودؓ وغیرہ سے بھی آئے ہیں۔

کجھ لوکاں دے طعنیاں مار دِتا   کجھ سجن اکھاں نوں درد ہویا
اک شیشہ لیا سی یار ویکھن لے   او وی زمین تے ڈِگ کے چُور ہویا
بلھے شاہ لوکی ھس کے یار منا لیندے نیں   تے ساڈا رونا وی نا منظور ہویا

فضیلت سورۃ فاتحہ (بمطابق صحیح مسلم)

حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔جس نے نماز ادا کی۔اور اس میں ام القرآن (سورہ فاتحہ) نہ پڑھی۔تو اس کی نماز ناقص ہے۔آپ ﷺ نے تین مرتبہ یہی (تاکیدًا ارشاد) فرمایا۔اور نا تمام ہے۔حضرت ابو ہریرہؓ سے کہا گیا ہے۔ہم بعض اوقات امام کے پیچھے ہوتے ہیں۔تو آپ ﷺ نے فرمایا۔فاتحہ کو دل میں پڑھو۔کیونکہ! مَیں نے حضرت رسولِ اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔(کہ) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ نماز یعنی سورہ فاتحہ میرے اور میرے بندے کے درمیان دو حصوں میں تقسیم کردی گئی ہے۔لہذا میرا بندہ (مجھ سے) جو سوال کرے گا۔اسے (میری طرف سے) ملے گا۔☆ جب وہ ﴿الحمد للہ رب العالمین﴾ کہتا ہے۔تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔''حَمِدَنِیْ عَبْدِیْ'' (یعنی) میرے بندے نے میری حمد بیان کی۔☆ اور جب وہ ﴿الرحمٰن الرحیم﴾ کہتا ہے۔تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔''اَثْنٰی عَلَیَّ عَبْدِیْ'' (یعنی) میرے بندے نے میری تعریف کی۔ ☆ اور جب وہ ﴿مالک یوم الدین﴾ کہتا ہے۔تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔''مَجَّدَنِیْ عَبْدِیْ (وقال مرۃ) فَوَّضَ اِلَیَّ عَبْدِیْ'' (یعنی) میرے بندے نے میری بزرگی بیان کی اور ایک مرتبہ فرماتا ہے۔میرے بندے نے اپنے سب کام میرے سپرد کردیئے۔ ☆ اور جب وہ ﴿ایاک نعبد و ایاک نستعین﴾ کہتا ہے۔تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔''ھٰذَا بَیْنِیْ وَ بَیْنَ عَبْدِیْ وَ لِعَبْدِیْ مَا سَأَلَ'' (یعنی) یہ میرے اور میرے بندے کے درمیان ہے۔اور بندے کے لئے وہ ہے۔جو اس نے مانگا ہے۔☆ اور جب وہ ﴿اھدنا الصراط المستقیم ٥ صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین﴾ کہتا ہے۔تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔''ھٰذَا لِعَبْدِیْ وَ لِعَبْدِیْ'' (یعنی) یہ میرے بندے کے لئے ہے۔اور بندے کے لئے وہ ہے۔جو اس نے مانگا۔(صحیح مسلم)

☆ صحیح بخاری شریف میں آیا ہے۔کہ! آنحضور نبی اکرم ﷺ نے حضرت سیدنا ابو سعید معلیٰؓ سے فرمایا۔کہ! مَیں تمھارے مسجد سے نکلنے سے پہلے تمھیں ایک سورۃ سکھاؤں گا۔جو کہ قرآن کی سب سے عظیم سورۃ ہے۔پھر آپ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑ لیا۔جب ہم نے مسجد سے نکلنے کا ارادہ کیا۔تو مَیں نے عرض کیا۔یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے فرمایا تھا۔(کہ) مَیں تمھیں قرآن کی سب سے عظیم سورۃ سکھاؤں گا۔(تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔وہ ''الحمد للہ رب العالمین'' ہے۔یہ وہ سبع مثانی اور قرآنِ عظیم ہے۔جو مجھے عطا کیا گیا۔

☆ ایک اور حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے۔کہ! آنحضور نبی مکرم ﷺ سے مروی ہے۔کہ! اگر اللہ تعالیٰ کسی قوم پر عذاب بھیجتا ہے۔اور مکتب میں کوئی لڑکا سورہ فاتحہ پڑھتا ہوتا ہے۔تو اس کی وجہ سے چالیس برس تک کے لئے عذاب اُٹھ جاتا ہے۔

☆ حضرت شیخِ اکبر جناب رئیس المکاشفین امام اجل محمد محی الدین ابن عربی الحاتمی الطائی المالکی اندلسیؒ نے اپنی مشہور و معروف کتاب بنام ''فتوحاتِ مکیہ'' اور اپنی یگانہ روزگار کتاب ''مشکاۃ الانوار فیما روی عن اللہ من الاخبار'' نے فرمایا ہے۔کہ! سورہ فاتحہ، الحمد شریف کو بسم اللہ (بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ۔۔۔مِلُحَمْدُ لِلّٰہِ۔۔۔آخر تک) کے ساتھ مِلا کر ایک ہی دَم (یعنی ایک ہی سانس میں) پڑھا جائے۔کیونکہ!

☆ میں حلفًا کہتا ہوں۔کہ ابوالحسن علی بن ابوالفتحؒ نے مقام کناری میں جو شہر موصل کے پاس ایک قریہ ہے۔601ھ میرے آگے بیان کیا۔اور حلفًا فرمایا کہ میں نے ابوالفضل طوسیؒ سے سُنا ہے۔ ☆ اور ابوالفضل طوسیؒ نے حلفًا فرمایا کہ! میں نے مبارک بن احمد نیشاپوریؒ سے سُنا ہے۔ ☆ اور مبارک بن احمد نیشاپوریؒ نے حلفًا کہا کہ! میں نے ابوبکر فضل بن محمد ہرویؒ سے سُنا ہے۔ ☆ اور ابوبکر فضل بن محمد ہرویؒ نے حلفًا کہا کہ! میں نے ابوبکر محمد بن علی شاشیؒ سے سُنا ہے۔ ☆ اور ابوبکر محمد بن علی شاشیؒ نے حلفًا کہا کہ! میں نے عبداللہ بن محمد ابوبکر سرخسیؒ سے سُنا ہے۔ ☆ اور عبداللہ بن محمد ابوبکر سرخسیؒ نے حلفًا کہا کہ! میں نے ابوبکر محمد بن فضلؒ سے سُنا ہے۔ ☆ اور ابوبکر محمد بن فضلؒ نے حلفًا کہا کہ! میں نے عبداللہ بن محمد بن علی بن یحییٰ الوراقؒ سے سُنا ہے۔ ☆ اور عبداللہ بن محمد بن علی بن یحییٰ الوراقؒ نے حلفًا کہا کہ! میں نے محمد بن یونس الطّویل الفقیہہؒ سے سُنا ہے۔ ☆ اور محمد بن یونس الطّویل الفقیہہؒ نے حلفًا کہا کہ! میں نے محمد بن حسن علویؒ سے سُنا ہے۔ ☆ اور محمد بن حسن علویؒ نے حلفًا کہا کہ! میں نے ابنِ عیسٰیؒ سے سُنا ہے۔ ☆ اور ابنِ عیسٰیؒ نے حلفًا کہا کہ! میں نے ابوبکر الراجیؒ سے سُنا ہے۔ ☆ اور ابوبکر الراجیؒ نے حلفًا کہا کہ! میں نے عمار بن موسٰی البرمکیؒ سے سُنا ہے۔ ☆ اور عمار بن موسٰی البرمکیؒ نے حلفًا کہا کہ! میں نے انس بن مالکؓ سے سُنا ہے۔ ☆ اور انس بن مالکؓ نے حلفًا کہا کہ! میں نے علی المرتضٰی بن ابی طالبؓ سے سُنا ہے۔ ☆ اور علی المرتضٰی بن ابی طالبؓ نے حلفًا کہا کہ! میں نے حضرت سیدنا ابوبکر صدیقؓ سے سُنا ہے۔ ☆ اور حضرت سیدنا ابوبکر صدیقؓ نے حلفًا کہا کہ! میں نے حضرت سید المرسلین محمد رسول اللہ ﷺ سے سُنا ہے۔ ☆ اور حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ نے حلفًا فرمایا کہ! میں نے حضرت جبرائیلِ امینؑ سے سُنا ہے۔ ☆ اور حضرت جبرائیلِ امینؑ نے حلفًا کہا کہ! میں نے حضرت میکائیلؑ سے سُنا ہے۔ ☆ اور حضرت میکائیلؑ نے حلفًا کہا کہ! میں نے حضرت اسرافیلؑ سے سُنا ہے۔ ☆ اور حضرت اسرافیلؑ نے حلفًا کہا کہ! مجھے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ! مجھے اپنی عزت وجلال اور بخشش و کرم کی قسم ہے۔کہ! جو شخص بسم اللہ شریف کو الحمد للہ کے ساتھ (بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اَلْحَمْدُ للہ۔۔۔مِلُحَمْدُ لِلّٰہِ۔۔۔آخر تک) مِلا کر پڑھے گا۔تو تُم گواہ ہو۔کہ میں ضرور اُس کے گناہ بخش دوں گا۔اور اُس کی نیکیوں کو قبول کروں گا۔اور اُس کی بُرائیوں سے درگزر کروں گا۔اور اُس کی زبان کو آگ میں نہیں جلاؤں گا۔اور اُس کو عذابِ قبر، عذابِ دوزخ، عذابِ قیامت اور بڑی بےقراری سے پناہ دوں گا۔اور (وہ شخص، جو کہ سورہ فاتحہ کو اِس ترتیب سے پڑھے گا۔تو وہ) تمام انبیاءؑ اور اولیاء اللہؒ سے ملاقات کرے گا۔ ان شاءاللہ۔ (تفسیر روح البیان، خزینۃ الاسرار، فتوحاتِ مکیہ)

فضیلت سورۃ فاتحہ شریف :

☆ رسول اکرم ﷺ کے پاس صحابہ کرامؓ تشریف لائے ۔ اور آپ ﷺ نے فرمایا ۔ کہ اللہ نے مجھے بہت سے معجزے عطا فرمائے ہیں ۔ جبرائیل امینؑ نے تشریف فرما کر کہا ۔ کہ حکم ربانی ہے ۔ کہ میں نے جو کتاب آپ ﷺ پر نازل کی ہے ۔ اس میں ایک ایسی سورۃ ہے ۔ اگر وہ سورۃ کتاب توریت شریف میں ہوتی ۔ تو حضرت موسیٰؑ کی اُمت میں کوئی شخص اس طرح کے یہود کی طرح نہ ہوتا ۔ اگر یہ سورت انجیل مقدس میں ہوتی ۔ تو حضرت عیسیٰؑ کی امت میں کوئی بت پرست نہ ہوتا ۔ اگر یہ سورۃ زبور مبارکہ میں ہوتی ۔ تو حضرت داؤدؑ کی امت میں کوئی **گمراہ** نہ رہتا ۔ یہ سورہ مبارکہ اس لئے نازل کی گئی ۔ تاکہ اس کی برکت سے آپ ﷺ کی امت مدد حاصل کرے ۔ اور قیامت میں دوزخ سے نجات پائے آپ ﷺ نے دریافت فرمایا ۔ کہ وہ کونسی سورت مبارک ہے تو حضرت جبرائیل نے فرمایا ۔ **سورۃ فاتحہ** پھر فرمایا کہ اگر دنیا کے تمام درخت قلم بن جائیں ۔ اور سمندر سیاہی بن جائیں ۔ اور ساتوں آسمان اور ساتوں زمینیں کاغذ بن جائیں ۔ پھر بھی اس عظیم سورۃ کی تعریف مکمل نہیں ہوسکتی ۔

☆ کعب احبار نے کہا ہے ۔ کہ ! اگر سورہ فاتحہ شریف توریت یا انجیل میں ہوتی ۔ تو وہ (توریت یا زبور کے پڑھنے والے اور ان پر ایمان رکھنے والے) یہودی ونصرانی نہ ہوتے ۔ اور اگر یہ سورہ ءمبارکہ زبور میں ہوتی ۔ تو (زبور کے پڑھنے والے اور اس پر ایمان رکھنے والے) مسخ ہوکر بندر اور سور نہ بنتے ۔ یہ سورہ (یعنی سورہ فاتحہ شریف) اس اُمت پر نازل ہوئی ہے ۔ اور مجھے اُمید ہے ۔ کہ ! اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو گمراہ نہیں کرے گا ۔ (ان شاء اللہ)

☆ حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے ۔ سورہ فاتحہ تمام بیماریوں کی شفاء ہے ۔

☆ ایک حدیث (قدسی) میں آیا ہے ۔ کہ ! اے محمد ﷺ ! مَیں نے آپ ﷺ کی اُمت کو ایک ایسی سورت دے کر بزرگی عطا کی ہے ۔ کہ جو اور (آسمانی) کتابوں میں نہیں ہے ۔ جو اس (سورہ) کو پڑھے گا ۔ مَیں آگ کو اس کے بدن پر حرام کردوں گا ۔

☆ حضرات چشتیہ کے ملفوظات وحالات وواقعات کی مشہور ومعروف کتاب ہشت بہشت کے حصہ **اسرار الاولیاء** میں حضرت بابا فریدالدین گنج شکرؒ نے اپنے خلیفہ خاص حضرت خواجہ بدرالدین اسحاق اجودھنیؒ سے فرمایا ۔ کہ اے درویش ! انسان کو حضرت رسالت پناہ ﷺ کی روح پاک کی زیارت اور امامانِ دین (امامانِ طریقت ، مثل اصحابِ رسولؓ ، تابعین وتبع تابعینؒ اور اولیاء اللہؒ) میں سے کسی کی زیارت کے لئے قرآنِ مجید کی (بار بار) تلاوت اور فاتحہ کے ختم میں شریک ہونا چاہیئے ۔ تاکہ کلام اللہ اور ان کی روح کی برکت سے اس کے دینی ودنیاوی امور بخوبی سرانجام ہوسکیں ۔ اور اسے عزت ومرتبہ حاصل ہو ۔ اور صاحب قرب اور اسرارِ تجلی ہوجائے ۔ پس اے درویش ! جو شخص سورہ فاتحہ کو بیمار کی شفاء یا کسی مہم کے لئے اکتالیس (41) مرتبہ پڑھے ۔ (پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے تعوذ پڑھ کر سورہ فاتحہ کو ایسے پڑھے ۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الْحمد للہ ...مِلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۔ ۔** آخر تک ، مگر سورہ فاتحہ میں **الرحمٰن الرحیم ، ایاک نعبد وایاک نستعین** اور **آمین** کی تین ۔ تین مرتبہ تکرار کرنی ہے) تو فوراً صاحب درد کو شفاء حاصل ہوگی اور مہم بھی پوری ہوگی کیونکہ سورہ فاتحہ شریفہ کا ختم ہی اس کا اکتالیس مرتبہ کا پڑھنا ہے ۔ ☆ کسی بھی مہم جوئی کی نیت سے سورہ فاتحہ کو درجِ بالا طریقے سے اگر روزانہ فجر کی نماز کے سنتوں اور فرض کے درمیان فقط اکتالیس مرتبہ چند ایام تک پڑھا جائے تو تمام حاجات بہرصورت پوری ہوں گی ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

☆ اسی کتاب ہشت بہشت کے حصہ فوائد السالکین میں حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ نے اپنے خلیفہ خاص حضرت بابا فریدالدین گنج شکرؒ سے فرمایا ۔ کہ دعا گو (حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ) کو ابتدائے حال میں قرآن شریف یاد نہیں تھا ۔ جس کی وجہ سے طبیعت پریشان سی رہا کرتی تھی ۔ (پھر فرمایا کہ !) ایک رات میں نے حضرت رسالت مآب ﷺ کو خواب میں دیکھا ۔ تو اپنی آنکھوں کو آنحضرت محمد ﷺ کے قدم مبارک پر مَلا ۔ اور زار وزار رویا ۔ پھر عرض گزار ہوا کہ ! یارسول اللہ ﷺ میری ایک التماس ہے ۔ آپ ﷺ نے مجھے فرمایا ۔ مجھے یاد ہے ۔ آپ ﷺ کو میری حالت (زارونا گفتہ) پر رحم آیا ۔ اور فرمایا ۔ کہ ! سر اُٹھا ! (پھر) آپ ﷺ نے فرمایا کہ ! **سورہ یوسف** پڑھا کر ۔ تاکہ تجھے قرآنِ پاک حفظ ہوجائے ۔ پھر میری آنکھ کھلی تو اِس (خواب) کے بعد میں ہمیشہ سورت یوسف پڑھتا رہا ۔ یہاں تک کہ جلد ہی مجھے قرآن شریف یاد ہوگیا ۔

الحمد شریف (**سورہ فاتحہ**) کے خصائص میں قصائد وابیات کا ذکر :

صاحب **خزینۃ الاسرار** (علامہ حقی نازلیؒ) فرماتے ہیں کہ ! حضرت امام احمد بن علی بونیؒ نے **شمس المعارف** میں ، امام غزالیؒ اور شیخ اکبر محی الدینؒ نے اپنی اپنی تصانیف میں حضرت علی شیرِ خدا کرم اللہ وجہہ الکریم سے (ایک) قصیدہ نقل کیا ہے ۔ (جس کا ترجمہ یہ ہے ۔ کہ !) جب رزق تلاش کرنا چاہے یا اپنی مراد کی کامیابی ہر ایک شخص سے اور وجلدی کامیاب ہو اپنی مراد کے ساتھ اور ہرقسم کی مخالفت اور فریب سے امن میں رہے ۔ تو الحمد شریف کا ورد کر ۔ کیونکہ اُس تیری امید کا بڑا بھاری بھید ہے ۔ اور ہر ایک وقت میں اُس کو پڑھتا رہے یعنی صبح ، ظہر ، عصر ، مغرب اور عشاء میں سو ۔ سو مرتبہ ۔ تو تُو عزت ، مرتبہ اور علو قدر اور عظیم الشان ہیبت کو پالے گا ۔ (انشاء اللہ) اور کسی حاجت میں کسی کا محتاج نہیں رہے گا ۔ اور نہ تجھے کوئی تکلیف اور مصیبت پہنچے گی ۔ اور یہ ایک ایسا پردہ ہے جس کو حوادثِ زمانہ متغیر نہیں کرسکتے ۔ اور اِس میں تجھے پے درپے خوشی اور توفیق نصیب ہوگی ۔ اور ہر ایک کے شر سے تُو امن میں رہے گا ۔ اور فقیری ، تنگ دستی اور اللہ تعالیٰ کی گرفت سے بھی مامون رہے گا ۔ اگر تو ایسا کرے گا تو غائب سے کوئی شخص تیرے پاس آئے گا جس کی وجہ سے تُو تمام لوگوں سے بے نیاز ہوجائے گا ۔ اور تُو ہر ایک وقت میں برگزیدہ اور اللہ تعالیٰ کی نعمت سے ہمیشہ مالا مال رہے گا ۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)

اسرارِ سورہ فاتحہ شریف : سورہ فاتحہ کا ایک نام ماحیہ (یعنی مٹانے والی) بھی ہے۔کیونکہ اس میں بسم اللہ کی ''**میم**'' سمیت پندرہ'' **میم**'' آئی ہیں۔جب کوئی بندہ اس (سورہ فاتحہ کو مع تسمیہ) پڑھتا ہے۔تو ساری ''میمیں'' پرندوں کی طرح نکل بھاگتی ہیں۔اورعرش سے جا کر چمٹ جاتی ہیں۔اسی وجہ سے عرش اور بھی وزنی (بھاری) ہو جاتا ہے۔اورعرش اُٹھانے والے کہتے ہیں۔کہ یاالٰہی! یہ بوجھ (ہم پر) کیسا ہے ؟ ارشاد ہوتا ہے۔یہ ایک سورہ کا ثواب ہے۔جس کو میرے بندے نے پڑھا ہے۔''مِیُمِیُں'' بول اُٹھتی ہیں۔کہ اے پروردگار! اس (سورہ فاتحہ) کے پڑھنے والے کو کیا جزا ملے گی۔ارشاد ہوتا ہے۔کہ! اس کے نامہءاعمال کو جا کر دیکھو۔ہر''میم'' دس دس گناہ مٹاتی ہے۔پھر وہ (ملائکہ) کہتے ہیں۔اے پروردگار! اور بڑھائیے۔پھر (اللہ تعالیٰ کی طرف سے) اور بڑھایا جاتا ہے۔حتیٰ کہ ایک ایک''میم'' ایک سوبیس گناہ مٹاتی ہے۔اسی طرح سب مل کر ایک ہزار آٹھ سوگناہ مٹاتی ہیں۔(یعنی **15x120=1800**) اس طرح سے اگر پورے دن کی پانچ نمازوں کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ پڑھی جائے۔تو کل دن کی (48) رکعت میں سورہ فاتحہ اٹھتالیس مرتبہ پڑھی جاتیئے گی۔اس حساب سے روزانہ ہرپنج وقتہ نمازی (جو کہ روزانہ اٹھتالیس رکعتیں پڑھتا ہو) کے چھیاسی ہزار چارسو (**1800x48=86400**) گناہ مٹ جاتے ہیں۔

☆ حضرت نیشا پوریؒ فرماتے ہیں۔کہ! بندہ جب''**بسم اللہ الرحمٰن الرحیم**'' پڑھتا ہے۔تو اس کے لئے **ذکر** کا دروازہ کھل جاتا ہے۔اور بندہ جب''**الحمد للہ رب العالمین**'' پڑھتا ہے۔تو اس کے لئے **شکر** کا دروازہ کھل جاتا ہے۔اور بندہ جب''**الرحمٰن الرحیم**'' پڑھتا ہے۔تو اس کے لئے **اخلاص** کا دروازہ کھل جاتا ہے۔اور بندہ جب''**ایاک نعبد و ایاک نستعین**'' پڑھتا ہے۔تو اس کے لئے **استجابتِ دُعا** کا دروازہ کھل جاتا ہے۔اور بندہ جب''**اھدنا الصراط المستقیم**'' پڑھتا ہے۔تو اس کے لئے **ھدایت** کا دروازہ کھل جاتا ہے۔اور بندہ جب''**صراط الذین انعمت علیھم**'' پڑھتا ہے۔تو اس کے لئے **انعام واکرام** کا دروازہ کھل جاتا ہے۔اور بندہ جب''**غیر المغضوب علیم ولا الضالین**'' پڑھتا ہے۔تو اس کے لئے **غضب کا دروازہ بند ہو کر رحمت کا دروازہ** کھل جاتا ہے۔اور بندہ جب''**آمین**'' کہتا ہے۔تو اس کے لئے **پاک ارواح کی پیروی کا دروازہ کھل** جاتا ہے۔

اسی طرح سے صاحب **نزھۃ المجالس** جناب حضرت علامہ امام عبدالرحمٰن الصفوریؒ سورہ فاتحہ کے فوائد کے بارے میں رقم طراز ہیں۔کہ!

☆ قرآنِ حکیم میں اللہ تعالیٰ کی جتنی بزرگی اور حمد وثناء آئی ہے۔وہ''**الحمد للہ**'' میں مندرج ہے۔ ☆ قرآنِ حکیم میں اللہ تعالیٰ کے جتنے اسماء اورصفاتِ علیا ہیں۔وہ سب''**رب**'' میں شامل ہے۔ ☆ قرآنِ حکیم میں اللہ تعالیٰ کی جتنی مخلوقات کا ذکر آیا ہے۔وہ سب''**العالمین**'' میں شامل ہے۔ ☆ قرآنِ حکیم میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے جتنی معافی اور بخشش کا ذکر آیا ہے۔وہ سب''**الرحمٰن الرحیم**'' میں شامل ہے۔ ☆ قرآنِ حکیم میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے جتنی وعیدیں اور قیامت کی باتیں آئی ہیں۔وہ سب''**مالک یوم الدین**'' میں شامل ہیں۔ ☆ قرآنِ حکیم میں اللہ تعالیٰ کی جتنی طاعت وعبادت کا ذکر آیا ہے۔وہ سب''**ایاک نعبد**'' میں شامل ہے۔ ☆ قرآنِ حکیم میں اللہ تعالیٰ سے جتنی زاری اورسوال (یعنی مانگنے) کا ذکر آیا ہے۔وہ سب''**وایاک نستعین**'' میں شامل ہے۔ ☆ قرآنِ حکیم میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو ہدایت کی درخواست اور خاتمہ کے خوف کی بات کا ذکر آیا ہے۔وہ سب''**اھدنا الصراط المستقیم**'' میں شامل ہے۔ ☆ قرآنِ حکیم میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو کچھ انعام واکرام اور مقربین کے تذکرے آئے ہیں۔وہ سب''**صراط الذین انعمت علیھم**'' میں داخل ہے۔ ☆ قرآنِ حکیم میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو کچھ مشرکین کی نسبت مذکور ہے۔وہ سب''**غیر المغضوب علیھم ولا الضالین**'' میں داخل ہے۔

سورہ فاتحہ برائے قضائے حوائج : (بمطابق حضرت امام غزالی الشافعیؒ)

پہلے، دوسرے یا پھر زیادہ سے زیادہ چوتھے ہفتے تک ہرصورت بڑی سے بڑی حاجت بھی ضرور بالضرور پوری ہو جائے گی۔انشاء اللہ تعالیٰ۔عمل نوچندی اتوار سے بعد نماز فجر شروع ہوگا۔اور روزانہ بعد نماز فجر ہی پڑھنا ہوگا۔ذیل میں دیا گیا چارٹ اس سلسلے میں معاون ثابت ہوگا۔

ایام	آیت شریفہ	تعداد پڑھائی
اتوار	الحمد اللہ رب العالمین . مع تسمیہ (اول و آخر 11 مرتبہ درود)	852
سوموار	الرحمن الرحیم . مع تسمیہ (اول و آخر 11 مرتبہ درود)	619
منگل	مالک یوم الدین . مع تسمیہ (اول و آخر 11 مرتبہ درود)	242
بدھ	ایاک نعبد و ایاک نستعین. مع تسمیہ (اول و آخر 11 مرتبہ درود)	836
جمعرات	اھد نا الصراط المستقیم. مع تسمیہ (اول و آخر 11 مرتبہ درود)	1073
جمعہ	صراط الذین انعمت علیھم . مع تسمیہ (اول و آخر 11 مرتبہ درود)	1807
ہفتہ	غیر المغضوب علیھم ولا الضالینo آمین. مع تسمیہ (اول و آخر 11 مرتبہ درود)	4203

فضیلت سورۃ فاتحہ بزبان ولی کامل شیخ الھندؒ (بمطابق دلیل العارفین)

سورۃ فاتحہ میں 124 حروف ہیں۔اب جو کوئی بھی سورۃ فاتحہ کو ایک بار پڑھے گا۔تو سورۃ فاتحہ کے تمام حروف کے بدلے اس شخص کو ایک ہزار پیغمبروںؑ کا ثواب ملے گا (انشاء اللہ) ☆ آپؒ نے فرمایا کہ ''**الحمد**'' کے پانچ حروف ہیں۔اور اللہ تعالیٰ نے دن میں پانچ نمازیں فرض فرمائی ہیں۔جو بھی شخص پانچ وقت کی نماز میں سورۃ فاتحہ پڑھے گا۔تو اس شخص کی نماز کے اندر جو بھی (خدانخواستہ) نقائص رہ جائیں گے۔تو اللہ تعالیٰ ان کو درگزر فرماتے ہوئے ان پانچ حروف کی بدولت قبول فرمالیتے ہیں۔ ☆ پھر فرمایا کہ **للہ** میں تین حروف ہیں۔اور ان تین میں گزشتہ پانچ کو شامل کرلیا جائے۔یعنی **الحمد للہ** کل آٹھ حروف۔تو اس کے پڑھنے والے کے لئے اللہ تعالیٰ جنت کے آٹھوں دروازے کھلوا دیتا ہے اور وہ (یعنی پڑھنے والا) جس دروازے سے دل چاہے داخل ہو۔انشاء اللہ تعالیٰ۔ ☆ پھر فرمایا کہ **رب العالمین** میں کل دس حروف ہیں۔ان دس میں گزشتہ آٹھ ملائے،تو اٹھارہ بنتے ہیں۔اللہ تعالیٰ نے اٹھارہ ہزار عالم پیدا فرمائے ہیں جو ان حروف یعنی **الحمد للہ رب العالمین** کو پڑھتا ہے اسے اٹھارہ ہزار عالم کا ثواب ملتا ہے (ماشاء اللہ وانشاء اللہ)۔ ☆ پھر فرمایا کہ **الرحمن** کے چھ حروف ہیں۔ان چھ کو اٹھارہ میں جمع کریں۔**الحمد اللہ رب العالمین الرحمن**۔ تو کل چوبیس بنتے ہیں۔دن اور رات میں کل چوبیس ساعتیں ہیں۔جو شخص **الحمد اللہ رب العالمین الرحمن** پڑھتا ہے۔تو وہ گویا گناہوں سے ایسا پاک ہوجاتا ہے۔جیسے کہ وہ مادرِ شکم سے ابھی ابھی پیدا ہوا ہے۔سبحان اللہ۔ ☆ پھر فرمایا کہ **الرحیم** کے بھی چھ حروف ہیں یہ چھ اور گزشتہ چوبیس **الحمد اللہ رب العالمین الرحمن الرحیم** کو اگر ملائیں۔تو یہ تیس بنتے ہیں۔اور پل صراط کی مسافت بھی تیس ہزار سالہ ہے۔اس کو پڑھنے والا بجلی کی سی تیزی سے یہ مسافت طے کرلیتا ہے۔انشاء اللہ تعالیٰ۔ ☆ پھر فرمایا۔کہ **مالک یوم الدین** میں بارہ حروف ہیں۔اور سال کے بارہ ماہ ہوتے ہیں۔تو ان بارہ حروف کی بدولت وفیضان برکت سے پڑھنے والے کے بارہ مہینے یعنی مکمل سال کے تمام گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔پھر فرمایا کہ **ایاک نعبد** میں آٹھ حروف ہیں۔یہ آٹھ اور گزشتہ بیالیس **الحمد اللہ رب العالمین الرحمن الرحیم مالک یوم الدین ایاک نعبد**۔ کل پچاس ہوئے۔اور قیامت کا پچاس ہزار سال کا دن ہے۔یہ پڑھنے والا قیامت کے پچاس ہزار سال کے دن صدیقوں میں شمار ہوگا۔انشاء اللہ تعالیٰ۔ ☆ پھر فرمایا کہ! **و ایاک نستعین** میں گیارہ حروف میں یہ گیارہ اور گزشتہ پچاس **الحمد اللہ رب العالمین الرحمن الرحیم مالک یوم الدین ایاک نعبد و ایاک نستعین** کل مجموعہ اکسٹھ ہوئے۔زمین وآسمان میں مخفی دریاؤں کی تعداد بھی اکسٹھ ہے۔(جو کہ صرف صاحب معرفت ہی) جانتے ہیں۔تو اس کے پڑھنے والے کو ان اکسٹھ دریاؤں کے قطروں کے برابر ثواب عطا ہوگا۔انشاء اللہ۔ ☆ پھر فرمایا۔کہ **اھدنا الصراط المستقیم** میں انیس حروف ہیں۔یہ انیس اور گزشتہ اکسٹھ **الحمد اللہ رب العالمین الرحمن الرحیم مالک یوم الدین ایاک نعبد و ایاک نستعین اھدنا الصراط المستقیم**۔کل 80 بنتے ہیں۔شراب پینے والے کی شرعی سزا 80 کوڑے ہیں۔اس کو پڑھنے والا دائمی طور پر شراب سے دور ہوجاتا ہے۔ ☆ پھر فرمایا۔کہ! **صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین**۔میں حروف کی تعداد چالیس ہے۔اور اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں مخصوص چالیس ہزار انبیاءؑ دعوت دینے کے لئے بھیجے۔ان حروف کے پڑھنے والے کو ان چالیس ہزار انبیاءؑ کی دعوت دینے جتنا ثواب ملتا ہے۔یہ چالیس حروف گزشتہ 80 حروف میں جمع کرنے سے کل مجموعہ 124 بنتا ہے۔ایک بار اس پوری سورہ فاتحہ کے 124 حروف پڑھنے والے کو ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء ورسل کا ثواب ملتا ہے۔سورہ فاتحہ کا عامل اعلیٰ ظرف ہوا کرتا ہے۔

یہ سب تمھارا کرم ہے آقا کہ بات اَب تک بنی ہوئی ہے

سورہ اخلاص کے فوائد : (کتاب ''اربعین حدیثا فی فضل سورۃ اخلاص'' مصنف الشیخ محمد یوسف بن عبداللہ الارمیونیؒ)

☆ صاحب شمس المعارف حضرت شیخ ابوالعباس احمد بن علی بونیؒ رقم طراز ہیں کہ! جو شخص **سورہ اخلاص** کو ایک ہی مجلس میں (ایک ہزار مرتبہ) معہ تسمیہ بناء کسی سے بات چیت کئے پڑھ لے۔اور اثنائے قرأت میں نہ ہی کوئی دنیاوی کام کرے۔اور وہ شخص ہمیشہ اِسی ترتیب سے سورہ اخلاص کا ورد کرتا رہے۔تو ایسے شخص سے روحانیات اچھے تعلقات استوار کرنے کے بے حد متمنی وملتجی ہوتے ہیں۔اور ایسے شخص کے خواب میں اور کبھی بیداری میں روحانیات اِس وظیفہ کے پڑھنے والے کی استعداد کے مطابق آن حاضر ہوتے ہیں۔جس کی کچھ علامات تو یہ ہیں۔کہ! بعض روحانی تو نور بن کر آتے ہیں،بعض برق کی مانند ،بعض سورج کی روشنی کی طرح بن کر آتے ہیں۔اور بعض تو سبز یا سفید پرندوں کی اشکال میں کہ جن کے چہرے خوبصورت آدمیوں کی طرح ہوتے ہیں۔اور صاحب وظیفہ سے مختلف زبانوں میں آکر بات چیت کرتے ہیں۔اور بعض روحانی ایسے شخص کے پاس شرابِ طہورا لے کر آن حاضر ہوتے ہیں۔جو شخص اِس شراب کو پی لے تو اُس شخص پر سے حجابات اُٹھ جاتے ہیں۔اور اُسے انکشافات تام اور خوارق عادات حاصل ہوتے ہیں۔لہٰذا چاہیئے۔کہ اِس سورہ کے ساتھ ساتھ درود وسلام کا ورد بھی لازمی رکھا جائے۔تاکہ دین ودنیا کے کثیر وبے شمار فوائد کے علاوہ بار بار زیارت النبی ﷺ کا شرف اور اِس شرابِ طہورا کو پینے کی سعادات وانعامات بھی نصیب ہوسکیں۔(انشاء اللہ) ☆ نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔کہ تم میں سے کوئی شخص رات میں تہائی قرآن کیوں نہیں پڑھتا ؟ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا۔(کہ) کوئی شخص تہائی قرآن کیسے پڑھ سکتا ہے۔ارشاد فرمایا۔**قل ھو اللہ احد** ۔۔۔تہائی قرآن کے برابر ہے۔(صحیح مسلم) ☆ ترمذی نے حضرت انسؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''جس نے ہر روز دوسو مرتبہ **قل ھو اللہ احد** ۔۔۔کو پڑھا اس کے پچاس (50) برس کے گناہ محو کردئے گئے مگر یہ کہ اس پر کوئی قرض ہو (یعنی کہ وہ شخص مقروض نہ ہو کیونکہ قرض دار کا بار معاف نہ ہوگا) اور جس شخص نے اپنے بستر پر سونے کے ارادے سے داہنے پہلو پر لیٹ کر **قل ھو اللہ احد**

۔۔۔سو مرتبہ پڑھا (جب) قیامت کا دن آئے گا تو اللہ تعالیٰ اِس (سورہ اخلاص پڑھنے والے) سے ارشاد فرمائیں گے کہ! اے میرے بندے! تو اپنی داہنی جانب سے جنت میں داخل ہو جا۔'' ☆ طبرانی سے ابن الدیلمیؒ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''جس شخص نے ایک سو مرتبہ **قل ھو اللہ احد** ۔۔۔ بحالتِ نماز یا غیر نماز میں پڑھا تو اللہ تعالیٰ اُس کو دوزخ سے برأت کا فرمان لکھ دے گا۔'' ☆ اسی راوی نے اپنی کتاب الاوسط میں ابی ہریرہؓ کی حدیث سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ! ''جس شخص نے دس مرتبہ **قل ھو اللہ احد** ۔۔۔ پڑھا اس کے واسطے جنت میں ایک قصر (محل) تعمیر ہو گیا اور جس نے بیس مرتبہ پڑھا اس کے واسطے دو قصر، اور جس نے تیس مرتبہ اس کی قرأت کی اس کے واسطے تین قصر جنت میں بنا دیئے جاتے ہیں۔'' ☆ اسی راوی نے اپنی کتاب الصغیر میں حضرت ابو ہریرہؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''جو شخص بعد نمازِ فجر بارہ (12) مرتبہ **قل ھو اللہ احد** ۔۔۔ پڑھتا ہے۔ تو گویا وہ پورا قرآن پاک چار مرتبہ پڑھ لیتا ہے۔ اور اگر وہ اللہ تعالیٰ سے بھی۔ تو اُس دن وہ اہلِ زمین میں سب سے افضل شخص ہو گا۔'' ☆ ابو داؤد اور ترمذی نے عبداللہ بن حبیب سے روایت کی ہے۔ کہ! ''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، تُو شام و صبح دونوں اوقات میں تین مرتبہ سورہ اخلاص اور معوذتین (یعنی تینوں سورتوں کو تین تین مرتبہ) پڑھا کر کہ یہ تیرے لئے ہر ایک چیز سے کفایت کرے گی۔'' ☆ ابن السنیؒ نے حضرت عائشۃ الصدیقہؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''جس شخص نے نمازِ جمعہ کے بعد سات مرتبہ سورہ اخلاص اور معوذتین (یعنی تینوں سورتوں کو سات سات مرتبہ) کو پڑھ لیا (تو) اللہ تعالیٰ اُس کو دوسرے (یعنی آنے والے اگلے) جمعہ تک بُرائی سے اپنی پناہ میں رکھے گا۔'' ☆ امام بیہقی نے ابی امامہ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''جس شخص نے کسی رات یا دن میں سورہ حشر کو پڑھ لیا ہو اور اُسی دن یا رات میں مَر گیا تو بے شک اللہ تعالیٰ نے اُس کے لئے جنت واجب کر دی ہے۔'' ☆ حضرت علی المرتضیٰؓ سے سورہ فاتحہ کے متعلق پوچھا گیا تو آپؓ نے فرمایا کہ! مجھ سے اللہ تعالیٰ کے سچے نبی ﷺ نے بیان فرمایا ہے کہ! یہ (یعنی سورہ فاتحہ) عرش کے نیچے ایک خزانے سے نازل کی گئی ہے۔ (**کنز العلوم**) ☆ پاک و ہند کے مشہور و معروف شاعر (شاعرِ مشرق) جناب علامہ محمد اقبالؒ نے ایک شب حضرت سیدنا ابو بکر صدیقؓ کو خواب میں دیکھا۔ اور ان سے **ملتِ اسلامیہ** کے **ادبار اور زوال ٹالنے** اور خسران سے بچنے کا نسخہ دریافت کیا۔ تو آپؓ نے فرمایا۔ کہ! ''**آب و تاب از سورہ اخلاص گیر**'' (یعنی کہ! سورہ اخلاص سے روشنی حاصل کرو) ☆ حضرت انس بن مالکؓ نے حضرت نبی کریم ﷺ سے روایت کیا ہے۔ کہ جب تو اپنا پہلو اپنے بچھونے پر رکھا کرے۔ یعنی لیٹے۔ تو سورہ فاتحہ اور قل ھو اللہ احد ۔۔۔ پڑھ لیا کر۔ کہ ان سے تو موت کے سوا ہر شئے سے امن میں رہے گا۔ (ان شاء اللہ) ☆ صحیح مسلم میں روایت ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ نے قرآنِ حکیم کے تین جزء فرما دیئے۔ اور **قل ھو اللہ احد** ۔۔۔ کو قرآن کے اجزاء میں سے ایک جزء بنا دیا۔ ☆ ایک بزرگ فرماتے ہیں۔ کہ! حضرت خضرؑ سے ملنے کی آرزو میں کثیر تعداد میں لوگ متجسس، متحقق اور متلاشی رہتے ہیں۔ لیکن حضرت خضر نبیؑ اُن لوگوں سے ملنے کے لئے بیقرار و بے چین رہتے ہیں۔ جو روزانہ کثرت سے سورہ اخلاص کا ورد فقط رضائے الٰہی کے لئے بھرپور اخلاص کے ساتھ کیا کرتے ہیں۔ ☆ یاد رہے۔ کہ سورہ اخلاص (سورہ صمدیہ) کے بہت ہی زیادہ خواص ہیں۔ اس سورہ طیبہ و طاہرہ کے ورد کرنے اور رکھنے والے نیک بخت انسان پر اس کے خواص خود بخود کھلتے چلے جائیں گے۔ انشاء اللہ العظیم۔ صاحب خزینۃ الاسرار فرماتے ہیں۔ کہ! جو شخص سورہ اخلاص کو ایک ہی مجلس میں (ایک ہزار مرتبہ) معہ تسمیہ بناء کسی سے بات چیت کئے پڑھ لے۔ اور اثنائے قرأت میں نہ ہی کوئی دنیاوی کام کرے۔ تو یہ وِرد اُس کے لئے **اسمِ اعظم** کے مثل سریع الاثر والا اجابت ثابت ہو گا۔ اور جو شخص ہمیشہ اِسی ترتیب سے سورہ اخلاص کا ورد کرتا رہے گا۔ تو وہ شخص دنیا و آخرت کے ہر شر سے بچ کر ہر بھلائی و نیکی کو بآسانی پا لے گا۔ اور ایسے شخص پر تجلیاتِ الٰہیہ کا دروازہ کھل جائے گا۔ جس کی علامات یہ ہیں۔ کہ! وہ تجلیات کا بعین مشاہدہ تمام موجودات میں کرے گا۔ انشاء اللہ۔

☆ حضرت شیخ العلمائے ہند شاہ عبدالحق محدث دہلویؒ اپنے مکتوبات میں فرماتے ہیں۔ کہ جو شخص روزانہ **سورہ اخلاص** (ایک ہزار مرتبہ) کو معہ تسمیہ بحالتِ تنہائی (دَر یک نشست) روزانہ پڑھنے کا معمول بنا لے۔ تو ایسے شخص کو شروع میں عالمِ رویاء کے اندر اور کچھ عرصہ گزرنے کے بعد بحالتِ بیداری بھی زیارت النبی ﷺ کا بار بار شرف حاصل ہوتا رہتا ہے۔ لہذا چاہیئے۔ کہ **سورہ اخلاص** کو ایک ہزار مرتبہ اِس طرح پڑھتا رہے۔ کہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود و سلام پڑھا جائے۔ ایسے شخص کی تمام دینی و دنیاوی حاجات از خود پوری ہوتی رہتی ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل و کرم ہمیشہ اس کے ساتھ رہتے ہیں۔

سورہ یٰسین شریف کے فضائل و خصائص :

☆ حضرت انسؓ، آنحضور نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ کہ ہر شئے کا قلب ہوتا ہے۔ اور قرآن شریف کا قلب یٰسٓ (یعنی سورہ یسین شریف) ہے۔ جو اس کو پڑھے گا۔ تو اس کے پڑھنے سے اس کو دس قرآن پڑھنے کا ثواب ملے گا۔ (جامع ترمذی شریف) ☆ حضرت علی المرتضیٰؓ، آنحضور نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ کہ! آپ ﷺ فرماتے ہیں۔ یٰسٓ پڑھا کرو۔ کیونکہ اس میں دس برکتیں ہیں۔ اگر بھوکا اس کو پڑھتا ہے۔ تو آسودہ ہو جاتا ہے۔ اگر پیاسا پڑھتا ہے۔ تو اسے سیرابی حاصل ہوتی ہے۔ اگر ننگا پڑھتا ہے۔ تو اسے لباس میسر آتا ہے۔ اور اگر کوئی مجرد اسے پڑھتا ہے۔ تو اس کا نکاح ہو جاتا ہے۔ اور اگر کوئی دہشت زدہ اس کو پڑھتا ہے۔ تو امن نصیب ہوتا ہے۔ اور اگر کوئی قیدی اسے پڑھتا ہے۔ تو اسے قید سے رہائی ملتی ہے۔ اور اگر کوئی مسافر اسے پڑھتا ہے۔ تو سفر میں اس کی اعانت ہوتی ہے۔ اور اگر کوئی ایسا شخص اسے پڑھتا ہے۔ جس کی شئے گم ہو گئی ہو۔ تو وہ اسے مل جاتی ہے۔ اور اگر کوئی مریض اسے پڑھتا ہے۔ صحت یاب ہو جاتا ہے۔ اور اگر کسی میت کے پاس اسے کوئی پڑھتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس پر آسانی فرما دیتا ہے۔ ☆ طبرانی سے مروی ہے۔ کہ! جو یٰسٓ کے پڑھنے پر مدامت کرے گا۔ تو وہ شہید مرے گا۔ (ان شاء اللہ) ☆ حضرت علی المرتضیٰؓ سے روایت ہے کہ حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے سورہ

یٰسین شریف غور سے سنی تو یہ اس کے لئے راہ خدا میں بیس دیناروں کے برابر ہوگی۔ اور جس نے سورہ یٰسین پڑھی یہ اس کے لئے بیس مقبول حجوں کے برابر ہوگی۔ اور جس نے اسے لکھا اور پی لیا اس کے پیٹ میں ایک ہزار نور، ایک ہزار رحمتیں اور ایک ہزار برکتیں داخل ہوگئیں اور اس کے دل سے ہر کھوٹ اور بیماری نکل گئی۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) (**کنز العلوم**) ☆ حضرت علی المرتضیٰ ؓ سے روایت ہے کہ حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا **سورہ یٰسین** پڑھ، کیونکہ ! سورہ یٰسین میں دس برکتیں ہیں (جو کہ مندرجہ ذیل ہیں) ☆ جو بھوکا اسے پڑھے گا۔ وہ سیر ہو جائے گا۔ ☆ جو پیاسا اسے پڑھے گا۔ وہ سیراب ہوگا۔ ☆ جو ننگا اسے پڑھے گا۔ وہ کپڑا پہنے گا۔ ☆ جو غیر شادی شدہ اسے پڑھے گا۔ اس کی شادی ہو جائے گی۔ ☆ جو خوفزدہ اسے پڑھے گا۔ وہ بے خوف ہو جائے گا۔ ☆ جو قیدی اسے پڑھے گا۔ وہ رہا ہو جائے گا۔ ☆ جو مسافر اسے پڑھے گا۔ اس کے سفر پر اس کی مدد کی جائے گی۔ ☆ جو مقروض اسے پڑھے گا۔ اس کا قرض ادا ہو جائے گا۔ ☆ ایسا آدمی جس کی کوئی چیز کھو گئی ہو۔ وہ (جب سورہ یٰسین کو) پڑھے گا۔ تو اسے وہ (کھوئی ہوئی) چیز مل جائے گی۔ ☆ جو اسے (سورہ یٰسین کو) میت کے قریب پڑھے گا تو اس (سورہ یٰسین کے پڑھنے سے) سے (اس میت کے عذاب میں) تخفیف ہوگی۔ (**کنز العلوم**) ☆ جامع ترمذی شریف اور دارمی میں حضرت انس ؓ روایت ہے۔ فرمایا کہ! ہر شئے کا دل ہوتا ہے۔ قرآنِ مجید کا دل سورہ یٰسٓ ہے۔ جس نے (سورہ) یٰسین پڑھی۔ اللہ تعالیٰ اس کی قرآت پر دس قرآن پڑھنے کا ثواب لکھ دیتے ہیں۔ ☆ شعب الایمان میں حضرت ابو ہریرہ ؓ روایت ہے۔ فرمایا کہ! جس نے ہر رات (سورہ) یٰسین پڑھی۔ اس کی مغفرت کردی جائے گی۔ ☆ شعب الایمان میں حضرت ابو ہریرہ ؓ روایت ہے۔ فرمایا کہ! جس نے رات کو یٰسین پڑھی۔ صبح کو بخشش شدہ اُٹھے گا۔ ☆

ابوداؤد، نسائی اور ابنِ حبان نے معقل بن یسار کی حدیث سے روایت کی ہے کہ (سورہ) یٰسین قرآنِ پاک کا قلب ہے کوئی شخص اُس کو اللہ تعالیٰ سے ثواب اور آخرت کی خوبی حاصل کرنے کا ارادہ کرکے نہ پڑھے گا مگر یہ کہ اُس کی مغفرت ہو جائے گی تم اِس (سورہ یٰسین شریف) کو اپنے مُردوں پر پڑھو۔'' ☆ ترمذی اور دارمی نے انس ؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''ہر ایک چیز کا ایک قلب ہوا کرتا ہے اور قرآنِ پاک کا قلب سورہ یٰسین ہے۔ (لہٰذا) جو شخص محض رضائے الٰہی کی طلب میں رات کے وقت سورہ یٰسین پڑھے گا۔ اُس کی مغفرت کردی جائے گی۔'' ☆ طبرانی نے انس ؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''جو شخص ہر رات کو (محض رضائے الٰہی کی طلب میں) سورہ یٰسین کی قرأت پر مداومت کرے گا اور پھر وہ مرجائے۔ تو وہ شہید ہوکر مرے گا۔''

(بقول **البلوشی**) حق کو پانے اور اپنی عبادات (اذکار، مشاغل ومراقبات وغیرہا) میں لذت وتاثیر کے حصول کے لئے بہترین وقت تہجد کا ہے۔ اس وقت سورہ یسین سے قربِ الٰہی ضرور حاصل ہوتا ہے۔ کیونکہ اس وقت قرآن کا دل سورہ یسین، رات کا دل (وقت تہجد) اور انسان کا دل، یہ تینوں (دل) مجتمع ہوتے ہیں۔

قضائے حوائج کے مجرب المجرب اعمال: (فضائلِ سورہ یٰسین شریف)

اگر کوئی شخص (مسلمان صحیح العقیدہ) بعد نمازِ عشاء دو رکعت بنیتِ قضائے حاجت سورہ یٰسین کو اکتالیس (**41**) مرتبہ اِس طرح سے پڑھے۔ کہ! ہر خاتمہ سورہ یٰسین شریف کے عقب پر تین مرتبہ یہ کہے۔ **یا من یقول للشئی کن فیکون. افعل بی کذا و کذا (حاجت کا نام) بحق سلٰم ۚ قولا من رب رحیمo**۔ چنانچہ مقصد ومطلب اِس سورہ مبارکہ کو اس ترتیب سے پڑھنے والے کا ضرور بالضرور پورا کیا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

حضرت سید محمد یوسف شریف اہندی افغانی ؒ فرماتے ہیں۔ سورہ یٰسین شریف کو اکتالیس مرتبہ پڑھنے میں کافی وقت لگ جاتا ہے۔ (کیونکہ بعض علمائے کرام اور عوام الناس نے جب بھی سورہ یٰسین شریف کو **41** مرتبہ اپنی کسی جائز حاجت برآری کے لئے پڑھا ہے۔ اسے کامیابی نصیب ہوئی ہے۔ اور یہ طریقہ بھی لوگوں کا انتہائی مجرب المجرب طریقہ ہے۔ بہرحال) سورہ یٰسین کو کم وقت میں اور سرعتِ اجابت کے حوالے سے اُن کا اپنا ایک نہایت ہی مجرب طریقہ یہاں پیش کیا جاتا ہے۔ (یاد رہے۔ کہ اِس طریقہ کو احقر (**عبدالرؤف البلوشی**) نے خود بھی آزمایا۔ اور چند احباب کو بھی بتایا۔ ہم سب نے بہت مجرب پایا)

سورہ یٰسین شریف کو فقط **11** مرتبہ ایسے پڑھنا ہے۔ کہ! پہلی مرتبہ مکمل سورہ یٰسین خالصتاً اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے حصول کے لئے پڑھیں۔ اس کے بعد اپنی حاجت برآری کے تصور وتخیل کے ساتھ **10** مرتبہ سورہ یٰسین شریف اس طرح سے پڑھے۔ کہ! پہلے نو مرتبہ تک سورہ یسین شریف میں آیتِ کریمہ (**سلٰم ۚ قولا من رب رحیمo**) کی تکرار کو ہر مرتبہ میں **81** مرتبہ پڑھا جائے گا۔ مگر دسویں اور آخری مرتبہ میں اسی آیتِ کریمہ کو **89** مرتبہ پڑھا جائے گا۔ (یعنی کہ! سورہ یٰسین شریف کی کل تعداد **11** ہوگی۔ جبکہ آیتِ کریمہ کی کل تعداد **818** ہو جائے گی۔ انشاء اللہ) یہ واقعی بہت ہی مجرب طریقہ ہے۔ اگر چند ایام میں حاجت پوری نہ ہو۔ تو صاحبِ عمل ہٰذا کو چاہیئے۔ کہ! اپنے تئیں ذرا سا غور وفکر کرے۔ اُس نے لازماً کہیں کوئی غلطی یا کوتاہی کی ہوگی۔ **و ما توفیقی الا باللہ**۔

اسلام وہ نہیں شجر کہ جس نے پائی پانی سے غذا   دیا خون صحابہ ؓ نے تو اس میں آئی بہار کی فضاء

سورہ یٰسین کے خصائص: حضرت قدرت اللہ شہاب ؒ اپنی کتاب ''**شہاب نامہ**'' کے آخری باب ''**چھوٹا منہ بڑی بات**'' میں رقم طراز ہیں۔ کہ! گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورہ یٰسین شریف اس طرح پڑھی جائے۔ کہ ہر مبین پر رک کر سورہ فاتحہ معہ تسمیہ سات مرتبہ پڑھی جائے۔ سورہ یٰسین شریف ختم کرنے کے بعد آخر میں بھی گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھا جائے۔ اس کے بعد اپنی حاجت برآری کی دعا مانگی جائے۔ یہ تلاوت اس وقت تک ہر روز جاری رکھی جائے۔ جب تک کہ دل میں اپنی حاجت کے بارے میں سکون یا اطمینان پیدا نہیں ہو جاتا۔ یوں بھی کسی خاص حاجت یا ضرورت کے بغیر ہر جمعۃ المبارک کو ایک مرتبہ ایسا کرنا باعثِ برکت ہے۔ اور زندگی میں سہولت اور تازگی کے عناصر بڑھتا ہے۔

بندوں کے فہم وعقل کی ایک حد ہے وہ بھی ہیچ   کرتا ہے خود وہ اپنی خدائی کا انتظام آپ

آیت الکرسی کے خصائصِ قدسیہ : (عمل از خزینۃ الاسرار جناب علامہ حقی نازلی)

جو شخص آیت الکرسی شریف کو اُس کے حروف کی تعداد (170) مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ تو دنیا کی ہر منزل، جس کو طلب کرے گا پالے گا۔ اور اگر رزق کے کشائش کے لئے پڑھے، یا قرض کے پورا کرنے کے لئے یا کسی غم کے دور کرنے کے لئے یا قید سے آزاد ہونے کے لئے یا ہلاکت و تکلیف سے بچنے کے لئے پڑھے۔ تو یہ سب مرادیں اُس کی پوری ہوں گی۔ (انشاء اللہ) لیکن اگر جلدی آیت الکرسی کی تاثیر کا ظاہر ہونا منظور ہو تو پانچوں فرض نمازوں کے بعد اور نصف شب میں بھی روبقبلہ بحالت وضو اسی تعداد میں پڑھنے کا معمول بنالے۔ اور اگر حروف کی تعداد کے مطابق کسی بادشاہ یا حکمران کے سامنے پڑھے تو بادشاہ و حکمران اُس (آیت الکرسی کو 170 مرتبہ پڑھنے والا) کی بہت عزت و تکریم کرے گا۔ انشاء اللہ۔ ☆ آیت الکرسی شریف کے کچھ مزید فوائد یہ بھی ہیں۔ کہ! صاحب مجربات دیربیؒ فرماتے ہیں۔ واضح ہو کہ! آیت الکرسی کے ٹوٹل حروف ایک سو ستر (170) ہیں۔ اور اِس کے کُل کلمات (یعنی الفاظ) کی تعداد پچاس (50) ہے۔ اور اِس کے فصول سات ہیں۔ بعضوں نے کہا ہے۔ سترہ ہیں۔ ☆ چنانچہ جو کوئی (مسلمان شخص) اِس کو (یعنی آیت الکرسی کو) اول روز پڑھے۔ تو وہ شخص پورا دن شر شیطان و ایذائے انسان سے مکمل امان میں رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ☆ اور جو شخص اول شب سے (یعنی بعد نماز مغرب) آیت الکرسی کو پڑھے گا۔ تو وہ بھی پوری رات شر شیطان و ایذائے انسان سے مکمل امان میں رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ☆ اور جو شخص نصف شب اُٹھ لکھ کر بطریقِ احسن وضو کر کے تنہائی میں آوازِ مردم سے دور ہو کر آیت الکرسی کو بعد دحوف (یعنی ایک سو ستر مرتبہ) تلاوت کرے گا۔ اور حق تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے گا۔ تو اُس کی حاجت برآئے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ☆ اور جو شخص آیت الکرسی کو رسولوںؑ، اصحاب بدر اور اصحابِ طالوت کے شمار (یعنی 313 مرتبہ) کے مطابق تلاوت کر کے اِنہیں کے توسط و توسل سے دعا مانگے۔ اور حق تعالیٰ سے اپنی بابت دَر اُمور دِین و دُنیا کسی قسم کی کوئی حاجت طلب کرے گا۔ تو اُس کی حاجت (اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل و کرم اور اِذن سے) ضرور برآئے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ☆ ابن مردویہؒ نے حضرت ابن عباسؓ سے روایت کی ہے۔ کہ! ''جس وقت رسول اللہ ﷺ آیت الکرسی پڑھا کرتے تھے۔ تو ہنس کر فرماتے۔ کہ یہ آیت زیرِ عرش سے کنز الرحمان کا تحفہ ہے۔'' ☆ ابو عبید نے حضرت علی المرتضیٰؓ سے روایت کی ہے۔ کہ حضرت علی المرتضیٰؓ نے فرمایا۔ کہ! ''آیت الکرسی تمھارے نبی ﷺ کو زیرِ عرش کے ایک خزانہ سے عطا کی گئی ہے۔ اور تمھارے نبی ﷺ سے قبل یہ آیت کسی (نبیؑ) کو نہیں عطا کی گئی تھی۔'' ☆ حضرت علی المرتضیٰؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو اِس منبر مبارک کی لکڑیوں پر یہ کہتے ہوئے سنا کہ جس نے ہر نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھی اُسے (یعنی ہر نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھنے والے کو) جنت میں داخل ہونے سے فقط موت ہی روکے ہوئے ہے۔ اور جس نے بستر پر لیٹے وقت آیت الکرسی پڑھی۔ اللہ تعالیٰ اسے اس کے اپنے گھر اور اردگرد کے گھر والوں پر امن عطا فرمائے گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) ☆ حضرت ابی بن کعبؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی کتاب (قرآنِ مجید) کی سب سے زیادہ عظمت والی آیت کون سی ہے؟ میں نے عرض کیا (کہ) اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ ہی بہتر جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے دوبارہ (یہی) دریافت کیا کہ اللہ تعالیٰ کی کتاب (قرآنِ مجید) کی سب سے زیادہ عظمت والی آیت کون سی ہے؟ میں نے عرض کیا (کہ) **اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم۔۔** (یعنی آیت الکرسی) آپ ﷺ نے میرے سینے پر ہاتھ مارتے ہوئے کہا، اے ابو المنذر! تمھیں اِس بات کا علم مبارک ہو۔ (صحیح مسلم)

☆ حضرت علیؓ نے آنحضور نبی مکرم ﷺ سے روایت کی ہے۔ کہ! آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ! آیت الکرسی اور سورہ فاتحہ اور سورہ آلِ عمران کی دو آیات (**شھد اللہ انہ لا الہ الا ھو** ۔ اور **قل اللھم مالک الملک ۔۔**) کو جب اللہ تعالیٰ نے نازل فرمانے کا ارادہ کیا۔ تو یہ (سورہ اور آیتیں) عرش میں معلق ہو گئیں۔ اور کہنے لگیں۔ کہ کیا آپ ہم کو زمین پر اور گناہ گاروں پر نازل کئے دیتے ہیں۔ (تو) اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔ کہ (مجھے) اپنی عزت و جلال کی قسم! میرے بندوں میں کوئی ایسا نہیں۔ کہ ہر نماز کے بعد تم کو پڑھا کرے۔ اور پھر بھی (مَیں) اُس کا ٹھکانہ جنت نہ بناؤں۔ اور حظیرۃ القدس میں اُس کو سکونت پذیر نہ کروں۔ اور ہر روز اس کی طرف نظر نہ کروں۔ اور ہر روز اُس کی ستر حاجتیں پوری نہ کر دیا کروں۔ کہ جن میں سے ادنیٰ درجہ مغفرت (کا) ہے۔ ☆ حدیثِ پاک میں آیا ہے۔ کہ! جو بے چینی کے وقت آیت الکرسی اور سورہ بقرہ کی آخری آیتیں پڑھے گا۔ (تو) اللہ تعالیٰ اُس کی فریاد رسی کرے گا۔ (ابنِ سنی)

آیت الکرسی کے خصائص: (امام ابو العباس احمد بن علی البونی القرشیؒ)

آیت الکرسی کے حروف کی تعداد 170 پر جو مشتمل ہے) کو جو شخص اپنی تمام عمر میں فقط ایک مرتبہ آیت الکرسی کو ایک سو ستر مرتبہ پڑھے گا۔ تو کوئی شخص اُس کے دین و دنیا میں اُسے نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ اور وہ تمام ظالمین کے شر اور شیطانی وساوس سے محفوظ رہے گا۔ اور جو شخص بتعدادِ مذکورہ کسی خالی مکان (یا کمرے) میں آیت الکرسی کو اِسی تعداد میں پڑھا کرے گا تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی تمام حاجات کو پورا فرمائے گا۔ ایک سو ستر مرتبہ پڑھنے والی بات ایک مصدقہ و مجربہ امر ہے۔ جس میں کسی بھی قسم کے شک وشبہ کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اور جو شخص اِسی تعداد کے موافق پانچوں نمازوں میں فرائض یا سنن کے بعد پڑھنے کا معمول بنالے۔ تو وہ تمام لوگوں کے نزدیک محبوب ہوگا۔ بلکہ تمام علوی و سفلی روحانیات چند ہی ماہ میں اُس کے تابع فرمان ہو جائیں گیں۔ اور جو شخص وسعتِ رزق چاہے۔ تو وہ آیت الکرسی کو ایک سو ستر مرتبہ پڑھ کر اِن اسمائے الٰہیہ کو تین ہزار مرتبہ پڑھا کرے۔ اسماء یہ ہیں۔ **یا کافی . یا غنی . یا فتاح . یارزاق** ۔ تو کچھ ہی عرصے میں اللہ تعالیٰ ایسے شخص پر رزق کے وسیع دروازے کھول دے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ نیز امام بونیؒ نے فرمایا ہے کہ جو شخص آنحضرت رسالت مآب ﷺ کے اسمائے مقدسہ کی تعداد (200) کے مطابق آیت الکرسی پڑھے گا۔ اور آیت الکرسی کی اِس تعداد کی تکمیل کے بعد وہ شخص اپنے کسی دینی یا دنیاوی امر میں اللہ تعالیٰ سے اپنا کوئی مقصد و غایت طلب کرے گا۔ تو اللہ تعالیٰ اُس کی حاجت ضرور پوری فرمائے گا۔ **سبحان اللہ** .

صاحب خزینۃ الاسرار جناب علامہ حقی نازلیؒ فرماتے ہیں کہ! جو شخص آیت الکرسی میں سے مستخرج پانچ اسمائے الٰہیہ (**یـاالـلہ . یا حی . یا قیوم . یا علی . یا عظیم**) کو تین سو تیرہ مرتبہ یا اِس سے زیادہ پڑھنے کا روزانہ معمول بنالے۔ تو یہ وظیفہ اُس کے لئے بمثل کبریت احمر اور اکسیرِ اعظم کے ہوگا۔ اور اِس عظیم وظیفہ کے سبب وہ ہر قسم کے تصرفات کا حامل ہوگا۔ کیونکہ اِن مخصوص اعداد (**313**) میں ایک ایسی خاصیت اور سرِ عظیم موجود ہے۔ جو اور عددوں میں نہیں پائی جاتی۔ یاد رہے کہ اللہ تعالیٰ کے جملہ انبیائے کرامؑ کی تعداد (کم وبیش) ایک لاکھ چوبیس ہزار ہے اور اِن جملہ انبیائے کرامؑ میں رسولوںؑ کی تعداد تین سو تیرہ (**313**) ہے۔ اور یہی تعداد اصحابِ بدرؓ اور اصحابِ طالوتؓ کی بتائی جاتی ہے۔

آیت الکرسی کے وہ خصائص: (جن کو امام محی الدین ابنِ عربیؒ نے بیان فرمایا ہے)

جو شخص آیت الکرسی کو اُس کے حروف کی تعداد (**170**) کے مطابق پڑھے گا۔ تو ایسا شخص سلاطین، وُزراء اور قضاء کے نزدیک نہایت معزز و مکرم و مرغوب و محبوب و معظم مانا جائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ اُس پر ہر ہر حرف کے عوض نیکی و بھلائی کے دروازے کھول دے گا۔ اور ایسے شخص کو علم خزائن، علوم مکنونہ، علوم معالجہ اور علوم کشفیہ اُسے سکھلائے گا۔ اور اُس کے ظاہر و باطن کو علم وحکمت سے مالا مال کردے گا۔ علاوہ ازیں تمام مَردوں وعورتوں اور جنات وشیاطین کو اُس کے تصرف میں کردے گا۔ اور جو شخص آیت الکرسی کو رات یا دن میں روزانہ چالیس ایام تک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ تو اللہ تعالیٰ کی قسم ہے۔ جو لائق پرستش وعظمت و بزرگی والا ہے۔ ایسے شخص پر تمام عالم روحانی منکشف ہوگا۔ اور فرشتے اُس کی زیارت کو آئیں گے۔ اور اُس کی تمام مُرادیں پوری ہوں گی۔ اور جو شخص ہر روز ایک ہزار مرتبہ آیت الکرسی کو (ہمیشگی کے ساتھ) پڑھنے کا معمول بنالے۔ تو اُسے کسی بھی چیز کی ضرورت نہیں رہے گی۔ ایسا شخص نان ونفقہ، مال و دولت اور دیگر ضروریات زندگی سے مستغنی و بے نیاز ہو جائے گا۔ کیونکہ اُس کی تمام حاجات دینی و دنیاوی از خود پوری ہوتی رہیں گی۔ یہ بات یاد رہے کہ حاجات برآری، علوم و اسرار کے انکشاف کے لئے آیت الکرسی کا ہمیشہ ہزار مرتبہ پڑھنا اِس قدر بے نظیر، عظیم الشان وظیفہ ہے جس کا کوئی ثانی وظیفہ نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ آیت الکرسی قرآنِ کریم کی اعظم ترین آیت ہے۔ نیز اِس میں عجائب وغرائب کے اسرار، علوم وانکشافات کے ساتھ ساتھ بحالتِ خواب و عالم بیداری میں آنحضرت رسالت مآب ﷺ کی زیارت ہونے کی سعادتِ عُظمٰی بھی پوشیدہ راز ہے۔ یعنی زیارت النبی ﷺ اور زیاراتِ انبیائے کرامؑ بھی اِس وظیفہء عظیمہ کی خصائص میں شامل ہے۔ بہر حال ایسے شخص کو کسی اور ریاضت و وظیفہ کی ضرورت نہیں رہتی۔ ☆ حدیثِ پاک میں آیا ہے۔ کہ! جس کو یہ بات پسند ہو۔ کہ اس کا گھر خیر و برکت سے بھر جائے۔ تو اسے چاہیئے۔ کہ آیت الکرسی کو بکثرت پڑھا کرے۔ اور جو کوئی وضو کے بعد اسے پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے چالیس درجے بلند فرمائے گا۔ اور ہر حرف سے ایک فرشتہ پیدا کرے گا۔ جو قیامت تک پڑھنے والے کے لئے دُعا کرتا رہے گا۔ (ان شاءاللہ) **سبحان اللہ و بحمدہ** ☆ حدیثِ پاک میں آیا ہے۔ کہ! جو کوئی اس (یعنی آیت الکرسی) کو سوتے وقت پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر صبح تک رحمت کے دروازے کھلے رکھے گا۔ اور اس کے بدن پر جتنے بال ہوں گے۔ ہر بال کے عوض اس کو نور کا ایک شہر ملے گا۔ اور اگر اسی شب اس کا انتقال ہو جائے۔ تو وہ (یعنی وہی شخص کہ جس نے پڑھتے وقت آیت الکرسی پڑھی ہوگی) شہید مرے گا۔ **سبحان اللہ و بحمدہ** ☆ حدیثِ پاک میں آیا ہے۔ کہ! جو کوئی اس (آیت الکرسی) کو غروبِ آفتاب کے وقت چالیس مرتبہ پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے لئے چالیس حج کا ثواب لکھے گا۔ ☆ حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے۔ کہ! جو گھر سے نکلتے وقت آیت الکرسی پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اُس کے لئے ستر ہزار فرشتے مقرر فرمادے گا۔ جو سامنے سے، پیچھے سے، داہنے سے، بائیں سے، غرض یہ کہ چاروں اطراف سے اس کی حفاظت کرتے رہیں گے۔ اور واپسی سے قبل مرجائے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کو ستر شہیدوں کا ثواب عنایت فرمائے گا۔ (ان شاءاللہ) ☆ حضرت ابوہریرہؓ نے حضور نبی کریم ﷺ سے روایت کی ہے۔ کہ جو شخص گھر سے نکل کر آیت الکرسی پڑھے گا۔ (تو) اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے بھیجے گا۔ جو اس کے لئے دُعا اور استغفار کیا کریں گے۔ اور جب واپس آکر اپنے گھر میں داخل ہوگا۔ اور آیت الکرسی پڑھے گا۔ (تو) اللہ تعالیٰ اُس کی آنکھوں کے سامنے سے فقر کو دور فرمادے گا۔ (ان شاءاللہ) ☆ حضور نبی کریم ﷺ سے مروی ہے۔ کہ! جو ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھا کرے۔ تو اُس کی روح قبض کرنے والا خود خدائے ذوالجلال والاکرام ہو۔ اور ایسا رتبہ پائے۔ گویا کہ انبیاءؑ کی ہمراہی میں یہاں تک لڑا۔ کہ شہید ہوگیا۔ ☆ حضور نبی کریم ﷺ سے مروی ہے۔ کہ! جو ہر نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھا کرے۔ اس کے لئے ساتوں آسمان شگاف یافتہ ہو جائیں گے۔ اور اُن کا شگاف ہرگز نہ جڑے گا۔ جب تک کہ اللہ تعالیٰ پڑھنے والوں کی طرف نظر نہ کرلے۔ ☆ حضرت علیؓ سے روایت ہے۔ کہ! میں نے تمہارے نبی کریم ﷺ کو منبر پر کہتے ہوئے سنا ہے۔ کہ جو ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھے گا۔ اس کو سوائے موت کے دخولِ جنت سے کوئی شئے نہ روکے گی۔ (ان شاءاللہ) اور اگر اس کو سوتے وقت پڑھے گا۔ (تو) اللہ تعالیٰ اس کو اور اس کے پڑوسی کو اور اس کے پڑوسی کے پڑوسی کو اور (اُن) جملہ مکانات کو جو اس کے اردگرد ہوں گے۔ امن میں رکھے گا۔ (ان شاءاللہ) ☆ حضرت سلمان فارسیؓ، آنحضور نبی مکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ کہ جو آیت الکرسی پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اُس پر سکرات الموت کو آسان فرمادے گا۔ اور فرشتوں کا گزر جب کبھی (کسی) ایسے مکان پر ہوتا ہے۔ جس میں آیت الکرسی ہو۔ تو وہ تالی بجاتے ہیں۔ اور جب کبھی ایسے مکان پر ہوتا ہے۔ جس میں ''قل ھو اللہ احد۔۔۔'' ہو تو سجدہ کرتے ہیں۔ اور جب کبھی ایسے مکان پر ہوتا ہے۔ جس میں سورہ حشر کی آخری آیتیں ہوں۔ تو گھٹنوں کے بل بیٹھ جاتے ہیں۔ ☆ حضور نبی کریم ﷺ سے مروی ہے۔ کہ! جس گھر میں شیطان ہو۔ اور (اُس شیطان سکونت گھر میں) آیت الکرسی پڑھی جائے۔ تو وہاں سے شیطان نکل جاتا ہے۔ ☆ حدیثِ پاک میں آیا ہے۔ کہ! حضرت جبرائیلؑ نے حضرت رسالت مآب ﷺ کو خبر دی۔ کہ اے محمد ﷺ! ایک سرکش جن آپ ﷺ سے مکر و دغا کرنا چاہتا ہے۔ آپ ﷺ آیت

الکرسی پڑھ کراُس ے بھگا دیجئے۔ ☆ حدیثِ پاک میں ہے۔ جواس کو (یعنی آیت الکرسی کو) ایک مرتبہ پڑھتا ہے۔اس کا نام اشقیاء کے دفتر سے مٹا دیا جاتا ہے۔اور جو دومرتبہ پڑھتا ہے۔اس کا نام نیک بختوں کے دفتر میں لکھ دیا جاتا ہے۔اور جو تین مرتبہ اس کو پڑھتا ہے۔تو فرشتے اُس کے لئے استغفار کرتے ہیں۔ اور جواس کو چار مرتبہ پڑھتا ہے۔تو انبیائے کرامؑ اس کی شفاعت کرتے ہیں۔اور جو پانچ مرتبہ اس کو پڑھتا ہے۔اس کا اسرار کے دفتر میں نام درج کر دیا جاتا ہے۔اور جواس کو چھ مرتبہ پڑھتا ہے۔اس کے لئے سمندر کی مچھلیاں استغفار کرتی ہیں۔اور (آیت الکرسی کے پڑھنے والا) شیطان کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔اور جو کوئی اس کو سات مرتبہ پڑھتا ہے۔جہنم کے ساتوں دروازے اس پر بند ہو جاتے ہیں۔اور جواس کو آٹھ مرتبہ پڑھتا ہے۔تواس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھل جاتے ہیں۔اور جواس کو نومرتبہ پڑھتا ہے۔تو دنیا و آخرت کی فکر سے آزاد ہو جاتا ہے۔اور جو دس مرتبہ پڑھتا ہے۔تو اللہ تعالیٰ کی اس پر نظر ہو جاتی ہے۔اور پھر وہ اس کو (یعنی آیت الکرسی پڑھنے والے کو) کبھی عذاب نہ دے گا۔ (ان شاء اللہ)

فضیلت سورہ قرآنیہ :

☆ جامع ترمذی میں آیا ہے۔کہ! حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے۔کہ! حبیب العالمین ﷺ نے فرمایا۔ جو کسی رات میں **سورہ دُخان** پڑھے گا۔تو صبح ہونے تک ستر ہزار فرشتے اس کے لئے مغفرت کی دعا کرتے رہیں گے۔ (انشاء اللہ) ☆ جامع ترمذی میں آیا ہے۔کہ! حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے۔کہ! رسولِ معظم ﷺ نے فرمایا۔کہ! بے شک قرآنِ مجید میں تیس آیتوں پر مشتمل ایک سورہ ایسی ہے۔ جو اپنے قاری کے لئے شفاعت کرتی رہے گی۔ یہاں تک کہ اس کی مغفرت کر دی جائے گی۔ (اسی لئے یہ قدیم رواج ہے۔کہ لوگ رات کو سونے سے پہلے **سورہ ملک** لازمی پڑھ کر ہی سوتے ہیں) ☆ جامع ترمذی میں آیا ہے۔کہ! حضرت انسؓ سے روایت ہے۔کہ! نبی مکرم ﷺ نے ایک صحابیؓ سے فرمایا۔کہ! اے فلاں! کیا تم نے شادی کر لی ہے؟ تو اس نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! اللہ تعالیٰ کی قسم! نہیں۔ (کیونکہ) میرے پاس شادی کرنے کے لئے کچھ نہیں۔فرمایا۔کیا تمھیں ''**قل ھو اللہ احد** ۔۔۔'' یاد نہیں۔اس نے عرض کیا۔کیوں نہیں۔آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔یہ تہائی قرآن کے برابر ہے۔ پھر فرمایا۔ کیا تمھیں ''**اذا جاء نصر اللہ والفتح** ۔۔۔'' یاد نہیں۔اس نے عرض کیا۔کیوں نہیں۔آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔یہ چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔پھر فرمایا۔ پھر دریافت فرمایا۔ کیا تمھیں ''**قل یا یھا الکفرون** ۔۔۔'' یاد نہیں۔اس نے عرض کیا۔کیوں نہیں۔آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔یہ چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔پھر فرمایا۔پھر دریافت فرمایا۔ کیا تمھیں ''**اذا زلزلت الارض** ۔۔۔'' یاد نہیں۔اس نے عرض کیا۔کیوں نہیں۔آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔یہ چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔پھر فرمایا۔ پھر دومرتبہ ارشاد فرمایا۔شادی کرلو۔ ☆ جامع ترمذی میں ہے۔کہ! حضرت سیدنا ابنِ عباسؓ سے روایت ہے۔کہ! نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! **اذا زلزلت الارض** ۔۔۔'' نصف قرآن کے برابر ہے۔**قل ھو اللہ احد** ۔۔۔'' تہائی قرآن کے برابر ہے۔اور **قل یا یھا الکفرون** ۔۔۔'' چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔ ☆ نمیں ابنِ مسعودؓ روایت ہے۔کہ! جس نے رات کے پہر سورہ بقرہ کی آخری دو آیات پڑھیں۔یہ اس کے لئے کافی ہو جائیں گیں۔ (انشاء اللہ) ☆ صحیح مسلم میں ابی امامہؓ روایت ہے۔کہ! قرآن پڑھو۔کیونکہ یہ روزِ قیامت اپنے اصحاب کے لئے شفاعت گار بن کر آئے گا۔ دو روشن سورتیں یعنی سورہ بقرہ اور سورہ آلِ عمران پڑھو۔کیونکہ وہ روزِ حشر اپنے پڑھنے والوں پر بادل کی مانند چھا جائیں گی۔ یا صف در صف پرندوں کے غول کی مانند آئیں گی۔اور اپنے پڑھنے والوں کی حمایت میں جھگڑا کریں گی۔سورہ بقرہ پڑھو۔کیونکہ اس کا پڑھنا باعثِ برکت اور ترک کرنا باعثِ حسرت و ندامت ہے۔باطل لوگ اس کی ہمت نہیں رکھتے۔ **سبحان اللہ و بحمدہ .** ☆ صحیح مسلم میں آیا ہے۔کہ! حضرت سیدنا عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے۔کہ! نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔کیا تم جانتے ہو کہ گذشتہ رات کچھ ایسی آیتیں نازل ہوئیں۔جن کی مثل کوئی آیت نہیں۔وہ **قل اعوذ برب الفلق** ۔۔ اور **قل اعوذ برب الناس** ۔۔۔ ہیں۔ ☆ سنن ابوداؤد ونسائی، جامع ترمذی اور احمد نے عرباض بن ساریہ سے روایت کی ہے کہ آنحضور نبی مکرم ﷺ ہر شب کو سونے سے قبل **سورۃ المسبحات** (**سبح** سے شروع ہونے والی سورتیں۔جو کہ چار ہیں۔سورہ حدید، سورہ حشر، سورہ الصّف اور سورہ اَعلیٰ) کی قرأت فرمایا کرتے تھے اور کہتے تھے کہ اِن سورتوں میں ایک آیت ایسی ہے جو ایک ہزار (1000) آیات سے بہتر ہے۔'' ☆ صحیحین (بخاری ومسلم)، سنن نسائی اور مستدرک للحاکم میں حضرت ابوذرؓ سے روایت ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو تخلیق کرنے سے دو ہزار برس قبل ایک کتاب لکھی۔ جو عرش کے پاس ہے۔ اسی سے دو آیات نازل کیں۔ جن پر سورہ بقرہ کا اختتام فرمایا۔یہ دو آیات کسی گھر میں نہیں پڑھی جاتیں۔مگر شیطان تین رات تک اس گھر کے قریب نہیں پھٹک سکتا۔ ☆ صحیحین (بخاری ومسلم) اور سنن ابنِ ماجہ میں حضرت ابنِ مسعودؓ سے روایت ہے۔کہ! جس نے رات کے (پہلے) پہر سورہ بقرہ کی آخری دو آیات پڑھیں۔یہ اس کے لئے (پوری رات کے لئے) کافی ہو جائیں گی۔ (انشاءاللہ العظیم) ☆ جامع ترمذی شریف میں ابو ہریرہؓ روایت ہے۔کہ! ہر چیز کی کوہان بلند ہوتی ہے۔اور قرآنِ حکیم کی کوہان سورہ بقرہ ہے۔جو آیاتِ قرآنیہ کا سردار ہے۔وہ آیتُ الکرسی ہے۔ ☆ جامع ترمذی شریف میں حضرت عمرؓ روایت ہے۔ (حضور ﷺ) فرمایا کہ! مجھ پر دس ایسی آیات نازل ہوئیں۔جس نے اِن پر عمل کیا۔ (وہ) جنت میں داخل ہو جائے گا۔شروع آیت '' **قد افلح** ۔۔۔ سے دس آیات تک (**اولئک ھم الوٰرثون** ۔تک) ☆ حضرت عثمانؓ فرماتے ہیں۔اگر تمھارے قلوب پاک ہوں جائیں۔تو اللہ تعالیٰ کے کلام سے تم (کبھی بھی) سیر نہ ہو۔ (**کنز العلوم فی سنن الاقوال والافعال**) ☆ سعید بن منصور اور بیہقی وغیرہ نے ابی سعید خدریؓ کی حدیث نبوی

ﷺ سے روایت کی ہے کہ فاتحۃُ الکتاب سم (زہر) سے شفاء ہے۔ ☆ حضرت عثمان ؓ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے زیادہ بہتر، زیادہ نیک اور زیادہ ممتاز وہ ہے جس نے قرآنِ کریم سیکھا اور (دوسروں کو) سکھایا۔(**کنزالعلوم**) ☆ حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مہاجرین وانصار سے فرمایا تم پر قرآنِ کریم لازم ہے اسے پیشوا اور رہبر بناؤ کیونکہ رب العالمین کا وہ کلام ہے جو اسی سے نکلا ہے اور دوبارہ اسی کی طرف لوٹ جائے گا۔(**کنزالعلوم**) ☆ حضرت ابوسعید رافع بن معلیٰؓ سے روایت ہے کہ رسولِ کریم ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ کیا میں مسجد سے نکلنے سے پہلے قرآنِ کریم کی عظیم سورت نہ سکھا دوں؟ آپ ﷺ نے میرا ہاتھ اپنے دستِ مبارک میں لے لیا پھر جب ہم مسجد سے نکلنے لگے، میں نے عرض کی کہ! آپ ﷺ نے فرمایا تھا کہ آپ ﷺ مجھے قرآنِ کریم کی عظیم سورت سکھائیں گے۔آپ ﷺ نے فرمایا (وہ سورہ) **الحمد لله رب العالمين** ۔۔۔سبع مثانی ہے اور قرآنِ عظیم ہے جو مجھے عطا کیا گیا۔(صحیح بخاری)

☆ حضرت عثمان بن عفانؓ کی حدیث سے روایت ہے کہ! ''جو شخص کسی رات میں سورہ آلِ عمران کا آخر پڑھے گا اُس کے حق میں تمام رات قیام کرنے کا ثواب لکھ دیا جاتا ہے۔'' ☆ حاکم نے ابنِ مسعودؓ سے موقوفاً حدیث روایت کی ہے کہ!'' **حوامیم قرآن** کی دیباج (دیباج یعنی ایک بیش بہا نہایت اعلیٰ درجے کا انتہائی قیمتی ریشمی لباس) ہیں۔'' ☆ ترمذی وغیرہ نے ابو ہریرہؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! جس شخص ت میں **سورہ دُخان** پڑھی وہ ایسی حالت میں صبح کرے گا کہ اُس کے واسطے ستر ہزار (**70000**) فرشتے استغفار کرتے ہوں گے۔''

☆ بیہقیؒ نے حضرت علی المرتضیٰؓ کی حدیث سے مرفوعاً روایت کی ہے کہ! ''ہر شئے کی ایک عروس ہوا کرتی ہے۔اور اور قرآنِ پاک کی عروس **سورہ رحمٰن** ہے۔'' ☆ ابن کثیرؒ اپنی تفسیر میں اِس حدیث کے ضمن میں فرماتے ہیں کہ اس حدیث نبوی ﷺ میں جس آیات کی بابت فضیلت بیان ہوئی ہے وہ دراصل سورہ حشر کی آخری آیات (**لو انز لنا هذا القرآن علي جبل لرايته** ۔۔۔۔۔ آخرتک) ہیں۔ ☆ ابن السنیؒ نے حضرت انسؓ سے روایت کی ہے کہ! ''نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو ہدایت فرمائی کہ جب تو اپنی خواب گاہ میں آیا کرے تو سورہ حشر پڑھ لیا کر۔اور فرمایا کہ اگر تو اِس اثناء میں مَر جائے گا تو شہید مرے گا۔'' ☆ حضرت امام ترمذیؒ نے یسار بن معقلؓ کی ایک حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''جو شخص صبح کے وقت تین مرتبہ **اعوذ بالله السميع العليم من الشيطٰن الر جيم** پڑھ کر ایک مرتبہ سورہ حشر کی آخری آیات (**هو الله الذى لا اله الا هو** ۔۔۔آخرتک) ایک مرتبہ صبح پڑھے۔تو شام تک ستر ہزار(**70000**) فرشتے اُس کے لئے استغفار کریں۔اوراس دن مرے تو شہید ہو۔اور شام کو پڑھے تو صبح تک یہی حکم ہے۔'' ☆ ایک حدیث میں ہے کہ! ''جو شخص صبح کے وقت تین مرتبہ **اعوذ بالله السميع العليم من الشيطٰن الر جيم** پڑھ کر ایک مرتبہ سورہ حشر کی آخری آیات (**هو الله الذى لا اله الا هو** ۔۔۔۔ آخرتک) ایک مرتبہ صبح پڑھے۔تو خداوند کریم اِس پر ستر ہزار (**70000**) فرشتے مقرر کر دے گا۔کہ وہ شام ہونے تک اُس شخص کے لئے رحمت کی دعا کرتے رہیں گے۔اور اس دن مرے تو تو شہید ہو۔اور شام کو پڑھے۔تو وہ بھی بمنزلہ اُسی شخص کے ہوگا۔جس طرح صبح پڑھنے والے کی فضیلت ۔۔۔'' ☆ فن حدیث کے آئمہ اربعہ، ابن حبان اور حاکم نے حضرت ابو ہریرہؓ کی کی حدیث سے روایت کی ہے ! ''کہ منجملہ قرآن پاک کے ایک سورہ اکتیس (31) آیات کی ہے اپس نے ایک مرد کی یہاں تک شفاعت کی کہ وہ بخش دیا گیا۔''(وہ سورہ **سورہ مُلک** ہے) ☆ ترمذی نے ابن عباسؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''یہی سورہ (**مُلک**) مانعہ و منجیہ ہے۔جو عذابِ قبر سے نجات دلاتی ہے۔ ☆ ترمذی نے حضرت انسؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''**اذا جاء نصرالله والفتح** ربع قرآن ہے۔'' ☆ احمد اور حاکم نے نوفل بن معاویہ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! '' **قل يا ايها الكٰفرون** ۔۔۔ کو پڑھ اور پھر اس کے خاتمے پر سو جا کہ بے شک وہ شرک سے برأت ہے۔'' ☆ ابو یعلیٰ نے حضرت ابنِ عباسؓ سے روایت کی ہے کہ! ''کیا میں تم کو (ایک ایسا عظیم الشان) کلمہ نہ بتاؤں ؟ جو کہ تمھیں اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنے سے نجات دلاتا ہے تم اپنے سونے کے وقت **قل يا ايها الكٰفرون** ۔۔۔پڑھا کرو۔'' ☆ حضرت انسؓ، حضرت نبی مکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں سے فرمایا۔کہ (کیا) تم نے نکاح کر لیا۔انہوں نے عرض کیا۔کہ نہیں۔اے نبی اللہ ﷺ! میرے پاس اتنا مال نہیں کہ میں نکاح کر سکوں۔آپ ﷺ نے فرمایا۔کہ تمھیں ''**قل هو الله احد** ۔۔۔'' بھی یاد نہیں۔انہوں نے عرض کیا۔ہاں یاد تو ہے۔آپ ﷺ نے فرمایا۔یہ تہائی قرآن کے برابر ہے۔پھر آپ ﷺ نے پوچھا'' **قل يا ايها الكٰفرون** ۔۔۔'' یاد نہیں۔انہوں نے عرض کیا۔ہاں یاد ہے۔آپ ﷺ نے فرمایا۔یہ چوتھائی قرآن کے برابر ہے۔نکاح کر لے۔نکاح کر لے۔آپ ﷺ نے یہ دو مرتبہ فرمایا۔ (ترمذی شریف) ☆ حضرت ابنِ عباسؓ کی روایت میں ہے۔کہ! ''**اذا زلزلت الارض** ۔۔۔''نصف قرآن کے برابر ہے۔☆ حاکم نے نے ابی سعیدؓ کی حدیث سے روایت کی ہے کہ! ''جس شخص نے روزِ جمعہ کو سورہ کہف پڑھی اُس کو اِس قدر نور عطا کیا جائے گا جو جمعہ اور اُس کے بعد آنے والے جمعہ کے مابین امانہ کو تاباں رکھے گی۔'' ☆ ابو عبیدہ نے موقوفاً حضرت ابنِ عباسؓ سے روایت کی ہے کہ! ''ہر ایک شئے کا لب لباب ہوا کرتا ہے اور قرآنِ مجید کا لب لباب حوامیم (وہ تمام سورتیں جو **حٰمٓ** سے شروع ہوتی ہیں) ہیں۔'' ☆ صحیح مسلم شریف میں آیا ہے۔کہ! حضرت ابو درداءؓ سے روایت ہے۔کہ! آنحضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! جو شخص سورہ کہف کی آخری دس آیات کو پڑھے۔وہ فتنہ دجال سے محفوظ رہے گا۔

☆ جامع ترمذی شریف میں آیا ہے۔کہ! حضرت ابو درداءؓ سے روایت ہے۔کہ! آنحضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! جو شخص سورہ کہف کی

ابتدائی تین آیات کو یاد کرے۔ وہ فتنہ دجال سے محفوظ رہے گا۔ ☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ حضور نبی مکرم ﷺ کا فرمانِ عالیشان نقل کرتے ہیں کہ جو شخص سورہ کہف شریف کی ابتدائی دس۔ 10۔ آیات کو (زبانی) یاد کرلے گا وہ دجال کے فتنے سے محفوظ رہے گا۔ (انشاءاللہ) صحیح مسلم، صحیح ابن حبان، مستدرک حاکم۔ سنن ابوداؤد و نسائی۔ ☆ ایک اور روایت میں آیا ہے کہ کہ جو شخص سورہ کہف شریف کی آخری دس۔ 10۔ آیات کو (زبانی) یاد کرلے گا۔ وہ دجال کے فتنے سے محفوظ رہے گا۔ (انشاءاللہ) صحیح مسلم۔ ☆ ''رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا میں تم لوگوں کو ایک ایسی سورت نہ بتاؤں؟ (کہ) جس کی عظمت نے زمین و آسمان کے مابین تمام خلاء کو بھرلیا ہے اور ستر ہزار فرشتے اِس (سورہ) کی مشایعت میں آئے ہیں۔ یہ **سورۃ الکھف** ہے۔'' ☆ حضرت سیدنا حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ! **سورہ انعام** جس مریض پر بھی پڑھی گئی۔ اسے اللہ تعالیٰ نے شفاء عطا فرمائی۔ (بیہقی شریف فی شعب الایمان) ☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن ایک ایسا آدمی اُٹھایا جائے گا (یعنی زندہ کیا جائے گا) کہ جس نے گناہوں میں کوئی چیز نہیں چھوڑی ہوگی (یعنی اس نے ہر قسم کے صغیرہ و کبیرہ گناہوں کو کثرت سے کیا ہوگا) مگر یہ کہ اس پر سوار ہوا ہوگا ہاں مگر یہ ہے کہ! وہ اللہ تعالیٰ کی یکتائی کا اقرار کیا کرتا تھا (یعنی کہ وہ مسلمان تھا) اور قرآنِ کریم سے فقط ایک ہی سورت پڑھا کرتا تھا تو اسے دوزخ کی طرف لے جانے کا حکم دیا جائے گا تب اس کے پیٹ سے شہابِ ثاقب کی مانند کوئی چیز اُڑے گی تو وہ (چیز) عرض کرے گی۔ اے اللہ تعالیٰ ! میں اس میں سے ہوں جو آپ نے اپنے (آخری رسول) سیدالمرسلین ﷺ پر اُتارا ،اور تیرا یہ بندہ اسے پڑھا کرتا تھا چنانچہ وہ (چیز) اُس آدمی کے لئے (اُس وقت تک) سفارش کرتی رہے گی حتیٰ کہ اُسے جنت میں لے جائے گی اور وہ نجات دلانے والی ہے یعنی سورہ **تبارک الذی بیدہ الملک** ۔۔(سورہ مُلک شریف)،(کنزالعلوم) ☆ حضرت ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی وفات پا گیا تو عذاب (یعنی عذابِ قبر) اس کی قبر کے دونوں پہلوؤں کی طرف سے آیا تو قرآنِ کریم کی ایک سورہ اس آدمی (سورہ کے پڑھنے والے) کی طرف سے جھگڑنے لگی یہاں تک کہ اس نے اس عذاب کو روک دیا۔ میں نے اور مسروق نے دیکھا تو وہ سورت **تبارک الذی بیدہ الملک** ۔۔۔(سورہ مُلک شریف) تھی۔ ☆ اسی طرح کی ایک اور روایت بھی ابنِ مسعود رضی اللہ عنہ سے ہے کہ سورہ **تبارک الذی بیدہ الملک** ۔۔۔(سورہ مُلک شریف) اپنے ساتھی کی طرف سے (یہاں تک) جھگڑی۔ حتیٰ کہ اسے جنت میں لے گئی۔ (کنزالعلوم فی سنن الاقوال والافعال) ☆ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ! حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا ہے۔ کہ! میری خواہش ہے کہ یہ سورت ہر مومن کو (زبانی) یاد ہو۔ **تبارک الذی بیدہ الملک** ۔۔۔(آخر تک) **مستدرک علی الصحیحین** ۔ ☆ حاکم نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے ایک رات میں ایک ہزار 1000۔ آیات پڑھیں۔ وہ اللہ تعالیٰ سے اس حالت میں ملے گا کہ اُس کے چہرے پر مسکراہٹ ہوگی عرض کی گئی یا رسول اللہ ﷺ ! (ہر رات کو) ایک ہزار 1000۔ آیات پڑھنے کی بھلا کون رکھتا ہے ؟ تو آپ ﷺ نے پڑھا۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o الھاکم التکاثر حتی زرتم المقابر** ۔۔۔ آخر تک۔ پھر (آنحضور ﷺ نے) فرمایا قسم ہے اس ذات کی ،جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، یہ (سورہ تکاثر معہ تسمیہ) ایک ہزار 1000۔ آیات کے برابر ہے (کنزالعلوم فی سنن الاقوال والافعال) ☆ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ جس نے (ہر روز) نمازِ فجر کے بعد دس مرتبہ **سورہ اخلاص** پڑھی۔ تو اس دن اس سے کوئی گناہ لاحق نہیں ہوگا۔ اگر چہ شیطان زور لگالے۔ (کنزالعلوم فی سنن الاقوال والافعال) ☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نبی مکرم ﷺ سے ملا تو آپ ﷺ نے مجھے فرمایا! اے عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ! جو تجھ سے ناطہ توڑے تُو اُس سے ناطہ جوڑ، جو تجھے محروم رکھے تُو اسے عطا کر اور جو تجھ پر ظلم کرے تُو اُسے معاف کر۔ پھر میں رسول اللہ ﷺ سے ملا تو آپ ﷺ نے مجھے فرمایا، اے عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ ! کیا میں تمھیں ایسی سورتیں نہ سکھاؤں کہ اِن (سورتوں) جیسی نہ ہی اللہ تعالیٰ نے تورات میں، نہ ہی زبور میں ،نہ ہی انجیل میں اور نہ قرآنِ کریم میں نازل فرمائیں؟ اِن (یعنی رسول اللہ ﷺ) پر کوئی رات ایسی نہیں آتی۔ کہ جس میں ،مَیں اِنہیں (یعنی اِن سورتوں کو) نہ پڑھوں۔ وہ سورتیں یہ ہیں۔ سورہ اخلاص، سورہ فلق اور سورہ والناس۔ چنانچہ مجھ (عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ) پر بھی ایسی کوئی رات نہیں آئی جب سے رسول اللہ ﷺ نے مجھے اِن کا حکم دیا ہے کہ جس میں، مَیں نے اِنہیں (یعنی اِن تین سورتوں کو) نہ پڑھا ہو۔ اور میرے لئے یہ حق ہے کہ میں اِنہیں نہ چھوڑوں جبکہ رسولِ معظم ﷺ نے مجھے اِن (کے پڑھنے) کا حکم دیا ہے۔ (کنزالعلوم) ☆ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص سورہ کہف پڑھ رہا تھا اس کے پاس ایک گھوڑا کھڑا تھا جو دو رسیوں سے بندھا ہوا تھا۔ اس شخص کو بادل نے ڈھانپ لیا جو اس کے قریب آتا گیا اور گھومنے لگا۔ اس کے گھوڑے نے بدکنا شروع کر دیا صبح وہ شخص نبی مکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور سارا واقعہ سنایا تو آپ ﷺ نے فرمایا وہ (سورہ کہف مبارکہ) سکینت تھی جو قرآنِ مجید کی وجہ سے نازل ہوئی تھی۔ (صحیح بخاری۔ صحیح مسلم) ☆ عبدالرحمٰن بن یزید رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ بیت اللہ شریف کے پاس میری ملاقات حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے ہوئی۔ میں نے عرض کیا کہ آپ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے سورہ بقرہ کی آخری دو آیات کے بارے میں ایک حدیث نبوی ﷺ مجھ تک پہنچی ہے، تو اُنہوں نے فرمایا، ہاں! اللہ تعالیٰ کے رسول معظم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ جو شخص رات کے وقت سورہ بقرہ کی آخری دو آیات (**آمن الرسول بما انزل الیہ** ۔۔۔۔ **علی القوم الکٰفرین** o) پڑھ لے گا وہ دونوں آیات اِس کے لئے کافی ہوں گی۔ صحیح مسلم، صحیح بخاری، صحیح ابن حبان، صحیح ابن خزیمہ، سنن ابن ماجہ و ابوداؤد و دیگر کئی کتب احادیث نبویہ ﷺ ۔۔۔ ☆ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت جبرائیل علیہ السلام ، نبی مکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر تھے اسی دوران حضرت جبرائیل امین علیہ السلام نے اوپر کی جانب سے ایک آواز سنی۔ اُنہوں نے اپنا سر اُٹھایا اور عرض کی آسمان کا یہ دروازہ جسے آج کھولا گیا ہے آج سے پہلے کبھی (بھی) نہیں کھولا گیا پھر اس میں سے ایک فرشتہ اُترا تو حضرت

جبرائیل امین ؑ نے عرض کی یہ فرشتہ زمین پر اُترا ہے آج سے پہلے کبھی بھی نہیں اُترا۔ (اُس آسمانی) فرشتے نے آکر (بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں حاضر ہوکر) سلام کیا اور عرض گزار ہوا آپ ﷺ کو دو ایسے نوروں کی خوشخبری ہو جو آپ ﷺ سے پہلے کسی نبی ؑ کو عطا نہیں کئے گئے۔ ایک سورہ فاتحہ شریف اور دوسرا سورہ بقرہ کی آخری آیات (**آمن الرسول بما انزل الیه ۔۔۔ علی القوم الکفرین** o) آپ ﷺ اِس کا جو بھی حرف پڑھیں گے۔ آپ ﷺ کو اس کا مصداق عطا کر دیا جائے گا۔ (انشاءاللہ) صحیح مسلم، صحیح ابن حبان، مستدرک حاکم۔ ☆ حضرت ابو درداء ؓ حضور نبی مکرم ﷺ کا فرمانِ عالیشان نقل کرتے ہیں ، کیا کوئی شخص روزانہ رات کے وقت ایک تہائی قرآن پڑھ سکتا ہے؟ صحابہ کرام ؓ نے عرض کی، (اتنی زیادہ) تلاوت کیسے کی جا سکتی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا **قل هو الله احد** ۔۔۔ (یعنی سورہ اخلاص) تہائی قرآن شریف کے برابر ہے۔ صحیح مسلم، مستدرک حاکم، سنن نسائی و ابن ماجہ، جامع ترمذی وغیرہ۔۔ ☆ حضرت ابنِ عباس ؓ سے روایت ہے کہ! حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا ہے کہ! **سورہ زلزال** (کا ثواب) آدھے قرآن کے برابر ہے اور سورہ کافرون (کا ثواب) چوتھائی قرآن کے برابر ہے اور سورہ اخلاص (کا ثواب) تہائی قرآن مجید کے برابر ہے۔ **مستدرك علی الصحیحین** ۔ ☆ حضرت ابنِ عمر ؓ سے مروی حضور نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان کہ! **سورہ کافرون** کا ثواب چوتھائی قرآنِ پاک کے برابر ہے، صحیح ہے۔ جامع ترمذی شریف، **مستدرك** ۔ ☆ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! اور تم قرآنِ پاک کو اپنی آوازوں کے ساتھ زینت دو۔ **مستدرك** ۔ ☆ حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ! حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا ہے کہ! تُم اپنے گھروں کو مقابر نہ بناؤ ، بے شک شیطان اس گھر سے بھاگتا ہے جس میں **سورہ بقرہ** (روزانہ) پڑھی جاتی ہے۔ صحیح مسلم شریف۔ ☆ صاحب ''**الابریز**'' فرماتے ہیں۔ کہ! جو شخص وقتِ قبولیت کو پانا چاہے۔ تو اُسے چاہیئے۔ کہ وہ شخص سوتے وقت (بحالتِ وضو) سورہ کہف شریف کی آخری آیات (طاق مرتبہ) پڑھ کر پاک وصاف بستر پر سو جائے۔ وہ آیات یہ ہیں۔ **بسم الله الرحمٰن الرحیم** o **اِنَّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا ۔۔۔ بِعِبَادَۃِ رَبِّہٖۤ اَحَدًا** o پھر صاحب عمل ہٰذا یہ دُعا کرے۔ کہ! یا اللہ تعالیٰ (رات کے جس وقت) ساعتِ قبولیت ہو مجھے اپنے خصوصی فضل وکرم سے بیدار فرما دے۔ یہ شیخ عبدالرحمٰن ثعالبی ؒ کا بیان ہے۔ کہ! ہم نے بارہا اس (عمل) کو آزمایا۔ اور اس کو اوروں نے بھی تجربہ کیا۔ حتی کہ اکثر ایسا ہوا۔ کہ متعدد اشخاص نے یہ آیات پڑھ کر (ساعتِ قبولیت کے وقت) جاگنے کی دعا مانگی۔ اور کسی ایک کو دوسرے کی نیت کا بھی علم نہیں تھا۔ مگر جب بیدار ہوئے تو ایک ہی وقت میں۔ ☆ تصوف کی مشہور ومعروف کتاب ہشت بہشت کے حصہ انیس الارواح میں حضرت خواجہ عثمان ہارونی ؒ نے اپنے خلیفہ خاص حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری ؒ سے فرمایا۔ کہ پیغمبر خدا ﷺ کی ایک حدیث ہے۔ کہ جو شخص سوتے وقت سورہ فاتحہ اور سورہ اخلاص پڑھتا ہے۔ وہ قیامت کے دن امینوں سے ہوگا۔ اور پیغمبروں کے بعد سب سے پہلے بہشت میں داخل ہوگا۔ اور بہشت میں جاتے وقت حضرت عیسٰی ؑ کے نزدیک ہوں گے۔ (انشاءاللہ) ☆ (از کتاب ہشت بہشت) جو شخص سوتے وقت ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھتا ہے۔ وہ گناہوں سے ایسا پاک ہو جاتا ہے گویا کہ ماں کے شکم سے پیدا ہوا ہو۔ ☆ کتاب ہشت بہشت میں آیا ہے۔ کہ! ''حدیقہ'' میں لکھا ہے کہ میں نے دیکھا ہے۔ کہ حضرت ابو ہریرہ ؓ اور حضرت ابنِ عمر ؓ نے فرمایا کہ۔ جو شخص سوتے وقت ''**قل یا یھا الکفرون** ۔ آخر تک'' پڑھے گا۔ ایک ہزار۔ **1000** ۔ آدمی بہشت میں اُس کی گواہی دیں گے۔ ☆ کتاب ہشت بہشت میں آیا ہے۔ کہ! حضرت خواجہ قطب ؒ نے فرمایا۔ کہ میں شیخ معین الدین حسن سنجری ؒ کی زبانی سُنا۔ جنہوں نے اپنے پیر ومرشد خواجہ عُثمان ہارونی ؒ کو یہ فرماتے سُنا۔ کہ ابو یوسف چشتی ؒ کو قُرآنِ پاک حفظ نہ تھا۔ ایک رات آپ ؒ اسی متردد حالت میں سو گئے۔ خواب میں نہوں نے اپنے پیر ومرشد کو دیکھا۔ انہوں نے فرمایا۔ آپ ؒ اِتنا مُتردد کیوں ہیں؟ انہوں نے عرض کی۔ کہ قرآنِ حکیم یاد کرنے کے لئے۔ آپ ؒ کے پیر ومرشد نے فرمایا۔ کہ! آپ ؒ ہر روز **1000** ہزار مرتبہ سورہ اخلاص اِس نیت سے پڑھا کرو۔ کہ مجھے قرآنِ پاک (جلد) حفظ ہو جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ، اللہ تعالیٰ تیرے نصیب کرے گا۔ اور اگر کوئی اور بھی پڑھے گا تو اسے بھی نصیب ہوگا۔ جب میں جاگا تو ہر روز حسبُ الہدایت سورہ اخلاص پڑھا کرتا تھا۔ تھوڑے ہی دنوں میں اللہ عزوجل کے خصوصی فضل وکرم سے مجھے (پورا) قرآن شریف حفظ ہو گیا۔ آخری عمر میں یہاں تک کہ کمال حاصل کیا کہ ہر روز پانچ ختم کلام اللہ شریف کے کیا کرتا۔ پھر کسی دوسرے کام میں مشغول ہوتا۔

کسی بھت بڑی اور عظیم غلطی کا ازالہ : کتاب ارژنگِ فقیر کے صفحہ نمبر 60 پر حضرت سید سرفراز احمد شاہ صاحب فرماتے ہیں۔ کہ! انسان غلطیاں اور کوتاہیاں کرتا ہے۔ اور اُن کی وجہ سے خسارے میں چلا جاتا ہے۔ ''**سورہ تغابن**'' (رات کو سونے سے قبل) پڑھنے سے انسان کی وہ غلطیاں، خطائیں اور کوتاہیاں معاف ہو جاتی ہیں۔ اس سورہ کی تلاوت کے اثرات بہت آہستہ آہستہ سامنے آئیں گے۔

فضائل و فوائد و خواص آیاتِ تورات و انجیل:

حضرت موسیٰ کلیم اللہ ؑ کو ایک ایسی آیت عطا کی گئی۔ جو کہ آنحضور نبی کریم ﷺ کو عطا نہیں ہوئی۔ وہ یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ لَا تُوْلِجِ الشَّيْطَانَ فِيْ قُلُوْبِنَا وَخَلِّصْنَا مِنْهُ مِنْ اَجَلِ اَنَّ لَكَ الْمَلَكُوْتَ وَالْاَيْدَ وَالسُّلْطَانَ وَالْمُلْكَ وَالْحَمْدَ وَالْاَرْضَ وَالسَّمَآءَ وَالدَّهْرَ وَالدَّاهِرَ اَبَدًا اَبَدًا o اٰمِیْن. اٰمِیْن.

☆ حاکم نے ابی میسرہ سے روایت کی ہے۔ کہ مندرجہ ذیل آیت (**یسبح لله ۔۔۔ الحکیم**) تورات میں سات سو آیات کے برابر مرتبہ رکھتی ہے۔

یسبح لله ما فی السمٰوٰت وما فی الارض الملک القدوس العزیز الحکیم o (سورہ جمعہ۔ آیت نمبر 1)

ختــوم سورہ ھائے قرآنیہ مع فضائل و فوائد و خواص : ملفوظاتِ حضرت شیخ فریدالدین مسعود گنج شکرا جودھنیؒ (بنامِ اسرارالاولیاء) کے مرتب حضرت شیخ بدرالدین اسحاقؒ اورفوائدوفضائل حضرت محبوب الٰہی خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ فرماتے ہیں ۔کہ اے درویش!

☆ جوکوئی سورہ فاتحہ (ام الکتاب، سبع مثانی) کو بیماری کی شفاء یابی کے لئے یا کسی بھی اہم کام (یعنی حاجت روائی) کے لئے اکتالیس مرتبہ تعوذ وتسمیہ کے ساتھ اس طرح کہ تسمیہ کے اسم ''رحیم'' کی میم کو ''الحمد'' کے ''ال'' میں ملا کر پڑھے۔(یعنی **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الْحَمْدُ لِلّٰہِ**۔۔۔) اور مریض پر دَم کرے۔فوراً شفاء پائے۔کیونکہ! سورہ فاتحہ شریفہ کاختم اکتالیس مرتبہ ہی ہے۔اور حدیث شریف میں آیا ہے۔کہ! **الفاتحة شفاء لکل داء**۔ یعنی کہ! سورہ فاتحہ شریفہ ہرمرض کی دواء ہے۔ ☆ پھرفرمایا کہ! سورہ بقرہ کاختم ہرروزایک مرتبہ پڑھنا ہے۔ جوشخص صبح کی سنتوں اورفرض کے درمیان تین ایام تک سورہ بقرہ کسی بھی نیت سے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اُس کی نیت (مُراد) پوری ہوگی۔پھرفرمایا کہ ایک مرتبہ (میرے پیر ومرشد) حضرت خواجہ قطب الدین بختیارکاکی اوشیؒ کورب ذوالجلال سے کچھ حاجت تھی. اس سورہ کاپڑھنا اختیارکیا ابھی ایک روزبھی پورے طور سے پڑھنے نہ پائے تھے کہ (اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم اورسورہ بقرہ کی برکت سے) حاجت پوری ہوگئی۔ ☆ پھرفرمایا کہ دینی ودنیاوی حاجتوں کے لئے ہرروز دومرتبہ سورہ آلِ عمران پڑھنی چاہیئے۔(اسرارالاولیاء میں ہے۔کہ! سورہ آلِ عمران کاختم دن میں دس مرتبہ پڑھنا ہے۔چاہیئے۔کہ! دین ودنیا میں کشائش کے لئے اس سورہ کوپڑھے) پھر فرمایا۔کہ! اے بدرالدین درویش! جوکچھ میں بیان کرر ہاہوں۔یہ سب تیری ترغیب کے لئے ہے۔تاکہ تجھے تیرے حال کی کمالیت حاصل ہو۔جوہم سے علاقہ رکھتے ہیں اس واسطے کہ پیراپنے مرید کوسنوارنے والا ہوتا ہے۔ ☆ پھرفرمایا کہ! جوشخص سورہ النساء ہرروزسات مرتبہ پڑھتا ہے وہ دینی ودنیاوی عذابوں سے بے کھٹکے (لاپرواہ) ہوجائے گا۔ ☆ جوشخص سورہ مائدہ کوہرروزسات مرتبہ پڑھے اس کے شہر میں بارش کی کبھی قلت نہ ہوگی۔ ☆ اسی طرح سورہ انعام کاختم سات مرتبہ پڑھنا چاہیئے ایک روایت کے مطابق اکتالیس مرتبہ، پس جوبھی شخص برائے حاجت اس (سورہ انعام) کاختم کرے گا اپس کی حاجت برآئے گی۔

☆ پھرفرمایا کہ سورہ اعراف، توبہ کے قبول ہونے کی خاطر اس طرح پڑھنی چاہیئے کہ پہلے ستر (70) مرتبہ استغفار پڑھنی چاہیئے پھر دورکعت (صلاۃ التوبہ کی نیت سے) اس طرح پڑھنی چاہیئے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سو (100) مرتبہ سورہ کافرون اوردوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سو (100) مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کرسات مرتبہ سورہ اعراف پڑھ کراللہ تعالیٰ کے حضور نہایت عاجزی وانکساری سے رورو کراورگڑگڑا کرمعافی کاخواستگوار ہو۔انشاءاللہ توبہ قبول ہوگی۔ ☆ قیدی کی رہائی کے لئے سورہ انفال کا چار مرتبہ پڑھنا پُراثر ہے۔اوراگرکوئی شخص سورہ انفال کوروزانہ ایک مرتبہ پڑھا کرے گا اللہ تعالیٰ اُسے دنیا کی قیداورقیدخانے سے نجات عطافرمائے گا نیز آخرت میں بھی اُسے محفوظ رکھے گا۔انشاءاللہ۔ ☆ بعدازاں فرمایا کہ اس جہان میں عاقبت بخیر ہونے اور اپنے جمیع امور (تمام کاموں) پرفتح مندی حاصل کرنے کے لئے سورہ توبہ چالیس (40) مرتبہ پڑھنی چاہیئے۔پس جوشخص اس طرح روزانہ پڑھے گا وہ دائمًا فتح مندرہے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔ ☆ پھرفرمایا اے درویش! سورہ ہود کاختم دس مرتبہ پڑھنا ہے۔یہ ختم دراصل کفار پرمظفرومنصور ہونے کے لئے پڑھا جاتا ہے۔

☆ سورہ ابراہیمؑ کادس مرتبہ پڑھنا، کسی کے بخشے جانے، حصولِ عزت، قرآنِ پاک پڑھنے اورحفظ کرنے کے وقت پڑھی جاتی ہے۔جوبھی سورہ ابراہیم کواس طرح دس مرتبہ روزانہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اُسے حافظِ قرآن بنائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔ ☆ پھرفرمایا کہ! رسولِ مقبول ﷺ فرماتے ہیں کہ! جوشخص سورہ یوسف پڑھے۔اُسے ضروربالضرورقرآنِ پاک حفظ ہوجائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔ ☆ دشمنانِ دین کے ڈروخوف سے بےکھٹکے ہونے کے لئے سورہ رعدسات مرتبہ پڑھنی چاہیئے۔ ☆ کوئی شخص مرگی یاجنون کے مریض پرسورہ حج کوستر مرتبہ پڑھ کرمریض پردَم کرے گا تو مریض فوراً صحت یاب ہوجائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

☆ جوشخص سورہ نحل کوہرروزدس مرتبہ پڑھ کراللہ تعالیٰ سے جوکچھ (اللہ تعالیٰ سے) مانگے گا (یقینًا) پائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔ ☆ سورہ بنی اسرائیل کاختم دس مرتبہ پڑھنا ہے۔ ☆ ہرایک مہم کے پوراہونے کے لئے سورہ کہف کابروزِ جمعۃ المبارک چالیس (40) مرتبہ پڑھنا حاجت کوپوراکرتا ہے۔ ☆ سورہ مریم ہرروز بلاناغہ بیس مرتبہ پڑھنا فراخی نعمت اورفراخی کام کے لئے مجرب ہے۔(جبکہ اسرارالاولیاء میں مذکور ہے۔کہ! مال ودولت کی فراوانی اورامورِعظیمہ کے لئے سورہ مریم ہرروزبیس مرتبہ بلاناغہ پڑھنی چاہیئے) ☆ سورہ طٰہٰ ہرجمعرات کوتین مرتبہ پڑھنی چاہیئے (کیونکہ) اللہ تعالیٰ اِس سورہ کوبغیر زبان وتالو کے پڑھتا ہے۔جواس سورہ کوجمعرات کےروز (تین مرتبہ) پڑھے گا۔**گویاوہ اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہے**۔ ☆ پھرفرمایا کہ دشمنوں کی مقہوری کے لئے سورہ انبیاء پچھتر (75) مرتبہ پڑھنی چاہیئے۔ ☆ دین ودنیا کی خلاصی کے لئے سورہ مؤمنون (**قد افلح المؤ منون** ۔۔۔) سات مرتبہ پڑھنی چاہیئے۔ ☆ قسم قِسم کی بلاؤں کے دفیعے کے لئے سورہ نورسات مرتبہ پڑھنی چاہیئے۔(اسرارالاولیاء میں مرقوم ہے۔کہ! سورہ ءنورکاختم تمام مصائب کودورکرنے کے لئے سات مرتبہ کرنا (یعنی پڑھنا) چاہیئے) ☆ پھرفرمایا کہ سورہ فرقان کاختم سات مرتبہ کاپڑھنا ہے۔ ☆ سورہ شعراء کاختم پچھتر (75) مرتبہ کاپڑھنا ہے۔اس سورہ کاختم دشمنانِ دین کے دفیعہ کے پڑھنا مفیدومنتفع ہوتا ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کاشکراداکرنے کے لئے (شاید گیارہ مرتبہ) سورہ نمل کاختم پڑھنا چاہیئے۔ ☆ اگرسورہ قصص دس مرتبہ پڑھی جائے تواس قدرثواب ہوتا ہے جتنا کہ انبیاءؑ کوہوا۔اتنا ہی ثواب اس سورہ کے قاری کوہوگا۔ ☆ سورہ عنکبوت دس مرتبہ، وساوس شیطانی کے دفیعے کے لئے پڑھی جاتی ہے۔ ☆ دفیعہ دشمن کی نیت سے سورہ الروم اکیس مرتبہ پڑھنی چاہیئے۔ ☆ درجہ شہادت پانے کے لئے سورالسجدہ اکیس مرتبہ پڑھنی چاہیئے۔ ☆ دینی ودنیاوی سعادت کے حصول کے لئے سورہ لقمان ستر مرتبہ پڑھنی چاہیئے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے حصول (اوردشمنوں سے صلح کرنے) کے لئے **سورہ السباء** اکتالیس مرتبہ پڑھنی چاہیئے۔ ☆ بلاؤں سے محفوظ رہنے اور بزرگوں کوثواب پہنچانے کے لئے سورہ

فاطر ستر مرتبہ پڑھنی چاہیئے ۔ ☆ سورہ یٰسین شریف کا ختم ہر ایک مہم کے لئے کافی ہے ۔ (بشرطیکہ اس سورہ کو ایک ہی نشست میں اکتالیس مرتبہ پڑھا جائے ۔ اس دوران کسی سے کوئی بات نہ کی جائے اور نہ ہی وقفہ کیا جائے) ☆ بے کھٹکے ہونے (یعنی امن وامان میں رہنے) کے لئے سورہ الصافات اکیس مرتبہ پڑھنی چاہیئے ۔ ☆ پھر فرمایا کہ اے درویش ! اللہ تعالیٰ کی عبادت کے دوران شیطان کے دفیعہ کے لئے بروزِ جمعرات پانچ مرتبہ سورہ تنزیل الکتاب پڑھنی چاہیئے ۔ (اسرار الاولیاء میں مرقوم ہے ۔ کہ ! یہ سورہ پانچ مرتبہ بروزِ جمعرات ، اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں سستی وغفلت دور کرنے کے لئے پڑھیں) ☆ طاعون کے دفیعہ کے لئے دو مرتبہ سورہ سجدہ پڑھنی چاہیئے ۔ (جبکہ اسرار الاولیاء میں ہے ۔ کہ ! ظالموں کے دفع کرنے کے لئے سورہ ءسجدہ کا ختم دس مرتبہ کرنا چاہیئے) ☆ مصائب کے دفیعہ کے لئے اور سعادت کے حصول کے لئے سورہ **حٰمٓ عٓسٓقٓ** سات مرتبہ پڑھنی چاہیئے ۔ ☆ حفظ الایمان کے لئے اکیس مرتبہ سورہ زخرف پڑھنی چاہیئے ۔ ☆ سعادت کے حصول کے لئے پچھتر مرتبہ (75) سورہ دُخان پڑھنی چاہیئے ۔ ☆ اسرارِ الٰہی کے ظہور کے لئے سورہ **محمد** ﷺ اکتالیس مرتبہ پڑھنی چاہیئے ۔ ☆ فوائد الفواد میں ہے کہ ! تنگی معاش دور کرنے کے لئے ہر شب **سورہ جمعہ** پڑھا کرو ۔ ☆ مہمات کے سر ہونے کے لئے (یعنی برائے امورِ مشکلہ کے حل کے لئے) سورہ الم نشرح پچھتر (75) مرتبہ پڑھنی چاہیئے ۔ جب حضرت شیخ الاسلام ؒ یہاں تک پہنچے ۔ تو فرمایا ۔ کہ ! اے درویش ! عاقل تلاوتِ قرآن سے غافل نہیں رہ سکتا ۔ کیونکہ ! اسی قرآنِ حکیم کا ایک ایک حرف اپنے اندر اسرار وانوار کے بحرِ زخار رکھتا ہے ۔ جب کسی چیز سے نعمتِ الٰہیہ کا ظہور ہو تو انسان کیسے اپنے آپ کو اس سے محروم رکھ سکتا ہے ۔ ☆ بقولِ حدیث ! اپنے گھروں کو مقبرے مت بناؤ ۔ شیطان اُس گھر سے بھاگتا ہے ۔ جس میں سورہ بقرہ پڑھی جاتی ہے ۔

فضائل و فوائد و خواص آیاتِ قرآنیہ :

☆ طبرانی میں حضرت ابنِ عباس ؓ سے مرفوعاً روایت ہے ۔ کہ ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ! ’’ میری اُمت کو ایک ایسی چیز ملی ہے ۔ جو کسی پیغمبر کی اُمت کو نصیب نہیں ہوئی ۔ اور وہ مصیبت کے وقت **’’انا لله و انا اليه راجعون ‘‘** کہنا ہے ۔ ‘‘ ☆ دارِ قطنی نے حضرت بریدہ ؓ کی حدیث سے روایت کیا ہے ۔ کہ نبی مکرم ﷺ نے فرمایا کہ ! ’’ میں تجھ کو ایک ایسی آیت بتاتا ہوں ۔ جو حضرت سلیمان نبی ؑ کے بعد میرے سوا اور کسی نبی ؑ پر ہرگز نازل نہیں ہوئی (وہ آیت یہ ہے) **بسم الله الرحمٰن الرحيم o** ۔ ‘‘ ☆ فوائد الفواد ملفوظاتِ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی ؒ میں فرماتے ہیں کہ جو شخص رات کو سوتے وقت یہ دو آیات پڑھ کر سویا کرے ۔ اِسے ضرور قرآنِ پاک حفظ ہو جاتا ہے ۔ **والهكم اله واحد لا اله الا ۔۔۔ يعقلون o** علامہ جلال الدین عبدالرحمٰن السیوطی الشافعی ؒ اپنی یگانہ روزگار تصنیف مبارکہ ’’ **الاتقان** ‘‘ میں فرماتے ہیں ۔ کہ دارمی نے ابن مسعود ؓ سے موقوفاً روایت کی ہے ۔ کہ جو شخص سورہ بقرہ کی پہلی چار آیات ، آیت الکرسی (تا **يدهم فيها خٰلدون o** تک) ، آخر سورہ بقرہ (**آمن الرسول بما انزل ۔۔۔** آخر تک) پڑھے گا ۔ تو اُس دن نہ تو اُس کے اور نہ ہی اُس کے گھر والوں کے کسی کے نزدیک بھی شیطان نہیں آسکے گا ۔ اور نہ ہی اُس کو کوئی چیز رنج پہنچا سکے گی ۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) اور یہی آیات اگر کسی مجنون پر پڑھ کر دَم کر دی جائیں ۔ تو وہ اسی لمحہ تندرست ہو جائے گا ۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)

ھفت روزہ ختمِ قرآن برائے قضائے حوآئج :

فوائدِ نافعہ سے واسطے برآمد حاجات کے ختمِ قرآن مجید مجرب المجرب اور مستند قرار پایا ہے ۔ اس میں قطعاً کوئی شک نہیں ۔ لیکن تلاوت اس ترتیب و طریق سے موجب نشانی قبولیتِ دُعا یا قضائے حاجات کے اس طرح سے ہے ۔ کہ ! ☆ بروزِ جمعہ **سورہ بقرہ** سے **سورہ مائدہ** تک قرأت کرے ۔ ☆ بروزِ ہفتہ **سورہ انعام** سے **سورہ توبہ** تک قرأت کرے ۔ ☆ بروزِ اتوار **سورہ یونس** سے **سورہ مریم** تک قرأت کرے ۔ ☆ بروزِ سوموار **سورہ طٰہٰ** سے **سورہ قصص** تک قرأت کرے ۔ ☆ بروزِ منگل **سورہ عنکبوت** سے **سورہ صٓ** تک قرأت کرے ۔ ☆ بروزِ بدھ **سورہ زمر** سے **سورہ رحمٰن** تک قرأت کرے ۔ ☆ بروزِ جمعرات **سورہ واقعہ** سے **سورہ والناس** تک قرأت کرے ۔

پھر ختمِ قرآن مجید کے ، سجدے ادا کرے ۔ اور حق تعالیٰ حاجت روائی فرمائے گا ۔ ان شاء اللہ ۔

ھر نیک عمل کا پورا اجر ملنا :

حضرت علی المرتضیٰ ؓ فرماتے ہیں ۔ جسے یہ بات خوش کرتی ہو ۔ کہ اسے پورا پورا تولنے والے پیمانے سے اجر تول عطا کیا جائے ۔ تو اسے یہ آیت مبارکہ آخر تک تین مرتبہ پڑھنی چاہیئے ۔ **سبحانک رب العزة عما يصفون . و سلام على المرسلين . والحمد لله رب العالمين ۔** (سورہ الصافات ۔ آخری آیات) اگر کوئی بھی شخص کسی نماز ، ذکر ، یا کسی بھی نیک عمل کے بعد یہ آیات تین مرتبہ پڑھ لے گا ۔ تو اُس شخص کو اس کی کی گئی نیکی کا پورا پورا اجر وثواب (انشاء اللہ تعالیٰ) ملے گا ۔ (کنز العلوم فی سنن الاقوال والافعال)

رحمت برس رہی ہے ، محمد ﷺ کے شہر میں ہر شئے میں تازگی ہے ، محمد ﷺ کے شہر میں

ہر ایک بھر رہا ہے ، یہاں دامنِ مراد مخلوق آ رہی ہے ، محمد ﷺ کے شہر میں

دولت سکوں کی ہر جگہ ہم ڈھونڈتے رہے آخر یہ مل گئی ہے ، محمد ﷺ کے شہر میں

ہر سمت آ رہی ہیں ، صدائیں درود کی ایک دھوم سی مچی ہے ، محمد ﷺ کے شہر میں

اعمال مقبول ہونے کی دُعا : حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ فرماتے ہیں۔کہ! جو شخص یہ چاہے کہ اس کے (تمام نیک) اعمال مقبول ہوں۔تو اس کے لئے یہ آیت ہے۔ **ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم** o (سورہ البقرہ۔آیت نمبر 127)

لوگ مجھ سے بھی کہہ دیتے ہیں اکثر دعا کے لئے دیکھو کس قدر خُدا نے چھپا رکھے ہیں میرے عیب

فراخی رزق کا مجرب وظیفہ :

جامع راحت القلوب نقل کرتے ہیں۔کہ! احادیثِ نبویہ ﷺ میں ہے۔کہ جو شخص فرض نمازوں کے بعد تین مرتبہ سورہ اخلاص، تین مرتبہ درودِ پاک اور ایک مرتبہ یہ آیت **ومن یتق اللہ یجعل لہ ... لکل شیء قدرًا** o پڑھے گا۔(تو) اللہ تعالیٰ اُسے تین نعمتیں عطاً فرمائے گا۔

ا۔ درازی عمر۔۲۔ مالِ بسیار۔۳۔ اِقبال مندی۔نیز وہ (یعنی یہ وظیفہ ہر نماز کے بعد روزانہ پڑھنے والا شخص) بے حساب جنت میں داخل ہوگا۔

جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہیں روزی اس کھیت کے ہر خوشہء گندم کو جلا دو

دنیاو آخرت میں بھلائی کی دُعا :

جامع راحت القلوب نقل کرتے ہیں کہ! اگر کوئی شخص دنیا و آخرت میں بھلائی چاہے اور آتشِ دوزخ سے محفوظ رہنا چاہے۔تو یہ آیت پڑھا کرے۔ **ربنا آتنا فی الدنیا حسنة و فی الآخرة حسنة و قنا عذاب النار** o (سورہ البقرہ۔آیت نمبر 201)

حد چاہیئے سزا میں عقوبت کے واسطے آخر گناہ گار ہوں کافر نہیں ہوں میں

صالحین کے ساتھ حشر ہونے کی دُعا : جامع راحت القلوب نقل کرتے ہیں۔کہ! جب (کوئی) آدمی یہ چاہے۔کہ اس کا حشر نیک مَردوں کے ساتھ ہو۔اور وہ عرصاتِ قیامت کو بھی دیکھ لے۔تو یہ آیت پڑھے۔ **ربنا و اٰتنا ما و عدتنا علی رسلک ولا تخزنا یوم القیمة ط انک لا تخلف المیعاد** o (سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 194) ایک شخص فسق و فجور کے سبب مشہور تھا۔جب وہ مَرا۔تو اس شخص کو کسی نے خواب میں اولیاء اللہ اور دوستانِ خُدا کے ساتھ دیکھا۔تو اس سے پوچھنے پر پتا چلا۔کہ وہ اس آیت کو خلوصِ دل کے ساتھ پڑھا کرتا تھا۔

دلی اطمینان و امان کی دُعا : (از جامع راحت القلوب) اگر یہ منظور ہو کہ اس کا دل ایمان اور امان کے ساتھ رہے اور رحمت الٰہی اس کے ساتھ شامل حال ہو تو یہ آیت پڑھے۔ **ربنا لا تزغ قلوبنا بعد از ھدیتنا و ھب لنا من لدنک رحمة ط انک انت الوھاب** o (آل عمران.8)

نہ تھا کچھ تو خدا تھا، کچھ نہ ہوتا تو خدا ہوتا ڈبویا مجھ کو ہونے نے، نہ ہوتا میں تو کیا ہوتا

ظالموں سے نجات پانے کی دُعا : حضرت بابا فرید گنج شکرؒ نے ارشاد فرمایا کہ جب کوئی شخص ظالموں کے ہاتھ سے نجات پانا چاہے تو لازم ہے کہ اس آیت کا وِرد کرے۔ **ربنا اخرجنا من ھذہ القریة الظالم اھلھا ج واجعل لنا من لدنک ولیا واجعل لنا من لدنک نصیرًا** o اس آیت کا پڑھنے والا ہمیشہ مظفر و منصور رہے گا۔

دستار کے ہر پیچ کی تحقیق ہے لازم ہر صاحبِ دستار معزز نہیں ہوتا

ایک اہم ترین وظیفہ : حضرت امام مبارکؒ اپنے پیرو مرشد حضرت سیدی عبدالعزیز الدباغؒ کے ملفوظات بنام "**الابریز**" میں بیان کرتے ہیں کہ سیدی دباغؒ نے فرمایا کہ سورہ ملک میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ **الا یعلم من خلق وھو اللطیف الخبیر** o جو شخص اِس آیت کو کثرت سے تلاوت کرے گا تو اللہ تعالیٰ اُسے فقر، جہالت، آزمائش، گناہ، اور نقصان سے محفوظ رکھے گا۔(انشاءاللہ تعالیٰ)

جو اعلیٰ ظرف ہوتے ہیں، ہمیشہ جھک کے ملتے ہیں صراحی سر نگوں ہو کر بھرا کرتی ہے پیمانہ

صالحین کے درجے پر پہنچنے کی دُعا : (بمطابق جامع راحت القلوب) اگر کوئی چاہے کہ صالحین کے درجے تک پہنچے۔تو یہ آیت پڑھا کرے۔ **رب قد آتیتنی من الملک و علمتنی من تاویل الاحادیث ج السموت والارض ط انت ولی فی الدنیا والآخرة** o **توفنی مسلما و الحقنی بالصلحین** o (سورہ الیوسف۔آیت نمبر 101)

مُرِیْدِیْ لَا تَخَفْ وَاشٍ فَاِنِّیْ عَزُوْمٌ قَاتِلٌ عِنْدَ الْقِتَالِ

رحمت و برکت اور وسعتِ رزق کے حصول کی دُعا : حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ اپنے پیر و مرشد حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص یہ چاہے کہ رحمت و برکت اس پر نازل ہو اور وہ اپنی روزی میں وسعت پائے اور وہ کسی کا مُحتاج نہ رہے۔تو یہ آیت پڑھا کرے۔ **ربنا انزل علینا مآئدة من السماء ... وانت خیر الرازقین** o

میں نے سیکھا ہے سمندر سے جینے کا سلیقہ چپ چاپ سے بہنا، اپنی موج میں رہنا

حصولِ اولادیا واپسی گریختہ کے لئے دُعا : جامع راحت القلوب نقل کرتے ہیں۔کہ! جب کسی کو کوئی مہم درپیش ہو یا کسی کا غُلام بھاگ گیا ہو یا وہ نیک و پارسا فرزند کا خواہاں ہو تو وہ یہ آیت پڑھا کرے۔ **رب ھب لی من لدنک ذریة طیبة . انک سمیع الدعاء** o بعد ازاں فرمایا کہ حضرت زکریاؑ نے یہی آیت پڑھی تھی کہ رب ذوالجلال نے حضرت یحییٰؑ جیسا فرزند عطا فرمایا۔

امام جعفر صادقؓ کا تعجب :

آپؓ نے فرمایا مجھےاس آدمی پر تعجب ہوتا ہے جو چار آزمائشوں میں مبتلا کیا جائے اور وہ (اِن چار آزمائشوں سے نکلنے کے لئے) چار باتوں سے غافل ہو۔ ا۔ مجھےاس آدمی پر تعجب ہے جو کسی تکلیف میں مبتلا ہو۔اوراس آیت کو نہ پڑھے۔ **رب انی مسنی الضر وانت ارحم الراحمین** o حالانکہ اللہ تعالی کا فرمان ہے **فا ستجبنا له فکشفنا ما به من ضر** ۔(تو ہم نے اس کی دُعا قبول کر لی۔اوراس کی تکلیف دور کردی)۲۔ مجھے اس شخص پر بھی تعجب ہے جسے کوئی غم پہنچے اور وہ اس آیت کو نہ پڑھے۔ **لا اله الا انت سبحنک انی کنت من الظالمین** o جب کہ اللہ تعالی فرماتا ہے۔ **فا ستجبنا له ونـجینٰه من الغم و کذلک ننجی المؤمنین** o (تو ہم نے اس کی دُعا قبول کر لی۔اوران کوغم سے نجات بخشی۔اوراسی طرح سے ہم مومنوں کو بچالیا کرتے ہیں)۳۔ مجھےاُن لوگوں پر بھی تعجب ہوتا ہے۔جوکسی سے ڈرتے ہیں کہ اِن کی نگاہ سے اللہ تعالی کا یہ فرمان کیسےاوجھل رہتا ہے؟ (حالانکہ یہ پڑھنا مشکل نہیں) **حسبی اللہ و نعم الوکیل** ﴿ ایک جگہ آیا ہے۔ **حسبنا اللہ و نعم الوکیل** ﴾ کیونکہ اللہ تعالی قرآنِ مجید میں فرماتا ہے۔ **فانقلبوا بنعمة من اللـه و فضل** ۔(اور وہ اللہ تعالی کی نعمتوں اور فضل پر خوشیاں مناتے ہیں)۴۔چوتھا مجھےاس آدمیوں پر تعجب آتا ہے جوکسی کے مکر(دھوکہ بازی) سےڈرتے ہوں وہ یہ آیت پڑھنا کیوں بھول جاتے ہیں۔ **و افوض امری الی اللہ☆ ان اللہ بصیرم بالعباد**☆ حالانکہ فرمانِ باری تعالی ہے۔ **فوقـاه اللـه سیأت ما مکروا** ۔(تو بچایا اللہ تعالیٰ نے اُسے (یعنی حضرت موسیٰ کلیم اللہؑ کو) لوگوں کے مکروفریب سے) اسی ضمن میں صاحب راحت القلوب نے نمبر والی بات کو چھوڑ دیا جبکہ نمبر چار پر یہ لکھا ہے کہ ! ۴۔ چوتھا مجھے تعجب ہے اُن لوگوں پر جو بہشت کے تو مشتاق ہیں مگر یہ نہیں پڑھتے۔ **مـا شاء اللہ لا حول ولا قوة الا با للہ** ۔کیونکہ! ا للہ تعالی فرماتا ہے کہ **!فعسی ربی ان یؤتین خیرًا من جنتک** ۔کچھ بعید نہیں۔کہ میرا رب مجھے تیرے باغ سے بہتر عطا فرمادے۔

وہ مجھ سے ہوئے ہم کلام اللہ اللہ کہاں میں کہاں یہ مقام اللہ اللہ
یہ رنگینیء نو بہار اللہ اللہ یہ جامِ مَے خوش گوار اللہ اللہ

ثـابت قدم رهنے کی دُعا : جامع راحت القلوب جناب حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ اپنے پیر ومرشد حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ سے نقل کرتے ہیں۔کہ انہوں نے ارشاد فرمایا۔کہ اگر کوئی بڑے بڑے کاموں میں صابر رہنے کا آرزومند ہو۔اور ہر معاملے میں ثابت قدم اور دشمنوں پر ظفریاب رہنا چاہتا ہو۔تو یہ آیت مجرب ہے۔ **ربـنا افـرغ عـلینا صبرا و ثبت اقدامنا وانصرنا عـلی القوم الکٰفرین** o ایک اور جگہ اسی کتاب میں فرماتے ہیں کہ جوشخص اسلام کے ساتھ اپنی زندگانی خوش خوش گزارنا چاہے وہ یہ آیت (مذکورہ) بکثرت پڑھا کرے۔ **ربنا افرغ علینا۔۔۔ وانصرنا علی القوم الکٰفرین** o (سورہ البقرہ۔آیت نمبر **250**)

ظُلـم سے بچنے کی دُعا : جامع راحت القلوب نقل کرتے ہیں۔کہ! جب کوئی یہ چاہے کہ دنیا وآخرت میں ظالمین کے ساتھ شریک نہ ہوتو یہ آیت پڑھا کرے۔ **ربنا لا تجعلنا فتنة للقوم الظالمینo و نجنا برحمتک من القوم الکٰفرین** ۔

کچھ سمجھ میں نہیں آتا یہ طلسم ہستی اس کی قدرت کے کرشمے بھی عجیب ہوتے ہیں

کفار پر فتح یاب هونے کی مجرب دعا :

پیر ومرشد حضرت بابا فرید گنج شکرؒ نے ارشاد فرمایا کہ جوشخص یہ چاہے۔کہ کُفار اس پر حاوی نہ ہوں۔تو وہ یہ آیت پڑھا کرے۔ **ربـنا لا تجعلنا فتنة لـلـذیـن کـفـروا واغفرلنا ربنا انک انت العزیز الحکیم** o **(تـرجمه)** اے ہمارے پروردگار! ہمیں کفار کا تختہءمشق نہ بنائیے۔اوراے ہمارے پروردگار! ہماری مغفرت فرمادیجئے۔یقیناً آپ اور صرف آپ کی ذات وہ ہے۔جس کا اقتدار بھی کامل ہے۔جس کی حکمت بھی کامل۔**(سـورہ ممتحنة**۔آیت نمبر**05**) (چاہیئے کہ پہلے تو پیر خود عمل کرے۔اور پھر مرید سے کروائے۔تاکہ فوائد سے مستفیض ومتنفع ہوسکے)

ہم کو تو میسر نہیں مٹی کا دیا بھی گھر پیر کا بجلی کے قمقموں سے ہے روشن

دل میـں نورِ ایمان کامل هونے کی دُعا : جامع راحت القلوب نقل کرتے ہیں۔کہ! جب کوئی شخص یہ چاہے۔کہ نور ایمان اس کے دل میں کامل ہو۔تو یہ آیت (بکثرت) پڑھا کرے۔ **ربنا اتمم لنا نورنا واغفرلنا انک علی کل شئٍ قدیر** o

جہاں میں اہلِ ایماں، صورتِ خورشید جیتے ہیں اِدھر ڈوبے، اُدھر نکلے، اُدھر ڈوبے، اِدھر نکلے

اولیاء اللہ میں شامل هونے کی دُعا : جامع راحت القلوب جناب حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ اپنے پیرو مرشد حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے ارشاد فرمایا کہ جوشخص دوستانِ خُدا میں جمع ہونا چاہے۔تو وہ یہ آیت بکثرت پڑھے۔ **ربنا انک جامع الناس لیوم لا ریب فیه ط ان اللہ لا یخلف المیعادo**

حدیث : احادیث نبویہ ﷺ کے مطابق افضل ذکر **لا اله الا اللہ** اور افضل دعا''**الحمد للہ**۔۔۔آخر تک'' ہے۔

صاحبِ عقل ہو اگر، اِک مشورہ تو دو احتیاط سے عشق کروں یا عشق سے احتیاط کروں

آیاتِ کفایات کے چند فوائد و منافع: (بمطابق حضرت امام غزالی الشافعیؒ)

سونے سے قبل بحالت وضو وشوق تین مرتبہ بقصد زیارت النبی ﷺ یہ آیات پڑھے۔کسی مریض پر سات مرتبہ آیات کفایہ پڑھ کر پھونکنے سے مرض جاتا رہے گا۔حصولِ غناء کے لئے روزانہ سونے سے بیشتر ستر مرتبہ آیاتِ کفایہ پڑھنا پرتاثیر ہے۔ملوک و امراء سے مقابلہ میں کامیابی کے لئے آیاتِ کفایہ کو سترہ مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔دینی و دنیاوی حاجات برآری کے لئے آیاتِ کفایہ کو بعد ہر فرض نماز کے بعد سات مرتبہ اور سونے سے بیشتر تین سو مرتبہ دائما پڑھنا نہایت اکسیر و پرتاثیر خاصیات رکھتا ہے۔**آیاتِ کفایہ** یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔و کفی باللہ ولیا ۔و کفی باللہ نصیرا ۔و کفی باللہ حسیبا ۔و کفی باللہ و کیلا ۔و کفی بربک ھادیا و نصیرا ۔و کفی بربک بذنوب عبادہ خبیرا بصیرا ۔و کفی اللہ المؤمنین القتال و کان اللہ قویا عزیزا ۔فسیکفیکھم اللہ و ھو السمیع العلیم ۔برحمتک یا ارحم الراحمین ۔و صلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد و علی الہ و صحبہ و بارک و سلم اجمعین ۔آمین ۔بجاہ سید المرسلین ۔

آ ؤ اِک سجدہ کریں عالمِ مدہوشی میں لوگ کہتے ہیں کہ **ساغر** کو خدا یاد نہیں

پانچ آیات کے فوائد : شریف ابن طباط پر تین ہزار قرض تھا۔جسے وہ ادا نہ کر سکا۔ولی عہد نے اسے مسجد میں قید کر کے اس پر نگران مقرر کر دیئے۔شریف نے وہ رات نہایت پریشانی کے عالم میں گذاری۔خواب میں حضرت سرکارِ دو عالم ﷺ کا دیدار نصیب ہوا۔آپ ﷺ نے رمایا۔وہ پانچ آیات تم کیوں نہیں تلاوت کرتے۔جنہیں بارگاہ ربوبیت میں پہنچنے سے کوئی چیز نہیں روک سکتی۔ان آیات ہی کے طفیل تمھیں رہائی نصیب ہو جائے گی۔شریف نے عرض کی۔یا رسول اللہ ﷺ ! وہ کون سی آیات ہیں۔تو آپ ﷺ نے فرمایا۔وہ آیات مندرجہ ذیل ہیں۔

☆ **وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ط وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ۔الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ لا قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ۔اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ رَحْمَةٌ قف وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ۔**

☆ **اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۔وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۔فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ لا وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ط وَاللّٰهُ ذُوْفَضْلٍ عَظِيْمٍ ۔**

☆ **وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ۔**

☆ **وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۔اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ لا وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ط وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۔**

☆ **فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ط وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ط اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ م بِالْعِبَادِ ۔فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ۔**

حضرت شریف ابن طباط فرماتے ہیں۔کہ! جب مَیں نیند سے بیدار ہوا۔تو مجھے یہ پانچ آیات زبانی یاد تھیں۔صبح مسجد کا دروازہ کھلا۔چند لوگ میرے پاس آئے۔مَیں ان لوگوں سے آشنا نہ تھا۔وہ مجھے ولی عہد کے پاس لے گئے۔ولی عہد نے مجھ سے سوال کیا۔(کہ) کیا تم نے حضور و کی بارگاہ میں میری شکایت کی ہے۔مَیں نے اس سے کہا۔اللہ کی قسم! مَیں نے آپ ﷺ سے ایسی کوئی شکایت نہیں کی۔تو اس نے کہا۔کہ نبی محترم ﷺ نے مجھے تمھارے متعلق ایک خصوصی حکم دیا ہے۔ولی عہد نے مقروض افراد کی فہرست منگوائی۔اور وہاں سے میرے نام کو حزف (کاٹ) دیا۔اور میری ناداری کو دیکھ کر مجھے ایک ہزار دینار دیئے۔اور مجھے قید و بند کی سختیوں سے رہائی دی ہے۔اِس طرح سے مَیں نے مذکورہ بالا پانچ آیات کی برکت خود ملاحظہ کی۔

ندامت کے چراغوں سے بدل جاتی ہیں تقدیریں اندھیری رات کے آنسو، خُدا سے بات کرتے ہیں

دشمن سے حفاظت کا وظیفہ : حضرت موسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے۔کہ! حضرت نبی مکرم ﷺ کو جب کسی قوم سے کوئی اندیشہ ہوتا۔تو اس طرح دُعا فرماتے۔فکم **اللھم انا نجعلک فی نحورھم و نعوذبک من شرورھم۔** (سنن ابی داؤد)

دل کے پھپھولے جل اُٹھے سینے کے داغ سے اس گھر کو آگ لگ گئی ، گھر کے چراغ سے

ام الصبیان کا مجرب المجرب علاج : حضرت علی المرتضیٰؓ سے مروی ہے۔کہ! آنحضرت رسولِ مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔کہ! جس شخص کے گھر میں بچہ پیدا ہو۔اور اس کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہی جائے۔تو وہ ام الصبیان سے محفوظ رہے گا۔ (ان شاءاللہ العظیم)

فقر مقامِ نظر، علم مقامِ خبر فقر میں مستی ثواب ، علم میں مستی گناہ

نزولِ باراں کا مجرب و بے مثل عمل: (بارگاہ الٰہیہ میں التجاء):

مولانا مولوی حقی نازلیؒ نے اپنی گراں مایہ تصنیف مبارکہ **خزینۃ الاسرار جلیلۃ الاذکار** میں فرمایا ہے۔ کہ سنگریزوں پر طلب بارش کیلئے آیات قرآنیہ کا پڑھنا ایک مستحسن امر ہے۔ کہ حضرت خواجہ حسن بصریؒ، علامہ ابن سیرینؒ وغیرہ کبار تابعینؒ سے اس طرح مروی ہے کہ ستر ہزار کنکریوں پر یہ آیت پڑھی جائے۔ **وَهُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْ م بَعْدِ مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَه‘ وَهُوَ الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ** ۔ (سورہ شوریٰ۔ **نمبر ۲۸**) اور ہر سینکڑہ کے بعد یہ دعا پڑھی جائے۔ **اَللّٰهُمَّ لَا تُهْلِكْ بِلَادَكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِكَ وَلٰكِنْ بِرَحْمَتِكَ الشَّامِلَةِ اَسْقِنَا مَآءً غَدَقًا تُحْيِيْ بِهِ الْاَرْضَ وَتُرْوِيْ بِهِ الْعِبَادَ. اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌo** پھر ان تمام سنگریزوں کو پاک صاف بہتے ہوئے پانی میں یا کسی پاک صاف حوض کے کھڑے پانی میں ڈال دیں۔ تو اللہ تعالیٰ ضرور باران رحمت کا نزول فرمائے گا۔ ان شاء اللہ العظیم۔

☆ اسی طرح سے صاحب **خزینۃ الاسرار** (حقی نازلیؒ) نے لکھا ہے۔ کہ! جو شخص کسی طاہر و مغسول، خشک شدہ گھوڑے کی پیشانی پر یہ آیت کریمہ لکھے۔ (**ففتحنا ابواب السمآء بما منھمر. و فجرنا الارض عیو نا فا لتقی الماء علیٰ امر قد قدر**) پھر اُس گھوڑے کو جاری پانی یا ٹھہرے پانی میں ڈال لے۔ تو (اللہ کریم کے خصوصی فضل و کرم و مہربانی سے) فوراً بارش اُتر پڑے گی۔ اور جب بقدرِ ضرورت بارش برس جائے گی۔ مزید بارش کی ضرورت نہ ہو۔ تو وہ تحریر شدہ سر پانی سے نکال لیں۔ اس عمل کا بارہا تجربہ کیا گیا۔

ہزار خویش کہ بیگانہ از خدا باشد　　ندائے یک تن بیگانہ کا شنا باشد

اخلاق و احوال میں اصلاح پیدا کرنے کا مجرب و مستند عمل :

اخلاق و احوال میں درستی و اصلاح پیدا کرنے کے حصول کے لئے ایک عمل یہاں پر پیش کیا جارہا ہے۔ جو کہ دراصل حضرت مولانا مولوی حقی نازلیؒ کی گراں مایہ تصنیف مبارکہ **خزینۃ الاسرار الکبری** میں درج ہے۔ آپؒ اِس ضمن میں فرماتے ہیں۔ کہ! کہ جو شخص **سورۃ اخلاص (1000)** ایک ہزار بار معہ تسمیہ اور **آیت الکرسی (313)** تین سو تیرہ مرتبہ اور **درود تنجینا** بھی **(1000)** ایک ہزار بار پڑھ کر ایسے شخص کی قمیص پر دَم کردے۔ جو کہ زنا، شراب نوشی، جوا اور والدین کی نافرمانی جیسے محرمات و گناہوں میں مبتلا ہو۔ جب وہ زانی، شراب خور، جواری اور والدین کا نافرمان شخص اس پڑھی ہوئی قمیص کو پہنے گا۔ تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے اخلاق اور احوال کی اصلاح فرمادے گا۔ اور ہم نے بارہا اسکا تجربہ کیا ہے۔ بشرطِ کہ! صدقِ نیت سے اِس عمل کو کم از کم تین یا پانچ مرتبہ عاصی کی قمیص پر کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کلی فوائد حاصل ہوں گے۔

مجھے یاد ہے کبھی ایک تھے مگر آج ہم ہیں جدا جدا　　وہ جدا ہوئے تو سنور گئے، ہم جدا ہوئے تو بکھر گئے

بُرے لوگوں کے لئے اصلاحی عمل :

اگر کوئی شخص شراب نوشی، جوئے، سود خوری، زنا کاری اور جھوٹ وچغلی وغیرہ جیسے معاصی میں مبتلا ہو تو بروز جمعۃ المبارک بعد نماز جمعہ کسی پیالے یا طشتری (جو کہ سفید رنگ کی ہو اور اس پر کوئی ڈیزائن، لائینیں، یا پھول وغیرہ نہ ہو) پر ان آیتوں کو لکھے پھر جب یہ آیتیں خشک ہو جائیں تو پیالے یا طشتری میں آب باراں (بارش کا پانی) ڈال کر پھر اس پانی پر ستر مرتبہ ان آیتوں کو پڑھ کر پانی پر پھونک ماریں پھر بحالت وضو ہی میں اس پانی کے ساتھ گیہوں کا آٹا گوندھ کر روٹی پکائیں پھر جس شخص کی اصلاح کا ارادہ ہوا سے ہفتے کے دن صبح نہار منہ (خالی پیٹ) روٹی کھلائیں اور اسی طرح سے اتوار اور پیر کی صبح بھی، متواتر تین، پانچ یا زیادہ سے زیادہ نو دن تک روٹی کھانے کے بعد اللہ تعالیٰ ضرور بالضرور اس معاصی شخص سے برائیوں کو ختم فرمادے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اور اس طرح گناہوں میں پھنسے ہوئے آدمی کی حالت تبدیل ہو کر کچھ یوں ہو جائے گی۔ پردہ دامان اکابر ہیں نگاہیں دل علم کا گنجینہ انوار ہے گویا آزادی کامل کے لئے رزم عمل میں اخلاص کی چلتی ہوئی تلوار ہے گویا اور اگر ہر جمعۃ المبارک کو یہ عمل کیا جائے اور ہفتہ سے جمعہ تک یہ روٹی اس معاصی کو کھلائیں۔ پھر دوسرے جمعہ اور تیسرے جمعہ تک بھی یہ عمل کیا جائے۔ تو اللہ تعالیٰ سے قوی امید ہے۔ کہ وہ شخص تا حیات ہمہ قسم برائیوں سے دور رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ جو بھی شخص یہ عمل کسی معاصی کے لئے کرے وہ نمازی متقی اور دیندار ہو تا کہ عمل میں سرعت و تاثیر یقینی ہو۔ آیات ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ☆ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ☆ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ج فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ☆ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ج فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ☆ (سورہ مائدہ نمبر **92 - 90**)

اس عمل کو صاحب **خزینۃ الاسرار** (حقی نازلیؒ) نے اس عمل کو اپنے مجربات میں کافی تعریف و توصیف کے ساتھ لکھا ہے۔

کیا مفت کا زاہدوں نے الزام لیا ہے　　تسبیح کے دانوں سے عبث کام لیا ہے
یہ وہ نام ہے کہ! جس کو بے گنتی لیں　　کیا لطف جو، گن گن کے تیرا نام لیا ہے

لقد جآءکم ...العرش العظیم کے تعویذ کے فوائد و فضائل اور خواص:

حضرت ابن الحاج تلسمانی المغربیؒ اپنی مشہورِ زمانہ کتاب ''شموس الانوار'' میں رقم طراز ہیں۔کہ! جو اِس آیت کو ہر دن یا رات سات مرتبہ پڑھا کرے۔ وہ اُس دن یا رات لوہے سے ہلاک نہ ہو۔اور نہ ہی اچانک اُسے موت آئے گی۔انشاءاللہ۔

تعویذ و نقش آیت: اِس آیت کا تعویذ عجیب وغریب اورکئی اقسام کے خواص وفوائد کا حامل ہے۔ چندایک یہاں ذکر کئے جاتے ہیں۔جوکہ عرق گلاب،مشک وزعفران سے بنایا جاتا ہے۔(اس نقش کی دو چالیں بھی دی گئی ہیں۔دونوں درست ومستعمل عام وخواص ہیں)

بھری بزم میں راز کی بات کہہ دی   بڑا بے اَدب ہوں سزا چاہتا ہوں

1۔ جوکوئی اِس نقش کواپنے پاس رکھے گا۔لوہایاتلوار وخنجر کااثر نہ ہوگا۔(بمثل تیغ بند) حاملِ تعویذ ہذا جنگ میں محفوظ رہتا ہے۔ان شاءاللہ۔

2۔ اِس تعویذ کو پاس رکھنے والا مرجع خلائق ہوجاتا ہے۔اور دشمنان کی زبانیں بند ہوجاتی ہیں۔انشاءاللہ۔

3۔ اِس تعویذ کو پاس رکھنے والا اگرکسی خوفناک جگہ یا کسی درندوں وخطرناک جانوروں کے جنگل میں چلا جائے۔تو حفظ میں رہے۔ان شاءاللہ۔

4۔ حامل تعویذ ھذا کی لوگوں وجنات پر عجیب ہیبت طاری رہتی ہے۔اِسی لئے جن وانس حامل تعویذ ہذا کوضرر نہیں پہنچا سکتے۔ان شاءاللہ۔

5۔ ہر عارضہ اور جمیع امراض سے نجات مل جاتی ہے۔بشرطِ کہ تعویذ کو گلے میں ڈال کرآیت کوروزانہ 313 مرتبہ پڑھا بھی جائے۔ان شاءاللہ۔

6۔ اِس تعویذ کو رکھنے والا ہر شخص (مردوعورت) ہرقسم کی برائیوں،زنا ونشہ جات سے محفوظ وماموں رہتا ہے۔انشاءاللہ۔

7۔ اِس تعویذ کواگر مال واسباب میں رکھا جائے تو وہ مال واسباب چوری ہونے سے محفوظ رہے گا۔انشاءاللہ۔

8۔ اگر اِس تعویذ کوکسی برتن میں لکھ کر اُس میں آب باراں ڈال کر وہ پانی کسی پھل دار درخت میں ڈالا جائے تو اُس درخت کے پھل ضائع نہیں ہوں گے۔بفضلِ خُدا اُن درختوں کے پھل وفروٹ میں بھی خیر و برکت ہو جاتی ہے۔انشاءاللہ۔

9۔ حامل تعویذ ھذا پرکسی قسم کا سحر وجادو یا آسیبی وجناتی اثر نہیں ہوتا۔اورنہ ہی ایسا شخص کسی قسم کی قید وبند کا شکار ہوتا ہے۔ان شاءاللہ۔

10۔ حامل تعویذ ھذا کو ہرقسم کے زہر،دردکمر،دردسر،دردِ پیٹ،دردجوڑ وپٹھے سے نجات رہتی ہے۔ان شاءاللہ۔

11۔ اگر اِس تعویذ کولکھ کراپنے مکان کے بالاخانے یا درخت پر باندھا جائے تو اُس گھر میں سارق کبھی داخل نہ ہوسکے۔ان شاءاللہ۔

12۔ اگرکوئی سوداگر اِس تعویذ کواپنے مال میں یا کوئی دکاندار اپنی دکان میں رکھے تو وہاں خیر وبرکات کا نزول ہو۔انشاءاللہ۔

13۔ اگرکوئی شخص انہیں آیات کو بعد ہرنماز صدمرتبہ ہمیشہ پڑھتا رہے۔اور یہ تعویذ بھی گلے میں موجود ہو۔تو ایسا شخص لمبی عمر پائے۔ان شاءاللہ

بس کر میاں محمد بخشا! موڑ قلم دا گھوڑا   ساری عمراں دکھ نہیں مکنے ،ورقہ رہ گیا تھوڑا

مذکورہ **13** فوائد ومنافع کا حامل تعویذ مع دونوں چالوں کے یہ ہے۔

العظیم	العرش	رب	وھو	توکلت	علیه	الاھو	لا اله	الله	العظیم
الله	حسبی	فقل	تولوا	فان	رحیم	رؤف	بالمؤمنین	حسبی	العرش
لا اله	بالمؤمنین	علیکم	حریص	ماعنتم	علیه	عزیز	علیکم	فقل	رب
الاھو	رؤف	عزیز	انفسکم	من	رسول	انفسکم	حریص	تولوا	وھو
علیه	رحیم	علیه	رسول	لقدجاءکم	لقدجاءکم	من	ماعنتم	فان	توکلت
توکلت	فان	ماعنتم	من	لقدجاءکم	لقدجاءکم	رسول	علیه	رحیم	علیه
وھو	تولوا	حریص	انفسکم	رسول	من	انفسکم	عزیز	رؤف	الاھو
رب	فقل	علیکم	عزیز	علیه	ماعنتم	حریص	علیکم	بالمؤمنین	لا اله
العرش	حسبی	بالمؤمنین	رؤف	رحیم	فان	تولوا	فقل	حسبی	الله
العظیم	الله	لا اله	الاھو	علیه	توکلت	وھو	رب	العرش	العظیم

جنہیں یقین ہو مقدر لکھنے والے پہ   انجام سے وہ گھبرایا نہیں کرتے

اسی نقش کی متعدد چالیں ہیں۔لیکن یہاں دو بیان کی جاتی ہیں۔ایک **Clockwise** جبکہ دوسری **Anti Clockwise** ۔

99	68	69	74	79	84	85	90	95	**100**
94	63	38	43	48	49	54	59	64	65
89	58	33	18	23	28	29	34	39	70
88	53	32	13	8	9	14	19	44	75
83	52	27	12	**3**	**4**	5	24	45	80
78	47	22	7	**2**	**1**	10	25	50	81
73	42	17	16	11	6	15	30	55	86
72	37	36	31	26	21	20	35	60	91
67	62	57	56	51	46	41	40	61	96
98	93	92	87	82	77	76	71	66	**97**

اسی نقش کی ایک اور چال اس طرح سے بھی ہے ۔

100	66	70	74	78	82	86	90	94	**99**
95	62	37	41	45	49	53	57	61	65
91	59	33	20	24	28	32	36	40	69
87	54	29	30	8	12	16	19	44	73
83	50	25	9	**4**	**3**	7	23	48	77
79	46	21	5	**1**	**2**	11	27	52	81
75	42	17	14	10	6	15	31	56	85
71	38	34	30	26	22	18	35	60	89
67	63	59	55	51	47	43	39	64	93
97	96	92	88	84	80	76	72	68	**98**

احادیثِ نبویہ ﷺ میں ہے ۔کہ جو کوئی نمازِ فجر کے بعد سات مرتبہ یہ آیت پڑھے ۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم o فان تولو فقل حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم o** تو اللہ تعالی اس کے لئے دن بھر کافی ہوگا ۔اگر چہ (پڑھنے والا) توکل میں سچا نہ ہو۔اگر شام کو پڑھے ۔تو صبح تک یہی اثر رہے گا ۔ (انشاء اللہ العظیم)

کثیر علوم کے حفظ کا مجرب عمل :امام غزالیؒ خواص القرآن میں رقم طراز ہیں ۔کہ جو شخص تمام علوم کے حفظ کا خواہش مند ہو تو اسے چاہیئے ۔کہ ایک نہایت پاکیزہ برتن (مثل طشتری بغیر لائن و ڈیزائن) پر درج ذیل آیات لکھ کر صبح سویرے نہار منہ آب زم زم سے دھو کر پیا کرے ۔تو ایسا شخص جو بھی چیز سنے گا یا پڑھے گا ۔تو ان آیات کی برکات سے یاد کر لے گا (یہ آیات روزانہ لکھ کر خشک ہونے کے بعد آب زم زم یا عرق گلاب سے دھو کر پیتا رہے) یہ عمل نہایت مجرب المجرب اور مستند ہے ۔آیات شریفہ یہ ہیں ۔ **الرحمن . علم القرآن .. و الشجر یسجدا ن** ۔(سورہ رحمٰن) **لا تحرک بہ لسا نک .. ان علینا بیا نہ** (سورہ القیمۃ آیت نمبر ۱۶ سے ۱۹ تک) **بل ھو قرآ ن مجید ... فی لوح محفوظ** ۔ (سورہ بروج آیت نمبر ۲۱ ۔۲۲) **سنقر ئک فلا تنسی** ۔(سورہ اعلی آیت نمبر ۶) **اقراء وربک .. ما لم یعلم** ۔(سورہ علق آیت نمبر ۳ سے ۵ تک)

ہر حاجت کے پورا ہونے کا نبوی ﷺ وظیفہ : ☆ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے ۔کہ! انؓ کا گذر ایک ایسے بیمار کے پاس سے ہوا ۔جو سخت امراض میں مبتلا تھا ۔تو حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے اس (غالبًا مرگی میں مبتلا شخص) کے گوش میں سورہ مومنون کی آخری آیات (**افحسبتم انما خلقنکم ... وانت خیر الرا حمین** ۔) پڑھیں ۔تو وہ اسی وقت اچھا ہو گیا ۔ (بعدہ) حضرت رسولِ مکرم ﷺ نے حضرت عبداللہ ابنِ مسعودؓ سے دریافت فرمایا ۔کہ! آپؓ نے اس (بیمار آدمی) کے کان میں کیا پڑھا تھا ۔تو حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے عرض کیا ۔کہ! یہ آیتیں (**افحسبتم انما ...**) پڑھیں ۔تو حضرت نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔کہ! قسم ہے اس ذاتِ ذوالجلال کی! جس کے قبضہء (قدرت) میں میری جان ہے ۔اگر کوئی آدمی ، جو یقین رکھنے والا ہو ۔یہ آیتیں پہاڑ پر پڑھ دے ۔تو پہاڑ (بھی) اپنی جگہ سے ہٹ سکتا ہے ۔

☆ بروایت حافظ ابو نعیمؒ ! ہمیں رسولِ مکرم ﷺ نے ایک لشکر میں بھیجا ۔اور حکم فرمایا ۔کہ! ہم صبح و شام (**افحسبتم ...**) پڑھتے رہیں ۔ہم نے مسلسل اس (آیات) کی تلاوت دونوں اوقات جاری رکھی ۔الحمد للہ ! ہم سلامتی و غنیمت کے ساتھ واپس لوٹے ۔

عصیاں سے کبھی ہم نے کنارا نہ کیا   پر تُو نے دل آزردہ ہمارا نہ کیا
ہم نے تو جہنم کی بہت کی تھی تدبیریں   لیکن تیری رحمت نے گوارہ نہ کیا

سُوْرَةُ يٰسٓ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثٌ وَّثَمَانُوْنَ اٰيَةً وَّخَمْسُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰسٓ ﴿1﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿2﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿3﴾ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿4﴾ تَنْزِيْلَ
الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿5﴾ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿6﴾ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى
اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿7﴾ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ
مُّقْمَحُوْنَ ﴿8﴾ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ
﴿9﴾ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿10﴾ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ
وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿11﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى
وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ؕ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿12﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا
اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿13﴾ اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا
بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿14﴾ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ
شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿15﴾ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿16﴾ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ
الْمُبِيْنُ ﴿17﴾ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ
اَلِيْمٌ ﴿18﴾ قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ ؕ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿19﴾ وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا
الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى ز قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿20﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ
مُّهْتَدُوْنَ ﴿21﴾ وَمَالِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿22﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ
يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿23﴾ اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ
مُّبِيْنٍ ﴿24﴾ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿25﴾ قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ﴿26﴾
بِمَا غَفَرَلِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿27﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ
مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا مُنْزِلِيْنَ ﴿28﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿29﴾ يٰحَسْرَةً
عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿30﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا
قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿31﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿32﴾ وَاٰيَةٌ
لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ﴿33﴾ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ
نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿34﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ؕ اَفَلَا
يَشْكُرُوْنَ ﴿35﴾ سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا
لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿36﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۖۚ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿37﴾ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ
لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿38﴾ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ
الْقَدِيْمِ ﴿39﴾ لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِيْ

فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ۝٤٠ وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ۝٤١ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ
مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ۝٤٢ وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ۝٤٣ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا
وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ۝٤٤ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝٤٥
وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ۝٤٦ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا
رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ
اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝٤٧ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝٤٨ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً
وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ۝٤٩ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ۝٥٠
وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ۝٥١ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ
مَّرْقَدِنَا ٜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ۝٥٢ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً
فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ۝٥٣ فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ ۝٥٤ اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ۝٥٥ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى
الْاَرَآئِكِ مُتَّكِئُوْنَ ۝٥٦ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ۝٥٧ سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝٥٨
وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝٥٩ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ
لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝٦٠ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝٦١ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ؕ
اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ۝٦٢ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝٦٣ اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ
تَكْفُرُوْنَ ۝٦٤ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا
يَكْسِبُوْنَ ۝٦٥ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ۝٦٦
وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ۝٦٧ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ
نُنَكِّسْهُ فِي الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ۝٦٨ وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ
وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ۝٦٩ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۝٧٠ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ
مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ۝٧١ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ۝٧٢
وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ۝٧٣ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ
يُنْصَرُوْنَ ۝٧٤ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ۝٧٥ فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ
اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝٧٦ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ
خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝٧٧ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ۝٧٨ قُلْ
يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُ ۙ ۝٧٩ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ
الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ ۝٨٠ اَوَلَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ
يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؔ بَلٰى ۗ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ۝٨١ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝٨٢
فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝٨٣

سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ سِتٌّ وَّتِسْعُوْنَ اٰيَةً وَّثَلٰثُ رُكُوْعَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝١ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ۝٢ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ۝٣ اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ۝٤
وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝٥ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْبَثًّا ۝٦ وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ۝٧ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ
مَآ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۝٨ وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۝٩ وَالسّٰبِقُوْنَ
السّٰبِقُوْنَ ۝١٠ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝١١ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝١٢ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۝١٣ وَقَلِيْلٌ مِّنَ
الْاٰخِرِيْنَ ۝١٤ عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ۝١٥ مُّتَّكِئِيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ۝١٦ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ
مُّخَلَّدُوْنَ ۝١٧ بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ۝١٨ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُوْنَ ۝١٩
وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ۝٢٠ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ۝٢١ وَحُوْرٌ عِيْنٌ ۝٢٢ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ
الْمَكْنُوْنِ ۝٢٣ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝٢٤ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ۝٢٥ اِلَّا قِيْلًا
سَلٰمًا سَلٰمًا ۝٢٦ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۝٢٧ فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ۝٢٨ وَّطَلْحٍ
مَّنْضُوْدٍ ۝٢٩ وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ۝٣٠ وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ۝٣١ وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ۝٣٢ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ۝٣٣
وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ۝٣٤ اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ۝٣٥ فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ۝٣٦ عُرُبًا اَتْرَابًا ۝٣٧ لِّاَ
صْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝٣٨ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۝٣٩ وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ۝٤٠ وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۙ
مَآ اَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۝٤١ فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ۝٤٢ وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ۝٤٣ لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ۝٤٤
اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُتْرَفِيْنَ ۝٤٥ وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ الْعَظِيْمِ ۝٤٦ وَكَانُوْا
يَقُوْلُوْنَ ۙ اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۝٤٧ اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ۝٤٨ قُلْ اِنَّ
الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ۝٤٩ لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ۝٥٠ ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ
الْمُكَذِّبُوْنَ ۝٥١ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ۝٥٢ فَمَالِئُوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ۝٥٣ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ
الْحَمِيْمِ ۝٥٤ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ۝٥٥ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ۝٥٦ نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ
فَلَوْلَا تُصَدِّقُوْنَ ۝٥٧ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ۝٥٨ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ۝٥٩ نَحْنُ قَدَّرْنَا
بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ۝٦٠ عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ
۝٦١ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝٦٢ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ۝٦٣ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ
اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ۝٦٤ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ۝٦٥ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ۝٦٦ بَلْ نَحْنُ
مَحْرُوْمُوْنَ ۝٦٧ اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ۝٦٨ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ
الْمُنْزِلُوْنَ ۝٦٩ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ۝٧٠ اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ۝٧١ ءَ
اَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِئُوْنَ ۝٧٢ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ۝٧٣
فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۝٧٤ فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ۝٧٥ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ
عَظِيْمٌ ۝٧٦ اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ۝٧٧ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ۝٧٨ لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۝٧٩ تَنْزِيْلٌ مِّنْ

رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٨٠ اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ۝٨١ وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ تُكَذِّبُوْنَ ۝٨٢
فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ۝٨٣ وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ۝٨٤ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ
وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ۝٨٥ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ۝٨٦ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝٨٧ فَاَمَّآ اِنْ
كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝٨٨ فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ نَعِيْمٍ ۝٨٩ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ
الْيَمِيْنِ ۝٩٠ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ۝٩١ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ ۝٩٢ فَنُزُلٌ
مِّنْ حَمِيْمٍ ۝٩٣ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ۝٩٤ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ۝٩٥ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۝٩٦

سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَلٰثُوْنَ اٰيَةً وَّفِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ز وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ۝١ الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ
لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ط وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۝٢ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ط مَا
تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ط فَارْجِعِ الْبَصَرَ لا هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ۝٣ ثُمَّ ارْجِعِ
الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ۝٤ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا
بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيْرِ ۝٥ وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا
بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ط وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝٦ اِذَآ اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّهِيَ تَفُوْرُ ۝٧
تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ط كُلَّمَآ اُلْقِيَ فِيْهَا فَوْجٌ سَاَلَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَذِيْرٌ ۝٨ قَالُوْا
بَلٰى قَدْ جَآءَنَا نَذِيْرٌ ۙ فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۚ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ كَبِيْرٍ ۝٩
وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيْٓ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۝١٠ فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ج فَسُحْقًا
لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۝١١ اِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝١٢ وَاَسِرُّوْا
قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ط اِنَّهٗ عَلِيْمٌ ۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝١٣ اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ط وَهُوَ
اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۝١٤ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا مِنْ
رِّزْقِهٖ ط وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ۝١٥ ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا هِيَ تَمُوْرُ
۝١٦ اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ج فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ۝١٧ وَلَقَدْ
كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ۝١٨ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ صٰٓفّٰتٍ وَّ
يَقْبِضْنَ ۘ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ط اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ ۢ بَصِيْرٌ ۝١٩ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ
يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ط اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ۝٢٠ اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ اِنْ
اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ج بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّنُفُوْرٍ ۝٢١ اَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖٓ اَهْدٰٓى اَمَّنْ
يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝٢٢ قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ
وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ ط قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝٢٣ قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ
تُحْشَرُوْنَ ۝٢٤ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝٢٥ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ص

وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ
تَدَّعُوْنَ ۝ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَمَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ يُّجِيْرُ الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ
اَلِيْمٍ ۝ قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ قُلْ اَرَءَ
يْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ۝

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ وَّ هِيَ عِشْرُوْنَ اٰيَةً وَّ فِيْهَا رُكُوْعَانِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ
وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝ اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً
وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝ اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ۝ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ اِلَيْهِ
تَبْتِيْلًا ۝ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ
وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ۝ اِنَّ لَدَيْنَآ
اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ۝ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ۝ يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ
الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ۝ اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۙ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى
فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ۝ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ۝ فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ
كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبَا ۝ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ۭ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ۝ اِنَّ هٰذِهٖ
تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ
الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ۭ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۭ عَلِمَ اَنْ لَّنْ
تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ۭ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَاٰخَرُوْنَ
يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ڮ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ
مِنْهُ ۙ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۭ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ
تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ۭ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

سُوْرَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسَ عَشَرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰىهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰىهَا ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰىهَا ۝ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىهَا ۝
وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰىهَا ۝ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىهَا ۝ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۝ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا
وَتَقْوٰىهَا ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۝ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ۝ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَآ ۝ اِذِ
انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۙ فَدَمْدَمَ
عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۝ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝

سُوْرَةُ الَّيْلِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اِحْدٰى وَعِشْرُوْنَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝۱ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝۲ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰٓى ۝۳ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۝۴
فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝۵ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝۶ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝۷ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى
۝۸ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝۹ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝۱۰ وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا تَرَدّٰى ۝۱۱ اِنَّ عَلَيْنَا
لَلْهُدٰى ۝۱۲ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ۝۱۳ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۝۱۴ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ۝۱۵
الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝۱۶ وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ۝۱۷ الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ۝۱۸ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ
تُجْزٰٓى ۝۱۹ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۝۲۰ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۝۲۱

سُوْرَةُ الضُّحٰى مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اِحْدٰى عَشَرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالضُّحٰى ۝۱ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۝۲ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ۝۳ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ
الْاُوْلٰى ۝۴ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝۵ اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝۶ وَوَجَدَكَ
ضَآلًّا فَهَدٰى ۝۷ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۝۸ فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝۹ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝۱۰
وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝۱۱

سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝۱ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝۲ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝۳
وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝۴ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝۵ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝۶ فَاِذَا فَرَغْتَ
فَانْصَبْ ۝۷ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝۸

سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ ثَمَانُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝۱ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۝۲ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَالَهَا ۝۳ يَوْمَئِذٍ
تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۝۴ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۝۵ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝۶ فَمَنْ
يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝۷ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝۸

سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ اِحْدٰى عَشَرَةَ اٰيَةً

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝۱ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝۲ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۝۳ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝۴ فَوَسَطْنَ بِهٖ
جَمْعًا ۝۵ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۝۶ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۝۷ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ
لَشَدِيْدٌ ۝۸ اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ ۝۹ وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ ۝۱۰ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ
يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ ۝۱۱

سُوْرَۃُ الْقَارِعَۃِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ اِحْدٰی عَشَرَۃَ اٰیَۃً

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥

اَلْقَارِعَۃُ ۝۱ مَا الْقَارِعَۃُ ۝۲ وَمَا اَدْرٰکَ مَا الْقَارِعَۃُ ۝۳ یَوْمَ یَکُوْنُ النَّاسُ کَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ
۝۴ وَتَکُوْنُ الْجِبَالُ کَالْعِھْنِ الْمَنْفُوْشِ ۝۵ فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِیْنُہٗ ۝۶ فَھُوَ فِیْ عِیْشَۃٍ رَّاضِیَۃٍ ۝۷
وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِیْنُہٗ ۝۸ فَاُمُّہٗ ھَاوِیَۃٌ ۝۹ وَمَآ اَدْرٰکَ مَا ھِیَہْ ۝۱۰ نَارٌ حَامِیَۃٌ ۝۱۱

سُوْرَۃُ التَّکَاثُرِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ ثَمَانُ اٰیَاتٍ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥

اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ ۝۱ حَتّٰی زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝۲ کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝۳ ثُمَّ کَلَّا سَوْفَ
تَعْلَمُوْنَ ۝۴ کَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْیَقِیْنِ ۝۵ لَتَرَوُنَّ الْجَحِیْمَ ۝۶ ثُمَّ لَتَرَوُنَّھَا عَیْنَ الْیَقِیْنِ ۝۷
ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ یَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِیْمِ ۝۸

سُوْرَۃُ الْعَصْرِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ ثَلٰثُ اٰیَاتٍ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥

وَالْعَصْرِ ۝۱ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۝۲ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۵
وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝۳

سُوْرَۃُ الْھُمَزَۃِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ تِسْعُ اٰیَاتٍ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥

وَیْلٌ لِّکُلِّ ھُمَزَۃٍ لُّمَزَۃِ ن o الَّذِیْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَہٗ o یَحْسَبُ اَنَّ مَالَہٗٓ اَخْلَدَہٗ ۝۳ کَلَّا
لَیُنْبَذَنَّ فِی الْحُطَمَۃِ o وَمَآ اَدْرٰکَ مَا الْحُطَمَۃُ o نَارُ اللّٰہِ الْمُوْقَدَۃُ o الَّتِیْ تَطَّلِعُ عَلَی
الْاَفْئِدَۃِ o اِنَّھَا عَلَیْھِمْ مُّؤْصَدَۃٌ o فِیْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَۃٍ o

سُوْرَۃُ الْکَوْثَرِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ ثَلٰثُ اٰیَاتٍ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ ۝۱ فَصَلِّ لِرَبِّکَ وَانْحَرْ ۝۲ اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ ۝۳

سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْنَ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ سِتُّ اٰیَاتٍ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ۝۱ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝۲ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝۳ وَلَآ
اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝۴ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝۵ لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۝۶

سُوْرَۃُ النَّصْرِ مَدَنِیَّۃٌ وَّھِیَ ثَلٰثُ اٰیَاتٍ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ ۝۱ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا ۝۲
فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ وَاسْتَغْفِرْہُ ؕ اِنَّہٗ کَانَ تَوَّابًا ۝۳

سُوْرَۃُ اللَّھَبِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ خَمْسُ اٰیَاتٍ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَھَبٍ وَّتَبَّ ۝ؕ مَآ اَغْنٰی عَنْہُ مَالُہٗ وَمَا کَسَبَ ۝ؕ سَیَصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَھَبٍ ۝ۚۖ وَّامْرَاَتُہٗ ؕ حَمَّالَۃَ الْحَطَبِ ۝ۚ فِیْ جِیْدِھَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝ع

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ اَرْبَعُ اٰیَاتٍ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ☆ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ☆ لَمْ یَلِدْ ۵ لا وَلَمْ یُوْلَدْ ☆ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ☆

سُوْرَۃُ الْفَلَقِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ خَمْسُ اٰیَاتٍ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝لا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝لا وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝لا وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝لا وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ع

سُوْرَۃُ النَّاسِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ سِتُّ اٰیَاتٍ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝لا مَلِکِ النَّاسِ ۝لا اِلٰہِ النَّاسِ ۝لا مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۵لا الْخَنَّاسِ ۝لاصلے الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝لا مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ۝ع

دُعائے ماثورہ قرآنِ حکیم کو مکمل پڑھ لینے کے بعد کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اٰنِسْ وَحْشَتِیْ فِیْ قَبْرِیْ ہ اَللّٰھُمَّ ارْحَمْنِیْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَاجْعَلْہُ لِیْ اِمَامًا وَّنُوْرًا وَّھُدًی وَّرَحْمَۃً ہ اَللّٰھُمَّ ذَکِّرْنِیْ مِنْہُ مَا نَسِیْتُ وَعَلِّمْنِیْ مِنْہُ مَا جَھِلْتُ وَارْزُقْنِیْ تِلَاوَتَہٗ اٰنَآءَ الَّیْلِ وَاٰنَآءَ النَّھَارِ وَاجْعَلْہُ لِیْ حُجَّۃً یَّارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ہ

آیات سورہ آلِ عمران بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٥

قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ ز وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِیَدِکَ الْخَیْرُ ط اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَتُوْلِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ ز وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ ز وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۝

آیات سورہ آلِ عمران **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** ٥

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَۃً نُّعَاسًا یَّغْشٰی طَآئِفَۃً مِّنْکُمْ لا وَطَآئِفَۃٌ قَدْ اَھَمَّتْھُمْ اَنْفُسُھُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰہِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاھِلِیَّۃِ ط یَقُوْلُوْنَ ھَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ ط قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّہٗ لِلّٰہِ ط یُخْفُوْنَ فِیْٓ اَنْفُسِھِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَکَ ط یَقُوْلُوْنَ لَوْ کَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا ھٰھُنَا ط قُلْ لَّوْ کُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِکُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ کُتِبَ عَلَیْھِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِھِمْ ج وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰہُ مَا فِیْ صُدُوْرِکُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِکُمْ ط وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ م بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

آ یات سورہ کہف (اِ بتدا ائی آیات)　　**بسم اللہ الر حمٰن الر حیم** o

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ عَلٰی عَبۡدِهِ الۡكِتٰبَ وَلَمۡ يَجۡعَلۡ لَّهٗ عِوَجًا ☆قَيِّمًا لِّيُنۡذِرَ بَاۡسًا شَدِيۡدًا مِّنۡ لَّدُنۡهُ
وَيُبَشِّرَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ الَّذِيۡنَ يَعۡمَلُوۡنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمۡ اَجۡرًا حَسَنًا☆ مَّاكِثِيۡنَ فِيۡهِ اَبَدًا ۝ وَّيُنۡذِرَ الَّذِيۡنَ
قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۝ مَالَهُمۡ بِهٖ مِنۡ عِلۡمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمۡ ط كَبُرَتۡ كَلِمَةً تَخۡرُجُ مِنۡ اَفۡوَاهِهِمۡ ط اِنۡ
يَّقُوۡلُوۡنَ اِلَّا كَذِبًا☆ فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفۡسَكَ عَلٰۤى اٰثَارِهِمۡ اِنۡ لَّمۡ يُؤۡمِنُوۡا بِهٰذَا الۡحَدِيۡثِ اَسَفًا ۝ اِنَّا
جَعَلۡنَا مَا عَلَى الۡاَرۡضِ زِيۡنَةً لَّهَا لِنَبۡلُوَهُمۡ اَيُّهُمۡ اَحۡسَنُ عَمَلًا ۝ وَاِنَّا لَجٰعِلُوۡنَ مَا عَلَيۡهَا صَعِيۡدًا
جُرُزًا☆اَمۡ حَسِبۡتَ اَنَّ اَصۡحٰبَ الۡكَهۡفِ وَالرَّقِيۡمِ لا كَانُوۡا مِنۡ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ☆ اِذۡ اَوَى الۡفِتۡيَةُ اِلَى
الۡكَهۡفِ فَقَالُوۡا رَبَّنَاۤ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً وَّهَيِّئۡ لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا رَشَدًا ۝

آ یات سورہ کہف (آ خری آیات)　　بسم اللہ الر حمٰن الر حیم o

الَّذِيۡنَ كَانَتۡ اَعۡيُنُهُمۡ فِيۡ غِطَآءٍ عَنۡ ذِكۡرِىۡ وَكَانُوۡا لَا يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ سَمۡعًا ۝ اَفَحَسِبَ الَّذِيۡنَ
كَفَرُوۡۤا اَنۡ يَّتَّخِذُوۡا عِبَادِىۡ مِنۡ دُوۡنِيۡۤ اَوۡلِيَآءَ ط اِنَّاۤ اَعۡتَدۡنَا جَهَنَّمَ لِلۡكٰفِرِيۡنَ نُزُلًا ۝ قُلۡ هَلۡ
نُنَبِّئُكُمۡ بِالۡاَخۡسَرِيۡنَ اَعۡمَالًا ۝ اَلَّذِيۡنَ ضَلَّ سَعۡيُهُمۡ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَهُمۡ يَحۡسَبُوۡنَ اَنَّهُمۡ
يُحۡسِنُوۡنَ صُنۡعًا ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمۡ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتۡ اَعۡمَالُهُمۡ فَلَا نُقِيۡمُ
لَهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ وَزۡنًا ۝ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمۡ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوۡا وَاتَّخَذُوۡۤا اٰيٰتِىۡ وَرُسُلِىۡ هُزُوًا ۝
اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتۡ لَهُمۡ جَنّٰتُ الۡفِرۡدَوۡسِ نُزُلًا ۝ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا لَا يَبۡغُوۡنَ
عَنۡهَا حِوَلًا ۝ قُلۡ لَّوۡ كَانَ الۡبَحۡرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّىۡ لَنَفِدَ الۡبَحۡرُ قَبۡلَ اَنۡ تَنۡفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّىۡ وَلَوۡ
جِئۡنَا بِمِثۡلِهٖ مَدَدًا ۝ قُلۡ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثۡلُكُمۡ يُوۡحٰۤى اِلَىَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمۡ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ج فَمَنۡ كَانَ
يَرۡجُوۡا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلۡيَعۡمَلۡ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشۡرِكۡ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖۤ اَحَدًا ۝

آ یات سورہ طٰہٰ　　بسم اللہ الر حمٰن الر حیم o

رَبِّ اشۡرَحۡ لِيۡ صَدۡرِىۡ ☆ وَيَسِّرۡ لِيۡۤ اَمۡرِىۡ ☆ وَاحۡلُلۡ عُقۡدَةً مِّنۡ لِّسَانِيۡ ☆ يَفۡقَهُوۡا قَوۡلِيۡ☆

آ یات سورہ مؤمنون　　بسم اللہ الر حمٰن الر حیم o

قَدۡ اَفۡلَحَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ☆الَّذِيۡنَ هُمۡ فِيۡ صَلَاتِهِمۡ خَاشِعُوۡنَ ☆وَالَّذِيۡنَ هُمۡ عَنِ اللَّغۡوِ
مُعۡرِضُوۡنَ☆ وَالَّذِيۡنَ هُمۡ لِلزَّكٰوةِ فَاعِلُوۡنَ ☆ وَالَّذِيۡنَ هُمۡ لِفُرُوۡجِهِمۡ حٰفِظُوۡنَ ☆ اِلَّا عَلٰٓى
اَزۡوَاجِهِمۡ اَوۡ مَا مَلَكَتۡ اَيۡمَانُهُمۡ فَاِنَّهُمۡ غَيۡرُ مَلُوۡمِيۡنَ ☆ فَمَنِ ابۡتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الۡعٰدُوۡنَ ☆ وَالَّذِيۡنَ هُمۡ لِاَمٰنٰتِهِمۡ وَعَهۡدِهِمۡ رَاعُوۡنَ ☆وَالَّذِيۡنَ هُمۡ عَلٰى صَلَوٰتِهِمۡ
يُحَافِظُوۡنَ☆ اُولٰٓئِكَ هُمُ الۡوَارِثُوۡنَ ☆الَّذِيۡنَ يَرِثُوۡنَ الۡفِرۡدَوۡسَ ط هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ☆

آ یات سورہ طلاق　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o

وَمَنۡ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجۡعَلۡ لَّهٗ مَخۡرَجًا ۝ وَّيَرۡزُقۡهُ مِنۡ حَيۡثُ لَا يَحۡتَسِبُ ط وَمَنۡ يَّتَوَكَّلۡ عَلَى
اللّٰهِ فَهُوَ حَسۡبُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمۡرِهٖ ط قَدۡ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَىۡءٍ قَدۡرًا ۝

آیات سورہ مؤمنون بسم اللہ الر حمٰن الر حیم O

اَفَحَسِبۡتُمۡ اَنَّمَا خَلَقۡنٰكُمۡ عَبَثًا وَّاَنَّكُمۡ اِلَيۡنَا لَا تُرۡجَعُوۡنَ ☆ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الۡمَلِكُ الۡحَقُّ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡكَرِيۡمِ ☆ وَمَنۡ يَّدۡعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرۡهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنۡدَ رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفۡلِحُ الۡكٰفِرُوۡنَ ☆ وَقُلۡ رَّبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ ☆

آیات سورہ نور بسم اللہ الر حمٰن الر حیم O

اَللّٰهُ نُوۡرُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ مَثَلُ نُوۡرِهٖ كَمِشۡكٰوةٍ فِيۡهَا مِصۡبَاحٌ ؕ اَلۡمِصۡبَاحُ فِىۡ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوۡكَبٌ دُرِّىٌّ يُّوۡقَدُ مِنۡ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيۡتُوۡنَةٍ لَّا شَرۡقِيَّةٍ وَّلَا غَرۡبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيۡتُهَا يُضِىۡٓءُ وَلَوۡ لَمۡ تَمۡسَسۡهُ نَارٌ ؕ نُوۡرٌ عَلٰى نُوۡرٍ ؕ يَهۡدِى اللّٰهُ لِنُوۡرِهٖ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ وَيَضۡرِبُ اللّٰهُ الۡاَمۡثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ۙ۝۳۵

آیات سورہ حدید بسم اللہ الر حمٰن الر حیم O

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ☆ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ يُحۡىٖ وَيُمِيۡتُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ☆ هُوَ الۡاَوَّلُ وَالۡاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالۡبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ☆ هُوَ الَّذِىۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ فِىۡ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسۡتَوٰى عَلَى الۡعَرۡشِ ؕ يَعۡلَمُ مَا يَلِجُ فِى الۡاَرۡضِ وَمَا يَخۡرُجُ مِنۡهَا وَمَا يَنۡزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعۡرُجُ فِيۡهَا ؕ وَهُوَ مَعَكُمۡ اَيۡنَ مَا كُنۡتُمۡ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ ☆ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرۡجَعُ الۡاُمُوۡرُ ☆ يُوۡلِجُ الَّيۡلَ فِى النَّهَارِ وَيُوۡلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيۡلِ ؕ وَهُوَ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ۝

آیات سورہ حشر بسم اللہ الر حمٰن الر حیم O

لَوۡ اَنۡزَلۡنَا هٰذَا الۡقُرۡاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيۡتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنۡ خَشۡيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلۡكَ الۡاَمۡثَالُ نَضۡرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمۡ يَتَفَكَّرُوۡنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِيۡمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىۡ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡمَلِكُ الۡقُدُّوۡسُ السَّلٰمُ الۡمُؤۡمِنُ الۡمُهَيۡمِنُ الۡعَزِيۡزُ الۡجَبَّارُ الۡمُتَكَبِّرُ ؕ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الۡخَالِقُ الۡبَارِئُ الۡمُصَوِّرُ لَهُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ وَهُوَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ۝۲۴

نعتِ رسولِ اعظم ﷺ (جناب مظفر وارثی)

میرا پیغمبرؐ عظیم تر ہے ، کمالِ اخلاقِ ذات اس کی — جمالِ ہستی حیات اس کی ، بشر نہیں عظمتِ بشر ہے
وہ شرحِ احکام حق تعالیٰ ، وہ خود ہی قانون خود ہی حوالہ — وہ خود ہی قرآن خود ہی قاری ، وہ آپ مہتاب، آپ ہالہ وہ عکس بھی اور
آئینہ بھی، وہ نقطہ بھی خط بھی دائرہ بھی — وہ خود نظارہ ہے، خود ل نظر سے، میرا پیغمبر عظیم تر ہے
شعور لایا کتاب لایا ، وہ حشر تک کا نصاب لایا — دیا بھی کامل نظام اس نے ، اور آپ ہی انقلاب لایا
وہ علم کی اور عمل کی حد بھی، ازل بھی اس کا اور ابد بھی — وہ ہر زمانہ کا راہبر ہے ، میرا پیپغمبر عظیم تر ہے
بس ایک مشکیزہ اِک چٹائی ، ذرا سی جَو، ایک چارپائی — بدن پہ کپڑے بس واجبی سے ، نہ خوش لباسی نہ خوش قبائی
یہی کل کائنات جس کی، گنی نہ جائیں صفات جس کی — وہی تو سلطان بحر و بر ہے، میرا پیغمبر عظیم تر ہے
وہ خلوتوں میں بھی صف بہ صف ہے ، وہ اِس طرف بھی وہ اُس طرف بھی — محاذ و منبر ٹھکانے اُس کے ، وہ سر بسجدہ بھی سر بکف بھی
کہیں وہ موتی کہیں ستارہ ، وہ جامعیت کا استعارہ — وہ صبحِ تہذیب کا گجر ہے ، میرا پیغمبر عظیم تر ہے

یا حي یا قیوم | مُنتخب جوامع الکلم احادیثِ مبارکہ ﷺ | یارحمة اللعالمین

کلامِ نبویہ ﷺ بالکل مختصر و جامع مع فوائد کثیر (کلام الملوک ملوک الکلام):

قرآنِ حکیم میں ربِ متعال کا فرمان عالیشان ہے۔کہ! **لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ** ۔تمہارے لئے حضرت رسول اللہ ﷺ (کی حیاتِ طیبہ مطہرہ) بہترین نمونہ ہے۔(سورہ احزاب۔آیت نمبر 21) قرآنِ حکیم میں ایک اور جگہ پر ہے۔کہ! **وَمَا اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ق وَمَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا** ۔(سورہ الحشر۔آیت نمبر 07) جو کچھ تمہیں حضرت رسولِ کریم ﷺ عطا فرمائیں۔تو لے لو۔اور جس سے وہ تمہیں روک دیں۔تو اس سے رک جاؤ۔(کیونکہ) **مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ** ج جو (کوئی شخص) حضرت رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرے گا۔تو (گویا) اُس نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی۔(سورۃ النساء۔آیت نمبر 80) اور اسی طرح سے محبت الٰہی کا عین تقاضا بھی یہی ہے۔کہ! **قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ** ۔(اے تمام جہانوں کی پیغمبر ﷺ لوگوں سے) کہہ دیں۔اگر تم اللہ تعالیٰ کو دوست رکھتے ہو۔تو میری پیروی (اطاعت) کرو۔(اگر تم نے واقعتاً میری پیروی کی۔تو پھر یقیناً) اللہ تعالیٰ (بھی) تمہیں دوست رکھے گا۔(سورہ آل عمران۔آیت نمبر 31)

مذکورہ چند ایسی مختصر مگر نہایت جامع احادیثِ مبارکہ ہیں۔جو کہ واقعتاً جوامع الکلم اور زادِراہ درسفرِ دین و دنیا ہیں۔اللہ تعالیٰ کے کلام مبارک میں جو فرامین بیان ہوئے ہیں۔حضرت سیدنا رسولِ مکرم ﷺ نے اُن فرامین کو عملی جامہ پہنایا۔ان فرامین کی شرح یعنی احادیث میں بہت بڑے بڑے مطالب و مفاہیم پوشیدہ ہیں۔اور یہ مکمل ضابطہءحیات ہونے کے ساتھ ساتھ بہت بڑا نورانی علوم کا خزانہ ہیں۔اَب ہم یہاں پر بطورِ تبریک چند نہایت ہی ضروری احادیثِ نبویہ ﷺ پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔یہ احادیث بہترین نصائح اور وصایا ہیں۔یاد رہے۔کہ! یہ احادیثِ مبارکہ صوفیاء و محدثین کی تعلیمات اور کتب کا مغز اور نچوڑ ہیں۔قرآنِ حکیم کی آیات کو سوالاً جواباً پیش کرنے اور احادیثِ نبویہ ﷺ کو پیش کرنے کی وجہ سے بخشا جاؤں گا۔ان شاءاللہ۔

حدیث : **مَنْ حَفِظَ عَلٰى اُمَّتِيْ اَرْبَعِيْنَ حَدِيْثًا من اَمْرِ دِيْنِهَا بَعَثَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيْ زمرة الْفقهاء والعلمآء** ۔ میرا جو کوئی اُمتی چالیس احادیث دُنیاوی اُمور کے متعلق یاد کرلے۔تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کا حشر فقہاء اور علماء کے ساتھ فرمائے گا اسی طرح) **مَنْ حَفِظَ عَلٰى اُمَّتِيْ اَرْبَعِيْنَ حَدِيْثًا فِيْ اَمْرِ دِيْنِهَا بَعَثَهُ اللّٰهُ فَقِيْهًا وَكُنْتُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شَافِعًا وَ شَهِيْدًا** ۔ جس شخص نے دُنیا کے امور کے متعلق چالیس احادیث (زبانی) یاد کیں۔تو اللہ تعالیٰ اسے فقیہ کی حیثیت سے اُٹھائے گا۔اور روزِ قیامت میں اس کے حق میں شفاعت کروں گا۔اور گواہی دوں گا۔چنانچہ! حضرت سیدالانبیاء ﷺ کے اسی ارشادِ گرامی پر عمل کرتے ہوئے متقدمین ومتاخرین علماء نے چالیس چالیس احادیث کو جمع کیا اور یوں ''اربعین'' کے متعدد مجموعہ جات تیار ہوگئے۔اس باب میں زندگی سے نہایت قریب ترین تعلق رکھنے والی بالکل صحیح و مستند (بالخصوص صحیحین مسلم و بخاری کی) احادیثِ نبویہ ﷺ کو تحریر کیا جارہا ہے۔جو کہ بہت جامع اور یاد کرنے کے لئے آسان ہیں۔کیونکہ! یہ جوامع الکلم احادیث نہایت چھوٹی چھوٹی ہیں۔

☆ **اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ وَاِنَّمَا لِكُلِّ امْرِىءٍ مَانَوٰى فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ فَهِجْرَتُهُ اِلَى اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهِ وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ لِدُنْيَا يُصِيْبُهَا اَوْ اِمْرَاَةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهُ اِلٰى مَا هَاجَرَ اِلَيْهِ** ۔ یقیناً جملہ اعمال کا دارومدار نیت پر ہے۔ہر شخص کو وہی ملے گا۔جس کی اس نے نیت کی (ہوگی) پس جس شخص نے ہجرت اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے لئے ہجرت کی ہے۔اور جس کی ہجرت دنیا کے لئے ہوئی۔تو وہ اسے حاصل کرے گا۔یا عورت کی طرف ہوئی۔تو وہ اس سے نکاح کرلے گا۔پس اس کی ہجرت اسی طرف ہوگی۔جس طرف ہجرت کرنے کی اس نے نیت کی ہوگی۔(صحیحین) ☆ **بُنِيَ الْاِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ شَهَادَةِ . اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاِقَامِ الصَّلَاةِ وَاِيْتَاءِ الزَّكَاةِ وَ حَجِّ الْبَيْتِ وَصَوْمِ رَمَضَانَ** ۔اسلام کی بُنیاد پانچ چیزوں (باتوں) پر ہے۔اس بات کا اقرار (کرنا۔کہ) اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔اور حضرت محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے بندے اور رسول ہیں۔نماز کا قائم کرنا،اور زکات کا ادا کرنا،اللہ تعالیٰ کے گھر (بیت اللہ) کا حج کرنا اور رمضان کے روزے رکھنا۔(صحیحین) ☆ **يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الْاِسْلَامِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ** ۔ یارسول اللہ ﷺ ! کس شخص کا اسلام سب سے بہتر ہے؟ (تو) آپؐ نے ارشاد فرمایا۔(کہ) جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔(صحیحین) ☆ **اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الْاِسْلَامِ خَيْرًا قَالَ تُطْعِمُ الطَّعَامَ وَتَقْرَاُ السَّلَامَ عَلٰى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَمْ تَعْرِفْ** ۔ ایک شخص نے حضرت رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا۔کہ کون سا اسلام (سب سے زیادہ) بہتر ہے؟ (تو) آپؐ نے فرمایا۔کھانا کھلاؤ۔اور اور ہر شخص کو سلام کرو۔خواہ تم اسے پہچانتے ہو۔یا نہیں (پہچانتے)۔(صحیحین) ☆ **اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا الْاِيْمَانُ قَالَ اِذَا سَرَّتْكَ حَسَنَتُكَ وَسَاءَتْكَ سَيِّئَتُكَ فَاَنْتَ مُؤْمِنٌ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَا الْاِثْمُ قَالَ اِذَا حَاكَ فِيْ نَفْسِكَ شَيْءٌ فَدَعْهُ** ۔کسی آدمی نے حضرت رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا۔ایمان کیا ہے ؟ (تو جواباً) آپ ﷺ نے فرمایا۔جب تیری نیکی تجھے خوش کردے۔اور تیری برائی تجھے غمگین کردے۔تو تُو مؤمن ہے۔(پھر) اس شخص نے عرض کیا۔اے اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ ! تو (پھر) گناہ کیا ہے ؟ (تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔جب کوئی چیز تیرے دل میں کھٹکے۔تو اسے چھوڑ دو۔(مسند احمد۔صحیح ابن حبان۔مستدرک)

☆ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِسبَاغُ الْوُضُوْءِ شَطْرُ الْاِیْمَان وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ تَمْلَاءُ الْمِیْزَان وَ التَّسْبِیْح وَالتَّکْبِیْر مِلْءُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالصَّلٰوۃُ نُوْر" وَالزَّکَاۃُ بُرْھَان" وَالصَّبْرُ ضِیَاءٌ" وَالْقُرْآنُ حُجَّۃٌ" لَکَ اَوْ عَلَیْکَ کُلُّ النَّاسِ یَغْدُ وَ فَبَاعِع" نَفْسَہٗ فَمُعْتِقُھَا اَوْ مُوْبِقُھَا۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔مکمل وضوکرنا نصف ایمان ہے۔اورالحمدللہ میزان کو(نیکیوں یاثواب سے) بھردیتا ہے۔اورتسبیح وتکبیر سے زمین وآسمان (نیکیوں اورثواب سے) بھرجاتے ہیں۔اورنمازنور ہے۔اورزکات دلیل ہے۔اورصبرروشنی ہے۔اورقرآن حکیم تیرے لئے حجت ہوگا۔یا تیرے خلاف ہوگا۔ہرشخص صبح کو(جب) اُٹھتا ہے۔اوراپنےنفس کوفروخت کتنے والا ہوتا ہے۔یااس(نفس) کوآزادکرادیتا ہے۔یاہلاک کروادیتا ہے۔(سنن ابن ماجہ) ☆ لَا یُوْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ وَلَدِہٖ وَوَالِدِہٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ۔ تم میں سے کوئی شخص (اُس وقت تک) مومن نہیں ہوگا۔جب تک میں اُسے اُس کے والداوراولاداورسب لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہوجاؤں۔(صحیحین) ☆ اَلْاِیْمَانُ بِضْعٌ وَ سَبْعُوْنَ شُعْبَۃً وَالْحَیَاءُ شُعْبَۃٌ" مِنَ الْاِیْمَان ۔ ایمان کی ستر سے زیادہ شاخیں ہیں۔اورحیاءبھی ایمان ہی کی ایک شاخ ہے۔(صحیحین) ☆ لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُحِبَّ لِاَخِیْہِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِہٖ ۔تم میں سے کوئی (اُس وقت تک) مؤمن نہیں ہوسکتا۔جب تک وہ اپنے بھائی کے لئے وہی پسند نہ کرے۔جواپنے لئے پسندکرتا ہے۔(سنن نسائی) ☆ لَا یُؤْمِنُ عَبْد" حَتّٰی یُؤْمِنَ بِاَرْبَعٍ ، بِاللّٰہِ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ ، وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ ، وَبِالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ ، وَالْقَدَرِ ۔تم میں کوئی شخص چارباتوں پرایمان لائے بغیرمؤمن نہیں ہوسکتا۔اللہ واحد،کہ جس کا کوئی شریک نہیں،میرے اللہ جل شانہٗ کےرسول ﷺ ہونے پر،مرنے کے بعد دوبارہ اُٹھائے جانے پراورتقدیرپر۔(سنن ابن ماجہ)☆ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ اِیْمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ وَ مَنْ قَامَ لَیْلَۃَ الْقَدْرِ اِیْمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَہٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِہٖ ۔ جس(مسلمان شخص) نے ایمان اورثواب کی نیت سے رمضان کے روزے رکھے۔تواس کے سارے سابقہ گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔اورجس نے ایمان اورثواب کی نیت سے لیلۃ القدرمیں قیام کیا۔تواس کے سارے پچھلے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔(صحیحین) ☆ سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْق" وَ قِتَالُہٗ کُفْر" ۔مسلمان کوگالی دینافسق ہے۔اور(مسلمان سے)لڑنا کفر ہے۔(صحیحین) ☆ اِذَا اَنْفَقَ (اَلرَّجُلُ)عَلٰی اَھْلِہٖ نَفَقَۃً وَّھُوَ یَحْتَسِبُھَا کَانَتْ لَہٗ صَدَقَۃً۔ جو(شخص) اپنے اہل وعیال پرثواب کی نیت سےخرچ کرتا ہے۔تووہ اسی کے لئے صدقہ ہوگا۔(صحیحین) ☆ کَانَ یَتَخَوَّلُنَا بِالْمَوْعِظَۃِ فِی الْاَیَّامِ کَرَاھِیَۃَ السَّآمَۃِ عَلَیْنَا ۔ (یقیناً حضرت رسول مکرم ﷺ) ہمارے اُکتائے جانے کےخوف کی وجہ سے کچھ ایام کے لئے وعظ ونصیحت کا ناغہ کرلیا کرتے تھے۔ (صحیحین)

☆ یَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا وَسَکِّنُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا۔ لوگوں کے ساتھ آسانی والا معاملہ کرو۔اوراُن کوتنگی میں نہ ڈالو۔اورلوگوں کوسکون فراہم کرو۔اوران کو نفرت نہ دلاؤ۔ (صحیح مسلم)☆ یَسِّرُوْا وَلَا تُعَسِّرُوْا وَ بَشِّرُوْا وَلَا تُنَفِّرُوْا۔ لوگوں کے ساتھ آسانی والا معاملہ کرو۔اوراُن کوتنگی میں نہ ڈالو۔اورلوگوں کوخوشی دو۔اوران کونفرت نہ دلاؤ۔(صحیح بخاری) ☆ لَا تَکْذِبُوْا عَلَیَّ فَاِنَّہٗ مَنْ یَکْذِبْ عَلَیَّ یَلِجِ النَّارِ ۔ مجھ پرجھوٹ مت باندھو۔جوشخص میری طرف جھوٹ منسوب کرے گا۔وہ جہنم میں داخل ہوگا۔(صحیحین) ☆ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُحِبُّ التَّیَمُّنَ فِیْ شَاْنِہٖ کُلِّہٖ فِیْ نَعْلَیْہِ وَتَرَجُّلِہٖ وَطُھُوْرِہٖ ۔ حضرت رسول مکرم ﷺ ہرکام میں دائیں جانب سےشروع کرنے کوپسندفرماتے تھے۔(مثلاً) جوتا پہننااورکنگھی کرنااورطہارت حاصل کرنا۔(صحیحین) ☆ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ شَرِبَ لَبَنًا ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَتَمَضْمَضَ وَقَالَ اِنَّ لَہٗ دَسَمًا ۔ حضرت نبی مکرم ﷺ نے دودھ نوش فرمایا۔پھراس کے بعد پانی منگواکرکلی کی۔اور(ساتھ ہی) ارشادفرمایا۔کہ اس(دودھ) میں چکناہٹ ہوتی ہے۔(صحیحین) ☆ مَنْ لَّا یَرْحَمُ لَا یُرْحَمُ ۔ جو(شخص) رحم نہیں کرتا۔اس پررحم نہیں کیا جاتا۔(صحیحین) ☆ لَا یَزَالُ الْعَبْدُ فِی الصَّلَاۃِ مَا دَامَ فِی الْمَسْجِدِ یَنْتَظِرُ الصَّلَاۃَ ۔مَالَمْ یُحْدِثْ ۔ بندہ اس وقت تک نماز میں ہی رہتا ہے۔جب تک(کہ) وہ مسجدمیں نماز کا انتظارکرتا(رہتا) ہے۔تاوقتیکہ وہ حدث نہ کرے۔(صحیحین) ☆ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیَرْقُدُ اَحَدُنَا وَھُوَجُنُب" قَالَ نَعَمْ اِذَا تَوَضَّاءَ ۔ یارسول اللہ ﷺ ! کیا ہم میں سے کوئی بحالت جنابت سوسکتا ہے؟ (تو) آپؐ نے ارشادفرمایا۔ہاں۔(مگرضروری ہے۔کہ سونے سے پہلے) وضوکرلے۔(صحیحین) ☆ اَکَانَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ فِی النَّعْلَیْنِ قَالَ نَعَمْ ۔ حضرت رسول مکرم ﷺ جوتے پہن کرنمازپڑھ لیا کرتے تھے۔تو(حضرت انسؓ) نے کہا۔ہاں۔ (صحیحین) ☆ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا صَلّٰی فَرَّجَ بَیْنَ یَدَیْہِ حَتّٰی یَبْدُوَ بَیَاضُ اِبْطَیْہِ ۔ جب حضرت رسول مکرم ﷺ نماز پڑھتے۔تواپنے ہاتھوں کواس قدرکشادہ رکھتے۔کہ آپؐ کے بغلوں کی سفیدی ظاہرہوجاتی(تھی)۔ صحیحین۔☆ تَوَضَّاءَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَرَّۃً مَرَّۃً ۔حضرت رسول مکرم ﷺ نے وضومیں ہرعضوکوایک مرتبہ دھویا۔(صحیح بخاری،ترمذی،ابوداؤد،نسائی) ☆ رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَمْسَحُ عَلٰی اِمَامَتِہٖ وَخُفَّیْہِ ۔میں نے حضرت نبی مکرم ﷺ کواپنے عمامے اورموزوں پرمسح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔(صحیح بخاری۔مسنداحمد) ☆ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُعْطِیْتُ خَمْسًا لَمْ یُعْطَھُنَّ اَحَد" قَبْلِیْ کَانَ کُلُّ نَبِیٍّ یُبْعَثُ اِلٰی قَوْمِہٖ خَاصَّۃً وَ بُعِثْتُ اِلٰی کُلِّ اَحْمَرَ وَاَسْوَدٍ وَ اُحِلَّتْ لِیَ الْغَنَائِمُ وَلَمْ تُحَلَّ لِاَحَدٍ قَبْلِیْ وَجُعِلَتْ لِیَ الْاَرْضُ طَیِّبَۃً طَھُوْرًا وَمَسْجِدًا فَاَیُّمَا رَجُلٍ اَدْرَکَتْہُ الصَّلَاۃُ صَلّٰی حَیْثُ کَانَ وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ بَیْنَ یَدَیْ مَسِیْرَۃِ شَھْرٍ وَاُعْطِیْتُ الشَّفَاعَۃَ ۔ حضرت رسول معظم ﷺ نے فرمایا۔مجھے پانچ ایسی چیزیں عطا کی گئیں۔جومجھ سے پہلے کسی(دوسرے نبیؑ) کونہیں

دی گئیں۔ (01) پہلے ہر نبیؑ صرف خاص اپنی قوم کی طرف بھیجا جاتا تھا۔ اور مَیں ہر سرخ وسیاہ کی طرف بھیجا گیا ہوں۔ (02) پہلے کسی نبیؑ کے لئے مالِ غنیمت حلال نہیں ہوتا تھا۔ وہ صرف میرے لئے حلال کر دیا گیا ہے۔ (03) اور صرف میرے لئے تمام روئے زمین پاک اور مسجد بنا دی گئی ہے۔ لہٰذا جو آدمی جس جگہ بھی نماز کا وقت پائے۔ وہاں پر نماز پڑھ لے۔ (04) اور میری ایسے رُعب سے مدد کی گئی۔ جو ایک ماہ کی مسافت سے طاری ہو جاتا ہے۔ (05) اور مجھ کو (اپنی جملہ اُمت کی) شفاعت عطا کی گئی ہے۔ (صحیحین) ☆ اَنَّهَا قَالَتْ فُرِضَتِ الصَّلَاةُ رَكْعَتَيْنِ فِي الْحَضَرِ وَالسَّفَرِ فَاُقِرَّتْ صَلَاةُ السَّفَرِ وَزِيْدَ فِيْ صَلَاةِ الْحَضَرِ ۔ حضر اور سفر میں دو۔ دو رکعتیں فرض کی گئی تھیں۔ تو سفر کی نماز برا قرار رکھی گئی۔ اور حضر کی نماز میں زیادتی کر دی گئی۔ (صحیحین) ☆ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ وَاَنَا مُعْتَرِضَةٌ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ كَاعْتِرَاضِ الْجَنَازَةِ ۔ حضرت ام المؤمنین عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے۔ کہ! حضرت نبی مکرم ﷺ رات کو نماز پڑھتے۔ اور مَیں آپؐ اور قبلہ کے درمیان جنازہ کی طرح لیٹی ہوئی ہوتی تھی۔ (صحیحین) ☆ اِجْعَلُوْا مِنْ صَلَاتِكُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ وَلَا تَتَّخِذُوْهَا قُبُوْرًا ۔ تم اپنی نمازوں کو اپنے گھروں میں پڑھا کرو۔ اور اپنے گھروں کو قبرستان مَت بناؤ۔ (صحیحین) ☆ اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ اَنْ يَّجْلِسَ ۔ جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہو۔ تو اُسے چاہیئے۔ کہ! بیٹھنے سے قبل دو رکعتیں پڑھ لے۔ (صحیحین) ☆ اِنَّ الْمُؤْمِنَ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا ۔ ایک مؤمن دوسرے مؤمن کے لئے ایک عمارت کی مانند ہے۔ جس کی ایک اینٹ دوسری اینٹ کو مضبوط رکھتی ہے۔ (صحیحین) ☆ اَلَّذِيْ تَفُوْتُهُ صَلَاةُ الْعَصْرِ كَاَنَّمَا وُتِرَ اَهْلُهُ وَمَالُهُ ۔ جس آدمی سے عصر کی نماز فوت ہوگئی۔ گویا اس کے گھر والے اور مال ہلاک ہوگیا۔ (صحیحین) ☆ مَنْ صَلَّى الْبَرْدَيْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ ۔ جس آدمی نے دو ٹھنڈی نمازیں (فجر اور عصر) پڑھیں۔ وہ جنت میں داخل ہوگا۔ (صحیحین) ☆ مَنْ نَسِيَ صَلَاةً فَلْيُصَلِّهَا اِذَا ذَكَرَهَا لَا كَفَّارَةَ لَهَا اِلَّا ذٰلِكَ ۔ جو آدمی نماز پڑھنی بھول جائے۔ جب اسے یاد آجائے۔ تو اسے چاہیئے۔ کہ وہ اس نماز کو پڑھ لے۔ اس کے سوا اس (بھول ہوئی نماز) کا کوئی کفارہ نہیں۔ (صحیحین) ☆ فَاُمِرَ بِلَالٌ اَنْ يَّشْفَعَ الْاَذَانَ وَاَنْ يُّوْتِرَ الْاِقَامَةَ اِلَّا الْاِقَامَةَ ۔ حضرت بلالؓ کو یہ حکم ہوا۔ کہ اذان کے کلمات دو دو مرتبہ کہیں۔ اور امامت میں ایک ایک مرتبہ (کہیں) سوائے قد قامت الصلاۃ کے۔ (صحیحین) ☆ صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ اَفْضَلُ مِنْ صَلَاةِ الْفَذِّ بِسَبْعٍ وَعِشْرِيْنَ دَرَجَةً ۔ جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا اکیلے نماز پڑھنے والے سے ستائیس گنا (زیادہ) فضیلت رکھتا ہے۔ (صحیحین) ☆ مَنْ غَدَا اِلَى الْمَسْجِدِ اَوْ رَاحَ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُ فِي الْجَنَّةِ نُزُلًا كُلَّمَا غَدَا اَوْ رَاحَ ۔ جو آدمی صبح یا شام کے وقت وقت مسجد کی طرف آتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں ضیافت (مہمانی) تیار رکھتے ہیں۔ کہ وہ صبح یا شام آئے۔ (صحیحین) ☆ قَالَ اِذَا قَالَ الْاِمَامُ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ فَقُوْلُوْا اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ فَاِنَّهُ مَنْ وَافَقَ قَوْلُهُ قَوْلَ الْمَلَائِكَةِ غُفِرَ لَهُ مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ ۔ جب امام سمع الله لمن حمده کہے۔ تو تم (مقتدی) اللهم ربنا لک الحمد کہو۔ کیونکہ جس کا کہنا فرشتوں کے کہنے کے موافق ہوگا۔ تو اس کے سابقہ گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔ (صحیحین) ☆ اِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ لَمْ يَحْنِ اَحَدٌ مِنَّا ظَهْرَهُ حَتّٰى يَقَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدًا ثُمَّ نَقَعُ سُجُوْدًا بَعْدَهُ ۔ جب رسول اللہ ﷺ سمع اللہ لمن حمدہ فرماتے۔ تو ہم (مقتدیوں میں) سے کوئی اپنی کمر کو (اُس وقت تک) نہیں جھکاتا تھا۔ جب تک کہ رسول اللہ ﷺ سجدہ میں نہ پہنچتے۔ اور پھر ہم آپ ﷺ کے بعد سجدہ میں جاتے تھے۔ (صحیحین) ☆ يُصَلُّوْنَ لَكُمْ ، فَاِنْ اَصَابُوْا فَلَكُمْ وَاِنْ اَخْطَاُوْا فَلَكُمْ وَعَلَيْهِمْ ۔ جو (امام) لوگوں کو نماز پڑھاتے ہیں۔ پس اگر اس (یعنی امام) نے ٹھیک نماز پڑھائی۔ تو اس کا ثواب تمہیں ملے گا۔ اور اگر غلطی کی۔ تو بھی (اُس امام کی اقتداء میں پڑھی ہوئی تمہاری نماز کا یقیناً) تمہیں ثواب ملے گا۔ اور غلطی کا وبال ان (یعنی امام پر) رہے گا۔ (صحیح بخاری) ☆ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوْجِزُ فِي الصَّلَاةِ وَيُتِمُّ ۔ حضرت نبی کریم ﷺ ہلکی (مختصر) مگر کامل نماز پڑھاتے تھے۔ (صحیحین) ☆ لَتُسَوُّنَّ صُفُوْفَكُمْ اَوْ لَيُخَالِفَنَّ اللّٰهُ بَيْنَ وُجُوْهِكُمْ ۔ اپنی صفوں کو درست (سیدھی) رکھا کرو۔ ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے چہروں کے درمیان پھوٹ (مخالفت) ڈال دے گا۔ (صحیحین) ☆ قَالَتْ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْاِلْتِفَاتِ فِي الصَّلَاةِ فَقَالَ : هُوَ اخْتِلَاسٌ يَخْتَلِسُهُ الشَّيْطَانُ مِنْ صَلَاةِ الْعَبْدِ ۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ نے بتایا۔ کہ حضرت رسول اللہ ﷺ سے نماز میں اِدھر اُدھر دیکھنے کے بارے میں پوچھا (گیا) تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ کہ! یہ تو ڈاکہ ہے۔ جو شیطان بندے کی نماز پر ڈالتا ہے۔ (صحیح بخاری) ☆ لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَاْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ ۔ جو شخص فاتحۃ الکتاب نہ پڑھے۔ اس کی نماز کامل نہیں۔ (صحیحین) ☆ اِذَا اَمَّنَ الْاِمَامُ فَاَمِّنُوْا فَاِنَّهُ مَنْ وَافَقَ تَاْمِيْنُهُ تَاْمِيْنَ الْمَلَائِكَةِ غُفِرَ لَهُ مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ ۔ جب امام آمین کہے۔ تو تم بھی آمین کہو۔ کیونکہ! جس کی آمین فرشتوں کی آمین کے موافق ہو جائے گی۔ تو اس کے سابقہ گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔ (صحیحین) کہو۔ ☆ اُمِرْتُ اَنْ اَسْجُدَ عَلٰى سَبْعَةِ اَعْظُمٍ عَلَى الْجَبْهَةِ وَاَشَارَ بِيَدِهِ عَلٰى اَنْفِهِ وَالْيَدَيْنِ وَالرُّكْبَتَيْنِ وَاَطْرَافِ الْقَدَمَيْنِ وَلَا نَكْفِتَ الثِّيَابَ وَالشَّعَرَ ۔ مجھے سات اعضاء پر سجدہ کرنے کا حکم ہوا ہے۔ پیشانی پر، اور اپنے ہاتھ سے ناک کی طرف اشارہ کیا۔ اور دونوں ہاتھوں پر، اور دونوں گھٹنوں اور دونوں پاؤں کی انگلیوں پر، اس طرح کہ ہم نہ کپڑے سمیٹیں اور نہ ہی بال (سمیٹیں)۔ (صحیحین) ☆ اِعْتَدِلُوْا فِي السُّجُوْدِ وَلَا يَبْسُطْ اَحَدُكُمْ ذِرَاعَيْهِ انْبِسَاطَ الْكَلْبِ ۔ سجدوں میں میانہ روی (اعتدال) قائم رکھو۔ اور تم میں سے کوئی اپنے بازوؤں کو کتوں کے موافق نہ بچھائے۔ (صحیحین) ☆ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِهِمُ الظُّهْرَ ، فَقَامَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ لَمْ يَجْلِسْ ، فَقَامَ النَّاسُ

مَعَهُ حَتّٰی اِذَا قَضَی الصَّلَاةَ ، وَانْتَظَرَ النَّاسُ تَسْلِيْمَهُ ، كَبَّرَ وَهُوَ جَالِسٌ ، فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ قَبْلَ اَنْ يُّسَلِّمَ ثُمَّ سَلَّمَ ۔ حضرت نبی مکرم ﷺ نے انہیں (صحابہ کرامؓ) کوظہر کی نماز پڑھائی ۔اور دو رکعتوں میں بیٹھنے کے بجائے کھڑے ہو گئے ۔ چنانچہ سارے لوگ بھی حضور ﷺ کے ساتھ کھڑے ہو گئے ۔ جب نماز ختم ہونے والی تھی (یعنی آخری قعدہ میں) ۔تو لوگ آپ ﷺ کے سلام پھیرنے کے منتظر تھے ۔تو آپ ﷺ نے ''اللہ اکبر'' کہا ۔اور سلام پھرنے سے پہلے دو سجدے (سجدہ سہو) کیے ۔ پھر سلام پھیرا ۔ (صحیحین) ☆ اَخْبَرَهُ اَنَّ اِبْنِ عَبَّاسٍ : اَخْبَرَهُ اَنَّ رَفْعَ الصَّوْتِ بِالذِّكْرِ حِيْنَ يَنْصَرِفُ النَّاسُ مِنَ الْمَكْتُوْبَةِ كَانَ عَلٰی عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔حضرت ابن عباسؓ نے خبر دی ۔کہ! فرض نماز سے فارغ ہونے پر بلند آواز سے ذکر کرنا حضرت نبی مکرم ﷺ کے زمانہ مبارک میں جاری تھا ۔ (صحیحین) ☆ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلّٰی صَلَاةً اَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ ۔حضرت نبی کریم ﷺ جب (فرض) نماز پڑھا چکتے ۔تو ہماری (صحابہؓ) کی طرف منہ کر دیتے تھے ۔ (صحیحین) ☆ حَقٌّ عَلٰی كُلِّ مُسْلِمٍ ، اَنْ يَغْتَسِلَ فِيْ كُلِّ سَبْعَةِ اَيَّامٍ ، يَوْمًا يَغْسِلُ فِيْهِ رَأْسَهُ وَ جَسَدَهُ ۔ ہر مسلمان پر (اللہ جل شانہٗ کا) حق ہے ۔کہ وہ ہر سات ایام میں ایک دن (لازمی) غسل کرے ۔جس میں اپنے سر اور بدن کو دھوئے ۔ (صحیحین) ☆ اَلْغُسْلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلٰی كُلِّ مُحْتَلِمٍ ۔ جمعہ کے دن غسل کرنا ہر بالغ کے لئے واجب (ضروری) ہے ۔ (صحیحین) ☆ اَلْحَيَاءُ لَا يَأْتِيْ اِلَّا بِخَيْرٍ ۔ حیا صرف بھلائی لاتی ہے ۔ (صحیحین) ☆ اَلْحَيَاءُ خَيْرٌ كُلُّهُ ۔حیاء پوری کی پوری بھلائی ہے ۔ (صحیح مسلم) ☆ اَلْمَيِّتُ يُعَذَّبُ فِيْ قَبْرِهِ بِمَا نِيْحَ عَلَيْهِ ۔میت کو اس پر نوحہ (رونے پیٹنے) کی وجہ سے عذاب ہوتا ہے ۔ (صحیحین) ☆ اِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِبُكَاءِ الْحَيِّ ۔مردے کو زندوں (یعنی اپنے ہی گھر والوں) کی وجہ سے عذاب کیا جاتا ہے ۔ (صحیحین) ☆ صَلّٰی عَلٰی اَصْحَمَةَ النَّجَاشِيِّ فَكَبَّرَ اَرْبَعًا ۔حضرت نبی کریم ﷺ نے حضرت اصحمہ نجاشیؒ (حبشہ کے بادشاہ) کی (غائبانہ) نمازِ جنازہ پڑھی ۔اور چار تکبیریں کہیں ۔ (صحیحین) ☆ اِذَا رَأَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُوْمُوْا حَتّٰی تُخَلِّفَكُمْ ۔ جب تم جنازہ دیکھو ۔تو کھڑے ہو جاؤ ۔اور اُس وقت تک کھڑے رہو ۔جب تک کہ وہ (جنازہ) آگے بڑھ جائے ۔ (صحیحین) ☆ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَضَ زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ عَلٰی كُلِّ حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰی مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فطر کی زکاۃ (صدقہ فطر) آزاد یا غلام ، مرد یا عورت تمام مسلمانوں پر ایک صاع کھجور یا ایک صاع جَو فرض کی تھی ۔ (صحیحین) ☆ مَا مِنْ يَوْمٍ يُصْبِحُ الْعِبَادُ فِيْهِ اِلَّا مَلَكَانِ يَنْزِلَانِ فَيَقُوْلُ اَحَدُهُمَا : اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا ، وَيَقُوْلُ الْاٰخَرُ : اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا ۔کوئی دن ایسا نہیں جاتا ۔جب بندے صبح کو اُٹھتے ہوں ۔تو دو فرشتے آسمان سے نہ اُترتے ہوں ۔ایک فرشتہ تو یہ کہتا ہے ۔اے میرے اللہ! خرچ کرنے والے کو مزید عطا فرما ۔ (جبکہ دوسرا یہ کہتا ہے ۔اے میرے اللہ! بخیل کے مال کو تلف (ضائع) کر دے ۔ (صحیحین) ☆ اِتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ ۔(جہنم کی) آگ سے بچو ۔اگر چہ کھجور کا ایک ٹکڑا دے کر ہی سہی ۔(یعنی اللہ تعالیٰ کی راہ میں کھجور کا ایک ٹکڑا دے کر بھی جہنم کی آگ سے بچا جا سکتا ہے) ۔ (صحیحین) ☆ لَيْسَ الْغِنٰی عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ ، وَلٰكِنَّ الْغِنٰی غِنَی النَّفْسِ ۔غناء (یعنی تونگری ۔امیری اور دولت مندی) یہ نہیں ۔کہ سامان زیادہ ہو ۔ بلکہ امیری (تو درحقیقت) یہ ہے ۔کہ! دل غنی ہو ۔ (صحیحین) ☆ اِذَا دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ ، فُتِّحَتْ اَبْوَابُ السَّمَاءِ ، وَغُلِّقَتْ اَبْوَابُ جَهَنَّمَ ، وَ سُلْسِلَتِ الشَّيَاطِيْنُ ۔ ماہ رمضان کے آتے ہی آسمانوں (جنت) کے دروازے کھل جاتے ہیں ۔اور جہنم کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں ۔اور شیاطین کو زنجیروں میں جکڑ دیا جاتا ہے ۔ (صحیحین) ☆ خَمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ لَا حَرَجَ عَلٰی مَنْ قَتَلَهُنَّ : اَلْغُرَابُ ، وَالْحِدَاَةُ ، وَالْفَارَةُ ، وَالْعَقْرَبُ ، وَالْكَلْبُ الْعَقُوْرُ ۔ پانچ جانداروں کو ہلاک کرنے پر کوئی گناہ نہیں ۔کوا ، چیل ، چوہا ، بچھو اور کاٹنے والا کتا ۔ (صحیحین) ☆ لَا تُسَافِرِ الْمَرْاَةُ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا مَعَ ذِيْ مَحْرَمٍ ۔عورتیں تین دن کا سفر ذی محرم کے بغیر نہ کریں ۔ (صحیحین) ☆ اَلْعُمْرَةُ اِلَی الْعُمْرَةِ كَفَّارَةٌ لِمَا بَيْنَهُمَا ، وَالْحَجُّ الْمَبْرُوْرُ لَيْسَ لَهُ جَزَاءٌ اِلَّا الْجَنَّةُ ۔ایک عمرہ کے بعد دوسرا عمرہ ، دونوں (عمرہ) کے درمیان کے گناہوں کا کفارہ ہے ۔اور حج مبرور کی جزا جنت کے سوا اور کچھ بھی نہیں ۔ (صحیحین) ☆ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ بِالْمَدِيْنَةِ ضِعْفَيْ مَا جَعَلْتَ بِمَكَّةَ مِنَ الْبَرَكَةِ ۔اے اللہ! مدینہ میں مکہ کی نسبت دُگنی برکت عطا فرما ۔ (صحیحین) ☆ اِذَا دُعِيَ اَحَدُكُمْ اِلَی الْوَلِيْمَةِ فَلْيَاْتِهَا ۔جب کسی شخص کو ولیمہ کی دعوت پر بلایا جائے ۔تو اُسے چاہیئے ۔کہ! ضرور جائے ۔ (صحیحین)

☆ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَمَهْرِ الْبَغِيِّ وَحُلْوَانِ الْكَاهِنِ ۔حضرت رسول اللہ ﷺ نے کتے کی قیمت ، زانیہ کی اُجرت اور کاہن کی کمائی سے منع فرمایا ہے ۔ (صحیحین) ☆ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ : اَلْحَلِفُ مُنَفِّقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مُمْحِقَةٌ لِلْبَرَكَةِ ۔میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ۔کہ! قسم کھانے سے سامان تو جلدی بک جاتا ہے ۔مگر اُس قسم سے برکت مٹ جاتی ہے ۔ (صحیحین) ☆ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَوَّلُ مَا يُقْضٰی بَيْنَ النَّاسِ بِالدِّمَاءِ ۔قیامت کے روز سب سے پہلے لوگوں کے درمیان (ناحق) خون کے مقدمات کا فیصلہ کیا جائے گا ۔ (صحیحین) ☆ مَنْ اَحْدَثَ فِيْ اَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ فِيْهِ وَهُوَ رَدٌّ ۔جس (شخص) نے ہمارے دین میں (از خود) کوئی ایسی نئی بات ایجاد کی ۔جو اس میں نہیں تھی ۔تو وہ (بدعت) رد ہے ۔ (صحیحین) ☆ اَلشُّهَدَاءُ خَمْسَةٌ اَلْمَطْعُوْنُ وَالْمَبْطُوْنُ وَالْغَرِيْقُ وَصَاحِبُ الْهَدْمِ وَالشَّهِيْدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۔شہداء پانچ (قسم کے ہوتے) ہیں ۔طاعون سے مرنے والا ، پیٹ کی بیماری سے مرنے والا ، پانی میں ڈوب کر ہلاک ہونے والا ، کسی (وزن دار) چیز کے نیچے دب کر مرنے والا اور جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید ہو ۔ (صحیحین) ☆ مَا عَابَ النَّبِيُّ

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا قَطُّ اِنِ اشْتَهَاهُ اَکَلَهُ وَاِلَّا تَرَکَهُ ۔حضرت نبی کریم ﷺ نے کبھی (بھی) کسی کھانے میں عیب نہیں نکالا ۔مرغوب ہوتا ۔تو کھا لیتے ۔ورنہ چھوڑ دیتے ۔ (صحیحین) ☆ اِنَّ خِیَارَکُمْ اَحْسَنُکُمْ قَضَآءً ۔تم میں سے بہتر آدمی وہ ہے ۔جو قرض ادا کرنے میں بھی سب سے بہتر ہو۔ (صحیح بخاری) ☆ خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهٗ ۔تم میں بہتر وہ شخص ہے ۔جو (خود) قرآن سیکھے ۔اور اِسے (دوسروں کو بھی) سکھائے ۔ (صحیح بخاری) ☆ بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ آیَةً ۔میرا پیغام لوگوں کو پہنچاؤ ۔اگر چہ ایک آیت ہو۔ (صحیح بخاری) ☆ مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْآخِرِ فَلْیَقُلْ خَیْرًا اَوْ لِیَصْمُتْ وَ مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْآخِرِ فَلْیُکْرِمْ جَارَهٗ وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْآخِرِ فَلْیُکْرِمْ ضَیْفَهٗ ۔جس شخص کا اللہ تعالیٰ اور روزِ قیامت پر ایمان ہو۔پس اُسے چاہیئے ۔کہ! وہ اچھی بات کرے ۔یا پھر خاموش رہے ۔اور جس شخص کا اللہ تعالیٰ اور روزِ قیامت پر ایمان ہو۔پس اُسے چاہیئے ۔کہ! اپنے ہمسائے کی عزت کرے ۔اور جس شخص کا اللہ تعالیٰ اور روزِ قیامت پر ایمان ہو۔پس اُسے چاہیئے ۔کہ! اپنے مہمان کا اکرام کرے ۔ (صحیح مسلم) ☆ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ اُحَدِّثُ نَفْسِیْ بِالشَّیْءِ لِاَنْ اَخِرَّ مِنَ السَّمَآءِ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ اَتَکَلَّمَ بِهٖ قَالَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ رَدَّ کَیْدَهٗ اِلَی الْوَسْوَسَةِ ۔ایک شخص نے آکر حضرت نبی مکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں عرض کیا ۔یارسول اللہ ﷺ! مجھے بعض اوقات ایسے خیالات آتے ہیں ۔کہ! مَیں انہیں زبان پر لانے سے بہتر یہ سمجھتا ہوں ۔کہ آسمان سے گر پڑوں ۔(تو) حضور نبی کریم ﷺ نے یہ سن کر تین مرتبہ ''اللہ اکبر'' کہا ۔اور فرمایا ۔اِس اللہ تعالیٰ کا شکر ہے ۔کہ! جس نے اپنی تدبیر کو وسوسہ کی طرف لوٹا دیا ۔ (مسند احمد) ☆ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ یَتَنَزَّلُ رَبُّنَا تَبَارَکَ وَ تَعَالٰی کُلَّ لَیْلَةٍ اِلَی السَّمَآءِ الدُّنْیَا حِیْنَ یَبْقٰی ثُلُثُ اللَّیْلِ الْآخِرِ یَقُوْلُ : مَنْ یَدْعُوْنِیْ فَاَسْتَجِیْبَ لَهٗ مَنْ یَسْاَلُنِیْ فَاُعْطِیَهٗ ، مَنْ یَسْتَغْفِرُنِیْ فَاَغْفِرَلَهٗ ۔ہمارا رب تبارک وتعالیٰ ہر رات آسمانِ دنیا کی طرف نزول فرماتا ہے ۔اس وقت جب رات کا آخری تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے ۔اور فرماتا ہے ۔کون ہے جو مجھ سے دُعا کرتا ہے ۔کہ! مَیں اس کی دعا قبول کروں ۔کون ہے ۔جو مجھ سے مانگتا ہے ۔کہ! مَیں اسے دوں ۔کون ہے جو مجھ سے بخشش طلب کرتا ہے کہ میں اس کی بخشش کروں ۔ (صحیح بخاری) ☆ مَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ ۔جس نے کسی مسلمان (کے عیوب ،نقائص یا گناہوں) کی پردہ پوشی کی ۔اللہ تعالیٰ بروزِ قیامت اس کی پردہ پوشی فرمائے گا ۔ (بخاری) ☆ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یُجَصَّصَ الْقَبْرُ وَاَنْ یُقْعَدَ عَلَیْهِ وَاَنْ یُبْنٰی عَلَیْهِ ۔حضرت رسول اللہ ﷺ نے قبروں کو پختہ بنانے ،ان پر بیٹھنے اور ان پر عمارت بنانے سے منع فرمایا ہے ۔ (صحیح مسلم) ☆ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِیْمَانِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَاُ الْمِیْزَانَ وَ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَآنِ اَوْ تَمْلَاُ مَابَیْنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالصَّلٰوةُ نُوْرٌ وَالصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ وَالصَّبْرُ ضِیَاءٌ وَالْقُرْآنُ حُجَّةٌ لَکَ اَوْ عَلَیْکَ کُلُّ النَّاسِ یَغْدُوْ فَبَایِعٌ نَفْسَهٗ فَمُعْتِقُهَا اَوْ مُوْبِقُهَا ۔حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔طہارت نصف ایمان ہے ۔اور الحمد للہ میزان (عدل) کو بھر دے گا ۔اور سبحان اللہ (اور) الحمد للہ سے زمین وآسمان کی درمیانی فضا بھر جائے گی ۔اور نماز نور ہے ۔اور صدقہ دلیل ہے ۔اور صبر روشنی ہے ۔اور قرآن حکیم تیرے لئے حجت ہوگا ۔یا تیرے خلاف ہوگا ۔ہر شخص صبح کو اُٹھتا ہے ۔اور اپنے نفس کو فروخت کرنے والا ہے ۔یا اس کو آزاد کرنے والا ہے ۔ (صحیح مسلم) ☆ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ ۔ چغل خور (شخص) جنت میں نہیں جائے گا ۔ (صحیح بخاری) ☆ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا صَلّٰی فَرَّجَ بَیْنَ یَدَیْهِ حَتّٰی یَبْدُوَ بَیَاضُ اِبْطَیْهِ ۔حضرت نبی کریم ﷺ جب نماز پڑھتے ۔تو اپنے بازوؤں کے درمیان اس قدر کشادگی کر دیتے تھے ۔کہ دونوں بغلوں کی سفیدی ظاہر ہونے لگتی تھی ۔ (صحیحین) ☆ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ عَلٰی اَعْوَادِ مِنْبَرِهٖ لَیَنْتَهِیَنَّ اَقْوَامٌ عَنْ وَدْعِهِمُ الْجُمُعَاتِ اَوْ لَیَخْتِمَنَّ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ ثُمَّ لَیَکُوْنُنَّ مِنَ الْغَافِلِیْنَ ۔حضرت رسول اللہ ﷺ کو منبر کی سیڑھیوں پر فرماتے ہوئے سنا ۔کہ! لوگ نمازِ جمعہ ترک کرنے سے باز آجائیں ۔ورنہ اللہ تعالیٰ اِن کے قلوب پر مُہر لگا دیں گے ۔اور پھر وہ لوگ غافلین میں ہو جائیں گے ۔ (صحیح مسلم) ☆ اَیُّمَا امْرِیءٍ قَالَ لِاَخِیْهِ یَا کَافِرُ فَقَدْ بَاءَ بِهَا اَحَدُهُمَا اِنْ کَانَ کَمَا قَالَ وَاِلَّا رَجَعَتْ عَلَیْهِ ۔جس شخص نے اپنے مسلمان بھائی کو کافر کہا ۔تو اِن دونوں میں سے ایک (کہنے یا سننے والے) پر کفر آئے گا ۔اگر وہ واقعی کافر ہو گیا ۔تو ٹھیک ہے ۔ورنہ کفر کہنے والے کی طرف لوٹ آئے گا ۔ (صحیح مسلم) ☆ لَا تَرْجِعُوْا بَعْدِیْ کُفَّارًا ، یَضْرِبُ بَعْضُکُمْ رِقَابَ بَعْضٍ ۔ (حضرت نبی کریم ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا) میرے بعد پھر کافر مت بن جانا ۔کہ! ایک دوسرے کی گردن مارنے لگو ۔ (صحیح بخاری) ☆ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ (صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ) بِیَدِهٖ لَا یَسْمَعُ بِیْ اَحَدٌ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ یَهُوْدِیٌّ وَلَا نَصْرَانِیٌّ ثُمَّ یَمُوْتُ وَلَمْ یُؤْمِنْ بِالَّذِیْ اُرْسِلْتُ بِهٖ اِلَّا کَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّارِ ۔ اس ذاتِ اقدس کی قسم! جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے ۔اس اُمت کے یہودی اور نصرانی (عیسائی) نے میرے (آخری نبیؐ ہونے کے متعلق) سن لیا ۔اور پھر وہ مجھ پر اُتارے گئے دین وشریعت پر ایمان لائے بغیر فوت ہو جائے ۔تو وہ جہنمی ہے ۔ (صحیح مسلم)

علاماتِ منافق : ☆ آیَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ ، اِذَا حَدَّثَ کَذَبَ ، وَاِذَا وَعَدَ اَخْلَفَ ، وَاِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ ۔منافق کی تین علامات (نشانیاں) ہیں ۔جب بات کرے (تو) جھوٹ بولے ،جب وعدہ کرے (تو) وعدہ خلافی کرے ،جب اس کو امین بنایا جائے (تو) خیانت کرے ۔ (صحیحین) ☆ اَرْبَعٌ خِلَالٍ مَنْ کُنَّ فِیْهِ کَانَ مُنَافِقًا خَالِصًا مَنْ اِذَا حَدَّثَ کَذَبَ ، وَاِذَا وَعَدَ اَخْلَفَ ، وَاِذَا عَاهَدَ غَدَرَ ، وَاِذَا

خَاصَمَ فَجَرَ. وَمَنْ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ" مِنْهُنَّ كَانَتْ فِيْهِ خَصْلَةٌ" مِنَ النِّفَاقِ حَتّٰى يَدَعَهَا ۔ چار عادات ایسی ہیں۔اگر یہ چاروں کسی ایک شخص میں جمع ہوجائیں۔تو وہ پکا (خالصتاً) منافق ہے۔ جب (بھی) بات کرے۔تو جھوٹ بولے۔جب (بھی) وعدہ کرے،تو وعدہ خلافی کرے۔جب (کوئی) معاہدہ کرے۔تو اُسے پورا نہ کرے۔اور جب کسی سے لڑے۔تو گالی گلوچ پر اُتر آئے۔اگر کسی شخص کے اندر ان چاروں عادتوں میں سے ایک ہی عادت ہے۔تو اس کے اندر نفاق کی ایک عادت (موجود) ہے۔جب تک کہ وہ اسے چھوڑ نہ دے۔(صحیحین) ☆ لَيْسَ صَلَاةٌ" اَثْقَلَ عَلَى الْمُنَافِقِيْنَ مِنَ الْفَجْرِ وَالْعِشَاءِ وَلَوْ يَعْلَمُوْنَ مَا فِيْهِمَا لَاَتَوْهُمَا وَلَوْ حَبْوًا لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ آمُرَ الْمُؤَذِّنَ فَيُقِيْمَ ثُمَّ آمُرَ رَجُلًا يَؤُمُّ النَّاسَ ثُمَّ آخُذَ شُعَلًا مِنْ نَارٍ فَاُحَرِّقَ عَلٰى مَنْ لَّا يَخْرُجُ اِلَى الصَّلَاةِ بَعْدُ ۔منافقوں پر فجر اور عشاء کی نماز سے زیادہ اور کوئی نماز ثقیل (بھاری) نہیں۔اور اگر انہیں معلوم ہوتا۔کہ ان (دونمازوں) کا کتنا ثواب ہے۔تو وہ گھٹنوں کے بل گھسیٹ کر آتے۔اور میرا تو ارادہ ہوگیا تھا۔کہ وہ تکبیر کہے۔پھر میں کسی کو نماز پڑھانے کے لئے کہوں۔اور خود آگ کی چنگاریاں لے کر ان سب کے گھروں کو جلا دوں۔جو ابھی تک نماز کے لئے نہیں نکلے۔(صحیحین) ☆ اَلْعَهْدُ الَّذِيْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَهُمُ الصَّلَاةُ فَمَنْ تَرَكَهَا فَقَدْ كَفَرَ ۔ ہمارے اور منافقین کے درمیان نماز کا معاہدہ ہے۔تو جس نے نماز چھوڑ دی۔اُس نے کفر کیا۔(جامع ترمذی) یعنی کہ تارکِ نماز پر کفر اور کفار کے (قرآنی) احکامات جاری ہوں گے۔ ☆ آيَةُ الْاِيْمَانِ حُبُّ الْاَنْصَارِ وَآيَةُ النِّفَاقِ بُغْضُ الْاَنْصَارِ ۔ انصار (مدینہ کے لوگوں) سے محبت (کرنا) علامتِ ایمان ہے۔اور انصار سے بغض (رکھنا) علامتِ نفاق ہے۔(صحیحین) ☆ اِنَّهٗ لَعَهْدُ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيَّ اَنْ لَا يُحِبُّنِيْ اِلَّا مُؤْمِنٌ" وَلَا يُبْغِضُنِيْ اِلَّا مُنَافِقٌ" ۔ رسول اللہ ﷺ نے مجھ (یعنی حضرت علیؓ) سے عہد کیا تھا۔کہ مجھ سے مؤمن ہی محبت کرے گا۔اور مجھ سے منافق ہی بغض رکھے گا۔(صحیح مسلم)

وسعتِ رحمتِ الٰھیہ : غَدَا عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فَقَالَ رَجُلٌ": اَيْنَ مَالِكُ بْنُ الدُّخْشُنِ ، فَقَالَ رَجُلٌ" : مِنَّا ذٰلِكَ مُنَافِقٌ" لَا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : اَلَا تَقُوْلُوْهُ يَقُوْلُ : لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ، يَبْتَغِيْ بِذٰلِكَ وَجْهَ اللّٰهِ ، قَالَ : بَلٰى ، قَالَ : فَاِنَّهٗ لَا يُوَافِيْ عَبْدٌ" يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِهٖ اِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ النَّارَ ۔ صبح کے وقت حضرت نبی مکرم ﷺ میرے یہاں تشریف لائے۔پھر ایک صاحب نے پوچھا۔ مالک بن دخشنؓ کہاں ہیں؟ ہمارے قبیلہ کے ایک شخص نے جواب دیا۔کہ! وہ منافق ہے۔(کیونکہ) اُسے اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ سے محبت نہیں ہے۔(تو) حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کیا تم ایسا نہیں سمجھتے۔کہ وہ "لا الٰہ الا اللہ" کا اقرار کرتا ہے۔اور اس کا مقصد اس سے اللہ تعالیٰ کی رضا ہے۔اس صحابیؓ نے کہا۔ہاں یہ تو ہے۔(تو) حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔کہ! جو بندہ بھی بروزِ قیامت اس کلمہ (لا الٰہ الا اللہ) کو لے کر آئے گا۔اللہ تعالیٰ اس پر جہنم کو حرام کر دے گا۔(صحیح بخاری) ☆ قَالَ يَا مُعَاذُ بْنَ جَبَلٍ ، قَالَ : لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَ سَعْدَيْكَ ، قَالَ : مُعَاذُ ، قَالَ : لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَ سَعْدَيْكَ ، قَالَ : مُعَاذُ ، قَالَ : لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَ سَعْدَيْكَ ، قَالَ : مَا مِنْ اَحَدٍ يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ صِدْقًا مِنْ قَلْبِهٖ ، اِلَّا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ ، قَالَ : يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) اَفَلَا اُخْبِرُ بِهِ النَّاسَ فَيَسْتَبْشِرُوْا ، قَالَ : اِذًا يَتَّكِلُوْا ، وَاَخْبَرَ بِهَا مُعَاذٌ" عِنْدَ مَوْتِهٖ تَاَثُّمًا ۔آپ ﷺ نے فرمایا،اے معاذ ابن جبلؓ! عرض کیا۔حاضر ہوں یارسول اللہ ﷺ! (پھر دوبارہ) آپ ﷺ نے فرمایا،اے معاذؓ! عرض کیا۔حاضر ہوں یارسول اللہ ﷺ! (پھر تیسری مرتبہ) آپ ﷺ نے فرمایا،اے معاذؓ! عرض کیا۔حاضر ہوں یارسول اللہ ﷺ! (یعنی تین مرتبہ ایسا ہی ہوا) آپ ﷺ نے فرمایا۔جو شخص سچے دل سے اس بات کی گواہی دے۔کہ! اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں۔اور محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔(تو ایسے شخص پر) اللہ تعالیٰ دوزخ کی آگ حرام کر دیتا ہے۔مَیں نے کہا۔یارسول اللہ ﷺ ! کیا اس بات سے لوگوں کو باخبر نہ کر دوں۔تا کہ وہ خوش ہوجائیں۔آپ ﷺ نے فرمایا۔(اگر تم لوگوں کو یہ خوشخبری سناؤ گے۔تو) لوگ اس پر بھروسہ کر بیٹھیں گے۔(اور شاید فرائض کی ادائیگی چھوڑ دیں) حضرت معاذ بن جبلؓ نے انتقال کے وقت یہ حدیث مبارکہ اس خیال سے بیان فرمادی۔کہ! کہیں حدیثِ رسول ﷺ چھپانے کے گناہ پر ان سے آخرت میں مواخذہ نہ ہو۔(صحیح بخاری) ☆ بَيْنَمَا رَجُلٌ" يَمْشِيْ بِطَرِيْقٍ وَجَدَ غُصْنَ شَوْكٍ عَلَى الطَّرِيْقِ فَاَخَّرَهٗ فَشَكَرَ اللّٰهُ لَهٗ فَغَفَرَ لَهٗ ۔ایک آدمی کسی راستے میں چل رہا تھا۔کہ اس نے راستے پر ایک کانٹوں والی ٹہنی پڑی ہوئی پائی۔تو اسے راستے سے ہٹا دیا۔تو اللہ تعالیٰ نے اس کے اس (چھوٹے سے) عمل کو قبول فرماتے ہوئے اسے معاف کر دیا۔(صحیحین) ☆ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : بَيْنَمَا كَلْبٌ" يُطِيْفُ بِرَكِيَّةٍ كَادَ يَقْتُلُهُ الْعَطَشُ اِذْ رَاَتْهُ بَغِيٌّ" مِنْ بَغَايَا بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ فَنَزَعَتْ مُوْقَهَا فَسَقَتْهُ فَغُفِرَ لَهَا بِهٖ ۔ حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ایک کتا کنوئیں کے چاروں اطراف میں چکر کاٹ رہا تھا۔ جیسے پیاس کی شدت سے اس (کتے) کی جان نکل جانے والی ہو۔کہ! بنی اسرائیل کی ایک زانیہ عورت نے اسے دیکھ لیا۔اس عورت نے اپنا موزہ اُتار کر کتے کو پانی پلایا۔اور اس (عورت) کی اسی (کتے کو پانی پلانے والے) عمل کی وجہ سے مغفرت ہوگئی۔(صحیح بخاری) ☆ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، قَالَ : مَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ" فِيْ بَيْتٍ مِنْ بُيُوْتِ اللّٰهِ تَعَالٰى يَتْلُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ وَيَتَدَارَسُوْنَهٗ بَيْنَهُمْ اِلَّا نَزَلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِيْنَةُ ، وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ ، وَحَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ ، وَذَكَرَهُمُ اللّٰهُ فِيْمَنْ عِنْدَهٗ ۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔جو بھی قوم (جماعت) اللہ تعالیٰ کے گھروں (مساجد) میں سے کسی گھر میں جمع ہوکر کتاب اللہ (قرآن) کی تلاوت کرتی ہے۔اور باہم اسے پڑھتی پڑھاتی ہے۔اس پر سکینت نازل ہوتی ہے۔اسے اللہ تعالیٰ کی رحمت ڈھانپ لیتی ہے۔ملائکہ اسے گھیرے میں لے لیتے ہیں۔اور اللہ تعالیٰ اس کا تذکرہ ان لوگوں میں کرتا ہے۔جو اس کے پاس رہتے ہیں۔یعنی مقربین ملائکہ میں سے۔(سنن ابی داؤد)

چند مختصر مگر جامع مستند احادیث مبارکہ

حدیث نمبر 1۔ صحیحین میں مذکور ہے۔ کہ! حضرت انسؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے۔ کہ تم میں سے کوئی شخص ایماندار (یعنی ایمان رکھنے والا۔ مومن) نہ ہوگا۔ جب تک کہ اپنے بھائی کے لیے وہ پسند نہ کرے۔ جو اپنے نفس کے لیے پسند ہے۔

حدیث نمبر 2 کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے۔ کہ جمعہ کے دن غسل ہر بالغ کے لیے ضروری ہے۔ **(صحیحین)**

حدیث نمبر 3۔ حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے بیان کیا ہے۔ کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے۔ کہ کوئی بھی مسلمان جو ایک درخت کا پودا لگائے یا کھیت میں بیج بوئے۔ پھر اس میں سے انسان، جانور یا پرند جو بھی کھاتے ہیں۔ وہ اس کی طرف سے صدقہ ہے۔ **(صحیحین)**

حدیث نمبر 4۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے۔ کہ جب دو مسلمان تلوار سونت کر باہم جنگ کریں۔ تو قاتل اور مقتول دونوں جہنمی ہیں۔ میں نے عرض کیا۔ کہ قاتل (تو) جہنم کا حقدار ہے۔ مگر مقتول کیوں؟ فرمایا۔ کہ وہ بھی تو اپنے ساتھی کو قتل کرنا چاہتا تھا۔ **(صحیحین)**

حدیث نمبر 5۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کا فرمان عالی شان نقل کرتے ہوئے فرمایا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے تمام نیکیاں اور تمام برائیاں لکھ لی ہیں۔ پھر انہیں بیان فرما دیا ہے۔ پس اگر کوئی شخص کسی نیکی کا ارادہ کرے۔ مگر اس پر عمل نہ کرے۔ تو اللہ تعالیٰ اسے اپنے پاس سے (اس شخص کے لیے) ایک کامل نیکی لکھ لیتے ہیں۔ اور اگر اس نے نیکی کا ارادہ کیا۔ اور پھر اس کو انجام (بھی) دے لیا۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے نامۂ اعمال میں دس نیکیوں سے لے کر سات سو بلکہ اس سے بھی کئی گنا زیادہ نیکیوں کا ثواب لکھ لیتے ہیں۔ اور اگر کوئی شخص کسی برائی کا ارادہ کرتا ہے۔ اور اس پر عمل نہیں کرتا۔ تو (بھی) اللہ تعالیٰ اپنے پاس ایک کامل نیکی لکھ لیتے ہیں۔ اور اگر اس (شخص) نے برائی کا ارادہ کیا۔ اور پھر اس پر عمل کیا۔ (یعنی کہ اس نے وہ برائی بھی کر ڈالی) تو اللہ تعالیٰ ایک ہی برائی لکھتے ہیں۔ **(صحیحین)**

حدیث نمبر 6 حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر فرزند آدم کو ایک پوری وادی سونے کی مل جائے۔ تو وہ یہی چاہے گا۔ کہ دو وادیاں اور (بھی) میسر آ جائیں۔ قبر کی مٹی کے سوا کوئی چیز آدمی کا منہ نہیں بھرتی۔ اور جو شخص توبہ کرتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول فرماتا ہے۔ (کیونکہ موت کی یاد ہی حرص کا علاج ہے۔ جیسا کہ فرمان عالی شان ہے۔ **(صحیحین)**

الھکم التکاثر o حتی زرتم المقابر o غفلت میں رکھا تم کو بہتات کی حرص نے۔ یہاں تک کہ تم قبروں تک پہنچ گئے) القرآن

حدیث نمبر 7۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کہ صدق (سچائی) نیکی کی جانب رہنمائی کرتا ہے۔ اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے۔ آدمی برابر سچ بولتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کو اللہ تعالیٰ کے یہاں صدیق لکھ دیا جاتا ہے۔ اور جھوٹ برائی کی جانب رہنمائی کرتا ہے۔ اور برائی جہنم کی طرف لے جاتی ہے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں (وہ شخص) کذاب لکھ دیا جاتا ہے۔ **(صحیحین)**

حدیث نمبر 8 حضرت سہل بن حنیفؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ جو شخص صدق کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے شہادت طلب کرے۔ تو اللہ سبحانہ تعالیٰ اسے شہداء کے مقامات تک پہنچا دیں گے۔ اگرچہ اس کی وفات اپنے بستر پر (ہی ہوئی) ہو۔ (صحیح مسلم)

حدیث نمبر 9۔ صحیح مسلم شریف میں مذکور ہے۔ کہ! حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ نیک کاموں کے کرنے میں جلدی کرو عنقریب تاریک رات کے حصوں کے مانند فتنے ہوں گے۔ صبح کو آدمی مؤمن ہوگا۔ اور شام کو کافر یا شام کو مؤمن ہوگا۔ اور صبح کو کافر۔ دنیا کے تھوڑے سے مال کے بدلے اپنا دین فروخت کر دے گا۔

حدیث نمبر 10۔ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا۔ اور عرض کی۔ کہ یا رسول اللہ ﷺ کون سے صدقے کا اجر عظیم ہے۔ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ وہ صدقہ زیادہ اجر کا مؤجب ہے۔ جو تندرستی اور صحت کی حالت میں دے۔ جب تو فقر سے ڈرتا ہو۔ اور غناء کی امید رکھتا ہو۔ اتنی مہلت نہ لے۔ کہ سانس اکھڑ جائے۔ اور تو یہ کہے۔ کہ یہ فلاں کو دے دو۔ اور یہ فلاں کو دے دو۔ وہ تو پہلے ہی فلاں کا ہو چکا۔ **(صحیحین)**

حدیث نمبر 11۔ صحیح مسلم شریف میں مذکور ہے۔ کہ! حضرت انسؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ تین چیزیں میت کے ساتھ جاتی ہیں۔ اہل خانہ، مال اور عمل۔ اہل خانہ اور مال تو واپس آ جاتے ہیں۔ اور عمل (یعنی اس کی زندگی کے نیک اعمال) باقی رہتا ہے۔ (یعنی کہ مرنے والے کے ساتھ صرف اعمال رہ جاتے ہیں۔ جیسے کہ فرمانِ رب تعالیٰ ہے۔ کہ! پس جس نے ذرہ برابر نیکی کی ہوگی۔ وہ اس کو دیکھ لے گا۔ اور جس نے ذرہ برابر برائی کی ہوگی۔ وہ اسے دیکھ لے گا۔ (سورہ زلزال۔ آیات نمبر 7۔8)

حدیث نمبر 12۔ صحیح مسلم شریف میں مذکور ہے۔ کہ! حضرت ابو ذرؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ کسی بھی نیک عمل کو حقیر نہ سمجھو۔ اگرچہ تم اپنے بھائی سے خندہ پیشانی کے ساتھ ملاقات کرو۔ (کیونکہ! مسکراہٹ بھی صدقہ ہی ہے)

حدیث نمبر 13۔ صحیح مسلم شریف میں مذکور ہے۔ کہ! حضرت انسؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ اس بندے سے راضی ہوتے ہیں۔ جو کھانا کھائے۔ اور اللہ تعالیٰ کی حمد کرے۔ اور پانی پیئے۔ اور اللہ کی حمد کرے۔

حدیث نمبر 14۔ صحیح مسلم شریف میں مذکور ہے۔ کہ! حضرت ابو مسعودؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ جس نے نیکی کی

طرف رہنمائی کی اسے اس پرعمل کرنے والے کے برابر ثواب ملے گا۔ (کیونکہ فرمان رب متعال! **وتعاونوا علی البر والتقوی ۔۔**) **حدیث نمبر 15**۔ صحیح مسلم شریف میں مذکور ہے۔ کہ! حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔ کہ تم میں سے جو شخص کوئی برائی دیکھے۔ تو اسے ہاتھ سے مٹادے۔ اگر قدرت نہ رکھتا ہو۔ تو زبان سے منع کرے۔ اور اگر یہ بھی نہ ہو سکے۔ تو دل سے برا سمجھے۔ یہ ایمان کا سب سے کمزور (تر) درجہ ہے۔ **حدیث نمبر 16**۔ صحیح مسلم شریف میں مذکور ہے۔ کہ! حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کہ قیامت کے روز کے تمام حقوق ضرور اہل حقوق کو مل کر رہیں گے۔ حتیٰ کہ بے سینگ والی بکری کو سینگ والی بکری سے قصاص دلایا جائے گا۔ **حدیث نمبر 17**۔ زوجۃ الرسولؐ حضرت ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کہ جو شخص کسی کی ایک بالشت زمین ظلم کر کے لے لے۔ اسے سات زمینوں کا طوق پہنایا جائے گا۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 18**۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! کہ مسلمانوں کی باہمی الفت ومودت اور رحمت وشفقت میں مثال انسانی جسم کی سی ہے۔ اگر کسی ایک عضو میں تکلیف ہوتی ہے۔ تو اس کا سارا جسم بیداری اور بخار کی کیفیت میں رہتا ہے۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 19**۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کہ مسلمان مسلمان کا بھائی ہے۔ نہ (ہی) اس پر ظلم کرے۔ اور نہ اسے دشمن کے حوالے کرے۔ جو شخص اپنے بھائی کی حاجت پوری کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری کرتا ہے۔ اور جو شخص کسی مسلمان کی تکلیف کو دور کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی قیامت کی تکالیف میں سے کسی تکلیف کو دور فرمائے گا۔ اور جو کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 20**۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مسلمان کے مسلمان پر پانچ حقوق ہیں۔ (1) سلام کا جواب دینا۔ (2) مریض کی عیادت کرنا۔ (3) جنازہ کے ساتھ چلنا۔ (4) دعوت کو قبول کرنا۔ (5) اور چھینکنے والا **الحمدللہ** کہے۔ تو اسے **یرحمک اللہ** کہہ کر جواب دینا۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 21**۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے۔ بیان کرتے ہیں۔ کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا۔ کہ! میری امت کے تمام لوگوں کو معاف کر دیا جائے گا۔ سوائے ان کے جو خود اپنے عیوب کا چرچا کرتے ہیں۔ ان کا چرچا یہ ہے۔ کہ آدمی رات کو کوئی برا فعل کرتا ہے۔ (جب) صبح ہوتی ہے۔ تو اللہ تعالیٰ نے اس کی پردہ پوشی کی ہوئی ہوتی ہے۔ مگر وہ کہتا ہے۔ کہ اے فلاں! میں نے رات فلاں فلاں (گناہ والا) کام کیا۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے اس (کے کئے گئے گناہوں پر) پردہ ڈال دیا تھا۔ مگر وہ اللہ تعالیٰ کے ڈالے ہوئے پردہ کو چاک کر دیتا ہے۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 22**۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کہ جب خاوند اپنی بیوی کو اپنے بستر پر بلائے۔ اور وہ نہ آئے۔ اور شوہر اس سے ناراض ہو کر رات گزارے۔ تو فرشتے صبح ہونے تک اس عورت پر لعنت کرتے رہتے ہیں۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 23**۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کہ کوئی شخص اپنے اہل وعیال پر ثواب کی نیت سے خرچ کرتا ہے۔ تو یہ اس کے حق میں صدقہ ہے۔ (صحیحین) **حدیث نمبر 24**۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ اور حضرت عائشہ صدیقہؓ دونوں بیان کرتے ہیں۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کہ جبرائیل امینؑ مجھے پڑوسی کے بارے میں وصیت کرتے رہے۔ یہاں تک کہ! میں نے خیال کیا۔ کہ وہ اسے وارث قرار (دے) دیں گے۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 25** حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے آپ ﷺ سے سوال کیا۔ کہ کون سا عمل اللہ کے یہاں سب سے زیادہ محبوب ہے؟ فرمایا۔ نماز اپنے وقت پر پڑھنا۔ میں (دوبارہ) نے عرض کیا۔ کہ پھر کون سا؟ آپ ﷺ نے فرمایا۔ کہ والدین کے ساتھ نیکی کرنا۔ میں نے (تیسری مرتبہ) عرض کی۔ کہ پھر کون سا؟ فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کرنا۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 26**۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے۔ کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا۔ اور عرض کی! یا رسول اللہ ﷺ! میری حسن رفاقت کا سب سے زیادہ حق دار کون ہے؟ فرمایا! تیری ماں۔ اس نے کہا۔ کہ پھر کون؟ آپ ﷺ نے فرمایا! تیری ماں۔ اس نے کہا پھر کون؟ فرمایا! تیری ماں۔ اس نے کہا کہ پھر کون؟ فرمایا۔ تیرا باپ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 27** حضرت انسؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کہ جو شخص چاہتا ہے۔ کہ اس کے رزق میں فراخی ہو۔ اور اسے لمبی عمر عطا ہو۔ تو وہ صلہ رحمی کرے۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 28**۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کہ کبیرہ گناہ یہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک، والدین کی نافرمانی، قتل النفس اور جھوٹی قسم۔ صحیح بخاری۔ **حدیث نمبر 29**۔ صحیح مسلم شریف میں مذکور ہے۔ کہ! حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے۔ کہ! رسول اللہ فرمایا۔ کہ قسم ہے اس ذات کی۔ (کہ) جس کے قبضے میں میری جان ہے۔ اگر تم گناہ نہیں کرو گے۔ تو اللہ تعالیٰ تمہاری جگہ ایسے لوگوں کو لے آئے گا۔ جو گناہ کریں۔ اور اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کریں گے۔ اور اللہ تعالیٰ انہیں معاف فرمادے گا۔ **حدیث نمبر 30**۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کہ طاقتور وہ نہیں جو کسی کو پچھاڑ دے۔ طاقتور (تو درحقیقت) وہ ہے۔ جو غصہ کے وقت اپنے نفس پر قابو رکھے۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 31**۔ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ کو اپنے تمام کاموں میں دائیں طرف سے کام کرنا پسند تھا۔ وضو میں، کنگھی میں اور جوتے پہننے میں دائیں طرف سے ابتداء فرماتے تھے۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 32**۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ (ایک مرتبہ) حضرت معاذ بن جبلؓ، حضرت رسولِ اکرم ﷺ کے پیچھے سواری پر سوار تھے۔ تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا۔ کہ! اے معاذ بن جبلؓ میں نے عرض کیا۔ حاضر

ہوں ۔ یارسول اللہ ﷺ ۔آپ ﷺ نے (دوبارہ) فرمایا اے معاذؓ ۔ میں نے عرض کیا ۔ حاضر ہوں ۔ اے اللہ کے رسول ﷺ ۔آپ ﷺ نے (تیسری مرتبہ) فرمایا ۔ اے معاذؓ ! میں نے عرض کیا ۔ حاضر اے اللہ کے رسول ﷺ ! تین مرتبہ ایسا ہوا (اس کے بعد) آپ ﷺ نے فرمایا ۔ جو شخص سچے دِل سے اس بات کی گواہی دے ۔ کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ۔ اور محمد ﷺ اللہ کے سچے رسول ہیں ۔ (تو) اللہ تعالیٰ اس کو (دوزخ کی) آگ پر حرام کر دیتا ہے ۔ میں نے کہا ۔ یارسول اللہ ﷺ کیا (میں) اس بات سے لوگوں کو باخبر نہ کر دوں ؟ تا کہ وہ خوش ہو جائیں ۔ آپ ﷺ نے فرمایا (اگر تم یہ خوش خبری لوگوں کو سناؤ گے) تو لوگ اس (بات) پر بھروسہ کر بیٹھیں گے ۔ (اور اعمال صالحہ کرنا چھوڑ دیں گے) حضرت معاذ بن جبلؓ نے بوقتِ انتقال یہ حدیثِ نبوی ﷺ اس خیال سے بیان فرمادی تھی ۔ کہ کہیں حدیثِ رسول ﷺ چھپانے کے گناہ پر ان سے آخرت میں مؤاخذہ نہ ہو جائے ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 33۔** حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے ۔ کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سُنا ۔ آپ ﷺ فرمارہے تھے ۔ کہ میری اُمت کے لوگ وضو کے نشانات کی وجہ سے قیامت کے دِن سفید پیشانی اور سفید ہاتھ پاؤں والوں کی شکل میں بلائے جائیں گے ۔ تو تم میں سے جو کوئی اپنی چمک بڑھانا چاہتا ہے ۔ تو وہ بڑھالے (یعنی کہ اچھی طرح سے وضو کیا کرے) ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 34۔** حضرت ابوایوب انصاریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی بیت الخلاء (**Toilet**) میں جائے ۔ تو قبلہ کی طرف منہ نہ کرے ۔ نہ (ہی) اس کی طرف پُشت کرے (بلکہ) مشرق کی طرف منہ کر لو ۔ یا مغرب کی طرف ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 35۔** صحیحین میں مذکور ہے کہ ! حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے مجھے خواب میں دیکھا وہ عنقریب مجھے حالت بیداری میں دیکھے گا ۔ یا گویا کہ اس نے مجھے بیداری میں دیکھا ۔ اس لئے کہ شیطان میری صورت اختیار نہیں کر سکتا ۔ **حدیث نمبر 36۔**

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے ۔ کہ مدینے کے کسی راستے پر نبی کریم ﷺ سے ان کی ملاقات ہوئی ۔ اس وقت حضرت ابو ہریرہؓ حالتِ جنابت میں تھے ۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا ۔ کہ میں پیچھے رہ کر لوٹ گیا ۔ اور غُسل کر کے واپس آیا ۔ تو رسول اللہ ﷺ نے دریافت فرمایا ۔ کہ اے ابو ہریرہؓ ! کہاں چلے گئے تھے ؟ انہوں نے جواب دیا ۔ کہ میں جنابت کی حالت میں تھا ۔ اس لئے میں نے آپ ﷺ کے ساتھ بِنا غُسل کے بیٹھنا بُرا جانا ۔ تو آپ ﷺ نے اِرشاد فرمایا ۔ **سُبحان اللہ** مومن ہرگز نجس نہیں ہوسکتا ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 37۔** حضرت عمر بن خطابؓ سے روایت ہے ۔ کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا ۔ کہ کیا ہم میں سے کوئی جنابت کی حالت میں سو سکتا ہے ؟ (تو رسول اللہ ﷺ نے) فرمایا ۔ ہاں ! وضو کر کے جنابت کی حالت میں سو سکتے ہو ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 38۔** حضرت عائشہ صدیقہؓ کے پاس ایک رنگین باریک پردہ تھا ۔ جسے انہوں نے اپنے گھر کے ایک طرف پردہ کے لئے لٹکا دیا تھا ۔ آپ ﷺ نے فرمایا ۔ کہ میرے سامنے سے اپنا یہ پردہ ہٹا دو ۔ کیونکہ اس پر نقش شُدہ تصاویر مسلسل میری نماز میں خلل انداز ہوتی رہی ہیں ۔ (بخاری) **حدیث نمبر 39 ۔** حضرت عبد اللہ بن مالک بن بحینہؓ سے روایت ہے ۔ کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز پڑھتے ۔ تو اپنے بازوؤں کے درمیان اس قدر کشادگی کر دیتے ۔ کہ دونوں بغلوں کی سفیدی ظاہر ہونے لگتی تھی ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 40 ۔** حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے ۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! اپنے گھروں میں بھی نمازیں پڑھا کرو ۔ اور انہیں بالکل مقبرہ مت بنالو ۔ (غالبًا اسی لئے علمائے کرام اور اولیائے عظام فرائض کے علاوہ سنن ونوافل گھروں میں جا کر ادا کرتے ہیں) (**صحیحین**) **حدیث نمبر 41.** حضرت ابوقتادہ سلمیؓ سے روایت ہے ۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! جب تم میں سے کوئی شخص مسجد میں داخل ہو ۔ تو بیٹھنے سے پہلے دو رکعت نماز (تحیۃ المسجد) پڑھ لے ۔ (اگر چہ فرض نماز سے ابھی کچھ وقت باقی ہو) ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 42۔** حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے ۔ کہا کہ ! میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ سے سُنا ۔ آپ ﷺ فرماتے تھے ۔ اگر کسی شخص کے دروازے پر نہر جاری ہو ۔ اور وہ (شخص) روزانہ اُس (نہر) میں پانچ مرتبہ نہائے ۔ تو تمھارا کیا گمان ہے ؟ کیا اُس کے بدن پر کچھ بھی میل باقی رہ سکتی ہے ؟ صحابہ کرامؓ نے (جوابًا) عرض کیا ۔ نہیں یارسول اللہ ﷺ ۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا ۔ کہ یہی حال پانچ وقت کی نمازوں کا ہے ۔ اللہ تعالیٰ اِن کے ذریعے سے گناہوں کو مِٹا دیتا ہے ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 43 ۔** صحیح بخاری ، جامع ترمذی اور تینوں سنن میں ہے ۔ کہ ! حضرت جابر بن عبد اللہؓ سے روایت ہے ۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! جو شخص اذان کی آواز سن کر یہ کہے ۔ **اللھم رب ھذہ الدعوۃ التآ مۃ .والصلاۃ القائمۃ ، آت محمد ن ا لوسیلۃ والفضیلۃ. وابعثه مقا ما محمودا ن الذی وعدته۔** اُسے قیامت کے دِن میری شفاعت ملے گی ۔ (انشاء اللہ) ۔ **حدیث نمبر 44 ۔** حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے ۔ کہ ! نبی کریم ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! ایک شخص کہیں جارہا تھا ۔ راستے میں اِس نے کانٹوں کی بھری ہوئی ایک ٹہنی دیکھی ۔ پس اِسے راستے سے دور کر دیا ۔ اللہ تعالیٰ (اِس شخص کی صِرف اسی ایک چھوٹی سی نیکی پر) راضی ہو گیا ۔ اور اِس کی بخشش کر دی ۔ (سبحان اللہ) ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 45 ۔** حضرت انس بن مالکؓ ہی سے روایت ہے ۔ کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! جب شام کا کھانا حاضر کیا جائے ۔ تو مغرب کی نماز سے پہلے کھانا کھا لو ۔ اور اپنا کھانا چھوڑ کر نماز میں جلدی مت کرو ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 46 ۔** حضرت زید بن ثابتؓ سے بھی یہ حدیث مروی ہے ۔ البتہ یہ ہے ۔ کہ ! آپ ﷺ نے فرمایا ۔ تم نے جو کیا وہ مجھ کو معلوم ہے ۔ لیکن لوگو ! تم اپنے گھروں میں نماز پڑھتے رہو ۔

کیونکہ بہتر نماز آدمی کی وہی ہے ۔ جو اِس کے گھر میں ہو ۔مگر فرض نماز ۔ (البتہ فرض نماز کو مسجد میں ہی پڑھنا ضروری ہے) (**صحیحین**
) **حدیث نمبر 47** ۔ حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے ۔انہوں نے فرمایا ۔کہ ! میں گواہ ہوں ۔ کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ۔ جمعہ
کے دِن ہر جوان پرغُسل ، مِسواک اور خوشبو لگانا ، اگر میسر ہو (تو) ضروری ہے ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 48** ۔ حضرت ابوہریرہؓ
سے روایت ہے ۔ کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! اگر مجھے میری اُمت یا لوگوں کی تکلیف کا خیال نہ ہوتا ۔تو میں ہر نماز کے لئے اِن کو مِسواک کا حکم
دے دیتا ۔ (**صحیحین. مسند احمد**) **حدیث نمبر 49** ۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! جب تم میں سے کوئی جنازہ دیکھے ۔تو کھڑا ہو جائے ۔
خواہ اِس (جنازے) کے ساتھ جانے کا قصد نہ رکھتا ہو ۔ یہاں تک کہ وہ گُزر جائے یا گُزرنے سے پہلے رکھ دیا جائے ۔ (صحیحین میں ایک اور آنحضرت ﷺ کا
واقعہ ہے ۔ کہ آپ ﷺ ایک یہودی کے جنازے کو دیکھ کر بھی کھڑے ہو گئے ۔ اور آپ ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو بھی حکم فرمایا تھا ۔ کہ ! جب تم لوگ جنازہ
دیکھو ۔تو کھڑے ہو جایا کرو) (**صحیحین**) **حدیث نمبر 50** ۔حضرت عامر بن ربیعہؓ سے روایت ہے ۔ کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! سفر
عذاب کا ایک ٹکڑا ہے ۔ (جو) آدمی کو کھانے پینے اور سونے (ہر ایک چیز) سے روک دیتا ہے ۔اس لئے جب کوئی اپنی ضرورت پوری کر چکے ۔تو فوراً گھر واپس آجا
ئے ۔ (**صحیحین** ۔ مسند احمد) **حدیث نمبر 51** ۔ صحیح بخاری اور سنن نسائی میں ہے ۔ کہ ! حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے ۔ کہ نبی کریم
ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا ۔ کہ انسان کوئی پرواہ نہیں کرے گا ۔ کہ جو اس نے حاصل کیا ۔ وہ حلال سے ہے یا حرام سے ہے ۔ (
صحیحین. سنن نسائی) **حدیث نمبر 52** ۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے ۔ کہ ! انہوں نے بیان کیا ۔ کہ میں نے پوچھا ۔ یارسول اللہ ﷺ
! میرے دو پڑوسی ہیں ۔ میں ان دونوں میں سے کِس کے پاس ہدیہ بھیجوں ؟ آپ ﷺ نے فرمایا ۔ جِس کا دروازہ تجھ سے زیادہ قریب ہو ۔ (صحیح بخاری ، سننِ
ثلثہ) **حدیث نمبر 53** ۔ صحیحین ، جامع ترمذی اور سنن نسائی میں ہے ۔ کہ ! حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے ۔ کہ نبی کریم ﷺ نے
فرمایا ۔ کہ ! اللہ تعالیٰ کے یہاں سب سے زیادہ **ناپسندیدہ** وہ آدمی ہے ۔ جو سخت جھگڑالو ہو ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 54** ۔
صحیحین ، جامع ترمذی ، ابوداؤد اور سنن نسائی میں ہے ۔ کہ ! حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے روایت ہے ۔ انہوں نے بیان کیا ۔ کہ نبی کریم ﷺ سے سُنا ۔
آپ ﷺ نے فرمایا ۔ جو شخص اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے قتل کر دیا گیا ۔ وہ شہید ہے ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 55** ۔ صحیحین
اور مسند احمد میں ہے ۔ کہ ! حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے ۔ کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! اگر کسی کو قسم کھانی ہی ہے ۔ تو اللہ تعالیٰ
ہی کی قسم کھائے ۔ ورنہ خاموش رہے ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 56** ۔ حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے ۔ کہ نبی کریم
ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! طاعون کی موت ہر مسلمان کے لئے شہادت کا درجہ رکھتی ہے ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 57**
۔ صحیحین اور مسند احمد میں ہے ۔ کہ ! حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے ۔ کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! بخار جہنم کی
بھاپ کے اثر سے ہوتا ہے ۔ اسے پانی سے ٹھنڈا کر لیا کرو ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 58** ۔ صحیحین اور مسند احمد میں ہے ۔ کہ
! حضرت ام شریکؓ سے روایت ہے ۔ کہ نبی کریم ﷺ نے گرگٹ کو مارنے کا حکم دیا تھا ۔ اور فرمایا ، اِس (یعنی گرگٹ) نے
حضرت سیدنا ابراہیمؑ کی آگ پر پھونکا تھا ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 59** ۔ حضرت جندب بن عبداللہؓ سے روایت ہے
۔ کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! قرآن مجید اُس وقت تک پڑھو ۔ جب تک اس میں دل لگے ۔ جب دل اُچاٹ ہونے لگے ۔ تو پڑھنا بند کر
دو ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 60** ۔ حضرت اُسامہ بن زیدؓ سے روایت ہے ۔ کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ۔ میں نے اپنے
بعد مَردوں کے لئے عورتوں کے فِتنے سے بڑھ کر نقصان دینے والا اور کوئی فِتنہ نہیں چھوڑا ہے ۔ (**صحیحین. ترمذی. ابن ماجہ**)
حدیث نمبر 61 ۔ صحیحین اور مسند احمد میں ہے ۔ کہ ! حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے ۔ کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ۔ اللہ تعالیٰ کو غیرت آتی
ہے ۔ اور اللہ تعالیٰ کو اُس وقت غیرت آتی ہے ۔ جب بندہ مومن وہ کام کرے ۔ جسے اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہو ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر
62** ۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے ۔ انہوں نے بیان کیا ۔ کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ۔ بیواؤں اور مسکینوں کے کام آنے والا اللہ تعالیٰ کے راستے میں
جہاد کرنے والے کے برابر ہے ۔ یا رات بھر عبادت اور دن کو روزہ رکھنے والوں کے برابر ہے ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 63** ۔ حضرت
ابن عباسؓ سے روایت ہے ۔ کہ نبی کریم ﷺ ارشاد فرمایا ہے ۔ کہ ! جب کوئی شخص کھانا کھالے ۔ تو انگلیاں چاٹ لینے یا انہیں
کسی اور کے چاٹ لینے سے پہلے (کسی چیز سے) صاف نہ کرے ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 64** ۔ حضرت انسؓ سے روایت
ہے ۔ کہ نبی کریم ﷺ برتن میں پانی پیتے وقت تین مرتبہ سانس لیتے تھے ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 65** ۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت
ہے ۔ کہ نبی کریم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں ۔ کہ ! قیامت کے دن میری اُمت اِس حالت میں بُلائی جائے گی ۔ کہ منہ اور ہاتھ پاؤں آثارِ وضو سے
چمکتے ہوں گے ۔ تو جس سے ہو سکے ۔ چمک زیادہ کرے ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 66** ۔ جامع ترمذی میں ہے ۔ کہ ! حضرت
عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے ۔ کہ نبی کریم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں ۔ کہ ! جو شخص وضو پر وضو کرے ۔ اس کے لئے دس 10 نیکیاں
لکھی جائیں گی ۔ **حدیث نمبر 67** ۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے ۔ کہ نبی کریم ﷺ جب جنابت کا غُسل فرماتے ۔ تو

ابتداء یوں کرتے ۔کہ! پہلے ہاتھ دھوتے ۔ پھر نماز کا سا وضو کرتے ۔ پھر اُنگلیاں پانی میں ڈال کر ان سے بالوں کی جڑیں تر فرماتے ۔ پھر سر پر تین لپ پانی ڈالتے ۔ پھر تمام جِلد مبارک پر پانی بہاتے ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 68** ۔حضرت ام المؤمنین ؓ فرماتی ہیں ۔کہ! نبی کریم ﷺ غُسل کے بعد وضو نہیں فرماتے ۔ (سنن اربعہ) **حدیث نمبر 69** ۔ صحیح مُسلم میں ہے۔کہ! حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے ۔کہ نبی کریم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں ۔کہ! پانچ نمازیں اور جُمعہ سے جُمعہ تک اور رمضان سے رمضان تک ان تمام گناہوں کو مِٹا دیتے ہیں ۔جو اِن کے درمیان ہوں ۔جب کہ کبائر (گناہ کبیرہ) سے بچا جائے ۔ **حدیث نمبر 70** ۔حضرت ابنِ مسعودؓ سے روایت ہے ۔کہ ایک صاحب سے ایک گناہ سرزد ہوا ۔ حاضر ہو کر عرض کی ۔اُس پر یہ آیت نازل ہوئی ۔ **وَاَقِمِ الصَّلٰوۃَ طَرَفَیِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّیۡلِ ط اِنَّ الۡحَسَنٰتِ یُذۡهِبۡنَ السَّیِّاٰتِ ط ذٰلِکَ ذِکۡرٰی لِلذّٰکِرِیۡنَ** o (سورہ ھود آیت نمبر **114**) نماز قائم کرو دن کے دونوں کناروں اور رات کے کچھ حصہ میں ۔نیکیاں گناہوں کو دور کرتی ہیں ۔یہ نصیحت ہے۔نصیحت ماننے والوں کے لئے ۔انہوں نے عرض کی ۔یا رسول اللہ ﷺ ! کیا یہ خاص میرے لئے ہے؟ فرمایا۔میری تمام اُمت کے لئے ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 71** ۔حضرت ابنِ مسعودؓ نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا ۔اعمال میں اللہ تعالٰی کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب کیا ہے؟ فرمایا۔وقت کے اندر نماز۔ میں نے عرض کی ۔پھر ؟ فرمایا۔ماں باپ کے ساتھ نیکی کرنا۔ میں نے عرض کی ۔پھر کیا ؟ فرمایا۔راہِ خُدا میں جہاد کرنا۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 72** ۔حضرت انسؓ سے روایت ہے ۔کہ نبی کریم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں ۔کہ! صفیں برابر کرو ۔کہ صفیں برابر کرنا (بھی) تمام نماز سے ہے ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 73** ۔حضرت ابو موسٰی اشعریؓ سے روایت ہے ۔کہ نبی کریم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں ۔کہ! سب سے بڑھ کر نماز میں اس کو ثواب ہے ۔جو زیادہ دور سے چل کر آئے ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 74** ۔ صحیح مُسلم شریف میں ہے ۔کہ! حضرت ابو ذرؓ سے روایت ہے ۔کہ نبی کریم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں ۔کہ! مجھ پر میری اُمت کے اچھے بُرے تمام اعمال پیش کئے گئے ۔ نیک کاموں میں اذیت کی چیز کا راستے سے دور کرنا پایا ۔اور بُرے اعمال میں مسجد میں تھوک ۔کہ زائل نہ کیا گیا ہو ۔ **حدیث نمبر 75** ۔ صحیح مسلم، صحیح ابن حبان وغیرہا میں ہے ۔کہ! حضرت وائل حضرمیؓ بیان کرتے ہیں ۔کہ حضرت طارق بن سوید جعفیؓ نے نبی مکرم ﷺ سے شراب کے بارے میں دریافت کیا۔تو آپ ﷺ نے انہیں (حضرت طارق بن سوید جعفیؓ) منع فرما دیا۔ (یا شاید) اِس بات پر ناپسندیدگی کا اِظہار فرمایا۔کہ وہ (حضرت طارق بن سوید جعفیؓ) شراب بنائے ۔تو اُنہوں (حضرت طارق بن سوید جعفیؓ) نے عرض کیا۔کہ اس (شراب) کو دواء (بنانے کے لئے) بناتا ہوں ۔تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ یہ دواء نہیں (بلکہ) داء (بیماری) ہے ۔ ﴿ قارئینِ کتاب ہذا کی خدمت اقدس میں نہایت ادب سے عرض ہے ۔کہ دورِ حاضر میں تقریبًا جملہ قسم کی دوائیوں اور خوشبوؤں (**Scents**) میں الکحل (ہلکی شراب) کا کثرت سے استعمال پایا جاتا ہے۔سادہ لوح اور پڑھے لکھے افراد بہت شوق سے استعمال کرتے ہیں﴾ **حدیث نمبر 76** ۔حضرت نبی کریم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں ۔کہ! جب کوئی شخص کھانا کھانے لگے ۔تو اُسے دائیں ہاتھ سے کھانا چاہیئے ۔اور جب کچھ پیئے ۔تو دائیں ہاتھ سے پینا چاہیئے ۔کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا ۔اور بائیں ہاتھ سے پیتا ہے ۔(صحیح مسلم) **حدیث نمبر 77** ۔ صحیح مُسلم شریف ، جامع ترمذی ، سنن ابنِ ماجہ ، مسند احمد ، دارمی و دیگر کتبِ حدیث میں ہے ۔کہ! حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے ۔کہ نبی کریم ﷺ نے کھڑے ہو کر پانی پینے سے منع فرمایا ہے ۔ **حدیث نمبر 78** صحیحین ، جامع ترمذی ، صحیح ابن حبان ، سنن ابن ماجہ ، سنن نسائی و دیگر کتبِ حدیث میں ہے ۔کہ! حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے ۔کہ میں نے نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں آبِ زم زم پیش کیا۔تو آپ ﷺ نے اُسے کھڑے ہو کر پیا۔ **حدیث نمبر 79** ۔ حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے ۔کہ نبی کریم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں دودھ پیش کیا گیا ۔جس میں پانی مِلا ہوا تھا ۔آپ ﷺ کے دائیں طرف ایک دیہاتی بیٹھا ہوا تھا ۔اور بائیں طرف حضرت سیدنا ابو بکر صدیقؓ تھے ۔آپ ﷺ نے اِسے (دودھ کو) پیا اور پھر اسے دیہاتی کو دیتے ہوئے ارشاد فرمایا ۔ دائیں طرف والے کا پہلے حق ہے ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 80** ۔ نبی کریم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں ۔کہ! صبر صِرف پہلے صدمہ کے وقت ہے ۔یعنی جب مصیبت پہنچے ۔اس وقت صبر کرنے سے صبر کا درجہ حاصل ہوتا ہے ۔ بعد میں نہیں ۔ **حدیث نمبر 81** ۔ صحیحین (بخاری و مسلم) ، صحیح ابن حبان ، مستدرک حاکم و دیگر کتبِ حدیث میں ہے ۔کہ! حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ سے روایت ہے ۔کہ نبی کریم ﷺ نے مجھے زرد رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے دیکھ کر فرمایا۔ یہ کفار کا لباس ہے ۔ اِسے نہ پہنو۔ **حدیث نمبر 82** ۔حضرت ابنِ عمرؓ بیان کرتے ہیں ۔ایک مرتبہ میں نبی مکرم سید المرسلین ﷺ کے سامنے سے گزرا۔اس وقت میرا تہبند گھسٹ رہا تھا ۔آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔عبداللہؓ اپنا تہبند اوپر کرو۔ میں نے اِسے اوپر کیا۔آپ ﷺ نے فرمایا۔''اور'' (تو میں نے اور) اوپر کیا۔ یہاں تک کہ حاضرین میں سے ایک صاحب نے دریافت کیا۔کتنا اوپر کرے ؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ ''نصف پنڈلیوں تک''۔ (مسلم) **حدیث نمبر 83** ۔ اللہ تعالٰی نے ہر بیماری کا علاج بھی پیدا کیا ہے ۔ (**صحیحین**) **حدیث نمبر 84** بمطابق **صحیح بخاری شریف**) اگر وہ مجھ سے مانگتا ہے ۔تو میں اسے دیتا ہوں ۔اور وہ برائیوں اور مکروہات سے میری پناہ چاہتا ہے ۔تو

میں اسے پناہ دیتا ہوں۔اور جس کام کو میں کرنے والا ہوں۔اس میں اس طرح تردد نہیں کرتا۔جس طرح کہ میں بندہ ءمومن کی جان قبض کرنے میں تردد کرتا ہوں۔کیونکہ وہ موت کو پسند نہیں کرتا۔حالانکہ اس کی ناپسندیدگی کو میں ناپسند کرتا ہوں۔اور موت سے (تو) کسی حال میں مفرنہیں ہے۔ **حدیث نمبر 85**۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔سب سے افضل (ترین) اعمال وقت پرنماز پڑھنا اوروالدین سے حسنِ سلوک کرنا ہیں۔مسلم **حدیث نمبر 86**۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! جب تک تم اپنے مصلے پر جہاں پر تم نے نماز پڑھی۔ بیٹھے رہو۔اور ریاح خارج نہ کرو۔تو ملائکہ تم پر برابر (مسلسل) درود بھیجتے رہتے ہیں۔اور کہتے ہیں۔ **اللھم اغفر لہ ۔ اللھم ارحمہ** ۔ اے اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت فرما۔ اے اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرما۔(صحیح بخاری) **حدیث نمبر 87**۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! روز قیامت اللہ تعالیٰ کے ہاں بدترین بندہ وہ ہوگا۔جو اپنی بیوی کے ساتھ راز دارانہ تنہائی اختیار کرے۔ازواجی تعلق قائم کرلے۔اور پھر اسے باہر بیان کرتا پھرے۔(صحیح مسلم) **حدیث نمبر 88**۔ ایک دیہاتی نے حضرت رسول اللہ ﷺ سے کہا۔یا رسول اللہ ﷺ! میرے اوپر اسلام کی ذمہ داریاں بہت زیادہ ہوچکی ہیں۔اسی لئے آپ ﷺ مجھے کوئی (ایک) ایسا عمل بتادیجئے۔جس کو میں پابندی سے کرتا رہوں۔(تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔کہ! اپنی زبان کو ہمیشہ ذکر کے ساتھ تر رکھ۔ (المستدرک للحاکم) **حدیث نمبر 89**۔ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا۔یا رسول اللہ ﷺ! کون لوگ یا کون سا عمل اللہ تعالیٰ کو زیادہ محبوب ہے؟ (تو) رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کی نظر میں محبوب ترین لوگ وہ ہیں۔جو لوگوں کو زیادہ نفع پہنچانے والے ہوں۔اور محبوب ترین عمل وہ خوشی اور راحت ہے۔جو تم کسی مسلمان کے دل کو پہنچاؤ۔یا اس کے غم کو زائل کرو۔یا اس کا قرض ادا کرو۔یا اس کی بھوک مٹاؤ۔(طبرانی) **حدیث نمبر 90**۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! اچھا اخلاق اور طویل خاموشی کو (اپنے لئے) لازم کرلو۔اس ذات کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔مخلوق نے ان دونوں جیسا کوئی عمل نہیں کیا۔ (السلسلۃ الاحادیثِ صحیحہ) **حدیث نمبر 91**۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! ساری اُمت جنت میں جائے گی بجز اُن کے جنہوں نے انکار کیا۔صحابہ کرامؓ نے عرض کیا۔یا رسول اللہ ﷺ! انکار کون کرے گا؟ فرمایا۔جو میری اطاعت کرے گا۔وہ جنت میں داخل ہوگا۔اور جو میری نافرمانی کرے گا۔(تو گویا) اُس نے انکار کیا۔ (صحیح بخاری) **حدیث نمبر 92** ۔ جسے محبت نہیں ۔ اُسے ایمان (حاصل) نہیں۔ (یہ جملہ آنحضرت ﷺ نے تین مرتبہ دہرایا) **حدیث نمبر 93** ۔ آپ ﷺ فرمایا کرتے۔کہ مریض کی عیادت یہ ہے۔کہ تم اس کے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر حال دریافت کرو۔ **حدیث نمبر 94** ۔ ارشادِ نبوی ﷺ ہے۔کہ! مریض سے دریافت کیا جائے۔کہ اس نے رات کیسے گزاری۔اور دن کیسے بسر کیا۔ **حدیث نمبر 95** ۔ ارشادِ نبوی ﷺ ہے۔کہ! نیکی سے محبت اور برائی سے عداوت ایمان ہے۔ **حدیث نمبر 96** آنحضرت نبی مکرم ﷺ کا ارشاد مبارک ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ اس بندے کو خوشحال رکھے۔جو میرا کلام سن کر اسے یاد رکھے۔اور دل کی گہرائیوں میں محفوظ کرتے ہوئے دوسروں تک پہنچادے۔پس بعض حامل فقہ خود فقیہہ نہیں ہوتے۔اور بعض فقیہہ تک لے جاتے ہیں۔ **حدیث نمبر 97** ۔ جب آپ ﷺ دل ہی دل میں آخری سانسیں لے رہے تھے۔اور آپؐ کی زبانِ مبارک پر بھی جاری وساری تھے۔وہ (نصیحت) یہ تھی۔☆ نماز کی پابندی کرنا۔☆ نماز کی پابندی کرنا۔☆ اور اپنے زیرِ نگرانی افراد کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنا۔ (مسندِ احمد۔صحیح ابنِ حبان) **حدیث نمبر 98** ۔ حضرت ام المؤمنین ام اسلمہؓ اور حضرت انسؓ کا بیان ہے۔کہ! رسول اللہ ﷺ کی آخری وصیت ، جب آپؐ دل ہی دل میں آخری سانسیں لے رہے تھے۔اور آپؐ کی زبانِ مبارک پر بھی جاری وساری تھے۔وہ (نصیحت) یہ تھی۔ ☆ نماز کی پابندی کرنا۔ ☆ نماز کی پابندی کرنا۔ ☆ اور اپنے زیرِ نگرانی افراد کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنا۔(مسندِ احمد۔ صحیح ابنِ حبان) **حدیث نمبر 99** ۔ حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں۔کہ! رسول اللہ ﷺ کا آخری کلام یہ تھا۔نماز کی پابندی کرنا۔ نماز کی پابندی کرنا۔اور اپنے زیرِ نگرانی افراد کے بارہ میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنا۔(سننِ ابوداؤد۔ مسندِ احمد۔ سننِ ابنِ ماجہ) **حدیث نمبر 100** ۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے۔نہ اس پر ظلم کرتا ہے۔اور نہ ہی اس کی مدد (کرنا) چھوڑتا ہے۔جو مسلمان اپنے (دوسرے) مسلمان بھائی کی ضرورت پوری کرے گا۔تو اللہ تعالیٰ بروزِ قیامت سختیوں میں سے کوئی سختی دور فرمائے گا۔اور جو کوئی کسی مسلمان کے عیب پر پردہ ڈالے گا۔(یعنی کسی کے عیب چھپائے گا) تو اللہ تعالیٰ بروزِ قیامت اس کی پردہ پوشی فرمائے گا۔(صحیح بخاری) **حدیث نمبر 101** ۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ ہر ماہ تین روزے رکھنا گویا ساری عمر روزے رکھنا ہے۔ (بخاری) **حدیث نمبر 102** ۔ حضرت سیدنا عبداللہ ابن مسعودؓ سے روایت ہے۔کہ! آنحضور نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کرتے تھے۔ **اللھم انی اسئلک الھدیٰ والتقی والعفاف والغنی** ۔ اے اللہ تعالیٰ! مَیں تجھ سے ہدایت، تقوی، پاک دامنی اور تونگری کا سوال کرتا ہوں۔(صحیح مسلم) **حدیث نمبر 103** ۔ حضرت طارق اشجعیؓ نے آنحضرت نبی مکرم ﷺ سے سنا۔جب ایک شخص نے آکر عرض کی۔اے اللہ تعالیٰ کے رسولؐ! جب مَیں اپنے رب سے مانگوں۔تو کیا مانگوں؟ آنحضور نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ **اللھم اغفرلی وارحمنی و عافنی وارزقنی** (اے اللہ تعالیٰ! مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما، مجھے عافیت بخش دے اور مجھے رزق عطا فرما) یہ کلمات تیرے لئے تیری دُنیا وآخرت کے لئے جمع کردئے جائیں گے۔ (صحیح مسلم) **حدیث نمبر 104** ۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی توبہ پر اس آدمی سے بھی زیادہ خوش ہوتے ہیں۔جس کی

سواری جنگل میں گم ہونے کے بعد مل گئی ہو۔(یعنی جتنی خوشی اسے ہوگی۔توبہ کرنے والے سے اللہ تعالیٰ کو اس سے بھی زیادہ خوشی ہوگی) (صحیح بخاری) **حدیث نمبر 105** ۔ حضرت عثمان بن عفان ؓ سے روایت ہے۔کہ! مَیں نے حضرت رسولِ مکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔کہ! جس شخص نے باجماعت نمازِ عشاء ادا کی۔گویا اس نے آدھی رات کا قیام کیا۔اور پھر نمازِ فجر باجماعت ادا کی۔تو گویا اس نے ساری رات نماز میں گزار دی۔ (صحیح مسلم) **حدیث نمبر 106** ۔ حضرت ابوہریرہ ؓ روایت ہے۔کہ حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔یہودی اور عیسائی خضاب استعمال نہیں کرتے۔تم ان کی مخالفت کرو۔(یعنی خضاب استعمال کرو)۔ (صحیحین) **حدیث نمبر 107** ۔ حضرت ابوطلحہ ؓ روایت ہے۔کہ مَیں نے حضرت نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا۔جس گھر میں کتا یا تصویر ہو۔اس (گھر) میں ملائکہ داخل نہیں ہوتے۔ (صحیحین) **حدیث نمبر 108** ۔ حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ روایت ہے۔کہ مَیں نے حضرت نبی کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا۔قیامت کے دن شدید ترین عذاب کے مستحق اللہ تعالیٰ کے نزدیک تصاویر بنانے والے لوگ ہوں گے۔ (صحیحین) **حدیث نمبر 109** ۔ حضرت انس ؓ بچوں کے قریب سے گزرے۔تو آپ ؓ نے انہیں سلام کیا۔اور کہا۔حضرت نبی کریم ﷺ ایسا کیا کرتے تھے۔ **حدیث نمبر 110** ۔ حضرت ابوذر ؓ روایت کرتے ہیں۔کہ! حضرت رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔نماز وقت پر ادا کرو۔(صحیح مسلم) **حدیث نمبر 111** ۔ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔ اگر تم میں سے نماز پڑھنے میں کسی شخص کے سامنے سے کوئی گزرے۔تو اسے گزرنے سے روکے۔اگر وہ نہ رکے۔تو پھر روکے۔اور اگر اب بھی نہ رکے۔تو اس سے لڑے (کہ) وہ شیطان ہے۔(بخاری) **حدیث نمبر 112** ۔۔ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔جو شخص اپنے بستر پر آئے۔اور یہ ارادہ رکھتا ہو۔کہ رات میں اُٹھ کر نماز پڑھے گا۔پھر اسے ایسی نیند آئی۔کہ صبح ہوگئی۔تو اس کا ثواب اس کی نیت کے مطابق لکھا جائے گا۔اور اس کا سونا اس کے رب کی جانب سے اس پر صدقہ ہوگا۔(ابنِ ماجہ) **حدیث نمبر 113** ۔ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔(کوئی بندہ) اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے لئے ایک بات زبان سے نکالتا ہے۔اسے وہ کوئی اہمیت نہیں دیتا۔مگر اسی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس کے درجات بلند کر دیتا ہے۔اور ایک دوسرا بندہ ایک ایسا کلمہ زبان سے نکالتا ہے۔جو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا باعث ہوتا ہے۔اسے وہ کوئی اہمیت نہیں دیتا۔لیکن اس کی وجہ سے وہ جہنم میں چلا جاتا ہے۔(بخاری) **حدیث نمبر 114** ۔ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔بیوہ عورت کا نکاح اس وقت تک نہ کیا جائے۔جب تک اس کی اجازت نہ لی جائے۔اور کنواری لڑکی کا نکاح (بھی) اُس وقت تک نہ کیا جائے۔جب تک اس کی اجازت نہ مل جائے۔(بخاری) **حدیث نمبر 115** ۔ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔جب دو آدمی آپس میں گالم گلوچ کریں۔تو گناہ ابتداء کرنے والے پر ہی ہوگا۔جب تک کہ مظلوم حد سے تجاوز نہ کرے۔(مسلم) **حدیث نمبر 116** ۔ رسولِ کریم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا گیا۔کہ! انسان اور اس کے کفر و شرک کے درمیان نظر آنے والا فرق نماز چھوڑنے کا فرق ہے۔(مسلم) **حدیث نمبر 117** ۔ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔جب تم میں سے کسی آدمی کے سامنے شام کا کھانا رکھ دیا جائے۔اور نماز بھی کھڑی ہونے لگے۔تو پہلے شام کا کھانا کھالو۔اور جلدی نہ کرو۔جب تک کہ کھانے سے فارغ نہ ہو جاؤ۔(مسلم) **حدیث نمبر 118** ۔ رسولِ کریم ﷺ نے صحابہ کرام ؓ کو خطاب فرمایا۔(پہلے) اللہ تعالیٰ کو اس کی شان کے مطابق تعریف کرنے کے بعد فرمایا۔تم میں سے پہلے کے لوگ اسی لئے ہلاک ہوگئے۔کہ اگر ان میں سے کوئی معزز شخص چوری کرتا۔تو اسے چھوڑ دیتے۔لیکن اگر کوئی کمزور چوری کرلیتا۔تو اس پر حد قائم کر دیتے۔اور اس ذات کی قسم! جس کے ہاتھ میں محمد ؐ کی جان ہے۔اگر فاطمہ بنت محمد ؐ بھی چوری کرلے۔تو میں اس کا (بھی) ہاتھ کاٹوں گا۔(بخاری) **حدیث نمبر 119** ۔ نبی کریم ﷺ کے سامنے ایک ایسے شخص کا ذکر آیا۔جسے نماز میں کچھ شبہ ریح (ہوا) نکلنے کا ہو جاتا ہے۔آیا اسے نماز توڑ دینی چاہیئے ؟ فرمایا۔کہ نہیں۔جب تک وہ آواز نہ سن لے۔یا بد بو محسوس نہ کرلے۔(بخاری) **حدیث نمبر 120** ۔حضرت عمار بن یاسر ؓ کہتے ہیں۔کہ! مَیں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔آدمی (جب کوئی نماز پڑھ کر) لوٹتا ہے۔تو اسے اپنی نماز کے ثواب کا صرف دسواں، نواں، آٹھواں، ساتواں، چھٹا، پانچواں، چوتھا، تیسرا اور آدھا ہی حصہ ملتا ہے۔ (سننِ ابوداؤد)

نشاں یہی ہے زمانے میں زندہ قوموں کا   کہ صبح و شام بدلتی ہیں ان کی تقدیریں

پانچ لاکھ میں سے صرف پانچ احادیث نبوی ﷺ کا انتخاب

ملفوظاتِ امامِ اعظم ابوحنیفہ میں ہے۔کہ اُنہوں نے پانچ لاکھ احادیثِ نبویہ ﷺ میں سے صِرف پانچ احادیثِ نبویہ ﷺ کو مُنتخب فرمایا۔

1 اعمال کا دارو مدار نیتوں پر ہے۔اور ہر ایک کے لئے وہی ہے۔جس کی اس نے نیت کی۔ (صحیح بُخاری) 2 انسان کے اسلام کی خوبی یہ ہے۔کہ وہ فضول باتیں چھوڑ دے۔ (جامع ترمذی) 3 تم میں سے کوئی اُس وقت تک مؤمن نہیں ہوسکتا۔جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لئے وہی چیز پسند نہ کرے۔جو اپنے لئے کرتا ہے۔ 4 بے شک حلال بھی واضح ہے۔اور حرام بھی واضح ہے۔اور ان دونوں کے درمیان مُشتبہ چیزیں ہیں۔جن کے مُتعلق بہت سے لوگ نہیں جانتے۔جو مشتبہ چیزوں سے بچا۔اس نے اپنی عزت اور اپنا دین بچا لیا۔اور جو مشتبہ چیزوں میں پڑا۔وہ حرام میں مُبتلا ہوا۔ (بلکہ) وہ اس چرواہے کی مانند ہے۔جو چراگاہ کے قریب اپنا ریوڑ چراتا ہے۔اس کے چراگاہ میں چلے جانے کا اندیشہ ہے۔سُن لو! ہر بادشاہ کی چراگاہ ہوتی۔اور اللہ تعالیٰ کی چراگاہ اُس کی حرام کردہ اشیاء ہیں۔ خبردار! **جسم میں گوشت کا ایک لوتھڑا** ہے۔جب وہ سنور جائے۔تو سارا جسم سنور جاتا ہے۔اور جب وہ خراب ہو جائے۔تو سارا جسم خراب ہو جاتا ہے۔اور وہ (لوتھڑا) قلب ہے۔ (صحیح بُخاری) 5۔ مسلمان وہ ہے۔جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔ (صحیح بُخاری)

انتہائی مفید احادیث رسول اللہ ﷺ

☆ تم میں بہتر لوگ وہ ہیں۔ جو لوگوں کو نفع پہنچاتے ہیں۔(**خیر الناس من ینفع الناس** ☆ایمان کے دو حصے ہیں۔ایک حصہ صبر اور ایک حصہ شکر ہے۔ ☆صبر کو ایمان سے وہی نسبت ہے۔ جو سر کو بدن سے۔ ☆جو مخلوق سے عزت چاہے۔وہ ذلیل ہے۔ ☆جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے۔ ☆ اپنے ماں باپ سے منہ نہ پھیرو۔جس نے اپنے باپ سے منہ پھیرا۔اس نے کفر کیا۔☆اولاد کا اپنے والدین کو دیکھنا بھی عبادت ہے۔☆مومن کا زیور وہاں تک ہوگا۔جہاں تک اس کے وضو کا پانی پہنچتا ہے۔☆محفلوں کی باتیں امانت ہیں۔☆جس سے مشورہ لیا جائے۔وہ بات کا امین ہے۔☆ حیاء ایمان کا حصہ ہے۔ ☆ حضرت عائشہ صدیقہؓ سے مروی ہے۔کہ! حضور نبی مکرم ﷺ جب کبھی بیمار ہوتے۔تو حضرت جبرائیل امینؑ انہیں یہ(دُعائیہ کلمات) پڑھ کر دَم کرتے۔ **بسم اللہ ارقیک من کل داء یشفیک من شر حاسد اذا حسد و من شر کل ذی عین** ۔ ☆ جنت کی قیمت" **لا الہ الا اللہ** "ہے۔(**ثمن الجنۃ لا الہ الا اللہ** ۔) ☆جس کا آخری کلام **لا الہ الا اللہ** ہے۔وہ جنت میں داخل ہوگا۔(انشاءاللہ)☆افضل الذکر" **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** "سے شیطان کو دبلا کرو۔کیونکہ! شیطان اس سے دبلا ہوجاتا ہے۔جیسے کوئی اپنے شریر اونٹ کو بکثرت سوار ہونے اور بکثرت بوجھ لادنے سے دبلا کرتا ہے۔☆مَیں جوامع الکلم کے ساتھ مبعوث ہوا ہوں۔☆حکمت مومن کی گمشدہ میراث ہے۔ ☆ ہر نیکی صدقہ ہے۔☆ اپنے شر سے دوسروں کو محفوظ رکھیں۔یہ بھی ایک قسم کا صدقہ ہے۔☆بُرائی کو چھوڑنا صدقہ ہے۔☆ (جو کوئی) برائی سے رُک جائے۔(تو) اس کے لئے یہ بھی صدقہ ہے۔ ☆ اہل وعیال پر خرچ کرنا بھی صدقہ ہے۔ ☆ جماعت اللہ تعالیٰ کی رحمت اور تفرقہ عذاب کا موجب ہوتا ہے۔ ☆جب تمھارے پاس حیاء ہی نہ رہی۔تو جو دل میں آئے۔کر گزرو۔ ☆ ☆اپنے آپ کو آرزو سے بچاؤ۔کیونکہ وہ(تو) حماقتوں کا جنگل ہے۔☆اگر ایمان والے کا خوف اور اُمید تولے جائیں۔تو دونوں برابر اُتریں گے۔☆مصائب کو چھپانا عرش کے خزانوں میں سے ایک(بہت عظیم) خزانہ ہے۔☆تمھاری بیماری گناہ ہیں۔اور تمھاری توبہ تمہاری دوا ہے۔ ☆کسی مومن کو ستانا، اللہ تعالیٰ کے نزدیک کعبہ اور بیت المعمور کے شہید کردینے سے پندرہ گنا زیادہ(بڑا) گناہ ہے۔☆ایک آدمی نے کہا۔یارسول اللہ ﷺ! میرے رشتہ دار ہیں۔میں (جب) ان سے ملتا ہوں۔وہ مجھ سے دور ہوتے ہیں۔میں (جب) ان سے نیکی کرتا ہوں۔وہ مجھے تکلیف دیتے ہیں۔میں حلم و بردباری والا ہوں۔وہ جاہل قسم کے لوگ ہیں۔(تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔جس طرح سے تم کہہ رہے ہو۔اگر واقعی معاملہ اسی طرح سے ہے۔تو گویا تم نے ان (رشتہ داروں) کے منہ میں خاک ڈال رہے ہو۔اور(جب تک تم ان کے ساتھ اسی طرح نیکیاں کرتے رہو گے) اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک مددگار تمہارے ساتھ رہے گے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو۔گویا تم اسے دیکھتے ہو۔اگر تم اسے نہیں دیکھتے۔تو وہ تمھیں دیکھتا ہے۔☆جو شخص میری محبت کا دعوٰی کرتا ہے۔فقر اس کی طرف پانی کے بہاؤ سے بھی زیادہ تیزی کے ساتھ بڑھتا ہے۔ ☆ جو شخص کسی مالدار کے مال کی خواہش لئے اس کی تعظیم کے لئے اپنی جگہ سے اُٹھا۔اس کا دو تہائی دین جاتا رہا۔☆ایمان والا مرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی جو عنایتیں دیکھتا ہے۔پھر یہی تمنا کرتا ہے۔کہ دنیا میں ایک لمحہ لئے بھی نہ ٹھہرتا۔ ☆آنکھیں بھی (ضرور) زِنا کرتی ہیں۔اور ان کا زِنا حرام (یعنی غیر محرم) عورتوں کی طرف دیکھنا ہے۔ ☆اللہ تعالیٰ جب اپنے بندے کو نعمت عطا کرتا ہے۔تو اس سے اپنی نعمت کا اظہار چاہتا ہے۔☆علماء انبیاء کے وارث ہیں۔☆علم عمل کو بلاتا ہے۔عمل اگر اسے جواب دے۔تو علم ٹھہر جاتا ہے۔ورنہ علم جاتا رہتا ہے۔اور اس (علم) کی برکت (بھی) جاتی رہتی ہے۔☆فقہ حاصل کر۔پھر گوشہ نشیں ہو(**تفقہ ثم اعتزل**)☆عنقریب تم اپنے رب کو دیکھو گے۔جیسے(کہ تم) چاند اور سورج کو دیکھتے ہو۔☆قیامت کے دن آواز دینے والا آواز دے گا۔کہاں ہیں ظالم اور کہاں ہیں اس کی مدد کرنے والے ؟ کہاں ہیں وہ ؟ جنہوں نے ان کے لئے قلم تیار کیا تھا ؟ اور کہاں ہیں وہ ؟ جنہوں نے ان کی دوات میں صوف ڈالا تھا ؟ ان سب کو اکٹھا کرو۔اور آگ کے صندوق میں بند کردو۔ ☆جب کسی پر ظلم ہو۔اور کوئی اس کی مدد کرنے والا نہ ہو۔تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔اے میرے مظلوم بندے! میں ضرور تیری مدد کروں گا۔اگرچہ کچھ دیر بعد۔☆بیماروں کی عیادت کرو۔اور جنازوں میں شرکت کیا کرو۔کیونکہ! یہ تمھیں آخرت کی یاد دلائیں گے۔☆اور میں تم سے ملنے کا بہت شوق رکھتا ہوں۔(حدیثِ قدسی)☆اپنا کھانا پرہیز گاروں کو کھلاؤ۔اور اپنا کپڑا ایمان والوں کو پہناؤ۔☆میرا قرب حاصل کرنے والوں نے فرائض کو اچھی طرح سے ادا کر کے میری قربت حاصل کی۔میرا بندہ ہمیشہ نوافل کے ذریعے میرے قریب ہوتا ہے۔یہاں تک کہ میں اسے محبوب بنا لیتا ہوں۔(میں) جب اسے محبوب بنا لیتا ہوں۔تو اس کے کان، آنکھ، ہاتھ اور مددگار ہوجاتا ہوں۔چنانچہ وہ میرے ساتھ سنتا ہے۔میرے ساتھ دیکھتا ہے۔اور میرے ساتھ پکڑتا ہے۔اور وہ اپنے سب کاموں کو اللہ تعالیٰ ہی سے دیکھتا اور سمجھتا ہے۔(حدیثِ قدسی)☆جو شخص اللہ تعالیٰ کی عبادت جہالت سے کرے گا۔تو (وہ شخص اس) جہالت کی وجہ سے اصلاح کی نسبت فساد زیادہ کرے گا۔ ☆پہلے اپنے نفس کی اصلاح کرو۔پھر اپنے اہلِ خانہ کی۔☆قرابت دار محتاج ہوں۔تو غیر کو صدقہ دینے کا کچھ اجر نہیں۔ ☆اللہ تعالیٰ جب کسی سے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے۔اسے دین کی سمجھ عطا فرما دیتا ہے۔اور اس کے نفس کے عیوب اسے دکھا دیتا ہے۔☆ہر صنعت میں اس کے ماہروں سے مدد لیا کرو۔☆جو شخص ایک رات بیمار پڑا۔کہ وہ اللہ تعالیٰ سے راضی (بھی رہا)۔اور جس بیماری سے دوچار رہا۔اس پر صبر کیا۔تو وہ گناہوں سے یوں پاک ہوجاتا ہے۔جیسے (کہ) اُس دن پاک تھا۔جب پیدائش کے وقت اپنی ماں کے پیٹ سے نکلا تھا۔☆صحابہ کرامؓ نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا۔(کہ) حضرت معاذؓ ہمیں کہتے ہیں۔آؤ۔ایک گھڑی ٹھہرو۔ایمان لائیں۔کیا ہم ایمان والے نہیں ہیں؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔معاذؓ کو ان کے حال پر چھوڑ دو۔☆اور جو یہ چاہے۔کہ وہ سب سے زیادہ غنی ہوجائے۔اسے چاہیئے۔کہ وہ اپنی دسترس کی چیزوں کے بجائے ان چیزوں پر بھروسہ کرے۔جو دستِ قدرت کے قبضے میں ہیں۔☆دنیا

ایمان والے کے لئے زندان ہے۔(الدنیا سجن المومن) ☆ جیسے کہ دنیا تھی ہی نہیں۔ جیسے کہ آخرت سدا سے ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کو پہچان لینے والے کو بولنے سے روک دیا جاتا ہے۔ ☆ جب تو صبح کرے۔ تو اپنے نفس سے شام کی بات نہ کر۔ اور جب شام کرے۔ تو اپنے نفس سے صبح کی بات نہ کر۔ کیونکہ! تجھے نہیں معلوم کہ کل تیرا نام کیا ہوگا ؟ (زندہ یا مردہ) ☆ جس نے دنیا سے محبت کی۔ اس نے آخرت کو نقصان پہنچایا۔ اور جس نے آخرت سے محبت کی۔ اس نے دنیا کو نقصان پہنچایا۔ ☆ اللہ تعالیٰ کی ملاقات کے سوا مومن کے لئے راحت نہیں۔ ☆ جو اپنے کھانے پینے میں حلال وحرام کی پرواہ نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ بھی اس کی پرواہ نہیں کرے گا۔ کہ اسے دوزخ کے دروازوں میں سے کس دروازے سے داخل کرے۔ ☆ لوگوں کی دل جوئی کرنا صدقہ ہے۔ ☆ کسی چیز کی محبت اندھا اور بہرہ کر دیتی ہے۔ ☆ مومن کا چہرہ مسکرتا ہوا ہوتا ہے۔ جبکہ دل غم سے معمور۔ ☆ جو اپنے علم پر عمل کرے۔ اللہ تعالیٰ اسے ایسا علم بتاتا ہے۔ جسے وہ نہیں جانتا۔ ☆ جس نے علم سیکھا۔ اور اس پر عمل کیا۔ اوروں کو سکھایا۔ (تو) ملکوتِ اعلیٰ میں اسے ''عظیم'' پکارا جائے گا۔ ☆ میں تم سے زیادہ اللہ تعالیٰ کو پہچاننے والا ہوں۔ اور سب سے زیادہ خوف رکھنے والا ہوں۔ ☆ جہاں تک ہو سکے۔ دُنیا کے غموں سے فارغ ہو جاؤ۔ ☆ جب بندہ اپنے عمل کو آخرت کے لئے آرائش کرتا ہے۔ اور اس کا مقصود و ارادہ آخرت نہیں ہوتا۔ تو اس کے نام و نسب کے ساتھ آسمانوں پر لعنت کی جاتی ہے۔ ☆ آپ ﷺ ادھر نظر نہ ڈالئے۔ کہ انہیں ان کی عورتوں سے نفع دیا۔ دُنیا کی زینت محض ان کی آزمائش کے لئے ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ گویا وہ تمھیں دیکھ رہا ہے۔ اگر تم اسے نہیں دیکھتے۔ تو وہ (تو تمھیں یقیناً) دیکھتا ہے۔ ☆ جو اللہ تعالیٰ کے لئے جھکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے بلند کرتا ہے۔ اور جو تکبر کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے پست کرتا ہے۔ ☆ ایمان والا اگر پہاڑ کی چوٹی پر ہو۔ تو اللہ تعالیٰ اس کی تعلیم کے لئے وہاں بھی عالم کو بھیج دے گا۔ ☆ مجھے اپنی اُمت پر خوف نہیں۔ مگر مجھے منافق کے چرب زبان کا خوف ہے۔ ☆ تم میں سے کوئی عمل کرنے والا جنتیوں جیسے عمل کرتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کے اور جنت کے درمیان ایک گز یا کچھ زائد کا فاصلہ رہ جاتا ہے۔ اسے بدبختی آ لیتی ہے۔ اور وہ اہلِ دوزخ میں سے ہو جاتا ہے۔ اور تم میں سے کوئی دوزخیوں جیسے عمل کرتا ہے۔ یہاں تک کہ اس کے اور دوزخ کے درمیان ایک گز یا کچھ زائد کا فاصلہ رہ جاتا ہے۔ اسے خوش بختی آ لیتی ہے۔ اور وہ اہلِ جنت میں سے ہو جاتا ہے۔ ☆ جو اللہ تعالیٰ کے لئے تواضع (اختیار) کرے۔ (تو) اللہ تعالیٰ اس کا مرتبہ بلند کرتا ہے۔ ☆ بے فائدہ چیز کا چھوڑ دینا بھی اسلام کی خوبیوں میں سے ایک (خوبی) ہے۔ ☆ جہاد اس جگہ ہے۔ تقویٰ اس جگہ ہے۔ اخلاص اس جگہ ہے۔ پھر اپنے سینہء اطہر کی جانب اشارہ فرمایا کرتے تھے۔ (حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے ایک مرتبہ اپنے قلب کی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ! ایمان یہاں ہے) ☆ اپنی رائے پر اکتفا کرنے والا گمراہ ہوا۔ ☆ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اپنے ایمان دار بندوں سے فرمائے گا۔ کہ تم نے اپنی آخرت کو دنیا پر اور میری عبادت کو اپنی شہوتوں پر مقدم رکھا۔ اور اختیار کیا۔ مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم ! میں نے جنت کو تمھارے لئے ہی پیدا فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد (تو) مومنین کے لئے ہوگا۔ مگر (اللہ تعالیٰ اپنے) محبین کے لئے یہ فرمائے گا۔ تم نے دُنیا و آخرت میں مجھے ساری مخلوق پر مقدم رکھا۔ اور سب پر مجھ ہی کو اختیار کیا۔ ساری مخلوق کو اپنے قلوب سے علیحدہ کیا۔ اور اسے اپنے باطن سے دور کر دیا۔ اس لئے میرا دیدار، میرا قرب اور میرا اُنس تمھارے لئے ہے۔ اور آپؐ ہی میرے سچے بندے ہو۔ ☆ تم رات کے سائل کو رَد نہ کرو۔ کیونکہ اس وقت کبھی وہ سائل جو آتا ہے۔ (کہ) نہ وہ جن ہوتا ہے۔ نہ وہ انسان۔ بلکہ کسی دوسرے کو بھیجا جاتا ہے۔ تا کہ اللہ تعالیٰ نے جو مال تمھیں عطا فرمایا ہے۔ اس میں تمھارے کرتوت دیکھے۔ اس طرح اس بندے کو سوال کرنے کا حکم دیا جاتا ہے۔ تا کہ اللہ تعالیٰ تمھیں عطا کردہ نعمتوں میں تمھارے اعمال دیکھے۔ ☆ تم میرے لئے چھ چیزوں کے کفیل بنو۔ میں تمھارے لئے اللہ تعالیٰ پر جنت کا کفیل بن جاؤں گا۔ جب تم بات کرو۔ تو جھوٹ مَت بولو۔ جب تمھارے پاس امانت رکھی جائے۔ (تو) اس مین خیانت نہ کرو۔ جب وعدہ کرو۔ تو وعدہ خلافی نہ کرو۔ جب تم اپنے ہاتھوں، آنکھوں اور شرم گاہوں کی حفاظت کرو (گے)۔ جب تمھارا باطن پاک وصاف ہو جائے گا۔ تو کسی واسطے کے بغیر اللہ تعالیٰ کی پکار کو سننے لگے گا۔ ☆ جب تیرا خوف و امید یکجا ہو جائیں۔ تو تیرے رب و مولیٰ کا خطاب آنے لگے گا۔ ☆ اگر آسمان سے آگ اُترے۔ تو مسجد والوں کے سوا کوئی اور شخص اس (آسمانی آگ) سے نجات نہیں پائے گا۔ ☆ اپنے آپ کو آرزو سے بچاؤ۔ کیونکہ! وہ حماقت کا جنگل ہے۔ ☆ اگر ایمان والے کا خوف اور اُمید تولے جائیں۔ تو دونوں برابر اُتریں گے۔ ☆ اللہ تعالیٰ حضرت جبرائیلِ امینؑ سے فرماتا ہے۔ کہ! اے جبرائیلؑ ! فلاں بندے کو سُلا دے۔ فلاں بندے کو جگا دے۔ (جس نے میری محبت کا دعویٰ کیا۔ اس کو اُٹھا دے۔ تا کہ میں اس کی محبت کی آزمائش کروں۔ (اس طرح) فلاں بندے کو سلا دے۔ کہ وہ میرا محبوب ہے۔ کیونکہ اس نے عرصہ دراز تک میری اطاعت میں مشقت اُٹھائی ہے) ☆ رسولِ اکرم ﷺ سے دریافت کیا گیا۔ (کہ) آپ ﷺ کی آل کون ہے؟ (تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ کہ) ہر متقی محمد ﷺ کی آل ہے۔ ☆ دُعائے ملحوف کو اللہ تعالیٰ قبول نہیں فرماتا۔ ☆ شیطان بنی آدم میں خون کی طرح دوڑتا ہے۔ سو! اس کے راستوں کو بھوک اور پیاس سے بند کرو۔ ☆ وہ شخص اللہ تعالیٰ کا شکر گزار نہیں بن سکتا۔ لوگوں کا شکر گزار نہ بنے گا۔ ☆ میں اولادِ آدم کا سردار ہوں۔ (ایک اور حدیث ہے۔ کہ!) میں اولادِ آدم کا سردار ہوں۔ مگر مجھے اس پر کوئی فخر نہیں۔ ☆ دو خصلتیں مومن میں جمع نہیں ہوسکتیں۔ کنجوسی اور بداخلاقی۔ ☆ درگُزری (معاف کرنا) بندے میں عزت کو بڑھاتی ہے۔ ☆ صحت وفراغت خسارے کی نعمتیں ہیں۔ اِن دونوں میں اکثر لوگ مُبتلا ہیں۔ ☆ جس نے مِلاوٹ کی۔ وہ ہم میں سے نہیں۔ ☆ بے شک بعض بیان جادو ہوتے ہیں۔ ☆ قناعت ایسا خزانہ ہے۔ جو کبھی ناپید نہیں ہوتا۔ ☆ تدبیر کی مانند عقل نہیں ہے۔ ☆ زبان روکنے کی مانند پارسائی (تقویٰ) نہیں ہے۔ ☆ خوش اخلاقی کی مانند مُحبت نہیں ہے۔ ☆ رحم کرو۔ تا کہ تم پر (بھی) رحم کیا جائے۔ ☆ آدمی کی خوبصورتی اِس کی زبان کی فصاحت ہے۔ ☆ جہالت سے بڑھ کر سخت (اور کوئی) مُحتاجی نہیں ہے۔ ☆ نیکی کا خزانہ مصائب کو چھپانے میں ہے۔ ☆ دنیا میں مِثلِ مُسافر (یعنی بغیر ٹھکانے والے) کے مانند رہو۔ اور

اپنے آپ کو صاحبِ قبر شُمار کرو۔☆ صدقہ دینے سے مال کم نہیں ہوتا۔☆ سخاوت کر۔کہ تجھ پر سخاوت ہو۔☆ تواضع (عاجزی) درجہ کی بُلندی کو زدہ کرتی ہے۔ ☆عُمدہ طریق سے پوچھنا نصف علم ہے۔☆ اپنے بھائی کو شرمسار نہ کرو۔کہیں خُدا تمھاری گرفت نہ کرے۔اور تمھیں بھی اِس میں آلودہ نہ کردے۔ ☆خرچ میں میانہ روی نصف معیشت ہے۔ ☆مومن،مومن کا آئینہ ہے۔ ☆ بہترین کام وہ ہیں۔(کہ) جن میں میانہ روی (اعتدال) ہو۔☆لوگوں سے محبت کا برتاؤ کرنا نصف عقل مندی ہے۔ ☆عقل سے زیادہ پیارا مال نہیں ہے۔ ☆جو شخص دستر خوان سے کھانے کے گرے ہوئے ٹکڑوں کو اُٹھا کر کھائے۔وہ فراخی کی زندگی گزارتا ہے۔اور اس کی اولاد اور اولاد کی اولاد کم عقلی سے محفوظ رہتی ہے۔☆ میں حق تعالیٰ کے نور سے ہوں۔اور مومن میرے نور سے ہیں۔☆ اللہ تعالیٰ ہرصدی کے شروع میں ایسے شخص کو ظاہر فرماتا ہے۔جو اس کے لئے اس کے دین کی تجدید کرتا ہے۔ ☆ اے میرے بندے! میں مَیں تیرے گمان کے مطابق تیرے ساتھ ہوں۔جبکہ تُو مجھے پکارے۔(حدیثِ قدسی) ☆ زمین وآسمان میرے متحمل نہیں۔لیکن مسلمان بندے کا قلب اس کا متحمل ہے۔(حدیث قدسی) ☆ جس نے کسی مسلمان کی پردہ پوشی کی۔(تو) اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی کرے گا۔☆ جس نے پورا پورا وضو کیا۔اور فرض نماز پڑھنے کو گھر سے نکلا۔اور مسجد میں جا کر امام کے ساتھ نماز پڑھی۔تو اس کے تمام گناہ معاف ہو گئے۔☆ اگر تمھیں کوئی نقصان پہنچ جائے۔تو یہ نہ کہو۔(کہ) ''اگر میں ایسا کر لیتا۔تو ایسا ہو جاتا''۔البتہ یہ کہو۔اللہ تعالیٰ کی تقدیر یونہی تھی۔اور انہوں نے جو چاہا،کیا۔کیونکہ! ''اگر'' (اور کاش کے الفاظ درحقیقت) شیطان کا دروازہ کھول دیتا ہے۔ ☆ دین (حساب،جزاء اور اطاعت کی) گھڑی ہے۔اس میں (خوب) عبادت کرلو۔☆ ایک گھڑی ذکرِ الٰہی میں محو رہنا، ساٹھ برس کی عبادت سے (کہیں) بہتر ہے۔☆ ایک گھڑی کا فکر ساری رات کی عبادت سے بہتر ہے۔☆ سچ بولو۔اگر چہ اس میں تمھیں ہلاکت نظر آئے۔(کیونکہ) نجات اسی میں ہے۔☆ انسان کے بدن میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے۔جب یہ سنور جائے۔تو سارا بدن سنور جاتا ہے۔اور جب وہ بیمار ہو جاتا ہے۔تو سارا بدن بیمار ہو جاتا ہے۔مطلع ہو جاؤ۔(کہ) گوشت کا وہ ٹکڑا'' قلب '' ہے۔☆ فکر کرنا نصف عبادت ہے۔کم کھانا کل عبادت ہے۔☆ میری مخلوق میں سب سے پہلے مرنے والا ابلیس ہے۔حدیثِ قدسی (یعنی کہ ابلیس کے گناہ کرنے سے اس کے ایمان کی قطعی موت واقع ہوگئی ہے) ☆ سجدے کی حالت میں بندہ اپنے رب سے زیادہ قریب ہوتا ہے۔ ☆ جو شخص میرا ذکر کرتا ہے۔مَیں اس کے ساتھ ہوتا ہوں۔(حدیثِ قدسی) ☆ لوگ اللہ تعالیٰ کے عیال (کنبہ بندے ہی ہیں) ہیں۔اور لوگوں میں اللہ تعالیٰ کا سب سے زیادہ محبوب (بندہ یا بندی) وہ ہے۔جو اللہ تعالیٰ کے عیال (کنبہ) کو سب سے زیادہ فائدہ پہنچائے۔ ☆ عیش (تو بس صرف) آخرت کی عیش ہے۔☆ بندے کا ایسی چیز کی طلب کرنا، جو اس کی قسمت میں نہیں لکھی گئی۔یہ بھی اللہ تعالیٰ کے عذابوں میں سے ایک ہے۔☆ اللہ تعالیٰ کے سخت ترین عذابوں میں سے اپنے بندے کے لئے یہ ہے۔کہ وہ ایسی چیز طلب کرے۔جو اس کی قسمت میں نہیں ہے۔☆ جس کسی کے لئے بھلائی کا دروازہ کھولا جائے۔اسے چاہیئے۔کہ! غنیمت جانے۔ کیونکہ! اسے نہیں معلوم،کہ وہ دروازہ اس پر کب بند ہو جائے گا۔☆ دُنیا کی آخرت کی کھیتی ہے۔جس نے بھلائی بوئی۔(وہ) بھلائی پائے گا۔اور باعثِ مسرت ہوگا۔اور جو بُرائی بوئے گا۔وہاں ندامت اُٹھائے گا۔ ☆ تمھارا رب ہر ایک مخلوق کی پیدائش،رزق اور زندگی (کی مدت) لکھ کر فارغ ہو چکا ہے۔ہونے والی سب چیزیں لکھ کر قلم خشک ہو گیا ہے۔☆ تیرے ہاتھ مٹی لگے۔(یعنی تُو محتاج ہو جائے)۔اور جب غناء طلب کرے۔تو منہ میں خاک پڑے۔ ☆ مومن کی خوشی اس کے چہرے پر (دکھائی دے رہی) ہوتی ہے۔اور غم اس کے دل میں (چھپا ہوا ہوتا ہے) ☆ وصلِ الٰہی کے سوا مومن کو راحت نہیں۔ ☆ اپنے کاموں پر درازی میں مدد لیا کرو۔☆ ایمان والا، ایمان والے کے لئے آئینہ ہے۔ ☆ جس قدر استطاعت ہو۔دُنیا کے بکھیڑوں سے بچ جاؤ۔☆ تمھاری دُنیا سے تین چیزیں ایسی ہیں۔جو میری محبوب بنا دی گئی ہیں۔خوشبو،عورتیں اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں رکھی گئی ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کو عذاب نہیں دیتا۔لیکن کبھی آزمائش میں ڈالتا ہے۔☆ مَیں اور میری اُمت کے متقی تکلف سے بیزار ہیں۔☆ جھوٹ ایمان سے دور رکھنے والا ہے۔برتن میں جو کچھ ہوگا۔اس سے وہی ٹپکے گا۔☆ بڑوں میں برکت ہے۔☆ خود مجھے خوف ہے۔اور (میں اپنی) امت پر خوف کرتا ہوں۔زبان دراز منافق سے۔☆ اس نے روزہ نہیں رکھا۔جو روزے میں لوگوں کا گوشت کھائے (لوگوں کا گوشت کھانے سے مراد غیبت کرنا ہے) ☆ جاہل کے لئے ایک دوزخ اور عالم کے لئے سات دوزخ ہیں۔☆ تمھارے اور رب کے بیچ میں جو تعلق ہے۔اسے جوڑو۔سعادت پاؤ گے۔ ☆ صابر فقراء،بروزِ قیامت رحمان کے ہم نشین ہوں گے۔☆ اللہ تعالیٰ کا ایک فرشتہ ہے۔جو ہر روز صبح وشام آواز دیتا ہے۔اے اولادِ آدم! تم مرنے کے لئے پیدا ہوتے ہو۔ویرانی کے لئے عمارت بناتے ہو۔اور دشمنوں کے لئے مال جمع کرتے ہو۔☆ مومن کا ایمان اس وقت تک کامل نہیں۔جب تک اپنے مسلمان بھائی کے لئے وہی چیز نہ چاہے۔جو (وہ) اپنے لئے چاہتا ہے۔ ☆ میری اُمت جب تک رمضان کی تعظیم کرتی رہے گی۔رُسوا نہ ہوگی۔ ☆ اللہ تعالیٰ سے محبت کرو۔کیونکہ! (وہ) تمھیں اپنی نعمتیں عطا فرماتا ہے۔اور مجھے چاہو۔کیونکہ! اللہ تعالیٰ مجھے چاہتا ہے۔ ☆ حیا ایمان ہے۔(**الحیاء من الایمان**) ☆ بندہ جب عمل میں کوتاہی کرتا ہے۔تو اللہ تعالیٰ اُسے مصیبت میں مبتلا کر دیتا ہے۔☆ جس کا آج اور گزرا ہوا کل ایک سے ہیں۔وہ نقصان میں ہے۔جس کا گزرا کل آج کے دن سے بہتر تھا۔وہ محروم ہے۔☆ تم تنہائی کو لازم پکڑو۔کیونکہ وہ عبادت ہے۔اور تم سے پہلے نیکوکاروں کی عادت ہے۔ ☆ جس شخص نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی۔پس یقیناً اس کا ذکر کیا۔اگر چہ اس کی نماز،روزہ اور تلاوتِ قرآنِ پاک کم ہو۔اور جس شخص نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی۔پس یقیناً اسے بھلا دیا۔اگر چہ اس کی نماز روزہ اور تلاوتِ قرآنِ پاک بکثرت ہو۔☆ صبر کو ایمان سے وہی نسبت ہے۔جو سر کو بدن سے۔☆ وہ بڑا احمق ہے۔جس نے اپنے نفس کو خواہشات کے تابع کرلیا۔اور اللہ تعالیٰ سے بڑی بڑی آرزوئیں باندھیں۔ ☆ جس نے اپنی نگاہ کسی اجنبی عورت کو گھورنے کے بجائے نیچی کرلی۔اللہ تعالیٰ اس کے عوض ایمان میں اضافہ فرمادے

گا۔جس کی حلاوت وہ اپنے دل میں محسوس کرے گا۔ ☆اگر تم افلاس کا اندیشہ کرتے ہو۔تو صدقہ دے کر اللہ تعالیٰ سے تجارت کرو۔☆ غصے کی حالت میں کوئی شخص فیصلہ نہ کرے۔☆ بے شک! حکمت بھوکے کے دل میں ہوتی ہے۔خواہ وہ کافر ہی ہو۔خاص کر اہلِ ایمان میں زیادہ ہوتی ہے۔ ☆دنیا کا طالب مولیٰ کی طرف مائل نہیں ہوتا۔☆ گناہ گار کے آنسو اللہ تعالیٰ کے غصہ کو ٹھنڈا کر دیتے ہیں۔ ☆ جس کے گھر بچہ پیدا ہوا۔اور وہ اس کے داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہہ دے۔تو اس سے بچوں کو لگنے والے روگ اُٹھا لئے جاتے ہیں۔(ایک اور حدیث کے اخیر میں یہ جملہ بھی ہے۔کہ) یعنی یہ عمل اسے حساب و کتاب کے دن فائدہ دے گا۔☆ ایک مسلمان کی خوبیوں میں یہ بات ہے۔کہ وہ بے مقصد اور لایعنی چیزوں کو چھوڑ دیتا ہے۔ ☆اصلی بخیل اور کنجوس وہ آدمی ہے۔جس کے سامنے میرا(ﷺ) نام آئے۔پھر وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ ☆ جو مجھ(ﷺ) سے محبت کرے۔ان دونوں(حضراتِ حسنینؓ) سے محبت کرے۔اور ان کے والدین(حضرت علیؓ اور حضرت خاتونِ جنتؓ) سے محبت کرے۔(تو وہ اسی محبت کی بناء پر) وہ جنت کے اسی درجہ میں ہوگا۔جس میں مَیں ہوں گا۔ ☆ سائل اگر گھوڑے پر سوار ہو کر(بھی) آئے۔اور تم سے کسی چیز کا مطالبہ کرے۔تو یہ اس کا حق ہے۔(کہ) اس کا مطالبہ پورا کیا جائے۔ ☆کسی مسلمان آنکھ کو یہ زیب نہیں دیتا۔کہ وہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہوتی دیکھے۔اور اس پر نکیر وتنبیہ نہ کرے۔ ☆حسنؓ و حسینؓ جنتی جوانوں کے سردار ہیں۔(**الحسن والحسین سید ا شباب اهل جنة**) ☆وہ ہدیہ بہت اچھا ہے۔جو کسی کو ضرورت کے وقت پیش کیا جائے۔☆جس نے رمضان کے(آخری) عشرہ میں اعتکاف کیا۔تو اسے دو حج اور دو عمرہ کا ثواب دیا جائے گا۔ ☆ انبیاءؑ کو گالی دینے کی سزا قتل ہے۔اور میرے صحابہؓ کا برا بھلا کہنے والے کی سزا یہ ہے۔کہ اس کو کوڑے لگائے جائیں۔☆ ایمان کے بعد عقل کا صحیح(ترین) استعمال یہ ہے۔کہ لوگوں کے دلوں میں جگہ بنائی جائے۔☆اے لوگو! سلام پھیلاؤ۔کھانے کھلاؤ۔رات میں جب لوگ سو رہے ہوں۔اور(اُٹھ کر) نماز پڑھو۔(پھر انہیں چھوٹے اعمال کے عوض) جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ۔ ☆ یہ دل زنگ آلود ہو جاتے ہیں۔جس طرح لوہا پانی لگنے سے زنگ آلود ہو جاتا ہے۔عرض کیا گیا۔اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ! ان(قلوب) کی چمک کس طرح آتی ہے۔(تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔موت کو کثرت سے یاد کرنا اور قرآنِ مجید کی(مسلسل) تلاوت کرنا۔☆ وہ شخص جنت میں داخل نہیں ہو سکتا۔جس کے دل میں رائی کے(دانہ) برابر کبر و غرور ہو۔اور وہ شخص جہنم میں داخل نہیں ہو سکتا۔جس کے دل میں رائی کے(دانے کے) برابر ایمان ہو۔ ☆ جس شخص کے تین بچے انتقال کر جائیں۔وہ جہنم میں داخل نہیں ہوگا۔مگر قسم پوری کرنے کے لئے۔☆تم لوگوں سے اِن کی سمجھ کے مطابق بات کیا کرو۔☆ اے ابنِ آدم! تجھے اگر مَیں نہیں ملا۔تو تجھے کچھ(بھی) نہیں ملا۔(حدیثِ قدسی) ☆ دُنیا کی تلخی کو آخرت کی نعمتوں کے لئے شوق میں گھونٹ گھونٹ کر پی جاؤ۔ ☆بے فائدہ چیزوں کا چھوڑ دینا، اسلام کی خوبیوں میں سے ایک خوبی ہے۔ ☆دُنیا کی محبت تمام گناہوں کی جڑ ہے۔اور دُنیا کا ترک کر دینا تمام نیکیوں کا سَر ہے۔☆ سب سے عمدہ نیکی وہ ہے۔جس سے وہ خود بھی فائدہ اُٹھائے۔اور دوسروں کا بھی فائدہ پہنچائے۔ ☆**الجاهل عدوی والعاقل صدیقی**۔جاہل میرا دشمن اور عاقل میرا دوست ہے۔☆یقیناً اللہ تعالیٰ اس کتاب(یعنی قرآنِ حکیم) کے ذریعے بہت سی اقوام کو بلندیاں عطا فرماتا ہے۔اور اسی کی وجہ سے دوسروں کو ذلت و پستی میں دھکیل دیتا ہے۔ ☆ جس قوم میں گناہ کے کام کئے جاتے ہوں۔پھر وہ اسے روکنے پر قادر ہو۔اور نہ روکے۔تو قریب ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ ان سب کو عذاب میں گرفتار کر لے۔ ☆ رسول اللہ ﷺ کو حضرت ابوسعیدؓ نے فرماتے سنا۔جو کوئی منکر دیکھے۔اور اپنے ہاتھ سے اسے روک سکتا ہو۔تو چاہیئے۔کہ اسے اپنے ہاتھ سے روک دے۔اگر وہ ہاتھ سے نہ روک سکے۔تو اپنی زبان سے روکے۔اور اگر اپنی زبان سے بھی نہ روک سکے۔تو اپنے دل میں اُسے بُرا جانے۔اور یہ ایمان کا سب سے کمزور درجہ ہے۔ ☆ بقولِ رسول اللہ ﷺ! جو مجھے اپنی زبان اور شرم گاہ کی ضمانت دے۔مَیں اس کے لئے جنت کا ضامن ہوں۔ ☆ بقولِ رسول اللہ ﷺ! معراج کی شب میں نے چند اقوام کو دیکھا۔کہ ان کے ہونٹ قینچیوں سے کاٹے جا رہے تھے۔میں نے حضرت جبرائیلؑ سے دریافت کیا۔کہ یہ کون لوگ ہیں؟ انہوں نے عرض کیا۔یا رسول اللہ ﷺ! یہ آپ ﷺ کی اُمت کے وہ عالم ہیں۔جو کہ دوسروں کو نیکی کا حکم دیتے ہیں۔اور اپنے نفسوں کو بھلاتے ہیں۔حالانکہ وہ(تو) قرآن پڑھتے ہیں۔(مگر اس پر) خود عمل نہیں کرتے۔☆ حضرت انسؓ سے روایت ہے۔کہ ہم نے عرض کیا۔اے اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ! کیا ہم امر بالمعرف نہ کریں۔جب تک کہ خود عمل نہ کریں۔اور نہی عن المنکر نہ کریں۔یہاں تک کہ خود مکمل اجتناب نہ کرنے لگیں؟(تو) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔امر بالمعروف کرو۔اگر چہ تم پوری طرح خیر اور بھلائی پر عمل نہ کر پاؤ۔اور برائی سے روکو۔اگر چہ برائی سے مکمل طور پر نہ بچ جاؤ۔(معجم اوسط) ☆رحم کرنے والوں پر اللہ تعالیٰ رحم کرتا ہے۔تم لوگ زمین والوں پر رحم کرو۔تمھارے اوپر آسمان والا(یعنی اللہ تعالیٰ) رحم کرے گا۔ ☆ رسول اللہ ﷺ نے حضرت معاذ بن جبلؓ سے فرمایا۔معاذؓ! تمھیں وہ عمل نہ بتاؤں۔جو بغیر حساب کتاب تمھیں جنت میں داخل کروا دے۔حضرت معاذؓ نے عرض کیا۔ضرور یا رسول اللہ ﷺ!(تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔معاذؓ مشقت کا کام ہے۔کرو گے؟ ضرور کروں گا یا رسول اللہ ﷺ! حضرت معاذؓ نے جواب دیا۔آپ ﷺ نے پھر فرمایا۔معاذؓ مسلسل کرنے کا کام ہے۔حضرت معاذؓ نے جواب دیا۔کیوں نہیں یا رسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے فرمایا۔اے معاذؓ اپنے دل کو ہر ایک کے لئے شیشے کی طرح صاف اور شفاف رکھنا۔بغیر حساب کتاب کے جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔ ☆ بقولِ رسول اللہ ﷺ! قیامت کے دن سب لوگ ایک وسیع اور ہموار میدان میں جمع کئے جائیں گے۔پھر اللہ تعالیٰ کا منادی پکارے گا۔کہ! کہاں ہیں وہ بندے؟ جن کے پہلو راتوں کو بستروں سے الگ رہتے تھے۔پس وہ اس پکار پر کھڑے ہو جائیں گے۔اور ان کی تعداد زیادہ نہ ہوگی۔پھر وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے بغیر حساب کتاب کے جنت میں داخل ہو جائیں گے۔اس کے بعد باقی تمام لوگوں کے لئے حکم ہوگا۔کہ وہ حساب کے لئے حاضر ہوں۔☆ بقولِ رسول اللہ ﷺ! میری اُمت کے ستر ہزار لوگ بغیر حساب کتاب کے جنت میں جائیں گے۔یہ وہ لوگ ہوں

گے۔ جو جھاڑ پھونک نہیں کراتے۔ نہ شگون لیتے ہیں۔ اور اپنے رب ہی پر بھروسہ رکھتے ہیں۔☆ حیاء ایمان کا ایک جزء ہے۔ اور ایمان والے جنت میں جائیں گے۔ اور بے حیائی کا تعلق ظلم سے ہے۔ اور ظالم جہنم میں جائیں گے۔ ☆ بقولِ رسول اللہ ﷺ! جو مجھ سے اپنی دونوں ڈاڑھوں اور دونوں ٹانگوں کے بیچ کا ضامن ہو(گا)۔ مَیں اس کے لئے جنت کا ضامن ہوں(گا)۔ ☆ بقولِ رسول اللہ ﷺ! کون ہے؟ جو مجھے اس بات کی ضمانت دے۔ کہ وہ لوگوں سے کسی چیز کا سوال نہیں کرے گا۔ اور مَیں اسے جنت کی ضمانت دوں گا۔ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے کہا۔ مَیں۔ چنانچہ وہ کسی سے کوئی چیز نہیں مانگتے تھے۔ ☆ جس شخص نے رمضان کے روزے رکھے۔ اور تین چیزوں کے حملے سے محفوظ رہا۔ مَیں اس کو جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔ زبان۔ پیٹ۔ شرم گاہ۔ ☆ بقولِ رسول اللہ ﷺ! جو شخص کسی کریم کا دروازہ مسلسل **کھٹکھٹاتا** رہے گا۔ بالآخر اس کے لئے دروازہ کھلے گا۔ اور وہ اندر جاسکے گا۔ ☆ جس نے سکوت اختیار کیا۔ نجات پا گیا۔ (**من سکت نجا**) ☆ رسول اللہ ﷺ نے اپنی زبان مبارک پر انگلی رکھ کر فرمایا۔ کہ! خاموشی افضل ترین عمل ہے۔☆ ساری مصیبتیں انسان کے بولنے کی وجہ سے آتی ہیں۔ ☆ ایک مومن کے اسلام کا حسن یہ ہے۔ کہ! وہ بے مقصد بات سے پرہیز کرے۔☆ حدیثِ قدسی ہے۔ کہ! جو میری مصیبت پر صبر نہیں کرتا۔ اور میرے فیصلے پر راضی نہیں ہوتا۔ اسے چاہیئے۔ کہ! میرے آسمان سے نکل جائے۔ اور میرے سوا کوئی اور رب طلب کرے۔☆ بقولِ رسول اللہ ﷺ! اگر مؤمن کے خوف اور اُمید کا موازنہ کیا جائے۔ تو دونوں برابر ہوں گے۔ ☆ بقولِ رسول اللہ ﷺ! تم میں سے جب کسی کو موت آئے۔ تو ضروری ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ کے متعلق حسنِ ظن رکھتا ہو۔ ☆ بقولِ رسول اللہ ﷺ! اگر تم اللہ تعالیٰ پر ایسے ہی توکل کرو۔ جیسا کہ اس پر توکل کرنے کا حق ہے۔ تو وہ تم کو ایسے رزق دے گا۔ جیسے پرندوں کو دیتا ہے۔ ☆ جس نے تازہ وضو کیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے ایمان کو تازہ کیا۔ ☆ شہرت اور اس کے اسباب آفات ہیں۔ جبکہ گمنامی اور اس کے بواعث راحت ہیں۔ ☆ تکبر اور غرور ایمان کو خراب کرتے ہیں۔☆ بقولِ رسول اللہ ﷺ! تُو سمندر (کی مانند) ہو جا۔ تغیر سے محفوظ ہو جائے گا۔ (یعنی انسانوں کی ایذاء رسانی کے تغیر سے)۔☆ بقولِ رسول اللہ ﷺ! نبوت میں سے صِرف سچے خواب (ہی) باقی رہ گئے ہیں۔ ☆ بقولِ رسول اللہ ﷺ! ہمارے بعد آثارِ نبوت میں سے سوائے مبشرات کے کچھ باقی نہیں رہا۔ (یعنی کہ! سلسلہءِ وحی اختتام کو پہنچا۔ اَب ہونے والے واقعات کی اطلاع مومنین کو بذریعہ خواب سے ہی ممکن ہو سکے گی۔ جس کی واضح امثال القاء، الہام اور ہاتفِ غیبی ہیں)☆ سچے خواب نبوت کے چھیالیس اجزاء میں سے ایک جزو ہیں۔☆ سب سے سچا خواب صبح صادق کے وقت دیکھنا ہے۔ ☆ حدیثِ قدسی: اے محمد ﷺ! گناہ گاروں کو یہ مژدہ سنا دو۔ کہ میں بہت بخشنے والا ہوں۔ اور سچوں کو خبردار کریں۔ کہ میں بہت غیرت مند ہوں۔☆ بقولِ رسول اللہ ﷺ! میرے لئے اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک ایسا وقت ہے۔ جس میں نہ کسی فرشتہ مقرب اور نہ کسی نبی مرسل علیہ السلام کو گنجائش ہے۔☆ (تنہائی اختیار کر۔ اور مجھے پا لے۔ حدیثِ قدسی)☆ بقولِ رسول اللہ ﷺ! اپنے اندر اخلاقِ الٰہیہ (یعنی اپنے رب کے جیسی صفات) پیدا کرو۔☆ جاہل سخی اللہ تعالیٰ کے نزدیک بخیل عابد سے کہیں زیادہ محبوب ہے۔ ☆ جو شخص اپنے مسلمان بھائی کو (کہ) جس کے اندر کفر کی کوئی وجہ نہ ہو۔ (اُسے) کافر کہے۔ تو (کافر کہنے والا) خود کافر ہو جاتا ہے۔ ☆ قیامت کے روز لوگ (اپنے اپنے) حساب وکتاب میں مبتلا رہیں گے۔ (لیکن) صدقہ والے اپنے صدقہ کے سایہ میں ہوں گے۔☆ تمھارے لئے یہی گناہ کافی ہے۔ کہ! تم ہمیشہ جھگڑتے رہو۔☆ جس مسلمان کی نظر کسی عورت کے حسن پر پڑے۔ اور وہ اپنی نگاہ جھکا لے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے دل کو عبادت کی لذت عطا فرمائے گا۔☆ جو شخص دل پر زور ڈال کر صبر کرے۔ (تو) اللہ تعالیٰ بھی اُسے صبر عطا فرمائے گا۔☆ نمازِ فجر کی دو رکعت، دُنیا اور جو کچھ دنیا میں ہے، اِن تمام سے بہتر ہے۔☆ جو بھی مسلمان اپنے بھائی کے پس پشت اُس کے لئے دُعا مانگتا ہے۔ تو فرشتہ کہتا ہے۔ کہ! تیرے لئے بھی اسی طرح ہو۔☆ غیبت کا کفارہ یہ ہے۔ کہ جس کی تم نے غیبت کی۔ اُس کے لئے (اللہ تعالیٰ سے) مغفرت طلب کرو۔☆ باپ سے منہ نہ پھیرو۔ جس نے اپنے باپ سے منہ پھیرا۔ اُس نے کفر کیا۔ ☆ جو کسی تنگ دست کے لئے آسانی پیدا کرے۔ اللہ سبحانہٗ تعالیٰ دُنیا و آخرت میں (اُس کے لئے بھی) آسانی پیدا فرمائے گا۔☆ جس نے دھوکہ دیا۔ وہ ہم میں سے نہیں۔ ☆ بقولِ رسول اللہ ﷺ! مومن لعن طعن کرنے والا، فحش گو اور بیہودہ گو نہیں ہوتا۔ ☆ ایک شخص کہیں جا رہا تھا۔ راستے میں اس نے کانٹوں کی بھری ہوئی ایک ٹہنی دیکھی۔ پس اسے راستے سے دور کر دیا۔ اللہ تعالیٰ (فقط اُس شخص کی اس ادنیٰ سی نیکی پر) راضی ہو گیا۔ اور اُس کی بخشش کر دی۔☆ جب اللہ رب العزت بندے کو کوئی نعمت عطا فرماتا ہے۔ اور وہ بندہ اس نعمت کے ملنے پر ''الحمد للہ'' کہتا ہے۔ تو بندے نے جو (شکر ادا) کیا۔ وہ اسے ملنے والی نعمت سے افضل ہوتا ہے ☆ میں نے جنت میں جھانک کر دیکھا۔ تو مجھے اہلِ جنت میں زیادہ تعداد ''غریبوں'' کی نظر آئی۔☆ دُنیا مومن کا قدم ہے۔☆ جس شخص کو دُعا کی توفیق دی جاتی ہے۔ اس کو قبولیت سے محروم نہیں کیا جاتا۔☆ عقلمند وہ ہے۔ جس نے اپنے نفس کو ذلیل کیا۔ اور احمق وہ ہے۔ جس کے نفس نے اپنی خواہشات کی پیروی کی۔ اور اللہ تعالیٰ سے وہمی تمنائیں قائم کیں۔☆ اے فاطمہ رضی اللہ عنہا بنتِ رسول اللہ ﷺ! اپنے نفس کو آگ سے بچا۔ مَیں اللہ تعالیٰ کے ہاں تیرے کام نہیں آؤں گا۔☆ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔ چار چیزیں ایسی ہیں۔ جسے مل جائیں۔ اسے دنیا و آخرت کی بھلائی مل گئی۔ شکر گزار دل۔ ذکر کرنے والی زبان۔ تکلیفوں میں صبر کرنے والا بدن اور ایسی عورت جو اپنے خاوند سے اپنی ذات کے بارے میں خیانت کی طالب نہ ہو۔ (شعب الایمان) ☆ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔ چار چیزیں ایسی ہیں۔ جب وہ تم میں ہوں۔ تو پھر اگر دنیا نہ بھی ملے۔ تو کوئی حرج و مضائقہ نہیں۔ حفظِ امانت۔ سچ بولنا۔ حسنِ اخلاق اور (حرام و ناجائز) کھانے سے پرہیز کرنا۔ (شعب الایمان۔ مستدرک للحاکم) ☆ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔ وہ نکاح سب سے زیادہ بابرکت ہے۔ (کہ) جس میں اخراجات کم ہوں۔ (مشکوٰۃ) ☆ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ دعا ان آزمائشوں سے فائدہ دیتی ہے۔ جو نازل ہو چکی ہوں۔ اور ان آزمائشوں سے بھی، جو ابھی تک نازل نہیں ہوئیں۔ اسی لئے اے اللہ تعالیٰ کے بندو! تم پر لازم

ہے۔کہ! دعا مانگا کرو۔(المستدرک الحاکم) ☆رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔جس نے گواہی دی (لا الـہ الا اللہ و ان محمدا رسول اللہ حرم اللہ علیـہ الـنـار) اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں۔اور محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسولؐ ہیں۔اس پر اللہ تعالیٰ جہنم کی آگ حرام فرما دیتے ہیں۔(صحیح مسلم) ☆ حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں۔کہ! میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔ اللہ تعالیٰ کی قسم! مَیں ایک دن میں ستر سے زیادہ مرتبہ اللہ تعالیٰ سے توبہ واستغفار (کیا) کرتا ہوں۔(صحیح بخاری) ☆مومن کو ایک سوراخ سے دوبار ڈنگ نہیں لگ سکتا۔(بخاری) ☆جب تم مداحین (تعریفیں کرنے والوں) کو دیکھو۔تو ان کے منہ پر خاک ڈال دو۔(مسلم)۔ ☆کوئی مسلمان آدمی وضو نہیں کرتا۔پس وہ اچھی طرح وضو کرے۔پھر نماز پڑھتا ہے۔مگر اللہ تعالیٰ اس کے جملہ گناہ (صغیرہ) جو اس نماز سے پیوستہ دوسری نماز کے درمیان کئے تھے۔(مسلم) ☆ حضرت رسولِ کریم ﷺ کی سنت میں ہے۔کہ (میزبان شخص) مہمان کو رخصت کرتے گھر کے دروازے تک آئے۔(ابنِ ماجہ) ☆تم میں سے کسی کے پاس شیطان آتا ہے۔اور تمہارے دل میں پہلے تو یہ سوال پیدا کرتا ہے۔کہ! فلاں چیز کس نے پیدا کی۔فلاں چیز کس نے پیدا کی۔اور آخر میں بات یہاں تک پہنچاتا ہے۔کہ خود تمہارے رب کو کس نے پیدا کیا۔جب کسی شخص کو (شیطان) ایسا وسوسہ ڈالے۔تو اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگنی چاہیئے۔(تو بندہ) شیطانی خیال کو چھوڑ دے۔ (بخاری) ☆حیاء ایمان کا جزو ہے۔اور ایمان والے جنت میں جائیں گے۔اور بے حیائی کا تعلق ظلم سے ہے۔اور ظالم جہنم میں جائیں گے۔(ترمذی) ☆آپ ﷺ نے کچھ لوگوں کے چلنے پھرنے اور بولنے کی آواز سنی۔نماز کے بعد آپ ﷺ نے دریافت فرمایا۔کہ کیا قصہ ہے؟ لوگوں نے بتایا۔کہ ہم نماز کے لئے جلدی کر رہے ہیں۔(تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔کہ ایسا نہ کرو۔ بلکہ جب تم (لوگ) نماز کے لئے آؤ۔تو وقار اور سکون کو ملحوظ رکھو۔نماز کا جو حصہ پاؤ۔اسے پڑھو۔اور جو رہ جائے۔اسے (بعد میں تسلی سے) پورا کرو۔(بخاری) ☆ جو مر جائے۔اور اس کے ذمہ کسی کا کوئی دینار یا درہم ہو تو (قیامت میں) جہاں دینار اور درہم نہیں ہوگا۔اس کو نیکیوں سے ادا کر دیا جائے گا (ابن ماجہ) ☆جو لوگ مر گئے۔اُن کو برا نہ کہو۔کیونکہ! اُنہوں نے جیسا (بھی نیک یا بد) عمل کیا۔اس کا بدلہ پالیا۔(بخاری) ☆اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگا کرو۔ آزمائش کی مشقت، بدبختی کی پستی سے، برے خاتمے اور دشمن کے ہنسنے سے۔(بخاری) ☆آپ ﷺ نے فرمایا۔اپنے آپ پر خیر ہی کی دُعا کیا کریں۔بے شک فرشتے تمہاری دعا پر آمین کہتے ہیں۔(بخاری) ☆اے عائشہؓ! اللہ تعالیٰ تمام معاملات میں نرمی کو پسند فرماتا ہے۔ (مسلم) ☆جو آدمی نرمی اختیار کرنے سے محروم رہا۔وہ آدمی بھلائی (کرنے سے بھی) محروم رہا۔(مسلم) ☆ جو بھی مسلمان اپنے بھائی کے پس پشت اس کے لئے دعا مانگتا ہے۔تو فرشتہ کہتا ہے۔کہ تیرے لئے بھی اسی (دعا) کی طرح ہو۔(بخاری) ☆بندہ دوزخیوں کے سے کام کرتا رہتا ہے۔حالانکہ وہ جنتی ہوتا ہے۔(جبکہ اسی طرح سے ایک بندہ جو کہ ویسے تو) جنتیوں کے سے کام کر رہا ہوتا ہے۔حالانکہ وہ دوزخی ہوتا ہے۔(بخاری)۔☆کوئی بندہ کوئی شخص (اُس وقت تک بالکل) مومن نہیں ہوگا۔جب تک کہ میں اس کے نزدیک اس کے متعلقین اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔(مسلم) ☆ مسلمان (دوسرے) مسلمان کا بھائی ہے۔نہ اس پر ظلم کرے۔اور نہ اسے (کسی ظالم کے) سپرد کرے۔جو شخص اپنے کسی بھائی کی ضرورت پوری کرنے میں لگا ہوگا۔اللہ تعالیٰ اس کی ضرورت اور حاجت پوری فرمائے گا۔(بخاری) ☆ مسلمان (دوسرے) مسلمان کا بھائی ہے۔نہ اس پر ظلم کرتا ہے۔اور نہ ہی اسے ذلیل کرتا ہے۔(پھر) آپ ﷺ نے اپنے سینہ مبارک کی طرف اشارہ کرتے ہوئے تین مرتبہ (یہ) فرمایا۔تقوٰی یہاں ہے۔کسی آدمی کے برا ہونے کے لئے یہی کافی ہے۔کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو حقیر سمجھے۔ایک مسلمان دوسرے مسلمان پر پورا پورا حرام ہے۔اس کا خون، اس کا مال اور اس کی عزت آبرو۔(مسلم) ☆ حضرت سیدنا ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں۔کہ! مَیں نے (آنحضور نبی مکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں) عرض کیا۔ یا رسول اللہؐ! قیامت کے روز کون سا سعادت مند آپؐ کی شفاعت کا زیادہ مستحق ہوگا؟ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔اے ابو ہریرہؓ! مجھے یقین تھا۔کہ تمہارے علاوہ مجھ سے یہ بات کوئی نہیں پوچھے گا۔کیونکہ مَیں حدیث (کے جمع کرنے اور لوگوں تک پہنچانے) میں تمہاری رُغبت دیکھ چکا ہوں۔قیامت کے دن وہی سعادت مند میری شفاعت کا سب سے زیادہ مستحق ہوگا۔جس نے خلوصِ قلب سے ''لا الـہ الا الـلـہ'' کہا۔ (صحیح بخاری) ☆ سفر میں روزہ رکھنا نیکی نہیں ہے (صحیحین) ☆مدینہ منورہ میں ایک آدمی فوت ہوگیا۔جو (کہ) پیدا بھی وہیں ہوا تھا۔رسول اللہ ﷺ نے اس کا جنازہ پڑھا۔پھر فرمایا۔کاش کہ یہ اپنی پیدائش والی جگہ سے باہر فوت ہوتا۔صحابہ کرامؓ نے عرض کیا۔اے اللہ کے رسول ﷺ! کیوں؟ (تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔کہ! (کوئی مسلمان) آدمی جب اپنی پیدائش کی جگہ سے دور فوت ہوتا ہے۔تو جنت میں اسے اس کی پیدائش گاہ سے موت کی جگہ تک کا فاصلہ ماپ کر جنت دی جاتی ہے۔(نسائی)۔ ☆رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! تم سب کے سب گمراہ ہو۔سوائے اس کے، جسے میں ہدایت دے دوں۔اس لئے مجھ سے ہدایت مانگو۔(مسلم)۔ ☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔جب تم لوگ جنازہ دیکھو۔تو کھڑے ہو جاؤ۔اور جو شخص جنازہ کے ساتھ چل رہا ہو۔وہ اس وقت تک نہ بیٹھے۔جب تک جنازہ رکھ نہ دیا جائے۔(بخاری) ☆رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔جو شخص مر گیا۔اور وہ (پختگی ویقین کے ساتھ یہ) جانتا تھا۔لا الہ الا اللہ (اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں) وہ جنت میں داخل ہوگا۔(مسلم) ☆جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے۔تو حضرت جبرائیلِ امینؑ کو آواز دیتا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ فلاں بندے سے محبت کرتا ہے۔تم بھی اس سے محبت کرو۔(تو پھر) حضرت جبرائیلؑ بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں۔پھر وہ (یعنی حضرت جبرائیلؑ) تمام آسمان والوں میں آواز دیتے ہیں۔کہ اللہ تعالیٰ فلاں بندے سے محبت کرتا ہے۔تم بھی اس سے محبت کرو۔پھر تمام آسمان والے بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں۔اس کے بعد وہ زمین میں بھی (اللہ تعالیٰ کے بندوں، جنوں اور دیگر مخلوقات کا) مقبول اور محبوب بن جاتا ہے۔(یعنی اسے تسخیر الخلائق حاصل ہو جاتی ہے۔اور وہ مرجع خلائق بن جاتا ہے)۔بخاری۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے میری اُمت کے قلوب میں

پیدا ہونے والے وسوسوں کو معاف کر دیا ہے۔ جب تک (کہ) وہ انہیں عمل یا زبان پر نہ لائیں۔ (بخاری۔ مسلم) ☆ خرچ کیا کر۔ گِنا نہ کر۔ تا کہ تمہیں بھی گن کر نہ ملے۔ اور جوڑ کے مَت رکھو۔ تا کہ تم سے بھی اللہ تعالیٰ (نعمتوں کو) نہ چھپا لے۔ (بخاری) ☆ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔ تم اللہ تعالیٰ سے دعا مانگو۔ اور اس یقین کے ساتھ مانگو۔ کہ تمہاری دعا ضرور قبول ہوگی۔ اور اچھی طرح سے جان لو۔ کہ! اللہ تعالیٰ بے پرواہی (غفلت) اور بے توجہی لہو و لعب میں مبتلا دل کی دعا قبول نہیں فرماتا۔ (ترمذی) ☆ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔ نمازوں میں ایک نماز (یعنی نمازِ عصر ایک) ایسی ہے۔ کہ (اگر) وہ چھوٹ جائے۔ تو گویا اس کا گھربار سب برباد ہو گئے۔ (بخاری) ☆ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ کہ! مَیں نے آنحضور نبی مکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا۔ ''دو آنکھوں کو آگ نہیں چھوئے گی۔ (ایک تو) وہ آنکھ، جو اللہ تعالیٰ کے خوف سے روئی ہو۔ اور (دوسری) وہ آنکھ جس نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں پہرہ دے کر گزاری ہو۔ (جامع ترمذی کی حسن حدیث) ☆ حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ کہ! آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ دوزخ میں سے ہر (ایک) ایسے شخص کو نکال دو۔ جس نے ایک دن بھی مجھے یاد کیا۔ یا میرے خوف سے کہیں بھی مجھ سے ڈرا۔ (جامع ترمذی)

☆ حضرت سیدنا عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ! آنحضور نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ جس مؤمن بندے کی آنکھ سے (ایک چھوٹی سی) مکھی کے سر کے برابر خوفِ خداوندی کی وجہ سے آنسو بہہ کر اس کے چہرے پر آ گریں گے۔ تو اللہ تعالیٰ اس پر دوزخ کو حرام فرمائے گا۔ (سنن ابن ماجہ۔ الطبرانی)

☆ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔ جب جنتی جنت میں اور دوزخی دوزخ میں داخل ہو جائیں گے۔ تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر (بھی) ایمان ہو۔ اس کو بھی دوزخ سے نکال لو۔ تب (وہ لوگ) دوزخ سے نکال لئے جائیں گے۔ وہ جل کر کوئلے کی طرح سیاہ ہو چکے ہوں گے۔ پھر زندگی کی نہر میں یا بارش کے پانی میں ڈالے جائیں گے۔ (بخاری) ☆ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ اس بندے پر خوش (راضی) ہوتا ہے۔ جو ایک کھانا کھا کر اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے۔ یا جو بھی چیز پیئے۔ اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے۔ (مسلم) ☆ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔ بلاشبہ سچ آدمی کو نیکی طرف بلاتا ہے۔ اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے۔ اور ایک شخص (جب تک مسلسل) سچ بولتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ صدیق کا لقب اور مرتبہ حاصل کر لیتا ہے۔ اور بلاشبہ جھوٹ برائی کی طرف لے جاتا ہے۔ اور برائی جہنم کی طرف لے جاتی ہے۔ اور (اگر کوئی شخص) جھوٹ بولتا رہتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ (شخص) اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت جھوٹا لکھ دیا جاتا ہے۔ (بخاری) ☆ مدینہ میں ایک آدمی فوت ہو گیا۔ جو پیدا بھی وہیں ہوا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کا (نمازِ) جنازہ پڑھا۔ پھر فرمایا۔ کاش کہ وہ اپنی پیدائش والی جگہ سے باہر فوت ہوتا۔ (تو) صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا۔ اے اللہ کے رسول ﷺ! کیوں؟ (تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔ جب آدمی اپنی پیدائش کی جگہ سے دُور فوت ہوتا ہے۔ تو جنت میں اسے اس کی پیدائش گاہ سے موت کی جگہ تک کا فاصلہ ماپ کر جنت دی جاتی ہے۔ (نسائی)

☆ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔ رمضان میں عمرہ کرنا میرے ساتھ حج کرنے کے برابر ہے۔ (بخاری) ☆ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ گناہ کو گناہ سے نہیں مٹاتا بلکہ وہ گناہ کو اچھائی اور نیکی سے مٹاتا ہے۔ آلودگی سے کبھی آلودگی دور نہیں ہوتی۔ (مسند احمد) ☆ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔ تم جہاں بھی رہو۔ اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ گناہ کے بعد نیکی کر لو۔ بے شک نیکی گناہ کو ختم کر دیتی ہے۔ اور لوگوں کے ساتھ حسنِ اخلاق سے پیش آؤ۔ (ترمذی) ☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ! حضرت رسولِ مکرم ﷺ نے فرمایا۔ کہ! کامل ترین مومن وہ ہے۔ جو بہترین اخلاق کا مالک ہے۔ اور تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے۔ جو اپنے اہلِ خانہ کے ساتھ بہتر ہے۔ (سنن ابی داؤد) ☆ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔ میرے لئے ضعیف اور کمزور لوگوں کو ڈھونڈو۔ کیونکہ تم اپنے کمزوروں کی وجہ سے رزق دیئے جاتے ہو۔ اور مدد کئے جاتے ہو۔ (ابوداؤد) ☆ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے میری اُمت سے غلطی، بھول چوک اور زبردستی کرائے گئے کام معاف فرما دیئے ہیں۔ (ابن ماجہ) ☆ رسولِ کریم ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ کہ! جس نے میرے کسی ولی (دوست) کے ساتھ دشمنی کی۔ اسے میری طرف سے اعلانِ جنگ ہے۔ اور میرا بندہ جن جن عبادتوں سے میرا قرب حاصل کرتا ہے۔ اور کوئی عبادت مجھ کو اس سے زیادہ پسند نہیں ہے۔ جو مَیں نے اس پر فرض کی ہے۔ (یعنی نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج) اور میرا بندہ فرض ادا کرنے کے بعد نفل عبادتیں کر کے مجھ سے اِتنا قرب حاصل کر لیتا ہے۔ کہ مَیں اس سے محبت کرنے لگ جاتا ہوں۔ پھر جب مَیں اس سے محبت کرنے لگ جاتا ہوں۔ تو میں اس کا کان بن جاتا ہوں۔ جس سے وہ سُنتا ہے۔ اس کی آنکھ بن جاتا ہوں۔ جس سے وہ دیکھتا ہے۔ اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں۔ جس سے وہ پکڑتا ہے۔ اس کا پاؤں بن جاتا ہوں۔ جس سے وہ چلتا ہے۔ اگر وہ مجھ سے مانگتا ہے۔ تو مَیں اسے دیتا ہوں۔ اگر وہ کسی دشمن یا شیطان سے میری پناہ مانگتا ہے۔ تو مَیں اسے محفوظ رکھتا ہوں۔ اور میں جو کام کرنا چاہتا ہوں۔ اس میں مجھے اتنا تردد نہیں ہوتا۔ جتنا کہ مجھے اپنے مومن بندے کی جان نکالنے میں ہوتا ہے۔ وہ تو موت کو بوجہ تکلیفِ جسمانی کے پسند نہیں کرتا۔ اور مجھ کو بھی اسے تکلیف دینا بُرا لگتا ہے۔ (صحیح بخاری) ☆ حضرت رسولِ مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ جب (کوئی) بندہ مسلمان یا مومن وضو کرتا ہے۔ اور اپنے چہرے کو دھوتا ہے۔ تو اس کے چہرے سے وہ تمام گناہ جھڑ جاتے ہیں۔ جو اس نے (اپنی) آنکھوں سے کئے ہوئے ہوتے ہیں پانی کے ساتھ یا پانی کے آخری قطرے کے ساتھ (دُھل جاتے ہیں)۔ جب وہ اپنے دونوں ہاتھ دھوتا ہے۔ تو اس کے ہاتھوں کے گناہ جو ان (ہاتھوں) سے کسی چیز کو پکڑ کر کئے ہوئے ہوتے ہیں۔ پانی کے ساتھ یا پانی کے آخری قطرے کے ساتھ (دُھل جاتے ہیں)۔ جب وہ اپنے پاؤں کو دھوتا ہے۔ تو پاؤں جن گناہوں کے ساتھ چل کر گئے وہ تمام گناہ پانی کے ساتھ یا پانی کے آخری قطرے کے ساتھ (دُھل جاتے ہیں)۔ یہاں تک کہ وہ (بندہ مسلمان یا مومن) گناہوں سے پاک صاف ہو کر نکلتا ہے۔

عمر تو ساری کٹی، عشقِ بُتاں میں مومن
آخری وقت میں، کیا خاک مسلماں ہوں گے

حضرت سلطان العارفین سلطان الفقر سلطان باھوؒ کی جملہ کتبِ تصوف کی مشہور حدیث نبوی ﷺ

رازِ ہستی راز ہے ، جب تک کہ کوئی محرم نہ ہو کھل گیا جس دَم ، تو محرم کے سوا کچھ بھی نہیں

اس حدیث نبوی ﷺ کو حضرت سلطان العارفین سلطان باھوؒ نے اپنی تمام کتب میں لکھا ہے ۔ (کہ) حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابو ذر غفاریؓ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ ! اے ابوذرؓ ! اکیلے چلا کرو ۔ اللہ تعالیٰ آسمانوں میں اکیلا ہے ۔ تم زمین میں اکیلے جاؤ ۔ اے ابوذرؓ ! بے شک اللہ تعالیٰ جمیل ہے ۔ اور حسن و جمال کو پسند فرماتا ہے ۔ اے ابوذرؓ ! کیا تجھے ادراک ہے ۔ کہ میں کس غم و فکر میں رہتا ہوں ؟ اور مجھے کس چیز کا اشتیاق ہے ؟ حضرت ابو ذر غفاریؓ نے عرض کیا ۔ اے اللہ کے رسول ﷺ ! مجھے اپنے غم ، فکر اور اشتیاق سے آگاہ فرمائیں ۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔ '' آہ آہ آہ '' مجھے اپنے اُن بھا ئیوں سے ملاقات کا اشتیاق ہے ۔ جو میرے بعد آئیں گے ۔ وہ انبیائے کرامؑ جیسی شان کے مالک ہوں گے ۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اُن کا مرتبہ شُہداء کے جیسا ہوگا ۔ وہ اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر اپنے والدین ، بھائی بہنوں اور اولاد سے جدائی اختیار کریں گے ۔ اپنے مال و دولت کو اللہ تعالیٰ کے لئے ترک کر دیں گے انکساری اختیار کریں گے ۔ شہوات اور حصولِ دنیا کی طرف راغب نہ ہوں گے ۔ وہ اللہ تعالیٰ کے گھروں میں سے ایک میں جمع ہوں گے ۔ اور اللہ تعالیٰ کی محبت میں درد و تکلیف برداشت کریں گے ۔ اِن کے قلوب اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہوں گے ۔ اِن کی ارواح اللہ تعالیٰ میں فناء ہوں گی (فناء فی اللہ) اور اِن کے اعمال اللہ تعالیٰ کی خاطر ہوں گے ۔ جب اِن میں سے کوئی بیمار ہوگا ۔ تو اُن کی بیماری اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہزار 1000 سالہ عبادت سے (زیادہ) افضل ہوگی ۔ اے ابو ذرؓ اگر تم چاہو اِن کی شان میں کچھ اور بیان کروں ؟ حضرت ابوذر غفاریؓ نے عرض کیا ! اے اللہ کے رسول ﷺ مزید ارشاد فرمائیں ، فرمایا ! جب اِن میں سے کسی کو موت آئے گی ۔ تو گویا آسمان والوں میں سے کسی کو موت آ گئی اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ اہلِ اکرام میں سے ہوں گے ۔ اے ابوذرؓ اگر تم چاہو اِن کے بارے میں بیان کروں ؟ حضرت ابوذر غفاریؓ نے عرض کیا ! اے اللہ کے رسول ﷺ مزید ارشاد فرمائیں ، فرمایا ! اگر کوئی جوں (Lice) اِن کے کپڑوں میں گھس کر انہیں کاٹے گی ۔ تو (اُس جوں کے کاٹے کی تکلیف کے بدلے) اللہ تعالیٰ اِنہیں 70 حج اور 70 عمروں کے برابر اجر عطا فرمائے گا ۔ اور اِن کے لئے حضرت اسماعیلؑ کی اولاد سے چالیس غلام آزاد کرنے کے برابر اجر ہوگا ۔ اور وہ غلام بھی اِتنے قیمتی کہ اِن میں ہر ہر غلام کی قیمت بارہ ہزار دینار ہو ۔ اے ابوذرؓ اگر تم کہو تو مزید اِن کی شان بیان کروں ؟ حضرت ابوذر غفاریؓ نے عرض کیا ! اے اللہ کے رسول ﷺ مزید ارشاد فرمائیں ، فرمایا ! اِن میں سے جب کوئی اہلِ محبت اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے ، تو اِس کے ہر ہر سانس کے بدلے دس لاکھ (Million) درجات لکھے جائیں ۔ اے ابوذرؓ اگر تم کہو تو اِن کے بارے میں کچھ اور بیان کروں ؟ حضرت ابوذر غفاریؓ نے عرض کیا ! اے اللہ کے رسول ﷺ مزید ارشاد فرمائیں ، فرمایا ! اِن میں سے جب کوئی عرفات کے پہاڑ پر دو رکعت نماز پڑھے گا تو اُس کو حضرت نوحؑ کی ایک ہزار سالہ عمر جتنی عبادت کا ثواب دیا جائے گا ۔

اے ابوذرؓ اگر تم کہو تو اِن کے بارے میں کچھ اور بیان کروں ؟ حضرت ابوذر غفاریؓ نے عرض کیا ! اے اللہ کے رسول ﷺ مزید ارشاد فرمائیں ، فرمایا ! اِن میں سے جب کوئی اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرے گا ۔ تو قیامت کے دن وہ بیان کردہ تسبیح اِن کے لئے اِس بات سے بھی بہتر ثابت ہوگی کہ دنیا کے پہاڑ سونے اور چاندی کے بن کر اُس کے ساتھ چلا کرتے ۔

اے ابوذرؓ اگر تم چاہو تو اِن کے بارے میں مزید بیان کروں ؟ حضرت ابوذر غفاریؓ نے عرض کیا ! اے اللہ کے رسول ﷺ مزید ارشاد فرمائیں ، فرمایا ! جس نے عقیدت و محبت کی نگاہ سے اِن کی طرف دیکھا تو اللہ تعالیٰ کو یہ بات اِس کے بیت اللہ کی طرف دیکھنے سے زیادہ پسند ہوگی ۔ جس نے اِن کو دیکھا تو گویا اِس نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا جس نے اِنہیں لباس پہنایا اور انہیں کھانا کھلایا تو گویا اِس نے اللہ تعالیٰ کو لباس پہنایا اور کھانا کھلایا ۔

اے ابوذرؓ اگر تم چاہو تو اِن کے بارے میں مزید بیان کروں ؟ حضرت ابوذر غفاریؓ نے عرض کیا ! اے اللہ کے رسول ﷺ مزید ارشاد فرمائیں ، فرمایا ! وہ گناہ گار جو گناہ کرنے پر بضد ہوں اگر اِن کی محفل میں آ بیٹھے گا ۔ تو اُٹھنے سے پہلے اُس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے ۔ پس تمھیں معلوم ہونا چاہیئے کہ اہلِ قلب کبھی سچے خوابوں کی صورت میں اسرارِ ملکوت کا مشاہدہ کرتے ہیں اور کبھی بحالتِ بیداری اُنہیں مشاہدہ ہوتا ہے جیسے کہ نیند میں ہوتا ہے جس سے اِنہیں ہر چیز کے معانی سمجھ آ جاتے ہیں یہ حالت اعلیٰ درجات میں سے ہے جو کہ (دراصل) درجاتِ انبیاء میں سے ہے ۔ (کیونکہ) بے شک سچے خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہیں پس تم اِن کے معاملے میں ڈرنا ۔ اگر تم اِن کے معاملے میں غلطی کرو گے تو تمھارے قصور کی حد تجاوز کر جائے گی اور تم ہلاکت میں پڑ جاؤ گے ایسی عقل سے جہالت بہتر ہے جو اُن کے انکار کی طرف راغب کرے ۔ اولیاء اللہ کے اُمور سے جس نے انکار کیا تو گویا اُس نے انبیاء کا انکار کیا اور وہ دین سے مکمل طور پر خارج ہو گیا ۔

آنحضرت رسولِ مُکرم ﷺ کی حضرت ابو ہریرہؓ کو وصیت :

☆ پرہیز گار بنو ۔ تاکہ عابد ترین انسان بنو ۔ ☆ قناعت اختیار کرو ۔ تاکہ خوش حال ترین انسان بنو ۔ ☆ دوسروں کے لئے (بھی) وہی پسند کرو ۔ جو تم اپنی ذات کے لئے پسند کرتے ہو ۔ تاکہ سچے مسلمان بنو ۔ ☆ اپنے ہمسائے سے نیک سلوک کرو ۔ تاکہ تم مومن بنو ۔ ☆ بہت مَت ہنسو ۔ کہ زیادہ ہنسی قلب کو مردہ کر دیتی ہے ۔ ☆ حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے ۔ کہ ! تدبیر آدھی زندگی ہے ۔ ☆ حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے ۔ کہ ! جب میرے بندے نے کسی نیکی کا ارادہ کیا ۔ لیکن اس (نیکی) کو کیا نہیں ۔ تو اس کے لئے ایک پوری نیکی لکھی گئی ۔

عجیب سوالات اور آنحضرت نبی مکرم ﷺ کے مکمل، مختصر مگر جامع جوابات

مسند احمد اور کنز العمال میں یہ ایک مختصر واقعہ مع سوالات و جوابات آیا ہے۔ حضرت خالد بن ولیدؓ کہتے ہیں۔ (کہ) حضرت رسولِ معظم ومکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں ایک آدمی (شاید بدو) حاضر ہوا۔ اور کہنے لگا۔ (کہ) مَیں آپ ﷺ سے دُنیا اور آخرت کے متعلق سوال کرتا ہوں۔ (تو آپ ﷺ نے) فرمایا۔ جو کچھ پوچھنا چاہتے ہو۔ پوچھو۔

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ مَیں لوگوں میں سب سے بڑا عالم بننا چاہتا ہوں۔

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) اِرشاد فرمایا۔کہ! **تقوی اختیار کرو۔ عالم بن جاؤ گے۔** (انشاءاللہ تعالیٰ)

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ مَیں امیر (غنی) بننا چاہتا ہوں۔

آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! **قناعت اختیار کرو۔ امیر ہو جاؤ گے۔** (انشاءاللہ تعالیٰ)

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ مَیں اچھا آدمی بننا چاہتا ہوں۔

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) اِرشاد فرمایا۔کہ! **لوگوں میں سب سے بہتر وہ ہے۔ جو لوگوں کو نفع پہنچا تا ہو۔ لہذا تم لوگوں کو نفع پہنچانے والے بن جاؤ۔** (انشاء اللہ تعالیٰ)

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ مَیں سب سے زیادہ عدل کرنے والا بننا چاہتا ہوں۔

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) اِرشاد فرمایا۔کہ! **لوگوں کے لئے وہی پسند کرو۔ جو اپنے لئے پسند کرتے ہو۔**

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ مَیں اللہ تعالیٰ کا خاص الخاص بندہ بننا چاہتا ہوں۔

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ **اللہ تعالیٰ کا کثرت سے ذکر کرو۔ اللہ تعالیٰ کے خاص (الخاخ) بندے بن جاؤ گے۔**

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ مَیں محسنین (احسان کرنے والوں) میں سے ہونا چاہتا ہوں۔

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ **اللہ تعالیٰ کی اس طرح (سے) عبادت کرو۔ گویا تم اُسے دیکھ رہے ہو۔ گو کہ تم اسے نہیں دیکھ سکتے۔ وہ تو تمھیں (یقیناً ہر وقت بلکہ ہر لحہ) دیکھتا ہے۔**

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ مَیں ایمان کی تکمیل چاہتا ہوں۔

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) اِرشاد فرمایا۔کہ! **اپنے اندر اخلاقِ حسنہ پیدا کرو۔ ایمان مکمل ہو جائے گا۔**

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ مَیں اللہ تعالیٰ کا فرمانبردار بننا چاہتا ہوں۔

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) اِرشاد فرمایا۔کہ! **اللہ تعالیٰ کے فرائض ادا کرو۔ اس کے فرمانبردار بن جاؤ گے۔**

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ مَیں گناہوں سے پاک صاف ہو کر اللہ تعالیٰ سے ملنا چاہتا ہوں۔

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) حکم فرمایا۔ **پاک ہونے کے لئے جنابت سے غسل کیا کرو۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے ملاقات کرو گے۔ کہ تمھارے اوپر کوئی گناہ نہیں ہوگا۔**

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ روزِ قیامت نُور میں میرا حشر کیا جائے۔

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) اِرشاد فرمایا۔کہ! **ظلم مت کرو۔ قیامت کے دن نور میں جمع کئے جاؤ گے۔**

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ مَیں چاہتا ہوں۔کہ! میرا رب متعالٰ مجھ پر رحم فرمائے۔

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) اِرشاد فرمایا۔کہ! **تم اپنے اوپر رحم کرو۔ اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر رحم کرو۔ اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے گا۔** (ان شاءاللہ)

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ مَیں چاہتا ہوں۔کہ! لوگوں میں سب سے زیادہ عزت واکرام والا ہوں۔

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) حکم فرمایا۔کہ! **مخلوق سے اللہ تعالیٰ کی شکایت مت کرو۔ لوگوں میں عزت والے ہو جاؤ گے۔**

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ مَیں چاہتا ہوں۔کہ! میرے رزق میں وسعت پیدا ہو۔

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) اِرشاد فرمایا۔کہ! **طہارت پر ہمیشگی (اختیار) کرو۔ تمھارے رزق میں وسعت کر دی جائے گی۔**

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ مَیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کا محبوب بننا چاہتا ہوں۔

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) اِرشاد فرمایا۔کہ! **جس کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ محبوب رکھتے ہیں۔ تم بھی انہیں محبوب رکھو۔ اور جسے اللہ تعالیٰ اور اللہ تعالیٰ کا رسول ﷺ مبغوض رکھتے ہوں۔ تم بھی انہیں مبغوض سمجھو۔**

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ مَیں چاہتا ہوں۔کہ! اللہ تعالیٰ کے غصے سے محفوظ ہو جاؤں۔

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) اِرشاد فرمایا۔کہ! کسی پر غصہ مت کرو۔اللہ تعالیٰ کے غصے سے محفوظ ہو جاؤ گے۔ (ان شاء اللہ العظیم)

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ مَیں چاہتا ہوں۔کہ! میری دُعا قبول کی جائے۔

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) اِرشاد فرمایا۔کہ! حرام سے بچو۔تمھاری دُعا قبول کی جائے گی۔

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ مَیں چاہتا ہوں۔کہ! اللہ تعالیٰ مجھے سرعام رسوا نہ کرے۔

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) اِرشاد فرمایا۔کہ! اپنی شرم گاہ کی حفاظت کرو۔اللہ تعالیٰ تمھیں سرعام رسوانہیں کرے گا۔(ان شاء اللہ)

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ مَیں چاہتا ہوں۔کہ! اللہ تعالیٰ میرے عیوب پر پردہ پوشی فرمائے۔

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) اِرشاد فرمایا۔کہ! تم اپنے بھائیوں کے عیوب پر پردہ پوشی کرو۔

☆ بدو نے عرض کی۔ کونسی چیز خطاؤں کو مٹا دیتی ہے؟

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) حکم فرمایا۔کہ! آنسو،خضوع (عاجزی) اور بیماری (خطاؤں کو مٹا دیتے ہیں)

☆ بدو نے عرض کی۔ کونسی نیکی اللہ تعالیٰ کے ہاں افضل ہے؟

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) اِرشاد فرمایا۔کہ! حسنِ اخلاق، تواضع،آزمائش کے وقت صبر اور رضا بالقضاء۔

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے بڑی برائی کیا ہے؟

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) حکم فرمایا۔کہ! بداخلاقی اور بخل (اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے بڑی برائیاں ہیں)

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ کونسی چیز اللہ تعالیٰ کے غصے کے غصے کو مٹاتی ہے؟

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) اِرشاد فرمایا۔کہ! صدقہ پوشیدہ کرو۔اور صلہ رحمی کرو۔

☆ (اُس شخص نے) عرض کی۔ کونسی چیز دوزخ کی آگ کو بجھاتی ہے؟

(آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے) حکم فرمایا۔کہ! روزہ دوزخ کی آگ کو بجھاتا ہے۔

چند فرامینِ نبویہ ﷺ

☆ حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا۔کہ (کچھ) نادار لوگ حضرت نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے۔اور (انہوں نے) عرض کیا۔کہ! امیر اور رئیس لوگ بلند درجات اور ہمیشہ رہنے والی جنت حاصل کر چکے۔حالانکہ جس طرح سے ہم لوگ مازیں پڑھتے ہیں۔وہ بھی پڑھتے ہیں۔جیسے ہم روزہ رکھتے ہیں۔وہ بھی رکھتے ہیں۔لیکن مال و دولت کی وجہ سے اُنہیں ہم پر فوقیت (برتری) حاصل ہے۔کہ اس (مال و دولت کے ہونے) کی وجہ سے وہ حج کرتے ہیں۔عمرہ کرتے ہیں۔جہاد کرتے ہیں۔اور صدقے (بھی) دیتے ہیں۔ (جبکہ ہم ناداری وغربت وافلاس اور محتاجی کی وجہ سے یہ سب نہیں کر پاتے)) اس پر آپ ﷺ نے فرمایا۔لو! مَیں تمہیں ایک ایسا عمل بتاتا ہوں۔کہ اگر تم اس کی پابندی کرو گے۔تو جو لوگ (اعمال یعنی حج،عمرہ یا صدقات کی وجہ سے) تم سے آگے بڑھ گئے ہیں۔انہیں تم پالو گے۔اور تمہارے مرتبہ تک پھر کوئی نہیں پہنچ سکتا۔اور تم سب سے اچھے ہو جاؤ گے۔سوئے ان کے،جو یہی عمل شروع کر دیں۔(عمل یہ ہے) ہر نماز کے بعد 33-33 مرتبہ تسبیح سبحان اللہ،تحمید الحمدللہ اور تکبیر اللہ اکبر کہا کرو۔ (یعنی ہر ایک کو 33 مرتبہ پڑھنا ہے)

☆ ایک صاحب حضرت رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں آئے۔اور عرض کیا۔مجھے کوئی ایسا عمل بتا دیجئے۔جو ثواب میں جہاد کے برابر ہو۔ (تو) حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔مَیں ایسا کوئی عمل نہیں پاتا۔پھر آپ ﷺ نے فرمایا۔کیا تم اتنا کر سکتے ہو۔کہ جب مجاہد (فریضہ ء جہاد کی غرض سے) نکلے۔تو تم اپنی مسجد میں آکر برابر نماز پڑھنی شروع کر دو۔اور کوئی سستی اور کاہلی تمہیں محسوس نہ ہو۔اسی طرح روزے رکھنے لگو۔اور کوئی دن بغیر روزے کے نہ گزرے۔ ان صاحب نے عرض کیا۔بھلا ایسا کون کوسکتا ہے۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا۔مجاہد کا گھوڑا جب رسی میں بندھا ہوا زمین پر (پاؤں) ارتا ہے۔تو اس پر بھی اس کے لئے نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔

کجھ بُغض دی ریت وچ نہیں مِلدا کجھ ہار تے جیت وچ نہیں مِلدا
مخلوقِ خدا نال پیار تے کر رب صِرف مسیت وچ نہیں مِلدا

خصائل عصائے مبارکہ حضرت موسیٰ کلیم اللہؑ : حضرت موسیٰؑ کا عصاء مبارک ابتدائے حال میں حکمت تھا۔پھر سراپا قدرت ہوگیا۔آپؑ جب اپنے سامان کو نہ اُٹھا سکتے۔تو عصا اُٹھا لیتا تھا۔آپؑ جب چلنے سے عاجز ہو جاتے۔تو عصا سواری بن جاتا تھا۔آپؑ کے بیٹھنے اور سونے کے وقت یہی سا آپؑ کی حفاظت کرتا رہتا تھا۔اور تکلیف دہ چیزوں کو ہٹاتا رہتا تھا۔ضرورت کے وقت یہی عصاء آپؑ کے لئے درخت بن جاتا تھا۔اور آپؑ کو طرح طرح کے پھل پیش کرتا تھا۔اور جب آپؑ بیٹھتے تھے۔تو یہ عصاء مبارک آپؑ پر سایہ کرتا تھا۔

جنہاں عشق نمازاں پڑھیاں او کدی نئیں مردے ولیاں دے درباراں اُتے ویکھ لے ڈیوے بَلدے

متعلقاتِ نبویہ ﷺ ، خلفائے راشدین ، اھلِ بیت و اولیاء اللہ رحمہم اللہ

میرے کریم آقا ﷺ یہ کرم نہیں تو کیا ہے   مجھ جیسا کمترین بھی سیرت نگار ہے

اسمآء النبی کریم ﷺ : محمد۔احمد۔ماحی۔حاشر۔عاقب۔خاتم۔مزمل۔مدثر۔رحمۃ اللعالمین۔طٰہٰ۔یٰسین۔قاسم۔المقضی۔نبی التوبۃ۔نبی الملاحم۔نبی الرحمۃ۔**رسول الملحمۃ**۔اِن اسمائے عظام کے علاوہ **دیگر صحائف** میں یہ اسمائے طیبات آئے ہیں۔**تورات** میں یہ اسمائے مبارکہ آئے ہیں۔احمد۔**محمد حبیب الرحمٰن**۔**حمیاط**۔**حمطایا**۔**قدمایا**۔پندیند۔احید۔طاب طاب۔**احمد الضحوک القتال**۔**انجیلِ مقدس** میں یہ اسمائے مبارکہ ہیں۔**مخمناز**۔**حنبطا**۔**فارقلیط**۔**بارقلیط**۔**یارقلیط**۔**زبور** میں یہ اسمائے مبارکہ آئے ہیں۔**حاط حاط**۔**فارقلیط**۔**فلاح**۔حضرت **ابراہیم خلیل اللہ**ؑ کے صحیفے میں اسمِ مبارک ''**یوذموذ**'' آیا ہے۔حضرت **شعیب**ؑ کے صحیفے میں اسمِ مبارک ''**رکن المتواضعین**'' آیا ہے۔حضرت **شیث**ؑ کے صحیفے میں اسمِ مبارک ''**اخوناخ**'' آیا ہے۔حضرت داؤدؑ کے نغموں میں آپ ﷺ کو اسمِ مبارک ''**جبار**'' سے پکارا گیا ہے۔دیگر **کتبِ سماوی** میں ''**ماذماذ**'' آیا ہے۔

☆ **نسب نامہء والدینِ محترم** : حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کا حسب نسب (بطرفِ والدِ محترمؓ) یہ ہے۔حضرت ابوالقاسم محمد رسول اللہ ﷺ بن عبداللہؓ بن عبدالمطلب (شیبہ) بن ہاشم (عمرو) بن عبدمناف (مغیرہ) بن قُصیٰ (زید) بن کلاب (حکیم) بن مرۃ بن کعب بن لوئی (کچھ کتب میں لیری ہے) بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمۃ بن مدرکہ بن الیاس بن مُضر بن نزار بن معد بن عدنان (**یہاں تک بلا اختلاف درست** ہے) بن حضرت اسماعیل ذبیح اللہؑ بن حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہؑ (یاد رہے۔کہ! عدنان تک تمام ماہرین انساب کا اتفاق ہے۔اس کے بعد کچھ اختلاف ہے۔ بقول کچھ ماہرین کے۔عدنان بن اُد بن **الھمیسع** بن حمل بن قید بن اسماعیلؑ بن ابراہیمؑ) یاد رہے۔کہ! حضرت ابراہیمؑ سے حضرت آدمؑ کے نسب میں کافی اختلاف پایا جاتا ہے۔اسی لئے آگے نہیں لکھا گیا۔ **(اسی طرح)** حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کا حسب نسب (بطرفِ والدہ محترمہؓ) یہ ہے۔حضرت ابوالقاسم محمد رسول اللہ ﷺ بن آمنہؓ بن وہب بن عبدِ مناف بن زہرۃ بن کلاب بن مرۃ بن کعب ۔۔۔

☆ **ازواجِ مطہرات (امہات المؤمنین)** : حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی ازواجِ مطہراتؓ (جو کہ ہماری مائیں یعنی امہات المؤمنین کہلاتی ہیں) کے اسمائے مبارکہ یہ ہیں۔01۔حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ بنت خویلد۔02۔حضرت سودہ بنت زمعہ۔03۔حضرت عائشۃ الصدیقۃؓ بنت حضرت سیدنا ابی بکر صدیقؓ۔04۔حضرت حفصہؓ بنت حضرت عمرِ فاروقؓ۔05۔ حضرت ام سلمہؓ بنت ابی امیہ سہیل۔06۔حضرت ام حبیبہ بنت ابی سفیان۔07۔حضرت زینبؓ بنت جحش ۔08۔حضرت زینب بنت خزیمہ۔09۔حضرت جویریہؓ بنت حارث۔10۔حضرت صفیہؓ بنت حی۔11۔حضرت ریحانہ بنت زید۔12۔حضرت میمونہ بنت حارث۔(یاد رہے۔کہ!) حضرت علیؓ بن حسینؓ بن امیر المؤمنین علی المرتضیٰؓ نے ازواجِ مطہرات کی تعداد پندرہ بایں ترتیب بیان فرمائی ہے۔ حضرت خدیجہ کبریٰؓ۔حضرت سودہؓ۔حضرت عائشہ صدیقہؓ۔حضرت حفصہؓ۔حضرت ام حبیبہؓ۔حضرت زینبؓ بنت جحش۔حضرت میمونہؓ۔حضرت ام سلمہؓ۔حضرت زینبؓ بنت خزیمہ۔حضرت صفیہؓ۔حضرت عمرہؓ بنت معاویہ۔حضرت جویریہؓ۔حضرت قتیلہؓ۔حضرت ام شریکؓ۔حضرت لیلیٰؓ۔

☆ **نرینہ اولادِ پاکِ نبی** ﷺ : حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی نرینہ اولادِ پاکؓ کے اسمائے مبارکہ یہ ہیں۔

بقولِ عروۃ : حضرت قاسمؓ۔حضرت طاہرؓ۔حضرت عبداللہؓ۔حضرت مطیبؓ۔

قوتِ عشق سے ہر پست کو بالا کر دے   دھر میں اسمِ محمد ﷺ سے اُجالا کر دے

بقولِ سعید بن عبدالعزیز : حضرت ابراہیمؓ۔حضرت قاسمؓ۔حضرت طاہرؓ۔حضرت مطہرؓ۔(ایضًا) (بقول بعضے طاہر،مطہر اور مطیب ایک ہیں)

☆ **بناتِ پاکِ نبی** ﷺ : حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی چاروں بیٹیوں کے اسمائے مبارکہ یہ ہیں۔

حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراءؓ۔ حضرت سیدہ زینبؓ۔ حضرت رقیہؓ۔ حضرت ام کلثومؓ۔

☆ **اعمام (چچا) پاکِ نبی** ﷺ : حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کے گیارہ چچاؤں کے اسماء یہ ہیں۔حارث۔قثم۔زبیر۔حضرت حمزہؓ۔حضرت عباسؓ۔حضرت ابوطالب۔عبدالکعبہ۔حجل۔ضرار۔غیداق۔ابولہب۔(آنحضور نبی مکرم ﷺ کے صرف دو چچا کو شرف اسلام کی سعادت نصیب ہوئی۔حضرت سیدالشہداء جنابِ حمزہؓ اور حضرت عباسؓ) **عمات (پھوپھیاں) پاکِ نبی** ﷺ : حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی پھوپھیوں کے اسماء یہ ہیں۔عاتکہ۔اروی۔ام حکیم۔برہ۔امیمہ۔حضرت صفیہؓ۔(آنحضرت ﷺ کی پھوپھیوں میں سے صرف حضرت صفیہؓ **دولت** اسلام سے مشرف ہوئیں)

☆ **غزواتِ پاکِ نبی** ﷺ : حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ نے جن لڑائیوں (غزوات) میں اَز خود شریک ہوئے۔اُن کی تعداد نو ہے۔جن کے نام یہ ہیں۔غزوہ بدر۔غزوہ احد۔غزوہ خندق۔غزوہ بنی قریظہ۔غزوہ بنی مطلق۔غزوہ خیبر۔غزوہ فتحِ مکہ۔غزوہ حنین۔غزوہ طائف۔

☆ **معجزاتِ حضرت نبی مکرم** ﷺ : حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کے بے شمار معجزات میں سے چند معجزات یہ ہیں۔

قرآنِ حکیم۔ چاند کا دوٹکڑے ہونا۔ سورج کا واپس پلٹنا۔ استجابتِ دعا۔ انگشتِ مبارکہ سے پانی بہنا۔ قلیل پانی وکھانے کا بڑھ جانا۔ کھانے کا ذکرِ الٰہی کرنا۔ کنکروں کا ذکرِ الٰہی کرنا۔ پتھروں اور درختوں کا سلام کرنا۔ آپ ﷺ کے فراق میں کھجور کے تنے کا گریہ کرنا۔ بکری کے زہریلے ران کا آپ ﷺ کو خبر دینا (کہ مَیں زہر آلود ہوں)۔ آپ ﷺ کے بلاوے پر درخت کا چل کر آنا۔ آپ ﷺ کے حکم سے دور دور کھڑے ہوئے درختوں کو بلانے پر مل جانا اور پھر دونوں کا اپنی اپنی جگہوں پر واپس چلے جانا۔ ناتواں بکری کا دودھ والی بن جانا۔ آپ ﷺ کے دستِ اقدس سے حضرت قتادہ بن نعمان انصاری ؓ کی آنکھ کے ڈیلے کو اپنی جگہ سے نکلنے کے بعد پہلے والی جگہ پر ایسے رکھ دینا (یعنی **Fix / Fit** کر دینا) کہ جیسے آنکھ نکلی ہی نہ ہو۔ آپ ﷺ کے لعاب دہن ڈالنے سے حضرت علی المرتضٰی ؓ کی آنکھ کا تندرست ہو جانا۔ آپ ﷺ کے دستِ شفاء پھیرنے سے حضرت عبداللہ بن عتیق کے ٹوٹے ہوئے پاؤں کا صحیح ہو جانا۔ آپ ﷺ کی نشاندہی کے مطابق غزوہ بدر سے پہلے ہی مشرکین کی جگہوں کی اطلاع دینا۔ آپ ﷺ کا ابی ابن خلف کی نسبت خبر دینا کہ یہ میرے ہاتھوں قتل ہوگا۔ آپ ﷺ کا اپنی امت کے ایک گروہ کے متعلق خبر دینا کہ وہ حضرت ام حرام ؓ کی ہمراہی میں سمندر پار کر کے جہاد کریں گے۔ آپ ﷺ کا زمین کے مشرق و مغرب کی فتح یابی کی خبر و اطلاع دینا۔ آپ ﷺ کا روم و فارس و کسرٰی کے خزانوں کے مفتوح ہونے کی خبر دینا۔ حضرت حسن بن علی المرتضٰی ؓ کے دو بڑے بڑے اسلامی لشکروں میں ذریعۂ صلح ہونے کی خبر دینا۔ آپ ﷺ کا حضرت سعد بن ابی وقاص ؓ کو لمبی عمر اور آپ ؓ سے کچھ لوگوں کو فائدہ اور کچھ کو نقصان ہونے کی خبر دینا۔ آپ ﷺ کا شام عراق یمن کی فتوحات کی خبر دینا۔ آپ ﷺ کا حضرت اویس قرنی ؓ کی بابت خبر دینا۔ آپ ﷺ کا اپنی امت میں سے ایک جماعت کا جو کہ ہمیشہ حق پر رہے گی، کی خبر دینا۔ آپ ﷺ کا امت کو کئی فرقوں میں بٹ جانے کی خبر دینا۔ آپ ﷺ کا اپنی امت کے متعلق کہ وہ شدید جنگ کریں گے کی خبر دینا۔ آپ ﷺ کا حجاز کی زمین سے نکلنے والی آگ کی خبر دینا۔ آپ ﷺ کا حضرت عمر فاروق ؓ اور حضرت عثمان غنی ؓ کی شہادت کی خبر دینا۔ آپ ﷺ کا حضرت فاطمہ ؓ کے غم کو دیکھتے ہوئے خبر دینا کہ تم بھی جلد ہی (انتقال کر کے) میرے پاس آؤ گی۔ اور آپ ﷺ کا حضرت امام ابوحنیفہ ؒ کے علم (فقہ) کی خبر دینا۔

دردِ دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو ۔۔۔۔۔ ورنہ کم نہ تھے کرو بیاں

طا سین السراج :

جنابِ حضرت منصور ابنِ حلاج ؒ (کامل ولی) اپنی یگانہ روزگار کتاب ''**طواسین**'' میں رقم طراز ہیں۔ کہ!

طاسین (**طٰسٓ**) غیب کے نور کا ایک چراغ تھا۔ جو کہ خوش قسمتی سے اس دنیا میں ظاہر ہوا۔ اور پھر لوٹ آیا۔ اور وہ نورانی چراغ تمامی اقسام کے چراغوں سے بڑھ گیا۔ اور بالآخر تمام روشنیوں پر غالب آ گیا۔ اس کی تجلی اِس طرح سے آشکار ہوئی کہ تمام ماہتاب اِس کے سامنے ماند پڑ گئے۔ اس نور (یعنی آفتابِ رسالت مآب ﷺ) کا بھید بروج کے آسمان میں ہے۔ اور وہی عظیم ستارہ ہے۔ جس کا بُرج فلک حرکت میں ہے۔ حق تعالیٰ نے اِس نور (سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ) کا اسم مبارک، آپ ﷺ کی جمیعت کی خاطر کی وجہ سے اُمی (یعنی ایسا شخص جس کا دنیا میں کوئی انس وجن یا ملائک اُستاد نہ ہو) رکھا۔ آپ ﷺ ہی کو عظمتِ نعمت کی بناء پر ''**باشندہء حرم**'' کے لقب سے ملقب کیا۔ اور آپ ﷺ ہی کو اِس تمکنت کی وجہ سے جو کہ آپ ﷺ کو قربِ خداوندی کی وجہ سے حاصل ہے۔ ''مکی'' کے خطاب سے سرفراز فرمایا ہے۔ (**الم نشرح لک صدرک**) بلا شُبہ حق تعالیٰ نے آپ ﷺ کے سینے کو کشادہ کیا۔ (**ورفعنا لک ذکرک**) آپ ﷺ کے مرتبہ کو بلند کیا۔ (**من یطع الرسول فقد اطاع الله**) اور آپ ﷺ کے حکم کو واجب التعظیم بنایا۔

میرا قلب مقامِ حبیب ﷺ ہے ۔۔۔۔۔ میرا وِرد لب پہ ہے یا نبی ﷺ

وہ حبیب ﷺ ہی میرا طبیب ہے ۔۔۔۔۔ میں مریضِ عشقِ رسول ﷺ ہوں

(**ووضعنا عنک وزرک**) اور آپ ﷺ پر سے آپ ﷺ کا بوجھ ہم نے اُتار دیا ہے۔ (**الذی انقض ظهرک**) آپ ﷺ کے اِس بوجھ کو اُتار دیا۔ جس نے آپ ﷺ کی کمر توڑ رکھی تھی۔ (بالآخر) آپ ﷺ کی نبوت ورسالت کے ماہتاب کو ظاہر فرمایا۔ (**لیظهره علی الدین کله**) چنانچہ یمامہ کے بادلوں سے وہ عظیم چاند طلوع ہوا۔ اور آفتاب بن کر چمکا۔ اور معجزات کے کان سے آپ ﷺ کے رشد و ہدایت کا چراغ جگمگایا۔ (اور) آپ ﷺ نے جو خبر دی وہ اپنے رب کے خصوصی فضل و کرم اور اپنی حکمت و بصیرت اور عقل و فہم کی بناء پر دی ہے۔ اور جن چھ چیزوں کا حکم دیا۔ (ان چھ چیزوں کا ذکر اللہ تعالیٰ نے سورہ اعراف کی آیات نمبر **157-156** میں کیا ہے) (جو کہ دراصل ربِ متعال نے آپ ﷺ پر القاء، الہام اور وحی کیا) وہ چھ چیزیں اپنی سیرت کی سچائی پر دیا ہے۔ **1** پہلے پہل آپ ﷺ مقامِ حضور پر قائم ہوئے۔ (یعنی اللہ اور اُس کے رسول اللہ ﷺ پر ایمان لانا) **2** پھر دوسروں کو حاضر فرمایا۔ (امر بالمعروف کا حکم دینا) **3** اول حق کے معاملات کو واضح فرمایا۔ (نہی عن المنکر سے روکنا) **4** پھر آگاہی دی۔ (صاف ستھری چیزیں اِن پر حلال ٹھہراتے ہیں) **5** پہلے آپ ﷺ نے راستہ بتایا۔ (گندی چیزیں اِن پر حرام قرار دیتے ہیں) **6** پھر قصد فرمایا۔ (اور وہ بوجھ ان سے دور کرتے ہیں۔ جو اِن پر پڑا ہوا ہے) درحقیقت آپ ﷺ کو بجز حضرت صدیق اکبر ؓ کے کسی اور نے نہ ہی دیکھا اور نہ ہی سمجھا۔ کیونکہ اُنہوں نے آپ ﷺ کے ساتھ حقیقی ودائمی موافقت وموانست کی ہے۔ اور آپ ﷺ کا ہمیشہ ساتھ دیا ہے۔ یقیناً اِن دونوں کے درمیان جدائی کرنے والا کوئی باقی نہ تھا۔ نہ جانے کیوں! ایک گروہ **حضرات شیخین** ؓ (یعنی حضرت ابوبکر صدیق ؓ اور حضرت عمر فاروق ؓ) کا دشمن بنا ہوا ہے۔

کھلتے نہیں اِس قلزمِ خاموشی کے اَسرار ۔۔۔۔۔ جب تک تُو اِسے ضَربِ کلیمی سے نہ چیرے

☆ جلیل القدر صحابہء کرام رضی اللہ عنہم ☆

صحابہ رضی اللہ عنہم کی فضیلت :قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ ان تمام مومنوں سے راضی ہوگا۔جو درخت کے نیچے آپ ﷺ سے بیعت کررہے تھے۔(سورہ فتح) جس نے درخت کے نیچے بیعت کی۔وہ جہنم میں داخل نہیں ہوگا۔(جامع ترمذی) اللہ تعالیٰ نے اہلِ بدر کے متعلق فرمایا۔جو دل چاہے کرو۔میں نے آپ رضی اللہ عنہ لوگوں کو بخش دیا ہے۔(صحیح مسلم) میرے کسی صحابی کو گالی مت دو۔اگر تم میں سے کوئی اُحد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کردے۔تو وہ نہ ان کے ایک مد (حصہ) کے برابر ہوسکتا ہے۔اور نہ ہی آدھے مد کے برابر۔(صحیح بخاری) سب سے بہتر لوگ میرے دَور کے ہیں۔(یعنی صحابہ رضی اللہ عنہم) پھر جو ان کے بعد آئیں گے (یعنی تابعی) اور پھر جو ان کے بعد آئیں گے۔(یعنی تبع تابعین) صحیح بخاری۔) اللہ تعالیٰ میری اُمت کے جس شخص سے بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے۔تو اس کے دل میں صحابہ رضی اللہ عنہم کی محبت ڈال دیتا ہے۔(جامع ترمذی) **الصحابة کلھم عدول** ۔تمام صحابہ رضی اللہ عنہم عادل ہیں۔(عادل بمعنی انصاف پسند اور حق گو ہیں)

فضیلتِ خُلفائے راشدین رضی اللہ عنہم : **انا مدینة العلم.و ابی بکر رضی اللہ عنہ اسا سھا.و عمر رضی اللہ عنہ حیطا نھا.و عثمان رضی اللہ عنہ سقفھا.و علی رضی اللہ عنہ با بھا** ۔ں علم کا شہر ہوں۔اور ابی بکر رضی اللہ عنہ اس کی بنیادیں ہیں۔اور عمر رضی اللہ عنہ اِس کی دیواریں ہیں۔ورعثمان رضی اللہ عنہ اِس کی چھت ہیں۔اور علی رضی اللہ عنہ اِس کے دروازے ہیں۔(الدیلمی)

☆ **حضراتِ خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم** : حضرت نبی مکرم ﷺ کے وصال کے بعد خلیفہء برحق اور امامِ مطلق کی ترتیب یہ ہے۔ حضرت سیدنا ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ ۔حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ ۔حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ ۔حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ۔حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ ۔

(یاد رہے۔کہ) اکثر علمائے مفسرین، محدثین اور مجتہدین نے حضرت عمر بن عبد العزیز رحمۃ اللہ علیہ کو بھی خلافتِ راشدہ میں شامل کیا ہے۔

علمِ معرفت : رہی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ظاہری اقتداء۔تو یہ تمام عُلماء وفُقہاء کے ہاں مشہور ہے۔کہ علمِ حدود (تعزیرات)، احکام شریعہ (فرائض وسننِ نبویہ ﷺ) اور حلال وحرام کے بارے میں پائی جاتی ہے۔چنانچہ اِن کے رہنما ہونے کے بارے میں آنحضور فیضِ گنجور ﷺ کا (جامع ترمذی، احمد اور طبرانی) میں ارشاد نبوی ﷺ مِلتا ہے۔(کہ) آپ ﷺ نے ارشادات فرمائے۔کہ!

☆ میری تمام اُمت پر سب سے زیادہ رحم دِل ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے دین کے لئے سب سے مضبوط عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں۔ ☆ صدقِ دل سے حیامیں حضرت عُثمانِ غنی رضی اللہ عنہ سب سے بڑھ کر ہیں۔ ☆ سب سے علم فرائض (وراثت) کے ماہر حضرت زید رضی اللہ عنہ ہیں۔ ☆ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ حلال وحرام کے مسائل سب سے زیادہ جانتے ہیں۔ ☆ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ علمِ قرات میں سب سے ماہر ہیں۔ ☆ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ شرعی فیصلے کرنے میں سب سے زیادہ ماہر ہیں۔ ☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ جیسا سچا نہ تو آسمان میں موجود ہے۔اور نہ ہی اس سرزمین پر۔ اسی ضمن میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! **وما قدر وا للـه حق قدره** ۔(ترجمہ) تم نے نہ جانا اللہ تعالیٰ کو حق جاننے کا۔اسی ضمن میں رسولِ معظم ﷺ فرماتے ہیں۔کہ! اگر تم اللہ تعالیٰ کا عرفان حاصل کروحقِ عرفان تک۔تو یقیناً تم دریا پر چلنے لگو گے۔اور تمھاری دعا سے پہاڑ متزلزل ہو جائیں گے۔معرفت الٰہی کی دو اقسام ہیں۔ایک علمی۔اور دوسری حالی۔

☆ **حضراتِ عشرہ مبشرہ رضی اللہ عنہم** : وہ دس جلیل القدر صحابہء کرام رضی اللہ عنہم کہ جن کو آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے ان کی زندگی ہی میں جنت کی بشارت دی۔اُن کے اسمائے مبارکہ یہ ہیں۔حضرت سیدنا ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ ۔حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ ۔حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ ۔حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ۔حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ ۔حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ ۔حضرت عبد الرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ ۔حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ ۔حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ ۔حضرت ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ ۔

☆ **حضرت سید نا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ** : آپ رضی اللہ عنہ کا نام عبداللہ، کنیت ابوقحافہ، والد کا نام عثمان، والدہ کا نام ام الخیر سلمہ اور قبیلے کا نام تمیم تھا۔آپ رضی اللہ عنہ کی ازواج کے اسماء۔قتیلہ، ام رومان، اسماء بنت عمیس ام حبیبہ خارجہ بنت زید۔آپ رضی اللہ عنہ کے صاحبزادوں کے اسماء۔عبداللہ رضی اللہ عنہ، عبدالرحمان رضی اللہ عنہ اور محمد رضی اللہ عنہ ۔آپ رضی اللہ عنہ کی بیٹیوں کے نام۔حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا (ام المؤمنین)، اسماء اور ام کلثوم رضی اللہ عنہا ۔والدِ محترم کی طرف شجرہ نسب یہ ہے۔عبداللہ رضی اللہ عنہ (ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) بن عثمان رضی اللہ عنہ بن عامر بن عمرو بن سعد بن تمیم بن کلاب۔۔۔والدہ کی طرف شجرہ یہ ہے۔عبداللہ (ابوبکر صدیق) بن ام الخیر سلمہ رضی اللہ عنہا بنت صخر بن عامر بن کعب بن سعد بن تمیم بن کلاب۔۔۔(کلاب سے عدنان تک آنحضرت نبی مکرم ﷺ والا سلسلہ ہے) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا مشہور قول یہ ہے۔**عرفت محمد ﷺ بربی و عرفت ربی بمحمد ﷺ** ۔میں نے محمد ﷺ کو رب کے ذریعہ سے جانا۔اور رب کو محمد ﷺ کے ذریعہ سے جانا۔

خلافت و ولایتِ کاملہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ :

سب سے پہلے خلیفہء اول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سب سے پہلے باذن اللہ تعالیٰ حکومتِ اسلامی کے پرچم کو لہرایا۔اور احکام شریعتِ محمدی ﷺ کو سربلند فرمایا۔آپ رضی اللہ عنہ قبیلہء قریش میں بہت ہی زیادہ معزز اور مالدار اشخاص میں سے تھے۔لیکن آپ رضی اللہ عنہ نے باطن کی کسی کو خبر نہ دی۔اور نہ ہی کوئی علامت ونشانی بتائی۔دوسروں کو احکامِ ظاہری یعنی شریعت کے احکامات (اوامرونہی) کا سختی سے پابند بنایا۔انہوں نے اسلامی مملکت کو مستحکم بنیادوں پر استوار فرمایا۔کیونکہ! آنحضور ﷺ کے وصال کے بعد فتنوں اور شورشوں نے سراُٹھا کر ہجوم کیا۔فتنہء ارتداد، قبائلی عصبیت، خاندانی نجابت کا استحقاق، باغیوں کی جانب سے سرکشی کے نئے نئے خطرات، مملکت کو قرآن وسنت کے اصول وضوابط پر حرف بحرف اور من وعن قائم رکھنا غرضیکہ بہت سے نازک اور مشکل مراحل انہیں باحوصلہ رفیق رسول ﷺ نے کمالِ حسن، تدبر وتفکر خداداد عقلی ذہانت وفطانت، سیاسی فراست اور دینی استقامت سے بخوبی طے کروائے۔آنحضور ﷺ نے فرمایا تھا۔کہ! ''اگر ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ایمان کا موازنہ تمام اُمت کے ایمان کے ساتھ کیا جائے۔تو (بھی) آپ رضی اللہ عنہ کا ایمان سب پر غالب رہے۔'' کیونکہ! آپ رضی اللہ عنہ ولایت کے اُس عظیم ترین مقام ومرتبہ

اور درجہ پر فائز المرام تھے۔کہ! وہاں کوئی بھی دوسرا صحابیؓ یا ولی قطعاً نہیں پہنچ سکتا۔لیکن سلسلہءولایت کو آب و تاب کے ساتھ جاری نہ کر سکے۔فقط ایک ہی سلسلہ عالیہ (نقشبندیہ) آپؓ سے جاری ہوسکا۔کیونکہ! آپؓ کو ظاہری حکومتی ذمہ داریوں کی وجہ سے بہت قلیل وقت میسر ہوسکا۔لیکن پھر بھی خود تو باطن کی طرف متوجہ رہا کرتے تھے۔مگر خلق سے روپوش رہا کرتے تھے۔اسی طرح آنحضور ﷺ نے فرمایا۔کہ! ''جوکہ مُردہ کو راستہ میں چلتا ہوا دیکھنے کا خواہاں ہو۔وہ ابن ابی قحافہؓ کو دیکھ لے۔'' کیونکہ! آپؓ نے یادِحق میں اپنی ذات کو اس قدر فنا کر دیا تھا۔کہ! حق تعالیٰ ہی کی طرف سے انعامی طور پر دائمی بقاء حاصل ہوئی۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ کی تعریف اور امتیازی خصوصیات بزبانِ مصطفی ﷺ

☆ مَیں نے جس کسی کے سامنے اسلام پیش کیا۔اس نے (شروع میں) تامل ضرور کیا۔مگر ابوبکرؓ نے بغیر کسی تامل کے دعوتِ اسلام پر لبیک کہا۔(صحیح بخاری) ☆ابوبکرؓ کے مال نے مجھے جتنا نفع پہنچایا۔کسی اور کے مال نے اتنا نہیں پہنچایا۔ ☆ جو علم و فضل میں سب سے برتر ہو۔وہی امامت کا حقدار ہے۔☆کسی قوم کو یہ لائق نہیں ہے۔کہ! ان میں ابوبکرؓ ہوں۔اور امامت کوئی دوسرا کرے۔ ☆ابوبکرؓ کو حکم دو۔(کہ!) وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ ☆تم غار میں بھی میرے ساتھی ہو۔اور حوضِ کوثر پر بھی میرے ساتھی ہوگے۔ ☆عمرؓ کی تمام نیکیاں ابوبکرؓ کی ایک نیکی کے برابر ہیں۔ ☆اے ابوبکرؓ! میری اُمت میں سب سے پہلے آپؓ جنت میں جائیں گے۔ ☆سوائے نبیؑ کے آفتاب کسی ایسے شخص پر طلوع یا غروب نہیں ہوا۔جو ابوبکرؓ سے زیادہ بزرگ ہو۔ ☆سوائے انبیاءؑ کے ابوبکرؓ سب آدمیوں سے بہتر ہیں۔☆آپ ﷺ نے فرمایا۔اور مجھے اُمید ہے۔کہ تم (اے ابوبکرؓ) بھی انہیں میں سے ہوگے(جنہیں جنت کے تمام ہی دروازوں سے بلایا جائے گا)۔ ☆ آپ ﷺ نے فرمایا۔اگر میں کسی کو خلیل (دوست) بناتا۔تو ابوقحافہؓ کے بیٹے (ابوبکرؓ) کو خلیل بناتا۔☆ آپ ﷺ نے فرمایا۔ابوبکرؓ! میری اُمت میں سب سے پہلے جنت میں داخل ہونے والے شخص آپؓ ہی ہوگے۔☆ آپ ﷺ نے فرمایا۔مجھ پر جس کسی کا احسان تھا۔مَیں نے اس کا بدلہ چکا دیا ہے۔مگر ابوبکرؓ کے مجھ پر وہ احسان ہیں۔(کہ) جن کا بدلہ اللہ تعالیٰ انہیں روزِ قیامت عطا فرمائے گا۔☆ اگر ابوبکرؓ کا ایمان اور زمین والوں کا ایمان تولا جائے۔تو ابوبکرؓ کا ایمان بھاری ہوگا۔ ☆ آپ ﷺ نے فرمایا۔ابوبکرؓ کے دروازے کے علاوہ جتنے بھی دروازے مسجد میں کھلتے ہیں۔سب بند کردو۔

☆ **حضرت سیدنا عمر فاروقِ اعظمؓ** : آپؓ کا نام عمر،کنیت ابوحفص اور لقب فاروقِ اعظم ہے۔والدِ محترم کا نام خطاب اور والدہ ماجدہ کا نام ختمہ بنت ہاشم (یا ہشام) بن مغیرہ بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم ہے۔آپؓ کی نو ازواج کے اسماء یہ ہیں۔حضرت زینبؓ۔حضرت ام کلثومؓ بنت علی المرتضیٰؓ۔عاتکہؓ۔ام حکیم۔فقیہ۔لہیہ۔ام ولد۔قریبہ اور ملکیہ۔(قریبہ اور ملکیہ کے اسلام نہ لانے کی وجہ سے آپؓ نے دونوں کو طلاق دے دی) آپؓ کے صاحبزادوں کے اسماء۔عبداللہؓ۔عبدالرحمان الاکبرؓ۔زید الاکبرؓ۔عاصمؓ۔عیاضؓ۔زید الاصغرؓ۔عبیداللہؓ۔عبدالرحمان الاصغرؓ۔عبدالرحمان الاوسطؓ۔جبکہ آپؓ کی صاحبزادیوں کے اسماء۔حفصہؓ (ام المؤمنین زوجِ رسول اللہ ﷺ)۔رقیہؓ۔فاطمہؓ۔زینبؓ۔نسبِ والدِ محترم کا یہ ہے۔عمرؓ بن خطاب بن نفیل بن عبدالعزیٰ بن ریاح بن عبداللہ بن قراط بن زراح بن عدی بن کعب بن لوئی۔۔۔(لوئی سے عدنان تک آنحضرت نبی مکرم ﷺ والا سلسلہ ہے)

آپؓ کا مشہور قول ہے۔کہ! اگر اونٹ کا بچہ نہر فرات کے کنارے پیاسا مرجائے۔تو مجھے ڈر ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ مجھ سے حساب لے گا۔

☆ **خلافت و ولایت کا ملہ حضرت عمر فاروقؓ** : جب عدالتِ خلافت حضرت امیرالمؤمنین عمرِ فاروقؓ کو نصیب ہوئی۔تو آپؓ نے عدل و انصاف کی حکومت باحسن طریق سے کی۔جو باطنی نسبت اور فیض جناب آنحضرت ﷺ سے میسر ہوا۔اس کو صِرف اپنی ذات تک ہی محدود رکھا۔اس میں سے کسی کو حصہ نہیں مل سکا۔اسی لئے آپؓ سے سلسلہءولایت نہیں چلا۔تکمیلِ مدارج اور مقامات باطنیہ کو ظاہر سے باطن کی جانب مکمل توجہ دی۔اور سب سے روپوشی اختیار فرمائی۔(بقول حضرت حسن بصریؒ)! اگر تم چاہتے ہو کہ! تمھاری محافل پاکیزہ اور خوشگوار ہوں۔تو حضرت عمر فاروقؓ کی باتیں کیا کرو۔(بقول حضرت سلطان باہوؒ) طالبِ مولیٰ کو عدل و محاسبہ میں حضرت عمرِ فاروقؓ کی طرح ہونا چاہیئے۔آپؓ درحقیقت مرادِ رسول اللہ ﷺ تھے۔کہ جنھیں اللہ تعالیٰ سے آنحضرت ﷺ نے مانگا تھا۔جب حضرت عمر فاروقؓ ایمان لائے۔تو حضرت جبرائیلِ امینؑ تشریف لائے۔اور عرض کیا۔یا محمد مصطفیٰ ﷺ! بے شک (آج) اہلِ آسمان نے حضرت عمر فاروقؓ کے اسلام لانے پر خوشیاں منائی ہیں۔اور مبارک بادیں دی ہیں۔حضرت عمر فاروقؓ کے اسلام قبول کرنے کے بعد اسلام کی دعوت بالکل عام ہوگئی۔مسلمان کعبہ شریف میں حلقہ وار بیٹھنے لگے۔طواف بھی کرنے لگے۔ابنِ عساکر کی ایک روایت ہے۔کہ! حضرت علی المرتضیٰؓ فرماتے ہیں۔کہ! قرآنِ مجید میں اس طرح کی باتیں بھی ہیں۔جو حضرت عمر فاروقؓ کی رائے کے موافق ہیں۔(اسی طرح) حضرت ابنِ عمرؓ نے فرمایا۔کہ! جب کسی چیز کے متعلق کلام کریں۔اور حضرت عمر فاروقؓ بھی اپنی رائے پیش کریں۔تو قرآنِ حکیم (بھی) حضرت عمر فاروقؓ کی رائے کے مطابق ہوتا ہے۔(حدیث) آپؓ نے فرمایا۔کہ! میرے رب عزوجل نے تین باتوں میں میری موافقت فرمائی۔مَیں نے کہا۔یارسول اللہ ﷺ! اگر ہم مقامِ ابراہیمؑ کو مصلی بنالیں۔تو یہ آیت نازل ہوئی۔**واتخذوا من مقام ابراھیم مصلی**۔(سورہ بقرہ۔125) ☆آپؓ نے فرمایا۔کہ! مَیں نے کہا۔یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ کی ازواجِ مطہرات کے پاس اچھے اور بُرے انسان آتے ہیں۔اگر آپ ﷺ ان کو حکم دیں۔تو وہ پردہ کرلیا کریں۔تو آیاتِ حجاب کا نزول ہوا۔ ☆نبی کریم ﷺ کی ازواجِ مطہرات غیرت کی وجہ سے جمع ہوئیں۔آپؓ نے فرمایا۔کہ! اگر رسول اللہ ﷺ آپؓ کو طلاق دے دیں۔تو ان ﷺ کا رب عزوجل ان ﷺ کو آپؓ سے بہتر ازواجِ مطہرات عطا فرمادے گا۔تو اس کے مطابق آیت کا نزول ہوا۔ ☆آپؓ نے فرمایا۔کہ! اے اللہ عزوجل! شراب کے متعلق ہم کو شافی بیان عطا فرمادے۔تو اللہ تعالیٰ نے اس کی حُرمت کا حکم نازل فرمایا۔ ☆آپؓ نے فرمایا۔کہ! جب آیتِ کریمہ ''**ولقد خلقنا الانسان من**

سللة من طین ‘‘ کا نزول ہوا۔تو میں نے کہا۔’’ **فتبارک الله احسن الخالقین** ‘‘ ۔(بڑی برکت والا ہے وہ اللہ۔جو سب سے خوبصورت بنانے والا ہے)تو یہی آیتِ کریمہ انہی الفاظ کے ساتھ اتاری گئی۔ ☆ صحیح بخاری شریف میں حضرت عمر فاروق ؓ سے روایت ہے۔(کہ) جب عبداللہ ابن ابی فوت ہوا۔تو رسول اللہ ﷺ کو اس کے جنازے کے لئے کہا گیا۔تو آپ ﷺ نے اس کے لئے قیام فرمایا۔تو مَیں بھی اُٹھ کر آپ ﷺ کے سینے کے پاس کھڑا ہو گیا۔میں نے کہا۔یارسول اللہ ﷺ! اللہ تعالیٰ کے دشمن ابن ابی پر آپ ﷺ جنازہ ادا فرمائیں گے۔حالانکہ! اس نے فلاں روز اس طرح کہا تھا۔اللہ تعالیٰ کی قسم! ابھی تھوڑا ہی وقت گزرا تھا۔کہ اِس آیتِ کریمہ کا نزول ہوا۔’’ **ولا تصل علی احد منهم مات ابدا** ۔‘‘اوران میں سے کسی کی میت پر نمازِ جنازہ نہ پڑھنا(سورہ توبہ۔84) ☆ حضرت ابنِ عباس ؓ سے روایت ہے۔کہ! جب نبی کرم ﷺ منافقین کے لئے کثرت سے استغفار فرمانے لگے۔تو حضرت عمر فاروق ؓ نے کہا۔(کہ) اِن کے لئے استغفار کرنا یا نہ کرنا مساوی ہے۔تو اس آیتِ کریمہ کا نزول ہوا۔’’ **سواء علیهم استغفرت لهم ام لم تستغفر لهم** ۔‘‘(سورہ منافقون۔6) ان کے حق میں برابر ہے۔کہ! آپ ان کے لئے استغفار کریں یا نہ کریں۔اللہ تعالیٰ انہیں ہرگز نہیں بخشے گا۔یقیناً! اللہ تعالیٰ ان نافرمانوں کو ہدایت نہیں دیتا۔(سورہ المنافقون) ☆ دو اشخاص تنازعہ کرتے ہوئے نبی کریم ﷺ کے پاس حاضر ہوئے۔(تو) آپ ﷺ نے ان دونوں کے مابین فیصلہ فرمادیا۔جس کے خلاف آپ ﷺ نے فیصلہ فرمادیا۔اُس نے کہا۔(کہ) ہم حضرت عمر بن خطاب ؓ کے پاس جاتے ہیں۔جب دونوں آپ ؓ کے پاس آئے۔تو ایک شخص نے کہا۔نبی کریم ﷺ نے اس کے خلاف میرے حق میں فیصلہ فرمادیا ہے۔اس نے کہا۔ہم حضرت عمر فاروق ؓ کے پاس جاتے ہیں۔آپ ؓ نے فرمایا۔کیا یہ بات اسی طرح ہے۔اس نے کہا۔ہاں۔(تو) حضرت عمر فاروق ؓ نے فرمایا۔میرے آنے تک (تم) دونوں اپنے مقام پر کھڑے رہنا۔تو آپ ؓ تلوار لے کر باہر تشریف لائے۔اور اس آدمی کا سر قلم کر دیا۔اور دوسرا بھاگ نکلا۔اور جا کر رسول اللہ ﷺ سے کہا۔(کہ) حضرت عمر فاروق ؓ نے میرے رفیق کو قتل کر دیا ہے۔(تو) آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔مَیں اس طرح سوچتا ہی نہیں ہے۔کہ! حضرت عمر فاروق ؓ ایک مومن کے قتل کی جرأت کر سکتے ہیں۔تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیتِ کریمہ اُتاردی۔’’ **فلا و ربک لا یؤمنون حتی یحکموک فیما شجر بینهم ثم لا یجدوا فی انفسهم حرجا مما قضیت ویسلموا تسلیما** ۔‘‘(سورہ النساء۔65) آپ کے پروردگار کی قسم! جب تک یہ لوگ اپنے تنازعات میں آپ کو منصف نہ بنائیں۔اور جو (بھی) فیصلہ آپ کر دیں۔اس سے اپنے دل میں تنگ نہ ہوں۔بلکہ اس کو خوشی سے مان لیں۔تب تک مومن نہیں ہوں گے۔(اس آیتِ کریمہ کے نزول کے بعد) حضرت عمر فاروق ؓ اس شخص کے قتل سے بری الذمہ قرار پائے۔ ☆ حضرت عمر ؓ سے روایت ہے۔(کہ) حضرت بلالِ حبشی ؓ اذان میں فرمایا کرتے تھے۔’’ **اشهد ان لا اله الا الله ۔ حی علی الصلوٰة** ‘‘(تو) حضرت عمر فاروق ؓ نے اِن کو کہا۔اس (**اشهد ان لا اله الا الله**) کے بعد کہا کرو۔’’ **اشهد ان محمد رسول الله** ‘‘(تو) نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔اے بلال ؓ! اسی طرح کہا کرو۔جس طرح عمر ؓ کہتے ہیں۔

بقول حضرت علامہ ابن حجر ہیتمی مکی ؒ (متوفی 974ھ)! آپ ؓ (یعنی حضرت عمر فاروق ؓ) کے فضائل میں چونتیس 34 احادیثِ نبویہ ﷺ بیان کی گئی ہیں۔لیکن اکثر احادیثِ مبارکہ حضرت سیدنا ابو بکر صدیق ؓ کے ذکر میں بیان کی گئی ہیں۔جو آپ ؓ کے فضائل پر دال ہیں۔

حضرت عمر فاروق ؓ کی تعریف اور امتیازی خصوصیات بزبانِ مصطفی ﷺ

☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔تم (لوگوں) سے پہلی اُمتوں میں محدث ہوتے تھے۔اگر میری اُمت میں کوئی محدث ہے۔تو وہ حضرت عمر فاروق ؓ ہیں۔ ☆ حضرت نبی کریم ﷺ نے حضرت عمر فاروق ؓ سے ارشاد فرمایا۔(کہ) اس ذات کی قسم ہے۔(کہ) جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے۔کہ شیطان اُس راستے پر نہیں چلے گا۔(کہ) جس پر آپ ؓ چل رہے ہوں۔بلکہ دوسرے راستے کو لے گا۔ ☆ حضرت نبی کریم ﷺ نے یہ دعا فرمائی تھی۔(کہ) اے اللہ عزوجل! عمر بن خطاب ؓ کے ذریعہ سے اسلام کو عزت عطا فرما۔ ☆ حضرت ابوذر ؓ سے روایت ہے۔کہ! مَیں نے نبی کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔کہ! اللہ تعالیٰ نے حضرت عمر فاروق ؓ کی زبان پر حق جاری فرمادیا ہے۔ ☆ حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔(کہ) اللہ تعالیٰ نے حضرت عمر فاروق ؓ کے قلب وزبان پر حق جاری فرمادیا ہے۔ ☆ حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔(کہ) اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا۔تو عمر بن خطاب ؓ ہوتے۔ ☆ حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔(کہ) حضرت عمر ؓ پہلے شخص ہیں۔(کہ) جن سے حق مصافحہ کرے گا۔اور ان کو سلام کہے گا۔اور ان کو ہاتھ سے پکڑ کر جنت میں داخل کرے گا۔ ☆ حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔(کہ) حضرت عمر فاروق ؓ جنت والوں کے چراغ ہیں۔ ☆ حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔(کہ) یہ (حضرت عمر فاروق ؓ) فتنہ کو بند کرنے والے ہیں۔اور اپنے ہاتھ سے حضرت عمر ؓ کی طرف اشارہ فرمایا۔(کہ) جب تک عمر ؓ آپ لوگوں کے مابین حیات رہیں گے۔آپ کے اور فتنوں کے مابین مضبوطی سے دروازہ بند رہے گا۔ ☆ حضرت ابنِ عباس ؓ سے روایت ہے۔کہ! حضرت جبرائیلِ امین ؑ حضور نبی کریم ﷺ کے پاس آئے۔اور کہا (کہ) حضرت عمر ؓ کو سلام دیجئے۔کہ اس کی ناراضگی، عزت اور رضا کا حکم ہے۔(ایک اور روایت میں ہے۔کہ) میرے پاس جبرائیلِ امین ؑ نے آ کر کہا۔(کہ) عمر ؓ کو سلام دے دیجئے۔اور (ان کو) بتائیے۔کہ! اس کی رضا، حکم اور اس کی ناراضگی عزت ہے۔ ☆ حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔(کہ) حضرت عمر فاروق ؓ سے شیطان (بھی) ڈرتا ہے۔ ☆ حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔(کہ) آسمان کے تمام فرشتے حضرت عمر ؓ کی عزت کرتے ہیں۔اور زمین کے تمام فرشتے حضرت عمر فاروق ؓ سے خوف کھاتے ہیں۔ ☆ حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔(کہ) میرے بعد سچ حضرت عمر فاروق ؓ کے ساتھ ہوگا۔ ☆ حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد

فرمایا۔ (کہ) میرے بعد عمر فاروقؓ جہاں بھی ہوں گے۔ حق ان کے ساتھ رہے گا۔ ☆ حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ (کہ) عمرؓ سے بہتر شخص پر سورج طلوع نہیں ہوا۔ ☆ حضرت جابر بن عبداللہ انصاریؓ سے روایت ہے۔ کہ! حضرت ابوبکر صدیقؓ سے حضرت عمر فاروقؓ نے فرمایا۔ (کہ) اے وہ شخصؓ! جو رسول اللہ ﷺ کے بعد سب لوگوں سے بہتر ہیں۔ (تو) حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا۔ اگر تم یہ کہتے ہو۔ تو مَیں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ سنا ہے۔ عمرؓ سے افضل کسی شخص پر سورج طلوع نہیں ہوا۔ ☆ حضرت جبرائیلِ امینؑ نے مجھ (حضور نبی کریم ﷺ) سے کہا۔ اسلام کو عمرؓ کی موت پر رونا چاہیئے۔ ☆ حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ (کہ) اے میرے بھائی (عمرؓ)! ہمیں اپنی دعا میں بھول نہ جانا۔ ☆ حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ اے میرے بھائی (عمرؓ)! ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھنا۔ اور ہمیں بھول نہ جانا۔ یاد رہے۔ کہ! حضرت عمر فاروقؓ کے دورِ مبارک حضرت علی المرتضیٰؓ اور عاشوراء کی معاونت سے میں فقہ کی ترتیب و تدوین پر بہت زیادہ کام ہوا۔

حضرت سیدنا عمر فاروقؓ کو چار قسم کی عبادات میں لذت (مزہ) کا قوی احساس ہونا :

☆ اللہ تعالیٰ کے فرائض کی ادائیگی کے وقت۔ ☆ اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ چیزوں سے بچتے وقت۔ ☆ ثوابِ الٰہی حاصل کرنے کے لئے لوگوں کو بھلائی کی تلقین کرتے وقت۔ ☆ غضبِ الٰہی سے خوف کی خاطر لوگوں کو برے افعال سے منع کرتے وقت۔

تکلیف کے صلے میں چار انعاماتِ الٰھیہ : حضرت عمر فاروقؓ فرمایا کرتے تھے۔ کہ مجھے جب بھی کوئی تکلیف پہنچی۔ تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے چار انعاماتِ الٰہیہ مِل جایا کرتے تھے۔ ☆ کسی دینی معاملے میں کوئی تکلیف نہیں آئی۔ ☆ کوئی ایسی تکلیف نہیں آئی جو ناقابل برداشت ہو۔ ☆ کسی تکلیف پر میں رضائے الٰہی سے محروم نہیں رہا۔ ☆ مجھے ہر تکلیف پر اجر کا پکا یقین ہے۔ حضرت سیدنا عمر فاروقؓ فرماتے ہیں۔ کہ! صبر و شکر دو اونٹ ہیں۔ تو میں جس پر چاہتا۔ بے دھڑک سوار ہو جایا کرتا۔

حضرت سیدنا عثمانِ غنیؓ : آپؓ کا نام عثمانؓ، کنیت ابوعبداللہ، لقب ذی النورین اور غنی ہے۔ آپؓ کے والدِ محترم کا نام و نسب عثمانؓ بن عفان ابن العاص بن امیہ ابن عبد شمس ابن عبدِ مناف (عبدِ مناف سے عدنان تک آنحضرت نبی مکرم ﷺ والا سلسلہ ہے) جبکہ آپؓ کی والدہ ماجدہ کا نام اروٰی بنت کریز تھا۔ آپؓ کی آٹھ بیگمات کے اسماء یہ ہیں۔ حضرت رقیہؓ بنت رسول اللہ ﷺ۔ حضرت ام کلثومؓ بنت رسول اللہ ﷺ۔ بنت بنی سعد۔ فاطمہ بنت ولید۔ ملکیہ۔ رحلہ۔ ام ولد۔ نائلہ بنت فافتہ کلبیہ۔ آپؓ کے آٹھ بیٹوں کے نام یہ ہیں۔ عبداللہ اکبرؓ۔ عبداللہ اصغرؓ۔ ابانؓ۔ خالدؓ۔ عمرؓ۔ سعیدؓ۔ ولیدؓ۔ عبدالملکؓ۔ آپؓ کی آٹھ بیٹیوں کے نام یہ ہیں۔ مریم الکبریٰؓ۔ عائشہؓ۔ ام ابانؓ۔ ام عمرؓ۔ مریم صغریٰؓ۔ ام سعیدؓ۔ ام النبینؓ۔ ام ایوبؓ۔

چار چیزوں میں بھلائی : حضرت عثمانِ غنیؓ نے فرمایا کہ میں نے معلوم کر لیا ہے۔ کہ! ساری بھلائی (صرف) چار چیزوں میں پائی جاتی ہے۔ ☆ نوافل پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اظہارِ محبت کرتے رہنے میں۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے احکامات پر صبر سے کام لینے سے۔

☆ اللہ تعالیٰ کی تقدیر پر راضی ہوئے رہنے سے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کی نظر میں ہونے کی وجہ سے حیا کرنے میں۔

☆خلافت و ولایت کا ملہ حضرت عثمانِ غنیؓ : حضرت عمر فاروقؓ کے عہدِ زریں کے بعد حضرت عثمانِ غنیؓ خلافتِ عالیہ کے منصب پر فائز ہوئے۔ خلیفہء سوئم امیر المؤمنین حضرت عثمان بن عفانؓ نے تمام قرآنی آیات کو مختلف حضراتؓ سے مہیا کر کے یکجائی طور پر کتابی شکل میں جمع کر کے قرآنِ کریم کو باحسن طریق سے بالکل ٹھیک ٹھیک ترتیب دیا۔ اسی لئے آپؓ اسی عظیم ترین کارنامہ کی وجہ سے جامع القرآن مشہور ہو گئے۔ آپؓ کا آدھا وقت تو ٹھیک گزرا۔ مگر آپؓ کے بعد خوارج کے غلبہ سے سر اُٹھایا۔ جس کی وجہ سے بہت سی سازشیں، فتنے اور مصائب سے حکومت کو دوچار ہونا پڑا۔ اور بالآخر آپؓ کو بڑی بے دردی سے قرآنِ مجید کی تلاوت کرتے ہوئے شہید کر دیا گیا۔ بہر حال! آپؓ نے بھی عدل و انصاف کی حکومت باحسن طریق سے کی۔ لیکن سخاوت و غناء، شرم و حیاء اور عسکری قیادت میں آپؓ بے مثال تھے۔ جو باطنی نسبت اور فیض جناب آنحضرت ﷺ سے میسر ہوا۔ اس کو صرف اپنی ذات تک ہی محدود رکھا۔ اس میں سے کسی کو حصہ نہیں مل سکا۔ اسی لئے آپؓ سے سلسلہء ولایت نہیں چلا۔ تکمیلِ مدارج اور مقاماتِ باطنیہ کو ظاہر سے باطن کی جانب مکمل توجہ دی۔ آپؓ نے آنحضور ﷺ کے وصال کے بعد خاموشی اور تنہائی اختیار فرمائی۔ زیادہ تر وقت تلاوتِ قرآنِ مجید اور لوگوں کے مسائل کو حل کرنے میں صَرف ہوتا تھا۔ آپؓ سب سے اول وہ مقدس صحابیؓ ہیں۔ کہ! جنہوں نے اپنے اہل و عیال کے ساتھ سب سے پہلے ہجرت فرمائی۔ ایک روایت میں آتا ہے۔ کہ! حضرت عثمانِ غنیؓ جب سے آنحضور نبی مکرم ﷺ کے دستِ حق پر مشرف با اسلام ہوئے۔ اُس وقت سے لے کر اپنے آخری سانس تک اُنہوں نے پھر کبھی اپنے دائیں ہاتھ سے عضوِ تناسل کو نہیں چھوا۔ بہر حال! یہاں پر آپؓ کی تعریف و توصیف میں کچھ احادیثِ مبارکہ پیش کی جاتی ہیں۔ جو کہ آپؓ کی خصوصیات و فضائل میں بہت مشہور و معروف ہیں۔

حضرت عثمان غنیؓ کی تعریف اور امتیازی خصوصیات بزبانِ مصطفیٰ ﷺ

☆ حضرت علی المرتضیٰؓ سے روایت ہے۔ کہ! حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ (کہ) اگر میری چالیس بیٹیاں بھی ہوتیں۔ تو مَیں ان سب کو یکے بعد دیگرے حضرت عثمانؓ کی زوجیت میں دے دیتا۔ حتیٰ کہ! ان میں سے کوئی بھی باقی نہ رہتا۔ ☆ حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ (کہ! حضرتِ) عثمان بن عفانؓ دنیا و آخرت میں میرا ساتھی ہے۔ ☆ حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ (کہ! حضرت لوطؑ کے بعد حضرت عثمانؓ پہلے شخص ہیں۔ (کہ) جس نے اللہ تعالیٰ کے لئے اپنے گھر والوں کے لئے ہجرت کی۔ ☆ حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے۔ کہ! رسول اللہ ﷺ

میرے گھر میں لیٹے ہوئے تھے۔اس حال میں کہ آپ ﷺ کی دونوں رانیں یا دونوں پنڈلیاں کھلی ہوئی تھیں۔حضرت ابو بکر صدیق ؓ نے اجازت طلب کی۔(تو) آپ ﷺ نے ان کو اجازت مرحمت فرمائی۔آپ ﷺ اسی طرح لیٹے رہے۔پھر آپ ﷺ باتیں کرتے رہے۔پھر حضرت عمر فاروق ؓ نے اجازت طلب کی۔ (تو) آپ ﷺ نے ان کو (بھی) اجازت عطا فرمائی۔اور آپ ﷺ اسی طرح لیٹے رہے۔اور باتیں کرتے رہے۔پھر حضرت عثمان ؓ نے اجازت طلب کی۔تو رسول اللہ ﷺ اُٹھ بیٹھے۔اور اپنے کپڑے درست فرما لئے۔حضرت عثمان غنی ؓ آکر باتیں کرتے رہے۔جب وہ سب (واپس) چلے گئے۔تو حضرت عائشہ صدیقہ ؓ نے کہا۔(کہ) حضرت ابو بکر صدیق ؓ آئے۔تو آپ ﷺ نے ان کا کچھ خیال نہیں کیا۔اور نہ ہی ان کی کوئی پرواہ کی۔(پھر) حضرت عمر فاروق ؓ آئے، تو آپ ﷺ نے ان کی بھی کوئی پرواہ نہیں کی۔اور جب حضرت عثمان ؓ آئے۔تو آپ ﷺ اُٹھ بیٹھے۔اور آپ ﷺ نے اپنے کپڑے درست کر لئے۔(تو) آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔مَیں اس شخص سے کیسے حیاء نہ کروں۔(کہ) جس سے فرشتے بھی حیاء کرتے ہیں۔(صحیح مسلم شریف) ☆حضرت عائشہ صدیقہ ؓ سے روایت ہے۔کہ! نبی کریم ﷺ نے وحی کے ذریعے فرمایا ہے۔میں اپنی دو اچھی صاحبزادیوں یونی ام کلثوم ؓ اور رقیہ ؓ کو عثمان ؓ کے نکاح میں دے دوں۔☆حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔''اِس اُمت کے نبی ﷺ کے بعد عثمان بن عفان ؓ سب سے زیادہ حیاء دار ہیں۔ ☆حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔(کہ!) ہر نبیؑ کا اِس کی اُمت میں ایک خلیل ہوتا ہے۔اور میرے خلیل عثمان بن عفان ؓ ہیں۔ ☆حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔(کہ!) ہر نبیؑ کا جنت میں ایک ساتھی ہوتا ہے۔اور میرا ساتھی جنت میں عثمان ؓ ہے۔ ☆حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔(کہ!) عثمان بن عفان ؓ دنیا و آخرت میں میرا ساتھی ہے۔ ☆حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔(کہ!) حضرت عثمان ؓ کی شفاعت سے ستر ہزار وہ اشخاص جنت میں بغیر حساب کے داخل ہوں گے۔جو آگ کے حق دار ہو گئے ہوں گے۔ ☆حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔میرے صحابہ ؓ میں حضرت عثمان ؓ اخلاق میں میرے سب سے زیادہ مشابہ ہیں۔ ☆حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔(کہ!) فرشتے حضرت عثمانِ غنی ؓ سے ایسے ہی حیاء کرتے ہیں۔(کہ) جس طرح اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے حیاء کرتے ہیں۔ ☆حضرت حسن (بن علی ؓ) سے روایت ہے۔کہ! (جب) ان کے پاس حضرت عثمانِ غنی ؓ کا تذکرہ کیا گیا۔تو آپ ؓ نے فرمایا۔اگر وہ گھر میں ہوں۔اور دروازہ بھی بند ہو۔اور وہ نہانے کے لئے کپڑے اُتار دیں۔تو حیاء کی وجہ سے کمر سیدھی نہیں کر سکتے تھے۔ ☆حضرت انس ؓ سے روایت ہے۔کہ! نبی کریم ﷺ اُحد پہاڑ پر چڑھے۔آپ ﷺ کے ساتھ حضرت ابو بکر صدیق ؓ، حضرت عمرِ فاروق ؓ اور حضرت عثمانِ غنی ؓ بھی تھے۔وہ پہاڑ ہلنے لگا۔(شاید کہ زلزلہ کی سی کیفیت ہوئی) حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ٹھہر جا۔تجھ پر ایک نبی ﷺ ہے۔ایک صدیق ؓ ہے۔اور دو شہداء ہیں۔ ☆حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔(کہ!) جب ابو بکر ؓ، وعمر ؓ وعثمان ؓ وصال کر جائیں۔تو اگر تمھیں مرنے کی استطاعت ہو۔تو مر جانا۔ ☆حضرت نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔(کہ!) اللہ تعالیٰ نے آپ لوگوں پر ابو بکر ؓ، وعمر ؓ وعثمان ؓ وعلی ؓ کی محبت نماز، زکٰوۃ، روزے اور حج کی طرح فرض فرمائی ہے۔اور جو ان کی فضیلت کا انکاری ہوا۔اس کی نماز، زکٰوۃ، روزہ اور حج نا مقبول ہے۔

حضرت سیدنا علی المرتضیٰ ؓ :

کیسے الفاظ کے سانچے میں ڈھلے گا یہ جمالِ
سوچتا ہوں کہ تیرے حُسن کی توہین نہ ہو

آپ ؓ کا نام علی ؓ، کنیت ابو الحسن اور ابو تراب جبکہ آپ ؓ کے مشہور القابات مرتضٰی، اسد اللہ، حیدر کرار وغیرہ تھے۔آپ ؓ کے والدِ محترم کا نام ابی طالب بن ہاشم ہے۔جبکہ آپ ؓ کی والدہ محترمہ کا نام فاطمہ ؓ بنتِ اسد ہے۔حضرت سیدہ خاتونِ جنت فاطمۃ الزہراء ؓ کے وصال کے بعد حضرت علی المرتضیٰ ؓ نے مزید آٹھ نکاح فرمائے تھے۔جن کے اسماء یہ ہیں۔ام النبین ؓ بن خرام بن خالد۔لیلیٰ ؓ بنت مسعود۔اسماء ؓ بنت عمیس۔امامہ ؓ بنت ابو العاص۔خولہ ؓ بنت جعفر بن قیس۔ام سعید ؓ بنت عروہ بن مسعود۔ام حبیبہ ؓ بنت ربیعہ۔مسمیاۃ امراء القیس ؓ۔آپ ؓ کے صاحبزادوں کے نام یہ ہیں۔حضرت حسن ؓ۔حضرت حسین ؓ۔حضرت عمر ؓ۔حضرت عباس ؓ۔حضرت جعفر ؓ۔حضرت عبید اللہ ؓ۔حضرت عثمان ؓ۔حضرت عبد اللہ ؓ۔حضرت ابو بکر ؓ۔حضرت عون ؓ۔حضرت یحییٰ۔حضرت محمد ؓ۔حضرت اوسط ؓ۔حضرت محمد حنفیہ ؓ۔حضرت محمد اکبر ؓ۔ حضرت محسن ؓ۔حضرت عمران ؓ۔اِن صاحبزادگان میں سے شہدائے کربلا کے اسماء یہ ہیں۔سیدنا حسین ؓ۔سیدنا عباس ؓ۔سیدنا جعفر ؓ۔سیدنا عثمان ؓ۔سیدنا محمد ؓ۔سیدنا ابو بکر ؓ۔سیدنا عبد اللہ ؓ۔جبکہ آپ ؓ کی صاحبزادیوں کے نام یہ ہیں۔حضرت زینب ؓ۔حضرت ام کلثوم ؓ (زوجہ ءحضرت امیر المؤمنین عمر فاروق ؓ)۔حضرت ام ہانی ؓ۔حضرت میمونہ ؓ۔حضرت ام جعفر ؓ۔حضرت زینب الصغریٰ ؓ۔حضرت رملۃ الصغریٰ ؓ۔حضرت فامہ ؓ۔حضرت امامہ ؓ۔حضرت خدیجہ ؓ۔حضرت ام الحسن ؓ۔حضرت رملۃ الکبریٰ ؓ۔حضرت ام الکرام ؓ۔حضرت رقیہ ؓ۔حضرت ام سلمہ ؓ۔حضرت جمانہ ؓ۔حضرت حارثہ ؓ۔حضرت نصیر ؓ۔آپ ؓ کا والدِ محترم کی طرف سے یہ نسب نامہ اس طرح ہے۔حضرت علی المرتضیٰ ؓ ابن ابی طالب (عمران) بن ہاشم۔۔۔(ہاشم سے عدنان تک آنحضرت نبی مکرم ﷺ والا سلسلہ ہے) آپ ؓ کے لاتعداد اقوال میں سے مشہور اقوال یہ ہیں۔☆جس نے اپنے آپ کو پہچان لیا۔اُس نے اپنے رب کو پہچان لیا۔☆جس نے (اِس فانی) دنیا کی حقیقت جان لی۔اس پر مصیبتیں آسان ہو جاتی ہیں۔☆دنیا میں سب سے بڑی نعمت اسلام ہے۔سب سے اچھا شغل عبادت ہے۔اور سب سے بڑھ کر عبرت دلانے والی چیز موت ہے۔☆بات کہنے والے کو نہ دیکھو۔بلکہ بات دیکھو۔☆مصائب کا مقابلہ صبر سے اور نعمتوں کی حفاظت شکر سے کرو۔☆آدمی اپنی زبان تلے چھپا بیٹھا ہے۔☆دانشمندی (درحقیقت) بھیدوں کی حفاظت کرتی ہے۔☆ قناعت وہ دولت ہے۔جو ختم نہیں ہو سکتی۔

خلافت و ولایتِ کاملہ حضرت علی المرتضیٰؓ :

حضرت عثمان بن عفانؓ کے وصال کے بعد خلیفہء چہارم حضرت علی المرتضیٰؓ کو خلافت وحکومت اور ولایت وشریعت اور معرفت نصیب ہوئی۔آپؓ کے متعلق ایک روایت ہے۔کہ! انہوں نے تین ایام تک دودھ نوش نہیں فرمایا۔حتی کہ رسالت مآب ﷺ نے ان کو گود میں لے کر اپنا چہرہ اقدس ان کے چہرہ پر رکھا۔اور اپنی زبانِ حق ترجمان ان کے منہ میں دے دی۔اور کافی دیر تک (وہ یعنی حضرت علی المرتضیٰؓ) آنحضور نبی مکرم ﷺ کی زبانِ مبارکہ کو چوستے رہے۔اور آپ ﷺ کا لعابِ دہن (جوکہ آیتِ کریمہ **مـا ینـطق عن الھوٰی**) کا سرچشمہ پی کر ظاہری و باطنی اسرار ورموز سے مستفیض ہوئے۔آپؓ نے احیائے سلاسل کیا۔اور لوگوں کے قلوب کو بمقدارِ مراتب زندہ فرمایا۔اور پرچمِ محمدی ﷺ کو سربلند کیا۔اور ماہیتِ ہدایت ونہایت خواص پر ظاہر کی۔اس طرح ولایت کے چشمے پھوٹ پڑے۔اور دروزہء نبوت ہمیشہ کے لئے بند ہوگیا۔والیء ولایت حضرت علیؓ درحقیقت ولیء خاص کی شکل وصورت میں ظاہر ہوئے۔آپؓ نے ہر ولی کو ولایتِ مطلق ومقید سے باخبر اور روشناس کیا۔اللہ تعالیٰ نے صراطِ مستقیم پر چلنے کی استعداد وطاقت اور استقامت عطا فرمائی۔اور اُمت کے اندر آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ سلسلہء محبت قائم کردیا۔فیضِ حقیقت کو عام کردیا۔اور طالبانِ ملت کو راہ ہدایت دکھائی۔ظہور وبطون حضرت رسالت مآب ﷺ اور حضرت علی المرتضیٰؓ ایک قبیل سے ہیں۔واضح ہو۔کہ! ایک قابلیت آپؓ سے استعدادِ ظاہر کی ظہور میں آئی۔اور ایک نبوت کی جبکہ دوسری ولایت کی۔یک جسم دواسم اور ایک گوشت و دوصورت کی عیاں ہوئی۔اوصافِ جود وسخا، رزم وغناء اور فقر وصفا میں آپؓ تمام صحابہ کرامؓ میں ممتاز تھے۔اور خلعتِ خرقہ ولایت و فقر، جوکہ آنحضور نبی مکرم ﷺ کو بارگاہ رب العزت سے شب معراج میں حاصل ہوئی تھی۔اس سے بھی صرف اور صرف حضرت علی المرتضیٰؓ سرفراز فرمائے گئے۔اسی بناء پر ہی مشائخِ عظام میں جو خرقہء خلافت عطا کرنے کی سنت جاری ہے۔قیامِ قیامت تک بفضلہ تعالیٰ جاری وساری رہے گی۔اور آپؓ ہی کی بدولت کارِ دین میں تقویت ملتی رہے گی۔مشائخین طریقت کے نزدیک خرقہ کی اصل اللہ تعالیٰ سے ہے۔اور وہ اس طرح کہ! جب معراج کی رات آنحضور نبی مکرم ﷺ کو خرقہ عطا ہوا۔ساتھ ہی فرمان ہوا۔کہ اپنے اصحابؓ (حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمانِ غنیؓ اور حضرت علی المرتضیٰؓ) میں سے اس کو یہ خرقہ عطا کرنا۔اور خلیفہ بنانا۔جو اس کا جواب یہ دے۔وہ سوال معہ جواب آنحضرت نبی مکرم ﷺ کو بتا دیا گیا۔آپ ﷺ نے صحابہ کرامؓ سے سوال کیا۔لیکن (پہلے) تین تو جواب نہ دے سکے۔آخر حضرت علی المرتضیٰؓ نے جواب عرض کیا۔کہ اگر مجھے خرقہ عطا ہو تو میں لوگوں کی عیب پوشی کروں گا۔پس رسول اللہ ﷺ نے وہ خرقہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو عطا فرمایا۔اور آپؓ سے پھر خرقہ کا رواج ہوا۔

یاد رہے۔کہ! حضرت علیؓ کے فرامین میں ہے۔کہ! مَیں قرآنِ مجید کی ہر آیت کے بارے میں جانتا ہوں۔کہ وہ کس کے بارے میں، کس جگہ اور کس پر نازل ہوئی۔بے شک میرے رب عزوجل نے مجھے بہت زیادہ سمجھ والا دل اور فصیح زبان عطا فرمائی ہے۔(اسی طرح سے) حضرت علی المرتضیٰؓ نے فرمایا۔مجھ سے کتاب اللہ کے بارے میں سوال کرو۔بے شک! کوئی بھی آیت ایسی نہیں ہے۔جس کے بارے میں (مَیں) یہ نہ جانتا ہوں۔کہ وہ دن کو نازل ہوئی یا رات کو، پہاڑ میں نازل ہوئی یا میدان میں۔(ترمذی شریف کا ایک مختصر سا واقعہ ہے۔کہ!) حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے۔کہ! ایک مرتبہ حضرت نبی مکرم ﷺ کے پاس پرندے کا گوشت تھا۔آپ ﷺ نے دعا فرمائی۔یا اللہ عزوجل! اپنی مخلوق میں سے محبوب ترین شخص کو میرے پاس بھیج۔تاکہ وہ میرے ساتھ اس پرندے کا گوشت کھائے۔چنانچہ حضرت علی المرتضیٰؓ آئے۔اور آپ ﷺ کے ساتھ وہ گوشت تناول فرمایا۔(اسی طرح سے) حضرت علی المرتضیٰؓ کا فرمان ہے۔کہ! عزت تقویٰ میں، بلندی تواضع میں، جواں مردی سچائی میں، تونگری قناعت میں، راحت زُہد میں اور عافیت خاموشی میں رکھ دی گئی ہے۔(اسی طرح سے) حضرت علی المرتضیٰؓ کا فرمان ہے۔کہ! تمھارے تین دوست ہیں۔تمھارا دوست، تمھارے دوست کا دوست اور تمھارے دشمن کا دشمن۔اسی طرح تمھارے دشمن بھی تین ہیں۔تمھارا دشمن، تمھارے دوست کا دشمن اور تمھارے دشمن کا دوست۔

بھلائی چار چیزوں میں (بقول حضرت علیؓ) : بھلائی چار چیزوں میں پائی جاتی ہے۔خاموشی، بولنا، دیکھنا اور حرکت کرنا۔چنانچہ فرمایا۔کہ! ☆ ہر ایسا بولنا کہ جس میں یادِ الٰہی (فاذکرونی) شامل نہ ہو (وہ بولنا) فضول ہوتا ہے۔☆ ہر ایسی خاموشی جس میں غور وفکر کا موقع نہ ہو۔سہو کہلائے گی۔☆ ہر ایسی نظر جس میں نصیحت حاصل کرنے کا مادہ نہ ہو۔غفلت شمار ہوگی۔☆ ہر ایسی حرکت جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی عبادت نہ ہو سکے، سُستی شُمار ہوگی۔☆ ذکر الٰہی کرے۔☆ خاموش ہو۔تو سوچے۔(یعنی تدبر وتفکر کرے، کیونکہ ایک لمحہ کا تفکر وتدبر ہزار سالہ عبادت سے افضل ہے) ☆ نظر کرے۔تو نصیحت (کے حصول) کے لئے۔☆ اور حرکت کرے۔تو عبادت کے لئے۔اور پھر لوگ اُس کی زبان وہاتھ کے شر سے محفوظ رہیں۔

حضرت علی المرتضیٰؓ کی تعریف اور امتیازی خصوصیات بزبانِ مصطفیٰ ﷺ

☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔"مَیں حکمت کا گھر ہوں۔اور علیؓ اس کا دروازہ ہیں۔(ترمذی) حضرت نبی مکرم ﷺ نے حضرت علی المرتضیٰؓ سے ارشاد فرمایا۔تم میرے لئے ایسے ہو۔جیسے حضرت موسیٰؑ کے لئے حضرت ہارونؑ تھے۔مگر بلاشبہ میرے بعد کوئی نبیؑ نہیں ہے۔☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے حضرت علی المرتضیٰؓ سے ارشاد فرمایا۔تم میرے لئے وہی حیثیت رکھتے ہو۔جو حضرت ہارونؑ کی حضرت موسیٰؑ کے نزدیک تھی۔مگر بلاشبہ میرے بعد کوئی نبیؑ نہیں ہے۔(ترمذی) ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔" حضرت علی المرتضیٰؓ کے چہرے کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔(مستدرک للحاکم) ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔"اے علیؓ! تُو میرے بعد ہر مومن کے لئے ولی ہے۔(مسند احمد بن حنبلؒ) ☆ حضرت نبی مکرم

ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' بے شک علیؓ مجھ سے ہے۔اور مَیں اس سے ہوں۔اور میرے بعد وہ ہر مسلمان کا ولی ہے۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' جس کا مَیں ولی ہوں۔اس کا علیؓ ولی ہے۔(مسند احمد بن حنبلؒ) ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' اے علیؓ! تُو دنیا و آخرت میں میرا دوست ہے۔(مستدرک للحاکم) ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' پس جس کا مَیں مولیٰ ہوں۔اس کا علیؓ مولیٰ ہے۔اے اللہ عزوجل! تُو اس سے عداوت رکھ۔جو اسؓ سے عداوت رکھے۔اور تُو اسے دوست رکھ۔جو اسےؓ دوست رکھے۔(مسند احمد بن حنبلؒ) ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' مومن ہی تجھ سے محبت رکھے گا۔اور کوئی منافق ہی تجھ سے بغض رکھے گا۔(ترمذی شریف) ☆ جب نبی مکرم ﷺ نے انصار و مہاجرین کے مابین اخوت قائم کی۔تو حضرت علی المرتضیٰؓ روتے ہوئے آن حاضر ہوئے۔اور عرض کیا۔یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے صحابہ کرامؓ میں بھائی چارہ قائم فرمایا۔لیکن مجھے کسی کا بھائی نہیں بنایا۔(تو) آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔تُمؓ دنیا و آخرت میں میرے بھائی ہو۔(ترمذی شریف) ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔کہ علیؓ مجھ سے ہے۔اور میں علیؓ سے ہوں۔اور میرا قرض میری طرف سے سوائے علیؓ کے کوئی ادا نہیں کرسکتا۔(سنن ابنِ ماجہ) ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے (حضرت علی المرتضیٰؓ سے) ارشاد فرمایا۔'' اللہ تعالیٰ، اس کا رسول ﷺ اور جبرائیلؑ، آپؓ سے راضی ہیں۔(معجم الکبیر) ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' جس نے علیؓ کو بُرا بھلا کہا۔تو بے شک! اس نے مجھ کو بُرا بھلا کہا۔(سنن الکبریٰ) ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' جس نے علیؓ سے محبت کی۔اس نے مجھ سے محبت کی۔اور جس نے مجھ سے محبت کی۔اس نے اللہ تعالیٰ سے محبت کی۔ ☆ حضرت علی المرتضیٰؓ سے روایت ہے۔کہ! انہوں نے کہا۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے مجھے بلایا۔اور فرمایا۔کہ! تمھاری حالت حضرت عیسیٰؑ جیسی ہے۔کہ یہودیوں نے ان سے یہاں تک دشمنی کی۔کہ ان کی والدہ حضرت مریمؑ پر تہمت لگائی۔اور نصاریٰ نے ان سے محبت کی۔تو اس قدر آگے بڑھ گئے۔کہ ان کو (نعوذ باللہ اللہ تعالیٰ یا اللہ تعالیٰ کا بیٹا کہہ دیا۔ حضرت علی المرتضیٰؓ نے فرمایا۔تو کان کھول کر سن لو۔میرے بارے میں بھی دو گروہ ہلاک ہوں گے۔ایک میری محبت میں حد سے تجاوز کرے گا۔اور میری ذات سے ان باتوں کو منسوب کرے گا۔جو مجھ میں نہیں ہیں۔اور دوسرا گروہ اس قدر بغض و عداوت رکھے گا۔کہ مجھ پر بہتان لگائے گا۔(اس حدیثِ نبوی ﷺ اور قولِ سیدنا حضرت علی المرتضیٰؓ کی پیش گوئی حرف بحرف صد فیصد درست ثابت ہوئی۔اور دو فرقے وجود میں آئے۔رافضی و خارجی۔۔۔) بہر حال اللہ تعالیٰ ہمیں محبانِ علیؓ بنائے۔کیونکہ! ولایت کے جملہ راستے حضرت علیؓ کو جاتے ہیں۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' جاللہ تعالیٰ ہر روز فرشتوں کے سامنے علیؓ ابنِ ابی طالب پر فخر کرتا ہے۔یہاں تک کہ وہ فرماتا ہے۔مبارک ہو۔مبارک ہو۔تمھیں اے علیؓ ابنِ طالب۔ ☆ حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے۔کہ! ہم نے حضرت سلمان فارسیؓ سے کہا۔کہ رسول اللہ ﷺ سے پوچھو۔کہ آپ ﷺ کا وصی کون ہے ؟ (جب) حضرت سلمان فارسیؓ نے آنحضور ﷺ سے پوچھا۔تو آپ ﷺ نے فرمایا۔اے سلمانؓ! میرا وصی، میرا وارث، میرا قرضہ ادا کرنے والا اور میرے وعدوں کو پورا کرنے والا علیؓ ابنِ ابی طالب ہے۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' زمین و آسمان کی خلقت سے دو ہزار برس قبل جنت کے دروازے پر لکھا ہے۔محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسولؐ ہیں۔اور علیؓ ان ﷺ کے بھائیؓ ہیں۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' جاللہ تعالیٰ نے ہر نبیؑ کی ذریت اس کی صلب میں رکھی ہے۔اور میری ذریت علیؓ ابنِ ابی طالب میں رکھی ہے۔(اسی لئے حضرت علیؓ اور حضرت خاتونِ جنتؓ کی تمام اولاد درحقیقت اولادِ رسول اللہ ﷺ ہی کہلاتی ہے) ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' علیؓ کا حق اس اُمت پر ایسا ہی ہے۔جیسا ایک باپ کا اپنی اولاد پر ہوتا ہے۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' جہر نبیؑ کا ایک راز دان ہوتا ہے۔اور میرا راز دان علیؓ ابنِ ابی طالب ہے۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' میری اُمت میں سب سے بڑا عالم علیؓ ابنِ ابی طالب ہے۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' لوگوں میں حضرت علیؓ کا وہی مقام ہے۔جو قرآن میں سورہ'' **قل ھو الله احد** '' کا ہے۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' کوئی نبیؑ ایسا نہیں۔جس کی نظیر میری اُمت میں نہ ہو۔ابوبکرؓ ابراہیمؑ کی نظیر ہیں۔عمرؓ موسیؑ کی نظیر ہیں۔عثمانؓ ہارونؑ کی نظیر ہیں۔اور میری نظیر علیؓ ابنِ طالب ہیں۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' علیؓ ابنِ ابی طالب کی محبت گناہوں کو اس طرح کھا جاتی ہے۔جس طرح آگ لکڑی کو کھا جاتی ہے۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' میں علم کا ترازو ہوں۔علیؓ اس کا پلڑا ہیں۔اور حسنؓ و حسینؓ اس کی ڈوریاں اور فاطمہؓ اس کا دستہ ہیں۔(جس سے کہ ترازو کو پکڑا جاتا ہے) ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' علیؓ کو مجھ سے وہی نسبت ہے۔جو میرے سر کو میرے بدن سے ہے۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' علیؓ ابن ابی طالب دین کا دروازہ ہیں۔جو اس میں داخل ہوگیا۔وہ مومن ہے۔اور جو اس میں سے نکل گیا۔وہ کافر ہے۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' اگر سب لوگ علیؓ کی محبت پر جمع ہو جاتے۔تو اللہ تعالیٰ جہنم کو پیدا ہی نہ فرماتا۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' علیؓ کے محبین سے کہہ دو۔کہ وہ جنت میں داخل ہونے کے لئے تیار ہو جائیں۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' قرآنِ حکیم علیؓ کے ساتھ اور علیؓ قرآنِ مجید کے ساتھ ہیں۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' قیامت کے دن علیؓ اور اِن کے شیعہ (فدائیان۔دوست۔محبین) ہی کامیاب ہوں گے۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' علیؓ کا ذکر عبادت ہے۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' حکمت کے دس حصص کئے گئے۔نو حصے علیؓ کو دیئے گئے۔اور ایک حصہ سب لوگوں کو دیا گیا۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔'' عرش کے پائے پر لکھا ہے۔اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں۔وہ یکتا ہے۔اور کوئی اس کا شریک نہیں۔محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسولؐ ہیں۔مَیں نے ان کی مدد علیؓ ابن ابی طالب کے ذریعے کی ہے۔ ☆ حضرت

نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ ''جبرائیلؑ میرے پاس ایک سبز ورق لے کر آئے۔ جس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے سفید روشنائی سے یہ لکھا ہوا تھا۔ (کہ) میں نے مخلوق پر علیؓ ابن ابی طالب کی محبت فرض کر دی ہے۔ اور آپ ﷺ یہ بات اِن تک پہنچا دیں۔ ☆ حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے۔ کہ! لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے ان کلمات کے بارے میں سوال کیا۔ جو حضرت آدمؑ نے اللہ تعالیٰ سے سیکھے تھے۔ (تو) نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ ''انہوں نے اللہ تعالیٰ سے ''بحق محمد ﷺ، وعلیؓ وفاطمہؓ وحسنؓ وحسینؓ سوال کیا تھا۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ ''علیؓ ابنِ ابی طالب کی محبت ایسی نیکی ہے۔ جس کے ساتھ کوئی گناہ نقصان نہیں پہنچاتا۔ اور علیؓ کی دشمنی ایسا گناہ ہے۔ جس کے ساتھ کوئی نیکی فائدہ نہیں پہنچا سکتی۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ '' آلِ محمد ﷺ سے ایک دن کی محبت ایک برس کی عبادت سے افضل ہے۔ اور جو اس محبت کی حالت میں مر گیا۔ وہ جنت میں داخل ہو گیا۔ ☆ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ ''اگر سارے باغات قلم بن جائیں۔ اور سارے دریا روشنائی بن جائیں۔ جنات حساب کرنے والے اور انسان لکھنے والے بن جائیں۔ تو وہ علیؓ ابن ابی طالب کے فضائل کا احاطہ نہیں کر سکیں گے۔ (آپؓ قلندروں کے سردار ہیں)

اقوالِ سیدنا حضرت علی المُرتضیٰؓ:

کسے را میسر نہ شُد ایں سعادت ، بہ کعبہ ولادت ، بہ مسجد شہادت

☆ خواہش نفس اندھے پن کی شریک ہوتی ہے۔ ☆ توفیق یہ ہے۔ کہ حیرت کے وقت بندہ ٹھہر جائے۔ ☆ غم کو دور کرنے والی سب سے بہتر شئے یقین ہے۔ ☆ جھوٹ کا انجام مُذمت ہے۔ ☆ سچائی میں سلامتی ہے۔ ☆ بسا اوقات دور دکھائی دینے والا قریب سے بھی قریب تر ہوتا ہے۔ ☆ سب سے مضبوط آڑ تقوٰی ہے۔ ☆ اجنبی وہ ہے۔ جس کا کوئی دوست نہ ہو۔ ☆ بدگُمانی دوست سے دور کر دیتی ہے۔ ☆ دوست (تو) وہ ہے۔ جو (دوست) کی عدم موجودگی میں بھی دوستی کی تصدیق کرے۔ ☆ کسی کی عزت کرنا کتنی بہترین عادت ہے۔ ☆ حیا ہر اچھے و نیک کام کا سبب ہے۔ ☆ دُنیا میں تُمھارا حصہ اسی قدر ہے جو تُمھاری آخرت کے لئے بہتر ہو۔ ☆ سب سے مضبوط سبب جس سے تُم اپنے نفس پر قابو پا سکو (درحقیقت) وہ تعلق ہے جو تمھارے اور اللہ تعالیٰ کے مابین ہے۔ ☆ رزق دو طرح کا ہوتا ہے۔ ایک وہ جس کی تلاش میں تُم لوگ ہو۔ اور دوسرا وہ جو تُمھاری تلاش میں ہے۔ اگر تُم اِس (یعنی دوسرے والے رزق) کے پاس نہ آ سکو۔ تو وہ تُمھارے پاس خود ہی آ جائے گا۔ ☆ اگر تُو ضائع و برباد ہونے والی اپنی کسی شئے پر جزع و فزع کرتا ہے تو پھر اس شئے پر ہرگز جزع و فزع مت کر جو ابھی تک تُجھے مِلی ہی نہیں۔ ☆ جو گُزر چُکا۔ اس پر آنے والے معاملات پر استدلال کر۔ کیونکہ اُمور ایک دوسرے سے مُشابہ ہوتے ہیں۔ ☆ حضرت علی شیرِ خداؓ نے فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ کی قسم! میرے ساتھ صِرف صاحبِ ایمان (ہی) محبت کرتا ہے۔ اور میرے ساتھ صِرف منافق (ہی) بغض رکھتا ہے۔ ☆ حضرت علی شیرِ خداؓ کا وصال سے پہلے (آخری) کلام یہ تھا۔ (کہ!) **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔** ☆ حضرت علی شیرِ خداؓ نے فرمایا۔ کہ! آدمی کا بوڑھا ہو کر اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کر کے مرنا بچپنے میں مرنے سے بہتر ہے۔ اگرچہ وہ جنت میں حساب کے بغیر داخل ہو۔ ☆ حضرت علی شیرِ خداؓ نے فرمایا۔ کہ! دنیا مُردار ہے۔ تو جو اس میں سے کچھ چاہے۔ اسے کتوں میں مل جانا برداشت کرنا چاہیئے۔ ☆ حضرت علی شیرِ خداؓ نے فرمایا۔ کہ! لوگوں میں اللہ تعالیٰ کے متعلق سب سے زیادہ علم رکھنے والا وہ شخص ہے۔ جو **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** (ﷺ) والوں سے سب سے زیادہ پختہ محبت کرتا ہے۔ ☆ حضرت علی شیرِ خداؓ نے فرمایا۔ کہ! اپنے اعمال کی قبولیت کا اپنے عمل سے زیادہ اہتمام کرنے والے بنو۔ کیونکہ! تقوٰی کے ہوتے ہوئے کوئی (بھی) عمل قلیل نہیں۔ اور مقبول عمل کیونکر قلیل ہو سکتا ہے۔ ☆ حضرت علی شیرِ خداؓ نے فرمایا۔ کہ! قیامت کے دن دنیا اپنی پوری زیب و زینت کے ساتھ آئے گی۔ پھر عرض کرے گی۔ یا رب! مجھے اپنے کسی ولی (دوست) کو ہبہ کر دے۔ تو اللہ عزوجل اسے (دنیا کو) فرمائے گا۔ تجھے تو کسی شئے کی طرف ہبہ نہیں کروں گا۔ (کیونکہ) تو اس مرتبے سے بہت حقیر ہے۔ کہ تجھے اپنے کسی ولی کو پیش کروں۔ پس اسے (دنیا کو) پرانے کپڑے میں لپیٹ کر آگ میں ڈال دیا جائے گا۔ ☆ حضرت علی شیرِ خداؓ نے فرمایا۔ کہ! بندہ صِرف اپنے پروردگار سے اُمید رکھے۔ اور صرف اپنے گناہوں سے ڈرے۔ ☆ حضرت علی شیرِ خداؓ نے فرمایا۔ کہ! جاہل اس (بات) سے شرم نہیں کرتا۔ کہ اس سے وہ مسئلہ پوچھا جائے۔ جو اس کے علم میں نہیں۔ جبکہ عالم سے اگر وہ مسئلہ پوچھا جائے۔ جو اس کے علم میں نہیں۔ تو وہ اللہ تعالیٰ ''اعلم'' کہنے سے شرم نہیں کرتا۔ ☆ حضرت علی شیرِ خداؓ نے فرمایا۔ کہ! مجھے تم پر جس چیز کا سب سے زیادہ ڈر ہے۔ وہ ہے خواہش کی پیروی اور آرزو کی طوالت۔ (کیونکہ) خواہش کی پیروی حق سے پھیر دیتی ہے۔ اور آرزوؤں کی طوالت آخرت سے بے خبر کر دیتی ہے۔ ☆ حضرت علی شیرِ خداؓ نے فرمایا۔ کہ! کامل فقیہہ وہ ہے۔ جو لوگوں کو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہ کرے۔ اور انہیں اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بے خوف نہ کرے۔ اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانیوں کی رخصت نہ دے۔ اور قرآنِ پاک کو بے رُغبتی سے چھوڑ کر کسی اور کام میں نہ لگ جائے۔ ☆ حضرت علی شیرِ خداؓ نے فرمایا۔ کہ! علم کے بغیر عبادت میں کوئی خیر نہیں۔ فہم کے بغیر علم میں کوئی خیر نہیں۔ اور غور و فکر کے بغیر تلاوت میں خیر نہیں۔ ☆ حضرت علی شیرِ خداؓ نے فرمایا۔ کہ! علم کے چشمے، رات کے چراغ، پرانے کپڑے والے اور صاف دلوں والے بن جاؤ۔ ان کی بدولت تمھیں ملکوتِ سماء میں پہچانا جائے گا۔ اور زمین میں تمھارا ذکرِ خیر ہوگا۔ ☆ حضرت علی شیرِ خداؓ نے فرمایا۔ کہ! اگر تم غمزدہ اور فوت شدہ بیٹے والے باپ کی طرح تڑپو۔ اور گوشہ نشین، پریشان حال عبادت گذاروں کی طرح زاری کرو۔ پھر تم اللہ تعالیٰ کے حضور قرب کی طلب کرو۔ اس کی خوشنودی کے حصول، اس کے دربار میں بلندی رتبہ کی چاہت یا گناہوں کی مغفرت کی نیت سے اپنے اموال و اولاد سے بے تعلق (لاتعلق) ہو جاؤ۔ تو یہ تمھاری طلب کے مقابلے میں کم ہوگا۔ ☆ حضرت علی شیرِ خداؓ نے فرمایا۔ کہ! دل ظرف ہیں۔ اور

ان میں سب سے اچھا وہ ہے۔ جو کہ زیادہ یاد رکھنے والا ہو۔ ☆ حضرت علی شیرِ خدا ؓ فرماتے ہائے ہائے! اور اپنے سینے کی طرف اشارہ کر کے فرماتے۔ کہ یہاں ایسا علم ہے۔ کاش کہ مجھے اس کے برداشت کرنے والا مل جائے۔ ☆ حضرت علی شیرِ خدا ؓ کی خدمت میں ایک دن فالودہ پیش کیا گیا۔ آپ ؓ نے اسے اپنے آگے رکھا۔ اور فرمایا۔ کہ تیری مہک اچھی، رنگ حسین اور ذائقہ اچھا ہے۔ لیکن مَیں پسند نہیں کرتا۔ کہ اپنے نفس کو اس چیز کی عادت ڈالوں۔ جس کا عادی نہیں۔ اور نہ کھایا۔ ☆ حضرت علی شیرِ خدا ؓ اپنی قمیص پر پیوند لگاتے۔ اور فرماتے۔ کہ پیوند لگا کپڑا پہننے سے عاجزی پیدا ہوتی ہے۔ اور اس سے مومن مقتدا بنتا ہے۔ اور آپ ؓ اپنی قمیص کے بازوؤں سے انگلیوں کے سروں سے آگے بڑھنے والا کپڑا کاٹ دیتے۔ ☆ حضرت علی شیرِ خدا ؓ نے فرمایا۔ کہ! تقوی معصیت پر اصرار کو چھوڑنے اور طاعت پر مغرور ہونے کو ترک کرنے سے ہی حاصل ہوتا ہے۔ ☆ حضرت علی شیرِ خدا ؓ دنیا اور اس کی رونق سے مصیبت محسوس فرماتے۔ ☆ حضرت علی شیرِ خدا ؓ ہر چیز پر اپنے نفس کا محاسبہ فرماتے۔ ☆ حضرت علی شیرِ خدا ؓ کو وہی لباس پسند ہوتا۔ جو کہ بقدر کفایت چھوٹا ہوتا۔ ☆ حضرت علی شیرِ خدا ؓ کو وہی کھانا پسند ہوتا۔ جو سادہ ہوتا۔ ☆ حضرت علی شیرِ خدا ؓ دین کا درد رکھنے والے مسلمانوں اور مساکین کی تعظیم فرماتے۔ ☆ حضرت علی شیرِ خدا ؓ بہت تھوڑا سا ستاتے۔ اپنی ریش مبارک کو پکڑ لیتے۔ اور سانپ کی طرح لوٹتے۔ اور انتہائی غمگین آدمی کی کی طرح روتے۔ حتی کہ صبح ہو جاتی۔ ☆ حضرت علی شیرِ خدا ؓ دنیا کو مخاطب کر کے فرماتے۔ اے دنیا! (تُو) میرے علاوہ کسی اور کو دھوکہ دے۔ (کیونکہ) مَیں نے (تو) تجھے تین طلاقیں دے رکھی ہیں۔ تیری عمر تھوڑی، تیری ہم نشینی حقیر اور تیرا خطرہ بہت بڑا ہے۔ افسوس (کہ میرا) زاد، راہ قلیل، سفر زیادہ اور راستہ پر خطر (ہے) ☆ (بقول حضرت علی ؓ) **تین اعمال بہت سخت ہیں۔** ر **1**۔ اپنی طرف سے حق دینا۔ نمبر **2**۔ تیرا ہر حال میں اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا۔ نمبر **3**۔ مال سے بھائی کی مدد کرنا۔ ☆ (بقول حضرت علی ؓ) تُو نے اپنی دنیا سے جو پایا۔ اس پر زیادہ خوش نہ ہو۔ اور اس میں سے جو کچھ نہیں پایا۔ تُو اس پر افسوس نہ کر۔ کہ تجھے موت کے بعد کی فکر کرنی چاہیئے۔ ☆ (بقول حضرت علی ؓ) اللہ تعالیٰ قرآن والوں سے اس کے دین کے بارے میں نرمی اور اس کی نافرمانیوں پر خاموشی ہرگز پسند نہیں کرتا۔ ☆ حضرت علی شیرِ خدا ؓ فرماتے۔ کہ! ہر انسان کے ساتھ دو فرشتے ہیں۔ جو کہ اس کی اس سے حفاظت کرتے ہیں۔ جو ابھی مقدر میں نہیں۔ تو جب قدر آ جائے۔ تو وہ درمیان سے ہٹ جاتے ہیں۔ اور بے شک اَجَل مضبوط ڈھال ہے۔ ☆ حضرت علی شیرِ خدا ؓ یہ شعر پڑھتے اور فرماتے۔ کہ! جسے مرنا ہے۔ وہ تواضع کا زیادہ حق دار ہے۔ اور ایک آدمی کے لئے اپنی دنیا سے اسی قدر کافی ہے۔ جو کھا لے۔ آدمی کو کیا ہوا؟ (کہ) اسے فکروں میں صبح ہوتی ہے۔ اور اس حرص میں جس پر اچھے اوصاف قابو نہیں پا سکتے۔ اے فلاں! تُو عنقریب اس قوم کی طرف رحلت کر جائے گا۔ جن کا بولنا خاموشی ہے۔

عشق قاتل سے ، مقتول سے ہمدردی بھی	یہ بتا کس سے محبت کی جزا مانگے گا
سجدہ خالق کو بھی ، ابلیس سے یارانہ بھی	حشر میں کس سے عقیدت کا صِلہ مانگے گا

بوقتِ نماز کیفیتِ حضرت علی المرتضٰی ؓ :

حضرت علی ؓ کے بارے میں ہے۔ کہ (جب) نماز کا وقت آ جاتا تو حضرت علی ؓ کا رنگ متغیر ہو جاتا۔ اور لرزہ طاری ہو جاتا۔ (جب) آپ ؓ سے دریافت کیا جاتا۔ کہ! اے امیر المؤمنین ؓ، کیا ہوا؟ تو فرماتے! یہ اُس امانتِ خُداوندی کو پیش کرنے کا وقت آ گیا ہے۔ جسے اُٹھانے لے لئے اللہ تعالیٰ نے آسمانوں، زمینوں اور پہاڑوں سے فرمایا تھا۔ لیکن انہوں نے اُسے لینے سے پہلو تہی کی تھی۔ وہ ڈر گئے تھے۔ لیکن انسان نے اسے اُٹھا لیا۔ اب یہ معلوم نہیں۔ کہ جو بوجھ میں نے اُٹھایا تھا۔ اچھی طرح اُس کا حق (بھی) ادا کر دیا ہے یا نہیں؟

یا علی کشا ہادی توئی ، مولا توئی	بے کس و بے یار را توشہ توئی ، چارہ توئی
مظہر ذاتِ خدا ، حسنِ جمالِ مصطفٰے ﷺ	حسنِ پوشیدہ توئی ، حسنِ جہاں آراء توئی
نے کسے جز از شما شد سرور و مولائے ما	ہم حدیثِ مصطفٰے ﷺ ، گوید کہ بس مولا توئی
تابشانِ معرفت روشن زِ نورِ تُو شہا	دَر حجابِ معرفت جلوہ توئی ، پردہ توئی

حضرت علی شیرِ خدا ؓ کے 9 کلماتِ عظیمہ برائے متصوفین : (اقتباس از طبقات امام شعرانی ؒ)

حضرت ابوعبیدہ ؒ نے فرمایا۔ کہ! حضرت علی المرتضٰی ؓ نے نو 9 کلمات ایسے ارشاد فرمائے۔ کہ! ان میں سے کسی ایک تک پہنچنے سے طمع کو منقطع کر دیا۔ (جو کہ اشعار کی صورت میں آگے تصوف والے باب میں بھی تحریر کئے گئے ہیں) ان میں سے تین مناجات میں۔ تین علم میں۔ اور تین ادب میں۔

مناجات کے 03 کلمات یہ ہیں :- نمبر **1**۔ میرے لئے یہی عزت کافی ہے۔ کہ تُو میرا رَب ہو۔ نمبر **2**۔ اور میرا لئے یہی فخر کافی ہے۔ کہ مَیں تیرا بندہ ہوں۔ نمبر **3**۔ تُو میرا لئے ایسا ہے۔ جیسا (کہ) مَیں چاہتا ہوں۔ پس مجھے (بھی) اس کی توفیق عطا فرما۔ جو تُو چاہتا ہے۔

عِلم کے 03 کلمات یہ ہیں :- نمبر **1**۔ آدمی اپنی زبان کے نیچے چھپا ہوا ہے۔ نمبر **2**۔ بات کرو (گے۔ تو) پہچانے جاؤ گے۔ نمبر **3**۔

وہ شخص (کبھی) ضائع نہیں ہوتا۔جو اپنی قدر پہچان لے۔ **اَدب کے 03 کلمات یہ ہیں:۔** **نمبر1۔** جس پر تُو چاہے انعام کر۔تُو اس کا سردار ہوگا۔ **نمبر2۔** جس سے چاہے لاپرواہی کر۔تُو اِس جیسا ہوگا۔ **نمبر3۔** جس کا چاہے محتاج بن۔تُو اِس کا قیدی ہوگا۔

بکار خویش حیرانم **اغثنی یا رسول اللہ** ﷺ پریشانم پریشانم **اغثنی یا رسول اللہ** ﷺ

عاداتِ امیر المؤمنین حضرت سیدنا علی ابن ابی طالب ؓ :

حضرت سیدنا علی المرتضیٰ ؓ کی تین عاداتِ مبارکہ بہت مشہور تھیں۔ **نمبر1۔** جب کوئی مہمان آتا۔تو آپ ؓ اسے شہد کھلاتے۔ **نمبر2۔** غرباءاور مساکین کو کپڑے عطا فرماتے تھے۔ **نمبر3۔** مساجد میں چراغ بھیجا کرتے تھے۔

حضرت سیدنا علی المرتضیٰ ؓ سے ان کے مقربین نے اِن تین عاداتِ مبارکہ کا جب سبب پوچھا۔تو آپ ؓ نے فرمایا۔کہ! ☆مہمانوں کو شہد اس لئے کھلاتا ہوں۔کہ! جب ان کا منہ اور گلا شیریں ہوگا۔تو میرے حق میں دعا کریں گے۔اور مَیں موت کے وقت نزع کی تلخی سے محفوظ رہوں گا۔☆غرباءاور مساکین کو لباس اس لئے دیتا ہوں۔تاکہ وہ میرے لئے دعا کریں۔کہ قیامت کے دن جب مخلوقِ خدا برہنہ ہوگی۔تو اللہ تبارک وتعالیٰ میری پردہ پوشی فرمائیں گے۔☆ مساجد میں چراغ اور قندیلیں بھیجنے کی وجہ یہ ہے۔کہ! اللہ تبارک وتعالیٰ میری تاریک قبر کو اپنے لطف وکرم سے روشن فرمادیں۔اور مَیں تنگ وتاریک قبر میں بغیر چراغ کے نہ رہوں۔(اولیاءاللہ کے مزارات پر چراغاں کرنے کے بھی یہی فوائد ومنافع ہوں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ)

حکایاتِ امیر المؤمنین جناب حضرت علی ؓ : (اَز کتاب ''کشف المحجوب)

شاہِ مرداں، شیرِ یزداں، قوتِ پروردگار لافتیٰ الا علیؓ، لاسیف الا ذوالفقار ؓ

حکایت : جب امیر المؤمنین مولا علی ؓ آنحضور نبی مکرم ﷺ کے بستر مبارک پر سوئے۔اور بوقت ہجرت حضرت سیدنا ابوبکر صدیق ؓ آنحضور رسول اکرم ﷺ کی معیت میں گئے۔اور مکہ مکرمہ سے باہر آکر غار میں ٹھہرے۔جب کہ اس رات میں کفارِ مکہ کا آنحضور نبی اکرم ﷺ کو شہید کرنے کا مصمم ارادہ تھا۔تو جناب باری تعالیٰ نے حضرت جبرائیل امین ؑ و میکائیل ؑ کو فرمایا۔کہ مَیں نے تمھارے مابین بھائی چارہ رکھا ہے۔اور تمھاری زندگی بھی ایک دوسرے سے دراز کی ہے۔(اَب) بتاؤ(کہ) تم میں سے کون ہے؟ جو اپنے بھائی پر اپنی زندگی کا ایثار کرے۔اور مرنے کو تیار ہو۔دونوں اپنی اپنی زندگیاں بارگاہِ ایزدی سے طلب کرنے لگ گئے۔جنابِ باری تعالیٰ کی طرف سے ارشاد ہوا۔کہ! اے جبرائیل ؑ و میکائیل ؑ ! دیکھو علی ؓ (شیرِ خدا) کی بزرگی وشرافت! کہ وہ تُم سے بلند ہے۔ہم نے علی ؓ کے اور اپنے حبیب ﷺ کے مابین مواخاۃ(بھائی چارہ قائم) کیا تھا۔تو علی ؓ اپنے قتل ومرگ کو قبول کرکے ہمارے حبیب ﷺ کی خوابگاہ پر سو گئے۔اور اپنی جان ہمارے حبیب ﷺ پر فدا کردی۔اَب تم دونوں جاؤ۔اور اس کی محافظت دشمنوں سے کرو۔

چنانچہ حضرت جبرائیلِ امینؑ اور حضرت میکائیل ؑ زمین پر حضرت علی شیرِ خدا ؓ کی خدمت میں آن حاضر ہوئے۔ایک فرشتہ سرہانے بیٹھ گیا۔اور ایک فرشتہ پائنتی کی طرف بیٹھ گیا۔اور حضرت علی المرتضیٰ ؓ کی خدمت میں زبانِ حال سے کہنے لگے۔زندہ بادا ے علی ؓ ! تمھارے مثل اس ایثار میں کون ہے؟ بے شک! اللہ تعالیٰ آپ ؓ کے اس ایثار کو ملائکہ میں پیش فرما کر اظہارِ خوشنودی فرما رہے ہیں۔اور آپ ؓ اپنے خواب میں بے فکر سو رہے ہیں۔اسی وقت قرآنِ کریم کی آیات نازل ہوئی۔جس میں کہ مولائے کائنات ؓ ظاہر کی گئی ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! اور اللہ تعالیٰ کے بعض بندے ایسے بھی ہیں۔جو اس کی رضا جوئی میں اپنی جان بیچتے اور ایثار کرتے ہیں۔اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر شفقت فرمانے والا ہے۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 307)

حضرت جناب داتا گنج بخش ؓ نے اپنی کتاب ''**کشف المحجوب**'' میں حضرت علی ؓ کو اِن القابات سے یاد کیا ہے۔برادرِ مصطفیٰ ﷺ، غریقِ بحرِ بلا،حریقِ نارِولا،مقتداءِاولیاء واصفیاء،ابوالحسن والحسین ؓ، علی ابنِ ابی طالب شیرِ خدا۔ان کی شان جادہ طریقت میں بڑی ارفع واعلیٰ ہے۔اور بیانِ حقیقت میں ان کی باریک بینی بہت بلند ہے۔آپ ؓ کا اصولِ حقائق میں خاص حصہ تھا۔حتیٰ کہ حضرت سیدنا جنید بغدادی ؒ اُن ؓ کی شانِ مبارک میں فرماتے ہیں۔کہ! اصولِ عشق ومحبت اور راضی برضاءِالٰہی کے ماہر ہمارے شیخ وامام حضرت علی ؓ ہیں۔

حکایت : ایک شخص حضرت علی ؓ کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر عرض گذار ہوا۔کہ! اے امیر المؤمنین ؓ ! مجھے ہدایت(یعنی کوئی نصیحت) فرمائیں۔تو آپ ؓ نے فرمایا۔ یاد رکھو! کہ مشغولیت کو بیوی بچوں میں اہمیت کے ساتھ رجوع نہ کرنا۔اس لئے کہ! اگر وہ(یعنی آپ کے بیوی بچے) اولیاء اللہ (اللہ تعالیٰ کے محبین ودوست) میں سے ہوئے۔تو اللہ تعالیٰ اپنے دوستوں کو خراب اور ضائع نہیں فرماتا۔اور اگر (خدانخواستہ وہ) دشمنِ خدا ہوئے۔تو دشمنانِ خدا کے لئے غم خواری وہمدردی (بھلا) کیوں ہو۔ کیونکہ!

یہ مسئلہ انقطاع ماسوٰی اللہ سے متعلق ہے۔اس لئے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ چاہے۔اپنے بندوں کو رکھتا ہے۔ حضرت علی ؓ نے ایک پوچھنے والی کو ایک بات بتائی۔اس نے سوال کیا۔کہ! پاکیزہ ترین عمل کیا ہے؟ (**غناء القلب با للہ**) یعنی اللہ تعالیٰ کے تقرب کے ساتھ دل کا ہر شئے سے مستغنی ہوجانا۔حتیٰ کہ دنیا کے نہ ہونے سے فقیر نہ ہو۔اور مال کی کثرت کی وجہ سے مسرور نہ ہو۔

آپؒ فرماتے ہیں کہ سات برس کا عرصہ گزرا۔ کہ شب ستائیسویں ماہ رجب کو کہ شب معراج موافق اکثر روایات کے ہے۔ فقیر نے خواب میں دیکھا کہ ایک میدان ہے۔ اس میں فرشِ سفید براق بچھا ہوا ہے۔ اس فرش پر اکثر لوگ جن کی شکل نورانی ہے۔ لباس ہائے فاخرہ پہنے ہوئے اس انتظار میں بیٹھے ہیں۔ کہ حضرت امیر سیدنا علی المُرتضیٰؓ تشریف لائیں گے۔ فقیر بھی یہ حقیقت دریافت کرنے کے لئے اس جگہ اس فرش پر بیٹھ گیا۔ ناگاہ حضرت امیر سیدنا علی المُرتضیٰؓ قبلہ کی جانب سے نمودار ہوئے۔

اور اس فرش کی جانب توجہ فرمائی اور تمام لوگ تعظیم کے لئے اُٹھے۔ اور لبِ فرش منتظر کھڑے ہوئے فقیر بھی وسطِ فرش میں منتظر کھڑا ہوا۔ بسبب ہجوم بزرگانِ عظیم الشان کے تا لبِ فرش نہ پہنچ سکا۔ حضرت امیر سیدنا علی المُرتضیٰؓ خود تشریف لائے۔ اور صف کے اندر لوگوں کو ہٹاتے ہوئے فقیر کے نزدیک رونق افروز ہوئے۔ اور چارزانو بیٹھ گئے۔ یہ فقیر نہایت ادب کے ساتھ دوزانو روبرو بیٹھا۔ تو حضرت امیر سیدنا علی المُرتضیٰؓ نے نہایت لُطف و کرم فرمایا۔ اور کسی کے ساتھ کلام نہ فرمایا صِرف فقیر کی جانب توجہ فرمائی۔ اور شرفِ ہمکلامی سے فقیر کو مُشرف فرمایا۔ فقیر نے ایسے وقت کو غنیمت جانا۔ چند چیزیں (استفسارات) ذہن میں آئے۔ تو عرض کیا اور جواب باصواب سے مُشرف ہوا۔ پہلے یہ فرمایا کہ کسی شخص نے بزبانِ پشتو کوئی تصنیف کی ہے اور اس کتاب میں ایسا مضمون درج کیا ہے۔ جس سے میری تحقیر ہو، تُم کو اس امر کی خبر ہے یا نہیں ؟ فقیر نے عرض کیا۔ کہ بندہ زبانِ پشتو نہیں جانتا۔ کہ اس زبان کی کتب سے آگاہ ہو۔ حضورؓ کے ارشاد کے موافق فقیر تحقیق کرے گا۔ فقیر (یعنی شاہ عبدالعزیزؒ) نے عرض کیا۔ کہ مذاہبِ فُقہاء سے کون سا مذہب جنابِ عالی مقامؓ کو پسند ہے ؟ ارشاد فرمایا: کہ کوئی مذہب ہم کو پسند نہیں، یا یہ فرمایا کہ ہمارے طریقہ پر نہیں (کیونکہ) لوگوں نے افراط وتفریط کو راہ دی ہے۔ پھر میں نے عرض کیا کہ اولیاء کا کون سا طریقہ جنابِ عالیؓ کے طریقہ کے موافق ہے ؟

ارشاد فرمایا: کہ اس کا بھی وہی جواب ہے۔ ہر طریقہ میں چیز ہائے ناپسندیدہ خِلاف ہمارے طریقہ کے اِختراع کی ہیں۔ اور ہمارے طریقے کی چیزوں میں کمی کردی ہے۔ اس واسطے کہ ہمارے زمانہ میں تین طریقے شُغل کے معمول مروج تھے۔ اور اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل ہونے کے لئے وہ مفید ہیں۔ اور وہ تین طریقے شُغل کے یہ ہیں۔ ۱۔ ذِکر۔ ۲۔ تلاوتِ قُرآنِ مجید۔ ۳۔ نماز۔ اور صوفیاء نے صِرف ذِکر کو شُغل قرار دے دیا۔ اور تلاوت قُرآنِ مجید اور نماز کو شُغل نہیں جانتے۔ پھر میں نے عرض کیا۔ کہ تلاوتِ قُرآنِ حکیم اور نماز کا شُغل کس طریقے سے کرنا چاہیئے ؟ تو حضورؓ کی جناب سے توجہ طریقِ شُغل، تلاوتِ قُرآنِ مجید اور نماز کی میرے دل پر ڈالی گئی۔ اور کچھ زبانِ مبارک سے بھی اِرشاد فرمایا۔ لیکن میں نے زیادہ تاثیر باطنی توجہ کی اپنے دل میں پائی۔ اور میری حالتِ باطنی اس قدر زیادہ متغیر ہوئی۔ جو بیان سے باہر ہے۔ اس وقت سے ہمیشہ وہ امر اپنے باطن میں مستحکم پاتا ہوں۔ پھر میں نے عرض کیا۔ کہ الحمدُ للہ کہ اس فقیر کو توسل جناب عالی مقامؓ سے اکثر طریقہ اور بہت سلسلوں سے حاصل ہے۔ تاہم فقیر کی تمنا ہے۔ کہ بلاواسطہ حضورؓ کی بیعت سے مُشرف ہوں۔ تو جناب عالی حضرت امیر سیدنا علی المُرتضیٰؓ نے اپنا دستِ مبارک میری جانب کیا۔ اور فقیر کا ہاتھ اپنے دستِ مبارک سے پکڑ کر بیعت فرمائی۔ اس وقت جناب عالی مقامؓ کی توجہ سے اثرِ عظیم فقیر کے باطن میں نمودار ہوا۔ پھر میں نے عرض کیا۔ کہ اکثر صحابہ کرامؓ نے علی الخصوص قریشی صحابہ کرامؓ نے جنابِ عالی مقامؓ کے ساتھ مُخالفت کی ہے۔ ان کے بارے میں کیا حُکم ہے۔ اور یہ کیا حقیقت تھی ؟ تو اِرشاد فرمایا۔ کہ ہم کو اِن لوگوں سے برادرانہ شکایت تھی۔ یا فرمایا۔ کہ ہم کو اِن لوگوں کے ساتھ شکایت برادری تھی۔ اور شکر رنجی آپس میں تھی۔ مردمانِ نافہم یہ امر دور دور تک لے گئے ہیں۔ اور بڑھا دیا ہے۔ پھر میں نے عرض کیا۔ کہ فلاں جماعت کے لوگ اپنے آپ کو سیداولاد سے جناب عالیؓ جانتے ہیں۔

اِرشاد فرمایا۔ کہ وہ لوگ میری اولاد سے نہیں۔ بلکہ جھوٹ کہتے ہیں۔ پھر دفعتہً جنابِ عالی مقامؓ اُٹھے۔ اور جس سمت سے تشریف لائے تھے۔ اُسی طرف عُجلت کے ساتھ تشریف لے گئے۔ اور دوسرے لوگ جو منتظر تھے۔ وہ حیرت میں کھڑے تھے۔ کہ کاش یہ صحبت کچھ اور بھی رہتی۔

غریب و سادہ و رنگین ہے داستانِ حرم　　　　نہایت اس کی حُسینؓ، ابتداء ہے ہابیلؑ

حکایاتِ حسنیہ : (منسوب و منقول حضرت سیدنا امام حسنؓ بن علی المرتضیٰؓ)

حضرت حسنؓ سے متعلق "بردباری" اور "علم" کا واقعہ ہے۔ کہ! حضرت امیر المؤمنین حسن بن علیؓ کے دورِ خلافت میں جب ایک شخص کو کوفہ کا گورنر مقرر کیا گیا۔ تو لوگوں نے گورنر سے کہا۔ کہ! موجودہ دور میں حضرت امام حسنؓ سے زیادہ کوئی اہلِ علم نہیں۔ تو اُس (گورنر) نے کہا۔ ابھی (اس بات کی) آزمائش کرلیتے ہیں۔ اس نے ایک قاصد کو بلایا۔ اور اُسے کچھ نازیبا الفاظ سکھائے۔ اور کہا۔ کہ! مدینہ جاکر یہ الفاظ حضرت امام حسنؓ سے اُس وقت کہنا۔ جب وہ محفل میں بیٹھے ہوئے ہوں۔ قاصد نے حسبِ ہدایت مدینہ منورہ جاکر برسرِمحفل حضرت امام حسنؓ کے روبرو وہی نازیبا الفاظ بطورِ پیغام گورنر دہرائے۔ جس پر حضرت امام حسنؓ نے بڑے تحمّل و بردباری کا مظاہرہ کرتے ہوئے بڑا خوبصورت جواب دیا۔ کہ! گورنرِ کوفہ سے جاکر کہہ دو۔ کہ! اگر یہ سب باتیں، جو تم نے میرے بارے میں کہی ہیں۔ درست ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ مجھ پر رحم فرمائے۔ اور اگر یہ باتیں غلط ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے۔ جب گورنرِ کوفہ تک یہ جواب بعینہٖ پہنچا۔ تو اُس نے کہا۔ مَیں گواہی دیتا ہوں۔ کہ! واقعی دورِ حاضر میں حضرت امام حسنؓ بن علیؓ سے بڑھ کر کوئی صاحبِ علم نہیں۔ (اقتباس اَز کتاب حرفِ فقیر۔ سید سرفراز احمد شاہ صاحب)

نقطہ : محبت خلفائے راشدینؓ اور اہلِ بیتِ اطہارؓ (حضرت علی المرتضیٰؓ کا فاطمی گھرانہ اور امہات المؤمنینؓ) ہر مسلم پر فرض ہے۔

اَمَرْ کے متعلق حکایتِ حسنیؓ : (منسوب ومنقول حضرت سید نا امام حسنؓ بن علی المرتضیٰؓ)

سید سرفراز احمد شاہ صاحب کی کتاب 'نوائے فقیر' کے صفحہ نمبر 75 پر ''اَمَر'' کے بارے میں مرقوم ہے۔ کہ! ہم سب امر بارے جاننے میں متجسس ہوتے ہیں۔ کہ! امر ہے کیا ؟ (کیونکہ) اللہ تعالیٰ نے قرآنِ پاک میں فرمایا۔**(قل الروح من امر ربی)** فرمایا۔کہ! روح امرِ ربی ہے۔(پھر آگے فرماتے ہیں۔کہ!)

ایک روز شام کے گورنر سے کسی نے پوچھا۔کہ! دُنیا میں سب سے زیادہ طاقت ور اور سخت چیز کیا ہے؟ انہوں نے کافی دیر غور کرنے کے بعد کہا۔ اس کا (درست) جواب شاید میں نہ دے سکوں ۔ صِرف حضرت علی المرتضیٰؓ ہی اس کا (مکمل، درست اور اطمینان بخش) جواب دے سکتے ہیں۔لہذا ایک ہرکارہ مدینہ منورہ (جناب مولا علیؓ) کی خدمت اقدس میں روانہ کیا گیا۔جس نے کہ حضرت علیؓ کی خدمت میں جا کر سوال پیش کیا۔اُس وقت حضرت علی المرتضیٰؓ کے صاحبزادگان حضرت حسنؓ، حضرت حسینؓ اور ایک اور صاحبزادے (جو غالبًا دوسری بیگم سے تھے) بھی وہاں پر تشریف فرما تھے۔ حضرت علی المرتضیٰؓ نے سوال سن کر فرمایا۔کہ یہ (سوال) اتنا آسان ہے۔کہ اس کا جواب تو یہ بچے بھی دے سکتے ہیں۔قاصد نے حفظ مراتب (اور عمر) کا خیال رکھتے ہوئے سب سے بڑے صاحبزادے حضرت حسن بن علیؓ سے (یہی) سوال پوچھا۔تو انہوں نے کمال جواب دیا۔کہ!

دنیا کی سب سے طاقت ور اور سخت چیز لوہا ہے۔لیکن لوہے کو آگ پگھلا دیتی ہے۔اِس سے ثابت ہوا۔کہ آگ لوہے سے بھی زیادہ طاقت ور ہے۔ لیکن اِسی آگ کو پانی ٹھنڈا کر دیتا ہے۔یوں پانی آگ سے بھی زیادہ طاقت ور ہے۔لیکن ہوا اُسی آگ کو جلا لیتی ہے۔یوں ہوا پانی سے بھی زیادہ طاقت ور ہے۔ہوا کو چلانے پر دو فرشتے مامور ہیں۔وہ حکم دیتے ہیں۔تو ہوا چلنےلگتی ہے۔یوں وہ (دونوں) فرشتے ہوا سے بھی زیادہ طاقت ور ہیں۔ اُن دونوں فرشتوں پر حضرت جبرائیلِ امینؑ سردار ہیں۔(اور) حضرت جبرائیلِ امینؑ ''اَمرِ ربی'' کے ماتحت ہیں۔جو حکم (اَمرِ ربی) اُنھیں رب تعالیٰ کی طرف سے ملتا ہے۔وہ اُس (حکم) کی تعمیل کرتے ہیں۔یوں اَمرِ ربی زیادہ طاقت ور ہے۔ آخر میں حضرت امامِ عالی مقام جناب حسن بن علیؓ نے ایک عجیب جُملہ اِرشاد فرمایا۔اور ''وہ اَمر ، رب تعالیٰ نے ہمیں عطا فرمایا ہے۔اور اُس سے ہم اِس دنیا کو چلا رہے ہیں''۔

حضرت امام غزالیؒ اپنی کتاب احیاء العلوم الدین میں رقم طراز ہیں۔جب حضرت امام حسنؓ وضو کرتے۔تو جسم پر کپکپی طاری ہو جاتی۔اور چہرے کا رنگ زرد پڑ جاتا تھا۔اور یہ وجہ صرف اسی لئے واقع ہوتی تھی۔کہ! آپؓ نے رب العزت کی بارگاہ میں حاضر ہونا ہوتا تھا۔

☆ **حضرت سیدنا حسن بن علیؓ** : آپؓ کا نام حسنؓ،کنیت ابو محمد اور مشہور القابات سید،مجتبیٰ،شبیہء رسول ﷺ،تقی وزکی وغیرہم ہیں۔آپؓ کے والدِ محترم کا نام علیؓ بن ابی طالب ہے۔جبکہ والدہ محترمہ کا اسمِ مبارک فاطمہ بنت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ ہے۔آپؓ نے اپنے زمانہء طفولیت کے چھ برس چار ماہ آنحضرت نبی مکرم ﷺ کے سایہ عاطفت میں بسر کئے۔جبکہ سات برس اپنی والدہ ماجدہؓ کی تربیت میں گزارے۔سینتیس برس اپنے والدِ محترمؓ کی ہمراہی میں بسر کئے۔چونکہ یہ تمام حضرات ظاہری و باطنی طور پر علم وعمل، جودوسخا، ایثار وزہد میں یکتائے زمانہ تھے۔لہذا ان تمام حضرات کی جملہ خوبیوں کے اثرات آپؓ کی شخصیت میں موجود تھے۔آپؓ کی ازاواج اور اولاد کے اسماء اور تعداد میں مؤرخین کے ہاں کافی اختلاف پایا جاتا ہے۔بہرحال آپؓ کی ازواج کے اسماء یہ ہیں۔حضرت ام بشیرؓ بنت ابومسعود۔حضرت خولہؓ بنت منظور۔حضرت فاطمہؓ بنت ابومسعود۔حضرت ام اسحاقؓ بنت طلحہ۔حضرت ام ولدؓ۔حضرت رملہؓ۔حضرت ام الحسنؓ۔حضرت تقفیہؓ۔حضرت امراء القیسؓ۔حضرت جعدہؓ بنت اشعث۔اسی طرح آپؓ کے صاحبزادگان میں حضرت زیدؓ، حضرت حسنؓ، حضرت عمرؓ اور حضرت عبداللہؓ یعنی ان چاروں بھائیوں میں باتفاق جمہور مؤرخین متفق ہیں۔بہرحال اختلافی تعداد واسمائے صاحبزادگان یہ ہیں۔ زیدؓ،حسنؓ۔عمرؓ۔عمروؓ۔ عبداللہؓ۔قاسمؓ۔حسینؓ۔محمدؓ۔ابوبکرؓ۔حمزہؓ۔جعفرؓ۔طلحہؓ۔ابراہیمؓ۔یعقوبؓ۔عبدالرحمانؓ۔حضرت حسنؓ بن علی المرتضیٰؓ کی پانچ صاحبزادیاں تھیں۔ام الحسنؓ۔ام عبداللہؓ۔ام سلمہؓ۔ام الخیرؓ۔تماضرؓ۔جبکہ اختلافی اسمائے صاحبزادیوں کے یہ ہیں۔فاطمہؓ۔ام الحسنؓ۔ام الحسینؓ۔ام عبداللہؓ۔ام سلمہؓ۔ام الخیرؓ۔تماضرؓ۔رقیہؓ۔فاطمہ ثانیؓ۔آپؓ کے مشہور اقوال یہ ہیں۔☆ اللہ تعالیٰ کی تقسیم پر راضی ہو جاؤ۔لوگوں سے بے نیاز ہو جاؤ گے۔☆ نیکی وہ ہے۔(کہ) جس کے کرنے میں کسی قسم کی ریاکاری نہ ہو۔☆ جس میں حیاء نہیں۔اس کا دین سے کوئی تعلق نہیں۔

☆ **حضرت سیدنا حسین بن علیؓ** : آپؓ کا نام مبارک ''حسینؓ''،کنیت ابوعبداللہؓ اور القابات سبط الرسول ﷺ اور ریحانۃ الرسول ﷺ ہیں۔آپؓ کے والدمحترم علی المرتضیٰؓ بن ابی طالب جبکہ والدہ محترمہ فاطمۃ الزہراءؓ بنت رسول اللہ ﷺ ہیں۔آپؓ نے اپنے زمانہء طفولیت کے پانچ برس آنحضرت نبی مکرم ﷺ کے سایہ عاطفت میں بسر کئے۔جبکہ ساڑھے پانچ برس اپنی والدہ ماجدہؓ کی تربیت میں گزارے۔ساڑھے پینتیس برس اپنے والدِ محترمؓ کی ہمراہی میں بسر کئے۔چونکہ یہ تمام حضرات ظاہری و باطنی طور پر علم وعمل، جودوسخا، ایثار وزہد میں یکتائے زمانہ تھے۔لہذا ان تمام حضرات کی جملہ خوبیوں کے اثرات آپؓ کی شخصیت میں موجود تھے۔ آپؓ کی ازواج کی تعداد پانچ ہے۔جن میں سے حضرت شہربانوؓ کے فرزند حضرت زین العابدین بن حسینؓ ہیں۔بہرحال ازواج کے اسماء یہ ہیں۔حضرت شہربانوؓ۔حضرت لیلیٰؓ بنت ابی مرہ۔حضرت رباب بنت امراء القیس۔حضرت ام اسحاقؓ بنت طلحہ بن عبداللہ۔حضرت قضاعیہؓ۔آپؓ کی اولاد کے اسماء یہ ہیں۔حضرت سید زین العابدینؓ۔حضرت سید علی اکبرؓ۔حضرت سید علی اصغرؓ۔حضرت سید جعفرؓ۔(بیٹیوں کے اسماء) حضرت سیدہ سکینہؓ۔حضرت سیدہ فاطمہ صغریٰؓ۔آپؓ کا مشہور قول یہ ہے۔کہ! بندے کی (یقینی) نجات دین کی پیروی میں ہے۔اور ہلاکت (درحقیقت) دین کی مخالفت میں ہے۔

حکایاتِ حضراتِ حسنینؓ :

حکایت : حضراتِ حسنینؓ کے بارے میں ایک نہایت ہی عمدہ اور سبق آموز حکایت یہاں پر بطورِ تبریک پیش کی جاتی ۔ انہیں دونوں مقدس ہستیوں نے ہمیں سبق سکھایا ہے ۔ کہ! اگر کوئی شخص عمر میں ہم سے بڑا ہو ۔ اور (خدانخواستہ) وہ کسی غلطی یا لغزش کا مرتکب ہو ۔ تو ادب کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے اُس کی کیسے اصلاح کی جائے ۔ کہ! ایک مرتبہ حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ نے دیکھا ۔ کہ ایک صاحب وضو کر رہے ہیں ۔ جب وہ صاحب وضو کر چکے ۔ تو حضرت امام حسینؓ نے بڑے اَدب سے فرمایا ۔ جناب! میں وضو کرتا ہوں ۔ آپ دیکھ کر بتائیے گا ۔ کہ میں کہیں اس میں غلطی تو نہیں کر رہا ہوں ۔ یوں اُن صاحب کی خود بخود اصلاح ہوگئی ۔

اِک پل کی تھی بس حکومت یزید کی ہیں صدیاں حسینؓ کی ، ہے زمانہ حسینؓ کا

حکایت : حضراتِ حسنینؓ کے متعلق جامع ترمذی میں ایک واقعہ یوں درج ہے ۔ کہ! حضرت اُسامہ بن زیدؓ کہتے ہیں ۔ کہ! مَیں کسی ضرورت کے لئے رات کے وقت آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا ۔ آپ ﷺ کوئی چیز چادر میں چھپائے ہوئے باہر تشریف لائے ۔ جب میں اپنی بات کر چکا ۔ تو مَیں نے جناب رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا ۔ کہ! یارسول اللہ ﷺ ! آپ ﷺ چادر میں کیا چھپائے ہوئے ہیں ۔ آپ ﷺ نے (جب) چادر ہٹائی ۔ تو اُس (چادر) کے نیچے سے حضراتِ حسنین (حضرت امام حسنؓ وحضرت امام حسینؓ) ظاہر ہوئے ۔ آپ ﷺ نے فرمایا ۔ یہ دونوں میرے بچے اور میری لڑکی (بیٹی) کے لڑکے ہیں ۔ اے اللہ! مَیں ان دونوں سے محبت کرتا ہوں ۔ تُو بھی اِن دونوں سے اور اُن سے محبت کرنے والوں سے محبت فرما ۔ (آمین)

نہ عشقِ حسینؓ ، نہ ذوقِ شہادت غافل سمجھ بیٹھا ہے ، ماتم کو عبادت

حکایت : حضراتِ حسنینؓ کے متعلق دورِ فاروقیؓ کا مشہور واقعہ ہے ۔ کہ! ایک مرتبہ یمن سے کچھ حُلّے مدینہ لائے گئے ۔ حضرت امیرالمؤمنین عمر فاروقؓ نے اُنہیں لوگوں میں تقسیم فرما دیا ۔ لوگ وہ حلے پہن کر خوشی سے باہر نکل آئے ۔ حضرت عمرؓ مسجدِ نبوی ﷺ میں تشریف فرما تھے ۔ لوگ آپؓ کے پاس آتے ۔ اور آپؓ کو سلام کرتے ۔ کچھ دیر کے بعد حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ بھی اپنی والدہ محترمہؓ کے گھر سے نمودار ہوئے ۔ لیکن وہ کوئی حلہ پہنے ہوئے نہ تھے ۔ اُنہیں دیکھتے ہی حضرت عمرؓ بے قرار ہوگئے ۔ اور آپؓ نے لوگوں سے فرمایا ۔ '' مجھے تم لوگوں کو حلے دینے کی کوئی خوشی نہیں ہوئی ۔ '' لوگوں نے جب وجہ دریافت کی ۔ تو آپؓ نے فرمایا ۔ ان دونوں بچوں کی وجہ سے دوسرے لوگ حلے پہنے ہوئے ہیں ۔ لیکن ان کے جسم حلوں سے خالی ہیں ۔ یہ کہہ کر اُسی وقت یمن کے عامل (حاکم) کو فرمان لکھا ۔ کہ حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کے لئے فی الفور دو عمدہ (ترین) حلے ارسال کر دو ۔ اُس نے حکم کی تکمیل کی ۔ جب حلے آ گئے ۔ تو حضرت عمر فاروقؓ نے انہیں حضرت حسنؓ وحضرت حسینؓ کو پہنایا ۔ اور (پھر بصد خوشی) فرمایا ۔ اَب مجھے سچی مسرت حاصل ہوئی ہے ۔

ماتم نہیں ہے ، کوئی قصہ حسینؓ کا سڑکوں پر مَت دکھاؤ تماشہ حسینؓ کا

قرآن کہہ رہا جب ، زندہ ہیں سب شہید اور تم نکالتے ہو ، جنازہ حسینؓ کا

اُمتِ محمدیہ ﷺ کی پاک طینت ہستیاں : حضرت علی المرتضیٰؓ ۔ حضرت خاتونِ جنت فاطمۃ الزہراءؓ ۔ حضرت حسن بن علیؓ ۔ حضرت حسین بن علیؓ ۔ حضرت علی امام زین العابدینؒ ۔ حضرت محمد باقرؒ ۔ حضرت جعفر صادقؒ ۔ حضرت موسیٰ کاظمؒ ۔ حضرت علی رضاؒ ۔ حضرت محمد تقیؒ ۔ حضرت حسن عسکریؒ ۔ یاد رہے ۔ کہ! مندرجہ بالا گیارہ حضرات کے علاوہ ان تمام کے جملہ بہن بھائی بھی میرے (البلوشی) کے نزدیک نہایت عظمت و بزرگی کے حامل ہیں ۔ کیونکہ! یہ تمام لوگ درحقیقت اہلِ بیت اطہارؓ ہیں ۔ اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو ۔ آمین ۔

حکایت : حضراتِ حسنینؓ کے محل کا ایک واقعہ ، جو کہ حالات بابرکات وملفوظات طیبات ، سیاح دشت تجرید وسباح در دریائے توحید و معرفت ربانی حامل علم لدنی جناب حضرت سید غوث علی شاہ قلندری قادری پانی پتیؒ ، مسمّٰی بہ '' **تذکرہ غوثیہ** '' میں یوں درج ہے ۔ کہ!

ایک روز ارشاد ہوا ۔ کہ! ہم شہر بریلی سے کاکوری کی طرف چلے گئے ۔ سنا تھا ۔ کہ! وہاں کے جنگل میں کوئی درویش رہتے ہیں ۔ جن کو وحوش وطیور سے تو محبت تھی ۔ مگر انسانوں سے نفرت ۔ وہ درویش نہ اپنی کہتے ہیں ۔ اور نہ ہی کسی اور کی سنتے ہیں ۔ بس رات دن گریہ وزاری میں محو رہتے ہیں ۔ خیر! بڑی تلاش کے بعد وہ ہمیں ملے ۔ جب ہم نے اُن سے حال دریافت کیا ۔ تو کہنے لگے ۔ کہ میں ہندوستان سے بارادہ حج چلا ۔ شہر بمبئی سے (ایک بڑے بحری) جہاز پر سوار ہوا ۔ قضارا جہاز ایک بڑی تباہی میں آکر پاش پاش ہوگیا ۔ (خوش قسمتی سے) میں ایک تختے کے ذریعے تیسرے دن ایک پہاڑ کے قریب کنارہ سے جالگا ۔ خدا خدا کر کے تختہ سے اُتر کر پہاڑ پر چڑھ گیا ۔ بہت فاصلے پر ایک دیوار نظر آئی ۔ قریب جاکر دیکھا ۔ تو اُس میں کوئی دروازہ نہ تھا ۔ مگر ایک بلند درخت دیوار کے قریب تھا ۔ اس پر چڑھا ۔ اور دیوار پر سے ہوتا ہوا اندر داخل ہوگیا ۔ وہاں کی کیفیت کیونکر بیان کروں ۔ ایک باغ دلکشا دیکھا ۔ جس کی مثل نہ کبھی آنکھوں نے دیکھا تھا ۔ اور نہ کانوں نے سنا تھا ۔ روشین ومصفی نہریں جاری رنگ برنگ کے طیور چہچہاتے ۔ اور قسم قسم کے میوے درختوں پر لگے ہوئے تھے ۔ مگر انسان کا کہیں پتہ نہیں ۔ میں ششدر رہ گیا ۔ کہ! بارِخدایا! یہ کیا مقام ہے ۔ غرضیکہ! میں نے کچھ میوے کھا پیکر ایک بارہ دری (ایک ہوادار دالان ، جس کے کئی در ہوں) میں سو رہا ۔ عصر کے وقت جب

آنکھ کھلی۔تو میں باغ کی سیر کرنے لگا۔شام کے وقت اس خیال سے کہ مبادا یہ باغ کہیں جنات کا ہو۔سہم کر ایک گوشہ میں جا چھپا۔وہاں سے مَیں نے دیکھا۔کہ آسمان سے ایک گروہ سواروں کا اُترا۔اور چمن میں ایک تخت اور فرش مکلّف بچھایا گیا۔خدمت گاران قرینہ بقرینہ کھڑے ہوگئے۔ اور دو صاحب،نہایت حسین و جمیل اُس تخت پر آن کر بیٹھے۔ جب کھانا تقسیم ہونا شروع ہوا۔ میں دور سے یہ سب کیفیت بغور دیکھ رہا تھا۔ اُن دونوں سرداروں میں سے ایک نے فرمایا۔کہ! فلاں ابنِ فلاں (یعنی میرا اور میرے باپ کا نام لیا) آج ہمارا مہمان ہے۔اس کو بھی کھانا پہنچاؤ۔میں اُن کی یہ بات سن کر سخت متحیر ہوا۔اور دل ہی دل میں کہنے اور سوچنے لگا۔کہ! الٰہی یہ کون بزرگ ہیں۔کچھ لمحات بعد،ایک شخص میرے پاس کھانا لایا۔میں نے اس سے کہا۔کہ! تم کون ہو ؟اور یہ بزرگ کون ہیں؟ میرا جی چاہتا ہے۔کہ! مَیں ان کی قدم بوسی کروں۔اس (کھانا لانے والے شخص) نے کہا۔کہ! میں بے اذن کسی کو کچھ جواب نہیں دے سکتا۔جب تک تم یہ کھانا تناول کرو۔میں اُن سے اجازت طلب کرکے آتا ہوں۔میں ہنوز کھا ہی رہا تھا۔وہ شخص یہ مژدہ لایا۔کہ! تمھاری درخواست منظور ہوئی۔چلو اور چل کر قدم بوسی کا شرف حاصل کرو۔ہم تمام لوگ شہداء ہیں۔اور یہ باغ ہمارے رہنے کا مقام ہے۔اور یہ دونوں شہزادے حضرت حسن بن علیؓ اور حضرت حسین بن علیؓ ہیں۔یہ سن کر میں مارے مسرت کے اپنے جامہ میں پھولا نہ سمایا۔مَیں جھٹ پٹ جا کر (آنحضور نبی مکرم ﷺ کے نواسوںؓ کے) قدم بوس ہوا۔اور اپنا سارا حال عرض کیا۔حکم ہوا۔کہ! اچھا (فی الحال) تم اسی باغ میں رہو۔ جب حج کا وقت قریب آئے گا۔تو تمھیں بیت اللہ شریف بھی پہنچا دیں گے۔خاطر جمع رکھو۔بعد اس (گفتگو) کے، مجلس برخاست ہوئی۔میں دوبارہ اسی دری میں جا کر سو رہا۔اس دن سے مجھ کو دونوں وقت امامینؓ کی زیارت نصیب ہوا کرتی۔اچھے سے اچھا کھانا ملتا تھا۔نو ماہ بعد جب حج کا زمانہ آگیا۔تو میں نے عرض کیا۔بعد حج حضورؓ اسی جگہ مجھے بلالیں۔فرمایا اچھا۔اور ایک شخص کی طرف اشارہ کیا۔کہ! اس کو (بیت اللہ شریف) پہنچا دو۔اُس (شخص) نے کہا۔کہ اپنی آنکھیں بند کرلیں۔پھر کہا کھول لیں۔میں نے دیکھا۔کہ! مَیں بیت اللہ شریف میں کھڑا ہوں۔مَیں نے حج کیا۔پھر مدینہ منورہ کی زیارت کو بھی گیا۔کچھ دن گزار کر دوبارہ مکہ معظّمہ واپس چلا آیا۔اَب مجھ کو ہر وقت یہی خیال رہنے لگا۔کہ! حضرتؓ نے وعدہ فرما لیا تھا۔لیکن اَب تک بلایا کیوں نہیں ؟ آخر کار! ایک دن اسی غم واَلَم میں میری آنکھ لگ گئی۔جب آنکھ کھلی۔تو دیکھا۔کہ! مَیں اسی باغ میں ہوں۔بہت مسرور ہوا۔اور سجدہءشکر بجا لایا۔پھر اسی طرح سے زیارتِ شہزادگانؓ اور بہترین کھانا نصیب ہوتا رہا۔اور اسی طرح عیش و مسرت کے ساتھ چار مہینہ گزر گئے۔ایک دن میری جو شامت آئی۔عرض کیا۔حضرتؓ! گھر جانے کو جی چاہتا ہے۔فرمایا اچھا۔مگر یہ گزارش کرتے وقت مَیں یہ کہنا بھول گیا۔کہ! مجھ کو پھر بلالیجیئے گا۔ایک شخص کو اشارہ ہوا۔کہ! اس کو پہنچا دو۔اُس نے مجھ سے میری دونوں آنکھیں بند کروا کر مجھے گھر پہنچا دیا۔دو چار دن تو کچھ خیال نہ آیا۔پھر جو وہاں (حضرات شہزادگانؓ کی زیارت،اُن کے محل اور بہترین جنتی کھانے) کی یاد نے زور مارا۔تو مجھ کو جنون ہوگیا۔کہ اب تلک میں اسی فراق میں ہی مبتلا ہوں۔

حضرت حسن بصریؒ کا مقام و مرتبہ:

آپؒ حضرت عمر فاروقؓ کے دورِ خلافت میں 22 ہجری پیدا ہوئے۔اور 110 ہجری میں انتقال ہوا۔روایات کے مطابق حضرت امیر المؤمنین عمر فاروقؓ ہی کی خواہش پر آپؒ کا نام ”حسن“ تجویز کیا گیا۔آپؒ کی کنیت ”ابوسعید“ ہے۔حضرت عمرؓ نے اپنے دستِ مبارک سے حضرت حسن بصریؒ کو **گھٹی** دی۔ آپؒ کے والدِ محترم کا نام ”یسار بصری“ جبکہ والدہ محترمہ کا نام ”خیرہ“ تھا۔آپؒ کی والدہ محترمہ جنابہ حضرت ام المؤمنین ام سلمہؓ کی لونڈی تھیں۔(بقولِ امام ابنِ الجوزیؒ) آپؒ کی والدہ جب کسی کام کے سلسلے میں گھر سے باہر جاتیں۔اور حضرت حسن بصریؒ روتے۔تو حضرت ام سلمہؓ آپؒ کو دودھ پلا دیتی تھیں۔اس اعتبار سے حضرت حسن بصریؒ کو آنحضور نبی مکرم و معظم ﷺ کا رضاعی بیٹا ہونے کا شرف بھی حاصل ہے۔آپؒ کے علم و فضل و تقوٰی و ولایت کی کئی وجوہات میں دو اہم ترین وجوہ یہ بھی ہیں۔کہ! ایک تو آپؒ حضرت علی المرتضیٰؓ کے خلیفہ تھے۔اور دوئم یہ کہ آپؒ نے حضرت رسولِ مکرم ﷺ کے اسرار و رموز کے حامل جلیل القدر صحابی جناب حضرت حذیفہ ابن الیمانؓ (م۔35ھ بمقامِ مدائن) سے اکتسابِ علم و فیض حاصل کیا ہے۔آپؒ ہی سے جملہ سلاسلِ طریقت کی ابتداء حضرت علی شیرِ خداؓ کے توسط و توسل سے ہے ماسوائے سلسلہء عالیہ نقشبندیہ کے۔آپؒ کے کلماتِ عظیمہ بہت ہی اہم و پرتاثیر ہیں۔کیونکہ! ان کے مواعظ و تقاریر نے علمی و عقلی اور دلیلی طور پر شہرہء آفاق حیثیت کے حامل ہیں۔حضرت حسن بصریؒ کو 130 صحابہ کرامؓ سے شرفِ ملاقات حاصل ہے۔جن میں سے 70 اصحابِ بدریہؓ تھے۔

حضرت امام غزالیؒ نے ”احیاء العلوم الدین“ میں فرمایا ہے۔کہ! حضرت امام حسن بصریؒ کا کلامِ مبارک درحقیقت کلامِ انبیاء و اصفیاء کے بہت مشابہ ہے۔بلکہ جمہور کا اس بات پر قوی اتفاق ہے۔کہ! آپؒ کا اکثر کلام خواطرِ قلوب، امر بالمعروف و نہی عن المنکر، وساوسِ نفوس، شہواتِ نفس کی صفاتِ خفیہ و غامصہ اور نیک اعمال کی تلقین و تربیت اور جملہ انسانیت کی تبلیغ و نصائح سے پُر ہے۔ ایک مرتبہ عوام الناس نے آپؒ سے دریافت کیا۔یا ابوسعیدؒ! آپؒ کی زبانِ مبارک سے اکثر اوقات ایسے کلماتِ عجیبہ سننے میں آتے ہیں۔جو ہم نے آپؒ سے پہلے کبھی نہیں سنے ہوتے۔آپؒ نے اِن مفید و منتفع کلمات کو کہاں سے اخذ کیا ہے ؟ آپؒ نے فرمایا۔ حضرت حذیفہ ابنِ الیمانؓ سے۔اور حضرت حذیفہؓ کا آنحضرت نبی مکرم ﷺ سے استفاضہءعلم ایک عجیب نرالے طرز کا ہوا کرتا تھا۔بلکہ دیگر صحابہءکرامؓ تو آنحضور نبی کریم ﷺ سے عام شرعی مسائل کا حل دریافت کیا کرتے تھے۔جبکہ حضرت حذیفہؓ کے سوالات و تجسسات باقی صحابہءکرامؓ سے جداگانہ ہوتے تھے۔اس بیان سے صاف ظاہر ہوتا ہے۔کہ! حضرت مولانا رومؒ کا یہ فرمانا۔کہ! ”**گفت نران فصلے حذیفہؓ با حسنؒ**“ روایات پر مبنی ہے۔جو کہ خود حضرت حسن بصریؒ سے مروی ہے۔اور حضرت امام غزالیؒ اس کے ناقل ہیں۔ سبحان اللہ و بحمدہٖ۔

بظاہر جو قلندر ہے، حقیقت میں مجاور ہے   اسی پر عشق **سجتا** ہے، جو اندر سے قلندر ہے

اُمتِ محمدیہ ﷺ کے سب سے عظیم اور جلیل القدر امام و فقیہ :

حضرت امام اعظم ابو حنیفہ ؒ : نام نعمان، کنیت ابو حنیفہ اور لقب امام اعظم ہے۔(مختصر حسب نسب) نعمان بن ثابت بن نعمان بن مرزبان۔آپؒ کے دادا کو حضرت علی المرتضیٰؓ کے ساتھ بارہا شرف کا ملاقات حاصل تھا۔آپؒ فارسی النسل تھے۔آپؒ کے متعلق ایک (موضوع یا ضعیف) حدیث یہ ہے۔کہ! ''میری اُمت میں ایک مرد پیدا ہوگا۔جس کا نام ابو حنیفہ ہوگا۔وہ قیامت میں میری اُمت کا چراغ ہوگا۔آپؒ کے لاتعداد شاگردوں (تلامذہ) میں حضرت امام ابو یوسف، حضرت امام محمد بن حسن شیبانیؒ، حضرت امام زفر بن ہزیلؒ اور امام عبداللہ بن مبارکؒ ہیں۔ ویسے تو آپؒ کا اسمِ مبارک نعمان بن ثابت ہے۔مگر آپؒ ''ابو حنیفہ' کی کنیت سے مشہور و معروف ہوئے۔آپؒ کی کنیت کا عجیب وغریب واقع یہ ہے۔کہ! ایک مرتبہ کچھ عورتوں نے سوال کیا۔کیا جب مرد کو چار نکاح کی اجازت حاصل ہے۔تو پھر عورت کو کم از کم دو شوہر رکھنے کی اجازت کیوں نہیں ؟ آپؒ نے فرمایا۔اس (سوال) کا جواب کسی اور وقت دوں گا۔اور اسی الجھن میں گھر کے اندر تشریف لے گئے۔اور جب آپؒ کی صاحبزادی ''حنیفہ' نے الجھن کی وجہ دریافت کی۔تو آپؒ نے (اُن چاروں) عورتوں کا سوال پیش کر کے فرمایا۔کہ! میں اُن کے اس سوال کا جواب دینے سے قاصر ہوں۔اور میری الجھن کا یہی سبب ہے۔یہ سن کر صاحبزادی نے عرض کیا۔اگر آپؒ اپنے اسم، مبارک کے ہمراہ میرے نام کو بھی شہرت دینے کا وعدہ کریں۔تو میں ان عورتوں کو جواب دے سکتی ہوں۔اور جب آپؒ نے وعدہ کر لیا۔تو صاحبزادی نے عرض کیا۔ان عورتوں کو میرے پاس بھجوا دیجئے۔چنانچہ جب وہ عورتیں آگئیں۔تو صاحبزادی نے ایک ایک پیالی ہر عورت کے ہاتھ میں دے کر کہا۔کہ اپنی اپنی پیالی میں تم سب اپنا تھوڑا تھوڑا سا دودھ ڈال دیں۔اس کے بعد ایک بڑا سا پیالہ ان کو دے کر کہا۔ان سب پیالوں کا دودھ اس میں ڈال دو۔اور جب عورتوں نے یہ عمل کیا۔تو آپ نے کہا۔اَب تم سب اس میں سے اپنا اپنا دودھ (واپس) نکال لو۔لیکن عورتوں نے عرض کیا۔کہ یہ تو ناممکن ہے۔صاحبزادی نے عرض کیا۔کہ جب دو شوہروں کی شرکت میں تمھاری اولاد ہوگی۔تو تم یہ کیسے بتا سکو گی۔کہ یہ اولاد کس شوہر کی ہے۔اس (برجستہ) جواب سے وہ عورتیں ششدر رہ گئیں۔اور امام صاحب نے اسی دن سے ابو حنیفہ کی کنیت اختیار کر لی۔اور اللہ تعالیٰ نے بھی نام سے زیادہ کنیت کو شہرت عطا فرمائی۔ جس وقت مدینہ منورہ میں حضرت امام ابو حنیفہؒ نے حضورِ اقدس ﷺ کے روضہ اقدس پر یہ کہہ کر سلام پیش کیا۔**السلام علیکم یا سید المرسلین** ﷺ تو وہاں سے جواب ملا۔**وعلیک السلام یا امام المسلمین**۔ ایسا شرف و اعزاز بھی آپؒ ہی کو زیبا ہے۔کہ! حضور ﷺ نے جواب مرحمت فرمایا۔

اُمتِ محمدیہ ﷺ کے عظیم ترین اور جلیل القدر ولی اللہ :

حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی ؒ : آپؒ کا نام عبدالقادر کنیت ابو محمد اور مشہور القابات محی الدین، غوثِ اعظم، پیر دستگیر، پیرانِ پیر، بازِ اشہب وغیرہم ہیں۔آپؒ درحقیقت نجیب الطرفین سید ہیں۔(کیونکہ) والدِ ماجدؒ کی طرف سے آپؒ حضرت حسن بن علی المرتضیٰؓ کی جبکہ والدہ محترمہؒ کی طرف سے آپؒ حضرت حسین بن علی المرتضیٰؓ کی اولاد ہیں۔☆ والدِ محترم کی طرف شجرہ یہ ہے۔حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانیؒ بن سید ابو صالح موسیٰ جنگیؒ بن سید عبداللہ جیلیؒ بن سید یحییٰ زاہدؒ بن سید شمس الدین زکریاؒ بن سید ابو بکر داؤدؒ بن سید موسیٰ ثانیؒ بن سید عبداللہ صالحؒ بن سید موسیٰ الجونؒ بن سید عبداللہ محضؒ بن سید حسن مثنیٰؒ بن سید حسنؓ بن سیدنا علی المرتضیٰؓ بن ابو طالب۔☆ جبکہ والدہ محترمہؒ کی طرف شجرہ یہ ہے۔حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانیؒ بن سیدہ ام الخیر امۃ الجبار فاطمہؒ بن سید عبداللہ صومعیؒ بن سید ابو جمالؒ بن سید محمدؒ بن سید محمودؒ بن سید ابو العطاء عبداللہؒ بن سید کمال الدین عیسیٰؒ بن سید علاؤ الدین محمد الجوادؒ بن سید علی رضا مشہدیؒ بن سید موسیٰ کاظم بغدادیؒ بن سید جعفر صادقؒ بن سید محمد باقرؒ بن سید زین العابدینؒ بن سید حسینؓ بن سیدنا علی المرتضیٰؓ بن ابی طالب۔ ☆ آپؒ کا شجرہ طریقت یہ ہے۔حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانیؒ۔حضرت شیخ ابو سعید مخزومیؒ۔حضرت شیخ ابو الحسن قرشیؒ۔حضرت شیخ عبدالواحد بن عبدالعزیزؒ۔حضرت شیخ ابو بکر شبلی ؒ۔حضرت شیخ جنید بغدادیؒ۔حضرت شیخ سری سقطیؒ۔حضرت شیخ معروف کرخیؒ۔حضرت شیخ داؤد طائیؒ۔حضرت شیخ حبیبِ عجمیؒ۔حضرت امِ عالی مقام شیخ حسن بصریؒ حضرت مشائخ الاولیاء جناب علی المرتضیٰؓ۔حضرت سرورِ کائنات محمد رسول اللہ ﷺ۔**حضرت پیر سید طاہر علاؤ الدین گیلانی** نقیب الاشراف (خانقاہ عالیہ غوثیہ قادریہ۔کوئٹہ) نے اپنی تصنیف ''**تذکرہء قادریہ**'' میں آپؒ کا شجرہء پیشوائی اس طرح تحریر فرمایا ہے۔ حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانیؒ۔حضرت شیخ ابو سعید مخزومیؒ۔حضرت شیخ ابو الحسن علی بن محمد القرشی الہنکاریؒ۔حضرت شیخ ابو الفرح طرطوسیؒ۔حضرت شیخ ابو الفضل عبدالواحد التمیمیؒ۔حضرت شیخ ابو بکر شبلیؒ۔حضرت شیخ ابو القاسم جنید بغدادیؒ۔حضرت سری سقطیؒ۔حضرت شیخ معروف کرخیؒ۔حضرت سید ابو الحسن علی ابن موسیٰ رضاؒ۔حضرت سید موسیٰ کاظمؒ۔حضرت سید جعفر صادقؒ۔حضرت سید محمد باقرؒ۔حضرت سید زین العابدینؒ۔حضرت شہید کربلا جناب سید حسینؓ۔حضرت سیدنا علی المرتضیٰؓ۔حضرت سید الرسل محمد رسول اللہ ﷺ۔

☆ حضور غوثِ پاکؒ کی چار ازواج مطہرات یہ ہیں۔سیدہ بی بی مدینہؒ۔سیدہ بی بی صادقہؒ۔سیدہ بی بی مومنہؒ۔سیدہ بی بی محبوبہؒ۔

☆ حضور غوثِ پاکؒ کے صاحبزادگان یہ ہیں۔سید عبدالرزاقؒ۔سید عبدالعزیزؒ۔سید عبدالجبارؒ۔سید عبدالوہابؒ۔سید عبدالغفارؒ۔سید عبدالغنیؒ۔سید صالحؒ۔سید محمدؒ۔سید شمس الدینؒ۔سید ابراہیمؒ۔سید یحییٰؒ۔حضور غوثِ پاکؒ کی بیٹیوں کے اسماء اور تعداد میں کافی اختلافات پائے جاتے ہیں۔

یاد رہے۔کہ! کتبِ تصوف کے مطابق حضرت شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ کو 70 یا 119 سے زائد مرتبہ حکمِ الٰہی ہوا۔کہ! آپؒ اعلان فرمائیں۔کہ! میرا قدم تمام اولیاء کی گردنوں پر ہے۔تب آپؒ نے یہ اعلان فرمایا۔اور جملہ ارواح اولیاء اولین وآخرین نے اپنی گردنیں جھکا دیں۔ (سبحان اللہ۔ ماشاء اللہ) آپؒ کی کچھ کتب نہایت مشہور و معروف ہیں۔ غنیۃ الطالبی طریق الحق۔فتوح الغیب۔ سر الاسرار ومظہر الانوار فیما یحتاج الیہ الابرار۔آداب السلک والتواصل الی المنازل الملوک۔ الفتح الربانی والفیض الرحمانی۔ الفیوضات الربانیہ فی المآثر والاوراد القادریہ۔(اس کے علاوہ بھی مزید کچھ تصانیف ہیں)

☆ تعارفِ چند جلیل القدر علمائے محد ثینِ عظام ☆

تاریخِ اسلام کے اندازے کے مطابق، حضرت جناب سرورِ کائنات ﷺ کے وصال کے وقت تقریباً ''ایک لاکھ چودہ (یا چوبیس) ہزار صحابہ کرامؓ موجود تھے۔سب سے آخری صحابی حضرت ابوالطفیل عامر بن واثلہ لیثی کنانیؓ کی وفات 100ھ میں ہوئی۔جن صحابہ کرامؓ کی مرویات ایک ہزار سے زائد ہوں۔ انہیں کثیر الروایۃ خیال کیا جاتا ہے۔محدث صحابہ کرامؓ کے اسمآئے مبارکہ اور اُن کی مرویات (روایت شدہ احادیثِ نبویہ ﷺ) یہاں پر بیان کی جارہی ہیں۔

☆ حضرت ابوہریرہؓ۔ مرویات 5374۔ ☆ حضرت عبداللہ بن عمرؓ۔مرویات 2630۔ ☆ حضرت انس بن مالکؓ۔ مرویات2286۔ ☆ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہؓ۔مرویات 2210۔ ☆ حضرت عبداللہ بن عباسؓ مرویات 1660۔ ☆ حضرت جابر بن عبداللہؓ۔مرویات 1540۔ ☆ حضرت ابوسعید خدریؓ۔ مرویات 1170۔ ☆ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ ۔مرویات 848۔

نامِ محدثین	تاریخ پیدائش ووفات	اسمائے کتبِ احادیث	تعدادِ احادیث
حضرت امام مالک بن انس مدنیؒ	93ھ۔تا 179ھ	موطا امام مالک	1891
حضرت امام محمد بن حسن الشیبانی حنفیؒ	132ھ۔تا 204ھ	موطا امام محمد	1180
حضرت امام محمد بن ادریس الشافعیؒ	150ھ۔تا 204ھ	مسندِ امام شافعی	1811
حضرت امام احمد بن محمد بن حنبلؒ	164ھ تا 241ھ	المسند	40000
حضرت امام محمد بن اسماعیل بخاریؒ	194ھ تا256ھ	الجامع الصحیح المسند المختصر من امور رسول اللہؐ	7275
حضرت امام مسلم بن حجاج بن مسلمؒ	206ھ تا261ھ	صحیح مسلم	12000
حضرت امام محمد بن عیسیٰ ترمذیؒ	200ھ تا279ھ	الجامع للترمذی	1385
امام سلیمان بن اشعث ابوداؤدؒ	202ھ تا275ھ	سنن ابو داؤد	5274
امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائیؒ	215ھ تا303ھ	سنن نسائی	5761
امام حافظ ابوعبداللہ محمد بن یزیدؒ	200ھ تا279ھ	سنن ابن ماجہ	4000

اقسام کتبِ احادیث : ☆ **صحیح** : ایسا فن اصولِ حدیث کہ جس میں حدیث صحیح، مرفوع اور متصل السند ہو۔ جیسے صحیح بخاری و صحیح مسلم۔ ☆ **جامع** : وہ کتاب کہ جس میں آٹھ ابواب (احکام الٰہیہ، سیرتِ نبوی ﷺ، مناقب، آدابِ اسلامی، تفسیر، عقائد، احادیثِ متعلق فتن اور علاماتِ قیامت) کے موضوع پر احادیث ہوں۔ جیسے جامع ترمذی۔ ☆ **علل** : وہ کتاب کہ جس میں احادیث کے اندر ضعیف وموضوع احادیث پر بحث کی گئی ہو۔ جیسے'' الجامع العلل''، یعنی جامع ترمذی۔ ☆ **سُنن** : وہ کتاب کہ جس میں احادیثِ رسول ﷺ کو ابوابِ فقہیہ کی ترتیب پر جمع کیا گیا ہو۔جیسے سننِ ثلاثہ، سنن دارِ قطنی۔ ☆ **مسند** : وہ کتاب کہ جس میں ایک صحابیؓ کی جملہ مرویات ایک جگہ جمع کر دی گئی ہوں۔ جیسے مسنداحمد یا مسند حمیدی ☆ **معجم** : وہ کتاب کہ جس میں اپنے ایک شیخ کی جملہ مرویات جمع کرکے دوسرے شیخ کی مرویات بیان کرے۔جیسے امام طبرانیؒ کی معجم کبیر، معجم اوسط اور معجم صغیر ☆ **مستدرک** : وہ کتاب کہ جس میں کسی کتابِ حدیث کی چھوٹی ہوئی احادیث کو بیان کیا گیا ہو۔جیسے **مستدرک حاکم علی الصحیحین** ۔ ☆ **مستخرج** : وہ کتاب کہ جس میں کسی دوسری کتاب کی احادیث کو اپنی ایسی سند سے روایت کیا جائے۔ کہ جس میں مصنف کا واسطہ نہ آئے۔ جیسے مستخرج اسماعیلی علی البخاری۔ ☆ **تخریج** : وہ کتاب کہ جس میں کسی دوسری کتاب کی بے حوالہ احادیث کی اسناد اور حوالہ جات درج کیے جائیں۔جیسے زیلعی کی کتاب'' نصب الرایہ التخریج احادیث الہدایہ۔ ☆ **تجرید** : وہ کتاب کہ جس میں کسی کتاب کی سند یا مکررات کو حذف کر کے صرف صحابیؓ کا نام لے کر احادیث لکھی گئی ہوں۔ جیسے زبیدی کی تجرید بخاری اور قرطبی کی تجرید مسلم۔ ☆ **جزء** : وہ کتاب کہ جس میں ایک ہی مسئلے کی جملہ روایات کو اکٹھا (جمع) کر دیا گیا ہو۔جیسے امام بخاری کی جزء القراء خلف الامام وغیرہ۔ ☆ **افراد و غرائب** : وہ کتاب کہ جس میں کسی ایک محدث کے جملہ تفردات کو یکجا کر دیا گیا ہو۔جیسے دار قطنی نے ایک کتاب میں حضرت امام مالکؒ کے غرائب جمع ہیں۔☆ **جمع** : وہ کتاب کہ جس میں مختلف بحذف السند جمع کر دیئے گئے ہوں۔ جیسے ابن الاثیر کی جامع الاصول اور امام سیوطیؒ کی جمع الجوامع۔☆ **اطراف** : وہ کتاب کہ جس میں احادیث کے صرف اول حصہ کو ذکر کر کے اس کی جملہ اسناد کو جمع کر دیا گیا ہو۔جیسے امام مزی کی تحفۃ الاشرف۔ ☆ **فہارس** : وہ کتاب کہ جس میں ایک یا متعدد کتبِ احادیث کی فہرست بنادی گئی ہو۔تا کہ حدیث آسانی سے تلاش کی جا سکے۔جیسے **العجم** المفہرس الالفاظ الحدیث۔ ☆ **موضوعات** : وہ کتاب کہ جس میں صرف موضوع احادیث اکٹھی کی گئی ہوں۔ ☆ **زوائد** : وہ کتاب کہ جس میں کسی کتاب کی صرف وہ احادیث لی جاتی ہیں۔جو کسی دوسری کتاب سے زائد ہوں۔ جیسے ابن حجر عسقلانی کی'' المطالب العالیہ بزوائد المسانید الثمانیۃ اور علامہ نورالدین ہیثمی کی'' مجمع الزوائد ومنبع الفوائد۔

چند مشہور کتبِ حدیث کی انفرادی و امتیازی خصوصیات : حضراتِ محدثین کی دن رات کی محنت، اسفار اور ذوق ولگن کی وجہ سے اُمتِ مسلمہ کے پاس احادیثِ نبویہ ﷺ کی شکل میں بہت بڑا خزانہ لاریب ہاتھ آیا۔ ان مجموعہ جات کی چند انفرادی و امتیازی خصوصیات یہ ہیں۔

☆ **صحیح بخاری** : کتبِ احادیث میں اولین حیثیت کی حامل کتاب ہے۔اس کی پہلی انفرادی وامتیازی خصوصیت اس کی (تقریباً جملہ) احادیث صحیح ترین روایات ہیں۔دوسرا امتیاز اس کا وہ ابواب کی بےنظیر ترتیب وترکیب ہے۔جوعلوم کا خزانہ ہیں۔اہلِ فن اسے ''اصح الکتاب بعد کتاب اللہ'' قرار دیتے ہیں۔

☆ **صحیح مسلم** : کتب احادیث میں دوسرا (بلکہ بعض کے نزدیک پہلا) درجہ کی کتاب ہے۔یہ کتاب حسنِ ترتیب، جودتِ نظم اور دقائق الاسناد میں صحیح بخاری سے کہیں بہتر ہے۔لیکن صحت وقوت میں صحیح بخاری سے کچھ نیچے ہے۔اس کتاب کی پہلی انفرادی وامتیازی خصوصیت اس کی (تقریباً جملہ) احادیث صحیح ترین روایات ہیں۔دوسرا امتیاز اس کتاب کا سوائے ارشاداتِ محمدیہ ﷺ کے کسی دوسری چیز کو درج نہ کرنا ہے۔

☆ **سُنن ابی داؤد** : کتبِ احادیث میں تیسرے درجے کی کتاب ہے۔اس کی انفرادی وامتیازی خصوصیت ''قال ابوداوٗد'' ہے۔یہ کتاب حسن وصحیح احادیث پر مشتمل جبکہ موضوع احادیث سے پاک ومبرا ہے۔اسے ''ادق الکتاب بعد کتاب اللہ'' کا درجہ حاصل ہے۔یہ فقہی احادیث کا بہت بڑا مجموعہ ہے۔

☆ **سُنن نسائی** : کتب احادیث میں چوتھے درجے کی کتاب ہے۔اس کی انفرادی وامتیازی خصوصیت یہ ہے۔کہ! یہ بخاری ومسلم کے طریقے ومنہج کی جامع ہے۔سنن اربعہ میں سنن نسائی کی احادیث کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔کتاب میں صحت وضعف کی نشاندہی کی گئی ہے۔

☆ **جامع ترمذی** : صحاح ستہ میں پانچواں درجہ ہے۔یہ کتاب بیک وقت احکام الٰہیہ، سیرت نبویہ، آداب، تفسیر، عقائد، معلوماتِ فتن، علاماتِ قیامت کے علاوہ سننِ نبویہ اور تخریج حدیث (حسن، صحیح، ضعیف، غریب احادیث وغیرہا) کا لاجواب مجموعہ ہے۔فقہا اور مفتیان کے لئے یہ سب سے لازمی کتاب ہے۔حدیث کی اس کتاب کو تین اسماء سے موسوم کیا جاتا ہے۔ جامع ترمذی۔ سنن ترمذی۔الجامع العلل۔

☆ **سُنن ابنِ ماجہ** : کتبِ احادیث میں چھٹا درجہ ہے۔اس کی انفرادی وامتیازی خصوصیت یہ ہے۔امام ابن ماجہؒ اس کتاب میں زیادہ تر وہ احادیث شامل کی ہیں۔جو کہ صحاح ستہ کی باقی کتب میں نہیں۔لیکن ساتھ ہی موضوع، ضعیف اور غریب احادیث کو بھی شامل کرلیا۔بعض علماء اسے صحاح ستہ میں شامل نہیں کرتے۔

☆ **موطا امام مالک** : بقول امام شافعیؒ، روئے زمین پر موطا سے زیادہ صحیح ترین کوئی کتاب نہیں۔امام ابن عربیؒ نے موطا کو پہلا جبکہ بخاری کو دوسرا نمبر دیا ہے۔آپؒ فرماتے ہیں۔بعد والی جملہ کتبِ احادیث کی بنیاد موطا ہی ہے۔بقول حضرت شاہ ولی اللہؒ، کتب احادیث میں موطا کے پائے کی کوئی کتاب نہیں۔

یا خدا جانے وہ یا جانے محمدؐ اے مشیر غیر کیا جانے بھلا ، کیا ہے مقامِ بُو تُراب

علم الصحائف : اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام کو لوگوں تک پہنچانے کے لئے رسولوںؑ پر اپنی کتب کو نازل فرما کر تمام انسانوں کو ان تمام پر ایمان لانے اور ان پر عمل واتباع کرنے کا حُکم صادر فرمایا۔ 50 صحیفے حضرت شیثؑ پر نازل ہوئے۔30 صحیفے حضرت ادریسؑ پر نازل ہوئے۔10 صحیفے حضرت ابراہیمؑ پر نازل ہوئے۔10 صحیفے حضرت موسیٰؑ پر نازل ہوئے۔علماء کے مطابق ان الہامی کتب وصحائف کی تعداد تقریباً ایک سو چار سے زائد ہیں۔ ☆ **توراتِ پاک** : یہ کتاب حضرت موسیٰؑ پر نازل ہوئی۔اس کو خط عبرانی میں لکھا گیا۔اور اس کا زمانہ 1400 قبل اَز مسیح تھا۔ ☆ **زبور شریف** : یہ کتاب حضرت داوٗدؑ پر نازل ہوئی۔اس کتاب کو بھی عبرانی زبان میں لکھا گیا۔اور اس کا زمانہ 1000 برس قبل از مسیح تھا۔ ☆ **انجیل مُقدس** : یہ کتاب حضرت عیسیٰؑ پر نازل ہوئی۔اور اس کتاب کو سریانی زبان میں لکھا گیا۔☆ **قرآن مجید** : یہ چوتھی اور آخری کتاب حضرت سیدالانبیاء والرسل امام المرسلین محمد رسول اللہ ﷺ پر نازل ہوئی۔جو کہ سابقہ تمام کتابوں کا مُفصل خُلاصہ ہے۔یہ اللہ تعالیٰ کی ایک ایسی مکمل ومفصل وجامع الہامی کتاب وصحیفہ ہے۔جو کہ تمام عالمین کی تمام مخلوقات کی ہدایت کے لئے بھیجی گئی ہے۔**ذلک الکتاب لا ریب فیہ**۔اور اِس کتاب کے اندر ذرہ برابر بھی شک نہیں۔اور اِس کے اندر تمام قدیم وجدید علوم وفنون کو یکجا کیا گیا ہے۔مگر رسول اللہ ﷺ، چند صحابہ کرامؓ اور کچھ اولیاء اللہ ہی قرآن کے ظاہر وباطن سے آگاہ نہیں ہوسکتا۔

لوحِ محفوظ اَست پیش اولیاء : حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ فرماتے ہیں۔کہ! اولیاء اللہ میں سے چند چنیدہ اولیاء کو ان حوادث پر اطلاع ہے۔۔جو قلمِ اعلیٰ نے لوحِ محفوظ پر یومِ قیامت تک کے جملہ احوال لکھے ہیں۔آپؒ مزید فرماتے ہیں۔کہ! مَیں بھی انہیں (خوش نصیب لوگوں) میں سے ایک ہوں۔جنہیں اللہ عزوجل نے لوحِ محفوظ پر لکھے تمام احوال پر اطلاع بخشی ہے۔(الحمدللہ)

لوحِ محفوظ میں درج آیات اور ام الکتاب کے بنیادی علوم : حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں۔کہ! لوحِ محفوظ میں آنحضرت نبی مکرم ﷺ پر اُترنے والی آیات کی کل تعداد دولاکھ انہتر ہزار دوسو (269200) ہے۔آپؒ فرماتے ہیں۔کہ! آیات کی یہ وہ تعداد ہے۔کہ! جس پر اللہ تعالیٰ نے (اپنے خصوصی فضل وکرم اور رحمت سے) مجھے اطلاع بخشی ہے۔اور اس کے علاوہ اللہ عزوجل نے مجھے بطریق کشف یہ اطلاع بھی بخشی ہے۔کہ! ام الکتاب کے بنیادی علوم کی تعداد ایک لاکھ انتیس ہزار چھ سو (129600) اقسام پر مشتمل ہے۔اور ان علوم میں ہر قسم کے بےشمار علوم ہیں۔

لوحِ محفوظ : حضرت قلندر بابا اولیاءؒ کتاب ''لوحِ وقلم'' میں فرماتے ہیں۔کہ! لوحِ محفوظ (دراصل) کائنات کی تخلیق سے متعلق اللہ تعالیٰ کے کلام (احکاماتِ وغیرہا) کے مفصل مجموعہ کی تصاویر کا ایک ریکارڈ ہے۔کائنات کے اندر جو بھی حرکت ہوئی یا ہونے والی ہے یا ہوگی۔ان کی تصاویر من وعن لوحِ محفوظ پر نقش ومرقوم ہے۔اب چونکہ اللہ جل شانہٗ نے ہر انسان کو ارادہ کا اختیار عطا فرمایا ہے۔جب بھی انسانی ارادوں کی تصاویر لوحِ محفوظ کی تصاویر میں شامل ہوجاتی ہے۔اُس وقت لوحِ اول، لوحِ دوئم کی شکل اختیار کرلیتی ہے۔اسی لوحِ دوئم کو صوفیاء اپنی زبان میں ''**جُو**'' کہتے ہیں۔یعنی لوحِ محفوظ پہلا عالم تمثال ہے۔جبکہ ''جو'' دوسرا عالمِ تمثال ہے۔ جاننا چاہیئے۔کہ! ''جو'' تصوف کی زبان میں موجودات کا ایک ایسا مجموعہ ہے۔جو اللہ تعالیٰ کی صفات کے خدوخال پر مشتمل

ہے۔ چونکہ ''جو'' لوحِ دوئم کہلاتی ہے۔ لہذا یہ لوحِ اول (یعنی) لوحِ محفوظ کے متن کی تفصیل ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے ''کُن'' فرمایا۔ تو صفاتِ الٰہیہ کائنات کی شکل وصورت بن گئیں۔ یعنی کہ اللہ تعالیٰ کی صفات کے اجزاء کثرت کا چہرہ بن گئے۔ یہ چہرہ ان تمام ارواح یا اجزاء کا مجموعہ ہے۔ جن کو الگ الگ مخلوق کی شکل و صورت حاصل ہوئی۔ یہ تخلیق کی پہلی تعریف ہوئی۔ کہ اجزائے لاتجزاء یعنی روحیں (کہ) جن کو قرآنِ حکیم میں ''امر ربی'' کہا گیا۔ موجودات کی صورت میں نمایاں ہوگئیں۔ اس تعریف کو مدنظر رکھ کر ہم اس ربط کو نہیں بھول سکتے۔ جو خالق ومخلوق کے مابین ہے۔ اسی ربط کو تصوف کی زبان میں ''جو'' کہا گیا ہے۔ جبکہ جو کی دوسری تعریف یہ ہے۔ کہ! مخلوق ہر قدم پر خالق کے ربط کی محتاج ہے۔ اور خالق کی صفات ہی ہر لمحہ ''جو'' کو حیاتِ نو عطا کرتی ہے۔ ''جُو'' کے تیسرے مرحلہ میں، جو کہ پیدائش کا ذریعہ ہے۔ وہ رخ اول ہے۔ ''جُو'' کا چوتھا سلسلہ پیدائش کی شکل وصورت کا نام ہے۔ جو رخ ثانی ہے۔ یہ دونوں رخ ''جُو'' کے تنوع کا مجموعہ ہیں۔ ''جُو'' کا پانچواں سلسلہ افراد کا ذہنِ تنظیم کی نوعیت اختیار کر لیتا ہے۔ یعنی ''جو'' کا انفرادی احساس ایک ایک فرد کے احساس کا ادراک کر لیتا ہے۔ جو کہ ''**نحن اقرب اليه من حبل الوريد** '' کی شرح ہے۔ جاننا چاہیئے۔ کہ! کائنات میں جو چیز شعور کو محسوس ہوتی ہے۔ یا نظر آتی ہے۔ یا شعور اس کا ادراک کرتا ہے۔ اس کا وجود تمثلِ اول کی شکل میں ''جُو'' کے اندر پایا جاتا ہے۔ ہر تخلیق (جیسے انسان، جن، فرشتہ، نباتا، جمادات، حشرات، چوپائے، چرند وپرند وغیرہا) تمثلِ اول کا عکس ہے۔ کائنات کا ہر فرد ''جُو'' کے ذریعے لاشعوری طور پر ایک دوسرے کے ساتھ روشناس ومنسلک ہے۔ تصوف کی زبان میں ''جُو'' کی تفصیلات کو ''**مغیبات اکوان**'' کہا جاتا ہے۔ اگر کسی (خوش نصیب) شخص کو مغیباتِ اکوان کا علم حاصل ہو جائے۔ تو وہ ایک ذرہ کی حرکت کو دوسرے ذرہ کی حرکت سے ملحق دیکھ سکتا ہے۔ بالفاظِ دیگر ''جُو'' کا شعور رکھنے والا شخص ہزاروں سال پہلے کے یا ہزاروں سال بعد کے واقعات کا مشاہدہ کرنا چاہے۔ تو بآسانی کرسکتا ہے۔ انسانی لاشعور کائنات کے ہر ذرے کی شکل وصورت، حرکات وسکنات اور باطنی حسیات سے بخوبی واقف ہوسکتا ہے۔ بشرطیکہ اسے اپنے لاشعور کا مطالعہ کرنے پر عبور اور کمال حاصل ہو جائے۔ یہ مطالعہ رویا کی صلاحیتیں بیدار کرنے کے بعد ممکن ہے۔ اس صلاحیت کو ''**کشف الجُو**'' کہا جاتا ہے۔ اور کشف الجو وہ صلاحیت ہے۔ جس سے ہر انسان نسبتِ وحدت کے تحت روشناس ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم کی تشکیل کا نام کائنات ہے۔

ایک عجیب و غریب حقیقت بطرزِ نظم

جگہ جی لگانے کی دنیا نہیں ہے — یہ عبرت کی جا ہے تماشا نہیں ہے
جہاں میں ہیں عبرت کے ہر سو نمونے — مگر تجھ کو اندھا کیا رنگ و بُو نے
کبھی غور سے دیکھا ہے تو نے — جو معمور تھے وہ محل اب ہیں سونے
ملے خاک میں اہلِ شاں کیسے کیسے — مکیں ہو گئے لا مکاں کیسے کیسے
ہوئے نامور بے نشاں کیسے کیسے — زمیں کھا گئی نوجواں کیسے کیسے
اجل نے نہ کسریٰ ہی چھوڑا نہ دارا — اسی سے سکندر فاتح بھی ہارا
ہر ایک چھوڑ کے کیا حسرت سدھارا — پڑا رہ گیا سب یہیں کھاٹ سارا
تجھے پہلے بچپن نے برسوں کھلایا — جوانی نے پھر تجھ کو مجنوں بنایا
بڑھاپے نے پھر آ کے کیا کیا ستایا — اجل تیرا کر دے گی بالکل صفایا
یہی تجھ کو دھن ہے رہوں سب سے بالا — ہو زینت نرالی ہو فیشن نرالا
جیا کرتا ہے کیا یونہی مرنے والا — تجھے حُسنِ ظاہر نے دھوکے میں ڈالا
وہ ہے عیش و عشرت کا کوئی محل بھی — جہاں تک میں کھڑی ہو اجل بھی
یہ دنیائے فانی ہے محبوب تجھ کو — ہوائی واہ کیا چیز مرغوب تجھ کو
نہیں عقل اتنی بھی مجذوب تجھ کو — سمجھ لینا چاہیئے اب خوب تجھ کو
بڑھاپے میں پاکر پیامِ قضا بھی — نہ چونکا نہ چیتا نہ سنبھلا ذرا بھی
کوئی تیری غفلت کی ہے انتہا بھی — جنوں چھوڑ کر اپنے ہوش میں آ بھی
جب اس بزم سے دوست چل دیئے اکثر — اور اُٹھے چلے جا رہے ہیں برابر
ہر وقت پیشِ نظر ہے یہ منظر — یہاں پر تیرا دل بہلتا ہے کیونکر
جہاں میں کہیں شورِ ماتم بپا ہے — کہیں فکر و فاقہ سے آہ و بقا ہے
کہیں شکوہ و جور و مکر و دغا ہے — غرض ہر طرف سے بس یہی اِک صدا ہے
جگہ جی لگانے کی دنیا نہیں ہے — یہ عبرت کی جا ہے تماشا نہیں ہے

یا رحمٰن یا رحیم | **باب الصلاۃ 〈اہمیت و فلسفہء نماز〉** | یا حی یا قیوم

یا یھا الذین اٰ منوا اذا قمتم الی الصلاۃ فاغسلوا وجوھکم وایدیکم الی المرافق وامسحوا برء وسکم وارجلکم الی الکعبین ط (سورہ مائدہ۔آیت نمبر 5) اے ایمان والو! جب تم نماز کے لئے اُٹھو۔تو اپنے منہ کو اور ہاتھوں کو کہنیوں سمیت دھو لو۔اپنے سروں کا مسح کرو۔اور اپنے پاؤں کو ٹخنوں سمیت دھولو۔ **واقم الصلوٰۃ** ط **اِن الصلوۃَ تنھٰی عن الفحشاءِ والمنکر** ط اور نماز کو قائم کریں۔بے شک نماز بے حیائی اور ناشائستہ امور سے روکتی رہتی ہے۔(عنکبوت۔45)۔

نمازِ زاہداں سجدہ سجود اَست نمازِ عاشقاں ترکِ وجود اَست

حضرت ابودرداء ؓ کہتے ہیں۔کہ! میرے خلیل ﷺ نے مجھ کو وصیت فرمائی۔کہ! تم اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک مَت کرنا۔اگر چہ تمھارے ٹکڑے (کیوں نہ) کردیئے جائیں۔اور جلا دیئے جاؤ۔اور فرض نماز کو جان بوجھ کر (کبھی بھی) مَت چھوڑنا۔کیونکہ! جس نے جان بوجھ کر اسے (یعنی فرض نماز کو) چھوڑا۔تو اس (بےنمازی) پر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ اُٹھ جائے گی۔اور تم شراب (قطعًا) مَت پینا۔کیونکہ شراب جملہ برائیوں کی کنجی ہے۔(سنن ابن ماجہ)

حضرت بریدہ ؓ بیان کرتے ہیں۔کہ! حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔(کہ) ہمارے اور ان (منافقین) کے درمیان نماز عہد ہے۔پس جس نے اسے (یعنی نماز کو) ترک کیا۔تو (گویا) اس نے کفر کیا۔(ترمذی۔نسائی۔ابن ماجہ۔صحیح ابن حبان۔المستدرک للحاکم)

حضرت عبداللہ بن شقیق ؒ بیان کرتے ہیں۔کہ! حضرت رسولِ مکرم ﷺ کے صحابہء کرام ؓ میں سے صِرف ترکِ نماز کو کفر تصور کیا کرتے تھے۔(احمد)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص ؓ، آنحضور نبی مکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔کہ آپ ﷺ نے ایک روز نماز کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔کہ جس نے نماز کی حفاظت اور پابندی کی۔تو وہ (نماز) اس کے لئے قیامت کے دن، نُور، دلیل اور نجات ہوگی۔اور جس نے اس (نماز) کی حفاظت و پابندی نہ کی۔تو قیامت کے دن اس کے لئے نور، دلیل اور نجات نہیں ہوگی۔اور وہ قارون، فرعون، ہامان اور ابی بن خلف کے ساتھ ہوگا۔(احمد، دارمی، شعب الایمان)

جو نمازنمازی کو بدکاری سے باز نہ رکھے۔وہ نماز نمازی کو اللہ تعالیٰ سے مزید دور کردے گی۔ (**المعجم الکبیر**۔طبرانی)

واقم الصلوٰۃ لذکری۔ نماز میری یاد کے لئے قائم کرو۔(سورہ طٰہٰ۔آیت نمبر 14) **قد افلح المؤمنون .الذین ھم فی صلا تھم خا شعون**. وہ مومنین فلاح پاگئے۔جو اپنی نمازوں میں خشوع کرتے ہیں۔(سورہ مومنون۔آیت نمر 1۔2)

عجب ہے ادائیگیء نماز کا معاملہ کوئی قضاء کرے تو روئے ، کوئی ادا کرے تو روئے

فخلف من م بعد ھم خلف اضا عوا الصلوٰۃ واتبعوا الشھوٰت فسوف یلقون غیا۔(سورہ مریم۔59) پھر ان کے بعد ایسے لوگ اِن کی جگہ آئے۔جنھوں نے نمازوں کو برباد کیا۔اور اپنی نفسانی خواہشات کے پیچھے چلے۔چنانچہ اِن کی گمراہی بہت جلد اِن کے سامنے آجائے گی۔(سورہ مریم۔59) **قل ان صلا تی و نسکی و محیا ی و مما تی للہ رب العا لمین** کہہ دیں۔کہ میری نماز، قربانی، جینا و مرنا سب کچھ اللہ تعالیٰ کے لئے ہے۔جو رب ہے تمام عالمین کا۔(سورہ انعام۔آیت 162) **ان الصلوٰ ۃ کا نت علی المؤ منین کتبًا مو قو تا**۔ یقینًا! نماز کا مومنوں پر وقت پر ادا کرنا فرض ہے۔(سورہ النساء۔05) **فو یل للمصلین الذین ھم عن صلا تھم سا ھون**۔ان نمازیوں کے لئے خرابی ہے۔جو اپنی نمازوں سے غافل ہیں۔

روزِ محشر کہ جاں گداز بود اولیں پُرسش نماز بود

حضرت ابوہریرہ ؓ بیان کرتے ہیں۔کہ! مَیں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا۔کہ! بندے سے روزِ قیامت اس کے اعمال میں سب سے پہلے نماز کا حساب لیا جائے گا۔اگر وہ صحیح ہوئی۔تو وہ فلاح و نجات پا گیا۔اور اگر وہ (یعنی اس کی نماز) صحیح نہ ہوئی۔تو پھر وہ ناکام و نامراد ہوگا۔اگر اس کے فرائض میں کوئی کمی ہوئی۔تو رب متعال فرمائے گا۔دیکھو۔کیا میرے بندے کے کچھ نوافل ہیں۔تو اس سے فرائض کی کمی کو ان (نوافل) سے پورا کردیا جائے گا۔پھر باقی کا اعمال کا حساب اسی طرح سے ہوگا۔ (الحدیث) حضرت سعد ؓ فرماتے ہیں۔(کہ) مَیں نے نبی مکرم ﷺ سے پوچھا۔**الذین ھم عن صلا تھم سا ھون**۔(آیت) کے بارے میں پوچھا۔تو آپ ﷺ نے فرمایا۔وہ لوگ جو نماز کو وقت سے مؤخر کرتے ہیں۔**وأمر اھلک با لصلا ۃ واصطبر علیھا**۔اپنے اہل وعیال کو نماز کی تلقین کرو۔اور خود بھی اس کے پابند رہو۔(سورہ طٰہٰ۔132) **ما سلککم فی سقر**۔(تمھیں کس چیز نے سقر (یعنی جہنم کی جھلستی ہوئی آگ) میں ڈالا؟) **قالوا لم نک من المصلین**۔(وہ کہیں گے۔(کیونکہ) ہم نماز پڑھنے والوں میں سے نہ تھے)۔(سورہ مدثر۔آیت نمر 43-42) **منیبین الیہ واتقوہ و اقیموا الصلوٰۃ ولا تکو نوا من المشر کین**۔مومنو اُسی اللہ کی طرف رجوع کئے رہو۔اور اسی سے ڈرتے رہو۔ اور نماز پڑھتے رہو۔اور مشرکین میں سے مَت ہوجانا۔(سورہ روم۔آیت نمبر 31) (بقول خواجہ اجمیری ؒ)

☆ **لا ایمان لمن لا صلوٰ ۃ لہ**۔ جس کی نماز نہیں۔اُس کا ایمان نہیں۔ (الحدیث نبوی ﷺ) ☆ **الصلوٰۃ معراج المؤ منین**۔ نماز مومنین کی معراج ہے۔(بخاری شریف) ☆حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔جس نے نمازِ عشاء جماعت کے ساتھ ادا کی۔(وہ ایسے ہے۔کہ) گویا اس نے نصف شب عبادت کی۔اور جس نے نمازِ فجر بھی جماعت کے ساتھ ادا کی۔(تو) گویا اُس نے پوری رات عبادت میں گزاری۔(صحیح مسلم شریف)

☆رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔تم میں سے کوئی شخص جتنی دیر نماز کے انتظار میں بیٹھتا ہے۔(وہ) نماز ہی میں رہتا ہے۔جب تک (کہ وہ) بے وضو نہ ہو

جائے ۔ ملائکہ اُس کے لئے دُعا کرتے رہتے ہیں ۔ اے اللہ اسے معاف فرما ۔ اے اللہ اس پر رحم فرما ۔ (صحیح بخاری ۔ صحیح مسلم) آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا ۔ جس نے دو رکعت نماز بغیر سہو کے ادا کی ۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے گذشتہ گناہ معاف کر دیئے ۔ **(ترمذی)** ☆ **صحیح بخاری** میں ہے ۔ کہ! جو اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسولِ معظم ﷺ پر ایمان لایا ۔ اور نماز کو قائم کیا ۔ اور روزے رکھے ۔ تو اللہ تعالیٰ پر اس (نماز پڑھنے والے نمازی) کا یہ حق ہو جاتا ہے ۔ کہ وہ (اللہ تعالیٰ) اسے جنت میں داخل کرے ۔ ☆ حضرت زید بن ثابتؓ سے روایت ہے ۔ کہ حضور رحمۃ اللعالمین ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ ''لوگو! اپنے گھروں میں نماز پڑھا کرو ۔ فرض نماز کے علاوہ مرد کی سب سے افضل نماز وہ ہوتی ہے ۔ جسے وہ اپنے گھر میں پڑھے ۔ **(سنن نسائی)** ☆ حضرت سیدنا جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے ۔ کہ حضور رحمۃ اللعالمین ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ '' جب تم میں سے کوئی شخص اپنی مسجد میں نماز ادا کر لے ۔ تو اسے چاہیئے ۔ کہ اپنے گھر کے لئے نماز میں سے کچھ حصہ بچا کر رکھے ۔ کیونکہ اللہ عزوجل اس نماز کے سبب اس کے گھر میں خیر و برکت عطا فرمائے گا ۔ **(صحیح مسلم)**

سودا گری نہیں ، یہ عبادت خدا کی ہے   اے بے خبر! جزا کی تمنا بھی چھوڑ دے

اچھا ہے دل کے ساتھ رہے پاسبانِ عقل   لیکن کبھی کبھی اسے تنہا بھی چھوڑ دے

☆ حضرت رسول مکرم ﷺ کو فرماتے سنا ہے ۔ کہ! ''وہ آدمی جہنم میں داخل نہ ہوگا ۔ جس نے سورج نکلنے سے پہلے (نمازِ فجر) اور سورج ڈوبنے سے پہلے (نمازِ عصر) پڑھی ۔ **(صحیح مسلم ۔ سنن نسائی ۔ مسندِ احمد)** ☆ بندے کو اللہ تعالیٰ کا سب سے زیادہ قرب نماز میں حاصل ہوتا ہے ۔ **(سنن ابن ماجہ)** ☆ حدیثِ قُدسی ہے ۔ کہ ! میرا بندہ کثرت نوافل سے میرے اس قدر قریب آ جاتا ہے ۔ کہ میں اس کی بصارت بن جاتا ہوں ۔ جس سے وہ دیکھتا ہے ۔ میں اس کا ن بن جاتا ہوں ۔ جس سے وہ سُنتا ہے ۔ میں اس کی زبان بن جاتا ہوں ۔ جس سے وہ کلام کرتا ہے ۔ میں اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں ۔ جن سے وہ گرفت کرتا ہے ۔ میں اس کے پاؤں بن جاتا ہوں ۔ جن سے وہ چلتا ہے ۔ جب وہ مجھ سے کوئی سوال کرتا ہے ۔ تو میں اسے ضرور دیتا ہوں ۔

کجھ ہار تے جیت وچ نہیں مِلدا   کجھ بُغض دی ریت وچ نہیں مِلدا

رب صِرف مسیت وچ نہیں مِلدا   مخلوقِ خدا نال پیار تے کر

(یہ ایک مشہور حدیث قدسی ہے ۔ جو کہ حدیث کی کتبِ صحاح ستہ اور تصوف کی کتب میں تواتر اور تسلسل کے ساتھ موجود ہے)

فرض نمازوں کے علاوہ چند ایسی نفل نمازیں بھی احادیثِ نبوی ﷺ میں صحیح روایات کے ساتھ منقول ہیں ۔ جو اہلِ تقوٰی مسلمان بہن بھائیوں کے عظیم المرتبت درجات میں بلندی اور نیکیوں کے حصول کے لئے ادا کی جاتی ہیں ۔ اور احادیثِ نبویہ ﷺ اور آثار میں ان نمازوں کی بہت سی روایات مِلتی ہیں ۔ اولیائے عُظام نے تو ان نفل نمازوں کو اپنے اوپر فرض کر رکھا تھا ۔ کیونکہ انہیں قائم کرنے ہی سے قُربِ خُداوندی حاصل ہوتا ہے ۔ ☆ حضرت ابو سلمہؓ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت کرتے ہیں ۔ کہ! انہوں نے فرمایا رسول اکرم ﷺ نے فرماتے ہیں ۔ کہ! بتاؤ ۔ اگر تم میں سے کسی کے دروازے پر نہر ہو ۔ اور وہ روزانہ اس سے پانچ مرتبہ غسل کرے ۔ تو کیا اس کے جسم پر (کوئی) مَیل باقی رہتی ہے؟ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا ۔ یا رسول اللہ ﷺ ، نہیں ۔ (تو) آپ ﷺ نے فرمایا ۔ نمازوں کی (بھی بعینہٖ) یہی مثال ہے ۔ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے (نمازی بندے) کی تمام خطائیں مٹا دیتا ہے ۔ ☆ حضرت ابوثعلبہ قلبیؓ کہتے ہیں ۔ (کہ) مَیں نے جناب امیر المؤمنین حضرت عمر بن خطابؓ سے سنا ۔ فرماتے ہیں ۔ رسولِ مکرم ﷺ نے فرمایا ۔ لوگ (گناہوں اور برے کاموں کی) آگ میں جلتے ہیں ۔ (جب وہ) صبح کی نماز پڑھتے ہیں ۔ تو (وہی صبح کی نماز) پہلے کے گناہوں کو دھو ڈالتی ہے ۔ یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ نے پانچوں نمازوں کا ذکر فرمایا ۔ ☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔ جب کوئی تم میں سے سویا ہوا ہوتا ہے ۔ تو شیطان (لعین) اس کے سر کی گدی پر خوب اچھی طرح سے تین گرہیں لگا دیتا ہے ۔ اور ہر (ایک) گرہ پر افسون پھونک دیتا ہے ۔ کہ ابھی بہت رات باقی ہے ۔ پڑا سوتا رہ ۔ لیکن اگر وہ شخص جاگ کر اللہ تعالیٰ کا ذکر شروع کرتا ہے ۔ تو ایک گرہ کھل جاتی ہے ۔ پھر وہ وضو کرتا ہے ۔ تو دوسری گرہ (بھی) کھل جاتی ہے ۔ پھر جب (وہی شخص) نمازِ فجر پڑھتا ہے ۔ تو تیسری گرہ بھی کھل جاتی ہے ۔ اور صبح کو (وہی شخص) خوش مزاج ، خوش دل رہتا ہے ۔ ورنہ بدمزاج سست رہ کر وہ (پورا) دن گزارتا ہے ۔ **(صحیح بخاری)** ☆ جو نماز کو پابندی سے ادا کرے ۔ تو یہ نماز قیامت کے دن اُس (نمازی) کے لئے نور ، دلیل اور بخشش کا وسیلہ ہوگی ۔ **(مسند احمد)** ☆ حضرت عثمانؓ کے آزاد کردہ غلام حضرت حارثؓ فرماتے ہیں ۔ کہ! حضرت عثمانؓ بیٹھے ۔ پھر آپؓ نے پانی منگوا کر وضو کیا ۔ پھر فرمایا ۔ مَیں نے رسولِ اکرم ﷺ کو دیکھا ۔ (کہ) آپ ﷺ نے (بھی) اسی طرح وضو کیا ۔ جیسے مَیں نے کیا ۔ پھر فرمایا ۔ جس نے میرے اس وضو کی طرح وضو کیا ۔ پھر کھڑا ہوا ۔ اور ظہر کی نماز پڑھی ۔ تو صبح کی نماز سے اَب تک کے گناہ معاف ہو جائیں گے ۔ پھر کھڑا ہوا ۔ اور عصر کی نماز پڑھی ۔ تو ظہر کی نماز سے اَب تک کے گناہ معاف ہو جائیں گے ۔ پھر مغرب کی نماز پڑھی ۔ تو عصر سے مغرب تک کے درمیان ہونے والے گناہ معاف ہو جائیں گے ۔ پھر عشاء کی نماز پڑھی ۔ تو مغرب اور عشاء کے درمیان ہونے والے گناہ معاف ہو جائیں گے ۔ پھر شاید وہ ساری رات سویا رہا ۔ پھر جب اُٹھ کر صبح کی نماز پڑھے ۔ تو عشاء اور صبح کے درمیان پائے جانے والے گناہ معاف ہو جائیں گے ۔ کیوں کہ! نیکیاں بُرائیوں کو دور کر دیتی ہیں ۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا ۔ یہ نیکیاں ہیں ۔ (تو پھر) باقیات صالحات کیا ہیں؟ (تو) آپ ﷺ نے فرمایا ۔

سبحٰن الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اكبر . ولا حول ولا قوة الا با لله العلى العظيم ۔

دیارِ عشق میں اپنا مقام پیدا کر   نیا زمانہ ، نئے صبح و شام پیدا کر

مسئلۂ تقلید پرسیر حاصل بحث اور ممکنہ حل

عرض (البلوشی)! حضرات آئمہ کرام (امام ابوحنیفہؒ ،امام مالکؒ ،امام شافعیؒ ،امام حنبلؒ اور دیگر آئمہ مجتہدین) اُمتِ محمدیہؐ کی نہایت اہم شخصیات کی تعلیمات کا جب یہ خلاصہ ہے۔کہ! اگر ان کی اپنی ذاتی رائے (قیاس و اجتہاد) کسی بھی صحیح حدیث کے خلاف (متصادم) ہو۔تو یقیناً حدیث کو ترجیح دی جائے۔ (میرا جملہ مقلدین سے فقط ایک ہی سوال ہے۔کہ! اگر کوئی صحیحین کی احادیث کسی امام (حنفی، مالکی، شافعی اور حنبلی) کے قول کے مقابل یا متصادم آجائے۔تو کس قول کو ترجیح دی جائے گی؟ حدیثِ صحیح یا قولِ امام کو ؟) کیونکہ اِن کی آراء و اجتہادات کو قرآن وسنت پر کسی بھی طرح مقدم نہیں کیا جاسکتا۔بقولِ حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ! **اِذَا صَحَّ الْحَدِیْثُ فَھُوَ مَذْھَبِی**۔(جب حدیثِ صحیح ثابت ہوجائے۔تو وہی میرا مذہب ہے) **اِذَا قُلْتُ قَوْلًا یُخَالِفُ کِتَابَ اللّٰہِ وَخَبَرَ رَسُوْلِ اللّٰہِ ﷺ فَاتْرُکُوْا قَوْلِی**۔(جب میں کوئی ایسی بات کہوں۔جو کہ کتاب اللہ اور حدیثِ رسول ﷺ کے خلاف ہو۔تو میری بات کو چھوڑ دو) لیکن جب کوئی صحیح حدیثِ نبوی ﷺ کا علم ہوجائے۔تو تقلید کے بجائے سنت (یعنی صحیح حدیث) پر عمل کیا جائے۔صحاحِ ستہ یا احادیثِ صحیحہ کے مطابق مسلمان تو فقط ایک ہی جماعت ہے۔پھر یہ مسلمان اہلِ سنت (دیوبندی، بریلوی) یا اہلِ حدیث وغیرہا میں کیوں بٹے ہوئے ہیں؟اس تفرقہ اور بٹنے کی وجہ شاید دوکانداری اور شہرت ہو۔ (کیونکہ) قرآنِ حکیم کی تفسیر وشرح سنتِ نبوی ﷺ (قول وفعل یا کسی عمل کو آنحضور ﷺ کا پسند فرمانا) ہے۔پھر سیرتِ نبوی ﷺ (یعنی اسوہء حسنہ) کی عملی مثال صحابہ کرامؓ کا طرزِ عمل ہے۔ ☆ متفق علیہ (صحیح بخاری وصحیح مسلم) میں رفع یدین پر بکثرت احادیث موجود ہیں۔(اور) حضرت شاہ ولی اللہؒ نے فرمایا۔کہ! یعنی رفع الیدین کرنے والا مجھ کو نہ کرنے والے سے زیادہ پیارا ہے۔اسی لئے کہ! احادیثِ رفع الیدین بکثرت اور صحیح ہیں۔جن کی بناء پر انکار کی گنجائش نہیں ہے۔(حجۃ اللہ البالغہ) اور ویسے بھی ہم حنفی حضرات روزانہ نمازِ وتر میں اور سال بھر میں دو مرتبہ ''عیدین'' کی نمازوں میں رفع یدین کررہے ہوتے ہیں۔ ☆ متفق علیہ میں وارد ہے۔کہ! حضرت رسول کریم ﷺ نے فرمایا۔کہ! جس شخص نے سورہ فاتحہ نہ پڑھی۔اس کی نماز نہیں ہوئی۔(حضرت امام قسطلانیؒ اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں۔کہ! ہر رکعت میں (نمازی) خواہ اکیلا ہو یا مقتدی ہو۔خواہ امام سورہ فاتحہ سرًا یا جہرًا پڑھے۔مگر نمازی کا بلند آواز سے سورہ فاتحہ پڑھنا لازم ہے۔اور اسی طرح سے حضرت شاہ ولی اللہؒ حجۃ اللہ البالغہ میں فرماتے ہیں۔کہ! یہ حدیث عام ہے۔نماز چاہے فرض ہو یا نفل،اور وہ شخص چاہے امام ہو یا مقتدی یا اکیلا ہو۔یعنی کسی بھی نمازی کی کوئی نماز سورہ فاتحہ کے پڑھے بغیر نہیں ہوگی) ☆ متفق علیہ کے مطابق بعد نمازِ فجر بلند آواز سے دُعا پڑھی جائے گی۔تو پھر اہلِ سنت (دیوبند) واہلِ حدیث دُعا کیوں نہیں مانگتے۔ ☆ صحاحِ ستہ یا احادیثِ صحیحہ کے مطابق اذان سے اول وآخر درود وسلام کا ثبوت نہیں ملتا۔تو ہمارے ہاں ایک طبقہ (بریلوی) کیوں یہ عمل کرتا ہے۔ ☆ صحاحِ ستہ یا احادیثِ صحیحہ کے مطابق تیجے، چالیسویں، قل شریف (یعنی ختم قرآن) کا ثبوت نہیں ملتا۔اور اسی طرح سے جب صحاحِ ستہ یا احادیثِ صحیحہ کے مطابق اذان سے قبل درود وسلام کا ثبوت نہیں ملتا۔ تو ہمارے ہاں ایک طبقہ کیوں یہ عمل کرتا ہے۔ ☆ قرآن واحادیث (صحاحِ ستہ یا احادیثِ صحیحہ) کے مطابق جب سُود مطلقاً حرام وناجائز ہے۔تو ہمارے علمائے کرام نے بینکوں میں ان کو کیسے حلال قرار دلوایا ہے۔اور اس ناسور (یعنی سود) میں لچک دکھادی۔ ☆ متفق علیہ (صحیح بخاری وصحیح مسلم) میں ہے۔کہ! حضرت نبی مکرم ﷺ نماز مختصر اور پوری پڑھتے تھے۔ ☆ حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔تم میری پیروی کرو۔اور تمہارے پیچھے جو لوگ ہیں۔وہ تمہاری پیروی کریں۔ (صحیح بخاری)۔

الحاصل الکلام! آج کے ترقی یافتہ دور میں (جبکہ جملہ کتب احادیث تک جب رسائی ممکن ہے۔) ہر مسئلے کا تفصیلی حل صحاحِ ستہ، مستدرک للحاکم، صحیح ابنِ حبان، صحیح ابن خزیمہ وغیرہا میں موجود ہے۔اگر کسی مسئلے کا کافی وشافی حل مذکورہ کتب میں موجود نہیں ہے۔تو فقہائے اربعہ میں سے کسی کی بھی تقلید کی جاسکتی ہے۔

وضو کا مکمل اور جامع کا طریقہ (احادیثِ صحیحہ کی روشنی میں)

سب سے پہلے استنجاء کریں۔(پھر وضو کی نیت و ارادہ سے قبل خود کو حضوری کی کیفیت میں لے کرآئیں (یعنی یہ سوچیں کہ اللہ میرے ساتھ ہے، مجھے دیکھ رہا ہے اور مجھے سن رہا ہے) پھر وضو سے پہلے یہ پڑھیں (**اَتَوَضَّاءُ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ** ۔ **بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ**) پڑھیں۔وضو پاک وصاف پانی سے کریں۔(اگر ہو سکے تو وضو سے پہلے اور ہر نماز کے ساتھ مسواک کرنے کی عادت بنائیں)۔پہلے سے پہلے اپنے دونوں ہاتھ کلائیوں تک دھوئیں۔(دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کا خلال بھی کریں) پھر تین مرتبہ دائیں ہاتھ میں پانی ڈال کر کلی کریں۔پھر بائیں ہاتھ سے تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالیں۔پھر تین مرتبہ اپنا چہرہ (اوپر ماتھے تک، دونوں کانوں تک اور تھوڑی کے اختتام تک) دھوئیں۔(اگر داڑھی ہو تو داڑھی کے بالوں کا خلال کریں) پھر تین مرتبہ اپنے دونوں ہاتھوں کو کہنیوں تک دھوئیں۔پھر اپنے دونوں ہاتھوں سے (پورے) سر کا ایک مرتبہ مسح کریں۔(سر کے شروع حصے سے ابتدا کر کے گردن کے پچھلے حصے تک لے جائیں۔اور وہاں سے واپس شروع والے حصے تک لے آئیں)۔پھر دونوں کانوں کے اندر اور باہر کا ایک مرتبہ مسح کریں۔پھر اپنے دونوں پاؤں ٹخنوں تک تین تین مرتبہ دھوئیں۔(وضو کے آخر میں دونوں پاؤں کی انگلیوں کا خلال بھی کریں) وضو کرنے کے بعد یہ دعا پڑھیں۔ **اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ**۔ (اور یہ دعا بھی پڑھ لیں) **سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ** ۔ (ہر عضو کا تین مرتبہ اور ایک مرتبہ دھونا سنت ہے) آنحضور ﷺ نے فرمایا۔جس نے میرے اس طریقے کے مطابق وضو کیا۔پھر دو رکعت (تحیۃ الوضو) پڑھیں۔اس طرح سے کہ اپنے نفس سے کوئی بات نہ کی۔تو اس کے سابقہ گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں۔(صحیح بخاری۔159)

مختصر مگر جامع نماز کا طریقہ (احادیثِ صحیحہ کی روشنی میں)

یہاں پر مختصر مگر جامع نماز کا طریقہ (بمطابق احادیثِ صحیحہ) بیان کیا جارہا ہے۔ نماز سے قبل (قبلہ رُو کھڑے ہوکر) نیت کرلیں۔ (لیکن بہتر ہے۔ کہ! نماز کی نیت وارادہ سے پہلے خود کو حضوری کی کیفیت میں لے کر آئیں (یعنی یہ سوچیں۔ کہ! اللہ میرے ساتھ ہے، مجھے دیکھ رہا ہے اور مجھے سن رہا ہے) یاد رہے۔ کہ! پوری نماز اطمینان سے ٹھہر ٹھہر کر ادا کرنی چاہیئے۔ نماز کے کسی بھی رکن کو تیزی سے ادا نہیں کرنا چاہیئے۔ نماز کو اپنے اوپر قرض سمجھ کر نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ سے اپنی یقینی محبت کا اظہار کرتے ہوئے ادا کرنا چاہیئے۔ (طریقہ نماز) دونوں ہاتھوں کو کندھوں تک لے جاتے ہوئے رفع یدین کرتے ہوئے تکبیر (اَللّٰہُ اَکْبَرُ) کہہ کر پھر اپنا دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ کی کلائی پر (ناف سے کچھ اوپر یا سینہ پر) رکھے۔ (نماز کے دوران نمازی کا قبلہ رُخ ہونا اور نظروں کا سجدہ والی جگہ پر ہونا ضروری ہے۔ اوپر نیچے یا اِدھر اُدھر دیکھنے سے نماز میں چوری ہوتی ہے۔ یعنی نماز کی حضوری میں بد دیانتی ہے) ہاتھ باندھنے کے بعد ہم لوگ عموماً ''سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَ بِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَ تَعَالٰی جَدُّکَ وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ'' پڑھتے ہیں۔ یہ دعا صحیح مسلم، جامع ترمذی اور سنن نسائی میں ہے۔ مگر صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ایک اور دعا بھی وارد ہے۔ جو کہ یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ بَاعِدْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ خَطَایَایَ کَمَا بَاعَدْتَ بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اَللّٰھُمَّ نَقِّنِیْ مِنَ الْخَطَایَا کَمَا یُنَقَّی الثَّوْبُ الْاَبْیَضُ مِنَ الدَّنَسِ اَللّٰھُمَّ اغْسِلْ خَطَایَا بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرْدِ ۔ اس کے بعد یہ کہیں۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ مِنْ ھَمْزِہٖ وَنَفْخِہٖ وَنَفْثِہٖ ۔ پھر اس کے بعد تسمیہ پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ پھر سورہ فاتحہ پڑھ کر کوئی سورہ پڑھیں۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ☆ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ☆ مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ☆ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ☆ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ☆ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ☆ (آمین) نمازی کو چاہیئے۔ کہ! جہری نماز میں ''آمین'' کو تھوڑا زور سے کہیں۔ کہ کم از کم خود اپنی آواز کو سن سکیں۔ (بہر حال) سورہ فاتحہ کی ساتوں آیات کو سکتہ (ٹھہر ٹھہر کر) پڑھنے کی عادت بنائے۔ روانی کے ساتھ ایک ہی بار میں سورہ فاتحہ کو نہ پڑھیں۔ صحیح مسلم **(878)** کی ایک طویل حدیث کے کچھ حصہ میں ہے۔ کہ! حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کہ! جس نے نماز ادا کی۔ اور اس میں ام القرآن نہ پڑھی۔ تو اس کی نماز ناقص ہے۔ ناقص ہے۔ ناقص ہے۔ (تو پھر) حضرت ابو ہریرہؓ سے کہا گیا۔ کہ! ہم بعض اوقات امام کے پیچھے ہوتے ہیں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ فاتحہ کو دل میں پڑھو۔۔۔ (بہر حال) سورہ فاتحہ کے بعد کوئی سورہ پڑھیں۔ مگر سورہ پڑھنے سے قبل تسمیہ پڑھیں۔ فرض نمازوں میں پہلی دو رکعتوں میں فاتحہ کے ساتھ سورہ پڑھنی ہیں۔ جبکہ آخری دو رکعتوں میں صرف سورہ فاتحہ پڑھنی ہوگی۔ جبکہ سنت چاہے دو ہوں یا چار، ان میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ پڑھنا ہوگی۔ (چاہے دو رکعت ہو یا چار رکعت، سورہ قرآنی کو قرآنی ترتیب کے ساتھ پڑھنا ہے۔ لہذا بہتر ہے۔ کہ! کم از کم آخری دس سورتوں کو لازماً زبانی طور پر یاد کرلیں) اس کے بعد تکبیر (اَللّٰہُ اَکْبَرُ) کہتے ہوئے رکوع میں جانا ہے۔ رکوع میں جانے سے قبل کچھ سیکنڈ (3 سے 5 سیکنڈ) سکتہ کریں۔ پھر رکوع میں جا کر یہ تسبیح تین مرتبہ پڑھنی ہے۔ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ ۔ (رکوع کا مطلب ہے۔ کہ! اپنی کمر کو زمین کی جانب اس قدر جھکائیں۔ کہ! اپنے دونوں ہاتھوں سے اپنے دونوں گھٹنے مضبوطی سے پکڑ لو۔ لیکن ہاتھوں کو پہلوؤں سے دور رکھنا ہے۔ اور اپنے سر کو نہ تو اپنی پیٹھ سے اونچا کرو اور نہ ہی زیادہ نیچا کرو۔ یعنی سر پیٹھ کی سیدھ میں بالکل برابر ہونا چاہیئے) پھر رکوع سے سر اُٹھاتے وقت یہ پڑھیں۔ سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ پھر کہے۔ اللھم رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ، حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُبَارَکًا فِیْہِ ۔ اس کے بعد تکبیر (اَللّٰہُ اَکْبَرُ) کہتے ہوئے سجدہ میں جا کر یہ تسبیح تین مرتبہ پڑھنی ہے۔ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی ۔ (یا یہ تسبیح بھی پڑھی جاسکتی ہے۔ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَ بِحَمْدِکَ، اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ) سجدہ میں ناک اور پیشانی زمین سے جما کر لگائیں۔ اور دونوں بازؤں کو اپنے بغلوں (پہلوؤں) سے دور رکھیں۔ اسی طرح دونوں ہتھیلیاں (زمین پر کانوں کی سیدھ میں) برابر رکھیں۔ (یاد رکھیں کہ سجدہ میں نہایت ادب واحترام، عاجزی وانکساری لائیں۔ کیونکہ اسی حالت میں رب متعال کا سب سے زیادہ قرب حاصل ہوتا ہے) (سجدہ سات ہڈیوں کا زمین پر لگانے سے ہوتا ہے۔ چہرہ، دونوں ہتھیلیاں، دونوں گھٹنے اور دونوں پاؤں۔ بعض لوگ نماز میں پاؤں زمین پر نہیں لگاتے یا ناک نہیں لگاتے۔ ان امور سے نماز میں نقص پیدا ہوتا ہے) دوران سجدہ دونوں قدم کھڑے رکھیں۔ ایڑیاں ملالیں۔ اور ان کا رُخ قبلہ کی جانب کریں۔ پھر تکبیر (اَللّٰہُ اَکْبَرُ) کہتے ہوئے سجدہ سے سر اُٹھا کر (جلسہ میں) کچھ دیر بیٹھے رہیں۔ (کم از کم 1 سے 3 سیکنڈ)۔ بیٹھتے وقت دونوں پاؤں پیچھے کی جانب اس طرح سے رکھیں۔ کہ! دائیں پاؤں کو کھڑا رکھیں جبکہ بائیں پاؤں پر کولہے رکھ کر بیٹھ جائیں۔ پھر تکبیر (اَللّٰہُ اَکْبَرُ) کہتے ہوئے دوسرا سجدہ بھی بعینہ اسی طرح سے کریں۔ پھر یہ دوسرا سجدہ کرنے کے بعد زمین (دونوں ہاتھ رکھ کر) اعتماد کرتے ہوئے پھر تکبیر (اَللّٰہُ اَکْبَرُ) کہتے ہوئے دوسری رکعت کے لئے اُٹھ جائیں۔ اب دوسری، تیسری اور چوتھی رکعت میں تسمیہ پڑھ کر سورہ فاتحہ (بناء سکتہ کئے) آرام، اطمینان سے پڑھیں۔ لیکن ثناء (سبحانک اللھم ۔۔۔) اور تعوذ نہیں پڑھنی۔ دوسری رکعت میں بحالتِ تشہد یہ دُعا پڑھیں۔ اَلتَّحِیَاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّیِّبَاتُ، اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ، اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادَ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ، اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ ۔ اگر چار رکعت نماز ہو تو اس دعا کے بعد کھڑے ہو جائیں۔ لیکن اگر دو رکعت والی نماز ہے۔ تو اس دعا کے بعد یہ درود شریف پڑھیں۔ اَللّٰھُمَّ

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔ (اگر کوئی نمازی چار رکعت والی نماز میں دوسری رکعت میں دعائے تشہد کے ساتھ درود ابراہیم پڑھ لے۔ تو بھی کوئی حرج نہیں) اب اگر دو رکعتوں والی نماز (دو سنت یا فرض فجر) ہے یا تین رکعت (فرضِ مغرب) یا چار رکعت (سنت، فرض ظہر، عصر وعشاء) ہو ۔تو درود ابراہیم کے بعد درج ذیل ادعیہ میں سے کوئی دعا پڑھیں۔ ☆ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ ، وَ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَۃِ الْمَحْیَا وَ فِتْنَۃِ الْمَمَاتِ ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْمَاْثَمِ وَالْمَغْرَمِ ۔ (یا پھر یہ دعا پڑھ لیں) ☆ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا وَّلَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ، فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَۃً مِّنْ عِنْدِکَ ، وَارْحَمْنِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۔ (لیکن) عموماً ہم حنفی حضرات درود ابراہیم کے بعد یہ دعا پڑھا کرتے ہیں۔ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ☆ رَبَّنَا اغْفِرْلِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ☆ مذکورہ ادعیہ میں سے کوئی ایک دُعا پڑھ کر پہلے دائیں کندھے کی طرف منہ پھیرتے ہوئے کہیں۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ ۔ پھر بائیں کندھے کی طرف منہ پھیرتے ہوئے کہیں۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَۃُ اللّٰہِ ۔

فرض نمازِ پنج گانہ کے بعد پڑھی جانے والی اَدعیۃ اور اذکار

❁ اَللّٰہُ اَکْبَرُ . (صحیح بخاری ـ 842) اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ . اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ . اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ ـ (سنن ابی داؤد ـ 1513)

❁ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا وَ سُبْحَانَ اللّٰہِ بُکْرَۃً وَّ اَصِیْلًا. (صحیح مسلم ـ 1358)

❁ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ لَکَ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ . (صحیح بخاری)

❁ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ . اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ . (صحیح بخاری ـ 844)

❁ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَ مِنْکَ السَّلَامُ تَبَارَکْتَ یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ . (صحیح مسلم ـ 1335)

❁ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ .لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ لَا نَعْبُدُ اِلَّا اِیَّاہُ لَہُ النِّعْمَۃُ وَلَہُ الْفَضْلُ وَلَہُ الثَّنَآءُ الْحَسَنُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ وَلَوْ کَرِہَ الْکَافِرُوْنَ . (صحیح مسلم ـ 1343)

❁ اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَ شُکْرِکَ وَ حُسْنِ عِبَادَتِکَ. (سنن ابی داؤد ـ 1522)

❁ اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْآخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ . (صحیح بخاری ـ 6389)

❁ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا وَّلَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ، فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَۃً مِّنْ عِنْدِکَ ، وَارْحَمْنِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۔ (یہی دعا فرض نماز میں درودِ ابراہیم کے بعد ’’رب اجعلنی مقیم ۔۔۔کی جگہ پر بھی پڑھی جاسکتی۔)

❁ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْمُعَافَاۃَ فِی الدُّنْیَا وَالْآخِرَۃِ (صحیح بخاری.6389)

❁ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْھُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی . اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ . (صحیح مسلم)

❁ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَالْھَرَمِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ اَللّٰھُمَّ آتِ نَفْسِیْ تَقْوَاھَا وَ زَکِّھَا اَنْتَ خَیْرُ مَنْ زَکَّاھَا اَنْتَ وَلِیُّھَا وَمَوْلَاھَا . اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ عِلْمٍ لَا یَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَا یَخْشَعُ وَ مِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَۃٍ لَا یُسْتَجَابُ لَھَا. (صحیح مسلم ـ 6906) ❁ آیت الکرسی . (السنن الکبرٰی للنسائی عمل الیوم واللیلہ **9848**)

❁ سُبْحَانَ اللّٰہِ (33 مرتبہ) اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ (33 مرتبہ) اَللّٰہُ اَکْبَرُ (33 مرتبہ) لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ . (01 مرتبہ) (صحیح مسلم ـ 1352)

❁ سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوْنَ . وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ . وَالْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ. (3 مرتبہ) (المعجم الکبیر)

❁ سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ . (سنن ابی داؤد ـ **4859**)

صبح اور رات کے اذکار

صبح کے اذکار : اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡہِ . 101 مرتبہ۔ (بمطابق فرمانِ نبوی ﷺ اللہ کی قسم! میں ستر مرتبہ سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے استغفار اور اس سے توبہ کرتا ہوں۔ صحیح بخاری۔6307) اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ الَّذِیۡ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡہِ . 10 مرتبہ .(پڑھنے والے کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔اگرچہ وہ میدانِ جنگ ہی سے کیوں نہ بھاگا ہو۔سنن ابی داؤد۔1517)

سورہ فاتحہ (تسمیہ کے ساتھ ملا (یعنی) ملحمد والا طریقہ۔ 7 یا 70 مرتبہ) سورہ یٰسین ☆ سورہ واقعہ سورہ ملک

سورہ مزمل آیت الکرسی ☆ آخری آیات سورہ بقرہ (اٰمن الرسول ۔۔۔تا آخر) ☆ سورہ اٰل عمران (شھد اللہ انہ ۔۔تا ۔۔ بغیر حساب) آخری دس آیات سورہ کہف۔ آخری تینوں قل شریف (دس ۔ دس مرتبہ)

حَسۡبِیَ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَھُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ. 70 یا 100 مرتبہ.

بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِہٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمِ . 30 مرتبہ

رَضِیۡتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّ بِالۡاِسۡلَامِ دِیۡنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ (ﷺ) نَبِیًّا وَّ رَسُوۡلًا . 10یا 100 مرتبہ

اَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰی . 03مرتبہ. درود ابراھیمی . 10مرتبہ. سُبۡحَانَ اللّٰہِ . 100 مرتبہ.

مخصوص اذکار: اس کے علاوہ بعد نمازِ فجر اور قبل نمازِ مغرب ''مسبعاتِ عشر'' اور ''مخمساتِ عشر'' کا بھی معمول بنایا جائے۔

رات کے اذکار : رات کے اذکار میں اوپر (صبح) والے اذکار کے بعد مندرجہ ذیل اذکار پڑھنے ہیں۔اور وقت معین ومقرر کا معمول بہت نافع ہے۔

اَللّٰھُمَّ نَوِّرۡ قَلۡبِیۡ بِنُوۡرِ شَوۡقِکَ وَ حُبَّ قَلۡبِیۡ بِنُوۡرِ مُحَبَّتِکَ وَ عِشۡقِ قَلۡبِیۡ بِنُوۡرِ مَعۡرِفَتِکَ ۔ وَحَرِّقۡ قَلۡبِیۡ بِنَارِ عِشۡقِکَ وَارۡزُقۡنِیۡ اِزۡدِیَادِ مُحَبَّتِکَ حَتّٰی لَا یَبۡقٰی شَیۡءٌ غَیۡرُکَ ۔اٰمِیۡن۔ 10 یا 100 مرتبہ.

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ فِیۡ کُلِّ لَمۡحَۃٍ وَّ نَفۡسٍ عَدَدَ مَا وَسِعَہٗ عِلۡمُ اللّٰہِ .10 یا 100 یا 300 مرتبہ.

اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ بِجَاہِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ بۡنِ عَبۡدِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَ اٰلِہٖ وَسَلَّمَ o اِجۡمَعۡ بَیۡنِیۡ وَ بَیۡنَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ بۡنِ عَبۡدِاللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فِی الدُّنۡیَا قَبۡلَ الۡاٰخِرَۃِ O 10 یا 100 یا 300 مرتبہ.

اَللّٰھُمَّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ ثَبِّتۡنِیۡ عَلَی الۡاِیۡمَانِ .یَامُقَلِّبَ الۡقُلُوۡبِ ثَبِّتۡ قَلۡبِیۡ عَلٰی دِیۡنِکَ . 10 یا 100 مرتبہ.

یَا رَبِّ لَکَ الۡحَمۡدُ کَمَا یَنۡبَغِیۡ لِجَلَالِ وَجۡھِکَ وَ عَظِیۡمِ سُلۡطَانِکَ . 100 مرتبہ.

سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمۡدِہٖ سُبۡحَانَ اللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ وَبِحَمۡدِہٖ اَسۡتَغۡفِرُاللّٰہَ . 100 مرتبہ

سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکۡبَرُ . 100مرتبہ.

جَزَاللّٰہُ مُحَمَّدًا عَنَّا خَیۡرًا بِمَا ھُوَ اَھۡلُہٗ . 100 مرتبہ. یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ . 100 مرتبہ.

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَہٗ لَہُ الۡمُلۡکُ وَلَہُ الۡحَمۡدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ . 100 مرتبہ.

سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمۡدِہٖ . 300یا 1000مرتبہ. لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ . 300 یا 1000مرتبہ.

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الۡمَلِکُ الۡحَقُّ الۡمُبِیۡنُ . 100 مرتبہ. اِنَّا لِلّٰہِ وَ اِنَّا اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ . 10 یا 100 مرتبہ.

سُبۡحٰنَ مَنۡ سَبَقَتۡ رَحۡمَتُہٗ غَضَبَہٗ . اِنَّکَ لَا تُخۡلِفُ الۡمِیۡعَادَ . 10 یا 100 مرتبہ.

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ دِیۡنًا قَیِّمًا ۔ وَ اَسۡئَلُکَ اِیۡمَانًا کَامِلًا دَآئِمًا ۔ وَاَسۡئَلُکَ یَقِیۡنًا صَادِقًا ۔ وَاَسۡئَلُکَ قَلۡبًا خَاشِعًا ۔ وَاَسۡئَلُکَ عِلۡمًا نَافِعًا وَاَسۡئَلُکَ عَمَلًا مُتَقَبَّلًا ۔ وَاَسۡئَلُکَ الۡعَافِیَۃَ مِنۡ کُلِّ بَلِیَّۃٍ ۔ وَاَسۡئَلُکَ حُسۡنُ الۡعَافِیَّۃِ ۔ وَاَسۡئَلُکَ لِسَانًا ذَاکِرًا ۔ وَاَسۡئَلُکَ حَلَالًا طَیِّبًا ۔ وَاَسۡئَلُکَ رِزۡقًا وَاسِعًا ۔ وَاَسۡئَلُکَ دَوَامَ الۡعَافِیَۃِ ۔وَاَسۡئَلُکَ تَمَامَ الۡعَافِیَۃِ ۔ وَاَسۡئَلُکَ دَوَامَ الۡعَافِیَۃِ ۔ وَاَسۡئَلُکَ الشُّکۡرَ عَلَی الۡعَافِیَۃِ ۔وَاَسۡئَلُکَ الۡغِنٰی عَنِ النَّاسِ ۔ وَاَسۡئَلُکَ تَوۡبَۃً نَصُوۡحًا وَ تَوۡبَۃً قَبۡلَ الۡمَوۡتِ وَ رَحۡۃً عِنۡدَ الۡمَوۡتِ وَمَغۡفِرَۃً قَبۡلَ الۡمَوۡتِ وَ رَحۡمَۃً بَعۡدَ الۡمَوۡتِ وَالۡعَفۡوَ عِنۡدَ الۡحِسَابِ وَالۡفَوۡزَ بِالۡجَنَّۃِ وَالنَّجَاۃِ مِنَ النَّارِ بِرَحۡمَتِکَ یَا عَزِیۡزُ یَا غَفَّارُ ۔ اَللّٰھُمَّ یَارَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا ۔ وَاَلۡحِقۡنِیۡ بِالصَّالِحِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡھِمۡ ☆ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ حَمۡدًا کَثِیۡرًا طَیِّبًا مُبَارَکًا فِیۡہِ ۔ اَللّٰہُ اَکۡبَرُ کَبِیۡرًا ۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ کَثِیۡرًا ۔ وَ سُبۡحَانَ اللّٰہِ بُکۡرَۃً وَّ اَصِیۡلًا ۔ بِرَحۡمَتِکَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ o اٰمِیۡن ۔ (03مرتبہ)

سُبۡحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمۡدِکَ اَشۡھَدُ اَنۡ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ اَسۡتَغۡفِرُکَ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡکَ . 03 مرتبہ

سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمۡدِہٖ عَدَدَ خَلۡقِہٖ وَرِضَا نَفۡسِہٖ وَزِنَۃَ عَرۡشِہٖ وَمِدَادَ کَلِمَاتِہٖ. 100 مرتبہ.

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ عِلۡمًا نَافِعًا وَ رِزۡقًا طَیِّبًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا . 100 مرتبہ.

فرض نماز کی تاکید : صحیح بخاری کی ایک حدیث میں آیا ہے ۔کہ! ایک دیہاتی حضور ﷺ کی خدمت میں آیا۔اورعرض کی ۔کہ آپ ﷺ مجھے کوئی ایسا کام بتائیں ۔جس پر اگر مَیں ہمیشگی اختیار کروں ۔تو جنت میں داخل ہو جاؤں ۔تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کی عبادت کرو۔اوراس کا کسی کوشریک نہ ٹھہراؤ۔فرض نماز قائم کرو۔فرض زکوٰۃ دو۔اوررمضان کے روزے رکھو۔دیہاتی نے کہا۔ اس ذات کی قسم ! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ۔مَیں (آپ ﷺ کے فرمودہ) اِن اعمال پر کوئی زیادتی نہیں کروں گا ۔جب وہ پیٹھ موڑ کر جانے لگا۔تو حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔اگر کوئی ایسے شخص کو دیکھنا چاہے ۔جو جنت والوں میں سے ہو۔تو وہ اس شخص کو دیکھ لے ۔

صحیح بخاری کی ایک حدیث میں آیا ہے ۔کہ! نجد والوں میں سے ایک شخص حضور نبی کریم ﷺ کے پاس آیا۔پراگندہ مو(بکھرے بال) کے ساتھ ۔ہم اس کی آواز کی بھنبھناہٹ سنتے تھے ۔اورہم سمجھ نہیں پارہے تھے ۔کہ وہ کیا کہہ رہا ہے ۔یہاں تک کہ وہ نزدیک آن پہنچا۔جب معلوم ہوا۔کہ وہ اسلام کے بارے میں پوچھ رہا ہے ۔تو حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔دن رات میں پانچ نمازیں ہیں ۔اس نے کہا۔بس اس کے سوا تو کوئی نماز مجھ پر نہیں ۔تو آپ ﷺ نے فرمایا۔نہیں ۔نہیں ۔مگر یہ کہ تُو اپنی خوشی سے (سنت یا نفل وغیرہا) پڑھے ۔پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔اور رمضان کے روزے رکھنا۔اس (نجدی) نے عرض کیا۔اورتو کوئی روزہ مجھ پر فرض نہیں ۔تو آپ ﷺ نے فرمایا۔نہیں ۔مگر یہ کہ تُو اپنی خوشی سے (رمضان کے علاوہ نفلی روزہ) رکھے ۔تو حضرت طلحہ ؓ کہتے ہیں ۔رسول اللہ ﷺ نے اس سے زکوٰۃ کا بھی ذکر کیا۔اس نے کہا۔مجھ پر اس کے علاوہ (کوئی اورصدقہ بھی) فرض ہے ۔تو آپ ﷺ نے فرمایا۔نہیں ۔مگر یہ کہ تُو اپنی خوشی سے دے ۔حضرت طلحہ ؓ نے کہا۔ پھر وہ شخص پیٹھ موڑ کر یہ کہتا ہوا چلا گیا۔اللہ تعالیٰ کی قسم ! مَیں ان (احکامات سے ، جو کہ حضور ﷺ کے فرمودہ ہیں) سے نہ بڑھاؤں گا نہ گھٹاؤں گا ۔تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔اگر یہ سچا ہے ۔تو کامیاب ہوگیا۔

وہ تین سو تیرہ تھے ، تو لرزتا زمانہ آج ہم کروڑوں ہیں ، تو کرتے ہیں غلامی

نماز پنجگانہ کے فضائل : حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔مجھے بتاؤ۔اگر تم میں سے کسی شخص کے گھر کے سامنے نہر ہو۔اوروہ ہرروز اس میں پانچ مرتبہ غسل کرتا ہو۔تو کیا اس کے جسم پر کوئی مَیل باقی رہ جائے گی ؟ صحابہ کرام ؓ نے عرض کیا۔اس کے جسم پر کوئی مَیل باقی نہیں رہے گی ۔(تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔یہی پانچ نمازوں کی مثال ہے ۔اللہ تعالیٰ ان (پانچ نمازوں) کے ذریعے خطائیں مٹا دیتا ہے ۔(صحیحین) ☆ حضرت انس بن مالک ؓ فرماتے ہیں ۔کہ! رسولِ کریم ﷺ نے ارشادفرمایا۔اے عثمان بن مظعون ؓ جو شخص صبح کی نماز باجماعت ادا کرے ۔اسے مقبول حج اور عمرے کا ثواب ملتا ہے ۔ ☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔اے عثمان ؓ ! جو شخص ظہر کی نماز باجماعت ادا کرے ۔اس کے لئے اس نماز جیسی پچیس نمازوں کا ثواب ہے ۔اور جنت الفردوس میں ستر درجات حاصل ہوں گے ۔ ☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔اے عثمان ؓ ! جو شخص عصر کی نماز جماعت کے ساتھ ادا کرے ۔پھر سورج غروب ہونے تک اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول رہے ۔گویا اس نے حضرت اسمٰعیل ذبیح اللہ ؑ کی اولاد سے ایک غلام آزاد کیا۔اوران میں سے ہرایک کے ساتھ بارہ ہزار مرید ہوں گے ۔ ☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔اے عثمان ؓ ! جو شخص مغرب کی نماز باجماعت ادا کرے ۔اسے اس جیسی پچیس نمازوں کا ثواب (ملے گا)اورجنتِ عدن میں ستر درجے عطا کئے جائیں گے ۔☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔اے عثمان ؓ ! جو شخص عشاء کی نماز باجماعت پڑھے ۔گویا اس نے لیلۃ القدر میں قیام کیا۔

سُنن نمازوں کی تاکید : مذکورہ بالا احادیث کی روشنی میں تو فرض نماز ہی کی تاکید کی گئی ہے ۔مگر فرض نماز سے قبل یا بعد جو سنتیں پڑھی جاتی ہیں ۔ان کی دواقسام ہیں ۔ایک تو وہ قسم ہے ۔جس پر کہ آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے مداومت اختیار فرمائی ۔اوران کا ثبوت بھی صحیح احادیثِ نبویہ میں ہمیں ملتا ہے ۔وہ سنت مؤکدہ کہلاتی ہیں ۔ان کی تعداد بعض روایات میں بارہ ، کہیں دس اور کہیں چودہ بیان کی گئی ہیں ۔انہیں سنن مؤکدہ کہا جاتا ہے ۔جبکہ دوسری قسم کو سنن غیر مؤکدہ ۔چونکہ انسان مدارج ومقامات اورایمان میں بتدریج اضافہ کا خواہاں ہے ۔بلکہ اعمالِ صالحہ کے حصول میں حریص و متمنی بھی ہے ۔لہٰذا سنتوں کی ادائیگی سے اُسے مزید اجروثواب حاصل ہوگا۔(ان شاءاللہ) اسی ضمن میں چندا حادیث پیشِ خدمت ہیں ۔

بارہ رکعت کا ثواب : حضرت ام حبیبہ ؓ فرماتی ہیں ۔کہ! مَیں نے حضرت رسول اللہ ﷺ سے سنا۔کہ آپ ﷺ فرماتے ہیں ۔کہ! جس نے بارہ رکعتیں پڑھیں ۔تو اس کے لئے اس کے بدلے میں اللہ تعالیٰ جنت میں مکان (یعنی ایک نہایت عالیشان محل) بنائیں گے ۔حضرت ام حبیبہ ؓ فرماتی ہیں ۔کہ مَیں نے جس وقت سے اس (خوشخبری) کو جنابِ رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے ۔مَیں نے (کبھی بھی) ان کو نہیں چھوڑا ۔(صحیح مسلم) ☆ ترمذی شریف ،ابی داؤداورنسائی شریف کی ایک اورحدیث نبوی ﷺ میں آیا ہے ۔کہ! یہ مرفوع حدیث ذکر ہے ۔جوبھی مسلمان شخص فرضوں کے علاوہ روزانہ بارہ رکعت (نماز) صرف عبادت کی نیت سے پڑھا کرتا ہے ۔تو اللہ تعالیٰ جنت میں سے اس کے لئے گھر بنا دیتا ہے ۔ ☆ حضرت عبداللہ ؓ نے بیان کیا ہے ۔کہ! رسول اللہ ﷺ ظہر سے پہلے دورکعت ،اس کے بعد دورکعت ،اورمغرب کے بعد دورکعت اپنے گھر میں پڑھتے ۔اورعشاء کے بعد دورکعتیں پڑھتے ۔اور جمعہ کے بعد دورکعتیں ، جب گھر واپس ہوتے ۔تب پڑھا کرتے تھے ۔(صحیح بخاری ۔937) ☆ حضرت عبداللہ ؓ نے بیان کیا ہے ۔کہ! میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ظہر سے پہلے دورکعت سنت پڑھی ۔ظہر کے بعد دورکعت اور جمعہ کے بعد دورکعت اور مغرب کے بعد دورکعت اورعشاء کے بعد بھی دو رکعتیں پڑھی ہیں ۔(صحیح بخاری ۔1165) ☆ حضرت عبداللہ ؓ نے بیان کیا ہے ۔کہ! میں نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ ظہر سے پہلے دورکعت سنت ظہر کے بعد دورکعت سنت ،مغرب کے بعد دورکعت سنت ،عشاء کے بعد دورکعت سنت ،اور جمعہ کے بعد دورکعت سنت پڑھی

ہیں۔مگر مغرب اور عشاء کی سنتیں آپ ﷺ گھر میں پڑھتے تھے۔(صحیح بخاری۔1172) ☆ حضرت عبداللہؓ نے بیان کیا ہے۔کہ! مجھے حضرت نبی کریم ﷺ سے دس رکعت سنتیں یاد ہیں۔دو رکعت سنت ظہر سے پہلے، دو رکعت سنت ظہر کے بعد، دو رکعت مغرب کے بعد اپنے گھر میں، دو رکعت سنت عشاء کے بعد اپنے گھر میں اور دو رکعت سنت صبح کی نماز سے قبل اور یہ وہ وقت ہوتا تھا۔(کہ) جب آپ ﷺ کے پاس کوئی نہیں جاتا تھا۔(صحیح بخاری۔1180) ☆ حضرت عبداللہؓ نے بیان کیا ہے۔کہ! میں نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی۔آپ ﷺ نے ظہر کی نماز سے پہلے دو رکعتیں اور ظہر کی نماز کے بعد دو رکعتیں پڑھی ہیں۔اور مغرب کے بعد دو رکعتیں اور عشاء کے بعد دو رکعتیں اور جمعہ کے بعد دو رکعتیں پڑھی ہیں۔مگر مغرب، عشاء اور جمعہ کی رکعتیں میں نے نبی مکرم ﷺ کے گھر میں آپ ﷺ کے ہمراہ پڑھیں۔(صحیح مسلم۔1698) ☆ حضرت ام المؤمنین سیدنا عائشہ صدیقہؓ روایت کرتی ہیں۔کہ! حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! جو بارہ رکعات سنت پر مداومت کرے گا۔(تو بدلے میں) اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں گھر بنائے گا۔(جامع ترمذی شریف) بارہ رکعات کی تفصیل۔دو رکعت سنت فجر قبل فرض۔ چار رکعت سنت قبل فرض اور دو بعد فرض۔ دو رکعت بعد فرض مغرب۔ اور دو رکعت بعد فرض عشاء۔ (12 = 2+ 4 + 2 + 2 + 2) ☆ حضرت عائشۃ الصدیقہؓ فرماتی ہیں۔کہ! رسولِ پاک ﷺ اور ہم ایک دوسرے سے باتیں کر رہے ہوتے (تھے) کہ نماز کا وقت ہو جاتا۔تو (آپ ﷺ) ایسے ہو جاتے۔گویا ہم ایک دوسرے کو پہچانتے ہی نہیں۔ ☆ حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا ہے۔بہت سے نمازی ایسے ہیں۔(کہ) جن کو نماز سے رنج و تھکاوٹ کے سوا کچھ نصیب نہیں ہوتا۔اور یہ اس وجہ سے ہوتا ہے۔کہ (وہ نمازی لوگ) فقط بدن سے نماز پڑھتے ہیں۔(اور) دل غافل رہتا ہے۔ ☆ حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا ہے۔جس نماز میں دل حاضر (یعنی حضور قلب) نہ ہو۔حق تعالیٰ اس کی طرف دیکھتا بھی نہیں۔ ☆ حضرت علی المرتضیٰؓ جب نماز قصد کرتے۔تو آپؓ کے بدن میں کپکپی طاری ہو جاتی۔رنگ متغیر ہو جاتا۔اور فرماتے تھے۔کہ وہ امانت اُٹھانے کا وقت آیا۔(کہ) جسے ساتوں زمین و آسمان نہ اُٹھا سکے۔ ☆ حضرت امام حسینؓ جب نماز کے لئے وضو کرتے تھے۔تو ان کا رنگ زرد پڑ جاتا تھا۔اور ان پر کپکپاہٹ طاری ہو جاتی۔جب ان سے اس بارے میں پوچھا گیا۔تو فرمانے لگے۔(کہ) جو شخص رب تعالیٰ کے سامنے کھڑا ہوتا ہے۔اس کے لئے لازم ہے۔کہ! اس کی بزرگی اور جلالت سے حیاء کے باعث اس کا رنگ تبدیل ہو جائے۔

☆ حضرت سیدنا عبداللہ بن سعدؓ کہتے ہیں۔کہ میں نے آنحضرت رسالت مآب ﷺ سے سوال کیا۔کہ جو نماز میں گھر میں ادا کروں یا جو نماز میں مسجد میں ادا کروں۔ان میں سے کون سی نماز افضل ہے؟ فرمایا۔کیا تم نہیں دیکھتے۔کہ میرا گھر مسجد سے کتنا قریب ہے۔پھر بھی مجھے فرض نماز کے علاوہ دیگر نمازیں اپنے گھر میں ادا کرنا مسجد میں ادا کرنے سے زیادہ پسند ہے۔(سنن ابن ماجہ) ☆ جان لو! کہ تمھارے اعمال میں بہترین عمل نماز ہے۔(سنن ابن ماجہ)

فرض نماز میں سورہ فاتحہ کے لازمی پڑھنے کی تاکید :

قرآنِ حکیم کی ایک آیت میں آیا ہے۔کہ! **وَاِذَا قُرِیءَ الْقُرْآنَ فَاسْتَمِعُوْا لَہٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ**۔اور جب قرآنِ پاک پڑھا جائے۔تو اسے غور سے سنو۔اور خاموش رہو۔تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔(سورہ اعراف۔آیت نمبر 204) اسی طرح سے ''طحاوی شریف'' کی ایک حدیث ہے۔کہ! حضرت جابرؓ آنحضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔کہ! آپ ﷺ نے فرمایا۔ہر وہ شخص جس کا امام ہو۔تو امام کی قرأت ہی اس کی قرأت ہے۔اور اسی طرح سے **سنن ابن ماجہ** میں حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔امام اس لئے ہے۔کہ اس کی اقتداء کی جائے۔لہٰذا جب وہ ''اللہ اکبر'' کہے۔تو تم بھی ''اللہ اکبر'' کہو۔اور جب (امام) قرأت کرے۔تو خاموشی سے اس کو سنو۔اور (جب امام) ''**غیر المغضوب علیھم ولا الضالین**'' کہے۔تو آمین کہو۔اور جب (امام) رکوع کرے۔تو تم بھی رکوع کرو۔اور جب (امام) ''**سمع اللہ لمن حمدہ**'' کہے۔تو تم ''**اللھم ربنا ولک الحمد**'' کہو۔اور جب سجدہ کرے۔تو تم بھی سجدہ کرو۔اور جب بیٹھ کر نماز پڑھائے۔تو تم سب بھی بیٹھ کر نماز پڑھو۔ (بمطابق صحیحین!) **لَا صَلَاۃَ لِمَنْ لَّمْ یَقْرَأْ بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ**۔جو شخص (نماز میں) سورہ فاتحہ نہ پڑھے۔اس کی نماز نہیں ہوتی۔بلکہ **صحیح ابن ماجہ** میں تو یہ الفاظ بھی آئے ہیں۔**کُلُّ صَلَاۃَ لَا یَقْرَأُ فِیْھَا بِاُمِّ الْکِتَابِ، فَھِیَ خِدَّاجٌ، فَھِیَ خِدَّاجٌ**۔ہر وہ نماز جس میں سورہ فاتحہ نہ پڑھی جائے۔وہ فاسد ہے، وہ فاسد ہے۔ بقول (**البلوشی**)! غالباً حضرت امام مالکؒ کا بھی یہی طریقہ تھا) جہری نماز میں سورہ فاتحہ سنی جائے۔اور اگر چار رکعت جیسے عشاء یا تین رکعت جیسے مغرب کے ہیں۔تو مقتدی پہلی دو رکعتوں میں سنے اور باقی رکعتوں میں خود سورہ فاتحہ پڑھے۔مگر ظہر و عصر کی چاروں رکعتوں میں مقتدی خود سورہ فاتحہ پڑھے۔ واللہ اعلم

وتر کی آخری رکعت میں پڑھی جانے والی دُعائیں ::

☆ غیر مقلدین (اہلِ حدیث) حضرات یہ دعا پڑھتے ہیں۔ **اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْمَنْ ھَدَیْتَ۔ وَعَافِنِیْ فِیْمَنْ عَافَیْتَ۔ وَتَوَلَّنِیْ فِیْمَنْ تَوَلَّیْتَ۔ وَبَارِکْ لِیْ فِیْمَا اَعْطَیْتَ۔ وَقِنِیْ شَرَّ مَا قَضَیْتَ۔ فَاِنَّکَ تَقْضِیْ وَلَا یُقْضٰی عَلَیْکَ۔ وَاِنَّہٗ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ۔ وَلَا یَعِزُّ مَنْ عَادَیْتَ۔ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ۔** (حدیث صحیح از۔ جامع ترمذی، سنن ابن ماجہ، سنن نسائی، بیھقی)

☆ (**دُعائے قنوت**) فقہ حنفی کے لوگ یہ دعا پڑھتے ہیں۔ **اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ وَنُؤْمِنُ بِکَ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَنُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ۔ وَنَشْکُرُکَ وَلَا نَکْفُرُکَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ۔ اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْکَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَکَ وَنَخْشٰی عَذَابَکَ (اَلْجِدَّ)۔ اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ**۔

مسائلِ طہارت ۔ وضو ۔ نماز

چند چیدہ و چنیدہ مسائل کہ! جن کا عوام الناس (بالخصوص مجھ کمترین و عاجز) کو علم نہیں ۔

سوال: نماز کے لئے وضو ضروری ہے ۔ مگر وضو سے پہلے کچھ پڑھنا کیا لازمی ہے ؟

جواب: حضرت رسولِ کرم ﷺ نے فرمایا۔ جوشخص وضو (کرنے پہلے یعنی وضو کے شروع میں) ''اللہ تعالیٰ'' کا نام نہیں لیتا۔ اس کا وضو نہیں ہوتا۔ (سنن ابن ماجہ۔ مستدرک للحاکم) آپ ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو حکم فرمایا۔ **اَتَوَضَّاَوُ بِسْمِ اللّٰہِ**۔ وضو کرو اللہ کے نام سے ۔ (سنن نسائی ۔ ابن خزیمہ)

سوال: نماز کے لئے طہارت کی کیا اہمیت ہے ؟ طہارت کی کتنی اقسام ہیں ؟

جواب: نماز کے لئے طہارت اس قدر لازم ہے ۔ کہ! اس کے بغیر نماز ہی نہیں ہوسکتی ۔ حضرت نبی مکرم ﷺ کا ارشاد ہے ۔ کہ! جنت کی کنجی نماز ہے ۔ اور نماز کی کنجی طہارت ۔ (مسندامام احمد بن حنبلؒ) ویسے بھی ترمذی شریف کی حدیث کے مطابق '' طہارت نصف ایمان ہے ''۔ طہارت کی دو اقسام ہیں ۔ صغریٰ ۔ کبریٰ ۔ ☆ **طہارت صغریٰ** سے مراد وضو ہے ۔ ☆ **طہارت کبریٰ** سے مراد غسل ہے ۔

جن چیزوں سے صِرف وضو لازم آتا ہے ۔ ان کو حدثِ اصغر کہتے ہیں ۔ جبکہ جن چیزوں سے غسل لازم ہوتا ہے ۔ ان کو حدثِ اکبر کہتے ہیں ۔ (یاد رہے ۔ کہ) وضو یا غسل کے لئے پانی کے اندر چار اوصاف کا ہونا لازمی ہے ۔ آبِ سیال (بہنے والا پانی) ۔ جس پانی سے پیاس بجھائی جاسکے ۔ ایسا پانی ، جس سے کہ سبزہ و نباتات میں روئیدگی پیدا ہو سکے ۔ ایسا شفاف پانی ، کہ جس میں کوئی رنگ ملا ہوا نہ ہو ۔ عموماً خالص پانی کی یہ مثالیں کافی ہوں گی ۔ جیسے کہ دریا ، نہر ، چشمہ ، کنویں ، بارش ، تالابوں یا جھیلوں کا پانی (بشرطیکہ) ان پانیوں میں کوئی خراب ذائقہ اور بدبو نہ ہو ۔

سوال: وضو میں کتنے فرائض ، کتنی سنتیں ، کتنے مکروہات اور نواقص ہیں ؟

جواب: **وضو میں چار فرائض ہیں** ۔ منہ دھونا ۔ کہنیوں سمیت ہاتھوں کو دھونا ۔ سر کا مسح کرنا ۔ ٹخنوں سمیت دونوں پاؤں دھونا ۔

جبکہ **وضو میں کل چودہ سنن ہیں** ۔ وضو کی نیت کرنا ۔ زبان سے تسمیہ **(بسم اللہ الرحمٰن الرحیم)** پڑھنا (یا) **بسم العظیم والحمد للہ علیٰ دیـــن الاســـلام** پڑھنا ۔ مسواک کرنا ۔ ہاتھوں کی انگلیوں میں خلال کرنا ۔ کلی کرنا ۔ ناک میں پانی ڈالنا ۔ داڑھی میں خلال کرنا ۔ پہنچوں تک ہاتھوں کا دھونا ۔ سر کا مسح کرنا ۔ کانوں کا مسح کرنا ۔ پاؤں کی انگلیوں میں خلال کرنا ۔ ہر عضو کا تین مرتبہ دھونا ۔ پے در پے بناء و قفے کے وضو کرنا (تاکہ اعضاء خشک نہ ہوں) ۔ وضو کی ترتیب کو ملحوظِ خاطر رکھنا (یعنی پہلے ہاتھ دھونا ، پھر کلی کرنا پھر ناک میں پانی ڈالنا ، پھر منہ دھونا پھر ہاتھوں کو کہنیوں تک دھونا ، پھر سر کا مسح کرنا ، پھر پاؤں دھونا) ۔ **وضو میں کم وبیش چودہ مکروہات ہیں** ۔ ناپاک و نجس جگہ پر بیٹھ کر وضو کرنا ۔ حاجت سے کم وبیش پانی کا خرچ کرنا ۔ شدید ضرورت کے بغیر دنیاوی باتیں کرنا ۔ تین مرتبہ مسح کرنا اور ہر بار جدید پانی لینا ۔ مسجد کے اندر وضو کرنا ۔ عورت کے غسل یا وضو کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنا ۔ کسی برتن کو اپنے لئے خاص کر لینا ۔ بائیں ہاتھ سے وضو کرنا یا کلی کرنے یا ناک میں ڈالنے کے لئے پانی لینا ۔ بلا عذر دائیں ہاتھ سے ناک صاف کرنا ۔ جس پانی سے وضو کیا جائے ، اس میں تھوکنا ، کھنکھارنا یا سنکنا ۔ چہرے پر پانی زور سے مارنا ۔ پاؤں دھوتے وقت ان کو قبلہ کی طرف سے نہ پھیرنا ۔ اعضائے وضو سے لوٹے وغیرہ میں پانی کے قطرے یا چھینٹے گرانا یا ٹپکانا ۔ دھوپ کے گرم پانی سے وضو کرنا ۔ **وضو میں آٹھ نواقص ہیں** ۔ (کہ جن سے وضو یقیناً ٹوٹ جاتا ہے) ۔ پاخانہ یا پیشاب کی جگہ سے کسی نجس چیز کا برآمد ہونا (پیشاب ، پاخانہ ، مذی ، ودی ، کیڑا ، پتھری یا ریح (اور) منی بھی ، کیونکہ منی سے نہ صرف وضو ٹوٹتا ہے ۔ بلکہ غسل بھی فرض ہو جاتا ہے) ۔ بدن کے کسی بھی حصے سے خون ، پیپ یا لہو کا نکل کر اپنے مخرج سے پاک جگہ پر بہہ جانا ۔ منہ بھر کر قے آنا ۔ ٹیک لگا کر یا تکیہ و دیوار یا کسی چیز کے سہارے سو جانا ۔ نشے میں سرمست و مدہوش ہو جانا ۔ بے ہوشی ہو جانا ۔ نماز کے دوران (قصداً یا سہوًا) قہقہہ مارنا ۔ مباشرت وغیرہ کرنا ۔

سوال: **تیمم** کے فرائض وسنن کیا ہیں ؟ نیز **تیمم** کا کیا طریقہ ہے ؟

جواب: **تیمم میں تین فرائض ہیں** ۔ نیت ۔ پورے چہرے پر ہاتھ پھیرنا ۔ دونوں ہاتھوں کا کہنیوں سمیت مسح کرنا ۔ **تیمم میں پانچ سنتیں ہیں** ۔ شروع میں بسم اللہ ۔ ۔ ۔ پڑھنا ۔ ہاتھوں کو ہتھیلیوں کی طرف سے مٹی (پتھر ، ٹائل ، اینٹ ، زمین ، فرش وغیرہا پر آرام سے) مارنا ۔ دونوں ہاتھ مٹی پر رکھنے کے بعد آگے کھینچنا ۔ پھر دونوں ہاتھ مٹی پر رکھتے ہوئے پیچھے کو کھینچنا ۔ پھر دونوں ہاتھوں کو (انگوٹھے ملا کر) جھاڑنا ۔ ہاتھ (زمین و مٹی وغیرہ پر) مارتے ہوئے انگلیوں کو کشادہ کرنا ۔ **تیمم کے نواقص یہ ہیں** ۔ جس سے وضو ٹوٹے تیمّم بھی اس سے ٹوٹ جاتا ہے ۔ نیز پانی کے میسر ہونے پر بھی تیمّم ناقص ہو جاتا ہے ۔

تیمم کا مختصر طریقہ یہ ہے ۔ کہ! (پہلے سے انگوٹھی ، چھلا اتار لے) اول تیمّم کی نیت کرے ۔ پھر دونوں ہاتھ پاک زمین پر مار کر سارے منہ پر مَل لیوے ۔ ناخن (یا بال) برابر جگہ بھی نہ چھوٹے ۔ دوسری مرتبہ زمین پر دونوں ہاتھ مار کر دونوں ہاتھوں پہ کہنیوں سمیت مل لیوے ۔ (پہلے بائیں ہاتھ کی چار انگلیاں سیدھے ہاتھ کی انگلیوں کے سرے کے نیچے رکھ کر کھینچتا ہوا کہنی تک لے جائے ۔ پھر بائیں ہاتھ کی ہتھیلی سیدھے ہاتھ کی ہتھیلی سیدھے ہاتھ کے اوپر کی طرف کہنی سے انگلیوں تک کھینچتا ہوا لائے ۔ بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے اندر کی جانب کو سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے کی پشت پر پھیرے ۔ پھر اسی طرح سے سیدھے ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر پھیرے ۔ اور پھر) انگلیوں میں خلال بھی کرے ۔ بس تیمّم مکمل ہوا ۔

سوال: غسل کتنی طرح کا ہوتا ہے ؟ فرض ، سنت اور واجب غسل کون کون سے ہیں ؟

جواب: فقہ ءحنفیہ کے مطابق غسل چار طرح کا ہوتا ہے۔ فرض۔ واجب۔ سنت اور مستحب۔
فرض غسل تین ہیں۔ غسلِ جنابت۔ غسل بعد انقطاعِ حیض۔ غسل بعد انقطاعِ انفاس۔
سنتِ غسل پانچ ہیں۔ نمازِ جمعہ کا غسل۔ نمازِ عیدین کا غسل۔ احرامِ حج کا غسل۔ عمرہ کا غسل۔ وقوفِ عرفات کے لئے غسل۔ واجب غسل تین ہیں۔ میت کا غسل زندہ پر واجب ہے۔ بدن کے کسی نامعلوم مقام پر نجاست لگنے یا سارے بدن پر نجاست لگ جانے سے سارت بدن ہی کا غسل واجب ہو جاتا ہے۔

سوال: مفروض غسل کے فرائض وسنن کتنے ہیں ؟ نیز کون کون سے ہیں ؟

جواب: مفروض غسل میں تین چیزیں فرض ہیں۔ اول منہ بھر کر کلی کرنا۔ دوئم ناک میں پانی ڈالنا۔ سوئم سارے بدن کو (تین مرتبہ) دھونا۔ جبکہ غسل کی دس سنتیں ہیں۔ قبلہ کی طرف رخ نہ کرنا (جبکہ بدن مکمل ننگا ہو)۔ ایسی جگہ پر غسل کرنا جہاں کوئی نہ دیکھ سکے۔ غسل کی نیت کرنا۔ تسمیہ پڑھنا۔ شرمگاہ دھونا (چاہے نجاست لگی ہو یا نہ لگی ہو)۔ دونوں ہاتھوں کو پہنچوں تک دھونا۔ وضو کرنا۔ ناف میں پانی ڈالنا۔ تمام بدن پر پانی نلنا تا کہ سارے بدن پر پانی سے جسم نم ہو جائے۔ پانی میں کمی یا زیادتی نہ کرنا۔

سوال: نماز کے اراکین کیا کیا ہیں ؟

جواب: نماز کے سات اراکین ہیں۔ تکبیرِ تحریمہ (اللہ اکبر)۔ قیام (یعنی بالکل سیدھا کھڑا ہونا)۔ قرأت (یعنی سوری فاتحہ کے بعد کم از کم ایک سورہ یا کوئی ایک آیت کا پڑھنا)۔ رکوع (رکوع کرتے وقت پیشانی مقابل زانو کے ہو)۔ سجدہ (سجدہ میں دونوں ہاتھ کی ہتھیلیاں، پیشانی، ناک، دونوں گھٹنے اور دونوں پاؤں کی انگلیاں زمین پر ٹکے ہوئے ہوں۔ کیونکہ سجدہ سات ہڈیوں پر ہوتا ہے)۔ قعدہ اخیرہ۔ اپنے کسی فعل کے ساتھ نماز سے خارج ہونا۔

سوال: نماز کے واجبات کون کون سے ہیں ؟

جواب: نماز کے واجبات کی تعداد تقریباً 20 ہے۔ جو کہ یہ ہیں۔ فرض نمازوں کی پہلی دو رکعتوں کو قرأت کے لئے معین کرنا۔ سورہ فاتحہ کا تسمیہ کے ہمراہ پڑھنا۔ سورہ فاتحہ سے پہلے کوئی اور سورہ نہ پڑھنا۔ سورہ فاتحہ کے بعد کوئی اور سورہ کا پڑھنا۔ فرض نمازوں کی پہلی دو رکعتوں میں جبکہ سنت اور نفل کی تمام رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے ساتھ کوئی اور سورہ یا کم از کم کوئی ایک آیتِ کریمہ کا پڑھنا۔ ترتیب درمیان دونوں سجدوں کے۔ قومہ۔ جلسہ۔ تعدیل یعنی اعضاء کا ساکن کرنا اور سبحان اللہ کہنے کے رکوع وسجود وقومہ وجلسہ میں۔ امام کو جہری نمازوں میں (مثل فجر، مغرب، عشاء ، جمعۃ المبارک، عیدین، تراویح و وتر با جماعت در ماہ رمضان) سورہ فاتحہ وسورہ زور سے پڑھنا۔ ظہر وعصر کی نماز کے فرائض آہستہ سے پڑھنا۔ پہلا قعدہ تین یا چار رکعت والی نماز میں (خواہ نفل ہی کیوں نہ ہو)۔ تشہد دونوں قعدوں میں التحیات کا پڑھنا۔ لفظ سلام کے ساتھ نماز سے نکلنا۔ تکبیرِ قنوت۔ قرأتِ قنوت۔ تکبیراتِ عیدین۔ مقتدی کا قرأت میں چپ رہنا۔ با جماعت نماز کے دوران مقتدی کا امام کی پیروی (تابعداری) کرنا۔ سجدہ ءتلاوت۔

سوال: نماز کی سنتیں کون کون سی ہیں ؟

جواب: نماز کی (تقریباً) 28 سنتیں ہیں۔ جو کہ یہ ہیں۔ امام کا مقتدیوں اور فرشتوں کو جماعت کرانے کی نیت کرنا۔ تکبیرِ تحرمہ سے پہلے دونوں ہاتھوں کو اُٹھا کر کانوں کی لَو کو چھونا۔ تکبیر کے وقت ہاتھوں کی انگلیوں کو قبلہ رخ وکشادہ رکھنا۔ فرض نماز میں امام کو تکبیرات یعنی تحریمہ وانتقالی پکار کر کہنا۔ اگر تکبیرِ تحریمہ سے امام کی نیت صِرف لوگوں کو خبردار کرنے کی ہوگی جبکہ اپنی نماز کی نہ ہوگی تو نہ امام کی نماز ہوگی اور نہ ہی مقتدیوں کی۔ ناف کے نیچے ہاتھ باندھنا۔ بایاں ہاتھ نیچے رکھ کر دائیں ہاتھ کو اوپر رکھنا۔ ثناء پڑھنا۔ تعوذ پڑھنا۔ تسمیہ پڑھنا۔ فرض نماز کی آخری دو رکعتوں میں صِرف سورہ فاتحہ پڑھنا۔ سورہ فاتحہ کے ختم پر آمین کہنا۔ ثناء، تعوذ، تسمیہ اور آمین کو آہستہ سے کہنا یا پڑھنا۔ قرأتِ مسنونہ پڑھنا۔ تکبیراتِ انتقالی یعنی رکوع وسجدہ کے لئے تکبیر (اللہ اکبر) کہنا۔ رکوع میں تسبیح (سبحان ربی العظیم) تین مرتبہ پڑھنا۔ رکوع میں دونوں گھٹنوں کو ہاتھوں کی کشادہ انگلیوں سے پکڑنا۔ امام کا آہستہ سے سمع اللہ لمن حمدہ کہنا جبکہ مقتدی کا آہستہ سے ربنا ولک الحمد کہنا۔ دونوں سجدوں میں دونوں ہاتھوں اور دونوں گھٹنوں کا پہلے پیشانی سے رکھنا۔ اور ہاتھوں کی انگلیاں ملی ہوئی قبلہ رخ رکھنا۔ دونوں سجدوں میں تسبیح (سبحان ربی الاعلیٰ) تین مرتبہ پڑھنا۔ دورانِ التحیات جب اشھد ان لا الہ الا اللہ کہے تو دائیں ہاتھ کی انگشتِ سبابہ اُٹھانا۔ قعدہ اخیر میں درود شریف کا پڑھنا۔ دُعا کا قعدہ اخیر میں پڑھنا۔ نماز سے انتقال کے لئے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہہ کر پہلے دائیں طرف پھر بائیں طرف منہ پھیرنا۔ امام کا مقتدیوں اور فرشتوں کی سلام کی نیت کرنا (اس طرح کہ مقتدیوں کو دائیں اور بائیں فرشتوں اور مقتدیوں کی نیت کرنا)۔ امام کا پہلے سلام کی نسبت دوسرے سلام کا آواز پست کر کے کہنا۔ اِن الفاظ سے سلام پھیرنا **السلام علیکم ورحمۃ اللہ** ۔

سوال: نماز کے لئے کون کون سی شرائط ہیں ؟

جواب: نماز کے لئے عموماً (یعنی کم وبیش) سات شرائط ہیں۔ پاک پانی کے ساتھ طہارت حاصل کرنا یا پھر پانی کی عدم موجودگی میں تیمّم کرنا۔ پاک صاف اور غیر تصویری کپڑے سے جسم کا ڈھانپنا۔ تکبیرِ تحریمہ کے ساتھ نماز ادا کرنا۔ پاک جگہ پر کھڑے ہو کر نماز ادا کرنا۔ قبلہ رخ ہونا۔ نیتِ نماز کرنا۔ وقت کا دخول۔

سوال: نماز کی شرائط کتنی قسم پر ہیں ؟ نیز نماز کے واجب ہونے کی شرائط کیا کیا ہیں ؟

جواب: نماز کی شرائط دو قِسم پر ہیں۔ پہلی شرط نماز کے واجب ہونے کی۔ دوسری شرط نماز کے درست ہونے کی ہے۔
نماز کے واجب ہونے کی شرائط چار ہیں۔ اسلام۔ صحتِ عقل۔ عمرِ بلوغ۔ وقت کا پایا جانا۔

تم آ گئے ہو، تو کچھ چاندنی سی باتیں ہوں زمیں پہ چاند کہاں روز روز اُترتا ہے

سوال: نماز میں فرائض کے علاوہ کتنی سنتیں ہیں ؟

جواب: ر۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے کہا۔کہ! مجھے حضرت نبی کریم ﷺ سے دس رکعتیں یاد تھیں۔ دو رکعت سنت (فرض) ظہر سے پہلے، دو رکعت سنت (فرض) ظہر کے بعد، دو رکعت سنت (فرض) مغرب کے بعد اپنے گھر میں، دو رکعت سنت (فرض) عشاء کے بعد اپنے گھر میں، اور دو رکعت سنت (فرض) فجر کی نماز سے پہلے۔اور یہ وہ وقت ہوتا تھا۔جب آپ ﷺ کے پاس کوئی نہیں جاتا تھا۔ (صحیح بخاری)

بروایت حضرت ام حبیبہؓ، سیدنا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! جس نے رات دن میں بارہ رکعت نماز (سنت) پڑھی۔اس کے لئے جنت میں ایک گھر (محل) بنایا گیا۔چار قبل ظہر کےاور دو بعد، دو رکعت بعد مغرب کے ، دو بعد عشاء کےاور دو قبل فجر کے، جو (کہ) نماز ہےاول روز کی۔(ترمذی)

سوال: نماز چھوٹنے کے شرعی عذر کیا ہیں ؟

جواب: نماز کے چھوٹنے کے عذرِ شرعی عموماً سات ہیں۔ دیوانگی۔ نیند۔ نسیان۔ بے ہوشی۔ غشی۔ حیض۔ نفاس۔

سوال: اکثر دیکھنے اور سننے میں آیا ہے۔کہ! فجر کے سنن لازمی پڑھنے چاہیئں۔فجر کی سنت کے متعلق احادیث میں کیا حکم ہے ؟

جواب: جی بالکل! فجر کے سنتوں کی بڑی فضیلت ہے۔(جیسا کہ احادیث میں آتا ہے۔کہ) حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں۔کہ نبی اکرم ﷺ جتنی محافظت اور پابندی (فجر کی سنت کی) فرماتے۔کسی اور نفل (یا سنت) کی نہیں فرماتے۔(صحیح بخاری) ایک اور جگہ ہے۔کہ! نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔(کہ!) فجر کی سنتیں نہ چھوڑو۔اگر چہ تم پر دشمنوں کے گھوڑے ہی چڑھ آئیں۔(سنن ابی داؤد) ایک اور جگہ ہے۔کہ! حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں۔کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔(کہ) فجر کی دو رکعتیں سنت دنیا و مافیہا سے بہتر ہیں۔(صحیح مسلم شریف)

سوال: نماز کو کسی **مسلک و منھج** (دیو بندی، بریلوی، اہلحدیث، توحیدی) کی وجہ سے چھوڑنا کیسا ہے ؟

جواب: صحیح بخاری (694) میں ہے۔کہ! حضرت رسولِ مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! جولوگ تمھیں نماز پڑھاتے ہیں۔پس اگر امام نے ٹھیک ٹھیک نماز پڑھائی۔تو اس کا ثواب تمھیں ملے گا۔اور اگر (امام نے) غلطی کی۔تو بھی (تمھاری نماز کا) ثواب تمھیں ملے گا۔اور غلطی کا وبال اِن پر (یعنی امام) پر رہے گا۔(اسی طرح سے سنن ابی داؤد کی ایک اور حدیث ہے۔کہ) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! تمھارے اوپر جہاد ہر سردار کے ہمراہ واجب ہے۔اگر چہ وہ (سردار) نیک ہو یا بد ہو۔اور تم پر نماز ہر مسلمان کے پیچھے واجب ہے۔اگر چہ وہ (نماز پڑھانے والا) نیک ہو یا بد ہو۔خواہ وہ گناہِ کبیرہ کرتا ہو۔(گناہِ کبیرہ کرنے والا فاسق ہوتا ہے) اور نمازِ جنازہ ہر مسلمان پر واجب ہے۔خواہ وہ نیک ہو یا بد ہو۔اگر چہ وہ گناہ کبیرہ کرتا ہو۔(اور اسی طرح سے صحیح بخاری 69 میں) حضرت امام حسن بصریؒ کا قول مبارک نقل ہے۔کہ! بدعتی کے پیچھے نماز پڑھ لو۔اس کی بدعت کا گناہ اس (بدعتی) پر ہوگا۔

سوال: فقہ ءحنفی کی روشنی میں امام کی غیر موجودگی میں مقتدیوں کے اصرار پر کن شرائط کی بنیاد پر امامت کرائی جا سکتی ہے۔؟

جواب: امامت کرانے والا مسلمان، عاقل، بالغ، صحیح تلفظ کے ساتھ قرآنِ حکیم پڑھنے والا ہو۔اور کم از کم اتنا قرآنِ حکیم اُسے یاد ہو۔کہ جس سے قرأت کی واجب مقدار تلاوت کر لے۔اور نماز کے ضروری مسائل سے واقف ہو۔جیسے کہ نماز کے صحیح و فاسد ہونے کا علم ۔۔۔ اسی طرح سے صحیح مسلم کی حدیث کے مطابق صرف چار شرائط بیان کی گئی ہیں۔مسلمان، قرآن کا قاری، سنت کا عالم، مہاجر (مکہ سے مدینہ کا مہاجر ہو)

سوال: نماز پڑھانے یعنی امام کے لئے امامت کا کیا ثواب ہے؟

جواب: امام کے متعلق سنن نسائی میں آیا ہے۔کہ! امام کو اس قدر اَجر ملے گا۔جس قدر اس کے پیچھے نماز ادا کرنے والے جملہ مقتدیوں کو ملے گا۔

سوال: صِرف نماز کا قصد کرنے کا بھی ثواب ملے گا ؟

جواب: صحیح مسلم میں آیا ہے۔ (کہ) جب تم میں سے کوئی نماز کا قصد کرتا ہے۔تو وہ نماز ہی میں ہوتا ہے۔

سوال: نماز پڑھتے وقت اگر سامنے کوئی تصویر ہو۔تو نماز کے لئے کیا حکم آیا ہے؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہؓ کے پاس ایک رنگین باریک پردہ تھا۔جسے انہوں نے اپنے گھر کے ایک طرف پردہ کے لئے لٹکا دیا تھا۔آپ ﷺ نے فرمایا۔کہ! میرے سامنے سے اپنا یہ پردہ ہٹا دو۔کیونکہ! اس پر نقش شدہ تصاویر مسلسل میری نماز میں خلل انداز ہوتی رہی ہیں۔صحیح بخاری شریف)

سوال: کیا جوتوں سمیت نماز پڑھنا جائز ہے؟

جواب: (بروایت حضرت انس بن مالکؓ) کیا نبی کریم ﷺ جوتے پہن کر نماز پڑھتے تھے ؟ تو انہوں نے (جوابًا) فرمایا۔کہ! ہاں۔(بخاری)

سوال: نماز پڑھاتے وقت امام کا سترہ مقتدیوں کو کفایت کرتا ہے ؟

جواب: صحیح بخاری میں ہے۔کہ! نبی کریم ﷺ نے لوگوں کو بطحاء میں نماز پڑھائی۔آپ ﷺ کے سامنے عنزہ (ڈنڈا) گاڑ دیا گیا۔ظہر کی دو رکعتیں اور عصر کی دو رکعتیں ادا کیں۔(کیونکہ! آپ ﷺ مسافر تھے) آپ ﷺ کے سامنے عورتیں اور گدھے گذر رہے تھے۔

سوال: نماز عصر اور نمازِ فجر کے اوقات کے متعلق حدیث میں کیا بیان ہوا ہے؟

جواب: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔اگر عصر کی نماز ایک رکعت بھی کوئی شخص سورج غروب ہونے سے پہلے پالے۔تو پوری نماز پڑھے۔(اور پھر) اسی طرح اگر سورج طلوع ہونے سے پہلے فجر کی نماز کی ایک رکعت بھی پا سکے۔تو پوری نماز پڑھے۔ (صحیح بخاری)

سوال: نماز کے انتظار کی کیا فضیلت احادیث میں بیان ہوئی ہے ؟

جواب: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔تم لوگ جب تک نماز کے انتظار میں رہے ہو۔(تو) گویا نماز ہی کی حالت میں رہے ہو (صحیح بخاری)

سوال: کیا سورہ فاتحہ کے بغیر نماز ہو گی ؟

جواب: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔جس شخص نے سورہ فاتحہ نہ پڑھی۔اس کی نماز نہیں ہوئی۔(صحیحین۔نسائی۔ابن ماجہ۔ترمذی) اسی طرح سے سنن ابن ماجہ میں آیا ہے۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ہر وہ نماز (کہ) جس میں سورہ فاتحہ نہ پڑھی جائے۔ناقص ہے۔ناقص ہے۔

اسی طرح سے یہ اثر بظاہر مؤید ہے۔حضرت امامِ اعظم ابو حنیفہ نعمان بن ثابت ؒ کے فقہ کو۔ یعنی کہ جب امام کی اقتداء میں نماز کی ادائیگی ہو۔تو نمازِ سری یا جہری میں سورہ فاتحہ نہیں پڑھی جائے گی۔جبکہ امام مالک ؒ نے نمازِ جہری میں سورہ فاتحہ کا پڑھنا ترک کیا۔جبکہ جہری میں سورہ فاتحہ پڑھی۔

سوال: نمازِ عشاء کے وتر میں دعائے قنوت (جس کا پڑھنا واجب ہے) پڑھے بغیر رکوع کر لیا۔تو کیا حکم ہے؟

جواب: سجدہ سہو کر لیا جائے۔تو نماز (یعنی وتر) ہو۔تو جائیں گے۔لیکن اگر وتر دوبارہ پڑھے جائیں۔تو یہ عمل مُستحسن ہوگا۔

سوال: کیا عشاء کے وتر بھی فرض ہیں؟ عشاء کے وتر کی کچھ اہمیت بیان کریں۔

جواب: نہیں عشاء کے وتر فرض نہیں۔ بلکہ واجب ہے۔ چونکہ حضرت رسولِ مکرم ﷺ نے سفر و حضر میں ہمیشہ نمازِ وتر کا اہتمام و التزام فرمایا ہے۔(ابوداؤد، ترمذی اور نسائی کی حدیث میں آیا ہے۔کہ) حضرت علی شیرِ خدا ؓ فرماتے ہیں۔کہ! وتر (فرض) نماز کی طرح واجب تو نہیں۔لیکن یہ سنت ہے۔اور اسے چھوڑو مت۔(مؤطا امام مالک ؒ میں منقول ہے۔کہ) ابن شہاب سے روایت ہے۔کہ! حضرت سعد بن ابی وقاص ؓ (جو کہ جلیل القدر صحابی، بلکہ عشرہ ءمبشرہ میں سے تھے) بعد عشاء کے (صِرف) ایک رکعت وتر پڑھتے تھے۔(یعنی کہ! آپ ؓ عشاء کی کل پانچ رکعت ادا فرماتے تھے)

سوال: اگر نماز میں غلطی ہوگئی۔اور سجدہ سہو بھی ادا نہیں کیا۔تو کیا حکم ہے ؟

جواب: ایسی صورت میں نماز دوبارہ سے لوٹانا ہوگی۔

سوال: اگر نماز میں کوئی شخص بھول جائے۔کہ اُس نے کتنی رکعتیں پڑھی ہیں۔تو احادیث میں اس کی کیا وضاحت پیش کی گئی ہے ؟

جواب: حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔جب تم میں سے کسی کو (اپنی) نماز میں شک ہو۔اور یہ یاد نہ رہے۔کہ اُس نے تین رکعتیں یا چار رکعتیں پڑھی ہیں۔تو (اُسے) چاہیئے۔کہ! ایک رکعت اور پڑھ لے۔اور سلام سے قبل دو سجدے کرے۔پھر اگر یہ رکعت جو اس نے پڑھی ہے۔درحقیقت پانچویں ہوگی۔تو ان سجدوں سے مل کر ایک دوگانہ ہو جائے گا۔اگر چوتھی ہوگی۔تو ان سجدوں سے شیطان کو ذلت ہوگی۔صحیح مسلم۔ترمذی۔مؤطا امام مالک

سوال: نماز کے دوران یعنی نماز میں کھجانا کیسا ہے ؟

جواب: ایک رکن میں تین مرتبہ کھجانا اور ہر مرتبہ ہاتھ اُٹھانا، مفسدِ نماز ہے۔اور ایک مرتبہ کا بلا عذر کھجانا مکروہ ہے۔

سوال: اگر مقتدی نمازِ باجماعت کے دوران امام صاحب سے پیشتر کوئی عمل کرے۔تو اس کی حدیث میں کن الفاظ سے مذمت بیان ہوئی ہے؟

جواب: حضرت ابو ہریرہ ؓ نے فرمایا۔کہ جو شخص سر اُٹھاتا ہے۔یا جھکاتا ہے امام کے پیشتر۔تو اس کا ماتھا شیطان کے ہاتھ میں ہے۔(مؤطا امام مالک ؒ)

سوال: نمازی کے آگے گزرنے کی حد کہاں تک ہے ؟

جواب: بڑی مساجد اور جنگلوں و میدانوں کے لئے تو یہ حد ہے۔کہ! جہاں تک سجدے کی جگہ دیکھتے ہوئے نمازی کی نظر پڑے۔جبکہ چھوٹی مساجد اور گھروں میں جائے نظر کا اعتبار نہیں۔ بلکہ سامنے سے جس جگہ سے دیوارِ قبلہ تک گزرے گی۔مکروہ ہے۔بغیر کسی ستون یا آدمی کی آڑ کے نکلنے سے گناہ گار ہوگا۔(حدیث شریف میں تو آیا ہے۔کہ! اگر گزرنے والا جان لے۔کہ اس پر کیا گناہ ہے۔تو وہ چالیس برس تک ٹھہرا رہے۔اور نمازی کے سامنے سے نہ گزرے)

سوال: اگر باجماعت نماز میں مقتدی سے کوئی لغزش سرزد ہو جائے۔کہ جس سے سجدہ سہو لازم آتا ہو۔تو کیا حکم ہے؟

جواب: ایسی صورت میں مقتدی امام کی اقتداء کرے۔اسے سجدہ سہو کرنے کی ضرورت نہیں۔نہ ہی وہ سجدہ سہو کرنے کا مجاز ہے۔

سوال: نماز میں سجدہ سہو سے کیا غرض ہے؟

جواب: فقہاء کے نزدیک نماز میں سہو، نسیان اور شک تینوں برابر ہیں۔جس طرح سہو سے سجدہ واجب ہوتا ہے۔اسی طرح نسیان و شک سے بھی سجدہ کرنا واجب ہے۔بہرحال! غرض سجدہ سہو سے یہ ہے۔کہ! جن باتوں سے نماز ناقص ہوتی ہے۔اس کے سبب سے اصلاح ہو کر نماز درست ہو جائے۔

سوال: سجدہ ءسہو کب لازم آتا ہے؟ اور اس کا کیا طریقہ ہے ؟

جواب: سجدہ ءسہو واجب ہونے کا اصول یہ ہے۔کہ! اگر کوئی نمازی نماز کا کوئی واجب بھول کر چھوٹ جانے سے یا بھول کر نماز کے فرض یا واجب کی تاخیر سے یا بھول کر واجب کی تکرار کر لے تو ایسے نمازی پر سجدہ سہو واجب ہوتا ہے۔جیسے کہ سورہ فاتحہ کی تکرار، سورہ فاتحہ سے پہلے کوئی اور سورت پڑھنے سے، دوسری رکعت میں التحیات کے بعد درود (**اللهم صل علی محمد** سے زیادہ پڑھ لینا)، التحیات کے بعد خاموش بیٹھا رہنا، سری نماز میں جہر یا جہری نماز کو سری طریقہ سے پڑھنا، کسی فرض یا واجب کو مقدم یا مؤخر کر دینا، دوری رکعت میں بیٹھنے کے بجائے کھڑے ہو جانا یا تیسری رکعت میں کھڑے ہونے کے بجائے بیٹھ جانا، کسی رکعت میں تین سجدے کر لینے سے وغیرہا۔۔۔۔

سجدہ سہو کا طریقہ یہ ہے۔کہ! آخری رکعت میں التحیات پڑھ کر پھر صرف دائیں طرف سلام پھیر کر دونوں سجدوں میں جا کر **سبحان ربی الاعلیٰ** تین مرتبہ پڑھ کر پھرالتحیات ، درود شریف ، اور کوئی دعا پڑھ کر دونوں طرف سلام پھیرلیں ۔پس سجدہ سہو ہوگیا۔

سوال: وہ کیا باتیں ہیں ؟ کہ جن سے نماز ناقص ہو جاتی ہے۔اور اس نقص کا ازالہ سجدہ ءسہو سے ہو جاتا ہے۔

جواب: ایک تو ترک واجب اور تاخیرِ واجب ہے۔اسی طرح سے ترک واجب، تاخیرِ واجب یا تاخیرِ فرض قسداً ہوں گے۔تو سجدہ سہو سے ازالہ نہیں ہوگا۔ بلکہ اس وقت اعادہ نماز کا کرے۔ واضح رہے۔کہ! سجدہ سہو کا حکم فرض واجب، سنت، وتر یا نفل جملہ نمازوں میں برابر ہے۔

سوال: مسبوق کے لئے سجدہ سہو کا کیا حکم ہے ؟

جواب: مسبوق امام کے ساتھ سلام تو نہیں پھیرے گا۔لیکن سجدہ سہو کرے گا۔

سوال: جماعت میں اگر مقتدی بعد میں نماز میں داخل ہوا۔اور امام صاحب کے سلام پھیرنے کے بعد نمازی سے کوئی نقص واقع ہوا۔تو سجدہ سہو کا کیا حکم ہوگا ؟

جواب: امام صاحب کے سلام پھیرنے کے بعد اگر نمازی سے کوئی نقص واقع ہوا۔تو نمازی منفرد ہوگا۔اُسے طریقہ کے مطابق سجدہ سہوادا کرنا ہوگا۔

سوال: مدرک، لاحق اور مسبوق سے کیا مراد ہے ؟ فرض نماز میں لاحق اور مسبوق کا امام کی اقتداء میں سجدہ سہو کرنے کا شرعی حکم کیا ہے ؟

جواب: ''**مدرک** ''یعنی وہ مقتدی جو جو امام کے ساتھ مکمل نماز میں شامل رہا'' **لاحق** ''یعنی وہ مقتدی جو اولین رکعتوں میں شریک رہا۔لیکن کسی عذر و مجبوری کی وجہ سے نماز ختم ہونے سے پہلے باقی نماز چھوڑ دی۔جبکہ ''**مسبوق** '' سے مراد دوسری، تیسری یا چوتھی رکعت میں شامل ہونے والا مقتدی۔

سوال: نمازِ با جماعت کے ظہر، عصر، مغرب یا عشاء میں مقتدی کا امام کے ساتھ مل کر نماز پڑھنے کا کیا طریقہ ہوگا ؟ اگر مقتدی دوسری یا تیسری یا چوتھی رکعت میں جماعت میں آکر شامل ہوا ہوتو۔

جواب: یاد رہے۔کہ! نماز میں رہ جانے والے کو''مسبوق '' کہا جاتا ہے۔☆ **اگر مقتدی دوسری رکعت میں داخل ہوا**۔تو اسے امام کے سلام پھیرنے کے بعد (مقتدی کو انفرادی طور پر) کھڑے ہو کر قیام میں آخری (یعنی چوتھی) رکعت میں ثناء، تعوذ، تسمیہ، سورہ فاتحہ اور کوئی سورہ پڑھ کر اپنی نماز پوری کرنا ہوگی۔ ☆ **اگر مقتدی تیسری رکعت میں داخل ہوا**۔تو اسے امام کے سلام پھیرنے کے بعد کھڑے ہو کر قیام میں (جماعت کی تیسری مگر مقتدی کی انفرادی طور پر پہلی) رکعت میں ثناء، تعوذ، تسمیہ، سورہ فاتحہ اور کوئی سورہ پڑھنی ہوگی۔اور چوتھی رکعت کے قیام میں تسمیہ، سورہ فاتحہ اور کوئی سورہ پڑھنا ہوگی۔پھر تشہد میں بیٹھ کر التحیات، درود سریف اور دعا(**رب اجعلنی ۔۔۔**) پڑھ کر سلام پھیر لے۔اور اپنی نماز مکمل کرے۔

☆ **اگر مقتدی چوتھی رکعت میں داخل ہوا**۔تو اسے امام کے سلام پھیرنے کے بعد کھڑے ہو کر قیام میں اپنی دوسری رکعت میں ثناء، تعوذ، تسمیہ، سورہ فاتحہ اور کوئی سورہ پڑھنی ہوگی۔اور تیسری رکعت کے قیام میں تسمیہ، سورہ فاتحہ اور کوئی سورہ پڑھنا ہوگی۔اور چوتھی رکعت میں تسمیہ، سورہ فاتحہ پڑھ کر رکوع و سجود میں جانا ہے۔پھر تشہد میں بیٹھ کر التحیات، درود سریف اور دعا(**رب اجعلنی ۔۔۔**) پڑھ کر سلام پھیر لے۔اور اپنی نماز مکمل کرے۔

سوال: لاحق کی نماز کا طریقہ کار کیا ہوگا ؟

جواب: **لاحق** ''یعنی وہ مقتدی جو اولین رکعتوں میں شریک رہا۔لیکن کسی عذر و مجبوری کی وجہ سے نماز ختم ہونے سے پہلے باقی نماز چھوڑ دی۔ مثلاً اگر کوئی شخص امام کے ساتھ عشاء کی نماز میں پہلی رکعت میں شریک ہوا۔اور پہلی ہی رکعت میں مقتدی کا وضو ٹوٹ گیا۔(وضو جس حالت میں ٹوٹے ۔مقتدی اسی حالت میں (چاہے کھڑے ہوئے یا بیٹھے ہوئے) سلام پھیر کر وضو کرنے چلا جائے۔وضو کر کے آنے کے بعد اس دوران امام دو رکعتیں پڑھ چکا تھا۔تو اب اس (لاحق) پر واجب ہے۔کہ! پہلے ان دو رکعتوں بعینہٖ مقتدی کی طرح سے پڑھے۔یعنی ان میں قرأت نہ کرے۔ بلکہ اتنی مقدار و اندازے سے قیام کرے۔ جتنا کہ امام قیام کرتا ہے۔اس کے بعد رکوع و سجود کرلے۔پھر یہ دو رکعتیں پوری کرنے کے بعد اگر امام نے نماز ختم نہ کی ہو۔تو اس کے ساتھ شریک ہو کر باقی نماز پوری کرلے۔اور اگر امام نے نماز ختم کر لی تھی۔تو اب یہ ایک رکعت بھی بلا قرأت کے پڑھ لے۔

سوال: نمازِ قصر کی تفصیل بیان کریں۔ کتنے فاصلے کی مسافت پر نماز قصر ہوگی ؟

جواب: تقریباً 77 کلومیٹر یا اس سے زیادہ۔(قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔کہ! **واذا ضربتم فی الارض فلیس علیکم جناح ان تقصروا من الصلوٰۃ** ۔ اور جب تم سفر کو جاؤ۔تو تم پر کوئی گناہ نہیں۔کہ! نماز کو قصر (مختصر) کر کے ادا کرو۔(سورہ النساء) یاد رہے۔کہ! مختصر نماز کی وضاحت احادیث کی روشنی میں بیان کی گئی ہیں۔کیونکہ! **من یطع الرسول فقد اطاع اللہ** ۔ جس نے رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کی۔اُس نے (یقیناً) اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی۔(القرآن)

سوال: کیا قصر کی حالت میں سنن و نوافل بھی ادا کرنے چاہئیں ؟

جواب: صحیح مسلم میں آتا ہے۔کہ! حضرت یعلٰی بن امیہؓ سے روایت کی۔کہا۔مَیں نے حضرت عمر بن خطابؓ سے عرض کیا۔(کہ فرمانِ باری تعالیٰ ہے۔کہ!)**فلیس علیکم جناح ان تقصروا من الصلوٰۃ ان خفتم ان یفتنکم الذین کفروا** ۔ (سورہ النساء) اَب تو لوگ اَمن میں ہیں۔(پھر قصر کیوں کرتے ہیں ؟) تو انہوں (حضرت عمر بن خطابؓ) نے جواب دیا۔مجھے بھی اس بات پر تعجب تھا۔جس پر کہ تمھیں (بھی) تعجب ہوا ہے۔تو مَیں نے رسول اللہ ﷺ سے اس بارے میں سوال کیا تھا۔آپ ﷺ نے فرمایا۔یہ

صدقہ ہے (یعنی یہ رعایت ہے) جو اللہ تعالیٰ نے تم (اُمتِ محمدیہ) پر کیا ہے۔ اس لئے تم اس (اللہ تعالیٰ) کا صدقہ قبول کرو۔

سوال: کچھ لوگ (مقلدین) قصر کی حالت میں سنن و نوافل بھی ادا کرتے ہیں۔ صحیح احادیث سے اس کی کوئی وضاحت بیان کریں۔

جواب: حضرت ابنِ عمرؓ سے روایت ہے۔ انہوں نے فرمایا۔ مَیں رسول اللہ ﷺ کی صحبت میں رہا ہوں۔ آپ ﷺ دورانِ سفر دو رکعت سے زیادہ نماز نہیں پڑھتے تھے۔ اس طرح حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ بھی دو رکعت سے زیادہ نماز ادا نہیں کرتے تھے۔ (صحیحین)

سوال: قصر کی حالت میں با جماعت یا اکیلے نماز پڑھنے کا کیا طریقہ ہے؟

جواب: صحیحین میں آتا ہے۔ کہ! حضرت ابنِ عمرؓ جب امام کے ساتھ نماز پڑھتے۔ تو چار رکعت پڑھتے۔ اور جب اکیلے پڑھتے۔ تو دو رکعت پڑھتے۔

سوال: کیا گھر سے نکلتے ہی مسافر ہو جائیں گے یا اسٹیشن، بس سٹاپ یا اڈے پر پہنچ کر؟

جواب: جب کوئی اپنے شہر کی حد سے نکل جائے۔ تب وہ مسافر ہوتا ہے۔ شہر کی حدود میں وہ مقیم ہی رہے گا۔

سوال: اگر کوئی شخص ڈرائیور ہے۔ یا اس کی نوکری کچھ اس قسم کی ہے۔ کہ! اسے راوزانہ یا کچھ دنوں کے لئے شہر سے دور (جو کہ **77** کلومیٹر سے زیادہ ہے) جانا پڑتا ہے۔ تو اس کے لئے کیا شرعی حکم ہوگا؟

جواب: وہ بھی گھر سے باہر یعنی دوسری منزل پر (جو کہ **77** کلومیٹر سے زیادہ ہے) نماز قصر ادا کرے گا۔ یاد رہے۔ کہ! اگر ملازمت کی جگہ چودہ دنوں سے زیادہ ٹھہرنے کی ہے۔ تو وہاں پوری نماز پڑھنی ہوگی۔ اگر کوئی شخص 10 دن کہیں رہ کر ایک دن کے لئے گھر چلا آتا ہے۔ تو وہ گھر میں پوری جبکہ 10 روز قیام کی جگہ پر قصر نماز پڑھے گا۔

سوال: قصر نماز کی قضاء کا شریعت میں کیا حکم ہے؟

جواب: قصر کی قضاء بھی دو رکعت فرض ہی ہوگی۔ چہ جائیکہ! اس کو اپنے گھر میں یا اپنے شہر ہی کی مسجد میں ادا کیا جائے۔

سوال: حج اور عمرہ کرنے والے کے لئے شریعت کا کیا حکم ہے؟

جواب: حج یا عمرہ کرنے والا شخص **مکہ معظمہ یا مدینۃ المنورہ** میں اگر 14 دنوں سے زیادہ کہیں قیام کرے گا۔ تو پوری نماز پڑھنا ہوگی۔ بصورتِ دیگر وہ مسافر تصور ہوگا۔ اور قصر نماز ادا کرے گا۔

سوال: نفل نمازیں مثل تہجد، اشراق، چاشت یا اوابین کی تعداد کیا ہے؟

جواب: ویسے تو نفل نمازیں کم سے کم یا زیادہ سے زیادہ جتنی تعداد میں پڑھی جائیں۔ کوئی ممانعت نہیں۔ البتہ! احادیث نبوی ﷺ کی روشنی میں تہجد 12 رکعت، اشراق 04 رکعت، چاشت 08 رکعت، اور اوابین 06 رکعت ثابت ہیں۔ مگر اولیائے عظام اور فقہاء کرام ہر رات میں 100-100 رکعت نفل نماز بھی پڑھنے کا معمول بنائے ہوئے تھے۔

آنکس کہ در نماز نہ بیند جمالِ دوست　　　　فتوٰی ہمی دہم کہ نمازش قضا کند

سوال: فرض، یا سنت یا نفل نمازوں میں قرآنی سورتوں کو ترتیبِ عثمانی (قرآنِ کریم کی موجودہ ترتیب سورہ) پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: مکروہ ہے۔ ترتیب کا خیال رکھنا لازم ہے۔

سوال: اگر کوئی شخص پہلی ہی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ والناس پڑھ لے۔ تو اس کے لئے کیا حکم ہے؟

جواب: اُس کو چاہیئے۔ کہ! بقایا رکعتوں میں بھی سورہ فاتحہ کے سورہ والناس پڑھے۔ کیونکہ! یہ قرآن کی آخری سورہ ہے۔

سوال: ٹرین، بس یا جہاز میں نماز بیٹھ کر پڑھنے کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟

جواب: یاد رہے۔ کہ! نماز میں قیام یعنی کھڑا ہونا فرض ہے۔ بوجہ مجبوری وضعف بیٹھ کر پڑھے جا سکتی ہے۔ ٹرین میں بھی نماز کھڑے ہو کر پڑھنی لازمی ہے۔ اگرچہ ٹرین چلتی رہتی ہے۔ تو نماز شروع کرتے وقت قبلہ رخ کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

سوال: عشاء اور عصر کے غیر مؤکدہ سنن اور ظہر کے مؤکدہ سنن پڑھنے میں کیا کوئی فرق ہے؟

جواب: جی بالکل۔ ظہر کے چار رکعت سنن میں دوسری رکعت کے تشہد کے بعد تیسری رکعت کے لئے اُٹھ کر تسمیہ، فاتحہ اور کوئی سورہ پڑھی جاتی ہے۔ جبکہ عصر وعشاء کے چار رکعت سنن میں دوسری رکعت کے سنن کے بعد درود شریف اور دعا (**رب اجعلنی ۔۔۔ وغیرہ**) پڑھ کر تیسری رکعت کو دوبارہ ثناء، تعوذ، تسمیہ، سورہ فاتحہ اور کسی سورہ سے پڑھنا پڑتا ہے۔

سوال: کیا **صلوٰۃ التسبیح** پڑھنے سے اگلے، پچھلے، صغیرہ وکبیرہ، جدید وقدیم، عمداً یا سہواً کئے گئے تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں؟

جواب: بعض محدثین اس کو صحیح کہتے ہیں۔ جبکہ کثیر علماء ایسی احادیث کو ضعیف جانتے ہیں۔ بہرحال ان کا پڑھنا مستحب ومستحسن ہے۔ چاہیئے۔ کہ! روزانہ بوقت ظہر یا ہر شب جمعہ وروزِ جمعہ یا مہینے میں ایک مرتبہ یا سال میں ایک مرتبہ ضرور پڑھا جائے۔ یاد رہے۔ کہ! مکروہ اوقات کے علاوہ یہ نماز کسی بھی وقت پڑھی جا سکتی ہے۔ بعد نمازِ تہجد بوقت تہجد اس کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر استغفار طلب کرنا اولیائے کرام کا معمول رہا ہے۔

سوال: اگر **صلوٰۃ التسبیح** پڑھنے میں پڑھی جانے والی مخصوص تسبیح (**سبحٰن اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر**) کی تعداد

کہیں رہ جائے ۔ تو شریعت میں اس تعداد کو پورا کرنے کا کیا طریقہ ہوگا ؟

جواب : نماز ہو تو جائے گی ۔ لیکن اگر اس تسبیح کی تعداد نماز کے دوران کسی رکن میں رہ جائے ۔ تو دوسرے رکن میں پوری کر لی جائے ۔ مثلاً رکوع میں اگر بھول جائیں ۔ تو سجدے میں دس کے بجائے بیس مرتبہ پڑھ لیں ۔

سوال : سجدہ ءتلاوتِ قرآن کا کیا طریقہ ہے ؟

جواب : سجدہ ءتلاوت (کی دل میں ہی نیت کر کے) اللہ اکبر کہہ کر سجدہ میں چلا جائے ۔ اور سجدے میں جا کر '' **سبحٰن ربی الاعلیٰ** '' تین مرتبہ پڑھ کر اللہ اکبر کہہ کر اُٹھ کھڑے ہوں ۔ کھڑے ہو کر سجدہ ءتلاوت کرنا بیٹھ کر سجدہ کرنے سے کہیں افضل ہے ۔ لیکن بیٹھ کر بھی سجدہ کرنا جائز ہے ۔ بلکہ ضعفاء اور کمزور و معذور لوگوں کو بیٹھ کر ہی سجدہ سہوا دا کرنا چاہیئے ۔

سوال : بعض لوگ امام سے پہلے ہی سر سجدے سے اُٹھا لیتے ہیں ۔ ان کے لئے کیا شرعی حکم ہے ؟

جواب : اس کا جواب حدیث میں یوں ہے ۔ کہ ! نبی مکرم ﷺ فرماتے ہیں ۔ کہ ! جو آدمی امام سے پہلے سر اُٹھاتا ہے ۔ کیا وہ اس سے ڈرتا نہیں ۔ کہ اللہ تعالیٰ اس کا سر گدھے کا سر بنا دے ۔ (صحیح بخاری شریف)

سوال : کیا نمازی کچا پیاز یا کچا لہسن کھا کر مسجد کی جانب نماز کے لئے جا سکتا ہے ؟

جواب : جی نہیں ۔ آنحضرت رسولِ مکرم ﷺ نے منع فرمایا ہے ۔ اور اس ضمن میں کئی احادیث موجود ہیں ۔ (دیکھیئے صحیح مسلم ، مؤطا امام مالکؒ)

سوال : پاکستان اور ہندوستان میں ستاروں سے قبلہ کے تعین کا کیا طریقہ ہے ؟

جواب : پاکستان اور ہندوستان کے اکثر شہروں میں قطب ستارہ **(Lode-Star)** نمازی کے داہنے شانے پر ہوتا ہے ۔ پس سامنے قبلہ ہوگا ۔ (لیکن قطب ستارے کا جاننا ضروری ہے)

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز
بندہ و صاحب و محتاج و غنی ایک ہوئے
تیری سرکار میں پہنچے تو سبھی ایک ہوئے

نماز کی قبولیت کے مستند پیمانے :

قرآن و حدیث کی تعلیمات کے مطابق ، اگر نماز میں ہمیں رنج و تھکاوٹ محسوس ہو ، یا نماز پڑھنے کو ہم بوجھ سمجھیں یا نماز پڑھنے کے بعد بھی دل و دماغ میں برائی کا تخیل و تصور باقی رہے یا ہم پھر بھی برائی کریں یا پھر اس نماز کے بعد اگلی نماز کی ادائیگی کو جی نہ چاہتا ہو یا پڑھنے کی توفیق نہ ہو یا صبح و عشاء کی نماز میں دل نہ لگے تو سمجھ لینا چاہیئے ۔ کہ ! ہماری نماز شرفِ قبولیت سے بہت دور رہ گئی ہے ۔ (واللہ اعلم)

کلامِ مقبول از حضرت خواجہ عثمان ہارونیؒ

نمی دانم کہ آخر چوں دم دیدار می رقصم
مگر نازم بہ ایں ذوقے کہ پیشِ یار می رقصم
نگاہش جانبِ من چشم من محو تماشایش
منم دیوانہ و لیکن با دل ہشیار می رقصم
زہے رندے کہ پامالش کنم صد پارسائی را
خوشا تقوی کہ من با جبہ و دستار می رقصم
بیا جاناں تماشا کن کہ در انبوہ جاں بازاں
بہ صد سامانے رسوائی، سر بازار می رقصم
تُو آں قاتل کہ از بہرِ تماشا خون من ریزی
من آں بسمل کہ زیرِ خنجر خونخوار می رقصم
تپش چوں حالتے آرد بروئے شعلہ می غلطم
خلش چوں لذتے بخشد بہ نوکِ خار می رقصم
زہے رنگ تماشایش خوشا ذوقِ دلم فاضل
کہ می بیند چو او یک بار من صد بار می رقصم
سراپا بر سرا پائے خودم از بیخودی قربانم
بگردِ مرکزے خود صورت پرکار می رقصم
خوشا رندی کہ پامالش کند صد پارسائی را
زہے تقوی کہ من باجبہ و دستار می رقصم
اگرچہ قطرہء شبنم نبوئید بر سر خارے
منم آں قطرہء شبنم بنوکِ خار می رقصم
تُو ہر دم می سرائی نغمہ و ہر بار می رقصم
بہر طرزے کہ رقصائی منم اے یار می رقصم
سراپا بر سرا پائے خودم از بیخودی قربان
بگرد مرکز خود صورتِ پرکار می رقصم
مرا طعنہ من زن اے مدعی طرزِ ادائیم بیں
منم رندے خراباتی سر بازار می رقصم
کہ عشق دوست رہ ساعت دروں نارِ می رقصم
گاہے بر خاک می ظلطم ، گاہے بر خار می رقصم
منم عثمانِ ہارونی کہ یارِ شیخ منصورم
ملامت مے کند حلقے تو من بر دار می رقصم

نفل نمازیں اور اِن کی فضیلت

واتقوہ و اقیموا الصلوٰۃ ولا تکونوا من المشرکین ۔

اوراس سے ڈرو۔اورنماز قائم کرو۔اورمشرکین میں سے نہ ہونا۔ (سورہ الروم۔31)

صلاۃ اللیل (نمازِ تہجد):

فرض نمازوں کے بعدنفل نمازوں میں سب سے بڑا درجہ صلاۃُ اللیل (نمازِتہجد) کا ہے۔صحابہ کرام ؓ ،تابعین و تبع تابعینِ ذی اکرام ؒ، اولیائے عظام ؒ و عُلمائے حق ؒ نے تو اس نماز کو اپنی فطرت بنایا ہوا تھا۔اور اُنہوں نے کئی کئی دہائیوں تک کسی ایک رات بھی اس نماز کو قضا نہیں کیا۔اور یہ حضرات اس نماز کی خیر و برکت و بدولت عظیم المرتبت وارفع مقامات سے سرفراز ہوئے۔☆صحیحین میں یہ حدیث نبوی ﷺ ہے۔کہ! حضرت ابوہریرہ ؓ سے مروی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔جب رات کا تہائی حصہ رہ جاتا ہے۔تو ہمارا رب تبارک وتعالیٰ آسمانِ دنیا پرنزول فرماتا ہے۔اورارشادفرماتا ہے ۔کوئی جو مجھ سے دُعا کرے۔تاکہ میں اس کی دعا کو قبول کروں۔ہے کوئی جو مجھ سے سوال کرے۔تاکہ میں اسے عطا کروں۔ہے کوئی جو مجھ سے معافی چاہے۔کہ میں اسے بخش دوں۔(صحیح مسلم ، صحیح بُخاری) ☆ حضرت ابوہریرہ ؓ بیان کرتے ہیں۔کہ حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔رمضان کے بعد سب سے افضل روزے اللہ جل شانہ کے مہینے محرم الحرام کے ہیں۔اورفرض نماز کے بعدسب سے افضل نمازتہجد کی ہے۔(صحیح مسلم،نسائی،ترمذی)

وقت اور تعدادِ نمازِ تہجد :

بعد نمازِ عشاء رات کو بوقتِ سحر اُٹھنے سے پہلے کبھی بھی۔تعداد کم سے کم دو رکعت اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعتیں ہیں۔صحابہ کرام ؓ اور اولیائے عظام وعُلمائے حق تو پوری پوری رات نماز پڑھتے ہیں۔حضرت امامِ اعظم ابوحنیفہ ؒ اورحضور سید شیخ عبدالقادر جیلانی ؒ کے بار میں ثقہ روایات میں ملتا ہے۔کہ! یہ دوحضرات چالیس سے زیادہ برسوں سے عشاء کے وضو سے نمازِ فجر ادا کرتے رہے۔سبحان اللہ۔

صلاۃ الا شراق :

صلاۃ الاشراق کےضمن میں ایک روایت یہ ہے۔کہ! حضرت انس ؓ سے روایت ہے۔کہ آنخضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔جوشخص صبح کی نماز باجماعت پڑھ کرطلوعِ آفتاب تک بیٹھا۔اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا رہا۔پھر دو رکعت نمازِ اشراق ادا کی۔اس کے لئے کامل (ومقبول) حج اورعمرہ کا ثواب ہے۔حضرت انس ؓ فرماتے ہیں۔کہ حضور نبی مکرم ﷺ نے لفظ'' **تامہ** '' کامل تین مرتبہ فرمایا۔(جامع ترمذی،طبرانی اور بیہقی)

وقت اور تعدادِ نمازِ اشراق :

بعد نمازِ فجر سورج نکلنے کے ایک یا دو نیزے بلند ہو جانے یعنی کہ سورج نکلنے کے 15 سے 20 منٹ کے بعد سے وقت شروع ہو جاتا ہے۔تعداد کم سے کم دو رکعت اور زیادہ سے زیادہ چار رکعتیں ہیں۔

صلاۃ الضُحیٰ (نمازِ چاشت):

☆ صلاۃ الضُحیٰ کےضمن میں ایک روایت یہ ہے۔کہ! حضرت ابوہریرہ ؓ نے فرمایا۔مجھے میرے خلیل (رحمت اللعالمین ﷺ) نے تین باتوں کی نصیحت فرمائی۔کہ مرتے دم تک انہیں نہ چھوڑوں۔ہر مہینے میں تین روزے رکھنا۔نماز چاشت پڑھنا اور سونے سے پہلے وتر پڑھ لینا۔(صحیح بخاری ، صحیح مسلم)

☆ حضرت ابوہریرہ ؓ سے روایت ہے۔کہ حضرت رسالت مآب ﷺ نے فرمایا۔جوشخص چاشت کی دو رکعت کی پابندی کرتا ہے۔اس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔اگر چہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔(جامع ترمذی،سنن ابن ماجہ)

☆ حضرت ابوذرغفاری ؓ راوی ہیں۔کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں۔کہ آدمی پراس کے ہر جوڑ کے بدلے صدقہ ہے۔اورجس میں کل تین سوساٹھ جوڑ ہیں۔ہرتسبیح صدقہ ہے۔اور ہرحمد صدقہ ہے۔اور **لا الہ الا اللہ** کہنا صدقہ ہے۔اور **اللہ اکبر** کہنا صدقہ ہے۔اوراچھی بات کاحُکم کرنا صدقہ ہے۔اوربُری بات سےمنع کرنا صدقہ ہے۔اوردورکعت نمازِ چاشت پڑھنا ایسا ہے۔جیسا اس نے تین سوساٹھ جوڑوں کا صدقہ دیا ہے۔(صحیح مسلم)

☆ تین محدثینؒ نے تین راویوں سے حدیث نبوی ﷺ نقل کی ہے۔کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں۔کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے۔اے ابنِ آدم ! شروع دن میں میرے لئے چار رکعت پڑھ لے۔آخر دن تک تیری کفایت کروں گا۔(جامع ترمذی،سنن ابوداؤد،الدارمی)

وقت اور تعدادِ نمازِ چاشت :

آفتاب بُلند ہونے سے نصف النہار تک اس نماز کا وقت ہے۔علمائے کرام عمومًا نمازِ اشراق کے ایک یا دو گھنٹے کے بعد اس نماز کو پڑھتے ہیں۔تعداد کم سے کم دو رکعت اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعتیں ہیں۔

وابستہ رکھ حضورؐ سے دامن حیات کا اے دل! یہی ہے ، ایک ذریعہء نجات کا

صلاة الاوابین (نمازِ اوابین):

حضرت ابو ہریرہؓ کا بیان ہے کہ حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ جو شخص مغرب کے بعد چھ رکعت نفل اس طرح پڑھے۔ کہ ان (چھ رکعت) کے درمیان کوئی بُری بات نہ کرے۔ اس کے لئے یہ نفل بارہ سال کی عبادت کے برابر شمار ہوں گے۔ (جامع ترمذی، ابن ماجہ)

وقت اور تعدادِ نمازِ اوابین : بعد نمازِ مغرب فرض، سُنت اور نفل کے بعد یہ نماز ادا کی جاتی ہے۔ تعداد کم سے کم دو رکعت اور زیادہ سے زیادہ بیس رکعتیں ہیں۔ صحابہ کرامؓ اور اولیائے عظام و عُلمائے حق تو مغرب اور عشاء کے درمیانی وقت کو بہت قیمتی سمجھتے تھے۔ اسی لئے وہ حضرات مغرب وعشاء کے درمیان نوافل ہی پڑھتے رہتے تھے۔ اقوال، حالات اور آثارِ تابعین واولیائے عُظام وعُلمائے کرام میں وارد ہے۔ کہ یہ وقت نزولِ ملائکہ کا ہے۔ اسی لئے اس وقت دعائیں پُر تاثیر اور سریع الاجابت ہوا کرتی ہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

صلاة تحیة الوضو (نمازِ تحیۃ الوضو):

☆ صلاۃ تحیۃ الوضو کے ضمن میں ایک روایت یہ ہے۔ کہ! حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے۔ کہ نبی آخر الزماں ﷺ نے حضرت بلالؓ سے نمازِ فجر کے وقت فرمایا۔ اے بلالؓ ! مجھے اپنا وہ امید افزا عمل بتاؤ جو تم نے زمانہ اسلام میں کیا ہو۔ کیونکہ میں نے جنت میں اپنے آگے آگے تمھارے جوتوں کی آواز سُنی ہے۔ عرض کیا۔ میرے نزدیک تو ایسا امید افزا کوئی عمل نہیں ہے۔ ماسوائے اس کے۔ کہ میں نے رات یا دن کی کسی بھی ساعت میں جب بھی وضو کیا۔ تو اس کے ساتھ نماز (تحیۃ الوضو) جو قسمت میں لکھی ہے۔ ضرور پڑھی ہے۔ یہ حدیث نبوی ﷺ متفق علیہ ہے۔

وقت اور تعدادِ نمازِ تحیة الوضو : زوال ومکروہ اوقات کے علاوہ جب بھی وضو کیا جائے۔ تو یہ نماز گھر یا مسجد میں پڑھی جاسکتی ہے۔ اس نماز کی تعداد صِرف دو رکعت ہی ہے۔ صحابہ کرامؓ اور اولیائے عظام و عُلمائے حق اس نماز کو باقاعدگی سے ادا فرماتے تھے۔

صلاة تحیة المسجد (نمازِ تحیۃ المسجد):

☆ صلاۃ تحیۃ المسجد کے ضمن میں ایک روایت یہ ہے۔ کہ! حضرت ابو قتادہؓ بیان کرتے ہیں۔ کہ حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ جب (بھی) تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہو۔ تو دو رکعت (تحیۃ المسجد) پڑھے بغیر نہ بیٹھے۔ (متفق علیہ)

وقت اور تعدادِ نمازِ تحیۃ المسجد :

زوال ومکروہ اوقات کے علاوہ جب بھی مسجد میں داخل ہوں۔ تو اگر وقت میسر ہو۔ تو یہ نماز پڑھ لینی چاہیئے۔ اس نماز کی تعداد صِرف دو رکعت ہی ہے۔ صحابہ کرامؓ اور اولیائے عظام و عُلمائے حق اس نماز کو بھی باقاعدگی سے ادا فرماتے تھے۔

نمازِ جنازہ : (نمازِ جنازہ پڑھنے کا طریقہ)

نمازِ جنازہ دراصل اعتکاف ہی کی طرح فرضِ کفایہ ہے۔ کہ! ایک نے بھی پڑھ لی۔ تو سارے اہلِ محلّہ بری الذمہ ہو گئے۔ (ورنہ جس جس کو خبر پہنچی۔ اور وہ نمازِ جنازہ پڑھنے نہیں گیا۔ تو وہ گناہ گار رہا۔ الدرالمختار، ردالمختار، فتاوٰی ہندیہ) اور جتنے زیادہ لوگ نمازِ جنازہ میں شریک ہوں گے۔ اُتنا میت کو فائدہ ہوگا۔ (احادیثِ نبوی ﷺ کے مطابق، کم از کم تین صفیں تو ضرور ہوں) بہر حال! جوتا پہن کر یا جوتا اُتار کر بھی نمازِ جنازہ ادا ہو جاتی ہے۔ مگر ادب کا تقاضہ یہ ہے۔ کہ! جوتے اُتار کر نمازِ جنازہ پڑھی جائے۔ اگر جوتے پہن کر یا جوتے پر کھڑے ہو کر نمازِ جنازہ پڑھنی ہی ہے۔ تو جوتا گندگی وغلاظت سے پاک ہونا چاہیئے۔

نمازِ جنازہ میں 2 ارکان ہیں۔ 1۔ 4 مرتبہ اللہ اکبر کہنا۔ 2۔ قیام۔

نمازِ جنازہ میں 3 چیزیں سنت ہیں۔ 1۔ اللہ عزوجل کی ثناء۔ 2۔ درود وسلام۔ 3۔ دعا برائے میت۔

نمازِ جنازہ کی نیت مع 4 تکبیرات ایسے پڑھنی ہے۔ کہ! کانوں تک ہاتھ اُٹھا کر اللہ اکبر کہتا ہوا ہاتھ نیچے لا کر ناف سے نیچے لا کر حسبِ دستور باندھ لے۔ اور یہ والی ثناء پڑھے۔ **سبحنک اللھم وبحمدک وتبارک اسمک وتعالٰی جدک وجل ثناؤک ولا الہ غیرک** ۔ پھر بغیر ہاتھ اُٹھائے۔ پھر دوسری تکبیر اللہ اکبر کہے۔ اور درود شریف (بہتر ہے۔ کہ درودِ ابراہیمی پڑھ لے) پڑھ لے۔ بعد درود تیسری تکبیر اللہ اکبر کہہ کر اپنے، میت اور تمام مومنین مرادوخواتین کی مغفرت کی دعا مانگے۔ مشہور دعا یہ ہے۔ **اللھم اغفر لحیتنا و میتنا و شاھدنا و غا ئبنا و صغیرنا و کبیرنا و ذکرانا وانثا نا. اللھم من احییته منا فا حیه علی الاسلام ومن تو فیته علی الایمان . اللھم لا تحرمنا اجره (اجرھا)ولا تفتنا بعده. (بعدھا) .اللھم واغفر له (لھا)وارحمه (وارحمھا)وعافه (عافھا)واعف عنه (عنھا)واکرم نز له (نزلھا)** ۔۔۔ پھر آخری یعنی چوتھی تکبیر کے بعد بغیر کوئی دعا پڑھے ہاتھ کھول لے۔ اور سلام پھیر دے۔ پس نمازِ جنازہ مکمل ہوگئی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

دل دھڑکتا نہیں اَب سینے میں چھوڑ آیا ہوں یہ دل مدینے میں

صلاۃ التسبیح (نمازِ تسبیح):

صلاۃ التسبیح کے ضمن میں ایک روایت یہ ہے ۔کہ! حضرت عبد اللہ بن عُمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ۔کہ مجھ سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگرتمھارے گُناہ تمام اہل زمین سے بھی زیادہ ہوں ۔تب بھی اس (نماز) کے باعث معاف کر دیئے جائیں گے ۔ میں نے عرض کیا ۔اگر اس وقت نہ پڑھ سکوں؟ فرمایا۔ رات اور دن میں جس وقت بھی پڑھ سکو ۔(سُنن ابو داؤد)

وقت اور تعدادِ نمازِ تسبیح : (طریقہ نمازِ تسبیح)

زوال ومکروہ اوقات کے علاوہ جب جی چاہے ۔ یہ نماز گھر یا مسجد میں پڑھی جا سکتی ہے ۔اس نماز کی تعداد صِرف چار رکعت ہی ہے ۔ بہتر تو یہ ہے ۔کہ ظُہر کی نماز سے پہلے یہ نماز پڑھ لی جائے ۔صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور اولیائے عظام و عُلمائے حق اس نماز کو باقاعدگی سے ادا فرماتے تھے ۔ کیونکہ اِس کی فضیلت وخواص بہت زیادہ ہیں ۔

اس نماز کے پڑھنے میں خصوصی بات یہ ہے۔ کہ اس نماز میں یہ تسبیح **75** مرتبہ پڑھی جاتی ہے ۔ **سُبحان الله. والحمد لله. ولا اله الا الله. والله اکبر** ☆اس نماز کا عام ورائج طریقہ یہ ہے ۔کہ تکبیرِ تحریمہ کے بعد ثناء پڑھے ۔ثناء کے بعد یہی تسبیح **15** مرتبہ پڑھے ۔ پھر تعوذ، تسمیہ، سورہ فاتحہ اور کوئی سورہ پڑھ کر یہی تسبیح **10** مرتبہ پڑھے ۔ پھر رکوع میں **3** مرتبہ **سبحان ربی العظیم** کے بعد یہی تسبیح **10** مرتبہ پڑھے ۔ پھر رکوع سے سیدھے ہوکر **سمع الله لمن حمده** اور **ربنا لک الحمد** کے بعد یہی تسبیح **10** مرتبہ پڑھے ۔ پھر **الله اکبر** کہہ کر سجدے میں جا کر **3** مرتبہ **سبحان ربی الا علٰی** کے بعد یہی تسبیح **10** مرتبہ پڑھے ۔ پھر سجدے سے سر اُٹھا کر جلسہ میں یہی تسبیح **10** مرتبہ پڑھے ۔ پھر سجدے میں **3** مرتبہ **سبحان ربی الا علٰی** کے بعد یہی تسبیح **10** مرتبہ پڑھے ۔ اس طرح پہلی رکعت میں اس تسبیح کی مجموعی تعداد **75** مرتبہ ہوئی ۔ باقی تینوں رکعتوں میں ثناء وتعوذ کے ماسوا اسی طریقہ سے نماز کو مکمل کریں ۔ ہر رکعت میں یہی تسبیح **75** مرتبہ ہوگی ۔ اور چاروں رکعتوں میں اس تسبیح کی مجموعی تعداد **300** مرتبہ پڑھنا ہوگی ۔ اِس نماز کی احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں بہت تعریف کی گئی ہے ۔اور مسلمانوں کو اِس نماز کے پڑھنے کی ترغیب دی گئی ہے ۔

مزید نوافل کا بیان (اسبوع الصلاۃ (یعنی) ہفتہ وار ایام کے نوافل کا بیان)

گو کہ یہ نمازیں صحاح ستہ میں تو موجود نہیں ہیں ۔لیکن یہ نمازیں (اسبوع الصلاۃ) سیدنا شیخ عبد القادر الجیلانی البغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے **غنیۃ الطالبین** میں ، حضرت شیخ الاسلام بہاؤالدین زکریا مُلتانی رحمۃ اللہ علیہ نے **الاوراد** میں ، حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے **احیاء العلوم الدین** میں ، امام اجل شیخ ابو طالب مکی رحمۃ اللہ علیہ نے **قوت القلوب** میں ، شیخ عبد الحق مُحدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے **ایام الاسلام** میں ، حضرت شاہ محمد غوث گوالیاری رحمۃ اللہ علیہ نے **جواہر خمسہ** میں اور سلسلہ عالیہ چشتیہ کے مشہور ومعروف ملفوظات بنام مجموعہ بنام **ہشت بہشت** بڑی شرح وبسط کے ساتھ پیش کی گئی ہیں ۔ چونکہ مذکورہ حضرات علمی وعملی حوالے سے ایک خاص اہمیت رکھتے ہیں اور اِن سے غلط بیانی کی توقع نہیں ہے ۔ کیونکہ ان کا اپنا ایک مخصوص ومعروف مقام ہے ۔ ذیل میں دی گئی ہفتے کے تمام شب وروز کی نمازوں کا بیان دیا گیا ہے ۔

بروزِ اتوار کے نوافل :

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ۔کہ آنحضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے اِرشاد فرمایا ہے ۔''جس نے اتوار کے دن چار رکعت نمازیوں پڑھی ۔ کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ اور سورہ بقرہ کی آخری آیات (**امن الرسول** ۔۔۔ سے آخر تک) پڑھیں ۔ (تو) اللہ تعالٰی اس (شخص کی نماز) کے لئے تمام نصرانی مَردوں اور عورتوں کی تعداد کے برابر نیکیاں لکھے گا ۔ اسے ایک نبی علیہ السلام کے ثواب کے برابر ثواب عطا فرمائے گا ۔ اِس کے لئے ایک حج وعُمرہ کا ثواب لکھے گا ۔ ہر رکعت کے بدلے ہزار نمازوں کا ثواب عطا فرمائے گا ۔ اور اسے ہر حرف کے بدلے جنت میں خالص کستوری کا شہر عطا فرمائے گا''۔ (انشاء اللہ العظیم)

حضرت امیر المؤمنین سیدنا علی المُرتضٰی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ۔کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے ۔''اتوار کے دن کثرتِ نماز سے اللہ تعالٰی کی وحدانیت بیان کرو ۔ بے شک اللہ عز وجل یکتا ہے ۔ اس کا کوئی شریک نہیں ۔ پس جس نے اتوار کے دن نمازِ ظُہر کے فرض وسنتوں کے بعد چار رکعت نماز پڑھی ۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ اور سورہ تنزیل السجدہ پڑھی ۔ اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ اور سورہ مُلک پڑھی ۔ پھر تشہد پڑھ کر سلام پھیرا ۔ پھر آخری دو رکعت پڑھنے کے لئے کھڑا ہوگیا ۔ اور ان میں سورہ فاتحہ اور سورہ جُمعہ کی تلاوت کی ۔ اور اللہ تعالٰی سے اپنی حاجت طلب کی ۔ تو اللہ عز وجل کے ذمہ کرم پر ہے ۔ کہ اس کی حاجت پوری فرمادے ۔ (انشاء اللہ تعالٰی)

چوں خود را بنگرم دیدم ہماں است — جمالِ خود جمالِ یار دیدم
نمازِ زاہداں محراب و منبر — نمازِ عاشقاں بہ دار دیدم
چو یک جرعہ رسید از غیب حافظ — ہمہ عقل و خرد بیکار دیدم

بروزِ سوموار کے نوافل :

حضرت سیدنا جابرؓ سے مروی ہے ۔کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے اِرشاد فرمایا ہے۔ ''جو شخص پیر کے دن سورج بلند ہوتے وقت دو رکعتیں ادا کرے ۔ ہر رکعت میں ایک بار سورہ فاتحہ ، ایک بار آیت الکرسی ، ایک بار سورہ اخلاص اور ایک ایک بار معوذتین (سورہ فلق وسورہ والناس) پڑھے ۔ پھر سلام پھیر کر دس مرتبہ (اپنے اور والدین کے لئے) استغفار پڑھے ۔اور دس مرتبہ مجھ پر درودِ پاک پڑھے ۔تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام گُناہ معاف فرما دے گا ۔(انشاءاللہ)

حضرت سیدنا انس بن مالکؓ سے مروی ہے ۔کہ آنحضرت جناب سیدالمرسلین ﷺ نے ارشادفرمایا۔کہ جو شخص بروزِ سوموار بارہ رکعتیں پڑھے ۔ ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھے ۔سلام پھرنے کے بعد بارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے ۔اور بارہ مرتبہ استغفار کرے ۔تو بروزِ قیامت نِدا دی جائے گی ''فلاں بن فلاں کہاں ہے؟ وہ کھڑا ہو۔اور اللہ عزوجل سے اپنا ثواب لے لے'' ۔ چنانچہ بطورِ ثواب اِسے پہلے ہزار حلے اور تاج عطاء کئے جائیں گے ۔اور کہا جائے گا۔ ''جنت میں داخل ہو جا'' پس ایک لاکھ فرشتے ایک لاکھ تحائف سے اس کا استقبال کریں گے ۔اور اسے تحفے پیش کریں گے ۔حتٰی کہ وہ نور سے بنے ہوئے ہزار محلات پر جائے گا ۔ جو جگمگا رہے ہوں گے ۔(انشاءاللہ تعالیٰ)

بروزِ منگل کے نوافل :

حضرت سیدنا یزید رقاشیؓ ، حضرت سیدنا انس بن مالکؓ سے روایت کرتے ہیں ۔کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے اِرشادفرمایا ہے۔ ''جس نے منگل کے دن نصف دن کے وقت دس رکعتیں نماز پڑھیں ۔'' ایک روایت میں ہے ۔کہ ''سورج بلند ہوتے وقت دس رکعتیں نماز پڑھیں ۔'' ۔''ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ ایک مرتبہ آیت الکرسی اور تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھی ۔تو ستر **70** ایام تک اس کی کوئی بُرائی نہیں لکھی جائے گی ۔اگر وہ سات دنوں کے اندر فوت ہوگیا۔تو شہادت کی موت مرے گا ۔اور اس کے ستر سال کے گُناہ معاف کر دئے جائیں گے'' (انشاءاللہ تعالیٰ)

حضرت سیدنا معاذ بن جبلؓ سے روایت کرتے ہیں ۔کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے اِرشادفرمایا ہے۔ ''جو شخص منگل کے روز کہ جس روز اللہ تعالیٰ نے بارش پیدا فرمائی ۔اور ابلیس روئے زمین پر آیا ۔اور اس کے لئے دوزخ کے دروازے کُھلے ۔ پھر ملک الموت (حضرت عزرائیلؑ) بندگانِ خُدا کی جانیں قبض کرنے پر مُسلط ہوا ۔اور اسی روز قابیل نے ہابیل کو قتل کیا ۔اور اسی روز حضرت ایوب پیغمبرؑ بیماری میں مُبتلا ہوئے ۔(جو مسلمان اس روز) دو رکعت نماز اس طرح ادا کرے ۔کہ ایک مرتبہ سورہ فاتحہ ، ایک مرتبہ سورہ والتین ، ایک مرتبہ سورہ اخلاص اور ایک ۔ایک مرتبہ معوذتین پڑھے ۔تو اللہ تعالیٰ قطرات باراں کے برابر اسے نیکیاں عنایت فرماتا ہے ۔اور بہشت میں ایک سنہری محل عطا فرمائے گا ۔اور دوزخ کے ساتوں دروازے اس پر بند ہونگے ۔اور اسے حضرت آدم پیغمبرؑ ، حضرت موسیٰ پیغمبر ۔حضرت ہارون نبی اور حضرت ایوب نبیؑ کا ثواب مِلے گا ۔اور بہشت کے ساتوں دروازے اس پر کُھلے ہونگے ۔اور (اس نماز کے پڑھنے والا) جُملہ مصائب وآفات سے محفوظ و بےخوف رہے گا ۔(انشاءاللہ العظیم)

اسی طرح سے منگل کے دن ظہر کی نماز کی بعد چار رکعت نماز (**صلوۃ الاحزاب** کی نیت سے) اس طرح سے پڑھو ۔کہ! ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی ،**قل اللھم مالک الملک** ۔۔۔**تا بغیر حساب** ۔اور چاروں قل شریف پڑھ کر پھر پندرہ مرتبہ آیتِ کریمہ **لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظالمین** ۔ پھر یہی آیت کریمہ رکوع میں دس مرتبہ، پھر دس مرتبہ قومہ میں ، پھر دس مرتبہ سجدہ میں پھر دس مرتبہ جلسہ میں پھر دس مرتبہ دوسرے سجدے میں ، پھر سجدے سے سراُٹھا کر دس مرتبہ پڑھو۔ پھر دوسری تیسری اور چوتھی رکعتوں میں بھی اسی طرح سے (سورہ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی ،**قل اللھم مالک الملک** ۔۔۔اور چاروں قل شریف پڑھ کر پھر پندرہ مرتبہ آیتِ کریمہ **لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظالمین** ۔ پھر یہی آیتِ کریمہ رکوع میں دس مرتبہ، پھر دس مرتبہ قومہ میں ، پھر دس مرتبہ سجدہ میں پھر دس مرتبہ جلسہ میں پھر دس مرتبہ دوسرے سجدے میں ، پھر سجدے سے سراُٹھا کر دس مرتبہ پڑھو ۔) پڑھو ۔اس نماز کا طریقہ بالکل صلوٰۃ التسبیح کی طرح ہے ۔فرق صرف اتنا ہے ۔کہ! اُس نماز میں **سبحان اللہ والحمد للہ واللہ اکبر** پڑھنا پڑتا ہے ۔جبکہ اس میں آیتِ کریمہ **لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظالمین** ۔ پڑھی پڑتی ہے ۔اس نماز میں بھی یہی آیتِ کریمہ ایک رکعت میں پچھتر مرتبہ پڑھنی پڑتی ہے ۔ بہرحال اس نماز کی آخری رکعت کے آخری سجدے سے اُٹھ کر التحیات پڑھ کر پھر سجدے میں جا کر یہ دُعا پڑھو ۔**یا حی یا قیوم یا غیاث المستغیثین اغثنی اغثنی اغثنی بحق ایاک نعبد وایاک نستعین. حسبی اللہ و کفٰی باللہ حسیبا. اللھم صل علٰی محمد و علٰی اٰل محمد وبارک وسلم** پڑھ کر سر سجدے سے اُٹھا کر درودِ ابراہیم پڑھ کر پھر **رب اجعلنی مقیم**۔۔۔ پڑھ کر سلام پھیر دو ۔اور دعا کے لئے ہاتھ اُٹھاؤ ۔

یہ شرطِ الفت بھی عجب ہے محسن! میں پورا اُترتا ہوں جب ، وہ معیار بدل دیتے ہیں

بروزِ بُدھ کے نوافل : حضرت سیدنا ابوادریس خولانیؒ ، حضرت سیدنا معاذ بن جبلؓ سے روایت کرتے ہیں ۔کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے اِرشاد فرمایا ہے ۔'' جس نے بدھ کے دن سورج بلند ہوتے وقت بارہ رکعت نماز ادا کی ۔ ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ ایک مرتبہ آیت الکرسی تین مرتبہ سورہ اخلاص اور تین مرتبہ معوذتین پڑھیں ۔تو عرش کے پاس ایک مُنادی نِدا دیتا ہے ۔ '' اے اللہ عزوجل کے بندے ! نئے سِرے سے عمل کر تیرے گُزشتہ گُناہ بخش دیئے گئے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ نے تجھ سے عذابِ قبر، اس کی تنگی و تاریکی اور قیامت کی سختیوں کو اُٹھالیا ۔'' اس دن ایک نبیؑ کے عمل کے برابر اس کا عمل بلند ہوگا ۔ (انشاءاللہ تعالیٰ)

حضرت سیدنا معاذ بن جبلؓ سے روایت کرتے ہیں ۔کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے اِرشاد فرمایا ہے ۔'' جوشخص بدھ کے روز ۔کہ! جس دن اللہ تعالیٰ نے روشنی وتاریکی پیدا فرمائی ۔ دو رکعت نماز اس طرح ادا کرے ۔کہ ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ، ایک مرتبہ سورہ اذا زلزلت الارض ۔ ۔ ۔ اور تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے ۔تو اللہ تعالیٰ قیامت اور قبر کی تاریکی اس سے دور کردے گا ۔ ایک سال کی عبادت کا ثواب اس کے نامہ اعمال میں لکھ دیا جائے گا ۔اور سفید نامہ اعمال اس کے ہاتھوں میں دیا جائے گا ۔(انشاءاللہ العظیم)

بروزِ جُمعرات کے نوافل : حضرت سیدنا عکرمہؓ ، حضرت سیدنا عبداللہ بن عباسؓ سے روایت کرتے ہیں ۔کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے اِرشاد فرمایا ہے ۔'' جس نے جمعرات کے دن ظہروعصر کے درمیان دو رکعتیں پڑھیں ۔پہلی رکعت میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ، 100 سومرتبہ آیت الکرسی اور دوسری رکعت میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ، 100 سومرتبہ سورہ اخلاص پڑھی ۔اور (سلام کے بعد) 100 سومرتبہ مجھ پر درودِ پاک پڑھا ۔تو اللہ عزوجل اسے رجب ، شعبان اور رمضان کے روزے رکھنے والے کا ثواب عطا فرمائے گا ۔اوراس کے لئے حج ادا کرنے والے کی مِثل ثواب ہے ۔ نیز اس کے لئے مؤمنین ومتوکلین کی تعداد کے برابر نیکیاں لکھی جائیں گی ۔ (انشاءاللہ تعالیٰ)

جمعرات کے روز اللہ تعالیٰ نے بہشت کو پیدا کیا ۔ جوشخص اس دن دو رکعت نماز اس طرح ادا کرے ۔کہ ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور پانچ مرتبہ سورہ اذا جاءنصراللہ ۔ ۔ پڑھے ۔اور جب عصر کی نماز پڑھے ۔تو 40 مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے ۔اور 40 مرتبہ استغفار کرے ۔تو اللہ تعالیٰ اسے بہشت میں ایک محل عنایت فرمائے گا ۔جس میں 70 حوریں ہوں گی ۔ اور فرشتوں کی تعداد کے برابر ایک ۔ ایک سال کی عبادت کا ثواب ملے گا ۔ اور ہر ہر آیت کے بدلے ہزار ۔ ہزار شُہداء کا ثواب عطا ہوگا ۔(انشاءاللہ العظیم)

بروزِجمعۃ المبارک کے نوافل : یاد رہے ۔کہ! جمعۃ المبارک کا دن بہت عظیم دن ہوتا ہے ۔اور یہ دن اس اُمت کوانعام کے طور پر ملا ہے ۔اس دن کی فضیلت بہت ہی زیادہ ہے ۔قرآن میں آیا ہے ۔کہ! اے ایمان والو! جمعہ کے دن جب اذان دی جائے ۔تو تم اللہ تعالیٰ کے ذکر (یادوعبادت) کی طرف دوڑ پڑو ۔اورخریدوفروخت چھوڑ دو ۔ یہ تمہارے حق میں بہت ہی بہتر ہے ۔اگرتم جانتے ہو ۔(سورہ جمعہ ۔09)

آنخضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا ۔کہ! قسم ہے ۔اس خدائے پاک کی کہ محمد ﷺ کی جان اس کے حکم میں ہے ۔جومومن مردوعورت بروزِجمعہ اس (طرح سے نماز) پڑھے گا ۔(بروزِقیامت) اس کوبہشت کے ملنے کا مَیں ضامن ہوں ۔اور وہ بندہ اپنی جگہ سے بھی نہ اُٹھنے پائے گا ۔کہ بخشا جاوے گا ۔(انشاءاللہ)

حضرت سیدنا عکرمہؓ ، حضرت سیدنا علی المُرتضیٰؓ سے مروی ہے ۔کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے اِرشاد فرمایا ہے ۔'' جس نے جمعہ کا پورا دن نماز کے لئے ہے ۔ جب سورج قرار پکڑ لے ۔ اور نیزے کی مِقدار یا اس سے زیادہ بُلند ہو جائے ۔ تو کوئی بندہ مومن اچھی طرح وضو کرے ۔ پھر حالتِ ایمان اور ثواب کی اُمید پر دو رکعت نمازِ چاشت پڑھے ۔تو اللہ تعالیٰ اس کیلئے 200 نیکیاں لکھتا ہے ۔ اس کے 200 گناہ مٹاتا ہے ۔ اور جو چار رکعتیں پڑھے ۔تو اللہ تعالیٰ اس کے 400 درجات بلند فرماتا ہے ۔ اور جو آٹھ رکعتیں پڑھے ۔تو اللہ عزوجل جنت میں اس کے 800 درجات بلند فرماتا ہے ۔ اور اس کے تمام گناہ معاف فرما دیتا ہے ۔ اور جو بارہ رکعتیں پڑھے ۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے 2200 نیکیاں لکھتا ہے ۔ اور 2200 گناہ مٹاتا ہے ۔ اور جنت میں اس کے 2200 درجات بلند فرماتا ہے '' ۔

حضرت سیدنا نافعؓ ، حضرت سیدنا عبداللہ بن عُمرؓ سے روایت کرتے ہیں ۔کہ آنخضور نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔کہ جو جُمعۃُ المبارک کے دن جامع مسجد میں داخل ہوا ۔ اور جُمعہ کی نماز سے پہلے چار رکعت نماز پڑھے ۔ ہر رکعت میں (ایک مرتبہ) سورہ فاتحہ اور 50 مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے ۔ وہ مرنے سے پہلے جنت میں اپنا ٹھکانا دیکھ لے گا ۔ یا اسے دکھا دیا جائے گا '' ۔(انشاءاللہ تعالیٰ)

آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے اِرشاد فرمایا ہے ۔'' جوشخص جمعہ کے دن بیس رکعت نماز پڑھے ۔ ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے ۔تو بروزِ قیامت اللہ عزوجل اس شخص کو ایک لاکھ صدیقین وشُہداء کے ہمراہ اُٹھائے گا ۔ ہر حرف کے بدلے نور پائے گا ۔ اور پُل صراط سے آسانی گُزر جائے گا '' (انشاءاللہ)

حضرت سیدنا معاذ بن جبلؓ سے روایت کرتے ہیں ۔کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے اِرشاد فرمایا ہے ۔'' جوشخص بروزِجُمعہ دو رکعت نماز اس طرح ادا کرے ۔کہ ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ، 100 مرتبہ آیت الکرسی اور 100 مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے ۔اور نماز سے فارغ ہوکر بیٹھ کر (یعنی کہ بعد سلام پھیرنے کے بحالت تشہد ہی میں) یہ دعا سات مرتبہ پڑھے ۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo یا نور النور یا اللہ یا رحیم یا رحمٰن یا حی یا قیوم افتح ابواب رحمتک مغفرتک ومن علی یدخل الجنۃ الحنقی من النار o**

کتاب جواہرخمسہ اوراورادِغوثیہ میں ہے۔کہ! جوشخص جمعہ کے روز چار رکعت ایک سلام سے پڑھے۔اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ آیت الکرسی اور پندرہ مرتبہ سورہ کوثر پڑھے۔تو اس نماز کے پڑھنے والے خوش نصیب کو سات سو برس کی نمازوں کے جتنا ثواب ملتا ہے۔نیت اس نماز کی یہ ہے۔ **نویت ان اصلی لله تعالٰی اربع رکعات تکفیر القضاء التی مافات منی لی جمیع عمری و سائرما فیھاصلوٰة النفل متوجھا الٰی جھة الکعبة الشریفة. الله اکبر** ۔نماز کے بعد سو مرتبہ درود شریف پڑھے۔اور پھر یہ دعا ایک مرتبہ (یا تین مرتبہ) پڑھے۔

اللھم یا سابق الفوت ویا سامع الصوت ویا محیی العظام بعد الموت وصل علٰی محمد وعلٰی اٰل محمد واجعل لی فوجا و مخرجا مما انا فیه فانک تعلم ولا اعلم وانت تقدرولا اقدر وانت علام الغیوب یا واھب العطایا ویا غافر الخطایا ۔ یا سبوح یا قدوس یارب الملٰئکة والروح ۔ رب اغفر وارحم وتجاوز عما تعلم فانک انت العلی الاعظم الاعلٰی یا ستار العیوب ویا غفار الذنوب یا ذالجلال والاکرام۔ وصلی الله تعالٰی علٰی محمد واله اجمعین ۔

کتاب جواہرخمسہ اوراورادِغوثیہ میں ہے۔کہ! جب سورج نکل آئے۔(یعنی بوقتِ اشراق) تو دوگانہ پڑھو۔پہلی رکعت میں ''قل اعوذ برب الفلق'' اور دوسری رکعت میں ''قل اعوذ برب الناس''،اورسلام کے بعدسات مرتبہ آیت الکرسی پڑھو۔اس کے بعد چار رکعت نمازِنفل اور پڑھو۔اور ہر رکعت میں اذا جاء نصراللہ ایک مرتبہ اور ''قل ھواللہ احد'' پچیس مرتبہ،سلام (پھیرنے) کے بعد ستر مرتبہ'' **لا حول ولا قوة الا با لله العلی العظیم** '' پڑھے۔

بروزِھفته کے نوافل : حضرت سیدنا ابو ہریرہؓ سے مروی ہے۔کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔''جوشخص ہفتہ کے دن چار رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور تین مرتبہ سورہ کافرون پڑھے۔سلام پھیرنے کے بعد (ایک مرتبہ) آیت الکرسی پڑھے۔تو اللہ عزوجل ہر حرف کے بدلے اس کے لئے ایک حج وعُمرہ کا ثواب لکھتا ہے۔ ہر حرف کے بدلے ایک سال کے روزوں اور رات کے قیام (رات کے نوافل پڑھنے) کا ثواب ملتا ہے۔اور اسے ہر حرف کے بدلے ایک شہید کا ثواب بھی عطا ہوگا۔نیز وہ انبیاء وشُہداء کے ساتھ عرش کے سائے کے نیچے ہوگا''۔(انشاءاللہ)

ھفته وارشب کے نوافل کا بیان

شب اِ تو ا ر کے نو ا فل :

حضرت سیدنا انس بن مالکؓ سے مروی ہے۔کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے اِرشاد فرمایا ہے۔''جو اتوار کی رات 20 رکعت ادا کرے۔اور ہر رکعت مین سورہ فاتحہ کے بعد 50 مرتبہ سورہ اخلاص اورایک مرتبہ معوذتین پڑھے۔ پھر 100 مرتبہ اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرے۔ پھر 100 مرتبہ اپنے والدین کے لئے استغفارطلب کرے۔(**اللھم اغفرلی ولولدی ولمن توالد وارحمھما کما ربیانی صغیرا واغفر**)اور 100 مرتبہ نبی کریم ﷺ پردرودِ پاک پڑھےاوراپنی قُدرت وطاقت سے براءت کا اِظہار کرکے اللہ عزوجل کی قدرت وطاقت سے مدد مانگے۔(یعنی **لاحول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم** پڑھے)اور پھر یہ کہے۔ **اشھد ان لا الہ الا لله واشھد ان آدم صفوة الله تبارک و تعالٰی و فطرتة و ابراھیم خلیل الله و موسٰی کلیم الله و عیسٰی روح الله و سیدنا محمد** ﷺ **حبیب الله تبارک و تعالٰی** ۔تو اس (نماز وذکر کرنے والے) کے لئے اِن تمام لوگوں کی تعداد کے برابر ثواب ہوگا۔ جو اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں۔اور اِن کے برابر بھی جو دعانہیں کرتے۔اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن ان لوگوں کے ہمراہ اُٹھائے گا۔ جو محفوظ وماموں ہوں گے۔اور بروزِ قیامت اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر ہوگا۔کہ وہ اسے انبیائے کرامؑ کے ساتھ جنت میں داخل کرے''۔(انشاءاللہ تعالیٰ)

شب سوموار کے نوافل : حضرت سیدنا انسؓ سے مروی ہے۔کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ کا فرمانِ عالیشان ہے۔کہ!''جو پیر کی شب چار رکعت ادا کرے۔پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد **10** مرتبہ سورہ اخلاص، دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد **20** مرتبہ سورہ اخلاص، تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد **30** مرتبہ سورہ اخلاص اور چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد **40** مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔اس کے بعد تشہد پڑھے۔اور سلام پھیر دے۔پھر سورہ اخلاص **75** مرتبہ، اپنے اور اپنے والدین (وغیرہا) کے لئے استغفار **75** مرتبہ(یعنی **اللھم اغفرلی ولولدی ولمن توالد وارحمھما کما ربیانی صغیرا واغفر** ۔ کہے)اور درودِ پاک بھی **75** مرتبہ پڑھے۔اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کا سوال کرے۔تو اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر ہے۔کہ اس کی مانگی ہوئی شئے اس کو عطا فرمائے''۔اسے (اس مشہور ومعروف نماز کو) صلوٰۃ الحاجت بھی کہا جاتا ہے۔

حضرت سیدنا ابو امامہؓ سے مروی ہے۔کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ کا فرمانِ عالیشان ہے۔کہ!''جو پیر کی شب دو رکعتیں اِس طرح ادا کرے۔کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد 15-15 پندرہ پندرہ مرتبہ سورہ اخلاص، سورہ فلق اور سورہ والناس پڑھے۔تو اللہ تعالیٰ اسے جنتیوں میں شامل کر دیتا ہے۔اگر چہ جہنمیوں میں سے ہو۔اور اس کے اعلانیہ ومخفی تمام (سرزدہ) گُناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔اور اس کی پڑھی گئی ہر آیت کے بدلے ایک حج وعُمرہ کا ثواب لکھا جاتا ہے۔اور ایک پیر سے دوسرے پیر کے درمیان (اگر) اس (نماز کے پڑھنے والے) کی موت واقع ہو جائے۔تو وہ شہید کی موت فوت ہوگا''۔(انشاء اللہ العظیم)

با ادب منظورِ حق ہے اے عزیز ۔۔۔ بے ادب مردود ہے اور بے تمیز

ہے ادب بے شبہ نورِ باطنی ۔۔۔ سچ ہے یہ قولِ مولوی در مثنوی

حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری اپنے پیرومرشد حضرت خواجہ عثمان ہرونیؒ کے حوالے سے (حضرت علی المرتضیٰؓ سے مروی آنحضرت ﷺ کی ایک حدیث کا حوالہ دیتے ہوئے) رقم طراز ہیں ۔ کہ! جو شخص سوموار کی رات پچاس رکعت نماز اس طرح پڑھے ۔ کہ! ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص پڑھے ۔ تو خداوند تعالیٰ اس کی گذشتہ نمازوں کا کفارہ فرماتا ہے ۔ خواہ اس نے سو سال بھی نمازیں ادا نہ کی ہوں ۔

شب منگل کے نوافل : حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے ۔ کہ! '' جس نے منگل شب منگل بارہ رکعتیں ادا کیں ۔ اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد 15 پندرہ مرتبہ سورہ **اذا جاء نصر اللہ** ۔ ۔ پڑھی ۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں ایک گھر بنا دے گا ۔ جس کی لمبائی اور چوڑائی (اِس) دنیا کی وُسعت سے **700** سات سو گُنا زیادہ ہوگی'' ۔ (انشاءاللہ العظیم)

امیر المؤمنین خلیفہ دوئم سیدنا عمرِ فاروقؓ سے مروی ہے ۔ کہ '' آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے اِرشاد فرمایا ہے ۔ '' جو منگل کی رات دو رکعت نماز نماز پڑھے ۔ ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ، **7** سات مرتبہ سورہ قدر اور (سات مرتبہ) سورہ اخلاص پڑھے ۔ تو اللہ تعالیٰ اُسے جہنم کی آگ سے آزاد فرمائے گا ۔ اور بروزِ قیامت یہ نماز اس کے لئے جنت کی طرف راہنما اور دلیل ہوگی'' ۔ (انشاءاللہ تعالیٰ)

شب بدھ کے نوافل : خاتونِ جنت حضرت سیدنا فاطمۃُ الزہراءؓ سے مروی ہے ۔ کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ! '' جو شخص بدھ کی رات دو رکعت نماز پڑھے ۔ پہلی رکعت میں ایک مرتبہ سورہ اخلاص اور دس مرتبہ سورہ فلق پڑھے ۔ اور دوسری رکعت میں ایک مرتبہ سورہ اخلاص اور دس مرتبہ سورہ والناس پڑھے ۔ پھر سلام (پھیرنے) کے بعد دس مرتبہ استغفار کرے ۔ اور دس مرتبہ مجھ پر درودِ پاک پڑھے ۔ تو ہر آسمان سے ستر ہزار **70000** فرشتے نازل ہوں گے ۔ جو قیامت تک اس کا ثواب لکھتے رہیں گے ۔ (انشاءاللہ العظیم)

ایک روایت میں ہے ۔ کہ، '' جو (بدھ کی شب) سولہ 16 رکعت نماز پڑھے ۔ سورہ فاتحہ کے کے بعد جتنا چاہے (قُرآن) پڑھے ۔ اور ہر دو رکعتوں کے آخر میں **30** مرتبہ آیت الکرسی پڑھے ۔ اور پہلی دو رکعتوں میں **30** مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے ۔ تو وہ اپنے گھر والوں میں ان دس اشخاص کی شفاعت کرے گا ۔ جن پر جہنم واجب ہو چکی ہوگی ۔ (انشاءاللہ تعالیٰ)

حضرت خاتونِ جنت حضرت سیدنا فاطمۃُ الزہراءؓ سے مروی ہے ۔ کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ! '' جو شب بدھ چھ رکعتیں نماز پڑھے ۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد یہ آیت پڑھے ۔ (**قل اللھم ملٰک الملک ... کل شیءٍ قدیر** o) جب (نماز) سے فارغ ہو ۔ تو یوں کہے ۔ ''**جزاللہ عنا سیدنا محمدا ما ھو اھلہ**'' تو اس کے ستر 70 سال کے گُناہ معاف کر دیئے جائیں گے ۔ اور اس کے لئے جہنم سے آزادی لکھ دی جائے گی ۔ (انشاءاللہ العظیم)

شب جمعرات کے نوافل : آنحضرت نبی شفیع المذنبین ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ! '' جس نے جمعرات کی رات مغرب وعشاء کے درمیان دو رکعتیں اس طرح پڑھیں ۔ کہ ہر رکعت میں (ایک مرتبہ) سورہ فاتحہ، پانچ مرتبہ آیت الکرسی، پانچ مرتبہ سورہ اخلاص اور پانچ پانچ مرتبہ معوذتین پڑھیں ۔ اور سلام کے بعد 15 پندرہ مرتبہ استغفار کیا ۔ اور اس (نماز) کا ثواب اپنے والدین کو پہنچایا ۔ تو بے شک اس نے والدین کا حق ادا کر دیا ۔ اگر چہ ان کا (یعنی والدین کا) نہ نافرمان ہو ۔ اور اللہ تعالیٰ اسے شُہداء وصدیقین کا مرتبہ عطا فرمائے گا ۔ (انشاءاللہ تعالیٰ)

شب جمعہ کے نوافل : حضرت سیدنا ابو ہریرہؓ نے حضور نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان عالیشان نقل کیا ہے ۔ کہ جو کوئی جُمعہ کی رات دو رکعت نمازِ نفل پڑھے ۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ اور آیت الکرسی ایک ۔ ایک مرتبہ اور سورہ اخلاص 15 پندرہ مرتبہ پڑھے ۔ (سلام پھیرنے کے بعد) آخر میں **1000** ایک ہزار مرتبہ یہ درودِ پاک پڑھے ۔ ''**اللھم صل علیٰ سیدنا محمد ن النبی الاُمی**'' وہ مجھے دیکھے گا ۔ اور اگلے جمعہ سے پہلے دیکھے گا ۔ اور جس نے مجھے دیکھا ۔ اس کے لئے جنت ہے ۔ اور اس کے اگلے پچھلے تمام گُناہ معاف ۔ (انشاءاللہ العظیم)

حضرت سیدنا جابر بن عبداللہ انصاریؓ سے مروی ہے ۔ کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ! '' جو شخص شب جُمعہ (میں) مغرب وعشاء کے درمیان **12** بارہ رکعتیں پڑھے ۔ ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور **11** مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے ۔ تو گویا اس نے **12** سال اللہ عزوجل کی اس طرح عبادت کی ۔ کہ دن روزے میں اور رات قیام میں گُزاری ہو ۔ (انشاءاللہ تعالیٰ)

حضرت سیدنا انس بن مالکؓ سے مروی ہے ۔ کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ! '' جو شخص شب جمعہ (میں) عشاء کی نماز با جماعت پڑھے ۔ اور دو سُنتیں پڑھنے کے بعد 10 رکعتیں اس طرح پڑھے ۔ کہ ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ (ایک ۔ ایک مرتبہ) سورہ اخلاص اور معوذتین پڑھے ۔ پھر تین رکعت وتر پڑھ کر دائیں پہلو پر قبلہ رُخ ہو کر سو جائے ۔ تو گویا اُس نے شب قدر کی عبادت میں رات گُزاری ۔ (انشاءاللہ)

سرکارِ مدینہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ '' روشن رات (شب جمعہ) اور چمکتے دن (بروزِ جُمعہ) مجھ پر کثرت سے درودِ پاک پڑھو ۔ (**الحدیث**)

شب ہفتہ کے نوافل : خاتونِ جنت حضرت سیدنا انس بن مالکؓ سے مروی ہے ۔ کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ! '' جو شخص شب ہفتہ مغرب وعشاء کے درمیان 12 رکعتیں پڑھے ۔ اس کے لئے جنت میں ایک محل بنایا جائے گا ۔ اور گویا اس نے ہر مومن ومومنہ پر صدقہ کیا ۔ اور یہودیوں سے بیزار ہوا ۔ اور اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر ہے ۔ کہ اس کی مغفرت فرمادے ۔ انشاءاللہ تعالیٰ ۔

دیگر نوافل : (مختلف الاقسام مقاصد کے نوافل)

صلوٰۃ الاسرار ارض و سماوات :

یہ نماز بھی روحانی فیوض و برکات کی حامل نماز ہے۔اس چار رکعت نماز کا سب سے بہتر وقت تہجد اور بعد نمازِ عشاء کا ہے۔اس نماز کی نیت یہ ہے۔ **نویت ان اصلی للہ تعالیٰ اربع رکعات صلوٰۃ الاسرارِ الارض والسماۤء صلوٰۃ النفل متو جھا الیٰ جھۃ الکعبۃ الشریفۃ** ۔اس نماز کا طریقہ ''نمازِ تسبیح'' کی طرح ہے۔مگر اِس نماز میں تسبیح (**سبحان والحمد للہ و لا الہ الا اللہ واللہ اکبر**) کے بجائے حروفِ مقطعات ''**الٓرٰ ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ ۔ طٰسٓ ۔ حٰمٓ ۔ قٓ ۔ نٓ ۔**'' پڑھنے ہوتے ہیں۔اس نماز کا طریقہ یہ ہے۔کہ تکبیرِ تحریمہ کے بعد ثناء پڑھے۔ثناء کے بعد یہی **حروفِ مقطعات 15** مرتبہ پڑھے۔پھر تعوذ ،تسمیہ،سورہ فاتحہ اور کوئی سورہ پڑھ کر یہی **حروفِ مقطعات 10** مرتبہ پڑھے۔پھر رکوع میں **3** مرتبہ **سبحان ربی العظیم** کے بعد یہی **حروفِ مقطعات 10** مرتبہ پڑھے۔پھر رکوع سے سیدھے ہوکر **سمع اللہ لمن حمدہ** اور **ربنا لک الحمد** کے بعد یہی **حروفِ مقطعات 10** مرتبہ پڑھے۔پھر سجدے میں **3** مرتبہ **سبحان ربی الاعلیٰ** کے بعد یہی حروفِ مقطعات **10** مرتبہ پڑھے۔پھر سجدے سے اُٹھ کر جلسہ میں یہی **حروفِ مقطعات 10** مرتبہ پڑھے۔پھر سجدے میں **3** مرتبہ **سبحان ربی الاعلیٰ** کے بعد یہی حروفِ مقطعات **10** مرتبہ پڑھے۔اس طرح پہلی رکعت میں حروفِ مقطعات کی مجموعی تعداد **75** مرتبہ ہوئی۔ باقی تینوں رکعتوں میں ثناء وتعوذ کے ماسوا اسی طریقہ سے نماز کو مکمل کریں۔(یادرہے۔کہ) پھر سلام پھیرنے کے بعد ایک سو چودہ مرتبہ یہ والے حروفِ مقطعات پڑھیں۔**ا لم.المص.الر.المرٰ.کھیعص.طہ.طسم.طس.یس.ص.حم .حم عسق.ق.ن** ۔پھر ایک سو ایک مرتبہ یہ کلمات پڑھیں۔ **اللھم انی اسئلک با سمک العظیم الاعظم العلی العزیز الا عز الجلیل الاجل الکبیر الاکبرالکریم الا کرم المخزون المکنون الطا ھر المطھر المقدس المبا رک الحی القیوم الرحمن الرحیم بدیع السموت و الا رض ذی الجلا ل و الا کرام . الذی اذا دعیت بہٖ اجبتہٗ واذا سئلت بہٖ اعطیت** ۔(اسمِ اعظم والے باب میں حروفِ مقطعات کی زکات ودعوت کا ایک طریقہ دیا گیا ہے۔اگر کوئی خوش نصیب اس طریقے سے زکات ودعوت ادا کر کے اسی نماز کا معمول بنالے۔تو تاحیات عجائبات وغرائبات ملاحظہ کرتا رہے گا۔ان شاءاللہ العظیم)

جستجو نے کسی منزل پہ ٹھہر نے نہیں دیا　　　　ہم بھٹکتے ہی رہے آوارہ خیالوں کی طرح

صلوٰۃ القلب : یہ نماز بھی روحانی فیوض و برکات کی حامل نماز ہے۔اس دو رکعت نماز کا سب سے بہتر وقت تو تہجد کا ہے۔لیکن اُس وقت اگر ممکن نہ ہو تو اشراق کی نماز کے بعد یہ نماز پڑھی جائے۔اس نماز کی نیت یہ ہے۔ **نویت ان اصلی للہ تعالیٰ رکعتین صلوٰۃ القلب صلوٰۃ النفل متو جھا الیٰ جھۃ الکعبۃ الشریفۃ ۔ اللہ اکبر** ۔اس نماز کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ ءاخلاص پڑھنی ہے۔اس نماز میں ایک شرط ہے۔کہ! نیت سے لے کر سلام تک قطعاً زبان نہیں ہلانی۔ بلکہ زبان کو تالو سے لگا کر دل ہی دل میں سب کچھ پڑھنا ہے۔سلام کے بعد سجدے میں جا کر حق تعالیٰ سے حضورِ قلب کے حصول کی دعا کرے۔پھر سجدے سے سراُٹھا کر ستر مرتبہ استغفار پڑھے۔اور اپنے مرشد کا تصور رکھے۔(ان شاءاللہ حضورِ قلب حاصل ہوگا)

صلوٰۃِ تنویر القلب :

یہ نماز بھی روحانی فیوض و برکات کی حامل نماز ہے۔اس دو رکعت نماز کا سب سے بہتر وقت تو تہجد کا ہے۔اس نماز کی نیت یہ ہے۔ **نویت ان اصلی للہ تعالیٰ رکعتین صلوٰۃ التنو یر القلب صلوٰۃ النفل متو جھا الیٰ جھۃ الکعبۃ الشریفۃ ۔ اللہ اکبر** ۔اس نماز کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیتِ کریمہ ''**شَھِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ لا وَالْمَلٰٓئِکَۃُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَالْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ** ۔(سورہ ءآلِ عمران) آٹھ۔آٹھ مرتبہ پڑھنی ہے۔پھر سلام کے بعد اول وآخر درود شریف اور درمیان میں ستر مرتبہ'' **یَا اَللّٰہُ الْمُوَفِّقُ** ''پڑھنا ہے۔

نہ کوئی فال نکالی، نہ استخارہ کیا　　　　بس اک صبح یوں ہی خلق سے کنارہ کیا

صلوٰۃ القرب :(قربِ الٰہی کے حصول کے نوافل)

یہ نماز روحانی فیوض و برکات کی حامل ہے۔(بقول حضرت سید سرفراز احمد شاہ صاحب) یہ نماز قربِ الٰہی کے حصول میں بہت معاون و مددگار ہوتی ہے۔ سید سرفراز احمد شاہ صاحب فرماتے ہیں۔کہ! اہلِ فقر(حضرات) بروزِ جمعۃ المبارک اور اتوار کو صبح **9** سے **10** بجے کے درمیان دو نوافل پڑھتے ہیں۔اتوار کے روز جو نوافل پڑھے جاتے ہیں۔اُن میں ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد **70** مرتبہ سورہ ءاخلاص پڑھی جاتی ہے۔ جبکہ جمعۃ المبارک کے روز اُن دو نوافل میں سورہ ءفاتحہ کے **100** (صد) مرتبہ سورہ ءاخلاص پڑھی جاتی ہے۔یہ نماز انسان کو رب تعالیٰ کے قریب لے جاتی ہے۔میرے(سید سرفراز احمد شاہ صاحب) خیال میں تو یہی سب سے بڑی فضیلت ہے۔کہ یہ نماز قربِ الٰہی کا ذریعہ ہے۔

نفس کی موت کیونکر ممکن ہے ؟

نفس کافر ہے۔اور اس کی موت چھ باتوں سے ہی ممکن ہوسکتی ہے۔ حق کی مدد۔خاموشی۔بھوک۔تنہائی۔خلق سے میل جول کو ترک کرنا۔ہروقت ہردم خلوت میں رب متعال کو یاد کرنا۔

(اے طالبِ صادق!) جب تُو اِن نفسوں سے خلاص ہوجاوے۔تو (تُو) خاصوں اور کاملوں سے ہوگا۔(انشاءاللہ تعالیٰ)

ایک ایسی بھی تجلی آج میخانے میں ہے　　　　لطف پینے میں نہیں بلکہ کھو جانے میں ہے

صلوٰۃ الاسرار : (نمازِ غوثیہ)

یہ نماز بھی روحانی فیوضات و برکات اور روحانی رہنمائی و استفادہ کے حصول کے لئے سلسلہء عالیہ قادریہ اور دیگر سلاسلِ طریقت میں بھی بہت مشہور و معروف ہے ۔ اس نماز کو بڑے بڑے علمائے کرام نے اپنی کتب میں افادیت کے طور پر تواتر اور اسناد کے ساتھ مزین و معمور فرمایا ہے ۔ جیسے کہ! ملا علی قاری حنفیؒ ، شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ ، حضرت ابن حجر عسقلانیؒ ، حضرت امام سیوطی الشافعیؒ ، حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ وغیرہ وغیرہ ۔ ۔ ۔ اگر کوئی اپنے مقام و مرتبہ سے گر گیا ہو یا کسی کو روحانی فیوض و برکات کی ضرورت ہو یا کسی کی کوئی جائز و شرعی مہم ہو ۔ یا کوئی دینی و دنیاوی یا اُخروی مہم و مشکل ہو ۔ جو کہ بظاہر ناممکن نظر آتی ہو ۔ تو ایسے مواقع پر یہ نماز بہت سریع التاثیر ثابت ہوگی ۔ ان شاء اللہ العظیم ۔ اس کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ!

پہلے نماز کی نیت یوں کرے ۔ **نویت ان اصلی لله تعالیٰ رکعتین صلوٰۃ الاسرار توصلا الی الله تعالیٰ و انقطاعا مما سوی الله صلوٰۃ النفل متو جها الیٰ جهة الکعبة الشریفة ۔ الله اکبر** ۔ فجر سے پہلے (بوقتِ تہجد) یا بعد نمازِ مغرب نمازِ حاجت (یا جو مقصد ہو) کی نیت سے (جمعرات یا شب جمعہ سے) دو رکعت نمازِ نفل (معہ معطر لباس) اس طرح سے پڑھنی ہے ۔ کہ! پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد **11** مرتبہ سورہ کافرون اور دوسری رکعت میں سورہء فاتحہ کے بعد **11** مرتبہ سورہء اخلاص پڑھنی ہے ۔ سلام کے بعد **11** مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر حضور غوث پاکؒ کو ایصال ثواب کریں ۔ پھر حضور غوث پاکؒ کا ذکر **11** مرتبہ کریں ۔ (لیکن بہتر یہ ہے ۔ کہ! حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے **11** اسمائے مبارکہ شمال مغرب (یعنی بطرفِ بغداد عراق) کی طرف **11** قدم اٹھائیں ۔

پہلے قدم پر یہ کہیں **اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاسَیِّدُ مُحَیِّی الدِّیْنِ اَمْرُاللّٰہِ** ۔ دوسرے قدم پر یہ کہیں **اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا شَیْخ مُحَیِّی الدِّیْنِ فَضْلُ اللّٰہِ**۔ تیسرے قدم پر یہ کہیں **اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَوْلِیَآءُ مُحَیِّی الدِّیْنِ اَمَانُ اللّٰہِ** . چوتھے قدم پر یہ کہیں **اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَامِسْکِیْنِ مُحَیِّی الدِّیْنِ نُوْرُاللّٰہِ** پانچویں قدم پر یہ کہیں **اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاغَوْثُ مُحَیِّی الدِّیْنِ قُطْبُ اللّٰہِ** چھٹے قدم پر یہ کہیں **اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا سُلْطَانَ مُحَیِّی الدِّیْنِ سَیْفُ اللّٰہُ** ساتویں قدم پر یہ کہیں **اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَواجه مُحَیِّی الدِّیْنِ فَرْمَانُ اللّٰہُ** آٹھویں قدم پر یہ کہیں **اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَخْدُوْمُ مُحَیِّی الدِّیْنِ بُرْهَانُ اللّٰہُ** نویں قدم پر یہ کہیں **اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا دَرْوِیْشُ مُحَیِّی الدِّیْنِ ایات اللّٰہُ** دسویں قدم پر یہ کہیں **اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَابَادْشَاهُ مُحَیِّی الدِّیْنِ غوث اللّٰہُ** گیارہویں قدم پر یہ کہیں **اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا فَقِیْر مُحَیِّی الدِّیْنِ مُشَاهِدَاللّٰہُ**) اس کے بعد پچھلے قدم (لیکن منہ بغداد شریف کی طرف رہے) اپنے مصلے پر واپس آجائیں ۔ بخور جلائیں ۔ پھر مصلے پر بیٹھ کر یہ اشعار **1111** مرتبہ کہیں ۔

اَیُدْرِکُنِیْ ضَیْمٌ وَّاَنْتَ ذَخِیْرِیْ — وَاُظْلِمُ فِیْ الدُّنْیَا وَاَنْتَ نَصِیْرِیْ

فَعَارٌ عَلٰی حَامِیَ الْحُمٰی وَهُوَاقَادِرٌ — اِذَا ضَاعَ فِیْ الْبَیْدَآءِ عِقَالُ بَعِیْرِیْ

اس کے بعد (اپنی حاجت و مقصد کا تصور کرتے ہوئے) **101** مرتبہ یوں پکاریں ۔ **یَا شَیْخ عَبْدِالْقَادِرْ جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ** ۔ اس نماز و عمل سے آپ کی حاجت پوری ہو جائے گی ۔ (ان شاءاللہ) اور کبھی تو ایسا بھی ہوگا ۔ کہ! حضور غوث پاکؒ کی روح مطہرہ ظاہر ہو کر حاجت روائی کردے گی ۔ (لیکن) دیدارِ پیر دستگیر کے لئے ''**حامی الحمٰی**'' کو ممدودہ بفتح ہمزہ پڑھا جائے گا ۔ یاد رہے ۔ کہ! اس عمل میں توفیق و اخلاصِ قلب، توجہء باطنی اور حسنِ نیت کا ہونا نہایت ضروری شرائط ہیں ۔ (تاکہ حسبِ استطاعت و مراتب بھرپور استفادہ حاصل کیا جا سکے)

آہ کو چاہیئے اک عمر اثر ہونے تک — کون جیتا ہے ، تیری زُلف کے سَر ہونے تک

صلوٰۃ حرزِ حفاظت عن العصیة :

یہ نماز بھی روحانی فیوض و برکات کی حامل نماز ہے ۔ اس دو رکعت نماز کا سب سے بہترین اوقات اشراق اور اوابین کی نماز کے بعد ہے ۔ اس نماز کی نیت یہ ہے ۔ **نویت ان اصلی لله تعالیٰ رکعتین صلوٰۃ الحرز صلوٰۃ النفل متو جها الیٰ جهة الکعبة الشریفة ۔ الله اکبر** ۔ اس نماز کی پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی اور سورہ کافرون جبکہ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ حشر کی آخری آیات (**لو انزلنا هذا القرآن** ۔ ۔ ۔ تا آخر) سورہ قدر اور سورہ اخلاص ایک ایک مرتبہ پڑھنی ہے ۔ سلام پھیرنے کے بعد اول و آخر درود و سلام اور درمیان میں یہ دُعا تین مرتبہ پڑھنی ہے ۔ **اللهم اکسر شهوتی عن کل محرم وازو حرصی عن کل مأ ثم واصعنی عن کل اذی کل مسلم حفظه الله من الذنوب اللازمة والمتعدیة** ۔ اس نماز کا پڑھنے والا بحکمِ خدا گناہوں سے محفوظ رہے گا ۔ (ان شاء اللہ تعالیٰ)

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی ، جہنم بھی — یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

صلوٰۃِ توبہ : اس روحانی فیوض و برکات کی حامل نماز کا سب سے بہتر وقت تو تہجد کا ہے۔لیک بعد نمازِ عشاء بھی ٹھیک ہے۔اس نماز کی نیت یہ ہے۔ **نویت ان اصلی للہ تعالٰی رکعتین صلوٰۃ التو بۃ عن العاصی و الذنوب صلوٰۃ النفل متو جھا الٰی جھۃ الکعبۃ الشریفۃ ۔ اللہ اکبر** ۔سورہ اعراف،توبہ کے قبول ہونے کی خاطر اس طرح پڑھنی چاہیئے کہ پہلے ستر (70) مرتبہ استغفار پڑھنی چاہیئے پھر دو رکعت (**صلاۃ التوبہ کی نیت سے**) اس طرح پڑھنی چاہیئے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سو (100) مرتبہ سورہ کافرون اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سو (100) مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر سات مرتبہ سورہ اعراف پڑھ کر اللہ تعالٰی کے حضور نہایت عاجزی و انکساری سے رو رو کر اور گڑگڑا کر معافی کا خواست گوار ہو۔انشاء اللہ توبہ قبول ہوگی۔

صلوٰۃِ توبہ : اس دو رکعت نماز کا سب سے بہتر وقت تو تہجد کا ہے۔لیک بعد نمازِ عشاء بھی ٹھیک ہے۔اس نماز کی نیت یہ ہے۔ **نویت ان اصلی للہ تعالٰی رکعتین صلوٰۃ التو بۃ عن العاصی و الذنوب صلوٰۃ النفل متو جھا الٰی جھۃ الکعبۃ الشریفۃ ۔ اللہ اکبر** ۔اس نماز کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد پانچ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔سلام پھیرنے کے بعد اول و آخر درود و سلام اور درمیان میں 101 استغفار پھر سو مرتبہ سورہ اخلاص پھر تین مرتبہ سیدالاستغفار پڑھو۔ پھر یہ دعا پڑھو۔ **اللھم بصرنا بعیوب انفسنا لننظر عیوبنا ولا تکلنا علی انفسنا طرفۃ عین وانصرنا علی اعدآئنا ولا تفضحنا یوم القیامۃ انک لا تخلف المیعاد** ۔لیکن نماز پڑھنے سے اختتام دعا تک تک بندہ کو نہایت شرمسار رونا دم ہونا چاہیئے۔اور اللہ تعالٰی سے ڈر کی وجہ سے اگر رونا آجائے۔تو یہ بہت مبارک ہوگا۔

صلوٰۃِ برائے زندگیءِ قلب و روشنائی قبر :

یہ نماز بھی روحانی فیوض و برکات کی حامل نماز ہے۔اس دو رکعت نماز کا سب سے بہتر وقت بعد نمازِ عشاء رات کو سونے پہلے کا ہے۔اس نماز کی نیت یہ ہے۔ **نویت ان اصلی للہ تعالٰی رکعتین صلوٰۃ الحیاۃ القلب وسراجا فی قبری صلوٰۃ النفل متو جھا الٰی جھۃ الکعبۃ الشریفۃ ۔ اللہ اکبر** ۔اس نماز کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد چھ مرتبہ اخلاص اور ایک مرتبہ معوذتین پڑھنی ہے۔سلام پھیرنے کے بعد یہ دُعا تین مرتبہ پڑھیں۔

اللھم اجعل ھذہ الصلوٰۃ سراجا فی قبری وفی قبورِ جمیع المؤ منین برحمتک یا ارحم الراحمین۔

☆ یہ نماز بھی زندگیءِ قلب اور روشنائی قبر کے لئے ہے۔اس دو رکعت نماز کا سب سے بہتر وقت بعد نمازِ عشاء رات کو سونے پہلے کا ہے۔اس نماز کی نیت یہ ہے۔ **نویت ان اصلی للہ تعالٰی رکعتین صلوٰۃ الحیاۃ القلب وسراجا فی قبری صلوٰۃ النفل متو جھا الٰی جھۃ الکعبۃ الشریفۃ ۔ اللہ اکبر** ۔اس نماز کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد چھ مرتبہ اخلاص اور ایک مرتبہ معوذتین پڑھنی ہے۔سلام پھیرنے کے بعد یہ دُعا تین مرتبہ پڑھیں۔

اللھم اجعل ھذہ الصلوٰۃ سراجا فی قبری وفی قبورِ جمیع المؤ منین برحمتک یا ارحم الراحمین۔

صلوٰۃِ برائے روشنائی قبر و بخششِ صاحبِ قبر :

اس روحانی نماز کا سب سے بہتر وقت بعد نماز عشاء رات کو سونے پہلے یا تہجد کا ہے۔اس نماز کی نیت یہ ہے۔ **نویت ان اصلی للہ تعالٰی رکعتین صلوٰۃالتوبۃ الرجال** (والدین یا کسی بھی مرحوم کی مغفرت) **وسراجا فی قبری صلوٰۃ النفل متو جھا الٰی جھۃ الکعبۃ الشریفۃ ۔ اللہ اکبر** ۔اس نماز کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ آیت الکرسی اور گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنی ہے۔سلام پھیرنے کے بعد یہ دُعا سات مرتبہ پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o الحمد للہ رب العالمین☆ الحمد للہ الملک رب السموت و رب الارض و رب العالمین ☆ ولہ الکبریاء فی السموت والارض وھو العزیز الحکیم ☆ الحمد للہ الملک رب السموت و رب الارض و رب العالمین ☆ ولہ العظمۃ فی السموت والارض وھو العزیز الحکیم ☆ الحمد للہ الملک رب السموت و رب الارض و رب العالمین ☆ ولہ النور فی السموت و الارض وھو العزیز الحکیم☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم o اللھم یا حبیب الفقرآء ویا انیس الغربآء ویا عظیم الرجآء ویا معین الضعفآء ویا دلیل المتحیرین ویا غیاث المستغیثین اغثنی اغثنی اغثنی یا راحم العطایا ویا غافر الخطایا یا حی یا قیوم یا حنان یا منان یا سبحٰن یا سلطٰن یا غفران یا برھان یا مسبب الاسباب یا مفتح الابواب یا مقلب القلوب یا بدیع السمٰوٰت والارض یا ذالجلال والاکرام سخرلی جمیع الاشیآء من جمیع الناس o برحمتک خلصنا من شرائر الدنیا والآخرۃ یا رحیم o اللھم صل وسلم وبارک علٰی سیدنا محمد تسلیما کثیرا کثیرا الٰی یوم الدینo برحمتک یا ارحم الراحمینo

بسم اللہ الرحمن الرحیم o الحمد للہ الذی فی السمآء عرشہ ۔الحمد للہ فی رؤیتہٖ۔والحمد للہ فی القبور قضآؤہٗ۔ والحمد للہ الذی فی البر والبحر حکمہٖ۔والحمد للہ الذی لا تقوۃ ولا ملجا من اللہ الا الیہ۔برحمتک یا ارحم الراحمین ۔

صلوٰۃِ نور یعنی صلوٰۃ البروج :

یہ روحانی نماز بہت بابرکت ہے۔دو رکعت نمازِ نور کی پہلی رکعت میں سورہ انعام کی پہلی پانچ آیات (**الحمد للہ الذی خلق ۔۔۔ یستھزؤن** ۔تک) اور دوسری رکعت میں سورہ انعام کی اگلی پانچ آیات (**الم یرو کم اھلکنا ۔۔ یستھزؤن** ۔تک) پڑھنی ہیں۔اس نماز سے نورانیت میں اضافہ ہوتا ہے۔

صلوٰۃ العاشقین : اس چار رکعت نماز کا سب سے بہتر وقت تو تہجد کا ہے ۔ اس نماز کی نیت یہ ہے ۔ **نویت ان اصلی للہ تعالیٰ اربع رکعتین صلوٰۃ العاشقین صلوٰۃ النفل متوجھا الٰی جھة الکعبة الشریفة ۔ اللہ اکبر** ۔ اس نماز کی پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دوسو مرتبہ "**یا اللہ**" دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دوسو مرتبہ "**یا رحمٰن**" تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دوسو مرتبہ "**یا رحیمُ**" جبکہ چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دوسو مرتبہ "**یا ودود**" پڑھے ۔ اس کے بعد اُس (وِردو وظیفہ) میں کہ جس میں انشراح خاطر میسر ہو ۔ صبح کاذب کے طلوع ہونے تک اسی میں مشغول و منہمک رہے ۔

صلوٰۃ العشق :

اس دو رکعت نماز کا سب سے بہتر وقت تہجد کا ہے ۔ اس نماز کی نیت یہ ہے ۔ **نویت ان اصلی للہ تعالیٰ رکعتین صلوٰۃ العشق صلوٰۃ النفل متوجھا الٰی جھة الکعبة الشریفة ۔ اللہ اکبر** ۔ اس نماز میں سورہ فاتحہ شروع کرکے جب "**ایاک نعبد وایاک نستعین**" پر پہنچے ۔ تو تو اسی آیت (**ایاک نعبد وایاک نستعین**) کی اس حد تک مسلسل تکرار کرے ۔ کہ بیخود ہو کر گر پڑے ۔ جب ہوش میں آئے ۔ تو "**اھدنا الصراط المستقیم**" ۔ ۔ ۔ آخر تک پڑھ کر تین مرتبہ سورہ قدر پڑھے ۔ پھر دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ شروع کرکے جب "**اھدنا الصراط المستقیم**" پر پہنچے ۔ تو تو اسی آیت (**اھدنا الصراط المستقیم**) کی اس حد تک مسلسل تکرار کرے ۔ کہ بیخود ہو کر گر پڑے ۔ جب ہوش میں آئے ۔ تو "**صراط الذین انعمت علیھم**" ۔ ۔ ۔ آخر تک پڑھ کر تین مرتبہ سورہ قدر پڑھے ۔ اور نماز مکمل کریں ۔ سلام پھیرنے کے بعد طاق مرتبہ درود شریف پڑھ کر ستر مرتبہ استغفار پڑھ کر گیارہ مرتبہ یہ دُعا پڑھنی ہے ۔ **اللھم انی اسئلک حبک و حب من یحبک والعمل الذی یبلغنی حبک ۔ اللھم اجعل حبک احب الی نفسی واھلی ومن المآء الباد ۔ اللھم ارزقنی حبک ۔ اللھم انی اسئلک العشق والمحبة دائمًا ابدا کثیرا کثیرا** ۔ (اس نماز کی بدولت لوگ خود بخود روحانیت کی طرف مائل ہو جاتے ہیں)

صلوٰۃِ قضائے عمری : یہ نماز بھی روحانی فیوض و برکات کی حامل نماز ہے ۔ اس دو رکعت نماز کا سب سے بہترین وقت جمعہ کے دن بعد نمازِ اشراق ہے ۔ اس نماز کی نیت یہ ہے ۔ **نویت ان اصلی للہ تعالیٰ رکعتین صلوٰۃ التکفیر القضآء مافات منی فی جمیع عمری صلوٰۃ النفل متوجھا الٰی جھة الکعبة الشریفة ۔ اللہ اکبر** ۔ پہلی رکعت میں "**قل اعوذ برب الفلق**" اور دوسری رکعت میں "**قل اعوذ برب الناس**"، اور سلام کے بعد سات مرتبہ **آیت الکرسی** پڑھو ۔ اس کے بعد چار رکعت نمازِ نفل اور پڑھو ۔ اور ہر رکعت میں **اذا جاء نصر اللہ** ایک مرتبہ اور "**قل ھو اللہ احد**" پچیس مرتبہ پڑھیں ۔ بعد سلام (پھیرنے) کے ستر مرتبہ "**لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم**" پڑھے ۔ جو مومن مرد و عورت بروزِ جمعہ اس پڑھے گا ۔ اُس کو بہشت کے ملنے کی قوی اُمید ہے ۔ (ان شاء اللہ تعالیٰ) اور وہ بندہ اپنی جگہ سے بھی نہ اُٹھنے پائے گا ۔ کہ بخشا جاوے گا ۔ (ان شاء اللہ تعالیٰ) اگر کسی بندہ مؤمن کے ذمہ کوئی نماز باقی نہ رہے ۔ تو زندگی کا مزہ ہی الگ اور نہایت دلفریب ہو جاتا ہے ۔

صلوٰۃِ قضائے عمری : یہ نماز بھی روحانی فیوض و برکات کی حامل نماز ہے ۔ اس چار رکعت نماز کا سب سے بہترین وقت جمعہ کے دن **00 : 01** سے **00 ; 03** (بمطابق پاکستان) تک ہے ۔ اس نماز کی نیت یہ ہے ۔ **نویت ان اصلی للہ تعالیٰ اربع رکعات صلوٰۃ التکفیر اللقضآء التی مافات منی فی جمیع عمری صلوٰۃ النفل متوجھا الٰی جھة الکعبة الشریفة ۔ اللہ اکبر** ۔ اس نماز کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ **آیت الکرسی** پھر پندرہ مرتبہ سورہ کوثر پھر چھ مرتبہ سورہ **کافرون** اور چھ مرتبہ سورہ **اخلاص** پڑھیں ۔ سلام پھیرنے کے بعد سو مرتبہ استغفار (**استغفر اللہ العلی العظیم**) پھر یک صد مرتبہ درود شریف (کوئی بھی درود و سلام) پڑھ کر تین مرتبہ یہ دُعا پڑھیں ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٥ اللھم یا سابق الفوت ویا سامع الصوت ویا محی العظام بعد الموت و صل علٰی محمد وعلٰی اٰل محمد واجعل لی فرجا و مخرجا مما انا فیه فانک تعلم ولا اعلم وانت تقدر ولا اقدر وانت علام الغیوب یا واھب العطایا یا غافر الخطایا یا سبوح یا قدوس یا رب المٰئکة والروح رب اغفرلی وارحم وتجاوز عما تعلم فانک انت العلی الاعظم یا ستار العیوب ویا غفار الذنوب یا ذوالجلال والاکرام وصلی اللہ تعالٰی علٰی محمد واله وصحبه اجمعین ۔

اگر کسی مسلمان کی سات سو برس کی نمازیں بھی قضاء ہو گئی ہوں ۔ تو اِن کی کفارت کے لئے یہ نماز کافی ہے ۔ (ان شاء اللہ تعالیٰ)

صلوٰۃ الحفاظت اَز مرضِ بواسیر : آج کل ہر جگہ پر چٹ پٹے اور تیکھے کھانوں کا عجیب سا رواج ہو گیا ہے ۔ جس کی وجہ سے عوام الناس میں بادی و خونی بواسیر کا مرض روز افزوں بڑھتا چلا جا رہا ہے ۔ اس مرض سے حفاظت و خاتمہ کے لئے یہ نماز اُمید کی کرن ثابت ہو گی (ان شاء اللہ تعالیٰ) ۔ اس نماز کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ! دو رکعت نماز برائے شفائے مرض بواسیر کے دو رکعت کبھی بھی دن یا رات میں پڑھی جا سکتی ہے ۔ اس نماز کی نیت یہ ہے ۔ اس نماز کی پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الم نشرح جبکہ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الم ترکیف پڑھے ۔ بعد سلام اول و آخر تین مرتبہ درود و سلام اور درمیان میں ستر مرتبہ یہ دُعا پڑھیں ۔ **استغفر اللہ ربی من کل ذنب واتوب الیه ۔ سبحٰن اللہ وبحمدہ ربی یا شافی الامراض** ۔ چندروز اس نماز کی مداومت سے ان شاء اللہ بواسیر جاتی رہے گی ۔ اور بہت جلد صحت حاصل ہو جائے گی ۔ ان شاء اللہ العظیم ۔

ادب گاہ ہست زیرِ آسماں از عرش نازک تر نفس گم کردہ می آید جنید و بایزید ایں جا

صلوٰۃ الشفاءِ مریض :

یہ نماز بھی روحانی فیوض و برکات کی حامل نماز ہے۔ اس دو رکعت نماز برائے شفائے امراض کے دو اوقات بہت موزوں ہیں۔ پہلا وقت تہجد کے وقت سے صبح چاشت کے وقت تک ہے۔ جبکہ دوسرا وقت غروبِ آفتاب سے عشاء کی نماز سے چار گھنٹے تک کا ہے۔ اس نماز کی نیت یہ ہے۔ **نویت ان اصلی لله تعالیٰ رکعتین صلوٰۃ التنویر القلب صلوٰۃ النفل متوجها الیٰ جهة الکعبة الشریفة ۔ الله اکبر** ۔ اس نماز کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورہ اخلاص اور گیارہ مرتبہ آیتِ کریمہ **لا الٰه الا انت سبحٰنک انی کنت من الظالمین** ۔ سلام پھیرنے کے بعد مصلے پر بحالتِ تشہد بیٹھے ہوئے بناء کسی سے بات چیت کئے یہ دُعا ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ **یا بدیع العجائب بالخیر یا بدیع ارحمنی الیٰ یوم الدین** ۔ سلا اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس مریض کو از سرِ نو زندگی عطا ہوگی۔ ان شاء اللہ العظیم۔ (اگر کوئی مریض نہ ہو تو اُمتِ محمدیہ ﷺ کے تمام مریضوں کی شفائے یابی کے لئے بھی یہ نماز دن میں دو مرتبہ پڑھی جاسکتی ہے۔ ریاء سے بچنے کی خاطر کسی سے اس نماز کا اظہار نہیں کرنا چاہیئے۔

صلوٰۃ برائے روشنائیءِ چشم :

یہ نماز بھی روحانی فیوض و برکات کی حامل نماز ہے۔ اس دو رکعت نماز کا سب سے بہتر وقت مغرب کی نماز کے بعد ہے۔ اس نماز کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد پانچ مرتبہ سورہ کوثر پڑھنی ہے۔ سلام پھیرنے کے بعد اول و آخر طاق مرتبہ درود و سلام پڑھ کر گیارہ مرتبہ یہ دُعا انگوٹھوں کو آنکھوں پر رکھ کر پڑہنی ہے۔ **اللهم متعنی بسمعی و بصری واجعلهما الوارث منی** ۔

صلوٰۃِ برائے مغلوبیِ نفس امارہ و شیطانِ لعین :

یہ نماز بھی روحانی فیوض و برکات کی حامل نماز ہے۔ اس دو رکعت نماز کا سب سے بہتر وقت بعد نمازِ عشاء رات کو سونے پہلے یا تہجد کا ہے۔ جو شخص یہ چاہے۔ کہ! نفس و شیطان مغلوب رہیں۔ اور وہ ان پر ظفریاب رہے۔ تو اُس کو چاہیئے۔ کہ! دوگانہ ادا کرے۔ اس نماز کی نیت یہ ہے۔ **نویت ان اصلی لله تعالیٰ رکعتین صلوٰۃ الغلبة من النفس و الشیطان صلوٰۃ النفل متوجها الیٰ جهة الکعبة الشریفة ۔ الله اکبر** ۔ اس نماز کی پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورہ **الم ترکیف** اور دوسری رکعت میں تین مرتبہ سورہ **تبت یدا ابی لهب** پڑھنی ہے۔ سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں جاکر نہایت عجز وانکسار کے ساتھ سو مرتبہ یہ پڑھنا ہے۔ **یا حی یا قیوم برحمتک استغیث** ۔ پھر سر سجدہ سے اُٹھا کر یہ دُعا بارہ مرتبہ پڑھنی ہے۔

بسم الله الرحمن الرحیم ۝ اقسمت علیکم یا عزرآئیل علیه السلام یا صاحب النار والموت القهر ویا قلما میم ویا سر اکتیتا ئیل بحق اُغُهُ طُهُفُش وبحق احهطمفشذ اقبض روح انسان (فلاں ابن فلاں) فلا یبقی فی الکون ذوالروح الا ونار القهر اخمدت طهوره یا شدید القوی ویا شدید البطش یا ذا البطش الشدیده یا قاهر یا قهار اسألک بما اودعته عزرائیل من أقوی اسمائک القاهرة القاهریة فانفعلت له النفوس بالقهر البسنی ذالک السر فی هذه الساعة حتی الین به کل صعب اذلل به کل منیع بالقوتک یا ذالقوة المتین و کذالک اخذ ربک اذا اخذ القریٰ وهی ظالمة ان اخذه الیم شدید. فلما جآء امرنا جعلنا عالیها سافلها وامطرنا علیها حجارة من سجیل منضود مسومة عند ربک وما هی من الظالمین ببعید. رب اسألک مددا من عنا یتک روحا نیا تقوی به القوای الکلیة والجزئیة حتی اقهر بک فی اشارة عقلی ونفسی کل نفس منفوسة قاهرة فتنقبض دقائقها انقبا ضا فلا یبقی ثم اماته فاقبره. الله اکبر یا سیف الله قتلت بسیف الله.

صلوٰۃ القرب الی الله تعالیٰ :

یہ نماز بھی روحانی فیوض و برکات کی حامل نماز ہے۔ اس دو رکعت نماز کا سب سے بہتر وقت تو تہجد کا ہے۔ لیکن یہ نماز زوال کے علاوہ کبھی کسی اور وقت بھی ادا کی جاسکتی ہے۔ اس نماز کی نیت یہ ہے۔ **نویت ان اصلی لله تعالیٰ رکعتین صلوٰۃ القرب الی الله تعالیٰ صلوٰۃ النفل متوجها الیٰ جهة الکعبة الشریفة ۔ الله اکبر** ۔ اس نماز کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنی ہے۔ سلام پھیرنے کے بعد طاق مرتبہ درود شریف پڑھ کر ستر مرتبہ استغفار پڑھ کر گیارہ مرتبہ یہ دُعا پڑھنی ہے۔ **اللهم ارزقنی عملا یقربنی الیک۔**

اللہ تعالیٰ کی رحمت کے دروازے : (پوری زندگی کا نچوڑ فقط چار باتوں میں)

اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی رحمت کے دروازے کھول کر اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مستفید و منتفع ہونا چاہے۔ تو اُسے چاہیئے۔ کہ! سب سے پہلے سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کو ترجیح اول پر رکھنا۔ اللہ تعالیٰ کی حضور میں رہنا۔ اللہ تعالیٰ کے آخری پیغمبر ﷺ کو اور اُن کی اہمیت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے اُن ﷺ کو اہمیت دینا۔ اللہ تعالیٰ کی حضور کو ہر وقت ہر جگہ ملحوظِ خاطر رکھنا۔ اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق (انسان، چوپائے، چرند و پرند وغیرہا) پر رحم کرنا۔

کیونکہ! **کتب ربکم علیٰ نفسه الرحمة** تمھارے رب نے اپنے ذمہ کرم پر رحمت لازم کرلی ہے۔ (سورہ انعام) اور اسی طرح! **و اوفوا بعهدی اوف بعهدکم** ۔ اور تم میرا وعدہ پورا کرو۔ مَیں تمھارا عہد پورا کروں گا۔ (سورہ بقرہ) اور اسی طرح! **و لن تجد لسنت الله تبدیلا** ۔ اور تم اللہ تعالیٰ کے اُصول (قوانین) کو تبدیل ہوتے ہوئے نہیں پاؤ گے۔ (القرآن)

قضائے حوائج کی مجرب المجرب و مستند نمازیں

قضائے حوائج کا مجرب المجرب عمل :

صاحب مکتوبات صدی جناب شیخ محقق شیخ شرف الحق والدین احمد یحیٰ منیریؒ اور حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اپنی کتاب **شفاء العلیل** میں رقمطراز ہیں کہ قضائے حاجات ،حل المشکلات اور کفایت مہمات کے مقصد کے لئے یہ چار رکعتیں جس وقت چاہو پڑھو(سوائے وقت زوال کے) مگر شب آدینہ اس کے لئے بہت بہتر ہے پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سو مرتبہ **لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظالمین . فا ستجبنا له و نجینه من الغم و کذلک ننجی المؤمنین** o (سورہ انبیاء آیت نمبر 87--88) پڑھیں۔ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سو مرتبہ **رب انی مسنی الضر و انت ارحم الرا حمین** o (سورہ انبیاء آیت نمبر 83) پڑھیں۔ تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سو مرتبہ **و افوض امری الی الله . ان الله بصیر م با لعبا د** (سورہ غافر آیت نمبر 44) پڑھیں۔ چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سو مرتبہ **حسبنا الله و نعم الوکیل** o (سورہ آل عمران آیت نمبر 173) پڑھیں۔ سلام پھرنے کے بعد سو مرتبہ **رب انی مغلوب فانتصر** o (سورہ القمر۔10)۔ پھر شیخ محقق فرماتے ہیں۔کہ اس نماز کو بہتر سمجھو۔اور جملہ مہمات اور حاجات میں پڑھو۔کیونکہ اس نماز میں فتوح بہت ہیں۔

صلوۃ الحا جۃ مجربہ:

جس شخص کو اللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت ہو تو وہ کامل وضو کر کے دو رکعتیں (اس طرح سے) پڑھے۔کہ! پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی اور تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ **اٰمن الرسول** ۔۔۔آخر تک (**سورہ بقرہ** کی آخری آیات) اور تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔یاد رہے کہ اِن دونوں رکعتوں کے چاروں سجدوں میں تین۔تین مرتبہ **سبحان ربی الا علٰی** کے بعد چالیس۔چالیس مرتبہ آیت کریمہ (**لا اله الا انت سبحنك ا نی کنت من الظا لمین**) ہر ایک سجدہ میں پڑھنی ہے۔اس طرح چاروں سجدوں میں آیت کریمہ کی مجموعی تعداد **160** ہو جائے گی۔پھر سلام پھیر بناء کسی سے بات چیت کئے ایک ہی نشست میں بیٹھ کر بحالتِ تشہد یہ آیت کریمہ (**بسم اللہ الرحمٰن الرحیم .لا اله الا انت سبحنک ا نی کنت من الظا لمین**) بارہ سو مرتبہ پڑھے۔ تو اِس کی حاجت پوری ہو گی۔اِس نماز کو روزانہ رات کو سونے سے قبل پڑھنا چاہیئے چند ہی ایام میں بفضل یزداں حاجت ضرور پوری ہو جائے گی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

حضرت امام العلامہ ولی صالح ابوعبداللہ محمد بن یوسف سنوسی الحسنیؒ اپنے مجربات میں ارشاد فرماتے ہیں۔کہ! حضرت امام یافعی ابی اسحاق ؒ سے اور وہ حضرت ابراہیم بن شیبانؒ سے اور وہ حضرت ابی عبداللہ مغربیؒ سے روایت کرتے ہیں۔کہ! مَیں نے جناب رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا۔اور میں نے (آنحضرت نبی مکرم ﷺ سے) عرض کیا۔یا رسول اللہ ﷺ ! میری اللہ تعالیٰ سے ایک حاجت ہے۔تو اب میں اُس (حاجت) کے رَوا ہونے میں کس کو وسیلہ گردانوں؟ پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! ''تم اللہ تعالیٰ کے سامنے سر سجدے میں رکھ کر اپنی دونوں انگلیاں کلمہ کی،آسمان کی طرف اُونچی کر کے کہو۔ **لَآاِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ**۔(سورہ انبیاء۔آیت نمبر۔87) چالیس مرتبہ۔اور پھر جو حاجت ہو۔اُس کا نام لو۔تو انشاءاللہ قبول ہوگی۔(اور) جنابِ رسول رحمت اللعالمین ﷺ نے فرمایا۔جو شخص (حضرت) یونس بن متیٰؑ (نبی) کی دعا کے ساتھ دعا کرے گا۔(تو) اللہ تعالیٰ اُس کی دعا کو قبول فرمائے گا۔(انشاءاللہ) کیونکہ اِس آیت کے فورًا بعد اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالی شان ہے۔ **فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ لا وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ط وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ** o

مٹا کر اپنی ہستی کو سراسر جستجو ہو جا جو تو چاہے وہی ہو گا ، جو وہ چاہے وہ تُو ہو جا

صلوٰۃ صمدیہ :

اس نماز حاجت برآری کے لئے **قوت القلوب للشیخ ابو طالب المکی**ؒ ، **احیاء العلوم للغزالی**ؒ ، **غنیۃ الطالبین للشیخ عبدالقادر الجیلانی**ؒ ، **القول البدیع للسخاوی**ؒ، **وظائف اللیالی والایام للمدینی**ؒ ، **الجواھرالخمسه للگوالیاری**ؒ اور **سر الجمیل للشیخ ابو الحسن الشاذلی**ؒ ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔اس نماز کا آغاز شب سوموار سے کرنا ہے اس کا طریقہ کار یہ ہے چار رکعت ایک سلام سے اس طرح پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنی ہے دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد بیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنی ہے تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنی ہے چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد چالیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنی ہے بعد از سلام حالتِ تشہد ہی میں 75 مرتبہ سورہ اخلاص پڑھیں پھر 75 مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔**لا حول ولا قوۃ الا باللہ**۔ پھر 75 مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ☆اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَالِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ تَوَالَدَ وَارْحَمْهُمَا کَمَا رَبَّیَانِیْ صَغِیْرًا وَّ اغْفِرْ اَللّٰهُمَّ لِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّکَ مُجِیْبُ الدَّعْوَاتِ بِرَحْمَتِکَ یَآاَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ o پھر 75 مرتبہ انحضور نبی کریم ﷺ کی ذاتِ اقدس پر ہدیہ درود وسلام بھیجیں۔

صلوة الحاجة : (مجرب عمل از کتاب: غنیۃ الطالبین ۔ القول البدیع الصلوٰۃ علی الحبیب الشفیع للسخاویؒ)

جس شخص کو اللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت ہو تو وہ کامل وضو کر کے دو رکعتیں (اِس طرح سے) پڑھے ۔ کہ! پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد **آیت الکرسی** پڑھے ۔ اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد **اٰمن الرسول** ۔۔آخر تک (سورہ بقرہ کی آخری آیات) پڑھے ۔ پھر تشہد پڑھ کر سلام پھیر دے ۔ اور چند مرتبہ یہ دعا (معہ تسمیہ) پڑھے ۔ (تو) اِس کی حاجت پوری ہوگی ۔ انشاء اللہ ۔ دعا یہ ہے ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم ☆ اَللّٰهُمَّ يَا مُوْنِسَ كُلِّ وَحِيْدٍ وَيَاصَاحِبَ كُلِّ فَرِيْدٍ وَيَا قَرِيْبًا غَيْرَ بَعِيْدٍ وَيَا شَاهِدًا غَيْرَ غَائِبٍ وَيَاغَالِبَ غَيْرَ مَغْلُوْبٍ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ. وَ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ .اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمِ الَّذِيْ عَنَتْ لَهُ الْوُجُوْهُ وَخَشَعَتْ لَهُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتْ لَهُ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْيَتِهٖ . اَنْ تُصَلِّيْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَفْعَلُ بِيْ كَذَا وَكَذَا (اپنی حاجت کا نام لیں) . **بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ .**

صلوٰۃ الا ولیاء برائے قضائے حوائج :

صلوٰۃ الولیاء جس مقصد کے لئے پڑھی جائے ۔ وہ ضرور پورا ہو ۔ امام زاہدؒ سے منقول ہے کہ میں نے اس نماز کو حضرت خضر نبیؑ سے سیکھا اور پڑھا اور میں نے طلب کیا خُدا سے خُدا کو پس میں نے پایا خُدا کو ۔ اور ابو عیاضؒ نے طلب مال کے لئے اس نماز کو پڑھا تو مالِ کثیر پایا ۔ اور ابو قاسمؒ نے طلب علم کے لئے اس نماز کو پڑھا تو علم کو حاصل کیا ۔ ترکیب اس نماز کی یہ ہے کہ قبل صلاۃ الصبح (یعنی کہ جب تک تہجد نماز پڑھی جا سکتی ہو) دو رکعت نماز اس طرح سے پڑھی جاوے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ سات مرتبہ اور سورہ کافرون ایک مرتبہ ، جبکہ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ سات مرتبہ اور سورہ اخلاص ایک مرتبہ پڑھی جاوے ، اور بعد از سلام دس مرتبہ **کلمہ تمجید** ، اور دس مرتبہ **یا غیاث المستغیثین اغثنا** پڑھ کر اللہ رب العزت سے اپنی حاجت طلب کرو ۔ ضرور حاجت روائی ہوگی ۔ انشاء اللہ العظیم ۔ حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ نے اس نماز کو نہایت مجرب قرار دیا ہے ۔

صاحب جواہرخمسہ کا قضائے حوائج کا مجرب المجرب عمل مبارک :

حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ اپنی کتاب جواہر خمسہ میں رقمطراز ہیں کہ اگر صدقِ نیت سے (یہ نماز کسی) مُردہ پر بھی پڑھی جائے تو وہ (بھی) زندہ ہو جائے ۔ وہ نماز یہ ہے ۔ چار رکعت دو سلام سے اس طرح پڑھے ۔ کہ اول رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد **قل اللھم** ۔۔۔ **حساب** o تک ، دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کوثر ، تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ کافرون ، چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص (صمدیہ) ، ہر ایک کو پندرہ پندرہ مرتبہ پڑھے ۔ اور سلام کے بعد دُعائے مرقومہ ذیل کو **313** مرتبہ پڑھے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ (وہ شخص ابھی) مُصلے سے اُٹھنے نہ پائے گا ۔ کہ حق تعالیٰ شانہ اُس کی حاجت کو پورا کر دے گا ۔ ((یاد رہے ۔ کہ!) اس مجرب نماز کے پڑھنے سے کام فوراً بنے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔) وہ دُعائے مکرم و معظم یہ ہے ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o لا الہ الا انت سُبحٰنک انی کنت من الظالمین ☆ حسبنا اللہ و نعم الوکیل ☆ رب انی مسنی الضر و انت ارحم الراحمین ☆ و اُفوضُ امری الی اللہ ان اللہ بصیر م بالعباد ☆ یا من ذکرہ شرف للذاکرین ☆ و یا من طاعتہ نجاۃ للمطیعین ☆ یا من رافتہ ملجأ للعالمین ☆ یا من لا یخفٰی علیہ ابنا حین ☆ برحمتک یا رحم الراحمین ☆

قضائے حوائج کا مجرب المجرب عمل : (عمل در کتبِ خزینة الاسرار. صاحب فتح المجید)

یہ مجرب عمل ہے ۔ کہ جب بھی اس عمل کے کرنیکا ارادہ ہو ۔ تو پہلے غسل کر لیں ۔ پھر وضو کر کے ایک صاف کپڑے پہن کر کسی ایسی جگہ یہ عمل کریں ۔ جہاں کوئی آپ کو دیکھ نہ لے ۔ طریقہ عمل یہ ہے ۔ کہ دو رکعت نماز نفل تمام انبیاءؑ و رسلؑ خصوصاً بالخصوص سردار الانبیاء والرسل ﷺ اور تمام صحابہ کرامؓ اولیائے کرامؒ اور علمائے عظام اور تمام ارواح المسلمین کو ایصال ثواب کریں ۔ پھر **100** بار **اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ** پھر **100** مرتبہ پڑھیں ۔ درود و سلام پھر **1** مرتبہ **سورة فاتحه معہ تسمیہ 3** مرتبہ **سورة اخلاص معہ تسمیہ** پھر **1-1** مرتبہ **معوذ تین معہ تسمیہ** پڑھ کر مذکورہ مقدس ہستیوں کو ایصال ثواب کریں ۔ اس کے بعد **لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ** (سورۃ نجم کی آیت نمبر ۵۹) ۱ ۔ بار اور یہ ابیات بھی **1** بار پڑھیں ۔

يَامَنْ اِذَا ضَاقَ الْفَضَآءِ	وَتَرَاكَمَتْ جَمَلُ الدَّوَاهِيْ
وَاذِيْقَتِ النَّفْسِ الْحَمَامِ	وَآيَسْتَ عِنْدَالتَّنَاهِيْ
فَرَجْتُهَا بِدَقِيْقَةٍ	مِنْ حُسْنِ لُطْفِكَ يَااِلٰهِيْ

اس کے بعد آیت **لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ 3** بار اور ابیات **1** بار پڑھیں ۔ پھر آیت (**لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ**) **50** اور ابیات **1** مرتبہ پڑھیں ۔ پھر آیت (**لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ**) **1100** گیارہ سو بار ایسے پڑھیں ۔ کہ ہر سینکڑہ کے خاتمے پر ایک بار ابیات پڑھیں ۔ اس کے بعد **818** آٹھ سو اٹھارہ بار **سَلَامٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ** پڑھیں ۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے حضور نہایت عاجزی و انکساری سے دعا کریں ۔ حاجت ضرور پوری ہو جائیگی ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔ مجرب واللہ مجرب ۔

صلوۃ الحاجۃ مجربہ:

حضرت نبی کریم ﷺ نے (صلوۃ الحاجت کا ایک بہترین طریقہ ارشاد) فرمایا ہے۔ کہ رات میں یا کسی بھی وقت (12) بارہ رکعت نماز **(نفل بنیت صلوۃ الحاجت)** پڑھے۔ کہ ہر دو رکعتوں کے درمیان **التحیات** پڑھو اس طرح جب (اس) نماز کی آخری **التحیات** پڑھ چکو۔ تو اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کرو۔ اور نبی مکرم ﷺ پر درود و سلام بھیجو۔ اور پھر بحالت سجدہ **سورہ فاتحہ** (مع تسمیہ) سات بار، **آیت الکرسی** (مع تسمیہ) سات بار اور دس بار یہ پڑھو۔ **لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ . وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ** ۔ اس کے بعد یہ دعا پڑھو ۔ **اَللّٰهُمَّ اِنِّىۤ اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ وَ مُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَ اِسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَ جَدِّكَ الْاَعْلٰى وَ كَلِمَاتِكَ التَّآمَّةِ** پھر اپنی حاجت کا (بزبان عربی) سوال کرو۔ اس کے بعد سر سجدہ سے اٹھاؤ۔ اور دائیں بائیں سلام پھیر دو۔ یہ (صلوۃ الحاجت) بیوقوفوں اور نہ سمجھ لوگوں کو نہ سکھاؤ۔ ورنہ وہ (ایک دوسرے کے خلاف الٹی سیدھی) دعائیں کریں گے۔ اور وہ قبول ہو جائیں گی۔ (یاد رہے۔ کہ یوں تو یہ روایت سند کے اعتبار سے کمزور ہے۔

مگر بقول محدثین کرام ﴿ **وَالاعتماد فی مثل ھذا علی التجربۃ لا علی الاسناد** ﴾

مجرب نماز برائے قضائے حوائج :

اس نماز کو حضرت امام شمس الدین محمد بن عبدالرحمان سخاویؒ نے اپنی یگانہ روزگار کتاب ''القول البدیع فی الصلوۃ علی الحبیب الشفیع'' میں بیان فرمایا ہے۔ علامہ سخاویؒ فرماتے ہیں۔ کہ! حضرت وُہیب بن الورد سے مروی ہے۔ آپؒ فرماتے ہیں۔ ہمیں یہ خبر پہنچی ہے۔ کہ (یہ) ایک ایسی دُعا ہے۔ جو کہ رَد نہیں ہوتی۔ یعنی بندہ پہلے بارہ (12) رکعت نماز (بنیتِ صلوٰۃ الحاجۃ کے) پڑھے۔ اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی اور سورہ اخلاص پڑھے۔ جب نماز سے فارغ ہو تو سجدہ میں (سر رکھ کر) اِن کلمات کو پڑھیں۔ (ان شاء اللہ جائز حاجت ضرور پوری ہوگی۔ البتہ! اگر اُسی وقت حاجت پوری نہ ہو سکے۔ تو کچھ دنوں تک اس نماز کو پڑھتے رہنا چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ ضرور دعا مستجاب فرمائے گا۔ ان شاء اللہ) کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o سُبْحَانَ الَّذِىْ لَبِسَ الْعِزَّ وَقَالَ بِهٖ ، سُبْحَانَ الَّذِىْ تَعَطَّفَ بِالْمَجْدِ وَ تَكَرَّمَ بِهٖ ، سُبْحَانَ الَّذِىْ اَحْصٰى كُلَّ شَىْءٍ بِعِلْمِهٖ ، سُبْحَانَ الَّذِىْ لَا يَنْبَغِى التَّسْبِيْحُ اِلَّا لَهٗ ، سُبْحَانَ ذِى الْمَنِّ وَالْفَضْلِ ، سُبْحَانَ ذِى الْعِزِّ وَالتَّكَرُّمِ ، سُبْحَانَ ذِى الطَّوْلِ ، اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ ، وَ مُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ ، وَبِاسْمِكَ الْاَعْظَمِ ، وَجَدِّكَ الْاَعْلٰى ، وَكَلِمَاتِكَ التَّآمَّاتِ كُلِّهَا . اَلَّتِىْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ ، اَنْ تُصَلِّىَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ ۔

نماز برائے قضائے ہزار حوائج :

بہت سی کتب میں مرقوم ہے۔ کہ امام نجم الدین نسفیؒ سے منقول ہے۔ کہ! مجھ کو یہ نماز برائے قضائے ہزار حوائج **حضرت خضر**ؑ نے تعلیم فرمائی ہے۔ دو رکعتیں جس وقت چاہے (ماسوائے اوقاتِ زوال) پڑھیں۔ مگر شب جمعہ کو پڑھنا افضل ہے۔ طریقہ یہ ہے۔ کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورہ کافرون اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورہ اخلاص (صمدیہ) پڑھے۔ پھر بعد سلام کے سر سجدہ میں رکھ کر دس مرتبہ درود و سلام پڑھیں۔ پھر دس مرتبہ سوئم کلمہ تمجید، پھر دس مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔ **اللھم ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ و فی الآخرۃ حسنۃ و قنا عذاب النار** o پھر دس مرتبہ یوں کہیں۔ **یا غیاث المستغیثین اغثنا.** پھر اپنی ایک یا کئی حاجات کہیں جتنی یاد آئیں پھر کہے۔ **یا رب العالمین میری ہزار حاجتیں دینی و دنیاوی پوری فرما۔ آمین** ۔ اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل و کرم سے تمام حاجات پوری ہوں گیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

صلوٰۃ برائے حصولِ حلاوت و ولایت اور قضائے حوآئج :

یہ نماز بھی روحانی فیوض و برکات کی حامل نماز ہے۔ اس چار رکعت نماز کا سب سے بہتر وقت تہجد اور بعد نمازِ عشاء کا ہے۔ اس نماز کی نیت یہ ہے۔ **نویت ان اصلی للہ تعالیٰ اربع رکعات صلوٰۃ الحلاوۃ اللسان و القلب صلوٰۃ النفل متو جھا الیٰ جھۃ الکعبۃ الشریفۃ ۔ اللہ اکبر** ۔ اس چار رکعت نماز کے پڑھنے میں خصوصی بات یہ ہے کہ اس نماز کی ہر رکعت میں یہ آیت کریمہ **75** مرتبہ پڑھی جاتی ہے۔ **حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ تو کلت وھو رب العرش العظیم** ☆ اس نماز کا طریقہ یہ ہے۔ کہ تکبیر تحریمہ کے بعد ثناء پڑھے۔ ثناء کے بعد یہی آیت کریمہ **15** مرتبہ پڑھے۔ پھر تعوذ، تسمیہ، سورہ فاتحہ اور کوئی سورہ پڑھ کر یہی آیت کریمہ **10** مرتبہ پڑھے۔ پھر رکوع میں **3** مرتبہ **سبحان ربی العظیم** کے بعد یہی آیت کریمہ **10** مرتبہ پڑھے۔ پھر رکوع سے سیدھے ہو کر **سمع اللہ لمن حمدہ** اور **ربنا لک الحمد** کے بعد یہی آیت کریمہ **10** مرتبہ پڑھے۔ پھر سجدے میں **3** مرتبہ **سبحان ربی الاعلیٰ** کے بعد یہی آیت کریمہ **10** مرتبہ پڑھے۔ پھر سجدے سے آٹھ کر جلسہ میں یہی آیت کریمہ **10** مرتبہ پڑھے۔ پھر سجدے میں **3** مرتبہ **سبحان ربی الاعلیٰ** کے بعد یہی آیت کریمہ **10** مرتبہ پڑھے۔ اس طرح پہلی رکعت میں اس آیت کریمہ کی مجموعی تعداد **75** مرتبہ ہوئی۔ باقی تینوں رکعتوں میں ثناء و تعوذ کے ماسوا اسی طریقہ سے نماز کو مکمل کریں۔ ہر رکعت میں یہی آیت کریمہ **75** مرتبہ ہوگی۔ اور چاروں رکعتوں میں اس آیت کریمہ کی مجموعی تعداد **300** مرتبہ پڑھنا ہوگی۔

دُعائے مستجابہ:

حضرت امام بونی اپنی کتاب شمس المعارف میں حضرت مقاتل بن سلیمانؒ سے روایت ہے۔کہ! جس شخص کوکوئی مشکل پیش آئے۔تو اسے لازم ہے۔کہ! وضوکر کے اپنے گھر کے سب سے آخری حصہ (یعنی گھر کے کونے والے کمرے) میں داخل ہوکر دو رکعت نمازِ (بنیتِ قضائے حاجت) نہایت خوبی کے ساتھ ادا کرے۔سلام کے بعد (طاق مرتبہ) درودشریف پڑھ کر یہ دُعا سات یا گیارہ مرتبہ قوی یقین کے ساتھ پڑھے۔

بسم اللہ الر حمٰن الر حیمo اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ مَلِیکٌ مُقْتَدِرٌ وَّ اِنَّکَ عَلٰی مَا تَشَآءُ مِنَ الْاَ مْرِ وَ بِکَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَتْ ذُنُوْبِیْ سَلَفَتْ وَا خْتَلَفَتْ وَجُھَتِیْ وَعَظَّمَتْ خَطِیْئَتِیْ وَحَالَتْ بَیْنِیْ وَ بَیْنَ قَضَآءِ حَاجَتِیْ فَاِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِجَلَالِ وَجْھِکَ وَ عَظِیْمِ عَفْوِکَ وَ اَتَوَجَّہُ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰ لِہٖ وَسَلَّمَ اَنْ تَغْفِرَ لِیْ وَ تَرْحَمْنِیْ وَ تُفَرِّجَ عَنِّیْ (پھر بلندآواز کے ساتھ یوں پکارے) **یَا مُحَمَّدُ یَا اَحْمَدُ یَا اَبُو الْقَاسِمِ اِنِّیْ اَتَوَسَّلُ وَاَتَوَجَّہُ بِکَ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی لِیَغْفِرَ لِیْ وَیَرْحَمْنِیْ وَیَقْضِیْ حَاجَتِیْ وَحَوَآئِجِیْ وَ یُفَرِّجُ کُرْبِیْ وَ ھَمِّیْ وَ غَمِّیْ۔**

اگراس وقت رونا آجائے۔تو یہ دُعا کی قبولیت کی علامت ہے۔اس وقت جوبھی (شرعی اور جائز) دُعا مانگو گے۔وہ (اللہ تعالیٰ کے حکم سے ضرور) قبول ہوگی۔اگررونا نہ آئے۔تو یہی عمل دو یا تین یا پانچ مرتبہ کرو۔اگر پانچ مرتبہ کرنے پربھی رونا نہ آئے۔تو یہی عمل تین دن کے بعد سرانجام دیں۔

قضائے حوائج کا عجیب وغریب اور مجرب عمل:

رات کوسونے سے قبل مُصلے پر بیٹھ کر 300 مرتبہ یہ دعا نہایت خشوع وخضوع اور عاجزی کے ساتھ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالیں۔

بسم اللہ الر حمٰن الر حیمo یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا دَیَّانُ یَا سُبْحَانُ یَا بُرْھَانُ یَا سُلْطَانُ بِحَقِّ حَضْرَتْ سُلَیْمَان بْنِ دَاوٗدَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ وَبِحَقِّ حَضْرَتِ اِلْیَاسِ وَ حَضْرَتْ خِضَرْ حَاضِرْ شُوْدْ ۔

اس دعا کومسلسل سات ایام تک بلا ناغہ پڑھتے رہیں۔انہیں سات ایام کے اندر کسی بھی دِن ایک دم سے اس قدر اُبا سیاں آنا شروع ہو جائیں گیں۔کہ بیان سے باہر۔پس جس وقت ابا سیاں بہت زیادہ کثرت سے آنا شروع ہو جائیں۔تو اس وقت جو جائز و متشرع دعا مانگی جائے۔اللہ تعالیٰ سے کامل یقین ہے۔کہ جائز حاجت اُسی لمحے پوری ہو جائے گی۔انشاء اللہ تعالیٰ۔

عمل قضائے حاجت :

اگرکسی شخص کوکوئی ضروری حاجت پیش آجائے۔تو ایسا حاجتمند شخص بروزبُدھ،جمعرات اورجمعۃ المبارک (اپنی حاجت روائی کی نیت سے) روزہ رکھے۔ اور بروزجمعۃ المبارک مسجد کو جاتے ہوئے یہ عظیم دعا پڑھتا ہوا جائے۔اور بعدنمازِ جمعہ (فرض کے بعد بحالت تشہد بناء کسی سے بات چیت کئے) یہ عظیم دعا 11 مرتبہ معہ تسمیہ (اول وآخر طاق مرتبہ درودوسلام کے ساتھ) پڑھے۔توانشاءاللہ اُس کی حاجت پوری ہوجائے گی۔یہ عمل بارہا کا مجرب وآزمودہ ہے۔اس ضمن میں علمائے عُظام فرماتے ہیں۔کہ اس عمل کو بیوقوفوں کومت سکھاؤ۔ورنہ وہ کسی کے خلاف بددعا کریں گے۔اوراستجابت پائیں گے۔یہ عمل انتہائی مجرب ومستندعمل ہے۔

اللھم انی اسئلک بأ سمک بسم اللہ الر حمٰن الرحیمoالذی لا الہ الا ھو عالم الغیب والشھادۃoھو الرحمٰن الرحیمo و اسئلک بأ سمک بسم اللہ الر حمٰن الرحیم oالذی لا الہ الا ھو الحی القیوم لا تا خذہ سنۃ ولا نوم . و اسئلک بأ سمک بسم اللہ الر حمٰن الرحیمoالذی مرآت عظمتہ السمٰوٰت والارض. و اسئلک بأ سمک بسم اللہ الر حمٰن الرحیمoالذی لا الہ الا ھو عنت لہ الو جوہ وخشعت لہ الا بصار و و جلت القلوب من خشیتہ. ان تصلی و تسلم علٰی سیدنا محمد وعلٰی الِ سیدنا محمد وان تعطینی و مسئلنی و تقضی حاجتی و تسیمھا بر حمتک یا ر حم الرا حمینo

صلوٰۃ کن فیکون در سلسلہ چشتیہ :

صلوٰۃ کن فیکون درحقیقت سلسلہ چشتیہ، مشائخِ چشتیہ میں مشہور ومعروف ہے۔اس نماز کے بارے میں مشائخِ چشتیہ فرماتے ہیں کہ جس کسی کوسخت حاجت پیش آوے تو اس کو چاہیئے کہ شب چہارشنبہ، شب پنجشنبہ اورشب جمعۃ المبارک تین راتوں میں بحضورِ قلب اس طرح سے پڑھے کہ اول رکعت میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اورسومرتبہ سورہ اخلاص اور دوسری رکعت میں ایک سومرتبہ سورہ فاتحہ اورایک مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔پھر بعداز سلام سومرتبہ یہ کہے۔ **اے آسان کنندہ دُشواریھا ، وا اَے روشن کنندہ تاریکے ھا.** پھر سومرتبہ استغفار پڑھ کر سومرتبہ درود پڑھے اورنہایت عاجزی وانکساری سے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔شب جمعۃ المبارک یعنی تیسری رات کواس نمازِ عمل کے بعداپنی ٹوپی یا پگڑی اُتاردے پھراپنی آستین کوگردن میں ڈال کررو ئے اوراللہ جل شانہ سے کم ازکم پچاس مرتبہ اپنے مطلب کی دُعا کرے انشاءاللہ العظیم دُعا اُس شخص کی اُسی وقت مُستجاب ہوگی۔

☆ **قضائے حوائج کے لئے وظیفہ اَز حضرت آدم صفی اللہؑ :** لا الہ الا اللہ محبوب احمد نور اللہ ۔

بُت پرستی اور قبر پرستی کے متعلق استفسار

سوال: کوئی بُت پرست اگر بُت سے مدد چاہتا تھا۔کسی عالم نے اسکومنع کیا۔کہ شِرک مت کرو۔توبُت پرست نے کہا۔کہ اگر میرا عقیدہ یہ ہو۔کہ بُت خُدا کا شریک ہے۔اوراس وجہ سے اس کی پرستش کروں۔تو البتہ یہ شِرک ہے۔اوراگر میرا اعتقاد یہ ہے۔کہ بُت مخلوق ہے۔اوراس کی پرستش کروں۔تو یہ کیوں کر شِرک ہوگا؟ اس عالم نے فرمایا۔کہ قُرآنِ مجید میں متواتر آیا ہے۔کہ غیرِ خُدا سے مدد نہ چاہو۔تو بت پرست نے کہا۔کہ آدمی ایک دوسرے سے کیوں سوال کرتے ہیں؟ تو عالم نے کہا۔کہ آدمی زندہ ہیں۔ان سے سوال منع نہیں۔اور تیرے بُت مثلاً کنھیا اور کالکا وغیرہ مُردہ ہیں۔یہ کسی چیز پر قادر بھی نہیں۔توبُت پرست نے کہا۔کہ جب تم لوگ اہلِ قبور سے مدد اور شفاعت چاہتے ہو۔تواس سے لازم آتا ہے۔کہ تم بھی شِرک کرتے ہو؟ حاصل کلام۔تم لوگ اہلِ قبور کو جیسا جانتے ہو۔ویسے ہی ہم لوگ کنھیا اور کالکا کی تصویر(مُورتی) کوسمجھتے ہیں۔ظاہرًا نہ تو اہل قبور میں کچھ قوت ہے۔اورنہ ہی بت میں ہے۔اوراگر تمھارا کلام یہ ہے۔کہ اہلِ قبور میں باطنی قوت ہے۔اسی وجہ سے اِن لوگوں سے حاجت روائی ہوتی ہے۔تو بتوں سے بھی اکثر حاجت روائی ہوجاتی ہے۔اوراگر تم لوگ یہ کہو۔کہ ہم لوگ اہل قبور سے صِرف یہی کہتے ہیں۔کہ خُدا سے ہمارے واسطے شفاعت کرو۔تو میں بھی بتوں سے ایسی ہی شفاعت چاہتا ہوں۔تو جب ثابت ہوا۔کہ اہلِ قبور سے استمداد جائز ہے۔تو بعض مسلمان ضعیف الاعتقاد ستیلا اور مسانی وغیرہ کی پرستش سے کیوں باز آئیں گے؟

جواب: (جواب منجانب حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز دہلوی ؒ بن حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی ؒ) اس سوال کے چند مقامات میں شُبہ واقع ہوا ہے۔اِن مقامات سے خبردار رہنا چاہیئے۔اس وقت انشاء اللہ تعالیٰ اس سوال کا جواب بفضلہٖ تعالیٰ واضح ہو جائے گا۔

1۔ اول یہ کہ مدد چاہنا دوسری چیز سے ہے۔اور پرستش دوسری چیز ہے۔عوام مسلمانوں میں یہ نُقصان ہے۔کہ وہ لوگ خِلاف شرع طور سے اہل قبور سے مدد چاہتے ہیں۔مگر وہ بھی پرستش نہیں کرتے۔جبکہ بت پرست لوگ تو بتوں سے مدد بھی چاہتے ہیں۔اور پرستش بھی کرتے ہیں۔پرستش سے مُراد یہ ہے۔کہ کسی کو سجدہ کرے۔یا کسی چیز کی عبادت کی نیت سے اس چیز کا طواف کرے۔یا بطریق تقرب کے کسی کے نام کا وظیفہ کرے۔یا اس کے نام سے کوئی جانور ذبح کرے۔یا اپنے آپ کو کسی کا بندہ کہے۔اور جو جاہل (ناقص العلم) مسلمان اہل قبور کے ساتھ ایسا کوئی امر کرے۔ جیسے اہل قبور کو (خُدا سمجھ کر) سجدہ کرنا،تو وہ فی الفور کافر ہوجائے گا۔اوردائرہ اسلام سے خارج ہوجائے گا۔

2۔ دوسرا یہ امر اس سوال میں قابل لحاظ ہے۔کہ مدد چاہنا دوطور پر ہوتا ہے۔ایک طور یہ ہے۔کہ کوئی مخلوق دوسری مخلوق سے مدد چاہے۔جیسے امیر اور بادشاہ سے نوکر اور فقیر اپنی اپنی حاجتوں میں مدد چاہتے ہیں۔اور عوام الناس ایسا ہی اولیاءاللہ ؒ سے یہ چاہتے ہیں۔کہ اللہ جل شانہ کی درگاہ میں آپ (ہمارے لئے) دُعا کریں۔کہ اللہ تعالیٰ کے حُکم سے ہمارا فلاں مطلب حاصل ہوجائے۔تو اس طور سے مدد چاہنا شرعًا زندہ اور مُردہ سب سے جائز،مستحب اور مستحسن ہے۔

3۔ تیسرے طور پر مدد چاہنے کا مطلب یہ ہے۔کہ جو چیزیں خاص اللہ تعالیٰ کی قُدرت میں ہیں۔مثلاً بیٹا دینا،پانی برسانا،بیماریوں کو دفع کرنا،عُمر زیادہ کرنا یا ایسی اور چیزیں جو خصوصی طور پر صِرف اللہ تعالیٰ ہی کی قُدرت میں ہیں۔ایسی چیزوں کے لئے کسی مخلوق سے کوئی شخص التجاء کرے۔اوراس شخص کی نیت یہ نہ ہو کہ وہ مخلوق اللہ تعالیٰ کی درگاہ میں دُعا کرے۔کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہمارا یہ مطلب حاصل ہو۔تو یہ حرام مطلق ہے۔بلکہ کُفر ہے۔اوراگر کوئی مسلمان اولیاءاللہ ؒ سے اس ناجائز طور سے مدد چاہے۔کہ ان کو قادر مطلق سمجھے۔خواہ وہ اولیاءاللہ زندہ ہوں یا مُردہ۔تو وہ مسلمان (دائرہ) اسلام سے خارج ہوجائے گا۔

بت پرست لوگ بھی اسی طرح ناجائز طور سے اپنے معبودانِ باطل سے مدد چاہتے ہیں۔اوراس امر ناجائز کو وہ لوگ جائز سمجھتے ہیں۔اور اس سوال میں یہ جو مذکور ہے۔کہ بت پرست نے کہا۔کہ میں بھی اپنے بتوں سے صِرف شفاعت چاہتا ہوں۔جیسا کہ تم لوگ پیغمبروں اور اولیاءاللہ ؒ سے سفارش چاہتے ہو۔تو ان کا یہ کلام بھی مکروفریب سے خالی نہیں۔اس واسطے کہ بت پرست لوگ ہرگز شفاعت نہیں چاہتے۔ بلکہ بت پرست لوگ تو شفاعت کے معنی تک نہیں جانتے۔اور نہ ہی ان لوگوں کو شفاعت کا خیال ہوتا ہے۔کیونکہ شفاعت سے مُراد تو سفارش ہے۔اور سفارش سے مقصود یہ ہے۔کہ کوئی شخص کسی دوسرے شخص کے مطلب کے لئے کسی تیسرے سے کہے۔مگر بت پرست لوگ ایسا تو سمجھتے ہی نہیں۔اور نہ وہ لوگ بت سے یہ کہتے ہیں۔کہ تم ہماری سفارش اللہ جل شانہ کی درگاہ میں کرو۔اور ہمارا مطلب اللہ تعالیٰ کی درگاہ میں حاصل کرادو۔ بلکہ وہ لوگ خاص بتوں سے اپنا مطلب چاہتے ہیں۔اور یہ جو اس بت پرست نے کہا۔کہ اہل قبور کو جیسا کہ تم جانتے ہو۔ویسا ہی کنھیا اور کالکا کی تصویر کو ہم بھی سمجھتے ہیں۔تو یہ بھی غلط در غلط ہے۔اس واسطے کہ یہ ثابت ہے۔کہ اگرچہ بعد موت کے بدن قبر میں داخل کردیا جاتا ہے۔مگر اس بدن کے ساتھ روح کا تعلق ضرور رہتا ہے۔اس واسطے کہ ایک مدتِ دراز تک اس بدن میں روح رہ چکی ہوتی ہے۔اور بت پرست لوگ اپنے معبودانِ باطلہ کی قبور کی قطعًا تعظیم نہیں کرتے۔ بلکہ خود تصویروں،پتھروں،درختوں اور دریاؤں کو قرار دیتے ہیں۔کہ یہ فلاں کی تصویر ہے۔حالانکہ اس کی روح کو اس چیز سے کوئی تعلق نہیں رہتا۔اور ایسا بھی نہیں کہ وہ چیز وہاں جلائی گئی ہو۔تو ایسے محض فرضی قرارداد کا کچھ اعتبار نہیں۔البتہ اللہ تعالیٰ عالم الغیب ہے۔تمام بندوں کی حالت سے بخوبی واقف ہے۔اللہ تعالیٰ کو منظور ہے۔کہ دنیا میں لوگوں کی حاجت روائی بالکل موقوف نہ کردی جائے۔چاہے کوئی کسی سے اپنے مطلب کے لئے خواستگار ہو۔مگر جب اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا ہے۔تو وہ مطلب پورا کردیتا ہے۔ مثلاً مہربان باپ اپنے چھوٹے بچے کی حالت جانتا ہے۔جب وہ لڑکا خِدمت گار یا اپنی دایہ سے کوئی چیز مانگتا ہے۔تو وہ چیز اس لڑکے کو اس کا باپ دے دیتا ہے۔حالانکہ خِدمت دار دایہ کے اختیار میں وہ چیز نہیں رہتی۔ایسا ہی حال بتوں کا بھی ہے۔بلکہ اصولِ شرع کے موافق یہ ہے۔کہ جب اہل قبور اللہ جل شانہ کی بارگاہ میں سفارش کرتے ہیں۔کہ فلاں شخص کا مطلب حاصل ہو۔تو جب اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا ہے۔تو وہ مطلب حاصل ہوتا ہے۔اور سوال میں جو یہ مذکور ہے۔کہ جب یہ ثابت ہوا۔کہ اہل قبور سے استمداد جائز ہے۔تو بعض مسلمان ضعیف الاعتقاد ستیلا ومسانی وغیرہ

کی پرستش سے کیونکر باز آئیں تو جاننا چاہیئے ۔ کہ اہلِ قبور سے استمدادا اور ستیلا ، مسانی وغیرہ کی پرستش میں چند وجوہ سے فرق ہے ۔ ا ۔ پہلی وجہ یہ ہے کہ جن اہلِ قبور سے استمداد کی جاتی ہے ۔ اور ان کا حال معلوم ہے ۔ وہ اہلِ قبور صالحین اور بزرگانِ دین سے ہو گزرے ہیں ۔ جبکہ ستیلا و مسانی موہوم محض ہیں ۔ ان کا تو وجود تک معلوم نہیں ۔ بلکہ بت پرستوں نے ان کا صرف فرضی وجود خیال کر لیا ہے ۔ ۲ ۔ دوسری وجہ فرق یہ ہے ۔ کہ اگر بالفرض ستیلا و مسانی کا کبھی وجود تھا بھی ۔ تو یہ ارواحِ خبیثہ شیاطین کی قسم سے ہوں گے ۔ کہ خلق کی ایذا رسانی پر کمر باندھی ہے ۔ انکو ارواحِ انبیاءؑ واولیاءؒ سے کیا مناسبت ہے ۔ ۳ ۔ تیسری وجہ فرق کی یہ ہے ۔ کہ اہلِ قبور سے استمداد بطورِ دُعا کے ہوتی ہے ۔ کہ وہ اللہ تعالیٰ کی درگاہ میں دُعا کریں ۔ تاکہ ہمارا مطلب حاصل ہو ۔ اور ستیلا وغیرہ کی پرستش جو لوگ کرتے ہیں ۔ ان کا اعتقاد یہ ہوتا ہے ۔ کہ ان کو مُستقل طور پر حاجت روائی کا اختیار ہے ۔ اور یہ قادرِ مطلق ہیں ۔ جبکہ یہ تو خالصتاً کُفر ہے ۔ **نعوذ باللہ من ذالک ۔**

صاحبِ قبر سے روحانی طور پر استعانت حاصل کرنا :

سلطان نورالدین زنگیؒ کا خواب ، کہ جس میں آنحضور نبی مکرم ﷺ نے انہیں تاکید فرمائی ۔ کہ ! دو افراد (جو کہ غالبًا یہود و نصاریٰ میں سے تھے) میرے جسدِ خاکی کو یہاں (مدینۃ المنورہ) سے لے کر جانا چاہتے ہیں ۔ ۔ ۔ آنحضرت نبی مکرم ﷺ اور حضرت علی المرتضیٰؓ کا (دورانِ وعظ) حضور شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے منہ میں لعابِ دہن ڈالنا ۔ فتح قسطنطنیہ میں حضرت ابو ایوب انصاریؓ کا سلطان محمد فاتح کی روحانی استعانت فرمانا ۔ (بمطابق کتبِ تصوف وسوانح اولیاء اللہ) حضرت محمد عثمان مروندی المعروف لعل شہباز قلندرؒ اور حضرت بوعلی قلندرؒ کو حضرت علی شیرِ خداؓ کا بلا واسطہ حاضر ہو کر درجاتِ ولایت عطا کرنا ۔ ۔ ۔ بمطابق حضرت امام جلال الدین سیوطیؒ (بمطابق کتاب انیس الجلیس) ، حضرت ابوالقاسم قشیریؒ کا حضرت امامِ اعظم ابو حنیفہؒ کی قبر سے اکتسابِ علم وفیض حاصل کرنا ۔ ۔

شائقینِ دعوۃُ القبور کے شائقین کے لئے کچھ تفصیلات یہ ہیں ۔ تاکہ مجھے اور شائقین حضرات کو دعوۃُ القبور کی تعریف ، شرائط اور فوائد سے خاطر خواہ آگاہی و ادراک حاصل ہو سکے (انشاء اللہ) ۔ جیسے کہ ! حضرت سلطانُ العارفین سلطان باہوؒ کے تربیت یافتہ جناب حضرت فقیر نور محمد سروری قادریؒ آف ڈیرہ اسماعیل خان کے خلیفہ جناب فقیر محمد ارشد سروری قادریؒ اپنی کتاب ’’ تذکرہ نور ‘‘ میں فرمایا ہے ۔ کہ ! حضور سلطان باہوؒ نے اپنی کتابوں میں دو علوم پر بحث فرمائی ہے ۔ ایک تصورِ اسمِ ذات اور دوئم علمِ تصرف دعوتُ القبور ۔ انہیں دونوں کو کبھی اول کو علمِ اکسیر اور دوئم کو علمِ تکسیر سے تعبیر فرمایا ہے ۔ اور کبھی اول کو تصرفِ توفیق اور کبھی دوئم کو تصرفِ تحقیق سے بھی موسوم کیا ہے ۔ ان ہر دو علوم کو تمام باطنی قوتوں کا اصل اور روحانی دنیا کے تمام خزانوں کی کنجیاں ثابت کیا ہے ۔ چونکہ تصورِ اسمِ ذات ’’ اللہ ‘‘ سے انسانی جسم میں تزکیہ پیدا ہوتا ہے ۔ اور انوارِ باطنی جگمگا اُٹھتے ہیں ۔ اور انسان دعوت القبور میں تصرف حاصل کرنے کے لئے قابل اور اہل ہو جاتا ہے ۔ دعوتِ قبور کے ضمن میں یہاں تفصیل بیان کی جاتی ہے ۔ عالمِ اَمر کی غیبی مخلوق دو قسم پر مشتمل ہیں ۔ ایک نوری اور دوئم ناری ۔

ان چراغوں میں تیل ہی کم تھا   کیوں گلہ پھر ہمیں ہوا سے رہے

نوری مظوقات: نوری مخلوقات میں انبیاء ورسلؑ ، اولیاء اللہؒ نیک مسلمانوں کی ارواح ، ملائکہ اور مسلمان جنات ہیں ۔

ناری مظوقات : ناری مخلوقات میں کفار کی ارواح ، سفلی عاملین ، جادوگروں ، شیاطین ، کافر جنات ، استدراجی طاقتوں کے حاملین اور منکرین و مرتدین افراد کی خبیث ارواح شامل ہیں ۔ جب انسان نیک اعمال سرانجام دیتا ہے ۔ اور تلاوتِ قرآنِ پاک ، درود شریف پڑھنے اور اوراد و وظائف ، مشاغل و مراقبات میں محو اور مستغرق ہو کر خود کو انہیں میں مشغول کر لیتا ہے ۔ تو اللہ تعالیٰ ایسے آدمی کی ضرور مدد فرماتا ہے ۔ مؤکلات (یعنی ملائکہ ارضی وسماوی) اور ارواحِ عینیہ جو درحقیقت مدبرات الامر ہیں ۔ کے ذریعے بھی معاونت فرماتا ہے ۔ اور اس نوری مخلوق کے ذریعے ایسے خوش نصیب لوگوں کے تمام امور بخیر وخوبی انجام پاتے ہیں ۔ جیسے کہ قرآنِ کریم میں اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالی شان ہے ۔ **ان الذین قالوا ربنا اللہ ثم استقاموا تتنزل علیھم الملٰئکۃ ۔** (سورہ سجدہ ۔ آیت نمبر 30) بے شک ! وہ لوگ (کہ) جنہوں نے کہا ۔ (کہ) ہمارا رب اللہ تعالیٰ ہے ۔ اور پھر اسی بات پر قائم اور پختہ رہے ۔ تو ایسے لوگوں پر فرشتے نازل ہوتے ہیں ۔ چنانچہ غزوہ بدر میں مسلمانوں کی امداد کے لئے ہزاروں کی تعداد میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے فرشتے نازل ہوئے ۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ۔ **انی ممد کم بالف من الملٰکۃ ۔** (سورہ انفال ۔ آیت نمبر 9) کہ مَیں تمھاری ایک ہزار فرشتوں سے مدد کروں گا ۔

اور جب کوئی انسان برے اعمال کرتا ہے ۔ تو شیاطین اس پر خوش ہوتے ہیں ۔ اور شیاطین ایسے لوگوں کی برائیوں میں مدد کے لئے کافر جنات اور ارواحِ خبیثہ کے ذریعے سے مدد کرتے ہیں ۔ چنانچہ قرآنِ حکیم میں ہے ۔ **ومن یعش عن ذکر الرحمٰن نقیض لہ شیطنا فھو لہ قرین ۔** (سورہ الزخرف ۔ آیت نمبر 36) اور جو (شخص) غفلت برتتے ہوئے اندھا ہو جائے رحمان (اللہ تعالیٰ) کے ذکر سے ۔ تو ہم شیطان کو اس پر مسلط کر دیتے ہیں ۔ اور وہ (شیطان) اس (غافل) کا ساتھی بن جاتا ہے ۔ اسی لئے ہی تو سفلی عاملین ، جادوگران اور کفار عاملین انہی شیاطین اور کفار جنات کی مدد سے نہایت حیرت انگیز اور محیر العقول کارنامے سرانجام دیتے ہیں ۔ اور ان کے تمام امور انہی طاقتوں کے مرہونِ منت ہوتے ہیں ۔ لیکن ان کا زور نمازی اور عبادت گزار لوگوں پر قطعًا نہیں چلتا ۔ کیونکہ یہ امر مسلم ہے ۔ کہ ! شیاطین کی طاقت سے روحانی ، نورانی اور قرآنی طاقت بہت ہی زیادہ ہے ۔ اسی طرح سے جنات کی طاقت سے مالِ نکہ اور مؤکلات کی طاقت بھی بہت زیادہ ہے ۔ اور ارواحِ طیبہ کی طاقت سے ارواحِ خبیثہ کی طاقت بہت ہی کم بلکہ نہ ہونے کے برابر ہے ۔ لہذا سفلی عاملین سے علوی ، روحانی اور نورانی عاملین کی طاقت بہت ہی زیادہ ہوا کرتی ہے ۔

حضرت فقیر نور محمد سروری قادریؒ اپنی کتاب ''عرفان'' کی جلد اول میں اپنا ایک واقعہ بیان فرماتے ہیں۔ کہ! ایک دفعہ مَیں بیمار ہوگیا۔ اور میرے کان سے سفید بدبودار پیپ بہنے لگی۔ جب میرے کان کا سوراخ پیپ سے بھر جاتا۔ تو میں اپنی انگلی (کی مدد) سے اسے نکل لیتا تھا۔ چنانچہ چندروز یہ معاملہ رہا۔ اس کے بعد شاید اس پیپ کے بہنے کی وجہ سے یا میری بار بار انگلی کے رگڑنے سے سوراخ کے قریب ایک چھوٹی رسولی سی بن گئی۔ کان سے پیپ بہنی تو بند ہو گئی۔ مگر اُس پھوڑے کی یہ حالت ہوگئی۔ کہ ایک ٹُپی سی بن گئی۔ اُس میں ایک باریک سوراخ تھا۔ جب میں اس کوانگلی سے دبالیتا تھا۔ تو اُس کی پیپ نکل جاتی تھی۔ لیکن تھوڑی دیر بعد پھر اُس میں پیپ جمع ہو جایا کرتی تھی۔ مَیں اسے روزانہ چند بار دبا کر خالی کرلیا کرتا تھا۔ لیکن اس کی پیپ ختم ہونے میں نہ آتی تھی۔ (اور) اس میں سخت جلن اور درد ہوتا تھا۔ اور مَیں اس سے نہایت بے چین اور بے آرام تھا۔ (جبکہ) وہ کسی طرح علاج پذیر نہ ہوتی تھی۔ اس کے اندر مرہم وغیرہ نہیں جاسکتا تھا۔ اس نے میرا بہت برا حال کر دیا تھا۔ رات کواس کی سوزش سے مجھے نیند نہ آتی تھی۔ چنانچہ میں نے تنگ آکر باطنی علاج کی طرف رجوع کیا۔ اور ایک روحانی اہلِ قبر سے استعانت طلب کی۔ (کیونکہ!) **واذا تحیرتم فی الامور . فاستعینوا من اهل القبور** ۔ (یعنی کہ) جب تم کسی امر میں حیران ہو جاؤ۔ تو اہلِ قبور سے استعانت طلب کرو۔ (چنانچہ) میں رات کو ایک بزرگ کی قبر پر گیا۔ اور اس جگہ دعوتِ قرانِ مجید پڑھی۔ دعوت کا علم ایک نہایت نادرالوجود اور عزیز القدر علم ہے۔ (دعوت القرآن یا دعوت القبر کا مکمل طریقہ چند صفحات آگے آرہا ہے) میں دعوتِ قرآن پڑھ کر سو یا۔ خواب میں مَیں نے دیکھا۔ کہ اسی جگہ زمین کے اندر ایک نہایت عالیشان ہسپتال ہے۔ اور اس میں ایک خوبصورت، خوش لباس ڈاکٹر کھڑا لوگوں کو دوائیاں دے رہا ہے۔ چنانچہ میں نے بھی اپنا کان دکھا کر عرض کی۔ کہ! میرے کان میں یہ پھوڑا (نکل) آیا ہے۔ اس کا معالجہ فرما دیجئے۔ وہ یہ سن کر آتشی شیشی کی مانند ایک براق سفید لمبی گردن والی شیشی ایک الماری سے نکال لایا۔ اور مجھ سے فرمایا۔ کہ اپنا کان سامنے کریں۔ میں نے کان سامنے کیا۔ آنکھ کے گوشے سے مجھے اپنا کان ایسا نظر آیا۔ کہ! گویا اسے آگ لگی ہوئی ہو۔ اور چراغ کی لَو کی طرح ایک سرخ شعلہ اس سے نکل رہا ہے۔ اور میرا کان گویا جل رہا ہے۔ اس روحانی ڈاکٹر نے اس شیشی سے کچھ سفید عرق میرے کان میں چھڑکنا شروع کیا۔ اس کے کان میں پڑنے سے آگ بجھنے کی چس چس کی سی آواز مجھے سنائی دے رہی تھی۔ آخر وہ آگ بجھ گئی۔ اور میرا کان برف کی مانند ٹھنڈا ہوگیا۔ اور اسی وقت میں خواب سے جاگ اُٹھا۔ (حضرت فقیرؒ فرماتے ہیں۔ کہ!) آپ یقین جانیں۔ کہ مَیں نے اُس وقت اپنا کان ٹٹولہ۔ تو نہ پھوڑا تھا اور نہ درد۔ بلکہ ڈھونڈنے سے بھی پتہ نہ لگتا تھا۔ کہ پھوڑا کس جگہ تھا۔

جو لوگ خواب کی حقیقت کا انکار کرتے ہیں۔ اور اسے بدہضمی اور محض عادی خیالات کا نتیجہ سمجھتے ہیں۔ وہ نہایت نادان ہیں۔ خواب کی اہمیت اور وقعت سے صرف ایسے مردہ دل نفسانی لوگ بےخبر اور غافل ہیں۔ کہ جن کے قلوب پتھر کی طرح بےحس اور مردہ ہوگئے ہیں۔ جنھوں نے عمر بھر کوئی سچا خواب نہیں دیکھا۔ وہ خواب کی حقیقت کیا جانیں۔ انبیائے کرامؑ اور اہلِ سلف اولیائے وعلمائے عاملین نے اپنی اُمت وشاگردوں اور مریدوں کو بحالتِ رویائے صالحہ بڑے بڑے عجیب وغریب علوم وفنون سکھائے ہیں۔ یہ علوم بلاواسطہ سینہ بسینہ ایک دَم میں منتقل کئے گئے۔ حالانکہ کسی اور طرح سے سکھائے جاتے۔ تو ان کی تحصیل میں سالہا سال صَرف ہوتے۔ اسی طرح سے بعض اور اولیائے کاملین نے بعداز وصال اپنی قبور سے اپنے طالبوں اور مریدین کو ایک ہی نگاہ اور توجہ سے سلوک کی کٹھن منازل اور باطنی مقامات طے کرائے ہیں۔ اگر انہیں بیان کیا جائے۔ تو عقل باور نہیں کرے گی۔ بلکہ فقراء اپنی زندگی میں بعض مصلحتوں کی بناء پر روحانی طاقت کا چنداں مظاہرہ نہیں کرتے۔ لیکن موت کے بعد ان کی روحانی طاقت پوری طرح ظاہر ہو جاتی ہے۔ وہ روحانی طاقت پوری طرح ظاہر ہو جاتی ہے۔ کیونکہ! وہ روحانی اور باطنی دنیا میں آزادانہ طور پر اپنی قوتوں کو بروکار لاسکتے ہیں۔ عوام کے انعامات اور اولیائے کرام کے خوابوں میں زمین وآسمان کا فرق ہے۔ خوابوں میں چند بشارتوں اور استعانت کو مختصرً ا یہاں پیش کیا جاتا ہے۔ تاکہ! میری بات کی دلیل اور ثبوت رہے۔ کثیر التعداد اولیائے کرام اور علمائے عظام کا آنحضرت ﷺ سے بالواسطہ یا بلاواسطہ اکتساب فیض وعلم حاصل کرنے یا اُن سے استعانت حاصل کرنے کے متعلق بہت سارے عجیب وغریب واقعات سے کتابیں بھری ہوئی ہیں۔

خدا کے در سے اگر میں نہیں ہوں بے گانہ تو ذرہ ذرہ عالم ہے آشنا میرا

سات مشہور و معروف زندہ اولیاء اللّٰہؒ : سات ایسے اولیاء اللّٰہؒ کو بعداز وصال دیکھا گیا۔ کہ وہ اپنی قبور میں بھی تصرف کرتے ہیں۔ (اور ان کا یہ تصرف ان کی زندگی کی حالت سے کسی بھی طرح کم نہیں۔ بلکہ بعداز وصال اور بھی زیادہ ہو جاتا ہے۔) وہ سات اولیاء اللّٰہؒ یہ ہیں۔

1۔ حضرت خواجہ معروف کرخیؒ ۔ **2**۔ حضرت سید شیخ عبدالقادر جیلانیؒ ۔ **3**۔ حضرت شیخ عقیل منجیؒ ۔ **4**۔ حضرت شیخ حیات بن قیسؒ ۔ **5**۔ حضرت سید عبدالعزیز الدباغؒ (مراکش) ۔ **6**۔ حضرت امام احمد بدویؒ (مصر)۔ **7**۔ حضرت سیدی ابوالحسن شاذلیؒ ۔

راقم الحروف (محمد عبدالرؤف القادری ساکن کوئٹہ) عرض پرداز ہے۔ کہ! سرزمینِ پاک وہند میں حضرت سلطان باہوؒ (شورکوٹ۔ جھنگ)، حضرت خواجہ معین الدین چشتی (اجمیر شریف، انڈیا)، حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ (دہلی)، حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ (پاک پتن)، حضرت حواجہ نظام الدین اولیاء (دہلی، انڈیا)، حضرت میاں میرلاہوریؒ ، حضرت شیخ سید علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش (لاہور)، حضرت شاہ محمد غوث لاہوریؒ ، حضرت شاہ عنایت قادری لاہوریؒ ، حضرت علاؤالدین صابر کلیری (کلیر۔ انڈیا)، حضرت بوعلی قلندرؒ (پانی پت۔ انڈیا)، حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ (سرہند۔ انڈیا)، حضرت شاہ محمد غوث گوالیاری (انڈیا)، حضرت فقیر نور محمد سروری قادریؒ (کلاچی۔ ڈیرہ اسماعیل خان)، حضرت بہاؤالدین قلندر (حُجرہ شاہ مقیم، اوکاڑہ)، حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانیؒ (ملتان)، حضرت سید محمد عثمان مروندی المعروف سائیں لعل شہباز قلندرؒ (سہون شریف۔

سندھ)، حضرت سید جلال الدین سرخ پوش بخاریؒ (اوچ شریف)۔ حضرت جہانیاں جہاں گشت بخاریؒ (اوچ شریف)۔ حضرت مخدومِ جہاں شرف الدین احمد یحییٰ منیریؒ (انڈیا)، حضرت بابا سید تاج الدین اولیاء ناگپوریؒ (ناگ پور۔ انڈیا)۔ حضرت خواجہ شاہ سلیمان تونسوی پیر پٹھان (تونسہ شریف، ڈیرہ غازی خان)۔ حضرت بری سرکارؒ (اسلام آباد)، حضرت سخی سرور (ڈیرہ غازی خان) وغیرہ کے علاوہ دیگر کئی اولیاء اللہ پاک و ہند بلکہ تمام روئے زمین پر اپنے اپنے مزارات میں محوِ استراحت ہیں۔ اُن سے فیض لیا جا سکتا ہے۔ بشرطِ کہ! جو شخص فیض لینا کا متمنی ہے۔ اُس کے اندر اتنی قابلیت اور اہلیت موجود ہو۔

دیگر لا تعداد پیرانِ عُظام درحقیقت اپنی قبور میں رہتے ہوئے زندہ پیروں سے بھی زیادہ تصرفات پر اختیار رکھتے ہیں۔ اور اُن کا واقعتاً حُکم چلتا ہے۔ کیونکہ! یہ لوگ اور اِن جیسے دیگر کئی اولیاء اللہ صاحبانِ اَمر ہیں۔ اگر کوئی شخص اِن کی قبور پر مسلسل کچھ ایام تک نوافل پڑھ کر اور قرآن خوانی کر کے ان کو ثواب بخشتا رہے۔ اور ان بزرگوں میں سے کسی بزرگ کے تصدق و توسل سے اللہ تعالیٰ سے اپنی دینی و دنیاوی حاجات کے لئے عرض گُزار ہو۔ تو اس شخص کی حاجات ضرور پوری ہوں گیں۔ بلکہ وہ بزرگ خواب میں آ کر اپنے دیدار کا شرف بھی عنایت فرمائیں گے۔ انشاء اللہ۔

ملا کی شریعت میں فقط مستیء گفتار   صوفی کی طریقت میں فقط مستیء احوال
وہ مردِ مجاہد نظر آتا نہیں مجھ کو   ہو جس کے رگ و پے میں فقط مستیء کردار

شرائط دعوۃ القبور : شرائط کی تفصیل عرفان (جلد دوئم) مصنفہ حضرت فقیر نور محمد سروری قادریؒ میں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں۔ یہاں پر اختصار سے بیان کی جاتی ہیں۔ ☆ اکل حلال۔ ☆ صدق مقال۔ ☆ تن بدن اور کپڑے پاک صاف ہوں۔ ☆ اور خوشبودار، بخورات یا اگر بتی ساتھ رکھے۔ ☆ بدبودار چیزوں سے پرہیز رکھے۔ جیسے کہ حقہ، تمباکو نوشی یا پھر کچا لہسن، پیاز وغیرہ۔ ☆ پرہیز جلالی و جمالی۔ ☆ جگہ اور وقت مقرر و معین ہو۔ ☆ نمازِ پنج گانہ، قرآن خوانی، درود شریف، اسماء الحسنیٰ کی مداومت نہایت ضروری ہے۔ ☆ جسم و جان اور روح کو شریعت کے عین مطابق ڈھالنا۔ ☆ شیخ کامل سے روحانی، جسمانی اور نورانی رابطہ اور اجازت حاصل ہو۔ (بلکہ) دعوت پڑھنے کے لئے عامل کا متقی ہونا اور کسی مرشد کامل کی اجازت کا ہونا اَز حد ضروری ہے۔ ورنہ دعوت پڑھنے کا کچھ فائدہ نہ ہوگا۔ بلکہ بعض اوقات تو فائدے کے بجائے شدید نقصان اور رجعت کا اندیشہ رہتا ہے۔ (آخری تین شرائط اَز حد ضروری ہیں)

کیونکہ ان آخری تین شرائط کے بغیر دعوت پڑھنا انتہائی خطرناک اور ناقابلِ عمل ہے۔ کیونکہ جب دعوت پڑھی جاتی ہے۔ تو عامل کو مختلف الاقسام طریقوں سے ارواحِ مقدسہ سے ملاقات اور امداد کا ظہور ہوتا ہے۔ بعض کو خواب کے اندر، بعض کو مراقبات کے اندر بعض کو صحیح وہم کے ذریعے، بعض کو مختلف اشاروں سے اور بعض کو ظاہری آنکھوں سے جاگتے ہوئے، لیکن یہ آخری معاملہ اُن منتہی برگان کو ہوتا ہے۔ جن کی خواب اور بیداری ایک جیسی ہو۔ اور ظاہر و باطن کی آنکھ ایک ہو جاتی ہے۔ اسی طرح اہلِ قبر روحانی کے بھی مختلف مدارج ہوتے ہیں۔ بعض اہلِ قبر جلالی ہوتے ہیں۔ اُن سے دشمنوں کے خلاف کام لیا جا سکتا ہے۔ بعض روحانی تسخیر القلوب کے لئے بہت موزوں ہوتے ہیں۔ بعض روحانی ترقی دنیوی یا ترقی ولایت کے لئے اور بعض دفع بلا و امراض کو دور کرنے کے لئے معاون ثابت ہوتے ہیں۔ جبکہ بعض روحانی ماضی و مستقبل کے حالات کے انکشاف کے لئے مناسب ہوتے ہیں۔ اور بعض اہلِ قبور سے انسان کا روزینہ مقرر ہو جاتا ہے۔ علاوہ ازیں بعض روحانی سے زندگی میں خیر و برکت اور خوشیوں کے اسباب پیدا ہو جاتے ہیں۔ ان تمام امور کے علاوہ ہزاروں مصائب و مشکلات میں یہ دعوتِ قبور ایک انتہائی بہترین، سریع التاثیر اور بزرگانِ دین کا مجرب المجرب عمل ہے۔ حضرت فقیر نور محمد سروری قادریؒ فرمایا کرتے تھے۔ کہ جب کوئی روحانی عامل دعوتِ قبور کی غرض و غایت سے کسی ولی اللہؒ کی قبر کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ تو بعض اوقات ایک خاص قسم کی (میٹھی و شیرینی اور دلرُبا) خوشبو سے دماغ معطر ہو جاتا ہے۔ اور بعض عاملین کو لذت و سرور اور رقت طاری ہو جاتی ہے۔ اور بعض عاملین کے جسم کا کوئی حصہ بھاری ہو جاتا ہے۔ یا کوئی آواز آتی ہے۔ یا کانوں کے پاس عجیب سی بھنبھناہٹ کی سی آواز آتی ہے۔ یا دل میں بیداری، آنکھوں میں نور اور دل میں سرور پیدا ہوتا ہے۔ اور بعض کا منہ میٹھا ہو جاتا ہے۔ بہرحال کئی اقسام کی کیفیات عاملین پر وارد ہوتی ہیں۔ یاد رہے۔ کہ جب بھی کسی قسم کی کوئی کیفیت پیش آئے۔ تو عامل کو چاہیئے۔ کہ! فوراً مراقب ہو یا قبر کے پاس ہی لیٹ جائے۔ انشاء اللہ روحانی سے ضرور ملاقات ہوگی۔ دعوت پڑھنے کے درج ذیل تین طریقے ہیں۔

نمبر 1۔ قبر کے پاس بیٹھ کر دعوت پڑھی جائے۔ **نمبر 2**۔ قبر کے پائنتی کی جانب دعوت پڑھی جائے۔ **نمبر 3**۔ قبر کے اوپر بیٹھ کر دعوت پڑھی جائے۔

جب دیکھ نہ سکتے تھے تو دریا بھی تھا اِک قطرہ   جب آنکھ کھلی، قطرہ بھی دریا نظر آیا

دعــوت الارواح پڑھنے کے 06 مقاصد :۔ ☆ روحانی امداد کے لئے۔ ☆ کسی بادشاہِ اسلام کے لئے، تا کہ اسے کفار پر برتری حاصل ہو۔ اور اس کا ملک اور مسلمان عوام محفوظ رہیں۔ ☆ رافضیوں، خارجیوں اور بد مذہبوں اور منافق علماء سے مقابلے، مناظرے و مباحلے کے لئے۔ تا کہ صاحب دعوت کو فتح جبکہ دیگر کو ہدایت حاصل ہو۔ ☆ بارانِ رحمت کے نزول کے لئے۔ ☆ اس شخص کی مدد کے لئے جو اس دعوت کو یا کسی ورد وظیفے کے پڑھنے کے بعد رجعت کا شکار ہو گیا ہو۔ ☆ کسی باعمل عالم کے لئے اگر اس کو کوئی دینی مجتہدانہ مسئلہ درپیش ہو گیا ہو۔ اور اس کا حل ممکن نہ ہو۔

لیکن اگر کوئی شخص اِن مقاصد کے علاوہ اپنے لئے دعوت پڑھے۔ تو چاہیئے۔ کہ! اپنے نفسانی، شہوانی اور شیطانی خیالات کو دور کر کے صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی اور آنحضور رسالت مآب ﷺ سے محبت اور قلب کی نورانیت و ترقی منازل ولایت کے لئے دعوت پڑھے۔ چنانچہ اس

مقصد کے لئے حضرت سلطان باھوؒ کا مزار نہایت ہی بہترین اور بسیار مجرب ہے۔ اگر (خدانخواستہ) کسی شخص کا مرشد نہ ہو۔تو وہ کسی عارف باللہ ولی اللہ (جیسے کہ! دوصفحات بیشتر چند بزرگان کے اسمائے مبارکہ ذکر کئے گئے ہیں) وہاں پر یا کسی ولی کامل کے مزار پر جا کر اپنی تشنگی دور کر سکتے ہیں۔ان شاءاللہ تعالیٰ۔کئی اولیاءاللہ پاک و ہند بلکہ تمام روئے زمین پر اپنے اپنے مزارات میں محوِ استراحت ہیں۔اُن سے فیض لیا جاسکتا ہے۔بشرطیکہ! جو شخص فیض لینا کا متمنی ہے۔اُس کے اندر اتنی قابلیت اور اہلیت موجود ہو۔یا میرے پیرومرشد غوث الفقراء قطب الاولیاء سید محبوب علی شاہ بن عثمان علی شاہ بخاری قادریؒ یا کسی بھی صاحب عارف کامل وصاحبانِ اَمر میں سے کسی ولی کامل کے مزار پر جا کر تعلق پیدا کرے۔روزانہ جا کر دعوت پڑھے۔تو یقیناً چند ہی دنوں میں اس روحانی (صاحب قبر سے باطنی رشتہ اور روحانی رابطہ وسچا تعلق پیدا ہو جائے گا) انشاءاللہ تعالیٰ۔جیسے کہ حضرت سلطان باھوؒ نے فرمایا کہ!

ہر کہ مرشد را نیابد در جہاں   از قبر عارف شود صاحب عیاں

دعوۃ القبور (از سلسلہ سروری قادری):

دعوۃ القبور کے سلسلہ میں یہ طریقہ سلسلہ سروری قادری میں انتہائی مجرب ومقبول ہے۔فقیر نور محمد سروری قادریؒ اس ضمن میں اپنی تصنیف جلیلہ عرفان (جلد دوئم) میں فرماتے ہیں کہ! دعوت القبور کا طریقہ یہ ہے۔کہ رات کو کسی بزرگ، ولی، کامل، شہید، غوث یا قطب کی قبر اطہر میں طالب حاضر خدمت ہو۔صاحب دعوۃ پہلے تو اہل قبر پر مسنون طریقے سے سلام کہے بعد میں اہل قبر کے حق میں فاتحہ درود پڑھے۔ترتیب یہ ہے۔کہ! درود شریف اور سورۃ فاتحہ مع تسمیہ ایک ایک بار اور سورۃ اخلاص تین بار پڑھ کر ثواب اہل قبر کو پہنچائے (اگر وقت ملے تو سورۃ یٰسین ایک بار، سورۃ الملک تین بار اور سورۃ مزمل گیارہ مرتبہ پڑھ کر درود، سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص کے ہمراہ اہل قبر کو ایصال ثواب کریں۔تاکہ صاحب قبر کو زیادہ سے زیادہ فائدہ ہو) اس کے بعد صاحب دعوت اپنے مقصد ومطلب یعنی دعوۃ القبور کے لئے مستعد ہو جائے جسکا طریقہ یہ ہے۔کہ قبر کے ارد گرد ایسے اذان (بانگ) دے کہ بانگ کو قبر کے سرہانے قبلہ کی طرف سے پھرتا ہوا سرہانے ہی آ کر ختم کرے۔پھر صاحب قبر یعنی روحانی کو مخاطب کر کے قبر پر ہاتھ رکھ کر مکمل یقین کے ساتھ کہے۔

یَا عَبۡدُاللہ قُمۡ بِاِذۡنِ اللّٰہِ   احضروا فِیۡ سَبِیۡلِ اللّٰہِ

اگر صاحب دعوت متقی پرہیز گار رہو گا۔تو روحانی (یعنی صاحب قبر) فوراً حاضر ہو کر ہم کلام ہو گا۔

صاحب مزار یعنی صاحب قبر کے حاضر ہونے کی نشانی و علامت:

صاحب قبر کے حاضر ہونے کی یہ علامت ہے۔کہ قبر میں جنبش پیدا ہو گی۔یعنی قبر ہلتی ہوئی یا کشتی کی طرح جھول کھاتی ہوئی معلوم ہو گی۔اور قبر سے ایسا رعب و دبدبہ اور جلال ٹپکے گا۔کہ! دیکھنے سے ہی دہشت آنے لگے گی۔اور صاحب قبر روحانی کے حاضر ہونے کی یہ علامات اور آثار ہوں گے۔صاحب دعوت کے دل کی دھڑکن تیز ہو جائے گی۔دل میں رقت پیدا ہو گی۔اور پورے جسم پر عجیب سی کپکی طاری ہو جائے گی۔جس سے بے اختیار گریہ جاری ہو جائے گا۔دائیں یا بائیں کان میں تن تن کی سی آواز آئے گی۔آنکھوں میں عجیب قسم کی چمک ہو گی۔اہل دعوت کو اپنا وجود بڑا بھاری، وسیع اور وزنی معلوم ہو گا۔اور روحانی اس اہل دعوت کو اپنی خوشبو بخشے گا۔یا الہام وآواز دے گا۔غرضیکہ ان علامات میں سے جو بھی علامت یا علامات ظاہر ہوں۔تو اس کا مطلب ہے۔کہ روحانی حاضر ہو گیا ہے۔بہرحال جب روحانی (یعنی صاحب قبر) کے متوجہ اور حاضر ہونے کی مذکورہ علامات اور آثار ظاہر ہو جائیں۔تو صاحب دعوت کو چاہیے۔کہ فوراً شور شرابے سے پرے ہو کر مراقب ہو جائے۔اگر موقع ملے۔تو قبر کے پاس ہی لیٹ جائے۔انشاءاللہ روحانی حاضر ہو کر ہر طرح کی مشکل کو حل کر دے گا۔

ایک عجیب و غریب مشاہدہ و معائنہ:

حضرت سلطان ارشد سروری قادریؒ اپنی کتاب ''تذکرہ نور'' میں فرماتے ہیں۔کہ! ایک میرے مخلص ہیں میاں عزیز صاحب۔جن کو میں بہت پسند کرتا ہوں۔میری خواہش ہوئی۔کہ انہیں بھی مَیں دعوت قبر (کاعمل) سکھاؤں۔اسی غرض وغایت سے مَیں انہیں حضرت میاں میر لاہوریؒ کے مزار پرانوار پر لے گیا۔کہ سب سے پہلے حضور (قبلہ مرشد فقیر نور محمد سروری قادریؒ) نے مجھے بھی اسی جگہ سے (دعوت القبور کاعمل) شروع کرایا تھا۔لہٰذا اس کو بھی یہیں سے عمل شروع کرایا جائے۔مَیں نے پوری کوشش کی۔لیکن اُن پر دعوت نہ کھل سکی۔حضرت میاں میر قادری لاہوریؒ سے مَیں نے دریافت کیا۔کہ حضورؒ اس پر دعوت کیوں نہیں کھلتی۔تو آپؒ نے فرمایا۔کہ جب تک عالم ملکوت نہ کھلے۔دعوت کا پورا ہونا مشکل ہے۔عالمِ ناسوت اور عالمِ ملکوت کے درمیان سینکڑوں حجابات ہیں۔جب تک کہ ان تمام حجابات کو ایک ایک کر کے ریاضتوں اور عبادتوں سے توڑا نہ جائے۔عالمِ ملکوت بالکل نظر نہیں آسکتا۔چنانچہ مجھے وہ حجابات بھی دکھائے گئے۔ہر ہر حجاب پر اس کا نام لکھا ہوا تھا۔ان حجابات میں سے اکثر کو مَیں نے پڑھا۔(جن میں سے چند ایک یہ ہیں)

خودی ہے مردہ تو مانندِ کاہِ پیشِ نسیم   خودی ہے زندہ تو سلطانِ جملہ موجودات

(جن میں سے چند ایک یہ ہیں) مثلاً! ریا۔ حسد۔ بغض۔ شہوت۔ حرص۔ تکبر۔ حبِّ دنیا۔ حبِّ جاہ۔ اِصراف۔ غیبت۔ جھوٹ۔ چغل خوری۔ غرضیکہ اسی قسم کے نام اُن پر لکھے ہوئے تھے۔میں بہت حیران ہوا۔میں نے عرض کیا۔کہ! حضور مجھے یہ یقین ہے۔کہ! مَیں نے (بھی) ان حجابات کو نہیں پھاڑا تھا۔بلکہ ان میں سے بہت سارے عیوب اَب بھی میرے اندر موجود ہیں۔پھر مجھ پر یہ انکشاف کیونکر ہو گیا

؟ (یعنی ان میں سے کافی عیوب ہونے کے باوجود مجھے کیسے کشف القبور حاصل ہو گیا) تو آپؒ (حضرت میاں میر قادری لاہوریؒ) نے فرمایا۔ کہ صرف تمھارے پیرومرشد حضرت فقیر نور محمد سروری قادریؒ کی نگاہِ کرم سے آپ سے یہ تمام حجابات اُٹھالئے گئے۔ ورنہ اِن تمام حجابات کو دور کرنے کے لئے ایک مدت مدید چاہیئے۔ (فقیر البلوشی کی جانب سے ان بارہ خصلتوں کی مختصر تعریفیں پیشِ خدمت ہیں)

عقل کو تنقید سے فرصت نہیں — عشق پر اعمال کی بنیاد رکھ

☆ **ریا**: ریا درحقیقت اخلاص کا معکوس ہے۔ ریا سے مراد اللہ تعالیٰ کی عبادت کا اَجر غیر اللہ کو دکھا کر اُس سے طلب کرنا ہے۔ ☆ **حسد**: حسد کا مفہوم رب متعال کی عطا وعنایت پر اعتراض وناراضگی کا قولی وفعلی طور پر اظہار کرنا ہے۔ حسد کا سب سے زیادہ نقصان حاسد کی اپنی ذات کو پہنچتا ہے۔ کیونکہ! حسد انسان کو اندر سے دیمک کی طرح چاٹ رہا ہوتا ہے۔ ☆ **بُغض**: بُغض، کینہ، عداوت، بیر وغیرہا ایک ہی طرح کے خصائل ہیں۔ بہرحال! بُغض درحقیقت حُبّ کا معکوس ہے۔ ☆ **شھوت**: گندے اور غلیظ (خصوصًا نسوانی) خیالات وتصورات سے لاحق ہونے والی ایک کیفیت کا نام ہے۔ اس خصلت سے جسم کے اندر کمزوری پیدا ہو جاتی ہے۔ ☆ **حرص**: حرص اصل میں صبر وشکر کا معکوس ہے۔ حرص سے مراد کسی چیز کی موجودگی کے باوجود مزید اُسی کی زیادتی کی طلب کرنا ہے۔ ☆ **تکبر**: تکبر درحقیقت عجز وانکساری کا معکوس ہے۔ تکبر کے دو مفاہیم ہیں۔ یعنی رب متعال کی عطا وعنایت پر فخریہ طور پر اِترانا اور اپنے سے باقیوں کو حقیر جاننا۔ میرے خیال کے مطابق ان میں دو کا مزید اضافہ بھی ہونا چاہیئے۔ جو یہ ہیں۔

☆ **حُبِّ دُنیا**: حُبِّ دُنیا کا علاج موت کو یاد کرنے سے ختم ہوتا ہے۔ ☆ **حُبِّ جاہ**: (زمین وجائیداد کی محبت کی وجہ سے انسان غفلت کا شکار ہو جاتا ہے) حُبِّ جاہ کا علاج زکٰوۃ کی ادائیگی اور صدقہ وخیرات کرنے سے ہوتا ہے۔ ☆ **اِصراف**: اِصراف یعنی فضول خرچی۔ اصراف کا واحد علاج سادگی اختیار کرنا ہے۔ یعنی سنتِ نبوی ﷺ کے مطابق اپنی زندگی کو ڈھالا جائے۔ اس عادت سے اصراف کی خصلت یکسر ختم ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ۔ ☆ **غیبت**: غیبت سے مراد پیٹھ پیچھے کسی کی بُری عادت کو بیان کرنا۔ (قرآنِ حکیم میں ہے) **ویل لکل همزة لمزة**۔ تباہی اور بربادی ہے ہر اس شخص کے لئے، جو دوسروں کے عیوب ڈھونڈتے ہیں۔ اور لوگوں کی پیٹھ پیچھے برائیاں کرتے ہیں۔ ☆ **جھوٹ**: جھوٹ معکوس ہے سچ کا۔ جھوٹوں پر اللہ تعالیٰ لعنت فرماتا ہے۔ ☆ **چغل خوری**: کسی ایک کے راز کو افشاء کر کے کسی دوسرے کو بتانا۔ کچھ جگہوں پر چغل خوری سے مراد شکوہ بھی ہے۔ (یاد رہے۔ کہ!) جھوٹ، بہتان، افتراء، غیبت، منافقت اور سازش وغیرہا ایک ہی طرح کی خامیاں ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں ان سے محفوظ رکھے۔ آمین۔

صحیح بخاری شریف کی ایک مشہور حدیث ہے۔ کہ! حضرت ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہؓ بیان کرتی ہیں۔ کہ! مَیں نے حضرت نبی مکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔ (کہ) عالمِ ارواح میں (قبل تخلیق کائنات) تمام ارواح گروہوں کی شکل میں رہتی تھیں۔ پس جس جس روح میں وہاں پہچان ہو گئی۔ یہاں (یعنی اس دنیا میں مجسم حالت میں آنے کے بعد) بھی اُن میں باہم محبت ہوتی ہے۔ اور جو (ارواح وہاں یعنی عالمِ ارواح میں) ایک دوسرے سے اجنبی رہیں۔ تو یہاں (اس دنیا میں پیدا ہونے کے بعد) بھی اُن میں بیگانگی رہے گی۔ (بقولِ رومیؒ)

قال را بگذار و مَردِ حال شو — پیشِ مَردِ کاملے پامال شو

محض گفتگو چھوڑو۔ بلکہ صاحب حال بن جاؤ۔ اور تم صاحب حال اُس وقت بنو گے۔ جب تم کسی مرد کامل کے روبرو خود کو ڈال دو گے۔

حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ کے شاگردِ رشید وخلیفہ جناب حضرت شیخ صدالدین القونویؒ اپنے پیرومرشد ومربی کا فرمان نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ کہ! اس دنیا میں لوگوں کا ایک دوسرے سے صورتوں میں جمع ہونا اور عالمِ بالا میں ارواح کے ساتھ جمع ہونا کبھی بحالتِ بیداری اور کبھی درعالمِ رویاء اس کی مضبوط تر سببِ مناسبت اور کئی باتوں میں یکسانیت کا پایا جانا ہے۔ کثرتِ اجتماع اور قلتِ اجتماع کا دارومدار آثارِ مناسبت کی قوت وضعف پر ہے۔ کیونکہ وہ ذاتوں میں کبھی م صفات م احوال اور افعال تینوں میں مناسبت ہوتی ہے۔ اور کبھی صرف افعال میں۔ اگر اس درجے میں کوئی اور وصف بھی اس سے ملحق ہو جائے۔ تو نسبت اور بھی زیادی قوی ہو جائے گی۔ اور اگر اس کے ساتھ مناسبتِ ذاتی کو بھی فرض کر لیا جائے۔ تو نسبت مکمل ہو گئی۔ پس جس آدمی کی نسبت کاملین یعنی انبیائے کرامؑ اور اولیائے عظامؒ کی ارواح سے ثابت ہو گئی۔ وہ جب چاہے۔ ان سے مل جائے۔ خواب میں چاہے بیداری میں۔ حضرت شیخ صدرالدین قونویؒ مزید فرماتے ہیں۔ کہ! یہ حال ہم نے اپنے شیخ یعنی حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ کے اندر کئی برس تک ملاحظہ کیا۔ ہم نے ان میں سے بعض احوال دوسرے لوگوں میں بھی دیکھے ہیں۔ حضرت شیخ اکبر ابن عربیؒ کے اندر یہ وصف تھا۔ کہ وہ جب چاہتے انبیائے کرامؑ اور اولیائے عظامؒ یا دیگر لوگوں کی ارواح سے ملاقات کر لیتے تھے۔ بمطابق حضرتت شیخ اکبرؒ اس ملاقات کی تین صورتیں اور مراتب ہیں۔ جو کہ یہ ہیں۔

☆ اگر چاہے تو اپنی روحانیت کو اس دنیا میں اُتار لے۔ اور اس کو مجسم کر کے مثالی صورت میں محسوس کرے۔ جو حسی وحقیقی صورت سے مشابہ ہو۔ جو دنیا میں اسے حاصل تھی۔ اس میں ذرہ بھر بھی کمی نہ ہو۔ ☆ اگر چاہے تو اسے (مطلوبہ روح کو چاہے) اپنے خواب میں حاضر کر لے۔ ☆ اگر چاہے تو اپنی شکل ختم کر کے اس سے مل جائے۔ بایں طور کہ اس کا ذاتی مقام عالمِ بالا سے متعین ہو۔ اسی مناسبت ثانیہ کے مطابق، جو اس نظر آنے والی صورت اور بعض افلاک کے مابین ہے۔ اور اس مناسبت کے مطابق جو اس فلک کو دوسرے افلاک اور دوسری کائنات سے ہے۔ اور یہ حال جو میں (شیخ صدرالدین القونویؒ) نے بیان کیا ہے۔ ہمارے شیخ ابن عربیؒ کے تصرف سے ملا ہے۔ اور یہ درحقیقت وراثتِ نبوی ﷺ کے عین درست ہونے کی واضح دلیل ہے۔ اسی کی طرف

اللہ تعالیٰ کے اس ارشادِ ربانی کی طرف اشارہ ہے۔ ''جو رسلؑ ہم نے آپ ﷺ سے پہلے بھیجے ہیں۔ ان سے پوچھ لیں۔'' سو ایسی ملاقات کو بعید و ناممکن نہ سمجھ کر کسی کمزور تاویل کا سہارا ڈھونڈتے پھرنا، کہ تیرے علاوہ، بخدا ایک سے زیادہ ان لوگوں نے یہ اور اس جیسی کئی ملاقاتیں کی ہیں۔

ندامت کے چراغوں سے بدل جاتی ہیں تقدیریں   اندھیری رات کے آنسو، خدا سے بات کرتے ہیں

اگر روحانی (اہلِ قبر) حاضر نہ ہو۔ یا کوئی علامت و اثر معلوم نہ ہو۔ تو صاحب دعوت کو چاہیے۔ کہ قبر کے سرہانے بیٹھ کر ایک بار سورۃ یٰسین، تین بار سورۃ ملک اور گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے۔ اگر پھر بھی حاضر نہ ہو۔ تو قبر کے سینے کے مقابل بیٹھ کر ایک بار سورۃ یٰسین، تین بار سورۃ ملک اور گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے۔ اگر پھر بھی حاضر نہ ہو تو قبر کے پچھواڑے بیٹھ کر ایک بار سورۃ یٰسین، تین بار سورۃ ملک اور گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے۔ اگر اس بار بھی کوئی علامت ظاہر نہ ہو۔ تو آخری بار قبر کی پائنتی کی طرف بیٹھ کر ایک بار سورۃ یٰسین، تین بار سورۃ ملک اور گیارہ بار سورۃ مزمل پڑھے۔ پاؤں کی طرف سے یہ دعوت پڑھنے سے روحانی، صاحب دعوت سے تنگ آجاتا ہے۔ اور ضرور کوئی نہ کوئی علامت ظاہر ہوتی ہے۔ اگر پھر بھی کوئی علامت ظاہر نہ ہو تب بھی یہ دعوت روز پڑھی جائے۔ تو چند دنوں تک صاحب قبر اور صاحب دعوت کے مابین ایک روحانی نسبت و انسیت پیدا ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔

اِسی ضمن میں فقیر (البلوشی) عرض گزار ہے۔ کہ! اگر ایک مزار پر اِس پورے عمل (Procedure) کو کرنے کے بعد کامیابی حاصل نہ ہو۔ تب بھی گھبرانا نہیں چاہیے۔ بلکہ اپنے ذوق و شوق، تحقیق و جستجو میں اضافہ کرتے ہوئے اِسی عمل کو مختلف مزارات پر متعدد مرتبہ کرتے رہنا چاہیے۔ تاکہ کامیابی قدم چومے۔ کیونکہ مشق کی مسلسل تکرار ہی انسان کو کامیابی سے ہمکنار کرتی ہے۔ بقولِ شاعر!

شہسوارِ قبر عالم ملک گیر   شہسوار قبر کامل شد فقیر

اسی طرح: ہر کرا قوت بود اہلِ قبور   صاحبِ دعوت چنیں باشد حضور

اسی طرح: ہر کہ واقف میشود دعوتِ قبر   ہر حقیقت یافتہ زیر و زبر

اسی طرح: دعوتِ تیغ برہنہ دست گیر   قتلِ موذی را کند فی اللہ فقیر

مشاہداتِ دعوت الارواح : حضرت سلطان ارشد القادریؒ اپنے واقعات و تجربات پیش کرتے ہیں۔ جناب ارشد صاحبؒ اپنی کتاب ''دعوتِ ارواح'' فرماتے ہیں۔ کہ سیدی و مرشدی حضرت فقیر نور محمد سروری قادریؒ نے مجھے دعوت القبور کا عمل اپنی ہی معیت میں حضرت میاں میر لاہوری قادریؒ کے مزار پر انوار پر شروع کرایا تھا۔ چونکہ روحانی طور پر میری یہ ملاقات سب سے پہلی تھی۔ اسی لئے تمام معاملہ مجھے خواب کی سی طرح نظر آیا۔ اس کے بعد جس روحانی کی قبر پر میں نے عمل کیا۔ فوراً ملاقات ہو جاتی تھی۔ اور باطنی روحانی بصیرت جس قدر کھلتی گئی۔ اسی قدر مشاہدات میں زیادہ وثوق اور یقین میں پختگی ہوتی چلی گئی۔ چنانچہ ابتداء میں ایک دفعہ یہ شیطانی وسوسہ میرے دل و دماغ پر چھا گیا۔ کہ! جو کچھ میں کشفی طور پر دیکھتا ہوں۔ کہیں وہ میرے خیالات اور تصورات ہی تو نہیں۔ جو میرے ذہن میں متشکل ہو کر مسلط ہو جاتے ہیں۔ اسی دوران اتفاق سے ایک مرتبہ کوہاٹ جانا پڑا۔ وہاں ایک مشہور بزرگ سید عبداللہ المعروف حاجی بہادرؒ کا مزار تھا۔ ان کی بزرگی اور شہرت سن کر میرے دل میں ان کی قبر مبارک پر دعوت پڑھنے کا شوق دامن گیر ہوا۔ چنانچہ دعوت میں بہت سے حقائق کھلے۔ جن کا تفصیلی ذکر میری (سلطان ارشد قادری) کتاب ''تذکرہ نور'' میں موجود ہے۔ جبکہ یہاں صرف ایک ہی حصے کا ذکر کرنا مقصود ہے۔ وہ یہ کہ آپ (حاجی بہادرؒ) نے فرمایا۔ آپؒ چونکہ ہمارے مہمان ہیں۔ لہٰذا ہمارے ہاں چائے کی دعوت قبول فرمائیں۔ اور مجھے دو روپے دے دیئے۔ کہ ان کی چائے پی لیا۔ جب مجھے استغراقی کیفیت سے افاقہ ہوا۔ تو وہ دو روپے میرے ہاتھ میں بعینہٖ موجود تھے۔ چنانچہ میرا وہ شک و شبہ رفع ہو گیا۔ کہ یہ تخیلاتی و تصوراتی ملاقات نہ تھی۔ بلکہ حقیقی تھی۔ ورنہ یہ دو روپے کہاں سے آگئے۔

مرنا مرنا ہر کوئی آکھے، میں وی آکھاں مرنا   جس مرن وِچ یار نہیں راضی، اُس مرنا دا کی کرنا

کلیدِ کشف الارواح : حضرت سلطان ارشد القادریؒ اپنی کتاب ''دعوتِ ارواح'' میں رقم طراز ہیں۔ کہ! میرے پیر و مرشد حضرت جناب فقیر نور محمد سروری قادریؒ مجھے اکثر (نصیحت کے طور پر) فرمایا کرتے تھے۔ کہ! دعوت القبر کا طریقہ اور مشاہدہ تو میں نے تجھے مکمل کروا دیا ہے۔ اَب کوئی ایسی صورت ہو کہ! ایک جگہ زیرِ زمین (کوئی گڑھا یا کھڈا) کھود کر بنایا جائے۔ اور اس میں اس قسم کا طریق کار اختیار کیا جائے۔ (اس طرح سے) آپ ہر روح کو اس جگہ بلا سکیں گے۔ نہ کسی قبر پر جانے کی ضرورت رہے گی۔ اور نہ ہی دور دور کے تکلیف زدہ اسفار (سفر کی جمع) اختیار کرنے پڑیں گیں۔ کیونکہ! اکثر اولیائے کرام کی قبور دوسرے ممالک میں موجود ہیں۔ اور پھر اس زمانہ میں پاسپورٹ اور ویزہ کی پابندیوں اور بے شمار دشواریوں سے بھی جو کہ راستے میں مجبوراً اختیار کرنی پڑتی ہیں، سے جان چھوٹ جائے گی۔ چنانچہ حضرت فقیر نور محمد سروریؒ کی ہدایت کے مطابق مجالس دعوت الارواح شروع کی گئیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس میں دعوت القبور سے بھی زیادہ کامیابی حاصل ہوئی ہے۔

(بقول البلوشی)! جب تک کسی کو دعوت القبر میں کامیابی میسر نہ ہوگی۔ وہ اس کلیدِ کشف الارواح والی مشق و عمل سے مستفید و متنفع نہیں ہو سکے گا۔

بہت نزدیک ہو کر بھی وہ اتنا دور ہے مجھ سے   اشارہ ہو نہیں سکتا، پکارا جا نہیں سکتا

زیارتِ قبور کے متعلقات :

نمبر .1 سُلطان المحققین حضرت شیخ شرف الحق والدین احمد یحیٰی منیریؒ اپنے **مکتوبات صدی** میں مکتوب نمبر **21** کے تحت فرماتے ہیں ۔کہ زیارت کے لئے بہترین اور افضل تین دن ہیں ۔ دوشنبہ (سوموار) ، پنجشنبہ (جمعرات) اور جمعۃ المبارک ۔ بعدادائیگی نماز جمعہ ، اور ماہ متبرکہ جیسے عشرہ ذوالحجہ ،عیدین ، عاشورہ ، اور متبرک ومقدس راتیں جیسے شب برات ، رمضان المبارک کا آخری عشرہ وغیرہ جوکوئی چاہے ۔کہ زیارت قبور کو جائے ۔ وہ زوال کے اوقات کا خیال کر کے قبرستان جانے سے پہلے گھر پر دو رکعتیں اس طرح پڑھے ۔کہ **سورہ فاتحہ** کے بعدایک بار **آیت الکرسی** اورتین بار **سورہ اخلاص** پڑھے۔اورسلام کے بعدیوں کہے کہ! **یا ارحم الراحمین** ۔اس نماز کا ثواب فلاں شخص (مردے یا مردوں کے نام یا پھر تمام ارواح المسلمین کہہ دے) کو پہنچادے ۔آمین ۔ تو حق تعالیٰ اس کی یا ان تمام کی ارواح کوایک نور پہنچادے گا ۔اوراس نماز پڑھنے والے کے حق میں بہت سے ثواب لکھے جائیں گے ۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

نمبر .2 حضرت شیخ شرف الحق والدین احمد یحیٰی منیریؒ اپنے **مکتوبات صدی** میں مکتوب نمبر۲۱ کے تحت اورصاحب **نُزھۃ المجالِس** (جلد اول)میں اورصاحب کتاب **المُختار و مُطالعُ الانوار** فرماتے ہیں ۔کہ متقدمین کی کتابوں میں آیاہے ۔کہ مردے پرکوئی رات پہلی رات سے زیادہ سخت نہیں ہوتی ۔اسی لئے چاہیئے ۔کہ مردے کے نام کا صدقہ دے ۔اوراگر صدقہ دینے کی توفیق نہ ہوتو دورکعت نمازاس طرح سے اداکرے ۔کہ ہررکعت میں **سورہ فاتحہ** کے بعدایک مرتبہ **آیۃ الکرسی**،تین مرتبہ **سورہ تکاثر**اورگیارہ مرتبہ **سورہ اخلاص** پڑھے ۔بعدسلام کے کہے ۔ **یا ارحم الراحمین** ، میں نے اس نماز کا ثواب فلاں بن فلاں مردے کوبخش دیا ہے ۔ تو اللہ کریم اس نماز کی برکت سے اُس مردے کی قبر میں ایک ہزارفرشتے نورکی مشعلیں **تُحفتاً** لئے ہوئے بھیجے گا ۔اورایک ہزار شہیدوں کا ثواب ملے گا ۔انشاءاللہ تعالیٰ ۔

بہرحال ! اِس ضمن میں یہ فقیرِ حقیر (عبدالرؤف القادری کوئٹہ) قارئین کتاب (اَسرارِمحبوب کامل) میں کشف القبور وکشف الارواح کے چند طریقے پیش کرنے کی سعادت حاصل کررہا ہے ۔لہٰذا کشف القبور ودعوتِ ارواح کے چند مجرب اور مستند طریقے پیشِ خدمت ہیں ۔

اعمال و عملیات برائے روئیتِ موتی۔

سید نا حضرت موسیٰؑ کی زیارت بحالت رویا :

کتاب مواقع النجوم (ماموں کانجن) میں لکھاہے ۔کہ میاں پہلوان کہتا تھا ۔کہ ایک دفعہ مجھے خواب میں پیررحم شاہ نے ایک وظیفہ بتایا تھااورکہا تھا ۔کہ اگرتو اسے پڑھے گا ۔توتیری سیدنا حضرت موسیٰؑ سے ملاقات کروائی جائے گی ۔ چنانچہ میں نے یہ وظیفہ کیا ۔تو واقع مجھے حضرت موسیٰؑ کی زیارت بھی ہوئی ۔ سیر بھی کروائی گئی ۔اورجو وظیفہ مجھے خواب میں بتایا گیا تھا ۔ وہ یہ ہے ۔ **يَا رَبَّ مُوسٰى يَا رَبَّ كَلِيْمُ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ** ۔

چونکہ کتاب میں تعدادنہیں لکھی گئی ۔لیکن اِس ضمن میں میرا (البلوشی کا) گمان ہے ۔کہ اس ورد کی تعداد روزانہ رات کوسونے سے پہلے بحالت وضو (رُو بہ قبلہ بر مُصلہ) **300** یا **1000** مرتبہ ہوگی ۔ یہ وردکرنے کے بعد بغیرکسی سے بات چیت کئے سوجائیں ۔

حضرت سلیمان بن داؤدؑ سے ملاقات کا طریقہ (برعالم رویائے صادقہ) :

اگرکوئی شخص روزانہ بعدنمازِ فجر اور بعدنمازِ عشاء دُعائے برہتیہ کو **100 - 100** مرتبہ اس نیت سے پڑھتا رہے ۔کہ اسے حضرت سلیمان ابن داؤدؑ کی خواب میں زیارت نصیب ہو ۔توچندہی راتوں میں ایسا شخص اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا ۔انشاءاللہ العظیم ۔دعا یہ ہے ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ سَیِّدِنَا سُلَیْمَانَ ابْنَ دَاوٗدَ عَلَیْهِ السَّلَامُ بِحَقِّ وَ بِعِزَّةِ بَرْھَتِیَهِ (2 مرتبہ) **كَرِيْرٍ**(2 مرتبہ) **تَتْلِيَةٍ** (2 مرتبہ)**طُوْرَانٍ**(2 مرتبہ) **مَزْجَلٍ** (2 مرتبہ)**بَزْجَلٍ** (2 مرتبہ) **تَرْقَبٍ** (2 مرتبہ) **بَرْهَشٍ** (2 مرتبہ) **غَلْمَشٍ** (2 مرتبہ)**خُوْطِيْرٍ**(2 مرتبہ) **قَلْنَهُوْدٍ** (2 مرتبہ)**بَرْشَانٍ**(2 مرتبہ) **كَظْهِيْرٍ** (2 مرتبہ)**مُوْشَلَخٍ** (2 مرتبہ) **بَرْهَيُوْلاً** (2 مرتبہ) **بَشْكَيْلَخٍ** (2 مرتبہ) **قَزْمَزٍ** (2 مرتبہ) **اَنْغَلَ لِيْطٍ** (2 مرتبہ) **قَبْرَاتٍ**(2 مرتبہ) **غَيَاهاً** (2 مرتبہ) **كَيْدَهُوْلاً**(2 مرتبہ) **شَمْخَاهِرٍ**(2 مرتبہ) **شَمْخَاهِيْرٍ**(2 مرتبہ) **شَمْهَاهِيْرٍ**(2 مرتبہ)**بِكَهْطَهُوْنِيَهٍ**(2 مرتبہ)**بَشَارِشٍ**(2 مرتبہ) **طُوْنَشٍ**(2 مرتبہ) **شَمْخَا بَارُوْخٍ**(2 مرتبہ)۔

حضرت مولا علیؓ بن ابی طالب کو خواب میں دیکھنا : (عمل از پروفیسرمحمدعبداللہ بھٹی)

یہ (مجرب) عمل مبارک حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی زیارت کے ساتھ ساتھ روحانی بیداری اورترقی کے لئے بھی خاص الخاص ہے ۔ جولوگ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی زیارت کے متمنی ہیں ۔ وہ ضروراس عمل کوکریں ۔(عمل یہ ہے) بعدنمازِ عشاء نوچندی جمعرات سے اول وآخر **11-11** مرتبہ درودشریف (اوردرمیان میں)**4100** مرتبہ یہ وظیفہ پڑھیں ۔ **یا حی یا قیوم برحمتک یا رحم الراحمین** ۔لباس پاک وصاف اورخوشبولگا کر یہ عمل کسی الگ کمرے میں کریں ۔اس کمرے میں اورکوئی نہ آئے ۔ دورانِ عمل بہت خوشبوئیں آئیں گی ۔ 41دن کا وظیفہ پورا کریں ۔انشاءاللہ، اللہ تعالیٰ زیارت کرانے پرقادرہے ۔

حضرت خضرؑ سے ملاقات کرنے کے مُختلف طریقے:

حکایت : اسی ضمن میں ایک مشہور ومعروف حکایت ہے۔کہ! پچھلے زمانے میں اللہ تعالیٰ کا ایک بندہ رہا کرتا تھا۔جو کہ ایک مرتبہ حضرت خضر نبیؑ کو دیکھ چکا تھا۔اور دوبارہ بھی دیکھنے کی خواہش لئے ہوئے تھا۔اسی تمنا میں وہ صبح وشام یہی دعا کرتا رہتا تھا۔کہ! ''یارب! مجھے ایک مرتبہ پھر اِن (یعنی حضرت خضر نبیؑ) سے ملادے۔اور مجھے حضرت خضر نبیؑ کا دیدار عطا فرما''۔بس ہر وقت اس کی زبان پر یہی دعا رہتی تھی۔حتی کہ وہ حضرت خضر نبیؑ کے عشق میں عقل سے بیگانہ ہو گیا۔اور وہ مجنوں کی طرح صحراؤں، بیابانوں اور پہاڑوں میں کئی برس تک بھٹکتا رہا۔پھر کچھ سالوں بعد اچانک اُس کی عقل لوٹ آئی۔اور وہ (ناکام ونامراد ہو کر) اپنے گاؤں میں اپنے گھر واپس لوٹ آیا۔مگر اسے حضرت خضر نبیؑ نظر نہیں آئے۔تو اُس شخص نے دوبارہ سے یہ دعا کہنا شروع کر دی۔اے میرے رب! دیکھ تو سہی۔میرا کیا حال ہو گیا ہے۔مجھے پھر سے حضرت خضر نبیؑ کا دیدار نصیب فرما۔خواہ ایک ہی بار سہی۔تب اُس کے سامنے ایک دن اچانک حضرت خضر نبیؑ نمودار ہو گئے۔وہ شخص تو حیران ہی رہ گیا۔تو حضرت خضر نبیؑ فرمانے لگے۔تم نے رب سے مجھے دیکھنے کی دُعا کیوں مانگی۔مجھے بتاؤ۔(کہ) تم مجھ سے کیا چاہتے ہو ؟ تو وہ دیہاتی بے حد متحیر تھا۔اور کہنے لگا۔یا حضرتؑ ! جب آپؑ اتنی جلدی تشریف لا ہی سکتے تھے۔اور جب آپؑ کا آنا اتنا ہی آسان تھا۔تو مجھے کیوں برسوں تک تڑپایا ؟ میں آپؑ کی وجہ سے اپنی عقل سے بیگانہ ہو گیا۔پہاڑوں پر دیوانوں کی طرح پھرتا رہا۔تو حضرت خضر نبیؑ نے اپنا جبہ مبارک اس دیہاتی کو پہنا دیا۔اور اپنی کلاہ بھی اس آدمی کے سر پر رکھ دی۔پھر آپؑ نے فرمایا۔آج سے تم خضر ہو۔جاؤ بازار اور ہر ایک کو نظر آؤ۔وہ آدمی بازار گیا۔تو وہاں جا کر کیا دیکھتا ہے۔کہ! اے میرے رب! کسی کی دُم نکلی ہوئی ہے۔کسی کے سینگ ہیں۔کوئی زمین پر گھسٹتا پھر رہا ہے۔یعنی بازار کے چوراہے پر دسیوں اقسام کی مخلوقات ہیں۔سانپ، کن کھجورے، لگڑ بھگے، سؤر، چوہے، کیڑے مکوڑے، شیر، بندر وغیرہ وغیرہ۔

یعنی دنیا میں ہم جس معنی وصورت کے حامل ہوتے ہیں۔ہماری سیرت بھی ویسی ہی ہوتی ہے۔تو پھر ہم کیا کہتے ہیں ؟ انسانی صورت ظاہر کا نام نہیں۔بلکہ انسانی صورت وباطن کا نام ہے۔کیونکہ! اگر صورت ہی کافی ہوتی۔تو سیرت کی ضرورت ہی نہ تھی۔اور خضر نبیؑ کا جبہ وکلاہ پہنتے ہی اُس دیہاتی کی آنکھوں پر پڑے پردے گر گئے۔اور ہر کسی کی سیرت، معنی، خیالات درحقیقت حقیقی چہرے دکھائی دینے لگے۔ظالمین کو لگڑ بھگے کی صورت میں، مکر نے والوں اور دوغلے ریاکار لوگوں کو بندر کی صورت، غیبت کرنے والوں اور دل آزاری کرنے والوں کو کتوں کی شکل وصورت میں دیکھا۔باطل اور تو ہم پرستی کے ماننے والوں کو سؤر کی شکل میں دیکھا۔ بہر حال! وہ غریب دیوانہ تو حیرت میں ہی پڑ گیا۔اور اپنے آپ سے کہنے لگا۔اے میرے اللہ! یہ کیا حال ہے؟اور وہ آگے بڑھتا گیا۔تو اچانک اُسے ان مخلوقات کے درمیان ایک نورانی چہرے والے بزرگ نظر آئے۔جن کی ریش سفید سے سفید تر تھی۔اور وہ نورانی آنکھوں والے بزرگ تھے۔حضرت خضر نبیؑ کے جبہ وکلاہ کے حامل دیہاتی نے اس بزرگ کو دیکھ کر راحت محسوس کی۔اور وہ دیہاتی فوراً اُس نورانی بزرگ کے پاس جا پہنچا۔اور کہنے لگا۔اے بزرگوار! میں خضر ہوں۔مجھ سے آپ کو کسی کام کی خواہش ہے کیا ؟ اگر ہے۔تو بتائیے۔میں ابھی آپ کا وہ کام کئے دیتا ہوں۔ہاں! جب کوئی اور مدد کرنے والا نہ رہے۔تو خود بخود حضرت خضر نبیؑ چلے آتے ہیں۔وہ شخص بولا۔بزرگ نے اُسے دیکھا۔اور کہا۔میرے بچے تم اپنا کام کرو۔ہمیں حضرت خضرؑ کی ضرورت ہوگی۔تو ہم خود تمھارے گھر آجائیں گے۔ یعنی حضرت خضر نبیؑ کو دیکھنے کی خواہش کرنے والوں کو تو پہلے اپنے اندر موجود مخلوقات سے واقف ہونا ہوگا۔جب تک واقف نہیں ہوں گے۔تو دیکھے گے کیسے ؟ اور جب تک دیکھیں گے نہیں۔تو اِن سے لڑیں گے کیسے ؟ یعنی یہ تمام جانور جیسے کہ کتے، لگڑ بھگے، سؤر، کن کھجورے، کیڑے مکوڑے۔۔۔وغیرہ ہمارے گھر (یعنی دل ودماغ اور پورے جسم) پر حملہ کر چکے ہیں۔کیا یہ انسان پھر بالخصوص مسلمان کو زیب دیتا ہے۔کہ! وہ ان جانوروں کو اپنے اندر رکھ کر کھلاتا پلاتا رہے۔اور اُن کو مزید فربہ وتوانا کرتا رہے۔یا پھر توبہ اور عمل وکردار سے اپنے قلب ودماغ اور جسم کی اصلاحِ حقیقی کرے۔اور ان تمام جانوروں سے جنگ کر کے انہیں نکال باہر کرے۔اور اس گھر (قلب، دماغ اور جسم) کے مالکِ حقیقی (یعنی اللہ تعالیٰ) کے رہنے کے قابل بنائے۔کیونکہ! اللہ تعالیٰ تو اس قدر بڑا اور عظیم ہے۔کہ! وہ اس کائنات تو کیا اس طرح کی اربوں کھربوں کائناتوں میں بھی نہیں سما سکتا۔سوائے ایک مومن کے قلب کے۔

☆ **اول طریقہ** : ظہر کی نماز کے بعد دس رکعت نماز نفل دو دو رکعتیں کر کے اس طرح سے پڑھیں۔کہ تمام رکعتوں میں قرآن پاک کی آخری دس سورتیں (سورہ فیل سے والناس تک) ہی پڑھی جائیں۔بعد ازاں فرمایا کہ اس نماز کو ﴿**صلوٰۃ الخضر**ؑ﴾ کہتے ہیں۔دراصل یہ نماز حضرت خضر نبیؑ کی ہے۔جو بھی شخص اس نماز کو ہمیشگی کے ساتھ ادا کرتا رہتا ہے۔تو اسے ضرور بالضرور حضرت سیدنا خضر نبیؑ سے ملاقات حاصل ہوتی رہے گی۔انشاء اللہ تعالیٰ۔

☆ **دوئم طریقہ** : صاحب طبقاتِ امام شعرانیؒ میں **شیخ علی نبتیتی**ؒ کے حالات میں مرقوم ہے۔آپؒ کی (اکثر وبیشتر) حضرت خضر نبیؑ سے ملاقات ہوتی رہتی تھی۔اور یہ آپؒ کی ولایت کی بہت بڑی دلیل ہے۔کیونکہ حضرت خضر نبیؑ صِرف اسی شخص سے ہی ملتے ہیں۔جس کا ولایتِ محمدی ﷺ میں قدم راسخ ہو۔حضرت سیدی عبدالوہاب الشعرانیؒ اپنا ایک واقعہ بیان کرتے ہیں۔کہ! میں نے مدرسہ کاملیہ میں حضرت شیخ علی نبتیتیؒ کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔کہ! حضرت خضر نبیؑ کسی شخص کو نہیں ملتے۔مگر جبکہ اس میں تین خصلتیں جمع ہو جائیں۔اگر (یہ تینوں خصائل) جمع نہ ہوں۔تو کبھی نہیں ملتے۔گرچہ وہ ملائکہ جیسی عبادت ہی کرتا ہو۔ ☆ پہلی خصلت یہ ہے۔کہ! بندہ اپنے تمام احوال میں ان کے طریقوں پر ہو۔ ☆ دوسری خصلت یہ ہے۔کہ! اسے دنیا پر کوئی حرص نہ ہو۔ ☆ تیسری خصلت یہ ہے۔کہ! اہلِ سلام (یا اسلام) کے لئے اس کا سینہ صاف ہو۔کینہ نہ بغض نہ حسد۔

☆ **سوئم طریقہ :** صاحب جواہر خمسہ فرماتے ہیں۔ کہ اگر کوئی شخص دعائے سیفی کو **41** بار روزانہ پڑھے۔ تو حضرت سیدنا خضرؑ اس کے پاس آئیں گے۔ انشاء اللہ۔ **دُعائے سیفی شریف** حضرت علی المرتضیٰؓ سے منسوب ومنقول ہے۔ اور آج کل اوراد و وظائف کی تمام کتب میں موجود ہے۔
(میری رائے کے مطابق دعائے سیفی کا سب سے صحیح نسخہ حضرت فقیر نور محمد سروری قادریؒ کی کتاب مخزن الاسرار میں ہے)

☆ **چہارم طریقہ :** اس مجرب المجرب عمل کو حضرت سید غوث علی شاہ قلندری قادریؒ نے حضرت سید گل حسن شاہ قلندری قادریؒ کو ایک پرانی کتاب سے بتایا تھا۔ جب سید گل حسن شاہ صاحبؒ نے اس عمل کو آزمایا۔ تو فی الواقع سو فیصدی درست پایا۔ اس کے بعد یہی عمل مذکورہ کئی بزرگوں کے متعدد متوسلین و معتقدین نے آزمائے۔ اور تمام لوگ حضرت سیدنا خضر نبیؑ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ بہر حال اس عمل کا طریقہ یہ ہے۔ منگل کا دن گزار کر شب بدھ کو سونے سے پہلے توبہ تجدید وضو دو رکعت صلوٰۃ نفل بہ نیت رویئتِ سیدنا خضر بنی علیہ الصلوٰۃ والسلام اس طرح پڑھیں۔ کہ ہر رکعت میں **سورۃ فاتحہ** کے بعد تین بار **آیت الکرسی**، تین بار، سورۃ **الم نشرح** اور گیارہ بار **سورۃ صمدیہ (اخلاص)** پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد درج ذیل عزیمت کو 7۔ مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر کے شمال کو رخ کر کے بصورت محمد ﷺ سو جائیں۔ اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم اور اِس عمل کی بدولت شب بدھ سے شب جمعہ تک یا پھر چند ہی راتوں میں ضرور بالضرور بحالت خواب (یعنی در عالم رویا) زیارت کا شرف حاصل ہو جائیگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ عزیمت یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ☆ حُبٌّ. قُبٌّ. طَبَابِیۡقٌ . طَنَابِیۡقٌ . طَاع . طِبٌّ . لِحُبّ . شَافِعٌ . وَشَفِیۡعٌ . وَ مُشَفَّعٌ" . وَمُجۡتَمِعٌ .وَ حَرِیۡم" . وَحِرۡز . و حَرِیۡز . وَدِیۡق . وَجَنَّۃٌ . بِحَقِّ اِیَّا کَ نَعۡبُدُ وَاِیَّا کَ نَسۡتَعِیۡنُ و بِحَقِّ فَوَجَدَاعَبۡدً ا مِّنۡ عِبَادِنَا اٰتَیۡنٰہُ رَحۡمَۃً عِنۡدِنَا وَعَلَّمۡنٰہُ مِنۡ لَّدُنَّا عِلۡمَا ۔ کچھ کتب میں چند الفاظ اس طرح سے آئے ہیں۔ **طبا بیل. طیب . قریق . غریق رحمۃ . جنۃ ...**
عزیمت پڑھ کر بنا کسی سے بات چیت کئے اکیلے سو جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ زیارت کا شرف حاصل ہو جائے گا۔

☆ **پنجم طریقہ :** صاحب روض الریاحین (علامہ یافعیؒ) اپنی کتاب میں فضائلِ حج کے باب میں فرماتے ہیں۔ کہ ایک بزرگ نے حضرت خِضر نبیؑ سے اپنی مُلاقات کا بہت طویل قصہ نقل کیا ہے۔ اور آخر میں فرماتے ہیں۔ کہ حضرت خِضر نبیؑ نے فرمایا۔ کہ میں صبح کی نماز مکہ مکرمہ میں پڑھتا ہوں۔ اور طلوعِ آفتاب تک حطیم میں رُکنِ شامی کے قریب بیٹھا رہتا ہوں۔ اور ظہر کی نماز مدینہ طیبہ میں پڑھتا ہوں۔ عصر کی نماز بیت المقدس میں پڑھتا ہوں۔ مغرب کی نماز طُورِ سینا پر پڑھتا ہوں۔ اور عشاء کی نماز سدِ سکندری پر۔ صاحب حال لوگ (جن کا ظاہر و باطن مصفی ہو تقوی اور زُہد میں بھی کمال حاصل ہو وہ حضرات) مکہ مکرمہ، مدینہ طیبہ یا بیتُ المقدس جا کر شرفِ ملاقات حاصل کر سکتے ہیں۔

☆ **ششم طریقہ :** جو شخص نمازِ پنجگانہ کا پابند ہو۔ اور روزانہ قرآنِ پاک کی کچھ نہ کچھ تلاوت بھی کرتا رہتا ہو۔ اور روزانہ اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کے لئے (بنیتِ حضرت سید خضر نبیؑ) بعد نمازِ صبح اور بعد نمازِ عشاء **1000-1000** مرتبہ سورہ اخلاص پڑھتا رہتا ہو۔ تو ایسے شخص کے پاس حضرت خضر نبی خود تشریف لاتے ہیں۔ اور بے حجاب کلام فرماتے ہیں۔ کیونکہ حضرت خضر نبیؑ کو سورہ اخلاص سے بہت محبت واُنسیت ہے۔ (یاد رہے۔ کہ!) تصوف کی کتب میں ایک بات تواتر کے ساتھ آئی ہے۔ کہ حضرت خضر نبیؑ نے فرمایا۔ کہ لوگوں کو مجھ سے ملنے کی تمنا ہے۔ جبکہ میں سورہ اخلاص کو کثرت سے ورد کرنے والوں کا مشتاق رہتا ہوں۔ (یعنی جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے حصول کے لئے روزانہ ایک ہزار یا اِس سے زیادہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھتا رہے گا۔ ایسے خوش نصیب شخص سے حضرت حضر نبیؑ ملنے کی تمنا رکھتے ہیں۔ اور اُن کے ساتھ ملاقات کرنے کے مشتاق ومنتظر رہتے ہیں) ماشاءاللہ۔

رویئت موتی اَز تعلیماتِ حضرت حسن بصریؒ :

دو رکعت نفل (ہر رکعت میں) **سورۃ فاتحہ** کے بعد **سورۃ الھاکم التکاثر** تلاوت کرو۔ اور سلام کے بعد یہ کلمات پڑھتے پڑھتے سو جاؤ۔ **اللھم ارنی فی منامی** (فلاں بن فلانۃ) **علی الحالۃ التی علیھا** ۔ تیسری رات یا چند ہی راتوں تک ضرور بالضرور زیارت نصیب ہو جائے گی۔

خواب میں بزرگوں کی زیارت کا مجرب عمل :

اگر کوئی شخص روزانہ رات کو سونے سے پہلے 300 مرتبہ **سورہ اخلاص** معہ تسمیہ اور 300 مرتبہ **'سبحٰن اللہ و بحمدہ'** پڑھنے کا معمول بنا لے تو ایسا شخص ہمیشہ بزرگوں کی زیارت سے مشرف ہوتا رہے گا۔ ان شاء اللہ۔

رویئت موتی : میں نے اور میرے چند رفقاء واحباب واقارب نے اِس عمل کا تجربہ کیا۔ کہ اگر روزانہ رات کو سونے سے قبل اپنے کسی عزیز یا دوست وغیرہ کے ایصالِ ثواب کے لئے بحالتِ وضو **100** مرتبہ درود پاک، **100** مرتبہ سورہ فاتحہ، **300** مرتبہ سورہ صمدیہ **(اخلاص)** اور **300** مرتبہ **سبحٰن اللہ وبحمدہ**، **70** مرتبہ **آیتُ الکرسی** اور **03** مرتبہ سورہ **یٰسین** شریف اور آخر میں **100** مرتبہ درود پاک پڑھی جائے۔ اور اِسی عمل کو مسلسل جاری بھی رکھا جائے۔ تو متوفی کو بے حد فائدہ ہوگا۔ اور وہ متوفی خود خواب میں آکر بتاتا ہے کہ! آپ کی پڑھائی سے مجھے بہت زیادہ فائدہ ہوا ہے۔ اور اگر آپ مزید پڑھتے رہیں گے۔ تو میں اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے دائمی طور پر متفع ومستفید ہوتا رہوں گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ **ھل من مزید۔۔۔**

لطف ساقی سے نہ چھلکے جام دل ظرف عالی کی یہی پہچان ہے

حضرت سیدنا حسینؓ بن علیؓ کی زیارت بحالت رویا :

جو شخص جناب حضرت حسین بن علیؓ کی زیارت کا متمنی ہو۔ تو اسے چاہیے۔ کہ شب یکم محرم الحرام سے بارہویں محرم الحرام تک ہر رات کو بوقت نیم شب بعد از صلاۃ الیل (نماز تہجد) 100 بار درود وسلام، پھر دو دو رکعت کر کے دس رکعتیں اس طرح سے پڑھیں۔ کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد 15-15 بار سورہ اخلاص پڑھیں۔ بعد سلام بحالتِ تشہد بیٹھے بیٹھے 100 مرتبہ سورہ اخلاص اور 70 بار آیت الکرسی پڑھ کر سیدنا حسین بن علیؓ کو ایصال ثواب کرے۔ تو اُسے انشاء اللہ العظیم چند ہی راتوں میں زیارت نصیب ہو جائے گی۔ یہ مجرب عمل مبارک حضرت شیخ ابوبکر شبلیؒ کا تھا۔

دل زندہ و بیدار اگر ہو تو بتدریج　　　بندے کو عطا کرتے ہیں چشمِ نگراں اور

حضرت شیخ احمد دباغ کا طریقہء کشف القبور :

حضرت سیدی عبدالعزیز الدباغؒ نے حضرت شیخ احمد دباغ کو کشف القبور کا ایک مجرب طریقہ تعلیم فرمایا ہے۔ اس سلسلے میں شیخ احمد دباغؒ فرماتے ہیں۔ کہ! جب اولیاء اللہ میں سے کسی ولی اللہ کی قبر پر حاضر ہوں۔ تو سب سے پہلے سلام (قبرستان میں پڑھا جانے والا اسلام مسنون) عرض کریں۔ اس کے بعد (قرآن سے جو سورتیں اور آیتیں یاد ہوں۔ کو) ایصال کریں۔ اور پھر مراقبہ کے لئے نہایت اَدب سے ولی (یعنی صاحبِ قبر) کے سینے کے سامنے (دوزانو یا جیسے آسانی ہو) بیٹھے۔ قبر کے زیادہ قریب نہ بیٹھے (قبر اور عامل کے مابین کم از کم ایک فٹ یا زیادہ سے زیادہ آٹھ فٹ جتنا فاصلہ ہو) لیکن صاحب قبر کو نہ سجدہ کرے۔ نہ جھکے اور نہ ہی ہاتھ لگائے۔ بلکہ تھوڑے سے فاصلے پر بیٹھے۔ اور یہ اذکار پڑھے۔

دس مرتبہ (کوئی بھی صلوٰۃ وسلام یعنی) درود شریف۔　پھر چھیاسٹھ مرتبہ ''**لا حول ولا قوۃ الا با للہ**''۔　پھر چھیاسٹھ مرتبہ ''**سبوح قدوس ربنا و رب الملکۃ والروح**''۔　پھر چھیاسٹھ مرتبہ ''**رب اغفر وارحم وانت خیر الراحمین**۔

پھر چھیاسٹھ مرتبہ ''**یا ذَالجلال والاکرام**۔　پھر تین مرتبہ ''**افحسبتم انما خلقنکم**۔۔۔ سورہ مومنون کی آخری آیات۔

دس مرتبہ (کوئی بھی **صلوٰۃ و سلام** یعنی) درود شریف۔

حضرت سیدی عبدالعزیز الدباغؒ کے ارشاد کا مفہوم ہے۔ کہ! اے میرے بیٹے! یہ تصور کرو۔ کہ جب تم ان اذکار کو پڑھ رہے ہو۔ تو یہ الفاظ اپنی شکل میں منہ سے نکل رہے ہیں۔ ساتھ ہی یہ تصور بھی کریں۔ کہ! اللہ تعالیٰ کا نامِ مبارک (اللہ) جو کہ قبر شریف اور عامل کے اوپر نور سے لکھا ہوا قبر کے اوپر فضاء میں معلق ہے۔ آپ کے پڑھے جانے والے اذکار بھی اسی اسمِ ذات مبارک (اللہ) میں جذب ہو جاتے ہیں۔ اور پھر اللہ تعالیٰ کے مبارک اسم سے ایک نورانی روشن ستون قبر شریف پر نورانی رنگت کا نور برسا رہا ہے۔ پھر وہ نور منعکس ہو کر آپ کے دل و دماغ تک پہنچ رہا ہے۔ (اور اس نورانی روشنی کی وجہ سے میرے جسم، دل، دماغ اور روح سے گناہوں کے اثرات اور سیاہیاں مِٹ رہی ہیں) اور اس سے دل و دماغ اور روح اسی نورانی روشنی (یعنی نورِ حقیقی) سے چمک رہے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے (کہ) جس کے دل میں ہدایت کا نور داخل ہو جائے۔ تو گویا وہ ایسا آبِ حیات ہے۔ کہ جو بھی روح اس (آبِ حیات) کو فقط ایک مرتبہ چکھ لے۔ وہ روح دائمًا گمراہی سے محفوظ رہتی ہے۔

مرا زِ پیرِ طریقت نصیحتے یاد است　　　کہ غیرِ یادِ خدا ہرچہ است برباد است

کشف القبور : (مجرب عمل۔ اَز پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی صاحب)

جناب پروفیسر صاحب سرمایہء درویش میں رقمطراز ہیں۔ کشف القبور کا یہ ایک آسان اور مجرب عمل ہے۔ نصف شب کے بعد قبر کے پاس بیٹھ کر ان آیاتِ قرآنیہ کو 11 مرتبہ پڑھ کر سو جائیں۔ خواب میں صاحب قبر کے بارے میں معلومات حاصل ہوں گیں۔ ان شاءاللہ۔ آیات یہ ہیں۔

لقد کان لسبا فی مسکنهم آیة ..... الا فریقا من المؤ منین. (سورہ سباء۔ آیت نمبر 20 - 15)

بہت قریب سے دیکھا ہے دنیا کو　　　تب ہی تو دُور جا کے بیٹھا ہوں

روئیت موتی یا استخارہ مجربه : (از کتاب مجربات سنوسیؒ)

یہ عمل نہایت صحیح اور مجرب ہے۔ اس میں ہرگز شک نہیں کرنا چاہیئے۔ بعد نماز عشاء تازہ وضو کر کے سونے سے قبل پاک صاف بالکل سفید کپڑے پہنو۔ اور پاک بچھونے پر دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کر کے لیٹ جاؤ۔ اور لیٹے لیٹے **سورہ والشمس 7** بار، **سورہ والضحی 7** بار، **سورہ والیل 7** بار، **سورہ الم نشرح 7** بار، **سورہ والتین 7** بار اور **سورہ اخلاص 7** بار پڑھ کر کم از کم 11 بار یہ دعا مانگتے مانگتے سو جائیں۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم. اللهم بحق ما تلو ته من کلامک القدیم الذی انزلته علی نبیک و رسولک الکریم ارنی فی منامی فلان بن فلان** (متوفی کا نام مع والدہ) **هذا ما هو** (اگر کوئی استخارہ یا مقصد ہو تو) **بقدرتک یا علی یا عظیم و اجعل لی من امری فرجا و مخرجا یا علیم یا حکیم و بین لی فی نومی ما یدلنی علی اجابة دعوتی انک علی کل شیء قدیر. برحمتک یا ارحم الراحمین**o

اس عمل کی برکت سے پہلی ہی شب میں مقصد پورا ہو جائے گا۔ ورنہ سات راتوں تک ضرور بالضرور مقصد حاصل ہو ہی جائے گا۔ **انشاء اللہ**۔

ہم عشق طلب کنی و ہم جاں خواہی　　　ہر دو طلبی و لے میسر نشود

سیدنا شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ کی روح سے ملاقات کے پانچ مجرب طریقے :

فقیر (عبدالرؤف البلوشی) کو اس بات پر فخر ہے۔ کہ مَیں خود کو ظاہری و باطنی طور پر حضور غوثِ پاک شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ سے منسوب کرتے ہوئے خود کو اُن کا مرید و معتقد مانتا ہوں۔ اور اُمید کرتا ہوں۔ کہ! وہ بھی مجھے اپنے فیوض و برکات سے نوازیں گے۔ انشاء اللہ۔

1۔ حضرت شیخ محمد اکرم قدوسیؒ اپنی مشہور و معروف کتاب ''اقتباس الانوار میں فرماتے ہیں۔ کہ! خواب میں سرورِ دو عالم ﷺ کی زیارت کے لئے سات رات (یہ وظیفہ) پڑھے۔ اور ہر رات ایک ہزار مرتبہ ترکِ حیوانات کے ساتھ (یہی وظیفہ) پڑھے۔ نیز حضرت علی المرتضیٰؓ اور حضرت غوثِ پاکؒ کی زیارت کے لئے (بھی) اسی طرح پڑھے۔ (وظیفہ یہ ہے) **یا شیخ عبدالقادر شیئاً للہ۔**

با مواکیل اس طرح پڑھے۔ **یا رفتمائیل. یا طاطائیل. یا لومائیل بحق شیخ عبدالقادر شیئاً للہ۔**

بہر حال! مذکورہ بالا دونوں طریقوں سے پڑھا جا سکتا ہے۔ (لیکن نیچے والا طریقہ با مواکیل دعوت یا ذکات کا ہے)

2۔ حضرت سلطان العارفین سلطان باہوؒ کی اکثر کتب میں حضور غوث پاک شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے شرفِ ملاقات کا ایک طریقہ مرقوم ہے۔ جو کہ اس طرح ہے۔ کہ! اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آئے۔ تو حضرت شیخ محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو تین مرتبہ اس طرح پکارے۔

احضروا بملک الارواح المقدس والحی الحق یا شیخ عبدالقادر جیلانی حاضر شو ۔

اور پھر ساتھ ہی تین مرتبہ دل پر کلمہ طیبہ کی ضرب لگائے۔ تو اسی وقت حضرت پیر دستگیرؒ تشریف لاتے ہیں۔ اور سائل کی امداد کر کے اس کی مشکل کو حل فرما دیتے ہیں۔

3۔ حضرت شاہ بلاق دھونجؒ نے فرمایا جو (بھی) شخص اسمائے ذیل کا وظیفہ (فقط) ایک لاکھ مرتبہ کی تعداد میں کرے۔ اِس کو حضرت غوثِ اعظمؒ کی زیارت کا شرف حاصل ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ **یا لطیف یا عزیز یا رزاق یا شیخ عبدالقادر شیئا للہ.** (بمطابق شریف التواریخ)

4۔ ایک انتہائی مہربان بزرگ شخصیت حضرت فقیر بہاول صاحب آف نوتک سکھانی، ڈاک خانہ کالا، ڈیرہ غازی خان (یہ بزرگ کثیر عمری، حضرت علامہ محمد اقبالؒ، شاعر مشرق کے احباب میں سے تھے) نے میرے خالہ زاد بھائی جناب مقصود علی لاشاری (جو کہ ہنر خطاطی میں گولڈ میڈلسٹ ہیں) کو اُن کے خصوصی تقاضے پر زیارتِ پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ کے لئے اپنا ذاتی مجرب وظیفہ بذریعہ خط عطا فرمایا تھا۔ جس کا مختصر مگر جامع متن یہ ہے۔

آپ عزیزم (جناب مقصود علی لاشاری صاحب) نے حضرت قبلہ پیر دستگیر حضرت شیخ محی الدین (عبدالقادر) جیلانیؒ کی زیارتِ مبارک کے لئے وظیفہ کی خاطر استفسار فرمایا ہے۔ عرض ہے۔ کہ مندرجہ ذیل تسبیاں (یعنی تسبیحات جو 100-100۔ مرتبہ کی ایک تسبیح بنتی ہے) ہر نماز کے بعد اپنا معمول رکھیں۔ بفضلِ خدا آپ اپنے جذبہ ءشوق اور مقصد میں (ضرور) کامیاب ہوں گے۔ (انشاء اللہ العظیم)

1۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم**o ایک تسی (یعنی ایک سو مرتبہ) 2۔ **لاکھ شُکر ھے** ۔ ایک تسی (یعنی ایک سو مرتبہ)

3۔ **یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئا للہ** ۔ **مدد کر میری فی سبیل اللہ** ۔ ایک تسی (یعنی ایک سو مرتبہ)

4۔ **درود شریف**۔ ایک تسی (یعنی ایک سو مرتبہ) 5۔ **توبہ استغفار** ایک تسی (یعنی ایک سو مرتبہ)

اِس فقیر کی طرف سے آپ عزیز (جناب مقصود احمد لاشاری) کو اجازت ہے۔۔۔۔۔

(سلام و خراجِ تحسین از حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ)

شاہ جیلان مدد گار تُو باشد　　　معین الدین غم خوار تُو باشد

5۔ علمائے عاملین کا مجرب عمل ہے۔ کہ آدھی رات گزرتے ہی غسل کرے۔ بعد میں دو رکعت نماز ننگے سر بہ نیت کشف الروح سیدنا پیران پیر شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ اس طرح پڑھے۔ کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورہ کافرون اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھیں بعد سلام شمال و مغرب کے گوشے کی جانب اپنا رخ اور منہ کر کے اسی مصلے پر کھڑے ہو کر اپنا دایاں ہاتھ سینے پر نہایت عاجزی و انکساری سے یہ کلمات (معہ تسمیہ) دو سو بار پڑھیں۔

یا حضرت میراں سید محی الدین احضرو . اللھم صل و سلم علی نور محمد فی الارواح ۔

اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل و کرم اور اس عمل کی بدولت و برکت سے عالم بیداری ہی میں ورنہ عالم رویاء میں تو ضرور بالضرور زیارت نصیب ہوگی۔ انشاء اللہ العظیم. بہر حال جب تک زیارت نہ ہو جائے۔ عمل کے تسلسل کو نہ ٹوٹنے دیں۔ عمل کے بعد تقریباً ایک آدھ گھنٹے تک جاگیں۔ پھر آپ کی صوابدید پر ہے۔ کہ سو جائیں یا عبادت کرتے ہوئے فجر کی نماز تک جاگیں۔ چند ہی راتوں میں ضرور بالضرور زیارت سے مشرف ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ یہ عمل مجرب ہے۔

زمیں کھا گئی نوجوان کیسے کیسے　　　ہوئے نامور بے نشاں کیسے کیسے

حضرت علی ھجویری المعروف بہ **داتا گنج بخش لاہوریؒ کی زیارت** کا عمل:

یہ عمل مزار کے نزدیک ایک ہی نشست میں بیٹھ کر کیا جائے۔لیکن اگر یہ ممکن نہ ہو۔تو شائقین کو چاہیئے۔کہ! اپنے ہی گھر میں ایک ہی نشست میں بیٹھ کر روزانہ سونے سے (حضرت داتا صاحبؒ کے دیدار کی نیت سے) پہلے جائے نماز پر باوضو بیٹھ کر "**درودِ تنجینا**" کو ایک ہزار (**1000**) مرتبہ پڑھا جائے۔انشاءاللہ پہلی رات یا چند راتوں میں ہی خود حضور داتا صاحبؒ خود خواب میں آکر ملیں گے۔اور بہت سے فیوضات و برکات سے نوازیں گے۔

دوسرا طریقہ: جناب پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی صاحب نے بذریعہ کشف حضور داتا گنج بخشؒ سے فیض یابی کا ایک طریقہ تعلیم فرمایا ہے۔کہ! مزار کے قریب 41 مرتبہ درود شریف، 41 مرتبہ سورہ فاتحہ شریف، 41 مرتبہ سورہ اخلاص شریف، 41 مرتبہ یہ شعر حضوری کے ساتھ پڑھا جائے۔ (گنج بخش فیضِ عالم مظہرِ نورِ خدا۔ ناقصاں را پیر کامل، کاملاں را رہنما) پھر ان سب کو سرکار داتا صاحب کو پیش کر کے پائنتی جانب کسی ستون یا دیوار کے ساتھ ٹیک لگا کر آنکھیں بند کر کے مراقب ہو کر بیٹھ جائیں۔انشاءاللہ حضور داتا صاحب کا دیدار اور ان سے ملاقات ہو گی۔

زیارت بابا فرید گنج شکرؒ و حاجت روائی: (بمطابق کتاب اقتباس الانوار)

آیت الکرسی **41** مرتبہ+سورۃ فاتحہ **41** مرتبہ+سورۃ اخلاص **100** مرتبہ+درود پاک **50** مرتبہ+کلمہ تمجید **50** مرتبہ اور اس کے علاوہ جو قرآن مجید سے یاد ہو۔پھر شیخ فریدؒ **100** مرتبہ + خواجہ فریدؒ **100** مرتبہ + مولانا فریدؒ **100** مرتبہ + درویش فرید **100** مرتبہ + حاجی فریدؒ **100** مرتبہ وِرد کرنا ہے۔پھر اپنے دائیں ہاتھ کی اُنگشتِ شہادت سے سینہ پر تسمیہ **3** مرتبہ + یاغفور **3** مرتبہ + یااللہ **3** مرتبہ + اور یاہو **3** مرتبہ اپنے سینہ پر لکھیں۔تاکہ بحالت رویاء (یعنی در خواب) بات کرنے کی صلاحیت پیدا ہو سکے۔بے شمار بزرگوں کا یہ مجرب عمل ہے۔چاہیئے کہ! زندگی میں ایک بار اِس عمل کو ضرور کرنا چاہیے۔

اللہ محمد ﷺ چار یار حاجی خواجہ قطب فرید **حق فرید، حق فرید**

حضرت سلطان باہوؒ کو خواب میں دیکھنا: اگر کوئی شخص روزانہ رات کو سونے سے پہلے بحالت وضو مصلے پر بیٹھ کر پہلے **11** بار درود پھر ایک بار سورہ یٰسین، تین بار سورہ الملک پھر **11** بار سورہ مزمل پھر **3** مرتبہ رسالہ روحی شریف (جو کہ اِسی کتاب میں چند صفحات آگے دیا گیا ہے) پھر ایک ہزار مرتبہ رُباعی اس طرح سے پڑھیں۔کہ ہر سینکڑہ پر شعر کو **11** مرتبہ پڑھیں۔پھر **11** بار درود پڑھ کر اکیلا سو جائے۔تو اس شخص کو چند ہی راتوں میں دیدار نصیب ہو جائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔لیکن جب تک کہ دیدار نصیب نہ ہو۔صاحب عمل کو چاہیئے۔کہ اس عمل کی مداومت و استقلال میں قطعاً کمی نہ آنے دے۔غوث الوقت حضرت سلطان العارفین، سُلطانُ الفقر جنابِ سلطان باہوؒ کا لازمی دیدار نصیب ہو گا۔انشاءاللہ۔ بہر حال! رُباعی یہ ہے۔

ہر کہ طالب حق بود من حاضرم زِ ابتداء تا انتہا یک دم برم
طالب بیا، طالب بیا، طالب بیا تا رسانم روز اول باخدا

اور شعر یہ ہے۔

شُد اجازت باھو را اَز مصطفےٰؐ خلق را تلقین بکن بھر از خدا

روئیت موتی: جناب پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی صاحب، ایک مجرب عمل برائے روئیتِ موتی حضرت بابا جمال دین سرکار کی ایک قلمی بیاض سے نقل کرتے ہیں۔کہ (فوت شدہ شخص کا تصور کر کے یہ) آیتِ مبارکہ کو صد مرتبہ (اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف) پڑھ کر بنا کسی سے بات چیت کئے سو جائیں۔ان شاءاللہ سات دن کے اندر لازمی ملاقات ہو جائے گی۔آیتِ مبارکہ یہ ہے۔

اِنِّیۡۤ اٰمَنۡتُ بِرَبِّکُمۡ فَاسۡمَعُوۡنِ ؕ قِیۡلَ ادۡخُلِ الۡجَنَّۃَ ؕ قَالَ یٰلَیۡتَ قَوۡمِیۡ یَعۡلَمُوۡنَ ۔ (سورہ یٰسین۔آیت نمبر 26-25)

سلسلہ عظیمیہ برخیا میں کشف القبور کا مجرب المجرب طریقہ:

(بمطابق حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی) کسی بھی مزار پر جا کر مسنون طریقہ سے فاتحہ خوانی کر کے اور قُرآن سے جو زبانی یاد ہو پڑھ کر اس کا ثواب صاحبِ قبر کو ایصال کر کے قبر کی پائنتی کی جانب نہایت عاجزی و انکساری اور ادب کے ساتھ بیٹھ کر ناک کے ذریعے آہستہ آہستہ سانس اندر کی جانب کھینچیں۔جب سینہ بھر جائے تو سانس کو روکے بغیر آہستگی سے باہر نکال دیں۔اس مشق کی 11 گیارہ مرتبہ تکرار کریں۔پھر دونوں چشم بند کر کے اپنے تصور کو قبر کے اندر مرکوز کر دیں۔پھر کچھ دیر کے بعد ذہن کو قبر کے اندر گہرائی کی طرف لے جائیں۔گویا کہ قبر ایک گہرائی ہے۔اور آپ کی تصوراتی و باطنی توجہ قبر کی گہرائی میں اُترتی ہوئی چلی جا رہی ہے۔اس توجہ کے تسلسل کو قطعاً ٹوٹنے نہ دیں۔چند ہی لمحات کے بعد باطنی توجہ مُتحرک ہونا شروع ہو جائے گی۔اور انشاءاللہ تعالیٰ صاحبِ مزار کی روح عالمِ غیب میں صاحبِ مشق کی بند آنکھوں کے سامنے آکر نمودار ہو گی۔ یاد رہے کہ صاحبِ مشق کے تقویٰ، ذہنی سکت اور باطنی قوت کی بیداری ہی کی مناسبت سے مسلسل مشق، کوشش اور اس عمل کے بار بار تکرار ہی سے عمل میں کامیابی ممکن ہے۔اور جب بار بار مزارات پر جا جا کر اصحابِ قبور سے ملاقات کا سلسلہ شروع ہو جائے۔تو صاحبِ مشق و عمل ہذا اسی تصوراتی مشق کے ذریعے محض اپنے قوی تصور سے گھر پر بیٹھے بیٹھے کسی بھی صاحبِ مزار کے مزار و قبر کا نقشہ ذہن میں لا کر نہ صرف ملاقات کر سکتا ہے۔بلکہ اپنے حل طلب مطالب و مقاصد میں استعانت بھی حاصل کر سکتا ہے۔

دیکھا ہے زندگی کو کچھ اتنے قریب سے چہرے تمام لگنے لگے ہیں عجیب سے

عمل کشف القلوب و کشف القبور :(صاحب جواہر خمسہ حضرت شاہ محمد غوث گوالیاری)

جو کوئی اس دُعائے ہفت پیکر کو سات روز تک برابر علی الترتیب ہذا بشرائط خلوت معہ پرہیز روحانی پڑھے گا۔ تو ایسے شخص کو کشف القلوب وکشف القبور حاصل ہوگا۔ اور عالم ملائکہ اس پر منکشف ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ دعائے ہفت پیکر یہ ہیں۔

☆ **پیکر اول** : (شب شنبہ) : بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o اَللّٰھُمَّ یَا جَلِیْلُ تَجَلَّلْتَ بِالْجَلَالِ وَالْجَلَالُ فِیْ جَلَالِ جَلَالِکَ یَا جَلِیْلُ یَا دَآئِمُ الْمَعْبُوْدُ وَیَا مُنْعِمَ الْمَقْصُوْدُ وَیَا مَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ یَا اَحْکَمَ الْحَاکِمِیْنَ o ☆ **پیکر دوئم** : (شب یکشنبہ) : بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o اَللّٰھُمَّ یَا لَطِیْفُ بِاَوْصَافِ کَمَا لِہٖ بِاللَّطَافَۃِ وَاللَّطَافَۃُ فِیْ لَطَافَۃِ لَطَافَتِکَ یَا لَطِیْفُ اِنَّا سَمِعْنَا کِتَابًا اُنْزِلَ مِنْ م بَعْدِ مُوْسٰی مُصَدِّقً لِّمَا بَیْنَ یَدَیْہِ وَیَھْدِیْ اِلَی الْحَقِّ وَاِلٰی طَرِیْقٍ مُّسْتَقِیْم" وَیَا خَیْرَ الرَّازِقِیْنَ o☆ **پیکر سوئم** : (شب دوشنبہ) : بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o اَللّٰھُمَّ یَا سَمِیْعُ الْبُرْھَانُ وَاِذْ صَرَفْنَا اِلَیْکَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ یَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ یَا سَمِیْعُ تَسْمَعْتَ بِالسَّمْعِ وَالسَّمْعُ فِیْ سَمْعِ سَمْعِکَ یَا سَمِیْعُ وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَا اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَا اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ وَبِالْاٰخِرَۃِ ھُمْ یُوْقِنُوْنَ وَھُوَالْحَقُّ الْوَکِیْلُ یَا اَحْسَنُ الْخَالِقِیْنَ o ☆ **پیکر چھارم** : (شب سہ شنبہ) : بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o اَللّٰھُمَّ یَا مُعِزُّ یَا مُذِلُّ یَا عَلِیْمُ یَا عَظِیْمُ تَعَظَّمْتَ بِالْعَظْمَۃِ وَالْعَظْمَۃِ فِیْ عَظْمَۃِ عَظْمَتِکَ یَا عَظِیْمُ فَاعْلَمْ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِکَ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ مُتَقَلَّبَکُمْ وَمَثْوٰکُمْ وَیَا خَیْرَ النَّاصِرِیْنَ o ☆ **پیکر پنجم** : (شب چہارشنبہ) : بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o اَللّٰھُمَّ یَارَحِیْمُ تَرَحَّمْتَ بِالرَّحْمَۃِ وَالرَّحْمَۃُ فِیْ رَحْمَۃِ رَحْمَتِکَ یَا رَحِیْمُ یَا حَفِیْظُ تَحَفَّظْتَ بِالْحِفْظِ وَالْحِفْظُ فِیْ حِفْظِ حِفْظِکَ یَا حَفِیْظُ یَا مُکَرِّمَ الصَّادِقِیْنَ وَیَا مُنْعِمَ الْحَافِظِیْنَ o ☆ **پیکر ششم** : (شب پنجشنبہ) : بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o اَللّٰھُمَّ یَا کَرِیْمُ تَکَرَّمْتَ بِالْکَرَمِ وَالْکَرَمُ فِیْ کَرَمِ کَرَمِکَ یَا کَرِیْمُ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ غَیْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ☆ وَاللّٰہُ بَصِیْر" مبِمَا تَعْمَلُوْنَ یَاسَرِیْعُ الْحَاسِبِیْنَ o ☆ **پیکر ھفتم** : (شب جمعہ) : بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o اَللّٰھُمَّ یَا غَفُوْرُ تَغَفَّرْتَ بِالْمَغْفِرَۃِ وَالْمَغْفِرَۃُ فِیْ مَغْفِرَۃِ مَغْفِرَتِکَ یَا غَفُوْرُ۔ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَد" ☆ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ☆

چونکہ حضرت شاہ محمد غوث گوالیاری ؒ ایک عظیم اور بلند مرتبت ولی اللہ تھے۔ اُنؒ کو تو اِس عمل میں ایک ہفتہ کے اندر کامیابی نصیب ہوگئی۔ لیکن عوام الناس (بالخصوص ہمارے جیسے) کو یہ عمل مسلسل 28 ایام تک بجالانا ہوگا۔ تاکہ اِس عمل میں ناکامی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

روئیت موتی : بعد نماز عشاء مگر سونے سے پہلے پاک و مصفّی و معطر سفید کپڑے پہن کر لوگوں اور شر شور سے ذرا الگ تھلگ ہو کر دو رکعت نماز اس طرح سے پڑھیں۔ کہ پہلی رکعت میں **سورہ فاتحہ** کے بعد **سورہ والشمس** ۷ بار اور دوسری رکعت میں **سورہ فاتحہ** کے بعد **سورہ واللیل** ۷ بار پڑھ کر درج ذیل نقش زعفران و عرق گلاب کی روشنائی سے بنائیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم

ص	م	ل	ا
ا	ص	م	ل
ل	ا	ص	م
م	ل	ا	ص

حسبنا الله و نعم الوكيل. نعم المولى و نعم الوكيل.

اب دو رکعت کی ادائیگی کے بعد لیٹے ہوئے اس نقش کو زیر بالیں رکھ کر یہ دعا 7 مرتبہ پڑھنی ہے۔ **بسم الله الرحمن الرحيم . اللهم ارني في منامي روح فلاں بن فلاں** ۔ (اُس نبیؑ یا شہید یا ولی اللہ یا عزیز و اقارب میں کسی متوفی یا اپنے کسی دوست و پیارے کا نام) پھر یہ دعا پانچ بار پڑھتے پڑھتے سو جائیں۔ **بسم الله الرحمن الرحيم☆ واجعل لي في امري فرجا و مخرجا وارزقني في منامي ما استدل به على اجابة دعوتي بحق قل هو الله احد o الله الصمد o لم يلد. ولم يولد oولم يكن له كفوا احد o**

عــظیم المرتبت عزیمت برائے حصولِ کشف : حضرت سید غوث علی شاہ قلندری قادری ؒ کو یہ عزیمت گوالیار کے ایک مُتقی لوہار سے میسر ہوئی تھی ۔ یہ عزیمت بہت ہی عجیب وغریب اور صدہا تاثیرات کی حامل ہے ۔ بعداز دعوت ، یہ عزیمت جس بھی مقصد کے لئے پڑھی جائے گی ۔ مقاصد پورے ہوں گے ۔ بالخصوص کشف القبور، کشف القلوب وامورمخفیہ کے کشف میں یہ عزیمت باکمال و بے مثال ہے ۔اس عزیمت کی دعوت کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ! پرہیز روحانی کے ساتھ کوئی تخلیہ کی جگہ مقرر کر کے **41** ۔ایام تک ہر نماز کے بعد **25-25** مرتبہ اور رات کو سونے سے قبل **111** (ایک سو گیارہ) مرتبہ اس عزیمت کو پڑھیں ۔ دورانِ پڑھائی کوئی بخور یا اگر بتی لازمی جلائیں ۔ بعد از دعوت اس عزیمت کو دن میں کسی بھی وقت **11** مرتبہ صبح اور **11** مرتبہ رات کو سونے سے قبل تاحیات پڑھنے کا التزام رکھیں ۔ یادرہے کہ! مداومت عمل ہی سے اس کی تاثیر باقی رہے گی ۔عزیمت بابرکت وکثیرالفوائد یہ ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اَقْسَــمْــتُ وَ عَــزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَا رُوْقِيَآ ئِيْلُ يَا اَحْمَرُ يَا مِيْكَآ ئِيْلُ يَا مُوْهُبْنُ الْحَارِثِ يَا عِزْرَآ ئِيْلُ يَا مُــذْهِبُ يَا اِسْرَآفِيْلُ يَا بُرْقَانُ ا لْيَهُوْدُ وَيَا رُوْيَآ ئِيْلُ وَيَا شَمْهُوْرِشْ وَيَا غِشَآ ئِيْلُ وَالْاَبْيَضُ وَيَا دَرْدَآ ئِيْلُ وَيَا مَيْمُوْنُ وَيَـا اَيُّهَاالْاَرْوَاحِ الْعُلْوِيَّةِ وَا لْسِّفْلِيَّةِ اُحْضُرُوْنِیْ فِیْ قَضَآءِ حَاجَتِیْ ا لْعَجَلُ الْعَجَلُ الْعَجَلُ يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ يَا مَا لِکَ ا لْــمُـلْکِ يَا نُوْرُ يَا بَاسِطُ يَا جَوَّادُ يَا عَزِيْزُ يَا جَبَّارُيَا مُتَکَبِّرُ يَا قَهَّارُ يَا سَرِيْعُ يَا قَرِيْبُ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ يَا وَدُوْدُ يَا رَءُ وْفُ يَـا عَلَّامُ الْغُيُوْبِ يَا عَا لِمُ الْخَفِيَّاتِ يَا بَاسِطُ يَا جَوَّادُ يَا قَا هِرُ يَا قَادِرُ عَزَّمْتُ وَ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا مَعْشَرَالْجِنِّ وَالْاِنْــسِ وَالْاَرْوَاحِ وَيَـا صَـاحِبَ السِّحْرِالْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ا لَّذِیْ يُوَسْوِسُ فِیْ صُدُ وْرِالنَّاسِ مِنْ جُنُوْدِ اِبْلِيْسَ وَيَـا كَـنُـوْزَ ا لْمُلْکِ يَا مِيْمُ يَامِيْمُ يَا نُوْرُ يَا نُوْرُ بِحَقِّ مَيْمُوْنِ حَبْشِیْ وَمَيْمُوْنِ اَعْمٰی وَ جَمِيْعِ الْكُتُبِ ا لَّتِیْ ا نْزُلَتْ عَلٰی جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَ بِحَقِّ سَلٰمٌ ” قف قَوْلًا مِنْ رَّبِّ رَّحِيْمٍo وَامْتَازُو ا لْيَوْمَ اَيُّهَا ا لْمُجْرِمُوْن ۔ وَبِحَقِّ طٰهٰ وَيٰسِيْــن وَبِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَبِحَقِّ قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَر ” مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا يَّهْـدِیْ اِلَـی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ط وَلَـنْ نُشْرِکَ بِرَبِّنَا اَحَدًا ۔وَبِـحَقِّ يَاَيُّهَاالْمُزَّمِّلُ ۔قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۔وَبِـحَقِّ قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَد” ۔اَ لـلّٰهُ الصَّمَدُ ۔وَبِـحَـقِّ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۔مَلِکِ النَّاس ِ۔وَبِـحَـقِّ ا لْـحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَا لَمِيْنَ ۔وَبِحَقِّ يَاَ يُّهَـاالْاَرْوَاحِ الْـعُلْوِيَّةِ مُسْلِمًا يَا نُوْر ” وَّا لسِّفْلِيَّةِ يَهُوْدِ يًّا وَ بِحَقِّ مَيْمُوْنِ ا بْنُ الْمَيْمُوْنَ اَلَّذِیْ اَقْوٰی وَبِحَقِّ مَيْمُوْنَ زَنْگِیْ وَمَيْـمُـوْنَ نُـوْبِـیْ صَـاحِبِ الْاَعْوَانِ الْهِنْدِیَّ اَجْرِمِنَ الْجِنِّ الشَّجَرِ وَالْاَشْجَارِ اُخْرِجُوْا مِنَ الْكِنِّ وَالْاَكْنَانِ وَمِنَ الرُّكْنِ وَالْاَرْكَـانِ اُخْـرِجُوْا مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَبِحَقِّ خَا تِمِ سُلَيْمَانَ ابْنِ دَاءُ وْدَ عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَبِحَقِّ آصِفِ ابْنِ بَرْخِيًّا سَـالَارِ پَـرِيَـانُ وَبِـحَقِّ قَيْقَطُوْشِ سِبْطُ الْجِنِّ وَالشَّيَاطِيْنِ وَبِحَقِّ سَيِّدِ نَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی ا لِهٖ وَ صَـحْبِهٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ يَا قَوْ قَلْ قَوْقَلَانَ يَا عَجُوْزُ اُمُّ الصِّبْيَانِ خُذْ هٰذَا بِاَ شَدِّ الْاَرْخِ وَبِحَقِّ تَوْرِيْتُ عَنْ مُوْسٰی عَلَيْهِمَا الـصَّلٰـوةُ وَالسَّلَامُ وَاِنْـجِيْـلُ عَـنْ عِيْسٰـی عَـلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَ زَبُوْرِ عَنْ دَاءُ وْدَ عَلَيْهِمَا الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ وَفُـرْقَـانِ حَـمِيْـد عَـنْ سَيِّـدِ نَـا مُـحَـمَّـدِ مُـصْـطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی ا لِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ وَبِحَقِّ اَرْوَاحِ السِّفْلِيَّةِ ۔ اُحْضِرُوْنِیْ فِیْ قَضَآءِ حَاجَتِیْ وَامْدُ دُ نِیْ فِیْ وَقْتِیْ هٰذَا (حاجت) بِحَقِّ سُلْطَانِ الْاَ نْبِيَآءِ وَالْمُرْ سَلِيْنَ سَيِّدِ نَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی ا لِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ وَسُلْطَانِ الْاَوْلِيَآءِ سَيِّدِ الْمَشَآ ئِخْ وَ شَيْخُ الْكُلِّ حَـضْرَتْ شَيْخِ سَيِّدِ عَبْدِالْقَادِ رِ الْجِيْلَا نِیْ رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْهِ. اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلسَّاعَةُ اَلسَّاعَةُ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْوَحَا ۔ وَ صَـلَّـی ا لـلّٰـهُ تَـعَـالٰـی عَلٰی خَيْرِ خَلْقِهٖ نُوْرِ عَرْشِهٖ سَيِّدِ نَا مُحَمَّدٍ صَلَّی ا للّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰی ا لِهٖ وَ صَحْبِهٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ ۔ بِرَحْمَتِکَ يَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ۔آمِيْنَ يَا رَبُّ الْعَا لَمِيْنَ ۔

کشف القبور و کشف الارواح کا آسان عمل :

یہ عمل مبارک ہمارے مرشد و مربی شیخ سید محبوب الٰہی شاہ بخاری قادری دہلویؒ اور کئی دیگر لوگوں کا مجرب المجرب عمل ہے۔ شاد گیلانی صاحب نے خود بھی یہ عمل کیا۔ اور اپنے کئی شاگردوں سے بھی یہ عمل کرایا۔ لہذا اس عمل کو مجرب المجرب اور مستند ہونے کی قوی سند حاصل ہے۔ اس عمل کا طریقہ کار یہ ہے۔ کہ نوچندی شب جمعہ کو تنہائی میں یہ کلماتِ عظیمہ پڑھیں **یا صمد ۔ یا صمد ۔ اللہ الصمد** ۔ ☆ پہلی شب میں یہ کلمات عظیمہ **5000** پانچ ہزار بار پڑھنے ہیں۔ پڑھائی کے دوران آنسو زاروقطار آئیں گے۔ رقت طاری ہوگی۔ اور قلبی ڈھرکن بھی تیز ہو جائے گی۔ دراصل یہ تمام کیفیات اس عمل کی استجابت کی علامات اور نشانیاں ہیں۔ ☆ دوسری شب میں یہی کلمات عظیمہ **4000** بار پڑھیں۔ ☆ تیسری شب میں یہی کلمات عظیمہ **3000** ہزار بار پڑھیں۔ ☆ چوتھی شب میں یہی کلمات عظیمہ **2000** ہزار بار پڑھیں۔ ☆ پانچویں یعنی عمل کی آخری رات کو یہ کلمات عظیمہ صرف **1000** ایک ہزار بار پڑھیں۔

اس کے بعد روزانہ مداومت کے لئے بعد نماز فجر یا صبح کو اور بعد نماز عشا یا سونے سے قبل **1000 - 1000** بار پڑھتے رہنا ہے۔ تا کہ حاملِ عمل اس عمل کی برکت سے ہی عالم رویاء میں بزرگان دین کی زیارات سے ہمیشہ مستفید و متنفع ہوتا رہے گا۔ انشاء اللہ العظیم۔

بعد ریاضت اگر کسی مزار پر **کشف القبر** کا شوق دامن گیر ہو۔ تو وہاں پر جا کر طریقہ مسنونہ کے مطابق فاتحہ پڑھ کر **1001** ایک ہزار ایک بار یہ کلمات عظیمہ (**یَا صَمَدُ ۔ یَا صَمَدُ ۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ**) بچشم بند پڑھیں۔ تو ضرور بالضرور کشف القبور حاصل ہوگا۔

بعض جگہ پر یہی کلماتِ عظیمہ **الصَّمَدُ الصمد اللہ الصمد** بھی آئے ہیں۔ (پیرومرشد کی کتاب جواہراولیاء)

لیکن یہ یاد رہے۔ کہ اس تصرف کو حاصل کرنے کے لئے اگر پہلی رات **5000** پانچ ہزار بار پڑھنے کے دوران رقت طاری نہ ہو آنسو نہ نکلیں یا قلبی دھڑکن بہت تیز نہ ہوئی۔ تو سمجھ لیں کہ عمل میں کامیابی نہیں ہوگی۔ لہذا اگلے ماہ کی نوچندی جمعرات کا انتظار کریں۔

عمل کشف القبور : (طریقہ ءصدر یہ اَز قبلہ پیر و مرشد سید محبوب علی شاہ بانوا قادریؒ)

اس طریقے کو مسلسل کرنے سے صاحبِ قبر سے انسیت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور وہ صاحب عمل کے ساتھ عالم رویاء میں روزانہ ملاقات کرتا رہتا ہے۔ ملاقاتوں کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے۔ اِس مجرب عمل کا طریقہ یہ کہ روزانہ رات کو سونے سے قبل مزار پر جا کر سب سے پہلے تو صاحب قبر کو سنت نبوی ﷺ کے مطابق سلام مسنونہ پیش کرے۔ پھر فاتحہ پڑھ کر ایصالِ ثواب کرے۔ اور پھر قبر کے سینے کے مقابل بیٹھ کر اول و آخر طاق مرتبہ درود وسلام پڑھے، پھر یہ آیتِ طیبہ **1000** مرتبہ پڑھے۔ **لَا یُجَلِّیْھَا لِوَ قْتِھَا اِلَّا ھُوَ**۔ (سورہ اعراف۔ آیت نمبر۔ **187**)

کیفیت زیارت قبو ر بزبان علامہ علی قاریؒ :

عاشق رسول ﷺ حضرت امام علامہ محمد یوسف بن اسماعیل النبہانی فلسطینیؒ اپنی گراں مایہ تصنیف **شواھد الحق فی الاستغاثہ بسید الخلق** میں فرماتے ہیں۔ کہ حضرت علامہ ملاعلی قاری الحنفیؒ نے **شرح حصن حصین** میں ایک عظیم فائدہ بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ اس صورت کا اپنانا اور یہ کیفیت اختیار کرنا ہر اس شخص کے لئے مستحب ہے۔ جو قبور انبیاءؑ اور رسل علیہم السلام یا قبور صحابہؓ و اولیائے عظام و علمائے حق و شہداء کی زیارت سے بہرور ہونا چاہے۔ یا پھر کسی نبیؑ ولیؒ یا شہید یا پھر کسی عالم وصالح کی زیارت کا مشتاق ہو۔ یا پھر کوئی یہ خواہش رکھے۔ کہ کسی صاحب قبر کی روح اقدس تیرے پاس آن حاضر ہو۔ اور حاجت مند شخص ان صاحب قبر کے سامنے اپنی حالت زار عرض کرے۔ خواہ زبان قال سے یا زبان حال سے۔ تا کہ وہ (یعنی صاحب قبر) اس حاجت مند کے حق میں اللہ تعالیٰ کے ہاں سفارش وشفاعت (سفارش) کریں۔ اور اس کی مشکلات میں کفایت کریں۔ اور ہمہ قسم امراض جسمانیہ وروحانیہ سے شفادیں۔ تو ایسے شخص کو چاہیے۔ کہ! وہ **سورہ اخلاص 11** گیارہ مرتبہ پڑھے اور اگر قرآن مجید کا دل مقدس یعنی **سورۃ یٰسین** بھی پڑھے۔ تو زیادہ بہتر ہے۔ اور قضائے حاجت میں سریع الاثر ہیں۔ اور **سورۃ فلق** اور **سورۃ والناس** ہر ایک کو تین تین مرتبہ پھر **سورہ فاتحہ** ، **سورہ بقرہ** کی پہلی آیات (**الم** سے **ھم المفلحون** تک) اور **سورہ بقرہ** کی آخری آیات (**امن الرسول** سے آخر سورۃ تک) اور پھر **99** ۔ **اسماء الحسنیٰ** پڑھے اور پھر آنکھیں بند کر کے اور اپنے دل کو پوری طرح حاضر کر کے تین بار **لا الہ الا اللہ** پڑھے۔ پھر تین بار صرف **اللہ اللہ اللہ** کو اس طرح پڑھے۔ کہ اسم ذات **اللہ** کے لام ادا کرتے وقت آواز کو لمبا کرے۔ پھر تھوڑا سا توقف کر کے کہے۔ **السلام علیکم ورحمۃ اللہ و بر کاتہ** ' یاسیدی (نام صاحب قبر)! بعد ازاں صاحب مزار کے حضور دل ہی دل میں اپنی تمام پریشانیاں پیش کرے۔ تا کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم اور صاحب مزار کی شفاعت سے فوری طور پر ان شدائد و مصائب کو دور فرمائے۔ یہ بات ذہن نشیں رہنی چاہیئے۔ کہ کشف القبور و کشف القلوب اور کشف الارواح اور چہل اسمائے الٰہیہ کے عظیم المرتبت اور جلیل القدر تصرفات کے حصول کو بناء تقویٰ اور شریعت پر بھرپور پاسداری کے بغیر ناممکن العمل امر ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔ وما توفیقی الا باللہ۔

پتھر ذہن گلاب نہیں ہوندے — کورے کاغذ کتاب نہیں ہوندے
جے کرلی ، یاری بھلیا! — یاراں نال حساب نہیں ہوندے

عمل کشف القبور : (مجربِ عمل از حضرت شاہ ولی اللہؒ از کتاب القول الجمیل)

جب مقبرہ میں داخل ہوں ۔ تو پہلے صاحب قبر کے ایصالِ ثواب کے لئے دو رکعت نفل ادا کرے ۔ اگر سورہ فتح یاد ہو ۔ تو پہلی رکعت میں پڑھے ۔ اور دوسری رکعت میں سورہ اخلاص پڑھو ۔ اگر یاد نہ ہو ۔ تو دونوں رکعتوں میں پانچ پانچ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھو ۔ بعدہٗ قبلہ کی طرف پشت اور قبر کی طرف منہ کر کے بیٹھ جاؤ ۔ پھر ایک مرتبہ آیت الکرسی اور وہ سورتیں ، جو عموماً زیارت کے لئے پڑھی جاتی ہیں ۔ مثلاً سورہ ملک (سورہ یسین ، سورہ مزمل ، سورہ تکاثر وغیرہا) اس کے بعد چاروں قل پڑھو ۔ اور سورہ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر ختم کرو ۔ اور تکبیر پڑھو ۔ اس کے بعد سات مرتبہ قبر کا طواف کرو ۔ اور ساتھ ساتھ تکبیر بھی پڑھتے جاؤ ۔ دائیں طرف سے شروع کرو ۔ پائنتی جانب رخسار رکھو ۔ طواف کے بعد میت کی جانب منہ کر کے قبر کے نزدیک (چہار زانو) بیٹھ جاؤ ۔ پھر دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھ کر بیٹھنا ہے ۔ پھر اکیس مرتبہ '' **یا رب** '' کی دل پر ضرب لگا کر آسمان کی طرف رُخ کر کے '' **یا روح** '' کی ضرب لگاؤ ۔ اس کے بعد دل پر '' **یا رب** '' کی ضرب لگا کر آسمان کی طرف رُخ کر کے '' **یا روح** '' کی ضرب لگا کر کر پھر دل پر '' **یا روح الروح** '' کی ضربات لگاؤ ۔ کم از کم آدھا گھنٹہ یہ ضربات لگاتے رہیں ۔ تو اُسی دن یا کچھ ہی دنوں میں کشف القبور حاصل ہو جائے گا ۔ ان شاء اللہ ۔

عمل کشف القبور : میرے شیخِ طریقت اپنی قلمی بیاض بنام رسالہ حل المُشکلات میں رقمطراز ہیں ۔ کہ اولیائے کاملین کا یہ معمول رہا ہے ۔ کہ وہ خود اور اپنے مریدین کی اصلاحی تربیت کے دوران اُن کو مزارات پر بھیجا کرتے تھے ۔ تا کہ وہ خود یا اُن کے مریدین ، معتقدین ، متوسلین مزارات پر جا کر صاحب مزار سے کچھ پوچھ سکیں ۔ اور بعد از دریافت غیبی امور وہ مستفید و متنفع ہو سکیں ۔ مزید براں ! اُن سے فیوضات و برکات حاصل کر سکیں ۔ اس ضمن میں میرے پیر و مُرشد و مُربی نے کشف القبور کا اپنا صدری و مجرب طریقہ بتلایا ہے ۔

جُمعرات کو نہا دھو کر پاکیزہ و مُعطر کپڑے پہن کر عطر لگا کر رات کو بوقت تہجد جس صاحب قبر کی روح سے مُلاقات کرنا مقصود ہو ۔ اس قبر کے سرہانے جا کر دو رکعت نماز نفل پڑھے ۔ یاد رہے کہ عامل اور قبر کے مابین کوئی پردہ ، کوئی دوسری قبر یا کسی بھی قسم کی کوئی چیز حائل نہ ہو ۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد **100** ہ اخلاص پڑھیں ۔ پھر سلام پھیر کر نہایت صدق قلب وخشوع وخضوع سے اللہ جل شانہ کے آگے اس صاحب قبر کی روحِ مبارک کے حاضر ہونے کی دل سے دعا کرے ۔ پھر **100** مرتبہ درود شریف پڑھ کر **حزب البحر شریف** (یہ مشہور و معروف حزب شیخ ابوالحسن شاذلیؒ سے منقول و منسوب ہے اور اس دعا کا اہتمام والتزام تمام سلاسل طریقت میں کیا جاتا ہے) کو پڑھے اور جب اس جگہ پر پہنچے ۔ **ستر العرش مسبول ---- ورآئھم مُحیط** ☆ تو اِن کلماتِ عظیمہ کو قبر کی طرف نظر اُٹھا کر مسلسل تکرار کرتا رہے ۔ تو کچھ ہی لمحات بعد روح آن حاضر ہو گی ۔ جب روح حاضر ہو جائے تو عامل کو چاہیئے کہ فوراً اکھڑے ہو کر دایاں ہاتھ سینے پر رکھ کر نہایت ادب واحترام و عاجزی سے حاضر روح کو سلام مسنون کرے ۔ وہ روح جواب دے گی ۔ عامل روح سے باتیں کرے گا ۔ اور اپنے حل طلب مسائل کا حل چاہے گا ۔ انشاء اللہ ۔

ہوئی مدت کہ غالب مر گیا ، پر یاد آتا ہے   وہ ہر بات پہ کہنا کہ یوں ہوتا تو کیا ہوتا

کشفُ الارواح کا مجرب طریقہ :

یہ مجرب طریقہ شیخ العالمین حضرت سید خواجہ یٰسین علی نظامی حسنیؒ نے اپنی گراں مایہ تصنیف بنام **کمالات مسمریزم** میں تحریر فرمایا ہے ۔ آپؒ فرماتے ہیں ۔ یہ وہ طریقہ ہے ۔ جس کے ذریعہ سے صاحب قبر کی روح عامل کے سامنے آجاتی ہے ۔ اور عامل اس روح سے ہم کلام ہو کر نہ صرف روحانی فیض سے مستفید ہو سکتا ہے ۔ بلکہ نیک و بد حالات بھی معلوم کر سکتا ہے ۔ لہذا جب بھی کوئی شخص کسی صاحب قبر کی روح مبارکہ سے ملاقات کا شائق اور متمنی ہو تو اس کو لازم ہے ۔ کہ نوچندی جمعرات کو غسل کر کے پاکیزہ و معطر کپڑے پہن کر شب جمعہ میں رات کو بوقت تہجد جس روح سے ملاقات کرنے کا متمنی ہو ۔ وہ صاحب قبر کے سرہانے جا کر دو رکعت نماز اس طرح سے ادا کرے ۔ کہ ہر رکعت میں **سورۃ فاتحہ** کے بعد سو بار **سورۃ صمدیہ** (اخلاص) پڑھے ۔ بعد سلام سو بار **درود و سلام** پڑھے ۔ اور نہایت خشوع وخضوع کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے اس روح کے ظاہر ہونے کی دعا کرے ۔ بعد ازاں دوبارہ سے سو بار **درود و سلام** پڑھ کر سات بار **سورۃ یٰسین معہ تسمیہ** اس طرح پڑھے ۔ کہ ہر بار **سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِنْ رَّبّ رَّحِيم** ؕ کی سات بار تکرار کر کے سورۃ یٰسین کو مکمل کرے ۔ مگر یہ بات ضرور ذہن نشین رہے ۔ کہ اس آیت مبارکہ کو قبر کی طرف نظر اٹھا کر اور مخاطب ہو کر پڑھے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ روح حاضر ہو گی ۔ پس عامل پر لازم ہے ۔ کہ سورۃ یٰسین ختم کر کے روح سے ہمکلام ہو ۔ اور اس کے سلام کا جواب دے ۔ اور سورۃ مبارکہ ختم ہونے کے بعد آخر میں بھی سو بار درود و سلام پڑھیں ۔ (یاد رہے ۔ کہ) صاحبِ عمل **سید یٰسین علی نظامی حسنی**ؒ فرماتے ہیں کہ یہ عمل ان کا مجرب ہے ۔ اور کچھ شک و شبہ اس عمل میں قطعاً نہیں ہے ۔ اگر کسی صاحب سے ایک دفعہ نہ ہو ۔ تو دو بار ، سہ بار ، بلکہ بار بار یہ عمل کرے ۔ انشاء اللہ ضرور بالضرور ملاقات ہو گی ۔ نیز نزول ارواح کے وقت عامل کو کسی قسم کا خوف نہ کرنا چاہیے ۔ کیونکہ اس عمل کی بدولت و برکت سے صاحب قبر کی روح حالت بیداری میں عامل کی آنکھوں کے سامنے دکھائی دیتی ہے ۔ اس عمل میں یہ بھی ضروری شرط ہے ۔ کہ عامل و قبر کے درمیان کسی بھی قسم کا کوئی حجاب نہ ہوا ۔ ورنہ ہی کوئی دوسرا شخص وہاں پر موجود ہو ۔

نگہ بلند ، سخن دل نواز ، جاں پر سوز   یہی ہے رختِ سفر میر کارواں کے لئے

صلوٰۃ برائے کشف القبور : (طریقہ ازحضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ درکتاب جواہر خمسہ۔اورادِ غوثیہ)

جب کوئی سالک کشف القبور کا عمل کرنا چاہے۔تو چاہیئے۔کہ! جمعرات کا روزہ رکھے۔لیکن افطار میں بھی بالکل تھوڑا سا کھانا کھائے۔(میرے خیال میں بجائے کھانا کھانے کے چند کھجور اور ایک گلاس پانی پی لیں) اور سالک تمام رات بیدار رہے۔بعد نمازِ جمعہ قبرستان (یا کسی مزار پر) جائے۔لیکن راستے میں کسی کے ساتھ کوئی بات نہ کرے۔جب قبرستان پہنچ جائے۔تو مزارات کی طرف متوجہ ہو کر یوں کہے۔**بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o روی عن بریدہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کان النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یعلمھم اذا خرجوا الٰی المقابر ان یقول قائلھم** ۔(بسم اللہ الرحمٰن الرحیم) اَلسَّلام علیکم دار قوم مؤمنین وانا ان شاء اللہ بکم لاحقون ۔اس کے بعد **سورہ فاتحہ** پڑھ کر تین مرتبہ **سورہ اخلاص** پڑھے۔ اور اس پڑھائی کا ثواب حضور ﷺ کی تمام اُمت اور اس قبرستان کے تمام اہل قبور کو ایصال کرے۔پھر بآواز بلند چالیس (40) مرتبہ **اللہ اکبر اللہ اکبر** کہے۔پھر دو قبور کے درمیان مصلا بچھا کر (بحساب **خُذْ حَرْفًا قُلْ مِائَۃً**) یہ اسم مبارک ایک ہزار سات سو پینسٹھ (1765) مرتبہ پڑھے۔ **یَا قَرِیْبُ الْمُجِیْبُ الْمُدَانِیْ دُوْنَ کُلِّ شَیْءٍ قُرْبُہٗ یَا قَرِیْبُ o** اس کے بعد چار رکعت ایک سلام سے اس طرح سے نیت کر کے پڑھے۔**نویت ان اصلی للہ تعالٰی اربع رکعات صلوٰۃ اظہار الکشف اصحاب القبور متوجھا الی جھۃ الکعبۃ ۔اللہ اکبر** ۔چاروں رکعتوں میں **سورہ فاتحہ** کے بعد (3 مرتبہ) **سورہ اذا جاء نصر اللہ** اور (9 مرتبہ) **سورہ اخلاص** پڑھے۔نماز سے فارغ ہو کر آنحضور ﷺ پر دس مرتبہ درود وسلام پڑھے۔پھر حالت تشہد ہی میں بیٹھے بیٹھے سر نیچے کر کے اور دونوں آنکھیں بند کر کے اپنی طرف متوجہ ہو کر تین سو ساٹھ (360) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے۔'' **یَا قَرِیْبُ الْمُجِیْبُ الْمُدَانِیْ دُوْنَ کُلِّ شَیْءٍ قُرْبُہٗ یَا قَرِیْبُ o** '' پڑھے۔پھر سر اُٹھا کر بآوازِ بلند چالیس مرتبہ ''**اللہ اکبر اللہ اکبر**'' کہے۔اور پھر صد مرتبہ یہ آیت پڑھے۔'' **فکشفنا عنک غطاءک فبصرک الیوم حدید** ''۔(سورہ قٓ، آیت نمبر 22) پڑھے۔ چند ہی منٹوں کے بعد پردہ غیب سے تمام ارواح قبرستان ایک صحرا میں بشکل بھیڑ نظر آئیں گیں۔انشاءاللہ تعالیٰ۔ سالک اپنے تقوٰی اور استعداد کے مطابق ہر ایک روح کے حال سے واقف ہو جائے گا۔لیکن اپنے عامل وسالک اس راز کو عوام الناس پر قطعاً ظاہر نہ کرے۔آگے چل کر جناب حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ فرماتے ہیں کہ یہ عمل میں نے لکھنا نہیں تھا۔لیکن چونکہ یہ اوراد فقیر (جناب حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ) کے خاص الخاص اوراد میں سے ہیں۔اس لئے اس پر بھی قلم چلا دیا گیا۔کیونکہ اسرار مسطور کا تو ویسے بھی مخفی رہنا ضروری ہے۔

بزرگوں کی زیارت کا مجرب صابری عمل : (عمل از: حضرت سید علی صابر کلیریؒ)

کچھ لوگ کشف القبور کے خواہشمند ہوتے ہیں۔حالانکہ (میرے نزدیک) تو یہ ایک بچوں کا کھیل ہے۔خیر! اگر ابتدائے سلوک میں اسی کا شوق ہو تو چاہیئے۔کہ سب سے پہلے کسی کامل بزرگ سے بیعت ہو۔بعدہٗ پرہیز عمومی کے ساتھ روزانہ سونے سے بیشتر تجدید وضو کے بعد پاک صاف اور معطر بستر پر تنہا قبلہ رخ منہ اور سر شمال جانب کر کے لیٹ کر آیت الکرسی مع تسمیہ اور چاروں قل شریف مع تسمیہ پڑھ کر سینہ پر دم کیا کریں۔اس کے بعد دس مرتبہ سورہ فاتحہ مع تسمیہ، تین مرتبہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے متبرکہ، پھر تین مرتبہ حضور نبی کریم ﷺ کے اسمائے مبارکہ پڑھ کر اپنے دائیں و بائیں دم کرتے رہیں۔پھر درود و سلام سو مرتبہ پڑھ کر سر کی جانب پھونکے۔اور پھر سورہ الم نشرح لاتعداد مرتبہ پڑھتے پڑھتے سو جائیں۔انشاءاللہ تعالیٰ ہفتہ عشرہ میں ہی بزرگوں کی زیارتیں ہونا شروع ہو جائیں گیں۔اکتالیس یا زیادہ سے زیادہ اکیاون دنوں بعد تو جس بھی بزرگ کا دل میں خیال آئے گا۔انہیں کی زیارت ہوگی۔اور جس بھی قبر کے پاس باوضو دوزانو ہو کر بیٹھ کر مراقبہ کرے گا۔تو انشاءاللہ تعالیٰ معاً صاحب قبر کی زیارت ہوگی۔اور اگر دل زیادہ مصفی ہوا۔اور باطن بھی صاف ہوا۔تو عین ممکن ہے۔کہ صاحب قبر سے ملاقات بھی ہو جائے۔اور صاحب قبر سے فیوض و برکاتِ باطنی بھی حاصل ہوں۔انشاءاللہ العظیم۔

کسی خاص روح سے ملاقات کا طریقہ :

ترکیب عمل کے مطابق عمل کے روز صاحب عمل روزہ رکھے۔اور روزہ افطار کرنے کے بعد خلوت کے بعد کسی پاک و پاکیزہ مکان یا کمرہ کو خوشبویات یا اگربتی سلگا کے ماحول کو خوشبودار بنا دے۔پھر عشاء کی نماز وہیں یا مسجد میں پڑھ کر اسی جگہ آجائے۔پہلے دو رکعت **بنیت رؤیت موتی** کے اس طرح پڑھے۔کہ ہر رکعت میں **سورۃ فاتحہ** کے بعد 3 بار **آیت الکرسی** 3 بار **سورہ الم نشرح** اور 11 بار **سورۃ اخلاص** بھی پڑھ کر بعد سلام بحالتِ تشہد 110 بار سورہ اخلاص پڑھ کر 11 مرتبہ درودِ پاک پڑھے۔اور اس نماز، سورتوں اور درود پاک کا ثواب اسی روح کو ایصال ثواب کرے۔جس کو خواب میں وہ دیکھنے کا متمنی ہو۔اس کے بعد 330 مرتبہ عزیمت پڑھ کر بنا کسی سے بات کئے سو جائے۔عزیمتِ عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o حُبٌّ. قُبٌّ. طَبَابِیْقٌ. طَبَائِیْقٌ. طَاعٍ. طِب. لِحُبٌّ. شَافِعٌ. وَ شَفِیْعٌ. وَ مُجْتَمِعٌ. وَ حِرْزٌ. وَ حَرِیْزٌ. وَ دِیْقٌ. وَ جَنَّۃٌ. بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ. اللھم ارنی فی منامی۔

(جس بزرگ ولی شہید صحابیؓ یا پیغمبرؑ کی زیارت کرنا مقصود ہو۔تو مع والدہ یا اگر والدہ کا نام معلوم نہ ہو۔تو والد کا نام) **حاضر شو. حاضر شو. حاضر شو. بحق الاحد الواحد و بحق انا انزلنا ۔۔۔ من الف شھر** تک) اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم اور اِس عمل کی برکت سے اُسی رات یا چند راتوں میں بحالت رویاء ضرور بالضرور زیارت ہو جائے گی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

روئیتِ موتی کا مجرب المجرب عمل :

جب ارواح طیبین مقدسین ؒ سے عالم رویا میں شرف باریابی کا شوق دامن گیر ہو۔ یا پھر رب العالمین سے کسی قسم کی کوئی حاجت وضرورت درپیش ہو۔ تو اس عمل کو بجالائیں۔ اس عمل میں **سورہ یسین** کو فقط پہلی مرتبہ اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کے حصول کے لئے ایک مرتبہ پڑھا جائے۔ پھر **10** بار (مقصد کا تصور کر کے) اس طرح پڑھنا ہے۔ کہ ہر **مبین** پر درج ذیل دعا (معہ تسمیہ) کو **3** بار پڑھیں۔ (یعنی کہ! سورہ یٰسین شریف کی کل تعداد **11** ہوگی۔ جبکہ! دعا کی کل تعداد **30** ہوجائے گی) نیچے **کذا و کذا** کی جگہ اپنی حاجت لکھیں۔ اگر کسی کی روح سے ملاقات کرنی ہو تو یہ کہیں۔ **اللھم ارنی فی منامی فلاں ابن فلاں)**

سُبۡحَانَ الۡمُنَفِّسِ عَنۡ کُلِّ مَدۡیُوۡنٍ ۔سُبۡحَانَ الۡمُفَرِّجِ عَنۡ کُلِّ مَحۡزُوۡنٍ ۔سُبۡحَانَ النَّاصِرِ عَنۡ کُلِّ مَظۡلُوۡمٍ . سُبۡحَانَ الۡمُخَلِصِ عَنۡ کُلِّ مَسۡجُوۡنٍ ۔ سُبۡحَانَ الۡعَالِمِ بِکُلِّ مَکۡنُوۡنٍ ۔سُبۡحَانَ مَنۡ جَعَلَ خَزَآئِنَہٗ مُلۡکِہٖ بَیۡنَ الۡکَافِ وَالنُّوۡنِ o سُبۡحَانَ مِنۡ اَجۡرِیَ الۡمَآءِ فِی الۡبِحَارِ وَالۡعُیُوۡنِ o سُبۡحَانَ الۡھِمَمِ اِذَا اَرَادَ شَیۡئًا اَنۡ یَّقُوۡلَ لَہٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ o فَسُبۡحَانَ الَّذِیۡ بِیَدِہٖ مَلَکُوۡتُ کُلِّ شَیۡءٍ وَّاِلَیۡہِ تُرۡجَعُوۡنَ . سُبۡحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الۡعِزَّۃِ عَمَّا یَصِفُوۡنَ . وَسَلَامٌ عَلَی الۡمُرۡسَلِیۡنَ . وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ. اَللّٰھُمَّ یَامُبِیۡنُ یَامُبِیۡنُ یَامُبِیۡنُ اَسۡئَلُکَ بِاسۡمِکَ الۡعَظِیۡمُ الۡاَعۡظَمِ وَبِحَقِّ نَبِیِّکَ الۡکَرِیۡمُ الۡمُکَرَّمِ اَنۡ تَفۡعَلَ لِّیۡ (کَذَا وَ کَذَا . حاجت کا نام) یَا قَاضِیَ الۡحَاجَاتِ. اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡر o

استمداد از صاحبانِ قبور : (طریقہ از حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی ؒ)

اہل قبور میں سے بعض بزرگ کمال میں مشہور ہیں اور ان کا کمال متواتر طور پر ثابت ہوا ہے۔ تو ان بزرگوں سے استمداد کا طریقہ یہ ہے۔ کہ اس بزرگ کی قبر کے سرہانے کی جانب قبر پر انگلی رکھے اور پہلے سورۃ بقرۃ کی پہلی آیت (**الم .. سے مفلحون تک**) پڑھے پھر قبر کے پائینہ کی طرف جائے اور سورۃ بقرۃ کی آخری آیات (**امن الرسول ... آخر تک**) پڑھے اور زبان سے آہستگی کے ساتھ کہے کہ اے میرے حضرت (**صاحب قبر کا نام**) فلاں کام کے لئے درگاہ الہٰی میں دعا اور التجا کرتا ہوں۔ آپ ؒ بھی میرے حق میں دعا فرمائیں۔ اور اپنی سفارش کے ذریعے سے میری مدد فرمائیں۔ پھر قبلہ کی طرف منہ کر کے اپنی حاجت کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا اور التجا کرے انشاءاللہ چند ہی ایام میں (حاجات) پوری ہوجائیں گی۔

عمل کشف القبور : (بمطابق حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی ؒ در کتاب فتاوی عزیزی)

جب عوام مسلمین ومومنین میں سے کسی کی زیارت کے لئے جائیں۔ تو پہلے قبلہ کی طرف پشت کر کے اور میت کے سینہ کے مقابل منہ کر کے **سورۃ فاتحہ** ایک بار **سورۃ اخلاص** تین بار پڑھے۔ اور جب مقبرہ میں جائے تو یہ کہے ۔ **اَلسَّلَامُ عَلَیۡکُمۡ اَھۡلَ الدِّیَارِ مِنَ الۡمُسۡلِمِیۡنَ وَالۡمُؤۡمِنِیۡنَ یَغۡفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمۡ وَاِنَّااِنۡشَاءَ اللّٰہُ بِکُمۡ لَاحِقُوۡنَ** ۔ اگر منجملہ اولیاء وصلحاء میں سے کسی بزرگ کی زیارت کے لئے جائے۔ تو چاہیے کہ! اس بزرگ کے سینے کی طرف منہ کر کے بیٹھے اور **21** مرتبہ چار ضرب سے یہ پڑھے۔ **سُبُّوۡحٌ . قُدُّوۡسٌ . رَبُّنَا . وَرَبُّ الۡمَلٰئِکَۃِ وَالرُّوۡحِ** .اس کے بعد تین بار **سورہ قدر** پڑھے۔ اور دل سے ہمہ قسم خطرات شیطانی ،نفسانی اور شہوانی خیالات کو دور کر کے اپنے دل کو اس بزرگ کے سینے کے مقابل رکھے۔ تو اس بزرگ کی روح مبارک کی برکات زیارت کرنے والے کے دل میں پہنچیں گے انشاءاللہ۔

عمل کشف القبور : (طریقہ صدری) :

یہ طریقہ نہایت مجرب اور بہت پر تاثیر ہے۔ کسی بھی مسلمانوں کے قبرستان میں روزانہ بعد نماز مغرب یہ کلمات **1000** مرتبہ روزانہ پڑھے جائیں۔

سُبُّوۡحٌ قُدُّوۡسٌ رَبُّنَا وَ رَبُّ الۡمَلَآئِکَۃِ وَالرُّوۡحِ ۔ ہفتے عشرے میں اثرات ہونا شروع ہوجائیں گے۔ ان شاءاللہ۔

ایمان کی حلاوت :

(فرمانِ نبوی ﷺ) ایمان کی حلاوت اُس کو نصیب ہوگی۔ جس میں تین باتیں پائی جائیں گی۔ ایک یہ کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت اس کے دل میں سب سے زیادہ ہو۔ دوسرا یہ کہ جس شخص سے بھی محبت ہو۔ صرف اللہ تعالیٰ کے لئے ہو۔ تیسرا یہ کہ ایمان کے بعد کفر کی طرف پلٹنے سے اس کو اتنی نفرت اور ایسی اذیت ہو۔ جیسی کہ آگ میں ڈالے جانے سے ہوتی ہے۔ **(صحیح مسلم شریف)**

لوح بھی تو ، قلم بھی تُو ، تیرا وجود الکتاب — گنبدِ آبگینہء رنگ ، تیرے محیط میں حباب
عالمِ آب و خاک میں ، تیرے ظہور سے فروغ — ذرہء ریگ کو دیا ، تُو نے طلوعِ آفتاب
شوکتِ سلطنت سنجر و سلیم ، تیرے جلال کی نمود — فقرِ جنید و بایزید ، تیرا جمال بے نقاب
شوق تیرا اگر نہ ہو میری نماز کا امام — میرا قیام بھی حجاب ، میرا سجود بھی حجاب
تیری نگاہِ ناز سے ، دونوں مراد پا گئے — عقلِ غیاب و جستجو ، عشقِ حضور و اضطراب

تصدق و توسل کی اھمیت و فضیلت : (قرآنِ کریم اور احادیثِ نبویہ ﷺ کی روشنی میں)

(بمطابق البلوشی)! تصدق و توسل پر کوئی بات کرنے سے قبل جاننا چاہیئے۔ ہمارے ہاں دو اقسام کے طبقات پائے جاتے ہیں۔ جس میں سے ایک طبقہ (مکتبہء فکر) نہ صرف تصدق و توسل کا قائل ہے۔ بلکہ اسے جائز ہونے کے ساتھ ساتھ مستحب و مستحسن بھی گردانتا ہے۔ جبکہ دوسرا طبقہ (مکتبہء فکر) نہ صرف اس امر کو ناجائز سمجھتا ہے۔ بلکہ اسے کفر و شرک سے منسوب کرتا ہے۔ دونوں طبقات (کے علمائے کرام) اپنی اپنی جگہ پر درست ہیں۔ لیکن پہلے ہم کچھ آیات پیش کرتے ہیں۔

☆ جو علمائے کرام تصدق و توسل کے قائل نہیں۔ وہ ان آیات سے استدلال کرتے ہیں۔ **ایاک نعبد و ایاک نستعین** (القرآن) **و ان یمسسک اللہ بضر فلا کاشف لہ الا ھو** (القرآن) **ولا تدع من دون اللہ مالا ینفعک ولا یضرک فان فعلت فانک اذا من الظالمین** (القرآن) **واعلم ان الامۃ لو اجتمعت علی ان ینفعوک بشیء لم ینفعوک الا بشیء قد کتبہ اللہ لک** (الحدیث)

☆ جو علمائے کرام تصدق و توسل کے قائل نہیں۔ وہ ان آیات سے استدلال کرتے ہیں۔ **وابتغوا الیہ الوسیلۃ** (القرآن) **وا ستعینوا بالصبر والصلوۃ** (القرآن) **یبتغون الی ربھم الوسیلۃ** (القرآن) **اذھبوا بقمیصی ھذا فالقوہ علی وجہ ابی یأت بصیرا** (القرآن) **وما اموالکم ولا اولادکم بالتی تقربکم عندنا زلفٰی الا من اٰمن و عمل صالحا ز فاولئک لھم جزاء الضعف بما عملا و ھم فی غرفت اٰمنون** (القرآن) اس کے علاوہ متعدد احادیثِ نبویہ صحیحہ اور آثار و اخبار بھی دال ہیں۔

فلسفہ تصدق و توسل :

فلسفہ تصدق و توسل میں میری (البلوشی) کی رائے یہ ہے۔ کہ! جس طرح اسلام شروع میں تھا۔ اور بعد میں وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس میں کئی امور پیش رفت (update) ہوئی۔ اور اللہ تعالٰی نے خود بھی آیات کے ناسخ و منسوخ کے مسئلے کو سمجھایا۔ یاد رہے۔ کہ! جب تک کسی بھی انسان کا جسمانی رابطہ سیدنا رسولِ مکرم ﷺ، صحابہ کرامؓ یا اولیاء اللہؒ کے ساتھ نہ ہو۔ روحانی رابطہ (بذریعہ مراقبہ یا ذکر سے) ہو۔ تو ایسے شخص کا تصدق و توسل کرنا ناجائز بلکہ شرک وحرام ہی ہوگا۔ لیکن اگر کسی کا جسمانی رابطہ و تعلق سیدنا رسولِ مکرم ﷺ، صحابہ کرامؓ یا اولیاء اللہؒ کے ساتھ ہو جائے۔ اور حضور نبی مکرم ﷺ یا صحابہ کرامؓ یا اولیاء اللہ کے ساتھ ملاقاتیں رہتی ہوں۔ اور ان سے کوئی جسمانی طور پر مستفید و مستفیض ہوتا ہو۔ تو ایسے (خوش نصیب و خوش بخت) شخص کو حامل حضوری کہا جائے گا۔ ایسا شخص تصدق و توسل کے ذریعے انبیاءؑ و اولیاءؒ سے استعانت طلب کر سکتا ہے۔ لیکن ایسے روحانی شخص کو بھی اس بات کا ادراک رہتا ہے۔ کہ انبیاء و اولیاء سے استعانت بھی رب متعال کی منشاء اور مرضی سے ہی ممکن العمل ہو سکتی ہے۔ بقولِ قرآنِ حکیم! جب ایک شہید کو مردہ نہیں کہا جا سکتا۔ تو انبیاءؑ و اولیاء بھلا کیسے مردہ ہو سکتے ہیں۔ وہ لوگ اپنی قبور میں بھی مکمل تصرفات کے ساتھ ہمارے معاون رہتے ہیں۔ دونوں نکات سمجھنے نہایت ضروری ہیں۔ اسے ہم اس طرح بیان کر سکتے ہیں۔ کہ! ایک ۳ ماہ کے بچے کو کانٹوں والی مچھلی کھانے کو دی جائے۔ تو یقیناً وہ اپنا ہی نقصان کر بیٹھے گا۔

(لہذا) پہلے تو یہ فیصلہ کرنا چاہیئے۔ کہ! آیا وہ صاحب حضوری ہے یا نہیں؟ اگر نہیں تو توسل و تصدق سے اجتناب برتے۔ اور خود کو سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ، حضرت شاہ ولی اللہؒ، حضرت امام شافعیؒ وغیرہا کے مساوی سمجھتے ہوئے استعانت میں نہ جائے۔ بلکہ پہلے خود کو حضوری میں لائے۔

آنحضور پرنور سیدنا محمد مصطفٰے ﷺ کے عہد زریں سے لے کر آج تک تمام آئمہ کرامؒ، عارفین و کاملین اور مشائخ عظام حضور ﷺ کی ظاہری حیات میں اور آپ ﷺ کے وصال کے بعد اپنی ضروریات اور مشکلات کے حل کے لئے اللہ تعالٰی کی بارگاہ میں آنحضور نبی مکرم ﷺ کا وسیلہ جلیلہ پیش کرنا جائز، مستحسن اور نہایت مستحب سمجھتے تھے۔ اور وہ خوش نصیب افراد جنہیں حضوری حاصل ہے۔ اُن کے لئے چند اعمال تحفہ پیش خدمت ہیں۔

مشکل اَمر میں آنحضرت ﷺ سے استمداد : (علامہ یوسف بن اسماعیل النبہانیؒ کا اپنا ذاتی واقعہ)

حضرت علامہ یوسف بن اسماعیل النبہانیؒ بیان فرماتے ہیں۔ کہ! 1317ھ کو میں ایک شدید مشکل میں پھنس گیا۔ مجھے اِس مصیبت کی خبر جمعرات کو ملی۔ مَیں اِس وقت بیروت میں تھا۔ جب جمعہ کی رات (شب جمعہ) کا ایک تہائی حصہ گذر گیا۔ تو مَیں قبلہ رُو ہو گیا۔ تو میں نے ایک ہزار مرتبہ **اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ (العَظِیۡم)**۔ پڑھا۔ پھر میں نے یہ درودِ پاک 350 مرتبہ پڑھا۔ **اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدۡ ضَاقَتۡ حِیۡلَتِیۡ اَدۡرِکۡنِیۡ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہِ** ۔ پھر مجھے نیند کا غلبہ ہو گیا۔ پھر رات کے آخری حصہ میں بیدار ہوا۔ مَیں نے وضو کیا۔ اور مذکورہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھا۔ مجھے اگلے ہی روز اس مصیبت کے دور ہونے کی خبر مل گئی۔ (علامہ نبہانیؒ مزید فرماتے ہیں۔ کہ) اس درود شریف کو شب و روز میں ایک مرتبہ پڑھنا اور مصائب کے وقت ایک ہزار مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔ یہ ہر (قسم کے) زہر کا تریاق ہے۔ اور بہت (ہی زیادہ) مجرب ہے۔

شھادت کے ضمن میں حاجت روائی : مشہور فقیہہ ابوعلی الحسین عبداللہ بن رواحہ حمویؒ (شہادت 585ھ) نے حضور ﷺ کی شانِ اقدس میں مدحیہ قصیدہ لکھا۔ اور آپ ﷺ کی بارگاہ اقدس میں پیش کر کے یہ صلہ مانگا۔ کہ! اِنہیں راہِ خدا میں شہادت نصیب ہو۔ اور وہ راہِ خدا ہی میں شہید ہو گئے۔

قرض کے ضمن میں حاجت روائی : حرم رسول اللہ ﷺ کے مجاور یوسف بن علیؒ بیان کرتے ہیں۔ کہ! مجھ پر قرض کی رقم بڑھ گئی۔ تو مدینہ شریف چھوڑ جانے کا ارادہ کر لیا۔ پھر بارگاہ رسالت مآب میں حاضر ہو کر ادائے قرض کے لئے استغاثہ کیا۔ خواب میں حضورِ انور ﷺ کی زیارت ہوئی۔ فرمایا۔ یہیں ٹھہرو۔ اسی دوران میں اللہ تعالٰی نے ایک بندہ مہیا کر دیا۔ جس نے قرض چکا دیا۔

ہر مشکل اَمر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے استمداد :

اگر کوئی عاشقِ رسول ﷺ واقعتاً آپ ﷺ کی زیارت کا خواہش مند ہو۔ یا آپ ﷺ کے تصدق و توسل سے اپنی کوئی بہت بڑی حاجت روائی چاہتا ہو۔ یا کہیں پر مسلم و غیر مسلم کے درمیان کوئی بہت بڑا معرکہ، جنگ، یا پھر کوئی مناظرہ یا مباہلہ ہو۔ کہ جس میں مسلمانوں کی تعداد نہایت قلیل ہو۔ اور بظاہر مسلمانوں کی فتح یابی کے آثار نمایاں نہ ہوں۔ تو اُسے چاہیئے۔ کہ! وہ آنحضرت نبی مکرم ﷺ سے استمداد یا آپ ﷺ کی زیارت کے مقصد سے فقط دس ایام تک بعد نمازِ صبح اور بعد نمازِ عشاء (سونے سے قبل) ریاضت و خلوت کا پختہ ارادہ کر کے اہتمام کرے۔ یعنی چوبیس گھنٹے میں دو مرتبہ یہی عمل کرنا ہوگا۔ طریقہ یہ ہے۔ کہ!

☆ پہلی صبح و رات کو تین سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر حضرت خضر نبیؑ کو ایصالِ ثواب کرے۔ ☆ دوسری صبح و رات کو تین سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کی روح کو ایصالِ ثواب کرے۔ ☆ تیسری صبح و رات کو تین سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر حضرت عائشہ صدیقہؓ کی روح کو ایصالِ ثواب کرے۔ ☆ چوتھی صبح و رات کو تین سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر حضرت فاطمۃ الزہراءؓ کی روح کو ایصالِ ثواب کرے۔ ☆ پانچویں صبح و رات کو تین سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر حضرت ابوبکر صدیقؓ کی روح کو ایصالِ ثواب کرے۔ ☆ چھٹی صبح و رات کو تین سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر حضرت عمرِ فاروقؓ کی روح کو ایصالِ ثواب کرے۔ ☆ ساتویں صبح و رات کو تین سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر حضرت عثمانِ غنیؓ کی روح کو ایصالِ ثواب کرے۔ ☆ آٹھویں صبح و رات کو تین سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر حضرت علی المرتضیٰؓ کی روح کو ایصالِ ثواب کرے۔ ☆ نویں صبح و رات کو تین سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر حضرت امامِ اعظم ابوحنیفہؒ کی روح کو ایصالِ ثواب کرے۔ ☆ دسویں صبح و رات کو تین سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر حضرت سید شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی روح کو ایصالِ ثواب کرے۔ ☆ (اَب) اگر اِن دس دن و رات صاحبِ عمل ہٰذا سے کوئی صغیرہ و کبیرہ گناہ سرزد نہ ہوا۔ تو وہ ضرور بالضرور آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی زیارتِ بابرکات سے مشرف ہو کر باریاب ہوگا۔ اور زیارت کی اس لذت و سرور کو وہ کئی ہفتوں یا مہینوں تک فراموش نہیں کر پائے گا۔ ان شاءاللہ۔

حضرات صحابہء کرامؓ سے استمداد : (علامہ مولانا مولوی حقی نازلیؒ در کتاب خزینۃ الاسرار)

(بقول حضرت مولانا حقیؒ) ایک مرتبہ ہم نے ارادہ کیا۔ کہ! ہم خواب میں آنحضرت نبی مکرم ﷺ کو اُسی طرح سے ملاحظہ کریں۔ جس طرح کہ امہات المؤمنینؓ اور آپ ﷺ کے صحابہ کرامؓ نے آپ ﷺ کو دیکھا تھا۔ لہذا مَیں (حضرت مولوی حقی نازلیؒ) نے ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کی روحِ مبارکہ کو بخش دیا۔ پھر دوسری مرتبہ (دوبارہ سے) ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب حضرت عائشہ صدیقہؓ کی روحِ مبارکہ کو بخش دیا۔ پھر تیسری مرتبہ ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب حضرت خاتونِ جنت فاطمۃ الزہراءؓ کی روحِ مبارکہ کو بخش دیا۔ پھر ان (تینوں خواتینؓ) کو حضرت رسولِ کریم ﷺ کے پاس شفیع ٹھہرایا۔ تاکہ آپؓ (تینوں خواتینؓ) اللہ تعالیٰ کے ہاں میری (یہ) سفارش کریں۔ کہ مَیں آپ ﷺ کو اُسی طرح سے دیکھ سکوں۔ کہ جس طرح آپ ﷺ کی ازواجِ مطہراتؓ (اور صاحبزادیؓ) نے آپ ﷺ کو اپنی حیات میں دیکھا تھا۔ اور جمعہ کی رات پھر (اس کے بعد) مَیں نے (یہ استغفار) **استغفر اللہ واتوب الیہ** ۔ ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے (نہایت عاجزی و انکساری سے) سوال کیا۔ کہ! وہ میری روح کو اپنے پیارے حبیب ﷺ کی روحِ مبارکہ کے ساتھ ملا دے۔ اور پھر مَیں نے ایک ہزار مرتبہ یہ عرض کیا۔ **الصلاۃ والسلام علیک یا سیدی یا رسول اللہ خذ بیدی قلت حیلتی ادر کنی** ۔ (پھر حضرت مولوی حقی نازلیؒ فرماتے ہیں۔ کہ!) اللہ تعالیٰ کی قسم ہے۔ کہ! اُس رات مَیں نے آپ ﷺ کو ایک ایسے ماہِ کامل کی طرح دیکھا۔ کہ جس کے وصف سے قلم اور زبان عاجز ہے۔ کہ آپ ﷺ کے حسن کا کمال اور آپ ﷺ کے جمال کی غایت معلوم نہیں ہو سکتی تھی۔ اور (پھر) آپ ﷺ نے مجھے بعض اَسرار کی بھی خبر عطا فرمائی۔

ہر مشکل اَمر میں آنحضرت ﷺ سے استمداد :

حضرت ابوعبداللہ سالمؒ بیان فرماتے ہیں۔ کہ! مَیں نے خواب میں دیکھا۔ مَیں بحرِ نیل کے ایک جزیرے میں ہوں۔ مَیں نے وہاں ایک مگرمچھ کو دیکھا۔ جو مجھے نگل لینا چاہتا تھا۔ اُسے (مگرمچھ کو) دیکھ کر مَیں خوفزدہ ہوگیا۔ پھر اچانک ایک خوبرو شخص وہاں نمودار ہوئے۔ مجھے یقین ہوگیا۔ کہ وہ نبی مکرم ﷺ ہی تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ **اذا کنت فی شدۃ فقل انا مُستَجِیرُ بکَ یَا رَسُو لُ اللہ. صلی اللہ علیہ والہ وبارک وسلم** ۔ جب تو کسی مشکل میں پڑ جائے۔ تو یہ کہا کر۔ یارسول اللہ ﷺ! مَیں آپ ﷺ کی پناہ چاہتا ہوں۔ (مزید برآں! یہ کہ) میرا ایک بھائی نبی آخرالزمان ﷺ کے روضہ اطہر کی زیارت کے لئے سفر پر روانہ ہوا۔ وہ نابینا تھا۔ مَیں نے اِس سے (اپنا مذکورہ بالا) خواب بیان کیا۔ اور اس نابینا کو کہا۔ جب بھی مشکل پڑے۔ یہی کہو۔ **انا مُستَجِیرُ بکَ یَا رَسُو لُ اللہ. صلی اللہ علیہ والہ وبارک وسلم** ۔ دورانِ سفر جب وہ رابغ کے مقام پر پہنچا۔ وہاں پانی کی قلت تھی۔ اِس کا خادم پانی کی جستجو کے لئے نکلا۔ وہ بیان کرتا ہے۔ مجھے شدید پیاس لگی تھی۔ اور میرے ہاتھ میں خالی مشکیزہ تھا۔ اِس وقت مجھے نبی اکرم ﷺ کا فرمانِ عالی شان یاد آگیا۔ میں نے کہا۔ **انا مُستَجِیرُ بکَ یَا رَسُو لُ اللہ. صلی اللہ علیہ والہ وبارک وسلم** ۔ اِسی اثناء میں مَیں نے ایک شخص کی آواز سنی۔ وہ مجھ سے کہہ رہا تھا۔ اپنا مشکیزہ قریب کرو۔ مَیں نے اپنے مشکیزے میں پانی کے گرنے کی آواز سنی۔ حتی کہ وہ مشکیزہ پانی سے لبریز ہوگیا۔ مَیں نے جاننا تھا۔ کہ! وہ شخص کہاں سے آیا تھا۔

مشکل اَمر میں آنحضرت ﷺ سے استمداد:: (علامہ شیخ بہائی ایرانی)

جس کسی کو کوئی (انتہائی سخت اور دشوار قسم کی) مہم درپیش ہو۔ وہ شہر سے باہر کسی خلوت کے مقام پر جیسے صحراء (یا کسی بیابان پہاڑ، جنگل ،میدان یا آبادی سے کہیں دور) چلا جائے۔ وہاں پر جا کر (صاف ومطہر) زمین پر اس طرح سے ایک مربع طولانی کھینچے۔



اس مربع طولانی کے عین وسط میں لکیر کو قبرِ اَطہر رسول اللہ ﷺ تصور و تخیل کرے۔اور اس مربع طولانی کے جنوب (یعنی قبرِ اطہر کی پائنتی جانب) بیٹھ کر نہایت عاجزی وانکساری اور گریہ وزاری سے پہلے ایک تسبیح استغفار (**استغفر الله العظيم**) پھر ایک تسبیح اسمِ ذات اللہ (**یا الله**)اور پھر یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ **صلی اللہ علیک یا سیدی یا رسول الله** ۔پھر آنحضور نبی مکرم ﷺ کے تصدق وتوسل سے اپنی حاجت کی دعا کرے ۔انشاءاللہ حاجت روا ہوگی ۔اگر خدانخواستہ پہلے ہی دن حاجت روانہ ہوئی ۔تو چاہیئے ۔کہ! اپنا قصور اور تقوٰی کی کمی سمجھتے ہوئے اسی عمل کی مسلسل تکرار کرے ۔(کیونکہ! یہ عمل بارہا کا آزمودہ اور مجرب المجرب عمل ہے۔جو کبھی بھی خطاء نہیں کرتا)اسی طرح کا ایک (جوکہ حضرت سلطان الفقر، سلطان العارفین شیخ سلطان باھوؒ سے منقول ومنسوب ہے)عمل پیچھے ''درودِ پاک اور زیارت النبی ﷺ والے باب میں بھی درج کیا گیا ہے۔۔

عجیب مکاشفہء روح اورآنحضرت ﷺ سے استمداد : (از کتاب۔ نافع الخلائق)

اگر کوئی شخص اسم ''**یا لطیف .اللطیف. لطیف** .'' کو اس طریق سے پڑھے۔کہ! ہر ہفتے سہ شب احیاء لائے ۔یعنی اول شبِ چہارشنبہ، پنج شنبہ اور شبِ جمعہ۔طریقِ عمل یہ ہے ۔کہ! شب اول دوگانہ با ایصالِ ثواب حضرت سید الرسل ﷺ کا گزارے۔کہ اول رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ والضحٰی اور رکعت دوئم میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ الم نشرح پڑھے۔پھر اپنے سامنے کسی صاف صفحہ پر ایک نقشِ طولانی اس طرح سے کھینچے۔



اور اس خط کے عین بیچ کی سطر کو قبرِ اطہرِ نبوی ﷺ تصور و تخیل کرے۔اور نقش کے پائنتی جانب ہوکر پہلے ایک ہزار مرتبہ''**یــا لـطیف**'' پڑھے۔پھر چھ سو چھیالیس مرتبہ''**الـلـطیف**''پڑھے۔آخر میں چھ سو ساٹھ مرتبہ''**لـطیف**''پڑھے۔بعدہٗ جو احوال (مقصد) ہو۔اُسے قبرِاطہر نبی اللہ ﷺ کے (مع ادب و تعظیم)عرض گزار ہو۔اور آنحضور ﷺ کو اپنے اوپر شفیع گردانے۔اور اسی وقت مراقب ہو۔اور یہ اسم (کم ازکم ایک یا تین تسبیحات)پڑھے۔ '' **الـلـــه حاضري . الله نا صري . الله معي ساعة و ساعة** '' انشاءاللہ اپنے مقصد کو خواب میں ملاحظہ کرے۔لیکن اس عمل کو تین راتوں تک لازمی کرے۔

(بقول صاحب کتاب)بعد چند روز گزرنے کے،صاحبِ طریق عمل کا باطن اس قدر روشن ہو۔کہ! تمام معائینہ ومشاہدہ کو اپنے مراقبہ میں ملاحظہ کیا کرے گا۔ اس طریق کو مکاشفہ روح بھی کہا جاتا ہے۔اور جس کو یہ معائینہ حاصل ہو۔اُس پر روزِ روشن کی طرح مردماں کا احوال تمام عیاں رہے گا بحرمتِ محمدِ مصطفےٰ ﷺ ۔ **یاد رہے۔کہ!** اگر کوئی شخص اسی عمل کو ہمیشہ جاری رکھے۔اور اللہ تعالٰی سے بزمِ نبوی ﷺ کا مستقل رکن بننے کی ہمیشہ استدعا کرتا رہے۔تو ہفتہ عشرہ یا چند ہفتوں تک ہی ایسے حضوری حاصل ہوجائے۔(انشاءاللہ)اسی قبیل کا ایک عمل پیچھے ''درودِ پاک اور زیارت النبی ﷺ والے باب میں بھی درج کیا گیا ہے۔جو کہ حضرت سلطان العارفین سلطان باھوؒ سے منقول ومنسوب ہے۔اور نہایت ہی مجرب المجرب اور بارہا کا آزمودہ عمل ہے۔شائقین حضرات وہاں سے دیکھ سکتے ہیں۔

حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ سے استعانت و استمداد کا حصول :

حضرت سیدی علی بن عبداللہ الصباغیؒ نے حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ سے عرض کیا۔اگر مجھے کوئی مسئلہ درپیش ہو۔تو میں کیا کروں؟ کیونکہ میرے اور آپؒ کے درمیان تو چار دنوں کی مسافت حائل ہے۔تو آپؒ نے فرمایا۔جب تمھیں کوئی مسئلہ درپیش ہو۔اور اِس وقت یہ سمجھ نہ آئے۔کہ کیا کرنا چاہیئے؟ تو تم تنہائی میں جا کر دو رکعت نفل ادا کرو۔اور ہر رکعت میں (سورہ فاتحہ) کے بعد **11** گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھو۔سلام پھیرنے کے بعد تین مرتبہ مجھے ندا کرو۔اور یہ سمجھو کہ میں تمھارے پاس موجود ہوں۔تو تمھیں جواب مل جائے گا۔(انشاءاللہ)۔۔۔پھر مَیں نے ایک مرتبہ اِسی طرح کیا۔تو آپؒ کی برکت سے میرا مسئلہ حل ہوگیا۔۔۔کچھ عرصے بعد جب مَیں آپؒ کی خدمت میں پہنچا۔تو آپؒ نے فرمایا۔آئندہ کبھی بھی پریشان نہ ہونا۔چاہے کتنی ہی بڑی مشکل کیوں نہ ہو۔جامع ومترتب کتاب''الابریز''احمد بن مبارک فرماتے ہیں۔مَیں نے حضرت سیدی دباغؒ سے عرض کیا۔کہ اِس عمل (دورکعت نفل) کی اِذن صرف سیدی علی بن عبداللہ صباغیؒ کو ہے؟ یا ہر شخص یہ عمل کرسکتا ہے؟ آپؒ نے فرمایا۔ہر شخص یہ عمل کرسکتا ہے۔

آنکھ کی شفائے یابی کے ضمن میں حاجت روائی :

حضرت عبدالرحمان جزولیؒ بیان فرماتے ہیں۔کہ! ہر سال میری آنکھوں کو بیماری لاحق ہو جاتی تھی۔ایک سال تو مدینہ منورہ میں تکلیف ہوئی۔تو مَیں نے بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں حاضر ہوکر اِس طرح استمداد کی۔ **یا رسول الله ﷺ ! انا فی حما یتک فان عینی مر یضة** ۔(ترجمہ) یا رسول اللہ ﷺ ! مَیں آپ ﷺ کی پناہ وحمایت میں ہوں۔میری آنکھ کو تکلیف ہے۔پھر حضرت جزولیؒ فرماتے ہیں۔کہ! بس استغاثہ کی دیر تھی۔کہ میری آنکھ ٹھیک ہوگئی۔اور پھر حضورِ انور ﷺ کی برکت سے آج تک (دوبارہ یہی آنکھ کی) تکلیف نہیں ہوئی۔

حصولِ سعادت کے لئے حضرت خاتون جنت رضی اللہ عنہا سے استمداد : (حضرت قدرت اللہ شہاب صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا اپنا ذاتی واقعہ)

حضرت جناب قدرت اللہ شہاب صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب شہاب نامہ میں رقم طراز ہیں۔ کہ! ایک بار پھر میری خوش قسمتی آڑے آئی۔ (کہ) اتفاق سے حضرت شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ''عوارف المعارف'' کہیں سے میرے ہاتھ آ گئی۔ بے حد دقیق کتاب تھی۔ مَیں نے اسے کئی مرتبہ پڑھا۔ کچھ پلّے تو نہ پڑا۔ لیکن اتنا ضرور ہوا۔ کہ! میری سوچ کے ظلمت کدے میں ایک نیا روشن دان کھل گیا۔ اس کے بعد مَیں نے حضرت غوث الاعظم رحمۃ اللہ علیہ سے لے کر مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ تک درجنوں ایسی کتابیں کھنگال ڈالیں۔ جو ان بزرگانِ شریعت وطریقت کی اپنی تصانیف تھیں۔ یا دوسروں نے اُن کے حالات یا ملفوظات یا تعلیمات قلمبند کر رکھے تھے۔ اس علمی ذخیرے نے مجھے طریقت کے چاروں بڑے سلسلوں اور ان کے علاوہ کئی چھوٹے چھوٹے ضمنی سلسلوں کے بارے میں کافی آگاہی بخشی۔ لیکن ساتھ ہی ایک الجھن بھی میرے دل میں پیدا ہوگئی۔ یہ الجھن تلاشِ مرشد یا تلاشِ شیخ کے بارے میں تھی۔ طریقت کے سارے سلسلوں میں ایک بات مشترک تھی۔ وہ یہ کہ اس راستے پر قدم اُٹھانے سے پہلے کسی مرشد کو اپنا رہنما بنانا لازمی ہے۔

مجھے یقین تھا۔ کہ میرے آس پاس اور اردگرد بہت سے ایسے بزرگانِ دین اور پیرِ طریقت موجود ہوں گے۔ جنہیں میرا مرشد بننے کا حق حاصل تھا۔ لیکن مرید کے طور پر اپنے شیخ کے سامنے بلا سوال و جواب مکمل ذہنی اطاعت قبول کرنے کی جو شرط لازم تھی۔ اُسے نباہنا میرے بس کا روگ نہ تھا۔ اس لئے مَیں نے تلاشِ شیخ کے لئے کوئی خاص کوشش نہ کی۔ بلکہ اپنی نگاہ ''سلسلہء اویسیہ'' پر رکھی۔ جس کے بارے میں بہت سے بزرگانِ سلف کی تصنیفات میں چھوٹے چھوٹے اشارے ملتے تھے۔ لیکن یہ کہیں درج نہ تھا۔ کہ اس سلسلے میں قدم رکھنے کے لئے کون سا دروازہ کھٹکھٹایا جاتا ہے۔ اور نہ (ہی) یہ معلوم تھا۔ کہ اس میں داخل ہونے کے کیا کیا قواعد وضوابط ہیں۔ لیکن ایک بار پھر یونہی بیٹھے بٹھائے خوش قسمتی کی لاٹری میرے نام نکل آئی۔

ایک بار میں کسی دور دراز علاقے میں گیا ہوا تھا۔ وہاں پر ایک چھوٹے سے گاؤں میں ایک بوسیدہ سی مسجد تھی۔ مَیں جمعہ کی نماز پڑھنے اُس مسجد میں گیا۔ تو ایک نیم خواندہ سے مولوی صاحب اردو میں بے حد طویل خطبہ دے رہے تھے۔ اُن کا خطبہ گزرے ہوئے زمانوں کی عجیب وغریب داستانوں سے اٹا اَٹ بھرا ہوا تھا۔ کسی کہانی پر ہنسنے کو جی چاہتا تھا۔ لیکن انہوں نے ایک داستان کچھ ایسے انداز سے سنائی۔ کہ تھوڑی سی رِقت طاری کر کے وہ سیدھی میرے دل میں اُتر گئی۔ یہ قصہ ایک (شفیق ترین محبت کرنے والے دنیا کے عظیم ترین) باپ ﷺ اور بیٹی رضی اللہ عنہا کی باہمی محبت واحترام کا تھا۔ باپ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ تھے۔ اور بیٹی حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا تھیں۔ مولوی صاحب بتا رہے تھے۔ کہ! حضور رسولِ کریم ﷺ جب اپنے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی کوئی درخواست یا فرمائش منظور نہ فرماتے تھے۔ تو بڑے بڑے برگزیدہ صحابہء کرام رضی اللہ عنہم، حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر اُن رضی اللہ عنہا کی منت کرتے تھے۔ کہ وہ ان رضی اللہ عنہا کی درخواست حضور ﷺ کی خدمتِ اقدس میں لے جائیں۔ اور اُسے منظور کروالائیں۔ حضور نبی کریم ﷺ کے دل میں بیٹی کا اتنا پیار اور احترام تھا۔ کہ اکثر اوقات جب حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا ایسی کوئی درخواست یا فرمائش لے کر حاضرِ خدمت ہوتی تھیں۔ تو حضور ﷺ خوش دلی سے اُسے منظور فرما لیتے تھے۔ اس کہانی کو قبول کرنے کے لئے میرا دل بے اختیار آمادہ ہو گیا۔

جمعہ کی نماز کے بعد مَیں اُسی بوسیدہ سی مسجد میں بیٹھ کر نوافل پڑھتا رہا۔ کچھ نفل مَیں نے حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کی روح مبارکہ کو ایصالِ ثواب کی نیت سے پڑھے۔ پھر مَیں نے پوری یکسوئی سے گڑگڑا کر یہ دُعا مانگی۔

'' یا اللہ تعالیٰ! مَیں نہیں جانتا۔ کہ یہ داستان صحیح ہے یا غلط۔ لیکن میرا دل گواہی دیتا ہے۔ کہ تیرے آخری رسول ﷺ کے دل میں اپنی بیٹی خاتونِ جنت رضی اللہ عنہا کے لئے اس سے بھی زیادہ محبت وعزت کا جذبہ موجزن ہوگا۔ اسی لئے مَیں اللہ تعالیٰ سے درخواست کرتا ہوں۔ کہ وہ حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کی روحِ طیبہ کو اجازت مرحمت فرمائیں۔ کہ وہ میری ایک درخواست اپنے والدِ گرامی ﷺ کے حضور میں پیش کر کے منظور کروالیں۔ درخواست یہ ہے۔ کہ! مَیں اللہ تعالیٰ کی راہ کا متلاشی ہوں۔ سیدھے سادے مروجہ راستوں پر چلنے کی سکت نہیں رکھتا۔ اگر سلسلہء اویسیہ واقعی فسانہ نہیں ہے۔ بلکہ حقیقت ہے۔ تو اللہ تعالیٰ کی اجازت سے مجھے اس سلسلہ سے استفادہ کرنے کی ترکیب وتوفیق عطا فرمائی جائے''۔

اس بات کا مَیں نے اپنے گھر میں یا باہر کسی سے ذکر تک نہیں کیا۔ چھ سات ہفتے گزر گئے۔ اور مَیں اس واقعے کو بھول بھال گیا۔ پھر اچانک سات سمندر پار کی میری ایک جرمن بھابھی کا ایک عجیب خط موصول ہوا۔ وہ مشرف با اسلام ہوئی تھیں۔ اور نہایت اعلیٰ درجہ کی پابندِ صوم وصلوٰۃ خاتون تھیں۔ انہوں نے لکھا تھا۔

The other night, I had the good fortune to see " Fatimah " daughter of the Holy Propht (Peace be upon him) in my dream.

She talked to me most graciously and said " tell your brother-in-law Qudrat ullah Shahab, that I have submitted his request to my exalted Father (Peace be upon him), who had very kindly accepted it.

ترجمہ : اگلی رات مَیں نے خوش قسمتی سے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا بنتِ رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ انہوں نے میرے ساتھ نہایت تواضع اور شفقت سے باتیں کیں۔ اور فرمایا۔ کہ! اپنے دیور قدرت اللہ شہاب کو بتائیں۔ کہ! مَیں نے اُس کی درخواست اپنے برگزیدہ والدِ گرامی ﷺ کی خدمت میں پیش کر دی تھی۔ اُنہوں ﷺ نے از راہِ نوازش اسے منظور فرما لیا ہے۔

یہ خط پڑھتے ہی میرے ہوش وحواس پرخوشی اور حیرت کی دیوانگی سی طاری ہوگئی۔ مجھے یوں محسوس ہوتا تھا۔ کہ میرے قدم زمین پر نہیں پڑ رہے۔ بلکہ ہوا میں چل رہے ہیں۔ یہ تصور کہ! اس برگزیدہ محفل میں اس باپ ﷺ (اور) بیٹی ؓ کے درمیان میرا ذکر ہوا۔ میرے روئیں روئیں پر ایک تیز وتند نشے کی طرح چھا جاتا تھا۔ (کہ) کیسا عظیم باپ ﷺ اور کسی عظیم بیٹی ؓ! دو تین دن (تک تو) مَیں اپنے کمرے میں بند ہوکر دیوانوں کی طرح اس مصرعہ کی مجسم صورت بنا بیٹھا رہا۔

مجھ سے بہتر ذکر میرا ہے کہ اُس محفل میں ہے

اس کے بعد کچھ عرصے تک مجھے خواب میں طرح طرح کی بزرگ ہستیاں نظر آتی رہیں۔ جن کو نہ تو میں پہچانتا تھا۔ نہ (ہی مجھے) اُن کی باتیں سمجھ میں آتی تھیں۔ اور نہ ان کے ساتھ میرا دل ہی بھیگتا تھا۔ پھر ایک خواب میں مجھے ایک نہایت دل نواز اور صاحبِ جمال بزرگ نظر آئے۔ جو احرام پہنے ایک عجیب سرور اور مستی کے عالم میں خانہ کعبہ کا طواف کر رہے تھے۔ میرا دل بے اختیار اُن کے قدموں میں بچھ گیا۔ وہ بھی مسکراتے ہوئے میری جانب آئے۔ اور مطاف سے باہر حطیم کی جانب ایک جگہ مجھے اپنے پاس بٹھا لیا۔ اور بولے ''میرا نام **قطب الدین بختیار کاکی** ؒ ہے۔ تم اس راہ کے آدمی تو نہیں ہو۔ لیکن جس دربارِ گہربار سے تمھیں منظوری حاصل ہوئی ہے۔ اُن کے سامنے ہم سب کا سرِ تسلیم خم ہے۔ (پھر حضرت خواجہ) قطب الدین بختیار کاکی ؒ نے ایک پیالہ ہمارے درمیان رکھا۔ جس میں کھانے یا پینے کوئی چیز پڑی تھی۔ انہوں نے اچانک فرمایا۔ تم یہ زندگی چاہتے ہو یا وہ زندگی ؟

خواب میں بھی میرے دل کا چور انگڑائی لے کر بیدار ہوگیا۔ اور اُس نے مجھے گمراہ کیا۔ کہ غالبًا اس سوال میں فوری طور پر موت قبول کرنے کی دعوت ہے۔ یعنی دنیاوی زندگی چاہتے ہو یا آخرت کی زندگی۔ مجھے ابھی زندہ رہنے کا لالچ تھا۔ اس لئے میں اپنے دل کے چور کی پیدا کی ہوئی بدگمانی کا شکار ہوگیا۔ (میں نے عرض کی۔ کہ!) حضرت کچھ یہ زندگی چاہتا ہوں کچھ وہ۔ میرا یہ کہنا تھا۔ کہ میرے بائیں پہلو کی جانب سے ایک کالے رنگ کا کتا سا جھپٹا ہوا آیا۔ اور آتے ہی سامنے پڑے ہوئے پیالے میں منہ ڈال دیا۔ حضرت قطب صاحب ؒ مسکرائے اور بولے۔ ''افسوس یہ مفت کی نعمت تمھارے مقدر میں نہیں۔ تمھارا نفس بُری طرح سے غالب ہے۔ اسی لئے مجاہدہ کرنا ہوگا۔ اس کے بعد کئی ماہ تک نہ کوئی خواب آیا۔ اور نہ ہی کسی قسم کا کوئی واقعہ رونما ہوا۔ یہ تمام عرصہ میرے لئے ایک طرح سے عالمِ نزع کا سا زمانہ تھا۔ دل و دماغ میں احساسِ محرومی کے پرنالے بہنے لگے۔ یوں محسوس ہوتا تھا۔ جیسے میں سب کچھ حاصل کر کے اچانک سب کچھ کھو بیٹھا ہوں۔ بار بار خودکشی کرنے کا خیال آتا تھا۔ ایک بار مَیں نے ڈوب کر خودکشی کرنے کا منصوبہ بھی بنا لیا۔ نہر میں چھلانگ لگانے کے لئے پُل کی منڈیر پر جا بیٹھا۔ غالبًا جذبہ جھوٹا تھا۔ اسی لئے بیٹھے کا بیٹھا ہی رہ گیا۔ اور چند گھنٹے بعد زندہ سلامت گھر واپس آ گیا۔

اسی عالم یاس و اضطراب میں تین سوا تین گھنٹے گزر گئے۔ جو میرے باطنی وجود پر تین صدیوں کی طرح بھاری گزرے۔ اس کے بعد اچانک **9** جون کا مبارک دن طلوع ہوا۔ یہ دن میری زندگی کے دو یا تین اہم ترین ایام میں سے ہے۔ اسی روز مجھے اچانک ''نائنٹی'' (**Ninty**) کا پہلا خط موصول ہوا۔ مَیں اُنہیں فقط اسی کوڈ سے جانتا ہوں۔ میں نے اسے کبھی نہیں دیکھا۔ اور نہ مجھے یہ معلوم ہے۔ کہ وہ کون ہے ؟ کیا ہے ؟ اور کہاں ہے ؟ ہماری خط و کتابت بذریعہ ڈاک فقط ایک بار ہوئی۔ صرف اُس کا پہلا خط بذریعہ ڈاک آیا تھا۔ لفافے پر ڈاک خانے کی جو مہر لگی ہوئی تھی۔ وہ یوں تھی۔

June 9, Jammu Market 9:30 a.m.

ڈاکیہ اُسی روز دن کے ساڑھے بارہ بجے یہ خط ڈلیور (**Deliver**) کر گیا تھا۔ شہر کے پوسٹل نظام میں ایسا ممکن ہی نہ تھا۔ کہ صبح ساڑھے نو بجے کا پوسٹ کیا ہوا خط اسی روز دو پہر کے ساڑھے بارہ بجے مِل بھی جائے۔

تیرہ صفحات پر مشتمل اس خط میں ظاہر و باطن کی ایسی ایسی باریک ترین خامیوں، کوتاہیوں، خامیوں اور کمزوریوں کو اس قدر تفصیل اور وضاحت سے بیان کیا گیا تھا۔ جن میں سے بعض کا علم مجھے اور صرف میرے خدا کے علاوہ اور کسی کو نہ تھا۔ اور بعض کا مجھے خود بھی علم نہ تھا۔ خط اس طرز کی فصیح و بلیغ اور دقیق انگریزی زبان میں لکھا ہوا تھا۔ کہ اسے سمجھنے کے لئے مجھے بار بار ڈکشنری کا سہارا لینا پڑتا تھا۔ نصف خط اس تجزیے پر مشتمل تھا۔ اور باقی کا نصف احکام، ہدایات اور مستقبل کے لائحہ عمل سے پُر تھا۔ (اور) آخر میں لکھنے والے کے نام کی جگہ فقط یہ درج تھا۔

A ninety years young fakir. یعنی ایک نوے سالہ جوان فقیر۔

اس خط میں ایک حکم یہ (بھی) تھا۔ چند سوالات جو اس میں اُٹھائے گئے تھے۔ اُن کا مکمل جواب انگریزی میں لکھ کر اُسے اپنی کتابوں والی الماری کے کسی خانے میں رکھ دوں۔ مَیں نے فورًا تعمیلِ حکم کر دی۔ چند لمحوں کے بعد الماری کے پٹ کھولے۔ تو میرا لکھا ہوا خط وہاں سے غائب تھا۔ اس خط کا جو جواب آیا۔ وہ اسی شب میرے تکیے کے نیچے پڑا ہوا ملا۔ جواب کے آخر میں ''ایک نوے سالہ جوان فقیر'' کی جگہ فقط ایک لفظ **Ninty** (نوے) درج تھا۔ اِس حیرت ناک واقعہ سے میرے تن بدن پر شدید ہیبت اور گھبراہٹ طاری ہوگئی۔ کچھ عرصہ مجھ پر نیم بے ہوشی کا سا عالم طاری رہا۔ میری بے بسی اور بے کسی پر ترس کھا کر ''نائنٹی'' نے آئندہ سے میرے چھوٹے بھائی حبیب اللہ شہاب کو بھی میرا رفیقِ کار بنا دیا۔ حبیب کی رفاقت میرے لئے سونے پر سہاگہ ثابت ہوئی۔

اربابِ چمن مجھ کو بہت یاد کریں گے ہر شاخ پر اپنا ہی نشان چھوڑ دیا ہے

اس کے بعد کم و بیش پچیس برس تک ہمارے درمیان اس عجیب و غریب خط و کتابت کا سلسلہ قریبًا روزانہ جاری رہا۔ بعض اوقات ہمارے درمیان خطوط کی آمدورفت دن اور رات کے دوران دو دو، تین تین یا چار چار بار تک پہنچ جاتی تھی۔ حبیب ہمارا پوسٹ آفس تھا۔ ہمارا لیٹر بکس کبھی الماری ہوتی تھی۔ کبھی اپنی جیب، کبھی کوئی کتاب یا کاپی یا کبھی یونہی سرِ راہ چلتے چلتے ''نائنٹی'' کے تحریر کردہ خطوط ہوا کے دوش پر سوار پھول کی پتیوں کی طرح سر پر آ لگتے تھے۔

(اور مجھے ہمیشہ صرف ایک ہی یہ) حکم تھا۔ کہ اس کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ہر تحریر کو جلد اَز جلد تلف کر دیا جائے۔ البتہ اتنی اجازت ضرور تھی۔ کہ اُن کے احکامات اور اُن کی ہدایات کو اپنے طور پر اپنے الفاظ میں اس طور پر بے شک محفوظ کرلوں۔ کہ! اگر یہ کاغذات کسی اور کے ہاتھ لگ جائیں۔ تو یہ سب باتیں محض پراگندہ خیالی اور بے معنی رطب ہوں۔ یا بس نظر آئیں۔ فقط ایک بار چھوڑ کر مَیں اس حکم کو بھی پوری پوری پابندی سے بجالاتا رہا۔

ایک روز میرے دل میں لالچ آیا۔ کہ مَیں اپنے گمنام اور نادیدہ خضرِراہ کا کم اَز کم ایک دستخط **Ninety** اس کے خط سے پھاڑ کر نشانی اور برکت کے طور پر اپنے پاس محفوظ کرلوں۔ یہ خیال آنا (ہی) تھا۔ کہ سزا کا تازیانہ فوراً نازل ہوگیا۔ رات کا وقت تھا۔ بجلی کے بلب کے اردگرد چند پروانے منڈلا رہے تھے۔ دیکھتے ہی دیکھتے وہاں پر ایک کاغذ منڈلانے لگا۔ اور آہستہ آہستہ بَل کھاتا ہوا نیچے میری گود میں آ گرا۔ اُس میں تحریر تھا۔ کہ حکم عدولی کا یہ منصوبہ فوری سزا کا مستحق ہے۔ سزا یہ تجویز ہوئی۔ کہ! بتیاں چند لمحوں کے بعد اپنے آپ گل ہو جائیں گی۔ اور میرے دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں نصف گھنٹہ تک ایک ایک زندہ سانپ سے باندھ رکھے جائیں گے۔ اِس خوفناک سزا کا فیصلہ سُن کر مَیں بے اختیار رو پڑا۔ مَیں نے جلدی جلدی اپنے (دل میں گزرنے والے خیال اور) ارادہ سے توبہ کرلی۔ دل کی گہرائیوں سے معافی مانگی۔ اور غالب کا یہ شعر انگریزی ترجمہ کے ساتھ لکھ کر الماری میں رکھ دیا۔

حد چاہیئے سزا میں عقوبت کے واسطے آخر گناہ گار ہوں ، کافر نہیں ہوں مَیں

دیکھتے ہی دیکھتے بجلی کے بلب کے جانب سے '' نائنٹی '' کا جواب لہراتا ہوا میرے ہاتھ میں آیا۔ جس میں تحریر تھا۔ '' ہاہاہا '' بَس دو زندہ سانپوں کے تصور سے ڈر گئے۔ بزدل ہو۔ چلو معاف کیا۔ لیکن یہ بات ہرگز نہ بھولو۔ کہ قبر میں دیگر حشرات الارض کے علاوہ زندہ سانپ بھی موجود ہوں گے۔ وہاں پر نہ تو توبہ کرنے کا وقت ہوگا۔ اور نہ توبہ ہی قبول ہوگی۔ اُو غافل بندے! تجھے کیا معلوم کہ! دن رات تمہارے بدن اور باطن کے ساتھ کتنے خوفناک اژدھے زبانیں نکال نکال کر لپٹے رہتے ہیں۔ اور وقت آنے پر زیرِ زمین کتنے اژدھے بے تابی سے تمہارا انتظار کر رہے ہیں۔ کاش کہ تم لوگ جانتے۔ '' نائنٹی ''۔

ایک روز مَیں نے اپنے رہنما سے دریافت کیا۔ آپ کون ہیں؟ کہاں ہیں؟ کیا کرتے ہیں؟ اور روحانیت کے کس مقام پر فائز ہیں ؟

جواب ملا۔ '' پہلے تین سوال (تو) فضول ہیں۔ اُن کا جواب تمھیں کبھی نہیں ملے گا۔ باقی رہی روحانیت کے مقام کی بات۔ (تو) اس طویل راستے پر کہیں کہیں گھاٹیاں اور کہیں کہیں سنگِ میل آتے ہیں۔ اور گزر جاتے ہیں۔ منزل یا مقام کا کسی کو علم نہیں۔ اس سڑک پر سب راہی ہیں۔ کوئی آگے (تو) کوئی پیچھے۔ منزل صرف ایک بشر کو ملی ہے۔ جس کے بعد اور کوئی مقام نہیں۔ اُس بشر کا نام '' محمد ﷺ '' ہے۔ تُم ان ﷺ کا نام رٹتے تو بہت ہو۔ لیکن کیا کبھی اُن ﷺ کے نقشِ قدم پر چلنے کی (بھی) کوشش کی ہے؟ اگر ایسا کرتے۔ تو آج ایک کچی دیوار پر گوبر کے اُپلے کی مانند چسپاں نہ ہوتے۔ جس پر مکھیاں تک بھنبھنانا چھوڑ دیتی ہیں۔

یہی میرا **سلسلہء اویسیہ** تھا۔ جس کی رہنمائی میں اس گناہگار نے راہِ سلوک پر چند قدم ڈگمگانے کی سعادت حاصل کی۔ ڈگمگانے کا لفظ مَیں نے جان بوجھ کر استعمال کیا ہے۔ کیونکہ جہاں کہیں کسی باطنی نعمت کا پیالہ نزدیک آتا تھا۔ میرے نفس کا کالا چور فوراً دُم ہلاتا ہوا جھپٹ کر اُس میں منہ ڈال دیتا ہے۔ اس کوششِ ناتمام کو بھی مَیں اپنی زندگی کا ایک اثاثہ ہی شمار کرتا ہوں۔ اُس نے میرے بہت سے بَل نکال دیئے۔ اور چند پیچ در پیچ تجربات سے گزر کر زندگی کا رُخ کسی قدر بدل گیا۔ البتہ یہ حسرت ضرور باقی رہی۔ کہ! مَیں اس عظیم نعمت کا حق کبھی ادا نہیں کر پایا۔ بلکہ بعض اوقات تو کفرانِ نعمت تک نوبت آتی رہی ہے۔

ہم کو معلوم ہے جنت کی حقیقت لیکن! دل کے خوش رکھنے کو غالب! یہ خیال اچھا ہے

زندگی کے اس طرح کے باطنی تجربات و مشاہدات کو بیان کرنے کی سکت مجھ میں نہیں۔ البتہ مختصر طور پر ان کا تھوڑا سا ذکر کرتا ہوں۔ یہ موضوع میرے لئے اجنبی ہے۔ اس لئے اپنے بیان اور اظہار میں مَیں نے بزرگانِ سلف کی تصنیفات، مکتوبات، ملفوظات اور فرمودات کی زبان اور کلام سے بے دریغ استفادہ کیا ہے۔ تجربات اور مشاہدات میرے ہیں۔ ان کا اظہار حتی الوسع اُن کے الفاظ میں ہے۔ تاکہ سہوًا یا اپنی کم فہمی کی وجہ سے کوئی فاش غلطی نہ کر بیٹھوں۔

خاص طور پر یہ بات مجھ پر بالکل صاف اور واضح ہوگئی۔ کہ سلوک یا تصوف میں کسی قسم کا کوئی راز یا اسرار پوشیدہ نہیں۔ اذکار، اشغال اور مراقبات وغیرہ کوئی ڈھکی چھپی باتیں نہیں۔ عام طور پر جانے پہچانے معمولات ہیں۔ جو ہر سلسلے میں اپنے اپنے طرائق پر **اظہر من الشمس** ہیں۔ البتہ اذکار، اشغال اور مراقبات کے دوران سالک پر جو کیفیات اور مشاہدات اپنی اپنی استعداد کے مطابق وارد ہوتے ہیں۔ ان کا ذکر کرنا بے معنی اور فضول ہے۔ اسی لئے ان کا ذکر عام طور پر ممنوع قرار دیا جاتا ہے۔ (حضرت قدرت اللہ شہاب صاحبؒ آگے چل کر رقم طراز ہیں۔ کہ!) شریعت کی طرف مائل کرنے کے لئے طریقت کا کنڈرگارٹن (K.G) سکول لذت و سرور کے علاوہ بعض انتہائی خوشگوار اور پُر لطف انکشافات سے مالا مال ہوتا ہے۔ سالکوں کی ایک بڑی تعداد اس لذت اور سرور کی مستی میں محو ہو کر یہیں کی ہو رہتی ہے۔ اور اپنے اصلی مقصد یعنی شریعت کی جانب قدم بڑھانے کے بجائے جمود کا شکار ہو کر اپنی منزل کھوٹی کر بیٹھتی ہے۔ یہ بدقسمت لوگ کہیں ڈبہ پیر بن کر اُبھرتے ہیں۔ کہیں مصنوعی دکانیں سجا کر تصوف کی بلیک مارکیٹ کرتے ہیں۔ (اور) کہیں طریقت کی آڑ میں شریعت کی خلاف ورزیاں کرتے ہیں۔ ان کی پیری فقیری جعل سازی کا گورکھ دھندہ ہوتی ہے۔ اور اُن کا سارا کاروبار مداریوں اور بازیگروں کی طرح شعبدہ بازی کا کرتب بن جاتا ہے۔

(بہرحال!) جو لوگ اس راہ میں ان پرکشش اور پرفریب گڑھوں میں منہ کے بَل گرنے سے بچ جائیں۔ اُن کا انعام یہی ہوتا ہے۔ کہ چلتے چلتے انجام کار اُن کے قدم شریعت کی شاہراہ پر گامزن ہو (ہی) جاتے ہیں۔ سلوک اور تصوف کا اس کے علاوہ اور کوئی مقصد ہے نہ مفہوم۔

فلسفہء دُعا :
جب کسی مسلمان کو شیاطین یا وساوس گھیر لیں ۔ اور وہ دُعاؤں کی عدم قبولیت کی وجہ سے وہ مغموم ہو جائے ۔ تو اُسے چاہیئے ۔ کہ وہ بھی حضرت ابراہیم خلیل اللہؑ کی سنت پہ عمل پیرا ہو ۔ اور کہے ۔ کہ! **وادعوا ربی عسی الا اکون بدعآء ربی شقیا** ۔ اور مَیں صرف اپنے رب ہی کو پکارتا رہوں گا ۔ یقین ہے ۔ کہ! مَیں اپنے پروردگار کو پکارتا رہوں گا اور محروم نہیں ہوں گا ۔ (سورہ مریم)
آدابِ دُعا : امام فخرالدین الرازیؒ نے دُعا کے 10 دس آداب بیان فرماتے ہیں ۔ 1 ۔ اوقاتِ بزرگ میں دعا مانگے ۔ 2 ۔ حالات بزرگ میں دعا مانگے ۔ (جیسے کہ بوقت جہاد برخلافِ کفار ، بوقت تہجد ، درمیانِ خطبہ نمازِ جمعہ ، بعد فرض نماز ، وغیرہ ۔ ۔) 3 ۔ روبقبلہ ہو کر دعا مانگے ۔ 4 ۔ نہایت گڑگڑا کر عاجزی وانکساری سے دعا مانگے ۔ 5 ۔ قافیہ بندی کی تکلیف نہ اُٹھائے ۔ 6 ۔ اللہ تعالیٰ کے ہر وقت خصوصی فضل وکرم کا نیک گمان اور یقین رکھے ۔ 7 ۔ دعا میں اپنا بار بار مطالبہ رکھے (دعا کم از کم تین مرتبہ تکرار کے ساتھ مانگے) 8 ۔ یقینِ کامل رکھے کہ دعا اللہ تعالیٰ کے حضور ضرور قبول ہوگی ۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) 9 ۔ تمام گناہوں سے توبہ کرے ۔ 10 ۔ اذان اور اقامت کے درمیان کا وقت ۔

سب کے سب باہر ہوئے وہم و خرد ہوش و تمیز
خانۂ دل میں تم آؤ ہم نے پردہ کر دیا

دُعا قبول ہونے کی جگہیں : رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! کہ تین جگہیں ایسی ہیں ۔ کہ جب وہاں کوئی شخص دُعا کرے ۔ تو رد نہیں ہوتی ۔ ۱ ۔ اس شخص کی دعا جو جنگل میں ہو اور اللہ تعالیٰ کے سِوا اس کو کوئی دیکھنے والا نہ ہے ۔ ۲ ۔ اس شخص کی دعا جو کچھ لوگوں (یعنی مُجاہدین کی جماعت) کے ساتھ ہو ۔ پھر اس کے رفیق اسے (تنہا) چھوڑ جائیں ۔ مگر وہ ڈٹا رہے ۔ ۳ ۔ اور اس شخص کی بھی دعا قبول کی جاتی ہے ۔ جو آدھی رات کو اُٹھ کر (جب کہ گھر والوں کو پتہ بھی نہ چلے) نماز ادا کرے ۔ (حلیۃ الاولیاء ۔ ابونعیمؒ) ☆ ۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! **مابین الرکن والمقام ملتزم . ما یدعو بہ صاحب عاھۃ الا بری** ۔ حجرِ اسود اور مقامِ ابراہیم کے درمیان مُلتزم ہے ۔ جو بھی شخص مُشکل میں ہو ۔ یہاں دُعا مانگے ۔ اللہ تعالیٰ اس کی تکلیف (مُشکل) دور کر دیتا ہے ۔ (طبرانی فی الکبیر) ☆ ۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! حجرِ اسود اور مقامِ ابراہیم کے درمیان مُلتزم ہے ۔ جو بھی شخص مُشکل میں ہو یہاں دُعا مانگے ۔ اللہ تعالیٰ اس کی تکلیف (مُشکل) دور کر دیتا ہے ۔ (السنن) ☆ ۔ سنن ابی داؤد میں ہے ۔ کہ! آپ ﷺ کو جب بھی کوئی مشکل درپیش ہوتی ۔ تو آپ ﷺ فوراً نماز کی طرف متوجہ ہو جاتے ۔
اوقاتِ اِستجابت : ☆ ۔ حضرت سُہل بن سعدؓ نے فرمایا کہ! دو اوقات ایسے ہیں ۔ کہ جن میں آسمان کے دروازے کھول دئے جاتے ہیں ۔ اور ان اوقات میں جب کوئی دعا کرے تو کم ایسا ہوتا ہے ۔ کہ دعا رد کر دی جائے ۔ ۱ ۔ جب اذان کا وقت ہو ۔ ۲ ۔ جب راہِ خُدا میں (جہاد) کے لئے صف باندھی جائے ۔ (الادب المفرد للبُخاریؒ) ☆ ۔ حضرت سُہل بن سعدؓ سے روایت ہے ۔ کہ رسولِ کریم ﷺ نے اِرشاد فرمایا کہ! دو اوقات ایسے ہیں ۔ (کہ) جب دُعائیں رد نہیں ہوتی ۔ ۱ ۔ بوقتِ اذان ۲ ۔ بوقتِ جہاد جب (مسلم وغیر مسلم) آپس میں ایک دوسرے کو قتل کر رہے ہوں ۔ (مُستدرک للحاکم) ☆ ۔ حضرت ابوہریرہؓ حضرت نبی کریم ﷺ کا فرمانِ عالیشان نقل کرتے ہیں ۔ (کہ) آدمی کی دُعا ضرور مُستجاب ہوتی ہے ۔ جب تک کہ وہ جلد بازی کا مُظاہرہ کرتے ہوئے یہ نہ کہے ۔ میں نے دعا مانگی ۔ لیکن میری دعا قبول ہی نہیں ہوئی ۔ (جامع ترمذی) ☆ ۔ حضرت انسؓ سے روایت ہے ۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! اذان اور اقامت کے درمیان دُعا قبول ہوتی ہے ۔ (ابوداود ، ترمذی ، متدرک للحاکم) عُلمائے کرام نے اس کے دو مطالب بتائے ہیں ۔ ۱ ۔ جب اذان یا اقامت ہو رہی ہو ۔ تو وہی دراصل وقتِ استجابت ہے ۔ ۲ ۔ اذان ختم ہونے سے اقامت کے ختم ہونے تک جو وقفہ ہے ۔ اس میں دُعا یقیناً قبول ہوتی ہے ۔ ☆ ۔ حضرت جابرؓ سے روایت ہے ۔ کہ رسولِ اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! بے شک (ہر) رات میں ایک ایسی گھڑی ہے ۔ کہ جب کوئی مسلمان اس (ساعت) میں اللہ تعالیٰ سے دنیا و آخرت کے بارے میں کسی خیر کا سوال کرے ۔ تو اللہ تعالیٰ اسے ضرور عطا کرتا ہے ۔ اور یہ گھڑی ہر رات ہوتی ہے ۔ (صحیح مسلم ، مسند احمد) ☆ ۔ حضرت ابنِ عباسؓ سے روایت ہے ۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! رات کے تہائی آخری حصہ کے بارے میں فرمایا ۔ کہ اسی ساعت میں ملائکہ حاضر ہوتے ہیں ۔ اور اس میں دعا قبول ہوتی ہے ۔ (ترمذی ، متدرک للحاکم) ☆ ۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے ۔ کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمتِ عالیہ میں ایک شخص حاضر ہوا ۔ اور عرض کی ! یا رسول اللہ ﷺ ! رات کے کون سے حصے میں سب سے زیادہ دعا قبول کی جاتی ہے ۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا ! **جوف اللیل الآخر** یعنی آخری رات کے درمیانی حصہ میں ۔ (مسندِ بزار ، طبرانی) ☆ ۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے ۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! کہ تین اوقات ایسے ہیں ۔ کہ جب (کوئی) بندہ مؤمن دعا کرے ۔ تو دعا قبول ہوتی ہے ۔ بشرطیکہ وہ قطع رحمی اور کسی گناہ کی دعا نہ کرے ۔ ۱ ۔ مؤذن نماز کے لئے اذان شروع کرے ۔ یہاں تک کہ اذان ختم ہو جائے ۔ ۲ ۔ جب مسلمان اور کافر میدانِ جنگ میں آپس میں ٹکرائیں ۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ان کے درمیان فیصلہ فرما دے ۔ ۳ ۔ نزولِ باراں کے وقت ، جب تک یہ تھم نہ جائے ۔ ☆ ۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے ۔ کہ حضورِ اکرم ﷺ نے ایک مرتبہ جمعۃ المبارک کا ذِکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ اس میں ایک ایسی گھڑی ہے ۔ کہ جب کوئی مسلمان شخص اس میں کھڑے ہو کر نماز کی حالت میں اللہ تعالیٰ سے سوال کرے ۔ تو اللہ تعالیٰ اسے ضرور عطا فرماتا ہے ۔ (صحیح بُخاری)

اگر بخشے زہے رحمت ، نہ بخشے تو شکایت کیا
سرِ تسلیم خم ہے ، جو مزاجِ یار میں آئے

اگر ممکن ہو سکے ۔ تو ظلموں کو روک دے ۔ عبادات سے خود کو غافل رکھنا بھی اپنے تئیں بہت بڑا ظلم ہے ۔

دَم ملانا : (قبولیتِ دُعا کا تکنیکی عمل) : (حضرت جناب سلطان باہوؒ دَر تصنیف ''نورالہدیٰ'')

فقر کا تمام راستہ ریاضت ومجاہدے سے حاصل نہیں ہوتا۔ بلکہ آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی نگاہِ حق اور عنایت سے ہی حاصل ہوتا ہے۔ مرشد کامل اپنی خاص توجہ سے طالب کو حضورِ اکرم ﷺ کی بارگاہ میں پہنچا دیتا ہے۔ اور ہر ہر منصب اور مرتبہ آنحضور ﷺ سے سفارش کرکے دِلوا دیتا ہے۔ واضح ہو۔ کہ توجہ کی دو اقسام یہ ہیں۔ (توجہ کی تین اقسام کا بیان اسی باب میں پہلے ہی بیان کیا جاچکا ہے)

☆ اول توجہ وہ ہے۔ کہ مرشد اپنے مرید و طالب کو ایک ہی توجہ، ایک ہی تصور، ایک ہی تفکر، ایک ہی دَم سے اللہ تعالیٰ کے دیدار کا شرف عطا کرادیتا ہے۔ یعنی جسّہ اربعہ عناصر لباس وصفات سے یک دم باہر آ کر غرق فنافی اللہ ذات ہو جائے۔ ☆ دوم وہ توجہ کہ طالب (اپنے مرشد کی) ایک ہی توجہ، ایک ہی تصور، ایک ہی تفکر، ایک ہی دَم سے مجلس خصوصی یعنی بزم نبوی ﷺ میں پہنچ کر جملہ انبیاءؑ، اہل بیت رسول ﷺ، صحابہ کرامؓ، اولیاء، اصفیاء، اور جملہ اصحابِ کبار و پنج تن پاک، آئمہ مجتہدینؒ، حضرت شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی کے دیدار پرانوار اور ملاقات متبرکات سے مشرف ہو کر اِن سب پاک ہستیوں کے منظورِ نظر ہو کر ملازم درگاہ ہوجائے۔ اور اُن سے جملہ مہمات دینی و دنیاوی (اور اُخروی) اور معرفت توحید و رسالت، جمعیت وحقیقت کے ظاہری و باطنی خزائن کی کلیدات حاصل کرکے جملہ مخلوقات کو قید و مسخر اور تصرف میں بآسانی لاسکتا ہے۔ تو ایسے وقت میں اللہ تعالیٰ کے اس طالب کا نفس مَر جاتا ہے۔ اور دل روشن ہو جاتا ہے۔ ایسا عارف کامل ایک ہی توجہ، ایک ہی تصور، ایک ہی تفکر، ایک ہی دَم میں اپنا دَم ملا کر حضرت جبرائیلِ امینؑ کے ساتھ ملا لیتا ہے۔ جو کچھ پیغام والہام اللہ تعالیٰ کے قرب (وحضور) سے (اَز قسم) اَسرارِ ربانی اَز نص حدیث نبوی ﷺ وآیاتِ قرآنی چاہیئے۔ اس کے قلب پر القاء ہو کر مشروطاً ظاہر و ہویدا ہوجاتے ہیں۔ دیگر اِسی طرح سے جب وہ () عارف کامل ولی اللہ) اپنی ایک ہی توجہ، ایک ہی تصور، ایک ہی تصرف، ایک ہی تفکر، ایک ہی دَم، ایک ہی جذب اور ایک ہی حاضرات سے اپنا دَم حضرت میکائیلؑ سے ملا لیتا ہے۔ تو اُسی وقت بارانِ رحمت قطرات ومطرات جس قدر چاہے، برس جاتی ہیں۔ اور برکتِ حاضراتِ اسمِ اللہ ذات سے حضراتِ جبرائیلؑ اور میکائیلؑ اُسی طرح صاحب تصور کی قید وقبض اور حکم میں مستعد رہتے ہیں۔ دد یگر اِسی طرح سے جب وہ () عارف کامل ولی اللہ) اپنی ایک ہی توجہ، ایک ہی تصور، ایک ہی تصرف، ایک ہی تفکر، ایک ہی دَم، ایک ہی جذب اور ایک ہی حاضرات سے اپنا دَم حضرت اسرافیلؑ کے دَم سے ملا کر صورِ اسرافیلؑ بن جاتا ہے۔ پھر وہ جس ملک وآبادی پر جلالیت (اور قہر وغضب اور عذاب) کی نظر کرتا ہے۔ تو وہ ملک وآبادی ویران (تباہ و برباد) ہوجاتے ہیں۔ اور قیامت تک آباد نہیں ہوتے۔ اور دیگر اِسی طرح سے جب وہ () عارف کامل ولی اللہ) اپنی ایک ہی توجہ، ایک ہی تصور، ایک ہی تصرف، ایک ہی تفکر، ایک ہی دَم، ایک ہی جذب اور ایک ہی حاضرات سے اپنا دَم حضرت عزرائیلؑ کے ساتھ ملا کر عزرائیلی دَم سے دشمن کی جان کو جذب و قبض میں کرکے بے جان و کردیتا ہے۔ اور اسے ہرگز نہیں چھوڑتا۔ جب تک کہ دشمن موذی مکمل ہلاک نہ ہو جائے۔ یا دشمنِ موذی اہلِ نفس، دشمن موذی کافر جو کہ مسلمانوں کو آزار (دکھ وتکلیف) پہنچانے والا ہو۔ یا پھر بے دین اہلِ بدعت (جو کہ دینِ محمدی ﷺ) سے پھر گیا ہو۔ غرض یہ کہ (ہزاروں) چلوں میں ریاضتیں، مجاہدے کرنے اور ہزاروں دعوتیں پڑھنے اور حد سے زیادہ بے شمار ذکر وفکر کرنے اور لشکر وسپاہ پر خزانہ ومال ودولت بے شمار خرچ کرنے سے بدرجہا بہتر اور مفید تر ہے۔ کہ تصور وتوجہ فقیر کامل وتصرف فقیر مکمل وتفکر فقیر اکمل اور جذبِ فقیرِ جامع ایک بار ہو جائے۔ جو فقیر (فنافی اللہ) اللہ تعالیٰ سے توجہ حاصل کرنے (کا طریقہ) جان جائے۔ تو اس کی توجہ قیامت تک روز بروز ترقی پذیر ہوتی چلی جاتی ہے۔ اور روز قیامت تک کبھی بھی موقوف نہیں ہوتی۔ اللہ تعالیٰ ایسی توفیق جب بھی عطا فرماتا ہے۔ (یاد رہے۔ کہ!) ایسا کامل درویش صفت فقیر حامل ولایت، صاحب مراتب ومدارج عارف کامل ہی ہوا کرتا ہے۔

دَم ملانا : (قبولیتِ دُعا کے ضمن میں مقرب ملائکہ سے دَم ملا کر حاجت روائی)

حضرت سلطان الفقر سلطان العارفین جناب سلطان باہوؒ کی تصنیف ''نورالہدیٰ'' کی تشریح وتفصیل (بمصداق ایک نقطہ سے لکیر اور لکیر سے تصویر یا پھر مثل دیگر جیسے کہ! دریا کو کوزے میں بند کردیا ہے) ''حق نمائے نورُالہدیٰ'' میں حضرت فقیر نور محمد سروری قادریؒ رقم طراز ہیں۔ کہ! ایسا عارف کامل اہلِ دَم، جو تصور اسمِ ذات (اللہ) کی عطا کردہ توفیق سے جس نبیؑ، ولی یا فرشتے سے (اپنا) دَم ملاتا ہے۔ تو یہ اسم (اللہ) ذات کی باطنی برقی طاقت سے اُس نبیؑ، ولی یا فرشتے سے اپنا روحانی رابطہ ورشتہ ملا لیتا ہے۔ اور اس کی باطنی شخصیت نور سے مملو ہو کر اس کی عظیم صفت اختیار کر لیتا ہے۔ اور وہی کام کرتا ہے۔ کیونکہ ہر نبیؑ، ولی اور ہر فرشتہ باطن میں درحقیقت ایک مخصوص صفت سے متصف ہے۔ مثلاً! اگر کسی عارف کامل کو بارش برسانے کی ضرورت ہے۔ چونکہ اس کام کے لئے اللہ تعالیٰ نے حضرت میکائیلؑ (فرشتے) کو مخصوص کیا ہوا ہے۔ اور تمام بادلوں پر یہی فرشتہ انچارج وآفیسر مقرر وتعینات کیا گیا ہے۔ اسی لئے عارف کامل قوتِ تصور اسمِ اللہ ذات کے ذریعے سے اپنا دَم حضرت میکائیلؑ سے ملا لیتا ہے۔ اور جس ملک یا شہر پر جس قدر بارش برسانی مقصود ومطلوب ہو۔ اللہ تعالیٰ کی عظیم الشان قدرت واِذن سے وہاں پر بارش برسنا شروع ہو جاتی ہے۔ اور اسی طرح حضرت عزرائیلؑ سے دَم ملا کر نورِ جلال موت ومرگ سے عارف کامل متصف ہو کر جس دشمن کو چاہے۔ اپنے دَم میں پکڑ کر اُس کی روح قبض کر لیتا ہے۔ (آگے حضرت فقیر نور محمد سروری قادریؒ اسی کتاب ''حق نما نورالہدیٰ'' میں اپنا ایک ذاتی واقعہ بیان فرماتے ہیں۔ کہ جس میں اُنہوں نے برسات کرادی تھی۔) یہ تو ملائکہ اور فرشتوں سے دَم ملانے کی توضیحات تھیں۔ اسی طرح پیغمبروںؑ سے بھی دَم ملایا جاسکتا ہے۔ اِس ضمن میں حضرت بایزید بسطامیؒ کا ایک بہت مشہور ومعروف واقعہ ہے۔ کہ! اُن کے پاؤں تلے (نادانستگی میں) ایک کیڑا کچلا گیا۔ اور وہ ہلاک ہوگیا۔ جس سے حضرت سلطان العارفینؒ کو بہت رنج وتاسف ہوا۔ کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق میرے پاؤں کے نیچے آکر کچلی گئی۔ (اللہ تعالیٰ ہمیں معاف فرمائے۔ ہم تو ایسے ظالم ہیں۔ کہ جان

بوجھ کر بے ضرر حشرات الارض کو مار دیتے ہیں۔ یا کچل دیتے ہیں) تو حضرت نے اس وقت اس کیڑے کی دوبارہ حیات کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں نہایت عاجزی وانکساری کے ساتھ ملتجی وملتمس ہوئے۔ فرماتے ہیں۔ کہ مَیں نے اُس وقت دیکھا۔ کہ حضرت عیسیٰ نبیؑ کی روحانیت وہیں پر اچانک سے ظاہر ہوگئی۔ اور مَیں نے اُنؑ کے توسل اور وساطت سے اُن کے ساتھ اپنا دَم ملا کر اِس مردہ کیڑے کو (باذن اللہ تعالیٰ) دوبارہ زندہ کردیا۔ اسی طرح سے ہر ہر نبیؑ، ولی اللہؒ اور فرشتے سے دَم ملا کر اُن سے انہی کی مخصوص صفت کے مطابق امداد واستعانت حاصل کی جاسکتی ہے۔ **دعا کے وقت ہاتھوں کا بھاری معلوم ہونا یا جسم کا وسیع وعریض ہونا یا دعا کے وقت لذت وشیریں خوشبوئیات کا احساس ہونا یا پھر جسم پر کپکپی اور رقت کا طاری ہونا، یہ سب علامات دعا کی استجابت کی بعین نشانیاں ہیں۔** انسان کے ہر دَم اور سانس میں اُس کی روح اور دل کے خیالات ملے جلے ہوئے ہوتے ہیں۔ اور اگر سانس اللہ تعالیٰ کی یاد اور ذکر سے نکلتا ہے۔ تو وہ دَم اور سانس زندہ کہلائے گا۔ ورنہ مردہ۔۔۔ (یہ فقیر (البلوشی) اس ضمن میں عرض پرداز ہے۔ کہ! حضرت سلطان باہوؒ دَم ملانے کے بارے میں واقعتاً درست فرماتے ہیں۔ سچ ہے۔ کہ! صوفیاء کی کتب علم کی اور مرید کرنا (درحقیقت یہ) ولایت کی زکات ہوا کرتے ہیں۔

دل زندہ و بیدار اگر ہو، تو بتدریج بندے کو عطا کرتے ہیں، چشمِ نگراں اور

حضرت فقیر نور محمد سروری قادری اپنی مشہورِ زمانہ کتاب ''**عرفان**'' حصہ دوئم میں فرماتے ہیں۔ کہ! جس وقت سالک اپنی دعوت میں منتہی ہوجاتا ہے۔ تو اس کا دَم، دعوت سے زندہ ہوجاتا ہے۔ اس وقت اسے دعوت کے لئے زبان ہلانے اور ہونٹوں کو حرکت تک دینے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ بلکہ نظر، توجہ اور دَم سے ہی کام لیتا ہے۔ ایسا زندہ دَم عامل ہر فرشتے، ولی اللہ اور نبی ورسلؑ سے دَم ملا کر اتحاد پیدا کرلیتا ہے۔ (جیسے کہ حضرت فقیر نور محمد سروریؒ نے اپنا اور حضرت بایزید بسطامیؒ کا واقعات ابھی ذکر ہوئے ہیں) اور اس فرشتے، ولی یا نبیؑ کے نور اور طاقت (**Power**) سے بھرپور بھر جاتا ہے۔ اور جس قدر اس میں استعدادِ وسعت اور توفیق ہوتی ہے۔ اسی قدر اس نور اور پاور سے کام لیتا ہے۔ اور استفادہ اور استمداد کرتا ہے۔

بروزِ جمعۃ المبارک ساعتِ قبولیت کا حصول :

سید سرفراز اے شاہ صاحب کے ملفوظات بنام ''عرضِ فقیر'' میں ہے۔ کہ! جمعہ کے روز قبولیت کی ساعت اتنی مختصر ہے۔ کہ! جتنا رکوع سے واپس حالتِ قیام میں آنے کا دورانیہ ہے۔ آپ ﷺ کے زمانہءمبارک میں جمعہ کی آخری ساعت قبولیت کی ہوتی تھی۔ وقت (زمانہ) کی گردش کی وجہ سے یہ ساعت پیچھے شفٹ ہوتی گئی۔ اور جمعہ کی اول ساعتوں میں آگئی۔ (شاہ صاحب مزید فرماتے ہیں۔ کہ!) یہ ساعت زوال کا ٹائم شروع ہونے سے فوراً پہلے ہوتی ہے۔ (مزید فرماتے ہیں۔ کہ! نمازِ جمعہ سے پہلے) یہ (ساعتِ قبولیت درحقیقت) اتنی مختصر ہوتی ہے۔ کہ امام صاحب خطبہ پڑھ کر جب منبر پر بیٹھنے کے بعد دوبارہ اُٹھتے ہیں۔ تو یہ ساعت ختم ہوچکی ہوتی ہے۔ (شاہ صاحب زوال کے وقت کے بارے میں رقم طراز ہیں۔ کہ!) عام طور پر زوال کے وقت کا تعین یوں کیا جاتا ہے۔ کہ طلوعِ آفتاب سے غروبِ آفتاب تک کل (ٹوٹل) گھنٹوں اور منٹوں کا حساب لگا کر ٹوٹل (یعنی حاصل جمع) کو 2 پر تقسیم کریں۔ جو وقت آئے۔ اُسے طلوعِ آفتاب کے وقت میں جمع کردیں۔ (تو) زوال کا وقت نکل آئے گا۔ (انشاء اللہ)

اسی ضمن میں حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ فرماتے ہیں۔ کہ! جس (خوش نصیب) شخص کو اللہ تعالیٰ جمعہ کی ساعت (یعنی ساعتِ قبولیت) پر مطلع فرمائے۔ اور اسے توفیق بخشے۔ تو اسے چاہیئے۔ کہ! وہ اس قسم کی دعا مانگے۔ اور اللہ تعالیٰ سے دنیا وآخرت کی بھلائی مانگے۔ (جیسے کہ! **ربنا اتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الآخرۃ حسنۃ و قنا عذاب النار**) کیونکہ! اس دن مخلوقات کے دل سے یہی دعا نکلی تھی۔ اور انہوں نے محض آخرت کے لئے دعا نہیں کی تھی۔ لہٰذا جس کی دعا اس ساعتِ مقبولہ سے موافقت پاجائے۔ اس کی مراد برآئے گی۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) نیز فرمایا کہ! یہ ساعت بہت ہی تھوڑی ہے۔ اس قدر ہے۔ کہ! کوئی شخص اطمینان سے رکوع کرکے ہر عضو اپنی جگہ پر لوٹ آئے۔ اور اس کے عروج وجوارح میں سکون آجائے۔ نیز فرمایا کہ! یہ ساعت منتقل ہوتی رہتی ہے۔ لیکن ہوتی جمعہ کے دن ہے۔ چنانچہ کبھی زوال سے پہلے ہوتی ہے۔ اور زوال سے پہلے کی گھڑیوں میں منتقل ہوتی رہتی ہے۔ اور کبھی زوال کے وقت اور زوال کے بعد ہوتی ہے۔ اور غروبِ آفتاب تک کی ساعات میں منتقل ہوتی رہتی ہے۔ (یاد رہے۔ کہ) چھ ماہ تک قبل زوال ہوتی ہے۔ اور چھ ماہ بعد از زوال۔

جس کو طوفاں سے اُلجھنے کی ہو عادت ایسی کشتی کو سمندر بھی دُعا دیتے ہیں

ایک مرتبہ یوں بھی فرمایا۔ کہ! آنحضرت نبی مکرم ﷺ کے عہد مبارک میں یہ گھڑی اس وقت ہوتی تھی۔ جب آپ ﷺ خطبہ ارشاد فرمایا کرتے تھے۔ یعنی زوال کے وقت حضرت عثمانؓ کے زمانہ میں منتقل ہوکر یہ گھڑی زوال کے بعد ہوتی ہے۔ اور خطبہ کا وقت جبکہ لوگ نماز کے لئے اکٹھے ہوتے ہیں۔ اس ساعت سے خالی ہوگیا۔ حالانکہ! آنحضرت ﷺ نے خطبہ اور اجتماع کا حکم اسی ساعت کو پانے لے لئے دیا تھا۔ لیکن چونکہ آنحضرت نبی مکرم ﷺ کا کھڑا ہونا اور عجز وانکساری کے ساتھ خطبہ پڑھنا ایسا تھا۔ جس کے برابر کوئی چیز نہیں ہوسکتی۔ اس لئے آنحضرت نبی مکرم ﷺ کے قیام کے وقت گوکہ بہت بڑا اشرف اور نور کثیر حاصل ہوا۔ اور یہ وقت بمنزلہ ساعتِ جمعہ بلکہ اس سے بھی افضل ہوگیا۔ لہٰذا جس سے ساعتِ جمعہ چھوٹ گئی۔ مگر اس نے وہ ساعت پائی۔ کہ جس میں آنحضرت نبی مکرم ﷺ خطبے کے لئے کھڑا ہوا کرتے تھے۔ تو اس کو کوئی نقصان نہیں ہوا۔ یہی وجہ تھی۔ کہ! آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے خطبہ کی ساعت کو جمعہ کی طرف جوں جوں وہ منتقل ہوتی جائے۔ منتقل کرنے کا حکم نہیں دیا تھا۔

اسی لئے کہ آپ ﷺ کی ساعت (خطبے کے لئے کھڑا ہونے والی) تو منتقل نہیں ہوتی۔ اس لئے بہتر یہی ہے۔ کہ جمعہ کی ساعت کے مقابلے میں اسی کا لحاظ رکھا جائے۔ کیونکہ اُمتِ محمدیہ ﷺ کے لئے سہولت اسی میں ہے۔ مزید براں! ساعتِ جمعہ ایک اَمرِ غیب اور رازِ خداوندی ہے۔ جس کا علم خواص کے علاوہ کسی کو نہیں ہوتا۔ اور آنحضرت نبی مکرم ﷺ کے خطبہ کے وقت ظاہر اور اس کی تعیین زوال کے وقت سے ہوتی ہے۔ جو کہ کسی پر مخفی نہیں رہ سکتی۔ اس لئے اسی کا اعتبار کیا جائے۔ اس بنا پر اگر کوئی شخص زوال کے وقت جمعہ پڑھے۔ اور جمعہ میں تاخیر کرنے کی اس کی عادت ہو۔ تو سمجھ لو۔ کہ! اس نے بلاشبہ ساعت نبویہ ﷺ (خطبے کے لئے کھڑا ہونے والی) کے پانے میں کوتاہی کی۔ اور ساعتِ جمعہ پانے کا کسی کو یقین نہیں۔ اسی طرح وہ شک کی خاطر یقینی بات کو ضائع کر بیٹھتے ہیں۔ اور یہ بڑی بھاری کوتاہی ہے۔ (یعنی ایک ناقابلِ تلافی نقصانِ عظیم ہے) ہم اللہ تعالیٰ سے آنحضرت نبی مکرم ﷺ کے عین طریقہ پر چلنے کی توفیق چاہتے ہیں۔ **(انتھی الکلام الامام الدباغ ؒ)**

مباش دَر بی آزار و ہرچہ خواہی کن | کہ دَر طریقت ماغیر ازیں گناہی نیست

☆ حضرت ابوہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ! رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ بندہ اپنے رب سے سب زیادہ قریب سجدے کی حالت میں ہوتا ہے۔ لہٰذا (بحالتِ سجدہ) دعا خوب کیا کرو۔ (مسلم، سنن ابی داؤد، سنن نسائی) اِسی ضمن میں قرآنِ کریم میں بھی ارشادِ ربانی آیا ہے۔ **واسجد واقترب** ۔ (اور سجدہ کرو۔ اور نزدیک ہو جاؤ) سورہ علق 19۔ ☆۔ حضرت مطلب بن عبداللہ ؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! **من افضل الدعاء یوم عرفہ**۔ سب سے افضل دعا یوم عرفہ (9 ذوالحجہ) کی ہے۔ (سعید بن منصور فی السنن) ☆۔ حضرت ابو امامہ ؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! پانچ راتیں ایسی ہیں کہ ان میں کوئی دعا رد نہیں ہوتی۔ ا۔ ماہ رجب کی پہلی رات۔ ۲۔ پندرہ شعبان کی رات۔ ۳۔ شب جمعہ۔ ۴، ۵۔ شب عیدین (دیلمی مسند) ☆۔ حضرت انس ؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! **مع کل ختمہ دعوۃ مُستجابۃ**۔ جب بھی قُرآنِ مجید ختم کیا جاتا ہے۔ تو ایک دعا قبول ہوتی ہے۔ ☆۔ دوسری روایت میں ہے۔ کہ قُرآنِ کریم کے ختم کے وقت ایک دعا قبول ہوتی ہے۔ اور جنت میں ایک درخت عطا ہوتا ہے۔ (بیہقی فی الشعب) ☆۔ حضرت ارباض ؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! **فریضۃ فلہ دعوۃ مستجابۃ**۔ جس نے فرض نماز پڑھی۔ اس کی دعا قبول کی جاتی ہے۔ (الطبرانی) ☆۔ حضرت ابوموسیٰ ؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! **من کانت لہ حاجۃ فلیدع بھا دبر صلاۃ مفروضہ**۔ جس شخص کی کوئی حاجت ہو۔ اس کو چاہیئے۔ کہ وہ فرض نماز کے بعد دعا کرے۔ (ابن عساکر، تاریخ دمشق) ☆۔ حضرت ابوہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! تین (لوگوں کی) دُعائیں ضرور قبول کی جاتی ہیں۔ ا۔ مظلوم کی دعا۔ ۲۔ مُسافر کی دعا۔ ۳۔ اور والد کی دعا اپنی اولاد کے حق میں۔ (الادب المُفرد للبخاری)

☆ حضرت خالد الحذاء ؒ نے بیان کیا۔ کہ حضرت سیدنا عیسیٰ ؑ فرمایا کرتے تھے۔ کہ جب تم دیکھو کہ رونگٹے کھڑے ہو رہے ہیں۔ اور آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے ہیں۔ تو اس وقت اللہ تعالیٰ سے دعا کرو۔ (یعنی یہ وقتِ استجابت ہے) کتاب الزہد امام احمد۔ ☆۔ حضرت ابی رہم سمعی ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! **ان مما یستجاب عندہ الدعاء العطاس**۔ چھینک کے وقت دعا قبول ہوتی ہے۔ (طبرانی بسندِ حسن)

زندگی کی حقیقت کو بس اتنا مَیں نے جانا ہے | غم میں ہم اکیلے ہیں، خوشیوں میں زمانہ ہے

☆ عملِ استجابت :

کچھ حضرات اپنا تجربہ بیان فرماتے ہیں۔ کہ! اس عمل سے ہر (جائز و شرعی) دُعا ضرور بالضرور مستجاب ہوگی۔ ان شاء اللہ۔ بلکہ اُن کا تو یہاں تک بھی کہنا ہے۔ کہ پہلی ہی نشست میں بندہ اپنی دعا کو مستجاب ہوتا ہوا پائے گا۔ ان شاء اللہ العظیم۔

طریقہ عمل یہ ہے۔ کہ! اپنی (جائز و شرعی حاجت کی) دُعا کی استجابت کی نیت سے مکمل حضوری، عاجزی وانکساری کے ساتھ بحالتِ وضو کسی تنہا مقام پر جا کر (یا مسجد و گھر میں) جہاں کوئی نہ ہو۔ وہاں پر یہ عمل سرانجام دے۔ ان شاء اللہ تیسری، یا پانچویں رات تک اپنی دعا مستجاب پائے گا۔

سب سے پہلے سات (07) مرتبہ درود شریف (کوئی درود یا درودِ ابراہیم)، پھر اکتالیس (41) مرتبہ تسمیہ کے ساتھ سورہ فاتحہ شریف، پھر تین تین مرتبہ چاروں قل شریف، پھر تین (03) مرتبہ سورہ مومنون کی آخری آیات (**افحسبتم انما خلقنکم** ۔۔۔ آخر تک)، پھر سات (07) مرتبہ درود شریف (کوئی درود یا درودِ ابراہیم) اور پھر تین (07) مرتبہ یہ دُعائے استجابہ پڑھ کر اپنی حاجت اللہ تعالیٰ سے طلب کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَسۡمَعُ کَلَامِیۡ وَتَرٰی مَکَانِیۡ وَتَعۡلَمُ سِرِّیۡ وَعَلَا نِیَتِیۡ لَا یَخۡفٰی عَلَیۡکَ شَیۡءٌ مِنۡ اَمۡرِیۡ وَاَنَا الۡبَائِسُ الۡفَقِیۡرُ ۔ اَلۡمُسۡتَغِیۡثُ الۡمُسۡتَجِیۡرُ ۔ اَلۡوَجِلُ الۡمُشۡفِقُ ۔ اَلۡمُقِرُّ الۡمُعۡتَرِفُ بِذَنۡبِہٖ ۔ اَسۡئَلُکَ مَسۡئَلَۃَ الۡمِسۡکِیۡنِ ۔ وَاَبۡتَھِلُ اِلَیۡکَ اِبۡتِھَالَ الۡمُذۡنِبِ الذَّلِیۡلِ ۔ وَاَدۡعُوۡکَ دُعَآءِ الۡخَائِفِ الۡضَّرِیۡرِ ۔ وَدُعَآءِ مَنۡ خَضَعَتۡ لَکَ رَقَبَتُہٗ ۔ وَفَاضَتۡ لَکَ عَبۡرَتُہٗ ۔ وَذَلَّ جَسَدُہٗ ۔ وَرَغِمَ لَکَ اَنۡفُہٗ ۔ اَللّٰھُمَّ لَا تَجۡعَلۡنِیۡ بِدُعَآئِکَ شَقِیًّا ۔ وَکُنۡ بِیۡ رَءُوۡفًا رَّحِیۡمًا ۔ یَا خَیۡرَ الۡمَسۡئُوۡلِیۡنَ ۔ وَیَا خَیۡرَ الۡمُعۡطِیۡنَ ۔

قضائے حوائج کا مجرب المجرب عمل : (بذریعہ صحیح بخاری شریف)

حضرت سیدی دباغؒ اِس ضمن میں مزید فرماتے ہیں۔ کہ! ہر شہر میں لوگوں کی معاونت اور دیگر امور کے لئے فرشتوں کی ایک جماعت لازمی مقرر ہوتی ہے۔ یہ جماعت ان امور میں مدد کے لئے معین کی جاتی ہے۔ کہ جو امور اہلِ تصرف اولیاء اللہ کی طاقت سے بالا ہوں۔ کسی جگہ ستر، کہیں اُسی یا کہیں اس سے کم وبیش۔ یہ فرشتے انسانی شکل میں ہوتے ہیں۔ چنانچہ کہیں یہ ملائکہ کسی خواجہ (امیر ورئیس، یا بادشاہ وحاکم ووزیر) کی شکل میں، تو کہیں کسی فیروگدا گر کی شکل میں، کہیں ضعیف او معمر شخص تو کہیں کسی نوجوان یا بچے کی شکل میں یہ فرشتے ہوتے ہیں۔ غرضیکہ! یہ یہ کسی بھی عمر وہیئت یا عہدے وغیرہ میں اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہوتے ہیں۔ مگر لوگوں کی ان کا پتہ نہیں چلتا۔ بجز اولیائے کاملین کے۔ اگر کوئی شخص بخاری شریف کا ایک پارہ لے کر کسی ولی اللہ کے مزار پر چلا جائے۔ اور (بخاری شریف کے کسی بھی باب بالخصوص آخری باب کو) کھول کر اس کے راویانِ حدیث اور اس ولی کے (کہ جس کے مزار پر صاحبِ حاجت حاضر ہے) توسل وتصدق سے دعا مانگے۔ تو اس کی مراد بر آتی ہے۔ خصوصًا بخاری شریف کا آخری پارہ۔ اس (بات کی یقین دہانی کے لئے) پر میں (حضرت جناب مبارک علی سلجماسیؒ) نے حضرت (سیدی عبدالعزیز دباغؒ) سے دریافت کیا۔ کہا یہ صحیح ہے یا غلط ؟ تو آپؒ نے فرمایا۔ کہ! ہر شہر میں ملائکہ کی ایک خاص تعداد ہوتی ہے۔ جب وہ (یعنی ملائکہ) کسی بندے (حاجتمند) کو اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز مانگتے ہوئے دیکھتے ہیں۔ اگر وہ دیکھیں۔ کہ! یہ چیز اس کی تقدیر میں لکھی جا چکی ہے۔ تو اسے (اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی حاجت روائی پیش کرنے کے) صحیح طریقے پر لے آتے ہیں۔ اور دعا کرنے میں اس کا ساتھ بھی دیتے ہیں۔ تو وہ دعا توفیق ایزدی کے شاملِ حال ہو جاتی ہے۔ اور شیطان اس کے راستے سے ہٹ جاتا ہے۔ لیکن اگر ملائکہ یہ دیکھیں۔ کہ! وہ چیز اس کے مقدر میں لکھی ہوئی نہیں ہے۔ تو وہ اس کو اس کی حالت پر ہی چھوڑ دیتے ہیں۔ اور شیطان درمیان میں آموجود ہوتا ہے۔

احوال و مقامات پہ نہیں موقوف سب کچھ   ہر لحظہ ہے سالک کا زماں اور ، مکاں اور

لہذا جب فرشتے کسی شخص کو دیکھتے ہیں۔ کہ وہ صحیح بخاری کا کوئی پارہ لے کر کسی ولی اللہؒ کے مزار ودرگاہ کی جانب (اپنی حاجت روائی کے مقصد سے) جارہا ہے۔ اور وہ یہ بھی دیکھ لیں۔ کہ اس شخص کی حاجت پوری ہو جائے گی۔ تو وہ اس شخص (باطنی طور پر رہنمائی کر کے) اُسے سیدھے راستے پر لا کر دعا کے دوران اس کے دل میں عاجزی وانکساری کے جذبات پیدا کر دیتے ہیں۔ اور اِسی شخص کے ہمراہ مزار ودرگاہ تک تشریف لے جاتے ہیں۔ ظاہری طور پر تو صحیح بخاری شریف کے اوراق اس شخص کے پاس ہوتے ہیں۔ لیکن کتاب میں موجود الفاظ کے اَسرار فرشتوں نے اُٹھائے ہوئے ہوتے ہیں۔ جب وہ شخص دعا کرتا ہے۔ تو فرشتے ساتھ میں آمین کہتے جاتے ہیں۔ لہذا اس شخص کی دعا قبول ہو جاتی ہے۔ لیکن اگر وہ فرشتے یہ دیکھ لیں۔ کہ! اس شخص کے نصیب میں حاجت روائی نہیں ہے۔ تو وہ اس کتاب (صحیح بخاری شریف) کے اَسرار کو نکال کر الگ ہو جاتے ہیں۔ اور وہ شخص کتاب کے ظاہری وجود کو ہاتھ میں لے کر مزار ودرگاہ کی طرف (خالی اور برکت کے بغیر) جاتا ہے۔

حضرت سیدی دباغؒ نے مزید فرمایا۔ ہم عمومًا دیکھتے ہیں۔ کہ! بہت سے ایسے اوراق زمین پر گرے ہوئے ہوتے ہیں۔ جن پر کہ اللہ تعالیٰ کا اسم (یا مختلف اسماء) تحریر ہوتے ہیں۔ اور یہ اوراق عوام الناس کے پیروں کے نیچے بھی آتے ہیں۔ (اللہ تعالیٰ ہمیں محفوظ رکھے۔) اگر فرشتے اِن اسمائے الٰہیہ کے اَسرار نہ نکالیں۔ تو بہت سے لوگ بے ادبی ہی کی وجہ سے ہلاک ہو جائیں۔ (فرشتوں کا حاجت روائی میں ساتھ ہونے کا مفصل بیان حضرت سلطان العارفین جناب سلطان الفقر سلطان باہوؒ نے اپنی تصانیف میں جابجا طور پر تحریر فرمایا ہے)

قضائے حوائج کا مجرب عمل : (بقول حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اور اور حضرت شاہ عبدالعزیز مُحدث دہلوی)

آپ حضراتؒ فرماتے ہیں۔ کہ جب کسی بندہ خُدا کو اللہ تعالیٰ سے کسی قسم کی کوئی (جائز) حاجت ہو۔ تو ایسا شخص ایک ہی نشست میں بناء کسی سے بات چیت کئے ان کلمات کو **بارہ سو یا بارہ ہزار مرتبہ** چندروز تک پڑھے گا۔ تو اللہ تعالیٰ سے امید ہے۔ کہ ایسا شخص اپنی حاجت برآری میں نوازا جائے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ وہ کلماتِ عظیمہ یہ ہیں۔ **یَا بَدِیْعُ الْعَجَآئِبُ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ ۔**

اِنہیں کلمات کو (بارہ صد یا بارہ ہزار مرتبہ) مزید کئی مقاصد کے لئے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے کہ!

یا بدیع العجائب بالخیر یا بدیع۔ (مقصد استخارہ کے لئے) **یا بدیع العجائب بالحب یا بدیع۔** (مقصد حب)

یا بدیع العجائب بالقھر یا بدیع۔ (مقصد انتقام) **یا بدیع العجائب بالشفآء یا بدیع۔** (مقصد شفاء)

حاجت برآری کا مجرب و پر تاثیر و اکسیر عمل : (اَز کتاب **تربیت العشاق** سید محمد ذوقی شاہ صابری چشتیؒ)

اس اکسیری عمل ہے۔ جس سے کہ ضرورت فورًا رفع ہو جاتی ہے۔ جب بھی کوئی (جائز و متشرع) حاجت پیش آئے۔ (تو اُس وقت) اپنے دل کو غیر اللہ سے (بالکل) پاک کر کے اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو جائے۔ یہ طریق مسنون بھی ہے۔ کہ دل کو پاک صاف کر کے دو رکعت نماز پڑھے۔ حاجت پوری ہو جائے گی (ان شاء اللہ) لیکن شرط یہ ہے۔ کہ! دل ماسواء سے خالی ہو۔ ورنہ (دو رکعت تو کیا) سو رکعت بھی پڑھے گا۔ تو کچھ نہ ہوگا۔ (پھر) فرمایا۔ کہ! یہ کام (دل کو ماسواء سے خالی وپاک کرنا) آسان کام نہیں ہے۔ (اس حالت وکیفیت کو حاصل کرنے کے لئے) بہت مشق کی ضرورت ہے۔

پچھلی راتیں یار ردے بوہے   ویکھ ویکھ کے آویں کوئی ویکھے نال

قضائے حوائج کے چند مجرب اوراد و وظائف :

کلماتِ اسمِ اعظم شریف :

علمائے عاملین سے منقول ہے۔ کہ! اِن الفاظ کو پہلے تین دن تک گیارہ مرتبہ پڑھا جائے۔ پھر ایک ہفتہ تک ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھا جائے۔ پھر ایک ماہ تک ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھا جائے۔ اگر کوئی شخص انہیں چار الفاظ کی زکات کبیر ادا کر لے۔ تو عامل و قاری سے کثیر تصرفات و کرامات جاری ہوں گے۔ زکاتِ کبیر کا طریقہ یہ ہے۔ کہ! ان الفاظ کو اکیاون ایام تک روزانہ بعد ہر نماز کے پانچ ہزار مرتبہ اور رات کو پچیس ہزار مرتبہ (پرہیز جلالی کیساتھ) پڑھا جائے۔ بعد زکات روزانہ ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ یا پھر فقط ایک سو گیارہ مرتبہ تا حیات پڑھنے کا معمول بنایا جائے۔ اثرات دائمًا برقرار رہیں گے۔ انشاءاللہ۔ وہ چار الفاظ یہ ہیں۔ **اَھَم**"، **سَقَک**"، **حَلَع**"، **یَص**"۔

☆ **حاجت برآری کا عمل** : یہ اسمِ عظیم جو ہر تسمیہ ہے۔ **غَیۡطَیۡغُوۡرَشٍ** ۔ اگر کوئی شخص فقط گیارہ روز تک مع لزومِ شرائط (خلوت وصوم وصیام) اسی اسم کو بعد ہر نماز کے ایک۔ ایک ہزار مرتبہ اور رات کو دس ہزار مرتبہ پڑھ کر گیارھوں روز اپنی بڑی سے بڑی حاجت چاہے۔ تو ضرور بالضرور روا ہوگی۔ ان شاء اللہ۔ اور اگر کوئی بناء شرائط بھی اسی تعداد میں پڑھتا رہے۔ تو بھی کثر فوائد حاصل ہوں گے۔ بمطابق حضور غوثِ پاکؒ، یہ حاملانِ عرش کی تسبیح ہے۔ اور حضور غوث پاکؒ کا معمولات میں شامل تھی۔

☆ **حاجت برآری کا عمل** : حضرت کلیم اللہ شاہ جہاں آبادی چشتیؒ اپنی مشہورِ زمانہ کتاب ''مرقع کلیمی'' میں رقم طراز ہیں۔ کہ! قمری ماہ کی پندرھویں شب کو قبلہ رو بیٹھ کر اُنیس ہزار (19000) مرتبہ ''**وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ**'' پڑھے۔ اور ہر ہزار پر سجدہ میں سر رکھ کر تین مرتبہ ''آمین'' کہے۔ پھر اپنی حاجت چاہے۔ ہر ہزار کے بعد ایک مہم فتح ہوگی۔ ان شاء اللہ العظیم۔

☆ جس کسی کو کوئی حاجت پیش آئے۔ تو وہ تکبیر **(اللہ اکبر)** بہت پڑھا کرے۔ اور ہر مرتبہ صد بار سے کم نہ پڑھے۔ (مرقع کلیمی)

☆ بعد ادائیگیٔ نوافلِ مغرب اگر کوئی شخص تنہائی میں بیٹھ کر اور آسمان کی جانب ہاتھ اُٹھا کر سو دفعہ ''**یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ**'' کہے۔ تو جو کچھ اللہ تعالیٰ سے چاہے۔ اُسے پائے۔ اور اگر ہزار مرتبہ (یَا رَبِّ) کہے۔ تو یقینًا اُس کی حاجت روا ہو۔ (ان شاءاللہ) مرقع کلیمی۔

☆ حضرت شاہ غلام علی دہلوی نقشبندی مجددیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! جو شخص نصف شب کے بعد ایک ہزار مرتبہ'' **یَـــا رَبِّ** '' کہے گا۔ جن مشکلات میں بھی وہ گھرا ہوا ہوگا۔ اُس کے لئے (یقینًا) آسانی ہوگی۔ اور جو مدعا ہوگا۔ پورا ہو جائے گا۔ اور جو دُعا مانگے گا۔ وہ قبول ہوگی۔

☆ **حصولِ نورِ قلب و قضائے حوائج کا مجرب عمل** : اگر کوئی شخص اِس دُعا کو پانچ یا سات یا چودہ ایام میں (بحالتِ وضو در مصلہ روبقبلہ بغیر تبدیلیٔ جائے ریاضت) خلوت میں جا کر اِس مناجات کو فقط ستر ہزار (70,000) مرتبہ پڑھ لے۔ تو بفضلِ خدا اس کا قلب نور سے منور ہوگا۔ اور اگر اس دوران کوئی (دینی و دنیاوی) حاجت بھی ہوگی۔ تو وہ بھی باذن اللہ تعالیٰ پوری ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ۔ مناجاتِ مجربہ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔اِلٰهِیْ قَلْبِیْ مَحْجُوْب" وَنَفْسِیْ مَعْیُوْب" وَهَوَائِیْ غَالِب" وَعَقْلِیْ مَغْلُوْب" وَطَاعَتِیْ قَلِیْل" وَمَعْصِیَّتِیْ كَثِیْر" وَلِسَانِیْ مُقِرّ" م بِالذُّنُوْبِ فَكَیْفَ حِیْلَتِیْ یَا سَتَّارُ الْعُیُوْبِ وَیَا عَلَّامُ الْغُیُوْبِ وَیَا كَاشِفَ الْكُرُوْبِ اِغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ كُلَّهَا یَا غَفَّارُ یَا غَفَّارُ یَا غَفَّارُ یَا غَفَّارُ. بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔

عجیب و غریب و پر تاثیر دُعائے عظیمہ : (مجرباتِ شیخ محمد السنوسیؒ)

شیخ محمد سنوسی الحسنیؒ کے مجربات میں ہے۔ کہ فوائد مجربہ میں سے ہے۔ کہ! آنحضور ﷺ سے مروی ہے۔ کہ جو بندہ اِن کلمات کو پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اُس کے رنج و غم اور مصائب کو دور فرمائے گا۔ اور حصولِ مقصود سے اُس کی آنکھیں ٹھنڈی کرے گا۔ اور ہمیشہ اُس کو خوشی و خرمی کے ساتھ رکھے گا۔ اور عمر اُس کی زیادہ کرے گا۔ اور اُس کے رزق میں برکت عطا فرمائے گا۔ اور ایسی جگہ سے اُس کو رزق عطا فرمائے گا۔ جہاں سے اُسے گمان بھی نہ ہوگا۔ وہ دُعا یہ ہے۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○اللھم انی اسئلک خوف العا لمین بک و علم الخآئفین منک و یقین المتو کلین علیک و رجآء الراغبین فیک و زھد الطا لبین الیک ورع المحبین لک و تقوٰی المشتا قین الیک۔** یہ دعا نہایت صحیح و مجرب ہے۔ اور اِس میں کچھ بھی شک نہیں ہے۔ اور شک ہو بھی کیسے؟ کہ صادقِ اعظم سید الجن والانس والمرسلین ﷺ نے فرمایا ہے۔ جو کہ وحی سے کلام فرماتے ہیں۔ خواہش (نفس) سے نہیں بولتے۔ اللہ تعالیٰ اُن ﷺ پر اور اُن ﷺ کی آلؑ پر درود و سلام نازل فرمائے۔ آمین۔ جن کے ساتھ ہمیں اور ہمارے دوستوں کو دین و دنیا میں امان حاصل ہے۔ بے شک، اللہ تعالیٰ ہی نیکی کی توفیق عطا فرمانے والا اور صراطِ مستقیم کی ہدایت کرنے والا ہے۔

عمل برائے قضائے حوائج (انبیاءؑ کا عمل) :

حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ (کہ) مچھلی کے پیٹ میں حضرت یونسؑ نے یہ دُعا مانگی۔ **لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین**۔ اور جو مسلمان اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے گا۔ تو اس کی دعا قبول کی جائے گی۔ (ابن عساکر)

دُعائے امام رازی: حضرت زید بن حارثہؓ کی حدیث ہے۔ (کہ ایک مرتبہ مجھے) ایک کُرد ی لٹیرے نے گھیر لیا۔ اور قتل کرنے کا رادہ کیا۔ اور کہا۔ اے زیدؓ! قتل ہونے کے لئے تیار ہو جاؤ میں نے کہا۔ مجھے نماز پڑھنے کی مہلت دے دو۔ اس نے کہا۔ بہتوں نے (نماز) پڑھی ہے۔ کسی کو اس نے فائدہ نہیں پہنچایا۔ مگر زیدؓ نے دو رکعتیں پڑھ کر یہ دعا (تین مرتبہ) مانگی۔ **اَللّٰھُمَّ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا ذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَامُبْدِیءُ یَامُعِیْدُ یَافَعَّالٌ لِّمَایُرِیْدُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْھِکَ الَّذِیْ مَلاَءَ اَرْکَانَ عَرْشِکَ وَبِقُدْرَتِکَ الَّتِیْ قَدَّرْتَ بِھَاعَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِکَ وَبِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ** ۔

پھر اس قزاق (لٹیرے) نے اپنا حربہ اُٹھایا۔ کہ ان کو قتل کرے۔ اتنے میں ایک گھوڑ سوار آیا۔ اور آواز دی۔ خبردار! اس کو قتل نہ کرنا۔ تُو میرے سامنے آ۔ تیرا مقابل میں ہوں۔ یہ لٹیرا اس گھوڑ سوار کی جانب متوجہ ہوا۔ سوار نے ایک ہی وار میں اس لٹیرے کے دو ٹکڑے کر دیئے۔ اور زیدؓ سے کہا۔ جب تُو نے پہلی مرتبہ یہ دعا پڑھی۔ تو حضرت جبرائیلؑ نے آواز دی۔ اس بے کس کی مدد کو کون جائے گا۔ میں نے کہا میں جاتا ہوں۔ لیکن اس وقت میں ہفتم فلک پر تھا۔ جب تم نے دوسری مرتبہ یہ دعا پڑھی۔ تو میں آسمانِ دُنیا پر تھا۔ اور جس وقت تم نے تیسری مرتبہ یہ دعا پڑھی۔ تو میں فوراً تیرے پاس آ پہنچا۔ اور میں نے اس قزاق کو قتل کر دیا۔ اے زیدؓ! جو شخص یہ دعا پڑھ کر جو دعا مانگے گا۔ فوراً پائے گا۔ (ان شاء اللہ) حضرت زید بن حارثہؓ نے مدینہ منورہ پہنچ کر یہ واقعہ (آپ ﷺ) کو بھی سنایا۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ اے زیدؓ! اللہ تعالیٰ نے تجھے اپنا وہ اسمِ اعظم الہام کیا۔ جو شخص یہ دعا مانگتا ہے۔ اس کی دعا قبول کی جاتی ہے۔ حضرت امام محمد بن ادریس رازیؒ فرماتے ہیں۔ اس دعا سے فرشتے لرزتے اور تھرتھراتے ہیں۔

☆ مرقع کلیمی میں یہ دعا اِس طرح ہے۔ **اَللّٰھُمَّ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا ذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَامُبْدِیءُ یَامُعِیْدُ یَافَعَّالٌ لِّمَایُرِیْدُ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْھِکَ الَّذِیْ مَلاَءَ اَرْکَانَ عَرْشِکَ وَبِقُدْرَتِکَ الَّتِیْ قَدَّرْتَ بِھَاعَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِکَ وَبِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ بِفَضْلِکَ اَغِثْنِیْ بِجُوْدِکَ اَغِثْنِیْ بِرَحْمَتِکَ اَغِثْنِیْ بِرَافَتِکَ اَغِثْنِیْ بِلُطْفِکَ اَغِثْنِیْ بِجَمِیْعِ اَسْمَآئِکَ وَصِفَاتِکَ وَجَمَالِکَ وَجَلَالِکَ اَغِثْنِیْ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ** ۔ اس دعا کو اگر بوقت حاجت ایک ہی مجلس میں **51** مرتبہ صدق نیت وخلوص سے پڑھا جائے۔ تو ہر طرح کی حاجت پوری ہو گی۔

☆ ایک روایت میں یہ دعا ہے۔ **اَللّٰھُمَّ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا ذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَامُبْدِیءُ یَامُعِیْدُ یَافَعَّالٌ لِّمَایُرِیْدُ یَا ذَالْعِزَّۃِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ وَالْمُلْکِ الَّذِیْ لَا یُضَامُ یَا مَنْ عَلٰی نُوْرِہٖ اَرْکَانَ عَرْشِہٖ یَامُغِیْثُ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ ۔ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ** o

☆ ایک روایت میں یہ دعا ہے۔ اس نماز کا طریقہ انتہائی سادہ ہے۔ دو رکعت نماز نفل برائے قضائے حاجت پڑھیں۔ سلام کے بعد اول 3 بار درود پھر دعائے ادریسیؒ 11 بار اور آخر میں 3 بار درود پڑھ لیں۔ اللہ تعالیٰ سے پختہ یقین رکھیں۔ اسی دن یا چند دن یہ نماز پڑھنے سے مردہ بھی زندہ ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ دعائے ادریسی یہ ہے۔ (قدیم وجدید اولیائے کرام اور علمائے عظام کے مطابق یہ دعا نہایت ہی مجرب المجرب اور مستند ہے)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o اَللّٰھُمَّ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُیَاوَدُوْدُ یَاذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُیَا فَعَّالٌ لِّمَایُرِیْد. اللھم انی اَسْئَلُکَ بِقُدْرَتِکَ الَّتِی قَدَّرْتَ بِھَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِکَ وَاَسْئَلُکَ بِرَحْمَتِکَ الَّتِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ. یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ یَارَحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ☆

☆ اِسی طرح تیسری روایت میں یہی دعا اِس طرح سے ہے۔ **اللھم یا ودود یا ودود یا ودود یا ذوالعرش المجید یا مبدیء یا معید یا فعال لما یرید یا ذالعزۃ التی لا ترام والملک الذی لا یضام یا من علیٰ نورہ ارکان عرشہ یا مغیث اغثنی اغثنی اغثنی. انک علیٰ کل شیء قدیر** o

دُعائے نبویہ ﷺ برائے اِستجابت : (از حضرت امام محمد غزالیؒ)

یہ دُعا حضرت امام غزالیؒ کی قلمی کتاب **القاطع الازھر والسیف الامع الاکبر** میں ہے۔ آپؒ فرماتے ہیں۔ کہ! **دُعا عن ابن عباس**رضی اللہ عنہ **ان علیاً فیسئال الرسول اللہ** ﷺ **. شیئا من الدنیا فقال والذی بعثنی بالحق نبیا ما عندی قلیل و کثیر ولکنی اعلک شیئا یاتی بہ جبرائیل**ؑ **فقال ھذہ الھدیھمن اللہ عزوجل والیک لی لعظھا احد قلبک ولا یدعو بھا ملھوفا ولا مکروبا ولا خائف من سلطان الا فرج اللہ عند. فقال نبی اللہ وھی ھذہ الدعاء.** بہرحال! دعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم☆ اللھم یا کریم العفو یا حسب التجاوز یا کاشف البلایایا مُحسن یا مُفضل یا منعم انت الذی سجدلک سواد اللیل و نور النھار وضوء القمر وشُعاع الشمس وذوی الماء وھفیف الشجر یا اللہ لا شریک لک o"۔ ہے۔ یہ دعائیہ کلمات حضرت امام غزالیؒ سے منقول ومنسوب ہیں۔ لہذا۔ اگر کوئی بندہ صدقِ قلب سے اس دعا کو پڑھ کر اپنی جائز حاجت اللہ تعالیٰ سے مانگے تو اسی وقت دعا مستجاب ہو گی۔ ان شاء اللہ۔ (اسے قضائے حوائج کے لئے کم از کم صد مرتبہ معہ تسمیہ پڑھا جائے)

دُعائے اسمِ اعظم شریف : بعض اصحاب سالکین نے کسی نیک صالح کے بارے میں بیان کیا ہے۔کہ! مجھ سے خواب میں ایک شخص نے فرمایا۔کہ کیا میں آپ کواللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم نہ بتادوں ؟ تو اُس نے کہا۔ہاں ! تو خواب میں آئے ہوئے شخص نے کہا۔کہ یہ پڑھا کیجئے۔

ا للھم انی اسئا لک با سمک المخزون المکنون المبارک المطھر الطا ھر المقدس ۔

☆ حضرت محاسبیؒ نے فرمایا۔کہ! حضرت جبرائیلِ امینؑ اللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم لے کر بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں بادب واحترام تشریف لائے۔جو کہ جنت کے ایک ورق پر لکھا ہوا تھا۔اور اِس (اسمِ اعظم) پر مشک کی مہر لگی ہوئی تھی۔اور اِس (جنتی ورق) کے اندر یہ عبارتِ عظیمہ لکھی ہوئی تھی۔ **اللّٰھُمَّ انی اسئلک با سمک المخزون الطا ھر المطھر القدوس الحی القیوم الرحمٰن الر حیم ذی الجلال والاکرام.**

☆ یہی دعا حضرت شیخ احمد بن عباس علی بونی قرشیؒ نے اپنی کتاب **منبع اصول الحکمۃ** میں اس طرح سے بیان فرمائی ہے ۔

اللھم انی اسئلک با سمک العلی العزیز الا عز الجلیل الاجل الکبیر الاکبر الکریم الا کرم المخزون المکنون الطا ھر المطھر المقدس المبا رک الحی القیوم الرحمن الرحیم بدیع السموت و الا رض ذی الجلا ل و الا کرام ان تصلی و تسلم علی سیدنا و مو لا نا محمدو علی آل سیدنا محمد و ان تفعل لی کذا و کذا (حاجت کا نام) **و صلی اللہ تعالی علی سیدنا محمد و علی آلہ و صحبہ و با رک و سلم۔**

☆ بقولِ بعضے کتب! اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم ''**ا للھم انی اسئلک بجمیع اسما ئک الحسنٰی کلھا ما علمت منھا وما لم اعلم واسئلک با سمک العظیم الاعظم الکبیر الاکبر ا لذی من د عاک بہ اجبتہ ومن سأ لک بہ اعطیتہ**'' ہے۔

☆ ان کلمات کے بارے میں آ تا ہے ۔کہ! یہ وہ کلمات ہیں ۔جن کے ذریعے مانگی گئی کوئی بھی (جائز) دعا کبھی رَد نہیں ہوتی ۔ (واللہ اعلم) وہ دُعا یہ ہے۔''**ا للھم انی اسئلک با سمک العلی الا عز الاجل الاکرم** ۔ ہے۔

☆ بعض کتب کے مطابق اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **ھو الا سامۃ سرنا ھو** ۔ ہے۔

☆ بعض کتب کے مطابق اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **یا حی یا قیوم یا ذا الجلالِ والاکرام یا بدیع السموت والارض** ۔ ہے۔(یاد رہے۔کہ) اسمِ اعظم ملتا ہی اُسی وقت ہے۔کہ! جب دل میں اللہ تعالیٰ کے سوا اور کچھ نہ ہو۔حتی کہ خود بھی نہ ہو۔

ھر حا جت کے پورا ھونے کا نبوی ﷺ وظیفه : ☆ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے۔کہ! اِنؓ کا گذر ایک ایسے بیمار کے پاس سے ہوا۔جو سخت امراض میں مبتلا تھا۔تو حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے اس (غالبًا مرگی میں مبتلا شخص) کے گوش میں سورہ مومنون کی آخری آیات (**ا فحسبتم انما خلقنکم ۔۔۔ وانت خیر الرا حمین** ۔) پڑھیں۔تو وہ اسی وقت اچھا ہوگیا۔(بعدہٗ) حضرت رسولِ مکرم ﷺ نے حضرت عبداللہ ابنِ مسعودؓ سے دریافت فرمایا۔کہ! آپؓ نے اس (بیمار آدمی) کے کان میں کیا پڑھا تھا۔تو حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے عرض کیا۔کہ! یہ آیتیں (**ا فحسبتم انما ۔۔۔**) پڑھیں۔تو حضرت نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔کہ! قسم ہے اس ذاتِ ذوالجلال کی! جس کے قبضہء (قدرت) میں میری جان ہے۔اگر کوئی آدمی ، جو یقین رکھنے والا ہو۔یہ آیتیں پہاڑ پر پڑھ دے۔تو پہاڑ (بھی) اپنی جگہ سے ہٹ سکتا ہے۔

☆ بروایت حافظ ابونعیمؒ! ہمیں رسولِ مکرم ﷺ نے ایک لشکر میں بھیجا۔اورحکم فرمایا۔کہ! ہم صبح وشام (**ا فحسبتم ۔۔۔**) پڑھتے رہیں۔ہم نے مسلسل اس (آیات) کی تلاوت دونوں اوقات جاری رکھی۔الحمد للہ! ہم سلامتی وغنیمت کے ساتھ واپس لوٹے۔

عمل برائے قضائے حوائج (مجرب المجرب) : جس کسی کو کسی قسم کی کوئی (متشرع وجائز) حاجت یا سخت مہم درپیش ہو۔تو اُسے چاہیئے۔کہ! یہ دُعائے مبارکہ لکھ کر بہتے ہوئے پانی (پاک پانی، چاہے وہ نہر، دریا یا کسی بڑے نالے کا ہو) میں ڈالے۔انشاء اللہ ایک ہی ہفتہ میں حاجت ضرور پوری ہوجائے گی۔لیکن ایک ہفتے تک روزانہ یہی دُعائے مبارکہ لکھتے رہنا لازمی ہے۔(ایک بزرگ کا تو یہاں تک بھی کہنا ہے۔کہ! اگراس عمل کو ایک ہفتہ کرتے رہنے کے باوجودمشکل حل نہ،یا حاجر بَر نہ آئے۔تو روزِ قیامت وہ شخص میرا دامن گیر ہو۔) بہر حال! وہ دُعائے مبارکہ یہ ہے۔ **بسم اللہ الر حمٰن الر حیم o لا حول ولا قوۃ الا با للہ العلی العظیم ۔ بسم اللہ الملک الحق المبین ۔ من العبد الذ لیل والمعا صی الی السید المو لی الجلی ا لکریم القوی المتین ایاک نعبد وایاک نستعین ۔ انی مسنی الضر وانت ارحم الراحمین ۔ا لذی لا الہ الا ھو الحی القیوم ذواجلال والاکرام ۔اللھم اکشف ھمی و حزنی و فرج عنی بحق سید نا محمد واٰل محمد ۔**

اسی طرح اگر کسی مردِ زاہد کو ایسے خطرات پیش آئیں۔کہ اُس کے دائرہ اختیار یابَس سے باہر و بالا ہوں۔یعنی اُن کے دفعیہ پر قدرت حاصل نہ ہوسکے۔تو اسی دُعائے مبارکہ کو روزمرہ صبح ورات کوسو۔سو مرتبہ پڑھا جائے۔ **بسم اللہ الر حمٰن الر حیم o لا حول ولا قوۃ الا با للہ العلی العظیم ۔ بسم اللہ الرحمٰن الر حیم ۔بسم اللہ الملک الحق المبین ۔ من العبد الذ لیل والمعا صی الی السید المو لی الجلیلا لکریم القوی المتین ایاک نعبد وایاک نستعین۔ انی مسنی الضر وانت ارحم الراحمین ۔ا لذی لا الہ الا ھو الحی القیوم ذواجلال والاکرام ۔اللھم اکشف ھمی و حزنی و فرج عنی بحق سیدنا محمد واٰل محمد ۔**

دعا قضائے حاجت (دعائے امام مقاتلؒ):

حضرت ابوالعباس احمد بن علی البونی القرشیؒ اپنی مشہورِ زمانہ کتاب **شمس المعارف و لطائف العوارف** فرماتے ہیں۔ کہ! حضرت ابو ہذیلؓ سے روایت ہے۔ کہ! حضرت عیسیٰ روح اللہؑ جب (اللہ تعالیٰ کے حکم سے) مُردوں کو زندہ کیا کرتے تھے۔ تو دو رکعت نماز پڑھ کر سجدہ میں یہ دعا کیا کرتے تھے۔ (وہ یہ اسمآئے الٰہیہ پڑھا کرتے تھے) **یا قدیم یا دائم یا احد یا واحد یا صمد۔**

(بقول امام بونیؒ) حضرت امام مقاتلؒ ہی سے ایک مجرب دعا منقول ہے۔ جس سے حضرت عیسیٰؑ مُردے زندہ کیا کرتے تھے۔ جب تو اِس دعا کو پڑھنا چاہے۔ تو صبح کی نماز کے بعد (بعد فرض نماز کے بغیر کسی سے بات چیت کئے بحالتِ تشہد) اُسی جگہ بیٹھ کر ایک سو مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم ☆ لاَ حَوۡلَ وَلاَ قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡم. اللھم انی اسئلک یَا قَدِیۡمُ یَا دَآئِمُ یَا قَائِمُ یَا فَرۡدُ یَا وِتۡرُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ یَا ذَاالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ یَاکَرِیۡمُ یَا رَحِیۡمُ۔ فان تو لو فقل حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ تو کلت و ھو رب العرش العظیم o پھر جو دعا مانگے۔ قبول ہوگی۔ ان شاء اللہ۔

خزینۃ الاسرار (نازلیؒ)، **مجربات دیربی**ؒ اور **شمس المعارف** (امام بونیؒ) اور دیگر کئی مصنفین ومؤلفین نے اس مبارک عمل سے اپنی اپنی کتب کومزین فرمایا ہے۔ جوشخص صبح کی نماز کے بعد بغیر کسی سے بات چیت کئے اِس دعا (آنے والی دعا) کوسو مرتبہ پڑھ کر جو حاجت اللہ تعالیٰ سے مانگے گا۔ ضرور پوری ہوگی۔ انشاء اللہ۔ بالخصوص جب کسی ظالم کے خلاف بد عا کرے۔ تو فوراً وہ ظالم گرفتار مصائب ومشکلات ہووے۔ بہرحال دعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o لاَ حَوۡلَ وَلاَ قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡم. یَا قَدِیۡمُ یَا دَآئِمُ یَا قَائِمُ یَافَرۡدُ یَا وِتۡرُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ یَا ذَاالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ یَاکَرِیۡمُ یَا رَحِیۡمُ یَا سَنَدُ مَنۡ لَّاسَنَدَ لَہٗ یَا مَنۡ اِلَیۡہِ الۡمُسۡتَنَدُ یَامَنۡ لَّمۡ یَلِدۡ وَ لَمۡ یُوۡلَدۡ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ o بر حمتک یا ارحم الرا حمینo

صاحب جواہرِخمسہ جناب حضرت سیدی شاہ محمد غوث گوالیاریؒ فرماتے ہیں۔ کہ حضرت امام مقاتل بن سلیمانؒ نے فرمایا۔ کہ! جس کسی کو بحضرت قادر ذوالجلال سے کوئی دینی یا دنیوی (جائز ومتشرع) حاجت پیش ہو۔ تو اُس کو چاہیئے۔ کہ! شب جمعہ کو (کامل یقین کے ساتھ) یہ دعا (دعائے امام مقاتلؒ) فقط سو (100) مرتبہ پڑھے۔ اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت چاہے۔ دعا یہ ہے۔ **بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم ☆ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم. یا حی یا قیوم یا قدیم یا دائم یا فرد یا وتر یا احد یا مالک الملک یا ذوالجلال والاکرام بر حمتک استغیث. وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد وعلیٰ اٰلہٖ وصحبہ وبارک وسلم.**

اِسی کتاب جواہرِخمسہ جناب حضرت سیدی شاہ محمد غوث گوالیاریؒ فرماتے ہیں۔ کہ جو کوئی روزانہ صبح کی نماز کے بعد سو (100) مرتبہ نہایت ذوق وشوق (اور کامل ایمان ویقین) کے ساتھ اِس دعا (آنے والی دعائے امام مقاتلؒ) کو پڑھے گا۔ تو ایک ہی ہفتے میں اپنی قلبی مراد کوضرور پہنچے گا۔ اگر اِس ایک ہفتہ میں اِس (یعنی دعا پڑھنے والے) کی حاجت برآری نہ ہوئی۔ تو (دعا پڑھنے والا) اپنی ہی خطا سمجھے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم ☆ ولا حول ولا قوۃ الا با للہ العلی العظیم. یا قدیم یا دائم یا قائم یا حی یا قیوم یا فرد یا وتر یا احد یا یا صمد یا من الیہ المصیر یا من لم یلد ولم یو لد ولم یکن لہ کفوا احد ط

دُعائے امام مقاتل بن سلیمانؒ: یہ دعا حضرت مقاتل بن سلیمانؒ سے مرفوع ومنقول ہے۔ یہ دعا اس قدر مجرب ہے کہ! حضرت عیسیٰؑ اسی دعا سے مُردوں کوزندہ کیا کرتے تھے۔ جوشخص اس دعا سے مستفید ومتفع ہونا چاہے اُسے چاہیئے کہ! فجر کی نماز کے بعد بحالت تشہد بناء کسی سے کلام کئے اس دعا کو 100 مرتبہ روزانہ پڑھنے سے چند ہی ایام میں ہرطرح کی حاجت پوری ہوگی بشرطیکہ وہ جائز ہو۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o لاَ حَوۡلَ وَلاَ قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡم. یَا قَدِیۡمُ یَا دَآئِمُ یَا قَائِمُ یَافَرۡدُ یَا وِتۡرُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ یَا ذَاالۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ یَاکَرِیۡمُ یَا رَحِیۡمُ یَا مَنۡ لَّمۡ یَلِدۡ وَ لَمۡ یُوۡلَدۡ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ o

قضائے حوائج کا قادری عمل مبارک:

میرے پیرومرشد وہادی برحق جناب سید عبدالقادر جیلانی البغدادی اپنے ملفوظات وخطابات بنام ''الفتح الربانی'' کی مجلس نمبر **26** میں فرماتے ہیں۔ کہ! جب کوئی امر تجھ پر مشکل ہو۔ (جس کی وجہ سے) تُو نیک صالح اور منافق کے مابین امتیاز نہ کر سکے۔ کہ کون صالح ہے اور کون منافق؟ پس تُو رات میں کھڑا ہو۔ اور دو رکعت نمازِ نفل پڑھ کر پھر یہ دُعا مانگ۔ (یہی دعا تفصیل کے ساتھ پیچھے بیان کی جا چکی ہے)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرحمٰن الرحیم o یَا رَبِّ دُلَّنِی عَلٰی الصَّالِحِینَ مِن خَلۡقِکَ دُلَّنِیۡ عَلٰی مَن یَّدُلُّنِی عَلَیۡکَ وَ یُطۡعِمُنِی مِن طَعَامِکَ یَسۡقِینِی مِن شَرَابِکَ وَ یَکۡحِلُ عَیۡنَ قَلۡبِی بِنُوۡرِ قُرۡبِکَ وَ یُخۡبِرُ نِی بِمَا رَاٰی عِیَانًا تَقۡلِیۡدًاo آمین.

عملِ بدوح برائے قضائے حاجت : (عملِ بدوح)

حضرت غلام الرسول میمن ناشادؒ فرماتے ہیں۔کہ! یہ عمل کفایاتِ حاجات ہے۔میرے ذاتی خیال کے مطابق اس عمل کے بعد اس مقصد کے لئے دوسرے کسی عمل کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔اگر کوئی چاہے کہ تسخیرِ خلق حاصل ہو، حصولِ اولاد ہو، مدارج دنیوی ارفع ہوں، بیماری سے نجات حاصل ہو یا ہم وغم دور ہوں یا اُطباء کی لاشفائی کا مسئلہ ختم ہو یا ہزیمتِ دشمن ہو یا فلاں شخص مطیع ہو(یعنی کہ کسی خاص شخص کی تسخیر واطاعت مطلوب ہو) تو اس عمل کو کیا جائے۔اس عمل کی برکت و بدولت ناکامی کا منہ کبھی بھی نہ دیکھے گا۔انشاءاللہ العظیم۔اس عمل کا سہل طریقہ یہ ہے کہ !

تین ایام کے کے لئے صوم وصیام کے ساتھ پرہیزِ روحانی کی شرائط کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے خلوت اختیار کریں۔عمل کا آغاز نوچندی جمعہ، ہفتہ یا اتوار سے کریں۔بروزِ جمعۃ المبارک بعد نمازِ فجر بوقت صلاۃُ الاشراق چار رکعت نمازِ نفل بنیتِ حاجت پڑھ کر سلام پھرنے کے بعد بحالتِ تشہد 11 مرتبہ **آیت الکرسی**،11مرتبہ **سورہ اذا جاء نصر اللہ**،11مرتبہ **ایاک نعبد و ایاک نستعین** ☆ پڑھ کر سر سجدے میں رکھ کر 1000 ایک ہزار مرتبہ ''**یا بدوح**'' پڑھیں۔پھر سر سجدے سے اُٹھا کر 221 مرتبہ یہ پڑھیں۔

سَوُ ھِیَ ءُ سَوُ ھُوَ ءُ سَوُ اَجَلُ ءُ سُوَ اللّٰہُ   سَوُ پَرِیۡنِ سَوُ پِسَا ہِ سَوُ وَیرِیُ سَوُ وَاھِرُوُ

پس اپنی حاجت طلب کریں اور کلمہ طیبہ پڑھ کر اُٹھ کھڑے ہوں۔پھر رات کو بعد نمازِ عشاء یہی عمل اس طرح سے کریں کہ !

چار رکعت نمازِ نفل بنیتِ حاجت پڑھ کر سلام پھرنے کے بعد بحالتِ تشہد 11 مرتبہ **آیت الکرسی**،11مرتبہ **سورہ اذا جاء نصر اللہ**،11مرتبہ **ایاک نعبد و ایاک نستعین** ☆ پڑھ کر سر سجدے میں رکھ کر 1000 ایک ہزار مرتبہ ''**یا بدوح**'' پڑھیں۔پھر سر سجدے سے اُٹھا کر 221 مرتبہ یہ پڑھیں۔

وَ یُوُ مُرَاُ دَ وُ نَا یَ مِسُنَا یَ بَاوِزُ رَاحُ مِسُعِیۡرُا لَاُ مُوُا ھُوُ فِیۡعَ مَھُرَ بَا رَا نُ مِیۡر بُیُوتُ مِمُنَادِ شِ ذَاتُ اَلُاُ مُوُا۔

انشاءاللہ تعالیٰ تین دن میں مقصد لازمی پورا ہوجائے گا۔حضرت ناشاد سرکارؒ اس عمل کی مزید توصیف بیان فرماتے ہیں۔کہ قارئین! میں نے کبھی بھی اپنے کسی عمل کے سلسلے میں صفحات کے صفحات کالے نہیں کئے۔لیکن آج اِتنا ضرور کہوں گا۔کہ **واللہ ۔ باللہ ۔ تاللہ** ۔ایسا عمل بھی ہے۔کہ ایک گھنٹے کے اندر موت بھی ٹل جاتی ہے۔اور ضرورت پڑنے پر تو وقت کی بھی کوئی قید نہیں۔اور کیا بھی جائے گا تو صرف ایک ہی بار۔(**یاد رہے۔ کہ**) : اگر یہی عمل انہیں شرائط کے ساتھ **40** ایام تک کیا جائے۔تو حجتہ واقع ہوجائے گی۔بعد ہ اس عمل سے بآسانی حاضری مطلوب کا کام بھی لیا جا سکتا ہے۔

حاجت برآری کا مجرب عمل : میرا اور میرے چند معتمد دوست واحباب کا یہ مجرب المجرب عمل ہے۔

اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ سے اپنے کسی جائز وشرعی عمل کی حاجت برآری کا متمنی ہو۔تو اُسے چاہیئے۔کہ! روزانہ رات کو خلوت میں ایک ہی نشست میں کوئی اگربتی یا خوشبو لگا کر '' درودِ تنجینا پڑھا کرے۔پانچویں یا نویں رات تک ضرور مشکل کشائی ہوگی۔ان شاء اللہ۔ **درود تنجینا** یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّ حِیۡم o اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تُنَجِّیۡنَا بِھَا مِنۡ جَمِیۡعِ الۡاَھۡوَالِ وَالۡاٰفَاتِ وَ تُقۡضِیۡ لَنَا بِھَا جَمِیۡعِ الۡحَاجَاتِ وَ تُطَھِّرُنَا بِھَا مِنۡ جَمِیۡعِ السَّیِّاٰتِ وَ تَرۡ فَعُنَا بِھَا عِنۡدَکَ اَعۡلَی الدَّرَجَاتِ وَ تُبَلِّغُنَا بِھَا اَقۡصَی الۡغَایَاتِ مِنۡ جَمِیۡعِ الۡخَیۡرَاتِ فِی الۡحَیَاتِ وَ بَعۡدَ الۡمَمَاتِ o اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ o

قضائے حوائج کا مجرب المجرب اعمال : (فضائلِ آیۃُ الکرسی)

صاحب مجرباتِ دیربیؒ فرماتے ہیں۔ واضح ہو کہ! آیت الکرسی کے ٹوٹل حروف ایک سوستر (170) ہیں۔اور اِس کے کُل کلمات (یعنی لفظوں) کی تعداد پچاس (50) ہے۔اور اِس کے فصول سات ہیں۔بعضوں نے کہا ہے۔سترہ ہیں۔ ☆ چنانچہ جو کوئی (مسلمان شخص) اِس کو (یعنی آیت الکرسی کو) اول روز (یعنی بوقتِ صبح) پڑھے۔تو وہ شخص پورا دن شرِ شیطان وایذائے انسان سے مکمل امان میں رہے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔ ☆ اور جو شخص اول شب سے (یعنی بعد نمازِ مغرب) آیت الکرسی کو پڑھے گا۔تو وہ بھی پوری رات شرِ شیطان وایذائے انسان سے مکمل امان میں رہے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔ ☆ اور جو شخص نصف شب اُٹھ کر بطریقِ احسن وضو کر کے تنہائی میں آوازِ مردم سے دور ہو کر آیت الکرسی کو بعد دحوف (یعنی ایک سوستر مرتبہ) تلاوت کرے گا۔اور حق تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے گا۔تو اُس کی حاجت برآئے گی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔ ☆ اور جو شخص آیت الکرسی کو رسولوںؑ، اصحاب بدر اور اصحاب طالوت کے شمار (یعنی **313** مرتبہ) کے مطابق تلاوت کر کے اِنہیں کے توسط وتوسل سے دعا مانگے۔اور حق تعالیٰ سے اپنی بابت درِ اُمورِ دین ودُنیا کسی قسم کی کوئی حاجت طلب کرے گا۔تو اُس کی حاجت (اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم اور اذن سے) ضرور برآئے گی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

☆ احادیث وآثار میں ''**یا اللہ . یا الہ . یا ھو . یا حی . یا قیوم . یا علی . یا عظیم**'' کو اسمِ اعظم بتایا گیا ہے۔کیونکہ انہیں اسماء سے آیت الکرسی کو فضیلت عطا کی گئی ہے۔لہذا جو بھی شخص 313 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر یہ سات اسماء الحسنٰی ایک ہزار پڑھ کر دعا مانگے۔قبول ہوگی۔ان شاءاللہ۔

قضائے حوائج کا مجرب المجرب اعمال :(فضائلِ سورہ یٰسین شریف از کتاب مجرباتِ دیربیؒ)

اگر کوئی شخص (مسلمان صحیح العقیدہ) بعد نمازِ عشاء دو رکعت بنیتِ قضائے حاجت سورہ یٰسین کو اکتالیس (41) مرتبہ اِس طرح سے پڑھے۔کہ! ہر خاتمہ سورہ یٰسین شریف کے عقب پر تین مرتبہ یہ کہے۔ **یا من یقول للشئی کن فیکون. افعل بی کذا و کذا (حاجت کا نام) بحق سلٰم قف قولا من رب رحیم o**۔ چنانچہ مقصد و مطلب اِس سورہ مبارکہ کو اس ترتیب سے پڑھنے والے کا (باذن اللہ تعالیٰ) ضرور بالضرور پورا کیا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ (اسی طرح سے) سرزمینِ افغانستان کے ایک مشہور و معروف عامل و عالم فرماتے ہیں۔ سورہ یٰسین شریف کو اکتالیس مرتبہ پڑھنے میں کافی وقت لگ جاتا ہے۔ (کیونکہ بعض علمائے کرام اور عوام الناس نے جب بھی سورہ یٰسین شریف کو **41** مرتبہ اپنی کسی جائز حاجت برآری کے لئے پڑھا ہے۔ اسے کامیابی نصیب ہوئی ہے۔ اور یہ طریقہ بھی لوگوں کا انتہائی مجرب المجرب طریقہ ہے۔ بہر حال) سورہ یٰسین کو کم وقت میں اور سرعتِ اجابت کے حوالے سے اُن کا اپنا ایک نہایت ہی مجرب طریقہ یہاں پیش کیا جاتا ہے۔ (یاد رہے۔ کہ اس طریقہ کو احقر [عبدالرؤف] نے خود بھی آزمایا۔ اور چند احباب کو بھی بتایا۔ ہم سب نے بہت مجرب پایا) سورہ یٰسین شریف کو فقط **11** مرتبہ ایسے پڑھنا ہے۔ کہ! پہلی مرتبہ مکمل سورہ یٰسین خالصتاً اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے حصول کے لئے پڑھیں۔ اس کے بعد اپنی حاجت برآری کے تصور و تخیل کے ساتھ **10** مرتبہ سورہ یٰسین شریف اس طرح سے پڑھے۔ کہ! پہلے نو مرتبہ تک سورہ یسین شریف میں آیت کریمہ (**سلٰم قف قولا من رب رحیم o**) کی تکرار کو ہر مرتبہ میں **81** مرتبہ پڑھا جائے گا۔ مگر دسویں اور آخری مرتبہ میں اسی آیتِ کریمہ کو **89** مرتبہ پڑھا جائے گا۔ (یعنی کہ! سورہ یٰسین شریف کی کل تعداد **10** ہوگی۔ جبکہ آیتِ کریمہ کی کل تعداد **818** ہو جائے گی۔ انشاء اللہ العظیم) یہ واقعی بہت ہی مجرب طریقہ ہے۔ اگر چند ایام میں حاجت پوری نہ ہو۔ تو صاحب عمل ہذا کو چاہیئے۔ کہ! اپنے تئیں ذرا سا غور و فکر کرے۔ اُس نے لازمًا کہیں کوئی غلطی یا کوتاہی کی ہوگی۔

کسی سے حاجت برآری کرانے کا مجرب عمل :

حضرت امام العلامہ ولی صالح ابوعبداللہ محمد بن یوسف سنوسی الحسنیؒ اپنے مجربات میں ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ! جو شخص یہ چاہے۔ کہ کسی امیر یا رئیس کے ذریعے اُس کی حاجت پوری ہو۔ تو اُس کو لازم ہے۔ کہ! گھر میں یا مسجد میں ایک ہی نشست میں بغیر کسی سے بات چیت کئے **35** مرتبہ سورہ یٰسین شریف مسلسل پڑھ کر اُس شخص کے پاس جائے۔ اور راستے میں لاتعداد مرتبہ یہ آیت پڑھتا ہوا جائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ☆ ولما دخلوا من حیث امر ھم ابو ھم ط ماکان یغنی عنھم من اللہ من شئی الا حاجۃ فی نفس یعقوب قضٰھا ط وہ شخص (رئیس) اِس حاجت مند سے تعظیم و تکریم سے پیش آئے گا۔ اور اِس کی حاجت پوری کرے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

قضائے حاجت کا مجرب عمل :

☆ جس شخص کو اللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت ہو۔ اُسے چاہیئے۔ کہ! رات کو سونے سے قبل آسمان تلے جا کر ننگے سر اور ننگے پاؤں نہایت ادب و احترام، گریہ و زاری، عاجزی، انکساری اور خلوص کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے محوِ گفتگو ہو۔ پہلے اپنے جملہ گناہوں کی صدق قلب و خلوص سے معافی کا طلبگار رہو۔ پھر اپنے مشکلات و مصائب کا ذکر کرے۔ اور اول و آخر طاق مرتبہ درودِ ابراھیمی پڑھے۔ اور درمیان میں ایک ہزار مرتبہ یوں کہے۔ **رب انی مغلوب فانتصر**۔ اس کے بعد دوبارہ اول و آخر طاق مرتبہ درودِ ابراھیمی پڑھے۔ اور درمیان میں ایک ہزار مرتبہ یوں کہے۔ **اللھم یا مسبب الاسباب سبب لنا**۔ پھر اس کے بعد اول و آخر طاق مرتبہ درودِ ابراھیمی پڑھے۔ اور درمیان میں ایک ہزار مرتبہ یوں کہے۔ **حسبنا اللہ نعم الوکیل ۔ نعم المولٰی و نعم النصیر**۔ اس عمل کی بدولت تین راتوں میں حاجت برآری ہوگی۔ ان شاء اللہ العظیم (بشرطیکہ جائز و متشرع ہو)

حب درویشاں کلیدِ جنت است   دشمنِ ایشاں سزائے لعنت است

ہر مہم میں کامیاب ہونے کی دُعا : (مجربِ عمل از حضرت بابا فریدالدین مسعود گنج شکرؒ)

بحالت درماندگی ولاچارگی جو شخص اِن کلمات کو ایک ہزار مرتبہ پڑھے گا۔ تو اس کی وہ مہم ضرور پوری ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اِنَّکَ اَقْوٰی مُعِیْنٌ وَّ اَھْدٰی دَلِیْلٌ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o

کتاب **جواھر خمسہ** میں یہ کلمات اس طرح مرقوم ہیں۔ **انک قوی معین واحد دلیل بحق ایاک نعبد و ایاک نستعین o**

اچھا خاصا بیٹھے بیٹھے گم ہو جاتا ہوں   اَب میں اکثر مَیں نہیں رہتا تم ہو جاتا ہوں

سلسلہ چشتیہ میں ایک اسم مبارکہ سے حاجت روائی :

صاحب اقتباس الانوار فرماتے ہیں۔ کہ! یہ بات سلسلہ چشتیہ و دیگر سلاسل میں انتہائی مشہور و معروف اور سریع الاثر و مجرب المجرب ہے۔ کہ اگر کوئی شخص اپنی جائز حاجت برآری کے لئے باوضو ہو کر فقط ایک لاکھ مرتبہ **یا شمس الدین تُرک** کا وظیفہ کرے۔ تو تعداد پوری ہونے سے پہلے حاجت پوری ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔ بالفرض اگر کوئی شخص تنہا نہ پڑھ سکے۔ تو اوروں کو بھی شریک کر سکتا ہے۔ اکثر ہوتا یہ ہے۔ کہ ابھی لاکھ کی تعداد پوری نہیں ہوتی۔ کہ اللہ تعالیٰ ان بزرگ کے نام کے تصدق و توسل سے حاجت پوری فرما دیتا ہے۔

اسم اعظم ’’یا لطیف‘‘ کے پانچ مجرب تصرفات

اسم اعظم ’’لطیف‘‘ کے کثیر فوائد، خصائل اور افضائل ہیں۔ مگر پانچ تصرفات نہایت مشہور و مقبول ہیں۔ حصولِ رزق (حصول، وسعت، فراوانی)، استجابتِ دُعا (قضائے حوائج)، قیدی کی رہائی، خبر کا حصول اور اِختفاءِ عن الناس (ظالم کی) نظروں سے پوشیدہ ہوجانا۔ اس اسمِ اعظم کے مذکورہ پانچوں تصرفات میں سے جس مقصد کا تصرف مقصود ہو۔ تو اس کے پڑھنے کی ترتیب یہ ہوگی۔ اسم ’’یا لطیف‘‘ کو **16641** مرتبہ اس طرح سے پڑھیں۔ کہ ہر 129 مرتبہ پڑھ کر مقصد کی تین (03) مرتبہ دعا پڑھنی ہے۔ اور ایک ہی نشست میں عمل پورا کرنا ہے۔ بفضلِ خدا پانچ سے نو ایام میں جائز مقصد پورا ہوجائے گا۔ ان شاء اللہ۔

☆ حصولِ رزق کے لئے اسمِ **لطیف** کے ہمراہ یہ دُعا پڑھنی ہے۔ **اَللّٰهُ لَطِيفٌ م بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ج وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُکَ اَنْ تَرْزُقَنِيْ رِزْقًا وَاسِعًا طَيِّبًا مِنْ غَيْرِ تَعَبٍ وَلَا نَصَبٍ اِنَّکَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ**‘‘ ۔

☆ استجابتِ دُعاء کے لئے اسمِ **لطیف** کے ہمراہ یہ دُعا پڑھنی ہے۔ **اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ط وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ۔ اَللّٰهُمَّ اقْضِ حَاجَتِيْ (مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ...) اِنَّکَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ**‘‘ ۔

☆ قیدی کی رہائی کے لئے اسمِ **لطیف** کے ہمراہ یہ دُعا پڑھنی ہے۔ **اِنَّ رَبِّيْ لَطِيفٌ‘‘ لِّمَا يَشَآءُ ط اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ** ۔

☆ خبر کے حصول کے لئے اسمِ **لطیف** کے ہمراہ یہ دُعا پڑھنی ہے۔ **اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيفًا خَبِيرًا** ....

☆ اِختفاءِ عن الناس کے لئے اسمِ **لطیف** کے ہمراہ یہ دُعا پڑھنی ہے۔ **لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُز وَهُوَ يُدْرِکُ الْاَبْصَارَج وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ** ۔

اسم الٰہی لطیف کے مزید فوائد :

☆ اگر کسی کی مُعیشت تنگ ہو اور دنیا کی کوئی بھی چیز اس کے پاس نہ ہو انتہائی غریب ہو۔ ☆ یا اگر کوئی غریب ہو اور دل کسی دولت مند دوشیزہ کی الفت اور چاہت میں گرفتار ہو گیا ہو۔ اور وہ اس دوشیزہ سے نکاح کا خواہاں ہو۔ جبکہ وہ دوشیزہ یا اُس کے گھر والے اس عاشق صادق کی غُربت و افلاس اور تنگ دستی کی وجہ سے اسے ناپسند کرتے ہوں۔ ☆ یا کوئی ایسا شخص جو کہ ایسا بیمار ہو۔ کہ حکماء و اطباء اس کے علاج سے عاجز آ چکے ہوں۔ تو ایسے اشخاص کو چاہیئے۔ کہ دو رکعت (اپنی حاجت بر آری کی نیت سے) پڑھ کر اس اسم مبارک کو **16641** مرتبہ روزانہ صدق نیت اور پختہ یقین سے در یک نشست پڑھا کریں۔ تو چند ہی ایام میں تمام مُشکلات حل ہو جائیں گے۔ انشاء اللہ۔ کیونکہ لوگوں کے تجربات و اسناد کو اگر مدِ نظر رکھا جائے۔ تو یہ بات بالکل واضح ہو جائے گی کہ یہ اسم مبارک (**یا لطیف**) تکالیف، مصائب و مُشکلات کے وقت جتنا پر تاثیر اور سریع الاجابت ہے۔ کسی اور اسم کی طرف اس اسم کی نِسبت نہیں کی جاسکتی۔ (واللہ اعلم بالصواب) کیونکہ اس اسم کے عجیب و غریب اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ اگر کسی کے روح یا بدن میں تکلیف ہو۔ تو وہ اس اسم کا ورد کرے۔ اثنائے ورد میں ہی اللہ تعالیٰ ازالہ فرمائے گا۔ انشاء اللہ۔

☆ اسم ’’**لطیف**‘‘ کے بارے میں حضرت جناب قدرت اللہ شہابؒ اپنی کتاب ’’شہاب نامہ‘‘ میں فرماتے ہیں۔ کہ! ہر نماز کے بعد یا پھر کم از کم ایک نماز کے بعد 129 مرتبہ یا لطیف (کیونکہ اسم الٰہی ’’**لطیف**‘‘ کے اعداد بحسابِ ابجد قمری 129 بنتے ہیں) کا ورد کرنا بہت سی مشکلات، مصائب اور غموں کا علاج ہے۔ ☆☆☆ اور اگر ہمت کر کے زندگی بھر میں صرف ایک بار ایک نشست میں لگاتار اسم مبارک ’’**لطیف**‘‘ (بشمول حرف ندا) کا **16641** مرتبہ (**129 x 129=16641**) ورد کر لیا جائے۔ تو انسان کی زندگی میں پریشانیوں، مصیبتوں اور غموں کا رُخ موڑنے اور آسانی سے برداشت کرنے کی صلاحیت بدرجہ اَتم بڑھ جاتی ہے۔ اس ورد کے اول و آخر گیارہ یا اکیس یا اکتالیس مرتبہ درود شریف پڑھ لینا چاہیئے۔

☆ اگر کوئی لاعلاج مرض میں مبتلا ہو۔ وہ دو رکعت (حاجت بر آری کی نیت سے) پڑھ کر اس اسم مبارک کو **16641** مرتبہ روزانہ صدق نیت اور پختہ یقین سے در یک نشست پڑھا کریں۔ تو چند ہی ایام میں تمام مُشکلات حل ہو جائیں گے۔ انشاء اللہ۔ کیونکہ لوگوں کے تجربات و اسناد کو اگر مدِ نظر رکھا جائے۔ یہ اسم مبارک (**لطیف**) تکالیف، مصائب و مُشکلات کے وقت جتنا پر تاثیر اور سریع الاجابت ہے۔ کسی اور اسم کی طرف اس اسم کی نِسبت نہیں کی جاسکتی۔ (اسی طرح) اس اسم کے عجیب و غریب اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ اگر کسی کے روح یا بدن میں تکلیف ہو۔ تو وہ اس اسم کا ورد کرے اثنائے ورد میں ہی اللہ تعالیٰ ازالہ فرمائے گا۔ انشاء اللہ۔

استخبارہ یا امورِ غیبی کے سلسلے میں جنات سے بناء ریاضت و محنت کے خدمت لینا : مجرب :

سیاہ بلی اور سیاہ مرغی کا پتہ لے کر دونوں کو انفرادی طور پر دھوپ میں سُکھا کر اس کو پیس کر سُرمہ میں مِلا لیا جائے (سرمہ میں کسی قسم کا کوئی کیمیاوی شئے **Chemical** شامل نہ ہو) پھر اس سرمہ کو لے کر کسی ویران و سنسان مگر میدانی علاقے کی جانب جا کر سرمہ آنکھوں میں لگایا جائے۔ تو وہاں پر موجود جنات نظر آئیں گے۔ صاحب عمل نہایت وقار و متانت کے ساتھ ان سے گفتگو کرے۔ اور ان کو اپنی اطاعت کا حکم دے۔ یہ عمل مجرب المجرب ہے۔

عملِ استخبارہ : اگر کوئی شخص بحالتِ وضو ایک ہزار دو صد (**1200**) مرتبہ یہ اسم معہ تسمیہ اول و آخر طاق مرتبہ کوئی درودِ پاک پڑھ کر سو جائے۔ تو استخارہ کا مقصد پالے گا۔ یہ عمل کم از کم سات سے بارہ راتوں تک لازمی کرنا چاہیئے۔ اگر جواب نہ آئے۔ اسم مبارک یہ ہے۔ **يَا بَدِيْعَ الْعَجَآئِبِ اَخْبِرْنِيْ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ** ۔

شریکِ جرم نہ ہوتے، تو مخبری کرتے   ہمیں خبر ہے لٹیروں کے ہر ٹھکانے کی

قضائے حوائج اور استخارہ کا مجرب عمل: (بمطابق حضرت امام شعرانیؒ درکتاب لطائف المنن)

اللہ تعالیٰ کا ایک انعام مجھ پر یہ بھی ہے۔ کہ میں ہر روز قوم کی ذکر کردہ اصطلاح کے مطابق استخارہ کی نماز اِس قصد سے ادا کیا کرتا ہوں۔ تاکہ اللہ تبارک وتعالیٰ اِس دن یا اِس رات، اِس جمعۃ المبارک یا اِس ماہ یا پھر اِس سال میں میری تمام حرکات وسکنات اچھی اور قابل تحسین کر دے۔ شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ نے اپنی مشہورِ زمانہ کتاب ''الفتوحاتِ مکیہ'' کے آخر میں اپنی وصیتوں میں بیان کی۔ یہ ہے۔ کہ! اے برادر نیک! نیزہ بھر آفتاب بلند ہونے کے وقت (یعنی بوقتِ نمازِ اشراق) یا بعد نمازِ مغرب، یا ہر جمعۃ المبارک یا ہر ماہ یا پھر ہر برس میں دو رکعت نمازِ استخارہ اِس طرح سے ادا کیا کر۔ کہ!

پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیت طیبہ وَرَبُّکَ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ وَیَخْتَارُ مَا کَانَ لَهُمُ الْخِیَرَةُ سُبْحٰنَ اللّٰهِ تَعَالٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ (سورۃ قصص نمبر 68) اور پھر سورہ کافرون پڑھے۔ اور دوسری رکعت میں آیت طیبہ وَمَا کَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّ لَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَی اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَمْرًا اَنْ یَّکُوْنَ لَهُمُ الْخِیَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِیْنًاo (سورہ احزاب۔ آیت نمبر 36) اور پھر سورہ اخلاص پڑھے۔ بعد سلام دُعائے استخارہ (صحیح بخاری والی دعائے استخارہ) مانگے۔ جو کہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِo اَللّٰهُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ جَمِیْعَ مَا اَتَحَرَّکُ فِیْهِ وَاَسْکُنُ فِیْهِ فِیْ حَقِّیْ وَحَقِّ اَهْلِیْ وَوَلَدِیْ وَاِخْوَانِیْ وَجَمِیْعَ مَنْ شَآءَ اللّٰهُ فِیْ سَاعَتِیْ هٰذِهٖ اِلٰی مِثْلِهَا مِنَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ اَوْ لَیْلَةِ الْاُخْرٰی فِی الْاُسْبُوْعِ الْاٰخِرِ اَوْ مِنَ الشَّهْرِ الْاٰخِرِ اَوْ مِنَ السَّنَةِ الْاُخْرٰی (یہاں پر حاجت کا تصور کرنا ہے) خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِیْ اَوْ عَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاقْدِرْهُ لِیْ وَ یَسِّرْهُ لِیْ۔ اَللّٰهُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ جَمِیْعَ مَا اَتَحَرَّکُ فِیْهِ وَاَسْکُنُ فِیْ حَقِّیْ وَ حَقِّ غَیْرِیْ مِنْ اَهْلِیْ وَوَلَدِیْ وَسَائِرُ مَنْ شَآءَ اللّٰهُ فِیْ سَاعَتِیْ هٰذِهٖ اِلٰی مِثْلِهَا مِنَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ اَوْ لَیْلَةِ الْاُخْرٰی فِی الْاُسْبُوْعِ الْاٰخِرِ اَوْ مِنَ الشَّهْرِ الْاٰخِرِ اَوْ مِنَ السَّنَةِ الْاُخْرٰی (یہاں پر حاجت کا تصور کرنا ہے) شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَعَاقِبَةُ اَمْرِیْ اَوْعَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْلِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ (استخارہ کی دُعا میں جہاں بندے کو حکم ہے۔ کہ وہاں پر اپنی حاجت معین کرے۔ حاجت کی جگہ یہ کہے)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِo اَللّٰهُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ جَمِیْعَ مَا اَتَحَرَّکُ فِیْهِ وَاَسْکُنُ فِیْهِ فِیْ حَقِّیْ وَحَقِّ اَهْلِیْ وَوَلَدِیْ وَاِخْوَانِیْ وَجَمِیْعَ مَنْ شَآءَ اللّٰهُ فِیْ سَاعَتِیْ هٰذِهٖ اِلٰی مِثْلِهَا مِنَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ اَوْ لَیْلَةِ الْاُخْرٰی خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِیْ اَوْ عَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاقْدِرْهُ لِیْ وَ یَسِّرْهُ لِیْ وَ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ جَمِیْعَ مَا اَتَحَرَّکُ فِیْهِ وَاَسْکُنُ فِیْ حَقِّ وَ حَقِّیْ غَیْرِیْ مِنْ اَهْلِیْ وَوَلَدِیْ وَسَائِرُ مَنْ شَآءَ اللّٰهُ فِیْ سَاعَتِیْ هٰذِهٖ اِلٰی مِثْلِهَا مِنَ الْیَوْمِ الْاٰخِرِ اَوْ لَیْلَةِ الْاُخْرٰی شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَعَاقِبَةُ اَمْرِیْ اَوْعَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْلِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ۔

بقول امام الشعرانیؒ ! اِس ضمن میں مشائخ طرق فرماتے ہیں۔ کہ جو ہر روز وشب ایسا کرے گا (یعنی یہی نمازِ استخارہ پڑھے گا) وہ کبھی بھی کسی اَمر میں حرکت (غلط فیصلہ) نہیں کرتا۔ اور نہ ہی (غلط فیصلے میں) سکون کرتا ہے۔ اور نہ ہی دوسرا کوئی اِس (اِس نمازِ استخارہ کرنے والے) کے حق میں ایسی کوئی (غلط) حرکت کرتا ہے۔ مگر یہ کہ کسی کی وہ حرکت اِس (استخارہ کرنے والے) کے لئے خیر ہوگی۔ اربابِ متصوفین فرماتے ہیں۔ کہ ہم نے اِس (نمازِ استخارہ) کا تجربہ کیا۔ اور اِس میں ہر خیر دیکھی ہے۔ کیونکہ اِس (نمازِ استخارہ) میں اللہ تبارک وتعالیٰ کے ساتھ ادب اور اِسی کی طرف سپرداری ہے۔ نیز علمائے تصوف فرماتے ہیں۔ کہ! جب کوئی شخص اِس نمازِ استخارہ سے فارغ ہو جائے گا۔ تو چاہیئے۔ کہ شرح صدر کے ساتھ اِسی میں ہی شروع ہو جائے۔ جس فعل کے کرنے یا ترک کرنے کے حوالے سے اللہ تعالیٰ سے استخارہ کیا ہے۔ پس بے شک اِس (مقصدِ استخارہ) میں اگر اِس (نمازِ استخارہ پڑھنے والے) کے لئے خیر ہوگی۔ تو لازماً اللہ تبارک وتعالیٰ اِس شخص پر اِس کے مقصد کے اسباب نہایت آسان وسہل کر دے گا۔ یہاں تک کہ مقصد حاصل ہو جائے۔ انشاءاللہ۔ اور اِس کی عاقبت بھی موزوں ومناسب ہوگی۔ اور اگر اِس مقصد وفعل میں شر ہوگا۔ تو اُس سے اِس کا سینہ تنگ ہو جائے گا۔ اور اِس پر اِسے اپنے مقصد کے اسباب کا حاصل کرنا دشوار ہوگا۔ انشاءاللہ۔ صاحب نمازِ استخارہ اِس وقت جان لے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے اِس کے لئے اِس فعل وقصد کا ترک کرنا ہی پسند فرمایا ہے۔ پس اِسے (اپنے مقصد کو) نہ پانے کا ملال محسوس نہ ہوگا۔ انشاءاللہ۔ بلکہ اِس پر اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کرے۔ کیونکہ یقیناً اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے تمام بندوں کی مصلحتوں کو خود اِس بندے سے زیادہ احسن جانتا ہے۔ پس اے بھائی! اِس پر عمل کرو۔ اگرچہ ہفتے میں، یا مہینے میں، سال میں یا دو سال میں یا پھر اِس سے بھی زیادہ عرصے میں۔ اور آپ دُعا میں یہ پڑھنے کی عادت ڈال لیں۔ (اگر ممکن ہو تو! ہر فرض نماز کی دُعا کے ساتھ اسی دعا کو بھی ایک یا تین مرتبہ پڑھنے کی عادت ڈال لیں۔) اَللّٰهُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ جَمِیْعَ ۔ ۔ ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ (یہ مکمل ابھی بیان ہوئی ہے)

مجرب المجرب استخارہ : (از حضرت علیؓ)

حضرت خواجہ احمد دیربیؒ اپنی مشہور ومعروف کتاب ''الفتح المجید'' معروف بہ مجرباتِ دیربی میں فرماتے ہیں۔کہ! یہ استخارہ مجربہ حضرت علی المرتضیٰ شیرخُداؓ سے مروی ہے۔آپؓ فرماتے ہیں۔کہ! جوشخص ارادہ کرے۔کہ اِس کے خواب ہی میں حق تعالیٰ اس کے ارادے کو بعین مشاہدہ کرا دے۔تو چاہیئے۔کہ وہ سونے سے بیشتر چھ رکعت نماز ایک ہی سلام سے اِس طرح بجالائے۔کہ پہلی رکعت میں سورہ سورہ فاتحہ کے بعد سورہ والشّمس (سات مرتبہ)، دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ واللیل (سات مرتبہ)، تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ والضحیٰ (سات مرتبہ)، چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الم نشرح (سات مرتبہ)، پانچویں رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ والتین (سات مرتبہ)، چھٹی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ القدر (سات مرتبہ) پڑھکر سلام پھیر دے۔پھر اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء اور نبی مکرم ﷺ پر صلوٰۃ وسلام بجالائے۔اور بعد ازاں یہ دعا پڑھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّ مُحَمَّدٍ عَلَیْہِ الصَّلَاۃُ وَ السَّلَامُ وَ رَبَّ اِبْرَاھِیْمَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَرَبَّ مُوْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ رَبَّ عِیْسٰی عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ رَبَّ اِسْحٰقَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ رَبَّ یَعْقُوْبَ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَلَّذِیْ قدستہ تَقْدِیْسًا اَللّٰھُمَّ یَا رَبَّ جِبْرَآئِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ مِیْکَائِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَ اِسْرَافِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَعِزْرَآئِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَاَنْتَ رَبِّیْ مُنَزِّلُ الصُّحُفِ وَ مُنَزِّلُ التَّوْرَاتِ وَ الْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْقُرْآنِ الْعَظِیْمِ.اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ ھٰذَا اللَّیْلَۃِ مِنْ اَمْرٍ اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ مِنِّیْ قَالَ نَبَّانِیَ الْعَلِیْمُ الْخَبِیْرُ ۔ یَا خَبِیْرُ یَا خَبِیْرُ یَا خَبِیْرُ ۔

پھر سوتے وقت **یا خبیر** پڑھتے پڑھتے سو جائے۔چنانچہ صاحب استخارہ اول ہی شب میں، خواہ دوئم شب میں، خواہ سوئم شب میں اپنا مطلب مشاہدہ کرے۔تو بہتر ورنہ ہفتم شب تک نہ پہنچے گا۔کہ صاحب استخارہ کے پاس (بحالتِ رویاء) ایک شخص آئے گا۔یعنی خواب میں۔جو اس سے کہے گا۔کہ! یہ امر اس طرح سے ہے۔یا اِس طور سے ہوگا۔انشاء اللہ تعالیٰ۔بارہا کا مجرب المجرب عمل ہے۔

استخارہ مجربہ: سورہ یٰسین شریف کی آیتِ قلب (یعنی) سَلٰمٌ'' قف **قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ○** کا یہ عمل علمائے عاملین میں نہایت مجرب ہے۔اس عمل کا جامع طریقہ یہ ہے۔کہ! شب جمعہ سے عامل روزانہ بعد نمازِ عشاء اول دو رکعت نفل پڑھے۔پھر اس آیتِ قلب کو فقط **818** مرتبہ اس طرح سے پڑھے۔کہ! ہر سینکڑہ کے اختتام پر اور آخری 18 مرتبہ پڑھنے کے بعد کلماتِ عبارت کو گیارہ مرتبہ پڑھا کرے۔دورانِ عمل لبان ذکر کی دھونی لازمی ہونی چاہیئے۔اگر ممکن ہو۔تو بعد اختتامِ عمل وہیں پر عامل سو جایا کرے۔ہفتہ عشرہ میں مقصود حاصل ہو جائے گا۔ان شاء اللہ۔

اَللّٰھُمَّ یَا سَطِیْعُ النُّوْرِ الَّذِیْ وُضِعَ الْمُذِلَّۃَ عَلٰی رِقَابِ الْجَبَابِرَۃِ فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ رَفْعَ رُؤُسِھِمْ مِنْ خَشْیَۃِ سَوْطِکَ یَا سَطِیْعُ ۔

مجرب استخارہ از علامہ یوسف بن اسماعیل نبہانیؒ:

ایک تسبیح ہاتھ میں لے کر آنحضور نبی معظم ﷺ پر بصد ادب واحترام (تین مرتبہ) ہدیہ درود وسلام پڑھ کر یہ کہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ اللھم انی اتشفع عندک بحرمۃ جمالک الباقی وو جھک العظیم الاعظم و بحرمۃ نبینا محمد صلی اللہ علیہ والہ ولم . ان کان ھذا الفعل خیرا لی فلیخرج غیر ابی جھل وان کان فیہ شر فلیخرج ھو. ان اللہ علٰی کل شئی قدیر. بر حمتک یا ارحم الراحمین ○ پھر تسبیح کو اِس طرح سے پکڑے۔کہ تسبیح کے سرے پر جو دانہ ہوتا ہے۔اِس کو پکڑ کر **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** پڑھ کر تسبیح کے چند دانوں پر ہاتھ پھیریں۔اور کہیں۔**اللہ . محمد . علی . ابو جھل .** اَب جن دانوں پر ہاتھ پھیرا ہے۔اِن کو اُلٹا پھیر کر چار چار دانے گراتے جائیں۔اَب آخر میں اگر ایک دانہ بچ جائے۔تو وہ **اللہ** تعالیٰ کے اسمِ معظم کے مطابق ہوگیا۔اگر دو دانے بچ جائیں۔تو وہ سیدنا **محمد** عربی ﷺ کے اسم شریف کے مطابق ہوگیا۔اگر تین دانے بچ جائیں۔تو وہ حضرت حیدر کرار جناب علی المرتضیٰؓ کے اسمِ مبارک کے مطابق ہوگیا۔اگر چار دانے بچیں۔تو وہ لعین عظیم **ابو جھل** صاحب نار بر سر انکار کے مطابق ہوگیا۔آگے چل کر علامہ یوسف بن اسماعیل النبہانیؒ فرماتے ہیں۔کہ! ہم اس عظیم مقصد کے لئے بارہا اِسی استخارے پر عمل پیرا ہوئے۔اور (ہمیشہ) پہلے ہی تین اسمائے مبارکہ ومطہرہ میں سے ہی کوئی اسمِ مبارک نکلا۔۔۔

استخارہ کاشفہ مجربہ : دو کاغذلیکر ایک کاغذ پر **افعل** لکھ کر اس کے اردگرد دائرہ میں یہ لکھو۔ **یعتذرون الیکم اذا رجعتم ... بما کنتم تعملون** ☆ (سورہ توبہ۔آیت نمبر **94**) اور دوسرے کاغذ پر **تفعل** لکھ کر اس کے اردگرد دائرہ میں یہ لکھو۔ **و قل اعملوا ... بما کنتم تعملون** ☆ (سورہ توبہ۔آیت نمبر **105**) پھر ان دونوں کاغذوں کو لپیٹ کر ایک چکنے والی مٹی کے ٹکڑے میں رکھو۔پھر اس کو مٹی کے پیالے میں رکھو۔جس میں پہلے سے پانی ہو۔اور اس پانی پر 20 مرتبہ یہ آیتِ قرآنی پڑھ کر پھونک مارو۔ان دونوں کاغذوں میں سے ایک کاغذ پانی کی سطح پر اوپر آجائے گا۔اگر وہ پہلا کاغذ ہو۔تو تمھاری حاجت پوری ہو جائے گی۔اور اگر دوسرا کاغذ جس پر **تفعل** لکھا ہے۔اگر وہ سطح پر آجائے۔تو یہ منع کا اشارہ ہے۔لہٰذا تم اپنی اِس حاجت ومقصد سے باز آجاؤ۔کیونکہ یہ حاجت پوری نہیں ہوگی۔مجرب ومستند استخارہ کاشفہ ہے۔

طریقہ استخارہ : صاحب شمس المعارف جناب شیخ ابوالعباس احمد بن علی بونی القرشیؒ نے فرمایا ہے۔ کہ جو شخص عددی تکسیری بناوٹ کے ساتھ نقشِ مثمن میں اللہ تعالیٰ کا اسمِ مبارک **خبیر** لکھ کر اردگرد دائرے کے طور پر یہ لکھیں۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o یا رفیع الدرجات ذوالعرش ج یلقی الروح من امرہ علٰی من یشآء من عبادہ لینذر یوم التلاق o یوم ھم بارزون ج لا یخفٰی علی اللہ منھم شیء لمن الملک الیوم ط** (سورہ مومن۔آیت نمبر 15-16) پھر اس لکھے ہوئے کو سر پر باندھ کر **یا خبیر . یا ھادی . یا مبین** پڑھتے ہوئے سو جاؤ۔ اور اس کے ضمیر میں خیال کرے جسے چاہتا ہے۔ (یعنی کہ اپنے مقصد پر غور کرے جس کے لئے استخارہ کر رہا ہے) تو حامل لوح ہٰذا اپنے مقصد کو پہلی یا تیسری یا حد نویں رات نیند میں صاف اور واضح طور پر مُلاحظہ کرے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

خ	ب	ی	ر	خ	ب	ی	ر
10	200	600	2	10	200	600	2
600	2	10	200	600	2	10	200
10	200	600	2	10	200	600	2
200	600	2	10	200	600	2	10
2	10	200	600	2	10	200	600
200	600	2	10	200	600	2	10
2	10	200	600	2	10	200	600

استخارہ مجربہ : جناب شیخ ابوالعباس احمد بن علی بونی القرشیؒ اپنی یگانہ روزگار تصنیف شمس المعارف و لطائف العوارف میں فرماتے ہیں۔ کہ! جب تم کسی امر کا انجام معلوم کرنا ہو۔ تو بعد نمازِ عشاء چھ رکعتیں دو۔ دو کر کے ایسے پڑھو۔ کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ والضحٰی، دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ والتین، تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الم نشرح، چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ القدر، پانچویں رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ زلزال، چھٹی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد لوبان ذکر اور جاوی کے بخورات کو روشن کر کے کاغذ کے ایک صاف ٹکڑے پر یہ دعائیہ کلمات لکھو۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o الی الرب الجلیل الودود الکریم العزیز الجبار المتکبر الشکور من عبدہ (صاحبِ استخارہ کا نام) **العبد الذلیل الفقیر المحتاج البائس السائل المضطر . الذی لم یجد لحاجتہ سواک یطلب و یرغب منک قضآء کذا و کذا** (مقصدِ استخارہ) **انک علٰی کل شیء قدیر o** اِن دُعائیہ کلمات کو لکھنے کے بعد صاحب استخارہ سات مرتبہ یہ کہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اللھم انی اسئلک بکل اسم ھو لک سمیت بہ نفسک او انزلتہ فی کتابک او علمتہ احدا من خلقک او استأثرت بہ فی علم الغیب عندک ان تجعل القرآن العظیم ربیع قلبی و ضیآء بصری و اجلآء حزنی و ذھاب ھمی وان تجعل لی من امری فرجا و مخرجا و بیانا شافیا وان تقضی حاجتی کذا و کذا (مقصدِ استخارہ) **وتذکر ما شئت من تحنن قلب علیک و عطف محبۃ ورحمۃ الیک اوبیان ما اصعب علیَّ فھمہ فافھم واللہ الموفق۔**

اب اِس کاغذ کو بھی بخورات کی دھونی دو۔ پھر اِس کاغذ کو لپیٹ کر اور موم لگا کر ایک نرسل میں بند کر کے اوراوپر سے خوب موم لگا کر ایک دھاگے سے مضبوطی کے ساتھ باندھ دو۔ اور اِس نرسل کو جاری پانی میں بہا دو۔ پانی میں ڈالتے وقت یوں کہو۔ **اجریت قلب فلاں بن فلانۃ** (صاحبِ استخارہ کا نام)۔ اگر بہتا پانی نہ ہو تو ایک بڑے برتن (جیسے کوئی تھال وغیرہ) میں پانی ڈال کر اسی نرسل کو پانی میں ڈال دو۔ اور پانی والے برتن کو سرہانے کے پاس رکھ کر سو جاؤ۔ حاجت ضرور پوری ہوگی۔ انشاء اللہ۔

پوشیدہ اسرارو رموز کا جاننا : اگر کوئی شخص قدرت کے مخفی اسرار و رموز کو کھلی آنکھوں سے مشاہدہ کرنا چاہے۔ تو چاہئیے۔ کہ وہ ان اسماء کو نوچندی شب جمعہ سے روزانہ ایک ہزار (1000) مرتبہ مگر اول وآخر سو۔ سومرتبہ درود وسلام، پرہیز عمومی کے ساتھ تنہا جگہ میں (41) اکتالیس شب تک پڑھے۔ تو وہ شخص قدرت کے حسین وجمیل اور مخفی اسرار و رموز سے آگاہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اسماء یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ یَا اَحْمٰی حَمِیْثُ۔وَیَا اَطْمٰی طَمِیْثًا۔ اٰہِ اٰہِ اٰہِ اَنْتَ اَنْتَ۔وَاہِ وَاہِ وَاہِ اَنْتَ اَنْتَ۔وَایَہٖ وَایَہٖ وَایَہٖ اَنْتَ اَنْتَ۔

پنہاں اسرارو موز کا انکشاف : امام بونیؒ نے فرمایا۔ کہ اگر کوئی شخص یہ چاہے۔ کہ اس پر کشفِ علومِ جلیلہ و رموزِ بعدہ کا انکشاف ہو۔ تو وہ ان کلمات کو 363 مرتبہ کاغذ پر روزانہ لکھتا رہے۔ اور روزانہ رات کو سونے سے پہلے ان اسماء کو 363 مرتبہ پڑھ کر پاک وصاف بستر پر سویا کرے۔ ان کلمات میں عجیب وغریب تاثیر ہے۔ اسمائے جلیلہ یہ ہیں۔ پہلے ہی عشرے میں اللہ تعالیٰ کے عجیب وغریب رموز واسرار کا انکشاف ہونا شروع ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ **اٰہِ اٰہِ اٰہِ اَنتَ اَنتَ۔**

استخبارہ غوثیہ مُجربہ : فقیر غلام الرسول میمن اشادًا اپنے ایک مکتوب میں فرماتے ہیں۔ کہ جس وقت میری عمر 22 برس تھی۔ تب سے یہ عمل استخبارہ میرا معمول رہا ہے۔ اس عمل کی لذت کرنے کے بعد ہی محسوس ہوتی ہے۔ اسی عمل استخبارہ کو حضرت سید مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ کی اولاد نے بھی تھوڑی سی تبدیلی کے ساتھ لکھا ہے۔ (وھو ھذا) جب بھی کسی امر کا معلوم کرنا مقصود ہو۔ تو بعد نماز عشاء تجدید وضو کریں۔ پھر 100 سو بار درود پاک پڑھیں۔ بعدہٗ دو رکعت نماز بنیت (معلومات امر مخفی) اس طرح پڑھیں۔ کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد 20 بیس مرتبہ سورۃ اخلاص اور دوسری رکعت میں بعد فاتحہ کے 21۔ اکیس بار سورۃ اخلاص پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد شمال مغرب (یعنی بطرفِ بغداد عراق) کی طرف 11 قدم اٹھائیں۔

پہلے قدم پر یہ کہیں ۔ **یَا سَیِّدُ مُحَیِّی الدِّیْن اَمْرُاللّٰہِ** ۔ دوسرے قدم پر یہ کہیں۔ **یَا شَیْخ مُحَیِّی الدِّیْن فَضْلُ اللّٰہِ** تیسرے قدم پر یہ کہیں۔ **یَا اَوْلِیَاءُ مُحَیِّی الدِّیْنَ اَمَانُ اللّٰہ** ۔ چوتھے قدم پر یہ کہیں۔ **یَامِسْکِیْن مُحَیِّی الدِّیْن نُوْرُاللّٰہِ** پانچویں قدم پر یہ کہیں۔ **یَاغَوْثُ مُحَیِّی الدِّیْن قُطْبُ اللّٰہ** ۔ چھٹے قدم پر یہ کہیں۔ **یَا سُلْطَانُ مُحَیِّی الدِّیْن سَیْفُ اللّٰہ** ساتویں قدم پر یہ کہیں۔ **یَا خَوَاجہ مُحَیِّی الدِّیْن فَرْمَانُ اللّٰہُ** ۔ آٹھویں قدم پر یہ کہیں۔ **یـاَ مَخْدُوْمُ مُحَیِّی الدِّیْن بُرْھَانُ اللّٰہ** نویں قدم پر یہ کہیں۔ **یـاَ دَرْوِیْشُ مُحَیِّی الدِّیْن ایات اللّٰہُ** دسویں قدم پر یہ کہیں۔ **یَابَادْشَاہٗ مُحَیِّی الدِّیْن غوث اللّٰہُ** ۔ گیارہویں قدم پر یہ کہیں **یَا فَقِیْر مُحَیِّی الدِّیْن مُشَاھِدَاللّٰہُ**

پھر قبلہ رخ ہو کر پہلے 500 پانچ سو مرتبہ **یا عَلِیمُ عَلِّمْنِیُ وَاَخْبِرْنِیُ** پھر 500 پانچ سو مرتبہ **اِھْدِ نَاالصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْم** پڑھیں۔ مگر یہ یاد رہے۔ کہ **یـا عَـلِیمُ عَلِّمْنِیُ وَاَخْبِرْنِیُ** اور **اھـدنا الصرا ط ا لمستقیم** پڑھتے وقت مطلب و مقصد دل میں ضرور ہو۔ پھر اچانک آپکا سر دائیں یا بائیں طرف کوئی غیبی شخص گھمادے گا۔ اگر چہ کسی کے سر کو سو (100) زنجیروں ہی سے کیوں نہ باندھا ہوا ہو۔ دائیں طرف کا مطلب ہے۔ مقصد پورا ہوگا۔ اور بائیں طرف سر گھومنے کا مطلب کہ مقصد پورا نہ ہوگا۔ پس سر نے تو ہر حال میں گھومنا ہی ہے۔ یہ عمل مجربات میں سے ہے۔

استخارہ کا لغوی معنی ہے۔ ''خیر طلب کرنا'' حضرت جابرؓ سے مروی ہے۔ کہ! رسول اللہ ﷺ تمام اُمور میں ہم استخارہ کی اس طرح تعلیم دیتے تھے۔ جس طرح ہم کو قرآنِ پاک سکھاتے تھے۔ **(الحدیث)** رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ (کہ) ابنِ آدم کی سعادت اس بات میں ہے۔ کہ وہ حق تعالیٰ سے استخارہ (مشاورت۔ طلبِ خیر) کرتا رہے۔ اور اس کی بدبختی یہ ہے۔ کہ! استخارہ ترک کر دے۔ **واستغفر لھم و شاور ھم فی الامر ۔ فاذا عز مت فتو کل علی اللہ ۔ ان اللـہ یحب المتو کلین** ۔ (سورہ آلِ عمران 159) اور ان کے لئے استغفار کریں۔ اور **کام کا مشورہ ان سے کیا کریں**۔ پھر جب آپ کا پختہ ارادہ ہو جائے۔ تو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کریں۔ بے شک! اللہ تعالیٰ توکل کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔ واضح ہو کہ! استخارہ کے ضمن میں بھی کثیر احادیث اور روایتیں وارد و منقول ہیں۔ منجملہ اُن کے ایک حدیث تو یہ ہے۔ کہ! **مـا خاب من استخار و لا ندم من استشار**۔ جو شخص استخارہ کرتا ہے۔ وہ پشیمان نہیں ہوتا۔ حدیث میں آیا ہے۔ کہ! **من سعادۃ ابن آدم الرضآء با لقضآء**۔ یعنی ابنِ آدم کی یہ سعادت ہے۔ کہ! وہ مرضی مولا پر راضی رہتا ہے۔

معاملے کے کشف کے لئے :(عملِ استخبارہ) :

بحالت وضو رو بہ قبلہ بیٹھ کر عرقِ گلاب و زعفران یا کسی سرخ رنگ کے موٹے قلم سے ایک صاف کاغذ پر وفق **بدوح** لکھ کر اس کے اوپر یہ آیت لکھیں۔ **و کـذلک نُـری ابـراھیم ......من المؤمنین** ۔ (سورہ انعام۔ آیت نمبر 75) اور اس کاغذ کے بائیں طرف یہ آیت لکھیں۔ **ولـما جاء مـوسٰی لـمیقـا تـنا و کلمہ ربہ لاقـال رب ارنـی انظر الیک ط☆** (سورہ بقرہ۔ آیت نمبر 260) اور اس وفق کے نیچے یہ آیت لکھیں۔ **انا اعـطینـک الکوثر ..... ان شا نئک ھو الابتر** ☆ اور اس وفق کے دائیں جانب یہ آیت لکھیں۔ **اذ قـال یوسف لا بیہ یا بت انی را یت احـد عشـر کـو کبا والشمس والقمر رایتھم لی سجدین** ☆ (سورہ یوسف۔ آیت نمبر 4) پھر یہی جُملہ آیات 45 مرتبہ پڑھ کر کاغذ پر، اپنے ہاتھوں پر اور اپنے سرہانے پر دم کر دیں۔ پھر اس کاغذ کو لپیٹ کر سرہانے کے نیچے رکھ دیں۔ اپنی خواہش و عزم کا دل میں تصور کیے سو جائیں۔ پہلی یا تیسری یا پانچویں رات تک صاحب عمل معاملات کو بحالتِ رویا مُلا حظہ کر لے گا۔ انشاء اللہ۔ درمیانِ وفق میں مقصد لکھیں۔ جیسے کہ اگر کوئی کاروبار کرنا چاہتا ہے۔ تو خانہ مقصد میں صِرف کاروبار لکھے۔ اسی طرح شادی، سفر، وغیرہ۔ بہر حال! وفق بدوح یہ ہے۔

د		**ب**
	یہاں پر مطلب لکھیں	
ح		**و**

استخارہ مجربہ : (بمطابق حضرت مولانا عبد العزیز پلہاروی ؒ)

اگر کوئی شخص سرخ روشنائی، قلم اور ایک کاغذ مکان کی بالائی منزل یا چھت پر لے جا کر یہ کلمات ستر مرتبہ لکھ لے ۔ **یا خآء بحق یا میـکـا ئیـل اخبـر نـی** ۔ پھر رات کو سونے سے قبل انہیں کلمات کو استخارہ کی نیت سے ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر سو جائے۔ تو پہلی، تیسری یا حد ساتویں رات تک خواب میں حالات کا مشاہدہ ہو جائے گا۔ استخارہ کا مقصد بھی حل ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ مجرب ہے۔

جام جہاں نما : (اوّل) : (مجرب عمل از حضرت کاش البرنیؒ)

مندرجہ ذیل نقش کو ایک سادہ بغیر لائن کے کاغذ پر لکھ کر پھر قینچی کے ساتھ نہایت احتیاط سے تمام حروف کو انفرادی طور پر علیحدہ علیحدہ کاٹ لیں۔ پھر ان حروف کے پرزوں کو ایک دوسرے پر رکھ کر ایک بنڈل بنا لیں۔ اور پھر ان کو اسی طرح بہتے ہوئے پانی میں ایک ساتھ چھوڑ دیں۔ جو بھی کاغذ بہتا ہوا سب سے آگے نکل جائے۔

ک	ط	ح	و	ہ	د	ا
ر	س	ص	ع	ج	ب	ز
ض	ظ	ف	م	ن	ل	ی
غ	ذ	ق	ش	ت	ث	خ

اس کاغذ کو اٹھا لیں۔ اور دیکھیں۔ کہ کونسا حرف ہے۔ اس حرف کو ملفوظی کر لیں۔ مثلاً اگر حرف **ج** نکلا ہو۔ تو اس کا ملفوظی **جیم** ہوگا۔ اس کے ساتھ ایل لگانے سے مؤکل **جیما ئیل** بنے گا۔ اب رات کو سوتے وقت اپنے مقصد کا دھیان رکھتے ہوئے **جیم** کے اعداد (**52** مرتبہ) کے مطابق یہ عزیمت **اخبرنی یا جیما ئیل بحق جیم** پڑھا کریں۔ اول و آخر طاق مرتبہ درود وسلام ضرور پڑھیں۔ چند ہی راتوں میں اس مخفی امر کے متعلق تمام تفصیل معلوم ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام حال آئینہ کی طرح معلوم ہو جائے گا۔ اور یہ مؤکل جب بھی ضرورت پڑے۔ ہمیشہ خواب میں حالات سے آگاہ کرتا رہے گا۔ دوران پڑھائی صاحب عمل ہذا کا تنہا سوئے اور بعد از پڑھائی کسی سے بات چیت نہیں کرنی۔

جام جہاں نما : (دوئم) : ایک اور صاحب علم شخصیت نے اسی قبیل کا ایک اور عمل ترتیب دیتے ہوئے فرمایا۔ کہ کاش البرنیؒ کا عمل واقعی مجرب و بے مِثال عمل ہے۔ مگر اس عمل میں کچھ مُشکلات ہیں۔ جیسے کہ! کون آبِ رواں پر جائے۔ اور وہاں جا کر کاغذ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے آبِ رواں میں ڈالے۔ اور پھر سب سے آگے بہنے والے پُرزے کو پکڑے۔۔۔۔ لیکن یہاں پر وہ صاحب فرماتے ہیں۔ کہ فقیر راقم الحروف نے اسی عمل کو جفرِ احمر کے قالب میں ڈھال کر **100%** تاثیر حاصل کی ہے۔ عمل سے پہلے مندرجہ ذیل جدول کو ملحوظِ خاطر رکھیں۔ لہٰذا فقیر اس عمل کا طریق یہاں بیان کر دیتا ہے۔

ستارے	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مُشتری	زُہرہ	زُحل
اعداد	400	340	850	284	950	217	45
بروج	اسد	سرطان	حمل۔ عقرب	جوزا۔ سنبلہ	قوس۔ حوت	ثور۔ میزان	جدی۔ دلو
اعداد	65	320	450	164	580	814	57

سب سے پہلے صاحب عمل اپنے نام مع والدہ کے اعداد ابجد قمری استخراج کر کے 12 پر تقسیم کرے۔ جو باقی بچے۔ اس کے مُطابق بُرج حاصل کرے۔ نام مع والدہ کو 12 پر تقسیم کر کے بُرج حمل سے گِنتے ہیں۔ اگر 1 بچے تو حمل، اگر 2 بچیں۔ تو ثور، اسی طرح سے حمل 1۔ ثور 2 ۔ جوزا 3 ۔ سرطان 4 ۔ اسد 5 ۔ سُنبلہ 6۔ میزان 7 ۔عُقرب 8۔ قوس 9 ۔ جدی 10۔ دِلو 11۔ اور حوت 12۔

پھر دیکھنا ہے۔ کہ حاصل ہونے والا بُرج کس ستارے کے تحت ہے۔ اس عمل میں استعمال ہونے والی آیت یہ ہے۔ **ان اللـہ لا یخفیٰ علیہ شیء فی الارض ولا فی السماء** ۔ (سورہ آلِ عمران۔ آیت نمبر 5) اس آیت کے ابجد قمری 2656۔ اسی طرح سے اس عمل میں استعمال ہونے والا اسم اعظم **کاشف الاسرار** ۔ (اعداد ابجد قمری **894**). لہٰذا اب اس عمل کو تمثیلا بیان کر کے عوام الناس کو وقوف بخشا جا رہا ہے۔ تا کہ ہر شخص اس عملِ جامِ جہاں نُما پر عمل کر کے روحانی فیض حاصل کرتے ہوئے مُستفید و مُنتفع ہو سکے۔ وما توفیقی الا باللہ۔

اسم طالب مع والدہ۔ 796 اعداد آیت کریمہ 2656 اسمِ اعظم کے اعداد 894 برج سرطان ، ستارہ قمر **660** بالا اعداد کا کُل مجموعہ 5006÷28=178.7 باقی 22 اَب اس 22 کا مطلب ہے۔ 20+2 **ب۔ ك**۔ لہٰذا اس طرح سے مؤکل یہ ہوگا۔ **بـکـا ئیـل** ۔ (یاد رہے۔ کہ! اگر 8 بچتے۔ تو ہم صرف عقرب نہ لیتے۔ بلکہ ہمیں عقرب و حمل مع مریخ تینوں کے اعداد لینے پڑتے) اب ہر رات سونے سے پہلے اس مؤکل (**بکا ئیل**) کو حرفِ ندا کے ساتھ 796 مرتبہ استخارہ و حصولِ کشف و امرِ غیبی کی نیت سے پڑھتے رہیں۔ بس یہی عمل جامِ جہاں نما بن جائے گا۔ ممکن ہے۔ کہ روزانہ پڑھنے سے مُستقبل میں رونما ہونے والے حالات اور واقعات کا توقع سے زیادہ انکشاف ہوتا رہے گا۔ انشاء اللہ العظیم۔

استخارہ مجربہ : اگر کوئی شائق عملیات دائمًا یہ چاہتا ہو۔ کہ وہ کاشف الحقائق ہو۔ گریختہ کے بارے میں معلومات دے سکے۔ سارق یا مالِ مسروقہ کا غیبی علم اُسے حاصل ہو جائے۔ زمین میں مخفی خزائن کو دیکھنے کی قدرت رکھتا ہو۔ تو ایسے شخص کو چاہیئے۔ کہ! ہر نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ اور رات کو دس ہزار مرتبہ یہ کلمات اکیس یوم تک صوم وصیام دَرخلوت پرہیزِ روحانی کے ساتھ پڑھے۔ بعد اکیس یوم کے ، ہر نماز کے بعد ایک تسبیح جبکہ رات کو سونے سے قبل ایک ہزار مرتبہ ہمیشہ پڑھتا رہے۔ تا کہ تا حیات اثرات زائل نہ ہوں۔ نہایت مجرب المجرب عمل ہے۔ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ یَاعَلِیۡمُ عَلِّمۡنِیۡ یَاخَبِیۡرُ اَخۡبِرۡنِیۡ یَامُبِیۡنُ بَیِّنۡ لِیۡ یَا رَشِیۡدُ اَرۡشِدۡ نِیۡ یَا ھَادِیۡ اِھۡدِ نِیۡ بِحَقِّ ھُوَ اِلَّاھُوَ ۔

بقولِ علامہ محمد اقبال (شاعرِ مشرق۔ قومی شاعر)

خوش تو ہم بھی ہیں، جوانوں کی ترقی سے مگر — لبِ خنداں سے نکل جاتی ہے فریاد بھی ساتھ

ہم تو سمجھے تھے کہ لائے گی فراغت تعلیم — کیا خبر تھی کہ چلا آئے گا الحاد بھی ساتھ

ارواح و حاضرات و مؤکلات و جنات و ہمزاد وغیرہ دیکھنے کا فلسفہ :

ارواح کو دیکھنے یا غیر مرئی مخلوقات (جیسے جنات، مؤکلات، ہمزاد، بھوت پریت، دیو، پری وغیرہم) کو دیکھنے کے پانچ مراحل ہیں۔

☆ **عالمِ رویاء** (یعنی بحالتِ خواب مُلاحظہ کرنا) : یہ کیفیت ہر شخص (قوم و مذہب وملت) میں یکساں ومشترک ہے۔ یعنی مسلم وغیر مسلم، چھوٹا بڑا، مرد وعورت ہر کوئی خواب دیکھتا ہے۔ البتہ مسلم وغیر مسلم کے خواب میں (تقوٰی) کی وجہ سے کچھ تفریق ضرور ہوتی ہے۔

☆ **عالمِ بیداری** (یعنی جاگتی حالت میں مُلاحظہ کرنا) : یہ کیفیت صرف پاک سیرت و نیک طینت، متقی وولی نیک مسلمانوں میں پائی جاتی ہے۔ اس کا ثبوت چند احادیث نبویہ ﷺ اور سلف صالحین کے حالات و واقعات میں کثرت سے موجود ہے۔ جیسا کہ واقعہ معراج میں آنحضرت نبی مکرم ﷺ کا حضرت موسیٰ کلیم اللہؑ سے ملاقی ہونا۔ یا صحابہءکرامؓ واولیائے عظام کا آنحضرت ﷺ سے بحالتِ بیداری شرفِ ملاقات کرنا۔ یا بزرگوں کا حضرت علی المرتضٰیؓ سے مستفید ہونا وغیرہا۔۔۔ تقوٰی کی بناء پر ارواح مجسم ہوکر سامنے آکر ہمکلام ہوتی ہیں۔

☆ **بطریقِ عین العیان** (جاگتی حالت میں عظیم مُشاہدہ کرنا) : یہ کیفیت صِرف پاک سیرت و نیک طینت، متقی وولی نیک مسلمانوں میں پائی جاتی ہے۔ چونکہ یہ کیفیت و حالت صِرف صوفیائے کرام اور سالکین سے متعلق ہے۔ اس کیفیت و حالت کے حصول کے بعد طالبِ صادق وسالکِ صالح کا ظاہر و باطن یکساں ہوجاتا ہے۔ اور وہ اپنی باطنی نگاہ اور بصیرت سے بعالمِ بیداری نہ صرف انبیائے کرامؑ یا اولیائے عظام بلکہ عوالمِ غیوب وشہود، جنت وجہنم، زمین تا آسمان ہر چیز کا بعینہٖ مشاہدہ کرسکتا ہے۔ یہ صدری طریقہ عموماً تعلیم نہیں کیا جاتا۔ میرے مرشد ومربی قبلہ پیر سید محبوب علی شاہؒ نے تو اس موضوع پر ایک مکمل، جامع ومنضبط کتاب بنام 'عین العیان' تصنیف فرمائی ہے۔

واعظ! کمالِ ترک سے ملتی یاں مراد — دنیا جو چھوڑ دی ہے، تو عقبٰی بھی چھوڑ دے

☆ **دورانِ مراقبہ** (یعنی بحالتِ مراقبہ (Meditation) مُلاحظہ کرنا) : یہ کیفیت ہر شخص (قوم و مذہب وملت) میں یکساں ومشترک ہے۔ البتہ مسلم وغیر مسلم کے مراقبہ میں (تقوٰی) کی وجہ سے کچھ تفریق ضرور ہوتی ہے۔ اس کیفیت و حالت کا دارومدار مشق پر منحصر ہوتا ہے۔ لیکن مسلمانوں اور اہلِ ہنود (ہندوؤں میں بالخصوص جوگی، یوگی، پنڈتوں وغیرہا) میں اس مشق کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ یہاں تک کہ اہلِ مسلم میں تو بحالتِ مراقبہ استغراق ومحویت میں لیکن باہوش وحواس بزرگانِ دین کی ارواح، ملائکہ، جنات وغیرہا کو دیکھنے اور ان سے ملاقات ثابت ہے۔

☆ **دیدنِ ارواح بطریقِ ورد** (پڑھائی کرکے رویت کا حصول) : یہ کیفیت ہر شخص (قوم و مذہب وملت) میں یکساں ومشترک ہے۔ البتہ مسلم وغیر مسلم کے اوراد میں کچھ تفریق ضرور ہوتی ہے۔ مسلمان اسماء الحسنٰی یا آیات یا سورہ وغیرہا پڑھتے ہیں۔ جبکہ اہلِ ہنود ودیگر غیر مسلم منتر جنتر تنتر یا طلسمات وافسوں پڑھ کر، بہرحال طریق مختلف لیکن مقصد ومطلب ارواح سے ملاقات یا اپنے مطالب میں معاونت کا حصول ہے۔ جیسا کہ تسخیرِ ارواح، ملائکہ، جنات یا حاضرات کرنا وغیرہا۔

☆ **عزیمت احضارِ روحانیت** : عموماً یہ دیکھا گیا ہے۔ کہ روحانیات کی تسخیر کے دن گزر جاتے ہیں۔ پھر بھی روحانیات حاضر نہیں ہوتی۔ اسی لئے روحانیات کی تسخیر کا کوئی بھی عمل کریں۔ تو عمل کے تعداد وایام پورے ہونے کے بعد والی رات کو بعد نماز عشاء کسی اگربتی یا جاوی ولوبان کی دھونی دے کر یہ عزیمت فقط (90) نوے مرتبہ پڑھی جائے۔ تو روحانیات حاضر ہوجائیں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ عزیمت برائے احضار روحانیات یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ رَحْمَتُ عَلَیْکُمْ اَیُّھَا الْقَوْمِ فلاں (روحانیات کا نام) بِحَقِّ مَا تَلَوْتَہٗ عَلَیْکُمْ اَنْ تُجِیْبُوْ لِیْ وَّاَنْ تُعِیْنُوْنِیْ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ مَا تَقْصُدُوْنَ اِلَّا مَا اَسْرَعْتُمْ اِلَاجَابَۃَ لِدَعْوَتِیْ وَاِلَاقَامَۃَ لِطَاعَتِیْ مَا سَرِّعُوْا وَاُحْضِرُوْا وَاَطِیْعُوْا بِحَقِّ قَوْلِہٖ تَعَالٰی رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ ط اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَکْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَھَنَّمَ دٰخِرِیْنَ ۔ اس عمل کی بدولت روحانیات حاضر ہوکر اطاعت وفرمانبرداری کریں گے۔ انشاءاللہ العظیم۔

مکاشفات درقبرستان : اگر کوئی شخص روزانہ مغرب وعشاء کے مابین کسی قبرستان میں جاکر بلا تعداد مرتبہ آنے والے کلمات عظیمہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ تو ہفتہ عشرہ میں ہی عجائبات وغرائبات دیکھنا شروع کردے گا۔ لیکن یہ تمام تر عجائبات ومکشوفات عالم رویاء میں وقوع پذیر ہوں گے۔ بلکہ آہستہ آہستہ کشف القبور بھی حاصل ہوجاتا ہے۔ بہرحال وہ کلماتِ عظیمہ یہ ہیں۔ سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِکَۃِ وَالرُّوْحِ۔

مجرب عمل برائے کشف القلوب : (مجرب عمل ازمرشدومربی جناب قبلہ سید محبوب علی شاہؒ) :

یہ عمل علم عزائم سے ہے۔اورکشف القلوب،ضمیر شناسی اور لوگوں کے دلوں میں پوشیدہ خیالات کومعلوم کرنے کے سلسلے میں یہ نہایت عظیم النفع عمل ہے۔طریق عمل یہ ہے۔کہ! ۔وہ شخص سہ ہفتہ (یعنی ۲۱ دنوں تک) صوم وصیام،ترک حیوانات اورخلوت نشینی میں روزانہ ان اسمائے سبعہ کو (جن کوعرف عام میں مفاتیح العلم بھی کہتے ہیں) کو 1000 ہزار بار بعد نمازِ فجر اور 1000 ہزار بار بعد نمازِ عشاء اس طرح پڑھے۔کہ پہلے **11** (گیارہ) بار درودسلام پڑھے۔پھر 1000 ہزار بار یہ اسمائے سبعہ پڑھے۔پھر **11** (گیارہ) بار درودسلام پڑھے۔پھر 11 بار دعا پڑھے۔پھر 11 بار درودسلام پڑھے۔تو اس عمل کے فیوض وبرکات اور اثرات ہفتہ عشرہ میں ہی شروع ہوجائیں گے۔اکیس روزانہ کے بعد جوشخص بھی عامل کے سامنے آئیگا۔اس کی دلی کیفیات اور باتوں کا عامل کو پتہ چل جائے گا۔یہ عمل مجرب المجرب ہے۔اسمائے سبعہ یعنی مفاتیح العلم یہ ہیں۔

سُمَیْدَعُ . یَدُعِ . ھَلَیْھُوْنَ . لَا لَھُوْن . دَمْدَعُوْثٍ . ھَاجَنِیْ . فَلَیُشَاۤءُ . ھَیْلُوب .

دعا ان آٹھ اسمائے مفاتیح العلم کی یہ ہے ۔ **اَللّٰھُمَّ اَکْشِفْ عَنْ قَلْبِیْ حِجَابَ الْغَفْلَةِ وَعَلِّمْنِیْ مَالَمْ اَکُنْ اَعْلَمْ وَبَیِّنْ لِیْ مِنْ کُلِّ مَااَسْئَلَ عَنْهُ یَامَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَلَامَعْبُوْدُ سَواہٗ** ۔(بہرحال ! یہ عمل واقعتاً مجرب المجرب اور مستندعمل ہے)

عالم رویاء میں عجائبات دیکھنا : ابن خلدون نیاپنے مقدمہ میں یہ اسمآئے حالومیہ کتاب ''غایۃ الحکیم'' امام مسلم مجریطی سےنقل کئے ہیں۔

تَمَاغُسٍ ۔ بُعْدَان ۔ یُسْوَادٍ ۔ وُغْدَاسٍ ۔ نُوْفَنَا ۔ غَادِسٍ .

(کچھ کتب میں **تَمَاغُسٍ** کے بجائے **تَمَاغِیْس** اور **غَادِسٍ** کے بجائے **غَادِیْس** آیاہواہے)

ان اسماء کی تاثیرات اورفوائدبھی کافی زیادہ ہیں۔اگرکسی کوخواب نہ آتے ہوں۔تووہ روزانہ رات کو یہ اسماءفقط (تین سو) **300** بار بیٹھ کرپڑھے۔پھر بناءکسی سے بات چیت کے سوجائے۔تونہ صرف خواب آئیں گے۔بلکہ خواب میں بہت سے عجائبات واسرار دیکھنےکوبھی ملیں گے۔بشرطیکہ روزانہ پڑھے جائیں۔اور پڑھنے والا تنہا ہو۔اگرکسی امرمخفی کےمتعلق معلوم کرنا مقصود ہو۔تو یہی اسماء عجیبہ **1000** بار اپنے مطلب ومقصدکو مدنظر رکھتے ہوئے پڑھے جائیں۔چندہی راتوں میں بالکل صحیح صحیح جواب مل جائیگا۔کیونکہ یہ عمل استخارہ اورمعلومات امورمخفیہ کے لئے بھی نہایت مجرب ہے۔(یادرہے۔کہ) اگرکوئی بندہءخدا ان چھ اسمائے عجیبہ کے رازواسرارکوجاننے کامتمنی ہو۔تو اُسے چاہیئے۔کہ! پچیس دنوں تک انہی چھ اسماء کو بعد ہرنماز کے **500** مرتبہ اوررات میں **2500** مرتبہ پڑھیں۔جب یہ **25** ایام مکمل ہوجائیں۔توانہیں چھ اسماء کوروزانہ کسی بھی وقت **500** مرتبہ پڑھ لیا کریں۔تاکہ ہمیشہ مشاہدات سے مستفید ہوتے رہیں۔

ارواح سے ملاقات کرنا : (عمل ازمولانا محمدرفیق زاہد درکتاب ''قانونِ طلسمات'')

ارواح سے ملاقات کرنے کا یہ طریقہ بے حدسہل ہے۔طریقہ کے مطابق عروج ماہ میں شب جمعہ کونمازِعشاء کے بعدمندرجہ ذیل اسمائے سبعہ طلسمات کوایک ہزار مرتبہ پڑھ کر پہلوئے راست پر باوضوسوجائیں۔چندہی شب میں مطلوبہ ارواح سے ملاقات حاصل ہوگی۔

ھَشْمِیْصَطًا . ھَیْشَمْطَصًا . صَمْطَیْشَھًا . صَطَمِیْھَشًا . طَشْھَیْمَصًا . طَمْشَیْھَصًا . شَمْھَیْصَطًا .

1۔ اگرکوئی شخص بحالتِ رویاءجنات جیسی مخفی مخلوقات کا بعین مشاہدہ کرنا چاہے۔تو اُسے چاہیئے۔کہ! بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر یہ اسمائے مجہولہ لکھ کرکسی خلوت کے مقام پرسوجائیں۔ **شمعون بھوہ شروش وہ.**

2۔ بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر یہ نقش لکھ کر پھر یہ قرآنی آیات بحالتِ وضو پچاس مرتبہ پڑھ کر کسی خلوت کے پاک صاف مقام پرسوجائیں۔اور یہی عمل ومشق روزانہ کرتے رہیں۔چندہی راتوں میں جنات جیسی مخفی مخلوق سے عالم رویاء میں ضرور بالضرور ملاقات ہوگی۔نقش یہ ہے۔**سلفسح** ۔ آیات یہ ہیں۔**الله نور السموات والارض ---- والله بکل شیء قدیر**۔(سورہ نور،آیت نمبر 35 تک)

3۔ اگرکوئی شخص رات کوقبل النوم بحالتِ وضوآنے والےکلمات اپنے دائیں ہاتھ سے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پرتحریرکر کے سوجائے۔تو رات کووہ عجائبات ملاحظہ کرے گا۔یہ عمل استخارہ کے لئے بھی مفیدونافع ہے۔کلمات یہ ہیں۔ **ھب من ۔ ھب من ۔ ھب من ۔ ھب من ۔**

4۔ جنات جیسی مخفی وغیر مرئی مخلوق سے عالم رویاء میں ملاقات کرنے کی غرض سے اگرکوئی شخص اپنی بائیں ہتھیلی پر یہ اسمائے مجہولہ لکھ کرکسی خلوت کے مقام پرسوجائیں۔ **نموس . سا موس . سا نو س . کا نو س . کعر و س . میطر و س . اخبرونی عن کذا و کذا** (کذاوکذا کی جگہ پر اپنا مقصدلکھیں جس کی خبر لینا مقصودومطلوب ہو) **الوحا الوحا . لعجل العجل . الساعة الساعة.**

5۔ بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر یہ نقش لکھ کر پھرسورہ کوثر بحالتِ وضو پچاس مرتبہ پڑھ کر کسی خلوت کے پاک صاف مقام پرسوجائیں۔چندہی راتوں میں جنات جیسی مخفی مخلوق سے عالم رویاء میں ضرور بالضرور ملاقات ہوگی۔نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ شَخْصَتُ بَھَتُ ھَتُ ۔ ایک جگہ یہ کلمات اِس طرح سے بھی آئے ہیں۔ **بِسْمِ اللّٰهِ شَھَتُ بَھَتُ ھَتُ** ۔

6۔ اگراسم ''**یَھُوْہٍ**'' قبل نوم بخلوت درمکانِ تنہا بحالتِ وضو پڑھا جائے۔پھر یہی لفظ ایک کاغذ پرلکھ کرآئینہ کے اوپر رکھ دے۔اور آئینہ پر اپنا دایاں رخسار رکھ کرسوجائے۔تو خواب میں کوئی شخص آکرسوالوں کا جواب دے گا۔سات سے گیارہ راتوں تک لازمی ایسا خواب آئیگا۔

ارواح سے ملاقات کرنا : (عمل از مولانا محمد رفیق زاہد در کتاب ''انوارِ طلسمات'')

ارواح سے ملاقات کرنے کا یہ طریقہ بے حد مؤثر تیر بہدف اور بار ہا کا تجربہ شدہ ہے۔ اس عمل کے لئے زعفران و عرقِ گلاب کی روشنائی سے ذیل کے کلمات کو کسی صاف کاغذ پر تحریر کر کے اپنے سرہانے کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ خواب میں مقصودہ ارواح سے ملاقات ہوگی۔ کلماتِ عمل یہ ہیں۔

ھج . تج . ھو ور جھا ھیا جت یرمیا ھا ھیانانما سا یتانو ینا شیا ھت روھیا قرادر یریا روایا شھت ھج بھت ھر ھیا نوا یر ھا ھیا قوا ائی ھوا عدیا ۔

تسخیر مؤکل برائے حصول معلوماتِ امرِ مخفی :

1۔ دس روز پرہیز روحانی مع خلوت (صوم وصیام کے ساتھ) ذیل کی عبارت عمل کو تسمیہ کے ساتھ **5324** مرتبہ روزانہ ایک ہی نشست میں بیٹھ کر پڑھنا ہے۔ عامل کی صوابدید پر منحصر ہے۔ کہ وہ کونسا وقت اِس ریاضت کے لئے مخصوص و مختص اور مقرر کرتا ہے۔ چاہیئے۔ کہ ریاضت سے چند یوم بیشتر اِس عبارتِ عمل کو روزانہ ہزار مرتبہ پڑھ لیا جائے۔ تا کہ مؤکل بھی مانوس ہو جائے۔ اور عبارت عمل بھی زباں پر بآسانی رواں ہو جائے۔ اور وقت کا بھی تعین ہو جائے۔ کہ عمل میں کتنا وقت لگ سکتا ہے۔ عبارتِ عمل یہ ہے۔ **اَلْعَلِیْمُ الْعَلَّامِ شَمُوْش" وَ طَیْغُوْ غ" وَ فَاغُوْغ"**۔ اس عمل کا مؤکل عالم رویاء میں خبریں دے گا۔

2۔ پرہیز روحانی مع صوم وصلاۃ سات ایام کی خلوت اختیار کرے۔ اور اِن کلمات عظیمہ کو صبح و رات ان کے اعداد ابجد قمری (**3268**) کے مُطابق پڑھتا رہے۔ جب اور جس وقت پڑھائی کرے۔ اس وقت صندلِ سُرخ ولوبان یا پھر کوئی خوشبودار اگربتی کو جلائے رکھے۔ کلماتِ عظیمہ یہ ہیں۔

یَا خَبِیْرُ .یَا مُبِیْنُ .یَاعَلَّامُ الْغُیُوْبِ .شَرَآھِیًّا بَرْھُوْتًا. ساتویں رات کو اختتامِ عمل پر واقعات کی اطلاع دینے والا آن حاضر ہوگا۔ صاحب عمل کو چاہیئے۔ کہ اس ریاضت و خادم کی اطلاع کسی کو نہ دے۔ ورنہ اس قیمتی تصرف کے ضائع ہونے کے عِلاوہ جان بھی جا سکتی ہے۔

3۔ (یہی عمل دوسری کتاب میں اس طرح سے بھی بیان ہوا ہے) اطراف کی خبریں منگوانے کے لئے درج ذیل عزیمت کو اس عزیمت کے عددوں (یعنی **3597** تین ہزار پانچ سو ستانوے) کے برابر سات دن تک پرہیز روحانی کے ساتھ کوئی خوشبودار دھنہ سلگا کر یا کوئی اگربتی کی دھونی کے ساتھ عمل کو سرانجام دیں ساتویں یا گیارہویں دن عامل کے سامنے مختلف امور کی خبروں یا واقعات کی اطلاع دینے کے لئے ایک مؤکل حاضرِ خدمت ہوگا انشاءاللہ تعالیٰ۔ لیکن خداوند قدوس سے ڈرنا ضروری ہے۔ اس عظیم عمل کی عزیمت یہ ہے۔ **اَلْخَبِیْرُ الْمُبِیْنَ . عَلَّامُ الْغُیُوْبِ . شَرَاھِیًّا بَرْھُوْتًا.**


4۔ اگر کوئی شخص رات کو ایک مخصوص جگہ مقرر کر کے روزانہ اُسی وقت آنے والی آیت کو گیارہ سو گیارہ (**1111**) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے۔ تو پوری دُنیا اُس کے سامنے کھلی کتاب کی مانند ہو جائے گی۔ بلکہ آنے والے اور وقوع پذیر ہونے والے واقعات تک کا علم پہلے سے ہی ہو جایا کرتا ہے۔ آیتِ کریمہ یہ ہے۔ **وعندہ مفاتح الغیب لا یعلمھا الا ھو ط و یعلم ما فی البر و البحر ۔** (سورہ انعام۔ آیت نمبر 59)

5۔ اگر کوئی شخص خفیہ چیزوں کے اِظہار کے لئے یا لوگوں کے قلوب کے رازوں تک پہنچنا چاہے۔ تو چاہیئے۔ کہ پرہیز روحانی اور صوم وصلاۃ کے ساتھ سات ایام کی خلوت اختیار کرے۔ اور ان کلمات عظیمہ کو صبح و رات کو **1000-1000** مرتبہ اور پانچوں نمازوں کے بعد **310** مرتبہ پڑھتا رہے۔ جب اور جس وقت پڑھائی کرے۔ اس وقت صندلِ سُرخ ولوبان یا پھر کوئی خوشبودار اگربتی کو جلائے رکھے۔ کلماتِ عظیمہ یہ ہیں۔

کَمُشٍ کَمُشٍ . مَشٍ مَشٍ . عَکُشٍ عَکُشٍ . شَمُلَاخٍ شَمُلَاخٍ . اُجِبْ یَا جُوَاشُ وَ اَظْھِرْ نِیْ عَلٰی ضَمَآئِرِ النَّاسِ ۔

ساتویں رات کو جب تعداد پوری ہوگی۔ تو صاحب عمل کو ایک آواز آئے گی۔ مگر کوئی دکھائی نہیں دے گا۔ یہ دراصل عمل کے استجابت کی علامت اور واضح نشانی ہے۔ اس کے بعد جب بھی عامل کسی انسان کے راز کی معرفت حاصل کرنا چاہے۔ تو اسے چاہیئے۔ کہ وہ اپنا سر اپنے دونوں گھٹنوں کے وسط میں رکھ کر یہی کلماتِ عظیمہ تین مرتبہ پڑھے۔ تو خادم عمل ہٰذا **جـــواش** اُس شخص کے بارے عامل کے گوش میں خبر دے گا۔ عامل کو چاہیئے۔ کہ اس راز کی حفاظت کرے۔ کسی کو بھی اپنا حال بیان نہ کرے۔ تا کہ کامیابی دائمًا ساتھ رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

6۔ (بقول حضرت کاش البرنیؒ) اگر کوئی شخص تین روز پے در پے روزے رکھے۔ اور پرہیز عمومی کرے۔ اور کسی خلوت میں لوبان کندر یا کسی اگربتی کا بخور سلگائے۔ بعد ازاں ایک سفید بغیر لائن کورے کاغذ پر ذیل کا نقش بنائے۔ اور اس نقش کے گرداگرد سورہ فاتحہ، سورہ اخلاص، معوذتین اور سورہ حشر کا آخر (**لو انزلنا ھذا القرآن** ۔۔ سورہ حشر۔ تا آخر) مشک وزعفران اور عرق گلاب سے لکھے۔ پھر اس کے نیچے اپنی حاجت لکھے نقش یہ ہے۔



اس کے بعد سو بار یوں کہے۔ کہ! **و اذصرفنا الیک نفرا من الجن یستمعون القرآن فلما حضروہ قالو انصتوا ج فلما قضی ولوا الی قومھم منذرین o** (سورہ احقاف۔ 29) پھر اس کاغذ کو گھر کے درخت پر یا گھر میں کسی اونچی جگہ پر لٹکا دیں۔ یا دھاگے سے باندھ دیں۔ اور لٹکاتے یا باندھتے وقت صرف گیارہ مرتبہ یہ آیت (**افحسبتم انما** ۔۔ تا آخر۔ (سورہ مومنون کی آخری آیات) پڑھیں۔ اس کے بعد عامل کو چاہیئے۔ کہ وہ وہاں (جاہِ عمل) سے چلا جائے۔

کچھ توقف (تقریبًا ایک گھنٹہ) کے بعد جا کر کاغذ کو دیکھے۔ کاغذ پر جنات کی جانب سے لازمًا جواب لکھا ہوا ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

اخراج خزائن و دفائن کا مجرب استخارہ :

صاحب شموس الانوار نے اس استخارہ کی بہت تعریف وتوصیف کی ہے۔ابن الحاج تلسمانی المغربیؒ فرماتے ہیں ۔کہ خوشبو سلگا دیں۔اور پھر چار چھوٹے چھوٹے پتھر لے کران پر روٗس اربعہ(یعنی **مازر ، کمطم ۔ قسورہ ۔ طیکل**) کے نام لکھیں۔یعنی ہرایک پتھر پرایک ایک نام لکھیں۔پھران چاروں پتھروں کو باریک کپڑے میں لپیٹ کرر کھیں۔پھر بعد **فرض نماز عشاء** کے باقی نماز کسی ایسی جگہ پر پڑھیں۔جہاں پرآپ کو کوئی دوسرا نہ دیکھ سکے۔نماز مکمل کرکے مصلے پر ہی دائیں کروٹ لیٹ جاوٗ۔اور لیٹے لیٹے 7,7 مرتبہ یہ سات سورتیں پڑھو۔ **سورہ شمس ، سورہ ولیل ، سورہ والضحٰی ، سورہ الم نشرح ، سورۃ والتین ، سورہ تکاثر ، سورہ اخلاص** ،ان تمام سورتوں کو 7,7 بار پڑھنے کے بعد یہ دعا پڑھتے پڑھتے سو جائیں۔ **اَللّٰھُمَّ اَرِنِی فِیْ مَنَا مِیْ مَا اَضْمَرْتَ عَلَیْہِ مِنْ ھٰذَا الْکَنْزِ اَوْ الدَّ فِینَۃِ** اورایک تہائی رات تک سوتے رہیں۔پھر کھڑے ہوکر وضو کریں۔اوردو رکعت نفل بہ نیت **دیدن خزانہ یا دفینہ** کےاس طرح پڑھیں۔کہ پہلی رکعت میں **سورہ فاتحہ شریف** کے بعد 7 بار سورۃ قدر پڑھیں۔پھران اسماء الحسنٰی کو 7 ہزار بار اس طرح پڑھیں۔ **یَا ھَادِی . یا خبیر .یا بصیر. یا مبین . یا علیم .** مگر ہر سینکڑہ پر یہ کہیں۔ **اِھْدِنِیْ یَا ھَادِیْ وَاَخْبِرْنِیْ یَا خَبِیْرُ و بَصِرْنِیْ یَا بَصِیْرُ وَ بَیِّنْ لِیْ یَا مُبِیْن وَ عَلِّمْنِیْ یَا عَلِیْمُ.** پھرسوئے رہیں۔اس کے بعدتمھارے پاس خواب یا بحالت بیداری میں کوئی جن و انس یا موٗکل آکرخزینہ یا دفینہ کی جگہ بتادے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔ اگرتین سے سات راتوں تک خزانے کا پتہ نہ چل سکا۔تو اپنی اصلاح کریں۔کیونکہ یہ عمل مجرب المجرب ہے۔اورمستند ہے۔جو بارہا کا آزمودہ ہے۔اوراپنی اصلاح کے لیے سوالاکھ مرتبہ کلمہ طیبہ اور سوالاکھ مرتبہ استغفار پڑھیں۔پھر دوبارہ یہ عمل کریں۔

دفائن و خزائن کا انکشاف ھونا : (عمل اَز صاحبِ طلسمات ، مولانا محمد رفیق زاہد)

چاہیئے ۔کہ! ایک عدد سفید مُرغ ،لوبان کا بخورا اور سبز رنگ کا ریشمی کپڑا۔اب مقامِ مشکوکہ کو پاک وصاف کر کے وہاں لوبان کا بخور جلائیں۔اور ذیل کے طلسماتی عمل کو تلاوت کر کے سفید مُرغ کے پروں اور بالوں پر دم کریں۔اوراس کی آنکھوں پر سبز ریشمی کپڑا خوب مظبوطی سے باندھ دیں۔اور اس کے بعد طلسماتی عمل کو تلاوت کرتے ہوئے مُرغ کو آزاد کر دیں۔اگر مشکوکہ جگہ پر کسی قِسم کا کوئی خزینہ یا دفینہ موجود یا مدفون ہوگا۔تو بحکمِ خُدا مرغ وہاں پر پہنچ کر کھڑا ہو جائے گا۔اوراپنے پاؤں سے اس جگہ کی مٹی کو کریدنا شروع کردے گا۔اور بآوازِ بلند بار بار اذانیں بھی دینے لگے گا۔

ھلھطس . بقرۃ . طرطش . علمط . علمتی . مطورش . یا طلبش . مطلیورش . علھطیش . ثراھیا . شمر شیئا . ملو حج . سملمطیش . وھو الذی یتوفکم با للیل ویعلم ما جرحتم بالنہار ثم یبعثکم فیہ لیقضٰی اجل مسمی ثم الیہ مرجعکم ثم ینبئکم بما کنتم تعلمون ☆ ھلمطیاش . ذو طرش . علمطیثاغ . قداح . قدوح . قدوس . بطلیاس . ثرامیاش . طلبنا ش . النود ☆

متذکرۃ عمل کا تعلق حاضرات وروحانیات کے عملیات سے ہے۔اوراس عمل کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے۔کہ اس عمل میں کسی قسم کی چلہ کشی یا وظیفہ کی بھی ضرورت نہیں۔صاحب کتاب رقمطراز ہیں۔کہ یہ عمل اُن کا بارہا کا آزمودہ اور انتہائی کامیاب و بے خطا تحفہ ہے۔اس عمل کی مدد سے زمین کے اندر کے پوشیدہ موجود و مدفون ہرقسم کے دفائن وخزائن کے حالات ووقوع کا علم حاصل کیا جا سکتا ہے۔(انشاءاللہ تعالیٰ)

استخارہ مجربہ : (بمطابق کتاب فتح المجید المعروف مجرباتِ دیربی) :

دورکعت نماز قربۃ الی اللہ یا استخارہ اس طرح سے پڑھیں۔کہ اول رکعت میں سورۃ فاتحہ کے یہ آیت شریفہ **وَرَبُّکَ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ وَیَخْتَارُ مَاکَانَ لَھُمُ الْخِیَرَۃُ سُبْحٰنَ اللّٰہِ تَعَالیٰ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ(سورۃ قصص نمبر 68)** اس آیت کے بعد سورۃ کافرون پڑھیں۔پھر دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد یہ آیت شریفہ **وَمَا کَانَ لِمُوْمِنٍ وَّ لَا مُؤْمِنَۃٍ اِذَا قَضِیَ اللّٰہُ وَرَسُوْلَہٗ اَمْرًا اَنْ یَّکُوْنَ لَھُمُ الْخِیَرَ ۃُ مِنْ اَمْرِھِمْ وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلاً مُّبِیْنًاo** (سورہ احزاب۔آیت نمبر 36) اس آیت کے بعد سورۃ اخلاص پڑھیں۔سلام بنا کسی سے بات چیت کئے۔اول گیارہ باردرود پاک پڑھیں۔پھر لیٹے لیٹے یہ دعائے عظیمیہ پڑھتے سو جائیں۔انشاءاللہ تعالیٰ۔پہلی یا تیسری رات تک لازمی معلوم ہو جائے گا۔یہ دعائے عظیمیہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم . اَللّٰھُمَّ یَا حَبِیْبَ کُلِّ حَبِیْبٍ یَا اَنِیْسَ کُلِّ اَنِیْسٍ یَا مُغِیْثٍ یَا کَافِیْ یَامُکْفِیْ یَامَنْ ھُوَ لِجَمِیْعِ خَلْقِہٖ مُعَافِیْ اِکْشِفْ لِیْ عَمَّا ھُوَ فِیْ نَفْسِیْ خَافِیْ تَعْلَمُ مَافِیْ نَفْسِیْ وَلَا اَعْلَمُ مَافِیْ نَفْسِکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبُ بِحَقِّ لَوْحِ وَالْقَلَمِ وَالْعَرْشِ وَالْکُرْسِیْ الْمُعَظَّمِ وَبِمُحَمَّدٍ صَلیَّ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم.اِنْ کُنْتُ تَعْلَمُ اَنْ ھٰذَہ الْاَمْرُ وَعَاجِلِہٖ وَاٰجِلِہٖ فَاقْدِرْہُ لِیْ وَیَسِّرْلِیْ وَاَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ ھٰذَا بَیَاضاً اَوْ مَاءً جَارِیاً وَاِنْ کُنْتُ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرُ (اس لفظ یعنی الامر پر صاحب استخارہ اپنے مطلب ومقصد کا تصور کرے) **شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَ دُنْیَاوِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ وَعَاجِلِہٖ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاَصْرِفْنِیْ عَنْہُ وَ اَقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کَانَ وَاَرْضِنِیْ بِہٖ وَاَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ ھٰذِہٖ سَوَادًا اَوْ دُخَانًا. اِنَّکَ عَلیٰ کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرo وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالیٰ عَلیٰ سَیِّدُنَا محمد صَلیَّ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم .**

رات کو سونے سے پہلے جب تمام کاموں سے فارغ ہوجائیں۔تو یہ نماز اور دعا پڑھیں۔اور بناء کسی سے بات کرے سو جائیں۔(اِس استخارہ سے عموماً یہ بھی مشاہدے میں آیا ہے۔کہ ایک بزرگ سفید ریش یا کوئی موٗکل عالم رویاء میں مطلوبہ امر کے متعلق خبر دے جاتا ہے)

جب دیکھ نہ سکتے تھے ، تو دریا بھی تھا قطرہ — جب آنکھ کھلی ، قطرہ بھی دریا نظر آیا
قرباں تیری شانِ عنایت کے دل و جاں سے — اس کم نگہی پر مجھے کیا کیا نظر آیا

حصہ	غذائے روحانیہ

حصہ دوئم۔ فہرستِ مضامین

ہزار راہ چلے ، پھر وہ رہ گزر آئی
کہ اک سفر میں رہے اور سفر سے گئے

اے تیر غمت را دل عشاق نشانہ — خلقی بہ تُو مشغول و تُو غائب زِ میانہ
مجنوں صفتم در بہ در خانہ بہ خانہ — شاید کہ بینم رخ لیلیٰ بہ بہانہ
حاجی بہ راہِ کعبہ و مَن طالبِ دیدار — اُو خانہ همی جوید و مَن صاحبِ خانہ
تقصیرِ ھلالی بہ اُمید کرم تُست — یعنی کہ گنہ را بہ از این نیست بہانہ

اللہ تعالیٰ کے تمام اسماء فضیلت و برکت کے اعتبار سے مساوی ہیں۔کسی اسم کو دوسرے اسم پر فضیلت وفوقیت حاصل نہیں ہے۔اور احادیث و آثار میں جو اسم اعظم مذکور ہے۔وہاں پر اعظم دراصل عظیم کے معنٰی میں مستعمل ہوا ہے۔اگر کوئی اسم اعظم ہوتا۔تو رسول اللہ اپنی اُمت کے لئے تقرر وتعین فرما کر اس **اسمِ اعظم** کے توسل سے دعا مانگتے۔کیونکہ آپ ﷺ سے بڑھ کر کوئی بھی انسان اس عظیم اُمت کا غمگسار و ہمدرد نہیں۔لہذا فضیلت وحکم میں تمام اسماء برابر ہیں۔فرمانِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **قل ادعو اللہ او ادعو الرحمٰن ط ایا ما تدعوا فلہ الاسمآ ء الحُسنیٰ** ۔۔۔ اے محمد ﷺ کہہ دو کہ! اللہ کو پکارو یا رحمان کو،جس نام سے بھی اسے پکارو۔سب اُسی کے نام ہیں۔۔۔

چند علمائے کرام اور اولیائے عُظام کا یہ مؤقف ہے کہ! اسمِ اعظم کو بھی لیلۃ القدر،جمعۃ المبارک اور ہر رات کی مقبول گھڑی (وقتِ استجابت) کی طرح اس وجہ سے مخفی رکھا گیا ہے کہ! لوگ پھر اسی اسمِ اعظم کو لسانُ الوِرد رکھیں گے۔قُرآن خوانی،نبی اکرم ﷺ پر درود و سلام پڑھنا اور باقی اسمائے باری تعالیٰ،اوراد و وظائف،عبادات ونوافل پر دھیان نہیں دیں گے۔بلکہ شیخ عمر بن سعید الفونی ؒ تو یہاں تک فرماتے ہیں کہ! یہ بات اچھی طرح سمجھ لو کہ اسمِ اعظم دنیا اور طالبِ دنیا کے لئے مفید ومناسب ہی نہیں ہے۔کیونکہ جو شخص اسمِ اعظم پا کر دنیا کے لئے استعمال کرتا ہے۔وہ دنیا وآخرت دونوں کا خسارہ پاتا ہے۔(لیکن اِس خاکسار مرتب کتاب (البلوشی) کا یہ خیال ہے کہ! حاملِ اسمِ اعظم اطاعتِ الٰہی،تقوٰی وعبادت،عجز وانکساری کا پرتَو اور خوش خُلقی ونرم مزاجی میں لاکھوں مسلمانوں میں لاثانی ہوا کرتا ہے)

تمام اسماء میں اسم اعظم کو فوقیت حاصل ہونا :

☆ چند علمائے کرام اور اولیائے عُظام فرماتے ہیں۔کہ اسمِ اعظم تقوٰی،کشف اور الہام کے ذریعے سے ایسے نیکوکار اور متقی حضرات کو حاصل ہوتا ہے۔جو مکمل امانت دار،اللہ تعالیٰ کے اخلاق واخلاص ووفاء میں مکمل مستغرق ہو دنیاوی آسائشوں،آلائشوں سے بے رُغبت اور آخرت وآسائشِ قبر کے لئے محنت و فکر رکھنے والا ہو۔تاکہ وہ **اسمِ اعظم** کو حاصل کرکے اس فانی دنیا کے معاملات میں استعمال کرکے دونوں جہانوں کی سعادت سے محروم نہ ہو جائے۔جیسا کہ ایک مشہور ومعروف واقعہ ہے۔کہ! حضرت ذوالنون مصریؒ نے اپنے بعض خدام وخواص اصحاب کو اسمِ اعظم کے متعلق آگاہی کا قصد کیا۔مگر جب اُن میں تھوڑی سی خیانت کا شائبہ ہوتے ہوئے دیکھا۔تو اُنھیں **اسمِ اعظم** سکھانے سے انکار کر دیا۔

اس ضمن میں مؤلف کتاب ہذا (فقیر عبدالرؤف القادری) قارئینِ کتاب وشائقینِ علومِ روحانیہ کی خدمت اقدس میں نہایت ادب واحترام سے عرض پرداز ہے۔کہ! ہمیں اس بات پر بھی غور کرنا چاہیئے کہ جو لوگ اسم اعظم کے وجود کے منکر ہیں۔اِن کے انکار کی وجہ کیا ہے؟ آیا یہ بات عقلاً محال ہے۔یا شرعاً۔۔۔چنانچہ ہم سمجھتے ہیں۔کہ! یہ بات عقلاً وشرعاً محال نہیں،اس بات کی عقلی ونقلی دلیل تو یہ ہے۔کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ! **افضل الذکر لا الہ الا اللہ ، افضل الدعا الحمد للہ** ۔۔۔الخ (تمام اذکار میں سے) افضل (ترین) ذکر **لا الہ الا اللہ** ہے۔اور (تمام ادعیہ میں سے) افضل (ترین) دعا **الحمد للہ** ۔۔۔(الخ) ہے۔

☆ مذکورہ بحث سے یہ بات تو بہرحال عقلاً ثابت ہو ہی گئی۔کہ! اسم اعظم واقعتاً ہے اور یہی اسمِ اعظم اللہ تعالیٰ کے باقی تمام اسماء پر افضلیت و فوقیت رکھتا ہے۔اور یہ بات ناممکنات میں سے ہے۔کہ یہ اسمِ اعظم قُرآنِ کریم میں وجود نہ رکھتا ہو۔جو کہ اللہ تعالیٰ کی عظیم ترین کتاب ہے۔اور جس کو باقی تمام الہامی کتب وصحائف پر افضلیت وفوقیت حاصل ہے۔اور ارشادِ ربانی ہے کہ! **ما فرطنا فی الکتاب من شیءٍ** ۔(سورہ انعام۔آیت نمبر 38) کوئی (بھی) ایسی شئے نہیں جو ہم نے قُرآن میں نہ لکھی ہو۔لہذا قُرآنِ مجید میں اسم اعظم ضرور واقع ہے۔اب ضرورت تو اس امر کی ہے۔کہ! قُرآنِ پاک میں یہ اسمِ اعظم کہاں واقع ہے؟ اِس ضمن میں دو مشہور ومعروف احادیثِ نبویہ ﷺ بھی پیشِ خدمت ہیں۔

☆ حضرت ابوامامہؓ سے مروی ہے۔کہ! اسمِ اعظم (قرآن پاک کی) تین سورتوں میں ہے۔**بقرہ ، آلِ عمران ، طٰہٰ** ۔

☆ حضرت اسماء بنتِ یزیدؓ سے روایت ہے کہ! نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ! اللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم اِن دو آیتوں میں ہے۔**والھکم الہ واحد لا الہ الا ھو الرحمٰن الرحیم**o (اور دوسری آیت) **الم اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم**۔(ترمذی،ابی داؤد،ابن ماجہ،دارمی)

لہذا یہ بات ثابت ہوگئی۔کہ اسم اعظم قرانِ پاک میں بہرحال وبہرصورت لازمًا موجود ہے۔لیکن یہ اُسی طرح مخفی ہے۔جیسے کہ!

1۔ماہِ رمضان میں شب قدر،2۔جمعہ کے دن میں ساعتِ قبولیت۔3۔ہر رات مین ساعت قبولیت کا ہونا۔4۔اولیاء اللہ کے سردار قطب الاقطاب یعنی غوثِ وقت،5۔مجددِ زمانہ (جس کو امام وقت بھی کہا جاتا ہے) تاکہ لوگ ان کی تلاش میں مستعد وکوشاں رہیں۔اور جس پر یہ عیاں ہوں۔تو اُن پر لازم ہے۔کہ عوام الناس میں ڈھنڈورا نہ پیٹیں۔کیونکہ جس کو اللہ تعالیٰ پوشیدہ رکھنا چاہتا ہو۔اور صرف مستحقین تک پہنچائے۔تو مستحق لوگ بھی اُسے پوشیدہ رکھیں۔

جس طرف بھی دیکھا ، مقامِ ھو نظر آیا — کچھ نظر آیا نہ پھر ، جب تُو نظر آیا

اسمِ اعظم کے متعلق آیاتِ قُرآنیہ و احادیثِ نبویہ ﷺ اور آثار سلف صالحین :

اسم اللہ العظیم الاعظم کے ضمن میں ہم اگر مختلف علماء وفضلاء ، محدثین ومفسرین ، عاملین و ماہرینِ روحانیہ کی کتب وآراء ، ملفوظات ومکتوبات کا بغور مطالعہ کریں ۔ تو ہمیں مندرجہ ذیل باتوں کی آگاہی وشناسائی میسر ہوگی ۔ یاد رہے ۔ کہ اگر اعظم بمعنی عظیم ہوتا ۔ تو ہمیں اِس حدیثِ نبوی ﷺ کی طرف ضرور رجوع کرنا چاہیئے کہ ! رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابی بن کعب ؓ سے استفسار فرمایا ۔ کہ ! قُرآنِ کریم میں اعظم آیت کون سی ہے ؟ تو اُنہوں نے جواباً عرض کیا ۔ کہ ! **اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم** ۔۔۔ الخ (آیت الکرسی) تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ! اے ابوالمنذر ؓ تجھے تیرا علم مبارک ہو ۔ ☆ کچھ لوگوں کا یہ بھی گمان ہے ۔ کہ ہم اسم اعظم سے دعا کرتے ہیں ۔ مگر ہماری دعا قبول نہیں ہوتی ۔ اس کی کیا وجہ ہے ؟ جہاں تک میرا خیال ہے ۔ تو اس سوال کے چند جوابات یہ ہو سکتے ہیں ۔ جیسے کہ !

1 ۔ دعا کا قبول ہونا صرف اور صرف اللہ جل شانہ کے فضل وکرم اور عطیہ الٰہیہ پر ہی منحصر ہے ۔ نہ کہ ہمارے اوراد ووظائف ، نوافل یا نیکیوں سے ۔ 2 ۔ اللہ تعالیٰ کے کسی بھی اسم کے بارے میں یہ قطعی طور پر یقین سے نہیں کہا جا سکتا ۔ کہ جس اسم سے اُس بندہ خدا نے دعا کی ہے ۔ وہی دراصل اسم اعظم ہو ۔ بلکہ انسانی ظن ہی ہوتا ہے کیونکہ اسم اعظم کی تعیین میں علماء کا اختلاف ہے ۔ جس سے یہ ثابت ہوا کہ ! جب دعا مانگنے والے کے نزدیک اسم اعظم ہی متعین ومقرر نہیں ۔ تو وہ کیونکر یہ کہہ سکتا ہے ۔ کہ ! میں نے **اسمِ اعظم** سے دعا مانگی مگر قبول نہ ہوئی ۔ 3 ۔ دعا کی قبولیت کے لئے تو انسان کی اپنی اندرونی کیفیت ، عاجزی ، انکساری اور صدقِ نیت وخلوص ہے ۔ کیونکہ ہم جب اپنے معاشرے میں بسنے والے عوام الناس کا بغور مطالعہ کرتے ہیں ۔ تو ہمیں یہ بات بھی معلوم ہو جاتی ہے ۔ کہ ! اگر کوئی ہندو ، مندر میں ، کوئی عیسائی ، گرجا میں ، کوئی آتش پرست آتش کدہ میں آگ کے سامنے بیٹھ کر ، یا کوئی رب العالمین کو سرے سے نہ ماننے والا بھی جب دعا کرتا ہے ۔ تو ہر شخص کی دعا تو صرف اور صرف وہی ایک ذات (جو کہ **وحدہ لا شریک**) ہے ۔ جو اس کی دعا اور حاجت کو درجہ قبولیت عطا فرماتے ہوئے انعامِ استجابت عنایت فرماتی ہے ۔ کیونکہ ! ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ ! **امن یجیب المضطر اذا دعاہ ۔**

بہر حال دعا کی قبولیت کے ضمن میں ایک مشہور ومعروف حدیثِ نبوی ﷺ ہے کہ ! رسول اللہ ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے کہ یا تو سائل کا مطلوب (مطلوب یعنی کہ ! سائل کی مطلوبہ چیز ، کہ جس کی اُس نے دعا مانگی ہوتی ہے) اُسے مِل جاتا ہے ۔ یا اِس دعا کے عوض اِس کے لئے قیامت کے دِن تک ذخیرہ کر لیا جاتا ہے ۔ اور سائل کے لئے وہ ذخیرہ آخرت کہیں بہتر ہوتا ہے ۔ اور یا اِس دعا کے سبب سے اُس (یعنی دعا کرنے والے) کے سر سے کوئی بلا ٹال دی جاتی ہے ۔

چنانچہ رسول اللہ ﷺ کی یہ دعا کہ ! میری اُمت دنیا کے کسی عذاب میں مبتلا نہ کی جائے ۔ اس لئے قبول نہ ہوئی ۔ تا کہ قیامت کے دن دنیا کے فتنوں کے عوض اُمت کے حق میں حضورِ اکرم ﷺ کی سفارش قبول کی جائے ۔ اور آنحضرت محمد ﷺ نے فرمایا کہ ا میری اُمت مرحوم ہے ۔ آخرت کے دن اِسے عذاب نہ ہوگا ۔ اور دنیا میں انہیں زلزلوں اور فتنوں کا عذاب ہوگا ۔

غافل تجھے گھڑیال دیتا ہے منادی خالق نے تیری عُمر کی اک سانس گھٹا دی

☆ اِسی طرح سے نمازوں میں سے سب سے زیادہ فضیلت فرض نماز کو ، نوافل میں سے سب سے زیادہ فضیلت تہجد کی نماز کو حاصل ہے ۔ اِسی لئے یہ بات قطعاً واضح وعیاں ہوگئی ۔ کہ ! اللہ تعالیٰ نے افضلیت کا پیمانہ اور معیار ضرور مقرر فرمایا ہوگا ۔ البتہ یہ بات بھی ضرور ذہن نشین رہنی چاہیئے کہ ! اگر کوئی شخص کسی ایک اسم الٰہی کو کوئی مقرر تعداد سے پڑھنے کا مسلسل اہتمام کرتا ہے ۔ تو اسے اِسی اسم الٰہی سے اسم اعظم جیسے خواص وفضائل میسر ہونا شروع ہو جاتے ہیں ۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے تمام اسماء اور آیت قرآنیہ بمنزلہ وسیلہ استجابت ہیں ۔ کچھ لوگ چند قرآنی آیاتِ کریمہ جیسے **آیتُ الکرسی** یا یہ تین آیاتِ کریمہ **لا الٰہ الا انت سبحٰنک انی کنت من الظالمین** o یا پھر **حسبنا اللہ و نعم الوکیل** o یا پھر **سلٰم** قف **قولًا من رب رحیم** o یا پھر **اسماء الحسنی** بمثل **یا اللہ یا حی یا قیوم ، یا وھاب ، یا ذوالجلال والاکرام** ۔۔۔ وغیرہم کو پڑھ کر اپنی حاجات میں استجابت ملاحظہ کرتے ہیں ۔ اِسی ضمن میں اِس آیت کو دلیل بنایا جاتا ہے ۔ **قل ادعواللہ اوادعوالرحمٰن ط ایا ما تدعوا فلہ الاسمآء الحُسنٰی** ۔۔۔ اے محمد ﷺ کہہ دو کہ ! اللہ کو پکارو یا رحمان کو ، جس نام سے بھی اسے پکارو سب اُسی کے نام ہیں ۔۔۔

بس جان گیا مَیں تیری پہچان یہی ہے تُو دل میں آتا ہے ، پَر سمجھ میں نہیں آتا

☆ اسمِ اعظم کے ضمن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ ! **واتل علیھم نبا الذی آتینہ اٰیتنا فا نسلخ منھا** ۔ یعنی اِن کو اس شخص کی خبر سنا دے ۔ جس کو ہم نے اپنی آیتیں دی تھیں ۔ اور وہ اِن سے نکل گیا ۔ ☆ حضرت ابنِ عباس ؓ ، حضرت ابنِ اسحاق ؒ ، حضرت سدی ؒ اور حضرت مقاتل ؒ اِس آیت کے ضمن میں فرماتے ہیں ۔ کہ ! اس آیت میں جس شخص کا ذِکر ہے ۔ وہ دراصل بنی اسرائیل کا آدمی **بلعم با عور** تھا ۔ اور اسے اسمِ اعظم معلوم تھا ۔ جن کا قصہ مشہور ہے ۔ ☆ اور اِسی طرح کی دوسری آیت یہ بھی ہے ! **قال الذی عندہ علم من الکتٰب انا اتیک** ۔۔ اکثر مفسرین کرام ؒ فرماتے ہیں ۔ اس آیتِ عظیمہ میں جس شخص کو کتاب کا علم دیا گیا ۔ وہ حضرت سلیمان بن داؤد ؑ کے چچازاد بھائی **آصف ابنِ برخیا** ؒ تھے ۔ جنہوں نے اسمِ اعظم کے ذریعے سے حضرت سلیمان نبی ؑ کی آنکھ جھپکنے سے قبل ہی تختِ بلقیس کو آن حاضر کیا تھا ۔

یہی دینِ محکم ، یہی فتح باب کہ دنیا میں توحید ہو بے حجاب

اللہ تعالیٰ کے اسمِ اعظم میں علماء کا اختلاف :

صاحب شمس المعارف حضرت امام بونیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! اسمِ اعظم کے اندر علمائے کرامؒ کے تین مختلف اقوال پائے جاتے ہیں۔

☆ ایک تو یہ کہ! بحالتِ اضطراب جس بھی اسم (الٰہی) کے ساتھ دعا مانگی جائے۔ قبول ہو۔ یہ اسمِ اعظم ہے۔

☆ دوسری بات یہ ہے۔ کہ! اسمِ اعظم میں لوگوں نے بہت اختلاف کیا ہے۔ بعض کہتے ہیں۔ اسمِ اعظم ''اللہ'' ہے۔ اور یہی قول (اُن کے مطابق) زیادہ صحیح ہے۔ اور بعض کہتے ہیں۔ ''ذوالجلالِ والاکرام'' ہے۔ بعض کہتے ہیں۔ ''**یا لطیف**'' ہے۔ اور بعض کہتے ہیں۔ ''**سلام قولا من رب رحیم**'' (سورہ یٰسین۔ آیت نمبر **58**) ہے۔ اور بعض کہتے ہیں۔ ''**حنان منان ذوالجلال والاکرام**'' ہے۔ اور بعض کہتے ہیں۔ ''**شروع آیات سورہ حدید**'' ہے۔ اور بعض کہتے ہیں۔ ''**آخری آیات سورہ حشر**'' ہے۔ بعض کے نزدیک ''**یا ودود**'' ہے۔ اور بعض کہتے ہیں۔ سورہ حج کی اس آیت میں (اسمِ اعظم) ہے۔ **والذین ھاجروا فی سبیل اللہ ثم قتلوا وما توا لیرزقنھم اللہ رزقا حسنا. وان اللہ خیر الرازقین** ۔ (سورہ حج۔ آیت نمبر **58**) اور بعض کہتے ہیں۔ حروفِ نورانیہ یعنی مقطعات اسمِ اعظم ہیں۔ اور بعض کے نزدیک اسم ''**مانع**'' ہے۔ اور بعض کہتے ہیں۔ اسم ''**اللہ**'' مکرر کرنے سے اسمِ اعظم بنتا ہے۔ اور بعض اسم ''**علیم**'' کو بتلاتے ہیں۔ اور بعض ''**علی العظیم**'' کو اسمِ اعظم سمجھتے ہیں۔ اور بعض ''**لا الٰہ الا اللہ**'' کی گواہی کو کہتے ہیں اور بعض کے نزدیک ''**ھوالرب**'' ہے۔ (یا در ہے۔ کہ) یہ سب روایات اخبارِ صحیحہ کے ساتھ مروی ہیں۔ اور ایک حدیث نبوی ﷺ میں وارد ہے۔ کہ! حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ ''**ذوالجلال والاکرام**'' کے ساتھ دعا کرو۔ یہ دلیل قطعی ہے۔ بعض کے نزدیک اسمِ اعظم ''**ھوھو**'' ہے۔ یہ اسم سلسلہء عالیہ قادریہ میں سے بھی ہے۔ جس سے کشف وکررامات کا ظہور ہوتا ہے۔ اس اسم تک پہنچنے سے پہلے کچھ اسماء معہ توجہات پڑھے جاتے ہیں۔ جن کا طریقہ آگے آئے گا۔ ان شاءاللہ العظیم۔

کچھ کام نہیں ہم کو جگر اور کسی سے   کافی ہے بس اِک نسبتِ سلطانِ مدینہ

☆ بہرحال اب اسمِ اعظم کے متعلق چند احادیثِ نبویہ ﷺ پیش خدمت ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں وقوف وادراک عطا فرمائے۔ آمین۔ کیونکہ اسمِ اعظم کا پانا نعمتِ بے بہا اور اس دنیا کی نعمتوں میں سے بہت ہی بڑی اور عظیم ترین انعام وسعادت ہے۔ ☆ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا ایک شخص نے اِس طرح دُعا مانگی۔ **یا بدیع السمٰوٰت یا حی یا قیوم انی اسئلک** ۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا کیا تم جانتے ہو اس نے کس چیز کے ساتھ دعا کی؟ مجھے قسم ہے اس ذاتِ پاک کی۔ جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ اس نے اللہ تعالیٰ کے نام (اسمِ اعظم) کے ساتھ دعا کی جب اس کے ذریعے دعا کی جاتی ہے۔ تو اللہ تعالیٰ فوراً قبول فرماتا ہے۔ (الادب المُفرد للبُخاری) ☆ حضرت انسؓ بیان فرماتے ہیں۔ کہ ایک دفعہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ تھے۔ ایک شخص کھڑا نماز پڑھ رہا تھا۔ پس جب اس نے رکوع اور سجدہ کیا۔ تو اس میں یوں دُعا کی۔

اللھم انی اسئلک بان لک الحمد لا الٰہ الا انت بدیع السمٰوٰت والارض یا ذالجلال والاکرام یا حی یا قیوم

☆ ایک روایت (کے آخر میں یہ) بھی ہے۔ **اسئالک الجنۃ واعوذ بک من النار** ۔ یہ سن کر حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا اس نے اللہ تعالیٰ سے اسمِ اعظم کے ذریعے سے دعا کی ہے جب اس (یعنی اسمِ اعظم) کے ذریعہ سے دعا کی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ عطا کرتا ہے (مستدرک حاکم، ابوداود فی السننِ) ☆ حضرت انسؓ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو یہ کلمات کہتے ہوئے سُنا۔ **اللھم انی اسئلک بان لک الحمد لا الٰہ الا انت. انت الحنان المنان بدیع السمٰوٰت والارض ذوالجلال والاکرام . اسئلک الجنۃ واعوذبک من النار** ۔ یہ سن کر آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہ شخص اللہ تعالیٰ کے اس نام کے ذریعے دُعا مانگ رہا ہے کہ جب اس سے اس نام کے ذریعے سے دعا مانگی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ دعا کو قبول فرماتا ہے۔ جب اس نام کے ساتھ سوال کیا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ عطا کرتا ہے۔ (المستدرک للحاکم)

☆ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو یہ کلمات کہتے ہوئے سُنا۔ **اللھم لک الحمد لا الٰہ الا انت. یا حنان یامنان یابدیع السمٰوٰت والارض یاذوالجلال والاکرام** ۔ آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ اس نے اسمِ اعظم **اللہ لا الٰہ الا ھو** کے ذریعے سے اپنے رب کو پکارا ہے۔ کیونکہ اس کا کوئی ہم نام نہیں۔ اور اِس نام کے ساتھ کوئی دوسرا موسوم نہیں ہے۔ ☆ حضرت عبداللہ بن بریدہ اسلمیؓ اپنے والدِ محترم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو یوں دعا مانگتے ہوئے سنا۔ **اللھم انی اسئلک بانک احد صمد. لَمْ یَلِدْ o وَلَمْ یُوْلَدْ o وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَد**'' o تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ اِس شخص نے اللہ تعالیٰ سے اس کے اس اسمِ اعظم کے ساتھ دعا مانگی ہے کہ جب (بھی) اس (یعنی اسمِ اعظم) سے دعا مانگی جائے۔ تو قبول ہوتی ہے۔ اور جب اس کے ساتھ مانگا جائے تو عطا کیا جاتا ہے۔ مستدرک حاکم۔ ☆ حضرت ابن بریدہؓ اپنے والدِ محترم سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو یوں دعا مانگتے ہوئے سنا۔ **اللھم انی اسئلک بانک انت لا الٰہ الا انت. الاحد الصمد الذی لَمْ یَلِدْ o وَلَمْ یُوْلَدْ o وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَد**'' o تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ اِس (شخص) نے اللہ تعالیٰ سے اس اسمِ اعظم کے ساتھ دعا مانگی ہے کہ جب بھی اس کے ساتھ دعا مانگو، قبول ہوتی ہے۔ اور جب بھی اس کے ساتھ سوال کرو تو پورا کیا جاتا ہے۔ مستدرک حاکم۔

☆ حضرت بریدہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو اس طرح کہتے ہوئے سُنا۔ **اللھم انی اسئلک بانی اشھدانک انت اللہ**

لا الہ الا انت اللہ لا الہ الا انت الاحد الصمد الذی لَمْ یَلِدْo وَلَمْ یُوْلَدْ o وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ o یہ سن کر حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا تو نے اللہ تعالیٰ کے اسمِ اعظم کے ساتھ دعا کی ہے جب اس کے ذریعے سے سوال کیا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ عطا کرتا ہے اور جب اس کے واسطہ سے دعا کی جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے۔ (المستدرک للحاکم، ترمذی، ابوداود، نسائی ابن ماجہ، صحیح ابن حبان) ☆ حافظ ابنِ حجرؒ نے فرمایا کہ یہ روایت اس باب (یعنی کہ اسم اعظم کے ضمن میں) وارد شدہ تمام روایتوں میں سند کی حیثیت سے زیادہ راجح ہے۔ ☆ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو نماز میں یوں دعا مانگتے ہوئے سنا۔ **اللھم انی اسئلک انک احد صمد لم یتخذصا حبۃ ولا ولدا** ۔ تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ تم نے اللہ تعالیٰ سے اس اسم اعظم کے ساتھ سوال کیا ہے۔ جس سے دعا قبول ہو جاتی ہے۔ اور جو مانگو مل جاتا ہے۔ ☆ حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت ہے کہ! رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! آصف بن برخیاؒ نے جس اسمِ اعظم سے دعا مانگی تھی وہ **یا حی یا قیوم** تھا۔

☆ حضرت ابوامامہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا، اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک فرشتہ مقرر ہے اِس شخص کے لئے جو تین مرتبہ **یا ارحم الرا حمین** کہتا ہے۔ تو وہ فرشتہ کہتا ہے کہ **ارحم الراحمین** تیری طرف متوجہ ہیں۔ جو مانگنا ہے مانگ لے۔ (مستدرک حاکم)

☆ حضرت امیر معاویہ بن ابی سفیانؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا، جو اِن پانچ کلمات کے ذریعے دعا کرے (پھر) اللہ تعالیٰ سے جو طلب کرے اللہ جل شانہ اُس کو عطا فرمائے گا۔ (انشاءاللہ تعالیٰ)

☆ **لا الہ الا اللہ واللہ اکبر**۔ ☆ **لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریك لہ۔ لہ الملك**۔ ☆ **ولہ الحمد وھو علیٰ کل شیءٍ قدیر**۔ ☆ **لا الہ الا اللہ**۔ ☆ **لا حول ولا قوۃ الا باللہ**۔ (طبرانی فی الکبیر والاوسط)

☆ علامہ زہریؒ فرماتے ہیں کہ! آصف بن برخیاؒ نے جس اسمِ اعظم سے دعا مانگی تھی۔ وہ یہ دعا تھی۔ **یا الٰھنا و الہ کل شیء الٰھا واحدا لا الہ الا انت آئتنی بعر شھا**۔ اور س دعا کی برکت سے تخت فوراً موجود ہو گیا۔

☆ اِسی ضمن میں بعض علمائے عُظام فرماتے ہیں کہ! حضرت آصف بن برخیاؒ کا اسمِ اعظم **یا ذوالجلال والاکرام** تھا۔

☆ حضرت بریدہؓ سے روایت ہے۔ کہ بارگاہ رسول اللہ ﷺ میں ایک شخص نے عرض کی۔ کہ! یارسول اللہ ﷺ ! کیا کوئی ایسی دُعا ہے۔ جو رد نہ کی جائے۔ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ ہاں۔ تو اس طرح دُعا کیا کر۔ **اسئلک باسمک الاعلیٰ الاعز الاجل الاکرم**۔ (المعجم الکبیر للطبرانی)

☆ حضرت معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو یہ کہتے ہوئے سُنا۔ **یا ذوالجلالِ والاکرام**۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا تمھاری دعا قبول ہوگئی اب مانگو (جو مانگنا ہے)۔ ترمذی شریف۔

☆ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا! مچھلی والے (نبی یونس بن متّیٰؑ) کی دعا، جب وہ مچھلی کے پیٹ میں تھے، یہ تھی۔ **لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظا لمین**۔ (سورہ انبیاء۔ آیت نمبر 87) کوئی بھی مسلمان کسی بھی ضرورت میں اس (دعا) کے ذریعے سے دعا کرے گا۔ (تو) اللہ تعالیٰ اُس کی دعا کو ضرور قبول فرمائے گا۔ (انشاءاللہ)

☆☆☆ اور اسی طرح کی حدیث نبوی ﷺ حضرت ابراہیم بن محمد بن سعدؒ اپنے والد سے، اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ہم نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ موجود تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمھیں ایسی چیز کی خبر نہ دوں؟ کہ اگر تم کسی دنیاوی آزمائش میں مبتلا ہو۔ اور وہ دعا مانگو۔ تو اللہ تعالیٰ تمھاری آزمائش ختم فرمادے۔ اُنہوں نے جواباً عرض کیا! جی ہاں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: حضرت یونسؑ کی دعا۔

لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظا لمینo ہے۔ (مستدرک حاکم)

☆☆☆ اور اِسی طرح کی حدیث نبوی ﷺ کے متعلق حضرت سعد بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ! رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمھیں اللہ تعالیٰ کے اس اسمِ اعظم کے بارے میں رہنمائی نہ کروں کہ اِس کے ساتھ جب دعا مانگی جائے تو قبول کی جاتی ہے جب اس کے ساتھ سوال کیا جائے تو پورا کیا جاتا ہے۔ یہ وہ دعا ہے جو حضرت یونسؑ نے مانگی تھی۔ جب اُنہوں نے اللہ تعالیٰ سے اندھیریوں میں تین مرتبہ یہ دعا مانگی تھی۔ **لا الہ الا انت سبحنك انی کنت من الظا لمین**۔ ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ کیا یہ (دعاصِرف) حضرت یونسؑ کے ساتھ مخصوص ہے یا تمام مومنوں کے لئے (بھی) ہے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تم نے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمانِ (عالیشان) نہیں سنا۔ **فستجبناله لا و نجيناه من الغم . و كذلك ننجي المؤ منين** ۔ (ترجمہ: تو ہم نے اُن کی پکار سُن لی، اور اُسے غم سے نجات دے دی۔ اور ہم ایمان والوں کو اِسی طرح سے بچا لیا کرتے ہیں) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی شخص (اگر) بیماری کی حالت میں 40 چالیس مرتبہ یہ دعا مانگے اور (وہ مریض) اسی بیماری میں انتقال کر جائے تو اس کو شہید کے برابر اجر دیا جاتا ہے۔ اور اگر اس بیماری سے شفایاب ہو جائے تو اس کے تمام گناہوں کو بخش دیا جاتا ہے۔ (بہرحال!) اَب مزید اسمِ اعظم سے متعلق کچھ اقوال پیش کئے جارہے ہیں۔ کہ اسمِ اعظم کِن اسماء یا آیات کو کہا گیا ہے۔

☆ سورہ فاتحہ میں موجود اسماء جیسے کہ **یا اللہ ، یا رب العا لمین ، یا رحمٰن ، یا رحیم ، یا مالک یوم الدین . ایاک نعبد و ایاک نستعین** ۔ اسمِ اعظم ہے۔ کیونکہ انہیں اسماء سے سورہ فاتحہ شریف کو فضیلت عطا کی گئی ہے۔

☆ اسمِ اعظم **سورہ حدید** کے شروع اور **سورہ حشر** کی آخری آیات میں موجود ہے۔

☆ بعضے کتب ! اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اَللّٰھُمَّ یَا کٓھٰیٰعٓصٓ وَ یَا حٰمٓ عٓسٓقٓ ۔ وَ یَا دَھرُ یَا دَیُھُوْرُ یَا دَھْیَارُ ۔ وَیَا اِھْیًا اِشْرَ آھِیًا ۔ وَ یَا اَحْمٰی وَ یَا اَطْمٰی ۔ وَ یَا اَھَم'' سَقَکَ'' حَلَعَ'' یَص'' طَرُنُ ۔ وَ یَا اَحُوْنُ قَآ فِ حَمٌ'' اَدَم ھَآءٍ ۔ وَیَا اٰہٍ وَآہٍ ۔ وَ ایَہٍ ایَہٍ ۔ وَ یَا بُدُّوْحُ'' اَجْھَزَط'' ۔ وَیَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ ۔ آمِیْن ۔ ہے۔

☆ زیادہ تر محققین ، محدثین ، مفسرین ، علمائے کرام اور اولیائے عظام کا خیال ہے کہ اسمِ اعظم دراصل یہ ہے ۔ **اللھم انی اسئلک یا اللہ . یا حی . یا قیوم . یا ذوالجلال والاکرام . یا وھاب . یا حنان . یا منان . یا بدیع السمٰوٰت والارض . یا ارحم الراحمین . یا صمد . یا من لم یلد و لم یُوْلَدْ o وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَد'' o اقضِ حاجتی (کذا وکذا) بحق اسمُ اللہ العظیم الاعظم** ۔ اور لوگوں نے واقعتاً اِن اسماء کے مسلسل وِرد سے اسمِ اعظم کی تاثیرات کو بعین مشاہدہ و ملاحظہ کیا ہے ۔

☆ (بمطابق البلوشی) اِن اسماء کو میں نے وردِ زبان رکھ کر تاثیر پائی ہے ۔ عقل مند کو اشارہ کافی ہے ۔ کیونکہ بے عقل وضدی تو نصیحت سے ہی بے بہرہ ہوتا ہے ۔

☆ احادیث و آثار کے مطابق اسمِ اعظم اِن **سورتوں** میں موجود ہے ۔ **سورہ فاتحہ** میں تین آیتیں ، **سورہ بقرہ** میں دو آیتیں ، **سورہ آلِ عمران** میں ایک آیت ، **سورہ انعام** میں تین آیتیں ، **سورہ اعراف** میں دو آیتیں ، **سورہ رعد** میں ایک آیت ، **سورہ مریم** میں ایک آیت ، **سورہ طٰہٰ** میں چار آیات ، **سورہ مومنون** میں ایک آیت ، **سورہ فیل** میں ایک آیت ، **سورہ روم** میں ایک آیت ، **سورہ سجدہ** میں ایک آیت ، **سورہ یسین** میں دو آیتیں ، **سورہ حدید** میں چھ آیتیں ، **سورہ حشر** میں تین آیتیں ، **سورہ مُلک** میں ایک آیت ، اور **سورہ اخلاص** میں دو آیتیں ایسی ہیں جن میں اسمِ اعظم اشتقاقاً موجود ہے ۔ جو کہ قسمت والے ہی ڈھونڈ ھ سکتے ہیں ۔ ☆ احادیث و آثار میں'' **یا حی یا قیوم** '' یا ''**الحی القیوم** '' کو اسمِ اعظم بتایا گیا ہے ۔ ☆ احادیث و آثار میں'' **یا ذوالجلالِ والاکرام** '' کو اسمِ اعظم بتایا گیا ہے ۔

☆ حضرت عیسیٰؑ کے قتل کے لئے جب یہود مجتمع ہوئے ۔ تو اِن کے پاس حضرت جبرائیلؑ یہ دُعائے مبارکہ لائے ۔ **اللھم انی اسئلک الاحد باسمک الاعز وادعوک اللھم باسمک الاحد الصمد وادعوک اللھم باسمک العظیم الوتر وادعوک اللھم باسمک الکبیر المتعال الذی ملاء الارکان کلھا ان تکشف عنی ما اصبحت وما امسیت فیه** ۔ جب حضرت عیسیٰؑ نے اس دُعا کے ذریعے سے دُعا مانگی ۔ تو اللہ تعالیٰ نے اُن کو آسمان پر اُٹھا لیا ۔ اور حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! اے بنی ہاشم اور عبدِ مناف ! اپنے رب سے اِن کلمات کے ذریعہ سے دُعا مانگو ۔ قسم ہے اس ذات کی (کہ) جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ۔ ان کلمات سو کے ذریعہ سے کوئی مؤمن بندہ دُعا نہیں کرتا ۔ جس سے (کہ) عرش اور ساتوں آسمان اور ساتوں زمینیں ہل نہ جاتی ہوں ۔ اور پھر اللہ تعالیٰ فرشتوں سے فرماتا ہے ۔ کہ تم گواہ رہو ۔ میں نے اِن کلمات کے ذریعہ سے دُعا کرنے والے کی دُعا قبول کر لی ۔ اور دُنیا میں فوراً اور نیز کچھ مُدت بعد آخرت میں اس کو عنایت کیا ۔ ☆ حضرت موسیٰؑ نے اللہ تعالیٰ سے عرض کیا ۔ اے رب ! اسمِ اعظم کیا ہے ؟ (تو) اللہ تعالیٰ نے اِن کے پاس وحی بھجی ۔ (کہ) اے موسیٰؑ ! اگر آپؑ میری مقبولیت چاہتے ہیں ۔ اور آپؑ کو مہربانی کی حاجت ہو ۔ تو دونوں ہاتھ اُٹھا کر پڑھیئے ۔ **یا عالم السرائر یا مقلب القلوب یا نور النور یا دائم کل شیءِ یزول غیرک یا حی یا قیوم کل حی یموت سواک** ۔ ☆ بعض کتب کے مطابق اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **یا فارج الھم یا کاشف الغم یا صادق الوعد یا موفیا بالعھد یا حی یا قیوم لا الہ الا انت** . ہے ۔

☆ بعض کتب کے مطابق اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم یہ ہے ۔'' **اللھم انت الذی لا الہ الا انت یا ذا المعارج اسئالک بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ویا انزلته فی لیلة القدر ان تجعل لی من امری فرجا و مخرجا واسئلک ان تصلی و تسلم علی محمد وان تغفرلی خطیئتی وان تقبل توبتی یا ارحم الراحمین** ۔

☆ بقول حضرت عبداللہ بن عباسؓ ! حضورِ اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ! قبولیت کی تاثیر رکھنے والا اسمِ اعظم سورہ آلِ عمران کی اِس آیت میں ہے ۔

قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ ز وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِیَدِکَ الْخَیْرُ ط اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر'' o تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَتُوْلِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ ز وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ ز وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ o ☆ بعض کتب کے مطابق اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **اللھم انی باسمک الاحد الاعز وادعوک باسمک الاحد الصمد وادعوک اللھم باسمک العظیم الوتر وادعوک اللھم باسمک الکبیر المتعال الذی ملاء ارکان کلھا ان تکشف عنی ما اصبحت وما امسیت فیه** ۔ ہے ۔ ☆ (بقولِ بعضے) ذاتِ باری تعالیٰ نے جو اسماء اپنے بندوں کو سکھائے ۔ اِن کی آگے دو اقسام ہیں ۔ ایک وہ قسم جو عمومی (مسلمان) بندوں کے لئے ہے ۔ (عمومی بندوں کو اللہ تعالیٰ کے ننانویں یا اِس سے زیادہ اسمآئے الٰھیہ کا وقوف وادراک عطا کیا گیا ہے) جبکہ دوسری قسم خواص کی ہے ۔ جن میں انبیائے کرامؑ اور اولیائے اُمت ہیں ۔ یہ دوسری قسم کے خاص بندوں کو اسمِ اعظم ، سارے اسمائے احصاء اور دیگر اسمآئے باطنیہ مخفیہ تعلیم ہوئے ہیں ۔

بے خودی بے سبب نہیں غالب ! کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے

ازالہ غم اور ادائیگی قرض کی مجرب دعا :

☆ حضرت شیخ عبدالقادر الجیلانی البغدادیؒ اپنی کتاب ''غنیۃ الطالبین'' میں فرماتے ہیں کہ ! حضرت حسن بصریؒ کا فرمانِ عالیشان ہے کہ ! ایک دن اِن کے پاس انہی کے ایک عزیز دوست تشریف لائے ۔ اور گزارش کی کہ ! ابوسعید ! مجھ پر (بہت زیادہ) قرض ہے ۔ میں چاہتا ہوں کہ آپؒ مجھے اسم اعظم سکھائیں ۔ تو اُنھوں نے فرمایا کہ اگر تم یہ بات چاہتے ہو تو اُٹھو اور (تجدید) وضو کرو ۔ وہ اُٹھا اور (وضو کے ہوتے ہوئے دوبارہ سے) وضو کیا ۔ تو آپؒ نے فرمایا کہ یوں دُعا مانگو ۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اللھم یا اللہ یا اللہ انت اللہ بلٰی واللہ انت اللہ لا الہ الا انت اللہ . اللہ اللہ . واللہ انہ لا الہ الا اللہ . اقض عنی الدین وارزقنی بعد الدین .** (وہ بزرگ رات کو چند مرتبہ اِس دعائے مبارکہ کو پڑھتے پڑھتے سو گیا) صبح جب وہ شخص اُٹھا تو اُس نے اپنی مسجد میں ایک تھیلی میں مختلف اقسام کے ایک لاکھ درا ہم رکھے ہوئے پائے ۔ اور اُس تھیلی کے دھانے پر لکھا ہوا تھا کہ اگر تم اِس سے زیادہ بھی مانگتے تو تمھیں دیتے ، تو نے جنت کا سوال کیوں نہیں کیا ۔ پھر وہ بزرگ حضرت سیدنا حسن بصریؒ کے پاس تشریف لائے اور تمام واقعہ سے انہیں مطلع کیا ، تو حضرت حسن بصریؒ اپنے دوست کے ساتھ اِن کے گھر کو چلے گئے ۔ اُنہوں نے عرض کیا ۔ ۔ (باقی حکایت شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ کی کتاب **غنیۃ الطالبین** میں مذکور ہے)

حادثہ جو ابھی پردہء افلاک میں ہے　　عکس اس کا میرے آئینہء ادراک میں ہے

☆ حضرت سیدی عبدالوہاب الشعرانیؒ اپنی کتاب لطائف المنن میں فرماتے ہیں کہ !

ایک شخص پر تین ہزار دینار قرض تھا تو اُس نے یہ کہا ۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اللھم انی اسئلک یا اللہ یا اللہ یا اللہ بلٰی واللہ ، انت اللہ لا الہ الا انت اللہ اللہ اللہ واللہ انت اللہ لا الہ الا انت یا حی یا قیوم** ۔ پھر وہ شخص سو گیا اور جب اُٹھا تو اپنے سر کے قریب تین ہزار دینار پائے ۔ پھر اِس شخص کو خواب میں بتایا گیا ۔ کہ ا تو نے اسمِ اعظم کے ساتھ سوال کیا جسے اگر پانی پر پڑھا جائے ۔ تو وہ بھی جم جائے ۔ ۔ ۔ لہذا مندرجہ ذیل دونوں بھی اسمائے عظام ہیں ۔ جن کو پڑھنے سے دعائیں مستجاب ہوتی ہیں ۔

☆ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اللھم یا اللہ یا اللہ انت اللہ بلٰی واللہ انت اللہ لا الہ الا انت اللہ . اللہ اللہ . واللہ انہ لا الہ الا اللہ . اقض عنی الدین وارزقنی بعد الدین.**

2. **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اللھم انی اسئلک یا اللہ یا اللہ یا اللہ انت اللہ بلٰی واللہ ، انت اللہ لا الہ الا انت اللہ اللہ اللہ واللہ انت اللہ لا الہ الا انت یا حی یا قیوم .**

☆ حضرت شیخ اکبر محی الدین ابنِ عربیؒ سے ایک روایت ہے ۔ (یہ روایت دمشق کے ایک مکتبہ بنام ''مکتبۃ الاسد'' کے مخطوط (یعنی قلمی نسخے) سے نقل کی گئی ہے) حضرت شیخ اکبر ابن عربیؒ فرماتے ہیں ۔ کہ ہر فرض نماز کے بعد مندرجہ ذیل دعا (تین مرتبہ یقین کے ساتھ) پڑھ کر ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھو ۔ دعائے اسمِ اعظم یہ ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اللھم یا من لہ الاسم الاعظم وھو اعظم . یا من تقدم علی القدم وھو اقدم . یا من لیس لہ جھۃ تعلم وھو اعلم . اسئلک بکل اسم ھو لک فی اللوح المحفوظ ان تکفینی شر من خلقت من خلقک . ما علمت منھم وما لم اعلم . وان تسخر لی الملک والملکوت . وان تجری بمرادی القضآء والقدر والفَلَکِ والفُلکِ . فقد سألتک بجملۃ اسمآئک التی تحی بھا من حی . و تھلک بھا من ھلک . لا الہ الا انت وحدک لا شریک لک . اللھم صل علٰی سیدنا محمد و علٰی اٰلہ و صحبہ وبارک وسلم تسلیما . والحمد للہ رب العالمین .

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم ''**یا بدیع العجائب بالخیر یا بدیع**'' ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم ''**بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُکَ یَا وَاحِدُ . یَا اَحَدُ . یَا وَاجِدُ . یَا جَوَّادُ . اِنْفَحْنَا مِنْکَ بِنَفْحَۃٍ خَیْرًا o اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر**'' o ہے۔

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں　　ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں
تہی زندگی سے نہیں یہ فضائیں　　یہاں سینکڑوں کارواں اور بھی ہیں
قناعت نہ کر عالمِ رنگ و بُو پر　　چمن اور بھی ہیں آشیاں اور بھی ہیں
اگر کھو گیا اِک نشیمن تو کیا غم　　مقاماتِ آہ و فغاں اور بھی ہیں
تُو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا　　تیرے سامنے آسماں اور بھی ہیں
اسی روز و شب میں اُلجھ کر نہ رہ جا　　کہ تیرے زمان و مکاں اور بھی ہیں
گئے دن کہ تنہا تھا میں انجمن میں　　یہاں اَب میرے رازداں اور بھی ہیں

☆ حضرت شیخ اکبر محی الدین ابنِ عربی اندلسیؒ سے ایک روایت ہے۔ کہ! جس کسی کو کوئی حاجت ہو تو وہ مغرب کی نماز کے بعد فرض وسنن سے فارغ ہو کر وہیں پر بیٹھے ہوئے (بحالتِ تشہد ہی) تسمیہ کے ساتھ سورہ فاتحہ مع یہ دُعا چالیس **40** مرتبہ پڑھے۔ اور پھر اپنی حاجت کا اللہ تعالیٰ سے سوال کرے۔ تو اللہ تعالیٰ اُس کی حاجت کو ضرور پورا فرمائے گا۔ انشاءاللہ۔ اور اِس کا ہم نے تجربہ کیا ہے۔ الحمد شریف کے ساتھ پڑھنے والی دُعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o الٰھی علمک کآف عن السؤال اکفنی بحق الفاتحۃ سؤلًا و کرمک کآفٍ عن المقال أکرمنی بحق الفاتحۃ مقالًا و حصل ما فی ضمیری۔ ☆ سلسلہ سروری قادری میں ''**یااللہ۔ یا رحمٰن۔ یا رحیم۔ یا حی۔ یا قیوم**'' کو اسمِ اعظم بتایا گیا ہے۔ (کیونکہ اُن کا فرمان ہے۔ کہ! قرآنِ کریم کی سب سے زیادہ عظیم سورہ ''سورہ فاتحہ'' ہے۔ جس میں کہ تین اسماء (**یااللہ۔ یا رحمٰن۔ یا رحیم**) ہیں۔ جبکہ قرآن مجید کی سب سے عظیم آیت ''آیت الکرسی ہے۔ جس میں کہ دو اسماء (**یا حی۔ یا قیوم**) ہیں۔) ☆ حضرت علی المرتضیٰؓ کا اِرشاد ہے کہ! اسمِ اعظم **الم۔۔۔ کھیعص۔۔۔ حم عسق۔۔۔** وغیرہ ہیں۔ جو شخص اِن حروف کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنا جانتا ہو وہ اسمِ اعظم سے ناواقف نہیں رہ سکتا۔

حضرت علی المرتضیٰؓ کے اِس فرمانِ ذی مقام، کہ! اسمِ اعظم حروفِ مقطعات سے حاصل شدہ حروف ہی میں سے چند حروف کا جامع ہوگا۔ ایسے حروف کو حروفِ نورانی کہا جاتا ہے۔ جو کہ یہ ہیں۔ **ا۔ل۔ر۔ح۔م۔ن۔ک۔ھ۔ی۔ع۔ص۔ط۔س۔ق۔** اور ان سے کئی **اسماء الحسنٰی** بنائے۔ اور جوڑے جاسکتے ہیں۔ جیسے کہ۔ **اللہ۔ الرحمٰن۔ صمد۔ حنان۔ منان۔ حی۔ حق۔ مالک الملک۔ سلطان۔ سطیع**۔۔۔ وغیرہ وغیرہ۔

آنکہ واقف گشت بَر اَسرارِ ھُو | سِرِّ مخلوقات چہ بود پیشِ اُو
آنکہ بَر افلاک رفتارش بَود | بَر زمیں رَفتن چہ دُشوارش بَود

☆ چند علمائے کرام اور اولیائے عُظام جیسے حضرت امام مالکؒ، حضرت امام طبریؒ اور حضرت ابوالحسن اشعریؒ کا یہ مؤقف ہے کہ! اللہ تعالیٰ کے تمام اسماء عظیم اور جلیل القدر ہیں۔ اِن میں سے کسی کو دوسرے اسماء پر اعظم قرار دینا درست نہیں۔ چنانچہ جن احادیث وروایات میں اسمِ اعظم کا تذکرہ ہے وہاں دراصل اعظم، ''عظیم'' کے معنیٰ میں مستعمل ہوا ہے۔

ہر کہ دیوانہ شود با ذکرِ حق | زیرِ پائش عرش و کرسی ہر طبق
ہر کہ غافل میشود ذکر اَز خدا | نفس اُو فربہ شود کفر اَز رِیا

☆ حضرت امام جلال الدین السیوطی الشافعیؒ نے اپنی تفسیر الدرالمنثور میں شرح اسماالحسنیٰ کے تحت فرماتے ہیں۔ کہ! **ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفر لنا و ترحمنا لنکوننا من الخٰسرین**o میں اسمِ اعظم ہے۔

سارا عالم ''ھو'' کا ہے | جھگڑا میں اور تُو کا ہے

☆ بعض اصحاب سالکین جیسے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ حکیم ترمذیؒ اور حضرت شیخ المفسرین حضرت امام فخرالدین رازی شافعیؒ کا مؤقف ہے کہ اسمِ اعظم ''**ھــو**'' ہے۔ یہ اسم سلسلہ عالیہ قادریہ میں سے بھی ہے۔ جس سے کشف وکرامات کا ظہور ہوتا ہے۔ اس اسم تک پہنچنے سے پہلے کچھ اسماء معہ توجہات پڑھے جاتے ہیں۔ جن کا طریقہ آگے مرقوم ہے۔ (بقول حضرت سلطان باہوؒ)

اسمِ اعظم انتہا **باہوؒ** بود | وِردِ باہوؒ روز و شب **یاھُوْ** بود

☆ حضرت شریحؒ فرماتے ہیں کہ! میں نے عالم رویاء میں کسی کہنے والے کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ! فلاں (ایک بزرگ) کے پاس چلے جاؤ ہم نے اُسے حکم دے دیا ہے وہ تمھیں اسمِ اعظم سکھا دے گا۔ جب صبح ہوئی تو میرے پاس ایک شخص آیا اور کہنے لگا رات کو خواب میں مجھے کہا گیا کہ! شریحؒ کے پاس جاؤ اور اُسے اسمِ اعظم سکھا دو۔ وہ اسمِ اعظم قرآن پاک کی یہ آیات ہیں۔ جن میں کلمہ ''**لا الٰہ الا**'' آتا ہے۔ جو کہ 30 آیاتِ قرآنیہ ہیں۔

جس طرف بھی دیکھا، مقامِ ھو نظر آیا | کچھ نظر آیا نہ پھر، جب تُو نظر آیا

☆ **الدر المنظم** میں ہے۔ کہ! حضرت امام فخرالدین الرازیؒ نے حضرت امام زین العابدینؒ کا ایک قول نقل کیا ہے۔ کہ! حضرت امام زین العابدینؒ نے اللہ تعالیٰ سے دُعا کی۔ کہ! وہ اِنہیں اسم اعظم کی تعلیم عطا فرمائیں۔ تو آپؒ نے خواب میں دیکھا۔ کہ اللہ تعالیٰ کا ''اسم اعظم'' یہ ہے۔ **اللہ اللہ الذی لا الٰہ الا ھو رب العرش العظیم۔**

☆ حضرت سری بن یحیٰی قبیلہ بنوطے کے ایک شخص کے بارے میں ہے۔ جس کی انہوں نے بہت تعریف بھی کی ہے۔ بیان نقل فرماتے ہیں کہ! میں اللہ تعالیٰ سے دعا کیا کرتا تھا کہ! (اے اللہ تعالیٰ) مجھے اسم اعظم دِکھا دے۔ جس کے ذریعے دعائیں قبول ہوتی ہیں۔ تو میں نے ایک روز ستاروں کے اندر یہ لکھا ہوا دیکھا۔ **یا بدیع السموات والارض یا ذوالجلال والاکرام۔**

☆ حضرت ابودرداءؓ اور حضرت ابنِ عباسؓ نے فرمایا ہے کہ! اللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم ''**رب رب**'' ہے۔ مستدرک حاکم۔

سُدھ بُدھ اپنی کھو بیٹھا ہوں | جانے کس کا ہو بیٹھا ہوں

☆ حضرت ابنِ جریرؒ نے **بسندِ صحیح**، حضرت ابنِ مسعودؓ سے روایت کیا ہے۔ کہ اسمِ اعظم'' **ن** ''ہے۔

ڈھونڈتا پھرتا ہوں اے بندہ اپنے آپ کو میں — آپ ہی گویا مسافر، آپ ہی منزل ہوں میں

☆ حضرت ابنِ مسعودؓ نے روایت کیا ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **الم** ''ہے۔

☆ اسمِ اعظم **بسم الله الرحمٰن الرحیم** ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **الله** ''ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **لا اله الاالله** ''ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **الرحمٰن** ''ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **بدیع السمٰوٰت والارض ۔ ذوالجلالِ والاکرام** ''ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **مالک الملک** ''ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **اللطیف** ''ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **یا وھاب** ''ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **ربنا** ''ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **سلٰم** قف **قولا من رب رحیم** ''ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **یا حی یا قیوم** ''ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **اللھم** ''ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **حسبنا الله و نعم الوکیل** ''ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **والله المستعان علٰی ما تصفون** ''ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **الله الصمد** ''ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **احد الصمد** ''ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **خیر الوٰرثین** ''ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **الغفار** ''ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **القریب** ''ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **السمیع العلیم** ''ہے۔

میری طلب بھی کسی کے کرم کا صدقہ ہے — قدم یہ اٹھتے نہیں، اُٹھائے جاتے ہیں

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **السمیع الدعاء** ''ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **الودود** ''ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **یا ودود ۔ یا ذوالعرش المجید ۔ یا فعال لما یرید** ''ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **یا کھیعص ۔ یا حم عسق ۔ اغفرلی و ارحمنی** ''ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **العلی العظیم** ''ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **العلی العظیم الحلیم العلیم** ''ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **العلیم** ''ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **المانع** ''ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **الم** ''ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **حم** ''ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **حم ۔ لا ینصرون ۔** ''ہے۔ ☆ اسمِ اعظم'' **الم ۔ حٰمٓ ۔ طٰسٓ** ''ہے۔

☆ حضرت عبداللہ ابن عباسؓ کا قول ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **الله لا اله الا ھو رب العرش العظیم** '' ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم'' **الله الله الله الذی لا اله الا ھو رب العرش العظیم** ''ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم'' **ھوالله الله الله الذی لا اله الا ھو رب العرش العظیم** '' یہ دعا ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے اسمِ اعظم **سورہ حدید** کی چھ آیتوں اور **سورہ حشر** کی آخری چھ آیتوں میں ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم'' **یا لطیف . یا لطیف . یا لطیف . الطف لی بلطفک الخفی یا لطیف بالقدرة التی استویت بھا علی العرش فلم یعلم العرش این مستقرک منه الا ما کفیتنی ھذه الحیة ۔** ''ہے۔ یہ دعا **حیات الحیوانات** میں مذکور ہے۔

کور چشم کہ بہ بیند آفتاب — کور را از آفتابش صد حجاب

سریانی و عبرانی زبانوں میں اسمِ اعظم :

☆ سریانی زبان میں یہ اسمِ اعظم اس طرح سے ہے۔ '' **باخیار صحیحه تضیر جیو شا** ''

☆ عبرانی زبان میں اسمِ اعظم اس طرح سے ہے۔ '' **اھیا اشراھیا اذوانائی اصباؤث ال شدای** ''

☆ تیسری بات یہ ہے۔ کہ! اسمِ اعظم قطب الاسماء ہے۔ یعنی تمام اسمائے الٰہی اسی اسمِ اعظم سے مدد لیتے ہیں۔ جیسے کہ غوث یا قطب سے تمام عالم مدد لیتا ہے۔ اور اسی سبب سے دعا قبول ہوتی ہے۔ اسی لئے تمام ارواح و موٗکلات اس کی (حاملِ اسمِ اعظم کی) اطاعت کرتے ہیں۔

(بقولِ البلوشی) بعض حاملینِ اسمِ اعظم وعلم لدنیہ و ولایت کاملہ فرماتے ہیں۔ کہ! اسم اعظم کو حضرت عیسٰیؑ دن میں **14** مرتبہ اور حضرت علی المرتضیٰؓ دن میں فقط **4** مرتبہ وِردِ معمول رکھے ہوئے تھے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

سجدہء عشق میں ہو تو عبادت میں مزہ آتا ہے — خالی سجدوں میں تو دُنیا بسا کرتی ہے

حقیقتِ محمدیہ علیٰ صاحبھا الصّلوات : (بقول حضرت جناب ابوالبیان محمد سعید احمد مجددی نقشبندی)

حقیقتِ محمدیہ درحقیقت اسمِ اعظم ہے۔''**ھی الذات مع التعین الاول وھو الاسم الاعظم**''(یعنی)حقیقتِ محمدیہ وہ ذات ہے۔کہ! تعینِ اول کے ساتھ اور وہی اسمِ اعظم ہے۔(اسی طرح سے) عارف باللہ حضرت شیخ عبدالغنی نابلسی نقشبندیؒ نے''شرح خطبہ دیوان ابن الفارض'' میں ''**و قرن اسمہ الشریف باعظم اسمآئہ الحسنیٰ**'' کی شرح میں فرمایا ہے۔کہ! **وھواسم اللہ فانہ الاسم الاعظم علیٰ ما علیہ الاکثر**'' (یعنی) آنحضور نبی مکرم ﷺ کا اسم ہیں۔پس بے شک وہ اسمِ اعظم ہیں۔

اور اسی پر اکثریت کا اتفاق ہے۔صوفیائے وجودیہ کے نزدیک **ذاتِ لاہوت کے تنزلات** کوتعبیری الفاظ میں **اسمآء** کہا جاتا ہے۔مرتبہء ذات (لاتعین) کے بعد اسمآء کے مراتب شروع ہو جاتے ہیں۔جن میں پہلا مرتبہ وحدت کا ہے۔جبکہ باقی جملہ مراتب کا ظہور اور ان کی بقاء اسی مرتبہ سے وابستہ ہیں۔چونکہ اللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم بھی وحدت ہے۔اور آپ ﷺ بھی اللہ تعالیٰ کے اسمِ اعظم کے ساتھ متحقق ہیں۔اسی لئے اس مرتبے کو اسمآء کے مراتب کا اسمِ اعظم کہا جاتا ہے۔(واللہ اعلم بالصواب) اسی لئے کہا جاتا ہے۔کہ! ''**فالحقیقۃ المحمدیۃ صورۃ لاسم اللہ الجامع لجمیع الاسمآء الالھیۃ لانہ الاسم الاعظم**''(یعنی) پس حقیقتِ محمدیہ تمام اسمآئے الٰہیہ کے جامع اسم اللہ کی صورت ہے۔اسی لئے حضور ﷺ صاحبِ اسمِ اعظم ہیں۔

گناھوں سے نفرت اور اطاعت کی طرف رُغبت کا مجرب عمل :

اس مقصد کے لئے یہ مفید ہے۔کہ **لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ** کثرت سے پڑھیں۔اور **نفی اثبات . کلمہ توحید** کی اوراس کی ضرب شد ومد کے ساتھ قلب پر لگاتے رہیں۔اور **معوذ تین** (یعنی **سورۃ فلق** ۔ **سورہ والناس**) صبح وشام پڑھا کریں۔ان امور کی باقائدہ ادائیگی کی برکت سے گناہوں سے نفرت اور اطاعت الٰہیہ کی طرف یقینی رغبت ہوتی ہے۔

بھترین دُعا نبوی ﷺ : **اللھم انک عفو تحب العفو فاعف عنا** (رمضان کے آخری عشرہ کی دُعائے مبارکہ)

خصائلِ عصائے مبارکہ حضرت موسیٰ کلیم اللہؑ : حضرت موسیٰؑ کا عصاء مبارک ابتدائے حال میں حکمت تھا۔پھر سراپا قدرت ہوگیا۔آپؑ جب اپنے سامان کو نہ اُٹھا سکتے۔تو عصا اُٹھا لیتا تھا۔آپؑ جب چلنے سے عاجز ہو جاتے۔تو عصا سواری بن جاتا تھا۔آپؑ کے بیٹھنے اور سونے کے وقت یہیٔ سا آپؑ کی حفاظت کرتا رہتا تھا۔اور تکلیف دہ چیزوں کو ہٹاتا رہتا تھا۔ضرورت کے وقت یہی عصاء آپؑ کے لئے درخت بن جاتا تھا۔اور آپؑ کو طرح طرح کے پھل پیش کرتا تھا۔اور جب آپؑ بیٹھتے تھے۔تو یہ عصاء مبارک آپؑ پر سایہ کرتا تھا۔

خدا سے مانگ، جو مانگتا ہے، اے اکبر یہی وہ در ہے، جہاں ذِلت نہیں سوال کے بعد

عجیب احادیثِ نبویہ ﷺ : ☆ لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا۔کہ! وہ مساجد میں (تو) اکٹھے ہوں گے۔لیکن اُن میں سے کوئی بھی مومن نہیں ہوگا۔ ☆ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔کہ! **لا ایمان لمن لا محبۃ لہ** ۔ جسے محبت نہیں۔اُس کا ایمان نہیں۔آپ ﷺ نے تین مرتبہ یہی جملہ فرمایا۔

☆ بروایتِ حضرت جابر بن عبداللہؓ! آنحضرت ﷺ کوفرماتے سنا۔کہ! جس (مالدار) شخص میں تین چیزیں (باتیں یعنی عادات) ہوں۔وہ فتحِ نفس سے بَری ہے۔ (1) اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرے۔ (2) مہمان نوازی کرے۔ (3) نیک کاموں میں خرچ کرے۔

میری ایک پسندیدہ دُعائیہ نظم

اے خاصہء خاصانِ رسل وقت دعا ہے — اُمت پہ تیری آ کے عجب وقت پڑا ہے
جو دین بڑی شان سے نکلا تھا وطن سے — پردیس میں آج وہ غریب الغرباء ہے
وہ دین ہوئی بزمِ جہاں جس سے چراغاں — اَب اس کی مجالس نہ بتی نہ دِیا ہے
وہ دین کہ تھا شرک سے عالم کا نگہبان — اَب اس کا نگہبان اگر ہے تو خدا ہے
فریاد ہے اے کشتیء اُمت کے نگہبان — بیڑا یہ تباہی کے قریب آن لگا ہے
ہم نیک ہیں یا بد ہیں پھر آخر ہیں تمہارے — نسبت بہت اچھی ہے اگر حال برا ہے
دولت ہے نہ عزت نہ فضیلت نہ ہنر ہے — اِک دین ہے باقی سو وہ بے برگ و نوا ہے
ڈر ہے کہیں یہ نام مِٹ جائے نہ آخر — مدت سے اسے دَورِ اماں میٹ رہا ہے
بگڑی ہے کچھ ایسی کہ بنائے نہیں بنتی — ہے اس سے یہ ظاہر کہ یہی حکمِ خدا ہے
کل دیکھئے پیش آئے غلاموں کو تیرے کیا — اَب تک تو تیرے نام پہ اِک ایک فدا ہے
گر دین کو جوکھوں نہیں ذِلت سے ہماری — اُمت تیری ہر حال میں راضی برضا ہے

دائرہ اسم اللہ العظیم الاعظم ۔ تعارف، تفصیل و فوائد :

وضاحتِ اول : (بمطابق حضرت شیخ ابوالعباس احمد بن علی بونیؒ دَر شمس المعارف حصہ اول)

بہت سے بزرگانِ دین نے ''**بیتُ الخطابہ**'' کے اندر جو کہ حلب میں واقع ہے ، کے اندر اعتکاف کیا ہے ۔ یہ قبر کی مثل تنگ و تاریک ہے ۔ یہ ایک ایسی کوٹھڑی ہے ۔ کہ سوائے دروازے کے روشنی جانے کا اِس میں کوئی اور راستہ نہیں ہے ۔ جب دروازے کو بند کر دیا جائے ۔ تو یہ کوٹھڑی بالکل قبر کی طرح تنگ و تاریک اور خوفناک ہو جاتی ہے ۔ بہت سارے عاملین و علمائے کرامؒ نے اِس میں سخت قسم کی ریاضتیں اور مجاہدے کئے ہیں ۔ جب نماز کا وقت ہو جاتا تو یہ لوگ اُس کوٹھڑی سے نکل آتے ۔ اور جونہی نماز ختم ہوتی اور امام صاحب سلام پھیرتے ۔ تو یہ لوگ جلدی سے اِسی کال کوٹھڑی میں واپس چلے جاتے ۔ اور روبہ قبلہ بیٹھے رہتے اور کسی کی جانب قطعاً نظر نہیں کرتے تھے ۔ اور نہ ہی متوجہ ہوتے تھے ۔


ایک بزرگ نے اِسی کوٹھڑی میں کئی ماہ کی چلہ کشی کی ۔ اور وہ اکثر یہی دُعا مانگتے رہتے تھے ۔ کہ اِن کو اسمِ اعظم معلوم ہو جائے ۔ پس وہ بزرگ ایک رات اپنی عادت کے موافق ذِکر و دُعا کے مجاہدے میں مشغول تھے ۔ کہ اچانک نور کی ایک لوح اِن کے سامنے نمودار ہوئی ۔ جس میں چند اشکال بنی ہوئی تھیں ۔ اِس بزرگ نے اِس خیال سے اِس لوح سے اپنی نظر ہٹالی کہ شاید یہ لوح اِسے اللہ تعالیٰ کے ذِکر سے سے غافل نہ کر دے ۔ لیکن پھر دوبارہ وہ لوح اِن کے سامنے آ گئی ۔ اور آواز آئی ۔ کہ اِس لوح کو خوب غور سے دیکھو اور ذہن نشیں کر لو ۔ کیونکہ یہی وہ چیز ہے ۔ جو دراصل تمھیں نفع پہنچائے گی ۔ تب اِس بزرگ نے اپنی آنکھیں کھولیں ۔ اور اِس لوح کو دیکھنا شروع کیا ۔ اِس لوح میں چار سطور تھیں ۔ ایک اوپر ایک نیچے، ایک دائیں اور ایک بائیں ۔ اِن کے اندرون ایک دائرہ تھا ۔ پھر اِس دائرہ میں ایک اور دائرہ تھا ۔ اندر کے دائرے میں ایک خط تھا ۔ جس نے اِس کے دو حصے کئے ہوئے تھے ۔ اور پھر اوپر کے نصف دائرے میں مزید دو خطوط دونوں جانب تھے ۔ جنہوں نے اِسے مثل مثلث کی شکل کے بنا دیا تھا ۔ اور اِس خط کے درمیان میں یہ لکھا ہوا تھا ۔ **کــلا بــل هــوا لــلــه** ۔ جبکہ دونوں خطوط کے زاویوں میں ایک '' **ج** '' تھا ۔ دائیں خط کی طرف قطر دائرے سے متصل حرف '' **د** '' لکھا ہوا تھا ۔ اور قطرِ خط پر اللہ تعالیٰ کا اسم '' **صمد** '' لکھا ہوا تھا ۔ اِس کی ابتداء خط مثلث سے اور انتہاء دائرے کے قریب ہے ۔ قطر کے دائرے پر حرف '' **د** '' لکھا ہوا تھا ۔ دائرے کے نیچے حرف '' **ا** '' اور اسمِ الٰہی '' **صــمــد** '' سے پہلے اسمِ الٰہی '' **واحـــد** '' لکھا ہوا تھا ۔ اور اِسی خط میں اسم '' **واحـــد** '' سے آگے اسم '' **قهـــا ر** '' لکھا ہوا تھا ۔ دوسرے خط پر اسمائے الٰہیہ '' **قهار ۔ رحمٰن ۔ رحیم ۔ غفور** '' لکھے ہوئے تھے ۔ مثلث کے اندر قطر پر حرف '' **ط** '' لکھا ہوا تھا ۔ نیچے کے آدھے دائرے میں جو خطوط تھے ۔ وہ چوتھائی دائرے کے برابر تھے ۔ ایک اور خط جو کہ نصف دائرے تک ختم ہوتا ہے ۔ اِس کے اندر '' **سجل** '' لکھا ہوا تھا ۔ اِس کے اندر دائرے کے مقابل حرف '' **ز** '' لکھا ہوا تھا ۔ دائرے کی دوسری چوتھائی کے اندر دائرے کے اندر ہندی میں حرف '' **ه** '' جبکہ باہر '' **عبــد لــنـا** '' لکھا ہوا تھا ۔ چھوٹے دائرے میں جو نصف دائرے کی چوتھائی ہے ۔ وہاں پر '' **مــخــتــار** '' لکھا ہوا تھا ۔ زاویئے کے پاس جہاں دونوں خطوط دائرے کے نصف تک ملے ہوئے ہیں ۔ وہاں '' **تلک عشرة کاملة** '' اور حرف '' **و** '' لکھے ہوئے تھے ۔ دائرے کے اوپر '' **الم اللہ لا الہ الا هو الحی القیوم** '' الگ الگ (متفرق) حروف میں لکھا ہوا تھا ۔ یہ تمام حروف دراصل حرف '' **ج** '' کے مقابل تھے ۔ جو مثلث کے اندر تھا ۔ اور اسمِ الٰہی '' **حـــی** '' کی '' **ی** '' اِس '' **و** '' کے مقابل ہے ۔ جو اسفل دائرہ میں ہے ۔ اسمِ الٰہی '' **قیوم** '' کا '' **م** '' ، '' **الم** '' کے مقابل ہے ۔ دائرے کے باہر کی ایک طرف '' **واللہ من ورآئهم محیط** '' اور دائرے کے باہر کی دوسری طرف '' **بل هو قرآن مجید فی لوح محفوظ** '' لکھا ہوا تھا ۔ وہ دائرہ درج ذیل ہے ۔ (پھر فرماتے ہیں ۔ کہ !)

جب میں نے کیفیت کا مثال کے ساتھ سامنا کیا تو وہ شکل غائب ہو گئی ۔ میں نے اُٹھ کر نماز ادا کی ۔ اور اپنا وظیفہ پڑھنے لگا ۔ کہ دورانِ وظیفہ خوانی مجھے نیند نے آ لیا ۔ اور میں نے حضرت شیرِ خدا جناب امیر المؤمنین سیدنا علی المرتضیٰؓ کو خواب میں دیکھا ۔ آپؓ نے مجھ سے پوچھا وہ لوح کہاں ہے ؟ جو تم نے دیکھی تھی ۔ چونکہ وہ لوح میرے تصور میں تصویر کی طرح تھی ۔ میں نے اُسے پیش کیا ۔ آپؓ نے اُسے لے لیا ۔ اور اُس عظیم دائرہ کی تفصیل بیان کرنا شروع کر دی ۔ جس کو میں نہیں سمجھا ۔ صِرف اِتنا سمجھ آیا ۔ کہ آپؓ نے حرف '' **ج** '' پر اپنی انگشتِ شہادت رکھی ۔ جو دائرے سے اوپر والے نصف میں مثلث کے زاویئے میں ہے ۔ اور فرمایا کہ یہیں سے جلال پیدا ہوتا ہے ۔ تب میں نے جانا کہ یہی اللہ تعالیٰ کا '' **اِسمِ اعــظــم** '' ہے ۔ اور اسمائے ذاتِ مقدسہ پر دلالت کرتے ہیں ۔ میں نے عرض کیا یا امیر المؤمنینؓ ! میں نہیں سمجھا ۔ تو آپؓ نے فرمایا کہ ! **محمد بن طلحہ**ؒ تمھیں سمجھا دیں گے ۔ پھر میں جاگ گیا ۔ اور جاگتے ہی اپنا وظیفہ پورا کر کے محمد بن طلحہؒ کے پاس پہنچا ۔ یہ میرے دینی بھائی تھے ۔ میں نے اِن سے سارا قصہ بیان کیا ۔ اِنہوں نے اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کی ۔ پھر مجھے اِسی دائرے کی شرح سمجھانی شروع کی ۔

اِنہوں نے اِس (دائرے) کا نام '' **درالمنظم فی شرح اسم الا عظم** '' رکھا ۔ ایک اور روایت میں ہے کہ اِس دائرے کو '' **فی الســر الا عظم** '' بھی کہا گیا ہے ۔ وہ بزرگ کہتے ہیں کہ ! اِس کے بعد میں نے آنحضرت رسالت مآب ﷺ کو خواب میں دیکھا ۔ کہ آپ ﷺ ایک محراب میں جلوہ افروز ہیں ۔ اور ساتھ ہی حضرت امیر المؤمنین جناب علیؓ المرتضیٰؓ اِسی اسمِ اعظم کا ورد کر رہے ہیں ۔ (شمس المعارف کی قلمی کتب میں دائرہ اِسی طرح سے بنا ہوا ہے) آپؓ نے مجھے یہ کلمہ تعلیم فرمایا ۔ '' **لم یتو قف الا سم المقدس علٰی غیرہ فی الد لة** '' ۔

حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ! حق تعالیٰ کی قسم ہے ۔ اِسی طرح جبرائیلؑ نے مجھے تعلیم دی ہے ۔ پھر جب میں خواب سے بیدار ہوا ۔ تو شیخ

کی خدمت میں حاضر ہوکر سارا قصہ بیان کیا۔ اُنہوں نے کچھ دیر سکوت اختیار کیا۔ پھر اپنی پشت پر ہاتھ ڈال کر ایک پرچہ نکالا۔ جس پر بعینہ وہی الفاظ لکھے ہوئے تھے۔ یعنی کہ! **"لم یتوقف الاسم المقدس علٰی غیرہ فی الدلۃ"**۔



میں نے اِس کو دیکھتے ہی کہا کہ! اِس کو آپ شرح کے ساتھ کیوں نہیں لکھتے۔ اُنہوں نے فرمایا کہ! میرا خیال تھا۔ کہ اِس کو میرے سوا اور کوئی نہ جان سکے۔ پھر اُنہوں نے "**استغفار**" پڑھی۔ اور مجھے لکھ دیا۔ یہ وہ چیز ہے۔ کہ جس کو اہلِ صدق وصفا کے اور کوئی نہیں جان سکتا۔ کیونکہ یہ "**اِسمِ اعظم**" اور "**سرِّ کریم و مخزونِ عظیم**" ہے۔ اگر تو اِس کو جان لے۔ تو جن وانس تیری اطاعت کریں گے۔ لیکن چاہیئے کہ غیر اہل سے اِس کو بچایا جائے۔ اور چاہیئے کہ ظاہر و پوشیدہ حالت میں اللہ تعالٰی سے تقوٰی اختیار کریں۔ اللہ تعالٰی کے حکم سے تمہارے تمام امور میں کامیابی حاصل ہوگی۔ انشاء اللہ العظیم۔

ایک بزرگ نے فرمایا کہ! جب میں نے بیت المقدس کی زیارت کے واسطے سفر کیا۔ تو مجھے خیال آیا کہ! کیوں نہ، شام اور حلب کے بزرگوں کی زیارت بھی کرتا چلوں۔ چنانچہ میں ابھی راستے میں ہی تھا۔ کہ! ایک شخص، جو کہ شاید ابدالوں میں سے تھا۔ میرے سامنے آیا اور بعد سلام کے مجھے فرمایا کہ! اے احمدؒ! میں آپؒ کو ایک تحفہ دینا چاہتا ہوں۔ جس سے آپؒ کو بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔ میں نے عرض کیا کہ! وہ تحفہ کیا ہے؟ تو اُنہوں نے فرمایا۔ میں ایک روز خلوت میں مراقبہ کر رہا تھا۔ اور اپنے روزانہ کے **اوراد و اذکار** میں مشغول تھا کہ! اچانک ایک لوحِ عظیمہ میرے سامنے آئی۔ جس پر عجیب وغریب طرح سے چند خطوط، دوائر اور اسماء و حروف مرقوم تھے۔ پھر ایک مؤکل (**فرشتہ**) میرے سامنے آیا۔ اور وہی لوح اِس نے مجھے دے دی۔ مگر کچھ بتایا نہیں اور فوراً ہی غائب ہوگیا۔ اُس وقت مجھے یہ معلوم نہ ہوا کہ اِس لوح کے کیا کیا فوائد ہیں؟ اور یہ لوح کس کام کے لئے مفید ہے۔ جس کے سبب میرے قلق واضطراب میں کافی اِضافہ ہوتا رہا۔ کہ اِسی حال میں مجھ پر نیند غالب ہوئی۔ اور خواب میں مجھے حضرت علیؑ المرتضٰیؓ کی زیارت سے فیضیابی کا شرف حاصل ہوا۔ اور میں نے دیکھا۔ کہ! حضرت علیؓ کھڑے ہوئے ہیں۔ اور اُنہوں نے سلام کرنے میں مجھ سے سبقت کی۔ پھر میں نے اُنؓ کے سلام کا جواب عرض کیا۔ پھر آپؓ نے مجھ سے فرمایا کہ! وہ لوح کہاں ہے؟ میں نے عرض کیا یہ حاضر ہے۔ پھر آپؓ نے وہ لوح مجھ سے لے کر اُسے نہایت ادب واحترام سے بوسہ دیا۔ اور فرمایا! کیا تم جانتے ہو کہ! اِس لوح میں حقیقت اور معرفت کے کیا کیا اسرار ہیں؟ اور تمام "**علمِ جفر**" جو میں نے تالیف کیا ہے۔ وہ سب اِسی کے اندر موجود ہے۔ اور اِس لوح کا نام میں نے قضاء وقدر رکھا ہے۔ اِس میں حرف "**ا**" کے اسرار ہیں۔ اور اِس میں "**اسمِ اعظم**" کا راز ہے۔ دورہء اقطاب اور خلداء سب اِسی میں ہیں۔ پھر جنابِ حضرت امیر المؤمنین علیؑ المرتضٰیؓ وہ دائرہ (جو پچھلے صفحہ پر دیا گیا ہے) مجھ کو عنایت کر کے اپنا دستِ مبارک اسمِ ذات (اللہ) پر رکھا۔ اور فرمایا کہ! یہ اسمِ اعظم کا راز اور اِس کی حقیقت ہے۔ پھر حضرت امیر المؤمنینؓ تشریف لے گئے۔ اے احمدؒ! میں اِس لوح کو لے کر تمہارے پاس آیا ہوں۔ میں نے اِس کو قبول کیا۔

دائرے کے انوارات و اسرار :

حضرت ابوالعباس احمد بن علی بونی فرماتے ہیں کہ! اِس دائرے میں ایسے ایسے اسرار اور انوارات مخفی ہیں ۔ یہ (اسرار اور انوارات) میں صرف سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی اجازت سے ظاہر کرتا ہوں ۔یعنی میں نے آنحضور نبی کریم ﷺ کو محراب میں اور حضرت علیؓ کو اِس دائرہ کا ذکر کرتے ہوئے اور اِس کے فوائد کو بیان کرتے ہوئے ملاحظہ کیا ۔تو آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا کہ! میں نے اِس (لوحِ مبارک) کو اِسی طرح لوحِ محفوظ میں لکھا ہوا دیکھا ہے ۔اور حضرت جبرائیلؑ نے اِسی صورت سے مجھے یہ لوحِ عظیمہ دکھائی تھی ۔ میں نے اِس وقت عرض کیا کہ! حضور! مجھے اِجازت ہو تو میں اِس کی تشریح کو ظاہر کر دوں ۔ اِرشاد فرمایا کہ کچھ حرج نہیں ۔ اِس وقت میں خواب سے بیدار ہوا ۔اور میں نے اِس دائرہ میں غور و غوض کرنا شروع کیا ۔اب جو میں نے دیکھا ۔تو مجھے معلوم ہوا کہ یہ دائرہ تمام اسرار پر حاوی ہے ۔ پس حروف اِس کے شفع اور وتر ہیں ۔ اور اسمائے مبارکہ اِس کے مجموع اور متفرق ہیں ۔ بے شک! حرف ''ا'' کا جو میں نے ذکر کیا ہے ۔ وہ اِنہی معنوں میں اور اِسی شرح کے ساتھ ہے ۔اور میں اللہ تعالیٰ سے دُعا کرتا ہوں ۔ کہ وہ الہام والقاء میں میری معاونت فرمائے ۔اور مجھے ثوابِ عظیم عطا فرمائے ۔ (آمین) ۔ بے شک وہ بڑا بخشش والا مہربان ہے ۔اور میں یہ بھی دُعا کرتا ہوں کہ! ہر طالبِ علم کو اِس کے ساتھ احسان واکرام سے متنفع و مستفیذ فرمائے ۔ آمین ۔

اگر کوئی شخص اِس دائرے کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا ۔ تو ایسے شخص کا عوام الناس کے اندر رعب و دبدبہ ہوگا ۔ اور اُسے تسخیرِ خلائق وعظیم قبولیت نصیب ہوگی ۔ (انشاءاللہ تعالیٰ) اور اگر کوئی شخص اِس دائرے کو سونے کے پانی سے چاندی کی پلیٹ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا ۔تو تمام پر مخلوقات میں ایسے شخص کو عظیم ترین توقیر و قبولیت نصیب ہوگی ۔ (انشاءاللہ تعالیٰ) اور اگر کوئی شخص کسی لشکر میں ہو اور اِس دائرے کو علم پر لکھ کر لگائے ۔ تو کبھی ایسا لشکر ناکام و شکست خوردہ واپس نہیں لوٹے گا ۔ (انشاءاللہ تعالیٰ) اور اگر اِس دائرے کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر کوئی اپنے پاس رکھے ۔ تو ایسا شخص ایذا دینے والے لوگوں کے شر سے مامون و محفوظ رہے گا ۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) اِس دائرے کے لاتعداد و بے شمار فوائد و منافع ہیں ۔ جن کے بیان کرنے سے زبان جسم یکسر قاصر و گونگ ہے ۔ اگر سعادت و انعام کسی کے نصیب میں ہوگا ۔ تو وہ اِس رازِ عظیمہ، جوہرِ مکنون و مخزون سے مستفید و متنفع ہوگا ۔ (انشاءاللہ تعالیٰ)

اِس دائرہ میں دُنیا کے جملہ تغیرات وحوادث اور تمام سلطنتوں کے عروج و زوال کا حال ہے ۔اور تمام لڑائیاں جو بادشاہوں میں ہوئی ہیں یا آنے والے وقتوں میں وقوع پذیر ہوں گی ۔ اور سب بادشاہوں کے نام اِس سے نکل سکتے ہیں ۔مگر یاد رہے ۔کہ ان رموز واسرار اور پوشیدہ رازوں کا استخراج صرف وہی اہل شخص کر سکتا ہے ۔ جو قواعد بسط وتکسیر وجفر سے واقفیت رکھتا ہو ۔اور ہر اصل کو اِس کے اصول میں ضرب دینا بھی جانتا ہو ۔ کیونکہ جب تم کسی حرف کے اعداد کو بسط کرو گے ۔اور تحقیق کرو گے ۔ کہ یہ حرف کِس مرتبے کا ہے؟ اور کون سی دولت سے متعلق ہے؟ تو اِس وقت تم کو معلوم ہو جائے گا کہ! اِس دولت کے ساتھ مستقبل میں کون کون سے واقعات وحوادث پیش آئیں گے ۔ یہ دائرہ دراصل اُن تمام باتوں کا مجموعہ ہے ۔ جو ''**جفر مِفتاحُ الغیب**'' میں وضع کی گئی ہیں ۔اور ہم نے اِس کو جفر کا مصادر پایا ہے ۔ چنانچہ اِس جفر میں 626 مصراع ہیں ۔ جس میں سے ہر ایک کی 28 جدولیں ہیں ۔اور ہر جدول میں 28 خانے طول وعرض میں ہیں ۔اور سب حروف معجمہ (یعنی کہ 28 حروفِ تہجی) ہیں ۔

''تلاشِ اسم اعظم (ایک حل طلب معمہ عظیمہ)''

یہ ایک ایسا عظیم الشان اور مخفی رمز یہ اسرار اور خزانہ مکنونہ ہے ۔ کہ جس کی خاطر لاتعداد عُلمائے عظام، اولیائے کرام اور محققین نے اپنی اپنی زندگیاں صَرف کر دیں ۔مختلف اساتذہ سے ملنے کے قصد سے کئی ممالک کے دورے کئے ۔ انتہائی سخت ریاضات ومجاہدات اور مشقتیں سرانجام دیں ۔ برسوں تک اپنے اساتذہ ومرشدین کی خدمت کی ۔مگر اکثر لوگ اس گوہرِ نایاب راز واسرار سے آگاہی وشناسائی حاصل کرنے میں ناکام رہے ۔

وضاحتِ اول : (بقولِ امام بونیؒ دَر شمس المعارف) کِن کِن اسمائے الٰہیہ میں اسمِ اعظم کے کتنے کتنے حروف شامل ہیں ۔ اسمائے حُسنٰی کی شرح کے تحت امام بونیؒ فرماتے ہیں ۔ کہ! اللہ تعالیٰ کا اسم ''**اللہ**'' اسمِ اعظم اور بہت ہی عظیم اذکار میں سے ایک اسم ہے ۔ جبکہ اسمِ الٰہی ''**العزیز**'' میں اسمِ اعظم کے حروف میں سے ایک حرف ہے ۔ اللہ تعالیٰ کے اسمِ مبارک ''**الممیت**'' کے ضمن میں امام بونیؒ فرماتے ہیں ۔ کہ! اسم ''**الممیت**'' میں اسمِ اعظم کے خالص دو حروف ''م'' مکرر آئے ہیں ۔ (لہٰذا گمان غالب ہے ۔ کہ اللہ تعالیٰ کا جو بھی اسمِ اعظم ہے ۔اُس میں حرف ''م'' ضرور آئے گا) واللہ اعلم بالصواب ۔

(باقی کچھ اسمائے الٰہیہ کا جدول بمطابق اشارہ علامہ بونیؒ مندرجہ ذیل ہے)

العزيز.1	العليم.2	الرافع.3	المعز.2	الحكم.1	العدل.1	الخبير.1	الحليم.1	العظيم.2	الغفور.2
شكور.1	العلی.1	المقيت.1	الكريم.2	المجيب.1	الحكيم.1	المجيد.1	باعث.2	حميد.1	المحصی.1
المبدیء.1	المعيد.2	المحی.1	الواجد.1	الواحد.1	القادر.1	المقدم.2	الوالی.1	المنتقم.1	رؤف.1
مقسط.1	الجامع.1	الغنی.1	المغنی.1	المانع.1	الباقی.1	الرشيد.1	الصبور.1	المميت.1	

وضاحتِ دوئم : حضرت شیخ بہاؤالدین عاملیؒ نے اپنی ابیات میں اِسمِ اعظم کے متعلق چند اِشارات ونشانیاں بیان کی ہیں ۔ وہ ابیات تو بہت زیادہ ہیں ۔ مگر ہم یہاں پر اسمِ اعظم تک رسائی والی چند چنیدہ ابیات درج کر رہے ہیں ۔

گنج اسرار الهی حرف است — گوهر مخزن شاهی حرف است
سی و شش حرف که در گفت و شنید — کس بپایان رموزش نرسید
اسمِ اعظم که نهاں از نظر است — عقل ها جُمله از اں بی خبر است
شد از آن اسم مقدس آگاه — که بود اعظم اسماء الله
هر چه در عالم از ایں اسم بپا ست — زانکه ایں اسم کنوز الاسماء است
هست در مُصحف ما بعد سه میم — در میاں هائی سور در حا میم
عدد ش با سورِ قُرآنی — متساوی است اگر میدانی
هشت حرف است بترتیب و نظام — بسط حرفیش چهل گشته تمام
نقطه اش (حرفیش) نوزده از روئے جُمل — هشت چوں مُدخل باسط بعمل
اولش میم و چهارم لام است — سیمش شهره در ایں ایام است
طابود آخر شش حرف در او — گوش دل باز کُنی گر نیکو
در سه جا مصدر اسمش دال است — در سه آیت یی از انفال است
اولش هفده و آخر سین اَست — متصل در وسطِ یا سین اَست
عدد بینه اش هفتاد است — ایں هم از قاعده استاد است
اے (شیخ) بهائی چو تو ایں کشف رموز — کردی و یافتی آں نقد کنوز

وضاحتِ سوئم : ل لیکن پھر بھی وہ مقصود کو نہ پا سکے ۔ کیونکہ اِن کے پاس پرکھنے کا کوئی پیمانہ نہیں تھا ۔ جس کی بناء پر وہ سرگردان رہے ۔ اِس کے بعد آپ دیکھیں گے ۔ کہ باقی تمام قواعد جتنے بھی اِس معمے میں مرقوم ہیں ۔ وہ اِس پر منضبط ہونا شروع ہو جائیں گے ۔ اور کوئی بھی علامت ، کوئی بھی رمز اِس کے سوا باقی نہیں رہے گی ۔ کہ اِس جیسی تفاصیل تاریخ میں موجود تمام کتب میں سے کہیں بھی آپ کو نہیں ملیں گی ۔ اور نہ ہی تاریخِ عالم میں اِس سے قبل ایسی جامع گفتگو کی گئی ہوگی ۔ اور اِس سلسلے میں یہ تمام اسرار محض اس وجہ سے دیئے گئے ہیں ۔ کہ اِس کتاب کے بارے میں جو ہمارا مقصود تھا ۔ کہ اِسے تاریخ کی پہلی باضابطہ اور مفصل کتاب بنایا جائے ۔ اِس سلسلے میں ہمیں جتنی آگاہی تھی ۔ ہم نے اِسے دل کھول کر بیان کر دیا ہے ۔ ۔

وضاحتِ چھارم : (اُستادِ محترم جناب غلام الرسول عائلی نقشبندی صاحب)

واضح ہو کہ یہ جدول (**جدول کلیدِ اسمِ اعظم**') اِس سارے معمے کی کلید اعظم ہے ۔ اور ہم نے آگاہی دی تھی ۔ کہ اسمِ اعظم کوئی جفر کا نہ تو قاعدہ تھا اور نہ معمہ ! بلکہ جنہوں نے اِس بات کو عوام الناس تک صراطِ مستقیم بنا کر پیش کیا ۔ تو اس کے قواعد اسی جدول ہی سے بنائے گئے ہیں ۔ اور تمام معمہ (اسمِ اعظم) اسی جدول سے ہی وضع کیا گیا تھا ۔ وگرنہ یہ اسم کوئی نہیں تھا ۔

سپردم بتو مایہ ء خویش را — تو چہ دانی حساب کم و بیش را

عائلی صاحب دعوی کرتے ہیں ۔ کہ ! اِس جدول کو بطور اس معمے کی کلید کے تاریخ میں پہلی بار پیش کیا جا رہا ہے ۔ اِس سے آپ کسی بھی اسم کو پھیلا کر اِس کا بسطِ کبیر لے سکتے ہیں ۔ اور کسی کا بھی نصف وثلث و دیگر اجزاء لے سکتے ہیں ۔ اور اگر اِس براہینہ بات کو سمجھنے کے بعد کسی بھی اسم کو اِس جدول میں پھیلا دیں ۔ اور پھر تمام حروف کا بسطِ کبیر لے لیں ۔ اور دیکھیں ۔ کہ !

اِس کے **40** حروف بنتے ہیں کہ نہیں ؟ اگر **40** حروف بنتے ہیں ۔ تو دیکھیں ۔ کہ ! اِن کے وہ اعداد **581** نکلتے ہیں ؟ اور اگر نکلتے ہیں ۔ تو کیا اِن کو جُمل کرنے سے **19** حروف نکلتے ہیں ؟ اور کیا اِن **19** حروف کے جُمل کبیر کے اعدادِ کامل **600** نکلتے ہیں ؟ اگر اِس طرح ہے ۔ تو آپ کو مبارک ہو ۔ کہ آپ اِس عظیم ترین راز سے آگاہ ہو گئے ۔ کہ جس کو ڈھونڈتے ڈھونڈتے لوگوں کی عمریں صَرف ہو گئیں ۔

مجھے (یعنی جناب غلام رسول عائلی صاحب کو) جتنی تعلیم تھی میں نے بتا دی ۔ اب اِس سے زائد کچھ بھی بتانے کے لئے باقی نہیں رہا ۔ یہاں وہ (تقریبًا) سب کچھ بتا دیا گیا ہے جو بتانا نہیں چاہیئے تھا ۔ یہی سب کچھ حتمی ہے ۔ کیونکہ اِس سے زائد کچھ ہے بھی نہیں ، کہ جسے بتایا جائے ۔

حروف	اعداد قمری	نصف	ثالث	رابع	خامس	سادس	سابع	ثامن	تاسع	عاشر
		1/2	1/3	1/4	1/5	1/6	1/7	1/8	1/9	1/10
ا	01	☆	☆	☆	☆	☆	☆	☆	☆	☆
ب	02	ا	☆	☆	☆	☆	☆	☆	☆	☆
ج	03	☆	ا	☆	☆	☆	☆	☆	☆	☆
د	04	ب	☆	ا	☆	☆	☆	☆	☆	☆
ہ	05	☆	☆	☆	ا	☆	☆	☆	☆	☆
و	06	ج	ب	☆	☆	ا	☆	☆	☆	☆
ز	07	☆	☆	☆	☆	☆	ا	☆	☆	☆
ح	08	د	☆	ب	☆	☆	☆	ا	☆	☆
ط	09	☆	ج	☆	☆	☆	☆	☆	ا	☆
ی	10	ہ	☆	☆	ب	☆	☆	☆	☆	ا
ک	20	ی	☆	ہ	د	☆	☆	☆	☆	ب
ل	30	ہ ی	ی	☆	و	ہ	☆	☆	☆	ج
م	40	ک	☆	ی	ح	☆	☆	ہ	☆	د
ن	50	ہ ک	☆	☆	ی	☆	☆	☆	☆	ہ
س	60	ل	ک	ہ ی	ب ی	ی	☆	☆	☆	و
ع	70	ہ ل	☆	☆	د ی	☆	ی	☆	☆	ز
ف	80	م	☆	ک	و ی	☆	☆	ی	☆	ح
ص	90	ہ م	ل	☆	ح ی	ہ ی	☆	☆	ی	ط
ق	100	ن	☆	ہ ک	ک	☆	☆	☆	☆	ی
ر	200	ق	☆	ن	م	☆	☆	ہ ک	☆	ک
ش	300	ن ق	ق	ہ ع	س	ن	☆	☆	☆	ل
ت	400	ر	☆	ق	ف	☆	☆	ن	☆	م
ث	500	ن ر	☆	ق ک ہ	ق	☆	☆	☆	☆	ن
خ	600	ش	ر	ن ق	ک ق	ق	☆	ہ ع	☆	س
ذ	700	ن ش	☆	ق ع ہ	م ق	☆	ق	☆	☆	ع
ض	800	ت	☆	ر	س ق	☆	☆	ق	☆	ف
ظ	900	ن ت	ش	ر ک ہ	☆	ن ق	☆	☆	ق	ص
غ	1000	ث	☆	ن ر	ر	☆	☆	ہ ک ق	☆	ق

میں دیکھتا ہوں صلح و محبت ہے اٹھ گئی دنیا سے
ہر دل سے ہر گروہ سے ہر خاندان سے
اس کا سبب نہیں ہے اس کے سوا کچھ اور
یعنی کہ اٹھ گیا ہے خدا درمیان سے

چند مزید وضاحتیں برائے تحقیق و جستجو و تلاشِ اسمِ اعظم :

1۔ اِسی ضمن میں میرے باطنی استادِ محترم جناب حضرت فقیر غُلام الرسول مین ناشادؒ فرماتے ہیں۔ کہ حضرت بہاؤ الدین عاملیؒ، خواجہ نصیر الدین طوسی اور دیلمیؒ نے اسم اعظم کے متعلق جن دو سورتوں (**سورہ بقرہ** ۔ **سورہ آل عمران**) کی طرف اشارہ کیا ہے۔ اِن میں اسم اعظم واقعی موجود تو ہے۔مگر **اشتقاقاً** موجود ہے۔اور جس قُرآنی سورہ میں اسم اعظم **صریحًا** (**یعنی کہ جِس سورہ مبارکہ میں اسم اعظم صریحًا اور بہ لحاظ خواندہ مکمل ہے**) موجود ہے۔ اس سے پہلو تہی کر گئے۔ اس لئے کہ جس سورہ مبارکہ میں اسم اعظم صریحًا اور بہ لحاظ خواندہ مکمل طور پر ہے۔ وہ ان دونوں سورتوں سے مقدار میں اتنی ہی کم ہے۔

2۔ اسم اعظم جس طرح قُرآن میں موجود ہے۔ اسی طرح عبرانی و سریانی، بابلی و آرامی اور دیگر زبانوں میں بھی موجود تھا۔

3۔ اس اسم اعظم سے تمام انبیاء و رسلؑ آگاہ تھے۔اور بوقت **لا ینحل معمات و مھمات** میں اسی سے دعا فرماتے تھے۔

4۔ اِسی طرح سے ہمارے باطنی استاذِ محترم **جناب غلام الرسول میمن ناشاد**ؒ اور صاحب حقیقتِ گلزارِ صابری جناب مخدوم زمن شاہ **محمد حسن صابری چشتی** قادری حنفی رامپوریؒ کے علاوہ دیگر صاحبانِ تصوف کا اس بات پر قوی اتفاق ہے کہ ! اسمائے اعظم الٰہی سب گیارہ (11) ہیں۔ جو کہ انہی اٹھائیس **28حروف معجمہ** کے حروف تہجی میں پوشیدہ ہیں۔جن میں آتشی ، بادی و آبی میں تین۔ تین اور خاکی میں فقط دو اسماء ہیں۔ اِن میں سے صرف ایک اسم کو حضرت امام جعفر صادقؒ نے قواعد علم جفر میں ضم فرما دیا ہے۔ اور حکام اہل جفر اُس اسم مبارک کو اسمِ اعظم تحریر کرتے ہیں۔ کیونکہ بغیر اس اسمِ اعظم کے علم جفر مؤثر ہوتا ہی نہیں۔

حضرت ناشادؒ فرماتے ہیں۔کہ ! اِن گیارہ اسمائے عظام الٰہیہ کی اطلاع بلا رمز یہ کلیہ پر مجاہدہ کرنے کے بعد مبشرات ، مغیبات اور مکاشفات ہی سے اطلاع ہوتی ہے۔ جو بندہ خدا خود کو ریاضت سے اِس کا اہل ثابت کر دے گا۔تو یہ اسمائے عظام الٰہیہ خود بخود اُسے میسر ہو جائیں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

5۔ اسمِ اعظم 29 اسمائے مبارکہ (یعنی 29 حروفِ مقطعات سے مستخرج شدہ 14 حروفِ نورانی سے) مرکب ہے۔

6۔ میرے باطنی استادِ محترم جناب حضرت فقیر غُلام الرسول میمن ناشادؒ فرماتے ہیں کہ حروفِ نورانی کا ایک عظیم طریقہ **جفر الجامع** کی طرز کا ہے۔جس میں حروفِ مقطعات سے حاصل شدہ 14 حروفِ نورانی کا ایک صحیفہ نورانیہ بھی مرتب کیا جاتا ہے۔ انہی چودہ حروف کو گردشیں دے کر 196 صفحات تیار ہوتے ہیں۔ یاد رہے۔ کہ اِس پورے صحیفہ نورانیہ میں اسم اعظم 14 جگہوں پر آتا ہے۔ایک جگہ پر مستقیم اور باقی صدر و مؤخر کے لحاظ سے۔ اِس اسمِ اعظم کی مختلف جہتیں سامنے آتی ہیں۔لیکن اس اسمِ اعظم میں ایک حرف کی گنجائش ہے۔ اِس لئے کہ یہ حروف کا جو صحیفہ ہے اِس کے اندر تمام حروف خالص ہیں۔اور اسمِ اعظم حروف کے لحاظ سے مکرر ہے۔مگر پھر بھی بہ لحاظِ قوتِ اعراب بآسانی پڑھنے میں صاف طور سے آتا ہے۔

7۔ میرے باطنی استاد حضرت ناشادؒ فرماتے ہیں کہ ! آپ (متلاشیِ اسمِ اعظم) کے پاس تین چیزیں موجود ہیں۔

A۔ جفر الجامع کے 14 نورانی حروف کا **196** صفحات پر مشتمل عظیم الشان صحیفہ۔ **B**۔ معمہ اسمِ اعظم (درایاتِ بہائی برائے اسمِ اعظم)۔

C۔ اس مضمون میں درج شدہ بسط کے **40** حروف ، جُمل کے **19** حروف ۔(یعنی کہ ! اسم اعظم کو بسط کرنے سے **40** حروف نکلتے ہیں۔جن کے اعداد بحساب ابجد قمری **581** ہیں۔اور انہیں جُمل کرنے سے 19 حروف نکلتے ہیں۔جن کے اعداد بحساب ابجد قمری **600** بنتے ہیں)۔

8۔ میرے باطنی استاد حضرت ناشادؒ فرماتے ہیں کہ ! اب بھی اگر (معمہ اسمِ اعظم) حل نہ ہوتا ہو۔ **تو اُمُّ الدعوات** (یعنی کہ) سورہ فاتحہ کی **40**۔ ایام کی ریاضت عظیمہ (با پرہیز روحانی) خصوصی جناب حضرت امام موسیٰ کاظمؒ **بن** حضرت امام جعفر صادقؒ کی خصوصی اجازت سے ادا کریں۔ میں دعوٰی سے کہتا ہوں۔ کہ ناکامی کا **1%** بھی امکان نہیں رہے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

09 ۔ اکثر اولیاءاللہ کے نزدیک سورہ فاتحہ کے شروع میں ''**اسمِ اعظم**'' ہے۔

10۔ حضرت ذوالنون مصریؒ نے کسی بزرگ سے پوچھا۔ اللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم کون سا ہے ؟ تو اس نے جواب دیا۔ ''اللہ'' مَیں (حضرت ذوالنون مصریؒ) نے کہا۔ کہ ! اس اسمِ الٰہی کا بہت زیادہ وِرد کیا کرتا ہوں ۔ لیکن میرے قلب میں اس کی ہیبت پیدا نہیں ہوتی ۔ تو اس بزرگ نے فرمایا ۔ تُو اس (اسمِ الٰہی) کو اس کی حیثیت سے نہیں بلکہ اپنی حیثیت سے کہتا ہے۔

11۔ حضرت شریحؒ فرماتے ہیں ۔ کہ ! مَیں نے خواب میں دیکھا ۔ کہ ! ایک شخص مجھ سے کہتا ہے۔ فلاں شخص کے پاس جا۔ ہم نے اُس کو حکم دے دیا ہے۔ کہ وہ تجھے اسمِ اعظم بتادے گا۔ صبح کو مَیں اُسی شخص کے پاس گیا۔ انہوں نے مجھ سے پوچھا۔ کیا تم شریحؒ ہو ؟ مَیں نے رات کو خواب میں دیکھا ہے۔ کہ ! مَیں تجھ کو اسمِ اعظم سکھاؤں۔ دیکھو! قرآن شریف میں جس قدر آیات ہیں۔ جن میں ''**لا الٰہ الا ھو**'' ہے۔ وہ سب اسمِ اعظم ہیں۔

12۔ حضرت شیخ خوارزمیؒ نے فرمایا۔ کہ ! جس شخص نے اللہ تعالیٰ کے اسم ''**وتر**'' کو حال وقال میں معلوم کر لیا۔ پس یہی اسمِ اعظم ہے۔

13۔ حضرت امام خوارزمیؒ فرماتے ہیں۔ کہ ! اسمِ اعظم اللہ کی معرفت کے حصول کے سلسلے میں میری چین کے ایک شیخ کبیر نابینا سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے

فرمایا۔کہ! وہ اسم (دراصل) اسمِ ذات ہے۔جس میں طبائع اربعہ موجود ہیں۔اوراس کے جملہ'' بارہ'' حروف ہیں۔

14۔ حضرت علی المرتضیٰؓ فرماتے ہیں۔کہ! اللہ تعالیٰ کے اسمِ اعظم '' **الم . کھیعص . حم عسق** '' اور اس سے ملتے جلتے الفاظ ہیں۔ جو کوئی اِن کی ترتیب وترکیب کو اچھی طرح سے سمجھ لے۔ اسے اللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم معلوم ہو جائے گا۔

15۔ حضرت امام جعفر صادقؒ اور حضرت جنیدِ بغدادیؒ فرماتے ہیں۔کہ! اللہ تعالیٰ کا ہر اسمِ گرامی کہ بندہ جس میں محو ہو کر اس طرح سے دعا مانگے۔کہ اس حالت میں اللہ تعالیٰ کا غیر نہ ہو۔ جو بھی اس طرح سے دعا مانگے گا۔اس کی دعا لازمی قبول ہو گی۔ (جیسا کہ قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔**قل ادعوا اللہ او ادعوا لرحمٰن ایام ما تدعوا فلہ الا سمآء الحسنیٰ** ۔یعنی کہ! آپ فرما دیں۔ اللہ تعالیٰ کو پکارو یا رحمان کو پکارو۔جس کو (بھی) پکارو۔تمام اچھے نام اسی کے ہیں)

16۔ حضرت شیخ ابوالحسن شاذلیؒ فرماتے ہیں۔کہ! ایک روزمَیں اپنے اُستاد شیخ عبدالسلام مشیشؒ کی خدمت میں حاضر ہوا۔اوران کے سامنے بیٹھ گیا۔شیخ صاحبؒ کا ایک چھوٹا سا بچہ گھوم رہا تھا۔اس کومَیں نے اپنی گود میں بٹھا لیا۔پھر میرے دل میں خیال آیا۔کہ! مَیں شیخ عبدالسلام مشیشؒ سے'' اسمِ اعظم'' کی بابت سوال کروں۔تو اس بچے نے میری ٹھوڑی پکڑ کر کہا۔اے چچا جان! تُم ہی اسمِ اعظم ہو۔یا کہا۔تمھارے ہی اندر اسمِ اعظم ہے۔شیخؒ نے فرمایا۔ بچے نے تم کو جواب دے دیا۔اس کو سمجھ لو۔(لہذا) معلوم ہوا۔کہ! انسان خود ہی اسمِ اعظم ہے۔

17۔ بقول حضرت ذوالنون المصریؒ ! اللہ تعالیٰ کا وہ اسمِ اعظم کہ جس کے ذریعے سے دعا مانگی گئی۔وہ سات حروف سے مرکب ہے۔

سید سرفراز اے شاہ صاحب (آف لاہور) نے اپنی چند کتب میں اسمِ اعظم کے متعلق بہت سے اشارات دیئے ہیں۔جن کتب کے چند چیدہ و چنیدہ متن مختصر مگر جامع تفصیل کے ساتھ قارئینِ وشائقین کی خدمت میں پیش کئے جارہے ہیں۔

ایک انٹرویو کے دوران شاہ صاحب نے فرمایا۔کہ! اَب یہ اسمِ اعظم کہیں لکھا ہوا نہیں ہے۔قرآنِ حکیم کی تین سورتوں میں یہ آیا ہے۔تینوں (سورتوں کے) نام اس لئے نہیں بتاؤں گا۔کہ! پھر آدمی **Compare** کر لیتا ہے۔کہ! ایک ہی چیز کہاں **Repeat** ہوئی ہے۔(تو وہ) پکڑا جاتا ہے۔لیکن سورہ طٰہٰ میں (اسمِ اعظم موجود) ہے۔ایک بتا دیتا ہوں آپ کو سورت۔

کہے فقیر کے صفحہ نمبر 68 پر ایک جناب سید سرفراز اے شاہ صاحب سے ایک سوال کیا گیا ہے۔کہ! (جناب) دُعائے مشلول اُردو میں بتائی گئی ہے۔تو کیا اسمِ اعظم کا بھی (اُردو زبان میں) ترجمہ کیا گیا ہے؟ تو جناب سید سرفراز اے شاہ صاحب نے جواب میں فرمایا۔آپ خاطر جمع رکھیئے۔۔اسمِ اعظم کا ترجمہ نہیں کیا گیا۔وہ بعینہٖ اِس میں موجود ہے۔(یاد رہے۔کہ! **دُعائے مشلول** اِس کتاب میں آگے ہے۔)

حضرت علی شیرِ خداؓ نے اُسے (ایک شخص بنام'' **حضرت منازل بن لاحقؒ** '' کو، ازراہِ ہمدردی وخداترسی) ایک دُعا پڑھنے کو دی۔اور فرمایا۔کہ اِسے پڑھو۔رب تعالیٰ سے اُمید ہے۔کہا، سے پڑھنے سے تم صحت یاب ہو جاؤ گے۔(انشاءاللہ) منازل بن لاحقؒ کا کہنا ہے۔کہ اُس رات جب میں سویا۔تو مجھے آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی زیارت نصیب ہوئی۔اور آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔جو دُعا تمھیں میرے چچا زاد بھائی حضرت علیُ المُرتضیٰؓ نے دی ہے۔اُس کو پڑھو۔اِس دُعا میں اسمِ اعظم پوشیدہ ہے۔اور جو شخص رب تعالیٰ کو اسمِ اعظم سے پکارتا ہے۔(وہ) اُس کی دُعائیں پوری کرتا ہے۔(یاد رہے۔کہ! اِس دعا کا مکمل قصہ وفضیلت مشہور کتب **غنیۃ الطالبین** اور **نزھۃ المجالس** وغیرہ میں مفصل موجود ہے) دُعا پڑھنے کا طریقہ یہ ہے۔نماز کا سلام پھیرنے کے بعد تین بار درودِ پاک پڑھنے لیجیئے۔اور اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کریں۔یہ کہتے ہوئے۔کہ!

یہ دُعا کے وہ الفاظ ہیں۔جو آپ ﷺ نے اپنی زبانِ مبارک سے بھی اُس خواب میں ادا فرمائے تھے۔اور منازل بن لاحق کو تلقین فرمائی تھی۔کہ اِس دُعا کو پڑھنے والے کی کوئی حاجت اور دُعا رَد نہیں ہوتی۔(سبحان اللہ و ماشاء اللہ) اِسی میں اسمِ اعظم پوشیدہ ہے۔کیونکہ یہ آپ ﷺ نے فرمایا ہے۔اور آپ ﷺ کی زبانِ مبارک سے نکلنے والا کوئی (بھی) لفظ حکمت سے خالی نہیں۔اور اِس میں کوئی شبہ نہیں۔

اِس دُعا کی اسناد احادیث وآثار کی کتب کے علاوہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی کتاب غنیۃ الطالبین اور علامہ عبدالرحمٰن بن عبدالسلام الصفوری الشافعیؒ کی کتاب نزھۃ المجالس میں دیکھی جا سکتی ہے۔

F۔ بقول سید سرفراز اے شاہ صاحب! اسمِ اعظم، اُنہی **29** اسمائے مبارکہ (یعنی **29** حروفِ مقطعات) میں سے ایک ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کے احکامات کو ایک نام میں واضح کرتا ہے۔ یہ **29** احکامات درحقیقت اپنے اندر ایک (خاص) ترتیب رکھتے ہیں۔ لہٰذا اُنہیں اِسی ترتیب سے جانا اور تحقیق کیا جائے۔

☆ اور اسمِ اعظم اللہ تعالیٰ کا ایسا اسمِ اعظم ہے۔جس میں تمام کے تمام حروف، دراصل حروفِ مقطعات (یعنی کہ **14** حروفِ نورانی) میں سے ہیں۔

☆ **ارژنگ فقیر** کے صفحہ نمبر **225** پر ہے۔اگر آپ کو اسمِ اعظم کا پتا چل جائے۔تومَیں آپ کو **Warn** (متنبہ) کر دوں۔کہ! اولیاء اللہ جب ایک خاص مقام پر پہنچتے ہیں۔تو اسمِ اعظم اُن کے علم میں آجاتا ہے۔لیکن اگر وہ اسمِ اعظم (آپ) استعمال کر لیں۔تو دعا تو قبول ہو جاتی ہے۔لیکن ولایت کی فہرست سے اُنھیں (حاملِ اسمِ اعظم کو) خارج کر دیا جاتا ہے۔عمر بھر کی کمائی (یعنی عبادت وریاضت ،تقویٰ و بزرگی وغیرہ) سب رائیگاں جاتی ہے۔کسی فقیر (حاملِ اسمِ

اعظم) کے لئے یہ بہت سخت سزا ہے۔اِسی لئے کوئی (بھی) ولی اللہ کبھی بھی اسمِ اعظم استعمال کر کے دعانہیں کرے گا۔

☆ ارژ نگ فقیر کے صفحہ نمبر 227 پر ہے ۔ آپ ایسا کیوں نہیں کر لیتے ۔ کہ رب تعالیٰ کو درد سے پکا ریئے ۔ بندے کا رب کو درد سے پکارنا ہی اُس کے لئے اسم اعظم ہے ۔ یہ ہو ہی نہیں سکتا ۔ کہ تب (جب بندہ رب کو درد بھری کیفیت میں پکا رے) رب بندے کی طرف متوجہ نہ ہو ۔ ہم اپنی اُس آہ کو اسم اعظم کیوں نہیں بنا لیتے !

☆ فقیر رنگ کے صفحہ نمبر 40 پر ہے ۔ کہ ! اسم اعظم کبھی اکیلا لکھا ہوا نظر نہیں آئے گا ۔ یہ ہمیشہ دیگر لفظوں میں لپٹا ہوا ہوتا ہے ۔ اِس سے پہلے اور بعد میں الفاظ موجود ہوں گے ۔ جو لوگ اسمِ اعظم کا علم رکھتے ہیں ۔ وہ بھی اِسے لپٹی ہوئی حالت میں ہی جانتے ہیں ۔ بہرحال رب تعالیٰ کے تمام اسماء بہت مبارک ہیں ۔ ا، ن کی اپنی قوتیں ہیں ۔ اِن کو پڑھنے والے کو انعامات سے نوازا جاتا ہے ۔ اِس لئے آپ بھی یہ اسماء ضرور پڑھ لیجئے ۔ (انشاء اللہ) بہت برکات نازل ہوں گی ۔

☆ فقیر رنگ کے صفحہ نمبر 40 پر ہے ۔ کہ ! روحانیت میں تیسرا لیول **Advance Level** کہلاتا ہے ۔ جس میں کچھ باتیں صرف مستند اولیائے کرام کے سامنے کی جاتی ہیں ۔ جن کے بارے میں مرشد کو پتا ہوتا ہے ۔ کہ یہ اُس مقام پر آ چکا ہے ۔ جہاں اُس کے کندھے پر مُہر (یعنی مہرِ ولایت) لگا کر اُسے باقاعدہ ولی اللہ کا درجہ دے دیا گیا ہے ۔ اس کے بعد وہ مقام شروع ہوتا ہے ۔ جس میں انسان جوں جوں آگے بڑھتا ہے ۔ وہ تجربات سے سیکھتا (چلا جاتا) ہے ۔ اور یوں اُس کی معلومات اور علم میں اضافہ ہونے لگتا ہے ۔ یہی وہ مقام ہے ۔ جہاں پہنچ کر اسمِ اعظم اِس کے علم میں آ جائے گا ۔ (ورنہ) نہ تو کوئی مرشد کسی مرید کو بتاتا ہے ۔ کیونکہ اِس کی اجازت نہیں ۔ اور نہ ہی کسی کتاب اُسے ملتا ہے ۔ کیونکہ یہ ظاہر نہیں کیا جا سکتا ۔ ایک ولی اللہ جب ذکر اذکار اور مجاہدوں کی بنیاد پر روحانیت کی راہ میں آگے بڑھ رہا ہوتا ہے ۔ تو اسم اعظم خود بخود اُس کے علم میں آ جاتا ہے ۔

☆ اسمِ اعظم سید سرفراز احمد شاہ صاحب کے مطابق چار حرفی اسم ہے ۔ (فقیر رنگ ۔ صفحہ نمبر 265)

☆ نوائے فقیر کے صفحہ نمبر 173 پر ہے ۔ کہ ! ''اسمِ اعظم'' یہ دو الفاظ خود اپنی تشریح کر رہے ہیں ۔ کہ ''بڑا نام'' اِس سے ظاہر ہوتا ہے ۔ کہ اللہ تعالیٰ کے سب ناموں میں سب سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے ۔ (یاد رکھیئے ۔ کہ !) ربِّ متعال کا قرب اسمِ اعظم سے حاصل نہیں ہوتا ۔ البتہ اسمِ اعظم اُس وقت حاصل ہوتا ہے ۔ جب قربِ الٰہی حاصل ہو جائے ۔ اور قربِ الٰہی اُس وقت حاصل ہوگا ۔ جب انسان علم و تربیت کے مراحل سے گزر چکا ہو گا ۔ بغیر تربیت کے انسان صاحبِ علم نہیں بنتا ۔ صاحب علم ہو گا ۔ تو اُسے رب تعالیٰ کا قرب حاصل ہوگا ۔ (اور اگر) رب تعالیٰ کا قرب حاصل ہوگا ۔ تو اسمِ اعظم تک رسائی پالے گا ۔ لیکن تب تک وہ دنیا کی محبت سے اتنا دور جا چکا ہوگا ۔ کہ وہ اسمِ اعظم کو استعمال نہیں کرتا ۔

☆ کہے فقیر کے صفحہ نمبر 138 پر مرقوم ہے ۔ کہ ! ایسی چیز جس کی جستجو سبھی لوگوں کو ہے ۔ اگر چہ اِس میں نیت دینی نہیں ۔ بلکہ دنیاوی ہے ۔ اگر یہ ہاتھ لگ جائے ۔ تو ہم اپنی دنیاوی اغراض پوری کر لیں ۔ وہ ہے اسمِ اعظم ۔ ۔ ۔ وہ اسمِ اعظم ، اُنہی 29 اسمائے مبارکہ (یعنی 29 حروفِ مقطعات) میں سے ایک ہے ۔ جو اِن چیزوں کو ایک (ہی) نام میں واضح کرتا ہے ۔

☆ کہے فقیر کے صفحہ 115 پر مرقوم ہے ۔ کہ ! مَیں بھی جوانی میں 40 ,42 اوراد و وظائف صبح اور اتنے ہی شام کو کیا کرتا تھا ۔ لیکن اس کے باوجود کسی مقام تک نہ پہنچا تھا ۔ جب مرشد صاحبؒ سے ملاقات ہوئی ۔ تو انہوں نے (سب سے) پہلا حکم (ہی) یہی دیا ۔ کہ جو پڑھتے ہو ۔ سب چھوڑ دو ۔ میں یہ سن کر پریشان ہوگیا ۔ کیونکہ میرے نزدیک یہ بہت (ہی) اعلیٰ وظائف تھے ۔ اور (مختلف احادیثِ نبویہ ﷺ و اولیاء اللہؒ کی) کتابیں اِن (اوراد و وظائف) کی فضیلت کے بیان سے بھری پڑی تھیں ۔ لیکن چونکہ مرشد صاحبؒ کا حکم تھا ۔ لہٰذا سب اوراد و وظائف ترک کر دیئے ۔ **تب مرشد صاحبؒ نے مجھے صِرف ایک '' حرف ''** (ہی وِرد کرنے کو) بتایا ۔ جس کی فضیلت مجھے اُس وقت سمجھ نہیں آئی ۔ ۔ ۔ لہٰذا مَیں نے مرشد صاحبؒ سے کہا ۔ '' یہ کیا دے دیا آپؒ نے ؟ '' وہ بولے ایسا نہیں کہتے ۔

(پھر) مَیں نے قدرے حیرت اور اس خیال کے تحت کہ ! آخر اِس کو پڑھنے سے حاصل کیا ہوگا ؟ اُن سے دریافت کیا ۔ '' کیا اِس (فقط ایک) **''حرف''** کو پڑھنے سے (مجھے) کشف و کرامات حاصل ہو جائیں گی ؟ ''

تو اُنہوں نے فرمایا ۔ '' ہاں '' مَیں نے پھر پوچھا ۔ '' کیا اِس سے مراد حاصل ہو جائے گی ؟ ''

وہ بولے '' ہاں '' غرض وہ میرے ہر سوال کے جواب میں '' ہاں '' کہتے رہے ۔ اور مَیں حیرت سے سوچتا رہا ۔ کہ آخر اِس (ایک) حرف میں ایسا ہے کیا ؟ لیکن محض ڈھائی سال کے (مختصر) عرصے میں (اِسی ایک حرف کو ایک مخصوص تعداد میں پڑھنے سے مجھ سے) کشف و کرامات ظاہر ہونے لگیں ۔ چھ سات سال کے عرصے میں '' اَمر '' حاصل ہوگیا ۔ اور مَیں مستجاب الدعوات بھی ہوگیا ۔ یہ سب کچھ (صِرف اُسی) ایک حرف کے پڑھنے کی برکت سے (مجھے) حاصل ہوا ۔ لیکن اِسی دوران شرط وہی تھی ۔ کہ کچھ اور نہیں پڑھنا ۔

جب یہ ایک حرف پڑھتے پڑھتے ایک لمبا عرصہ گزر گیا ۔ تو مرشد صاحب نے ایک روز بیٹھے بیٹھے ایک '' لفظ '' عطا کر دیا ۔ اور فرمایا ۔ یہ پڑھا کرو ۔ تمھیں دستِ غیب حاصل ہو جائے گا ۔ دستِ غیب دو طرح کا ہوتا ہے ۔ 1 ۔ (روزانہ) اتنی رقم مل جاتی ہے ۔ (کہ) جس سے کم از کم

ضروریات تو پوری ہو جائیں ۔ **2** ۔ دوسری قسم میں دستِ غیب کے ذریعے وافر پیسہ آتا ہے ۔لیکن اگر اس پیسے کو جمع کر لیا جائے ۔ اور رات تک خرچ نہ کیا جائے ۔تو اِس کی سزا ایسا اوقات ''موت'' بھی ہوسکتی ہے ۔ مَیں ایک روز پشاور میں تھا۔عشاء کی نماز کے لئے کھڑا ہونے لگا۔تب مرشد صاحب نے ایک اور '' **حرف** '' بتایا۔اور فرمایا۔(کہ) یہ حرف ہر جمعہ کی صبح پڑھنا ہے ۔رزق کثرت سے ملے گا۔(انشاءاللہ تعالیٰ)

مرشد صاحب نے جو پہلا حرف بتایا تھا۔شروع میں اُسے پڑھنے میں ساڑھے سات گھنٹے لگتے تھے ۔اَب (صِرف) سوا گھنٹہ لگتا ہے ۔کیونکہ (اَب میری) زبان رواں ہوگئی ہے ۔ (میرے خیال میں مذکورہ دونوں حروف شاید حروفِ نورانی میں سے ہی ہوں گے ۔بہرحال حروف نورانی کی خاصیات و فضائل کتاب ''الابریز'' اور ابنِ عربی کی کتب جیسے فتوحاتِ مکیہ وغیرہ میں مفصل بیان کی گئی ہیں ۔شائقین وہاں دیکھ سکتے ہیں)

☆ فقیر نگری کے صفحہ نمبر **62** پر ہے ۔کہ! **اسم اعظم** کا اِدراک رب تعالیٰ کے انعام کے طور پر ہوتا ہے ۔ جب رب تعالیٰ کے عطا کردہ علم کے ایک مخصوص مقام تک انسان جا پہنچتا ہے ۔تو اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کے صدقے اُس پر عنایات کرتا چلا جاتا ہے ۔اُسے علم عطا کرتا جاتا ہے ۔حتیٰ کے ایک **Stage** پر جا کر اپس صاحبِ علم پر یہ راز کھل جاتا ہے ۔کہ یہ ۔ ۔ ۔ **اسمِ اعظم** ہے ۔لیکن اُس وقت صاحب علم ظرف کے اُس بلند مقام پر ہوتا ہے ۔کہ اُسے استعمال نہیں کر پاتا ۔ اُس فقیر (یعنی حامل اسم اعظم) کو شرم اور حیا آنے لگتی ہے ۔کہ جو رب تعالیٰ اتنا مہربان ہے ۔کہ میری ضروریات کو کو میرے بغیر کہے پورا کر دیتا ہے ۔ جو میری ضروریات کا مجھ سے زیادہ خیال رکھتا ہے ۔اُس رب کے ہوتے ہوئے میں اپنی ضروریات کی تکمیل کے لئے **اسم اعظم** بھلا کیسے استعمال کر سکتا ہوں ۔

☆ فقیر نگری کے صفحہ نمبر **57** پر ہے ۔کہ! **اسم اعظم** قرآن میں تین مقامات پر بیان ہوا ہے ۔اور وہ بھی لفظوں میں لپٹا ہوا کہیں بھی یہ **Single Word** میں آپ کو نہیں ملے گا۔کوئی ولی اللہ بھی **اسم اعظم** آپ کو نہیں بتائے گا۔کیونکہ اُسے بتانے کی اجازت نہیں ہوتی ۔

☆ اِسی کتاب **فقیر نگری** کے صفحہ نمبر **59** پر ہے ۔حضرت علی المرتضیٰؓ سے جب اِس بارے میں پوچھا گیا۔کیا'' **یا حی یا قیوم** '' اسم اعظم ہے ۔تب انہوں نے جواب تو نہیں دیا ۔لیکن اسماء الحسنیٰ میں سے ایک اور لفظ عطا فرمایا۔ یہ پڑھ لیا کرو ۔ یہ **اسم اعظم** ہی ہے ۔ ۔ ۔ اِس جملہ میں لفظ'' ہی'' ساری بات کو واضح کر دیتا ہے ۔ اگر یہ **اسم اعظم** ہوتا ۔تو حضرت علیؓ یہ نہ فرماتے ۔کہ یہ **اسم اعظم** ہی ہے ۔ پھر وہ یہ فرماتے ۔کہ یہ **اسم اعظم** ہے ۔ دراصل '' **یا حی یا قیوم** '' **اسم اعظم** (تو) نہیں ۔تاہم **اسم اعظم** کے بہت **Close** ہے ۔ اسماء الحسنیٰ میں تین چار نام ایسے ہیں ۔ جو **اسم اعظم** تو نہیں ہیں ۔لیکن **اسمِ اعظم** کے بہت قریب چلے جاتے ہیں ۔ جیسے !

☆ فقیر نگری کے صفحہ نمبر **60** پر ہے ۔کہ **اسماءُ الحُسنیٰ** میں سے تین چار ایسے ہیں ۔ جو **اسم اعظم** تو نہیں ۔لیکن **اسم اعظم** کے بہت قریب چلے جاتے ہیں ۔ جیسے ! **یا حی ۔یا قیوم ۔یا احد** ۔ یہ تقریباً **96,95** فیصد **اسم اعظم** کے قریب ہیں ۔حضرت علیؓ نے جو اسم مبارک '' **یا ذاالجلال والاکرام** '' عطا فرمایا تھا۔وہ بھی **اسم اعظم** سے بہت قریب ہے ۔اِسی طرح '' **وھو الرحمٰن الرحیم** '' بھی **اسمِ اعظم** سے خاصا قریب ہے ۔ یہ سب اسمائے مبارکہ **اسم اعظم** کے طور پر کام کرتے ہیں ۔لیکن اِن کا دائرہ اثر (**Area of Influence**) اِتنا وسیع نہیں ہے ۔جتنا **اسم اعظم** کا۔جیسے '' **یا ذاالجلال والاکرام** '' کو اگر ایک خاص وقت میں (جیسے بوقتِ تہجد) ایک مخصوص تعداد میں (جیسے 1000 مرتبہ) پڑھیں ۔تو اِنسان کو لوگوں میں عزت ملنے لگتی ہے ۔(یعنی ایسے شخص کو تسخیر الخلائق حاصل ہو جاتا ہے) ظاہر ہے ۔کہ جب عزت ملے گی ۔تو اُس کے اور بھی بہت سے کام ہونے لگیں گے ۔(انشاءاللہ تعالیٰ) '' **وھو الرحمٰن الرحیم** '' کو اگر ایک خاص وقت میں (جیسے مغرب و عشاء کے درمیان بحالتِ خلوت) ایک مخصوص تعداد میں (جیسے **1000** مرتبہ) پڑھا جائے ۔تو انسان کے رُکے ہوئے کام ہونے لگتے ہیں ۔کوئی شخص آپ کو کسی بھی کام کے لئے انکار نہیں کرے گا۔(انشاءاللہ تعالیٰ)

☆ **یا ذاالجلال والاکرام** جلالی ہے ۔جب کہ **وھو الرحمٰن الرحیم** **Construction** میں جمالی اور اثرات میں جلالی ہے ۔

یا احد بے پناہ جلالی ہے ۔اگر یہ اسم (یعنی یا احد) **Suit** کر جائے ۔تو جس کام کے لئے پڑھا جائے ۔وہ کام (فوراً) ہو جائے گا۔(انشاءاللہ تعالیٰ)

☆ کتاب **فقیر نگری** کے صفحہ نمبر **61** پر ہے ۔(کہ!) اُن اسمائے مبارکہ کا ذکر ہو رہا تھا۔ جو **اسم اعظم** سے قریب تر ہیں ۔

یا بدیع العجا ئب بالخیر یا بد یع ۔ یہ ذکر بہت جلالی ہے ۔اور **اسم اعظم** کے بہت قریب ہے ۔اپنی **Efficiency** میں ۔

☆ آگے چل کر سید سرفراز احمد شاہ صاحب فرماتے ہیں ۔کہ! **اسم اعظم** سے قریب ہونے سے مراد یہ ہے ۔کہ! اِن اسماء کے ذکر کے اثرات یا **Influence** **اسم اعظم** کے اثرات کے بہت قریب چلا جاتا ہے ۔پھر شاہ صاحب فرماتے ہیں ۔کہ! یہاں میں آپ سے گزارش کروں گا۔کہ اِن اسماء کو پڑھیئے گا نہیں ۔کیونکہ آپ کو پتہ بھی نہیں چلے گا۔کہ آپ کی **Body Chemistry** کیا ہے؟ آپ کی روح کا **Controlling Word** کیا ہے؟ کون سے اسماء آپ کے لئے **Compitable** ہیں؟ اور کون سے **Neutral** ہیں؟ اور کون سے **Unfavourable** ہیں؟

☆ کسی بھی صاحب علم کے لئے سب سے زیادہ طمانیت کا باعث یہ بات ہوتی ہے ۔کہ اُس پر علم کے راز کھلتے چلے جا رہے ہیں ۔ وہ اِسی پر ہی اتنا خوش ہوتا ہے ۔کہ **اسم اعظم** اُس کے علم میں ہے ۔لیکن اِس کے باوجود وہ اُسے استعمال نہیں کرنا چاہتا ۔ وہ **اسمِ اعظم** کی گردان بھی نہیں کرتا ۔ وہ اسے محض **Routine** میں پڑھتا ہے ۔بغیر رُکے اور دیکھے ۔کہ کب وہ (قرانِ پاک کی تلاوت کے دوران) **اسمِ اعظم** پڑھ کر آگے گزر گیا ۔اپس کے

نزدیک قرآنِ پاک کے تمام الفاظ اسمِ اعظم کی مانند مقدس ہیں۔ یہی وجہ ہے۔ کہ وہ اسمِ اعظم پر رُکتا نہیں۔

☆ بعینہٖ جب انسان علم کے حصول کی طرف بڑھتا ہے۔ تو ابتداء میں اُسے اسمِ اعظم جان لینے کی بہت بے چینی ہوتی ہے۔ لیکن رفتہ رفتہ وہ علم کے اس بلند مقام پر پہنچ جاتا ہے۔ جہاں اسمِ اعظم اُس کے علم میں آ جاتا ہے۔ لیکن تب وہ اسمِ اعظم کو استعمال کرنے کی سطح سے بہت اوپر جا چکا ہوتا ہے۔ تب فقیر (حاملِ اسمِ اعظم) سوچتا ہے۔ کہ میں کیا کر رہا ہوں۔ میرا رب جو اتنا مہربان ہے۔ کہ بغیر میرے مانگے اور کہے میری ضروریات پوری کر دیتا ہے۔ ایسے مہربان رب کے ہوتے ہوئے مَیں اسمِ اعظم استعمال کروں۔ تو یہ مقام، شرم ہے۔ یوں وہ صاحبِ علم اسمِ اعظم معلوم ہونے کے باوجود اُس کی تسبیح پڑھنے نہیں بیٹھتا۔۔۔

☆ اِسی کتاب **فقیر نگری** کے صفحہ نمبر **288** پر ہے۔ کہ! یاد رکھیئے۔ کہ اسمِ اعظم ہمیشہ الفاظ میں لپٹا ہوا علم میں آتا ہے۔ اکیلے لفظ کی صورت میں کسی کے علم میں بھی نہیں آتا۔ اور اس قدر چھپا ہونے کے باوجود اُس (یعنی اسمِ اعظم) کے اظہار کی اجازت نہیں ہوتی۔ آپ حضرات کو چونکہ اکثر اسمِ اعظم کی کریدرہتی ہے۔۔۔ کہ کوئی آدمی اسمِ اعظم کا آپ کے سامنے اظہار نہیں کرے گا۔ یوں یہ ہمیشہ الفاظ میں ہی لپٹا ہوا علم میں آتا ہے۔ خود وہ لفظ **Directly** کسی کے علم میں نہیں آتا۔ عموماً یہ تین الفاظ میں ملفوف ہوتا ہے۔ اور بتا دیا جاتا ہے۔ کہ یہ اسمِ اعظم ہے۔ **عالم الغیب والشھادۃ** کا حصہ ہونے کی وجہ سے اسمِ اعظم اتنا چھپا ہوا ہے۔ اور ظاہر نہیں ہوتا۔

☆ **اسمِ اعظم کے متعلق** علمائے متصوفین کا فرمان ہے۔ کہ! خود کو ماسوا اللہ کر کے اسمِ اعظم کی واقعتاً تاثیر کا حصول **ممکن** ہے۔

☆ **اسمِ اعظم کے متعلق** بمطابق حدیثِ نبوی ﷺ! حضور نبی اکرم ﷺ کا ارشادِ پاک ہے۔ کہ! **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** اور اسمِ اعظم میں اتنا فرق ہے۔ جتنا آنکھ کی سفیدی اور سیاہی میں ہے۔ (**شمس المعارف ولطائف العوارف**۔ امام بونیؒ)

☆ **اسمِ اعظم کے متعلق** حضرت قطبِ ربانی ہیکلِ سلیمانی عارف باللہ سیدی **شیخ عبدالوہاب الشعرانی**ؒ اپنی کتاب **لطائف المنن** میں فرماتے ہیں۔ کہ! مجھے اللہ تعالیٰ کے اسمِ اعظم کی معرفت حاصل ہے۔ (الحمد للہ)۔ جس کے ساتھ دعا مانگی جائے۔ تو قبول ہوتی ہے۔ لیکن میں اس کی تعلیم اسے نہیں دیتا۔ جو اسے طلب کرے۔ مگر جبکہ مجھے اس کے دین کا وثوق ہو۔ اللہ تعالیٰ کے خوف اور اِس کی مخلوق پر اِس کی شفقت کا یقین ہو۔ پس مجھے خطرہ ہے۔ کہ وہ اس کے ساتھ اُس (شخص) کے لئے بددعا کرے۔ جس سے وہ ناراض ہو۔ یا اس نے اسے ستایا ہو۔ پس اسے اللہ تبارک وتعالیٰ ہلاک فرما دے۔ جیسا کہ **بلعم بن باعور** کا واقعہ مشہور ہے۔ اگر میرے علاوہ گذشتہ اولیاءؒ نے مجھ سے پہلے اسے چھپایا نہ ہوتا۔ تو اے بھائی! اس کتاب (**لطائف المنن**) میں علی التعین میں تیرے لئے اس (اسمِ اعظم) کا ذکر کر دیتا۔ لیکن کتاب اہل و نااہل دونوں کے ہاتھ آتی ہے۔ آگے چل کر حضرت مولانا عبدالوہاب الشعرانیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! قصہ مختصر یہ کہ، بغیر کشف کے اسمِ اعظم پر مطلع نہیں ہوا جا سکتا۔

☆ **اسمِ اعظم کے متعلق** حضرت غوثُ الوقت سلطانُ العارفین حضرت سلطان باہوؒ اپنی کتاب "**عین الفقر**" میں فرماتے ہیں۔ سُن! اہلِ علم کو قرآنِ پاک میں اسمِ اعظم اِس لئے نہیں مِلتا۔ کہ! اسمِ اعظم وجودِ اعظم ہی میں قرار پکڑتا ہے۔ اگر کسی کو اسمِ اعظم مِل بھی جائے۔ اور وہ اِس کا ذکر کرتا بھی رہے۔ تو بھی اسمِ اعظم اِس (حاملِ اسمِ اعظم) پر تاثیر نہیں کرے گا۔ کیونکہ جو وجود ہی بے اعظم ہے۔ اِس پر اسمِ اعظم کیا تاثیر کرے گا۔ (یاد رہے کہ) اسمِ اعظم کے بغیر ذکر (بھی) جاری نہیں ہوتا۔ اور اسمِ اعظم صرف فقیر کامل مکمل اور علمائے عامل کے وجود میں قرار پکڑتا ہے۔ علمائے عامل بھی فقیرِ کامل ہی ہیں۔ وہ احمق ہے۔ **جو اللہ تعالیٰ کے بجائے اسمِ اعظم پر اعتقاد و یقین رکھتا ہے۔** اسمِ اعظم اُسے حاصل ہوتا ہے۔ جو صاحبِ مسمّٰی ہو۔ اور وہی (درحقیقت) صاحبِ اسمِ اعظم ہوتا ہے۔ علمائے عامل اور فقیرِ کامل کے پیٹ میں حرام کا ایک بھی لقمہ ہرگز نہیں جا سکتا۔ چاہے ظاہر اور باطن میں زمین و آسمان کی ہر چیز حرام ہو جائے۔ کیونکہ وہ ولایت کے والی ہیں۔ مشرق سے مغرب تک تمام عالم اِلٰہی (حاملینِ اسمِ اعظم اولیاءاللہ) کی برکت سے قائم ہے۔ یہ صرف اہل دنیا کے حق سے اپنی گردن آزاد کرانے کے لئے کھاتے ہیں۔ جس طرح پیغمبرؑ کا حق (اُس کی) اُمت پر ہوتا ہے۔ بالکل اِسی طرح علمائے عامل اور فقرائے کامل کا حق مخلوق پر ہوتا ہے۔ فقیرِ کامل وہ ہے۔ جس کے وجود میں ذکرِ سلطانی (**شاید ذکر سلطانی سے مراد ذکرِ سلطانُ الاذکار ہو**) اور ذکرِ حامل جاری ہو چکا ہو۔ ذکرِ حامل وہ ذکر ہے۔ جو گمان اور فکر کے بغیر تمام ہڈیوں، مغز، رگوں، گوشت، قلب، روح، سرّ، کھال اور ہر ہر بال یعنی تمام وجود میں جاری رہے۔ جیسے کہ! ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ **فاذکرونی اذکر کم**۔ (سورہ بقرہ) ترجمہ: تم میرا ذکر کرو۔ میں تمھارا ذکر کروں گا۔

☆ ایک نیک وصالح شخص جن کا اسمِ گرامی حضرت شریحؒ تھا۔ کہ اُنہوں نے خواب میں دیکھا۔ کہ! ایک شخص نے اُن کو بحالتِ رویاء تاکیداً حکم فرمایا۔ کہ! آپ فلاں شخص کے پاس جائیں۔ کہ! ہم نے اُسے حکم دیا ہے۔ کہ! وہ آپ کو اسمِ اعظم تعلیم فرمائیں گے۔ (انشاءاللہ) حضرت شریحؒ فرماتے ہیں۔ کہ! صبح اُٹھتے ہی مَیں اُن کے پاس گیا۔ تو اُنہوں نے مجھ سے دریافت فرمایا۔ کہ! کیا تم شریحؒ ہو؟ تو حضرت شریحؒ نے اثبات میں جواب دیا۔ ہاں! تو اُس شخص نے فرمایا۔ کہ! رات کو خواب میں مجھے حکم دیا گیا ہے۔ کہ! مَیں تمھیں اسمِ اعظم سکھاؤں۔ غور سے سنیں۔ کہ قرآنِ پاک میں دیکھیں۔ کہ جس قدر وہ آیات ہیں۔ کہ جن (آیات میں) کلمہ "**لا الہ الا اللہ**" آیا ہے۔ وہ سب اسمِ اعظم ہیں۔

لہٰذا بہتر تو یہ ہے۔ کہ اِن آیات کو قرآن میں تلاش کیا جائے۔ تا کہ بفضلِ الٰہی اسمِ اعظم میسر ہو سکے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

☆ **اسمِ اعظم کے متعلق** ہے۔ کہ! حضرت ابراہیم ادھمؒ سے جب پوچھا گیا۔ کہ! اگر آپؒ کو اسمِ اعظم یاد ہے۔ تو فرمائیے گا۔

آ نجناب ؒ نے فر ما یا ۔ اگرتم لوگ اپنے پیٹ کوحرا م لقمے سے پا ک رکھو ۔ اورا پنے قلوب سے د نیا کی محبت کوختم کر د و ۔ تو پھرتم لوگ جوبھی اسمِ الٰہی (کسی بھی نیک ومتشرع حا جت کے لئے) پڑھو گے ۔ و ہی تم لوگوں کے لئے (بمنز لہ) اسمِ اعظم ہو گا ۔ (ان شاءاللہ)

☆ اسمِ اعظم کے متعلق حضرت ا ما م یا فعی ؒ نے حضرت ذ و النون المصری ؒ کا ا یک قو لِ مبا رک نقل کیا ہے ۔ کہ ! اللہ تعالیٰ کا و ہ اسمِ اعظم (کہ) جس کے ذ ر یعے سے جب دُ عا ما نگی جائے ۔ تو د عا قبو ل ہو جا تی ہے ۔ و ہ (د ر اصل) سا ت حر و ف سے مر کب ہے ۔

☆ اسمِ اعظم کا مسمیٰ و مقتضی یہ ہے ۔ کہ ! یہ اسم اِن اسماء میں سے ہے ۔ جس سے اللہ تعالیٰ نے اپنےعلم کو بیان فرمایا ہے ۔ آ گے چل کرامام بونی ؒ فر ما تے ہیں ۔ کہ ! مَیں آپ کے لئے اِس کی ایک مثال بیان کرتا ہوں ۔ جس سے آپ کومعلوم ہو جائے گا ۔ انشاءاللہ تعالیٰ ۔ وہ یہ کہ ! انسان بعض دفعہ کسی ایک دواء کا نام جانتا ہے ۔ اور وہ اِس دواء کی قوت ومنافع سے بھی شنا سا ہوتا ہے ۔ پھر اِس دواء کووقف وادراک کے بعد استعمال میں لاتا ہے ۔ درحقیقت یہی لفظ کے ادراک کا رُتبہ ہے ۔ کہ حسبِ موقع اِس کا استعمال کرتا ہے ۔ اِسی طرح جب انسان نے ایک لفظ کومعلوم کرلیا ۔ اور اس کے کمال کی تحقیق کی ۔ تو یہی حقیقت ہے ۔ کہ اُسے استعمال کرے ۔ تو ضرور اِس کا پھل حاصل ہوگا ۔ اور اِس کے نفع کی تعریف کی جائے گی ۔ یہ دراصل اعتبار کی وجہ سے ہے ۔ لفظ کی دو حالتیں ہیں ۔ ایک تو یہ کہ ! اللہ تعالیٰ اِسے انسان کی زبان پر جاری کرے ۔ اور اُسے معلوم نہ ہو ۔ کہ یہی اسمِ اعظم ہے ۔ تو کیا دونوں (حالتیں) اِس کے لئے کا فی ہیں ۔ یا دوسرا کافی ہے ۔ اور اسی تمام میں نظر ہے ۔ کیونکہ اِس سے اسمِ اعظم کے متعلق اطلاع ہوتی ہے ۔ اور یہ درجات میں سب سے زیادہ خالص ہے ۔ اِس سے اللہ تعالیٰ کی رحمت میں زیادہ طمع ہوتا ہے ۔ جس سے واقعتاً بندے کوعروج وکمال حاصل ہوتا ہے ۔ وہ یہ ہے ۔ کہ ! اِس اسم کی حقیقت سے واقف ہو ۔ اگر واقف نہیں ہے ۔ تب بھی اِس میں خیر و برکت ضروری ہے ۔ اورادراک کے درجات بھی مختلف ہیں ۔ اس کی دلیل یہ ہے ۔ کہ کیا ایسا شخص بھی برابر ہے ۔ جسے اللہ تعالیٰ نے اِس کے لئے خصوصیت دی ۔ اگر یہ اسم ایسے شخص کی زبان پر جاری ہو ۔ جسے اللہ تعالیٰ نے یہ خصوصیت نہ دی ہو ۔ تو دونوں برابر کیسے ہوسکتے ہیں ۔ اسی طرح سب درجات کوبھی خیال کرو ۔ اور واقف ہونے کی یہ صورت ہے ۔ کہ واقعتاً یہی اسمِ اعظم ہی ہے ۔ جو کسی کوبھی نصیب ہوسکتا ہے ۔

یاد رہے . کہ ! اسمِ اعظم کے متعلق کئی کتب میں رموز و اشارات د یئے گئے ہیں ۔ لیکن سب سے زیا دہ رموز و اشارات حضرت ابوالعباس احمد بن علی البونی ؒ کی کتاب " **شمسُ المعارف و لطائف العوارف** '' میں بیان کیا گیا ہے ۔ تا ریخ شا ہد ہے ۔ کہ اِس قدر نشا نیاں ، رموز و اشا رات کسی بھی او ر کتاب میں موجود نہیں ہیں ۔ بہر حا ل اللہ تعالیٰ اسمِ اعظم اپنے مخصوصین ہی کوعطا فر ما تا ہے ۔

صا حب شمس المعا رف فر ما تے ہیں ۔ کہ ! یہی حر وفِ نو را نی ہی ہیں ۔ کہ ! جن کا پہلے (کتا ب شمس المعا رف میں) میں ذ کر کیا گیا ہے ۔ پھر اِن کے سمجھنے کے بعد اللہ تعا لیٰ اسمِ اعظم کی سمجھ بھی عطا کر تا ہے ۔ جس کے سا تھ جو د عا ما نگی جا ئے ۔ قبو ل کی جا تی ہے ۔ او ر جو کچھ طلب کیا جا ئے ۔ عطا کیا جا تا ہے ۔ پھر اِن کے سمجھنے کے بعد حضرت خضرؑ کے ذ ر یعے سے اسمِ اعظم تعلیم کیا جا تا ہے ۔ او ر بعض او قات بند ے پر رحمت کے نز و ل کے وقت بطر یق الہا م بھی اسمِ اعظم معلوم ہو جا تا ہے ۔ او لیا ء اللہ میں اس کے (یعنی اسمِ اعظم کے) حا صل ہو نے کے مختلف طر یقے ہیں ۔ اسمِ اعظم کا علم مختلف علوم وفنون میں سب سے ا شرف تر ین علم ہے ۔ د ر حقیقت اسمِ اعظم ایک پو شید ہ قیمتی او ر سر مخز و ن ہے ۔

☆ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی ؒ کے مواعظ کے مجموعہ (بنام فیوضِ غوثِ یز دانی) میں مرقوم ہے ۔ کہ ! اولیاءاللہ میں سے بعض وہ (اولیاء بھی) ہیں ۔ کہ جنہیں ملائکہ سجدہ کرتے ہیں ۔ اور ہاتھ باندھے ہوئے ان کے پیچھے پیچھے رہتے ہیں ۔ اور بعض وہ اولیاءاللہ ہیں ۔ کہ ! جوملائکہ کواس حالت میں دیکھتے (بھی) ہیں ۔ (کیونکہ تقویٰ واخلاص کی وجہ سے اُن کی آنکھوں سے حجاب ہٹ چکا ہوتا ہے) آ گے چل کرحضرت پیرانِ پیر ؒ ایک حکایت بیان فرماتے ہیں ۔ کہ ! ایک نیک آدمی شام کی مسجد میں بھوک کی حالت میں پہنچا ۔ (اس ولی اللہ نے) اپنے نفس سے کہا ۔ کاش ! میں'' **اسمِ اعظم** '' جانتا ۔ تو اچانک آسمان سے دو اشخاص اُترے ۔ اوراس (ولی اللہ) کے پہلو میں آ کر بیٹھ گئے ۔ ایک نے دوسرے کوکہا ۔ کیا تیری خواہش ''اسمِ اعظم'' جان لینے کی ہے ؟ دوسرے نے (اثبات میں) کہا ۔ ہاں ۔ اس نے جواب دیا ۔ تو کہو ۔'' **اللّٰہ** ''اس صالح آدمی نے اپنے (تئیں) دل میں کہا ۔ یہ (یعنی اللہ کا نام) تو بلا کسی شک وشبہ کے مَیں بھی کہا کرتا ہوں ۔ مگراسمِ اعظم کی جوخاصیت ہے ۔ وہ تو ظاہر نہیں ہوتی ۔ اس نے (یعنی دوسرے والے فرشتے نے پہلے والے فرشتے کو) جواب دیا ۔ یہ بات نہیں ۔ میرا مطلب یہ ہے ۔ کہ ! تُو'' **اللّٰہ** ''اس طرح سے کہہ ۔ کہ ! تیرے دل میں کوئی دوسرا نہ ہو ۔ یہ کہہ کر وہ دونوں ملائکہ واپس آسمان کی طرف پرواز کر گئے ۔

☆ اسمِ اعظم کے متعلق فقط ایک لفظ (یعنی کہ ایک اسم) ہے ۔ کوئی آیت یا **اسماء الحُسنٰی** وغیرہ کا مجموعہ نہیں ۔ جیسے کہ کچھ لوگوں کا کہنا ہے ۔ کہ **یا حی یا قیوم . یا ذوالجلال والاکرام . اللہ الصمد. ما لک الملک** وغیرہ ہیں ۔ گو کہ اِن اسمائے مبارکہ میں اسمِ اعظم جیسے خصائل بعین موجود تو ہیں مگر یہ اسمِ اعظم نہیں ۔ ۔ (کیونکہ ! یہ ایک اسم نہیں ۔ بلکہ دو ۔ دو **اسماءُ الحسنٰی** ہیں)

☆ کچھ علماء کا یہ بھی خیال ہے ۔ کچھ آیات ہی اسمِ اعظم ہیں ۔ جیسے کہ ! آیتِ کریمہ **سلٰم قف قولا من رب رحیم** ۔ یا پھر **حسبنا اللہ و نعم الو کیل** ۔ یا پھر **لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظا لمین** ۔ یا پھر **اللہ الذی لا الہ الا ھو رب العرش العظیم** ۔ یا پھرتسمیہ **بسم اللہ الر حمٰن الر حیم** ۔ یا پھراسماء **یا حی یا قیوم** ۔ **یا ذوالجلال والاکرام** وغیرہ ۔ کیونکہ یہ سب تو آیات واسماء ہیں ۔ جب کہ ! یہاں پرتو بات ہی فقط ایک اسم یعنی اسمِ اعظم کی ہو رہی ہے ۔ بہرحال اسمِ اعظم کی کھوج کے لئے یہاں پر کچھ نشانیاں ، وضاحتیں اوراشارات پیشِ خدمت ہیں ۔

تا کہ (صاحبانِ تقویٰ) عوام الناس اسمِ اعظم کی تحقیق وجستجو کو جاری رکھیں۔ اور اللہ تعالیٰ کی اِس عظیم سعادت وانعام واکرام کو پاسکیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

☆ کتاب ''**الا بـریـز**'' میں مندرج ہے۔ کہ! سیدی عبدالعزیز دباغؒ فرماتے ہیں۔ کہ! اللہ تعالیٰ کے **99** مشہور اسماء میں سے کوئی اسمِ اعظم نہیں ہے۔ (کوئی اسمِ اعظم نہیں، سے یہ مراد ہے۔ کہ! وہ اسمِ اعظم نہیں، جس کو ہم تلاش کررہے ہیں) البتہ اسمِ اعظم کے بیشتر معانی اِن **99** اسماء میں (ضرور) پائے جاتے ہیں۔ زبان کے ذریعے اسمِ اعظم کا وِرد کیا جاتا ہے۔ لیکن جب اسمِ اعظم کا ذِکر (وِرد) انسان کی ذات کرتی ہے۔ تو اِس کے ذکر کی آواز یوں محسوس ہوتی ہے۔ جیسے پیتل کا برتن کھنکھایا جائے۔ اور یہ ذِکر بہت وزنی ہوتا ہے۔ اِس لئے روزانہ ایک یا دو مرتبہ اِس (اسمِ اعظم) کا ذِکر (وِرد) کیا جاتا ہے۔ اُس کی وجہ یہ ہے۔ کہ! یہ ذکر مکمل مشاہدے کے بغیر نہیں کیا جاسکتا۔ چونکہ یہ بہت وزنی محسوس ہوتا ہے۔ اِسی لئے جب ذاتِ انسانی اِس کا ذکر کرتی ہے۔ تو خوف اور ہیبت کے باعث ذات کے سامنے سے تمام جہان مفقود ہوجاتا ہے۔

☆ سیدی دباغؒ فرماتے ہیں۔ کہ! حضرت سیدنا عیسیٰ رسولؑ روزانہ فقط **14** مرتبہ یہ ذکر کیا کرتے تھے۔ (ایک اور کتاب میں مرقوم ہے۔ کہ حضرت سیدنا علی المرتضیٰؓ بمشکل **4** مرتبہ اِسمِ اعظم کا روزانہ ذکر کیا کرتے تھے۔) سیدی دباغؒ سے دریافت کیا گیا۔ کہ! آپؒ کو کتنے اسمآء کے انوارات سے نوازا گیا؟ تو آپؒ نے فرمایا۔ اور بلا شبہ سچ فرمایا۔ کہ! مجھے **97** اسمآء کے انوارات سے نوازا گیا۔ پوچھا گیا۔ کہ! اللہ تعالیٰ کے صفاتی اسمآء تو **99** ہیں؟ آپؒ نے فرمایا۔ نہیں۔ بلکہ **100** ہیں۔ لیکن عام طور پر سوواں اسم (جو کہ دراصل اسمِ اعظم ہی ہے) شمار نہیں کیا جاتا۔ کیونکہ لوگ اِس کے انوارات برداشت کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔ اور یہی (سوواں اسم ہی) اسمِ اعظم ہے۔ کہ جس کے وسیلے سے جب دعا کی جائے۔ تو وہ قبول ہوتی ہے۔ اور اگر سوال کیا جائے۔ تو پورا کیا جاتا ہے۔ (یہ الفاظ کسی عام کتاب کے نہیں۔ بلکہ صحاح ستہ کی مشہور ومعروف کتب احادیث میں مرقوم ہیں۔ جیسے کہ پچھلے صفحات میں مفصلاً مذکور ہے۔)

☆ (**بمطابق صاحبِ مراۃ الاسرار**) ایک کرامت کے ظاہر ہونے کے بعد استفسار کیا گیا۔ کہ! یہ کیا ہے؟ میں نے جواب دیا۔ اسمِ اعظم۔ پوچھا گیا۔ وہ (یعنی اسمِ اعظم) کیا ہے؟ وہ اسمِ پاک میرے قلب میں اِس قدر عظیم ہے۔ کہ زبان پر نہیں لایا جاسکتا۔

☆ مُلا عبدالغفورؒ نے **نفحـات الانـس** کے حاشیہ پر اِس کلام کی شرح میں لکھا ہے۔ کہ! اسمِ اعظم کے دو اطلاق (اعتبار) ہیں۔ ایک وہ اسم ہے۔ جو ذاتِ مستجمع جمیع صفاتِ کمال پر دلالت کرتا ہے۔ اور وہ اسم ذات ''اللہ'' ہے۔ جبکہ دوسرا وہ اسم ہے۔ کہ جس کی برکت سے عجیب وغریب (بعید از فہم وادراک اور ناقابل یقین اثرات) آثار مرتب ہوتے ہیں۔ اور اِس بات میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے۔ کہ! آیا وہ (یعنی اسمِ اعظم) فقط ایک اِسم ہے۔ یا ایک سے زیادہ اسمائے مبارکہ ومعظّمہ ہیں (ہر ایک کی مناسبت کے مطابق)۔ اِس اسم پاک کا تعین شریعت میں بطریقِ اجمال ہے۔

☆ اور اِس فقیر مؤلفِ کتاب (یعنی صاحبِ مراۃ الاسرار) نے سالہا سال اسمِ اعظم کے حصول اور آرزو میں جان توڑ محنتِ شاقہ کی ہے۔ اور برسوں تک حالتِ زار میں ہی رہا۔ (یہاں تک کہ!) میرے سر سے پاؤں تک جملہ جسمانی اعضاء ذاکر ہوگئے۔ اور بہت محنت کے بعد میرا قلب نیلوفری (قلبِ صنوبری) شگفتہ ہو گیا۔ جس کے نتیجے میں اسمِ اعظم (بالآخر) ظاہر ہو ہی گیا۔ اسمِ اعظم کے ظہور کے بعد مجھ پر پہلی مرتبہ ایک عجیب وغریب سی کیفیت طاری ہوگئی۔ میں کبھی حالتِ سکر (بےخودی) اور کبھی حالتِ صحو (ہوشیاری) میں ہوگیا۔ مجھے معلوم نہ تھا۔ کہ یہ سب اسمِ اعظم ہی کی برکات ہیں۔ پس اِسی دوران مجھے حضرت بندگی شیخ نظام الدین انبیٹھویؒ کے خلیفہ حضرت بندگی شیخ معروف بہ جونپوریؒ سے درعالمِ غیب ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ اور میں نے اُن سے اسمِ اعظم کی بابت دریافت کیا۔ تو آپؒ نے میرے قلبِ نیلوفری پر نشان دہی فرمائی۔ مجھے اُس وقت معلوم ہوگیا۔ کہ! یہی اسمِ اعظم ہے۔ اِس کا مطلب ہے۔ کہ! جب تک قلبِ نیلوفری شگفتہ نہ ہو۔ اسمِ اعظم سے آشنا ہونا یا اس کا ادراک ہونا محال ہے۔ اور یہ وہ راز ہے۔ کہ قلب اس کا موم ہوجاتا ہے۔ اور بیان کرتا ہے۔ زبان پر لانا ممکن نہیں۔ اِسی وجہ سے خواجہ ابراہیم بن ادھمؒ نے اُس بزرگ سے فرمایا۔ کہ اسمِ اعظم اِس قدر عظیم ہے۔ کہ زبان پر نہیں لایا جاسکتا۔ **فھم من فھم** (سمجھا جس نے سمجھا)

☆ اسمِ اعظم کے ضمن میں سید شریف احمد شرافت نوشاہی قادری صاحب تاریخی کتاب شریف التواریخ کی پہلی جلد میں جناب حضرت سید نوشہ گنج بخشؒ کے حالات وواقعات کے سلسلے میں رقم طراز ہیں۔ کہ! جب اللہ تعالیٰ کسی شخص کو اپنا ولی ومقرب بنانا چاہتا ہے۔ تو پہلے پہل اِس کو علمِ لدنی عطا فرماتا ہے۔ جس سے وہ ولی عالم ہوجاتا ہے۔ پھر اُس کو نودنہ **99** نام یعنی اسمائے حُسنیٰ کا علم عطا فرماتا ہے۔ جس سے کہ اُس پر وہ علوم کھلتے ہیں۔ جس سے کہ علمائے ظاہر بےخبر ہوتے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ اُس کو اسمائے باطنی وظاہری کی معرفت کی طرف ترقی عطا فرماتا ہے۔ پھر اُسے **14** حروفِ مفرد قرآنی جو کہ 29 سورتوں کے اوائل میں وارد ہوئے ہیں۔ اور جن کو حروفِ نورانی کہا جاتا ہے۔ (جن کی تفصیل اِسی باب میں آگے بیان کی گئی ہے) اُن کا علم عطا فرماتا ہے۔ پھر اُس کو اسمِ اعظم (منجانب اللہ تعالیٰ) بتایا اور سکھلایا جاتا ہے۔ جس سے وہ جو دعا کرے۔ وہ قبول ہو۔ اور وہ جو سوال کرے۔ وہ پورا کیا جائے۔ (لیکن حامل اسمِ اعظم اپنی ذات کے لئے کوئی دعا نہیں کرتا۔ بلکہ ہر وقت عشقِ الٰہی میں منہمک ومستغرق رہتا ہے) بعض اوقات حضرت خضر نبیؑ کے توسط وتسل سے ایسے شخص کو اسمِ اعظم بتایا اور سکھایا جاتا ہے۔ اور پھر اِس کو الہام والقاء سے بہرہ ور کیا جاتا ہے۔ اور کثیر کرامات عطا کی جاتی ہیں۔ جیسے استجابت دعا، طی الارض، مشی علی الماء، طیران فی الھوا اور زمین و آسمان اور ان میں موجود جملہ مخلوقات اُس کے لئے منقلب ومسخر کئے جاتے ہیں۔ علاوہ ازیں دیگر کئی ایسے کرامات سے اللہ تعالیٰ اُسے مخصوص فرماتا ہے۔ جو لوگوں کی لکھی ہوئی کتب میں یا اُن کے علوم میں نہیں۔ بلکہ وہ تو اللہ تعالیٰ اور اُس کے مخصوصین ومحبوبین کے مابین ہی مخصوص ہیں۔

☆ اسماءالحسنیٰ کے متعلق حضرت شیخِ اکبر محی الدین ابنِ عربیؒ کی کتاب (**فتوحـاتِ مکیۃ**) کے باب نمبر **177** کے حوالے سے جناب ابرار احمد

شاہی صاحب رقم طراز ہیں۔کہ! راہ طریقت میں ہمارے نزدیک معرفت کا دارومدار سات چیزوں (باتوں) کے علم پر ہے۔اور یہی وہ راستہ ہے۔جس پر اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے خواص سفر کرتے ہیں۔ان میں سب سے پہلے حقائق کا علم رکھنا ہے۔اور یہی اسمائے الٰہیہ کا علم ہے۔

اسمائے الٰہیہ کا علم (دراصل) معرفت کا پہلا علم ہے۔یہ علم اِس بات پر دلالت کرتا ہے۔کہ! اسماء کس لئے لائے گئے۔اور یہ اسماء کے خواص کا علم بھی ہے۔لیکن اِس پر بات کرنے سے اہل اللہ کو روکا گیا ہے۔کیونکہ اِس میں رازافشانی اور پردہ کشائی ہے۔جبکہ غیرتِ الٰہی اِس کے اظہار میں مانع ہے۔بلکہ اہل اللہ اِن اسماء کے بارے میں سب کچھ جانتے ہوئے بھی اللہ تعالیٰ کے سامنے اِن کا استعمال نہیں کرتے۔اور اس پر دلیل رسول اللہ ﷺ ہیں۔(کیونکہ!) آپؐ اِن اسماء کو سب سے بڑھ کر جاننے والے ہیں۔اور یہ بھی جانتے تھے۔کہ! اللہ تعالیٰ اس (شخص) کی دعا کو ضرور مستجاب فرمائے گا۔جو اِن اسماء سے دعا مانگے۔کیونکہ! اللہ تعالیٰ (تو) یہ بھی جانتا ہے۔کہ! اِن اسماء کی ایک خاصیت ہے۔(ننانوے اسمائے الٰہیہ کے علاوہ ایک خاص اسم یعنی اسمِ اعظم ہے) اگر رسول اللہ ﷺ اِس خاص اسم (اسمِ اعظم) کو استعمال میں لا کر دعا فرماتے۔تو اللہ تعالیٰ آپؐ کی دعا کو ضرور درجہ استجابت عطا فرماتا۔ہم یہ بھی جانتے ہیں۔کہ! آپؐ اولین اور آخرین کا علم بھی رکھتے ہیں۔اور آپؐ عوام الناس (یعنی تمام انبیائے کرام اور تمام انسانیت) میں سب سے بڑھ کر علم رکھنے والے ہیں۔سو ہمیں یہ پتا چلا۔کہ آپ ﷺ نے اِس خاص اسم (اسمِ اعظم) سے دعا نہ کی۔اور اللہ تعالیٰ کے حضور ادب کا اظہار کیا۔لہذا اِس کا سبب دراصل ''ادبِ الٰہی'' ہی ہے۔کیونکہ آپ ﷺ یہ نہیں جانتے تھے۔کہ! اللہ تعالیٰ کی مُراد کیا ہے؟ جیسا کہ (ادبِ الٰہی کے ضمن میں) حضرت عیسیٰ رسولؑ نے فرمایا۔ **تعلم ما فی نفسی ولا اعلم ما فی نفسک**۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر۔116) اے اللہ تعالیٰ تو جانتا ہے۔جو میرے دل میں ہے۔لیکن میں وہ نہیں جانتا۔جو آپ کے علم میں ہے۔

(اِس آیت کے سلسلے میں مفسرین کی یہ آراء ہے۔کہ! ہر نبیؑ و رسولؑ آئینہ حق نما ہوا کرتا ہے۔اُن کی اپنی کسی قسم کی کوئی مرضی نہیں ہوتی۔اُنہوں نے خود کو اللہ تعالیٰ کے حضور میں % 100 پیش (Surrender) کیا ہوا ہوتا ہے۔لہذا وہ کبھی بھی انبیاء والی فطرت کے مطابق اپنی کسی خواہش کا اظہار نہیں کیا کرتے۔**اللہ تعالیٰ مجھے بھی اپنے پیارے حبیب ﷺ کے توسل وتوسط سے ایسا ادب عطا فرمائے۔آمین۔مؤلف**)

☆ (بقول حضرت شیخ اکبر ابنِ عربیؒ) انبیائے کرامؑ اللہ تعالیٰ سے جو مانگیں۔اس میں بھلائی نہ ہو۔(کیونکہ بالآخر علمِ غیبِ کلی تو صرف اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہے) تو انبیائے کرامؑ اس خاص اسم (یعنی اسمِ اعظم) کے استعمال کے بغیر جو چاہتے تھے۔وہ مانگتے تھے۔اگر اللہ تعالیٰ کے علم میں اس کی رضا اور مانگنے والے کے لئے بھلائی ہوتی۔تو وہ انبیاء کرامؑ کو وہی چیز عطا فرماتا۔لیکن اگر ایسا نہ ہوتا۔تو مانگنے والے کے درجات بلند کرتا۔اور اس کے گناہوں کو بخش دیتا۔

☆ عام وخاص سب یہ جانتے ہیں۔کہ! اسماء میں ایک ایسا خاص الخاص اسم بھی ہے۔جسے **اسمِ اعظم** کہتے ہیں۔یہ **آیت الکرسی اور سورہ آلِ عمران کی ابتدائی آیت** میں ہے۔حالانکہ نبی مکرم ﷺ اِسے (یعنی اسمِ اعظم کو بخوبی) جانتے تھے۔لیکن آپ ﷺ نے (رنج والم، غم و خوشی، یا خواہش کے وقت اِس اسمِ خاص سے) وہ دعا اس اسم (اسم اعظم سے) نہ مانگی۔اگر آپؐ اس اسم سے وہ دعا مانگتے۔تو اللہ تعالیٰ (آپ ﷺ کی دعائے مبارکہ کو) بعینہٖ وہی چیز قبول کرتا جو آپ ﷺ نے مانگی تھی۔اشیاء میں اللہ تعالیٰ کا علم باطل نہیں ہوتا۔اِسی لئے اللہ تعالیٰ اہل اللہ کو ادب سکھاتا ہے۔اور یہ ادب بھی اسمائے الٰہیہ کے علوم ہی میں سے ہے۔

☆ حضرت شیخِ اکبرؒ فرماتے ہیں۔کہ! حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے۔کہ! حق تعالیٰ کے اسماء دو اقسام پر منقسم ہیں۔ایک وہ جو اُس ذاتِ باری تعالیٰ نے ہمیں سکھائے۔اور دوسرے وہ جو اُس ذات نے اپنے تئیں پوشیدہ رکھے۔حضرت شیخ اکبرؒ اسمائے الٰہیہ کی چار اقسام کا ذکر فرماتے ہیں۔کہ! سب سے پہلے حقائق کے علم کا جاننا ضروری ہے۔ اس کے بعد اسمآئے الٰہیہ کا وقوف وادراک حاصل ہوتا ہے۔(بہر حال) اسمائے الٰہیہ کی چار اقسام کی تفصیل یہ ہے۔ نمبر **1**۔ اسماء کی پہلی قسم ذات پر دلالت کرتی ہے۔یہی (اسم علم) ہے۔جس سے مسمی ذات کے سوا کچھ معلوم نہیں پڑتا۔یہ کسی تعریف اور مذمت پر دلالت نہیں کرتا۔ہمیں اسماء کی اس قسم میں اسم ''اللہ'' کے سوا کوئی دوسرا اسم نہیں ملا۔جو اس نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہو۔یا اپنے انبیائے کرامؑ کی زبان سے ادا کروایا ہو۔اور اس اسم میں بھی اختلاف ہے۔ نمبر **2**۔اسماء کی دوسری قسم صفات پر دلالت کرتی ہے۔اور اس کی آگے (مزید) دو اقسام ہیں۔ایک وہ قسم جو ان معقول اعیان کی صفات پر دلالت کرتی ہے۔جن کا وجود ممکن ہے۔جبکہ دوسری وہ قسم ہے۔جو ان اضافی صفات پر دلالت کرتی ہے۔جن کا اعیان میں کوئی وجود نہیں۔ نمبر **3**۔ اسماء کی تیسری قسم صفات افعال پر دلالت کرتی ہے۔اس کی بھی آگے مزید دو اقسام ہیں۔ایک صریح جبکہ دوسری مضمّن۔ نمبر **4**۔چوتھے وہ مشترک اسماء جن کی دلالت ایک رخ سے صفتِ فعل پر ہو۔اور دوسرے رخ سے صفتِ تنزیہ پر ہو۔

علمائے عاملین کے گمان کے مطابق اِسمِ اعظم چار، پانچ یا چھ حرفی ایک عظیم ومقدس لفظ یا اسم ہے۔جو ایک مکرر حروف پر مشتمل ہے۔ **واللہ اعلم بالصواب**۔

مانا کہ تیری دید کے قابل نہیں ہوں میں　　تُو میرا شوق دیکھ، میرا انتظار تو دیکھ
عشق تیری انتہا، عشق میری انتہا　　تُو بھی ابھی نا تمام، مَیں بھی ابھی نا تمام
ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں　　ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں
مَیں جو سر بہ سجدہ ہوا، کبھی تو زمیں سے آنے لگی سَدا
تیرا دل تو ہے صنم آشنا تجھے کیا ملے گا نماز میں

اسمِ اعظم کی تاثیر کا عجیب وغریب ونہایت مؤثر طریقہ صدری :

حضرت شیخ سعد الدین بن محمود الحموی ؒ جو کہ اللہ تعالیٰ کے'' **اسمِ اعظم** '' سے واقف تھے۔اور اُنہوں نے اسمِ اعظم کا بطریقِ جفر استخراج بھی کیا تھا۔لیکن اُنہوں نے بزبانِ فارسی بطریقِ علمِ جفر نااہل سے مخفی رکھا۔(جس کی مکمل تشریح روحانی رسالہ ماہنامہ فلکیات ستمبر **2006** میں تفصیلاً پیش کی گئی)اور اِسی اسمِ اعظم کے معمہ کو والی افغانستان جناب احمد شاہ ابدالی کے پیرومرشد حضرت میاں **فقیر اللہ علوی شکارپوری** ؒ نے اپنی مشہورِ زمانہ کتاب'' **قطبُ الا رشاد** ''پر اسمِ اعظم کی تلاش کے طریقے کو کچھ اس طرح سے بیان فرمایا ہے۔کہ!

اگر کوئی شخص ایک مرتبہ سورہ یٰسین شریف کو سجدے میں اِس طرح سے پڑھے۔کہ! مقاماتِ رموز واشارات کو **200-200** مرتبہ تکرار کرے۔تو یہ طریقہ جمیع مقاصد دینی ودنیاوی کے لئے راقم (**حضرت میاں فقیراللہ علوی** ؒ) کے بارہا کا مجرب اور آزمودہ طریقہ ہے۔جاننا چاہیئے۔کہ! اِس سورہ شریفہ (سورہ یٰسین شریف) میں تین محل اشارات کے مقامات ہیں۔جو کہ رموز واشارات میں لکھے ہوئے ہیں۔اگر یہ رموز واشارات کسی خوش قسمت انسان پر افشاں ہوجائیں۔یعنی مخلوق میں سے کوئی اِن کا ادراک حاصل کرلے۔تو ایسے شخص سے کارہائے عظیمہ رونما ہوں۔(وہ مافوق الفطرت وخوارق العادات کرامات جیسی خصوصیات کا حامل ہوجائے)اور کوئی بھی شخص اُس کی نافرمانی نہ کرسکے۔اشارات کی تفصیل درج ذیل ہے۔

پہلا اشارہ :یہ اشارہ دو کلمات کے درمیان واقع ہے۔کہ ہر دو حروف کا مجموعہ'' **بہشت** '' کی تعداد کے مطابق ہے۔پہلے کلمے کے چار حروف ہیں۔کہ ہر حرف نے دوسرے حرف کے بعد تکرار کیا ہوا ہے۔اور دوسرے کلمے کے چاروں حروف ہی غیر مکرر ہیں۔اگرچہ اِن میں سے ایک حرف کا پہلے کلمے میں تکرار موجود ہے۔جبکہ دوسرا اور تیسرا حرف پہلے کلمے کے حرفِ اول کے مقابل ہے۔جو مراتب اعدادِ جمل کے مرتبہ ثانیہ میں ہے۔جبکہ چوتھا حرف پہلے اور تیسرے حرف کے مجموعہ مثل ہے۔جو **امامِ مبین** نکلا۔ **دوسرا اشارہ** : یہ اشارہ تین کلمات کے درمیان واقع ہے۔اِن حروف کا مجموعہ'' **ابواب** '' کی تعداد سے باہر ہے۔پہلا اور ساتواں حرف ہم مثل ہیں۔چنانچہ دوسرا اور چھٹا، تیسرا اور پانچواں ہم مثل ہیں۔جبکہ چوتھا حرف اِن حروف کے مجموعے کا عین مرکز ہے۔اور وہ ایک حرف ہے۔کہ وہ زبر وبینہ کے ساتھ کے ساتھ'' **اسمِ اعظم** '' کے مطابق ہے۔کہ اِس سے اسمِ اعظم مراد ہے۔اور (تمام) حروف کا دائرہ اِس پر ختم ہوجاتا ہے۔اور اِس کا بینہ ہا آخر سے مِلا ہوا ہے۔اور اِسی میں دوسری علامت یہ ہے۔کہ کلمات کے انضمام کا عمل اگر مقلوبی طور پر کیا جائے۔تو پھر بھی وہی کلمات پیدا ہوجاتے ہیں۔جیسا کہ یہ کلمہ ہے۔ **کل فی فلک** ۔ **تیسرا اشارہ** : یہ اشارہ پانچ کلمات کے درمیان واقع ہے۔اِن کلموں کے حروف کا مجموعہ تمام ابوابِ مذکورہ کی تعداد کے مطابق ہے۔ایک زیادہ سے اور دو کلموں کے حروف جو پہلے اشارے کے مقام پر ہیں۔بعینہٖ پہلے اور دوسرے اشارے کی ترتیب پر غیر مرتب اِن کلمات میں مندرج ہیں۔اور اِن کلمات کے نقطے(نقاط)تمام جہات کو احاطہ کئے ہوئے ہیں۔اِس کے اندر نصف نقاط بالائی ہیں۔اور نصف نقاط زیریں ہیں۔اللہ تعالیٰ کے اسمائے الٰہیہ اِس کلمے کے اول وآخر میں جلوہ گر ہیں۔جو کہ یہ ہے۔ **سلٰم قف قولا من رب رحیم** o

تیرا در تو ہم کو نہ مل سکا ، تیری رہ گزر کی زمیں سہی ہمیں کام سجدے کرنے کا ، جو وہاں نہیں تو یہیں سہی

☆ حضرت ابوالقاسم قشیری ؒ کے استاد جناب حضرت شیخ امام علامہ ابوالثناء محمود ؒ سے بعض اولیاءاللہ ؒ یہ قول نقل فرماتے ہیں۔کہ! اللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم وہی ہے۔کہ جس کے ذریعے کوئی تعظیم اور دِلی توجہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔اِس حال میں جو بھی (جائز وشرعی) دعا مانگے گا۔خواہ وہ (اللہ تعالیٰ کے) کسی بھی نام سے مانگے۔(دعا بقبول ہوگی۔کیونکہ) اس حالت میں اللہ تعالیٰ کا وہ ایفائے عہد ہے۔کہ! **امن یجیب المضطرا اذا دعاہ** ۔بےبس جب دعا کرتا ہے۔تو اس کی دعا کو کون سنتا ہے ؟

یہ عشق نہیں آساں ، اتنا ہی سمجھ لیجے اِک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے

☆ حضرت خلیفہ شیخ عمر بن سعد القونی تیجانی ؒ نے حضرت سیدی عبدالعزیز دباغ ؒ کے قول(کہ اسمِ اعظم اللہ تعالیٰ کے 99 اسماء الحسنیٰ کے علاوہ سواں نام ہے۔جو کہ پوشیدہ ہے) کے حوالے سے اتنا اضافہ کیا ہے۔کہ وہ سواں نامِ مبارک ہے۔اور یہ کہ اس کے اکثر معانی 99 اسماء الحسنیٰ میں موجود ہیں۔(سلسلہء تیجانیہ کے بانی) حضرت شیخ عارف باللہ سید احمد محمد تیجانی ؒ جو کہ بحالتِ بیداری آنحضور نبی مکرم ﷺ سے ملاقی ہوا کرتے تھے۔کا قولِ مبارک ہے۔کہ! مجھے سید الوجود ﷺ نے (خود) فرمایا۔کہ! اسمِ اعظم پر پردہ ڈالا گیا ہے۔اور اس (یعنی اسمِ اعظم) پر اللہ تعالیٰ صرف اپنے مخصوص بندوں کو اطلاع دیتا ہے۔اور حضرت تیجانی ؒ مزید فرماتے ہیں۔کہ! اسمِ اعظم کا اجر وثواب بہت زیادہ ہے۔کوئی (بھی) عمل اس کے برابر نہیں۔حضرت شیخ عمر تیجانی ؒ نے فرمایا۔کہ! جب تم اسمِ اعظم کے متعلق جان گئے۔تو جان لو۔کہ! اسمِ اعظم دنیا وطالبِ دنیا کے لائق نہیں۔جس کسی نے اسے جانا۔اور طلبِ دنیا کے لئے اسے صَرف کیا۔وہ دنیا وآخرت میں زیاں کار رہا۔

قناعت نہ کر عالمِ رنگ و بو پر کہ تیرے سامنے آسماں اور بھی ہیں

حضرت خا کی شاہ کی تلاش و جستجوئے اسم اللہ العظیم الا عظم :

حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانی سہروردیؒ کے خانوادہ کے نامور بزرگ حضرت بہاؤالدین المعروف **حضرت خاکی شاہؒ** فرماتے ہیں ۔ کہ ! مَیں سالہا سال تک ہیچ طلب کرنے اسمِ اعظم کے رہا۔ (اسمِ اعظم کی تلاش وجستجو اور تحقیق کے ضمن میں) ہر کتاب سے ، ہر شیخ (پیرِ طریقت) سے اور عالم (علمائے وفقہائے شریعت) سے ڈھونڈتا پھرتا رہا۔ مگر نہیں پایا۔ ایسی کوئی کتاب نہ چھوڑی کہ جس کا مَیں نے مطالعہ نہ کیا ہو۔ نہ پایا مَیں نے کہیں پر۔ یہاں تک کہ خدمت کی مَیں نے ہر مذہب کے جید علمائے اکابر کی ۔ اور اُن کی کتابوں کا بھی مطالعہ کیا۔ مگر سب بے سود۔

پس خیال کیا مَیں نے ۔ کہ شاید ریاضت ومحنتِ شاقہ سے حاصل ہو مقصود میرا۔ لہذا مَیں نے سخت وکٹھن ریاضات شروع کر دیں ۔کم کھانا کھانے کی عادت ڈالی ۔ راتوں کو عبادت وریاضت کرنا شروع کر دی ۔ اِس سلسلے میں کافی بھوک وپیاس برداشت کی ۔ جس کی وجہ سے میرے تمام اعضاء کمزور پڑ گئے ۔ پھر بھی کسی جگہ یا کہیں سے مجھے بوئے اسمِ اعظم کی میرے دماغ میں نہیں پہنچی ۔ پس مَیں نے تسخیر کی ستاروں ، جنوں اور موٗکلات (فرشتوں) کی ۔ تا کہ کسی بھی طرح سے مجھے میرا مقصود حاصل ہووے ۔ جب کسی بھی طرح سے کچھ حاصل نہ ہوا ۔ پس مَیں بیزار ہو گیا ۔ کہا مَیں نے پھر خود سے ۔ کہ ! بس ! اب اگر مجھے اسمِ اعظم حاصل ہو بھی گیا ۔ تو نہ چاہوں گا مَیں اسمِ اعظم کو ۔ اور کیفیت میری ہو گئی بیزاری کی اِس قدر کہ ۔ مَیں دنیا و مافیہا سے ہو گیا بہت بیزار ۔ پس میں سخت نا اُمید ہوا ہر چیز سے ۔ اَب مَیں نے کہا خود سے کہ ! بعد ان سب باتوں (یعنی محنت وریاضت اور بھوکا پیاسا رہنے) کے ۔ اَب مَیں کل دن کو سب کچھ کھاؤں گا اور مزے سے سب پیوں گا ۔ اور آج سے راتوں کو گہری نیند سویا کروں گا ۔ اور مدت تیس برس کی میری محنت وریاضت وبھوک وپیاس کو ہوئی ۔ جب کہ مَیں طلب کرتا رہا اپنے مقصد کی ۔ پر نہیں پایا مَیں نے اِس کو ۔ بہر حال اِسی رات اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے حاصل ہوا مجھے میرا مقصد ۔ اور دیکھا مَیں نے آنحضور سید المرسلین ﷺ کو ۔ جب رات کو مَیں سویا ۔ پھر مَیں خواب میں گیا ۔ تو ہوا مشک بوئے کی میرے دماغ تک پہنچی ۔ جب نظر کی مَیں نے تو دیکھا ۔ کہ ! اشرفِ کائنات جناب آنحضرت نبی مکرم ﷺ ٹہلتے ہوئے میری جانب تشریف لا رہے ہیں ۔ ستر پوشاکیں نور کی پہنے ہوئے چہرہ اقدس مجھ بندہ عاجز کی طرف کیا ہوا ہے ۔ اور مجھ کو بغل میں پکڑا ۔ اور سر اور منہ میرے کو بوسہ دیا ۔ اور نوازش ووعدہ بہت فرمایا ۔ اور مجھ کو ساتھ فرزندی کے نسبت دی ۔ اور مجھ بندی ناچیز کی تعریف کرتے تھے ۔ اور زبانِ مبارک سے فرماتے تھے ۔ کہ ! کیا حاجت رکھتا ہے تُو ؟ پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ ! تم اپنی حاجت اللہ تعالیٰ سے مانگو ۔ تا کہ میں آمین کہوں ۔ کہا مَیں نے نہایت عاجزی وانکساری سے ۔ کہ ! یا رسول اللہ ﷺ ! اسمِ اعظم چاہتا ہوں مَیں ۔ پس کہا میں نے یہ دعا کی ۔ کہ ! **اے خداوند پروردگار ! اَب حق حقانیت اپنی اور بحرمتِ سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کے ۔ حاجت میری (اسمِ اعظم کی) روا فرما ۔ اور تو خیر کر مجھ پر ۔** اور آنحضرت ﷺ آمین کہتے جاتے تھے ۔ (یہاں تک کہ !) میرا سینہ گرم ہو گیا ۔ دل کی حرکت (یعنی دھڑکن) تیز ہو گئی ۔ زبان میں شیرینی آ گئی ۔ دماغ معطر ہو گیا ۔ آنکھیں روشن (پُر نور) ہو گئیں ۔ ایسا کہ ! درمیان میرے اور پروردگا کے کوئی پردہ نہ رہا ۔ اور آواز آتی تھی ۔ اور اسمِ اعظم کی تلقین کرتے تھے ۔ (پھر مجھے) لکھنے کا حکم ہُوا ۔ مَیں نے لکھنا شروع کیا ۔ تھوڑی دیر کے بعد آنکھ کھلی ۔ تو نورانی خط سے لکھے ہوئے اسماء میری یاد میں تھے ۔ اور نور کا کاغذ ظاہراً میرے ہاتھ میں تھا ۔ جس میں اسمائے اعظم لکھے ہوئے تھے ۔ پس واسطے ہر مطلب ومقصد کے جو پڑھتا تھا ۔ وہ مقبول ہو جاتا تھا ۔ پس ساتھ عزت تمام کے اِن کو نگاہ رکھتا تھا ۔ اور لوگوں سے پوشیدہ رکھتا تھا ۔ شرح اس اسمِ اعظم کی بے حد وبے شمار ہے ۔ لیکن اِس جگہ مختصر کیا گیا ۔ تا کہ پڑھنے والے اور لکھنے والے کو ملال نہ ہووے ۔ دس عبارات (ادعیہ وآیات) جو نورانی کاغذ میں شیخ مذکور (حضرت بہاؤالدین خاکی شاہؒ) کے ہاتھ میں بعد از بیداری غیب سے لکھی ہوئی آن میسر ہوئی تھیں ۔ وہ یہ ہیں ۔ اِن کا ورد کامیابی مقاصد اور روائے مُرادات کے لئے اکسیرِ اعظم ہے ۔ کیونکہ اِن میں اسمِ اعظم موجود ہے ۔ بہر حال وہ دس آیات وادعیہ یہ ہیں ۔

(یہ واقعہ جس طرزِ لفاظی میں مرقوم تھا ۔ بعینہٖ یہاں لکھا گیا ہے ۔ جو کہ اُردو کی قدیم طرز ہے) بہر حال ! وہ دُعائے اسمِ اعظم یہ ہے ۔

اسمِ اعظم اول : **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اللھم انی اسئلک با نی اشھد انک انت اللہ لا الہ الا انت الاحد الصمد الذی لم یلد ولم یو لد ولم یکن لہ کفوا احدo**

اسمِ اعظم دوئم : **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اللھم انی اسئلک با للہ الاحد الصمدالذی لم یلد الم یو لد ولم یکن لہ کفوا احدo ان تغفر لی ذنوبی انک انت الغفور الرحیمo**

اسمِ اعظم سوئم : **بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo اللھم انی اسئلک با ن لک الحمد لا الہ الا انت الحنان المنان oیا بدیع السمٰوٰت والارض یا ذالجلال والاکرام o یا حی یا قیوم اسئلک ان تقضی حاجتی برحمتک یا رحم الراحمینo**

اسمِ اعظم چہارم : **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم oاللھم یا کٓھٰیٰعٓصٓ یا حٰمٓ عٓسٓقٓ . طٰہٰ و یٰسٓ .یا ملٰکِ یومِ الدینoایاک نعبد وایاک نستعینoالا الا اللہ تصیر الامورo**

اسمِ اعظم پنجم : **بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo اللھم انی اسئلاجل الاجل الاجل. العظیم العظیم العظیم. الاعلم الکبیر**

الا کبر .الذی من دعاک بہٖ اجبتہٗ oومن سأ لک بہٖ اعطیتہٗ oاللھم انی اسئلک بو جھک الکریم و اسئلک بر حمتک علٰی جمیع خلقک و اسئلک بفضلک ان تقضی حا جتی و اللہ المستعان علٰی ما تصفونo

اسمِ اعظم ششم: بسم اللہ الرحمٰن الر حیمo والھکم الہ واحد. لا الہ الا ھو الر حمٰن الر حیم.

اسمِ اعظم ہفتم: بسم اللہ الرحمٰن الر حیمoالمّٓ o اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم. و عنت الو جوہ للحی القیوم. یا حی یا قیوم یا الہ الاولین و الاٰ خرین یا رب العا لمین. یاَ رحم الرا حمینo

اسمِ اعظم ہشتم: بسم اللہ الرحمٰن الر حیم o فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم. سلٰم قف قولا من رب رحیمo یا حا فظ یا نا صر یا معین یا صر یخ المستصر خین. یا دلیل المتحر ین. یا مفرج المکروبین. یا غیاث المستغیثین ا غثنی بعز تک القد یم. للہ الامر من قبل ومن م بعدو یومئذ یفر ح المؤ منون بنصراللہ ینصر من یشآء . وھو العز یز الر حیم o

اسمِ اعظم نہم: بسم اللہ الرحمٰن الر حیمoاللھم یا اللہ یا رحمٰن یار حیم یا رب الارباب یا مفتح الابواب. الر حمٰن علی العرش استوٰی. اللہ لا الہ الا ھو. لہ الاسمآء الحُسنٰی. وھو الفتاح العلیم. یا علی یا عظیم. واللہ علٰی کل شیء قد یر. و صلی اللہ تعالٰی علٰی خیر خلقہ سیدنا و سندنا محمد وعلٰی اٰ لہٖ و اصحا بہٖ اجمعینo

اسمِ اعظم دہم: بسم اللہ الرحمٰن الر حیمo اللھم انی اسئلک با ن لک الحمد لا الہ الا انت الحنان المنان یا بد یع السمٰوٰت و الارض یا ذالجلال و الا کرام .و الاحد الصمد. الذی لم یلد ولم یو لد ولم یکن لہ کفوا احد oیا حی یا قیوم فی دیمو میۃ ملکہ وبقا ئہ.یا حی محی الموتٰی یا حی. یا ممیت الاحیآء. یا وارث الارض و السمآء. اللھم انی اسئلک با سمک الذی لا الہ الاھو الحی القیوم. لاتا خذہ سنۃ ولا نوم. لہ ما فی السموات وما فی الارض .من ذالذی یشفع عندہ الا با ذنہ. یعلم ما بین اید یھم وما خلفھم ولا یحیطون بشئی من علمہ الا بما شآء وسع کر سیہ السموات و الارض. ولا یئو دہ حفظھما. وھو العلی العظیم. اللھم انی اسئلک با سمک العظیم الاعظم العلی العزیز الا عز الجلیل الاجل الکبیر الاکبر الکریم الا کرم المخزون المکنون الطا ھر المطھر المقدس المبا رک الحی القیوم الرحمن الرحیم بدیع السموت و الا رض ذی الجلا ل و الا کرام . الذی اذا دعیت بہٖ اجبتہٗ و اذا سئلت بہٖ اعطیت یا نور .یا مد بر الامور. یا عا لمًا م بما فی الصدور .یا رقیب. یا مجیب. یا سمیع الدعآء. یا لطیفا لما تشآء. یا رؤف. یا عطوف. یا حلیم. یا کبیر. یا عظیم. یا اللہ. یا رحمٰن. یا رحیم. یا علیم. یا ذالجلال و الا کرام. اللھم یا کٓھٰیٰعٓصٓ ویا حٰمٓ عٓسٓقٓ. طٰہٰ و یٰسٓ. یا ملٰک یوم الدین. ایاک نعبد و ایاک نستعین. الا الی اللہ تصیر الامور. بر حمتک یارحم الراحمین. و صلی اللہ تعالٰی علٰی خیر خلقہٖ نورِ عر شہ و سید رسلہٖ سیدنا و سندنا محمد وعلٰی اٰلہٖ و اصحابہ اجمعین. وسَلِّم تسلیمًا کثیرًا کثیرًا ۔

اسمِ اعظم یازدہم: بسم اللہ الرحمٰن الر حیم oاللھم انی اسئلک یا عالم الخفیۃ. ویا من السمآء بقدرتہ مبنیۃ .ویا من الارض بعز تہٖ مد حیۃ. و یا من الشمس و القمر بنور جلالہٖ مشر قۃ و مضیئۃ. ویا مقبلا علٰی کل نفس مؤ منۃ ز کیۃ. ویا مسکن رعب الخا ئفین و اھل التقیۃ .یا من حوائج الخلق عندہ مقضیۃ. یا من نجی یو سف نبی علیہ السلام من رق العبو دیۃ.یا من لیس بواب ینادی. ولا صا حب یغشٰی. ولا وزیر یعطی. ولا غیرہ رب ید عی. ولا یزداد علی کثرۃ الحوا ئج الا کرما و جودا. وصلی اللہ علی محمد والہ. أعطنی سوالی (**حا جت کا نا م**) انک علی کل شیء قد یر.انک علی کل شیء قد یر☆یا حی یا قیوم.یا ارحم الراحمین.یا ارحم الراحمین.یا ارحم الراحمین ۔

یہ اضافی دُعا (منازل بن لاحق) ہے۔ جوکہ مصنف ومؤلف کی جانب سے **add** کی جارہی ہے۔

کیونکہ! **(فیھا اسم اللہ العظیم الاعظم۔ الذی اذا دعی بہ اجاب۔ واذا سئل بہ اعطی)**

اِس مبا رک دُعا (منا ز ل بن لا حق) کے متعلق علما ئے کرا م ا ور ا ولیا ئے عظا م فر ما تے ہیں ۔کہ! جو د عا کو قبل ا ذ ا نِ فجر (بو قت سحر، جو کہ یقیناً بو قتِ قبو لیت ہے) ا و ر قبل ا ذ ا نِ مغر ب و قبل سو نے کے **25** یا **50** مر تبہ پڑ ھا جا ئے ۔تو جا ئز حا جت چند ا یا م میں ہی بِا ذ ن ا للہ تعا لٰی پو ر ی ہو جا ئے گی ۔ ا نشا ء ا للہ تعا لٰی ۔

حاملینِ اسمِ اعظم پر اللہ تعالیٰ کی خصوصی عنایات و انعامات :

خودی ہے مُردہ ، تو مانندِ کاہ پیشِ نسیم　　　خودی ہے زندہ ، تو سلطانِ جملہء موجودات

ویسے تو حاملِ اسمِ اعظم پر اللہ تعالیٰ کے انعامات وعنایات اِس قدر بے شمار ولا تعداد ہیں ۔ اسمِ اعظم اللہ تعالیٰ کے عظیم ترین اور مخفی اسرار ورموز میں سے اللہ تعالیٰ کی ذاتی نام کی صفت ہے ۔ اور اسمِ اعظم تک پہنچنے سے پہلے حاملِ اسمِ اعظم کو کئی طرح کے مدارج طے کرنے پڑتے ہیں ۔ جیسے کہ ! ☆ ایسا شخص **100%** اطاعتِ الٰہی اور اطاعت رسول اللہ ﷺ پر دائمی عمل پیرا ہوتا ہے ۔ ☆ ایسا شخص واقعتاً ولی اللہ ہوتا ہے ۔ جس کو دیکھ کر بندہ از خود اپنی مغفرت کا طلب گار رہتا ہے ۔ اور ایسے شخص کو دیکھ کر ہر خاص وعام بندگان کو اللہ تعالیٰ یاد آتا ہے ۔ اور وہ عبادت وتقوی اور توکل واخلاص کی طرف ازخود مائل ہوجاتے ہیں ۔ ☆ ایسا شخص عبادت وتقوی کا عظیم پیکر ہوتا ہے ۔ مگر اُس کی عبادت وتقوی شاذو نادر ہی نظر آتے ہیں ۔ ☆ ایسا شخص ہروقت اپنا محاسبہ کرتا رہتا ہے ۔ اُس کی زبان پر ہروقت ''استغفار'' اور ذکر الٰہی کا ورد جاری رہتا ہے ۔ ☆ اُسے اللہ تعالیٰ ، نبی مکرم ﷺ اور تمام انسانوں سے دائمی (Ever Lasting) عشق ہوجاتا ہے ۔ ☆ ایسا متوکل شخص اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی سے کوئی بھی تقاضا نہیں کرتا ۔ ☆ ایسے شخص کی عبادت میں اخلاص کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا ہوتا ہے ۔ ☆ ایسے شخص کا نفس دائمی موت مر چکا ہوتا ہے ۔ ایسے شخص کی کوئی بھی دنیاوی ضرورت باقی نہیں رہتی ۔ وہ فقر اور فقیرانہ طرزِ زندگی کو ہمیشہ اپناتا ہے ۔ وہ خود کو معہ تمام دینی ودنیاوی خواہشات کے اللہ تعالیٰ کے حضور (Surrender) پیش کر چکا ہوتا ہے ۔ ☆ ایسا شخص کم گو ہوتا ہے ۔ کیونکہ خاموشی بھی عبادت ہے ۔ ☆ ایسا شخص ہر مشکل ومصیبت میں بھرپور صبر وشکر اور اطمینان کا مظاہرہ کرتا ہے ۔ ☆ ایسا شخص حد درجہ مہمان نواز ، خوش اخلاق اور تمام حقوق (حقوق العباد وحقوق اللہ) کو پورا کرنے والا ہوتا ہے ۔ ☆ ایسا شخص ہر طرح کی غیبت ، بدعت ، ریاء کاری ، لوگوں کی دِل آزاری اور گناہِ صغیرہ وکبیرہ سے خود کو محفوظ رکھتا ہے ۔ ☆ ایسا شخص کسی سے بھی بغض وعداوت ، دُشمنی وحسد ، حرص وطمع نہیں رکھتا ۔ بلکہ جو لوگ حامل اسمِ اعظم سے بغض وعداوت ، دُشمنی وحسد اور نفاق رکھتے ہیں ۔ بالخصوص جو لوگ ایسے انسان کو جانی ومالی اور ناقابلِ تلافی نقصان پہنچاتے ہیں ۔ یہ اُن سے شدید محبت ومؤدت سے پیش آتا ہے ۔ بلکہ غیبی طور پر اُن کے ہر طرح کے کام بھی آتا ہے ۔ اور اُنہیں پریشانیوں ، مصائب ومظالم سے نجات دلانے کی بھرپور سعی کرتا ہے ۔ کیونکہ ایسا شخص حد درجہ تک اعلیٰ ظرف کا مسلمان ہوتا ہے ۔

حاملینِ اسمِ اعظم کے چند خصائل و فضائل بشکل عنایاتِ رحمانی

☆ حاملِ اسمِ اعظم محبوب ربِ العالمین ہوتا ہے ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم کی دائمی مغفرت ہوجاتی ہے ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم جنت الفردوس کا مستحق ہوجاتا ہے ۔ اور ایسے شخص پر نارِ دوزخ حرام ہوجاتی ہے ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم کی دعائیں رب متعال کے حضور مقبول ہو جاتی ہیں ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم صلہ رحمی ، خوش اخلاقی ، اخوت اور خدا ترسی میں اپنا ثانی نہیں رکھتا ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم کے کسی بھی قول وفعل سے قطعاً یہ گمان نہیں ہوتا ۔ کہ یہ شخص ریاکار ہے ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم مقبول الخلائق ہوتا ہے ۔ کیونکہ ایسے شخص کو ملکہ تسخیر الخلائق حاصل ہوتا ہے ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم کی جانب سب لوگ (امیر وغریب ، چھوٹے بڑے) رجوع کرتے ہیں ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم کا بتایا ہوا یا تعلیم کردہ ہر ورد ووظیفہ انتہائی سریع الاثر ہوا کرتا ہے ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم جب ذکر ربانی یا ذکر نبی اکرم ﷺ سنتا ہے ۔ تو اشکبار ہوجایا کرتا ہے ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم کو طی الارض (زمین کا سمٹ جانا) کی کرامت حاصل ہوجاتی ہے ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم کو طیران فی الھواء (ہوا میں بناء پروں کے اُڑنا) کی کرامت حاصل ہوجاتی ہے ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم کو مشی علی الماء (پانی پر چلنا) کی کرامت حاصل ہوجاتی ہے ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم کو اختفی عن الناس (سب کو دیکھنا ، مگر حامل اسمِ اعظم کو کوئی نہ دیکھ سکے) کی کرامت حاصل ہوجاتی ہے ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم کو کشف القبور وکشف القلوب کی کرامت حاصل ہو جاتی ہے ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم کثیر تسخیر الخلائق ومرجع خلائق کا حامل ہوتا ہے ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم کے پاس پاک طینت ومقدس ارواح حاضر ہوتی رہتی ہیں ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم کو بزم نبوی ﷺ اور دیوانُ الصالحین میں باریابی کا شرف حاصل رہتا ہے ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم کو فتح کبیرو صغیر اور دستِ غیب اور کثیر کرامات دائمی طور پر میسر رہتی ہیں ۔ ☆ حاملِ اسمِ اعظم کو نہ ہی کسی چیز کے پانے کی کوئی خاص خوشی ہوتی ہے ۔ اور نہ کسی انتہائی اہم ترین چیز (مثل مال ودولت ، یا اولاد) کے کھونے کا کوئی دکھ ہوتا ہے ۔ کیونکہ ایسا شخص ہروقت بلکہ ہر لحہ اللہ تعالیٰ کی رضا میں خوش وخرم اور راضی رہتا ہے ۔ اور ایسے شخص پر اللہ تعالیٰ کا لطف وکرم ہر ہر لحہ رہتا ہے ۔ (یاد رہے ۔ کہ !) اِس کے علاوہ بھی حاملِ اسمِ اعظم پر لطف وعنایات اور انعامات کی دائمی برسات ہمیشہ برستی رہتی ہے ۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ایسی لطف وعنایات عطا فرمائے ۔ آمین ۔

بھرحال ! اِس باب میں اسمِ اعظم کے راز کو جاننے کی چند نشانیاں واشارات اور وضاحتیں پیش کردی گئی ہیں ۔ جس کسی کے نصیب میں اسمِ اعظم ہو گا ۔ وہ اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے اپنی علمی استعداد ، روحانی ونورانی تفکر وتدبر سے ذیل میں دی گئی چند وضاحتوں (جن میں کافی سارے قوانین ونشانیوں دی گئی ہیں) کے ذریعے سے اِس عظیم ترین راز تک پہنچ جائے گا ۔ انشاء اللہ العظیم ۔ جو اِس عظیم راز تک پہنچ جائے ۔ مجھ حقیر پر تقصیر کو لازماً اپنی دعاؤں میں یاد رکھے ۔

اگر اِک نگاہِ یار ہو جائے　　　تو اپنا بیڑا پار ہو جائے

اسمِ اعظم کا اَسمآئے سبعہ سے مناسبت ہونا :

اسمِ اعظم کے متعلق علمائے عاملین فرماتے ہیں ۔ کہ اسمِ اعظم درحقیقت 13 ۔ اسماء پر مُشتمل ہے ۔

☆ اِن میں سے یہ 5 ۔ الفاظ قُرآنِ معظم کے ہیں ۔ سلام قف قولا من رب رحیم ☆

☆ ان میں سے یہ 4 ۔ الفاظ توراتِ عظیم کے ہیں ۔ آب توک جلیل یا دار غاب

☆ اور یہ 4 ۔ الفاظ انجیلِ مُقدس کے ہیں ۔ یا غائب اغیل یامٍ لمیم قائم نحس برغاث

☆ صاحب شمس المعارف فرماتے ہیں ۔ کہ معلوم ہو ۔ کہ میں نے یہاں (اس عزیمت میں) آنحضور نبی مکرم ﷺ کا اسمِ مبارک نہیں لیا ۔ اس کی چند وجوہات ہیں ۔ مُنجملہ ان کے کہ حضور ﷺ (بشر اور) نور ہیں ۔ آپ ﷺ کے اسمِ مبارک کے نور سے ان اسماء کا نور رجھ جاتا ہے ۔

ان میں سے انجیل کے یہ دو حروف ہیں ۔ ۔ ۔ ۱۱۱۱ ۔ ۹ ۔ ھ ۔ ان میں تورات کے یہ حروف ہیں ۔

۔ م ۔ ان میں سے قُرآنِ مجید کے یہ دو حروف ہیں ۔ ☆ ۔ ۱۱۱ ۔

اگلے صفحے والا وفق یا خاتم (یعنی نقشِ معظم) 7x7 دیا گیا ہے ۔ جس کے اندر سات حروفِ ہجا ہیں ۔ جو کہ درحقیقت سواقطِ فاتحہ کے حروف ہیں ۔ اوران ساتوں حروف میں سے ہرایک حرف سے ایک ۔ ایک اسمِ الٰہی متخرج ہوتا ہے ۔ وہ حروف اوراسمائے الٰہیہ یہ ہیں ۔

اسمِ اعظم درزبانِ غیرعربی (حروفِ ہجا)	☆	۱۱۱	م	#	۱۱۱۱	ھ	و
سواقط فاتحہ کے حروف	ف	ج	ش	ث	ظ	خ	ز
سواقط فاتحہ کے حروف سے متخرج اسمائے الٰہیہ	فرد	جبار	شکور	ثابت	ظھیر	خبیر	زکی

یہ سات حروف سورہ فاتحہ میں قطعًا موجود نہیں ہیں ۔ اِسی وجہ سے اِن حروف کو سواقطِ فاتحہ بھی کہا جاتا ہے ۔ علمائے عاملین نے اِن حروف کے دو کلمے بھی ترتیب دیئے ہیں ۔ جو کہ یہ ہیں ۔ فَجَشٍ ثَظخَزٍ ۔

علامہ دیربیؒ ''الفتح المجید'' میں فرماتے ہیں ۔ کہ ! اِن اشکال (☆ ۔ ۱۱۱۱ ۔ ۔ ۔) کو حضرت ابنِ عباسؓ نے اسمِ اعظم قرار دیا ہے ۔

☆ حضرت ذالنون مِصریؒ فرماتے ہیں ۔ کہ میں نے اِن اشکالِ سبعہ ﴿☆ ۔ ۱۱۱ ۔ م ۔ # ۔ ۱۱۱۱ ۔ ھ ۔ و﴾ کو تین مختلف امور میں آزمایا ۔ تو میں نے اِن اسماء کو شمشیر تیر براں سے بھی زیادہ تیز پایا ۔

1 ۔ میں نے اِن اشکال کو کتنی ہی کشتیوں میں رکھا ہے ۔ اور وہ ہمیشہ غرق ہونے سے محفوظ رہی ہیں ۔ 2 ۔ میں نے اِن اشکال کو کسی بھی گھر میں جب رکھا ہے ۔ اور وہ ہمیشہ جلنے سے محفوظ رہا ۔ 3 ۔ میں نے اِن اشکال بضاعت میں رکھا ہے ۔ نہ وہ چرایا گیا ۔ اور نہ ہی وہ رائیگاں گیا ۔ (لہٰذا) اِن کو سمجھو اور (رازِ عظیمہ) کو پوشیدہ رکھو ۔ میں اس کے چند خواص تم کو سُناتا ہوں ۔ اور یہ وہ خواص ہیں ۔ کہ جن کو کاملین نے بھی بیان نہیں کیا ۔ اور عارفین بھی یہاں ادب سے خاموش ہیں ۔ جن کی جانب اللہ عزوجل فرماتا ہے ۔ کل من عند ربنا وما یذکر اولو الالباب ۔ اور ملائکہ بھی باوجود ملکوتِ سماوی وارضی پر مطلع ہونے کے یہی کہتے ہیں ۔ (سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا ۔ انک انت العلیم الحکیم) ان اسمائے مبارکہ (فرد ۔ جبار ۔ شکور ۔ ثابت ۔ ظھیر ۔ خبیر ۔ زکی) سے اگر بعد دعا کے توسل کیا جائے ۔ تو حاجت پوری ہوگی ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

طالب ہیں برتری کے ، مگر ہیں عمل سے دور ہم کو جو کرنا ہے ، وہ کیوں خدا کرے

☆ اِس ضمن میں ابن الوراقؒ فرماتے ہیں ۔ کہ جب یہ نقوش اشکالِ سبعہ کسی مالِ بضاعت میں رکھے جائیں ۔ تو سزاوار ہے ۔ کہ اِن اشکالِ سبعہ کے ساتھ یہ کلمات بھی لکھے جائیں ۔ تو یہ اشکال اور کلمات اس مال کے لئے حرز وحفظ تمام ہوں گے ۔ انشاءاللہ ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اللھم یا حفیظ لا ینسٰی یا من لعمتہ لا محصی یا من لہ الاسماءُ الحُسنٰی اِحفظ ھذا الشیء بما حفظت بہ الذکر فانک قلت فی کتابک المنزل علٰی نبیک المرسل انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون o

☆ سریانی زبان میں اسمِ اعظم یہ ہے ۔ یا خبار صحیحہ تجیر جیوشا ۔

☆ عبرانی زبان میں اسمِ اعظم یہ ہے ۔ اھیا اشراھیا اذونائی اصبآؤث اصباؤن الُ شدائی ۔

آخری وقت آ گیا تو سوچتا ہوں دوستو! آج کا جو مسئلہ تھا ، کل پہ کیوں ٹلتا رہا

☆ اسمِ اعظم حضرت علیؓ کے دیوان کے اشعار اس کے بارے میں بہت معروف ہیں ۔ (کچھ علمائے عاملین کا خیال ہے ۔ کہ ! اِن اشعار میں یقینی طور پر اسمِ اعظم پوشیدہ ہے ۔ واللہ اعلم)

ثُلٰثَ عَصِیٍّ صُفِّفَتْ بَعْدَ خَاتَمِ	عَلٰی رَأْ سِهَا مِثْلَ السِّنَانِ الْمُقَوَّمِ
انگشتری خاتم کے بعد تین الف برابر ہوں	اس کے سر پر مثل نیزے سیدھے کے
وَمِیْمٌ طَمِیْسٌ اَبْتَرٌ ثُمَّ سُلَّمٌ	اَلیٰ کُلِّ مَامُوْلٍ وَّ لَیْسَ بِسِلْمِ
اور میم ہو مڑی ہوئی پھر زینہ ہو	ہرامید کا اور حقیقت میں وہ زینہ نہیں ہے
وَ اَرْبَعَةٌ مِّثْلَ الْاَصَابِعِ صُفِّفَتْ	تُشِیْرُ اِلَی الْخَیْرَاتِ مِنْ غَیْرِ مِعْصَمِ
اور چار انگلیوں کی طرح برابر الف ہوں	جس میں کلائی نہ ہو جو نیکیوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں
وَهَآءٌ شَقِیْقٌ ثُمَّ وَاوٌ مُقَوَّسٌ	عَلَیْهَا اِذَآ یَبْدُوْا کَاَنْبُوْبِ مَجْمِ
اور شگاف شدہ پھر کج واؤ ہو	اور وہ ھاء کے اوپر ہو مثل پچھنہ کی آرکی گرہ کی
فَیَاحَامِلَ الْاِسْمِ الَّذِیْ لَیْسَ مِثْلَهٗ	تَوَقَّ مِنَ الْاَسْوَآءِ تَنْجُ وَتَسْلَمُ
پس اس خدام کے یاد کرنے والے جس کی مثل نہیں	برائیوں سے بچ نجات حاصل کر اور سلامت رکھ
فَذَالِکَ الْاِسْمِ اللّٰهُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اِلیٰ کُلِّ مَخْلُوْقٍ فَصِیْحٌ وَّاَعْجَمِ
پس یہ اللہ کا اسم (اعظم) ہے بڑے جلال والا	ہر مخلوق کے نزدیک خواہ فصیح ہو یا عجمی ہو

مندرجہ بالا اشعار سے متعلق دُعا : بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِo اللھم انی اسئلک بالھاء من اسمک الاعظم وبا لثلث العصی والالف المقوم وبا لمیم الطمیس الا بتر وبا لسلم و با لا ربعة التی ھی کا لکف بلا معصم و با لھاء المشفو قة والواو المعظم صورة اسمک الشر یف الا عظم ان تصلی و تسلم علٰی سیدنا محمد بعدد کل حرف جَرٰی به القلم تقضی حا جتی و ھی کذا و کذا (حاجت کا نام)۔ اس دعا کا خاتم (یعنی نقشِ معظم) نیچے دیا گیا ہے۔ جس کے ذریعے جملہ قسم کی حاجتیں بفضلِ خُدا پوری ہوتی ہیں۔

☆	ااا	م	#	اااا	ھ	و
ااا	م	#	اااا	ھ	و	☆
م	#	اااا	ھ	و	☆	ااا
#	اااا	ھ	و	☆	ااا	م
اااا	ھ	و	☆	ااا	م	#
ھ	و	☆	ااا	م	#	اااا
و	☆	ااا	م	#	اااا	ھ

میری ایک پسندیدہ غزل

کبھی اِس مکاں سے گزر گیا کبھی اُس مکاں سے گزر گیا — تیرے آستاں کی تلاش میں مَیں ہر آستاں سےگزر گیا

کبھی مہر و ماہ ونجوم سے کبھی کہکشاں سےگزر گیا — جو تیرے خیال میں چل پڑا وہ کہاں کہاں سے گزر گیا

ابھی آدمی ہے فضاؤں میں ابھی اُڑ رہا ہے خلاؤں میں — یہ نہ جانے پہنچے گا کس جگہ اگر آسماں سے گزر گیا

یہ میرا کمال گناہ سہی مگر اس کو دیکھ میرے خدا — مجھے تُو نے روکا جہاں جہاں، مَیں وہاں وہاں سے گزر گیا

جسے لوگ کہتے ہیں زندگی، وہ تو حادثوں کا ہجوم ہے — وہ تو کہیئے میرا ہی کام تھا کہ میں درمیاں سے گزر گیا

میں مرادِ شوق کو پا کے بھی نہ مرادِ شوق کو سکا — دَرِ مہرباں پہ پہنچ کے بھی دَرِ مہرباں سے گزر گیا

چلو عرشؔ محفلِ دوست میں کہ پیامِ دوست بھی ہے یہی — وہ جو حادثہ تھا فراق کا، سرِ دشمناں سے گزر گیا

3۔ حروفِ تہجی کے ذریعے سے اَسمائے عظام کا استخراج :

(بقول حضرت فقیر غلام الرسول میمن ناشادؒ) حروف کے جو اسماء ہیں ۔ وہ انہی کے اعدادِ ملفوظی کے برابر ہیں ۔ یہاں پر تین درجات وترجیحات میں منقسم طریقہ کومفصلاً بیان کیا جارہا ہے ۔ (یہ ناچیز عبدالرؤف البلوشی عرض گزار ہے ۔ یاد رہے ۔کہ! اگر کوئی شخص اس طریق کو پا گیا۔ تو سمجھو کہ علم الحروف کو اُس نے جان لیا) **اول :** سب سے عمدہ ترین واولین طریقہ یہ ہے۔کہ! ابجد کے حروف کے عین مطابق اُنہیں حروف واعداد سے اسمِ اعظم نکالنا۔ جیسے حرف ''غ'' (**غین**) کا اسمِ اعظم'' **غنی** '' بنتا ہے۔(حرفِ **غین** اور اسمِ الٰہی **غنی** کے سرحرف، حروف اور اعداد تینوں بالکل برابر و یکساں ہیں۔) **دوئم :** دوسرے درجہ پر عمدہ تر طریقہ یہ ہے ۔کہ! ابجد کے حرف کے سرحرف اور اعداد کے مطابق اسمِ اعظم نکالنا۔ جیسے کہ! حرف ''ا'' (**الف**) کا اسمِ اعظم'' **اعلٰی** '' بنے گا۔(حرف **الف** اور اسمِ الٰہی **اعلٰی** کے اعداد اور سرحرف واعداد تو ایک جیسے، مگر تمام حروف ایک جیسے نہیں ہیں) **سوئم :** تیسرے درجہ پر عمدہ طریقہ یہ ہے ۔کہ! حروفِ تہجی کے صرف اعداد بحسابِ ابجد قمری کے اسمِ اعظم نکالنا۔ جیسے کہ! حرف ''ش'' (**شین**) کا اسمِ اعظم'' **رفیع** '' بنے گا۔(اِس طریقہ میں حرف شین اور اسمِ الٰہی رفیع کے صرف اعداد بحسابِ ابجد قمری برابر ہیں) اِسی طرح **28** حروفِ ملفوظی سے اٹھائیس **اسمآءُ الحسنیٰ** استخراج کریں ۔ اور (رمز کی بات یہ بھی ہے ۔کہ!) اِسی طریقہ سے رازِ اسرار الحروف بھی حل ہوگا ۔ شائقینِ علم الحروف و قارئین کتاب اس طریقہ میں غور و غوض کر کے حروفِ تہجی کے **28** حروف کے اسمائے الٰہیہ کا استخراج خود کریں گے ۔علمی ادراک سے نوازے جائیں گے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

حروفِ معجمہ	الف	با	جیم	دال	ھا	واؤ	زا
اسمائے الٰہیہ	اعلٰی. کافی	☆	موجد	له . ھل	اہٍ	احد	☆
حروفِ معجمہ	حا	طا	یا	کاف	لام	میم	نون
اسمائے الٰہیہ	☆	ھادٍ	ھُو	صاحب	الٓمٓ. حاسب	ملک	☆
حروفِ معجمہ	سین	عین	فا	صاد	قاف	را	شین
اسمائے الٰہیہ	سُبحٰن	سلٰم	☆	صٓ	فعال	نافع	رفیع
حروفِ معجمہ	تا	ثا	خا	ذال	ضاد	ظا	غین
اسمائے الٰہیہ	کاشف	☆	☆	خالق	☆	☆	غنی

پانچ آسان ترین کام : (بمطابق کتاب **اسرار الاولیاء** (ملفوظات) حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ)

ایک دن آنحضور ﷺ مع اصحابؓ و رفقاء تشریف فرماتھے آپ ﷺ نے فرمایا جب تک تم پانچ کام نہ کرلیا کرواس وقت تک نہ سویا کرو۔

پہلا کام قرآن شریف پورا پڑھنا۔ **دوسرا کام** ،خیرات کرکے سونا۔ **تیسرا کام** ،رسول اللہ ﷺ کو خوش کرنا۔

چوتھا کام حج کرنا۔ **پانچواں کام** ،اللہ تعالیٰ کو خوش کرنا۔

تمام اصحاب کرامؓ حیران ہوئے ۔کہ! ایک رات میں یہ سارے کام کیونکر ہوسکتے ہیں ۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔کہ پورا قرآن پاک پڑھنے کی بجائے پچیس بار **سورۃ اخلاص** پڑھنا۔ خیرات کرنے کے بجائے دس بار **سبحٰن اللہ والحمدللہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر** پڑھنا۔ جوشخص رسول اللہ ﷺ کوخوش کرنا چاہتا ہو۔ تو وہ سومرتبہ **درود و سلام** پڑھے ۔ جو حج کرنا چاہتا ہو (یعنی حج کا ثواب چاہتا ہو ۔تو) وہ سومرتبہ **لا الہ الااللہ الحکیم الکریم** پڑھے ۔ جو اللہ تعالیٰ کو خوش کرنا چاہتا ہے ۔ وہ بکثرت **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** پڑھے ۔

شب قدر جانچنے کا عظیم روحانی طریقہ :

☆ اگر پہلی رمضان، شب اتوار یا شب بدھ کو ہوتو لیلۃ القدر 29 کی شب کو ہوگی ۔ ☆ اگر پہلی رمضان شب سوموار کو ہو تو لیلۃ القدر 21 کی شب کو ہوگی ۔ ☆ اگر پہلی رمضان شب منگل یا شب جمعہ کو ہوتو لیلۃ القدر 27 کی شب کو ہوگی ۔ ☆ اگر پہلی رمضان شب جمعرات کو ہوتو لیلۃ القدر 25 کی شب کو ہوگی ۔ ☆ اگر پہلی رمضان شب ہفتہ کو ہوتو لیلۃ القدر 23 کی شب کو ہوگی ۔

زِ حالِ مسکیں مکن تغافل دورائے نیناں بنائے بتیاں
کہ تابِ ہجراں ندارم اے جاں نہ لے ہو کاہے لگائے چھتیاں
شبانِ ہجراں دراز چوں زلف و روزِ وصلت چوں عمر کوتاہ
سکھی پیا کو جو میں نہ دیکھوں تو کیسے کاٹوں اندھیری رتیاں
یکایک از دل دو چشم جادو بصد فریبم بہ برد تسکیں
کسے پڑی ہے جو جا سناوے پیارے پی کو ہماری بتیاں
چوں شمع سوزاں چوں ذرہ حیراں زِ مہر آں مہ بگشتم آخر
نہ نیند نیناں نہ انگ چیناں نہ آپ آوے نہ بھیجے پتیاں
بحق آں مہ کہ روزِ محشر بداد مارا فریب خسرو
سپیت من کے دورائے راکھوں جو جائے پاؤں پیا کی کھتیاں

99 اسماء الحسنٰی کا فائدہ عظیمہ : (احادیث نبویہ ﷺ کی روشنی میں)

صحیحین میں ہے۔حضرت ابو ہریرہؓ نبی اکرم ﷺ کا فرمان نقل کرتے ہیں۔اللہ تعالیٰ کے ننانوے اسماء مبارکہ ہیں۔جو شخص انھیں یاد کرے گا۔وہ جنت میں داخل ہوگا۔ بیشک اللہ تعالیٰ طاق ہے۔اور طاق عدد کو پسند کرتا ہے۔ جامع ترمذی میں ہے۔کہ حضرت سیدنا ابو ہریرہؓ نے فرمایا (کہ) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ! بے شک اللہ تعالیٰ کے 99 اسماء مبارکہ ہیں۔جس نے اِن کو یاد کرلیا۔وہ جنت میں جائے گا (انشاء اللہ) جو (کہ) یہ ہیں۔

بسم الله الر حمٰن الر حيم o هو الله الذى لا اله الا هو.الرحمٰن . الر حيم . الملک . القدوس . السلام . المؤمن . المهيمن . العزيز . الجبار . المتكبر . الخالق . البارىء . المصور . الغفار . القهار . الو هاب . الرزاق . الفتاح . العليم . القابض . البا سط . الخا فض . الر ا فع . المعز . المذل . السميع . البصير . الحكم . العدل . اللطيف . الخبير . الحليم . العظيم . الغفور . الشكور . العلى . الكبير . الحفيظ . المقيت . الحسيب . الجليل . الكريم . الرقيب . المجيب . الواسع . الحكيم . الودود . المجيد . الباعث . الشهيد . الحق . الوكيل . القوى . المتين . الولى . الحميد . المحصى . المبدىء . المعيد . المحى . المميت . الحى . القيوم . الواجد . الما جد . الواحد . الا حد . الصمد . القادر . المقتدر . المقدم . المؤخر . الاول . الآ خر . الظاهر . الباطن . الوالى . المتعالى . البر . التواب . المنعم . المنتقم . العفو . الرؤف . ما لک الملک . ذوالجلال والاكرام . الرب . المقسط . الجامع . الغنى . المعطى . المانع . الضآر . النا فع . النور . الهادى . البديع . الباقى . الوارث . الر شيد . الصبور . الذى ليس كمثله شىء و هو السميع البصير oنعم المولٰى و نعم النصيرoسميع . بصير . عليم . قدير . مر يد . متكلم . يا من لم يلد . ولم يولد . ولم يكن له كفوًا احد o

حکایت : اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرتِ کاملہ سے ایک فرشتہ پیدا فرمایا۔کہ! جس کے ایک ہزار سَر ہیں۔ایک ہزار چہرے ہیں۔اور ہر ایک چہرے میں ایک ہزار منہ ہیں۔اور ہر منہ میں ایک ہزار زبانیں ہیں۔اور وہ فرشتہ اپنی تمام زبانوں سے خدائے وحدہٗ لاشریک کی تسبیح وتحمید میں ہر وقت مصروفِ عمل رہتا ہے۔ایک روز اُس فرشتے نے بارگاہِ الٰہی میں عرض کیا۔یا الٰہی ! کیا تُو نے مجھ سے بھی زیادہ کسی کو ذکر کرنے والا بنایا (پیدا کیا) ہے ؟ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔ ہاں ! مَیں نے ایک انسان پیدا کیا ہے۔اس فرشتے نے اُس خوش نصیب شخص کی زیارت کی اجازت طلب کی۔تو منجانبِ الٰہی اسے اجازت عطا ہوئی۔تو وہ فرشتہ اس کے ہاں حاضر ہوا۔کیا دیکھتا ہے۔کہ! وہ فرائض کی ادائیگی کے علاوہ اور کوئی عبادت و ریاضت نہیں کرتا۔فرشتے نے (شاید بشکلِ انسانی اس شخص کے پاس جاکر) دریافت کیا۔کیا تُو اس کے علاوہ بھی کوئی ذکر کرتا ہے۔تو وہ شخص کہنے لگا۔ اور تو کچھ نہیں۔البتہ ! نمازِ فجر کے بعد دس مرتبہ ''**اسماءُ الحُسنہ**'' کا پڑھنا میرا معمول ہے۔

اسماء الحسنٰی سے قضائے حوائج کا مجرب عمل:

علامہ دیربیؒ اپنی کتاب الفتح المجید المعروف بہ مجرباتِ دیربیؒ میں اور حضرت کلیم اللہ شاہ جہاں آبادیؒ نے اپنی کتاب مرقع کلیمی میں اعمالِ قضائے حوائج کے ضمن میں رقم طراز ہیں کہ! ابو زید عمارہ بن زیدؒ کہتے ہیں کہ میں نے ایک بزرگ سے دربارہ اسمائے عظامِ حق تعالیٰ کے سوال کیا کہ جن کے ساتھ دعا کرنے سے انسان محروم نہیں رہتا تو انہوں نے مجھ سے بعد سرزنش وامتناع کے یعنی بعد تاکید اخفائے غیر کے یہ کہا کہ ! اے عمارہ ! مجھ کو تیرے ساتھ وثوق واعتماد نہ ہوتا تو میں تجھ کو نہ بتلاتا۔سو یہ تیرے پاس امانت رہے کہ اِس کو کسی کے تئیں مت سکھلانا مگر بجز اُس شخص کے، کہ جس کے دین سے تو راضی اور مطمئن ہو۔

اے عمارہ ! یہ اسمائے مبارکہ قرانِ مجید میں (ترتیبِ توفیقی کی طرز میں باترتیب ہوں) مذکور ہیں۔ چنانچہ اِس شخص نے اِن اسماء کو مجھ سے بیان کیا اور کہا کہ میں نے اِن اسمائے مبارکہ کے ساتھ بار ہا دعا مانگی ہے تو اپنی دعا کو قریبِ اجابت پایا۔اور ایک جماعت نے مجھ سے اِس کو لکھ لیا اور اِن سب نے مجھ سے اِن اسماء کی نسبت سرعتِ تاثیر وعجالہ اجابت ظاہر کی۔اور پھر یہ کہا کہ اے عمارہ ! اِنہیں اسمائے مبارکہ کے اندر اسمِ اعظم پوشیدہ ہے سو جب تو اِن کے ساتھ دعا کرنے کا ارادہ کرے تو چاہیئے کہ روزِ پنجشنبہ (جمعرات) روزہ رکھ اور شب جمعہ کے ثلث اخیر میں بوقتِ سحر اِن اسمائے مبارکہ کے ساتھ دعا مانگ ! قسم ہے اِس حق تعالیٰ کی کہ جس کے سوا کوئی لائق الوہیت نہیں ہے جو بندہ مومن اِس (یعنی اِن اسمائے طیبات) کے ساتھ دعا مانگے گا بالضرور حق تعالیٰ مستجاب فرمائے گا۔انشاء اللہ۔یہاں تک کہ اگر وہ شخص برائے رفتار بالائے آب (**مشى على الماء**) کا سوال کرے گا یا ہوا پر ما بین آسمان وزمین کے قصدِ سیر (**طيران فى الهوا**) کا کرے گا تو البتہ یہ دعا بھی اِن اسمائے مبارکہ کے پڑھنے والی کی مستجاب فرمائے گا۔انشاء اللہ۔اسمائے مبارکہ یہ ہیں۔

بسم الله الر حمٰن الر حيم o اللهم انى اسئلک يا الله يا رب يا رحمٰن يا رحيم يا مٰلک يا محيط يا قدير يا عليم يا حكيم يا تواب يا بصير يا واسع يا بديع يا سميع يا كافى رؤف يا شا كر يا اله يا واحد يا غفور يا حليم يا قابض يا باسط يا حى يا قيوم يا على يا عظيم يا ولى يا غنى يا حميد يا وهاب يا قا ئم يا سريع يا رقيب يا حسيب يا شهيد يا غافر يا عفو يا مقيت يا وكيل يا فاطر يا قاهر يا قادر يا لطيف يا خبير يا محى يا مميت يا نعم المولٰى ويا نعم النصير يا

حفیظ یا قریب یا مجیب یا ودود یا ذوالعرش المجید یا فعال لما یرید یا کبیر یا متعال یا حنان یا منان یا خلاق یا رزاق یا صادق یا وارث یا باعث یا کریم یا حق یا مبین یا نور یا ھادی یا فتاح یا شکور یا غافر یا قابل التوب یا شدید العقاب یا ذالطول یا رازق یا ذالقوۃ یا متین یا بَرُّ یا ملیک یا مقتدر یا باقی یا رب المشرقین و یا رب المغربین یا ذالجلال والاکرام یا اول یا آخر یا ظاھر یا باطن یا عالم الغیب والشھادۃ یا قدوس یا سلام مؤمن یا مھیمن یا عزیز یا جبار یا متکبر یا خالق یا باریء یا مصور یا خیرالرازقین یا احکم الحاکمین یا مبدیء یا معید یا احد یا صمد یا لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد .برحمتک یا ارحم الراحمین .آمین.

اِن اسمائے مبارکہ کی صحیح ترتیب صاحب عمل کو خود معلوم کر کے پڑھنی چاہیئے ۔اور اِس کا سب سے بہترین طریقہ یہ ہے کہ صاحب عمل ایک قرآنِ پاک کا ختم اس طرح سے کرے کہ حاجت اپنے مقصد کی ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے از خود اسماءِ الٰہیہ تلاش کرتا جائے اور لکھتا جائے ۔ جب ختمِ قرآن کر لے تو بروز پنج شنبہ یہ عمل سرانجام دے ۔ انشاء اللہ اپنی ہر جائز خواہش کی تکمیل پائے گا ۔ یہ طریقہ بہت پر تاثیر و سریع الاجابت ہے ۔

اسمآء الحسنیٰ کا فلسفہ اور حصولِ فوائد (بطریق حضرات اولیائے عظام) :

جب بھی کوئی بندہ ءِ خدا کسی اسمِ الٰہی یا کچھ زیادہ اسماء الحسنیٰ کا وِرد شروع کرتا ہے ۔تو وہ تاثیر سے یکسر محروم رہتا ہے ۔ چونکہ! اسماء الحسنیٰ سے مکمل استفادہ اور نفع کے حصول کے لئے اس وِرد میں کچھ نہایت باریک ولطیف نقات پوشیدہ ہیں ۔جن میں سے چند یہاں پر ذکر کئے جاتے ہیں ۔ اگر کوئی شخص اسمِ ذات ''اللہ'' کا وِرد شروع کرتا ہے ۔تو اُسے دو کام کرنے پڑیں گے ۔ پہلا کام یہ کہ اُسے اسم ذات کا مراقبہ شروع کرنا پڑے گا ۔کہ آسمان پر اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا نورانی نام لکھا ہوا ہے ۔اور اس نام کے اردگرد اوپر نیچے بہت سے چھوٹے بڑے نام (اللہ ۔اللہ) لکھے ہوئے چمک رہے ہیں ۔اور اِن تمام ناموں سے نورانی برسات ہو رہی ہے ۔ جو کہ آپ (یعنی ورد کرنے والے پر) مسلسل برس رہی ہے ۔علاوہ ازیں! اس مراقبہ کے علاوہ دوسرا کام یہ کرنا ہے ۔کہ! جس طرح اللہ تعالیٰ غفور الرحیم ہے، صمد ہے، رحمان و رحیم ہے، تواب ہے، معطی ہے، وغیرہ وغیرہ ۔یعنی رب متعال حق ہے، دینے والا ہے، بخشنے والا ہے، سخی ہے، سلامتی عطا کرنے والا ہے، محبت کرنے والا اور عزیز رکھنے والا ہے، سننے والا، دیکھنے والا ہے، مدد کرنے والا ہے، شکور ہے، کریم ہے، ہدایت دینے والا ہے، صبور ہے، غنی ہے، عفو ہے ۔۔۔ یعنی کہ! صاحبِ ورد کو اپنی عادات میں اخلاقِ وصفاتِ الٰہیہ پیدا کرنا ہوں گے ۔ **تخلقوا باخلاق اللہ** ۔ان دو مشقوں سے صاحبِ وِرد کو بہت زیادہ برکت، فائدہ، نفع اور عملیاتی تاثیر حاصل ہو گی ۔ انشاء اللہ ۔

اسباقِ قادریہ میں مستعمل اسماءُ الحسنیٰ کی ترتیب اور وجوھات :

سلسلہ عالیہ قادریہ کا سلوک سات اسمائے اصول اور سات اسمائے فروع میں مضمر ہے ۔اوپر بیان کردہ دو عظیم الشان مشقوں کو سرانجام دیتے ہوئے انہیں سات اسمائے اصول اور سات اسمائے فروع (جو کہ درحقیقت سلسلہ عالیہ قادریہ کا اساس ہیں ۔ان سے) سالک و مرید وقت کے ساتھ ساتھ کچھ عجیب وغریب حالات و کیفیات اور مکاشفات سے گذرتا ہے ۔سلسلہ عالیہ قادریہ میں اسمائے اصول و اسمائے فروع نصاب کی حیثیت کے حامل ہیں ۔اور اُس کے ظاہری و باطنی منازل طے ہوتی ہیں ۔یعنی کہ! وہ روحانی و باطنی مقامات و مدارج کو عبور کرتا ہوا ترقی کرتا چلا جاتا ہے ۔ بلکہ سالکِ مبتدی کو عارف وقت و لی کامل اکمل کے درجہ و مقام تک پہنچا دیتے ہیں ۔ بلکہ نفسِ امرہ سے نفسِ مطمئنہ سے ہوتے ہوئے علی کامل و اکمل کے درجہءِ عظیمہ تک پہنچا دیتے ہیں ۔ بشرطِ کہ سلسلہ قادریہ کے کامل پیر و مرشد و مربی سے اجازت حاصل کر کے اِن اسماء کو معہ توجہات پڑھتے ہوئے مقامات و مدارج کو طے کیا جائے ۔اور دورانِ خواندن اسمائے اُصول وفروع ، تمام حالات و کیفیات کو اپنے مرشد و مربی کو مطلع کیا جائے ۔ اسمائے اصول اور اسمائے فروع کی تعداد ایک ۔ایک لاکھ سے پانچ لاکھ تک مقرر و معین کی جائے ۔ (جیسا قدیم قلمی نسخوں میں مندرج ہے) اور ہر ہر اسمِ اصول کو سینکڑہ کے بعد اس کی متعلقہ توجہ کو کم اِز کم تین یا دس مرتبہ معہ تسمیہ لازمی پڑھا جائے ۔اسمائے اصول میں پہلے اسم کے علاوہ تمامی اسماء کو پڑھنے کا یہ طریقہ ہے ۔ جیسا کہ دوسرے اسم کی یہاں مثال پیش کی جا رہی ہے ۔

یا اللہ . اللہ. اللہ . اللہ ۔اسی طرح باقی اسماء بھی ورد زبان رکھنے ہیں ۔ (یعنی پہلے ندا کے ساتھ اور پھر تین مرتبہ بغیر ندا کے)

اور اسی طرح سے ہر ایک اسمِ اُصول کو کم اَز کم دس یا چالیس یا صد ایام میں ختم کیا جائے ۔ (تا حال کہ! سالک و مرید ایک خاص قسم کی حالت ، کیفیت اور مکاشفہ سے نہ گذرے ، اگلا اسم نہیں تفویض ہوتا) جبکہ اسمِ فروع کے ہر ایک اسم مبارک کو کم اَز کم دس اور زیادہ سے زیادہ بیس ایام میں ختم کیا جائے ۔ یاد رہے ۔کہ! ہر دائرہ نفس کے خیالات مثل خیر و شر (یعنی کہ شر سے چھٹکارے اور خیر کے حصول) کے لئے اسمائے نہ گانہ (اسمِ نہ گانہ یہ ہیں ۔اول اسم **لا الہ الا اللہ** دوئم اسم ۔**اللہ** سوئم اسم ۔**ھو**۔ چہارم اسم ۔**حق**۔ پنجم اسم ۔**حی**۔ ششم اسم ۔**قیوم**۔ ہفتم اسم ۔**قہار**۔ ہشتم اسم ۔**دائم**۔ نہم اسم ۔**صمد**) پیشِ خدمت ہیں ۔جن میں سے ہر اسم کے ورد کی تعداد پانچ پانچ لاکھ مقرر و معین ہے ۔ ان اسماء میں عجیب الاقسام تاثیرات ہیں ۔ ہر ذکر کے اختتام کے بعد تصورِ شیخ کی مشق و مراقبہ کا کرنا از حد ضروری ہے ۔اور ذکر کے کم از 45 منٹ تک پہلے یا بعد میں کچھ نہ کھایا جائے ۔ (ان اسماء کا تفصیلی بیان آگے آئے گا ۔ ان شاء اللہ)

طریقہ خواندن اسمِ الٰہیہ دورانِ وظیفہ خوانی :

اسمائے الٰہیہ میں سے جس اسم کے حروف وَتر (طاق) ہوں۔ وہ تفریق کے واسطے ہیں۔ اور جس اسمِ الٰہی کے حروف شفع (جُفت) ہوں۔ وہ وصل ومحبت کے واسطے ہیں۔ اور معلوم ہو کہ! ہر اسمِ الٰہی کے حروف، اعداد اور وفق ہیں۔ پس جس نے اِن تینوں کو جمع کرنے کا طریقہ سیکھ لیا اور ہر اسم کی روحانی مدد (یعنی مؤکلات کو اُخذ کرنے کا طریقہ) تک پہنچ گیا۔ تو اُس پر ایک عظیم راز منکشف ہو گیا۔

کچھ عاملین جیسے کہ امام بونیؒ، حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ فرماتے ہیں۔ کہ! قبولیت دعا میں سِرّ جامع اور سیفِ قاطع یہ ہے۔ کہ! اگر ان اسمائے الٰہیہ کا وِردطلوعِ آفتاب سے غروبِ آفتاب تک کرنا ہو۔ تو ''اَلْ'' کے ساتھ ہو گا۔ جیسے ''**الحی القیوم**'' مگر بعد غروبِ آفتاب تا قبل طلوعِ آفتاب (یعنی کہ رات کے کسی دورانیہ میں) اگر وِرد کرنا مقصود ہو۔ تو ''**حرفِ ندائیہ**'' کے ساتھ اسمائے الٰہیہ کا وِرد کرنا ہو گا۔ جیسے کہ'' **یا حی یا قیوم**'' کیونکہ یہ بھی ایک مجرب ومستند طریقہ ہے۔ جو کہ اپنے اندر سموئے ہوئے اثرات کے ظاہر ہونے کا متقاضی ہے۔

اَسماء کی عظیم تا ثیرات (بمطابق حدیثِ نبوی ﷺ): (امام بونی دَر شمس المعارف)

میں ایک مرتبہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ کی زیارت باسعادت سے مُشرف ہوا۔ اور میں نے آپ ﷺ سے خلوت اور اس (یعنی خلوت) کے **اسماء** کی نسبت سوال کیا۔ تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ! خلوت کے سات 7 روز ہیں۔ اور اس (یعنی خلوت) کے اسماء یہ ہیں۔ (یاد رہے۔ کہ خلوت کے اسماء بھی سات **7** ہی ہیں) امام بونیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! **یاحی یا قیوم یا ذوالجلال والاکرام یا نھایۃ النھایات یا نور الانوار یا روح الارواح**۔

تمام اسمائے الٰہیہ کی خلوت کا طریقہ یکساں ہے۔ جب ان تمام اسماء یا اِن میں سے کوئی ایک اسمِ الٰہی استعمال کرنا چاہو۔ تو روزہ رکھ کر ریاضت کرتے ہوئے یہ دُعا (برائے حصولِ خیر وبرکت لازمی) پڑھا کرو۔

اسمائے الٰہیہ کے فوائد :

اگر کوئی طالب حق سیف زبانی چاہے۔ تو اسے چاہیئے۔ کہ پرہیز روحانی کے ساتھ مندرجہ ذیل اسمائے الٰہیہ کو ایک کروڑ کی تعداد تک پہنچا جائے۔ تو ایسا شخص نہ صرف سیف القلم وسیف الزبان ہو جائے گا۔ بلکہ ولایت کاملہ کا عظیم مرتبہ بھی حاصل کرے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اور ایسی باتوں کے انکشافات سامنے آئیں گے۔ کہ انسان خود کو سنبھال بھی نہیں پائے گا۔ **کشف القلوب، کشف القبور اور کشف الخزائن الارض و کشف السّماوات** اس کے سامنے کچھ بھی نہیں ہو گا۔ انشاء اللہ العظیم۔ ان اسماء کی روز کی تعداد **10,00** (ایک ہزار) مرتبہ صبح اور **10,00** (ایک ہزار) مرتبہ بعد نمازِ عشاء ہے۔ یہ تعداد ایک ہی نشست میں بنا کسی سے بات چیت کئے پوری کرنی ہے۔ اسمائے الٰہیہ یہ ہیں۔

یا اللّٰہ . یا رحمٰن . یا رحیم . یا حی . یا قیوم . یا ذوالجلال والاکرام . .یا سبوح . یا قدوس . یا احد .

☆ اگر کوئی شخص ان پانچ اسمائے الٰہیہ میں سے'' **یااللہ یا حی یا قیوم یا ذوالجلال والاکرام** ''کو روزانہ صبح کے وقت، ظہر کی نماز کے بعد اور رات کو سونے سے قبل ایک۔ ایک ہزار مرتبہ اس طرح سے پڑھنے کا معمول بنالے۔ کہ! پانچ اسمائے الٰہیہ ہر سو کے بعد یہی دعا دس مرتبہ پڑھی جائے۔ اس طرح ایک نشست میں اسمائے الٰہیہ ہزار مرتبہ اور یہی دعا صد مرتبہ پڑھی جائے گی۔ اور تین نشستوں میں اسمائے الٰہیہ تین ہزار مرتبہ، دعا تین سو مرتبہ پڑھی جائے گی۔ اگر اسی کو معمول بنالیا جائے۔ اور اکل حلال وصدق مقال، کم گفتن وکم خوابیدن، صدق نیت اور خلوصِ قلب کے ساتھ پڑھا جائے۔ تو چند ہی دنوں کے بعد پہلے بحالاتِ رویاء اور پھر بحالتِ بیداری مؤکلات مانند نور یا بجلی یا آئینہ نور یا سبز پرندے کی اشکال میں ملاقاتوں کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ جن کا چہرہ آدمی کا سا ہو گا۔ دُعا یہ ہے۔

''**اللھم انی اسئلک نورا یبیض صحیفتی و یمحو ذلاتی و یقیل عثراتی و یصلح ظاھری و یجمع شملی و یقد س سری و ییسر امری حتی تصر فہ ما افوق بہ علٰی ابنآء جنسی انک منور الانوار و کاشف الاسرار و کل شئی عندک بمقد ار**''

اِس عمل کے دوامی عامل کی لوگوں کے قلوب میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہیبت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور اس عامل کے قلب سے وساوس دور ہو جاتے ہیں۔ اور اسے اللہ تعالیٰ کشف احوالِ اسمآء عطا فرماتا ہے۔ عامل کو لازم ہے۔ کہ متذکرہ عمل عظیمہ کے بعد اپنی آنکھیں بند کر لے۔ تا کہ وہ روحانیین کو مقید کر لے۔ عامل کو اس عمل کے دوران چاہیئے۔ کہ! لہسن، پیاز اور مولی سے پرہیز کرے۔ جو کی روٹی تناول کرے۔ دل بیدار رکھتے ہوئے قدرے سو یا کرے۔ صبح وشب وروز میں بکثرت استغفار پڑھا کرے۔ متذکرہ دعا کے ذکر کے ساتھ **سورہ یٰسین و سورہ تبارک الذی**۔۔۔ بھی پڑھا کرے۔ بوقتِ خلوت زمین پر بیٹھے۔ اور بیٹھے بیٹھے ہی اپنی نیند پوری کر لیا کرے۔ تلاوتِ قرآنِ کریم کا بھی معمول بنالے۔ اس نوبت پر جو اسرار نظر آئیں۔ اُنھیں پوشیدہ رکھے۔ ذاکر اپنی خلوت میں کسی آدمی کو اپنے پاس نہ آنے دے۔ اس ذکر کے ذاکر سے جنات بھی دور رہتے ہیں۔

اَسماء برائے قضائے حوائج : حضرت علامہ امام غزالیؒ اپنے اور دیگر کئی اپنے احباب کا ایک تجربہ ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ! اگر کوئی شخص بعد نمازِ عصر سے اذانِ مغرب تک اسمآئے الٰہیہ'' **یا رحمٰن - یا رحیم** ''مسلسل وِردِ زبان رکھے۔ اور اس دوران کسی سے کوئی بات چیت نہ کرے۔ (حتی کا سلام کا جواب بھی دل میں دے) تو اللہ تعالیٰ اُس کی جائز ومتشرع خواہش وحاجت کو پورا فرمائے گا۔ ان شاء اللہ۔

بُرے بندے نوں لبھن ٹُریا، پر بُرا لبا نہ کوئی جد میں اندر جھاتی پائی، تے مے توں بُرا نہ کوئی

اَسمائے الٰھیہ :

حضرت علامہ ہروی ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! مَیں نے ایک مرتبہ حضرت شیخ عبدالقادر الجیلانی ؒ کے ہاں رات بسر کی۔ تو مَیں نے ملاحظہ کیا۔ کہ! آپ ؒ رات کے شروع حصہ میں مختصر سی نماز ادا فرماتے تھے۔ پھر اللہ تعالیٰ کے ذِکر میں مصروف ہو جاتے تھے۔ حتیٰ کہ رات کا پہلا تہائی حصہ گزر جاتا۔ پھر آپ ؒ یہ کلماتِ مبارکہ (یعنی اسمآءِ الٰہیہ) پڑھتے تھے۔ **المحیط العالم۔ الرب۔ الرشید۔ الحسیب۔ الفعال۔ الخلاق۔ الخالق۔ الباریء۔ المصور۔** پھر آپ ؒ کا جسمِ مبارک کبھی تو نہایت لاغر اور پتلا ہو جاتا۔ جبکہ کبھی بہت بڑا ہو جاتا۔ اور آپ ؒ ہوا میں بلند ہو جاتے تھے۔ حتیٰ کہ ایک مرتبہ تو آپ ؒ اس قدر بلند ہو گئے۔ کہ! میری آنکھوں سے بھی اوجھل ہو گئے۔

اللہ تعالیٰ کے اسمائے مبارکہ کی عجیب و غریب تاثیرات :

☆ جو شخص اسمِ الٰہی ''حی'' اور اسمائے حائیہ (یعنی جو اسماء حرف ''ح'' سے شروع ہوتے ہیں۔ جیسے **حکیم، حلیم، حنان، حمید، حسیب، حفیظ، حق** وغیرہ) کا ذکر گرمی میں طلوعِ آفتاب کے وقت کیا کرے۔ تو اُسے پورے دن گرمی کا شدید اثر نہیں ہوگا۔ انشاءاللہ۔

☆ اگر کوئی شخص اسماءالٰہیہ ''**اللہ الصمد**'' کو روزانہ دس ہزار یا اس سے زیادہ تعداد میں وردِ زبان رکھے۔ اور یہی تسلسل کئی ماہ تک برقرار رکھے۔ تو کچھ ہی عرصے بعد وہ شخص دنیا کی تمام چیزوں (مثل کھانے پینے، اوڑھنے بچھونے یا استعمال کرنے والی چیزوں) سے یکسر مکتفی و مستغنی ہو جائے گا۔ یہاں تک کہ پرانے یا نئے کپڑوں میں اسے فرق محسوس نہ ہوگا۔ بلکہ شاید کپڑے پہننے سے ہی وہ عاری ہو جائے گا۔ وہ مکمل طور پر بے نیاز و متوکل ہو جائے گا۔ (اسی طرح سے) اگر کوئی شخص (کسی کامل شخص سے اِجازت لئے بغیر) اسمائے الٰہیہ میں سے ''**یا حی یا قیوم**'' یا پر ''**یا ذوالجلال والاکرام**'' یا پھر ''**یا مالک الملک**'' یا پھر یا اللہ۔ **یا رحمٰن یا رحیم**'' یا پھر ''**بسم اللہ الرحمٰن الرحیم**'' یا پھر **یا اللہ الواحد الاحد**' یا پھر ''**یا ارحم الراحمین**'' میں سے کسی مجموعہ وغیرہ کا وردشروع کر دے۔ تو وہ شخص یا تو مجذوب ہو جائے گا۔ یا پھر ولی کامل بن جائے گا۔ یعنی تخت یا تختہ دار۔۔۔

☆ یہ ناچیز (عبدالرؤف البلوشی) قارئین کی خدمت میں عرض گزار ہے۔ کہ! اگر کوئی شخص اسماءالٰہیہ ''**اللہ الصمد**'' کو روزانہ دس ہزار یا اس سے زیادہ تعداد میں وردِ زبان رکھے۔ اور یہی تسلسل کئی ماہ تک برقرار رکھے۔ تو کچھ ہی عرصے بعد وہ شخص دنیا کی تمام چیزوں (مثل کھانے پینے، اوڑھنے بچھونے یا استعمال کرنے والی چیزوں) یکسر مکتفی و مستغنی ہو جائے گا۔ یہاں تک کہ پرانے یا نئے کپڑوں میں اسے امتیاز محسوس نہ ہوگا۔ بلکہ شاید کپڑے پہننے سے ہی وہ عاری ہو جائے گا۔ وہ مکمل طور پر بے نیاز و متوکل ہو جائے گا۔ اسی طرح سے اگر کوئی شخص اسمائے الٰہیہ میں سے ''**یا حی یا قیوم**'' یا پر ''**یا ذوالجلال ولاکرام**'' یا پھر ''**یا مالک الملک**'' یا پھر یا اللہ۔ **یا رحمٰن یا رحیم**'' یا پھر ''**بسم اللہ الرحمٰن الرحیم**'' یا پھر **یا اللہ الواحد الاحد**'' یا پھر ''**یا ارحم الراحمین**'' میں سے کسی مجموعہ وغیرہ کا وردشروع کر دے۔ تو وہ شخص یا تو مجذوب ہو جائے گا۔ یا پھر ولی کامل بن جائے گا۔

بہر حال! کسی بھی سورہ یا آیت یا اسمِ الٰہی یا اسمائے الٰہیہ کا وردمرشدِ کامل ولی اللہ کی اذن کے بغیر نہ پڑھا جائے۔ کیونکہ! اکثر دیکھنے میں آیا ہے۔ کہ! کتابی اوراد و وظائف یا عوام سے لئے ہوئے وظائف (مثل کسی سورہ یا آیت یا اسمِ الٰہی یا اسمائے الٰہیہ یا کسی دعا) کی ایک تعداد معین کر کے مسلسل وردِ زبان رکھنے سے طبیعت میں چڑچڑاپن اور گرانی و گرمی محسوس ہونے لگتی ہے۔ یہاں تک کہ اکثر لوگوں کو دیکھا گیا ہے۔ کہ! اوراد و وظائف کی کثرت کی وجہ سے اُن کے لہجے میں تلخی، مزاج میں گرمی اور اخلاق میں تندہی (ناگوار سختی) پائی گئی ہے۔ البتہ درود ابراہیمی یا قرآن کریم (اول تا آخر) پڑھنے والے کے لہجے یا مزاج یا طبیعت میں مثبت اثرات پیدا ہو جاتے ہیں۔ بہر حال یہ چند اشارات ہیں سمجھ دار لوگوں کے ادراک وفہم کی خاطر۔۔۔

بہر حال! کسی بھی سورہ یا آیت یا اسمِ الٰہی یا اسمائے الٰہیہ کا ورد مرشدِ کامل ولی اللہ کی اذن کے بغیر نہ پڑھا جائے۔ کیونکہ! اکثر دیکھنے میں آیا ہے۔ کہ! کتابی اوراد و وظائف یا عوام سے لئے ہوئے وظائف (مثل کسی سورہ یا آیت یا اسمِ الٰہی یا اسمائے الٰہیہ یا کسی دعا) کے مسلسل ورد سے طبیعت میں گرانی و گرمی اور جلال محسوس ہونے لگتا ہے۔ یہاں تک کہ اکثر لوگوں کو دیکھا گیا ہے۔ کہ! اوراد و وظائف کی کثرت کی وجہ سے اُن کے لہجے میں تلخی، مزاج میں گرمی اور اخلاق میں تندہی (ناگوار سختی) پائی گئی ہے۔ البتہ درود ابراہیمی یا قرآن کریم (اول تا آخر) پڑھنے والے کے لہجے یا مزاج یا طبیعت میں مثبت اثرات پیدا ہو جاتے ہیں۔ بہر حال یہ چند اشارات ہیں سمجھ دار لوگوں کے ادراک وفہم کی خاطر۔۔۔

ایک اور بات! جو میرے تجربے ومشاہدے میں آئی ہے۔ کہ! جب بھی مَیں نے کسی اسمِ الٰہی کو کثیر تعداد (دس ہزار یا اس سے زیادہ کی تعداد) میں پڑھا۔ تو بوقتِ دعا مَیں نے اپنے ہاتھوں کو انتہائی وزنی محسوس کیا۔ جیسے میرے ہاتھوں کا وزن پچیس کلو یا اس سے بھی زیادہ ہو۔ دوسری بات، جو میرے مشاہدے میں آئی۔ وہ یہ کہ! مَیں نے اپنے جسم کو اس قدر لطیف محسوس کیا۔ کہ! میرا وزن بالکل ہے ہی نہیں۔ اور اِب میں فضا میں بلند ہو کر کمرے کی چھت کو جا لگوں گا یا پھر میرا جسم دیوار کے آر پار چلا جائے گا۔ تیسری بات یہ کہ میرے ہونٹوں پر جیسے کچھ چیزیں چمٹ گئی ہوں۔ یا میرے ہونٹوں کو مسلسل چبا رہی ہوں۔ چوتھا احساس یہ کہ! مجھے (چند سیکنڈ تک) عجیب سی، دلربا، میٹھی، بھینی اور ٹھنڈی خوشبوئیں اور ہوائیں محسوس ہوتی رہتی ہیں۔ پانچواں مشاہدہ یہ کہ جیسے کمرے کے کسی ایک یا دو یا چاروں کونوں سے کسی کے سانس لینے یا تسبیح پھرنے کی سی آواز آتی ہو۔ وغیرہ وغیرہ۔۔۔ بہر حال ہر انسان کے مشاہدے اور احساس کی کیفیت مختلف ہو سکتی ہے۔ میں تو شاید دنیا کا گناہ گار ترین انسان ہوں گا۔ باقی لوگوں کے مشاہدے اور احساسات یقیناً مجھ سے کہیں بہتر اور اچھے ہوں گے۔ انشاءاللہ۔

اذکار برائے حصولِ تصرفات : (صوفیائے کرام کے پسندیدہ و مرغوب صدری اذکار)

بزرگانِ اسلام (بالخصوص اولیائے عظام) نے مختلف اسماء سے اذکارِ ضربیہ کے تجربات میں سے کچھ اسماء اپنی تاثیر کی وجہ سے رگ رگ میں سرایت کر گئے۔لیکن یہ کرامت اورخوارق العادات کرامات تب تک حاصل نہیں ہوسکتیں۔جب تک کہ! کوئی صاحبِ ایمان نفس کشی نہ کرلے۔یعنی ہمیشہ نفسانی خواہشات کے بالکل مخالف چلے۔نفس چونکہ کثیف ہے۔اورروح لطیف ہے۔نفس کی مغلوبیت سے ہی کثافت کا دور ہونا اور لطافت کا مستعد وقوی ہونا ممکن اَمَر ہے۔جب جسم لطیف ہوجائے گا۔تو ایسا خوش نصیب متعدد کرامات کا حامل ہوجاتا ہے۔جیسے کہ! مستجاب الدعوات،اختفاءعن الناس،طیران فی الھوا،مشی علی المآء، طی الارض، دیدنِ مخفی اشیاء درزمین، کشف القبورو کشف القلوب وغیرہا۔آنحضور نبی مکرم ﷺ میں لطافت اس قدر بے شمار تھی۔کہ! آپ ﷺ کا سایہ نہ تھا۔اور سفرِ معراج میں آپ ﷺ اپنے کمالِ لطافت کی بدولت اُس مقام تک بھی جا پہنچے۔کہ جہاں تک حضرت جبرائیلؑ کو بھی قدرت حاصل نہ تھی۔

بہرحال! ان انعامات وکرامت کے لئے چند اذکار بہت زیادہ معروف اور سریع التاثیر ہیں۔جیسے کہ! اسم ذات ''**اللہ**'' ، "**ھو**" ، "**حق**" ، **سبوح . قدوس**" ، "**حی . قیوم**" ، "**اول . آخر**" ، **ظاھر . باطن**" اور" **لا الہ الا اللہ**"۔

اللہ تعالیٰ کے چار اسمائے مبارکہ (الاول الآخر الظاھر الباطن) :

حضرت بایزید بسطامیؒ کا ارشاد ہے۔کہ! اگرچہ اولیاء اللہ میں باہم تفاوت ہوا کرتا ہے۔مگر انہیں حصہ اللہ تعالیٰ کے چار اسماء سے ملا ہوتا ہے۔اور ہرگروہ (گروہ اولیاء اللہ) ان چاروں ناموں میں سے ایک نہ ایک نام پر دارو مدار رکھتا ہے۔اور یہ چار نام (**الاول الآخر الظاھر الباطن**) ہیں۔لہذا ان اسماء کی کثرتِ مزاولت کے بعد جو ان سے فناء ہوجائے۔وہ کامل اورتام ہوگیا۔ ☆ چنانچہ جسے اللہ تعالیٰ کے نام'' **الظاھر**'' سے حصہ ملتا ہے۔وہ اللہ تعالیٰ کے عجیب وغریب نمونے ملاحظہ کرتا ہے۔ ☆ اورجس کا حصہ اللہ تعالیٰ کے نام '' **الباطن** '' سے ہو۔وہ ان انوار کو دیکھے گا۔جو ان کے قلب میں جاری ہوتے ہیں۔ ☆ اورجس کا حصہ اللہ تعالیٰ کے نام'' **الاول** '' سے ہو۔وہ اللہ تعالیٰ کے انعامات میں مشغول ہوگا۔جو اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے کئے جاچکے ہیں۔ ☆ اورجس کا حصہ اللہ تعالیٰ کے نام'' **الآخر** '' سے ہو۔اس کا تعلق آئندہ قیامت میں ہونے والے امور کے ساتھ ہوگا۔

ہر ولی کے لئے اسی قدر مکاشفہ ہوتا ہے۔جس قدر اس کی استطاعت ہوتی ہے۔سوائے ان لوگوں کے جن پر اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے خود ان کا ولی (دوست یا محبوب) بنتا ہے۔اورخود اس کی کفالت کرتا ہے۔ بقول (البلوشی)! ولایت کاملہ (جوکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک عظیم انعام ہے) کے حصول کی نیت سے یہ آیت ''**ھو الاول والآخر والظاھر والباطن** ''(سورہ حدید۔آیت نمبر **03**) کو ہر نماز کے بعد **313** مرتبہ اوررات کو سونے سے قبل بحالت وضو **1000** ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کا اہتمام کرے۔چند ہی عشروں میں ولایت حاصل ہوجائے گی۔انشاء اللہ تعالیٰ۔چاہیئے۔کہ! اس آیت کو ہمیشہ پڑھتے رہنا چاہیئے۔کیا معلوم کہ! رب متعال کب راضی ہوکر ولایت عطا فرمادے۔(یادرہے۔کہ!) انہیں چار اسماء کو چہار ضربی طریق سے کرنے سے بہت نفع ہوتا ہے۔ ولایت کے حصول کی کلید یہ اسماء ہیں۔'' **یا اول یا آخر یا ظاھر یا باطن** ''۔یا پھر ان اسماء کو اس طرح سے پڑھا جائے گا۔''**ھو الاول والآخر والظاھر والباطن**۔(سورہ حدید۔آیت نمبر**03**) اگر مذکورہ آیت (**ھو الاول ۔۔۔ والباطن**) کو اتنا ہی بعد ہر نماز کے تین سو مرتبہ اور بوقت فجر اور قبل ازنوم ایک۔ایک ہزار مرتبہ پڑھنا کا معمول بنالیا جائے۔تو ہفتہ عشرہ بعد صاحب الورد کو میٹھی ،ٹھنڈی اور بھینی خوشبو کا احساس ہونا شروع ہو جائے گا۔اوراچھے اچھے خواب بھی شروع ہوجائیں گے۔پھر تیسرے عشرے سے ایسا محسوس ہوگا۔کہ کوئی آس پاس موجود ہے۔پھر پانچویں عشرے سے کچھ نیک لوگوں سے ملاقاتیں شروع ہوجائیں گیں۔پھر ولایت کے مقامات ومراتب کا حصول بھی ممکن العمل ہوگا۔

☆ **ذکر برائے حصولِ کرامت طیرانِ فی الھوا** : اس ذکر کی مسلسل مشق سے کرامتِ طیران فی الفضاء (ہوا میں اُڑنا) حاصل ہوتی ہے۔طریقہ اس شغل وذکر کا یہ ہے۔ کہ! اگر کوئی (متقی ومتوکل اورحاملِ نفسِ مطمئنہ) شخص پاس انفاس کے ساتھ کلمہ توحید''**لا الہ الا اللہ** '' کا بکثرت ذکر کرے۔ سانس لیتے وقت کلمہ''**لا الہ** '' کہےاور سانس نکالتے وقت کلمہ''**الا اللہ** '' کہے۔لیکن یادرہے۔کہ! ذکرِ سری میں صرف سانس سے ذکر کرے۔سانس لیتے اور خارج کرتے وقت سالک اپنی ناف پر نظر کرے۔اور منہ کو بالکل بند رکھے۔زبان کو ادنیٰ سی حرکت بھی نہ دے۔اوراس قدر پابندی واستقلال سے یہ ذکر کرتا رہے۔کہ! سانس خود بخود بلا ارادہ یہی ذکر کرنے لگے۔یعنی جب بھی سانس کی آمد یا خروج ہو۔تو کلمہ توحید کے ساتھ ہو۔تا آنکہ اسی پاس انفاس کی حالت میں ذکر کلمہ توحید پر بلا قصد وارادہ بے اختیار ہوجائے۔حتی کہ! بوقتِ بول وفراز وفراش بھی اسی ذکر کے ساتھ پاس انفاس کرتا رہے۔تو چند عشروں میں یہ کرامت حاصل ہوجائے گی۔ان شاء اللہ۔اور علامت ونشانی اس ذکر کی قبولیت کی یہ ہوگی۔کہ! لا الہ کے شغل وذکر کے وقت شاغل زمین سے کچھ اوپر اُٹھ جائے گا۔اورالا اللہ کے شغل کے وقت زمین پر آئے گا۔اورشاغل اپنے ارادے سے دورانِ طیران آگے کو بڑھ سکے گا۔بعدازاں! شاغل وذاکر جس وقت اُڑنے کا قصد کرے گا۔وہ بمثل شہباز اڑے گا۔ان شاء اللہ۔

اسی کرامت (طیران فی الھوا) کا دوسرا طریقہ یہ بھی ہے۔کہ! اسمائے ربانیہ''**یا حی یا قیوم**'' کو ہر وقت ہولحہ زبانِ قلب سے پڑھتا رہے۔اوراسی کرامت کے حصول کی نیت کئے رکھے۔تو چند ماہ میں اس ذکر کی کثرت سے تزکیہ نفس اور تصفیہء قلب کے ساتھ ساتھ یہ کرامت بھی حاصل ہوجائے گی۔ان شاء اللہ۔کچھ کتب میں حضرت جہانیاں جہاں گشت بخاریؒ (اوچ شریف) انہیں دو اسماء کی بدولت لاکھوں کوس ہر روز چلتے تھے۔ہوا میں اُڑا کرتے تھے۔کیونکہ! یہ اسماء تاثیر میں واقعتاً اسمِ اعظم سے ملتی جلتی تاثیر کے حامل تو ہیں۔مگر یہ اسمِ اعظم نہیں۔

عجیب الغریب و سریع التا ثیر اسمائے معظمہ :

شمس المعارف (از بونیؒ) حضرت شیخ عبداللہ قرشیؒ نے بہت سے مشائخ کبار سے ملاقات کی اور چھ سو سے زیادہ مشائخ سے اکتساب فیض حاصل کیا۔ مزید فرماتے ہیں کہ ایک روز میں حضرت ابو محمد مُغاوریؒ کی خدمت اقدس میں گیا۔ تو انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ! میں تم کو ایک ایسی چیز (دُعائے عظیمہ) تعلیم کرتا ہوں۔ کہ جب تم کو ضرورت ہو تو تم اس سے کام لیا کرو۔ میں نے کہا بہت بہتر۔ فرمایئے۔ تو فرمایا۔ جب ضرورت ہو یہ دعا پڑھ لیا کرو۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o **اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا وَاحِدُ ۔ یَا اَحَدُ ۔ یَا وَاجِدُ ۔ یَا جَوَّادُ ۔ اَنْفَحْنَا مِنْکَ بِنَفْحَۃِ خَیْرٍ تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَمَنْ سِوَاکَ ۔ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ ۔ آمِیْنَ ۔**

تو فرماتے ہیں۔ جب سے میں نے سُنا ہے۔ اسی (دعا) سے خرچ کرتا ہوں۔ اور فرماتے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ قیامت قائم ہوگئی۔ اور تمام خلقت کے مراتب اور انبیائے کرامؑ کے مقامات اور احوال کی صورتیں جس طرح کہ ان کے کرنے والوں پر ظاہر ہوں گیں۔ سب مجھ کو نظر آئیں اور برزخ و مُردوں کے احوال مجھ پر ظاہر ہوئے۔ اور قُرآنِ عظیم کے حقائق بھی مجھ پر منکشف ہوئے۔ اور اس طرح میں ان کے اسرار سے مطلع ہوا۔

☆ ذِکرِ برائے حصولِ کرامت طی الارض:

اس ذکر کی مُسلسل مشق سے کرامتِ طی الارض (زمین کا سمٹ جانا) حاصل ہوتی ہے۔ طریقہ اس ذِکر کا یہ ہے۔ کہ! اگر کوئی (متقی و متوکل) شخص حبسِ دَم کے ساتھ اسمِ ذات "**اللہ**" کا بکثرت ذکر کرے۔ یعنی جب بھی سانس لے۔ حبسِ دم کے ساتھ سانس لے۔ تا آنکہ اسی حبسِ دم کی حالت میں ذکر اسمِ ذات پر بلا قصدو ارادہ بے اختیار ہو جائے۔ حتیٰ کہ! بوقتِ بول وفراز وفراش بھی حبسِ دم کرتا رہے۔ اور اپنے سانس کو کم از کم بیس منٹ سے زیادہ تک روکنے پر قدرت حاصل کر لے۔ تو چند عشروں میں یہ کرامت حاصل ہو جائے گی۔ ان شاءاللہ۔ بعد ازاں! شاغل وذاکر جس وقت جس مقام کا قصد کرے گا۔ فوراً پہنچ جائے گا۔ ان شاءاللہ۔

چند اسمائے اِلٰھیه کے کثیر فوائد:

اگر ان اسمائے مبارکہ کو ہر نماز کے بعد ان کے اعداد بحساب ابجد قمری کے گیارہ ایام تک پڑھا جائے۔ تو عجیب اثرات پیدا ہوتے ہیں۔

یا اللہ . یا کافی . یا غنی . یا فتاح . یا رزاق . یا کریم . یا وھاب . یا ذالطول .

ان گیارہ ایام میں جسم پر کپکپی طاری ہونا، بحالت رویاء روحانیین سے ہم کلام ہونا، بزرگوں کی مسلسل زیارت ہونا شامل ہیں۔ گیارہ ایام کے بعد انہیں اسماء سے دستِ غیب کا حصول، کسی سے کام نکلوانا اور تسخیر خلائق کے امور میں مدد لی جاسکتی ہے۔ ان اسماء کی مزید تصاریف "مجربات وعملیات الغزالی الکبیر" اور "الجوہر الغالی فی مثلث امام الغزالیؒ" میں ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

تُو ظاہر و باطن کی خلافت کا سزاوار کیا شعلہ بھی ہوتا ہے غلامِ خس و خاشاک

خلوت کے کچھ اسمآء کی عظیم تا ثیرات : (بمطابق صاحب شمس المعارف)

☆ اگر تم پر خلوت میں شہوت کا غلبہ ہو تو بحالتِ وضو اسم الٰہی **یا ھادی** کا خوب ذِکر کرو۔

☆ اگر تم پر خلوت میں خیالاتِ فاسدہ ستائیں تو بحالتِ وضو اسم الٰہی **یا لطیف** کا خوب ذِکر کرو۔

☆ اگر تم پر خلوت میں کھانے یا پینے کے خیالات کا غلبہ ہو تو بحالتِ وضو اسم الٰہی **یا قوی** کا خوب ذِکر کرو۔

☆ اگر تم پر خلوت میں خرچ کی تنگی ہو تو بحالتِ وضو اسم الٰہی **یا فتاح** کا خوب ذِکر کرو۔

☆ اگر تم پر خلوت میں نفسانی خیالات اور شہوانی وساوس کا غلبہ ہو تو بحالتِ وضو اسم الٰہی **یاذوالقوۃ** کا خوب ذِکر کرو۔

☆ اگر تم پر دورانِ ریاضت قلق اور اضطراب کی سی کیفیت پیدا ہو تو بحالتِ وضو اسم الٰہی **یا باسط** کا خوب ذِکر کرو۔

☆ اگر تم دین کے کسی کام میں متوجہ ہونا چاہو تو بحالتِ وضو اسم الٰہی **یا قوی . یا عزیز . یا علیم . یا سمیع . یا بصیر** کا خوب ذِکر کرو۔

دل میں خدا کا ہونا لازم ہے اے انسان سجدوں میں پڑے رہنے سے جنت نہیں ملتی

ھر سال اللہ تعالیٰ کے اسم کی جلوی گری :

اللہ تعالیٰ کے **99** اسمائے مبارکہ ہیں۔ اور ہر برس اللہ تعالیٰ اپنے ایک مبارک نام سے جلوہ گر ہوتا ہے۔ اس حساب سے ہر اسم الٰہی کا ایک دور نوے برس کا ہوگا۔ ہجرتِ نبویہ ﷺ کے لحاظ سے اِن اسمائے الٰھیه کے دس ادوار **990** ھ تک ختم ہوئے۔ اور اَب **1000** ھ تک پورے ہونے میں فقط دس برس کا عرصہ باقی ہے۔ (مزید برآں یہ کہ) جس برس اسمِ الٰہی "**ممیت**" یا اسمِ الٰہی "**قابض**" کی جلوہ گری ہوگی۔ تو دنیا میں قتل و غارت اور ہلاکتیں بکثرت ہوں گیں۔ اور جس برس اسمِ الٰہی "**حی**" کی تجلی ہوگی۔ تو اس برس دنیا میں حیات و پیدائش زیادہ ہوں گیں۔ اور جس برس اسمِ الٰہی "**فتاح**" یا اسمِ الٰہی "**رزاق**" کی جلوہ پاشی ہوگی۔ تو دنیا میں خیروخوبی بخوبی ہوگی۔ **علیٰ ھذا القیاس**۔۔۔

عشق ہارے تو دل تھام کے بیٹھے کیوں ہو تم ہی ہر بات تھے کہتے کہ! کوئی بات نہیں

کشف الارض و السماء کا مجرب طریق: (بمطابق حضرت امام بونیؒ در کتاب شمس المعارف)

اگر کوئی شخص پرہیز روحانی کے ساتھ روزانہ اکتالیس (41) ایام تک بعد نماز فجر وعشاء **بسم اللہ الرحمن الرحیم (2500)** مرتبہ پڑھتا رہے۔(یعنی ڈھائی ہزار صبح اور ڈھائی ہزار رات کو) اور اپنے حال و کشف کو مخفی رکھے۔تو ایسے شخص کو الہام ہونا شروع ہو جاتا ہے۔کشف القلوب و کشف الارض والسماء ہوتا ہے۔ ایسے شخص کے جمیع نیک اعمال میں خیر و برکت شروع ہو جاتی ہے۔حاجات بھی پوری ہوتی ہیں۔

قضائے حوائج کے مجرب اعمال: (شہاب نامہ'' آخری باب'' چھوٹا منہ بڑی بات)

نمبر 1۔ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورہ یٰسین شریف اس طرح پڑھی جائے۔کہ ہر مبین پر رک کر سورہ فاتحہ معہ تسمیہ سات مرتبہ پڑھی جائے۔سورہ یٰسین شریف ختم کرنے کے بعد آخر میں بھی گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھا جائے۔اس کے بعد اپنی حاجت برآری کی دعا مانگی جائے۔یہ تلاوت اس وقت تک ہر روز جاری رکھی جائے۔جب تک کہ دل میں اپنی حاجت کے بارے میں سکون یا اطمینان پیدا نہیں ہو جاتا۔یوں بھی کسی خاص حاجت یا ضرورت کے بغیر ہر جمعۃ المبارک کو ایک مرتبہ ایسا کرنا باعثِ برکت ہے۔اور زندگی میں سہولت اور تازگی کے عناصر بڑھاتا ہے۔

نمبر 2۔ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر تعوذ اور تسمیہ کے بعد سورہ فاتحہ پڑھنا شروع کرے۔جب آیت کریمہ'' **ایاک نعبد وایاک نستعین** '' پر پہنچے۔تو رک جائے۔اور اس آیت کو'' ننانوے اسمائے الٰہیہ'' کے ساتھ اس طرح دہرائے۔

ایاک نعبد و ایاک نستعین.	**یا اللہ یا رحمٰن.**
ایاک نعبد و ایاک نستعین.	**یا اللہ یا رحیم.**
ایاک نعبد و ایاک نستعین.	**یا اللہ یا مالک.**
ایاک نعبد و ایاک نستعین.	**یا اللہ یا قدوس.**
ایاک نعبد و ایاک نستعین.	**یا اللہ یا سلام.**

اسی طرح سے ننانوے اسمائے ربانیہ پورے کرے۔اس کے بعد سورہ فاتحہ کا باقی حصہ پورا کرے۔یہ گردان اس طور پر کرے۔کہ جب'' **ایاک نعبد** '' کہے۔تو انتہائی خشوع و خضوع کے ساتھ سجدہ میں چلا جائے۔اور جب'' **وایاک نستعین** '' کہے۔تو اُٹھ کر فقیروں کی طرح دامن پھیلا کر دل کی گہرائیوں سے ایسی لجاجت کے ساتھ یہ الفاظ ادا کرے۔کہ! اپنے آپ پر رقت طاری ہو جائے۔سورہ فاتحہ کی آیت کا یہ حصہ اور'' **یا اللہ یا رحمٰن** '' یا دوسرے اسمائے الٰہیہ ادا کرتے وقت ایسا انداز اختیار کرے۔جو خود اپنی نظر میں بھی منکسرانہ اور فقیرانہ ہو۔

ایک اور طریقہ! گھٹنوں کے بل نیم ایستادہ ہو کر کبھی اپنا دامن پھیلائے۔اور کبھی اپنی ٹوپی کشکول کی طرح ہاتھوں میں لے کر قادرِ مطلق کے حضور میں (نہایت اَدب واحترام سے) بڑھائے۔اس آیت کے ساتھ اگر سجدہ اور پھر منگتوں کا سا انداز خلوصِ دل سے اختیار کیا جائے۔تو رفتہ رفتہ رقت خود بخود طاری ہونے لگتی ہے۔اور قرب کا احساس بھی پیدا ہو جاتا ہے۔ اگر کوئی خاص مہم یا ہنگامی حاجت پیشِ نظر ہو۔تو موقع محل کے لحاظ سے اسماء الحسنٰی میں سے اللہ تعالیٰ کا (اپنی حاجت کے مطابق) کوئی نام منتخب کر لے۔اور مذکورہ طریقہ سے اسے بار بار دہرانے میں اس طرح محو ہو جائے۔کہ اس کا اپنا وجود بھی فنا ہو جائے۔اور اس کے دل و دماغ میں اللہ تعالیٰ کی اس خاص صفت کے علاوہ کسی چیز کا گزر نہ ہو۔مثال کے طور پر!

وسعتِ رزق کی خاطر:	**ایاک نعبد و ایاک نستعین.**	**یا اللہ یا رزاق.**
بیماری کے دفیعہ کے لئے:	**ایاک نعبد و ایاک نستعین.**	**یا اللہ یا شافی یا سلام.**
حاجت برآری کے لئے:	**ایاک نعبد و ایاک نستعین.**	**یا اللہ یا حی یا قیوم یا ذوالجلالِ والاکرام.**
حصول مال و دولت کی خاطر:	**ایاک نعبد و ایاک نستعین.**	**یا غنی یا مغنی یا منعم.**

اسی طرح باقی ضروریات کے لئے۔ اسے بے شمار مرتبہ دہرائے۔بعد ازاں سورہ فاتحہ شریف کا بقایا حصہ ختم کرے۔پھر حضرت قدرت اللہ شہابؒ فرماتے ہیں۔کہ! مَیں چند ایک ایسے افراد سے واقف ہوں۔کہ جنہوں نے کسی ہنگامی ضرورت کے تحت اسی آیت کا وِرد ایسے اضطرابانہ، اضطرارانہ اور گدایانہ انداز سے کیا۔کہ! ایک ہی نشست میں اُن کا مطلب پورا ہو گیا۔(ماشاءاللہ لاقوۃ الا باللہ) یہ حقیقت ہے۔کہ! اگر کوئی شخص دنیا و مافیہا سے غافل ہو کر صدقِ قلب سے اسی ورد کے ساتھ پوری طرح ہم آہنگ ہو جائے۔تو وہ اُسے اُسی وقت ختم کرتا ہے۔جب اسے یقینی ہو جائے۔کہ اس کی دعا قبول ہو گئی ہے۔تو اس کے دل پر اس بات کا سکون نازل ہو جاتا ہے۔(اور اگر قبول نہ بھی ہو تب بھی وہ بندہ یہ سمجھتا ہے۔کہ) اس کا قبول نہ ہونا بھی اللہ تعالیٰ کی رضا کے عین مطابق ہے۔(اور اسی طرح سے) اگر کوئی خاص حاجت نہ ہو تب بھی اس آیت کا پورے اسماءِ الٰہی کے ساتھ ہر روز ورنہ کم اَز کم ہفتہ میں ایک مرتبہ کرتے رہنا کئی لحاظ سے باعثِ برکت ہے۔خاص طور پر ایسا شخص دوسروں سے خائف نہیں رہتا۔اور نہ ہی اپنی ضروریات پوری کرانے کے لئے دوسروں کے سامنے دستِ سوال دراز کرتا ہے۔(یاد رہے۔کہ) انسانی کردار کے یہ دونوں خصائل بڑی عظیم نعمت ہیں۔(اس کے علاوہ بھی جناب حضرت قدرت اللہ شہابؒ کے مزید کئی اور سہل طریقے ہیں۔کہ جن سے حاجت برآری ہو جاتی ہے)

بیس اسمائے الٰھیہ معہ نقشِ اسمِ اعظم کے عجیب و غریب منافع و فوائد :

اِن بیس اسمائے مبارکہ کے منافع یقینی ہیں۔ جوشخص اِن اسماء کے طریقِ استعمال سے واقف ہونا چاہے۔ یا اِن اسماء کی تاثیر ملاحظہ کرنا چاہے۔ یا کسی دینی و دنیاوی امر کا ارادہ کرے۔ تو اُسے چاہیئے۔ کہ وہ شخص طہارت کاملہ کے ساتھ نصف شب کو دو رکعت حضورِ قلب، عجز و حُسنِ نیت والتجاء کے ساتھ ادا کرے۔ پھر اِن اسمائے طیبات کو ایک ہزار چھ سو تہتر (1673) مرتبہ حضورِ قلب کے ساتھ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ تو وہ دعا قبول ہوگی۔ اسمائے طیبات یہ ہیں۔

یا اللہ . یا سمیع . یا علیم یا سریع . یا واسع . یا عدل . یا علی . یا عظیم . یا متعال . یا عزیز . یا عفو . یا فعال لما یرید . یا رفیع . یا معبود . یا مانع . یا نافع . یا بدیع . یا رفیع . یا معید . یا معز . یا جامع . یا مانع . یا معین . یا جامع .

خصوصًا کسی علم کے حاصل کرنے یا حصولِ کشف کی اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ تو ایسے شخص پر علوم کے راستے اور عجائبات کا انکشاف ہوگا۔ انشاءاللہ۔ جوشخص اِن اسماء کی تحقیق کرے گا وہ عجیب اسرار کا مشاہدہ کرے گا۔ اور ایسے شخص پر عالم علوی وسفلی کے عجائب وغرائب کا انکشاف ہوگا۔



اور اللہ تعالیٰ سے جو چیز مانگے گا۔ بفضلِ الٰہی اُسے عنایت ہوگی۔ اِن اسمائے الٰہیہ کو پڑھتے وقت سامنے دیئے گئے نقش کو مسلسل ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا لازمی ہے۔ امام بونیؒ نے حاجت برآری کے سلسلے میں یہ نماز تعلیم فرمائی ہے۔ کہ! طہارتِ ظاہری و باطنی کے ساتھ کسی خلوت کے مقام میں دو رکعت نماز رات کے آخری حصے (یعنی بوقتِ تہجد) پڑھ کر یہ اسمائے الٰہیہ پڑھے جائیں۔ **یا اللہ . یا عظیم . یا باعث . یا فعال . یا علیم . یا عدل . یا نافع . یا بدیع . یا عزیز . یا عفو . یا جامع . یا سمیع . یا رفیع . یا سریع . یا معین . یا جامع .** اِس عمل سے حاجات پوری ہوتی ہیں۔

اِن اسماء کی قرات کے وقت سامنے والے نقش کو مسلسل دیکھتے رہیں۔ تاکہ کلی فوائد حاصل ہوسکیں۔ ان شاءاللہ العظیم۔ اور یہ اسمائے الٰہیہ (جن کے ہر ہر حرف میں ''ع'' موجود ہے) علم وعمل خالص کے حصول کے لئے بہت مفید و متفع قرار دیئے جاتے ہیں۔ **بحق سیدنا محمد وآلِ محمد اکشف ھمی و حزنی و فرج عنی** ۔ بعدہٗ دُعا یہ مناجات ستر مرتبہ پڑھے۔ **اِلٰھی بحرمۃ کن فیکون فتبارک اللہ احسن الخالقین. وانت ارحم الراحمین۔**

اسمآء الحسنیٰ اور ایک آیتِ کریمہ کے عجیب اثرات: (بقول **حضرت سیدی عبدالعزیز دباغ**ؒ)

☆ اسماءِ حسنیٰ میں سے ایک اسم (قریب) ایسا ہے۔ کہ! اگر کوئی بندہ اس (اسم) کے نور سے سیراب ہوجائے۔ تو وہ ہر وقت روتا رہے۔

☆ اسمائے حسنیٰ میں سے ایک ایسا اسم (المتعالی) ہے۔ کہ اگر کوئی اس (اسم) کے نور سے سیراب ہو جائے۔ تو ہمیشہ ہنستا رہے۔

پیرِ کامل ، صورتِ ظلِّ الہ ۔۔۔ یعنی دیدِ پیر ، دیدِ کبریاء

سورہ ملک میں ایک آیت ''**الا یعلم من خلق وھو اللطیف الخبیر**'' آئی ہے۔ اس (آیت) کا ورد ان لوگوں کے لئے مفید ہے۔ جو محتاج ہوں یا (کسی قسم کی) مصیبت میں مبتلا ہوں۔ جوشخص اس (آیت) کا کثرت سے ورد کرے گا۔ تو اللہ تعالیٰ اس کی مشکل حل فرما دے گا۔ (صاحب الابریز آگے چل کر ایک واقعہ لکھتے ہیں۔ کہ!) ایک شخص کو بیش کے دانے نکل آئے۔ یہ ایک لاعلاج مرض ہوتا ہے۔ وہ حضرت (سیدی عبدالعزیز دباغؒ) کے پاس آیا۔ اور آپؒ سے اس (لاعلاج مرض) کی شکایت کی۔ (کیونکہ) وہ (مریض) اس مرض سے خوفزدہ تھا۔ تو حضرت دباغؒ نے اسے یہ آیت (**الا یعلم ۔ ۔ ۔ الخبیر**) پڑھنے کو کہا۔ تو یہ بیماری (اس مریض) سے اس طرح جاتی رہی۔ کہ پتہ بھی نہ چلا۔ (سبحان اللہ)

میری پسندیدہ غزل

منزل سے آگے بڑھ کر منزل تلاش کر ۔۔۔ مل جائے تجھ کو دریا ، تو سمندر تلاش کر
ہر شیشہ ٹوٹ جاتا ہے پتھر کی چوٹ سے ۔۔۔ پتھر ہی ٹوٹ جائے وہ شیشہ تلاش کر
سجدوں سے تیرے کیا ہوا صدیاں گزر گئیں ۔۔۔ دُنیا تیری بدل دے وہ سجدہ تلاش کر
ایمان تیرا لُٹ گیا رہزن کے ہاتھ سے ۔۔۔ ایمان تیرا بچا لے وہ رہبر تلاش کر
ہر شخص جل رہا ہے عداوت کی آگ میں ۔۔۔ اِس آگ کو بجھا دے وہ پانی تلاش کر
کرے سوار اُونٹ پہ اپنے غلام کو ۔۔۔ پیدل ہی خود چلے جو ، وہ آقا تلاش کر

☆ اللہ تعالیٰ کے اسمائے مبارکہ کی تخصیص :

☆ اللہ تعالیٰ کے اسمائے ذاتیہ : اللہ ۔ سمیع ۔ بصیر ۔ علیم ۔ کلیم ۔ حی ۔ قد یر ۔ مر ید ۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسمائے تقدیسیہ : سبوح ۔ قدوس ۔ سبحان ۔ سلٰم ۔ متعال ۔ لطیف ۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسمائے تنزیہی: عظیم ۔ کبیر ۔ حلیم ۔ جبار ۔ متکبر ۔ عزیز ۔ واسع ۔ ما جد ۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسمائے ازلیہ وابدیہ: احد ۔ واحد ۔ اول ۔ آ خر ۔ ظا ھر ۔ با طن ۔ قد یم ۔ با قی ۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسمائے سلبیہ: حی ۔ غنی ۔ رفیع ۔ متین ۔ قوی ۔ علی ۔

☆ اللہ تعالیٰ کے اسمائے ثبوتیہ: مٰلک . مؤمن . مھیمن . خا لق . باریء . مصور . غفار . قھار . وھاب . رزاق . فتاح . قابض . باسط . خا فض . رافع . مذل . معز . حکم . عدل . شکور . خبیر . حکیم . غفور . حفیظ . حسیب . کریم . رقیب . مجیب . واسع . والی . بر . تواب . منعم . منتقم . عفو . رؤف . ما لک الملک . ذوالجلال والاکرام . رب . مغنی . معطی . ضآرّ . نا فع . نور . ر فیع . حلیم . ودود . مجید . با عث . شھید . حق . وکیل . ولی . حمید . محصی . مبدیء . معید . محی . ممیت . واجد . مقتدر . ھادی . بد یع . رشید . صبور .

☆ اللہ تعالیٰ کے اسمائے جما لیہ :

رحمٰن . ر حیم . رزاق . لطیف . حکیم . معطی . ماجد . نور . احد . فتاح . غفور . حلیم . نافع . صمد . ھادی . نعیم .سلٰم .باریء . شکور . ودود . رشید . بر . باقی . ضآرّ . مھیمن . باسط . کریم . ولی . حی . قیوم . عفو . واحد . وھاب . معز . واسع . غنی . رؤف . وکیل . مؤمن . غفار . حفیظ . کفیل . محی . تواب . صبور . رافع . منعم .

☆ اللہ تعالیٰ کے اسمائے جلا لیہ :

عزیز . جلیل . متکبر . مقدر . جبار . قوی . منتقم . متین . ذوالجلال . قھار . مبدیء . مقسط . قابض . معید . ما نع .مذل . ممیت . وارث . علی . قادر . مالک الملک . سطیع . ضآ رّ . کبیر . وارث . علی

☆ اللہ تعالیٰ کے اسمائے مشترکہ :

مالک .خالق.قدوس.مصور.علیم.سمیع.بصیر.حکیم.عدل.خبیر.عظیم.مقیت.حسیب. رقیب.مجید.با عث.شھید.حق.محصی . واحد . احد . مقدم . مؤ خر . اول . آ خر . ظا ھر . با طن . والی . متعالی . بد یع . مالک الملک . اکرم . جامع . غنی . ر شید.مجیب .

☆ اللہ تعالیٰ کے اسمائے در قرآن و حدیثِ نبو یہ ﷺ و اقوالِ سلف :

المولٰی . النصیر . الأمر . المد بر . الو فی . القآ ئم . الفا تح . القاسم . الجواد . المتفضل . الحسن . المعطی . الرافع . الصادق . السامع . المنیر . المنیب . المبین . الکفیل . الجمیل . الراشد . الحنان المنان . الدیان . المستعان . البرھان . البا ھر . الغالب . السید . العادل . الاحد . الفرد . الباریء . القدیم . الدآ ئم . القائم . الاعز . الاعلٰی . الاکبر . الحا فظ . الخلاق . الکا فی . الر فیع . القا ھر . الملیک . المقتدر . الو تر . الاکرم . الفا طر . الجا عل . القریب . الشا کر . الا لٰہ . العا لم . المحیط . القدیر . اعلم . مو ئل . یزدان . ا ھیا . اشرا ھیا .بدوح . احمٰی . اطمٰی . ھو .

☆**اللہ تعالیٰ کے اسمائے اخوا تیہ** : حی . قیوم.ظا ھر.با طن.عفو.رؤف.نور.ھادی . بد یع . با قی

☆ **اللہ تعالیٰ کے اسمائے ملفو فیہ :** علی الا علٰی . علیم الاعلم . کبیر الاکبر . قریب الاقرب . لطیف الالطف . کریم الاکرم . احکم الحا کمین . ارحم الراحمین . احسن الخا لقین . اصدق الصا دقین . اکرم الاکرمین . اجودالاجودین . ذوالفضل العظیم . محی الحی . رؤف الر حیم . علی العظیم . عظیم الاعظم . ذوالجلال والاکرام . حی القیوم . مالک الملک . رفیعالدرجات . قاضی الحاجات . دافع البلیات . مجیب الد عوات . منزل البرکات . حل المشکلات . مفتح الابواب . مفرح المخزونین . دلیل المتحیرین . ھادی المضلین . مقلب القلوب والابصار . رب الارباب . غیاث المستغیثین . کا فی المھمات . وفی الحسنات . بدیع السموت والارض . امان الخا لقین . خیرالناصرین . خیرالرازقین . خیرالفاتحین . خیرالوارثین .

رب السموت والارض . کا فی الحسنات . غا فر الذنب . قابل التو ب . شد ید العقاب . ذی الطول . رب المشر قین . رب المغر بین . رب المشارق . رب المغارب . رب العٰلمین . رب العزة . رب الکعبة . رب جبرائیل . رب میکا ئیل . رب اسرافیل . رب عزرآئیل . رب محمد . رب النبی . رب الر سول . رب محمد رسول اللہ . رب الارضین . منزل القرآن . منزل التورات . منزل الانجیل . منزل الز بور . منزل الفرقان . خیر الحاکمین . خیر الفا صلین . خیر الغا فرین . خیرالمنز لین . خیرالرحمین . اسرع الحاسبین . سریع الحساب . ذوالقوة . ذوانتقام . ذوالعرش المجید . فعال الما یر ید . ذوالعقاب . ذوالمغفرة . سریع العقاب . فالق الحب والنوٰی . فالق الاصباح . عالم الغیب والشھادة . علیم بذات الصدور . مٰلک یوم الد ین . علام الغیوب . ستار العیوب . غفار الذنوب . مخرج الحی من المیت . مخرج المیت من الحی . شد ید المحال . رب العرش . اھل التقوٰی . اھل المغفرة . ذوالمغفرة . رب العرش الکر یم . رب السموٰت السبع . ذوالجود . ذوالعلٰی . بد یع العجا ئب . خالق کل شیء . خالق السماء . خا لق النسان . خا لق محمد . خا لق الانبیاء . خا لق الرسل . رب المستعان .

اسماءُ الحسنٰی معه اعداد ابجد قمری

اسمائے الہیہ	اعداد	اسمائے الہیہ	اعداد	اسمائے الہیہ'	اعداد	اسمائے الہیہ'	اعداد قمری
اٰجِ	4	الھی	46	حکیم	78	معین	170
اہٍ	6	ولی	46	حسیب	80	کفیل	140
ابد	7	اولیٰ	47	جمیل	83	سبحان	121
ھاد	10	ماجد	48	داعی	85	معید	124
ھو	11	مجیب	55	حلیم	88	لطیف	129
واہ	12	دائم	55	ملک	90	مطلق	150
احد	13	مبدی	56	کامل	91	معطی	129
واجد	14	مجید	57	عزیز	94	سلام	131
جواد	14	محی	68	وفی	96	صمد	134
وھاب	14	موجود	59	ملیک	100	مؤمن	136
ھی	15	حمید	62	صاحب	101	واسع	137
ابدی	17	باطن	62	مسب	102	عالم	141
حی	18	دیان	65	عدل	104	علام	141
واحد	19	وکیل	66	عادل	105	منان	141
ھادی	20	اللہ	66	حق	108	مھیمن	145
ودود	20	محیط	67	حنان	109	حسبی اللہ	146
بدوح	20	حکم	68	علی	110	محصی	148
طیب	21	محی	68	لا الہ الاھو	110	سلطان	150
یوہ	21	حاکم	69	کافی	111	علیم	150
حبیب	22	باسط	72	اعلیٰ	111	قائم	151
طبیب	23	جلیل	73	باقی	113	قدیم	154
ولی	46	دلیل	74	جامع	114	قیوم	156
الہ	36	سید	74	قوی	116	محسن	158

زکی	37	سبوح	76	معز	117	مانع	161
عطوف	165	کبیر	232	شاھد	310	متین	500
لا الہ الا اللہ	165	دیھور	225	قریب	312	راشد	505
قدوس	170	مجیر	253	رقیب	312	نقی	160
معین	170	نور	256	قدیر	314	رشید	514
نعیم	170	مطھر	254	شھید	319	مشفق	520
سامع	171	رحیم	258	مصور	336	شاکر	521
حی قیوم	174	نعم الوکیل	257	سریع	340	شکور	526
سمیع	180	برھان	258	رفیع	360	متعال	541
مقدم	184	اکرم	261	ناصر	341	متعالی	551
سبحان اللہ	187	کریم	270	مقدر	344	مقیت	550
صادق	195	نعم الولی	277	نصیر	350	مشیب	352
اصدق	195	فرد	284	رافع	351	مشکور	566
منعم	200	فارج	284	رفیع	360	باعث	573
نافع	201	رؤف	286	رفیق	390	شریف	590
رب	202	فاطر	290	شافی	391	وتر	606
مالک الملک	212	صابر	293	کاشف	401	واثق	607
باری	213	رحمن	298	رب الارباب	439	غنی	1060
جابر	206	صبور	298	تام	441	مستعان	621
جبار	206	مکرم	300	مغنی	1100	منتقم	630
مقسط	209	بصیر	302	شافع	451	ستار	661
صانع	211	قادر	305	شفیع	460	متکبر	662
قاھر	306	قاھر	306	فتاح	489	خلیل	670
اللہ الصمد	231	قھار	306	شفیق	490	خفی	690
اکبر	223	رزاق	308	ممیت	490	وارث	707
رازق	308	منفرج	373	خالق	731	مقتدر	744
مذل	770	تسمیہ	786	ذی الطول	786	آخر	801
ذوالجلال	801	خاطر	810	ذوالجلال والاکرام	1100	ذی االبطش	1052
مؤخر	846	فاخر	881	قابض	903	مفضل	950
حافظ	989	حفیظ	998	عظیم	1020	ضار	1001
سورہ اخلاص	1002	عظیم	1020	غالب	1033	ذو البطش	1048
ظاھر	1106	ظھیر	1115	ناظر	1151	غفور	1286
غافر	1281	غفار	1281	ذی الانتقام	1333	متفضل	1350
خافض	1481	غیاث	1511	مغیث	1550	غفور الرحیم	1575
ذی االفضل	1651	خبیر	812	رب العرش العظیم	1854	ذی القوة	1247

اسمائے الھیہ ، آیاتِ قُرآنیہ اور سورہ مبارکہ معہ اعداد بحسابِ ابجد قمری

800	فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم o
165	لا الہ الا اللہ
619	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ
	اللہ لا الہ الا ھو رب العرش العظیم o
	انما اشکو بثی و حزنی الی اللہ
2898	لقد جاء کم .... رؤف رحیمo
2389	و من یتق اللہ .... لکل شیء قدرا o
	(99) ننا نویں اسماءُ الحُسنٰی
450	حسبنا اللہ و نعم الو کیل
824	نعم الولٰی و نعم النصیر
2074	واللہ یرزق من یشاء بغیر حسابo
1493	یحبو نھم کحب اللہ والذین آمنوا اشد حبا للہo
885	و الھکم الہ واحد لا الہ الا ھو الرحمٰن الر حیمo
6283	ومن شر قضآء .....انت آخذ بنا صیتھا. ان ربی علٰی صراط مستقیمo
2656	سبحان ربک رب العزۃ........ والحمدللہ رب العالمینo
2186	یغنیھم اللہ من فضلہo
1233	ان فتحنا لک فتحا مبیناo
1302	نصر من اللہ و فتح قریبo
3109	ربنا افتح بیننا وبین قومنا باالحق وانت خیر الفاتحینo
3164	مرج البحرین یلتقیٰن بینھما برزخ لا یبغیٰنo
3882	فان تولو فقل حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ تو کلت وھو رب العرش العظیمo
1287	اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشآء وھو القوی العزیز o
815	رب انی مغلوب فا نتصرo
9158	زین للناس حب الشھوٰت ....عندہ حسن المآب o
1048	وننزل من القرآن ما ھو شفاءo
1447	و یرزق من حیث لا یحتسبo
858	لیس لھا من دون اللہ کا شفہo
4480	فاغرینا بینھم العدوۃ والبغضآء الیٰ یوم القیامۃo
2123	والقیت علیک محبۃ منی ولتصنع علٰ عینی o
2550	فا للہ خیر حافظاوھو ارحم الر ا حمینo

والقینا بینھم العداوۃوالبغضآء الیٰ یوم القیامۃo	3336
سلم قولا من رب رحیمo	817
واللہ غالب علیٰ امرہ o	1461
سورہ فاتحہ (سبع مثانی ، ام الکتاب)	29367
سورہ اخلاص	1002
سورہ کو ثر	2752
چھار قل شریف	21163
سورہ یٰسین شریف	107563
سورہ عصر	4739
سورہ جِن	69053
سورہ مز مل	65553
آ یۃُ الکر سی	14067
سورہ فلق	8675
سورہ والناس	5294
سورہ اذا جا ء نصر اللہ ...	6124
مکمل حروف نورانی	1757
تخلیص شدہ حروفِ نورانی	693

ذاتی اسمِ اعظم کا استخراج و حصولِ فوائد (بطریق حضرۃ شیخ اکبر محی الدین ابنِ عربیؒ) :

جب بھی کوئی شخص اپنے یا کسی دوسرے شخص ،عزیز وا قارب کے لئے ذاتی اسمِ الٰہی (بمثل اسمِ اعظم) کا استخراج کرنے کا قصد کرے۔تو پہلے اپنے نام کے اعداد بحسابِ ابجدِ قمری نکال لیں ۔ پھر اتنے ہی اعداد کا ایک یا ایک سے زائد اسمائے الٰہیہ تلاش کرلیں ۔تو یہی آپ کا ذاتی اسمِ اعظم ہوگا ۔انشاءاللہ تعالٰی ۔مثلاً اگرکسی کے نام کے اعداد بحسابِ ابجدِقمری 92 ہیں۔تو ہم اسمائے الٰہیہ میں سے **''امان''** لیں گے۔یا پھر **''حی ۔ وھاب ۔ واجـد ۔ ولـی''** لیں گے ۔ بہر حال جوبھی لیں ۔ چاہے پہلا والا اسم لیں ۔یاباقی کے چار اسماء الحُسنٰی لے لیں ۔کیونکہ پہلے اسم یا دوسرے چار اسماء کے اعداد 92 ہی بنتے ہیں ۔اب جوبھی شخص اپنے اسمِ اعظم کے فوائد سے متفع ومستفید ہونا چاہے ۔تو اُس کو چاہیئے کہ! یہ طریقہ عظیمہ اختیار کرے ۔

سب سے پہلے درودِابراہیمؑ **11** مرتبہ پڑھے۔ پھر اسمِ الٰہی **یا امان** **92** مرتبہ پڑھے۔

پھر **سورہ فا تحہ** **92** مرتبہ پڑھے۔ پھر **سورہ الم نشرح** **92** مرتبہ پڑھے۔

پھراسمِ الٰہی **یا امان** **92** مرتبہ پڑھے۔ سب سے آخرمیں دوبارہ **درودِ ابراھیمؑ** **11** مرتبہ پڑھے۔

اگر اِس کے بعد دعامانگیں گے۔تویقیناً آپ اپنے سامنے ضرور استجابت پائیں گے۔انشاءاللہ۔اور پھرکسی دوسرے ورد و وظیفے کی آپ کو قطعاً ضرورت نہیں پڑے گی۔انشاءاللہ تعالٰی۔اگرکوئی روزانہ اِس پر مداومت اختیار کرے۔توچندہی عشروں میں یہی اسمِ الٰہی پڑھنے والے کے لئے بمنزلہ اسمِ اعظم ہوجائے گا۔انشاءاللہ۔

وہ تو یکتا ہے اگرچہ عالمِ تنہائی میں مَیں نے گھبرا کے کئی نام پکارے اُس کے

اپنے نام کے اسمِ اعظم کا ستخرااج (بطریق علمِ جفر) : طریقہء عمومی

اپنے نام کے ابجدِ قمری کے مطابق کوئی ایک (اگرایک نہیں تو دو یا تین) اسمائے الٰہیہ کا استخراج کر کے اُس کا کھلے عام ورد رکھا جائے ۔ اگر استخراج شدہ اسمِ الٰہی کے اعداد بحسابِ ابجدِ قمری ایک ہزار سے زائد ہوں تو اُسی تعداد میں پڑھا جائے ۔لیکن اگر ہزار سے کم ہوں ۔تو اُسے تین گنا یا دس گنا مرتبہ پڑھنا چاہیئے ۔تا کہ کلی فوائد ومنافع حاصل ہوسکیں ۔(ان شاءاللہ العظیم) کچھ مزید طریقے آگے باب قواعد میں بھی ہیں ۔

جستجو نے کسی منزل پہ ٹھہرنے نہیں دیا ہم بھٹکتے ہی رہے آوارہ خیالوں کی طرح

ذاتی اسمِ اعظم کا استخراج (عجیب وغریب صدری و پرتاثیر طریقہ مخفیہ ومکنونہ):

علمائے جفارین نے اس طریقے کوعوام الناس کی نظروں سے ہمیشہ پوشیدہ رکھا۔اور صرف اپنے معتقدین اور شاگردوں یا پھر اپنی اولاد کو یہ طریقہ عظیمہ تعلیم کیا۔اسی لئے یہ طریقہ صدری طور سے مخصوص لوگوں تک ہی محدود رہا۔مُختلف کُتب جیسے **عامل کامل** مؤلف پیر سید وارث علی شاہ جیلانی القادری ؒ، **ارواح الجفر** (حصہ اول و دوئم) مُصنف علامہ شفق رامپوری ؒ **محبوب الطالبین** میں پنڈت رگردہاری لعل (جفار ومنجم ورمال) کے علاوہ دیگر کئی مصنفین و مؤلفین نے بھی اس علم کا تھوڑا سا تذکرہ کیا ہے۔اس کے علاوہ صاحبِ **مصباحُ الرموز و اسرار الکنوز** جناب عبدالوہاب ابن مُصطفٰے نحاس رقم طراز ہیں۔کہ ! چونکہ اسم موافق کا استخراج ہر ایک مشکل سے مشکل کام کے واسطے نہایت عظیم النفع اور مفید ہے۔اسی واسطے میں نے ان قواعد کوتُرکی زبان سے عربی زبان میں ترجمہ کیا۔تاکہ مخلوقِ خُدا ان کے فوائد سے بہرہ ور ہو۔اور یہ سب مرشد کامل سید واقف علی باب النبی شاذلی بیلانی ؒ کے طفیل وتصدق ہے۔

ہر چیز کے واسطے مناسبت ہے خیر کے لانے اور نقصان کے دفع کرنے۔خصوصًا جو موافقت کہ جفر کے طریق سے ہو۔وہ تو مثلِ سیفِ قاطع اور برقِ ساطع کے ہے۔اوراس کے ذریعے سے بحکم الٰہی بہت جلد مراد پوری اور مسائل حل ہوتے ہیں۔**وللہ الاسماءُ الحُسنٰی فادعوہ بھا**۔اور نیز اسمائے الٰہیہ کے ساتھ دعا کرنے میں سچی نیت کا ہونا بھی شرط ہے۔کیونکہ ہر کام نیت ہی کے موافق ہوتا ہے۔

بہت کچھ ہے کہنے کو، پُر نا جانے کیوں   اَب کچھ نہ کہوں، یہی بہتر لگتا ہے

یادرہے۔کہ جب کوئی انسان کسی ایسے اسم کے ساتھ دعا کرے۔جو حروف **مستوی**،حروف **دلیلی** اور حروف **سِری** سے مُرکب ومجمع ہو۔تو دعا ضرور بالضرور قبول ہوتی ہے۔اور کامیابی کا چہرہ مراد کے آئینہ میں نظر آئے گا۔اور اگر بالفرض ایک اسم الٰہی ایسا نہ ملے۔تو چاہیئے۔کہ دو یا دو سے زائد **اسماءُ الحُسنٰی** کو لے لیوے۔اور پھران کے اعداد کے مطابق ان اسماء یا اسم الٰہی کا وردکرے۔کیونکہ یہ طریقہ انتہائی پُر تاثیروسریع الاثر مانا گیا ہے۔ ان اسرار کو ہرگز ہرگز کسی جاہل وناواقف یا پھر نا اہل کو قطعًا تعلیم نہ کریں۔ورنہ اس کا وبال ظاہر کرنے والے کی گردن پر ہوگا۔نیز راز کا فاش کرنا اور نا اہل کو اس قسم کی مخصوص تعلیم دینا سخت گُناہ اور قطعًا ممنوع ہے۔(کیونکہ نا اہل اورعلم وعقل سے کورے لوگ عدم شعور اور ناواقفیت کی بناء پر اپنے بھائیوں کے خلاف بدعائیں کریں گے۔اوران کی بدعائیں قبول ہوں گی) طریقہ اسم اعظم کے استخراج کا یہ ہے۔

مثال : عبدالرؤف کا اسم الٰہی مُستخرج کرنا ہو۔تو !

☆ **حرف مستوی** حرف ''ع'' ہے۔(کیونکہ حرفِ مستوی کسی بھی نام کے پہلے حرف کو کہا جاتا ہے)

☆ **حرف دلیلی** کے استخراج کا طریقہ یہ ہے۔کہ اسم ''عبدالرؤف'' کے اعداد چونکہ **393** بنتے ہیں۔ان اعداد کو **28** پر تقسیم کیا۔تو باقی **1** بچا۔پھر جب ہم نے ابجد قمری پر نظر کی۔تو ہمیں معلوم ہوا۔کہ پہلا حرف ''**ا**'' آیا۔لہذا ہمارے پاس حرف **دلیلی** دوسرا حرف ''**ا**'' آیا۔اَب حرفِ دلیلی سے حاصل شُدہ (پہلا) حرف ''**ا**'' کا عدد بحسابِ ابجد قمری **1** ہے۔

☆ حرف سِری کے استخراج کا طریقہ یہ ہے۔کہ! حرف دلیلی سے حاصل شدہ **1** سے **28** منہا کریں۔**28-1** تو باقی **27** بچے۔تو ہمارے پاس جدول نمبر **2** کے مطابق ستائیسواں حرف ''**ظ**'' **حرف سِری** کے برآمد ہوا۔لہذا اِن سب حروف کا مجموعہ ''**ع ۔ا۔ ظ**'' ہوا۔اوران حروف کے اعداد بحساب ابجد قمری **971** بنتے ہیں۔

یادرہے۔کہ! ہر حرف،اسمِ الٰہی (یا کسی شخص کے نام)،سورہ یا آیت کا پہلا حرف ہی اُس کا ''حرفِ مستوی'' ہوگا۔جبکہ حروف دلیلی اور سری کے حصول کے لئے ہمیں حرف مستوی کے حرف کے اعداد بحسابِ ابجد قمری لینے کے لئے کچھ مزید حساب (**Calculations**) کرنا ہوں گیں۔اگر تو حاصل شدہ حرف ''ا سے ک'' تک میں سے کوئی ایک کوئی حرف ہے۔تو ہم اس حرف کے اعداد قمری کو 28 سے منہا (**Minus**) کریں گے۔لیکن اگر تو حاصل شدہ حرف ''ل سے غ'' تک میں سے کوئی ایک کوئی حرف ہے۔تو ہم اس حرف کے اعداد قمری کو 28 سے تقسیم کریں گے۔جیسے کہ! یادرہے۔کہ! اگر کسی کے نام کے اعداد **48** ہوتے۔تو **48-28**،باقی **20** بچتے ہیں۔جب ہم ابجد قمری کو دیکھتے ہیں۔تو ہمیں معلوم ہوا۔کہ! بیسواں حرف ''**ر**'' آیا۔اوراگر باقی کچھ نہ بچے۔تو اس کا مطلب ہے۔کہ ''**غ**'' برآمد ہوا۔اوراگر حرف کے اعداد **28** سے کم آئیں۔تو اُن اعداد کو **28** سے منفی (منہا) کریں گے۔جیسا کہ پہلے بتایا گیا ہے۔

یعنی کہ حرف دلیلی کے حرف سری کا جدول یہ ہوگا۔جیسے کہ اگر ہمارے پاس حرف دلیلی ہمیں ''ک'' حاصل ہوا۔جس کے اعداد بحساب ابجد قمری **20** ہیں۔اَب ہم حرف ''ک'' کے اعداد **20** کو **28** سے منہا کریں۔تو ہمارے پاس حاصل نفی **8** ہوگا۔لہذا قاعدے کے مطابق حرف سری ہمارے لئے ابجد کا آٹھواں حرف ''ح'' ہوگا۔حرف ''ک'' کی **مزید تفصیل** آگے بیان کی گئی ہے۔ اگر باقی کچھ نہ بچے۔تو اس کا مطلب ہے۔کہ ''**غ**'' برآمد ہوا۔اوراگر حرف کے اعداد **28** سے کم آئیں۔تو اُن اعداد کو **28** سے منفی (منہا) کریں گے۔

اب اس بات کا لازمی دھیان رکھنا ہے۔کہ اس قاعدے کے معلوم ہونے کے بعد مذکورہ دی گئی جدول کے مطابق اسم الٰہی کا استخراج کریں۔یعنی کہ حاصل شُدہ تینوں حرفوں کے اعداد **971** کے موافق ایسے **اسمآءُ الحُسنٰی** یا کوئی ایسی آیت کریمہ استخراج کرنا ہوگی۔کہ! جن میں سے یہ تینوں

حروف پیدا ہوئے ہوں ۔ اگر ایسا اسمِ الٰہی نہ ملے ۔ تب دو یا تین اسمائے الٰہیہ کو مِلا کر یہی تین حروف پیدا کرنے ہیں ۔ جن اسماء سے وہی تین حروف (جو کسی کے نام سے مستخرج کئے ہوں) اِن اسمائے الٰہیہ کو مکمل تقوٰی (طہارت ظاہری و باطنی کے ساتھ) صدقِ نیت اور خلوصِ قلب کے ساتھ پڑھا جائے ۔ تو ہر ایک جائز و متشرع حاجت باِذن اللہ تعالیٰ پوری ہو جائے گی ۔ کیونکہ ! یہ اسم یا اسمائے الٰہیہ **تاثیر میں مثل اسمِ اعظم ہوں گے** ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔ بہر حال ! علمائے روحانیات و شائقینِ اعمال وعملیات کی آسانی کے پیشِ نظر یہاں پر پانچ جداول دیئے جا رہے ہیں ۔ تا کہ شائقین حضرات اِس قاعدے کو بخوبی سمجھ سکیں) اِن چاروں جداول کو مدنظر رکھ کر باقی تمام اسماء کے اعداد اور حروف کا استخراج کر کے اس عظیم الشان قاعدے سے مستفید و متنفع ہوں ۔

آؤ اِک سجدہ کریں عالمِ مدہوشی میں   لوگ کہتے ہیں کہ ! ساغر کو خدا یاد نہیں

مزید وضاحت :

حضرت علامہ شفق رامپوری ؒ اپنی کتاب **ارواح الجفر** میں رقمطراز ہیں ۔ کہ ! میں قطعی طور پر یہ تو نہیں کہہ سکتا کہ ! اس طریقے سے حاصل شُدہ اسمِ الٰہی واقعی مثل اسمِ اعظم ہی ہوگا ۔ مگر ہاں ! اس قدر میں ضرور عرض کر دوں ۔ کہ ! اثرات ونتائج کے اعتبار سے اس جفری طریقہ سے حاصل شدہ اسم الٰہی (جو کہ **بمثل اسمِ اعظم ہی ہے**) کے بعد پھر دنیا میں کسی اور عمل کی ضرورت نہیں رہتی ۔ کیونکہ یہ اسم الٰہی تمام امور میں متکفل اور جمیع ضروریات کو حل کرنے میں معاون و مددگار ثابت ہوگا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔ حصولِ محبت ، مفارقت وجدائی ، حصولِ مال وزر ، زیادتی عزت و عظمت ، فتح در جنگ وکھیل ، غرضیکہ ہر کام و ہر حاجت میں یہ اسم الٰہی سیفِ قاطع ہے ۔ اور اس کا اثر کم سے کم تین دن اور زیادہ سے زیادہ دو سے تین عشروں میں ہی لازمی جاتا ہے ۔ کیونکہ یہ بہت ہی زیادہ آزمودہ اور کثیر لوگوں کا نہایت مجرب المجرب صدری طریقہ ہے ۔ اگر خدانخواستہ سریع الاثری واجابۃ الدعاء میں تاخیر ہو ۔ تو صاحب عمل کو اپنے ہی تیئیں کمی وکوتاہی تلاش کرنی چاہیئے ۔ اور اپنے تقوٰی اور معاملات واخلاقیات کو ہر طرح سے پرکھنا ہوگا ۔ کیونکہ یہ بھی علمِ لدنی ہی کی ایک شاخ اور حصہ ہے ۔ **واللہ اعلم بالصواب۔**

اِسی ضمن میں حضرت علامہ شفق رامپوری ؒ اپنی کتاب ارواح الجفر کی جلد دوئم میں فرماتے ہیں ۔ کہ ! مذکورہ طریقہ کو مدنظر رکھتے ہوئے مجھے ایک جدید طریقہ لاعلم ہوا ہے ۔ کہ ! اگر حرف دلیلی میں سے 1 سے 20 تک جفت اعداد حاصل ہوں ۔ تو اِن اعداد کو 28 سے منہا کرو ۔ جو باقی رہے ۔ وہی حرف سری ہوگا ۔ مثلاً حرف دلیلی ہمیں ‘‘ک’’ حاصل ہوا ۔ جس کے اعداد بحساب ابجد قمری 20 ہیں ۔ اور یہی ایک حرف ہے ۔ کہ ! جس میں دو ہی صورتیں پیدا ہوتی ہیں ۔ جبکہ باقی حروف کے اعداد میں یعنی **ابجد** سے **حطی** تک کوئی دو صورتیں پیدا نہیں ہوتیں ۔ اِسی لئے اگر حرفِ دلیلی ‘‘ک’’ پیدا ہوا ۔ تو دونوں ہی صورتیں جائز اور مستعمل ہونگی ۔ لہٰذا بطریق مذکور حرف سری ہمارے لئے ابجد کا بیسواں حرف ‘‘ر’’ ہوگا ۔ اور دوسری صورت یہ ہے ۔ کہ ! جب حرف دلیلی ہم نے 28 میں سے 20 منہا کئے ۔ تو ہمیں حاصل نفی 8 میسر ہوئے ۔ لہٰذا ابجد کا آٹھواں حرف ‘‘ح’’ ہی حرف سری ہو گا ۔ باقی دس حروف میں یعنی ‘‘**ابجد**’’ سے ‘‘**حطی**’’ تک سب میں یہی صورت ہوگی ۔ کہ ‘‘**ا**’’ سے ‘‘**ی**’’ تک جو بھی حرف دلیلی پیدا ہوگا ۔ اُسے 28 سے منہا (منفی) کرنے سے جو باقی بچے گا ۔ وہی درحقیقت حرف سری ہوگا ۔ **علیٰ ھذا القیاس ۔۔۔**

جدول نمبر 1   یہ جدول حساب کی ہے ۔ کہ کون سا حرف کتنے نمبر شمار پر ہے ۔

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
15	16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28

جدول نمبر 2   یہ جدول حروف کے قمری اعداد بحسابِ ابجدِ قمری (یعنی جملِ کبیر) کا ہے ۔

ا 1	ب پ 2	ج چ 3	د ڈ 4	ھ ہ 5	و 6	ز ژ 7
ح 8	ط 9	ی ے 10	ک گ 20	ل 30	م 40	ن 50
س 60	ع 70	ف 80	ص 90	ق 100	ر ڑ 200	ش 300
ت ٹ 400	ث 500	خ 600	ذ 700	ض 800	ظ 900	غ 1000

جدول نمبر3 یہ جدول اعدادِ حروفِ ابجد کے منازل پر تقسیم کرنے کے بعد عددِ بقایا کے بارے میں ہے۔

ا 1	ب 2	ج 3	د 4	ہ 5	و 6	ز 7
ح 8	ط 9	ی ے 10	ک 8 یا 20	ل 2	م 12	ن 22
س 4	ع 14	ف 24	ص 6	ق 16	ر 4	ش 20
ت 8	ث 24	خ 12	ذ 20	ض 16	ظ 4	غ 20

جدول نمبر4 قاعدہ جفر کے مطابق اسمائے الٰہیہ سے متخرج اعداد و حروف۔

اللہ	رحمٰن	رحیم	ملک	قدوس	سلٰم	مؤمن	مهیمن	عزیز	جبار
66	298	258	90	170	130	136	145	94	206
ا ی ص	ر ص و	د و ت	م و ت	ق ب ض	ص ت غ	م خ ل	م ہ ث	ع ی ص	ج ی ص

جدول نمبر5 یہ جدول حروف سے متخرج مستوی اور دلیلی اور سری حروف اور اِن کے اعداد کا ہے۔

ا ا ظ د 905	ب ب ض ع 872	ج ج ذ غ 1704	د د خ ل 634	ہ ہ ث خ 1105	و و ت ح 414	ز ز ش ر 507
ح ح ر د 212	ط ط ق ع 179	ی ی ص و 186	ك ك ح ر 228	ل ل ب ص 122	م م ل ب 72	ن ن ت ح 458
س س د خ 664	ع ع ن ت 520	ف ف خ ل 710	ص ص و ت 496	ق ق ع ن 220	ر ر د خ 804	ش ش ر د 504
ت ت ح ر 608	ث ث خ ل 1130	خ خ ل ب 637	ذ ذ ع ز 777	ض ض ع ن 504	ظ ظ د خ 1204	غ غ ر ر 608

مرید کے لئے اسمِ الٰهی کا انتخاب :

اگر مرید غبی ہو۔یعنی کہ! اس کا قلب کسی بھی ذکر سے متاثر نہ ہوتا ہو۔تو مرشد کو چاہیئے ۔کہ! اِس مرید کو اِس کے اسمِ مربی کے ذکر کی تعلیم کرے۔(اسمِ مربی کے معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے۔کہ! خلوت میں مرید کو اپنے سامنے مؤدب دوزانو بٹھا کر آنکھیں بند کرنے اور اس کا سر جھکا کر کمر ٹیڑھی کرا کے اس کا سینہ مرشد اپنے سینے کے مقابل کرنے کو کہے۔اور اللہ تعالیٰ کے اسمائے الٰہیہ (بالخصوص کوئی جمالی اسم) میں سے کسی اسمِ مبارک کو اپنے ذہن میں رکھ کر اس کی ضربات مرید کے قلب پر کچھ شدت کے ساتھ چند مرتبہ لگا تا رہے۔ جب تک کہ اسم اثر نہ کرے۔اگر اس اسمِ الٰہی سے کچھ اثر نہ ہو۔تو اسمِ الٰہیہ تبدیل کر کے کسی دوسرے اسمِ الٰہیہ سے یہی طریقہ دوبارہ سرانجام دے۔اس طرح کچھ اسمائے الٰہیہ کو تبدیل کرنے کے بعد ضرور کوئی نہ کوئی اسم اثر کر ہی جائے گا۔اَب جو بھی اسم اثر کر جائے۔تو سمجھ لیں۔کہ یہی اسمِ الٰہی اس مرید کا اسمِ مربی ہے۔اسمِ الٰہی کے اثر و تاثیر کی صورت یہ ہوگی۔کہ! مرید کے قلب میں سرور ولرزہ پیدا ہو جائے گا۔جسم میں کپکپاہٹ اور لرزہ پن شروع ہو جائے گا۔ بلکہ تمام جسم میں اس قدر لرزہ پیدا ہو جائے گا۔اور اسم کے اثرات کا غلبہ ہو جائے گا۔کہ! مرید سے ضبط نہ ہو پائے گا) یاد رہے۔کہ! مرید کا یہی اسمِ مربی ہی اس کے لئے بعینہٖ ''**اسمِ اعظم** '' کے مثل ہوگا۔اور مرشد کو چاہیئے۔کہ! اسی اسم کے ذکر کو سہ ضربی یا چہار ضربی کے طریقہ پر تعلیم کرے۔تاکہ مریدِ صادق اس اسمِ الٰہی کے ذکر کی پابندی کر سکے۔انشاء اللہ تعالیٰ یہی ذکر اس کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔اور مرید نورِ الٰہی سے منور ہو جائے گا۔ان شاء اللہ۔کیونکہ! انسان تو ہیرا ہے۔بس اُسے صِرف تراشنے کی ضرورت ہے۔

اللہ تعالیٰ کے اسمائے مبارکہ سے اولیاء اللہ کو مناسبت (بمطابق ابن الحاج التلمسانی المغربیؒ) :

مبتدی مریدوں کی تین اقسام ہیں۔جبکہ منتہی مریدوں کی سات۔ پہلی قسم والے مرید (مبتدی) اولیاء اللہ کو چاہیئے۔کہ! مرید گناہوں سے مغفرت طلب کرے۔ایک مدت کے بعد ایسے مریدوں کو ''**الحی القیوم** '' کے ذکر کی تعلیم کرے۔ دوسری قسم کے مریدوں کو شیخ ''**لا الہ الا اللہ** '' کی

تلقین کرے۔ پھراسمِ الہٰی ''الـوهــاب'' کی۔دوسری قسم والے نجباءاصفیاء ہیں۔ تیسری قسم والے مریدوں(جوکہ غوث ہیں)کو''**یــا ذوالــجـلال والاکــرام**'' کا ذکرتعلیم کرتے ہیں۔اور تیسری قسم والے ابدال ہیں۔ پھر شیخ کومناسب ہے۔کہ! شاگرد(یعنی مرید) کوگوشہ نشینی کاحکم دے۔ اوراسے یہ بھی کہے۔کہ وہ اُن لوگوں کو خدمت کرے۔جومقامِ مقصود تک پہنچے ہوئے ہوں۔لیکن اس سے پہلے خوفِ خدااوراس کی مقررکردہ حدود پر ٹھہرنا ضروری ہے۔جب شیخ ملاحظہ کرے۔کہ! مرید کے اعضاء عبادت ومجاہدہ کے لئے مضبوط ہو گئے ہیں۔اورمرید کی شیخ سے محبت وعقیدت بہت بڑھ گئی ہے۔اورمرید نے اوراد ووظائف کوبھی کثرت ودلجمعی سے سرانجام دیا ہے۔تب شیخ اس کو''**بسم اللـه الرحمٰن الرحیم**'' کی تلقین کرے۔کہ وہ پوشیدہ وظاہراسی (یعنی تسمیہ) کوپڑھے۔صبح وشام اور دن بھراسی کا ورد کرتا رہے۔تاکہ اللہ تعالیٰ کی رضامندی حاصل ہو جائے۔اورقربِ الٰہی کے جام پینے کوملیں۔اور وہ (مرید) غیب کے نشان دیکھے۔(یعنی اسے فتوحات حاصل ہوں۔اوراس سے کرامات کا صدورہو) اور پھر وہ مقام (بلندی مرتبت ومقامِ ولایت) پر چڑھ جائے۔اور یہ چوتھا وصف اہلِ دائرہ ربانیہ کا ہے۔

جوحضراتِ نورانیہ کے اہل ہیں۔اور پانچویں وصف والےغوث ہیں۔کہ اطرافِ عالم میں اُن سے فریادواستعانت طلب کی جاتی ہے۔اوررات کے وقت''**استغفار**'' کے بعداُن کاذکر(وردِزبان) یہ کلمات ہوتے ہیں۔''**سبحـان الجبار الواحد القهار**''۔ ☆ اسی طرح چھٹے وصف والے اہلِ صیام وقیام ہیں۔شیخ ان کو''**یا فتـاح یا بـدیع السمٰوٰت والارض یا ذوالجلالِ والاکرام**'' کے ذکر(یعنی وِرد) کا بتاتا ہے۔اوریہی اوتاد ہیں۔ ☆ پھرساتویں وصف والے ہیں۔جواپنے شیخ سے ہمت حاصل کرتے ہیں۔یہ لوگ ہر بات سچ بولتے ہیں۔اورنیت بھی خالص رکھتے ہیں۔اور یہ لوگ اسمائے الٰہیہ،دعاؤں،قرآنی آیتوں کاورداورتہجدگذاری میں اپنا ساراوقت صَرف کرتے ہیں۔پس یہ سات صفات ہیں۔کہ کوئی شخص ان کو بدون اپنے شیخ کی خدمت کے کہیں نہیں پائے گا۔ ☆ اور جوشخص مقاماتِ رجال تک پہنچنا چاہے۔اس کے لئے (اولیاءاللہ کی جانب سے) پانچ شرائط ہیں۔یعنی خلوصِ نیت،صدقِ مقال،توکل علی اللہ، رجاء(اُمید)،محبتِ الٰہیہ۔بعض عارفین نے ان پانچ شرائط میں ایک اورشرط کااضافہ فرمایا ہے۔(وہ یہ کہ) اللہ تعالیٰ کے بندوں کے ساتھ نیک گمان کرنا (گمان رکھنا)۔اوررسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ سچ بولنا اللہ تعالیٰ کی زمین پراس کی تلوار ہے۔ جس پر وہ رکھی جاتی ہے۔اس کوکاٹ دیتی ہے۔ ☆ شیخ احمد حافیؒ کوقطبِ اولیاء کہا گیا ہے۔جوکہ تمام دنیا میں ایک ہوتا ہے۔اور اِسے قطبِ ولایتِ مطلق بھی کہتے ہیں۔بلکہ اِس کوقطبِ جہاں اور جہانگیرِ عالم کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے۔کیونکہ تمام اقسام کی ولایت کاقوام اِن کے وجودِ بابرکت سے ہی ہوتا ہے۔ہرمقام پر اِن کی محافظت کے لئے ایک ولی اللہ مقررہوتا ہے۔جوکہ درحقیقت اِسی شہر کاقطب ہوتا ہے۔خواہ اِس شہر میں بسنے والے مسلمان ہوں یاغیرمسلم۔اگرمومن ہوں۔تواسم **ھــادی** کی تجلی سے پرورش پاتے ہیں۔ ☆اوراگرکفارہوں تواسم **مـذل** کی تجلی کے تحت پرورش پاتے ہیں۔دونوں صفات اِسی ایک ہی ذات بابرکات کی ہیں۔(**فهم من فهم**۔سمجھا۔جس نے سمجھا،سمجھ لیا)

☆ حضرت شیخ محمدخوارزمیؒ نے حرمِ مکہ معظّمہ میں فرمایا۔کہ! جس شخص نے اللہ تعالیٰ کے اسمِ مبارک ''**و تــر**'' کوحال وقال میں معلوم کرلیا۔پس اُس کے لئے یہی اسمِ اعظم ہوگا۔اوراُسے اسم اعظم کی جملہ تاثیرات حاصل ہوں گیں۔انشاءاللہ۔

عشق میں ایسی کرامت نہیں دیکھی ہم نے ۔۔۔ رُو برو یار ہو اور ہوش میں دیوانہ رہے

دیوان الصالحین کے انعقاد کامخصوص وقت اورقبولیت دعا کی گھڑی :(اقتباس اَزکتاب '' الابریز)

دیوان کے انعقاد کامخصوص وقت رات کا وہ آخری حصہ ہے۔کہ جب نبی آخرالزماں ﷺ کی مبارک پیدائش ہوئی۔رات کا یہ تیسرا پہرمقبولیت کے لئے بھی ایک بنیادی سبب ہے۔اِس ضمن میں ایک حدیثِ نبوی ﷺ کی روایت کے یہ الفاظ ہیں۔ ہماراپروردگار رات کے آخری پہر میں آسمانِ دنیا پراپنی خصوصی توجہ فرماتا ہے۔اورارشادفرماتا ہے۔کون ہے؟ جومجھ سے دعامانگے۔اورمَیں اس کی دعا کوقبول کروں۔ (لہذا) جوشخص وقتِ قبولیت کوپانا چاہے۔ اُسے چاہیئے۔کہ وہ سوتے وقت (بحالتِ وضو) سورہ کہف شریف کی آخری آیات (11 مرتبہ) پڑھ کر پاک وصاف بستر پرسوجائے۔اورنیت یہ ہوکہ! رات کوبوقتِ استجابت آنکھ کھلے۔یعنی کہ! یااللہ تعالیٰ (رات کے جس وقت) ساعتِ قبولیت ہو مجھےاپنے خصوصی فضل وکرم سے بیدارفرمادے۔

اِنَّ الَّـذِیۡـنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتۡ لَهُمۡ جَنّٰتُ الۡفِرۡدَوۡسِ نُزُلًا o خٰلِدِیۡنَ فِیۡهَا لَا یَبۡغُوۡنَ عَنۡهَا حِوَلًا o قُلۡ لَّوۡ كَانَ الۡبَحۡرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّیۡ لَنَفِدَ الۡبَحۡرُ قَبۡلَ اَنۡ تَنۡفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّیۡ وَلَوۡ جِئۡنَا بِمِثۡلِهٖ مَدَدًا o قُلۡ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثۡلُكُمۡ یُوۡحٰۤی اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمۡ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ج فَمَنۡ كَانَ یَرۡجُوۡا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلۡیَعۡمَلۡ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشۡرِكۡ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖۤ اَحَدًا o

اس کے بعد صاحبِ عمل ہذا یہ دُعا کرے۔کہ! یااللہ تعالیٰ (رات کے جس وقت) ساعتِ قبولیت ہو۔مجھے اپنے خصوصی فضل وکرم، وسعتِ رحمت اوراپنی عظمت وربوبیت کے صدقے سے بیدارفرمادے۔آمین۔ یہ شیخ عبدالرحمٰن ثعالبیؒ کا بیان ہے۔کہ! ہم نے بار ہااس (عمل) کوآزمایا۔اوراس کواوروں نے بھی تجربہ کیا۔حتٰی کہ اکثرایسا ہوا۔کہ متعدداشخاص نے یہ آیات پڑھ کر (ساعتِ قبولیت کے وقت) جاگنے کی دعامانگی۔اورکسی ایک کودوسرے کی نیت کا بھی علم نہیں تھا۔مگرجب بیدارہوئے۔توبھی ایک ہی وقت میں۔

بروزِ جمعۃ المبارک ساعتِ قبولیت کا حصول : (از حضرت سید سرفراز احمد شاہ صاحب ۔ عرض فقیر)

جمعہ کے روز قبولیت کی ساعت اتنی مختصر ہے۔کہ! جتنا رکوع سے واپس حالتِ قیام میں آنے کا دورانیہ ہے۔آپ ﷺ کے زمانہءمبارک میں جمعہ کی آخری ساعت قبولیت کی ہوتی تھی۔وقت (زمانہ) کی گردش کی وجہ سے یہ ساعت پیچھے شفٹ ہوتی گئی۔اور جمعہ کی اول ساعتوں میں آ گئی۔(شاہ صاحب مزید فرماتے ہیں۔کہ!) یہ ساعت زوال کا ٹائم شروع ہونے سے فوراً پہلے ہوتی ہے۔(مزید فرماتے ہیں۔کہ! نمازِ جمعہ سے پہلے) یہ (ساعتِ قبولیت درحقیقت) اتنی مختصر ہوتی ہے۔کہ امام صاحب خطبہ پڑھ کر جب منبر پر بیٹھنے کے بعد دوبارہ اُٹھتے ہیں۔تو یہ ساعت ختم ہو چکی ہوتی ہے۔(شاہ صاحب زوال کے وقت کے بارے میں رقم طراز ہیں۔کہ!) عام طور پر زوال کے وقت کا تعین یوں کیا جاتا ہے۔کہ طلوعِ آفتاب سے غروبِ آفتاب تک کُل (ٹوٹل) گھنٹوں اور منٹوں کا حساب لگا کر ٹوٹل (یعنی حاصل جمع) کو 2 پر تقسیم کریں۔جو وقت آئے۔اُسے طلوعِ آفتاب کے وقت میں جمع کر دیں۔(تو) زوال کا وقت نکل آئے گا۔(انشاءاللہ)

اسی ضمن میں حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ فرماتے ہیں۔کہ! جس (خوش نصیب) شخص کو اللہ تعالیٰ جمعہ کی ساعت (یعنی ساعتِ قبولیت) پر مطلع فرمائے۔اور اسے توفیق بخشے۔تو اسے چاہیئے۔کہ! وہ اس قسم کی دعا مانگے۔اور اللہ تعالیٰ سے دنیا و آخرت کی بھلائی مانگے۔(جیسے کہ ! **ربنا اٰتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الآ خرۃ حسنۃ و قنا عذاب النار**) کیونکہ! اس دن مخلوقات کے دل سے یہی دعا نکلی تھی۔اور انہوں نے محض آخرت کے لئے دعا نہیں کی تھی۔لہذا جس کی دعا اس ساعتِ مقبولہ سے موافقت پا جائے۔اس کی مراد بر آئے گی۔(انشاءاللہ تعالیٰ) نیز فرمایا کہ! یہ ساعت بہت ہی تھوڑی ہے۔اس قدر ہے۔کہ! کوئی شخص اطمینان سے رکوع کر کے ہر عضو اپنی جگہ پر لوٹ آئے۔اور اس کے عروج و جوارح میں سکون آ جائے۔نیز فرمایا کہ! یہ ساعت منتقل ہوتی رہتی ہے۔لیکن ہوتی جمعہ کے دن ہے۔چنانچہ کبھی زوال سے پہلے ہوتی ہے۔اور زوال سے پہلے کی گھڑیوں میں منتقل ہوتی رہتی ہے۔اور کبھی زوال کے وقت اور زوال کے بعد ہوتی ہے۔اور غروبِ آفتاب تک کی ساعات میں منتقل ہوتی رہتی ہے۔(یاد رہے۔کہ) چھ ماہ تک قبل زوال ہوتی ہے۔اور چھ ماہ بعد از زوال۔

سیدنا پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر الجیلانی البغدادیؓ کی عظیم دعائے مبارکہ:(دعائے عماد) :

سلطان العارفین سیدمحی الدین شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ نے فرمایا ہے۔کہ جو شخص سنیچر کے روز سے مندرجہ ذیل دعائے عظیمہ کو بعد نمازِ فجر دس مرتبہ پڑھے۔اور روزانہ دس مرتبہ پڑھتا رہے۔تو وہ سردار ہووے۔انشاءاللہ اس دعا کے پڑھنے والے کا ہر مقصد پورا ہوگا۔اس دعا کے ضمن میں چند بزرگ فرماتے ہیں۔کہ اس دعا کے پڑھنے والے کو اگر دنیا میں اجر نہ ملے۔تو قیامت کے دن وہ میرا دامن گیر ہو۔بہر حال دعا یہ ہے۔

سبحان اللہ القادر القا ھر القوی المعا نی لا الہ الا ھو یا حی یا قیوم یا ذالجلال والاکرام . ولا حول ولا قوۃ الا با للہ العلی العظیم .اللھم انک قلت و قو لک الحق المبین . ا دعونی استجب لکم و انک لا تخلف المیعاد۔

بقول حضرت فرید الدین عطارؒ !

گشت خورشیدت نہاں در زیرِ میغ — قیمت خود را ندانستی دریغ

مخزنِ اسرارِ ربانی توئی — مجمعِ اوصافِ رحمانی توئی

ہر چہ موجود است در عالمِ توئی — و آنچہ جویائے آنی ہم توئی

ہر شئے کے لئے آفت ہے : بقول حضرت ابنِ عباسؓ ! کہ ہر شئے کے لئے آفت ہے۔چنانچہ! نو چیزیں نو چیزوں کے لیے آفت ہیں۔

☆ علم کی آفت، بھول جانا ☆ عبادت کی آفت، سستی و کاہلی ☆ عقل کی آفت، خود پسندی

☆ دانائی کی آفت ،شیخی و بے جا تعریف ☆ تجارت کی آفت، جھوٹ ☆ سخاوت کی آفت ،فضول خرچی۔

☆ خوبصورتی کی آفت، تکبر۔بڑائی و اترانا۔ ☆ دین کی آفت، ریاکاری۔ ☆ اسلام کی آفت، خواہش نفسانیہ ہے۔

☆ **شیخ سعدیؒ کی تلاش** : شیخؒ فرماتے ہیں۔کہ! میں پوری زندگی دو بندوں کو تلاش کرتا رہا۔۔پَر تلاش نہ کر سکا۔ایک وہ کہ جس نے اللہ تعالیٰ کے نام پر دیا ہو۔اور غریب ہو گیا ہو۔جبکہ دوسرا وہ کہ جس نے کسی پر ظلم کیا ہو۔اور وہ اللہ تعالیٰ کی پکڑ سے بچ گیا ہو۔

ایک کسبی ریاضت کے بعد اسرار کا انکشاف : (اَز۔ حضرت غلام الرسول میمن عائلی نقشبندیؒ)

حضرت عائلی نقشبندی صاحب فرماتے ہیں۔کہ! جس طرح سے قرآنِ حکیم میں انیس (حروف والی آیات جیسے کہ تسمیہ) کے فلسفے کا بہت عمل دخل ہے۔(بسیار تحقیق و جستجو کے) مَیں نے ایک طویل عرصے کے بعد ان (ایسی آیات کہ جس کے حروف کی تعداد انیس اور اعداد بحساب ابجد قمری **693**) کو آخر پا ہی لیا۔یہ اعداد (**693**) اور تعداد (انیس) قرآنِ پاک میں دو مقامات پر موجود ہیں۔

الرسول والی اولی الا مر۔(سورہ النساء۔آیت نمبر 83) **واسروا قولکم اواجھروا**۔(سورہ ملک۔آیت نمبر 13)

ظاہر تیری رحمت نہفتہ ہو جائے — بیدار ہمارا بخت خفتہ ہو جائے

کملا یا ہوا ہے دل ہمارا یارب — بھیج ایسی ہوا کہ وہ شگفتہ ہو جائے

تعارف جفرا لجا مع :

اگر کوئی شخص ابجدِ قمری یا ابجدِ شمسی ، یا حروفِ نورانی یا حروفِ صوامت کو بطرزِ جفرا لجا مع لکھ لے ۔ تو ایسا شخص کثیر الاقسام فیوضات و برکات کا حامل ہو جاتا ہے ۔ اور اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو علم الحروف ،علم الاعداد اور علمِ لدنی کے فہم و ادراک اور شناسائی سے نوازتا ہے ۔ یہ بات بارہا تجربے سے بھی ثابت ہو چکی ہے ۔ جفرا لجا مع درحقیقت ایک ایسی کتاب ہے ۔ کہ جس میں دُنیا و کائنات کی تمام اشیاء کے اسمآء موجود ہیں ۔ چونکہ ابجد کے 28 (اٹھائیس) حروف ہیں ۔ ایک جزو 28 صفحات پر مشتمل ہوتا ہے ۔ ایک صفحہ پر 28 سطور ہوا کرتی ہیں ۔ اور ہر سطر میں 28 خانے ہوتے ہیں ۔ اور ہر خانے میں 4 (چار) حروف ہوتے ہیں ۔ یہ کتاب 784 صفحات پر مشتمل ہے ۔ اور یہ کتاب چار '' الف '' سے شروع ہو کر چار '' غین '' پر اختتام پذیر ہوتی ہے ۔ پہلا حرف جزو نمبر ہو گا ۔ دوسرا حرف صفحہ نمبر ہو گا ۔ تیسرا حرف سطر نمبر ہو گا ۔ اور چوتھا حرف خانہ نمبر ہو گا ۔ ہمیں کسی لفظ کے استخراج کے لئے مندرجہ ذیل جدول کو یاد رکھنا ہو گا ۔

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
15	16	17	18	19	20	21	22	23	24	25	26	27	28

اگر ہم اسمآء میں سے '' اللہ '' اور '' محمد '' کا جفرا لجا مع کی کتاب میں استخراج کرنا چاہتے ہیں ۔ تو قاعدہ یہ ہو گا ۔

اللہ ۔ ا ۔ ل ۔ ل ۔ ہ ۔ **ا** درجزونمبر1 ۔ **ل** درصفحہ نمبر12 ۔ **ل** درسطرنمبر12 ۔ **ہ** درخانہ نمبر5 ۔ ہو گا ۔

محمد ۔ م ۔ ح ۔ م ۔ د ۔ **م** درجزونمبر13 ۔ **ح** درصفحہ نمبر8 ۔ **م** درسطرنمبر13 ۔ **د** درخانہ نمبر4 ۔ ہو گا ۔

صحیفہء نورانیہ ، جفر جامع ، اسم اعظم :

اسمِ اعظم حروفِ نورانی سے ہی مرکب ہے ۔ یعنی کہ اسمِ اعظم میں جملہ حروف درحقیقت حروفِ نورانی والے ہی ہیں ۔ حروفِ نورانی کے صحیفہ جفر جامع میں ایک جگہ پر اسمِ اعظم آتا ہے ۔

جناب غلام الرسول عائلی نقشبندی صاحب اپنی گراں مایہ کتاب مکاشفات نور میں بعنوانِ '' صحیفہ نورانی واسمِ اعظم '' کے تحت رقم طراز ہیں ۔ کہ ! اِن حروف کا ایک عظیم طریقہ جفرا لجا مع کی طرح کا ہے ۔ جس سے کہ اِنہیں 14 حروفِ نورانی کا ایک صحیفہ بھی مرتب کیا جاتا ہے ۔ جو کہ انہی چودہ حروف کو گردشیں دے کر (196=14x14) ایک سو چھیانوے صفحات پر مشتمل ہوتا ہے ۔ حروفِ نورانی کی یہ ترتیب ، جس سے کہ یہ صحیفہ بنایا گیا ہے ۔ بہت ہی خاص ہے ۔ واضح ہو کہ یہ 4 حرفی کتاب ہے ۔ اور جفرا لجا مع کی طرز پر مشتمل ہے ۔ اِس لحاظ سے کوئی بھی نورانی حروف پر مشتمل چہار حرفی لفظ ایسا نہیں ہے ۔ جو کہ اِس کتاب میں موجود نہ ہو ۔ اِس صحیفہ نورانی کے 14 جزو ہیں ۔ اور ہر جزو کے 14 صفحات ہیں ۔ اور ہر صفحے میں 14 سطور ہیں ۔ طول میں بھی اور عرض میں بھی ۔ اِسی طرح ہر سطر میں 14 خانے ہیں ۔ اور ہر خانے میں 4 حروف مقرر ہیں ۔ یہ کتاب حروفِ مقطعات پر مشتمل ایک صحیفہ نورانیہ ہے ۔ اِس لئے اِس کے لکھنے کا طریقہ بھی مقرر ہے ۔ اور لکھتے وقت کچھ قواعد وضوابط کا خیال رکھنا بھی لازم ہے ۔ جب یہ کتاب مکمل طور پر پایہء تکمیل کو پہنچے گی ۔ تو اِس سے بے شمار فوائد حاصل ہوں گے ۔ صحیفہء نورانیہ کو لکھنے سے پہلے اِن شرائط کو لازمًا ملحوظِ خاطر رکھیں ۔

اول : یہ پورا صحیفہ نورانیہ قمری ماہ کی اُن پہلی 14 تاریخوں میں لکھا جاتا ہے ۔ جب اِنہی 14 تاریخوں میں قمر درعقرب نہ آئے ۔ (ورنہ اگلے ماہ یا کچھ مہینے چھوڑ کر یہ عمل کرے ۔ جبکہ اُن 14 ۔ ایام میں قمر درعقرب وقوع پذیر نہ ہو) دوئم : روزانہ لکھنے سے پہلے غسل کر کے پاکیزہ و معطر لباس زیب تن کریں ۔ سوئم : معطر بخور جلایا یا سلگایا جائے ۔ چہارم : کوشش کی جائے ۔ کہ صحیفہء نورانی لکھتے وقت مکمل تخلیہ ہو ۔ روشنائی میں مشک وزعفران مِلا دیں ۔ پنجم : کامل احتیاط سے سطور بنائیں ۔ اور ہر ، ہر خانے میں 4-4 حروف لکھے جائیں ۔ لکھتے وقت یہ بھی خیال رکھا جائے ۔ کہ کسی بھی خانے میں کوء غلط حرف نہ لکھا جائے ۔ وگرنہ وہ پورا صفحہ ہی غلط ہو جائے گا ۔ لہذا اِس نسخہ کو پیشِ نظر رکھا جائے ۔ کہ محض دیکھ کر ہی لکھا جائے ۔ تا کہ حسابی مراحل سے گزرنا نہ پڑے ۔ ششم : روزانہ 14 صفحات تیار کرنے ہوں گے ۔ ہفتم : روزانہ لکھنے سے پہلے اور لکھنے کے بعد 29 حروفِ مقطعات کی ایک تسبیح پڑھنا خیر و برکت کا مؤجب ہوتا ہے ۔

تمثیلاً یہاں پر 14-Rows اور 14-Columns دیئے جا رہے ہیں ۔ بہر حال 14 حروف نورانی ترتیب وار یہ ہیں ۔

ا ۔ ل ۔ ر ۔ ح ۔ م ۔ ن ۔ ک ۔ ہ ۔ ی ۔ ع ۔ ص ۔ ط ۔ س ۔ ق ۔

صفحہ نمبر 1 کی تمام سطور

اااا	ااال	ااار	اااح	اااm	ااا ن	اااک	اااه	اااى	اااع	اااص	اااط	اااس	اااق
اال ا	اا ل ل	اال ر	اال ح	اال م	اال ن	اال ک	اال ه	اال ی	اال ع	اال ص	اال ط	اال س	اال ق
اارا	اار ل	اارر	اار ح	اار م	اار ن	اار ک	اار ه	اار ی	اار ع	اار ص	اار ط	اار س	اار ق
ااح ا	ااح ل	ااح ر	ااح ح	ااح م	ااح ن	ااح ک	ااح ه	ااح ی	ااح ع	ااح ص	ااح ط	ااح س	ااح ق
اام ا	اام ل	اام ر	اام ح	اام م	اام ن	اام ک	اام ه	اام ی	اام ع	اام ص	اام ط	اام س	اام ق
اان ا	اان ل	اان ر	اان ح	اان م	اان ن	اان ک	اان ه	اان ی	اان ع	اان ص	اان ط	اان س	اان ق
ااک ا	ااک ل	ااک ر	ااک ح	ااک م	ااک ن	ااک ک	ااک ه	ااک ی	ااک ع	ااک ص	ااک ط	ااک س	ااک ق
ااه ا	ااه ل	ااه ر	ااه ح	ااه م	ااه ن	ااه ک	ااه ه	ااه ی	ااه ع	ااه ص	ااه ط	ااه س	ااه ق
اای ا	اای ل	اای ر	اای ح	اای م	اای ن	اای ک	اای ه	اای ی	اای ع	اای ص	اای ط	اای س	اای ق
ااع ا	اای ل	اای ر	اای ح	اای م	اای ن	اای ک	اای ه	اای ی	اای ع	اای ص	اای ط	اای س	اای ق
ااص ا	ااص ل	ااص ر	ااص ح	ااص م	ااص ن	ااص ک	ااص ه	ااص ی	ااص ع	ااص ص	ااص ط	ااص س	ااص ق
ااط ا	ااط ل	ااط ر	ااط ح	ااط م	ااط ن	ااط ک	ااط ه	ااط ی	ااط ع	ااط ص	ااط ط	ااط س	ااط ق
ااس ا	ااس ل	ااس ر	ااس ح	ااس م	ااس ن	ااس ک	ااس ه	ااس ی	ااس ع	ااس ص	ااس ط	ااس س	ااس ق
ااق ا	ااق ل	ااق ر	ااق ح	ااق م	ااق ن	ااق ک	ااق ه	ااق ی	ااق ع	ااق ص	ااق ط	ااق س	ااق ق

صفحہ نمبر 2 کی تمام سطور

ال اا	ال ال	ال ار	ال اح	ال ام	ال ان	ال اک	ال اه	ال ای	ال اع	ال اص	ال اط	ال اس	ال اق
ال ل ا	ال ل ل	ال ل ر	ال ل ح	ال ل م	ال ل ن	ال ل ک	ال ل ه	ال ل ی	ال ل ع	ال ل ص	ال ل ط	ال ل س	ال ل ق
ال را	ال رل	ال رر	ال رح	ال رم	ال رن	ال رک	ال ره	ال ری	ال رع	ال رص	ال رط	ال رس	ال رق
ال حا	ال حل	ال حر	ال حح	ال حم	ال حن	ال حک	ال حه	ال حی	ال حع	ال حص	ال حط	ال حس	ال حق
ال ما	ال مل	ال مر	ال مح	ال مم	ال من	ال مک	ال مه	ال می	ال مع	ال مص	ال مط	ال مس	ال مق
ال ن ا	ال ن ل	ال ن ر	ال ن ح	ال ن م	ال ن ن	ال ن ک	ال ن ه	ال ن ی	ال ن ع	ال ن ص	ال ن ط	ال ن س	ال ن ق
ال ک ا	ال ک ل	ال ک ر	ال ک ح	ال ک م	ال ک ن	ال ک ک	ال ک ه	ال ک ی	ال ک ع	ال ک ص	ال ک ط	ال ک س	ال ک ق
ال ه ا	ال ه ل	ال ه ر	ال ه ح	ال ه م	ال ه ن	ال ه ک	ال ه ه	ال ه ی	ال ه ع	ال ه ص	ال ه ط	ال ه س	ال ه ق
ال ی ا	ال ی ل	ال ی ر	ال ی ح	ال ی م	ال ی ن	ال ی ک	ال ی ه	ال ی ی	ال ی ع	ال ی ص	ال ی ط	ال ی س	ال ی ق
ال ع ا	ال ع ل	ال ع ر	ال ع ح	ال ع م	ال ع ن	ال ع ک	ال ع ه	ال ع ی	ال ع ع	ال ع ص	ال ع ط	ال ع س	ال ع ق
ال ص ا	ال ص ل	ال ص ر	ال ص ح	ال ص م	ال ص ن	ال ص ک	ال ص ه	ال ص ی	ال ص ع	ال ص ص	ال ص ط	ال ص س	ال ص ق
ال ط ا	ال ل ط	ال ط ر	ال ط ح	ال ط م	ال ط ن	ال ط ک	ال ط ه	ال ط ی	ال ط ع	ال ط ص	ال ط ط	ال ط س	ال ط ق
ال س ا	ال س ل	ال س ر	ال س ح	ال س م	ال س ن	ال س ک	ال س ه	ال س ی	ال س ع	ال س ص	ال س ط	ال س س	ال س ق
ال ق ا	ال ق	ال ق ر	ال ق	ال ق م	ال ق	ال ق ک	ال ق	ال ق ی	ال ق ع	ال ق ص	ال ق ط	ال ق س	ال ق ق

صفحہ نمبر3 کی تمام سطور

اراا	ارال	ارار	اراح	ارام	اران	اراک	اراہ	ارای	اراع	اراص	اراط	اراس	اراق
ارلا	ارلل	ارلر	ارلح	ارلم	ارلن	ارلک	ارلہ	ارلی	ارلع	ارلص	ارلط	ارلس	ارلق
اررا	اررل	اررر	ارrح	اررم	اررن	اررک	اررہ	ارری	ارrع	اررص	اررط	اررس	اررق
ارح ا	ارح ل	ارح ر	ارح ح	ارح م	ارح ن	ارح ک	ارح ہ	ارح ی	ارح ع	ارح ص	ارح ط	ارح س	ارح ق
ارم ا	ارم ل	ارم ر	ارم ح	ارم م	ارم ن	ارم ک	ارم ہ	ارم ی	ارم ع	ارم ص	ارم ط	ارم س	ارم ق
ارن ا	ارن ل	ارن ر	ارن ح	ارنم	اررنن	ارنک	ارن ہ	ارن ی	ارن ع	ارن ص	ارن ط	ارن س	ارن ق
ارک ا	ارک ل	ارک ر	ارک ح	ارک م	ارک ن	ارک ک	ارک ہ	ارک ی	ارک ع	ارک ص	ارک ط	ارک س	ارک ق
ارہ ا	ارہ ل	ارہ ر	ارہ ح	ارہ م	ارہ ن	ارہ ک	ارہ ہ	ارہ ی	ارہ ع	ارہ ص	ارہ ط	ارہ س	ارہ ق
اری ا	اری ل	اری ر	اری ح	اری م	اری ن	اری ک	اری ہ	اری ی	اری ع	اری ص	اری ط	اری س	اری ق
ارع ا	ارع ل	ارع ر	ارع ح	ارع م	ارع ن	ارع ک	ارع ہ	ارع ی	ارع ع	ارع ص	ارع ط	ارع س	ارع ق
ارص ص	ارص ل	ارص ر	ارص ح	ارص م	ارص ن	ارص ک	ارص ہ	ارص ی	ارص ع	ارص ص	ارص ط	ارص س	ارص ق
ارط ا	ارط ل	ارط ر	ارط ح	ارط م	ارط ن	ارط ک	ارط ہ	ارط ی	ارط ع	ارط ص	ارط ط	ارط س	ارط ق
ارس ا	ارس ل	ارس ر	ارس ح	ارس م	ارس ن	ارس ک	ارس ہ	ارس ی	ارس ع	ارس ص	ارس ط	ارس س	ارس ق
ارق ا	ارق ل	ارق ر	ارق ح	ارق م	ارق ن	ارق ک	ارق ہ	ارق ی	ارق ع	ارق ص	ارق ط	ارق س	ارق ق

صفحہ نمبر196 یعنی آخری صفحہ کی تمام سطور

ققاا	ققال	ققار	ققاح	ققام	ققان	ققاک	ققاہ	ققای	ققاع	ققاص	ققاط	ققاس	ققاق
ققلا	ققلل	ققلر	ققلح	ققلم	ققلن	ققلک	ققلہ	ققلی	ققلع	ققلص	ققلط	ققلس	ققلق
ققرا	ققرل	ققرر	ققرح	ققرم	ققرن	ققرک	ققرہ	ققری	ققرع	ققرص	ققرط	ققرس	ققرق
ققحا	ققحل	ققحر	ققحح	ققحم	ققحن	ققحک	ققحہ	ققحی	ققحع	ققحص	ققحط	ققحس	ققحق
ققما	ققمل	ققمر	ققمح	ققمم	ققمن	ققمک	ققمہ	ققمی	ققمع	ققمص	ققمط	ققمس	ققمق
ققنا	ققنل	ققنر	ققنح	ققنم	ققنن	ققنک	ققنہ	ققنی	ققنع	ققنص	ققنط	ققنس	ققنق
ققکا	ققکل	ققکر	ققکح	ققکم	ققکن	ققکک	ققکہ	ققکی	ققکع	ققکص	ققکط	ققکس	ققکق
ققہا	ققہل	ققہر	ققہح	ققہم	ققہن	ققہک	ققہہ	ققہی	ققہع	ققہص	ققہط	ققہس	ققہق
ققیا	ققیل	ققیر	ققیح	ققیم	ققین	ققیک	ققیہ	ققیی	ققیع	ققیص	ققیط	ققیس	ققیق
ققعا	ققعل	ققعر	ققعح	ققعم	ققعن	ققعک	ققعہ	ققعی	ققعع	ققعص	ققعط	ققعس	ققعق
ققصا	ققصل	ققصر	ققصح	ققصم	ققصن	ققصک	ققصہ	ققصی	ققصع	ققصص	ققصط	ققصس	ققصق
ققطا	ققطل	ققطر	ققطح	ققطم	ققطن	ققطک	ققطہ	ققطی	ققطع	ققطص	ققطط	ققطس	ققطق
ققسا	ققسل	ققسر	ققسح	ققسم	ققسن	ققسک	ققسہ	ققسی	ققسع	ققسص	ققسط	ققسس	ققسق
ققق ا	قققل	قققر	قققح	قققم	قققن	قققک	قققہ	قققی	قققع	قققص	قققط	قققس	قققق

یاد رہے۔ کہ! بقول علمائے روحانیہ و جفارین ! اِس اسمِ اعظم کو بسط کرنے سے **40** حروف نکلتے ہیں۔ جِن کے اعداد بحساب ابجد قمری **581** ہیں۔ اور انہیں جُمل کرنے سے **19** حروف نکلتے ہیں۔ جن کے اعداد بحساب ابجد قمری **600** بنتے ہیں۔

اگر تو آپ نے کوئی اسم تلاش کر ہی لیا ہے۔ تو وہ اُن **99**۔ اسمآءِ اِلٰہیہ میں سے تو نہیں ہے۔ اور کیا اُس اسم کے تمام حروف کا استخراج حروف نورانی سے کیا گیا ہے۔ یعنی حاصل شدہ اسم حروفِ نورانی کے چند حروف پر مشتمل ہے۔ اب اِس حاصل شدہ اسم کے تمام حروف کا بسطِ کبیر لے لیں۔ اور دیکھیں۔ کہ اِس کے **40** حروف بنتے ہیں کہ نہیں؟ اگر **40** حروف بنتے ہیں۔ تو دیکھیں۔ کہ اِن کے وہ اعداد **581** نکلتے ہیں ؟ اور اگر نکلتے ہیں۔ تو کیا۔ اِن کو جُمل کرنے سے **19** حروف نکلتے ہیں؟ اور کیا اِن **19** حروف کے جُمل کبیر کے اعدادِ کامل **600** نکلتے ہیں؟ اگر اِس طرح ہے۔ تو آپ کو مبارک ہو۔ کہ آپ اِس عظیم ترین راز سے آگاہ ہو گئے۔

”اسرار و رموزِ حروفِ مقطعات“

اعدادِ بمطابق ابجدِ عددی قمرہ و شمسی حروفِ مقطعات اور حروفِ نورانی:

حروفِ مقطعات	الم	المص	الر	المر	کھیعص	طه	طسم	طس	یس	ص	حم	حم عسق	ق	ن
اعدادِ قمری	71	161	231	271	195	15	109	69	70	90	48	278	100	50
اعدادِ شمسی	1101	1151	511	1111	2047	970	700	100	1030	50	606	1026	300	700
حروفِ نورانی	ا	ه	ح	ط	ی	ك	ل	م	ن	س	ع	ص	ق	ر
اعدادِ قمری	1	5	8	9	10	20	30	40	50	60	70	90	100	200
اعدادِ شمسی	1	900	6	70	1000	400	500	600	700	30	90	50	300	10

حروفِ مقطعات (غیر مکرر) یہ ہیں۔ **الم.المص.الرا .المرا.کھیعص.طه.طسم.طس.یس.ص.حم .حم عسق.ق.ن**۔(جن کے اعداد قمری۔**1604** اور اعدادِ شمسی **11403**۔) انہیں حروفِ مقطعات کی مفرد صورت یہ ہے۔کہ جس میں چودہ حروف نورانی آجاتے ہیں۔ **الرٰ۔ کھیعص۔ طٰسٓ۔ حٰمٓ۔ قٓ۔ نٓ**۔ **14** حروفِ نورانی یہ ہیں۔(ان کے اعداد قمری۔**693** اور اعدادِ شمسی **4657**۔) **ا۔ه۔ح۔ط۔ی۔ك۔ل۔م۔ن۔س۔ع۔ص۔ق۔ر**۔ (ان کے اعداد قمری۔ **693** اور اعدادِ شمسی **4657**۔)

29 (اُنتیس) حروفِ مقطعات (بالترتیب) یہ ہیں۔ **الم.الم.المص.الرا .الرا .الرا .المرا.الرا ۔الرا ۔کھیعص.طه.طسم. طس۔ طسم۔ الم.الم.الم.الم۔ یس.ص.حم ۔ حم.حم عسق۔حم۔حم۔حم۔حم.ق.ن**۔

☆ **الم**۔ چھ مرتبہ آیا ہے۔(سورہ بقرہ،آلِ عمران،العنکبوت،الروم،لقمان،السجدۃ)

☆ **المص**۔ایک مرتبہ آیا ہے۔(سورہ الاعراف) ☆ **الرٰ**۔ پانچ مرتبہ آیا ہے۔(سورہ یونس،ھود،یوسف،ابراہیم،الحجر)

☆ **حٰم**۔ چھ مرتبہ آیا ہے۔(سورہ غافر،فصلت،الزخرف،الدخان،الجاثیہ ،الاحقاف)

☆ **المرٰ**۔ ایک مرتبہ آیا ہے۔(سورہ الرعد) ☆ **طٰسٓمٓ**۔ دو مرتبہ آیا ہے۔(سورہ الشعراء،القصص)

☆ **کٓھٰیٰعٓصٓ**۔ایک مرتبہ آیا ہے۔(سورہ مریم) ☆ **طٰهٰ**۔ایک مرتبہ آیا ہے۔(سورہ طٰہٰ)

☆ **یٰسٓ**۔ایک مرتبہ آیا ہے۔(سورہ یٰسین) ☆ **طٰسٓ**۔ایک مرتبہ آیا ہے۔(سورہ النمل)

☆ **حٰمٓ عٓسٓقٓ**۔ایک مرتبہ آیا ہے۔(سورہ الشوریٰ) ☆ **صٓ**۔ایک مرتبہ آیا ہے۔(سورہ صٓاد)

☆ **قٓ**۔ایک مرتبہ آیا ہے۔(سورہ قاف) ☆ **نٓ**۔ایک مرتبہ آیا ہے۔(سورہ القلم)۔

جس آنکھ کے پردوں میں نہیں ہے نگہِ پاک ۔۔۔ روشن تو وہ ہوتی ہے ، جہاں بیں نہیں ہوتی

حروفِ مقطعات کے بارے میں چند مخفی اسرار و رموز

☆ حروفِ مقطعات کے بارے میں یہاں پر چند رموز واشارات بیان کئے جاتے ہیں۔جو کہ خالصتاً ”علم لدنی“ کا خاصہ ہیں۔

حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ فرماتے ہیں۔کہ! سورتوں کے ابتدائی حروف (یعنی حروف مقطعات جیسے **الم، المر ، المص ، کھیعص**۔۔۔وغیرہ) کا علم صِرف دو (اقسام کے) اشخاص کو ہوسکتا ہے۔ایک وہ ، کہ جس کی نظر ”لوح محفوظ“ پر ہو۔یا دوسرا وہ شخص جو دیوان الاولیاء اللہ سے میل جول رکھتا ہو۔ان دونوں اشخاص کے ماسوا کسی کو فواتح السور کے جاننے کی ہرگز خواہش نہیں کرنی چاہیئے۔(کیونکہ! ان میں اللہ تعالیٰ کے انتہائی ذاتی و مخفی اسرار و رموز پوشیدہ ہیں۔ایک عام آدمی ان کی تاب نہیں لاسکتا) ☆ حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ حروفِ مقطعات میں سے حرف ”صٓ“ کے بارے میں فرماتے ہیں۔کہ! ص سے مراد وہ خلاء ہے۔جہاں روزِ محشر سب لوگ اور دیگر جملہ مخلوقات جمع ہوں گی۔اور آیت میں اسے (یعنی حرف ص کو) بطورِ وعید کے لایا گیا ہے۔مطلب یہ کہ! وہ **ص** ہے۔جس خوف ناک منظر سے تمھیں ڈرایا جاتا ہے۔اور وہ خوشنما منظر کہ جس کی تم کو بشارت دی جاتی ہے۔ ☆ سید سرفراز احمد شاہ صاحب اپنی کتاب ”**فقیر رنگ**“ میں فرماتے ہیں۔کہ! اِن حروف (حوروفِ مقطعات) کو پڑھا بھی جاتا ہے۔ذکر بھی کیا جاتا ہے۔طریقہ علیحدہ ہے۔وقت (بھی) علیحدہ ہے۔اور ان سے مرتب ہونے والے اثرات بھی علیحدہ علیحدہ ہیں۔پھر ان کی پرواز بھی اپنا جدا جدا مقام رکھتی ہے۔(شاہ صاحب آگے چل کر فرماتے ہیں۔کہ! اگر) **الم** کی تعداد اور وقت بھی مرشد بتائیں۔اور اگر وہ (الم) آپ کو **Suit** کرتا ہو۔تو آپ کریں۔ورنہ جہاں اُس (یعنی **الم** کے مخصوص وقت و تعداد) کے پڑھنے کے انعامات بہت ہیں۔وہاں مار بھی بہت پڑتی ہے۔(یاد رہے۔کہ!) روحانیات یا ولایت کے دس درجے ہیں۔ ☆ **الم** کا ذکر کرنے والا شخص تیسرے درجے کا ولی اللہ بنتا ہے۔(بمطابق فقیر نگری، **اللہ ھو** کا تعلق روحانیت کے ساتویں درجے سے ہے) ☆ **ص** کا ذکر آٹھویں درجے کا ولی اللہ بناتا ہے۔ ☆ سب سے زیادہ تیزی حرف ”**س**“ میں ہے۔(کیونکہ) یہ ساجدین، صابرین اور شاکرین سے متعلق ہے۔اور اس کا تعلق براہ راست صبر سے ہے۔

جو اولیائے کرام اس (یعنی حروفِ مقطعات کے حرف **س**) کا ورد کر کے ولایت کے منصب پر فائز ہوتے ہیں ۔ وہ بہت اونچا مقام پاتے ہیں ۔ آپ انہیں بہت صابر پائیں گے ۔ اور اُن کے اندر قلندرانہ صفات کی جھلکیاں آپ دیکھیں گے ۔ ☆ **ق** کے ذاکر بہت جلالی ہوتے ہیں ۔ اس ذکر سے دور رہیئے ۔ اس کا ذکر کرنے والا عموماً مجذوبیت کی طرف چلا جاتا ہے ۔ یہ بالکل اسی طرح ہے ۔ کہ جس طرح لوگ ''یا صمد'' یا ''اللہ الصمد'' کا ذکر کرتے ہیں ۔

☆ سید سرفراز احمد شاہ صاحب اپنی کتاب ''**ارژنگِ فقیر**'' کے صفحہ نمبر 185 پر حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی نقشبندیؒ کے حوالے سے فرماتے ہیں ۔ کہ ! ''ق '' کا علم اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ ہی کے درمیان ہے ۔ یہ علم کے ایک خاص مقام پر پہنچنے والے چند صاحبانِ علم (ہی) اِس کا راز جانتے ہیں ۔ ☆ کتاب '' **فقیر نگری** '' کے صفحہ نمبر 214 پر ہے ۔ کہ ! تصوف سے متعلق کوئی ایسی جہت نہیں ۔ جو ان حروفِ مقطعات سے پوری نہ ہوتی ہو ۔ ☆ سید سرفراز احمد شاہ صاحب اپنی کتاب '' **فقیر نگری** '' کے صفحہ نمبر 215 پر فرماتے ہیں ۔ کہ ! ان حروف مقطعات کو (اگر چہ) پابندی کے ساتھ ایک مخصوص تعداد میں مکمل شرائط کے ساتھ پڑھا جائے ۔ تو سب کچھ حاصل ہونے لگتا ہے ۔ ☆ سید سرفراز احمد شاہ صاحب اپنی کتاب '' **فقیر نگری** '' کے صفحہ نمبر 77 پر فرماتے ہیں ۔ کہ ! حروفِ مقطعات میں سے ایک حرف ایسا ہے ۔ (کہ) جسے پڑھنے سے دستِ غیب حاصل ہو جاتا ہے ۔ ☆ سید سرفراز احمد شاہ صاحب اپنی کتاب '' **فقیر نگری** '' کے صفحہ نمبر 215 پر فرماتے ہیں ۔ کہ ! انہی حروف (یعنی حروف مقطعات) میں سے ایک ایسا حرف بھی ہے ۔ (کہ) جس کو پڑھنے سے کشف جاری ہو جاتا ہے ۔ اور کرامات حاصل ہونے لگتی ہیں ۔ ☆ سید سرفراز احمد شاہ صاحب اپنی کتاب '' **فقیر نگری** '' کے صفحہ نمبر 215 پر فرماتے ہیں ۔ کہ ! حروفِ مقطعات میں سے ایک ایسا حرف ہے ۔ (کہ) جس کو پڑھنے سے رزق وسیع ہونے لگتا ہے ۔ ☆ سید سرفراز احمد شاہ صاحب اپنی کتاب '' **فقیر رنگ** '' کے صفحہ نمبر 166 پر فرماتے ہیں ۔ کہ ! مقطعات کا ایک حرف (کہ) جس کو پڑھنے سے تمام بیماریاں فوراً دور ہو جاتی ہیں ۔ ☆ سید سرفراز احمد شاہ صاحب اپنی کتاب '' **ارژنگِ فقیر** '' کے صفحہ نمبر 112 پر فرماتے ہیں ۔ کہ ! ''**الم**'' تین حروف ہیں ۔ جو (کہ) ایک جگہ پر اکٹھے ہو گئے ہیں ۔ ان کو پڑھنے سے انسان ''ولایت'' کے تیسرے درجہ پر پہنچ جاتا ہے ۔

☆ سید سرفراز احمد شاہ صاحب اپنی کتاب '' **ارژنگِ فقیر** '' کے صفحہ نمبر 112 فرماتے ہیں ۔ کہ ! آپ (**شائقینِ حروف مقطعات**) پہلے اپنی روح اور قلب کو بالیدگی کے ایک خاص مقام تک لے جایئے ۔ اِس کے بعد حروفِ مقطعات کے ''وِرد'' سے آپ کو **Desired Result** ملے گا ۔ (اسی کتاب میں شاہ صاحب **مزید** فرماتے ہیں ۔ کہ !) اپنی روح اور قلب کی بالیدگی و لطافت کا اہتمام کرنا پڑے گا ۔ نفس کو مارنا ہوگا ۔ جب آپ کی روح لطافت کے ایک خاص مقام پر پہنچ جائے گی ۔ تب آپ کو حروفِ مقطعات پڑھنے کا فائدہ ہوگا ۔ (اسی کتاب میں شاہ صاحب مزید فرماتے ہیں ۔ کہ !) عبادات ۔ ذکر و اذکار اور اوراد و وظائف بہتر اثرات اُس وقت تک نہیں دِکھا پائیں گے ۔ جب تک کہ انسان کی روح کی **Foundations** (بنیادیں) تعمیر نہ ہو جائیں ۔ اوراد و وظائف سے فائدہ لینے کے لئے ضروری ہے ۔ کہ ہم نے بنیادیں صحیح طرح سے بنائی (ہوئی) ہوں ۔ پہلے آپ کو بنیاد بنانا پڑے گی ۔ بنیادیں تعمیر کرنے کے لئے تین **Steps** ہیں ۔

Step 1 یہ ہے ۔ کہ ! کوئی شخص ہمیں جتنا بھی بُرا کیوں نہ کہے ۔ منفی پروپیگنڈا کرے ۔ جڑیں کاٹے ۔ کتنے ہی بہتان باندھے ۔ الزامات لگائے ۔ ہم اُس کے خلاف اپنے دل میں کوئی مَیل نہ آنے دیں ۔ اپنے دل کو غصے ، کینے انتقام کی آگ سے دور اور پاک صاف رکھیں ۔ یوں سمجھ لیجئے ۔ کہ ! روحانیت کی **Building** کے لئے اس پر عمل کیا ۔ تو گویا بنیادوں کے لئے زمین کی کھدائی کر لی ۔

Step 2 یہ ہے ۔ کہ ! ہم اپنی ضروریات (کو) روک کر ، اپنے آرام کو قربان کر کے اپنے مسلمان بھائیوں بالخصوص اپنے مخالفین کے کام آ جائیں ۔ اُن کی خدمت کر لیں ۔ لیکن دو کڑی شرائط کے ساتھ ۔ اول یہ کہ ! رازداری اس درجے کی ہو کہ خود ہماری ذات کو (بھی) پتا نہ ہو ۔ کہ ہم نے کس کی خدمت کی ۔ دوئم یہ کہ ! اپنے آپ کو **Self - Suggestion** کے ذریعے یہ تعلیم دیتے رہیں ۔ کہ ! یہ شخص خدمت کرا کر مجھ پر احسان کر رہا ہے ۔

Step 3 یہ ہے ۔ کہ ! ہم قسم کھا لیں ۔ کہ ہم کسی کے بارے میں کوئی (بھی) **Negative** بات نہیں کہیں گے ۔ جب بھی کسی کا ذکر کریں ۔ یا **Comments** کریں ۔ تو وہ **Positive** ہی ہوں ۔

اِن تینوں **Steps** پر عمل کرنے کے ساتھ ساتھ فرض عبادات (پانچ وقتی نماز ، رمضان کے روزے ، زکوٰۃ اور حج) جاری رکھیں ۔ تو رب (متعال) آپ کا ہے ۔ آپ کا دوست ہے ۔ (یاد رہے ۔ کہ !) روح کی غذا مثبت سوچ اور رب تعالیٰ کا ذکر ہے ۔ اس سے روح پھلتی پھولتی اور طاقت ور ہوتی ہے ۔ روح جس قدر طاقت ور ہو گی ۔ اُسی قدر اُس کی پرواز بلند ہو گی ۔ اسی کو روح کی لطافت یا بالیدگی کہا جاتا ہے ۔ (یاد رہے ۔ کہ) اِن باتوں (یعنی اِن تینوں **Steps**) پر عمل کرنے کے بعد روح سے مطابقت رکھنے والا '' **حروفِ مقطعات** '' یا تسبیح پڑھیں گے ۔ تو بہت انعامات ملیں گے ۔ (انشاء اللہ العظیم)

☆ سید سرفراز احمد شاہ صاحب اپنی کتاب '' **فقیر نگری** '' کے صفحہ نمبر **222** پر فرماتے ہیں ۔ کہ ! حروفِ مقطعات **14** ہیں ۔ اور ان حروف کے مختلف **Combinations** سے 19 (عدد) **Compound Words** بنتے ہیں ۔ جن سے **29** سورتوں کا آغاز ہوتا ہے ۔

☆ سید سرفراز احمد شاہ صاحب اپنی کتاب '' **فقیر نگری** '' کے صفحہ نمبر **264** پر فرماتے ہیں ۔ کہ ! اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو حروفِ مقطعات شب معراج (میں اپنے) روبرو گفتگو کے بعد عطا فرمائے ۔ یہ حروفِ مقطعات دراصل **Transcrips** (مسودہ) ہیں اُس قانون کا ۔ (کہ) جس کے تحت یہ نظامِ

کائنات چل رہا ہے۔یایوں کہہ لیجئے۔کہ حروف مقطعات اصل میں وہ حروف ہیں۔جو **Law Book** کی **List** ہیں۔اگر ہم ان کو **Translate** کرنا شروع کردیں۔تو اُس قانون کا ترجمہ ہوتا چلا جائے گا۔

☆ یہ کائنات یقیناً ایک ٹھوس قانون یا اصول پر چل رہی ہے۔وہ قوانین یا اصول کیا ہیں ؟ وہ (درحقیقت) انہیں 14 حروف میں پنہاں ہیں۔یہ جو ہم سورہ بقرہ میں پڑھتے ہیں۔کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو علم الاسمآء سکھایا تھا۔(**وعلم ادم الاسمآء کلھا**۔اور (اللہ تعالیٰ نے کمال مہربانی وشفقت سے) حضرت آدمؑ کو سارے نام سکھائے) وہ علم الاسمآء بھی انہی حروفِ مقطعات میں سمایا ہے۔

☆ سید سرفراز احمد شاہ صاحب ’ کہے فقیر ‘‘ میں فرماتے ہیں۔کہ! حروفِ مقطعات کے بارے میں کہا جاتا ہے۔کہ! اسلام کا جو **Code of Conduct** یا **Log Book** ہے۔حروفِ مقطعات اس کی **Key** ہیں۔اوریہی وہ اسمآء الحسنٰی ہیں۔جو حضرت آدمؑ کو سکھائے گئے۔اوریہی وہ اسمآء الحسنٰی ہیں۔(کہ) جن کی حفاظت حضرت آدمؑ سے لے کر آپ ﷺ تک تمام انبیآءؑ نے کی تھی۔چونکہ! آپ ﷺ آخری پیغام لے کر تشریف لائے۔(اور) پیغام مکمل کردیا گیا تھا۔(چونکہ) قرآنِ حکیم (بھی) جامع کتاب تھی۔جو کل اسلام کے **Total** کو بیان کرتی ہے۔جب کہ پہلے کی تمام الہامی کتابیں اسلام کے ایک حصے یا جز وکو بیان کرتی تھیں۔جبکہ قرآنِ پاک (تو) کل کو بیان کرتا ہے۔اسی لئے اسے ’’کتابِ کل‘‘ بھی کہا جاتا ہے۔اس کی **Key** بھی حروفِ مقطعات کی صورت قرآنِ پاک میں بیان کردی گئیں۔(چونکہ) علمِ لدنی محیط ہے تمام علوم پر۔(اور) تمام علوم اس کے اندر سمٹے ہوئے ہیں۔اس لئے اسے علمِ کل بھی کہا جاتا ہے۔جس شخص کو علمِ لدنی حاصل ہوتا ہے۔وہ حروفِ مقطعات کی وضاحت بھی جان لیتا ہے۔

حروف مقطعات کے متعلق حضرت قلندر بابا الیاءؒ کا انکشاف :

حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی اپنے پیرومرشد حضرت قلندر بابا اولیاءؒ کی تعلیمات کے ضمن میں فرماتے ہیں۔کہ! حروف مقطعات دراصل نوری تحریر کی مختلف شکلیں ہیں۔جب علمِ ربی کا کوئی عالم حروف مقطعات پر اپنے ذہن کو مرکوز کرلیتا ہے۔یا اس کو پڑھتا ہے۔تو پوری تفصیل اس کی نگاہوں کے سامنے آجاتی ہے۔جس کی مختصر شکل یہ ہے۔مثلاً ’’الم‘‘ پڑھتا ہے۔تو اس کو درمیان میں لائے بغیر وہ جملہ اسرار ورموز اس (عالم وقاری) پر منکشف ہوجاتے ہیں۔جو اللہ تعالیٰ نے سورہ بقرہ میں بیان فرمائے ہیں۔اور اس کو ڈھائی پارے (سمجھنے کے لئے) پڑھنے کی ضرورت پیش نہیں آتی۔اگر اس بات کو موجودہ علمی ذہن کے مطابق سمجھنے کی کوشش کی جائے۔تو کہا جاسکتا ہے۔کہ! حروف مقطعات میں سے ہر ایک حرف ایک مائیکروفلم کی طرح بنتا ہے۔جس میں ہزارہا تصاویر اور ذیلی تفصیلات جمع کردی گئی ہیں۔اور ٹائم سپیس کی ایک بہت بڑی فصل کو سمیت کر ایک ننھے سے نقطے میں محفوظ کردیا جاتا ہے۔اس طرح حروف مقطعات کے خول میں بھی اسرار ورموز کی ایک پوری فلم بند کردی جاتی ہے۔اور جس (خوش نصیب) شخص کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے علمِ لدنی عطا فرماتے ہیں۔وہ ان کے مفہوم کو جانتا ہے۔اور اس علم کو دیکھ اور پڑھ سکتا ہے۔ (اقتباس از روحانی ڈاک)

حروفِ مقطعات کے مزید کچھ فوائد و منافع : (اَز کتاب مرقعِ کلیمی۔حضرت شاہ کلیم اللہ جہاں آبادیؒ)

☆ حروفِ مقطعات میں ’’ **کھیعص حم عسق** ‘‘ کے اندر دس حروف ہیں۔ ہر ایک حرف کو تین مرتبہ (دائیں ہاتھ سے ہر انگشت پر) پڑھ کر عقد کرتا جائے۔جب (دس کی دس) انگلیوں پر پڑھ لے۔تو (انگلیاں کھول کر) دونوں ہاتھ آنکھوں پر مَلے۔اس عمل سے صحت کل حاصل ہوگی۔(بالخصوص آنکھوں کو)۔

☆ صاحبِ مرقع کلیمی فرماتے ہیں۔کہ! جس کا حافظہ اچھا نہ ہو۔وہ اتوار کے دن (جو کہ قمر درعقرب سے پاک ہوں) چھوٹے سے کاغذ پر موٹے قلم سے ’’ **لا الہ الا ھو الحی القیوم** ‘‘ لکھے۔اور نہار منہ چبا کر کھا جائے۔پھر دوسرے اتوار کو اِسی طرح سے ’’ **اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ** ‘‘ لکھ کر نہار منہ چبا کر کھا جائے۔پھر دوسرے اتوار کو اِسی طرح سے ’’ **اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ** ‘‘ لکھ کر نہار منہ چبا کر کھا جائے۔پھر تیسرے اتوار کو اِسی طرح سے ’’ **اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشآء وھو القوی العزیز** ‘‘ لکھ کر نہار منہ چبا کر کھا جائے۔پھر چوتھے اتوار کو اِسی طرح سے ’’ **المص کھیعص طہ** ‘‘ لکھ کر نہار منہ چبا کر کھا جائے۔پھر پانچویں اتوار کو اِسی طرح سے ’’ **حم عسق حم** ‘‘ لکھ کر نہار منہ چبا کر کھا جائے۔پھر چھٹے اتوار کو اِسی طرح سے ’’ **طسم طس الر** ‘‘ لکھ کر نہار منہ چبا کر کھا جائے۔پھر ساتویں اتوار کو اِسی طرح سے ’’ **ص ق ن. انما امرہ اذا اراد شیئا ان یقول لہ کن فیکون. فسبحن الذی بیدہ ملکوت کل شیء والیہ ترجعون** ‘‘ لکھ کر نہار منہ چبا کر کھا جائے۔مگر یاد رہے۔کہ! اول اتوار نوچندی ایام میں سے ہو۔اور قمر بھی منزل سعید میں ہو۔ان شاء اللہ بہت اچھا حافظہ ہوجائے گا۔

بہر حال! بروایت حضرت عبداللہ بن مسعودؓ! حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! جس نے کتاب اللہ کا ایک حرف پڑھا۔اس کے لئے ایک نیکی ہے۔اور ایک نیکی کا اَجر دس نیکیوں کے برابر ہوتا ہے۔(پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔) مَیں نہیں کہتا۔کہ! ’’ **الــم** ‘‘ ایک حرف ہے۔بلکہ ’’**ا**‘‘ ایک حرف ہے۔’’ **ل** ‘‘ ایک حرف ہے۔اور ’’ **م** ‘‘ ایک حرف ہے۔(یعنی کہ ’’الم‘‘ چونکہ تین حروف ہوئے۔تولہذا ’’الم‘‘ کو پڑھنے سے تیس نیکیاں ملیں گیں۔ان شاءاللہ) سنن ترمذی۔


حضرت علی المرتضیٰؓ سے مروی ہے۔کہ! آپؓ (دعا مانگتے ہوئے) فرماتے تھے۔ **یا کھیعص یا حم عسق**۔

حضرت خاتونِ جنت جگر گوشہ ءرسول اللہ ﷺ فرماتی ہیں۔کہ! انہوں نے حضرت علیؓ کو فرماتے ہوئے سنا۔ **یا کھیعص اغفر لی**۔

کہیں اسی روز و شب میں اُلجھ کر نہ رہ جا
کہ تیرے زمان و مکاں اور بھی ہیں

حروف مقطعات کے رموز و اسرار سے مستفید و متنفع ہونے کی صدری ریاضت: (49 روزہ)

یہ طریقہ تو 49 دنوں تک کرنا پڑتا ہے۔ اِس عمل سے خوارقِ عادات کرامات اور دستِ غیب حاصل ہوئے۔ (اس عمل کا نقش یہ ہے)



اُس بزرگ نے مجھ جیسے فقیر حقیر پُر تقصیر (مؤلف کتاب اَسرارِ محبوبِ کامل) کو نہ صرف اِس عظیم روحانی ریاضت کے رموز و اسرار دکھلائے۔ بلکہ مجھے بخوشی اِس تمام عمل کی اجازت بھی مرحمت فرمائی۔ اور ساتھ ہی یہ بھی فرمایا۔ اِس عمل سے رموز و اسرار کا سلسلہ پہلے ہی ہفتے سے شروع ہو جاتا ہے۔ اِس طریقہ میں کسی بھی قسم کا کوئی مخصوص پرہیز نہیں۔ ماسوائے یہ کہ! ریاضت کرنے والا شخص صحیح العقیدہ مسلمان ہو۔ سچا عاشقِ رسول اللہ ﷺ ہو۔ اور اہلِ بیتِ نبوی ﷺ و خلفائے راشدین ؓ سے شدید محبت و عقیدت رکھتا ہو۔ کیونکہ (درحقیقت) حروفِ مقطعات، اسمِ اعظم اور علمِ لدنی کا وقوف و ادراک اور شناسائی زیادہ تر سادات اور علمائے باطنیہ (یعنی اولیاء اللہ) ہی کا خاصہ اور ورثہ ہے۔

اِس عمل کے لئے دو اوقات میں سے کوئی ایک وقت مخصوص کر لیں۔ بعد نمازِ تہجد یا بعد نمازِ عشاء۔ بوقتِ عمل مکمل تخلیہ ہو۔ خوشبو کے لئے ایک عام سی اگر بتی سلگا لیں۔ وقت، جگہ (کمرہ، مسجد یا حجرہ وغیرہ۔۔۔) اور نشست (جائے نماز یا کوئی پاک صاف سفید چادر وغیرہ) ہر گز ہر گز تبدیل نہ کریں۔ (بہر حال طریقہ یہ ہے) بہر حال عمل کا مکمل طریقہ قارئین و شائقین کے حضور پیشِ خدمت ہے۔

☆ پہلے گیارہ مرتبہ درود و سلام پڑھیں۔ ☆ پھر یہ چودہ حروف چودہ سو مرتبہ پڑھیں۔

الم. المص. الر. المرٰ. کھیعص. طہ. طسم. طس. یس. ص. حم. حم عسق. ق. ن.

☆ پھر ایک سوایک مرتبہ یہ کلمات پڑھیں۔

اللھم انی اسئلک باسمک العظیم الاعظم العلی العزیز الاعز الجلیل الاجل الکبیر الاکبر الکریم الاکرم المخزون المکنون الطاھر المطھر المقدس المبارک الحی القیوم الرحمن الرحیم بدیع السموت و الارض ذی الجلال و الاکرام. الذی اذا دعیت بہٖ اجبتہٗ واذا سئلت بہٖ اعطیت.

☆ پھر گیارہ مرتبہ درود و سلام پڑھیں۔

☆ پھر چار رکعت نمازِ روحانی (بنیتِ حصول فیضِ حروفِ مقطعات و علم لدنی) بالکل نمازِ تسبیح کی طرح پڑھیں۔

لیکن اِس نماز میں تسبیح (**سبحن اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر**) اور پندرہ اور دس مرتبہ تسبیح کے بجائے حروفِ مقطعات (**الٓرٰ - کٓھٰیٰعٓصٓ - طٰسٓ - حٰمٓ - قٓ - نٓ -**) فقط پندرہ اور دس مرتبہ پڑھنے ہیں۔ اِس طرح ہر رکعت میں تعداد 75 ہوگی۔ اور چاروں رکعتوں میں تعداد 300 ہو جائے گی۔ فارغ وقت میں یہی کلمہء عبارت (**الٓرٰ - کٓھٰیٰعٓصٓ - طٰسٓ - حٰمٓ - قٓ - نٓ -**) مسلسل پڑھتے ہوئے کم از کم دن میں پانچ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔ تاکہ روحانیت سے بھر پور مستفید و متنفع ہوا جا سکے۔ ان شاء اللہ العظیم۔

یہ طریقہ فقط کسی شاذلی شطاری قادری سلسلے کے پیران یا مرید کی ذاتی قلمی بیاض میں ہی میسر ہوسکتا ہے۔ بہر حال چار رکعت نمازِ روحانی کے بعد اوپر دیئے گئے نقش کو آدھے گھنٹے تک بغور دیکھتے رہنا ہے۔ اور جب بھی سو کر اُٹھیں۔ اِسی نقش کو دس سے پندرہ منٹ تک دیکھا کریں۔ اور اِسی طرح کا نقش خوشخط لکھ کر روزانہ سرہانے کے نیچے رکھنا ہے۔ تاکہ ہر طرح کی رُجعت سے محفوظ و مامون رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

بعد از ریاضت یہ حروفِ مقطعات (**الم. المص. الر. المرٰ. کھیعص. طہ. طسم. طس. یٰس. ص. حم. حم عسق. ق. ن.**) روزانہ کسی ایک وقت اور ایک ہی نشست میں ہزار مرتبہ پڑھنا ضروری ہیں۔

اسی ضمن میں قارئین کتاب ہٰذا کو ایک سِر لطیف اور کشف عجیب بتاتا ہوں۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ! جو اسم لطیف اور بزرگ ہوگا۔ اس کی (لطافت و بزرگی کی) نشانی یہ ہے۔ کہ اس کے معانی عقل کے اندر عجیب و غریب اور دیر فہم ہوں گے۔ اور اس کا علم ادراک سے بعید ہوگا۔ پس جاننا چاہیئے۔ کہ! ایسا اسم جو بھی ہو۔ اس کو خوب جان لو۔ کہ یہی اسمِ اعظم سے کافی زیادہ قریب ہے۔ چنانچہ اسم "احد" بجز جہت کے دوسری جہت سے نہیں جانا جاتا۔ یہ اسم، اسمائے الٰہی قدیم سے ہے۔ کیونکہ بجز اس کے دوسرا کوئی موجود نہیں۔ اس نے تمام عالم کی مثالیں بنائی ہوئی ہیں۔

ریشم سے نرم لہجے کے پیچھے مفاد تھا — اس تاجری کو ہم نے شرافت سمجھ لیا

حروفِ مقطعات کا عظیم علم : (اَز پروفیسر احمد رفیق اختر صاحب)

پروفیسر احمد رفیق اختر صاحب، جو کہ نہ صرف پاکستان بلکہ عالمِ اسلام کی مشہور و معروف ایک علمی، انتہائی پروقار اور نہایت نفیس شخصیت ہیں۔ (جن کی نصیحت خود کے لئے اور ہم سب کے لئے یہ ہے۔ کہ!) **" God should be the top priority of our intellectual curiosity.**

پروفیسر صاحب فرماتے ہیں۔ کہ! حروفِ مقطعات کے بارے میں پہلے سے ایسا کوئی اشارہ یا کنایہ موجود نہیں۔ حضرت ابنِ عباسؓ کی ایک روایت کے بعد اسلام میں صِرف ایک ماہر اس کے گزرے ہیں۔ وہ حضرت شیخ محی الدین ابن عربیؒ تھے۔ (بقول البلوشی) **حروفِ مقطعات کے بارے میں سیدی عبدالعزیز الدباغؒ کے ملفوظات '' الابریز''** حضرت شیخ ابو العباس بونیؒ کی کتب **مثل شمس المعارف و دیگر،** حضرت امام مجدد الف ثانیؒ کی کتاب، حضرت خواجہ حسن نظامی کی کتب اور جناب سید سرفراز احمد شاہ صاحب کی کتب جیسے فقیر نگری، فقیر رنگ وغیرہا کے علاوہ دیگر کئی مصنفین کی کتب میں بھی **حروفِ مقطعات کے بارے میں بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔** بہر حال! انہوں (ابنِ عربیؒ) نے فتوحاتِ مکیہ میں اس کی وضاحت کی ہے۔ اِن سے پہلے اور ان کے بعد حروفِ مقطعات کا علم کسی سکالر کے پاس کسی صورت میں موجود نہیں رہا۔ اگرچہ (حضرت) شیخ مجددؒ نے اس کے بارے میں دعوٰی کیا۔ کہ! مجھے حروفِ مقطعات عطا ہوئے ہیں۔ مگر اس علم کا مکتوباتِ شیخ مجددؒ یا کسی اور کتاب میں کوئی اظہار نہیں ہوا۔ (لہٰذا) وہ دعوٰی نا قابلِ تسلیم رہا۔ کچھ لوگوں نے اس کے بارے میں دعوے ضرور کئے ہیں۔ مگر جس دعوے کی پرکھ موجود نہ ہو۔ یا جس دعوے کا مظاہرہ نہ ہو۔ اس کو تسلیم کرنے سے ہر سنجیدہ انسان کو تامل ہوتا ہے۔

ایک بات اکیڈیمیکلی صِرف میرے حوالے سے ہی جانی جاتی ہے۔ کہ اس ادھیڑ بن میں ایک دن میں نے اللہ تعالیٰ سے عرض کی۔ کہ! لگتا ہے۔ سارا قرآن شریف بندوں کے لئے نہیں ہے۔ اور اگر سارا قرآنِ حکیم بندوں کے لئے نہ تھا۔ تو پھر آپ نے بندوں کو سارا قرآنِ پاک پڑھنے کی زحمت کیوں دی ؟ کوئی بارڈر لگا دیا ہوتا۔ کہ بندے یہ پڑھیں۔ وہ نہ پڑھیں۔ اس لئے میں نے اللہ تعالیٰ سے یہ خصوصی استدعا کی۔ کہ! حضور کی بارگاہِ عنایت سے اس علم کا تھوڑا سا حصہ (مجھے بھی) نصیب ہو۔ (لہٰذا) میری اس دُعا کے باوجود مَیں سننے، سمجھنے اور پہچاننے کی کوشش کرتا رہا۔ لیکن مجھے کوئی ایسا سراغ نہ ملا۔ جس سے (کہ) میں مطمئن ہوتا۔ کہ میں نے راستہ ڈھونڈ لیا ہے۔ اتفاق ایسا ہوا۔ کہ! لوئی ماسینوں کی کتاب پڑھتے ہوئے اس کا ایک جملہ میری نظر میں آیا۔ وہ جملہ پوری طرح (سے) میرے ذہن میں اٹک گیا۔ شاید وہ بھی حکمتِ ربانی (ہی) تھی۔ لوئی ماسینوں نے کہا۔

It seems that (Ibn e Arabi) knows some kind of knowledge of basic categories.

(لوئی ماسینوں کے اس جملے) نے مجھے سخت ضرب لگائی۔ مجھے خیال آیا۔ کہ! جب کائنات بنی ہوگی۔ اور اللہ تعالیٰ نے کلام کیا ہوگا۔ اور انسان نے علم سیکھا ہوگا۔ تو اس کے پاس اتنا وسیع تر علم نہ تھا۔ جتنی بھی کائنات میں اسے چیزیں نظر آئی ہوں گی۔ اور خیالات اس کے ذہن میں آئے ہوں گے۔ ان کی اس نے ایک یا دو ہیڈز کے تحت گروپ بندی کی ہوگی۔ چونکہ! تختی اسے پروردگار سے حروفِ مقطعات کی نصیب ہوئی۔ تو یہ چودہ حروف (**الم. المص. الر. المر. کھیعص. طه. طسم. طس. یٰس. ص. حم. حم عسق. ق. ن**) وہ کیٹیگریز **(Categories)** ہیں۔ جس میں کائنات کی ہر چیز اور ان کی فطرت کا یہ علم ضرور ہوگا۔ (آگے چل کر پروفیسر صاحب مزید وضاحت فرماتے ہیں۔ کہ!) اَب سوال یہ (پیدا) ہوتا ہے۔ کہ! کہ ابتدائی طور پر اسے کیسے سیکھا جا سکتا ہے ؟ جب میں نے ان پر زیادہ غور کرنا شروع کیا۔ تو ابتدائی ''الف۔ لام۔ میم'' سے کی۔ (پھر) میں نے سوچا۔ اگر یہ بنیادی کیٹیگریز ہیں۔ تو یہ بنیادی کیٹیگریز کے علاوہ گروپ بھی ہیں۔ یعنی (کہ) الف۔ لام۔ میم۔ ایک گروپ ہے۔ الف بنیادی کیٹیگری ہے۔ لام بنیادی کیٹیگری ہے۔ میم بنیادی کیٹیگری ہے۔ مگر یہ اکٹھے ہو کر ایک گروپ بناتے ہیں۔ (پھر) جب میں نے گروپنگ کو دیکھا۔ تو باقی کے اسمآئے مقطعات بھی (مجھے) گروپنگ میں نظر آئے۔ مجھے یہ خیال ہوا۔ کہ ان گروپوں کی قرابت داری کو چیک کروں۔ کیا یہ واقعی ہے۔ کہ! الف، لام کی قرابت داری ہے ؟ اور قائم ہے؟ اور کیا یہ واقعی صحیح (بھی) ہے ؟ کہ یہ اسماء جب آپس ملتے ہیں۔ تو کچھ اسماء آپس میں متصادم اور کچھ آپس میں موافق ہو جاتے ہیں۔

میں ابھی اسی ادھیڑ بن میں پڑا ہی ہوا تھا۔ کہ مجھے مسند اہلِ بیت کی ایک حدیث نظر آئی۔ جس میں حضرت علی المرتضیٰؓ کی روایت سے حضرت عمرِ فاروقؓ اور حضرت علی المرتضیٰؓ کا مکالمہ درج تھا۔ حضرت عمرِ فاروقؓ نے حضرت علیؓ سے کہا۔ کہ! ہم جو اچھے بھلے اللہ تعالیٰ کے احکامات پر چلنے والے نیک لوگ ہیں۔ کیا وجہ ہے؟ ہمارا دل کسی نیک کے بجائے کسی بُرے آدمی کی آشنائی کو جاتا ہے؟ ایک بُرے آدمی کو بھی دل کھینچتا ہے۔ اور اس کی محبت بھی اچھی لگتی ہے۔ حضرت علیؓ نے کہا۔ اے عمر امیر المؤمنینؓ ! میں نے یہ سوال ایک دفعہ حضرت رسول اللہ ﷺ سے پوچھا تھا۔ کیونکہ! میری بھی یہی کیفیت تھی۔ کہ! اچھے، بُرے لگتے تھے۔ اور بُرے، اچھے لگتے تھے۔ میں نے حضور گرامی مرتبت ﷺ سے پوچھا۔ کہ یہ کیا بات ہے ؟ کہ ہم نیکی کی طرف رغبت رکھتے ہیں۔ اس کی طرف جانا چاہتے ہیں۔ مگر جب دوستی یاری کی بات ہے۔ تو کبھی بُرے آدمیوں سے آشنائی اچھی لگتی ہے۔ رسولِ گرامی مرتبت ﷺ نے فرمایا۔ کہ! اللہ تعالیٰ نے جب ارواح کے جنود پیدا فرمائے۔ تو اسی وقت کچھ کی کچھ سے محبتیں ٹھہرا دیں۔ اور کچھ کی کچھ سے نفرتیں ٹھہرا دیں۔ اَب چاہو یا نہ چاہو۔ جب آپ زمین پر آئیں گے۔ تو وہی محبتیں ہوں گی۔ چاہے۔ وہ اچھے ہوں، چاہے بُرے۔

چونکہ! میں خود (بھی) قرابت داری کے موضوع پر غور کر رہا تھا۔ (اور) مجھے ایک بڑی مضبوط سند مل گئی۔ میں نے وہ پراسیس **(Process)** کرنے

شروع کردئے۔ جیسے 32 = 16 + 16 ۔مہروں کی چالیس ایک اَرب سے زیادہ ہیں۔ جب آپ ایک بنیادی حرف کی کیٹیگری (Category) ختم کر لیتے ہیں۔ تو اس کے جو کمبی نیشن (Combination) شروع ہوتے ہیں۔ وہ بے پناہ مصیبت کا باعث بنتے ہیں۔ فرض کیجئے۔ اسم ''احمد'' ہی کو لیجئے۔ اَب اسم ''احمد'' میں چار لفظ (یعنی حروف) ہیں۔ جو علیحدہ علیحدہ حیثیت میں کمبائن ہورہے ہیں۔ حا۔ میم بیچ میں آگئے۔ الف اِدھر اور دال اُدھر آگیا۔ ہم دیکھتے ہیں۔ کہ! چاروں بڑے اور مؤثر الفاظ (حروف) ہیں۔ الف میں طاقت کا نشہ ہے۔ یہ لفظ ہر حال میں مغلوبیت کے خلاف ہے۔ وہ (بہرصورت) اختیارات کو اپنی تحویل میں رکھنا چاہتا ہے۔ اس لئے بخیل ہے۔ الف کی بنیادی نشانی یہی ہے۔ کہ! یہ دو چیزوں کے لئے منضبط ہے۔ (یعنی) اختیارات اور بخل کے لئے۔ یہ آسانی سے دیتا نہیں۔ اور آسانی سے چھوڑتا (بھی) نہیں۔

آگے آگئی ح۔ (اَب جب) ح کو دیکھا۔ تو پتہ لگا۔ کہ یہ تو پوری حیات ہے۔ ابتدائی حا۔ میم یہ ہے۔ **و جعلنا من الماۤء کل شیء حی** ۔ اس میں حا۔ میم کا تذکرہ ہوا ہے۔ ما کی میم اور ح حیات کی۔ یہ پہلی ح۔ م تھی۔ جو اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمائی۔ یعنی پانی سے حیات شروع کی۔ اب ان کی صفات کہ م ساکن ہے۔ جبکہ ح حرکت والی ہے۔ جب دوسری ح۔ م۔ پیدا فرمائی۔ تو آپ دیکھیں گے۔ کہ ہر وہ چیز جو ''ما'' میں حرکت کرتی ہے۔ یہ دوسری لائف ہے۔ پہلی طرزِ زندگی میں ایک چیز پائی جاتی ہے۔ وہ حرکت اور اشتعال ہے۔ جس چیز میں ح یا خ ہوگی۔ اس میں یہ بنیادی صفت پائی جائے گی۔ کیونکہ! وہ حیات ہے۔ اسے چین نہیں آسکتا۔ اپنے اندر بہترین ڈسپلن (Dicipline) کے ساتھ وہ اسے متحرک رکھے گی۔

(اَب) آگے میم آگیا۔ میم متفکر ہے۔ میم بھی دو ہیں۔ بعض اوقات یہ رنگ میں چلا جاتا ہے۔ ایک میم ماۤء البحر ہے۔ (جبکہ) دوسرا میم ماۤئے دریا ہے۔ صاف ستھرا پانی اچھلتا ہوا، جمپ کرتا زندگی کو سیراب کرتا اور آنکھوں کو بھلا لگتا ہوا۔ یہ صاف رنگ والی میم ہے۔ دوسری میم جسے ماۤء البحر کہتے ہیں۔ سمندر کی میم ہے۔ یہ تاریک، متفکر، وسیع، انتہائی گہری آسائشوں کا مرکز، بہت گہرے پردوں کے اندر اور اس میں بے پناہ وسعتیں چھپی ہوئی ہیں۔ جب آپ میم کا رنگ سانولا اور اس میں رنگ پائیں گے۔ تو وہ حرکت ہوگی۔ ایک میم باہر کی طرف اور دوسری اندر کی طرف رجوع رکھتی ہے۔

اب دو انتہائی مشتعل لفظوں الف اور حا میں موجود تیسری میم ہے۔ وہ رنگ پر جائے گی۔ اگر میم کا رنگ گندمی یا سیاہ ہے۔ تو یہ دَبی ہوئی ہے۔ دبا ہوا اثر پہلے دو مشتعل اثرات کو کنٹرول کرتا ہے۔ آگے آگئی دال۔ جو سُستی، وجود کے بھارے پن، حضرت داؤدؑ کی اور بے پناہ تقوے اور شدتِ غضب کی ہے۔ اب ان تینوں چیزوں میں الف کنٹرول کررہا ہے۔ ح کنٹرول کررہی ہے۔ میم دبی ہوئی ہے۔ دال دوبارہ غصہ دلاتی ہے۔ تو یہ نام احمد انتہا درجے کی کار کردگی کو جائے گا۔ مگر کارکردگی کے ساتھ ایک انتہا درجے کی غصے کی حساسیت کی وجہ سے تلخی و بے چینی کا شکار ہوگا۔ محقق ہوگا۔ مگر بیمار ہوگا۔

اگر آپ کے نام ان میں سے ہیں۔ تو آپ اپنی فطرت کو بڑی آسانی سے جان سکتے ہیں۔ (یاد رہے۔ کہ) یہ جو تمام خصائص میں نے بیان کئے ہیں۔ ان میں کوئی گیس ورک (Guess Work) نہیں۔ غلطی کا کوئی چانس نہیں۔ غلطی صرف اُستاد کرتا ہے۔ علم نہیں کرتا۔

(یاد رہے۔ کہ!) حروفِ مقطعات وہ Key Words ہیں۔ (کہ) جن سے قرآنِ پاک کے اسرار کھلنے لگتے ہیں۔ قرآنِ پاک کا Code سمجھ میں آنے لگتا ہے۔ قرآنِ پاک کے عام مفہوم کے علاوہ اس کے دس (مزید) مفاہیم ہیں۔ ولایت کے بھی دس ہی درجے ہیں۔ (لہذا) پہلے درجے کے ولی اللہ کو قرآنِ پاک کے پہلے (ہی) درجے کے مخفی معنیٰ سمجھ آنے لگتے ہیں۔ (اسی طرح سے) دوسرے کے ولی اللہ کو قرآنِ پاک کے دوسرے درجہ کے مخفی معنیٰ اور تیسرے درجے کے ولی اللہ کو تیسرے درجے کے مخفی معنیٰ سمجھ میں آتے ہیں۔ حتیٰ کہ! دسویں درجے کے ولی اللہ کو قرآنِ پاک کے دسویں درجے کے مخفی معنیٰ سمجھ آنے لگتے ہیں۔ قرآنِ پاک کے تمام تر معانی اور اسرار (اللہ تعالیٰ کے علاوہ) صرف اور صرف آپ ﷺ کو معلوم ہیں۔ اولیاء اللہ کو اپنے مقام اور درجہ کے مطابق قرآنِ پاک کے معنیٰ معلوم ہیں۔ اور ان کا علم وہیں تک (ہی) محدود ہے۔ جہاں تک تعلق ہے اس بات کا۔ کہ!

حروفِ مقطعات سے شروع ہونے والی 29 میں سے 25 سورتوں میں حروفِ مقطعات کے فوراً بعد آنے والی آیت میں قرآنِ پاک کی فضیلت کا ذکر (موجود) ہے۔ جس کو پڑھ کر کیفیت عجیب سی ہو جاتی ہے۔ یہ بالکل ایسا ہی ہے۔ جیسے ایک اناڑی آدمی کے ہاتھ چابی لگ جائے۔ تو تالے میں اُسے لگانے سے Movement محسوس ہونے لگتی ہے۔ خواہ غلط تالے میں غلط چابی ہی کیوں نہ لگائی جائے۔ یہ وہی Movement ہے۔ جس کے بارے میں پوچھا گیا ہے۔ ایسی سورتیں پڑھتے ہوئے عجیب کیفیت پیدا ہونے کی وجہ بھی یہی ہے۔ کیونکہ! جب آپ حروفِ مقطعات پڑھتے ہیں۔ اور اُن کے بعد قرآنِ پاک کی فضیلت پر مبنی آیت پڑھتے ہیں۔ تو Movement محسوس ہوتی ہے۔ گویا (کہ) شاید تالا کھل جائے گا۔ لیکن تالا کھلتا نہیں۔ کیونکہ! تالا کھولنے والا بھی اناڑی ہے۔ اور اُس نے چابی بھی غلط تالے میں ڈالی ہے۔ یہ تو بالکل ویسا ہی ہے۔ کہ نیاگرا آبشار (Waterfall) سے نکلنے والی پھوار کے آگے ہاتھ رکھیں۔ تو وہاں پر چوٹ محسوس ہوگی۔

قرآنِ پاک (کہ) جس میں کل کائنات کا مخفی علم ہے۔ علم کی 360 کی 360 نہریں قرآنِ پاک میں پوشیدہ ہیں۔ لہذا قرآنِ پاک پڑھتے ہوئے ذرا سی بھی Movement محسوس ہوگی۔ تو روح پر اس کے بے پناہ اثرات مرتب ہوں گے۔ اور یوں (لگنے) لگے گا۔ کہ جیسے انسان ہلکا پھلکا ہو کر فضا میں اُڑنے لگا ہے۔ یہ اصل میں ہلکی سی (ایک معمولی) جھلک ہے۔ اس سے اندازہ لگا لیجئے۔ کہ انسان کو قرآنِ پاک کے معنی درجہ بدرجہ سمجھ میں آنے لگیں۔ تو اُس کی روحانی کیفیت کیا ہوتی ہوگی۔ **ھذا من فضل ربی۔ وما توفیقی الا باللہ ۔**

حروف مقطعات کی معرفت کا طریقہء عظیمہ : (پروفیسر احمد رفیق اختر صاحب)

پروفیسر احمد رفیق اختر صاحب (اپنی کتاب ''اُٹھتے ہیں حجاب آخر'' میں) فرماتے ہیں۔کہ! حروفِ مقطعات کے لئے مجھے اپنی ریسرچ بتانی پڑے۔تو اس میں ''مَیں'' کا صیغہ کثرت سے استعمال ہوگا۔بہت عرصہ پہلے ایک دفعہ میں اللہ تعالیٰ سے گلہ گزار ہوا۔ کہ اگر تمام قرآنِ حکیم ہمارے سمجھنے کے لئے نہیں تھا۔تو پھر کیا ہے؟ کہ! آپ نے تمام قرآنِ پاک پڑھنے کی توفیق دی۔کوئی آیت آپ بتا دیتے۔ہم روز پڑھ لیا کرتے۔مگر سارا قرآن اگر ہم نے ہی پڑھنا ہے۔تو پھر سارے کو قابلِ فہم بھی ہونا چاہیئے۔ (اسی طرح سے) دوسرا سوال مَیں نے اپنے اللہ تعالیٰ سے یہ کیا۔کہ اگر ناقابلِ فہم رہ کر (بھی) ہمارے تک اس کے معانی نہیں پہنچے۔تو مجھے نہیں سمجھ آتا۔کہ! آپ نے حروفِ زائد کیوں قرآنِ حکیم میں استعمال کئے۔اسی ادھیڑ بن میں ایک برس رہا۔کہ! کوئی سراغ مجھے حروفِ مقطعات کا ملے۔اتفاق سے ایک دفعہ ''لوئی مائی سینوں'' کی ایک کتاب (مَیں) پڑھ رہا تھا۔جس کا حروفِ مقطعات سے (تو قطعاً) کوئی واسطہ نہیں تھا۔(مگر) اس میں اس نے (صاحبِ فتوحاتِ مکیہ حضرت شیخ اکبر محی الدین) ابنِ عربیؒ کے بارے میں بات کرتے ہوئے ایک فقرہ استعمال کیا۔کہ وہ بنیادی کیٹیگریز (Basic Categories) کے علم کا ماہر تھا۔

یہ فقرہ سنتے ہی جیسے نیوٹن کو ایک جھٹکا لگا تھا۔میرے ذہن میں بھی حروف کے بارے میں ایک بڑا باب کھل گیا۔جب ان حروف کی بنیاد پر مَیں نے پورے حروف کو پرکھنا شروع کیا۔تو رفتہ رفتہ مجھے یہ محسوس ہوا۔کہ (جیسے یہ) پوری کائنات بنیادی طور پر انہیں چند حروف میں (ہی) قید ہے۔اور صفات و تعلقات کے لحاظ سے کوئی چیز بھی ان حروف سے غیرت کا مظاہرہ نہیں کرتی۔

بہت سارے اصحاب (شاید) اس کو کشف کہیں گے۔مگر میں انسانی مطالعے میں اکتشاف سے زیادہ کشف کو بھی انسانی ذہن کی باریک بینی، وسعت اور ترفع سمجھتا ہوں۔مجھے یقین ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ کے رسولِ معظم ﷺ کے لفظ سے بہتر کوئی لفظ نہیں۔کہ فراست اس کے لئے موزوں ترین لفظ ہے۔جب ذہن اپنے اعلیٰ ارتقاء پر پہنچتا ہے۔تو الہام و فراست ہم معانی ہو جاتے ہیں۔

تب سے مَیں نے اس علم کو کثرت سے استعمال (تو) کیا ہے۔مگر اللہ تعالیٰ کے لئے۔جیسے ''الف۔لام۔میم'' ہے۔اس کی وضاحت کروں گا۔(کہ) یہ باہمی تعلقات کی ایک جماعت (یعنی Group of Relationship) ہے۔خواہ وہ اشیاء میں ہوں یا انسانوں میں ہو۔اس کے بعد ان کی اپنی اپنی کیٹیگریز متعین ہوتی ہیں۔تفصیل میں جانے سے پتہ چلتا ہے۔کہ! ان میں لاکھوں امکاناتِ مراسم کے پیدا ہوتے ہیں۔نارمل فنکشن کے لئے ہر انسان کی فطرت پر یہ اسماء حکومت کرتے ہیں۔(لہذا) الف۔لام۔میم کی شناسائی اور ربط ہمیشہ سے مُسلّم رہا ہے۔جن کے نام الف سے ہیں۔وہ (اگر گہرائی میں جا کر کچھ سوچ بچار کے بعد) اپنے تعلقات کو پرکھیں گے۔تو ان میں لام۔میم نمایاں (طور پر) نظر آئیں گے۔ اسی طرح لام والے جب اپنی دوستی اور محبت کے پرتولیں۔تو ان میں بھی الف اور میم مظاہرہ کریں گے۔مگر جب کوئی اسم آگے بڑھ کر دوسرے اسماء سے منسلک ہوتا ہے۔تو رفتہ رفتہ بنیادی کیٹیگریز میں فرق پڑ جاتا ہے۔ اسی طرح (سے) ایک شخص، جس کا کوئی بھی نام ہو۔جب ہم اس کے اسماء کی بنیادی صفات پر جاتے ہیں۔تو وہ انسان اسی طرح واضح ہوتا ہے۔جیسے (حضرت شیخ اکبر) ابنِ عربیؒ نے فرمایا تھا۔کہ! میں ایک شخص پر تین مرتبہ نگاہ ڈالتا ہوں۔اور میثاق سے لے کر برزخ تک اس کے مقامات دیکھ لیتا ہوں۔مگر اس ضمن میں ایک دلچسپ واقعہ سناتا ہوں۔کہ ابنِ عربیؒ نے ایک پیشگوئی کی تھی۔ابنِ عربیؒ نے فرمایا۔

دخل سین فی الشین ظھرک محی الدین ۔(ترجمہ) جب سین شین میں داخل ہوگا۔تو محی الدین کی قبر ظاہر ہوگی۔بہت سارے لوگ اس بیان پر (جب ابنِ عربیؒ وصال فرما گئے۔اور دفن بھی ہو گئے) بڑے پریشان ہو گئے۔مگر لوگوں کو یہ بات یاد تھی۔ (اچانک سے) ان کی قبر گم ہو گئی۔کسی کو نہ ملتی تھی۔لوگوں نے (بہت) کوشش کی۔کہ! جب سلطان سلیم اول (مُلک) شام میں داخل ہوا۔(س یعنی سلیم اور شین یعنی شام میں داخل ہوا) تو اس نے خاص طور پر (یہ) حکم دیا۔کہ محی الدین (ابنِ العربیؒ) کی قبر نمایاں کی جائے۔انہوں نے ڈھونڈی۔تب لوگوں کو سمجھ آیا۔کہ وہ (شعر میں) کیا کہہ گئے تھے۔

میری ایک پسندیدہ نظم، جو کہ ہمارے قومی شاعر جناب حضرت علامہ محمد اقبال مرحوم و مغفورؒ نے لکھی ہے۔

تیرے عشق کی انتہا چاہتا ہوں — میری سادگی دیکھ، کیا چاہتا ہوں
ستم ہو کہ، ہو وعدہء بے حجابی — کوئی بات صبر آزما چاہتا ہوں
یہ جنت مبارک رہے زاہدوں کو — کہ مَیں آپ کا سامنا چاہتا ہوں
ذرا سا تو دل ہوں، مگر شوخ اتنا — وہی لَنْ ترانی سنا چاہتا ہوں
کوئی دَم کا مہماں ہوں اے اہلِ محفل! — چراغِ سحر ہوں، بجھا چاہتا ہوں
بھری بزم میں راز کی بات کہہ دی
بڑا بے اَدب ہوں، سزا چاہتا ہوں

علمُ الحروف و علم الکتاب کی عظیم الشان اچھوتی ترتیبات

1۔ حروف (الفاظ) مقطعات سے اسمائے الٰھیه کا استخراج :

جوخوش نصیب اِس طریقہ میں محنت شاقہ سے ہمکنار ہوگا۔اُس کے لئے کامرانی کے دریچے خود بخود کھلتے چلے جائیں گے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔سب سے پہلے یادرہے ۔کہ حروف مقطعات غیرمکرریہ ہیں۔ الم.المص.الرٰ .المرٰ.کھیعص.طه.طسم.طس.یٰس.ص.حم .حم عسق.ق.ن .

اب اِن حروفِ مقطعات سے اسمائے الٰہیہ بنانے ہیں۔جیسے کہ! الرٰ- حٰمٓ- نٓ سے الرحمٰن-

اور اِسی طرح سے اگر اِن کومتفرق کیا جائے۔تو اِن حروفِ مقطعات سے جوحروف نکلیں گے۔وہ حروفِ نورانی کہلائیں گے۔جو کہ یہ ہیں۔

ا - ہ - ح - ط - ی - ک - ل - م - ن - س - ع - ص - ق - ر-

اور اِن حروفِ نورانی سے اسمائے الٰہیہ اِس طرح سے بنائیں۔جیسے کہ! **الٰه . حی . صمد** ---یہاں پرایک بات یاددلاناضروری ہے۔کہ کچھ دوستوں نے تو یہاں تک بھی محنت کی ہے۔کہ انہیں 14 حروفِ نورانی سے مرکب چاراور پانچ اسمائے الٰہیہ کا استخراج کیا ہے۔جِن میں ایک بھی حرف مکررنہیں آتا۔بہرحال یہ محنت ہم اورآپ بھی کرسکتے ہیں۔ وما توفیقی الا بالله ۔

2۔ حروف (الفاظ) مقطعات سے اسمائے الٰھیه کا استخراج :

یہ طریقہ پچھلے بیان کردہ طریقے ہی کی طرز پر ہے۔مگر اِس میں اسمائے الٰہیہ کے بجائے قرآنِ مجید کی آیات کوتلاش کرنا پڑتا ہے۔اِس کا طریقہ کار یہ ہے۔کہ وہ حروفِ مقطعات جوکہ فقط ایک ہی حرف پر مشتمل ہیں۔اُن کی تو پوری آیت ہی لی جائے گی۔جیسے کہ!

ص ص ج والقرآن ذی الذکر o **ق** ق ج والقرآن المجید o

ن نٓ ج والقلم وما یسطرونo

اِن حروفِ مقطعات کے علاوہ دیگر تمام حروفِ مقطعات کی آیات بھی محنت اور لگن سے استخراج کی جاسکتی ہیں۔جیسے کہ!

حم سے **حسبی الله لا اله الا هو علیه تو کلت و هو رب العرش العظیم o**

یعنی کہ! حرف ''حا'' سے آیتِ کریمہ شروع ہوکرحرف ''م'' پرختم ہوئی۔ ۔یادرہے۔کہ!**حٰم**۔چھ مرتبہ آیا ہے۔اور اِن چھ **حٰم**۔کی علیحدہ علیحدہ چھ ہی مختلف آیات تلاش کرنی پڑیں گی۔

الم سے **الله لا اله الا هو الحی القیوم o الم** سے **الله لا اله الا هورب العرش العظیم o**

یعنی کہ! حرف''ا'' سے آیتِ کریمہ شروع ہوکرحرف ''م'' پرختم ہوئی۔ (الم کی آیات کےاستخراج کادوسراطریقہ یہ بھی ہے۔کہ!)

الم سے **الهکم اله واحد۔ لا اله الا هو الرحمٰن الرحیمo**

یعنی کہ حروفِ مقطعات ''الـم'' سے آیت کااستخراج کادوسراطریقہ یہ بھی ہے۔آیت کاپہلاحصہ''الف'' سےشروع ہوتا ہے۔جبکہ دوسراحصہ'''لام'' سے شروع ہوکر''میم'' پرمنتہی ہوتاہے۔اسی طرح سے''الم'' سےآیت کےاستخراج کا تیسراطریقہ یہ بھی ہے۔کہ! ہمیں ایسی تین آیتیں ڈھونڈنے کی ضرورت ہے۔کہ! جِن میں پہلی آیت''الف'' سےشروع ہو۔دوسری آیت''لام'' سےشروع ہواورتیسری آیت''میم'' سےشروع ہو۔اگرپہلی آیت اسمِ ذات''اللہ'' والی ہوتو بدرجہابہتر اوالی ہوگا۔(الم کےمتعلق میری ذاتی رائے ہے۔کہ! ''الف'' سےاسمِ ذات''**الـلـه**'' بنے گا۔اور''میم'' سےآنحضرت نبی مکرم ﷺ کااسمِ مبارک ''**محمد**'' بنے گا۔جبکہ درمیان کا''لام''کس طرف کواشارہ کرتا ہے۔شاید''لا'' بنتا ہو۔یاکچھ اور---۔**وَاللّٰهُ اَعْلَمُ**---)

دیگر تمام حروفِ مقطعات سے بھی قرآنِ کریم کی آیات کا استخراج کیا جاسکتا ہے۔لیکن یادرہے۔کہ ہرمتخرج آیت ایک مکمل و جامع دُعا کی صورت میں ہوگی۔جیسے کہ''حٰمٓ'' کی مذکورہ مثال میں دیا گیا ہے۔اِن آیات کی تلاش کے دوران باذن اللہ تعالیٰ کئی اقسام کے عجائب وغرائب اوررموزواسرارکاانکشاف ہوگا۔انشاءاللہ۔جومحنت کرے گا۔وہ ضرور بالضرور میٹھااوردائمی پھل پائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

حروفِ تہجی کے **28** حروف کے اسمائے الٰہیہ کے ضمن میں میرے باطنی اُستادِمحترم جناب حضرت میمن ناشادؒ فرماتے ہیں۔کہ! اب میں حروف (علم الحروف) کے ایک خاص الخاص راز سے آپ کوآگاہ کرتا ہوں۔کہ آپ بلاشبہ سب اعمال چھوڑدیں۔اور 28 حروف کے 28۔اسماء کولے لیں۔تو وہ موجودات میں ہرجائزومتشرع امور پرتصرف کے لئے کافی ہیں۔اِسی بابت میں ایک جدول پیشِ خدمت ہے۔یہ **تمثیلی** جدول ہے۔قارئین ازخودکوشش کریں۔مگراستخراجِ اسمائے الٰہیہ کے وقت تینوں درجات وترجیحات کوملحوظِ خاطر رکھناضروری ہے۔اسمائے الٰہیہ اگرعربی کےعلاوہ سریانی،عبرانی یاکسی اورزبان میں بھی ہوں۔توکوئی حرج نہیں۔لیکن عربی زبان (زبانِ محمد ﷺ،ابراہیمؑ واسمائیلؑ اورزبانِ قرآن) کےاسمائے الٰہیہ کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ یاد رہے۔کہ! ایک روایت یہ بھی موجود ہے۔کہ! ہرہرحرف دراصل اللہ تعالیٰ کاایک ایک نام ہے۔(**والله اعلم با لصواب**)

اسم اللہ بس گراں است بے بہا ایں حقیقت را بداند مصطفٰے ﷺ

چند صدری رموز و اسرار کا انکشاف : (ہر شخص کے کھوئے ہوئے رموز و اسرار)

(بقولِ البلوشی) انسان کے اندر ایک جہاں پوشیدہ ہے۔ اور ہر انسان کا اپنا ایک **Code** یا **Password** بھی ہوا کرتا ہے۔ اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل و کرم اور رحمت کا ملہ سے اپنی کھوج کرتے کرتے اس مقام و مرتبہ تک پہنچ جائے۔ تو اُس پر ''**مَنْ عَرَفَ نَفْسُہٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّہٗ**'' کا مخفی راز عیاں ہوتا ہے۔ اسی طرح ہر شخص کا اپنا منسوبی اور نسبتی بموافق طبیعت ایک ''**حرف**'' ہے۔ اسی طرح ہر شخص کا اپنا منسوبی اور نسبتی بموافق طبیعت ایک ''**اسمِ الٰھی** (بمنز لہ) **اسمِ اعظم**'' ہے۔ اسی طرح ہر شخص کی اپنی منسوبی اور نسبتی بموافق طبیعت ایک ''**آیتِ کریمہ**'' ہے۔ اسی طرح ہر شخص کی اپنی منسوبی اور نسبتی بموافق طبیعت ایک ''**سورہء مبارکہ**'' ہے۔ اسی طرح ہر شخص کا اپنا منسوبی اور نسبتی بموافق طبیعت ایک ''**حروفِ مقطعات میں سے ایک حرف**'' ہے۔ اسی طرح ہر شخص کا اپنا منسوبی اور نسبتی بموافق طبیعت ایک ''**عدد**'' ہے۔ اَب یہاں پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے۔ کہ! اگر کوئی شخص اپنا حرف، اسمِ الٰہی، حروفِ مقطعات میں سے ایک حرف، آیتِ کریمہ، سورہ یا عدد معلوم کرنے کے لئے متجسس و خواہاں ہے۔ تو اُس کو یہ بتائے گا کون ؟

جملہ سوالوں کا جواب! کوئی صاحبِ نظر شخص (جو کہ حامل ولایت و حاملِ اسمِ اعظم) ہی بتا سکتا ہے۔ اور جس خوش نصیب کو انہیں تمام سوالوں کے جوابات مل جائیں۔ وہ دین و دنیا میں کبھی کوئی ٹھوکر نہیں کھا سکتا۔ اگر خدانخواستہ کبھی ایسے شخص کو کوئی مسئلہ پیش آ بھی جائے۔ تو یقیناً وہ قابلِ تلافی و قابلِ ازالہ ہوگا۔ (ان شاء اللہ العظیم) چاہیئے۔ کہ! ہر شخص خود کو مستعد کر کے اِن تمام سوالوں کے جوابات کے لئے خود کوشاں کرے۔ روح کی بالیدگی و لطافت کو بیدار کرنے کی بھرپور کوشش کرے۔ کیونکہ! ان سوالوں کے جوابات کے حصول کے لئے ایک مرشدِ کامل، خاموشی، تنہائی، ذکرِ الٰہی کا ورد اور دائمی تقویٰ اختیار کرنا لازمی امور ہیں۔ بغیر اِن امور کے جوابات کا ملنا مشکل ہی نہیں بلکہ ناممکن ہے۔ مگر افسوس! کچھ لوگ اپنی شرافت کی آڑ میں لوگوں کو لوٹنے میں اپنا اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

وہ آئیں گھر ہمارے ، خدا کی قدرت ہے ۔۔۔ کبھی ہم اُن کو ، کبھی اپنے گھر کو دیکھتے ہیں

حروفِ مقطعات کے متعلق حضرت ابن عربیؒ کا عجیب و غریب انکشاف :

حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ فتوحاتِ مکیہ میں حروفِ مقطعات کے ضمن میں فرماتے ہیں۔ کہ! جان لو کہ سورتوں کے اوائل میں حروفِ مقطعات سب کے سب (دراصل) فرشتوں کے اسماء ہیں۔ اور بعض مواقع میں مجھے ان سے اکٹھا ہونے کا موقع بھی میسر ہوا۔ اور ان جملہ فرشتوں سے مجھے اس علم (مقطعات) کا فائدہ نصیب ہوا۔ جب کوئی قاری ان حروف کی قرأت کرتا ہے۔ بس گویا وہ قاری انہیں ندا دے رہا ہوتا ہے۔ پس وہ اسے جواب بھی مرحمت کرتے ہیں۔ (ہر حف مقطعات کے حروف کے مطابق فرشتے ہوتے ہیں۔ جیسے ق اور ن کے ایک ایک الم کے تین جبکہ المص کے چار فرشتے ہوتے ہیں۔ یعنی جملہ فرشتوں کی تعداد 79 ہے) پھر حضرت شیخ اکبر ابنِ عربیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! پس جس کسی (مسلمان) نے بھی ان حروف (یعنی حروف مقطعات) میں اور اس کے دروازے میں (کہ جسے مَیں نے کھولا ہے) نظر کی۔ تو وہ عجائبات دیکھے گا۔ (ان شاء اللہ) کہ جس کے لئے یہ ارواحِ ملکیہ مسخر کی گئی ہیں۔ اور جن کے یہ حروف اجسام ہیں۔ پس وہ اپنے قبضہ میں موجود شعب الایمان کے ساتھ نہ صرف قاری کی معاون ہوتی ہیں۔ بلکہ موت تک اس کے ایمان کی محافظت کرتی ہیں۔

ایک سبق آموز حدیث نبوی ﷺ : صحیحین (صحیح بخاری، صحیح مسلم) میں مذکور ہے کہ! حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا ایک مجلس پر سے گزر ہوا۔ جس میں مسلمان بھی تھے۔ بت پرست بھی تھے۔ اور یہود بھی تھے۔ تو آپ ﷺ نے ان کو سلام کیا۔

اولیاء کے خصائص کے بیان میں ابیات مولانا رومیؒ :

یک زمانہ صحبتِ با اولیاء ۔۔۔ بہتر اَز صد سالہ طاعت بے رِیا
اولیاء را ہست قدرت اَز الٰہ ۔۔۔ تیر جستہ باز گرداند زِ راہ
ہر کہ خواہد ہم نشینی با خدا ۔۔۔ اُس نشیند با حُضورِ اولیاء
فیضِ حق از در کمالِ اولیاء ۔۔۔ نورِ حق اندر جمالِ اولیاء
ہر کہ خواہد ہم نشینی با خدا ۔۔۔ اُو نشیند در حضورِ اولیاء
چشم روشن کُن زِ خاک اولیاء ۔۔۔ تا بہ بینی زِ ابتداء تا انتہاء
چوں شوی دور اَز حضورِ اولیاء ۔۔۔ در حقیقت او گشتہ دور اَز خدا
چوں شوی دور از حُضورِ اولیاء ۔۔۔ در حقیقت گشتہ دُور از خدا
پیر کامل صورتِ ظِل الٰہ ۔۔۔ یعنی دید پیر دیدِ کبریا
ہر کہ پیر و ذاتِ حق را یک نہ دید ۔۔۔ نے مرید و نے مرید و نے مرید
مولوی ہرگز نہ شُد مولائے رومؒ ۔۔۔ تا غلامِ شمس تبریزیؒ نہ شد

باب درود	درود و سلام ☆ طرق زیارتِ نبوی ﷺ	یا حی یا قیوم

ورفعنا لک ذکرک

اللھم صل علی سیدنا محمد ن الفتاح الفتاح . و الفاتح لکل مغلق . و المیسر لکل عسیر . والخاتم لما سبق . ناصر الحق بالحق . و الھادی الی صراطک المستیم . و علی الہ حق قدرہ و مقدارہ العظیم . اللھم صل علی سیدنا محمد المرشد المربی و الحافظ لحقوق اللہ .

اھمیتِ درود و سلام : ان اللہ و ملائکۃ یصلون علی النبی. یایھاالذین امنوا صلو علیہ و سلموا تسلیما ۔ بےشک! اللہ تعالیٰ اوراس کے ملائکہ (فرشتے) نبی ﷺ پر درود بھیجتے ہیں ۔اے ایمان والو! تم بھی ان ﷺ پر درود بھیجو۔اور خوب سلام بھیجو۔ (سورہ احزاب)

یا صاحب الجمال ویا سید البشر　　من وجھک المنیر لقد نور القمر

لا یمکن الثناء کما کان حقہ　　بعد از خُدا بزرگ توئی قصہ مختصر

نھایت ھی سھل مگر پر تاثیر وظیفہ :

دُنیا میں صرف ایک ہی ایسا عمل اورعبادت ہے۔کہ! جس میں نہ صرف ذاتِ حق ،ملائکہ اورحضرتِ انسان شریک ہوتے ہیں ۔بلکہ اس عملی عبادت میں مشترک ہیں۔اوروہ عملی عبادت حضرت رحمۃ اللعالمین امام المرسلین نبی مکرم ﷺ پر درود وسلام کا بھیجنا ہے۔اوراس عمل کے کثیر فوائد ومنافع میں آٹھ بہت مشہور ومعرف ہیں۔ **اول**۔ اللہ تعالیٰ اوراس کے حبیب رسولِ مکرم ﷺ سے حددرجہ محبت وعشق ہونا۔ **دوئم**۔ رحمتوں کانزول ہونا۔ **سوئم**۔ گناہوں سے مغفرت ہونا۔ **چھارم**۔ شرفِ زیارت النبی ﷺ۔ **پنجم**۔ درجات میں اضافہ ہونا۔ **ششم**۔ عبادات میں لذت ہونا۔ **ھفتم**۔ اذکارووظائف میں حلاوت کا پیدا ہونا۔ **ھشتم**۔ حصولِ جنت میں آسانی ہونا۔

یادرہے۔کہ! درود شریف ایک ایسا پُرلذت ،روح پرور، پاکیزہ اور نیک ترین عمل ہے۔کہ جوانسان کو بآسانی عظمت ورفعت کے بلند ترین مقامات سے لے جاکر ایک ایسی شان وعزت کا باعث فراہم کرتا ہے۔کہ جس کا وہم وگمان بھی نہیں کیا جاسکتا۔اللہ تعالیٰ نے ہرایک نبیؑ ورسولؑ کو اپنی کسی نہ کسی خصوصی شان وعظمت سے ضرورنوازا ہے۔لیکن آپ ﷺ تو جملہ انبیاء ورسلؑ کی تمام امتیازی خصوصیات کے جامع ہیں۔

☆ سب سے پہلے حضرت آدمؑ کو یہ عزت اورشرف عطا ہوا۔کہ فرشتوں کواُنؑ کے سامنے جھکایا۔اوراسماء کا کثیر ترین علم عنایت فرمایا۔اوراُنؑ کوابوالبشر کا خطاب ملا۔ ☆ اسی طرح سے حضرت سیدنا ابراہیمؑ کواپنی دوستی سے نوازتے ہوئے خلیل اللہ کالقب عطا فرمایا۔ان کی جائے سکونت حج کومرکز بنایا۔اورپھر اِن کے چہیتے صاحبزادے کوذبیح اللہ کے لقب سے سرفراز فرمایا۔ ☆اسی طرح سے حضرت سیدنا ادریسؑ کے بارے میں فرمایا۔کہ یہ میرا سچا نبیؑ ہے۔جن کا میں نے درجہ بلند کیا۔ ☆اسی طرح سے حضرت سیدنا یوسف نبیؑ کوعلم تعبیر سکھایا،ایک عظیم سلطنت کا والی بنایا۔اورعظیم المثل حسن سے نوازا۔ ☆اسی طرح سے حضرت سیدنا موسیٰؑ کواپنی ہم کلامی کا شرف بخشا۔علم عظیم عطا فرمایا۔جادوگروں کے مقابلے میں عظیم الشان معجزات سے نوازا۔اورفرعون جیسی عظیم شیطانی قوت کے مقابلے میں بہت بڑی فتح عطا فرمائی۔ ☆ اسی طرح سے حضرت سیدنا عیسیٰ نبیؑ کومُردوں کوزندہ کرنے ،کوڑھی وجذام کے مریضوں کوشفایاب کرنے کی قابلیت وصلاحیت سے ہمکنار فرمایا۔اورہرجگہ پر اپنی حمایت وتائید عطا فرمائی۔ ☆ یادرہے۔کہ! آنخضور نبی مکرم سیدالمرسلین رحمۃ اللعالمین ﷺ کو مذکورہ بالا تمام معجزات وعنایات کے علاوہ سب سے اعلیٰ یہ مرتبہ،اعزاز اوردرجہ عطا فرمایا۔کہ! انؑ کے ذکر(درودوسلام) کواپنا ذکر قرار دیا۔اوران ﷺ کے اسمِ مبارک کو اپنے اسمِ مبارک کے ساتھ شامل کرکے اِن ﷺ پر نہ صرف خود صلوٰۃ پڑھا۔بلکہ جملہ جن وانس وملائکہ کو یہ ذمہ داری (Duty) تفویض کی گئی۔کہ جمیع مخلوقات آپ ﷺ پر درودوسلام بھیجا کریں۔سبحان اللہ وبحمدہٖ۔ ہمیں اس بات پر بہت زیادہ فخر ہے۔کہ! ہمارے پیارے نبی مکرم ﷺ تمام انبیاء ورسلؑ میں سب سے زیادہ جامع جمیع کمالات کے حامل ہیں۔ آنچہ خوباں ھمہ دارند تُو تنہا داری ۔۔۔(بقول شاعر)

اے ذاتِ تُو اَز صفات ماپاک　　کُنہ تُو برون زِ حدِّ ادراک

ہم اَز تُو منیر شمع و انجم　　ہم اَز تُو بلند قصرِ افلاک

آدمؑ زِ تُو شد منور اَز مہ　　پیدا اَست مقامِ ذرہء خاک

یادرہے۔کہ! اگراحادیث نبوی ﷺ کا بغور جائزہ لیا جائے۔یا علماء،صلحاء،فقہاء اورمجتہدین کے اخبار سے اسناد واستدلال کی روشنی میں تجزیہ کیا جائے۔تو معلوم ہوتا ہے۔کہ آنخضرت نبی مکرم ﷺ کی ذاتِ اقدس پر درود وسلام بھیجنا افضل ترین اورانتہا درجے کی مفید ومتنفع ترین عبادت وریاضت ہے۔اوراس بات کی سب سے قوی ترین دلیل یہ ہے۔کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی تمام ترمخلوق کوفقط اپنی ہی عبادت کاحکم فرمایا ہے۔مگر درود وسلام کی عبادت ایسی عظیم ترین فضیلت والی عبادت ہے۔کہ اللہ تعالیٰ نہ صرف خود یہ عبادت کرتا ہے۔بلکہ جمیع مخلوقات مثل جن وانس،ملائکہ ودیگرمخلوقات جیسے چرند وپرند وشجر وحجر اورتمام جانداروں کو بھی یہی حکم ہے۔کیونکہ! یہ ایک ایسی عبادت ہے۔کہ جس سے اللہ تعالیٰ اپنی تمام مخلوقات سے بےانتہا خوش وراضی ہوتا ہے۔اسی ضمن

میں چندا حادیثِ نبویہ ﷺ اور علماء کے اقوال تحریر کئے جاتے ہیں۔ ☆ جامع ترمذی کی ایک روایت ہے۔ حضرت ابن ابی کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرماتے ہیں۔ مَیں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ ! میں آپ ﷺ پر درود پڑھتا ہوں۔ تو کتنا وقت درود (پڑھنے) کے لئے وقف کروں؟ (آنحضرت ﷺ نے) فرمایا۔ جتنا چاہو۔ میں نے عرض کیا۔ چوتھائی حصہ۔ (آنحضرت ﷺ نے) فرمایا۔ جتنا چاہو۔ اگر درود کا وقت بڑھا دو۔ تو تمھارے لئے بہتر ہوگا۔ میں نے عرض کیا۔ آدھا وقت؟ (آنحضرت ﷺ نے) فرمایا۔ جتنا چاہو۔ اگر درود کا وقت بڑھا دو۔ تو تمھارے لئے بہتر ہوگا۔ میں نے عرض کیا۔ دو تہائی وقت؟ (آنحضرت ﷺ نے) فرمایا۔ جتنا چاہو۔ اگر درود کا وقت بڑھا دو۔ تو تمھارے لئے بہتر ہوگا۔ میں نے عرض کیا۔ میں سارا وقت درود ہی پڑھوں گا؟ (آنحضرت ﷺ نے) فرمایا۔ تب تو تمھارے غموں کے لئے کافی ہے۔ اور تمھارے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ ☆ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ کہ! ایک دن آنحضور پُرنور ﷺ خوش خوش تشریف لائے۔ فرمایا۔ حضرت جبرائیلِ آمین علیہ السلام میرے پاس تشریف لائے۔ اور کہا۔ آپ ﷺ کا رب فرماتا ہے۔ اے محمد ﷺ ! کیا آپ ﷺ اِس پر راضی نہیں۔ کہ آپ ﷺ کی اُمت میں سے جو کوئی آپ ﷺ پر درود بھیجے۔ مَیں اِس پر دس مرتبہ سلام نازل کروں۔ ☆ مسند احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کی ایک روایت ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ میرے پاس میرے پروردگار کا ایک قاصد آیا۔ اور کہا۔ آپ ﷺ کی اُمت کا جو فرد آپ ﷺ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے لئے دس نیکیاں لکھیں گے۔ اور دس برائیاں مٹا دیں گے۔ اور اس کے دس درجات بلند کریں گے۔ ☆ ابنِ عساکر رحمۃ اللہ علیہ کی ایک روایت ہے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ مجھ پر کثرت سے درود بھیجو۔ کیونکہ تمھارا مجھ پر درود بھیجنا تمھارے (ہی) گناہوں کی بخشش کا ذریعہ ہے۔ اور میرے لئے درجہ و وسیلہ طلب کرو۔ کیونکہ میرے رب کے یہاں میرا مقامِ وسیلہ پر فائز ہونا تمھارے لئے (تمھاری ہی) شفاعت کا باعث ہوگا۔ ☆ ابنِ ماجہ رحمۃ اللہ علیہ میں حضرت ابی درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ کہ! آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجو۔ کیونکہ وہ ملائکہ کی حاضری کا دن ہے۔ اور کوئی مجھ پر درود نہیں پڑھتا۔ مگر وہ ضرور مجھ پر پڑھنے والے کی فراغت تک پیش کر دیا جاتا ہے۔ ☆ شعب الایمان میں حضرت ابی امامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ کہ! آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود بھیجو۔ کیونکہ میری اُمت کا درود ہر جمعہ کو مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ پس جو مجھ پر زیادہ درود بھیجنے والا ہوتا ہے۔ وہی مجھ سے قریب تر ہوتا ہے۔ ☆ جامع ترمذی شریف میں روایت ہے۔ کہ! آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ لوگوں میں بخیل ترین وہ شخص ہے۔ جس کے پاس میرا ذکر کیا جائے۔ اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ ☆ کتاب الکبیر میں امام طبرانی تحریر کرتے ہیں۔ کہ حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ! آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ تم جہاں کہیں ہو۔ مجھ پر درود بھیجو۔ کیونکہ مجھ پر تمھارا درود پہنچ جاتا ہے۔ (یعنی پہنچایا جاتا ہے) ☆ جامع ترمذی اور متدرک للحاکم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ کہ! آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ ہلاک ہو وہ شخص (کہ) جس کے پاس میرا ذکر کیا جائے۔ اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے۔ اور ہلاک ہو وہ شخص (کہ) جس پر ماہ رمضان آئے۔ اور اس کی بخشش سے قبل چلا جائے۔ اور ہلاک ہو وہ شخص (کہ) جس کے پاس اس کے والدین بڑھاپے کو پہنچ جائیں۔ اور وہ اس کو اس کی خدمت کی بدولت جنت میں داخل نہ کرا دیں۔ ☆ کتاب الحلیہ میں حضرت سعید بن عمیر انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ کہ! آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ میری اُمت کا کوئی بندہ صدقِ دل کے ساتھ مجھ پر درود نہیں بھیجتا۔ مگر اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ اور اس کے لئے دس نیکیاں لکھتا ہے۔ اور اس کے لئے دس برائیاں محو فرماتا ہے۔ ☆ اب مسند احمد، سنن نسائی، صحیح ابن حبان اور متدرک للحاکم میں حضرت ابی طلحہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ کہ! آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ (کہ) میرے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام تشریف لائے۔ اور کہا۔ اے محمد ﷺ ! کیا آپ ﷺ اس (امر) پر خوش نہیں۔ (کہ) آپ ﷺ کے پروردگار نے فرمایا۔ (کہ) آپ ﷺ پر آپ ﷺ کی اُمت کا کوئی فرد ایک مرتبہ درود نہیں بھیجے گا۔ مگر میں اس پر دس رحمتیں نازل کروں گا۔ آپ ﷺ کی اُمت کا کوئی فرد آپ ﷺ پر ایک مرتبہ سلام نہیں کرے گا۔ مگر میں اس پر دس (مرتبہ) سلامتی بھیجوں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ اے پروردگا! میں اس پر کیوں خوش نہ ہوں۔ ☆ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے حضور نبی کریم ﷺ سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ اگر میں اپنے تمام اوراد و اشغال اور دُعاوں کی جگہ صرف آپ ﷺ پر درود پڑھا کروں تو یہ کیسا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ! اگر تم نے ایسا کر لیا تو اللہ تعالیٰ تمھارے دین و دنیا کے کاموں کا ذمہ دار بن جائے گا (مسند امام احمد بہ سند جید) ☆ حضرت ابی طلحہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔ کہ! آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ (کہ) میرے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام تشریف لائے۔ اور کہا۔ اے محمد ﷺ ! (کہ) آپ ﷺ پر آپ ﷺ کی اُمت کا کوئی فرد ایک مرتبہ درود بھیجے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے لئے دس نیکیاں لکھیں گے۔ اور دس برائیاں مٹا دیں گے۔ اور اس کے دس درجات بلند فرما دیں گے۔ اور فرشتہ بھی ان کو یوں ہی دعا کرے گا۔ جس طرح اس نے آپ ﷺ پر درود بھیجا۔ میں نے پوچھا۔ اے جبرائیل علیہ السلام ! وہ فرشتہ کونسا ہے؟ جواب دیا۔ کہ جب سے اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو پیدا فرمایا ہے۔ آپ ﷺ کی بعثت تک آپ ﷺ پر دو فرشتے مقرر فرما دیئے ہیں۔ کہ جو بھی آپ ﷺ کی اُمت کا فرد آپ ﷺ پر درود بھیجے۔ تو وہ فرشتہ اس کو کہے۔ اللہ تعالیٰ بھی تجھ پر رحمت نازل فرمائے۔ (آمین) ☆ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ کہ! دعا آسمان و زمین کے درمیان معلق رہتی ہے۔ اس میں سے کچھ بھی اوپر نہیں جاتا۔ یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں ہدیہ درود و سلام پیش نہ کیا جائے۔

درود و سلام کے فوائد :

حضرت سمرقندیؒ اپنی کتاب ''تنبیہ الغافلین میں فرماتے ہیں ۔کہ! حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! جو اپنی زندگی میں مجھ پر بکثرت درود بھیجتا ہے ۔اللہ تعالیٰ جملہ مخلوقات کو حکم فرماتا ہے ۔کہ اس کی وفات کے بعد اس کے لئے استغفار کیا کریں۔

☆ جو شخص بروزِ جمعہ بعد نمازِ عصر اَسّی (80) مرتبہ یہ درود پڑھتا ہے۔ **اللھم صل علٰی محمد ن النبی الامی ولٰی اٰ له وصحبه وبارک وسلم**۔تو اللہ تعالیٰ اس کے اَسّی (80) برس کے گناہ معاف فرما دیتا ہے۔ ☆ حضرت انسؓ سے مروی ہے۔کہ! حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔کہ! جو شخص **اللھم صل علٰی محمد وعلیٰ اٰل محمد** ۔پڑھتا ہے۔قبل اس کے کہ وہ کھڑا ہو۔اللہ تعالیٰ اس کو بخش دیتا ہے۔اور اگر کھڑے ہو کر پڑھتا ہے۔تو قبل اس کے،کہ وہ بیٹھ جائے۔اللہ تعالیٰ اس کو بخش دیتا ہے۔ ☆ حضرت جابر بن عبداللہؓ کا بیان ہے۔کہ! حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔کہ! جو صبح و شام **اللھم (یا) رب محمد صلی علٰی محمد وعلیٰ اٰل محمد وا جز محمدًا صلی الله علیه وسلم ما هوا اهله** ۔ پڑھتا ہے۔ہزار دنوں تک کاتبینِ اعمال کو تھکا ڈالتا ہے۔ ☆ حضرت علیؓ نے فرمایا۔کہ! جو شخص تین مرتبہ روزانہ اور ہر جمعہ کو صد مرتبہ **صلوات الله و ملٰئکتهٖ و انبیا ئهٖ ورسلهٖ و جمیع خلقهٖ علٰی محمد وعلٰی اٰ ل محمد وعلیه و علیهم السلام ورحمة الله وبرکاته** ۔پڑھا کرے۔تو اس نے آپ ﷺ پر تمام خلائق کی درود پڑھی۔اور قیامت میں آپ ﷺ کے زمرے میں اُٹھے گا۔اور آپ ﷺ کا دستِ مبارک پکڑے رہے گا۔ یہاں تک کہ! آپ ﷺ اسے جنت میں داخل فرما دیں گے۔(حدیث میں آیا ہے۔کہ) ہر با مقصد کام، جو اللہ تعالیٰ کے ذکر اور پھر مجھ پر درود سے شروع نہ کیا جائے۔وہ ہر بھلائی سے خالی ہو جاتا ہے۔ جب ہم کہتے ہیں۔کہ! **اللھم صل علٰی محمد** ۔(یعنی) اے اللہ تعالیٰ! حضور ﷺ پر صلوٰۃ نازل فرما۔تو یہ آنحضور نبی مکرم ﷺ کا حق پورا کرنا ہوا۔

مَن عاصیم ، مَن عاجزم ، مَن بےکسم ، حالِ مَرا یاشافع ﷺ روزِ جزا ، پُرساں توئی ، پُرساں توئی

☆ حدیث میں آتا ہے۔کہ! اپنے نبی ﷺ پر بہترین درود بھیجو۔

حضرت سیدی عبدالوہاب الشعرانیؒ نے طبقات میں حضرت سیدی ابوالمواہب الشاذلیؒ کے حالات میں ان کا یہ قول نقل کیا ہے۔کہ! مَیں نے سیدالعالمین ﷺ کو خواب میں دیکھا۔تو عرض کیا۔یارسول اللہ ﷺ! اللہ تعالیٰ دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔اس شخص پر، جو ایک مرتبہ آپ ﷺ پر درود بھیجے۔(تو) کیا یہ بشارت اس کے لئے ہے۔جو حضورِ قلب سے درود شریف پڑھے ؟ (تو آپ ﷺ) فرمایا نہیں۔(بلکہ) یہ تو ہر اس شخص کے لئے ہے۔جو غفلت سے مجھ پر درود بھیجے۔اور اللہ تعالیٰ اس کو پہاڑوں جتنے فرشتے عطا فرماتا ہے۔جو اس کے لئے دُعا و استغفار کرتے ہیں۔لیکن اگر (کوئی شخص) حضورِ قلب سے پڑھے۔تو اس کا ثواب اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

☆ حدیث میں ہے۔کہ! مجھ پر میری اُمت کے اعمال پیش کئے گئے۔(اُن اعمال میں سے) کچھ تو مقبول تھے۔اور کچھ مردود سوائے درود کے۔

☆ حدیث میں آتا ہے۔کہ! جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجا۔اور وہ قبول ہو گیا۔تو اللہ تعالیٰ اس کے اسی برس کے گناہ معاف فرما دے گا۔

☆ حدیث میں آتا ہے۔کہ! جس مسلمان کے پاس صدقہ نہ ہو۔تو (ایسا شخص بطورِ صدقہ یا صدقہ کرنے کے عوض) اپنی دُعا میں یہ کہے۔ **اللھم صل علٰی محمد عبدک ورسولک و صل علی المؤ منین والمسلمین والمسلمات** ۔یہی اس کی زکاۃ ہے۔اور فرمایا۔مومن نیکی سے سَیر نہیں ہوتا۔یہاں تک کہ اس کی آخری منزل جنت ہے۔

☆ ایک روز نبی کریم ﷺ صبح کے وقت بہت خوش و خرم تھے۔چہرہء اقدس سے مسرت کے آثار نمایاں نظر آرہے تھے۔تو صحابہء کرامؓ نے عرض کیا۔یارسول اللہ ﷺ! آج آپ ﷺ بہت خوش و خرم اور مسرور نظر آرہے ہیں۔فرمایا۔ہاں! میرے پاس میرے رب کے ہاں سے ایک آنے والا آیا۔اور اس نے کہا۔کہ! آپ ﷺ کی اُمت میں سے جو شخص آپ ﷺ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا۔(تو) اس پر اس کے عوض دس نیکیاں لکھے گا۔اور اس کے دس گناہ مٹائے گا۔اور اس کے دس درجے بلند فرمائے گا۔اور اس کی طرف ایسا ہی درود جواب میں بھیجے گا۔

☆ حدیث میں آتا ہے۔کہ! بے شک اللہ تعالیٰ کا ایک فرشتہ ہے۔جس کو قدرت نے تمام مخلوق کی آواز سننے کی طاقت عطا فرمائی ہے۔میری وفات کے وقت سے وہ میری قبر پر کھڑا رہے گا۔جو بھی شخص مجھ پر درود بھیجے گا۔وہ فرشتہ کہے گا۔یا محمد ﷺ! آپ ﷺ پر فلاں ابن فلاں نے درود بھیجا ہے۔فرمایا۔اللہ تعالیٰ اس آدمی پر ایک درود کے بدلے دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔

☆ حدیث میں آتا ہے۔کہ! قیامت کے دن تین آدمی عرشِ الٰہی کے سائے میں ہوں گے۔یہ وہ دن ہوگا۔جس میں اس کے سائے کے علاوہ کسی کا سایہ نہ ہوگا۔عرض کیا گیا۔یارسول اللہ ﷺ! وہ (تین اشخاص) کون ہوں گے ؟ فرمایا۔جس نے میرے کسی اُمتی کی تکلیف دور کی۔اور میری سنت زندہ کی۔اور مجھ پر کثرت سے درود بھیجا۔

☆ حضرت سیدِ عالم ﷺ کے پاس ایک شخص آیا۔اور اس نے اپنے فقر و فاقہ اور تنگدستی کی شکایت کی۔(تو) حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔(کہ)

جب اپنے گھر جاؤ۔ تو سلام کہا کرو۔ چاہے گھر میں کوئی ہو یا نہ ہو۔ پھر مجھ پر سلام کہو۔ اور ایک مرتبہ **قل ھو اللہ احد**۔۔۔ (پوری سورہ) پڑھو۔ اس شخص نے ایسا ہی کیا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے اس پر رزق وسیع کیا۔ یہاں تک کہ اس کے رشتہ داروں، ہمسایوں پر بھی کشائشِ رزق فرمائی۔

☆ حدیث میں آتا ہے۔ کہ! مجھ پر درود پڑھ کر اپنی مجلسوں کو زینت دو۔ بے شک تمھارا درود بھیجنا بروزِ قیامت نور ہوگا۔

☆ حدیث میں آتا ہے۔ کہ! حضرت جبرائیلِ امینؑ نے عرض کیا۔ یا محمد ﷺ! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ جو شخص آپ ﷺ پر دس مرتبہ درود بھیجے۔ اس کے لئے میرے غضب سے امان واجب ہوگئی۔ ☆ حدیث میں آتا ہے۔ کہ! میں نے حضرت جبرائیلؑ سے کہا۔ (کہ) اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ کون سا عمل محبوب ہے ؟ کہا۔ یا محمد ﷺ! آپ ﷺ پر درود بھیجنا۔ اور علی ابن علی طالبؓ سے محبت کرنا۔

☆ ابی بن کعب کہتے ہیں۔ میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! میں آپ ﷺ پر کثرت سے درود بھیجتا ہوں۔ آپ ﷺ فرمائیں۔ (کہ میں) آپ ﷺ پر کس قدر درود بھیجا کروں ؟ فرمایا۔ جتنا چاہو۔ میں نے عرض کیا۔ ایک چوتھائی وقت۔ فرمایا۔ جو چاہو۔ اگر زیادہ کردو۔ تو تمھارے لئے بہتر ہے۔ میں نے (پھر) عرض کیا۔ آدھا وقت۔ فرمایا۔ جتنا چاہو۔ اگر اور زیادہ کردو۔ تو تمھارے لئے بہتر ہے۔ میں نے (پھر) عرض کیا۔ دو تہائی وقت۔ فرمایا۔ جتنا چاہو۔ اگر زیادہ کردو۔ تو تمھارے لئے بہتر ہے۔ کہتے ہیں۔ میں نے عرض کیا۔ حضور ﷺ! سارا وقت (میں) آپ ﷺ پر درود پڑھتا رہوں گا۔ فرمایا۔ یہ تیرے غم و الم دور کرنے کو کافی ہے۔ اور تیرے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

☆ حضور نبی کریم ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کے درمیان کوئی نہ بیٹھتا تھا۔ ایک دن ایک شخص آیا۔ تو حضرت نبی مکرم ﷺ نے اس کو اپنے (اور حضرت ابوبکر صدیقؓ) کے درمیان بٹھا لیا۔ صحابہءکرامؓ کو اس (بات) پر تعجب ہوا۔ جب وہ شخص چلا گیا۔ تو حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ یہ شخص اس طرح درود پڑھتا ہے۔ **اللھم صل علیٰ محمد کما تحب و ترضٰی لہ۔** (بقول حضرت شمس تبریزیؒ)

یا رسول اللہ ﷺ! حبیبِ خالقِ یکتا توئی — برگزیدہ ذوالجلالِ پاک بے ہمتا توئی
نازنینِ حضرت حق و صدر و بدرِ کائنات — چشم و چراغِ انبیاءؑ، نورِ چشمِ ما توئی
شمسِ تبریزی چہ داند، نعتِ تُو پیغمبراؐ — مُصطفٰےؐ و مُجتبٰےؐ و سرورِ اعلٰے توئی

اِسی ضمن میں فقیر (**محمد عبدالروف البلوشی**) عرض گزار ہے۔ کہ! درودِ پاک پڑھتے ہوئے نبی اکرم ﷺ کا کامل تصور کرے۔ اور یہ یقین رکھے۔ کہ اُن کی ذاتِ اقدس ﷺ پر درودِ پاک پڑھنا بہت عظیم نیکی اور عمل ہے۔ اگر خوش قسمتی سے آنحضرت رسالت مآب ﷺ کی بحالتِ خواب زیارت کا عظیم شرف حاصل ہو جائے۔ تو چاہیئے۔ کہ اُسی صورتِ دل نشین کے تصور و تخیل میں دائمًا خود کو محو مستغرق رکھے۔ کیونکہ کثرت درود و سلام اور اسی صورت کے انہماک کی وجہ سے شاید دوبارہ بھی زیارت حاصل ہو جائے۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) اگر درود و سلام پڑھنے کے باوجود بھی (خدانخواستہ) زیارت کا شرف حاصل نہ ہوا۔ تو بھی اپنے ذوق و شوق میں کمی نہیں آنے دینی چاہیئے۔ یاد رہے۔ کہ شروع میں آنحضرت ﷺ بحالتِ خواب اپنی بار ہا مرتبہ زیارت کا شرف عطا فرماتے ہیں۔ پھر بحالت بیداری بھی یہ شرف حاصل ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ جب درود و سلام کثرت سے پڑھتے پڑھتے اور عشق نبوی ﷺ میں ہمیشہ منہمک رہنے کی عادت ہو جائے گی۔ تو (انشاء اللہ تعالیٰ) درودِ پاک پڑھنے والے کی روح کا مجلس و محفل نبوی ﷺ میں آنا جانا شروع ہو جائے گا۔ کیونکہ ایسا شخص پھر اپنی روح و جسم کی آنکھ سے ہمیشہ یادِ نبوی ﷺ و عشق نبوی ﷺ میں مستغرق و محو رہے گا۔ اور جوں جوں درودِ پاک کے قاری کی محبت و عشق میں آنحضرت ﷺ کے لئے جذبہ عشق زیادہ ہوتا چلا جائے گا۔ اسی نسبت سے اس کی روح پر انواراتِ الٰہیہ کا نزول کثرت سے ہوتا جائے گا۔ اور اسی طرح دن بدن اس پر رحمتِ خداوندی، عنایات رحمانی اور نبی مکرم ﷺ کی خصوصی توجہ سے وہ خوش نصیب شخص ولایت کے عظیم درجات کو پالے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ایسا شخص ہر وقت اپنے اردگرد نور کا بحرِ بیکراں محسوس کرتا ہے۔ اور اسی بحرِ بیکراں میں اُس کی روح غوطہ زن ہو کر روحانیت و نورانیت سے مالا مال ہوتی چلی جائے گی۔ کیونکہ!

☆ ہر مرض کی دواء صلے علےٰ محمدِ۔ ☆ ہر مشکل کا حل صلے علےٰ محمدِ۔
☆ ہر مصیبت سے نجات صلے علےٰ محمدِ۔ ☆ ہر دشمن سے پناہ صلے علےٰ محمدِ۔
☆ دین و دنیا کی بھلائی صلے علےٰ محمدِ۔

☆ حضرت شیخ علامہ شہاب الدین قلیوبیؒ نے صلوٰۃ القلیوبی کے مقدمہ میں نبی اکرم ﷺ پر درود و سلام کی فضیلت میں چند احادیثِ نبوی ﷺ اور اِن کے عظیم فوائد ذکر کرنے کے بعد فرمایا۔ کہ! یہ عبادت (یعنی درود و سلام پڑھنا) تمام عبادات میں آسان ترین عبادت ہے۔ اور اللہ الملک الجلیل کے زیادہ قریب ہے۔ اور ہر ایک کی طرف سے مقبول (بلکہ) ہر حال میں مقبول (ہے) چاہے پڑھنے والا مخلص ہو یا ریا کار۔ اُن (شیخ علامہ شہاب الدین قلیوبیؒ کے نزدیک) یہی قول زیادہ صحیح ہے۔ اور ویسے بھی ارشادِ ربانی ہے۔ کہ!

ان اللہ لا یضیع اجر المحسنین۔ ترجمہ: یقینًا! اللہ تعالیٰ بھلائی کرنے والے کے اجر کو ضائع نہیں کرتا۔

آرزو دارم کہ خاکِ آں قدم — توتیائے چشم سازم و مبدم

☆ اِسی ضمن میں غوث الوقت حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ کے ملفوظات بنام کتاب ''الابریز'' میں آیا ہے ۔کہ! ہم یہ بات دیکھتے ہیں ۔کہ! دو اشخاص بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں ہدیہ درود وسلام پیش کرتے ہیں ۔اِن دونوں میں سے ایک شخص کو زیادہ اجر وثواب عطا کیا جاتا ہے ۔جبکہ دوسرا کم ثواب کا مستحق قرار پاتا ہے ۔اس کی بنیادی وجہ یہ ہے ۔کہ! جس شخص کو کم اجر وثواب عطا کیا جاتا ہے ۔اِس نے اپنے خیالات کی یورش میں بہتے ہوئے غفلت کے ساتھ درود پڑھا تھا ۔گویا یہ درود اس نے محض عام عادت وفطرت کے تحت پڑھا تھا ۔اور نتیجے کے طور پر اسے کم اجر وثواب میسر ہوا ۔اس کے برعکس دوسرے شخص نے مکمل محبت واخلاص کے ہمراہ درودِ پاک پڑھا تھا ۔(جس کے باعث وہ ثواب کا زیادہ حقدار بنا) اور آنحضرت نبی مکرم ﷺ سے محبت کا بنیادی سبب یہ ہے ۔کہ! انسان کے دل میں آنحضرت رسالت مآب ﷺ کی عظمت وشان اور رفعتِ مکان کا کامل تصور جاگزیں ہو ۔(انسان ہمیشہ یہ بات ذہن نشیں رکھے ۔کہ) آپ ﷺ کی ذات تمام موجودات کے وجود میں آنے کا وسیلہ ہیں ۔اور تمام انوارات آپ ﷺ ہی کے نور سے نکلتے ہیں ۔آپ ﷺ گذشتہ اور آنے والے تمام لوگوں بلکہ تمام تر مخلوقات کے لئے رحمت ہیں ۔جیسا کہ فرمانِ عالی شان ہے ۔ **و ما ارسلنک الا رحمة اللعالمین۔** ترجمہ: اور ہم نے آپ ﷺ کو تمام جہانوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا۔

غریبم یا رسول الله ﷺ غریبم ندارم در جهان جُز تُو حبیبم
بریں نازم که هستم اُمّتِ تُو گنهگارم و لیکن خوش نصیبم

لہذا جملہ مخلوقات کو یقیناً آپ ﷺ ہی کے وسیلے سے ہدایت نصیب ہوئی ۔جب انسان آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی اِسی عظمت وشان و رفعت مکان کو پیشِ نظر رکھ کر درود شریف پڑھے گا ۔(تو یقیناً وہ بے شمار اجر وثواب کا مستحق قرار پائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ) بقول علامہ اقبالؒ !

تُو غنی اَز ہر دو عالم مَن فقیر روزِ محشر عذر ہائے مَن پذیر
یا اگر بینی حسابم نا گُزیر اَز نگاہِ مصطفٰی پنہاں بگیر

آگے چل کر حضرت سیدی دباغؒ مزید فرماتے ہیں ۔کہ! جو بھی شخص آنحضرت رسالت مآب ﷺ کی عظمت وشان سے ذرہ بھر بھی واقف و شناسا ہو جائے ۔وہ بہت خوش نصیب شخص ہوتا ہے ۔اور زیادہ بہتر یہی ہے ۔کہ انسان آنحضرت ﷺ کی عظمتِ شان کا خیال سامنے رکھ کر ہدیہ درود پیش کرے ۔تاکہ اس کے انوار (اور فیوض وبرکات) سے فیض یاب ہو سکے ۔ ان شاءاللہ۔

☆ حضرت سیدی دباغؒ مزید فرماتے ہیں ۔کہ! ہر عمل کا اجر اور ہر اجر کا (ایک مخصوص) نور ہوا کرتا ہے ۔اور یہ نور دنیاوی زندگی میں بھی انسان سے کافی گہرا تعلق رکھتا ہے ۔چنانچہ اگر کوئی عمل خالص اللہ تعالیٰ کی رضا (اور خوشنودی) کے حصول کے لئے کیا جائے ۔تو اس عمل کے انوارات صاحب عمل کی شخصیت پر (بالکل واضح طور پر) بھی ظاہر ہوں گے ۔اور صاحب عمل اِن انوارات کو (انتہائی لذت سے) محسوس بھی کرے گا ۔جو خشیت ،لرزہ یا گریہ وزاری کی شکل میں ظاہر ہوں گے ۔اور اگر عمل کرنے والا صاحبِ بصیرت ہوگا ۔تو فوراً سمجھ جائے گا ۔کہ اس کا عمل قبول ہو گیا ہے ۔اسی طرح اسے اجر (وثواب) کے بارے میں بھی علم ہو جائے گا ۔اکثر لوگ یہ سمجھتے ہیں ۔کہ اجر کے بارے میں صِرف آکرت میں ہی پتہ چل سکتا ہے ۔حالانکہ یہ (بیان اور) کیفیت مجوب لوگوں ہی کی ہے ۔ورنہ اہلِ بصیرت لوگوں کے سامنے ہر چیز روزِ روشن کی طرح عیاں ہوا کرتی ہے ۔لیکن صاحبِ عمل اللہ تعالیٰ کی رضا کے بجائے کسی ذاتی مقصد کے حصول کے لئے کوئی نیکی کرتا ہے ۔تو یہ نیکی بے نور رہوتی ہے ۔اور عمل کرنے والے کو عمل کی مشقت اور محنت کے بجائے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا ۔

جہاں بنی میری فطرت ہے لیکن کسی جمشید کا ساغر نہیں ہوں میں

درود وسلام بهر صورت مقبول هے ؟ اس کا پڑھنے والا یقینی طور پرجنتی هے ؟

میرے (البلوشی کے) خیال کے مطابق درود وسلام ہر صورت میں قبول ومقبول ہے ۔کیونکہ! درود وسلام اللہ کے حبیبِ مکرم ﷺ نہ صرف سنتے ہیں ۔بلکہ اُسی لمحہ جواب بھی مرحمت فرماتے ہیں ۔درود شریف کی ہر لمحہ مقبولیت کی دوسری وجہ یہ ہے ۔کہ! اللہ تعالیٰ تو ہر عبادت سے پاک ہے ۔مگر درود وسلام وہ بھی اپنے حبیب ﷺ پر نہ صرف پڑھتا ہے ۔بلکہ ہمیں بھی تاکیداً درود وسلام پڑھنے کا حکم فرماتا ہے ۔یعنی اس عبادت میں بندے کے ساتھ ،اللہ تعالیٰ اور فرشتے بھی شامل ہیں ۔تیسری وجہ یہ ہے ۔کہ درود شریف پڑھنے والے پر دس رحمتیں نازل ہوتی ہیں ۔ اس کے دس درجات بلند ہوتے ہیں ۔پڑھنے والے کے حق میں دس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں ۔اور اس کے دس گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں ۔اس کے علاوہ بھی مقبولیت کی متعدد وجوہات ہیں ۔

درود وسلام کا پڑھنے والا یقیناً جنتی ہے ۔کیونکہ! جب کوئی آنحضور نبی مکرم ﷺ پر درود وسلام (دعا ،رحمت اور برکت) بھیج رہا ہوتا ہے ۔تو آپ ﷺ اور اللہ تعالیٰ اُس کی اس نیکی کا بدلہ (جزا) ضرور بالضرور جنت کی صورت میں عطا فرمائیں گے ۔ان شاءاللہ۔یعنی کہ درود وسلام پڑھنے والا شخص عبادتِ الٰہیہ کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کے حبیب مکرم ﷺ کے ساتھ نیکی واحسان کا معاملہ کر رہا ہوتا ہے ۔تو اُسے بہت بڑی جزا ملے گی ۔اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے بڑی جزا اور بدلہ بھلا جنت کے سوا اور کیا ہوسکتا ہے ۔لہذا میرا (البلوشی کا) تو ایمان ہے ۔کہ درود وسلام پڑھنے والا یقینی طور پر جنتی ہوگا ۔ان شاءاللہ۔

با خدا دیوانہ باش ۔ با محمد ﷺ ہوشیار

حضرت سیدی دباغؒ نے مزید ارشاد فرمایا۔کہ! صاحبِ عمل کو عمل (یعنی کسی بھی قسم کی کوئی نیکی یا نیک عمل) کرتے وقت اپنا (ایک سرسری سا) جائزہ لینا چاہیئے ۔ اگرچہ اس کا عمل کسی قدر معمولی ہی کیوں نہ ہو۔کیونکہ ہر معمولی سے معمولی نیکی کا بھی کوئی نہ کوئی اجر (اور ثواب) ضرور ہوتا ہے۔اور اس اجر کا مخصوص نور ہوتا ہے۔ جو نیکی کرنے والے شخص کے باطن پر ظاہر ہوتا ہے۔اور یہ اثر محسوس بھی کیا جا سکتا ہے۔(اس اثر کو محسوس کرنے کا سہل طریق یہ ہے۔کہ!) اگر نیکی کرتے وقت انسان کا دل دناوی خواہشات اور اللہ تعالیٰ سے منقطع کرنے والے اُمور سے معمور ہوگا۔تو انسان کو سمجھ لینا چاہیئے ۔کہ وہ اجر (اور ثواب) سے محروم رہے گا۔کیونکہ اجر سے محرومی کے باعث اس کا دل غافل ہے۔لیکن اگر عمل کرتے وقت انسان کا دل بارگاہ رب العزت کی طرف متوجہ ہو۔تو انسان کو سمجھ لینا چاہیئے ۔کہ اللہ تعالیٰ اسے اس عمل کا بہترین اجر عطا فرمائیں گے۔(انشاء اللہ تعالیٰ) اسی طرح اگر کوئی شخص پورے خلوص اور نیک نیتی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دستِ سوال دراز کرتا ہے۔تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا کو قبول فرماتا ہے۔البتہ (اس شخص کی اسی) دعا کی قبولیت کا اثر دوصورتوں میں سے کسی ایک صورت میں (ضرور) ظاہر ہوتا ہے۔ایک صورت تو یہ ہے۔کہ سائل کی درخواست کے مطابق اس کی مراد پوری کردی جاتی ہے۔جبکہ دوسری صورت یہ ہے۔سائل کی مراد تو پوری نہیں ہوتی۔البتہ اسے مراد پوری نہ ہونے کی حکمت کے راز سے آگاہ (ضرور) کردیا جاتا ہے۔اور یہ خصوصیت صِرف اولیاء اللہ ہی کو حاصل ہے۔

محمد کی محبت دینِ حق کی شرطِ اول ہے ۔۔۔ اسی میں ہو اگر خامی تو دین ہی نامکمل ہے
محمدؐ کی محبت آنِ ملت ، شانِ ملت ہے ۔۔۔ محمدؐ کی محبت روحِ ملت ، جانِ ملت ہے

☆ اِسی ضمن میں فلسطین کے ایک سچے عاشقِ رسول ﷺ حضرت محمد یوسف بن اسمٰعیل النبھانیؒ اپنی کتاب **سعادۃ الدارین فی الصلوٰۃ علیٰ سید الکونین** ﷺ میں فرماتے ہیں۔کہ! درود وسلام کا سب سے بڑا فائدہ (بلکہ سعادت وانعام) خواب میں آپ ﷺ کی زیارت کرنا ہے۔جن لوگوں کو یہ نعمت کثرت سے حاصل ہوگی۔وہ اس سے ترقی کر کے بحالتِ بیداری آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی زیارت تک پہنچیں گے۔اور جب کہ یہ سب سے بڑی نعمت ہے۔اور اس کے اسباب کا علم تمام علوم میں اہم ترین علم ہے۔

پس جو کوئی نبی کرم ﷺ کی زیارتِ بابرکات کا شوق رکھتا ہے۔اور جس کے دل پر آقائے دوجہاں ﷺ کی محبت غالب ہے۔اور اس کے دل میں دنیا کے مال واسباب کی محبت نہیں۔اس کا دل ایسا (صاف وشفاف) آئینہ ہوجاتا ہے۔جس میں کہ اس کائنات کے سب سے زیادہ اعلیٰ صفات وکمالات کی حامل شخصیت حضور نبی مکرم ﷺ ہی نظر آتے ہیں۔اور آپ ﷺ کا دیدار بالکل درست اور خواب میں قطعی ہے۔پس تیرے (یعنی شائق زیارت کے) اور اس مقام میں دل کی صفائی اور پختہ محبت کے سوا کسی اور چیز کی ضرورت نہیں۔بقولِ مرزا غالب!

وا کر دیئے ہیں شوق نے بند قبائے حُسن ۔۔۔ عز اَز نگاہ اَب کوئی حائل نہیں رہا

کیونکہ صادق ومصدوق آقا ﷺ فرماتے ہیں۔کہ! **من رانی فی المنام فقد رانی حقا** ۔جس نے مجھے خواب میں دیکھا۔اس نے یقیناً مجھے ہی دیکھا۔

پس تمھیں (یعنی شائق زیارت کو) جب بھی اِن عظیم المرتبت شان والے نبی ﷺ کے دیدار کا شوق دامن گیر ہو۔تو اپنی محبت کو خالص وقوی کرلو۔نفس کو بالکل صاف کرلو۔اورحضورِ پاک ﷺ پر درود وسلام پڑھنے میں اپنی تمام عمرصَرف کردو۔یہاں تک کہ مکمل قلب ،جسم کا ایک ایک بال اور تمام جسم انوار سے پُر ہوجائے۔اور اغیار وظلمت کے اندھیرے مِٹ جائیں۔اور قلب میں صِرف اور صِرف حضرت ابوالقاسم ﷺ ہی کی صورتِ مبارکہ منقش ہوجائے۔

میرے پسندیدہ نعتیہ ابیات (اَز حضرت عبدالرحمٰن جامیؒ)

و صلی اللہ علی نورِ کزو شد نورھا پیدا ۔۔۔ زمیں اَز حبِ اُو ساکن فلک در عشق اُو شیدا
محمد ﷺ ، احمد ﷺ و محمود ﷺ وَے را خالقش بستود
از اُو شد بود ہر موجود از وشد دیدھا بینا
اگر نامِ محمد ﷺ را نیا وردِ شفیع آدمؑ ۔۔۔ نہ آدمؑ یافتے توبہ ، نہ نوحؑ از غرقِ نجینا
دو چشمِ نرگسینش را کہ مازاغ خوانند ۔۔۔ دو زلفِ عنبر ینش را کہ واللیل اذا یغشٰی
ز سر سینہ اش جامیؒ الم نشرح لک برخواں
زِ معراجش چہ می پُرسی کہ سبحان الذی اسریٰ

اُمتِ محمدیہ ﷺ میں سب سے زیادہ درود وسلام پڑھنے والی عظیم شخصیت :

اس دنیا میں بے شمار ولا تعداد لوگ عشقِ نبوی ﷺ سے سرشار تھے، ہیں اور انشاءاللہ پیدا بھی ہوتے رہیں گے۔ایک شخصیت (کہ) جنکا اسمِ گرامی حضرت شیخ **باغ حسین کمال اویسی نقشبندی** ؒ ہے۔جو کہ حضرت **مولانا اللہ یار خان صاحب اویسی نقشبندی** ؒ، منارہ، چکوال کے مرید ہیں۔حضرت جی پروفیسر کمال صاحب ؒ روحانیت کے تاجدار اور ولایت کے بلند ترین منصب ''عبد'' پر فائز المرام تھے۔آپ ؒ کا ذکر آتے ہی ایک ایسی ہستی کا تصور (ذہن میں) آتا ہے۔(کہ) جنہوں نے ذکر اسمِ ذات ''اللہ'' اور ''درود شریف'' کی ترویج کو اپنی زندگی کا مرکز محور اور نصب العین بنائے رکھا۔(اُن پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل وکرم یہ ہے۔کہ!) خاص طور پر درود شریف کو آپ ؒ نے درجہ کمال تک پہنچایا۔اور ایسے ایسے ریکارڈ قائم کئے۔(اُنھوں نے آنحضور پرنور ﷺ کی تمام گذشتہ، موجودہ اور آنے والی اُمت میں سب سے زیادہ درود وسلام پیش کیا ہے۔اور آنحضرت ﷺ کی جانب سے پہلے نمبر پر آئے ہیں۔سبحان اللہ) کہ انہیں رہتی دنیا تک بطورِ مثال پیش کیا جاتا رہے گا (انشاءاللہ تعالیٰ)۔کیوں نہ ہو۔کہ خود اللہ تعالیٰ نے آپ ؒ کو درود شریف کی ذاتی نسبت عطا فرمائی۔اور جناب رسالت مآب ﷺ نے آپ ؒ کو اس حوالے سے اولیت کی سند عطا کرتے ہوئے فرمایا۔(جس کی مکمل تفصیل پیشِ خدمت ہے) حضرت باغ حسین کمال ؒ اپنی کتاب ''حالِ سفر'' میں فرماتے ہیں۔کہ!

(مجھے) بارگاہ رسالت ﷺ سے حکم۔۔۔صادر فرمایا گیا۔کہ اپنی روحانی کیفیات واحوال اور تصوف وسلوک کے بارے میں ایک مختصر سی کتاب قلمبند کروں۔جو سالکین کے لئے مشعل راہ ثابت ہو۔۔۔مزید فرمایا۔۔۔دین کے اہم ترین شعبے ''احسان'' کو ایک بڑا طبقہ نظر انداز کر چکا ہے۔۔۔انکار کے مقابلے میں بھی پوری قوت سے ہونا چاہیئے۔لہذا (تم) اپنے احوال کا تذکرہ کرو۔تا کہ لوگوں کو اس کی برکات کا احساس ہو۔اور انہیں اس راہ پر چلنے کا شوق نصیب ہو۔۔۔(میں نے) عرض کیا۔کتاب کا نام کیا رکھوں؟ حضرت امام حسین ؓ بول اُٹھے۔۔۔''حالِ سفر''۔۔۔مَیں (ابھی اس نام پر) غور ہی کر رہا تھا۔کہ حضور انور ﷺ نے فرمایا۔''اَز فرش تا عرش'' بھی نیچے لکھوا دینا۔تا کہ معنویت پیدا ہو جائے۔ **الحمد للہ رب العلمین**O مَیں نے عرض کیا۔یارسول اللہ ﷺ! اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور آپ ﷺ کے کرم سے ناچیز (جناب باغ حسین کمال ؒ) کو انعامات سے اس قدر مالا مال فرمایا گیا ہے۔کہ اگر مَیں ظاہر کر دوں۔تو لوگ یقین کرنے کے بجائے مذاق کرنا شروع کر دیں گے۔۔۔آپ ﷺ نے فرمایا۔۔۔''سنو! قرآنِ کریم کی یہ آیت: **ان اللہ و ملائکتہ یصلون علی النبی ۔ یایھاالذین امنوا صلو علیہ و سلموا تسلیما** ۔(سورہ احزاب) ترجمہ :بے شک! اللہ تعالیٰ اور اس کے ملائکہ (فرشتے) نبی ﷺ پر درود بھیجتے ہیں۔(تو) اے ایمان والو! تم بھی آپ ﷺ پر درود بھیجو۔اور خوب سلام بھیجو۔ (بمطابق حدیث) جامع ترمذی شریف میں آیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔قیامت والے دن وہ شخص میرے سب سے زیادہ قریب ہوگا۔جس (کسی دنیا میں) نے مجھ پر سب سے زیادہ درود شریف پڑھا ہوگا۔

دوا ہر دکھ کے درد کی درود پاک ہے	پڑھتے رہو کہ ! پڑھنا یہ عبادت پاک ہے

مگر اس حکم پر کما حقہ توجہ نہیں دی گئی۔۔۔تمام عباد وزہاد نے نوافل، تلاوت اور تسبیحات پر (اپنی) توجہ مرکوز رکھی۔انہوں نے درودِ پاک (کے ورد کرنے پر) وہ توجہ نہ دی۔(کہ) جس کا تقاضا اللہ کریم نے کیا تھا۔مگر میری اُمت میں تم (باغ حسین کمال صاحب ؒ) واحد شخص ہو۔(کہ) جس نے اللہ کریم سے عجیب دعا مانگی۔۔۔درود اللہ تعالیٰ کا ذاتی وظیفہ ہے۔سو جب تم نے اس کی دعا کی۔تو گویا اللہ کریم کی آرزو طلب کر لی۔لہذا اس نے تمھیں درود کی ذاتی نسبت عطا فرما دی۔تمھاری یہ معصوم اور پاکیزہ ادا و دعا اللہ کریم کو اتنی پسند آئی۔کہ تمھیں بتدریج ذوق وشوق اور ہمت وحوصلے سے نوازتے چلے گئے۔۔۔(اور) تم نے اُمتِ محمدیہ ﷺ کے کثرت سے درود پڑھنے والے پہلے سو (انتہائی خوش نصیب) اشخاص میں شامل ہونے کی دعا کی تھی۔۔۔مگر اللہ کریم نے اس لحاظ سے ساری اُمت میں (تمھیں) اول کر دیا۔درود شریف کے لحاظ سے کوئی بھی تمھارا مثیل نہیں۔اس درود شریف (کہ جس درود شریف نے پروفیسر باغ حسین کمال ؒ کو درجہ کمال تک پہنچایا۔آگے دیا جائے گا۔) کی وجہ و برکت سے مَیں نے اور ایصالِ ثواب کی وجہ سے دیگر انبیائے کرام ؑ، خلفائے راشدین ؓ، حسنین کریمین ؓ، صحابہ کرام ؓ اور اولیائے کرام ؒ نے تمھیں اپنا (روحانی) بیٹا بنایا ہے۔اور اولیائے کرام ؒ میں میری ذاتی توجہ جتنی تمھیں حاصل ہوئی ہے۔وہ اور کسی کو نصیب نہیں ہوئی۔اور اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل وکرم تیرے شاملِ حال ہو رہا ہے۔(حضرت باغ حسین کمال نقشبندی ؒ کا درودِ پاک مندرجہ ذیل ہے)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ ۔

(بقولِ حضرت کمال ؒ) درود شریف کے سلسلے میں یہ گزارش بے جا نہ ہوگی۔کہ اگرچہ درود شریف پہلے بھی میرا معمول تھا۔مگر **29** جولائی **1975** کو میں حضرت جی (اپنے پیرومرشد جناب مولانا اللہ یار خان اویسی نقشبندی، منارہ، چکوال) کے حلقہ ذکر میں شامل ہوا۔تو اس انس مزید بڑھ گیا۔اور میں نے روزانہ بلا ناغہ دس ہزار درود شریف اور دس ہزار کلمہ طیبہ کا وِردِ معمول بنا لیا۔۔۔تا آنکہ رمضان شریف 1978 کے اعتکاف کے دوران دل میں (یہ) خیال پیدا ہوا۔کہ اِن میں سے کسی ایک (ذکر یعنی ''ذکر اسمِ ذات اللہ'' یا ''درود شریف'' کے ورد) کو اختیار کر کے درجہ کمال تک پہنچانا چاہیئے۔سو (آخر دل نے یہ فیصلہ دیا کہ) درود شریف سے طبعی لگاؤ کے باعث اسے اختیار کیا گیا۔۔۔اور پھر ایک عجیب سی آرزو نے دل میں پیدا ہو کر بے قرار کر دیا۔۔۔بے چینی بڑھی۔تو نصف رات کے وقت دعا کی صورت میں لبوں پر (یہ خواہش) آ گئی۔۔۔(کہ) بارگاہ الٰہی میں دستِ دعا بلند ہوا۔(پروفیسر باغ حسین کمال ؒ کی دعا کے یہ الفاظ تھے)

''الٰہی ! مجھے تاحیات آنحضور نبی مکرم ﷺ کے حضور میں کم اَز کم ایک کروڑ (مرتبہ) سالانہ درود شریف کے ایصال کی سعادت نصیب فرما''۔''یا اللہ کریم ! مَیں درود شریف کا ریکارڈ قائم کروں۔ پھر توڑوں ۔ پھر قائم کروں ۔ پھر توڑوں ۔اے رب العالمین ! میرے مالک ! مجھے اُمت محمدیہ ﷺ کے ان پہلے سو 100 خوش نصیبوں میں شامل فرما ۔ (کہ) جنہوں نے حضور ﷺ پر کثرت سے درود شریف بھیجا ہے''۔

دیدار گر نہیں تو گفتار ھی سہی حُسنِ جمالِ یار (ﷺ) کے آثار ھی سہی

بے حد و بے حساب تعریفیں نا پیدا کنار تعریفیں بے انتہا تعریفیں میرے اللہ میرے مالک کے حضور (کہ) جس نے مجھ ناچیز دعا کو یہ دعا مانگنے کا لازوال شرف بخشا۔۔۔ بے مثال سعادت سے بہرہ ورفرمایا۔ جس نے مجھے اپنے ذاتی وظیفے سے سرفراز فرمادیا۔۔۔ میں اگر یہ کہوں ۔ کہ نہ (ہی) کسی نے ایسی دعا مانگی ۔(اور) نہ کسی کی ایسی دعا قبول ہوئی ۔ میں کیوں نہ کہوں ۔ کہ چودہ سو 1400 سال سے رحمتِ حق منتظر تھی ۔ کہ کوئی ایسی دعا مانگے تو سہی ۔ وہ ذاتِ اقدس طالب تھی ۔ کہ کوئی طلب تو کرے۔۔۔ یہی مطلب اس کا مطلوب تھی ۔ اور اسی طلب کے لئے دل چُنا ۔ تو کس کا چُنا ؟ ہاں ! کمال (پروفیسر باغ حسین کمال نقشبندی اویسیؒ) کا چُنا ۔ بے شک کمال کا چنا ۔ حضور ﷺ کی رحمت کے صدقے کمالؒ کو اس نعمتِ لازوال و بے مثال سے مشرف کیا گیا ۔ کہ ملائکہ بھی جھوم اُٹھے ۔ کائنات جھوم اُٹھی ۔۔۔ حضور نبی اکرم ﷺ جھوم اُٹھے ۔ ارے رحمتِ حق جھوم آٹھی ۔ کمالؒ کا نصیب جاگ اُٹھا ۔ میرے اللہ ! میرے مالک ! بے حد و بے حساب تعریفیں۔۔۔ بے کراں تعریفیں، بے پایاں تعریفیں تیرے لئے ہیں ۔

مغزِ قرآن ، روحِ ایماں ، جانِ دیں ہست حبِ رحمۃ اللعالمین ﷺ

یاد رہے ۔ کہ ! پروفیسر باغ حسین کمال نقشبندیؒ کو منجانبِ الٰہی و درگاہِ رسولِ مکرم ﷺ سے بہت زیادہ انعامات و اکرامات سے نوازا گیا ہے ۔ کہ جن کی تفصیل اگر یہاں لکھی جائے ۔ تو سینکڑوں صفحات درکار ہوں گے ۔ بہرحال شائقین حضرات اُن کے متعلق دو کتب ''حالِ سفر، فرش تا عرش'' اور خطباتِ کمال'' میں ملاحظہ کر سکتے ہیں ۔ کہ جن کی روزانہ کی کم سے کم تعداد دو لاکھ 200000 مرتبہ ہوا کرتی تھی ۔ اور اُنہوں نے پانچ اَرب سے کہیں زیادہ مرتبہ درود شریف پڑھ لیا تھا ۔ جو کہ بظاہر تو ناممکن الامر نظر آتا ہے ۔ لیکن جیسے ایک کرامت ''طی الارض'' کی ہے ۔ اسی طرح ایک کرامت ''طی اللسان'' کی بھی ہے ۔ کیونکہ بعض اولیاء اللہؒ کے قصص میں مذکور ہے ۔ کہ وہ ایک دن ورات میں پانچ یا اس سے بھی زیادہ مکمل قرآنِ پاک کا ختم کرلیا کرتے تھے ۔ کئی اولیاء اللہ ایک سے دوسرا قدم اُٹھانے اور رکھنے تک ایک مکمل قرآنِ پاک کا ختم کرلیا کرتے تھے ۔ اسی طرح سے امام اعظم ابو حنیفہ نعمان بن ثابتؒ نے اپنے حجرے میں (کہ جہاں ابھی اُن کا مزار مبارک بنا ہوا ہے) ستر ہزار 70000 سے زائد مرتبہ قرآنِ پاک کا ختم کیا ہوا تھا ۔ اور پھر وصیت فرمائی تھی ۔ کہ مجھے بعد از وصال اسی حجرے ہی میں دفن کر دیا جائے ۔۔۔ بہرحال اس تمہید کا مقصد و غایت یہی تھی ۔ کہ جہاں پر اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ کسی شخص سے راضی اور خوش ہو جائیں ۔ تو وہاں زمان و مکان کی قید ختم ہو جاتی ہے ۔ تعداد اور وقت میں ایک عجیب سی خیر و برکت پیدا ہو جاتی ہے ۔ اللہ تعالیٰ ہم سب سے راضی ہو ۔ آمین ۔

سید و سرور محمد ﷺ نورِ جاں مہتر و بہتر شفیعِ مجرماں

بہتر و بہترین از جملہ انبیاء بجز **محمد** ﷺ نیست در ارض و سماء

ایک عظیم ترین راز مخفیہ :

حضرت پروفیسر باغ حسین کمال نقشبندیؒ اپنی کتاب ''**خطباتِ کمال**'' میں رقم طراز ہیں ۔ کہ ! آپ (یعنی ہم عوام الناس) درود شریف (تو) پڑھتے رہتے ہیں ۔ لیکن یہ 20 منٹ (رات 00 : 10 بجے سے لے کر 20 : 10 تک) بہت قیمتی ہیں ۔ یہ میری پوری روحانی داستان کا لب لباب ہیں ۔ آپ جہاں بھی ہوں ۔ جس حالت میں بھی ہوں ۔ باوضو ہوں یا بے وضو ہوں ۔ یہ 20 منٹ (قطعًا) ضائع نہ کریں ۔ اور ان میں درود شریف پڑھیں ۔ یہ وقت درود شریف کے لئے مخصوص کر دیں ۔ باقی 24 گھنٹوں میں پڑھے جانے والے درود سے ان 20 منٹ میں پڑھا جانے والا درود شریف اجر و ثواب کے لحاظ سے کہیں زیادہ ہوگا ۔ (بہرحال !) آپ حضرات زیادہ سے زیادہ وقت اور ہمت درود شریف پر (ہی) صَرف کریں ۔ درود شریف کی برکات سے ہی مطلوبہ قوت پیدا ہوگی ۔ جو کہ روحانی ڈیوٹی کے لئے درکار ہے ۔

حضرت باغ حسین کمالؒ سے روحانی رابطے کا مجرب طریقہ :

ایک مرتبہ 'اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم'' ، ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' ، '' لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وصحبہ وبارک وسلم'' ، ''یا اللہ ۔ یا محمد ۔ یا کمال'' ۔ یہ سب پڑھ کر اپنا مسئلہ بیان کریں ۔

شفیعِ عاصیاں عالم پناہ نگاہِ برمنِ مسکیں نگاہِ

زِ رحمت کُن شہہِ خوباں نگاہِ ندارم در جہاں جُز تُو پناہِ

زیارت الرسول اللہ ﷺ بحالتِ رویاء یا بیداری : (جو کہ یقیناً بہت بڑی سعادت اور عظیم نعمت ہے)

ایک فقیہ نے حضرت سیدی عبدالعزیز الدباغؒ سے سوال کیا۔کہ! ۔ اے میرے آقاؒ ! اگر ایک شخص اِس بات کا دعوٰی کرتا ہے۔کہ اِس نے بحالتِ بیداری آنحضرت نبی کریم ﷺ کا دیدار کیا ہے۔(جبکہ) بعض صوفیاء کا تو یہاں تک کہنا ہے۔کہ! ایسے شخص کا دعوٰی گواہی کے بغیر قابل قبول نہیں ہوگا۔ جب تک کہ وہ یہ گواہی نہ دے۔کہ! اُس نے 2999 مقامات طے کر لئے ہیں۔ جب وہ یہ دعوٰی کرے۔تو اُس سے کہا جائے۔کہ وہ اِن تمام مقامات کو بیان کرے۔آپؒ سے گزارش ہے۔کہ آپؒ اشاروں کناؤوں میں ہی اپنی سہولت کے مطابق اِن مقامات (میں سے چند مقامات کو ہی سہی) بیان فرما دیں۔تفصیل کی ضرورت نہیں۔

حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ نے جواباً فرمایا۔کہ ہر شخص کے جسم میں 366 رگیں ہوتی ہیں۔اور ہر رگ کی اپنی مخصوص خاصیت ہوتی ہے۔ صاحب کشف ولی اِن تمام رگوں کی انفرادی خصوصیات کا مشاہدہ کرتا ہے۔کسی رگ کا تعلق جھوٹ کے ساتھ ہوتا ہے۔کوئی حسد سے متعلق ہوتی ہے۔اسی طرح ریا، غداری، خود پسندی، غرور وتکبر وغیرہ الگ الگ رگوں میں روشن دکھائی دیتے ہیں۔جس وقت کہ کوئی صاحب کشف کسی دوسرے انسان کو دیکھتا ہے۔تو گویا اسے اس انسان کے جسم کے فانوس میں 366 قمقمے روشن ہوتے ہوئے نظر آتے ہیں۔جن میں سے ہر ایک کا رنگ دوسرے سے (قدرے) مختلف ہوتا ہے۔ان میں سے ہر رگ کی ایک مخصوص کیفیت کی مزید کئی تفصیلات ہیں۔ مثلاً اگر ایک رگ رگ شہوت کے ساتھ متعلق ہے۔ جبکہ شہوت کی توکئی اقسام ہیں۔کبھی اس کا تعلق شرم گاہ کے ساتھ ہوتا ہے۔کبھی یہ مرتبہ و مقام سے متعلق ہوتی ہے۔اور کبھی دیگر خواہشات اور مال کے ساتھ اس کا تعلق ہوتا ہے۔لیکن جھوٹ کی کئی اقسام ہیں۔مثلاً ایک شخص خود جھوٹ بولتا ہے۔ یہ الگ قسم ہے۔ جبکہ ایک شخص دوسرے کو جھوٹا سمجھتا ہے۔اور اس کی بات کے بارے میں شک و شبہ کا شکار رہتا ہے۔تو یہ ایک الگ قسم ہے۔ جب تک کہ انسان اِن تمام مقامات کو طے نہ کر لے۔اس وقت تک اسے فتح نصیب نہیں ہوتی۔(اگر اللہ تعالیٰ چاہے۔تو انسان کو یہ مقامات طے کئے بغیر بھی نواز سکتا ہے۔کیونکہ وہ کلی قدرت کا مالک ہے)

مت پوچھ میرے سفر کا   میں مسافر ہوں عمر بھر کا

لہذا جب بھی اللہ تعالیٰ کسی شخص کو نوازنا چاہے۔اور اسے فتح عطا فرمانا چاہے۔تو اسے ان تمام عوارض سے بتدریج پاک صاف کرتا چلا جاتا ہے۔مثلاً جب کذب (جھوٹ) کی بُری خصوصیت ہی (وجود وطبیعت میں) باقی نہیں رہے گی۔تو انسان پہلے صدق پھر تصدیق کے مقام پر فائز ہوگا۔(انشاء اللہ) جب انسان میں مال و دولت کی محبت ختم ہوجائے گی۔تو انسان زُہد کے مقام پر فائز ہوجائے گا۔ جب انسان سے گناہوں کی لذت حاصل کرنے کی محبت ختم ہوجائے گی۔تو وہی انسان اللہ تعالیٰ کی سچی اور حقیقی محبت کا اسیر بن جائے گا۔(انشاء اللہ تعالی) جب انسان سے دنیاوی جملہ خواہشات کا پھیلاؤ ختم ہوجائے گا۔تو انسان دنیا سے بے رُغبت ہوجائے گا۔وہ دنیا جو درحقیقت دھوکے کا گڑھ ہے۔اور پھر اللہ تعالیٰ خوش ہوکر انسان کو فتح عطا فرما کر اپنا سِر اس کی ذات میں رکھ دیتا ہے۔تو ایسا شخص مختلف جہانوں کے مشاہدات کے قابل ہوجاتا ہے۔اُس شخص کو یہ مشاہدہ بتدریج (اضافہ کے ساتھ) نصیب ہوتا چلا جاتا ہے۔

یا رسول اللہ ﷺ اُنظر حالنا   یا رسول اللہ ﷺ اسمع قالنا

اننی فی بحر غم مغرق   خُذ یدی سھل لنا اشکالنا

اِن تمام تر مشاہدات میں سے ہر ایک مشاہدے میں انسان پر لازم ہے۔کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حقوقِ ربوبیت کا مکمل خیال رکھے۔اور اپنے فرائضِ بندگی میں بھی ہر ایک فرض کو ادا کرے۔ کیونکہ اِن مشاہدات کے دوران کچھ ایسی خوفناک اور خطرناک چیزوں سے سامنا ہوتا ہے۔ جو انسان کے لئے تباہ کن ثابت ہوسکتی ہیں۔اگر اللہ تعالیٰ کی توفیق اور فضل وکرم انسان کے شامل حال نہ ہو۔تو انسان کم از کم اپنے ہوش وحواس سے بیگانہ ہوہی جائے گا۔اپنی ذات کے اندر موجود رگوں اور اِن کے خواص کا مشاہدہ کرنے کی بہ نسبت اِن جہانوں کا مشاہدہ زیادہ مشکل ہوتا ہے۔کیونکہ خصوصیات کا مشاہدہ ایک باطنی اَمر ہے۔جبکہ جہانوں کی سیر ایک ظاہری اَمر ہے۔جنہیں انسان اپنی ظاہری آنکھ سے مشاہدہ کرتا ہے۔اور یہ کیفیت فتح کے حصول کے بعد ہی نصیب ہوتی ہے۔لہذا جب بھی انسان کی نظر پاک صاف ہو جائے گی۔اور اس کا نورِ بصیرت بھی مکمل ہو جائے۔اور اللہ تعالیٰ کی رحمت بھی شامل حال ہو جائے۔ یہاں تک کہ کسی بھی قسم کی بدبختی کا شائبہ تک نہ رہے۔تو اس وقت اللہ تعالیٰ اپنے اس بندے کو اُس دنیا کے سب سے عظیم ترین اور افضل و اشرف ترین انسان یعنی آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی زیارت کا شرف عطا فرماتا ہے۔اور پھر انسان بحالتِ بیداری سَر کی آنکھ کے ساتھ حضرت رسالت مآب ﷺ کی زیارت عطا فرماتے ہیں۔(سبحان اللہ) یہ ایک ایسی کیفیت ہے۔کہ! جسے زبان بیان کرنے سے یکسر قاصر ہے۔ بلکہ اس کے بارے میں تو سوچا بھی نہیں جا سکتا۔اس وقت انسان کو بے انتہا لذت وسرور (اور بہت ہی اعلیٰ قسم کا نور) میسر ہوتا ہے۔(جس بھی انسان کو یہ سعادتِ عظمٰی وکبرٰی نصیب ہو جائے) تو ایسا شخص یقیناً قابل صد تحسین ومبارکباد کا مستحق ہے۔

خدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم   خدا چاہتا ہے رضائے محمد ﷺ

جب آپ انسان کی ذات میں موجود (رگوں کے) خواص اور جہانوں کی سیر کے دوران پیش آنے والے مشاہدات کو گننا شروع کریں گے ۔ تو اِن کی تعداد آپ (سوال کرنے والے اُس فقیہہ کو سیدی دباغؒ مخاطب کر رہے ہیں) کے بیان کردہ اعداد 2999 سے بھی تجاوز کر جائے گی ۔ اور پھر نبی اکرم ﷺ کے ظاہری و باطنی فضائل و کمالات سے اہلِ علم (علمائے حق) ہی کچھ نہ کچھ حد تک وقوف و ادراک اور شناسائی حاصل کر سکتے ہیں ۔ (اس ضمن میں ایک حدیثِ نبوی ﷺ بھی موجود ہے ۔ جس کا مفہوم یہ ہے ۔ کہ ! آنحضور نبی اکرم ﷺ نے ایک مرتبہ حضرت ابوبکر صدیقؓ سے فرمایا ۔ کہ ! آپؓ ہر وقت میرے ساتھ تو ہوتے ہیں ۔ **لیکن آپؓ بھی مجھے نہیں پہچانتے** ۔ یعنی کہ حضور ﷺ کی رسالت و نبوت ، عظمت و شان ، رفعت و بزرگی کے مرتبے و مقام کو بجز اللہ تعالیٰ کی ذات کے آج تک کوئی بھی انسان نہ جان سکا ۔) سیرت کی کتابوں میں آنحضور ﷺ کے ظاہری و باطنی فضائل ، خصائل اور کمالات کا ذکرِ خیر ملتا ہے ۔ لہٰذا جو بھی شخص حالتِ بیداری میں آنحضرت ﷺ کی روئیت کا دعوے دار ہو ۔ تو لازمی ہے ۔ کہ اِس شخص سے آنحضور نبی مکرم ﷺ کی ظاہری دلکشی و رعنائی کے بارے میں دریافت کیا جائے ۔ (کیونکہ یہ روزِ روشن کی طرح ایک طے شدہ اَمر ہے ۔ کہ !) بحالتِ بیداری کی سعادت کا حامل شخص اپنے دیئے گئے جاب کے انداز و کیفیت سے بالکل صاف طور پر جانا اور پہچانا جائے گا ۔ (کہ وہ اپنے اس دعوے میں کس قدر صادق ہے)

☆ حضرت جناب **محمد یوسف بن اسماعیل النبہانیؒ** اپنی کتاب ’’ **سعادۃ الدارین فی الصلوٰۃ علیٰ سید الکونین** ﷺ ‘‘ میں فرماتے ہیں ۔ کہ ! اولیائے کرامؒ کے آنحضور نبی مکرم ﷺ سے فیض حاصل کرنے کی صورت یہ ہے ۔ کہ اِن کی ارواح رسولِ مکرم ﷺ سے بالمشافہ ملاقات کرتی ہیں ۔ یہ ملاقات جسمانی نہیں روحانی ہوتی ہے ۔ پس اِن کا اجتماع آنحضور ﷺ سے ویسا نہیں ۔ جیسا صحابہ کرامؓ کا تھا ۔ اسے سمجھو ۔ حضرت سیدی ابوالعباس المرسیؒ فرمایا کرتے تھے ۔ کہ فقیر کا مقام اُس وقت تک کامل ہی نہیں ہوتا ۔ جب تک کہ رسول اللہ ﷺ سے میل ملاپ اور ہر معاملہ میں سرکارِ دو عالم ﷺ کی طرف سے اسی طرح سے رجوع نہ ہو ۔ جس طرح شاگرد کا استاد کی طرف ہوتا ہے ۔ فرمایا ۔ ہمیں یہ خبر پہنچی ہے ۔ کہ سیدی محمد عمریؒ نے جب مصر میں اپنا دارالعلوم اور مسجد قائم کی ۔ تو اس کی کسی واسطہ سے رسول اللہ ﷺ سے اجازت مانگی ۔ سرکارِ دو عالم ﷺ نے فرمایا ۔ تعمیر کرو ۔ اور اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھو ۔ مَیں نہیں جانتا ۔ کہ یہ بالواسطہ اجازت حصولِ کمال سے پہلے کی تھی ۔ یا آنحضور ﷺ سے شرم و حیا کی بنا پر تھی ۔ بالواسطہ اجازت چاہی ۔ ویسے ان کے مرتبے و مقام کے لائق یہی صورت تھی ۔ بے شک وہ کمال میں مشہور تھے ۔

☆ حضرت سیدی یاقوت عرشیؒ فرمایا کرتے تھے ۔ جو بھی شخص یہ دعویٰ کرے ۔ کہ مَیں نے بالمشافہ حضرت رسول اللہ ﷺ سے علم واَدب حاصل کیا ۔ اِس سے تمام کیفیت پوچھو ۔ اگر کہے کہ مَیں نے ایسا نور دیکھا ہے ۔ جس نے مشرق و مغرب کو نورانیت سے بھر دیا تھا ۔ اور مَیں نے ایک کہنے والے کو اس نور میں سے یہ کہتے ہوئے سنا ۔ کہ ! جو میرے ظاہر و باطن میں تھا ۔ کسی خاص جہت میں محدود نہ تھا ۔ غور سے میرے رسول نبی کریم ﷺ کا حکم سنو ۔ ایسے آدمی کی تصدیق کرو ۔ ورنہ مفتری جھوٹا ہے ۔ تو معلوم ہوا کہ ! بلاواسطہ حضور ﷺ سے (علم و فیض اور اَدب) حاصل کرنے کا مقام بہت معزز و مکرم مقام ہے ۔ اسے ہر شخص نہیں پا سکتا ۔

کی کجھ **نعت** تساڈی آکھاں خلقت دے سردارا ﷺ   لکھ صلوٰۃ سلام تیرے تے لکھ درود ہزارا

☆ اِسی طرح سے مَیں نے سیدی علی المرصفیؒ کو فرماتے سنا ۔ **فقیر اور رسولِ مکرم ﷺ سے بلاواسطہ فیض حاصل کرنے میں 2,74,299** (دو لاکھ چوہتر ہزار دو سو ننانوے) مقامات ہیں ۔ اِن کی اصل **100000** (ایک لاکھ) مقامات اور اِن کے خاص **1000** (ایک ہزار) مقامات ہیں ۔ پس جو شخص جب تک اِن تمام مقامات کو طے نہ کر لے ۔ اس کا مذکورہ طریقے سے فیض یاب ہونا درست نہیں ۔

☆ اِسی طرح سے سیدی ابراہیم متبولیؒ فرمایا کرتے تھے ۔ کہ دنیا میں پانچ اشخاص ایسے ہیں ۔ کہ جن کا رسول اللہ ﷺ کے سوا کوئی شیخ نہیں ۔ الجعیدی (یعنی وہ خود سیدی ابراہیم متبولیؒ) ۔ شیخ ابو مدینؒ ۔ شیخ عبدالرحیم القناویؒ ۔ شیخ ابوالسعود بن الشعارؒ ۔ شیخ ابوالحسن الشاذلیؒ ۔

☆ اِسی طرح سے حضرت امام عبدالوہاب الشعرانیؒ فرماتے تھے ۔ کہ ! میرے بھائی جان لو ۔ کہ ! اَب مصر میں ظاہری فقراء میں سے مجھے اپنے سوا دوسرا کوئی فقیر ایسا معلوم نہیں ۔ جس کا واسطہ رسول اللہ ﷺ تک مجھ سے زیادہ قریب ہو ۔ کہ میرے اور حضور نبی مکرم ﷺ کے درمیان صِرف دو اشخاص کا واسطہ ہے ۔ **اول** حضرت سیدی علی الخواصؒ ۔ اور **دوئم** سیدی ابراہیم متبولی الجعیدیؒ ۔

☆ اِسی طرح سے مشہور محدث و مفسر جناب حضرت امام جلال الدین السیوطی الشافعیؒ کے بارے میں بھی تواتر کے ساتھ یہ روایت مشہور ہے ۔ کہ ! اُنہیں **70** سے زائد مرتبہ آنحضور نبی مکرم ﷺ سے بحالتِ بیداری شرف ملاقات حاصل رہا ہے ۔ (بہر حال کتاب ’’ سعادۃ الدارین (علامہ یوسف نبہانیؒ) میں اسی موضوع پر طویل بحث مذکور ہے ۔ شائقین حضرات وہاں سے ملاحظہ کر سکتے ہیں)

☆ آپ ﷺ کی نورانیت میں صبر کا پہلو اِس کے وجود میں صبر کی رگ میں داخل ہو جائے گا ۔ تو اِس (صبر) کی ضد یعنی بے صبری وعُجلت انسان کے وجود سے رُخصت ہو جائے گی ۔ (انشاء اللہ) جب آپ ﷺ کے نور کی رحمت کا پہلو انسان کے وجود میں موجود مخصوص رَگ میں داخل ہو گا ۔ تو اس کی ضد یعنی عدمِ رحمت انسانی وجود سے رُخصت ہو جائے گی ۔ (انشاء اللہ) اور اسی طرح سے جب آپ ﷺ کے نورِ حلم کا پہلو انسان کے وجود میں داخل ہو گا ۔ تو اس کے وجود سے اس کی ضد یعنی عدمِ حلم رخصت ہو جائے گا ۔ (انشاء اللہ) مختصر یہ کہ ! جیسے ہی آپ ﷺ کی ذاتِ اقدس کے انوار انسان کے وجود میں داخل ہوتے چلے جائیں گے ۔ انسان کے وجود کی رہ رگ (گوشت پوست اور ہڈیوں) سے ظلمت و تاریکی (اور غفلت)

رخصت ہوکر ختم ہوتی چلی جائے گی۔ (انشاءاللہ) اور جب تک کہ انسان کے وجود میں تاریکی کا ایک بھی ذرہ موجود ہوگا۔ اس وقت تک انسان مشاہدہ نبوی ﷺ کی عظیم ترین نعمت وسعادت کے لائق اور اہل نہیں ہوسکتا۔ (یہاں یہ بات ضرور ذہن نشین رہے۔ کہ!) کسی ولی اللہ کے جسم میں آپ ﷺ کی نورانیت کے اَسرار داخل ہونے کا یہ مطلب (اورغرض وغایت) نہیں ہے۔ کہ! جو عظمت ورفعت، معجزات وکمالات، نبوت ورسالت اللہ تعالٰی کے محبوب نبی آخرالزماں ﷺ کی ذات اقدس کے ذاتی انوار واَسرار کو حاصل ہے۔ بلکہ ہر ولی اپنی صلاحیت کے مطابق اِن اَسرار سے فیض یاب اور سیراب ہوتا ہے۔ اور ولی کو حاصل ہونے والے اَسرار کی بدولت آپ ﷺ کے انوارِ بابرکات میں کسی بھی قسم کی ذری برابر بھی کمی نہیں آتی۔ کیونکہ یہ انوار اس نوعیت کے ہرگز نہیں ہیں۔ کہ! انہیں دوسروں کو عطا کرنے سے جگہ خالی ہوجائے گی۔ لہذا اس تمام گفتگو کے بعد ہم بآسانی اس نتیجے تک رسائی حاصل کرلیتے ہیں۔ کہ! کوئی بھی بندہ خدا اس وقت تک (بحالتِ بیداری) زیارت النبی ﷺ کے قابل نہیں ہوسکتا۔ جب تک کہ اس کے اپنے وجود میں موجود تمام ذاتی اوصاف ختم نہ ہوجائیں۔ اور اِن کی جگہ نبی اکرم ﷺ کے انوار واَسرار نہ سما جائیں۔ (لہذا یاد رہے۔ کہ!) اس مقام ومرتبے تک پہنچنے کے لئے بے شمار مقامات ومراحل اور کٹھن منازل کو طے کرنا پڑتا ہے۔ بقول امام بوصیری ؒ !

فان فضل رسول اللہ لیس لہ   حد فیعرب عنہ ناطق بفم

آپ ﷺ کے فضائل وکمالات کی کوئی حد نہیں۔ تو کوئی کیسے اِنہیں (بھلا) بیان کرسکتا ہے۔

نبی مکرم ﷺ کی ذاتِ اقدس کی طرف کامل توجہ کے حصول کا طریقہ:

☆ حضرت عبداللہ بن مبارک ؒ اپنے شیخ و پیر ومرشد سیدی عبدالعزیز دباغ ؒ سے دریافت کیا۔ کہ نبی اکرم ﷺ کی ذات اقدس کی طرف کامل توجہ کس طرح سے حاصل کی جاسکتی ہے۔ سیدی دباغ ؒ نے جواب دیا۔ کہ! تین چیزوں (باتوں اور اعمال سے)۔ حضور ﷺ سے کامل محبت۔ حضور ﷺ کی کامل تعظیم۔ حضور ﷺ کے فضائل وکمالات (یعنی شمائلِ نبوی ﷺ) کو پیشِ نظر رکھنا۔ ☆ آگے چل کر سیدی دباغ ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! یہ تینوں نعمتیں اس وقت حاصل ہوسکتی ہیں۔ کہ جب انسان کے وجود کے سات حصص مکمل طور پر آنحضرت نبی آخرالزماں ﷺ کی طرف متوجہ ہوجائیں۔ (وہ سات حصص یہ ہیں) سوچ (فکرنفس)۔ غوروفکر (خیال)۔ عقلِ مثال (عقل کی کامل توجہ یا پھر نظرِ عقل)۔ ذات۔ روح۔ علم۔ ☆ چنانچہ ایک عارف کی توجہ کاملہ کے لئے یہ شرط ہے۔ کہ! اِن ساتوں امور کے تصور کا انحصار آنحضرت ﷺ کی ذاتِ شریفہ میں ہو۔ اور جب اِن ساتوں شرائط کے انوار آنحضرت ﷺ کی ذاتِ مقدسہ پر موجود مرکوز ہوں گے۔ تو محبت، تعظیم اور تعجب کے ساتھ توجہ حاصل ہوگی۔ اور ماسوا کی آرزو نہیں رہے گی۔ (انشاءاللہ تعالٰی)

مُشاہدات کی تفصیلات و طرق:

☆ جب انسان اِن گناہوں سے پاک صاف ہوکر تقوٰی کی طرف گامزن ہوجاتا ہے۔ تو اُسے مختلف قسم کے مشاہدات نصیب ہوتے ہیں۔ جن میں سے چند مشاہدات کی تفصیلات وطرق یہاں بیان کئے جاتے ہیں۔

زباں پہ بارِ خدایا! یہ کس کا نام آیا   کہ میرے نطق نے بوسے میری زباں کے لئے

☆ حضرت سیدی عبدالعزیز دباغ ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! سب سے پہلے انسان کو عالم ناسوت کا مشاہدہ کرایا جاتا ہے۔ یہ بھی بتدریج ہوتا ہے۔ مثلاً انسان کو پہلے تمام روئے زمین، پہاڑوں، دریاؤں، یہاں تک کہ ساتوں زمینوں کا مشاہدہ نصیب ہوتا ہے۔ پھر اسے زمین وآسمان کے مابین موجود خلاء کا مشاہدہ نصیب ہوتا ہے۔ پھر پہلا آسمان، پھر دوسرا آسمان۔۔۔ مختصراً اسی طرح وہ ساتوں آسمانوں (اور ان کے اندر موجود عجائبات وغرائب) کا مشاہدہ کرایا جاتا ہے۔ پھر برزخ، ارواح، ملائکہ، محافظ فرشتوں اور اُمورِ آخرت کا مشاہدہ کرایا جاتا ہے۔ پہلے پہل جب انسان عالم ناسوت کا مشاہدہ کے قابل ہوجاتا ہے۔ تو پھر اسے عالم جبروت کی طرف متوجہ کردیا جاتا ہے۔ اس کے بعد اسی انسان کے سامنے عالم ملکوت کے اسرار نمایاں ہونے لگتے ہیں۔ جب انسان تمام عوالم کا مشاہدہ کرلیتا ہے۔ تو اللہ تعالٰی اُسی انسان کو اپنے عظیم ترین افعال کا مشاہدہ کرواتا ہے۔

دریں وحشت تُرا خوانم، اغثنی یارسول اللہ ﷺ   تہی دانم مگر دانم، اغثنی یارسول اللہ ﷺ

مشاہدہ نبویہ ﷺ کے متعلق حضرت سیدی شیخ احمد دباغ ؒ کی وضاحت:

حضرت سیدی عبدالعزیز دباغ ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! جن حضراتِ کرام نے مشاہدہ نبوی ﷺ (بحالتِ بیداری) کی غرض سے **2000** مقامات کی قید عائد کی ہے۔ تو انہوں نے لازمًا اپنے ذاتی تجربات اور کیفیات کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا ہوگا۔ ورنہ اِن **2000** مقامات کے علاوہ دیگر کئی مدارج، مراحل اور منازل ہیں۔ نیز ہم نے جو کہا۔ کہ جب تک کہ انسانی وجود اموارات نبوی ﷺ سے سیراب وفیض یاب نہ ہوجائے۔ اس وقت تک اس کو مشاہدہ نصیب نہیں ہوسکتا۔ اس سے مراد کامل مشاہدہ ہے۔ البتہ اگر کوئی شخص جزوی طور پر آپ ﷺ کے انوار سے فیض یاب ہوتا ہے۔ اور پھر اسے آپ ﷺ کی زیارت نصیب ہوجاتی ہے۔ تو یہ عین ممکن ہے۔ کہ! ہم اسے کامل مشاہدہ قرار نہیں دیں گے۔

توئی سلطانِ عالم یا محمد ﷺ   زِ روئے لطفِ سوئے مَن نظر کن

حضرت سید المرسلین ﷺ کے خصائص اور علوم کا بیان :

اللہ تبارک وتعالیٰ نے حضورِانور نبی مکرم ﷺ کی ذات ''جامع الکمالات'' میں معجزاتِ باہرہ، آیاتِ بینہ، اور کثیر علوم ومعارف کے خزانے جمع فرمائے۔ اوران خصائص وخصائل اوراُسوہ کامل سے مخصوص فرمایا۔ جوتمام مصالح دین ودنیا اور کامل معرفت الٰہیہ پر مشتمل ہیں۔ جنھیں احکامِ شریعہ اصولِ دینیہ اور مصالح عباد یہ کہا جاتا ہے۔ اوراُممِ سابقہ وقرونِ ماضیہ زمانہ آدمؑ سے تا ایندم احوال واخبار اوران کی شریعتوں، کتابوں، سیرتوں، شخصی صنعتوں اوران کے مذاہب واختلاف وآراء اوران کی معرفت اورطویل عمروں اوران کے دانشوروں کی حکمت اور ہر ہر امت کی کفار پر حجتوں اوراہل کتاب کے ہر ہر فرقہ کے ان معارضوں کی جوان کی کتابوں میں ہیں۔ اوران کے قدیم وجدید، عیاں وپنہاں رموز واسرار ومخفیات ومدفون علوم وفنون اوراُن تمام خبروں کو جو وہ چھپاتے ہیں۔ اوران میں تغیر وتبدل کرتے ہیں۔ اورعرب کی لغتوں، نادر لفظوں اوراحاطہ اقسامِ فصاحت اوضاع حفظ ایام وامثال وحکم، ضرب الامثال صحیحہ ودقیقہ اوران کی مُرادوں پر حکم، گہری فہم رکھنے والے انداز کے مطابق اوران کی مشکلات کے بیان ووضاحت وغیرہ کے علوم کا ربانی علم عطا فرمایا۔ اورآپ ﷺ کی شریعتِ مُطہرہ ان جمیع مُحاسن واخلاق، محامد وآداب، حفظِ نفس کے اصول وقوائد وضوابط اوران کے اعراض واحوال واقوال پر مُشتمل ہے۔ اور یہ اربابِ عقل کے نزدیک لازمی و مُستحسن ہیں۔ کیونکہ وہ عقلِ سلیم کے حامل ہیں۔ برخلاف ان کے جو معاند مخذول اورمخالف معقول ہیں۔ جو کہ جُہلاء میں مشہور ومروج ہیں۔ اوراُمتِ محمدیہ ﷺ ان سے قطعاً پاک ولاتعلق ہے۔

زیارت النبی ﷺ کا طریقه: حضرت خواجہ ابوسعید ابوالخیرؒ نے یہ فرمایا۔ کہ! جوشخص جمعرات کو بعد از غسل لباسِ پاکیزہ پہن کرعطر لگا کر پھول وشیرینی پر فاتحہ حضرت رسولِ مکرم ﷺ کی دے۔ پھر اکتالیس مرتبہ یہ اشعار پڑھے۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جمالِ کمالِ مصطفیٰ ﷺ کی زیارت سے مشرف ہو۔ اشعار یہ ہیں۔

نسیما جانبِ کویش گذر کن — بگو آں نازنین شمشادِ مارا
به تشریفِ قدومِ خود زمانه — مشرف کن خرابِ آبادِ مارا
که به تشریفِ تُو اسبابِ شادی — نشاید خاطرِ ناشادِ مارا

انھیں اشعار سے کچھ ملتے جلتے اشعار یہ بھی ھیں۔

نسیما جانبِ بطحا گذر کن — زِ احوالم محمد ﷺ را خبر کن
تُوئی سلطانِ عالم یا محمد ﷺ — زِ رُوئے لطف سُوئے من نظر کن
به برایں جانِ مشتاقم در آنجا — فدائے روضه خیر البشر کن
مشرف گرچه شد جامیؒ زِ لطفش — خدایا ایں کرم بارِ دیگر کن

مشھور و معروف کثیر زبی نعتِ رسولِ مقبول ﷺ

یہاں پرکئی زبانوں پر مشتمل عشقِ نبوی ﷺ سے لبریز اعلیحضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلویؒ کی مشہور ومعروف نعت قارئین کتاب ہذا (**اسرارِ محبوب کامل**) کی خدمت میں پیشِ خدمت ہے۔ یہ مبارک نعت جو کہ کئی زبانوں میں عشقِ رسولِ کریم ﷺ میں سرشار ہوکرتحریر کی گئی ہے۔

لم یات نظیرک فی نظر — مثلِ تُو نہ شد پیدا جانا
جگ راج کو تاج تورے سرسو — ہے تجھ کو شہ دَوسَرا جانا
البحر علا والموج طغٰی — مَن بیکس و طوفاں ہو شربا
منجدھار میں ہوں بگڑی ہے ہوا — موری نیا پار لگا جانا
یا شمس نظرت الٰی لیلٰی — چو بطیبہ رسی عرضے جانا
توری جوت کی جھل جھل جگ میں رچی — میری شب نے نہ دن ہونا جانا
الروح فداک فزد حرفا — ایک شعلہ دگر برزن عشقا
مورا تن من دھن سب پھونک دیا — یہ جان بھی پیارے جلا جانا
بس خامہء خام نوائے رضا — نہ یہ طرز میری نہ یہ رنگ میرا
ارشادِ احبا ناطق تھا — ناچار اس راہ پڑا جانا

درودِ پاک از سیدنا پیرانِ پیر شیخ سید عبدالقادر الجیلانی والبغدادیؓ :

یہ درودِ پاک سیدنا قطبِ ربانی محبوبِ سبحانی شیخ عبدالقادر الجیلانی ؓ کا ہے۔حضرت شیخ شمس الدین عیدروسیؒ سے مروی ہے۔کہ جو شخص بعد نمازِ عشاء 3-3 مرتبہ سورہ اخلاص، سورہ فلق اور سورہ والناس پڑھ کر یہ درودِ غوثیہ (معہ تسمیہ) فقط ایک مرتبہ پڑھ لے۔تو ایسا شخص چند ہی راتوں میں زیارت النبی ﷺ سے ضرور بالضرور مشرف ہوکر سعادتِ دارین حاصل کرے گا۔انشاءاللہ العظیم۔حضرت احمد الصاویؒ یا حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ فرماتے ہیں۔کہ! میں نے اس درود شریف (درودِ نورِ یوم القیامۃ) کو ایک پتھر پر قلمِ قدرت کے ساتھ لکھا ہوا پایا۔اس درود کے پڑھنے والے کو بروزِ قیامت نور حاصل ہوگا۔حضور غوث پاکؒ نے خواب میں حضور ﷺ نے اس درود کے متعلق سوال کیا۔تو آپ ﷺ نے فرمایا۔یہ ستر ہزار یہ درود شریف ہے۔ یعنی اس درود شریف کا ایک مرتبہ پڑھنا ستر ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کے برابر ہے۔واللہ اعلم بالصواب)

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَفْضَلَ صَلَوَاتِکَ اَبَدًا ۔وَ اَنْمٰی بَرَکَاتِکَ سَرْمَدًا ۔وَاَزْکٰی تَحِیَّاتِکَ فَضْلًا وَّ عَدَدًا ۔عَلٰی اَشْرَفِ الْخَلَآئِقِ الْاِنْسَانِیَّةِ وَالْجَانِیَّةِ ۔وَمَجْمَعِ الْحَقَآئِقِ الْاِیْمَانِیَّةِ ۔ وَ مَعْدَنِ الدَّقَآئِقِ الْاِیْمَانِیَّةِ ۔وَ طُوْرِ التَّجَلِّیَاتِ الْاِحْسَانِیَّةِ ۔وَمَھْبَطِ الْاَسْرَارِ الرَّحْمَانِیَّةِ ۔وَعُرُوْسِ الْمَمْلَکَةِ الرَّبَّانِیَّةِ۔ وَاسِطَةِ عِقْدِ النَّبِیِّیْنَ ۔وَ مُقَدَّمِ جَیْشِ الْمُرْسَلِیْنَ ۔وَقَائِدِ رَکْبِ الْاَنْبِیَآءِ الْمُکَرَّمِیْنَ ۔ وَاَفْضَلِ الْخَلَآئِقِ اَجْمَعِیْنَ ۔حَامِلِ لِوَاءِ الْعِزِّ الْاَعْلٰی ۔وَمَالِکِ اَزِمَّةِ الْمَجْدِ الْاَسْنٰی ۔شَاھِدِ اَسْرَارِ الْاَزَلِ ۔وَمُشَاھِدِ اَنْوَارِ السَّوَابِقِ الْاُوَلِ ۔وَ تَرْجُمَانِ لِسَانِ الْقِدَمِ ۔وَ مَنْبَعِ الْعِلْمِ وَالْحِلْمِ وَالْحِکَمِ. مَظْھَرِ سِرِّ الْجُوْدِ الْجُزْئِیِّ وَالْکُلِّیِّ ۔وَاِنْسَانِ عَیْنِ الْوُجُوْدِ الْعُلْوِیِّ وَالسُّفْلِیِّ ۔رُوْحِ جَسَدِ الْکَوْنَیْنِ ۔وَعَیْنِ حَیَاةِ الدَّارَیْنِ ۔اَلْمُتَحَقِّقِ بِاَعْلٰی رُتَبِ الْعُبُوْدِیَّةِ ۔وَالْمُتَخَلِّقِ بِاَخْلَاقِ الْمَقَامَاتِ الْاِصْطِفَائِیَّةِ ۔اَلْخَلِیْلِ الْاَعْظَمِ.وَالْحَبِیْبِ الْاَکْرَمِ ۔ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَحَبِیْبِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰہِ ابْنِ عَبْدِالْمُطَّلِبِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِکَ وَ مِدَادَ کَلِمَاتِکَ کُلَّمَا ذَکَرَکَ وَ ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ ۔وَ غَفَلَ عَنْ ذِکْرِکَ وَ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ. اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ تَسْلِیْمًا دَآئِمًا کَثِیْرًا۔

درودِ جوھرۃُ الکمال :

(بمطابق کتاب جواہر المعانی۔از جناب علی بن حرازمؒ) یہ درودِ پاک آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے خود جناب سیدی ابوالعباس احمد تجانی مغربیؒ کو بحالتِ بیداری لکھوایا تھا۔اور یہ کہ حضور نبی کریم ﷺ نے اس درود شریف کے چند خواص بھی بیان فرمائے تھے۔ان فوائد میں سے ایک فائدہ یہ ہے۔کہ جو آدمی اس درود شریف کو سات مرتبہ یا اس سے زیادہ مرتبہ پڑھے گا تو اس شخص کے پاس حضورِ اکرم ﷺ اور چاروں خُلفائے راشدینؓ کی ارواح طیبات آن حاضر ہوتی ہیں۔دوسرا فائدہ یہ ہے کہ جو اس درود پاک کو سات مرتبہ سے زیادہ (ہمیشگی کیساتھ) پڑھتا رہے گا۔تو ایسے شخص سے رسولِ اکرم ﷺ خصوصی محبت فرماتے ہیں۔اور جب تک وہ شخص ولی للہ نہ بن جائے مَرے گا نہیں۔انشاءاللہ العظیم۔

اور شیخ احمد تجانی مغربیؒ نے فرمایا کہ جس نے اس درودِ پاک کو سونے سے پہلے باوضو ہوکر پاک و صاف، مُعطر بستر پر سات مرتبہ روزانہ پڑھتا رہا اس کو نبی کریم ﷺ کی زیارت ہوگی۔ درود پاک یہ ہے۔ (ﷺ)

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی عَیْنِ الرَّحْمَةِ الرَّبَّانِیَّةِ وَالْیَاقُوْتَةِ الْمُتَحَقِّقَةِ الْحَائِطَةِ بِمَرْکَزِ الْفُھُوْمِ وَالْمَعَانِیْ ۔ وَ نُوْرِ الْاَکْوَانِ الْمُتَکَوِّنَةِ الْاٰدَمِیِّ صَاحِبِ الْحَقِّ الرَّبَّانِیْ ۔اَلْبَرْقِ الْاَسْطَعِ بِمُزُوْنِ الْاَرْبَاحِ الْمَالِئَةِ لِکُلِّ مُتَعَرِّضٍ مِنَ الْبُحُوْرِ وَالْاَوَانِیْ ۔ وَ نُوْرِکَ اللَّامِعِ ۔ اَلَّذِیْ مَلَاْتَ بِہٖ کَوْنَکَ الْحَائِطِ بِاَمْکِنَةِ الْمَکَانِ ۔اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی عَیْنِ الرَّحْمَةِ الْحَقِّ الَّتِیْ تَتَجَلّٰی مِنْھَا عُرُوْشُ الْحَقَائِقِ عَیْنِ الْمَعَارِفِ الْاَقْوَمِ ۔صِرَاطِکَ التَّآمِّ الْاَسْقَمِ ۔اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی طَلْعَةِ الْحَقِّ بِالْحَقِّ الْکَنْزِ الْاَعْظَمِ ۔اِفَاضَتِکَ مِنْکَ اِلَیْکَ اَحَاطَةِ النُّوْرِ الْمُطَلْسَمِ۔وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ صَلَاةً تُعَرِّفُنَابِھَااِیَّاہُ۔

درود کمالیہ کے عجیب و غریب فوائد فضائل و کمالات :

صاحب کنزالاسرار جناب علامہ مولانا حقی نازلیؒ اور علامہ محمد یوسف بن اسماعیل نبہانی نے اس درود کی بڑی فضیلت بیان فرمائی ہے۔ یہ درود دیگر درودوں میں سے ایک بزرگ ترین درود پاک ہے۔ کیونکہ یہ ستر ہزار یا ایک لاکھ درود پڑھنے کی فضیلت جتنا درود وسلام ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم ٥ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْکَامِلِ وَعَلٰی اٰلِہٖ کَمَا لاَ نِھَایَةَ لِکَمَالِکَ وَ عَدَدَ کَمَالِہٖ ۔

اس درود پاک کے فضائل وفوائداور برکات مندرجہ ذیل ہیں۔

☆ ایک بزرگ شیخ سالم بن احمد الشماعؒ کی تصنیف کے مطابق یہ درود شریف حضرت خضر نبیؑ کی طرف منسوب ہے۔ جو دفع نسیان کے لئے مشہور ہے۔ کہ! روزانہ یہی درود شریف مغرب وعشاء کے درمیان بغیر تعداد (دریک نشست ودرخلوت) پڑھو۔

☆ سید علی سموی سے مروی ہے۔ جس کسی نے یہ درود وسلام فقط ایک بار بھی پڑھا۔ تو اسے پانچ لاکھ بار پڑھنے جتنا ثواب ملے گا۔ اور یہ اس کے لئے جہنم سے بچاؤ کا فدیہ ہوگا۔ ☆ جس نے نبی اکرم ﷺ پر یہ درود وسلام فقط **700** سات سو بار بھیجا۔ تو یہ درودِ پاک پڑھنے والے کی طرف سے فدیہ ہو جائیگا۔ انشاء اللہ۔ ☆ شیخ شریف حسن بن ابوعبداللہ محمد بن علی المعروف بہ ابن بسونؒ نے خواب میں آنحضرت ﷺ کو دیکھا تو آنحضور ﷺ نے فرمایا یہ درود شریف دس ہزار کے برابر ہے۔ ☆ اس طرح شیخ عارف مولانا عبداللہ بن علی طاہر حسنیؒ نے آنحضرت ﷺ کا دیدار کیا تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ ایسا ہی ہے۔ (یعنی یہ درود پاک دس ہزار کے برابر ہے)

مجموعہ درود پاک کے فوائد:

کتاب سعادۃ الدین فی الصلوۃ علی سید الکونین ﷺ (مصنف۔ علامہ یوسف بنہانیؒ) میں ہے۔ کہ حضرت جابرؓ حضرت امام المرسلین سیدنا نبی کریم ﷺ سے روایت فرماتے ہیں۔ کہ میرا جو امتی صبح وشام یہ درود شریف پڑھے۔ تو اس نے ستر 70 لکھنے والوں کو ہزار دن تک تھکا دیا۔ اس نے نبی اکرم ﷺ کا حق ادا کر دیا۔ اس کی اور اسکے والدین کی مغفرت ہوگئی۔ مجموعہ درودِ پاک یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ٥ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدُنَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی آلِ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی لَہٗ. اَللّٰھُمَّ یَارَبِّ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی آلِ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٍ وَ اعْطِ مُحَمَّدِ نِ الدَّرَجَةِ الرَّفِیْعَةِ وَالْوَسِیْلَةِ فِی الْجَنَّةِ. اَللّٰھُمَّ یَارَبِّ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی آلِ سَیِّدُنَا مُحَمَّدٍ وَ اعْطِ مُحَمَّد ﷺ مَا ھُوَ اَھْلُہٗ. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدُنَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی آلِ سَیِّدُنَا مُحَمَّد وَعَلٰی اَھْلِ بَیْتِہٖ۔

درودِ جبرائیلیہ:

حضرت سید احمد بن ادریسؒ اپنے اوراد میں فرماتے ہیں۔ کہ! جس کسی (خوش بخت شخص) نے اس درودِ معظم (درودِ جبرائیلیہ) کو پڑھا۔ ایسے شخص کے لئے ہر نبیؑ، ہر رسولؑ، ہر فرشتہ، ہر ولی اللہ کے پاس (کم ازکم) ایک ایک نعمت و بھلائی ہوگی۔ جس کا بدلہ اس شخص کو بروزِ قیامت (ضرور) دیا جائے گا۔ (ان شاء اللہ العظیم)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم ٥ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍوَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَ نْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی جِبْرِیْلَ وَ مِیْکَآئِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَمَلَکِ الْمَوْتِ وَحَمَلَةِ الْعَرْشِ وَعَلَی الْمَلَآئِکَةِ اَجْمَعِیْنَ وَعَلَی الْاَوْلِیَآءِ وَالصَّالِحِیْنَ وَعَلٰی جَمِیْعِ عِبَادِکَ الْمُؤْمِنِیْنَ فِیْ کُلِّ لَمْحَةٍ وَّ نَفَسٍ عَدَدَ مَا وَسِعَہٗ عِلْمُکَ .

زیارت النبی ﷺ کا مجرب و مستند عمل مبارک:

☆ یہ عمل مجربات میں سے ہے۔ کہ اگر ہر روز سونے سے پہلے (**1000**) ایک ہزار مرتبہ کوئی بھی درودِ پاک (جس میں صلوٰۃ وسلام ہو)، ایک ہزار (**1000**) سورہ کوثر اور (**1000**) ایک ہزار بار سورہ اخلاص پڑھ کر بناء کسی سے بات چیت کئے سو جائیں۔ تو یقینی طور پر چند ہی راتوں میں جمال مصطفے ﷺ سے مستفید و مستفیض ہو جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ مجرب واللہ مجرب۔

مشکل امور میں حضرات صحابہء کرامؓ سے استمداد :

محمد ﷺ کی محبت آنِ ملت ، شانِ ملت ہے　　　**محمد** ﷺ کی محبت روحِ ملت ، جانِ ملت ہے

حضرت علامہ مولانا مولوی حقی نازلیؒ اپنی کتاب خزینۃ الاسرار میں فرماتے ہیں ۔کہ! ایک مرتبہ ہم نے ارادہ کیا۔کہ! ہم خواب میں آنحضرت نبی مکرم ﷺ کو اُسی طرح سے ملاحظہ کریں۔جس طرح کہ امہات المؤمنینؓ اور آپ ﷺ کے صحابہ کرامؓ نے آپ ﷺ کو دیکھا تھا۔لہٰذا مَیں (حضرت مولوی حقی نازلیؒ) نے ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کی روحِ مبارکہ کو بخش دیا۔ پھر دوسری مرتبہ (دوبارہ سے) ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب حضرت عائشہ صدیقہؓ کی روحِ مبارکہ کو بخش دیا۔ پھر تیسری مرتبہ ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب حضرت خاتونِ جنت فاطمۃ الزہراءؓ کی روحِ مبارکہ کو بخش دیا۔ پھر ان (تینوں خواتینؓ) کو حضرت رسولِ کریم ﷺ کے پاس شفیع ٹھہرایا۔تاکہ آپؓ (تینوں خواتینؓ) اللہ تعالیٰ کے ہاں میری (یہ) سفارش کریں۔کہ مَیں آپ ﷺ کو اُسی طرح سے دیکھ سکوں۔کہ جس طرح آپ ﷺ کی ازواجِ مطہراتؓ (اور صاحبزادیؓ) نے آپ ﷺ کو اپنی حیات میں دیکھا تھا۔اور جمعہ کی رات پھر (اس کے بعد) مَیں نے (یہ استغفار) **استغفر الله واتوب اليه** ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے (نہایت عاجزی وانکساری سے) سوال کیا۔کہ! وہ میری روح کو اپنے پیارے حبیب ﷺ کی روحِ مبارکہ کے ساتھ ملا دے۔اور پھر مَیں نے ایک ہزار مرتبہ یہ عرض کیا۔ **الصلاة والسلام عليك يا سيدى يا رسول الله خذ بيدى قلت حيلتى ادركنى** ۔ (پھر حضرت مولوی حقی نازلیؒ فرماتے ہیں۔کہ!) اللہ تعالیٰ کی قسم ہے۔کہ! اُس رات مَیں نے آپ ﷺ کو ایک ایسے ماہِ کامل کی طرح دیکھا۔کہ جس کے وصف سے قلم اور زبان عاجز ہے۔کہ آپ ﷺ کے حسن کا کمال اور آپ ﷺ کے جمال کی غایت معلوم نہیں ہوسکتی تھی۔اور (پھر) آپ ﷺ نے مجھے بعض اَسرار کی بھی خبر عطا فرمائی۔

مشکل امور میں چند صالحینؒ سے استمداد : (میرا (البلوشی) اپنا ذاتی واقعہ)

اسی ضمن میں یہ کمترین (عبدالرؤف البلوشی) عرض پرداز ہے۔کہ! اگر کوئی عاشقِ رسول ﷺ واقعتاً آپ ﷺ کی زیارت کا خواہش مند ہو۔یا آنحضور نبی مکرم ﷺ کے تصدق وتوسل سے اپنی کوئی بہت بڑی حاجت روائی چاہتا ہو۔یا کہیں پر مسلم وغیر مسلم کے درمیان کوئی بہت بڑا معرکہ ہو۔کہ جس میں مسلمانوں کی تعداد نہایت قلیل ہو۔اور بظاہر مسلمانوں کی فتح یابی کے آثار نمایاں نہ ہوں۔تو اُسے چاہیئے۔کہ! وہ آنحضرت نبی مکرم ﷺ سے استمداد یا آپ ﷺ کی زیارت کے مقصد سے فقط سات ایام کی ریاضت وخلوت کا پختہ ارادہ کرکے اہتمام کرے۔جس کا آسان طریقہ یہ ہے۔کہ! ☆ پہلی رات وہ خواہش مند تین سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص اور ستر مرتبہ آیت الکرسی شریف پڑھ کر حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کی روح کو ایصالِ ثواب کرے۔ ☆ دوسری رات وہ خواہش مند تین سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص اور ستر مرتبہ آیت الکرسی شریف پڑھ کر حضرت عائشہ صدیقہؓ کی روح کو ایصالِ ثواب کرے۔ ☆ تیسری رات وہ خواہش مند تین سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص اور ستر مرتبہ آیت الکرسی شریف پڑھ کر حضرت فاطمۃ الزہراءؓ کی روح مبارک کو ایصالِ ثواب کرے۔ ☆ چوتھی رات وہ خواہش مند تین سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص اور ستر مرتبہ آیت الکرسی شریف پڑھ کر حضرت ابوبکر صدیقؓ کی روح مبارک کو ایصالِ ثواب کرے۔ ☆ پانچویں رات وہ خواہش مند تین سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص اور ستر مرتبہ آیت الکرسی شریف پڑھ کر حضرت عمرِ فاروقؓ کی روح مبارک کو ایصالِ ثواب کرے۔ ☆ چھٹی رات وہ خواہش مند تین سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص اور ستر مرتبہ آیت الکرسی شریف پڑھ کر حضرت عثمانِ غنیؓ کی روح مبارک کو ایصالِ ثواب کرے۔ ☆ ساتویں رات وہ خواہش مند تین سو مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ اخلاص اور ستر مرتبہ آیت الکرسی شریف پڑھ کر حضرت علی المرتضیٰؓ کی روح مبارک کو ایصالِ ثواب کرے۔

اگر اِن سات دن و رات صاحبِ عمل سے کوئی کبیرہ گناہ سرزد نہ ہوا ہوگا۔تو وہ ضرور بالضرور آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی زیارتِ بابرکت سے مشرف ہوکر باریاب ہوگا۔اور زیارت کی اس لذت وسرور کو وہ کئی ہفتوں یا مہینوں تک فراموش نہیں کر پائے گا۔ان شاء اللہ۔

قوتِ عشق سے ہر پست کو بالا کر دے　　　دہر میں اسمِ محمد ﷺ سے اُجالا کر دے

زیارت النبی ﷺ کا طریقہ :

راقم الحروف فقیر حقیر (البلوشی) چند سال بیشتر حضرت **پیر سید غلام حسین شاہ بخاری** کے حضور رشہدا دکوٹ قمبر ضلع لاڑکانہ میں حاضر خدمت ہوا۔اور حضرت صاحب سے زیارت النبی کریم ﷺ کے لئے عرض گزار ہوا۔تو آپ جناب نے ازراہ محبت وشفقت یہ درودِ پاک دو سو مرتبہ بقصد زیارت النبی ﷺ کے پڑھنا اِرشاد فرمایا تھا۔

بسم الله الرحمن الرحيم ○ اللهم صل على سيدنا محمد ن النبى الامى الطاهر المطهر و علىٰ اله وصحبه وبارك وسلم.

کثیر الفوائد و سریع الاثرار درود پاک :

حضرت علامہ محمد یوسف بن اسماعیل بنہانی فلسطینیؒ اپنی تصنیف جلیلہ بنام **سعادۃ الدارین فی الصلوٰۃ علی سیدالکونین** ﷺ میں سیدی عارف باللہ شیخ محمد تقی الدین دمشقی حنبلیؒ کے اس درود وسلام کے بارے میں فرماتے ہیں۔ کہ!

☆ اگر کوئی اس درود پاک کو روزانہ **1000** ہزار مرتبہ پڑھے گا۔ تو اسے غیب سے رزق ملے گا انشاءاللہ۔ ☆ گمشدہ چیز کے ملنے، واپسی گریختہ، چوری شدہ یا چھینا ہوا مال واپس ہونے یا امانت وقرض کے وصول ہونے کے لئے ہر روز سات بار (مقصد کو دل میں رکھ کر) یہ درود پاک پڑھیں مطلب حاصل ہوگا انشاءاللہ۔ ☆ اگر کوئی شخص کسی بیماری میں مبتلا ہو تو لوبان پر یہی درودِ پاک پڑھ کر تو اسکا دھواں مریض پر پھونک دو اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ مریض تندرست ہو جائیگا! انشاءاللہ تعالیٰ۔ ☆ اگر کسی کو درد سر ہو، بخار ہو، آشوب چشم ہو، آنکھوں میں درد ہو یا آدھے سر کا درد ہو تو عرق گلاب پر فقط 7 مرتبہ اس درو پاک کو پڑھیں۔ اور ہر مرتبہ **سورۃ فاتحہ مع تسمیہ** بھی پڑھ کر بیمار کے سر پر اسکی مالش کریں۔ تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اسی وقت شفاء ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ ☆ اگر کسی عورت یا چوپائے کا دودھ نہ آتا ہو تو جاری ابلتے چشمہ سے پانی لے کر اس پر صرف سات مرتبہ **سورۃ فاتحہ مع تسمیہ** کے یہ درود شریف پڑھ کر اس بیمار کو پلائیں اور اس پر چھڑکاؤ بھی کریں۔ تو وہ اللہ کے حکم سے نہ صرف شفاء یاب ہوگا بلکہ دودھ دینے لگے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ ☆ پیشاب کھولنے یا بچے کی پیدائش میں تکلیف ہو تو **سورۃ فاتحہ مع تسمیہ** کے یہ درودِ پاک سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں شفا ہوگی انشاءاللہ۔ ☆ ذہنی عوارض کے ختم ہونے کے لئے پانی، بتی یا تیل پر پڑھیں یا پھر سرمہ یا مرہم وغیرہ پر یہ درودِ پاک پڑھیں۔ ☆ اگر کوئی شخص ایک طشتری پر یہ درود پاک لکھ کر اس میں پانی یا دودھ ڈال لے یا شہد ڈال کر چاٹ لے تو ڈراؤنے یا غلط قسم کے خواب، گھبراہٹ، بھول جانا، سانس میں تنگی، سینے میں درد، پیٹ میں گیس، پیٹ کے درد، ٹونے ٹوٹکے، دل کی دھڑکن یعنی تمام امراض سے شفا حاصل ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ ☆ اگر کوئی شخص یہ درود پاک لکھ کر دوکان میں رکھے تو دوکان میں کثیر رونق وعجیب حسن ظاہر ہوگا۔ گاہکوں کے قلوب اس دوکان کی طرف از خود مائل ہوں جائیں گے۔ اور نتیجتاً تجارت، نفع اور برکت میں بے حد اضافہ ہوگا۔ انشاءاللہ۔

☆ اگر کوئی شخص زیارت النبی ﷺ کا متمنی ہو یا حضرت سید خضر نبیؑ سے ملاقات کا مشتاق ہو یا کسی امر کو معلوم کرنا چاہتا ہے یا پھر کوئی ایسا علم حاصل کرنا چاہتا ہے۔ تو جس سے دنیا وآخرت میں فائدہ ہو۔ تو وقتے وقت یہ درود پاک روزانہ **100** بار اسی نیت سے پڑھ لے۔ اور درود پاک لکھ کر تکیہ کے نیچے بھی رکھ لے اور مطلب کے حصول تک روزانہ باوضو قبلہ رخ ہو کر اور سر کے پاس کوئی خوشبو مثل عرق گلاب یا گلاب کے پھول یا ایسی ہی کوئی چیز رکھ کر اور با معطر ہو کر تنہا سویا کرے۔ تو سردار الانبیاء ﷺ کی روحانیت اس پر اسکی استعداد کے مطابق عالم رویا میں باذن اللہ ضرور ظاہر ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَسئَلُکَ بِاسمِکَ الاَ عظَمِ الْمَکتُوبِ مِنْ نُّورٍ وَجُھِکَ الْاَعْلیٰ الْمُوَبَّدِ الدَّا ئِمِ الْبَاقِی الْمُخَلَّدِ فِیْ قَلْبِ نَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ مُحَمَّدٍ وَّاَسئَلُکَ بِاسْمِکَ الْاَعْظَمِ الْوَاحِدِ .بِوَحْدَۃِالْاَحَدِالْمُتَعَالِیْ عَنْ وَحْدَۃِ الْکَمِّ وَالْعَدَدِ. اَلْمُقَدَّسِ عَنْ کُلِّ اَحَدٍ وَبِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ○ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ○ لَمْ یَلِدْ ○وَلَمْ یُوْلَدْ○ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○ اَنْ تُصَلِّیْ عَلیٰ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سِرِّ حَیَا ۃِ الْوُجُوْدِ وَالسَّبَبِ الْاَعْظَمِ لِکُلِّ مَوْجُوْدٍ صَلٰوۃًتُثَبِّتُ فِیْ قَلْبِیَ الْاِیْمَانَ وَ تُحَفِّظُنِیَ الْقُرْآنَ وَتُفَھِّمُنِیْ مِنْہُ الْاٰیَاتِ وَتَفْتَحُ لِیْ بِھَا نُوْرَالْجَنَّاتِ وَنُوْرَ النَّعِیْمِ وَنُوْرَالنَّظَرِ اِلٰی وَجْھِکَ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ☆

زیارت النبی ﷺ کا طریقہ:

حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ اپنی تصنیف جلیلہ **غنیۃ الطالبین** میں فرماتے ہیں۔ کہ حضرت ابو ہریرہؓ نے آنحضور ﷺ کا یہ فرمان عالیشان نقل فرمایا ہے۔ کہ! جو کوئی شب جمعہ میں زیارت النبی کریم ﷺ کی نیت سے صدق دل سے دو رکعت نفل اس طرح سے پڑھے۔ کہ ہر رکعت میں **سورہ فاتحہ** کے بعد ایک مرتبہ **آیت لکرسی** اور پندرہ مرتبہ **سورہ اخلاص** (صمدیہ) پڑھے۔ بعد از سلام بنا ء کسی سے بات چیت کئے بحالت تشہد ایک ہزار مرتبہ یہ درودِ پاک پڑھے۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم ○اللھم صل علی سیدنا محمد ن النبی الامی و علٰی الہ و صحبہٖ وبارک وسلم.** تو وہ مجھے دیکھے گا۔ اور اگلے جمعہ سے پہلے مجھے دیکھے گا۔ اور جس نے مجھے دیکھا۔ اس کے لئے جنت ہے۔ اور اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف۔ (سبحان اللہ وبحمدہٖ)

درود تنجینا (تعارف و فوائد):

یونہی زندگانی گزارے چلا جا — محمد ﷺ محمد ﷺ پکارے چلا جا

فوائد درود تنجینا کے سلسلے میں صاحب **سعادۃ الدارین فی الصلوۃ علی سید الکونین** ﷺ میں علامہ محمد یوسف بن اسماعیل النبہانی الفلسطینیؒ فرماتے ہیں۔کہ! ☆ الفاکہانی نے اپنی کتاب ''**الفجر المنیر**'' میں شیخ صالح ضریر کا یہ واقعہ انہی کی زبانی نقل کیا ہے۔کہ میں بحر شور میں جہاز پر سوار ہوا ہم لوگوں پر تیز آندھی آ مسلط ہوئی۔کسی کے بچنے کی کم ہی امید تھی کہ مجھے اچانک نیند آ گئی۔پس میں نے نبی کریم ﷺ کی زیارت (بحالت رویا) کی آنحضور ﷺ نے فرمایا۔جہاز پر سوار تمام لوگوں سے کہو کہ **1000** ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف (یعنی درود تنجینا) پڑھیں۔کہتے ہیں۔کہ جب کچھ دیر کے بعد میں نیند سے بیدار ہوئے اور تمام اہل جہاز کو خواب میں جو کچھ دیکھا تھا بتا دیا۔پس ہم نے تقریباً صرف **300** تین سو مرتبہ ہی یہ درود شریف پڑھا ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے ہم سے وہ مشکل دور فرما دی اور وہ آندھی ٹھہر گئی اور یہ سب کچھ ہمارے پیارے نبی اکرم ﷺ پر درود و سلام (یعنی درود تنجینا) ہی کے پڑھنے کی برکت سے ہوا۔سبحان اللہ وبحمدہٖ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَ تُقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعِ الْحَاجَاتِ وَ تُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّآتِ وَ تَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَ تُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاتِ وَ بَعْدَ الْمَمَاتِ o اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ o

اسی ضمن میں علامہ مجدالدین فیروز آبادلغویؒ نے بھی ایک ایسا ہی واقعہ اپنی سند کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔اور اس واقعہ کے نقل کرنے کے بعد انہوں نے حسن بن علی اسوانی سے یہ بھی نقل کیا ہے۔کہ جو شخص یہ درود شریف (درود تنجینا) کسی مہم، کسی مصیبت اور بلا میں صرف ایک ہزار **1000** بار پڑھے۔اللہ تعالیٰ اس کی مشکل ضرور دور فرمائیگا۔اور مقصد برآری ہوگی۔انشاء اللہ العظیم۔

☆ **جواھر العقدین فی فضل الشرقین** میں السمہودیؒ نے فرمایا۔جو کوئی طاعون سے بچنا چاہے۔اس کو (یعنی کہ درود تنجینا کو) کثرت سے پڑھے۔اور اسی بات کو ابن ابی حجلہ نے ابن خطیب بیرود سے نقل کیا ہے۔اور اس بات کا تجربہ کیا گیا۔یہ بات بالکل درست ہے۔بہر حال اس درود پاک کی افادیت اور بارہا کا تجربہ کئی محترم ومکرم شخصیات نے بھی کثرت سے کیا ہے۔لیکن علمائے کرام نے اس درود میں اپنی جانب میں کافی کمی پیشی بھی کی ہے۔جبکہ میں (بندہ ناچیز) قدیم قلمی نسخوں سے بعد از تحقیق وجستجو اس درودِ تنجینا کو اصلی حالت میں لکھ رہا ہوں۔اور اس آخری آیت (اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ) کو بھی لکھ رہا ہوں۔جو کہ اضافہ شدہ ہے۔ورنہ اصلی درود تنجینا میں یہ آیتِ کریمہ بھی موجود نہیں ہے۔مثلاً علامہ محمد یوسف بن اسماعیلی نبہانیؒ نے **سعادۃ الدارین** اور **افضل الصلوۃ** میں ii۔مولانا مولوی حقی نازلیؒ نے **خزینۃ الاسرار الکبری** میں۔iii۔علامہ عبدالرحمٰن بن عبدالسلام الشافعی الصفوریؒ نے **نزھۃ المجالس** میں iv۔امام شمس الدین محمد عبدالرحمٰن السخاویؒ نے **القول البدیع** میں اور اس طرح سے کئی دیگر مصنفینِ متقدمین ومتأخرین نے اس درود پاک سے اپنی تالیفات وتصانیف کو بصد شوق مزین ومعمور فرمایا ہے۔

بلھے نوں لوکی متیں دیندے، توں جا بہو مسیتی — وچ مسیتاں کی کجھ ہوندا، جے دلوں نماز نہ نیتی
باہروں پاک کیتے کیہہ ہوندا، جے اندروں نہ گئی پلیتی — بن مرشد کامل بلھیا، تیری ایویں گئی عبادت کیتی

درودِ تنجینا کی زکات کا صدری عمل:

(اگر ممکن ہو سکے تو) خلوت اختیار کر کے صوم وصیام سے اس عمل کو کیا جائے۔تو بہت بہتر ہوگا۔ورنہ لوگوں سے میل جول کم سے کم رکھا جائے۔طریقہ عمل یہ ہے۔کہ! اکتالیس روز تک بعد ہر نماز اسی درودِ تنجیا کو تین سو تیرہ (313) مرتبہ اور رات کو ایک ہزار مرتبہ پڑھا جائے۔بعد از زکات اس درودِ پاک کو روزانہ تین سو تیرہ مرتبہ کسی وقت پڑھتے رہنا چاہیئے۔

(یاد رہے۔کہ!) دورانِ زکات آنحضرت ﷺ کی لازمی زیارت نصیب ہوگی۔اور حاملِ زکات کو اس شہر کے قطب سے بھی ملاقات کرائی جائے گی۔جہاں وہ رہتا ہے۔اور اگر کوئی شخص بعد از زکات اسی درودِ پاک کو پڑھتا ہوا کسی اور شہر چلا جائے۔یا کسی اور ملک چلا جائے۔اور وہاں بھی وہ یہی درود پڑھتا رہے۔تو وہاں کے اولیاء سے بھی درود شریف پڑھنے والے کی لازمی ملاقاتیں ہوں گی۔کیونکہ اولیاء جب کسی کے زبان وقلب کو دیکھتے ہیں۔کہ وہ اس درود پاک کو پڑھ رہا ہے۔تو وہ خود اس درودِ پاک پڑھنے والے کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں۔اور اس کی ظاہری وباطنی معاونت کرتے ہیں۔(بقولِ پیر نصیرالدین نصیر چشتی گولڑویؒ)

میں بھی شیدا ہوں نصیرؔ اُس شہِ خوباں ﷺ کا مگر — میں محبت کو تماشا ہونے نہیں دیتا

درودِ مکرم: (از حضرت قطبِ عالم مخدوم جہانیاں جہاں گشت بخاریؒ)

تندیء بادِ مخالف سے نہ گھبرا اے عقاب! یہ تو چلتی ہے ، تجھے اونچا اُڑانے کے لئے

اس درود شریف کی وجہ سے سالک ضرور بالضرور اپنے مقصد و غایت کو پہنچے گا۔ ان شاء اللہ۔ آپ ؒ اپنے خصوصی اوراد میں فرماتے ہیں ۔ جومومن اس درودِ مکرم کوایک مرتبہ پڑھے گا۔ تو ایک حج کا ثواب اُس خوش نصیب شخص کے نامہء اعمال میں لکھ دیا جائے گا۔ ان شاء اللہ۔ جو اِس درودِ مکرم کولکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ وہ تمام دنیاوی و اُخروی بلاؤں سے محفوظ و مامون رہے گا۔ ان شاء اللہ۔ اور اُسے عقبیٰ میں حضرت کی ہمسائے گی اُسے نصیب ہوگی۔ ان شاء اللہ۔ بہر حال! درودِ مکرم یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اَلصلوٰۃ والسلام علیکم یا محمد ن العربی. اَلصلوٰۃ والسلام علیکم یا محمد ن القرشی. اَلصلوٰۃ والسلام علیکم یا محمد ن المکی. اَلصلوٰۃ والسلام علیکم یا محمد ن المدنی. اَلصلوٰۃ والسلام علیکم یا خاتم النبیین. اَلصلوٰۃ والسلام علیکم یا نبی اللہ. اَلصلوٰۃ والسلام علیکم یا محمد رسول اللہ. اَلصلوٰۃ والسلام علیکم یا محمدحبیب اللہ. اَلصلوٰۃ والسلام علیکم یا ابا الفاطمۃ الزھرآء. اَلصلوٰۃ والسلام علیکم یا جد الحسن والحسین. اَلصلوٰۃ والسلام علیکم یا صاحب المنبر والمعراج محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وصحبہٖ وابارک وسلم تسلیما دائما کثیرا. برحمتک یا ارحم الراحمین.

درودِ محبت:

یہ انتہائی مختصر درود پاک ہے ۔ جوکہ بارگاہ نبوی ﷺ میں عشق رسول اکرم ﷺ میں پڑھا جاتا ہے۔

حضرت علامہ شیخ محمد یوسف بن اسماعیلؒ نبہانی فلسطینیؒ اپنی گراں مایہ کتاب **افضل الصلوٰۃ علی سید السادات** میں اس درود مبارک کے بارے میں رقمطراز ہیں کہ یہ درود پاک مختصرمگرنہایت سریع الاثر ہے درود یہ ہے ۔

☆ صَلَّی اللّٰہُ عَلیٰ مُحَمَّد ☆

☆ حضرت علامہ شیخ محمد یوسف بن اسماعیلؒ نبہانیؒ حضرت امام عبدالوہاب الشعرانیؒ سے روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جس نے یہ درودشریف پڑھا تو ایسے شخص نے اللہ تعالیٰ کی رحمت کے ستر دروازے اپنی ذات پرکھول دیئے۔اور اللہ تعالیٰ اس کی محبت لوگوں کے دلوں میں ڈال دیتا ہے۔پس اس آدمی (یعنی یہ درود پاک پڑھنے والے آدمی) سے وہی شخص بغض رکھے گا جس کے دل میں نفاق ہوگا۔


☆ اسی طرح علامہ سخاویؒ نے صاحب القاموس جناب حضرت مجد الدین فیروز آبادی سے امام سمرقندیؒ تک سند کے ساتھ نقل کیا ہے کہ میں نے حضرت خضر نبیؑ اور حضرت الیاس نبیؑ سے سنا ہے کہ اوران دونوں حضرات نے آنحضرت ﷺ سے سنا کہ جو صاحب ایمان **صَلَّی اللّٰہُ عَلیٰ مُحَمَّد** پڑھے گا۔لوگ اس سے محبت کریں گے اگرچہ وہ بغض ہی کیوں نہ رکھتے ہوں اوراللہ کی قسم لوگ اس سے محبت نہیں کرتے جب تک کہ اللہ تعالیٰ اسے دوست نہ رکھے اورہم نے رسول اللہ ﷺ کومنبر پر یہ کہتے ہوئے سنا کہ!

☆ جس شخص نے **صَلَّی اللّٰہُ عَلیٰ مُحَمَّد** کہااس نے اپنے اوپر رحمت کے ستر دروازے کھول دیئے۔ علامہ حافظ سخاویؒ نے سند مذکورہ کے ساتھ حضرت امام سمرقندیؒ سے نقل فرمایا ہے کہ نبی کریم ﷺ سے انہوں نے (یعنی حضرت خضر نبیؑ اور حضرت الیاس نبیؑ سے) بھی روایت فرمایا کہ بنی اسرائیل میں ایک نبیؑ تھے جنہیں **اسموئیل** ؑ کہا جاتا تھا۔اللہ تعالیٰ نے انہیں دشمنوں پرغلبہ عطا فرمایا اورانہوں نے دشمنوں کا تعاقب کیا وہ (یعنی دشمن) کہنے لگے کہ یہ نبیؑ (معاذ اللہ) جادوگر ہے۔اسی لئے ہمارے پیچھے آئے تا کہ ہماری آنکھوں پر جادوکردیں اور ہمارے لشکرکوتباہ کردیں لہذا ہم انہیں سمندر کے کنارے پرلے جاکران سے لڑیں گے۔تو اللہ کے نبی سموئیل ؑ چالیس آدمیوں کے ہمراہ ان کے تعاقب میں نکلے تو دشمنوں نے انہیں سمندر کے کنارے لا کھڑا کیا اب اللہ کے نبی سموئیل ؑ کے اصحابؓ بولے کہ اب ہم کیا کریں گے تو انہوںؑ نے فرمایا کہ تم دشمنوں پرحملہ کردواور **صَلَّی اللّٰہُ عَلیٰ مُحَمَّد** کہتے جاؤ ان سب نے **صَلَّی اللّٰہُ عَلیٰ مُحَمَّد** کہتے ہوئے حملہ کیا اور دشمنوں کے تمام لشکرکواس سمندر میں ہی غرق کردیا۔

☆ علامہ حافظ سخاویؒ نے یہ بھی روایت فرمایا کہ ملک شام سے ایک شخص حضور بنی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اورعرض کیا یارسول اللہ ﷺ میرا والد بہت ہی ضعیف العمر ہے مگر آپ ﷺ کی زیارت کا بے حد مشتاق ہے تو حضور بنی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اسے یعنی اپنے والدکو میرے پاس لے آؤ تو اس شخص نے عرض کی کہ حضور ﷺ وہ تو نابینا ہے تو آقائے نامدار ﷺ نے فرمایا کہ اسے کہنا کہ مسلسل سات ہفتے یہ درود پاک (**صَلَّی اللّٰہُ عَلیٰ مُحَمَّد**) پڑھے بے شک وہ خواب میں میری زیارت کرے گا اورمجھ سے حدیث کی روایت بھی کرے گا پس اس (ضعیف العمر نابینا) نے ایسا ہی کی اور آپ ﷺ کی زیارت سے مشرف بھی ہوااور آپ ﷺ سے روایت کیا کرتے تھے۔

سوچا تھا بہت دورنکل جاؤں گا لیکن دیکھا تو ہر مقام تیری راہ گزر میں تھا

اَسمآئے نبی کریم ﷺ کے فوائد :



حضرت شیخ ابوالعباس احمد بن علی بونیؒ نے اپنی مشہور زمانہ کتاب **شمس المعارف** میں، علامہ کمال الدین الدمیریؒ نے **حیات الحیوان** میں اور علامہ شیخ محمد یوسف بن اسماعیلؒ نے **سعادۃ الدارین** میں اور دیگر کئی مؤلفین و مصنفین نے اس مبارک، مجرب المجرب اور مستند عمل سے اپنی تصانیف وتالیفات کو مزین ومعمور فرمایا ہے۔عمل ہذا کا طریق کار یہ ہے۔

اگر کوئی شخص بعد نماز جمعہ پاکی ونظافت میں (اگلے صفحہ پر دیئے گئے نقش کی طرح) **محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ** فقط **35** مرتبہ مصلے پر بیٹھ کر نہایت ادب واحترام سے روبہ قبلہ با معطر ہو کر لکھیں۔

☆ اب اگر اس نقش (خاتم) کو روزانہ بوقت طلوع وغروب آفتاب آدھے گھنٹہ تک دیکھتے ہوئے خود کو عشق نبوی ﷺ میں ڈھال کر درود و سلام بھی زبان قلب سے پڑھتے رہیں۔تو اللہ تعالیٰ بار بار اپنے پیارے حبیب ﷺ کا دیدار عطا فرماتے رہیں گے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

☆ اور اگر کوئی شخص بعد نماز جمعہ پاکی ونظافت میں ایک سادہ بغیر لائن کے صفحہ پر فقط **35** مرتبہ دیئے گئے نقش کی طرح مصلےٰ پر بیٹھ کر نہایت ادب واحترام سے روبہ قبلہ با معطر ہو کر لکھے۔

محمد رسول اللہ.احمد رسول اللہ.محمد رسول اللہ.احمد رسول اللہ. محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ.محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ . محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ.محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ ،محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ . محمد رسول اللہ. احمد رسول اللہ . محمد رسول اللہ. احمد رسول اللہ محمد رسو ل اللہ . احمد رسول اللہ.محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ. محمد رسول اللہ. احمد رسول اللہ. محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ. محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ.محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ .محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ.محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ.محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ. محمد رسول اللہ. احمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ.محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ.محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ.م حمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ.محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ . محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ، محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ. محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ. محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ، محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ. محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ . محمد رسول اللہ. احمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ، محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ. محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ. محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ. محمد رسول اللہ . احمد رسول اللہ ☆

اس نقش کو اپنے پاس رکھنے کے سینکڑوں فوائد کے علاوہ چند مفید وسریع الاثر فضائل وفوائد یہ ہیں۔ ☆ اس نقش کے حامل کو اللہ تعالیٰ اپنی عبادت میں شوق اور چستی عطا فرمائیں گے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔ ☆. اس نقش کے حامل کو اللہ تعالیٰ ہر قسم کی خیر و برکت عطا فرمائیں گے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔ ☆. اس نقش کے حامل کو اللہ تعالیٰ ہر قسم کے شیطانی خطرات وحملوں سے محفوظ و مامون فرمائیں گے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

نوٹ : یہ بات یاد رہے کہ ان دونوں اعمال کا دارومدار اور اثر خلوص نیت اور طہارتِ ظاہر و باطن پر ہے۔

زیارت النبی ﷺ کا طریقہ:

جو شخص یہ چاہے۔کہ جمالِ باکمال حضرت سید المرسلین ﷺ کو خواب میں ملاحظہ کرے۔تو اُسے چاہیئے۔کہ روزانہ رات کو سونے سے پہلے دو رکعت بنیت دیدار النبی ﷺ اس طرح پڑھے۔کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص سو **100** مرتبہ پڑھے۔اور بعد سلام حالت تشہد ہی میں یہ دعا سو **100** مرتبہ پڑھے۔(ایک کتاب میں تعداد سو کے بجائے دو سو مرتبہ لکھی ہوئی ہے)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اللھم یا اللہ . یا رحمٰن . یامُحسن. یا مجمل. یا منعم. یا متفضل. اَرنی وجہ نبیک محمد صلی اللہ علیہ و علی الہ و صحبہ و بارک وسلم۔ (یہ بارہا کا مجرب المجرب عمل ہے)

اس عمل کے بعد یہی دعائیہ کلمات ایک مرتبہ صاحب عمل خود ہی خوشخط لکھ کر اپنے سرہانے کے نیچے رکھ کر سو جائے۔اور یہی دعائیہ کلمات روزانہ عمل کے بعد لکھنے ہیں۔انشاءاللہ پہلی ہی رات یا پھر چند راتوں میں آنحضور نبی مکرم ﷺ کی ضرور بالضرور زیارت کا شرف حاصل ہو جائے گا۔

فناء فی اللہ کی تہہ میں بقاء کا راز مضمر ہے   جسے مرنا نہیں آتا ، اُسے جینا نہیں آتا

حضرت خضرؑ کا مجوزہ درودِ پاک :

حضرت علامہ شیخ احمد بن مبارک سلجماسیؒ نے اپنی مشہور و معروف زمانہ کتاب ''**الابریز**'' میں اپنے شیخ کامل پیر طریقت غوث زماں جناب سیدنا عبدالعزیز دباغؒ کے حوالے سے فرماتے ہیں۔ کہ! آپؒ (یعنی سیدی عبدالعزیز دباغؒ) کو اوائل عمری میں ہی حضرت سیدنا خضر نبیؑ نے ایک وظیفہ مرحمت فرما۔ کہ! اسے روزانہ سات ہزار مرتبہ پڑھنا۔ وہ عطائے خضریؑ وظیفہ مبارک یہ ہے۔

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم o اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ بِجَاہِ سَیِّدِ نَا مُحَمّدُ بنِ عَبدُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَ اٰلِہٖ وَسَلَّمَ o اِجمَعْ بَینِی وَ بَینَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ بنِ عَبدِا للّٰہِ صَلیَّ اللّٰہُ عَلَیہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فِی الدُّنیَا قَبلَ الاٰخِرَۃِ O

چنانچہ شیخ سیدی عبدالعزیز دباغؒ نے ہمیشہ کے لیے ان دعائیہ کلمات کو اپنا دائمی وظیفہ بنا لیا۔ اور کتاب میں متعدد جگہ اس بات کا تذکرہ کیا۔ کہ سیدی عبدالعزیز دباغؒ کئی مرتبہ بحالت بیداری نبی کریم ﷺ کی مبارک مجلس سے بار آور ہوئے۔ حضرت سیدی دباغؒ سے لوگ کئی مسائل دریافت کرتے۔ تو ان کی بات اور دلائل بالکل آئمہ دین اور علمائے کرامؒ کے عین مطابق ہوتی۔ حالانکہ آپؒ بظاہر پڑھے لکھے نہیں تھے۔ بلکہ امی تھے۔ اسی درود پاک کے ورد کی تاکید ہمارے پیر و مرشدؒ نے اپنی کتاب معدن کرامات میں بہت زیادہ فرمائی ہے۔ اللہ کریم ان کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ اور ان کے درجات بلند فرمائے۔ آمین!

زیارت النبی ﷺ کا طریقہ: :

اگر کوئی صاحب ذوق وشوق اس ذِکر سہ ضربی کو زیارت آنخضور نبی مکرم ﷺ کی نیت سے روزانہ رات کو سونے سے پہلے کیا کرے۔ تو انشاءاللہ وہ ہمیشہ زیارت النبی ﷺ سے مشرف ہوتا رہے گا۔ اس ذکر کا سہل طریقہ یہ ہے۔ کہ!

دائیں کندھے پر **یا احمد** بائیں کندھے پر **یا محمد** دِل پر **یا رسول اللہ**

اس ذکر مبارک کو شروع کے ایک ہفتہ تک تین سو تیرہ (313) مرتبہ پڑھنا ہے۔ پھر اسی ذِکر کو ہمیشہ گیارہ سو (**1100**) مرتبہ کرتا رہے۔ تاکہ بار بار اِس عظیم ترین نعمتِ زیارت النبی ﷺ کا شرف حاصل ہوتا رہے۔ انشاءاللہ العظیم۔

خدا تجھے کسی طوفان سے آشنا کر دے   کہ تیرے بحر کی موجوں میں اضطراب نہیں

زیارت النبی ﷺ کا طریقہ: : (اَز حضرت شیخ الہند شاہ عبدالحق محدث دہلویؒ)

جو شخص روزانہ سورہ اخلاص (ایک ہزار مرتبہ) کو معہ تسمیہ بحالت تنہائی (دَریک نشست) روزانہ پڑھنے کا معمول بنا لے۔ تو ایسے شخص کو شروع میں عالمِ رویاء کے اندر اور کچھ عرصہ گزرنے کے بعد بحالت بیداری بھی زیارت النبی ﷺ کا بار بار شرف حاصل ہوتا رہتا ہے۔ لہٰذا چاہیئے۔ کہ سورہ اخلاص کو ایک ہزار مرتبہ اِس طرح پڑھتا رہے۔ کہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود و سلام پڑھا جائے۔ ایسے شخص کی تمام دینی و دنیاوی حاجات ازخود پوری ہوتی رہتی ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل و کرم ہمیشہ اس کے ساتھ رہتے ہیں۔

درودِ مُعظم :

اس درود معظم کو ایک مرتبہ پڑھنا دیگر درود شریف کو ایک ہزار پڑھنے کے مساوی ہے۔ یہ بات حضرت شیخ محمد صالحؒ نے سیدی عمر مکیؒ سے اور انہوں نے حضرت قاضی شمھورش سے اور حضرت قاضیؒ نے آنجناب رسول مکرم ﷺ سے نقل کی ہے۔

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم o اَللّٰھُمَّ صَلِّ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ عَبدِکَ وَرَسُولِکَ النَّبِیِّ الاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصحَابِہٖ وَ بَارِکْ وَ سَلِّمْ تَسلِیمًا بِقَدْرِ عَظَمَۃِ ذَاتِکَ فِی کُلِّ وَقتٍ وَّ حِینٍ ۔

درودِ شاذلیہ : (اَز بزرگانِ سلسلہء عالیہ شاذلیہ)

درود مکرم زیارت النبی ﷺ اور قضائے حوائج کے ضمن میں مجرب قرار دیا گیا ہے۔ اس درود شریف کو بعد ہر فرض نماز کے ایک سو ایک مرتبہ اور رات کو سونے سے قبل ایک ہزار مرتبہ پڑھا جاتا ہے۔ چند ہی ایام میں مقصد پورا ہو جاتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَولَانَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی اٰلِہٖ فِی کُلِّ لَمْحَۃٍ وَ نَفْسٍ عَدَدَ مَا وَسِعَہٗ عِلْمُکَ ۔ اٰمِین o

خطرہ کوئی نہیں مجھے کسی زوال کا   مَیں دیوانہ ہوں محمد ﷺ کی آل کا

درودِ تاج :

اولیائے عُظام ، عاشقانِ رسولِ کریم ﷺ اور علماء والمشائخین میں انتہائی خاصیت اور بے پناہ فیوض و برکات کامنبع وحامل رہا ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ☆دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالْقَحَطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ☆اِسْمُہٗ مَکْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ☆سَیِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ☆جِسْمُہٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَھَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ☆ شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی صَدْرِالْعُلٰی نُوْرِ الْھُدٰی کَھْفِ الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ☆ جَمِیْلِ الشِّیَمِ☆ شَفِیْعِ الْاُمَمِ ☆ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ☆وَاللّٰہُ عَاصِمُہٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُہٗ وَالْبُرَاقُ مَرْکَبُہٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُہٗ وَ سِدْرَۃُ الْمُنْتَھٰی مَقَامُہٗ وَقَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُہٗ وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُہٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُہٗ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ رَاحَۃِ الْعَاشِقِیْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِیْنَ شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ سِرَاجِ السَّالِکِیْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِیْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسٰکِیْنَ سَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ وَسِیْلَتِنَا فِی الدَّارَیْنِ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَیْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَیْنِ وَالْمَغْرِبَیْنِ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ مَوْلٰنَا وَ مَوْلَی الثَّقَلَیْنِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ☆ نُوْرٌ مِّنْ نُوْرِ اللّٰہِ☆یَآ اَیُّھَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِہٖ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَصْحٰبِہٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا دَآئِمًا اَبَدًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا ۔ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۔ آمِیْن ۔

اس کے ہزاروں فوائد میں سے چندفوائد (لوگوں کے تجربات ومُشاہدات کی بناپر) یہاں درج کئے جارہے ہیں ۔ ☆ حضرت سیدالمرسلین ﷺ کی زیارت کے شرف کےحصول کے لئے 170 مرتبہ پڑھنا مجرب قرار دیا گیا ہے ۔ ☆ جوشخص اس درود کوصبح اوررات (قبل نوم)100 مرتبہ پڑھے گا۔ چندہفتوں میں صاحب کشف ہو جائیگا۔ انشاءاللہ ۔ ☆ جوشخص اس درودِ پاک کو ہرنماز کے بعد 11 مرتبہ پڑھے گا وہ عابدین وزاہدین کے اعلیٰ مقام تک پہنچ جائے گا۔ انشاءاللہ ۔ ☆ جوشخص خلوت اختیارکر کے 100 ایام تک (پرہیز روحانی کے ساتھ) اس درودشریف کو 1000 کی تعداد کے مطابق روزانہ پڑھتا رہے گا۔ تو اس کی رسائی ولایت کے اعلیٰ وارفع مقام تک یقینی ہوجائے گی ۔ اورخیال غالب ہے کہ وہ ابدال بن جائے ۔ انشاءاللہ ۔ ☆ درودِتاج کا عامل بننے والے کوچاہیئے کہ خلوت اختیارکر کے اس درودِ پاک کو ہرنماز کے بعد 100-100 مرتبہ اوررات کوسونے سے پہلے 313 مرتبہ 41 (اکتالیس) ایام تک پڑھے ۔ (دورانِ زکات عین ممکن ہے کہ حضرت سیدنا آخرالزمان امام المرسلین سیدنا محمد ﷺ کی بحالتِ بیداری زیارت بھی نصیب ہو جائے ۔ انشاء اللہ العظیم) تو اس درودِ پاک کی زکاتِ کبیر ہوجائے گی ۔ پھر مداومت کے طور ہر روزانہ بعد نمازِ فجر اور بعد نمازِ عشاء 21-21 مرتبہ تاحیات پڑھتا رہے ۔ تا کہ وہ اس درودِ پاک کے فیوض و برکات سے مستفید ومتفع ہوتا رہے ۔

درودِ مُعظم :

جوخوش نصیب شخص یہ درودِ شریف پڑھے ۔ ضرور بالضرور اپنے مقصد و غایت کو پہنچے گا ۔ ان شاء اللہ ۔ اُسے وصول الی اللہ حاصل ہوگا ۔ تمام دینی و دنیوی مقاصد میں کامیابی ہوگی ۔ زیارت النبی ﷺ قصد کے لئے اس درود پاک کو بعد ہرنماز کے گیارہ ۔ گیارہ مرتبہ اور رات کوسونے سے قبل سومرتبہ پڑھنا مجرب وآزمودہ قرار دیا گیا ہے ۔ درودِمعظم یہ ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اَللّٰھُمَّ صل علٰی محمد مادامت الصلوٰۃ. اَللّٰھُمَّ صل علٰی محمد مادامت البرکات وارحم. اَللّٰھُمَّ صل علٰی محمد مادامت الرحمۃ. اللھم صل علٰی روح محمد فی الارواح . اللھم صل علٰی جسد محمد فی الاجساد . اللھم صل علٰی قبر محمد فی القبور . اللھم صل علٰی تربۃ محمد فی التراب . اللھم صل علٰی روح محمد فی الارواح . اللھم صل علٰی نفس محمد فی النفوس . اللھم صل علٰی قلب محمد فی القلوب . اللھم صل علٰی روضۃ محمد فی الریاض . اللھم صل علٰی صورۃ محمد فی الصور . و صلی اللہ تعالٰی علٰی خیر خلقہ محمد وعلٰی اٰلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم اجمعین فضلا من اللہ ورسولہ. الحمد للہ علی التو فیق واستغفراللہ علی التقصیر. سبحانک ما عبد ناک حق عبادتک . برحمتک یا ارحم الراحمین.

زیارت النبی ﷺ کا طریقہ: :

حضرت خواجہ غلام فرید ؒ کے ملفوظات بنام **مقابیس المجالس** میں مرقوم ہے ۔کہ ایک آدمی نے عرض کیا ۔کہ اس غلام کو آنحضرت ﷺ کی زیارت اقدس کے لئے کوئی وظیفہ تعلیم فرمایا جاوے ۔تو حضرت اقدس (خواجہ غلام فرید ؒ) نے یہ وظیفہ لکھ کر دیا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیمo اللھم الحل و الحرام ۔ورب البلد الحرام ۔و رب الرکن والمقام ۔و رب المشعر الحرام ۔و رب البیت الحرام ۔و رب الشھر الحرام ۔اقراء روح محمدٍ منا السلام ۔ابلغ لسید نا ومولانا محمد منا السلام ۔اللھم ارنی فی منامی سید نا و سند نا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وصحبہ وبارک وسلم تسلیما دائما ابدا کثیرا کثیرا۔

(ایک جگہ یہ طریقہ بھی ہے ۔کہ! اس وظیفہ سے قبل سورہ ملک پڑھنی ہے ۔پھر یہ وظیفہ چار مرتبہ پڑھ کر سو جانا ہے ۔)

بسم اللہ الرحمن الرحیم o **اَللّٰھُمَّ رَبَّ الْحِلِّ وَ الْحَرَامِ رَبَّ الرُّکْنِ وَالْمَقَامِ ۔ وَ رَبَّ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۔ بِحَقِّ کُلِّ اٰیۃ اُنْزِلَتْھَا فِیْ شَھْرِ رَمَضَانَ بَلِّغْ رُوْحَ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ مِنِّیْ تَحِیَّۃً وَّ سَلَامًا ۔**

☆ (ایک اور جگہ پر اسی وظیفہ کے یہ الفاظ بھی آئے ہیں) **بسم اللہ الرحمن الرحیمo اَللّٰھُمَّ رَبَّ الْبَیْتِ الْحَرَامِ وَ الشَّھْرِ الْحَرَامِ وَالرُّکْنِ الْمَقَامِ اِقْراء رُوْحِ مُحَمَّدٍ مِّنِی السَّلَامِ ۔**

☆ (حضرت خواجہ فرید ؒ) فرمایا کہ بعد نماز عشاء اس وظیفہ کو ایک سو مرتبہ پڑھا کرو۔ اگر اِس وظیفہ کو خانہ کعبہ کے سامنے پڑھا جائے تو بہت زیادہ فوائد حاصل ہوں گے ۔ انشاء اللہ العظیم ۔ (یاد رہے ۔کہ) اِن کلمات کے متعلق کچھ کتب میں یہ وظیفہ مبارکہ **200**، **313** اور **1000** کی تعداد بھی مرفوع ومنقول ہے ۔ بہر حال اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم ،عشق نبوی ﷺ اور اِس وظیفہ کی بدولت کافی لوگوں کو زیارت النبی ﷺ کا شرف حاصل ہو چکا ہے ۔کیونکہ مذکورہ وظیفہ واقعتًا نہایت ہی مجرب المجرب وظیفہ ہے ۔

زیارت النبی ﷺ کا طریقہ:

سید جمال الدین ابوالمواہب الشاذلی ؒ فرماتے ہیں ۔کہ! مَیں نے خواب میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی ۔آپ ﷺ نے مجھے فرمایا۔ (کہ) سوتے وقت پانچ مرتبہ **اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم** ۔پانچ مرتبہ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم**۔کہو۔ پھر کہو۔**اللھم بحق محمدٍ اَرِنِی وَجۃَ مُحَمَّدٍ** (ﷺ) **حَالًا وَ مَالًا** ۔ جب تم سوتے وقت ایسا کہو گے ۔تو مَیں تمھارے پاس آتا رہوں گا ۔اور تجھ سے بالکل دور نہیں ہوں گا ۔ پھر فرمایا۔ کتنا اچھا تعویذ (تعویذ سے مراد طریقہ) ہے ۔اور کتنی اچھی مراد ہے ۔ (کہ) جو اس پر ایمان لائے ۔اور یقین کرے ۔خصوصًا اگر آپ ﷺ پر درود وسلام کا اِضافہ بھی کرلیں ۔ (یہ طریقہ یقینًا صد فیصدی مجرب المجرب ہوگا ۔ان شاء اللہ ۔کیونکہ! یہ طریقہ بعینہٖ آنحضرت ﷺ ہی کی زبانِ مبارک سے ادا ہوا ہے)

طلع البدر علینا	من ثنیات الوداع	وجب الشکر علینا ۔
ما دعا للہ داع	ایھاالمبعوث فینا	جئت باالامر المطاع ۔

ہم پر وداع کی چوٹیوں سے چودھویں رات کا چاند طلوع ہوا۔ جب تک لوگ اللہ تعالیٰ کو پکارتے رہیں گے ۔ہم پر اس (اللہ) کا شکر واجب ہے ۔اے ہم میں مبعوث ہونے والے (عظیم المرتبت) نبی ﷺ! آپ ﷺ ایسے اَمر کے ساتھ تشریف لائے ہیں ۔کہ جس کی (لازمًا) اطاعت کی جائے ۔

درود عجیبہ و غریبہ : (طبیعت میں گرمی اور مزاج کے چڑچڑاپن کے دفیعہ کا مجرب وظیفہ) :

روزانہ رات کو سونے سے پہلے اور صبح اُٹھنے کے بعد اسی درودِ پاک کو لاتعداد مرتبہ پڑھتے رہیں ۔ کچھ ہی دنوں میں دل کی گرمی اور طبیعت کے چڑچڑاپن سے نجات حاصل ہو جائے گی ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔ درودِ عجیبہ وغریبہ یہ ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَابِقًا نُوْرُہٗ وَ اٰخِرًا ظُھُوْرُہٗ وَ رَحْمَۃً لِّلْعَالَمِیْنَ وَجُوْدُہٗ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ۔ (بیت پیرانِ پیرؒ)

چو ذرہ ذرہ شود ایں تنم بہ خاکِ لحد	تُو بشنوی صلوٰت از جمیع ذرّاتم
سلام گویم و صلوٰۃ بَر تُو ہر نفسے	قبول کن بہ کرم ایں سلام و صلواتم

(ترجمہ) اگر میرے جسم کا ذرہ ذرہ بھی خاک میں مل جائے ۔تب بھی آپ ﷺ میرے جسم کے جملہ ذرات سے صلوٰۃ کی آوازسنیں گے ۔ سلام کہتا ہوں اور صلوٰۃ میرے ہر ہر سانس سے نکلتا ہے ۔آپ ﷺ اپنے کرم سے میرے صلوٰۃ وسلام کو قبول فرمالیں ۔

صلوٰۃِ عظیم کی برکات، فوائد اور فضائل :

حضرت سید احمد بن ادریس ؒ کے ایک مرید و معتقد کا مکہ شریف میں وصال ہوگیا۔ جنتِ معلیٰ میں طبقہ درویشوں میں سے ایک صاحبِ کشف اور روشن بصیرت شخص بوقتِ دفن پاس ہی تھا۔ تو اس نے ملاحظہ کیا۔ کہ سیدنا حضرت عزرائیلؑ جنت سے قالینیں اور بستر لائے ہیں۔ بڑے بڑے دیئے (چراغ) بھی ساتھ لائے ہیں۔ اور تاحدِ نگاہ انہوں نے قبر کو وسیع وکشادہ کر دیا۔ بستر لگا کر رکھ دیئے گئے۔ وہ صاحبِ کشف شخص یہ دیکھ کر جی ہی جی میں خود سے یہ کہنے لگا۔ کہ اے کاش! میری موت کے بعد میرا عظیم پروردگار میرا بھی یوں ہی اکرام و اعزاز فرمائے۔ جس طرح کہ اس شخص کا فرمایا ہے۔ تو حضرت عزرائیلؑ اس (درویش) کی طرف متوجہ ہوئے۔ اور فرمایا۔ کہ! تم میں سے ہر ایک کی اس عظیم درود شریف کی وجہ سے ایسی ہی عزت ہوگی۔ جس کی نسبت اُستاذِ گرامی جناب حضرت سیدی احمد بن ادریس ؒ کی طرف ہے۔ وہ درود شریف یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٥ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ ۔ اَلَّذِیْ مَلَاءَ اَرْکَانَ عَرْشِ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ ۔ وَ قَامَتْ بِهٖ عَوَالِمُ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ ۔ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِ نَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ ذِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ ۔ وَ عَلٰی اٰلِ نَبِیِّ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ ۔ بِقَدْرِ عَظْمَةِ ذَاتِ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ فِیْ کُلِّ لَمْحَةٍ وَ نَفْسٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ ۔ صَلَاةً دَآئِمَةً بِدَوَامِ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ ۔ تَعْظِیْمًا لِحَقِّکَ یَا مَوْلَانَا یَا مُحَمَّدُ یَا ذَا الْخُلُقِ الْعَظِیْمِ ۔ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ مِثْلَ ذَالِکَ وَاجْمَعْ بَیْنِیْ بَیْنَهٗ کَمَا جَمَعْتَ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالنَّفْسِ ظَاهِرًا وَ بَاطِنًا یَقْظَةً وَمَنَامًا وَاجْعَلْهُ یَا رَبِّ رُوْحًا لِذَاتِیْ مِنْ جَمِیْعِ الْوُجُوْهِ فِی الدُّنْیَا قَبْلَ الْاٰخِرَةِ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ ۔

درودِ نورانیۃ : (درودِ حضرت قطب الاقطاب جناب امام احمد البدوی ؒ از حضرت شیخ احمد الصاوی ؒ)

اس درود شریف کو ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔ اس درود شریف کے کچھ فوائد و منافع یہاں پر بطورِ تبریک بیان کئے جاتے ہیں۔ تاکہ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی اجرِ عظیم میں سے حصہ عطا فرمائے۔ آمین۔ **1**۔ اس درود شریف کو صد مرتبہ پڑھنا تینتیس مرتبہ دلائل الخیرات شریف پڑھنے کے برابر ہے۔ **2**۔ یہ درود شریف انوار و تجلیات کے حصول اور اسرار و رموز کے منکشف ہونے کا بہترین ذریعہ ہے۔ **3**۔ یہ درود شریف بیداری اور خواب میں حضرت نبی مکرم ﷺ کی زیارت اور قرب کا بہت بڑا ذریعہ ہے۔ **4**۔ یہ درود شریف مرتبہ ولایت کے مقامِ قطبیت تک پہنچنے کا زینہ ہے۔ **5**۔ یہ درود شریف علوم و معارف کی منازل کو پانے کا نہایت سہل طریقہ ہے۔ **6**۔ یہ درود شریف رزق ظاہری و باطنی (یعنی) حلاوت و اخلاص اور صدق پانے کے لئے مجرب ہے۔ **7**۔ یہ درود شریف نفس، دشمنان اور شیاطین پر غلبہ و مدد حاصل کرنے کے لئے اکسیر ہے۔ **8**۔ یہ درود شریف تین مرتبہ پڑھنا ایک مرتبہ دلائل الخیرات شریف پڑھنے کے برابر ہے۔ **9**۔ اس درود کا دائمی پڑھنا در عالم بیداری و رویاء موجب زیارت النبی ﷺ بھی ہے۔ **10**۔ وسعتِ رزق، علوم و معارف کی منازل کا طے ہوجانا، نفس کشی، شیاطین و دشمنان پر قابو پانا اور انوار و تجلیات کو ظاہری آنکھوں سے دیکھنا اس درود شریف کی ادنیٰ خاصیات ہیں۔ (درود شریف یہ ہے)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٥ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِ نَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ شَجَرَةِ الْاَصْلِ النُّوْرَانِیَّةِ وَ لَمْعَةِ الْقَبْضَةِ الرَّحْمَانِیَّةِ وَ اَفْضَلِ الْخَلِیْقَةِ الْاِنْسَانِیَّةِ وَ اَشْرَفِ الصُّوْرَةِ الْجِسْمَانِیَّةِ وَ مَعْدَنِ الْاَسْرَارِ الرَّبَّانِیَّةِ وَخَزَائِنِ الْعُلُوْمِ الْاِصْطِفَائِیَّةِ صَاحِبِ الْقَبْضَةِ الْاَصْلِیَّةِ وَ الْبَهْجَةِ السَّنِیَّةِ وَالرُّتْبَةِ الْعَلِیَّةِ مَنِ انْدَرَجَتِ النَّبِیُّوْنَ تَحْتَ لِوَائِهٖ فَهُمْ مِنْهُ وَاِلَیْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَ صَحْبِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَ رَزَقْتَ وَ اَمَتَّ وَاَحْیَیْتَ اِلٰی یَوْمِ تَبْعَثُ مَنْ اَفْنَیْتَ وَ سَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔

زیارت النبی ﷺ کا طریقہ : : (مجرب طریق از حضرت شاہ کلیم اللہ جہاں آبادی ؒ)

جو شخص ایک لاکھ مرتبہ (پرہیز عمومی کے ساتھ) اس درودِ پاک کو پڑھے۔ تو اس کے ساتھ حضرت رسول اللہ ﷺ بے حجاب و بے حساب کلام فرماتے ہیں۔ درود شریف یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ٥ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِ نَا رَسُوْلِکَ مُحَمَّدٍ صَلِّ عَلٰی تَعَیُّنِکَ الْاَقْدَمِ وَالْمَظْهَرِ الْاَتَمِّ لِاِسْمِکَ الْاَعْظَمِ بِعَدَدِ تَجَلِّیَاتِ ذٰلِکَ وَ تَعَیُّنَاتِ صِفَاتِکَ وَ عَلٰی اٰلِهٖ کَذٰلِکَ ۔

جو کچھ بھی تھا وظیفہ و اوراد رہ گیا   تیرا ﷺ ایک نام فقط یاد رہ گیا

زیارت النبی ﷺ بحالت بیداری : (مجرب طریقہ اَزحضرت شیخ شاہ محمد غوث گوالیاریؒ دَرکتاب جواہرخمسہ)

جوشخص یہ چاہے۔کہ! مَیں حضرت جناب رسالت مآب ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوں۔اورآپ ﷺ کے اصحابِ کرامؓ اور دیگر ارواحِ طیبات کو دیکھوں۔تو اس کو چاہیئے۔کہ! شہر سے باہر کسی ایسی جگہ جائے۔جہاں کوئی تالاب،حوض،جھیل،دریا یا سمندر ہو۔پہلے تو وہاں پر غسل کرے۔پھر اپنا سر ننگا کر کے دو رکعت شکرانہ ءوضوادا کرے۔اس کے بعد دو رکعت دو رکعت صلوٰۃ ارواح پڑھے۔پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد 21 مرتبہ سورہ ءاخلاص اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد 21-21 معوذتین پڑھے۔سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں جا کر نہایت عاجزی و انکساری کے ساتھ تین مرتبہ یہ کہے۔**یَا غِیَاثُ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ یَا غِیَاثُ** ۔پھرسجدہ ہی کی حالت میں یہ کلمات سات ہزار(**7000**) مرتبہ کہے۔ **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِo بِسْمِ اللّٰہِ اَقْوَاہُ یَا اَللّٰہُ**۔جس وقت طالبِ صادق اس دعا کو پورا پڑھ لے۔تو سرسجدہ سے اُٹھا کر منہ آسمان کی طرف اُٹھا کر قبلہ طرف کر لے۔پھر تین قدم آگے پھر تین قدم پیچھے پھر تین قدم دائیں پھر تین قدم بائیں طرف ایسے چلے۔کہ! منہ وجسم قبلہ کی طرف سے نہ اُٹھائے۔جب طالب آنحضرت نبی مکرم ﷺ کو دیکھ لے۔اور ارواحِ طیبات وصحابہ کرامؓ کو طالب کے ماسوا کوئی اور نہیں دیکھ سکے گا۔پھر طالب کو چاہیئے۔کہ! اپنی کوئی شرعی اور بہت ضروری حاجت آنحضور ﷺ کے حضور پیش کرے۔انشاءاللہ جومقصود ہوگا۔وہ بَر آئے گا۔یہ خاص فقیر(حضرت شیخ شاہ محمد غوث گوالیاریؒ) کا مجرب عمل ہے۔بعدہٗ طالبِ صادق یہ مناجات(معہ تسمیہ) دس مرتبہ کہے۔

الٰھی آنچہ بَد کردم ندانستم خطا کردم بخشش خواھم بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ ۔

زِ حالِ مسکیں مکن تغافل دورائے نیناں بنائے بتیاں کہ تابِ ہجراں ندارم اے جاں نہ لیہو کاہے لگائے چھتیاں

درود بیر : (صاحبِ دلائل الخیرات (جناب امام علامہ قطبِ زماں ابوعبداللہ شیخ سید محمد سلیمان الجزولیؒ) کا عجیب واقعہ)

جناب امام علامہ قطبِ زماں ابوعبداللہ شیخ سید محمد سلیمان الجزولی ایک دِن بنیتِ وضوایک کنویں پر تشریف لے گئے۔جب کنویں کے آس پاس اور اندر جھانک کر دیکھا۔تو حیران و پریشان رہ گئے۔کہ گہرے کنویں میں سے پانی نکالنے کے لئے وہاں پر نہ تو کوئی ڈول ہے۔اور نہ ہی کوئی رسی۔کہ جس کی مدد سے پانی نکالا جاسکے۔اِتنے میں قریب کے مکان سے ایک معصوم سی بچی نے دیکھا۔تو کہنے لگی۔آپؒ وہی شخصیت ہیں؟ جن کی نیکی کی بڑی تعریف کی جاتی ہے۔اس کے باوجود آپؒ پریشان اس لئے ہیں۔کہ کنویں کا پانی کس شئے کی مدد سے نکالیں؟ اس لڑکی نے کنویں میں اپنا لعابِ دہن ڈال دیا۔جس کی وجہ سے کنویں کا پانی جوش مارتا ہوا باہر اُبل پڑا۔اور باہر بہنے لگا۔جس سے کہ حضرت شیخ مذکورؒ نے وضوکیا۔اور پھر اِس لڑکی سے اِس کرامت کے رازِ عظیمہ کی بابت قسم دے کر دریافت فرمایا۔کہ! تُم نے یہ مرتبہ کیونکر حاصل کیا؟ تو اُس معصوم وفرشتہ صفت لڑکی نے بتایا۔کہ! اِس ذاتِ اقدس ﷺ پر درود وسلام بھیجنے سے۔کہ جس کی بدولت جب آپ ﷺ جنگل میں چلتے تو جنگل کے وحشی جانور و درندے بھی آپ ﷺ سے لپٹ جاتے تھے۔یہ سُن کر حضرت شیخ نے قسم کھائی۔کہ!وہ بھی دربارِ رسالت مآب ﷺ میں درود وسلام کی کتاب لکھ کر ضرور پیش کریں گے۔بہر حال اِس واقعے کے بعد اُنہوں نے دلائل الخیرات نامی کتاب لکھی۔جس کی مقبولیت زدِ عام وخاص ہر زبان پر ہر زماں میں موجود ومستحکم ہے۔اُس نیک لڑکی نے بتایا تھا۔کہ! میں یہ درودِ پاک پڑھا کرتی ہوں۔(جو کہ درودِ بیر کے نام سے مشہور ومعروف ہے)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً مَّقْبُوْلَۃً تُؤَدِّیْ بِھَا عَنَّا حَقَّہُ الْعَظِیْمُ۔

وظیفہء مسبعاتِ عشر کی فضیلت : (اَز حضرت خضرؑ)

جملہ طریقت کے سرخیل کا اس بات پر قوی اتفاق ہے۔کہ! اگر کوئی خوش قسمت شخص بعد نمازِ فجر اور قبل اذانِ مغرب روزانہ ''مسبعاتِ عشر'' پڑھنے کا معمول بنالے۔تو اُسے ضرور بالضرور آنحضور نبی مکرم ﷺ اور حضرت خضر نبیؑ کی زیارت کا شرف واعزاز حاصل ہوتا رہے گا۔(ان شاءاللہ العظیم) **وظیفہء مسبعاتِ عشر** اسی کتاب میں آگے آئے گا۔ان شاءاللہ العظیم۔

زینتِ یٰسین تُوئی زیبائشِ طٰہٰ تُوئی صاحبِ معراج سبحان الذی اسریٰ تُوئی
مرحبا صل علیٰ روشنِ جہاں ازروئے تو خُسروِ شہرِ مدینہ رونقِ کعبہ تُوئی
رحمۃ اللعالمین آمد زِ شانِ پاک تو بے نوا را سرپرست و والی و مولیٰ تُوئی
یارسول اللہ ﷺ! بسوئے ما غریباں یک نظر بے نوا را دستگیر و ماوٰی و ملجا تُوئی
نعتِ پیمبر منیر از شمس تبریزے شنو مصطفیٰ و مجتبیٰ و سید و اعلیٰ تُوئی

سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی زیارت بحالت بیداری : (بمطابق حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ در کتاب اورادِ غوثیہ)


جب بھی کوئی سالک ارواحِ انبیاء واولیاء اور دیگر مؤمنین کی ارواح وملائکہ کے دیدار کا متمنی ہو اور اُنہیں حاضر کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو ایسے شخص کو چاہیئے کہ وہ نو چندی اتوار کو کسی جنگل، یا ویران مقام یا پھر آبادی سے دور کسی پہاڑ کی گھاٹی یا دامن، یا پھر جنگل میں یا کسی خالی مکان میں یا پھر کسی سنسان و ویران جگہ پر چلا جائے جہاں پر کسی آدمی کی آواز، چرند و پرند تک کا گذر نہ ہو۔ وہاں پہنچ کر اِس ریاضت کا آغاز اِس طرح سے کرے کہ! نو چندی سوموار، منگل ، بدھ کو دن ورات جاگتا رہے۔ اور ایک منٹ کے لئے بھی نہ سوئے۔ اور اِس دوران استغفار، درود وسلام اور قرآن خوانی میں اپنا وقت صَرف کرے۔ پھر بروزِ جمعرات بعد از نمازِ فجر وہاں پر پہلے پہل غسل کر کے مصلے پر بیٹھ کر فقط **5000** (پانچ ہزار) مرتبہ یہ اسمِ مبارک بنا تعداد کی کمی وبیشی کے پڑھے۔ یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْتَدِیْ الْقُلُوْبُ وَالْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ وَ کِبْرِیَآئِہٖ یَا کَبِیْرُ ۔ یَا بَارِئُ النُّفُوْسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَیْرِہٖ یَا بَارِئُ ۔ یَا زَاکِیَ الطَّاھِرُ مِنْ کُلِّ اٰفَةٍ بِقُدْسِہٖ یَا زَاکِیُ ۔ یَا کَافِیَ الْمُوْسِعُ لِمَا خَلَقَ لَہٗ مِنْ کُلِّ عَطَا یَا فَضْلِہٖ یَا کَافِیُ ۔ یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّ عِلْمًا یَا حَنَّانُ ۔ پھر تازہ وضو کرے۔ اور پھر دو رکعت کے بعد **تحیة الوضو** پڑھ کر چار رکعت ایک سلام سے یہ نیت کر کے پڑھے۔ نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ لِلّٰہِ تَعَالٰی اَرْبَعَ رَکَعَاتِ صَلٰوةِ اِظْھَارِ الْاَرْوَاحِ الْعُلْوِیَّةِ وَالسِّفْلِیَّةِ مُتَوَجِّھًا اِلٰی جِھَةِ الْکَعْبَةِ ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۔ چاروں رکعتوں میں **سورہ فاتحہ** کے بعد 9 مرتبہ **سورہ قدر** پڑھ کر 9 مرتبہ **سورہ اخلاص** پڑھے۔ نماز سے فارغ ہو کر آنحضور ﷺ پر دس مرتبہ درود وسلام پڑھے۔ پھر صاحبِ عمل کھڑا ہو جائے۔ پھر سات قدم آہستہ آہستہ آگے رکھتا چلا جائے۔ اور ہر قدم پر تین مرتبہ اَغْثِنِیْ اَغْثِنِیْ پڑھے۔ ساتویں قدم کے بعد درود وسلام پڑھ کر سات مرتبہ یہ اسماء مبارکہ پڑھے۔ یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْتَدِیْ الْقُلُوْبُ وَالْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ وَ کِبْرِیَآئِہٖ یَا کَبِیْرُ ۔ یَا بَارِئُ النُّفُوْسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَیْرِہٖ یَا بَارِئُ ۔ یَا زَاکِیَ الطَّاھِرُ مِنْ کُلِّ اٰفَةٍ بِقُدْسِہٖ یَا زَاکِیُ ۔ یَا کَافِیَ الْمُوْسِعُ لِمَا خَلَقَ لَہٗ مِنْ کُلِّ عَطَا یَا فَضْلِہٖ یَا کَافِیُ ۔ یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّ عِلْمًا یَا حَنَّانُ ۔ پھر درود وسلام پڑھتا ہوا جائے نماز پر چلا جائے۔ اور منہ قبلہ ہی کی طرف رہنا چاہیئے۔ پھر مصلے پر بیٹھ کر یہی اسما مبارکہ دس بار پڑھ کر کھڑا ہو جائے۔ پھر سات قدم آہستہ آہستہ پیچھے رکھتا چلا جائے۔ اور منہ قبلہ ہی کی طرف رہنا چاہیئے۔ اور ہر قدم پر تین مرتبہ اَغْثِنِیْ اَغْثِنِیْ پڑھے۔ ساتویں قدم کے بعد درود وسلام پڑھ کر سات مرتبہ یہ اسماء مبارکہ پڑھے۔ یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْتَدِیْ الْقُلُوْبُ وَالْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ وَ کِبْرِیَآئِہٖ یَا کَبِیْرُ ۔ یَا بَارِئُ النُّفُوْسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَیْرِہٖ یَا بَارِئُ ۔ یَا زَاکِیَ الطَّاھِرُ مِنْ کُلِّ اٰفَةٍ بِقُدْسِہٖ یَا زَاکِیُ ۔ یَا کَافِیَ الْمُوْسِعُ لِمَا خَلَقَ لَہٗ مِنْ کُلِّ عَطَا یَا فَضْلِہٖ یَا کَافِیُ ۔ یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّ عِلْمًا یَا حَنَّانُ ۔ پھر درود وسلام پڑھتا ہوا جائے نماز پر چلا آئے اور منہ قبلہ ہی کی طرف رہنا چاہیئے پھر مصلے پر بیٹھ کر یہی اسماء مبارکہ دس بار پڑھ کر کھڑا ہو جائے۔ پھر سات قدم آہستہ آہستہ دائیں طرف شمال کی جانب رکھتا چلا جائے اور منہ قبلہ ہی کی طرف رہنا چاہیئے اور ہر قدم پر تین مرتبہ اَغْثِنِیْ اَغْثِنِیْ پڑھے۔ ساتویں قدم کے بعد درود وسلام پڑھ کر سات مرتبہ یہ اسمائے مبارکہ پڑھے۔ یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْتَدِیْ الْقُلُوْبُ وَالْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ وَ کِبْرِیَآئِہٖ یَا کَبِیْرُ ۔ یَا بَارِئُ النُّفُوْسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَیْرِہٖ یَا بَارِئُ ۔ یَا زَاکِیَ الطَّاھِرُ مِنْ کُلِّ اٰفَةٍ بِقُدْسِہٖ یَا زَاکِیُ ۔ یَا کَافِیَ الْمُوْسِعُ لِمَا خَلَقَ لَہٗ مِنْ کُلِّ عَطَا یَا فَضْلِہٖ یَا کَافِیُ ۔ یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّ عِلْمًا یَا حَنَّانُ ۔ پھر درود وسلام پڑھتا ہوا جائے۔ نماز پر چلا آئے۔ اور منہ قبلہ ہی کی طرف رہنا چاہیئے۔ پھر مصلے پر بیٹھ کر یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْتَدِیْ الْقُلُوْبُ وَالْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ وَ کِبْرِیَآئِہٖ یَا کَبِیْرُ ۔ یَا بَارِئُ النُّفُوْسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَیْرِہٖ یَا بَارِئُ ۔ یَا زَاکِیَ الطَّاھِرُ مِنْ کُلِّ اٰفَةٍ بِقُدْسِہٖ یَا زَاکِیُ ۔ یَا کَافِیَ الْمُوْسِعُ لِمَا خَلَقَ لَہٗ مِنْ کُلِّ عَطَا یَا فَضْلِہٖ یَا کَافِیُ ۔ یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّ عِلْمًا یَا حَنَّانُ دس بار پڑھ کر کھڑا ہو جائے۔ پھر سات قدم آہستہ آہستہ بائیں طرف جنوب کی جانب رکھتا چلا جائے اور منہ قبلہ ہی کی طرف رہنا چاہیئے اور ہر قدم پر تین مرتبہ اَغْثِنِیْ اَغْثِنِیْ پڑھے ساتویں قدم کے بعد درود وسلام پڑھ کر سات مرتبہ یہ اسماء مبارکہ پڑھے۔ یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْتَدِیْ الْقُلُوْبُ وَالْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ وَ کِبْرِیَآئِہٖ یَا کَبِیْرُ ۔ یَا بَارِئُ النُّفُوْسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَیْرِہٖ یَا بَارِئُ ۔ یَا زَاکِیَ الطَّاھِرُ مِنْ کُلِّ اٰفَةٍ بِقُدْسِہٖ یَا زَاکِیُ ۔ یَا کَافِیَ الْمُوْسِعُ لِمَا خَلَقَ لَہٗ مِنْ کُلِّ عَطَا یَا فَضْلِہٖ یَا کَافِیُ ۔ یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعْتَ کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّ عِلْمًا یَا حَنَّانُ ۔ پھر درود وسلام پڑھتا ہوا جائے نماز پر چلا آئے اور منہ قبلہ ہی کی طرف رہنا چاہیئے مصلّٰے پر پہنچ کر 21 مرتبہ اُحْضُرُوْا اُحْضُرُوْا کہتا ہوا پھر مصلے پر بیٹھ کر یہی اسماء مبارکہ تین سو اکسٹھ (**361**) بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی پڑھائی کے دوران ودرمیان میں ہی ارواحِ انبیاءؑ واولیاءؒ، جمیع مومنین اور ملائکہ آن حاضر ہوں گے۔

صاحبِ عمل یعنی کہ سالک انہیں دیکھ کر بے ہوش ہو جائے گا۔ پھر جب ہوش میں آئے گا۔ تو مستوں کی سی خبریں دے گا۔ اس نماز کا سلسلہ شطاریہ اور دیگر سلاسل طریقت میں بار ہا مرتبہ تجربہ کیا گیا ہے یہ نماز گو کہ کچھ مشقت طلب تو ضرور ہے۔ مگر ناممکن نہیں۔

سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی زیارت بحالت بیداری : (مجرب طریقہ اَز حضرت سلطان باہوؒ)

احباب نے طویل مضامین وہاں پڑھے　　لیکن میری زبان کا تھا حصہ مختصر
میں نے تو بزم نعت میں صرف اتنا ہی کہہ دیا　　بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

اگر کوئی چاہے ۔ کہ! علمِ دعوت اس کے عمل میں آجائے ۔ (یعنی علم دعوت کی تاثیرات، تصرفات اور کمالات حاصل ہو جائیں) اور اس کے اوراد و وظائف میں تاثیر پیدا ہو جائے ۔ اور اس کا عمل جاری ہو ۔ اور مؤکل (فرشتے) اس کے تابعدار ہو جائیں ۔ اور کلام اللہ اس کے وجود میں تاثیر کرے ۔ اور جمعیت بخشے ۔ اور جملہ مخلوقات کی رجوعات، مسخرات اور حاضرات اسے حاصل ہو ۔ اور وہ خوش نصیب مجلسِ محمدی ﷺ میں داخل ہو ۔ اور اس کی ہر مشکل مہم آسان اور حل ہو ۔ اور دنیا کا تمام تصرف اسے حاصل ہو تو چاہیئے ۔ کہ! کسی دشت و بیابان میں جہاں پاک و صاف ریت میسر ہو ۔ (عامل بحالت وضو مع معطر و پاک صاف پوشاک زیب تن کر کے) اپنے دائیں ہاتھ کی انگشتِ شہادت سے ذیل کا نقشہء مبارک حضرت رسولِ مکرم ﷺ زمین پر خوشخط کر کے بنائے ۔ (جیسا کہ نیچے نقش میں دیا گیا ہے)



حرمِ نبوی ﷺ اور قبرِ مبارک جناب رسول اللہ ﷺ پر لکھے ۔ **قبرِ محمد بن عبد الله صلى الله عليه واله وسلم** ۔ اور اس قبرِ مبارک کے اردگرد یہ آیتِ قرآنی تحریر کرے ۔ **ان الله و ملئكته يصلون على النبى. يا يها الذين امنوا صلوا عليه وسلموا تسليما** ۔ اور جب یہ نقشہء مبارکہ تیار ہو جائے ۔ تو یہی آیت (**ان الله ... تسليما**) تین مرتبہ پڑھے ۔ اس آیت کے بعد تین ہی مرتبہ یوں کہے ۔ **اُحْضُرُوْا لِلْمُسَخَّرَاتِ يَا مَلِكَ الْاَرْوَاحِ الْمُقَدَّسِ يَا مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ صلى الله عليه واله وصحبه وبارك وسلم** ۔ (نقشہء مبارکہ سامنے ہے)

اس کے بعد سورہ ملک یا انا فتحنا پڑھے ۔ (سورہ ملک یا سورہ یٰسین یا سورہ مزمل بھی پڑھی جا سکتی ہے ۔ لیکن بہترین طریقہ یہ ہے ۔ کہ ایک تسبیح درود و سلام، پھر ایک مرتبہ سورہ یسین پھر ایک مرتبہ سورہ ملک پھر تین مرتبہ سورہ مزمل پڑھی جائے) اور بعدہٗ کلمہ طیبہ کی دل (یعنی لطیفہء قلب) پر نو مرتبہ ضربات لگائے ۔ (بہتر تو یہ ہے ۔ کہ ایک تسبیح مکمل ضربات لگائے) اس کے بعد درود و سام، لاحول و لاقوۃ الا باللہ اور کلمہ تمجید پڑھ کر آنکھیں بند کر لے ۔ اور مراقبہ کرے ۔ یہاں تک کہ خواب اور بیداری یکساں ہو جائیں ۔ انشاء اللہ تعالیٰ اگر اہلِ دعوت عامل کامل (یعنی اسے حضرتت سلطان باہوؒ والے طریقے کے مطابق دعوت القبور میں بھی کمال حاصل ہو) ہے ۔ تو بے شک روح پرفتوح حضرت محمد ﷺ مع جمیع لشکر اصحابِ کبار بالخصوص عشرہ مبشرہؓ و تابعین و اولیائے کرامؒ تشریف لا کر اہلِ دعوت کی دستگیری فرماتے ہیں ۔ اور اس کی مشکل و مہم درگاہ حق تعالیٰ سے حل کراتے ہیں ۔ اور اسے باطنی طور پر اپنے ساتھ شامل فرماتے ہیں ۔ اس دعوت کو '' تیغ برہنہ'' کہتے ہیں ۔


تعشق کیجئے اپنا عنایت ، یا رسول اللہ ﷺ　　نہ ہو تا غیر کی مجھ کو محبت یا رسول اللہ ﷺ
خدا نے غیب سے آسان کر دیں مشکلیں اس کی　　پکارے جو کوئی وقتِ مصیبت یا رسول اللہ ﷺ
تصور میں بھی اب جایا نہیں جاتا مدینہ میں　　بڑھی ہے اَب تو اِس درجہ نقاہت یا رسول اللہ ﷺ

حضرت فقیر نور محمد سروری قادریؒ اس ضمن میں رقم طراز ہیں ۔ کہ! بعض لوگ حضرت سلطان باہوؒ کی کتابوں میں (کیونکہ یہی دعوت حضرت سلطان باہوؒ کی بہت ساری کتابوں میں مرقوم ہے) اس دعوتِ روضہ وقبر مبارک کا حال (مع فوائد و فضائل) پڑھ کر فوراً اس کے پڑھنے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں ۔ لیکن جب وہ اس دعوت کو بے اثر و بے نتیجہ پاتے ہیں ۔ تو حیران رہ جاتے ہیں ۔ بعدہٗ طرح طرح کی بدگمانیوں (اور شکوک وشبہات) میں مبتلا ہو جاتے ہیں ۔ دراصل یہ دعوت القبور کی انتہائی دعوت ہے ۔ اگر کوئی شخص اہلِ دعوت عامل اور کامل ہو ۔ اور دعوت القبور کی کلید بھی اسے حاصل ہو چکی ہو ۔ اور ہر طرح کی قبور پر عدوت القبور پڑھ کر وہ صاحب قبر کو حاضر کرنے میں بھی ماہر ہو ۔ لیکن خامِ ناتمام، نفسانی آدمی عبادت وتقوٰی سے دور اشخاص اس کام کو کرنے سے یکسر قاصر ہیں ۔ (بقولِ حضور پیرانِ پیرؒ)

چو ذرہ ذرہ شود ایں تنم بہ خاکِ لحد　　تُو بشنوی صلوات از جمیع ذراتم
سلام گویم و صلوۃ بر تُو ہر نفسے　　قبول کن بہ کرم ایں سلام و صلواتم

مشکل وقت میں آنحضرت ﷺ سے استمداد و مکاشفہ و زیارت کے طریقے: (اَز شیخ بھائی)

جس کسی کو کوئی (انتہائی سخت اور دشوار قسم کی) مہم درپیش ہو۔ وہ شہر سے باہر کسی خلوت کے مقام پر جیسے صحراء (یا کسی بیاباں پہاڑ، جنگل ،میدان یا آبادی سے کہیں دور) چلا جائے۔ وہاں پر جاکر (صاف ومطہر) زمین پر اس طرح سے ایک مربع ءطولانی کھینچے۔




اس مربع طولانی کے عین وسط میں لکیر کو قبرِ اَطہر رسول اللہ ﷺ تصور وتخیل کرے۔ اور اس مربع طولانی کے جنوب (یعنی قبرِ اطہر کی پائنتی جانب) بیٹھ کر نہایت عاجزی وانکساری اور گریہ وزاری سے پہلے ایک تسبیح استغفار (**استغفر اللہ العظیم**) پھر ایک تسبیح اسمِ ذات اللہ (**یا اللہ**) اور پھر یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ **صلی اللہ علیک یا سیدی یا رسول اللہ**۔ پھر آنحضور نبی مکرم ﷺ کے تصدق وتوسل سے اپنی حاجت کی دعا کرے۔ انشاءاللہ حاجت روا ہوگی۔ اگر خدانخواستہ پہلے ہی دن حاجت روا نہ ہوئی۔ تو چاہیئے۔ کہ! اپنا قصور، کوئی لغزش وکوتاہی یا تقوٰی کی کمی سمجھتے ہوئے اسی عمل کی مسلسل تکرار کرے۔

یا شافع روزِ جزا پُرسان تُوئی پُرسان تُوئی — رشکِ ملک، نورِ خدا پُرسان تُوئی پُرسان تُوئی

یا مصطفٰے ﷺ یا مجتبٰی ﷺ ارحم لنا ارحم لنا — دست ہمہ بےچارہ را دامان تُوئی دامان تُوئی

2۔ اگر کوئی شخص اسم "**یَا لَطِیْفُ اللَّطِیْفُ. لَطِیْف.**" کو اس طریق سے پڑھے۔ کہ! ہر ہفتے سہ شب احیاء لائے۔ یعنی اول شبِ چہارشنبہ ،پنج شنبہ اور شبِ جمعہ۔ طریقِ عمل یہ ہے۔ کہ! شب اول دوگانہ با ایصالِ ثواب حضرت سید الرسل ﷺ کا گزارے۔ کہ اول رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ والضحٰی اور رکعت دوئم میں بعد سورہ فاتحہ کے سورہ الم نشرح پڑھے۔ پھر اپنے سامنے کسی صاف صفحہ پر ایک نقشِ طولانی اس طرح سے کھینچے۔



اور اس خط کے عین بیچ کی سطر کو قبرِ اطہر نبوی ﷺ تصور وتخیل کرے۔ اور اس نقش کے پاس (پائنتی جانب) نہایت ادب واحترام اور گریہ وزاری سے یہ اوراد پڑھے۔ کہ! پہلے ایک ہزار مرتبہ "**یا لطیف**" پڑھے۔ پھر چھ سو چھیالیس مرتبہ "**اللطیف**" پڑھے۔ آخر میں چھ سو ساٹھ مرتبہ "**لـــــطیف**" پڑھے۔ بعدہٗ جو احوال (مقصد) ہو۔ اُسے قبرِ اطہر نبی اللہ ﷺ کے (مع ادب وتعظیم) عرض گزار ہو۔ اور آنحضور ﷺ کو اپنے اوپر شفیع گردانے۔ اور اسی وقت مراقب ہو۔ اور یہ اسم (کم اَز کم ایک یا تین تسبیحات) پڑھے۔

"**اللہ حاضری . اللہ ناصری . اللہ معی ساعۃ و ساعۃ**"

انشاءاللہ اپنے مقصد کو خواب میں ملاحظہ کرے۔ لیکن اس عمل کو تین راتوں تک لازمی کرے۔

نگاہ عشق ومستی میں وہی اول وہی آخر — وہی قُرآن وہی فرقان وہی یسین وہی طٰہٰ ﷺ

بقول صاحب "نافع الخلائق! بعد چند روز کے، صاحبِ طریق عمل کا باطن اس قدر روشن ہو۔ کہ! تمام معائینہ ومشاہدہ کو اپنے مراقبہ میں ملاحظہ کیا کرے گا۔ اس طریق کو مکاشفہ روح بھی کہا جاتا ہے۔ اور جس کو یہ معائینہ حاصل ہو۔ اُس پر روزِ روشن کی طرح مردماں کا احوال تمام عیاں رہے گا بحرمتِ محمدِ مصطفٰے ﷺ۔ مذکورہ دونوں اعمال کی طرح کا ایک مجرب ومستند عمل (اَز حضرت سلطان باہوؒ) پیچھے بھی مرقوم ہے۔

زیارت النبی ﷺ کا طریقہ:

زیارت النبی ﷺ کے حصول کے لئے اگر کوئی شخص شب جمعہ کو سونے سے قبل غسل کر کے کپڑوں پر عطر لگالے۔ اور لوبان سلگا کر یہ درود شریف فقط ایک سو گیارہ (111) مرتبہ پڑھ لے۔ تو یقیناً وہ پہلی ہی شب جمعہ میں اپنا مقصد پالے گا۔ (ان شاءاللہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اَللّٰھُمَّ انی اسئلک بجلال وجھک الکریم ان تَرٰنِیُ وجہَ نبیک محمد صلی اللہ علیہ والہ وصحبہ وبارک وسلم فی منامی ھذا رُؤْیَتِیُ حتی تقر بھا عینی و تفرح بھا کربی و یشرح بھا صدری و تَاَلَّفَ بھا شَملی و تجمعُ بھا بینی و بین نبیک محمد صلی اللہ علیہ والہ وصحبہ وبارک وسلم تسلیما دائما ابدا کثیرا.

زیارت النبی ﷺ کے چندمزید مجرب المجرب اور مستند طریقہ جات:

1۔ بعض علماء فرماتے ہیں۔کہ! جس نے شب جمعہ میں نصف شب کو سورہ قریش ایک ہزار 1000 مرتبہ پڑھی۔ پھر وہ سوگیا۔تو وہ ضرور آنحضور نبی مکرم ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل کر پائے گا۔ (انشاءاللہ) مجرب ہے۔

2۔ حضرت ابنِ عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔کہ! جس نے رات کو ایک ہزار 1000 مرتبہ سورہ اخلاص کو (ایک ہی نشست میں بغیر کسی سے بات چیت کیئے) پڑھا۔اسے خواب میں جناب سید عالم ﷺ کی زیارت ہوگی۔ (انشاءاللہ) الحمد للہ یہ مجرب ہے۔

3۔ بعض علماء فرماتے ہیں۔کہ! جس شخص نے بوقتِ طلوعِ آفتاب اور بوقت غروبِ آفتاب سورہ قدر کو 21-21 مرتبہ پڑھا۔ وہ خوش نصیب شخص خواب میں آنحضور نبی مکرم ﷺ کی زیارت سے مشرف اور بہرہ وَر ہوگا۔

4۔ صاحبِ فتح المجید فرماتے ہیں۔کہ! جوشخص ہر جمعۃُ المبارک کو سورہ قدر ایک ہی نشست میں ایک ہزار 1000 مرتبہ پڑھے گا۔وہ مَرنے سے پہلے زیارت النبی ﷺ کے شرف سے فیض یاب ہوگا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

5۔ بعض علماء فرماتے ہیں۔کہ! جوشخص دن میں کوئی ایک وقت مخصوص کر کے سورہ مزمل اور سورہ مدثر کو 100-100 مرتبہ زیارت النبی ﷺ کے قصد سے پڑھے گا۔وہ بالآخر اپنے اسی نیک مقصد میں ضرور کامیاب ہوگا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

6۔ کتاب سعادۃُ الدارین میں ہے۔کہ مدینہ منورہ کی ایک شخصیت نے مجھ (مصنف کتاب سعادۃ، سیدی شیخ یوسف بن اسمٰعیل النبہانی رحمۃ اللہ علیہ) سے روایت کرتے ہوئے فرمایا۔آپ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ جوشخص خواب میں حضور نبی مکرم ﷺ کی زیارت کرنا چاہتا ہو۔تو وہ سوتے وقت بائیس 22 مرتبہ ''یا محمد رسول اللہ ﷺ'' کہے۔ (سبحان اللہ۔ بہت سہل عمل ہے۔)

7۔ میرے پیر بھائی اور استادِ محترم جناب سید گلشن شاہ صاحب ہمارے پیرومرشد کے حوالے سے اُن کا فرمودہ ایک مجرب عمل تحریر فرماتے ہیں۔کہ! اگر کوئی شخص 20 مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھ کر 2000 مرتبہ یہ درود پڑھے۔
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o الصلوٰۃ والسلام علیک یَاَ یُّھَا الْمُزَّمِّلُ زَمِّلْنِیُ زَمِّلْنِیُ زَمِّلْنِیُ ۔اس عمل کی برکت سے زیارت النبی ﷺ کا شرف حاصل ہوگا۔اور حاجت بھی پوری ہوگی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

8۔ حضرت حاجی امداداللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب کلیاتِ امدادیہ میں فرماتے ہیں۔کہ! عشاء کی نماز کے بعد (تمام کاموں سے فارغ ہوکر،سونے سے قبل) مکمل پاکی سے نئے کپڑے پہن پہن کر خوشبو لگا کر باادب مدینہ منورہ کی طرف منہ کر کے اللہ تعالیٰ کی درگاہ میں جمالِ مبارک آنحضرت رسولِ مکرم ﷺ کی زیارت حاصل ہونے کے قصد سے نہایت عاجزی وانکساری سے دعا کرے۔اور دل کو تمام خیالات سے خالی کر کے آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی صورتِ مبارکہ کا سفید شفاف کپڑے،سبز پگڑی اور منور چہرے کے ساتھ تصور و تخیل میں خود کو محو و مستغرق کر لے۔ (اول و آخر طاق مرتبہ کم اَز کم 33 مرتبہ) درودِ پاک پڑھنا ہے) اور درمیان میں یک صد مرتبہ یہ تین ضربی ذکر کرنا ہے۔
دائیں طرف **الصلوٰۃ والسلام علیک یَا رسول اللہ** کی ضرب لگانی ہے۔ بائیں طرف **الصلوٰۃ والسلا علیک یَا نبی اللہ** کی ضرب لگانی ہے۔ دل پر **الصلوٰۃ والسلام علیک یَا حبیب اللہ** کی ضرب لگانی ہے۔
اور پھر متواتر جس قدر ہو سکے۔اس کے بعد طاق تعداد میں جس قدر ہو سکے درود شریف پڑھے۔ (یعنی اول و آخر طاق مرتبہ (کم اَز کم 33 مرتبہ) درودِ پاک پڑھنا ہے) درود شریف یہ ہے۔ **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم o اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّد کما امر تنا ان تصلی علیہ.اللھم صلی علٰی محمد کما ھو اھلہ. اللھم صلی علٰی محمد کما تحب و تر ضا لہ۔**
پھر پاک صاف بستر پر آکر لیٹے ہوئے **سورہ نصر معہ تسمیہ** 21 مرتبہ پڑھ کر آپ ﷺ کے جمالِ مبارک کا تصور کرے۔اور درود شریف پڑھتے وقت سر قلب کی طرف اور منہ قبلہ کی طرف داہنی کروٹ سے سوئے۔اور **الصلوٰۃ والسلام علیک یَا رسول اللہ** پڑھ کر داہنی ہتھیلی پر دَم کرے۔اور اس ہتھیلی کو سر کے نیچے رکھ کر سو جائے۔ یہ عمل شب جمعہ یا دوشنبہ کی رات کو کیا کرے۔انشاءاللہ تعالیٰ اُسی رات یا چند راتوں میں ہی اپنا مقصد پالے گا۔

9۔ صاحب سعادۃ الدارین جناب علامہ محمد یوسف بن اسماعیل رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔کہ! جوکوئی خواب میں نبی کریم ﷺ کی زیارت کرنا چاہتا ہو۔وہ یہ پڑھے۔ **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمo اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّد کما امر تنا ان نصلی علیہ.اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّد کما ھو اھلہ.اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّد کما تحب و تر ضٰی لہ** ۔ جوکوئی طاق مرتبہ یہ درود شریف پڑھے گا۔وہ خواب میں آپ ﷺ کو (ضرور) دیکھے گا۔اور اس کے ساتھ اِن کلمات کا اِضافہ کرلے۔ **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمo اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّد فی الارواح.اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی جسد مُحَمَّد فی الا جساد. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی قبر مُحَمَّد فی القبور۔**

10۔ بعض بزرگ اپنے تجربات کی بنیاد پر فرماتے ہیں۔کہ! جوشخص ہر رات کو سورہ ''**لا یلف قریش**'' ایک ہی نشست میں ایک ہزار 1000 مرتبہ پڑھے گا۔وہ جلد ہی زیارت النبی ﷺ کے شرف سے فیض یاب ہوگا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

11 ۔حضرت حسن رسول نماؒ فرماتے ہیں ۔کہ! اگر آنحضور نبی مکرم ﷺ کی زیارت کی خواہش ہو۔تو اپنے اندر خلوص پیدا کرو۔ حضرت حسن رسول نماؒ 1100 مرتبہ درود شریف پڑھا کرتے تھے۔اور جس کو بتا دیا کرتے تھے۔اُس کو بھی حضور ﷺ کی زیارت کا شرف نصیب ہو جاتا تھا۔(حضرت حسن رسول نماؒ کا درود شریف یہ ہے) **بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ o اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍوَّ عِتۡرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعۡلُوۡمٍ لَّکَ۔** اس درود شریف کی وجہ سے آپؒ کے اندر یہ وصف پیدا ہوگیا تھا۔کہ جس کو چاہتے حضرت رسولِ کریم ﷺ کی زیارت کرا دیتے تھے۔اور خود اس قدر صاحبِ حضور تھے۔کہ! ہر وقت آپ ﷺ کی خدمتِ اقدس میں موجود رہتے تھے۔اور اس درود شریف کو اسی طرح پڑھنے کی آپؒ کی جانب سے اجازت عام ہے۔(ماشاءاللہ)

تُوئی تسکینِ دل ، آرامِ جاں ، صبر و قرارِ مَن رُخؓ پُر نُور بنما بے قرارم یا رسول اللہ ﷺ

12۔ زیارت النبی ﷺ کا یہ طریقہ مجربات میں سے ہے۔(جو کہ کبھی فیل نہیں ہوا) مغرب کی نماز پڑھ کر عشاء کی نماز تک دو۔دو رکعت نفل پڑھ کر اس دوران کسی سے گفتگو نہ کرے۔اور اپنی ہی نماز میں مشغول رہے۔(اور ہر مرتبہ زیارت النبی ﷺ کی نیت وقصد سے دو رکعت نفل اس طرح سے پڑھے۔کہ! ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔سلام پھیرنے کے بعد سر سجدے میں رکھ کر سات مرتبہ یہ استغفار پڑھے۔**استغفر اللہ العظیم الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ واسئا لہ التوبۃ** ۔پھر سات مرتبہ یہ پڑھے۔ **سبحٰن اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر**۔پھر سات مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں۔**اللھم صل علی محمد ن النبی الا می وعلی الہ و بارک وسلم**۔پھر سات مرتبہ یہ پانچ اسمائے الٰہیہ پڑھے جائیں۔**یا اللہ۔ یا حی۔ یا قیوم۔ یا رحمٰن۔ یا رحیم**۔پھر سر سجدے سے اُٹھالے۔(دو۔دو کر کے تمام رکعتیں عشاء کی نماز تک اسی ترتیب سے پڑھنی ہیں) پھر یہ دعا کھڑے ہوکر 11 مرتبہ پڑھ لیں۔**یا اللہ۔ یا حی۔ یا قیوم۔یا ذوالجلالِ والاکرام۔ یا ارحم الراحمین۔ یا رحمٰن الدنیا والاٰ خرۃ ور حیمھما۔یا اللہ۔ یا الہ الاولین والاٰ خرین۔ یا رب یا رب یا رب۔ یا اللہ یا اللہ یا اللہ اٗ رنی فی منا می سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ** ۔یہاں تک کا عشاء کی نماز کا وقت آن پہنچے۔پس عشاء کی پوری نماز پڑھ کر ایک ہزار (1000) مرتبہ یہ درود شریف (**اللھم صل علی سیدنا محمد ن النبی الا می وعلی الہ وبارک وسلم**۔یا پھر) کسی بھی **درودِ پاک** کو پڑھ کر دائیں پہلو پر (اگر ہو سکے تو روبہ قبلہ) سو جائیں۔(لیٹے ہوئے اسمِ مبارک **محمد** ﷺ کا یا گنبدِ خضراء کا تصور وتخیل کرتے ہوئے سو جائیں) اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم ، نبی مکرم ﷺ کی بے حد وبے شمار محبت وچاہت اور اس عمل کی بدولت پہلی ہی رات یا پھر چند ہی راتوں میں ضرور بالضرور آنحضور نبی اکرم ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہو جائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

(بیدل! کوئی بھی عرشِ حقیقت تک اُس وقت تک نہیں پہنچ سکتا۔کہ! جب تک وہ آنحضرت احمدِ مرسل ﷺ کی راہ کی خاک نہیں بن جاتا)

13۔ زیارت النبی ﷺ کا یہ طریقہ مجربات میں سے ہے۔کہ جو شخص ہمیشہ رات کو سونے سے پہلے سو مرتبہ **سورہ مزمل** ، ایک ہزار مرتبہ **سورہ کوثر** اور ایک ہزار مرتبہ (یہ درود شریف **اللھم صل علی سیدنا محمد ن النبی الا می والہ وبارک وسلم** ۔یا پھر) کسی بھی **درودِ پاک** کو پڑھنے کا اہتمام والتزام کرتا رہے۔(گو کہ اس عمل میں کچھ وقت تو لگ جائے گا۔مگر) ایسا شخص کثرت سے زیارت النبی ﷺ سے مشرف ہوتا رہے گا۔(کثیر وقت صَرف ہونے کے بجائے سعادتِ ازلی وابدی پر توجہ دینا لازمی امر ہے۔کیونکہ!) پھر ایک وقت ایسا بھی آئے گا۔کہ وہی شخص صاحبِ حضوری ہو جائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

بکارِ خویش حیرانم ، اغثنی یا رسول اللہ ﷺ پریشانم پریشانم اغثنی یارسول اللہ ﷺ
ندارم جز تُو ملجائے ندانم جز تُو ماوائے توئی خود ساز و سامانم اغثنی یارسول اللہ ﷺ

14۔ زیارت النبی ﷺ کے لئے یہ آسان طریقہ اختیار کیا جائے۔کہ بعد فرض نمازِ جمعہ سلام پھیرنے کے فوراً بعد بحالتِ تشہد سو مرتبہ **سبحٰن اللہ و بحمدہٖ** پڑھیں۔اور اسی دن بعد نمازِ عصر ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف **اللھم صل علی سیدنا محمد ن النبی الا می و علٰی الہ و صحبہٖ وبارک وسلم** ۔ پڑھیں۔اس عمل کو کئی لوگوں نے آزمایا۔اور مجرب پایا۔اگر خدانخواستہ پہلے جمعہ نہیں تو دوسرے یا تیسرے ، حد سے حد ساتویں جمعہ تک لازمی زیارت النبی ﷺ کا شرف حاصل ہو ہی جائے گا۔بشرطِ حبِ نبوی ﷺ عروج پر ہو۔اور شوقِ دیدار بھی۔

اسی درود پاک کے متعلق امام یافعیؒ کی کتاب بستان الفقراء کے حوالے سے یہ بات نقل کی گئی ہے۔کہ! نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔جس نے مجھ پر ایک ہزار (1000) مرتبہ یہ درود شریف پڑھا۔(**اللھم صل علی سیدنا محمد ن النبی الا می وعلٰی الہ وصحبہٖ وبارک وسلم**) وہ اس رات کو اپنے رب یا اپنے نبی مکرمؐ کو یا اپنا جنت کا ٹھکانہ ضرور ملاحظہ کرے گا (انشاءاللہ تعالیٰ) اگر نہ دیکھ سکے۔تو وہ تین یا پانچ جمعے تک یہی عمل کرے۔(وہ ضرور اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔انشاءاللہ) اولیائے کرام اور بزرگانِ دین اس درود کو کئی سالوں سے بعد نمازِ عصر پڑھنے کا اہتمام والتزام کئے ہوئے ہیں۔

15۔ جو بھی شخص دیدارِ مصطفٰے ﷺ کا طالب و شائق ہو۔ تو اسے چاہیئے ۔کہ! رات کو سونے سے پہلے آنحضور نبی مکرم ﷺ کی نیت و قصد سے دو رکعت نفل پڑھ کر یہ دعا فقط سو (100) مرتبہ روزانہ پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل و کرم اور اس عمل کی برکت سے آنحضرت ﷺ کے دیدار کا شرف ضرور بالضرور حاصل ہو جائے گا۔ انشاء اللہ العظیم ۔ دعا یہ ہے ۔

اَللّٰھُمَّ یا نور النور و یا مد بر الامور. بلغ عنی روحِ سید نا محمد و ارواح آل سید نا محمد تحیۃ و سلاما۔

16۔ زیارت النبی ﷺ کے اس طریقے کو حضرت شیخ عارف المرسیؒ کے قولِ مبارک کے ساتھ نقل کیا گیا ہے ۔کہ! جو کوئی شخص دن یا رات میں یہ درودِ پاک ہمیشہ پانچ سو (500) مرتبہ پڑھنے کا اہتمام و التزام رکھے گا۔ وہ شخص مرنے سے پہلے بحالتِ بیداری نبی مکرم ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوگا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) درود شریف یہ ہے۔

اللھم صل علی سید نا محمد عبدک و نبیک و رسولک النبی الا می و علیٰ الہ و صحبہٖ وبارک وسلم۔

یاد رہے۔کہ! اگر اس درودِ پاک سے بحالتِ بیداری نبی اکرم ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوسکتا ہے۔تو خواب میں تو بطریقِ اولیٰ یہ شرف حاصل کیا جاسکتا ہے۔اگر اللہ تعالیٰ چاہے۔ اسی درودِ پاک کو اگر رات کو ایک ہزار (1000) مرتبہ پڑھنے کا اہتمام والتزام رکھا جائے۔تو خواب میں زیارت النبی ﷺ کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ یہ بات بھی مجربات میں سے ہے۔

بیدل کسے بہ عرشِ حقیقت نمی رَسَد   تا خاکِ راہِ احمدؐ مرسل نمی شود

17۔ زیارت النبی ﷺ کے قصد سے اگر کوئی شخص روزانہ رات کو سونے سے پہلے بارہ ہزار (12000) مرتبہ کلمہ طیبہ **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** (ﷺ) کا ورد کیا کرے گا۔تو اسے زیارت النبی ﷺ کا شرف حاصل ہوتا رہے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

18۔ یہ طریقہ بھی مجربات سے ہے۔کہ! اگر کوئی شخص بحالتِ خواب نبی اکرم ﷺ کی زیارت کے لئے سترہ (17) مرتبہ **اللہ الصمد** پڑھے۔پھر سونے سے پہلے یہ دعا سو مرتبہ پڑھ لے۔تو وہ شخص زیارت النبی ﷺ سے مشرف ہوگا۔انشاءاللہ۔دعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ الْاَنْوَارِ الَّذِیۡ ھُوَ عَیۡنُکَ لَا غَیۡرُکَ اَنۡ تُرِیَنِیۡ وَجۡہَ نَبِیِّکَ وَرَسُوۡلِکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَصَحۡبِہٖ وَبَارِکۡ وَسَلِّمۡ کَمَا ھُوَ عِنۡدَکَ ۔

بہرحال میرا (عبدالرؤف البلوشی) کا یہ خیال ہے۔کہ! **اللہ الصمد** کو بجائے سترہ مرتبہ پڑھنے کے،صد مرتبہ، تین سو تیرہ (313) یا ایک ہزار (1000) مرتبہ پڑھا جائے۔تو بہت بہتر ہوگا۔اور کثیر فوائد حاصل ہوں گے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

19۔ زیارت النبی ﷺ کے مقصد وغایت کے لئے یہ طریقہ بھی مجربات سے ہے۔کہ! اگر کوئی شخص روزانہ ایک سو مرتبہ **سورہ یسین** شریف کو مکمل پڑھ لیا کرے۔جس کا طریقہ یہ ہے۔کہ ہر نماز کے بعد دس۔دس مرتبہ پڑھا کرے۔اور اول وآخر 11-11 مرتبہ کوئی درود شریف پڑھ لیا کرے۔ اور رات کو سونے سے پہلے پچاس مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ ور اول وآخر 100 مرتبہ کوئی درود شریف پڑھ لیا کرے۔مگر نیت زیارت النبی ﷺ ہی کی ہو۔تو چند ہی دنوں میں زیارت کا شرف ضرور بالضرور حاصل ہو جائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

20۔ زیارت الرسول ﷺ کے قصد سے اگر کوئی شخص طلوعِ آفتاب اور غروبِ آفتاب کے وقت سورہ قدر کو فقط اکیس (21) مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے۔تو اُسے خواب میں آنحضرت رسول اللہ ﷺ کا دیدار ضرور نصیب ہوگا۔ان شاءاللہ۔ بشرطِ کہ! وہ صحیح العقیدہ مسلمان ہو۔

21۔ زیارت الرسول ﷺ کے قصد سے اگر کوئی شخص قبل نوم درشب سورہ مزمل کو فقط اکتالیس (41) مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے۔تو اُسے خواب میں آنحضرت رسول اللہ ﷺ کا دیدار ضرور نصیب ہوگا۔ان شاءاللہ۔ بشرطِ کہ! وہ صحیح العقیدہ مسلمان ہو۔

کریما بہ بخشائے بَر حالِ مَا   کہ ھستم اسیرِ کمند ھوا
نداریم غیر اَز تُو فریاد رَس   تُوئی عاصیاں رَا خطا بخش و بَس
نگھدار مارا اَز راہِ خطاء   خطا در گذار و صوابم نُما

احادیثِ نبویہ ﷺ: تمھارا رب اس نوجوان سے خوش ہوتا ہے۔جو خواہشات کی طرف مائل نہ ہو۔ ☆ آپ ﷺ نے فرمایا۔کہ! بنی اسرائیل بہتر (72) فرقوں میں تقسیم ہوگئے تھے۔اور میری اُمت کے تہتر (73) فرقے ہوں گے۔جن میں سے سوائے ایک کے سب جہنمی ہوں گے۔لوگوں نے دریافت کیا۔یارسول اللہ ﷺ! وہ کون سا فرقہ ہوگا۔تو آپ ﷺ نے فرمایا۔جو میرے اور میرے صحابہؓ کے طریقہ پر ہوگا۔(جامع ترمذی)

☆ آدمؑ کا ہر بیٹا خطا کار ہے۔تاہم بہترین خطا کار وہ لوگ ہیں۔جو غلطی ہونے کے بعد توبہ کر لیتے ہیں۔(جامع ترمذی)

☆ جو شخص گناہ کرنے کے بعد توبہ کرلے۔وہ ایسا ہی ہے۔جس نے وہ گناہ کیا ہی نہیں۔(الحدیث)

☆ جب تین آدمی ہوں۔تو دو آدمی ایک کو چھوڑ کر آپس میں سرگوشی نہ کریں۔(صحیح مسلم)

اذکار	اذکار و وظائف معه ادعیة	یا حی یا قیوم

ذکرِ رحمانی اور فائدہ انسانی بزبانِ قرآنی :

فاذکرونی اذ کر کم ۔آپ مجھے یاد کریں ،میں (بھی) آپ کو یاد کروں گا۔(بمطابق قرآن) **واذکر ربک کثیرا بالعشی والابکار** ۔اور اپنے رب کو صبح وشام بہت یاد کیا کرو۔**واذکر ربک اذا نسیت** ۔اور اپنے رب کو یاد کرو۔جب کہ تم بھول جاؤ۔ (یادالٰہی کا انعام) **الذین ذکرون اللہ قیٰما و قعودا و علی جنوبھم** ۔جولوگ اللہ تعالیٰ کو کھڑے، بیٹھے اور کروٹوں پر یاد کرتے ہیں ۔**ومن اعرض عن ذکری فان لہ معیشۃ ضنکا و نحشرہ یوم القیمۃ اعمیٰ**o (سورہ طٰہٰ ۔آیت 124) جس نے میرے ذکر سے منہ موڑا۔اس کی معیشت (روزی) تنگ ہوجائے گی ۔اوراس کو(ہم) قیامت کے دن اندھا اُٹھائیں گے ۔ **و من یعش عن ذکر الرحمٰن نقیض لہ شیطٰنا فھو لہ قرین** (سورہ طٰہٰ ۔آیت 124) اورجس نے رحمان کے ذکر سے منہ پھیرا (یعنی غافل ہوا) تو اس پر ہم ایک شیطان مقرر کردیتے ہیں ۔تو وہ اس کا ساتھی (بن کر) رہتا ہے ۔(سورہ الزخرف ۔آیت نمبر89) ۔ **الم یان للذین اٰمنوا ا ن تخشع قلوبھم لذکر اللہ وما نزل من الحق** ۔(سورہ حدید۔آیت 16) کیا اَب تک ایمان والوں کے لئے (وہ) وقت نہیں آیا ؟ کہ ان کے دل ذکرِالٰہی سے اور جوحق اُتر چکا ہےاس سے نرم ہوجائیں ۔(اطمینانِ قلب ذکر کے علاوہ اور کسی بھی طرح سے ممکن نہیں ہے ۔کیونکہ! اللہ تعالیٰ خود شاہد ہے ۔کہ) **تطمئن قلو بھم بذکر اللہ . الا بذکر اللہ تطمئن القلوب** ۔ دلوں کا اطمینان اللہ تعالیٰ کے ذِکر میں ہے ۔(خبردار رہو، کیونکہ) دلوں کا اطمینان (صرف) اللہ تعالیٰ (ہی) کے ذِکر میں ہے ۔

ذکر کن ، ذکر تا ترا جان است   صافی دِل زِ ذِکر یزدان است

صحیح حدیث میں ہے ۔کہ! جولوگ اللہ تعالیٰ کا ذِکر کرنے اور یاد کرنے کو بیٹھتے ہیں ۔تو اِن کو چاروں اطراف سے ملائکہ گھیر لیتے ہیں ۔اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اِن کو چھپالیتی ہے ۔اوران پرآرام وچین اُترتا ہے ۔اوراِن کا ذِکر کرتا ہے ۔جواس کے پاس ہیں ۔یعنی فرشتے اورارواحِ انبیائے کرامؑ ۔ (حدیثِ ثانی) دلوں پرلوہے کی مانند زنگ لگ جاتا ہے ۔پس (اپنے) دلوں کو اللہ تعالیٰ کے ذِکر سے روشن کرو۔(شعب الایمان) ۔

بقولِ حضرت علی المرتضیٰؓ ! اللہ تعالیٰ کا ذکر (درحقیقت) روح کی غذا ہے ۔اوراس کی تعریف کرنا روح کا مشروب ہے ۔اوراس سے حیاء کرنا روح کا لباس ہے ۔نہ تو اس کے ذکرجیسی لذت کسی کونصیب ہوئی ہے ۔اورنہ (ہی) اس کے اُنس جیسی مشغولیت کسی کو ملی ہے ۔(بقولِ شاعر)

یک دم غافل ، ہر دم غافل   یک دم کافر ، ہر دم کافر

مندرجہ بالا شعر ہی کی تشریح میں حضرت سیدنا جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں ۔کہ! اگر ایک صدیق (**صدیق درجاتِ ولایت میں سب سے بلندترین درجہ ہے ۔جوکہ صحابہ کرامؓ میں صرف حضرت سیدنا ابوبکر صدیقؓ کو ہی عطا ہوسکا ۔اور کچھ اولیائے کرامؒ کو بھی عنایت ہوا**) ایک ہزار برس تک ''متوجہ الی اللہ'' رہے ۔پس اگر وہ ایک لمحے کے لئے بھی غافل ہو۔تو اس قلیل وقت میں اسے جو روحانی گزند پہنچے گا۔ وہ اس روحانی منفعت سے کہیں زیادہ ہوگا۔ جواس نے (مسلسل جدوجہد مجاہدے اور مشقت کے بعد) ایک ہزار سال تک حاصل کیا ہوگا۔

ذکر کی خصوصیات میں یہ بھی ہے ۔کہ! وہ کسی بھی وقت منع نہیں ۔اور نہ ہی باوضو ہونا ضروری ہے ۔بلکہ ہروقت مقبول اور باعثِ اَجر ہے ۔حضرت بندگی شیخ عبداللہؒ سے منقول ہے ۔کہ! حضرت شیخ قطب الدین حاجیؒ فرمایا کرتے تھے ۔کہ! مَیں نے بارہ برس تک صبح سے شام اور شام سے صبح تک ذِکرِ جہری کیا ۔جو فائدہ مَیں نے ذِکر میں پایا۔وہ کسی دیگر عبادت میں نہیں پایا۔جب مَیں قرآنِ حکیم پڑھا کرتا تھا۔تو تین ختم سے کم کبھی بھی نہیں پڑھا۔جب نماز پڑھتا تھا۔تو ہزار رکعت سے کم کبھی نہیں پڑھی ۔جب دعوتِ اسمآء کیا کرتا تھا۔تو ایک لاکھ سے کبھی بھی کم نہ کرتا۔مگر مجھے جو فائدہ اور ثمر ذکر سے ملا۔اور کسی بھی چیز سے حاصل نہیں ہوا۔(لیکن میرے (البلوشی) کے خیال کے مطابق قرآنِ حکیم کی تلاوت یعنی ذکر سے بڑھ کر کوئی ذکر نہیں ۔)

لہٰذا ذاکر کے لئے لازم ہے ۔کہ! وہ گناہوں پر نادم وشرمسار ہوکرتوبہ کرتا رہے ۔تاکہ آلودہ زبان سے اورآلودہ دل کے ساتھ حق تعالیٰ کا نام نہ لے ۔بلکہ حضرت موسیٰ کلیم اللہؑ پر تو وحی کی گئی تھی ۔کہ اپنی اُمت کے گناہگاروں سے کہہ دیں ۔کہ وہ مجھے گناہوں سے آلودگی کی حالت میں یاد نہ کیا کریں ۔(کیونکہ) مَیں نے اپنی ذات کی قسم کھائی ہے ۔کہ! جو مجھے غفلت سے یاد کرے گا۔تو مَیں انہیں لعنت سے یاد کروں گا۔(یادرہے ۔کہ) یہ بات گنہ گاروں کے لئے وعید ہے ۔جو غافل نہیں ۔اس سے ان لوگوں کا اندازہ کیا جاسکتا ہے ۔(القول الجمیل از حضرت شاہ ولی اللہؒ)

کتاب ''تذکرہ قادریہ'' از حضرت پیرسید طاہر علاؤالدین بغدادی گیلانیؒ میں فرماتے ہیں ۔کہ! **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم. الحمد للہ رب العالمین. والصلوٰۃ والسلام علیٰ خیر خلقہ محمد والہ و اصحابہ اجمعین** ۔امابعد! اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا ۔**و ما خلقت الجن والانس الا لیعبدون** ۔ (اورمَیں نے انسانوں اورجنوں کو اپنے عبادت کے لئے پیدا کیا) تاکہ وہ مجھے پہچانیں ۔اور میری ہی طرف مشغول ہوں ۔

افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر   ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ
فرد قائم ربط ملت سے ہے ، تنہا کچھ نہیں   موج ہے دریا میں ، بیرونِ دریا کچھ نہیں

اسی طرح حضرت داؤد نبیؑ نے پروردگار سے عرض کیا۔ کہ! اے باری تعالیٰ! (تُو نے) خلقت کو کیوں پیدا کیا؟ جس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ **کنت کنزا مخفیا و احببت ان اعرف فخلقت الخلق** ۔ (مَیں ایک مخفی خزانہ تھا۔ مجھے محبت ہوئی۔ کہ مَیں پہچانا جاؤں۔ بدیں وجہ، مَیں نے خلقت کو پیدا کیا) پس لفظ خلق کا اطلاق تمام مخلوق حتیٰ کہ پتھر۔ ریت اور مٹی وغیرہ پر ہے۔ مگر مقصود و مراد اللہ تبارک تعالیٰ نے فرمایا۔ **لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم** ۔ (انسان کو مَیں نے نہایت اعلیٰ ترکیب اور صورت پر پیدا فرمایا) پس انسان کو معرفتِ خداوندی کے قابل بنایا۔ اور دل انسان کو اپنے آپ کے ظاہر کرنے کے لئے آئینہ بنایا۔ تاکہ خداوند تبارک و تعالیٰ انوارِ جمال کے حصول کے لئے انسان نیکی اور صلاحیت کی طرف متوجہ ہوں۔ (بقولِ شاعر)

سر سجدے میں، دل میں دغا بازی ہو ایسے سجدے سے بھلا کیسے خدا راضی ہو

حضرت بابائے انسان آدمؑ کی مٹی اللہ تبارک و تعالیٰ کے دستِ قدرت نے چالیس ایام میں گندھی۔ اور خمیر کی گئی۔ پس اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا۔ **فاذا سویتہ و نفخت فیہ من روحی** ۔ (پھر جب میں شکل وصورت درست کرلوں۔ اور اس میں پھونکوں اپنا روح کہ میرا پیدا کردہ ہے) انسان کے درجہ کمال و بلند ترین احوال اور روشن ترن مقال کی طرف اشارہ ہے۔ اسی واسطے انسان تمام موجودات بلکہ ملائکہ مقربین سے بھی مخصوص شدہ ہے۔ لہذا اللہ تبارک و تعالیٰ نے امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا حکم دیا ہے۔ ان پر کتابیں بھیجی ہیں۔ اور (اولو العزم) پیغمبرؑ مبعوث فرمائے۔ جیسا کہ پیغمبروںؑ میں سے ہر ایک پیغمبرؑ نے ان کو براہ راست دکھایا۔ اور سکھایا ہے۔ اور خاص طور پر اللہ تعالیٰ نے اپنی پیارے حبیب سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کو جملہ پیغمبروںؑ سے افضل و اعلیٰ منتخب فرما کر ان کو راہ ہدایت و توکل کی طرف لانے کے لئے بھیجا ہے۔ کیونکہ انسان خود بخود اپنے نفس کی اصلاح نہیں کرسکتا۔ اور معارفِ حقیقی کی طرف متوجہ نہیں ہوسکتا۔

صبح کو باغ میں شبنم پڑتی ہے فقط اس لئے کہ پتا پتا کرے تیرا ذکر باوضو ہو کر

اذکار کے استفادہ کے حصول کے لئے پانچ طہارتوں کی ضرورت :

دورانِ ذکر، ذاکر کے لئے پانچ طہارتیں لازم ہیں۔ اس کے بعد ذکر کی تاثیر و برکت (اور فیوض و برکات) ذاکر کے روح و قلب میں سرایت کر جاتی ہے۔

☆ طہارتِ چشم۔ ☆ طہارتِ گوش۔ ☆ طہارتِ لسان۔ ☆ طہارتِ شکم۔ ☆ طہارتِ صحبت۔

طریقِ اذکار : شیخ شرف الدین یحیٰی منیریؒ نے فرمایا ہے۔ کہ! ذکر دراصل چار طرح کا ہوتا ہے۔ ☆ پہلی صورت یہ ہے۔ کہ زبان تو ذکر میں ہمہ وقت مشغول رہے۔ مگر قلب غفلت کا شکار ہو۔ ☆ دوسری صورت یہ ہے۔ کہ زبان کے ساتھ ساتھ قلب بھی ذکر میں مشغول رہے۔ تاہم دل کبھی کبھار غفلت کا شکار ہو جائے۔ مگر زبان بدستور ذکر ہی میں مشغول رہے۔ ☆ تیسری صورت یہ ہے۔ کہ زبانِ جسم کے ساتھ زبانِ قلب برابر و موافق پوری طرح ذکر میں مشغول رہیں۔ لیکن کبھی دل اور کبھی زبانِ جسم غفلت کا شکار ہو ہی جائیں۔ ☆ چوتھی اور آخری صورت یہ ہے۔ کہ! زبان بعض اوقات غافل اور بے کار ہو جائے۔ مگر قلب دائمًا ذکر میں حاضر و مشغول رہے۔ یہی مقامات کی انتہا ہے۔ کیونکہ اصل بات ہی ہمہ وقت حضوری و آگاہی کی ہے۔ اور یہی ذکر کی اصلیت و حقیقت ہے۔ بلکہ یہی وہ مقام و مرتبہ ہے۔ جہاں ذاکر اپنے قلب کی آواز کو ہر وقت سنتا ہے۔ اور سوائے ذاکر کے اس آواز کو اور کوئی نہیں سن پاتا۔ مگر بجز اُس کے کہ! جس کا قلب زندہ اور جملہ لطائف ہمہ وقت جاری ہوں۔

اللہ اللہ کے سوا آخر رہا نہ کچھ بھی یاد جو کیا تھا یاد سب تھا بھول جانے کے لئے

مختلف الاقسام اذکار کے حاصل ہونے کی علامات :

☆ عارف ربانی شیخ عبد الکریم الجیلیؒ نے فرمایا ہے۔ کہ! ذکر قلب حاصل ہونے کی علامت یہ ہے۔ کہ! ذاکر اپنے قلبی ذکر کو ہر وقت یا کبھی کبھار اپنی قوت و استعداد کے مطابق، ہر شئے سے یا پھر بعض اشیاء سے سنتا رہتا ہے۔

اول ما آخر ہر منتہی آخر ما حبیب تمنا تہی

☆ ذکر روحی کے حاصل ہونے کی علامت ونشانی یہ ہے۔ کہ! ذاکر جملہ اشیاء سے کچھ مخصوص تسبیحات سنتا ہے۔ اور سوائے حق تعالیٰ کے اور کسی **فاعل** کو قطعًا نہیں دیکھتا۔ ☆ شیخ الطریقت شیخ احمد بن غیلان مکیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! ذکر قلب میں حضورِ حق اور حضورِ خلق دونوں برابر ہیں۔ جبکہ ذکر روح میں حضورِ خلق کی نسبت حضورِ حق قدرِ غالب رہتا ہے۔ ☆ ذکر سر میں ذاکر کو سوائے حضورِ حق کے اور کوئی حضوری نہیں ہوتی۔ ☆ ذکر خفی یہ ہے۔ اپنا وجود اپنی ہی روح میں مخفی ہو جائے۔ جس طرح کائنات سر میں مخفی ہو جاتی ہے۔

بعض مشائخ نے فرمایا ہے۔ کہ! مبتدی کے واسطے ذکر کرنا۔ متوسط کے واسطے تلاوتِ قُرآن پاک۔ جبکہ منتہی کے واسطے نمازِ نفل سالکین کے مناسب حال ہیں۔ (مگر یاد رہے۔ کہ! یہ لازمی نہیں۔ کہ مبتدی صرف ذکر میں تو مشغول رہے۔ جبکہ ادائیگیء نوافل اور تلاوتِ قرآن سے غفلت برتے۔ بلکہ ذکر زیادہ کرے۔ اور نوافل و قرآن خوانی کو بھی جاری رکھے)

دولتِ رنگ و بو حاصل کر، زندگی کا شعور حاصل کر — تیرا مقصود گر ہے عافیت ، تو التفاتِ حضور ﷺ حاصل کر

☆ اللہ تعالیٰ کا اِرشاد ہے۔ **الذین امنوا وتطمئن قلوبھم بذکراللہ ط الا بذکر اللہ تطمئن القلوب**۔(سورہ رعد آیت 28) جو ایمان لائے اوران کے دِل اللہ جل شانہ کے ذِکر سے مطمئن ہو گئے۔سنو! اللہ تعالیٰ کے ذِکر سے ہی دل کا اطمینان (چین ،سکون ، آرام ،قرار) ہوسکتا ہے۔(یاد رہے۔کہ) اذکار میں سب سے بہترین ، اعلیٰ واولیٰ ذکر قرآنِ حکیم کی تلاوت کرنا ہے۔

بمی سجادہ رنگین کن گرت پیرِ مغاں گوید — کہ سالک بے خبر نبود زِ راہ و رسمِ منزلہا

اسی لئے تو اللہ تعالیٰ نے حق وسچ کتابِ مبین قرآنِ حکیم میں اہلِ ایمان کے لئے فرمایا ہے۔کہ! **یا یھا الذین آمنوا لا تلھکم اموالکم ولا اولادکم عن ذکر اللہ ج ومن یفعل ذلک فاولئک ھم الخسرون** (سورہ المنافقون آیت 9) اے ایمان والو! تمھارے مال اور تمھاری اولاد تمھیں اللہ تعالیٰ کے ذِکر سے غافل کرنہ دیں۔اور جو ایسا کریں وہی نُقصان اُٹھانے والے ہیں۔

☆۔ فرمانِ باری تعالیٰ ہے کہ! **ومن اعرض عن ذکری فان لہ معیشۃ ضنکا و نحشرہ یوم القیمۃ اعمیٰ** ○(سورہ طٰہٰ آیت 124) جس نے میرے ذکر سے منہ موڑا۔اس کی روزی تنگ ہوجائے گی۔اوراس کو (ہم) قیامت کے دن اندھا اُٹھائیں گے۔

رحمت دا دریا الٰہی ہر دم وگدا تیرا — جے اِک قطرہ مینوں بخشیں کم بن جاوے میرا

☆ حضرت ابو ہریرہؓ ، نبی آخرالزمان حضرت رسالت مآب ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا ہے۔کہ اللہ تعالیٰ ارشادفرماتا ہے۔کہ! میں اپنے بارے میں بندے کے گمان کے مطابق ہوتا ہوں۔جب کہ وہ میرا ذکر کرتا ہے۔اگر وہ تنہائی میں میرا ذکرکرے۔تو میں بھی تنہائی میں اسکا ذکرکرتا ہوں۔اوراگر وہ محفل میں میرا ذکرکرے۔تو میں اُس محفل میں اسکا ذکر کرتا ہوں۔جو اسکی محفل سے زیادہ بہتر ہوتی ہے۔اوراگر وہ ایک بالشت کے برابر میرے قریب آئے۔تو میں چار ہاتھ کے برابر اسکے قریب ہوتا ہوں۔اوراگر وہ چل کر میرے پاس آئے۔تو میں دوڑکراس کے پاس آتا ہوں۔(صحیح بخاری ، صحیح مسلم)

دنیا کی کسی چیز میں بھلا کب ہے راحت

اولاد ہے گر مصیبت ، تو دولت ہے آفت — جو عزتِ دنیا کو سوچو تو ہیچ

مگر یادِ خدا میں ہے دوامی ء عشرت

☆ حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے۔حضرت عبداللہ بن بسرؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے (بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں حاضر ہوکر) عرض کی۔یارسول اللہ ﷺ ! اسلام کی تعلیمات بہت زیادہ ہیں۔آپ ﷺ مجھے کسی ایسی چیز کے بارے میں بتائیں جسے میں باقاعدگی سے اختیارکرلوں۔نبی اکرم ﷺ نے اِرشادفرمایا (کہ) تمھاری زبان ہروقت اللہ تعالیٰ کے ذِکر سے تر رہنی چاہیئے۔(جامع ترمذی،سنن ابن ماجہ)

جس دل میں تیری یاد ہے وہ شاد ہے آباد ہے — جو یاد سے غافل رہا ناشاد ہے برباد ہے

☆ ایک اورحدیث نبوی ﷺ میں آیا ہے کہ۔ حضرت جابر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں (کہ) میں نے رسولِ اکرم ﷺ کو اِرشادفرماتے ہوئے سُنا۔ **افضل الذکر لا الہ الا اللہ وافضل الدعاء الحمد للہ** ۔ سب سے زیادہ فضیلت والا ذکر **لا الہ الا اللہ** ہے۔اورسب سے زیادہ فضیلت والی دُعا **الحمد للہ** ہے۔ (جامع ترمذی،سنن ابن ماجہ،سنن نسائی)

درحقیقت روح کی اصل غذا ذکر الٰہی ہے۔جو کہ تزکیہ نفس ، طمانیتِ قلب اور معرفت خداوندی کے جملہ منازل و معارج کے حصول کا افضل ترین ذریعہ ہے۔

دل گمراہ کو کاش یہ معلوم ہو جاتا اے ناداں — گناہ میں اُس وقت تک لذت ہے جب تک ہو نہیں جاتا

ان آیات واحادیث کو یہاں پیشِ خدمت کرنے کا مقصد و غایت بھی یہی ہے کہ جب دائمی ذکر ہی محبت و مودت الٰہی کا سبب ہے اور اللہ جل شانہ کامل محبت ،عبودیت ،تعظیم ،تکریم واجلال کا سب سے بڑھ کرمُستحق ہے تو اس کا ذِکر بندے کے لئے جُملہ اشیاء وضروریاتِ حیات میں سب سے مُقدم ہونا لازمی ہے۔تاکہ ایسا شخص رحمتِ رحمانی اور فیوضات وانعاماتِ ربانی سے مستفید ومنتفع اورمفید ہونے کامُستحق قرار پاسکے۔آمین۔

بات سجدوں کی نہیں خلوصِ دل کی ہوتی ہے اے ناداں

ہر مے خانے میں شرابی ، اور ہر مسجد میں نمازی نہیں ہوتا

آداب الاذکار : کتاب **منھج السالک الی اشرف المسالک** میں ذکر کے بیس آداب بیان کئے گئے ہیں۔اِنہیں تین مراتب میں منقسم کیا گیا ہے۔جن میں سے پانچ آدابِ ذکر سے پہلے، بارہ آداب بوقت ذکر اورتین آداب ذکر سے فراغت کے بعد کے ہیں۔

ذکر سے پہلے کے پانچ آداب: ۱۔طہارتِ ظاہری و باطنی ۲۔ توبۃ النصوح ۳۔ اطمینانِ قلب۔

۴۔ اپنے شیخِ طریقت سے طلبِ اِمداد ۵۔ شیخ کی اِمداد کو سیدنا نبی کریم ﷺ کی اِمداد تصور کرنا۔

ذکر کے دوران کے بارہ آداب : ا۔ پاک صاف و معطر کپڑے پہننا ۲۔ حجرے کا تاریک ہونا ۳۔ حجرے میں کوئی خوشبودار دھنہ سلگانا یا کوئی خوشبو (مثلِ اگربتی) لگانا ۴۔ دونوں آنکھوں کو بند رکھنا ۵۔ دونوں کانوں کو بھی بند رکھنا ٦۔ اپنے شیخ کو روبرو سمجھنا ۷۔ صدقِ نیت اور طہارتِ ظاہری و باطنی کو ملحوظِ خاطر رکھنا ۸۔ ذکر کے لئے چارزانو یا نماز کے قعدہ کی طرح بیٹھنا ۹۔ دونوں ہاتھوں کو گھٹنوں کی چپنیوں پر رکھنا ۱۰۔کلمہ توحید کا ذکر کرنا ۱۱۔ ذکر کے دوران ریا و شہرت کو قطعی دخیل نہ ہونے دینا ۱۲۔ ہر مرتبہ ذکر کرتے وقت اس ذکر کے معنی کا دل میں اِستحضار کرنا۔

ذکر کے بعد کے تین آداب : ا۔ ذکر کرنے کے بعد بہت دیر تک مُراقبہ میں خاموشی سے بیٹھ کر دل پر توجہ کرنا ۲۔ حبسِ نفس کرنا ۳۔ ذکر کرنے کے کافی دیر بعد تک ٹھنڈی ہوا یا ٹھنڈے پانی کے استعمال سے پرہیز کرنا۔ بقولِ حضرت سلطان باھوؒ

زندگی اَز برائے بندگی اَست ‏ ‏ ‏ ‏ بے بندگی زندگی شرمندگی اَست

(مخدومی حضرت بندہ نوازؒ فرماتے ہیں۔کہ جو بھی شخص طہارت ظاہری و باطنی اور حضورِ قلب کے ساتھ جو بھی ذکر و مراقبہ بجالائے گا۔ چاہے وہ کوئی سا بھی ہو۔اس کا مقصد حاصل ہونا ضروری ہے۔ایک اور جگہ فرماتے ہیں۔کہ ہر ذکر کی کم سے کم تعداد پانچ سو مرتبہ ہے۔اور زیادہ سے زیادہ تین ہزار مرتبہ ہے۔مگر یاد رہے کہ جس قدر زیادہ ذکر کرے گا۔بہتر ہے۔اور ایک درجہ درحقیقت ایک ہزار مرتبہ کے مساوی ہے)

زندگی مقصود بہر بندگی سَت ‏ ‏ ‏ ‏ زندگی بے بندگی شرمندگی سَت

اوراد و وظائف کا مقصد : جو کوئی مسلمان اوراد اور وظائف سے بھرپور انداز میں مستفید و متنفع ہونا چاہے تو تو اسے چاہئے کہ اپنے جُملہ اعمال واقوال اور دینی و دنیاوی امورات و معاملات میں سُنتِ نبوی ﷺ کی مکمل مطابعت کرتے ہوئے شریعت پر مکمل کاربند ہو اور پھر اِن اوراد و وظائف کے اسرارِ عجیبہ اور اثراتِ سریعہ کا بعین مشاہدہ و معائنہ کرے۔ (بقولِ بعضے)

با حضوری معرفت ہے زندگی ‏ ‏ ‏ ‏ بے حضوری زندگی شرمندگی

یہ بات یاد رہے کہ اوراد و وظائف، اذکار و ادعیہ وغیرہ قضاء قدر اور پیش آمدہ مصائب و مشکلات کو بدلتے تو نہیں۔ ہاں البتہ آسانی پیدا کر دیتے ہیں۔ کیونکہ یہ تو بندگی ہے۔

زندگی آمد برائے بندگی ‏ ‏ ‏ ‏ زندگی بے بندگی شرمندگی

خُلاصہ یہ ہے۔کہ مقصد کے حصول اور قضاء و قدر میں اوراد و وظائف، اذکار و ادعیہ لُطف و کرم کا فائدہ دیتے ہیں۔ اِس ضمن میں فرمانِ باری تعالیٰ ہے کہ! **ولو ان اھل القُریٰ اٰمنوا واتقوا لفتحنا علیھم برکٰت من السمآء والارض ولکن کذبوا فا خذ نٰھم بما کا نوا یکسبون o** اور اگر اِن بستیوں کے رہنے والے ایمان لے آتے اور پرہیزگاری اختیار کرتے۔تو ہم اِن پر آسمان و زمین کی برکتیں کھول دیتے۔لیکن اُنہوں نے تکذیب کی ہم نے اِن کے اعمال کی وجہ سے اِن کو پکڑ لیا۔(سورہ اعراف۔آیت نمبر 96) صبر و شکر اور تقویٰ اختیار کرنے سے جملہ نفسانی ،شہوانی اور جمیع مکروہات کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔اور ایسا شخص اپنے جُملہ امورِ دینی و دنیاوی میں مُتکفی اور لایحتاج ہو جاتا ہے۔اور اِمدادِ ربانی از غیب کے اسرارِ عجیبہ اور اثراتِ سریعہ کا بعین مشاہدہ و معائنہ کرتے ہوئے پُرسکون اور مسرور ہو جاتا ہے۔ دراصل طلب کا مقصد و غایت بھی یہی ہے اور **نتیجتاً** ایسا شخص اپنے تمامی دینی و دنیاوی امورات و معاملات کو سُپردِ خُدا کر کے پھر قضائے الٰہی کو مدنظر رکھتے ہوئے رب العالمین کے حضور سرخم تسلیم کر کے اور اللہ تعالیٰ سے حسنِ ظن رکھ کر مدد کا طالب ہوتا ہے کیونکہ ہمیں اللہ تعالیٰ کے حضور تسلیم و رضا کی لازمًا پیروی کرنی چاہئے۔ **ایاک نعبد و ایاک نستعینo**

ترتیبِ اوراد : جامع العلوم للرازیؒ میں اوراد کی ترتیب کے بارے میں ہے۔کہ دن کے اوقات میں اوراد کے سات 7 اوقات ہیں۔

ا۔ طلوعِ صبح سے لے کر طلوعِ قرصِ آفتاب تک۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اس بزرگ وقت کی قسم یاد فرمائی ہے جیسے کہ فرمانِ رب ذوالجلالِ والاکرام ہے کہ! **والصبح اذا تنفس** ۔۲۔ بوقتِ اشراق۔ جب آفتاب آدھا نیزہ جتنا اُونچا ہو جائے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ اس وقت کی نسبت فرماتا ہے۔ **یسبحن بالعشی والاشراق** ۔۳۔ بوقتِ چاشت۔ اس وقت کی اللہ تعالیٰ قسم یاد فرماتا ہے کہ! **والضحی والیل اذا سجی** ۔

۴۔ آفتاب ڈھلنے کے وقت سے لے کر نمازِ ظہر تک۔ ۵۔ نمازِ ظہر کے بعد سے لے کر نمازِ عصر تک۔ ٦۔ نمازِ عصر کا وقت۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ! **والعصر ۔ ان الانسان لفی خسر** ۔ ۷۔غروبِ آفتاب کا وقت۔جیسا کہ فرمانِ باری تعالیٰ ہے کہ! **فسبحان اللہ حین تمسون و حین تصبحون** ۔ یہ فقیر (البلوشی) قارئینِ کتاب ہٰذا کی خدمت میں عرض پرداز ہے کہ اولیاء اللہ کی کئی تصانیف میں آیا ہے کہ بوقتِ غروبِ آفتاب ملائکہ کا عرش سے فرش زمین پر نزول ہوا کرتا ہے۔ اور تمام شب زمین پر قیام کرتے ہیں۔ پھر طلوع آفتاب سے چند لمحات قبل ملائکہ آسمان کی جانب واپس تشریف لے جاتے ہیں۔ اور اس وقت جو بھی بندہ ءخُدا سربسجود رہتا ہے۔ اور نوافل یا قرآن خوانی کی کثرت کرتا ہے۔ یا پھر جو کوئی **تسبیح و تھلیل و تحمید و تمجید** میں مشغول رہتا ہے۔تو ایسا شخص بھی ضرور بالضرور مقبولِ ملائک ہو جاتا ہے)

اسی طرح رات میں اوراد کے پانچ اوقات ہیں ۔۱۔ نمازِ مغرب سے نمازِ عشاء تک ۔ ۲۔ عشاء کے وقت سے لے کر عوام الناس کے سونے تک ۔۳۔ باوضو ہوکر (اللہ تعالیٰ کا ذکر اور نبی کریم ﷺ پر درود و سلام بھیج کر) سوئے تاکہ روح قوت پا کر فکر و تدبر میں مشغول ہو سکے ۔ کیونکہ اس طرح سے سونے کی فضیلت کثیرا حادیثِ نبویہ ﷺ میں آئی ہے ۔
۴۔ چوتھا وقت نیم شب کا ہے جس کو بوقتِ تہجد بھی کہتے ہیں ۔ (کیونکہ آدھی رات کے وقت کی عبادت کے وقت اللہ تعالیٰ کی خصوصی نظرِ کرم اور فضلِ عظیم ہوتا ہے ۔ اسی وقت سے اولیاء اللہ اپنے معمولات ، عبادات اور حضوریء قلب میں تقویت حاصل کرتے ہیں) ۵۔ پچھلی رات کو صبح سے پہلے پہلے عبادت میں مشغول ہو۔ جیسا کہ اس وقت کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ! **کانوا قلیلا من الیل ما یھجعون☆ بالاسحار ھم یستغفرون** ۔ وہ راتوں میں بہت کم سوتے ہیں ۔ اور بوقتِ صبح وہ استغفار کرتے ہیں ۔ (سورہ غایات ۔18-17)

ذکر کی تیاری : اگر ذکرِ الٰہی کرتے وقت بندے کا دل اور باطن اللہ تعالیٰ سے غافل رہے ۔ تو اس ذکر کا بہت قلیل فائدہ و نفع ہوتا ہے ۔ پورا نفع و فائدہ حاصل کرنے کے لئے لازمی ہے ۔ کہ! بندے کا رابطہ ذکر کرنے سے پہلے اللہ عزوجل کے ساتھ قائم اور مربوط ہو جائے ۔ ویسے تو زبان کا ذکر بھی فائدے سے خالی نہیں ۔ مگر قلب کے ذکر کی تو بات ہی کچھ اور ہے ۔ ذکرِ قلبی کا ذکرِ لسانی سے زیادہ فائدہ ہے ۔

اذکارِ جلی و خفی کے پڑھنے میں فوائد و منافع : (بمطابق بعض بزرگانِ نقشبندیہ)

اگر کوئی ذکر زبانِ قلب سے پڑھا جائے (یا کیا جائے) تو اس کو چونکہ کراماً کاتبین نہیں سماعت کر سکتے ۔ لہٰذا ان کا ثواب اللہ تعالیٰ کے ذمہء کرم پر واجب ہو جاتا ہے ۔ تو جتنا رب متعال چاہے ۔ ثواب عطا فرمائے ۔ (جبکہ) دیگر بزرگان فرماتے ہیں ۔ کہ زبان (لسان) سے جو ذکر کیا جائے ۔ تو روزِ جزا و سزا اللہ تعالیٰ زبان کو گویائی عطا فرمائیں گے ۔ اور وہ بھی گواہی دے گی ۔ اور رب متعال کراماً کاتبین کے لکھے ہوئے اور زبان کی گویائی پر ثواب عطا فرمائے گا ۔ ان شاءاللہ۔

اذکار کی تحقیق اور اِن کا خُلاصہ : فتاویٰ عزیزی میں ہے ۔ کہ اس مسئلے کی تحقیق فقیر کی بعض تالیفات میں مذکور ہے کہ تقریباً تمامی اذکارِ ماثورہ کے صِرف 9 صیغے ہیں ۔ غالبًا اِس کے عِلاوہ کسی ذِکر کا کوئی دوسرا صیغہ نہیں ۔ (وہ نو صیغے یہ ہیں)

پہلا صیغہ	تسبیح۔	دوسرا صیغہ	تحمید۔	تیسرا صیغہ	تکبیر۔
چوتھا صیغہ	تہلیل۔	پانچواں صیغہ	تفویض وتوکل۔	چھٹا صیغہ	تعوض،التجااورتحصن
ساتواں صیغہ	درودوسلام۔	آٹھواں صیغہ	استغفار۔	نواں صیغہ	ادعیہ جامعہ۔

کیونکہ ادعیہ جامعہ ہر مطالب کے لئے باعتبارِ حاجات اور اوقات کے وارد ہیں۔ ان تمام صیغوں کے ہر ہر صیغہ کے لئے اجمال اور تفصیل موجود ہے ۔ اور ہر ہر صیغہ کے آثار بھی ہیں ۔ جو کہ ذاکر کے نفس میں ظاہر ہوتے ہیں ۔ اور ہر ہر صیغہ کے خواص بھی جُدا جُدا ہیں ۔ جو کہ مطالب کے حاصل ہونیکے لحاظ سے ہیں ۔ اور تفویض وتوکل کے کلمات تاثیر میں تریاق کے مانند ہیں ۔ اور ظاہری طور پر تجربے میں آیا ہے ۔ کہ اِن کلمات کی برکت سے یا اس کی حالت میں (عوام الناس کی) حاجت روائی بھی ہوئی ہے ۔ بعض احباب نے ایک دسواں صیغہ بھی ذِکر کیا ہے اور وہ تسمیہ **(بسم اللہ الر حمٰن الر حیم O)** ہے مگر اِس فقیر کے نزدیک یہ صیغہ مقصود بالذات نہیں بلکہ یہ تو صِرف توسّل و تبریک ہے کہ جس کے ذریعے سے سب اذکار سے استفادہ و نفع حاصل کیا جاتا ہے ۔ البتہ بعض مقامات میں اس کی خاص تاثیر بھی ہے ۔ جیسے کہ! **بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شی ء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم O**

من از فریبِ امارت گدا شدم ورنہ   ہزار گنج بہ ویرانۂ دل افتادہ است

رہ جانے والے وظیفے کا تدارک بزبان مصطفےٰ ﷺ : **مسلم شریف ،صحیح ابن خزیمہ** وغیرہا میں یہ مرفوع حدیث ہے ۔ کہ جو شخص سو جانے کی وجہ سے اپنا پورا وظیفہ یا اس کا کچھ حصہ چھوڑ بیٹھے ۔ تاہم اسے فجر اور ظہر کی نماز کے درمیانے وقت میں پڑھ لے ۔ تو اس کے بارے میں لکھ دیا جائے گا ۔ کہ اس نے اسے رات ہی میں پڑھا تھا ۔

دُعا نہ کرنے کا نقصان : مَنْ لَّمْ یَسْأَ لِ اللّٰہَ یَغْضَبْ عَلَیْہِ ۔ سرکارِ مدینہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے فرمایا ۔ جو شخص اللہ تعالیٰ سے نہیں مانگتا ۔ اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہوتا ہے ۔ (جامع ترمذی ۔ سنن ابن ماجہ)

قرآنی نصائح : **تسبح لہ السموت والارض و من فیھن ط و ان من شیء الا یسبح بحمدہ و لکن لا تفقھون تسبیحھم ط** (ترجمہ) ساتوں آسمان اور زمین اور جو کچھ بھی ان میں ہے ۔ وہ اس (اللہ تعالیٰ) کی تسبیح بیان کرتے ہیں ۔ اور کوئی چیز (خشک وتر ، جان و بے جان قطعًا ایسی) نہیں ۔ جو ہر وقت (اللہ تعالیٰ کی) پاکی بیان نہ کرتی ہو ۔ مگر تم ان کے تسبیح نہیں سمجھتے ۔ (سورہ اسرائیل ۔ آیت نمبر 44)

و سبح بالعشی و الا بکار ۔ اور صبح شام اپنے رب کی تسبیح کیا کریں ۔ (سورہءآلِ عمران ۔ **41**)

ان سبحوا بکرۃ و عشیا ۔ کہ (ہر روز) صبح اور شام (اللہ تعالیٰ کی) تسبیح بیان کرتے رہو ۔ (سورہ مریم ۔ آیت نمبر **11**)

گمان کے متعلق صحیح مسلم کی حدیثِ قدسی : اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ۔ کہ! **انا عند ظن عبدی وانا معہ حین یذکرنی**

فان ذکرنی فی نفسہ ذکرتہ فی نفسہ وان ذکرنی فی ملاء ذکرتہ فی ملاء خیر منہ وان اقرب الی شبرا تقربت الیہ ذراعا وان اقترب الی ذراعا اقتربت الیہ باعا وان اتانی یمشی اتیتہ ھرولۃ ۔ میرا بندہ جیسے میرے بارے میں جوگمان رکھتا ہے۔تو مَیں (اس گمان کو پورا کرنے کے لئے) اس کے پاس ہوتا ہوں۔ اور جب وہ مجھے یاد کرتا ہے۔تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں۔اگر وہ مجھے اپنے دل میں یاد کرتا ہے۔تو مَیں (بھی) اسے اپنے دل میں یاد کرتا ہوں۔اگر وہ مجھے کسی مجلس میں یاد کرتا ہے۔تو میں ان لوگوں کی مجلس سے بہتر مجلس میں اسے یاد کرتا ہوں۔اگر وہ ایک بالشت میرے قریب ہوتا ہے۔تو میں ایک ہاتھ اس کے قریب ہوجاتا ہوں۔اگر وہ ایک ہاتھ میرے قریب ہوتا ہے۔تو میں پھیلے ہوئے دونوں ہاتھوں کی لمبائی جتنا (فاصلے) اس کے قریب ہوجاتا ہوں۔اوراگر وہ چل کر میری طرف آتا ہے۔تو میں دوڑ کراس کے پاس آتا ہوں۔

حدیث نمبر 1۔ حضرت ابوموسیٰؓ نبی اکرم ﷺ کا فرمان نقل کرتے ہیں کہ جوشخص اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو پسند کرے تواللہ پاک (بھی) اس سے ملاقات کو پسند کرتا ہے۔اور جوشخص اللہ تعالیٰ سے ملاقات کوناپسند کرتا ہے۔(معاذاللہ) تواللہ تعالیٰ بھی اس شخص سے ملاقات کوناپسند کرتا ہے۔

حدیث نمبر 2۔ حضرت نبی اکرم ﷺ اللہ تعالیٰ کا فرمان نقل فرماتے ہیں۔کہ! اللہ عزوجل فرماتا ہے۔مَیں اپنے بندے کے گمان کے قریب ہوں۔جو وہ مجھ سے کرتا ہے۔اور جب وہ میرا ذکر کرتا ہے۔تومَیں اس کے ساتھ ہوتا ہوں۔اگر وہ مجھے تنہائی میں یاد کرتا ہے۔تو میں (بھی) اسے تنہا یاد کرتا ہوں۔اگر وہ میرا ذکر کسی مجمع میں کرتا ہے۔تو میں اس سے بہتر مجمع میں اس کا ذکر کرتا ہوں۔اگر وہ مجھ سے ایک بالشت قریب ہوتا ہے۔تو میری رحمت اس سے ایک ہاتھ قریب ہوجاتی ہے۔اوراگر وہ ایک ہاتھ میرے قریب ہوتا ہے۔تو میری رحمت اس سے دو ہاتھ قریب ہوجاتی ہے۔اوراگر وہ چلتے ہوئے میرے قریب آتا ہے۔تو میری رحمت اس کے پاس دوڑتی ہوئی آتی ہے۔ (صحیح بخاری)

حدیث نمبر 3۔ حضرت ابوھریرہؓ نبی اکرم ﷺ کا فرمان نقل کرتے ہیں جوشخص روزانہ یہ دعا سومرتبہ پڑھے۔ **لا الٰہ الا اللہ. وحدہ لا شریک لہ.لہ الملک ولہ الحمد. وھو علی کل شیء قدیر** ۔تو ایسے شخص کودس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملتا ہے۔اس شخص کے لئے سونیکیاں لکھ دی جاتی ہیں۔اور اِس شخص کے سوگناہ مٹا دیئے جاتے ہیں۔اوروہ اس دن (کو) شام تک شیطان سے محفوظ رہتا ہے۔اوراس دن کسی بھی شخص کا عمل اس (دعا کوسومرتبہ پڑھنے والے) کے عمل سے افضل نہیں ہوتا البتہ جس شخص نے اس سے زیادہ مرتبہ پڑھا ہو۔

(اسی حدیث کا دوسرا حصہ یہ بھی ہے۔کہ!) اور جوشخص روزانہ سومرتبہ **سبحان اللہ وبحمدہ** پڑھے۔تواس کے تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔(**صحیحین، صحیح ابن حبان۔صحیح مستدرک**)

حدیث نمبر 4۔ صحیحین میں ہے کہ! حضرت ابوایوب انصاریؓ سے روایت ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا جس نے دس مرتبہ یہ کلمہ کہا **لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ. لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر o** تو یہ ایسا ہے جیسے اس نے اولادِ اسماعیلؑ میں سے چار آدمیوں کی گردنیں آزاد کی ہوں۔

حدیث نمبر 5۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے۔کہ! نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا کہ جس نے ہرنماز کے بعد **سبحان اللہ** 33 مرتبہ ،الحمد للہ 33 مرتبہ، اللہ اکبر 33 مرتبہ، کہااورسو کا عدد پورا کرنے کے لئے یہ کلمہ پڑھا۔ **لا الٰہ الا اللہ۔ وحدہ لا شریک لہ۔ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیء قدیر o** اس کے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔ (صحیح مسلم)

حدیث نمبر6۔ صحیحین میں ہے۔کہ! حضرت ابوہریرہؓ نبی اکرم ﷺ کا فرمان نقل کرتے ہیں۔جوشخص روزانہ صبح وشام کے وقت سو مرتبہ **سبحان اللہ وبحمدہ** پڑھے۔(تو) قیامت کے دن کسی بھی شخص کا عمل اسکے عمل سے افضل نہیں ہوگا۔ماسوائے اس شخص کے جس نے اس کلمے کو اتنی ہی مرتبہ پڑھا ہو یا اس سے زیادہ مرتبہ پڑھا ہو۔(صحیحین، صحیح ابن حبان، صحیح مستدرک)

حدیث نمبر7۔ صحیحین میں ہے کہ! حضرت براءؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ جب اپنے بستر پرتشریف لے جاتے تھے۔تو یہ دعا مانگتے تھے۔ **اللھم باسمک احیاء و باسمک اموت**۔(صحیح بخاری، صحیح مسلم، صحیح ابن حبان)

حدیث نمبر8۔ صحیح مسلم میں ہے کہ! آپ ﷺ نے فمایا۔کہ (جوشخص) سومرتبہ ’’سبحان اللہ‘‘ کہے۔تو اس کے لئے ہزار نیکیاں لکھی جائیں گی۔اور اوراس کے ہزار گناہ مٹا دیئے جائیں گے۔ (صحیح مسلم شریف)

حدیث نمبر 9۔ حضرت ابوذرؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا گیا کہ کون سا کلام افضل ہے تو آپ ﷺ نے جواب دیا اللہ تعالیٰ نے اپنے ملائکہ (فرشتے) اور بندوں کے لئے **سبحان اللہ وبحمدہ** کو منتخب فرمایا ہے۔ (صحیح مسلم وجامع ترمذی)

حدیث نمبر10۔ حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا **سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر** ایک مرتبہ پڑھنا میرے نزدیک ان تمام چیزوں سے زیادہ محبوب ہے۔جن پرسورج طلوع ہوتا ہے۔(صحیح مسلم وابن حبان)

حدیث نمبر 11۔ صحیحین میں ہے کہ! حضرت ابوھریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں۔کہ دو کلمے ہیں جو زبان پر ہلکے ہیں۔اور میزان پر بھاری ہیں۔اور رحمان کو محبوب ہیں۔ **سبحان اللہ وبحمدہ سبحٰن اللہ العظیم** ۔

حدیث نمبر 12۔ صحیحین میں ہے کہ! حضرت سلیمان بن صردؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر تھا کہ

دو آدمی ایک دوسرے کو برا بھلا کہنے لگے اور ان میں سے ایک کا چہرہ سرخ ہوگیا اور رگیں پھول گئیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے ایسا کلمہ معلوم ہے ۔ جو اسے کہے ۔ اس کا غصہ جاتا رہے ۔ اگر **اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم** پڑھ لے ۔ تو اس کی یہ حالت دور ہو جائے ۔ صحابہ کرامؓ نے اس شخص سے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ **اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم** پڑھ لو۔

حدیث نمبر 13 ۔ صحیحین میں ہے کہ! فُقرائے مہاجرین خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کی ، مال داروں نے بڑے بڑے درجے اور لازوال نعمتیں حاصل کیں ، ارشاد فرمایا ، کیا سبب ؟ لوگوں نے عرض کی ، ہم جیسے نماز پڑھتے ہیں وہ بھی پڑھتے ہیں اور جیسے ہم روزہ رکھتے ہیں وہ بھی رکھتے ہیں ، اور وہ صدقہ کرتے ہیں ہم صدقہ نہیں کرسکتے ۔ اور غُلام آزاد کرتے ہیں ہم نہیں کرسکتے ، ، فرمایا کیا تمھیں ایسی بات نہ سِکھا دوں ؟ اور تم سے کوئی افضل نہ ہو ، مگر وہ جو تمھاری طرح کرے ۔ لوگوں نے عرض کی ، ہاں یارسول اللہ ﷺ ! ارشاد فرمایا کہ ! ہر نماز کے بعد **33-33** مرتبہ **سبحٰن اللہ ، اللہ اکبر ، الحمد للہ** کہہ لیا کرو ، ابو صالح کہتے ہیں کہ پھر فقرائے مہاجرین حاضر ہوئے اور عرض کی ، ہم نے جو کیا اس کو ہمارے مال دار بھائیوں نے سُنا تو انہوں نے بھی ویسا ہی کیا ، ارشاد فرمایا ، یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے ، جسے چاہے دیتا ہے ۔

حدیث نمبر 14۔ صحیح مسلم میں ہے کہ! حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمتیں نازل فرماتا ہے ۔

حدیث نمبر 15۔ صحیح مسلم شریف میں ہے کہ! حضرت ابو مالک اشعریؓ سے روایت ہے ۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ طہارت ایمان کا حصہ ہے ۔ **الحمد للہ** میزان کو بھر دیتا ہے ۔ اور **سبحان اللہ** اور **الحمد للہ** آسمانوں اور زمینوں کے درمیان ساری فضا کو بھر دیتے ہیں ۔

حدیث نمبر 16۔ صحیحین میں ہے کہ! حضرت انسؓ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کثرت سے یہ دعا مانگا کرتے تھے ۔ **اللھم آتنا فی الدنیا حسنة و فی الآخرة حسنة وقنا عذاب النار ۔**

حدیث نمبر 17۔ صحیحین میں ہے ۔ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ کیا میں تمھیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ پر مطلع نہ کردوں میں نے عرض کیا کہ ضرور یارسول اللہ ﷺ ! آپ ﷺ نے فرمایا کہ! **لا حول ولا قوة الا باللہ ۔**

حدیث نمبر 18۔ صحیح مسلم ، جامع ترمذی اور سنن ابن ماجہ میں ہے ۔ کہ! حضرت عائشہ صدیقہؓ بیان کرتی ہیں ۔ نبی کریم ﷺ جب اپنے بستر پر تشریف لاتے ۔ تو آپ اپنی دونوں ہتھیلیاں جمع کر کے ان میں پھونک مارتے تھے ۔ آپ ﷺ **سورہ اخلاص** ، **سورہ فلق** اور **والناس** پڑھ کر دم کرتے تھے ۔ پھر ان دونوں ہاتھوں کو اپنے جسم پر جہاں تک ہوسکتا تھا ۔ پھیر لیتے تھے ۔ پہلے آپ ﷺ اپنے سر مبارک پر ، اپنے چہرۂ اقدس پر اور جسم کے آگے والے حصہ پر پھیرتے تھے ۔ آپ ﷺ یہ عمل تین مرتبہ کیا کرتے تھے ۔

حدیث نمبر 19۔ صحیح مسلم میں مذکور ہے کہ ! حضرت ابن عمرؓ روایت کرتے ہیں ۔ کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ اے لوگو ! اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کیا کرو ۔ میں خود اس کی بارگاہ میں روزانہ سو مرتبہ توبہ کرتا ہوں ۔

حدیث نمبر 20۔ صحیح مسلم شریف کی ایک حدیث ہے ۔ کہ! ایمان کا پہلا رکن ''**لا الہ الا اللہ**'' کہنا ہے ۔

حدیث نمبر 21۔ صحیح مسلم میں ہے کہ! حضرت سیدنا ابن عمرؓ نے کہا ۔ کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔ (کہ) اے لوگو! اللہ تعالیٰ کی طرف '' توبہ '' کرو ۔ کیونکہ ! مَیں اللہ تعالیٰ سے ہر دن میں '' سو مرتبہ '' توبہ کرتا ہوں ۔ (صحیح مسلم شریف) ایک اور حدیث میں ہے ۔ کہ! جب اللہ تعالیٰ مخلوقات کو بنا چکا تو اپنی کتاب (جو غالبًا لوح محفوظ ہے) میں لکھا ۔ اور وہ کتاب اس کے پاس رکھی ہے ۔ کہ! '' میری رحمت میرے غصہ پر غالب ہے ۔ ''

حدیث نمبر 22۔ صحیح مسلم میں ہے کہ! حضرت سیدنا اماں عائشہؓ سے روایت ہے ۔ کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔ (کہ) بنی آدم میں سے ہر انسان کو تین سو ساٹھ جوڑوں سے پیدا کیا گیا ہے ۔ جس نے اللہ تعالیٰ کی بڑائی بیان کی (یعنی اللہ اکبر کیا) ۔ اور اللہ تعالیٰ کی تعریف کی (یعنی الحمد للہ کہا) ۔ اور تہلیل کہا (یعنی لا الہ الا اللہ کہا) ۔ اور اللہ تعالیٰ کی تسبیح کی ۔ (یعنی سبحان اللہ کہا) اور استغفار کہا (یعنی استغفر اللہ العظیم کہا) ۔ اور لوگوں کے راستے سے پتھر یا کانٹے یا ہڈی کو ہٹا دیا ۔ اور نیکی کا حکم دیا ۔ اور برائی سے منع کیا ۔ اور یہ کام تین سو ساٹھ (انسانی جوڑوں کے) عدد کے برابر کیا ۔ تو وہ (شخص) اس روز اس طرح سے چلتا ہے ۔ کہ اس نے خود کو جہنم سے بچا لیا ۔

حدیث نمبر 23 ۔ مسند احمد میں ہے کہ! انحضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا ۔ کہ! اللہ تعالیٰ کے نبیؑ حضرت نوحؑ کی وفات کا وقت جب قریب آیا ۔ تو انہوں نے اپنے بیٹے سے فرمایا ۔ کہ! مَیں تمہیں ایک وصیت کررہا ہوں ۔ جس میں تمہیں دو باتوں سے کا حکم دیتا ہوں ۔ اور دو باتوں سے روکتا ہوں ۔ حکم تو اس بات کا دیتا ہوں ۔ کہ! لا الہ الا اللہ کا اقرار کرتے رہنا ۔ کیونکہ! اگر ساتوں آسمانوں اور ساتوں زمینوں کو ایک ترازو کے ایک پلڑے میں رکھا جائے ۔ اور '' لا الہ الا اللہ '' کو دوسرے پلڑے میں ۔ (تو) لا الہ الا اللہ والا پلڑا جھک جائے گا ۔ اور اگر ساتوں آسمانوں اور ساتوں زمینیں ایک مبہم حلقہ ہوتیں ۔ تو لا الہ الا اللہ انہیں خاموش کرا دیتا ۔ اور دوسرا یہ کہ! سبحان اللہ وبحمدہ کا ورد کرتے رہنا ۔ کہ یہ ہر چیز کی نماز ہے ۔ اور اس کے ذریعے مخلوق کو رزق عطا ہوتا ہے ۔ اور (میں تمہیں دو باتوں یعنی) شرک اور تکبر سے روکتا ہوں ۔ (پھر حضور ﷺ سے پوچھا گیا ۔ کہ) یارسول اللہ ﷺ ! شرک تو ہم سمجھ گئے ۔ تکبر سے کیا مراد ہے ؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ۔ حق بات کو قبول نہ کرنا اور لوگوں سے کو حقیر سمجھنا ۔ (مسند احمد ۔ **6295**)

فضیلت کلمہ طیبہ : (بمطابق پیرومرشد سید محبوب علی شاہؒ در وصلِ حق یعنی کشکولِ محبوبی)

بیرونِ گور لاف کرامت چہ می زنی ایمان اگر بگو بری صد کرامت اَست

قبر سے باہر کرامت کی کیا ڈینگیں مارتے ہو۔ اگر تم قبر تک ایمان سلامت لے گئے۔ تو یہ صد کرامت ہوگی۔

(احادیثِ نبویہ ﷺ) **من مات وھو یعلم ان لا الہ الا اللہ دخل الجنۃ** ۔ جو شخص اس حال میں فوت ہوا۔ کہ! وہ جانتا تھا۔ کہ! ''لا الہ الا اللہ'' (اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں۔) تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔ (صحیح مسلم شریف) **افضل الذکر لا الہ الا اللہ ، و افضل الدعاء الحمد للہ** ۔ (تمام اذکار میں سے) افضل ذکر ''**لا الہ الا اللہ**'' اور افضل دُعا ''الحمدللہ'' ہے۔ (جامع ترمذی) **ما قال عبد " لا الہ الا اللہ " قط مخلصا ، الا فتحت لہ ابواب السمآء ، حتی تقضی الی العرش ما اجتنب الکبائر** ۔ جب بندہ اخلاص کے ساتھ ''**لا الہ الا اللہ**'' کہتا ہے۔ تو اس کلمہ مبارکہ کے لئے یقینی طور پر آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ یہ کلمہ سیدھا عرش تک جا پہنچتا ہے۔ بشرطِ کہ! کلمہ پڑھنے والا کبیرہ گناہوں سے بچتا رہتا ہو۔ (جامع ترمذی) **یا یھا الناس قو لوا لا الہ الا اللہ تفلحوا** ۔ اے لوگو! ''**لا الہ الا اللہ**'' کہہ دو (تاکہ تم سب یقینی طور پر) فلاح پا جاؤ۔ (مسند امام احمد بن حنبلؒ) ☆ بمطابق حضرت ابن عطاءاللہ شاذلیؒ! ۔ جب کوئی بھی شخص (صدق قلب ونیت سے) **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** (ﷺ) کہتا ہے تو عرش عظیم ہلنے لگتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ یہ کلمہ جبروتی ہے۔ اور اسکو ملک کے ساتھ خصوصی نسبت ہے۔ جس کی وجہ سے یہ ملکوت پر جا لگتا ہے۔ کیونکہ عالم کی حقیقت سے اسے کوئی سروکار نہیں۔ ۲۔ جو شخص بوقت صبح طہارت کیساتھ **1000** ہزار مرتبہ کلمہ (**لا الہ الا اللہ**) پڑھے گا۔ تو اللہ تعالیٰ اس پر روزی کے اسباب آسان فرما دے گا۔ انشاءاللہ۔ ۳۔ جو شخص **1000** ہزار مرتبہ یہ کلمہ پڑھ کر سوئے۔ اسکی روح عرش کے نیچے پہنچ کر استراحت کرتی ہے۔ اور اگر دوپہر کے وقت **1000** بار پڑھ لے۔ تو اسکے باطن سے غلبہ شیطانی جاتا رہے گا۔ اور نفسِ امارہ بھی کمزور ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ ۴۔ جو شخص نیا چاند دیکھتے وقت **1000** ہزار مرتبہ کلمہ پڑھ لے۔ تو وہ جملہ بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ ۵۔ جو شخص شہر میں داخل ہونے کے وقت **1000** بار پڑھے گا۔ تو اللہ تعالیٰ اسکو تمام خوفناک چیزوں سے محفوظ رکھے گا انشاءاللہ۔ ۶۔ جو شخص اطمینان اور حضور قلب سے **1000** بار پڑھے گا۔ کسی سرکش، ظالم و جبار کی طرف دم کرے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کو برباد، نیست ونابود (بلکہ ہلاک) کردے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ ۷۔ جو شخص **1000** مرتبہ اس قصد سے پڑھے گا۔ کہ اس پر غیب کی باتیں ظاہر ہونے لگیں۔ تو اللہ تعالیٰ اس پر ملک وملکوت کے پردے کھول دے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ ۸۔ جو شخص کلمہ کو **7000** ہزار مرتبہ پڑھے گا۔ تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل کرے گا۔ انشاءاللہ۔ (بمطابق حدیثِ نبوی ﷺ! جس کا بوقتِ رخصت آخری کلام ''لا الہ الا اللہ'' ہوگا۔ تو اس کی (لازمًا) بخشش ہوگی) ۹۔ جو شخص کلمہ کو ہر نماز کے بعد صد مرتبہ اور رات کو سونے سے پہلے ایک ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے۔ اور اس کی نیت اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کا حصول اور درجہ شہادت مقصود ہو۔ تو وہ ضرور شہید ہوگا۔ ان شاءاللہ تعالیٰ۔ 10۔ اور جس شخص نے کسی شہر میں داخل ہونے سے پہلے **1000** بار پڑھے گا۔ تو وہ آفتوں اور فتنوں سے محفوظ رہے گا۔ ان شاء اللہ۔ 11۔ جو شخص کلمہ کو **7000** ہزار مرتبہ پڑھے گا۔ تو اللہ تعالیٰ اس کی ہر (جائز ومتشرع) حاجت پوری فرما دے گا۔ ان شاءاللہ۔ 12۔ جو شخص کلمہ (لا الہ الا اللہ) کو **1000** ہر نماز کے بعد ہزار مرتبہ پڑھے گا۔ اور ایک برس تک یہی عمل جاری رکھے۔ تو وہ شخص یقینی طور پر جنتی ہوگا۔

گر زِ عشقت خبری ہست بگو اے واعظ ورنہ خاموش کہ ایں شور و فغاں چیزے نیست

بندہء عشق شدی، ترک نسب کن جامیؒ کہ دریں راہ فلاں ابنِ فلاں چیزے نیست

ھل جزاء الاحسان الا الاحسان '' کے معنیٰ ''**لا الہ الا اللہ**'' کے ہیں۔ (اور) عقل کی پختگی وشعور کی علامت اسی کلمہ کی معرفت کے بعد صرف اسی ذکر پر اکتفاء کرنا ہی ہے۔ (اور) **لا الہ الا اللہ** میرا قلعہ ہے۔ جو اس میں داخل ہوگا۔ (بمطابق حدیثِ قدسی)

ذکر و فوائد کلمہ طیبہ : (بمطابق حضرت پیر سید وارث علی شاہ جیلانی القادریؒ)

طریقت کے اربعہ سلاسل یعنی قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ اور سہروردیہ میں اللہ تعالیٰ تک رسائی کے لئے مراقبہ میں کلمہ طیبہ کے ذکر کو خصوصی اہمیت حاصل ہے۔ اس کے بغیر تصوف ومعرفت اور عرفان ربانی کی کوئی منزل بھی طے نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ یہ ذکر دراصل اصل الاصول اور اساس وبنیاد ہے۔

جس کا آسان اور سہل طریقہ یہ ہے۔ کہ! بحالت تنہائی باوضو قبلہ رخ چار زانو بیٹھ کر دل پر **اللہ** لکھا ہوا تصور کرے۔ اور **لا** کو ناف سے دائیں طرف سے ہوتا ہوا دماغ کی طرف **الہ** لے جا کر دل پر **الا اللہ** کی ضرب مارو دو تسبیح اسی طرح سے پوری کرنی ہیں۔ پھر بائیں طرف سر جھکا کر **الا اللہ** کی چار تسبیحات کی ضربات لگاؤ۔ بعدازاں **اللہ** کی چھ تسبیحات کی ضربات لگاؤ۔ اور دل پر یہ خیال ہو۔ کہ عرش سے نورانی انوارات وتجلیات کی بارش ہو رہی ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ اس ذکر کلمہ طیبہ سے تصوف ومعرفت اور عرفان ربانی کے تمام مقامات اور منازل پر کامل عبور حاصل ہو جائے گا۔ انشاءاللہ العظیم۔

دامان نگاہ تنگ گل حسن تو بسیار گل چین بہار تو زِ دامان گلہ دارد

کلمہ طیبہ کے متعلق عجیب و غریب فضائل و خواص : (بمطابق حضرت شیخ اکبر ابن عربی اندلسی ؒ)

کتاب ''فتوحاتِ مکیہ'' میں آیا۔کہ! کلمہ ''لا الہ الا اللہ'' سب سے بہتر ذکر ہے۔کیونکہ یہ(کلمہ) مزید علوم پر مشتمل ہے۔آنخضور نبی مکرم ﷺ نے ارشادفرمایا۔سب سے بہتر بات جومیں نے اور مجھ سے پہلے (جملہ رسولوں اور) انبیاءؑ نے بیان کی۔وہ ''لا الہ الا اللہ'' ہی ہے۔یہ ایک ایسا کلمہ ہے۔جس نے نفی اوراثبات کواکٹھا کیا۔اورتقسیم اس کی محدود ہے۔اس کلمے کے چھپے خزانوں کوصرف وہی جانتا ہے۔جس اس کے وزن سے واقف ہے۔ایک صحیح حدیث قدسی میں آیا ہے۔کہ! اگر میرے علاوہ ساتوں آسمان اوران میں رہنے والے،ساتوں زمیں اوران میں بسنے والے،(اگرچہ) ایک پلڑے میں ہوں۔اور'' لا الہ الا اللہ '' دوسرے پلڑے میں ہو۔تو (یہ کلمہ یعنی)'' لا الہ الا اللہ ''ان سب پر بھاری ہوگا۔

جہاں تک گناہوں کے پلندے والے شخص کاتعلق ہے۔تواس کا پلڑا اس رقعہ(جس میں یہ کلمہ'' لا الہ الا اللہ '' ہوگا) سے جُھکا۔کیونکہ اس نے میزان کوبھردیا۔وہ اس طرح کہ! کہنے والے نے'' لا الہ الا اللہ '' کہا۔توفرشتے نے اسے لکھ لیا۔

حضرت جناب نبی مکرم ﷺ سے ایک غریب سند کے ساتھ ایک روایت کامفہوم ہے۔کہ! جس نے ستر ہزار مرتبہ '' لا الہ الا اللہ ''پڑھا۔تو یہ کلمہ اسے (جہنم کی) آگ سے بچالے گا۔(ان شاءاللہ) یادرہے۔کہ! متعددلوگوں نے اس کا تجربہ کیا۔تو واقعتاً اس عمل کوپُرتاثیرومجرب پایا۔

پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الہ الا اللہ   کون ہمارے رہنما، محمد رسول اللہ

طریقہء ذکرِ تہلیلی : (کلمہء طیبہ کے مختلف حصص کو تمام لطائف کی سَیر کرانا)

اس طریقہءعظیمہ سے ذکرکلمہءطیبہ کوتمام لطائف سے گزارا جاتا ہے۔اس کا طریقہ یہ ہے۔کہ! کلمہ طیبہ''لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ''کوکوساتوں لطائف سے اس طرح گذارو۔کہ! ''لا ''کودل (لطیفہءقلب) سے روح (لطیفہءروح) تک کھینچیں۔اور''الہ ''کوروح (لطیفہءروح) سے خفی اخفی (لطیفہءخفی اخفی) پرلاکرسر(لطیفہءسر) میں داخل کرے۔اورپھردل (لطیفہءقلب) پر''الا اللہ ''کی قوت وشدت سے ضرب لگائے۔اورذکرزبان سے متوسط آواز کے ساتھ کرے۔اس ذکرکوسات مرتبہ کرنے کے بعدنفس (لطیفہءنفس) کے مقام (یعنی ناف پر) آنخضرت ﷺ کے اسمِ مبارک کے پہلے حرفِ مقدس (یعنی م) کاتصوروتخیل کرکےکلمہ'مُحمد رسول اللہ ''کوپیشانی پرکھینچ کراپنی بینی میں سے گذارتاہوااسمِ ذات''اللہ''کومنہ کے سامنے لاکرختم کرے۔اورمکمل کوشش کے ساتھ یہ پوراذکرفقط ایک ہی سانس میں کرنے کی حتی المقدورسعی کرے۔

چھ گھاٹیاں : حضرت خواجہ ابراہیم ادہمؒ نے فرمایا۔کہ! کوئی شخص اس وقت تک مَردوں کے درجہ تک نہیں پہنچ سکتا۔ جب تک کہ وہ چھ گھاٹیاں عبورنہ کرلے۔ اول: آسان طلبی کا دروازہ خود بندکرلے۔اورسختی ومشقت کا دروازہ خودپرکھول لے۔ دوئم۔عزت کا دروازہ خودپر بندکرلے۔اورذلت ورسوائی کا دروازہ خودپرکھول لے۔سوئم: آرام وآسائش کا دروازہ خودپر بندکرلے۔اورغم ورنج کا دروازہ خودپرکھول لے۔ چہارم: نیندخودپرحرام کرلے۔اورہمیشہ بیداررہے۔ پنجم: دولت مندی کا دروازہ خودپر بندکرلے۔اورفقرکا دروازہ خودپرکھول لے۔ ششم: زیست (زندگی) کا دروازہ خودپر بندکرلے۔اورہمیشہ موت کے لئے ہمیشہ آمادہ ومستعدرہے۔ بقولِ شاعر!

جانے دارم کہ بارِ عشق تُو کشد   تا دَر سر کارت نشود نگریزم

(مَیں وہ جان رکھتا ہوں۔جوآپ کےعشق کا باراُٹھاتی رہے۔جب تک کہ یہ جان آپ کے کام نہ آجائے۔اس وقت تک مَیں پیچھے نہیں ہٹوں گا)

کلمہ طیبہ کے متعلق ایک عجیب و غریب نقطہ : (بمطابق حضرت حجۃ المسلمین امام غزالیؒ)

حضرت امام غزالیؒ اپنے ایک مکتوب میں فرماتے ہیں۔کہ! ''لا الہ الا اللہ'خواص کی توحید ہے۔جبکہ '' لا ھو الا ھو ''خواص کی توحید ہے۔اور لاھو الا ھو میں لا الہ الا اللہ کے جملہ معنی مضمر ہیں۔لیکن اس میں زیادتی ہے۔جوکہ سوائے خواص کے کسی عام شخص کوسمجھ نہیں آسکتی۔کیونکہ عوام اس کے سمجھنے سے یکسر قاصر ہیں۔کسی عارف نے کہا ہے۔کہ! ربوبیت کے بھید کو ظاہر کرنا کفر ہے۔کیونکہ ربوبیت کے بھیدوں میں کچھ اس قسم کے اسرار و رموز پنہاں ہوتے ہیں۔کہ جن کوعوام الناس کونہیں سمجھ سکتے۔(یادرہے۔کہ!) ولایت میں جب کسی کو فتوۃ حاصل ہوجاتی ہے۔تواس کا سلام''ھو''ہوتا ہے۔اورجواب بھی''ھو''ہوتا ہے۔یہ بھی ایک راز ہے۔

دس چیزیں دس چیزوں کو کھا جاتی ھیں : ایک بزرگ کا قول ہے۔کہ! دس چیزیں دس چیزوں کوکھا جاتی ہیں۔

☆ توبہ گناہ کو۔ ☆ جھوٹ برکت کو۔ ☆ چغلی پردہ پوشی کو۔ ☆ غم عمرکو۔ ☆ صدقہ بلا کو۔ ☆ غصہ عقل کو۔ ☆ بخل سخاوت کو۔ ☆ تکبرعلم کو۔ ☆ نیکی بدی کو۔ ☆ ظلم عدل کو۔ وہ بزرگ فرماتے ہیں۔مَیں یہ باتیں ہرطالبِ حق کوبتاتا ہوں۔تاکہ وہ ان پرعمل پیرا ہوکررب کوپہچانے اورقربِ الٰہی تک جاپہنچے۔اورمیرے لئے بھی دُعائے خیرکرے۔غیرپربالکل نگاہ نہ کرے۔نہ ہی غیراللہ سے امیدلگائے۔

کیا مفت کا زاہدوں نے الزام لیا   تسبیح کے دانوں سے عبث کام لیا

کیا لطف جو گن گن کے تیرا نام لیا   یہ نام وہ ہے کہ جس کو بے گنتی لیں

پانچ اہم ترین اشکالات (ملکِ روم کے بادشاہ کے سوالات درخدمتِ حضرت امیر معاویہؓ):

ملک روم کے بادشاہ نے امیر المؤمنین حضرت سیدنا امیر معاویہؓ کی خدمت اقدس میں ایک خط ارسال کیا جس میں سات سوالات پیش کئے گئے تھے۔ ا۔ **افضل کلمہ کون سا ہے؟** اور اس کے بعد دوسرا ،تیسرا ، چوتھا اور پانچواں (افضل کلمہ) کون سا ہے۔ (اس کے علاوہ چھ اور سوالات بھی تھے بہرحال) جب امیر المؤمنین حضرت سیدنا امیر معاویہؓ نے یہ خط پڑھا تو آپؓ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس کو (یعنی ملک روم کے بادشاہ کو) ذلیل کرے ہمیں ان باتوں کا (یعنی سات سوالوں) کا کیا علم؟ پھر آپؓ کو کسی نے مشورہ دیا کہ آپؓ حضرت عبداللہ ابن عباسؓ کو خط لکھ کر (ان سات سوالوں کے جوابات) معلوم کر لیجئے چنانچہ آپؓ نے حضرت عبداللہ بن عباسؓ کی خدمت اقدس میں خط بھیجا تو وہاں سے یہ جوابات موصول ہوئے۔

ا. افضل کلام ،کلمہ اخلاص یعنی کہ **لا الہ الا اللہ** ہے (کیونکہ) اس (عمل) کے بغیر کوئی عمل نیک ومقبول نہیں ہوتا۔ ۲. دوسرے نمبر پر **سبحان اللہ و بحمدہ** ہے جو (کہ) اللہ تعالیٰ کی رحمت لانے میں معین ہے۔ ۳۔ تیسرے نمبر پر کلمہ شکر **الحمد للہ** ہے۔ ۴۔ چوتھے نمبر پر **اللہ اکبر** ہے۔ ۵۔ پانچویں نمبر پر **لا حول ولا قوۃ الا باللہ** ہے۔

ہزار بار بشوئم دہن بمشک و گلاب ہنوز نام تُو گفتن کمال بے ادبی است

دعائے عظیم البرکت وکثیر الفوائد برائے حصولِ مراتبِ عارفین:

ایک مرتبہ حضرت اسرافیلؑ ،جناب حضرت نبی مکرم ﷺ کے پاس اُتر آئے۔اور کہا۔کہ! **سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم عدد ما علم اللہ ومثل ما علم اللہ** ۔پڑھے۔جو کوئی اس (دُعائے) کو ایک مرتبہ پڑھے گا۔تو اللہ تعالیٰ اس کو ان لوگوں کے زمرے میں لکھے گا۔جو اللہ تعالیٰ کی بکثرت یاد کرنے والے ہیں۔اور وہ دن ورات اللہ تعالیٰ کی یاد میں لگے رہنے والوں سے بھی افضل ہو جائے گا۔اور یہ کلمات (دعائے مبارکہ) اس کے لئے نہالِ جنت بن جائیں گے۔اور جس طرح کہ درخت کے پتے جھڑتے ہیں۔اسی طرح اس کے گناہ جھڑ جائیں گے۔اور اللہ تعالیٰ کی اُس پر نظر رہے گی۔اور (اللہ تعالیٰ) اُس کو دوزخ کا عذاب نہ دے گا۔

شورے شد و از خوابِ عدم چشم کشودیم دیدم کہ باقیست شبِ فتنہ ، غنودیم

دُعا شروع کرنے کا مسنون طریقہ نبویہ ﷺ :

سرکارِ مدینہ آنحضرت ﷺ اس طرح دُعا شروع فرمایا کرتے تھے۔ **سبحان ربی العلی الا علی الوھاب**۔(مسند امام احمد بن حنبل)

☆ **دُعائے مغفرت** : نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔جو شخص نیند سے بیدار ہوتے وقت پڑھا کرے۔

سبحانک لا الہ الا انت فاغفرلی۔ تو گناہوں سے ایسے نکل آتا ہے۔جیسے سانپ اپنی کینچلی سے۔

احادیث نبویہ ﷺ :

کیا مَیں تم کو روزہ ،صدقہ اور نماز سے افضل چیز نہ بتاؤں ؟ لوگوں نے عرض کیا۔کیوں نہیں (یارسول اللہ ﷺ)! آپ ﷺ نے فرمایا۔وہ آپس کی بگاڑ کی اصلاح ہے۔اور آپس میں پھوٹ ڈالنا ہی مونڈنے والی چیز ہے۔ ☆ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔کہ! جلدی جلدی نیک اعمال کرلو۔عنقریب اندھے فتنے آنے والے ہیں۔جن میں ایک شخص صبح کو مومن ہوگا۔تو شام کو دِین (اسلام) سے پھر جائے گا۔اگر شام کو مومن ہوگا۔تو صبح تک کافر ہو جائے گا۔اور اپنے دِین کو حقیر دنیا کی خاطر بیچتا رہے گا۔(صحیح مسلم) ☆ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔کہ! مہمان اپنا رزق لے کر آتا ہے۔اور کھلانے والے کے گناہ لے کر جاتا ہے۔اور ان کے گناہ مِٹا دیتا ہے۔ ☆ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔کہ! **یأتی علی الناس زمان یجتمعون فی مسا جد ھم . لیس فیھم مؤ من** ۔ لوگوں پر (ایک) ایسا زمانہ (بھی) آئے گا۔کہ وہ مساجد میں (تو) اکٹھے ہوں گے۔لیکن اُن میں سے کوئی بھی مومن نہیں ہوگا۔ ☆ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔کہ! اللہ تعالیٰ نے ہر بیماری کا علاج بھی پیدا کیا ہے۔ (صحیح بخاری۔ صحیح مسلم) ☆ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔کہ! اے اللہ تعالیٰ کے بندو! علاج کراؤ۔کہ اللہ تعالیٰ نے ہر بیماری کا علاج بھی پیدا کیا ہے۔سوائے بڑھاپے کے۔(جبکہ ایک اور روایت میں بڑھاپے کے بجائے مَوت کا لفظ آیا ہے) ☆ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔کہ! ہر مرض کا علاج ہے۔جب مقررہ دَوا مل جائے۔تو مریض شفایاب ہو جاتا ہے۔ ☆ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔کہ! عورت جب پانچوں نمازیں ادا کرے۔اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرے۔اور اپنے شوہر کی اطاعت کرے۔تو جنت کے جس (بھی) دروازے سے چاہے،داخل ہو جائے۔ (جملہ عورتوں کے لئے تین آسان ترین کاموں سے جنت کا حصول بھی نہایت سہل ہے)

حدیثِ قدسی :

رسول اللہ ﷺ کو حضرت جبرائیلِ امینؑ نے آکر فرمانِ الٰہی سنایا۔(اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔) کہ! مَیں تین چیزوں کو دوست رکھتا ہوں۔ تو بہ کرنے والا جوان۔رونے والی آنکھ۔اور خشوع (رکھنے) والا قلب۔

نہ دنیا سے نہ دولت سے نہ گھر آباد کرنے سے تسلی دل کو مِلتی ہے خُدا کو یاد کرنے سے

موت علی الایمان :(از کتاب لطائف المنن ۔سیدی عبدالوہاب الشعرانیؒ)

طریقہ اول : میں نے حضرت سیدی عبدالقادر الدشطوطیؒ کو فرماتے سنا کہ! ابوادریس الخولانیؒ کی مجلس وعظ میں حضرت خضر نبیؑ تشریف فرمایا کرتے تھے۔ اور جب مجلس سے فارغ ہوتے۔تو آپؒ سے گفتگو فرماتے تھے۔پس ایک دن ابوادریسؒ نے عرض کی۔یا نبی اللہؑ ! بندہ (ایسا) کون سا عمل کرے؟ کہ! اللہ تعالیٰ اسے ایمان پر موت عطا فرمائے۔تو حضرت خضر نبیؑ نے فرمایا۔کہ مجھے ایک لاکھ انبیاء علیہم الصلوات والتسلیماتؑ سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا ہے۔اور میں نے بھی ان تمام انبیاءؑ سے یہی سوال کیا۔لیکن انہوں نے مجھے جواب نہیں دیا۔یہاں تک کہ مجھے نبی آخرالزماں ﷺ کی ملاقات کا شرف بھی نصیب ہوا۔پس میں نے آپ ﷺ سے یہی سوال کیا۔تو آپ ﷺ نے فرمایا۔کہ جو شخص نماز فجر ادا کرے۔اور **آیت الکرسی** ،آخر سورہ بقرہ (**امن الرسول بما انزل** ۔۔آخر تک) اور **شھد اللہ انہ ۔۔۔ تشآء بغیر حساب** (سورۃ ال عمران نمبر ۱۸ تا نمبر ۲۷ تک) پڑھے۔(یعنی ان تینوں کو پڑھنے سے ایمان پر موت نصیب ہوگی۔انشاءاللہ العظیم) یہ تینوں آیات اِسی کتاب کے آخر میں دِی گئی ہیں۔(قارئین کی آسانی کے لئے مذکورہ آیات یہاں دی جاتی ہیں)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۚ لَا تَاۡخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا نَوۡمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَہٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡہِمۡ وَ مَا خَلۡفَہُمۡ ۚ وَ لَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرۡسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ ۚ وَ لَا یَـُٔوۡدُہٗ حِفۡظُہُمَا ۚ وَ ہُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ ۝ لَاۤ اِکۡرَاہَ فِی الدِّیۡنِ ۟ۙ قَدۡ تَّبَیَّنَ الرُّشۡدُ مِنَ الۡغَیِّ ۚ فَمَنۡ یَّکۡفُرۡ بِالطَّاغُوۡتِ وَ یُؤۡمِنۡۢ بِاللّٰہِ فَقَدِ اسۡتَمۡسَکَ بِالۡعُرۡوَۃِ الۡوُثۡقٰی ٭ لَا انۡفِصَامَ لَہَا ؕ وَ اللّٰہُ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ ۝ اَللّٰہُ وَلِیُّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا ۙ یُخۡرِجُہُمۡ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوۡرِ ؕ وَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡۤا اَوۡلِیٰٓـُٔہُمُ الطَّاغُوۡتُ ۙ یُخۡرِجُوۡنَہُمۡ مِّنَ النُّوۡرِ اِلَی الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِکَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ ہُمۡ فِیۡہَا خٰلِدُوۡنَ ☆ (آیات الکرسی شریف)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ اٰمَنَ الرَّسُوۡلُ بِمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡہِ مِنۡ رَّبِّہٖ وَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ؕ کُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَ مَلٰٓئِکَتِہٖ وَ کُتُبِہٖ وَ رُسُلِہٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَیۡنَ اَحَدٍ مِّنۡ رُّسُلِہٖ ۟ وَ قَالُوۡا سَمِعۡنَا وَ اَطَعۡنَا ٭۫ غُفۡرَانَکَ رَبَّنَا وَ اِلَیۡکَ الۡمَصِیۡرُ ۔ لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفۡسًا اِلَّا وُسۡعَہَا ؕ لَہَا مَا کَسَبَتۡ وَ عَلَیۡہَا مَا اکۡتَسَبَتۡ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَاۤ اِنۡ نَّسِیۡنَاۤ اَوۡ اَخۡطَاۡنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تَحۡمِلۡ عَلَیۡنَاۤ اِصۡرًا کَمَا حَمَلۡتَہٗ عَلَی الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَۃَ لَنَا بِہٖ ۚ وَ اعۡفُ عَنَّا ٝ وَ اغۡفِرۡ لَنَا ٝ وَ ارۡحَمۡنَا ٝ اَنۡتَ مَوۡلٰىنَا فَانۡصُرۡنَا عَلَی الۡقَوۡمِ الۡکٰفِرِیۡنَ ۔(سورہ بقرہ۔آخری آیات)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ شَہِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۙ وَ الۡمَلٰٓئِکَۃُ وَ اُولُوا الۡعِلۡمِ قَآئِمًۢا بِالۡقِسۡطِ ؕ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ☆ اِنَّ الدِّیۡنَ عِنۡدَ اللّٰہِ الۡاِسۡلَامُ ۟ وَ مَا اخۡتَلَفَ الَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡکِتٰبَ اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَہُمُ الۡعِلۡمُ بَغۡیًۢا بَیۡنَہُمۡ ؕ وَ مَنۡ یَّکۡفُرۡ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ فَاِنَّ اللّٰہَ سَرِیۡعُ الۡحِسَابِ ☆ فَاِنۡ حَآجُّوۡکَ فَقُلۡ اَسۡلَمۡتُ وَجۡہِیَ لِلّٰہِ وَ مَنِ اتَّبَعَنِ ؕ وَ قُلۡ لِّلَّذِیۡنَ اُوۡتُوا الۡکِتٰبَ وَ الۡاُمِّیّٖنَ ءَاَسۡلَمۡتُمۡ ؕ فَاِنۡ اَسۡلَمُوۡا فَقَدِ اہۡتَدَوۡا ۚ وَ اِنۡ تَوَلَّوۡا فَاِنَّمَا عَلَیۡکَ الۡبَلٰغُ ؕ وَ اللّٰہُ بَصِیۡرٌۢ بِالۡعِبَادِ ۝ اِنَّ الَّذِیۡنَ یَکۡفُرُوۡنَ بِاٰیٰتِ اللّٰہِ وَ یَقۡتُلُوۡنَ النَّبِیّٖنَ بِغَیۡرِ حَقٍّ ۙ وَّ یَقۡتُلُوۡنَ الَّذِیۡنَ یَاۡمُرُوۡنَ بِالۡقِسۡطِ مِنَ النَّاسِ ۙ فَبَشِّرۡہُمۡ بِعَذَابٍ اَلِیۡمٍ ۝ اُولٰٓئِکَ الَّذِیۡنَ حَبِطَتۡ اَعۡمَالُہُمۡ فِی الدُّنۡیَا وَ الۡاٰخِرَۃِ ۫ وَ مَا لَہُمۡ مِّنۡ نّٰصِرِیۡنَ ۝ اَلَمۡ تَرَ اِلَی الَّذِیۡنَ اُوۡتُوۡا نَصِیۡبًا مِّنَ الۡکِتٰبِ یُدۡعَوۡنَ اِلٰی کِتٰبِ اللّٰہِ لِیَحۡکُمَ بَیۡنَہُمۡ ثُمَّ یَتَوَلّٰی فَرِیۡقٌ مِّنۡہُمۡ وَ ہُمۡ مُّعۡرِضُوۡنَ ۝ ذٰلِکَ بِاَنَّہُمۡ قَالُوۡا لَنۡ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّاۤ اَیَّامًا مَّعۡدُوۡدٰتٍ ۪ وَ غَرَّہُمۡ فِیۡ دِیۡنِہِمۡ مَّا کَانُوۡا یَفۡتَرُوۡنَ ۝ فَکَیۡفَ اِذَا جَمَعۡنٰہُمۡ لِیَوۡمٍ لَّا رَیۡبَ فِیۡہِ ۟ وَ وُفِّیَتۡ کُلُّ نَفۡسٍ مَّا کَسَبَتۡ وَ ہُمۡ لَا یُظۡلَمُوۡنَ ۝ قُلِ اللّٰہُمَّ مٰلِکَ الۡمُلۡکِ تُؤۡتِی الۡمُلۡکَ مَنۡ تَشَآءُ وَ تَنۡزِعُ الۡمُلۡکَ مِمَّنۡ تَشَآءُ ۫ وَ تُعِزُّ مَنۡ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنۡ تَشَآءُ ؕ بِیَدِکَ الۡخَیۡرُ ؕ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ۝ تُوۡلِجُ الَّیۡلَ فِی النَّہَارِ وَ تُوۡلِجُ النَّہَارَ فِی الَّیۡلِ ۫ وَ تُخۡرِجُ الۡحَیَّ مِنَ الۡمَیِّتِ وَ تُخۡرِجُ الۡمَیِّتَ مِنَ الۡحَیِّ ۫ وَ تَرۡزُقُ مَنۡ تَشَآءُ بِغَیۡرِ حِسَابٍ ۝

حضرت عمر فاروقؓ کے بیٹے حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے آپؓ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس عمل کے متعلق پوچھا کہ جو بندے کے ایمان کی حفاظت کرتا ہے۔ تو رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ جو چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس پر ایمان کی حفاظت فرمائے۔ یہاں تک کہ وہ قیامت کے دن اس کی (اللہ تعالیٰ کی) ملاقات کا شرف پاوے تو اسے چاہیے کہ ہر شب سنت مغرب کے بعد کوئی بات کرنے سے پہلے دو رکعت (اس طرح) پڑھے ہر رکعت میں **فاتحه الکتاب** ایک مرتبہ، **سورۃ قدر** ایک مرتبہ، **سورۃ اخلاص** ایک مرتبہ اور ایک مرتبہ **سورۃ فلق** اور ایک مرتبہ **سورہ والناس** پڑھے۔ اور پھر اپنی بقایا نماز مکمل کرے اور بعد نماز بنا کسی سے بات چیت کئے بحالت تشہد 100 مرتبہ **سبحٰن الله و بحمده** پڑھ کر 11 مرتبہ **یا حی یا قیوم ثبتنی علی الایمان و ثبت قدمی علیٰ دینک. ان الدین عند الله الاسلام. و الحقنی بالصا لحین. یا هادی اهدنا الصراط المستقیم. صراط الذین انعمت علیهم** ۔ پڑھیں پس اللہ تعالیٰ اس پر اس کے ایمان کی حفاظت فرمائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ حتیٰ کہ وہ قیامت کے دن اس کے (یعنی اللہ تعالیٰ کے) حضور حاضر ہو جائے۔ یہ عمل لطائف المنن اور حیاۃ الحیوان میں مذکور ہے۔ (اللہ تعالیٰ عبارتِ متن میں کمی بیشی معاف فرمائے۔ آمین)

دلم پاک است و مذہب پاک دارم　　　　فریق راست، راہ راست دارم

طریقہ دوئم : کہ حکیم ترمذی بیان فرماتے ہیں۔ کہ میں نے رب ذوالجلال کو ہزار مرتبہ خواب میں دیکھا۔ اور عرض کی۔ اے میرے مولا کریم! میں زوالِ ایمان سے خائف ہوں۔ ارشاد ہوا کہ اس دعا کو (معہ تسمیہ) فجر کے سنت اور فرض کے مابین پڑھا کر۔

اَللّٰهُمَّ بِحُرْمَةِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ وَاَخِيْهِ وَجَدِّهٖ وَاَبِيْهِ وَاُمِّهٖ وَبَنِيْهِ نَجِّنِيْ مِنَ الْهَمِّ وَالْغَمِّ اَلَّذِيْ اَنَا فِيْهِ يَاحَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَاحَنَّانُ يَامَنَّانُ يَابَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَسْئَلُكَ اَنْ تُحْيِيَ قَلْبِيْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِكَ حَتّٰى اَعْرِفَكَ حَقَّ مَعْرِفَتِكَ كَمَا يَنْبَغِيْ اَنْ تَعْرِفَ بِهٖ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا مُحْيِ الْمَوْتٰى يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ☆

مُخمساتِ عُشر :

حضرت فقیر پروفیسر جناب باغ حسین کمال اویسی نقشبندیؒ اپنی کتاب ''حالِ سفر'' از فرش تا عرش میں فرماتے ہیں۔ کہ! مَیں حضرت خضرؑ سے مسبعاتِ عشر کے وظیفہ کی اجازت کی غایت سے براہ راست آپؑ کی خدمتِ اقدس میں روحانی طور پر حاضر ہو کر اس کی اجازت و نسبت کی دوخواست کی۔ تو انہوں نے فرمایا۔ کہ! بیٹے! مَیں آپ کو اس کی اجازت نہیں دے سکتا۔ آپ براہِ راست آنحضور نبی مکرم ﷺ سے رجوع کیجئے۔ مَیں آزردہ خاطر تو ہوا۔ مگر دوسرے ہی لمحے حضور ﷺ کی خدمتِ اقدس میں پہنچ گیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! مَیں نے وظیفہء مسبعاتِ عشر کی اجازت حضرت خضرؑ سے چاہی ہے۔ مگر انہوں نے آپ ﷺ سے رجوع کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ اسی لئے حاضر خدمت ہو گیا ہوں۔ حضور ﷺ نے تبسم کرتے ہوئے فرمایا۔ بیٹے! مسبعات کے بجائے تمھیں مخمساتِ عشر کی اجازت و نسبت عطا کی جاتی ہے۔ پھر مندرجہ ذیل مخمساتِ عشر (پانچ پانچ مرتبہ پڑھی جانے والی دس چیزیں) کا وظیفہ عنایت فرمایا۔ **(5 مرتبہ)**

سورہ فاتحہ (5 مرتبہ)۔ سورہء کوثر (5 مرتبہ)۔ سورہء اخلاص (5 مرتبہ)۔ سورہ والناس (5 مرتبہ)۔ کلمہء طیبہ (5 مرتبہ)۔ کلمہء تمجید (5 مرتبہ)۔ استغفر الله ربی من کل ذنب و اتوب الیه (5 مرتبہ)۔ ربنا اٰتنا فی الدنیا حسنة و فی الآخرة حسنة و قنا عذاب النار (5 مرتبہ)۔ اللهم صل علیٰ محمد ن النبی و علیٰ اٰله و صحبه و بارک و سلم (5 مرتبہ)۔

پھر مَیں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! مجھے یہ نسبت و اجازت دوسروں تک منتقل کرنے کی اجازت عطا فرمائی۔ خواہ کوئی میرے حلقہء بیعت میں شامل نہ بھی ہو۔ اور جو بھی شخص اسے میری کتاب (حالِ سفر) سے پڑھے۔ یا کسی سے سنے۔ اسے اس کی نسبت نصیب ہو جائے۔ اور یہ فیض تا قیامت جاری رہے۔ حضور مکرم ﷺ نے ایک لمحے کے لئے جیسے آنکھیں بند کی ہوں۔ پھر آنکھیں کھولیں۔ اور شاباش کے انداز میرے کندھے کو تھپتھپاتے ہوئے فرمایا۔ بیٹے! مَیں تمھاری طلب پر خوش ہوں۔ مَیں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! جو شخص مخمساتِ عشر کو اپنائے گا۔ کیا اسے بھی مسبعاتِ عشر کے مطابق اَجر ملے گا؟ تو حضور ﷺ نے مسکراتے ہوئے فرمایا۔ ہاں! اسے مسبعاتِ عشر کی نسبت ایک سو ایک گنا زیادہ اَجر عطا کیا جائے گا۔ اللہ اکبر! بے اختیار میری زبان سے نکلا۔ **الحمد لله رب العالمین** ۔

جناب باغ حسین کمالؒ اپنی کتاب ''خطباتِ کمال'' کے صفحہ نمبر 124 پر فرماتے ہیں۔ کہ! مجھے جو کچھ مِلا۔ مَیں نے اس میں ساتھیوں کو شریک کر لیا۔ لہذا مجھے جو ''مخمساتِ عشر'' کی دس خصوصی نسبتیں عطا ہوئی ہیں۔ وہ (مجھے) 37 کروڑ (مرتبہ) درود شریف پڑھنے کے بعد (عطا) ہوئی تھیں۔ وہ مَیں ساتھیوں کو عطا کر رہا ہوں۔ یاد رہے۔ کہ! عمومی و خصوصی نسبت میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ لہذا ''مخمساتِ عشر'' کی عام لوگوں کو عمومی اور خاص لوگوں کو خصوصی نسبت حاصل ہے۔ ان (مخمساتِ عشر) کے طفیل ان میں روحانی ڈیوٹی کی انجام دہی کے لئے غیر معمولی صلاحیت و قوت پیدا ہو گی (ان شاءاللہ)

یہ (مخمساتِ عشر کا وظیفہ) دنیاوی معاملات میں بھی بہت معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ یہ مخمسات کا وظیفہ صبح و شام پورا کریں۔ آخرت کے لئے بھی اور دنیاوی مسائل کے حل کے لئے بھی بہت ضروری ہے۔ حضرت کمال صاحب فرماتے ہیں۔ کہ! آپ ﷺ نے فرمایا۔ کہ! جو اِن مخمسات کو پڑھے گا۔ اس کے دنیاوی مسائل کا بھی ازالہ ہو جائے گا۔ مخمسات کے وظیفے کے عامل کو کسی اور وظیفے کی ضرورت نہیں۔

خاک آپ کو سمجھنا اکسیر ہے تو یہ ہے　　　　اخلاق سب سے کرنا تسخیر ہے تو یہ ہے
سب کام اپنے کرنا تقدیر کے حوالے　　　　نزدیک عارفوں کے تدبیر ہے تو یہ ہے

مُسبعاتِ عشر (جامع الوظائف عظیم البرکتہ وکثیرالفوائد تحفہ):

مُسبعاتِ عُشر دراصل جناب حضرت خضر علی نبیّنا علیہ السلام نے حضرت سیدابراہیم تیمیؒ کوعطافرمایا تھا۔اوروصیت فرمائی تھی کہ روزانہ صبح وشام پڑھا کریں۔مزید یہ بھی ارشادفرمایا۔کہ انہیں یہ وظیفہ ہمارے پیارے رسول کریم جناب آقائے نامدار رسالت مآب ﷺ نے عطافرمایا تھا۔کہ اس کے بعد آپؑ نے اس وظیفہ کے فضائل اوراس کے عظیم الشان ہونے کا تذکرہ فرمایا۔پس کوئی ایسا سعادت مندانسان ہی اس پر ہمیشہ عمل کرسکتا ہے۔جس پراللہ تعالیٰ کی خصوصی نظرکرم ہو۔اسی وظیفہ ہی کے متعلق حضرت سیدنا سعید بن سعیدؓ سے بھی مروی ہے۔کہ حضرت سیدنا ابوطیبہؒ، جناب کرزبن وبرہؒ جوکہ ابدال تھے فرماتے ہیں۔کہ میرے ایک برادرمحترم ملک شام سے تشریف لائے۔اور مجھے ایک تحفہ عطا فرماتے ہوئے ارشادفرمایا،''اے کرزؒ، میری جانب یہ تحفہ عظیمہ قبول فرمالیں۔کیونکہ یہ ایک بہترین تحفہ ہے میں نے ان سے عرض کی اے میرے بھائی آپؒ کو یہ تحفہ کہاں سے ملا تو انہوں نے بتلایا کہ مجھے حضرت سیدنا ابراہیم تیمیؒ نے عطافرمایا کہ انہیں یہ تحفہ کس نے دیا تو انہوں نے بتایا کہ'' ہاں'' میں نے دریافت کیا تھا پس انہوں نے بتایا کہ ایک مرتبہ میں کعبہ مشرفہ کے صحن میں تسبیح وتحمیداورتہلیل میں مشغول تھا کہ ایک بزرگ نے میرے پاس آکرسلام کیا اور میرے دائیں جانب آکرتشریف فرما ہوئے میں نے ان سے زیادہ حسین چہرے،عمدہ لباس،گوری رنگت اوربہترین خوشبووالے کسی فردکو نہ دیکھا تھا چنانچہ میں نے ان سے دریافت کیا!اے بندہ ءخدا،آپؑ کون ہیں؟اورکہاں سے تشریف لائے ہیں۔تو انہوں نے بتایا کہ میں''خضرؑ'' ہوں میں نے دوبارہ پوچھا کہ میرے پاس کس غرض سے تشریف لائے ہیں تو انہوں نے فرمایا کہ!میں تو صرف آپؒ کوصرف سلام کرنے اورآپؒ کی پروردگارعالم سے جومحبت ہے۔اس کی وجہ سے آیا ہوں۔میں نے دریافت کیا کہ وہ کیا (تحفہ) ہے۔تو انہوں نے فرمایا کہ سورج طلوع ہونے پراس کی روشنی پھیلنے سے پہلے اوراسی طرح سورج کے غروب ہونے سے پہلے یہ وظیفہ پڑھا کریں۔

پڑھتے ہیں لوگ جو مسبعاتِ عشر پائیں گے اجر وہ سب بروز حشر

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ وَبَارِکۡ عَلٰی سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الۡاُمِّيِّ الۡكَامِلِ وَعَلٰی اٰلِهٖ كَمَالًا نِّهَايَةَ لِكَمَالِکَ وَعَدَدَ كَمَالِهٖ ۝ دس مرتبہ۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۝ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ ۝ اِيَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاکَ نَسۡتَعِيۡنُ ۝ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۝ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ۝ سات مرتبہ۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِکِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۝ الۡخَنَّاسِ ۝ الَّذِیۡ يُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝ سات مرتبہ۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۔ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۔ وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۔ وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الۡعُقَدِ ۔ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۔ سات مرتبہ۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمۡ يَلِدۡ ۝ وَلَمۡ يُوۡلَدۡ ۝ وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ سات مرتبہ۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ قُلۡ يٰۤاَيُّهَا الۡكٰفِرُوۡنَ ۝ لَاۤ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ ۝ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ۝ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ ۝ وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ۝ لَكُمۡ دِيۡنُكُمۡ وَلِیَ دِيۡنِ ۝ سات مرتبہ۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ اٰمَنَ الرَّسُوۡلُ بِمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡهِ مِنۡ رَّبِّهٖ وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ اَحَدٍ مِّنۡ رُّسُلِهٖ ۚ وَقَالُوۡا سَمِعۡنَا وَاَطَعۡنَا ۚ غُفۡرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَيۡکَ الۡمَصِيۡرُ ☆ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفۡسًا اِلَّا وُسۡعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتۡ وَعَلَيۡهَا مَا

اكْتَسَبَتْ ط رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ج رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا
حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وقفة وَاغْفِرْلَنَا
وقفة وَارْحَمْنَا وقفة اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۲۸۶ سات مرتبہ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم o اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۵ ج لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَهٗ مَا
فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ
وَمَا خَلْفَهُمْ ج وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَاشَآءَ ج وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ ج وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ج وَهُوَالْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ☆ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قف لا قَدْ تَّبَيَّنَ
الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ج فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ م بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ق
لَاانْفِصَامَ لَهَا ط وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ☆ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ
اِلَى النُّوْرِ ۵ ط وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوْتُ لا يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ط
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ج هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۲۵۷ سات مرتبہ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o سُبْحٰنَ اللّٰهِ ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ ۔ وَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۔ وَاللّٰهُ اَكْبَر ۔ وَلَا حَوْلَ
وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ o سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَ رَضَاءِ نَفْسِهٖ وَ زِيْنَةَ عَرْشِهٖ
وَ مِدَادَ كَلِمَاتِهٖ o سات مرتبہ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم o وَعَدَدَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ وَزِنَةَ مَاعَلِمَ اللّٰهُ وَ مِلاَ مَا عَلِمَ اللّٰهُ o

تین مرتبہ (شروع میں تسمیہ شریف)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم o تَبَرَّاْتُ مِنْ حَوْلِيْ وَقُوَّتِيْ وَالْجَاْتُ اِلٰى حَوْلِ اللّٰهِ فِيْ قُوَّتِهٖ فِيْ
جَمِيْعِ اُمُوْرِيَ الدِّيْنِيْ وَ دُنْيَايَ o ایک مرتبہ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم o اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ النَّبِيِّ
الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ تَسْلِيْماً بِقَدْرِ عَظْمَةِ ذَاتِكَ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ وَ حِيْنٍ o سات مرتبہ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم o اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَالِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ تَوَالَدَ وَارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ
صَغِيْرًا وَّ اغْفِرِ اللّٰهُمَّ لِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ
وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّعْوَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَاارْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ o سات مرتبہ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم o اَللّٰهُمَّ يَارَبِّ افْعَلْ بِيْ وَبِهِمْ عَاجِلاً وَّ اٰجِلاً فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا
وَالْاٰخِرَةِ مَا اَنْتَ لَهٗ اَهْل وَلَا تَفْعَلْ بِنَا وَ بِهِمْ يَامَوْلٰنَامَا نَحْنُ لَهٗ اَهْل اِنَّكَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ جَوَّادٌ،
كَرِيْمٌ، مَلِكٌ، بَرٌّ، رَؤُفٌ، رَّحِيْمٌ o سات مرتبہ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم o اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ بِرَاْفَتِكَ يَا نَافِعُ وَ مُرَافِعُ رَبَّنَا تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّ
اَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ o چھ مرتبہ۔

يَاجَبَّارُ (شروع میں ایک بار تسمیہ پھر ایک ہی سانس میں 21 مرتبہ ''یا جبار'' پڑھنا ہے)

(اس وظیفہ کے شروع میں حصولِ خیر و برکت اور رضائے الٰہی وخوشنودی رب ذوالجلال والاکرام کا سبب بننے کے لئے **درود پاک** اور **سورۃ کافرون** کے بعد **سورۃ بقرۃ** کی آخری آیات اس فقیر کی طرف سے اضافہ شدہ ہیں۔سورہ بقرہ کو شامل کرنے کی وجہ درحقیقت یہ حدیثِ نبوی ﷺ ہے۔کہ! صحیح مسلم میں روایت ہے۔کہ حضرت سیدنا ابن عباس ؓ فرماتے ہیں کہ حضرت جبرائیلِ امین ؑ بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں حاضر تھے کہ اُنہوں نے اپنے سر پر ایک آواز سُنی تو اوپر سر اُٹھایا اور عرض کیا۔یہ آسمان کا دروازہ ہے جو آج ہی کھولا گیا ہے اس سے پہلے کبھی نہیں کھولا گیا۔پھر اس سے ایک فرشتہ نیچے اُترا۔تو جبرائیل ؑ نے عرض کیا۔یہ ایک فرشتہ ہے جو زمین کی طرف اُترا ہے آج سے پہلے کبھی نہیں اُترا۔پھر اس فرشتے نے سلام کیا اور عرض کیا! یا رسول اللہ ﷺ! دونوروں کی خوشخبری لیجئے جو آپ ﷺ کو عطا کئے گئے ہیں اور آپ ﷺ سے پہلے کسی بھی نبی ؑ کو عطا نہیں ہوئے۔وہ (سورہ) فاتحہ اور (سورہ) بقرہ کی آخری آیات ہیں۔آپ ﷺ ان دونوں میں سے جو بھی حرف پڑھیں گے اس کے عوض آپ ﷺ پر عطائیں کی جائیں گیں۔(ان شاء اللہ العظیم)

ہے رضائے مصطفیٰ ﷺ میں رب کعبہ کی رضا — رب کعبہ کی رضا میں ہے رضائے مصطفیٰ ﷺ

اور پھر حضرت سیدنا خضر نبیؑ نے فرمایا کہ یہ خیال رکھیں کہ صبح و شام ان وظائف میں سے کوئی رہ نہ جائے حضرت سیدنا ابراہیم تمیمیؒ فرماتے ہیں۔کہ میں نے ان سے عرض کی کہ! میں چاہتا ہوں کہ آپؑ مجھے اس بات سے بھی آگاہ فرمائیں کہ آپؑ کو یہ عظیم تحفہ کس نے عطا فرمایا ہے؟ تو انہوں نے بتایا کہ مجھے یہ تحفہ وعطیہ سرکار مدینہ نبی آخری الزمان ﷺ نے عطا فرمایا ہے میں نے پھر عرض کی کہ مجھے اس کا اجر وثواب بھی بتائیں تو انہوں نے فرمایا کہ جب آپؒ کی ملاقات تاجدار رسالت مآب ﷺ سے ہو گی تو آپؒ خود ہی اس وظیفہ کا ثواب دریافت فرما لیجیے گا۔یقیناً وہ ﷺ آپؒ کو آگاہ فرما دیں گے۔

نہ ہندیم وَ نی افغانی و ترکیم — چمن زادیم و از یک شاخساریم

تمیزِ رنگ و بُو و نسل برما حرام اَست — کہ ما پروردہء یک (مذہبِ اسلام) نو بہاریم

حضرت سیدنا ابراہیم تمیمیؒ فرماتے ہیں کہ ایک دن انہوں نے خواب دیکھا کہ فرشتے ان کے پاس تشریف لائے اور انہیں اٹھا کر جنت میں داخل فرما دیا انہوں نے جنت کے انعامات و اکرامات بھی دیکھے اور جو کچھ دیکھا تھا اسکے اوصاف بھی بیان فرمائے اور پھر ارشاد فرمانے لگے کہ مجھے فرشتوں نے بتایا کہ! یہ سب کچھ اس کے لئے ہے جو ویسا ہی عمل کرے جو آپؒ کرتے ہیں۔اس کے بعد آپؒ فرماتے ہیں کہ میں نے جنتی پھل بھی کھائے۔اور فرشتوں نے مجھے جنتی مشروب بھی پلایا۔اس اثناء میں اللہ عزوجل کے محبوب نبی احمد مجتبیٰ ﷺ تشریف لائے۔اور آپ ﷺ کے ہمراہ ستر انبیاء کرام کے ساتھ ساتھ فرشتوں کی 70 قطاریں بھی تھیں۔اور ہر قطار مشرق سے مغرب تک طویل تھی۔آپ ﷺ نے مجھے السّلام علیکم فرمایا اور پھر میرا ہاتھ تھام لیا۔پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ! حضرت خضرؑ نے سچ کہا ہے۔انہوں نے جو کچھ بیان کیا ہے وہ حق ہے اور وہ اہل زمین کے عالم اور ابدالوں کے سردار ہیں۔نیز وہ زمین پر اللہ کے لشکر میں سے ہیں میں نے دوبارہ عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ جو یہ عمل کرے لیکن ان انعامات کا مشاہدہ نہ کر سکے جو میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھے تو کیا اسے بھی ویسے ہی نوازا جائیگا جیسے مجھے نوازا گیا ہے تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ! اس ذات کی قسم جس نے مجھے **حق** کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے یقیناً! رب قدوس ہر اس شخص کو بھی ان انعامات سے نوازے گا جو اس وظیفہ پر عمل کرنے والا ہو گا خواہ اس نے نہ تو میری زیارت کی ہو تو اور نہ ہی جنت کا مشاہدہ کیا ہو بلکہ پروردگار عالم اس کی تمام بڑی بڑی لغزشیں تک معاف فرما کر اس سے اپنی ناراضگی ختم فرما دے گا۔اور بائیں کندھے والے فرشتے کو حکم دے گا۔کہ سال بھر تک اس کی برائیاں نہ لکھنا اور اس ذات کی قسم! جس نے مجھے حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے یہ عمل صرف وہی شخص بجا لائے گا۔جس کو اللہ تعالیٰ نے سعادت مند وخوش بخت بنا کر پیدا کیا ہو گا۔اور اس عمل کو ترک بھی صرف وہی (شخص) کرے گا جو بد بخت ہو گا۔حضرت سیدنا اعمشؒ نے فرمایا کہ حضرت ابراہیم تمیمیؒ نے چار ماہ تک نہ تو کچھ کھایا اور نہ ہی کچھ پیا۔کیونکہ عین ممکن ہے کہ! اُن کی یہ حالت اس خواب کے بعد ہی ہوئی ہو۔(واللہ اعلم بالصواب)۔

حور و خیام سے گزر، بادہ و جام سے گزر — جس کا عمل ہے بے غرض، اس کی جزا کچھ اور ہے

اسنادِ مسبعاتِ عشر :

حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی تصنیف مبارکہ **غنیۃ الطالبین**'' میں، حضرت حجۃ الاسلام امام غزالیؒ نے **احیاء العلوم الدین** (جلد اول) اور **کیمیائے سعادت** وغیرہ میں حضرت امام اجل سیدنا شیخ ابو طالب مکیؒ نے **قوت القلوب** (جلد اول)، **دلیل العارفین** ملفوظات حضرت خواجہ غریب نواز معین الدین چشتیؒ، شیخ ابوالبرکات احمد بن محمد بن احمد بن ابی حامد العروی الازہری کی مشہور کتاب **صلوٰۃ الدردی**، امام احمد الصاوی المصیر کی **کتاب الاسرار الربانیہ والفیوضات الرحمانیہ** میں علامہ ابن عبدین شامیؒ نے **عقود اللآلی فی السانید المعالی** میں اور ان کی کتب کے علاوہ لاتعداد قیمتی کتب میں **مسبعات عشر** کے فوائد وفضائل درج ہیں۔

متاعِ بے بہا ہے درد و سوز و آرزو مندی — مقامِ بندگی دے کر نہ لوں شانِ خداوندی

مسبعاتِ عشر کی نعم البدل دُعا : حضرت قطب عالم سید جلال الملۃ والدین سرخ پوش بُخاریؒ نے فرمایا ہے۔ اگر فُرصت نہ ہو تو مسبعاتِ عشر کے بجائے کم ازکم سات مرتبہ یہ دعا پڑھ لیں۔ انشاءاللہ وہی فوائد حاصل ہونگے۔ (جو مسبعاتِ عشر میں مضمر ہیں) دعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ رَبِّیۡ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنۡتَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡکَرِیۡمِ عَلَیۡکَ تَوَکَّلۡتُ وَ اَنۡتَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ. لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ ۔ مَاشَاءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمۡ یَشَاۡ لَمۡ یَکُنۡ اَشۡھَدُ اَنۡ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَعۡلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ۔ وَاَنَّ اللّٰہَ قَدۡ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیۡءٍ عِلۡمًا وَّ اَحۡصٰی کُلَّ شَیۡءٍ عَدَدًا ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِکَ مِنۡ شَرِّ نَفۡسِیۡ وَ مِنۡ شَرِّ غَیۡرِیۡ وَ مِنۡ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنۡتَ آخِذٌ م بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیۡ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ o بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِہٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ o

اس عمل نبوی ﷺ کو مشہور و معروف کتاب **الدعاء للطبرانی** میں حدیث نمبر **343** کے تحت نقل فرماتے ہیں کہ! حضرت سیدنا ابودرداءؓ کے محلے میں ایک دفعہ آگ لگ گئی۔ کسی نے آپؓ کو خبر دی۔ کہ آپؓ کا گھر جل گیا ہے۔ آپؓ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ ایسا نہیں ہونے دے گا۔ انہیں تین مرتبہ یہ خبر دی گئی۔ مگر آپؓ (ہر بار) اس کے جواب میں یہی کہتے کہ اللہ تعالیٰ ایسا نہیں ہونے دے گا۔ پھر ایک شخص نے آکر بتایا۔ اے ابودرداءؓ محلے میں لگنے والی آگ جب آپؓ کے گھر کے قریب پہنچی تو بجھ گئی۔ یہ سن کر (آپؓ نے) فرمایا مجھے معلوم تھا۔ پوچھا گیا آپؓ کی بات حیران کن ہے۔ اصل معاملہ کیا ہے؟ فرمایا۔ میں نے سرور کائنات نبی آخر الزمان ﷺ کا یہ فرمانِ عالیشان سنا کہ جو شخص دن یا رات میں یہ کلمات (دعائے ابو درداءؓ) پڑھ لے گا اسے کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔ اور میں نے (یہ کلمات مبارکہ) پڑھ لئے تھے۔

وہیں آتے ہیں طائر، جہاں اُن کو مِلے دانا　　　　پسند آتا ہے اُن کو بھی سخی لوگوں کے گھر آنا

حضرت انس بن مالکؓ کی عظیم الشان دعا :

جو شخص صبح کے وقت یہ دعائے جلیلہ (معہ تسمیہ) پڑھے گا۔ اس کو شام تک کوئی بھی کسی قسم کا نقصان پہنچانے پر قادر نہیں ہوگا۔ اور اسی طرح جو بھی شخص شام کو اس دعا کو پڑھے گا۔ تو صبح تک اس پڑھنے والے کو کوئی بھی نقصان پہنچانے پر قادر نہیں ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اللہ اکبر . اللہ اکبر . اللہ اکبر . بسم اللہ علٰی نفسی و دینی . بسم اللہ علٰی اھلی و مالی . بسم اللہ علٰی کل شیء اعطانی ربی . بسم اللہ و باللہ . بسم اللہ خیر الاسماء بسم اللہ رب الارض ورب السماء . بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ داء ، بسم اللہ خیر الاسمآء بسم اللہ رب الارض والسمآء بسم اللہ لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم o بسم اللہ افتتحت و باللہ ختمت وبہ آمنت بسم اللہ اصبحت (شام کو وقت "امسیت" پڑھنا ہے) و علی اللہ توکلت ، ھو اللہ ، اللہ ربی لا اشرک بہ احدا . اسئلک بخیرک اللھم من خیرک الذی لا یعطیہ احد غیرک . عز جارک و جل ثناؤک ولا الہ الا انت . اللھم اجعلنی فی عبادک و جوارک من کل سوء ، و من الشیطٰن الرجیم o اللھم انی استجیرک من جمیع کل شیء خلقت ، واحترس بک منھن واقدم بین یدی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ o اَللّٰہُ الصَّمَدُ o لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ o وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ o (سورہ اخلاص کو پڑھ کر سامنے پھونک ماریں) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ o اَللّٰہُ الصَّمَدُ o لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ o وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ سورہ اخلاص کو پڑھ کر پیچھے پھونک ماریں) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ o اَللّٰہُ الصَّمَدُ o لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ o وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ سورہ اخلاص کو پڑھ کر دائیں جانب پھونک ماریں) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ o اَللّٰہُ الصَّمَدُ o لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ o وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ o سورہ اخلاص کو پڑھ کر بائیں جانب پھونک ماریں) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ o اَللّٰہُ الصَّمَدُ o لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ o وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ o (سورہ اخلاص کو پڑھ کر اوپر کی طرف پھونک ماریں) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ o اَللّٰہُ الصَّمَدُ o لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ o وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ سورہ اخلاص کو پڑھ کر نیچے کی طرف پھونک ماریں)۔

دعائے عظیم البرکت وکثیر الفوائد برائے حفاظت از جن ومخلوقاتِ روحانیہ :

جو شخص ہمیشہ یہ دُعا (معہ تسمیہ) پڑھنے کا اہتمام کرتا رہے۔ وہ جنات وآسیب اور شیاطین سے محفوظ رہے گا۔ بلکہ مؤکلات اُس کی حفاظت و نگرانی کے لئے مقرر کر دئے جاتے ہیں۔ ان شاء اللہ۔ دُعا یہ ہے۔ **اٰمَنۡتُ بِاللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ وَحۡدَہٗ وَاعۡتَصَمۡتُ بِہٖ وَ کَفَرۡتُ بِالۡجِبۡتِ وَالطَّاغُوۡتِ۔ فَقَدِ اسۡتَمۡسَکَ بِالۡعُرۡوَۃِ الۡوُثۡقٰی ق لَا انۡفِصَامَ لَھَا ط وَاللّٰہُ سَمِیۡعٌ عَلِیۡمٌ o** (سورہ بقرہ۔ آیت نمبر **256**)

دُعائے ہفت کافی

یہ دعائے مبارکہ سلسلہ قادریہ کے علاوہ دیگر سلاسل میں بھی انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔

صاحب اقتباس الانوار، جناب شیخ محمد اکرم قدوسیؒ فرماتے ہیں۔کہ! یہ بات کتبِ معتبرہ سے ثابت ہے۔کہ! **دعائے کافی المهات** جسے دعائے قطب کہتے ہیں۔حضرت غوثِ پاکؒ کو اپنی والدہ ماجدہ سے ورثہ میں نصیب ہوئی تھی۔اور آپؒ کو جو کچھ ملا۔اس دعا کی برکت سے ملا۔

کتاب تحفۃ الراغبین (ایک قدیم کتاب، کہ جس کی فقیر (البلوشی) کو عرصہء دراز سے تلاش ہے۔مگر تا حال میسر نہ ہوسکی) میں یہ بھی لکھا ہوا ہے۔کہ! جب حضرت غوث پاکؒ نے سفر پر جاتے ہوئے اپنی والدہ سے الوداع کیا۔تو انہوں نے آپؒ کو یہ دعا تعلیم فرمائی۔اور فرمایا۔یہ چیز (دعائے قطب) مجھے آپؒ کے والد بزرگوار (سید ابی صالح موسیٰ جنگی دوستؒ) سے ملی ہے۔ان کا فرمان تھا۔کہ یہ چیز میرے بیٹے ابو محمد سید عبدالقادرؒ کو پہنچا دینا۔اَب مَیں تمھیں اس کی اجازت دیتا ہوں۔ بعض لوگ یہ کہتے ہیں۔کہ! آپؒ کے والد ماجد نے خود یہ چیز (یعنی دعائے قطب) ان کو عطا کی تھی۔اور وصیت کی تھی۔کہ نزولِ مصائب و بلا کے وقت یہ دعا لفظ قطب کے اعداد (111) کے مطابق پڑھنی چاہیئے۔کشائش حاصل ہوگی۔

دُعائے ہفت کافی معہ دعائے کلیہ کا ایک عجیب طریقہ :

بعض بزرگان میں حصول فیض کے لئے دعائے قطب یعنی دعائے ہفت کافی اور دعائے کلیہ کو ایک مقررہ و معینہ وقت پر وِرد کیا جاتا ہے۔اس کے بعد مراقبہ کیا جاتا ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ کا نور مکہ معظّمہ عین بیت اللہ شریف پر برس رہا ہے۔اور وہاں سے حجرِ اسود میں سے نکل کر گنبدِ خضراء میں داخل ہو رہا ہے۔اور گنبدِ خضراء سے دو روشنیوں (نیلی اور گلابی انوارات) کی صورت میں نکل کر نیلا نور حضور غوثِ پاک شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے روضہء مبارکہ پر جبکہ گلابی نور حضرت سلطان الہند خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ کے روضہء مبارک میں داخل ہو رہے ہیں۔ کچھ ہی عرصہ میں عجیب و غریب فیوضات و برکات حاصل ہونا شروع ہو جائیں گے۔انشاءاللہ۔اس عمل کا طریقہ یہ ہے۔کہ! دعائے کافی کے اس عمل کو ایسے کرنا ہے۔کہ! دعائے کافی معہ تسمیہ ایک سو ایک (101) مرتبہ پڑھ کر دعائے کل معہ تسمیہ (50) پچاس مرتبہ پڑھنی ہے۔اَب یہ تو ایک مرتبہ ہوا۔لیکن یہی عمل گیارہ مرتبہ کرنا ہے۔لہذا اس عمل میں دعائے کافی کی جملہ تعداد (1111) مرتبہ جبکہ دعائے کل کی ٹوٹل تعداد (550) مرتبہ ہو جائے گی۔بہر حال! دعائے قطب یعنی دعائے ہفت کافی اور دعائے کلیہ یہ ہے۔

☆ (دعائے کافی یہ ہے) **بِسْمِ اللہ الرحمن الرحیم . اَللّٰہُ الْکَافِیُ ☆ قَصَدْتُّ الْکَا فِی☆ وَجَدْتُّ الْکَا فِیُ☆ کَفَانِیَ الْکَا فِیُ☆ لِکُلِّ الْکَا فِیُ☆ وَ نِعْمَ الْکَا فِیُ☆ وَ ھُوَ الْکَا فِی☆ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ o**

☆ (دعائے کلیہ یہ ہے) **اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْکُلِّ ☆ وَ مِنْکَ الْکُلِّ ☆وَبِکَ الْکُلِّ ☆ وَلَکَ الْکُلِّ ☆ وَ اِلَیْکَ الْکُلِّ ☆وَیَاکُلَّ الْکُلِّ ☆صَلِّ عَلٰی تَعَیُّنِکَ الْاَقْدَمِ وَالْمَظْھَرِ الْاَ تَمِّ لِاِسْمِکَ الْاَعْظَمِ۔**

دُعائے قطب یا دُعائے ہفت کافی : کتاب (تحفۃ الراغبین) میں یہ بھی لکھا ہوا ہے۔کہ! جب حضرت شیخ (شیخ عبدالقادر جیلانیؒ) معمر ہوگئے۔تو آپؒ نے تمام اوراد و وظائف ترک کر کے صِرف اسی دعا (دعائے قطب) پر اکتفا کرلیا۔جو آپؒ کو اپنی والدہ ماجدہؒ سے ہدیہ ہوئی تھی۔ بعض مشائخینِ سلسلہ نے اس دعا (یعنی دعائے قطب) کی فضیلت میں لکھا ہے۔کہ جو شخص بہت اوراد پڑھتا ہو۔اور بیک وقت یہ اوراد و وظائف نہ پڑھ سکے۔ تو تمام اوراد و وظائف کے بجائے ہر نماز کے بعد اسی دعا (دعائے قطب) کو گیارہ مرتبہ پڑھا کرے۔تو گویا (جیسے اس نے) جملہ اوراد و وظائف پڑھ لئے ہوں۔نیز ثواب اور فیوضاتِ باطنیہ بھی حاصل ہوں گے۔اور ساتھ ہی ساتھ مہماتِ دنیاوی بھی حاصل ہوں گیں۔نہایت مجرب المجرب اور بارہا کا آزمودہ ہے۔ (بمطابق حضرت شیخ محمد اکرم قدوسیؒ) حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ کو جو (ولایت و کرامات اور روحانی فیوضات و برکات) بھی مِلا۔اسی دعا کی خیر و برکت سے نصیب ہوا۔دعائے قطب یعنی دعائے ہفت کافی یہ ہے۔

بِسْمِ اللہ الرحمن الرحیم . اَللّٰہُ الْکَافِیُ ☆ قَصَدْتُّ الْکَا فِی☆ وَجَدْتُّ الْکَا فِیُ☆ کَفَانِیَ الْکَا فِیُ☆ لِکُلِّ الْکَا فِیُ☆ وَ نِعْمَ الْکَا فِیُ☆ وَ ھُوَ الْکَا فِی☆ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ o

بوقت حاجت برآری اسکی تعداد بارہ ہزار (12000) مرتبہ پڑھنا ہے۔عموماً لوگ اس دعا کو روزانہ 111 مرتبہ (بحسابِ ابجدِ قمری کے اعداد 111 لفظ قطب کے مطابق) پڑھتے ہیں۔سلسلہ عالیہ قادریہ میں اس دعا کو 111 مرتبہ پڑھنا روزانہ کا معمول ہے۔

کتاب تحفۃ الراغبین میں یہ بھی لکھا ہے۔کہ! اس دعا کے پڑھنے کا ایک طریقہ یہ ہے۔کہ! پہلے دو رکعت نمازِ نفل پڑھ کر اس کا ثواب سیدِ کائنات ﷺ کا ایصالِ ثواب کرے۔اس نماز کی نیت یوں کرے۔**نویت ان اصلی للہ تعالیٰ الھدیۃ الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم متوجھا الی جھت الکعبۃ الشریفۃ. اللہ اکبر** ۔ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔اور سلام پھیر کر ایصالِ ثواب بروحِ پاک سید کائنات ﷺ کرے۔اور اپنا مدعا (یعنی جائز حاجت) عرض کرے۔ اس کے بعد دو رکعت نفل حضرت سیدنا خضر علیہ السلام کے لئے پڑھے۔اور یوں نیت کرے۔**نویت ان اصلی للہ تعالیٰ رکعتی الھدیۃ الی العباس**

حضـرۃ الـخـضـر عـلیـہ السلام متو جھا الی جھت الکعبۃ الشریفۃ. اللہ اکبر ۔ اور سلام پھیر کرا یصالِ ثواب بروحِ سیدنا خضر نبیؑ کرے ۔ اور اپنا مدعا (یعنی جائز حاجت) ان کی خدمت میں عرض کرے ۔ نیز ایک فاتحہ حضرت خضر نبیؑ کی سلامتی کے لئے پڑھے ۔ اس کے بعد دو رکعت نمازِ نفل پہلے کی طرح نیت (نـویـت ان اصـلـی لـلـہ تـعـالٰی رکعتی الھدیۃ الی غوث الثقلین شیخ محی الدین ابی محمد عبدالقادر الـحسـنی والحسینی الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ متو جھا الی جھت الکعبۃ الشریفۃ. اللہ اکبر) کر کے حضرت غوثِ پاکؒ کی روحِ مبارک کو ایصالِ ثواب کی نیت سے پڑھے ۔ اس دوگانہ کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد 11 مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے ۔ سلام پھیرنے کے بعد پہلے پانچ مرتبہ درود شریف پڑھے ۔ پھر حضرت غوث پاکؒ سے (اس طرح یـا شیـخ مـحی الدین ابی محمد عبدالقادر جیلانی شیئًا للہ) امداد طلب کرے ۔ اور اپنا مطلب عرض کرے ۔ اور پھر 1011 مرتبہ دعائے کافی المہمات معہ تسمیہ پڑھے ۔ ۔ انشاء اللہ حق تعالیٰ اس کے مقاصد کو پورا فرمائے گا ۔ مگر اس نماز سے لے کر دعا پڑھنے تک درمیان میں نہ کسی سے کوئی بات کرے ۔ اور نہ ہی کسی دوسرے کام کی طرف متوجہ ہو ۔ دعا کے معنی دل میں رکھے ۔ بالخصوص لفظ ’’قصدت ‘‘ کہتے وقت دل میں اپنے مقصد کا تصور و تخیل لازمی رکھے ۔ اور لفظ ’’وجدت ‘‘ کہتے وقت یہ یقین کرے ۔ کہ مطلب پالیا ۔ اس طریقے سے پڑھنا بہت مؤثر ہے ۔ (بمطابق کتاب تحفۃ الراغبین) یہ دعا 12000 مرتبہ پڑھنے سے مرادیں پوری ہوتی ہیں ۔

☆ حضرت غوثِ پاکؒ کے ابتدائے حال میں کشف اس دعا کو باقاعدہ طور پر پڑھنے سے حاصل ہوا ۔ اگر کوئی بارہ ہزار مرتبہ نہ پڑھ سکے ۔ تو ایک ہزار گیارہ مرتبہ کا (دائمی) ورد رکھے ۔ تمام دنیوی اور اُخروی مرادات حاصل ہوں گیں ۔ اگر ایک ہزار گیارہ بھی نہ پڑھ سکے ۔ تو پانچ سو مرتبہ پڑھے ۔ اس کا اثر بھی بہت ہوتا ہے ۔ اگر پانچ سو مرتبہ بھی نہ پڑھ سکے ۔ تو لفظ قطب کے اعداد (بحساب ابجد قمری) 111 مرتبہ پڑھ لے ۔ مگر ناغہ نہ کرے ۔ اگر کوئی دینی حاجت درپیش ہو ۔ تو بعد نمازِ عشاء یا تہجد اسی تعداد میں (ایک سو گیارہ مرتبہ) پڑھے ۔ اور اگر کوئی دنیاوی غرض و غایت ہو ۔ تو بعد نمازِ فجر بوقتِ طلوعِ آفتاب (اسی تعداد میں) پڑھے ۔ بہت مؤثر ہے ۔ نیز حضراتِ قادری کے طریق میں حاجت برآری کے لئے پہلے ایک دوگانہ نماز پڑھے ۔ اس کے بعد فاتحہ (جس کا طریقہ آگے آرہا ہے) پڑھ کر حضرت غوثِ پاکؒ کی روحِ مبارک کو ایصالِ ثواب کرے ۔ اس کے بعد آپؒ کے والد ماجدؒ اور اس کے بعد آپؒ کی جد مادریؒ (نانی) پھر اس کے بعد آپؒ کی والدہ ماجدہؒ کو ایصالِ ثواب کرے ۔ فاتحہ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ ! پہلے 11 مرتبہ درود شریف پھر 11 مرتبہ سورہ فاتحہ پھر 11 مرتبہ آیت الکرسی پھر 11 مرتبہ سورہ الم نشرح پھر 11 مرتبہ سورہ الھکم التکاثر پھر 11 مرتبہ سورہ کافرون پھر 11 مرتبہ سورہ اخلاص پھر 11 مرتبہ سورہ فلق پھر 11 مرتبہ سورہ والناس اور آخر میں 11 مرتبہ درود شریف پڑھیں ۔ اس کے بعد 111 مرتبہ دعائے کافی المہمات (یعنی دعائے قطب) پڑھے ۔ اور پھر ایک دوگانہ نماز نفل پڑھے ۔

سلام کے بعد سجدے میں جا کر یاودود کی دعائے متبرکہ (بسم اللہ الرحمٰن الرحیم. یا ودودُ یا ودودُ یا ودودُ الٰھی اعطنی ودا فی قلبی اجعل قلبی وادا الک یا ودودُ یا ودودُ یا ودودُ الٰھی اعطنی ودا فی قلوب عبادک المؤ منین یا ودودُ یـا ودودُ یـا ودودُ الٰھی اکفنی شر من کفا یتہ بیدک یا ودودُ یا ودودُ یا ودودُ) پڑھے ۔ اگر یہ تمام کام ایک ہی وقت میں نہ کر سکے (جو کہ اگر بعد نمازِ عشاء کیا جائے ۔ تو نہایت آسان ہے ۔ لیکن پھر بھی اگر ایک وقت میں نہ ہو سکے ۔ تو) ہر نماز کے بعد پانچ مرتبہ یا گیارہ مرتبہ پڑھے ۔ اور دل پر دَم کرے ۔ اس کے بے شمار منافع اور کثیر فضائل ہیں ۔

مردہ دِلی سے بچنے کا نبوی ﷺ وظیفہ :

حضرت سیدی عبدالوہاب الشعرانیؒ اپنی کتاب طبقات امام شعرانی میں اور عبدالرحمان جامیؒ اپنی کتاب نفحات الانس میں رقمطراز ہیں ۔ کہ ایک بزرگ کو بحالتِ رویا حضرت رسولِ کریم ﷺ کی زیارت ہوئی ۔ تو بزرگ نے عرض کی ۔ یا رسول اللہ ﷺ ! اللہ تعالیٰ کے حضور میرے لئے دُعا فرمائیں ۔ کہ میرا دِل مُردہ نہ ہو ۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ہر روز چالیس (40) مرتبہ یہ پڑھا کرو ۔ یا حی یا قیوم لا الہ الا انت ۔ اس دعا کے متعلق ہے ۔ کہ ! حضرت ابوبکر کنانیؒ (م ۔ 358 ھ) جو کہ حضرت جنید بغدادیؒ کے اصحاب میں سے تھے ، نے بیان فرمایا ہے ۔ کہ ! میں نے حضرت نبی مکرم ﷺ کو خواب میں دیکھا ۔ اور آپ ﷺ سے عرض کیا ۔ کہ ! اللہ تعالیٰ سے دُعا فرمایئے ۔ کہ میرا دل مردہ نہ ہو ۔ ارشاد فرمایا ۔ کہ ! روزانہ چالیس مرتبہ (یہ دُعا) پڑھ ۔ یـا حـی یـا قیـوم یـالا الہ الا انت ان یحیی قلبی ۔ الـلھم صل علٰی محمد وعلٰی اٰلہ بارک وسلم۔ چنانچہ میں نے اسے تین دن پڑھا تھا ۔ کہ اللہ تعالیٰ نے میرا دل زندہ کر دیا ۔

ایک اور روایت میں ایک بزرگ بتاتے ہیں ۔ کہ مندرجہ ذیل دعا کے روزانہ بعد نمازِ صبح وعشاء (صد مرتبہ) ورد سے ہفتہ عشرہ میں ہی مردہ دل دوبارہ زندہ ہوجاتا ہے ۔ اور متعدد انعامات سے نوازا جاتا ہے ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ یا حی یا قیوم لا الہ الا انت اسئلک ان تحی قلبی بنور معرفتک حتی اعرف حق معـرفتک کما ینبغی ان تعرف بہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا محی الموتی یا ارحم الراحمین ☆ اللھم صل علی سید نا محمد وعلٰی اٰلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم ☆

دُعائے غوثیہ برائے حصولِ شیخ و ملاقی صالحین :

☆ میرے پیرومرشد وہادی برحق جناب سید عبدالقادر جیلانی اپنے ملفوظات وخطابات بنام **''الفتح الربانی''** کی مجلس نمبر **61** میں فرماتے ہیں۔ کہ! تم میں سے ہر ایک کو چاہیئے۔کہ! جب رات کا اندھیرا (دن میں نظر آنے والی تمام اشیاء کو اندھیرا ہونے کی وجہ سے) چھپالے۔اور ساری مخلوق سو جائے۔اور اُن کی (یعنی عوام الناس کی) آوازیں تھم جائیں۔تو (طالبِ حق) کھڑا ہو جائے۔وضو کرے۔اور دو رکعت نمازِ نفل پڑھے۔اور پھر یہ دُعا مانگے۔**بِسمِ اللّٰہ الرحمٰن الرحیم o یَا رَبِّ دُلَّنِی عَلٰی عَبدٍ مِن عِبَادِکَ الصَّالِحِینَ المُقَرِّبِینَ حَتّٰی یَدُلَّنِیْ وَ یُعرِّفُنِی طَرِیقِکَ o** آمین۔

مُرشد کامل ملنے کی مجرب دُعا : کتاب ''الفتح الربانی (ملفوظات وخطاباتِ حضرت شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ)'' کی مجلس نمبر **26** میں فرماتے ہیں۔کہ! جب کوئی امر تجھ پر مشکل ہو۔(جس کی وجہ سے) تُو نیک صالح اور منافق کے مابین امتیاز نہ کر سکے۔کہ کون صالح ہے اور کون منافق؟ پس تُو رات میں کھڑا ہو۔اور دو رکعت نمازِ نفل پڑھ کر پھر یہ دُعا مانگ۔

بِسْمِ اللّٰہ الرحمٰن الرحیم o یَا رَبِّ دُلَّنِی عَلَی الصَّالِحِینَ مِن خَلْقِکَ دُلَّنِیْ عَلٰی مَن یَّدُلَّنِی عَلَیکَ وَ یُطعِمُنِی مِن طَعَامِکَ یَسقِینِی مِن شَرَابِکَ وَ یَکحِلُ عَینَ قَلبِی بنُورِ قُربِکَ وَ یُخبِرُنِی بِمَا رَایٰ عِیَانًا تَقلِیدًاo آمین۔

☆ ہمارے پیرومرشد جناب سید محبوب الٰہی عرف نوراللہ شاہؒ اپنی عظیم کتاب **وصل حق** یعنی **کشکول محبوبی** میں جناب حضرت شاہ کلیم اللہ جہاں آبادی چشتیؒ کی کتاب **کشکول کلیمی** اور سید موسیٰ پاک شہیدؒ کی کتاب **تیسیر الشاغلین** سے روایت فرماتے ہیں۔کہ حضرت سیدنا شیخ محی الدین ابو محمد عبدالقادر جیلانیؒ نے فرمایا۔کہ جو شخص آدھی رات کو اٹھ کر وضو کرے۔اور دو رکعت نماز پڑھے۔اور جس قدر چاہے۔قرآن پڑھے۔اور بارگاہ الہ العالمین میں بحالت سجدہ عاجزی اور استغاثہ کرے۔اور وہ یہ دعا پڑھے۔**بِسْمِ اللّٰہ الرحمٰن الرحیم o یا رب دلنی علٰی عَبْدٍمِّنْ عِبَادِکَ الْمُقَرّبِینَ حَتّٰی یَدُلَّنِیْ عَلَیْکَ وَیُعَلِّمُنِیْ طَرِیْقَ الْوَصُوْلِ اِلَیْکَo**

تو اللہ تعالیٰ اس پر ضرور بالضرور وصول کا دروازہ کھول دے گا۔اور کسی ایسے ولی اللہ کے پاس پہنچا دے گا۔جو کہ اس (طالب) کو حق سبحانہ کی طرف پہنچا دے۔اور بارہا اس دعا کا تجربہ ہو چکا ہے۔آگے چل کر شاہ کلیم اللہ جہاں آبادی فرماتے ہیں۔کہ متاخرین گروہ شاذلیہ نے فرمایا۔کہ جو کوئی حضور دل سے **درود و سلام** اور **لا الہ الا اللہ** کو کثرت سے پڑھتا رہے۔(یہ درود وسلام،کلمہ اور استغفار آگے **263** پر بیان کئے گئے ہیں) تو ضرور اس کو شیخ کامل ملے گا۔اور جماعۃ الشاذلیہ فرماتے ہیں۔کہ اس طریقہ میں ہمارے پیشوا حضرت حسنؓ بن علی المرتضیٰؓ ہیں۔

شیخ کامل کی نہ ہو جس پر نظر — پا سکتا نہیں کبھی وہ حق کی خبر

☆ اسی طرح حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ کا طریقہ **احسن الاعمال** میں ہے۔کہ روزانہ بعد نماز فجر یہ وظیفہ **1000** ہزار بار پڑھیں۔(تو بھی شیخ کامل جیسے مدعا کو حاصل کیا جا سکتا ہے۔انشاءاللہ العظیم۔**بِسْمِ اللّٰہ الرحمٰن الرحیم o یا رب دلنی علٰی عَبْدٍمِّنْ عِبَادِکَ الْمُقَرّبِینَ حَتّٰی یَدُلَّنِیْ عَلَیْکَ وَیُعَرِّفُنِیْ اِلٰی طَرِیْقَ الْوَصُوْلِ اِلَیْکَ o**

(بقول البلوشی) روزانہ بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء یعنی کہ سونے سے قبل یہ وظیفہ **1000** ہزار بار پڑھیں۔**بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمo یارَبِّ دُلَّنِیْ عَلیٰ عَبْدٍمِّنْ عِبَادِکَ الْمُقَرّبِینَ حَتّٰی یَدُلَّنِیْ عَلَیْکَ وَیُعَرِّفُنِیْ اِلٰی طَرِیْقَ الْوَصُوْلِ اِلَیْکَ توفنی مسلما و الحقنی بالصالحین**۔

استغفارِ غوثیہ :

حضرت پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی کتاب مبارک **''سرا لاسرار فیما یحتاج الیہ الابرار''** میں یہ استغفار مرقوم ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o استغفر اللہ العظیم الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم مما قدمت وما اخرت وما اعلنت و ما اسررت و ما اسرفت و ما انت اعلم بہ منی انت المقدم و انت المؤخر و انت علی کل شیء قدیر۔

فرمانِ غوث : حضرت پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی کتابِ مبارک **''فتوح الغیب''** میں مرقوم ہے۔ یقین رکھ (کہ) ہر مصیبت تجھے رضائے حق کی بشارت دینے آتی ہے۔

یہ حکمت ملکوتی، یہ علم لاہوتی — حرم کے درد کا درماں نہیں تو کچھ بھی نہیں
یہ ذکر نیم شبی، یہ مراقبے، یہ سرور — تیری خودی کے نگہباں نہیں تو کچھ بھی نہیں
یہ عقل، جو مہ و پرویں کا کھیلتی ہے شکار — شریکِ شورش پنہاں نہیں، تو کچھ بھی نہیں
خرد نے کہہ بھی دیا ''الٰہ'' تو کیا حاصل — دل و نگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں
عجب نہیں کہ پریشاں ہے گفتگو میری — فروغِ صبح پریشاں نہیں تو کچھ بھی نہیں

سِلسلہ عالیہ قادریہ کے مخصوص اوراد : (از کتاب تیسیر الشاغلین ۔سید موسیٰ پاک شہید جیلانیؒ)

این سعادت بزورِ بازو نیست تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

دینی و دنیاوی مُرادیں پوری ہونے ، دُعاؤں کی استجابت اور درازای عُمر کے لئے یہ اذکار دائماً جاری رکھنے چاہیئے ۔

☆ بعدنمازِ فجر ھوالحی القیوم (1000 مرتبہ) ☆ بعدنمازِ ظُہر ھوالعلی العظیم (1000 مرتبہ)

☆ بعدنمازِ عصر ھوالرحمن الرحیم (1000 مرتبہ) ☆ بعدنمازِ مغرب ھوالغنی الحمید (1000 مرتبہ)

☆ بعدنمازِ عشاء ھواللطیف الخبیر (1000 مرتبہ)

سِلسلہ قادریہ شطاریہ کے مخصوص اوراد : (روزانہ صد ۔صد مرتبہ)

بروز ہفتہ لا الہ الا انت سبحنک انی کنت من الظالمین o

بروزاتوار لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین o

بروزسوموار لا الہ اللہ عزیزا جلیلا یا عزیز یا جلیلo

بروزمنگل اللھم صل علی سیدنا محمد ن النبی الامی و علی الہ و بارک و سلمo

بروزبُدھ لا الہ الا اللہ خالصا مُخلصا o

بروز جُمعرات لا الہ الا اللہ خالق کل شیء وھو علی کل شیء قدیر o

بروز جُمعہ سُبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ و اللہ اکبرولا حول ولا قُوۃ الا با للہ العلی العظیم .

مُجرد شد از دین و دنیا قلندر کہ راہ حقیقت ازیں ہر دو برتر

سِلسلہ قادریہ شطاریہ کے مخصوص اوراد (دوسری ترتیب)

حضرت شیخ ظہور الحقؒ سے منقول ہے کہ ہر ایک ہزار 1000 مرتبہ اس ترتیب سے پڑھا جائے۔

بروز ہفتہ یا ھو یا اللہ بروزاتوار یا رحمن یا رحیم

بروزسوموار یا واحد یا احد بروزمنگل یا صمد یا فرد

بروزبُدھ یا حی یا قیوم بروز جُمعرات یا حنان یا منان بروز جُمعہ یا ذالجلال والاکرام۔

چِشتیہ صابریہ سلسلے کی خصوصی دُعا و شُغل (دُعائے نوری):

حضرت مخدومِ ضمن شاہ محمد حسن صابری چشتی قادری حنفی رامپوریؒ اپنی تالیف بنام **حقیقت گلزارِ صابری** میں رقمطراز ہیں ۔ کہ! حضرت مخدوم علی احمد صابر کلیریؒ (آستانہ عالیہ حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ) پر بعدنمازِ مغرب لنگر تقسیم کر کے (اپنے حجرے میں دروازہ بند کر کے تنہائی میں) دُعائے نوری ایک مرتبہ بآوازِ بُلند تلاوت کرتے تھے ۔ دُعائے نوری یہ ہے ۔ (اس دُعا کے ورد کرنے کے بعد مراقبہ نور لازمی کرنا چاہیئے)

بسم اللہ الر حمٰن الر حیمo اللھم اجعل لی نورا فی قلبی و نورا فی قبری و نورا فی سمعی و نورا فی بصری و نورا فی شعری و نورا فی اللسانی و نورا فی بشری و نورا فی لحمی و نورا فی دمی و نورا فی مخی و نورا فی عظامی و نورا بین یدی و نورا من خلفی ونورا عن یمینی ونورا عن شمالی ونورا من فوقی ونورا من تحتی وسلم حقا ھو.

دُعائے نوری حضرت پیر سید وارث علی شاہؒ کی کتاب عامل کامل میں اِس طرح سے منقول و مرفوع ہے ۔

بسم اللہ الر حمٰن الر حیم o اللھم اجعل لی نورافی قلبی. و نورا فی بصری. و نورا فی سمعی. و نورا فی اللسانی.و نورا عن یمینی. و نورا عن یساری.و نورا من فوقی.و نورا من تحتی.و نورا من امامی.و نورا من خلفی.و نورافی عصبی.و نورا واجعل فی نفسی.و نورافی شعری. ونورا فی بشری.و نورا فی لحمی.و نورا فی دَمِی.و نورا فی عظامی.و نورا فی قبری .و نورا اعظم لی.و نورا اعطنی.و نورا واجعل لی نورا . رب اشرح لی صدری . و یسر لی امری . واحلل عقدۃ من لسانی . یفقھوا قولی .(سورہ طٰہٰ ۔آیت نمبر ۔ 25-28) اللھم یا رب ادخلنی مد خل صدق و اخر جنی مخرج صدق واجعل لی من لدنک سلطٰنا نصیرا.(سورہ بنی اسرائیل ۔آیت نمبر80) ان اللہ علیٰ کل شیء قدیر . برحمتک یا رحم الراحمین o

سمجھے آتش نہ کوئی آدمِ خاکی کو حقیر نہیں اسرار سے یہ خاک کا پتلا خالی

معمولاتِ حضرت سید شیخ خواجہ معینُ الدین چشتی اجمیریؒ

کتاب **انیس الارواح** کے جامع جناب حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ اپنے پیرومرشد حضرت شیخ الہند خواجہ خواجگان چشت جناب معین الحق والدین چشتی سنجریؒ سے نقل کرتے ہیں کہ! جمعرات کے روز قدم بوسی کی دولت نصیب ہوئی۔ اوراد وتسبیحات کی بابت گفتگو کا سلسلہ جاری تھا۔ کہ مرشد حضرت شیخ الہند خواجہ خواجگان چشت جناب معین الحق والدین چشتی سنجریؒ نے زبانِ مبارک سے ارشاد فرمایا کہ! جو شخص ورد مقرر کرے۔ اِسے روزانہ (ضرور) پڑھنا چاہیئے دِن کو اگر نہ پڑھ سکے تو رات کو ضرور پڑھے لیکن پڑھے ضرور۔ بعدازاں کسی (دوسرے) کام میں مشغول ہووے۔

مدتیں ہو گئیں خطا کرتے کرتے شرم آتی ہے اَب دُعا کرتے کرتے

''**تارک الورد ملعون**'' وِرد کا تارک (ترک کرنے والا) لعنتی ہے۔ (کچھ علماء کے نزدیک یہ موضوع اورضعیف حدیث ہے)

بعدازاں اِسی موقع کی مناسبت سے فرمایا کہ! ایک دفعہ مولانا رضی الدینؒ گھوڑے پر سے گر پڑے۔ جس کی وجہ سے پاؤں پر چوٹ لگ گئی۔ جب گھر واپس پہنچے تو سوچا کہ یہ بَلا (گھوڑے سے گرنے کی مصیبت) مجھ پر کہاں سے آئی۔ یاد آ گیا کہ میں صبح کی نماز کے بعد **سورہ یٰسین شریف** پڑھا کرتا تھا جو کہ آج نہیں پڑھی۔ پھراسی موقع کی مناسبت سے یہ حکایت بیان فرمائی کہ! ایک بزرگِ دین بنام خواجہ عبداللہ مبارک سے ایک مرتبہ وظیفہ نہ ہوسکا۔ اُسی وقت غیب سے آواز آئی کہ اے عبداللہ! جو عہد تُو نے ہم سے کیا تھا شاید تو آج بھول گیا (یعنی تو آج اپنا مقرر شدہ وظیفہ پڑھنا بھول گیا)۔

پھر فرمایا کہ انبیائے کرامؑ اوراولیائے عظامؒ، مشائخ ومردانِ غیبؒ کا جو وظیفہ ہوتا ہے وہ اس کو برابر پڑھتے رہتے ہیں اور جو کچھ اپنے مرشدان سے سنتے ہیں ضرور بجالاتے ہیں۔ بعدازاں فرمایا کہ جو اوراد ہمارے پیرانِ عظام سے منقول ہیں وہ ہم (لازمی) پڑھتے ہیں۔ تم بھی پڑھا کرو تا کہ وظیفے میں ناغہ نہ ہو۔ اور جب اُٹھو تو دائیں جانب کے پہلو سے اُٹھو پھر تسمیہ (یعنی **بسم اللہ** ۔۔۔) پڑھ کر وضو کرو۔ پھر دوگانہ ادا کر کے مُصلّی پر بیٹھو۔ پھر سورہ بقرہ کی چند آیات اور سورہ انعام کی ستر آیات پڑھ کر کلمہ طیبہ (**لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** ﷺ) کا ذِکر سومرتبہ کرو۔ پھر صبح کی نماز کی سُنتیں اس طرح ادا کرو کہ پہلی رکعت میں **سورہ فاتحہ** کے بعد **سورہ الم نشرح** اور دوسری رکعت میں **سورہ فاتحہ** کے بعد **سورہ الم ترکیف** پڑھنی ہے۔

بعدازاں فرمایا کہ! سومرتبہ یہ پڑھو۔ **سبحان اللہ و بحمدہ .و سبحان اللہ العلی العظیم وبحمدہ .استغفراللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ o** جب صبح کی نماز ادا کر چکے۔ تو قبلہ رُخ بیٹھ کر دس مرتبہ یہ پڑھو۔ **لا الہ الا اللہ . وحدہ لا شریک لہ . لہ الملک و لہ الحمد یحیی و یمیت وھو حی لا یموت . وھوعلی کل شیء قدیر o** پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ **اشھد ان لا الہ الا اللہ و اشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ۔** پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ **اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ ما اختلف الملوان وتعاقب العصران وتکرار الجدیدان واستصحب الفرقدان والقمران ان بلغ علٰی روح محمد منی التحیۃ والسلام۔** پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ **یا عزیز یا غفور ۔** پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ **سبحان اللہ.و الحمد للہ.و لا الہ الا اللہ. و اللہ اکبر. ولا حول ولا قوۃ الا با للہ العلی العظیم o** پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ **استغفر اللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ و اسئلہ التوبۃ ۔** پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ **سبحان اللہ و بحمدہ .و سبحان اللہ العلی العظیم وبحمدہ . استغفر اللہ العظیم الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم غفار الذنوب وستار العیوب وعلام الغیوب وکشاف الکروب ومقلب القلوب واتوب الیہ واسئا لہ التو بۃ.** پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ **یا حی یا قیوم یا حنان یا منان یا دیان یا سبحان یا سلطان یا بدیع السموات والارض یا ذالجلال والاکرام برحمتک یا ارحم الراحمینo** پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ **لا حول ولا قُوۃ الا با للہ العلی العظیم یا قدیم یا دائم یا حی یا قیوم یا احد یا صمد یا حلیم یا عظیم یا علی یا نور یا فرد یا وتر یا باقی یا حی یا قیوم یا حی اقض حاجتی بحق محمد و الہ اجمعینo**

پھر **اسماءُ الحُسنٰی** کو 1 مرتبہ اسمِ ندا ''**یا**'' کے ساتھ پڑھو۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو. اللھم یا اللہ.یارحمٰن . یار حیم .یاملٰک . یاقدوس .یالسلام .یامؤمن . یامھیمن .یاعزیز . یاجبار .یامتکبر .یاخالق . یاباریء .یامصور .یاغفار .یاقھار .یاو ھاب . یارزاق . یافتاح .یاعلیم .یاقا بض . یابا سط . یاخا فض . یار ا فع .یامعز . یامذل . یاسمیع . یا بصیر . یاحکم .یاعدل .یا لطیف . یا خبیر .یاحلیم .یاعظیم .یاغفور . یا شکور .یا علی . یا کبیر .یا حفیظ .یا مقیت . یا حسیب .یا جلیل .یا کریم .یا رقیب .یا مجیب .یا واسع . یا حکیم .یا ودود .یا مجید .یا باعث .یا شھید .یا حق . یا وکیل .یا قوی. یا متین .یا ولی. یاحمید .یامحصی .یامبدیء .یامعید .یامحی .یاممیت .یاحی .یاقیوم .یاواجد .یا ما جد .یاواحد .یاا حد .یاصمد .یاقادر .یامقتدر .یا مقدم .یا مؤخر .یااوّلُ .یا آخر .یاظاھر . یا باطن .یاوالی .یامتعالی .یابر .یاتواب .یامنعم .یامنتقم .یاعفو .یارؤف .یا ما لک الملک .یا ذوالجلال والاکرام .یارب .یامقسط .یا جامع .یاغنی .یامعطی .یامانع .یا ضآر .یا نا فع .یانور .یا ھادی .یا بدیع .یاباقی .یا وارث .یارشید .یاصبور. الذی لیس کمثلہ شیء و ھو السمیع البصیرoیانعم المولٰی و نعم**

النصیر o یا سمیع .یا بصیر .یا علیم .یا قدیر .یا مرید .یا متکلم .یا من لم یلد ولم یولد ولم یکن له کفوًا احد o

پھر اسمائے رسولِ کریم ﷺ کو 1 مرتبہ ''سیدنا'' کے ساتھ اِس طرح سے پڑھو۔ بسم الله الرحمٰن الرحیم o سیدنا محمد ﷺ. سیدنا احمد ﷺ. سیدنا حامد ﷺ. سیدنا محمود ﷺ. سیدنا قاسم ﷺ. سیدنا عاقب ﷺ. سیدنا فاتح ﷺ. سیدنا شاهد ﷺ. سیدنا حاشر ﷺ. سیدنا رشید ﷺ. سیدنا مشهود ﷺ. سیدنا بشیر ﷺ. سیدنا نذیر ﷺ. سیدنا داع ﷺ. سیدنا شاف ﷺ. سیدنا هاد ﷺ. سیدنا مهد ﷺ. سیدنا ماح ﷺ. سیدنا منج ﷺ. سیدنا ناه ﷺ. سیدنا رسول ﷺ. سیدنا نبی ﷺ. سیدنا امی ﷺ. سیدنا تهامی ﷺ. سیدنا هاشمی ﷺ. سیدنا ابطحی ﷺ. سیدنا عزیز ﷺ. سیدنا حریص علیکم ﷺ. سیدنا رؤف ﷺ. سیدنا رحیم ﷺ. سیدنا طٰهٰ ﷺ. سیدنا مجتبٰی ﷺ. سیدنا طٰسٓ ﷺ. سیدنا مرتضٰی ﷺ. سیدنا حٰمٓ ﷺ. سیدنا مُصطفٰی ﷺ. سیدنا یٰسٓ ﷺ. سیدنا اولٰی ﷺ. سیدنا مزمل ﷺ. سیدنا ولی ﷺ. سیدنا مدثر ﷺ. سیدنا متین ﷺ. سیدنا مصدق ﷺ. سیدنا طیب ﷺ. سیدنا ناصر ﷺ. سیدنا منصور ﷺ. سیدنا مصباح ﷺ. سیدنا آمِر ﷺ. سیدنا حجازی ﷺ. سیدنا نزاری ﷺ. سیدنا قریشی ﷺ. سیدنا مضری ﷺ. سیدنا نبی التوبة ﷺ. سیدنا حافظ ﷺ. سیدنا کامل ﷺ. سیدنا صادق ﷺ. سیدنا امین ﷺ. سیدنا عبدالله ﷺ. سیدنا کلیم الله ﷺ. سیدنا حبیب الله ﷺ. سیدنا نجی الله ﷺ. سیدنا صفی الله ﷺ. سیدنا خاتم الانبیآء ﷺ. سیدنا حسیب ﷺ. سیدنا مجیب ﷺ. سیدنا شکور ﷺ. سیدنا مقتصد ﷺ. سیدنا رسول الرحمة ﷺ. سیدنا قوی ﷺ. سیدنا حفی ﷺ. سیدنا مامون ﷺ. سیدنا معلوم ﷺ. سیدنا حق ﷺ. سیدنا مبین ﷺ. سیدنا مطیع ﷺ. سیدنا رسول الراحة ﷺ. سیدنا اول ﷺ. سیدنا آخر ﷺ. سیدنا ظاهر ﷺ. سیدنا باطن ﷺ. سیدنا نبی الرحمة ﷺ. سیدنا یتیم ﷺ. سیدنا کریم ﷺ. سیدنا حکیم ﷺ. سیدنا خاتم الرسل ﷺ. سیدنا سید ﷺ. سیدنا سراج ﷺ. سیدنا منیر ﷺ. سیدنا محرم ﷺ. سیدنا مکرم ﷺ. سیدنا مبشر ﷺ. سیدنا مذکر ﷺ. سیدنا مطهر ﷺ. سیدنا قریب ﷺ. سیدنا خلیل ﷺ. سیدنا مدعو ﷺ. سیدنا جواد ﷺ. سیدنا خاتم ﷺ. سیدنا عادل ﷺ. سیدنا شهیر ﷺ. سیدنا شهید ﷺ. سیدنا رسول الملاحم ﷺ. سیدنا کرامت الله ﷺ. سیدنا آیت الله صل و سلم تسلیما ابدا کثیرا کثیرا . برحمتک یا ارحم الراحمین o

پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ اللهم صل علی محمد حتی لا یبقٰی من الصلوٰة شیء وارحم علٰی محمد حتٰی لا یبقٰی من الرحمة شیء وبارک علٰی محمد حتی لا یبقٰی من البرکات شیء۔

پھر ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھو۔ الله لا اله الا هو الحی القیوم ..... وهو العلی العظیم o

پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ اللهم مالک الملک .... علی کل شیء قدیر o

پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ قل هو الله احد. الله الصمد . لم یلد. و لم یولد . ولم یکن له کفوا احد o

پھر سات مرتبہ یہ پڑھو۔ فان تولوا فقل حسبی الله لا اله الا هو علیه توکلت و هو رب العرش العظیم o

پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ ربنا ولا تحملنا .... علی القوم الکفرین o برحمتک یا ارحم الراحمین o

پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ اللهم اغفر لی ولولدی ولمن توالد وارحمهما کما ربیانی صغیرا واغفراللهم لجمیع المؤمنین والمؤمنات والمسلمین والمسلمات الاحیآء منهم والاموات برحمتک یا ارحم الراحمین o

پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ سبحان الاول المبدیء سبحان الباقی المیعد الله الله الصمد لم یلد ولم ولم یولد ولم یکن له کفوا احد o

پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ وان الله علی کل شیء قدیر و ان الله قد احاط بکل شیء علما o

پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ واتوب توبة عبد الظالم لا علمک لنفسه نفعا ولا ضرا ولاموتا ولا حیٰوة ولا نشورا o

پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ اللهم یا حی یا قیوم یا الله یا اله الا انت اسئلک ان تحی قلبی بنور معرفتک ابدا یا الله یا الله یا الله o

پھر تین مرتبہ یہ (دعائے مستجاب) پڑھو۔ اللهم یا مسبب الاسباب ویا مفتح الابواب ویا مقلب القلوب والابصار ویا دلیل المتحیرین ویامخرج المخروجین ویا غیاث المستغیثین اغثنی اغثنی اغثنی توکلت علیک یا ربی قضیت وفوضت امری الیک یا رزاق یا فتاح یا باسط لا حول ولا قوة الا بالله العلی العظیم . ما شاء الله کان وما لم یشآء لم یکن بحق ایاک نعبد وایاک نستعین o و صلی الله تعالٰی علٰی خیر خلقه محمد وآلهٖ و صحبه وبارک وسلم اجمعین ☆ برحمتک یا ارحم الراحمین o

پھر ایک مرتبہ یہ پڑھو۔ اللھم انی اسئلک یا من علیک حوآئج السائلین و یعلم ضمیر الصامتین فان لک من کل مسئلة منک سمعا حاضرا جوابا عقیدا وان لک من کل صامت علما ناطقا فاعطنا مواعیدک الصادقة وایادیک الشاملة ورحمتک الواسعة ونعمتک السابقة انظر الیٰ نظرة برحمتک یا رحم الراحمین o

پھر ایک مرتبہ یہ پڑھو۔ اللھم یا حنان یا منان یا دیان یا برھان یا سبحان یا غفران یا ذوالجلال والاکرام o

پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ اللھم انی اسئلک باسمائک واسمک الاعظم ان تعطین ما سئلتک بفضلک وکرمک یارحم الراحمین . الحمدلله الذی فی السموات عرشه والحمدلله الذی فی القبور قضآئه وامره والحمد لله الذی فی البر والبحر سبیله والحمدلله الذی لا ملا ذوالا ملجا الا الیه . رب لا تذرنی فرداوانت خیرالرازقین o

پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ رضیت بالله یا کریما وبمحمد نبیا وبالاسلام علینا وبالقرآن اماما وبالکعبة وقبلة وبالمؤمنین اخوانا o

پھر تین مرتبہ یہ پڑھو۔ بسم الله خیرالاسمآء بسم الله رب الارض والسمآء بسم الله لا یضر مع اسمه شیء فی الارض ولا فی السمآء وهوالسمیع العلیم o

پھر سات مرتبہ یہ پڑھو۔ اللھم اجرنا من النار یا مجیر یا مجیر یامجیر o

پھر ایک تسبیح اس طرح پڑھیں کہ ہر 9 مرتبہ لا اله الا الله پڑھنے کے بعد دسویں مرتبہ۔ محمد رسول الله (ﷺ) پڑھیں۔ پھر ایک مرتبہ یہ پڑھو۔ واشهد ان الجنة حق النار حق والمیزان حق والموت حق والسوال حق والصراط حق والشفاعة حق والکرامة الاولیاء حق ومعجزة الانبیاء حق فی الالدار الدنیا وان الساعة ایته لاریب فیها وان الله یبعث من فی القبور o

پھر ہاتھ اُٹھا کر عاجزی وانکساری سے ایک مرتبہ یہ پڑھو۔ اللهم زد نورنا وزد حضورنا وزد مغفرتنا وزد طاعتنا وزد نعمتنا وزد محبتنا وزد عشقنا وزد قبولنا . برحمتک یا رحم الراحمین o

ایک جگہ پر یہی دُعا اس طرح لکھی ہوئی ہے۔ اللھم زد نورنا اوزد سرورنا وحضورنا وزد مغفرتنا وزد طاعتنا وزد نعمتنا ومحبتنا وزد عشقنا وزد شوقنا و زد قبولنا و زد معرفتنا و زد حالتنا وزد حولنا و زوالنا و زد علمنا و زد حلمنا و زد قوتنا بحرمت جمیع حروف القرآن و بحرمت سیدنا محمد صلی الله علیه وآله وصحبه و بارک وسلم - و برحمتک یا رحم الراحمین -

اس کے بعد مسبعات عشر پڑھ کر ایک ایک مرتبہ سورہ یٰسین ،سورہ مزمل ، سورہ ملک ، سورہ جمعہ پڑھیں۔

پھر جب آفتاب بلند ہو جائے تو دس رکعت نمازِ اشراق پانچ سلاموں سے اس طرح پڑھیں کہ (ہر دو رکعتوں میں) پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے اذا زلزلت الارض ۔۔۔ آخر تک، دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد انا اعطینك الکوثر ۔۔آخر تک پڑھنا ہے۔ اِن دس رکعتوں کے بعد دس مرتبہ درود شریف پڑھ کر وقتِ چاشت تک قرآنِ مجید کی تلاوت میں مشغول ہو جائیں۔

جب وقت چاشت ہو جائے تو بارہ رکعت نماز چاشت چھ سلاموں کے ساتھ اس طرح پڑھیں کہ! پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ والشّمس ، دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ واللیل ، تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ والضحیٰ چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الم نشرح پڑھنی ہے۔ باقی تمام رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنی ہے۔ اِن بارہ رکعتوں کے بعد یہ 360 مرتبہ پڑھیں۔

لا اله الا الله الملک الحق المبین . لیس کمثله شیء وهوالسمیع العلیم o

پھر دس رکعت نماز اس طرح سے پڑھیں کہ اِن دس رکعتوں میں قرآنِ مجید کی آخری دس سورہ پڑھیں (سورہ الم ترکیف ۔۔۔۔ سے ۔۔۔ سورہ والناس تک) سلام کے بعد دس مرتبہ درودِ پاک پڑھ کر ایک مرتبہ سورہ نوح پڑھیں۔

(اور اگر بعد نمازِ ظہر دس رکعت نماز پانچ سلاموں سے حضرت سیدنا خضر نبیؑ سے ملاقات کی نیت سے اِس طرح پڑھے۔ کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اذاجآء نصر اللہ والفتح ۔۔آخر تک اور تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے ۔۔ اِن دس رکعتوں کے بعد 21 مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

یا فتاح تفتحت بالفتح والفتح فی الفتح فتحک یا فتاح.انک خیر الفاتحین۔ تو البتہ حضرت سیدنا خضر نبیؑ سے کسی دن ملاقات ضرور ہوگی۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) اور پھر وقتِ عصر تک یادِ الٰہی میں منہمک ومستغرق رہیں۔ اور اسی دورانیہ میں 100 مرتبہ لا حول ولا قوة الا بالله العلی العظیمo پڑھیں۔

معلوم ہیں مجھ کو تیرے احوال کہ مَیں بھی مُدت ہوئی گزرا تھا اسی راہِ گزر سے

پھر پانچ ۔ پانچ مرتبہ سورہ فتح ،سورہ ملک ، سورہ عم یتسآءلون ۔۔ اور سورہ والنازعات ۔ پڑھیں ۔ اِن سورتوں کی برکت سے اللہ تعالیٰ بندہ کو قبر میں نہیں چھوڑے گا۔ (وہ سیدھا جنت میں جائے گا۔ انشاء اللہ) پھر عصر تک یادِ الٰہی میں مشغول رہے۔

شرح مشائخ میں لکھا ہے کہ جو شخص سورہ والنازعات (کو روزانہ پانچ مرتبہ) پڑھے گا اللہ تعالیٰ اُسے قبر میں نہیں چھوڑیں گے۔ اِس کے بعد

شام کی نماز ادا کرے نماز مغرب کے فرض اور دو سنتوں کے بعد دو رکعت نماز بنیت حفظِ ایمان اس طرح پڑھیں ۔ کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر ایک مرتبہ سورہ فلق اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورہ اخلاص اور ایک مرتبہ سورہ والناس پڑھیں ۔ سلام پھیرنے کے بعد سو مرتبہ **لا الہ الا اللہ** پڑھیں پھر سو مرتبہ **یا حي یا قیوم ثبتني علی الایمان** پڑھیں ۔

نماز حفظ ایمان کے بعد چھ رکعت نمازِ اوابین اس طرح پڑھیں کہ پہلی دو رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے بعد اذا زلزلت الارض ۔۔۔، دوسری دونوں رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الھاکم التکاثر ۔۔۔ اور تیسری دونوں رکعتوں میں سورہ واقعہ پڑھیں ۔ پھر نمازِ عشاء تک یادِ الٰہی میں مشغول رہیں ۔ اور عشاء کی اذان سے قبل سو مرتبہ یہ دعا پڑھیں ۔ **اللھم اعني علٰی ذکرک و شکرک و حسن عبادتک و تلاوت قرانک ابدا کثیرا ۔**

پھر عشاء کی نماز مکمل پڑھ لینے کے بعد بنیت حاجت روائی چار رکعت اس طرح سے پڑھیں کہ ! پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی اور باقی تینوں رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے بعد بالترتیب سورہ اخلاص ، سورہ فلق اور سورہ والناس پڑھیں ۔ اس نماز کی برکت سے انشاء اللہ حاجت ضرور روا ہو گی ۔ پھر چار رکعت نماز صلوۃ السعادت کی اس طرح ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورہ انا انزلنا ۔۔۔ اور پندرہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھیں ۔ سلام کے بعد بحالت سجدہ تین مرتبہ یہ دعا پڑھیں ۔ **یا حي یا قیوم ثبتنا علی الایمان** پھر سر سجدہ سے اُٹھا کر دعا کے لئے ہاتھ اُٹھا کر یہ دعا پڑھیں ۔ **اللھم انی اسئلک برکۃ فی العمر و صحۃ و فی المعیشۃ وَ وُسعۃ فی الرزق وزیادۃ فی العلم والعمل و ثبتنا علی الایمان ۔**

بعد ازاں ! رات کے تین حصے کرے پہلا حصہ نماز میں گزارے ، دوسرا حصہ سونے میں گزارے اور تیسرا حصہ نماز تہجد اور تلاوت قرآنِ مجید میں مشغول ومنہمک ہو کر گزارے ۔ نمازِ تہجد کے ضمن میں رسولِ اعظم سرورِ کائنات ﷺ کا فرمانِ عالی شان ہے کہ نماز تہجد ہمارے لئے فرض ہے یہ آٹھ رکعت نماز چار سلام سے ادا کرے (یارانِ طریقت تو دس ، بارہ بلکہ پچاس اور سو رکعت بھی بوقتِ تہجد پڑھتے ہیں) نماز تہجد میں قرآن سے جو یاد ہو وہ پڑھیں ۔ پھر اٹھ کر تازہ وضو کریں اور ریح کاذب تک یاد الٰہی میں مشغول رہیں ۔

کہتے ہیں کہ ایک بزرگ سے نماز تہجد فقط ایک رات فوت ہو گئی ۔ تو وہ شخص گھوڑے سے گرا جس کی وجہ سے اُس کا پاؤں ٹوٹ گیا ۔ وہ سوچنے لگا ۔ کہ یہ مصیبت کیونکر نازل ہوئی ۔ تو ہاتف غیبی سے آواز آئی ۔ کہ تہجد کی نماز تجھ سے فوت ہو گئی تھی ۔ بہر حال صبح کاذب تک مشغول الٰہی رہیں ۔ پھر گذشتہ روز والے عبادات میں مشغول رہیں ۔ اسی طرح ہر روز کیا کریں ۔ اور اِن مین کمی بیشی نہ ہونے دیں ۔ تاکہ مشائخ (چشتیہ) کی سنت ادا ہو سکے ۔ (بہر حال ! یہی واقعہ ابھی گذر رہا ہے) **الحمد للہ علٰی ذالک ۔**

شاہا زِ کرم بر من درویش نگر | بر حالِ من خستہ و دل ریش نگر
ہر چند نِیَم لائقِ بخشائشِ تو | بر من منگر ، بر کرم خویش نگر

جناب حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی ؒ کے سلسلہ چشتیہ کے وظائف :

نماز صبح اِن اوراد کو سو ۔ سو مرتبہ پڑھنا چاہیئے لیکن اگر کوئی یہ چاہے ۔ کہ سرعت اجابت ہو ۔ تو ہر روز ہزار ۔ ہزار مرتبہ یہ وظیفہ پڑھے ۔

بروز جُمعہ **لا الہ الا ھو** بروزِ ہفتہ **یا رحمن یا رحیم** بروز اتوار **یا واحد یا احد**

بروز سوموار **یا صمد یا فرد** بروز منگل **یا حي یا قیوم** بروز بُدھ **یا حنان یا منان**

بروز جمعرات **یا ذالجلالِ والاکرام**

☆ استغفار کے عظیم الشان فوائد و منافع :

حدیث نبوی ﷺ کی مشہور و معروف کتب سنن ابو داؤد اور مسند امام احمد بن حنبل ؒ میں حضرت ابنِ عباس ؓ سے مروی ہے ۔ کہ ! رسولِ معظم ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ ! جو شخص استغفار کو اپنے اوپر لازم کر لے ۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ہر تنگی سے نکلنے کا راستہ نکال دیتا ہے ۔ اور ہر غم و پریشانی سے اسے نجات عطا فرماتا ہے ۔ اور اسے ایسی جگہ سے اور اس طرح سے رزق باہم پہنچاتا ہے ۔ (کہ) جس کا اس کو گمان بھی نہیں ہوتا ۔

کسی بھی دینی حاجت کی تکمیل کا مجرب طریقہ :

☆ واضح ہو ۔ کہ ! جو شخص کوئی دینی و دنیاوی حاجت رکھتا ہے ۔ وہ دُعائے مرقومہ میں بعد ہر نماز کے فقط **31** (اکتیس) مرتبہ تلاوت کرتا رہے ۔ ان شاء اللہ قاری اپنے مقصود اصلی کو پہنچے گا ۔ دُعائے مرقومہ یہ ہے ۔

اَللّٰھُمَّ افۡتَحۡ لَنَا فَتۡحًا یَا مُفَتِّحَ الۡاَ بۡوَابِ وَاسۡمَعۡ لَنَا سَمۡعًا یَا سَمِیۡعُ الدُّ عَآءِ وَاسۡتَجِبۡ لَنَا دُ عَآ ئِیۡ یَا مُجِیۡبَ الدَّ عۡوَاتِ وَ سَبِّبۡ لَنَا سَبَبًا یَاۤ مُسَبِّبُ الۡاَ سۡبَابِ لَاۤ نَسۡتَطِیۡعُ لَہٗ طَلَبًا بِحَقِّ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ۔ آمین ۔

روگاں وچوں روگ انوکھا ، جس دا ناں غریبی | مشکل ویلے چھوڑ جاندے نے ، رشتہ دار قریبی

سِلسلہ عالیہ چشتیہ کے مخصوص اوراد و وظائف

جامع فوائد الفواد جناب حضرت امیر حسن علی سنجریؒ اپنے پیر و مرشد حضرت سُلطان المشائخ محبوب الٰہی خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ سے نقل کرتے ہیں۔ کہ انہوں نے مجھ سے پوچھا کہ کون سا وِرد آج کل کیا کرتے ہو؟ میں نے عرض کی کہ جو جناب کی زبان مبارک سے سُنا ہے پانچوں وقت کی نماز کے بعد جو سورت فرمائی ہے وہ بھی پڑھتا ہوں عصر کی نماز کے بعد پانچ مرتبہ سورہ نباء اور مُقررہ سورتیں جو سُنتوں میں فرمائی ہیں۔ اور دو وقت مسبعاتِ عشر اور سومرتبہ لا الہ الا اللہ. وحدہ لا شریک لہ . لہ الملک و لہ الحمد . وھوعلی کل شیء قدیر o پڑھتا ہوں۔ (یادرہے۔کہ! مسبعاتِ عشر کا وظیفہ ہر سلسلہ طریقت کا لازم ورد رہا ہے) بعدازاں فرمایا کہ دس تسبیحات اور بھی ہیں جن میں سے ہر ایک سومرتبہ پڑھنی چاہیئے تا کہ ہزار مرتبہ ہو جائے اگر کوئی سومرتبہ نہ پڑھ سکے تو دس مرتبہ پڑھے جن کا مجموعہ سومرتبہ ہو جائے گا وہ دس تسبیحات یہ ہیں۔

1۔ لا الہ الا اللہ. وحدہ لا شریک لہ . لہ الملک و لہ الحمد یحیی و یمیت وھو حی لا یموت بیدہ الخیر . وھوعلی کل شیء قدیر 2۔ سبحان اللہ.و الحمد للہ.و لا الہ الا اللہ. و اللہ اکبر. ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم 3۔ سبحان اللہ و بحمدہ .و سبحان اللہ العلی العظیم وبحمدہ . استغفراللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ o 4۔ استغفر اللہ العظیم الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم و اتوب الیہ و اسئلہ التوبۃ . استغفر اللہ ربی من کل ذنب اذنبتہ عمدا او خطآءً سرا او علانیۃ و اتوب الیہ 5۔ سبحان الملک القدوس سبوح قدوس ربنا و رب الملائکۃ والروح 6۔ اللھم لا مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت ولا ینفع ذالجد منک الجد

7۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرلِیْ وَالِوَالِدَیَّ والا ستاذی و لِجَمِیعِ الْمُؤمِنِیْنَ وَالْمُؤمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الاَحْیَآءِ مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ o

8 اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ و علی آل سیدنا محمد وَبَارِکْ وَسَلِّمْ و صل علی جمیع الانبیاء والمرسلین۔

9 اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطٰن الرجیم o رب اعوذ بک من ھمزات الشیطٰن واعوذبک رب ان یحضرون o 10 بسم اللہ خیرالاسمآء بسم اللہ رب الارض والسمآء بسم اللہ لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم o

اگر گیتی سراسر باد گیرد چراغِ چشتیاں ہرگز نمیرد

اگر پوری دنیا تیز و تند ہواؤں کے نرغے میں آ جائے۔ پھر بھی اللہ تعالیٰ کے اولیاء کا چراغ دائمًا روشن رہے گا۔(ان شاء اللہ)

سِلسلہ چشتیہ نظامیہ کے مخصوص اوراد :

جناب حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ اپنے پیر و مرشد حضرت بابا فرید گنج شکرؒ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے ارشاد فرمایا کہ میں نے شیخ الاسلام شہاب الدین سُہروردی کی یگانہ روزگار کتاب 'عوارف المعارف' میں بروایت فقیہ ابواللیث سمرقندیؒ میں لکھا دیکھا ہے کہ یہ کلمات انجیل مُقدس میں بھی نازل ہوئے تھے اور ان کلمات کی برکت سے نابینا، بینا ہوکر دیکھنے لگتا تھا کہ آسمان سے نور اُتر رہا ہے اس کے بعد شیخ الاسلام نے فرمایا کہ جو شخص اِن کلمات کی حُرمت و تعظیم کا خیال رکھے گا وہ اِن کے اثرات کو ضرور دیکھے گا۔

اول روز سومرتبہ پڑھے۔ لا الہ الا اللہ۔ وحدہ لا شریک لہ۔ لہ الملک و لہ الحمد یحیی و یمیت وھو حی لا یموت ۔وھوعلی کل شیء قدیر o دوئم روز سومرتبہ پڑھے۔ اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ الھا و احدا احدا صمدا فردا وترا لم یتخذ ولا ولدا ۔ سوئم روز سومرتبہ پڑھے۔ اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ احدا صمدا لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد o چہارم روز سومرتبہ پڑھے۔ اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ . لہ الملک و لہ الحمد یحیی و یمیت وھو حی لا یموت بیدہ الخیر . وھوعلی کل شیء قدیر o پنجم روز سومرتبہ پڑھے حسبی اللہ و کفیٰ و سمع اللہ لمن دعا ولیس وراءہ المُنتھیٰ . سبحان من لم یزل کریما و لا یزال رحیما o

(چھٹے روز وہی روز اول کا وظیفہ اور ساتویں روز دوئم روز والا وظیفہ۔۔ اسی طرح ان کو روزانہ پڑھتے رہنا ہے)

اِلٰہی تا بود خورشید و ماہی چراغِ چشتیاں را روشنائی

اے خدا جب تک سورج چاند موجود ہیں۔ چشتیوں کا چراغ ہمیشہ روشن رہے۔(ان شاء اللہ)

سلسلہ عالیہ سُہروردیہ کے اوراد و وظائف:

اور اسی طرح سے حضرت شیخ الاسلام بہاء الدین زکریا مُلتانیؒ اپنی مشہور و معروف تصنیفِ جلیلہ الاوراد میں رقمطراز ہیں کہ ایک ترتیب جو حضرت شیخ الشیوخ ابوحفص شہاب الدین سُہروردیؒ سے منقول ہے کہ ہر ایک ہزار مرتبہ اس ترتیب سے پڑھا جائے۔

بروز ہفتہ — لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ

بروزاتوار — یا حی یا قیوم برحمتک استغیث

بروزسوموار — اللھم صل علی سیدنا محمد ن النبی الامی و علی الہ و بارک و سلمo

بروزمنگل — لا حول ولا قُوۃ الا باللہ العلی العظیم o

بروزبُدھ — استغفر اللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ o

بروز جُمعرات — سُبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ و اللہ اکبر. ولا حول ولا قُوۃ الا باللہ العلی العظیم☆

بروز جُمعہ — یا اللہ یا اللہo

ملتان ما بہ جنتِ اعلیٰ برابر اَست — آہستہ پا بنہ کہ ملک سجدہ مے کنہ

میرا ملتان جنتِ اعلیٰ کا ہمسر ہے۔ یہاں آہستہ آہستہ پاؤں رکھو۔ کہ قدم قدم پر ملائکہ سجدہ ریز ہیں۔

سلسلہ عالیہ سُہروردیہ کے اوراد و وظائف:

حضرت شیخ الاسلام بہاء الدین زکریا مُلتانیؒ اپنی مشہور و معروف تصنیفِ جلیلہ **الاوراد** میں رقمطراز ہیں۔ کہ حضرت شیخ الشیوخ ابوحفص شہاب الدین سُہروردیؒ سے مروی ہے۔ کہ !

بروز جُمعہ	**یا ھو یا اللہ**	بروز ہفتہ	**یا رحمن یا رحیم**	بروزاتوار	**یا واحد یا احد**
بروزسوموار	**یا صمد یا فرد**	بروز منگل	**یا حی یا قیوم**	بروز بُدھ	**یا حنان یا منان**
بروز جُمعرات	**یا ذالجلال والاکرام۔**				

اس وظیفے کے بارے میں صاحب کتاب ''بکھرے موتی'' جناب حضرت مولانا محمد یونس صاحب پالن پوری فرماتے ہیں کہ یہ عمل حضرت مولانا محمد الیاس کاندھلویؒ کے جدامجد اور حضرت شاہ عبدالعزیز محمدث دہلویؒ کے شاگرد خاص کا بارہا آزمایا ہوا نہایت مُجرب عمل ہے اس عمل کے پڑھنے سے صاحب عمل کو اللہ تعالیٰ کی معرفت و محبت نصیب ہوتی ہے۔ جس کے نتیجے میں نیکی کرنا اور گُناہوں سے بچنا بندے کے لئے سہل ہو جاتا ہے۔ علامہ پالن پوری صاحب ترکیبِ عمل بتاتے ہیں کہ! کسی بھی ماہ کو نیا چاند دیکھ کر پہلے سے مُستقل سات ایام تک مذکورہ بالا ترکیب کے مطابق دن یا رات میں ایک وقت اور جگہ مُعین کر کے پابندی کے ساتھ بِنا کسی سے بات چیت کئے ایک ہی نشست میں اللہ تعالیٰ کے ان مبارک **اسماءُ الحُسنیٰ** کو بلا ناغہ بطورِ وظیفہ پڑھتے رہیں۔ بوجہ مجبوری اگر وقت اور جگہ تبدیل ہو بھی جائیں۔ تو کوئی حرج نہیں ہوگا۔

سلسلہ عالیہ سُہروردیہ کے اوراد و وظائف: (حضرت شیخ الاسلام بہاء الدین زکریا مُلتانیؒ)

شب و روز میں کسی بھی وقت روزانہ یہ سات تسبیحات سو سو مرتبہ پڑھنی چاہیئے۔

یکم : لا الہ الا اللہ . وحدہ لا شریک لہ . لہ الملک و لہ الحمد یحیی و یمیت . وھو علی کل شیء قدیر☆

دوئم : سُبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ و اللہ اکبر. ولا حول ولا قُوۃ الا باللہ العلی العظیم☆

سوئم : سُبحان اللہ وبحمدہ و سُبحان اللہ العظیم☆

چھارم : استغفر اللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ☆

پنجم : لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین☆

ششم : اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اجمعین☆

ھفتم : ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ ☆

اِک عمر سے فریبِ سفر کھا رہے ہیں ہم
معلوم ہی نہیں کہ کہاں جا رہے ہیں ہم

حضرت امامِ غزالیؒ کے فرمودہ مخصوص اوراد

حضرت امام غزالیؒ نے اپنی مشہورِ زمانہ تصانیف **احیاء العلوم الدین** اور **کیمیائے سعادت** میں یہ دس گراں قدر اوراد و وظائف تحریر فرمائے ہیں۔ آپؒ فرماتے ہیں۔ کہ یہ (دس) وہ کلمات ہیں جنہیں بار بار پڑھنے کے فضائل آئے ہیں انہیں ذکر کر کے ہم کلام کو طویل نہیں کرنا چاہتے بہتر یہ ہے کہ ان میں سے ہر ایک کو کم از کم تین یا سات مرتبہ یا زیادہ سے زیادہ ستر یا سو مرتبہ پڑھا جائے۔ جبکہ درمیانی مقدار 10 مرتبہ ہے۔ لہٰذا اپنی فراغت اور وقت کی وسعت کے مُطابق ان اذکار کو بار بار دہرایا جائے۔ زیادہ کی فضیلت زیادہ ہے مگر درمیانی مقدار ہی راہ اعتدال ہے اور وہ یہ ہے کہ **10** مرتبہ پڑھا جائے۔ اور ہمیشہ پڑھے، یہی زیادہ لائق ہے کیونکہ بہترین عمل وہ ہے جو دائمی ہو۔ اگر چہ قلیل ہی کیوں نہ ہو۔ ہر وہ وظیفہ جس کی کثرت پر مواظبت ممکن نہ ہو اس کی قلیل مقدار ہی افضل ہوگی جبکہ ہمیشگی کے ساتھ ہو اور دل میں اس کثرت سے زیادہ اثر کرنے والی ہوگی جو کبھی کبھی ہو۔ ہمیشہ کئے جانے والے عمل قلیل کی مثال پانی کے ان قطروں کی سی ہے جو مسلسل زمین پر گرتے رہتے ہیں اور آخر کار زمین میں گڑھا ہو جاتا ہے اگر چہ یہ پتھر ہی پر گریں۔ اس کے برعکس وہ عمل جو کثرت کے ساتھ ہو لیکن مسلسل نہ ہو اس کی مثال اُس پانی کی طرح ہے۔ جو ایک ہی مرتبہ گرے۔ یا پھر چند متفرق جگہوں پر مُختلف اوقات میں گرے۔ تو اس کا کوئی اثر ظاہر نہیں ہوتا۔ بار بار پڑھے جانے والے دس اوراد و وظائف یہ ہیں۔

۱۔ لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک له ۔ له الملک و له الحمد یحیی و یمیت وھو حی لا یموت بیدہ الخیر ۔ وھو علی کل شیء قدیر o ۲۔ سبحان اللہ و الحمد للہ و لا الٰہ الا اللہ و اللہ اکبر. ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۔ ۳ سبوح قدوس رب الملائکة والروح o ۴۔ سبحان اللہ و بحمدہ .و سبحان اللہ العظیم وبحمدہ . استغفر اللہ۔ ۵۔ استغفر اللہ العظیم الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم و اتوب الیه o ۶۔ اللھم لا مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت ولا ینفع ذالجد منک الجد o ۷۔ لا الٰہ الا اللہ الملک الحق المبین o ۸۔ بسم اللہ خیر الاسمآء بسم اللہ رب الارض والسمآء بسم اللہ لا یضر مع اسمه شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم o

۹۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ تَسْلِیْماً o

۱۰۔ یا حی یا قیوم برحمتک استغیث لا تکلنی الی نفسی طرفة عین و اصلح لی شانی کله o

﴿ جبکہ **احیاء العلوم الدین** میں وظیفہ نمبر 10 کے بجائے یہ وِرد و وظیفہ لکھا ہوا ہے ﴾

۱۰۔ اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطٰن الرجیم o رب اعوذ بک من ھمزات الشیطٰن واعوذبک رب ان یحضرون o

حضرت امام غزالیؒ اپنی کتاب کیمیائے سعادت میں فرماتے ہیں کہ انسان ہر روز موت اور اجل کے جلد آنے پر غور کرے اور اپنے آپ سے یوں گویا ہو ''ممکن ہے کہ میری موت میں صِرف ایک ہی دِن رہ گیا ہو'' اس طرح سوچنے کا بہت بڑا فائدہ ہے یہ مخلوق جو ہمہ وقت دولتِ دنیا (کو ذخیرہ کرنے) میں مصروف ہے اس کا سبب درازی آرزو ہے۔ کیونکہ! اگر کسی کو یہ یقین ہو کہ وہ ایک ماہ بعد یا ایک سال بعد مر جائے گا تو وہ اپنی تمام ضروریات و مصروفیات سے بھاگ جائے گا۔ فرمانِ باری تعالیٰ ہے کہ ﴿ کیا انہوں نے غور سے نہیں دیکھا آسمانوں اور زمین کی وسیع مملکت میں اور (اس میں) جو چیز پیدا فرمائی ہے اللہ تعالیٰ نے اور اس میں کہ شاید نزدیک آ گئی ہو۔ اِن کی مقرر میعاد۔ ﴿ سورہ الاعراف : آیت نمبر 185 ﴾

برائے روشنی قلب و قضائے حوائج : اگر کوئی شخص شب جمعہ کو (بحالتِ وضو در مصلہ رو بقبلہ ایک ہی نشست میں بلا کلام) یہ دُعائے بزرگوار پانچ ہزار مرتبہ پڑھے۔ مگر دوران پڑھائی کسی سے بات چیت نہ کرے۔ تو اُسی شب یا تین سے پانچ شب جمعہ میں اُس کی بڑی سے بڑی حاجت (اگر شرعی ہوئی۔ تو) ضرور بالضرور پایہء تکمیل کو پہنچ کر مستجاب ہوگی۔ ان شاء اللہ۔ دُعائے بزرگوار یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یا مسھل سھل کل صعب اصبحت فی جوار اللہ۔ وامسیت فی امان اللہ۔

☆ اسی طرح سے امام غزالیؒ کیمیائے سعادت میں حضرت امام شافعیؒ کے حوالے سے فرماتے ہیں۔ کہ! مجھے ایک مشکل پیش آئی۔ جس کے بارے میں مجھے بڑی فکر تھی۔ خواب میں ایک شخص آیا۔ اس نے مجھ سے کہا۔ اے محمد ادریس (شافعی) آپؒ یہ دعا پڑھیں۔ صبح کو جب میں اُٹھا۔ اور میں نے یہ دعا پڑھی۔ تو دن چڑھے میری وہ مشکل حل ہوگئی۔ دعا یہ ہے۔ **اللھم انی لا املک لنفسی ضرا و ولا نفعا ولاموتا ولا حیوٰۃ ولا نشوزا ولا استطیع ان اخذ لا ما اعطیتنی ولا ان اتقی الا مأوفیتنی. اللھم وفقنی لما تحب و ترضی من القول والعمل فی عاقبة۔**

☆ اسی طرح سے امام غزالیؒ کیمیائے سعادت میں حضرت عتبہ بن غلامؒ کے حوالے سے فرماتے ہیں۔ کہ! اُن کی بخشش اس دعا کی برکت سے ہوئی تھی۔

اللھم یا ھادی المضلین ویا راحم المذ نبیین ویا مقیل عشرات العاثرین ارحم عبدک ذالخطر العظیم والمسلمین کلھم اجمعین واجعلنا مع الاخیاروالمدزوقین الذین انعمت علھم من النبیین و الصدیقین والشھداء والصالحین . آمین. یا رب العالمین۔

تمنا دردِ دل کی ہو تو کر خدمت فقیروں کی نہیں مِلتا یہ گوہر، بادشاہوں کے خزینوں میں

معمولاتِ الشیخ عبدالوہاب الشعرانیؒ

حضرت سیدنا شیخ عبدالوہاب الشعرانیؒ اپنی کتاب **لطائف المنن** میں فرماتے ہیں کہ مجھے عمل کی توفیق ماثور کے مطابق ودیعت کی گئی ہے ۔پس میں اپنے اوراد میں آسمان پر مقیم ملائکہ کی موافقت کو ترک نہیں کرتا ۔ بلکہ اس کا التزام کرتا ہوں ۔ اور میں نہیں جانتا کہ اب میرے معاصرین میں کسی کا ورد اس پر مشتمل ہو جس کے ساتھ ملاءِ اعلیٰ کے فرشتے کے ذریعے تسبیح پڑھتے ۔ اور میرے اوراد کے ترتیب کی صورت یہ ہے ۔ کہ!

میں اس قول سے ابتداء کرتا ہوں ۔ **سبحان من سبقت رحمتة غضبه** ۔ کیونکہ طبرانی وغیرہ میں وارد ہے ۔ کہ حق سبحانہ تعالیٰ کی صلوۃ **سبقت رحمتي غضبي** ۔ پس میں ہزار مرتبہ یہ پڑھتا ہوں ۔ **سبحان من سبقت رحمتة غضبه** ۔

پھر ہزار مرتبہ میں یہ پڑھتا ہوں ۔ **سبحان الله و بحمده . سبحان الله العظيم . استغفر الله .**

پھر ہزار مرتبہ میں یہ پڑھتا ہوں ۔ **سبحان الله والحمدلله و لا اله الا الله والله اكبر ولا حول ولا قوة الا بالله العلي العظيم** کیونکہ احادیث نبوی ﷺ میں وارد ہے کہ ان دونوں صیغوں کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے ۔

پھر ہزار مرتبہ میں یہ پڑھتا ہوں ۔ **اشهد ان لا اله الا الله و اشهد ان محمد رسول الله ﷺ** .

پھر ہزار مرتبہ میں یہ پڑھتا ہوں ۔ **اللهم لک الحمد کما ينبغي لجلال وجهک والعظيم سُلطانک** . احادیث نبوی ﷺ میں وارد ہے کہ یہ کلمات دونوں فرشتوں پر گراں ہو گئے انہیں ان (کلمات) کے ثواب کی مقدار معلوم نہ ہوسکی ۔ پس اللہ تعالیٰ نے فرمایا انہیں لکھ لو جس طرح کہ میرے بندے نے کہا ہے اور ان کی جزاء مجھ پر ہے ۔

پھر ہزار مرتبہ میں یہ پڑھتا ہوں ۔ **جزالله سيدنا و نبينا محمد صلى الله عليه واله وسلم عنا ما هو اهله** ۔ کیونکہ احادیث نبوی ﷺ میں وارد ہے کہ جس نے اسے ایک مرتبہ پڑھا اس نے ستر کاتبوں کو ایک ہزار ایام تک مُشقت میں ڈال دیا ۔

پھر ہزار مرتبہ میں یہ پڑھتا ہوں ۔ **سبحان الله و بحمده عدد خلقه. سبحان الله و بحمده رضا نفسه . سبحان الله و بحمده زنة عرشه سبحان الله و بحمده مداد کلماته** . کیونکہ احادیث نبوی ﷺ میں وارد ہے کہ اس کا پڑھنا ہر مرتبہ دن بھر بندے کی تسبیح کے برابر ہے ۔

پھر ہزار مرتبہ میں یہ پڑھتا ہوں ۔ **سبحان الله العلي الديان☆ سبحان الله الشديد الاركان☆ سبحان الذي من يذهب بالليل ويأتي بالنهار☆سبحان الله من لا يشغله شان عن شان☆سبحان الله الحنان المنان ☆ سبحان الله المسبح في كل مكان ☆** ۔ کیونکہ وارد ہے کہ یہ اُس فرشتے کی تسبیح ہے جس کا نصف آگ سے اور نصف برف سے ہے ۔

پھر ہزار مرتبہ میں یہ پڑھتا ہوں ۔ **الحمد لله بجميع محامدة كلها ما علمت منها وما لم اعلم على جميع نعمه كلها ما علمت منها وما لم اعلم عدد خلقه كلهم ما علمت منهم وما لم اعلم** . اس لئے کہ اثر میں وارد ہے کہ ایک شخص نے یوم عرفہ میں ایک مرتبہ کہا (یعنی کہ ایک شخص نے اس وِرد کو یوم عرفہ میں ایک مرتبہ پڑھا) پھر جب دوسرے سال حج کیا تو اس نے اسے کہنا شروع کیا تو اسے ہاتفِ غیبی نے نِدا دی؛ اے فلاں! سالِ گذشتہ سے اب تک ہم تیرے لئے اِس حمد کا ثواب لکھ رہے ہیں ابھی تک فارغ نہیں ہوئے ۔

پھر ہزار مرتبہ میں یہ درود شریف پڑھتا ہوں ۔ **اللهم صل على سيدنا محمد ن النبي الامي وعلى ا له وصحببه و بارک وسلم** ۔ کیونکہ وارد ہے کہ بحرِ محیط کے پیچھے ملائکہ کا درود ہے اس سے رات دن کوتاہی نہیں کرتے ۔ اسے ثعلبی نے کتاب العرائس میں ذکر کیا ہے ۔

پھر میں ہزار مرتبہ یہ پڑھتا ہوں ۔ **سبحانک اللهم وبحمدک على كفوک بعد قدرتک . سبحانک اللهم وبحمدک على حلمک بعد علمک** ۔ کیونکہ وارد ہے کہ پہلی شق عرش کے آدھے حاملین کی تسبیح ہے جبکہ دوسری شق دوسرے نصف کی تسبیح ہے ۔ دو فرشتے دو فرشتوں پر لوٹاتے ہیں ۔ اسے میں ہزار مرتبہ پڑھتا ہوں ۔

پھر ہزار مرتبہ میں یہ پڑھتا ہوں ۔ **لا اله الا انت يا حي يا قيوم** کیونکہ یہ حیاتِ قلب کے لئے مجرب ہے ۔

تین روشن اعمال : حضرت سیدی عبدالوہاب الشعرانیؒ کتاب طبقات امام شعرانی میں رقمطراز ہیں کہ ایک دفعہ میں (عبدالوہاب الشعرانیؒ) نے خواب میں آپ (یعنی اپنے والدِ محترم) کو دیکھا ۔ تو پوچھا! یا سیدیؒ ! آپؒ کا کیا حال ہے ؟ فرمایا مجھے برزخ کا دربان بنا دیا گیا ہے چنانچہ کوئی عمل برزخ میں داخل نہیں ہوتا ۔ یہاں تک کہ مجھ پر پیش کیا جاتا ہے ۔ اور میں نے اپنے اصحاب کے اعمال میں سے **سورہ اخلاص** کی قرأت ، **درود** و سلام اور کلمہ طیبہ **(لا اله الا الله محمد رسول الله)** سے زیادہ ضیاء اور روشن کوئی عمل نہیں دیکھا ۔

مغفرت طلب کرنے میں وسیلہ نبوی ﷺ کی رحمانی تلقین :

اللہ تعالیٰ قرآن حکیم میں فرماتا ہے ۔کہ! وَلَوْ اَنَّھُمْ اِذْ ظَّلَمُوْا اَنْفُسَھُمْ جَآءُوْکَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰہَ وَاسْتَغْفَرَلَھُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰہَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا ۔اور اگر یہ لوگ اپنی جانوں پر ظلم کریں ۔تو (اے محبوب ﷺ جب یہ لوگ) آپ ﷺ کے حضور حاضر ہوں ۔اور پھر اللہ تعالیٰ سے معافی مانگیں ۔تو رسول اللہ ﷺ (آپ ﷺ بھی) ان کے لئے استغفار کرتے ہیں ۔تو وہ (گناہ گار معافی مانگنے والے) اللہ تعالیٰ کو تو بہ قبول فرمانے والا نہایت مہربان پاتے ۔(سورہ النساء ۔آیت نمبر 64)

اگر ہم (جمیع اُمت محمدیہ ﷺ کے خواتین وحضرات) اس بیان کردہ آیت پر یقین رکھتے ہوئے یہ عمل کریں ۔تو یقیناً ہمیں بہت زیادہ نفع وفائدہ گا ۔(ان ءاللہ العظیم)۔ ظاہر بات ہے ۔کہ! قرآن میں موجود یہ عظیم المرتبت نوید تو جملہ اُمت کے لئے ہے ۔لہٰذا ہمیں چاہیئے ۔کہ! حضرت رسولِ مکرم ﷺ کے روضہءمبارکہ کا کامل تصور کرتے ہوئے اور اسی آیت کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم اللہ تعالیٰ کے ہاں اپنے جملہ گناہ (صغیرہ وکبیرہ، دانستہ وغیر دانستہ) کی صدق نیت اور خلوصِ قلب سے معافی مانگی چاہیئے ۔اللہ تعالیٰ ضرور معاف فرما دے گا ۔(ان شاءاللہ) کیونکہ! یہ طریقہ بھی تو رب متعال کا ترتیب دیا ہوا ہے ۔

لہٰذا اَب چونکہ ہمارا (بمطابق احادیثِ صحیحہ) یہ ایمان اور یقین ہے ۔کہ! آنحضور نبی مکرم ﷺ بقیدِ حیات ہیں ۔اور اُن تک ہمارا پڑھا گیا درود وسلام بھی پہنچایا جاتا ہے ۔تو پھر ہمیں اُن کا تصور کرتے ہوئے کچھ مرتبہ درود وسلام پڑھ کر یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر اپنے لئے مغفرت بھی طلب کرنی چاہیئے ۔

☆ صلوٰۃ التوبہ کی ترغیب وفائدہ :

یہ ایک انتہائی مشہور ومعروف حدیث نبوی ﷺ ہے ۔جسے **امام ترمذی**، **امام دائود**، **امام نسائی**، **امام ابن ماجہ** نے اپنی سنن میں جبکہ **امام ابن حنان** اور **امام ابن خزیمہ** نے اپنی صحیحین میں اور امام بیہقیؒ نے ذکر فرمایا ہے ۔کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ فرماتے ہیں ۔کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ۔کہ جو کوئی شخص بھی کسی قسم کا گناہ کرے ۔پھر اٹھ کر وضو کرے ۔اور نماز (**صلوٰۃ توبہ**) پڑھے ۔پھر اللہ تعالیٰ سے تو بہ واستغفار کرے ۔تو اللہ تعالیٰ ضرور اس کے گناہ معاف کر دیتا ہے ۔

☆ سید الاستغفار بمطابقِ حدیثِ نبوی ﷺ :

صحیح بُخاری میں ہے ۔کہ محبوب رب العالمین حضرت رسالت مآب ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔کہ! یہ سید الاستغفار ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ **اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَاصَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ۔**

جس نے اسے (سید الاستغفار) شام کے وقت ایمان ویقین کے ساتھ پڑھا ۔پھر اس کا اس رات میں انتقال ہو گیا ۔تو وہ جنت میں داخل ہوگا ۔اور جس نے صبح کے وقت اسے ایمان ویقین کے ساتھ پڑھا ۔پھر اسی دن اس کا انتقال ہو گیا ۔تو وہ جنت میں داخل ہوگا ۔(انشاءاللہ العظیم)

☆ دعائے عظیم البرکت وکثیر الفوائد برائے کفارہءمعاصی :

نبی مکرم ﷺ نے فرمایا ہے ۔کہ! روئے زمین پر کوئی ایسا نہیں ۔جو **لا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا با للہ العلی العظیم** پڑھے ۔اور اس کی ساری خطاؤں کا کفارہ نہ ہو جائے ۔اگر چہ اُس کی خطائیں سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں ۔(جامع ترمذی)

☆ دعائے عظیم البرکت وکثیر الفوائد برائے مغفرت :

بمطابق حدیث! جب بندہ **سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر و تبارک اللہ** ۔پڑھتا ہے ۔تو ایک فرشتہ اُس کو اپنے قبضہ میں لے لیتا ہے ۔اور اپنے پَر کے نیچے لئے ہوئے اوپر چڑھ جاتا ہے ۔(**الیہ یصعد الکلم الطیب و العمل الصالح یرفعہ** ۔پاکیزہ کلمات اور عملِ صالح اس کی جانب چڑھتے ہیں ۔اور وہ ان کو اُٹھالیتا ہے ۔القرآن) اور ان کلمات کو لے کر فرشتوں کی کسی ایسی جماعت پر اُس کا گزر نہیں ہوتا ۔جو اُس کے پڑھنے والے کے لئے استغفار نہ کرتے ہوں ۔یہاں تک کہ خدائے رحمان عزوجل کے روبرو لے کر حاضر ہوتا ہے ۔(مستدرک للحاکم)

☆ دعائے عظیم البرکت وکثیر الفوائد :

اسی طرح سے حضرت علی المرتضیٰؓ کا قولِ مبارک ہے ۔کہ جو شخص (یہ کلمات) روزانہ تین مرتبہ پڑھ لیا کرے ۔ **صلوات اللہ وسلامہ علی آدم** ۔تو اللہ تعالیٰ اُس کے گناہ بخش دے گا ۔اگر چہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں ۔اور وہ حضرت آدمؑ کا رفیق ہوگا ۔

☆ استغفار :

ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت سیدنا مولا علیؓ سے فرمایا ۔کیا میں تجھے ایسی دُعا نہ سکھاؤں (کہ) جسے پڑھا جائے ۔تو پہاڑوں جیسے گناہ بھی (اگر) ہوں گے ۔تو اللہ تعالیٰ اس (دعا) کے پڑھنے سے معاف فرما دے گا ۔وہ دعائیہ کلمات یہ ہیں ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ **اَللّٰھُمَّ لا الہ الا انت العلیم الکریم تبارکت سبحانک رب العرش العظیم ۔**

☆ گناھوں کی بخشش :

صحیح مسلم ، موطا امام مالک ، مسند احمد اور المعجم الاوسط للطبرانی میں وارد ہے ۔ کہ حضرت ابو ہریرہ ؓ آنحضرت نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں ۔ کہ آپ ﷺ نے فرمایا ۔ جس نے ہر فرض نماز کے بعد 33 مرتبہ اللہ اکبر ، 33 مرتبہ سبحان اللہ ، 33 مرتبہ الحمد للہ اور (ایک مرتبہ) لاالٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ. لہ الملک. ولہ الحمد . وھو علیٰ کل شیء قدیر ☆ پڑھ کر سو 100 کا عدد پورا کیا تو اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے ۔ اگر چہ وہ سمندر کے جھاگ سے زیادہ ہی کیوں نہ ہوں ۔

☆ استغفارِ شاذلیہ : (منسوب و منقول از حضرت سیدی خضرؑ):

یہ استغفار دراصل حضرت خضر نبیؑ کا تعلیم کردہ استغفار ہے ۔ (چاہیئے ۔ کہ ! بعد فرض نماز تین مرتبہ اور رات کو سونے سے قبل یک صد مرتبہ (یعنی فقط ایک تسبیح) یہی استغفار پڑھ لیا جائے ۔ تاکہ ! اس کے ظاہری و باطنی فوائد وثمرات سے مستفید ومتنفع ہوا جا سکے)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔اَ سْتَغْفِرُاللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ ۔ يَا غَفَّارَ الذُّنُوْبِ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۔وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ يا مِنْ جَمِيْعِ الْمَعَاصِیْ كُلِّهَا وَالذُّنُوْبِ وَالْاٰثَامِ ۔ وَمِنْ كُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا اَوْ خَطَاً سِرًّا اَوْ عَلَانِيَةً ظَاهِرًا وَ بَاطِنًا قَوْلًا وَ فِعْلًا فِیْ جَمِيْعِ حَرَكَاتِیْ وَ سَكَنَاتِیْ وَ خَطَرَاتِیْ وَاَنْفَاسِیْ كُلِّهَا دَآئِمًا اَبَدًا سَرْمَدًا مِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ لَا اَعْلَمُ وَ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ لَآ اَعْلَمُ . عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِهِ الْعِلْمُ وَاَحْصَاهُ الْكِتَابُ وَ خَطَّهُ الْقَلَمُ وَ عَدَدَ مَا اَوْجَدَتْهُ الْقُدْرَةُ وَ خَصَّصَتْهُ الْاِرَادَةُ وَ مِدَادَ كَلِمَاتِ اللّٰهِ كَمَا يَنْبَغِیْ لِجَلَالِ وَجْهِ رَبِّنَا وَجَمَالِهٖ وَ كَمَالِهٖ وَكَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا وَ يَرْضٰى ۔(اس کے ساتھ یہ کلمات بھی ملالیں) لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ فِیْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَ نَفَسٍ عَدَدَ مَا وَسِعَهٗ عِلْمُ اللّٰهِ ۔اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ. اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادُ ۔

یاخدا بہرِ جنابِ مصطفٰی ﷺ امداد کن ۔۔۔ یا رسول اللہ ﷺ از بہرِ خدا امداد کن

☆ دعائے حبیبی برائے مغفرت :

جو شخص قبرستان میں جا کر تمام اہلِ قبور اور آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی تمام اُمت اور حضرت آدم نبیؑ سے لے کر آخری پیدا ہونے والے مسلم لڑکا اور لڑکی بشمول اپنے اور والدین وعزیز وا قارب کے ایصال کے لئے اس دعا کو فقط دس (10) مرتبہ پڑھے گا ۔ تو اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے تمام قبور میں انوارات بھر جائیں گیں ۔ (انشاء اللہ) دعائے مغفرت یہ ہے ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ اَللّٰهُمَّ يَا حَبِيْبُ الْفُقَرَآءِ وَيَا اَنِيْسَ الْغُرَبَآءِ وَيَا عَظِيْمُ الرَّجَآءِ وَيَا مُعِيْنُ الضُّعَفَآءِ وَيَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ يَا رَاحِمُ الْعَطَايَا وَيَا غَافِرُ الْخَطَايَا يَا حَیُّ يَا قَيُّوْمُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ يَا سُبْحٰنُ يَا سُلْطٰنُ يَا غُفْرَانُ يَا بُرْهَانُ يَا مُسَبِّبُ الْاَسْبَابِ يَا مُفَتِّحُ الْاَبْوَابِ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ يَا بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ سَخِّرْلِیْ جَمِيْعَ الْاَشْيَآءِ مِنْ جَمِيْعُ النَّاسِ ۝ بِرَحْمَتِكَ خَلِّصْنَا مِنْ شَرَآئِرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَا رَحِيْمُ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا اِلٰى يَوْمُ الدِّيْنُ۝ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ۝

اور اگر ویسے بھی اسی دعا کو روزانہ رات کو سونے سے قبل بحالتِ وضو فقط دس مرتبہ پڑھ کر بنا کسی سے بات چیت کر کے سو یا جائے ۔ تو اس دعا کا روزانہ پڑھنے والا خوش نصیب شخص عجائبات در عالم رویا ء خوب لطف اندوز ہوتا ہے ۔ (مجرب المجرب ہے)

اس کی یاد آئی ہے ، سنو! ذرا آہستہ چلو ۔۔۔ دھڑکنوں سے بھی عبادت میں خلل پڑتا ہے

☆ استغفار : کتاب الدرالنظیم (عبداللہ اسعد الشافعی الیمنیؒ) میں ہے ۔ کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔ کہ! جو شخص

(روزانہ) سو مرتبہ (یہ) استغفار کرے ۔ وہ جب تک اپنے مال میں برکت مشاہدہ نہیں کرے گا ۔ نہیں مرے گا ۔ اور صاحب **مرقعِ کلیمی** فرماتے ہیں ۔ کہ ! جو شخص ہر روز یہ استغفار پچیس مرتبہ پڑھا کرے ۔ اس کے مال واولاد کو کوئی ضرر نہ پہنچے ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ وَاَسْئَالُهُ التَّوْبَةَ وَالْمَغْفِرَةَ مِنْ جَمِيْعِ الذُّنُوْبِ .

☆ بہترین دُعا : حضرت رسولِ مکرم ﷺ نے فرمایا ۔ کہ! انسان کی مانگی جانے والی دُعاؤں میں اس سے بہتر کوئی دُعا نہیں ۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْمُعَافَاةَ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۔ (سنن ابنِ ماجہ)

دنیا کی ہے رِیت عجیب ، نہیں کوئی محفوظِ تہمت ۔۔۔ نہ مریمؑ ، نہ یوسفؑ ، نہ عائشہؓ ، نہ ہم

☆ استغفار و رُقعہ مورث العلم و المال:

صاحب مرقع کلیمی ؒ فرماتے ہیں۔کہ! جوشخص (روزانہ) چارسومرتبہ (یہ استغفار) پڑھا کرے۔اس کوعلم نافع یا مالِ کثیر حاصل ہو گا۔(انشاءاللہ) مجرب ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم o اَسْتَغْفِرُ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ الرحمٰن الرحیم بدیع السموات والارض من جمیع جرمی و ظلمی و اسرافی علٰی نفسی وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ وَاَسْئَا لُہُ التَّوْبَۃ ۔

☆ استغفار از حضرت آدم صفی اللہؑ :

حضرت جبرائیلِ امینؑ نے فرمایا۔اے آدمؑ ! آپؑ (اپنی معافی وبخشش کے لئے) اِن کلمات کے ساتھ عرض گزارہوں۔

اللھم انی اسئلک بحق محمد والِ محمد ﷺ۔ سبحانک اللھم و بحمدک عملت سوء ظلمت نفسی انہ لا یغفر الذنوب الا انت وارحمنی وانت خیرالراحمین ۔ سبحانک وبحمدک لا الہ الا انت عملت سوء وظلمت نفسی فتب علی انک انت التواب الرحیم ۔ سبحانک وبحمدک لا الہ الا انت عملت سوء وظلمت نفسی فاغفرلی وانت خیرالغافرین ۔

حضرت آدمؑ یہ دُعاپڑھاکرتے تھے۔ سبحان الخالق الباریء سبحان اللہ العظیم و بحمدہ ۔ جوکوئی اس(دُعا) کودس مرتبہ پڑھےگا۔اللہ تعالیٰ اس کواپنی (ایسی) نعمتیں عطافرمائے گا۔جن کونہ آنکھوں نے دیکھا ہوگا۔نہ کانوں نے سنا ہوگا۔نہ کسی بشر کے خیال میں گزری ہوں گی۔

☆ **عجیب و پُر تاثیر استغفار برائے قضائے حوائج :**

حضرت شیخ امام احمد بن علی البونیؒ نے اپنی کتاب ''شمس المعارف'' میں فرماتے ہیں۔کہ! قضائے حوائج کے واسطے، کہ جس شخص کواللہ تعالیٰ سے کوئی حاجت ہو۔تو لازم ہے۔کہ! نمازِ عشاء کے وتر سے قبل دو رکعتیں (قضائے حوائج کے قصد سے) اس طرح سے پڑھے۔کہ! ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورہ ءاخلاص پڑھے۔ پھر اپنے دونوں پیروں کے بل اکڑوں ہوکراس طرح سے بیٹھے۔کہ! تھوڑا سا کھڑا رہ جائے۔ اور یہ استغفار آنکھیں بندکر کے ایک ہزار (1000) مرتبہ (معہ تسمیہ) پڑھے۔استغفراللہ العظیم الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم و اتوب الیہ واسئالہ التوبۃ. اللھم اغفرلی ولولدی ولجمیع المسلمین والمسلمات الاحیآء منھم والاموات ۔ پھر فارغ ہو کر جو (شرعی و جائز) دُعا مانگے گا۔قبول ہو گی ۔(ان شاءاللہ العظیم)

☆ عجیب و پُر تاثیر درود و استغفار : (ازحضرت صوفی برکت علی لودھیانویؒ)

یہ درود شریف و استغفار دراصل منقل ومنسوب بہ حضرت خواجہ خواجگان امیر الفُقراء سیدنا اویس قرنیؓ سے ہے۔اورحضرت ابو انیس صوفی محمد برکت علی لُدھیانویؒ کے سلسلہ عالیہ قادریہ، مجددیہ، غفوریہ، رحیمیہ، کریمیہ، امیریہ کا موروثی درود شریف ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ عِتْرَتِہٖ بِعَدَ دِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ.اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ ۔

☆ **عظیم استغفار :**

جامع ترمذی، مسند احمد اور الترغیب والترہیب میں وارد ہے۔کہ حضرت ابوسعید خدری ؓ صاحب جود وسخا نبی آخرالزمان ﷺ کا یہ فرمانِ عالیشان نقل کرتے ہیں۔کہ جوشخص بستر پر لیٹ کر (بوقتِ خوابیدن) یہ (استغفارتین مرتبہ) پڑھے۔

استغفراللہ العظیم الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم و اتوب الیہ ۔ تین مرتبہ پڑھے۔تو اللہ تعالیٰ اس کے گُناہوں کوبخش دے گا اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ کے جتنے ہوں۔اگرچہ وہ ریت کے ذروں جتنے ہوں۔اگرچہ وہ دنیا کے ایام جتنے ہوں۔

☆ **عجیب و پُر تاثیراستغفار برائے رحمتِ الٰھی و دافع رنج واَلم :**

بسم اللہ الرحمن الرحیم o اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْتَغْفِرُکَ لِکُلِّ ذَنْبٍ یَکُوْنَ فِیْٓ اِجْتِرَاحِہٖ قَطْعُ الرَّجَآءِ وَرَدُّ الدُّعَآءِ وَ تَوَاتُرُ الْبَلَآءِ وَ تُرَادُفُ الْھُمُوْمِ وَ تُضَاعُفُ الْغُمُوْمِ۔

☆ سلسلہ ء عالیہ نقشبندیہ کا خصوصی استغفار : (حضرت امام مجددالف ثانیؒ)

خطرات ووساوس کے دفعیہ کے لئے تنہائی میں تین مرتبہ یہ استغفار پڑھنا چاہیئے۔اوراستغفار پڑھتے وقت سانس کوتینوں مرتبہ قوت کے ساتھ کھینچے۔ اس طرح کہ! گویا وہ کسی چیز کودل ودماغ سے دورکررہاہے۔اوراس استغفار کے معنے کوبھی اپنے ذہن میں رکھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o استغفراللہ واتوب الیہ من جمیع ما کرہ اللہ قولا و فعلا و ظاھرا و باطنا و سامعا و خاطرا حاضرا و ناظرا لا حول ولا قوۃ الا باللہ۔

☆ **مغفرت کی عظیم الشان دعا :** ایک مرتبہ یحییٰ بن زکریاؑ (یوحنا العمدان) گزرتے ہوئے حضرت دانیال نبیؑ کی قبر سے گزرے۔ تو اُنہوں نے آپؑ کی قبر سے یہ دعا پڑھنے کی آواز سُنی۔ **سبحان من تعزز بالقدرۃ و قھر العباد بالموت۔**
وہ بزرگ فرماتے ہیں۔ کہ جو شخص یہ کلماتِ عظیمہ پڑھے گا۔ تو اس کے لئے ساتوں آسمانوں اور ساتوں زمینوں کی چیزیں (یعنی جملہ مخلوقات جن وانس وشجر جمادات، چرند وپرند) مغفرت کی دعا کریں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

☆ **عظیم عملِ بخشش :** **(بقولِ حضرت سیدنا امام اعظم ابو حنیفہ نعمان بن ثابتؒ)**
فرماتے ہیں۔ کہ! مَیں نے رب العزت کو 99 مرتبہ خواب میں دیکھا۔ لیکن پھر بھی میری حسرت کم نہ ہوئی۔ مَیں نے (دل میں) کہا۔ اگر ایک مرتبہ اور زیارت ہو جائے۔ تو مَیں عرض کروں گا۔ الٰہی! قیامت میں مخلوق کی بخشش کس عمل سے ہوگی۔ چنانچہ میں پھر اللہ تعالیٰ کی زیارت سے شاد ہوا۔ مَیں اللہ تعالیٰ کے حضور عرض گذار ہوا۔ الٰہی! تیری سلطنت باعزت اور تیری شان عظیم ہے۔ مَیں یہ معلوم کرنا چاہتا ہوں۔ کہ! قیامت میں مخلوق کس عمل سے جلد نجات پائے گی۔ ارشاد ہوا۔ جب خواب گاہ میں آتے اور جاتے وقت یہ (کلماتِ عظیمہ معہ تسمیہ) پڑھا کرے۔
سبحان الابدی الابد سبحان الواحد الاحد سبحان الفرد الصمد سبحان رافع السمآء بغیر عمد سبحان من بسط الارض علی المآء فجمد سبحان من خلق الخلق فاحصا ھم عددا سبحان من قسم الارزاق ولم ینس احدا سبحان الذی لم یتخذ صاحبۃ ولا ولدا سبحان الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد o

شوق تیرا گر نہ ہو، میری نماز کا امام
میرا قیام بھی حجاب ، میرے سجود بھی حجاب

☆ **استغفارِ عجیبہ :** شیطانِ لعین نے ایک مرتبہ بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں حاضر ہوکر آنحضور نبی کریم ﷺ کو آگاہ کیا۔ کہ! وہ ایک ایسی دعا سے واقف ہے۔ کہ! وہ روزِ قیامت اس دعا کے پڑھنے کے سبب بخشا جائے گا۔ اور جنت کا مستحق قرار پائے گا۔ لیکن شیطان کے جانے کے بعد حضرتِ جبرائیلؑ اسی مقدس بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں تشریف لائے۔ اور کہا۔ یارسول اللہ ﷺ! وہ واقعی سچ کہہ گیا ہے۔ لیکن یہ دعا چالیس روز قیامت سے قبل ابلیسِ لعین کو بھلا دی جائے گی۔ (یہ دعا تین طرح سے آئی ہے)
بسم اللہ الرحمن الرحیم o اللھم یا اجود الاجودین ویا اکرم الاکرمین ویا خالق السمٰوٰت والارضین oرب لا تذرنی فردا وانت خیر الوارثینo صلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ سیدنا محمد وعلیٰ الہٖ وصحبہٖ اجمعین. برحمتک یارحم الراحمین.
☆ **بسم اللہ الرحمن الرحیم o الحمد للہ رب العالمین o الرحمٰن الرحیم قبل کل شئی o والحمد للہ بعد کل شئیo والحمد للہ علیٰ کل حالo سبحٰن اللہ من لم یزلo سبحٰن الحی القیوم وستار العیوبo برحمتک یارحم الراحمین o**
☆ **بسم اللہ الرحمن الرحیم oالـلھم یا الٰہ البشر ویا عظیم الخطر ویا سریع الظفر ویا معروف الاثر و یا واسع المغفرۃ ویا عزیز المن ویا مالک یوم الدین بحق ایاک نعبد وایاک نستعین o برحمتک یارحم الراحمین o بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o یا الہ العالمین و یا خیر الناصرین و یا غیاث المستغیثین اغثنی اغثنی اغثنی o برحمتک یارحم الراحمین o**

☆ **انوارات دَر قبور :** جو شخص قبرستان میں جاکر تمام اہلِ قبور اور آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی تمام اُمت اور حضرت آدم نبیؑ سے لےکر آخری پیدا ہونے والے مسلم لڑکا اور لڑکی بشمول اپنے اور والدین وعزیز وا قارب کے ایصال کے لئے اس دعا کو فقط انیس (19) مرتبہ پڑھے گا۔ تو اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے تمام قبور میں انوارات بھر جائیں گیں۔ (انشاء اللہ) دعائے مغفرت یہ ہے۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم o الحمد للہ الذی فی السمآء عرشہٖ ☆ الحمد للہ فی رؤیتہٖ ☆ والحمد للہ فی القبور قضآؤہٗ ☆ والحمد للہ الذی فی البر والبحر حکمہٖ ☆ والحمد للہ الذی لا تقوۃ ولا ملجا من اللہ الا الیہ ☆ برحمتک یا ارحم الراحمین ☆**

☆ **دل کا وسوسہ دور کرنے کا وظیفہ :** سنن ابو داوٗد میں حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جب اپنے دل میں کسی قسم کا وسوسہ محسوس کرو تو پڑھو۔ **ھو الاول والاخر والظاھر والباطن وھو بکل شیءعلیم o**
☆ حضرت الشیخ ابوالحسن شاذلیؒ نے فرمایا۔ کہ جب کسی کو کثرت سے وسوسے آئیں۔ تو یہ پڑھیں۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم o سبحان الملک الخلاق ان یشاء یذھبکم و یأت بخلق جدید وما ذالک علی اللہ بعزیز o**

☆ **عظیم الشان وظیفہ :**
نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ جو شخص ان کلمات کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کرتا ہے۔ (تو) اللہ تعالیٰ اس کے نامہء اعمال میں ہزار نیکیاں درج کر دیتا ہے۔ ہزار درجے بلند فرماتا ہے۔ اور ستر ہزار فرشتوں کو اس کے لئے مقرر فرماتا ہے۔ جو قیامت کے روز تک اس کے لئے استغفار کرتے رہیں گے۔ کلمات یہ ہیں۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم o الحمد للہ الذی تواضع کل شیءلعظمتہٖ والحمد للہ الذی ذل کل شیءلعزتہٖ والحمد للہ الذی خضع کل شیءالملٰئکۃ. والحمد للہ الذی استسلم کل شیءلقدرتہٖ.** (طبرانی)

☆ **اللہ تعالیٰ کی بھترین انداز میں حمد و ثناء:**

اگر کوئی شخص قسم کھائے ۔کہ! مَیں اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کواس کے تمام محامد ومحاسن کے ساتھ کروں گا۔تو اس کا طریقہ یہ ہے۔کہ! وہ کہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم . الحمد للہ حمدا یوافی نعمہ ویکا فی مزیدہ.

اگر کوئی شخص قسم کھائے ۔کہ! مَیں سب سے عمدہ الفاظ کے ساتھ اس کی حمد وثناء بجالاؤں گا۔تو اسے یہ طریقہ اختیار کرنا چاہیئے ۔

بِسْمِ اللہ الرحمن الرحیم . سبحنک لا احصی ثنا علیک انت کما اثنیت علٰی نفسک فلک الحمد حتی ترضٰی.

☆ **اللہ تعالیٰ کی بھترین حمد و ثناء:**

حضرت علی ابن ابی طالبؓ سے روایت ہے۔کہ! بادشاہ بخت نصر نے حضرت دانیال نبیؑ کوایک کنویں میں دوشیروں کے ہمراہ پانچ ایام تک قید رکھا۔جب کھولا۔تو ان کو صحیح سالم پایا۔پوچھا۔کہ(آپؑ) کوکس وجہ سے نجات میسر ہوئی۔انہوں نے جواب دیا۔کہ میں نے یہ کہا تھا۔

الحمد للہ الذی لا ینسی من ذکرہ ، الحمد للہ الذی لا یخیب من دعاہ ، الحمد للہ الذی من توکل علیہ کفاہ ، الحمد للہ الذی لایأ کل من توکل علیہ الی غیرہ ، الحمد للہ الذی یجزی با لاحسان احسانا وبالسیأت کرما وحلما وغفرانا ، الحمد للہ الذی ھو رجآؤنا یوم سو قنا بأعمال ،الحمد للہ الذی یجزی با لصبیر نجاۃ۔

☆ **دعائے عظیم القدر:** حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے۔ کہ! جوکوئی **سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم عدد ما علم اللہ ودوام ملک اللہ۔** پڑھے گا۔دنیا واہلِ دنیا چاہے ختم ہو جائیں ۔لیکن اس کے پڑھنے والے کا ثواب ختم نہ ہوگا۔

☆ **بُری تقدیر سے بچنے کی دُعا:** حدیثِ نبوی ﷺ کی مشہور کتاب صحیح بخاری شریف میں یہ دُعا آئی ہے۔

اللھم انی اعوذ بک من جھد البلاء ودرک الشقاء و سوء القضآء و شماتۃ الاعداء۔

☆ **حضرت خضرؑ کا وظیفہ:**

اگر کوئی شخص اپنی کسی دینی ودنیاوی حاجت کے لئے ہرروز بعدنمازِ صبح وعشاءایک ہزار۔ایک ہزار مرتبہ''**یا لطیف**'' اس طرح پڑھے۔کہ ہر سینکڑہ پر دس مرتبہ آنے والی دُعا پڑھے۔تو یقیناً ہفتہ عشرہ ہی میں اُس کی دینی یا دنیاوی حاجت ضرور پوری ہوجائے گی۔(ان شاءاللہ) بالخصوص استخارہ میں یہ عمل بہت مجرب ہے۔دُعا یہ ہے۔ **اَللّٰھُمَّ یَا لَطِیْفًا بِخَلْقِہٖ یَا عَلِیْمًا بِخَلْقِہٖ یَا خَبِیْرًا بِخَلْقِہٖ اُلْطُفْ بِیْ یَا لَطِیْفُ یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ۔**

☆ **حضرت خضرؑ کی دُعا:** **رسائلِ چرخیہ** میں مرقوم ہے۔کہ! حضرت خواجہ خضرؑ اس دعا کو کثرت سے پڑھا کرتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o یا حی یا قیوم یالا الہ الا انت اسئا لک ان تحی قلو بنا بنو ر معر فتک ابدًا.

☆ **دعائے عظیم القدر:** حضرت علی المرتضیٰؓ نے فرمایا۔کہ جوشخص (یہ کلمات) ہرصبح وشام پڑھ لیا کرے۔

اللھم اجعلنی خیرا مما یظنون ولا تؤاخذ نی مما یقولون واغفرلی مالایعلمون۔

تو اللہ تعالیٰ اُس کے گناہ بخش دے گا۔اور قیامت میں صالحین میں اس کا شمار کرے گا۔اور جنت میں **حضرت یحیٰؑ** کا رفیق بنے گا۔

☆ **دعائے عظیم القدر:** حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں۔کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ جس نے یہ پڑھا۔

جزی اللہ عنا محمدا ماھوا اھلہ تو ستر لکھنے والے(ملائکہ) ایک ہزار ایام تک لکھتے تھک جائیں گے۔

☆ **ایک جامع دُعائے نبوی ﷺ کہ جس میں سب کچھ ھے:**

حضرت ابوامامہؓ فرماتے ہیں۔ایک مرتبہ حضور ﷺ نے بہت زیادہ دُعا مانگی۔لیکن ہمیں اِس میں سے کچھ یاد نہ رہا۔ہم نے عرض کیا۔یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ نے بہت زیادہ دعا مانگی۔لیکن ہمیں اِس میں سے کچھ یاد نہ رہا۔حضور ﷺ نے فرمایا۔کیا میں تمہیں کوئی جامع دُعا نہ بتادوں؟ جس میں یہ سب کچھ آجائے۔تُم یہ دُعا مانگا کرو۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo اللھم انا نسئلک من خیر ما ساء لک منہ نبیک محمد صلی اللہ علیہ و سلم و نعو ذ بک من شر ما استعا ذ منہ نبیک محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم وانت المستعان و علیک البلاغ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ۔**

دعائے عظیم القدر: صحیحین اور جامع ترمذی میں وارد ہے کہ حضرت براء بن عازبؓ روایت کرتے ہیں۔کہ نبی کریم ﷺ نے ان سے فرمایا کہ میں تمھیں وہ کلمات نہ سکھاؤں۔جنہیں تم اس وقت پڑھ لیا کرو جب تم اپنے بستر پر(سونے کے لئے) جاؤ۔اگر تم اس رات میں انتقال کرگئے۔تو تم دینِ اسلام پر مروگے۔اور اگر تم صبح تک زندہ رہے۔تو تمھیں بھلائی نصیب ہوگی۔تم یہ کلمات (معہ تسمیہ) پڑھو۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اللھم اسلمت نفسی الیک ووجھت وجھی الیک والجات ظھری الیک و فو ضت امری الیک رغبۃ ورھبۃ الیک لاملجا ولا منجا منک الا الیک امنت بکتابک الذی انزلت وبر سولک الذی ارسلت ☆

☆ **دعائے عظیم القدر** : اس دعا کے پڑھنے والے کو ہزار نمازوں کا ثواب ملتا ہے۔دعا یہ ہے۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم o الحمد للہ قبل کل احد ☆ والحمد للہ بعد کل احد ☆ والحمد للہ علیٰ نعمآ ئہٖ ☆ والحمد للہ علیٰ کل حل ☆ و صلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ سیدنا محمد و اٰ لہ و صحبہٖ اجمعین ☆ بر حمتک یا ارحم الرا حمین ☆**

☆ **دعائے عظیم القدر** : حضرت ابنِ عباسؓ کا بیان ہے۔کہ! عرش کی بعض زبانوں کی تسبیح عقائق میں یہ ہے۔

سبحان القا ئم الدائم سبحان الدائم القا ئم سبحان الملک الاعظم سبحان من لا یعلم ماھو الا ھو ۔

اور اس میں ایک لاکھ قندیلیں ہیں ۔ ہر قندیل اتنی بڑی ہے ۔کہ اس میں آسمان اور زمین سما جائے ۔ جب اللہ تعالیٰ نے عرش کو اس صفت پر جوہرِ سبز پر پیدا کیا۔اور اس میں عجب داخل کیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کو ایک سانپ کا طوق پہنا دیا۔جس کا سر سفید موتی کا اور چشم یا قوت زرد کی اور دانت زمرد سبز کے اور بدن طلائی سرخ کا تھا۔اس کا طول ساٹھ برس کی مسافت کا تھا۔اس کے ستر ہزار بازو تھے ۔ ہر بازو میں ستر ہزار پَر تھے۔اور ہر پَر میں ستر ہزار چہرے تھے۔اور ہر چہرے میں ستر ہزار منہ تھے۔اور ہر منہ میں ستر ہزار زبانیں تھیں ۔ ہر منہ سے اس قدر تسبیح نکلتی تھی ۔ جتنے کہ بارش کے قطرے اور درختوں کے پتے اور دنیا کے دن ، اور زمین کے کنکر اور تر مٹی اور تمام فرشتے ہوں گے ۔ جب عرش نے اسے دیکھا۔تو کہنے لگا۔اے میرے ربِ عزوجل ! آپ نے اسے کس لئے پیدا کیا ؟ ارشاد ہوا۔تا کہ تُو اپنی عظمت بھول جائے ۔اور تیری نظر میری عظمت پر رہے ۔

☆ **دُعائے عظیم البرکت وکثیر الفوائد** : اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ پیدا فرمایا ہے۔جس کے چار لاکھ سر ہیں ۔ ہر سر میں چار لاکھ چہرے ہیں ۔ ہر چہرے میں چار لاکھ منہ ہیں ۔ ہر منہ میں چار لاکھ زبانیں ہیں ۔ ہر زبان میں کئی الگ الگ لغت (بولی) ہے ۔ جو کہ دوسری بولی کے مشابہ نہیں ۔اُس فرشتے نے اللہ تعالیٰ سے کہا۔اے ربِ عزوجل ! مجھ سے بھی زیادہ ذکر کرنے والا کسی کو آپ نے پیدا فرمایا ہے۔ارشادِ ربانی ہوا۔''ہاں''! میرا بندہ یوشع بن نونؑ ہے۔اُس فرشتے نے (حضرت یوشع بن نونؑ) زیارت کی اجازت چاہی۔اس کو اجازت ملی۔تو اُس (فرشتہ) نے اُن (حضرت یوشع بن نونؑ) سے سوال کیا۔کہ آپؑ کیا ذکر کرتے ہیں ۔انہوں نے جواب دیا۔کہ میں صبح وشام دس دس مرتبہ یہ دُعا پڑھا کرتا ہوں ۔

سبحان اللہ وبحمدہ وعدد ما سبحہ بہ خلفہ واضعاف ذالک کلہ حتی یرضی ربنا و کما ینبغی لکرم وجھہ وعز جلا لہ و نظم ربو بیتہ و کما ھو لہ واھللہ کذالک واحمدہ کذالک واشکرہ کذالک۔

☆ **دعائے عظیم البرکت وکثیر الفوائد برائے حصولِ استجا بت و قضائے حوآئج:**

رسولِ کریم ﷺ سے روایت ہے ۔کہ جو شخص اِن پانچ کلمات کے وسیلہ سے اللہ تعالیٰ سے دُعا کرے ۔اس کا اللہ تعالیٰ سے کوئی سوال ایسا نہ ہوگا۔ جو اُسے نہ مل جائے ۔ وہ (پانچ) کلمات یہ ہیں ۔ **لا الہ الا اللہ واللہ اکبر ۔ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ ۔ لہ الملک ولہ الحمد وھو علیٰ کل شیء قدیر ۔ لا الہ الا اللہ ۔ ولا حول ولا قوۃ الا با للہ ۔**

☆ **بد شگونی یا ناقص وھم سے حفاظت کی دُعا:**

طیرہ یعنی بدشگونی اُسی کو نقصان پہنچاتی ہے ۔ جو اِس سے ڈرتا ہے اور خائف رہتا ہو۔اور جو اِس کی پرواہ نہیں کرتا ۔اِس کا کچھ نہیں بگڑتا ۔ بالخصوص جب اِس کو دیکھ کر یہ دعا پڑھ لی جائے ۔تو نقصان کا کچھ بھی اندیشہ نہیں رہتا۔ **اللھم لا طیر الا طیرک ولا خیر الا خیرک ولا الہ غیرک. اللھم لا یأ تی بالحسنات الا انت ولا یذ ھب بالسیآت الا انت ولا حول ولا قوۃ الا باللہ۔**

☆ **نئے کپڑوں میں برکت کا عمل** :اگر کوئی شخص نیا کپڑا پہننے سے پہلے آبِ پاکیزہ پر دس مرتبہ سورہ قدر اور دس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر اُنہیں نئے کپڑوں پر چھڑک دے۔تو ایسا شخص نہ صِرف عیش وعشرت سے رہے گا ۔ بلکہ اُس کے رزق میں بھی وسعت پیدا ہو جائے گی۔ان شاءاللہ تعالیٰ ۔

☆ **دعائے جامع الکلام** : حضرت سید الشہداء حسن بن علیؓ نے فرمایا۔کہ! تمام دعوات اور رحمت اس دعا میں لکھی ہے ۔اور خواص اس دعا کے کثیر ہیں ۔اور فضیلت بے شمار۔(پس) جو کوئی مومن اس دعا کو پڑھے ۔اور ورد اپنا کرے ۔ **بتخصیص در حالتِ ماندگی وپریشانی** وقصد اعداء کئی اور تمام حاجتوں کے۔دعا یہ ہے۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم o اللھم انی احمدک علیٰ کل نعمۃo واستغفرک من کل ذ نبo واسئالک من کل خیرo واستعیذ بک من کل شر و بلآء o ولا حول ولا قوۃ الا با للہ العلی العظیم o**

دعائے عظیم القدر : حضرت ابنِ عباسؓ نے کہا ہے ۔کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرائیلؑ کو ایک دُعا سکھلائی ۔ اور انہیں حکم دیا۔ کہ! نبی کریم ﷺ کو سکھلا دیں ۔ جو شخص اُسے پڑھے گا ۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُس کے لئے ستر ہزار نیکیاں لکھی جائیں گی ۔ اور ستر ہزار گناہ مٹا دیئے جائیں گے ۔ اور اس کے ستر ہزار درجات بلند کر دیئے جائیں گے ۔ اور وہ دُعا یہ ہے ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o لا الہ الا اللہ ھلل اللہ کل شیء و کما یحب ان یھلل و کما ینبغی لکریم وجھہ وعز جلالہ وسبحان اللہ کما سبح اللہ کل شیء و کما یحب للہ ان یسبح و کما ینبغی لکریم وجھہ وعز جلا لہ واللہ اکبر کما کبر اللہ کل شیء و کما یحب للہ ان یکبر و کما ینبغی لکریم وجھہ وعز جلا لہ۔

☆ **دعائے عظیم القدر :** حضرتِ عائشہ صدیقہؓ نے فرمایا۔ جب تہمت لگانے والوں نے مجھ پر افتراء پردازیاں کیں۔ تو نزدیک و دور کے سب لوگوں نے حتیٰ کہ بلی تک نے مجھے چھوڑ دیا۔ میرا کھانا، پینا سب چھوٹ گیا۔ اور میں گرسنگی کی حالت میں سوگئی۔ خواب میں مجھے ایک شخص دکھلائی دیا۔ اُس نے مجھ سے ماجرا دریافت کیا۔ میں نے بتلا دیا۔ اُس نے مجھ سے کہا۔ کہ دفع غم اور کشائش کی دعا پڑھو۔ وہ یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَا سَابِغَ النِّعَمِ وَ یَا دَافِعَ النِّقَمِ وَیَا فَارِجَ الْغُمَمِ وَیَا کَاشِفَ الظُّلَمِ وَیَااَعْدَلَ مَنْ حَکَمَ وَیَا حَسِیْبَ مَنْ ظَلَمَ وَیَا وَلِیَّ مَنْ ظُلِمَ وَیَا اَوَّلاً بِلَا بِدَایَۃٍ وَیَااٰخِرًا بِلَا نِھَایَۃ وَ یَا مَنْ لَّہٗ اِسْمٌ بِلَا کُنِیَّۃٍ اِجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَ مَخْرَجًا ۔ (تین مرتبہ)

آپؓ فرماتی ہیں ۔ جب میں بیدار ہوئی ۔ تو شکم سیر تھی ۔ اور پیاس کا نام نہ تھا۔ اُدھر اللہ تعالیٰ نے آیتِ براۃ میرے پارسا ہونے کی شہادت میں نازل فرما دی ۔

☆ **دعائے عظیم القدر :** ثواب اِن کلمات کا اتنا زیادہ ہے۔ کہ! اگر ملائکہ سات طبق زمین و آسمان کے جمع ہو جائیں۔ اور ایک وصف ان کا بیان کرے۔ اور روزِ قیامت تک ہزار جزاء ثواب میں سے فقط ایک جزو بھی بیان کرنے سے قاصر ہیں۔ دعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o یا من اظھر الجمیل وستر القبیح یامن لم یؤ خذ بالجریرۃ ولم یھتک الستر یا عظیم العفو یا حسن التجاوز یاواسع المغفرۃ یاباسط الیدین بالرحمۃ یا صاحب کل نجوٰی ومنتھٰی کل شکوٰی یاکریم الصفح یاعظیم المن یامبتدء بالنعم قبل استحقا قھا یاربنا وسیدنا ومولانا ویا غایۃ رغبتنا اسئالک یا اللہ ان لا نشوت خلقی بالنار وان یغفرلی ولوالدی برحمتک یارحم الراحمین وان تعطینی حوآئج الدنیا والآ خرۃ oانک علٰی کل شیء قدیرoو صلی اللہ تعالٰی علٰی سید نا محمد والہ الطیبینo

☆ **دعائے عظیم القدر :** حضرت جبرائیلِ امینؑ نے آنحضور نبی مکرم ﷺ سے عرض کیا۔ یا محمد ﷺ! میں کسی کے پاس نہیں بھیجا گیا۔ جو آپ ﷺ سے زیادہ مجھے محبوب ہو۔ میں آپ ﷺ کو ایک دُعا بتلا دوں۔ جو مَیں نے چھپا رکھی ہے۔ آپ ﷺ سے قبل میں نے آج تک کسی کو نہیں بتلائی۔ رغبت اور خوف کے موقعوں پر آپ ﷺ اُس کے ذریعے سے دُعا مانگا کیجئے۔ لیجئے پڑھیئے۔

یا نور السمٰوٰت ولارض یا قیوم السموت والارض ویا زین السموت والارض یا جمال السموت ولارض یا بدیع السموت والارض یا ذالجلال ولاکرام یا غوث المستغیثین ومنتحی رغبۃ العا بدین ومنفسا عن المکروبین ومفرجا عن المغمومین وصریخ المستخرحین ومجیب دعوۃ المضطرین کاشف السوٓء الہ العالمین۔

☆ حصولِ مرتبہ ابدال کے لئے خصوصی دعا :

حضرت خضر نبیؑ نے ایک بزرگ سے فرمایا۔ کہ! جو شخص روزانہ صبح ان یہ کلمات پڑھتا ہے۔ وہ ابدال میں شمار کیا جاتا ہے۔ اور اسی طرح سے حضرت امام غزالی اور حضرت سیدی عبدالوہاب الشعرانیؒ فرماتے ہیں۔ کہ جو شخص ہر صبح اور رات کو تین تین مرتبہ یہ دِعا پڑھے گا۔ وہ ابدال میں سے ہو جاتا ہے۔ (دُعا معہ تسمیہ پڑھنی چاہیئے) **اللھم اغفر لا مۃ محمد ﷺ ۔ اللھم اصلح امۃ محمد ﷺ ۔ اللھم ارحم امۃ محمد ﷺ ۔اللھم فرج عن امۃ محمد ﷺ ۔اللھم تجا وز عن امۃ محمد ﷺ ۔اللھم اجعلنا من امۃ محمد ﷺ ۔**

میں نے سیکھا ہے فقیروں سے سخاوت کا ہنر   چند سکوں پہ وہ لاکھوں کی دُعا دیتے ہیں

☆ حضرت سیدنا ابراھیمؑ کی تسبیح :

یہ تسبیح حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہؑ سے منسوب ومنقول ہے۔ جو شخص اس تسبیح کو ایک مرتبہ پڑھتا ہے۔ اس کے نامہءاعمال میں دس لاکھ نیکیاں درج کی جاتی ہیں۔ اور اس کے دس لاکھ گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔ اور دس لاکھ درجات بلند کر دیئے جاتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o سبحا ن من ھو باق لا یفنٰی سبحان من ھو عالم لا ینسی سبحان من ھو قیوم لا ینام سبحان من ھو دائم لا یسھو سبحان من ھو واسع لا تکلف سبحان من ھو قا ئم لا یلھو سبحان من ھو عزیز لا یظلم o

☆ حضرت سیدنا اسمائیل ذبیح اللہؑ کی تسبیح :

یہ تسبیح حضرت سیدنا اسمائیل ذبیح اللہؑ سے منسوب ومنقول ہے۔ جو شخص اس تسبیح کو ایک مرتبہ پڑھتا ہے۔ اس کے نامہءاعمال میں دس لاکھ نیکیاں درج کی جاتی ہیں۔ اور دس لاکھ گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں۔ اور دس لاکھ درجات بلند کر دیئے جاتے ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o سبحا ن من ھو مطلع یعلم جوارح القلوب سبحان من یعصی عد د الذنوب سبحان من لا یخفی علیہ خا فیۃ فی السمٰوٰت ولا فی الارض سبحان اللہ الرؤف الودود۔

مَن زِ تُو اے غم زِ ہر غم فارغم   زندہ باش اے غم، تُو گر باشی چہ غم

حضرت سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تین تسبیحات:

1۔ آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ جوصبح وشام **سبحا ن اللہ و بحمد ہٖ** ۔ ایک ہزار مرتبہ پڑھتا ہے۔ (تو) اللہ تعالیٰ اس (تسبیح کے پڑھنے والے کے ساتھ) سودا فرما لیتا ہے۔ (یعنی) اوراس دن کے اختتام تک اللہ تعالیٰ اسے رہائی سے نوازدیتا ہے۔

2۔ آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ نور کے پہاڑ پر اللہ تعالیٰ کا ایک نور کا سمندر ہے۔ جس کے گرد نور کے فرشتے ہیں۔ وہ اپنے ہاتھوں میں نور کے حربے لئے ہوئے ہیں۔ اوراس سمندر کے گرد گھومتے پھرتے ہیں۔ اور (یہ تسبیح) پڑھتے رہتے ہیں۔ **سبحا ن ذی الملک و الملکوت سبحان ذی العزۃ والجبروت سبحان الحی الذی لا یموت سبوح قدوس رب الملا ئکۃ والروح** ۔ جواس (تسبیح) کو روزانہ (ایک مرتبہ)، یا ہر ماہ (میں ایک مرتبہ) یا ہر برس (میں ایک مرتبہ) یا وہ تمام عمر میں ایک مرتبہ پڑھے گا۔ (تو) اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بخش دے گا۔ اگر چہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔ یا ریگ عالج کے برابر ہوں۔ یا وہ لڑائی سے بھاگ گیا ہو۔

3۔ آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ جوشخص صبح وشام **حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیه تو کلت وھو رب العرش العظیم** ۔ سات مرتبہ پڑھا کرے۔ (تو) اللہ تعالیٰ اُس کو دین و دنیا کی فکر سے کافی ہو جائے گا۔ (ان شاء اللہ العظیم)

☆ **دعائے عظیم القدر** : محمد بن زرین ؒ کا بیان ہے۔ کہ! مَیں نے حضور نبی کریم ﷺ کو خواب میں دیکھا۔ (تو) مَیں نے کہا۔ یا نبی اللہ ﷺ! میں قلیل البضاعۃ اور کثیر العیال ہوں۔ مجھے کوئی دُعا تعلیم فرمایئے۔ کہ اس کو پڑھ کر دُعا مانگا کروں۔ اور اپنے معاملے میں اس سے مدد لوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ ہرسختی میں اور ہرنماز کے بعد تین مرتبہ یہ پڑھا کرو۔

(اَللّٰھُمَّ) یَا قَدِیۡمُ الۡاِحۡسَانِ یَا مَنۡ اِحۡسَا نِہٖ فَوۡقَ کُلِّ اِحۡسَانِ یَا مَا لِکِ ا لدُّ نۡیَا وَالۡاٰخِرَۃِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ یَا ذُو الۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ ۔

عشق را از شغلِ ''لاٗ'' آگاہ کن　　آشنای رمز ''الا اللہ'' کن

☆ **ایک اورروایت میں آیاہے۔** کہ! کسی نے حضرت نبی کریم ﷺ کوخواب میں دیکھا۔ اورآپ ﷺ سے عرض کی۔ کہ! یا نبی اللہ ﷺ! مجھے کوئی دُعا سکھلایئے۔ جو میں اپنے سفروحضر میں پڑھا کروں۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ ہرشدت کے وقت اور ہرنماز کے وقت ان (کلمات) کو پڑھ کر دُعا مانگا کرو۔ **یا قدیم الاحسان یا من احسا نہ فوق کل احسان یا مالک الد نیا والآ خرۃ** ۔

☆ **ایک اورجگہ دُعائے احسان اس طرح سے بھی ہے۔** **یا قدیم الاحسان اَحۡسِنۡ اِلَیَّ بِا حسا نک القد یم** ۔ اسی طرح سے ایک اور روایت میں آیا ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ نے حضرت داوٗد ؑ پر وحی بھیجی۔ کہ! اے داوٗد ؑ! مجھ سے تملق کرو۔ انہوں نے عرض کیا۔ آپ سے کیسے تملق کروں؟ (کیونکہ) آپ تو رب العالمین ہیں۔ ارشاد ہوا۔ کہہ۔ **یا قد یم الاحسان یا دائم الخیر یا کثیر المعروف** ۔ جو شخص اِن کلمات کے ساتھ تملق کرے گا۔ تو گو یا اُس نے اہلِ شرق اوراہلِ غرب کے برابر عبادت کی۔

شبانِ ہجراں دراز چوں زلف روزِ وصلت چو عمر کوتاہ
سکھی پیا کو جو مَیں نہ دیکھوں ، تو کیسے کاٹوں اندھیری رتیا

☆ **حضرت یونس ؑ کی تسبیح**: یہ تسبیح حضرت سیدنا یونس بن متیٰ ؑ سے منسوب ومنقول ہے۔ اس تسبیح کے متعلق حضرت علی المرتضیٰ ؓ کی طرف یہ قول منسوب ہے۔ کہ! حضرت یونس ؑ کے زمانہ میں ایک مینڈک تھا۔ جس کی عمر چار ہزار برس کی ہو چکی تھی۔ اور پھر بھی تسبیح سے اُکتایا نہ تھا۔ اُس نے عرض کیا۔ کہ! اے پروردگار! کیا میری طرح بھی کوئی تسبیح خوانی کرتا ہوگا۔ ارشاد ہوا۔ کہ! حضرت یونس ؑ۔ اُس نے عرض کیا۔ اے پروردگار! اُن کی کیا تسبیح ہے؟ ارشاد ہوا۔ کہ! **سبحا نک اضعاف من قالھا من خلقک و سبحانک اضعاف من لم یقلھا من خلقک و سبحانک ھدی علمک ونور وجھک وزنۃ عرشک ومداد کلما تک** ۔

☆ یہ دُعا بھی حضرت یونس ؑ پڑھا کرتے تھے۔ **سبحا ن القا ضی الاکبر سبحا ن الخالق الباریء سبحان القادر المقتدر سبحان العظیم و بحمدہ** ۔ جواس دعا کو روزانہ ایک مرتبہ پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر ایک ہزار فرشتے مقرر فرمادے گا۔ جو ہر برائی سے اُس کی حفاظت کریں گے۔ اور اتنا ثواب ملے گا۔ گو یا اُس نے ہزار بردے آزاد کئیے۔

☆ **معا ملا ت کی درستگی ہونا** : اگرکسی کے دنیاوی معاملات تعطل کا شکار رہتے ہوں۔ تو وہ کسی طرح اس اسم کو دس روز تک مع لزوم شرائط (خلوت وصوم وصیام) سے ایک لاکھ مرتبہ پڑھ لے۔ پھر مداومت کے طور پر روزانہ ڈھائی ہزار مرتبہ پڑھتا رہے۔ تو اُس کے تمام امور بخوبی سرانجام پائیں گے۔ ان شاء اللہ۔ اسم یہ ہے۔ **اِ نَّہٗ وَلِیُّ الۡاِ جَابَۃِ** ۔ یاد رہے۔ کہ! تاثیراس اسم کی **دُعائے سیفی** کے برابر ہے۔

مُلا کو جو ہے، ہند میں سجدے کی اجازت　　ناداں یہ سمجھتا ہے، کہ! اسلام ہے آزاد

☆ **کثیر النفع تسبیح** : حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی اقتداء میں نماز ادا کی گئی ۔ تو ایک صحابیؓ نے ان کلمات سے تسبیح پڑھی ۔ **بسم الله الرحمن الرحيم o سبحانک اللهم و بحمدک اشهد ان لا اله الا انت وحدک لا شریک لک عملت سوء و ظلمت نفسي فاغفرلي ذنبي وارحمني وتب علىٰ انک انت التواب الرحيم o** یہ سنتے ہی حضور پُر نور سید عالم ﷺ نے دریافت فرمایا ۔ (کہ) یہ تسبیح کس نے پڑھی ہے ۔ وہ صحابیؓ عرض گزار ہوئے ۔ آپ ﷺ کے اس غلام نے ۔ (تو) آپ ﷺ نے فرمایا ۔ مجھے اس ذات اقدس کی قسم (کہ) جس کے قبضہء قدرت میں میری جان ہے ۔ تیرے منہ سے ابھی آخری کلمہ نکلنے نہیں پایا تھا ۔ کہ مَیں نے بارہ فرشتوں کو دیکھا ۔ جو بڑے اشتیاق سے اس کے ثواب کو لکھنے کی طرف مائل ہوئے ۔ اور ان میں سے ہر ایک کی یہی خواہش ہے ۔ کہ میں لکھوں ۔ پھر مَیں نے انہیں آسمانوں کی طرف پرواز کرتے پایا ۔ یہاں تک کہ وہ عرشِ معلیٰ تک پہنچ گئے ۔ اور ان کلماتِ عظمیٰ کو عرش کے نیچے محفوظ کر دیا ۔ وہ قیامت تک وہیں محفوظ رہیں گے ۔ یہاں تک کہ تجھے ان کے ساتھ آتے ہی اور عطا کئے جائیں گے ۔

☆ **حضرت سیدنا موسیٰؑ کی تسبیح** :

حدیث شریف میں ہے ۔ کہ! ایک شب حضرت موسیٰؑ نے صبح تک اللہ تعالیٰ کی عبادت کی ۔ اس سے اِن میں عُجب (بڑائی) آ گئی ۔ اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا ۔ کہ! ان کو یہ دکھا دیں ۔ چنانچہ دریا کے کنارے پر ان کا گزر ہوا ۔ دیکھتے کیا ہیں ۔ کہ! ایک مینڈک کہہ رہا ہے ۔ اے موسیٰؑ ! گذشتہ شب کی عبادت سے آپؑ کو عُجب پیدا ہوا ہے ۔ اور میں چار سو برس سے عبادت کر رہا ہوں ۔ (اور) اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تقدیس میں مشغول ہوں ۔ آپؑ نے دریافت فرمایا ۔ تجھے اس کا واسطہ! جس نے تجھے گویا کیا ہے ۔ بتلا تیری تسبیح کیا ہے ؟ وہ بولا میں **سبحان من يسبح له من في البحار سبحان من يسبح له من في الارض القهار سبحان من يسبح له من في رؤس الجبال سبحان من يسبح له بكل شفية و لسان** ۔ پھر آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا ۔ جو اس تسبیح کو روزانہ (ایک مرتبہ) ، یا ہر ماہ (میں ایک مرتبہ) یا ہر برس (میں ایک مرتبہ) پڑھے گا ۔ (تو) اللہ تعالیٰ اس کے لئے اتنا ثواب لکھے گا ۔ گویا اولادِ اسمٰعیلؑ میں سے ہزار جان کو اس نے آزاد کیا ۔ یا ایک ہزار حج مبرور ادا کئے ۔

اسی طرح سے حضرت موسیٰؑ یہ دُعا بھی پڑھا کرتے تھے ۔ **سبحان من هو في علوه وان و في دنوه عال و في اشراقه منير و في سلطا نه قوی** ۔ جو کوئی روزانہ اس (دُعائے موسویؑ) کو دس مرتبہ پڑھے گا ۔ گویا اُس نے چالیس ہزار حج کئے ۔

عظیم کلماتِ موسویؑ : حضرت موسیٰ کلیم اللہؑ کو ایک ایسی آیت (اور دُعا) عطا کی گئی ۔ جو کہ آنحضور نبی کریم ﷺ کو عطا نہیں ہوئی ۔ وہ یہ ہے ۔

اَللّٰهُمَّ لَا تُوْلِجِ الشَّيْطَانَ فِيْ قُلُوْبِنَا وَخَلِّصْنَا مِنْهُ مِنْ اَجَلِ اَنَّ لَكَ الْمَلَكُوْتَ وَالْاَيْدَ وَالسُّلْطَانَ وَالْمُلْكَ وَالْحَمْدَ وَالْاَرْضَ وَالسَّمَآءَ وَالدَّهْرَ وَالدَّاهِرَ اَبَدًا اَبَدًا o اٰمِيْن. اٰمِيْن.

گم شدن در گم گم شدن دینِ منست   نیستی در هست آئینِ منست

☆ **دعائے عظیم القدر** : ایک صحابیؓ کا بیان ہے ۔ کہ! ایک مرتبہ میں نے عصر کی نماز حضرت نبی کریم ﷺ کے پیچھے ادا کی ۔ نمازیوں میں سے ایک شخص نے **سبحانک اللهم وبحمدک اشهد ان لا اله الا انت وحدک لا شریک لک عملت سوء وظلمت نفسي فاغفرلي ذنبي وارحمني وتب علىٰ انک انت التواب الرحيم** ۔ پڑھا ۔ جب نبی کریم ﷺ نماز پڑھ چکے ۔ تو آپ ﷺ نے دریافت فرمایا ۔ کہ یہ کلمات کہنے والا کون تھا ؟ وہ شخص بولا ۔ کہ! مَیں یا رسول اللہ ﷺ ! (تو) آپ ﷺ نے فرمایا ۔ اُس ذات کی قسم! جس کے قبضہ میں میری جان ہے ۔ تیرے منہ سے آخری لفظ نکلنے بھی نہ پایا تھا ۔ کہ میں نے بارہ فرشتوں کو لکھتے ہوئے دیکھا ۔ ان میں سے ہر ایک چاہتا تھا ۔ کہ میں ہی لکھ لوں ۔ پھر میں ان کو ایک آسمان سے نکل کر دوسرے آسمان میں برابر جاتے ہوئے دیکھتا رہا ۔ یہاں تک کہ وہ سارے کلمات عرش کے نیچے رکھ دیئے گئے ۔ اور وہ (کلمات اُس وقت تک) رکھے رہیں گے ۔ یہاں تک کہ قیامت میں تجھے اس کے ساتھ اُتنے ہی اور ملیں گے ۔

☆ **برائے حصولِ قربِ حق تعالیٰ** : اگر کوئی شخص حق تعالیٰ کے قرب حاصل کرنے کے لئے آنے والی دُعائے عظیمہ کی روزانہ کی بنیاد پر مسلسل مواظبت کرتا رہے ۔ تو اس مواظبت سے قربِ حضرت عزت حاصل ہو ۔ دُعائے عظیمہ یہ ہے ۔

بسم الله الرحمٰن الرحيم ۔ هو الله الذی لا اله الا انت هو يا الله يا رحمٰن يا رحيم يا علي يا حليم يا عظيم يا احد يا صمد يا فرد يا وتر يا سلام يا مؤمن يا مهيمن يا بصير يا واحد يا كريم يا لطيف يا عليم يا كبير يا متكبر يا جميل يا جليل يا قوی يا عزيز يا متعذر يا حنان يا منان ياتواب يا باعث يا بآرّ يا حميد يا مجيد يا محمود يا معبود يا موجود يا كليم يا ظاهر يا باطن يا طهر يا طاهر يا اول يا آخر يا حي يا قيوم يا شامخ يا واسع يا سلام يا رفيع يا مرتفع يا نور يا ذالقوة والاكرام. برحمتک يا ارحم الراحمين ۔ و صلى الله تعالىٰ علىٰ خير خلقه سيدنا محمد وعلىٰ اٰله وصحبه اجمعين وعترته الطاهرين ۔

☆ **عجیب و غریب دُعائیہ کلمات** : **اَللّٰهُمَّ يَا كٓهٰيٰعٓصٓ وَيَا حٰمٓ عٓسٓقٓ ۔ يَا هُوْ ۔ يَا مَنْ لَّا هُوَ اِلَّا هُوْ . يَا مَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا هُوْ . يَا غَالِبُ عَلَى الدَّهْرِ وَ الْمَكَانُ .وَ يَا غَنِيًّا مِّنَ الْحَدَثِ وَالْاِ مْكَان ۔**

نا زیبا گفتگو کا کُفارہ : حضرت امام غزالیؒ کیمیائے سعادت میں فرماتے ہیں ۔ کہ اگر کوئی شخص ایسی کسی محفل میں بیٹھ جائے ۔ جہاں نازیبا گفتگو ہو رہی ہو ۔ تو اس (نازیبا گفتگو) کا کُفارہ ہے ۔ کہ اِنسان یہ دُعا (معہ تسمیہ) مانگے ۔

سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَ بِحَمْدِکَ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُکَ وَ اَتُوْبُ اِلَیْکَ عَمِلْتُ سُوْءً وَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ اِنَّہٗ لَآ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ ۔ (یہی دُعا حدیث میں رافع بن خدیج کی روایت سے مروی ہے)

☆ **جنت کا واجب ہونا :** آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! جس شخص نے میرے لئے مندرجہ ذیل دُعا کی ۔ جنت اُس پر واجب ہوگئی ۔ **اللھم انزلہ المقعد المقرب عندک یوم القیامۃ ۔** (طبرانی)

☆ **برائے حصولِ جنت :** حضرت شیخ فریدالدین اجودھنیؒ نے حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ کی خدمت میں قبل از وصال یہ پیغام ارسال فرمایا تھا ۔ کہ ! مولانا نظام الدینؒ کو جا کر کہنا ۔ کہ ! یہ کلمہ کثرت سے پڑھا کریں ۔ کیونکہ ! یہ جو کچھ فضل و کرم (یعنی بعد وصال جنت کا ملنا وغیرہ) کیا گیا ہے ۔ اسی کلمے کی فضیلت کے سبب کیا گیا ہے ۔ وہ کلمہ یہ ہے ۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ یا دائم العز یز والبقاء یا ذوالجلال والاکرام والجود والعطایا یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم بحق ایاک نعبد و ایاک نستعین ۔**

☆ **دنیا میں اپنی جنت دیکھنے کا عمل :** نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ ! جس آدمی نے روزانہ (بلا ناغہ ، بطورِ وظیفہ) ایک مرتبہ یہ (کلمات) کہے ۔ وہ آدمی مرے گا نہیں ۔ یہاں تک کہ جنت میں اپنا مکان دیکھ لے ۔ یا اسے دکھا دیا جائے گا ۔ (وہ دعائیہ کلماتِ یہ ہیں)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o سبحان القائم الدآئم سبحان الحی القیوم سبحان الحی الذی لا یموت سبحان اللہ العظیم وبحمدہٖ سبوح قدوس رب الملٰئکۃ والروح سبحان العلی الاعلٰی سبحانہٗ و تعالٰی .

☆ **مرنے سے پہلے جنت میں اپنا مقام دیکھ لینا:**

حضرت سیدنا ابراہیم بن اُدہمؒ ایک ابدال سے روایت کرتے ہیں کہ وہ ایک رات سمندر کے کنارے محوِ عبادت تھے کہ اچانک انہوں نے کسی کی آواز سُنی جو اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کر رہا تھا مگر کوئی دکھائی نہ دیا ۔ تو فرماتے ہیں کہ میں نے پوچھا ! کون ہے ؟ تو آواز آئی ، میں اس سمندر پر متعین ایک مؤکل (فرشتہ) ہوں ۔ (مجھے صِرف آواز آ رہی تھی مگر کوئی دکھائی نہیں دے رہا تھا) آپؒ فرماتے ہیں کہ میں نے اس فرشتے سے پوچھا ۔ آپ کا نام کیا ہے ؟ تو اس نے بتایا ۔ **مھیھیا ئیل** میں نے اس سے پوچھا ۔ ان کلمات کی فضیلت کیا ہے ؟ تو وہ بولا ۔ جو انہیں سو مرتبہ (روزانہ) پڑھے گا جنت میں اپنا مقام وٹھکانا دیکھنے سے پہلے نہیں مرے گا ۔ یا یہ کہ اسے دکھا دیا جائے گا ۔ وہ کلماتِ عظیمہ یہ ہیں ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o سبحان اللہ العلی الدیان☆ سبحان اللہ الشدید الارکان☆ سبحان الذی من یذھب باللیل ویأتی بالنہار☆سبحان اللہ من لا یشغلہ شان عن شان☆سبحان اللہ الحنان المنان ☆ سبحان اللہ المسبح فی کل مکان ☆

☆ **برائے حصولِ جنت :** جو شخص یہ دُعا ہر شب و روز میں سات مرتبہ پڑھا کرے ۔ اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل فرمائے گا ۔ (ان شاء اللہ) دُعا یہ ہے ۔ **اللھم انی اسئلک الجنۃ التی ظلھا عرشک ونورھا وجھک وحشرھا رحمتک ۔**

☆ **دُعائے ایمان برائے حصولِ بھشت :** اگر کوئی شخص دن و رات کو یہ دُعا ہمیشہ پڑھتا رہے ۔ تو حق تعالیٰ اُس کو جنت نصیب فرمائیں گے ۔ ان شاء اللہ ۔ اگرچہ وہ کسی کام میں رہا ہو ۔ وہ دُعائے ایمان یہ ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشھد ان محمدًا عبدہ ورسولہ ۔ وان عیسٰی عبداللہ وابن امتہ وکلمتہ القٰھا الٰی مریم روح منہ وان الجنۃ حق والنار حق ۔

مَیں آدم زاد ہوں مولا! تُو مجھ کو جانتا تو ہے ذرا سی آزمائش پر ، مَیں جنت ہار جاؤں گا

☆ **حضرت سیدنا ابو بکر صدیقؓ کی دُعا : اللھم ارنا الحق حقا فنتبعہ ۔ والباطل باطلا فنجتنبہ ۔ ولا تجعل ذٰلک علینا مُتشابھا فنتبع الھوٰی ۔** ترجمہ : اے اللہ ہمیں حق کو حق ہی دِکھانا تاکہ ہم اس کی پیروی کرنے لگیں ☆ اور باطل کو باطل ہی دِکھانا تاکہ ہم اس سے اِجتناب کرسکیں ☆ اور اسے ہم پر مُشتبہ نہ بنانا کہ کہیں ہم اس کی پیروی نہ کرنے لگیں ۔

☆ **برائے خوشنودی تمام سال :** اگر کوئی شخص ماہ ربیع الاول کی بارہ تاریخ کو تسمیہ اور آٹھ اسمائے مبارکہ کو سات سات مرتبہ پڑھ لے ۔ تو وہ تمام سال خوش رہے گا ۔ ان شاء اللہ ۔ اور وہ بے حساب بہشت میں جائے گا ۔ ان شاء اللہ ۔ تسمیہ اور اسماء یہ ہیں ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ (7مرتبہ) **یا اللہ.** (7مرتبہ) **یا رحمٰن.** (7مرتبہ) **یا غفور.** (7مرتبہ) **یا رحیم.** (7مرتبہ) **یا حنان.** (7مرتبہ) **یا منان.** (7مرتبہ) **یا دیان.** (7مرتبہ) **یا سبحان.** (7مرتبہ)

حرا بنظارہء نگارم صف زد رضوان زِ تعجب کف خود بر کف زد
آن خال سیہ بران رخان مطرف زد ابدال ز بیم چنگ در مصحف زد

☆ **حصولِ حفاظت کے لئے خصوصی دعا** : (سلامتی کا خصوصی وظیفہ)
ایک آدمی کو بقصدِ ہلاکت سات شیروں کے آگے ڈالا گیا۔ تاکہ! وہ اس شخص کو چیر پھاڑ کر کھا جائیں۔مگر کئی دنوں تک کسی شیر نے اسے مَس تک نہ کیا۔کئی ایام کے بعد وہ صحیح وسلامت باہر آ گیا۔سببِ سلامت اس شخص کی یہ دعائے اسمِ اعظم تھی۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم o اللھم یا دائم بلا فناء ویا قائم بلا زوال ویا امیر بلا وزیر o** یہ دعا حضرت بابا فریدالدین گنجِ شکرؒ نے بیان فرمائی ہے۔ اور حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ نے ''راحت القلوب'' میں لکھا۔

☆ **کشائش رزق کی دُعا** : حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ نے فرمایا جس کو مُعاش کی تنگی ہو۔وہ اس دعا کا ورد کرے۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم o یا دائم العز والملک والبقاء یا ذالمجد والعطاء یا ودود یا ذوالعرش المجید فعال لما یرید o

اسی طرح سے ایک اور کتاب میں یہ دعا اس طرح سے آئی ہے۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم o یادائم العزیز والبقآء ذالجلال والجود والعطآء یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم بحق ایاک نعبد وایاک نستعین o**

اسی طرح سے ایک اور کتاب میں یہ دعا اس طرح سے آئی ہے۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم o یادائم الفضل علی البریۃ یا باسط الیدین با لعطیۃ یا صاحب المواھب السنیۃ . صل علی محمد خیر الوریٰ سجیۃ واغفر لی۔**

☆ **دنیا و آخرت کی جامع الخیر دُعائے نبوی ﷺ** :
صحیح ابن خُزیمہ میں مذکور ہے کہ حضرت سیدنا ابو مالک اشجعیؓ فرماتے ہیں کہ میرے والد ماجد نے مجھے بتایا کہ ہم صبح کے وقت بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں حاضر ہُوا کرتے تھے۔ایک مرتبہ ایک مرد یا عورت نے حاضر ہو کر عرض کی! یا رسول اللہ ﷺ! میں صبح کے وقت کیا دُعا مانگوں؟ تو آپ ﷺ نے اِرشاد فرمایا: یہ دُعا مانگا کرو (اس دعا کی برکت سے) دنیا و آخرت کی خیر و برکت تمھارے لئے جمع کر دی جائے گی۔(انشاءاللہ)۔
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o **اللھم صل علیٰ محمد والہ واغفرلی وارحمنی واھدنی وارزقنی و عافنی واجبرنی** ☆

☆ **محتاجی دور کرنے کا وظیفہ:**
جامع راحت القلوب جناب حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ اپنے پیرومرشد حضرت بابا فریدالدین مسعود گنج شکرؒ سے نقل کرتے ہیں۔کہ انہوں نے فرمایا۔کہ جو شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو جائے۔ اگر وہ ''**لا حول ولا قوۃ الا با للہ العلی العظیم o**'' کا (کثرت سے لا تعداد مرتبہ دن رات) وِرد رکھے۔تو اس کی حالت (یقینی طور پر) درست ہو سکتی ہے۔پھر آگے چل کر حضرت بابا فریدالدین مسعود گنج شکرؒ نے فرمایا۔کہ رسالت مآب ﷺ سے روایت ہے۔کہ جو شخص اسے بکثرت پڑھے گا۔اللہ تعالیٰ اُسے محتاجی سے محفوظ رکھے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

☆ **کثیرفوائد و منافع کی حامل دعا** : (ایک ایسی دعا کہ جس کا ثواب فرشتے بھی نہیں جانتے)
یہ ایسی عظیم البرکت دعا ہے۔کہ! جب کوئی شخص اس دعا کو شروع کرتا ہے۔تو فرشتے پریشان ہو جاتے ہیں۔اور اللہ تعالیٰ سے پوچھتے ہیں۔کہ! یا اللہ سبحانہٗ تعالیٰ! ہم اس (دعائے عظیمہ) کا کتنا اَجر لکھیں۔اللہ تعالیٰ جوابًا فرشتوں سے فرماتے ہیں۔کہ! تم اس کا ثواب نہیں لکھ سکتے۔تم صرف ان الفاظ کو لکھ لو۔اس (دعائے عظیمہ) کا ثواب میں خود دوں گا۔وہ دعائے عظیمہ یہ ہے۔
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اللھم لک الحمد کما ینبغی لجلال وجھک و عظیم سلطا نک.

☆ **فرشتوں کی عبادت کا ثواب** :
جو شخص سوتے وقت یہ کلمات (کم از کم تین مرتبہ) کہے۔تو اللہ تعالیٰ آسمان سے تین فرشتے زمین پر اُتارتا ہے جو اسے نماز کے لئے بیدار کر دیتے ہیں۔اب اگر وہ شخص صبح کی نماز پڑھتا ہے تو وہ فرشتے اس شخص کی دُعا پر آمین کہتے ہیں اور اگر وہ قیام نہ کرے تو فرشتے فضا میں عبادت کرتے ہیں اور فرشتوں کی عبادت کا ثواب اس شخص کے لئے لکھ دیا جاتا ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o **اللھم ایقظنی فی احب الساعات الیک والستعملنی باحب الاعمال لدیک التی تقربنی الیک زلفیٰ و تبعدنی من سخطک بُعدا. واسئلک فتعطنی و استغفرک فتغفرلی وادعوک فتستجیب لی . اللھم لا تؤمننی مکرک ولا تولنی غیرک ولا ترفع عنی سترک ولا تنسنی ذکرک ولا تجعلنی من الغافلین** ☆

جنت میں ملنے والے پانچ انعامات : جنت میں دائمی زندگی گذارنے والے خوش نصیبوں کو یہ پانچ انعامات دیئے جائیں گے۔ حضرت آدمؑ کے جتنا قد۔ حضرت یوسفؑ کی طرح کا حسن۔ حضرت عیسیٰؑ کے جیسی عمر (یعنی 23 یا 24 یا 25 برس کی عمر)۔ حضرت داوٗدؑ کی طرح کی ترنم آواز۔ اور آنحضور ﷺ کے جیسے اخلاقِ عالیہ۔(مزید برآں یہ کہ) اللہ تعالیٰ خود براہ راست اپنا کلام سنائیں گے۔اور اپنے لازوال اور بے مثال حسن کا دیدار عطا فرمائیں گے۔جنت میں نہ کوئی بیماری ہے نہ موت نہ بڑھاپا نہ کوئی پریشانی اور نہ ہی کوئی عبادت۔

☆ **خصوصی دعا** : ایک ایسی دعا کہ اگر ایک لاکھ فرشتے بھی مل کر عبادت کریں۔ تو اس دعا کے پڑھنے والے کے برابر ثواب حاصل نہ کرسکیں۔ (ایک اور روایت میں ہے۔کہ) اس دعا کے پڑھنے والے کو اسی (80) برس کا ثواب نصیب ہوتا ہے۔ ستر ہزار گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔ اور ستر ہزار درجات بڑھا دیئے جاتے ہیں۔ بعد نمازِ صبح اور رات کو سونے سے قبل بحالتِ وضو یہ دعا (مع تسمیہ) دس مرتبہ پڑھی جاتی ہے۔

سبحٰن اللہ اضعاف ما سبح جمیع خلقہ کما یحب ربنا ویرضٰی و کما ینبغی لکرم وجھہ ربنا و عز جلا لہ والحمد للہ اضعاف ما حمدہ و بحمد جمیع خلقہ کما یحب ربنا و یرضی و کما ینبغی لکرم وجھہ وعز جلا لہ لا الہ الا اللہ اضعاف ما ھللہ‘ویھللہ جمیع خلقہ کما یحب ربنا و یرضی و کما ینبغی لکرم وجھہ ربنا وعز جلا لہ واللہ اکبر اضعاف ما اکبرہ و یکبرہ جمیع خلقہ کما یحب ربنا و یر ضٰی و کما ینبغی لکرم و جھہ ربنا و عز جلا لہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیمo اضعاف ما یحمد ویمجد جمیع خلقہ کما یحب ربنا ویرضی و کما ینبغی لکرم وجھہ وعز جلا لہ و صلی اللہ تعالٰی علٰی خیر خلقہٖ سید نا محمد وعلٰی اٰ لہٖ وصحبہٖ اجمعینo بر حمتک یا ارحم الراحمینo

(ایک اور روایت میں یہ دعا اس طرح ہے) **بسم اللہ الرحمن الر حیم o لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کما ھلل اللہ کل شئی و کما یحب للہ ان یحمد ان یھلل و کما ینبغی للکریم وجھہ و عزجلا لہ والحمد للہ کما حمد اللہ کل شیء و کما یحب للہ ان یحمد وکما ینبغی للکرم وجھہ و عز جلا لہ وسبحان اللہ کما سبح اللہ کل وکما یحب اللہ ان یسبح وکما ینبغی للکریم وجھہ ونمر جلا لہ واللہ اکبر کما کبر اللہ کل شیء وکما یحب للہ ان یکبر وکما ینبغی للکریم وجھہ وعز جلا لہ. لا الہ الا اللہ☆ و صلی اللہ تعالٰی علٰی خیر خلقہٖ سید نا محمد وعلٰی اٰ لہٖ وصحبہٖ اجمعینo بر حمتک یا ارحم الراحمینo**

مٹی دا توں مٹی ہونا کاہدی بلے بلے   اَج مٹی دے اُتے بندیا کل مٹی دے تھلے

☆ **شیطانی خیالات ، دنیاوی تفکرات اور نفسانی و شھوانی وساوس سے بچاؤ** :

فقیر نور محمد سروری قادریؒ فرماتے ہیں۔ کہ جب بھی کسی مسلمان کو شیطانی خیالات ، دنیاوی تفکرات اور نفسانی وشھوانی وساوس گھیر لیں۔ تو ایسے میں وہ شخص اگر اسم ذات **اللّٰہ** کو انگشتِ تصور سے اپنی ناف پر بار بار لکھتا رہے۔ تو جُملہ شیطانی خیالات ، دنیاوی تفکرات اور نفسانی وشھوانی وساوس دور ہو جائیں گیں۔ انشاء اللہ۔ یہ طریقہ راقم الحروف کا بارہا کا مجرب طریقہ ہے۔

☆ **ناگھانی مصیبت سے بچاؤ کا مجرب وظیفہ** : (بمطابق حدیث) جو کوئی شام کے وقت **بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیءٌ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم o** تین مرتبہ پڑھے اسے صبح تک (کسی قسم کی کوئی) ناگہانی مصیبت نہیں پہنچے گی اور جو کوئی اسے صبح کے وقت تین مرتبہ پڑھے اسے شام تک (کسی قسم کی کوئی) ناگہانی مصیبت نہیں پہنچے گی۔ انشاء اللہ۔

روشن اِسی ضَو سے ہے ، پوشیدہ مسلماں کا مقام   خود مسلماں سے ہے ، اگر ظلمت کردار نہ ہو

☆ **کثیر النفع جامع دعا**: حضرت سید احمد کبیر رفاعیؒ کی یہ دعا بارگاہِ الٰہی میں نہایت منظور ومقبول ہوئی۔ اگر اس دعا کو ہر نماز کے بعد کم اَز کم تین مرتبہ پڑھا جائے۔ تو پڑھنے والے پر بہت اچھے اثرات مرتب ہوں گے۔ انشاء اللہ العظیم۔ دعا یہ ہے۔

بسم اللہ الر حمن الر حیم o اللھم اعنی علٰی ذکرک و شکرک و حسنِ عبادتک و توفیق طا عتک واجتناب معصیتک یارب ھب لی من لد نک رحمۃ. انک انت الوھاب. برحمتک یا ارحم الراحمینo

☆ **ایسی دعا کہ عبادت کا حق ادا ھو جائے** :

آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں حضرت جبرائیلِ امینؑ حاضرِ خدمت ہوئے۔ اور عرض گزار ہوئے۔ یارسول اللہ ﷺ ! اگر آپ ﷺ چاہتے ہیں۔ کہ! اللہ سبحانہٗ تعالیٰ کی ایسی عبادت کی جائے۔ جیسا کہ اس کی عبادت کرنے کا حق ہے۔ تو آپ ﷺ ان کلمات کو ادا فرمایا کریں۔

بسم اللہ الرحمن الر حیم o اللھم لک الحمد حمدا کثیرا خالدا مع خلودنا ولک الحمد حمدا لا منتھٰی لہ دون علمک ولک الحمد حمدا لا منتھٰی لہ دون مشیتک ولک الحمد حمدا لا اجر لقا ئلہ الا رضا ک ۔

☆ **دورانِ سفر پیاس کی شدت کا حل**: اگر کسی کو دورانِ سفر پیاس کا شدید غلبہ ہو۔ تو وہ شخص زمین سے ایک صاف ستھرا سنگریزہ اُٹھا کر اُس پر تین مرتبہ **سورہ قدر** پڑھ کر منہ میں رکھ لے۔ اور کسی جائے بالا پر جا کر زور سے تکبیر کہے۔ ان شاء اللہ تشنگی دور ہو جائے گی۔ پھر سفر پر روانہ ہو۔ اور سنگریزہ منہ میں رکھے ہوئے مسلسل یہ اسمائے الٰہی پڑھتا رہے۔ **یَا صَمَدُ یَا صَمَدُ اَللّٰہُ الصَّمَدُ۔**

پروانے کو چراغ ہے ، بلبل کو پھول بس!   صدیقؓ کے لئے ہے ، خدا کا رسولؐ بس!

مجرب علاج غم و اندوہ :(کان میں اذان دینے سے غم او رھم غائب)

حضرت سیدی عبدالوہاب الشعرانیؒ لطائف المنن میں فرماتے ہیں۔ کہ دفع غم واندوہ کے لئے میرا مجرب عمل وہ ہے۔ جو ہمیں ہمارے شیخ عالم محدث شیخ امین الدینؒ نے جوکہ مصری جامع مسجد الغمری کے امام ہیں مجھے عطا فرمایا۔ آپؒ نے فرمایا۔ کہ ہمیں حضرت علیؓ بن ابی طالب تک متصل سند کے ساتھ روایت کی گئی۔ آپؓ فرماتے ہیں۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے غم زدہ دیکھا تو فرمایا ! اے ابن ابی طالب! کیا بات ہے ؟ کہ میں تجھے غم زدہ دیکھ رہا ہوں۔ میں نے عرض کی کہ ایسا ہی معاملہ ہے۔ یارسول اللہ ﷺ۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ کہ اپنے بعض اہل خانہ کو حکم دو۔ کہ تیرے کان میں اذان دیں۔ پس بے شک یہ ہر غم کی دوا ہے۔ حضرت علیؓ فرماتے ہیں۔ میں نے (حکم) کی تعمیل کی چنانچہ مجھ سے غم واندوہ زائل ہوگیا۔ بعدازاں اِس کا کئی لوگوں نے تجربہ کیا۔ تو اسے انتہائی مجرب پایا۔

☆ خاتونِ جنت سیدہ فاطمۃُ الزھرہؓ کو آنحضور رسولِ کریم ﷺ کی نصیحتِ مُبارکہ :

سُنن الکُبریٰ للنسائی میں مذکور ہے کہ حضرت سیدنا انس بن مالکؓ سے مروی ہے کہ آنحضور نبی کریم ﷺ نے حضرت سیدہ فاطمۃ الزہرہؓ سے ارشاد فرمایا! اے فاطمہؓ! میں تمھیں نصیحت کرتا ہوں، توجہ سے سُنو اور یوں دُعا مانگا کرو۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o یا حی یا قیوم برحمتک استغیث فا غثنی ولا تکلنی الیٰ نفسی طرفۃ عین واصلح لی شانی کلہ** ☆

☆ برائے فتح مندی در مہماتِ راہ دین :

اگر کسی شخص کو راہِ دین میں کوئی مہم پیش آئے۔ تو اُسے چاہیئے۔ کہ ! اول وآخر (طاق مرتبہ جیسے تین، پانچ سات وغیرہ) درودِ پاک پڑھ کر ایک ہزار ایک سو 1100 مرتبہ یہ ایمانی کلمات پڑھے۔ ان شاء اللہ وہ کامیاب ہوگا۔ بلکہ اُس کے ذوق وشوق بھی حق تعالیٰ کا زیادہ ہو گا۔ (بلکہ اس کی جملہ جائز حاجات خود بخود درجہ قبولیت تک پہنچیں گی۔ ان شاء اللہ) ایمانی کلمات یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ امنت باللہ العلی العظیم وتو کلت علی الحی القیوم یا ذوالجلاِ والاکرام یا احد۔

☆ ظالم حکمران کی معزولی کا مجرب وظیفہ :

صاحب سعادۃ الدارین نے صاحب فتح المجید سے روایت کی کہ ظالم حکمران کی معزولی کے لئے ایک عُمدہ طریقہ یہ ہے کہ شب جمعرات سے بعد نماز عشاء گھر جا کر تجدید وضو کے بعد مصلے پر قبلہ رُخ بیٹھ کر ایک ہزار مرتبہ درود شریف اس طرح سے پڑھا جائے کہ ہر سینکڑہ پر یوں کہا جائے۔ **یا رسول اللہ استجیر بک من فلاں بن فلاں** (حکمران کا نام مع والدہ یا مع عہدہ یا وزارت) **فخذ لی حقی منہ** ۔اور درودِ پاک یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o اللھم صل علی سیدنا محمد ن النبی الامی و علی الہ و صحبہ و بارک وسلم ۔

غیراں نال تے ہر کوئی لڑ دا نفس اپنے نال لڑنا اوکھا

☆ عظیم الشان دُعائے مُبارکہ :

احادیث کی مشہور ومعروف کتاب کنزالعُمال میں مذکور ہے کہ حضرت مُعاذؓ کی ایک روایت میں ہے کہ بعد نماز فجر حضرت رسالت مآب ﷺ کی (خیروبرکت سے بھرپور) مجلس شریف میں علمی مذاکرہ ہوتا تھا۔ جس میں آپ ﷺ صحابہ کرامؓ کو تعلیم فرمایا کرتے تھے مگر حضرت مُعاذؓ ابتداء میں جماعت کا سلام پھیر کر گھر تشریف لے جاتے تھے۔ ایک مرتبہ (آنحضور نبی کریم ﷺ نے) فرمایا۔ اے معاذؓ! صبح کو (تُم) ہماری مجلس میں نہیں آتے؟ تو حضرت معاذؓ نے یہ کہہ کر معذرت کردی کہ صبح میرا سات ہزار مرتبہ تسبیح پڑھنے کا معمول ہے اگر کہیں بیٹھ جاتا ہوں تو پھر میرا وہ عمل پورا نہیں ہو پاتا۔ فرمایا۔ کیا میں تمھیں ایسی دُعا نہ بتلا دوں کہ جس کا ایک مرتبہ پڑھ لینا سات ہزار مرتبہ کے پڑھ لینے سے بہتر ہے۔ عرض کیا ضرور ارشاد فرمائیں۔ اِرشاد فرمایا!

لا الہ الا اللہ عدد رضاہ۔ لا الہ الا اللہ زنۃ عرشہ۔ لا الہ الا اللہ عدد خلقہ۔ لا الہ الا اللہ ملاء سمٰوتہ۔ لا الہ الا اللہ ملاء ارضہ۔ لا الہ الا اللہ ملاء ما بینھما۔ لا الہ الا اللہ مثل ذٰلک معہ۔ لا الہ الا اللہ مثل ذٰلک معہ۔ لا الہ الا اللہ مثل ذٰلک معہ۔

☆ **برائے دفیعہ خطراتِ دین و دنیا:** اگر کسی شخص کو دین و دنیا کے دونوں خطرات ایک ہی جگہ پر پیش آئیں۔ تو اُس کو چاہیئے۔ کہ! آنے والی دُعا کو روزانہ پچیس مرتبہ پڑھا جائے۔ کظرہ مذکورہ دور ہوجائے گا۔ ان شاء اللہ۔ دُعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔لا الہ الا اللہ العلی العظیم. لا الہ الا اللہ المنان القدیم. لا الہ الا اللہ الحی القیوم. لا الہ الا اللہ الواسع الرحیم. لا الہ الا اللہ الرحمٰن الرحیم الکریم. لا الہ الا اللہ الحی العلیم. لا الہ الا اللہ مالک یوم الدین. لا الہ الا اللہ ایاک نعبد وایاک نستعین. لیس کمثلہ شیء وھو السمیع البصیر. اللھم انی اسئلک باسمک العظیم الاعظم وانت العظیم الاعظم. القیوم الطاھر المطھر القادر المقتدر. برحمتک یا ارحم الراحمین۔ و صلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ سیدنا محمد وعلیٰ الہ وصحبہ اجمعین وعترتہ الطاھرین ۔

دعائے ابو ذرؓ کے متعلق عظیم حدیث مبارکہ نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم:۔

صاحب کنز العمال حضرت علیؓ سے روایت کرتے ہیں۔کہ! رسول اللہ ﷺ کے پاس حضرت جبرائیل امین علیہ السلام تشریف لائے۔وہ آپ ﷺ کے پاس ہی تھے۔کہ حضرت ابوذرؓ صحابی رسول ﷺ سامنے آئے۔تو حضرت جبرائیلؑ نے انہیں دیکھا۔تو فرمایا۔کہ یہ ابوذرؓ ہیں؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔کہ میں نے پوچھا۔اے اللہ کے امین علیہ السلام آپ علیہ السلام ابوذرؓ کو پہچانتے ہیں؟ حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا۔جی ہاں!قسم ہے اس ذات باری تعالیٰ کی۔جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا۔حضرت ابوذرؓ جتنے زمین والوں میں معروف ہیں اس سے زیادہ آسمان والوں میں معروف ہیں۔اور اس کی وجہ (معروفیت ومشہوری) وہ دعا مبارکہ ہے۔جو یہ ہر روز دن میں دومرتبہ کیا کرتے تھے۔جس پر ملائکہ (فرشتے) بھی فخر وتعجب کرتے ہیں۔ ان ؓ کو بلائیے اور انؓ سے اس دعا مبارک کے بارے میں پوچھیئے۔تو رسول اللہ ﷺ نے پوچھا اے ابوذرؓ ایک دعا ہے جو آپؓ ہر روز دومرتبہ مانگتے ہیں انہوں نے عرض کیا کہ جی ہاں میرے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان ہوں میں نے وہ دعا کسی انسان سے نہیں سنی وہ دس کلمات ہیں۔جو کہ میرے رب تعالیٰ نے مجھے الہام فرمائے ہیں۔اور میں اسے (یعنی دعا کو) ہر روز دومرتبہ مانگتا ہوں (سب سے پہلے) میں قبلہ رخ ہوتا ہوں پھر کافی دیر تک (جی بھر کے) اللہ تعالیٰ کی تسبیح (یعنی **سبحان اللہ**) وتہلیل (یعنی **لا الہ الا اللہ**) اور تحمید (یعنی **الحمد للہ**) وتکبیر (یعنی **اللہ اکبر**) کرتا ہوں۔(یعنی اورادِ تسبیح، تہلیل، تحمید اور تکبیر پڑھتا ہوں) پھر میں وہ دعا مبارک (دُعائے ابوذر غفاریؓ) مانگتا ہوں۔جو کہ دس کلمات پر مشتمل ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○ اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ اِیْمَانًا دَآئِماً ۔ وَاَسْئَلُکَ قَلْباً خَاشِعاً ۔ وَاَسْئَلُکَ عِلْماً نَافِعاً ۔ وَاَسْئَلُکَ یَقِیْناً صَادِقا ۔ وَاَسْئَلُکَ دِیْناً قَیِّما ۔ وَاَسْئَلُکَ رِزْقًا طَیِّبًا ۔ وَاَسْئَلُکَ عَمَلًا مُتَقَبَّلا ۔ وَاَسْئَلُکَ الْعَافِیَۃَ مِنْ کُلِّ بَلِیَّۃٍ ۔ وَاَسْئَلُکَ حُسْنُ الْعَافِیَّۃ ۔ وَاَسْئَلُکَ دَوَامَ الْعَافِیَۃِ ۔ وَاَسْئَلُکَ تَمَامَ الْعَافِیَۃ ۔ وَاَسْئَلُکَ دَوَامَ الْعَافِیَۃ ۔ وَاَسْئَلُکَ الشُّکْرَ عَلَی الْعَافِیَۃِ ۔ وَاَسْئَلُکَ الْغِنٰی عَنِ النَّاسِ ۔ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَاحمین ۔

(پھر) حضرت جبرائیلؑ نے فرمایا۔اے محمد ﷺ قسم ہے۔اس اس ذات باری تعالیٰ کی۔جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ نبیؐ بنا کر بھیجا۔آپ ﷺ کی امت میں جب کوئی بھی یہ دعا مانگے گا۔تو اس کے گناہ معاف کردیئے جائیں گے۔اگرچہ سمندر کی جھاگ سے زیادہ ہوں۔اور زمین کی مٹی کے ذروں کی تعداد سے زیادہ ہوں۔اور آپ ﷺ کی امت میں سے کوئی بھی اس حال میں (اللہ تعالیٰ سے) ملے گا۔تو اس کے دل میں یہ دعا ہو۔تو جنتیں اس کی مشتاق ہوں گی۔فرشتے اس کے لئے دعائے مغفرت کریں گے۔اور اسکے لئے جنت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے۔اور فرشتے ندا دیں گے۔کہ اے ولی اللہ (اللہ کے دوست) آپ جس دروازے سے چاہیں جائیں۔یعنی جنت میں داخل ہو جائیں۔

☆ **انفرادی طور پر پڑھنے کی دعا** :اگراس دعا کو روزانہ بعد ہر فرض نماز ایک مرتبہ اور رات کو سونے سے پہلے **10** مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالیا جائے۔اور ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے جنت میں جانے اور جہنم سے چھٹکارے کا قوی گمان رکھا جائے۔تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے وہ خود کو اپنے گمان کے مطابق پائے گا۔(انشاء اللہ) یہ ایک ایسی دعا ہے۔کہ! جس کے لئے آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔اور بارہ فرشتے اس دعا کو لے جانے میں مسابقت کرتے ہیں۔اس دُعا کے نہایت کثیر فوائد ہیں۔لیکن اس دُعا کی لذت اُس وقت اور بھی زیادہ ہو جاتی ہے۔اگر اِس دعا کے معانی کو بھی سمجھا جائے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم○ اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُکَ اِیْمَانًا کَامِلًا دَآئِمًا وَ یَقِیْنًا صَادِقًا وَعِلْمًا نَافِعًا وَ دِیْنًا قَیِّمًا وَ رِزْقًا وَاسِعًا وَ قَلْبًا خَاشِعًا وَ لِسَانًا ذَاکِرًا وَ حَلَالًا طَیِّبًا وَ تَوْبَۃً نَصُوْحًا وَ تَوْبَۃً قَبْلَ الْمَوْتِ وَ رَحَۃً عِنْدَ الْمَوْتِ وَمَغْفِرَۃً قَبْلَ الْمَوْتِ وَ رَحْمَۃً بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَفْوَ عِنْدَ الْحِسَابِ وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّۃِ وَالنَّجَاۃَ مِنَ النَّارِ بِرَحْمَتِکَ یَا عَزِیْزُ یَا غَفَّارُ ۔ اَللّٰھُمَّ یَارَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ۔ وَاَلْحِقْنِیْ بِالصَّالِحِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ☆اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُبَارَکًا فِیْہِ☆ اَللّٰہُ اَکْبَرِ کَبِیْرًا ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ کَثِیْرًا ۔ وَ سُبْحَانَ اللّٰہِ بُکْرَۃً وَّ اَصِیْلًا ۔ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ○ اٰمین ۔

☆ والد کے حق میں عظیم دُعا :

جوشخص ایک مرتبہ یہ دُعا (معہ تسمیہ) پڑھتا ہے۔پھر کہتا ہے۔یا اللہ اس (دُعا) کا ثواب میرے والد کو پہنچے۔تو اس کے والد کا کوئی حق نہیں رہتا۔جس کو وہ ادا نہ کر چکا ہو۔(تو گویا اس دعا کے پڑھنے والے نے اپنے والد ماجد کے تمام شرعی حقوق ادا کر دیئے)

الحمد للہ رب العالمین☆ الحمد للہ الملک رب السموت و رب الارض و رب العالمین ☆ ولہ الکبریاء فی السموت والارض وھو العزیز الحکیم ☆ الحمد للہ الملک رب السموت و رب الارض و رب العالمین ☆ ولہ العظمۃ فی السموت والارض وھو العزیز الحکیم ☆ الحمد للہ الملک رب السموت و رب الارض و رب العالمین ☆ ولہ النور فی السموت و الارض وھو العزیز الحکیم☆

اولیائے کاملین کے محبوب ترین مجرب اعمال :

زمین و آسمان کی چابیاں :: حضرت سید احمد بن ادریسؒ فرماتے ہیں۔ کہ! مَیں ظاہری وصوری صورت میں حضرت سید المرسلین ﷺ سے ملا۔ اور حضرت خضرؑ بھی اُن ﷺ کے ساتھ تھے۔ آنحضور نبی کریم ﷺ نے حضرت خضرؑ کو حکم فرمایا۔ کہ وہ مجھے سلسلہء عالیہ شاذلیہ کے اذکار سکھائیں۔ تو انہوں نے آقائے نامدار ﷺ کی موجودگی میں مجھے اذکار تلقین فرمائے۔ پھر انہیں (سیدنا خضرؑ کو) سرکار ﷺ نے فرمایا۔ انہیں وہ (بھی) سکھائیں۔ جو جملہ اذکاروں، درودوں اور استغفار کا جامع ہو۔ اس کا ثواب (بھی دیگر سے) افضل ہو۔ اور عدد زائد ہوں۔ تو انہوں نے عرض کیا۔

یا رسول اللہ ﷺ ! وہ کون سا ذکر ہے۔ تو آنحضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ یہ پڑھے۔ **لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ وَّ نَفْسٍ عَدَدَ مَا وَسِعَہٗ عِلْمُ اللّٰہِ** ۔ حضرت خضرؑ نے یہ کلمہ پڑھا۔ پھر مَیں نے ہر دو (معزز و مکرم) حضرات کے بعد پڑھا۔ حضور ﷺ نے تین مرتبہ دہرایا۔ پھر آپؐ نے ''صلوٰۃ عظیم'' کا ورد شروع فرمایا۔ اور آخر تک پڑھا۔ (صلوٰۃ عظیم یہ ہے۔ **اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِنُوْرِ وَجْہِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ۔ الَّذِیْ مَلَاءَ اَرْکَانَ عَرْشِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ۔ وَ قَامَتْ بِہٖ عَوَالِمُ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ۔ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ ذِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ ۔ وَ عَلٰی اٰلِ نَبِیِّ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ۔ بِقَدْرِ عَظْمَۃِ ذَاتِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ فِیْ کُلِّ لَمْحَۃٍ وَ نَفْسٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ۔ صَلَاۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ۔ تَعْظِیْمًا لِحَقِّکَ یَا مَوْلَانَا یَا مُحَمَّدُ یَا ذَا الْخُلُقِ الْعَظِیْمِ ۔ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ مِثْلَ ذَالِکَ وَاجْمَعْ بَیْنِیْ بَیْنَہٗ کَمَا جَمَعْتَ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالنَّفْسِ ظَاھِرًا وَ بَاطِنًا یَقْظَۃً وَّمَنَامًا وَاجْعَلْہُ یَا رَبِّ رُوْحًا لِذَاتِیْ مِنْ جَمِیْعِ الْوُجُوْہِ فِی الدُّنْیَا قَبْلَ الْاٰخِرَۃِ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ** ۔) پھر حضور نبی کریم ﷺ نے حضرت خضرؑ کو فرمایا۔ آپؑ یہ پڑھیں۔ **اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمَ ۔ غَفَّارَ الذُّنُوْبِ ذَا لْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۔ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ مِنْ جَمِیْعِ الْمَعَاصِیْ کُلِّھَا وَالذُّنُوْبِ وَالْاٰثَامِ ۔ وَمِنْ کُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُہٗ عَمَدًا وَخَطَئًا ظَاھِرًا وَبَاطِنًا قَوْلًا وَ فِعْلًا ۔ فِیْ جَمِیْعِ حَرَکَاتِیْ وَ سَکَنَاتِیْ وَخَطَرَاتِیْ وَ اَنْفَاسِیْ کُلِّھَا دَآئِمًا اَبَدًا سَرْمَدًا ۔ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ اَعْلَمُ ۔ وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ لَآ اَعْلَمُ ۔ عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِہِ الْعِلْمُ وَاَحْصَاہُ الْکِتَابُ ۔ وَخَطَّہُ الْقَلَمُ ۔ وَ عَدَدَ مَا اَوْجَدَتْہُ الْقُدْرَۃُ وَخَصَّصَتْہُ الْاِرَادَۃُ ۔ وَمِدَادَ کَلِمَاتِ اللّٰہِ ۔ کَمَا یَنْبَغِیْ لِجَلَالِ وَجْہِ رَبِّنَا وَ جَمَالِہٖ وَ کَمَالِہٖ ۔ وَکَمَا یُحِبُّ رَبُّنَا وَ یَرْضٰی** ۔ اسے بھی حضور ﷺ نے پورا پڑھا۔ مَیں نے بھی ہر دو حضرات کے بعد پڑھا۔ مجھے انوار اور قوتِ محمدیہ مل گئی۔ اور الٰہی چشمے مجھے عطا ہو گئے۔ پھر حضور ﷺ نے فرمایا۔ احمدؒ! اَب تمھیں آسمانوں اور زمینوں کی چابیاں مل گئیں۔ یہ ہے ذکر مخصوص اور درودِ عظیم اور استغفار کبیر۔ اسے ایک مرتبہ پڑھنا دنیا و آخرت اور مافیہا سے کئی گنا زائد ثواب رکھتا ہے۔

زمین و آسمان کی چابیاں : حضرت سُلطان المشائخ محبوب اِلٰہی خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ سے نقل کرتے ہیں۔ کہ ایک دمرتبہ کا ذکر ہے۔ کہ! آپؒ نے بعض یارانِ طریقت کی طرف متوجہ ہوکر ارشاد فرمایا۔ مَیں تم سے پوچھتا ہوں۔ ''**مقالید السموت والارض**'' یعنی آسمان وزمین کی کنجیاں کیا ہیں۔ کہ جن سے تمام زمین و آسمان کے خزانے کھلتے ہیں۔ تو سنو۔ وہ دس تسبیحات یہ ہیں۔

1 ۔ لا الہ الا اللہ . وحدہ لا شریک لہ . لہ الملک و لہ الحمد یحیی و یمیت وھو حی لا یموت بیدہ الخیر . وھو علی کل شیء قدیر 2 ۔ سبحان اللہ. و الحمد للہ. و لا الہ الا اللہ. و اللہ اکبر. ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم 3 ۔ سبحان اللہ و بحمدہ . و سبحان اللہ العلی العظیم وبحمدہ . استغفر اللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ o 4 ۔ سبحان الملک القدوس سبوح قدوس ربنا و رب الملائکۃ والروح . 5 ۔ استغفر اللہ العظیم الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم و اتوب الیہ و اسئلہ التوبۃ 6 ۔ اللھم لا مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت ولا ینفع ذالجد منک الجد 7 ۔ لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین. 8 بسم اللہ خیر الاسمآء بسم اللہ رب الارض والسمآء بسم اللہ لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم o 9 اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ و علی آل سیدنا محمد وَبَارِکْ وَسَلِّمْ و صل علی جمیع الانبیاء والمرسلین. 10 اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطٰن الرجیم o رب اعوذ بک من ھمزات الشیطٰن واعوذبک رب ان یحضرون o

ان دس تسبیحات کو مقالید السموات والارض (یعنی آسمان و زمین کی کنجیاں) کہتے ہیں۔ جو شخص انہیں دن میں دس مرتبہ پڑھے گا۔ گویا اس نے سومرتبہ یہ پڑھی ہیں۔ اور جس نے سومرتبہ یہ دس تسبیحات پڑھی۔ تو گویا اس نے ہزار مرتبہ پڑھیں۔

☆ **زمین و آسمان کی چابیاں** : حضرت عثمانِ غنیؓ سے روایت ہے ۔کہ! انہوںؓ نے آنحضور نبی کریم ﷺ سے ’’ **له مقالید السموت والارض** ‘‘ یعنی اسی کے پاس آسمانوں اورزمینوں کی کنجیاں ہیں ۔ (سورہ الزمر۔آیت 63) کی تفسیر دریافت کی۔آنحضرت رسولِ مکرم ﷺ نے ارشادفرمایا۔کہ! تم سے پہلے کسی نے مجھ سے اس (آیت) کی تفسیر نہیں پوچھی ۔اس (آیت) کی تفسیر یہ (عظیم الشان کلمات مبارکہ) ہیں ۔

لا الـه الا الله . سبحان الله وبحمده . استغفرالله . ولا حول ولا قوة الا با لله . الاول والآخر ، والظاهر والباطن ، بيده الـخير . يحي و يميت . وهو على كل شيء قدير ۔ جوشخص صبح کے وقت دس مرتبہ یہ کلمات کہتا ہے ۔تو اللہ تعالیٰ اس کو چھ انعامات عطا فرماتے ہیں ۔شیطان سے محافظت، ایک قنطار کے مساوی اَجر، جنت میں ایک درجہ بلند ہوجانا، حورعین سے شادی ہوجانا، بارہ ہزار ملائکہ کا دربار باری تعالیٰ میں حاضر ہوجانا، تورات زبور انجیل اور قرآن حکیم کی تلاوت کرنے جتنا ثواب ۔ (اس کے علاوہ) اے عثمانؓ ! اس کو اس شخص کی طرح ثواب ملتا ہے۔کہ! جس نے حج وعمرہ کیا ہوا ہو ۔اور اس کا حج وعمرہ قبول ہوگیا ہو۔اور اگر (ان کلمات کو پڑھنے والا پڑھائی والے دن فوت ہوگیا ۔تو اس پر شہداء کی مُہر لگادی جاتی ہے)

☆ **زمین و آسمان کی چابیاں** : برصغیر پاک وہند کے مشہور ومعروف عامل حضرت کاش البرنیؒ کی کتاب ’’عامل کامل‘‘ میں لکھا ہے ۔کہ! حضرت عثمانِ غنیؓ نے ایک مرتبہ آنحضرت رسولِ مکرم ﷺ سے عرض کیا۔کہ! خداوند عالم نے جو ارشاد فرمایا ہے۔کہ! ’’ **لـه مقا ليد السموت والارض** ‘‘یعنی اسی کے پاس آسمانوں اور زمینوں کی کنجیاں ہیں ۔ (تو) وہ کنجیاں کیا ہیں؟ اور کیا کسی کو مل سکتی ہیں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ہاں وہ کنجیاں مجھے معلوم ہیں ۔وہ یہ ہیں ۔**و كفى با لله وليا ـو كفى با لله نصيرا ـو كفى با لله حسيبا ـو كفى با لله عليما ـو كفى بالله و كيلا ـو كفى با لله شهيدا** ۔‘‘ (بقول البلوشی) چونکہ یہ آیات مقاماتِ کفایت ہیں ۔مہمات کلی وجزوی کا حل ان میں موجود ہے ۔

☆ **زمیـن و آسمان کی چابیاں** : بقول امام غزالیؒ وابو طالب مکیؒ ! اللہ تعالیٰ کے فرمانِ عالیشان ﴿ **لـه مقاليد السمٰوٰت والارض** ۔۔۔زمین وآسمان کی چابیاں ۔۔۔﴾ کی تفسیر میں جو کچھ مروی ہے اسے بھی صبح وشام پڑھنا چاہیئے ۔کیونکہ اس کا بھی بہت زیادہ ثواب ہے ۔چنانچہ امیر المؤمنین خلیفہ سوئم حضرت سیدنا عثمان غنیؓ سے مروی ہے کہ انہوں نے مذکورہ آیت مبارکہ کی تفسیر آنحضرت رسالت مآب ﷺ سے دریافت کی ۔ تو آپ ﷺ نے ارشادفرمایا۔تم نے مجھ سے جس شئے کے متعلق پوچھا ہے۔اس کے بارے میں تم سے پہلے کسی نے نہیں پوچھا۔اور اس کی تفسیر یہ (چھ) کلمات ہیں ۔ **بسـم الله الر حمٰن الر حيمo لا الـه الا الله والله اكبر ـ سبحان الله العظيم وبحمده ـ ولاحول ولا قوة الا بالله ـواستغفرالله الاول والآخر والظاهر والباطن ـ له الملك وله الحمدبيده الخير ـ وهو علىٰ كل شي ء قدير** ۔ جوشخص یہ کلمات صبح وشام 10-10 مرتبہ پڑھے گا۔تو اسے چھ فضیلتوں سے نوازا جائے گا ۔ ۱۔ اسے شیطان اور اس کے لشکریوں سے محفوظ کردیا جاتا ہے ۔۲۔ اسے ایک قنطار (قنطار مخصوص مقدار کو کہتے ہیں) اجر دیا جاتا ہے ۔ ۳۔ جنت میں اس کا ایک درجہ بڑھا دیا جاتا ہے ۔ ۴۔ اللہ تعالیٰ اس کا نکاح حورِعین سے کردیتا ہے ۔ ۵۔ اس کے پاس بارہ فرشتے حاضر رہتے ہیں ۔ ۶۔ اسے حج وعُمرہ کا ثواب دیا جاتا ہے ۔

☆ **تهد یدی نامه مبارک از سید المر سلین** ﷺ : (حرزِ ابودُجانہ انصاریؓ صحابیِٔ رسول مکرم ﷺ)

یہ **تهـد یـدی نامه** کتبِ کثیرہ سے نقل کرکے یہاں لکھا جارہا ہے ۔اِس تہدیدی نامہ کو حرزِ ابودُجانہ انصاریؓ بھی کہا جاتا ہے ۔اُنؓ کو (ابودُجانہ انصاریؓ) یہ تہدیدی نامہ بارگاہِ رسالت مآب ﷺ سے تحفتہً عطا ہوا تھا ۔

بسـم الله الر حمٰن الر حيمo هـذا كتـاب من محمد رسول الله رب العا لمين. الٰى من طرق الدار من العمار والزوار الا طـارقـا يـطـرق بخيرا ما بعد فان لنا ولكم في الحق سعة فان تک عا شقا مو لعا او فا جرا مقتحما أوراعيا مبطًلا فهذ ا كتـاب الـلـه يـنـطـق عـلينا و عليكم بالحق انا كنا نستنسخ ما كنتم تعملون ورسلنا لد يهم يكبتون ما يمكرون . اتر كوا صـاحب كتا بي هذا وانطلقوا الٰى عبدة الا صنام والٰى من يز عم ان مع الله الها آ خر ؕ لا اله الا هو قف كل شيء ها لک الا وجهه ؕ لـه الحكم واليه تر جعون o آ مين o حٰمٓ لا ينصرون .حٰمٓ عٓسٓقٓ تغلبون o حٰمٓ والكتاب المبين o تفرق أعداء الله و بلغت حجة الله ولا حول ولا قوة الا با لله العلى العظيم o فسيكفيكهم الله وهو السميع العليمo

☆ **جهنم سے آزادی کا وظیفه جلیله** :

سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ! جوبھی شخص صبح یا شام کے وقت ایک مرتبہ یہ (دُعا) پڑھے ۔ تو اللہ تعالیٰ اُس کے چوتھائی حصہ کو جہنم سے آزاد فرمادے گا ۔اور جو دومرتبہ (اِس دُعا کو) پڑھے گا۔تو اللہ عزوجل اُس کے نصف حصہ کو جہنم سے آزاد فرمادے گا ۔ اور جوتین مرتبہ (اِس دُعا کو) پڑھے گا۔تو اللہ عزوجل اُس کے تین چوتھائی حصہ کو جہنم سے آزاد فرمادے گا ۔ اور جو چارمرتبہ (اِس دُعا کو) پڑھے گا۔تو اللہ عزوجل اُسے مکمل جہنم سے آزاد فرمادے گا۔(شام کے وقت امسیت کہنا ہے) ☆ (سنن ابی داؤد اور کتاب الادب المفرد للبخاری)

اَللّٰهُـمَّ اِنِّیٓ اَصْبَحْتُ اُشْهِدُکَ وَاُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِکَ وَ مَلٰٓئِکَتِکَ وَ جَمِیْعَ خَلْقِکَ اِنَّکَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ ﷺ ۔

☆ **دُعائے سریانیہ برائے کشادنِ باطن :** (واقعہ اَز کتاب الابریز)

ایک شخص ولی کامل جناب حضرت ابراہیم دسوقیؒ کی قبر مبارک کی زیارت کے لئے اُنؒ کے مزار پر گیا۔تو کیا دیکھتا ہے۔حضرت شیخ دسوقیؒ اُس (زیارت پر آنے والے) شخص کے پاس آن کھڑے ہوئے۔اور یہ دُعا سکھلائی۔ اور فرمایا۔یہ دُعا (ہمیشہ) پڑھا کرو۔اور کسی چیز سے نہ ڈرو۔

بِسْمِ الْاِلٰهِ الْخَالِقِ الْاَکْبَرُ ۔ وَهُوَ حِرْزٌ مَانِعٌ لِمَا اَخَافُ مِنْهُ وَاَحْذَرُ ۔ لَا قُدْرَةَ الْمَخْلُوْقِ مَعَ قُدْرَةِ الْخَالِقِ يُلْجِمُهٗ بِلَجَامِ قُدْرَتِهٖ اَحْمٰى حَمِيْثًا وَاَطْمٰى طَمِيْثًا وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا ۔ يَا كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا وَيَا حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا ۔ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔

☆ **دُعائے مکشوفیہ برائے کشادنِ باطن و عقدہء مخفی اسرار و رموز :**

اول وآخر (طاق مرتبہ) درودِ پاک پڑھ کر ایک ہزار ایک **1001** مرتبہ یہ **دُعائے مکشوفیہ** صبح ورات کو روزانہ پڑھا کرے۔ان شاء اللہ وہ شخص ہفتہ عشرہ میں یقینی طور پر کامیاب ہوگا۔بلکہ اُس کے ذوق وشوقِ دینی میں بھی حق تعالیٰ اضافہ فرمائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ اَللّٰهُمَّ يَا اَحْمٰى حَمِيْثًا .وَيَا اَطْمٰى طَمِيْثًا ۔اٰهٍ اٰهٍ ۔ وَاٰهٍ وَاٰهٍ ۔ وَاٰيَهٍ وَاٰيَهٍ ۔

☆ **اسمآئے عجیبہ و غریبہ :** (طریقہء وِرد) اول روز صد مرتبہ دوئم روز دوصد مرتبہ۔۔اسی طرح دسویں روز ایک ہزار مرتبہ پڑھنا ہے۔پھراس وظیفہ کو ہمیشہ ایک ہزار مرتبہ پڑھنا ہوگا۔اول وآخر طاق مرتبہ درود وسلام پڑھنا لازمی ہے۔(ان اسماء میں اسم اعظم پنہاں ہے)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اَللّٰهُمَّ يَا كٓهٰيٰعٓصٓ وَيَا حٰمٓ عٓسٓقٓ ۔ وَيَا دَهْرُ يَا دَيْهُوْرُ يَا دَهْيَارُ ۔ وَيَا اِهْيًا اِشْرَ آهِيًّا ۔ وَيَا اَحْمٰى وَيَا اَطْمٰى ۔ وَيَا اَهَمْ" سَقَكْ" حَلَعْ" يٰسٓ" طَرُنُ ۔ وَيَا اَحُوْنُ قَآفٍ حٰمٓ" اَدَمْ هَآءٍ ۔ وَيَا اٰهٍ وَآهٍ ۔ وَاٰيَهٍ اٰيَهٍ ۔ وَيَا بُدُّوْحُ" اَجْهَزَطْ" ۔ وَيَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ۔اٰمِيْنَ۔

☆ **اسمآئے دھروشیہ برائے حصولِ کثیر فوائد :** (حضرت ابن الحاج التلسمانی المغربیؒ)

اسمائے دہروشیہ کی دُعا وعزیمت دین ودنیا کے جمیع امور میں سریع التاثیر ہے۔یہ عزیمت اخراج الکنوز میں لاثانی ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَهْيًا شَرَاهِيًّا دَهْمُوْ تَا عَالِىْ مُتَعَالِىْ فِىْ عُلُوِّهٖ اَيْنَ الْاَجْنَادِ الْقَوِيَّةِ اَيْنَ الشَّمْهَازِيَّةِ اَيْنَ كُرْدَنِ اَيْنَ دَرْدَمِ اَيْنَ عُصَابِ اَيْنَ صَاحِبِ جَبَلِ الدُّخَانِ اَيْنَ الرَّاكِبُ عَلَى الْفِيْلِ الْمُتَعَمِّمُ بِالثُّعْبَانِ اَجِيْبُوْا بِحَقِّ الْاَسْمَآءِ الْعِبْرَانِيَّةِ بَرْهَمُوْتَا وَشَيْمُوْثَا اَجِيْبُوْا لِلّٰهِ طَآئِعِيْنَ ۔ اٰمِيْنَ ۔(طریقِ زکات! بعد ہر نماز صد مرتبہ اور **1000** مرتبہ قبل نوم روزانہ تا پچاس یوم)

☆ **نصیحتِ قلبی برائے یاران :** قارئینِ ''اسرارِ محبوبِ کامل'' کو میری نصیحت ہے۔کہ! قرآنِ مجید میں جملہ امراضِ روحانی وجسمانی کا کامل علاج ہے۔اور قرآن کو اعتقاداتِ باطلہ، اخلاقِ مذمومہ اور امراضِ روحانیہ میں بھی مجرب قرار دیا گیا ہے۔بلکہ! قرأتِ قرآن کی برکت سے ہر مرض کا ازالہ ہو جاتا ہے۔کہ! حدیث کے الفاظ ہیں۔ جو (کوئی) قرآن سے شفاء طلب نہیں کرتا۔خدا اُسے شفاء نہ دے۔

☆ **پورے ماہ سلامتی کا عمل :** اگر کوئی شخص نیا چاند دیکھ کر ایک مرتبہ زور سے تکبیر کہہ کر تین مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ لے۔وہ وہ شخص سارے مہینے امن وسلامتی سے رہے گا۔ان شاء اللہ۔

شکوے جو تم سے ہیں، توقع کے ساتھ ہیں اُمید گر نہ ہو تو شکایت نہ ہو ہمیں

☆ **پہاڑ کے برابر قرض سے نجات کا نبوی ﷺ وظیفہ :**

سُنن ترمذی میں ہے کہ ایک مُکاتب (یعنی کہ وہ غُلام جس نے اپنے آقا سے مال کی ادائیگی کے بدلے آزادی کا مُعاہدہ کیا ہوا ہو) نے حضرت علی المُرتضیٰؓ کی بارگاہ میں عرض کی، میں اپنی کتابت (کتابت یعنی آزادی کی قیمت) ادا کرنے سے عاجز ہوں، میری مدد فرمائیے۔آپؓ نے فرمایا، میں تمھیں چند کلمات نہ سکھاؤں جو سرورِ کائنات ﷺ نے مجھے سکھائے ہیں اگر تُم جبلِ صیر (صیر ایک بہت بڑے پہاڑ کا نام ہے) جتنا دَین (دَین یعنی قرض) ہوگا تو اللہ تعالیٰ تمھاری طرف سے ادا کردے گا (انشاء اللہ تعالیٰ) تُم یوں کہا کرو۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ۔

یاد رہے۔کہ! جو شخص درجہ بہ درجہ چلتا ہے۔وہ ہمیشہ کامران رہتا ہے۔یعنی جو شخص تصورِ شیخ میں پختہ ہوگا۔وہ تصورِ نبی ﷺ میں بھی پختہ ہوگا۔اور وہ توحید کے عرفان سے بھی سرشار ہوگا۔اور یہی اولیائے طریقت کا مروجہ اسلوب اور مجرب المجرب طریقہ ہے۔

ہر آں کار کہ بے استاد باشد یقین است کہ او کار بے بنیاد باشد

وردِ عشقیہ : (المعروف بہ **درودِ شوقیہ**)

صاحبانِ طریقت میں اس درود کے مسلسل ورد سے بندے کا اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب ترین پیغمبر جناب رسول مکرم ﷺ سے بے انتہا عشق و محبت بڑھ جاتے ہیں۔ اور اس کے مقامات ولایت اور روحانی درجات نہایت تیزی سے طے ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے ایک عام بندے ولایت کے بلند ترین مقام تک آسانی پہنچ جاتا ہے۔ وردِ عشقیہ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ شَوْقِکَ وَ حُبِّ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مُحَبَّتِکَ وَ عِشْقِ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ۔ وَ حَرِّقْ قَلْبِیْ بِنَارِ عِشْقِکَ وَارْزُقْنِیْ اِزْدِیَادِ مُحَبَّتِکَ حَتّٰی لَا یَبْقٰی شَیْءٌ غَیْرُکَ۔ امین۔

اور ایک جگہ اس طرح ہے۔ کہ لفظ ''مُحَبَّتِكَ'' کی جگہ ''مُحَبَّةِ'' آیا ہے۔ بہرحال دونوں ٹھیک ہیں۔ مبتدی حضرات اس درودِ پاک کو 313 مرتبہ، متوسط حضرات **1100** مرتبہ اور منتہی حضرات **5000** مرتبہ اس درودِ پاک کو دائمی طور پر پڑھنے کا اہتمام اور التزام کرتے ہیں۔

شوق کی تعریف : حضرت ابراہیم خواص ؒ جب اس منزل کو طے کر رہے تھے۔ تو اِن پر شوق غالب تھا۔ اسی لئے آپ ؒ نے ایک بہت جوشیلے اور بڑے جذباتی انداز میں فرمایا۔ کہ! واہ شوقا! **بکسے کہ مرا دید و من او را ندیدم** (واہ اے شوق! وہ ہستی جو مجھے دیکھتی ہے۔ مگر (افسوس) کہ مَیں اسے نہیں دیکھتا) حضرت سری سقطی ؒ نے فرمایا۔ کہ! عارف کا سب سے اونچا اور بزرگ ترین مقام ''شوق'' ہے۔ اللہ تعالیٰ نے خود فرمایا۔ کہ! میرے کچھ خاص بندے ہیں۔ میں ان سے محبت کرتا ہوں۔ وہ مجھ سے محبت کرتے ہیں۔ میں ان کا مشتاق رہتا ہوں۔ وہ میرے مشتاق رہتے ہیں۔ میں ان کا ذکر کرتا ہوں۔ وہ میرے ذکر میں مشغول رہتے ہیں۔ میں ان کی طرف دیکھتا ہوں۔ وہ میری طرف دیکھتے ہیں۔۔۔

☆ **وظیفہء قلبیہ** : ہر فرض نماز کے بعد یہ وظیفہ تین مرتبہ پڑھ کر دل پر پھونکیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ یُحِبُّکَ وَالْعَمَلَ الَّذِیْ یُبَلِّغُنِیْ حُبَّکَ۔ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حُبَّکَ اَحَبَّ اِلَیَّ مِنْ نَفْسِیْ وَاَھْلِیْ وَمِنَ الْمَآءِ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ۔ اَللّٰھُمَّ طَھِّرْ قَلْبِیْ عَنْ غَیْرِکَ وَنَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ مَعْرِفَتِکَ وَحَرِّقْ قَلْبِیْ بِنَارِ عِشْقِکَ وَارْزُقْنِیْ اِزْدِیَادِ مُحَبَّتِکَ اَبَدًا دَآئِمًا یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ۔ آمین۔

☆ **وظیفہ قلبی تصفیہ** : اگر کوئی شخص روزانہ رات کو سونے سے قبل بحالتِ وضو یہ دُعا اکیس مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے۔ تو چالیس سے پچاس ایام میں اُس کی قلبی صفائی ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ۔ اور اُس کا باطن بھی پاکیزہ و منور ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔ دُعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللھم ارضنی برضآئک وصبر نی علیٰ بلآئک وارضنی علیٰ شکر نعمآئک واسئلک تمام نعماتک ودوام عافیتک۔ اللھم جنبنی فی قلوب المؤ منین وبلغنی عمری الیٰ مائۃ و عشرین سنۃ۔ برحمتک یا ارحم الراحمین۔ و صلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ سیدنا محمد وعلیٰ آلہ وصحبہ اجمعین وعترتہ الطاھرین۔

☆ **دفع شیفتگی و بے قراری دوران زھد و ریاضت** : اگر کسی شخص کو بحالتِ زُہد میں ولہ یعنی شیفتگی اور بے قراری ایسی بڑھی ہوئی ہے۔ کہ کوئی بھی عمل نہ کر سکے۔ تو ایسے شخص کو چاہیئے۔ کہ! دورانِ شغل (ورد و وظائف، ذکر و اذکار وغیرہم) آنے والی دُعا سات مرتبہ بہ نیتِ دفعِ ولہ پڑھے۔ اس دُعا کے پڑھنے کے بعد توفیقِ عمل زیادہ ہوگی۔ ان شاء اللہ۔ وہ دعائے بزرگوار یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یا صانع کل مصنوع ویا جابر کل کسیر ویا شاھد کل نجوٰی ویا حاضر کل بلآء ویا صاحب کل غریب ویا مونس کل وحید اجعل لی من امری فرجا و مخرجا۔

اَب کوئی بات نہیں خطرے کی | اَب سبھی کو سبھی سے خطرہ ہے

☆ **دفع سستی و کاھلی دوران زھد و ریاضت** : اگر کسی شخص کو بحالتِ زُہد سستی و کاہلی اس قدر کثرت سے ہو۔ کہ کوئی بھی عمل نہ کر سکے۔ تو ایسے شخص کو چاہیئے۔ کہ! دورانِ شغل (ورد و وظائف، ذکر و اذکار وغیرہم) آنے والے کلمات کو دوصد **200** مرتبہ بہ نیتِ دفعِ سستی و کاہلی پڑھے۔ اس دُعا کے پڑھنے سے بفضلِ خدا سستی و کاہلی دور و دفع ہوگی۔ ان شاء اللہ۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یا کلکائیل بحق جبار الذی خضع کل جبار بجروتہ یا کلکائیل۔

☆ **دعائے نبوی** ﷺ : (حدیث) جو شخص ان کلمات کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کرتا ہے۔ (تو) اللہ تعالیٰ اس کے نامہء اعمال میں ہزار نیکیاں درج کر دیتا ہے۔ ہزار درجے بلند فرماتا ہے۔ اور ستر ہزار فرشتوں کو اس کے لئے مقرر فرماتا ہے۔ جو قیامت کے روز تک اس کے لئے استغفار کرتے رہیں گے۔ کلمات یہ ہیں۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم o الحمد للہ الذی تواضع کل شیء لعظمتہٖ والحمد للہ الذی ذل کل شیء لعزتہٖ والحمد للہ الذی خضع کل شیء الملئکۃ. والحمد للہ الذی استسلم کل شیء لقدرتہٖ.** (طبرانی)

میں گنا ہوں میں ہوں ڈوبا ہوا ، میں زمین پر ہوں گرا ہوا | جو مجھے گنا ہوں سے بَری کرے ، مجھے اس دعا کی تلاش ہے

تسبیحاتِ باری تعالیٰ: صبح وشام اِن کلماتِ طیبات سے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کرنی چاہیئے ۔جن سے باری تعالیٰ نے از خود اپنی حمد بیان فرمائی ہے ۔ان تسبیحات کا جو ثواب مروی ہے ۔وہ راہِ حق کے ہر طالب کا مقصود ہے ۔چنانچہ امیر المؤمنین خلیفہ چہارم حضرت علی المرتضیٰ ؓ سے مروی ہے ۔کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ کا فرمانِ عالیشان ہے ۔کہ اللہ تعالیٰ روزانہ ان الفاظ سے اپنی بزرگی کا اِظہار فرماتا ہے ۔ **انی انا اللہ رب العالمین** ☆ **انی انا للہ لا الہ الا انا الحی القیوم** ۔۔۔۔ پھر مصنفین فرماتے ہیں ۔کہ ان کلمات سے دُعا مانگنے والے کو چاہیئے ۔کہ وہ مُتکلم کے بجائے حاضر کی ضمائر استعمال کرے ۔یعنی **انی انا اللہ** کے بجائے **انک انت اللہ** ۔۔۔یعنی کہ مذکورہ دُعا کو اس طرح سے پڑھے ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ رَبُّ الۡعَالَمِیۡنَ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡعَفُوُّ الۡغَفُوۡرُ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡمُبۡدِیُٔ کُلِّ شَیۡءٍ وَّاِلَیۡکَ یَعُوۡدُ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ لَمۡ تَلِدۡ وَلَمۡ تُوۡلَدۡ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ مَالِکُ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمُ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ خَالِقُ الۡخَیۡرِ وَالشَّرِّ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ خَالِقُ الۡجَنَّۃِ وَالنَّارِ ☆اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ الَّذِیۡ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡوَاحِدُ الۡاَحَدُ الۡفَرۡدُ الصَّمَدُ الَّذِیۡ لَمۡ یَتَّخِذۡ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡفَرۡدُ الۡوَتۡرُ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ عَالِمُ الۡغَیۡبِ وَالشَّہَادَۃِ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡمَالِکُ الۡقُدُّوۡسُ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ السَّلَامُ الۡمُؤۡمِنُ الۡمُہَیۡمِنُ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡعَزِیۡزُ الۡجَبَّارُ الۡمُتَکَبِّرُ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡخَالِقُ الۡبَارِیُٔ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡاَحَدُ الۡمُصَوِّرُ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡکَبِیۡرُ الۡمُتَعَالُ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡمُقۡتَدِرُ الۡقَہَّارُ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡحَکِیۡمُ الۡکَبِیۡرُ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡقَادِرُ الرَّزَّاقُ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ اَہۡلُ الثَّنَآءِ وَالۡمَجۡدِ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ تَعۡلَمُ السِّرَّ وَتَخۡفٰی ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ فَوۡقَ الۡخَلۡقِ وَالۡخَلِیۡقَۃِ ☆ اِنَّکَ اَنۡتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنۡتَ الۡجَبَّارُ الۡمُتَکَبِّر ☆

جو بھی شخص مذکورہ اسمائے مُبارکہ کے ساتھ دُعا کرے ۔تو اُسے ایسے شُکر گُزار ،سجدہ کرنے والوں اور صالحین میں لکھا جائے گا ۔جو دارِ جلال میں آنحضرت رسولِ بے مثال ﷺ ،حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ ؑ ،حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہ ؑ ،حضرت سیدنا عیسیٰ روح اللہ اور دیگر انبیائے کرام **علیھم الصلوٰۃ والسلام** کا خوش نصیب پڑوسی ہوگا ۔اور اسے آسمانوں اور زمینوں کے تمام عبادت گُزاروں کا ثواب ملے گا ۔انشاء اللہ تعالیٰ ۔

☆ **دُعائے اسمِ اعظم برائے حل المشکلات:** اِن کلمات میں بڑی بڑی خاصیتیں پنہاں ہیں ۔جو کہ اس کے ورد کرنے والے پر ظاہر ہوتی ہیں ۔ لوگوں کا گمان تو یہاں تک بھی ہے ۔کہ ! ان کلمات میں اسمِ اعظم ہے ۔کلمات یہ ہیں ۔ **ھُوَالْاَ سَا مَۃَ سِرَّنَا ھُوَیَا کَرِیۡمُ ۔**

☆ جو شخص **52** ایام تک یہ اسمِ اعظم (خلوت میں پرہیز جلالی کے ساتھ) ہر روز ایک ہزار مرتبہ صبح اور ایک ہزار مرتبہ رات کو سونے سے قبل اور ہر نماز کے بعد تین سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے ۔تو ایسے شخص کی رسائی کسی ایسے راز وسر تک یقینی ہو جائے گی ۔کہ ! جس کے پیچھے دُنیا سرگرداں ہے ۔جیسے اسمِ اعظم کا حصول یا کسی چھپے ہوئے خزانے تک رسائی یا وقت کے حکمران کی کسی طرح کی مشکل کا حل کہ جس سے وہ خوش ہو کر ایک عظیم مقام ومرتبہ عنایت کر دے ۔ ☆ جو شخص یہ اسمِ اعظم روزانہ رات کو سونے سے قبل ایک ہزار مرتبہ (بحالتِ وضو در یک نشست) پڑھنے کا معمول بنالے ۔تو اُسے عالمِ غائب اور اسرارِ عجیبہ سے واقفیت حاصل ہو ۔اور عجیب عجیب خاصیتیں ظاہر ہوں ۔ بوقتِ خواب ملائکہ نظر آئیں ۔اور ایک نور کا عالم چھا جائے ۔ بلکہ پردہ غائب سے عجائبات ظہور میں آئیں ۔ان شاء اللہ ۔ ☆ گریختہ کی واپسی کے لئے بوقتِ خفتن یہ اسمِ اعظم اگر **500** مرتبہ پڑھ کر سویا جائے ۔تو چند ہی راتوں میں عالمِ رویاء میں اُس گمشدہ کا یقینی پتہ چل جائے گا ۔ان شاء اللہ ۔ ☆ جو شخص یہ اسمِ اعظم ہر روز بعد ہر نماز کے پانچ سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے ۔اور اُس کی نیت یہ ہو ۔کہ ! وہ کسی بھی چھوٹے یا بڑے پر حاضرات کر سکے ۔تو اکیس ایام کے بعد بفضلِ الٰہی اُسے یہ کمال بھی حاصل ہو جائے گا ۔ان شاء اللہ ۔

کثیر النفع عمل :اگر کوئی شخص وقت نکال کر (پرہیز جلالی سے) مندرجہ ذیل کلمات کو چودہ **(14)** ایام تک بعد نمازِ صبح اور بعد نمازِ عشاء پانچ ،پانچ ہزار مرتبہ پڑھ لے ۔ پندرہویں روز دوران پڑھائی عامل کو خلوت خانہ میں خوشبو آئے گی ۔اور ملائکہ وارواح حاضر ہوں گے ۔وہ عامل سے عہد وپیمان لے کر چاندی کی ایک انگوٹھی دے کر حاضری کا طریقہ بھی بتادیں گے ۔عامل انگوٹھی اپنی دائیں چھنگلی میں پہن لے ۔ بوقتِ ضرورت عامل ان کو طلب کر سکتا ہے ۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o جَلِیُوۡشِ مَرۡتُوۡشِ اَرۡلُوۡشِ سَلۡمُوۡشِ مَرۡطُوۡشِ مَیۡلُوۡشِ اَلۡبَسَادِرِ ’’ مَادِر ’’ فَرِیُوۡن اَحۡیُوۡن اَوَا مِرۡھَا لَمۡھَکَا کَھۡلاً کَیۡھَمَا اَرۡحَمَا تَرۡحَمَا اَوۡاً مُ بَطۡ بَھَتَّ سُوَاھَا بِسۡمِ ا للّٰہِ مَلَا ثَمَانُ الرَّحۡمٰنِ اَ بَرَّ ثَمَانَ اَ لرَّحِیۡمِ حَیۡثُمَانَ ۔ (یہ خصوصی عمل (مع اغلاطِ کتابت) حضرت شاہ محمد غوث گوالیاری ؒ کی کتاب بحرالحیات سے ماخوذ ہے)

سورہ فاتحہ کی زکات کا عجیب مگر نہایت پرتاثیر و سریع الاجابت : (اَز خزینۃ الاسرار۔ مولانا مولوی حقی نازلی نقشبندیؒ)

مدینہ منورہ میں مَیں نے الحمد شریف کو پایا۔ اور پانچوں نمازوں کے بعد بلاکسی کی اجازت کے اِس کے ورد کو شروع کر دیا۔ کیونکہ اُس وقت تک مجھے کوئی ایسا شیخ نہیں مِلا تھا۔ جِن سے میں اجازت طلب کرتا۔ اور مواجہ شریف میں آنحضرت نبی محترم و مکرم ﷺ سے اِس کی اجازت کی درخواست کی۔ اور پھر خواب میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کریم کو دیکھا۔ اور اُنہوں نے مجھے اِس (سورہ فاتحہ کے خصوصی وِرد) کی اجازت مرحمت فرمائی۔ اور میں نے اُن کے داہنے ہاتھ پر بوسہ دیا۔ پھر میں نے اُس خواب کو حضرت شیخ سنوسی المغربیؒ (جو جبل ابوقبیس میں رہتے تھے) کی خدمتِ اقدس میں بیان کیا۔ تو اُنہوں نے فرمایا۔ کہ! اے میرے فرزند! تجھے اِس روحانی اجازت کی مبارک ہو۔ جو اِس ترتیب سے سورہ فاتحہ کو نو چندی یک شنبہ سے پڑھے گا۔ وہ اَسرار سے مطلع ہوگا۔ اِسی ضمن میں حضرت شیخ اکبر محی الدین ابنِ عربیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! جو شخص سورہ فاتحہ کو اِس ترتیب سے ہر روز سات مرتبہ پڑھا کرے۔ اُس کو عالم غیب کا مشاہدہ ہوگا۔ اور وہ عالم ملکوت و جبروت کی روحانیت سے مطلع ہوگا۔ اور حق تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ اپنے تمام دنیوی و اُخروی مقاصد میں بھی کامیاب ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اس سورہ سے مستفید و متنفع ہونے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ! نیچے دی گئی ترتیب کو بعد ہر فرض نماز کے صد مرتبہ جبکہ رات کو پانچ سو مرتبہ روزانہ پچاس ایام تک (بہتر ہوگا۔ کہ ترک جلالی و جمالی اور صوم و صیام کی مکمل پابندی سے) پڑھا جائے۔ بعدہٗ اسی ترتیب سے روزانہ تین سو تیرہ (313) مرتبہ پڑھنے کو دائمًا اپنا معمول بنالیں۔ تاکہ ہمیشہ فوائد سے کما حقہٗ مستفید و متنفع ہوتے رہیں۔ ان شاء اللہ العظیم۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ o یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ اُجِبۡ یَا رُوۡقِیَآ ئِیۡلُ سَمِیۡعًا مَّطِیۡعًا اَنۡتَ وَ خُدَّامُکَ مُذۡھِبُ بِحَقِّ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ وَبِحَقِّ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمِ وَ بِحَقِّ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ عَلَیۡہِ الصَّلاۃُ وَالسَّلامُ وَ بِحُرۡمَۃِ الۡمَلٰئِکَۃِ الۡمُئوَ کِّلِیۡنَ بِقَوَآ ئِمِ الۡعَرۡشِ اَبۡجَدۡ ۔ **اَلرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o** یَا رَءُوۡفُ یَا عَطُوۡفُ اُجِبۡ یَا جِبۡرَآ ئِیۡلُ عَلَیۡہِ السَّلامُ سَمِیۡعًا مَّطِیۡعًا اَنۡتَ وَ خُدَّامُکَ مَرَّۃُ الۡاَبۡیَضِ بِحَقِّ الرَّحۡمٰنُ الرَّحِیۡمِ وَبِحَقِّ رَءُوۡفُ الۡعَطُوۡفِ وَ بِحَقِّ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ عَلَیۡہِ الصَّلاۃُ وَالسَّلامُ وَ بِحُرۡمَۃِ الۡمَلٰئِکَۃِ الۡمُئوَ کِّلِیۡنَ بِقَوَآ ئِمِ الۡعَرۡشِ ھَوۡزَحۡ ۔ **مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ o** یَا مُقَلِّبَ الۡقُلُوۡبِ وَالۡاَبۡصَارِ اُجِبۡ یَا سَمۡسَمَآ ئِیۡلُ سَمِیۡعًا مَّطِیۡعًا اَنۡتَ وَ خُدَّامُکَ الۡاَحۡمَرُ بِحَقِّ مٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ وَبِحَقِّ مُقَلِّبَ الۡقُلُوۡبِ وَالۡاَبۡصَارِ وَ بِحَقِّ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ عَلَیۡہِ الصَّلاۃُ وَالسَّلامُ وَ بِحُرۡمَۃِ الۡمَلٰئِکَۃِ الۡمُئوَ کِّلِیۡنَ بِقَوَآ ئِمِ الۡعَرۡشِ طِیۡکَلُ ۔ **اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ o** یَا سَرِیۡعُ یَا قَرِیۡبُ اُجِبۡ یَا مِیکَائِیۡلُ عَلَیۡہِ السَّلامُ سَمِیۡعًا مَّطِیۡعًا اَنۡتَ وَ خُدَّامُکَ بُرۡقَانُ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ وَبِحَقِّ سَرِیۡعُ الرَّقِیۡبُ وَ بِحَقِّ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ عَلَیۡہِ الصَّلاۃُ وَالسَّلامُ وَ بِحُرۡمَۃِ الۡمَلٰئِکَۃِ الۡمُئوَ کِّلِیۡنَ بِقَوَآ ئِمِ الۡعَرۡشِ مَنۡسَعۡ ۔ **اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ o** یَا قَادِرُ یَا مُقۡتَدِرُ اُجِبۡ یَا صَرۡفِیَآ ئِیۡلُ عَلَیۡہِ السلام سَمِیۡعًا مَّطِیۡعًا اَنۡتَ وَ خُدَّامُکَ شَمۡھُوۡرَشۡ بِحَقِّ اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ وَبِحَقِّ قَادِرُ الۡمُقۡتَدِرُ وَ بِحَقِّ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ عَلَیۡہِ الصَّلاۃُ وَالسَّلامُ وَ بِحُرۡمَۃِ الۡمَلٰئِکَۃِ الۡمُئوَ کِّلِیۡنَ بِقَوَآ ئِمِ الۡعَرۡشِ فَصۡقَرۡ ۔ **صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡھِمۡ o** یَا عَلِیۡمُ یَا حَکِیۡمُ اُجِبۡ یَا رُوۡعِینَیَآ ئِیۡلُ سَمِیۡعًا مَّطِیۡعًا اَنۡتَ وَ خُدَّامُکَ زَوۡبِعَۃُ الۡاَبۡیَضُ بِحَقِّ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡھِمۡ وَبِحَقِّ الۡعَلِیۡمُ الۡحَکِیۡمُ وَ بِحَقِّ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ عَلَیۡہِ الصَّلاۃُ وَالسَّلامُ وَ بِحُرۡمَۃِ الۡمَلٰئِکَۃِ الۡمُئوَ کِّلِیۡنَ بِقَوَآ ئِمِ الۡعَرۡشِ شَثۡخۡ ۔ **غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡھِمۡ وَ لَا الضَّآ لِّیۡنَ o آمِیۡن** ۔ یَا قَاھِرُ یَا عَزِیۡزُ اُجِبۡ یَا کَسۡفِیَآ ئِیۡلُ سَمِیۡعًا مَّطِیۡعًا اَنۡتَ وَ خُدَّامُکَ مَیۡمُوۡنَ السَّیَّافِ السَّحَابِیۡ بِحَقِّ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡھِمۡ وَلَا الضَّآ لِّیۡنَ o وَبِحَقِّ قَاھِرُ الۡعَزِیۡزُ وَ بِحَقِّ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ عَلَیۡہِ الصَّلاۃُ وَالسَّلامُ وَ بِحُرۡمَۃِ الۡمَلٰئِکَۃِ الۡمُئوَکِّلِیۡنَ بِقَوَآ ئِمِ الۡعَرۡشِ ذَضۡظَغۡ ۔ اَقۡسَمۡتُ عَلَیۡکُمۡ وَعَزَّمۡتُ عَلَیۡکُمۡ یَا مَلٰئِکَۃِ الرُّوۡحَانِیِّیۡنَ مِنَ الۡعُلۡوِیَّاتِ وَالسِّفۡلِیَاتِ وَیَا خُدَّامِ فَاتِحَۃِ الۡکِتَابِ اُجِیۡبُوۡنِیۡ وَاُمۡدُدۡنِیۡ وَاَعِیۡنُوۡنِیۡ فِیۡ جَمِیۡعِ اُمُوۡرِیَ الدِّیۡنِیۡ وَالدُّنۡیَایۡ اَلۡوَحَا اَلۡوَحَا اَلۡعَجَلُ اَلۡعَجَلُ اَلسَّاعَۃَ اَلسَّاعَۃِ بِحَقِّ السَّبۡعَ الۡمَثَانِیۡ وَالۡقُرۡآنِ الۡعَظِیۡمِ وَبِحَقِّ الۡاَسۡرَارِ وَالۡبَرَکَاتِ فِیۡھِمَا وَبِحَقِّ مَا تَعۡتَقِدُوۡنَہٗ مِنَ الۡعَظۡمَۃِ وَالۡبُرۡھَانِ وَبِحُرۡمَۃِ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ عَلَیۡہِ الصَّلاۃُ وَالسَّلامُ ۔ اَللّٰھُمَّ سَخِّرۡ لِیۡ عَبۡدَکَ الرَّفۡرَفِ الۡاَخِیۡضَرِ ۔ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ o بِرَحۡمَتِکَ یَااَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ o

سورہ فاتحہ کا عجیب و غریب و نادر عمل مبارک: (از کتاب مکاشفات اسرار۔ غلام الرسول عائلی نقشبندی)

ایک عجیب سی دعوت الکبیر (دعوتِ سورہ فاتحہ شریف) جسے حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ نے ایک انداز سے بیان فرمایا ہے۔ تو صاحب شمس المعارف نے دوسرے انداز سے اور صاحب اکسیرالاحمر نے تیسرے انداز سے ذکر کیا ہے۔ حضرت مولانا مولوی حقی نازلی نقشبندیؒ سے بھی ایک ترتیب وترکیب سے سورہ فاتحہ کی وضاحت فرمائی ہے۔ آپؒ اپنی کتاب ''**خزینۃ الاسرار**'' میں بیان فرمایا ہے۔ بہرحال اِس دعوت کا (اصل) مآخذ و بنیاد صاحب جواہرخمسہ جناب حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ کی ترتیب ہی پر ہے۔ (جناب عائلی صاحب نے اِس دعوت کو مفصلاً، **مجملاً** اور **مصححًا** مکاشفات اسرار میں دیا ہے۔ صاحب ذوق لوگ وہاں سے دیکھ سکتے ہیں۔ جوسات ایام کی ریاضت پر مشتمل ہے)

از صد سخن پیرم یک نکتہ مرا یاد است   عالم نشود ویراں تا میکدہ آباد است

راقم الحروف (**البلو شی**) کے خیال کے مطابق سورہ فاتحہ کو پہلے ایک ہفتے تک کسی بھی وقت مکمل سورہ فاتحہ کی آنے والی ترتیب کے مطابق روزانہ دس مرتبہ پڑھا جائے۔ اس کے علاوہ سورہ **فاتحۃ الکتاب** کے پڑھنے کی دو مزید تراکیب بھی منقول ہیں۔

1۔ نوچندی یک شنبہ سے روزانہ بعد ہر فرض نماز کے ساتوں آیات کو سو مرتبہ اور دعائے اختتام کو آخر میں دس مرتبہ (جبکہ رات کو بحالت وضو رو بقبلہ جائے نماز پر بیٹھ کر **500** مرتبہ (دعا اختتام کو صد مرتبہ آخر میں) روزانہ **50**۔ ایام تک پڑھا جائے۔ ترک جمالی وجلالی وصوم وصیام ضروری ہے۔

2۔ نوچندی یک شنبہ سے سورہ فاتحہ کی ہر آیت کو ہزار مرتبہ معہ تسمیہ پڑھنا ہوگا۔ جیسے کہ پہلی رات **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o الحمد للہ رب العالمین** ۔۔۔ آخر تک، جبکہ دوسری رات **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o الرحمٰن الرحیم** ۔۔۔ آخر تک۔ لیکن اِس ترکیب و طریقہ میں پرہیز روحانی ضروری ہے۔ اور اِس ترکیب کا چلہ صرف ''**51**'' ایام تک کا ہے۔

بہرحال سورہ فاتحہ پڑھنے کی وہ ترتیب، جو کہ حضرت شیخ امام محی الدین ابنِ عربی اندلسیؒ سے منقول ومنسوب ہے۔ رفاہِ عام اور ثوابِ دارین کی غرض وغایت سے یہاں درج کی جارہی ہے۔ تاکہ عوام الناس اِس ترکیب وترتیب سے کلی طور پر مستفید ومتنفع ہوسکیں۔ انشاء اللہ العظیم۔

آیت نمبر یکم : **بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ o یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ ۔ اَجب یا جبرائیل یا رُوۡقِیَآ ئِیۡل وَاَنۡتَ یَامُذۡھِبُ وانت یا ابو عبدالله عَلٰی مَاۤ اَمَرۡتُکَ وَسَخِّرۡ لِیۡ قُلُوۡبَ الۡمَخۡلُوۡقَاتِ الرُّوۡحَانِیَّۃِ مِنَ الۡعُلۡوِیَّاتِ وَالسِّفۡلِیَاتِ سَمِیۡعًا مُّطِیۡعًا ۔ بحق الحمد للہ رب العٰلمین ۔ وبحق حی القیوم ۔ و بحق سیدنا محمد علیہ الصلاۃ والسلام و بحق الملک أبجد ۔ الملک المؤکل بالقوآئم العرشیۃ و بحق للطھطیل و بحق یاہ ۔و ننزل من القرآن ما ھو شفآء ورحمۃ للمؤ منین ولا یزید الظالمین الا خسارًا ۔**

آیت نمبر دوئم : **بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o الرحمٰن الرحیم o یا رحمٰن یا رحیم یا رؤف یا عطوف ۔ اجب یا جبرائیل یا شدحائیل وأنت یا ابیض و انت یا مرۃ ا لابیض علٰی ما أرید و سخر لی قلوب المخلوقات الروحانیۃ من العلویات والسفلیات سمیعا مطیعا بحق الرحمٰن الرحیم ۔ وبحق الرؤف العطوف ۔ و بحق سیدنا محمد علیہ الصلاۃ والسلام و بحق الملک ھوزح الملک المؤکل بالقوآئم العرشیۃ و بحق مھطھطیل و بحق سام . ما قدمنا الی ما عملوا من عمل فجعلنٰہ ھبآء منثورا ۔**

آیت نمبر سوئم : **بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o مٰلک یوم الدین o یا مقلب القلوب والابصار ۔ اجب یا عزرائیل یا سمسمائیل وأنت یا أحمر و انت یا ابو محرز علٰی ما دعوتک وسخر لی قلوب المخلوقات الروحانیۃ من العلویات والسفلیات سمیعا مطیعا بحق مالک یوم الدین ۔ وبحق مقلب القلوب والابصار ۔ و بحق سیدنا محمد علیہ الصلاۃ والسلام و بحق الملک طیکل الملک المؤکل بالقوآئم العرشیۃ و بحق قھطھطیل و بحق دملیخ ۔ فاذا جآء وعد ربی جعلہ دکآء وکان وعد ربی حقا ۔**

آیت نمبر چھارم : **بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o ایاک نعبد و ایاک نستعین o یا سریع یا قریب یا مجیب یا معبود یا مستعان اجب یا میکائیل یا نوائیل وأنت یا برقان علٰی ما انت مامور بہ و انت یا ابو العجائب سخر لی قلوب المخلوقات الروحانیۃ من العلویات والسفلیات سمیعا مطیعا بحق ایاک نعبد و ایاک نستعین ۔ وبحق**

السریع القریب المجیب المعبود المستعان ۔ و بحق سیدنا محمد علیه الصلاۃ والسلام و بحق الملک المنسع الملک المؤکل بالقوآئم العرشیة و بحق فهطیطیل و بحق اهیاشٍ ۔ قال موسٰی ما جئتم به السحر ۔ان الله سیبطله ان الله لا یصلح عمل المفسدین ۔ و بحق الله الحق بکلماته ۔

آیت نمبر پنجم : بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِO **اهدنا الصراط المستقیمO** یا قادر یا مقتدر ۔ اجب یا اسرافیل یا صرفیائیل وأنت یا شمهورش علٰی ما اطلبه منک و انت یا ابو و لید سخر لی قلوب المخلوقات الروحانیة من العلویات والسفلیات سمیعا مطیعا بحق اهدنا الصراط المستقیم وبحق القادر المقتدر و بحق سیدنا محمد علیه الصلاۃ والسلام و بحق الملک فصقر الملک المؤکل بالقوآئم العرشیة و بحق نههططیل و بحق درمیشٍ ۔ و انه لکتاب عزیز ۔لا یاتیه الباطل من بین یدیه ولا من خلفه تنزیل من حکیم حمید ۔

آیت نمبر ششم : بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِO **صراط الذین انعمت علیهمO** یا الله یا علی یا علیم یا حکیم ۔ اجب یا جبرائیل یا عینیائیل وأنت یا ذوبعة علٰی ما دعوتک وانت یا ابو الحسن سخر لی قلوب المخلوقات الروحانیة من العلویات والسفلیات سمیعا مطیعا بحق صراط الذین انعمت علیهم وبحق الله العلی العلیم الحکیم و بحق سیدنا محمد علیه الصلاۃ والسلام و بحق الملک شتشخ الملک المؤکل بالقوآئم العرشیة و بحق جهلططیل و بحق سبوح ۔ الیه یصعد الکلم الطیب والعمل الصالح یرفعه ۔

آیت نمبر هفتم : بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِO **غیر المغضوب علیهم ولا الضآلّین O آمین O** یا قآئم یا عزیز یا فتاح یا رزاق اجب یا عزرآئیل یا کسفیائیل وأنت یا میمون السحابی علٰی ما دعوتک و انت یا ابو نوخ سخر لی قلوب المخلوقات الروحانیة من العلویات والسفلیات سمیعا مطیعا بحق غیر المغضوب علیهم ولا الضآلّین وبحق القآئم العزیز و بحق سیدنا محمد علیه الصلاۃ والسلام و بحق الملک ذضظغ الملک المؤکل بالقوآئم العرشیة و بحق لخهططیل و بحق اوزا ۔الله الصمد ۔ لم یلد ولم یولد ولم یکن له کفوا احد ۔

دُعائے اِختتام : بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِO اقسمت علیکم یا ملٰئکة الروحانیین من العلویات والسفلیات ویا خدام فاتحة الکتاب أجیبونی وامددنی وأعینونی فی جمیع اموری الدینی و دنیای الوحا الوحا العجل العجل الساعة الساعة بحق السبع المثانی والقرآن العظیم وبحق الاسرار والبرکات فیهما وبحق ما تعتقدونه من العظمة والبرهان وبحرمة سیدنا محمد علیه الصلاۃ والسلام.اللهم سخر لی عبدک الرفرف الاخیضر ۔ انک علٰی کل شیء قدیرO برحمتک یارحم الراحمینO

ہے بے صبری بڑی دل نوں دُعا منگیو صبر آوے ۔۔۔۔۔ جیہڑے مُکھ دی سک ہے سانوں او مُکھ شالا نظر آوے

طریقہ ختم سورہ فاتحہ : سلسلہء عالیہ چشتیہ میں مشہور ہے۔کہ! ختمِ سورہ فاتحہ (برائے قضائے حوائجِ شرعی) یہ ہے۔کہ! اس سورہ مبارکہ کوایک یا تین یا سات یا طاق تعداد میں کچھ دوست ایک یا تین یا سات دنوں میں ایک لاکھ مرتبہ پڑھیں۔اگر طاق تعداد میں لوگ پڑھیں۔تو ہرایک کی مقررہ تعداد یکساں ہونی چاہیئے۔اور تین ، پانچ یا سات ایام میں اگر پڑھا جائے تو تعداد یکساں رکھنی چاہیئے۔

حصول تصرفاتِ ختم سورہ فاتحہ : اگرکوئی خوش نصیب شخص سورہ فاتحہ کواس ترتیب سے 51 دنوں تک پڑھ لے۔تو اُسے یقیناً تصرفات ظاہری و باطنی حاصل ہوں گے(ان شاءاللہ) پانچوں نمازوں کے بعد سورہ فاتحہ معہ تسمیہ تین سومرتبہ جبکہ رات کوایک ہزار مرتبہ سورہ فاتحہ معہ تسمیہ پڑھی جائے۔اس دوران خلوت میں معتکف ہوکر رہنا لازمی ہے۔جبکہ لوگوں سے میل جول رکھناحتی کہ کلام کرنا سختی سے منع ہے۔(اگر مسجد میں یہ ریاضت کی جائے۔تو تمام نمازیں باجماعت پڑھے۔بصورتِ دیگر صرف جمعہ کی نماز کے لئے مسجد جا سکتا ہے۔نماز کے لئے آتے جاتے کسی سے کلام بالکل نہ کرے۔) دورانِ ریاضت کھجوراور پانی کے علاوہ کچھ کھایا پیا نہ جائے۔دودھ دہی انڈہ گوشت گھی وغیرہا سے پرہیز رکھا جائے۔

حدیث : نیکی اچھے اخلاق کا نام ہے۔اورگناہ وہ ہے۔جوتمہارے دل میں کھٹکے۔اور تمھیں یہ بات ناپسند ہو۔کہ لوگوں کواس کی خبر ہوجائے۔(صحیح مسلم)

سلسلہ عالیہ قادریہ میں سورہ فاتحہ کا مخصوص طریقہ:

یہ سورہ فاتحہ بامحل ہے ۔اس طریقہ سے سورہ فاتحہ کو روزانہ بہ ترتیبِ ذیل بعد نمازِ صبح 30 مرتبہ ۔بعد نمازِ ظہر 25 مرتبہ ۔بعد نمازِ عصر 20 مرتبہ ۔بعد نمازِ مغرب 15 مرتبہ ۔بعد نمازِ عشاء 10 مرتبہ پڑھے ۔(تو دن بھر کی مجموعی تعداد **100** ہو جائے گی) لیکن یاد رہے ۔کہ بعد نمازِ عشاء جب 10 مرتبہ سورہء فاتحہ پڑھی جا چکے ۔تو دعائے مخصوصہ 03 مرتبہ پڑھے ۔جو شخص اس طرح سے سورہء فاتحہ روزانہ پڑھا کرے گا ۔وہ عجائبات و غرائبات ضرور ملاحظہ کرے گا ۔اور دیگر انعامات و اکرامات بھی حاصل ہوں گے ۔عروجِ ماہ سے شروع کرے ۔

بسم الله الرحمٰن الرحیم o **الحمد لله رب العٰلمینo** منور ابصار العارفین بنور المعرفة والیقین. وجاذب ارمة اسرار المحققین بجذبات القرب والتمکین فاتح اقفال قلوب الموحدین بفاتحة التوحید والفتح المبین. الذی احسن کل شیء حلقة وبدأ خلق الانسان من طین ثم جعل نسله من سلالة من ماء مهین ☆ **الرحمٰن الرحیم o** العزیز الحکیم اعلی العظیم الاول القدیم خاطب موسٰی کلیم الله بخطاب التکریم وشرف نبیه الکریم بالنص الشریف ولقد اتیناک سبعا من المثانی والقرآن العظیم ☆ **مالک یوم الدین o** قاهر الجبابرة والمتمردین ومبید الطغاة الجاحدین ذٰلکم الله ربکم فتبارک الله احسن الخالقین فیامن لا شریک له ولا معین ☆ **ایاک نعبد وایاک نستعین o** معترفین بالعجز عن القیام بحقک فی کل وقت وحین. یاباعث الریح العقیم یا محیی العظام وهی رمیم ☆ **اهدنا الصراط المستقیم o** صراط اهل الاخلاص والتسلیم ☆ **صراط الذین انعمت علیهم o** صراط الذین تسلوا بالهدٰی وفرحوا بما لدیهم ☆**غیر المغضوب علیهم o** هبنا اللهم منک مواجب الصدیقین. واشهدنا مشاهد الشهداء ولا تجعلناضالین ولا مضلین ولا تحشرنا فی زمرة الظالمین ☆ **ولا الضالینo (آمین)**

سورہ فاتحہ کی اس مخصوص ترتیب و ترکیب کے بعد یہ دعائے مخصوصہ تین مرتبہ پڑھنی ہے ۔

بسم الله الرحمٰن الرحیم o اللهم بحق هذه الفاتحة افتح لنا فتحا قریبا. اللهم بحق هذه الشافیة اشفنا من کل اٰفة وعاهة فی الدنیا والآخرة. اللهم بحق هذه الکافیة اکفنا ما اهمنا من امر الدنیا والآخرة واجر تعلقاتی وتعلقات عبادک المؤمنین علی اجل عوائدک واشفع لنا بنفسک عند نفسک فی الدینا والآخرة اذلا ارحم بنا وبهم منک یا ارحم الراحمین. وصلی الله تعالٰی علٰی سیدنا محمد علٰی اٰله وصحبه وبارک وسلم تسلیما کثیرا الی یوم الدین. والحمد لله رب العالمین ☆ آمین۔

دُعائے پنج گنج برائے فتوحاتِ غیبی و حصولِ رموز و اسرار:

اگر کوئی شخص اس دُعا (پنج گنج) کو ہمیشہ تین مرتبہ اپنے وِرد میں رکھے گا ۔تو باذن اللہ تعالیٰ اُس پر فتوحاتِ غیبی کے دروازے کھل جائیں گے ۔ان شاء اللہ ۔اور اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے بہت سے اسرار ورموز سے شناسا ہوگا ۔غیبی کیفیات کا اُس پر انکشاف ہوگا ۔ان شاءاللہ۔

☆ **گنجِ اوّل** : بسم الله الرحمٰن الرحیم ۔من ارادنا بسوٓء فردوه ومن کادنا بکید فکده ومن بغی علینا فاهلکه رب تقبل توبتی واغسل حویتی واجب دعوتی یا امان الخآئفین. برحمتک یا ارحم الراحمین.

☆**گنجِ دوئم** : بسم الله الرحمٰن الرحیم ۔وافوض امری الی الله واستفتح بالله وما النصر الا من عند الله لا اله الا الله شهدالله قلبی. اللهم احرسنا بعینک التی لا تنام وبعزتک التی لاترام وارحمنا بقدرتک علینا ولا تهلکنا وانت جآئنا برحمتک یا ارحم الراحمین. ☆ **گنجِ سوئم** : بسم الله الرحمٰن الرحیم ۔اللهم اهدنا من عندک وافض علینا من فضلک وانشر علینا من رحمتک وانزل علینا مائدة من السمآء من برکاتک واعوذبک منک عز جارک وجل ثنآئک ولا اله غیرک یا قادر یا قدیر. برحمتک یا ارحم الراحمین. ☆**گنجِ چهارم** : بسم الله الرحمٰن الرحیم ۔اللهم احفظنا من بین ایدینا ومن خلفنا وعن ایماننا ومن شمائلنا ومتعنا باسمآئنا وابصارنا واجعلهما الوارث منا وانصرنا ربنا علٰی من ظلمنا ولا تخذلنا وانت مولٰنا یا الله. برحمتک یا ارحم الراحمین. ☆ **گنجِ پنجم**: بسم الله الرحمٰن الرحیم۔اللهم یا شاهدا غیر غائب ویا قریبا غیربعید ویا غالبا غیر مغلوب ویا خالقا غیر مخلوق ویا رازقا غیر مرزوق ویا معبودا غیر عابد اسئالک ان تصلی علٰی سیدنا محمد وعلٰی اٰل سیدنا محمدان ترزقنی نعم الدنیا والاٰخرة یا حکیم . برحمتک یا ارحم الراحمین.

دُعائے کیمیائے سعادت بزرگوار :

دُعائے کیمیائے سعادت کے لاتعداد و بے شمار فوائد و فضائل اور خصائل میں سے چند ایک یہاں بیان کئے جاتے ہیں ۔

جو عالمِ ایجاد میں ہے صاحبِ ایجاد ہر دور میں کرتا ہے ، طواف اس کا زمانہ

☆ جو کوئی بعد نمازِ فجر و عشاء سات سات مرتبہ دُعائے کیمیائے سعادت کو روزانہ پڑھتا رہے ۔ وہ شخص باذن اللہ تعالیٰ عجائبات و غرائبات ملاحظہ کرتا رہے گا ۔ ان شاء اللہ ۔ ☆ جو کوئی روزانہ ایک ہی نشست میں پچاس مرتبہ دُعائے کیمیائے سعادت کو پڑھنے کا معمول بنا لے ۔ ایسا شخص کچھ ہی عرصہ میں رویتِ باری تعالیٰ سے ضرور بالضرور مشرف ہوگا ۔ ان شاء اللہ ۔ اور اُسے کشف بھی حاصل ہوگا ۔ ان شاء اللہ ۔ اگر چہ وہ کسی بھی حال میں ہو ۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ۔ ☆ جس کسی عورت کا کچا حمل گر جاتا ہو ۔ اگر اُسے یہی دُعائے کیمیائے سعادت لکھ کر اُس کے گلے میں باندھا جائے ۔ اور اُس عورت اور اُس کے شوہر کو تاکید کی جائے ۔ کہ ! وہ دونوں اسی دُعائے کیمیائے سعادت کو روزانہ صبح و شام تین تین مرتبہ پڑھا جائے ۔ تو باذن اللہ دوبارہ اُس کا حمل نہیں گرے گا ۔ ان شاء اللہ ۔ ☆ اگر کسی دو ماہی یا سہ ماہی حمل وال عورت کو قند پر یہی دُعائے کیمیائے سعادت سات مرتبہ پڑھ کر کھلائی جائے ۔ اور اسی دُعائے کیمیائے سعادت کو لکھ کر دائیں بازو پر باندھ دی جائے ۔ تو اللہ تعالیٰ کی منشاء اور حکم سے لڑکی کو لڑکے میں بدل دے گا ۔ ان شاء اللہ ۔ اور فرزندِ نرینہ پیدا ہوگا ۔ ان شاء اللہ ۔ ☆ اگر کوئی عورت برسوں سے بانجھ ہو ۔ اور اُسے اولاد نہ ہوتی ہو ۔ تو اس کے لئے ایک سپاری تر لائی جائے ۔ اور اس پر دُعائے کیمیائے سعادت سات مرتبہ پڑھ کر عورتِ عقیمہ کو کھلائی جائے ۔ ضرور نطفہ قرار پکڑے گا ۔ ان شاء اللہ ۔ اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے لڑکا ہی پیدا ہوگا ۔ ان شاء اللہ ۔ ☆ اگر کسی میاں بیوی میں ناموافقت ہو تو اسی دُعائے کیمیائے سعادت کو پندرہ مرتبہ کسی شیرینی پر تین روز تک کھلائی جائے ۔ تو باذن اللہ تعالیٰ موافقت ہو جائے گی ۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ۔ دُعائے کیمیائے سعادت یہ ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ اَللّٰھُمَّ اَنتَ الرَّبُّ وَاَنَا الْعَبْدُ فَمَنْ یَّدْعُ الْعَبْدُ اِلَّا الرَّبُّ یَا رَبِّ ۔ اَللّٰھُمَّ اَنتَ الْخَالِقُ وَاَنَا الْمَخْلُوْقُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَخْلُوْقُ اِلَّا الْخَالِقُ یَا رَبِّ ۔ اللھم انت المالک وانا المملوک فمن یدع المملوک الا المالک یا رب ۔ اللھم انت الغنی وانا الفقیر فمن یدع الفقیر الا الغنی یا رب ۔ اللھم انت القوی وانا الضعیف فمن یدع الضعیف الا القوی یا رب ۔ اللھم انت القیوم وانا الزائل فمن یدع الزائل الا القیوم یا رب ۔ اللھم انت العفو وانا المسیء فمن یدع المسیء الا العفو یارب ۔ اللھم انت الغفور وانا المذنب فمن یدع المذنب الا الغفور یارب ۔ اللھم انت الرحیم وانا خاطی فمن یدع الخاطی الا الرحیم یارب ۔ اللھم انت المغیث وانا المستغیث فمن یدع المغیث یا رب ۔ اللھم انت المجیب وانا الداعی فمن یدع الداعی الا المجیب یارب ۔ اللھم انت المجیر وانا المستجیر فمن یدع الا المجیر یارب ۔ اللھم انت العزیز وانا الذلیل فمن یدع الذلیل الا العزیز یارب ۔ اللھم انت الوھاب وانا البائس فمن یدع البائس الا الوھاب یارب ۔ اللھم انت المفرج وانا المغموم فمن یدع المغموم الا المفرج یارب ۔ اللھم انت المنجی وانا الغریق فمن یدع الغریق الا المنجی یارب ۔ اللھم انت الرزاق وانا المرزوق فمن یدع المرزوق الرازق یارب ۔ اللھم انت الغفار وانا المتضرع فمن یدع المتضرع الا الغفار یارب ۔ اللھم انت الکاشف وانا المضطر فمن یدع المضطر الا الکاشف یارب ۔ اللھم انت السید وانا المبتھل فمن یدع المبتھل الا السید یارب ۔ اللھم انت سیدی و مولائی فاغفرلی ذنوبی اعتقنی من النار ۔ بر حمتک یا ارحم الراحمین ۔ و صلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ سیدنا محمد وعلیٰ اٰلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم اجمعین ۔

اُس کے دَر پہ سکون ملتا ہے اُس کی عبادت سے نور ملتا ہے
جو جھک گیا اُس کے سجدے میں اُسے کچھ نہ کچھ تو ضرور ملتا ہے

تعارف دُعائے حزبُ البحر :

یہ عظیم الشان دعائے مبارکہ بنام **دُعائے حزب البحر** دراصل حضرت شیخ ابوالحسن شاذلیؒ سے منقول ومنسوب ہے۔ بزرگانِ دین اس ضمن میں فرماتے ہیں۔ کہ یہ دعائے مبارکہ حضور شہنشاہِ کونین امام العرب والعجم سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ نے امامِ طریقت حضرت شیخ ابوالحسن شاذلیؒ کو مُراقبہ میں تعلیم فرمائی تھی۔ یہ حق تعالیٰ شانہ کی بارگاہ کریمہ میں بہترین اورنہایت مقبول ترین دُعاؤں کا عظیم الشان مجموعہ ہے۔ جس کی دعوت دیگر دعاؤں سے بہت افضل وارفع ہے۔ کیونکہ یہ دعا جُملہ دینی ودنیاوی امورات کے حل کے لئے اکسیر صفت اورنہایت تیر بہدف ثابت ہوئی ہے۔ تمام سلاسل طریقت (جیسے قادری، چشتی، نقشبندی، سہروردی، قلندری، اویسی وغیرہم) میں اکثر اہل اللہ ومشائخ نے اس دعا کو اپنا دائمی ورد بنائے رکھا۔ اور کبھی بھی ناغہ نہیں کیا۔ اسی وجہ سے اس دعا کے قارئین بفضلِ خُدا کثیرالاقسام ظاہری و باطنی فیوضات و برکات سے مستفید ومتنفع ہوئے۔ اِسی ضمن میں جناب امام عبدالوہاب الشعرانیؒ کی کتاب میں آیا ہے۔ کہ ! ایک شیخ طریقت کا تو یہاں تک بیان ہے۔ کہ اِس حرز (دُعائے حزبُ البحر) کو آنحضور نبی مکرم ﷺ نے حضرت سیدی ابوالحسن شاذلیؒ کو لفظ بلفظ املاء کرایا ہے۔ **واللہ اعلم بالصواب۔**

دُعائے حزب البحر کی شرائط :

شائقین دعوت وطالبان صادق کے لئے دعائے حزب البحر کی زکات کے لئے مندرجہ ذیل قواعد وضوابط اور شرائط کی پاسداری انتہائی ضروری ہے۔ تاکہ عامل وصاحب دعوت ہذا سے تصرفات کا اجراء ہو سکے۔ اور وہ عظیم وپُر خطر رجعت سے بھی مامون رہے۔ ۱۔ کسی شیخ کامل یا صاحب مجاز سے باقاعدہ اِذن حاصل کرے۔ تاکہ شب وروز کی محنت شاقہ اکارت نہ جائے۔ ۲۔ دورانِ دعوت پرہیز روحانی، صوم وصیام اور نماز کا خصوصی التزام واہتمام رکھے۔ تاکہ خیالات ووساوس سے محفوظ رہے۔ ۳۔ دورانِ دعوت پوشاکِ نادوختہ (اَن سِلے کپڑے) پہنے۔ بہتر تو یہ ہے۔ کہ احرام باندھے۔ ۴۔ جہاں تک ہو سکے۔ کھانا اپنے ہاتھ سے بنا کر کھائے۔ ورنہ سب سے بہتر تو یہ ہے۔ کہ کھجور اور پانی سے سحر وافطار کرے۔ ۵۔ بوقتِ ادائیگی دعوت (دُعائے حزب البحر پڑھنے سے بیشتر) ایک چھری پر 3 مرتبہ آیت الکرسی اور 3 مرتبہ معوذتین پڑھ کر بائیں طرف سے حصار کرتا ہوا واپس اسی نقطہ پر چھری کو زمین میں گاڑھ دے۔ جہاں سے چھری کیساتھ حصار شروع کیا تھا۔ ۶۔ یاد رہے۔ کہ دعا ودعوت کی پڑھائی، قیام اور سونا، غرضیکہ تمام امورات کو حصار ہی میں کیا کرے۔ ۷۔ جو خواب دیکھے۔ سوائے مُرشد ومُربی کے کسی اور کو نہ بتائے۔ تاکہ خوابوں کا سلسلہ بند نہ ہو۔ اور مزید روحانی ترقی ہو۔

جامع اسناد دُعائے حزب البحر شریف :

دُعائے ودعوت حزب البحر کے تصرفات واعمال میرے پیر ومُرشد جناب پیر سید محبوب علی شاہ بخاری دہلوی، حضرت پیر مہر علی شاہ گولڑویؒ، حضرت خواجہ حسن نظامیؒ، حضرت شاہ ولی اللہؒ، حضرت پیر سید وارث علی شاہ جیلانیؒ اور علامہ دیربیؒ تصوف کے جملہ سلاسل جیسے قادری، چشتی، سہروردی، نقشبندی، اویسی، قلندری وغیرہم کی تالیفات وتصانیف ملاحظہ فرمائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم یا علی یا عظیم یا حلیم یا علیم یا کریم انت ربی و علمک حسبی فنعم الرب ربی ونعم الحسب حسبی تنصر من تشآء و انت العزیز الرحیم۔ اللھم انا نسئلک العصمة فی الحرکات والسکنٰت والکلمٰت والارادات والخطرٰت من الظنون والشکوک والاوھام الساترة للقلوب عن مطالعة الغیوب فقد ابتلی المؤمنون وزلزلوا زلزالا شدیدا ۔ واذیقول المنٰفقون والذین فی قلوبھم مرض ما وعدنا اللہ ورسولہ الا غرورا ۔ فثبتنا علٰی امور الشریعة اللھم اجعلنی عزیزا فی اعین الناس وذلیلا فی عینی وانصرنا علی جمیع الخلائق و سخرلنا ھذا البحر کما سخرت البحر لسیدنا موسٰی علیہ الصلوٰة والسلام. وسخرت النار لسیدنا ابراھیم علیہ الصلوٰة والسلام. وسخرت الجبال والحدید لسیدنا داؤد علیہ الصلوٰة والسلام .وسخرت الریاح والشیٰطین والجن والانس والوحوش والطیر لسیدنا سلیمٰن علیہ الصلوٰة والسلام.وسخرت الشمس والقمر والبراق والثقلین وسخرت الملک والملکوت والعوالم کلھا لسیدنا و نبینا و شفیعنا ومولنٰا محمد علیہ الصلوٰة والسلام ورحمة اللہ وبرکاتہ وسخرلنا کل الخلآئق و کل سلطٰن ووزیر وامیر و صغیر و کبیروامام ورعیة وسخرلنا کل بحرو بر و فاسق وفاجر ط وسخرلنا کل بحر و بر وفاسق وفاجر ھولک فی الارض والسمآء والملک والملکوت و بحرالدنیا و بحرالآخرة ط وسخرلنا کل شیء ما من م بیدہ ملکوت کل شیء والیہ ترجعون بحق کھیعص اُنصُرنَا فا

نک خیر النّٰصرین یا ناصر ۔ وافتح لنا فانک خیر الفاتحین یا فاتح ۔ واغفرلنا فا نک خیر الغٰفرین یا غفار ۔ وارحمنا فانک خیر الرّٰحمین یا رحیم ۔ وارزقنا فانک خیر الرّٰزقین یا رزاق ۔واحفظنا فانک خیر الحٰفظین یا حفیظ ۔واھدنا فانک خیر الھادین یا ھا دی ۔ و نجنا من القوم الظّٰلمین یا منجی ۔وھب لنا من لدنک دولة وعـزة و حـر مة وبر کة و کرامة و استقامة ومھا بة وریحا طیبة کما ھی فی علمک و انشرھا علینا من خزآئن رحمتک یا وھاب ۔ واحملنا بھا حمل الکرامة مع السلامة و العافیة فی الدین و الدنیا و الآخرة انک علٰی کل شیء قدیر ۔الـلھـم یسرلنا امورنا مع الراحة لقلوبنا و الصحة لِاَبدانِنَا و السلامة و العافیة فی دیننا و دنیانا . و کن لنا صاحبا فی سفرنا و خلیفة فی اھلنا ومعینا وحامیا فی حضرنا .واطمس علٰی وجوہ اعدآئنا . وامسخھم علٰی مکـانتھـم .فـلا یستـطیعون المضّیء ولا المجّییء الینا. ولو نشاء لطمسنا علٰی اعینھم فاستبقوا الصراط فانّٰی یبصرون ۔ ولـو نشـآء لـمسخنھـم عـلٰـی مکـا نتھـم فـما استطا عوا مضیا و لا یر جعون ۔یٰسٓ ۔والقُرآن الحکیم ۔انک لمن المرسلین ۔علٰی صراط مستقیم ۔تـنزیل العزیز الرحیم ۔لتـنذر قوما ما انذر اٰ بآؤھم فھم غٰفلون ۔لـقـد حق الـقول علٰی اکثرھم فھم لا یومنون ۔انـا جـعـلـنـا فـی اعنا قھم اغللا فھی الی الاذقان فھم مقمحون ۔ وجـعلنا من م بیـن ایـدیھـم سدا و من خلفھم سدا فا غشینٰھم فھم لا یبصرون ۔ شـاھت الو جوہ ۔ وعـنـت الـوجـوہ للحی القیوم. و قد خاب من حمل ظلما ۔ واطـمـس علٰی وجوہ اعدآ ئنا ۔ طٰسٓ طٰسٓمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ ۔ مرج البحرین یلتقیٰن ۔ بینھما برزخ لا یبغیٰن ۔ حٰمٓ دفعت بامر اللہ تعالٰی کل بلآء وقضآء یجّیء من ھـذہ الجھات الستة تا من باذن اللہ تعالٰی من جمیع الاٰفات و العاھات حٰمٓ ۔ حمی الا مرُ وجآء النصر فعلینا لا ینصرون ۔حٰمٓ ۔ تـنزیل الکتٰب من اللہ العزیز العلیم ۔غـافر الذنب و قابل التوب شدید العقاب ذی الطولط لا الٰہ الا ھو ط الیه المصیر ۔بسم اللہ با بنا ۔ تبارک حیطا ننا ۔ یٰسٓ سقفنا ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ کفا یتنا ۔حٰمٓ عٓسٓقٓ حما یتنا ۔ اٰمین ۔ فسیکفیکھم اللہ ج وھو السمیع العلیم ۔ستـر الـعرش مسبول علینا و عین اللہ ناظرة الینا بحول الـلہ و قوته لا یقدر احد علینا و اللہ من ورآ ئھم محیط ۔بل ھو قُرآن مجید ۔فی لوح محفوظ ۔ فاللہ خیر حا فظا ط وھو ارحم الرّٰحمین ۔ان ولی ے الـلـہ الذی نزل الکتٰب وھو یتولی الصالحین ۔فـان تولوا فقل حسبی اللہ لا الٰہ الا ھو ط علیه توکلت وھو رب العرش العظیم ۔بسم اللہ الشافی ۔ بسم اللہ الکافی ۔ بسم المعافی ۔بسـم الـلـہ خیـر الاسمآء بسم اللہ رب الارض والسمآء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمه شیء فی الار رب العزة عمّا یصفون ۔ وسلٰم علی المرسلین. والحمد للہ رب العالمین ۔ و صلی اللہ تعالٰی علٰی خیر خلقه سیدنا محمد وعلٰی الہ وا صحابه اجمعین ۔برحمتک یا رحم الرّٰحمین ۔

دُعائے حزب البحر کی زکات کے پانچ مختلف طریقے :

ا۔ دعوت کبیر : 3 دنوں میں روزانہ 120 مرتبہ پڑھنا۔ ۲۔ دعوت متو سط : 6 دنوں تک روزانہ 60 مرتبہ پڑھنا۔

۳۔ دعوت صغیر: 12 دنوں تک روزانہ 30 مرتبہ پڑھنا۔ ۴۔ دعوت اصغر : 40 دنوں تک روزانہ 9 مرتبہ پڑھنا۔

۵۔ **دعوتِ عمومی** : اگر کوئی شخص ایک سال تک روزانہ (10) دس مرتبہ (ایک ہی نشست میں) بناء کسی سے گفت وشنید کے بلا ناغہ دن کے کسی بھی حصے میں ایک مخصوص وقت مُقررومعین کر کے پڑھتا رہے ۔تو دعوتِ اکبرادا ہوجائے گی ۔انشاء اللہ تعالیٰ ۔اس دعوت میں پرہیز روحانی کی تو ضرورت نہیں ۔ ہاں ! البتہ اِس دعوت میں اکلِ حلال ،صدق مقال ،کم گفتن ،کم خوابیدن وغیرہم ضروری امور ہیں ۔اور ویسے بھی یہ امورتو ہرقسم کی ریاضات کی اساس ہیں ۔(بہرحال !) اکابر اولیائے عُظام اورسلف صالحین اسی وجہ سے اس دعائے مبارکہ کوسیف الفقراء بھی کہتے ہیں ۔''دعائے حزب البحر'' یہ ہے ۔بعدازادائیگی زکات دعائے حزب البحر میں چندکلمات کی تکرار ہے ۔اور کچھ اضافہ بھی ہے ۔جومطلب ومقصد کے حصول کے لئے ضروری ہے ۔

ہر چہ بینم در جہاں غیرِ تُو نیست یا تُوئی یا خوئے تُو یا بوئے تُو

اس جہاں میں مَیں جوبھی کچھ دیکھتا ہوں ۔ تیرے علاوہ کوئی اور (غیر) نہیں ۔آپ خود ہیں ،آپ کے دوست ہیں یا آپ کی خوشبو ہے ۔

☆ **وظیفہء قادریۃ غوثیۃ محبوبیۃ** : یہ وظیفہ ہمارے قبلہ پیرومرشد (سید محبوب علی شاہ بانواؒ) کا محبوب وظیفہ ہے۔ اس وظیفے کے کلماتِ مبارکہ یہ ہیں۔ **اَللّٰہُ الصَّمَدُ اَجِبْ یَااِسْرَافِیْلُ اَجِبْ یَا مَدُ وُفَائِیْلُ یَا ھُوُکَلَانُ** ۔اس وظیفہ عظیمہ کو پرہیزِ جلالی کے ساتھ بیس یا چالیس ایام میں چار لاکھ مرتبہ اس طرح سے پڑھا جاتا ہے۔کیونکہ! اِس کا چلہ کیا جاتا ہے۔ پہلا لاکھ بنیت نصاب برائے للہ فی اللہ ، خدا تعالیٰ کو بخشا جائے۔ دوسرا لاکھ بنیت زکوٰۃ آنحضرت نبی مکرم ﷺ کو بخشا جائے۔تیسرا لاکھ میرے مرشد کریم معہ آل اولاد اور حضرت سید جہانیاں جہاں گشت معہ اولاد کو بخشا جائے۔ جبکہ چوتھا لاکھ تمام ارواح المسلمین (حضرت آدمؑ سے لے کر قیامِ قیامت تک کے جملہ ارواح المسلمین) کو بخشا جائے۔اس وظیفہ کے کرنے والے کے جملہ دینی و دنیوی امور باذن اللہ سرانجام پاتے رہیں گے۔ان شاء اللہ۔اور اس وظیفہ کا حامل ولایت کے اعلیٰ مقام تک پہنچ جائے گا۔ان شاء اللہ۔میرے مرشدِ گرامی نے ایک اس وظیفہ پر مستقل ومنضبط تصنیف بنام ''**مفتاح الولایت**'' تحریر فرمائی ہے۔

دعا برائے دفیعہء عذابِ قبر:

جب کوئی شخص فوت ہو جائے۔اور کفنایا جائے۔تو چاہیئے۔کہ! یہ دُعائیہ کلمات (معہ چند آیات) لکھ کر اُس میت کے سینہ پر رکھ دی جائیں۔تو بے شک اُس کو عذابِ قبر نہ ہوگا۔اگرچہ وہ گناہِ کبیرہ (ماسوائے شرک) ہی کا کیوں نہ ارتکاب کر چکا ہو۔(آیات کی قرآنِ حکیم سے درستگی کر لیں۔بے شک یہ تمام ادعیہ بلا اعراب لکھ لیں) بہر حال! وہ دعائیہ کلمات یہ ہیں۔

بسم الله الرحمٰن الر حيم ـاشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمدا عبده ورسوله. وان الموت حق وان الجنة حق والنار حق ولقآئک حق وان الساعة اٰتية لا ريب فيها وان الله يبعث من في القبور. بسم الله الرحمٰن الرحيم. الم نشرح لک صدرک. ووضعنا عنک وزرک. الذی انقض ظهرک . ورفعنا لک ذکرک. فان مع العسر يسرا. ان مع العسر يسرا. فاذا فرغت فانصب. والی ربک فارغب.اقم الصلوٰة طرفی النهار وزلفا من الليل. ان الحسنات يذهبن السيئات. ذٰلک ذکرٰی للذاکرين. واصبر فان الله لا يضيع اجرا المحسنين. افمن شرح الله صدره للاسلام فهو علٰی نور من ربه. حسبی الله لا اله الا هو عليه توکلت وهو رب العرش العظيم. والکاظمين الغيظ والعافين عن الناس. والله يحب المحسنين . بسم الله الرحمٰن الرحيم. لا اله الا الله الملک الحق المبين. ربنا ورب ابائنا الاولين يا حی يا قيوم اهيا اشراهيا ربنالا تذغ قلوبنا بعد اذ هديتنا وهب لنا من لدنک رحمة ربنا انک انت الوهاب توفنا مسلمين والحقنا بالصالحين. بسم الله الرحمٰن الر حيم. الله لا اله الا هو الحی القيوم. لا تاخذه سنة ولا نوم. له ما فی السمٰوٰت وما فی الارض. من ذالذی يشفع عنده الا باذنه يعلم ما بين ايديهم وما خلفهم ولا يحيطون بشیء من علمه الا بما شآء وسع کر سيه السمٰوٰت والارض. ولا يئوده حفظهما وهو العلی العظيم. الهی قلبی محجوب ونفسی معيوب وهوائی غالب وعقلی مغلوب وطاعتی قليل ومعصيتی کثير ولسانی مقر بالذنوب فکيف حيلتی يا ستار العيوب ويا غفار الذنوب فاغفرلی ذنوبی يا غفار. برحمتک يا ارحم الراحمين ـ و صلی الله تعالٰی علٰی خير خلقه سيدنا محمد وعلٰی اٰله وصحبه اجمعين وعتر ته الطا هرين ـ

چند اہم احادیث : ☆ رسول اللہ ﷺ نے (صحابہءکرامؓ سے) فرمایا۔کیا تم جانتے ہو (کہ) مفلس کون ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا۔ہمارے نزدیک مفلس وہ شخص ہے۔جس کے پاس نہ درہم ہو۔نہ کوئی سازوسامان۔(تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔میری اُمت کا مفلس وہ شخص ہے۔جو بروزِ قیامت نماز، روزہ اور زکوٰۃ (جیسے قیمتی اعمال) لے کر اس طرح سے آئے گا۔کہ (دنیاوی زندگی میں) اس نے کسی کو گالی دی ہوگی، کسی پر بہتان لگایا ہوگا، کسی کا مال کھایا ہوگا ، کسی کا (ناحق) خون بہایا ہوگا اور کسی کو مارا ہوگا۔تو اس کی نیکیوں میں سے اس کو بھی دیا جائے گا۔اور اس پر جو ذمہ ہے۔اس کی ادائیگی سے پہلے اگر اس کی جملہ نیکیاں ختم ہو جائیں گیں۔تو ان کے گناہوں کو لے کر اس پر ڈالا جائے گا۔پھر اس کو جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ (**صحیح مسلم شریف**)

☆ ہمیشہ پاک صاف رہا کرو۔رزق میں برکت ہوگی۔ (ان شاء اللہ) ☆ تمھارا رب اس نوجوان سے خوش ہوتا ہے۔جو خواہشات کی جانب مائل نہ ہو۔ ☆ ہر بندے کو اللہ تعالیٰ کا پیغام ہے۔کہ! اے ابنِ آدم! تُو میرے ضرورت مند بندوں پر اپنی کمائی خرچ کر۔میں اپنے خزانے سے تجھے دیتا رہوں گا۔ (صحیح بخاری شریف) ☆ آنحضرت رسولِ مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! آسانی پیدا کرو۔تنگی پیدا نہ کرو۔لوگوں کو تسلی اور تشفی دو۔نفرت نہ دلاؤ۔ ☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔(کہ) جس کا مال کم ہو، اہل وعیال زیادہ ہوں، نماز اچھی ہو، اور مسلمانوں کی غیبت بھی نہ کرے۔تو جب وہ بروزِ قیامت آئے گا۔تو میرے ساتھ اس طرح ہوگا۔جس طرح یہ دو انگلیاں ہیں۔

ذکر مجموعہ اسمائے عظام: (فوائد و فضائل) اَز کتاب جواھر خمسہ مصنفہ حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ

ویسے تو مجموعہ اسمائے عظام کے فوائد وفضائل لا تعداد و بے شمار ہیں۔ مگر یہاں پر بطورِ تبریک کچھ بیان کئے جاتے ہیں۔ یاد رہے۔ کہ! مندرجہ ذیل میں دیئے گئے فوائد کے حصول کے لئے چند شرائط لازمی ہیں۔ جیسے کہ! نماز پنج گانہ، تلاوتِ قرآن معہ ترجمہ (بے شک ایک رکوع یا ربع یا سپارہ ہی کیوں نہ ہو) اکل حلال، صدق مقال، کم گفتن، کم خوابیدن، کم خوردن، خلوت، صوم وصیام اور تقوٰی وغیرہم ۔۔۔

(عبدالرؤف البلوشی) عرض گزار ہے۔ کہ! شروع میں انہیں اسمائے مبارکہ کو بعد ہر نماز کے پانچ مرتبہ اور رات کو سونے سے پہلے پچیس مرتبہ پڑھا جائے۔ اور اسی پر پندرہ تا بیس روز مداومت اختیار کی جائے۔ پھر دو سے تین ماہ تک بعد ہر نماز کے ان اسمائے طیبات کو دس مرتبہ اور رات کو سونے سے پہلے صد مرتبہ کا معمول بنالے۔ تو ایسا شخص اسرار ورموز سے شناسا ہوگا۔ جب اس وظیفہ کریمہ کی عادت ہو جائے۔ اور پڑھائی میں پختگی بھی ہو جائے۔۔ تو چاہیئے۔ کہ! بعد ہر نماز انہیں اسماء کو صد مرتبہ اور رات کو سونے سے پہلے تین صد مرتبہ پڑھا جائے۔ اور اسی پر تا حیات عمل جاری رکھے۔ تا کہ کثیر فوائد سے مستفید ومنتفع ہو سکے۔ تو یقیناً کچھ ہی وقت بعد نہ صرف اس سے کرامات کا صدور ہوگا۔ بلکہ ایسا خوش نصیب شخص مستجاب الدعوات اور کاشف الاسرار ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ مجموعہ اسمآئے عظام میں تسخیر الخلائق بہت ہی زیادہ ہوتا ہے۔

حضرت حسن بصریؒ سے مروی ہے۔ کہ! جب اللہ تعالیٰ نے حضرت سیدنا ادریس نبیؑ کو اپنی قوم کی جانب مبعوث فرمایا۔ تو انہیں یہ اسمائے حسنٰی (مجموعہ اسمائے عظام) تعلیم فرمائے۔ اور وحی فرمائی۔ کہ ان اسمائے حسنٰی کو دل میں آہستگی سے پڑھا کریں۔ اور اپنی قوم پر ان (اسماء) کا اظہار نہ کریں۔ ورنہ وہ بھی مجھ سے انہی الفاظ کے ذریعے دُعا کیا کریں گے۔ راوی فرماتے ہیں۔ کہ انہوں نے انہی کلمات سے دُعا کی۔ تو اللہ تعالیٰ نے انہیں ایک بلند مقام پر فائز المرام فرمایا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے یہ کلمات حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہؑ کو تعلیم فرمائے۔ اور اس کے بعد حضرت سرورِ کائنات ﷺ کو تعلیم فرمائے۔ اور آپ ﷺ نے غزوہ احزاب میں انہیں کلمات کے وسیلہ سے دُعا کی۔ (آگے چل کر صاحب قوت القلوب فرماتے ہیں۔ کہ!) پس اللہ تعالیٰ سے انہیں کلمات سے دُعا طلب کیا کرو۔ اور اس سے اپنے تمام (صغیرہ وکبیرہ، ظاہر و پوشیدہ، ظاہری و باطنی) گناہوں کی بخشش چاہو۔ اور پھر اپنی دینی ودنیاوی اوراُخروی حاجات کا سوال کیا کرو۔ وہ تمھیں ضرور عطا فرمائے گا۔ (ان شاء اللہ) یاد رہے۔ کہ! یہ 40 اسماء ایامِ توبہ کی تعداد کے برابر ہیں۔

☆ حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ فرماتے ہیں۔ بقصدِ کشف القلوب یہ اسمائے عظام بعد نمازِ فجر **12** مرتبہ اور بعد نمازِ عصر **05** مرتبہ پڑھے جائیں۔

☆ بمطابق حضرت شیخ الشیوخ محمد بن عبداللہ المصری، مجموعہ اسمائے عظام کو اسرار ومغیبات کے حصول کے لئے چالیس روز تک **40-40** مرتبہ بعد نماز فجر، ظہر وعشاء پڑھے۔ ☆ بمطابق حضرت غوث پاک شیخ عبدالقادر جیلانیؒ، مجموعہ اسمائے عظام کو چالیس روز تک بعد نماز تہجد، بعد نماز فجر، بوقتِ زوال، بعد نماز ظہر، بعد نمازِ عصر بعد نماز مغرب اور بعد نماز عشاء **10-10** مرتبہ پڑھے۔ اور ایسے پڑھنے والے کو اسرار ومشاہداتِ غیبی اور مکاشفاتِ لاریبی حاصل ہوں۔ اور ارواح انبیاءؑ واولیاءؒ اور صلحاء اور اصدقاء اس کے مصاحب ومعاون ہوں گے۔ ایسا شخص عنایات الٰہیہ سے ایک مقام سے دوسرے اور ایک حال وکیفیت سے دوسرے کی طرف ترقی حاصل کرے۔ (مجربات سے ہے) ☆ بمطابق حضرت شیخ الشیوخ شہاب الدین سہروردیؒ، اگر حق تعالیٰ مجھے ہزار برس کی عمر دیتا۔ تو میں اِسی (وِرد کو پڑھنے) میں ہی صَرف کر دیتا۔ ☆ بمطابق حضرت خواجہ معروف کرخیؒ، مجموعہ اسمائے عظام کو چالیس روز تک بعد نماز تہجد، بعد نماز فجر، بوقتِ زوال، بعد نماز ظہر، بعد نمازِ عصر بعد نماز مغرب اور بعد نماز عشاء **07-07** مرتبہ پڑھے۔ اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل وکرم حاصل ہوگا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ ☆ بمطابق حضرت خواجہ **حبیب عجمی**ؒ، مجموعہ اسمائے عظام کو چالیس روز تک بعد نماز تہجد، بعد نماز فجر، بوقتِ زوال، بعد نماز ظہر، بعد نمازِ عصر بعد نماز مغرب اور بعد نماز عشاء **40 - 40** مرتبہ پڑھے۔ تو اُسے خاص مقام ومرتبہ، ولایتِ کاملہ، اطلاعِ اسرار و مغیبات حاصل ہوں گے۔ ان شاء اللہ۔ ☆ حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ فرماتے ہیں۔ کشف القلوب اور تصرفاتِ ظاہری و باطنی کے لئے یہ اسمائے عظام اکتالیس ایام تک روزانہ بعد نمازِ فجر اور بعد نماز عشاء **41-41** مرتبہ پڑھیں۔ ☆ حضور مرشد گرامی پیر سید محبوب علی شاہ بانوا قادریؒ نے اِن تمام اسمائے طیبات کو روزانہ یک صد مرتبہ پڑھنا شروع کیا۔ پھر تعداد بڑھا کر اُنہوں نے تین سو (**300**) مرتبہ روزانہ پڑھنا شروع کیا۔ کچھ عرصے بعد پانچ سو (**500**) حتیٰ کہ تعداد کو روزانہ ہزار (**1000**) تک پڑھنے کا معمول بنا لیا۔ اور کئی ماہ (یا غالبًا کئی برس تک) روزانہ اِنہیں تمام اسمائے عظام کو ہزار مرتبہ پڑھتے رہے۔ بظاہر تو یہ ایک ناممکن العمل امر نظر آتا ہے۔

انہیں اسمائے مبارکہ کو عارفین وسالکین وعاملین وکاملین وعلماء ومتصوفین نے اسمائے اعظم قرار دیتے ہوئے فرمایا ہے۔ کہ! ان اسماء میں ہزارہا قِسم کی تاثیرات ہیں۔ بلکہ یہ اسمائے طیبات انتہائی سریع الاجابت وتاثیری امور کے حامل ہیں۔ اِنہیں اسمائے طیبات سے حصولِ معرفت وحقیقتِ الٰہیہ کے علاوہ رموز واسرارِ علوم وفنون عجیبہ، غریبہ ومغیبہ وریمیا سیمیا ہیمیا وکیمیاء وغیرہم کا بحرِ بے بہا عوام الناس سے پوشیدہ ہے۔ اور اِنہیں اسمائے مبارکہ کی برکات سے مشاہدہ کیفیاتِ ہژدہ ہزار عالم ہوتا ہے۔

مجموعہء اسمائے عظام (یا) چھل اسمآء (یا) اسمآئے ادریسیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

سُبْحٰنَکَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَا رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَّوَارِثَہٗ وَرَازِقَہٗ وَرَاحِمَہٗ سُبْحٰنَکَ یَا رَبَّ۔

سُبْحٰنَکَ یَا اِلٰہَ الْاٰلِھَۃِ الرَّفِیْعُ جَلَالُہٗ یَا اِلٰہُ۔

یَا اَللّٰہُ الْمَحْمُوْدُ فِیْ کُلِّ فَعَالِہٖ یَا اَللّٰہُ۔

یَا رَحْمٰنُ کُلِّ شَیْءٍ وَّوَارِثَہٗ وَرَاحِمَہٗ وَرَازِقَہٗ یَا رَحْمٰنُ۔

یَا حَیُّ حِیْنَ لَآ حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَ بَقَآئِہٖ یَا حَیُّ۔

یَا قَیُّوْمُ فَلَا یَفُوْتُ شَیْءٌ مِّنْ عِلْمِہٖ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُہٗ یَا قَیُّوْمُ۔

یَا وَاحِدُ الْبَاقِیْ اَوَّلُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاٰخِرُہٗ یَا وَاحِدُ۔

یَا دَآئِمُ بِلَا فَنَآءٍ لِحُکْمِہٖ وَلَا زَوَالَ لِمُلْکِہٖ وَ بَقَآئِہٖ یَا دَآئِمُ۔

یَا صَمَدُ مِنْ غَیْرِ شِبْہٍ فَلَا شَیْءَ کَمِثْلِہٖ یَا صَمَدُ۔

یَا بَآرُّ فَلَا شَیْءَ کُفُوُہٗ یُدَانِیْہِ وَلَآ اِمْکَانَ لِوَصْفِہٖ یَا بَآرُّ۔

یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْتَدِی الْقُلُوْبُ وَالْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ وَ کِبْرِیَآئِہٖ یَا کَبِیْرُ۔

یَا بَارِیءُ النُّفُوْسِ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَیْرِہٖ یَا بَارِیءُ۔

یَا زَاکِیَ الطَّاھِرُ مِنْ کُلِّ اٰفَۃٍ بِقُدْسِہٖ یَا زَاکِیُ۔

یَا کَافِیَ الْمُوْسِعُ لِمَا خُلِقَ لَہٗ مِنْ کُلِّ عَطَایَا فَضْلِہٖ یَا کَافِیُ۔

یَا نَقِیًّا مِّنْ کُلِّ جَوْرٍ لَمْ یَرْضَہٗ وَلَمْ یُخَالِطْہُ فَعَالُہٗ یَا نَقِیًّا۔

یَا حَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَۃً وَّ عِلْمًا یَا حَنَّانُ۔

یَا مَنَّانُ ذُوالْاِحْسَانِ قَدْ عَمَّ کُلَّ الْخَلَآئِقِ مَنُّہٗ یَا مَنَّانُ۔

یَا دَیَّانُ الْعِبَادِ کُلٌّ یَّقُوْمُ خَاضِعًا لِرَھْبَتِہٖ وَرُغْبَتِہٖ یَا دَیَّانُ۔

یَا خَالِقُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ کُلٌّ اِلَیْہِ مَعَادُہٗ یَا خَالِقُ۔

یَا رَحِیْمُ کُلِّ صَرِیْخٍ وَ مَکْرُوْبٍ غِیَاثُہٗ وَ مَعَاذُہٗ یَا رَحِیْمُ۔

یَا تَآمُّ فَلَا تَصِفُ الْاَلْسِنُ کُلَّ کُنْہِ جَلَالِ مُلْکِہٖ وَ عِزِّہٖ یَا تَآمُّ۔

یَا مُبْدِعَ الْبَدَآئِعِ لَمْ تَبْغِ فِیْ اِنْشَآئِھَا عَوْنًا مِنْ خَلْقِہٖ یَا مُبْدِعُ۔

یَا عَلَّامُ الْغُیُوْبِ فَلَا یَفُوْتُ شَیْءٌ مِّنْ حِفْظِہٖ یَا عَلَّامُ الْغُیُوْبُ۔

یَا حَلِیْمُ ذِی الْاَنَاتِ فَلَا یُعَادِلُہٗ شَیْءٌ مِنْ خَلْقِہٖ یَا حَلِیْمُ۔

یَا مُعِیْدُ مَا اَفْنَاہُ اِذَا بَرَزَا لْخَلَآئِقُ لِدَعْوَتِہٖ مِنْ مَّخَافَتِہٖ یَا مُعِیْدُ۔

یَاحَمِیْدُ الْفَعَّالِ ذَا لْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِہٖ بِلُطْفِہٖ یَا حَمِیْدُ۔

یَا عَزِیْزُ الْمَنِیْعُ الْغَالِبُ عَلٰی جَمِیْعِ اَمْرِہٖ فَلَا شَیْءَ یُعَادِلُہٗ یَا عَزِیْزُ۔

یَا قَاھِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَا قَاھِرُ۔

يَا قَرِيْبُ الْمُجِيْبُ الْمُتَعَالِيْ فَوْقَ كُلِّ شَيْءٍ عُلُوُّ اِرْتِفَاعِهٖ يَا قَرِيْبُ۔

يَا مُذِلُّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ بِقَهْرِ عَزِيْزِ سُلْطَانِهٖ يَا مُذِلُّ۔

يَا نُوْرُ كُلِّ شَيْءٍ وَهُدَاهُ اَنْتَ الَّذِيْ فَلَقَ الظُّلُمٰتُ بِنُوْرِهٖ يَا نُوْرُ۔

يَا عَالِيَ الشَّامِخُ فَوْقَ كُلِّ شَيْءٍ عُلُوُّ اِرْتِفَاعِهٖ يَا عَالِيُ۔

يَا قُدُّوْسُ الطَّاهِرُ مِنْ كُلِّ سُوْءٍ فَلَا شَيْءٍ يُعَآدُّهٗ مِنْ جَمِيْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ يَا قُدُّوْسُ۔

يَا مُبْدِئُ الْبَرَايَا وَ مُعِيْدَهَا بَعْدَ فَنَآئِهَا بِقُدْرَتِهٖ يَا مُبْدِئُ۔

يَا جَلِيْلُ الْمُتَكَبِّرُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ فَالْعَدْلُ اَمْرُهٗ وَالصِّدْقُ وَعْدُهٗ يَا جَلِيْلُ۔

يَا مَحْمُوْدُ فَلَا تَبْلُغُ الْاَوْهَامُ كُلَّ كُنْهِ ثَنَآئِهٖ وَ مَجْدِهٖ يَا مَحْمُوْدُ۔

يَا كَرِيْمَ الْعَفْوِ ذَا الْعَدْلِ اَنْتَ الَّذِيْ مَلَاءَ كُلَّ شَيْءٍ عَدْلُهٗ يَا كَرِيْمُ۔

يَا عَظِيْمُ ذَا الثَّنَآءِ الْفَاخِرِ وَالْعِزِّ وَالْمَجْدِ وَالْكِبْرِيَآءِ فَلَا يَذِلُّ عِزُّهٗ يَا عَظِيْمُ۔

يَا قَرِيْبُ الْمُجِيْبُ الْمُدَانِيْ دُوْنَ كُلِّ شَيْءٍ قُرْبُهٗ يَا قَرِيْبُ۔

يَا عَجِيْبُ الصَّنَآئِعُ فَلَا تَنْطِقُ الْاَلْسُنُ بِكُلِّ اٰلَآئِهٖ وَ نَعْمَآئِهٖ وَ ثَنَآئِهٖ يَا عَجِيْبُ۔

يَا غِيَاثِيْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ وَ مُجِيْبِيْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ وَ مَعَاذِيْ عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ وَ مُوْنِسِيْ عِنْدَ كُلِّ وَحْشَةٍ وَيَا رَجَآئِيْ حِيْنَ تَنْقَطِعُ حِيْلَتِيْ يَا غِيَاثِيْ۔

اِنہیں اَسمائے ادریسیہ کے ملحقہ اسمائے خلوتیہ یہ ہیں۔یعنی یہ اسمآئے مبارکہ درحقیقت ایک ایک نبیؑ کے اعمال ہیں۔

يَا شَتْخِيْثَا . يَا شَمُوْطِيْثَا . يَا مَعْزُوْسُنْ . يَا طَهْفَطُوْنَ . يَا خَثِيْنُوْذٍ . يَا مُتَرَقِّبُ . يَا حَجْطَرَكُوْ . يَا هَيُجَنُ . يَا كَفْكَفُ وَ اَرْفَخْشَدُ . يَا اَرْمِيَا كَهْكُنٍ وَ مُسَيْطِعُ . يَا مُسْتَطِيْعُ . يَا اَلْخَشُفَفُ . يَا سَآمُ عَيْطَرُزَجُ . يَا سَبْكَرِيْنَا . يَا دَيْنُوْنِيْ . يَا دُنَّبِيْ . يَا صَنُوْنَ . يَا خَمُوْنَاعٍ . يَا فَطَلَيْلَخُ وَ بُرْهَانُ اَغْثِنِيْ . يَا عَنَا كَفِيْ . يَا بَرَاغِثِيْ . يَا جَيْلُوْسٍ بَطْفَرُنَانِيْ . يَا صَلَخْبُوْخُ . يَا حَيُّ . يَا نَصَرُ . يَا حَجَرَةُ . يَا رَسْنُوْسُ . يَا طَسْبَخَسُ . يَا عَطِيْرَاثُ . يَا عَدْمُوْلِيْ . يَا وَاهُ . يَا ضَمْنُوْنُ . يَا طَاطُوْتِ . يَا طَفْغَعَانُ . يَا مُنْتَظِرُ . يَا اَزَلُ . يَا عَضَاجُوْ . يَا سُوْرَاجِےُ . يَا سَرْتَا وَ مَشْفِيْيَلَخُ . يَا نُوْرُ . يَا دَخُنَشٍ .

صاحب جواہرخمسہ اِن اسمائے مبارکہ کی زکات کے ضمن میں فرماتے ہیں۔کہ! تمام حاجاتِ دنیا اورآخرت کے لئے یہ عزیمت بے گنجینہ بے حصرو حصاردریائے ذُخار ہے۔پہلے تو طریقِ دوگانہ ودیگراوراد جوکہ پہلے (اِسی کتاب یعنی جواہرخمسہ میں) مذکورہوچکے ہیں۔اِس کے موافق عمل کرے۔اسمِ اول یہ ہے۔**سبحٰنک لا اله الا انت یا رب کل شیء ووارثه ورازقه وراحمه سبحٰنک یا رب** ۔اوراِس اسمِ اول کے اعدادبحساب ابجدقمری **2902** (دوہزارنوسودو) بنتے ہیں۔اِس اسم کے حروف (بِلا مؤکلات) کی تعداد **50** بنتی ہے۔اوریہی اسم اول با مؤکل اِس طرح سے ہوتا ہے۔ **یــــا همرآئیل ویا هموا کیل بحق شمخیثا سبحٰنک لا اله الا انت یا رب کل شیء ووارثه ورازقه وراحمه سبحٰنک یا رب** ۔

پس بحکم قاعدہ یہ اسم درحقیقت آتشی ہے۔اورطالع اِس اسم کا برجِ قوس ہے۔جس وقت اِس اسم کی دعوت شروع کرو۔تو پہلے ایک دائرہ اس برج کے رنگ کا کھینچے۔پھراِس پر ہیئت اِسی برج کی بنا کراُس پر مصلّٰے بچھائے۔عوداوردارچینی کا بخورسُلگائے۔اوربروزِاتواردرساعت شمس پہلی ساعت میں اِسی مصلّٰے پر بیٹھ کردعوت اس اسم اول کی با مؤکل اِس طرح سے شروع کرے کہ! زکات اسم اول کی ترتیب بلحاظِ نصاب وزکات وعُشر وقُفل ودرومدوروبذل وختم کے طریق سے کرے۔(نصاب وزکات وغیرہا کا مکمل طریقہ بابِ'دعواتِ صدریہ وزکاتِ مکنونہ' پر مفصل دیا جاچکا ہے،)اورباقی تمام اسمائے مبارکہ کا طریق اِسی پر قیاس کرکے عمل کا آغازکرنا چاہیئے۔علاوہ ازیں اِن تمام اسمائے مبارکہ کے مؤکلات کے مفصل وجامع طرائق حضرت شاہ محمدغوث گوالیاریؒ نے اپنی کتاب جواہرخمسہ میں بیان فرمائے ہوئے ہیں۔وہاں سے بآسانی دیکھے جاسکتے ہیں۔

یادرہے کہ! اگر **50** حروف کا کوئی ''اسم'' ہوتو اُس ''اسم'' کو چھ لاکھ مرتبہ پرہیز روحانی مع صوم وصیام سے ایک مقررشدہ جگہ ووقت پرروزانہ اگرپڑھا جائے۔تو اُس ''اسم'' کی دعوتِ کبرٰی ادا ہوجائے گی۔انشاء اللہ۔

گفت اللہ گفتنت لبیک ماست　　　ایں گداز و سوز و درد از پیک ماست

(یعنی کہ) تیرا ہمیں یاد کرنا ہماری لبیک ہے۔اور تیرے دل میں سوز وگداز اور درد کی کسک کا پیدا ہونا، یہ ہمارا قاصد ہے۔جو تجھے ہماری بارگاہ میں حاضر کر کے لے آتا ہے۔(یعنی کہ! **فانی قریب - نحن اقرب من حبل الورید**) صاحب جواہرخمسہ فرماتے ہیں۔کہ! اگر کوئی عامل چاہے۔کہ! تمام جن وانس اورارواح اُس کے ماتحت وتصرف میں آئیں۔اور فرمانبردار ہوں۔اور اُس کے حکم سے قطعاً سرکشی نہ کرسکیں۔تو اُس کو چاہیئے۔کہ! طریقِ آداب اورسند ودوگانہ (جیسا کہ کتاب جواہرخمسہ میں بیان کیا گیا ہے) بشرائطِ تمام ادا کرے۔اس کے بعد تسخیرات کا عمل شروع کرے۔شرائط یہ ہیں۔مجموعہ اسمآئے عظام (**سُبحٰنَکَ ۔۔۔سے غِیَاثِیْ** ۔۔۔تک) بنیتِ نصاب اکتالیس ہزار مرتبہ پڑھے۔پھر یہی اسمائے عظام **بنیتِ زکات** بیس ہزار پانچ سو مرتبہ پڑھے۔پھر یہی اسمائے عظام **بنیتِ عشر** دس ہزار دوسو پچاس مرتبہ پڑھے۔پھر یہی اسمائے عظام **بنیت قفل** پانچ ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھے۔پھر یہی اسمائے عظام **بنیتِ دورمدور** برابر نصاب یا پھر نصاب سے دو چند یا تما شرائط سے دو چند پڑھے۔پھر یہی اسمائے عظام **بنیتِ بذل** سات ہزار مرتبہ (**بمطابق دعوتِ حرفی**) پڑھے۔پھر یہی اسمائے عظام **بنیتِ ختم** سات ہزار مرتبہ (یہ بھی بمطابق دعوتِ حرفی) پڑھے۔ان شرائط کے بعد تین خلوتیں ایک گوشہ میں اختیار کرے۔مگر وہ جگہ ایسی ہو۔کہ اُس کے کان تک میں کسی قسم کی آواز نہ پہنچے۔اگر ایسی جگہ شہر میں میسر نہ ہو سکے۔تو پہاڑ، جنگل یا سنسان وویران جگہ تلاش کرے۔یا پھر زمین میں تہہ خانہ بنالے۔مگر یاد رہے۔کہ! جس جگہ ایک خلوت کی ہو۔وہاں دوسری اختیار نہ کرے۔اور جس جگہ پہلی اور دوسری خلوتیں کی ہوں۔وہاں تیسری خلوت نہ کرے۔یہ نہایت لازمی ہے۔اگر خلوت کی جگہیں میسر نہ ہوسکیں۔تو ہر خلوت میں حجرہ یا خلوت گاہ کا رنگ تبدیل کرتے رہیں۔

بزرگانِ عاملین کی پسندیدہ ایک عظیم عزیمت و دُعا: (دُعائے انوارِ کبریٰ۔ بمطابق: حضرت محمد یوسف الہندی)

یہ دعا خیر وشر کے تمام امور میں تصرفات کے حصول کے لئے پڑھی جاتی ہے۔اسے (بطور وظیفہ) حسبِ طاقت ہرنماز کے بعد 7 یا 21 مرتبہ با قاعدگی سے پڑھا جاتا ہے۔ اس دعا میں شامل حروف مقطعات کے حروف نورانی **14** ہیں۔اوران چودہ حروفِ نورانی کے اعداد بحساب ابجد **693** بنتے ہیں۔جبکہ مثلث ومربع میں لکھے ہوئے نقوش (تعویذات) اس کے موافق ہیں۔جس میں کوئی کسر نہیں۔دونوں نقوش یہ ہیں۔(نقوش بنا کے دونوں نقوش کے اوپر مکمل **تسمیہ** لکھنی ہے۔نقوش کے نیچے آیتِ کریمہ **سلٰم قف قولا من رب رحیم**۔اورنقوش کے دائیں اور بائیں 7+7 حروفِ نورانی لکھنے ہیں)

227	236	230
233	231	229
232	227	234

166	180	176	173
177	172	168	179
171	174	183	168
181	169	170	175

بسم الله الر حمٰن الر حيم. بسم الله الملک القدوس السلام. بسم الله العلى العظيم. بسم الله الكبير المتعال. بسم الله رب العظمة و الكبريآء. بسم الله رب النور و البهآء و المجد و الثنآء. بسم الله الذى تد كد كت من مخا فته صم الجبال الصلاب وخضعت لعز ته رواسى الاسباب وانفتحت لحكمته مغا لق الابواب الصعاب. بسم الله الملک القدوس الطاهر العلى العظيم القاهر رب الدهور و الازمان مقدر الاوقات ومكون الاكوان مسخر الفلک و الملائكة و الشيا طين و الانس و الجان سبحانه و تعالٰى هو الله اللطيف الخبير القادر الفعال القديم الد آئم الابدى الازلى الواحد الاحد الفرد الصمد الملک القدوس السلام الحى القيوم القا ئم القا هر المقتدر. الذى لا يحول وملكه لا يزول وسلطانه لايغير ذو العز الشا مخ و الجلال الباذخ. الذى تجلى بالانوار وتعزز بالقوة و الاقتدار سبحانه و تعالٰى. هو الله الواحد القهار ذو العزة و الجبروت رب الملک و الملكوت لااله الا هو الكبير المتعال بقدرته ادعو كم يا معاشر الارواح الروحا نية و الملوک الطيارة و الارضية. اقسمت و عزمت عليكم بحق اسمآء الله العظام وايا ته الكرام واعز عليكم ان تعجلوا بالاجابةو اظهروا البرهان و اكشفو لى الحجاب بحق اسم الله الاعظم وبنور وجه الله الا كرم و بكلمات الله التامات المعظمات. اقسمت و عزمت عليكم الاما جئتم دعو تى وقضيتم حاجتى فى وقتى هذا وهى كذا وكذا بحق الر كهيعص طس حم ق ن سلام قف قولا من رب رحيم. وبحق تيفاب سيفاب سليوب هليوب هيطوب طاطوب طوب وبا اهيا ا شر اهيا اذو نائى اصبآ ؤ ث ال شداى. أجب يا سيد روفا ئيل وانت يا سيد جبرائيل وانت يا سيد سمسما ئيل وانت يا سيد ميكا ئيل وانت يا سيدصر فيا ئيل وانت يا سيدعينيا ئيل وانت يا سيد كغيا ئيل وانت يا سيد ميططرون وانت يا شر نطيا ئيل و ثمخيا ئيل و شد خيائيل و شر خيا ئيل وبكر يا ئيل و سحر ميا و شراطيل أ جيبوا أ يتها الملئكة الكرام واهبطوا على الملوک والاعوان و الخدام وأتونى با ملوک الهوا

ئیة والترا بیة وأ مرو ھم بطا عتی والزموھم بقضآء حا جتی وازجرو ھم علی ذلک بحق ھذہ الاسمآء علیکم و طا عتھا لدیکم وبما فیھا من الاسرار والانوار و بحق السید طحلیطمفیلیا ل و بحق السید طھطھو یال علیھا السلام و بحق طیھوب لیھوب سیغوب وبحق **الم المص المر الر کھیعص حم عسق طس طسم یس حم ص ق ن** فاللہ خیرا حا فظا وھوا ارحم الراحمین. أ جیبوا أ یتھاا لملئکة الکرام وامددنی باسرار کم ومتعونی بانوار کم واکشفولی الحجاب ومکنونی من التصریف فی الانس والجان وتو کلونی بجلب الولایة واظھرولی البرھان افعلوا ما أمر تکم به بحق ما اقسمت و عزمت به علیکم انه من سلیمان وانه بسم اللہ الر حمٰن الر حیم الا تعلوا علی وأ تو نی مسلمین مسرعین طائعین للہ رب العا لمین ھیا. الوحا الوحا العجل العجل الساعة الساعة. بارک اللہ فیکم و علیکم۔

بزرگانِ عا ملین کی پسندیدہ ایک اور عظیم عزیمت و دعا : (دُعائے بشمخ)

یہ دعاوعزیمت حضرت عیسٰی نبیؑ سے منقول ومنسوب ہے۔ جو بھی ء عامل اس دعا پر متصرف ہوگا۔ وہ اپنی جملہ حاجات و مشکلات پر (باذن اللہ) متصرف ہوگا۔ اگر کسی شخص کو ذکر وشغل کی حالت میں خطرہ واقع ہوتا ہو۔ تو دفع خطرہ وخطرہ بندی کے لئے یہ دعا گیارہ مرتبہ پڑھی جائے۔ تو سوائے حق کے اور کچھ اس کے قلب میں راہ نہیں پائے گا۔ بلکہ عشق ومحبت اور زیادہ ہوگا۔ اسی طرح دورانِ ذکر وشغل کے اگر نیند کا غلبہ ہو۔ تو چاہیئے ۔کہ! دعا کو فقط سات مرتبہ پڑھے۔ نیند جاتی رہے گی۔ انشاءاللہ۔ یادرہے۔کہ! علمائے عاملین نے اس دعا میں بہت زیادہ اختلاف کیا ہے۔ لیکن ہم یہاں کوشش کرتے ہیں۔کہ! بعدازتصحیح آپ قارئین کے سامنے دعائے **بشمخ** کو پیش کرتے ہیں۔ انشاءاللہ۔ اللہ تعالٰی سے دست بستہ گزارش ہے۔کہ وہ ذاتِ متعال مجھے حق لکھنے اور حق آپ تک پہنچانے کی سعادت واستعداد عطا فرمائے۔ آمین۔ بہرحال! اس علامت (☆) کے ساتھ والا جملہ کتاب جواہر خمسہ سے لکھا گیا ہے۔ یہ کتاب ایک ولی کامل کی تالیف ہے۔ جبکہ باقی مکمل دُعا امام بونیؒ کی کتاب منبع اصول الحکمۃ سے لیا گیا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

☆ **اللھم یا بشمخ بشمخ ذالاھا موا شیطیثون۔** **ترجمہ :** اے اللہ تعالیٰ! تُو بڑا بزرگوارقدیم ہے۔

☆ **اللھم یا ذانوا ملخو ثوا ادموثوا دآئمون۔** (کچھ کتب میں **ملخو ثوا ادیموثون** لکھا ہے)

ترجمہ : اے اللہ تعالیٰ! تُو اپنے بندوں اورآدمیوں کے بھید سے خوب شنا سا ہے۔

☆ **اللھم یا خیثوا میمو ن ارقش دار علیون۔** (کچھ کتب میں **یا خیثوا** کے بجائے **یا خیشوا** لکھا ہے)

ترجمہ: اے اللہ تعالیٰ! تُو برکت کراُن لوگوں کی برکت سے جن کو تُو نے اپنے فضل وکرم سے بے حساب بہشت میں داخل فرمایا۔

☆ **اللھم یا رحیمیثا رھلیلون میتطرون** ۔(کچھ کتب میں **رھلیلون میتطرون** کے بجائے **دھلیلون میططرون**)

ترجمہ : اے اللہ تعالیٰ! تُو بہت رحم کرنے والا ہے۔ ہم پر مہربانی (گرامی) کر۔ اور (ہمیں) غالب رکھ ہر کام پر۔

☆ **اللھم یا رخیثوا اخلا قون** ۔ (کچھ کتب میں **یا رخیثوا** کے بجائے **یا رخشیثوا**)

ترجمہ : اے اللہ تعالیٰ! تُو تمام خلائق کو روزی پہنچاتا ہے۔

☆ **اللھم یا رحموث ارحم ار خیمون** ۔(کچھ کتب میں **دحموث ارخیم ار خیمون** لکھا ہے)

ترجمہ : اے اللہ تعالیٰ! تُو رحمت کرہم پر۔ اوراپنی رضا کے موجب ہم پراپنی رحمت نازل فرما۔

☆ **اللھم یا اھیا أ شرا ھیا أذونا ئی أذونائی أ صباؤن** ۔ ترجمہ :اے اللہ تعالیٰ! تُو ہر چیز سے پہلے سے زندہ ہے۔ اور بعد ہر چیز کے تُو ہمیشہ قائم رہنے والا ہے۔ اورہم کو تمام بلاؤں اورآفتوں سے محفوظ رکھ۔ (آمین)

☆ **اللھم یا نور ارغیش ار غی تثلیثو ن.** ترجمہ. اے اللہ تعالیٰ! تُو خلائق کے تمام امور کا روشن کرنے والا ہے۔

☆ **اللھم یا اشبر اسما ء اسماؤن۔** ترجمہ : اے اللہ تعالیٰ! تو بڑا نیکوکار ہے۔ اورمَیں (بہت بڑا) گناہ گار اور بدکردار ہوں۔

☆ **اللھم یاملیعو ثا املیخا ملخون** ۔ ترجمہ :اے اللہ تعالیٰ! تُو بادشاہ ہے۔ اورمَیں تیرے دَر کا فقیر ہوں۔

☆ **اللھم یاالام ار عد ار عی یزنون۔** ترجمہ :اے اللہ تعالیٰ! تُو بڑا عظیم ہے۔ اور عاجزوں وبےکسوں کا فریادرَس ہے۔

☆ **اللھم یا مشمخ مشمخیثا مثلا مون** ۔ ترجمہ :اے اللہ تعالیٰ! تُوحق ہے۔ اوراپنے ڈھونڈنے والوں کو محروم نہ رکھ۔

☆ **اللھم یا کھیعص و یا حم عسق ویاارحم الراحمین اغفر لی وارحمنی بحق اسم اللہ العظیم الاعظم بین الکاف والنون. انما امرہ اذا ارادا شیئا ان یقول له کن فیکون. فسبحٰن الذی بیدہ ملکوت کل شیء والیه تر جعون۔**

تعارف وخواص دعوت ودُعائے **برھتیہ** :

یہ دعا و دعوت بہت عظیم البرکت ہے ۔ علمائے عاملین نے دعوت برہتیہ کو نصاب روحانیہ میں اولین درجہ عطا کیا ہے ۔ بلکہ علمائے عاملین کا اس بات پر مصمم اتفاق ہے ۔ کہ جب تک کوئی شخص **دعوت برھتیہ** کی ریاضت نہ کر لے ۔ وہ عامل کہلانے کا حقدار نہیں ہے ۔ عہد جدید و قدیم کے تمام عاملین نے اس دعوت کو لازماً اپنی گراں مایہ تصانیف وتالیفات سے مزین فرمایا ہے ۔ جو عامل واقعتاً **دعوت برھتیہ** میں کمال حاصل کر لے ۔ تو ایسے عامل کو جمیع امور کے لیے یہ دعوت کفایت کرتی ہے ۔ اور تاحیات اسے باقی کسی بھی دعوت و ریاضت کی ضرورت نہیں پڑتی ۔ اس دعوت کی مختصر ریاضت کے بعد ایک عام سا شخص بھی عامل کامل بن جاتا ہے ۔

تفصیلات اسمائے برھتیہ :

اسمائے زجر برہتیہ: **شامخیط ، بھوف ، لطاخ ، ھوف ، شاطل ، میھوف ، شیطوخ ، لطفا ، لوخ، وھفال .**

خواتیم برہتیہ: **کھکھیج ، کجکلم .**

الاسم الاعظم برہتیہ: **شلع ، یعو، یوبیه ، یه ، ییه ، وآهٍ ، آه ، بتکه ، بتکفال ، بصعی ، کعی ، ممیال .**

باب ھیکل الکبیر: **بعلشاقش مهراقش، اقشامقش ، شقمونهش ، رکشا ، کشلخ ، عکش ، طهش .**

اسمائے اسرار برہتیہ: **بدوح ، اجهزط .**

اسمائے رموز برہتیہ: **بطد ، زهج ، واح.**

فوائد و خصائل و فضائل دعوۃ برہتیہ :

حضرت امام غزالیؒ فرماتے ہیں ۔ کہ اس دعوت برہتیہ کے ساتھ خیر وشر کے کُل اعمال وعملیات ممکن ہیں ۔ مگر فائدہ ریاضت کے بعد اور تقوٰی ہی سے حاصل ہوگا ۔ جب عامل اس دعوت برہتیہ کی ریاضت کر لے ۔ تو اسے چاہیئے ۔ کہ یہ بات یاد رکھے ۔ کہ اگر عامل نے کوئی بھی عمل خیر کا کرنا ہے ۔ تو اسے عروج ماہِ قمری میں سرانجام دے ۔ مثلاً اعمالِ حُب ، حاضری مطلوب ، بادشاہوں یاحُکامِ بالا سے فائدہ اُٹھانا ، وُسعت و فراخی رزق ، اعمالِ دستِ غیب ، وغیرہ ۔ اور اگر کوئی اعمال وعملیات شر کے اُمور میں عمل کرنا چاہے ۔ تو عامل کو چاہیئے ۔ کہ زوالِ ماہ میں امور شر کے لئے کوشاں ہو ۔ جیسے کہ بُغض وعداوت وجُدائی ، تسلیط المراض ، سقم ، ہلاکی دشمن ، زبان بندی ، طرد ، کسی پرنحوست ڈالنا وغیرہ ۔

اِسی طرح سے دعوت برہتیہ کا حامل اور عامل کائنات روحانیت وعملیات کا شہنشاہ کہلاتا ہے ۔ جنات کا حاضر کرنا ۔ آسیب زدہ لوگوں سے آسیب و جنات وعوارضات کا مکمل اخراج کرنا ، خزائن ودفائن کا نکالنا ، دشمن کو بیمار یا ہلاک کرنا ، کشتی کو ڈبونا ، کسی کو حاضر کرنا (جلب المطلوب) کسی کو بیماری یا شفاء کے لئے **دعوت برھتیہ** کو وسیلہ بنانا ، چھوٹوں اور بڑوں پر حاضرات کرنا ، برکت دکان و مکان ، ورزق وروزی ، تسخیر الخلائق غرضیکہ خیر وشر ہمہ قسم میں عامل دعوت ھذا دائمی کامیاب وکامران ہوتا ہے ۔

یادرہے ۔ کہ! امام غزالیؒ اور دیگر علمائے عاملین نے ہمیشہ اسی دُعا سے اپنے جمیع روحانی امورات میں کام لئے ہیں ۔ کیونکہ! اُن لوگوں نے اس دعوت ودُعا کو اپنے روزانہ کے معمولات میں رکھا ہے ۔ اور اس کے لاتعداد تصرفات سے مالا مال ہوئے ہیں ۔

اعمال و عملیاتِ دعوۃ برھتیہ : ہمارے پیر ومرشد کی کتب جواہر اولیاء ودعوت مؤکلات میں مذکور ہے کہ!

ا ۔ جب کسی مؤکل یا بادشاہ جنات کو حاضر کرنے کا ارادہ ہو تو اُس روز روزہ رکھے ۔ اور اِس کام کے واسطے نوچندی شنبہ کا روز بہتر ہے ۔ بخور عود واسود کا روشن کر کے دعائے برھتیہ کو سات مرتبہ پڑھ کر پچیس مرتبہ اُسی روز کی دعوت کو پڑھے ۔ تو یقیناً اُس روز کا جن یا مؤکل لمحہ بھر میں حاضر ہوگا ۔ صاحب عمل اُس جن یا مؤکل سے اپنی حاجت پوری کرا کے اُسے فارغ کر دے ۔ روزِ شنبہ کے عون کا نام "**میمون سیاف سحا بی ابی نوخ** " ہے ۔ اِس کی دعوت یہ ہے ۔ **اجب یا ابی نوخ و بحق الملک المؤکل علیک کسفیا ئیل الذی تسرع الٰی خدمته وبحق ازالی** (تین مرتبہ) ۔ **ارلاز** (تین مرتبہ) ۔ **تقمش** (تین مرتبہ) ۔ **هلشمل** (تین مرتبہ) ۔ **کشلط** (تین مرتبہ) ۔ **کشلطا شی** (تین مرتبہ) ۔ **کلشة** (تین مرتبہ) ۔ **لطلـه** (تین مرتبہ) ۔ **نعما ئم** (تین مرتبہ) ۔ **شلغمیص** (تین مرتبہ) ۔ **شمغلیص** (تین مرتبہ) ۔ **علشا قش** (تین مرتبہ) ۔ **مهراقش** (تین مرتبہ) ۔ **اقش** (تین مرتبہ) ۔ **اقشا مقش** (تین مرتبہ) ۔ **شقمو نهش** (تین مرتبہ) ۔ **رکشارکش** (تین مرتبہ) ۔ **رکشا کشلیخ** (تین مرتبہ) ۔ **کلخ بشکیلخ** (تین مرتبہ) ۔ **عکمش** (تین مرتبہ) ۔ **لمهش** (تین مرتبہ) ۔ **عوه** (تین مرتبہ) ۔ **بر کشلیخ** (تین مرتبہ) ۔ **اجب یا میمون یا انوخ و تو کل بکذا و کذا و بحق ما اقسمت به علیک العجل** (تین مرتبہ) **الوحا** (تین مرتبہ) **الساعة** (تین مرتبہ) **بارك الله فیکم وعلیکم** ۔

اعمالِ لوکِ سبعہ مجربہ :

دعوت ملوک سبعہ کے متعلق چند چیدہ و اہم اور سہل الحصول اعمال وعملیات درج کئے جا رہے ہیں۔

۲۔ اگر صاحب عمل کسی تندرست شخص کو بے ہوش کر کے غائب یا مسافر یا کسی دفینے وخزانے کا پتا چلانا چاہے۔ یا دو جنگجو لشکروں کا حال دریافت کرنا چاہے۔ تب خاتم غزالیؒ کو ایک نابالغ بچے کی ہتھیلی پر لکھے۔ خاتم غزالی یہ ہے۔

د	ط	ب
ج	ہ	ز
ح	ا	و

عمل سے قبل لبان ذکر کی دھونی کو روشن کرے۔ اور وہاں پر ''اصرافِ عامر'' کو تین مرتبہ پڑھے۔ (اصرافِ عامر آ گے آئے گا) پھر بچے کی ہتھیلی کو دھوئیں کے مقابل کرے۔ تا کہ خاتم غزالی کو دھواں لگتا رہے۔ اِس دوران عامل (برھتیہ) دعوت برھتیہ کو مسلسل پڑھتا رہے۔ کچھ دیر کے بعد بچے کو اپنی ہی ہتھیلی پر کچھ دکھائی دے گا۔ اِس وقت عامل مؤکلات کو حکم دے۔ کہ بچے کے خاتم والی ہتھلی کی انگلیوں کو متفرق کر دے۔ پھر اِن کو حکم دے کہ ہتھیلی کو سر پر رکھ دے۔ جب یہ کام بھی مؤکلات سرانجام دے دیں۔ تو عامل مؤکلات کو حکم دے۔ کہ وہ اِس بچے میں حلول کر جائیں۔ اِس وقت عامل اُس بچے کو زمین پر آرام سے لِٹا دے۔ کیونکہ وہ بچہ اُس وقت بے ہوش ہو چکا ہوگا۔ اِس وقت عامل اُس بچے کو مخاطب کر کے دعوت برھتیہ کو پڑھ کر یہ آیت پانچ مرتبہ پڑھے۔

و قالوا لجلودھم لم شھدتم علینا . قالوا انطقنا اللہ الذی انطق کل شیء (سورہ فصلت۔21) انطق ایھا الروح بحق الذی انطق النملۃ لسیمٰن بن داؤد علیھما السلام وانطق عیسٰی ابن مریم علیھما السلام فی المھد صبیا ۔

اِن کلمات کو عامل اُس وقت تک پڑھتا رہے۔ کہ جب تک وہ بچہ گویا نہ ہو۔ جب وہ بولنے لگے۔ تو اُس وقت بچے سے جو بھی کچھ دریافت کیا جائے گا۔ وہ درست جوابات دے گا۔ جب جوابات حاصل کر لے۔ تو مؤکلات کو جانے کا اور بچہ کا جسم چھوڑنے کا حکم دے۔ وہ چلے جائیں گے۔ اور بچہ ہوش میں آ جائے گا۔ اور اُسے کچھ بھی خبر نہ ہوگی۔ کہ وہ بے ہوش ہوا تھا۔ یا اُس نے کیا کیا جوابات دیئے تھے۔

۳۔ اگر عامل یہ چاہے۔ کہ کسی مطلوب یا محبوب یا معشوق کو دور دراز سے طلب کرے۔ تو چاہیئے۔ کہ! اتوار کے روز روزہ رکھ کر کسی پاکیزہ و مصفا جگہ پر بیٹھ کر (جہاں اور کوئی بھی موجود نہ ہو) دعوت برھتیہ کو **45**۔ مرتبہ پڑھے۔ اور مؤکلات کو اُس شخص کے حاضر ہونے کا حکم دے۔ دعوت پڑھنے کے دوران عود، گوگل اور لبان کا بخور روشن کرے۔ بفضلِ الٰہی وہ مطلوب شخص فاصلہ مسافت کے دورانیے میں لازمی حاضر ہوگا۔ یہ عمل بارہا کا مجرب المجرب اور مستند عمل ہے۔

۴۔ بعد ادائیگی زکاتِ دعوتِ برھتیہ، اگر کوئی عامل اسمِ اول ''**برھتیہ**'' کو چالیس ایام تک بعد ہر نماز کے یک صد مرتبہ پڑھے گا۔ تو اُس کا رزق بفضلِ یزداں کشادہ ہوگا۔ اور اس دوران اگر اِسی اسم کو اپنی ہتھیلی پر لکھ کر چاٹتا رہے۔ تو حافظہ حیرت انگیز طور پر قوی ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۵۔ بعد ادائیگی زکاتِ دعوتِ برھتیہ، اگر کوئی عامل اسمائے ''**برھتیہ۔ کریہ۔ تتلیہ**'' کو ہر نماز کے بعد **100-100** مرتبہ اور رات کو سونے سے پہلے ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ تو علوی وسفلی ارواح کچھ ہی عرصے میں مطیع وفرمانبردار ہوں گی۔ اور عامل کے جمیع امور میں معاون و مددگار رہوں گی۔ انشاء اللہ۔

۶۔ بعد ادائیگی زکاتِ دعوتِ برھتیہ، اگر کوئی عامل اسماء ''**برھتیہ۔ کریہ۔ تتلیہ۔ طوران**'' کو خاتم غزالی کے ارد گرد لکھ کر آسیب زدہ کے گلے میں لٹکالے۔ تو مسیّب کو اُسی لمحہ شفاء ہو۔ انشاء اللہ۔

۷۔ بعد ادائیگی زکاتِ دعوتِ برھتیہ، اگر کوئی عامل اسماء ''**قلنھود۔ برشان**'' کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر روزانہ رات کو سویا کرے۔ تو ایسے شخص کو خواب میں تمام حالات سے آگاہی ہو جایا کرے گی۔ انشاء اللہ۔

۸۔ بعد ادائیگی زکاتِ دعوتِ برھتیہ، اگر کوئی عامل اسماء ''**شمخاھر .شمخاھیر**'' کو ایک ہزار اِس طرح سے پڑھا جائے۔ کہ ہر سو مرتبہ کے بعد یہ کلمات تین مرتبہ پڑھے۔ **ان کنتم حضر تم ایتھا الارواح الروحانیۃ فَاَرُونی من شعاع نور کم۔**

تو پتا چلے گا۔ کہ عامل کے پاس کون سی ارواح حاضر ہیں۔ پس اِن ارواح کے رنگ والی شعاعوں ارواح نظر آئیں گی۔ انشاء اللہ۔

دُعا و دعوتِ برھتیہ :

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰہِ الْمَلِکِ الْمُحِیْطِ الدَّآئِمِ الْقَدِیْمِ الْاَذَلِیْ اَلَّذِیْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا وَّ اَحَاطَ عِلْمُہٗ بِجَمِیْعِ الْکَائِنَاتِ الْکُلِّیَّاتِ مِنْھَا وَالْجُزْئِیَّاتِ وَ یُسَخِّرُ جَمِیْعَ عَالِمِ عُلْوِیَّۃِ وَسِفْلِیَّۃِ الدَّآئِمِ الْقَدِیْمِ الْاَبَدِیْ اَلَّذِیْ لَآ اِبْتِدَآءَ لِقَدَمِہٖ وَ لَیْسَ لَہٗ اِنْتِھَآءَ اَلَّذِیْ اَشْرَقَ بِسَاطِعَ نُوْرٌ وَ جَھِہٖ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَکْوَانِ وَاَمَدَّ ھَا بِقُوَّۃِ جَذْبَۃِ ھَیْبَۃِ سُلْطَانِہٖ عَلٰی کُلِّ فَلَکٍ وَّمَلَکٍ وَّجِنٍّ وَّاِنْسٍ وَّ شَیْطَانٍ وَّسُلْطَانٍ فَخَافَتْہُ جَمِیْعَ مَخْلُوْقَاتِہٖ وَاِذْ عَنَتْ وَ تَوَاضَعَتْ لَہُ الْمَلٰئِکَۃُ الْکُرُّ وْ بِیُّوْنَ مِنْ اَعْلٰی مَقَامَاتِھَا وَسَجَدَتْ وَ اَجَابَتْ لِدَعْوَۃِ اِسْمِہِ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمْ لِمَنْ تَکَلَّمَ بِہٖ وَاَسْرَعَتْ بِالْاَجَابَۃِ وَالْبُرْھَانِ الْمُحْکَمِ الْمَکْتُوْبِ فِیْ اَلْوَاحِ قُلُوْبِ الْمُتَصَرِّفِیْنَ بِسِرِّ بُدُّوْحٍ اَجْھَزَطٍ وَ بَطَدٍ زَھَجَ وَاحٍ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اَیَّتُھَا الْاَرْوَاحُ الرُّوْحَانِیَّۃُ الْعُلْوِیَّۃِ وَالسِّفْلِیَّۃِ وَخُدَّامُ ھٰذَاالْعَھْدِ الْکَبِیْرِ اَنْ تُجِیْبُوْا دَعْوَتِیْ وَتَقْضُوْا حَاجَتِیْ وَ تَتَوَکَّلُوْا (حاجت کا نام) بِعِزَّۃِ بَرْھَتِیْہٍ 2 کَرِیْرٍ 2 تَتْلِیْۃٍ 2 طُوْرَانٍ 2 مَزْجَلٍ 2 بَزْجَلٍ 2 تَرْقَبٍ 2 بَرْھَشٍ 2 غَلْمَشٍ 2 خُوْطِیْرٍ 2 قَلْنَھُوْدٍ 2 بَرْشَانٍ 2 کَظْھِیْرٍ 2 نَمُوْشَلَخٍ 2 بَرْھَیُوْلاً 2 بَشْکِیْلَخٍ 2 قَزْمَزٍ 2 اَنْغَلَلِیْطٍ 2 قَبْرَاتٍ 2 غَیَاھاً 2 کَیْدَ ھُوْلاً 2 شَمْخَاھِرٍ 2 شَمْخَاھِیْرٍ 2 شَمْھَاھِیْرٍ 2 بَکَھْطَھُوْنِیْہٍ 2 بَشَارِشٍ 2 طُوْنَشٍ 2 شَمْخَا بَارُوْخٍ 2 بِحَقِّ ھٰذَا الْعَھْدِ الْمَاخُوْذِ عَلَیْکُمْ یَا خُدَّامُ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءُ اِلَّا مَا اَسْرَعْتُمُ الْاِنْقِیَادُ وَ الْاِنْفَاذُ فِیْمَا تُؤْمَرُوْنَ بِہٖ فِیْ وَقْتِیْ ھٰذَا بِہٖ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْمُعْتَزِّ فِیْ عِزِّ عِزِّہٖ وَاَوْفُوْا بِعَھْدِاللّٰہِ اِذَا عٰھَدْتُّمْ وَلَاتَنْقُضُوا الْاَیْمَانَ بَعْدَ تَوْکِیْدِھَا وَقَدْجَعَلْتُمُ اللّٰہَ عَلَیْکُمْ کَفِیْلاً ○ (سورہ نحل ۔ 91) وَبِحَقِّ الَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ وَّ ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ○ (سورہ شوریٰ ۔ 11) اُحْضُرُوْا وَاسْمَعُوْا وَ اَطِیْعُوْا وَکُوْنُوْا عَوْناً لِّیْ عَلٰی جَمِیْعِ مَا اَمَرْتُکُمْ بِہٖ (حاجت کا نام) وَتَوَکَّلُوْا بِجَلْبِ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ وَالْاَرْزَاقِ وَالْمَنَافِعِ وَرَفْعِ جَمِیْعَ الْمُضَرَّاتِ عَنِّیْ وَعَمَّا تَحُوْطُ بِہٖ شَفْقَۃُ قَلْبِیْ وَبِحَقِّ الْاِسْمِ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ اَوَّلُہٗ اٰلٌ وَاٰخِرُہٗ اٰلٌ وَھُوَ اٰلُ شَلْعٍ 2 یَعُوْ 2 یَوْبِیْہٍ 2 یَہٍ 2 یِیْہٍ 2 وَآہٍ 2 آہٍ 2 بَتْکَہٍ 2 بَتْکَفَالٍ 2 بَصْعِیٍ 2 کَعِیٍ 2 مَمْیَالٍ 2 مُطِیْعِیْنَ لَکَ مَا اَعْظَمَ اِسْمُکَ یَاآلٍ جَلَّ زُرْیَالٍ مَا سَمِعَ اِسْمُکَ رُوْحٌ وَّعَصٰی اِلَّا صَعِقَ وَاِحْتَرَقَ مَنْ عَصٰی اَسْمَآءُ اللّٰہُ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ وَعَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ بِعَالِمِ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ الْکَبِیْرِ الْمُتَعَالِ ○ وَبِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ الَّتِیْ تَعَاھَدْتُّمْ بِھَاعِنْدَبَابِ الْھَیْکَلِ الْکَبِیْرِ وَفِیْ الْاَصْلِ وَھُوَ بَعَلْشَاقَشٍ 2 مِھْرَاقَشٍ 2 اَقْشَامَقْشٍ 2 شَقْمُوْنَھَشٍ 2 رَکْشَا 2 کَشْلَخٍ 2 عَکْشٍ 2 طَھْشٍ 2 وَمَنْ یُّعْرِضْ عَنْ ذِکْرِ رَبِّہٖ یَسْلُکْہُ عَذَاباً صَعَدًا (سورہ جن نمبر آیت نمبر 17) وَبِحَقِّ اِھْیاً اَشْرَاھِیًّا اَذُوْنَآئِیْ اَصْبَأُ وْتُ اٰلُ شُدَایْ وَبِحَقِّ اَبْجَدْ ھَوَّزْ حُطِّیْ وَبِحَقِّ بَطَدٍ زَھَجٍ وَاحٍ وَبِحَقِّ بُدُّوْحٍ اَجْھَزَطٍ وَاِنَّہٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ ○ (سورہ واقعہ نمبر ۷۶) اَلْوَحَا 2 اَلْعَجَلُ 2 اَلسَّاعَۃُ 2 بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکُمْ وَعَلَیْکُمْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○ آمین ۔

اَسمآئے برھتیہ کے اعدادِ قمری و معانی :

نمبرشمار	اسمائے عبرانی وسریانی	اعدادقمری	اسمائے عبرانی و سریانی کےعربی معانی و مفاہیم
1	بَرُھَتِیہِ	622	یا قُدُوسٌ یا سُبُوحٌ
2	کَرِیْرِ (یا) کَرِیْہِ	235 ـ 430	اِلٰہٌ کُلِّ شَیٍٔ یا اَللّٰہُ
3	تَتْلِیَۃِ	845	سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ یا اَلْقَادِرُ، اَلْخَبِیْرُ، اَلْمُجِیْرُ
4	طُوْرَان	266	یَاحَیُّ یَا مُحْیِ
5	مَزْجَلِ	80	یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یا یَاقَآئِمُ
6	بَزْجَلِ	42	یَا وَدُوْدُ یَاوَاجِدُ یا یَا اللّٰہ ُیَاقَاھِرُ یَااَحَدُ
7	تَرْقَبِ	702	یَاسَلَامُ یَا سَلِیْمُ
8	بَرُھَشِ	507	یَااَللّٰہُ عَبْدُکَ اُجِبْہُ یا یَامُقْتَدِرُ
9	غَلْمَشِ	1370	یَاحَمِیْدُ یَامَجِیْدُ یا یَامَلِکُ
10	خُوْطِیْرِ	825	یَا قَوِیُّ یَا عَلِیْمُ یَاحَکِیْمُ یا مَتِیْنُ
11	قَلْنَھُوْدِ	195	یَامَتِیْنُ یا یَاسَمِیْعُ یَابَصِیْرُ یَا بَدِیْعُ یَامُغْنِیُ یَا مُحِیْطُ
12	بَرُشَان	553	یَامُحِیْطُ یا یَااَللّٰہُ یَ عَزِیْزُ
13	کَظْھِیْرٍ	1135	سُبْحَانَ اللّٰہِ یا یَاقَوِیُّ یَمَتِیْنُ یَارَحِیْمُ
14	نَمُوْشَلَخِ	1026	یَاعَزِیْزُ یَااَللّٰہُ یا یَا اَللّٰہُ یَا قَوِیُّ یَا مَتِیْنُ یَا عَزِیْزُ اَنْتَ اللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَاھُوَ
15	بَرُھَیُوْلاً	256	سُبْحَانَ اللّٰہُ یا اَنَا اللّٰہُ اَمَانُ الْخَآئِفِیْنَ یَاکَافِیُ یَاسَمِیْعُ، یَااَللّٰہُ رُوْفِیُ لِرُوْحِکَ مُنْتَصِبَۃٌ عَلیٰ اَدْرِئکَ
16	بَشْکِیْلَخِ	962	یَااَللّٰہُ بِرُوْحِکَ مُنْتَصِبَۃٌ عَلٰی اِرَادَتِکَ الْکَرِیْمَۃِ
17	قَزْمَرِ	154	عَزَاللّٰہُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْم، یا اللّٰہ یارحمن یا رحیم یا مھیمن
18	اَنْغَلَلِیْطِ	2121	اَلرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ یا حَکِیْمُ یَا خَبِیْرُ لَطِیْفُ یا عَظِیْمُ
19	قَبْرَاتِ	703	یَاحَکِیْمُ یَا عَلِیْمُ یا عَزَاللّٰہُ الْکَافِیُ الْکَرِیْمُ
20	غَیَاھا	1017	یَاکَرِیْمُ یَا قَاضِیُ یا عَزِیْزُ یا جَبَّارُ
21	کَیْدَھُوْلاً	72	اَلْقَادِرُ ھُوَاللّٰہُ یا یَاقَدِیْمُ یَا قَاھِرُ یَاقَادِرُ عَلیٰ کُلِّ شَیٍٔ
22	شَمْخَاھِرِ	1146	تَعَالَیْتَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیْمُ
23	شَمْخَا ھِیْرِ	1156	یَاھُوَ یَارَبَّاہُ یَارَبُّ
24	شَمْھَاھِیْرِ	561	یَاقَاضِیُ یَاقَدِیْرُ یَاقَادِرُ یا عَزِیْزُ یَا جَبَّارُ
25	بکَھطَھوْنِیَۃِ	112	یَا قَدِیْمُ یَا دَآئِمُ
26	بَشَارَشِ	803	یَاقَادِرُ عَلیٰ کُلِّ شَیٍٔ
27	طُوْنَشِ	365	یَا شَکُوْرُ یا ھُوَاللّٰہُ الْکَرِیْمُ
28	شَمْخَا بَارُوْخِ	1750	ھُوَاللّٰہُ الْکَرِیْمُ الْقَادِرُ

اگر بے عیب چاہو ، تو فرشتوں سے نباہ کر لو   مَیں آدمؑ کی نشانی ہوں ، مجھے انساں ہی رہنے دو

دعوت برھتیہ کی ایک اور آسان زکوۃ : (مع پرہیزِ عمومی)

اگر کوئی شخص پرہیزِ عمومی کے ساتھ اس دُعائے برھتیہ کو ایک سال تک اس ترتیب سے پڑھے۔ کہ روزانہ ہر نماز کے بعد اس مختصر دعوت برہتیہ کو سو۔سو بار اور رات کو سونے سے پہلے پانچ سو بار مسلسل ایک سال تک بلا ناغہ پڑھتا رہے۔ تو نہ صرف دعوت برہتیہ کی زکوۃ کبیر پوری ہوگی۔ بلکہ اس ریاضت کے دوران حضرت سلیمان نبیؑ کی بار ہا زیارت کا بھی شرف حاصل ہوگا۔ انشاء اللہ العظیم۔مختصر **دعائے برھتیہ** یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اَیَّتُھَا الْاَرْوَاحُ الرُّوحَانِیَّۃُ الْعُلْوِیَّۃِ وَالسِّفْلِیَّۃِ وَخُدَّامُ ھٰذَا الْعَھْدِ الْکَبِیْرِ اَنْ تُجِیْبُوْا دَعْوَتِیْ وَتَقْضُوْا حَاجَتِیْ وَ تَتَوَکَّلُوْا (حاجت کا نام) بِعِزَّۃِ بَرْھَتِیَہ 2 کَرِیْرِ 2 تَتْلِیَۃِ 2 طُوْرَانِ 2 مَزْجَلِ 2 بَزْجَلِ 2 تَرْقَبِ 2 بَرھَشِ 2 غَلْمَشِ 2 خُوْطِیْرِ 2 قَلْنَھُوْدِ 2 بَرْشَانِ 2 کَظْھِیْرِ 2 نَمُوْشَلَخِ 2 بَرْھَیُوْلاً 2 بشکیلخ 2 قَزْمَزِ 2 اَنْغَلَلِیْطِ 2 قَبْرَاتِ 2 غَیَاھاً 2 کَیْدَھُوْلاً 2 شَمْخَاھِرِ 2 شَمْخَاھِیْر 2 شَمْھَاھِیْر 2 بَکَھْطَھُوْ نَیَہ 2 بَشَارِش 2 طُوْنَش 2 شَمْخَا بَارُوْخ 2 بِحَقِّ ھٰذَا الْعَھْدِ الْمَاخُوْذِ عَلَیْکُمْ یَا خُدَّام ھٰذِہِ الْاَسْمَآءُ اِلَّا مَا اَسْرَعْتُمُ الْاِنْقِیَادُ وَ الْاِنْفَاذُفِیْمَا تُوْمَرُوْن بِہٖ فِیْ وَقْتِیْ ھٰذَا بِہٖ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْمُعْتَزِّ فِیْ عِزِّ عِزِّہٖ وَاَوْفُوْ بِعَھْدِاللّٰہِ اِذَا عٰھَدْتُّمْ وَلَاتَنْقُضُوْا الْاَیْمَانَ بَعْدَ تَوْکِیْدِھَا وَقَدْجَعَلْتُمُ اللّٰہَ عَلَیْکُمْ کَفِیْلاً o (سورہ نحل نمبر **91**)

طریقہ زکوۃ دعوت برھتیہ : ریاضت سے ایک دن پہلے عامل کو چاہیے۔ کہ ایک ہلکا سے مسہل لے۔ تاکہ گندم اور باقی تمام اشیاء جو کھائی یا پی ہیں۔ ان تمام کی کثافت پیٹ سے نکل جائے۔ مسہل بنانے کا نسخہ یہ ہے۔ کہ سنا مکی، مصطگی رومی، گل گلاب، منقی دانے دور شدہ، یہ تمام اشیاء تین تین ماشہ پانی میں ابال کر قدرے شکر سرخ میں ملا کر پینے سے چند بار کے پاخانے سے پیٹ صاف ہو جائے گا۔ اب چاہیے۔ کہ آبادی سے دور خلوت نشین ہو کر۔ **دعوت برھتیہ** کی سات روزہ ریاضت کے لئے صوم وصیام و پرہیز جلالی و جمالی سے آغاز کرے۔ دوران ریاضت کھجور و پانی سے سحر وافطار کا اہتمام کرے۔ یا پھر ریاضت کی خوراک کے مطابق جو کا آٹا چوتھائی روغن زیتون میں بریاں کر کے شہد ڈال کر ٹکیاں بنالے۔ پانچوں وقت ہر نماز کے بعد اول وآخر **3-3** بار درود سلام درمیان میں پینتالیس **45** بار **دعوت برھتیہ** پڑھے۔ تاکہ **دعائے برھتیہ** کی روزانہ کی مجموعی تعداد **225** دوسو پچیس ہو جائے۔ اور اسی طرح سے سات یوم تک ہی یہی معمول ہو۔ روزانہ بوقت سحر وافطار اسمائے **برھتیہ** چینی کے صاف برتن مثل طشتری (بغیر لائن و ڈیزائن و پھول) وغیرہ پر لکھ کر پانی ڈال کر عامل روزانہ پیتا رہے۔ تاکہ ہمہ قسم رجعت سے محفوظ و مامون رہے۔ جب بھی عامل **دعائے برھتیہ** پڑھنے بیٹھے۔ تو خوشبودار دخنہ لازمی جلائے۔ (خوشبودار دخنہ نہ ہونے کی صورت میں اگر بتی بھی ٹھیک ہے) پس سات دن جب پورے ہو جائیں گے۔ تو بندہ خدا اس عظیم روحانی ریاضت (**دعائے برھتیہ**) کا عامل ہو جائے گا۔ بعدہ' ریاضت روزانہ چوبیس بار دعوت برہتیہ کو لازمی پڑھتا رہے۔ مگر ایک عامل نے بتایا ہے۔ کہ جب اس نے **دعائے برھتیہ** کی انہی شرائط و تعداد کے مطابق 49۔ اُنچاس ایام تک اس طرح ریاضت کی۔ تب جا کر اسے **دعائے برھتیہ** کے تمام تصرفات حاصل ہوئے۔ بلکہ اسی دُعائے برہتیہ کے جنات ومؤکلات خود بخود اس کے مطیع وفرمانبردار ہو گئے۔

دُعائے عظیم الشان : (فوائد و فضائل)

جو شخص اس دُعائے عظیم الشاں کو پڑھے گا۔ وہی اس کے دینی و دنیاوی فوائد سے مستفید و منتفع ہو سکے گا۔ ہر اسمِ الٰہی کے ساتھ قرآنی آیت دی گئی ہے۔ اس دُعائے عظیم الشاں کو پڑھنے یا ورد و وظیفہ رکھنے سے پہلے ہر اسمِ الٰہی کے ساتھ متصل آیت کے اعراب کی درستگی لازم ہے۔ تاکہ بھرپور فائدہ ہو سکے۔ بہرحال ! یہاں پر چند فوائد پر اکتفاء کیا جاتا ہے۔

حضرت خواجہ حسن بصریؒ فرماتے ہیں۔ کہ ! کوئی دعا اس دعا سے بہتر نہیں۔ جو کوئی اس دعا کو (روزانہ تین یا پانچ یا سات مرتبہ یومیہ) پڑھے گا۔ تو اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے خصوصی فضل وکرم سے اُس شخص سے ستر ہزار امراض ظاہری و باطنی کو دور فرمائے گا۔ (انشاء اللہ) اور جو کوئی ایامِ بیض میں (نمازوں و درود شریف واستغفار کے علاوہ مسلسل ہر وقت) تین دن ورات برابر پڑھتا رہے گا۔ تو وہ اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے اپنے نفسِ کافر پر فتح یاب ہوگا۔ اور اس کے تمام صغیرہ وکبیرہ گناہ بھی بخش دیئے جائیں گے۔ (انشاء اللہ) اور جو کوئی روزانہ رات کو اکیس مرتبہ اکیس راتوں تک یہی دُعائے عظیم الشاں پڑھتا رہے گا۔ اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے اُس پر عالمِ ارواح منکشف ہوگا۔ اور سب کچھ دکھلائی دے گا۔ (انشاء اللہ) اور جو شخص اسی دُعائے عظیم الشاں کو روزانہ ایک مرتبہ صبح (سوکر اُٹھنے کے بعد) اور ایک مرتبہ رات (سونے سے قبل) بلاناغہ پڑھتا رہے گا۔ تو اللہ تعالیٰ اس کو اتنا ثواب عطا فرمائے گا۔ (انشاء اللہ) کہ جس کو اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ حق تعالیٰ اس کو عذابِ گور سے محفوظ رکھے گا۔ (انشاء اللہ) اور قیامت کو بھی عذاب سے بچائے گا۔ (انشاء اللہ) اور دارین کی آفات سے محفوظ رکھے گا۔ (انشاء اللہ) اور دوزخ کی سخت آواز بھی اس کے گوش نہیں سنیں گے۔ (انشاء اللہ) اور وہ مرگِ مفاجات سے بھی امان میں رہے گا۔ (انشاء اللہ) اور وہ تونگر ہوگا۔ (انشاء اللہ) اور خلائق کی نگاہ میں عزیز ہوگا۔ (انشاء اللہ) اور اُسے حج کا ثواب نصیب ہوگا۔ ان شاء اللہ۔

وہ شخص کبھی مقروض نہیں ہوگا۔(انشاءاللہ) وہ اپنے دشمنان کے شر سے مامون رہے گا۔(انشاءاللہ) دُعائے عظیم الشان یہ ہے۔

اسی ضمن میں یہ کمترین (البلوشی) عرض گزار ہے۔کہ! اگر کوئی شخص اس دُعائے عظیم الشان کی حقیقت کے ادنیٰ ترین حصے کو جاننا چاہے۔تو اُسے چاہیئے۔کہ! اسی دُعائے عظیم الشان کو بعد ہر نماز کے دس مرتبہ پڑھنے کا اہتمام کرے۔اور رات کو صد(100) مرتبہ پڑھا کرے۔پڑھائی کے دوران کسی سے ہم کلام نہ ہو۔ اور نہ ہی کسی غرض و غایت سے اُٹھ کر دیگر کوئی کام کرے۔اسی ترتیب کے ساتھ فقط اٹھائیس ایام تک پڑھے۔تو وہ اِس دُعائے عظیم الشان کو کچھ نہ کچھ حد تک جان جائے گا۔جو کہ کشف حقیقی،کرامت وخرق العادات سے کم نہ ہوگا۔انشاءاللہ۔

اور اگر کوئی شخص اسی دُعائے عظیم الشان کو خلوت میں پابندی صوم وصلوٰۃ واکل حلال صدق مقال وصدق نیت وخلوصِ قلب سے ہر نماز کے بعد پچیس مرتبہ اور رات کو سو مرتبہ ننانوے (99) ایام تک پڑھتا رہے۔تو وہ نہ صرف ملائکہ سے محو گفتگو ہو سکے گا۔ بلکہ ارواح الصالحین سے بالواسطہ اور بلاواسطہ ملاقات کر کے فیض حاصل کر سکے گا۔انشاءاللہ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم○ اللھم انی اسألک باسمآئک الحسنٰی **یا اللہ یا اللہ یا اللہ** فاعلم انہ لا الہ الا انت. **یا رحمٰن** علی العرش استوٰی. **یا رحیم** وکان اللہ غفور رحیما. **یا مالک** لمن الملک الیوم للہ الواحد القھار. **یا قدوس** الملک القدوس. **یا متعالی** فتعالی اللہ الملک الحق. **یا سلام** سلٰم قف قولا من رب رحیم. **یا مؤمن** المؤمن المھیمن. **یا عزیز** وھو العزیز الحکیم . **یا جبار** الجبار المتکبر. **یا خالق** فتبارک اللہ احسن الخالقین. **یا باریء** ھو اللہ الخالق الباریء. **یا مصور** ھو الذی یصورکم فی الارحام کیف یشآء. **یا اول یا آخر** ھو الاول و الاٰخر والظاھر والباطن وھوبکل شیء علیم. **یا شکور** اِنَّ ربنا لغفور شکور. **یا غفور** واللہ غفور رحیم. **یا ودود** وھو الغفور الودود. **یا باطن** وھو الاول والاٰخر والظاھر والباطن. **یا قائم** قائما م بالقسط لا الہ الا ھو العزیز الحکیم. **یا قاھر** وھو القاھر فوق عبادہ. **یا حی** اللہ لا الہ الا ھو الحی القیوم. **یا سمیع** فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم. **یا بصیر** ان اللہ بصیر م با لعباد. **یا علیم** واللہ بکل شیء علیم. **یا حلیم** ان اللہ علیم حلیم. **یا عظیم** وھو العلی العظیم. **یا حکیم** وکان اللہ عزیزا حکیما. **یا کریم** ان ربی غنی کریم. **یا قادر** ھو قادر علٰی ان یبعث علیکم. **یا مقتدر** عند ملیک مقتدر. **یا رؤف** ان ربکم لرؤوف رحیم. **یا لطیف** ان ربی لطیف لما یشآء. **یا قھار** لمن الملک الیوم للہ الواحد القھار. **یا خبیر** ان اللہ کان علیما خبیرا. **یا قریب یا مجیب** ان ربی قریب مجیب. **یا باعث** وان اللہ یبعث من فی القبور. **یا رزاق** وھو خیر الرازقین. **یا وارث** وللہ میراث السمٰوٰت والارض. **یا صادق** ولقد صدقکم اللہ وعدہ. **یا فاطر** فاطر السمٰوٰت والارض. **یا باسط** ولو بسط اللہ الرزق لعبادہ لبغوا فی الارض. **یا قوی** ان اللہ لقوی عزیز. **یا شھید** واللہ علٰی کل شیء شھید. **یا مبدیء** انہ ھو یبدیء و یعید. **یا رزاق** ان اللہ یرزق من یشآء بغیر حساب. **یا تواب** ان اللہ ھو التواب الرحیم. **یا وھاب** انک انت الوھاب. **یا جلیل** یا ذالجلال والاکرام. **یا جمیل** فاصبر صبرا جمیلا. **یا وکیل** وکفٰی باللہ وکیلا. **یا کافی** و کفٰی اللہ المؤ منین القتال. **یا ولی** فا للہ ھو الولی وھو یحی الموتٰی وھو علٰی کل شیء قدیر. **وکفٰی** باللہ ولیا. **یا رب** فتبارک اللہ رب العالمین. **یا غنی** واللہ الغنی وانتم الفقرآء. **یا شاکر** ومن تطوع خیرا فان اللہ شاکر علیم. **یا خلاق** وھو الخلاق العلیم. **یا نور** اللہ نور السمٰوٰت والارض. **یا محسن** وان اللہ یحب المحسنین. **یا قدیر** ان اللہ علٰی کل شیء قدیر. **یا مفضل** واللہ ذوالفضل العظیم. **یا متم** ویتم نعمتہ علیک. **یا معز** وتعز من تشآء. **یا مذل** وتذل من تشآء. **یا رفیع** رفیع الدرجات ذوالعرش. **یا شفیع** من ذالذی یشفع عندہ الا باذنہ. **یا کبیر** ان اللہ کان علیا کبیرا. **یا حق** فتعالی اللہ الملک الحق. **یا بر** انہ ھو البر الرحیم. **یا وتر** والشفع والوتر. **یا غفار** انہ کان غفارا. **یا غافر** وانت خیرالغافرین. **یا حمید** واللہ ھو الولی الحمید. **یا منان** بل اللہ یمن علیکم ان ھدٰ لکم للایمان. **یا احد** قل ھو اللہ احد. **یا متین** ان اللہ ھوالرزاق ذوالقوۃ المتین. **یا ھادی** ان اللہ یھدی من یشآء. **یا بدیع** بدیع السمٰوٰت والارض. **یا عالم** عالم الغیب والشھادۃ. **یا فتاح** وھوالفتاح العلیم. **یا رقیب** ان اللہ کان علٰی کل شیء رقیبا. **یا محیط** ان اللہ کان بما یعملون محیط. **یا قاضی** واللہ یقضی بالحق. **یا صمد** اللہ الصمد. **یا حسیب** ان اللہ کان علٰی کل شیء حسیبا. **یا ناصر** نعم المولٰی ونعم النصیر. **یا واسع** وکان اللہ واسعا حکیما. حسبی اللہ ونعم الوکیل نعم المولٰی ونعم النصیر. ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم. برحمتک یا ارحم الراحمین. **آمین**۔

یقیں دانم دریں عالم کہ **لا معبود الا ھو** ولا موجود فی الکونین **لا مقصود الا ھو**
چو تیغ لا بدست آری بیا تنہا چہ غم داری مجو از غیرِ حق کہ **لا فتاح الا ھو**
بلا لا لا ہمہ لاکن بگو اللہ واللہ جو نظر خود سوی وحدت کن کہ لا مطلوب الا ھو

ختوم | **ختم خواجگان** | یا حی یا قیوم

طریقہ نمبر 1 : حضرت امداداللہ مہاجر مکیؒ کتاب ''کلیاتِ امدادیہ'' میں فرماتے ہیں۔ کہ! کسی بڑی بات (حل المشکلات وقضائے حوائج) حاصل ہوجانے کے لئے دونوافل پڑھیں۔ سلام پھرنے کے بعد **111** مرتبہ ''سورہ الم نشرح'' پھر **111** مرتبہ '' کلمہ تمجید'' پھر **1** مرتبہ ''سورہ یٰسین شریف پڑھے۔ اگر بڑا ختم کرنا ہے۔ تو سلام پھرنے کے بعد **1111** مرتبہ ''سورہ الم نشرح'' پھر **1111** مرتبہ '' کلمہ تمجید'' پھر **41** مرتبہ ''سورہ یٰسین شریف پڑھے۔ لیکن ہر صورت میں ختم شریف خواجگان قادری سے قبل و بعد **111** مرتبہ '' درود وسلام'' ضرور پڑھنا ہے۔

ختم شریف کے بعد اس طرح سے کہے۔ **اللھم او صل ثواب ھذہ الکلمات الطیبات الزاکیات** (قرآنِ مجید کے علاوہ اگر کسی اور چیز مثل اسماء الحسنیٰ یا ادعیہ یا کلمات کا ثواب پہنچانا مطلوب ہو۔ تو اسی کا نام لیا جائے گا۔ جیسے طعام، شیرینی یا کوئی بھی کوردونوش وغیرہا۔) **اِلٰی جمیع الانبیاء والمرسلین خصوصا حضرۃ سید المرسلین خاتم النبیین** ﷺ **والی جمیع امۃ خصوصا** (جس شخصیت کو ایصال ثواب کیا جارہا ہے۔ اُن کا نام لیا جائے گا۔) **اِلٰھی بحرمۃ ھٰٓؤُلَآءِ الْحَضَرَاتِ احسن عاقبتنا فی الامور کلھا واجرنا من خزی الدنیا والاٰخرۃ . توفنا مسلما و الحقنا بالصالحین والصدقین واغفرلنا وارحمنا ولوالدینا ولجمیع المسلمین ولمسلمات ولمؤمنین والمؤمنات اٰمین. بر حمتک یارحم الراحین** ۔ اگر ممکن ہو تو بعداز ختم کوئی صدقہ خیرات یا کسی شیرینی پر خواجگانِ قادری کے بزرگان کی فاتحہ پڑھ کر بانٹ دیں۔ اور پھر اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی مراد مانگے۔

طریقہ نمبر 2: تصوف کے تمام سلاسل میں ختم خواجگان کو بزرگانِ دین کی ارواح کے درجات کی بلندی اور خوشنودی میں اضافہ کرنے کے لئے لازمی پڑھا اور سُنا جاتا ہے۔ اور بزرگان دین ختم خواجگان کی عظیم الشان روح پرور محافل آراستہ کرتے ہیں۔ بلکہ یوں کہنا چاہئے۔ کہ سلسلہ عالیہ قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ، نقشبندیہ، قلندریہ، اویسیہ سلسلوں سمیت دیگر تمام سلاسل میں ختم خواجگان کی پرنور، روحانی محافل کا خصوصی انعقاد کیا جاتا ہے۔ جبکہ ختم خواجگان کے آخر میں اپنے سلسلے کے بزرگان اولیائے عظام کے شجرہ مبارکہ کا بصد ادب واحترام کھڑے ہوکر پڑھا اور سُنا جاتا ہے۔ اپنے شیخ سے لے کر آنحضور ﷺ تک تمام ارواح کو انتہائی خوشی اور ثواب میسر آتے ہے۔ اور وقتاً فوقتاً جب ختم خواجگان میں تسلسل سے روحانی تقاریب (**Programmes**) ترتیب دیئے جاتے ہیں۔ تو ان اروح کو ختم خواجگان کا انتظار رہتا ہے۔ بہرحال تمام بزرگانِ اسلام، کہ! جن کے اسمائے مبارکہ اس ختم خواجگان شریف کی محافل میں پڑھے جاتے ہیں۔ وہ پڑھنے اور سننے والوں کی استعانت ضرور کرتی ہیں۔ اور بعض اوقات عالم رویاء میں آکر مختلف امور کے بارے میں بھی قبل از وقت بتاتی ہیں۔ غرضیکہ ختم خواجگان پڑھنے والوں پر انوار رحمانیہ، کرامات، انعامات اور رحمتوں کا کبھی نہ بند ہونیوالا دائمی سلسلہ شروع ہوجاتا ہے۔

میرے مربی و مرشد حضرت شیخ سید پیر محبوب الٰہی شاہ بخاریؒ ختم خواجگان کے فوائد کے بارے میں رقمطراز ہیں۔ کہ برادران طریقت کی خدمت میں ختم خواجگان اور شجرہ عالیہ غوثیہ محبوبیہ سلسلہ وار آنحضرت ﷺ سے شروع ہوکر پیران پیر سید شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے ہوتا ہوا مجھ فقیر (پیر سید محبوب الٰہی قادریؒ) تک پڑھنا ہمارے سلسلہ کا روزانہ کا معمول رہا ہے۔ اور ہمارا طریقہ ختم خواجگان دیگر جملہ ختوم سے اعلیٰ، افضل اور شرف قبولیت ایزدی میں زوداثر وسریع الاثر ہے۔ اولیاء اللہ سے محبت وعقیدت رکھنے والوں اور سلسلہ قادریہ محبوبیہ میں باقاعدہ بیعت شدہ اصحاب کے لئے خواجگان قادریہ بمعہ شجرہ عالیہ شریفہ بڑی مستند حیثیت واہمیت کا حامل ہے۔ کیونکہ شجرہ عالیہ پڑھنے سے اپنے شیخ مقتداء رہبر طریقت سے لے کر سرکار دوعالم ﷺ تک تمام حضرات اولیائے کرامؒ کی باطنی توجہ شاملِ حال ہوجاتی ہے۔ جس سے پڑھنے والے کی تمام ظاہری و باطنی مشکلات، مصائب اور مسائل دائمی طور پر حل ہوجاتے ہیں۔ اس ختم شریف کی برکت سے ایک ہزار حاجات بر آتی ہیں۔ اور اللہ کریم اپنے سوا تمام مخلوق کی محتاجی سے بچاتا ہے۔ اور شیطان ونفس جیسے خطرناک ومہلک دشمن سے حفظ وامان نصیب ہوتا ہے۔ اس ختم خواجگان شریف کے پڑھنے والے کی دینی، دنیاوی، روحانی، اُخروی، جمیع مشکلات کا ازالہ، کشائش رزق اور خیر وبرکت میں کثیر اور دائمی اضافہ کا موجب ہوتا ہے۔ اجتماعی وانفرادی طور پر اس ختم خواجگان شریف کا انعقاد دراصل روحانی جذب وتسکین، دنیاوی خوشحالی اور شادمانی، باہمی اتحاد ویگانگت اور حب ملک وملت کو ابھارنے کا باعث بنتا ہے۔ ہماری یہ دعا ہونی چاہیے۔ کہ اللہ کریم اپنے حبیب آخرالزمان سرکار دوعالم ﷺ کے صدقے وطفیل جمیع بزرگان سلسلہ قادریہ چشتیہ، سہروردیہ، نقشبندیہ، قلندریہ، اویسیہ بالخصوص قادریہ غوثیہ محبوبیہ بانوا کے فیضان عالی شان اور اس ختم خواجگان شریف کا انعقاد کرنیوالوں، شرکت کرنیوالوں اور کسی بھی طرح سے حصہ لینے والوں پر اپنی رحمتوں اور عنایات ونوازشات کا نزول تاابد فرماتا رہے۔ غرضیکہ اس ختم خواجگان شریف کے لامحدود، بےشمار، بےحساب فوائد وفضائل وانعامات، جوکہ یقیناً احاطہ تحریر سے باہر ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس طرح کی روحانی تقریبات منعقد کرنا اور ان کے فیوضات وبرکات سے مستفید ہونے کا توفیق وسعادت بخشے۔ آمین۔ ثم آمین۔

ختم خواجگان پڑھنے کا طریقہ و ترتیب: (تعداد صغیر، اصغر، متوسط اور کبیر دی گئی ہیں۔)

نمبر شمار	اوراد و وظائف	صغیر	اصغر	متوسط	کبیر
01	سورۃ یٰسین (مکمل)	1بار	1بار	1 بار	3 بار
12	بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o	3بار	11بار	33	100
03	اَسْتَغْفِرُ للّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیہ	3بار	11بار	33	100
04	اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلیٰ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَآ قَتْ حِیْلَتِی اَدْرِکْنِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہ	3بار	11بار	33	100
05	لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ ﷺ	3بار	11بار	33	100
06	سورہ فاتحہ مع تسمیہ و آمین۔	3بار	11بار	33	100
07	سورۃ الم نشرح مع تسمیہ۔	3بار	11بار	33	100
08	سورۃ اخلاص (صمدیۃ) مع تسمیہ۔	3بار	11بار	33	100
09	لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّی کُنْتُ مِّنَ الظّٰلِمِیْنَ .	3بار	11بار	33	100
10	اَللّٰھُمَّ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَاب.	3بار	11بار	33	100
11	اَللّٰھُمَّ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَاب.	3بار	11بار	33	100
12	اَللّٰھُمَّ یَا کَافِیَ الْمُھِمَّا تِ.	3بار	11بار	33	100
13	اَللّٰھُمَّ یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ	3بار	11بار	33	100
14	اَللّٰھُمَّ یَاشَافِیَ الْاَمْرَاضِ	3بار	11بار	33	100
15	اَللّٰھُمَّ یَا حَلَّ الْمُشْکَلَاتِ	3بار	11بار	33	100
16	اَللّٰھُمَّ یَا جَوَّادَ الْمُنْعِمْ	3بار	11بار	33	100
17	اَللّٰھُمَّ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ	3بار	11بار	33	100
18	اَللّٰھُمَّ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ	3بار	11بار	33	100
19	اَللّٰھُمَّ یَا ذَ الْجَلَالِ وَالْاِکْرَام	3بار	11بار	33	100
20	اَللّٰھُمَّ یَا غَیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنَا	3بار	11بار	33	100
21	اَللّٰھُمَّ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ	3بار	11بار	33	100
22	یَا سَیِّدْ مُحِیُّ الدِّیْنِ شَیْخَ عَبْدَالْقَادِر جِیْلَانِیْ شَیْئًا لِلّٰہِ (اگر کوئی پڑھنا چاہے)	3بار	11بار	33	100
23	یَاحَبِیْبَ رَحْمَۃً الِّلعَالَمِیْنَ	3بار	11بار	33	100
24	یَا شَفِیْعَ الْمُذْنِبِیْنَ	3بار	11بار	33	100
25	اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلیٰ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَآ قَتْ حِیْلَتِی اَدْرِکْنِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ	3بار	11بار	33	100
26	درودِ حاضری معہ درود مستغاث شریف (درودِ مستغاث شریف میں صلوٰۃ وسلام ایک یا تین مرتبہ پڑھیں)	1بار	1بار	1	03
29	صلوٰۃ و سلام۔ کھڑے ہوکر (جو کہ اگلے صفحے پر دیا گیا ہے)	1بار	1بار	1بار	1بار
30	شجرہ مبارک (یا پھر اپنے سلسلہ کا شجرہ پڑھیں۔جس میں آپ مرید و معتقد ہوں)	ا بار	1بار	1 بار	1 بار
31	دعائے اختتامیہ (طعام یا لنگر سامنے رکھ کر۔ اگر ہو تو۔۔۔)	ا بار	1بار	1 بار	1 بار

حاضرین مجلس میں سے ایک بندہ تمام حاضرین صلوٰۃ و سلام پڑھائے گا۔ صلوٰۃ و سلام تمام لوگ کھڑے ہوکر پڑھیں گے۔ صلوٰۃ و سلام بر نبی آخرالزمان ﷺ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَارَسُوۡ لَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ	اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَانَبِیَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَاحَبِیۡبَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ	اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَاشَفِیۡعَ الۡمُذۡنِبِیۡنَ اَلسَّلَامُ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَاسَیِّدَالۡمُرسَلِیۡنَ اَلسَّلَامُ	اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَاخَاتَمَ النَّبِیِّیۡنَ اَلسَّلَامُ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَامَنۡ اَرۡسَلَهُ اللّٰہُ اَلسَّلَامُ	اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَامَنۡ عَظَّمَهُ اللّٰہُ اَلسَّلَامُ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَامَنۡ شَرَّ فَهُ اللّٰہُ اَلسَّلَامُ	اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَاخَیۡرَخَلۡقِ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَامُحَمَّدَ بۡنِ عَبۡدِ اللّٰہِاَلسَّلَامُ	اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَاجَدَّالۡحَسَنَ وَالۡحُسَیۡنَ اَلسَّلَامُ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَارَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِیۡنَ اَلسَّلَامُ	اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَارَسُوۡلَ اللّٰہِ اَلسَّلَامُ

پھر ایک شخص کھڑے ہوکر شجرہ شریف غوثیہ قادریہ محبوبیہ با نوا پڑھے۔ جملہ حاضرینِ مجلس ومحفل بیٹھ کرنہایت ادب سے شجرہ شریف یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o اَلاۤ اِنَّ اَوۡلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوۡفٌ عَلَیۡہِمۡ وَلَا ہُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ o اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَکَانُوۡا یَتَّقُوۡنَ ۔ اَصۡلُہَا ثَابِتٌ وَّفَرۡعُہَا فِی السَّمَآءِ ۔

یا اله العالمین یا انت خیر الرحمین	رحم فرما اپنی ذات کبریا کے واسطے
فضل کر یارب ہمارے حال زبوں پر رحم کر	ڈال ہم آلودہ عصیاں پر رحمت کی نظر
تجھ کو اپنی کبریائی کی قسم ہے بے نیاز	ہم سراپا معصیت پر کر درِ افضال باز
تجھ کو دیتے ہیں تیرے جودو و سخا کا واسطہ	فضل کا۔ رحمت کا۔ بخشش کا۔ عطاء کا واسطہ
تیری رحمت کے خزانے میں کمی کو ئی نہیں	اور تیرے جودو و کرم کی انتہا کوئی نہیں
ہم کہیں بے واسطہ کس منہ سے بخشش کے لئے	کچھ وسیلے پیش کرتے ہیں سفارش کے لئے
صدقہ سید محبوب علی شاہ نور اللہ کامل ولی	مقتداء ، پیشوا ، رہنما کے واسطے
مرشد قل ھواللہ شاہ ، صل علی کے طفیل	تبارک شاہ ، بسم اللہ نوا کے واسطے
واسطہ شاہ گلاب و یتیم شاہ اولیٰ یقین	شاہ تقی اور مظفر شاہ سخا کے واسطے
اولیٰ حسین ، شاہ وہاب حاجی قاسم کاملین	شیخ قادر ، شاہ حلیم پارسا کے واسطے
خواجہ نخنیان ، سیف اللہ ، بیراگ شاہ	حسن شاہ، عبدالجبار رہنما کے واسطے
منبع جودو سخا نورالحق عین اللہ شاہ	شیخ محی الدین قادر غوث الوریٰ کے واسطے
ابو سعید و ابو الحسن یعنی علی اور ابو الفرح	عبدواحد ، شیخ شبلی باصفا کے واسطے
حضرت جنید بغدادی ، سری سقطی عر فان بحر	معروف کرخی ، داوٗد طائی ، شاہ ہُدیٰ کے واسطے
پیر کامل حبیب عجمی ، شناسائے سر حق	خواجگان حسن بصری ، پیشوا کے واسطے
والد حسن و حسین ، زوج بتو ل ، حضرت علی رضی اللہ عنہ	مشکل کشاء ، مر تضٰی شیر خدا کے واسطے
واسطہ سید الثقلین شافع محشر ، شفیع المذنبین	یٰسین مزمل محمد ﷺ کے واسطے
ہمارے دل رکھ دائماً ذاکر بذکر اسم ذات	آل اور اصحاب احمد مجتبیٰ ﷺ کے واسطے
وقت نزع با ایمان دنیا سے اٹھانا اے خدا	اور کلمہ طیبہ ہو زباں پر آخری شفاء کے واسطے
قبر میں آرام ہم کو ابتداء سے ہو عطاء	مر شدان دین پاک مصطفٰے ﷺ کے واسطے
کردعا مملوئے عصیاں ہم سب کی یہ مستجاب	خواجگان قادری غوث الوریٰ کے واسطے

اس شجرہ شریف کے بعد شیخ صاحب یا آل شیخ یا خلفائے مجاز میں سے کوئی خلیفہ، یا پھر کوئی بھی صحیح العقیدہ متقی و پرہیزگار شخص درج ذیل دعا پڑھے۔ اگر کوئی مرید ومعتقد اپنے گھر میں یہ ختم خواجگان پڑھے۔ تو وہ خود بھی دعا کرسکتا ہے۔ ایک اچھی دعا اگلے صفحہ پر دی گئی ہے۔

دُعا : یا اللہ کریم ! اس شجرہ شریف کے سچے اور پاک ناموں کی برکت سے اور بوسیلہ قطب الاقطاب ، غوث الثقلین ، غوث الاعظم حسنی و حسینی ، محبوب ربانی سرچشمہ عرفانی سیدی محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور حضور اکرم نورِ مجسم ، شفیع معظم ، امام الانبیاءؑ ، تاجدار عرب وعجم ، حبیب کبریاء ، حامی بے کساں ، وسیلہ عاصیان سیدنا وکریمنا محمد مصطفیٰ ﷺ کے طفیل ہمارے حال پر رحم فرما۔ ☆ یا اللہ کریم ! ہمیں بھی ان بزرگوں کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرما۔ ☆ یا اللہ کریم جو کچھ ان اولیاء کرامؒ کو عطا فرمایا ہے۔ وہ ہمیں بھی عطا فرمایا۔ ☆ یا اللہ کریم اس ختم خواجگان شریف اور حاضر طعام کا ثواب حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی خدمت میں ہدیۃ وتحفہ پیش کرتے ہیں آپ ﷺ کے طفیل جمیع انبیاء کرام ، اہل بیت اطہار وصحابہ کرامؓ ، تمام شہداء وصالحین اور بزرگانِ سلسلہ عالیہ قادریہ غوثیہ چشتیہ ، سہروردیہ ، اور جملہ خاندان طریقت کے بزرگوں اور ہمارے پیرومرشد پیرسید محبوب الٰہی شاہ قادریؒ اور کل مسلمان مرد ، عورت ، چھوٹے بڑے جو اس دنیا فانی سے رحلت فرما گئے۔ ان سب کی روحوں کو پیش کرتے ہیں۔ قبول ومقبول فرما۔ ☆ یا اللہ کریم ! اس ختم خواجگان کی برکت سے ہماری تمام مشکلات حل فرما۔ ☆ یا اللہ کریم ! ہمیں ظاہری وباطنی بیماریوں سے شفا عطا فرما۔ ☆ یا اللہ کریم ! مخلوق کے ہر شر سے ہم کو بچا کر اپنی حفاظت میں رکھ۔ ☆ یا اللہ کریم ! ہم کو غیروں کے دروازے سے بچا کر اپنے ہی دروازے سے ہر قسم کی نعمت عطا فرما۔ ☆ یا اللہ کریم ! حضور ﷺ کی تمام اُمت پر اپنا خصوصی رحم وکرم فرما۔ اور دائمی اصلاح فرما۔ ☆ یا اللہ کریم ! اس بستی اور اس شہر پر رحم فرما۔ اور یہاں کے رہنے والوں کو نیک بنا کر آپس میں اتحاد واتفاق نصیب فرما۔ ☆ یا اللہ کریم ! پاکستان کو اندرونی اور بیرونی دشمنوں سے بچا کر ہمیشہ قائم ودائم اور سلامت رکھ۔ ☆ یا اللہ کریم ! جو لوگ اس محفل پاک میں شامل ہیں۔ اور جو لوگ دعا کے طالب ہیں۔ یا دعا کے لئے خط لکھتے ہیں۔ یا ٹیلی فون کرتے ہیں۔ اور جو حضرات دور ونزدیک سے سفر کر کے محض تیری عطاء سے ہمارے پاس تشریف لاتے ہیں۔ ان سب حضرات حاضر وغائب کی کل حاجتیں دینی ودنیاوی پوری فرما کر اِن تمام حضرات کو ظاہری وباطنی نعمتوں سے مالا مال فرما آمین۔ بحرمۃ سید المرسلین نبی آخر الزمان ﷺ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o

اُنْصُرْنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ النّٰصِرِیْنَ ☆وَاغْفِرْلَنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ الْغَافِرِیْنَ ☆

وَارْحَمْنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ الرَّازِقِیْن ☆وَافْتَحْ لَنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ الْفَاتِحِیْن ☆

وَارْزُقْنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ الرَّازِقِیْن ☆وَاحْفَظْنَا اَھْلَنَا وَمَا لَنَا وَاَوْلَادَنَا وَوَالِدَیْنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ الْحَافِظِیْن ☆

وَاھْدِنَا وَنَجِّنَا مِنَ الْفَقْرِ وَالدَّیْنَ وَکُلِّ مَرَضٍ وَکُلِّ شَرٍّوَقَوْمَ الظَّالِمِیْنَ .☆

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ o

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ o آمین.

ایں سعادت بزورِ بازو نیست تانہ بخشد خدائے بخشندہ

ختم و فاتحہ شریف قادریہ :

جناب حضرت شیخ محمد اکرم قدوسیؒ اپنی کتاب اقتباس الانوار میں سلسلہ ء عالیہ قادریہ کے مریدین کے لئے ختم و فاتحہ شریف کا یہ طریقہ بیان فرماتے ہیں۔ کہ ! 11 مرتبہ درودِ پاک ، پھر 11 مرتبہ سورہ فاتحہ ، پھر 11 مرتبہ آیت الکرسی ، پھر 11 مرتبہ سورہ اخلاص ، پھر 11 مرتبہ سورہ فلق ، پھر 11 مرتبہ سورہ والناس ، پھر 11 مرتبہ درودِ پاک ، پھر 111 مرتبہ دُعائے ہفت کافی المہمات پڑھے۔ پھر دو نماز برائے ایصالِ ثواب سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اس طرح پڑھے۔ کہ سورہ فاتحہ کے بعد 3 مرتبہ آیت الکرسی اور 11 مرتبہ سورہ اخلاص پڑھیں۔ بعد سلام بحالت سجدہ دعائے ''**یا ودود یا ذوالعرش المجید ۔۔۔۔**'' والی دعا کو 11 مرتبہ پڑھیں۔ پھر سجدے سے سر اُٹھا کر ان تمام کا ثواب جناب پیرانِ پیر سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو تحفۃً وہدیۃً پیش کریں۔ پھر دل پر دم کر کے تصور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ یا ان کے روزہ (مقبرہ) کا کر کے چند منٹ مُراقبہ کر لیں۔ اگر یہ عمل روزانہ رات کو سونے سے پہلے مسلسل کیا جائے۔ تو اس عمل کے بے شمار منافع وفوائد حاصل ہوں گے۔ اور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی بار بار زیارت کا بھی شرف حاصل ہوتا رہے گا۔ انشاء اللہ العظیم۔

الٰہی بحق بنی فاطمہؓ ، کہ بر قولِ ایمان کنی خاتمہ

اگر دعوتم رد کنی در قبول ، منو دست و دامانِ آلِ رسولؐ

ختمِ خواجگانِ نقشبندیہ : (بمطابق صاحب خزینۃ الاسرار جناب مولانا مولوی حق نازلی نقشبندیؒ)

تمام دینی و دنیوی مُرادوں کے حاصل کرنے کے لئے ، دشمنوں و حاسدوں کے شر کو دفع کرنے کے لئے ، تجلیات و اسرار و رموز کے حصول کے لئے ختمِ خواجگان دراصل اکسیرِ اعظم و کبریتِ احمر، انتہائی پُر تاثیر اور سریع الاجابت کا حامل ہے۔ ترتیب و ترکیب ختمِ خواجگان کی یہ ہے۔ کہ! اول استغفار 100 مرتبہ پڑھا جائے۔ اس کے بعد 7 مرتبہ سورہ فاتحہ اور 100 مرتبہ درود و سلام پڑھا جائے۔ پھر سورہ الم نشرح 79 مرتبہ پڑھ کر 1000 مرتبہ سورہ اخلاص پڑھی جائے۔ پھر سورہ فاتحہ 7 مرتبہ پڑھ کر 100 مرتبہ درودِ پاک پڑھا جائے۔ پھر اس پڑھائی کا ثواب اپنے شیخِ طریقت سے آنحضور نبی اکرم ﷺ تک ایصالِ ثواب کر کے اللہ تعالیٰ سے انہی تمام بزرگوں کے وسیلہ سے اپنی حاجت اللہ عزوجل کے حضور پیش کرے۔ روزانہ اس عمل کی تکرار کرے۔ زیادہ سے زیادہ 4 چار ایام میں حاجت ضرور پوری ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ لیکن اس ورد کو کم از کم 7 ایام تک مسلسل بلا ناغہ کرتے رہنا چاہیئے۔ اگرچہ حاجت پوری ہی کیوں نہ ہو جائے۔ سلاسلِ طریقت بالخصوص سلسلہ نقشبندیہ میں وِردِ اسمِ ذات اللہ اور ذکرِ نفی اثبات کے بعد اس ختم کو اس کے پرتاثیری خواص و سریع الاجابت ہونے اور لوگوں کی بروقت حاجات پوری ہونے کی وجہ سے افضل و ارفع مانا اور سمجھا جاتا ہے۔ اس ورد (ختمِ خواجگان) کے باقاعدہ کرنے سے ارواح طیبات ہمیشہ معاون و مددگار رہتی ہیں۔ جو مسلمان اُن ارواح سے استغاثہ کرے۔ تو وہ اس شخص کی فریادرسی ضرور کرتے ہیں۔ چونکہ ہم گناہوں میں لت پت لوگ ہیں۔ اسی لئے اِن بزرگوں کے طفیل و توسل سے مدد طلب کرتے ہیں۔ کیونکہ وہ لوگ اللہ تعالیٰ کے ہاں عظیم المرتبت درجہ وحیثیت کے حامل ہیں۔ ورنہ تو! ☆ **لا تتحرک ذرۃ الا باذن اللہ** ☆ **نحن اقرب الیہ من حبل الورید۔**

قضائے حاجت کے لیے ختم قادریہ کی عجیب و پر تاثیر ترتیب :

(بمطابق حضرت شیخ محمد اکرم قدوسیؒ تالیف اقتباس الانوار) ختم شریف قادریہ پر مداومت کرنے سے تمام مرادیں پوری ہوتی ہیں۔ اور تمام مشکلات حل ہوتی ہیں۔ اگر کوئی چاہے۔ تو اکیلا بھی پڑھ سکتا ہے۔ ورنہ گیارہ آدمی آپس میں تقسیم کر کے پڑھیں۔ طریقہ یہ ہے۔ کہ! بدھ کی رات سے شروع کرے۔ اور تین رات تک (شب بدھ۔ شبِ جمعرات اور شب جمعۃ المبارک) مسلسل بلا ناغہ پڑھے۔ مقصد پورا ہو جائے گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) بلکہ تمام پڑھنے والوں کے مقاصد پورے ہو جائیں گے۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) جب بھی کسی بات کی نیت (یعنی کسی مقصد یا حاجت برآری کے لئے) پڑھے۔ کہ فلاں مقصد کے لئے ختم پڑھنا ہے۔ تو چاہیئے۔ کہ ختمِ قادریہ سے پہلے نذر مقرر کر کے اس ختم شریف کو شروع کرے۔ چنانچہ حضرتِ اقدس جناب غوثِ پاکؒ کی نذر (جو کہ مشہور ہے) وہ یہ ہے۔ کہ! سوا گیارہ اشرفی۔ یا سوا گیارہ روپیہ۔ یا سوا گیارہ اُٹھنی۔ یا سوا گیارہ پاولی۔ یا سوا گیارہ آنے۔ (لیکن آج کل کے دور کے مطابق سوا گیارہ روپے یا سوا گیارہ سو روپے یا سوا گیارہ ہزار روپے بنیں گیں) یا پھر صاحب عمل اپنی حیثیت کے مطابق مقرر کرے۔ پھر ختمِ قادریہ پڑھے۔ جب اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور حکم سے مرادِ دلی پورا ہو جائے۔ تو مقرر شدہ نذر ادا کر دے۔ ختم پڑھنے والوں کو تو ہر روز شیرینی دیتے رہنی چاہیئے۔ ختمِ قادریہ شریف کی ترتیب یہ ہے۔ کہ! منگل کا دن گزار کر شب بدھ سے یہ ختم شریف قادریہ شروع کیا جائے۔ اور شب جمعہ تک پڑھا جائے۔ تو انشاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔ ورنہ حصول مقصد تک پڑھتے رہیں۔ ختم شریف قادریہ کا طریقہ یہ ہے۔ کہ!

پہلے طہارتِ ظاہری و باطنی حاصل کرے۔ پھر نماز تحیۃ الوضو ادا کرے۔ اس کے بعد ایک دوگانہ جناب پیران پیر حضور شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو اس طرح سے ایصال ثواب کرے۔ کہ ہر رکعت میں **سورہ فاتحہ** کے بعد **11** مرتبہ۔ **سورۃ اخلاص** پڑھے۔ سلام کے بعد درود و سلام (**اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ**) **11** مرتبہ۔ **کلمہ تمجید 11** مرتبہ۔ **دعائے ھفت کافی 111** مرتبہ پڑھے۔ اور **اسم اعظم قادریہ** (یعنی کہ **شَیْأً لِلّٰہِ یا حضرت سلطان شَیْخ سید عَبْدِ الْقَادِرُ القادر الجیلانیؒ**) بھی **111** مرتبہ پڑھے۔ پھر **سورۃ یٰسین** ایک بار اور **سورہ الم نشرح 141** مرتبہ پڑھے۔ پھر **یا باقی انت البا قی 111** مرتبہ پڑھے۔ پھر **اسم قادریہ** (یعنی کہ **یا حضرت محی الدین مشکل کشا با لخیرؒ**) بھی **111** مرتبہ پڑھے۔ اور پھر آخر میں **درو و سلام** (یعنی کہ **اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ**) **11** مرتبہ۔ کا ثواب آنحضور جناب پیران پیر بانیؒ سلسلہ قادریہ کو ایصال کرے۔ پھر اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر باری تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے۔ انشاء اللہ مقصد ضرور حاصل ہوگا۔ دعائے ہفت کافی یہ ہے۔ **بِسْمِ اللہ الرحمن الرحیم . اَللّٰہُ الْکَافِیُ** ☆ **قَصَدْتُ الْکَافِی** ☆ **وَجَدْتُ الْکَافِیْ** ☆ **کَفَانِیَ الْکَافِیْ** ☆ **لِکُلِّ الْکَافِیْ** ☆ **وَ نِعْمَ الْکَافِیْ** ☆ **وَ ھُوَ الْکَافِی** ☆ **وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ o** بعد ختم شریف دونوں ہاتھ اُٹھا کر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے۔ مقصد ضرور بالضرور حاصل ہوگا۔ انشاء اللہ العظیم۔ بہر حال ہر روز ختم شریف کا ثواب جنابِ غوثِ پاکؒ کو اور اپنے سلسلہ کے پیران کو ایصال ثواب کرے۔ حتیٰ کہ مقصد پورا ہو جائے۔

اور اگر مہم سخت ہے۔ تو چاہیئے۔ کہ **ختمِ قادریہ کبیر** اس طریقہ پڑھے اول تازہ وضو کرے۔ پھر نماز تحیۃ الوضو ادا کرے۔ اس کے بعد ایک دوگانہ جناب پیران پیر حضور شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو اس طرح سے ایصال ثواب کرے۔ کہ ہر رکعت میں **سورہ فاتحہ** کے بعد **11** مرتبہ۔ **سورۃ اخلاص** پڑھے۔ سلام کے بعد **درود و سلام (اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ) 111** مرتبہ۔ **کلمہ**

تمجید111 مرتبہ۔ **دعائے ہفت کافی 1011** مرتبہ پڑھے۔اور **اسم اعظم قادریہ** (یعنی کہ **شَیْأً لِلّٰہِ یَا حضرت سلطان شَیْخُ سید عَبْدِ الْقَادِرْ القادرالجیلانیؒ**) بھی1111 مرتبہ پڑھے۔پھر **سورۃ یٰسین** پانچ مرتبہ اور **سورہ الم نشرح 1041** مرتبہ پڑھے۔پھر **یا باقی انت الباقی 1111** مرتبہ پڑھے۔پھر **اسم قادریہ** (یعنی کہ **یَا حضرت محی الدین مشکل کشا بالخیرؒ**) بھی1111 مرتبہ پڑھے۔اور پھر آخر میں **درود و سلام** (یعنی کہ **اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ) 111** مرتبہ۔کا ثواب آنحضور جناب پیران پیر بانیؒ سلسلہ قادریہ کو ایصال کرے۔ بعد ختم شریف دونوں ہاتھ اُٹھا کر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے۔مقصد ضرور بالضرور حاصل ہوگا۔انشاء اللہ العظیم۔ بہرحال ہر روز ختم شریف کا ثواب جناب غوثِ پاکؒ کو اور اپنے سلسلہ کے پیران کو ایصالِ ثواب کرے۔حتیٰ کہ مقصد پورا ہوجائے۔

اسی طرح سے ایک **ختم قادریہ صغیر** بھی ہے۔جس کا طریقہ یہ ہے۔کہ! ایک دوگانہ جناب پیران پیر حضور شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کو اس طرح سے ایصالِ ثواب کرے۔کہ ہر رکعت میں **سورہ فاتحہ** کے بعد11 مرتبہ۔ **سورۃ اخلاص** پڑھے۔سلام کے بعد **درود و سلام** (یعنی کہ **اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ) 03** مرتبہ۔**کلمہ تمجید 03** مرتبہ۔ **دعائے ہفت کافی 111** مرتبہ پڑھے۔اور **اسم اعظم قادریہ** (یعنی کہ **شَیْأً لِلّٰہِ یَا حضرت سلطان شَیْخُ سید عَبْدِ الْقَادِرْ القادرالجیلانیؒ**) بھی111 مرتبہ پڑھے۔پھر **سورۃ یٰسین** ایک مرتبہ اور **سورہ الم نشرح 41** مرتبہ پڑھے۔پھر **یا باقی انت الباقی 111** مرتبہ پڑھے۔پھر **اسم قادریہ** (یعنی کہ **یَا حضرت محی الدین مشکل کشا بالخیرؒ**) بھی111 مرتبہ پڑھے۔اور پھر آخر میں **درود و سلام** (یعنی کہ **اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ) 03** مرتبہ۔کا ثواب آنحضور جناب پیران پیر بانیؒ سلسلہ قادریہ کو ایصال کرے۔پھر اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر باری تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے۔انشاء اللہ مقصد ضرور حاصل ہوگا۔ بعد ختم شریف دونوں ہاتھ اُٹھا کر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے۔ مقصد ضرور بالضرور حاصل ہوگا۔انشاء اللہ العظیم۔ بہرحال ہر روز ختم شریف کا ثواب جناب غوثِ پاکؒ کو اور اپنے سلسلہ کے پیران کو ایصالِ ثواب کرے۔حتیٰ کہ مقصد پورا ہوجائے۔ شیرینی پر فاتحہ درسلسلہء عالیہ قادریہ کا طریقہ یہ ہے۔کہ! شیرینی یالنگر یا جو بھی حاضر طعام سامنے ہو۔اس پر ایک تین مرتبہ سورہ فاتحہ (معہ تسمیہ) پھر تین مرتبہ آیت الکرسی (معہ تسمیہ) پھر سات مرتبہ سورہ الم نشرح (معہ تسمیہ) پھر گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص (معہ تسمیہ) پھر تین تین مرتبہ معوذتین (معہ تسمیہ) پڑھ کر حضرت رسول مکرم ﷺ، جملہ صحابہ کرامؓ تمام اولیاء اللہؒ خصوصًا جنابِ غوثِ پاکؒ کو ایصال ثواب کیا جائے۔یہ شیرینی یالنگر یا حاضر طعام بارہِ رب متعال میں شرف قبولیت حاصل کرے گا۔انشاء اللہ العظیم۔

اس ضمن میں یہ فقیر (البلوشی) قارئین کی خدمت میں نہایت وثوق سے عرض گزار ہے۔کہ! حضرت غوثِ پاکؒ نے فرمایا ہے۔کہ! حق سبحانہٗ تعالیٰ نے مجھے پروانہ لکھ کر دے دیا ہے۔کہ جس میں میرے تمام اصحاب و مریدین کے اسماء درج ہیں۔جو قیامت تک میرے سلسلے میں داخل ہوں گے۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔کہ میں نے ان تمام کو تیری بدولت بخش دیا ہے۔حضرت غوثِ پاکؒ فرماتے ہیں۔کہ! مَیں نے دوزخ کے دربان مالک سے دریافت کیا۔کہ! کیا میرے مریدین میں سے بھی کسی کا نام آپ کی فہرست میں درج ہے؟ اس نے جواب دیا۔نہیں۔ حضرت غوثِ پاکؒ نے یہ بھی فرمایا۔کہ! رب العزت کی قسم! مریدین کی حمایت میں میرا ہاتھ ان پر ایسے ہے۔جیسے کہ زمین کے اوپر آسمان میرے مرید جیسا ہو۔اور مَیں جیسا ہوں۔قسم ہے۔اس کی عزت وجلال کی۔کہ! جب تک کہ مجھے اور میرے اصحاب (یعنی میرے مریدین یا مجھ سے سچا اعتقاد رکھنے والے خوش نصیب) کو وہ بہشت میں داخل نہیں کرے گا۔اگرچہ میرا مرید مشرق میں ہو۔اور مَیں مغرب میں۔اور اس کی عفت کا پردہ بھی چاک ہوجائے۔تاہم مَیں اس کی پردہ پوشی کروں گا۔(انشاء اللہ) بیت۔

ہر کہ یار تو ئی زار نگر و د ہر گز — چو نکہ غم خوار تو ئی خوار نگر د د ہر گز

اورادِ فتحیہ شریف کے ختم کا طریقہ :

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اپنی کتاب ''انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ'' میں فرماتے ہیں۔کہ! میر سید علی ہمدانیؒ کا طریقہ میرے والدگرامی (حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے والدمحترم حضرت شاہ عبدالرحیمؒ) نے اپنے قلم سے اس طرح لکھا ہے۔کہ (طالبِ صادق) نصف رات کی ابتدا میں اُٹھے۔تازہ وضو کر کے دو رکعت نفل (اس طرح سے) پڑھے۔کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد پندرہ 15 مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔سلام پھیرنے کے بعد 1000 ایک ہزار مرتبہ تسمیہ شریف (**بسم اللہ ۔۔۔**) پڑھے۔اس کے بعد1000 ایک ہزار مرتبہ یہ کلمات پڑھے۔ **یا خفی الالطاف ادر کنی بلطفک الخفی** ۔اس کے بعد 1001 ایک ہزار ایک مرتبہ **یا بدوح** پڑھے۔پھر اپنا سر اپنے ہی گریبان میں ڈال کر مراقب ہو۔اور ملاحضہ کرے۔کہ! عالمِ غیب سے کیا چیز مشاہدہ ہوتی ہے۔فراغت کے بعد دوگانہ پڑھ کر (اس دوگانہ اور ختم شریف) کا ثواب حضرت میر سید علی ہمدانیؒ کو بخشے۔(حاجت پوری ہونے تک، ہر رات یہی ختم پڑھتا رہے۔انشاء اللہ چند ہی راتوں میں حاجت پوری ہوجائے گی)

ہم نے بھی بدل دیئے اصولِ زندگی — اب جو یاد کرے گا وہی یاد رہے گا

ختم شریف برائے ایصالِ ارواح کا قدیمی طریقہ :

حضرات اہل اسلام میں مدت مدید سے یہ دستور مروج و مستعمل رہا ہے۔ کہ! یہ لوگ اپنے اسلاف کی ارواح کے لئے اس طرح سے ایصال ثواب کرتے چلے آرہے ہیں۔ ان طریقوں میں مندرجہ ذیل تین طریقے بہت مشہور و معروف ہیں۔

☆ ختمِ قرآن کا اہتمام کر کے کوئی جانور ذبح کر کے ایصال ثواب کرتے ہیں۔ ☆ کچھ لوگ روزانہ کی بنیاد پر بعد نماز فجر اور بعد نمازِ عشاء (دن میں دو مرتبہ) ایک مرتبہ سورہ یسین شریف، تین مرتبہ سورہ مزمل اور تین مرتبہ سورہ ملک پڑھتے ہیں۔ ☆ کچھ لوگ ہر نماز کے بعد اول و آخر درود و سلام درمیان میں ایک مرتبہ آیت الکرسی، آخری آیات سورہ بقرہ (**اٰمن الرسول بما انزل** --- تا آخر)، ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور تین مرتبہ سورہ اخلاص اور ایک ایک مرتبہ معوذتین پڑھ کر اپنے والدین، پیرانِ سلسلہ یا آباء کو ایصالِ ثواب کیا کرتے رہتے ہیں۔

گر مرادِ خویش خواہی نامرادی پیشہ گیر　　با مراد خویش را در نامرادی یافتیم

ختم شریف برائے لاجل الحاجت : (مجرب المجرب و مستند عمل مبارک)

فقیر ناچیز (البلوشی) نے شَیخِ محترم پیر سید محبوب علی شاہ بانوا قادری اپنی کتاب **سلوک و معرفت** میں فرماتے ہیں۔ کہ! بہت ہی ضروری حاجت (روائی) کے لئے مندرجہ ذیل آیت کو ایک ہزار ایک مرتبہ (اول و آخر درود و مستغاث شریف) با طہارت (در یک نشست) رو بقبلہ بعد نمازِ فجر (مصلہ پر بیٹھ کر) پڑھے۔ اور درمیان میں کسی سے بات (یا کسی قسم کا کوئی دوسرا کام بھی) نہ کرے۔ تو حق تعالیٰ اس کی دینی و دنیاوی حاجت کو فوراً روا فرمائے گا۔ ان شاء اللہ۔ اور پڑھنے والا اپنی مراد کو (ضرور) پہنچے گا۔ (پہلی، تیسری یا حد سا تویں رات تک مراد پوری ہو جائے گی۔ ان شاء اللہ العظیم) آیتِ کریمہ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ وَمَنۡ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجۡعَلۡ لَّہٗ مَخۡرَجًاۙ وَّ یَرۡزُقۡہُ مِنۡ حَیۡثُ لَا یَحۡتَسِبُ ؕ وَ مَنۡ یَّتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ فَہُوَ حَسۡبُہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمۡرِہٖ ؕ قَدۡ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیۡءٍ قَدۡرًا ۔ (سورہ طلاق۔ آیت 3-2)

میری پسندیدہ **نعتِ** رسولِ مقبول ﷺ : (''از مظفر وارثی'')

تُو کُجا مَن کُجا　　آپ ﷺ کہاں ؟ مَیں کہاں ؟

تُو امیرِ حرم ، مَیں فقیرِ عجم　　تیرے گُن اور یہ لَب ، مَیں طلب ہی طلب

تُو عطا ہی عطا ، مَیں خطا ہی خطا　　تُو کُجا مَن کُجا ، تُو کُجا مَن کُجا

تُو اَبد آفریں ، مَیں ہوں دو چار پل　　تُو یقیں مَیں گماں ، مَیں سُخن تُو عمل

تُو ہے معصومیت ، مَیں نِری معصیت　　تُو کرم مَیں خطا ، تُو کُجا مَن کُجا

تُو ہے احرامِ انوار باندھے ہوئے　　مَیں دُرودوں کی دستار باندھے ہوئے

کعبہء عشق تُو ، مَیں تیرے چار سُو　　تُو اَثر مَیں دُعا ، تُو کُجا مَن کُجا

میرا ہر سانس تو خوں نچوڑے میرا　　تیری رحمت مگر دل نہ توڑے میرا

کاسہء ذات ہوں ، تیری خیرات ہوں　　تُو سخی مَیں گدا ، تُو کُجا مَن کُجا

تُو حقیقت ہے ، مَیں صِرف احساس ہوں　　تُو سمندر ہے ، مَیں بھٹکی ہوئی پیاس ہوں

میرا گھر خاک پر اور تیری رہگزر　　سِدرَۃُ المُنتَھٰی، تُو کُجا مَن کُجا

ڈگمگاؤں جو حالات کے سامنے　　آئے تیرا تصور مجھے تھامنے

میری خوش قسمتی ، مَیں تیرا اُمتی　　تُو جزاء مَیں رضا ، تُو کُجا مَن کُجا

میرا ملبوس ہے پردہ پوشی تیری　　مجھ کو تابِ سُخن دے خموشی تیری

تُو جلی مَیں خفی ، تُو اَٹل مَیں نفی　　تُو صلہ مَیں گلہ ، تُو کُجا مَن کُجا

دوریاں سامنے سے جو ہٹنے لگیں　　جالیوں سے نگاہیں لپٹنے لگیں

آنسوؤں کی زباں ہو میری ترجماں　　دل سے نکلے سدا ، تُو کُجا مَن کُجا

حضرت سلطان العارفین سلطان الفقر سلطان باھوؒ کی کتب کے متعلق اشعار و ابیات

احمقوں کو خوش نہ آئے یہ کتاب — عاقلوں کو گنج بخشے بے حساب
غوثی قطبی کی حقیقت سے پُر ہر ورق — ہر تصرف کیمیاء کا دے سبق
اکسیر و تکسیر و علمِ کیمیاء — کیمیاء ہنر و نظر سے ہو غناء

☆ رسالہ روحی شریف کی ابتدا طریقِ روحی سے ہے۔ اسی لئے اس رسالہ کا نام رسالہ روحی شریف رکھا گیا ہے۔

☆ رسالہ روحی شریف دراصل قادری سروری، سلکِ سلوک ومعرفت کا وہ جامع الہامی بلکہ اس سے بھی زیادہ قریب تر قربِ حضور کا کلام ہے۔ جو خاص حضوری میں سُلطان العارفین فنا فی ھو سرا سرارِ ذات یا ھو سُلطان الفقر محمد باھوؒ کی زبانِ فیضِ ترجمان سے جاری ہوا ہے۔ اسی لئے رسالہ روحی شریف پڑھنے والے کو اویسی طریقہ سے روحی فیض حاصل ہوتا ہے۔ اس لئے اس کا نام روحی شریف ہے۔

☆ اس رسالہ روحی شریف کے مطالعہ اور عمل سے طالب کو ابتدا ہی سے روحانی مجلس نصیب ہو جاتی ہے اور بالآخر اس کے سلک وسلوک پر عمل کر کے حضوری حاصل ہو جاتی ہے۔ صلائے عام ہے ۔۔۔ یارانِ نقطہ داں کے لئے !

☆ ہفت کلیات رسالہ روحی شریف باطنی قوافل کی ہفت کلید ہیں جن سے فقیر ہر قسم کے غیبی خزانوں کا مالک ومتصرف ہو جاتا ہے اور جو طالب اپنے وجود کے باطنی قُفل کھول لیتا ہے وہ فی الفور فنا فی اللہ، بقا باللہ، لقاء اللہ اور آنحضور نبی آخر الزمان ﷺ کی پاکیزہ و مُصفّٰی اور مُعطر مجلس و محفل سے بھی مُشرف ہو جاتا ہے۔ ☆ رسالہ روحی شریف کا عامل غالب اولیاء اللہؒ میں سے ہوتا ہے۔ توفیقِ الٰہی اور باطنی تصدیق سے جس کام کا کہتا ہے وہ ہو جاتا ہے۔ (یعنی ایسے شخص کو **کُن** کی زبان عطا ہو جاتی ہے) ☆ اس رسالہ روحی شریف میں ہفت ارواحِ طیبات یعنی ہفت سلاطینِ فُقراء کا ذِکرِ خیر آیا ہے۔ اسی لئے اس کا نام رسالہ روحی شریف رکھا گیا ہے۔ ☆ اسمِ اعظم کے جیسی تاثیر رکھنے والے اس سروری قادری رسالہ روحی شریف کی برکت سے فقیر مُستجاب الدعوات ہو جاتا ہے۔ اور طُرفۃُ العین میں نورِ حضور سے ہر مطلب حاصل کر سکتا ہے۔ ☆ اس رسالہ روحی شریف کے فیوض و برکات سے فقیر **قُم بِاذنِ اللہ** کہہ کر اہلِ قبور کے روحانی وجود کو زندہ و حاضر کر کے اس سے ہمدم و ہمکلام ہو جاتا ہے اور اُن اولیاء اللہؒ کی ارواح سے ہر قسم کی مُشکلات حل کر سکتا ہے۔

ذکرِ حق چو بصفِ دل شدہ — مرکبہء قرب بمنزل شدہ
ذکرِ حق جب دل میں قرار پکڑ لیتا ہے۔ تو منزل قرب نصیب ہو جایا کرتی ہے۔

رسالہ روحی شریف کی دعوت و زکات کے چند طریقہ : سلسلہ سروری قادری کے مریدین و معتقدین نے اس **رسالہ روحی شریف** کی زکات ودعوت کے مُتعدد طریق مقرر فرمائے ہیں۔ جن میں سے چند یہاں پر بطورِ تبریک زیرِ قلم ہیں۔

☆ **رسالہ روحی شریف** بھی **قصیدہ غوثیہ** کی مانند مدحیہ، فخریہ اور ظاہری و باطنی اسرار ورموز پر مبنی کلماتِ عظیمہ کا عجیب وغریب اور پرتا ثیر وسریع الاجابت مجموعہ ومُرقّع ہے۔ اس **رسالہ روحی شریف** کی پڑھائی کے تین طریقے ہیں۔ لیکن یہ یاد رہے کہ جس بھی طریقہ کو اختیار کیا جائے اس سے پہلے دو رکعت نمازِ نفل بہ نیت ثواب روح پُرفتوح سیدُ الانبیاء اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ آیت الکرسی اور گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ اور پھر دو رکعت نماز بنیت ایصالِ ارواحِ ہفت سُلطانُ الفقراء اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص پڑھے اس کے بعد زکات ودعوات یا ویسے ہی خیر وبرکت کے لئے اس **رسالہ روحی شریف** کو پڑھنے کا دائمی اہتمام کرے۔ تا کہ فیوض و برکات حاصل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ 1۔ اس **رسالہ روحی شریف** کو عمومی طور پر پڑھنے کا طریقہ کار یہ ہے کہ روزانہ رات کو سونے سے پہلے اول وآخر تین۔ تین مرتبہ درودِ پاک اور درمیان میں تین۔ پانچ۔ سات یا گیارہ مرتبہ **رسالہ روحی شریف** پڑھا کرے۔ لیکن جو تعداد حسبِ وقت وشوق ہو روزانہ وہی تعداد رکھے۔ اور اپنی دینی ودنیاوی مطالب ومقاصد اور مُرادوں کو مدنظر رکھ کر پڑھا کرے۔ اور حضرت سلطان العارفین سلطان باھوؒ کی روحانیت سے استمداد کرتا رہے۔

2۔ **رسالہ** کو خصوصی طور پر باتصورِ فُقراء کے پڑھنے کا ایک طریقہ یہ ہے کہ اسم ذات اللہ یا اسمِ پاک نبی مکرم جناب سیدنا محمد ﷺ یا صورتِ شیخ یا روضہ سلطان العارفین سُلطان باھوؒ کا کامل تصور جمائے۔ اور ہفت مرتبہ رسالہ روحی شریف کو باادب وتعظیم اس طرح پڑھے کہ اول وآخر تین۔ تین مرتبہ درودِ پاک پڑھے۔ اور اپنے مقصد ومطلب کو مدنظر رکھے یہ تصور حقیقی ہانا چاہیئے نہ کہ وہمی وتخیلاتی۔

3۔ اس **رسالہ روحی شریف** کو خصوصی طور پر زندہ قلبِ فُقراء کی پڑھائی کا طریقہ یہ ہے کہ رسالہ روح شریف کی پڑھائی ظاہر میں شروع کر کے باطن میں گُم ہو۔ زباں قلب، روح، سرّ اور نور سے پڑھے اور تصور میں جا کر باری باری ترتیب وار ہفت سلاطینِ فُقراء کے حضور حاضر ہو کر استعانت واستمداد روحانی حاصل کرے۔ بہرحال ! رسالہ روحی شریف اگلے صفحہ پر ہے۔

بسم اللّه الرحمٰن الرحیم ☆الحمد لله رب العالمین☆ و العاقبة المتقین☆والصلوٰة والسلام علیٰ رسوله محمد واله واصحابه واهل بیته اجمعین ☆

بدان ! ارشدک اللّه تعالیٰ فی الدارین☆ کنت هاهویت . کنزا یاهوت . مخفیا لاهوت . فاردت ملکوت . ان اعرف جبروت . فخلقت الخلق ناسوت . ذات سر چشمهءِ چشمانِ حقیقت هاهویت . حضرتِ عشق بالائے کونین بارگاهِ کبریاءِ تختِ سلطنت آراسته . از کمال عبرت ماهیت ذات پاکش . هزاران هزار و بے شُمار قوافلِ عقل سنگسار . سُبحا ن الله . از اجسامِ عناصرِ خاکی بهزار مظهر ظهور آ ثار جمال و جلالِ قُدرت هائے کامله آئینه با صفا ساخته تما شائے روئے زیبائی فرماید . خود با خود قُمارِ عشق مے بازد . خود نظرو خود ناظر و خود منظور . خود عشق خود عاشق و خود معشوق . اگر پرده را از خود بر اندازی . همه یک ذات و دوئی همه از احول چشمیست . مے گوید مصنفِ تصنیف . مُعتکف حریمِ جلال و جمال هاهویت حق . محوِ شهودِ ذاتِ مُطلق . عین عنایت از شهودِ مشهود معبود علی الحق . در مهدِ ناز . سُبحانی ما اعظم شانی . بصدر عزت . تاج معرفت وحدت مُطلق . بر سر و ردائے تصفیه و تز کیهءِ انت انا و انا انت . در بر الملقب من الحق والحق . سر ذاتِ یاهو فقیر باهو قدس سره عُرفِ اعوان ساکن قرب و جوار قلعه شور حرسها الله تعالیٰ من الفتن والجور . چند کلمات از ابراز تحقیقاتِ فقر مقام هویت ذات . رحمتی وسعت کل شیءِ . تفسیر از معنی المعنیٰ خاص الخاص تعلیم مے آرد . عارف واصل بهر جادیده کُشاید . بَجُز دیدارش نه بیند و نقشِ غیر و خودی از خود بر اندازد تا با مُطلق ، مُطلق شود . بدان که چون نورِ احدی از حجلهءِ تنهائیءِ وحدت بر مُظاهر کثرت اراده فرمود . حُسنِ خود را جلوه بصفائی گرم بازاری نمود . بر شمعءِ جمالشِ پروانه کونین بسو زید و نقابِ میم احمدی پوشیده صورتِ احمدی گرفت و از کثرتِ جذبات وارادت . هفت بار بر خودبجُنبید وازان ارواح فُقراء باصفا فنا فی الله ، بقا بالله . محوِ خیالِ ذاتِ همه مغز بے پوست پیش از آفرنیش آدم عیله الصلوٰة والسلام . هفتاد هزارسال غرق بحرِ جمال بر شجرِ مِرآ ۃِ الیقین پیدا شدند . بجز ذاتِ حق از ازل تا ابد چیزے ندیدند وما سِوا الله گاهے نُشینیدند بحریمِ کبریاءِ دائم بحر وصال لازوال . گاهے جسد نوری پوشیده به تقدیس و تنزیهه مے کو شیدند . گاهے قطره در بحر وگاهے بحر در قطره . و ردائے فیض عطا " اِذا تم الفقر فهو الله بر ایشان پس بحیاتِ ابدی و عز تاج سرمدی الفقر لا یحتاج الیٰ ربه ولا اَلیٰ غیره " معزز و مکرم از آفرنیش، آدم عیله الصلوٰة والسلام .وقیامِ قیامت هیچ آگاهی ندارند وقدمِ ایشان. بر سر جمله اولیاء وغوث و قطب . اگر آنهارا خُدا خوانی بجا و اگر بندهءِ خُدا دانی روا . عَلِمَ مَن عَلِمَ . مقامِ ایشان حریمِ ذاتِ کبریا و از حق ما سوٰی الحق چیزے نا طلبید ند و بدُنیائے دَنی و نعیم اُخروی . حور و قصور بهشت و دوزخ . بکرشمه نظر ندیدند وازان یک لمعه که مُوسیٰ عیله الصلوٰة والسلام در سرا سیمگی رفته و طور درهم شکسته در هر لمحه و طرفة العین هفتاد هزار بار لمعات جذبات انوار ذاتِ بر ایشان وارد و دم نه زدند و آهے نه کشید ند و هل من مزید مے گُفتند .ایشان سُلطانُ الفقراء و سید الکونین اند . یکے روحِ خاتونِ قیامت رضی الله تعالیٰ عنها و یکے روحِ خواجه حسن بصری رضی الله تعالیٰ عنه و یکے روحِ شیخ ما حقیقت الحق نورِ مطلق مشهود علی الحق حضرت سید محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی محبوبِ سُبحانی رضی الله تعالیٰ عنه و یکے روحِ سلطانِ انوار سر السرمد حضرت پیر سید

عبدالرزاق فرزند حضرت پیر دستگیررضی اللہ تعالیٰ عنہ و یکے روحِ سر ذاتِ یاھو بندہء فقیر باھو رضی اللہ تعالیٰ عنہ و دو روحِ دیگر اولیاء . بحرمت ا یمن ایشان قیامِ دارین . تا آنکہ آن دو روح از آشیانہ وحدت بر مظاھر کثرت نخواھند پرید . قیامِ قیامت نخواھد شُد . سر اسر نظرِ ایشان نور وحدت و کیمیائے عزت بھر کس پر توءِ عنقائے ایشان اُفتاد . نورِ مطلق ساختند . احتیاجے بریاضت ورد اوراد ظاھری طالبان را نہ پرداختند .

بِداں ! کہ فقیرِ مطلق مؤلفِ تالیف ایں کتابِ مُستطاب پردہ ھا و حجب حجابِ تمامی بر انداختہ عین العین وحدت گشتہ . سبحان اللہ . جسم ایں بندہ را پردہءِ ضعیف حائل . خود بخود درمیانِ ھزار ھا اسرارِ عجیبہ و لطیفہ ھائے غریبہ فرمودہ ! خود ناطق و خود منطوق . خود کاتب و خود مکتوب . وخود دال و خود مدلول . اگر ایں را آثارِ قدرت ربانی دانندبجا و اگر وحی مُنَزَّل خوانندروا . معاذاللہ . اگر ایں وثیقہءِ لطیفہ را از زبانِ بندہ دانی الحق . اگر ولی واصل کہ از رُجعتِ عالم روحانی ویا عالم قدس شھود از درجہءِ خود اُفتادہ باشد . اگر توسل بایں کتابِ مُستطاب جوید آں را مُرشدیست کامل . اگر او توسل نہ گرفت اورا قَسم و اگر ما اورا نہ رسانیم مارا قَسم . و اگر طالب سلک سلوک ِمعتصم و متمسک شود . بمجرد اعتصام عارف زندہ دل و روشن ضمیر سازم .

ہر کہ طالب حق بود من حاضرم ز ابتدا تا انتہا یک دم برم
طالب بیا ، طالب بیا ، طالب بیا تا رسانم روز اول با خُدا

بِداں ! کہ عارف کامل قادری بھر قدرتِ قادرو بھر مقام حاضر . محو ھاھویت مطلق مصنف تصنیف می فرماید ! تا آنکہ از لطفِ ازلی سرفرازی ءِعین عنایتِ حق الحق حا صل شدہ . و از حضورِ فائض النور اکرم نبوی صلی اللہ علیہ والہ وسلم حُکم اِرشاد خلق شُدہ . چہ مُسلم و چہ کافر .چہ با نصیب و چہ بے نصیب . چہ زندہ و چہ مُردہ بزبانِ گو ھر فِشاں " مُصطفیٰ ثانی و مُجتبیٰ آخر زمانی " فرمودہ !

دستِ بیعت کرد مارا مُصطفیٰ ﷺ ولدخودخواندا ست مارامُجتبیٰ ﷺ
شُد اجازت باہوؒ را ، از مُصطفیٰ ﷺ خلق راتلقین بکُن بہرا ز خُدا
خاکِ پائم از حُسینؓ و از حسنؓ معرفت گُشت است برمن انجُمن

و بمنزل فقر از بار گاہِ کبریا حکم شُد کہ تو عاشق مائی . ایں فقیر عرض نمود کہ عا جز را توفیقِ عشق حضرتِ کبریا نیست .باز فرمود ! کہ تو معشوقِ مائی . باز ایں عاجز ساکت ماند پر توءِ شُعاعِ حضرت کبریا بندہ را زرہ وار در ابحارِ استغراق مستغرق ساخت و فر مود ! تو عین ما ھستی وما عین تو ھستم . در حقیقت ، حقیقتِ مائی و در معرفت یار مائی و در ھو صیرورتِ سر یا ھو ھستی .

و صلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیرِ خلقہ سیدنا محمد وعلی الہ و اصحابہ و ذریاتہ و اھل بیتہ اجمعین ☆ برحمتک یا ارحم الراحمین ☆ آمین .

خودی کی جلوتوں میں مصطفائیؐ خودی کی خلوتوں میں کبریائی
زمین و آسمان و عرش و کرسی خودی کی زد میں ہے ساری خدائی

تلقینِ ذکر : حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی ؒ اپنے پیر و مرشد حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر ؒ سے نقل کرتے ہیں۔ کہ بعض مشائخِ عُظام جیسے کہ خواجہ فضیل عیاض ؒ اور خواجہ حسن بصری ؒ نے فرمایا ہے۔ کہ پیرِ طریقت پہلے اپنی ٹوپی مُریدِ صادق کے سر پر رکھے۔ پھر اس کے بعد تلقینِ ذِکر کرے۔ اور ذکر تین ہیں۔ (شروع میں اِن اذکار کو تین۔ تین سو مرتبہ پڑھا جائے۔ عشرے یا دوعشروں بعد ہر ذکر کو کم از کم ایک ہزار مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔ تاکہ قلب زندہ ہو جائے)

اوّل ۔ **لا الہ الا اللہ** ۔ دوئم ۔ **سُبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ و اللہ اکبر**۔ سوئم ۔ **یا حی یا قیوم**۔

اگر پہلا ذکر اختیار کیا جائے۔تو اس کا قاعدہ یہ ہے۔کہ نو مرتبہ **لا الہ الا اللہ** .کہے اور دسویں دفعہ **محمد رسول اللہ** (ﷺ) کہے۔ پھر اکیس مرتبہ **سُبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ و اللہ اکبر**. کہے۔بعد ازاں تیں مرتبہ **یا حی یا قیوم** کہے۔لیکن یہ سب اس طرح پڑھنا چاہیئے۔کہ حاضرین بھی سُنیں۔اور ذوق حاصل کریں۔لیکن ایسے چیخ کر نہیں۔کہ دوسروں کے گھروں تک آواز جائے۔

ہم آہ بھی بھرتے ہیں ، تو ہو جاتے ہیں بدنام — وہ قتل بھی کر دیں ، تو چرچا نہیں ہوتا

ذکر کی تعریف :

ذِکر کے معنی کسی کو یاد کرنے کے ہیں ۔۔۔ اذکار دراصل ذِکر کی جمع ہیں۔ ذِکر کے پانچ انداز یا طریقے ہیں۔

1۔ **ذکر اللسان لقلقۃ** یعنی ذِکر لسانی (زبان سے) 2۔ **ذکر القلب وسوسۃ** یعنی ذِکر قلبی (بخیال و تصور)
3۔ **ذکر الروح مُشاھدۃ** یعنی ذِکر روحی (مشاہدہ) 4۔ **ذکر السر مُعائنۃ** یعنی ذِکر سری (معائنہ)
5۔ **ذکر الخفی مُغائبۃ** یعنی ذِکر خفی (فنائیت)

1۔ **ذکر اللسان لقلقۃ** یعنی ذِکر لسانی (بزبانِ جسم) : جب کوئی عاشق دور رافتادہ اپنے معشوق مسافر کا زبانی ذکر کرتا ہے۔ تو اس کو ذکر لسانی کہتے ہیں۔

2۔ **ذکر القلب وسوسۃ** یعنی ذِکر قلبی (بخیال و تصور) : جب کوئی عاشق اپنے معشوق مسافر کے آنے کی خبر سن کر دل ہی دل میں سوچتا ہے۔ تو اسے ذکر قلبی یعنی وسوسہ کہتے ہیں۔

3۔ **ذکر الروح مُشاھدۃ** یعنی ذِکر روحی (بمشاہدہ) : جب کوئی عاشق اپنے معشوق مسافر کو قریب سے دیکھ لیتا ہے۔ تو اسے ذکر روحی یعنی مشاہدہ کہتے ہیں۔

4۔ **ذکر السر مُعائنۃ** یعنی ذِکر سری (بمعائنہ) : جب کوئی عاشق اپنے معشوق مسافر سے شرفِ کلام حاصل کرتا ہے۔ تو اسے ذکرِ سری یعنی معائنہ کہتے ہیں۔

5۔ **ذکر الخفی مُغائبۃ** یعنی ذِکر خفی (فنائیت) : کوئی عاشق اپنے معشوق مسافر کے وصال میں سب کی فراموشی اور اپنی فنا کا نام ذکرِ خفی یعنی مغائبہ ہے۔

دُعا : **اللھم انی اسئالک من فضلک و کرمک و رحمتک و مغفرتک۔ فانہ لا یملکھا الا انت۔**

اے اللہ عزوجل! مَیں آپ سے آپ کا فضل، کرم، رحمت اور مغفرت کا سوال کرتا ہوں۔ بے شک! آپ کے سوا اس کا کوئی (دوسرا) مالک نہیں۔

مسجد تو بنا دی شب بھر میں ، ایماں کی حرارت والوں نے — مَن اپنا پرانا پاپی ہے ، برسوں میں نمازی بن نہ سکا

اذکار و مشاغل اور مراقبات میں فوائد کا حصول : (روحانی حصار) :

اس ضمن میں مؤلف کتاب ہذا (**فقیر عبدالرؤف القادری**) قارئینِ کتاب کی خدمت میں عرض پرداز ہے۔ کہ! تعلیماتِ سرور یہ قادریہ (در سلسلہء **حضرت سلطان باہو** ؒ) میں ذِکر کے دو طریقوں کی وضاحت فرمائی ہے۔ ۱۔ ذِکر باللسان۔ ۲۔ ذِکر بالجنان۔

ذِکر باللسان : ذکر باللسان میں زبان سے ذکر کیا جاتا ہے۔ اور اِس ذِکر میں زبان و ہونٹ استعمال ہوتے ہیں۔

ذکر و اذکار، مشاغل و مراقبات میں وساوس و خیالات سے نجات حاصل کرنے کا مجرب المجرب طریقہ دراصل **حضرت سلطان باھو** ؒ سے منقول ہے۔جس کو **حضرت فقیر نور محمد سروری قادری** ؒ نے رفاہِ عام کے لئے عیاں فرما کر بڑی شرح و بسط سے اپنی تصانیف میں مزین فرما کر عوام النّاس کو اس کے بے حد و بے شمار فوائد و نتائج سے آگاہی عطا فرمائی۔ **جزاک اللہ بالخیر**۔

ذکر بالجنان : اور ذکر بالجنان میں قلب و تصور سے ذِکر کیا جاتا ہے۔جس قدر قوت تخیل اور تصور میں پختگی ہو گی۔ اُسی قدر ثمرات بھی لازماً منعقد ہوں گے۔ اور اِن دو طریقوں کو اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید فرقانِ حمید میں اس طرح ذِکر فرمایا ہے۔ **الم نجعل لہ عینین o و لسانا و شفتین o**

وھدینٰہ النجدین o (سورہ بلد، آیت نمبر 8 سے 10) ترجمہ: کیا ہم نے اس کی دو آنکھیں نہیں بنائیں۔ زبان اور ہونٹ نہیں بنائے۔ اور ہم نے اس کو دونوں راستے دکھا دیئے۔ (صاحبانِ سلسلہ سروری قادری فرماتے ہیں۔ کہ!) زبان اور ہونٹوں کا راستہ ظاہری ذِکر (ذِکر باللسان) کا ہے۔ اور دونوں انکھوں (چاہے وہ بند ہوں یا کھلی ہوں) سے ذِکر تصور وتفکر کے راستے کو ذِکر جنان تصور کیا گیا ہے۔ اسی لئے تو طالب کو تصور وتفکر کے راستے سے دیدار، مشاہدہ ومعائنہ نصیب ہوتا ہے۔ جملہ اذکار سے افضل واعلیٰ واکمل اتم اور جامع ترین ذکر دراصل انکھ کا ذکر ہی ہے۔ لہذا اِس عظیم سلسلہ عالیہ (سروری قادری) میں تصور اسم ذات (اللہ) باقی تمام اذکار واشغال کا اصل، مغز اور نچوڑ ہی ہے۔ اس کے علاوہ باقی ذکر کے طریقے ثانوی حیثیت کے حامل ہیں۔

چکنی، میٹھی، تیکھے مصالحہ جات والی اور کھٹی چیزیں کم سے کم استعمال کرنے، زیادہ تر تاریکی میں رہنے اور ہر وقت بحالت وضو رہنے کی وجہ سے بہت اچھے، گہرے اور زود اثر، اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ مراقبے، مشاغل اور اذکار ضربیہ میں عمل تنفس کی وجہ سے اثرات بہت جلد رونما ہوتے ہیں۔

ذکر واذکار کے ضمن میں **حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ** فرماتے ہیں۔ کہ! جو شخص بوقتِ ذکر اللہ تعالیٰ کے ذکر کو نہیں سن پاتا۔ اس کا ذکر (درحقیقت) ذکر نہیں ہوتا۔ کیونکہ! اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے۔ کہ! اگر تم مجھے یاد کرو گے۔ تو میں (بھی یقیناً) تمھیں یاد کروں گا۔ اور اللہ تعالیٰ کی یاد کے لئے سننا لازمی ہے۔ اور ظاہرٌ ا استماع ذکرِ حق کا مطلب دعوتِ حق جذبے کے طریقے سے حاصل کرنا ہے۔ **حضرت شیخ نجم الدین الکبریٰؒ** اس آیت (**فاذکرونی اذکرکم** ۔۔۔) کے دو معنی بیان فرماتے ہیں۔ کہ! اول تو یہ ہے۔ کہ! اگر تم مجھے یاد کرو گے۔ تو میں تمھیں یاد کروں گا۔ (بلکہ اللہ تعالیٰ تو اس سے کہیں بلند ترین ذات ہے۔ کہ) میں تمھارے ذکر سے بلند تر ذکر سے تمھیں یاد کروں گا۔ کیونکہ! اللہ تعالیٰ کے کئی مراتب ہیں۔

اول درجہ ''**مرتبہ نطقِ ظاہری**'' کا ہے۔ جس میں کہ الفاظ اور عبارت ہوتی ہے۔ نطق ظاہری کے دو درجات ہیں۔ بولنا اور سوچنا۔

جبکہ دوئم درجہ ''**مرتبہ نطقِ باطنی**'' کا ہے۔ نطقِ باطنی کا مفہوم ''ادراک'' ہے۔ اور ادراک کے کئی درجات ہیں۔ پہلا درجہ ''**ادراکِ ایمانی تصدیقی**'' کا ہے۔ اور یہ گویا کہ ذکر کی صورت ہے۔ جبکہ دوسرا درجہ ''**ادراکِ تصوری وجدانی**'' کا ہے۔ جو کہ جھوٹے خداؤں کے فنا ہونے کے بعد پیدا ہوتا ہے۔ اور اس کے بھی کئی درجے ہیں۔ (بہرحال) خداوندِ حقیقی سے قرب کے درجوں کے مطابق مالوفات اور مانوسات کے درجے ہیں۔ کیونکہ! جس قدر مالوفات (الفت) سے یکتائی ہوگی۔ تو بساطت اتنی ہی زیادہ ہوگی۔ اور حق سبحانہٗ تعالیٰ جو کہ بسیطِ حقیقی ہے۔ اس سے اتنی ہی قربت زیادہ ہوگی۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) اور جس قدر اللہ تعالیٰ سے قربت زیادہ ہوگی۔ اس کی معرفت وعرفان اتنا ہی زیادہ، وسیع اور صحیح ہوگا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)

آیت (**فاذکرونی اذکرکم** ۔۔۔ کا مفہوم : اے میرے تخلیق کردہ بندو! جب تم مجھے قولاً وفعلاً یاد کرو گے۔ تو میں تمھیں ایسے عطیے سے یاد کروں گا۔ جو کہ اس کے مناسب ہوگا۔ حضرت شیخ نجم الدین الکبریٰؒ مزید فرماتے ہیں۔ کہ! ذکرِ خداوندی کے بیان کو ہم ایک اور طریقے سے بھی ادا کر سکتے ہیں۔ مثلاً ذکر خداوندی سے مراد ایک روح کے پرندے کو اپنے جذب سے بلانا ہے۔ جیسے کہ ایک شکاری کسی بھوکے جانور کو کوئی چیز مثل خوراک دکھا کر اپنی جانب بلاتا ہے۔ جو بھی ذکر اس خوبی سے خالی ہوگا۔ اس ذکر کا کوئی اعتبار نہیں۔ بلاشبہ وہ مقبولیت کے زیور سے معرا ہوگا۔

ایک ذِکر سے دوسرے ذِکر کی طرف منتقلی :

جب ایک ذِکر سے دوسرے ذِکر کی طرف منتقلی مقصود ہو تو صاحب ذِکر کو چاہیئے کہ! یہ اوراد پڑھے۔

☆ **اللھم انی اعو ذبک من ان اشرک بک شیئا و انا اعلم بہ و استغفر ک لما لا اعلم بہ تبت عنہ و اقول لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** ﷺ۔ تین مرتبہ۔ ☆ **استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم غفا ر الذنوب ستار العیوب واتوب الیہ و اسئا لہ التو بۃ . انک انت الغفو ر الر حیم** ۔ اکیس مرتبہ۔ ☆ **اللھم صل و سلم علیٰ سیدنا محمد قد ضاقت حیلتی ادر کنی یا رسول اللہ یاحبیب اللہ یا نبی اللہ یا رحمۃ اللعا لمین** ﷺ . گیارہ مرتبہ (یا طاق مرتبہ)۔

☆ **بسم اللہ الر حمٰن الر حیمo لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** ﷺ سات مرتبہ۔

جب ذکر سے تھک جائے۔ تو تھوڑی دیر خاموش ہو کر ''متوجہ الی اللہ تعالیٰ'' ہو جائے۔ پھر ذکر ''الا اللہ'' کا اس قدر تکرار کرے۔ کہ دوبارہ تھک جائے۔ پھر خاموش اور متواضع ومتوجہ ہو کر بیٹھ جائے۔ پھر دَم لے کر ''ذکر اللہ'' میں ایسا مشغول ہو کہ محویت واستغراق کی حد درجہ کیفیت طاری ہو جائے۔

اوراد و وظائف، اذکار و افکاریا مشاغل و مراقبات سے قبل کے مبادیات :

کوئی سالک چاہے ذکر میں ہو، شغل میں، مراقبہ میں ہو یا کسی بھی عبادت میں ہو۔ بسیار میں ہو یا تنہائی میں ہو۔ ہمہ وقت اسی تصور وتخیل میں رہے۔ کہ! ''**اللہ تعالیٰ**'' یہاں پر حاضر وموجود ہے۔ اور وہی ہر امر کا حقیقی اور واحد کارساز ہے۔ اور مَیں بندہ ناچیز محتاج اسی ذات وحدہٗ لاشریک کے حضور میں ہوں۔ وہ مجھے دیکھ رہا ہے۔ سن رہا ہے۔ میرے ہر، ہر قول وفعل، تصور وتخیل، ارادے ونیت سے سو فیصدی واقف ہے۔ جب یہ تصور وتخیل خوب پختہ ہو جائے گا۔ تو سالک میں تقویٰ (پرہیز۔ اللہ تعالیٰ کا حقیقی ڈر وخوف) پیدا ہو جائے گا۔ اور سالک ہر صغیرہ وکبیرہ گناہ سے بچنا شورع ہو جائے گا۔ تو اُس وقت سالک کا ہر ذکر، شغل ومرقبہ اور عبادت میں خوب خشوع وخضوع پیدا ہو جاتا ہے۔ اور وہ راضی برضا، متوکل علی اللہ، متقی اور اللہ تعالیٰ کے ماسوا ہر ایک سے لایحتاج وبے نیاز ہو جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے اُسے من جانب رب یزداں دینی ودنیوی

فوائد وثمرات ملنا شروع ہو جاتے ہیں۔اور اُسے فتوحات حاصل ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔اور اُس کے ہر قول ع فعل اور اذکار و مشاغل اور عبادات وریاضات میں عجیب سی لذت اور بے شمار خیر و برکت پیدا ہو جاتی ہے۔ وما توفیقی الا باللہ۔

حصار قبل اذکار :جب کوئی شخص تصور اسم ذات کے لئے،لطائف وقلب جاری کرنے کے لئے،ذکرواذکار یا مشاغل ومراقبات کے لئے بیٹھتا ہے۔تو دل میں نفسانی وشہوانی خواہشات،غیر خیالات،دنیاوی تفکرات،ذہنی خلفشار،نامساعد حالات وواقعات،ظاہری و باطنی وساوس اور شیطانی خیالات کا راستہ بند کرے اور اذکار و مشاغل اور مراقبات سے پوری طرح مستفید ہونے کے لئے اگر اپنے اوپر ذیل کا حصار کر لیا جائے۔تو فیوض و برکات کے باب کھل جائیں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔حصار کے لئے درج ذیل اوراد و وظائف سے کام لیا جاتا ہے۔(لہذا) بوقت تصور اسم ذات ''**اللہ**'' سے بھرپور طریقے سے مستفید ومتفع ہونے کا یہ طریقہ انتہائی بے مثال ہے۔کہ! صاحب تصور اسم ذات ''**اللہ**'' کو چاہیے۔کہ باوضو پاک صاف کپڑے پہن کر پاک جگہ میں تنہا آلتی پالتی مار کر مربع ہو کر قبلہ رُخ ہو بیٹھے۔اور دل کو تمام غیر خیالات دنیوی تفکرات و ماسویٰ خیالات سے خالی اور فارغ کر دے۔اور ظاہری و ساوس شیطانی وخطرات نفسانی کا راستہ بند کرنے کے لئے اپنے اوپر ذیل کا حصار کر لے۔یعنی کہ!

- ☆ **اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ** — **7 مرتبہ۔**
- ☆ **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔** — **19 مرتبہ۔**
- ☆ **درود وسلام معہ تسمیہ ۔** — **3 مرتبہ۔**
- ☆ **سورۃ فاتحہ معہ تسمیہ ۔** — **3 مرتبہ۔**
- ☆ **آیت الکرسی معہ تسمیہ ۔** — **3 مرتبہ۔**
- ☆ **آخر سورۃ بقرۃ معہ تسمیہ ۔** (**اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَا** ۔۔۔۔۔۔ تا آخر) — **3 مرتبہ۔**
- ☆ **آخر سورۃ مومنون معہ تسمیہ ۔** (**اَفَحَسِبْتُمْ اِنَّمَا** ۔۔۔۔ تا آخر) — **3 مرتبہ۔**
- ☆ **سورۃ کافرون معہ تسمیہ ۔** — **3 مرتبہ۔**
- ☆ **سورۃ اخلاص معہ تسمیہ ۔** — **3 مرتبہ۔**
- ☆ **سورۃفلق معہ تسمیہ ۔** — **3 مرتبہ۔**
- ☆ **سورۃ والناس معہ تسمیہ ۔** — **3 مرتبہ۔**
- ☆ **درود و سلام معہ تسمیہ ۔** — **3 مرتبہ۔**
- ☆ **کلمہ تمجید معہ تسمیہ ۔** — **3 مرتبہ**
- ☆ **کلمہ توحید مع تسمیہ** (وہ حصہ جو تسبیح فاطمہؓ میں نماز فجر وعصر کے (فرائض) کے بعد پڑھا جاتا ہے) — **3 مرتبہ**
- ☆ **کلمہ طیبہ** (شروع میں صرف ایک بار تسمیہ) — **3 مرتبہ**
- ☆ **استغفار** (شروع میں صرف ایک بار تسمیہ) — **3 مرتبہ**
- ☆ **سلٰم قف قولا من رب رحیم** (شروع میں صرف ایک بار تسمیہ) — **3 مرتبہ**
- ☆ **واللہ المستعان علی ماتصفون** (شروع میں صرف ایک بار تسمیہ) — **3 مرتبہ**

اِن تمام اوراد و وظائف میں سے ہر ایک کو انفرادی طور پر **3-3** بار پڑھ کر سینے پر دم کرتے رہنا ہے۔اور دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام چہرے پر پھیرتے رہنا ہے۔اور اس کے بعد تمام بدن پر پھیر دیں۔تا کہ کلی فوائد حاصل ہو سکیں۔ان شاءاللہ العظیم۔

انداز جنوں کون سا ہم میں نہیں اے قیس پر تیری طرح عشق کو رسوا نہیں کرتے

نشست اور ذِکر کا عظیم النفع اور کثیر البرکۃ طریقہء کار :

اِسی طریقہء کار کو خوب سمجھنا چاہیئے۔جیسا کہ اگلے بزرگوں اور مشائخ نے بتایا ہے۔کہ پالتی مار کر بیٹھے۔اور بند کیماس کو بائیں پاؤں کے انگوٹھے سے مضبوط پکڑے۔اور دونوں ہاتھ دونوں زانوؤں پر اس طرح رکھے۔کہ انگلیاں کھلی رہیں۔تا کہ اِن سے اللہ تعالیٰ کا **نقش** ظاہر ہو سکے۔(لہذا) سر کو بائیں زانو کی طرف اِتنا جھکائے۔کہ داڑھی خنصر قدم (پاؤں کی چھنگلیاں) تک پہنچ جائے۔اور یہیں سے ذکر''**لاالہ الااللہ**'' کا آغاز کرے۔پھر زانوئے راست کی طرف سر لا کر سیدھے شانے کی طرف لے جائے۔تا کہ سر اور کمر برابر ہو جائیں۔اور ذرا سر دائیں شانے سے پشت کی طرف مائل کرے۔اور وہاں تیراندازوں کی طرح واپسی پر جیسے''**لاالہ الااللہ**'' کی آواز اوپر کی جانب گئی تھی۔اسی طرح نیچے کی طرف لے آئے۔معلوم ہونا چاہیئے۔کہ! جو مقدار نفی ہے۔وہی مقدار اثبات ہے۔جب''لا الہ'' کہے۔تو نفی اور بطلانِ غیر کا تصور وتخیل کرے۔اور جب''الا اللہ'' کی ضرب لگائے۔تو واجب الوجود کو ثابت جانے۔جب اسی طرح سے ذِکر کرتا رہے گا۔اور وجودِ اعیان کی نفی کرے گا۔اور عین کو ثابت جانے گا۔اور جب یہ فکر قرار پائے۔تو مسلسل''**لاالہ الااللہ**'' کہے۔تا کہ سالک بے خود

ہو جائے۔اور جب جدائی پیدا ہوے۔تو بے اختیار بخت بیدار ہوگا۔اور ارادتِ باطن حاصل ہوگی۔(ان شاءاللہ) جب دس پندرہ یا بیس مرتبہ کہہ چکے۔تو تصور میں ''محمد رسول اللہ ﷺ'' (لازمی) کہے۔کیونکہ! اگر خطرہء محل دیگر میں چلا جاتا ہے۔تو واپس آ جاتا ہے۔

جلسہ وقاعدہ دردو(02) ضرب اس طرح سے کرے۔کہ! پہلے ایک ضرب دائیں زانو پر اور ایک ضرب دونوں زانوؤں کے درمیان لگائے۔اور پے در پے یہی مشق جاری رکھے۔تاکہ فناء فی اللہ حاصل ہو جائے۔پہلی ضرب مدوِّر ''لا الہ اللہ'' اور دوسری ضرب ''الا اللہ'' کی لگائے۔ جب سالک وطالبِ صادق ذکرِ جہری سے تھک جائے۔تو پھر ذِکر'' **لا الہ الا اللہ**'' خفیہ کرے۔جسے بزرگ ''پاس انفاس'' کہتے ہیں۔ذِکر پاس انفاس کا طریقہ یہ ہے۔کہ!

جب سانس باہر آئے۔تو ''لا الہ'' کہے۔اور جب سانس لے۔تو ''الا اللہ'' کہے۔(یاد رہے۔کہ) سانس باہر جاتے وقت مقعد ومعدہ اوپر کی جانب کھینچے۔اور پیٹ کو پیٹھ کی طرف لے جا کر آندھی کی طرح تیزی سے ''لا الہ'' کہے۔تاکہ قلب میں حرارت پیدا ہو۔اور ماسوای اللہ جل کر خاکستر ہو جائے۔اور جب سانس اندر جائے۔تو اس کے ساتھ ''الا اللہ'' کہے۔اور اندرونی سانس کو ''الا اللہ'' کے ساتھ کھینچے۔تاکہ پیٹ پھول جائے۔اور سختی حاصل ہو۔اگر اس طرح تو سالک کو بہت نفع اور فائدہ حاصل ہوگا۔(ان شاءاللہ) دوسری بات یہ ہے۔کہ! جب ''لا الہ'' سانس کی قید میں ثقیل معلوم ہو۔تو سانس نکالتے وقت لا الہ کے بجائے ''ہا'' کہے۔اور سانس لیتے وقت الا اللہ کے بجائے ''ہو'' کہے۔کیونکہ! یاد رہے۔کہ! ذِکروں میں ''ہُوْ'' سرِّی عظیم ہے۔اور نشانِ تعین ولاتعین ہے۔(بہرحال) یہ حال وکیفیت عمل ومشق سے ہی ظاہر ہوں گے۔

بر زُبانِ تسبیح و در دل گاؤخر   ایں چنیں تسبیح کے دارد اثر

جب سالک ''نفی اثبات'' سے گزر جائے۔تو اُسے چاہیئے۔کہ! ذِکر اثبات میں مشغول ہو۔اور ہر طرف اثبات کرے۔کہ! **لمن الواحد املک للہ الواحد القھار** کل قیامت میں سماعت کرے گا۔اور اسی ذکر کی اتنی مداومت کرے۔کہ جلد ہی بغیر کان لگائے اسی ذکر کو خود سن سکے۔۔۔ بہرحال! جب سالک ذکر اثبات سے گزر جائے۔تو ذکر اسمِ ذاتی میں مشغول ومنہمک ہو۔اور دیوانہ وار ''اللہ اللہ'' کہے۔جیسے کہ وحی سے قبل بآوازِ بلند آنحضرت نبی مکرم ﷺ کیا کرتے تھے۔

اے عزیزِ من! تُو تو تمام بشریت ہی ہے۔ایسی کوشش کر۔اور عمل کر۔کہ تجھ سے آثارِ بشریت مرتفع ہو جائیں۔اور تُو متصف بصفات اللہ ہو جائے۔اور تجھے ''**تخلقوا با خلاق اللہ**'' کا نتیجہ (یعنی درجہ ومقام ومرتبہ) حاصل ہو۔طریقہ یہ ہے۔کہ! روقبلہ بیٹھے۔دائیں شانے سے بائیں شانے تک سر کو گھماتا ہوا لائے۔اور اسمِ ذات ''اللہ'' شدت وسرعت سے کہے۔اور ہر مرتبہ اسمِ ذات ''اللہ'' اسمائے حسنٰی میں سے ایک ایک اسم کے ساتھ متصف ہوتا جائے۔اس طریقہ سے کہ!   **اہ ماہ ق اہ س**۔۔۔ الیٰ اخرہ۔

جب سالک اس سے بھی آگے بڑھے۔تو وہ اراکینِ ثمانیہ میں مشغول ہو۔کیونکہ! یہ ذِکرِ قلب کی کلید ہے۔جبکہ دیگر کوئی ذِکر معہ ریاضتِ کاملہ کے ایک برس تک بھی کر لیا ہو۔اگر اس کی کوشش صدق واخلاص کے ساتھ کرے۔تو سال بھر کے ذکر کے فتح باب کے برابر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی (اِن شاءاللہ) بلکہ اس سے بھی زیادہ۔کیونکہ! یہ وہی ذکر ہے۔جو حضرت ضعرف صادقؓ نے حضرت بایزید بسطامیؒ کو عطا کیا تھا۔جب کوئی رکن ارکان میں سے بغیر تصور وتصدیق جاری ہو تو ''**ثبات ولا یفتح بہ ایں تفصیل برزخِ صُغریٰ و کبریٰ و ذات و صفات و شد و مد و تحت و فوق و ملاحظہء**'' مذکورین ایک ایک میں تصور کرے۔تاکہ ایک ہو جائے۔اور اس کو ایسی قوت جانے۔اور اتنی سختی کرے۔کہ اِن میں سے کوئی ایک بھی نہ رہے۔ہویت خالص ہو جائے۔جب اس مقام سے تنزل کرے۔تو ایک دَم عالمِ سفلی میں جا کر نہ گرے۔بلکہ ''احدیت الجمع'' میں جا پہنچے۔اور ذات وصفات کی تجلی ہو۔سوئی کان کو اپنے فعل سے بنائے۔طریقِ ذِکر اِن حروف سے منسوب ہے۔ب اص ت م م ف۔(بقولِ شاعر)

برزخ ذات و صفات و شد و مد و تحت و فوق   می نماید طالباں را کل نفس ذوق و شوق

اذکار کا دارو مدار، مقامات و مختصر تفصیلات:

چونکہ انسانی دل گنجینہء اسرارِ الٰہی اور خزینہء انوارِ لامتناہی ہے۔اور پردہ ہائے ظاہری و باطنی میں مستور ومحجوب ہے۔پردہ ہائے باطنی قولِ نبی مکرم ﷺ سے واضح طور پر ظاہر ہیں۔چنانچہ آپ ﷺ نے فرمایا۔کہ! **ان فی جسد ابن مضغة و فی المضغة فؤ اد و فی الفؤاد ضمیر و فی الضمیر سر و فی السر اَنَا** ۔ پردہ ہائے ظاہری و پردہ ہائے باطنی پر آویختہ ہیں۔اور انسانی دل دونوں پستان کے درمیان بائیں جانب کو جھکا ہوا ہے۔جبکہ اس پر چربی کے پردے پڑے ہوئے ہیں۔ان پردوں کے علاوہ مزید تین اور پردے بھی حائل ہیں۔کہ اس کو اپنی جگہ سے ملنے نہیں دیتے۔

ذِکر سے پہلے کے مبادیات: ایک تنگ وتاریک جگہ میں تنہا سیدھی پشت کر کے قبلہ کی جانب منہ کر کے بیٹھ جائے۔اور دونوں آنکھیں بند کر کے نہایت خشوع وخضوع کے ساتھ یادِ الٰہی میں ایسا مشغول ومصروف ہو۔کہ! اذکار کی گرمی ذاکر کے تمام گوشت وپوست، خون واستخوان اور رگ وپے میں نفوذ پذیر ہو کر اپنا بھرپور اثر کر جائے۔تو اِس وقت ذاکر کی تیسری آنکھ کھلنے کی وجہ سے مخفی انوارات ومکاشفات اور مختلف الاقسام اسرار ورموز ظاہر ہوتے ہیں۔جن سے کہ حجابِ قلبی

بھی رفع ہو جاتا ہے۔ کیونکہ محض زبانی شور وغُل سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ بہر حال اِن اذکار کو بالترتیب سات طریقوں یا انداز میں بھی کیا اور پہچانا جاتا ہے۔

وہ سجدہ ، جس سے روحِ زمیں کانپ جاتی ہے　　اسی کو آج ترستے ہیں منبر و محراب

1۔ ذِکر لسانی در عالم ناسوت :

ذِکر لسانی کی سند **زبان** سے کلمہ طیبہ **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** (ﷺ) کہنا ہے۔ کیونکہ ! اِسی ظاہری شرع شریف پر اس ذِکر کا کامل دارومدار **شریعت** پر ہے۔ اور ویسے بھی اِس اُمت کا سب سے عظیم ترین تُحفہ بھی یہی کلمہ طیبہ ہی ہے۔ اس ذِکر کا کامل دارومدار **دخولِ اسلام** پر ہے۔ یعنی ایک عام بندہءِ خدا زبان سے کلمہ پڑھے۔ اور دل میں اس کلمہ کو من وعن اقرار کرے۔ کیونکہ ! یہی پہلا زینہءِ ''**شریعت**'' ہے۔ جس کے بعد ایک عام انسان بفضلِ الٰہی مسلمان ہو جاتا ہے۔ سالک کو چاہیئے ۔ کہ! ذکرِ زبانی ناسوتی '' **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** '' میں ایسا محو ومشغول ہو۔ کہ سالک کی زبان پر ہر لمحہ بحالت بیداری اس ذکر کے علاوہ کوئی دوسرا ذکر نہ ہو۔ تاکہ وہ ترقی کر کے ذکرِ قلبی ملکوتی میں جا سکے۔ اسی ذکر کے مسلسل کرنے سے نفسِ امارہ سے جان چھوٹ جاتی ہے۔ اور بندہءِ خدا سیر الی اللہ حاصل کر لیتا ہے۔

بعض اہلِ طریقت نے اپنی تحقیق وجستجو کے لئے تجربات بھی کئے ہیں۔ اگر کوئی شخص اسرارِ الٰہی اور تجلیاتِ انوارِ لا متناہی کا معائنہ ومشاہدہ کرنا چاہے۔ تو چاہیئے ۔ کہ! سالک معرفتِ الٰہیہ ابتدائے ایام میں صبح وشام ، دن ورات اس قدر ذِکرِ الٰہی (ذِکر اللہ لسانی) میں محو ومشغول اور مگن ہو جائے ۔ کہ ذِکر کی کثرت کی وجہ سے رقت طاری ہو کر باطن میں آگ سی لگ جائے ۔ اور اس کی حرارت سے جملہ حجابات ہٹ جائیں گے۔ جس سے **دل مدور ، دل عبرت ، دل صنوبری** اور **دل نیلوفری** (چاروں قلوب بالکل) یکساں ہو جائیں گے۔ جس کے بعد اسرارِ علوی یک رنگ ظاہر ہوں گے۔ اور مشاہدہ ومکاشفہ اور تلوین وتمکین نہایت لذت ومزے کے ساتھ حاصل ہوں گے۔ یاد رہے ۔ کہ! جب تک دل اپنی جگہ پر نہ آئے ۔ ذِکرِ الٰہی برابر کرتے رہیں۔ جونہی کچھ رمق وحرکت بائیں طرف سے غائب ہوا اور سینہ کے نیچے ناف سے کچھ اوپر ظاہر ہو۔ تو سمجھ لیں ۔ کہ! دل اپنی جگہ پر پہنچ گیا ہے۔ اس حال میں ذاکر کا دل ہر حال میں ذاکر ہو گا۔ سالک چاہے سو رہا ہو یا جاگ رہا ہو۔ خواہ خاموش ہو یا محوِ کلام ہو۔ ہر وقت اس کا ذکر جاری وساری رہے گا۔ ایسا سالک کسی بھی وقت غافل نہ رہے گا۔ بلکہ ہر وقت ذکر کرتا رہے گا۔ وقت بے وقت اپنے حق سے ہوشیار رہے گا۔ ذِکرِ جہری کی انتہا یہیں تک ہے۔

تیری زندگی اسی سے ، تیری آبرو اسی سے　　ضو رہی **خودی** تو شاہی ، نہ رہی تو رُوسیاہی

2۔ ذِکرِقلبی در عالم ملکوت :

ذِکر **قلب** کی سند **دِل** سے کلمہ **لا الہ الا اللہ** کہنا ہے۔ کیونکہ! اس ذِکر کا کامل دارومدار **طریقت** پر ہے۔

سالک جب ذکرِزبانی ناسوتی سے ترقی کر کے مقامِ قلب پر آتا ہے۔ تو اس کا ذکر بافکر یعنی ذکرِقلبی ملکوتی ''**لا الہ الا اللہ** '' ہو جاتا ہے۔ چنانچہ پہلے بھی بیان کیا جا چکا ہے۔ کہ! اِس ذکر میں سالک کو ایسا مشغول ومحو ہو جانا چاہیئے ۔ کہ! ''لا الہ'' کی نفی ہو جائے۔ اور اثبات ''الا اللہ'' کے سوا کچھ بھی نہ رہے۔ بہر حال اسی ذکر کی مسلسل تکرار سے بندہءِ خدا کی نفسِ لوامہ سے جان چھوٹ جاتی ہے۔ اور اسے سیر اللہ حاصل ہو جاتی ہے۔

ذِکرِ جہری کی انتہا سے آگے ذِکرِقلبی کا آغاز ہوتا ہے۔ جب عنایتِ الٰہی اور ہدایتِ مرشد سے اس مقام پر کوئی سالک پہنچتا ہے۔ تو اسے چاہیئے ۔ کہ! اپنا کام معائنہ سے کرے۔ کیونکہ! **والمعائنۃ رؤیۃ اللہ تعالیٰ بلا حجاب** ۔ ذِکرِقلبی کا طریق حضرت علی المرتضیٰؓ کو آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے سکھایا تھا۔ حضرت علی شیر خداؓ سے منقول ہے۔ کہ! آپؓ نے اپنا تعشق اور محبتِ الٰہی جناب آنحضرت نبی کریم ﷺ سے بیان کرتے ہوئے عرض کیا۔ کہ! مجھے راستہ بتایئے ۔ چنانچہ ایک حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے۔ کہ! حضرت علیؓ نے آنحضرت نبی مکرم ﷺ سے عرض کیا۔ (کہ!) یا رسول اللہ ﷺ ! مجھے اللہ تعالیٰ سے ملنے کا آسان اور افضل راستہ بتلایئے ۔ (تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔ اے علیؓ! ہمیشہ خلوت میں اللہ تعالیٰ کا ذِکر کیا کریں۔ (تو) حضرت علی المرتضیٰؓ نے عرض کیا۔ کیسے ؟ آپ ﷺ نے فرمایا۔ دونوں آنکھیں بند کر کے بیٹھیں۔ اور مجھ سے سنیں۔ پھر آپ ﷺ نے تین مرتبہ ''لا الہ الا اللہ '' فرمایا۔ اور حضرت علیؓ نے سُنا۔ پھر حضرت علیؓ نے (بھی) تین مرتبہ (لا الہ الا اللہ) کہا۔ اور آپ ﷺ نے سُنا۔ (یاد رہے۔ کہ!) اہلِ طریقت حضرات ذِکرِقلبی کی سند اسی حدیث اور واقعے سے لیتے ہیں۔

3۔ ذِکر روحی در عالم جبروت:

ذِکر **روح** کی سند **مشاھدہ** سے کلمہ **الا اللہ** کہنا ہے۔ کیونکہ! اس ذِکر کا کامل دارومدار **معرفت** پر ہے۔

سالک جب ذکرِقلبی ملکوتی سے ترقی کر کے روح (لطیفہءِ روح) پر آتا ہے۔ تو اس کا ذکر بافکر یعنی ذکر روحی جبروتی ''**الا اللہ**'' ہو جاتا ہے۔ سالک کو چاہیئے ۔ کہ! دل میں اپنی ذات وصفات کو حق تعالیٰ کی ذات وصفات سے ربط دے کر اس ذکر میں ایسا محو ومشغول ہو۔ کہ! استثناء ''الا'' کی نفی ہو جائے۔ اور صرف اثبات میں ''اللہ'' باقی رہ جائے۔ اگر سالک اس مقام تک آ جائے۔ تو اس کی نفس ملہمہ سے جان چھوٹ جاتی ہے۔ اور اسے سیر علی اللہ حاصل ہو جاتی ہے۔

شغل روحی: آنکھیں بند کر کے زبان کو تالو سے لگا کر قلب کو غیر اللہ سے قطعًا خالی کر دے۔ کسی قدر عرصے کے بعد

حقیقتِ بے نشانی وگم گشتگی طاری وساری ہو جاتی ہے ۔ جس کے بیانِ لذت ومزہ سے زبان عاجز وقاصر ہے ۔

دُنیا کی محفلوں سے اُکتا گیا ہوں یارب! کیا لطف انجمن کا ، جب دل ہی بجھ گیا ہو

4۔ ذِکرسری در عالم لاھوت :

ذِکر سر کی سند **معائنہ** سے اسمِ ذات **اللہ** کہنا ہے ۔ کیونکہ! اس ذِکر کا کامل دارومدار **حقیقت** پر ہے ۔

سالک جب ذکر روحی جبروتی سے ترقی کر کے سر (لطیفہ ءسر) پر آتا ہے ۔ تو اس کا ذکر بافکر یعنی ذکر سری لاہوتی اسمِ ذات '' **اللــــــہ** '' ہو جاتا ہے ۔ جب سالک کو یہ مقام حاصل ہوا ۔ تو وہ خطرہ روحی جبروتی سے نکل کر مرتبہءروح کو طے کر کے مرتبہءسر میں پہنچتا ہے ۔ ذکر اسمِ ذات ''اللہ'' جامع جمیع صفات ہے ۔ بہرحال! اگر سالک اس مقام تک بھی پہنچ جائے ۔ تو اس کو نفسِ مطمئنہ حاصل ہو جاتا ہے ۔ اور اسے سیر مع اللہ حاصل ہو جاتی ہے ۔

5۔ ذِکر خفی در عالم یاھوت :

ذِکر **خفی** کی سند **مغائبہ** سے اسم **للہ** کہنا ہے ۔ کیونکہ! اس ذِکر کا کامل دارومدار **مقام منتھٰی** پر ہے ۔

سالک جب ذکر سری لاہوتی سے ترقی کر کے یہاں پر آتا ہے ۔ تو اس کا ذکر بافکر یعنی ذکر خفی یاہوتی ''**لــلــــہ**'' ہو جاتا ہے ۔ اگر سالک اس مقام پر بھی پہنچ جائے ۔ تو اس کو نفسِ راضیہ حاصل ہو جاتا ہے ۔ اور اسے سیر فی اللہ حاصل ہوتی ہے ۔ یہاں سے سالک سے کشف کا ظہور ہونا شروع ہو جاتا ہے ۔ سالک کو چاہیئے ۔ کہ حتی الامکان کشف سے خود کو بچائے ۔ اور ایسے رہے ۔ جیسے ایک عام انسان ۔

کبھی رک گئے ،کبھی چل دئے ،کبھی چلتے چلتے بھٹک گئے یوں ہی عمرساری گزار دی ، یوں ہی زندگی کے ستم سہے

6۔ ذِکر اِخفی در عالم یوھوت :

ذِکر **اِخفی** کی سند **مغائبہ** سے اسم **لہ** کہنا ہے ۔ کیونکہ! اس ذِکر کا کامل دارومدار **بازِ شریعت** پر ہے ۔

سالک جب ذکر خفی یاہوتی سے ترقی کر کے یہاں پر آتا ہے ۔ تو اس کا ذکر بافکر یعنی ذکر اِخفی یوہوتی ''**لــہ**'' ہو جاتا ہے ۔ اگر سالک اس مقام پر بھی پہنچ جائے ۔ تو اس کو نفسِ مرضیہ حاصل ہو جاتا ہے ۔ اور اسے سیر عن اللہ حاصل ہوتی ہے ۔ یہاں سے سالک سے کشف اور کرامات کا ظہور ہونا شروع ہو جاتا ہے ۔ سالک کو چاہیئے ۔ کہ حتی الامکان کشف وکرامات سے خود کو بچائے ۔ کیونکہ! شیاطین اس پر اس زور سے حملہ آور ہو کر اسے کرامات وخوارق کی طرف مجبور کرتے ہیں ۔ تاکہ اس کو دوبارہ تکبر کی طرف لاسکیں ۔

7۔ ذِکر سلطانُ الاذکار در عالم ھویت :

ذِکر **سلطان الاذکار** کی سند **مغائبہ** سے اسم ھ **(ھو)** کہنا ہے ۔ کیونکہ! اس ذِکر کا کامل دارومدار **مقام جمع الجمع** پر ہے ۔

سالک جب ذکر اِخفی یوھوتی سے ترقی کر کے یہاں پر آتا ہے ۔ تو اس کا ذکر بافکر یعنی ذکر اِخفی یوھوتی ''**ھــــو**'' ہو جاتا ہے ۔ اگر سالک اس مقام پر کسی طرح سے پہنچ جائے ۔ تو اس کو نفسِ کاملہ حاصل ہو جاتا ہے ۔ اور اسے سیر باللہ حاصل ہوتی ہے ۔ یہاں پر سالک سے حجابات دور ہو جاتے ہیں ۔ اور وہ فرش تا عرش اور لوحِ محفوظ تک دیکھنے کے قابل ہو جاتا ہے ۔

یعنی اسمِ ذات ''اللہ'' میں جو حرف ''الف'' اور ''لام'' ہے ۔ یہ افعال واسمائے ذات کی طرف اشارے ہیں ۔ اور آخری حرف ''ہ'' صرف ذات کی طرف اشارہ ہے ۔ لہذا سالک کو چاہیئے ۔ کہ! اس ذکر ''**ھــــو**'' میں اس قدر محو ومشغول ہو جائے ۔ کہ! اسمِ ذات ''اللہ'' میں پہلے تین حروف (الف ۔ لام ۔ لام) کی نفی کر کے ''ہ'' یعنی اسم ''ھو'' کو کرنے سے ذاکر خود بھی ذکر ہو جاتا ہے ۔ (اسم ھو اور کیفیتِ **ھــو** کا تفصیلی ذکر اگلے باب میں '' **حقیقتِ صوتِ ھو** '' کے عنوان سے دیا گیا ہے) یاد رہے ۔ کہ! اِن ساتوں اذکار وعوالم میں سلاسلِ طریقت کے مابین کچھ نہ کچھ تضاد واختلاف پایا جاتا ہے ۔

حقیقی ایثار :

حضرت بایزید بسطامیؒ یہ دُعا فرماتے ہیں ۔ اے اللہ ! میرا وجود اتنا بڑا بنا دے ۔ کہ! دوزخ میں صِرف میرا ہی وجود سما سکے ۔ تاکہ اس میں کسی اور کا وجود ہی نہ سما سکے ۔ (اور جملہ انسان جنت میں چلے جائیں)

تم میرے پاس ہوتے ہو گویا جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

(بقول شیخ سعدیؒ !) میرے پیرومرشد حضرت سیدنا شیخ الشیوخ شیخ شہاب الدین سہروردیؒ ایک رات دوزخ کے خوف سے نہیں سوئے ۔ اور صبح کے وقت مَیں نے سنا ۔ کہ! وہ دعا فرمارہے ہیں ۔ کہ! اے اللہ کیا اچھا ہوتا ۔ کہ دوزخ میرے وجود سے بھر دی جاتی ۔ تاکہ دوسروں کی رہائی ہو جاتی ۔

جنابِ سید سرفراز احمد شاہ صاحب (دَرکتاب **بـمـطـا بق عرضِ فقیر**)! علمِ روحانیت کے مطابق! جمعہ کا دن عصر اور مغرب کے درمیان شروع ہو جاتا ہے ۔ یہ وہ وقت ہے ۔ کہ! جب اکثر وبیشتر صاحبِ مزار وہاں آپ کو مل جائیں گے ۔ اور اسی طرح سے حضرت شیخ شرف الحق والدین احمد یحیی منیریؒ اپنے **مکتوبات صدی** میں مکتوب نمبر **21** کے تحت فرماتے ہیں ۔ کہ زیارت کے لئے بہترین اور افضل تین دن ہیں ۔ دوشنبہ (سوموار)، پنجشنبہ (جمعرات) اور جمعۃ المبارک ۔ بعد ادائیگی نماز جمعہ ۔

ذکر کلمہ طیبہ کے وِرد کا ایک عجیب و پر تاثیر طریقہ :

حضرت پیر سید وارث علی شاہ جیلانی قادریؒ فرماتے ہیں ۔کہ! اربعہ سلاسل قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ اور نقشبندیہ میں اللہ تعالیٰ تک رسائی کے لئے مراقبہ میں ''کلمہ طیبہ'' (**لا الہ الا اللہ**) کے ذکر کو خاص اہمیت حاصل ہے۔اس (ذکر) کے بغیر تصوف ومعرفت اور عرفانِ الٰہی کی کوئی منزل بھی طے نہیں ہوسکتی ۔ یہ ذکر اصل الاصول اور اساس و بنیاد ہے۔جس کا آسان اور سہل طریقہ یہ ہے۔کہ!

باوضو قبلہ رخ چارزانو بیٹھ کر دل پر اسمِ ذات''**اللہ**'' لکھا ہوا تصور کرے۔اور ''**لا**'' کو ناف سے دائیں طرف دماغ کی طرف''**الہ**'' لے جاکر دل پر ''**الا اللہ**'' کی شدید ضرب مارے۔اس طرح دو تسبیح (یعنی دوصد مرتبہ) پوری کرے۔

پھر بائیں طرف سر جھکا کر ''**الا اللہ**'' کی چار تسبیحات کی ضربیں لگائے۔بعدازاں ''**اللہ**'' کی چھ تسبیحات ضربات لگائے۔اور یہ تخیل و تصور کرے۔کہ! قلب پر عرش سے انوارات الٰہیہ و تجلیاتِ رحمانیہ کی بارش ہو رہی ہے۔ بفضلہٖ تعالیٰ اسی ذکر سے معرفت کے تمام مقامات طے ہوں گے۔اور منازل ولایت پر عبور حاصل ہو جائے گا۔انشاء اللہ تعالیٰ۔

حضرت سلطان العارفین جناب شیخ باہوؒ اپنی کتاب ''نورالہدیٰ'' میں فماتے ہیں۔کہ! **لا الہ** قاتلِ نفس ہے۔**الا اللہ** دل کو زندہ کرتا ہے۔جبکہ **محمد رسول اللہ**ﷺ روح کا انعام ہے۔

خامشی میں طبیعت اور بھی سنگین ہوتی ہے ۔۔۔ تڑپ اے دل! تڑپنے میں بڑی تسکین ہوتی ہے

مختلف کتابوں میں لکھا ہوا ہے۔کہ اس کلمہ کی مسلسل تکرار انسان کوکئی مدارج طے کرادیتی ہے۔لیکن چاہیئے۔کہ! اس ذکر کو کم از کم ایک ہزار یا بارہ ہزار یا چوبیس ہزار مرتبہ پڑھا جائے۔اور ہر سینکڑہ پر یہ کہے۔**اللھم انت مقصودی و رضاک مطلوبی واعطنی محبۃ ذاتک و معرفۃ صفاتک** (اے اللہ عزوجل! تُو ہی میرا مقصود ہے۔اور تیری رضا ہی میرا مطلوب ہے۔مجھے اپنی ذات کی محبت عطا فرما۔اور اور صفات کی معرفت عطا فرما) لیکن یادرہے۔کہ! یہ ذکر زبانِ جسم سے نہیں بلکہ زبانِ قلب سے پڑھنا فائدہ دیتا ہے۔کیونکہ زبانِ جسم سے پڑھنے سے ثواب ملتا ہے۔جبکہ زبانِ قلب سے پڑھنے سے انسان کی جسمانی، روحانی اور نورانی تربیت کے ساتھ ساتھ بہت کثیر ثواب بھی ملتا ہے۔طالبانِ سلوک و معرفت ہمیشہ اس ذکر کو زبانِ قلب سے کرتے ہیں۔ **و باللہ التوفیق۔**

چراغ زندہ مے خواہی درشب زندہ داراں زن ۔۔۔ کہ بیداری بخت از بخت بیداراں شود پیدا

ضربات اذکار : اسمِ ذات کے ذکر کی (عموماً) چار صورتیں ہوا کرتی ہیں۔یک ضربی۔دوضربی۔سہ ضربی اور چہار ضربی۔

یک ضربی کا طریقہ یہ ہے۔کہ! طالبِ صادق آنکھیں بند کرکے داہنے شانے کی طرف سر کو لے جا کر پوری قوت سے اسمِ ذات''**اللہ**'' کی دل پر ضرب لگائے۔ **دوضربی کا طریقہ یہ ہے۔**کہ! طالبِ صادق آنکھیں بند کر کے اسمِ ذات''**اللہ**'' کی پہلی ضرب روح (لطیفہء روح) پر لگائے۔اور دوسری ضرب دل (یعنی لطیفہء قلب) پر لگائے۔ **دوضربی کا دوسرا طریقہ یہ بھی ہے۔**کہ! بائیں گھٹنے پر''لا الہ'' اور بائیں کہنی پر''**الا اللہ**'' کی ضربات لگائے۔اور خیال کرے۔کہ! یہ ضربات تمام بدن پر سرایت کرتی ہیں۔ذاکر خود کو اسی ذِکر میں مشغول رکھے۔ ذِکر دوضربی میں دوضربات لگانی پڑتی ہیں، یعنی کہ!

☆ ضربِ اول **لا الہ** ☆ ضربِ دوئم **الا اللہ**

لا الہ کو ایک ہی ضرب میں تینوں خطرات کی نفی کے ساتھ ساتھ اُٹھائیں۔اور **الا اللہ** کی ضرب قلب پر لگائیں۔

اور ہر تین یا پانچ یا سات یا نو مرتبہ کے بعد **محمد رسول اللہ**ﷺ کہیں۔ تاکہ **کلمہ طیبہ** کے ہر سہ ارکان پورے ہوتے چلے جائیں۔اس ذکر کو سہ رُکنی ذِکر بھی کہتے ہیں۔

یہ قیام کیسا ہے راہ میں، تیرے ذوق شوق کو کیا ہوا ۔۔۔ ابھی چار کانٹے چبھے نہیں، تیرے سب ارادے بدل گئے

جب یہ ذِکر ختم ہوجائے۔تو تھوڑی دیر کے لئے گردن جھکا کر بہ چشمِ بند تواضع کے ساتھ اِس انتظار میں ٹھہرے رہیں۔اور ملاحظہ کریں۔کہ! کہ حق تعالیٰ کی جانب سے دل و دماغ پر کیا وارد ہوتا ہے۔اور ویسے بھی یہ اولیائے متصوفین و ذاکرین کی عادت رہی ہے۔کہ! ہرطرح کے ذکرو اذکار، تلاوتِ قرآن خوانی اور نوافل کے بعد سر جُھکا کر کچھ دیر تک گہرے تدبر و تفکر میں خود کو مستغرق کر لیتے تھے۔جس کی وجہ سے اُنہیں تسکین و فرحت حاصل اور روحانی لذت ہوتی ہے۔اور وہ قلب پر وارِد ہونے والی کیفیات کو بخوبی جان لیتے تھے۔لیکن یہاں پر واضح رہے۔کہ!

☆ **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** (ﷺ) یہ ذکرِ ناسوتی ہے۔

☆ **الا اللہ** یہ ذکر ملکوتی ہے۔

☆ **اللہ الصمد**۔(یا پھر) **اللہ احد**۔(یا پھر) **حی قیوم** یہ ذکرِ (دو اسماء کا ایک ذکر) جبروتی یعنی اسمِ ذات باصفات ہے۔

☆ **اللہ۔اللہ۔اللہ۔** یہ ذکر لاہوتی بغیر صفات کے ہے۔

اور اسی آخری ذکر میں ہمیشہ ہفت صفات سلبیہ و ایجابیہ کا ملاحظہ رکھنا چاہیئے ۔ صفاتِ سلبیہ و ایجابیہ یہ ہے ۔ کہ! صفات کے بغیر ذکر، ذکر لاہوتی ہے ۔ یعنی **اللہ ۔ اللہ ۔ اللہ** ۔ اس ذکر میں سات صفات مذکور ہیں ۔ جو کہ درحقیقت ''**صفاتِ سلبیہ و ایجابیہ**'' کہلاتی ہیں ۔ جو کہ یہ ہیں ۔

نمبر01۔ **لا مرغوبی الا اللہ۔** نمبر02۔ **لا مشہودی الا اللہ۔**
نمبر03۔ **لا مقصودی الا اللہ۔** نمبر04۔ **لا محبوبی الا اللہ۔**
نمبر05۔ **لا معبودی الا اللہ۔** نمبر06۔ **لا مطلوبی الا اللہ۔**
نمبر07۔ **لا موجودی الا اللہ۔**

اس راہ میں عروج و نزول بھی نہایت تاثیر رکھتا ہے ۔ مثلاً بوقتِ نزول کہے ۔

نمبر01۔ اول مرتبہ۔ **لا معبود الا اللہ۔** نمبر02۔ دوئم مرتبہ۔ **لا مطلوب الا اللہ۔**
نمبر03۔ سوئم مرتبہ۔ **لا موجود الا اللہ۔**

پھر عروج میں یوں کہے ۔

نمبر01۔ **لا موجود الا اللہ۔** نمبر02۔ **لا مطلوب الا اللہ۔** نمبر03۔ **لا معبود الا اللہ۔**

پھر نزول میں یوں کہے ۔

نمبر01۔ **لا معبود الا اللہ۔** نمبر02۔ **لا مطلوب الا اللہ۔** نمبر03۔ **لا موجود الا اللہ۔**

یہ نو اسماء (3 x 3) بیک دم کہتا رہے ۔ تاکہ تصفیہء قلب حاصل ہو سکے ۔ یاد رہے ۔ کہ ہر ذکر میں صفاتِ سلبیہ و ایجابیہ، شد و مد اور صحتِ حروف (یعنی حروف کی صحیح طور پر ادائیگی) کا ہمیشہ لحاظ رکھے ۔ نفی اثبات میں سے اثبات زیادہ اور اثبات سے زیادہ اسمِ ذات (**اللہ**) کہے ۔ بوقتِ اتمام درود و فاتحہ با ارواح پیرانِ عظام اور سلسلہ و جملہ خاندان اہل اللہ، ختمِ خواجگان یا دعا مزید میں اللہ تعالیٰ سے طلب کر کے فارغ ہو ۔ یاد رہے ۔ کہ!

☆ خطرہء **شیطانی** درحقیقت خطرہء سراسر معصیت ہے ۔ ☆ خطرہء **نفسانی** درحقیقت خطرہء تنعم لذات و شہوات ہے ۔

☆ خطرہء **ملکی** درحقیقت خطرہء عبادت و طاعت ہے ۔ (یعنی اپنی عبادت و اطاعتِ الٰہی پر غرور و تکبر کرے)

☆ خطرہء **رحمانی** درحقیقت خطرہء درد و محبت اور عرفانِ حق تعالیٰ ہے ۔ لیکن **عرفانِ حق** یعنی **حقیقی معرفتِ الٰہیہ** ہمیشہ مشاہدہء حق میں ہی رہتا ہے ۔ یاد رہے ۔ کہ! اِن چاروں خطرات کی مکمل تفصیل آگے (تصوف کے باب) آئے گی ۔ وہاں سے دیکھی جا سکتی ہے ۔

سہ ضربی کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ! طالبِ صادق آنکھیں بند کر کے اسمِ ذات ''**اللہ**'' کی پہلی ضرب دائیں گھٹنے پر لگائے ۔ دوسری ضرب بائیں گھٹنے پر لگائے ۔ اور تیسری ضرب قلب پر لگائے ۔

سہ ضربی کا دوسرا طریقہ یہ بھی ہے ۔ کہ! دوزانو بیٹھ کر پہلی ضرب دائیں گھٹنے پر '' لا '' کی دوسری ضرب دائیں گھٹنے پر '' الٰہ '' کی اور تیسری ضرب دونوں زانوؤں کے بیچ میں '' الا اللہ '' کی لگائے ۔ اور خیال کرے ۔ کہ! یہ تینوں ضربات تمام بدن پر سرایت کرتی ہیں ۔

چہار ضربی کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ! طالبِ صادق آنکھیں بند کر کے اسمِ ذات ''**اللہ**'' کی پہلی ضرب دائیں گھٹنے پر لگائے ۔ دوسری ضرب بائیں گھٹنے پر لگائے ۔ تیسری ضرب روح (یعنی لطیفہء روح) پر لگائے ۔ اور چوتھی ضرب قلب (یعنی لطیفہء قلب) پر لگائے ۔

چہار ضربی کا دوسرا طریقہ یہ بھی ہے ۔ کہ! دوزانو بیٹھ کر پہلی ضرب دائیں گھٹنے پر '' لا '' کی دوسری ضرب بائیں گھٹنے پر '' الٰہ '' کی تیسری ضرب دونوں زانوؤں کے درمیان '' الا '' کی اور چوتھی ضرب ناف پر '' اللہ '' کی مسلسل لگائے ۔ (یاد رہے ۔ کہ!) اس ذکر میں اول دور '' لا الٰہ الا اللہ '' کا کیا کرے ۔ اور پھر پیاپے '' الا اللہ ۔ الا اللہ '' کہتا رہے ۔

چہار ضربی کا تیسرا طریقہ یہ بھی ہے ۔ کہ! جلسہ معہود پر بیٹھ کر '' لا '' کو دونوں زانوؤں سے اُٹھا کر پھر دائیں شانے پر '' الا '' کی ضرب لگا کر '' ھا '' کی بائیں شانے پر ضرب لگا کر پھر '' الا اللہ '' کی ضرب اپنے جسم کے اندرون لگا کر اپنی پشت کو خم کر کے '' ھو '' کی ضرب لگائے ۔ اس طرح چاروں جگہوں پر '' لا الٰہ الا اللہ '' کی مسلسل ضربات لگاتا رہے ۔

(ذِکر پنج ضربی، شش ضربی ہفت ضربی، ہشت ضربی، دوازدہ ضربی، شانزدہ ضربی، بیست ضربی، بست چہار ضربی، ضرب لا متناہی وغیرہا کے طریقے کتاب '' جواہر خمسہ مصنفہ حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ '' میں تفصیلاً بیان کئے گئے ہیں ۔ وہاں سے دیکھے جا سکتے ہیں)

اسی ضمن میں حضرت **سید گل حسن قادری قلندریؒ** اپنی کتاب **تعلیم غوثیہ** سے روایت کرتے ہیں ۔ کہ! ذِکر اسمِ ذات **اللہ** اور مختلف اذکار کی ضربات عموماً سات ضربات (جسم کے سات مختلف حصص پر) سے کیا جاتا ہے ۔ جو کہ آگے بیان کی جاتی ہیں ۔

☆ **ذِکر یک ضربی** : قبلہ رُخ ہو کر منہ دائیں طرف پھرا کر قلب پر اسم ذات **اللہ** کی ضربات لگائے ۔

ذِکر یک ضربی اسمِ ذات '' اللہ '' کا ایک اور طریقہ یہ بھی ہے ۔ کہ! جلسہء معہود ملحوظ رکھ کر دونوں ہاتھ زانوؤں پر رکھے ۔ اور '' اللہ '' کہتے

ہوئے سختی کے ساتھ دَم کھینچے۔ سر اور کمر بلند کرے۔ اور پھر ناف کے نیچے زور سے ''اللہ'' کی ضرب لگائے۔ اور دونوں ضربوں میں سختی کرے۔ اور علی التواتر یہاں تک ضربات لگاتا رہے۔ کہ ذاکر بے خود ہو جائے۔

یک ضربی بامدّ ہ ھو کا ایک طریقہ یہ ہے۔ کہ! جلسہ معہودہ ملحوظ رکھ کر ''اللہ'' کہتے ہوئے دائیں شانے سے بائیں شانے پر ضرب لگائے۔ اور وہاں سے ''ھو'' کہتا ہوا سر کو دائیں شانے تک پہنچائے۔ اسی طرح پیا پے ضربیں لگاتا رہے۔ جب یہ ذکر قرار پذیر ہو۔ تو بے اختیار ایک خفیف خفیف سی آواز دل سے نکلے گی۔ کہ اکثر آدمی اور جانور اس آواز پر شیفتہ ہو جاویں گے۔ مگر یہ آواز (یعنی سُر) کثرتِ ذکر سے ہی ظاہر ہوگا۔

☆ ذِکر دوضربی : قبلہ رُخ ہو کر راست و چپ شانے پر **یا** پھر روح وقلب پر **یا** پھر قلب وفوق پر اسم ذات **اللہ** کی ضربات لگائے۔

☆ ذِکر سہ ضربی : قبلہ رُخ ہو کر راست و چپ شانے اور قلب پر اسم ذات **اللہ** کی ضربات لگائے۔

☆ ذِکر چہار ضربی : قبلہ رُخ ہو کر راست و چپ شانے، آسمان (یا سامنے) اور قلب پر اسم ذات **اللہ** کی ضربات لگائے۔

☆ ذِکر پنج ضربی : قبلہ رُخ ہو کر راست و چپ شانے، پیس و پش (پشت یا آسمان) اور قلب پر اسم ذات **اللہ** کی ضربات لگائے۔

☆ ذِکر شش ضربی : قبلہ رُخ ہو کر راست و چپ شانے، پیش و پس اور فوق وقلب پر اسم ذات **اللہ** کی ضربات لگائے۔

☆ ذِکر ہفت ضربی : قبلہ رُخ ہو کر راست و چپ شانے، پیس و پش اور سامنے پھر آسمان وقلب پر اسم ذات **اللہ** کی ضربات لگائے۔

اِسی طرح بار بار کرتا رہے۔ حتیٰ کہ استغراق و محویت حاصل ہو جائے۔ مذکورہ اذکارِ ضربیہ کی کم از کم تعداد **1100** ہے۔ اگر کوئی شخص ضربات کے بغیر زبانی ذِکر کرنا چاہے تو اُسے چاہیئے کہ! اسم ذات **اللہ** کو **25000** مرتبہ روزانہ ایک یا پانچ نشستوں میں پڑھنے کا معمول بنائے۔ یاد رہے کہ! مسلمانوں کی روحانی غذا سوائے ذکرِ الٰہی کے اور کچھ نہیں۔ کیونکہ! **الذین اٰمنوا و تطمئن قلوبھم بذکر اللہ۔ الا بذکر اللہ تطمئن القلوب** ۔ (سورہ رعد، آیت نمبر **28**) ترجمہ: دلوں کا اطمینان اللہ تعالیٰ کے ذِکر میں ہے۔ (خبردار رہو، کیونکہ) دلوں کا اطمینان (صِرف) اللہ تعالیٰ (ہی) کے ذِ میں ہے۔

ذِکر پاس انفاس : (بمطابق حضرت سید گل حسن شاہ قلندری قادریؒ)

لا الٰہ کو زور سے سانس کے ساتھ کھینچ کر مغز میں لے جائے۔ جب سانس میں تنگی و دشواری محسوس ہو تو **الا اللہ** کے ساتھ دم (دم سے مراد سانس ہے) کو آہستہ آہستہ سے اِس طرح سے چھوڑتا چلا جائے کہ معلوم بھی نہ ہو۔ با رعایت ملاحظہ و واسطہ۔ لیکن نظر ناف پر رکھے۔ اِسی طرح ذہن ہمیشہ پاس انفاس میں مشغول رہے۔ سانس کو آہستہ چھوڑنے کو **آرامکی** کہا جاتا ہے۔ اور جب سانس اوپر نیچے بادم حیات ہو کر ایک ہو جاتا ہے تو اُسے **مجمع البحرین** کہا جاتا ہے۔ یہی مقام **آب حیات** ہے۔ یہاں عالم طیر و سیر پیش آتا ہے۔ جہاں پر **علمناہ من لدنا علما** کا اعجاز رونما ہوتا ہے۔

اِس ذِکر کی دائمی مشق سے **درازی عمر** اور **ملاقاتِ حضرت خضر نبیؑ** ضرور حاصل ہوتی ہے۔ اور صاحب ذِکر ہذا یقیناً صاحبِ **تجرید و تفرید** (تجرید ہے ازالہء ماسویٰ از قلب اور سیر بسوئے رویتِ ظہورِ حق در کل، یعنی تجرید کی ظاہری صورت ہے ماسوٰی اللہ سے اعراض۔ جبکہ تفرید یہ ہے۔ کہ! اعتبارات کے لباس کو ممکنات کے حقائق سے اُتار کر حقیقتِ واحدہ منفردہ کی جانب رجوع کیا جائے۔ علمائے طریقت یہ بھی کہتے ہیں۔ کہ! تجرید درحقیقت خلائق و علائق سے بے تعلقی کا نام ہے۔ جبکہ تفرید خودی سے بے تعلقی کا نام ہے) اور روزگار تصرف ہو جاتا ہے۔ لیکن اِس میں ترکِ مباشرت شرط ہے۔ اس کے بغیر یہ کرامات و انعامات کا حاصل کرنا ناممکن العمل امر ہے۔ ذِکر پاس انفاس مذکورہ انعامات عظیمہ اور برکات ہائے عمیمہ رکھتا ہے۔ کیونکہ یہ ذِکر دراصل عارفانِ سُبحان و سالکانِ رحمٰن کا ذِکر و شغل ہے۔ لہٰذا وہ اِسے کبھی ترک (**Miss**) نہیں کرتے۔

یاد رہے کہ ذِکر پاس انفاس ''لا الٰہ الا اللہ، اللہ ھو'' اور ''اللہ اللہ'' سبھی طریقوں سے کیا جا سکتا ہے۔ لیکن اس کا فائدہ اور فیض اس وقت زیادہ نصیب ہوتا ہے۔ جب کسی شیخ کامل سے اس کی اجازت حاصل ہو۔ اور وہ شیخ بصد خوشی اس کی اجازت بھی دے دے۔ میرے تجربے کے مطابق! اس مشق (یعنی پاس انفاس) میں ابتداء میں عادت نہ ہونے کی وجہ سے کافی دشواری پیش آتی ہے۔ لہٰذا سالک کو چاہیئے۔ کہ! جیسے ایک عام شخص بے تکلف سانس لیتا ہے۔ اس کو تھوڑی سی آمد و رفت میں ذرا سا زور دے (یعنی کھینچے) اور بقوت چھوڑ دے۔ سانس لیتے وقت ''اللہ'' کا تصور کرے۔ اور سانس باہر نکالتے وقت ''ھو'' کا تصور کرے۔ یا پھر سانس لیتے وقت ''لا الٰہ'' کا تصور کرے۔ اور سانس باہر نکالتے وقت ''الا اللہ'' کا تصور کرے۔ مبتدی حضرات کو چاہیئے۔ کہ! ابتداء میں خلوت میں اس مشق کو کرنا چاہیئے۔ تاکہ طبیعت میں گرمی پیدا ہو جائے۔ اور آواز بھی پیدا ہو جائے۔ پھر اُٹھتے بیٹھتے وقت (غرضیکہ ہر حال میں) اسی مشق کو جاری رکھے۔ اس ذکر میں اول دھیان کی ضرورت ہوتی ہے۔ پھر اس مشق کی تکرار سے بے دھیان نہ چاہتے ہوئے بھی یہی ذکر جاری رہتا ہے۔ یاد رہے۔ کہ! ترقی علم و حکمت کے لئے اس سے بہتر شاید ہی کوئی ذکر یا اور طریقہ ہو۔ رات کو ذکر (پاس انفاس) کرتے کرتے سونا چاہیئے۔ مگر اسی ذکر کے دوران اگر دس مرتبہ اسمائے الٰہیہ، دس مرتبہ سورہ فاتحہ، پچیس مرتبہ سورہ الم نشرح اور دس مرتبہ چاروں قل شریف پڑھ کر سو یا جائے۔ تو اس ذکر کے اثرات کو سالک اپنے خوابوں میں بھی ملاحظہ کر سکتا ہے۔ وما توفیقی الا باللہ۔

اسی طرح سے **نفی اثبات** (لا الٰہ الا اللہ) کو پاس انفاس میں رچانا ایک نہایت خوشگوار عمل ہے۔ سانس لیتے وقت صرف سانس سے الا اللہ

کہے۔ اور سانس باہر آ ے وقت لا الہ کہے۔ اس دوران منہ بالکل بند رکھے۔ اور زبان کو ادنیٰ سی حرکت بھی نہ دے۔ اور اس قدر پابندی اور استقلال سے کام لے۔ کہ سانس خود بخود بلا ارادہ ذکر کرنے لگے۔

شغلِ پاس انفاس : (تسخیر خاص و عام)

جب کوئی شخص کسی (عام و خاص یا بادشاہ و حکمران) کو مسخر کرنے کا قصد کرے۔ تو اُسے چاہیئے۔ کہ! شغلِ پاس انفاس میں ''لا الہ الا اللہ'' کا اس طور سے ذکر کرے۔ کہ! سانس لیتے وقت ''لا الہ'' کا ذکر کرتے ہوئے مطلوبہ شخص کی تسخیر کا تصور کرے۔ اور سانس باہر نکالتے وقت ''الا اللہ'' کا ذکر کرتے ہوئے مطلوبہ شخص کا اپنے قدموں میں لا کر گرنے کا تصور کرے۔ اس ذکر کا فوری اثر بوقتِ تہجد ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ دن رات، صبح و شام جب چاہے۔ ذکر کیا جا سکتا ہے۔ چند روز کی مسلسل مشق سے ذاکر و شاغل تسخیرِ خلق کا بادشاہ بن جاتا ہے۔ (یاد رہے۔ کہ!) جس قدر زیادہ دیر تک روزانہ دن میں پانچ سات یا زیادہ مرتبہ یہ ذکر کرے گا۔ اسی قدر قوی الاثر ہوگا۔ اور تسخیر شدہ شخص شاغل و ذاکر کے قدموں میں آ کر لوٹنے لگے گا۔ اور مرغِ بسمل کی طرح تڑپنے لگے گا۔ یہ شغل اور ذکر نہایت مجرب، سریع التاثیر اور قوی الاثر قرار دیا گیا ہے۔

بندگی میں میرا انداز جدا ہوتا ہے میرا کعبہ میرے سجدوں میں چھپا ہوتا ہے

شغلِ پاس انفاس :

انسان کو ہر سانس پر ہوشیار اور بیدار رہنا چاہیئے۔ بغیر پاس انفاس کی مدد کے قلب کا کدورتوں اور تاریکیوں سے ہرگز صاف نہیں ہوسکتا۔ بلکہ تصفیہ قلب کے لئے سب سے بہترین پاس انفاس کی مسلسل مشق ہے۔ اصطلاحِ صوفیاء میں ''پاس انفاس'' اس کو کہتے ہیں۔ کہ! سانس لیتے اور سانس باہر کرتے وقت جہرًا یا سرًا ذکر کرے۔ سانس لیتے وقت کلمہ ''لا الہ'' کہے۔ اور سانس باہر نکالتے وقت کلمہ ''الا اللہ'' کہے۔ لیکن یاد رہے۔ کہ! ذکرِ سری میں صرف سانس سے ذکر کرے۔ سانس لیتے اور خارج کرتے وقت سالک اپنی ناف پر نظر کرے۔ اور منہ کو بالکل بند رکھے۔ زبان کو ادنیٰ سی حرکت بھی نہ دے۔ اور اس قدر پابندی و استقلال سے یہ ذکر کرتا رہے۔ کہ! سانس خود بخود بلا ارادہ یہی ذکر کرنے لگے۔ ایک زمانہ کے بعد قلب انسان خود بخود بلا قصد و ارادہ ذاکر ہو جاتا ہے۔ اور طالبِ مولا اور سالک صادق بحالت یقظہ ونوم یہی ذکر کرتا رہے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ بلکہ بوقتِ بول و براز نا چاہتے ہوئے بھی یہی ذکر کرتا رہے گا۔ اس مشق سے طی الارض کا حصول بھی ممکن ہے۔ رقت طاری ہونا بھی سہل ہے۔ اس ذکر کے کثیر فوائد ہیں۔

اسی ذکر کا دوسرا طریقہ یہ ہے۔ کہ! سانس خارج کرتے وقت اسمِ ذات ''**اللہ**'' کو سانس میں لائے۔ اور سانس لیتے وقت اسم ''**ھو**'' کو اندر لائے۔ اور تصور کرے۔ کہ! ظاہر و باطن میں ہر ہر جگہ صرف اس ذاتِ یکتا یعنی اللہ تعالیٰ کا ظہور ہے۔ سالک کو چاہیئے۔ کہ! اس ذکر کی اس قدر غیر معمولی زیادتی کرے۔ کہ! سانس اسی ذکر کا دائمًا عادی ہو جائے۔ تا کہ بحالتِ بیداری وغفلت اسی ذکر میں مشغول و محور ہے۔ اور پاس انفاس کے نفع و فائدہ سے بہرہ ور ہو۔ جب سالک کا قلب ماسوائے اللہ سے بالکل پاک صاف ہو جاتا ہے۔ تو یہ ذکر قلب کو بالکل صاف اور جمیع کدورتوں سے پاک کر کیا نواراتِ الٰہیہ کا مہبط وآماجگہ بنا دیتا ہے۔ اسی وجہ سے اصطلاحِ صوفیاء میں اس کو جاروبِ قلب بھی کہتے ہیں۔

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن خاک ہو جائیں گے ہم، تم کو خبر ہونے تک

شغلِ پاس انفاس : (بمطابق حضرت قدرت اللہ شہاب صاحبؒ)

راہِ سلوک میں ذکر کا درجہ سرفہرست ہے۔ حقیقت ذکر ایسی چیز کو یاد رکھنا ہے۔ جو ظاہری اور باطنی گناہوں کو روک دے۔ اور اطاعاتِ ربانی پر انسانی ہمت کو چست کر دے۔ اگر کسی کو جنت اور دوزخ کی یاد گناہوں سے روک دے۔ اس کے لئے یہی ذکر اللہ ہے۔ جس کسی کو اسمِ ذات ''اللہ'' یا کلمہ ''لا الہ الا اللہ'' کا ورد معصیت سے روک دے۔ تو اس کے لئے یہی بہتر ہے۔ یاد رہے۔ کہ جس کسی کو اشغال و مراقبات معاصی سے روکیں۔ اور اطاعات پر اکسائیں۔ تو ایسوں کے واسطے یہی ذکر اللہ ہے۔ اگر کوئی شخص یہی سب کچھ دن رات کرتا رہے۔ لیکن نہ تو گناہوں سے باز رہے۔ اور نہ ہی اطاعات اختیار کرے۔ تو یہ ذکر اللہ قطعًا حقیقی نہ ہوگا۔ بلکہ یہ محض ذکر کی (مجازی) صورت ہوگی۔ (میرا تو یہ خیال ہے۔ کہ یہ صریح ریا ہوگا) ذکر کی کوئی حد نہیں۔ نماز، روزہ، زکوۃ، حج سب کی حد ہے۔ لیکن ذکر لامحدود ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ذکر میں ایک عجیب سی توانائی، لطیف نشاط اور عمیق سکون ہے۔ عام طور پر ذکر کی چار اقسام ہیں۔ جنہیں بآسانی آزمایا جا سکتا ہے۔

اول ناسوتی ذکر جیسے لا الہ الا اللہ ہے۔ دوئم ملکوتی ذکر جیسے الا اللہ، سوئم جبروتی ذکر جیسے اللہ اور چہارم لاہوتی ذکر جیسے ھوھو۔ زبان کے ذکر کو ناسوتی، دل کے ذکر کو ملکوتی، روح کے ذکر کو جبروتی اور سارے وجود کے اجتماعی ذکر کو لاہوتی کہتے ہیں۔

ذکر کی ان چاروں اقسام میں بھی ایک ایک قسم کی کئی کئی طریقے ہیں۔ جن طریقوں کی تھوڑی بہت مشق مجھے (یعنی قدرت اللہ شہاب صاحبؒ کو بھی) نصیب ہوئی ہے۔ اُن میں سے چند ایک کے نام یہ ہیں۔

ذکرِ الٰہی بطریقِ ضربات جیسے کہ! اسمِ ذات ''اللہ اللہ'' کا ذکرِ یک ضربی، دوضربی، سہ ضربی اور چہار ضربی۔ اگر اس ذکر کو ہر ضرب میں اس تصور کے ساتھ کیا جائے۔ کہ جدھر منہ پھیرو۔ اُدھر ہی خدا ہے۔ تو استغراق اور محویت کی کیفیت پیدا ہو کر ہر شئے سے ذکر کی آواز سنائی دینے لگتی ہے۔ اور قرآنِ مجید کے اس فرمان کی کامل تصدیق ہو جاتی ہے۔ کہ دنیا میں کوئی ایسی چیز نہیں۔ جو اللہ تعالیٰ کی (ہر ہر لمحہ) حمد

کی تسبیح نہ کرتی ہو۔ حضرت داؤد نبیؑ کا یہ معجزہ تھا۔ کہ جب وہ خود ذکر کرتے تھے۔ تو پہاڑ اور طیور بھی اُن کا ساتھ دیتے تھے۔
دوسرا ذکر **پاس انفاس** یہ ہے۔ سانس باہر کرتے وقت لفظ ''**اللہ**'' کو سانس میں لائے۔ اور سانس کو لیتے وقت ''**ھو**'' کو اندر لائے۔ اور تصور کرے۔ کہ ظاہر و باطن میں ہر جگہ اللہ تعالیٰ کا ہی ظہور ہے۔ اس ذکر کی اس قدر غیر معمولی کثرت کرے۔ کہ سانس ہمہ وقت اس ذکر کی مسلسل عادی ہو جائے۔ اسی طرح پاس انفاس سے بہرہ ور ہو کر قلب غیر اللہ سے صاف اور دیگر کدورتوں سے پاک ہو کر انوارِ الٰہیہ کا محور و مرکز بن جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔
حبسِ نفس ونفی اثبات اور ذکر اسمِ ذات اللہ کے بھی کئی ایک طریقے کہ جن کے ساتھ کئی طرح کے اشغال وابستہ ہیں۔ مثلاً **شغل سلطاناً نصیرا**، **شغل سلطاناً محمودا**، **شغل سلطانُ الاذکار** اور **شغل سرمدی** وغیرہ۔ غرضیکہ! ہر ذکر اور شغل میں لطف و انبساط کا اپنا ہی رنگ و لذت ہے۔

نفی اثبات کا جملہ سلاسلِ طریقت میں یکساں طریقہ :

اِرشادِ باری تعالیٰ ہے کہ! **فاذا قضیتم الصلوٰۃ فاذکروا اللہ قیٰما و قعودا و علیٰ جنوبکم** ۔ (سورہ نساء، آیت نمبر **103**)
ترجمہ : پھر جب تم نماز ادا کر چکو تو اُٹھتے، بیٹھتے اور لیٹے اللہ تعالیٰ کا ذِکر کرتے رہو۔ (لہذا) اس سے یہ بات واضح ہوگئی کہ! ذِکرِ رحمانی ہر طرح سے جائز مستحب اور مستحسن ہے۔ اسی لئے ہی تو صوفیائے کرام نے اذکار کے طریق انواع و اقسام سے بیان فرمائے ہیں۔ چنانچہ اِن کا اجمالاً بیان دیا جا رہا ہے۔'' نفی و اثبات '' بطریقِ ''چہار ضربی'' جس کے بے شمار فوائد ہیں۔ چونکہ **صحیح** حدیثِ نبوی ﷺ میں کلمہ (لا الہ الا اللہ) کا کافی ذکر آیا ہے۔ اِسی لئے تمام اوراد و اذکار کا منبع و مغز بھی یہی ہے۔ اِسی کلمہ سے مستخرج مختلف اذکار ضربیہ یہاں بیان کئے جا رہے ہیں۔ اسی ضمن میں نفی اثبات بصورتِ چہار ضربی اور دیگر کئی طرق کے ساتھ پیشِ خدمت ہے۔ اسم ''لا'' کو دل سے نکالے۔ اسم ''الہ'' کو کتفِ راست (دائیں کندھے) پر لاتے ہوئے سر کو مائل بہ پشت کر کے یہ تصور کرے۔ کہ! غیر اللہ کو دل سے نکال کر مَیں نے پس پشت ڈال دیا۔ مذکورہ بالا ملاحظات سے زور و قوت سے دل (لطیفہءقلب) پر ضرب لگائے۔
اسی طرح سے ایک طریقہ (**جو کہ نفی اثبات کے طریقے میں تمام سلاسلِ طریقت میں تقریباً یکساں ہے**) اس طرح سے بھی ہے۔ کہ! اسم ''لا'' کو دل سے نکالے۔ اسم ''الہ'' کو کتفِ راست (دائیں کندھے) پر لائے۔ اور سر کو مائل بہ پشت کر کے یہ تصور کرے۔ کہ! غیر اللہ کو دل سے نکال کر مَیں نے پس پشت ڈال دیا۔ مذکورہ بالا ملاحظات سے زور و قوت سے دل (لطیفہءقلب) پر ضرب لگائے۔

نفی اثبات کا پہلا طریقہ : ہ **لا الہ** کو بائیں جانب سے کھینچے اور دائیں طرف لائے۔ (ٓ) لآ کے مد کو ایسا دراز کرے کہ بیک دم ضرباتِ ثلاثہ (تین ضربیں) کو ادا کر کے ضربِ چہارم **الا اللہ** کی ضرب قلب پر مارے۔ اِس کلمہ میں **لا الہ** تین مختلف خطرات کا عندیہ نفی ہے۔
☆ نفی خطرہ شیطانی۔ ☆ نفی خطرہ نفسانی۔ ☆ نفی خطرہ ملکی۔ **الا اللہ** میں دل میں ذاتِ پاک کا اشارہ اثبات ہے۔
ضربِ اول : سر کو جھکا کر بائیں گھٹنے کے محاذی لا کر **لا** کو شدت وقوت کے ساتھ بائیں گھٹنے کی طرف سے خطرہ شیطانی کی نفی کا تصور کرتے ہوئے اُٹھائے۔ **ضربِ دوئم** : ضربِ اول سے سر کو بائیں گھٹنے کی طرف کھینچتے ہوئے دائیں گھٹنے تک لائیے۔ یہاں سے **الہ** کے ہمزہ کو شدت وقوت کے ساتھ اُٹھائیے۔ یہاں خطرہ نفس کی نفی ہے۔ **ضربِ سوئم** : ضربِ دوئم میں نفسانی خطرات کی نفی کرتے ہوئے **لہ** کھینچتے ہوئے کندھے تک پہنچائیے۔ یہاں خطرہ ملکی کی نفی ہے۔ اور یہی خیر کے کاتب فرشتے کا مقام ہے۔ **ضربِ چہارم** : **الہ** کی (ہ) کی ضرب دائیں شانے پر لگاتے ہوئے خوب اچھی طرح سے منہ کو پھیرتے ہوئے چوتھی ضرب **الا اللہ** انوار فیض الٰہی کو ساتھ لئے ہوئے بہ شدت وقوت تمام قلب پر دیجئے۔ یہ ذاتِ پاک کے اثبات کا اشارہ ہے۔ دورانِ ذِکر **لا معبود الا اللہ** **لا مقصود الا اللہ** **لا مطلوب الا اللہ** **لا موجود الا اللہ** کا کامل تصور رکھے۔ کلمہ **الا اللہ** میں دل پر ذاتِ پاک کا اثبات کرتا ہے۔ پہلی تین ضربیں اچھی طرح کھینچنے کے باوجود ایک ہی سانس میں ہونی چاہئیں۔ یاد رہے کہ آواز نہ بہت بلند ہو۔ اور نہ ہی بہت پست۔ سالک کو چاہیئے۔ کہ! اس ذِکر (یعنی نفی اثبات بطریقِ چہار ضربی) کی اِس قدر کثرت کرے۔ کہ محویت و استغراق حاصل ہو جائے۔ تاکہ کلی فوائد حاصل ہو سکیں۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)
اسی ذِکر کی مزید تفصیل یہ ہے۔ کہ! سالک کو چاہیئے۔ کہ! چہار زانو رو بہ قبلہ دائیں پاؤں کے انگوٹھے سے رگِ کیماس (بائیں جانب کے گھٹنے کے قریب پٹھے کے نیچے) کو خوب مضبوطی سے پکڑے۔ اپنے دونوں ہاتھ دونوں زانوؤں پر رکھے۔ اور اپنی پشت سیدھی کر کے ذِکر (جیسے کہ **نفی اثبات یا پاس انفاس یا حبسِ دَمُ**) شروع کرے۔ نفی اثبات کی مثال یہ ہے۔
اگر سالک اس طرح سے نشست رکھے۔ اور اس کا ارادہ نفی اثبات کا ہو۔ تو چاہیئے۔ کہ! نفی کے وقت دونوں ہاتھوں کی دونوں انگلیاں اس تصور و تخیل سے اُٹھائے۔ کہ! جیسے اللہ کے علاوہ تمام غیروں سے ہاتھ اُٹھا لیا ہے۔ جبکہ اثبات کے وقت ثبوتِ ہستی یعنی مطلوبِ حقیقی کے تخیل و تصور سے انگلیوں کو ران پر رکھے۔ اور اسی طرح سے ذکر (نفی اثبات) شروع کرے۔ (یعنی نفی کا کلمہ لا الہ۔ جبکہ اثبات کا کلمہ الا اللہ ہے) کہ سر کو بائیں زانو پر لے جائے۔ اس حد تک کہ! پیشانی بائیں زانو کے قریب تک پہنچ جائے۔ اور سالک کلمہ (لا الہ الا اللہ) اس انداز میں باقاعدہ آغاز کرے۔ کہ اپنے سر کو زانوئے راست پر لا کر دورہ تمام کتفِ راست (دائیں شانے) پر پہنچائے۔ اور دَم کو اس قدر دراز کرے۔ کہ! ضرباتِ ثلاثہ یکدم سے آئیں۔ یعنی کہ!
☆ بایاں گھٹنا محلِ شیطان ہے۔ اور یہاں پر شیطانی وساوس و خطرات کی نفی کا تصور و تخیل کرے۔ کیونکہ! خطرہءشیطانی درحقیقت خطرہءمعصیت

ہے۔ ☆ دایاں گھٹنا محلِ نفس ہے۔اور یہاں پر نفسانی وساوس وخطرات کی نفی کا تصور وتخیل کرے۔کیونکہ! خطرہء نفسانی درحقیقت خطرہء تنعم لذات وشہوات ہے۔☆ بایاں شانہ محلِ فرشتہء کاتب اعمال شر ہے۔ ☆ دایاں شانہ محلِ فرشتہء کاتب اعمال خیر ہے۔اور یہاں پر ملکی وساوس وخطرات کی نفی کا تصور وتخیل کرے۔کیونکہ! خطرہء ملکی درحقیقت خطرہء عبادت وطاعت ہے۔ ☆ جبکہ قلب محل ورودِ انوارات الٰہیہ ہے۔جہاں پر رب العالمین ہے۔اورعرفان ہمیشہ مشاہدہء حق میں رہتا ہے۔ پھر سر، پشت اور کمر برابر کرکے درکو اس خیال سے پسِ پشت قدرے خم کرے۔کہ تمام خطرات ماسوٰی اللہ کو میں نے دائمًا پس پشت ڈال دیا۔وہاں سے سالک بقوت تمام دل (یعنی لطیفہء قلب) پر کلمہ ''الا اللہ'' کی ضرب لگائے۔کہ میں عشق ونورِ الٰہی کو دل میں لایا ہوں۔نفی کی حالت میں آنکھیں بند کرے۔اور اثبات کی حالت میں کھلی۔بحالتِ نفی سانس لے۔جبکہ حالت اثبات میں سانس خارج کرے۔یاد رہے۔کہ! کلمہ نفی میں ذیل میں تصور کی شکل ہونی چاہیئے۔کہ!

☆ **سالکِ مبتدی** کو چاہیئے۔کہ! **لا معبود** یا **لا محبوب** کا تصور کرے۔کہ یہ ملاحظہء شریعت ہے۔

☆ **سالکِ متوسط** کو چاہیئے۔کہ! **لا مقصود** یا **لا مطلوب** کا تصور کرے۔کہ یہ ملاحظہء طریقت ہے۔

☆ **سالکِ منتھی** کو چاہیئے۔کہ! **لا موجود** کا تصور کرے۔کہ یہ ملاحظہء حقیقت، ہمہ اوست اور ملاحظہء معرفت ہے۔

نفی اثبات کا دوسرا طریقہ

کلمہء اثبات (الا اللہ) میں نورِ الٰہی اور ہمہ اوست (وحدت الوجود کا نظریہ وعقیدہ) کا تصور کرتا رہے۔اور دس مرتبہ کلمہ ''محمد رسول اللہ'' کہے۔اس طرح دوصد مرتبہ کہے۔پھر تھوڑی دیر مراقب ہوکر یہ تصور کرے۔کہ عرش سے نورِ الٰہی میرے دل میں آتا ہے۔پھر ذکر میں مشغول ہو۔

نفی اثبات کا تیسرا طریقہ :

مرشد اپنے مرید مخلص کو سمجھاوے اور سکھا دے۔کہ! اے بیٹے! کلمہ ''لا'' اپنے دل کے مرکز سے اپنے ذہن وخیال میں دائیں پستان تک کھینچتا ہوا پھر دائیں شانے تک لاتا ہوا سر کی چوٹی تک لاکر ''**الٰہ**'' پڑھ کر یعنی بہر صورت ''**الٰہ**'' اپنے سر کی چوٹی پر ختم کرکے پھر اسی خیالی صورت میں سر کی چوٹی سے بائیں شانے تک نیچے لاتا ہوا بائیں پستان پر لفظ ''**الا الله**'' لے آئے۔اور ''**الا الله**'' کا آخری حرف ''ہ'' کو جو کہ نہایت بزرگ اور جلالیت والا ہے۔دل کے سر پر ''**الله**'' کہہ کر ضربِ شدید سے مارے۔یہ ضرب اتنی سخت ہونی چاہیئے۔کہ! قلب حرکت کرے۔اور تمام بدن کانپ جائے۔اور ہر حالت میں تیرا ذکر اسی مقام سے شروع اور اسی مقام پر ختم ہو۔کیونکہ یہ دشمنوں کا مقام ہے۔جس کو **نفسِ امارہ** کہتے ہیں۔

نفی اثبات کا چوتھا طریقہ :

سر کو نیچے لے جاکر ذکر نفی اثبات کے لفظ ''**لا**'' کو مد سے پڑھے۔اور نفی کرنے والا ہے۔اور اس قدر حرکت دے۔کہ جتنی ضرورت ہوے۔پھر ''**الٰہ**'' کے الف کو زیر سے پڑھے۔جبکہ ''**الٰہ** کے ''ہ'' کو زبرِ خفیف سے (یعنی لمبا یا پھر کھینچ کر) پڑھے۔کہ بجائے زبر کے ''**الف**'' ظاہر ہونے لگے۔بلکہ سکوں سے پڑھے۔اور ''**الا الله**'' کی آخری ''ہ'' کو، جوکہ اسمِ جلالی ہے۔''**الله**'' سخت ضرب سے پڑھے۔اور ''**الٰہ**'' کی ''ہ'' کو اور ''''**الا الله**'' کے پڑھنے میں جدائی نہ کرے۔کیونکہ ''**لا الٰہ**'' نفی ہے۔جبکہ '''**الا الله**''' اثبات ہے۔دونوں کلمات کو ایک ہی سانس میں ادا کرنا ضروری ہے۔

نفی اثبات کا پانچواں طریقہ :

دوزانو بیٹھ کر اپنے دونوں ہاتھ زانو پر رکھے۔زبان کو تالو کے ساتھ چسپاں کرکے حبسِ دم بہ حرکاتِ ثلاثہ اور وقوفِ ثلاثہ یعنی کہ! وقوفِ عددی۔وقوفِ زمانی اور وقوفِ قلبی۔(وقوفِ عددی یعنی ذکر طاق تعداد میں رکھنا، وقوف زمانی یعنی حبسِ دم وکشائش دم کے وقت اور نفسین کے درمیان آگاہ رہنا اور وقوفِ قلبی یعنی نفی کے وقت غیر اللہ کی نفی اور اثبات کے وقت ذاتِ حقیقی کا اثبات کرنا)، خمسہ اسمائے صفات (اسمائے صفاتِ خمسہ لامعبود۔لا مطلوب۔لامقصود۔لامحبوب اور لاموجود) اس طور سے ذکر کرے۔کہ!

سر کو نیچے لے جاکر ''**لا**'' کو ناف سے کھینچے۔اور ''**لا**'' کے ساتھ سر کو دائیں شانے کی طرف بلند کرے۔(یعنی مائل بہ کتف راست)۔حتی کہ کسرہ ہمزہ ''**لا**'' کو بہ سر کتف اور فتح ہائے ''**الٰہ**'' کو دماغ میں پہنچائے۔سر کو ذرا پیچھے کی جانب مائل کرکے یہ خیال کرے۔کہ جمیع اشیاء وخیالات ماسوٰی اللہ کو پسِ پشت ڈال دیا ہے۔پھر ضربِ ضمہء ہائے ''**الا الله**'' کو بہ زورِ تمام قلب پر مارے۔ لیکن یاد رہے۔کہ! نفی کے وقت ان اسماء میں سے ایک اسم کو دل میں تصور کرے۔

☆ مبتدی حضرات کو چاہیئے۔کہ! **لا معبود** یا **لا مطلوب** کا تصور کریں۔

☆ متوسط حضرات کو چاہیئے۔کہ! **لا مقصود** یا **لا محبوب** کا تصور کریں۔

☆ منتھی حضرات کو چاہیئے۔کہ! **لا موجود** کا تصور کریں۔

نفی اثبات کا چھٹا طریقہ : (بمطابق حضراتِ عالیہ نقشبندیہ)

ان کے مطابق نفی اثبات میں ''**لا الٰہ الا الله**'' کی ضربات لگائی جاتی ہیں۔ اس کی صورت یہ ہے۔کہ! باوضو دوزانو قبلہ رو پاک صاف جگہ یا مصلہ پر

بحالتِ سکون بیٹھ جائے۔ دونوں آنکھوں کو بند کرکے زیرِ ناف سانس روک کر بزبانِ قلب لفظ ''**لا**'' کہے۔ اور ''**لا**'' کہتے وقت سانس زیرِ ناف سے کھینچے۔ اور لطیفہ قالب سے لیتا ہوا دائیں شانے (کندھے) تک لے جائے۔ پھر ''**الہ**'' کہے۔ اور اس ''**الہ**'' کو اصل دماغ سے نکالے۔ اس کے بعد ''**الا اللہ**'' کی ضرب شدت وقوت کے ساتھ دل پر لگائے۔ اس ذکر سے پانچوں لطائف عالمِ امر پر اس کی حرارت محسوس کریں گے۔ اسی طرح متعدد مرتبہ حبسِ دَم کے ساتھ اسی ذکر کی مسلسل تکرار کرتا رہے۔ جب سانس میں تنگی و دشواری محسوس ہونا شروع ہو۔ تو ایک لمبا سانس لیتے ہوئے ''**محمد رسول اللہ**'' کہہ کر سانس چھوڑ دے۔ یہ لطیفہ اِخفیٰ میں کہے۔ البتہ یہ یاد رکھنا چاہیئے۔ کہ! جب سانس چھوڑے۔ تو طاق عدد پر چھوڑے۔ اسی طرح نفی اثبات کا ورد کرنے سے معکوس لا کی شکل بنے گی۔ (جو کہ متعدد کتب میں ہے) یاد رہے۔ کہ! دورانِ ذکرِ نفی اثبات اِن چار معانی کا خیال رکھنا بہت مفید ہے۔

☆ **لا معبود الا اللہ۔** ☆ **لا مقصود الا اللہ۔**

☆ **لا مطلوب الا اللہ۔** ☆ **لا موجود الا اللہ۔**

ابتداء میں ''لا معبود'' اور ''لا مقصود'' کو پیشِ نظر رکھنا زیادہ مناسب خیال کیا جاتا ہے۔ تاکہ طالبِ صادق اور سالک پر توحیدِ وجودی کا انکشاف نہ ہو۔ (کیونکہ حضرات مجددیہ توحیدی وجودی کو ظاہر شریعت کے خلاف جبکہ توحیدی شہودی کو عین شریعت کی عظیم شاہراہ خیال کرتے ہیں۔ اَز مؤلف) علمائے نقشبند یہ مجددیہ فرماتے ہیں۔ کہ! حبسِ دم کے ساتھ روزانہ (کم اَز کم) ایک ہزار مرتبہ نفی اثبات کا ذکر کرنا ضروری ہے۔

نفی اثبات کا ساتواں طریقہ :

سانس نکالتے وقت بزبانِ قلب ''**لا الہ**'' کہے۔ اور سانس لیتے وقت ''**الا اللہ**'' کہے۔ اکابر صوفیہ اس کو **پاس انفاس** بھی کہتے ہیں۔ لیکن یہ نفی اثبات ہی کا ایک طریق ہے۔ (واللہ اعلم بالصواب) مگر یہ ذکر زبان سے نہ کرے۔ بلکہ زبان کو تالو سے لگا کر تصور وتخیل سے یہ ذکر کرے۔ اگر سالک کچھ عرصہ یعنی چند ماہ تک اسی طرح سے ذکر میں محو ومشغول ومستغرق رہے۔ تو اس پر **لطائف کے بطون کھلنا شروع** ہو جائیں گے۔ اور اگر لطائف کے اذکار میں پہلے کچھ کمی رہ گئی تھی۔ تو اَب اس ذکرِ نفی اثبات سے وہ کمی یقینی طور پر پوری ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اور **اصلاحِ عناصرِ اربعہ** (آتش۔ باد۔ آب۔ خاک) **اور نفس سے ہو کر جذباتِ لطائف فوق الفوق کی طرف** ہو جاتے ہیں۔ یعنی حضوری وجمعیت ایک خاص طور کے ہو جاتے ہیں۔ اکابر نقشبندیہ ہر رطب (تر) اور یابس (خشک) کی طرف متوجہ نہیں ہوتے۔ اور صورتوں واشکالِ غیبی کی طرف بھی رخ نہیں کرتے۔ اور نہ کشف وانوار کا اعتبار کرتے ہیں۔ یاد رہے۔ کہ! طالبِ مولا کو صرف چار چیزوں کی طرف رغبت ہوا کرتی ہے۔ **جمعیت. حضوری. جذبہ .واردات.**

☆ **جمعیت:** خطرات سے قلب کو پاک صاف کرنا۔ ☆ **حضوری:** دل میں ربِ متعال کی کامل حضوری۔ ☆ **جذبہ:** یعنی کشش لطائف کو فوق الفوق کی طرف رکھنا۔ ☆ **واردات:** حالِ فوق کی طرف سے قلب پر کسی دوسرے مقام پر وارد ہوں۔

یہی چار چیزیں اکابر نقشبند میں اصل مانی جاتی ہیں۔ اگر یہ چار ہو گئیں۔ تو سب کچھ ہو گیا۔ پہلی تین چیزیں تو حاصل ہو جاتی ہیں۔ مگر ''**واردات**'' پہلے تھوڑی تھوڑی اور کبھی کبھی ہوتی ہے۔ کبھی دو ماہ میں، کبھی ایک ماہ میں۔ پھر آہستہ آہستہ پندرہ دن یا عشرہ، ہفتہ میں، پھر چوتھے پانچویں روز، پھر دوسرے تیسرے روز، پھر دن میں ایک یا دو مرتبہ پھر دن میں تین چار مرتبہ اتصال واردات کا ہوتا ہے۔ **یاد رہے۔ کہ!** سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ میں سالکین ومریدین وطالبینِ مولا کی ترتیب یہ ہوتی ہے۔ پہلے لطائف، پھر نفی اثبات، پھر پاس انفاس اور پھر مراقبات پھر دیگر سلاسل کے اذکار۔۔۔

نفی اثبات کا آٹھواں طریقہ : (دستورِ ذکر جھر)

پہلے نفی اثبات (اس کی صورت یہ ہے۔ کہ! باوضو دوزانو قبلہ رو پاک صاف جگہ یا مصلہ پر بحالتِ سکون بیٹھ جائے۔ دونوں آنکھوں کو بند کرکے زیرِ ناف سانس روک کر بزبانِ قلب لفظ ''**لا**'' کہے۔ اور ''**لا**'' کہتے وقت سانس زیرِ ناف سے کھینچے۔ اور لطیفہ قالب سے لیتا ہوا دائیں شانے (کندھے) تک لے جائے۔ پھر ''**الہ**'' کہے۔ اور اس ''**الہ**'' کو اصل دماغ سے نکالے۔ اس کے بعد ''**الا اللہ**'' کی ضرب شدت وقوت کے ساتھ دل پر لگائے) چار صد مرتبہ کرے۔ پھر صرف اثبات یعنی ''**الا اللہ**'' کی چھ صد مرتبہ دل (لطیفہء قلب پر) شدت وقوت سے ضربات لگائے۔ اور آخر میں اسمِ ذات ''**اللہ**'' کی دو صد مرتبہ دل (لطیفہء قلب پر) شدت وقوت سے ضربات لگائے۔ (اس طرح سے یہ تعداد بارہ صد ہو جائے گی) حضرت شاہ عبدالقدوس گنگوہی ؒ فرماتے ہیں۔ کہ جو شخص ذکر جہری روزانہ ایک ہزار دو سو مرتبہ کیا کرتا ہے۔ وہ ضرور بالضرور مرتبہء ولایت سے مشرف ہوتا ہے۔

اُجالے اپنی یادوں کے ہمارے ساتھ رہنے دو — نہ جانے کس گلی میں زندگی کی شام ہو جائے

نفی اثبات کا نواں طریقہ :

(طالبِ صادق ومرید) دو سو مرتبہ نفی اثبات کرے۔ چار سو مرتبہ صرف اثبات کرے۔ اور چھ سو مرتبہ اسمِ ذات۔۔۔ سلسلہ (عالیہ چشتیہ) کے مشائخِ عظام اس طرح ذکر تلقین فرماتے ہیں۔ کہ! پہلے کلمہ طیبہ ''لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ'' معہ تسمیہ تین مرتبہ تکرار کرے۔ اس کے بعد سر کو ناف کی طرف جھکا کر ''لا الہ'' کہے۔ اور سر کو دائیں کندھے کی طرف یہ خیال کرے۔ کہ! میں نے غیر اللہ کو پس پشت ڈال دیا ہے۔ اس کے بعد سر کو دائیں طرف لے جائے۔ اور پورے زور وشدت سے ''الا اللہ'' کی ضرب قلب پر لگائے۔ اسی طریقے سے دو صد مرتبہ ''لا الہ الا اللہ'' (نفی اثبات) کرے۔ اور درمیان میں

گا ہے بگا ہے ''محمد رسول اللہ'' بھی کہتا رہے۔اور دسویں یا بیسویں مرتبہ پورا کلمہ طیبہ'' لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ'' پڑھ لیا کرے۔اس ذکر سے فراغت پر تھوڑی دیر مراقب ہو جائے۔اور فیضان کا انتظار کرے۔ (اس کے بعد پہلے کی طرح) کلمہ طیبہ'' لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ'' معہ تسمیہ تین مرتبہ تکرار کرے۔پھر ذکر دوضربی باسمِ ذات ''**اللہ**'' کرے۔ پہلی ضرب دل پر لگائے۔جو بائیں جانب ہے۔جبکہ دوسری ضرب جگر پر لگائے۔جو دائیں جانب ہے۔اس دوضربی ذکر کے دوران'' **انت الھادی. انت الحاضر. انت الھادی انت الناظر** ''کا تصور وتخیل اختیار کیئے رکھے۔ساتھ ساتھ مرشد سے رابطے اور اُن کے واسطے کا تصور بھی جمائے۔جب یہ ذکر بارہ سو مرتبہ پورا ہو جائے۔تو کچھ دیر مراقب ہو کر بیٹھ جائے۔اور فیضان کا منتظر ہو۔کہ باطن سے کیا علمِ معرفت وارد ہوتا ہے۔ (اس کے بعد) سر اُٹھا کر پہلے کی طرح کلمہ طیبہ'' **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** '' معہ تسمیہ تین مرتبہ تکرار کرے۔پھر ذکر یک ضربی باسمِ ذات ''**اللہ**'' کی ضربات دل پر لگائے۔اگر اس سے''انشراحِ قلب'' محسوس ہو۔ تو **فبھا**۔۔۔یہی ذکر کرتا رہے۔کیونکہ اس (ذکر یک ضربی باسمِ ذات اللہ) سے بہت فیضان حاصل ہوتا ہے۔اور خوب جوش وخروش پیدا ہوتا ہے۔

ہزار راہ چلے ، پھر وہ رہ گزر آئی کہ اِک سفر میں رہے اور ہر سفر سے گئے

نفی اثبات کا دسواں طریقہ :

کلمہ'' لا الہ'' کو بائیں جانب سے کھینچ کر دائیں طرف لے جائے۔اور کلمہ'' الا اللہ'' کی دل (لطیفہءقلب) پر قوت وشدت سے ضرب لگائے۔ اور یہ کلمہ (لا الہ الا اللہ) وضربات (دائیں سے بائیں اور پھر دل پر) ایک ہی سانس میں چار مرتبہ کیا کرے۔(یعنی ایک سانس میں چار نفی اثبات)۔ ایک سانس میں چار مرتبہ نفی اثبات کی ضربات کا اشارہ دراصل اربعہ خطرات (یعنی خطرہءشیطانی۔خطرہءنفسانی۔خطرہءملکی اور خطرہءرحمانی) کی نفی کی جانب اشارہ ہے۔ لیکن ذکر دوضربی نفی اثبات دمادم اس طرح سے کرے۔کہ! اس ذکر میں مکمل محو ومستغرق ہو جائے۔کیونکہ! صِرف ذکرِ چہار ضربی میں ایک قسم کا تفرقہ ہے۔جبکہ! ذکر دوضربی با کلمہ'' لا الہ الا اللہ'' کا طریقہ یہ ہے۔کہ! کلمہ'' لا الہ'' بائیں کندھے سے کھینچ کر تیزی سے دائیں کندھے پر لے جائے اور جلدی سے دل (لطیفہءقلب) پر شدت وقوت سے ضرب لگائے۔اور (کوشش کرے۔کہ) ہر تیسری، پانچویں، ساتویں یا گیارہویں مرتبہ کلمہ'' محمد رسول اللہ'' کہے۔تاکہ کلمہ طیبہ مکمل ہو جائے۔جب شغلِ نفی اثبات سے دل کا آئینہ پاکیزہ ومصفی ہو جائے۔تو کلمہ'' الا اللہ'' کے بجائے اسمِ ذات'' اللہ'' کا ذکر اختیار کرے۔تاکہ ذکر'' اللہ۔اللہ۔اللہ'' ہی باقی رہ جائے۔یہی وجہ ہے۔کہ! بعض عُشاق اسمِ ذات ''اللہ۔اللہ۔اللہ'' کے سوا دیگر کسی قسم کا کوئی ذکر نہیں کیا کرتے۔اور نہ ہی اس اسمِ ذات'' اللہ'' کے کسی دوسری چیز کا دل ودماغ میں کوئی خیال لاتے ہیں۔

نفی اثبات (بذریعہ حبسِ نفس) کے مزید دو مجرب طریقہ جات :

نمبر 1۔اس ذکر کو بعض لوگ شغلِ نفی اثبات بھی کہتے ہیں۔اور اس کا طریقہ یہ ہے۔کہ! سالک اپنی دونوں آنکھیں بند کر کے زبان کو تالو سے لگا کر اپنے دَم کو ناف سے کھینچے۔اور جا کر دل میں ٹھہرا دے۔اور کلمہ'' لا الہ'' کو اپنے بائیں زانو سے شروع کر کے داہنے زانو پر لا کر شانے تک دورہ ختم کر کے کلمہ'' الا اللہ'' کی پوری قوت وشدت سے دل (لطیفہءقلب) پر ضرب لگائے۔سالک کو کوشش کرنی چاہیئے۔کہ! پہلے دن میں دس سانسیں کھینچے۔اور ہر سانس میں یہ تین مرتبہ کرے۔اس کے بعد روز بروز، درجہ بدرجہ ایک۔ایک یا تین۔تین دَم کا اِضافہ کرتا چلا جائے۔(ایک یا تین کی تخصیص اس لئے کی گئی ہے۔کہ! **اللہ وتر و یحب الو تر**۔اللہ تعالیٰ طاق ہے۔اور طاق ہی کو دوست رکھتا ہے) تاکہ اندرونی حرارت پیدا ہو۔چربی پگھلے۔اور خطراتِ شیطانی و وساوس دفع ہوسکیں۔اور اندر کے شیطان اور نفس کو شکست ہو سکے۔جب سالک کو دَم کشی کی عادت ہو جائے گی۔تو دل پر محویت کی سی کیفیت ظاہر ہونے لگے گی۔اور تمام جسم میں حرارت جاری ہو جائے گی۔جس سے کہ ہر عضو خود بخود ذاکر، جاری اور روشن ہوتا چلا جائے گا۔(انشاءاللہ تعالیٰ) اور عشقِ الہٰی کی آگ دل میں روشن ہو جائے گی۔مگر خطرے کی مدافعت اور کششِ دَم کے واسطے یہ لازمی ہے۔کہ! معدہ غذا سے کچھ نہ کچھ حد تک خالی ہو۔

نمبر 2۔ سالک کو چاہیئے۔کہ! چارزانو بیٹھ کر دونوں آنکھیں بند کرلے۔داہنے پاؤں کے انگوٹھے اور اس کے پاس کی انگلی سے رگ کیماس کو مضبوطی سے پکڑ لے۔اپنے دونوں ہاتھوں کو زانوؤں پر رکھ دے۔پھر دَم کو ناف سے کھینچ کر دل کی طرف لا کر ام الدماغ (سر کی چوٹی) میں ٹھہرائے۔اور زبان کو بغیر حرکت دیئے غور وفکر کے ساتھ لفظ'' لا'' کو ناف سے کھینچ کر روح (لطیفہءروح) کی طرف لا کر لفظ'' الہ'' کو دماغ تک پہنچا کر باہر لائے۔اور دل (لطیفہءقلب) پر کلمہ'' الا اللہ'' کی پوری قوت وشدت سے ضرب لگائے۔اسی طرح سے ایک سانس میں پانچ یا سات یا نو مرتبہ کہے۔پھر آہستہ سے سانس باہر کردے۔اور ہر مرتبہ سانس باہر کرتے وقت کلمہ ''محمد رسول اللہ'' کا تصور کرے۔پھر آنکھیں کھول کر'' لا محبوب الا اللہ'' کا تصور کرے۔پھر آہستگی سے سانس روکے۔اور اسی طرح ہر دن کم اَز کم دس سانسیں لے۔(اس عمل ومشق کو تین یا پانچ دن تک کرتا رہے) پھر ہر روز ایک ایک یا تین تین مرتبہ زائد کرتا چلا جائے۔یہاں تک کہ! ایک ہی سانس میں 121 ایک سو اکیس مرتبہ یہی ذکر کرنے کے قابل ہو جائے۔تو اس وقت یقیناً دروازہءقلب کھل جائے گا۔اور نورِ مشاہدہ سے قلب منور وتاباں ہو جائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

عالمِ سوز وساز میں وصل سے بڑھ کے ہے فراق وصل ہے مرگِ آرزو، ہجر میں لذتِ طلب

ذِکرِ قربان : (صوفیائے کرام کا پسندیدہ و مرغوب ذکر)

اس ذکر سے صفائی باطن اور خرق العادات کا ظہور ہوتا ہے۔لیکن طالب کو چاہیئے۔کہ! حصولِ مقصدِ مذکورہ کے لئے پانچ باتوں کا لازمی التزام و مواظبت کرے۔اول۔تنگ و تاریک حجرہ۔ دوئم۔ دوسرا بھوکا رہنا۔ سوئم۔کسی پہلو پر یا معکوس قطعاً نہ سونا (بلکہ منہ آسمان کی جانب کر کے سونا)۔ چہارم۔ غذائے لطیف کا استعمال کرنا (مثل دودھ چاول) اور پنجم۔ دل کو غیر اللہ سے بالکل خالی و پاک رکھنا۔

نگاہِ ولی میں وہ تاثیر دیکھی بدلتی ہزاروں کی تقدیر دیکھی

اس ذکر کا طریقہ یہ ہے۔کہ! سالک اس طرح سے مربع بیٹھے۔کہ! دونوں پاؤں کی ایڑیاں خصیتین کے نیچے اور دائیں پاؤں کو بائیں پاؤں پر رکھے۔پھر مقعد کو بند کر کے سانس کو اوپری جانب کھینچ کر ناف کے گرد لا کر ٹھوڑی کو سینے سے ملا کر منہ بند کر کے زبان کو تالو میں سخت گردش دے۔اور باطن میں ''**یا باسط**'' کا ذکر کرے۔جب سالک اس سند سے ذاکر ہو جائے گا۔تو چند ہی روز میں منزلِ مقصود کو پہنچ جائے گا۔ان شاء اللہ۔اور وہ اپنے تئیں صفائی باطن اور خوارق عادات ملاحظہ کرے گا۔بلکہ عالمِ ارواح سے بھی ملاقی ہوگا۔اور ہاتھ پاؤں سب درجہ بسیط میں آ جائیں گے۔یعنی دیکھنے والے کو ہر عضو جدا گانہ نظر آئے گا۔اس کے علاوہ اس ذکر میں ایک اور سرِ عظیم بھی مخفی ہے۔جو عمل کے کسب سے ہی معلوم ہوگا۔یہاں بیان کرنے پر پابندی ہے۔

ذِکرِ ارّہ کے طریقے :

☆ طریقہ نمبر1۔ سانس کو الٹا کر کے پوری قوت سے کلمہ ''لا الہ'' کا ورد داہنے کندھے تک پہنچائے۔اور پھر سر کو پیٹھ کی طرف جھکا کر دل (یعنی لطیفہ ءقلب) پر کلمہ ''الا اللہ'' کی شدت وقوت سے ضرب لگائے۔اور اسی ذکر کو جاری رکھے۔

☆ طریقہ نمبر2۔ دوزانو بیٹھ کر دونوں ہاتھ دونوں زانوؤں پر رکھے۔پھر ناف پر ''ھا'' کی ضرب لگائے۔اور ''ھے'' کی مد وشد کے ساتھ ناف کے نیچے سے اس طرح نکالتے ہوئے (کہ سر، پشت اور کمر ایک ہو جائیں) پر ضرب کرے۔جس طرح کوئی بڑھئی لکڑی پر آرہ چلاتا ہے۔آواز شش کو آرہ بنا دے۔اور دل کو تختہ فرض کرے۔تاکہ ہموار ہو جائے۔اور صفائی بھی حاصل ہو۔

واضح ہو کہ! بعض ذاکرین اسی ذکر (ذکر ارہ) کو ''ھو'' اور ''حی'' سے بھی کرتے ہیں۔

☆ طریقہ نمبر3۔ پہلے آنکھیں بند کرے۔اور زبان کو تالو سے لگائے۔پھر اُلٹی سانس میں پوری قوت سے اسمِ ذات ''اللہ'' کو ناف سے کھینچ کر داہنے شانے تک پہنچائے۔اور اسم ''ھو'' کی ضرب دل (لطیفہ ءقلب) پر بزور وشدت اس طرح سے لگائے۔کہ جس طرح کہ ایک بڑھئی لکڑی پر آرہ کھینچتا ہے۔(عین ممکن ہے۔کہ اسی وجہ سے اس ذکر کو ذکرِ ارّہ کہا جاتا ہو) اور برابر سانس کو زور سے جاری رکھے۔اور صفات سے جہات کا تصور کرے۔اور خیال کرے۔کہ میں دل پر آرہ کھینچ رہا ہوں۔(یعنی کہ! اسم ''ھو'' کی ضرب بہ قوتِ تمام دل پر ایسے لگائے۔کہ جیسے ارّہ کش کسی لکڑی پر ارہ کو کھینچتا ہے۔اسی طرح دمادم نفس یعنی سانس کو بزورِ آواز سخت، با ملاحظہ وصفاتِ امہات و واسطہ جاری رکھے۔اور یہ تصور کرے۔کہ میرے قلب پر ارہ چلتا ہے۔) اور مزید یہ بھی خیال کرے۔کہ! جس طرح لکڑی کو کاٹتے وقت اس سے برادہ نکلتا ہے۔اسی طرح سے میرے قلب سے (لکڑی کے برادے کی جگہ پر) نور کے ذرات اسم ''ھو'' کے ساتھ نکل رہے ہیں۔اور بدن میں پھیل رہے ہیں۔جس سے کہ میرا تمام بدن منور ہوتا جاتا ہے۔بلکہ جسم سے نکل کر تمام عالم کو گھیر کر میرے اور تمام عالم کے وجود کو مستور (مخفی یا پوشیدہ) کر رہے ہیں۔اس ذکر میں سالک کو اس قدر مشغول ہونا چاہیئے۔کہ! محویتِ کل اور مشاہدہ ءتمام حاصل ہو جائے۔یاد رہے۔کہ! اس ذکر کا ذاکر ہی اس ذکر کے لطف ولذت سے خوب واقف وآشنا ہے۔جو کہ احاطہ تحریر میں لانا ممکن نہیں۔یاد رہے۔کہ! اسی طرح ذکر ارہ نفی واثبات میں بھی کیا جاتا ہے۔

حدیث : آنحضور ﷺ نے فرمایا۔(کہ!) سب سے افضل عمل وقت پر نماز پڑھنا اور والدین سے حسنِ سلوک کرنا ہے۔(صحیح مسلم)

☆ **حدیث :** رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔گناہ سے توبہ کرنے والا اس شخص جیسا ہے۔جس نے کوئی گناہ کیا ہی نہ ہو۔(ابن ماجہ)

فرمانِ حضرت علی ھجویری رحمۃ اللہ علیہ (داتا صاحب) : عبادت بناء توبہ درست نہیں۔کیونکہ! توبہ مقامِ ابتداء ہے۔جبکہ بندگی مقامِ انتہاء۔

میری ایک پسندیدہ غزل

کبھی رک گئے ، کبھی چل دیئے ، کبھی چلتے چلتے بھٹک گئے
یوں ہی عمر ساری گذار دی ، یوں ہی زندگی کے ستم سہے

کبھی نیند میں ، کبھی ہوش میں ، تُو جہاں ملا ، تجھے دیکھ کر
نہ نظر ملی ، نہ زباں ہلی ، یونہی سر جھکا کے چلے گئے

کبھی زلف پر کبھی چشم پر ، کبھی تیرے حسیں وجود پر
جو پسند تھے میری کتاب میں ، وہ شعر سارے بکھر گئے

مجھے یاد ہے کبھی ایک تھے ، مگر آج ہم ہیں جدا جدا
وہ جدا ہوئے تو سنور گئے ، ہم جدا ہوئے تو بکھر گئے

کبھی عرش پر کبھی فرش پر ، کبھی اُن کے در کبھی در بدر
غمِ عاشقی تیرا شکریہ ، ہم کہاں کہاں سے گزر گئے

طریقِ انواعِ اَذکار :

طریقِ انواعِ اذکار جوکہ مرشدانِ نامدار نے مریدانِ کامگار کے لئے معین فرمائے ہیں۔اور برسبیلِ فتح باب ان کے نام بھی مقرر کردیئے ہیں۔

نمبر1۔ **ذِکرِ لاھوتی :** اس کا طریق یہ ہے۔کہ! جلسہ معہودہ قرار دے کر سر کو بائیں شانے کی طرف جھکا کر تھوڑا تھوڑا پشت کی جانب خم دے کر متصل ''ھو'' کی ضرب لگائے۔اور ایک ضرب اندرونِ جسم میں لگائے۔مگر منہ اسی جانب ہی رہے۔پھر سر کو اسی طرح مقامِ مذکور پر پہنچا کر دائیں پہلو پر متصلاً دو ضربیں لگائے۔اور ایک ضرب پہلوئے راست پر پھر دو ضربیں بائیں زانو پر اور ایک ضرب بائیں پہلو پر اور دو ضربیں دونوں زانوؤں کے درمیان اور ایک ضرب اپنے اندرونِ جسم میں پھر دو ضربیں دائیں زانو پر اور ایک ضرب بائیں پہلو پر لگا کر پھر سر کو دائیں شانے کی طرف جھکا کر متصلاً ''ھو'' کہے۔اور ایک ضرب بائیں پہلو پر لگائے۔اس کے بعد تین بار سرین کو تھوڑا سا زمین سے اُٹھا کر دو زانو بیٹھ کر تین ضربیں لگائے۔پھر تین دور ''ھو'' کے بائیں زانو سے دائیں زانو تک کرے۔اس کے بعد بائیں زانو پر ایک ضرب لگائے۔اور تین کوب اپنے اندرونِ جسم میں لگائے۔اور تین ضربیں سیدھے زانو پر پھر تین ضربیں دونوں زانو کے درمان اور تین کوب (کوب یعنی کوٹنا) اپنے اندرونِ جسم میں لگائے۔اس کے بعد تین ضربیں اور اپنے وجود میں لگائے۔پھر سیدھے زانو سے بائیں زانو تک تین دور کرے۔جس طرح کہ بائیں زانو سے ضرب اور کوب کا عمل کیا تھا۔اسی طرح سے اس کا انصرام کرے۔اور پھر اَز سرِنو شروع کرے۔اس کا کثیر فائدہ عمل کرنے سے خوب واضح اور روشن ہوجائے گا۔یہ ذِکرِ لاہوتی کا خاص الخاص ذکر اور شغل ہے۔

نمبر2۔ **ذِکرِ جبروتی :** اس کا طریق یہ ہے۔کہ! جلسہ معہودہ ملحوظ رکھ کر دونوں زانوؤں کے درمیان جھکا کر زمین تک پہنچائے۔اور ''یا احد'' کی ضرب لگائے۔اور وہاں سے سر اُٹھا کر ایک ضرب اپنے وجود میں لگائے۔پھر ''یا احد'' اور ''یا واحد'' دونوں کی دس ضربات پیاپے لگائے۔اور پھر سات ضربیں سیدھی ''اللہ'' کی اپنے وجود پر لگائے۔اور پھر اَز سرِنو شروع کرے۔اس کا کثیر فائدہ عمل کرنے سے خوب واضح اور روشن ہوجائے گا۔یہ ذِکرِ جبروتی کا خاص الخاص ذکر اور شغل ہے۔

نمبر3۔ **ذِکرِ ملکوتی :** اس کا طریق یہ ہے۔کہ! بجلسہء معینہ مذکورہ بائیں زانو پر ''یا بدیع'' اور دائیں پہلو پر ''یا باعث'' کی ضربیں لگائے۔پھر دائیں زانو پر ''یا نور'' اور بائیں پہلو پر ''یا شہید'' کی ضربیں لگائے۔ اور پھر اَز سرِنو شروع کرے۔اس کا کثیر فائدہ عمل کرنے سے خوب واضح اور روشن ہوجائے گا۔یہ ذِکرِ ملکوتی کا خاص الخاص ذکر اور شغل ہے۔

نمبر4۔ **ذِکرِ ناسوتی :** اس کا طریق یہ ہے۔کہ! بجلسہء معینہ ملحوظ رکھ کر سر کو دونوں زانوؤں کے درمیان تین مرتبہ لے جا کر وہاں سے ''اللہ'' کہتا ہوا سر اُٹھائے۔اور ''یا اللہ۔یا معز'' دونوں کو ایک ساتھ ملا کر تین ضربیں اپنے وجود میں لگائے۔پھر سر کو اس جگہ لے جا کر اس طریق سے ''یا اللہ۔یا مذل'' دونوں کو ملا کر بائیں زانو پر لگائے۔پھر سر کو اسی جگہ لے جا کر اسی طریق سے دائیں زانو پر ''اللہ۔رازق'' کی ضرب لگائے۔اور پھر اَز سرِنو شروع کرے۔اس کا کثیر فائدہ عمل کرنے سے خوب واضح اور روشن ہوجائے گا۔یہ ذِکرِ ناسوتی کا خاص الخاص ذکر اور شغل ہے۔

نمبر5۔ **ذِکرِ مکاشفہ :** جلسہ مربع زانو سے **یاھو** کہتے ہوئے سر کی گردش دائیں زانو اور کتفِ راست ، بائیں زانو تک پہنچائے۔پھر اسی طرح **یا من ھو** کی گردش بائیں زانو سے دائیں زانو تک پہنچائے۔پھر یہاں سے **یا من لا ھو** کی گردش با ملاحظہ و واسطہ بائیں زانو سے بہ نفی پر سہ خطرات دائیں شانے پر تمام کر کے **الا** کو دماغ میں لے جا کر قلب پر **ھو** کی تین ضربیں لگائے۔

اِس ذِکر کی مشق سے کشفی صلاحیت اور فہم و فراست اور ادراک میں بے پناہ اِضافہ ہوگا۔بلید طبیعت کھل جائے گی۔اگر قبض بھی لاحق ہو گیا ہوگا۔تو اِس ذِکر کی برکت و بدولت بسط پیدا ہوجائے گا۔جس سے طبیعت سنبھل جائے گی۔انشاءاللہ۔(یاد رہے۔کہ!) اگر مذکورہ بالا شرائط کے ساتھ ایک تسبیح (یعنی یک صد مرتبہ) نفی ، چار تسبیحات اثبات اور چھ تسبیحات اثبات کے ذکر کی کیا کرے۔اور چھ تسبیحات اسمِ ذات (اللہ) کی ہمیشہ با ملاحظہ و واسطہ پڑھتا رہا کرے۔اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل و کرم اور اس ذکر کی بدولت چند ہی روز میں ذاکر نورِ حق سے منور ہوگا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

نمبر6۔ **ذِکرِ مکاشفہ :** اس ذِکر کا دوسرا طریقہ یہ ہے۔کہ! جلسہء مذکورہ معینہ قرار دے کر ''ھو'' کہتے ہوئے بائیں زانو سے دائیں زانو تک ایک دورہ کرے۔اور جہاں سے زروع کیا تھا۔جب وہاں پر پہنچے۔پھر اسی طرح ''یا من ھو'' کا دورہ کرے۔پھر اسی جگہ ''یا من لَآ اِلٰہَ'' کو دائیں شانے تک پہنچا کر ''الا اللہ'' کی ضرب بائیں زانو کے سر پر لگائے۔اور ''الا اللہ'' کی ''ہ'' کو دائیں شانے پر پہنچا کر ''الا اللہ'' کو دراز کر کے ''ھوھو'' کی تین کوب اپنے وجود میں لگائے۔اور پھر اَز سرِنو شروع کرے۔اس کا کثیر فائدہ عمل کرنے سے خوب واضح اور روشن ہوجائے گا۔یہ ذِکرِ مکاشفہ کا خاص الخاص ذکر اور شغل ہے۔

نمبر07۔ **ذِکرِ مشاھدہ :** اس کا طریق یہ ہے۔کہ! مربع بیٹھ کر موجودات کی نفی کا بحالتِ نفی اور واجب الوجود کا بحالتِ اثبات تصور کرے۔اور بائیں زانو سے ''**لا مطلوب لا مقصود لا محبوب لا موجود**'' کہتا ہوا اس کو دائیں شانے پر پہنچا کر ''الا اللہ'' کی ضرب اپنے وجود میں لگائے۔اور ''ھُوَ اِلَّا اللّٰہُ'' کو ناف کے نیچے سے مدّ کے ساتھ کھینچتا ہوا ام الدماغ تک لے جائے۔اور ''ھو'' کی سات ضربیں اپنے وجود میں لگائے۔اور پھر اَز سرِنو شروع کرے۔یہ ذِکرِ مشاہدہ کا خاص الخاص ذکر اور شغل ہے۔

نمبر08۔ ذِکرِ مشاهده کا طریقہ دوسرا طریقہ یہ ہے۔کہ! ''لا الہ'' کو مد کے ساتھ بائیں زانو سے کھینچ کر دائیں شانے تک لائے۔اور کلماتِ مذکورہ (**لا مطلوب لا مقصود لا محبوب لا موجود**) کا تصور رکھے۔اور مقامِ مذکورہ پر اِلا اللہ'' کی ضرب لگائے۔اسی طرح ورزش (**Practice**) کرے۔یہ بھی ذِکرِ مشاہدہ کا ذکر اور شغل ہے۔

نمبر09۔ ذِکرِ ثلاثی گنبدی: اس کا طریق یہ ہے۔کہ! جلسہ یعنی اس کی نشست اپنے مرشد سے معلوم کرے۔اور بائیں شانے سے ''لا الہ'' کہتا ہوا سر کو دائیں شانے تک پہنچائے۔اور آگے کو کود کر ''الا اللہ'' کی ضرب لگائے۔پھر وہاں سے آگے کو کود کر ''الا اللہ'' کی دو ضربیں لگائے۔پھر پیچھے کو کود کر اپنی جگہ پر آکر ''الا اللہ'' کی ضرب لگائے۔پھر اَز سرِ نو شروع کرے۔

نمبر10۔ ذِکرِ سر: اس کا طریق یہ ہے۔کہ! دوزانو بیٹھ کر ''یا شاہد'' کی ضرب دونوں زانوؤں کے درمیان لگائے۔اور ''یا شہید'' کی ضرب اپنے وجود میں اور ''یا شاہد'' کہتے ہوئے آنکھیں کھلی رکھے۔اور تصور رکھے۔کہ وہ مع الصفات ظاہر ہے۔اور ''یا شہید'' کہتے ہوئے آنکھیں بند رکھے۔اور تصور کرے۔کہ وہ مع الذات ظاہر ہے۔اسی طرح ہر روز مواظبت (یعنی استقلال و یکسوئی سے) کرے۔

نمبر11۔ ذِکرِ مدور بحلق: اس کا طریق یہ ہے۔کہ! جلسہ معہودہ متعین کر کے سر کو بائیں شانے سے ''لا الہٰ'' کہتا ہوا دائیں شانے تک پہنچائے۔پھر وہاں سے جلد سر کو پھرا کر ٹھوڑی کو بائیں شانے پر رکھ کر ''لا الہ'' کہہ کر ''الا اللہ'' کی ضربات لگائے۔ اور پھر اَز سرِ نو اسی طرح کرے۔اور اسی طرح پیا پے ضربات لگاتا رہے۔تھوڑے ہی ایام میں اس ذکر کے لا متناہی فوائد کسب سے ہی معلوم ہو جائیں گے۔ان شاءاللہ۔

نمبر12۔ ذِکرِ آورد برد: اس کا طریق یہ ہے۔کہ! جلسہ معہودہ متعین کر کے دائیں شانے کی طرف منہ کر کے ''ھا'' اور بائیں شانے کی طرف منہ کر کے ''ھو'' اور سر جھکا کر اپنے جود میں ''ھے'' کی ضربات لگائے۔اسی طرح پیا پے ضربیں لگاتا رہے۔یہ ذکر حضرت پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا مخصوص ذکر ہے۔اس کا کثیر فائدہ کرنے سے معلوم ہوگا۔

نمبر13۔ ذِکرِ ضربِ راست: اس کا طریق یہ ہے۔کہ! جلسہ معہودہ متعین کر کے سر جھکا کر ''حق تو ئی'' کہتا ہوا ناف کے نیچے سے سختی کے ساتھ دَم کھینچے۔اور سیدھا ہو کر متصلاً ''حق'' کی ضرب اپنے وجود میں لگائے۔اور پھر اَز سرِ نو اسی طرح کرے۔اور اسی طرح پیا پے ضربات لگاتا رہے۔تھوڑے ہی ایام میں غایت درجہ کا ذوق وشوق پیدا ہو جائے گا۔ان شاءاللہ۔

نمبر14۔ ذِکرِ امهات: اس کا طریق یہ ہے۔کہ! اول معدہ کو طعام سے خالی کرے۔اور اس کا جلسہ (بیٹھنے کی مخصوص جگہ) متعین کرے۔بائیں زانو پر بیٹھے۔اور جلسہ دوزانو رکھے۔اور دایاں زانو بطریق مربع رکھے۔لیکن دائیں تلوے کو بائیں پاؤں کی رگ کیاس کی جگہ سختی سے ملائے رکھے۔اور ''لا الہ'' کہتا ہوا اول جگہ سے ہرن یا چیتے کی طرح اچانک سے اُچھلے۔اور ''الا اللہ'' کہتا ہوا دوسری جگہ پر جا ٹھہرے۔پھر اَز سرِ نو اسی طرح کرے۔ اگر بلا انفصال و تعطل اسی طرح برابر ایک برس تک اس ذکر کی مواظبت و مداومت جاری رکھے رہے۔تو وہ یقیناً دو سے **تین گز تک اونچا اُڑنے کی صلاحیت حاصل** کر لے گا۔اسی طرح سے دو برس میں چھ گز تک اور چار برس میں بارہ سے پندرہ گز تک اونچا اُڑ سکے گا۔کرامتِ شہبازی کے حصول کا یہ بہت ہی مجرب طریقہ عمل ہے۔

(اس مشق کو صاحبِ جواہر خمسہ سے تفصیلاً بیان کیا ہے۔اور راقم اپنی کتاب کے جوہرِ چہارم میں اس مشق کے تجربے کو بیان فرمایا ہے)

نمبر15۔ ذِکرِ ثلاثی مجرد: اس کا طریق یہ ہے۔کہ! جلسہ معہودہ متعین کر کے ''لا'' کو ناف سے کھینچ کر دائیں شانے پر ضرب دے کر زور و شور سے پھر کر اسی جگہ ''الا اللہ'' کی ضرب (بغیر ھ) کے لگائے۔اس کے بعد بائیں طرف سے زور سے سر پھرا کر ''ھ'' کی ضرب لگائے۔

اسی ذکر (ذکر ثلاثی مجرد) کا دوسرا طریق یہ ہے۔کہ! ''الا اللہ'' کو ناف سے اُٹھائے۔اور ایک ضرب بائیں پہلو پر اور ایک ضرب دائیں پہلو پر لگائے۔پھر ایک ضرب ''الا اللہ'' کی اپنے وجود پر لگائے۔ مگر یہ تمام مشق حبسِ دَم کے ساتھ کرے۔تا کہ کلی فائدہ حاصل ہوے۔

طریقِ ذِکرِ ثلاثی مغربی بطریقِ ضرباتِ مختلفه:

طریقِ انواعِ اذکار جو کہ مرشدانِ نامدار نے مریدانِ کامگار کے لئے معین فرمائے ہیں۔اور بر سبیلِ فتح باب ان کے نام بھی مقرر کر دیئے ہیں۔

ذِکرِ گنجینهء معرفت: اگر گنجینہء انوار الوہیت اور خزانہ اسرارِ ربوبیت کو، جو کہ مخزنِ قلب میں موجود ہے۔بہت جلد جرأت کے ساتھ حاصل کرنا چاہیئے۔تو اس کے لئے مناسب ہے۔کہ! ذِکرِ ثلاثی مغربی میں کہ اس کے لئے مثل کلید کے ہے۔مشغول ہونا چاہیئے۔تا کہ معرفت کے خزانے کا باب کھلے۔اور اکثر و بیشتر فقراء کو اسی ذِکر سے فتح یاب ہوتے ہوئے پایا گیا ہے۔پس جو شخص اس ذخر کو عمل میں لائے گا۔امید ہے۔کہ! تین چار روز ہی میں اسے مشاہدہ غیب سے پردہء لا ریب حاصل ہوگا۔ان شاءاللہ العظیم۔ اس ذکر و شغل کا صدری طریق یہ ہے۔کہ!

جلسہ معہودہ متعین کرے۔اور عامل پہلے برزخِ کبریٰ اور صغریٰ کو ظاہراً و باطناً قرار دے کر پھر بائیں زانو پر سر رکھ کر لا الہ کہتے ہوئے۔دورہ شروع کرے۔اور دائیں زانو پر گزرتا ہوا دائیں شانے تک پہنچائے۔اور تھوڑا سا کمر کی طرف جھکا کر تین ضربیں ''الا اللہ'' کی بائیں زانو پر اور تین ضربیں دونوں زانوؤں کے درمیان اور تین دائیں زانو پر اور تین ضربیں اپنے وجود پر لگائے۔پھر بائیں زانو پر سر کو پہنچا کر بتصور ''لا الہ'' دورہ شروع کرے۔اور سر کو دائیں

زانو اور دائیں شانے پر پھر گردن اور بائیں شانے پر گزار کر بائیں زانو پر پہنچائے۔اسی طرح سے مسلسل دورے کرے۔اور دوزانو ہوکر حبسِ دَم کر کے تین کوب اپنے وجود پر کرے۔ پھر تین حملے کرے۔اسی طرح سے سر کو دونوں زانوں کے درمیان زمین کے نزدیک پہنچا کر آہستہ آہستہ سانس کو ناف کے نیچے سے قوت اور شدت کے ساتھ بتصورِ ''الا اللہ'' اس طرح سے اوپر کھینچے۔ کہ سر اور کمر دونوں برابر ہو جائیں۔ پھر اسی طریق سے تین قبض کرے۔اور معدے کو نیچے سے اوپر کو بتصورِ ''الا اللہ'' سینہ تک کھینچے۔اور دائیں زانو سے اسی طرح تین دورے کرے۔ اور تین کوب اور تین حملے کرے۔ اور تین قبض کا بطریقِ مسطور انصرام کرے۔اس کے بعد سر کو دائیں بائیں آگے پیچھے (چاروں اطراف) اس طرح سے جھکائے۔کہ تمام اعضاء خمیدہ ہو جائیں۔ اور تمام اعضاء میں سرایت کرے۔ جب بے طاقت ہونے لگے۔آسمان کی طرف منہ کر کے ہلکی آواز سے ''ھو'' کہتا ہوا سانس کو بتدریج آہستہ آہستہ چھوڑ دے۔تو یہ ایک بسط تمام ہوا۔ پھر آٹھواں بسط اسی طریق سے تمام کرے۔مگر بارہ ضربیں کہ بسطِ اول میں لگائی ہیں۔ وہ نہ لگائے۔ بلکہ ہر بسط میں دوسرا دورہ شروع کرے۔ کیونکہ! ہر دورہ دوسرے دورے سے متضاد ہے۔ جب اس طریق ایک دَم میں نو بسط پورے کرے گا۔تو ایک مرتبہ ذِکر پورا ہوگا۔

ذِکرِ ضیاء کا طریقہ : جلسہ معہودہ متعین کر کے دوزانو بیٹھے۔اور اپنے دونوں ہاتھوں کو دونوں زانوؤں پر رکھے۔اور اپنے سر کو ناف کے برابر لا کر ''اللہ'' کہتے ہوئے دَم کو اوپری جانب کھینچے۔اور معدہ پر ''حق'' کی ضرب لگائے۔اور ''ھو'' کو مدّ کے ساتھ ام الدماغ تک پہنچائے۔ پھر ایک ضرب ''ھو'' کی آگے ایک پشت کی طرف جھک کر ناف پر ایک ضرب دونوں زانوؤں کے وسط پر ایسے لگائے۔کہ! ایک ضرب دائیں زانو پر جبکہ دوسری ضرب بائیں پہلو پر پھر ایک ضرب دائیں ران پر ایک ضرب بائیں زانو پر ایک ضرب دائیں پہلو پر ایک ضرب بائیں ران پر اور تین ضربیں اپنے وجود میں لگائے۔ پھر اَز سرِ نو شروع کرے۔

ذِکرِ قلندریہ کا طریقہ : جلسہ معہودہ متعین کر کے دوزانو بیٹھے۔دونوں زانوؤں کے وسط میں ''یا حسن'' ناف پر ''یا حسین'' دائیں شانے پر ''یا فاطمہ'' بائیں شانے پر ''یا علی'' کی ضرب لگائے۔ جبکہ اپنے وجود پر ''یا محمد'' کی ضرب لگائے۔ پھر اَز سرِ نو شروع کرے۔اسی طرح کم از کم 313 مرتبہ اور زیادہ سے زیادہ 1100 مرتبہ اس ذکر کو کرے۔اگر کوئی اس ذکر کی مواظبت کرے۔تو ارواحِ پنجتن پاک کی ارواحِ طیبات تشریف لائیں گی۔اور امداد بھی فرمائیں گی۔ بلکہ طالبِ صادق کو مطلوب (معشوقِ الٰہی) تک بھی پہنچا دیں گے۔ان شاء اللہ۔

ذِکرِ قلندری : دائیں طرف (شانے یا پہلو) سے اسمِ ذات ''اللہ'' کو شروع کرے۔اور قلب پر ''ھو'' کی ضرب لگائے۔ابتداء میں آہستہ آہستہ پھر جیسے جیسے جوش بڑھتا جائے۔آواز کو بلند کرتا جائے۔ پھر ذکر خفی بہ حبسِ دَم کرے۔ (جب جوش شدت اختیار کر جائے۔تو یہ ذکر شروع کر دے) کلمہ ''**ھو اللہ**'' کو ناف سے کے لے جا کر ام الدماغ تک لے جا کر حبسِ دَم کرے۔اور ''ھو اللہ'' کی جنبش ناف میں دے۔ جب تنگیٔ نفس (سانس میں دشواری) ہونے لگے۔ بہ لفظ ''اللہ ھو'' کہہ کر دَم کو چھوڑ دے۔اسی ذکر کی مسلسل تکرار کرتا رہے۔اس ذکر میں بہت زیادہ اثر پوشیدہ ہے۔ جو کرے گا۔ وہ ملاحظہ کر لے گا۔ طیر و سیر اور ساز و رنگ سبھی کچھ اپنے جسم میں پائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اگر سالک مقامِ ہویت پر پہنچنا چاہے۔تو تو اس ذکر پر ہمیشگی اختیار کرے۔اور خود کو کسی خلوت میں گوشہ نشین کر لے۔اس ذکر میں ذاکر چار زانو بیٹھ کر اور دونوں گھٹنوں کے بیچ میں سر کر کے ناف پر اسمِ ذات ''اللہ'' کی ضرب لگا کر سر کو بلند کرے۔اور گھٹنوں کو مستحکم پکڑے۔ پھر دل (یعنی لطیفۂ قلب) پر اسم ''ھو'' کی شدید ضرب لگائے۔اور خود کو اسی ذکر میں مشغول و منہمک کر لے۔اگر کوئی طالبِ صادق اسی ذکر میں خود کو مشغول و مستغرق کر لے گا۔تو اُس خوش نصیب شخص میں یقینی طور پر اللہ تعالیٰ کے بہترین اوصافِ جمیلہ مجتمع ہو جائیں گے۔انشاء اللہ۔ یہ ذکر اکثر مشائخ کا دستور العمل رہا ہے۔(اس ذکر کو پہلے عشرے میں روزانہ بعد نمازِ عشاء **313** مرتبہ کیا جاتا ہے۔ دوسرے عشرے سے **500** مرتبہ روزانہ کیا جاتا ہے۔ایک ماہ بعد **1111** مرتبہ ہمیشہ کے لئے اختیار کرنا ہوتا ہے)

ذِکرِ معلّٰی کا طریقہ : جلسہ معہودہ متعین کر کے دوزانو بیٹھے۔اور اسمِ ذات ''اللہ'' کو قلب سے کھینچے۔اور دائیں طرف سر کو لے جا کر تھوڑا سا پشت کی جانب جھکا کر شدت سے ''ھو'' کی ضرب قلب پر لگائے۔اور اسی ورزش کو جاری رکھے۔اس ذکر سے کشفِ حقائقِ اشیاء حاصل ہوتا ہے۔ یہ ذکر بہت پر تاثیر، سہل اور کثیر النفع ہے۔ (**العاقل تکفیہ الاشارۃ** ۔ عاقل کے لئے اشارہ ہی کافی ہے)

ذِکرِ حلاجی کا طریقہ : جلسہ معہودہ متعین کر کے دوزانو بیٹھے۔ پہلے اسمِ ذات ''اللہ'' سے الف اور لام طُرح کرے۔ پھر دائیں طرف ''ھا'' مفتوح اور بائیں طرف ''ھے'' مکسور اور قلب پر ''ھو'' مضموم کی ضربات لگائے۔خواہ باشباع یا بے اشباع اور اسمِ ذات ''اللہ'' کا تصور و تخیل رکھے۔تا کہ ''ھو'' کا ثمرہ بخوبی ظاہر ہو۔تھوڑی ہی مُدت میں یقینی طور پر سالک پر درجہ ''انا الحق'' ذاکر پر ظاہر ہوگا۔ان شاء اللہ۔اس ذکر سے تجلیٔ ذات اور ترقیٔ درجات حاصل ہوتے ہیں۔اس ذِکر کے دیگر بہت فوائد بھی ہیں۔ جو عمل و مشق کرنے سے عامل پر خود بخود روشن ہوں گے۔

ذِکرِ حلاجی کا دوسرا طریقہ : بندگی حضرت قطب الاقطاب شیخ حاجی بابا فرید گنج شکر اجودھنیؒ نے مذکورہ ذکر کو بزبانِ پنجابی میں اس طرح سے تعلیم فرمایا ہے۔کہ! جلسہ معہودہ متعین کر کے دوزانو بیٹھے۔اور آسمان کی طرف بطریقِ کرشمہ ملاحظہ کرے۔ اور ''**اُھُوں تُوں**'' کہے۔اور ایک لمحہ آنکھ کھلی رکھے۔ پھر اسی طرح سے زمین کی طرف دیکھتے ہوئے ''**اِھُوں تُوں**'' کہے۔ پھر اپنے وجود کی جانب ملاحظہ کر کے تین یا سات ضربات ''**اِھھیں تُوں**'' کی لگائے۔اور یہی ذکر پیا پے کرتا رہے۔حتیٰ کہ یگانگی ہو جائے۔ پھر از سرِ نو شروع کرے۔اس ذِکر کے دیگر بہت فوائد بھی ہیں۔ جو عمل و مشق کرنے سے عامل پر خود بخود روشن ہوں گے۔

ذِکرِ حیران کا طریقہ : اس کا کوئی خاص طریق نہیں۔کوئی جلسہ معین نہیں۔جس نشست سے سہولت ہو۔کرے۔البتہ چاہیئے۔کہ! حبسِ دَم کر کے پیاپے معدہ کو ناف سے اوپر کی طرف کھینچ کر بتصور''الا''اور بفکر''ھو'' قلب پر ساتھ ضربات لگائے۔جب سات ضربیں پوری ہو جائیں۔تو سانس کو آہستہ آہستہ کر کے چھوڑ دے۔اور پھر اَز سرِنو اسی ذکر کو شروع کرے۔اس ذکر کا فائدہ عمل سے معلوم ہوگا۔

وقت پر زور نہیں ، عمر چلی جاتی ہے کس قدر کام ہیں پڑے ، ابھی کرنے والے

ذِکرِ حیران کا دوسرا طریقہ یہ ہے۔کہ! معدہ کو صاف کر کے جلسہ ءِ معینہ کو مدِنظر رکھے۔اور ہمیشہ اس طرح سے ذِکر کرے۔کہ! سانس کو روک کر بتصور''الا اللہ'' ناف کے نیچے سے معدہ تک سات مرتبہ گردش دے۔اور ہر کشش میں دل سے''اللہ'' کہے۔جب ایک سانس میں سات مرتبہ مکمل کر چکے۔تو اپنے دَم(سانس) کو بتدریج چھوڑ دے۔پھر اَز سرِنو شروع کرے۔اسی طرح سے کم از کم آدھ سے پون گھنٹے تک اسی ذِکر کی تکرار کرے۔اس عمل کی مسلسل مواظبت سے چالیس پنتالیس روز کے بعد یقینی طور پر ذاکر کا قلب خود بخود ذِکرِ الٰہی کرنے لگے گا۔اور اس کے بعد ذاکر کے اوپر ایسی حالت طاری ہوگی۔کہ! وہ مقیدات اسماء و صفات سے ایسی رہائی پائے گا۔کہ! وائے حیرت اور مقامِ ولایت کے ایسے درجے اور سرحد تک پہنچ جائے گا۔جس کا بیان زبان سے نہیں کیا جا سکتا۔کیونکہ! وہ مقام تجلیات و انواراتِ الٰہیہ ہے۔

علمِ حق در علمِ صوفی گم شود این سُخن کہ باور مردم شود

ذکرِ بودلہ کا طریقہ : جلسہ معہودہ متعین کر کے دوزانو بیٹھے۔اور دونوں ہاتھ منہ پر رکھ کر''لا الہ'' کہتا ہوا دوزانو ہو کر دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں بند کر کے ہوا کی طرف لے جا کر کھول دے۔پھر دونوں مٹھیاں بند کر کے''الا اللہ'' کہتا ہوا زمین پر بیٹھتے وقت دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں بند کی ہوئی منہ تک لے جا کر ضرب لگائے۔اور پھر اَز سرِنو شروع کرے۔لیکن یاد رہے۔کہ! اس ذکر میں دو تصورات لازمی رکھے۔بحالتِ نفی(لا الہ) جب مٹھیاں بند کر کے ہوا کی طرف لے کر جائے۔تو خیال کرے۔کہ ماسوائے اللہ کو قلب سے دائمًا نکال کر باہر ڈالتا ہوں۔اور غیر اللہ سے انقطاعِ قطعی کرتا ہوں۔جبکہ بحالتِ اثبات(الا اللہ) یہ تصور و تخیل کرے۔کہ! انواراتِ الٰہیہ کو قلب میں لے آیا ہوں۔اور ہستی حق اور اطلاقِ مطلق کو ثابت کر دیا ہے۔

ذِکرِ بودلہ کا دوسرا طریقہ یہ بھی ہے۔کہ! جلسہ معہودہ متعین کر کے دوزانو بیٹھے ہوئے دونوں ہاتھوں کے بجائے نفی(لا الہ) کے وقت بائیں ہاتھ کی مٹھی کو اور بوقتِ اثبات(الا اللہ) دائیں ہاتھ کو استعمال کرے۔باقی جلسہ و قیام و قعود و جملہ عمل(ذکر) پہلے طریقے کے موافق کرے۔اس ذکر کی کچھ عرصہ(مثل دو سے تین ماہ) کی مواظبت سے بودلوں کی ارواحیں ذاکر کے سامنے حاضر ہوتی ہیں۔اور نیک امور میں معاونت کرتی ہیں۔

ذِکرِ بودلہ کا تیسرا طریقہ یہ بھی ہے۔کہ! جلسہ معہودہ متعین کر کے دوزانو بیٹھے۔اور بائیں ہاتھ کی مٹھی باندھ کر منہ پر رکھے۔اور اس میں بے انفصال''ھو۔ھو'' کہنا شروع کر دے۔''ھو'' کے ساتھ دائیں ہاتھ سے دلِ صنوبری پر ضرب لگائے۔اور زبان سے''ھو''اور دل سے''اللہ'' کا تصور و تخیل کرے۔اس ذکر کی مواظبت سے سالک کو مرتبہ فنا حاصل ہو کر مرتبہ ءِ بقا حاصل ہوتا ہے۔

تیرے تصورات میں راتوں پڑے پڑے ہوتی رہی ہے سحر بھی مجھ پر کبھی کبھی

لطائفِ ستہ میں ذِکرِ خفی کا طریقہ : جبکہ! ستہ لطائف میں ذکرِ ارّہ کا طریقہ یہ ہے۔کہ! اسمِ ذات''اللہ'' کے تصور کے ساتھ سانس کو جو لطیفہ مقصود ہو۔اس سے معکوس(اُلٹا) کھینچ کر اسی لطیفہ پر اسم''ھو'' کی ضرب لگائے۔چنانچہ جاروب لطیفہ ءِ قلب کے بیان میں ذکر کیا گیا ہے۔لیکن جب(سالک و مرید) چھ کے چھ لطائف کی مشق سے فارغ ہو جائے۔اور ان میں کمال حاصل ہو جائے۔تو مرشد(اپنے مرید) کو جملہ لطائف کی یکبارگی توجہ کرنے کو حکم فرمانا چاہیئے۔اور مرشد کو خود بھی توجہ کرنا چاہیئے تاکہ تمام لطائف بآسانی جاری و روشن ہو جائیں۔اگر اس دوران لطائف کی سیر کی کچھ تجلیات ظاہر ہوں۔تو طالب اِن میں مشغول ہو کر بے پرواہ نہ ہو جائے۔بلکہ اللہ تعالیٰ کے حضور مزید ترقی کی دعا و خواہش کرے۔

لطائفِ ستہ میں ذِکرِ خفی(ذِکرِ جاروب) کا دوسرا طریقہ : ستہ لطائف میں ذکر جاروب کا طریقہ یہ ہے۔کہ! اسمِ ذات''اللہ'' کے تصور کے ساتھ سانس کو پوری قوت و شدت سے حبسِ دَم کے بغیر(بغیر سانس روکے) جس بھی لطیفہ کی جاروب مقصود ہو۔اس سے کھینچ کر''ھو'' کی ضرب اسی لطیفہ پر لگائے۔مثلاً اگر لطیفہ ءِ قلبی کی جاروب کرنا مقصود ہے۔تو تصور اسمِ ذات''اللہ'' کے ساتھ سانس کو قلب سے کھینچ کر موضوعِ روح(یعنی لطیفہ ءِ روح کا مقام) تک لا کر اسم''ھو'' کی ضرب قلب پر لگائے۔اور یہی طریقہ ہر لطیفہ کی جاروب میں اختیار کرنا چاہیئے۔

ذکرِ زجاج کا طریقہ : اس کا طریق یہ ہے۔کہ! جلسہ معہودہ متعین کر کے دوزانو بیٹھے۔اول قلب سے''اللہ'' کہے۔پھر سر کو''لا الہ'' کہتے ہوئے ایک دو حلقے دے کر کلمہ''ھو'' کی شدت سے قلب پر ضرب لگائے۔پھر دائیں طرف''الحی''اور بائیں طرف''القیوم'' کی ضربات لگائے۔یہ ایک مرتبہ ہوا۔سالک کو چاہیئے۔کہ! اسی طرح سے ہزار ضربات لگائے۔اس ذکر کی مواظبت سے تھوڑے ہی عرصے میں بلاشک و ریب پردہ ءِ غیبی سے''کشفِ ملکوتی'' حاصل ہونے لگے گا۔کیونکہ اس ذکر میں ثبوت اور سلب دونوں داخل ہیں۔لیکن عمل کرنا شرط ہے۔تاثیر یقینی طور پر ظاہر ہوگی۔اس ذِکر کے دیگر بہت فوائد بھی ہیں۔جو عمل و مشق کرنے سے عامل پر خود بخود روشن ہوں گے۔

سخت زباناں رکھن والے دیندے نہیں نقصان **بلھیا** ڈر اُنہاں توں جیھڑے ، جھک جھک کرن سلام

اذکارِ ضربیہ کی عجیب مشق : (پورے جسم کو ذاکر بنانے والا ذکر مجرب و پرتاثیر)

قبلہ رُخ دوزانو بیٹھ کر اس ذکر کو اس طرح سے کرے کہ ! ☆ پہلے لطیفہ قلبی پر ''اللہ'' کی پھر لطیفہء اخفیٰ پر ''ھو'' کی ضرب لگائے ۔ ☆ پھر لطیفہء روحی پر ''حق'' کی اور لطیفہء اخفیٰ پر ''ھو'' کی ضرب لگائے ۔ ☆ پھر لطیفہء سری پر ''اللہ'' کی پھر لطیفہء اخفیٰ پر ''ھو'' کی ضرب لگائے ۔ ☆ پھر لطیفہء خفی پر ''حق'' کی اور لطیفہء اخفیٰ پر ''ھو'' کی ضرب لگائے ۔ ☆ پھر لطیفہء نفس (ناف سے تین انگل نیچے کی جانب) پر ''اللہ'' کی پھر لطیفہء اخفیٰ پر ''ھو'' کی اور لطیفہء نفس دوئم (یعنی پیشانی پر) پر ''حق'' کی ضرب لگائے ۔ ☆ پھر سلطان الاذکار (سر پر تالو کی جگہ پر) پر ''حق'' کی تین ضربیں لگائے ۔

احسان رب کہ محبتیں ملیں عدیل اس عمرِ مختصر میں ، نہ لوٹا سکیں گے ہم

اَب یہ ایک مرتبہ ہوا ۔ پھر اَز سرنو شروع کرے ۔ اور پیاپے یہی ذِکر کرتا رہے ۔ چند ہی ایام میں پورا جسم ذاکر ہو جائے گا ۔ اگر کسی خوش نصیب نے اسی ذِکر کو کم از کم ایک برس تک بعد نمازِ فجر ، عشاء اور تہجد میں جاری رکھا ۔ تو سال بعد قلب سے ''اللہ ۔ اللہ ۔ ھو ۔ ھو'' جبکہ جسم سے ''حق'' ''حق'' کی بالکل واضح آواز سنائی دینے لگے گی ۔ ان شاء اللہ ۔ ذاکر کو ایسا کشف نصیب ہوگا ۔ کہ جس کی مثال نہیں ملتی ۔ اس عمل و ذکر کی وجہ سے تسخیر اس قدر ہو جائے گی ۔ کہ جن و انس و ملائکہ ذاکر کو ایک بھی لمحہ کے لئے فارغ نہیں چھوڑیں گے ۔

ذِکرخفی کا طریقہ :

ہمیشہ ہر حال میں خفیہ عمل کیا کرے ۔ چونکہ ہر مرتبہ ذِکرِ خفی دوسرے اشارے سے منقول ہے ۔ پس جس مرتبے پر پہنچے ۔ اسی کے موافق عمل کیا کرے ۔ اور ذکر کا طریق بھی ترقیء مقامات کے موافق ہے ۔ لیکن یاد رہے ۔ کہ ! جو بندہ پاس انفاس میں کامل ہو چکا ہو ۔ وہ ذکرِ خفی کی جانب بآسانی گامزن ہوسکتا ہے ۔ ذکرِ خفی تین طرح سے ہوتا ہے ۔ ایک تو پاس انفاس یعنی انفاسِ نفسیہ کی محافظت کرنا ۔ (بموٗ جب الطرق الی اللہ بعدد انفاس الخلائق) کیونکہ ہر دَم نئے اطوار ہیں ۔ ذِکر پاس انفاس (لا الہ ۔ اور الا اللہ) میں جب سالک بندِ ناسوت میں پابند ہو جائے ۔ تو بندِ ماسوی اللہ سے رہائی پانے کے لئے اس طریق سے ذکر کرے ۔ کہ ! جلسہ معہودہ متعین کر کے دوزانو بیٹھے ۔

'ھا ھو'' جب آئینہ ملکوت سالک کے مقابل آئے ۔ تو کبھی عکس اور کبھی عین نظر آئے ۔ اس وقت سالک اس ذکر کو کرے ۔ تاکہ عکس غیر منتفی ہو جائے ۔ اور عینیت کا ظہور ہو ۔

''اللہ اللہ'' جب سالک مرتبہ جبروت پر پہنچے ۔ اور وہ مستجمع بجمیع اسمائے الٰہی و موصوف بصفاتِ لا متناہی ہو جائے ۔ تو اس ذکر میں مشغول ہو ۔ تاکہ ثمرہ تخلقوابا خلاق اللہ اور انعامِ اتصفوا بصفاتِ اللہ ہاتھ میں آجائے ۔

''ھو ھو'' جب سالک مرتبہء لاہوت پر پہنچے ۔ اور شعورِ اجمالی اور تفصیلی کما حقہٗ اُٹھ جائے ۔ تو اس ذکر میں مشغول ہو جائے ۔ تاکہ مقامِ کان اللہ ولم یکن معہ شیء میں استقامت ، استقلال اور مواظبت اِختیار کرے ۔

''ھو حی'' جب سالک چاہے ۔ کہ غیب کو مشاہدہ شہادت میں معائنہ کر لے ۔ تو اس ذکر میں مشغول ہو ۔ تاکہ سنریھم اٰیا تنا فی الاٰ فاق و فی انفسھم (عنقریب ہم انہیں افاق میں اور ان کے اپنے نفسوں میں اپنی نشانیاں دکھائیں گے) عیاں نظر آجائے ۔ فانی باقی (فنا و بقا) اگر سالک وجودِ ممکن کو فانی دیکھے ۔ تو بقائے وجب الوجود کو باقی جان لے ۔ تو یہی ذِکر کرے ۔

''ھو الظاھر ھو الباطن'' جب سالک چاہے ۔ کہ دوئی اُٹھ جائے ۔ اور غیب و شہادت ایک ہی نظر آئے ۔ تو اس ذکر میں مشغول ہو ۔ تاکہ بجز وجودِ واحد کے ظاہر و باطن سب ہی نظر آنے لگے ۔

''ھو الاول ھو الآخر'' جب سالک ماہیتِ ازل و ابد جو کہ ایک پیچیدہ راستہ ہے ۔ معلوم کرنا چاہیئے ۔ تو اس ذِکر میں مشغول ہو ۔

ذِکرِ مقدس کا طریقہ : جلسہ معہودہ متعین کر کے بائیں شانے سے ''اللہ'' کہتا ہوا سر کو دائیں شانے تک لائے ۔ اور بائیں پہلو پر ''اللہ اکبر'' کی ضرب لگائے ۔ اسی طرح ''سبحٰن اللہ'' اور ''الحمد للہ'' ہر ایک کی تینتیس تینتیس ضربات لگائے ۔ پھر اَز سرنو شروع کرے ۔ بعضے مشائخ نے اس کا ورد بعد نمازِ مغرب کیا ہے ۔ جبکہ بعضوں نے بعد نمازِ تہجد یا بعد نمازِ صبح اسی ذکر کی مواظبت سے مقام و مرتبہء کبریائی اور مرتبہء تقدیسی سے بہرہ ءیاب ہو کر ممدوحِ صد ہا سالکِ جہاں ہوئے ہیں ۔

ذِکرِ جاروب : اس ذکر میں ذاکر سالک و طالبِ صادق دوزانو بیٹھے ۔ پھر بائیں گھٹنے سے ''لا الٰہ'' شروع کرے ۔ اور سر کو داہنے گھٹنے پر لا کر داہنے شانے کی طرف لے جائے ۔ اور تھوڑا سا کمر کی طرف جھکا کر ''الا اللہ'' کی بہت شدت سے دل پر ضرب لگائے ۔

حدیثِ نبوی ﷺ : دُنیا میں ایسے رہو ۔ جیسے کوئی مسافر یا رہ گزر رہتا ہے ۔ (صحیح بخاری شریف)

کوئی تیرے دَر کا فقیر ہے ، کوئی تیرے غم میں اسیر ہے ہیں سب تجھی کو پکارتے ، کوئی سوز میں کوئی ساز میں

اَذکارِ صدریہ مجربہ

مشائخینِ طریقت کوالقاء ومکاشفہ سے مندرجہ ذیل اذکارِ صدریہ مخفیہ معلوم ہوئے ہیں۔اوران پرعمل کرنے سے ثمراتِ بےغایات اورتجلیاتِ بے نہایت حاصل ہوتے ہیں۔یہ اذکارنہایت پرتاثیراور مجرب ہیں۔لیکن اگر ہرذکرکومرشدکی ہدایات اورطریقے سے کیا جائے۔اس میں بہت تاثیر ہوتی ہے۔

ذِکرِشکرخوردہ کا طریقہ : ایک شخص (سید محمد جنگلی پلاس) کوخوردسال میں ان کے والدِ محترم نے تعلیم علم کے وقت مارا۔آپؒ تحمل نہ کرسکے۔اور ماں باپ، گھروآسائش کوھوڑ چھاڑکرجنگل کے ہورہے۔اس وقت میں ان کوکوئی ذکرفکرعلم معرفت حاصل نہ تھا۔بالآخررنجیدہ ءقلب ہو کرایک درخت کے نیچے جابیٹھے۔تیسرے روزاسی درخت پرایک جانورآبیٹھا۔اور''**توئی توئی**'' کرنے لگا۔آپؒ اکواس کی آواز بہت بھلی معلوم ہوئی۔آپؒ بھی اسی پرندے کی طرح سے ذِکرکرنے لگے۔ایک برس بعدمکاشفہ کادرجہ حاسل ہوگیا۔اورولایت میں بھی شہرہ حاصل ہوگیا۔اورنتیجے میں گبر،ترسا،ہندوومسلمان سبھی آپؒ کے آستانہءفیضِ کاشانہ پرجوق درجوق آنے لگے۔بعدکے بہت سے بزرگوں نے اپنے اپنے تجربات میں لکھا ہے۔کہ! اَب بھی اگرکوئی شخص اسی ذکرمیں مشغول ومنہمک ہوگا۔توضروربالضرورکشف وولایت کی دولت سے بہرہ منداورمستفید ومتفع ہوگا۔ان شاءاللہ۔

اس کا طریق یہ ہے۔کہ! جلسہ معہودہ متعین کرکے بیٹھے۔اوردَم کونگاہ میں رکھ کراس قدر''توئی توئی''کرتا رہے۔کہ بےخودوبےطاقت ہوجاوے۔جب ہوش میں آئے۔توازسرنوپھرسے اسی ذِکرمیں مشغول ومنہمک ہوجائے۔ضرورکشف وولایت کاحامل ہوگا۔ان شاءاللہ۔

ذِکرِچغد کا طریقہ : حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ اپنے پیرومرشدحضرت شیخ شمس الدین التبریزیؒ سے نقل فرماتے ہیں۔کہ! ایک دن میں نےعرش پرنظرکی۔تومَیں نے ایک جانورکوملاحظہ کیا۔کہ عرش کے کنگرہ پرسرنگوں بیٹھا ہوا کچھ ذِکرکررہاہے۔اُسے دیکھ کرمجھے اَزحدذوق وشوق دامنگیر ہوا۔میں نے اُسے اڑاکراسی کی طرزپرذکرمیں مشغول ہوگیا۔بعدکسب وریاضت کےمعلوم ہوا۔کہ وہ پرندہ اسمآئےالٰہیہ کاذکرکیا کرتاتھا۔

اگرکوئی سالک اس طریق میں مشغول ہوناچاہے۔توچاہیئےکہ! جلسہ معہودہ متعین کرکےدوزانوبیٹھے۔اوربتصور''**یا رحمٰن یا رحیم یا رفیع** دائیں طرف''**حقا حقم حققم حقی**'' کی تین ضربات لگائے۔پھربتصور''**یا سبوح یا قدوس یا سبحان**''بائیں طرف''**حقا حقم حققم حقی**'' کی تین ضربات لگائے۔پھربتصور''**یا اللہ یا ھو یا حق**''سامنےکی طرف''**حقا حقم حققم حقی**'' کی تین ضربات لگائے۔اگرکوئی خوش نصیب ذاکراسی طرح سے ذِکرکرےگا۔کہ! ظاہرمیں یہ الفاظ (**حقا حقم حققم حقی**) کہے۔اورباطن میں مذکورہ نواسمائےالٰہیہ کاتصوروتخیل رکھے۔توبےشمارفوائدحاصل ہوں گے۔یہاں تک کہ سالک پرندوں کی بولی سمجھنے لگےگا۔اورملائکہ کوملاحظہ کیاکرےگا۔ان شاءاللہ۔

ذِکرِتجلی کا طریقہ : جیسے کبوترخوشی میں گونجتاہواچاروں اطراف میں گھومتاپھرتاہے۔اسی طرح دائیں طرف گھوم کر''**یا حی**''شروع کرے۔اورسرکوپشت کی طرف پھراکر''**یا قیوم**" کی ضرب قلب پرشدت سے لگائے۔اس ذِکرسے سَیرطیرانی حاصل ہوتی ہے۔اس ذِکرکے دیگربہت فوائدبھی ہیں۔جوعمل ومشق کرنے سے عامل پرخودبخودروشن ہوں گے۔

ذِکرِخفی قلبی کا پہلا طریق حرکتِ معدہ سے دل کوجنبش دیتے ہیں۔اگرطالبِ سالک اسی طرح چندماہ عادت ڈال لے۔تودل خودبخودہی ذاکرہوجائے گا۔(ان شاءاللہ)اورسالکِ طالب کواپنےقلب سے بےاختیارذکرکی واضح آوازآنے لگےگی۔بلکہ ایک برس کے بعدتودل نورِحضوریت سے ایسامعموروَمنور ہوجائےگا۔کہ! ہرشئےکے ذِکرسے آگاہ وآشناہوجائےگا۔بموٗجب آیتِ کریمہ **یسبح للہ ما فی السمٰوٰت وما فی الارض** (جوبھی چیز آسمانوں میں ہے۔یاجوبھی چیززمینوں میں ہے۔وہ تمام کی تمام اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتی ہیں)

ذِکرِخفی قلبی کا دوسرا طریق یہ ہے۔کہ! سالک روبقبلہ کم روشنی یااندھیرے میں مکمل یکسوئی کے ساتھ باادبِ تمام،جلسہ معہودہ متعین کرکے دوزانوبیٹھے۔آنکھیں بندکرلے۔نفسانی خواہشات کودل سے نکالنےاورحواس کومعطل کرنے کی بھرپورسعی کرے۔

(بہتر ہے۔کہ! روحانی حصارجوکہ اسی باب کے شروع میں بعنوانِ **اذکارومشاغل اورمراقبات میں فوائدکاحصول**) دیاگیاہے۔کوپڑھ لے)


اس ذِکر(بلکہ ہرذکر،مشغلہ ومراقبہ،وَردیاوظیفہ)کے لئے نیت یہ ہو۔کہ! میرے دل ودماغ سے گناہوں کازنگ اُترجائے۔غفلت دورہوجائے۔مجھ میں پارسائی،پرہیزگاری اورخلوص پیداہوجائے۔اوراللہ تعالیٰ کی حقیقی معرفت ومحبت پیداہوجائے۔پھر!

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ (ﷺ) ۔ استغفر اللہ ربی من کل ذنب و اتوب الیہ و اسئالہ التوبۃ۔پڑھ کریہ تصوروتخیل کریں۔کہ! میراقلب ایک شیشے کی مانندہے۔جس پرواضح طورپراسمِ ذات''**اللہ**''سنہری رنگت میں مرقوم ہے۔اسے خیال کے ساتھ پڑھتے ہوئے دل سے''ال''اُٹھائیں۔اور''لہ''کی ضرب واپس دل پرلگائیں۔اسی طرح سے اسمِ ذات''اللہ''کے ذکرکی مواظبت جاری رکھیں۔اس ذکرکوشروع میں کم وبیش دس سے پندرہ منٹ کے لئے بعدنمازِفجراوربعدنمازِمغرب کرنے کا اہتمام کرلیں۔ہفتہ عشرہ گزرنے کے بعداِن دواوقات کے علاوہ بوقتِ تہجد(بعدیاقبل ادائیگیءتہجد)معمول بنالیں۔تاکہ کثیرفوائدکاحصول ممکن ہوسکے۔دو سے تین ہفتوں میں ہی عجائبات کالامتناہی سلسلہ شروع ہوجاتاہے۔اس ذِکرسے ذاکرکاقلب ہروقت ہرجگہ پربےاختیاری کے ساتھ اسمِ ذات''اللہ''کے ذکرمیں مشغول ومحواورمنہمک رہتاہے۔جس سے کہ پورے بدن کوایک عجیب وتقویت اوردائمی اطمینان میسررہتاہے۔

ذِکرِ خفی قلبی کا تیسرا طریق '' **ذِکرِ استیلاء** '' ہے ۔ کہ! اعضائے ظاہری کو حرکت دے ۔ اور خامہءِ فکر سے صفحہءِ باطن میں کلمہءِ طیب مرقوم کرے ۔ کیونکہ! اس سے خطرہ بندی حاصل ہوتی ہے ۔ اور اس کے دو طرق ہیں ۔ ایک با ضرب جبکہ دوسرا بے ضرب ۔ استیلائے عشقیہ با ضرب ہے ۔ جبکہ سندِ نقشبند یہ بے ضرب ہے ۔


استیلائے عشقیہ : سالک ہمیشہ ہر حال میں ذاکر رہے ۔ جیسے کوئی کاتب حروفِ ظاہری کو قلم سے کسی کاغذ پر مرقوم کرتا ہے ۔ بعینہٖ سالک قلمِ خطرہ سے لوحِ باطن پر کلمہءِ طیب کے حروف لکھے ۔ اس طرح کہ پہلے زبان کو تالو سے لگائے ۔ اور اپنے دَم کو حبس کر کے ''لا'' کو داہنے شانے سے شروع کر کے ناف کی داہنی طرف لا کر آس پاس قلمِ خطرہ کو پھرائے ۔ اور ''الف لا'' کو درمیان سے بائیں طرف اوپری جانب کھینچے ۔ تاکہ ''الف'' کا سر بائیں شانے کے اوپر پہنچے ۔ اور ناف کو ''لا '' کی کرسی ٹھہرائے ۔ اور ''الہٰ'' کو ''الف'' اور ''لام'' کے درمیان قائم کرے ۔ اور ''الا اللہ'' کو قلب پر مرقوم کرے ۔

اس کے بعد ''محمدؐ'' کا دائرہ کھینچے ۔ اس طرح کہ ''میم'' اول کو بائیں پستان پر اور دوسری ''میم'' کو دائیں پستان پر لے جائے ۔ اور ''ح '' کو ناف کے نیچے سے کھینچ کر دوسری ''میم'' کو دونوں پستانوں کے وسط میں بٹھائے ۔ اور اسی جگہ سے ''دال '' کا سر داہنے پستان کے اوپر لے جائے ۔ اور یہ خیال کرے ۔ کہ! گویا اس کا دامن قلب تک پہنچا ہوا ہے ۔ صورتِ استلائے عشقیہ یہ ہے ۔



پھر آنحضرت محمد رسول اللہ ﷺ کا نقش جمائے ۔ اس طرح کہ ''ر'' کو بائیں پستان کے قریب اور ''سین'' کو سینہ پر اور ''واؤ'' کو پستان کے قریب لکھے ۔ اور ''لام'' کا سر بائیں پستان سے شروع کرے ۔ اور اس کا دامن پستان تک پہنچائے ۔ اور اسمِ ذات ''اللہ'' کو دائرہ ''رسول'' کے وسط میں لکھے ۔ جیسے کہ حروفِ ظاہری لکھے ہوئے قلم کو ہاتھ میں پھراتا ہے ۔ اسی طرح حروفِ باطنی میں قلمِ خطرہ سے اپنے بدن کو ہلائے ۔ تاکہ ''حرف'' کی صورت حاصل ہو ۔ اس ذِکر کے فکر سے خطرہ بندی حاصل ہوتی ہے ۔

'' **استیلائے نقشبندیہ** '' کا طریق یہ ہے ۔ کہ! جلسہءِ معہودہ متعین کر کے اسی طرح سے ہمیشہ ذِکر میں مشغول و منہمک رہے ۔ کہ زبان کو تالو سے چپکائے رکھے ۔ اور اپنے دَم کو حبس کو کرے ۔ اور قلمِ فکر سے سرِّ ''الف'' کو سرِّ ''ناف'' سے داہنے پستان تک کھینچے ۔ اور داہنے پستان کو کرسی ''لا'' کے وسط میں قائم کرے ۔ اور سرِّ ''لام'' کو قلب تک پہنچائے ۔ اور ''الہٰ'' کو کرسی ''لا'' کے قریب ، جو کہ پستان راست پر واقع ہے ۔



اور ''الا اللہ'' محمد رسول اللہ '' کو قلب کے متصل لکھے ۔ اسی طرح ایک طریقہ یہ بھی ہے ۔ کہ! زبان کو تالو سے ملا کر اپنے سانس (دَم) کو نگاہ میں رکھے ۔ اور فکر کے ساتھ خطرہءِ قلم سے کلمہءِ طیب کو 24 مرتبہ کہے ۔ صورتِ استیلائے نقشبندیہ یہ ہے ۔

ذِکرِ حدّادی : اس ذکر میں بھی ذاکر سالک و طالبِ صادق دوزانو بیٹھے ۔ طریقہ جاروب کے طریقے سے سانس کو زور سے کھینچ کر ''لا الہٰ'' کا دور داہنے شانے تک پہنچا کر دونوں گھٹنوں سے کھڑا ہو جائے ۔ اور ہوتھوں کو بلند کر کے پوری قوت و شدت سے دل (یعنی لطیفہءِ قلب) پر ''الا اللہ'' کی ضرب لگائے ۔ پھر بیٹھ جائے ۔ پھر پھر اپنے ہاتھوں کو اس طرح سے حرکت دے ۔ کہ جیسے ایک لوہار کے ہاتھوں کی حرکت ہتھوڑا اُٹھاتے وقت ہوا کرتی ہے ۔ تاکہ اس ذکر سے لطف حاصل ہو سکے ۔ حضرت امداد اللہؒ فرماتے ہیں ۔ کہ! حضرت شیخ جلال الدین تھانیسریؒ کے متعلق حضرت امام ابوالحفص سے مذکور ہے ۔ کہ وہ فرمایا کرتے تھے ۔ کہ! میرے شیخ نے یہ ذکر مجھ کو تعلیم کرنا پسند فرمایا ہے ۔ عموماً دیکھا تو یہ گیا ہے ۔ کہ! یہ ذکر انسانی طاقت سے باہر و بعید ہے ۔ لیکن اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل و کرم سے یہ آسان ہو جاتا ہے ۔ (اس کے فوائد کثیر ہیں ۔ جو کہ کرنے والے پر ظاہر ہوتے ہیں)

☆ ذکر حدادی کا ایک طریقہ یہ بھی ہے ۔ کہ! دوزانو اس طرح سے بیٹھے ۔ کہ! دونوں سرین زمین پر رہیں ۔ پھر دونوں ہاتھوں کو آسمان کی طرف بلند کرتے ہوئے ''لا الہٰ'' کہے ۔ پھر اسی طرح سے دونوں ہاتھ نیچے لا کر سینے سے لگائے ۔ اور (قلب پر شدت کے ساتھ) ''الا اللہ'' کی ضرب لگائے ۔ جیسے کہ ایک لوہار ہتھوڑا لوہے کی سندان پر زور سے مارتا ہے ۔ اسی طرح پیا پے ضربیں لگاتا رہے ۔ بے شمار ثمرات سے مستفید و متنفع ہو گا ۔ ان شاء اللہ ۔

☆ ذکر حدادی کا ایک طریقہ یہ بھی ہے ۔ کہ! دونوں زانوؤں پر ہاتھ رکھ کر اس طرح سے کھڑا ہو ۔ جیسے ایک لوہار کھڑا ہوا کرتا ہے ۔ ہر سہ خطرات کی نفی کرتے ہوئے بائیں طرف سے بالملاحظہ و واسطہ ذکر ''لا الہٰ'' شروع کرے ۔ پھر بیٹھتے وقت تمام قوت سے دل (یعنی لطیفہءِ قلب) پر پوری شدت سے ''الا اللہ'' کی ضرب لگائے ۔ اور دونوں ہاتھوں سے اسی طرح اشارہ بھی کرے ۔ جیسے ایک لوہار ہتھوڑے کو لوہے پر مارا کرتا ہے ۔ برابر لگاتار اسی طرح کھڑے ہوتے رہیں ۔ اور بیٹھتے رہیں ۔ اور اسی طرح سے ذکر (ضربات) کرتے رہیں ۔ بلکہ کلمہ ''لا الہ الا اللہ'' کا مبارک ذکر (مذکورہ طریقے سے) کرتے ہوئے معاصی اور آلودہ دل پر ضربات لگاتے رہیں ۔ اور ماسوا اللہ کا قدیم زنگ دور کریں ۔ اس ذکر میں کثرت و مداومت جتنی زیادہ ہو گی ۔ اُتنے ہی فوائد حاصل ہوں گے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

غیر حق کی طرف رُغبت درحقیقت غفلت و گمراھی ھے۔ کیونکه :

جب تک کہ انسان غیرحق کی جانب مصروف ومشغول رہتا ہے۔ تو اُن اوقات میں وہ غفلت کا شکار رہتا ہے۔ اور یہی غفلت مؤجب عذاب و عتاب ہے۔ غیراللہ کی جانب مصروف ومشغول رہنا ایک قلبی مرض ہے۔ جو کہ دراصل تین اقسام پر مشتمل ہے۔

☆ حدیثِ نفس ☆ خطرہ (قلبی و روحانی) ☆ علمِ اشیاء پر قلبی نظر

حدیثِ نفس : یہ نفس ہمیشہ بالقصد کچھ نہ کچھ کہتا ہی رہتا ہے۔ ذِکرواذکار تو بعید، یہاں تک کہ نماز تک میں بھی خاموش نہیں رہتا۔ اس کا علاج یہ ہے۔ کہ بندہءمومن ہردم، ہروقت، ہرجگہ صدقِ نیت اور طہارتِ ظاہری و باطنی کے ساتھ اسم ذات (اللہ) اور ذکرکلمہ (کلمہ طیبہ) کے ذِکر سے زبان کوتر کئے رکھے۔ کیونکہ! ذاکرین پر اللہ تعالی اور اُس کے آخری پیغمبر ﷺ کا خصوصی فضل وکرم رہتا ہے۔

خطرہ یا وسوسہ (قلبی و روحانی) : یہ نفس دراصل قلبی، روحانی، جسمانی، شیطانی، نفسانی، شہوانی، نسوانی غرضیکہ جمیع خطرات، وساوس اور تصورات میں بناء اختیار وارادہ کے دل و دماغ میں ایسے سما جاتا ہے کہ بندہ خُدا کہیں کا نہیں رہتا۔ اس کا علاج یہ ہے کہ بندہ ہروقت ہرجگہ اسم ذات کے لسانی ذِکر کے ساتھ ساتھ اسم ذات **(اللہ)** کے حقیقی تصور وتخیل میں رہے۔

اور **ھفت امہاتِ صفات** (یعنی حیات.علم.ارادت.قُدرت.سمع.بصر.کلام) کو **ھفت اسمائے امہاتِ صفات** (یعنی یا حی. یا علیم. یا مُربی. یا قدیر (یا قادر). یا سمیع. یا بصیر. یا کلیم) کوقلب پر قائم کرکے دِلی نظر کو جمالِ مُرشد (جوکہ دراصل آئینہ حق ہی ہے) کو دائما منور رکھے۔ یہ کیفیت درحقیقت ہوس وحرص اور لالچ وآلائشِ دنیاوی کے مزید حصول کے لئے قلبی وروحانی خطرات کا یقینی باعث بنتا ہے۔ اور اسی وجہ سے انسان کا سکون وقرار برباد ہوکر رہ جاتا ہے۔ (اُمہاتِ صفات معہ اسمائے امہاتِ صفات کی تفصیل مندرجہ ذیل جدول میں دی گئی ہے)

نمبرشمار	اُمہات صفات	ہفت اسمائے امہاتِ صفات
01	حیات	یا حی
02	علم	یا علیم
03	اِرادت	یا مرید
04	قدرت	یا قدیر
05	سمع	یا سمیع
06	بصر	یا بصیر
07	کلام	یا کلیم

علمِ اشیاء پر قلبی نظر : سب سے اچھا علاج تو یہ ہے۔ کہ! حدیثِ نفس کے موقع پر اسم ذات **(اللہ)** کو خطرے (ایسا خطرہ جو کہ بغیراختیار وارادے سے دل میں آکر بیٹھ جائے) کے موقع پر اسمائے امہاتِ صفات (جن کا ذکر آگے آرہا ہے) کو قائم کرکے دل کی نظر کو جمالِ مرشد سے (جوکہ واقعتاً آئینہ حق ہے) روشن رکھے۔ ایک تاریک وتنگ جگہ میں تنہا سیدھی پشت کرکے قبلہ کی طرف منہ کرکے بیٹھ جائے۔ اور آنکھیں بندکرکے نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ یادِ الٰہی میں مشغول ہو۔ ایسا مشغول ومستغرق ہو۔ کہ! گرمی اذکار تمام گوشت و پوست، خون واستخوان، رگ وپے میں سرایت کرکے اثر کر جائے۔ اس وقت مکاشفات وانوارات کی آنکھ کھل جاتی ہے۔ اور حجابِ قلبی رفع ہوجاتا ہے۔ محض زبانی شوروغل سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

(ایک اور جگہ پر آیا ہے۔ کہ) اس نفس کی وجہ سے قلب وروح کو ثبات وقرار نہیں ملتا۔ کیونکہ اس جہاں کی رنگینی، عیاشی، خوشگوار اور پرسکون زندگی کے حصول کے لئے شاہانہ طرزِ زندگی وغیرہ سے دل ودماغ، جسم وروح اور گزرانِ زندگانی پر بہت بُرے اور گہرے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ باوجود تمام اشیاء کے بھی قلبی سکون میسر نہیں ہوتا۔ معنٰی یہ کہ! یہی کیفیت حرص وہوس ولالچ یا دنیاوی آلائش وآسائش کے مزید حصول کے لئے قلبی خطرات ووساوس کا موجب بنتی ہے۔ اِنہی وجوہات کی بناء پر قلب فربہ ہوجاتا ہے۔ اور بندہ حصول نعمت سے محروم ہوکر رہ جاتا ہے۔

کشف بیش آئندہ (آئندہ پیش آنے والے واقعات پر مطلع ہونے کا عمل) :

اپنے قلب کو آئندہ پیش آنے والے واقعے کے علم کے انتظار کے سوا ہر چیز سے خالی کرلے۔ جس وقت اس کا دل ہرخیال سے خالی ہوجائے۔ اور اس واقعے کے بارے میں انتظار اس مرتبہ پر آجائے۔ جیسے پیاسے کو صِرف پانی ہی کے حصول کا انتظار اور خیال ہوتا ہے۔ اپنی روح کو تھوڑے تھوڑے وقفے سے استعداد کے مطابق ملاءِ اعلیٰ یا ملاءِ اسفل کی طرف بلند کرنا شروع کردے۔ اور صرف اسی بات پر یکسو ہوجائے۔ چنانچہ جلد ہی اس پر تمام واقع کھل جائے گا۔ (البتہ واقع کھلنے کا ذریعہ) غیبی آواز یا بحالتِ خواب یا بیداری میں ہوسکتا ہے۔ (بہرحال پورا واقعہ سامنے کھل کر آجائے گا۔

جس سے آگاہی ہوگی) بعد نمازِ عشاء یا بوقت تہجد اِس طرح سے چھ ضربی ذِکر کرے ۔کہ !

☆ دائیں طرف **یا علیم** کی ضرب لگائیں۔ ☆ بائیں طرف **یا خبیر** کی ضرب لگائیں۔

☆ آگے کی طرف **یا ھادی** کی ضرب لگائیں۔ ☆ پیچھے کی طرف **یا رشید** کی ضرب لگائیں۔

☆ آسمان کی طرف **یا بصیر** کی ضرب لگائیں۔ ☆ قلب پر **یا مبین** کی ضرب لگائیں۔

یہ ایک مرتبہ ہوا ، اِسی طرح سے گیارہ سو گیارہ (**1111**) مرتبہ کریں ۔اور تھوڑی دیر کے بعد اپنے قلب پر توجہ کریں ، اور دیکھیں ۔کہ آئینہ قلب پر کیا وارِد ہوتا ہے ۔ چند ہی ایام میں کشفی صلاحیت حاصل ہو جائے گی ۔ جب بھی کوئی شخص یہ ذِکر کر کے کچھ معلوم کرنا چاہے گا ۔تو اُسے ہر اُس بات کی خبر ہو جائے گی ۔جس کا وہ گُمان کرے گا ۔انشاءاللہ العظیم ۔

☆ اپنے قلب کو تمام خطرات ،خیالات اور حدیثِ نفس سے صاف کر کے بارگاہِ الٰہی میں یوں دعا کرے ۔کہ! اے اللہ تعالیٰ ۔اے علیم ۔اے خبیر ،تُو مجھ کو اس واقعہ کی واقفیت وادراک عطا فرما ۔اس وقت سالک کے دل ودماغ میں کوئی اور خیال نہ رہے ۔وہ کچھ دیر یونہی بیٹھا رہے ۔اور اس واقعہ کے انکشاف کا منتظر رہے ۔(اور منتظر بھی ایسا کہ! جیسے کسی مسافر کو صحرا کے اندر ایک لمبے سفر میں گلا خشک ہونے کی وجہ سے مارے پیاس کے پانی کی طلب رہتی ہے ۔خود پر بعینہٖ وہی کیفیت طاری کر لے) اور وہ اپنی کامل توجہ سے اپنی روح کو لحہ بہ لحہ ملائے اعلیٰ یا ملائے اسفل کی جانب حسبِ حیثیت توجہ وخیال کرے ۔تو وہ واقعہ بذ ریعہ آوازِ غیبی یا خود اپنے مشاہدے سے یا عالم رویاء سے معلوم ہو جائے گا ۔اگر وہ مراقبہ میں مہارت حاصل کر چکا ہوگا ۔تو اس پر چشمِ بند مگر بحالتِ بیداری مکمل واقعہ منکشف ہو جائے گا ۔انشاءاللہ تعالیٰ ۔ **(المرید لا یرید** ۔مرید وہی ہے ۔جس کی کوئی مراد (خواہش) نہ ہو)

☆ اسی طرح سے اگر کوئی چاہے ۔کہ! اسے آئندہ کے حالات کا علم ہو جایا کرے ۔تو چاہیئے ۔کہ! داہنے طرف ''یا احد'' بائیں طرف ''یا صمد'' سرشانے کی طرف ''یا حیّ'' اور دل (یعنی لطیفہءقلب) پر ''یا قیوم'' کی ایک ہزار ضربات لگائے ۔اس ذکر سے نہ صرف آئندہ کے حالات کی خبریں حاصل ہوں گی ۔ بلکہ بلاؤں کو دور کرنے کے لئے بھی یہ ذکر بہت نافع ومفید ہوگا ۔(انشاءاللہ تعالیٰ)

طریقہء دوئم (**کشف و دقائق پیش آمدہ یا آئندہ**) : بعد نمازِ عشاء یا بوقت تہجد اِس طرح سے چھ ضربی ذِکر کرے ۔کہ !

☆ دائیں طرف **یا علیم** کی ضرب لگائیں۔ ☆ بائیں طرف **یا خبیر** کی ضرب لگائیں۔

☆ آگے کی طرف **یا ھادی** کی ضرب لگائیں۔ ☆ پیچھے کی طرف **یا رشید** کی ضرب لگائیں۔

☆ آسمان کی طرف **یا بصیر** کی ضرب لگائیں۔ ☆ قلب پر **یا مبین** کی ضرب لگائیں۔

یہ ایک مرتبہ ہوا ، اِسی طرح سے گیارہ سو گیارہ (**1111**) مرتبہ کریں ۔اور تھوڑی دیر کے بعد اپنے قلب پر توجہ کریں ، اور دیکھیں ۔کہ آئینہ قلب پر کیا وارِد ہوتا ہے ۔ چند ہی ایام میں کشفی صلاحیت حاصل ہو جائے گی ۔ جب بھی کوئی شخص یہ ذِکر کر کے کچھ معلوم کرنا چاہے گا ۔تو اُسے ہر اُس بات کی خبر ہو جائے گی ۔جس کا وہ گُمان کرے گا ۔انشاءاللہ العظیم ۔

ذکر کڑکاءِ حیدری : اس کی ترکیب یہ ہے ۔کہ! دوزانو ہو کر اپنے دونوں ہاتھ زانوؤں پر رکھے ۔

☆ پھر اپنے دائیں طرف ''**اللہ اکبر**'' کی ضرب لگائے ۔ ☆ پھر اپنے بائیں طرف ''**اللــــہ اکبــر**'' کی ضرب لگا کر اسم ''**لا**'' کو ناف سے نکالے ۔ **بائیں زانو ، دائیں زانو اور دائیں کندھے سے اوپر تین یا پانچ ضربیں لگائے ۔**

☆ پھر اپنے دماغ میں ''**لا الہ**'' کی ضرب لگائے ۔ ☆ پھر اپنے دل (لطیفہءقلب) پر ''**الا اللہ**'' کی ضرب زور وشدت سے باملاحظہ وواسطہ لگائے ۔ ☆ پھر اپنے دائیں کندھے پر ''**واللہ اکبر**'' کی ضرب لگائے ۔

☆ پھر اپنے بائیں کندھے پر ''**اللہ اکبر**'' کی ضرب لگائے ۔ ☆ پھر اپنے دماغ میں ''**وللہ الحمد**'' کی ضرب لگائے ۔

سالک بار بار یہی ذکر کرتا رہے ۔حتیٰ کہ اثر ظاہر ہو ۔(اس ذکر کو پہلے عشرے میں روزانہ بعد نمازِ عشاء **313** مرتبہ کیا جاتا ہے ۔ دوسرے عشرے سے **500** مرتبہ روزانہ کیا جاتا ہے ۔ایک ماہ بعد **1111** مرتبہ ہمیشہ کے لئے اختیار کرنا ہوتا ہے)

یاد رہے ۔کہ! ان جملہ مشقوں سے مستفید ومتنفع ہونے کے لئے کامل اُستاد (مرشد ومربی) کی اشد ضرورت ہے ۔

ذکر آیتُ الکرسی : ہر سہ خطرات (شیطانی ۔نفسانی اور ملکی) کی نفی کرتے ہوئے باملاحظہ وواسطہ دل پر اسمِ ذات ''**اللہ**'' کی ضرب لگائے ۔پھر کلمہ '' **لاالــہ** '' میں اپنے سر کو بائیں طرف سے دائیں طرف حرکت دے کر کلمہ ''**الا**'' کو دماغ میں لے جائے ۔اور پھر دل پر ثبوتِ ذاتِ پاک اسم '' **ھو** '' کی ضرب لگائے ۔پھر اپنے دائیں طرف اسمِ الٰہی ''**الحی**'' کی ضرب لگائے ۔جبکہ اپنے بائیں جانب اسمِ الٰہی '' **القیوم** '' کی ضرب لگائے ۔اسی طرح ہر روز یہی ذکر کرتا رہے ۔اس ذکر سے چند ہی دنوں میں **انکشافِ ملکوتی** شروع ہو جائے گا ۔

سالک کو چاہیئے ۔کہ! بار بار یہی ذکر کرتا رہے ۔حتیٰ کہ اثر ظاہر ہو ۔(اس ذکر کو پہلے عشرے میں روزانہ بعد نمازِ عشاء **313** مرتبہ کیا جاتا ہے ۔ دوسرے عشرے سے **500** مرتبہ روزانہ کیا جاتا ہے ۔ایک ماہ بعد **1111** مرتبہ ہمیشہ کے لئے اختیار کرنا ہوتا ہے)

ذکر برائے کشف القبور : حضرت بندہ نواز سید گیسو دراز فرماتے ہیں۔کہ! ''**کشف قبور**'' کا ذکر اس طرح سے کیا جاتا ہے۔کہ! قبر کے نزدیک صاحبِ قبر کے سینہ کے مقابل بیٹھ کر''**یـا نور**'' کہتے ہوئے سر اونچا کر کے آسمان کی طرف بلند کرتے ہیں۔پھر''**یا نور**'' کہتے ہوئے قلب پر ضرب لگاتے ہیں۔تو''**اِکْشِف بِیْ**'' کہتے ہوئے قبر پر ضرب لگاتے ہیں۔پھر از سرِ نو اسی ذکر کو شروع کرتے ہیں۔اور اس ذکر کی تعداد کم از کم 313 اور زیادہ سے زیادہ 1100 مرتبہ کرتے ہیں۔

ذکر برائے کشف القبور : جب یکسوئی کی عادت بڑھ چکی ہو اور قلب میں بھی جلا پیدا ہو چکا ہو۔تو پھر کسی مزار پر صاحب و شائق کشف القبور چلا جائے۔وہاں جا کر سب سے پہلے **سورہ یٰسین** ، **سورہ ملک** ،**سورہ مزمل** ، **سورہ فاتحہ**،تین مرتبہ **سورہ اخلاص** اور 11 مرتبہ **آیت الکرسی** پڑھ کر ان تمام اوراد کا ثواب آنحضرت محمد رسول اللہ ﷺ اور اُن کی تمام اُمت کو اور اُس صاحب قبر کو جہاں پر کشف القبور کا عمل کرنا مقصود ہے۔کو بخش دیں۔پھر صاحب عمل قبر کے سینے کے مقابل پاؤں کی جانب اِس طرح بیٹھ جائے کہ اُس کا بایاں کندھا شمال مغرب کی طرف ہو۔وہاں پر چہار زانو بیٹھ کر پہلے گیارہ مرتبہ **درود ابراھیمی** پڑھے۔

پھر اپنے قلب کی جانب متوجہ ہو کر اپنے دِل پر **اِکْشِفْ لِیْ یا نُوْرُ** کی ضربیں لگائے۔پھر قبر پر **عَنْ حَالِہٖ** کی بھی اتنی ہی ضربیں لگائے۔تو یہ ایک مرتبہ ہوا۔اِسی طرح سے گیارہ سو گیارہ (**1111**) مرتبہ ضربات لگاتا رہے۔اور تھوڑی دیر کے بعد اپنے قلب کی طرف بھی متوجہ ہوتا رہے۔اِس عمل کی بدولت مفید و منتفع مطلب حاصل ہوگا۔اور صاحب قبر کی حالت مکشوف ہو جائے گی۔صاحب عمل کی اُس صاحب قبر سے نہ صرف باتیں ہوں گی۔بلکہ صاحب عمل ہذا بے شمار فیوض و برکات سے بھی مستفید و مستفیض ہوگا۔

ذکر برائے کشف ملائکہ و ارواح :

اس عمل میں پرہیز عمومی اور استقلال کی ضرورت ہے۔اس عمل کا طریق یہ ہے۔ نماز عشاء کے بعد عامل چہار زانو بیٹھ کر پہلے گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے پھر 21 (اکیس مرتبہ) آسمان پر ضرب **یـا رب** پھر قلب کی طرف اکیس مرتبہ **یـاروح الارواح** کی ضربیں لگاتے ہیں۔پھر دوبارہ آسمان کی طرف منہ اٹھا کر **یـا روح یـا روح** کی 11 گیارہ مرتبہ تکرار کرے۔اب یہ ایک مرتبہ ہوا۔پھر از سرِ نو شروع کریں۔اس ذکر کے بعد مکمل یکسوئی سے مندجہ ذیل ذکر 1111 (گیارہ سو گیارہ مرتبہ) کرتا رہے۔

دائیں طرف **یا سبوح** کی ضرب لگائیں۔ پھر بائیں طرف **یا قدوس** کی ضرب لگائیں۔
پھر آسمان کی طرف **یاربنا** کی ضرب لگائیں۔ پھر سامنے کی طرف **یا رب الملئکۃ** کی ضرب لگائیں۔
پھر دل کی طرف **یاروح** کی ضرب لگائیں۔

ہر روز گیارہ سو گیارہ مرتبہ **1111** یہی شغل کرتا رہے۔دو سے تین عشروں ہی میں کشف ملائکہ اور کشف ارواح حاصل ہو جائیگا۔انشاء اللہ تعالی۔بہر حال اس عمل کو تا حیات منقطع نہ کیا جائے اس عمل کے دیگر کئی فوائد ہیں۔جو عمل کرنے والے پر خود بخود ظاہر ہوں گے۔ (اس ذکر کو پہلے عشرے میں روزانہ بعد نماز عشاء **313** مرتبہ کیا جاتا ہے۔دوسرے عشرے سے **500** مرتبہ روزانہ کیا جاتا ہے۔ایک ماہ بعد **1111** مرتبہ ہمیشہ کے لئے اختیار کرنا ہوتا ہے)

ذکر برائے کشف الارواح:

جلسہ ءمعہودہ متعین کر کے دائیں جانب''**سبوح**'' بائیں طرف''**قدوس**'' آسمان کی طرف''**رب الملٰئکۃ والروح**'' کی ضرب لگائے۔اس ذکر سے کشف الارواح ہوتا ہے۔اس ذکر سے اور بھی بے شمار فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

طریقہ نمبر 02 : اس عمل کا طریقہ یہ ہے کہ! نماز عشاء کے بعد عامل چہار زانو بیٹھ کر پہلے گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھے۔پھر!

☆ دِل پر ضرب **یا رب** ☆ آسمان پر **یا روح** ☆ دل پر **یاروح الارواح**

کی ضربیں لگاتے رہیئے۔اس عمل کو روزانہ **1111** گیارہ سو گیارہ مرتبہ کرے۔اس کے بعد صاحب ذِکر ہٰذا مطلوب کی روح کی طرف کامل دھیان جمائے۔اُمید ہے کہ نہ صرف اُس روح سے ملاقات ہوگی۔بلکہ وہ ذاکر کے مطالب و مقاصد میں بھی معاون ہوں گے۔مگر یاد رہے کہ! یہ اُسی وقت ہی ممکن ہوسکتا ہے جب مذکورہ بالا عمل میں خوب اچھی طرح سے مشق ہو جائے جب کہ یکسوئی کی عادت ہو چکی ہو اور قلب جلا پا چکا ہو۔

طریقہ نمبر 03 : ذکر الروح کا ایک طریقہ یہ بھی ہے۔کہ! آسمان کی طرف منہ کر کے''**یا روح**'' کی ضرب لگاتے ہیں۔اور اور اپنے قلب کی طرف منہ کر کے''**یـا روح الروح**'' کی ضرب لگاتے ہیں۔(پھر از سرِ نو اسی ذکر کو شروع کرتے ہیں۔اس ذکر کو پہلے عشرے میں روزانہ بعد نماز عشاء **313** مرتبہ کیا جاتا ہے۔دوسرے عشرے سے **500** مرتبہ روزانہ کیا جاتا ہے۔ایک ماہ بعد **1111** مرتبہ ہمیشہ کے لئے اختیار کرنا ہوتا ہے) پھر مراقب ہو کر قلبی حالت و کیفیت کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔کہ کیا کچھ وارد ہوتا ہے۔

یارب تُو کریمی و رسولؐ تُو کریم صد شکر کہ ہستیم ، میانِ دو کریم

ذکرِ روح: جاننا چاہیئے ۔کہ! اس ذکر میں ضربات کے لگانے کا طریقہ اس طرح سے ہے ۔کہ! مربع یا دوزانو بیٹھ کر ☆ دائیں پہلو پر''**ھو الاول**'' کی ضرب لگائیں گے۔ ☆ بائیں پہلو پر'' **ھو الاخر** '' کی ضرب لگائیں گے۔ ☆ دونوں زانوؤں کے وسط میں (یعنی مقامِ نفس پر)'' **ھو الظاھر** '' کی ضرب لگائیں گے۔ ☆ دل (یعنی لطیفہءقلب) پر'' **ھو الباطن**'' کی ضرب لگائیں گے۔ چاہیئے ۔کہ! بار بار یہی ذکر کرتا رہے۔حتیٰ کہ اثر ظاہر ہو۔اس ذکر سے سالک پر تھوڑی سی مواظبت میں ظاہر و پوشیدہ سب یکساں معلوم ہوگا۔

خودی ہے مردہ تو مانندِ کاہِ پیشِ نسیم — خودی ہے زندہ تو سلطانِ جملہء موجودات

اذکار برائے قضائے حوائج :

طریقہ نمبر 1 ۔ بعد نمازِ مغرب یا بوقت تہجد اِس طرح ذِکر کرے کہ !

☆ دائیں طرف **یا حی** کی ضرب لگائیں۔ ☆ بائیں طرف **یا قیوم** کی ضرب لگائیں۔

☆ آسمان کی طرف **یا وھاب** کی ضرب لگائیں۔ ☆ قلب پر **یا اللہ** کی ضرب لگائیں۔

یہ ایک مرتبہ ہوا، اِسی طرح سے گیارہ سوگیارہ (1111) مرتبہ کریں۔چندہی ایام میں مرادیں پوری ہونا شروع ہوجائیں گی۔انشاءاللہ العظیم ۔

طریقہ نمبر 2 ۔ بعد نمازِ مغرب یا بوقت تہجد اِس طرح ذِکر کرے کہ !

☆ دائیں طرف **یا احد** کی ضرب لگائیں۔ ☆ بائیں طرف **یا صمد** کی ضرب لگائیں۔

☆ آسمان کی طرف **یا حی** کی ضرب لگائیں۔ ☆ قلب پر **یا قیوم** کی ضرب لگائیں۔

یہ ایک مرتبہ ہوا، اِسی طرح سے گیارہ سوگیارہ (**1111**) مرتبہ کریں۔چندہی ایام میں مرادیں پوری ہونا شروع ہوجائیں گی۔انشاءاللہ العظیم ۔

ذِکر کشفِ حقائق و استجابتِ دُعا : سلسلہ عالیہ قادریہ میں یہ ذکر بہت مشہور ومعروف ہے۔اس ذکر کے کرنے سے بہت فوائد حاصل ہوتے ہیں۔بالخصوص مخفی حقائق واسرار عیاں ہوتے ہیں اور صاحب ذکر ہذا کو درجہ استجابت حاصل ہوتا ہے۔اس ذکر کو پہلے عشرے میں روزانہ بعد نماز عشاء **313** مرتبہ کیا جاتا ہے۔دوسرے عشرے سے **500** مرتبہ روزانہ کیا جاتا ہے۔ایک ماہ بعد **1100** مرتبہ ہمیشہ کے لئے اختیار کرنا ہوتا ہے۔جس سے اس ذکر کو کرنے سے معارف کھلتے ہیں۔اور عظیم عرفان حاصل ہوتا ہے۔جو شخص ایک سال تک اِس ذکر کو کر لے۔اُسے ''**کن فیکون**'' کی زبان حاصل ہو جاتی ہے۔اس ذکر کا طریقہ یہ ہے۔

دائیں کندھے پر ۔**انت الھادی**۔ ۔بائیں کندھے پر۔۔**انت الحق**۔ قلب پر ۔**لیس الھادی**۔آسمان پر **الا ھو**

اس ذکر کے کرنے سے پہلے اور بعد میں طاق مرتبہ درود وسلام پڑھنا لازمی ہے۔تاکہ خیر و برکت برقرار رہے۔

☆ (طریقہءدوئم) طریقہء چشتیہ کا چوتھا ذکرِ مبارک''**انت الھادی انت الحق۔ لیس الھادی الا ھو**'' ہے۔

دل (لطیفہءقلب) پر **انت الھادی** تصورِاخفیٰ پر **انت الحق**

پھر دل (لطیفہءقلب) پر **لیس الھادی** تصورروح پر **الا ھو**

یاد رہے ۔کہ! اس ذکر میں نہ صرف ضربات لگانی ہیں۔بلکہ زبانِ قلب و زبانِ لسان سے بھی کہنا ہے۔یہ ذکر انتہائی عجز وانکساری سے کیا جاتا ہے۔اسے **نزولی سبق** بھی کہا جاتا ہے۔ (اس ذکر کو پہلے عشرے میں روزانہ بعد نماز عشاء **313** مرتبہ کیا جاتا ہے۔دوسرے عشرے سے **500** مرتبہ روزانہ کیا جاتا ہے۔ایک ماہ بعد **1111** مرتبہ ہمیشہ کے لئے اختیار کرنا ہوتا ہے)

ذِکرعنقاء کا طریقہ : جلسہ معہودہ متعین کر کے دوزانو بیٹھے۔دونوں ہاتھوں کوزانوؤں پر رکھے۔بائیں پستان پر''یاھو'' کی ضرب لگا کرمتصلاً ''ھو'' کی سانس اوپری جانب کھینچ کر دائیں پستان پر''یاھو'' کی ضرب لگا کرمتصلاً ''ھو'' کی سانس نکال کر سینہ پر ضرب لگائے۔اور پیاپے اسی طرح ذکر کرتا رہے۔کثیر فائدہ اس عمل کا ذاکر پر بخوبی ظاہر ہو جائے گا۔کہ ذاکر حیران وخرم ہو جائے گا۔

ذِکرعبرت کا طریقہ : جلسہ معہودہ متعین کر کے دوزانو بیٹھے۔اورخود کو ہمہ وقت ذِکر میں محوومشغول رکھے۔جس بھی چیز پرنظر جائے۔اپنی آنکھیں فوراً بند کرلیا کرے۔اوراسمِ ذات''اللہ'' کے لفظ عظیم کا تصور وتخیل کر کے کھول لیا کرے۔اگراسی طرح سے ذِکر کے سلسلے کوایک ڈیڑھ چلے تک روزانہ برقرار رکھے رہے۔اوراس پر مداومت ومواظبت رکھے۔توایسے سالک پر ظاہر وباطن ہستی مطلق کاظہور ہو۔ان شاءاللہ۔

ذِکرکبریاء کا طریقہ : اس کا طریق یہ ہے ۔کہ! جلسہ معہودہ متعین کر کے دوزانو بیٹھے۔اپنی کمر کوخم دے کر سر کو دونوں سے ملاکر اپنی سانس (دَم) کو بتصورِ''ھو'' ناف کے نیچے سے کھینچ کر حبس کرے۔جب بے طاقت ہو جائے۔تو پھراز سرنو شروع کرے۔اس ذکر سے تھوڑے ہی عرصے میں سالک ''ھو'' کی تجلی کے ساتھ متصف ہو جائے گا۔ان شاءاللہ۔

ذِکر فنا و بقاء: ذکر فنا وبقا آٹھ اقسام پر مشتمل ہے۔ (ان آٹھ اذکار میں سے جس بھی ذکر کو منتخب کیا جائے۔تو اسے روزانہ کی بنیاد پر کم اَز کم گیارہ سو (**1100**) مرتبہ روزانہ کیا کرے۔تاکہ مستفید ومتفع ہو)

☆ نمبر 01۔ دائیں زانو کھڑا اور بائیں زانو کوتہہ کر کے بیٹھے۔کلمہ ''**الا اللہ**'' کی ایک ضرب کھڑے زانو پر اور ایک ضرب قلب پر لگائے۔ دمادم اسی طرح اس ذکر میں خود کو مستغرق ومشغول کرلے۔لیکن نفی کو مفہوم رکھے۔ ☆ نمبر 02۔ دونوں زانو کھڑے کرلے۔ پھر نیم خیز ہو کر حالتِ ضرب میں سینہ کو پیش کر کے ضرب لگائے۔ ☆ نمبر 03۔ کھڑے ہو کر دائیں پاؤں کو تھوڑا آگے کر کے رکھے۔ اور حالتِ رکوع میں پہلی ضرب زمین پر اور دوسری ضرب کھڑے ہو کر قلب پر لگائے۔ ☆ نمبر 04۔ پانچ مصحفات (یعنی قرانِ کریم) کھول کر چاروں جہات میں رکھے۔ (لیکن پیچھے والا مصحف گدی اور سر سے بالا کوئی چیز رکھ کر رکھے) اَب دائیں طرف والے مصحف پر ''**یا حی**'' کی ضرب لگائے۔ بائیں طرف والے مصحف پر ''**یا قیوم**'' کی ضرب لگائے۔ اگلے بعید مصحف پر ''**یا سمیع**'' کی ضرب لگائے۔ اور پچھلے مصحف پر ''**یا علیم**'' کی ضرب لگائے۔ اور اگلے قریب مصحف پر ''**الا اللہ**'' کی ضرب لگا کر دوسری ضرب قلب پر شدت سے مارے۔ ☆ نمبر 05۔ آگ کی انگیٹھی یا آگ کا چولہا سامنے رکھے۔ پہلے تو ''**یا مجیر**'' کی ضرب آگ پر اور دوسری ضرب قلب پر ''**یا نور**'' کی لگائے۔ اور اسی ذکر کو کم اَز کم گیارہ سو (1100) مرتبہ روزانہ کیا کرے۔ اس ذکر سے **بہت جلد انکشافات ہونا شروع** ہو جاتے ہیں۔ چاہیئے۔ کہ! اِن انکشافات کا ذکر کسی سے نہ کرے۔ ورنہ یہ انکشافات ہونا رک جائیں گے۔ قلب وجسم پر گرمی بھی ہوتی ہے۔ لہذا اس ذکر کو سردیوں کے موسم میں سرانجام دینا بدرجہا اولیٰ ہے۔ ☆ نمبر 06۔ سیدھے لیٹے لیٹے اول ضرب اپنے دائیں طرف اور دوسری ضرب قلب پر لگائے۔ (بہتر یہ ہوگا۔ کہ! زبان کو تالو کے ساتھ چسپاں کر کے قلب پر ''لا'' کھینچ کر دائیں شانے پر ''الہٰ'' کی ضرب لگا کر پیچھے سے لاتے ہوئے ''الا اللہ'' کی ضرب قلب پر شدت سے مارے۔ اس ذکر سے بیخوابی کا ازالہ ہوگا۔ ڈراؤنے خوابوں سے نجات کلی حاصل ہوگی۔ ☆ نمبر 07۔ دائیں ہاتھ کی پانچوں انگلیاں کھول کر پیشانی پر رکھے۔ اور ضرب لگائے۔ پھر کتفِ راست (دائیں شانے) پر دائیں ہاتھ کی پانچوں انگلیاں رکھ کر ضرب لگائے۔ پھر کتفِ چپ پر رکھ کر ضرب لگائے۔ پھر دل پر رکھ کر ''الا اللہ'' کی ضرب لگائے۔ ☆ نمبر 08۔ فنائے خود اور بقائے ذاتِ حق کے تصور سے قدم آگے بڑھا کر ضرب لگائے۔ پھر قدم ہٹا کر قلب پر شدت سے ضرب لگائے۔ (مذکورہ آٹھ اذکار ضربیہ پر اگر صدق نیت اور اخلاص سے ہمیشگی اختیار کی جائے۔ تو ممکن ہے۔ کہ اِن اذکار سے مقامِ فنا و بقاء حاصل ہو جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ)

چشمِ قلب : دل اگر کان رکھتا ہے۔ تو اس کی دو آنکھیں بھی ہیں۔ ایک اوپر اور دوسری نیچے۔ ☆ بالائی آنکھ کشادہ ہے۔ اور وہ جسم سے متعلق ہے۔ ☆ اور چشم پائیں (زیریں)، جو کہ مسدود ہے۔ اس کا روح سے تعلق ہے۔ طالبِ صادق (سالک) جب ذکر جہر میں بہ کوشش تمام شدومد، تحت وفوق کے ساتھ مشغول ہوتا ہے۔ تو کچھ دیر بعد بالائی چشم بند ہو جاتی ہے۔ اور چشم زیریں ذکر خفی میں حبسِ دم سے مفتوح ہونے لگتی ہے۔ یاد رہے۔ کہ خاندانِ قادریہ و چشتیہ میں حبسِ دم درحقیقت اصل الاصول اور شرطِ اعظم ہے۔ اس لئے کہ حبسِ دَم کے بغیر چشمِ روح کشادہ ہوتی ہی نہیں۔ لہذا ہر طالبِ صادق کو لازم ہے۔ کہ! ذکر جہر وذکر خفی میں حبسِ دم کی بلیغ کوشش کرے۔ تا کہ چشمِ دلعالم بین مسدود ہو۔ جبکہ چشمِ روح ذات میں کشادہ ہو۔ کیونکہ چشمِ روح کی کشادگی کے بغیر انوارات ذاتی کا حصول نہایت محال ہے۔ اور یہ نعمتِ عظمیٰ اس وقت نصیب ہوتی ہے۔ جب طالبِ صادق اپنے آپ سے وسوسہء ماسوی اللہ کی کامل نفی کردے۔ اور کسی دَم ولحظہ یادِ یزداں سے غافل نہ رہے۔ جیسا کہ کیا خوب فرمایا کسی نے!

سرشتہء دولت اے برادرِ بکف آر   ایں عمر گرامی بخارت مگزار
دائم ہمہ جا ہمہ کس در ہمہ کار   میدار نہفتہ چشمِ دل جانبِ یار

آیتِ کریمہ ''واذکر ربک اذا نسیت'' کی تشریح اور فلسفہء نفس :

واذکر ربک اذا نسیت (یعنی) یاد کرو اپنے پروردگار کو، جس وقت فراموش کرے تُو اپنے نفس کو۔ یعنی کہ اس بات کو سمجھنے کی اشد ضرورت ہے۔ کہ! نفس کی فراموشی درحقیقت اسی کی ہی مخالفت میں ہے۔ لہذا سالک وطالبِ صادق کو چاہیئے۔ کہ! وہ دائما نفس کی مخالفت میں تسلسل کے ساتھ جدوجہد جاری رکھے رہے۔ کیونکہ! یہی تو جملہ عبادات کا سرچشمہ ہے۔ اس لئے کہ! نفس سے زیادہ مضبوط دشمن اور کوئی بھی نہیں۔ مشائخِ عظام کا ایک قول بہت مشہور ہے۔ کہ! **مخالفۃ النفس رأس العبادۃ و موافقۃ النفس رأس الکفر**۔ نفس کی مخالفت، عبادات کی بنیاد جبکہ اس سے موافقت کفر کی جڑ ہے۔

گر حیات خوب خواہی، نفس را گردن بزن   زانکہ از نفست قوی تر ہیچ دشمن نیست

اگر بہترین زندگی چاہتے ہو۔ تو نفس کی گردن مروڑ دو۔ اس لئے کہ طاقت کے اعتبار سے نفس سے بڑا دشمن اور کوئی نہیں۔

اسی حوالے سے ایک بزرگ نے فرمایا ہے۔ ایک لاکھ بھوکے بھیڑیوں کا گلہ بکریوں کے ریوڑ کو اتنا نقصان نہیں پہنچاتا۔ جتنا نقصان فقط ایک شیطان پہنچاتا ہے۔ اور اسی طرح سے ایک لاکھ شیاطین مل کر وہ نہیں کر سکتے۔ جو کہ ایک بُرا ساتھی کرتا ہے۔ اور بعینہٖ اسی طرح ایک لاکھ بُرے دوست مل کر اتنا نقصان نہیں پہنچاتے۔ جو ایک اکیلا نفس انسانی جسم میں کرتا ہے۔ اسی لئے مشائخ نے فرمایا۔ **النفس ھی الصنم الا کبر**۔ نفس ہی بہت بڑا بت ہے۔

حضرت امام غزالیؒ نے اصلاحِ نفس کے چار بنیادی اصول ارشاد فرمائے ہیں۔ مشارطہ (اپنے نفس کو گناہ نہ کرنے کی شرط لگانا) مراقبہ (نفس سے پوچھنا کہ کوئی صغیرہ کبیرہ گناہ تو نہیں کیا) محاسبہ (نفس وذات کا سخت محاسبہ کرنا کہ پورے دن میں کتنے گناہ اور کتنی نیکیاں کی ہیں) مؤاخذہ (نفس نے دن بھر جو گناہ و نافرمانیاں کی ہیں۔ ان کی سزا دینا۔ یعنی استغفار اور مسلسل نوافل ادا کرنا یا کوئی عبادت کرنا) احیاء العلوم الدین۔

حضرت سلطان العارفین سلطان باھوؒ کا فلسفہء نقشِ وجودیہ :

علمائے ظاہر دراصل علمِ شریعت کے عامل اور ماہر ہیں اور ہمیشہ قیل وقال میں لگے رہتے ہیں۔ جبکہ علمائے باطن جو کہ علمِ طریقت ومعرفت وحقیقت کے عامل وماہر ہیں۔ اور قیل وقال کے باطنی معانی ومفاہیم کو سمجھتے ہوئے حال وکیفیات سے بھی گزر رہے ہوتے ہیں۔ انہی علمائے باطنیہ ہی کو درحقیقت وارثۃ الانبیاء کہا جاتا ہے۔ اور یہ لوگ فقراء ہوتے ہیں۔ یہی فقراء فنا فی اللہ، بقاء باللہ، عارفین لم یزل، مشاہدہ قربِ خداوندی میں محو ومنہمک رہتے ہیں۔ جس شخص کے وجود میں اسم ذات ''اللہ'' اپنی تاثیر دکھا جائے۔ اور اُس شخص کا ظاہر وباطن اسی تاثیر میں آمیختہ ہوجائے۔ تو ایسا شخص صاحبِ تصرف وگنج باتوفیق ہوجاتا ہے۔ اگر یہی شخص صاحبِ اذن (یعنی حاملِ اجازت وخلافت) ارشاد وتلقین کے درجہ پر ہو۔ یعنی پیر ومرشد ہو تو ایسا مرشدِ کامل جسے (اپنے مرید یا کسی دوسرے کو) چاہے صرف اپنی توجہ کے ذریعے سے ہی سر سے لے کر قدم تک بلکہ اس کے ہفت اندام قلب اور قالب کو پاک صاف کرتے ہوئے نورِ الٰہی اور نورِ اسم ذات ''اللہ'' سے معمور ومزین فرمادیتا ہے۔ جس سے کہ طالب (یعنی مرید وشاگرد) مشرف حضور اور اللہ کی مدد سے منظور اللہ ہوجاتا ہے۔ اور وہ نفس وشیطان کے کبر وغرور اور دنیاوی آلائشوں سے بہت دور جبکہ ہژدہ ہزار عالمین میں مشہور ہوجاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ بذریعہ الہام ہم کلام ہوتا رہتا ہے۔ ایسا خوش نصیب صاحبِ نسبت باطنِ معمور بااہلِ وجودِ مغفور، ذوق وشوقِ باطنی سے مَستِ اَلست، دل شاد ومسرور، تصور وتخیلِ اسمِ ذات ''اللہ'' کے علم وتعلیم اور مشقِ وجودیہ مرقوم کے ارشاد اور تلقین سے زمانہ ماضی وحال اور مستقبل کے حالات کو اپنی فراست وفہم کے وقوف وادراک سے جان پہچان لیتا ہے۔ اس طرح کے نقشِ وجودیہ کی مسلسل مشق سے وجود میں محبت، اللہ تعالیٰ کی معرفت اور مراقبہ کی توفیق وطاقت حاصل ہوجاتی ہے۔ ایسا مرشدِ کامل اور اس کا طالبِ حقیقی مرید وشاگرد جب چاہیں انبیاءؑ اور اولیاءؒ کی مجالس ومحافل میں ملاقات اور مشاہدہء حضوری ءذات کی تحقیقات اور جملہ مقامات اور درجات کے جلدی طے کرنے کی ہمت اور توفیق حاصل کرلیتے ہیں۔ وجود کے مختلف حصص پر تصور وتخیلِ اسمِ ذات ''اللہ'' کی قوت سے لامکاں میں پہنچ جاتے ہیں۔ اور بالآخر اللہ تعالیٰ کی رویئت اور لقاء سے مشرف ہوجاتے ہیں۔

یاد رہے۔ کہ! جس طرح کہ ایک حلال جانور پر ''**بسم اللہ اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر**'' نہ پڑھ کر حلال سمجھا نہیں جاسکتا۔ اسی طرح سے جب تک نفس کو تصور اسم ذات ''اللہ'' کی شمشیر سے جب تک قتل نہ کیا جائے۔ ہرگز کوئی بھی قابلِ معرفت اور لائقِ مشاہدہء وصالِ حق نہیں ہوسکتا۔ مومنِ حقیقی کے لئے موت اس کے اور ذاتِ باری تعالیٰ کے درمیان حائل ہے۔ اسی لئے مومن حیات پر موت کو ترجیح دیتا ہے۔ اور جو شخص موت سے ڈرتا ہے۔ وہ قطعاً عاشق نہیں۔ بلکہ خام ناتمام ہے۔ مذکورہ ''نقشِ وجودیہ'' کو وجود کے مختلف حصص (جیسا کہ تصویر میں دیا گیا ہے) پر مرقوم کرکے طالب حق کو یہ باطنی سعادتیں اور روحانی دولتیں اور ظاہری کرامتیں حاصل ہوجاتی ہیں۔ اور فتوحاتِ غیبی (یعنی غیبی خزائن، مال ودولت، رزقِ بے حساب وبلامحنت رزقِ کثیر وغیرہا) کا ایک لامتناہی سلسلہ شروع ہوجاتا ہے۔ یعنی مجاہدہ بامشاہدہ، محبت با راز، عبادتِ دوام بانماز، سعادتِ انعام بااسرار، دافع حجب وحجاب باپروردگار، فنا بابقاء، ایمان باحیا، حصولِ شرف بامعرفت ولقاء، تصرف گنج بغیر رنج، علمِ علوم حی قیوم، الہام مع اللہ تمام، مطالعہ لوح محفوظ، مرتبہ روشن ضمیری، حصولِ علمِ لدنی وحروفِ مقطعات، حصولِ اسم اللہ العظیم الاعظم، تصرف زندہ کردن مردہ را، اور دیگر کئی قسم کے انوارات وبرکات اور فضائل وخصائص حاصل ہوتے ہیں۔ غرضیکہ! نقشِ وجودیہ درحقیقت مختلف الاقسام باطنی مناصب اور روحانی مدارج کے لئے باطنی نوری خلعتیں، وردیاں اور تمغے ہیں۔ جو کہ باطن میں اولیاءاللہ کو پہنائے جاتے ہیں۔

یاد رہے۔ کہ! اسم ذات ''اللہ'' کے تصور وتفکر کی مشق کی کنہہ کو عامل جانتا ہے۔ اور کامل پڑھتا ہے۔ نقشِ وجودیہ کا عمل طالبِ حقیقی کے جملہ وجود کو اس طرح پاک صاف کردیتا ہے۔ جیسا کہ! ایک صابن میلے کچیلے اور پلید جسم ولباس کو پاک صاف کردیتا ہے۔ لہٰذا جس خوش قسمت شخص کا تمام وجود اور ہفت اندام اسم ''اللہ'' ذات کی نوری تحریر سے منقش اور مرقوم ہوجاتا ہے۔ تو اس کے بعد ایسے شخص کو ایک نوری لطیف وجود عطا ہوجاتا ہے۔ پھر وہ اسی نوری لطیف وجود کے ساتھ باطن میں مجلس ومحفلِ نبوی ﷺ میں اور دیگر انبیاءؑ اور اولیاء کی محافل میں حاضر ہونے کے قابل اور لائق ہوجاتا ہے۔ یاد رہے۔ کہ! جب تک اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم اور مرشدِ کامل کی توجہ سے طالبِ حقیقی وسالک اپنا نوری لطیف وجود زندہ نہیں کرلیتا۔ اُس کے لئے مجلسِ نبوی ﷺ میں شرفِ باریابی حاصل کرنا ناممکن اور انتہائی مشکل اَمَر ہے۔ چاہے وہ جتنی محنت ومشقت کرلے۔ وہ اپنے کثیف عنصری جسم کے ساتھ اس شرف کو حاصل نہیں کرپاتا۔


اسی طرح اگر کوئی شخص مجلس ومحفل پاک طینت میں داخل ہوجائے۔ اور وہ اس بات کا امتحان لینا چاہے۔ کہ! کیا واقعتاً یہ محفل نیک لوگوں یا آنحضور ﷺ کی ہے۔ تو چاہیئے۔ کہ! جس وقت اس بابرکت محفل ومجلس میں حاضر ہو۔ تو درودِ پاک، کلمہ طیبہ اور **لاحول ولا قوۃ** لازمی پڑھ لے۔ تو اگر یہ واقعتاً بابرکت محفل ہوگی یا بزمِ نبوی ﷺ ہوگی۔ تو ان کلماتِ طیبہ کے بعد بھی برقرار رہے گی۔ بلکہ محفل کے لطف ولذت میں مزید اضافہ ہوجائے گا۔ ان شاءاللہ۔ البتہ شیطان آنحضرت ﷺ کی شکل اختیار کرنے سے یکسر قاصر ومعذور ہے۔ لہٰذا بحالتِ رویاء یا مراقبہ میں اگر آنحضرت نبی مکرم ﷺ کا دیدار ہوجائے۔ تو یہ ایک حقیقت ہوگی۔

تصور اسم ذات " اللہ " کے متعلق ایک عجیب و غریب نُقطہ : اگر کوئی شخص صدق قلب ونیت سے اسم ذات اللہ کا قلبی ذِکر روز وشب مسلسل کیا کرے تو یقیناً **40** چالیس ایام ہی میں اُس شخص پر انکشاف عالم ناسوت، ملکوت، جبروت، لاہوت اور ہاہوت ہوگا۔ اور ایک ایسی حالت پیدا ہوجائیگی کہ زبان بیان سے یکسر قاصر ہے۔ کہ! سوائے ذاتِ بحت کے ایسے ذاکر کو اور کچھ نظر نہیں آتا۔ اور ایسا شخص مقامِ فنا فی اللہ پر جلد فائز ہوجاتا ہے۔

مشق وجودیہ کی ضرورت وطریقہ مع فوائد :

مشق وجودیہ کا عمل تمام سلاسل طریقت (قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ، سہروردیہ، اویسیہ، قلندریہ وغیرہم) میں باقاعدگی سے کیا جاتا ہے۔ اگر مرید وطالب صادق کی غفلت یا سختی قلب کی وجہ سے تصور اسم اللہ ذات دل پر اور جسم کی دیگر حصص پر قائم نہ ہو رہا ہو۔ تو ایسے طالب کو چاہیئے۔ کہ مشق وجودیہ کے نقشے کو مدنظر رکھ کر مشق وجودیہ اسم اللہ ذات اپنے اوپر روزانہ لازم کر کے دائماً مشق جاری رکھے۔ چنانچہ سلسلہ عالیہ سروریہ قادریہ کے مطابق جسم کے چودہ مقامات پر اسم اللہ ذات کی مشق کیا کرے۔

جس کا طریقہ یہ ہے۔ کہ! ماتھے پر، ہر دو آنکھوں پر، دونوں کانوں پر، زبان پر، دونوں کندھوں پر، دونوں ہاتھوں پر، قلب پر، ناف پر اور دونوں رانوں پر انگشت تصور وتفکر سے اسم اللہ ذات بار بار لکھنے کی مشق کرتا رہے۔ حضرت سلطان باھوؒ کی کئی کتب میں نقشِ وجودیہ مختلف اشکال وطرق سے دیا گیا ہے۔ جن میں سے تین نقوش بطورِ برکت یہاں پر تمثیلاً پیشِ خدمت ہیں۔



تصور اسم ذات ''اللہ'' (در سلسلہ عالیہ چشتیہ) :

بعض حضرات اسم ذات'' اللہ '' کی تصویر (یعنی تصوراتی تصویر) لوح دل پر اس طرح بناتے ہیں۔ کہ قلب کو سبز رنگ کا تصور کر کے اس پر سنہری رنگ میں اسم ذات ﴿اللہ﴾ کا تصور کرتے ہیں۔ تاکہ اللہ تعالیٰ کے نقش کے سوا دل میں اور کوئی خیال نہ گزرے۔ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کا اسم ہی رہ پائے۔ اس کے بعد اللہ کے 'ا'' کو ہٹا کر ﴿للہ﴾ کا تصور کریں۔ اس کے بعد پہلا لام ہٹا کر صرف ﴿لہ﴾ کا تصور کر کے اور آخر میں سوائے دائرہ ﴿ہ﴾ کے کچھ نہ رہے۔ غلبہ شغل میں جب دائرہ یا ﴿ہ﴾ وسعت پکڑتا ہے۔ اور جوں جوں دائرہ وسیع ہوتا جاتا ہے۔ درمیانی نقطہ یعنی مرکز دائرہ (تعین سالک) چھوٹا ہوتا جاتا ہے۔ جبکہ دائرہ ﴿ہ﴾ لامتناہی لامحدود ہوتا جاتا ہے۔ تو نقطہ وسطہ (یعنی تعین سالک) گم ہو جاتا ہے۔ اور لاتعین (یعنی ذات احدیت یا ذات بحت) کے علاوہ باقی کچھ نہیں رہتا۔

سالکین کا کہنا ہے۔ کہ! صاحب عشق، شور اور ولولہ کے لئے اسم ذات **اللہ** کا تصور ہی کافی ہے۔ کیونکہ اس تصور (**1** سے **5** تک) میں بندہ اس قدر مستغرق و مشغول ہو جاتا ہے۔ کہ قلب جاری ہو جاتا ہے۔ سوتے جاگتے دل ذاکر رہتا ہے۔ کہ حتیٰ کہ بوقت بول وبراز بھی یہ ذکر نہیں رُکتا۔ خواہ جتنی بھی کوشش کی جائے۔

طریقہ ذکر اسمِ ذات : حبس دم کے ساتھ آنکھیں کھول کر اس قدر **اللہ اللہ** کریں۔ کہ سامنے اندھیرا سا چھا جائے۔ اور زبان گُنگ ہو جائے۔ اس ذکر سے بے اختیار دل بھی ذاکر ہو جاتا ہے۔ اور چند ہی ہفتوں کی مشق کے بعد جُملہ اعضائے جِسمانی بلکہ تمام چیزیں ذاکر نظر آنے لگتی ہیں۔ اور چند ہی ماہ میں ذاکر کو فنا فی اللہ اور بقا باللہ کا مرتبہ حاصل ہو جاتا ہے۔


اسمِ ذات '' اللہ '' کے زبانی ذکر کا بیان : (سلسلہ نقشبندیہ کا مروجہ طریقہ)

ہر ایک طالبِ صادق کو چاہیئے۔ کہ! پاس انفاس کے باوجود اسمِ ذات ''اللہ'' کا ورد ایک لاکھ چوبیس ہزار مرتبہ روزانہ کیا کرے۔ (یہ انتہائی مرتبہ ہے) اگر اتنی تعداد پر قدرت حاصل نہ ہو۔ تو کم از کم چوبیس ہزار مرتبہ ضرور بالضرور اسمِ ذات ''اللہ'' کا ورد لازمی کرنا چاہیئے۔ یاد رہے۔ کہ! چوبیس ہزار مرتبہ اسمِ ذات ''اللہ'' (کہ یہ تو متوسط درجہ ہے) کے ذکر کرنے میں یہ حکمت پوشیدہ ہے۔ کہ! ہر شخص دن ورات میں چوبیس ہزار مرتبہ سانس لیتا ہے۔ اسی لئے اس کے اس تعداد میں ذکر کرنے سے اس کی ہر سانس کا مداوہ ذکر پر ہو جائے گا۔ اور ایسا شخص '' **والذاکرین اللہ کثیرا والذاکرات** ۔۔۔ (یعنی وہ مرد اور عورتیں جو اللہ تعالیٰ کا ذکر کثرت سے کرتے ہیں) کے زمرے میں داخل ہو جائے گا۔ اگر یہ بھی نہ ہو سکے۔ تو کم سے کم بارہ ہزار مرتبہ اسی اسمِ ذات ''اللہ'' کو ضرور پڑھ لیا کرے۔ (کہ یہ تو بالکل ہی ادنیٰ سا درجہ ہے) اس ذکر میں ذکرِ زبانی یقیناً ذکرِ قلبی کا وسیلہ ثابت ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اور جب زبان وقلب دونوں ذکر میں مشغول ہو جائیں گے۔ تو ذکر کی ترکیب کامل ہوگی۔ یاد رہے۔ کہ! یہی ترتیب تمام سلاسل طریقت (قادری۔ چشتی اور سہروردی وغیرہ) میں ہے۔ ہاں البتہ سلسلہ نقشبندیہ میں صرف ذکر قلبی پر ہی انحصار کیا جاتا ہے۔ اور مبتدیوں کو اسی ذکر سے شروعات کرائی جاتی ہے۔

تصورِ اسمِ ذات اللہ میں زاویہء نگاہ کا عمل دخل

زاویہء نگاہ کے خصائل وشان کو سمجھنے کے لئے ہم ڈاکٹر نورمحمد نورسروری قادریؒ کی تعلیمات کا سہارا لیتے ہیں۔



کسی دیوار کے سامنے بیٹھ جائیں۔ جب آپ اپنی زاویہء نگاہ کے عین سامنے دیکھیں گے۔ تو یہ 90 درجہ ہے۔ اب اگر آپ آنکھ کی پتلی کو اوپر کریں۔ جہاں پر آپ کو اپنے ابرو نظر آئیں۔ یہ 30 درجہ ہوا۔ اب 30 درجہ اور 90 درجہ کے وسط میں 60 واں درجہ ہے۔ اسی طرح سے اگر آپ نیچے کی جانب اپنی پتلی کر کے دیکھیں۔ جہاں آپ اپنی نیچے کی پلک یا گال دیکھ سکیں۔ تو یہ 150 درجہ ہوا۔ اب 90 درجہ اور 150 درجہ کے درمیان 120 واں درجہ ہے۔ یاد رہے۔ کہ! یہاں تک تو ہر کوئی دیکھ سکتا ہے۔ مگر 0 سے 180 درجہ تک دیکھنے کی قدرت کے حصول کے لئے اب مسلسل مشق کرنے کی ضرورت ہوگی۔ جیسے یہ تمام درجات بتائے گئے ہیں۔ بعینہٖ اسی طرح سے بند آنکھوں سے انہیں درجات پر مشقیں سرانجام دینا ہوں گیں۔ یاد رہے۔ کہ! آپ کی نشست ایسی ہونی چاہیئے۔ کہ! کمر میں کہیں خم نہ ہو۔ گردن سی جگہ پر ہوتے ہوئے صِرف آنکھ کی پُتلی کو اوپر یا نیچے اپنے مقصودہ ومطلوبہ درجات تک لے کر جانا ہے۔ یعنی صِرف پتلی چشم ہی کو اوپر یا نیچے درجہ بدرجہ لے جانے کے عمل کو زاویہء نگاہ بلاواسطہ کے اسم سے موسوم کیا جاتا ہے۔ زاویہء نگاہ کا ماحصل اس جدول میں پیش کیا جارہا ہے۔

نمبرشمار	خصوصی زاویہء نگاہ	عمومی زاویہء نگاہ	کیفیتِ استغراق	متعلقہ عوالم	سیورا ربعہ
01	90 درجہ	80 سے 90 درجہ	نیم بیداری۔ محویتِ خواب جیسا ہلکا سا استغراق	ناسوت ۔ ملکوت	الی اللہ۔ للہ
02	60 درجہ	60 سے 70 درجہ	بھاری، گہرا بلکہ موت کی مانند استغراق	جبروت۔ لاہوت۔ لامکاں	علی اللہ ۔ مع اللہ
03	30 درجہ	30 سے 50 درجہ	بہت بھاری بلکہ موت سے بھی زیادہ گہرا استغراق	لامکاں۔ یاھوت۔ ہاہوت	فی اللہ۔ عن اللہ
04	0 درجہ	0 سے 20 درجہ	استغراق ماسوا اللہ۔ بے کیف۔	ہاہوت۔ ہاہویت	عن اللہ۔ باِللہ

90 درجہ سے لے کر 180 درجہ تک کی تفاصیل مکمل طور پر میری نگاہ سے نہیں گزریں۔ بہر حال! زاویہ نگاہ کو مکمل طور پر سمجھنے کے لئے ڈاکٹر نورمحمد نورسروری قادری کی تصانیف (سیف الرحمان۔ اللہ جل شانہٗ۔ حق سبحانہٗ۔ زارِ زعفران۔ سبحان اللہ وغیرہا) کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔

اقتباس از وصل حق یعنی کشکول محبوبی :

لقمہ وصل :۔ اسمِ ذات ''اللہ'' کو سونے یا چاندی کے پانی سے لکھ کر ہمیشہ اس کو دیکھا کرے۔ تا کہ ''**اللہ**'' کی وہی صورت صفحہ قلب پر لکھ کر ہمیشہ اس پر اِس قدر توجہ رکھے۔ کہ! اس قدر کہ حواس جاتے رہیں اور دل سے **اللہ۔ اللہ** کی آواز آنے لگے۔

اسمِ ذات ''اللہ'' کے ذکر کا بیان :

اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالیشان ہے۔ کہ! **قل اللہ. ثم ذرھم** ۔ سورہ انعام۔ آیت نمبر **91** (آپ کہہ دیں اللہ۔ پھر انہیں چھوڑ دیں) کے مطابق اس طرح سے ذکر کرے۔ کہ! پہلے اسمِ ذات ''اللہ'' کی ''ہ'' کو پیش اور اس کے بعد اسمِ ذات ''اللہ'' کی ''ہ'' کو جزم دے۔ پھر دونوں آنکھیں بند کر کے سر داہنے شانے کی طرف لے جا کر اسمائے صفاتِ امہات کا یقین کرے۔ اور پہلے اسمِ ذات ''اللہ'' کی ضرب لطیفہء روح پر لگائے۔ پھر دوسری ضرب اسمِ ذات ''اللہ'' کی فضائے قلب پر لگائے۔ اس ذکر کو اصطلاحِ صوفیاء میں دوضربی ذکر باسمِ ذات ''اللہ'' کہا جاتا ہے۔ اس طرح سے یہ ذکر چھ سو مرتبہ کرے۔ مگر یاد رہے۔ کہ نو مرتبہ ''اللہ۔ اللہ۔ اللہ'' کہنے کے بعد دسویں مرتبہ ''**اللہ حاضری. اللہ ناظری. اللہ معی**'' میں سے کوئی ایک لازمی کہے۔ اگر یاد رہے۔ تو پہلے نو کے بعد ''**اللہ حاضری**۔ '' کہے۔ دوسرے نو کے بعد ''**اللہ ناظری** ۔ '' کہے۔ اور تیسرے نو کے بعد ''**اللہ معی**۔ '' کہے۔ اور پھر نزول کرے۔ اور پھر عرج کرے۔ اس عرج ونزول کے طریقے کو یاد رکھے۔ لیکن یہ بھی ضروری ہے۔ کہ! اس ذکر کے معنی کو بھی سمجھتا جائے۔ تا کہ ذکر کا شوق اور اس میں واقعتاً لطف حاصل ہو سکے۔ چاہیئے۔ کہ! سستی اور غفلت پیدا نہ ہونے دے۔ اس کے بعد پھر کلمہ طیبہ تین مرتبہ، کلمہ شہادت ایک مرتبہ پڑھ کر سر کو داہنے شانے کی طرف جھکا کر اسمِ ذات ''اللہ'' کی ضرباتِ متواتر دل (لطیفہء قلب) پر پوری قوت وشدت سے لگاتا رہے۔ (سلسلہ چشتیہ صابریہ کے حضرات کو چاہیئے۔ کہ پھر مشائخ کبار کی ارواح کو ایصال کرے۔ دیگر سلسلہ کے لوگ اپنے پیران کو ایصال کریں۔ بہر حال!) پھر جتنی دیر چاہے مراقبہ کرے۔ اور جس ذکر میں اس کو لطف حاصل ہو (کوشش کرے۔ کہ) صبح تک اسی شغل وذکر میں محو ومشغول ہو۔ تا کہ طالبِ صادق وسالک ظاہری وباطنی فوائد سے مکمل طور پر مستفید ومتفع ہو سکے۔

تصور اسم ذات اللہ (بہت ہی پر تا ثیر طر یقہ) :

اسم اللہ ذات کا تصورایک نہایت پوشیدہ بے ریا، بے رُجعت اورزود اثر طریقہ ذِکروشُغل ہے۔اس ذکروشغل میں کسی خاص وقت کاتعین وتقرر لازمی نہیں۔نہ ہی کسی تعداد وگنتی،شرائط جلالی وجمالی کی حاجت ہے۔بلکہ ہرمسلمان اپنے تقوٰی سے اس ذِکر کا آغاز شروع کرسکتا ہے۔کیونکہ انسان کی توجہ اللہ تعالیٰ کی طرف مبذول کرنے کا یہ ایک سہل ومنفرد توسل و تصدق کا طریقہ ہے۔بلکہ اسلام،عرفان وایقان،قرب ومشاہدہ وصل فناء وبقاء کے عظیم المرتبت مراتب اورمدارج کے دائمی حصول کے لئے یہ ذکروشغل اصلی وآخری اورجامع کلید ہے۔ روحانی مقام ومنازل کا بآسانی طے کرنا اورباطنی لطائف کا حصول تصوراسم اللہ ذات کے بغیر ناممکن ومحال ہے۔یادرہے کہ! مسمریزم کی مشق اورتصوراسم ذات اللہ کے ابتدائی اصول وقواعد یقیناً ایک ہی جیسے ہیں۔چنانچہ صاحبان وشائقینِ مسمریزم کسی خاص نقطے جیسے بلور،موم بتی یاکسی بھی مادی چیزکواپنے زاویہ نظر(90 درجہ کے زاویہ) کے برابراپنی نظراورتوجہ کومرکوزکردیتے ہیں۔باربارکی اسی مشق سے ان کی توجہ اورنظرکوخاص نقطہ پرمرکوزرکھنے کی وجہ سے انسان کی باطنی اورچھپی ہوئی صلاحیت ابھرکرسامنے آتی ہے۔اورنظرمیں ایک غیرمعمولی طاقت وقوت پیدا ہوجاتی ہے۔جس سے کوئی بھی انسان چاہے وہ غیرمتقی ہویاغیرمسلم،وہ شعبداتِ سفلی اورمادی عجائبات دکھانے کا ماہروکامل بن جاتا ہے۔لیکن مسمریزم کا کمال وہنرعالم ناسوت تک ہی محدود ہے۔اس عالم سے آگے عالم ملکوت تک ایسے اشخاص کی رسائی ناممکن العمل امرہے۔کیونکہ اُن کا نقطہ موہوم ومخلوق ہی ہوتا ہے۔

تصور سے حاصل ہوئے سب مقام ‏ ‏ ‏ اسی تصرف میں ہے فقر و عرفان تمام

لیکن اس کے مقابلے میں اسم اللہ ذات کاتعلق اپنے مسمیٰ خالقِ کائنات حضرتِ ذات واجب الوجود کے ساتھ ہے۔اسی لئے جب صاحب تصورکی توجہ،تخیل وتفکراورروحانی وجسمانی تصرف ظاہری وباطنی نقش اسم اللہ ذات پرمجتمع ہوجاتے ہیں۔تو یک دم طالب مولیٰ عالم ناسوت سے برق براق کی طرح بآسانی پارہوکرعالم ملکوت،جبروت اورلاہوت میں داخل ہوجاتا ہے۔یادرہے کہ تصورکی اِسی ظاہری وباطنی بجلی سے روحانی دنیا کی تمام باطنی مشینیں بخوبی چل رہی ہیں۔اورمرشدکامل اپنے سینے کے پاورہاؤس سے اس تصورکی برقِ جمال وجلال کی لہروں سے طرح طرح کے باطنی فیوضات وبرکات اورکمالات سے اپنے لاتعداد وبے شمارمریدین وشاگردوں کے سینوں میں منتقل کرتے ہیں۔

آفتاب آمد دلیل آفتاب ‏ ‏ ‏ گر دلیلت باید ازوے رو متاب

اسم اللہ ذات کے صحیح طورپرتصورکے ذریعےنقش اورمرقوم ہونے کی علامت یہ ہے کہ اسم اللہ ذات آئینہ قلب پرمرقوم ہوکرآفتاب کی طرح تجلی مارتا ہے۔جس سے کہ صاحب تصورپرفورًا استغراق اورمحویت طاری ہوجاتی ہے۔اوردل،روح یاسرکالطیفہ ذِکرالٰہی یاکلمہ طیبہ سے گویاہوجاتا ہے۔حق کواس استغراق کے اندرکوئی نہ کوئی مکاشفہ،مشاہدہ اورمعائنہ لازمی طورپرحاصل ہوہی جاتا ہے۔اوربالآخریہی صاحب تصورشخص مشاہدہ حق ذات یاحضوری سرورکائنات ﷺ (بزمِ نبوی وکچہری رسالت مآب ﷺ) میں داخل ہوجاتا ہے۔

لہذاطالب حق پرلازم ہے کہ! تصوراسم اللہ ذات کے مبارک شغل ومشق کوبہرصورت جاری وساری رکھے۔خواہ ابتداء میں تصوراسم اللہ ذات دِل پرقائم نہ بھی ہو۔سمجھدارشخص کوتوچاہیئے کہ! وسیع حوصلہ اورہمت بلندرکھ کراپنی جملہ عمراسی مبارک شغل میں وقف کردے۔اِس سہل الحصول مبارک شغل ہی سے بہت جلدکلیدخزائن دارین مفتاح کنزکونین حاصل ہوجائیں گے۔

اس مشق کے دوران دودھ،چاول،تبریدکااستعمال رکھے۔چکنی،کھٹی،میٹھی،نمکین اورتیکھے مصالحات والی غذاسے پرہیزرکھے۔بعد شغل آنکھوں میں مسکہ گاوی سلائی سے ہرروزلگاتارہے۔مشق کے فورًابعدآنکھوں کوعرقِ گلاب یاآبِ زم زم یاٹھنڈے پانی سے دھولیں۔اورآنکھوں پرہاتھ رکھ کرتفکروتدبرکی کیفیت میں جاکرآئینہ قلب پرملاحظہ کریں کہ کیاواردات ہوتی ہے۔

لہذااگرکوئی شخص صدق قلب ونیت سے اسم ذات اللہ کاقلبی ذِکرروزوشب مسلسل کیاکرے۔تویقیناً 40 چالیس ایام ہی میں اُس شخص پرانکشاف عالم ناسوت،ملکوت،جبروت،لاہوت اورہاہوت ہوگا۔اورایک ایسی حالت پیداہوجائی گی۔کہ زبان بیان سے یکسرقاصرہے۔کہ! سوائے ذاتِ بحت کے ایسے ذاکرکواورکچھ نظرنہیں آتا۔اورایساشخص مقام فنافی اللہ پرجلدفائزہوجاتا ہے۔

ذکر اسمِ ذات " اللہ " یک ضربی :

اسمِ ذات ''اللہ'' (اَلُ۔لَا۔ھُوْ) کہتے ہوئے دائیں شانے کی طرف بلندکرکےاسم''ھُو'' کی ضرب ایسےزورسےلگائے۔کہ! بایاں پہلوخم ہوجائے۔پہلی اوردوسری ضرب معمولی ہو۔جبکہ تیسری ضرب قدرے زوردارا ورسخت ہو۔سالک کوچاہیئے۔کہ! اس ذکرمیں اسمِ ذات ''اللہ'' کواسمائے صفات امہات سبع میں سے کسی ایک اسم سے متصف کرے۔اوردمادم (مسلسل بغیرکسی وقفے سے) کرتارہے۔یہاں تک کہ سالک پربےخودی ومحویت طاری ہوجائے۔


بسکہ درجان فگار وچشم بیدارم توئی ‏ ‏ ‏ ہرکہ پیدا می شود ازدور پندارم توئی

تصور اسم ذات " اللہ " سے استفادہ کرنے کا مجرب طریق: طریقہ فقیر نور محمد سروری قادریؒ

1۔ لہٰذا ہر وقت تصور اسم ذات ''**اللہ**'' سے بھرپور طریقے سے مستفید و منتفع ہونے کا یہ طریقہ انتہائی بے مثال ہے۔ کہ! صاحب تصور اسم ذات ''**اللہ**'' کو چاہیے کہ باوضو پاک صاف کپڑے پہن کر پاک جگہ میں تنہا آلتی پالتی مار کر مربع ہو کر قبلہ رُخ ہو بیٹھے۔ آنکھیں بند کر کے اللہ تعالیٰ کی پاک ذات کے مشاہدے اور مجلس حضرت سرکار کائنات آخر الرسل ﷺ و مجلس انبیاء و اولیاء اور یاد موت و آخرت و قبر و حشر و نشر وغیرہ کے تفکرات کو دل میں جاگزیں کر لے۔ اور اسم اللہ ذات و اسم محمدؐ کو اور اگر کسی کا نفس سرکش ہو (نفسانی یا شہوانی خواہشات ابھریں) اور اس کی سرکوبی مطلوب ہو تو ناف کے مقام پر بھی اسم ذات اللہ انگشت تصور سے لکھے۔ اپنی شہادت کی انگلی کو قلم خیال کر کے اسم ''**اللہ**'' ذات کو ماتھے پر لکھے۔ اس سے جذب جلالی پیدا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ جبکہ اسم '' **محمد** ﷺ '' کو سینے پر لکھنے سے جذب جمالی پیدا ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔

2۔ اس دنیا کے ظلمت کدہ اور اندھیری رات میں انسان کا حقیقی انیس، غمگسار اور مشعل راہ صرف چراغ تصور اسم ذات ''**اللہ**'' اور قندیل خیال اسم ''**اللہ**'' ہی ہے۔ 3۔ اسم ''**اللہ**'' ذات بذریعہ تصور و تفکر جسم کے جس مقام یا عضو میں نوری حروف سے موٹا مرقوم ہو جاتا ہے تو وہ عضو نور اسم ''**اللہ**'' ذات سے باطن میں بھی اسی طرح سے مرقوم ہو جاتا ہے اور جب طالب کے وجود کے تمام ضروری اندام اور اہم اعضائے نقش اسم ''**اللہ**'' ذات کی نوری تحریر سے منقش اور منور ہو جاتے ہیں تو باطن میں ایسے طالب کا ایک نوری لطیف وجود زندہ ہو جاتا ہے۔ ایسا طالب صادق و سالک اس نوری لطیف جسم کے ساتھ عالم غیب اور عالم امر کے لطیف جہاں میں گویا از سرِ نو جنم لیتا ہے۔ اور پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ وہ اچھا خاصہ نوری حضوری طفل بن جاتا ہے۔

اور ان دونوں مقامات پر ان اسماء کو خوشخط نوری، آفتابی اور سفید روشن ماہتابی رنگ سے موٹا مرقوم لکھا ہوا خیال کرے۔ اور ان پر انگشت تفکر پھیرتا جائے اور ساتھ ہی دل سے پاس انفاس جاری رکھے (یعنی اندر کے سانس سے) ''**اللہ**'' کہے اور سانس باہر نکالتے وقت ''**ھو**'' کہے۔ اس طرح بار بار مشق کرنے سے اسم ''**اللہ**'' ذات یا اسم **محمد** متجلی ہو کر قلب کو منور کرے گا۔ انشاء اللہ۔ یہ مشق پورے انہاک و توجہ کے ساتھ اسم ''ھو'' یا صرف ''اللہ۔ اللہ'' کے ساتھ بھی کر سکتے ہیں۔ جیسے آسانی ہو۔



تصور و تخیل اسم اللہ ذات کے لئے سامنے دیا گیا چارٹ بہت مفید ہے۔ طالبِ صادق کچھ عرصہ تک اِس طرح کا ایک چارٹ بنا کر روزانہ دن میں تین مرتبہ 20-20 منٹ تک اِس چارٹ کو مکمل یکسوئی سے دیکھتا رہے۔ (اسمِ ذات ''اللہ'' کا یہی نقش بڑے سائز میں اسی کتاب کے شروع صفحہ پر بھی دیا گیا ہے۔ جو کہ تصوراتی مشق میں معاون ثابت ہوگا) لیکن یاد رہے۔ کہ شغل پاس انفاس ''**اللہ اللہ . اللہ ھو . ھو اللہ . لا الٰہ الا ھو**'' کسی بھی طریقہ سے یا پھر جس طرح اپنا مرشد تعلیم کرے، کیا جا سکتا ہے۔ طالب جس بھی اسم (جیسے کہ ! **اللہ ، للہ ، لہ ھو ، محمد ، فقر** یا (کلمہ طیبہ) **لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ** ﷺ یا **لا الٰہ الا اللہ**) کا تصور کرنا چاہے۔

تو اُسے چاہیئے کہ! اُس اسم کو خوشخط لکھ کر یا کسی نیک بندے سے بحالت وضو لکھوا کر دو قدم کے فاصلے (تقریباً ڈیڑھ سے دو فُٹ کے فاصلے) پر زاویہ نظر کے عین سامنے (**90** درجہ پر) رکھے۔ اور تصور شروع کرنے سے پہلے اپنے اوپر پیچھے دیا گیا حصار کر کے سانس اور دم بند کرے۔ جتنی مرتبہ بھی ہو سکے اُسی اسم پر تفکر و تخیل کی اُنگلی پھیرتا جائے۔ اور زبان کو تالو سے لگا کر زبانِ قلب سے بھی اُسی اسم کو پڑھتا رہے۔ یاد رہے کہ اِس تصور و ذکر کے درمیان اپنے جسم کے کسی حصہ، زبان یا ہونٹ کو قطعاً متحرک نہ کرے۔ اور نہ ہی سانس نکلنے دے۔ سانس کو جتنی دیر تک بند رکھ کر تصور کرنے کی مشق کو کرے گا اُتنا ہی زیادہ کامیاب ہوگا۔ انشاء اللہ۔

شغل تصور کے لئے وقت کا تعین نہیں جس وقت طالب چاہے کر سکتا ہے لیکن سب سے بہتر وقت صبح صادق سے لے کر طلوع آفتاب یا چاشت تک کا ہے۔ وما توفیقی الا باللہ۔ تصور اسم ''اللہ'' کو اپنے وجود کے تمام مقامات میں اسم ''**اللہ**'' ذات کا نوری چراغ روشن خیال کر لے تو اس نورِ حق سے ظلمت باطلہ دائمی کافور ہو جائیگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ (ویسے بھی حبس نفس کی زیادہ سے زیادہ مشق کرنے کے بہت زیادہ فوائد ہیں۔ سانس کو بند رکھنے سے شعور یقینی طور پر متحرک ہو جاتا ہے۔ اور دل میں نفسانی، نسوانی و شہوانی خواہشات، غیر خیالات، دنیاوی تفکرات، ذہنی خلفشار، نامساعد حالات و واقعات، ظاہری و باطنی وساوس اور شیطانی خیالات کے راستے بند ہو جاتے ہیں) بہتر تو یہ ہے کہ! ہر مرتبہ طالب سانس کو بند رکھنے میں وقت اور مشق تصور مع ذِکرِ قلبی کی تعداد کو اپنی انگلیوں یا تسبیح پر شمار کرے۔ اور روزانہ بتدریج اپنی مکمل مشق اور وقت کو بڑھاتا چلا جائے۔ حتٰی کہ! ذکرِ قلبی کی تعداد **150** سے زائد ہو جائے اور، سانس بند رکھنے کا وقت تین منٹ سے زائد اور پلک جھپکنے کا وقت بیس منٹ تک ہو جانا چاہیئے۔ تو طالب یقیناً کامیاب و کامران ہوگا۔ **انشاء اللہ**۔

اور یہی ذِکر اور تصور کرنے کا بہترین، اعلیٰ و ارفع اور بارہا کا نہایت آزمودہ و تجربہ شدہ طریقہ ہے۔ کیونکہ جب انسان کی ذیل میں دی گئی تینوں قوتیں ایک ہی اسم پر متوجہ و مرکوز ہو جائیں تو کامیابی لامحالہ یقینی ہے۔ اور اس کام میں استقلالِ مزاج اور مضبوط قوتِ ارادی انتہائی لازمی ہے۔

1۔ ظاہری بصارت (آنکھوں کو پلک جھپکنے سے روکنے کی مشق) 2. قوت تصور و تفکر و تخیل 3۔ قلب۔

طریقہ ذکر اسمِ ذات : شغل اسمِ ذات '' **اللہ** '' کی ترکیب وترتیب یہ ہے کہ ! کاغذ کی لوح پر قلب صنوبری کی صورت بنائے ۔ پھر اس لوح میں اسمِ ذات '' **اللـه** '' کو طلائی حروف میں خوشخط لکھوائے ۔ پھر اس منقش لوح کو اپنے سامنے رکھ کر اسم مذکور کو بغور دیکھے ۔ پھر آنکھیں بند کر کے اپنے آئینۂ قلب میں اسم طلائی کو نورِ ذات کے رنگ میں منقش دیکھے ۔ چند روز میں وہ نورخیال متشکل ہو جائے گا ۔

پاس انفاس ہو اگر ملحوظ ہر نفس کا مرانی ہے   سانس لینے کا ورنہ کیا حاصل صرف ایک شغل زندگانی ہے

پھر اسی طریقہ سے روزانہ اپنی آنکھیں بند کر کے قلب صنوبری میں طلائی رنگ کے اسم ذات '' **اللـه** '' کا نقش تصور کرے یہاں تک کہ اسی کیفیت میں خود پر استغراق ومحویت طاری کر لے ۔ اس شغل میں بہت اسرار ومغیبات ہیں جو کرنے والے پر خود بخود ظاہر ہوں گے ۔ اس عظیم شغل میں چند نقاط ہیں جن کو یہاں بیان کیا جا رہا ہے ۔

یک لحظہ زِ کوئے یار دوری   در مذہب عاشقاں حرام اَست

ہفتے عشرے کی مشق کے بعد اس شغل کی حالت میں سالک اپنے آپ کو اس نقش کے مقابل یا بجانب تحت یا بطرف یمین وشمال سمجھنے لگے گا ۔ اس وقت سالک کو لازم ہے کہ ! بہت جد وجہد کر کے اپنے آپ کو اس نورِ ذات تک پہنچائے ۔ اس کو تصوف کی زبان میں '' **سیــر الی اللـه** '' کہتے ہیں ۔ سالک جب اپنے آپ کو '' **الف** '' اور '' **لام** '' کے درمیان دیکھے ۔ تو پھر اس سے ترقی کر کے سالک خود کو دو '' **لام** '' کے درمیان تک پہنچائے ۔ اور یہاں پر قیام کرے ۔ وہاں سے بھی کوشش تمام سے اپنے آپ کو '' **لام** '' اور '' **ه** '' کے درمیان تک پہنچائے ۔ پھر یہاں سے ہمت کر کے حلقہ '' **ه** '' تک پہنچ جائے ۔ یاد رہے کہ ابتدائے سیر وسلوک میں سالک اپنے سر کو حلقہ '' **ه** '' میں داخل پائے گا ۔ اور پھر آخر کار اپنے تمام جسم کو بھی حلقہ '' **ه** '' میں مقیم پائے گا ۔ اب یہی وہ وقت ہوتا ہے جب سالک خود کو جمیع آفات وبلیات اور خطرات سے محفوظ ومامون رکھ کر حق تعالیٰ کو محیط اور اپنے آپ کو محاط دیکھے گا ۔ اس مقام کا نام '' **سیر فی اللہ** '' ہے ۔

جب سالک خود کو قطرہ دریا میں فانی اور ذرہ نورِ آفتاب سے منور ہو کر اور پھر اس مقام عالی سے اپنے پایۂ اسفل کی جانب نزول کرے گا ۔ اس وقت اپنے ابنائے جنس کو اپنے ہی ہمراہ عروج ونزول کرائے گا ۔ سمجھنا چاہیئے کہ ! اس آمد ورفت اور عروج ونزول کو '' **سیر عن اللہ باللہ** '' کہتے ہیں ۔

گر اللہ سے کرے دور ، تو تعلیم بھی فتنہ   املاک بھی ، اولاد بھی ، جاگیر بھی فتنہ

اسم اللہ ذات کا طریقہ : (بمطابقِ سلسلہ عالیہ سہروردیہ) :

سلسلہ عالیہ **سـرور یـه قادریـه** کے مطابق جسم کے چودہ مقامات پر اسم اللہ ذات کی مشق کا سب سے بہترین ، سہل اور رنز دیکی طریقہ (**Short cut way**) یہ ہے کہ ! خلوت میں رہ کر تصور کی مشق کرتے وقت اپنے رہنما و مرشد ومربی کو تصور میں لا کر مرشد ہی کی انگشت شہادت کو تصور وتفکر سے مشق وجودیہ کرے ۔ تو اس طریقہ سے طالب صادق جلد ہی اپنی منزلِ ومراد تک پہنچ جاتا ہے ۔ یاد رہے کہ مشق وجودیہ کے دوران عمل پاس انفاس لازمی جاری رہنا چاہیئے اور زبانِ قلب سے بھی اللہ تعالیٰ کا ذِکر ہوتا رہے ۔

یوں ہم اس شوخ کو پہلو میں لئے بیٹھے ہیں   کوئی دیکھے تو یہ سمجھے کہ پیئے بیٹھے ہیں

اس ضمن میں حضرت فقیر نور محمد سروری قادریؒ فرماتے ہیں کہ ! جس بھی شخص کا تمام وجود ، بالخصوص ہفت اندام اسم اللہ ذات کی نوری تحریر سے منقش ومرقوم ہو جاتے ہیں تو اس کے بعد اِسے ایک نوری لطیف وجود عطا ہو جاتا ہے ۔ اِسی وجود سے وہ باطن میں حضرت سید المرسلین محمد رسول اللہ ﷺ ودیگر انبیائے کرامؑ واولیائے عظامؒ کی باطنی مجلس ، محفل اور کچہری میں حاضر ہوتا رہتا ہے ۔


یاد رہے ۔ کہ جب تک اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم اور اپنے مرشد ومربی کی توجہ خاص سے سالک کا وہ نوری لطیف وجود زندہ نہیں ہوتا اُس وقت تک اپنی مکمل کوشش اور محنت ومشقت سے اس کثیف عنصری خاکی جثّہ کے ساتھ وہ باطن میں حضرت سید المرسلین محمد رسول اللہ ﷺ ودیگر انبیائے کرامؑ واولیائے عظامؒ کی باطنی مجلس ، محفل اور کچہری میں حاضر نہیں ہوسکتا ۔

بخش محبت یا رب اپنی نالے حبّ نبی سرورؐ دی   پادیہہ خیرات نئیں گھٹ جاندی رحمت تیرے گھردی

اور جب اِس پاک ومصفّیٰ محفل ومجلس میں جانے کی سعادت حاصل ہو جائے تو طالب صادق کو چاہیئے کہ حق وباطل اور واقعتاً اس مجلس کو جانچنے اور امتحان کے لئے 11-11 مرتبہ درود وسلام ، کلمہ طیبہ اور **لاحـول ولا قـوۃ الا باللہ** ۔ پڑھے ۔ اگر یہ حضرت سید المرسلین محمد رسول اللہ ﷺ ودیگر انبیائے کرامؑ واولیائے عظامؒ کی باطنی مجلس ، محفل اور کچہری ہوگی تو اِن کلمات (درود وسلام ، کلمہ طیبہ اور **لاحـول ولا قـوۃ الا باللہ**) کے پڑھنے سے قائم وبرقرار رہے گی اور مزید سکون وسرور حاصل ہوگا ۔ بصورتِ دیگر یہ محفل اُسی وقت محو ورفع ہو جائے گی ۔ کیونکہ یہ ایک شیطانی جھانسہ ، احوالاتِ شیطانی ، خیالات نفسانی وشہوانی ہو سکتے ہیں ۔ بہر حال جس سعادت مند اور خوش نصیب انسان کا جسم ، جسم لطیف کے ہفت اندام جسہ نور سے معمور ہو جاتا ہے ۔ تو وہی شخص ہی لائق حضور اور بزمِ نبوی ﷺ کا مستقل ساکن ومکین بن جاتا ہے ۔۔۔

ناحق کے لئے اُٹھے ، تو شمشیر بھی فتنہ   شمشیر ہی کیا ، نعرہ ء تکبیر بھی فتنہ

اسم اللہ ذات کا گلاب کے حسین پھول کی طرح کِھلا ہوا ہونا : (درسلسلہ عالیہ سروریہ قادریہ)




جب اسم اللہ ذات اچھی طرح سے قلب پر مرقوم ومنقش ہوجاتا ہے ۔ تو قلبی لطیفہ گل گلاب کی طرح کِھل اُٹھتا ہے ۔ جس سے سات نوری لطیفے ، سات نوری پتّلیوں کی مانند سفید ماہتابی رنگ ، معطر ومعنبر قلب کے اِردگرد نمودار ہوجاتے ہیں ۔

اور ہر لطیفہ اسم اللہ ذات کے سات ذاتی صفات کے انوار سے جگمگا اُٹھتا ہے ۔ دل کے دائرے پر اسم اللہ ذات مرقوم ومنقش اور مثل گلِ گلاب شگفتہ بمعہ اردگرد سات لطائف مرقوم باسم اللہ ذات کا نقشہ ، جیسا کہ تصویر میں دیا گیا ہے ۔

اور اپنے جسم عنصری کو لباس خیالی وتصوراتی پہنا کر طالب صادق اسی لباس کے اندر ہیں خود کو پہنائے ہوئے تصور کر کے ہر مقام پر اندر کی جانب سے اسم اللہ ذات مرقوم شدہ پر انگشت شہادت پھیرنے کی بھر پور مشق کرتا رہے ۔

ایک انسان کی 60 سالہ زندگی



حیاتِ انسانی کے مشاہدات پر مبنی زندگی کو سمجھانے کے لئے ایک تصویر سامنے دی گئی ہے ۔ جس سے بخوبی سمجھا جاسکتا ہے ۔ کہ آج کل ایک انسان کی اوسط عمر تقریباً 60 سے 70 سال ہورہی ہے ۔ یہاں پر 60 سالہ زندگی کا بخوبی تجزیہ کیا گیا ہے ۔ ایک عاقل ودانہ شخص اس تصویر کو دیکھ کر دامنِ عبرت کا دامن پکڑ کر اپنی ، اپنے عزیز واقارب ، اپنے دوستوں واحباب اور جاننے پہچاننے والا کی بخوبی اصلاح کرسکتا ہے ۔ لہٰذا ہمیں چاہیئے ۔ کہ! اللہ تعالیٰ کا قرب اور اُس کی رضا کو حاصل کرنے ، اپنے ایمان کو مضبوط کرنے کی تگ ودو کرنی چاہیئے ۔

طریقِ اصحابِ شطاریہ :

ریاضت سے گریز ۔ صحبتِ خلق سے پرہیز ۔ ماسوٰے سے بیزاری ۔ درد واشتیاق ۔ ذوق وشوق اور ذکر وفکر کے علاوہ کسی اور شغل سے سروکار نہ رکھنا ۔ یہ سب عوامل اس طریقہ عالیہ کی خصوصیات ہیں ۔ اول الذکر دونوں طریقوں کے مقابلہ میں وصول الی اللہ کا یہ طریقہ زیادہ اقرب وقوی ہے ۔ کیونکہ ! کامیابی کے لئے کشش ربانی نہایت ضروری ہے ۔ لیکن اس عنایتِ الٰہی سے وہی نوازے جاتے ہیں ۔ **والذین جاھدوا فینا لنھدینھم سبلنا** ۔ (ترجمہ) جولوگ ہماری خاطر مجاہدہ (جدوجہد) کریں گے ۔ اِنہیں ہم اپنے راستے دکھائیں گے (سورہ عنکبوت ۔ 69)

(اس ضمن میں یہ ناچیز عبدالرؤف بلوچ عرض گزر رہے ۔ کہ! اولیاء اللہ پر عام لوگوں کی نسبت بہت زیادہ آزمائشیں ہوا کرتی ہیں ۔ مثلاً اگر کسی ولی اللہ کے کشف میں یہ بات آبھی جائے کہ کل پہلا روزہ ہوگا ۔ لیکن حاکمِ وقت یا رویتِ ہلال کے کسی سرکاری ادارے نے اعلان نہ کیا ۔ تو وہ ولی اللہ خود بھی روزہ نہیں رکھے گا ۔ اور نہ ہی کسی کے سامنے ظاہر ہونے دے گا ۔ کہ! بھائیو! کل روزہ ہے ۔

☆ اسی طرح! اگر کسی ولی اللہ کا بیٹا سامنے بیٹھا ہوا ہے ۔ اور اس ولی اللہ کو یہ پتا چل بھی جائے ۔ کہ! اگر اُس کا بیٹا گھر سے باہر نکلا ۔ تو وہ بے گناہ قتل ہوجائے گا ۔ تو ایسی صورت میں بھی وہ اپنے بیٹے کو روکنے کا پابند ومجاز نہیں ہوگا ۔ بلکہ! وہ تو مشیتِ الٰہی پر راضی رہے گا ۔

☆ اگر کسی ولی اللہ کی کوئی اولاد نہیں ۔ اور وہ جانتا ہے ۔ کہ رب متعال کی یہی رضا ہے ۔ کہ! وہ ولی اللہ بے اولاد ہی رہے ۔ تو وہ ولی اللہ باوجود حاملِ کشف وکرامات ومستجاب الدعوات ہونے کے بھی اپنے لئے قطعًا اولاد کی دعا نہیں کرے گا ۔ بلکہ راضی بہ رضائے الٰہی صبر وشکر سے کام لے گا ۔

نہیں تیرا نشیمن قصرِ سلطانی کے گنبد پر
تُو شاہیں ہے بسیرا کر ، پہاڑوں کی چٹانوں پر

اسباقِ چشتیہ صابریہ :

چونکہ قلب کو سات لطیف چیزوں سے مناسبت ہے۔ اسی وجہ سے ذکر نفی اثبات کے بھی سات مراتب تجویز کئے گئے ہیں۔ اور ہر درجہ میں نفی و اثبات ہے۔ پس ذکر زبانی میں مرید (طالبِ صادق) کو اس طرح سے مشغول ہو جانا چاہیئے۔ کہ! کہ سوائے ذکر کے اور کچھ نہ رہے۔ اور کوئی بھی سانس بغیر ذکر کے نہ ہو۔ جب سالک یہ حیثیت حاصل کر لیتا ہے۔ تو وہ عالمِ مادیت سے تجاوز کر کے مرتبہ لطافت پر پہنچ جاتا ہے۔ مرید کو چاہیئے۔ کہ! اس ذکر یعنی ''**لا الــه**'' کے ذکر و فکر میں اس درجہ منہمک و مستغرق ہو جائے۔ کہ بجز ''**الا الــلــه**'' کے اثبات کے تمام چیزوں کی نفی کر جائے۔ یونہی سالک کو یہ مرتبہ حاصل ہو جاتا ہے۔ تو وہ مرتبہ نفس سے خارج ہو کر قلب کے مرتبہ پر پہنچ جاتا ہے۔ اور چونکہ قلبی ذکر ''**الا الله**'' ہے۔ اسی واسطے اس (سالک) کو ہمیشہ ''**الا الله**'' کا تصور و تخیل حضورِ قلب سے کرنا چاہیئے۔ اور اپنی ذات وصفات کو جناب باری تعالیٰ کی ذات وصفات کے ساتھ اس طرح مربوط کر لے۔ کہ دائمًا ''**الا الله**' سے استثناء کی نفی ہو جائے۔ جب سالک یہ مرتبہ حاصل کر لیتا ہے۔ تو وہ مرتبہ دل سے متجاوز ہو کر مرتبہ روح تک پہنچ جاتا ہے۔ اور چونکہ روح کا ذکر اسم ہی کا ذکر ہے۔ اس واسطے سالک کو چاہیئے۔ کہ! اسمِ ذات (**الــلــه**) کے ذکر میں اس طرح متوجہ ہو جائے۔ کہ ''الف۔ لام'' جو اللہ پر داخل ہے۔ باقی نہ رہے۔ اور صرف حرف ''ہ'' (یعنی **هُــو**) رہ جائے۔ اس مرتبے پر پہنچتے ہی سالک کا جملہ جسم سراپا ذاکر ہو جائے گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) اس طرح وہ مرتبہ روح سے ترقی کر کے مرتبہ ''سر'' پر پہنچ جائے گا۔ اس کے بعد ایسے سالک کو ''ہو۔ ہو'' کے ذکر میں اس قدر منہمک و مستغرق ہو جانا چاہیئے۔ کہ خود مذکور (یعنی ذاکر) ہو جائے۔ کیونکہ فنا در فنا میں محویت کے یہی معنیٰ ہیں۔ اس حالت کے حاصل ہو جانے پر وہ سراپا نور ہو جائے گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) اور مرتبہ ''**بــي يــسـمـع و بـي يـبـصـر وبي يبطش وبي يمشي و بي يعقل**'' کا حاصل ہو جائے گا۔ اور پھر وہ درجہ کہ جس میں عبدیت ومعبودیت کی حقیقت واصلیت بے حجابانہ آشکار ہوتی ہے۔ یعنی مرتبہ عبدیت ''**لا الــه الاالله**'' بخوبی ظاہر وعیاں ہو جائے گا۔ اس عبادت میں سالک کو کما حقہ مشغول ومحو ہونا چاہیئے۔ اور حفظِ مراتب اور احکامِ شریعت کی بجا آوری کرنی چاہیئے۔ اور پھر (اپنے مرشد کامل سے خرقہ خلافت و اِذن حاصل ہو جانے کے بعد) مسندِ ارشاد پر جلوہ گر ہو کر طالبانِ حق کے لئے رہنما ورشد و ہدایت کا ضامن ہو۔ اور ایسی حالت پر اس کی ولایت اور مشیخت مُسَلَّم ہو جائے گی۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)

ذکرِ جهری و خفی کے بیان میں: (بمطابق اورادِ غوثیہ مصنفہ حضرت شاہ محمد گوالیاریؒ)

جس وقت سالک چاروں نفسوں اور خطرات سے عہدہ برآ ہو جائے۔ تو اسے چاہیئے۔ کہ! ذکرِ جہر میں مشغول رہے۔ تا کہ اُسے صفائی باطن حاصل ہو سکے۔ چنانچہ ارشادِ نبوی ﷺ ہے۔ کہ! **لـكـل شيء مصقلة و مصقلة القلب ذكر الله تعالىٰ** ۔ (یعنی) اس حد تک ذکر کی کثرت کرے۔ کہ مردہ دل زندہ ہو جائے۔ اور حق تعالیٰ سے موانست پیدا ہو جائے۔ اس بارے میں ایک حدیثِ قدسی بھی وارد ہے۔ کہ! **انـا عـنـد ظن عبدي وانا معه اذا ذكرني فاذا ذكـرنـي في نفسهٖ ذكرت في نفسي وان ذكرني ملاء ذكرته في ملاء خير منه** ۔ (یعنی) میں اپنے بندے کے گمان کے ساتھ ساتھ ہوں۔ اور میں اس کے ساتھ ہوں۔ جب وہ مجھے یاد کرے۔ پس اگر وہ مجھے تنہائی میں (یاد) کرے۔ تو میں بھی اُسے تنہائی میں (یاد) کروں۔ اور وہ جب مجھے مجمع میں یاد کرے۔ تو مَیں اُسے اس سے بہتر مجمع میں یاد کروں۔ (لہذا) معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ! وجودِ انسانی میں عجیب سروسیر ہے اور نادر گمان بھی۔

(**یہ بات ہمیشہ ذہن نشیں رہنی چاہیئے۔ کہ!**) ذِکرِ جہر سے لذتِ ظہور پیدا ہوگی۔ جبکہ ذِکرِ خفی سے حقیقت تک رسائی ہوگی۔ محبت کے لئے بے قراری ضروری ہے۔ اور معشوق کے ساتھ ہر لحظہ دَم سازی۔ ظاہر میں محبت اتنا پریشان کرتی ہے۔ کہ کوئی چیز اس کے باطن میں ذاکر اس قدر مستغرق ہو جاتا ہے۔ کہ اس کا ظاہر باطن ہو جاتا ہے۔ واضح ہو کہ باطنی ربط، ظاہرہ آشفتگی حب دلخواہ پیدا ہوتا ہے۔ جیسا کہ فرمان رحمانی ہے۔ کہ! **فـاذكـرونـي اذكـر كـم** ۔ اس معنیٰ کی تائید میں ہے۔ ایسا کون بدنصیب وشقی ہی ہو سکتا ہے۔ کہ! جونقد سودے (اور منافع) کو چھوڑ دے۔

عجب راز ہے۔ کہ! سرر بوبیت ذکر الوہیت کا مبادلہ ہو جاتا ہے۔ اور بندہ کی طرف اس کے ذکر کے باعث حق تعالیٰ متوجہ ہو جاتا ہے۔ زہے سعادتِ انسان کہ! جب وہ بکمالِ نیستی حق کو یاد کرتا ہے۔ تو وہ بکمال ہستی سے بھی یاد فرماتا ہے۔ اور پھر انعامی و ہنگامی طور پر اسے مقبولِ بارگاہ اور مرجع خلائق بنا دیتا ہے۔ اور یہ محض اس کا کرم ہے۔ واضح ہو۔ کہ! یہ غفلت کا وقت نہیں ہے۔ بلکہ یہ **فكشـفـنـا عنـك غطائـك** چشم بصارت سے غیر کا پردہ دور کر دے۔ اور کسبِ ریاضت دائمًا اختیار کر لے۔ اور ذِکر و فکر کو پیشِ نظر رکھے۔ تا کہ تکلفاتِ ظاہری سے آزاد ہو کر نامِ خدا کا ایسا عاشق وشیدائی بن جائے۔ کہ جب سنے بے قرار ہو جائے۔ اور ہمیشہ افضل ذکر (یعنی **لا اله الا الله**) میں مشغول ومصروف رہے۔

کسی بھی صاحب مزار کی دائمی حضوری کا طریقہ :

☆ تواریخ آئینہ تصوف کے مؤلف حضرت جناب مخدومِ زمن شاہ محمد حسن صابری چشتی قدوسی رامپوریؒ فرماتے ہیں۔ کہ! اگر کوئی شخص سات روز تک کسی مزار پر جا کر پہلے ایک ہزار مرتبہ ''**یا ظاهر**'' اور پھر سات ہزار مرتبہ ''**یا باطن**'' پڑھ کر بجانبِ مزار فف کر دے (پھونک مارے)۔ اور ان کے وسیلہ سے الحاح وزاری کے ساتھ رب متعال سے مغفرت کا طلب گار ہو۔ تو سات شب کے بعد حضرت شہنشاہِ عالم جناب نبی مکرم ﷺ کی رویئت نصیب ہوگی۔ امید ہے اس زیارت کے بعد صاحب مزار کی دائمًا حضوری نصیب میں رہے گی۔ بشرطیکہ کوئی غیر متشرع امر وقوع پذیر نہ ہو۔ یاد رہے۔ کہ! اجل اولیاء اللہ اپنے اپنے مزارات میں محو تصرف ہیں۔ اور ان کے مزارات سے عوام الناس کو ظاہری و باطنی فیوض و برکات میسر رہتے ہیں۔

فلسفہ ء لطائف ، مقامات و اسمائے لطائف در سلاسلِ طریقت

اہلِ صوفیاء میں ایک حدیث بہت مشہور و معروف ہے۔آپ ﷺ نے فرمایا۔کہ! **ان فی جسد ادم مضغة و فی المضغة فؤاد و فی الفؤاد قلب و فی القلب روح و فی الروح سر و فی السر خفی و فی الخفی اخفٰی و فی الا خفٰی نفس** ۔(ترجمہ) انسانی جسم میں ایک لوتھڑا ہے۔لوتھڑے میں فؤاد ہے ہے۔فؤاد میں قلب ہے۔قلب میں روح ہے۔روح میں سرّ ہے۔سرّ میں خفی ہے۔خفی میں اخفیٰ ہے۔اور اخفیٰ میں مَیں (یعنی کہ نفس) ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہؒ تفصیل ارشاد فرماتے ہیں۔کہ! اصطلاحِ صوفیاء میں اس سیر کو سیرِ لطائف کہتے ہیں۔جب مسلسل ذِکر سے یہ سیر مکمل ہو جائے۔اور سالک کو اپنی استعداد کے مطابق اس سیر کی اجمال یا تفصیل حاصل ہو جائے۔تو اَب اسے لطیفہ ءقلبی پر لانا چاہیئے۔ اور اسم کی یاد داشت کی تعلیم دینا چاہیئے۔اس لئے کہ اس سے پہلے اسمی تکرار نہ تھی۔اسمی یاد داشت کا طریقہ یہ ہے۔کہ! اسمِ ذات ''اللہ'' کو اندرونِ قلب جوکہ درحقیقت خالص نور سے ہے، کی تکرار کا ارادہ نہ کرو۔بلکہ اسم اللہ پر تانبے کے برتن کی مانند آواز سے مد دراز کھینچو۔اور اسی ایک آواز کو محفوظ کرو۔اور اسے بالکل قطع نہ ہونے دو۔اگر خدانخواستہ اس میں خلل واقع ہو بھی جائے۔تو از سرنو شروع کرو۔

(یادرہے۔کہ!) یاد داشت اسمی کی تقویت کے لئے دراز مد کے ساتھ نفی اثبات بھی کرتے ہیں۔یہ نفی اثبات حبسِ دَم کے ساتھ یا حبسِ دَم کے بغیر کیا جاتا ہے۔جس وقت کہ یہ نسبت ایسی تقویت حاصل کر لے۔کہ اپنے قلب یا جملہ لطائف بلکہ جملہ بدن میں کمالِ نورانیت کے ساتھ یہ آواز یکساں پائے۔تو سمجھو کہ ذِکر لطائف جو جس جسم کے واسطے سے تھا وہ پایہ ءتکمیل کو پہنچ گیا۔

اور اب ذِکر لطائف کے سلسلے میں بغیر الفاظ کو لائے خالصتاً کوشش کرنی چاہیئے۔اور یاد داشت اسمی کے بعد یاد داشتِ مسمی کی تعلیم دینی چاہیئے۔ قلب کی جائے مخصوصہ کو نظر میں رکھتے ہوئے لطیفہ کے اندر جو کہ ایک اندرونی امر ہے اس پر ایمانِ خالص کی نگاہ ڈالتے ہوئے حق سبحانہٗ تعالیٰ کو حاضر اور بے پردہ یقین کرے۔مگر یہ کسی کیفیت اور جہت کو ذہن میں لائے بغیر اس وقت سالک جہات ستہ کو بھی نظر سے گرادے۔اور جانے کہ حق تعالیٰ بے کیف و بے جہت ہر وقت ہر جگہ حاضر وموجود ہے۔اور اسی جاننے کے وقت بھی اپنی دید و دانش سے نہ چھوڑے۔اگر خدانخواستہ اس میں غفلت واقع ہو بھی جائے۔تو بجائے گھبرانے کے یہی کیفی وحالت دوبارہ پیدا کرے۔یہاں تک کہ اسے سر سے پاؤں تک نورِ مشاہدہ گھیر لے۔اور ایک ایسا استغراقِ کامل حاصل ہو جائے۔کہ اسے سوائے نورِ حق کے کسی اور چیز کی خبر بھی نہ رہے۔بلکہ نہ اپنی اور نہ ہی اپنے علاوہ کسی دوسرے کی اس نسبت میں۔اگر حق تعالیٰ کے احاطہ اور بعیت کے شہود کے غلبہ کے سبب اشیاء کو عین حق پائے۔تو اسے اصطلاحِ صوفیاء میں **توحیدِ وجودی** کہتے ہیں۔اور اگر اشیاء گم ہوگئیں۔اور اجمالِ ذوالجلال کا مشاہدہ اشیاء کے بغیر حاصل ہوگیا۔تو اسے **توحیدِ شھودی** کہتے ہیں۔یادرہے۔کہ! توحیدِ وجودی لطیفہ قلبی کے نفس سے جبکہ توحیدِ شہودی لطیفہ ءروحی کے نفس سے حاصل ہوتے ہیں۔اور نسبت نایافت لطیفہ ءسری کا خاصہ ہے۔جوکہ ہزاروں میں سے کسی ایک کو حاصل ہوتا ہے۔

بہر حال! سالک کو دائمًا چاہیئے۔کہ! ان تجلیات ومشاہدات سے محظوظ ولطف اندوز ہو کر بے پرواہ نہ ہو جائے۔اور نہ انہیں اپنا مقصد گردانے۔بلکہ یہ سب اللہ تعالیٰ کا فضل، کرم اور رحمت ہے۔اور مزید کوشش کر کے ترقی کی طرف گامزن ہو۔

لطائف ستہ کی اھمیت : (بمطابق حضرات بزرگانِ نقشبندیہ) :

جب ''لطیفہ ءنفس (مقامِ نفس) زندہ ہوتا ہے۔تو سالک سالک خواہشاتِ نفسانیہ پرغلبہ حاصل کر لیتا ہے۔اسی طرح جب سالک ترقی کرتے ہوئے لطائفِ قلب، روح اور سر کو زندہ کرنے پر قدرت حاصل کر لیتا ہے۔سالک سے کشف وکرامات کا دَور دورہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔جب اُس کا لطیفہ ءخفی زندہ ہوتا ہے۔تو وہ مقامِ فنافی اللہ حاصل کر لیتا ہے۔اسی طرح لطیفہ ءاِخفی زندہ کرتے وقت وہ مقامِ فناءالفناء حاصل کر لیتا ہے۔جو درحقیقت بقاباللہ کا دروازہ ہے۔

نمی دانم چہ منزل بود شب جائے کہ من بودم ۔۔۔ بہ ہر سو رقصِ بسمل بود شب جائے کہ من بودم

پری پیکر نگارے سر و قدے لالہ رخسارے ۔۔۔ سراپا آفت دل بود شب جائے کہ من بودم

خدا خود میر مجلس بود اندر لامکاں **خسرو** ۔۔۔ **محمد** ﷺ شمع محفل بود شب جائیکہ من بودم

لطائف جاری ہونے کا مطلب

: یادرہے۔کہ! کسی بھی لطیفہ میں ذکر جاری ہونے کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہے۔کہ! مضغہ ءگوشت یا مقامِ لطیفہ جنبش وحرکت کرے گا۔بلکہ! مشائخین فرماتے ہیں۔کہ! حرکتِ ذکر از دل بہ سمع خیال برسد (یعنی دل سے ذکر کی حرکت خیال کے کانوں تک پہنچتی ہے) اور خیال کے کان دل کا ذکر (اسمِ ذات اللہ کی مسلسل تکرار) سنتے ہیں۔

البتہ بعض مشائخ مبتدی کے لئے مضغہ ءگوشت کی ظاہری طور پر حرکت وجنبش کو ضروری خیال کرتے ہیں۔اور اسی طریق پر مرید کو ذکر القاء کرتے ہیں۔لیکن حقیقت الامر یہی ہے۔کہ! ذکرِ قلبی وغیرہ مقامِ لطیفہ کی حرکت ضروری نہیں۔حضوری ءقلب (یعنی غفلت وظلمت کا عدم وجود)، اخلاص کے ساتھ اور حضورِ مع اللہ ہی لطیفہ جاری ہونے کی ضروری علامت ہے۔کیونکہ! **وھو المقصود** ۔۔۔مشائخینِ نقشبند فرماتے ہیں۔کہ! **حقیقة الذکر رفع الغفلة** ۔ (یعنی ذکر کی حقیقت غفلت کا نہ رہنا ہے) لیکن سلسلہ عالیہ قادریہ کے مشائخین فرماتے ہیں۔کہ! لطائف کا روشن اور جاری ہونے اُن کیفیات وانعامات و

کرامات سے مشروط ہے۔ جو کہ! اس لطیفہ کے ذکر کرنے سے فوائد کا حصول اور کدورتوں سے منزہ ہونا ہے۔ بعض مفسرین آیت'' **لا اقسم بیوم القیٰمۃ ولا اقسم بالنفس اللوامۃ** '' کی تفسیر میں فرمایا ہے۔ کہ! ہر شخص میں تین نفس ہیں۔ نفس مقدس۔ نفس منطبعہ اور نفس ناطقہ۔

☆ **نفسِ قدس**: یہ نفس ہمیشہ ذکرِ الٰہی کے ساتھ مطمئن رہ کر حضرت حق تعالیٰ کی بندگی میں محو و مستغرق رہتا ہے۔

☆ **نفسِ منطبعہ**: یہ نفس ہمیشہ لذات دنیوی، شہوات، عیش و عشرت اور دنیاوی امور میں انسان کو مشغول رکھ کر دین سے دوری کا سبب بنتا ہے۔ اس نفس کو امارہ کے اسم سے موسوم کیا جاتا ہے۔

☆ **نفسِ ناطقہ**: یہ نفس ظاہری و باطنی حواس سے علم و ادراک کو مجتمع کر کے روح کے روبرو پیش کیا کرتا ہے۔ اس کو ملہمہ بھی کہتے ہیں۔ اسی ضمن میں حضرت شیخ فرید الدین عطارؒ فرماتے ہیں۔ کہ!

حمد بے حد مر خدائے پاک را　　　　آں کہ ایماں داد مُشتِ خاک را

بے شمار تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے۔ جس نے ایک خاک کی مٹھی کو ایمان دیا۔

یعنی مشتِ خاک انسان اور ایمان سے مراد اس جگہ مشاہدہ ہے۔ یعنی یہ خاک جو ظاہر میں سب سے زیادہ حقیر و ناچیز ہے۔ اور پاؤں کے نیچے روندی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس خاک انسان کو ایسی بے بہا نعمت سے سرفراز فرمایا۔ کہ مخلوقات میں سے کسی کو میسر نہیں ہوئی۔ اور وہ مشاہدہ اور وصل دیدارِ الٰہی ہی ہے۔ (آگے چل کر) حضرت خواجہ محبوب شاہ توکلی انبالویؒ لطائف کی پڑوسنوں کا بیان ہے۔ جو در حقیقت ملکاتِ رذیلہ ہیں۔ لہذا عالمِ اَمر کے پانچوں لطائف کی پڑوسنیں یہ ہیں۔

☆ **قلب**: قلب کے نیچے کی طرف ایک کاغذ بھر مقدار کے فاصلے پر شہوت ہے۔ جس کو کہ قوتِ باہ سے تعبیر کرتے ہیں۔ اس نے بسببِ لذت اپنی طرف کھینچ کر اوپر یعنی اپنی اصل کی کشش بھلا دی ہے۔ اور اپنی لذت سے جو اسفل السافلین کی طرف لے جانے والی تھی۔ کو اپنا عاشق و دیوانی بنا دیا۔

☆ **روح**: قلب کے دائیں طرف روح ہے۔ جو منور اور خاص ملاءِ اعلیٰ کا رئیس ہے۔ اس کے نیچے غصہ ہے۔ جو کہ غضب سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اس نے اس کو ایسا مکدر (کدورت سے بھرا ہوا۔ آلودہ) کیا۔ کہ! اپنی صفائی اور برق چمک سب بجھا بیٹھا۔ اور اصل خصلت چھوڑ کر سبعیت یعنی بھیڑیئے پن کی عادت پکڑ لی۔ ☆ **سرّ**: لطیفہ سر کے نیچے کاغذ کے فاصلے پر حرص ہے۔ اس لطیفے کو دیدارِ الٰہی یعنی مشاہدہ ذاتِ الٰہی کا ہوتا تھا۔ کام تو اس کا یہ تھا۔ کہ ہر وقت مشاہدہ جمالِ الٰہی کی طرف سیر کرائے۔ اور خواہش صرف دیدارِ الٰہی کی رکھے۔ مگر حرص کی صحبتِ ناقصہ نے اس کو اسفل کی طرف جو چیزیں لے جانے والی ہیں۔ ان کی خواہش شروع کر دی۔ جیسے مال و زنا، سرقہ، خون ریزی وغیرہ کی حرص۔ اور اس کی ہم جلیس حرص نے اس کو سیاہ کر دیا۔ اور ملاءِ اعلیٰ سے پھیر کر اسفل کے مشاہدے میں گرفتار کر دیا۔ ☆ **خفی**: لطیفہ خفی کے نیچے حسد اور بخل ہے۔ کہ فی الحقیقت یہ ایک ہی چیز کے دو نام و صفات ہیں۔ فعل وہ کرتی ہے۔ جس نے اس کو ملاءِ اعلیٰ سے روک لیا۔ اور اس کے نور کی سیاہی کو جو ملاءِ اعلیٰ کی بصارت دینے والی تھی۔ بجھا دی۔ جیسے کہ آنکھ کی سیاہ پتلی ہوا کرتی ہے۔ اور وہی ہر چیز کو دیکھتی ہے۔ اور ایسا ہی یہ لطیفہ خفی تھا۔ اس کی سیر حجاب کے بطون البطون میں واضح تھی۔ اور اس کو بھی اس کے ہم جلیس نے مکدر (آلودہ) کر دیا۔ یہاں تک کہ اسفل سے ایسا مکدر کیا۔ کہ نابینا ہی ہو گیا۔ اور اصلی وطن کی طرف جانے کی تاب و طاقت ہی نہ رہی۔ العیاذ باللہ۔ ☆ **اخفی**: لطیفہ اخفی کے نیچے تکبر اور فخر ہے۔ اس تکبر و فخر نے اس لطیفہ اخفی کے نور کو بجھا دیا۔ اور ہاں تک اس کو کر دیا۔ کہ! تمرد (اکڑ و انانیت) اور سرکشی احکام و اطاعت الٰہی سے کرائی۔ جس کے باعث ہو غضبِ الٰہی میں گرفتار ہو کر راندہ ءِ درگاہِ مولا ہو گیا۔ چنانچہ فرعون و شداد اور نمرود وغیرہ کے قصے اس پر شاہد ہیں۔ لہذا اے طالبِ مولا، سالکِ ملتجی معرفت الٰہیہ! کہ یہ پانچ چیزیں انہیں پانچوں لطائف کو اپنے مولائے حقیقی کے وصل سے دور کر رہی ہیں۔ یہ عرش کا رہنے والا ان دشمنوں کے پنجوں میں اس طرح گرفتار ہو گیا۔ اور مصائبِ دنیوی اور محرومیءِ اُخروی نے اس کو گھیر لیا ہے۔ اس مضمون کو مولانا رومؒ نے اس طرح بیان فرمایا ہے۔

پایہ اگر آدم است و آدمی　　　　گشت محروم از مقامِ محرمی
گر نگردد باز مسکیں زیں سفر　　　　نیست از وے ہیچ کس محروم تر

مرتبہ تو اعلےٰ آدمؑ کا تھا۔ لیکن آدمی مقامِ محرمی سے محروم ہو گیا۔ اگر مسکین انسان اس سفر سے نہ لوٹے۔ تو اس سے زیادہ تر کوئی محروم نہیں۔

لطائفِ ستہ کی معلومات سے پہلے مرشد برحق طالب مولا کو مرید کرنے کے بعد اس طرح تلقین کرے۔

میری ایک پسندیدہ نظم (اَز حضرت وارث شاہؒ)

احسان منافق بھل جاندے　　　　کدی مخلص بندے نیں بھلدے
جیڑے رکھدے علم سمندراں دا　　　　کسی حال کنارے نیں بھلدے
جیڑے اک پل ہتھ وچ ہتھ پاون　　　　سو سال سہارے نیں بھلدے
جیڑے دل وچ وارث وس جاون　　　　او سجن پیارے نیں بھلدے

لطائف ستہ کی مزید تفصیلات (بمطابق حضرت خواجہ محبوب عالم شاہ نقشبندی سیدوی):

حضرت انسان یعنی بنی آدم مرکب دس لطیفوں (لطائف) سے ہے۔ان میں سے **پانچ لطائف عالَم امر** سے اور **پانچ لطائف عالَمِ خلق** سے تعبیر و موسوم ہیں۔جو عالم امر سے ہیں۔وہ یہ ہیں۔قلب۔ روح۔ سر۔ خفی۔ اِخفیٰ۔ اور جو عالَمِ خلق سے پانچ ہیں۔وہ یہ ہیں۔**نفس**۔ **آتش**۔ **باد**۔ **آب**۔ **خاک**۔ عالَمِ امر کے معنیٰ یہ ہیں۔کہ جب اللہ تعالیٰ نے لفظ ''**کن**'' فرمایا۔تو ''**فیکون**'' یعنی کُن کے فرماتے ہی فوراً وہ چیزیں بن گئیں۔اسی واسطے فرمایا۔''کن فیکون''۔پس اسی وقت وہ چیزیں یعنی فرمان ہوتے ہی ان چیزوں کا موجود ہونا زمانہ حال میں جیسا کہ سورج نکلتا ہے۔تو فوراً دھوپ بھی ساتھ ہی ساتھ نمودار ہو جاتی ہے۔یہ نہیں ہوتا۔کہ پہلے سورج چڑھے۔پھر کچھ دیر کے بعد دھوپ نکلے۔بلکہ جس قدر سورج نکلتا ہے۔اسی قدر دھوپ بھی ساتھ ساتھ ہوتی جاتی ہے۔اور جو عالَمِ خلق کے پانچ لطیفے ہیں۔یہ امر ''کن'' کے بتدریج یعنی دیر کے بعد آہستہ آہستہ پیدا ہوتے گئے۔چنانچہ اللہ جل شانہٗ نے فرمایا۔**ان ربکم اللہ الذی خلق السمٰوٰت والارض فی ستۃ ایام** ۔بے شک تمہارا رب وہی ہے۔جس نے زمین و آسمان کو چھ دن کی مقدار میں پیدا کیا۔یہ تصریح ہے دیر سے پیدا کرنے کی۔جس میں مخلوق کے فائدے کے واسطے مصلحتِ خداوندی ہے۔عرشِ مجید ایک حجابِ نوری ہے۔درمیان میں عالَمِ امر اور عالَمِ خلق کے نیمہ دائرہ کے نیچے کا عالَمِ خلق میں داخل فرمایا۔اور اسی عالَمِ خلق کو عالَمِ امکان بھی کہتے ہیں۔اور نیمہ دائرہ اوپر کا عالَمِ امر میں ہے۔اصولِ لطائف عالم امر کے اوپر کے نیمہ دائرہ عرش ہیں۔اور اصول لطائف عالم خلق نیمہ دائرہ کے نیچے داخل ہیں۔اور یہ عالم خلق یعنی دائرہ امکان متضمن ہر دو عالم یعنی عالم امر و عالم خلق ہے۔عالم خلق میں عالم امر بھی ہے۔اور عالم امر نصف دائرہ عرش کے اوپر کا ہے۔وہاں عالم خلق نہیں ہے۔لیکن دائرہ امکان میں جامعیت ہے۔عالم خلق اور عالم امر کی عرش سے لے کر جہاں تک کوئی شئے موجود ہے۔وہ سب دائرہ امکان ہے۔اور نیمہ دائرہ بالائے عرش عالم امر ہے۔عرش کے نیچے عالم خلق ہے۔جب اللہ تعالیٰ نے شکلِ انسانی کو بنایا۔تو اس عالم خلق میں چند جگہ عالم امر کے لطائف کا بھی انسان کے بدن میں تعلق پیدا کیا۔تا کہ عالم امر کا جذب اور عشق پیدا ہو۔اور یہ بدن انسانی جو عالم خلق میں ہے۔اسی کو عالم امر کی طرف لے جا کر فلاحِ اُخروی اور نجاتِ ابدی حاصل کرائیں۔یہ خاک جو پاؤں کے نیچے آنے والی ہے۔اگر کسی کپڑے کو لگے۔تو دھونا پڑے۔اور اگر بدن کو لگے تو غسل کرنا پڑے۔اس کو اعلےٰ علیین میں لے جا کر مقامِ محبوبیت میں لباسِ معشوقیت پہنا کر بٹھائیں۔اور یہ ''اللہ اللہ'' کہہ اُٹھے۔تو محبوبِ حقیقی کی طرف سے ''لبیک یا عبدی'' (میں حاضر ہوں۔اے میرے بندے) کی ندا سے بہرہ یاب ہو۔ اسی واسطے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ ''**لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم. ثم رددنٰہ اسفل سافلین الا الذین اٰمنوا و عملوا الصّٰلحٰت فلھم اجر غیر ممنون**۔(البتہ ہم نے انسان کو (تمام پیدا کردہ مخلوقات میں سب سے زیادہ) اچھی صورت میں پیدا فرمایا۔اور پھر ہم نے اسے نیچے سے بھی نیچے والی جگہ پر پہنچا دیا۔سوائے (اُن کے) جو لوگ ایمان لائے۔اور نیک اعمال کرتے رہے۔تو انہیں بے حد ثواب ہے۔یعنی عرش سے عالم امر کا محل اس کا بدن بنا دیا۔تا کہ عالم امر اور عالم خلق دونوں جہاں کی نعمتوں کا یہ بدن عالمِ خلق میں رہ کر مشاہدہ کر کے تصرفاتِ دنیا و مافیہا میں جاری و ساری کرے۔(بمطابق قرآن) **انی جاعل فی الارض خلیفہ**۔(میں زمین پر (اپنا ایک) نائب بنانے والا ہوں) اور یہ دنیا میں اللہ تعالیٰ کا خلیفہ بنے۔پھر فرمایا۔کہ! اسی جامعیت کے سبب یہ عالی ہمت ہو گیا۔پھر اسے زمین پر پھینک دیا۔کہ ہم یہ دکھلائیں۔کہ یہ عالی ہمت میری اطاعت و فرمانبرداری میں اپنے نفس پر ظلم کر کے اس کو اس کی خواہشات سے توڑ کر میری خوشی اور رضا میں لگائے۔یہ اسی کا کام ہے۔اور کوئی اس امانت کو اُٹھا نہیں سکتا۔کیونکہ ماسوائے انسان کے یہ سبب نہ ہونے جامعیت کے کے وہ عالی ہمت نہ تھے۔اسی واسطے وہ ڈر گئے۔اور یہ بارِ اُٹھانے سے خود ہی انکار کر دیا۔چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اسی عالی ہمت انسان کی تعریف خود اس طرح سے فرمائی ہے۔کہ! **انا عرضنا الامانۃ علی السموت والارض والجبال فابین ان یحملنھا واشفقن منھا و حملھا الانسان انہ کان ظلوما جھولا**۔(یقیناً! ہم نے یہ امانت آسمانوں، زمینوں اور پہاڑوں پر پیش کی۔تو انہوں نے اس کے اٹھانے سے انکار کیا۔اور اس سے ڈر گئے۔اور (بالآخر حکمِ خداوندی سمجھ کر) انسان نے اس کا بوجھ اُٹھا لیا۔حقیقت یہ ہے۔کہ! وہ اپنی جان کو مشقت میں ڈالنے والا بڑا نادان ہے) یعنی اپنے تئیں ظلم کر کے میری اطاعت میں لانے والا۔**جھولا** کے معنی تو نادان کے ہیں۔مگر یہاں اس کے اصطلاحی معنی اطاعت گزار، یادِ الٰہی میں لذائذ نفسانی، ملکاتِ رذیلہ کو بالکل بھول جانے والا اور پھر اسی رب کی یاد میں ایسا محو ہو جانے والا کہ میرے مشاہدہ میں آ کر تمام غیر اللہ کو بھول جائے۔اور پھر فرمایا۔ **ولقد کرمنا بنی اٰدم**۔(اور ہم نے اولادِ آدم کو بڑی عزت بخشی) یعنی ایسی عزت تمام مخلوقات میں اور کسی کے نصیبہ میں نہیں آئی۔اور پھر اسی طرح اسی رحیم و کریم اور مہربان ذاتِ پاک نے فرطِ محبت میں فرمایا۔**فاذکرونی اذکرکم**۔۔۔(تم مجھے یاد کرو میں (بھی) تمھیں یاد کروں گا) مذکورہ آیات کے سیاق و سباق سے یہی معلوم ہوتا ہے۔بلکہ احادیثِ نبویہ ﷺ سے بھی یہی پتا چلتا ہے۔کہ! یہ نعمتِ عظمیٰ مخلوقِ خاکی بندگانِ خدا کے حصہ میں آئی ہے۔اور تمام مخلوقات میں سے کوئی بھی اللہ تعالیٰ کو اگر یاد کرے۔تو اللہ تعالیٰ اسے یاد نہیں کرتا۔مگر جب بندہ اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہے۔تو اللہ تعالیٰ خوشی سے اسے بھی یاد کرتا ہے۔جس کی شاہد مذکورہ آیت بھی ہے۔اسی عمدہ لقب کی وجہ سے جو خاکی پتلے کو عطا ہوا۔

لطائف ستہ کا بیان :(بمطابق حضرت سید غوث علی شاہ قلندری قادریؒ)

تذکرہ غوثیہ میں آیا ہے۔کہ! بمطابق سلسلہ ءعالیہ نقشبندیہ، شیخ اپنے مرید کوروبرو بٹھا کراول لطیفہء قلب کی طرف متوجہ کرتا ہے۔اورتا کید کرتا ہے۔کہ! اپنے قلب میں ''اسمِ ذات اللہ'' کا تصور وتخیل کرو۔ پھراپنے قلب سے مرید کے قلب میں حرارت پہنچا تا ہے۔لیکن یہ توجہ (بقول سید غوث علی شاہؒ کے) پائیدارنہیں۔(کیونکہ! مرید) جب تک شیخ کے سامنے ہے۔اورذکروشغل میں مصروف ومشغول ہے۔اثر رہتا ہے۔ورنہ کچھ بھی نہیں۔اس کی مثال فوارہ کی سی ہے۔کہ! پانی حوض سے آیا۔تو فبہا۔ورنہ خشک۔توجہ کے معنی (بمطابق سید غوث علی شاہؒ) یہ ہیں۔کسی کی طرف رخ کرنا۔مگراصطلاحِ صوفیہ میں یہ مراد ہے۔کہ! فیض وگرمی مرید کے قلن میں پہنچانا۔ازروئے باطن مرید کی طرف متوجہ ہونا اورذکرالٰہی کا پرتو(عکس)اس کے قلب میں ڈالنا۔ خواہ اسمِ ذات کا ہو،خواہ نفی واثبات یا پاس انفاس ومراقبہ وغیرہ کا۔جب لطیفہ قلب سے کہ زیرِ پستان چپ ہے۔سے مرید آگاہ ہوجاتا ہے۔پھرلطیفہء روح پر توجہ کرتے ہیں۔جوکہ زیرِ پستانِ راست ہے۔جب وہ بھی جاری ہوجاتا ہے۔تو لطیفہء سر کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔جو کہ قلب وروح میں حائل ہے۔اس کے بعد لطیفہء نفس پر،جوزیرِ ناف ہے۔جب یہ بھی جاری ہوجاتا ہے۔پھرلطیفہء خفی پر،جو پیشانی میں ہے۔پھرلطیفہء اِخفیٰ پر،کہ جس کا مقام دماغ میں ہے۔غرضیکہ! جب یہ لطائفِ ستہ جاری ہوجاتے ہیں۔تو مشائخ سلطان لاذکار کی تلقین کرتے ہیں۔(سلطان الاذکار کی پختگی کے بعد) مرید کے ہربن مواور گوشت وپوست سے اسمِ ذات نکلنے لگتا ہے۔(یعنی جاری ہوجاتا ہے) اوراکثر طرح طرح کے انوار وتجلیات کا غلبہ طالب کے دل پر بلکہ تمام وجود پر ہوتا ہے۔اگرطالب کا ظرف عالی اورحوصلہ فراخ ہو۔تو ان سب کونوش کرکے ''نفی'' کے تحت میں لاتا ہے۔اورقدم آگے بڑھا تا جاتا ہے۔لیکن اگر(خدانخواستہ) طالب کوتاہ نظراور بے استعداد ہے۔تو چوکڑی بھول کر کیفیتِ اذکار کی دولت کھو بیٹھتا ہے۔البتہ اگر مرید سلطان الاذکار سے اچھے طور پر نکلا۔اوراس کی کیفیت کو بھی حاصل کر چکا۔تو لطائف سیہ کی اثنائے اجرائے میں وجدوجذب ہوتا ہے۔وجد کی حقیقت یہ ہے۔کہ! جب تصفیہءقلب اورتزکیہءباطن حاصل ہوجاتا ہے۔تو پیرومرشد مرید کی روح کو اپنی روح کے ہمراہ لے کرعرش وکرسی کی جانب پرواز کرتا ہے۔وہاں گوناگوں انوار وعجائبِ اسرار مرید کے قلب پر غلبہ کرتے ہیں۔اوراس کو مدہوش بنادیتے ہیں۔جب کہیں سوائے انوارات کے کچھ نظرنہیں آتا۔تو مرید حیران وسرگردان ہوکرواپسی کا ارادہ کرتا ہے۔لیکن راہ نہیں پاتا ناچار ہائے ہو مچاتا ہے۔پھر پیرومرشد افاقیہ دیتا ہے۔اس وقت اوسان درست ہوجاتے ہیں۔ (حضراتِ مشائخ میں) لطائفِ ستہ کی بیداری کے واسطے طرح طرح کے اذکار مروج ہیں۔مثلاً حدادی،ندائی،دوضربی،سہ ضربی، ششش ضربی،پاس انفاس،حبسِ دَم،اسمِ ذات،نفی اثبات،پاس انفاس،نظر برقدم،ہوش دردم، وغیرہ ذالک بعدازاں مراقبات ومکاشفات جومعمول خاندان ہوں تعلیم کرتے ہیں۔اوران کے لئے کچھ حدوحصرنہیں۔

لطائف ستہ کا بیان (بمطابق حضرت قلندربابااولیاءؒ):

لطائف کے ضمن میں سلسہ عالیہ عظیمیہ کے بانی جناب حضرت قلندر بابا اولیاءؒ فرماتے ہیں۔کہ!

روحانی علم درحقیقت تین درجات میں منقسم ہے۔ تجلیات کا درجہ۔ احکامات کا درجہ۔ اعمال کا درجہ۔

تجلیات کا درجہ : لطیفہءخفی کا لطیفہءاخفیٰ کی تجلیات سے تعلق ہے۔صاحبِ اسرار لطیفءخفی کی روشنی میں **ثابتہ کی تجلیات** کو پڑھ سکتا ہے۔ (یعنی کہ) لطیفہءخفی + لطیفہءاِخفیٰ = روحِ اعظم / ثابتہ کا ریکارڈ۔

احکامات کا درجہ : لطیفہءروحی کا لطیفہءسری کے احکامات سے متعلق ہے۔صاحبِ تفصیل لطیفہءروحی کی روشنی میں **اعیان کے احکامات** کو پڑھ سکتا ہے۔ (یعنی کہ) لطیفہءروحی + لطیفہءسری = روحِ انسانی / اعیان کا ریکارڈ۔

اعمال کادرجہ : لطیفہءنفسی کا لطیفہءقلبی کے اعمال سے تعلق ہے۔صاحبِ جمال لطیفہءنفسی کی روشنی میں **جَویّہ کے اعمال** کو پڑھ سکتا ہے۔ (یعنی کہ) لطیفہءنفسی + لطیفہءقلبی = روحِ حیوانی / جَویّہ کا ریکارڈ۔

لطائف ستہ کے اسمآءاورمقامات کا بیان :(بمطابق حضرت پیر سید محبوب علی شاہ بخاریؒ)

☆ پہلا لطیفہ : اس لطیفہ کا نام قلب ہے۔اس کا مقام بائیں پستان کے نیچے دوانگلیوں کے فاصلے پر ہے۔

☆ دوسرا لطیفہ : اس لطیفہ کا نام روح ہے۔اس کا مقام دائیں پستان کے نیچے دوانگلیوں کے فاصلے پر ہے۔

☆ تیسرا لطیفہ : اس لطیفہ کا نام سری ہے۔اس کا مقام بائیں پستان کے اوپر دوانگلیوں کے فاصلے پر ہے۔

☆ چوتھا لطیفہ : اس لطیفہ کا نام خفی ہے۔اس کا مقام دائیں پستان کے اوپر دوانگلیوں کے فاصلے پر ہے۔

☆ پانچواں لطیفہ : اس لطیفہ کا نام اخفیٰ ہے۔اس کا مقام سینہ کے درمیان ہے۔

☆ چھٹا لطیفہ : اس لطیفہ کا نام نفس ہے۔اس کا مقام دونوں ابروں کے درمیان ہے۔

☆ ساتواں لطیفہ : اس لطیفہ کا نام قالبیہ (سلطانُ الاذکار) ہے۔یہ نقطہ ام الدماغ (سرکی اوپری چوٹی) میں ہے۔جومثل آفتاب کی طرح روشن چمکتا ہے۔صوفیاءحضرات اس مقام کو دل دورمدور، قالبیہ، انہد، شغلِ نوری، دسواں دوار اورسلطان الاذکار سے منسوب کرتے ہیں۔

فرشتے سے بڑھ کر انسان بننا مگر اس میں لگتی ہے محنت زیادہ

لطائف ستہ کا بیان (بمطابق حضرت غلام علی شاہ نقشبندی دہلویؒ) :

پہلے لطیفہ قلب کی سیر کے دوران پہلے مراقبہ احدیت فرماتے ہیں۔ یعنی اسمِ مبارک ''اللہ'' کا مسمّی دل میں محفوظ رکھتے ہیں۔ پھر اس کے بعد مراقبہ معیت (**وهو معکم اینما کنتم**) کو پیشِ نظر رکھتے ہیں۔ اور انہیں مراقبات سے توحید وجودی کا انکشاف ہوتا ہے۔ اور سالک جب لطیفۂ قلب کا سلوک تمام کر لیتا ہے۔ تو لطیفۂ روح کی سیر میں عروج واقع ہوتا ہے۔ اور اس میں تجلّیِ صفاتِ ثبوتیہ الٰہیہ جلوہ گر ہوتی ہے۔ کہ جب سالک اپنی اور تمام عالم کی صفات کو حضرتِ حق کی صفات میں گم پاتا ہے۔ اس کے بعد سیر ترقی کرتے ہوئے لطیفۂ سرّ میں واقع ہوتی ہے۔ اور وہاں شیوناتِ ذاتیہ الٰہیہ کی تجلّی ظاہر ہوتی ہے۔ پھر ترقی کرتے ہوئے لطیفۂ خفی کی سیر واقع ہوتی ہے۔ جس میں کہ صفاتِ سلبیہ الٰہیہ جلوہ گر ہوتی ہے۔ پھر اس کے بعد لطیفۂ اِخفیٰ کی سیر واقع ہوتی ہے۔ کہ جہاں پر شانِ جامع الٰہی کی تجلّی کا انکشاف ہوتا ہے۔ پھر سالک لطیفۂ نفس کے تزکیہ میں مشغول ہو جاتا ہے۔ یہ تمام طریقہ بزرگوں سے ہوتا ہوا حضرت امام مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ تک پہنچا۔ اور انہوں نے تلقین فرمایا۔

لطائف کی ترتیب و نظام و تعداد مخلوقات میں : (بمطابق حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی صاحب)

انسان کے اندر چھ لطائف کام کر رہے ہوتے ہیں۔ کیونکہ انسان اشرف المخلوقات میں سے ہے۔

نفس۔ قلب۔ روح۔ سر۔ خفی۔ اَخفیٰ۔

☆ فرشتے (ملائکہ) کے اندر چار لطائف کام کر رہے ہوتے ہیں۔ قلب۔ روح۔ سر۔ اَخفیٰ

☆ اجنہ (جنات) کے اندر پانچ لطائف کام کر رہے ہوتے ہیں۔ نفس۔ قلب۔ روح۔ سر۔ اَخفیٰ


☆ اجرامِ سماوی کے اندر تین لطائف کام کر رہے ہوتے ہیں۔ قلب۔ روح۔ سر۔

☆ حیوانات (چوپائے، چرند و پرند، حشرات الارض و آبی مخلوقات) کے اندر دو لطائف کام کر رہے ہوتے ہیں۔ روح۔ سر۔

☆ جمادات کے اندر فقط ایک لطیفہ کام کر رہا ہوتا ہے۔ روح۔

لطائف ستہ کا بیان (بمطابق حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی):

ہر تخلیق نور اور روشنی سے زندہ ہے۔ نور اور روشنی کے ذخیرہ ہونے کے لئے ایسے روشن نقطے یا مراکز ہیں۔ جو نور اور روشنی کو ذخیرہ کرتے ہیں۔ بزبانِ تصوف ان نورانی روشن نقطوں کو ''**لطائف**'' کہا جاتا ہے۔



یاد رہے۔ کہ جسم میں توانائی کے مراکز ہر جگہ پر موجود نہیں ہیں۔ لیکن توانائی سرتاپاء دَور کرتی رہتی ہے۔ اور جسم سے خارج بھی ہوتی رہتی ہے۔ جس طرح کسی کہکشانی نظام میں ستارے روشنی خارج کرتے ہیں۔ اسی طرح سے انسانی جسم سے بھی روشنی خارج ہوتی رہتی ہے۔ ظاہری جسم کی طرح انسان کے اوپر بُنا ہوا ایک اور جسم بھی ہے جس کو جسمِ مثالی کہا جاتا ہے۔ جسم مثالی درحقیقت ان بنیادی لہروں یا بنیادی شعاعوں کا نام ہے۔ جو ابتداء کرتی ہیں۔ جسم مثالی (روشنیوں کا بنا ہوا جسم) مادی وجود کے ساتھ تقریباً چپکا ہوا ہوتا ہے۔ لیکن جسم مثالی کی روشنیوں کا انعکاس گوشت پوست کے جسم پر 9 انچ تک پھیلا ہوا ہوتا ہے۔ انسان کے اندر ہمہ وقت چھ لطائف کام کر رہے ہوتے ہیں۔ جیسے کہ مندرجہ ذیل میں واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔


لطائف ستہ کا بیان :(بمطابق حضرت قدرتُ اللہ شہاب صاحبؒ)

(جب مَیں) خدا خدا کر کے یہاں سے (یعنی مراقبات سے) گزرا۔ تو آگے لطائفِ ستہ کی منزل آگئی۔ انسان کے جسم میں انوار اور برکات والی چھ جگہیں ہیں۔ جنہیں لطائف کہا جاتا ہے۔ **اول لطیفہ قلبی، دوئم، لطیفہ روحی، سوئم لطیفہ نفس، چھارم لطیفہ سری، پنجم لطیفہ خفی اور ششم لطیفہ اخفی** لطائف کو جاری کرنا بڑی کٹھن لیکن دلکش مشق ہے۔ سب سے پہلے ایک ایک لطیفے کو باری باری اسمِ ذات (**اللّٰہ**) کے مبارک ذکر میں اس قدر محو کر دیا جائے۔ کہ چلتے پھرتے، اُٹھتے بیٹھتے غرضیکہ ہر حالت میں اسی ذکر میں مشغول رہے۔ اور لمحہ بھر کے لئے بھی اس سے قطعاً غافل نہ ہو۔ جب چھ کے چھ لطائف اس طرح سے جاری ہو جائیں۔ تو اسمِ ذات (**اللّٰہ**) کے سائے میں اسمِ صفات کے ہزاروں رنگ اور ہزاروں عجائبات کے مشاہدہ کرنے کا موقع نصیب ہوتا ہے۔ اسے ''**سیر الاسمآء**'' کہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی ایک ایک صفت اس قدر بے پایاں اور بے کراں ہے۔ کہ اس کے ننانوے صفاتی نام (**اَسمآءُ الحُسنیٰ**) کا احاطہ کرنا قطعی طور پر ناممکن ہے۔ سوائے شبِ معراج کے، جو صرف اور صرف حضرت رسولِ مکرم خاتم الانبیاء سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کے حصے میں آئی۔ عام انسانوں کے لئے سیر الاسماء کا حصہ اُن کے اپنے اپنے مقدر اور اپنی اپنی استعداد کے مطابق ملتا ہے۔

تزکیہ نفس بمطابق حدیث : ایک آدمی نے پوچھا۔ تزکیہ نفس کیسے ہوتا ہے۔ (تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔ آدمی کا یہ جان لینا کہ اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ ہوتا ہے۔ وہ (چاہے) جہاں پر بھی ہو۔ (سلسلہ احادیث صحیحہ۔ 1046)

نورانی لہروں کا نزول مع مقام :(بمطابق حضرت پیر سید محبوب علی شاہ بخاری قادریؒ)

چونکہ انسان کا حلیہ نقشِ ازلی کا عکس ہے۔ جو کہ کمالیتِ حق کا حقیقی مظہر ہے۔ جس طرح کہ نیچے دی گئی تصویر میں واضح کیا گیا ہے۔



انسان کے اندر جو چھ لطائف (**نفس۔قلب۔روح۔سر۔خفی۔اَخفیٰ۔**) کام کر رہے ہوتے ہیں۔ ان چھ لطائف کو درحقیقت چار نہریں سیراب کر رہی ہوتی ہیں۔☆ مقامِ اَخفیٰ میں نہرِ تسوید کا لطیفہ نزول کرتا ہے۔☆ مقامِ سری میں نہرِ تجرید کا لطیفہ نزول کرتا ہے۔ ☆ مقامِ قلبی میں نہرِ تشہید کا لطیفہ نزول کرتا ہے۔☆ مقامِ نفس پر نہرِ تطہیر کا لطیفہ نزول کرتا ہے۔

اسی سلسلے میں ہمارے مرشد و مربی (پیر سید محبوب علی شاہ بخاری قادریؒ) کی تصنیف جواہر اولیاء کے حصے'' دعوتِ حق '' میں رقم طراز ہیں۔ کہ! سلسلہ قادریہ چشتیہ کے درویش لطائفوں کو ان مقاموں پر بیان کرتے ہیں۔ اور نقشبندیوں کے لطائف کے مقام اور ہیں۔ اور قادری چشتی سلسلے کے لوگ صرف ایک ہی ذکر سے تمام لطائف طے کر لیتے ہیں۔ جبکہ نقشبندیہ سلسلے کے لوگ جدا جدا ہر لطیفہ طے کرتے ہیں۔ جیسے کہ تمثیلاً سامنے تصویر (**حلیہ عکس نقشہ اَزلی یعنی مظہرِ کمالیتِ حق**) میں واضح طور پر دیا گیا ہے۔

لطائف ستہ کا بیان (بمطابق مولانا الحاج کپتان واحد بخش سیال چشتی صابریؒ):

لطائفِ ستہ کے اسماء، مقامات، رنگ اور عوالم کے تعلقات کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔



پہلا لطیفہ ۔ **لطیفہ نفس** : پہلا لطیفہ نفس ہے۔اس ذکر کا مقام ناف ہے۔اور جس کے نور کا رنگ زرد ہے۔جس کا تعلق عالمِ حیات سے ہے۔(کچھ سلاسل میں مقامِ نفس پیشانی ہے)

دوسرا لطیفہ ۔ **لطیفہ قلب** : اسی لئے ذکر کا مقام بھی قلب ہے۔اور جس کے نور کا رنگ سرخ ہے۔جس کا تعلق عالمِ مثال سے ہے۔

تیسرا لطیفہ ۔ **لطیفہ روح** :تیسرا لطیفہ روح ہے۔اس کے ذکر کا مقام دایاں پہلو ہے۔اور جس کے نور کا رنگ سبز ہے۔جس کا تعلق عالمِ ارواح (ملکوت) سے ہے۔

چوتھا لطیفہ ۔ **لطیفہ سر** : اس لطیفے کے ذکر کا مقام قلب اور روح کے مابین ہے۔اور اس لطیفے کے نور کا رنگ لال و پیلا ہے۔اور اس کا تعلق عالمِ جبروت (عالمِ صفاتِ الٰہی) سے ہے۔

پانچواں لطیفہ ۔ **لطیفہ خفی** :اس کے ذکر کا مقام وسط پیشانی ہے۔جس کے نور کا رنگ نیلگوں ہے۔جس کا تعلق عالمِ لاہوت (ذات) سے ہے۔

چھٹا لطیفہ ۔ **لطیفہ اَخفیٰ** : چھٹا لطیفہ نفس ہے۔اس کے ذکر کا مقام ام الدماغ (**سر کی چوٹی**) ہے۔اور جس کے نور کا رنگ سیاہ ہے۔جس کا تعلق عالمِ ہاہوت (ذاتِ بحت) سے ہے۔☆ کچھ اولیاءِ اس مقام کو سلطان الاذکار سے تعبیر فرماتے ہیں۔☆ مولانا الحاج کپتان واحد بخش سیال چشتی صابریؒ فرماتے ہیں۔کہ حضرات نقشبندیہ کے ہاں ناموں اور رنگوں میں تھوڑا سا تفاوت و تبدل ہے۔لیکن حقیقت ان تمام کی یکساں ہے۔

لیکن دو حضرات عالیہ (حضرت خازنؒ اور حضرت خواجہ محمد معصومؒ) نے **لطائف کے اس دراز راستہ کو مختصر کرتے ہوئے اپنا یہ معمول بنا لیا۔کہ! لطیفہ قلب** کے تصفیہ کے بعد **لطیفہ نفس** کے تزکیہ میں مشغول ہو جاتے ہیں۔اور تصفیہ قلب کے ضمن میں لطائفِ اربعہ (روح، سرّ، خفی، اِخفیٰ) کا تصفیہ بھی میسر ہو جاتا ہے۔الغرض یہاں تک دو دائروں (دائرہ امکان، دائرہ ولایتِ صغریٰ) کا سلوک طے ہو جاتا ہے۔اور ان دونوں دائروں کے نتیجہ میں مقاماتِ عشرہ (توبہ ، زہد، انابت، ورع، توکل، قناعت وغیرہ) حاصل ہوتے ہیں۔اس کے بعد **لطیفہ نفس** کی آراستگی میں مشغول ہوتے ہیں۔تو اس وقت'' **انا** '' کی فنائیت اور توحید شہودی منکشف ہوتی ہے۔اور اسی مقام پر مراقبہ اقربیت (**نحن اقرب الیہ من حبل الورید**) کرتے ہیں۔اور اس لطیفہ میں ساڑھے تین دائرے طے ہوتے ہیں۔درحقیقت جو کہ دائرہ ولایتِ کبریٰ میں شامل ہیں۔اس کے بعد سوائے عنصر خاک کے تینوں عناصر کے لطائف کی سیر شروع ہو جاتی ہے۔جس کو ولایتِ علیا کہا جاتا ہے۔ جو ولایتِ ملاءِ اعلیٰ ہے۔اس کے بعد دائرہ کمالاتِ نبوت کا انکشاف ہوتا ہے۔اور یہاں پر سیر عنصر خاک میں ہوتی ہے۔اور تجلی ذاتی دائمی ہوتی ہے۔پھر وہاں سے دائرہ کمالاتِ رسالت اس کے بعد دائرہ کمالات اولوالعزم ظاہر ہوتا ہے۔اور اس کے بعد حقائق میں سیر واقع ہوتی ہے۔جیسا کہ! دائرہ حقیقتِ کعبہ، دائرہ حقیتِ قرآن، دائرہ حقیقتِ صلوٰۃ، دائرہ حقیقت معبودیت صرفہ، دائرہ حقیقت ابراہیمی، دائرہ حقیقت موسوی، دائرہ حقیق محمدی، دائرہ حقیقتِ احمدی، دائرہ حب صرفہ، اور دائرہ لاتعین منکشف ہوتے ہیں۔کس کے نصیب جو خوش نصیب یہاں تک پہنچ سکے۔اور کس کا مقدر، جو ان مقامات کی سیر کر سکے۔نکتہ شناس عاقلوں کی عقل اس مقام پر حیرت کے بھنور میں ڈوبتی ہے۔اور دقیقہ شناس ہوش مندوں کو فکرِ سر دردامنگیر ہوتی ہے۔

نفس کی ماہیت و پہچان:

نفس بھی روح کی مانند ایک لطیف ہستی ہے۔ جو کہ وجودِ انسان میں قدرتِ الٰہیہ نے ودیعت کی ہوتی ہے۔ چنانچہ جسمِ انسانی تین چیزوں سے مرکب ہے۔یعنی روح، نفس اور جسم۔ چنانچہ ہر عین یعنی جو ہر کے لئے اپنی علیحدہ صفت ہے۔جس سے کہ وہ قائم ہوتا ہے۔ چنانچہ روح کے لئے عقل (یعنی تلاشِ خدا)، نفس کے لئے ہوا و ہوس اور جسم کے لئے حواسِ خمسہ کی صفات مخصوص ہیں۔محققین کی آراء سے عیاں ہے۔کہ! نفس بمثلِ روح تب بھی موجود تھا۔ جب کہ اس نے جسمِ ظاہری نہ پایا تھا۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ **ھل اتٰی علی الانسان حین من الدھر لم یکن شیئا مذکورا** ۔(سورہ انسان۔آیت نمبر 01) بے شک انسان پر ایک ایسا وقت بھی گزر چکا ہے۔کہ جب کہیں اس کا نام (ونشان تک) نہ تھا۔(یعنی کہ) وہ وجودِ نفس رکھتے ہوئے بھی جسمانی وجود نہیں رکھتے تھے۔اور اس بات پر بھی سبھی لوگ متحد ومتفق ہیں۔کہ! دلی اخلاق واعمال کا اظہار اسی سے ہوتا ہے۔اور ظہور کی بھی دو ہی صورتیں ہوسکتی ہیں۔ایک نیکی کی جبکہ دوسری بدی کی شکل۔ بدی کی صورت کو اخلاقِ رزیلہ قرار دیتے ہوئے کہہ لیجئے۔کہ! کہ تکبر، حسد، بخل، بغض، کینہ، کذب، افتراء، غیبت، بد دیانتی، چوری، جھوٹ وغیرہم۔ جبکہ نیکی کی صورت میں اخلاق حمیدہ مثلاً حسنِ خلق، پابندیءشریعت، تقوٰی، ایثار، نیکی، عدل وانصاف، جود وسخا، اکل حلال، امین، صدق مقال وغیرہم۔۔۔ غرضیکہ اخلاقِ رزیلہ کے بالکل برعکس تمام عادات وخصائلِ حمیدہ۔جاننا چاہیئے۔کہ! نفس کی سات اقسام ہیں۔جو کہ الگ الگ اثرات کی حامل ہیں۔جن کے اسماء یہ ہیں۔ **نفسِ امارہ. نفسِ لوامہ. نفس ملھمہ. نفسِ مطمئنہ. نفسِ راضیہ. نفسِ مرضیہ. نفسِ کاملہ.**

نفسوں کی ان اقسام میں سب سے زیادہ قوی اور برائیوں کی طرف کھینچ کر لے جانے والا نفسِ امارہ ہے۔جو کہ انسان کو برائی کرنے اور احکاماتِ الٰہیہ سے انحراف کرانے کی ترغیب دلاتا ہے۔عیش وعشرت پرستی، بدکاری، بداخلاقی وغیرہ افعالِ مذمومہ کی طرف کھینچ کر لے جاتا ہے۔جس کے مکروفریب سے بچنا بجز فضل وکرمِ ایزدی کے ممکن نہیں ہے۔ جیسے کہ حضرت یوسف نبیؑ کی طرح کے پاک سیرت، نیک طینت پیغمبر وپسرِ پیغمبر وپسرزادہ پیغمبر نے بھی اس نفسِ امارہ کی طاقت کو ناقابلبر داشت تصور کرتے ہوئے فرمایا۔ **وما ابریء ان النفس لا مارۃ بالسوٓء الا ما رحم ربی ان ربی غفور رحیم** ۔اور میں اپنے نفس کو بے قصور نہیں گردانتا۔ بے شک نفس تو برائی کا حکم دینے والا ہے۔مگر جس پر میرا رب رحم فرمائے۔ بے شک میرا رب بخشنے والا مہربان ہے۔(سورہ یوسف۔آیت نمبر 53)لہذا جب تک کہ تائیدِ الٰہی شاملِ حال نہ ہو۔کوئی بھی انسان نفسِ امارہ کے شر سے ہرگز ہرگز محفوظ نہیں رہ سکتا۔ چنانچہ ابلیسِ لعین بھی اسی نفسِ اماری ہی کی وجہ سے راندہء درگاہِ الٰہی وملعون ہوا۔ پس شرِ نفس سے محفوظ و مامون رہنے اور رب متعال کی معرفت کے حصول کے لئے نفس کی شناخت کرنا نہایت لازمی ہے۔ چنانچہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا ہے۔کہ! **ومن یرغب عن ملۃ ابرٰھیم الا من سفہ نفسہ** ۔اور حضرت ابراہیمؑ کے دین سے کون روگردانی کرے۔ سوائے اُس کے کہ جس کا نفس جہالت اور سفاہت سے موصوف ہو۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 130) نیز حضرت علی المرتضٰیؓ نے فرمایا ہے۔کہ! **من عرف نفسہ فقد عرف ربہ** ۔جس نے نفس کو پہچانا (تو بے شک) اُس نے اپنے رب کو پہچانا۔

عیباں والا بندہ مَیں ، اندروں باروں گندا مَیں ۔۔۔ رحمت رب دی کجیا مینوں، عملوں اُنج تے مندا میں

اَب دیکھنا تو یہ ہے۔کہ! **نفس کی پہچان کا کون سا طریقہ** ہے۔اور اس کی کیا کیا صورتیں ہوسکتی ہیں۔یاد رہے۔کہ! ہر انسان کے لئے اُس کے نفس کی علیحدہ علیحدہ شکلیں ہوتی ہیں۔اور علیحدہ علیحدہ تاثرات ہیں۔وہ شکلیں عموماً مجاہدہ، ریاضت، زہد وتقوٰی وغیرہ۔۔۔غرضیکہ مکمل طور پر ارشاداتِ الٰہیہ کی تعمیل کی صورت میں قبیح وعجیب مناظر کی شکلیں متشکل ہوکر خواب میں رونما ہوتی رہتی ہیں۔جنہیں عموماً اُڑتے خوابوں سے تعبیر کیا جاسکتا ہے۔پس ابتداء میں انہیں خوابوں سے اپنے اپنے نفسوں کو شناخت کیا جاسکتا ہے۔کہ کون سا نفس کس دائرے میں محیط ہے۔(نفس کے دائرے سے مراد اس نفس پر قابو پانے کے دوران کیا کیا خیالات، خواب اور کیفیات ہوتی رہتی ہیں۔جن کا بیان ابھی ابھی گزرا ہے) اس کے بعد جوں جوں سالکِ راہِ حقیقت اپنے مرشد کامل کی رہنمائی سے زہد وریاضت، مجاہدہ وتقوٰی، پابندیءشریعتِ الٰہیہ میں دل لگا کر مکمل کوشش کرتا ہے۔تو اس پر اس کا نفس جسمِ ظاہری میں متشکل ہوکر سامنے آموجود ہوتا ہے۔ چنانچہ حضرت جنید بغدادی کے استادِ محترم نے بیان کیا۔کہ! جب وہ اپنے ابتدائی حالات میں اپنے نفس پر آگاہ ہوئے۔تو دیکھا کہ! لومڑی کے بچے کی مثل کوئی جانور اُن کے حلق سے باہر نکل گیا۔ چنانچہ وہ سمجھ گئے۔کہ! یہی اُن کا نفس تھا۔چونکہ میرے دل میں اس کی جانب سے پہلے سے ہی نفرت موجود تھی۔اسی لئے میں نے فوراً اس کو لتاڑنا شروع کر دیا۔میں جتنے زیادہ پاؤں مارتا تھا۔وہ (جانور) اُتنا ہی بڑا اور موٹا ہوتا جاتا تھا۔جب میں حیران ہوکر اس (جانور، جو کہ میرا نفس تھا) سے وجہ پوچھی۔تو اُس نے جواب دیا۔کہ! میری ساخت ہی اللہ تبارک وتعالیٰ نے اسی طرح کی بنائی ہے۔کہ جن چیزوں سے اوروں کو تکلیف پہنچتی ہے۔مجھے ان سے راحت میسر ہوتی ہے۔ چنانچہ یہی خاصہ میرے خمیر میں بھی موجود ہے۔کہ! مَیں مخالفت سے اور زیادہ تقویت وفربہی پکڑتا ہوں۔(اسی طرح سے) حضرت شیخ ابوالقاسم گرگانیؒ اپنے ابتدائی احوال کے متعلق فرماتے ہیں۔کہ! مَیں نے اپنے نفس کو سانپ کی صورت میں ملاحظہ کیا۔ایک اور درویش کا کہنا ہے۔کہ! مَیں نے اپنے نفس کو چوہے کی شکل میں دیکھا۔تو مَیں نے پوچھا۔کہ! تُو کون ہے؟ اس نے بتایا۔کہ! مَیں ہی تیرا نفس ہوں۔مَیں خام طبع اور غافل لوگوں کو گمراہ کرنے والا ہوں۔کیونکہ! مَیں برائی اور گناہ کی طرف دعوت دیتا ہوں۔اور اللہ تعالیٰ کے سچے طالبین کو نجات دلانے والا بھی ہوں۔کیونکہ! وہ مجھے برائی کی ترغیبات پر لعنت ملامت کرتے رہتے ہیں۔اور میرے خلاف جہاد ومجاہدہ کر کے راہِ حق کی تلاش میں مصروفِ عمل رہتے ہیں۔ چنانچہ آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! تیرے تمام دشمنان میں سے بدترین دشمن تیرا نفس ہے۔جو کہ تیرے دونوں پہلوؤں

کے درمیان ہے۔ نفس کی شناخت اوراس کے عیوب سے آگاہ ہوجانے پر طالب کو اس کی موجودگی سے کچھ خوف و ہراس نہیں ہوتا۔کیونکہ! نفس ایک بھونکنے والے سگ کی مانند ہوتا ہے۔یا پھرایک لمبے اژدھے کی طرح ہوتا ہے۔جس نے پورے جسم کو اپنی لپیٹ میں لیا ہوا ہوتا ہے۔اِن (یعنی کتے یا سانپ) کی وحشت پر ریاضت ومجاہدہ کی برکت سے قابو پالینا بلاشک وشبہ ممکن ہے۔جیساکہ! اولیائے کرام کے حالات وواقعات سے ظاہر ہے۔

ظاہر کی آنکھ سے نہ تماشا کرے کوئی ہو دیکھنا تو دیدہء دل وا کرے کوئی

تزکیہ نفس کے بیان میں: (بمطابق واردات و مشاھداتِ حضرت خواجہ محبوب عالم نقشبندی مجددی توکلیؒ)

حضرت خواجہ محبوب عالم توکلیؒ فرماتے ہیں۔کہ! حضرت امام مجدد الف ثانیؒ کا کہنا ہے۔کہ! اِن کا سلوک انبیائے کرامؑ کی شاہراہ ہے۔جس سے کہ وہ **واصل الی اللہ** ہوئے۔اور پھرانہوں نے مخلوقِ خدا کواسی شاہراہ سے اللہ تعالیٰ تک (بھی) پہنچایا۔حضرت خواجہ محبوب عالم توکلیؒ فرماتے ہیں۔کہ! حضرت امام مجدد الف ثانیؒ کے اس قول کی تصدیق اکتوبر **1998** کوبطورِ واردات ومشاہدات اس وقت ہوئی۔جب راقم (حضرت توکلیؒ) نے بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں عرض کیا۔کہ! آپ ﷺ کا طریقہء تزکیہ نفس اور سلوک الی اللہ کیا ہے؟ ازراہِ مہربانی میرا تزکیہ اسی طریقہ سے فرمایا جائے۔اوراسی طریقہ سے وصول الی اللہ (بھی) کرایا جائے۔کہ جس طریقہ کوآپ ﷺ نے اپنے صحابہ کرامؓ کے لئے استعمال فرمایا۔چونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔کہ! **ھوالذی بعث فی الامیین رسولا منھم یتلوا علیھم ایتہ ویزکیھم ویعلمھم الکتاب والحکمۃ. وان کانوامن قبل لفی ضلل مبین**۔(ترجمہ) وہی تو خدا ہے۔جس نے اَن پڑھوں میں سے (حضرت محمد ﷺ کو) پیغمبر (بنا کر) بھیجا۔جو ان کے سامنے اس کی آیتیں پڑھتے ہیں۔اوران کا تزکیہ نفس (بھی) کرتے ہیں۔اورانہیں (اللہ تعالیٰ کی) کتاب اور دانائی سکھاتے ہیں۔اوراس سے پہلے تو یہ لوگ واضح گمراہی میں تھے۔(القرآن) پھر حضرت توکلیؒ نے آنحضور نبی مکرم ﷺ سے انتہائی عاجزی وانکساری سے عرض کیا۔کہ! نہایت ادب سے میری (آپ ﷺ سے) گزارش ہے۔کہ اس آیتِ مبارکہ میں ''یزکیھم'' کا لفظ دلالت کرتا ہے۔کہ قیامت تک اپنی اُمت کے تزکیہ نفس کے لئے آپ ﷺ ہی کی ذاتِ والا صفات (یقینا) ماموریمن اللہ ہے۔لہذا میری التجاء ہے۔اگرچہ میرے پیروں نے میرا تزکیہ نفس کیا ہے۔تاہم چونکہ آپ ﷺ تزکیہ نفس کے لئے براہ راست مامور ہیں۔لہذا ازراہ مہربانی میرا تزکیہ نفس خود فرمائیے۔تاکہ مجھے (بھی) معلوم ہوجائے۔کہ آپ ﷺ کا طریقہ مبارکہ کیا ہے؟ میرا یہ اصرار کافی عرصہ رہا۔حتیٰ کہ آنحضور ﷺ نے میری درخواست کو شرفِ قبولیت عطا فرمایا۔اورمیرے مشائخ کو اکٹھا کر کے اِن کے سامنے میرا تزکیہ نفس کرنا شروع فرمایا۔میرا نفس ایک سانپ کی شکل میں میرے جسم سے باہر آگیا۔اوروہ مجھ پرتابڑتوڑ حملے کرنے لگا۔جس سے بچنا (میرے لئے) محال ہوگیا۔**حضور ﷺ نے فرمایا۔کلمہ طیبہ پڑھ کراس (نفس) کے حملے کوروک دو**۔میں مسلسل کلمہ طیبہ پڑھتا تھا۔اوراس کے حملوں کوروکتا تھا۔اوراُسے دور کردیتا تھا۔لیکن وہ پلک جھپکنے میں پھروہ دوراحملہ کردیتا تھا۔میرا ایک ماہ اپنے نفس کے ساتھ جنگ کرنے میں گزرگیا۔(اس دوران) میں کھانا پینا بھول گیا۔ملاقاتیں ختم ہوگئیں۔میں زندگی سے بیزار ہوگیا۔یہ نفس مجھے ایک لحظہ بھی چین نہیں لینے دیتا تھا۔نہ سونے دیتا تھا۔نہ کھانا کھانے دیتا تھا۔نہ لیٹنے دیتا تھا۔پلک جھپکنے میں وہ تابڑتوڑ حملے کرتا تھا۔**ایک ماہ کے بعد میری ہمت جواب دے گئی۔تو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔اَب یہ حملہ کرے۔توکلمہ طیبہ پڑھ کر اِسے (یعنی اپنے نفس کو) میری طرف اُچھال دو**۔آپ ﷺ میرے کمرے کی مغربی دیوار کے ساتھ اُونچائی پر لگے ہوئے ایک تخت پرتشریف فرماتھے۔ساتھ ہی **حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ** اپنے تخت پرتشریف فرما تھے۔میں نے بصد مشکل نفس کو دوتین مرتبہ اوپر اُچھالا۔حتیٰ کہ تیسری مرتبہ **حضرت نبی مکرم ﷺ نے اس کو اپنے دستِ مبارک سے پکڑلیا۔اورحضورغوثِ پاکؒ کے حوالے کردیا**۔جب میں نے نیچے سے دیکھا۔کہ حضور غوث پاکؒ نے ایک قربان گاہ یعنی ذبیحہ خانہ (**Altar**) پر میرے نفس کے سرکو رکھ کراسے ایک بڑے نوکے سے کاٹ دیا۔اس کا سر دوسری جانب جاگرا۔اور اس کا دھڑ ایک غبارے کی مانند، کہ جس کی ہوانکل گئی ہو، نیچے آیا۔اور دور جاکرفضا میں تحلیل ہوگیا۔میں نے سمجھا۔کہ میں مَرگیا ہوں۔موت وحیات کی یہ کشمکش تین دن ورات تک مسلسل رہی۔پھرمیں نے دیکھا۔کہ میرا ایک اورنفس جو مٹیالے (**Brown**) رنگ کا ہے۔میرے پاس آگیا۔اسے دیکھ کرمجھ پر شدید گریہ طاری ہوگیا۔اورمجھے تمام کوتاہیاں، گناہ اورلغزشیں یاد آنے لگے۔اور میں اس نفس کو مخاطب کر کے اس کو اپنے ان گناہوں کا سزاوار ٹھہراتا رہا۔اور گریہ وزاری کے ساتھ توبہ واستغفار کرتا تھا۔یہ کیفیت بھی تین دن ورات مسلسل رہی۔پھر وہ نفس غائب ہوگیا۔اورایک آسمانی (**Sky Blue**) رنگ کا نفس میرے سامنے آیا۔جس کے آنے سے مجھے سکون ملا۔بے قراری ختم ہوئی۔وضوکرکے (پہلی مرتبہ) نمازپڑھی۔یہ عصر کا وقت تھا۔جب سرسجدے میں رکھا۔تو تمام اعضائے جسمانی کامل سکون اوراطمینان سے لذت یاب ہوئے۔اورقربِ ربانی حاصل ہوا۔ اس کے بعد **آنحضور نبی مکرم ﷺ نے ارشادفرمایا۔کہ زرد رنگ کا جوتمہارا نفس تھا۔وہ نفسِ امارہ ہے۔اسے کاٹنے کے سوااس کا کوئی اورعلاج نہیں**۔کیونکہ گمراہ کرنا اس کی فطرت میں ہے۔اسے (نفسِ امارہ کو) کاٹنے کی ڈیوٹی، جب سے **غوثِ اعظم اس جہاں میں پیدائش کے بعد اپنے منصب پرمتمکن ہوئے ہیں**۔ہم نے ان کے سپرد کردی ہے۔اس کے بعد مٹیالے رنگ (مٹی جیسے رنگ) کا جونفس آیا۔وہ تمہارا نفسِ لوامہ تھا۔جونفسِ امارہ کے **48** گھنٹے بعد پیدا ہوا۔پھراس کے چلے جانے کے 48 گھنٹے بعد جونیلگوں نفس تمہارے پاس آیا۔اس سے تمہیں سکون، اطمینان کامل اورقربِ ربانی نصیب ہوا۔وہ تمہارا نفسِ مطمئنہ ہے۔ازاں بعد کئی مسلمانوں کے نفوس میرے سپرد کئے گئے۔اورحکم ہوا۔کہ! اِن کے نفسِ امارہ کو کاٹو۔اورانہیں نفسِ لوامہ سے گزارکرنفسِ مطمئنہ تک پہنچاؤ۔میں آپ ﷺ کے سامنے ان نفوس کو کاٹتا رہا۔اس پرحضورغوثِ پاکؒ نے مسکراکرفرمایا۔'' **الشیخ یحی و یمیت** '' آپؒ کا جو یہ قولِ مبارک اولیاءاللہ میں مشہور ہے۔کہ! وہ یہی ہے۔کہ! وہ نفسِ امارہ کو ماردیتے ہیں۔نفسِ لوامہ کوزندگی دیتے ہیں۔اور پھر نفسِ مطمئنہ پیدا

کرتے ہیں۔نفسِ امارہ کٹنے کے بعد ختم ہو جاتا ہے۔اورنفسِ لوامہ ونفسِ مطمئنہ آدمی کے ساتھ رہتے ہیں۔چھوٹی موٹی غلطیاں ہوتی رہتی ہیں۔جس کے لئے دن میں(ایک تسبیح یا جتنا زیادہ سے زیادہ ہو سکے) یہ استغفار " استغفر اللہ ربی کل ذنب واتوب الیہ واسئالہ التوبۃ'' پڑھا جاتا ہے۔(کیونکہ) یہ نفسِ لوامہ کا علاج ہے۔اور باقی نفسِ مطمئنہ حاصل ہونے کے بعد عبادات میں اور ظاہری زندگی میں سکون اور اطمینانِ کامل نصیب ہوتا ہے۔اور اس طرح سے گویا مجھے تزکیہ نفس کے بارے میں حضرت نبی مکرم ﷺ سے اور حضرت غوث پاکؒ سے براہ راست تلمذ کا شرف بھی حاصل ہوا۔(پھر) حضرت نبی اکرم ﷺ نے مجھے لطائف خمسہ عالمِ امر طے کرا کے میرے قالب کا تصفیہ فرمایا۔تو مجھ پر یہ منکشف ہوا۔کہ! یہ سارا کچھ تو وہی سلوک ہے۔جسے حضرت امام مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ نے بیان کیا ہے۔اس پر آنحضور نبی مکرم ﷺ نے مسکرا کر ارشاد فرمایا۔کہ! مجدد صاحب کو یہ سلوک ہم ہی نے عطا کیا ہے۔اور یہ ہمارا اور تمام انبیائے کرامؑ کا سلوک ہے۔ (بقول حضرت خواجہ محبوب عالم توکلی!) اس سے میرے اندر حضرت امام مجدد الف ثانیؒ کے اس قول کے بارے میں عین الیقین اور حق الیقین پیدا ہوا۔کہ آپؒ کا طریقہ مبارکہ ہی انبیائے کرامؑ کا اور صحابہ کرامؓ کا طریق ہے۔اور مجھ پر اپنے مشائخینِ طریقت کی فضیلت اور ان کی کرامت واضح اور بین ہوگئی۔چنانچہ میں اللہ تعالیٰ اور اور حبیب رسول ﷺ کے حضور سراپا تشکر و اطمینان بن گیا۔(بقول شاعر)

خِرد مند باشد طلب گارِ علم — کہ گرم است پیوستہ بازارِ علم

کسے را شد دَر اَزل بخت یار — طلب کردن علم کرد اختیار

علم کا طلبگار عقلمند ہوتا ہے۔اس لئے کہ علم کا بازار ہمیشہ گرم رہتا ہے۔جس کا نصیب ازل سے اس کا مددگار رہا۔اس نے علم کا طلب کرنا ہی اختیار کیا۔

حضرت علی المرتضیٰؓ کا فرمان ہے۔کہ! میری اور میرے نفس کی مثال ایسی ہے۔جیسے بکریوں کا چرواہا۔ جو اپنی بکریوں کو ایک طرف لے جانے کے لئے اکٹھا کرتا ہے۔تو وہ دوسری جانب نکل جاتی ہیں۔ بقول حضرت ابوبکر الوراقؒ! نفس تمام احوال میں خود نما ہے۔اور زیادہ تر احوال میں منافق ہے۔اور بعض احوال میں تو مشرک بھی ہے۔ حضرت واسطیؒ فرماتے ہیں۔نفس بمثل ایک بُت کے ہے۔اس کی طرف رُغبت سے دیکھنا شرک ہے۔اور اس کے بارے میں غور وخوض کرنا اور اِس کو سدھارنا عین عبادت ہے۔ علمائے متصوفین کا فرمان ہے۔کہ! نفس کی مثال اُس صاف وشفاف ،ٹھہرے ہوئے ساکن پانی کی سی ہے۔کہ جب اس کو حرکت دی جائے۔تو وہ اپنی بدبو اور گندگی کو بالآخر ظاہر کرہی دیتا ہے۔(لہذا) ہر وقت اللہ تعالیٰ کی حقیقی وحدانیت سمجھنے والے کی معرفت کے لئے خود کو مستعد و کوشاں کرلیں۔ورنہ بہت سے ایسے اشخاص بھی ہیں۔جو روایت تو بہت زیادہ کرتے ہیں۔(یعنی قیل وقال رٹتے رہتے ہیں۔قرآن وحدیث کے حوالے دیتے رہتے ہیں) لیکن اللہ تعالیٰ کے بارے میں انہیں کچھ بھی علم نہیں ہوتا۔(کیونکہ) علم معرفت اللہ تعالیٰ کا وہ خصوصی فضل و کرم ہے۔کہ جو اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہتا ہے۔عطا کرتا ہے۔اور پھر اسے دوسرے لوگوں سے ممتاز و برگزیدہ اور معزز و مکرم بنا دیتا ہے۔

دِلا گر تواضع کُنی اختیار — شود خلقِ دُنیا تُرا دستدار

اے دل! اگر تُو عاجزی کو اختیار کرے گا۔تو دُنیا کی مخلوقات تیری دوستدار (دوست) ہو جائے گی۔

لطائف ستہ کے اسباق اور ان کا جامع ومفصل طریقہ :

☆ لطیفہ قلب کا سبق: (یادر ہے۔کہ سب سے زیادہ اہم اور سب سے پہلا لطیفہ قلب ہے۔لہذا جو اس کے سبق کو سمجھ گیا۔وہ آگے بآسانی چلتا چلا جائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ) اور اس جگہ پیر ومرشد اپنے مرید کو اس طرح سے نیت بتائے۔اول لطیفہ قلب نور زرد ہے۔(یعنی کہ قلب کی صفائی کے آثار زرد رنگ کے انوارات دکھائی دینے سے معلوم ہوتا ہے) زیر قدم حضرت آدمؑ ذکر اسم ذات ''اللہ اللہ اللہ'' مرشد اپنی زبان سے کہے۔(لیکن مرشد اپنے بائیں ہاتھ کی دونوں انگلیاں طالب کے بائیں پستان کے ذرا نیچے پہلو کی طرف عرض میں رکھ کر اپنے دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگشت کا سر ان انگلیوں کے آگے ملا ہوا رکھ کر بتائے۔کہ یہ قلب کا منہ ہے۔اور اسی جگہ مرشد اپنی انگلیاں رکھی ہوئی ہوں،کہ اسمِ ذات ''اللہ اللہ اللہ'' اس طرح سے کہے۔کہ! کہ اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک کی آخری ''ہ'' پر بہت زور دے کر کہے۔کہ جس سے طالب ومرید کو کپکپی ہو۔اور دل میں ایک عجیب سی لہراُٹھ کر جیسے گزر جائے) مگر مرید اپنی زبان سے کچھ نہ کہے۔بلکہ دل سے مرید ہونے اور قلب جاری ہونے کی نیت وتمنا کرے۔مرشد اپنی زبان سے دوبارہ'' اللہ اللہ اللہ'' کہے۔مگر مرید اپنی زبان سے کچھ نہ کہے۔بلکہ دل سے مرید ہونے اور قلب جاری ہونے کی نیت وتمنا کرے۔اسی طرح مرشد اپنی زبان سے تیسری مرتبہ بھی'' اللہ اللہ اللہ'' کہے۔مگر مرید اپنی زبان سے کچھ نہ کہے۔بلکہ دل سے مرید ہونے اور قلب جاری ہونے کی نیت وتمنا کرے۔تیسری مرتبہ کے بعد مرشد اپنی انگلی مرید کے سینہ سے ہٹالے۔اور طالبِ صادق کو ذکر قلبی اسمِ ذات ''اللہ'' کی ترکیب اس طرح بتائے۔کہ بوقتِ ذکر زبان کو تالو سے لگالے۔اور اپنے خیال کو قلب پر رکھ کر ذکر اثباتِ مجرد یعنی ''اللہ'' کا کرے۔اس ذکر کو کثرت سے کرے۔یہاں تک کہ ذکر کی کثرت طالبِ مولا کو دل میں از خود معلوم ہونے لگے۔اور سوائے سنن مؤکدہ اور صلوٰۃ مفروضہ ونوافل معمول کے اور سب کو ترک کر دے۔اور بجائے اس کے ذکر کی کثرت کرے۔ پھر اس میں بھی ذکر ذکر اسمِ ذات ''اللہ اللہ اللہ'' کرتا رہے حبسِ دم کے ساتھ کم از کم ایک ہزار مرتبہ یا اس سے زیادہ۔یہ بھی سمجھنا ضروری ہے۔کہ! ہر ایک لطیفہ کھلنے سے قلبی صفائی،حضوری اور جمعیت حاصل ہوتی ہے۔مرشد کو یہ اختیار ہے۔کہ چاہے ترکیب ذکر قلبی اسمِ ذات کی بیعت سے پہلے بتادیں۔خواہ بعد بیعت کے بتائیں۔دونوں طرح جائز اور مفید ہے۔اور بعد نمازِ عشاء مدینہ منورہ کی جانب منہ کرکے دوزانو بیٹھ کر تصور کرے۔کہ میں رسول اللہ ﷺ کے روزہ مبارک کے سامنے بیٹھا ہوا ہوں۔اور درود وسلام پڑھتا رہے۔اور یہ تصور وتخیل کرے۔کہ! میرا درود وسلام خود

آنحضرت نبی مکرم ﷺ سن رہے ہیں۔اور آپ ﷺ کے قلبِ اطہر سے میرے قلب میں زرد رنگ کا نور آرہا ہے۔اور یہی خیال کر کے جس جگہ مرشد نے اپنی انگلی رکھی تھی۔وہاں قلب کے منہ میں سوراخ ہو گیا ہے۔اور اسی راستہ سے یہ نور آرہا ہے۔ اور اپنے خیال کے ساتھ آپ ﷺ کے قلب مبارک سے نور لے کر اپنے دل میں لائے۔اور مرید اپنی زبان سے ''**صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم** '' کی **11** تسبیحات پڑھے۔(یعنی **11** صد مرتبہ) پڑھے۔اور ہر نماز کے بعد ایک تسبیح (صد مرتبہ) آیتِ کریمہ'' **لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین** '' کا ہمیشہ وردرکھے۔اور اپنے مرشد سے پریدا اپنا رابطہ پختہ رکھے۔اور اپنے قلب پر توجہاتِ کثیرہ لے۔کیونکہ توجہ سے قلب بہت جلد کھل کر ذاکر ہو جاتا ہے۔سو چلے ایک مردِ کامل کی توجہ کے برابر نہیں ہو سکتے۔اسی واسطے بہت جلد آسان اور اقرب طرق توجہ مرشد کی ہے۔درود پاک پڑھتے وقت اس بات کا خصوصی خیال رکھنا انتہائی ضروری ہے۔کہ! سالک وطلب صادق کا جس لطیفہ پر سبق ہو۔بوقت ذکر وہ سالک اور طالب صادق اپنے اسی سبق کے لطیفہ کو آنحضرت نبی مکرم ﷺ کے عین اسی لطیفہ کے مقابل کر کے (یعنی رکھ کر) درود شریف پڑھا کرے۔اس طریقہ سے وہ لطیفہ بہت سرعت کے ساتھ ترقی پا کر کھل جاتا ہے۔یعنی جاری ہو جاتا ہے۔

یاد رہے۔کہ! **مرشد سے توجہ لینے کا طریقہ یہ ھے۔کہ!** اس طرح نیت کر کے مرشد کے روبرو بیٹھے۔اور مرید یہ نیت کرے۔کہ! میں متوجہ ہوں طرف قلب اپنے کے۔اور قلب میرا متوجہ ہے طرف ذاتِ احدیت کے، جہاں سے سارا فیض آرہا ہے۔ذاتِ احدیت سے میرے مرشد کے قلب میں اور مرشد کے قلب کے نیچے اپنا قلب لگا لے۔اور یہ تصور وتخیل کرے۔کہ! مرشد کے قلب سے پرنالہ کی طرح میرے قلب میں نور آتا ہے۔خلاصہ یہ کہ آسمان کی طرف سے ایک نور مرشد کے قلب میں آرہا ہے۔اور مرشد کے قلب کے نیچے اپنا قلب لگا کر رکھے۔اور خیال کرے کہ مرشد کا قلب نور سے بھر کر اچھل رہا ہے۔اور قلب سے اچھل کر خود ہی میرے قلب میں پرنالہ کی طرح نور داخل ہو رہا ہے۔اور میں وہ نور اُن سے لے کر اپنے دل میں ڈال رہا ہوں۔ جبکہ مرشد یہ نیت کرے۔کہ! پیر یا شیخ اپنے جس لطیفے کو کہ جس کا فیض مرید کے لطیفے میں ڈالنا چاہتا ہے۔اس میں ذکر کرے۔اور اپنے پیرومرشد کی شکل وصورت کا تصور کرے۔تصورِ شیخ سے اس لطیفہ میں جوش آجاتا ہے۔بلکہ تمام طبیعت میں ہی جوش آجاتا ہے۔پھر اپنے اس لطیفے کو مقابل لطیفہ مرید کے رکھ کر ہمت کر کے مرید کے لطیفہ قلب یا جس لطیفہ میں ذکر یا نور ڈالنا چاہے ڈال دے۔پھر وہ جنابِ الٰہی میں التجا اور اپنے خواجگان سے طلبِ امداد کرے۔اسی طرح ہر روز مرید کے لطیفے میں ہمت کر کے فیض ڈالتا رہے۔اسی طرح کرتے کرتے وہ لطیفہ جوش میں آکر ذاکر ہو جاتا ہے۔اور اپنے مقام سے نکل کر اپنی اصل میں جا ملتا ہے۔مگر اس مقام میں مرید کو چاہیئے۔کہ! تمام خطرات اور نفس کی باتوں سے دل کو پاک ومصفیٰ کر کے جمعیت اور دلی تسلی پیدا کر کے ذکر کرے۔اس مقام کی نگہداشت بہت ہی زیادہ کرے۔یعنی قلب کو خطرات سے نگاہ میں رکھے رہے۔کیونکہ اس میں وقوفِ قلبی (یعنی اپنی توجہ ذکر کی ہمیشہ قلب کی طرف ہونا) لازمی جزو ہے۔کہ اپنے قلب سے غافل نہ ہو۔اور قلب کی توجہ طرف مذکور کے یعنی ذاتِ الٰہی کی طرف اور نگہداشت خطرات سے اور وقوفِ قلبی یہ دونوں لازمی ہیں۔بلکہ اصولِ طریقت میں فرض گردانے جاتے ہیں۔اس کے سوا طالبِ مولا کو گنجائش نہیں۔ہاں البتہ! ہجومِ خطرات کے وقت اپنے شیخ کی صورت کا تصور کرنے سے خطرات دفع ہونے میں بہت اثرات ہیں۔

اسی ضمن میں حضرت شیخ مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ فرماتے ہیں۔کہ! اگر طالبِ مولا فقط خطرات ہی دور کرنے میں مشغول ومستغرق ہو گیا۔تو خطرات بہت ہجوم کے ساتھ پیش آئیں گے۔اور طالب ذکر کے بجائے ان کو دفع کرنے میں ہی لگ جائے گا۔اور ذکر سے جاتا رہے گا۔تو ایسے وقت میں تو ذکر میں مذکور کا تصور کر کے مشغول ہو جا۔اور خطرات کی طرف قطعاً متوجہ نہ ہو۔اس سے خطرات آپ ہی دور ودفع ہو جائیں گے۔(انشاءاللہ تعالیٰ) جیسا کہ ایک حدیثِ قدسی میں ارشاد ہے۔کہ! '' **انا جلیس من ذکرنی** ''(جس وقت مجھے کوئی یاد کرتا ہے۔تو میں (یعنی) اس وقت اس کا ہم جلیس ہو جاتا ہوں) اور اسی طرح قرآنِ کریم میں ہے'' **فاذکرونی اذکرکم** ''۔ اس آیت اور حدیثِ قدسی سے صاف پتا چلتا ہے۔کہ! جس وقت کوئی شخص اللہ تعالیٰ کو یاد کرتا ہے۔تو اس وقت اللہ تعالیٰ کی ذات کے نور کا ظہور ہو جاتا ہے۔یعنی کہ! جب قلب اور دیگر لطائف پر اللہ تعالیٰ کا ذکر جاری ہو گا۔تو اللہ تعالیٰ کا اُن تمام جگہوں پر ظہور ہو گا۔پھر نہ تو خطرات کا نام ونشان رہے گا۔اور نہ یہ پڑوسنیں (جن کا ذکر ابھی پیچھے گزرا ہے) ایذا دے سکیں گیں۔بلکہ شیطان خود بخود بھاگ جائے گا۔(انشاءاللہ تعالیٰ) یعنی یہی قلب دوسرے لطائف کو بھی فیض پہنچائے گا۔پس جب خطرات کی طرف طالب کی مکمل توجہ ہو گی۔اور مذکورہ کا تصور کر کے ذکرِ الٰہی میں مشغول ہو جائے گا۔تو انہی لطائف میں ذکر کرنے سے پڑوسنیں خود بخود اصلاح پا لیں گیں۔اور جو ایذا ووساوس لطائف کو ان کی وجہ سے درپیش ہوتے ہیں۔وہ بھی خود بخود رفع دفع ہو جائیں گے۔(انشاءاللہ تعالیٰ) اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔'' **الا بذکر اللہ تطمئن القلوب** ''(یعنی اللہ تعالیٰ ہی کے ذکر میں قلوب کا اطمینان ہے) یہ اسی طرف اشارہ ہے۔کہ قلب میں وقتِ خطرات کے ذکرِ الٰہی کی کثرت سے خطرات دفع ہو کر تسلی واطمینان ہو جاتا ہے۔ کیونکہ! '' **ولذکر اللہ اکبر** ''(یعنی اللہ تعالیٰ کا ذکر بہت بڑا (تریاق وعلاج) ہے)

یاد رہے۔کہ! جب طالب کے قلب میں ذکر شروع ہو تو حبسِ دَم کے ساتھ یہ ذکر اس طرح سے کرے۔کہ! زبان کو تالو سے لگا کر سانس کو دل میں بند کر کے دل سے'' **اللہ۔ اللہ۔ اللہ** ''اس قدر کثرت سے مکمل محویت، انہماک اور استغراق کے ساتھ کرے۔کہ! قلب سے ذکر کی حرکت خیال کے کانوں میں پہنچے۔ شروع شروع میں حبسِ دم قلیل کریں۔یعنی زیادہ سے زیادہ ایک ہزار تک۔پھر آہستگی کے ساتھ بڑھاتا چلا جائے۔آہستہ آہستہ تعداد کو ہزار سے تین ہزار، پھر پانچ ہزار، پھر پندرہ ہزار کرتے کرتے چوبیس ہزار تک اس ذکر پہنچائے۔کیونکہ ایک شخص دن ورات میں کم وبیش چوبیس ہزار مرتبہ سانس لیتا رہتا ہے۔اصولِ طریقت میں ہر سانس

کے ساتھ کم از کم ایک مرتبہ اللہ تعالیٰ کا نام مبارک لینا فرضِ عین ہے۔ اور غفلت کفر۔ چونکہ ہر سانس کے ساتھ دن ورات ذکر الٰہی کرنے سے دیگر دنیوی امور سرانجام نہیں پائیں گے۔ اسی لئے علمائے تصوف نے فرمایا ہے۔ کہ! کہ کوئی ایک وقت یا صبح ورات کے دو اوقات مخصوص کر کے چوبیس ہزار سانسوں کی قضاء دی جانی احسن ہوتا ہے۔ اگر کوئی شخص چوبیس ہزار مرتبہ حبسِ دم کے ساتھ ذکر الٰہی کرتا رہے۔ تو گویا اس شخص نے ہر سانس کے بدلے ذکر کر لیا۔ اس طرح بعد میں وہ اپنے دیگر امور جیسے کمانا، کھانا پینا، نمازوں اور دیگر ذکرواذکار کی ادائیگی وغیرہ کے لئے بآسانی وقت نکال سکتا ہے۔

جب طالب اس حالت میں پہنچ جائے۔ کہ! اس کے تصور وتخیل میں ذکر قلبی، قلب میں جوش وجذبہ اور مراقبہ یا تفکر میں زرد رنگ کے انوار کا نور ظاہر ہو جائے۔ تو اس کا مطلب ہے۔ کہ! قلب اپنے اصلی مقام میں پہنچ گیا ہے۔ علاوہ ازیں! قلب کی اپنے اصل میں پہنچنے کی اصل علامت ونشانی یہ ہے۔ کہ! اس کی ہمت فوق (بلندی وترقی) کی طرف مضمحل (سست روی وتھکاوٹ) ہو جائے۔ بلکہ تمام جہات کی طرف سہو ہو تو سمجھ لو۔ کہ قلب اپنے مضغہ (گوشت کا لوتھڑا) سے نکل کر اپنی اصل میں پہنچ گیا۔ اگرچہ تم کو کشف نہ ہو۔ کیونکہ اس زمانہ میں کشف بسبب حلال معاش میسر نہ ہونے کے تقریباً محال ہے۔ مگر یہ ہے۔ کہ حالات کے تبدل وتغیر سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ لذائذ وجوش وخروش قلب خود اس امر کا شاہد کافی ہے۔ طالب صادق کو چاہیئے۔ کہ کشف کا منتظر نہ بیٹھا رہے۔ یاد رہے۔ کہ! آج کل بھی بعض طبائع میں کشف حاصل ہو ہی جاتا ہے۔ اگر بفرضِ محال کشف حاصل ہو بھی جائے۔ تو چاہیئے۔ کہ اس لذت میں خود کو گم وگمراہ نہ کرے۔ کیونکہ اگر اسی مزے میں گرفتار ہو گیا۔ آگے قدم اُٹھانے کا ذوق وشوق جاتا رہے گا۔ اور سالک کی مزید ترقی رُک جائے گی۔ ہاں البتہ جب سلوک تمام ہو کر نزول قلب کی طرف چلا جائے۔ تو پھر جو کچھ بھی ہو۔ کچھ ضرر نہیں کرتا۔ اس لئے کہ پھر بعد نزول کے ذکر قلبی کرنے سے تمام مقامات کے انوارات اور ان کا کشف ومشاہدہ بعین خود بخود ہوتا رہتا ہے۔ کیونکہ توجہ قلب ہی مقامِ ارشاد ہے۔ یعنی ارشاد اسی میں جاری ہوتا ہے۔ اور غیروں کو ہدایت بھی اسی میں ہوتی ہے۔ اور اسی میں توحیدِ وجودی مضمر ہے۔ اور نعرہ **انا الحق**۔ وہاؤ ہو۔ ہمہ اوست وغیرہ یہ تمام قلب میں ہی ہوتے ہیں۔ کیونکہ یہ حالات مقامِ فنا میں ظاہر ہوتے ہیں۔ اور فنا نفی اثبات سے حاصل ہوتی ہے۔ اسمِ ذات ''اللہ'' کا ذکر جبروتی ہے۔ اسی لئے اس میں اس قدر فنائیت نہیں۔ بلکہ یہ تو بقاء کی طرف لے جاتا ہے۔ اور ذکر کلمہ ناسوتی ہے۔ یہ فنا کی طرف لے جانے والا ہے۔

☆ **لطیفہ روح کا سبق:** نیت اس کی اس طرح پر ہے۔ کہ! دوسرا لطیفہ روح کہ جس کا نور سرخ سنہرا (یعنی کہ روح کی صفائی کے آثار سرخ سنہرے رنگ کے انوارات دکھائی دینے سے معلوم ہوتے ہیں) جبکہ زیرِ قدم حضرت ابراہیمؑ وحضرت نوحؑ اور ذکر اسمِ ذات ''اللہ اللہ اللہ'' ہے۔ مگر پہلے نیت سے مرشد کریم اپنے بائیں ہاتھ کی دونوں انگلیاں دائیں پستان کے نیچے پہلو کی طرف رکھ کر دستِ راست کی انگلی شہادت ان کے آگے رکھ کر سمجھائے۔ کہ یہ اصل میں مقامِ روح ہے۔ اور اس کے مضغہ کا اس جگہ منہ ہے۔ جیسا کہ ابھی قلب کے بیان میں ذکر کیا جا چکا ہے۔ پھر اس میں بھی ذکر ذکر اسمِ ذات ''اللہ اللہ اللہ'' کرتا رہے حبسِ دم کے ساتھ کم ازکم ایک ہزار مرتبہ یا اس سے زیادہ۔ یہ بھی سمجھنا ضروری ہے۔ کہ! ہر ایک لطیفہ کھلنے سے قلبی صفائی، حضوری اور جمعیت حاصل ہوتی ہے۔ اور پھر مرید کے لطیفہ روح پر توجہاتِ کثیرہ دے۔ اور مرید بھی لے۔ تاکہ یہ لطیفہ بھی ہم شکل قلب کے جوش میں آ کر ذاکر ہو جائے۔ اور اس کی سیاہی وکدورت دور ہو جائے۔ اور اس کی شکل جو مثل کوئلہ کے سیاہ پڑ گئی تھی۔ وہ اس کے نور سے منور ہو جائے۔ اور یہ اپنی پڑوسن کے کدورت وگندگی کو بھی رفع دفع کر دے۔ یعنی اس میں بے جا غصہ نہ رہے۔ جب بے جا غصہ دور ہو جائے گا۔ تو اس کا نور اپنی اصل کا نائب ہو جائے گا۔ جونہی یہ طے ہو گیا۔ تو لطیفہ روح میں توحیدِ شہودی کھلتی ہے۔ اس وقت یہ حالت ہو جاتی ہے۔ کہ اگر قلب میں ذکر کیا جائے۔ تو روح کا ذکر شروع ہو جاتا ہے۔ گویا کہ ان دونوں کے کرنٹ کی ایک ہی تار ہو جاتی ہے۔ اور بعض اوقات تو ایسا بھی ہوتا ہے۔ کہ! طالب یہ بھی معلوم نہیں کر سکتا۔ کہ قلب کون سا ہے؟ اور روح کو کا لطیفہ کون سا ہے؟ بسبب جاری ہونے ذکر کے روح کو جو کدورت یا تنگی یا پھر کسی قسم کی سیاہی جرائم یا کبائر گناہوں کی وجہ سے ہوتی ہے۔ تو وہ اسی مضغہ میں ہی ہوتی ہے۔ جو درحقیقت اس کی اصل ہے۔ اس کو تو کچھ نہیں ہوتا۔ بلکہ وہ تو اپنی حالت پر ہی رہتی ہے۔ جب کہ صاف ہو گیا۔ تو اس کا نائب ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ ابھی بیان کیا جا چکا ہے۔ کیونکہ اس وقت اس کو فنا ہوتی ہے۔ جب روح کا ذکر سمع خیال میں آ جائے۔ اور حالتِ مذکورہ پر پہنچ جائے۔ تو یہ سمجھ لینا چاہیئے۔ کہ! اپنی اصل میں جا ملا۔ اگرچہ بالکلیہ نہ ہو۔ یاددہانی تو اپنے وطن کی ہو ہی گئی۔ آگے جس قدر ذکر اس میں ہوتا چلا جائے گا۔ اسی قدر تکمیل ہوتی جائے گی۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) اس مقام میں یہ درود شریف پڑھے۔ ''**صلی اللہ علی النبی الامی والہ وبارک وسلم**'' یا پھر یہ درود شریف پڑھے۔ ''**صلی اللہ علی محمد ن النبی الامی والہ وبارک وسلم**'' لیکن یہ یاد رہے۔ کہ ابتداء میں درود شریف پڑھنے کی کثرت کرے۔ اور کثرت ایک تسبیح سے گیارہ تسبیحات تک ہے۔ لیکن غلبہ ذکر ہی کا رکھے۔ اور ہمہ وقت ذکر میں مشغول ومستغرق رہے۔ درود پاک پڑھتے وقت اس بات کا خصوصی خیال رکھنا انتہائی ضروری ہے۔ کہ! سالک وطلب صادق کا جس لطیفہ پر سبق ہو۔ بوقت ذکر وہ سالک اور طالب صادق اپنے اسی سبق کے لطیفہ کو آنحضرت نبی مکرم ﷺ کے عین اسی لطیفہ کے مقابل کر کے (یعنی رکھ کر) درود شریف پڑھا کرے۔ اس طریقہ سے وہ لطیفہ بہت سرعت کے ساتھ ترقی پا کر کھل جاتا ہے۔ یعنی جاری ہو جاتا ہے۔

☆ **لطیفہ سر کا سبق:** نیت اس کی اس طرح پر ہے۔ کہ! تیسرا لطیفہ سر ہے۔ کہ جس کا نور سفید (یعنی کہ سر کی صفائی کے آثار سفید رنگ کے انوارات دکھائی دینے سے معلوم ہوتے ہیں) جبکہ زیرِ قدم حضرتِ موسیٰ کلیم اللہؑ اور ذکر اسمِ ذات ''اللہ اللہ اللہ'' ہے۔ مگر پہلے نیت سے مرشد کریم اس کو مثل قلب اور روح اس لطیفے کی پہچان کرائے۔ کہ دونوں انگلیاں بائیں پستان سے دو انگل سینے کی طرف رکھ کر دستِ راست کی انگلی شہادت ان کے آگے رکھ کر سمجھائے۔ کہ یہ اصل میں مقامِ سر

ہے۔اس میں انگلی رکھنے میں بڑا اثر ہے۔انگلی رکھ کر ''اللہ اللہ اللہ'' کہہ کر سمجھاتے ہیں۔تو برکتِ خواجگان ذکر اس لطیفہ میں جاری ہوجاتا ہے۔اس میں بھی پیر ومرشد کو چاہیئے۔کہ! مثل پہلے لطیفوں کے توجہاتِ کثیرہ دے۔اور مرید کو چاہیئے۔کہ! بڑے ادب واحترام، ذوق وشوق اور تشنگی واشتہا (بھوک) سے توجہ لے۔اس پر اسمِ ذات ''اللہ اللہ اللہ''حبسِ دم کے ساتھ کم اَز کم ایک ہزار مرتبہ کیا کرے۔یہ بھی سمجھنا ضروری ہے۔کہ! ہرایک لطیفہ کھلنے سے قلبی صفائی، حضوری اور جمعیت حاصل ہوتی ہے۔چونکہ یہ مقام مشاہدے اور دیدارِ الٰہی کا ہے۔قلب میں مشاہدہ اور دیدار نہیں ہوتا۔بلکہ اس میں ذکر کرنے سے مذکور کی طرف کشش ضرور ہوتی ہے۔اور اس میں مشاہدہ اور دیدارِ الٰہیہ حاصل ہوتا ہے۔پہلے اکابر نے جو قلب میں مشاہدہ لکھا ہے۔اس کا مطلب یہ ہے۔کہ جب قلب فانی ہوجاتا ہے۔تو سر کا نور کھلتا ہے۔اور قلب قرب کی وجہ سے اس نور سے بھر جاتا ہے۔تو صوفی معلوم کرتا ہے۔کہ قلب میں مشاہدہ ہوتا ہے۔ورنہ قلب کے مغضہ میں یہ بات نہیں۔اس کے ذکر میں عجائب و غرائب کیفیات ظہور میں آتی ہیں۔جو تحریر میں نہیں لائی جاسکتیں۔کیونکہ اس کی لذات اوروں سے کہیں زیادہ ہیں۔جب اس کا نور شروع ہوا۔اور یہ انوارات اپنے مقام سے نکلے۔تو اس نور کی وجہ سے اس لطیفہ کی پڑوسن معدوم ہوگئی۔تو پھر یہ اپنے اصل میں جاملتا ہے۔اور اس کی سیر تجلیاتِ ذاتیہ میں یا سیر فی اللہ کہلائے گی۔چونکہ یہ مجمع اسرارِ مشاہدہ ہے۔جو یہاں تک پہنچے گا۔وہی اسے پائے گا۔(انشاء اللہ تعالیٰ) اس لطیفہ پر اس درود شریف کی تسبیح پڑھی جائے گی۔'' **صلی اللہ علٰی حبیبہٖ محمد والہ وصحبہ وسلم** '' درود پاک پڑھتے وقت اس بات کا خصوصی خیال رکھنا انتہائی ضروری ہے۔کہ! سالک وطلب صادق کا جس لطیفہ پر سبق ہو۔بوقت ذکر وہ سالک اور طالب صادق اپنے اسی سبق کے لطیفہ کو آنحضرت نبی مکرم ﷺ کے عین اسی لطیفہ کے مقابل کر کے (یعنی رکھ کر) درود شریف پڑھا کرے۔اس طریقہ سے وہ لطیفہ بہت سرعت کے ساتھ ترقی پا کر کھل جاتا ہے۔یعنی جاری ہوجاتا ہے۔

☆ **لطیفہ خفی کا سبق:** نیت اس کی اس طرح پر ہے۔کہ! چوتھا لطیفہ خفی ہے۔کہ جس کا نور سیاہ (یعنی کہ لطیفہ خفی کی صفائی کے آثار سیاہ رنگ کے انوارات دکھائی دینے سے معلوم ہوتے ہیں۔جو سالک کو بعداَز صفائی نظر آتے ہیں) جبکہ زیرِ قدم حضرتِ عیسیٰؑ روح اللہؑ اور ذکر اسم ذات ''اللہ اللہ اللہ'' ہے۔مگر پہلے نیت سے مرشد کریم اس کو مثل دیگر لطائف کے اس لطیفے کی بھی پہچان کرائے۔کہ دونوں انگلیاں دائیں پستان سے دو انگل سینے کی طرف رکھ کر دستِ راست کی انگلی شہادت ان کے آگے رکھ کر سمجھائے۔کہ یہ اصل میں مقامِ خفی ہے۔ذکر اس پر اسمِ ذات ''اللہ اللہ اللہ''حبسِ دم کے ساتھ کم اَز کم ایک ہزار مرتبہ کیا کرے۔یہ بھی سمجھنا ضروری ہے۔کہ! ہرایک لطیفہ کھلنے سے قلبی صفائی، حضوری اور جمعیت حاصل ہوتی ہے۔ اور سیر اس کی اسی نور میں ہی ہے۔جیسا کہ ایک حدیثِ نبوی ﷺ میں بھی آیا ہے۔کہ! کسی نے آنحضرت رسالت مآب ﷺ سے پوچھا۔کہ! یارسول اللہ ﷺ ! جب زمین وآسمان کچھ (بھی) پیدا نہیں ہوا تھا۔تو اللہ تعالیٰ کی رہائشِ مقام کہاں تھی؟ تو آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا''**کان اللہ فی عماء** ''(اللہ تعالیٰ اندھے دُھند مقام میں تھا) یعنی کہ مخلوقات کی پیدائش سے پہلے اندھیرے (مثل بغیر چاند والی رات کی طرح تاریکی) میں تھا۔اور بعض بزرگوں نے اسی کو ہی ذاتی تجلی سمجھ لیا۔

اس بات کی دلیل یہ ہے۔کہ! آنکھ کی پتلی کی سیاہی موجب بصارت ہے۔اسی طرح یہ سیاہ تجلی موجب معرفتِ ذات الٰہی ہے۔جب اس میں ذکر جاری ہوجائے۔اور لطیفہ جوش میں آجائے۔اور اس کی پڑوسن جو اس لطیفہ کے عین نیچے ہے۔تو اس کی متوجگی اپنے اصل کی طرف ہوجائے گی۔مگر یہ حالت پیر ومرشد کی توجہ دینے اور مریدِ صادق کی توجہ لینے سے بہت جلد حاصل ہوجاتی ہے۔پیرا اپنے مرید کے لطیفہ میں توجہ اور ہمت سے ذکر جاری کرے۔تو مرید کے ذکر کرنے اور توجہ لینے سے لطیفہ اپنے اصل میں جاملے گا۔اور اس کا وجدان بھی ایک عجیب ہی حالت رکھتا ہے۔اس لطیفہ پر اس دعا کی ایک تسبیح پڑھنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔''**یا لطیف ادرکنی بلطفک یا لطیف** ''اور اس کے بعد یہ درود شریف کم اَز کم ایک تسبیح پڑھنی چاہیئے۔''**صلی اللہ علٰی حبیبہٖ محمد والہ وصحبہ وسلم** ''۔درود پاک پڑھتے وقت اس بات کا خصوصی خیال رکھنا انتہائی ضروری ہے۔کہ! سالک وطلب صادق کا جس لطیفہ پر سبق ہو۔بوقت ذکر وہ سالک اور طالب صادق اپنے اسی سبق کے لطیفہ کو آنحضرت نبی مکرم ﷺ کے عین اسی لطیفہ کے مقابل کر کے (یعنی رکھ) کر درود شریف پڑھا کرے۔اس طریقہ سے وہ لطیفہ بہت سرعت کے ساتھ ترقی پا کر کھل جاتا ہے۔یعنی جاری ہوجاتا ہے۔

☆ **لطیفہ اِخفی کا سبق:** نیت اس کی اس طرح پر ہے۔کہ! پانچواں لطیفہ اخفی ہے۔کہ جس کا نور سبز (کہ ذکر کرتے کرتے لطیفہ اخفی کی صفائی کے آثار سبز رنگ کے انوارات دکھائی دینے سے معلوم ہوتے ہیں) جبکہ زیرِ قدم حضرتِ سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ اور ذکر اسم ذات ''اللہ اللہ اللہ'' ہے۔مگر پہلے نیت سے مرشد کریم اس کو مثل دیگر لطائف کے اس لطیفے کی بھی پہچان کرائے۔کہ دونوں انگلیاں شہادت و وسطیٰ دائیں و بائیں پستان کے مابین سینے کے بیچ رکھ کر دستِ راست کی انگلی شہادت ان کے آگے رکھ کر سمجھائے۔کہ یہ اصل میں مقامِ اخفی ہے۔ذکر اس پر اسمِ ذات ''اللہ اللہ اللہ''حبسِ دم کے ساتھ کم اَز کم ایک ہزار مرتبہ کیا کرے۔یہ بھی سمجھنا ضروری ہے۔کہ! ہرایک لطیفہ کھلنے سے قلبی صفائی، حضوری اور جمعیت حاصل ہوتی ہے۔لیکن یاد رہے۔کہ ہم لوگ چونکہ محمدی ﷺ ہیں۔لہذا قلب کی طرح باقی لطائف کی نسبت اس پر بھی ذکر زیادہ کرنا چاہیئے۔اس کی سیر اور فوق الفوق دیگر گذشتہ تمام لطائف سے بہت اعلیٰ وارفع ہے۔بلکہ اس کی کچھ بھی انتہا نہیں۔اس لطیفہ کے سلسلے میں حضرت امام مجدد الف ثانیؒ فرماتے ہیں۔کہ یہ بے انتہا ہے۔کیونکہ یہ مقام ولایت محمدیہ ﷺ کا خاصہ ہے۔سید المرسلین ﷺ کا مقام اسی کا وسطِ سینہ ہے۔جمعیت کے معنیٰ یہاں پر یہ ہیں۔کہ! خطرات و وساوس سے پاک وصفی ہوکر ذکر میں تسلی وتسکین کا حاصل ہوجانا ہے۔یہاں تک حضوری وجمعیت کہ جیسے حضرت آدم نبیؑ کو تھی۔جب اُمتِ مرحومہ سید المرسلین ﷺ کی ہوئی۔تو سب ولایتیں ماتحت اس قرب کے ہوگئیں۔جو کہ ہمارے پیارے نبی اکرم ﷺ کو تھا۔لہذا لطیفہ اخفی میں جس کو کہ جمعیت وقرب نصیب ہوجائے۔تو وہ حامل ولائت نبوی ﷺ ہوگا۔اس کو ولایت محمدی ﷺ کہتے ہیں۔یہ مقام دیگر

(گذشتہ) تمام مقاموں سے افضل گردانا گیا ہے۔ ''طوبیٰ لہ ولمن راٰہ '' اس لطیفہ پر اس درود شریف کی کم اَز کم ایک تسبیح ہمیشہ بوقتِ ذکر ضرور پڑھنی چاہیئے۔ ''اللھم صلے علیٰ سیدنا محمد و علےٰ الِ سیدنا محمد م بعدد کل معلوم لک'' درود پاک پڑھتے وقت اس بات کا خصوصی خیال رکھنا انتہائی ضروری ہے۔ کہ! سالک وطلب صادق کا جس لطیفہ پر سبق ہو۔ بوقت ذکر وہ سالک اور طالب صادق اپنے اسی سبق کے لطیفہ کو آنحضرت نبی مکرم ﷺ کے عین اسی لطیفہ کے مقابل کر کے (یعنی رکھ کر) درود شریف پڑھا کرے۔ اس طریقہ سے وہ لطیفہ بہت سرعت کے ساتھ ترقی پا کر کھل جاتا ہے۔ یعنی جاری ہوجاتا ہے۔ جب لطائف کھل جائیں۔ اور شیخ مقتدی اس طالب کو آگے ترقی دے دیں۔ اور پھر وہی گیارہ تسبیحات (یعنی 11 سو مرتبہ) یہ درود شریف پڑھتے رہیں۔ ''صلے اللہ علیہ وسلم'' مگر ذکر کی کثرت رکھے۔ اور بالآخر حقیقتِ محمدیہ ﷺ میں جا کر یعنی سلوک طے کر لینے کے بعد درود شریف کی جس قدر کثرت کی جائے۔ اسی قدر نفع زیادہ حاصل ہوگا۔ اگر کوئی اور کام نہ ہو۔ تو دن رات درود شریف پڑھنا بہت ہی زیادہ مفید ہوگا۔ مگر شروع میں ذکر زیادہ کرنا لطائف کے جاری ہونے کے لئے زیادہ ضروری ہے۔ یہ بات بھی ذہن نشین رہنی چاہیئے۔ کہ!

☆ جس کو لطیفہ قلب میں یہ قربت وحضوری حاصل ہو۔ اور ذکر حضرت آدمؑ کا سا ہو۔ وہ ''آدمی المشرب'' کہلاتا ہے۔ ☆ جس کو لطیفہ روح میں یہ قربت وحضوری حاصل ہو۔ وہ آدمی ''ابراہیمی ونوحی المشرب'' کہلاتا ہے۔ ☆ جس کو لطیفہ سر میں یہ قربت وحضوری حاصل ہو۔ وہ آدمی ''موسوی المشرب'' کہلاتا ہے۔ ☆ جس کو لطیفہ خفی میں یہ قربت وحضوری حاصل ہو۔ وہ آدمی ''عیسوی المشرب'' کہلاتا ہے۔ ☆ جس کو لطیفہ اخفیٰ میں یہ قربت وحضوری حاصل ہو۔ وہ آدمی ''محمدی المشرب'' کہلاتا ہے۔ اس مقام کی ولایتیں پانچ ہیں۔ جو متعلق بہ عالمِ امر کے ہیں۔ ولایت آدمی۔ ولایت خلیلی۔ ولایت موسوی۔ ولایتِ عیسوی اور ولایت محمدی ﷺ۔ یہ پانچویں اور آخری ولایت جامع ولایات ہے۔ یہاں عناصر اربعہ اور نفس کو قرب الٰہی ہوتا ہے۔ اور ان کے سمیت سات ولایتیں ہوجاتی ہیں۔ کیونکہ اولعزم انبیاءؑ بھی تو پانچ ہی ہوئے ہیں۔ اور ان چاروں کے اوپر ہی ولایتِ محمدی ﷺ ہے۔ اور اس طریقہ عالیہ نقشبندیہ (مجددیہ) پانچوں ولایتیں حاصل ہوجاتی ہیں۔ مگر جس کا غلبہ وتصرف حاصل ہو۔ طالب مولا بھی اسی ولایت سے ہی نامور ہوتا ہے۔ **الحمد للہ علیٰ احسانہ۔**

☆ **لطیفہ نفس کا سبق:** نیت اس کی یہ ہے۔ کہ! چھٹا لطیفہ نفس ہے۔ کہ جس کا نور بے رنگ سیاہی مائل نیلگوں آسمانی (کہ ذکر کرتے کرتے لطیفہ نفس کی صفائی کے آثار بے رنگ کے انوارات دکھائی دینے سے معلوم ہوتے ہیں) اور ذکر اسم ذات ''اللہ اللہ اللہ'' ہے۔ مگر پہلے نیت سے مرشد کریم اس کو مثل دیگر لطائف کے اس لطیفے کی بھی پہچان کرائے۔ کہ دونوں انگلیاں شہادت وسطیٰ پیشانی کے بیچ رکھ کر دستِ راست کی انگلی شہادت ان کے آگے رکھ کر سمجھائے۔ کہ یہ اصل میں مقام نفس ہے۔ ذکر اس پر اسمِ ذات ''اللہ اللہ اللہ'' حبسِ دم کے ساتھ کم اَز کم ایک ہزار مرتبہ کیا کرے۔ یہ بھی سمجھنا ضروری ہے۔ کہ! ہر ایک لطیفہ کھلنے سے قلبی و روحانی صفائی، حضوری اور جمعیت حاصل ہوتی ہے۔ اگر چہ حرکت اس جگہ چنداں نہیں ہوتی۔ تاہم پھر بھی جذب وشوق اور ذوق سے خالی نہیں رہتا۔ اس مقام پر بھی مرید کو اپنے پیرومرشد کی توجہ ضروری ہے۔ جبکہ عالمِ امر اس کا کوئی مقام نہیں۔ کہ جس جگہ یہ جائے۔ بلکہ یہ قالب جو عناصر سے مرکب ہے۔ نفس اسی کا حاکم ہے۔ یہ بات یاد رہے۔ کہ! اس مقام میں صوفیائے کرام کا کچھ اختلاف ہے۔ بعضے اس کا مقام ناف سے نیچے دو انگل کے فاصلے پر بتاتے ہیں۔ مگر حضرت امام مجدد الف ثانیؒ اس کا مقام پیشانی پر فرماتے ہیں۔ کہ! پیشانی پر اس کا سر ہے۔ اور زیرِ ناف اس کا دھڑ ہے۔ پس بہتر اور مناسب یہ ہے۔ کہ! جب نفس کے سر سے فارغ ہو چکے۔ تو زیر ناف بھی ذکر اسی طریق اور نیت سے کرے۔ اور اس ذکر میں ایک عجیب خاصہ یہ بھی ہے۔ کہ! جب کبھی کسی پر شہوت غلبہ کرے۔ اور محل حاجت میسر نہ ہو۔ تو اس مقام میں یعنی زیر ناف اسمِ ذات کا ذکر معہ تصور لکھائی بر ناف اسمِ ذات ''اللہ'' کرے۔ تو فوراً وہ خطرہ یعنی غلبہ شہوت کا ہٹ کے طبیعت ٹھنڈی اور شہوانی خواہش سے متنفر ہوجاتی ہے۔ اور مکمل توجہ ذکر الٰہی کی طرف ہوجاتی ہے۔ (یہ بارہا تجربہ کیا گیا ہے) جب نفس کی حالت میں بجائے تمرد (اکڑ وکبر) کے لذتِ ذکر آجائے۔ تو قالب کی طرف متوجہ ہونا چاہیئے۔ کیونکہ اس طرح نفس سرعت کے ساتھ فوراً اصلاح پا جائے گا۔ (انشاءاللہ تعالیٰ)

☆ **لطیفہ قالب کا سبق:** نیت اس کی اس طرح پر ہے۔ کہ! ساتواں لطیفہ قالب ہے۔ نور آتش لباس، ذکر نفی اثبات۔ اس جگہ پیرومرشد اپنے دائیں ہاتھ کی انگشتِ سبابہ (شہادت وکلمے کی انگلی) مرید کے اگر وہ مرد ہو۔ تو زیرِ ناف دو انگل کے فاصلے پر رکھ کر اور وسطِ سینہ میں لطیفہ اخفیٰ پر گذارتا ہوا انہی صفات سے مرید کے دائیں کندھے پر گزار کر لطیفہ روح وخفی وسر کے اوپر کھینچتا ہوا قلب تک پہنچائے۔ جس سے کہ ''لا'' معکوس بن جائے۔ (جیسا کہ آگے تصویر میں بھی آئے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ) پھر مرید کو اس مقام میں ذکر نفی اثبات کا حکم فرمائیں۔ (نفی اثبات کا مختصر مگر جامع طریقہ (سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ میں) یہ ہے۔ کہ! زیرِ ناف دو انگل کے فاصلے پر دم بند کرے۔ یعنی سانس کو روک رکھے۔ اور اس جگہ سے خیال کے ساتھ ''لا'' کو کھینچ کر وسطِ سینہ میں لطیفہ اخفیٰ پر گزارتا ہوا عین ماتھے پر کہ جہاں لطیفہ نفس ہے، اس میں اور دماغ میں گزارتا ہوا دائیں کاندھے سے ہوتا ہوا لطیفہ روح خفی اخفیٰ اور سر پر ہوتا ہوا ''الٰہ'' کی ضرب لگا کر پھر قلب پر ''اِلَّا اللّٰہُ'' کی ضرب زور سے اپنے تصور وتخیل کے ساتھ مارے۔ مگر یہ ذکر زبان سے نہ کرے۔ بلکہ زبان کو تالو سے لگا کر تصور وتخیل سے یہ ذکر کرے۔ اگر سالک اسی طرح سے ذکر میں محو مشغول ومستغرق رہے۔ تو اس پر لطائف کے بطون کھلنا شروع ہوجائیں گے۔ اور اگر لطائف کے اذکار میں پہلے کچھ کمی رہ گئی تھی۔ تو اب اس ذکر نفی اثبات سے وہ کمی یقینی طور پر پوری ہوجائے گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ) چونکہ یہ عناصر اربعہ (آب۔ خاک۔ آتش۔ باد) سے مرکب ہے۔ اور یہ اسی باعث الگ الگ اصلاح نہیں پا سکتے۔ کیونکہ ان کی معتدل ترکیب ہے۔ اس لئے ان کی اکٹھی اصلاح ہوتی ہے۔ اس لطیفہ کے ذکر کو سلطان الاذکار بھی کہا جاتا ہے۔

ہر چہ آید در دِلم غیرِ تُو نیست یا تُوئی، یا بُوئی، یا خوئے تُو

لطائف ستہ سے مانع حجابات : (بمطابق حضرت پیر سید محبوب علی شاہ بخاریؒ) :

ساتوں لطائف کے چالیس حجابات ہیں۔ جو بندے کو اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کے درمیان حائل و مانع ہوتے ہیں۔ یہ چالیس حجابات چار اقسام پر منقسم ہیں۔ ہر ایک قِسم سے دس حجابات رفع ہوتے ہیں۔ پہلے دس حجابات **حیات** کے نور سے اُٹھتے ہیں۔ دوسرے دس حجابات **علم** کے نور سے اُٹھتے ہیں۔ تیسرے دس حجابات **قدرت** کے نور سے اُٹھتے ہیں۔ اور چوتھے دس حجابات **ارادہ** کے نور سے اُٹھتے ہیں۔ ☆☆☆ **اِن چالیس حجابات کو دور اور** دفع کرنے کے لئے چالیس ایام کی خلوت میں ریاضت مقرر و متعین کی گئی ہے۔ کیونکہ ایک ایک دن کی ریاضت سے ایک ایک پردہ (حجاب) درجہ بدرجہ اُٹھتا چلا جاتا ہے۔ (اور تمام لطائف روشن و جاری ہو جاتے ہیں) وہ **چالیس حجابات یہ ہیں۔** 1۔ خاک۔ 2۔ آب۔ 3۔ باد۔ 4۔ آتش۔ 5۔ یبوست (خشکی)۔ 6۔ حرارت۔ 7۔ صُفراء۔ 8۔ بلغم۔ 9۔ سودا۔ 10۔ خون۔ 11۔ جُہل۔ 12۔ علم۔ 13۔ نظر۔ 14۔ حرص۔ 15۔ غناہ۔ 16۔ تکبر۔ 17۔ غصہ۔ 18۔ غفلت۔ 19۔ کثافت۔ 20۔ مخالفت۔ 21۔ رسوب۔ 22۔ شہوت۔ 23۔ دعوٰی۔ 24۔ خوف۔ 25۔ اُمید۔ 26۔ افعال۔ 27۔ اقوال۔ 28۔ قبض۔ 29۔ بسط۔ 30۔ کرامت۔ 31۔ نیند۔ 32۔ دن۔ 33۔ رات۔ 34۔ ناسوت۔ 35۔ ملکوت۔ 36۔ جبروت۔ 37۔ لاہوت۔ 38۔ ہاہوت۔ 39۔ خاتمہ۔ 40۔ سابقہ۔

یہ چالیس حجابات ہیں۔ جب سالک و طالبِ صادق (اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کے حصول کے لئے) چالیس ایام کی خلوت میں مکمل یکسوئی اور دلجمعی سے عبادت و مجاہدہ کر کے ساتوں لطائف کی سیر کر لیتا ہے۔ تو یہ چالیس حجابات اُٹھ جاتے ہیں۔

تڑپنے پھڑکنے کی توفیق دے ، دلِ مرتضیٰؓ ، سوزِ صدیقؓ دے

فلسفہء نفس ، نفسوں کی پہچان وغیرہ

حضرت جابرؓ فرماتے ہیں۔ کہ ! مجاہدین کی ایک جماعت حضرت جنابِ نبی مکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوئی۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ کہ ! آ گئے۔۔ بہت ہی خوب آئے۔ تم لوگ جہادِ اصغر سے جہادِ اکبر کی طرف آ گئے ہو۔ جس میں (کہ) بندے کو (اپنے) نفس سے جہاد کرنا پڑتا ہے۔

ذکرو اذکار کے مبادیات اور نفسوں کا بیان : جب کسی کو ایجادِ جسمانی کا علم حاصل ہو جائے۔ تو پھر اُسے حکمتِ معرفت زیادہ سمجھ میں آئے گی۔ (انشاء اللہ) یاد رہے۔ کہ ! جسدِ انسانی میں آٹھ چیزیں مہیا اور موجود ہیں۔ جب وہ آپس میں گھل مل گئیں۔ اور اِن میں باہمی امتیاز نہ رہا۔ تب پتلۂ خاکی کا خمیر جسمِ انسانی کی شکل و صورت میں ظہور میں آیا۔ اور وہ آٹھ چیزیں اصلی رنگ میں رنگی گئیں۔ اُن میں چار چیزیں ظاہر ہیں۔ جبکہ چار چیزیں باطن۔ جو کہ چار مخفی رنگ میں رہیں۔ اور چار باطن چار حصص میں تقسیم ہو گئیں۔ استعداد کے مطابق ہر ایک کا ایک نام رکھا گیا۔ دل مدور۔ دل عبرت۔ دل صنوبری۔ اور دل نیلوفری۔

دلِ مدور : یہ دل ذات و صفات کے نور سے منور و مزین ہے۔ **دلِ عبرت** : اس دل میں انکشافِ عشق، عاشق اور معشوق ہے۔

دلِ صنوبری : یہ دل تجلّیء عالم اور جامع جمیع صفاتِ الٰہی ہے۔ یہ لطیفہء ربانی اور نمونہء یزدانی ہے۔ اور بمعنی باطن یہ نگہبان و رہنما ہے۔ اسی ضمن میں ارشادِ ربانی (حدیثِ قدسی) ہے۔ کہ ! **ان فی جسد ابن آدم لمضغة وفی المضغة فواد و فی الفواد ضمیر سر و فی السر انا** ۔ (یعنی) یقیناً ! ابنِ آدم (یعنی ہر انسان) کے جسم میں ایک ٹکڑا گوشت کا ہے۔ اور اِس ٹکڑے میں دل ہے۔ اور دل میں ضمیر ہے۔ اور ضمیر (ایک) راز ہے۔ اور (وہ) راز میں ہوں۔ **دلِ نیلوفر** : مرکزِ فروعِ نفسانی اور معدنِ معانی ہے۔ کسوفِ طبیعت اور خسوفِ حقیقت اسی سے اور اسی کی وجہ سے ہے۔ جب حضرت آدم نبیؑ کا ظاہر و باطن آراستہ ہو گیا۔ تو اِن دونوں کے ارتباط سے آپؑ کو کیفیتِ بخار ہو گئی۔ کیونکہ ! اجزائے آدمؑ میں پہلے کوئی باہمی مناسبت نہ تھی۔ جو خصلت انسان کے ساتھ منسوب ہے۔ اسی بخار ہی کی وجہ سے ہے۔ آج ہر انسان میں ایک صفت مخصوص ہے۔ جبکہ خصلت کے اعتبار سے انسان کا شمار حیوانات میں ہوتا ہے۔ جب کوئی شخص دورانِ حال مر جائے۔ تو وہ اپنی خصلت کے نام سے موسوم ہو جاتا ہے۔ ''**الخناس. الذی یوسوس**'' کا اشاری اسی طرف ہے۔ جب کوئی شخص تزکیہ و تصفیہ ایسا کرتا ہے۔ جیسا کہ اس کا حق ہے۔ تو وہ خصائلِ اصلی کے نام کے ہمنام ہو جاتی ہیں۔ یہ بات تو بالکل واضح ہے۔ کہ ! جب پتلہء آدمؑ تیار ہو چکا تھا۔ اور اس میں حرکت و حرارت نہ تھی۔ تو قادرِ مطلق نے'' **فنفخت فیه من روحی** '' کے فرمانے کے مطابق اِس بے جان پتلے میں روح پھونک کر اسے زندہ (یعنی جاندار) کر دیا۔ اس میں جو بات پوشیدہ تھی۔ وہ خصلت کی نسبت سے ظاہر ہو گئی۔ اس سے چار دلوں نے چار نفسوں کی نسبت کو پایا۔ وہ چار نفس یہ ہیں۔ **نفسِ امّارہ. نفسِ لوّامہ. نفسِ مُلھمہ. نفسِ مطمئنہ** ۔

بات تو نسبتوں کی ہے ورنہ ، حَجرِ اسود بھی فقط پتھر ہے

اِن میں ہر ایک کے ساتھ علیحدہ علیحدہ ایک ایک خطرہ بھی ہے۔ قرآنِ حکیم میں واضح طور پر آیا ہے۔ کہ !'' **ولا تزکوا انفسکم** '' (ترجمہ) اپنے نفسوں کو عیب سے پاک مَت کہو۔ (اِن چاروں نفسوں معہ خطرات و خواب و علامات وغیرہا کی مفصل تشریح آگے سلسلہء عالیہ قادریہ کے اسمائے اصول و فروع اور بابِ تصوف میں بھی آئے گی۔ اگلے صفحات پر مختصر مگر جامع طور پر بیان کیا جائے گا۔ جبکہ متذکرہ چاروں نفسوں کو پیچھے مفصل بیان کیا جا چکا ہے)

تا یکِ نفس از نفس تُو پیدا است ہنوز ، بر درگہِ دل دیو غوغا ست ہنوز

جب تک تمھارے اندر نفس کا ایک بھی سانس باقی ہے۔ جان لو۔ کہ ابھی تک تمھارے دل پر شیطان ناچ رہا ہے۔

نفس سے متعلق حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دھلوی ؒ کا علمی بیان:

جواب: نفس کی چار اقسام یہ ہیں ۔نفس ناطقہ ۔نفس امارہ ۔نفس مطمئنہ ۔نفس لوامہ ۔ تفصیل ان چار نفوس کی یہ ہے ۔

۱۔ نفسِ ناطقہ : نفس ناطقہ گویا بیج کے مانند ہے ۔ جس کے معنی یہ ہیں کہ اس کی وجہ سے گویائی فصیح اور پاکیزہ قسم کی ہو۔کہ دل سے چسپاں ہو۔ عُلماء کے نزدیک اور جُہلاء کے نزدیک دلپذیر اور دل پسند ہو جائے ۔ **۲۔ نفس امارہ** : نفس امارہ گویا مانند شاخ کے ہے ۔جسکے معنی یہ ہیں ۔کہ گویائی بے فائدہ ہو۔کہ جس کو سُخن لااُبالی کہتے ہیں ۔اور عُمدہ کھانا اور ہر اُس چیز کی خواہش ہو۔کہ جس میں آخرت کا نفع نہ ہو۔ **۳۔ نفس مطمئنہ** :اس کی وجہ سے گویائی کبھی بہتر نہایت خوبی کے ساتھ ہو۔اور اس کے ساتھ نیک فعل بھی ہو۔اور کبھی نہایت قبیح گویائی ہو۔کبھی اللہ تعالیٰ کے امر ونہی کے موافق اس کا عمل ہوتا ہو۔اور کبھی شرع کے خِلاف ہوتا ہے ۔ **٤۔ نفس لوامہ** :اس کی وجہ سے شب وروز ہر لحظہ اور ہر ساعت شریعت ،طریقت ،حقیقت اور معرفت کے موافق اس کا عمل ہوتا ہے ۔حاصل کلام ان چاروں طریقوں کے خِلاف اسکا عمل نہیں ہوتا ۔

اقسامِ نفس اور اس سے ملحقہ / متعلقہ خطرات :

☆ **نفسِ اَمَّارہ** :نفسِ امارہ کی نسبت دلِ نیلوفر کے ساتھ ہے ۔اور قرآنِ پاک کی یہ آیت اِس پر شاہد ہے ۔**وما ابریء نفسي ان النفس لامارۃ بالسوء** ۔(یعنی)اور میں اپنے نفس کو بَری قرار نہیں دیتا۔یقیناً نفس تو بدی پر اُکساتا ہی ہے ۔(سورہ یوسف ۔آیت نمبر 53)اور اسی ضمن میں ایک حدیثِ نبوی ﷺ بھی وارد ہوئی ہے ۔حضور ﷺ نے فرمایا۔کہ! **اعدعدوک نفسک التی بین جنبیک** ۔(یعنی)نفسِ امارہ کے دو پہلو ہیں ۔ظاہر اور باطن ۔اور یہ دونوں اعتبار سے ذلیل وخوار ہیں ۔یہ انسان کو بدی کی طرف کھینچتا ہے ۔اور اِس سے حق راضی نہیں ہے ۔جو بھی کام بغیر مرضیءحق کے ہوگا۔اس میں سوائے ذلت و مذمت کے اور کچھ نہ ہوگا۔(یادرہے ۔کہ!)نفسِ امارہ کے متعلق اولیائے عظام فرماتے ہیں ۔کہ! نفسِ امارہ درحقیقت ایک خونخوار درندے کی مانند ہوتا ہے ۔جیسے کہ کوئی شیر، چیتا،لگڑ بگڑ یا بھیڑیا وغیرہ ۔کہ جب ان کو کوئی بھی معصوم جانور مثل ہرن وگرہ نظر آتا ہے ۔تو یہ اس کی معصومیت یا چھوٹے جسم پر ترس ورحم کئے بغیر اُسے چیر پھاڑ کر کھا جاتے ہیں ۔اسی طرح سے نفسِ امارہ بھی مثل درندے کے ہے ۔جو کہ بناء کسی رحم وترس کے انسان سے کئی قسم کے چھوٹے بڑے گناہ کرواتا ہے ۔اس نفس کے ساتھ خطرہءشیطانی رہتا ہے ۔جس کی تفصیل یہ ہے ۔

☆ **خطرہءشیطانی** : یہ نفسِ امارہ سے پیدا ہوتا ہے ۔اس کا مقام اسفل ہے ۔سوائے خلل وذلت کے اور کچھ اس کی شایانِ شان نہیں ۔یہ زبان درازی ،ایذارسانی ،جہل اور زیاں کاری اختیار کر کے ہمیشہ اسی میں مبتلا رہتا ہے ۔اگر کوئی سالک اس کی بیخ کنی کرنا چاہے تو چاہیئے ۔کہ! وہ ریاضتِ شاقہ کی بھٹی میں اپنے نفس کو پگھلائے ۔اور ہمیشہ زجر وتوبیخ کرتا رہے ۔اور اس کی تمام خباثتوں کے شر کو کلمہءطیبہ اور کلمہءشہادت کے ہمہ وقت وِرد کی تلوار سے کاٹ دے ۔تاکہ یہ صفت ذمائم سے باز آجائے ۔اور صفتِ محامد کی جانب گامزن ہو سکے ۔نفسِ امارہ کی بیخ کنی کے لئے ہر وقت خاموشی اختیار کرنے اور خلوت میں رہ کر کلمہءشہادت کا ورد کرنا بھی کافی حد تک کمی لاسکتا ہے ۔(یہ مجھ کمترین **البلوشی** کا بارہا کا مجرب عمل ہے)

عاشقاں ہر چند مشتاقِ جمالِ دل براند   دِل براں بر عاشقان از عاشقاں عاشق تراند
حُسن می نازو بعشق و عشق می نازو بحسن   اَرے اَرے ایں دو معنیٰ ، معنی یک دیگرند

☆ **نفسِ لوامہ** : نفسِ لوامہ میں نسبتِ دلِ صنوبری ہے ۔بمصداقِ آیتِ کریمہ **لا اقسم با النفس اللوامۃ** ۔(یعنی)اور میں نہیں ۔قسم کھاتا ہوں ملامت کرنے والے نفس کی ۔(سورہ قیامۃ ۔آیت نمبر 02)چونکہ یہ نفس علامتِ ملامت و مذمت کے ساتھ منسوب ہے ۔لہٰذا اس کے کام فخر وغرور کے ساتھ مشہور ہیں ۔چنانچہ سالکِ منزل اپنے حال سے آگاہ ہوتا ہے ۔اس لئے رشد وہدایت کی برکتوں سے اس سے ہوشیار رہتا ہے ۔اور اس کی حسبِ منشاء کوئی کام نہیں کرتا۔ویسے تو یہ نفس نفسِ امارہ کی نسبت کم خطرے والا ہوتا ہے ۔کیونکہ! یہ کسی سے گناہ کروانے کے بعد احساسِ ندامت پیدا کرتا ہے ۔لیکن اگر اس کی اصلاح نہ کی جائے ۔تو یہ دوبارہ نفسِ امارہ بن جاتا ہے ۔اس نفس کے ساتھ خطرہءنفسانی لگا رہتا ہے ۔جس کی تفصیل یہ ہے ۔

☆ **خطرہءنفسانی** : یہ نفسِ لوامہ سے متعلق ہے ۔اس کا مقام وسط ہے ۔اور اس کے بعض افعال کا تعلق موانستِ شیطانی سے ہے ۔اور بعض کا موافقتِ ملہمہ (جس کا بیان اسی خطرہءنفسانی کے بعد)سے ۔جبکہ بعض افعال اس کے اختیاری ہی ہوتے ہیں ۔یہ نفس ہمیشہ اصلاح وترقی وبزرگی وحبِ جاہ وبرتری اور وجاہت کا طلب گار وخواہاں رہتا ہے ۔دوسرے کو خود سے بلند وبالا یا بزرگ نہیں جانتا۔بزگوں اور صاحب مقام ومرتبہ کے طعنہ وتشنیع وشکایات بلکہ شب وستم اور بری صحبت وبے ہودگی اور گناہ کبیرہ میں مشغول ومنہمک رہتے ہوئے خوشی محسوس کرتا ہے ۔کسی کو برحق نہیں سمجھتا۔کیونکہ یہ خود کو برحق وعاقل وحاکم سمجھتا ہے ۔لوگوں کے سامنے عجز ونیکی اور پارسائی کا ڈرامہ رچاتا ہے ۔جبکہ باطنی طور پر متکبر اور سیاہ کار رہتا ہے ۔یہ بالکل جاننا یا سمجھنا ہی نہیں چاہتا۔کہ! بُری صحبت ،بے ہودگی وبرائی کا آغاز وانجام کیا ہوگا۔جب سالکِ منزل اس کو تمام عیوب ونقائص سے پاک ومصفٰی کرنا چاہے ۔تو چاہیئے ۔کہ! بھوکا رہنے ،کلمہءطیبہ،استغفار اور سورہ اخلاص (کم از کم صبح وشام **313** یا **1000** مرتبہ)کا وِرد کرنے ،شب بیداری ،کثرتِ صوم وصیام ،نوافل واذکار اور نفسِ امارہ والے افعال (یعنی خاموشی وخلوت)جس قدر کرتا رہے گا ۔فائدہ ہوگا۔(انشاءاللہ)یہ خطرہ نفسانی دائما وجاہت اور برتری کا خواہاں اور طلب گار رہتا ہے ۔(**البلوشی** کا بارہا کا مجرب عمل ہے)

آؤ سجدہ کریں عالم مدہوشی میں   لوگ کہتے ہیں کہ ساغر کو خدا یاد نہیں

☆ **نفسِ ملھمه** : نفسِ ملہمہ کی نسبت دلِ عبرت کے ساتھ ہے ۔ بمصداقِ آیہ ءِ کریمہ **و نفس و ما سواھا فا لھمھا فجورھا وتقو ھا** ۔(یعنی) اور(قسم ہے) انسانی جان (یعنی نفس) کی جس نے اسے سنوارا۔اور پھر اُس کی بدی اور پرہیز گاری اُس کے دل میں الہام کردی۔(سورہ والشمس ۔آیت نمبر 08-07) یعنی اخبارِ ظاہر کا باطن کے ساتھ اور باطن کی اخبار کا ظاہر کے ساتھ ،یعنی اس کا بذاتِ خود کوئی مزاج نہیں ۔(جیسا کہ علمِ نجوم میں ستارہ عطارد کی نسبت سعد کے ساتھ سعد اور نحس کے ساتھ نحس) بہرحال ! ریاضتِ شاقہ کی ادنیٰ توجہ سے اس کی اصلاح ہوجاتی ہے ۔اور خیانت دور ہوکر ضیافت پیدا ہوجاتی ہے ۔ پھر اپنے اصل حالت اور تقوٰی کی طرف پلٹ جاتا ہے ۔اس نفس کے ساتھ خطرہ ءِ ملکی جڑا رہتا ہے ۔جس کی تفصیل یہ ہے ۔

☆ **خطرہء ملکی** : اس کا تعلق نفسِ ملہمہ سے ہے ۔اس کا مقام بلند ہے ۔اس کے بعض افعال بمو انست خطرہ ءِ نفسانی ہیں ۔جبکہ بعض خطرہ ءِ رحمانی کے موافق اور نفسِ مطمئنہ کے مطابق ہیں ۔(خطرہ ءِ رحمانی اور نفسِ مطمئنہ کی تفصیل آگے آرہی ہے) یہ اکثر اپنے افعال (یعنی خطرہ ءِ رحمانی اور نفسِ مطمئنہ) میں مختار ہے ۔اس کو خطرہ ءِ ملکی اس لئے کہا جاتا ہے ۔کہ ! بعض ملک آتش ہیں اور بعض نوری ۔اور بعض میں نوری و ناری کی ملی جلی کیفیت ہے ۔جب نسبتِ نار غالب آجاتی ہے ۔تو نفس خصائلِ نار کو اختیار کرتا ہے ۔اور حقیقتِ ناری کا الہام کرتا ہے ۔اس پر جب نسبتِ نور غالب آتی ہے ۔تو یہ عالمِ نور اور اس کی حقیقت کا الہام کرتا ہے ۔اور افعالِ عالم کا منتظر رہتا ہے ۔ یہ نیک کو نیک اور بد کو بد کہتا ہے ۔کیونکہ ! یہ (خصائلِ نیک و بد میں) اپنے اختیار میں نہیں ہوتا ۔جب یہ اِن دونوں نسبتوں سے نکلنا چاہتا ہے ۔تو تو اکثر مراقبے میں رہتا ہے ۔اور شب روز کا اور اپنے جملہ اعمال وافعال ، واقوال کا محاسبہ کرتا رہتا ہے ۔کہ کتنے امورامر بالمعروف کے مطابق اور کتنے برخلاف ہوئے ۔ ہر وقت اپنے نفس کا محاسبہ کرکے اس کو مغلوب کرکے خصائلِ بد سے محفوظ اور امورِ حسنہ (یعنی نیک شمائل اور اطاعتِ الٰہی کے امور) کے عین مطابق ڈھالنے کی مسلسل جدوجہد میں محو ومستغرق رہتا ہے ۔تا کہ خطرہ ءِ ملکی دفع ہوجائے ۔اور صفتِ نوری اختیار کرے ۔ **(سبحان ذی الملک والمکوت ۔سبحان ذی العزۃ والعظمۃ والھیبۃ والقدرۃ والکبریاء والجبروت ۔۔۔)**

☆ **نفسِ مطمئنه** : نفسِ مطمئنہ دلِ مدور کے ساتھ منسوب ہے ۔بمصداقِ آیتِ کریمہ **یا یتھا النفس المطمئنۃ ۔ ارجعی الٰی ربک راضیۃ مر ضیۃ ۔ فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی** ۔ (یعنی) اے اطمینان والی جان ۔اَب لوٹ چل اپنے رب کی طرف ، تاکہ وہ تجھ سے راضی (اور) تُو اُس سے راضی ۔ پس داخل ہوجا میرے نیک بندوں میں ۔اور داخل ہوجا میری جنت میں ۔(سورہ فجر ۔آیت نمبر 30-27) یعنی سالکِ منزل کا کام اس کے اختیار سے باہر اور اختیارِ رضائے حق سے ہوتا ہے ۔اس کے تمام احکامات وافعال بارگاہِ حق میں عزیز ، منظور اور پسندیدہ ہیں ۔گویا کہ اس نے وہ مقام حاصل کرلیا ۔فعلِ محبوب ، محبوب ہوگیا ۔ یہ جنت وہ جنت ہے ۔کہ اس میں شر کا کوئی گزر نہیں ہے ۔اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے ۔کم ہے ۔جس خوش نصیب کو وہاں داخلہ ملے گا ۔اُسے خود بخود سب کچھ معلوم ہوجائے گا ۔

☆ **خطرہء روحانی** : یہ نفسِ مطمئنہ سے ہے ۔اس کا مقام اعلیٰ علیین ہے ۔اوصافِ اسمائے کیانی سے گزر کر متصف بأسمائے کیانی (اسمائے کیانی کی تفصیل جواہرِ خمسہ اور اورادِ غوثیہ میں موجود ہے ۔بسبب طوالت یہاں بیان نہیں کئے جارہے) سے گزر کر متصف باسمائے الٰہی ہوا ۔اس کی قرارگاہ شہادت ہے ۔اور وجوب سے موصوف ہے ۔جبکہ حقیقتِ انسانی بھی اسی سے منسوب ہے ۔ برزخ البرازخ ورب روحی اور رب الارباب یہی ہے ۔خطرہ ءِ روحانی کو اکثر بزرگوں نے رحمانی بتایا ہے ۔کیونکہ وہ عین اور اس کے عکس میں تمیز نہیں کرسکتے ۔ دونوں کو ایک ہی سمجھتے ہیں ۔ یہ ہر رنگ میں نمودار ہے ۔اور دونوں عالمین سے مجرد (تنہا ۔اکیلا) ۔لیکن یہاں دو احتمالات ہیں ۔ایک تو یہ کہ ! مشائخین نے عارف باللہ ہونے میں کمال حاصل نہ کیا ہو ۔اسی لئے خطرہ روحانی کو رحمانی کہہ دیا ۔جبکہ دوسرا یہ کہ ! اوصاف کو نہ پایا ۔اور خود پر قناعت کربیٹھے ۔جس کی وجہ سے روحانی کو رحمانی بتادیا ۔

☆ **خطرہء رحمانی** : یہ محض ذات کی صورتِ خاص ہے ۔روحِ انسانی جانتی ہے ۔کہ ! رب روحی ہے ۔اور انسان کی روح میں جو کچھ مثل نیک یا بد ظاہر ہوتا ہے ۔تو اس کو خطرہ ءِ روحانی کہتے ہیں ۔ جب تجلی روحانی کا ظہور ہوتا ہے ۔اور مشاہدہ و مکاشفہ وحضوری ، قبض وبسط ،تلوین وتمکین ظاہری و باطنی کی صورت پیدا ہوتی ہے ۔تو ذوق وشوق بہرحال نمایاں ہوجاتا ہے ۔تو اس حالت میں بے ساختہ زبان سے یہی نکلتا ہے ۔ **لا الـٰه الا اللـه الملک الحق المبین ۔ لیس کمثله شیء وھو السمیع العلیم** ۔رب روحی کا تعلق رب الارباب سے ہے ۔جب تعلقاتِ بشری مکمل طور پر ختم ہوجاتے ہیں ۔تو خطرہ ءِ روحانی ، رحمانی بن جاتا ہے ۔رب الارباب کی مناسبت سے تو اس کو خطرہ ءِ رحمانی کہتے ہیں ۔ سالکِ منزل جب تزکیہ وتصفیہ کے بعد ان مراتب پر فائز ہوتا ہے ۔تو **تخلقوا باخلاق اللہ** کا عین مظہر بن کر وہ اور بھی حُسن و جمال میں نمودار ہوتا ہے ۔تو چاروں قلوب (مدور ۔عبرت ۔صنوبری اور نیلوفر) ایک ہوجاتے ہیں ۔اور چاروں خطرات (شیطانی ۔نفسانی ۔ملکی اور رحمانی) ایک حقیقت بنتے ہیں ۔اور **قلب المؤ من بین الا صبعین من اصابع الرحمان** اس کی صفت ہوگئی ۔اس موقع پر روا نہیں کہ وہ ایک صفت کے ساتھ منسوب ہو ۔کیونکہ حق تعالیٰ کی ذاتی صفات دو ہیں ۔ایک جلالی اور دوسری جمالی ۔اور یہ دونوں عالمِ باطن سے منسوب ہیں ۔

ویکھ بندیا اسماناں تے اُڈ دے پنچھی — ویکھ تے سہی کی کردے نے
ناں او کردے رِزق ذخیرہ — ناں او بکھے مَردے نے
کدی کسے نے پنکھ پکھیرو — بھکے مَردے ویکھے نے
بندے ہی کردے رِزق ذخیرہ — بندے ہی بکھے مَردے نے

سلسلہء عالیہ قادریہ کے مریدین و معتقدین کے لئے مفید چارٹ

یہ جو مجھ میں دھمال ہے یہ مرشد کا کمال ہے

کتاب ''تذکرہ قادریہ'' از حضرت پیرسید طاہرعلاؤالدین بغدادی گیلانیؒ میں فرماتے ہیں ۔کہ! **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم. الحمد للہ رب العالمین. والصلوٰۃ والسلام علیٰ خیر خلقہ محمد والہ و اصحابہ اجمعین ۔اما بعد!** اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا۔ **و ما خلقت الجن والانس الا لیعبدون** ۔(اور مَیں نے انسانوں اور جنوں کو اپنے عبادت کے لئے پیدا کیا) تاکہ وہ مجھے پہچانیں ۔اور میری ہی طرف مشغول ہوں ۔(یاد رہے ۔کہ) سلسلہ عالیہ **قادریہ** میں عدد مقامات، صفات النفوس، سیر المقامات،عوالم المقامات ، مواضع الذکر، حالات المقامات واردات المقامات ، انوار المقامات اسماء الاصول اور اسماء الفروع کا نقشہ ذیل میں دیا جارہا ہے۔ذیل میں دیا گیا ٹیبل (جدول) سیدنا غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی کتاب **سرالاسرار فیمایحتاج الابرار** ۔ مجموعہ وظائف چشتیہ مہریہ اور فقیر نورمحمد سروری قادری کی کتاب ''**عرفان**'' اور دیگر کچھ عربی و فارسی قلمی نسخوں کی مدد سے منقول و ماخوذ ہے ۔ یہاں پر اس کا مکمل و جامع جدول دیا جاتا ہے ۔تاکہ سالکین و طابین کی تشنگی دور ہو سکے ۔

عدد مقامات	اول	دوئم	سوئم	چہارم	پنجم	ششم	ہفتم	نتائج یا مقامِ ہشتم
صفات النفوس	امارة	لوامة	ملهمة	مطمئنة	راضية	مرضية	كاملة	نفسِ مؤمن
کیفیات ومزاج	کنجوسی۔بخل	مکر	سخاوت	بخشش	کرامات	حسنِ خلق	گوشہ نشینی	مقامِ رضا۔عبدیت
سیر المقامات	سیرالی اللہ	سیرللہ	سیرعلی اللہ	سیرمع اللہ	سیرفی اللہ	سیرعن اللہ	سیر باللہ	سیرفنافی اللہ وبقاباللہ
عوالم المقامات (پیرسید طاہرعلاؤالدین گیلانیؒ)	ناسوت	ملکوت	جبروت	لاھوت	عماخ	ارواح	استغراق	جذب عقل
عوالم المقامات (فقیرنورمحمد سروری قادریؒ)	ناسوت	ملکوت	جبروت	لاہوت	یاہوت	یوہوت	ہَویت	بیت المعمور
مواضع الذکر (پیرسید طاہرعلاؤالدین گیلانیؒ)	صدر	عقل	قلب	روح	سر	سرالسر	خفی	اِخفیٰ
اسمائے لطائف (فقیرنورمحمد سروری قادریؒ)	نفس	قلب	روح	سر	خفی	اِخفیٰ	اَنا	سلطانُ الاذکار (شاید)
حالات المقامات (پیرسید طاہرعلاؤالدین گیلانیؒ)	رياضة	تمييز	محبة	عشق	وصل	غناء	جذب	تصرف
حالات المقامات (فقیرنورمحمد سروری قادریؒ)	میل	محبت	عشق	وصل	فناء	حیرت	بقاء	x
واردات المقامات (پیرسید طاہرعلاؤالدین گیلانیؒ)	شریعت	طریقت	معرفت	حقیقت	تمیز بالجذب	تمکین بالتلوین	وحی	خطاب بالجمع
واردات المقامات (فقیرنورمحمد سروری قادریؒ)	شریعت	طریقت	معرفت	حقیقت	مقامِ منتہیٰ	بازِشریعت	مقامِ جمع الجمع	x
انوار المقامات (پیرسید طاہرعلاؤالدین گیلانیؒ)	نورازرق	نوراحمر	نوراخضر	نورابیض	نوراصغر	نوراسود	نورورُدی	نورلیس لہ نور
انوار المقامات (فقیرنورمحمد سروری قادریؒ)	نیلا	زرد	سرخ	سفید	سبز	بنفشی	بے رنگ	بہشتی نور
اسماء الاصول (پیرسید طاہرعلاؤالدین گیلانیؒ)	لاالہ الااللہ	یا اللہ	یاھو	یاحی	یاواحد	یاعزیز	یا ودود	جرب الاسم
تعداد اسماء اصول (پیرسید طاہرعلاؤالدین گیلانی)	100000	78084	44636	20092	93420	74644	20010	x
تعداد اسماء اصول (بمطابق بعض کتب)	لاالہ الااللہ	یا اللہ	یاھو	یاحق	یاحی	یا قیوم	یاقہار۔یاصمد	x
تعداد اسمائے اصول (پیرسید مہرعلی شاہ گولڑویؒ) ہرایک کی تعداد ایک۔ایک لاکھ مرتبہ۔	لاالہ الااللہ 100000	یا اللہ 100000	یاحی 100000	یاواحد 100000	یاعزیز 100000	وھاب 1000000	ودود 100000	اسمِ اعظم 100000
اسمائے قادریہ (فقیرنورمحمد سروری قادریؒ)	کلمہ طیبہ	لاالہ الااللہ	یا اللہ	یاحی یاقیوم	یا واحد	یا احد	یا ھو	اسمِ اعظم
اسماء الفروع	وھاب	فتاح	واحد	احد	صمد	علی	عظیم	اسم الاعظم
تعداد اسمائے فروع	لاکھ	لاکھ	لاکھ	لاکھ	لاکھ	لاکھ	لاکھ	لاکھ
اسمِ تصور (فقیرنورمحمد سروری قادریؒ)	اللہ	للہ	لہ	ھو	محمدؐ	فقر	اللہ.محمد	اسمِ اعظم

مذکورہ بالا اس معلوماتی نقشے کی تفصیلات **سالکین** اپنے اپنے سلسلہ کے بزرگوں سے دریافت فرمائیں ۔تاکہ ہرقسم کی تشنگی دور ہو سکے ۔اور طالب صادق تمام قسموں کے روحانی مقامات کو آسانی طے کرسکے ۔مزید رہنمائی ہمارے مرشد ومربیؒ کی اولادوخلفاء سے بھی معلوم کی جاسکتی ہے ۔

ہے مُریدوں کو تو حق بات گوارہ لیکن شیخ و مُلا کو بُری لگتی ہے درویش کی بات

تمام نفسوں کے بیان میں

کتاب ''تذکرہ قادریہ'' میں حضرت سید طاہر علاؤالدین گیلانیؒ میں فرماتے ہیں۔ اسمائے اصول وفروع بتقریب الی اللہ تعالیٰ تعداد میں 13 ہیں۔ (یاد رہے۔ کہ حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑویؒ اسمائے اصول میں اسم 'وہاب' لکھتے ہیں۔ جبکہ حضرت پیر سید طاہر علاؤالدین بغدادی گیلانیؒ اسم ''ہو'' لکھتے ہیں۔ چونکہ یہ ایک معمولی اختلاف تھا۔لہذا بیان کردیا گیا) میں (فقیر البلوشی) یہ بات نہایت افسردگی اور ہم وغم کے تحت تحریر کررہا ہوں۔کہ! نہ صرف پاکستان بلکہ دُنیا میں اکثر خانقاہوں میں سلسلہ ءعالیہ قادریہ کے پیرانِ عظام میں سے اکثریت اسباقِ قادریہ کے ابتدائی اسباق سے ناواقف اور نابلد ہیں۔

چنانچہ اسمائے اصول سات اور اسمائے فروع کچھ (یعنی وہ بھی شاید سات ہی ہیں۔لیکن اسمائے اصول وفروع میں اسم ''**واحد**'' مشترک ہے) پس سات اسمائے اصول جو ہیں۔ وہ ساتوں نفسوں کے لئے ہیں۔اور ہر ایک نفس کا علیٰحدہ علیٰحدہ نام ہے۔ پس ہر اسم کے لئے تعداد مقرر ہے۔اور توجہ کی ضرورت ہے۔ ہر ایک نفس کے لئے پڑھے جاتے ہیں۔ چنانچہ ہر نفس کے متعلق سَیر ہے۔ عالم ہے۔محل ہے۔ ورود ہے۔نور ہے۔اور ذکر ہے (جیسا کہ! آگے آنے والے جدول اور مختصر مگر جامع شرح وتفصیل میں بیان کیا جائے گا۔ان شاءاللہ العظیم) جاننا چاہیئے۔کہ! قالبِ انسانی میں سات نفس ہیں۔اور ہر نفس اپنی (اچھی اور بُری) صفت سے متصف ہے۔اور ان میں سے ہر ایک کا نام بھی علیٰحدہ علیٰحدہ ہے۔اور ہر ایک کام بھی بلحاظِ صفت جدا جدا۔ چنانچہ ان سے نجات حاصل ہونے کا واحد ذریعہ خلوت (چلہ کشی) ہی ہے۔ بقول حضرت پیر سید طاہر علاؤالدین بغدادی گیلانیؒ! پس اِن اسمائے اصول وفروع کا ورد کرنے سے پہلے سالک کو لازم ہے۔کہ! (اِن اسماء کو ورد کرنے سے پہلے) اپنے مرشد سے اذن حاصل کرے۔ تفاوتِ الفاظی کو رفع کر کے حقیقی اسم کا سبق دے کر اجازتِ ورد دے دے گا۔ (انشاءاللہ تعالیٰ) ورد (شروع) کرنے سے پہلے یہ درود شریف کہ آنحضور نبی مکرم ﷺ کی طرف منسوب ہے۔کو پڑھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم. اللھم صل علٰی سیدنا محمد ن النور الذاتی الساری سرہ فی جمیع اٰثار السمآء واصفات و علٰی اٰلہ و اصحابہ عدد ما فی علمک مضا عفا بدوام ملک وامد یتک ۔(یاد رہے۔کہ!) اس درود شریف کا ایک مرتبہ پڑھنا ثواب کے لحاظ سے ہزار درودوں کے پڑھنے کے برابر ہے۔اس کے متعلق بزرگان اور اہلِ کشف نے یہ بھی فرمایا ہے۔کہ! تمام دینی ودنیاوی مقاصد برآری کے لئے پڑھنا مجرب ہے۔

چنانچہ اسمائے اصول سات اور اسمائے فروع بھی کچھ ہیں۔ (اور دونوں اسماء میں اللہ تعالیٰ کا اسمِ مبارک ''**یا واحد**'' مشترک ہے) جو سات اسمائے اصول ہیں۔ وہ ساتوں نفسوں کے لئے ہیں۔اور ہر ایک نفس کا ایک علیحدہ نام ہے۔اسی طرح ہر اسم کے لئے ایک مخصوص تعداد مقرر ہے۔اور توجہ کی ضرورت ہے۔ ہر ایک نفس کے لئے پڑھے جاتے ہیں۔ چنانچہ ہر نفس کے متعلق سَیر ہے۔ عالم ہے۔محل ہے۔ ورود ہے۔نور ہے۔اور ذکر ہے۔وغیرہ وغیرہ۔۔

اسباقِ سلسلہء عالیہ قادریہ کا بیان :

سلسہ ءعالیہ قادریہ شریف جو کہ آنحضور **شَیخ عبدالقادر الجیلانی**ؒ سے شروع ہوتا ہے۔اور اس عظیم المرتبت سلسلہءعالیہ کے اسباق انہوں نے اَز خود ترتیب دیئے ہیں۔جن کا جاننا سلسہ ءعالیہ قادریہ کے پیرانِ عظام اور مریدین وطالباقِ حق کے لئے نہایت ضروری بلکہ لازم ہیں۔جن کی مختصر تعریف و ترتیب یہ ہے۔کہ! ☆ شروع میں نمازِ پنج گانہ کے ساتھ ساتھ مکمل دن میں کلمہ طیبہ، استغفار ودرودوسلام کے مسلسل ولگاتار ورد سے تربیت کی جاتی ہے۔تاکہ پابندیءنماز اور یہ اوراد و وظائف مومن کے قلب وروح میں استقلال واستحکام کے ساتھ قرار پکڑسکیں۔ ☆ پھر نفس کشی اور فیضان سلسہ ءعالیہ،نعمتِ مترقبہ ،مشاہدات وکرامات کے دائمی حصول وفوائد ومنافع کے لئے طالبانِ حق کو اسمائے اُصول معہ توجہات اور اسمائے فروع کا دورہ کرایا جاتا ہے۔تاکہ بندہ نفسانی و شہوانی خواہشات سے یکسر آزاد ہوکر زُہد وعبادت،تقویٰ وتوکل علی اللہ، رضا برقضاء، آزادی اِز جھوٹ ومنافقت وغیرہ کی عظیم پٹڑی پر چلنے کے قابل ہوجائے۔

☆ پھر جب آنحضرت نبی مکرم ﷺ کے اشارہ (درعالم بیداری ورویاء) وہ **خلیفۃ اللہ فی الارض** کے عظیم منصب وعہدے پر فائزالمرام ہوکر عوام الناس کی مکمل خدمت کے لئے خود کو کوشاں کرلے۔اور مرید کو خلافت و اِذن بھی بارگاہ نبوت سے بتوسط حضرت علیؓ نصیب ہونا لازم ہے۔

سلسہ ءعالیہ قادریہ کے مکمل اسباق (اسمائے اُصول معہ توجہات، ونفس کے حالات وکیفیات وغیرہا) کا ذِکر اب قارئین کے لئے اگلے صفحہ پر پیش کیا جارہا ہے۔تاکہ قارئینِ سلسلہءعالیہ قادریہ کے ساتھ ساتھ دیگر سلاسل کے لوگ بھی بھرپور طریقے سے مستفید ومتنفع ہوسکیں۔ان شاءاللہ۔

جناب امیر المؤمنین علی المرتضیٰؓ نے فرمایا۔ ''جس کسی نے اپنے نفس کو پہچان لیا۔اُس نے (درحقیقت) اپنے رب کو پہچان لیا''۔ پس ہمارے پیارے نبی اکرم ﷺ کے بعد خلفائے راشدینؓ (وصحابہ کرامؓ) اہلِ یقین ہوئے ہیں۔خداوند تعالیٰ ہمیشہ ان سے راضی ہو۔کہ جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی طرف خاص اسلام کا راستہ بتلایا۔ پھر ان کے بعد مشائخ بزرگوار ہیں۔کہ جنہوں نے پروردگار عالم کے (تعلیم کردہ سیدھے) راستہ حق کی طرف گمراہوں کو ہدایت فرمائی۔جس طرح کی اُنہوں نے اُمت ہائے گذشتہ کے حال وقال اور تعبیر رویاء اور حوادث واحوال کو ملاحظہ کیا۔اور حاصل کیا۔پس مریدوں میں سے کوئی مرید اپنے (ہی) نفس کی شکل خواب میں دیکھے (اللہ تعالیٰ اِن کے اخلاق کو پاک کرے۔اور ان کے نفسوں کو صلاحیت بخشے۔آمین بجاہ سیدالمرسلین ﷺ)

تو مرید فی الفور اپنے واقع (یعنی عالمِ رویاء کے مشاہدے) کو اپنے مرشد کے حضور میں ظاہر کرے۔مرشد اس واقع کی پہچان کرے۔کہ کس دائرہ کے متعلق ہے۔تاکہ اس کو اپنا حال کما حقہ ظاہر ہوجائے۔ پس دائروں کے نام اور صفتیں حسبِ ذیل ہیں۔ چنانچہ اول دائرہ امارہ ہے۔ دوئم دائرہ لوامہ۔ سوئم دائرہ ملہمہ۔ چہارم دائرہ مطمئنہ۔پنجم دائرہ راضیہ۔ششم دائرہ مرضیہ اور ہفتم دائرہ کاملہ۔

ضروری ھدایات قبل اَسمائے اصول معہ توجہات وغیرھا :

سلسلہ عالیہ قادریہ میں اسمائے اصول واسمائے فروع نصاب کی حیثیت کے حامل ہیں ۔ جو کہ سالکِ مبتدی کو عارف وقت ولی کامل اکمل کے درجہ ومقام تک پہنچا دیتے ہیں ۔ بلکہ نفسِ امّارہ سے نفسِ مطمئنہ سے ہوتے ہوئے علیٰ کامل واکمل کے درجہ عظیمہ تک پہنچا دیتے ہیں ۔ بشرطِ کہ سلسلہ قادریہ کے کامل پیرو مرشد ومربی سے اجازت حاصل کر کے اِن اسماء کو معہ توجہات پڑھتے ہوئے مقامات ومدارج کو طے کیا جائے ۔ اور دورانِ خواندن اسمائے اُصول وفروع ، تمام حالات وکیفیات کو اپنے مرشد ومربی کو مطلع کیا جائے ۔ اسمائے اصول اور اسمائے فروع کی تعداد ایک ۔ ایک لاکھ سے پانچ لاکھ تک مقرر ومعین کی جائے ۔ (جیسا قدیم قلمی نسخوں میں مندرج ہے) اور ہر ہر اسمِ اصول کو سینکڑہ کے بعد اس کی متعلقہ توجہ کو کم اِز کم تین یا دس مرتبہ معہ تسمیہ لازمی پڑھا جائے ۔ اسمائے اصول میں پہلے اسم کے علاوہ تمامی اسماء کو پڑھنے کا یہ طریقہ ہے ۔ جیسا کہ دوسرے اسم کی یہاں مثال پیش کی جارہی ہے ۔

یا الله . الله. الله . **الله** ۔ اسی طرح باقی اسماء بھی وردِ زبان رکھنے ہیں ۔ (یعنی پہلے ندا کے ساتھ اور پھر تین مرتبہ بغیر ندا کے)

اور اسی طرح سے ہر ایک اسمِ اُصول کو کم اَز کم دس یا چالیس یا صد ایام میں ختم کیا جائے ۔ جبکہ اسمِ فروع کے ہر ایک اسم مبارک کو کم اَز کم دس اور زیادہ سے زیادہ بیس ایام میں ختم کیا جائے ۔ یاد رہے ۔ کہ ! ہر دائرہ نفس کے خیالات مثل خیر وشر (یعنی کہ شر سے چھٹکارے اور خیر کے حصول) کے لئے اسمائے نہ گانہ (اسمِ نہ گانہ یہ ہیں ۔ اول اسم **لا اله الا الله**۔ دوئم اسم ۔ **الــلـــــه** سوئم اسم ۔**ھــو**۔ چہارم اسم ۔**حق**۔ پنجم اسم ۔**حی**۔ ششم اسم ۔**قیوم**۔ ہفتم اسم ۔**قھار**۔ ہشتم اسم ۔**دائم**۔ نہم اسم ۔**صمد**) پیشِ خدمت ہیں ۔جن میں سے ہر اسم کے ورد کی تعداد پانچ پانچ لاکھ مقرر ومعین ہے ۔ان اسماء میں عجیب الاقسام تاثیرات ہیں ۔ ہر ذکر کے اختتام کے بعد تصورِ شیخ کا ہونا اَز حد ضروری ہے ۔اور ذکر کے کم از از 45 منٹ تک نہ کچھ کھایا جائے اور نہ ہی پیا جائے ۔

☆ اسمِ اول : **لا اله الا الله**۔ اسم اول کے ذکر کے وقت نفس کی حالت : نفسِ امارہ ۔

(**ان النفس لا مارة با لسوٓء**۔ یقیناً نفسِ امارہ (تو) انسان کو برائی سکھاتا رہتا ہے ۔ سورہ یوسف ۔ آیت نمبر **53**)

نفسِ امارہ کی صفات : کنجوسی ۔ بخل ۔ کبر ۔ نشہ ۔ شہوت ۔ حسد ۔ غفلت ۔ غیبت (لیکن سالک ان خامیوں کو قطعاً خاطر میں نہ لائے ۔ بلکہ اِن منفی کیفیات کے وقت ذکر کو زیادہ کر دینا چاہیئے ۔ اگر ہو سکے ۔ تو اسی ذکر کو بوقتِ وساوس نفی اثبات یا دو یا چہار ضربی ذکر کے طرز پر کرے)

اسمِ اول کے ذکر سے سیر کا حاصل مقام :	**سَیر الا الله تعالیٰ**۔
اسمِ اول کے ذکر سے عالم کا مقام :	ناسوت ۔
اسمِ اول کے ذکر کا موضع الذکر :	صدر (سینہ) ۔
اسمِ اول کے ذکر کا حالِ مقام :	ریاضت ۔
اسمِ اول کے ذکر کا وارِدِ مقام :	شریعت ۔
اسمِ اول کے ذکر کے نور کا رنگ :	ارزق ۔
اسمِ اول کے ذکر کے وقت اسم تصور وتخیل :	**الله**۔
اسمِ اول کے ذکر کی تعداد :	**ایک یا دس** لاکھ (دورانِ ذکر اس اسم کو ہر سینکڑہ کے بعد تین یا دس مرتبہ توجہ معہ تسمیہ بھی ضروری ہے)

☆ اسمِ اول : **لا اله الا الله**۔

اسمِ اول کی خصوصی توجہ : **بسم الـله الرحمٰن الر حیم. اِلٰهِیْ اَظْهِرْ عَلٰی ظَا هِرِیْ سُلْطَانَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اللّٰه ُ.لا اله الا الله لا الـه الا الـله ُ.وَ حَقِّقْ بَا طِنِیْ بِحَقَآ ئِقِ لا اله الا الله ُ.لا اله الا الله ُ.لا اله الا الله ُ.وَاسْتَغْرِقْ فِیْکَ ظَاهِرِیْ بَا حَاطَةِ لا الـه الا الـلـه ُ.لا الـه الا الـلـه ُ.لا اله الا الله ُ.وَاحْفِظْنِیْ اَللّٰهُمَّ بِکَ لَکَ فِیْ مَرَاتِبِ وُجُوْدِکَ بِشُهُوْدِکَ وَ صِفَا تِکَ حَتّٰی لَآ اَشْهَدَ غَیْرَ اَفْعَا لِکَ وَصِفَا تِکَ بِوَ جْهِکَ الْحَقِّ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اِللّٰه ُ.لا اله الا الله ُ.لا اله الا الله ُ**۔

☆ پس اسمِ اول (**لا الـه الا الـلـه**) برائے نفسِ امارہ ہے ۔ جو کہ سب سے زیادہ گناہوں کی طرف مائل کرنے والا ، نہایت سختی سے دنیاوی لذتوں کی طرف کھینچ کر لے جانے والا اور بدکاریوں وفواحشات کی طرف راغب کرنے والا ہے ۔ جیسا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ (قرآنِ حکیم میں) ارشاد فرماتے ہیں ۔ **ان النفس لا مارة بالسوٓء**۔ سورہ یوسف ۔ آیت نمبر **53** ۔ (بے شک نفس برائی سکھانے والا ہے)

☆ اسمِ اول (**لا الـه الا الـلـه**) نفسِ امارہ کے لئے ہے ۔ سَیر (اور رفتار) اس کی **الـی الـلـه** یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف ۔ اور جہاں اس کا یہ جہاں (یعنی عالمِ ناسوت) اور جائے رہائش (محل) اس کا سینہ (صدر) اور حال اس کا توجہ وخواہش منجانبِ خدا ۔ اور وارد (یعنی آنا اور راہ بتلانا) اس کا شریعت ہے ۔ اور نور اس کا مائل سیاہی (کبود) ہے ۔

نفسِ الامارۃ کی کیفیات وحالات ،صفات معہ خواب:

نفسِ امارہ :بقول حضرت پیر سید طاہر علاؤالدین بغدادی گیلانیؒ ! اس کی صفتیں کنجوسی ۔بخیلی ۔حرص واَنا۔ بیوقوفی ۔ بدی ۔ کینہ اور غضب و غصہ ہے ۔(اسی کتاب میں حضرتؒ فرماتے ہیں ۔کہ! نفس امارہ، جو کہ نہایت سرکش ۔ نافرمان ۔ نا تابع ۔اور گناہوں ،فواحشات ، بدکاریوں کی طرف سخت مائل کرنے والا ہے)اِن (تمام)صفات (خاصیاتِ منفیہ) سے نجات حاصل کرنا اسمِ اول سے ہی ممکن ہے ۔اور وہ اسم **لا الہ الا اللہ** ہے ۔اس کے ورد کی تعداد ستر ہزار (یا ایک لاکھ) مرتبہ ہے ۔ چنانچہ بعد (حصولِ) طہارت و وضو دو رکعت نمازِ نفل اس طرح پڑھے ۔کہ ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور بعد اس کے جو سورہ کہ چاہے پڑھے ۔ پس سلام پھیرنے کے بعد یہ کلماے پڑھے ۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم. اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَشۡتَرِیۡ مِنۡکَ نَفۡسِی الۡاَمَّارَۃُ بھذہ السبعین الفا مرۃ** ۔(اے اللہ تعالیٰ ! میں تجھ سے اپنے نفسِ امارہ کو ان ستر ہزار مرتبہ اسم (کے وِرد) کے عوض خریدتا ہوں) پھر فرمانِ مرشد کے مطابق روزانہ ورد کرے ۔ پھر بمطابق طریقہ اسمِ اول میعادِ معینہ تک ختم کر کے اگلا اسم شروع کر دے ۔

☆ **اول دائرہ نفسِ امارہ** : جو بدی کی طرف سخت ترین مائل کرنے والا اور کفر وعناد کی صفتوں سے متصف ہے ۔ جب کوئی شخص ان باتوں کو خواب میں آنے والی شکلوں وصورتوں میں ملاحظہ کرے ۔تو وہ اس اسم (**لا الہ الا اللہ**) کو شروع کرے ۔ جیسے کہ ! انسان خواب میں سور (خنزیر) یا کتا یا ہاتھی یا بندر (یا گدھا) یا سانپ یا بچھو یا چوہا یا پسو یا جوں یا چڑیا یا گدھ یا چیونٹی یا بیت الخلاء (**Toilet**) یا اصطبل یا شراب یا بھنگ یا افیون (یا سگریٹ یا نسوار) یا اِن کی مثل کوئی چیز شراب وغیرہا سے ملتی جلتی ہو ۔گندا پانی یا کیچڑ یا ٹھہرا ہوا پانی مثلاً تالاب یا جوہڑ یا جاری پانی (کہ جس کا رنگ سیاہ یا مٹی کے رنگ جیسا ہو) وغیرہ کو (خواب میں) دیکھے ۔تو سمجھے ۔کہ ! یہ تمام خاصیتیں (منفی صفتیں) نفسِ امارہ ہی کی ہیں ۔ پس انسان (جب) ان صفتوں سے متصف ہو جائے ۔تو وہ خاص طور پر اپنے نفسیاتی خواہشوں کے تابع ہے ۔ پس اس (یعنی ایسے خواب دیکھنے والے شخص) کو اپنے نفسِ امارہ کی صفائی کے لئے اللہ تعالیٰ کی یاد اور عبادت کی سخت ترین ضرورت ہے ۔اور وہ ذکر کلمہ پاک (**لا الہ الا اللہ**) کی طرف متوجہ ہونا لازم ہے ۔پس اس دائرہ امارہ کو اسمائے اصول کے سب سے پہلے اسم سے منقطع کرے ۔اور (پہلے اسم کے) ذکر کے تین اصول ہیں ۔

☆ اول اصول ۔ **لا الہ الا اللہ** ۔ ☆ دوئم اصول ۔ **اللہ** ۔ ☆ سوئم اصول ۔ **ھو** ۔

☆ اول اصول ۔ **لا الہ الا اللہ** ۔ اور اس (اسم) کا فروع **لا معبود الا اللہ. لا محبوب الا اللہ. لا مقصود الا اللہ. لا موجود الا اللہ. لا مطلوب الا اللہ. لا مراد الا اللہ** ۔ اور ان (میں سے ہر ایک) کے ورد کی تعداد پانچ پانچ لاکھ مرتبہ پڑھنا ہے ۔اسمِ نہ گانہ سے اسم اول ہے ۔یعنی کہ ! پڑھنے کی تعداد اس طرح سے بنے گی ۔☆**لا معبود الا اللہ** ۔ پانچ لاکھ مرتبہ۔☆**لا محبوب الا اللہ** ۔ پانچ لاکھ مرتبہ۔ ☆**لا مقصود الا اللہ** ۔ پانچ لاکھ مرتبہ۔☆**لا موجود الا اللہ** ۔ پانچ لاکھ مرتبہ۔ ☆**لا مطلوب الا اللہ** ۔ پانچ لاکھ مرتبہ۔☆**لا مراد الا اللہ**۔ پانچ لاکھ مرتبہ۔

☆ دوئم اصول ۔ **اللہ** ۔ اور اس (اسم) کا فروع **یا باسط یا اللہ ۔ یا نور یا اللہ ۔ یا ھادی یا اللہ** ۔ اور ان (میں سے ہر ایک) کے ورد کی تعداد پانچ پانچ لاکھ مرتبہ پڑھنا ہے ۔ پڑھنے کی تعداد اس طرح سے بنے گی ۔☆**یا باسط یا اللہ** ۔ پانچ لاکھ مرتبہ۔☆**یا نور یا اللہ** ۔ پانچ لاکھ مرتبہ۔ ☆ **یا ھادی یااللہ**۔ پانچ لاکھ مرتبہ۔

☆ سوئم اصول ۔ **ھو**۔ اور اس (اسم) کا فروع **یا ھو انت ھو ۔ یا ھو انت ھو ۔یا ھو انت ھو یا اللہ** ۔ اور ان (میں سے ہر ایک) کے ورد کی تعداد پانچ پانچ لاکھ مرتبہ پڑھنا ہے ۔

مثال کے طور پر دائرہ نفسِ امارہ اگر (کوئی شخص) خنزیر کو خواب میں دیکھے ۔تو یہ صفت حرام ہے ۔اگر کتا دیکھے ۔ یہ تو صفت عقب وغصہ کی ہے ۔اگر ہاتھی دیکھے ۔تو یہ صفت غرور کی ہے ۔اور سانپ صفتِ منافقت کی ہے ۔اور بندر صفتِ سخن چینی کی ہے ۔اور بچھو صفت عذاب کی ہے ۔اور چوہے کی صفت خلقت سے پوشیدہ رہتی ہے ۔محض اللہ تعالیٰ کو معلوم ہوتی ہے ۔لہٰذا وہ اپنے نفس کی خواہش کے تابع ہے ۔جبکہ چڑیا ، جوں ، چچڑی اور پسو وغیرہ سے مراد ایسا گناہ کرنا ہے ۔ جو مکروہ ہو ۔اور گدھی سے مباشرت کرنا ایسا کام ہے ۔جس سے اسے نفع نہ ہو ۔اور بیت الخلاء (**Toilet**) سے مراد محبتِ دنیا میں غرق ہونا ہے ۔ پس جب شراب کو چکھے ۔تو یہ صفت حرام کاری پر دلالت کرتی ہے ۔اگر شراب دیکھے ۔مگر اس کو نہ چکھے ۔تو اس کے خیالات حرام کی طرف مائل ہوں گے ۔اگر شراب خانہ دیکھے ۔تو اس کے خیالاتِ فاسدہ موجزن رہیں گے ۔اسی طرح اسی قبیل کی دوسری چیزیں خواب میں دیکھنے کا مطلب بھی دائرہ نفسِ امارہ سمجھ لیجئے ۔

☆ اسمِ دوئم : **یاا اللہ**۔ اسمِ دوئم کے ذکر کے وقت نفس کی حالت : نفسِ لوامہ۔ (**ولا اقسم بالنفس اللوامۃ** ۔اور قسم کھاتا ہوں ملامت کرنے والے نفس کی ۔ سورہ قیامۃ ۔آیت نمبر**02**)

نفس لوامہ کی صفات : لوم ۔فکر ۔قبض ۔ عجب ۔ اعتراض (لیکن سالک ان خامیوں کو بھی قطعاً خاطر میں نہ لائے ۔ بلکہ اِن منفی کیفیات کے وقت ذکر کو زیادہ کر دینا چاہیئے)

اسمِ دوئم کے ذکر سے سیر کا حاصل مقام: سَیر للہ تعالیٰ۔
اسمِ دوئم کے ذکر سے عالم کا مقام: ملکوت۔
اسمِ دوئم کے ذکر کا موضع الذکر: عقل۔
اسمِ دوئم کے ذکر کا حالِ مقام: تمیز۔
اسمِ دوئم کے ذکر کا وارِدِ مقام: طریقت۔
اسمِ دوئم کے ذکر کے نور کا رنگ: احمر۔
اسمِ دوئم کے ذکر کے وقت اسمِ تصور و تخیل: **اللہ**۔
اسمِ دوئم کے ذکر کی تعداد: **اٹھہتر ہزار چوراسی یا تین لاکھ** (دورانِ ذکر اس اسم کو ہر سینکڑہ کے بعد تین یا دس مرتبہ توجہ معہ تسمیہ بھی ضروری ہے) اسمائے الٰہیہ ایسے پڑھیں گے۔ مثلاً ! **یا اللہ۔ اللہ ۔ اللہ ۔ اللہ۔** اِسی طرح دیگر اسماء۔۔۔

اسمِ دوئم کی خصوصی توجہ: **یَا اَللّٰہُ یا اللہ یا اللہ اِلٰہِیْ دُلَّنِیْ بِکَ عَلَیْکَ وَارْزُقْنِیَ الثَّبَاتِ عِنْدَ وُجُودِکَ مَا اَکُوْنُ مُتَادِّبًا م بَیْنَ یَدَیْکَ یَآ اَللّٰہُ یا اللہ یا اللہ اِلٰہِیْ بِعَظْمَتِکَ وَ جَلَا لِکَ اِرْزُقْنِیْ حُبُّکَ یَآ اَللّٰہ یا اللہ یا اللہ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ قَلْبَ عَبْدِکَ الضَّعِیْفَ مَظْھَرًا لِذَاتِکَ وَمَنْبَعًا لِاٰیَاتِکَ یَآ اَللّٰہ یا اللہ یا اللہ ۔**

☆ اسمِ دوئم (**اللہ**) برائے نفسِ لوامہ: نفسِ لوامہ وہ نفس ہے۔ کہ! جو نورِ دل کی ہدایت کے باعث گناہوں کے وقوع پذیر ہونے پر اپنے آپ کو سخت ملامت کرتا رہتا ہے۔ اور یہ نفس صلحاء اور اولیاء کو حاصل ہے۔ اسی لئے تو اللہ تعالیٰ نے اس (**نفس**) کی قسم اُٹھائی ہے۔ **لا اقسم بالنفس اللوامۃ**۔ سورہ قیامۃ۔ آیت نمبر **02** (اورنہیں میں قسم کھاتا دل کی اپنے اوپر ملامت کرنے والے)

یہ اسم (**اللہ**) نفسِ لوامہ کے لئے ہے۔ سَیر (اور رفتار) اس کی **للہ** یعنی اللہ تعالیٰ کے لئے۔ اور عالم اس کا برزخ (ملکوت) ہے۔ یعنی میانہ یا بینی وہ زمانہ کہ مرنے کے وقت سے لے کر قیامت تک ہے۔ جائے رہائش (محل) اس کا دل (قلب) ہے۔ جو (سینہ کے) بائیں جانب والے پستان کے نیچے بقدر چار یا دو انگل کے ہے۔ اور حال اس کا محبت ہے۔ اور وارد یعنی آنا اور راہ بتلانا اس کا طریقت ہے۔ اور نور اس کا زرد ہے۔

نفسِ لوامۃ کی کیفیات و حالات ، صفات معہ خواب:

اس (نفس) کی صفتیں مکر۔ ہوا۔ خود بینی۔ اور خواہشاتِ نفسانی ہیں۔ اور ان (تمام) سے رہائی پانا اس اسم کے ورد سے ممکن ہے۔ اور وہ اسم **اللہ** ہے۔ اور اس کا ورد ساٹھ ہزار (یا ایک لاکھ) مرتبہ ہے۔ پس اس (اسم) کے ورد کرنے سے قبل پہلے کی طرح دو رکعت نماز گزارے اور یہ کہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم. اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَشْتَرِیْ مِنْکَ نَفْسِیَ اللوامۃ بھذہ الستین الفا مرۃ۔ (اےاللہ تعالیٰ! میں تجھ سے اپنے نفس لوامہ کو ساٹھ ہزار مرتبہ اسم (کے وِرد) کے عوض خریدتا ہوں) پھر بمطابق طریقہ اسمِ اول میعادِ معینہ تک ختم کر کے اگلا اسم شروع کر دے۔

☆ دوئم دائرہ نفسِ لوامہ: اس کی صفتیں یہ ہیں۔ کہ! یہ نورِ دل کی ہدایت کے باعث گناہوں کے وقوع پذیر ہونے پر اپنے آپ کو سخت ملامت کرتا رہتا ہے۔ جب کوئی شخص ان باتوں کو خواب میں آنے والی شکلوں وصورتوں میں ملاحظہ کرے۔ تو وہ اس اسم (**اللہ**) کو شروع کرے۔ جیسے کہ! بھیڑ یا بکری یا گائے یا اونٹ یا مچھلی یا کبوتر یا بطخ یا مرغی یا درخت یا کھجور یا طعام ہائے پختہ یا کپڑا سلا ہوا یا گھوڑا بے زین یا بجھا ہوا دِیا۔ یا بجھا ہوا لالٹین یا بجھی ہوئی شمع یا پکی ہوئی روٹی یا دکانات یا عمارات یا محل یا ماڑی یا اِن کی مانند دیگر عمارات یا شہد یا گنا یا شربت وغیرہ کو کہا جاتا ہے۔ وغیرہ کو (خواب میں) دیکھے۔ تو سمجھے۔ کہ! یہ تمام علامتیں ونشانیاں دائرہ نفسِ لوامہ ہی کی ہیں۔ پس جب ان صفتوں اور خیالات سے متصف ہو۔ اور ساتھ ہی اس کا ارادہ دائرہ سوئم کی طرف (کوچ کرنے کا) ہو۔ تو وہ اصول سہ گانہ میں سے اسم '' **اللہ** '' کا ذکر کرے۔ کہ جس ترکیب سے قبل مرقوم ومذکور ہو چکا ہے۔

عشقِ اول ، عشقِ آخر ، عشقِ کل عشقِ شاخ وعشقِ نخل وعشقِ گل

اَب دائرہ نفسِ لوامہ کے حالات کی تفصیل بیان کی جاتی ہے۔ پس بھیڑ (چونکہ) حلال ہے۔ اور گائے کی صفت کام کرنا ہے۔ جس سے کہ انسان کو نفع پہنچتا ہے۔ اور اونٹ کی صفت بوجھ اُٹھانا ہے۔ اور تکلیف برداشت کرنا ہے۔ (بمطابق آنحضور نبی مکرم ﷺ۔ یعنی مومن کی شرط یہ ہے۔ کہ تکلیف برداشت کرے) مچھلی کی صفت یہ ہے۔ کہ! حلال روزی کھاتی ہے۔ نیز بطخ آبی یا مرغی یا کبوتر اور ان کی مانند پاکیزہ جانور (پرندے) حلال ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔ اور خرما اور شہد اخلاقِ پسندیدہ اور حمیدہ کی دلیل ہیں۔ اور پکے ہوئے کھانے اپنے کی خواہش کو ظاہر کرتے ہیں۔ اور جملہ قسم کے میوے بے معنیٰ کلام سے نجات پانے اور گھر یا دکانیں اپنے نفس کے عیش وآرام پر دلالت کرتے ہیں۔

☆ اسمِ دوئم کے فروع کا بیان۔ چونکہ اسم دوئم **اللہ** ہے۔ اور اس اسم (**اللہ**) کے فروع یہ ہیں۔ **یا نور یاباسط یا اللہ** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یا نور یا ھادی** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یا نور یا اللہ** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یاھادی یا اللہ** (پانچ لاکھ مرتبہ)

☆ اسمِ سوئم : **یا ھو۔**

اسمِ سوئم کے ذکر کے وقت نفس کی حالت : نفسِ ملہمہ ۔(**فا لھمھا فجورھا و تقوٰھا** ۔سورہ شمس ۔آیت نمبر **08**)

نفسِ ملہمہ کی صفات: سخاوت ۔قناعت ۔علم ۔تواضع ۔توبہ ۔صبر ۔تحمل (لیکن سالک ان خوبیوں کو قطعاً خاطر میں نہ لائے ۔ بلکہ اِن مثبت کیفیات کے وقت ذکر کو زیادہ کر دینا چاہیئے ۔اور ہر ہر لمحہ اللہ تعالیٰ کا شکرادا کرتے رہنا چاہیئے)

اسمِ سوئم کے ذکر سے سیر کا حاصل مقام: **سَیرعلی اللہ تعالیٰ۔**

اسمِ سوئم کے ذکر سے عالم کا مقام: جبروت ۔(فقیرنورمحمد سروری قادریؒ اس مقام کو حقیقتِ محمدی ﷺ سے موسوم کرتے ہیں)

اسمِ سوئم کے ذکر کا موضع الذکر: قلب۔

اسمِ سوئم کے ذکر کا حالِ مقام: محبت۔

اسمِ سوئم کے ذکر کا وارِدِ مقام: معرفت۔

اسمِ سوئم کے ذکر کے نور کا رنگ: اخضر۔

اسمِ سوئم کے ذکر کے وقت اسمِ تصور وتخیل: **لہ۔**

اسمِ سوئم کے ذکر کی تعداد : **چوالیس چھ سوچھتیس** یا ڈھائی لاکھ (دورانِ ذکر اس اسم کو ہر سینکڑہ کے بعد تین یا دس مرتبہ توجہ معہ تسمیہ بھی ضروری ہے)

اسمِ سوئم کی خصوصی توجہ : **یَا ھُوَ یَا مَنْ ھُوَ یَا اَللّٰہُ یَا ھُوَ ھُوَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتُ یَا ھُوَ یَا ھُوَ یَا ھُوَ. اِلٰھِیْ حَقِّقْ بَاطِنِیْ بِسِرِّ ھُوِ یَّۃِ ذَاتِکَ وَافْنِ مِنِّیْ اَنَا نِیَّتِیْ اِلٰی اَنْ اَتُصِلَ اِلٰی ھُوِ یَّۃِ ذَاتِکَ الْعُلِیَّۃِ یَا مَنْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ" اَفْنِ عَنِّیْ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ غَیْرِکَ وَ خَفِفْ عَنِّیْ ثِقْلَ کَثَائِفِ الْمَوْجُوْدَاتِ وَ اَمْحُ عَنِّیْ نُقْطَۃَ الْغَیْرِ یَّۃِ لَاشَا ھِدُکَ وَلَآ اَدْرِیْ غَیْرَکَ یَاھُوَ یَا ھُوَ یَا ھُوَ لَا سِوَاکَ مَعْبُوْدًا لَا سِوَاکَ مَقْصُوْدًا یَا وَجُوْدَ الْوُجُوْدِ یَا اَللّٰہُ یَا ھُوَ یَا ھُوَ یَا ھُوَ. وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَا لَمِیْنَ۔**

☆ اسمِ سوئم (**ھــو**) برائے نفسِ ملہمہ : نفسِ ملہمہ وہ نفس ہے ۔کہ! جواَز قسم نیکی کے خیالات دل میں ڈالتا ہے ۔اور خواب میں ظاہر کرتا ہے ۔(اولیاء اللہ کا یہ بھی وطیرہ رہا ہے ۔کہ! وہ اپنے مریدین کی اصلاح عالمِ رویاء میں آکر کرتے ہیں)

یہ اسم (**ھــو**)نفسِ ملہمہ کے لئے ہے ۔سَیر (اور رفتار)اس کی **عــلــی الــلــہ** یعنی اللہ تعالیٰ (کی معرفت) پر ۔اور عالم اس کا ارواح (جبروت) ہے ۔اور عالم سے مراد اصطلاحِ صوفیہ کرام میں عالم حقیقت یا عالم غائب یا عالمِ ملائکہ و عالمِ ارواح (بھی پرحادی) ہے ۔محل یا مقام اس کا روح ہے ۔ جو سینہ کے دائیں جانب والے پستان کے نیچے عین قلبی لطیفہ کے بالمقابل ہے ۔اور حال اس کا عشق ہے ۔اور وارد (یعنی آنا اور راہ بتلانا) اس کا معرفت ہے ۔اور نور اس کا سرخ ہے ۔

نفسِ ملھمنۃ کی کیفیات وحالات ،صفات معہ خواب:

اس (نفس) کی صفتیں قناعت ۔علم ۔تواضع ۔توبہ اور صبر وتحمل ہیں ۔اور ان کا حاصل کرنا اس اسم سوئم سے ہی ممکن ہے ۔اور وہ اسم **ھــــو** ہے ۔تعداد ورد اس اسم کی پچاس ہزار ہے ۔پس پہلے کی طرح نماز ادا کرے ۔اور کہے ۔ **بسم اللہ الر حمٰن الر حیم. اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَشْتَرِیْ مِنْکَ نَفْسِیَ الملھمۃ بھذہ الخمسین الفا مرۃ** ۔(اے اللہ تعالیٰ ! میں تجھ سے اپنے نفسِ ملہمہ کو پچاس ہزار مرتبہ اسم (کے وِرد) کے عوض خریدتا ہوں) پھر بمطابق طریقہ اسمِ اول میعاد معینہ تک ختم کر کے اگلا اسم شروع کر دے ۔

☆ سوئم دائرہ نفسِ ملہمہ : اس کی صفتیں قناعت ۔علم ۔تواضع ۔توبہ اور صبر وتحمل کے ہیں ۔جب کوئی شخص ان باتوں کو خواب میں آنے والی شکلوں و صورتوں میں ملاحظہ کرے ۔تو وہ اس اسم (**ھــو**) کو شروع کرے ۔جیسے کہ! ایسے ناقص انسان مثلاً عورتیں اور کافر یا ملحد یا بے دین یا بد اعتقاد یا مرتد (یعنی ایک سچے دین کو چھوڑ کر دوسرے باطل دین کی طرف راغب ہونے والے) یا سپاہی (فرنگی یا غیر مسلم سپاہی) یا داڑھی منڈائے ہوئے بے ریش (یا کھودے) یا لنگڑے سہرا یا یا گونگا یا جاسوس یا مست یا ہیجڑا یا غلام یا آزاد شدہ یا ہنسی خانہ یا اسی چیز جس کو کہ دیکھ کر ہنسی آئے یا پہلوان (کُشتی گزیدہ) یا چوکیدار یا قصہ گو یا دلال یا قصاب یا بہانہ ساز یا بھینگا یا اندھا یا مریضِ دق یا بندر کو (عالمِ رویاء میں) دیکھے ۔تو یہ تمام شکلیں دائرہ نفسِ ملہمہ پر دلالت کرتی ہیں ۔

پس جو کوئی شخص عورتوں کو خواب میں دیکھتا ہے ۔تو اس شخص کا نقصان عقل کی دلیل ہے ۔اور کافروں کو دیکھنا اس کے دین میں نقصان کی دلیل ہے ۔اور بے دین سپاہی ۔رافضی اس کے مذہب میں نقصان کی دلیل ہیں ۔اور داڑھی منڈایا یا تراشیدہ کا دیکھنا اس کے شرع میں نقصان کی علامت ہے ۔اور لنگڑے کو دیکھنا یہ ہے ۔کہ خلقت کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلائے ۔مگر خود اس کی فرمانبرداری نہ کرے ۔اور کھودے کو دیکھنا اللہ تعالیٰ کے احکامات کی تعمیل نہ کرے ۔اور اندھے

کو دیکھنا یہ کہ سچی گواہی کو چھپائے رکھے۔اور بہرے کا دیکھنا یہ کہ شریعت کی باتیں نہ سنے۔اور نہ ہی وعظ کی طرف کان دھرے۔اور گونگے کا دیکھنا یہ کہ سچی بات نہ کرے۔اور غلام کا دیکھنا کسی کے روبرو جو بات کہے۔اس کے عیب ہی کی کہے۔اور جاسوس کا دیکھنا یہ کہ سنت کا تارک ہو۔اور مدہوش کا دیکھنا عشقِ مجازی میں مبتلا ہونا ہے۔اور قمار باز (جوا کھیلنے والا) یا پہلوان یا مسخرہ یا قصہ گو کا دیکھنا ترکِ عبادت اور مباشرت بالزنا کی طرف کے دلائل ہیں۔اگر چور کو دیکھے۔تو یہ خلقت کے سامنے عبادت میں ریا کاری کی دلیل ہے۔اور دلال کا دیکھنا یہ کہ مجرموں سے اپنی نظروں کو نہ روکنا ہے۔اور دروغ گوئی پر دلالت کرتا ہے۔اور قصاب کا دیکھنا دیکھنے والے کی گمراہی پر دلالت کرتا ہے۔اور ان سے رہائی پانے کے لئے ریاضت اور عبادت کرنے اور دنیاوی تعلقات سے باہر آنے کی ضرورت ہے۔اور اس سے رہائی پانا اسم ''**ھو**'' کے شغل سے (ممکن) ہے۔

☆ اسم سوئم کے فروع کا بیان۔چونکہ اسم سوئم **ھو** ہے۔اور اس اسم (**ھو**) کے فروع یہ ہیں۔ **یا ھو انت ھو** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یا ھو انت ھو یا اللہ** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یا ھو یا من لا الہ الا ھو** (پانچ لاکھ مرتبہ) **احد ھو ھو احد** (پانچ لاکھ مرتبہ)۔ (اگر اس کو بھی شامل کر لیا جائے۔تو کثیر فوائد حاصل ہوں گے۔انشاء اللہ تعالیٰ۔ **یا ھو یا من ھو یا من لا ھو یا من لا الہ الا ھو** (یا) **من لا الہ الا ھو** (پانچ لاکھ مرتبہ)۔ از مؤلف ناچیز (البلوشی)

☆ اسمِ چہارم: **یا حی۔**

اسمِ چہارم کے ذکر کے وقت نفس کی حالت: نفسِ مطمئنہ۔(**یا یتھا النفس المطمئنۃ**۔سورہ فجر۔آیت نمبر **27**)

نفسِ مطمئنہ کی صفات: جود۔توکل۔حلم۔عبادت۔شکر۔راضی بالرضا (لیکن سالک ان خامیوں کو قطعاً خاطر میں نہ لائے۔بلکہ اِن منفی کیفیات کے وقت ذکر کو زیادہ کر دینا چاہیئے۔اگر ہو سکے۔تو اسی ذکر کو بوقتِ وساوس نفی اثبات یا دو یا چہار ضربی ذکر کے طرز پر کرے)

اسمِ چہارم کے ذکر سے سیر کا حاصل مقام: **سَیرمع اللہ تعالیٰ۔**

اسمِ چہارم کے ذکر سے عالم کا مقام: لاہوت۔

اسمِ چہارم کے ذکر کا موضع الذکر: روح۔

اسمِ چہارم کے ذکر کا حالِ مقام: عشق۔

اسمِ چہارم کے ذکر کا وارِدِ مقام: حقیقت۔

اسمِ چہارم کے ذکر کے نور کا رنگ: ابیض۔

اسمِ چہارم کے ذکر کے وقت اسم تصور و تخیل: **ھو۔**

اسمِ چہارم کے ذکر کی تعداد: بیس ہزار بیانوے یا دو لاکھ (دورانِ ذکر اس اسم کو ہر سینکڑہ کے بعد تین یا دس مرتبہ توجہ معہ تسمیہ بھی ضروری)

اسمِ چہارم کی خصوصی توجہ: **یَا حَیُّ یَا حَیُّ یَا حَیُّ اِلٰھِیْ اَحْیِنِیْ حَیٰوۃً طَیِّبَۃً وَّ اَسْقِنِیْ مِنْ شَرَابِ مُحَبَّتِکَ اَعْذَبَہٗ وَاَطْیَبَہٗ۔یَا حَیُّ یَا حَیُّ یَا حَیُّ اِلٰھِیْ حَقِّقْ حَیَاتِیْ بِکَ یَاحَیُّ یَاحَیُّ یَا حَیُّ۔اِلٰھِیْ اَظْھِرْ نُوْرِ حَیَاتِکَ فِیْ حَیَاتِیْ یَا حَیُّ یَا حَیُّ یَا حَیُّ۔ اِلٰھِیْ اَحْیِیْ رُوْحِیْ بِکَ حَیٰوۃً اَبَدِیَّۃً وَمَتِّعْ سِرِّیْ بِسِرِّکَ فِی الْحَضَرَاتِ الشُّھُوْدِیَّۃِ وَاَمْلَاءُ قَلْبِیْ بِالْمَعَارِفِ الرَّبَّانِیَّۃِ وَاَطْلِقْ لِسَانِیْ بِالْعُلُوْمِ اللَّدُنِّیَّۃِ یَا حَیُّ یَا حَیُّ یَا حَیُّ۔**

☆ اسم چہارم (**حـــی**) برائے نفسِ مطمئنہ: نفسِ مطمئنہ وہ نفس ہے۔کہ! جو بُری خصلتوں سے پاک اور نیک خصلتوں سے متصف ہو کر حضورِ الٰہی میں فائز ہو کر اطمینان کو پہنچتا ہے۔اسی لئے اس کا نام نفسِ مطمئنہ رکھا گیا ہے۔(در قرآنِ حکیم) بمصداق آیتِ کریمہ **یـا یتھـا الـنـفـس الـمـطـمـئـنۃ ارجعی الٰی ربک**۔سورہ فجر۔آیت نمبر **89-90** (اے مطمئن نفس (یعنی روح)! اپنے رب کی جانب لوٹ چل) یاد رہے۔کہ! یہ اسم (**حی**) نفسِ مطمئنہ کے لئے ہے۔سَیر (اور رفتار) اس کی **مــن اللہ** یعنی اللہ تعالیٰ سے۔اور عالم اس کا حقیقتِ محمدی ﷺ (لاہوت) ہے۔اور محل یا جگہ یا لطیفہ اس کا سر (راز) ہے۔جو مابین وابین دائیں اور بائیں پہلو کے، کہ خم معدہ ہے۔اور حال اس کا وصل ہے۔اور وارد (یعنی آنا اور راہ بتلانا) اس کا حقیقت ہے۔اور نور اس کا سفید ہے۔

نفسِ مطمئنۃ کی کیفیات و حالات، صفات معہ خواب:

اس (نفس) کی صفتیں بخشش۔توکل۔بردباری۔حقیقت و رضا اور شکر ہیں۔اور ان کا حصول اسمِ چہارم سے ہی ممکن ہے۔اور وہ اسم **حــق** ہے۔اور تعداد اس ورد کی چالیس ہزار (یا ایک لاکھ) مرتبہ ہے۔پس پہلے کی طرح نماز گزارے۔اور کہے۔**بسم اللہ الر حمٰن الر حیم۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَشْتَرِیْ مِنْکَ نَفْسِیْ الـمـطـمـئـنۃ بھذہ الاربعین الفا مرۃ**۔ (اے خداوندِ تعالیٰ! میں تجھ سے اپنے نفسِ مطمئنہ کو ان چالیس ہزار مرتبہ اسم (کے وِرد) کے عوض خرید تا ہوں) پھر بمطابق طریقہ اسمِ اول میعاد معینہ تک ختم کر کے اگلا اسم شروع کردے۔

☆ **چہارم دائرہ نفسِ مطمئنہ** : اس (نفس) کی صفتیں بخشش۔توکل۔بردباری۔حقیقت ورضا اور شکر ہیں۔ جب کوئی شخص ان باتوں کو خواب میں آنے والی شکلوں وصورتوں میں ملاحظہ کرے۔تو وہ اس اسم (**حق**) کو شروع کرے۔جیسے کہ! خواب میں انسان قرآنِ حکیم پڑھتے ہوئے یا کسی پیغمبرؑ یا (عادل ومنصف) بادشاہ یا عالم (باعمل) یا پیر یا قاضی (عادل ومنصف) یا کعبہ شریف یا مدینہ منورہ یا گنبدِ خضراء یا بیت المقدس یا جامع مسجد یا مدرسہ یا صالحین کے مکان یا جائے رہائش یا صدقہ وخیرات کرنا یا اِن (مذکورہ) کی مانند اور چیزیں، نیز تیر وکمان یا تلوار یا خنجر یا بندوق یا کتابیں دیکھتا ہے۔تو یہ سب متقیان و چیزیں و جگہیں اس کے نفسِ مطمئنہ پر دلالت کرتی ہیں۔اور اس سب کا حصول اسمِ **حق** کے ورد و وظیفے میں ہمہ وقت مشغول ومصروف رہنے ہی میں مضمر ہے۔

پس یاد رہے۔کہ! یہ صورتیں،نشانات اور علامتیں صرف وہی شخص دیکھتا ہے۔جو صادق وکامل ہوتا ہے۔اگر وہ خواب میں قرآنِ حکیم دیکھے۔تو یہ دیکھنا اس کے اپنے دل کی صفائی پر دلالت کرتا ہے۔اور یہ بھی ممکن ہے۔کہ خواب میں قرآنِ مجید سے وہی سورت دیکھے۔یا تلاوت کرے۔جو اس کے مطابق حال ہو۔یا آئندہ کے لئے کوئی اچھی نوید (خوشخبری) ہو۔پیغمبر ﷺ یا دیگر پیغمبروں کو دیکھنا اسلام اور ایمان کا نشان ہے۔بادشاہوں کا دیکھنا اللہ تعالیٰ کی عبادت وریاضت کی طرف رجوع کرنے یا ہونے کی علامت ہے۔اور عاشقِ حق یا شیفتہ وشیدائے کا دیکھنا اللہ تعالیٰ کی عبادت میں استقامت اور توجہ باطنی کی طرف رجوع کرنے کی ترغیب وعلامت ہے۔صدقہ وخیرات کرنا یا پیران ومرشدوں کا دیدار کرنا اپنے نفس کی رہنمائی کی علامت ونشانی ہے۔اور وہ شریف یا مدینہ منورہ یا گنبدِ خضراء یا بیت المقدس کی زیارت بحالت رویاء اپنے قلب اوہام و وساوس سے پاک ومبراء ہونے کی علامت ہے۔جامع مسجد وکسی مسجد یا جھنڈا یا کمر بند یا تیر وکمان کا دیکھنا شیطانی وساوس کی دلیل ہے۔اور ان سے رہائی یا نعمتوں کا حصول اسم **حق** کے ورد و وظیفے میں ہمہ وقت مشغول و مصروف رہنے ہی میں مضمر ہے۔اور یہی اسم چہارم اصولِ نہ گانہ کے نو اسموں میں سے ایک ہے۔اور فروع اس اسم کا یہ ہیں۔

☆ **اسم چہارم کے فروع کا بیان**۔چونکہ اسم چہارم **حق** ہے۔اور اس اسم (**حق**) کے فروع یہ ہیں۔ **یا مغیث ھو الحق** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یافرد ھو انت الحق** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یا حق انت الحق حق الحق** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یامجیب انت الحق** (پانچ لاکھ مرتبہ)۔

☆ **اسمِ پنجم** : **یا واحد**۔

اسمِ پنجم کے ذکر کے وقت نفس کی حالت: نفسِ راضیہ۔(**ارجعی الی ربک راضیة** ۔اپنے پروردگار کی طرف لوٹ چل۔تو اِس سے راضی ہو۔سورہ فجر۔آیت نمبر **28**)

نفسِ راضیہ کی صفات: زُہد۔اخلاص۔ورع۔وفا۔ترک مالا یعنیہ (لیکن سالک ان خوبیوں کو قطعاً خاطر میں نہ لائے۔ بلکہ اِن مثبت کیفیات کے وقت ذکر کو زیادہ کر دینا چاہیئے۔اور ہر ہر لمحہ اللہ تعالیٰ کا شکرادا کرتے رہنا چاہیئے)

اسمِ پنجم کے ذکر سے سیر کا حاصل مقام: **سَیرفی اللہ تعالیٰ**۔

اسمِ پنجم کے ذکر سے عالم کا مقام: یاہوت۔

اسمِ پنجم کے ذکر کا موضع الذکر: سرّ (راز)۔

اسمِ پنجم کے ذکر کا حالِ مقام: وصل۔

اسمِ پنجم کے ذکر کا وارِدِ مقام: تمیز بالجذب۔

اسمِ پنجم کے ذکر کے نور کا رنگ: اصفر۔

اسمِ پنجم کے ذکر کے وقت اسم تصور وتخیل: **محمد** (ﷺ)۔

اسمِ پنجم کے ذکر کی تعداد: ترانوے ہزار چار سو بیس (دورانِ ذکر ہر سینکڑہ کے بعد ایک مرتبہ توجہ اسم بھی ضروری ہے)

اسمِ پنجم کی خصوصی توجہ: **یَا وَاحِدُ یَا وَاحِدُ یَا وَاحِدُ اِلٰھِی اَنْتَ الْمَوْجُوْدُ اِجْعَلْنِیْ مُوَحِّدًا بِنُوْرِ وَحْدَانِیَّتِکَ مَنُوْ یَدّام بِشُھُوْدِ قُرْبِ اُنْسِکَ وَ فَرْدَانِیَّتِکَ یَا وَاحِدُ یَا وَاحِدُ یَا وَاحِدُ. اِلٰھِی اَنْتَ الْمُتَوَحِّدُ فِیْ ذَاتِکَ الْعُلِیَّةِ بِالُوْ ھِیَّتِکَ یَا وَاحِدُ یَا وَاحِدُ یَا وَاحِدُ**۔

☆ **اسمِ پنجم (واحد) برائے نفسِ راضیہ** : نفسِ راضیہ وہ نفس ہے۔کہ! جو بمصداق آیت کریمہ **رضی اللہ عنہ**۔سورہ مائدہ۔آیت نمبر **119** (راضی ہوا اللہ تعالیٰ اِن سے) کی ماہیت پیدا کرتا ہے۔اور یہ رضائے الٰہی پر راضی ہو جانے کی ترغیب دیتا ہے۔

یہ اسم (**واحد**) نفسِ راضیہ کے لئے مخصوص ہے۔سَیر (اور رفتار) اس کی **فی اللہ** یعنی اللہ تعالیٰ کے بارے میں۔اور عالم اس کا لاہوت (شاید یاہوت) یعنی عالمِ ذاتِ الٰہی ہے۔جہاں سالک کو اس مقام میں مرتبہ **فنا فی اللہ** کا حاصل ہوتا ہے۔اور مرتبہ صفات کو جبروت اور مرتبہ اسماء کو ملکوت کہتے ہیں۔محل یا مقام اس کا سرالسر یعنی منفرد ہے۔اور حال اس کا فنا ہے۔اور وارد (یعنی آنا اور راہ بتلانا) اس کا نہیں ہے۔اور نور اس کا سبز ہے۔

اولیاء را ہست قدرت از اللہ تیر جستہ باز آرندش راہ

نفسِ راضیۃ کی کیفیات وحالات ،صفات معہ خواب:

اِس (نفس) کی صفتیں کرامات ۔ زہدو ریاضت ۔ ذکر وفکر اور عشق ہیں ۔ اور اِن تمام خاصیتوں کا حصول اسی اسم سے ہی ممکن ہے ۔ اور وہ اسم **حی** ہے ۔ اور اس اسم کے ورد کی تعداد تیس ہزار (یا ایک لاکھ) ہے ۔ پس پہلے کی طرح نماز گزارے ۔ اور کہے ۔ **بسم الله الر حمٰن الرحیم. اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَشْتَرِیْ مِنْکَ نَفْسِیْ الراضیۃ بھذہ الثلا ثون الفا مرۃ** ۔ (اے بارِ خدا! میں تجھ سے اپنے نفسِ راضیہ کو اِن تیس ہزار مرتبہ اسم (کے وِرد) کے عوض خرید تا ہوں) پھر بمطابق طریقہ اسمِ اول میعاد معینہ تک ختم کر کے اگلا اسم شروع کر دے ۔

☆ **پنجم دائرہ نفسِ راضیہ:** اس (نفس) کی صفتیں کرامات ۔ زہدو ریاضت ۔ ذکر وفکر اور عشق ہیں ۔ جب کوئی شخص ان باتوں کو خواب میں آنے والی شکلوں وصورتوں میں ملاحظہ کرے ۔ تو وہ اس اسم (**حی**) کو شروع کرے ۔ جیسے کہ! خواب میں انسان جب کوئی نیک صالح شخص یا فرشتہ یا غلمان یا حور یا براق یا جنت یا زیور یا آفتاب و ماہتاب (عالمِ رویاء میں) دیکھے ۔ تو ان خوابوں کی تشریح یہ ہوگی ۔ کہ جب کوئی شخص کسی فرشتے یا غلمان یا حور یا جنت کو خواب میں دیکھے ۔ تو یہ اس کے عقلِ کل یا عقلِ تمام کے کمال اور تقربِ خداوند متعال کے حصول پر دلالت کرتی ہے ۔ جبکہ آفتاب و ماہتاب کا دیکھنا کبھی نہ کبھی معرفتِ خداوندی کے حاصل ہونے کی طرف رجوع کرنے کی ترغیب و دلیل ہے ۔ لہذا ان سے رہائی یا نعمتوں کا حصول اسم **حی** کے ورد و وظیفے میں ہمہ وقت مشغول و مصروف رہنے ہی میں مضمر ہے ۔ اور یہی اسم پنجم اصولِ نہ گانہ کے نو اسموں میں سے ایک ہے ۔

☆ **اسم پنجم کے فروع کا بیان** ۔ چونکہ اسم چہارم **حی** ہے ۔ اور اس اسم (**حی**) کے فروع یہ ہیں **یا حی لا حی غیرہ** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یا حی انت الحی** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یا علی یا جمیل انت الحی** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یا عظیم الا لطاف حی یا حی افننی** (پانچ لاکھ مرتبہ) **انی و ابقنی بک و بیان ذٰلک فالحور والجنۃ والملئکۃ** (پانچ لاکھ مرتبہ) ۔

☆ اسم ششم: **یا عزیز** ۔ اسمِ ششم کے ذکر کے وقت نفس کی حالت: نفسِ مرضیہ ۔ **(ارجعی الٰی ربک راضیۃ مر ضیۃ** ۔ اپنے پروردگار کی طرف لوٹ چل ۔ تو اس سے راضی ہو ۔ اور وہ تجھ سے راضی ہو ۔ سورہ فجر ۔ آیت نمبر **28)**

نفسِ مرضیہ کی صفات: حسنِ خلق ۔ ترک ماسوی اللہ ۔ اللطف بالخلق ۔ تقرب الی اللہ ۔ تفکر ۔ رضائے کاملہ (لیکن سالک ان خوبیوں کو قطعاً خاطر میں نہ لائے ۔ بلکہ اِن مثبت کیفیات کے وقت ذکر کو زیادہ کر دینا چاہیئے ۔ اور ہر ہر لحہ اللہ تعالیٰ کا شکرادا کرتے رہنا چاہیئے)

اسمِ ششم کے ذکر سے سیر کا حاصل مقام: **سَیرعن اللہ تعالیٰ** ۔
اسمِ ششم کے ذکر سے عالم کا مقام: یاہوت ۔
اسمِ ششم کے ذکر کا موضع الذکر: سرالسر ۔
اسمِ ششم کے ذکر کا حالِ مقام: غناء ۔
اسمِ ششم کے ذکر کا وارد مقام: تمکین بالتلوین ۔
اسمِ ششم کے ذکر کے نور کا رنگ: اسود ۔
اسمِ ششم کے ذکر کے وقت اسمِ تصور وتخیل: **فقر** ۔ اسم ششم کے ذکر کی تعداد: چوہتر ہزار چھ سو چوالیس یا دو لاکھ (دورانِ ذکر اس اسم کو ہر سینکڑہ کے بعد تین یا دس مرتبہ توجہ معہ تسمیہ بھی ضروری ہے)

اسمِ ششم کی خصوصی توجہ (بمطابق حضرت پیر سید طاہر علاؤالدین گیلانیؒ): **یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ اِجْعَلْنِیْ مِنْ عِبَادِکَ الْعَزِیْزِ الذَّاکِرِیْنَ. یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ یَا اِلٰھِیْ عَزِّزْنِیْ بِعِزَّتِکَ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ اِلٰھِیْ وَاجْعَلْنِیْ مُکَرَّمًا یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ** ۔ اسمِ ششم کی خصوصی توجہ: (بمطابق حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑویؒ) **یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ اِجْعَلْنِیْ بِعِزَّتِکَ مِنَ الْاَعَزِّیْنَ بَیْنَ یَدَیْکَ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ اِسْتَعْمِلْنِیْ بِاَعْمَالِ الْاَعَزِّیْنَ لَدَیْکَ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ اِلٰھِیْ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِکَ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ اِجْعَلْنِیْ مِنْ عِبَادِکَ الْاَعَزِّیْنَ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ یَا عَزِیْزُ** ۔

☆ اسمِ ششم (**عزیز**) برائے نفسِ مرضیہ: اسم (**عزیز**) نفسِ مرضیہ کے لئے ہے ۔ سَیر (اور رفتار) اس کی **عن الله** یعنی اللہ تعالیٰ کے بارے میں ۔ اور عالم اس کا شہادت (یوہوت) ہے ۔ اس کو عالمِ مشاہدہ اور عالمِ مخلوق بھی کہتے ہیں ۔ جو کہ عرش وکرسی ، ساتوں آسمانوں اور ساتوں زمینوں معہ اس کے فرشتوں کے جو تمام زمین کو دونوں ہاتھوں میں پکڑ کر سنگِ مرمر پر کھڑا ہے ۔ اور معہ اس گائے کے کہ جس نے سنگِ مرمر کو اپنے سینگوں پر رکھ کر ایک سیاہ پتھر پر کھڑی ہے ۔ معہ اس بڑی مچھلی کے کہ جس نے اس سیاہ پتھر کو اپنی گردن پر رکھا ہوا ہے ۔ اور معہ ایک دریائے عظیم کے جو ساکن ہے ۔ اور معہ اس ہوا کے کہ جس پر وہ دریا قائم ہے ۔ یہ سب کچھ عالمِ مشاہدہ میں محسوس ہے ۔ اور حال ہی اس کا عالمِ حیرت ہے ۔ اور وارد (یعنی آنا اور راہ بتلانا) اس کا بعض اَسرارِ شریفہ سے ہیں ۔ اور نور اس کا سیاہ ہے ۔

نفسِ مر ضیة کی کیفیات وحالات ،صفات معہ خواب :

اس (نفس) کی صفتیں حسنِ خلقی ۔نرمی ۔قربِ الٰہی ۔متابعت سنت مُصطفےٰ ﷺ ہیں ۔اور اِن تمام صفات کا حصول اس اسم سے ہی ممکن ہے ۔اور وہ اسم قیوم (کتاب میں اسم **قیوم** ہے۔جبکہ! میرے خیال میں یہاں اسم **عزیز آئے گا**) پہ پہلے کی طرح نماز گزارے ۔اور کہے۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم**. **اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ اَشۡتَرِیۡ مِنۡکَ نَفۡسِیۡ المرضیة بھذہ العشرون الفا مرة** ۔(اے رب متعال! میں تجھ سے اپنے نفسِ مرضیہ کو اِن بیس ہزار مرتبہ اسم (کے ورد) کے عوض خریدتا ہوں) پھر بمطابق طریقہ اسم اول میعاد معینہ تک ختم کر کے اگلا اسم شروع کر دے۔

☆ **ششم دائرہ نفسِ مرضیہ** : اس (نفس) کی صفتیں حسنِ خلقی ۔نرمی ۔قربِ الٰہی ۔متابعت سنت مُصطفےٰ ﷺ ہیں ۔جب کوئی شخص ان باتوں کو خواب میں آنے والی شکلوں وصورتوں میں ملاحظہ کرے ۔تو وہ اس اسم (**قیــــوم**) کو شروع کرے ۔جیسے کہ! خواب میں انسان جب ساتوں آسمان یا رعد (گرج یا کڑک) کا سننا یا دیکھنا یا سورج یا چاند یا ستارے یا جلتی ہوئی شمع یا قندیل یا چراغ یا لالٹین جو کہ روشن ہوں ،کو (عالمِ رویاء میں) دیکھے ۔تو اس اسم **قیــــوم** کا ورد شروع کر دے ۔پس یہ اسم نہ گانہ اسماء میں سے اسمِ ششم ہے ۔اور بیان نفسِ مرضیہ کا یہ ہے ۔کہ! جب کوئی شخص خواب میں ساتوں آسمان دیکھے ۔تو اس کی نظر ہمیشہ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف لگی رہتی ہے ۔اور ستارے دیکھنا اس کے نفس کا نور ہے ۔اور لوگوں کا دیکھنا اپنے نفس کے فناء ہونے کی دلیل ہے ۔اور رعد کا سننا یا دیکھنا کسی چیز یعنی راہِ حق سے آگاہی پانے کی دلیل ہے ۔جبکہ آفتاب و ماہتاب یا روشن چراغ و لالٹین وقندیل وشمع کا دیکھنا نورِ قلب (دل کی روشنائی) کی علامت ہے ۔پس مرید کامل ہادی ورہنما کی طرف رجوع کرے ۔تاکہ وہ اس کو دائرہ ہفتم کی طرف باہم پہنچا دے ۔اور اس اکو اسم قیوم کی تلقین کرے ۔کیونکہ! اور ان نعمتوں کا حصول اسم **قیــوم** کے ورد و وظیفے میں ہمہ وقت مشغول ومصروف رہنے ہی میں مضمر ہے ۔اور یہی اسم ششم اصولِ نہ گانہ کے نو اسموں میں سے ایک ہے ۔

☆ اسم ششم کے فروع کا بیان ۔چونکہ اسم ششم **عزیز** ہے۔اور اس اسم (**عزیز**) کے فروع یہ ہیں ۔ **یا کافی یا غنی یا قیوم ذالفضل قد ملا کل شیء فضله** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یا غنی یا مغنی** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یا قیوم یا قادر** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یا قیوم انت الازلی با لازل** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یا قیوم الازلی یا اللہ** (پانچ لاکھ مرتبہ)۔

☆ اسمِ ہفتم : **یا ودود۔** اسمِ ہفتم کے ذکر کے وقت نفس کی حالت : نفسِ کاملہ یا نفسِ عبد یہ۔(**فادخلی فی عبادی**۔پس! ہمارے خاص بندوں میں شامل ہوجا۔سورہ والفجر۔آیت نمبر **29**)

نفس کاملہ کی صفات : نفسِ ملہمہ سے نفسِ مرضیہ تک کی جملہ صفات (لیکن سالک ان خوبیوں کو قطعاً خاطر میں نہ لائے ۔ بلکہ اِن مثبت کیفیات کے وقت ذکر کو زیادہ کر دینا چاہیئے ۔اور ہر ہر لمحہ اللہ تعالیٰ کا شکرادا کرتے رہنا چاہیئے)

اسمِ ہفتم کے ذکر سے سیر کا حاصل مقام: **سَیر باللہ تعالیٰ ۔**

اسمِ ہفتم کے ذکر سے عالم کا مقام: ہویت۔

اسمِ ہفتم کے ذکر کا موضع الذکر: خفی۔

اسمِ ہفتم کے ذکر کا حالِ مقام: جذب۔

اسمِ ہفتم کے ذکر کا وارِدِ مقام: وحی (الہام والقاء)۔

اسمِ ہفتم کے ذکر کے نور کا رنگ: وردی۔

اسمِ ہفتم کے ذکر کے وقت اسمِ تصوروتخیل: **اللہ۔محمد** (بہتر تو یہ ہے ۔کہ مُہرِ نبوت ﷺ کو تصور کیا جائے)

اسمِ ہفتم کے ذکر کی تعداد: بیس ہزار دس یا ڈیڑھ لاکھ (دورانِ ذکر اس اسم کو ہر سینکڑہ کے بعد تین یا دس مرتبہ توجہ معہ تسمیہ بھی ضروری ہے)

اسمِ ہفتم کی خصوصی توجہ (بمطابق حضرت پیر سید طاہر علاؤالدین گیلانیؒ): **یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ اِجۡعَلۡ فِیۡ قَلۡبِیۡ وُدًّا لَکَ یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ اِلٰھِیۡ اَعۡطِنِیۡ وُدًّا فِیۡ قَلۡبِیۡ وَ قُلُوۡبِ عِبَادِکَ الۡمُؤ مِنِیۡنَ الۡعَارِفِیۡنَ یَا وَدُوۡدُ وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ اَلٰھِی اِجۡعَلۡ لِّیۡ عِنۡدَکَ عَھۡدًا وَاجۡعَلۡ لِّیۡ عِنۡدِکَ وُدًّا وَاجۡعَلۡ لِّیۡ فِیۡ صُدُوۡرِ الۡمُؤمِنِیۡنَ الۡعَارِفِیۡنَ مَوَدَّةً اِلٰھِیۡ اَکۡفِنِیۡ شَرَّ مَنۡ کَفَیۡتَه وَ کِفَا یَتُه بِیَدِکَ یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ ۔**

اسی اسمِ ہفتم کی توجہ حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑویؒ کے مجموعہ وظائف میں کچھ اختلاف کے ساتھ اس طرح سے ہے ۔

اسمِ ہفتم کی خصوصی توجہ : **یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡد اِجۡعَلۡ قَلۡبِیۡ وَآدًّا لَکَ یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ اِلٰھِیۡ اَعۡطِنِیۡ وُدًّا فِیۡ قُلُوۡبِ عِبَادِکَ الۡمُؤمِنِیۡنَ یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ اِلٰھِیۡ اَکۡفِنِیۡ شَرَّ مَنۡ کِفَا یَتُه بِیَدِکَ یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ یَا وَدُوۡدُ ۔**

(یا د ر ہے ۔ کہ حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑ وی اسمائے اصول میں اسم 'وہاب' لکھتے ہیں ۔ جبکہ حضرت پیر سید طا ہر علا ؤ الدین بغدادی گیلانی اسم ''ھو'' لکھتے ہیں ۔ چونکہ یہ ایک معمولی سا اختلاف تھا ۔لہذا یہاں پر اسمِ مبارک 'وھاب'' کی توجہ بھی بیان کی جاتی ہے)

يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ جَزِيْلِ هِبَاتِکَ مَا يُبَلِّغُنِيْ اِلٰى مَرْضِيَّاتِکَ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ اِلٰهِيْ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَةً اِنَّکَ اَنْتَ الْوَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ اِلٰهِيْ يَا وَاهِبَ الْاَسْرَارِ هَبْ لِيْ مِنْ اَسْرَارِکَ فَيْضًا تَجْعَلُنِيْ بِهٖ دَآئِمًا مُسْتَحْفِظًا لِّمَوَاهِبِکَ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ اَللّٰهُمَّ حَقِّقْنِيْ بِمَوَاهِبِ حَقِيْقَةِ حَقِيْقَتِکَ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ اِلٰهِيْ كَوْنِيْ شَاهِدًا عَلَيَّ بِالْاِفْتِقَارِ اِلٰى غِنَآئِکَ الْمُطْلَقِ الْكَامِلِ بِالذَّاتِ فَامْنُنْ عَلٰى عَبْدِکَ الضَّعِيْفِ بِغِنًى اَكُوْنُ بِهٖ غَنِيًّامُغْنِيًّامَنْ شِئْتَ غِنَاهُ بِوَصْفِ الْفَقْرِ بَيْنَ يَدَيْکَ اَنْتَ الْغَنِيُّ الْوَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ يَا وَهَّابُ ۔

☆ **اسم ہفتم (و د و د)** برائے **نفسِ کاملہ**: یہ اسم نفسِ کاملہ کے لئے ہے۔سَیر (اور رفتار) اس کی **باللہ** یعنی اللہ تعالیٰ پر۔اور عالم اس کا وحدت کو کثرت میں اور کثرت کو وحدت میں دیکھنا ہے۔اورمحل یا جگہ اس کی لطیفہ اِخفیٰ ہے۔اور مقام اس کا سر کی پیشانی ہے۔اور حال اس کا بقاء ہے۔اور وارد (یعنی آنا اور راہ بتلانا)اس کا تمام نیک اوصاف جو دیگر نفسوں کے ذکر میں ہیں ۔اور نور اس کا نورِ وردی (بے رنگ یا مبہم رنگ) ہے۔

حادثہ جو ابھی پردہء افلاک میں ہے   عکس اس کا میرے آئینہء ادراک میں ہے

نفسِ کاملۃ کی کیفیات وحالات ،صفات معہ خواب:

یہ نفسِ کاملہ جس کو صافیہ (بھی) کہتے ہیں ۔اس (نفس) کی صفتیں گوشہ نشینی ۔عبادت گزاری اور زن و فرزند سے مفارقت ہے ۔ اور خاموشی ۔ سچائی ۔ مددگاری ۔ وفائے عہد ۔فرمانبرداری اور احکامِ الٰہی (کا دائما بجالانا) وغیرہ ہیں ۔ اور ان تمام خاصیتوں کا حصول اسی اسم سے ہی ممکن ہے ۔ اور وہ اسم **قھار یا صمد** ہے۔(کتاب **تذکرہ قادریہ** میں اسم **قھار یا صمد** ہیں۔لیکن کتبِ مختلفہ کے مطابق ساتواں اسمِ اصول **ودود** ہے) اور اس اسم کے ورد کی تعداد بیس ہزار ہے۔پس پہلے کی طرح نماز ادا کرے۔اور کہے۔**بسم اللہ الرحمٰن الرحیم. اللھم انی اشتری منک نفسی المرضیۃ بھذہ العشرہ الفا مرۃ** ۔(اے اللہ تعالیٰ ! میں تجھ سے اپنے نفسِ مرضیہ کو اِن دس ہزار مرتبہ اسم (کے وِرد) کے عوض خریدتا ہوں) پھر بمطابق طریقہ اسمِ اول میعاد معینہ تک ختم کر کے اگلا اسم شروع کر دے ۔

جب عشق سکھاتا ہے آدابِ خود آگاہی   کھلتے ہیں غلاموں پہ اسرارِ شہنشاہی

☆ **ہفتم دائرہ نفسِ کاملہ**: اس (نفس) کی صفتیں گوشہ نشینی ۔عبادت گزاری اور زن وفرزند سے مفارقت ہے۔اور خاموشی ۔سچائی ۔مددگاری ۔وفائے عہد۔فرمانبرداری اور احکامِ الٰہی (کا دائما بجالانا) وغیرہ ہیں۔ جب کوئی شخص ان باتوں کو خواب میں آنے والی شکلوں وصورتوں میں ملاحظہ کرے۔تو وہ اس اسم (**قھار**) کو شروع کرے۔ جیسے کہ! خواب میں انسان جب کوئی بارش یا برف باری یا اولے یا ندی یا چشمہ یا کنواں خواب میں ملاحظہ کرتا ہے۔تو یہ تمام مکاشفات (در عالمِ رویاء) راہِ حق کے کھل جانے کی نشانیاں ہیں۔پس چاہیئے ۔کہ! ایسا مرید اپنے شیخ کامل کی طرف مکمل رجوع کرے۔اور مرشد کو بھی چاہیئے ۔کہ! ایسے حاملِ شہبازِ ولایت ولی کو اسم ہفتم اسم **قھار** کی تلقین کرے۔جو کہ اسمائے نہ گانہ میں سے اسمِ ہفتم ہے۔تفصیل اِن خوابوں کی یہ ہے ۔کہ! بارش کا خواب میں دیکھنا رحمتِ الٰہی کی دلیل ہے۔اور برف کا دیکھنا بارش کے دیکھنے کی نسبت زیادہ رحمتِ الٰہی کی دلیل ہے۔جبکہ نہر یا دریا یا ندی یا چشمہ وغیرہا کو دیکھنے سے مراد اللہ تعالیٰ کی معرفت کے ذریعہ اخلاص حاصل کرنا ہے۔پس مرید کو چاہیئے ۔کہ! اپنے مرشد کی تصدیق کے بعد اسم ہفتم قہار کی طرف التفات (توجہ ورجوع) کرے۔ پس مرید کامل ہادی ورہنما کی طرف رجوع کرے۔تا کہ وہ اس کو اسم **قھار** کی تلقین کرے۔پس یہی اسم اس کے لئے کافی ہوگا۔ کیونکہ! ان نعمتوں کا حصول اسم **قھار** کے ورد و وظیفے میں ہمہ وقت مشغول ومصروف رہنے ہی میں مضمر ہے۔اور یہی اسم ہفتم اصولِ نہ گانہ کے نو اسموں میں سے ایک ہے۔

☆ **اسم ہفتم کے فروع کا بیان** ۔ چونکہ اسم ہفتم **قھار** ہے۔اور اس اسم (**قھار**) کے فروع یہ ہیں ۔ **یا قیوم یا قھار** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یا جبار یا قھار** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یا عظیم یا قھار** (پانچ لاکھ مرتبہ) **یا قادر یا قھار** (پانچ لاکھ مرتبہ) **الحکم للہ الواحد القھار** (پانچ لاکھ مرتبہ) ۔

بعض کتابوں میں اسمائے اصول ہفت گانہ اس طرح درج ہیں۔اسم اول''**لا الہ الا اللہ** ''۔اسم دوئم''**اللہ** ''۔اسم سوئم''**ھو**''۔اسم اول''**حق**''۔اسم اول''**حی**''۔اسم اول''**قیوم**''۔اسم اول''**قھار یا صمد**''۔

نگاہِ عیب گیری سے جو دیکھا اہلِ عالم کو   کوئی کافر، کوئی فاسق، کوئی زندیق اکبر تھا
مگر جب ہو گیا دل احتسابِ نفس پر مائل   ہوا ثابت کہ ہر فرزندِ آدم مجھ سے بہتر تھا

اسمائے فروع کی تفصیل : (بمطابق حضرت پیر سید طاہر علاؤ الدین گیلانیؒ)

اسمائے اصول اور اسمائے فروع کے بارے میں حضرت نقیب الاشراف قطبِ وقت جناب پیر سید طاہر علاؤ الدین بغدادی گیلانیؒ اپنی کتاب تذکرہ قادریہ میں فرماتے ہیں۔ کہ! اسمائے اصول وفروع (بتقریب الی اللہ) پڑھے جاتے ہیں۔ جن کی تعداد 13 ہیں۔ جوکہ یہ ہیں۔

اسمائے اصول : **لا الہ الا اللہ. اللہ. ھو. حی. واحد. عزیز. ودود.**

اسمائے فروع: **وھاب. فتاح. واحد. احد. صمد. علی. عظیم.**

اسمائے اصول واسمائے فروع کی توجہات کتب مثلِ "**تذکرہ قادریہ**" از حضرت پیر سید طاہر علاؤ الدین بغدادی گیلانیؒ۔ "**مرقع کلیمی**" از حضرت شاہ کلیم اللہ جہاں آبادی چشتیؒ۔ "**مجموعہ وظائفِ چشتیہ مہریہ**" اور کتاب "**الفیو ضات الربانیۃ فی المآثر والأوراد القادریۃ**" جمع وترتیب "العبدالفقیر الی لطف مولاہ الجلیل الجیلانی البغدادی السید الحاج اسماعیل بن سید محمد سعید القادری" اور دیگر کئی کتب سے بھی ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

مَن آنچہ شرطِ بلاغ است با تُو گویَم ــــ تُو خواہ از سخنم پند گیر و خواہ ملال

مَیں تو (پیغامِ حق کو) پہنچانے کی ذمہ داری نبھانے کے لئے تمہیں کہتا (نصیحت و وصیت) کہتا ہوں۔ اَب یہ تمہاری مرضی ہے۔ کہ! میری باتوں سے اُکتائے یا نصیحت حاصل کرے۔

اسمائے فروع یہ چھ ہیں۔ **حق۔ قھار۔ قیوم۔ وھاب۔ مھیمن۔ باسط**۔ پس اسمائے اصول واسمائے فروع متذکرۃ الصدر کل تیرہ ہوئے۔ اورانہیں (تیرہ اسمائے مبارکہ ہی) میں اسم اعظم ہے۔ اور ہر ایک چیز اللہ تعالیٰ ہی کے علم میں ہے۔ **الحمد للہ رب العالمین**۔

پس اس (رمز وسر) کو غیر سے پوشیدہ رکھنا، ہر ورد کو اس کے معینہ محل میں بطورِ امانت رکھنا اور پرہیزگاری پر قائم رکھنا لازم ہے۔ اور اپنی اپنی جگہ پر رکھنا ضروری ہے۔ اور تجھے تقوی اور اخلاص کا اختیار کرنا ضروری ہے۔ تاکہ (طالبِ صادق) اپنے مطلوب کو پہنچے۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) جوکہ سب سے بڑا ہے۔ **ان اللہ علی کل شیءٍ قدیر**۔

منزلِ عشق از مکانے دیگر است ــــ مردِ ایں راہِ را نشانِ دیگر است

بر سرِ بازار صرّافانِ عشق ــــ زیرِ ہر وارے جوانے دیگر است

عشق کی منزل ہر مکان ومقام پر جداگانہ ہے۔ اور مردِ راہِ عشق (یعنی مردِ راہ عاشقِ الٰہی) کا نشان اور ہوا کرتا ہے۔ صرافانِ عشق کے بازار میں ہر (تختہ) دار کے نیچے نیا جوان ہے۔ یعنی کوچہ عشق میں جان فدا کرنے والوں کی ہر لحظہ نئی آن بان اور نئی شان ہوا کرتی ہے۔

نیز ایک اور روایت میں اسمائے فروع سات اور بھی ہیں۔ پس دونوں مل کر چودہ (14) ہوجاتے ہیں۔ اور وہ یہ ہیں۔ اسم اول "**حی قیوم**"۔ اسم دوئم "**سریع مبین**"۔ اسم سوئم "**کبیر متعال**"۔ اسم اول "**فتاح علیم**"۔ اسم اول "**عزیز قدیر**"۔ اسم اول "**مالک قدوس**"۔ اسم اول "**ھادی خبیر**"۔ (بہتر تو یہ ہے۔ کہ آنے والے اسماء کا ورد) جوکہ نمازِ تہجد کے بعد ہونا چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ اس کو جو راہِ مستقیم کی طرف جانا چاہے۔ اپنے ہی فضل وکرم سے راہ دکھائے گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) (اور ان اسماء کے ورد کا طریقہ اس جدول میں دیا گیا ہے)

نمبر شمار	ورد کا دن	اسمائے فروع	ورد کی تعداد
01	بروزِ اتوار	یا حی یا قیوم	174
02	بروزِ سوموار	یا سریع یا مبین	442
03	بروزِ منگل	یا کبیر یا متعال	773
04	بروزِ بدھ	یا فتاح یا علیم	639
05	بروزِ جمعرات	یا عزیز یا قدیر	480
06	بروزِ جمعۃ المبارک	یا مالک یا قدوس	290
07	بروزِ ہفتہ	یا ھادی یا خبیر	832

روئے نبوی ﷺ دیکھ لے جو ایک بار ــــ عالم و عارف ہو از پروردگار

آگے چل کر حضرت پیر سید طاہر علاؤ الدین گیلانیؒ اپنی کتاب "تذکرہ قادریہ" میں فرماتے ہیں۔ کہ! مرید (صادق) کے لئے لازم ہے۔ کہ! پہلے بمطابقِ تعداد معینہ اسمِ اصول متعلقہ ہر نفس کا وِرد کرے۔ اس کے بعد اسمِ توجہ جوکہ وِردشدہ اسمِ اصول کی طرف منسوب ہے۔ نیز یہ کہ جو اسم مقرر کئے گئے ہیں۔ ان کی جگہ کوئی دوسرا اسم نہ بدلہ جائے۔ جب تک کہ اس اسم کی جگہ دوسرا اسم بدلنے کا مستحق نہ ہوجائے۔ یعنی مرشد (کامل) کے اشارے سے یا جناب

باری تعالیٰ کی امدادوفیض سے جو (کہ) نشانیوں اور علامتوں سے تجھ پر ظاہر ہوں۔ یا بحکمِ ظاہری مرشد کہ جو اس نے بتلایا ہو تبدیل کریں۔ پس یہ اسمائے متبر کہ (یعنی یہی ہفت اسمائے اصول) ان طریقوں۔ ترکیبوں اور علامتوں کے ساتھ پڑھیں۔ تا کہ (اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے) پڑھنے والوں کو متجلی و منور کردیں۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) اور ہر ہر نفس کے متعلقہ اطوار، علامات اور رنگوں وغیرہ جو تجھے (یعنی وِرد کرنے والوں کو) پس اسی بھید (رازِ باطنی) کو یاد رکھو۔ اور (ہر عام وخاص سے) مخفی رکھو۔ (تا کہ عنایات الٰہیہ سے وافر مقدار میں فیض ملتا رہے) مگر جو مستحق ہے۔ (جو اِن مقامات سے گزرا ہو۔ اور آپ کے راز کو کسی پر ظاہر نہ کرے) اس پر بے شک ظاہر کردے۔ پھر جب ساتویں قِسم کے اسم (ودود) سے فراغت حاصل کرلے۔ تو پھر اسمائے فروع ہر شش قِسم یکے بعد دیگرے کا وِرد (بمطابقِ تعداد) شروع کریں۔ جب اِن کا وِرد بھی (مکمل ہوجانے پر) ختم ہوجائے۔ تو پھر پہلے اسم سے اسمائے اصول (کو اسی سابقہ طریقے سے معہ توجہات) شروع کردے۔ حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ اپنے (خصوصی) فضل وکرم سے راز کھول دے۔ پس لازمی امر یہ ہے کہ! نیتِ خالص کے ساتھ تن تنہائی کی حالت میں عاجزی اور گڑگڑاہٹ کے ساتھ ذکر میں مشغول رہے۔ **واللہ علیٰ کل شیء قدیر۔**

نہ ملا زُہد کچھ بھی ہمیں نخوت کے سوا　　　شغل بے کار ہیں سب تیری محبت کے سوا

لطائف کے متعلق سلسلہ عالیہ سروریہ قادریہ کی تعلیم : (بمطابق حضرت سلطان باہو ؒ)

حضرت سلطان باہو ؒ اپنی اکثر کتب میں لطائف سے متعلق احتراز فرماتے ہوئے رقم طراز ہیں۔ کہ! سب کچھ تصور وذکر اسمِ ذات ہی میں پوشیدہ ہے۔ بشرطیکہ مرشد کامل ہو۔ جیسا کہ انہوں نے اپنے اشعار میں بھی اپنے اسی قول کی تائید وتصدیق فرمائی ہے۔

جنہاں عشق حقیقی پایا، موہوں نہ کجھ الاون ہو　　　ذکر فکر وچہ رہن ہمیشہ دَم نوں قید لگاون ہو
قلبی روحی سرّی خفی اِخفی ذکر کماون ہو　　　مَیں قربان تنہاں توں باہوؒ جیہڑے ہِک نگاہ جگاون ہو

اسی طرح ایک اور جگہ اپنی ابیات میں حضرت سلطان العارفین سلطانِ حق سلطان باہوؒ فرماتے ہیں۔ کہ!

قلب وی ہلیا تاں کی ہویا کیا ہویا ذکر زبانی ہو　　　ذکر نفسی قلبی روحی سرّی سبھے راہ حیرانی ہو
شاہ رگ تھیں نزدیک جو رہندہ یار نہ ملیا جانی ہو　　　نام فقیر تنہاندا باہوؒ جہڑے وسدے لامکانی ہو

توحید کا صوفیانہ مفہوم :

میرے (البلوشی کے) خیال کے مطابق توحید کی کئی اقسام ہیں۔ مگر توحید سے مراد درحقیقت اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا ذات وصفات میں زبان ودل سے یقین کرنا ہے۔ مزید برآں یہ کہ صوفیاء اسی یقین کے ساتھ اپنے خیالات میں مزید یہ اضافہ فرماتے ہیں۔ کہ! توحید کی ایک قسم توحیدِ حالی ہے۔ اس مرتبہ میں موحد کا وجودی جسم واحدِ حق متعال کے جمالِ وجود کے مشاہدہ میں ایسا غرق ہوجائے۔ کہ اس کا دل، گوشت، خون ورگ بھی اس کی وحدانیت کی گواہی دیں۔ جیسے توحیدِ علمی کا مغز الہ کو واحد ماننا ہے۔ اسی طرح توحیدِ حالی میں روح کا الہ کو ایک مانتے ہوئے ہر وقت مشاہدہ میں مستغرق ومحو رہنا ہے۔ توحیدِ حالی میں عام لوگوں کو کبھی کبھار جبکہ انبیاءؑ واولیاءؒ کو ہر وقت ایسا بھی محسوس ہوتا ہے۔ انسان کے جملہ آثار (جسم کے تمام حصص) فنا ہوچکے ہیں۔ مگر روح بقا کے مشاہدہ سے ہمکنار ہوجاتی ہے۔ اور روح کو وقتِ ''الست بربکم'' بھی یاد آجاتا ہے۔ لیکن یہ حالت وکیفیت صرف چند لمحات کے لئے عام لوگوں کو جبکہ انبیاءؑ واولیاءؒ کو ہر وقت کے لئے میسر ہوتی ہے۔ جاننا چاہیئے۔ کہ! اس حالت وکیفیت کی لذت ومزہ کو الفاظ میں بیان کرنا ناممکن ہے۔ میرے (البوشی کے) اس بیان کی تصدیق کے لئے شائقین حضرات متعدد کتب کا مطالعہ کرسکتے ہیں۔ جیسے مکتوباتِ دو صدی، معدن المعانی، لطائفِ اشرفی، درالمعارف، **کشف المحجوب**، مثنوی مولوی معنوی، فیہ مافیہ، روض الریاحین، فتوحاتِ مکیہ وغیرہا۔۔۔

اقوالِ حضرت اویس قرنی ؓ :

عاشقِ رسول ﷺ حضرت اویس قرنی ؓ نے فرمایا کہ ! ☆ میں نے بُلندی طلب کی۔ تو اسے تواضع میں پایا۔ ☆ اور ریاست طلب کی۔ تو اسے صحت میں پایا۔ ☆ مروت کو طلب کیا۔ تو اسے صدق میں پایا۔ ☆ فخر کو طلب کیا۔ تو اسے فقر میں پایا۔ ☆ اللہ تعالیٰ کو طلب کیا۔ تو اسے تقویٰ میں پایا۔ ☆ شرف کو طلب کیا۔ تو اسے قناعت میں پایا۔ ☆ راحت کو طلب کیا۔ تو اسے زُہد میں پایا۔

نیکوکار متقدمین کی **سالکین** کے لئے **تین وصیتیں** بہت مشہور ومعروف ہیں۔

(**پہلی وصیت**) جو شخص آخرت کی تیاری کے لئے عمل کرتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اسے دنیاوی امور میں کافی ہوجاتا ہے۔ (**دوسری وصیت**) جو شخص اپنے پوشیدہ معاملات کو درست کرلیتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے ظاہری معاملات کی اصلاح فرمادیتا ہے۔ (**تیسری وصیت**) جو شخص اپنے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان معاملات کی اصلاح کرتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے اور تمام بندوں کے درمیان معاملات کو درست فرمادیتا ہے۔

ایمان کا حقیقی مفہوم : ایمان درحقیقت تین امور کا نام ہے۔ زبان کا اقرار۔ دل کی تصدیق۔ اعضاء کا عمل۔


آن عقل کجا کہ در کمالے تو رسد　　　آں روح کجا کہ در جلالِ تُو رسد
گیرم کہ تُو پردہ بر گرفتی زِ جمال　　　واں دیدہ کجا کہ در جمالِ تُو رسد

لطائف ستہ کا بیان (بمطابق حضرت شیخ احمد دباغ صاحب):

طریقہ محمدیہ شاذلیہ کے مطابق کسی بھی مراقبہ یا حضوری کے اعمال سے قبل اگر تزکیہ لطائف والا یہ مراقبہ کرلیا جائے۔تو آگے چل کر نہ صرف حضوری حاصل ہوتی ہے۔بلکہ! مراقبات،اشغال اوراعمال کے باطنی فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں۔بہرحال! اس کا مکمل طریقہ یہ ہے۔کہ! ☆سب سے پہلے سالک کو چاہیئے۔کہ! اپنی نیت خالص کرے۔ذہن اور دل کو بُری صفات سے پاک کرے۔☆اور دو نوافل (بنیتِ قربِ الٰہی) پڑھ کر بعد سلام یوں دُعا کرے۔اے اللہ تعالیٰ مَیں آپ سے آپ ہی کو چاہتا ہوں۔میرے لئے اس عمل کو اس عمل کو اپنے خصوصی فضل وکرم سے آسان بنادے۔☆ اَب تین خیالات (یعنی تصورات) کو ذہن میں تازہ کریں۔**اللہ جل جلالہٗ میرے ساتھ ہے۔اللہ تعالیٰ مجھے دیکھ رہا ہے اور اللہ تعالیٰ میری ہر بات سن رہا ہے۔**☆حفاظت کے لئے اپنے ہاتھ پھیلا کر سورہ فاتحہ، آیت الکرسی اور تین مرتبہ سورہ اخلاص فلق اور والناس (ہر ایک معہ تسمیہ) پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دَم کرے۔اور ہاتھوں کو چہرے سے شروع کر کے جسم پر مَل لے۔☆ اَب تین صفات (عاجزی،شکر اور توکل) کے متعلق اس طرح سے سوچیں۔**عــاجزی**: اے اللہ تعالیٰ مَیں اگر ساری زندگی بھی عبادت میں رہوں۔تو تیری عبادت کا مَیں بالکل بھی حق ادا نہیں کرسکتا۔**شــکر**: مَیں تو کسی بھی نعمت کا مستحق نہیں ہوں۔جتنی بھی مجھے نعمتیں عطا ہوئی ہیں۔یہ تو صرف اور صرف تیری عطا اور کرم ہی کی وجہ سے ہیں۔**تــوکل**: اے اللہ تعالیٰ مَیں کسی بھی عمل یا چیز پر بالکل بھروسہ نہیں کرتا۔یہ سفر صرف اور صرف تیری رحمت اور فضل ہی سے طے ہوسکے گا۔(ان شاء اللہ) ☆ اَب تین مرتبہ استغفار (**استغفــر الــلـہ**)، تین مرتبہ درود وسلام (کوئی بھی درود شریف) اور تین مرتبہ ''**لا حول ولا قوۃ الا باللہ**'' پڑھیں۔اس کے بعد نیچے دی گئی جگہوں کو یاد کرلیں۔اور ان جگہوں کے رنگوں کو بھی ذہن نشیں کرلیں۔پھر!



اَب آنکھیں بند کر کے یہ تصور کریں۔کہ! اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا نورانی نام مبارک سر کے عین اوپر چمک رہا ہے۔ناک کے ذریعے لمبی سانس اندر کھینچیں۔اور ساتھ ہی یہ تصور کریں۔کہ! اللہ تعالیٰ کے اسمِ پاک سے نور نکل کر آپ کے سر سے ہوتا ہوا دل کو لگ کر اور پورے جسم کو منور کر رہا ہے۔اَب منہ کے ذریعے جب سانس خارج کریں۔تو تصور کریں۔کہ! تمام ظلمتوں اور گناہوں کا زنگ خارج ہورہا ہے۔ہر لطیفے کا علیحدہ علیحدہ تزکیہ کا طریق یہ ہوگا۔کہ! اَب اللہ تعالیٰ کا نام مبارک سرخ رنگ میں ہے۔ناک کے ذریعے لمبی سانس اندر کھینچیں۔اور ساتھ ہی یہ تصور کریں۔کہ!



اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک سے سرخ نور نکل کر آپ کے سرخ لطیفے میں آرہا ہے۔جوکہ ناف کے نیچے ہے۔وہی سرخ نور اس لطیفے کو صاف اور روشن کر رہا ہے۔منہ کے ذریعے جب سانس خارج کریں۔تو تصور کریں۔کہ تمام ظلمتیں اور گناہوں کا زنگ سانس کے ساتھ خارج ہورہا ہے۔لطیفے کی پچھلی جانب سے ظلمت اور گناہ نکل رہے ہیں۔اور لطیفے کی صفائی اور تزکیہ ہوتا جارہا ہے۔تین، پانچ یا سات مرتبہ یہی عمل دہرائیں۔اس کے بعد نیچے سے اوپر ہر لطیفے کی صفائی کرنا ہوگی۔

نیچے سے اوپر پہلا لطیفہ سرخ رنگ کا، پھر اوپر پیلے رنگ کا، پھر اوپر زرد نارنجی رنگ کا، پھر اوپر سبز رنگ کا، پھر اوپر ہلکا نیلے رنگ کا، پھر اوپر گہرا نیلا رنگ (کچھ جامنی رنگ) کے لطیفے کا تزکیہ کریں۔ساتوں لطائف کے تزکیہ کے بعد سانس لینا روکنا جاری رکھیں۔اور دھیان (تصور) کریں۔کہ ایک نورِ عمودی کالم کی شکل میں ہے۔جوکہ پہلے لطیفے سے آخری لطیفے میں ایک عمودی کالم کی شکل میں گزر رہا ہے۔اور اس کا رنگ قوسِ قزح والا ہے۔پھر سانس لینا روکنا جاری رکھیں۔اور دھیان (تصور) کریں۔کہ ہر سانس کے ساتھ جسم ہلکا ترین ہوتا جارہا ہے۔اور اتنا ہلکا ہوگیا۔کہ ہر سانس کے ساتھ ختم ہوتا جارہا ہے۔پھر (حبسِ دَم) کے ساتھ ایک ایک لطیفے کے ختم ہوتے جانے کا دھیان کریں۔پہلے سرخ رنگ کے لطیفے کو غائب کریں۔پھر پیلے رنگ کے لطیفے کو، پھر نارنجی رنگ کے لطیفے کو۔ ہذا القیاس۔۔۔پھر جب تمام لطیفے غائب ہوجائیں گے۔تو صِرف سانس اور روح باقی رہ جائیں گے۔پھر سنہری سانس کا تصور کر کے اپنے عین سامنے روحانی جسم کا خاکہ بنائیں۔سانس لینا جاری رکھیں۔اور پھر ایک لمبی سانس میں اپنی روح اور شعور کو سامنے موجود تصوراتی مثالی جسم میں منتقل کریں۔(چونکہ آپ کا جدید مثالی جسم روحانی سفر اور اس کے راستوں سے نا آشنا ہے۔لہٰذا آپ کو اپنے شیخ محترم کی معیت کی بھی ضرورت لازمی پڑے گی۔) اسی لئے اَب شیخ کی روح کا تصور کریں۔اور آسمانوں میں پرواز کرتے ہوئے مدینہ منورہ جاکر روضہءِ اقدس پر حاضری دیں۔یہاں پر پہنچ کر نہایت ادب وانکساری سے آنحضور مکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں صلوٰۃ وسلام عرض کریں۔اور انتہائی احترام وعاجزی سے آحضور ﷺ کو گزارش کریں۔کہ! یارسول اللہ ﷺ ! میرے لئے دُعا فرمائیں۔کہ! مجھ گناہ گار اُمتی کو آپ ﷺ کی اتباع میں روحانی معراج کی اجازت عطا ہو۔ اس کے بعد حضرت شیخ محترم ہی کی معیت میں مکہ مکرمہ کا روحانی سفر کریں۔اور کعبہ معظّمہ پہنچ کر کعبہ شریف کے دروازے کے رُوبرو بیٹھ کر قلبہ ذکر (**لا الہ الا اللہ**) اس طرح سے کریں۔

اذا زلزلت الارض زلزالھا ۔۔۔ کی کیفیت کا خلاصہ :

جب کسی سالک پر سلطان الذکر کا غلبہ وارد ہوتا ہے۔تو یہ جسدِ خاکی پر حملہ آور ہوتا ہے۔تو اس پر آناً فاناً لرزہ ساطاری ہوجاتا ہے۔اور یہ لرزہ سالک کو اس قدر محو اور بےخود کردیتا ہے۔یہاں تک کہ اس پر سورہ''**اذا زلزلت الارض زلزالھا**۔۔۔'' کی سی کیفیت پیدا کردیتا ہے۔جب سالک پر محویت طاری ہوتی ہے۔تو شروع میں اس کے قلب کے انوارات مثل شمع یا مشعل یا ستارہ یا ماہتاب یا برق وسحاب اورامر وصبح وغیرہ کی طرح ہوتے ہیں۔اور پھر یہی انوارات روحِ مثلِ ایک آفتاب کے اور اس کے بعد کئی آفتاب، آسمان اور آئینہ ہا کی طرف بصورتِ جبل (پہاڑ)، پھر سرخ انوارات کی بارش وغیرہ کی طرح سالک کے وجود میں ظاہر ہوتے ہیں۔اس حالت میں سالک اٹھارہ ہزار جہانوں کو اپنے وجود کے اندر مختلف صورتوں وشکلوں میں مشاہدہ کرتا ہے۔جس سے کہ اس کی روح، قلب اور دیگر تمامی لطائف پر انوارات جلوہ گر ہوتے ہیں۔اصل میں یہ ہے کیفیت''**اذا زلزلت الارض زلزالھا**۔۔۔'' کی۔اور یہ عالم ملکوت کا مرتبہ ہے۔جب سالک ان تجلیات کو اپنے اندر اس طرح سے مشاہدہ کیا کرتا ہے۔اور اِن انوارات حق کو اپنے قلب میں ملاحظہ کرتا ہے۔تو اس کی زبان سے بےاختیار یہ نکلتا ہے۔کہ! کیا جمال ہے۔اور کیا کمال ہے۔اور کیا استعداد ہے۔اور کیا وسعت ہے۔میرے جسم کے اندر تو اٹھارہ ہزار عالم موجود ہیں۔اور جب میں اپنے وجود پر لرزہ طاری ہوتے ہوئے دیکھتا ہوں۔تو دوسرا تعجب میں آکر کہتا ہے۔کہ! یہ کیا حالت ہے۔تو تجھ پر طاری ہے۔اور تیرے جسم میں یہ زلزلے کس وجہ سے آرہے ہیں۔''**وقال الانسان ما لھا**۔۔۔''(اور انسان (متحیر ہوکر) کہے گا۔کہ اسے کیا ہوگیا ہے) جب سالک ان جذباتِ الٰہیہ کے زلزلے کی وجہ سے صفاتِ بشریہ سے متصف ہوتا ہے۔اور اس کی استعداد حق تعالیٰ کی استعداد سے مبدل ہوجاتی ہے۔تو بمصداق ''**یوم تبدل الارض غیر الارض**۔۔۔'' (جس دن یہ زمین (دوسری زمین سے) بدل دی جائے گی) کی سی حالت پیدا ہوجاتی ہے۔جس سے کہ سالک کے قلب وروح پر معارفِ الٰہیہ اور علوم لدنیہ جلوہ گر ہوتے ہیں۔فنائے ذاتی کے تصرفات کی وجہ سے اس کی بشریت معدوم ہوجاتی ہے۔تب سالک کو مختلف الاقسام آوازیں سنائی دیتی ہیں۔جیسے بجلی کی کڑک یا بادلوں کی گرج وغیرہ۔جس سے کہ سالک کو اس وقت قیامتِ کبریٰ پیش آتی ہے۔اور تصرفات وتعیناتِ روح بالکل ختم ہوجاتے ہیں۔اس وقت اس کے قلب پر الہاماتِ ذاتیہ وصفاتیہ کا ظہور ہوتا ہے۔اور ہر ایک ساعت اس پر حقائقِ باطنیہ اور معارفِ غیبیہ کا انکشاف شروع ہوجاتا ہے۔اور سالک کا قلب لوحِ محفوظ بن جاتا ہے۔جس پر کہ تمام امور کا اظہار ہوتا ہے۔جس طرح کہ انبیاء ورسلؑ پر وحی کا نزول ہوتا ہے۔اسی طرح سالک کے قلب پر الہام ذاتی وارد ہوتا ہے۔اور علوم اولین وآخرین اس پر منکشف ہوتے ہیں۔اس وقت سالک کا ہر بنِ مولئے اور جسم کا ہر ایک ذرہ روح بن جاتا ہے۔جس سے کہ وہ کلام کیا کرتا ہے۔اور اس کو تمام اسرارِ ذات ورموزِ صفات سے آگاہی وشناسائی حاصل ہوتی ہے۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآنِ حکیم (سورہ یٰسین) میں ارشاد فرمایا ہے۔کہ! ''**الیوم تختم علی افواھھم و تکلمنا اید یھم و تشھد ارجلھم بما کانوا یکسبون**۔۔۔''(آج ہم اُن کے مونہوں پر مُہر لگادیں گے۔اور اُن کے ہاتھ ہم سے باتیں کریں گے۔اور اُن کے پاؤں اُن کے (جملہ) اعمالوں کی گواہی دیں گے۔جو کہ وہ کمایا کرتے تھے) یعنی (اللہ تعالیٰ یوں اِن سے مخاطب ہوتے ہیں۔کہ!) آج ہم سالکین کے قلوب پر حقائقِ الٰہیہ اور معارفِ ذاتیہ القاء کرتے ہیں۔سالکین باقی نہیں ہوتے۔بلکہ ہم ہوتے ہیں۔اس لئے کلامِ غیر اور بےمعنی سے ان کے منہ پر مُہرِ سکوت لگ جاتی ہے۔اسی وجہ سے کہ ان کے قلوب ہمیشہ میری ذات کے الہامات وشہودات میں محو، مستغرق اور متوجہ رہتے ہیں۔اور انبیائے کرامؑ اپنے ان اعضاء کے ذریعے سے مجھ سے بےواسطہ کلام کرتے ہیں۔اور اپنی استعداد کے مطابق میری تجلیات طلب کرتے ہیں۔اور ان کے تمام اعضاء اپنی جدوجہد اور اشتیاق کے مطابق ہمارے حضور میں گواہی دیتے ہیں۔اور درحقیقت ان کے اعضاء کا یہ اختیار (یعنی کلام کرنا) حقائقِ انبیاءؑ کی بناء پر ہے۔جو نفس الامر میں میری ذات وصفات ہیں۔اور سورہ زلزلہ کی آیتِ کریمہ''**یومئذ تحدث اخبارھا۔ بان ربك اوحی لھا**۔۔۔''(اس دن وہ اپنے حالات خود ظاہر کردے گی۔اس لئے کہ آپ کے رب نے اس کے لئے تیز اشاروں (کی زبان) کو مسخر کردیا ہے) سے بھی یہی حقیقت مراد ہے۔یا پھر اس سے یہ مراد بھی لی جاسکتی ہے۔کہ! سالک کے قلب کی حقیقت جسے''روحِ مسافر'' کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔جب وہ معکوسیت سے راستی کی طرف آتی ہے۔تو بےشمار صورت ہائے مثالیہ سے متمثل ہوکر مختلف اعضاء سے ظاہر ہوتی ہے۔اور حقیقتِ وجود کہ جس کی تلاوت ہر شخص پر فرضِ عین ہے۔اس پر منکشف ہوتی ہے۔یا پھر اس آیت سے یہ مراد ہوسکتی ہے۔کہ! اندامِ مقیم (یعنی جسدِ خاکی) جو نمونہء ''**اللہ نور السمٰوٰت والارض**۔۔۔'' ہے۔اور مقامِ سفلی میں مقید ہے۔اگرچہ خود صراطِ مستقیم ہے۔لیکن بوجہ تقید ناسوتی اس سے منحرف ہوکر تقید ورہائی حاصل کرتا ہے۔اور اطلاق کے رنگ میں میں آتا ہے۔یعنی کہ تشبیہ سے تنزیہہ کی طرف آتا ہے۔تو امواجِ تجلیاتِ ذات درپیش ہوتے ہیں۔اس کے بعد حکمِ الٰہی سے خلق کی ہدایت وارشاد کے کے لئے اسے خلقت کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے۔اس وقت اس سالک کی صورت، سورہ انفال''**انما المؤمنون الذین اذا ذکر اللہ وجلت قلوبھم**۔۔۔''(مومن تو وہ لوگ ہیں۔کہ جب ان کے سامنے اللہ تعالیٰ کا ذکر ہوتا ہے۔تو ان کے قلوب ڈر جاتے ہیں) کا مصداق بن جاتی ہے۔جس سے کہ طالبین کو اختیارِ ذات حاصل ہوتا ہے۔اس وجہ سے کہ حق تعالیٰ نے اسے اپنے ذاتی علم سے بھر دیا ہے۔یا اس کے معنی یہ ہوسکتے ہیں۔کہ! جب سالک کے عین ثابتہ (اعیانِ ثابتہ یعنی اشیاء وتعینات کا وہ نقشہ ہے۔جو خلقت سے پہلے حق تعالیٰ کے علم وذہن میں تھا) کی زمینِ تقید سے رہائی حاصل کرکے اطلاق کا رنگ اختیار کرتی ہے۔تو تجلیاتِ ذات کا محل بنتی ہے۔لیکن سالک اس سے تنزل کرکے مقامِ عبدیت پر آتا ہے۔اور اپنے جسم کے ہر ایک عضو کو عینِ ثابتہ کے احوال سے بھرا ہوا پاتا ہے۔چنانچہ اس کے اعضاء میں سے اسے اس کے مشہودِ اطلاقی سے خبر دیتا ہے۔اس وقت سالک کا پورا جسم وجان اور چشم وگوش یعنی سمع وبصر بن جاتا ہے۔

اذکار و مشاغل اور مراقبات میں فوائد کا حصول :

ذکرواذکار، مشاغل ومراقبات میں وساوس وشیطانی خیالات سے نجات حاصل کرنے کا مجرب الجرب طریقہ دراصل **سلطان العارفین حضرت سلطان باھو** ؒ سے منقول ہے۔جس کو **حضرت فقیر نور محمدسروری قادری** ؒ نے رفاہ عام کے لئے عیاں فرما کر بڑی شرح وبسط سے اپنی تصانیف میں مزین فرما کرعوام النّاس کواس کے بے حدو بے شمار فوائد ونتائج سے آ گاہی عطا فرمائی۔ **جزاک اللہ بالخیر۔**

جب کوئی شخص تصوراسم ذات کے لئے ، لطائف وقلب جاری کرنے کے لئے ، ذکرواذکار یا مشاغل ومراقبات کے لئے بیٹھتا ہے۔تو دل میں نفسانی وشہوانی خواہشات ، غیر خیالات ، دنیاوی تفکرات ، ذہنی خلفشار ، نا مساعد حالات وواقعات ، ظاہری و باطنی وساوس اور شیطانی خیالات کا راستہ بند کرے۔اوراذ کارومشاغل اورمراقبات سے پوری طرح مستفید ہونے کے لئے اگراپنے اوپر ذیل کا حصار کرلیا جائے۔توفیوض وبرکات کے باب کھل جائیں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔حصار کے لئے درج ذیل اورادووظائف سے کام لیا جا تا ہے۔(بقولِ عارف رومی ؒ)

بر زبانِ تسبیح و در دل گاؤخر ایں چنیں تسبیح کے دارد اثر

اذکار و مشاغل اور مراقبات سے پہلے کا مجرب المجرب روحانی حصار :

لہذا ابوقت تصوراسم ذات''**اللہ**'' سے بھر پورطریقے سے مستفید ومتفع ہونے کا یہ طریقہ انتہائی بے مثال ہے۔کہ! صاحب تصوراسم ذات''**اللہ**'' کو چاہیے۔کہ باوضو پاک صاف کپڑے پہن کر پاک جگہ میں تنہا آلتی پالتی مار کر مربع ہوکر قبلہ رُخ ہو بیٹھے۔اوردل کو تمام غیر خیالات دنیوی تفکرات و ماسویٰ خیالات سے خالی اور فارغ کردے۔اورظاہری وساوس شیطانی و خطرات نفسانی کا راستہ بند کرنے کے لئے اپنے اوپر ذیل کا حصار کرلے۔یعنی کہ!

- ☆ **اَعُوذُ بِاللّٰہِ السَّمِیعِ الْعَلِیمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیمِ ۔** 7 مرتبہ۔
- ☆ **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ ۔** 19 مرتبہ۔
- ☆ **درود وسلام معہ تسمیہ ۔** 3 مرتبہ۔
- ☆ **سورۃ فاتحہ معہ تسمیہ ۔** 3 مرتبہ۔
- ☆ **آیت الکرسی معہ تسمیہ ۔** 3 مرتبہ۔
- ☆ **آخر سورۃ بقرۃ معہ تسمیہ ۔** (**اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَا** ۔۔۔۔۔۔ تا آخر) 3 مرتبہ۔
- ☆ **آخر سورۃ مومنون معہ تسمیہ ۔** (**اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا**۔۔۔۔ تا آخر) 3 مرتبہ۔
- ☆ **سورۃ کافرون معہ تسمیہ ۔** 3 مرتبہ۔
- ☆ **سورۃ اخلاص معہ تسمیہ ۔** 3 مرتبہ۔
- ☆ **سورۃفلق معہ تسمیہ ۔** 3 مرتبہ۔
- ☆ **سورۃ والناس معہ تسمیہ ۔** 3 مرتبہ۔
- ☆ **درود و سلام معہ تسمیہ ۔** 3 مرتبہ۔
- ☆ **کلمہ تمجید معہ تسمیہ ۔** 3 مرتبہ
- ☆ **کلمہ توحید مع تسمیہ** (وہ حصہ جوتسبیح فاطمہ ؓ میں فرض نماز فجر وعصر کے بعد پڑھا جاتا ہے) 3 مرتبہ
- ☆ **کلمہ طیبہ** (شروع میں صرف ایک بارتسمیہ) 3 مرتبہ
- ☆ **استغفار** (شروع میں صرف ایک بارتسمیہ) 3 مرتبہ
- ☆ **سلٰم قف قولا من رب رحیم** (شروع میں صرف ایک بارتسمیہ) 3 مرتبہ
- ☆ **واللہ المستعان علی ماتصفون** (شروع میں صرف ایک بارتسمیہ) 3 مرتبہ

اِن تمام اورادووظائف میں سے ہرایک کوانفرادی طور پر 3-3 بار پڑھ کر سینے پر دم کرتے رہنا ہے۔اوردونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام چہرے پر پھیرتے رہنا ہے۔اوراس کے بعدتمام بدن پر پھیردیں۔تاکہ کلی فوائد حاصل ہوسکیں۔بعدہٗ ذکرواذکار، اوراد و وظائف ، مشاغل ومراقبات جوبھی کرنا ہوکریں۔اگرمراقبہ یا تصورکرنا ہوتو آنکھیں بند کریں۔انشاءاللہ تعالیٰ کلی فوائد حاصل ہوں گے۔

خاکسارانِ جہاں را بحقارت منگر تو چہ دانی کہ دریں گرد سواری باشد

اذکار کے استفادہ کے حصول کے لئے پانچ طھارتوں کی ضرورت :

حضرت خواجہ یوسف ہمدانیؒ نے فرمایا۔کہ! دورانِ ذکر، ذاکر کے لئے پانچ طہارتیں لازم ہیں۔اس کے بعد ذکر کی تاثیروبرکت (اورفیوض وبرکات) ذاکر کے روح وقلب میں سرایت کرجاتی ہے۔ ☆ طہارتِ چشم۔ ☆ طہارتِ گوش۔ ☆ طہارتِ لسان۔ ☆ طہارتِ شکم۔ ☆ طہارتِ صحبت۔

تمام اذکار میں سے افضل ترین ذکر کلمہ'' **لا الــہ الا اللــہ** '' ہے۔جاننا چاہیئے۔کہ! جیسے ایک پرندہ کو دوبال و پر کی ضرورت ہوتی ہے۔تاکہ وہ ہوا میں پرواز کرسکے۔جیساکہ! اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالیشان ہے۔کہ! **الیہ یصعد الکلم الطیب والعمل الصا لح یر فعہ**۔(ترجمہ) پاکیزہ کلمہ اس کی طرف چڑھتا ہے۔اور نیک عمل اس کواوپر اُٹھاتا ہے۔(سورہ فاطر۔10)اس آیتِ کریمہ سے واضح ہے۔کہ! ایک پَر تو حضور وآگاہی ہے۔جبکہ دوسرا پَر اخلاص ہے۔یادرہے۔کہ! حضور وآگاہی سے مراد تو یہ ہے۔کہ! حق تعالیٰ کو ہمیشہ دانا، بینااورشنوا جاننا ہے۔جو ہر بلند و پست کوسنتااور دیکھتا ہے۔جبکہ اخلاص یہ ہے۔کہ! اپنے کردار وگفتار سے نہ دنیا کا طالب ہو۔اور نہ جاہ و مال کا۔بلکہ جنت،حوروقصور،نہروں،درختوں اور پھلوں یا دیگر تمام انعاماتِ الٰہی کا خواہاں نہ ہو۔ذکر کے وقت دل ودماغ میں بس صرف یہی تصور وتخیل رہے۔کہ **!الٰھی مقصودِ مَن تو ئی و از تو ترامی خواھم** ۔(ترجمہ) یاالٰہی تُو ہی میرا مقصود ہے۔اور میں تجھ سے تجھی کو چاہتا ہوں۔ذکر کا زیادہ فائدہ اُس وقت ہوتا ہے۔کہ جب کسی ولی صفت مومن سے اس کی اجازت لے کر ذکر کیا جائے۔اذکار میں سے تلاوتِ قرآن سب سے بہترین عبادت ہے۔

چار اقسام کے اِشغال : ☆ دستی ☆ لسانی ☆ سمعی ☆ نظری و بصری

شغلِ دستی : دست کاری وصنعت یا پیشہ وحرفت ہے۔یوگی، جوگی ،سنیاسی یا سادھی قسم کے لوگ اپنے ہاتھوں کو کئی کئی برسوں تک اپنی گردن کے پیچھے باندھ کر رکھتے ہیں۔اُن کا عقیدہ ہے کہ اس مشقوں کے کرنے سے اُن کے ہاتھوں میں عجیب وغریب قسم کی طاقت پیدا ہوتی ہے۔اور اِس طرح کے دیگر کئی امور دراصل شغلِ دستی میں آتے ہیں۔

شغلِ لسانی : قُرآن خوانی،درورد شریف واذکار واوراد،وعظ،قصہ خوانی،گفتگو وتقریر جیسے امور شغلِ لسانی میں آتے ہیں۔

شغلِ سمعی : ایسی کوئی بات سُن سکیں یا قوتِ سامعہ کا آواز وحرکت کی جانب بھرپور متوجہ ہونا اور اِس کے معنی والفاظ اپنی طرف سے خود پیدا کر کے استغراق ومحویت میں جانے کے عمل کو شغلِ سمعی کی طرف تعبیر کیا جاتا ہے۔فقراء اِسی قسم کے اشغال میں محورہ کر باطنی قوتوں کو بڑھاتے ہیں۔فقراء کے ہاں تین مشاغل بہت مشہور ومعروف ہیں۔ ☆ **شغلِ سرمدی**☆ **شغلِ منصوری** ☆ **شغلِ قلبی**۔

شغلِ نظری یا شغلِ بصری : اس شغل میں اپنی قوت ناظرہ یا قوت باصرہ کو کسی مرئی یا غیر مرئی چیز کی جانب متوجہ کیا جاتا ہے۔یہاں تک کہ قوت نظر و بصر قائم ہوجائے۔اور پھر وہی شئے منظورِ نظر سے اثر اُخذ کرنے لگ جائے۔اور پھر مسلسل مشق کرنے سے نظر میں اِس قدر قوت پیدا ہو جائے کہ! اگر کوئی (وہ شخص جس نے اس مشق میں کمال حاصل کر رکھا ہو) کسی پر اثر ڈالنا چاہے تو تخیل وتصور ہی میں اثر پڑ جائے۔ویسے بھی نظر کا یہ قانون ہے کہ! جب کوئی نظر کسی بھی شئے کو اپنا ہدف بناتی ہے یعنی کہ! کسی بھی چیز کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھا جاتا ہے تو دماغ کی سکرین پر پانچ سے آٹھ سیکنڈ تک اس شئے کا عکس (تصور وتخیل) برقرار رہتا ہے۔پھر پلک جھپکنے کے عمل سے یہی عکس مدھم ہوکر حافظہ کی طرف چلا جاتا ہے۔اور پھر دوسرا عکس دماغ کی سکرین پرآ جاتا ہے۔اوراگر کسی بھی ہدف کوایک منٹ سے زیادہ مرکوز کر دیا جائے تو پھرایک ہی ہدف (یعنی وہی شئے) دماغ کی سکرین پر وارد رہتی ہے۔اور یہی چیز حافظے پر نقش ہوتی رہتی ہے۔اوراگر یہی ہدف کم وبیش ایک آدھ گھنٹے تک نظر کے سامنے رہے۔اور بغیر پلک جھپکائے مسلسل اتنی ہی دیر تک اُسی ہدف کو دیکھتے رہیں تو اس عمل سے نگاہ قائم ہونے کا وصف دماغ ہی میں پیوست ہو جاتا ہے۔جس کی وجہ سے ذہنی انتشار ختم ہو جاتا ہے۔اس عمل کی مسلسل تکرار سے اس شئے کی حرکت صاحب مشق کے اختیار وتصرف میں آجاتی ہے۔اب صاحب مشق جہاں اور جس طرف شئے کو چاہے بآسانی حرکت دے سکتا ہے۔اور پھر نتیجے کے طور پر نگاہ کی مرکزیت کسی بھی شخص کے اندر قوت ارادی کو جنم دیتی ہے۔اور یہ بات بالکل واضح ہے کہ اگر کسی شخص کی قوتِ ارادی جتنی مضبوط ہوگی انسان اسی قدر اپنی قوت ارادی سے من چاہے کام لے سکتا ہے۔اورامراض پر بھی بآسانی قابو پاسکتا ہے۔

طریقِ اذکار : ذِکر دراصل چار طرح کا ہوتا ہے۔ ☆ پہلی صورت یہ ہے کہ زبان تو ذکر میں ہمہ وقت مشغول رہے مگر قلب غفلت کا شکار رہو۔ ☆ دوسری صورت یہ ہے کہ زبان کے ساتھ ساتھ قلب بھی ذکر میں مشغول رہے تاہم دل کبھی کبھار غفلت کا شکار ہو جائے۔مگر زبان بدستور ذکر ہی میں مشغول رہے۔ ☆ تیسری صورت یہ ہے کہ زبانِ جسم کے ساتھ زبانِ قلب برابر وموافق پوری طرح ذکر میں مشغول رہیں۔لیکن کبھی دل اور کبھی زبانِ جسم غفلت کا شکار ہو ہی جائیں۔ ☆ چوتھی اورآخری صورت یہ ہے کہ! زبان بعض اوقات غافل اور بے کار ہو جائے مگر قلب دائما ذکر میں حاضر ومشغول رہے۔یہی مقامات کی انتہا ہے۔کیونکہ اصل بات ہی ہمہ وقت حضوری وآگاہی کی ہے۔اور یہی ذکر کی اصلیت وحقیقت ہے۔بلکہ یہی وہ مقام و مرتبہ ہے جہاں ذاکر اپنے قلب کی آواز کو ہر وقت سنتا رہتا ہے۔اور سوائے ذاکر کے اس آواز کو اور کوئی نہیں سن پاتا۔

یہ ذِکرِ نیم شبی ، یہ مراقبے ، یہ سرور تیری خودی کے نگہباں نہیں تو کچھ بھی نہیں

اچھے اور برے انوارات و آثار کی کیفیات :

جب سالک کا دل اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے لگتا ہے۔اور یہ ذکرِ الٰہی تمام جسم و جان میں سرایت کر جاتا ہے۔اور غیر اللہ سے دل بالکل پاک و صاف ہو جاتا ہے۔اور روحانیت سے ایک خاص قسم کا تعلق وانس بھی پیدا ہو جاتا ہے۔تو انواراتِ الٰہیہ ظاہر ہونے لگتے ہیں۔کبھی وہ انوار اپنے میں خود دکھائی دیتے ہیں۔اور کبھی اپنے باہر۔لیکن یاد رہے۔کہ! اچھے انوار تو وہی ہیں۔کہ جن کو وہ دل وسینہ اور سر یا دونوں اطراف اور کبھی بدن میں پائے۔اور جو انوار کبھی داہنے شانے اور کبھی سامنے سر کے پاس ظاہر ہوتے ہیں۔وہ بھی اچھے ہیں۔مگر ان کی طرف توجہ نہیں کرنا چاہیئے۔کسی رنگ کا نور اگر داہنے شانے کے برابر ظاہر ہو تو وہ ملائکہ (فرشتوں) کا نور ہے۔اگر سفید رنگ کا نور ظاہر ہو۔تو کراماً کاتبین (وہ دو فرشتے جو ہر انسان کی اچھائیوں اور برائیوں کے تحریر کرنے کے واسطے انسان کے دونوں شانوں پر منجانبِ الٰہی متعین ومقرر کئے گئے ہیں) کا نور ہے۔اور اگر سبز پوش خوبصورت آدمی یا اور کوئی اچھی دلعزیز صورت نظر آئے۔تو وہ فرشتہ ہے۔جو ذاکر کی حفاظت پر مامور کیا گیا ہے۔اگر داہنے شانے سے کچھ ہٹا ہوا ہو۔یا آنکھ کے برابر ہو۔تو وہ مرشد کا نور ہے۔جو درحقیقت راستے کا رفیق ہے۔اور اگر سامنے ہے۔تو وہ نورِ محمدی ﷺ ہے۔جو کہ ہمیشہ سیدے راستے کی تعلیم وتلقین فرماتا ہے۔

اگر بائیں شانے کے متصل کوئی نور ظاہر ہو۔تو وہ سینہ کے فرشتہ کاتب کا نور ہے۔اگر بائیں شانے سے دور ظاہر ہو۔خواہ کسی بھی رنگ کا ہو۔تو وہ شیطانِ لعین ہے۔اور بعض اس کو دنیا کا نور کہتے ہیں۔اسی طرح جو صورت یا آواز پیچھے سے یا بائیں طرف سے ہو۔وہ شیطان کا دھوکہ ہے۔اس وقت سالک **لا حول ولا قوۃ** پڑھے۔اور تعوذ پڑھے۔تاکہ وہ (شیطان اور شیطانی خیال) دفع ہو۔اور اس کی طرف قطعاً توجہ نہ کرے۔اور اگر نور اوپر سے یا پھر پیچھے سے آئے۔تو وہ ان ملائکہ (فرشتوں) کا ہے۔جو ذاکر و سالک کی حفاظت پر مامور کئے گئے ہیں۔اگر نور بلا کسی جہت (طرف وسمت) کے ظاہر ہو۔اور دل پر خوف طاری ہو۔اور اس کے دفع ہو جانے کے بعد بھی باطنی حضوری نہ رہے۔تو وہ نورِ شیطان کا ہے۔اس وقت **لا حول ولا قوۃ** پڑھے۔اور تعوذ پڑھے۔تاکہ وہ (شیطان اور شیطانی خیال) دفع ہو۔اور اسی طرح اگر کوئی نور بلا جہت ظاہر ہو۔اور اس کے زوال کے بعد بھی حضورِ باطنی کی لذت نہ جائے۔اشتیاق اور طلب اسی طرح غالب رہے۔تو وہی نور مطلوب ہے۔**رزقنا اللہ ایاکم**۔اور اگر دھوئیں یا آگ کے رنگ کا نور سینہ یا ناف کے اوپر سے ظاہر ہو۔تو یہ خناس (**من شر الوسواس الخناس**) کا نور ہے۔ایسی صورت میں فوراً تعوذ پڑھنا چاہیئے۔اور اگر سینے کے اندر یا دل پر نور ظاہر ہو۔تو وہ صفائے دل کا نور ہے۔اور اگر سرخ یا سفید زردی مائل نور دل سے ظاہر ہو۔تو دل کا نور ہے۔اور اگر خالص سفید رنگ کا نور ہے۔تو روح کا ہے۔جس نے طالب کے دل میں تجلی کر کے اپنی ہستی کو ظاہر کیا ہے۔اور اگر سر کی جانب سے نور ہے۔تو وہ بھی روح کا نور ہے۔اور آفتاب کے رنگ کا نور بھی روح کا ہی نور ہے۔بعض سالکین اس کو نورِ ذات ٹھہراتے ہیں۔تو اگر یہ اوپر سے ہے۔تو ذات کا ہے۔اور اگر سامنے سے ہے۔تو روح کا ہے۔اگر ماہتاب جیسا ہو۔تو دل کا نور ہے۔اور بعضوں کے نزدیک سامنے کا نور نورِ محمدی ﷺ ہے۔اور جو **سلطاناً نصیراً** اور **سلطاناً محموداً** کی طرف سے ظاہر ہو۔تو وہ بھی نورِ ذات ہے۔مگر سالک کو چاہیئے کہ انوار میں ماسوائے مطلوب کے کسی بھی طرف متوجہ نہ ہو۔سرور اور لطف حاصل نہ کرے۔بلکہ صرف نورِ الٰہی میں ہی ترقی کرے۔کیونکہ اللہ تعالیٰ کی تجلیات کی کوئی حد وانتہا نہیں ہے۔اور اگر کاجل کی سیاہی کی ایسی تاریکی اور اس کے اردگرد باریک اور مکدر (کدورت آمیز، میلا وگدلا) نورانی خطوط ہوں تو وہ نورِ نفی کا ہے۔اگر اس طرف توجہ کرے گا۔تو نفی ہی حاصل ہوگی۔اور ماسوائے اللہ تعالیٰ سے قلب صاف ہو جائے گا۔اور ہر آثاری وافعالی وصفاتی تجلی (جس کا رنگ سفید، سبز اور سرخ ہے) میں محویت واستغراق اور فنا کا حاصل ہونا مقصدِ اصلی ہے۔جس میں ہوش آئے گا۔تو درد وشوق اور بے قراریٔ عشق ترقی کرے گا۔اور ہر ہر تجلی سے ترقی کر کے لطف حاصل کرے گا۔اس کی کیفیت کا بیان کرنا غیر ممکن ہے۔اور عروجی سیر کے پورا ہونے کے بعد تجلیٔ ذات کا جلوہ دکھائی دیتا ہے۔اور تجلی ذاتی کا انکھ کی سیاہی کی مانند رنگ ہے۔اور اس میں عارف کی فناء الفناء ہے۔معلوم کرنا چاہیئے۔کہ ان تجلیات کی ابتداء میں (عالمِ ناسوتی کے انوارات واوصاف کے مناسب) سالک کے قلب پر مختلف حیثیتوں سے انوارات ظاہر ہوتے ہیں۔اور سالک ان انوارات کی طرح مجسم نور بن کر عالم انوار کی سیر کرتا ہے۔اس مقام پر سالک کو چاہیئے۔کہ ان انوارات سے لذت حاصل نہ کرے۔اور نہ ہی ان میں مشغول ہو۔اور ان کو اللہ تعالیٰ کی قدرت سمجھ کر صانع کی طرف متوجہ ہو۔پھر انشاء اللہ تعالیٰ مرشد کی رہنمائی ومعاونت سے سالک آسمان پر پہنچ جائے گا۔جہاں پر سالک کے لئے یہ انعامات ہوں گے۔ ☆ آسمان کی عجیب وغریب تخلیقات (چیزوں) کا بعین معائنہ کرے گا۔ ☆ انبیائے کرامؑ، اولیائے عظام اور ملائکہ سے نیاز حاصل کرے گا۔ ☆ فرشتوں کو مختلف صورتوں میں ملاحظہ کرے گا۔☆ فرشتوں کی طرح ان کے ساتھ ساتھ آسمانوں پر صعود کر کے عجیب عجیب چیزوں کا بعین نظارہ بھی کرے گا۔

یہاں پر بھی مرید وسالک کو لطف نہ اُٹھانا چاہیئے۔اور دردِ عشق اور شوق کے ساتھ ترقی کرے۔پھر ارشادِ الٰہی اور مرشد کی خصوصی توجہ سے عرش وکرسی پر پہنچے گا۔اور کرسی کو نورِ عرش سے منور پائے گا۔جو آفتاب کی مانند روشن ہوگا۔سالک کو اس سے بھی لذت نہ اُٹھانا چاہیئے۔اور سب کو نفی کے تحت میں رکھنا چاہیئے۔اس مرتبہ میں عنصریت (چار عناصر جیسے کہ آب، خاک، آتش وباد) ترقی کر کے اطلاق کی حالت پیدا کر لے گا۔بلکہ اس حالت پت بھی سالک کو مطمئن نہ ہونا چاہیئے۔بلکہ اللہ تعالیٰ کے مختلف اوصاف کا نظارہ کر کے اپنے دل میں عشقِ الٰہی کی آگ کو اور بھی زیادہ تیز کر لے۔یہ آگ سالک کے ہوش وحواس کو بالکل خاکستر کر دے گی۔ہوش میں آنے پر شوق ومحبت کی وجہ سے سالک بے باکی سے گفتگو کرے گا۔لیکن اس کو خود بھی اس کا احساس نہ ہوگا۔نیز اس حالت کی وجہ سے وہ تمام چیزوں سے قطع تعلق کر لے گا۔از روئے وصل اور وجہء دردِ عشق اور بھی زائد ہو جائے گا۔اگر اللہ تعالیٰ نے مزید فضل کیا۔تو وہ ان تجلیاتِ کیفی (کیفی بمعنی مسروری و

مخموری) سے آگے ترقی کر جائے گا۔اور اس پر تجلی حقیقی بے کیفی ہوگی۔ سالک ان میں محو و مستغرق ہو جائے گا۔ اور ان تمام چیزوں سے بے خبر ہو جائے گا۔ اور سوائے اللہ تعالیٰ کے کسی کو بھی نہ دیکھے گا۔ اور وجودِ خدا کا اس کو یقینی ثبوت پہنچ جائے گا۔ پھر ہوش بحال ہونے پر اپنے فنا کی وجہ سے وصالِ حق کے اشتیاق کی ایک خاص کیفیت محسوس کرے گا۔ اور اللہ تعالیٰ کو اپنے وجود میں منصور (منصور بن حلاج کے کلمات جیسے انا الحق وغیرہا۔۔۔) پا کر ایسے کلمے کہنے لگ جائے گا۔ کہ خود بھی جان نہ پائے گا۔ کہ مَیں کیا کہہ رہا ہوں۔ یہ تو تجلیاتِ افعالی اور صفاتی تھے۔ مگر اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل و کرم اور مرشد کامل کی توجہ سے عشق بےقراری کے باوجود مطلوب حقیقی کی تجلی ذاتی اس پر وارد ہوگی۔ اس مرتبہ میں وہ اپنے ہی وجود سے اس قدر بے خبر ہو جائے گا۔ کہ اپنے فنا کا احساس بھی نہ کرے گا۔ اور اس کو فناء الفناء کا مقام و مرتبہ حاصل ہو جائے گا۔ اس کے بعد پھر اس کو فنائے حقیقی حاصل ہوگی۔ اور حفظِ مراتب کا پاس کرے گا۔ اور اللہ تعالیٰ کی خلافت پائے گا۔ انشاءاللہ۔ **قال ربک للملئکۃ انی جاعل فی الارض خلیفۃ۔**

☆ **نگہداشتِ خاطر** (خاطرِ خیالات کی نگہداری کرنا) : شرطِ ششم یہ ہے۔ کہ! خیالات کے خطرات کی نگہداشت کی جائے۔ خاطر کی چار اقسام ہیں۔ ☆ خاطرِ شیطانی۔ ☆ خاطرِ نفسانی۔ ☆ خاطرِ ملکانی۔ ☆ خاطرِ رحمانی۔

خاطرِ شیطانی سے مراد معصیت کی آرائش ہے۔ خاطرِ نفسانی سے مراد شہوات کا مطالبہ ہے۔

خاطرِ ملکانی سے مراد طاعت کی ترغیب ہے۔ خاطرِ رحمانی سے مراد غفلت سے تنبیہ ہے۔

سالک کو جب قلب میں جب بھی کوئی خطرہ پیدا ہو۔ اسی وقت اسے ذکر کرنا چاہیئے۔ اور اس خطرے کی نفی کرے۔ اور مقصدِ کار میں لگا رہے۔ حتی کہ اس پر عیاں ہو جائے کہ اسے کس خطرہ کو قبول کرنا ہے اور کس کو رَد کرنا ہے۔ لیکن اگر وہ اِن خطرات میں تمیز نہیں کر سکتا۔ تو بارگاہ یزداں میں عرض کرے۔ کہ! اے رب متعال! میں تو نہیں جانتا۔ تُو ہی میری رہنمائی فرما۔ اگر یہ میرے لئے بہتر ہے۔ تو ٹھیک، ورنہ مجھے اس خطرے سے نجات عطا فرما۔ آمین۔

☆ **رضا بحکمِ خدا** : شرطِ ہفتم یہ ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ کے حکم پر راضی رہے۔ توکل اور تفویض بھی اسی کو کہتے ہیں۔ سری و جہری اور سختی و نرمی غرضیکہ! تمام حالات میں ایک مسلمان کو اللہ تعالیٰ کے خوف اور صرف اسی کی اُمید کے ساتھ زندگی گزارنی چاہیئے۔ چاہیئے۔ کہ! حق تعالیٰ کی شانِ کریمی، رحیمی، رحمانی، غفاری و ستاری پر نظر رکھتے ہوئے ''رجاء'' سے قوت حاصل کرنی چاہیئے۔ جبکہ اللہ تعالیٰ کی صفات قہاری، جباری اور شدید العقابی پر نظر رکھتے ہوئے ''خوف'' سے قوت حاصل کرنی چاہیئے۔ لہذا دنیا میں رہتے ہوئے بندہ کی بھلائی صرف اسی بات ہی میں ہے۔ کہ! وہ اپنے جمیع احوال میں خوف و رجاء کے درمیان رہے۔ طاعت و بندگی میں بے خوف نہ ہو۔ اور خود کو معصیت و گناہ میں مبتلا ہونے سے باز رکھے۔ تا کہ! وہ محبوب الخلائق اور بندہ و ولی بن جائے۔ (رضا کے متعلق ابھی طویل بحث گزری ہے۔ وہاں سے دیکھی جا سکتی ہے)

☆ **صحبتِ صلحاء** : شرطِ ہشتم یہ ہے۔ کہ! صالحین کی صحبت اختیار کرنا اور مفسدین سے اجتناب کرنا سالکینِ راہ طریقت کے لئے نہایت ضروری ہے۔ بالخصوص ضعیف الاحوال سالکین کو تو حجاب میں رہنا چاہیئے۔ تا کہ غیر محرم پر نظر نہ پڑے۔ اور نہ ہی غیر محرم کی نظر اس پر پڑے۔ صحبتِ صلحاء سے زندگی کے رنگ ہی بدل جاتے ہیں۔ (لہذا یاد رہے۔ کہ!) اگر یہ شرائط پوری ہو جائیں۔ تو طالبانِ راہ حقیقت کے ذوق و شوق میں ہر ہر لحہ اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔ اس ذکر کے ساتھ دو مزید چیزوں کا بھی خیال رکھنا چاہیئے۔ اول تعظیم اور دوئم حرمت۔

تعظیم سے مراد حق تعالیٰ کا وقار اور عظمت ہے۔ جبکہ! **حرمت** سے مراد آدابِ شریعت کا ملحوظِ خاطر رکھنا ہے۔ اس حساب سے اس ذکر کو 'بارہ رکنی' بھی کہا جاتا ہے۔ اور کمال یہی ہے۔ کہ! تمام ارکان کو پورا کیا جائے۔ دوسری بات یہ ہے۔ کہ! اس شغل کے دوران سانس کو اس حد تک بند رکھا جائے۔ کہ تنگیٔ نفس محسوس ہونے لگے۔ اور بے خودی طاری ہو جائے۔ کوشش یہ کرنی چاہیئے۔ کہ! ایک شبانہ وروز میں ایک ہزار سانس بند کر سکے۔ اس کے علاوہ دیگر اوقات میں بھی ہر وقت اسی مراقبہ میں محو و مستغرق رہے۔ حتی کہ ذکر روح میں سما جائے۔ اور ذاتِ حق میں فنا میسر آ جائے۔

مختلف الاقسام اذکار کے حاصل ہونے کی علامات :

☆ ذِکر قلب حاصل ہونے کی علامت یہ ہے کہ! ذاکر اپنے قلبی ذکر کو ہر وقت یا کبھی کبھار اپنی قوت و استعداد کے مطابق، ہر شئے سے یا پھر بعض اشیاء سے سنتا رہتا ہے۔ ☆ ذکر روحی کے حاصل ہونے کی علامت ونشانی یہ ہے کہ! ذاکر جملہ اشیاء سے کچھ مخصوص تسبیحات سنتا ہے۔ اور سوائے حق تعالیٰ کے اور کسی **فاعل** کو قطعاً نہیں دیکھتا۔ ☆ ذِکر قلب میں حضورِ حق اور حضورِ خلق دونوں برابر ہیں۔ جبکہ ذِکر روح میں حضورِ خلق کی نسبت حضورِ حق قدرِ غالب رہتا ہے۔ ☆ ذِکر سر میں ذاکر کو سوائے حضورِ حق کے اور کوئی حضوری نہیں ہوتی۔ ☆ ذِکر خفی یہ ہے اپنا وجود اپنی ہی روح میں مخفی ہو جائے۔ جس طرح کائنات سر میں مخفی ہو جاتا ہے۔

اذکار میں تین احوال کی رو نمائی : قربِ نوافل۔ قربِ فرائض۔ عین رویت اللہ۔

قربِ نوافل اور مشاہدہ حق : طالبِ صادق جب اذکارِ جہریہ، خفیہ اور سریہ سے بفضلہٖ تعالیٰ ترقی کرتا جاتا ہے۔ تو ذکر روحی اور مشاہدہ میں جا پہنچتا ہے۔ یہاں پر غلبہ و ہیبت اور جلالِ الٰہی سے بے ہوش ہو جاتا ہے۔ جب ہوش میں آتا ہے۔ تو اپنے آپ کو حقیر و عاجز اور کم حیثیت خیال کرتا ہے۔ پھر مزید ترقی کا آرزومند ہوتا ہے۔ اور انوار و جمالِ الٰہی میں مستغرق سالک کے حواسِ خمسہ معطل و بے کار ہو جاتے ہیں۔ اور طالب کے دل میں تجلی قرار پکڑتی ہے۔

پھر طالب کی دیدوشنید، علم وفعل اورارادہ وکلام وغیرہ عین خدا ہو جاتا ہے۔ اس مقام میں رب متعال آلہ اور سالک اس کا فاعل ہوتا ہے۔ اور وہ جمیع اشیاء میں دیدہء باطن سے ہستی حق کو مشاہدہ کرتا ہے۔ **وھو علیٰ کل شیءِ محیط. وھو معکم اینما کنتم** ۔ **(ترجمہ)** تمام موجودات کو اللہ تعالیٰ گھیرے ہوئے ہے۔ اورتم جہاں کہیں اور جس حالت میں ہو۔ اللہ تعالیٰ تمھارے ساتھ ہے۔ یعنی سالک کا دیکھنا سننا۔۔۔ غرضیکہ اس کے تمام افعال اللہ تعالیٰ ہی سے ہوں گے۔ وہ تمام چیزوں میں اللہ تعالیٰ کے وجود کو پائے گا۔ اور اس کی توجہ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف ہوگی۔ اس مرتبہ کو ''قربِ نوافل اور مشاہدہ حق'' سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اس کی منتہا (حد) نہیں۔ اس میں سالک بنی ہوئی چیزوں سے بنانے والے یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔ اس مرتبہ میں سالک کی نظر صنعت کی معرفت سے صانع کی طرف جاتی ہے۔ اس مرتبہ ومقام کمالیت میں طالب کو ''**سالک مجذوب**'' کہتے ہیں۔ **ما رایت شیئا الا رایت اللہ فیہ** ۔ **(ترجمہ)** مَیں نے کوئی ایسی چیز نہیں دیکھی۔ جس میں اللہ تعالیٰ کا جلوہ دکھائی نہ دے۔

قربِ فرائض : طالبِ صادق جب اس مرتبہ سے ترقی کرتا ہے۔ اور تجلی الٰہی بصورتِ اجسام سالک کے دل پر ظہور ہوتی ہے۔ تو اس مرتبہ میں سالک کی نظر معرفتِ صانع سے صنعت کی طرف ہوتی ہے۔ اور تجلی ذاتی عاشق کے قلب پر ظہور کرتی ہے۔ اس تجلی میں نورِ الٰہی کو بے مثل و مانند دیکھتا ہے۔ ہستی حق کو کثرتِ اشیاء کے حجاب میں مشاہدہ کرتا ہے۔ جو کچھ صفات وافعال اَز خود یا دیگر موجودات سے دیکھتا ہے۔ تو یقینِ کامل سے جانتا ہے۔ کہ یہ صفات وافعال اللہ تعالیٰ کے ہی ہیں۔ اسی مقام کا نام ''قربِ فرائض'' ہے۔ جو اس مرتبہ و مقامِ کمالیت کو پہنچتا ہے۔ اس کو بھی ''**سالک مجذوب**'' کہتے ہیں۔ اس مقام پر سالک تمام اشیاء میں ہستی ءذاتِ حق کو جلوہ گر دیکھتا ہے۔

ما رایت شیئا الا رایت اللہ قبلہ ۔ **I saw nothing but I saw Allah before him**

عین رویت اللہ : طالبِ صادق جب اس سے بھی ترقی کرتا ہے۔ تو تجلی ذات بہ جمیع صفات ظہور پکڑتی ہے۔ اور سالک مقاماتِ فنا در فنا حاصل کرتا ہے۔ مرتبہ سوئم میں صانع کے ماسوا کچھ بھی باقی نہیں رہتا۔ **الا انہ بکل شیءِ محیط** ۔ **(ترجمہ)** آگاہ ہو جاؤ۔ اللہ تعالیٰ تمام چیزوں کو گھیرے ہوئے ہے۔ کا اس سے ظہور ہوگا۔ اور پھر اس سالک پر **من عرف نفسہ فقد عرف ربہ** ۔ کی حقیقت وشناسائی کے دریچے کھل جائیں گے۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) اس وقت سالک پر اپنے اور رب کا عرفان منکشف ہوگا۔ اور اسی طرح سے **کل شیء ھالک الا وجھہ** ۔ **(ترجمہ)** ہر چیز فنا ہونے والی ہے۔ سوائے اس ذات (یعنی اللہ تعالیٰ) کے۔ اور پھر محض حق ہی حق باقی رہ جائے گا۔ پھر بذاتِ حق بقا (خود) حاصل کر کے روح کی آنکھ کے نورِ ذاتی سے ذاتِ حق کو بے پردہ معائنہ کرتا ہے۔ اگر اس جگہ پر سالک **الان کما کان** ۔ کا تصور وتخیل کرے۔ تو اللہ تعالیٰ کے نورِ ذاتی کو ملاحظہ کرے گا۔ انشاء اللہ۔ بلکہ بے نقاب وحجاب دیکھے گا۔ (یعنی جس طرح اولیاء اللہ دیکھتے ہیں۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا حقیقی دیدار تو بروزِ قیامت ہی نصیب ہو سکے گا۔ اور وہ بھی صرف انبیاء وصالحین وغیرہا کو۔۔۔) اور **رایت ربی بربی** ۔ اس پر شاہد ہے۔ سالک اللہ تعالیٰ کو اس کے نورِ ذات کے ذریعے سے دیکھتا ہے۔ اور اپنے آپ کو درمیان میں نہیں پاتا۔ اسی کو مقام ومرتبہ فنا کہتے ہیں۔

اور اسی طرح سے حضرت شیخ نصیرالدین چراغ دہلویؒ نے اپنے شیخ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ سے نقل کیا ہے۔ اور آپؒ فرماتے ہیں۔ کہ! اس شغل کے کرنے والوں پر جو قرب کے ساتھ حالات وواقعات اور کیفیات ظاہر ہوتے ہیں۔ اِن کی تفصیل (کو عوام الناس کے سامنے بیان) کرنا خلافِ اَدب ہے۔ اور زبان قاصر ہے۔ اور صرف اتنا بتانا ضروری ہے۔ کہ قرب کی دو اقسام ہیں۔ قربِ نوافل۔ قربِ فرائض۔

قربِ نوافل یہ ہے۔ کہ! مالک سے صفاتِ بشریہ زائل ہو جائیں۔ اور صفاتِ حق ظاہر ہوں۔ جیسے **قُم باذن اللہ** کہہ کر مُردے زندہ کرنا۔ اپنے بدن سے سننا اور دیکھنا اور دور کی بات سننا اور دیکھنا۔ علیٰ ہذا القیاس۔۔۔ اور صفتیں ظہور میں آئیں۔ اور صفاتِ بندے کا صفاتِ الٰہیہ میں فنا ہونا۔ اسی کو ہی کہتے ہیں۔ یہ ثمراتِ مراتبِ نوافل کے ہیں۔

قربِ فرائض یہ ہے۔ کہ! بندہ تمام موجودات کے شعور سے بالکلیہ فنا ہو جائے۔ اسی طرح سالک کی نظر میں وجودِ خالق کے سوا کوئی شئے باقی نہ رہے۔ اور ذاتِ الٰہی میں بندے کے فناء ہونے کے یہی معنیٰ ہیں۔ اور یہ ثمر قربِ فرائض کا ہے۔

حدیثِ نبوی ﷺ : دو نعمتیں ایسی ہیں۔ جن کو اکثر لوگ ضائع کردیتے ہیں۔ وہ تندرستی اور فرصت ہیں۔ (قرآن خوانی، نماز اور اذکار لازمی کریں)

اَز خدا خواہیم توفیقِ ادب — بے ادب محروم گشت از لطفِ رب
بے ادب تنہا نہ خود را داشت بد — بلکہ آتش در ہمہ آفاق زد

مرا زِ پیر طریقت **نصیحتے** یاد اَست — کہ غیرِ یادِ خدا ہرچہ ہست برباد اَست

چھوٹی سی نیکی کا اَجر : آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ کہ! مَیں نے ایک شخص کو جنت میں گھومتے ہوئے دیکھا۔ کہ جدھر چاہتا ہے۔ نکل جاتا ہے۔ کیوں کہ اس نے ایک ایسے درخت کو راستے سے کاٹ دیا تھا۔ جو کہ لوگوں کو تکلیف دیتا تھا۔ (صحیح مسلم شریف)

گر ہوائے ایں سفر داری دلا — دامنِ رہبر بگیر و پس بیا
بے رفیقے ہر کہ شد در راہِ عشق — عمر بگذشت و نشد آگاہِ عشق

حکمتِ اِلھیہ: (طریقہ از صاحبِ شمس المعارف جناب حضرت شیخ ابوالعباس احمد بن علی البونی القرشیؒ)

جس نے چالیس روز اللہ تعالیٰ کے واسطے خالص کیئے۔ تو اس کے قلب سے حکمت کی نہریں اس کی زبان سے ظاہر ہوں گی۔ اور اللہ تعالیٰ اپنے خصوصی فضل وکرم سے اس پر کشف کے دروازے کھول دے گا۔ اس اصول کو خوب ذہن نشین کر لو۔ تا کہ اس کے ذریعے کامیابی نصیب ہو۔

صاحبِ **شمس المعارف ولطائف العوارف** کا بیان ہے۔ کہ! جب اللہ تعالیٰ نے اس عالم کو پیدا فرمایا۔ تو عقل کو پیدا کیا۔ تو اس میں ہر ایک فرد کو اس کی حیثیت کے موافق عقل عنایت فرمائی۔ چنانچہ حیوان ناطق (گویائی، بولنے کی صلاحیت) کو پیدا کیا۔ اور اس کے اندر مختلف نشانیاں، قبولِ نورانیت اور کشف اسرارِ ملکوتیات کے واسطے پیدا کیں۔ پھر انسان کو پیدا کیا۔ (اور انسان کو پیدا کر کے اس کو عقل وشعور جیسی نعمت وخوبی سے سرفراز فرمایا۔) پھر پہاڑوں کو اور ان کے اندر معدنیات کو پیدا فرمایا۔ کیونکہ یہ دور عقول کا احاطہ ہے۔ اسی سبب سے اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی محبوب ترین خلقت میں ساکن کیا۔ اور ان سے خطاب فرمایا۔ اور اول اطوار میں ان کو جواب دیا۔ روح کو روح کے ساتھ پیدا کیا۔ پس اس میں ہیبت کی حکمت ہوئی۔ اور اس کی (بہت لمبی اور بڑی) تفصیل ہے۔ پس روح عالم جبروت سے ہے۔ اور عالم ملکوت عقلِ اول ہے۔ اور عقل انہیں عوالم کے ساتھ مرتبط ہے۔ اپنی قوتیں ان کو عطا کرتی ہے۔ اور امداد پہنچاتی ہے۔ اور یہی قبولِ کمالات اور اسرار کے حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔ پس اسی سبب سے اس کا نام مواہبِ لدنیہ ہے۔ روح پر اللہ تعالیٰ نے بہت سے ملائکہ (فرشتے) مقرر کئے ہیں۔ جو اِن حقائقِ ملکوت کے ساتھ اسرار غیوب ڈالتے ہیں۔ پس اسی عالم کو عالم ملک قرار دیا ہے۔ یہ عالم تین عوالم پر مشتمل ہے۔ عالم حیوانا تعالم نباتات اور عالم معادن۔ عالمِ حیوانات میں سب سے احسن، مقدم اور عمدہ انسان ہے۔ یہ ذاتِ انسانی بہت سی ذاتوں، نفس اور قلب پر شامل ہے۔ چونکہ عالمِ قدرت غیر مفید سے عالمِ نباتات کے جنگلوں اور بیابانوں میں پایا جاتا ہے۔ کسی ایک مقام اور مکان میں منحصر نہیں ہے۔ ایسے ہی قلب کے خطرات بھی بے شمار ہیں۔ میں کہتا ہوں۔ جیسے کہ زمین سات اقالم پر مشتمل ہے۔ ایسے ہی قلب کے اندر بھی سات نفوس کی اقالم ہیں۔ کیونکہ قلب حقیقی صورت ہے۔ اور اس نے روح اور سِر پر ایمان کے دو حصص کا فیض پہنچایا ہے۔ بلکہ نفس، عقل اور سِر کو فیض پہنچایا ہے۔ اَیہاں پر اُن سات اقالم کی تفصیل ووضاحت بیان کرتے ہیں۔

(بقول امام بونیؒ) عشق حب وود کے درمیان ایک لطیف چیز کا نام ہے۔ جس کا مسکن شغف ہے۔ اور حب عشق کا باطن ہے۔ جس کا مسکن خاص قلب ہے۔ کیونکہ دل کے اندر تین جوف (اندرونی خلاء۔ کھوکھلا پن) ہیں۔ ایک اوپر کی طرف جہاں سے وہ غلیظ (سخت اور مضبوط) ہے۔ وہ روشن نور ہے۔ اور وہی اسلام کی جگہ ہے۔ اور حروف کے معانی یہاں مشکل ہیں۔ اور یہی انسان میں قوتِ ناطقہ کی جگہ ہے۔ نفس ابھرنے والے ارادہ کے معانی کا انتظام کرتی ہے۔ دوسرا جوف وسطِ قلب میں ایک نور روشن فکر و ذکر کا مقام ہے۔ یہی اطمینان اور روح کے خیالات کی جگہ ہے۔ تیسرا جوف آخر قلب ہے۔ یہ حصہ سارے قلب کا زیادہ نرم ولطیف حصہ ہے۔ اسے فواد کا نام دیا جاتا ہے۔ ایمان، عقل، نور، تصرف اور اسرار کی جگہ بھی یہی ہے۔ یہی عقل کی میزان حکمتوں کے لطائف اور حیات طبیعہ کی جگہ ہے۔ جو حرارت لطیفہ سے پیدا ہوتی ہے۔ اور اس کی محبت کا محل ہے۔ اس فواد (دل) کی ایک نورانی آنکھ ہے۔ جس سے یہ عالم ملکوت کے حقائق عالم علویات کے جزوی اور کلی اسرار و حقائق کے موازین کا ادراک کرتا ہے۔ یہی فواد وہی انوارات اور علوی اسرارات کی جگہ ومقام ہے۔ یہی بصیرت ہے۔ جس سے وہ دیکھتا ہے۔ اسی چشمِ بصیرت کے بارے میں اللہ تعالیٰ قرآنِ حکیم میں فرماتا ہے۔ کہ! **فَانها لا تعمی الابصار ولکن تعمی القلوب الّتی فی الصدور** ۔(ترجمہ) بات یہ ہے۔ (کہ) آنکھیں ہی اندھی نہیں ہوتیں۔ بلکہ قلوب اندھے ہو جاتے ہیں۔ جو سینے میں ہیں۔ (سورہ حج۔ آیت نمبر 46) اور وہ جوف جو قلب کے درمیان میں ہے۔ عشق کی جگہ ہے۔ اس کی بھی ایک نورانی آنکھ ہے۔ جس سے وہ طلب وتلاش کا ادراک حاصل کرتا ہے۔ کیونکہ کسی مطلوب شئے کی تحقیق وجستجو اور تلاش میں بھرپور سعی کرتا ہے۔ اس کی لطافت کی وجہ سے اس حصے کا تعلق اشخاص کے ساتھ بہت جلد ہوتا ہے۔ اسی پر عالم ملک اور اس کے متعلق عجائباتِ مخلوقات الٰہی کا انکشاف ہوتا ہے۔ کیونکہ حُسن کی خوبیاں تو محبت وعشق کرنے والوں کو ہی معلوم ہوتی ہیں۔ جوف اول کی بھی ایک نورانی آنکھ ہے۔ جس سے وہ محسوسات کے اسرار اور مرکبات کے اطوار کا وقوف و ادراخ کرتا ہے۔ حروف کے حقائق اور ان کے اندر اللہ تعالیٰ نے جو اسماء کے اسرار اور ان معرفتوں کے حقائق پوشیدہ رکھے ہوئے ہیں۔ ان کو دیکھتا ہے۔ اور اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ کے بندوں سے اس کو مودت ہوتی ہے۔ یہ اس کی معرفت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے اَدب وتعظیم کے لئے ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس پر بڑا انعام کیا۔ کہ اسرارِ محسوسات اس پر منکشف کر دیئے۔ یہ سب قلوب کی آنکھیں ہیں۔ مگر اختلافی امور میں یہ سب مختلف ہیں۔ کل اسمائے الٰہیہ (آیاتِ قرآنیہ) یہ ہیں۔ پردہ ہائے کلیات وجزئیات، علویات وسفلیات، فریات، مرکبات، مزوجات خمسات اور ملکویات میں اور یہ سب قرآن شریف میں مذکور ہیں۔ اگر طالبِ صادق اِن اشارات کی معرفت اور ریاضات کے اسباب اسی راز میں تحقیق وجستجو کرے۔ تو ریاضت کے طفیل سے یہ جملہ راز اس پر مکشوف ہو جائیں گے۔

سات اقالم کا ذکر اور نام :

حضرت بونیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! پہلی اقلیم قلب کی فواد ہے۔ یہی بادشاہ کا مقام ہے۔ کیونکہ حدیثِ قدسی میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ **ما وسعنی ارضی ولا سمائی ویسعنی قلب عبدی المؤ من** ۔(اور اللہ تعالیٰ زمین واسمان ن میں کہیں نہیں سما سکتا۔ سوائے بندہءمومن کے قلب میں) دوسری اقلم **سویدا** ہے۔ اور یہ قلب میں بمنزلہ وزیر کے مقام کے ہے۔ تیسری اقلم **شفاف** ہے۔ یہ بھی وزیر کی جگہ ہے۔ چوتھی اقلم **محبت** ہے۔ یہ سویدا اور شفاف کے درمیان کا مقام ہے۔ پانچویں اقلم **ضمیر** کی ہے۔ یہی سِر کا محل ہے۔ چھٹی اقلم **غلاف** ہے۔ ساتویں اقلم قلب کا احاطہ ہے۔ اور ان میں سے ہر ایک اقلم کا ایک دروازہ ہے۔ چنانچہ پہلی اقلم کا دروازہ **سرحیات** ہے۔ دوسری اقلم کا دروازہ **سرعلم** ہے۔ تیسری اقلم کا دروازہ **سرقدرت** ہے۔ چوتھی اقلم کا دروازہ **سرارادہ** ہے۔ پانچویں اقلم کا دروازہ **سررحمت** ہے۔ چھٹی اقلم کا دروازہ **سرحکمت** ہے۔ ساتویں اقلم کا دروازہ **سرعمل** ہے۔

حصولِ تصرف ظاہری و باطنی سے مانع حجابات :

سالکین حضرات کے ساتوں لطائف روشن و جاری نہ ہونے کے اسباب ورکاوٹین درحقیقت **چالیس حجابات** ہوتے ہیں۔ اس ضمن میں میرے پیر و مرشد حضرت پیرسید محبوب علی شاہ صاحب بخاریؒ اپنی کتاب راہِ طریقت میں فرماتے ہیں۔کہ! اِن ساتوں لطائف کے **چالیس حجابات** ہیں۔ اور یہ وہی حجابات ہیں۔ جو بندے کو اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کے درمیان حائل و مانع ہوتے ہیں۔ یہ **چالیس حجابات چار اقسام** پر منقسم ہیں۔ ہر ایک قسم سے دس حجابات رفع ہوتے ہیں۔ پہلے دس حجابات **حیات** کے نور سے اُٹھتے ہیں۔ دوسرے دس حجابات **علم** کے نور سے اُٹھتے ہیں۔تیسرے دس حجابات **قدرت** کے نور سے اُٹھتے ہیں۔اور چوتھے دس حجابات **ارادہ** کے نور سے اُٹھتے ہیں۔ یہ چالیس حجابات ہیں۔ جب سالک وطالبِ صادق (اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کے حصول کے لئے) چالیس ایام کی خلوت میں مکمل یکسوئی اوردلجمعی سے عبادت ومجاہدہ کر کے ساتوں لطائف کی سیر کرلیتا ہے۔تو یہ چالیس حجابات اُٹھ جاتے ہیں۔

اِن **چالیس حجابات** کو دوراور دفع کرنے کے لئے چالیس ایام کی خلوت میں ریاضت مقرر ومتعین کی گئی ہے۔کیونکہ ایک ایک دن کی ریاضت سے ایک ایک پردہ (حجاب) درجہ بدرجہ اُٹھتا چلا جاتا ہے۔(اورتمام لطائف روشن وجاری ہوجاتے ہیں) وہ **چالیس حجابات** آگے آرہے ہیں۔

ساتوں اقالم پر حجابات : حضرت بونیؒ فرماتے ہیں۔کہ! پہل اِن اقالیم کے واسطے **40** حجابات ہیں۔ اور یہ وہی حجابات ہیں۔ جو بندہ اور اللہ تعالیٰ کے درمیان حائل ہوتے ہیں۔ انہی حجابات کو دفع کرنے کے لئے چالیس روز کی ریاضت متعین ومقرر کی گئی ہے۔کیونکہ ہر روز کی ریاضت سے ایک ایک حجاب دور ہوتا چلا جاتا ہے۔ اور طالب اِن ساتوں اقالیم کی سیر کر کے اِن کے عجائبات کو ملاحظہ کرتا ہے۔جس قدر ان کے اندرحیوانات ، نباتات اور جمادات ہیں سب اس کی نظر سے گزرتے ہیں۔ اِن حجابات کے نام یہ ہیں۔

1	خاک۔	2	آب۔	3	باد۔	4	آتش۔	5	خشکی۔		
6	رطوبت۔	7	حرارت۔	8	برودت۔	9	صفراء۔	10	بلغم۔		
11	خون۔	12	سودا۔	13	جہل۔	14	گناہ۔	15	غفلت۔		
16	بُعد۔	17	کثافت۔	18	مخالفت۔	19	رسوب ۔	20	شہوت۔		
21	دعویٰ	22	خوف۔	23	اُمید۔	24	کرامت۔	25	افعال۔		
26	اقوال۔	27	قبض۔	28	بسط۔	29	غنائم۔	30	عبادت۔		
31	قبضہ۔	32	نیند۔	33	دِن۔	34	رات۔	35	خاتمہ۔	36	سابقہ۔

(کتاب شمس المعارف میں یہی **36** حجابات دیئے گئے ہیں۔ مجھے کامل یقین ہے۔کہ! حضرت امام بونیؒ نے پورے چالیس حجابات دیئے ہوں گے۔ مگر باقی 4 حجابات اُن کی مشہورِ زمانہ کتاب سے حذف کردیئے گئے ہوں گے۔ یا مٹ گئے ہوں گے۔)

کوئی اندازہ کر سکتا ہے اس کے زورِ بازو کا   نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

بہرحال! امام بونیؒ اسی کتاب میں آگےتحریرفرماتے ہیں۔کہ! پس یہ کل چالیس حجابات (پردے) ہیں۔اوریہی ساتوں اقالیم کے حجابات ہیں۔ یہ **چالیس حجابات چار اقسام** پر منقسم ہیں۔ اورانہیں چار اقسام کی ریاضت سے اُٹھتے ہیں۔ ہر ایک قسم سے دس حجابات رفع ہوتے ہیں۔جن کی تفصیل یہ ہے۔کہ! پہلے دس حجابات **حیات** کے نور سے اُٹھتے ہیں۔ دوسرے دس حجابات **علم** کے نور سے اُٹھتے ہیں۔ تیسرے دس حجابات **قدرت** کے نور سے اُٹھتے ہیں۔ اور چوتھے دس حجابات **ارادہ** کے نور سے اُٹھتے ہیں۔ اور اَب چالیس حجابات کی تصریف بیان کرتے ہیں۔

پہلی تصریف۔ **وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا** ۔(قطاردرقطارصف باندھنے والوں کی قسم) ۔ دوسری تصریف ۔ **فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا** ۔ (پھراُن کی قسم، جوڈانٹ پھٹکارکرتے ہیں) ۔ تیسری تصریف ۔ **فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا** ۔ (پھراُن کی قسم، جوتلاوت ذکرکرتے ہیں) ۔ چوتھی تصریف ۔**وَالذّٰرِیٰتِ ذَرْوًا** ۔ (قسم ہےاُن ہواؤں کی جواُڑ کربکھیرنے والیاں ہیں)۔ **پانچویں تصریف** ۔ **فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا** ۔ (پھراُن بادلوں کی جو بوجھ اُٹھانے والے ہیں) ۔ چھٹی تصریف ۔ **فَالْجٰرِیٰتِ یُسْرًا** ۔ (پھراُن کشتیوں کی جوآہستہ چلنے والیاں ہیں)۔ ساتویں تصریف۔ **فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا** ۔ (پھرفرشتوں کی جوحکمِ الٰہی کے بانٹنے والے ہیں) ۔ آٹھویں تصریف۔ **وَالطُّوْرِ** ۔ (قسم ہے(کوہِ)طُور کی) ۔نویں تصریف۔ **کِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ** ۔ (اورلکھی ہوئی کتاب کی) ۔ دسویں تصریف ۔**اَلْبَیْتِ الْمَعْمُوْرِ** ۔ (قسم ہے بیتِ معمور کی) ۔ گیارہویں تصریف۔**اَلسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ** ۔ (بلندچھت کی)۔ بارہویں تصریف۔ **وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا** ۔ (ہواؤں کی قسم جو پےدرپے بھیجی جاتی ہیں)۔ تیرہویں تصریف ۔ **فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا** ۔ (پھران کی قسم جوتیزوتند ہیں)۔ چودہویں تصریف ۔ **فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا** ۔ (پھر پارہ پارہ کرنے والی ہواؤں کی قسم) ۔ پندرہویں تصریف ۔ **فالتالیات ذِکْرًا** ۔ (پھران کی، جوذکر(قرآنِ حکیم) کی تلاوت کرتے ہیں) سولہویں تصریف ۔ **وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا** ۔ (اور بادلوں کو پھیلانے والی ہواؤں کی قسم) ۔ستر ہویں تصریف ۔ **فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا** (پھرپارہ کرنے والی ہواؤں کی قسم) ۔ اٹھارہویں تصریف۔ **فَالْمُلْقِیٰتِ ذکرا** ۔ (پھران کی قسم جو(دلوں میں ذکر

کا القاء کرنے والی ہیں) ۔ انیسویں تصریف ۔ **فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا** ۔ (پھر اُن کی جو چیزیں تقسیم کرتے ہیں) ۔ بیسویں تصریف ۔ **وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا** ۔ (قسم ہے (فرشتوں کی) جو غوطہ لگا کر (کفار کی ارواح کو زور سے) کھینچنے والے ہیں) ۔ اکیسویں تصریف ۔ **وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا** ۔ (اور (مومنین کی گرہ کے) بند آسانی سے کھولنے والوں کی) ۔ بائیسویں تصریف ۔ **وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا** ۔ (پھر (فضا میں) تیرتے ہوئے جاتے ہیں) ۔ تیئسویں تصریف ۔ **فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا** ۔ (پھر تیزی سے لپکتے ہیں) ۔ چوبیسویں تصریف ۔ **فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا** ۔ (پھر جو حکم ملتا ہے ۔ اُس (کو پورا کرنے) کا انتظام کرتے ہیں) ۔ پچیسویں تصریف ۔ **وَالشَّمْسِ وَضُحٰھَا** ۔ (قسم ہے آفتاب کی اور اس کی پھیلی ہوئی دھوپ کی) ۔ چھبیسویں تصریف ۔ **وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰھَا** ۔ (اور ماہتاب کی جب وہ سورج کے پیچھے پیچھے آئے) ۔ ستائیسویں تصریف ۔ **وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰھَا** ۔ (اور دن کی جب وہ سورج کا جلوہ دکھا دے) ۔ اٹھائیسویں تصریف ۔ **وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى** ۔ (اور رات کی جب وہ اس پر چھا کر اسے چھپا لے) ۔ انتیسویں تصریف ۔ **و السمآء وما بنٰها** ۔ (اور قسم ہے آسمان کی اور اس کی جس نے اسے بنایا) ۔ تیسویں تصریف ۔ **و الارض وما طحا ھا** ۔ (اور زمین کی اور اس کی جس نے اسے بچھایا) ۔ اکتیسویں تصریف ۔ **و الليل اذا يغشٰى** ۔ (قسم ہے رات کی جب وہ چھا جائے) ۔ بائتیسویں تصریف ۔ **وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى** ۔ (اور دن کا جب اس کا اجالا پھیل جائے) ۔ تینتیسویں تصریف ۔ **وَما خلق الذكر والا نثٰى** ۔ (اور اُس ذات کی جس نے نر اور مادہ کو پیدا کیا) ۔ چونتیسویں تصریف ۔ **الجوار الكنس** ۔ (سیدھے چلنے والے، چھپ جانے والے) ۔ پینتیسویں تصریف ۔ **وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ** ۔ (اور صحرائے سینا کے پہاڑِ طور کی) ۔ چھتیسویں تصریف ۔ **وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ** ۔ (اور امن و امان والے شہر کی) ۔ سینتیسویں تصریف ۔ **جملة اسمآء الحسنٰى من حيث المخلوقات على التفصيل** ۔ (تمام اسمائے الٰہیہ میں مخلوقات کی تفصیلی حیثیت سے) ۔ اڑتیسویں تصریف ۔ **هما استار الجملة** ۔ (دونوں پردے استار جملہ) ۔ انتالیسویں تصریف ۔ **فی استار الجملة** ۔ (استار جملہ) ۔ چالیسویں تصریف ۔ **فلا قسم بما تبصرون. وما لا تبصرون** ۔ (میں نہیں قسم کھاتا ساتھ اس کے جو تم دیکھتے ہو ۔ اور جو نہیں، تم دیکھتے)

اعمال کی جزاء دو طرح سے

: حضرت سیدی دباغؒ فرماتے ہیں ۔ کہ! پہلی قسم کے اعمال کی جزاء یہ ہے ۔ کہ! اللہ تعالیٰ عمل کرنے والے شخص کو ایک ایسا نور عطا فرماتا ہے ۔ کہ جس کی بدولت ایمان میں اضافہ ہوتا ہے ۔ اور اس کی معرفت بھی مضبوط ہوتی ہے ۔ وسوسے اور شکوک وشبہات بھی ختم ہو جاتے ہیں ۔ جبکہ دوسری قسم کے اعمال سے انسان کی اپنی ذات کی اصلاح ہوتی ہے ۔ رزق میں وسعت اور برکت ہوتی ہے ۔ انسان آفات و بلیات سے مامون رہتا ہے ۔ جس کے نتیجے میں انسان کو دنیا میں بہت سی نعمتیں حاصل ہوتی ہیں ۔ اور آخرت میں یہی صدقات جنت کی نعمتوں کی شکل میں ڈھل جائیں گے ۔ کہ جن سے وہ شخص لطف اندوز ہوگا ۔ (ان شاء اللہ)

طبیب یوں کوشش نہ کر، تجھے کیا خبر میرے مرض کی
پہلے عشق کر، پھر چوٹ کھا، پھر لکھ دواء میرے مرض کی

ایک آیتِ کریمہ کا مفہوم : (قل ان کنتم تحبون یحببکم اللہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔)

قرآنِ حکیم میں آتا ہے ۔ کہ! **قل ان کنتم تحبون یحببکم اللہ** ۔ ترجمہ: (اے نبی مکرم ﷺ لوگوں سے) کہہ دیں ۔ کہ اگر (تم) اللہ تعالیٰ سے (واقعی) محبت کرتے ہو ۔ تو میری اطاعت کرو ۔ (یعنی کہ) اطاعت کا مطلب ومفہوم ہے ۔ مکمل پیروکاری کرنا ۔ (اور یاد رہے ۔ کہ!) اطاعت درحقیقت دو اقسام پر منقسم ہے ۔ ایک اطاعتِ ظاہری اور دوسری اطاعت باطنی ۔

ضمیر جاگ ہی جاتا ہے، اگر زندہ ہو اے انساں
کبھی گناہ سے پہلے، کبھی گناہ کے بعد

تصوف کا مغز :

حضرت الشیخ سراج الطوسیؒ نے فرمایا ۔ تصوف درحقیقت چار اصولوں میں مقید و پنہاں ہے ۔

1 ۔ **متابعة كتاب الله عزوجل** ۔ 2 ۔ **الاقتداء با الرسول** ﷺ ۔
3 ۔ **التخلق با خلاق الصحابة** رضی اللہ عنہم **والتابعين** ۔ 4 ۔ **التأدب بآداب عبادالله الصالحين** ۔

سکونِ دل کے لئے کچھ تو اہتمام کروں
ذرا نظر جو ملے، پھر انہیں سلام کروں
مجھے تو ہوش نہیں، آپ مشورہ دیجئے
کہاں سے چھیڑوں فسانہ، کہاں تمام کروں

اللہ تعالیٰ سے مانگنے کا طریقہ :

(بقول حضرت سیدی دباغ) جب کوئی بندہ دل ہی دل میں اللہ سبحانہٗ کا تصور کرتے ہوئے اس بات کا پختہ یقین کر لے ۔ کہ! اللہ تعالیٰ جو چاہے ۔ کر سکتا ہے ۔ اور اپنی پسند کے مطابق کوئی بھی حکم دے سکتا ہے ۔ اور اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بھی دوسرا امور کی تدبیر نہیں کر سکتا ۔ اور اس کی بادشاہی میں کوئی دوسرا شریک نہیں ہے ۔ (سارے کا سارا اختیار ڈِرف اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہے) وہ اپنے بندوں پر نہایت رحم کرنے والا اور مہربان ہے ۔ اور ان کی آرزوؤں سے بڑھ کر انہیں عطا کرتا ہے ۔ ان کے گمان سے زیادہ ان پر فضل ورحمت فرماتا ہے ۔ (یہی حقیقی کیفیت ہے)

اپنے من میں ڈوب کر پا جا سراغِ زندگی
تُو اگر میرا نہیں بنتا، نہ بن، اپنا تو بن
من کی دنیا سوز و مستی، جذب و شوق
تن کی دنیا سُود و سودا، مکر و فن

اذکار کے بعد مراقبات :

جب انوارِ جہریہ و سریہ سے سالک کا قلب وجسم وروح منور و تاباں ہو جاتے ہیں۔ تو اس کی رگ و پے میں ذکر سرایت کر جاتا ہے۔ جس سے اس کی طبیعت ومزاج میں ایک عجیب سی محویت اور بے خودی پیدا ہو جاتی ہے۔ تب اس (مرید و سالک) کے استاذانِ طریقت (مرشد و مربی) اس کو مراقبات کی تعلیم دینا شروع کر دیتے ہیں۔ مگر یاد رہے۔ کہ! مراقبے کی چند اقسام ہیں۔ جن سے کہ طالبِ صادق نہایت مستفید و متفع ہوتا ہے۔ اگر کوئی سالک اسے (مراقبات کی مشقوں ومشاغل کو) منزلِ مقصود تک پہنچا دے۔ اور ان پر مرشد کے ارشادات کی روشنی میں عمل پیرا ہو۔ تو اسے بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ یعنی کہ جب سالک مذکورہ اذکارِ جہریہ اور سریہ (بشمُول مشاغل و اذکارِ ضربیہ، نفی اثبات، پاس انفاس، سلطان الذکر وغیرہ) سے ترقی کر جاتا ہے۔ اور درجہءِ کمال کو پہنچ جاتا ہے۔ تو اس پر معنوی و حقیقی کیفیات (جیسے کہ ذکر روحی، سری اور ذکرِ مشاہدہ و معائنہ) منکشف ہو جاتا ہے۔ تو وہ اس مقام میں غلبہءِ نور اور اللہ تعالیٰ کی عظمت سے بے ہوش ہو جائے گا۔ ہوش میں آنے پر سالک اپنے آپ کو کمترین، عاجز اور کم حیثیت شخص سمجھنے لگے گا۔ اور مزید ترقی کا آرزومند ہونا چاہیے گا۔ اس کے بعد اس پر نورِ جمالی ظہور فرمائے گا۔ اس نور کا غلبہ اس کے حواسِ خمسہ کو بیکار اور مضمحل کر دے گا۔ اور باطنی آنکھ کے غلبے کی وجہ سے اس نور کو وہ ظاہری آنکھ سے دیکھے گا۔ اگر یہ کیفیتِ نورانی سالک کے دل میں ٹھہر کر قرار پکڑ لے۔ تو وہ مجسم ''**کن**'' بن جائے گا۔ یعنی کہ سالک کا ارادہ اور کام درحقیقت اللہ تعالیٰ کا ارادہ اور کام ہو جائے گا۔ اور وہ '' **و ھو علٰی کل شیءِ محیط۔ وھو معکم اینما کنتم** '' (اور تمام موجودات کو اللہ تعالیٰ گھیرے ہوئے ہے۔ اور تم جہاں کہیں اور جس حالت میں ہو۔ اللہ تعالیٰ تمھارے ساتھ ہے) کی کیفیت کا معائنہ و مشاہدہ کرے گا۔ غرضیکہ سالک کا دیکھنا، سننا بلکہ اس کے جمیع افعال اللہ تعالیٰ ہی سے ہوں گے۔ اور وہ تمام چیزوں میں خداوندِ متعال کے وجود کو ہی پائے گا۔ اور اس کی توجہ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف ہوگی۔ یہ مرتبہ قربِ نوافل اور مقامِ مشاہدہ کا ہے۔ اور اس کی کوئی حد نہیں۔ اس میں سالک بنی ہوئی چیزوں سے بنانے والے (مصور و خالق) یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔ جب سالک اس مرتبہ پر پہنچ جاتا ہے۔ اور اس میں کمال بھی حاصل کر لیتا ہے۔ تو وہ کیفیت جذب میں چلا جاتا ہے۔ جسے اصطلاحِ صوفیاء میں ''مجذوب'' کہا جاتا ہے۔ اور پھر اس کی حالت و کیفیت '' **و بی یسمع. و بی یبصر. وبی ینطق. وبی یبطش. وبی یمشی. وبی یعقل. ما را ایت شیئا. الا ورایت الله فیه** '' (یعنی وہ میرے ہی ذریعے سے سنتا ہے۔ دیکھتا ہے۔ بولتا ہے۔ پکڑتا ہے۔ چلتا ہے۔ ادراک حاصل کرتا ہے۔ میں نے کوئی ایسی چیز نہیں دیکھی۔ کہ جس میں مجھے اللہ تعالیٰ کا جلوہ دکھائی نہ دے) ہو جاتی ہے۔ بقولِ بعضے!

علمِ حق در علمِ صوفی گم شود   ایں سخن کہ باور مردم شود

اس مرتبہ میں انوارِ تجلی کبھی اجسام کی طرح سالک پر ظاہر ہوتے ہیں۔ سالک کو چاہیئے۔ کہ! ان انوارات کو انوارِ الٰہی خیال کرے۔ اگر اسی حالت پر سالک ٹھہر نہ ٹھہرے۔ اور آگے بڑھ جائے۔ تو وہ اس سے بھی بلند مرتبہ پر پہنچ جاتا ہے۔ بلکہ تجلیءِ ذاتی اس کے قلب کو حاصل ہو جاتی ہے۔ اور اس تجلی میں وہ اس نور کو بے نظیر و بے مثال دیکھے گا۔ اور اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ ادراک کے مطابق وہ وجودِ باری تعالیٰ کو جان سکے گا۔ بلکہ جنابِ باری تعالیٰ کو بے حجاب دیکھت گا۔ (جیسے کہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ، امامِ اعظم ابوحنیفہؒ اور امام احمد بن حنبلؒ اور دیگر کئی اولیاء اللہؒ نے بھی اللہ تعالیٰ کی رویئت کا شرف حاصل کیا) لہذا ایسے سالک سے جو افعال واوصاف صادر ہوں گے۔ ان کو جنابِ باری تعالیٰ کے اوصاف وافعال خیال کرنے چاہئیں۔ جو کہ عالم سے ظاہر ہوتے ہیں۔ یہ مقام درحقیقت ''قربِ فرائض'' کا ہے۔ اس مرتبہ میں کمال حاصل کر لینے کے بعد ایک عام سالک ترقی کر کے مجذوبِ سالک بن جاتا ہے۔ یعنی صفاتِ باری تعالیٰ اور اس کی ہستی کو دنیا کی ہر چیز میں مشاہدہ کرتا ہے۔ بمطابق '' **ما را ایت شیئا۔ الا ورایت الله فیه** '' (میں نے کوئی ایسی چیز نہیں دیکھی۔ کہ جس میں مجھے اللہ تعالیٰ کا جلوہ دکھائی نہ دے) اس مشاہدہ کی کوئی حد نہیں ہے۔ اگر اس مرتبہ سے مزید ترقی حاصل ہو جائے۔ اور تجلیءِ ذات باصفاتِ خدا (اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل و کرم سے) اس سالک پر ہو۔ تو چاہیئے۔ کہ وہ ان تجلیات میں خود کو محو و مستغرق کر لے۔ کیونکہ! اس تیسری مرتبہ میں سالک ہمہ تن صانع ہو جائے گا۔ اور کوئی صنعت باقی نہ رہے گی۔ اور اس سے ''**الا انہ بکل شیءِ محیط** '' (آگاہ ہو جاؤ۔ کہ اللہ تعالیٰ تمام چیزوں کو گھیرے ہوئے ہے) کا ظہور ہوگا۔ اور ساتھ ہی ساتھ اس سالک پر '' **من عرف نفسه فقد عرف ربه** '' (جس نے خود کو پہچان لیا۔ اس نے رب کو پہچان لیا) کا اسرار منکشف ہو جائے گا۔ اور اللہ تعالیٰ کی ہستی کے سوا اس میں کچھ نہ رہے گا۔ اور فنا ہو جائے گا۔ پھر اس پر '' **کل شیءِ ھا لک الا و جهه** '' (تمام موجودہ چیزیں مٹ جائیں گی۔ لیکن خدائے موجود کبھی فنا نہیں ہوگا) کا ظہور ہوگا۔ اور حق محض باقی رہ جائے گا۔ اگر اس جگہ '' **الآ ن کما کان** '' کا تصور و تخیل کیا جائے۔ تو روح کو، جو کہ اللہ تعالیٰ کا نورِ ذاتی ہے۔ بے نقاب و بے حجاب دیکھے گا۔ اور '' **رایت ربی بر بی** '' (میں نے اپنے پروردگار کو پروردگار کے ذریعے سے دیکھا) اس پر شاہد ہے۔ سالک کو اللہ تعالیٰ کے نورِ ذات کے ذریعے سے دیکھتا ہے۔ اور اپنے آپ کو درمیان میں نہیں پاتا۔ اسی کو فنا کہتے ہیں۔

بعض **محققین و عاملین** فرماتے ہیں کہ! مراقبے، مشاغل اور اذکارِ ضربیہ میں عملِ تنفس کی وجہ سے اثرات بہت جلد رونما ہوتے ہیں۔ کیونکہ ان طریقوں کو مسلمانوں کے علاوہ اہلِ ہنود نے بھی بار بار آزمایا ہوا ہے۔

مراقبہ ہے کیا ؟ مراقبہ ایک ایسی حالت کا نام ہے۔ کہ جس میں انسانی شعور آہستہ آہستہ لاشعوری واردات و کیفیات سے مغلوب ہو جاتا ہے۔ اور لاشعور (یعنی روح کا شعور) متحرک ہو جاتا ہے۔ مختلف سلاسل میں مختلف مشقوں کے ذریعے سے اس حالت کو زندہ و بیدار کیا جاتا ہے۔ بہر کیف مقصد و مطلب جملہ سلاسل کا صرف یہی ہے۔ کہ! وہ ارادہ کے ساتھ نیت بھی کام کرے۔ اس لئے کہ بغیر نیت کے ارادہ میں حرکت پیدا نہیں ہوتی۔

مراقبہ : حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ فرماتے ہیں۔مراقبہ تین طرح پر ہے۔پہلی صورت یہ ہے۔کہ! بحالتِ نماز بیٹھے۔اوراس بات کویقینی جانے۔کہ! اللہ تعالیٰ مجھے دیکھتا،سنتا اورمیرے عمل کو جانتا ہے۔اس علم اور کیفیت سے لمحہ بھر کے لئے بھی غافل نہ ہو۔اگر خدانخواستہ غافل ہوگا۔تو مراقبہ میں نہیں رہے گا۔اس مراقبہ میں مرشد سے رابطہ نہایت ضروری ہے۔نماز،تلاوتِ قرآن اور دیگر جملہ احوال میں اس علم اوراحساس کوقطعاً ہاتھ سے نہ جانے دے۔

☆ جب اس مشق میں استقامت حاصل ہوجائے۔تو دوسرے مراقبہ یعنی **مراقبہء مشاهده** میں مشغول ومحو ہوجائے۔اس میں بھی اس طریقہ یعنی ہیئتِ نماز میں بیٹھے۔اور چہرہ دل کے وسط کی طرف جھکالے۔اورآنکھیں بند کرلے۔اورچشمِ باطن سے دل کی طرف ملاحظہ کرے۔اور یہ تصور کرے۔کہ اللہ تعالیٰ مجھے ہرلمحہ دیکھ رہاہے۔جب یہ مشق وعمل اپنے کمال کو جاپہنچے گا۔تو تشبیہ کا حجاب اُٹھ جائے گا۔اورسالک حقیقتاً اللہ تعالیٰ کو دیکھے گا۔

☆ جب اس مشق میں استقامت حاصل ہوجائے گی۔ تو تیسرے مراقبہ کی طرف سالک ترقی کرے گا۔جسے **مراقبہء معائنه** کہا جاتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے۔کہ! ہیئتِ نماز پر بیٹھے۔مگر نگاہ آسمان کی جانب رکھے۔اورآنکھوں کو کھینچ کراونچی کرے۔جیسے کہ مرنے کے وقت ہوتی ہیں۔اوراس وقت یہ تخیل وتصور کرے۔کہ میری روح قالب سے نکل گئی ہے۔اورآسمان سے گزرکرحق تعالیٰ کے دیدارپُرانوار میں مشغول ومحو ہے۔

☆ جب اس مشق میں استقامت حاصل ہوجائے گی۔تو وہ ایک سبز رنگ کا ڈوراملاحظہ کرے گا۔جس کا ایک سِراساتویں آسمان پراور دوسرا سِرااس کے قلب میں ہوگا۔ان شاءاللہ۔مشائخِ کرام کے ہاں اس راستے کی سَیر کا یہ سب سے اعلیٰ مرتبہ ہے۔اس میں واسطہ صحیح نہیں ہے۔

مراقبہ کے بیان میں: (بمطابق تعلیماتِ حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی صاحب)

روحانی علوم سیکھنے یا تیسری آنکھ بیدار کرنے یا مراقبہ میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے انسان کوایک وقت مقرر کرکے اپنے ذہن کوکسی ایک نقطہ پر مرکوز کر کے مکمل یکسوئی (Concentration) حاصل کرنا ہے۔جیسے جیسے انسان اپنی یکسوئی پر قابو پالیتا ہے۔کامیابی حاصل کرتا چلا جاتا ہے۔جس طرح ہم جسمانی آنکھوں سے بہت ساری چیزوں کو دیکھتے ہیں۔اسی طرح سے اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے قوانین کے مطابق انسانی جسموں میں ارواح بھی ہوتی ہیں۔اسی ارتکازِ توجہ سے روح کی آنکھ کھل کر بیدار ہو جاتی ہے۔اوراسی سے ہم زمان ومکان (Time and Space) سے گزرکر ماورائی دنیا (یعنی وہ دنیا کہ جس کو ہم عام آنکھوں سے نہیں دیکھ سکتے) میں داخلے کی اجازت حاصل کرلیتے ہیں۔

مراقبہ : محققین کے نزدیک مراقبہ کے تین معنی ہیں۔ ☆ ایک دوسرے کو دیکھنا اوراپنی قلبی توجہ کورقیب کی جانب پھیرنا۔ ☆ منتظر ہونا اورنگہبانی کرنا۔ ☆ اصطلاحِ صوفیاء میں فیضِ الٰہی کے لئے منتظر ہونے اورقلب کی نگہبانی کرنے کودراصل **مراقبہ** کہا جاتا ہے۔

دشت تو دشت ہیں، دریا بھی نہ چھوڑے ہم نے
بحرِ ظلمات میں دوڑا دیئے گھوڑے ہم نے

اس ضمن میں راقم الحروف (البلوشی) عرض پرداز ہے کہ! شغل اورمراقبہ میں کچھ فرق ہے کیونکہ شغل میں کوئی ایک چیز (Object) سامنے رکھ کرمشق کی جاتی ہے۔جبکہ مراقبہ میں کسی چیز کا ذہن میں تصور وتخیل کر کے مشق کوسرانجام دیا جاتا ہے۔

بہر حال مراقبے کی کامیابی کا مکمل انحصار تقوٰی اورقلب کی باطنی کیفیت پر ہے۔کیونکہ دل جب متوجہ الی اللہ یا متوجہ غیر اللہ ہوتا ہے تو جسم کے تمام اعضاء بھی اُسی طرف متوجہ ہوجاتے ہیں۔کیونکہ توجہ،تصور وتخیل میں تمام اعضاء بالآخر قلب ہی کے تابع ہوتے ہیں۔

مراقبے کا نتیجہ یہ ہے کہ! محبوب ومطلوب کے تصور وتخیل میں ایسا محو ومستغرق ہو کہ پھر کسی کی بھی خبر نہ رہے۔اور نہ ہی کوئی درد وغم محسوس ہو۔حدیثِ نبوی ﷺ میں بارہا آیا ہے کہ! اللہ تعالیٰ کی عبادت اس طور پر کرو کہ گویا تو اِس کو دیکھتا ہے۔اس حدیث نبوی ﷺ میں پہلا مقام مشاہدہ کا ہے جبکہ دوسرا مراقبہ کا۔لہٰذا درویش وفقیر کو ہر وقت یہ خیال رہنا چاہیئے کہ! خُدا ہر وقت مجھ کو دیکھ رہا ہے اور میں خُدا کو۔اگرکسی انسان میں یہ کیفیت آجائے کہ! خُدا ہر وقت مجھ کو دیکھ رہاہے،تو ایسا شخص ہر قسم کے گناہ سے بچ جاتا ہے اور مقامِ تقوٰی حاصل کرلیتا ہے۔

یادرہے۔کہ! مراقبہ ایک ایسی حالت وکیفیت کا نام ہے۔کہ جس میں زمان ومکان کی حد بندیاں نہیں ہیں۔کیونکہ! زمان ومکان کی حد بندیاں تو انسانی ارادے اورنیت میں خلل پیدا کرتی ہیں۔سالک وطالبِ صادق کو یہ دیکھنا لازمی ہے۔کہ! اُن کی زندگیوں میں کن حالات میں حد بندیاں زیادہ اور شدید ہوتی ہیں۔اورکن صورتوں میں ان حد بندیوں سے آزاد ہوتے ہیں۔(چونکہ) انسانی زندگی دوحصص پر منقسم ہے۔بیداری وخواب۔بیداری میں تو انسان زمان ومکان کا پابند ہے۔لیکن درعالمِ رویاء یعنی خواب میں انسان ان پابندیوں سے یکسر آزاد ہوجاتا ہے۔بالفاظِ دیگر! سوتے انسان میں جاگتے انسان کی نسبت صلاحیتیں زیادہ بیدار ہوتی ہیں۔اورمراقبہ کے ذریعے خواب میں زمان ومکان سے آزاد کام کرنے والی صلاحیتیں بیداری میں منتقل ہوجاتی ہیں۔بہرحال! محنت تو ہر حالت میں شرط ہے۔جیسا کہ! حضرت شیخ سعدیؒ فرماتے ہیں۔کہ! دُعا پر بھروسہ کرنا حماقت ہے۔اوراپنی محنت پر بھروسہ کر کے دُعا سے گریز کرنا تکبر ہے۔(یادرہے۔کہ) مراقبہ میں سب سے پہلے اس بات کی کوشش کرنی چاہیئے۔کہ! انسان کے اوپر بیدار رہنے کی حالے میں ایسی کیفیت وحالت طاری ہوجائے۔جو کہ خواب سے کافی قریب ترین ہے۔لہٰذا اس کا یہ طریقہ اختیار کیا گیا۔کہ انسان اپنی نیت وارادہ سے بیداری میں اپنے اوپر خواب کی سی زندگی طاری کرلے۔(مثلاً یہ کہ!) اندھیرا ہو۔آنکھیں بند ہوں۔جسم ڈھیلا ہو۔شعور بیداری کی جکڑ بندیوں سے آزاد ہو۔اورلاشعوری کیفیات کو قبول کرتا ہو۔ذہن کسی ایک نقطہ پر مرکوز کرلیا جائے۔جو بظاہر سامنے موجود نہیں ہے۔یہی مشق آہستہ آہستہ انسان کواس مقام تک لے آتی ہے۔جہاں وہ خواب کی واردات کو بیداری کے حواس میں محسوس کرتا ہے۔

اوراس کا آخری درجہ یہ ہوتا ہے۔کہ! لاشعوری کیفیات کو انسان اس طرح قبول کرنے لگ جاتا ہے۔ جیسے وہ شعوری تحریکات کو قبول کرتا ہے۔ یاد رہے۔کہ! انسان کے اندر بیک وقت دو مختلف دماغ کام کر رہے ہوتے ہیں۔ایک دماغ وہ ہے۔کہ! جو آدم کے اندر اسفل سافلین میں پھینکے جانے سے پہلے کام کرتا تھا۔جبکہ دوسرا دماغ وہ ہے۔ جو اسفل میں بنا اور اسفل ہی میں کام کرتا ہے۔لیکن جو دماغ جنت میں بھی کام کیا کرتا تھا۔ وہ ختم تو نہیں ہوا۔ درحقیقت ہوتا یہ ہے۔کہ! اسفل کا دماغ عموماً غالب رہتا ہے۔جبکہ جنت والا دماغ مغلوب۔لیکن اس کی حرکات وسکنات خواب میں محوِ سفر رہتی ہیں۔لیکن مراقبہ کے ذریعے خواب کے حواس جب بیداری میں منتقل ہو جاتے ہیں۔تو صورتِ حال برعکس ہو جاتی ہے۔یعنی اسفل کا دماغ معطل ہو جائے۔تو انسان کے اوپر جذب کی سی حالت طاری ہو جاتی ہے۔اسی وجہ سے اس راستہ میں سفر کرنے والے سالک وطالبِ صادق کو استاد و رہبر و رہنما کی لازمی ضرورت پڑتی ہے۔اور وہ بھی ایسا استاد، جو کہ اس راہ میں سفر کر کے منزل رسیدہ ہو۔اور وہ اس بات سے کما حقہ واقف وشناسا بھی ہو۔ کہ سالک وطالبِ صادق یا شاگرد کی ذہنی استعداد کیا ہے۔اور وہ جنت کے دماغ کی تحریکات کو کس حد تک قبول کرنے کی اہلیت رکھتا ہے۔اسی مناسبت سے ایسے شاگرد کے لئے کچھ ایسے اسباق تجویز کرتا ہے۔ جو سالک کی ذہنی استعداد کے عین مطابق ہوں۔اور اس کی سکت کو بتدریج بڑھاتے رہیں۔ (یاد رہے۔کہ! تصوف کی زبان میں استاد سے مراد شیخ یا مرشد و مربی ہے) یہ بھی یاد رہے۔کہ! مراقبہ میں واردات وکیفیات کا نزول دو طرح سے ہوا کرتا ہے۔پہلی صورت یہ کہ! آدمی آنکھیں بند کئے بیٹھا ہوا ہے۔اس کے اوپر آدھی نیند طاری ہوگئی۔جس کو نیم غنودگی کہتے ہیں۔اور اس حالت میں وہ غیب کی بہت سی چیزوں کا مشاہدہ کر رہا ہوتا ہے۔جبکہ دوسری حالت میں وہ آنکھیں بند کئے بیٹھا ہے۔لیکن اس کے اوپر نیند طاری نہیں ہوتی۔ بند آنکھوں سے وہ غیبی چیزوں کا مشاہدہ کر رہا ہوتا ہے۔اس کیفیت کا اصطلاحی نام **درود** ہے۔ جب کوئی شخص اس کیفیت سے مکمل طور پر آشنا ہو جاتا ہے۔تو پھر درود کی حالت میں اس کی آنکھیں کھلنے لگتی ہیں۔ جبکہ اس وقت کیفیت یہ ہوتی ہے۔کہ! وہ ہر چیز بند آنکھوں سے دیکھ رہا ہوتا ہے۔یاد رہے۔کہ! آنکھوں پر جب دباؤ پڑا۔تو آنکھیں کھل گئیں۔ رفتہ رفتہ یہ حالت اس درجہ تک غالب آجاتی ہے۔کہ سالک کو آنکھیں بند کرنے کی بھی ضرورت پیش نہیں آتی۔اور وہ اپنے ارادوں کے ساتھ جہاں بھی دیکھنا چاہتا ہے۔ بآسانی ملاحظہ کر لیتا ہے۔اس حالت وکیفیت کا اصطلاحی نام **کشف یا مکاشفہ** کہلاتا ہے۔لیکن اس حالت میں انسانی شعور کافی حد تک معطل اور دبا ہوا رہتا ہے۔یعنی جب اس کے اوپر یہ حالت وارد ہوتی ہے۔تو ماحول سے اس کا تعلق منقطع ہو جاتا ہے۔اور جب اس کیفیت سے باہر آجاتا ہے۔تو تعلق بحال ہو جاتا ہے۔

مکاشفہ کی صلاحیت پوری طرح سے بیدار ہو جانے کے بعد ذہن ایک نئی کروٹ لیتا ہے۔اور انسان کھلی آنکھوں سے دور و دراز اور پس پردہ چیزوں کو دیکھنے پر قادر ہو جاتا ہے۔یعنی وہ پس پردہ چیزیں بھی دیکھتا ہے۔اور شعوری حواس میں بھی رہتا ہے۔مطلب یہ کہ! وہ شعوری حواس میں باتیں کر رہا ہوتا ہے۔کھا پی رہا ہوتا ہے۔چل پھر رہا ہوتا ہے۔تصوف میں اسی کا نام **مشاھدہ** ہے۔کیونکہ وہ اس حالت وکیفیت میں مشاہدہ بھی کر رہا ہوتا ہے۔اور یہ مشاہدہ ہی تو ہے۔جو کہ انسان کو درجہ بدرجہ وہاں تک لے جاتا ہے۔ جہاں پر وہ عرفان صفات کے علمِ گراں مایہ سے متصف و متصل ہو جاتا ہے۔

مشاہدہ میں اس بات کی مشق ہو جاتی ہے۔کہ انسانی لاشعوری واردات وکیفیات میں جو دیکھتا ہے۔شعور اس کو نہ صرف محسوس کرتا ہے۔ بلکہ اس کو ایک حقیقت جان کر اہمیت بھی دیتا ہے۔نتیجہ میں لاشعوری اور شعوری کیفیات میں ایک توازن قائم ہو جاتا ہے۔ جب یہ کیفیت قائم ہو جاتی ہے۔تو کوئی سالک غیب اور ظاہر میں بیک وقت دیکھنے کے قابل ہو جاتا ہے۔نہ صرف وہ دیکھتا ہے۔ بلکہ محسوس بھی کرتا ہے۔اور عمل بھی کرتا ہے۔ کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی صفات کا مشاہدہ بھی کرتا ہے۔ دنیاوی امور میں مشغول بھی رہتا ہے۔ ملائکہ سے ہم کلام بھی ہوتا ہے۔اور اپنے دوست واحباب سے محوِ گفتگو بھی رہتا ہے۔یعنی کہ اس کے اوپر ایک ایسی حالت وارد ہو جاتی ہے۔جس کو ہم لاشعوری اور سعوری کیفیات کا ایک جگہ مجتمع ہونا اور بیک وقت عمل کرنا بھی کہہ سکتے ہیں۔کیونکہ اس وقت سالک خود کو زمین پر موجود بھی دیکھتا ہے۔اور آسمانوں کی سیور (سیر کی جمع) میں مصروف بھی پاتا ہے۔

مراقبہ سے قرب الٰھی کا راستہ : (بقول حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ) حصولِ معرفت اور سببِ وصول کے سلسلے میں مشائخینِ نقشبندیہ کا دوسرا اور آسان ترین اور قریب ترین راستہ ''توجہ'' اور ''مراقبہ'' ہے۔اور وہ یہ ہے۔کہ! سالک معنی مقدس جو کیفیت اور مثال سے منزہ ہے۔اسمِ مبارک یعنی ''**اللہ**'' کی طرف کسی عربی، عبرانی، فارسی یا کسی بھی اور زبان کے الفاظ کو بیچ میں لائے بغیر ذہن کو منتقل کرے۔اور اپنے تصور و تخیل میں اس صورت اور حفاظت نقش کرے۔سالک کو چاہیئے۔کہ! اپنی قوتوں اور ادراکات کے ساتھ قلبِ صنوبری میں اسی معنی مقدس کو جاگزیں کرے۔اور اسی ریاضت پر ہمیشگی اختیار کرے۔اسے اپنانے کے سلسلے میں اس قدر تکلف اور کوشش سے کام لے۔کہ یہ کلفت (بھدا یا بے ڈول) اور سعی بھی وسط سے اُٹھ جائے۔اور یہ علم طبیعتِ ثانیہ اور ملکہ بن جائے۔(یاد رہے۔کہ) مراقبہ کی تعریف وطریقہ تفصیلاً اسی باب میں قبل و بعد مذکور ہے۔اَب ہم یہ دیکھتے ہیں۔کہ! مراقبہ میں واردات اور کیفیات کا نزول کس طرح سے ہوتا ہے۔مشاہدے سے پتا چلا ہے۔کہ! مراقبہ میں واردات اور کیفیات کا نزول دو طرح سے ہوا کرتا ہے۔☆ پہلی صورت تو یہ ہے۔کہ! آدمی آنکھیں بند کئے بیٹھا ہے۔اس کے اوپر آدھی نیند طاری ہوگئی۔جس کو ہم نیم غنودگی کہہ سکتے ہیں۔اور اس حالت میں بیٹھے بیٹھے وہ بہت سی چیزوں کا مشاہدہ کرتا ہے۔ ☆ جبکہ دوسری صورت یہ ہے۔کہ! ایک آدمی آنکھیں تو بند کئے بیٹھا ہے۔لیکن اس کے اوپر نیند یا غنودگی طاری نہیں ہے۔وہ صِرف آنکھیں بند کئے بیٹھا ہے۔اور وہ غیب کی چیزوں کا مشاہدہ بھی کر رہا ہے۔اس کیفیت کا اصطلاحی نام درود ہے۔جب کوئی شخص اس کیفیت سے پوری طرح آشنا ہو جاتا ہے۔تو پھر درود کی


اس حالت میں اس کی آنکھیں کھلنے لگتی ہیں۔ اور کیفیت یہی ہوتی ہے۔ کہ! وہ ہر چیز بند آنکھوں سے دیکھ ہی رہا ہوتا ہے۔ آنکھوں پر دباؤ (**Stress**) پڑنے کی وجہ سے آنکھیں کھل گئیں۔ رفتہ رفتہ یہی حالت اس درجہ تک غالب آجاتی ہے۔ کہ اس کو آنکھیں بند کرنے کی بھی نوبت نہیں آتی۔ اور وہ اپنے ارادے کے ساتھ جہاں دیکھنا چاہتا ہے۔ بآسانی دیکھ لیتا ہے۔ اَب اس کیفیت کا اصطلاحی نام کشف یا مکاشفہ کہلاتا ہے۔ لیکن اس حالت میں انسانی شعور کافی حد تک معطل اور دَبا ہوا رہتا ہے۔ یعنی جب اس کے اوپر جب یہ حالت وارد ہوتی ہے۔ تو اپنے اردگرد کے ماحول سے اس کا تعلق منقطع ہو جاتا ہے۔ جبکہ باطنی اور غیر موجود ماحول سے تعلق ملحق ہو جاتا ہے۔ اور جب وہ اس کیفیت سے باہر آتا ہے۔ تو پھر دوبارہ اپنے اردگرد کے ماحول سے تعلق بحال ہو جاتا ہے۔

مکاشفہ کی صلاحیت پوری طرح سے بحال و بیدار ہو جانے کے بعد ذہن ایک نئی کروٹ لے لیتا ہے۔ اور ایسا خوش نصیب شخص کھلی آنکھوں سے دور و نزدیک، حاضر و پس پردہ غیب چیزوں کو دیکھنے کی قدرت حاصل کر لیتا ہے۔ یعنی جب تک کوئی شخص پس پردہ وغیب چیزوں کو دیکھ رہا ہوتا ہے۔ وہ اس وقت شعوری حواس میں رہتا ہے۔ یعنی کہ وہ شعوری حواس میں باتیں کر رہا ہوتا ہے۔ کھا پی رہا ہوتا ہے۔ چل پھر رہا ہوتا ہے۔ اور ان جملہ امور کے ساتھ وہ مشاہدہ بھی کر رہا ہوتا ہے۔ تصوف میں اسی کا نام مشاہدہ ہے۔ یہی مشاہدہ انسان کو درجہ بدرجہ وہاں لے کر جاتا ہے۔ جہاں پر وہ خوش نصیب شخص عرفانِ صفات کے علمِ گراں قدر سے متصف ہو جاتا ہے۔ مشاہدہ میں ایسے شخص کو اس بات کی بھی مشق حاصل ہو جاتی ہے۔ کہ انسان شعوری واردات اور کیفیات میں جو دیکھتا ہے۔ شعور اس کو نہ صرف محسوس کرتا ہے۔ بلکہ اس کو ایک حقیقت جان کر اہمیت بھی دیتا ہے۔ جس کے نتیجے میں شعوری ولاشعوری کی کیفیات میں یکساں توازن قائم ہو جاتا ہے۔ جب کسی پر یہ کیفیات قائم ہو جاتی ہیں۔ تو کوئی سالک راہِ حق غیب وظاہر میں بیک وقت دیکھتا ہے۔ محسوس کرتا ہے۔ اور عمل کرتا ہے۔ اس طرح سے وہ اللہ تعالیٰ کی صفات کا مشاہدہ کر رہا ہوتا ہے۔ اور وہ دنیاوی اُمور میں بھی مصروفِ کار رہتا ہے۔ ملائکہ (فرشتوں) سے بھی ہم کلام رہنے کا شرف بھی رہتا ہے۔ اور اپنے دوست واحباب سے محوِ گفتگو بھی رہتا ہے۔ یعنی کہ اس کے اوپر ایک ایسی حالت وارد رہتی ہے۔ جس کو ہم لاشعوری اور شعوری کیفیات کا ایک جگہ مجتمع ہونا اور بیک وقت عمل کرنا کہہ سکتے ہیں۔ ایسا خوش نصیب شخص خود کو زمین پر بھی موجود پاتا ہے۔ اور آسمانوں کی سَیر میں بھی مصروف رہتا ہے۔ جب بندہ ءمومن اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے یہ عرفان حاصل کر لیتا ہے۔ تو وہ حضرت علی المرتضیٰ ؓ کے اس قول کے مصداق ہو جاتا ہے۔ کہ! **من عرف نفسہ فقد عرف ربہ**۔ جس نے خود کو پہچان لیا۔ اُس نے اپنے رب کو بھی پہچان لیا۔

بعض مشائخینِ نقشبندیہ نے یہ فرمایا ہے۔ کہ! مقصود کے معنی یہ ہیں۔ کہ! جب سالک پر ایک بےخودی ومحویت کی سی کیفیات طاری ہو جائیں۔ تو پھر اسے اسمِ ذات ''اللہ'' ایک ایسے نورِ بسیط کی صورت میں متشکل تصور کرے۔ کہ جو تمام موجوداتِ علمیہ اور غیبیہ کو احاطہ کئے ہوئے تھا۔ اور پھر اسے بصیرت کے سامنے کرے۔ تخیل وتصور کے اس عکس کو محفوظ رکھتے ہوئے تمام قوتوں اور ادراکات کے ساتھ دل کی طرف متوجہ ہو۔ اور اس امر کا بھی اہتمام والتزام کرے۔ کہ! بصیرت بھی قوی ہو اور صورت بھی باقی رہے۔ چنانچہ اس عمل کے نتیجے میں معنیٔ مقصود کا ظہور ظاہر ہو کر نکل آئے گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)

حضرت خواجہ عبید اللہ احرار ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! مراقب بابِ مفاعلہ ہے۔ یعنی تراقب (نگرانیٔ توجہ یا نگہبانی) دونوں اطراف سے ضروری ہے۔ مراقبہ کرنے والے کے لئے ضروری ہے۔ کہ وہ اپنے احوال پرحق تعالیٰ کے مطلع ہونے کے بارے میں اپنی اطلاع پر مراقب ہو۔ اور اسی پر مداومت وتسلسل کو جاری رکھے۔ یا مراقب ہو۔ اپنی اطلاع کا اپنے موجد پر بغیر کسی خلل اور پریشان خاطری کے۔ (اور ایک طریقہ یہ ہے۔ کہ!) اپنے قلبِ صنوبری کا مراقب ہو۔ اور اس میں کوئی خطرہ نہ آنے دے۔ یہاں تک کہ اسے اپنے قلبِ حقیقی سے ربط آسان ہو جائے۔ اس میں مفاعلہ کے معنی کا کوئی لحاظ شامل نہ ہو۔ **مراقبہ کا راستہ ''نفی اثبات'' کے طریق سے بہت ہی اعلیٰ اور افضل ہے۔ دوسرے راستوں کے مقابلے میں مراقبہ کا راستہ جذبہءالٰہیہ کا سہل ترین اور قریب ترین راستہ ہے۔** (کیونکہ!) مراقبہ کے ذریعے ملکوت میں تصرف کرنا، لوگوں کے قلوب کی باتیں معلوم کرنا، دوسروں کو محض نظر ہی سے عطا کر دینا یا اس کے باطن کو روشن کر دینا اور اس طرح کے دیگر فوائد ومنافع ممکن ہیں۔ مراقبہ کے ملکہ سے دائمی جمعیتِ خاطر حاصل ہوتی ہے۔ اور سالک ہمیشہ لوگوں کے قلوب کا مقبول ومحبوب بنا رہتا ہے۔ اور یہی وہ مقام ہے۔ کہ جسے جمع وقبول کہا جاتا ہے۔ (اَب یہاں پر مراقبہ میں بیٹھنے کا طریقہ بیان کیا جاتا ہے)

مراقبہ میں بیٹھنے کا طریق : (طریقہ مجربہ از حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی ؒ درکتابِ مراقبہ)



مراقبہ کا عملی پروگرام :

کسی بھی پروگرام پر عمل کرنے سے قبل چند باتوں کا خیال رکھنا انتہائی ضروری ہوتا ہے۔ ☆ مراقبہ کرنے سے پہلے اس کے طریقے کو مکمل طور پر سمجھنا۔ ☆ مراقبہ کو ذوق وشوق اور خصوصی دلچسپی کے ساتھ کیا جائے۔ ☆ مراقبہ کسی ایسے استاد کی زیرِنگرانی کیا جائے جو مشق مراقبہ میں مہارت رکھتا ہو۔ ☆ مراقبہ کی مشق کو روزانہ وقت کی پابندی کے ساتھ کم از کم 20 سے 30 منٹ تک بلاناغہ کیا جائے۔ ☆ مراقبہ کرنے کے فوراً بعد اُٹھ کھڑے ہونے کے بجائے بہ چشم بند اپنی قلبی و باطنی واردات کی طرف متوجہ ہونا چاہیئے۔ ☆ مراقبہ کسی ایسی جگہ کیا جائے جہاں شور وغل، لوگوں کا اژدہام نہ ہو بلکہ مکمل سکون وتنہائی ہو۔ ☆ مراقبہ کرنے سے پہلے صاحب مشق خود کو ہر قسم کے ذہنی خلفشار، خیالات، تفکرات اور وساوس سے آزاد کر کے مشق شروع کرے۔ ☆ مراقبے سے قبل دو باتیں انتہائی ضروری ہیں۔ خالی الذہن ہونا اور کسی دیکھی ہوئی چیز کے تخیل وتصور سے مراقبہ کرنا۔

اس راز کو اک مردِ فرنگی نے کیا فاش   ہر چند کہ دانا اسے کھولا نہیں کرتے
جمہوریت اک طرزِ حکومت ہے، کہ جس میں   بندوں کو گنا کرتے ہیں، تولا نہیں کرتے

﴿ لوگ اس اُلجھن کا شکار ہو جاتے ہیں کہ تصور وتخیل کس طرح کیا جاتا ہے۔ عموماً تصور کا یہ مطلب ومقصد جانا اور سمجھا جاتا ہے کہ! چشم بند سے کسی چیز کو دیکھا جائے۔ جیسے تصورِ شیخ میں اپنے شیخ کے چہرے یا جسمانی خدوخال کو چشمِ بند سے دیکھنے کی کوشش کرتا ہے۔ اور اگر کوئی شخص روشنیوں کا مراقبہ کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ تو بند آنکھوں سے روشنیوں کو دیکھنا چاہتا ہے۔ لیکن یاد رہے کہ تصور وتخیل کی تعریف ان معنوں میں نہیں آتی بلکہ اس کا مطلب تو یہ ہوگا کہ ایک شخص بند آنکھوں سے کسی چیز کو دیکھنے کی کوشش کر رہا ہے۔ یعنی دیکھنے کا عمل ساقط نہیں ہوا۔ چونکہ دیکھنے کا عمل ساقط نہیں ہو سکا اسی لئے تصور قائم نہیں ہوگا۔ ﴾

خدا کی یاد میں بیٹھے سب سے بے غرض ہو کر   تو پھر اپنا بوریہ بھی ہمیں تختِ سلیماں تھا

تصور : تصور سے مراد تو یہ ہے کہ آدمی ہر طرف سے ذہن ہٹا کر کسی خیال میں بے خیال ہو جائے۔ اور اس خیال میں کسی قسم کے معانی نہ پہنائے۔ اور نہ ہی کچھ دیکھنے کی کوشش کرے۔ مثال کے طور پر اگر روحانی اُستاد یا پیرومرشد (**شیخ طریقت**) کا تصور کیا جائے۔ تو اس کا صحیح طریقہ یہ ہے۔ کہ آدمی اپنی آنکھیں بند کر کے اس تخیل وتصور میں بیٹھ جائے کہ میں اپنے روحانی اُستاد یا پیرومرشد (شیخ طریقت) کی طرف یکسر متوجہ ہوں یا پھر میری توجہ کا مرکز روحانی اُستاد یا پیرومرشد (شیخ طریقت) کی قابل احترام ذات ہے۔ اسی طرح روشنیوں کا مراقبہ کرتے وقت یہ محسوس کیا جائے کہ میرے اوپر روشنیاں برس رہی ہیں اور میں روشنیوں کے دریا وسمندر میں ڈوبا ہوا ہوں۔ اس طرف دھیان نہ لگائے کہ روشنی کیا ہے؟ اور روشنی کس رنگ کی ہے؟

☆ شروع شروع میں بہت زیادہ وقت تک مراقبہ نہیں کرنا چاہیئے بلکہ معتدل مزاجی بہتر ہے۔ ☆ مراقبہ اور نیند کو یکجا نہیں ہونا چاہیئے۔ بلکہ اگر نیند کا غلبہ ہو تو سونا بہتر ہے۔ ☆ مراقبہ لیٹ کر یا کرسی پر بھی کیا جا سکتا ہے لیکن اس طریقے میں ذہن نیند کی طرف مائل ہو جاتا ہے۔ ☆ مراقبہ کا سب سے بہترین طریقہ بناء کسی سہارے کے بیٹھ کر کرنا سب سے زیادہ مفید ومتنفع خیال کیا جاتا ہے۔ ☆ مراقبہ کے لئے معتدل موسمی جگہ ہونا لازمی ہے۔ جگہ نہ زیادہ ٹھنڈی ہو نہ ہی زیادہ گرم۔ ☆ مراقبہ کرنے کی جگہ پر اردگرد چیزیں بالکل نہ ہوں یا کم ہوں۔ ☆ مراقبہ کی جگہ ہوادار ہو۔ تاکہ صاحب مراقبہ کو گھٹن محسوس نہ ہو۔ ☆ مراقبہ کے دوران زیادہ سے زیادہ اندھیرا ہونا چاہیئے۔ تاکہ صاحب مراقبہ کو بیرونی خیالات نہ ستائیں۔

مراقبہ کے اوقات: مراقبہ کے لئے چار اوقات بہتر ہوتے ہیں۔ 1 قبل طلوعِ آفتاب۔ 2-3۔ دن یا رات کے بالکل وسطی وقت میں۔ 4۔ عصر کے بعد۔ 5۔ بوقتِ سحر ☆ مراقبہ سے پہلے کالی مرچ کا سفوف روئی کے پھوئے میں رکھ کر ہلکا سا نم کر کے اس کو کانوں میں رکھنے سے بیرونی آوازیں نہیں آتیں۔ اور اندر کی آواز سطح سماعت پر آجاتی ہے۔ اور جلد یکسوئی حاصل ہو جاتی ہے۔ ☆ مراقبہ میں مختلف خیالات سے بچنے کے لئے زود ہضم غذا کھانی چاہیئے۔ ☆ مراقبہ جب شروع کر دیا جائے تو لوگوں سے میل جول کم کر لے۔ تاکہ اِدھر اُدھر کی پریشانیوں بالخصوص دوسروں کی غیبت سے بھی بچا رہے۔ ☆ ہر قسم کی بدگمانی دل ودماغ سے نکال کر مراقبہ شروع کیا جائے ورنہ خیالات ستاتے رہیں گے۔ ☆ مراقبہ کیلئے آرام دہ ونشست کا ہونا ضروری ہے۔ تاکہ اعصاب بالخصوص گردن اور ریڑھ کی ہڈی میں کسی بھی قسم کا کھچاؤ پیدا نہ ہو۔

میری غفلتوں کی بھی حد نہیں   تیری رحمتوں کی بھی حد نہیں
نہ میری خطا کا شمار ہے   نہ تیری عطا کا شمار ہے

ترتیبِ مراقبہ :

مراقبہ کے دوران مناسب ہے۔ کہ! ☆ خلوصِ نیت سے باوضو ہو کر مراقبہ کے لئے خود کو مستعد کر لے۔ ☆ باادب تمام قبلہ رُخ ہو کر جائے نماز پر بیٹھ کر مراقبہ کیا کرے۔ ☆ دوزانو یا جس طرح بیٹھنے میں آرام دیکھے اور سمجھے، اسی طرح اپنی مرضی سے سینہ تان کر اور کمر سیدھی کر کے بیٹھے۔ حضرت خواجہ شمس الدین عظیم صاحب اپنی گرانمایہ تصنیف ''**مُراقبہ**'' میں رقم طراز ہیں۔ کہ!

☆ آلتی پالتی مار کر شمال کی جانب رُخ کر کے مکمل سکون کے ساتھ بیٹھ جائیں۔ ☆ داہنے ہاتھ کے انگوٹھے سے دائیں طرف کے نتھنے کو اوپر کی جانب سے بند کر لیں۔ ☆ بائیں طرف کے نتھنے سے پانچ سے آٹھ سیکنڈ تک سانس اندر کی طرف کھینچے رکھیں۔ ☆ داہنے نتھنے پر سے انگوٹھا ہٹا کر داہنے ہاتھ کی

چھنگلی سے بائیں طرف کے نتھنے کو بند کرلیں۔ ☆ دائیں طرف کے نتھنے سے پانچ سے آٹھ سیکنڈ تک سانس کو روکے رکھیں۔ ☆ دائیں طرف کے نتھنے سے پانچ سے آٹھ سیکنڈ تک سانس اندر کی طرف کھینچیں۔ ☆ اب چھنگلی ہٹا کر دوبارہ داہنے انگوٹھے سے داہنے نتھنے کو جلدی سے بند کرلیں۔ ☆ بائیں طرف کے نتھنے سے پانچ سے آٹھ سیکنڈ تک سانس کو روکے رکھیں۔ ☆ اب بائیں طرف کے نتھنے سے سانس کو آہستگی کے ساتھ اخراج کرنا شروع کردیں۔ اِس طرح سے یہ ایک چکر (دور) مکمل ہوا۔ اس طرح کے سات، نو یا گیارہ چکر مکمل کرنے ہیں۔

تراکیبِ مراقبہ :

آنکھیں بند کرکے دل کی طرف متوجہ ہوکر بیٹھے۔ ☆ جس کلمہ، آیت، سورہ، اسم یا جس شخص و چیز کا مراقبہ کرنا مقصود ہو۔ اس کے مطلب و مفہوم کو ذہن میں رکھ کر اپنی ذات کو (اُسی جس کلمہ، آیت، سورہ، اسم یا جس شخص و چیز میں) مکمل محو و مستغرق کرلے۔

طریقہ نمبر2۔ صاحب شہاب نامہ حضرت جناب قدرتُ اللہ شہاب صاحب مراقبہ کے بارے میں رقم طراز ہیں۔ کہ! ذکر اور شغل کے بعد ''مراقبہ'' کی باری آتی ہے۔ مراقبہ کی اصطلاح لفظ ''رقیب'' سے نکلی ہے۔ جسے نگہبان اور محافظ کہتے ہیں۔ مراقبہ بھی دل کو غیر اللہ کی یاد سے محفوظ رکھنے کا ذریعہ ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے۔ کہ جس آیت یا کلمہ کا مراقبہ (کرنا) منظور ہو۔ اس کو بار بار زبان سے دہرائے۔ اور دل کو دوسرے تمام خیالات سے خالی کرکے اس کے معانی میں اس قدر منہمک ہوجائے۔ کہ دنیا و مافیہا سے بھی حتی الوسع بے خبر ہوجائے۔ یہاں تک کہ اپنا بھی خیال دل سے نکل جائے۔ زمین و آسمان درہم برہم ہوکر غائب ہوجائیں۔ اور صرف اللہ تعالیٰ کی (واحد اور قابل عبادت) ذات ہی کو موجود اور باقی تصور کرے۔ (شہاب نامہ میں اس کے بعد 12۔ اقسام کے مراقبات اور اُن مراقبات سے متعلق آیات دی گئی ہیں) حضرت شہاب ؒ مراقبہ فنا کے متعلق فرماتے ہیں۔ کہ! مراقبہ فنا کے پانچ درجات ہیں۔ پہلا درجہ یہ ہے۔ کہ ذکر جسمی کے غلبہ کی وجہ سے نفسِ لوامہ کے برے اخلاق ان اوصافِ حمیدہ میں فنا ہوجاتے ہیں۔ جن کا شرع نے حکم فرمایا ہے۔ دوسرے درجہ میں ذکر فکری کے غلبہ سے نفسِ لوامہ کی تمام امکانی خواہشیں احکاماتِ شرع کی پابندی میں فنا ہوجاتی ہیں۔ تیرے درجے ذکر قلبی کا غلبہ ہے۔ جس کی وجہ سے تمام موجودات کے اوصاف اور افعال اللہ یعنی موجودِ مطلق کے اوصاف اور افعال میں فنا ہوکر نفسِ مطمئنہ کو جنم دیتے ہیں۔ اس کے بعد مشاہدہ، معائنہ اور فناء الفنا کے (مزید) درجات ہیں۔ جن کے بارے میں مجھے زیادہ سمجھ نہیں۔ مزید آگے جناب ثہابؒ فرماتے ہیں۔ کہ! مراقبوں کا دور بھی بڑا دل فریب اور پرکشش ہوتا ہے۔ اِن میں بیمار کی شفاء، ارواح اور ملائکہ کے کشف، کشف القبور، حاجت برآری، ماضی، حال اور کسی قدر مستقبل کے حالات سے باخبری وغیرہ کے ایسے ایسے تصرفات اور تجربات سے آشنائی ہوتی ہے۔ کہ بہت سے بدقسمت لوگ یہیں پر اپنا ڈیرہ بسا کر بیٹھ جاتے ہیں۔

نمبر3۔ جناب سید سرفراز اے شاہ صاحب کتاب ''ارژنگِ فقیر'' میں مراقبہ کے متعلق فرماتے ہیں۔ کہ! مراقبہ کرتے ہوئے ابتداء میں تصور کیجئے۔ کہ دل کو دل دیکھ رہے ہیں۔ دو چار دن تو اندھیرا دکھائی دے گا۔ لیکن مایوس نہ ہوں۔ چند دن بعد ہلکی سی روشنی نظر آنے لگے گی۔ اور پھر آپ کو گلابی رنگ کا چمکتا ہوا اپنا دل دکھائی دے گا۔ تب اُس (گلابی رنگ کے چمکتے ہوئے دل) پر نظر جما کر تصور کیجئے۔ کہ اُس پر ''**اللّٰہ**'' کا اسمِ مبارک لکھا ہوا ہے۔ چند مہینوں میں آہستہ آہستہ ''اللہ'' کا نام واضح (**Visible**) ہونے لگے گا۔ اللہ تعالیٰ کا اسمِ مبارک واضح ہونے کے بعد بھی اگر آپ مراقبہ کرتے رہے۔ تو پھر یوں ہوگا۔ کہ جیسے ہی آپ مراقبہ میں بیٹھے گے۔ چند ہی منٹوں میں اللہ تعالیٰ کا اسمِ مبارک دل پر لکھا آنکھوں کے سامنے آجائے گا۔ (انشاء اللہ العظیم) جب ایسا ہو۔ تو سمجھ لیں۔ کہ آپ کا مراقبہ ہوگا۔

نمبر4۔ حضرت جناب امداداللہ مہاجر مکی صاحبؒ مراقبہ کے بارے میں فرماتے ہیں۔ کہ! دوزانو (بمثلِ حالت تشہد) بیٹھ کر سر کو گھٹنے پر رکھ کر قلب کو غیر اللہ سے بالکل خالی کرکے خداوندِ متعال کی درگاہ میں حاضر ہوجائے۔ اور تعوذ (**اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم**) و تسمیہ (**بسم اللہ الرحمٰن الرحیم**) کے بعد ''**اللہ حاضری. اللہ ناظری. اللہ معی**۔ کہہ کر مراقب ہوکر ان کے معانی کا تصور و تخیل کرے۔ اور یقین کرے۔ کہ! اللہ تعالیٰ ہر وقت ہر جگہ پر'' حاضر و ناظر'' ہے۔ اور ''میرے ساتھ ہے''۔ اسی خیال و تصور میں خود کو اس قدر منہمک و مستغرق کرلے۔ کہ! غیر اللہ بلکہ اپنا خیال تک دل و دماغ سے نکال دے۔ اور اگر یہی تصور و تخیل تھوڑی ہی دیر میں زائل ہوجائے۔ تو سالک کو سمجھ لینا چاہیئے۔ کہ! یہ مراقبہ نہیں ہے۔ (کیونکہ! جو چیز کہ مطلوبِ حقیقی یعنی ربِ متعال تک پہنچانے والی ہے۔ اس خیال کو مراقبہ کہا جاتا ہے۔ اور مراقبہ کی نشانی و علامت یہ ہے۔ کہ! سالک ہر چیز سے یہاں تک کہ وہ اپنی ذات سے بھی بے خبر و بے فکر ہوجائے) گو کہ ابتدا میں کچھ زحمت و پریشانی ضرور ہوتی ہے۔ لیکن مشق کرتے کرتے اور عادت ہونے پر کوئی تکلیف محسوس نہیں ہوتی۔ کیونکہ اس مرتبہ و مقام تک رسائی تدریجاً ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے پیران فرمایا کرتے ہیں۔ کہ! ابتدا میں مراقبہ کے حصول میں رکاوٹ کو جھاڑ کر عاجز ہوکر چھوڑ نہیں دینا چاہیئے۔

تقوٰی تیرا مسلک ہو تو لازم طاعت اُلفت تیرا مشرب ہو تو پیدا حالت
ملزوم عبادت ہو پھر ایسی تجھ پر ہو جاوے عبادت، مثل تیری فطرت

یاد رہے۔ کہ! محققین کے نزدیک مراقبہ کے معنے ایک دوسرے کو ملاحظہ کرنا ہے۔ اور اسی توجہ ءِ قلبی کو رقیب کی طرف پھیرنا ہے۔ رقیب اسمائے الٰہیہ میں سے ایک اسمِ رحمانی ہے۔ اور نتیجہ ءِ مراقبہ یہ ہے۔ کہ! تصورِ محبوب میں ایسا غرق ہو۔ کہ! پھر کسی طرح کی بھی خبر نہ رہے۔ عارفانِ حقیقی فرماتے ہیں۔ کہ! مقصود (یعنی سرّ) اور خاصہ جملہ مراقبات کا یہی ہے۔

قلبی ذکر کا مختصر طریقہ: (بمطابق طریقة عالیة المحمدیة شاذلیة)

طریقہء محمدیہ شاذلیہ کے مطابق یہ قلبی ذِکر (درحقیقت) اللہ عز وجل اور آنحضور نبی مکرم ﷺ کے قرب کا بہترین وسیلہ ہے۔ جس کے ذریعے سے ایک بندہء مومن علم الیقین سے عین الیقین کے جملہ مقامات و درجات اور مقاصد کو پاتے ہوئے اپنے شیخ محترم کی معیت میں اپنی روح کا تزکیہ کرلیتا ہے۔ یاد رہے۔کہ! مشاہدہ کے تین درجات ہیں۔ پہلا سوچ کا درجہ (یہ انسانی اختیار میں ہے)، دوسرا تصور کا درجہ (یہ بھی انسانی اختیار میں ہے) جبکہ تیسرا روحانی درجہ (یہ انسانی اختیار میں نہیں ہے) بہرحال! اس کا مکمل طریقہ یہ ہے۔کہ!

☆ سب سے پہلے سالک کو چاہیئے۔کہ! اپنی نیت خالص کرے۔ ذہن اور دل کو بُری صفات سے پاک کرے۔ ☆ اور دو نوافل (بنیتِ قربِ الٰہی) پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور نہایت ادب و احترام اور عاجزی و انکساری سے یہ دعا کریں۔کہ! اے اللہ تعالیٰ مَیں آپ سے آپ ہی کو چاہتا ہوں۔ میرے لئے اس عمل کو اس عمل کو اپنے خصوصی فضل وکرم سے آسان بنادے۔ ☆ اَب احسان کے تصور کی کیفیت کو خود پر غالب کرتے ہوئے تین خیالات (یعنی تصورات) کو ذہن میں تازہ کریں۔ 1۔ **اللہ جل جلالہٗ میرے ساتھ ہے۔ 2۔ اللہ تعالیٰ مجھے دیکھ رہا ہے۔ 3۔ اللہ تعالیٰ میری ہر بات سن رہا ہے۔** (اس کے بعد) روحانی دنیا میں سفر کرنے کے لئے آنحضور ﷺ کا طریقہ اختیار کریں۔ یعنی ''آسانی پیدا کرو۔ اور مشکل پیدا نہ کرو۔'' ☆ پھر حفاظت کے لئے اپنے ہاتھ پھیلا کر **سورہ فاتحہ، آیت الکرسی اور تین مرتبہ سورہ اخلاص فلق اور والناس (ہر ایک معہ تسمیہ)** پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دَم کرے۔ اور ہاتھوں کو چہرے سے شروع کر کے جسم پر مَل لے۔ (اب ایک مرتبہ دل ہی دل میں دعائے نور دُہرالیں)

☆ اَب اس قلبی ذکر سے قبل تیاری کے لئے تین کیفیات (یعنی) صفات (عاجزی، شکر اور توکل) کے متعلق اس طرح سے سوچیں۔ **عاجزی**: اے اللہ تعالیٰ مَیں اگر ساری زندگی بھی عبادت میں رہوں۔ تو تیری عبادت کا مَیں بالکل بھی حق ادا نہیں کرسکتا۔ **شکر**: مَیں تو کسی بھی نعمت کا مستحق نہیں ہوں۔ جتنی بھی مجھے نعمتیں عطا ہوئی ہیں۔ یہ تو صرف اور صرف تیری عطا اور کرم ہی کی وجہ سے ہیں۔ **توکل**: اے اللہ تعالیٰ مَیں کسی بھی عمل یا چیز پر بالکل بھروسہ نہیں کرتا۔ یہ سفر صرف اور صرف تیری رحمت اور فضل ہی سے طے ہو سکے گا۔ (ان شاءاللہ) ☆ اَب تین مرتبہ استغفار (**استغفراللہ**)، تین مرتبہ درود وسلام (کوئی بھی درود شریف) اور تین مرتبہ''**لا حول ولا قوۃ الا باللہ**'' پڑھیں۔ اب یہ قلبی ذِکر اس طرح شروع کریں۔کہ!

☆ کعبہ شریف کے دروازے کے سامنے بیٹھ کر دل سے''اللہ'' کا ذکر کریں۔ اور تصور کریں۔کہ! ''ا'' دل سے نکل کر''للہ'' کا پہلا''لام'' کعبہ شریف کے دروازے کو لگ کر واپس آکر دل پر لگ رہا ہے۔ ۵ سے ۱۰ منٹ تک اسی کیفیت میں ذکر کرتے رہیں۔ اس کے بعد آپ کے دل اور کعبہ کے مابین نور کا ایک ڈورا سا بن جائے گا۔ اور خانہ کعبہ سے نور اسی ڈورے کے ذریعے آپ کے دل میں آتا رہے گا۔

☆ اس کے بعد آپ یہ تصور کریں۔کہ! آپ خانہ کعبہ کے اندر تشریف فرما ہیں۔ اور یہ تصور کریں۔کہ! ''ا'' آپ کے دل سے اور''للہ'' عرش الٰہی پر لگ کر آپ کے دل پر لگ رہا ہے۔ اور ایک نور کا عمودی ستون سا بن گیا ہے۔ جس سے کہ نور پورے جسم پر پانی کی طرح پڑ رہا ہے۔ اور اسی طرح ۱۰ سے ۱۵ منٹ تک یہی ذکر جاری رکھیں۔ اس کے بعد حضرت شیخ محترم سے اجازت طلب کریں۔ اور سلام عرض کرکے واپس اپنی جگہ پر آجائیں۔

☆ اور پھر اپنے مثالی وجود سے ایک لمبی سانس کے ذریعے سے روح کو اپنے حقیقی جسم میں تصوراتی قوت سے لے کر جائیں۔ اور پھر یہ تصور کریں۔کہ! اللہ تعالیٰ کا نورانی نام مبارک سر کے عین اوپر چمک رہا ہے۔ ناک کے ذریعے لمبی سانس اندر کھینچیں۔ اور ساتھ ہی یہ تصور کریں۔کہ! اللہ تعالیٰ کے اسمِ پاک سے نور نکل کر آپ کے سر سے ہوتا ہوا دل کو لگ کر اور پورے جسم کو منور کر رہا ہے۔ اَب منہ کے ذریعے جب سانس خارج کریں۔ تو تصور کریں۔کہ! کہ دوبارہ سے تمام لطائف واپس حقیقی جسم میں آکر جگمگا رہے ہیں۔ کچھ دیر (دو تین یا پانچ منٹ) کے بعد درود شریف پڑھ کر آنکھیں کھول لیں۔

مراقبہ کے ذریعے سے حاصل ہونے والے فوائد: (حضرت خواجہ شمس الدین عظیمیؒ)

☆ خون کے دباؤ پر کنٹرول ☆ قوتِ حیات میں اضافہ ☆ صاحبانِ مراقبہ (مرد و عورت) کو وسوسے نہیں آتے۔ ☆ بصارت میں تیزی ☆ خون کی چکنائی میں کمی ☆ تخلیقی قوتوں میں اضافہ ☆ چڑ چڑے پن میں کمی ☆ دل کی کارکردگی میں بہتری ☆ قوتِ سماعت میں اضافہ ☆ بہتر قوتِ فیصلہ ☆ قوتِ یاداشت میں تیزی ☆ بے خوابی سے نجات ☆ گہری نیند کا حصول ☆ حسد کا خاتمہ ☆ ڈپریشن اور جذباتی ہیجان کا خاتمہ ☆ بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت کا زیادہ ہونا ☆ خون کے ذرات میں اضافہ ☆ پریشانی اور مشکلات میں آنے والے دباؤ میں کمی ☆ ڈر اور خوف کے خلاف ہمت اور بہادری پیدا ہو جاتی ہے۔ ☆ عدم تحفظ کے احساس اور مستقبل کے اندیشوں سے نجات مل جاتی ہے۔ ☆ مراقبہ میں کامیابی کے بعد صاحبانِ مراقبہ (خواتین و حضرات، چھوٹے بڑے۔۔) جادو ٹونے، بھوت پریت، آسیب و جنات اور منفی قِسم کے تخیلات و تصورات سے بالکل آزاد ہوجاتے ہیں۔

مراقبہء دُعا : (بمطابق حضرت شیخ احمد دباغ صاحب):

طریقہء محمدیہ شاذلیہ کے مطابق یہ مراقبہ اللہ تعالیٰ کے قرب کو حاصل کرنے کا ایک عظیم وسیلہ ہے۔لہذا اعمال کے خلاصے کے طور پر ہمیں یہ ضرور سیکھنا چاہیئے۔تاکہ! ہم اللہ تعالیٰ کی حضوری اور عبادات سے لاتعداد منافع اور نعمتیں حاصل کریں۔چونکہ ہم احادیثِ صحیحہ سے جان چکے ہیں۔کہ!(**الدعا مخ العبادۃ**) دُعا عبادت کا مغز ہے۔(الحدیث)۔تاہم بدقسمتی سے بہت سارے افراد یہ نہیں جانتے کہ دعا کی طاقت سے فوائد ومنافع کو کیسے حاصل کیا جائے۔اور دعا کی اپنی ایک الگ روح ہے۔جسے **مراقبہ** کہتے ہیں۔یہ درحقیقت قلب کی گہری توجہ اور حاضری ہے۔عبادت کے مغز یعنی دعا کی قوت کو حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے۔کہ!

مراقبہ شروع کرنے سے پہلے اپنے دل میں تین اقسام کے خیالات کو تازہ کرلیں۔☆**اللہ معی** اللہ تعالیٰ (ہروقت اور ہرجگہ) میرے ساتھ ہے۔

☆ **اللہ بصیر** اللہ تعالیٰ (ہروقت اور ہرجگہ) میرے عمل (نیک وبد) کو دیکھ رہا ہے۔☆ **اللہ سمیع** اللہ تعالیٰ (ہروقت اور ہرجگہ) میری ہر بات سُن رہا ہے۔ اس کے بعد (روحانیت میں ترقی وعروج کے لئے) یہ تین اعمال تین۔تین مرتبہ (نہایت ذوق وشوق سے) پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔☆ **استغفر اللہ العظیم** ۔☆ **درودِ ابراھیمی** (یا کوئی بھی درود وسلام)۔☆ **لا حول ولا قوۃ الا باللہ**۔

اَب آنکھیں بند کرکے یہ تصور کریں۔کہ! اللہ تعالیٰ کا بہت بڑا نورانی نام مبارک سر کے عین اوپر آسمانوں میں چمک رہا ہے۔اور اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک سے نُور کی شعاعیں سر پر پڑ رہی ہیں۔اور اس نور کی وجہ سے دماغ روشن ہورہا ہے۔اور دماغ کے اندر ''اللہ۔اللہ۔اللہ'' کا ذکر شروع ہوجاتا ہے۔اور پھر یہی نور دماغ سے ہوتا ہوا دل تک جا پہنچتا ہے۔اور پھر دماغ کی طرح دل میں بھی ''اللہ'' کا نام لکھا ہوا دکھائی دیتا ہے۔اور دل بھی ''اللہ۔اللہ۔اللہ'' کہہ اُٹھتا ہے۔اور مسلسل یہی ذکر شروع کردیتا ہے۔پھر آپ یہ تصور کریں۔کہ! کائنات کی ہر ہر چیز اللہ تعالیٰ کے نام کے ذکر میں مصروف ومشغول ہے۔اور زمین وآسمان میں ہرجگہ یہی اسم مبارک (اللہ) سفید نورانی رنگ میں لکھا ہوا ہے۔اور ہر ایک چیز سے ''اللہ۔اللہ۔اللہ'' کررہی ہے۔

اندر جے گر صاف نہ ہووے حج وی سیر سپاٹا ھُو

اس کے بعد آپ اپنے سات (بہت ضروری، اہم ترین) کاموں کے بارے سوچیں۔اور دل ہی دل میں اللہ تعالیٰ سے رہنمائی، مدد اور بھلائی بھی طلب کرتے رہیں۔ وہ سات کام یہ ہیں۔☆ اللہ تعالیٰ کی حضوری۔☆ سات بڑے گناہ۔☆ سات بڑی نعمتیں۔☆ سات بڑی حاجات۔☆ سات بڑے مسائل۔☆ اللہ تعالیٰ پر توکل۔☆ اللہ تعالیٰ سے رہنمائی، مدد اور بھلائی طلب کرنا۔

☆ **اللہ تعالیٰ کی حضوری**: اللہ تعالیٰ کا اسمِ مبارک آسمان میں بہت بڑا لکھا ہوا ہے۔ اور اسی اسم مبارک سے نور نکل کر آپ کے دماغ میں داخل ہورہا ہے۔اور دماغ سے دل میں داخل ہورہا ہے۔اور اَب آپ بھی زبانِ قلب سے ''اللہ۔اللہ۔اللہ'' پڑھیں۔

☆ **سات بڑے گناہ** :اپنی زندگی میں سات بڑے گناہوں کے بارے میں سوچیں۔اور انہیں رب متعال کی عظیم ذات کے حضور نہایت شرمندگی سے پیش کریں۔اور یہ سوچتے ہوئے کہ میرے گناہوں سے کروڑوں گُنا بڑی آپ کی عظیم رحمت، مغفرت اور بخشش ہے۔اور (روتے ہوئے) معافی مانگتے رہیں۔

☆ **سات بڑی نعمتیں** : اپنی زندگی میں اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ سات بڑی نعمتوں کو یاد کریں۔اور اللہ تعالیٰ کے حضور ان نعمتوں کو شکر کے ساتھ پیش کریں۔اور نہایت خوش دلی اور عاجزی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا شکر یہ ادا کریں۔

☆ **سات بڑی حاجتیں** : اپنی زندگی میں سات بڑی حاجتوں کے بارے میں سوچیں۔اور اِن حاجتوں کو اللہ تعالیٰ کے حضور پیش کریں۔ چونکہ زمین وآسمان اور ہر چیز کا حقیقی مالک اللہ جل شانہٗ خود ہے۔تو ان حاجتوں کو اللہ تعالیٰ سے عاجزی، ادب واحترام سے مانگیں۔چونکہ حاجت روا تو صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے۔اور اللہ تعالیٰ ہی حاجات کو پورا کرسکتا ہے۔

☆ **سات بڑے مسائل** : اپنی زندگی میں موجودہ سات بڑے مسائل کے بارے سوچیں۔ اور ان سات بڑے مسائل کو اللہ تعالیٰ کے حضور نہایت ادب واحترام اور عاجزی کے ساتھ پیش کریں۔اور اِن مسائل کے فوری اور یقینی حل کے لئے اللہ تعالیٰ سے عاجزی وانکساری سے دُعا مانگیں۔کیونکہ! درحقیقت مشکل کشا، حاجت روا اور مسائل کو حل کرنے والی ذات صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے۔

☆ **ھدایت کی تلاش** : اپنے فیصلوں کے بارے میں سوچیں۔اور اللہ تعالیٰ کے رُوبرو اپنے فیصلوں کو پیش کریں۔اور اللہ تعالیٰ سے ہر ایک فیصلے کے بہتر نتیجے کے لئے نہایت عاجزی وانکساری سے دُعا مانگیں۔

☆ **اللہ تعالیٰ پر توکل** : اور اَب آخر میں اپنے ساتوں بڑے گُناہوں، نعمتوں، حاجتوں، مسائل اور اپنے فیصلوں کو ایک بکس یا گٹھڑی میں بند کرکے اللہ تعالیٰ کے حضور نہایت عاجزی کے ساتھ پیش کریں۔اور اللہ تعالیٰ پر توکل کریں۔کیونکہ! اللہ تعالیٰ کو ہر چیز کا بخوبی علم ہے۔اور وہی ہمارا حقیقی مالک ہے۔

اَب تصور کریں۔کہ! وہی نور جو دماغ سے داخل ہوکر دل تک آرہا تھا۔اَب اُس نور نے آپ کے پورے جسم کو لپیٹ میں لے لیا ہے۔اور مکمل جسم منور ہوگیا۔

شکوہء ظلمتِ شب سے تو کہیں بہتر تھا اپنے حصے کی کوئی شمع جلاتے جاتے

مُراقبہ نُوری کا طریقہ (بمطابق حضرت شَیخ احمد دباغ صاحب):

روحانی معراج ، باطنی سفر بذریعہ روح (علم الیقین سے عین الیقین تک کا عظیم روحانی سفر) :

طریقہءمحمدیہ شاذلیہ کے مطابق یہ مراقبہ آنحضور نبی مکرم ﷺ کی ایک نہایت پیاری دُعا کے ساتھ کیا جاتا ہے۔اس مراقبہ نوری یعنی روحانی معراج میں زمان ومکان میں سفرکیا جاتا ہے۔اورایک بندہءمومن علم الیقین سے عین الیقین کے جملہ مقامات ودرجات کو پارکرتا ہوا اپنی روح کوآسمانوں کی سیرپراپنے شیخ محترم کے ساتھ روحانی سفرکرنے پرعبورحاصل کرلیتا ہے۔جس سے نہ صرف اسے روحانی معراج حاصل ہوجاتی ہے۔ بلکہ اس کا باطن بھی نور سے منور ہوکرعین نور ہوجاتا ہے۔(اس مراقبہ کے لئے دُعائے نورزبانی یادہونی ضروری ہے) یادرہے۔کہ! مشاہدہ کے تین درجات ہیں۔ پہلاسوچ کا درجہ(یہ انسانی اختیار میں ہے)، دوسراتصورکادرجہ(یہ بھی انسانی اختیار میں ہے) جبکہ تیسراروحانی درجہ(یہ انسانی اختیار میں نہیں ہے) بہرحال! اس کامکمل طریقہ یہ ہے۔کہ!

☆ سب سے پہلے سالک کو چاہیئے ۔کہ! اپنی نیت خالص کرے۔ ذہن اور دل کو بُری صفات سے پاک کرے۔☆ اور دو نوافل (بنیتِ قربِ الٰہی) پڑھ کراللہ تعالیٰ کے حضورنہایت ادب و احترام اورعاجزی وانکساری سے یہ دعا کریں ۔کہ! اے اللہ تعالیٰ مَیں آپ سے آپ ہی کو چاہتا ہوں۔ میرے لئے اس عمل کواس عمل کو اپنے خصوصی فضل وکرم سے آسان بنادے۔☆ اَب احسان کے تصور کی کیفیت کوخود پر غالب کرتے ہوئے تین خیالات (یعنی تصورات) کو ذہن میں تازہ کریں۔ 1۔ **اللہ جل جلالہٗ میرے ساتھ ہے۔2۔ اللہ تعالیٰ مجھے دیکھ رہا ہے۔3۔ اللہ تعالیٰ میری ہر بات سن رہا ہے۔** (اس کے بعد) روحانی دنیا میں سفرکرنے کے لئے آنحضور ﷺ کا طریقہ اختیارکریں۔یعنی ''آسانی پیدا کرو۔اورمشکل پیدا نہ کرو۔'' ☆ پھرحفاظت کے لئے اپنے ہاتھ پھیلا کرسورہ **فاتحہ، آیت الکرسی** اور **تین مرتبہ سورہ اخلاص فلق** اور **والناس** (**ہر ایک معہ تسمیہ**) پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دَم کرے۔اور ہاتھوں کو چہرے سے شروع کر کے جسم پر مَل لے۔(اب ایک مرتبہ دل ہی دل میں دعائے نور دُہرالیں) ☆ اَب اس مراقبہ سے قبل تیاری کے لئے تین کیفیات (یعنی) صفات (عاجزی،شکراورتوکل) کے متعلق اس طرح سے سوچیں۔**عاجزی**: اے اللہ تعالیٰ مَیں اگرساری زندگی بھی عبادت میں رہوں۔تو تیری عبادت کامَیں بالکل بھی حق ادانہیں کرسکتا۔**شکر** : مَیں توکسی بھی نعمت کامستحق نہیں ہوں۔جتنی بھی مجھے نعمتیں عطا ہوئی ہیں۔ یہ توصرف اورصرف تیری عطا اورکرم ہی کی وجہ سے ہیں۔ **تــــوکــل** :اے اللہ تعالیٰ مَیں کسی بھی عمل یا چیز پر بالکل بھروسہ نہیں کرتا۔ یہ سفرصرف اورصرف تیری رحمت اورفضل ہی سے طے ہوسکے گا۔(ان شاءاللہ) ☆ اَب تین مرتبہ استغفار(**استغفراللہ**)، تین مرتبہ درودوسلام (کوئی بھی درودشریف) اورتین مرتبہ''**لا حول ولا قوۃ الا باللہ**''پڑھیں۔اس کے بعدسترہ مقامات آپ کوزبانی یادہونے چاہئیں۔ (دل،زبان،سماعت(کان)،بصارت(آنکھ)،سرکےاوپر،جسم کے نیچے،دائیں جانب،بائیں جانب،آگے(سامنے)،پیچھے،نفس،پوراجسم،جملہ اعصاب، گوشت،خون،بال،پوست(جلد) یہ کل سترہ مقامات ہوئے) نیچے دی گئی جگہوں کو یادکرلیں۔اب مراقبہ اس طرح شروع کریں۔کہ!

☆ پہلے دل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل فی قلبی نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میرے قلب(دل) میں نور پیدافرمادے۔ (دعا کے بعد یہ تصورکریں۔کہ) میرے دل میں دائیں جانب سے نورداخل ہورہا ہے۔اوردل کے بائیں جانب سے سیاہی(نفسانی خیالات وشیطانی وساوس) خارج ہو رہی ہے۔ ☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل فی بصری نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میری بصارت(آنکھوں) میں نور پیدافرمادے۔ (دعا کے بعد یہ تصورکریں۔کہ) میری دائیں آنکھ میں دائیں جانب سےنورداخل ہورہا ہے۔اور بائیں آنکھ کے بائیں جانب سے سیاہی(نفسانی خیالات وشیطانی وساوس) خارج ہورہی ہے۔ ☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل فی سمعی نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میری سماعت(کان) میں نورپیدافرمادے۔ (دعا کے بعد یہ تصورکریں۔کہ) میرے دائیں کان سے نورداخل ہورہا ہے۔اور بائیں کان سے سیاہی(نفسانی خیالات وشیطانی وساوس) خارج ہورہی ہے۔ ☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل فی لسانی نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میری زبان میں نورپیدافرمادے۔ (دعا کے بعد یہ تصورکریں۔کہ) میرے زبان کے دائیں جانب سے نورداخل ہورہا ہے۔اورزبان کے بائیں جانب سے سیاہی(نفسانی خیالات وشیطانی وساوس) خارج ہورہی ہے۔ ☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل عن یمینی نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میری دائیں جانب نور پیدا فرمادے۔ (دعا کے بعد یہ تصورکریں۔کہ) میرے جسم کے دائیں جانب سے نورداخل ہورہا ہے۔اورجسم کے بائیں جانب سے سیاہی(نفسانی خیالات و شیطانی وساوس) خارج ہورہی ہے۔ ☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل عن یساری نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میرے جسم کے بائیں جانب نورپیدافرمادے۔ (دعا کے بعد یہ تصورکریں۔کہ) میرے جسم کے بائیں جانب سے نورداخل ہورہا ہے۔اورجسم کے دائیں جانب سے سیاہی(نفسانی خیالات وشیطانی وساوس) خارج ہورہی ہے۔☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل من فوقی نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میرے اوپرسےنورداخل فرمادے۔(دعا کے بعد یہ تصورکریں۔کہ) میرے سرکے اوپر(یعنی آسمان) سےنورداخل ہورہا ہے۔اورجسم کے نیچے سے سیاہی(نفسانی خیالات وشیطانی وساوس) خارج ہورہی ہے۔ ☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل من تحتی نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میرے نیچے سے

نورداخل فرمادے۔(دعا کے بعد یہ تصور کریں۔کہ) میرے نیچے(یعنی زمین سے میرے جسم میں) سے نورداخل ہورہا ہے۔اوراوپر سے سیاہی (نفسانی خیالات و شیطانی وساوس) خارج ہورہی ہے۔ ☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل من امامی نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میرے آگے نور پیدا فرمادے۔ (دعا کے بعد یہ تصور کریں۔کہ) میرے جسم کے اگلی جانب سے نورداخل ہورہا ہے۔اورجسم کے پچھلی جانب سے سیاہی (نفسانی خیالات وشیطانی وساوس) خارج ہورہی ہے۔☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل من خلفی نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میرے پیچھے نور پیدا فرمادے۔ (دعا کے بعد یہ تصور کریں۔کہ) میرے جسم کے پچھلی جانب سے نور داخل ہورہا ہے۔اورجسم کے اگلی جانب سے سیاہی (نفسانی خیالات و شیطانی وساوس) خارج ہورہی ہے۔ ☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل لی نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میرے لئے نور ہی نور پیدا فرمادے۔ (دعا کے بعد یہ تصور کریں۔کہ) میرے اندر بہت سانورداخل ہورہا ہے۔اورمجھ سے بہت سی سیاہی (نفسانی خیالات وشیطانی وساوس) خارج ہو رہی ہے۔☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل عظم لی نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میرے لئے نورکوعظیم بنادے۔ (دعا کے بعد یہ تصور کریں۔کہ) مجھ میں دائیں جانب سے نورداخل ہورہا ہے۔اورمجھ سے بائیں جانب سے سیاہی (نفسانی خیالات وشیطانی وساوس) خارج ہورہی ہے۔ ☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل اعظم لی نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میرے لئے نورکو بڑھادے۔ (دعا کے بعد یہ تصور کریں۔کہ) میرے دائیں جانب سے کثیرنورداخل ہورہا ہے۔اور بائیں جانب سے بہت سی سیاہی (نفسانی خیالات وشیطانی وساوس) خارج ہورہی ہے۔ ☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اعطنی نورا** ۔اے اللہ عزوجل! مجھے نورعطا فرمادے۔ (دعا کے بعد یہ تصور کریں۔کہ) میرے اندرکثیرنورداخل ہورہا ہے۔اورمجھ سے بہت زیادہ سیاہی (نفسانی خیالات وشیطانی وساوس) خارج ہورہی ہے۔☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل من نفسی نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میرے نفس میں نورپیدافرمادے۔ (دعا کے بعد یہ تصور کریں۔کہ) میرے نفس میں (ناف سے نیچے) نورداخل ہورہا ہے۔اور پیچھے سیاہی (نفسانی خیالات وشیطانی وساوس) خارج ہورہی ہے۔ ☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعلنی نورا** ۔اے اللہ عزوجل! مجھے سراپا نور بنادے۔ (دعا کے بعد یہ تصور کریں۔کہ) میرے پورے جسم میں نورانی بلب بن گئے ہیں۔ ☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل فی عصبی نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میرے اعصاب (پٹھے) میں نور پیدا فرمادے۔(دعا کے بعد یہ تصور کریں۔کہ) میرے جسم کے اندر پٹھوں میں نورداخل ہوگیا ہے۔ ☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل فی لحمی نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میرے گوشت میں نورپیدا فرمادے۔ (دعا کے بعد یہ تصور کریں۔کہ) میرے جسم کے اندرگوشت میں نورداخل ہوگیا ہے۔ ☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل فی دمی نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میرے لہو(خون) میں نور پیدا فرمادے۔(دعا کے بعد یہ تصور کریں۔کہ) میرے جسم کے اندرخون میں نورداخل ہوگیا ہے۔ ☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل فی شعری نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میرے بالوں میں نور پیدا فرمادے۔(دعا کے بعد یہ تصور کریں۔کہ) میرے جسم کے اندر بالوں میں نورداخل ہوگیا ہے۔ ☆ پھردل میں یہ دعا تین مرتبہ کریں۔کہ! **اللھم اجعل فی بشری نورا** ۔اے اللہ عزوجل! میرے پوست (کھال۔جسم کا چمڑہ) میں نور پیدا فرمادے۔(دعا کے بعد یہ تصور کریں۔کہ) میرے جسم کے اندرکھال میں نورداخل ہوگیا ہے۔ (یاد رہے۔کہ) اسم ''اللہ'' روحانی دنیا کی مؤثر ترین کلیداورسب سے سہل راستہ ہے۔جوکہ درحقیقت جملہ جہانوں کے درمیان رابطہ کا واسطہ اور وسیلہ ہے۔ پھر یہ تصور کریں۔کہ! بیت اللہ شریف کے دروازے کی طرح کا ایک دروازہ سامنے ہے۔اورسالک اسم ''اللہ'' کے ذریعے اپنے نورانی جسم کے ساتھ روحانی دنیا میں داخول کے وقت سنہری سانس کے ذریعے اپنی روح کو منتقل کرتا ہے۔انتقالِ روح کا عمل اسم ''اللہ'' کے ذریعے سے ہوگا۔اس کے بعد اپنے شیخ محترم سے (بطریقِ مراقبہ) روحانی رابطہ کریں۔اورشیخ ہی کی رہنمائی میں سفرکریں۔پھراپنے شیخ کی اقتداء میں بیت اللہ شریف کے سامنے روحانی نماز ادا کریں۔۔۔

دُعائے نور: **اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا ۔ وَاجْعَلْ فِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا ۔ وَاجْعَلْ فِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا ۔وَاجْعَلْ فِیْ لِسَانِیْ نُوْرًا ۔وَاجْعَلْ عَنْ یَّمِیْنِیْ نُوْرًا ۔ وَاجْعَلْ عَنْ یَّسَارِیْ نُوْرًا ۔ وَاجْعَلْ مِنْ فَوْقِیْ نُوْرًا ۔وَاجْعَلْ مِنْ تَحْتِیْ نُوْرًا ۔وَاجْعَلْ مِنْ اِمَامِیْ نُوْرًا ۔وَاجْعَلْ مِنْ خَلْفِیْ نُوْرًا ۔ وَاجْعَلْ لِّیْ نُوْرًا ۔ وَاجْعَلْ عَظِّمْ لِیْ نُوْرًا ۔ وَاجْعَلْ اَعْظَمْ لِیْ نُوْرًا ۔وَاَعْطِنِیْ نُوْرًا ۔**

اس دعا کے بارے میں صحیح بخاری، صحیح مسلم اورسنن نسائی میں آیا ہے۔کہ! یہ دعائے نور نمازِ فجر کی دوسنتوں کے بعد آنحضور نبی مکرم ﷺ نے پڑھی ہے۔(لہذا) ہمیں بھی چاہیئے۔کہ! اس دعا کو زبانی یاد کر کے سنتوں کے بعد پڑھنے کا معمول بنالیں۔تاکہ ہمیں بھی فیوض و برکات حاصل ہوسکیں۔(ان شاءاللہ) ویسے یہی دعا آگے ''پُرتاثیراوراد و وظائف مع ادعیہ'' والے باب میں اضافے کے ساتھ آئی ہے۔ وہاں سے بھی دیکھی جاسکتی ہے۔

انتہائی آسان اور مفید مراقبہ

اگر کوئی شخص علم اشراق حاصل کرنا چاہے۔ یا ارواح اموات میں سے جس سے بھی مردہ شخص کی روح سے ملاقات کا خواہش مند ہو۔ تو ایسے شخص پر واجب ولازم ہے۔ کہ چند روز کے واسطے تھوڑی سے محنت ومشقت اختیار کر کے مقصودعظیم میں کامیاب وکامران ہوعامل کو چاہیے۔ کہ ایک مکان یا مکان میں کوئی کمرہ اس مقصد کے لئے ایسا تلاش کرے۔ جہاں عامل کے علاوہ کوئی دوسرا نہ آئے۔ پھر اس خلوت خانہ میں صحت جسمانی، حضورِ قلب، طہارت ظاہری وباطنی، پاکیزہ ومعطر کپڑوں کے ساتھ خاموش سرنگوں بیٹھ کر بحالت مراقبہ اپنے دل کی حالت وکیفیت پر غور کر کے دیکھے۔ کہ میرا قلب کسی کام میں مشغول ہے۔ ظاہر بات ہے۔ کہ ابتداء قلب کے اندر طرح طرح کے خطرات اور وساوس ہوں گے اور دل خواہشات نفسانی وشہوانی ودنیاوی لذات سے بھرپور بھرا ہوا ملے گا۔ لیکن اگر کوئی شخص تقوٰی والا ہو۔ قلب ولطائف اس کے جاری ہوں۔ نمازی وپرہیزگار ہو۔ تو یہ خیالات انتہائی قلیل مقدار میں اس کے قلب پر ہوں گے۔ بہرحال صاحب مراقبہ کو چاہیے۔ کہ اپنے دل سے ایسے تمام خیالات ولغویات کو نکالنے کی بھرپور سعی کرے۔ اس دوران اسمِ اعظم ''**یا نور یا حی یا قیوم**'' کا بزبان قلب ورد جاری رکھیں۔ تاکہ حد درجہ محویت واستغراق کا حصول ممکن ہو سکے۔ اور یہ خیال مٹانے کی کوشش کرے۔ کہ میرے قلب کا یہ کام نہیں ہے۔ کہ میرا دل ان وساوس، لغویات، برے خیالات ونجاسات میں آلودہ رہے۔ بلکہ یہ خیال جمانے کی کوشش کرے۔ کہ میرا قلب پاک صاف ہو کر انوار الٰہی کا مظہر ومسکن بن چکا ہے۔ یہ بات کچھ مشکل تو ہے۔ مگر جب انسان ہمت سے کام لیتا ہے۔ تو سب مشکلات آسان ہو جاتی ہے۔ غرضیکہ ہفتہ عشرہ میں ہی اس مشق کی برکت سے قلب کی حالت یکسر بدل جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اور دل پاکیزہ ومصفّیٰ ہو کر تجلیات الٰہیٰ، انوارات رحمانی کا سرچشمہ اور آماجگاہ بن جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

یہ مشق روزانہ کم ازکم ایک گھنٹہ رات کو اس وقت کریں۔ جب خلق خدا گہری نیند میں مشغول ہو۔ یعنی کہ رات کو بعد نماز عشاء سے بوقت صبح صادق یعنی تہجد تک اس مشق کو عمل میں لایا جا سکتا ہے۔ چند روز کی مشق سے ایک بھی خطرہ وسوسہ یا برا خیال دل میں نہ رہے گا۔ انشاء اللہ۔ اور پاکیزہ ومصفی قلب بدرجہ اعلی واولیٰ نصیب ہو جائے گا۔ **یا ایتھا النفس المطمئنہ**۔۔ اس وقت عامل یعنی صاحب مراقبہ کا دل مثل آئینہ ہوگا۔ یہاں تک کہ یہ خود اپنی ظاہری آنکھوں سے اپنے دل کی روشنی یعنی انوارات کو بخوبی دیکھ سکے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

جب صاحب مراقبہ اپنی کامیابی وکامرانی کو چیک کرنا چاہے۔ کہ اسے اس عمل میں کامیابی نصیب ہوئی ہے یا نہیں؟ کیونکہ یہ بھی ایک شیطانی خیال وشیطانی رکاوٹ تو نہیں ہے کیا؟ تو صاحب مراقبہ کو چاہیے۔ کہ کسی ایک شخص کو کہے۔ کہ تم دل میں کوئی خیال کرو۔ اور صاحب مراقبہ خود مراقب ہو کر اس شخص کے قلب کی طرف اپنی باطنی نگاہ سے دیکھے۔ جو خیال سامنے والا شخص اپنے دل میں کرے گا۔ وہی خیال بعینہٖ صاحب مراقبہ کے دل میں وارد ہوگا۔ بعدہٗ اپنی قلبی کیفیت کو اس شخص کی نگاہ سے پوشیدہ کر کے لکھ لے۔ اور چھپا کر رکھ لے۔ اور اب اس شخص سے دوبارہ پوچھ لے۔ قوی امید ہے۔ کہ اس شخص کا وہی جواب ہوگا۔ جو صاحب مراقبہ نے لکھا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ بعدہٗ اس مفید مراقبہ کو حتی الامکان کوشش کی جائے۔ کہ روزانہ کم ازکم آدھا گھنٹہ تاحیات جاری رکھا جائے۔ اور اپنے دل پر اور جسم کے مختلف حصوں پر اسم ذات اللہ لکھے ہوئے کا تصور کرتے رہیں۔ جیسا کہ بزرگان دین اور اولیاء اللہ شش وہفت مقامات پر اسم اللہ ذات کو مرقوم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ تو ایسے شخص سے کرامات اور خرق عادات امور کا ظہور ہوگا۔ اور اس مراقبہ کی مدد سے امت محمدیہ ﷺ کی بھی اصلاح ہوتی رہے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ (وہ اصحاب جو شغل صوت سرمدی کرتے ہیں۔ ان کو اس عمل کی قدروقیمت وحیثیت کا بخوبی اندازہ ہے) اس مراقبہ کے بے شمار فوائد حاصل ہوں گے۔ جن میں سے چند ایک یہ ہیں۔ (باقی جو شخص یہ مراقبہ کرنا شروع کرے گا۔ اس کے اپنے مشاہدات ہوں گے)

لن ترانی کی خبر عشق نے سن رکھی ہے ‌ ‌ ‌ پھر بھی مشکل ہے کہ وہ طالب دیدار نہ ہو

☆ صاحب مراقبہ کو کشف الارواح حاصل ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔ ☆ صاحب مراقبہ کو کشف القلوب اور کشف القبور حاصل ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔ ☆ آنے والے خطرات وخدشات کی قبل از وقت آگاہی ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ۔ ☆ دوسروں کے قلبی خیالات فاسدہ کو ختم کرنے کی اہلیت پیدا ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ☆ دور ونزدیک کسی بھی شخص کے حالات سے آگاہی ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ۔ ☆ ارواح اموات میں جس مردہ کا خیال اپنے دِل میں لائے گا۔ اُس سے ملاقات ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ۔ ☆ ایسا شخص مسمریزم، ہپناٹزم اور ٹیلی پیتھی کا ماہر ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔ ☆ ایسا شخص بحالت مراقبہ بارہا طواف کعبہ معظّمہ ودیدار مدینہ منورہ سے مشرف ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

غرضیکہ! جو بھی شخص اِس مراقبے کو کرے گا۔ ایسے شخص کو اِن فوائد کے علاوہ بہت سے فوائد حاصل ہوں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

جمالِ یار جب پیشِ نظر ہو ‌ ‌ ‌ کسی کا کس طرح دل میں گذر ہو
مزہ آجائے مرنے کا بھی ہم کو ‌ ‌ ‌ قدم ہو یار کا اور اپنا سَر ہو

ارتکازِ توجہ کے حصول کے لئے عملی مشق : (بمطابق حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی صاحب)

اگر ذہنی یکسوئی حاصل نہ ہوتی ہو اور توجہ کسی نقطہ پر قائم نہیں رہتی ۔ اور ذہن بھی ہزاروں لاکھوں خیالات ، تفکرات ، وساوس میں مبتلا رہتا ہو تو مذکورہ عمل کے ساتھ ساتھ اس تکنیکی عمل کو بھی رواں کیا جائے ۔ اسی لئے سب سے زیادہ ضروری یہ ہے ۔ کہ! ہمارا ذہن ہزاروں لاکھوں خیالات ، تفکرات ، وساوس سے نجات حاصل کر کے صرف ایک ہی خیال کو اپنا ہدف بنا لے ۔ لہذا یکسوئی کے حصول کے لئے مندرجہ ذیل عمل قبل طلوعِ آفتاب و قبل سونے رات کے کرنے کی تاکید و تلقین کی جاتی ہے ۔ عمل تنفس کی اس مشق سے قبل جسم کو بالکل ڈھیلا چھوڑ دیں ۔ جسم میں کسی بھی قسم کا تناؤ قطعاً نہیں ہونا چاہئے ۔ عمل تنفس کی مشق کے دوران ریڑھ کی ہڈی اور گردن کو ایک ہی سیدھ میں رکھیں ۔ ایسے وقت میں پیٹ کا خالی ہونا بھی ضروری ہے ۔ جس جگہ مشق کی جائے وہاں پر تازہ ہوا کا ہونا یا آنا بھی ضروری امر ہے مگر سردیوں میں کمرے کی کھڑکیوں اور دروازوں کو تھوڑا سا کھول کر عمل کریں ۔ تازہ ہوا کی وجہ سے پھیپھڑے کافی مقدار میں آکسیجن جذب کرتے ہیں ۔ ☆ آلتی پالتی مار کر شمالی جانب مکمل سکون کے ساتھ بیٹھ جائیں ۔ ☆ داہنے ہاتھ کے انگوٹھے سے دائیں طرف کے نتھنے کو اوپر کی جانب سے بند کر لیں ۔ ☆ بائیں طرف کے نتھنے سے پانچ سے آٹھ سیکنڈ تک سانس اندر کی طرف کھینچے رکھیں ۔ ☆ داہنے نتھنے پر سے انگوٹھا ہٹا کر داہنے ہاتھ کی چھنگلی سے بائیں طرف کے نتھنے کو بند کر لیں ۔
☆ دائیں طرف کے نتھنے سے پانچ سے آٹھ سیکنڈ تک سانس کو روکے رکھیں ۔ ☆ دائیں طرف کے نتھنے سے پانچ سے آٹھ سیکنڈ تک سانس اندر کی طرف کھینچیں ۔
☆ اب چھنگلی ہٹا کر دوبارہ داہنے انگوٹھے سے داہنے نتھنے کو جلدی سے بند کر لیں ۔ ☆ بائیں طرف کے نتھنے سے پانچ سے آٹھ سیکنڈ تک سانس کو روکے رکھیں ۔
☆ اب بائیں طرف کے نتھنے سے سانس کو آہستگی کے ساتھ اخراج کرنا شروع کر دیں ۔ اس طرح سے یہ ایک چکر (دور) مکمل ہوا ۔ اس طرح کے نو چکر مکمل کرنے ہیں ۔ یاد رہے کہ! چکنی ، میٹھی ، تیکھے مصالحہ جات والی اور کھٹی چیزیں کم سے کم استعمال کرنے ، زیادہ تر تاریکی میں رہنے اور ہر وقت بحالت وضو رہنے کی وجہ سے بہت اچھے ، گہرے اور زود اثر ، اثرات مرتب ہوتے ہیں ۔ مراقبے ، مشاغل اور اذکارِ ضربیہ میں عمل تنفس کی وجہ سے اثرات بہت جلد رونما ہوتے ہیں ۔

گر جملہ یقین است ایں گماں چیست ۔۔۔۔۔۔ ور نیست گماں ہمہ فغاں چیست

اگر مکمل یقین ہے تو یہ وہم کیوں ؟ اگر وہم (گماں) کچھ نہیں تو آہ و فغاں پھر کیوں ہے ؟

مراقبے سے متعلق آیات :

نمبر شمار	مراقبے کا نام	آیاتِ کریمہ	اورادِ قلبیہ
1	مراقبہ قدس	انک بالواد المقدس طوٰی.	انی انا الله
2	مراقبہ معیت	و هو معكم اينما كنتم.	الله معی
3	مراقبہ شہادت	فاينما تولوا فثم وجه الله.	الله شاهدی
4	مراقبہ نُصرت	الم يعلم بان الله يرٰى.	الله ناصری
5	مراقبہ حضوری	والله علٰى كل شيء محيط.	الله حاضری
6	مراقبہ قادری	ان الله علٰى كل شيء قدير.	الله قادری
7	مراقبہ نوری	الله نور السمٰوٰت والارض.	الله نوری
8	مراقبہ فناء	كل من عليها فان.	الله ناظر
9	مراقبہ ہمہ اوست	هوالاول والآخر والظاهر والباطن.	الله ظاهر
10	مراقبہ اقربیت	و نحن اقرب من حبل الوريد.	الله قريب
11	مراقبہ رفاقت وحمایت	اكفٰى بالله وليا وّ كفٰى بالله نصيرًا.	الله كافی
12	مراقبہ غناء	و ربك الغنی ذوالرحمة.	الله غنی
13	مراقبہ عالمیت	و سع ربنا كل شيء علما.	الله عالم
14	مراقبہ علیت	و كفٰى بالله عليما.	الله عليم
15	مراقبہ توکل	و كفٰى بالله وكيلا.	الله وكيل
16	مراقبہ موت	كل نفس ذائقة الموت.	الله حی القيوم

ملا کی نظر نورِ فراست سے ہے خالی ۔۔۔۔۔۔ بے سوز ہے میخانہ ، صوفی کے مئے ناب

تصورِ شیخ کے مراقبے کا حصول : مراقبہ کا سب سے آسان طریقہ تصورِ شیخ ہے۔آنکھیں بند کرکے ذہن کی تمام صلاحیتوں کو اس بات میں مستعمل کیا جائے۔کہ شیخ ہمارے سامنے موجود ہے۔تصورِ شیخ کا پہلا فائدہ تو یہ ہوتا ہے۔کہ! مرید چونکہ اپنے شیخ سے واقف وشنا سا ہوتا ہے۔اور بارہا اُن کی زیارت سے باریاب ہو چکا ہوتا ہے۔اسی لئے اس کے ذہن اپنے شیخ کی شکل وصورت اور سیرت کا ایک عکس بھی موجود ہوتا ہے۔اسی لئے تصور وتخیل میں مرید وسالک وشاگرد کو آسانی ہوتی ہے۔کیونکہ! ہم جب تصورِ شیخ کرتے ہیں۔تو خیالات کے ذریعے شیخ کی پاکیزگی ہمارے ذہن کے صفحہ قرطاس پر منتقل ہوتی ہے۔اور رفتہ رفتہ اس پاکیزگی کا اس قدر غلبہ ہوجاتا ہے۔کہ تارکی اور کثافت چھٹ جاتی ہے۔اور جب تک کہ دماغ کی سطح پر تاریکی اور کثافت باقی رہتی ہے۔کوئی بھی سالک روحانی سفر میں آگے کو قدم نہیں بڑھا سکتا۔

☆ **مراقبہء قدس** :سمجھانے کے لئے یہاں پر نمبر شار سکیم کے مراقبے کا مختصر طریقہ دیا جارہا ہے۔اس مراقبہ کو **مراقبہ قدس** کہا جاتا ہے۔اس کا طریقہ کار یہ ہے۔کہ! تنگ وتاریک حجرہ میں کھلی آنکھوں سے نظر ایک نقطہ پر مرکوز کریں۔اور دل ہی دل میں'' **انک بالواد المقدس طوٰی** '' کا تصور وتخیل رکھیں۔اور دل سے'' **انی انا اللہ** '' کی آواز سننے کی کوشش کریں۔اس مراقبہ سے صاحب مراقبہ اس قدر انوارِ مقدس سے مشرف وباریاب ہوگا۔کہ جس کو زبان بیان کرنے سے یکسر قاصر وگونگ ہے۔بہرحال ہر مراقبے کے فیوضات وبرکات اور انعامات بھی مختلف ہیں۔بشرطِ کہ! صدقِ نیت،خلوصِ قلب اور اِذنِ شیخ کامل سے مراقبہ کیا جائے۔۔۔

مرتبہء احسان کے مراقبہ کا حصول : مراقبہ ایک ایسا عمل ہے۔کہ جس میں پریکٹس وکوشش کی جاتی ہے۔کہ! انسان مادی خیالات اور کثیف وساوس سے اپنے ذہن کو ہٹا کر صرف لطافت وپاکیزگی اور انوار کے اندر ذہن کو مرکوز کرے۔حضرت جناب رسولِ مکرم ﷺ نے مراقبہ کو مرتبہءاحسان کے نام سے موسوم فرمایا۔آنحضور نبی کریم ﷺ کا یہ بھی ارشاد ہے۔کہ! **موتوا قبل ان تموتوا** ۔ مرجاؤ مرنے سے پہلے۔یعنی اسی دنیا میں رہتے ہوئے مرنے کے بعد کی زندگی سے واقفیت حاصل کر لی جائے۔یہ ہر شخص کی ذمہ داری ہے۔کہ! وہ اسی دنیا میں رہتے ہوئے اس بات کو بخوبی سمجھ لے۔کہ مرنے کے بعد ہم نے جس عالم میں جانا ہے۔وہ عالم کیا ہے۔اور ہمیں اگر اُس عالم میں آسائش وآرام چاہیئے۔تو اس کے لئے ہمیں کیا کیا محنت ومشقت کرنا پڑے گی۔درحقیقت اسی بات کو آنحضور نبی کریم ﷺ کے اس فرمان کی روشنی میں ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔یعنی کہ! مرجاؤ مرنے سے پہلے۔لہذا مرنے سے پہلے ہی بعد کی زندگی سے واقف وشنا سا ہوجاؤ۔یعنی کہ! مرنے کے بعد کی زندگی سے واقفیت حاصل کرنے کا طریقہ صرف اپنی روح سے واقفیت حاصل کرنا ہے۔۔۔ لہذا! **100** مرتبہ درود شریف اور **100** مرتبہ اسمِ اعظم **''یا حی یا قیوم'** ،مکمل دھیان سے پڑھ کر بند آنکھوں سے یہ تصور کیا جائے کہ میں اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہا ہوں۔اگر یہ تصور ممکن نہیں تو یہ تصور کیا جائے کہ! اللہ تعالیٰ مجھے دیکھ رہے ہیں۔اس مراقبے کی مسلسل مشق سے بندے کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ مضبوط دائمی تعلق پیدا ہوجاتا ہے۔اور صاحب مشق کے اندر سے ڈر وخوف اور ہم وغم کی سی کیفیت ختم ہوجاتی ہے۔اور اللہ تعالیٰ کا قرب،خوف اور محبت پیدا ہوجاتی ہے جس سے بندہ تقوٰی کی جانب گامزن ہوجاتا ہے۔

یاد رہے کہ مرتبہ احسان کا مراقبہ کی مشق قیامِ صلوٰۃ کے لئے نہایت ہی مفید ومتنفع ہے۔بمطابق مفہوم حدیثِ نبوی ﷺ ،''جب نماز میں کھڑے ہوتو یہ تصور کرو۔کہ تم اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہے ہو۔یا اللہ تعالیٰ تمھیں دیکھ رہے ہیں۔''اس مراقبہ کی مشق سے اللہ تعالیٰ کا کامل تصور قائم ہوجاتا ہے۔نماز میں خیالات وتفکرات ووساوس سے جان چھوٹ جاتی ہے۔بلکہ نماز میں عجیب قسم کا سکون،آرام،چین اور سرور آنا شروع ہوجاتا ہے۔اور بندہ کو اللہ تعالیٰ کا اِس قدر قرب حاصل ہوجاتا ہے۔جس کے بیان سے زبان قاصر ہے۔(نہ جانے کیوں آج کل مراقبے کی تعلیم معلمینِ مدارس نے کیوں ختم کر دی ہے)

مراقبہء حجاب کا صدری طریقہ : اس پر تاثیر وسریع الاثر مراقبہ کا طریقہ یہ ہے۔کہ! خلوت میں قبلہ رُو ہوکر اس طرح سے بیٹھے۔کہ! ریڑھ کی ہڈی میں کوئی خم نہ ہو۔یاد رہے۔کہ! اس مراقبہ کے دوران مکمل خلوت ہو۔آنکھیں سامنے لگی ہوئی ہوں۔اسمِ ذات'' **اللہ** '' کا نقش اپنے سینہ(مقامِ قلب) پر تصور کرو۔اس دوران پاس انفاس کرو۔اور قطعًا غیر اللہ کو مداخلت نہ کرنے دو۔خلوت میں مکمل اندھیرا یا بالکل ہلکی سی روشنی ہو۔اسی طرح سے روزانہ مشق کیا کرو۔ہفتہ عشرہ بعد بزمِ توحید میں یارِ لافناء(یعنی ذاتِ رحمان) کے ساتھ اس کے نورانی حضور میں ہم مجلس وہم محفل ہوجاؤ گے۔اس مراقبہ میں نہایت لطف میسرآتا ہے۔ وراءالوراء۔

☆ **مراقبہء تفکر** :بعض لوگ خاموش رہتے ہیں۔اور اپنی نفی کرتے ہیں۔یعنی وہ یہ سوچتے رہتے ہیں۔کہ! مَیں تو بالکل موجود ہی نہیں ہوں۔بلکہ یہ سب تو اسی ذاتِ حق کا وجود ہے۔اگر پوری توجہ سے سالک اسی تفکر کو جاگزین کرے۔تو اس پر'' **جآء الحق و زھق الباطل** ''کے مطابق اپنی خودی(انانیت) کا خیال نکل جائے گا۔یاد رہے۔کہ! یہ راستہ بہت قریب کا ہے۔مَن کو بہرصورت صاف رکھنا از حد لازمی ہے۔

☆ **مراقبہء دریا** : بعض لوگ ذاتِ باری تعالیٰ کو صاف اور روشن پانی کا دریا تصور کرتے ہیں۔اور اپنے آپ کو اس اسی دریا کا قطرہ خیال کرتے ہیں۔اور اس میں مستغرق ہوجاتے ہیں۔(اس مراقبہ سے وسعتِ قلب اور دریا دل نصیب ہوتی ہے)

بعض لوگ اس نورِ مطلق کو غیر متناہی دریا فرض کرتے ہیں۔اور اپنے آپ کو اس دریا کا ایک قطرہ خیال کرتے ہیں۔

عمریں گذریں ، صدیاں بیتیں ہے وہی اب تک عقل کا بچپن

☆ **مراقبہء حجاب** :اس مراقبہ کا طریقہ یہ ہے۔کہ! خلوت میں (کہ جہاں کوئی دوسرا نہ ہو۔ بلکہ کسی انس وحیوان وطیور کی آواز تک کانوں میں نہ پہنچے) رو بہ قبلہ سیدھا ہو کر اس طرح اپنی نشست رکھے۔کہ! ریڑھ کی ہڈی میں خم نہ ہو۔آنکھیں سامنے لگی ہوں۔ اللہ تعالیٰ کا نقش (جیسا کہ! تصورِ اسمِ ذات کا نقش پچھلے ابواب میں اور اسی کتاب کے آخر میں ذکر کیا گیا ہے) اپنے سینے میں تصور وتخیل کرے۔اور اس دوران شغلِ پاس انفاس کرے۔اور غیرِ حق کو خیال میں مدخل نہ ہونے دے۔اس طریق سے اگر کوئی سالک و طالبِ صادق ہفتے وعشرے تک مراقبہ کی بخوبی مشق سرانجام دیتا رہے۔تو وہ خوش نصیب بزمِ توحید میں اپنے رفیقِ حقیقی (یعنی اللہ تعالیٰ) کے ساتھ اس کی نورانی وعرفانی حضوری میں ہم مجلس رہے)

☆ **مراقبہء سایہ** : بعض لوگ اس کو ظلمتِ محض اور اپنے آپ کو تاریکی میں زائل ہو جانے والا سایہ تصور کرتے ہیں۔غرضیکہ یہ مثالیں اس وجہ سے فرض کی جاتی ہیں۔تاکہ مادی اور کوتاہ عقلیں اس کو تصور کر سکیں۔ورنہ ذاتِ مطلق جو کہ بے کیف، بے چوں اور تمام دنیاوی لوازم سے یکسر خالی ہے۔اس سے کوئی بھی نسبت نہیں رکھتی۔ان تمثیلات سے پاک اور بری ہے۔اور اِن تمام حیلوں اور طریقوں سے غرض اپنی موہوم ہستی کو کو فنا کرنا مقصود ہے۔کیونکہ! یہ وجودِ عین حقیقت کے مشاہدے سے سالک کو روکتا ہے۔جس قدر کہ سالک استغراق اور محویت کی زیادتی کی وجہ سے اپنی ہی ذات میں فنا ہوتا جاتا ہے۔اسی قدر وصالِ حق نصیب ہوتا ہے۔غرضیکہ سالک کو اپنے افعال وصفات اور وجود کو جنابِ باری تعالیٰ کے افعال وصفات اور وجود سمجھنا چاہیئے۔اور وہ اسی میں ہی محو ومستغرق رہے۔تاکہ اس کی حقیقت سالک پر منکشف ہو سکے۔اور وہ بآسانی منزلِ مقصود تک پہنچ جائے۔

☆ **مراقبہء ھوا** : بعض لوگ آنکھیں کھول کر کے آسمان کی طرف یا اپنے سامنے کسی خاص نقطہ پر توجہ دیتے ہوئے دیکھتے رہتے ہیں۔اور پلک نہ بند ہونے کی کوشش کرتے ہیں۔اس شغل میں انواراتِ الٰہیہ متجلی ہوتے ہیں۔اور ایک پلک سے آگے نکل کر تمام جسم کو گھیر لیتے ہیں۔جس سے کہ عشقِ خدا پیدا ہو جاتا ہے۔مراقبہ کی اس قسم کو ''مراقبہ ہوا'' کہتے ہیں۔بعض حضرات ہوا پر نظر کر کے مدتوں عالمِ تحیر میں رہتے ہیں۔(اس مشق سے ایسے محسوس ہوتا ہے۔کہ! جیسے آنکھوں سے آگ نکل رہی ہو۔اور اور تمام اعضاء پر چھاتی جا رہی ہو۔یہ آتشِ عشقِ ربانی ہے۔جو کہ بھڑک اُٹھی ہے)

اسی مراقبہ کا ایک اور طریقہ یہ بھی ہے۔کہ! تنگ وتاریک حجرے میں بیٹھ کر آنکھیں کھول کر ہوا میں ایک جگہ پر ٹکٹکی باندھ کر دیکھتا رہے۔اس شغل سے عالمِ قدس کیا نواراتِ الٰہیہ ظاہر ہوتے ہیں۔جو کہ سالک کو گھیر لیتے ہیں۔ااس شغل کے کرنے سے سالک کو وصالِ حق نصیب ہوتا ہے۔(انشاءاللہ تعالیٰ)

مراقبہ توحیدِ ذاتی : مراقبہ توحید ذاتی کے مراقبہ کے محققین نے منع کیا ہے۔ اور توحیدِ ذاتی یہ ہے۔کہ تمام چیزوں کو خدا جانے۔اور غیرِ خدا کو معدوم خیال کرے۔اور وجہ اس کی یہ ہے۔کہ! یہ سمجھنا بغیر وجدانِ کامل کے نہیں ہو سکتا۔مجملاً یوں سمجھنا چاہیئے۔کہ! ہمیشہ اسی حالت میں رہے۔انشاءاللہ تدریجاً پورے طور پر کشف ہونے لگے گا۔لیکن ابتدا میں تحقیق وتلاش نہ کرے۔(یہ مراقبہ بغیر کامل استاد کے نہ کیا جائے)

مراقبہ توحید صفاتی : مراقبہ توحیدِ صفاتی کا طریقہ یہ ہے۔کہ! اپنے اور تمام دنیا کے وجود کو اللہ تعالیٰ کے وجود کا عکس سمجھے۔اور خود کو اسی تخیل وتصور میں منہمک کر کے اپنی ذات کو دائمًا محو ومستغرق رکھے۔اور اس کے فوائد بھی کل کے کل قلمبند نہیں کئے جا سکتے۔مختصرًا یوں سمجھنا چاہیئے۔کہ! یہ مراقبہ کرنے والا اپنے آپ کو کثرت فی العالم کا متبع سمجھتا ہے۔اور اس کی صورت یہ ہے۔کہ! اپنے جسم کو وسیع اور چوڑا پاتا ہے۔اور اس مرتبہ زمین سے عرش تک تمام چیزوں کو گھیرے ہوئے ہوتا ہوتا ہے۔اور تمام عالم کا وجود اپنے میں پاتا ہے۔اور ہر چیز کی حقیقت اس پر منکشف ہو جاتی ہے۔یاد رہے۔کہ یہ کشف غلط نہیں ہوتا۔بلکہ واقعی ہوتا ہے۔لیکن اس مقام پر خود نہ ٹھہرائے۔ بلکہ اُن انوارات کے حصول کا قصد کرے۔کہ جو ذات کے حجابات ہیں۔اور بعض اوقات جو مختلف اقسام کے انوار ظاہر ہوتے ہیں۔وہ بھی وجودِ مطلق کے حجابات ہیں۔دربارِ الٰہی میں عجز وانکساری سے دعا کر کے خیالی طریقہ سے اس سے گزر جائے۔اور ان پردوں (حجابات) کے بعد ایک جمالی پردہ ہے۔(جو کہ لطیف اور بے رنگ ہوتا ہے) کبھی اس پر توقف ہو جاتا ہے۔اور بعضے اس کو غرضِ اصلی سمجھ کر ٹھہر جاتے ہیں۔اگر اللہ تعالیٰ کی مدد شاملِ حال ہو تو یہ حجابات بآسانی طے ہو جاتے ہیں۔ بلکہ ذاتِ مطلق کی معرفت کا فخر حاصل ہوتا ہے۔اور اس جگہ عجیب وغریب حالات پیش آتے ہیں۔اس کو اصطلاح میں سیر فی اللہ کہا جاتا ہے۔اور اس کی کوئی انتہا نہیں۔ یہاں تک کہ یہ سلوک ومعرفت کا منتہا مقام سمجھا جاتا ہے۔

مراقبہ توحیدِ افعالی : مراقبہ توحیدِ افعالی کا طریقہ یہ ہے۔کہ! تمام دنیا کے حرکات وسکنات کو اللہ تعالیٰ کی حرکات وسکنات پر محمول کرے۔اور ظاہری کام کرنے والوں کو آلہ کو فاعلِ حقیقی خیال کرے۔اور اس پر پورے طریقے سے پابندی کرنے پر عجیب ثمرہ اور بہترین اخلاق ظاہر ہوں گے۔

حضرت قدرتُ اللہ شہاب صاحبؒ ''کتاب'' (شہاب نامہ)'' میں فرماتے ہیں۔کہ! مراقبات میں توحیدِ افعالی، توحیدِ صفاتی اور توحیدِ ذاتی کے مراقبات بھی ہیں۔جن کی تفصیل (بے حد) پیچیدہ ہے۔اور میری (حضرت قدرتُ اللہ شہاب صاحبؒ کی) سمجھ سے باہر ہے۔

یارب چُو مصطفٰیؐ را من بہرِ تُو ستورم   تُو ہم بمصطفٰیؐ بخش، ایں مصطفٰیؐ ستارا

اے باری تعالیٰ! جب تیرے محبوب ﷺ کی ستائش مَیں نے صِرف تیرے ہی لئے کی ہے۔تو تُو بھی بروزِ قیامت مصطفٰی ﷺ کی تعریف کرنے والے کو مصطفٰی ﷺ کے صدقے بخش دے۔آمین۔

مراقبہ در سلسلہ سہروردیہ : مراقبات کے سلسلے میں دیگر چند مراقبات کو بھی ملحوظِ خاطر رکھنا ضروری اور لازم امر ہے۔تاکہ ملوک ومعرفت کے شہسوار کو اپنی منازل طے کرنے میں کسی قسم کی دشوری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔انشاء اللہ تعالیٰ۔

مراقبہ ہفت گام پنج مراتب : ہفت گام سے مراد سات صفات ذاتی ہیں۔ حیات، علم، ارادہ، قدرت، سمع، بصر، کلام ہیں۔ جبکہ پنج مراتب سے مراد ہے۔ کہ! ناسوت، ملکوت، جبروت، لاہوت اور ہاہوت ہے۔ اور انہیں پنج مراتب کو بہ ارشادِ کاملین عوالم خمسہ (پنج عوالم) کے طور پر بھی بیان کیا گیا ہے۔ ان پنج عوالم کی مختصر مگر جامع مفاہین پیشِ خدمت ہیں۔

نمبر1۔ **ھاھوت**: یہ وہ عالم ہے۔ جہاں نہ اپنی خبر ہے۔ اور نہ اس بے خبری کی کوئی خبر۔ نمبر2۔ **لاھوت**: یہ وہ عالم ہے۔ جہاں اپنی خبر ہوتی ہے۔ اور الوہیت کا دعوٰی۔ نمبر3۔ **جبروت**: یہ وہ عالم ہے۔ جہاں اپنے وجود سے بالتفصیل شناسائی حاصل ہوتی ہے۔ نمبر4۔ **ملکوت**: یہ وہ عالم ہے۔ جہاں بندہ اَزخود تسبیح وتہلیل میں ہمہ تن مشغول ومحو رہتا ہے۔ نمبر5۔ **ناسوت**: یہ وہ عالمِ ظاہر ہے۔ جہاں ہر مظہر میں خود ظاہر ہے۔

یا پھر یوں سمجھئے۔ کہ! جب خواہشات میں پڑا ناسوت میں ہے۔ جب حمد وثناء میں مشغول ہوا۔ تو ملکوت میں ہے۔ پھر جب اپنے آپ کو پہچانا۔ تو جبروت میں ہے۔ اور جب ''**انی** اور **انا**'' کا نعرہ مارا۔ تو لاہوت میں ہے۔ اور جب جملہ حالتیں گم ہوگئیں۔ یعنی غیبِ مطلق تو ہاہوت میں ہے۔ یو دوسری صورت یوں خیال کیجئے۔ کہ! ہاہوت لاہوت کا اور لاہوت جبروت کا اور جبروت ملکوت کا اور ملکوت ناسوت کا باطن ہے۔ اور یہ مراتب جہات سے پاک ہیں۔ نہ اوپر نہ نیچے۔ نہ دائیں نہ بائیں۔ نہ آگے نہ پیچھے۔ اور یہاں زمانہ کو بھی دخل نہیں۔ بلکہ یہ مراتب کی تقدیم وتاخیر محض افہام وتفہیم (سمجھنے اور سمجھانے) کا عظیم مشغلہ ہے۔ ورنہ ذاتِ حق جل شانہ تو سب سے پاک منزہ ومبرا ہے۔ اور ''**الاٰن کما کان**'' یعنی جیسی پہلے تھی ویسے ہی اَب بھی ہے۔ اور ایسے ہی ہمیشہ رہے گی۔ پھر ہر مرتبہ میں یہ تصور کرے۔ کہ وہ ذاتِ پاک بحیات خود ''حی'' ہے۔ بعلمِ خود ''علیم'' ہے۔ بارادتِ خود ''مرید'' ہے۔ بقدرتِ خود '' قادر و قدیر'' ہے۔ بسمعِ خود ''سمیع'' ہے۔ بہ بصر خود ''بصیر'' ہے۔ اور بکلامِ خود ''کلیم'' ہے۔

اِن مراقبات کے علاوہ فقیر (حضرت ابوالفیض قلندر علی سہروردی) کے شیخ قبلہ عالم شیخ الاعظم پیرِ مکرم زبدۃ الاصفیاء قدوۃ الاولیاء متخلق باخلاق اللہ مولانا خواجہ غلام محمد سہروردیؒ کلمہ شریف ''تمجید'' کے ماتحت چار مراقبے اور بھی تعلیم فرمایا کرتے تھے۔ یعنی مراقبہ تسبیحی، مراقبہ تحمیدی، مراقبہ تہلیلی اور مراقبہ تکبیری۔ اِن چاروں کی مختصر مگر جامع تشریح بھی یہاں بیان کی جاتی ہے۔

مراقبہ تسبیحی :۔ جس میں سالک **سبحٰن اللہ** کے تصور پر کدورتِ نفس کی پاکیزگی اختیار کرنے کی بھرپور سعی کرتا ہے۔

مراقبہ تحمیدی :۔ جس میں سالک **الحمد للہ** کی حقیقت کو محمود باللہ بننے کے لئے اختیار کیا کرتا ہے۔

مراقبہ تہلیلی :۔ جس میں سالک **لا الہ الا اللہ** کے تصور پر نفی واثبات کے ورد کے لئے اختیار کرتا ہے۔

مراقبہ قربِ نوافل : جس میں سالک **اللہ اکبر** کے تصور پر حجابِ کبریائی کے عبور کرنے کے لئے اختیار کرتا ہے۔

مراقبہ بحری :۔ اپنے آپ کو بحرِ ذات سمجھے۔ اور باقی اشیائے حباب کو جو اس میں فناء ہو رہے ہیں۔

مراقبہ قربِ نوافل :۔ جس میں سالک یہ تصور کرتا ہے۔ کہ میں فاعل ہوں۔ اور وہ خدائے واحد ہی صرف آلہ ہے۔

مراقبہ قربِ فرائض :۔ جس میں سالک یہ تصور کرتا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ فاعل ہے۔ اور بندہ اس کا آلہ ہے۔

مراقبہ عین :۔ یہ تصور کہ نہ قربِ نوافل اور نہ ہی قربِ فرائض، بلکہ عین ہے۔ یعنی وہ خود ہی حی، سمیع، بصیر، علیم اور کلیم وغیرہ سب کچھ ہے۔

مراقبہء برائے دفیعہ عارضہ جاتِ قلبیہ : جن امراضِ قلبی کی وجہ سے دل ہمیشہ غیر اللہ کی طرف متوجہ رہتا ہے۔ ان کے (بظاہر) اسباب تین ہیں۔ ایک تو حدیثِ نفس (یعنی کہ! بقصد اپنے دل سے جلوت وخلوت میں باتیں کرنا) دوسرا خطرہ واہمہ ووسوسہ (یعنی بلا قصد دل میں کوئی وہم یا خیال بیٹھ جائے) جبکہ تیسرا خطرہ نظر بغیر (یعنی کہ! کثیر التعداد چیزوں کی واقفیت ہونا)۔

بہر حال! اِن تینوں امراضِ قلبی کا علاج شغلِ باطنی وصحبت شیخ ہے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس کی چند صورتیں یہ بھی ہیں۔ کہ! حدیثِ نفس کی صورت میں اسمِ ذات'' **اللہ** '' کا دل میں تصور وتخیل کرنا ہے۔ اور دوئم خطرہ واہمہ ووسوسہ کی صورت میں اسمائے صفات کا تصور وتخیل کرنا چاہیئے۔ جبکہ خطرہ سوئم سے بچاؤ صحبتِ شیخ اور قلب کی مرشد پر ہمہ وقت نظر رہے۔ (مراقبہ کے ذریعے مختلف الاقسام امراض کا علاج آگے آئے گا)

بندہء عشق شدی ترکِ نسب کُن جامیؒ   کہ در ایں راہ فلاں ابن فلاں چیزے نیست

معرفت علمی : معرفتِ علمی تمام نیکیوں کی جڑ ہے۔ جو دنیا وآخرت میں حاصل ہوتی ہے۔ اور بندے کے لئے حصولِ عرفان میں اہم ترین چیز یہ ہے۔ کہ! وہ اوقاتِ احوال میں حق تعالیٰ شانہ کو دنیا وآخرت کے اندر پہچانے۔

ھدایت کی دُعا اور تصور : سنن ابوداؤد کی ایک حدیث ہے۔ کہ! حضرت نبی مکرم ﷺ نے (حضرت علیؓ سے) فرمایا۔ کہ! یہ دُعا پڑھا کرو۔ **اللھم اھدنی وسددنی** ۔ (مجھے ہدایت عطا فرما۔ اور سیدھا کردے) اور جب ''اھدنی'' کا لفظ کہا کرو۔ تو راستے کی ہدایت کا تصور کیا کرو۔ اور جب ''سددنی'' کہا کرو۔ تو تیر کے سیدھا ہونے کا تصور کیا کرو۔ (اللہ تعالیٰ ہمیں ہدایت نصیب فرمائے۔ آمین)

علم ہی ٹھہرا، علم کا باغی   عقل ہی نکلی، عقل کی دشمن
کانٹوں کا بھی حق ہے آخر   کون چھڑا سکتا ہے بھلا اپنا دامن

مراقبے سے امراض سلب کرنے کے مجرب طریقہ جات :

☆ اپنے قلب کو تمام خیالات سے صاف کر لے ۔ مریض کو سامنے بٹھائے ۔ اور اپنے آپ کو اسی مرض میں مبتلا سمجھے ۔ جو مرید (مریض) کو ہے ۔ تو وہ مرض صاحبِ مراقبہ کی طرف منتقل ہو جائے گا ۔ (لیکن اس کے لئے ضروری ہے ۔ کہ صاحبِ مراقبہ اپنی مشقوں کے ذریعے سے مراقبہ کرنے میں ماہر ہو) یہ انسان میں اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ایک عجیب وغریب صفت ہے ۔

☆ اور دوسرا **طریقہ امراض** کے دور کرنے کا یہ بھی ہے ۔ کہ! مریض کے سامنے بیٹھ کر اس کو منجانب اللہ تعالیٰ شفایابی کا تصور وتخیل کر کے یہ ذکر شروع کردے ۔ کہ! داہنے طرف ''یا احد''، بائیں طرف ''یا صمد'' آسمان کی طرف ''یا وتر'' اور دل (یعنی لطیفہء قلب) پر ''یا فرد'' کی کم از کم ایک ہزار ضربات لگائے ۔ اس ذکر سے پہلے یا تیسرے دن تک بہر صورت شفا حاصل ہو جائے گی ۔ انشاء اللہ ۔ ☆ مشائخ نقشبندیہ کے بزگان کے ہاں دفع مرض یعنی کسی قسم کی کوئی بیماری کے دفع کرنے کی صورت یہ ہے ۔ کہ! صاحبِ نسبت اپنے آپ کو مریض (یعنی مریض کے مرض کا حامل) ہونے کا تصور وتخیل کرے ۔ اور یہ سمجھے ۔ کہ! یہ مرض مجھے ہے ۔ اور اسی پر اپنی باطنی ہمت اور توجہ مرکوز کر دے ۔ اس کے سوا دل میں کوئی اور خیال نہ آنے دے ۔ پس یہ بیماری صاحبِ نسبت کی طرف منتقل ہو جائے گی ۔ چونکہ یہ قدرِ الٰہیہ کا عجیب وغریب کرشمہ ہے ۔ (لوگ اسے کرامت سے تعبیر کرتے ہیں) ☆ جب کوئی شخص بیمار ہو جائے ۔ یا کوئی شخص معصیت میں مبتلا ہو ۔ تو صاحبِ نسبت وضو کرے ۔ اور دو رکعت نماز پڑھے ۔ اور اللہ تعالیٰ کی جانب متوجہ بخشوعِ قلب ہو ۔ اور زبان سے کہے ۔ **امن یجیب المضطر اذا دعاہ و یکشف السوٓء** ۔ اور اس مناجات وتضرع کے درمیان میں یوں عرض گزار ہو ۔ کہ! فلاں شخص مذکور کی بیماری یا ابتلائے معصیت زائل ہو جائے ۔ اس عمل سے وہ شخص بیماری یا گناہوں سے نجات پائے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

☆ **ایک طریقہ امراض** کے دور کرنے اور توبہ بخشی کا یہ بھی ہے ۔ کہ! صاحبِ نسبت وضو کر کے دو نوافل پڑھے ۔ اور درود وا ستغفار پڑھ کر نہایت ہی خشوع وخضوع سے درگاہ الٰہی میں اللہ تعالیٰ کے حضور ملتجی وملتمس ہو ۔ کہ! اس مرید (مریض) سے مرض یا گناہ دور ہو جائیں ۔ اور پوری ہمت سے سانس لیتے وقت یہ خیال کرے ۔ کہ مریض یا گناہ گار کے قلب سے مرض یا گناہ دور ہو جاتے ہیں ۔ اس کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ ایک لمبی سانس لے ۔ اور سانس نکالتے وقت یہ تصور وتخیل کرے ۔ کہ! اس کے قلب وجسم سے یہ مرض اور گناہ دفع (یا نکال) کے زمین پر گرا رہا ہوں ۔ اگر اللہ تعالیٰ کی معاونت شامل حال رہے ۔ تو وہ شخص گناہ اور مرض سے فوراً انجات پالے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

☆ **سلبِ امراض** کا **ایک طریقہ** یہ ہے ۔ کہ! فاتحہ (سورہ فاتحہ، چہار قل تین تین مرتبہ، سورہ یسین، سورہ ملک اور سورہ مزمل، آیت الکرسی وآخری آیات سورہ بقرہ) پڑھ کر مشائخین سلاسل طریقت کی ارواح کو ایصالِ ثواب کرے ۔ پھر اسمِ الٰہی ''یا شافی'' پڑھ کر اس اسمِ مبارک کے انوارات کی طرف متوجہ ہو کر جبکہ مریض اس کے سامنے ہو ۔ اور وہ پوری قوت باطنی صَرف کر کے اس کے بدن سے مرض جدا کر کے اس کی پشت کے پیچھے پھونکے ۔ اور اس عمل میں اس وقت مشغول رہے ۔ کہ جب تک آثارِ توجہ ظاہر ہونے لگیں ۔ چند مرتبہ یا چند روز تک یہی عمل جاری رکھے ۔ انشاء اللہ چند ہی ایام میں مریض بھلا چنگا ہو جائے گا ۔

مختلف الاقسام روشنیوں کے مراقبوں کے فوائد (حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی صاحب)

طبی وجسمانی لحاظ سے ہر رنگ وروشنی کے مختلف فوائد وخواص ہیں ۔ جب کسی روشنی کا مراقبہ کیا جاتا ہے ۔ تو دل ودماغ بلکہ پورے جسم میں مختلف طبعی وکیمیاوی تبدیلیاں رونما ہونے لگتی ہیں ۔ جس سے دل ودماغ میں مطلوبہ روشنی کو جذب کرنے کی طاقت میں بے حد اضافہ ہو جاتا ہے ۔ چند طبی ونفسیاتی امراض وعوارض کے تدارک کے لئے رنگوں اور روشنیوں کے مراقبے مفصل طور پر یہاں پیشِ خدمت ہیں ۔

مراقبہ کے ذریعے یاد رہے ۔ کہ! **Parasympathetic System** (**نزمشارکا عصبی نظام**) پر حسبِ منشاء اثرات مرتب کئے جا سکتے ہیں ۔ مراقبے کی مشق اس نظام میں خوشگوار تبدیلیاں پیدا کر دیتا ہے ۔ مراقبے کی کیفیت گہرے سکون اور ٹھہراؤ میں لے جاتی ہے ۔ یہ کیفیت ہمارے اوپر عام طور پر طاری تو نہیں ہوتی ۔ کیونکہ ذہن زیادہ دیر تک ایک ہی جگہ پر نہیں ٹھہرتا ۔ مراقبہ سے نہ صِرف قوتِ ارادی میں خاطر خواہ اضافہ ہوتا ہے ۔ بلکہ جسمانی اور نفسیاتی اعتبار سے بھی کثیر فوائد حاصل ہوتے ہیں ۔

نیلی روشنی کے مراقبے سے علاج : نیلی روشنیوں کے مراقبے سے دماغی امراض، گردن وکمر میں درد، ریڑھ کی ہڈی کے مہروں کی خرابی، ڈپریشن، احساسِ محرومی، کمزور قوتِ ارادی سے نجات مل جاتی ہے ۔

نیلی روشنی کے مراقبے کا طریقہ عظیمہ : یہ تصور کیا جائے کہ صاحب مراقبہ آسمان کے نیچے ہے اور آسمان سے نیلے رنگ کی روشنی اُتر کر دماغ میں جمع ہو رہی ہے اور پورے جسم سے گزر کر پیروں کے ذریعے سے زمین میں ارتھ ہو رہی ہے ۔ اور میرا فلاں مرض ختم ہوتا جا رہا ہے ۔

زرد رنگی روشنی کے مراقبے سے علاج : زرد رنگی روشنیوں کے مراقبے سے نظامِ ہضم، حبسِ ریاح، آنتوں کی دِق، پیچش، قبض، بواسیر، معدے کا السر وغیرہ جیسے امراض کے لئے نہایت ہی موثر علاج ہے ۔

زرد رنگی مراقبے کا طریقہ عظیمہ : یہ تصور کیا جائے کہ صاحب مراقبہ آسمان کے نیچے ہے اورآسمان سے زرد رنگی مائل روشنی اُتر کر دماغ میں جمع ہورہی ہے اور پورے جسم سے گزر کر پیَروں کے ذریعے سے زمین میں ارتھ ہورہی ہے۔اور میرا مرض ختم ہوتا جارہا ہے۔

نا رنجی رنگ کی روشنی کے مراقبے سے علاج : نارنجی رنگ کی روشنیوں کے مراقبے سے دق، سل، پرانی کھانسی اور دمہ وغیرہ جیسے امراض کا مفید علاج کیا جاتا ہے۔

نارنجی رنگ کے مراقبے کا طریقہ عظیمہ : یہ تصور کیا جائے کہ صاحب مراقبہ آسمان کے نیچے ہے اور آسمان سے نارنجی مائل روشنی اُتر کر دماغ میں جمع ہورہی ہے اور پورے جسم سے گزر کر پیَروں کے ذریعے سے زمین میں ارتھ ہورہی ہے۔اور میرا فلاں مرض ختم ہوتا جارہا ہے۔

سبز رنگ کی روشنی کے مراقبے سے علاج : نیلی روشنیوں کے مراقبے سے ہائی بلڈ پریشر اور خون میں حدت سے پیدا ہونے والے امراض، جِلدی امراض، خارش، آتشک، سوزاک اور چھیپ جیسے امراض کا مفید علاج کیا جاتا ہے۔

سبز رنگ کے مراقبے کا طریقہ عظیمہ : یہ تصور کیا جائے کہ صاحب مراقبہ آسمان کے نیچے ہے اور آسمان سے سبز رنگ کی روشنی اُتر کر دماغ میں جمع ہورہی ہے اور پورے جسم سے گزر کر پیَروں کے ذریعے سے زمین میں ارتھ ہورہی ہے۔ اور میرا فلاں مرض ختم ہوتا جارہا ہے۔

سُرخ رنگ کی روشنی کے مراقبے سے علاج : سرخ رنگ کی روشنیوں کے مراقبے سے لو بلڈ پریشر، انیمیا، گھٹیا، دل کا گھٹنا، دل کا ڈوبنا، توانائی کا کم محسوس کرنا، کیفیت بزدلی، نروس بریک ڈاؤن، دماغ میں مایوس کن خیالات کا رہنا، مسلسل مایوسی کا شکار رہنا، موت کا خوف، اونچی آواز سے دماغ میں چوٹ محسوس ہونا وغیرہ جیسے امراض کے لئے سرخ روشنی کا مراقبہ کرایا جاتا ہے۔

سرخ رنگ کے مراقبے کا طریقہ عظیمہ : یہ تصور کیا جائے کہ صاحب مراقبہ آسمان کے نیچے ہے اور آسمان سے سرخ رنگی مائل روشنی اُتر کر دماغ میں جمع ہورہی ہے اور پورے جسم سے گزر کر پیَروں کے ذریعے سے زمین میں ارتھ ہورہی ہے۔اور میرا فلاں مرض ختم ہوتا جارہا ہے۔

گلابی رنگ کی روشنی کے مراقبے سے علاج : گلابی رنگ کی روشنیوں کے مراقبے سے دماغی امراض، دماغی دورے، مرگی، ذہن و حافظہ کا ماؤف ہونا، انجانا سا ڈروخوف، عدم تحفظ کا احساس، زندگی سے متعلق منفی خیالات کا آنا، دنیا سے بیزاری جیسے امراض سے نجات پانے کے لئے یہ مراقبہ بہت مفید و منتفع ہے۔ یہ امراض مَردوں کی نسبت عورتوں میں زیادہ پائے جاتے ہیں۔

گلابی رنگ کے مراقبے کا طریقہ عظیمہ : یہ تصور کیا جائے کہ صاحب مراقبہ آسمان کے نیچے ہے اورآسمان سے گلابی رنگ کی روشنی اُتر کر دماغ میں جمع ہورہی ہے اور پورے جسم سے گزر کر پیَروں کے ذریعے سے زمین میں ارتھ ہورہی ہے۔اور میرا فلاں مرض ختم ہوتا جارہا ہے۔

جامنی رنگ کی روشنی کے مراقبے سے علاج : جامنی رنگ کی روشنیوں کے مراقبے سے مَردوں کے جنسی امراض اور خواتین کے اندر رحم سے متعلق امراض کا وافی و شافی علاج کیا جاتا ہے۔جنسی کمزوری کے مریضوں کے لئے یہ مراقبہ بہت مفید و منتفع ثابت ہوا ہے۔

جامنی رنگ کے مراقبے کا طریقہ عظیمہ : یہ تصور کیا جائے کہ صاحب مراقبہ آسمان کے نیچے ہے اور آسمان سے جامنی مائل روشنی اُتر کر دماغ میں جمع ہورہی ہے اور پورے جسم سے گزر کر پیَروں کے ذریعے سے زمین میں ارتھ ہورہی ہے۔اور میرا فلاں مرض ختم ہوتا جارہا ہے۔

تصور : یکسوئی قلب سے مراد ہے اپنے خیال کو ایک مرکز پر قائم کرنا، مگر یہ یکسوئی بدوں استقلال اور یقینِ کامل کے قائم نہیں ہوسکتی۔ پس جس انسان میں مستقل مزاجی اور یقین نہیں وہ بے اعتقاد ہے۔اس شخص کو یہ رتبہ حاصل نہیں ہوسکتا اور اِن دو قوتوں کے نہ ہونے کی بنا پر ایسا شخص کسی بھی کام کو صحیح طریقہ سے سرانجام نہیں دے سکتا۔ کیونکہ ایسے اشخاص کے خیالات ہمیشہ منتشر رہتے ہیں۔جس کی وجہ سے مدعا حاصل نہیں ہوتا۔لہٰذا ہمیں چاہیئے کہ! جس بھی کام کی ابتدا کریں خواہ اُس کام کا نتیجہ نیک ہو یا بد ہو اُس کام میں دلی توجہ سے ہمہ تن متوجہ و مصروف ہو کر کام کی طرف مکمل توجہ دینی چاہیئے۔ پس شاغل کو اپنے شغل میں ایسا منہمک و مستغرق رہنا چاہیئے کہ سوائے اپنے اندرونی مدعا کے بیرونی آوازوں و خیالات کی طرف متوجہ ہونے سے خود کو مستثنٰی کردے۔ گو کہ ابتدائی صورت حال میں ایسی ارتکازِ توجہ کا ہونا محال ہوتا ہے۔مگر رفتہ رفتہ عادت ڈالنے سے اور خیالات کو ایک جگہ مرکوز کرنے سے یکسوئی حاصل ہونا کوئی مشکل امر نہیں۔ یاد رہے کہ دنیا کے تمام مذاہب اس بات پر متفق ہیں۔ کہ یکسوئی قلب کے لئے کسی دیکھی ہوئی چیز (Seen Object) کا تصور ہونا بہت ضروری ہے۔ کیونکہ جب تک کسی بیرونی چیز کا نقشہ اپنے اندرونِ قلب پر نقش نہیں ہوگا تب تک تصور کا قائم کرنا نہایت مشکل بلکہ تقریباً ناممکن العمل امر ہے۔

ویسے تو تصور بہت طرح کا ہوتا ہے مگر تصور کے دو مقام ہیں۔ 1. قلب۔ 2. چشم۔

تصور کے دو مقامات ہونے کی وجہ سے تصور کی اقسام بھی دو ہی ہیں۔ 1۔ تصورِ اندرونی۔ 2۔ تصورِ بیرونی۔

یاد رہے۔کہ جب تک تصور بیرونی نہیں ہوگا۔تب تک اندرونی تصور ہو ہی نہیں سکتا۔اس ضمن میں عرض ہے۔کہ جب تک ہم کسی بھی چیز

کا اپنی آنکھوں سے خود مشاہدہ نہیں کرتے ۔تب تک اُس کو قبول بھی نہیں کرتے ۔اور نہ ہی تصور و تخیل میں لا سکتے ہیں ۔ہاں البتہ بعض اوقات کچھ شنیدہ باتوں پر بوجہ صدق یقین خیال ضرور ہو جاتا ہے ۔کیونکہ باطنی تصور کا راستہ ظاہری آنکھوں سے ہو کر ہی گزرتا ہے ۔اگر ظاہری آنکھ سے کچھ دیکھا ہی نہ گیا ہو گا تو تصور محال ہو گا ۔اگر کوئی بھی تصور صدق نیت اور یقین قلب سے کیا گیا ہو تو ایسا تصور ظاہری آنکھوں سے گزر کر باطنی آنکھوں کے پردوں میں جا کر ایک ایسا نور پیدا کر دیتا ہے کہ اُس نور میں ہم اپنے مطلوب کی مجسم صورت دیکھنے کے قابل ہو جاتے ہیں ۔اگر چہ جن لوگوں کے دل نفسانی وشہوانی خواہشات ،غیر خیالات ، دنیاوی تفکرات ، ذہنی خلفشار ، نا مساعد حالات وواقعات ، ظاہری و باطنی وساوس اور شیطانی خیالات و کدورتوں سے پاک و مصفّٰی ہوں وہ لوگ منزل پر پہنچ تو جاتے ہیں ۔مگر پھر بھی جب تک کہ اُنہوں نے کسی بھی چیز کی اپنی آنکھوں سے شکل نہیں دیکھی ہوگی وہ ہرگز اُس کو تصور میں نہیں لا سکتے ۔اگر چہ وہ لے بھی آئیں تو بھی اُن کے تصور کا دورانیہ اتنا کم وقتی ہو گا ۔کہ مدعا ، لذت اور مزا حاصل نہیں ہوسکتا۔

کس نہ دانست کہ منزل گہ آں یار کجا است   ایں قدر ہست کہ بانگِ جرسے می آید

(کوئی نہیں جانتا کہ ! دوست کی منزل گاہ کہاں واقع ہے ؟ بس اتنا جانتا ہے ۔کہ ! کسی گھنٹی کی (سی) آواز آتی ہے)

اِس ضمن میں میں مشہور و معروف بات ہے ۔کہ ! ایک مرتبہ ایک ماہر تصوراتی عامل سے تصور سے متعلق جب ذکر کیا گیا تو اُنہوں نے باطنی تصور کو ترجیح دے کر فرمایا کہ ہم باطنی تصور کے متعلق ایک انتہائی سہل ترکیب و ترتیب بتلائے دیتے ہیں کہ ! رات کو اپنے تمام کام کاج سے جب فارغ ہو کر سونے لگو تو ہاتھ پاؤں دھو کر چارپائی پر چت لیٹ جاؤ جس کا سرہانہ شمالی جانب اور پاؤں جنوبی سمت کی طرف ہوں ۔اور آنکھیں بند کر کے کسی چھوٹی سی پیالی وغیرہ کا تصوراتی نقش دل میں جمانے کی سعی کرو ۔کہ اُس پیالی کی لمبائی ، چوڑائی ، شکل وشباہت کی ایک ایسی تصوراتی تصویر خیالِ دل میں بنانے کی بھرپور کوشش کرو کہ گویا وہ پیالی تمھارے سامنے مجسم پڑی ہوئی ہے ۔تم روزانہ اِسی خیال میں سو جایا کرو ۔کم از کم اِسی تصور میں ایک ہفتے عشرے تک خوب دھیان جماؤ ۔اس کے بعد کسی بڑی چیز کی طرف توجہ کرنے کی کوشش کرو ۔اس طرح اس عمل پر ہمیشگی اختیار کرنے سے تصوراتی قوت میں بے پناہ اضافہ ہو جاتا ہے ۔غرضیکہ اِسی طرح چھوٹی بڑی کم از کم سات چیزوں کا تصور اپنے قلب میں اتنا بٹھلا دیں کہ جب اور جس بھی وقت تم کو ذرا بھی کسی چیز کا خیال آ جائے تو فوراً اُس کی مجسم شکل تمھاری آنکھوں کے سامنے کھچ جائے ۔جیسے کہ ایک شخص دوسری یا تیسری مرتبہ کی تصوراتی مشق میں ایک تلوار کو ہاتھ میں لے کر ہوا میں لہرانے کا تصور کرنا شروع کرتا ہے ۔تو ہفتے عشرے بعد وہ اُس تلوار کی ہوا میں لہرانے کی باقاعدہ آواز آئے گی ۔ بلکہ اگر عامل کا تصور بہت زیادہ پختہ ہوگا تو ایسا شخص کسی اور ایسے دوست کو کہ جس نے کبھی تصور کی کوئی مشق بھی نہ کی ہوئی ہو اگر اُسے کہے کہ اب تمھیں تلوار لہرانے کی آواز آئے گی تو دوسرا بندہ بھی یقینی طور پر تلوار کے لہرانے کی آواز کو بخوبی سُن سکے گا ۔اس کا مطلب ہے کہ اب صاحب تصور شخص مسمریزم و ہپناٹزم کا ماہر ہو گیا ہے ۔پس ایسی مشق و تجربے کے بعد تم جس بھی چیز کا تصور کر کے جو حرکتِ خیالی اُس کو دو گے ویسا ہی پاؤ گے ۔

اِس ضمن میں کاتب الحروف **(البلوشی)** قارئینِ کتاب ہذا کی خدمت اقدس میں نہایت ادب سے عرض گزار ہے کہ سلسلہ عظیمیہ کے لوگ برستی ہوئی بارش یا مراقبہ نور (یعنی کہ اللہ تعالیٰ کے نور کے سمندر میں ڈوب جانے کا تصور) جمانے کی کوشش کرتے ہیں ۔کچھ عرصے کے بعد جس برستی بارش کا وہ تصور کر رہے ہوتے ہیں ۔وہی بارش اپنے جسم پر پڑنے کے ظاہری احساس تک کو ملاحظہ کر لیتے ہیں ۔حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی صاحب مراقبہ نور کے متعلق رقم طراز ہیں کہ ! ذہنی یکسوئی کے حصول کے لئے ہم نے مراقبہ نور کی مشق اس لئے تجویز کی تا کہ ذہنی سکون کے ساتھ ساتھ انسان کے اندر طرزِ تفکر بھی پاکیزہ و مصفّٰی ہو جائے ۔کیونکہ پاکیزہ طرز فکر میں انسان اپنی روح سے قریب تر ہو جاتا ہے ۔جس کی وجہ سے اِس کے اندر ایسی فہم و فراست اور ادراکِ علوم وفنون پیدا ہو جاتے ہیں ۔جو بیان سے باہر ہے ۔اس طرزِ فکر کو بزبانِ تصوف ''**فکر سلیم**'' کہا جاتا ہے۔

حصولِ تصرف ظاھری و باطنی بزریعہ اشغالِ مروجہ :

موجودہ دور کے کچھ لوگ شمع بینی ، دائرہ بینی ، بلور بینی ، آفتاب یا ماہتاب بینی ، آب بینی ، آسمان بینی وغیرہ کے اشغال کرتے ہیں ۔الحاصل ان علوم کا درحقیقت عشر عشیر علم و قواعد **مسمریزم** (علم مقناطیس) ، **یوگا** ، **ریکی** ، **ہپناٹزم** اور **ٹیلی پیتھی** وغیرہ ہیں ۔یاد رہے ۔کہ علمائے صالحین و فقراء میں مندرجہ ذیل اشغال مشہور و معروف اور معمول ہیں ۔

کثیر الاقسام مراقبات و اشغال مسلمانوں کے علاوہ دیگر مذاہب بالخصوص ہندو و سکھ برادران میں بھی مروج ہیں ۔اور اِن اشغال کو معمول میں رکھنے سے غیبی رموز و اسرار اور مُغیبات بھی منکشف ہوتے ہیں ۔اور ان نو اشغال کی مدد سے وہ لوگ **مسمریزم** (علم مقناطیس) ، **ہپناٹزم** اور **ٹیلی پیتھی** وغیرہ میں کمال حاصل کرنے کی بھرپور کوشش کرتے رہتے ہیں ۔(بہرحال) توجہ قلبی کی اِن نو اقسام کے اشغال میں شرکت ہے ۔فقرا کے نزدیک اِن تمام اشغال کی ابتداء وانجام دراصل ابتدائے مراقبہ ہی ہے ۔کیونکہ جو بھی شخص اشغال سے عاری ہوگا ۔ایسے اشخاص قلبی قوت و باطنی فوائد سے یکسر خالی ہوں گے ۔اِسی لئے وہ فوائد و نتائج اور منافع **مراقبہ** سے بھی بے بہرہ او رمحروم رہے گا ۔کیونکہ مراقبہ میں درحقیقت تمام کام تخیل و تصور سے ہی سرانجام پاتا ہے ۔دنیا کے تمام مذاہب اس بات پر متفق ہیں کہ یکسوئی قلب کے لئے کسی دیکھی ہوئی شئے کا تصور و تخیل ہونا لازمی ہے تا کہ اندرونی نقشہ دل پر اُس چیز کا کامل تصور جم سکے ۔مسلمان اسمِ ذات یا عشقِ حقیقی و مجازی کا تصور کرتے ہیں ۔مراقبات و مشاغل کے دوران ''حبسِ دَم'' کے کثیر فوائد و منافع ہوا کرتے ہیں ۔

جرئتے پیدا شدہ ، تا خوش برقصانم قلم   صبر کن حتما بہ ساحل ، می رسانم ایں بلم

حبسِ دَم کے چند عجیب و غریب و پُر تاثیر فوائد :

☆ دماغ روشن ہو جاتا ہے۔ ☆ بصارت تیز ہو جاتی ہے۔ ☆ دائمی نزلہ زکام رُک جاتا ہے۔ ☆ اعصاب میں جدید قوت آجاتی ہے۔ ☆ پھیپھڑے کے اکثر امراض کا یہ اعلیٰ ترین روحانی علاج ہے۔ ☆ حافظہ قوی ہو جاتا ہے۔ ☆ قبض کُھل جاتی ہے۔ ☆ بھوک بڑھ جاتی ہے۔ ☆ انسانی ذہن ایک نقطہ پر مرکوز ہونے کے لئے مستعد ہو جاتا ہے۔

☆ **ذِکرِ حبسِ دَم** : سالک حبسِ دَم کی مشق اس قدر کرے۔کہ! دَم دماغ میں جاکر مُحبّس ہوجایا کرے۔اور حبسِ دَم کا دورانیہ کم از کم پچاس منٹ تک لے جائے۔تو روح اس شاغل کے اختیار میں ہوجاتی ہے۔اہلِ ہنداور علمائے ہنود اس کو ''پراٹن یام'' کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔

حبسِ دَم : توجہ سمیٹنے کے لئے اور ایک نقطے پر لانے کے لئے سب سے پہلے آپ کو سانس کی مشق کرنا لازم ہوگی۔سانس کی مشقیں مختلف ہیں۔مگر ان سب میں سے بہتر مشق ہے ''حبسِ دَم''۔جس کا طریقہ یہ ہے کہ! آپ کوئی فرصت کا وقت تلاش کر کے شمالی جانب منہ کر کے اس حالت میں بیٹھ جائیں۔کہ آپ کے بدن کے کسی حصے بالخصوص ریڑھ کی ہڈی یا گردن میں کوئی تکلیف یا درد محسوس نہ ہو۔اب سینہ تان لیں، منہ بند کر لیں۔ آنکھیں بند کر کے ایک لمبا مگر آہستگی کے ساتھ ناک کے ساتھ سانس لیں۔منہ کے ساتھ نہیں۔اور جب آپ کے پھیپھڑے سانس سے بھر جائیں۔تو اپنے سانس کو روک دیں۔سانس کو اس حد تک روکیں جتنا کہ آپ آسانی سے روک سکیں۔روکے رکھیں۔اس کے بعد آپ آہستہ آہستہ سانس کو نتھنے سے باہر نکال دیں۔ایک دو لمحے کے لئے سکون لے لیں۔اور پھر یہی مشق کریں۔یہ مشق ہی دراصل حبسِ دَم کا عمل کہلاتی ہے۔

یاد رہے کہ یہ مشق ابتداء میں 15 سے 20 منٹ سے شروع کرنی ہے اور زیادہ سے زیادہ ڈیڑھ سے دو گھنٹے تک اس مشق کو تکمیل تک پہنچانا ہے۔ اور کوشش کریں کہ آپ زیادہ دیر تک سانس کو روک سکنے کے قابل ہو جائیں۔ **زیادہ دیر تک سانس روکنے میں جو سکون، مزہ اور قرار حاصل ہوگا شاید باید۔صاحبِ مشق کو اِس قدر مزہ آئے گا کہ وہ یہ چاہے گا کہ سانس آئے ہی نہیں**۔کچھ لوگوں کا کہنا ہے۔کہ! **حبسِ دَم کی مشق ایسے وقت میں کی جائے** جبکہ نہ معدہ بالکل خالی ہو اور نہ ہی بالکل بھرا ہوا ہو۔اور حبسِ دم ایسے مقام پر کیا جائے جہاں پر نہ تیز ہوا ہو نہ بالکل خسیس، اُس جگہ پر زیادہ روشنی نہ ہو۔ تاریکی اعلیٰ و ارفع ہے۔حبسِ دم کی مشق سے پہلے سچے دِل سے توبہ و استغفار کرتے ہوئے ظاہری و باطنی طہارت کے ساتھ دل کی کدورات ماسواء اور خیالاتِ ایں و آں سے حق الوسع یکسر خالی ہو کر خود کو اِس مشق میں محو و مستغرق کر لے۔تاکہ ہر قسم کے فوائد سے مستفید و متنفع ہو سکے۔

حبسِ دَم (بزبانِ تصوف) : حبسِ دَم میں دو امور انتہائی ضروری ہیں۔**حبس نفس۔حصر نفس**۔

حبس نفس بھی دو طرح پر ہے۔ **بہ تخلیہ۔ بہ تملیہ۔**

بہ تخلیہ : دَم کا بطن ناف سے اور ناف کے اطراف سے پشت کی جانب کھینچنا اور دَم کا سینہ یا دماغ میں روکنا ''**تخلیہ**'' سے عبارت ہے۔اس ترکیب سے جسم میں گرمی کچھ زیادہ ہو جاتی ہے۔بہتر ہے کہ **یہی مشق** موسم سرما میں کی جائے **تاکہ** جسم گرم رہے۔

بہ تملیہ : دَم کا شکم میں کھینچ کر لا کر شکم کو ہوا سے بھر کر دَم کو بطن میں بند کرنا ''**تملیہ**'' کہلاتا ہے۔اس سے طعام جلد ہضم ہوجاتا ہے۔

مذکورہ بالا دونوں ہی صورتوں میں حد درازی نفس سے قطع نفس کم کرنا ''**حصرِ نفس**'' کہلاتا ہے۔یعنی حصرِ نفس میں دَم کو مذکورہ بالا دونوں صورتوں میں درازی معہود تک نہیں کھینچتے۔واقعی اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ! حبسِ نفس میں کشش دَم کی حرارت دراصل حد حرارت تک حصرِ نفس سے زیادہ اثر رکھتی ہے۔ لیکن اس میں کچھ نقصان واقع ہونے کا خدشہ ہے۔اس نقصان سے بچنے کے لئے وہ ترکیب زیرِ استعمال لانی چاہیئے کہ! جسے حضرت خضر نبیؑ نے حضرت شیخ عبدالخالق غجدوانی ؒ کو پانی میں غوطہ لگوا کر اس شغل کے کرنے کا حکم فرمایا تھا۔اس صورت میں کہ آنکھ، ناک، کان اور منہ کو اپنی انگلیوں سے بند کرنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔حضرت خضر نبیؑ کا فرمودہ یہ طریقہ لاجواب و بے مثال ہے۔(بہرحال!) مروجہ چند مشہور و معروف اشغال کے نام یہ ہیں۔

☆ شغل اسم ذات اللہ	☆ شغل پاس انفاس	☆ شغل مقاما محمودا
☆ شغل سلطانا نصیرا	☆ شغل روحی	☆ شغل اندھیرا بینی
☆ شغل سلطان الاذکار	☆ شغل دورہ قادریہ	☆ شغل آفتاب بینی
☆ شغل ماھتاب بینی	☆ شغل شمع بینی	☆ شغل دائرہ بینی
☆ شغل آئینہ بینی	☆ شغل بلور بینی	☆ شغل آسمان بینی
☆ شغل آب بینی	☆ شغل برزخ	☆ شغل بساط

شغلِ پاس انفاس : جب سانس نیچے جائے۔تو سالک کو چاہیے۔کہ ''اللہ'' کہے۔اور جب سانس باہر آئے۔تو سالک ''ھو'' کہے۔اس ذکر کے ساتھ ہمیشہ اپنے دل پر متوجہ رہے۔تو ایسا شخص اپنے قلب کو نور سے معمور ملاحظہ کرے گا۔(انشاء اللہ تعالیٰ) اور وہ چند ہی روز میں ذاتی انوار سے مشرف ہوگا۔لیکن ہر وقت یہی تصور رکھے۔عشق رسول ﷺ کا تصور اس میں مزید تاثیر پیدا کر دیتا ہے۔

شغلِ نفی اثبات اور لطائفِ قلب : مشہور قول ہے۔کہ! **ان فی جسد آدم لمضغة و فی المضغة قلب و فی القب**

فواد و فی الفواد روح و فی الروح سر و فی السر نور و فی النور انا ۔ اسی طرح سے ذکر (نفی اثبات) کے بھی سات ہی درجات ہیں ۔

☆ اول ذکرزبانی ناسوتی　　یعنی　　لاالہ الااللہ۔

☆ دوئم ذکربافکر(تصوراتی وتخیلی)　　یعنی　　لاالہ الااللہ۔ (زبان کوتالو سے لگا کرزبانِ قلب سے کہنا ہے)

☆ دوئم ذکربافکر(بانفسی)　　یعنی　　لاالہ۔　☆　دوئم ذکربافکر(باقلبی)　　یعنی　　الااللہ۔

☆ دوئم ذکربافکر(باروحی)　　یعنی　　اللہ۔　☆　دوئم ذکربافکر(باسِرّی)　　یعنی　　الہ۔

☆ دوئم ذکربافکر(باخفی اِخفی)　　یعنی　　ھُ۔ (یعنی کہ اسمِ ذات ''اللہ'' کے آخری حرف ''ہ'' پرپیش)

☆ **اصلاحی توجه** اُس کوکہتے ہیں۔کہ! مرشد اپنے برزخِ ہمت (یعنی قوتِ تصور) کے صابون سے قلبِ مرید کومصفی و پاکیزہ کردے ۔ اوراس کے آئینہء قلب کا غبار اپنے قلب کی حرارت سے محوکردے ۔ اوراپنی ہمتِ باطن کومرید کی تہذیب وآراستگی میں مصروف ومشغول رکھے ۔

شغلِ سه پایه　قادریہ : (اَز پیرسید محبوب علی شاہ بخاری قادریؒ ازکتاب دعوتِ حق)

اس شغل سے تمام لطائف کا بیک وقت دورہ کیا جاتا ہے ۔ اور کچھ ہی دنوں کی مشق سے تمام لطائف کھل کر (انسان) مشاہدہ الٰہی سے بہرہ مند ہوگا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ (لطائف کی تفصیلات پچھلے باب میں مفصل بیان کی گئی ہیں ۔ بہرحال) اس کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ!

اَدب سے قبلہ جانب دوزانو بیٹھ کردونوں آنکھیں بندکرکے زبان کوتالو سے لگا کرحضورِقلب سے **اللہ سمیع** کا تصورکرے۔ وہ بھی زبانِ دل سے۔ اور **اللہ سمیع** بملاحظہ نورِخط نورانی ناف سے نکال کروسطِ سینہ تک کے لطیفہ سِر کے مقام تک پہنچائے۔ اور **اللہ بصیر** کوام الدماغ سے نکال کرعرش تک پہنچائے۔ اور پھر **اللہ علیم** کوعرش سے دماغ تک اور **اللہ بصیر** کودماغ سے سینہ تک۔ اور پھر **اللہ سمیع** کوسینہ سے ناف تک لائے۔ یہ ایک دورہ ہوا۔ اسی طرح پھرناف سے شروع کرے۔ اوردرجہ بہ درجہ اسی طریقہ پربطریق عروج ونزول شاغل رہے۔

اور بعض بزرگوں نے ان کلمات میں **اللہ قدیر** کو بھی شامل کیا ہے ۔ اسی طریق پر **اللہ قدیر** کو آسمان پر پہنچائے ۔ اور **اللہ علیم** کوعرش تک ۔ اوراُس جگہ ٹھہرے ۔ اس شغل کے ثمر سے مزید کیفیات بیان سے باہر ہیں ۔ جوکرے گا ۔ وہی جانے گا ۔ جبکہ اس شغل کی مفصل ترکیب اپنے پیرو مرشد ومربی سے معلوم کرے ۔ کیونکہ بغیر تلقین وتوجہ کے یہ شغل مشکل ہے ۔

(بعضے بزرگ) اس ذکرکو بطریق مراقبہ ، مشاہدہ اور معائنہ کے کرتے ہیں ۔ تو نمازکی بیٹھک بیٹھے ۔ اور **علیم سمیع بصیر** کوشیخ کی صورت کے ساتھ ملاحظہ کرے ۔ اور ہرحال کا التزام کرے ۔ جب اس میں مستقیم ہوتو اسی ہیئت پر بیٹھے ۔ اور دل کی جانب رومائل کرے ۔ اور آنکھ بند کرے ۔ جبکہ باطنی آنکھ سے دل کی طرف دیکھے ۔ اور اللہ تعالیٰ کے دیکھنے کا تصورکرے ۔ پھر جب اس میں مستقیم ہو۔ تو اسی بیٹھک پر بیٹھے ۔ مگرآسمان کی طرف نظرکرے ۔ اور صاحبِ نزع کی طرح آنکھ بند کرکے تصورکرے ۔ کہ روح قالب سے نکل کرآسمان کے اوپر پہنچے ۔ اورحق تعالیٰ کو دیکھنے لگے ۔ اگراس پر مستقیم ہوجائے ۔ توایک سبزدھاگہ ظاہرہوگا ۔ جس کا ایک سراتو آسمان کے اوپر جبکہ دوسرا سرااس کے دل میں ہوگا ۔ یہ فکرکا اعلیٰ درجہ ہے ۔ اوراس شغل کومشائخ '' چھپائے رکھتے ہیں ۔ (یادرہے ۔ کہ!) اس میں شیخ کی صورت کا ملاحظہ کرنا درست نہیں ۔ اوراس پہلے طریقے کومراقبہ ، دوسرے طریقے کومشاہدہ اور تیسرے طریقے کومعائنہ کہتے ہیں ۔ (حضرات چشتیہ کا کہنا ہے ۔ کہ! اس شغل کوشغل سہ پایہ اس لئے کہا جاتا ہے ۔ کہ! اس شغل میں تین اسمائے الٰہیہ کے جوڑوں '' **اللہ سمیع ۔ اللہ بصیر ۔ اللہ علیم** '' کی ضربات لگائی جاتی ہیں ۔ چونکہ یہ ضربات مختلف لطائف پرلگائی جاتی ہیں ۔ جن لطائف پر اِن اسمائے الٰہیہ کی ضربات لگائی جاتی ہیں ۔ وہ لطائف زندہ ہوکرذاکرو روشن ہوجاتے ہیں ۔ جس کے نتیجے میں ذکرکی جگہ یعنی وہ کمرہ اور پوراگھرنورانی ہوجاتا ہے ۔ یہ ذکر بے حدمؤثر واعلیٰ ہے)

شغلِ سه پایه : (اَزکتاب ''اقتباس الانوار ۔ مؤلفہ'' حضرت شیخ محمد اکرم قدوسی چشتیؒ)

اہلِ شغل کے اشغال میں سے کامل ترین شغل ''شغلِ سہ پایہ'' ہے ۔ اس ذکر کے تین ارکان ہیں ۔ اول اسمِ ذات ''**اللہ**'' کا لطیفہء نفس میں ذکر۔ دوئم اسمائے صفاتِ اِمہات (**سمیع ۔ بصیر** اور **علیم**) کا دورہ ۔ جبکہ سوئم تصورِشیخ ۔ اس شغل کوسہ پایہ اس لئے بھی کہتے ہیں ۔ کہ! ابریق کی طرح اس کے بھی تین ہی اجزاء ہیں ۔ اور ایک جزو دوسرے جزو کے بغیر قائم ہی نہیں رہ سکتا ۔ اس کا مطلب یہ ہے ۔ کہ! اسمِ ذات ''اللہ'' کا اسمائے صفاتِ اِمہات کے ساتھ ہونا جیسا کہ آگے وضاحت کے ساتھ آرہا ہے ، مشائخ کی اصطلاح میں اسمِ ذات اوراسمائے صفات کے ملانے کا نام ملاحظہ ہے ۔ مثلاً ''**اللہ سمیع**'' ۔ اسے ارادہ بھی کہتے ہیں ۔ اورتصورِشیخ کو برزخ کہتے ہیں ۔ اس ذکر کی سات شرائط ہیں ۔ **شدّ ۔ مدّ ۔ تحت ۔ محاربه ۔ مراقبه ۔ محاسبه ۔ مواعظه** ۔ پہلی تین شرائط کو داخلی کہتے ہیں ۔ چوتھی و پانچویں شرط کو تداخلی کہتے ہیں جیسے کہ محاربہ کا تداخل یہ ہے ۔ کہ ذکرشدت سے کیا جائے ۔ اور مراقبہ کا تداخل یہ ہے ۔ کہ! ملاحظہ برقرار رہے ۔ یعنی اسمِ ذات ''اللہ'' اور اسمائے صفات اِمہات کا ملانا مستقل طورپر قائم رہے ۔ چھٹی اور ساتویں شرط (محاسبہ اور مواعظہ) خارجی کہلاتی ہے ۔ ان کی پابندی بھی لازمی ہے ۔ تاکہ سستی اورغفلت طاری نہ ہو ۔ اس شغل (یعنی شغلِ سہ پایہ) کی تمام شرائط اس شعرمیں بیان کی گئی ہیں ۔

شغلِ سہ پا یہ قادریہ : سالک کو چاہیئے۔کہ قبلہ رخ دوزانو بیٹھے۔اپنی دونوں آنکھیں بند کر کے زبان کو تالو سے لگائے۔اور حبسِ دَم کر کے خطِ نورانی کو نور سے ملاحظہ کرتے ہوئے دل سے اس طرح ذکر کرے۔کہ! '' **اللّٰہ سمیع** '' کو ناف سے وسطِ سینہ میں لائے۔(کیونکہ یہ مقام لطیفہ سر ہے) پھر سینہ سے '' **اللّٰہ بصیر** '' کہتا ہوا ام الدماغ تک لے جائے۔وہاں سے '' **اللّٰہ علیم** '' کو عرش سے ام الدماغ میں۔اور ام الدماغ سے '' **اللّٰہ بصیر** '' کو سینہ میں۔اور سینہ سے '' **اللّٰــہ سمیع** '' کو ناف میں لے آئے۔یہ ایک دورہ مکمل ہوا۔اسی طرح بار بار عروج ونزول کرتے ہوئے کم از کم صد ادوار روزانہ مکمل کیا کرے۔اس کے ثمرات قلم میں نہیں آسکتے۔جو کرے گا۔وہ اِن ثمرات سے یقیناً مستفید و متفع ضرور ہوگا۔(انشاءاللہ تعالیٰ)

شغلِ سہ پا یہ چشتیہ : شغل سہ پایہ چشتیہ **اللّٰــہ سمیع۔ اللہ بصیر۔ اللہ علیم** '' کا ذکر کرے۔اس ذکر کو اکثر حضراتِ مشائخ نے کیا ہے۔اس کا سہل طریقہ یہ ہے۔کہ! سالک چارزانو بیٹھ جائے۔اور '' سلطاناً نصیرا '' کا تصور وتخیل کرے۔اور پھر سانس کو روک کر ناف سے لے کر ام الدماغ تک پہنچائے۔جب سانس ام الدماغ تک پہنچ جائے۔تو سالک '' **اللّٰــہ سمیع** '' کہے۔اور '' **بی یسمع** '' کا تصور کرے۔پھر ناف پر '' **اللّٰــہ علیم** '' کہے۔اور '' **بی ینطق** '' کا تصور کرے۔اَب پھر سے شروع کرے۔اور ام الدماغ میں '' **اللّٰــہ علیم** '' اور ناف پر '' **اللّٰــہ سمیع** '' عروج ونزول کے طریقہ پر کہے۔یہاں تک کہ ایک سانس میں ایک سو ایک (**101**) مرتبہ شغلِ سہ پایہ کرنے لگے۔انشاءاللہ جمالِ الٰہی سے سالک فیض یاب ہوگا۔چونکہ! اس شغل میں آٹھ چیزوں کا تصور شرط ہے۔اسی واسطے اصحابِ شطار یہ اس شغل کو ہشت رکنی بھی کہتے ہیں۔اس ذکر کے صبح وشام کرنے سے تسکین میسر ہوتی ہے۔

اس شغل میں جو احوال منکشف ہوا کرتے ہیں۔ان کو کسی بھی اہل و نا اہل کے روبرو بیان کرنا بے حد بے ادبی ہے۔لیکن اس شغل میں تین احوال ذاتی ہیں۔ اول۔قربِ نوافل۔ دوئم۔قربِ فرائض۔ سوئم۔تعین عین ذاتِ باری تعالیٰ۔ (ان تینوں کی تفصیل پیچھے گزر چکی ہے)

تیرے عیبوں کو بے عیب دیکھا میں نے تو اپنی ہی انکھوں میں یہ عیب دیکھا

شغلِ سہ پا یہ : حبسِ نفس سے بزبانِ قلب اس طرح سے یہ ذکر کرے۔کہ! پہلے '' اللہ سمیع '' کی ضرب '' لطیفہ نفس '' پر لگائے۔جو کہ زیرِ ناف ہے۔(اور '' **بی یسمع** '' کا تصور کرے) اس کے بعد '' اللہ بصیر '' کی ضرب '' لطیفہ قلب '' پر لگائے۔(اور '' **بی یبصر** '' کا تصور کرے) اس کے بعد '' اللہ علیم '' کی ضرب '' لطیفہ خفی '' پر لگائے۔جو وسطِ پیشانی میں ہے۔(اور '' **بی ینطق** '' کا تصور کرے) اس کے بعد سالک دورہء نزول شروع کرے۔

دوسرا طریقہ : پھر '' اللہ علیم '' کی ضرب '' لطیفہء خفی '' پر لگائے۔(اور '' **بی ینطق** '' کا تصور کرے) اس کے بعد '' اللہ بصیر '' کی ضرب '' لطیفہء قلب '' پر لگائے۔(اور '' **بی یبصر** '' کا تصور کرے) اس کے بعد '' اللہ سمیع '' کی ضرب '' لطیفہء نفس '' پر لگائے۔(اور '' **بی یسمع** '' کا تصور کرے)

اور اسمائے صفاتِ امہات کا معنی دل میں رکھے۔اس کے ساتھ برزخِ شیخ یعنی تصورِ شیخ بھی قائم رکھے۔اس کا مطلب یہ ہے۔کہ! یہ شغل کرتے وقت سالک اپنے آپ کی نفی کر دے۔اور یہ خیال کرے۔کہ! یہ میرا شک ہے۔مَیں نہیں ہوں۔اس تخیل سے سالک کو فنائیت فی الشیخ حاصل ہوگی۔اور اسی کے ذریعے مقامِ '' فنا فی اللہ '' حاصل ہوگا۔شروع میں ایک ایک ہی سانس کے اندر دو دفعہ یہ ذکر کرنے کی عادت ڈالنی چاہیئے۔تین چار دنوں بعد پانچ مرتبہ۔اور پھر کچھ دنوں بعد (کم از کم تین یا پانچ دنوں کے وقفے کے بعد) بڑھاتا چلا جائے۔حتیٰ کہ ایک سانس میں چالیس مرتبہ تک جب پہنچا دے گا۔تو یہ محاربہء صغیر کہا لئے گا۔جب چالیس سے اوپر سو یا زیادہ تک چلا جائے گا۔تو یہ محاربہء کبیر ہو جائے گا۔کوشش تو یہ ہونی چاہیئے۔کہ! زیادہ سے زیادہ ذکر کرے۔جب دوسو تک نوبت پہنچ جائے۔اور تمام شرائط مثل شد و مد، تحت وفوق اور تصورِ شیخ بھی پوری ہوتی رہیں۔تو سالک کو سلطانِ ذکر حاصل ہو جاتا ہے۔جس سے کہ سالک پر محویت و استغراق طاری ہو جاتا ہے۔

اَز خدا جوئیم توفیقِ ادب بے ادب محروم ماند زِ لطفِ رب

ادب بہتر از گنجِ قارون بُود فزوں تر زِ مُلکِ فریدون بُود

دقیق نکتہ : کل سلوک ومعرفت اور باطن کا درست ترین راستہ کہ جس میں کسی بھی قسم کی چھوٹی یا بڑی غلطی، سلب ورجعت کا بالکل خطرہ نہ ہو۔وہ یہ ہے۔کہ! طالبِ حق ایسے مقام ومرتبہ تک خود کو پہنچالے۔کہ جس وقت چاہے۔اللہ تعالیٰ اور اُس کے محبوب ترین رسول ﷺ اور اُس کے عزیز ترین اولیاءاللہ کے دیدار سے مشرف ہو سکے۔یاد رہے۔کہ! طالب کو اول خواب میں حضوری حاصل ہوتی ہے۔پھر دوئم حضوری ءالہام صحیح مقام قربِ اللہ میں باریابی نصیب ہوتی ہے۔پھر سوئم حضوری روشن ضمیری کو مراقبہ میں تصورِ اسمِ ذاتِ اللہ سے پیدا ہوتی ہے۔آخری اور چہارم حضوری میں طالبِ حق بزمِ نبوی میں جملہ صحابہ کرامؓ اور اولیاءاللہ بلکہ دیگر انبیاءؑ سے شرفِ ملاقات اور شرفِ نیاز بطریق مصافحہ حاصل کرتا ہے۔ (اور اسی طرح سے) اگر کوئی ولی اللہ نہایت مفلسی وفقر کا شکار ہے۔اور وہ جانتا ہے۔کہ رب متعال اُس کے افلاس میں ہی راضی ہے۔تو وہ ولی اللہ باوجود حاملِ کشف وکرامات ومستجاب الدعوات ہونے کے بھی اپنے لئے قطعاً مال ومتاع، جاہ وجلال اور عزت وشہرت کی دعا قطعاً نہیں کرے گا۔بلکہ راضی بہ رضائے الٰہی پر صبر وشکر اور توکل علی اللہ سے کام لے گا۔ (غرضیکہ!) اولیاءاللہ کی زبان پر ایک ایسا قفل لگ جایا کرتا ہے۔کہ! اگر وہ مشیتِ الٰہی یا اللہ تعالیٰ کی رضا کے خلاف کبھی بھی ایک انچ بھی تجاوز کر جائیں۔تو وہ منصب ولایت سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے۔لیکن اگر یہی اولیائے کاملین خاموشی، توکل، تواضع، صبر، شکر اور اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہیں۔تو اُن کے درجات میں روز افزوں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے)

صبح ہوتی ہے، شام ہوتی ہے عمر یوں ہی تمام ہوتی ہے

حکایت : ایک دفعہ دو آدمی کسی بزرگ (ولیء کامل) کے پاس کوئی سوال حل کرانے کے لئے گئے۔ لیکن وہ بزرگ چونکہ سوئے ہوئے تھے۔ تو وہ دونوں (مایوس ہوکر) واپسی کا قصد کرکے جونہی واپس آنے لگے۔ تو اس بزرگ کے دائیں ہاتھ کی چھنگلی (چھوٹی انگشت) کلام کرنے لگی۔ اور ان کے سوال کا (درست) جواب دے دیا۔

یہ واقعہ اسی بات اور مقام کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ اور یہ آیت بھی (غالبًا) اسی واقعہ سے مناسبت رکھتی ہے۔ کہ یہ مرتبہء جبروت ہے۔ جب سالک کے جسم کے تمام اجزاء اپنی استعداد کے مطابق یا ان میں سے ہر جزو اپنی انفرادی استعداد کے مطابق شہودِ اطلاقِ ذات میں غوطہ لگاتا ہے۔ حتیٰ کہ نقطہء اصل الاصل تک عروج کرتا ہے۔ اور جسم کا ہر جزو مبدائے تعین تک عروج کرتا ہے۔ اور فنائے محمدی ﷺ حاصل ہوتی ہے۔ اور اپنی حیثیت کے مطابق مشاہدہء ذاتی کی بدولت ہر خبر سے باخبر ہوتا ہے۔ آیتِ کریمہ ''**یومئذ یصدر الناس اشتاتا لیروا اعما لھم ۔۔۔**'' (اس روز لوگ مختلف ٹولیوں میں باہر نکلیں گے۔ تاکہ ان کے اعمال انہیں دکھائے جائیں) سے یہی مراد ہے۔ یعنی جب جسدِ انسانی کا ہر جزو استعدادِ کلی حاصل کرکے تقیدِ جسمی سے آزاد ہوتا ہے۔ اور شہودِ تجلیات لاکیف سے بہرہ ور ہوتا ہے۔ تو شغلِ باطن کا اکتساب کرتا ہے۔ اور اگرچہ تمام اجزاء کا جزو حاصل ہوتا ہے۔ چنانچہ آیتِ کریمہ ''**فمن یعمل مثقال ذرۃ خیرا یرہ. ومن یعمل مثقال ذرہ شرا یرہ ۔۔۔**'' (چنانچہ جس نے ذرہ برابر کوئی اچھائی کی ہوگی۔ وہ اسے دیکھے گا۔ اور جس نے ذرہ برابر کوئی برائی کی ہوگی۔ وہ اسے دیکھے گا) سے یہی مراد ہوسکتی ہے۔ کہ جب سالکین شہودِ ذاتِ مطلق میں فنا ہوکر درجات میں ترقی کرتے ہیں۔ تو ان میں سے ہر ایک زبانِ حال سے اپنے مرتبہ و مقام کے مطابق شہودِ ذات میں امتیاز طلب کرتا ہے۔ تاکہ وہ منصبِ خاص سے منسوب ہوسکے۔ اور اپنے مجاہدہ کا ثمرہ حاصل کرے۔ پس ان میں سے ہر شخص ذاتِ احدیت میں فنا کی خاطر ریاضت و مجاہدہ کرتا ہے۔ اگرچہ وہ فنا صرف ایک لمحہ کے لئے ہی کیوں نہ ہو۔ اور پھر وہ شخص اپنے فنا کی گہرائی کے مطابق مقامِ بقا اور منزلت و منصبِ خاص سے مشرف ہوتا ہے۔ تو ان اشخاص کو اپنی اپنی استعداد کے مطابق مقامِ محبوبیت یا قطبیتِ کبریٰ یا پھر قطبِ مدار کا مرتبہ حاصل ہوتا ہے۔ اور جو شخص کسبِ شرک کرتا ہے۔ اور غفلت میں مبتلا رہتا ہے۔ تو اس کی بدلہ (یعنی سزا) دوزخ ہے۔ جس سے مراد فراق اور ذات و صفات کے وصال سے محرومی ہے۔ (بقول بعضے کہ) صوتِ سرمدی (کہ جس کا مکمل طریقہ و کیفیت اسی کتاب میں موجود ہے) کی نسبت سلطانِ ذکر بہت اعلیٰ و ارفع ہے۔ اور وہ فرماتے ہیں۔ کہ! حصولِ کمال کے لئے صوتِ سرمدی (شغلِ انہد) سے احسن اور بہتر طریقہ سلطان الذکر کا ہے۔ جس سے مراد ''**صوتِ مستقیم**'' ہے۔

خرد کے پاس خبر کے سوا کچھ اور نہیں ۔۔۔ تیرا علاج نظر کے سوا کچھ اور نہیں

حصولِ محویت و استغراق بطریقِ دواقسامِ محاربہ :

☆ **محاربہ صغیر** : محاربہ صغیر کا طریقہ یہ ہے۔ کہ! سالک اپنا منہ بند کرکے زبان کو تالو سے لگا کر سانس کو ناف کے پاس روکے۔ اور دل سے اسمِ ذات ''**اللّٰہ**'' کا ذکر باملاحظہ و واسطہ شد و مد، تحت و فوق کریں۔ (**شد** سے مراد ہے۔ برآوردن ہمزہ اسمِ ذات بہ سختی جانبِ فوق۔ **مَد** سے مراد ہے۔ عبارت کشیدن۔ الف اسمِ ذات۔ جو کہ لام کے آگے اس کے کھینچنے سے پیدا ہوتا ہے۔ **تحت** سے مراد ہے۔ سر کو جانبِ ناف لے کر جانا۔ اور **فوق** سے مرد ہے۔ برداشتن سر بہ طرف ام الدماغ) ایک سانس کے روکنے کی مدت میں جس قدر آسانی سے ہوسکے۔ پھر آہستہ آہستہ سانس کو چھوڑ دیجئے۔

نوٹ : یاد رہے۔ کہ! ذکر کی تعداد 40 سے کم محاربہ صغیر جبکہ 40 سے زیادہ محاربہ کبیر کہلائے گی۔

☆ **محاربہ کبیر** : 40 اور بتدریج ہر حبس میں ذکر کی تعداد بڑھائیں۔ حتیٰ کہ ایک حبس میں **40** مرتبہ ہوجائے۔ 40 مرتبہ سے زیادہ محاربہ کبیر کہلائے گا۔ جب **150** سے **300** تک شرائطِ مذکورہ کے ساتھ ذکر اللہ بڑھ جائے گا۔ تو یہ مقامِ **محویت و استغراق** کہلائے گا۔

☆ **محاربہ کبیر** : (طریقہ ثانی) منہ بند کرکے سانس کو ناف کے پاس (جو محلِ نفس ہے) روک کر ناف سے ''**لا**'' اُٹھائیں۔ اور خیال ہی خیال میں کھینچتے ہوئے دائیں شانے تک لائیں۔ اَب دائیں شانے سے ''**الٰہ**'' کے ہمزہ کو اُٹھا کر ''**لا**'' کو کھینچ کر دماغ تک پہنچا کر ''**ہ**'' کو عرش تک لے جائیں۔ وہاں سے انوارِ الٰہی کو لئے ہوئے ''**الا اللّٰہ**'' کی ضرب قلب پر لگائیں۔ پوری رعایت ملاحظہ و واسطہ شد و مد، تحت و فوق کے ساتھ اول دَم میں ایک مرتبہ کہیئے۔ پھر آہستہ آہستہ سے سانس چھوڑتے ہوئے زبان سے (نہایت اَدب، عاجزی و انکساری سے) **محمد رسول اللّٰہ** ﷺ کہیئے۔ پانچ دن اسی کی مشق کرتے رہیں۔ یاد رہے۔ کہ ایک جلسہ (نشست) میں اسی قسم کا حبس کم اَز کم دس پندرہ مرتبہ ضرور کریں۔ جب جم جائے۔ تو تعداد بڑھا دیں۔ کہ ایک حبس میں تین مرتبہ ہوجائے۔ دو تین دن بعد ایک حبس میں پانچ مرتبہ کریں۔ اسی طرح مشق کرتے ہوئے بتدریج دوسرے تیسرے دن بڑھاتے رہیں۔ مگر تعداد ہمیشہ طاق ہی رہنی چاہیئے۔ ایک حبس میں تین مرتبہ مجموعی تعداد دس مرتبہ کے حبس میں تیس ہوجائے گی۔ اور پانچ مرتبہ ہوگا۔ تو پچاس ہوجائے گی۔ ذکر کی تعداد کو یہاں تک بڑھائیں۔ کہ! محویت و استغراق حاصل ہوجائے۔ (یاد رہے۔ کہ اس طرح کی مشق میں جسم میں کافی زیادہ حرارت پیدا ہوجاتی ہے)

جبکہ! **محاربہ صغیر و کبیر** میں (ہدایت کے طور پر) یہ بات ضرور ذہن نشیں رہنی چاہیئے۔ کہ! دونوں طریقوں میں ذکر سے فراغت پر فورًا ٹھنڈا پانی نہ پیئیں۔ اور نہ ہی ٹھنڈی ہوا میں جائیں۔ اگر دورانِ مشق پسینہ آ بھی جائے۔ تو کپڑے ہرگز نہ اُتاریں۔ یہ نہایت ہی لازمی اُمور ہیں۔ جن پر عمل پیرا ہونا اَشد ضروری ہے۔ بلکہ اطمینان اور صبر سے کام لینا چاہیئے۔ دل و دماغ پر بوجھ نہیں ڈالنا چاہیئے۔

چپ کریں تے موتی ملسن، صبر کریں تے ہیرے ۔۔۔ پاگلاں وانگوں رولا پاویں، نہ موتی نہ ہیرے

کیفیتِ ذکر : یہ ذکر خاموشی سے کرنا ہے۔ کیونکہ! میرے (البلوشی) کے خیال کے مطابق، خاموشی کو بولنے پر فقط اسی وجہ سے فوقیت حاصل ہے۔ کہ بولنا جسم اور عقل (ذہن) کا عمل ہے۔ جبکہ خاموش رہنا روح اور قلب کا فعل ہے۔ بہرحال! زبان کو اپنے تالو سے لگائے۔ لَب کو لَب سے اور دانتوں کو دانتوں سے ملا کر سانس کو روکے۔ اور حرف ''لا'' کو ناف سے کھینچ کر دماغ کی طرف لے جائے۔ پھر دماغ سے دائیں کندھے پر پہنچا کر ''الہ'' کی ضرب لگائے۔ اور پھر ''الا اللہ'' کو دائیں سے بائیں کندھے پر پھرا کر قلبِ صنوبری پر ایسے زور سے ضرب لگائے۔ کہ اس ''الا اللہ'' کی ضرب کا اثر اور حرارت سارے جسم میں محسوس ہو۔ اور پھر کلمہ کا باقی حصہ یعنی'' محمد رسول اللہ'' کو بائیں طرف سے دائیں طرف یعنی دونوں کندھوں کے درمیان ضرب کرے۔ اس کے بعد دل سے کہے۔ ''یا اللہ! میرا مقصود صرف تُو ہی ہے۔'' اور یہ سلسلہ دل کی توجہ سے ہو کر دِل میں ہی اس کا اثر ظاہر ہو۔ اور دل اس کا اثر قبول کرے۔ مگر یہ سب کچھ ایسے ہو۔ کہ! ظاہر میں کوئی حرکت نہ ہو۔ یہاں تک کہ قریب بیٹھے ہوئے شخص کو بھی یہ پتہ نہ چلے۔ بہرحال حبسِ دَم میں ایک مرتبہ کرے۔ یا تین یا سات مرتبہ غرض طاق مرتبہ کرے۔

ذکر میں باقاعدگی اور ہمیشگی کے لئے انتہائی جدوجہد اور کوشش کرنی چاہیئے۔ ذکر کسی بھی صورت میں اور کسی بھی حال میں ترک نہیں کرنا چاہیئے۔ اُٹھتے بیٹھتے، سوتے جاگتے، کھاتے پیتے یا باتیں کرتے وقت۔ غرضیکہ ذکر سے کسی بھی صورت میں غفلت نہیں برتنی چاہیئے۔ ذکر یا صحبتِ شیخ میں اگر کوئی خاص کیفیت حاصل ہو تو اسے ایک خطِ مستقیم کی طرح فرض کرے۔ جس وقت کہ یہ معنی خیال میں بندھ جائیں۔ اور خیال پر صرف ایک ہی دُھن سوار ہو جائے۔ تو جمعیتِ خاطر کے لئے یہ چیز انتہائی فائدہ مند ثابت ہوتی ہے۔ بلکہ بعض بزرگوں نے تو یہ تک فرمایا ہے۔ کہ! کہ اگر خیال اور اس کے معنی کی جمعیت میں کوئی ذرا سا بھی خلل واقع ہو یا اس کی تاثیر میں کمی واقع ہونے لگے۔ تو تو چاہیئے۔ کہ! انتہائی باریکی سے اس کی تفتیش و تحقیق کرے۔ اور اس سے قطعاً غفلت نہ کرے۔ یہاں تک کہ اسے تعطیل (یعنی اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز کا خیال مِٹ جانا) حاصل ہو جائے۔ چنانچہ بعض اکابرین کا کہنا ہے۔ کہ! **الشغل هو عدم الشغل. و عدم لاشغل هو الشغل**۔ (یعنی) شغل، شغل کا نہ ہونا ہے۔ اور شغل کا نہ ہونا ہی شغل ہے۔

رکھتے ہیں ملاقات بد و نیک سے ہم — تیرے ملنے کے لئے ملتے ہیں ہر ایک سے ہم

شغلِ برزخ : مقامِ برزخ کا واسطہ و رابطہ تین اقسام پر منقسم ہے۔ جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

نمبر **1**۔ ذکر کے وقت صورتِ مرشد کو اپنے قلب کی نظر میں رکھے۔ دل جمالِ مرشد سے منور ہے۔ کیونکہ صورتِ مرشد درحقیقت جمالِ الٰہی ہی کا مظہر ہے۔ (یہ قسم متعدی ہوتی ہے) نمبر **2**۔ ذکر کے وقت اپنی صورت کو آئینے میں دیکھ کر قلبی نظر اپنی ہی صورت پر قائم کرے۔ (یہ قسم لازمی ہوتی ہے)

نمبر **3**۔ ذکر کے وقت اسمِ ذات'' **اللہ** '' کو طلائی رنگ میں تصور کر کے دل کی نظر اس پر رکھے۔ (یہ قسم متوسط ہوتی ہے)

چونکہ واسطے کے بغیر اثر کم ہوتا ہے۔ ذات کے معانی دل میں موجود رکھے۔ کیونکہ ذات سے مراد اسمِ ذات ہے۔ یعنی جمع کنندہ جمیع عوالم اور صفات عبارت اسمائے آئمہ سے ہے۔ یعنی '' **سمیع** ۔ **بصیر** ۔ **علیم** '' یا با الفاظِ دیگر! احوال و اقوال و افعال بلحاظ، معانی **شنوندہ** (سنتا)۔ **بنندہ** (دیکھتا)۔ **داننده** (جانتا)۔ یعنی تمہارے احوال و اقوال اور افعال کو اللہ تعالیٰ خوب سنتا، دیکھتا اور جانتا ہے۔ (یعنی یہی درحقیقت مرتبہ احسان اور اخلاصِ نیت ہے)

پہلے لوگ مکرم تھے حامل و قاریء قرآن ہو کر — آج ہم ہیں ذلیل و خوار تارکِ قرآن ہو کر

شغلِ برزخِ اکبر: اس شغل کی تین اقسام ہیں۔ اِن تینوں کو حبسِ دم کر کے کیا جاتا ہے۔ 1۔ نظر کو دونوں ابروؤں کے درمیان رکھ کر۔ 2۔ نظر کو ہوا میں معلق رکھ کر 3۔ بائیں آنکھ کو بند کر کے دائیں آنکھ کی نظر کو براہ راست بینی پر قائم کرنا۔

اس شغل میں جس بھی قسم کا شغل اختیار کرنا چاہے تو چاہیئے کہ صاحبِ مشق نورِ بے کیف اور وجودِ مطلق کا تصور کرے۔ تاکہ تقیدات سے منزہ ہو کر ظہور پکڑے۔ یاد رہے کہ حضرت **شاہ بوعلی قلندر پانی پتی**ؒ اور حضرت **سید علاؤ الدین علی احمد صابر کلیری**ؒ یہی شغل کیا کرتے تھے۔ اور اِن دونوں اولیاء اللہ کا خاتمہ بالخیر بھی اسی شغل کے ساتھ ہوا۔ یعنی کہ آخری دم تک اِن دونوں حضرات نے اسی شغل کو مضبوطی سے تھامے رکھا۔ ہر سہ قسم اشغال میں پلک نہ جھپکائے۔ جو کچھ بھی دیکھے یقین جانے کہ میرا یہ مقصود ہے۔ یہ **شغل** ہوائی بھی کہلاتا ہے۔

شغلِ برزخِ کبیر : انسان کامل کے ظاہر و باطن کو اپنا ظاہر و باطن قرار دے۔ یعنی اس کے ظاہری وجود کو اپنا باطنی وجود تصور کرے۔ قلیل عرصہ میں اس کے اسرار خود نمایاں ہوتے ہوئے ملاحظہ کرے گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) لیکن ہمہ تن مصروف ہو۔ اور شب و روز اسی مشغلے کو جاری و ساری رکھے۔

برزخ و ذات و صفات و شد و مد و تحت و فوق — مے نماید طالبان را کل نفسِ ذوق و شوق

(یعنی برزخ سے مراد تصورِ شیخ۔ ذات و صفات سے مراد ذات و صفاتِ باری تعالیٰ میں فنائیت ہے۔ شد و مد سے مراد یہ ہے۔ کہ! خوب کوشش و ہمت سے کام لیا جائے۔ تحت و فوق سے مراد نزول و عروج ذکر ہے)

شغلِ بھونکم : جاننا چاہیئے۔ کہ! منتہیوں کے لئے یہ شغل (شغلِ بھونکم) ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے۔ کہ! پہلے اس طرح بیٹھ جائے۔ کہ بائیں پاؤں کو پھیلا کر اس کے اوپر بیٹھ جائے۔ اور دائیں ٹانگ کے گھٹنے کو اندر سے نکال کر بائیں ٹانگ پر رکھے۔ اس طریقہ پر کہ! دائیں پاؤں کا تلہ (سرین) بائیں ران پر جا لگے۔ اس کے بعد سانس کو ام الدماغ (یعنی سر کی چوٹی) میں بند کر کے وہاں غیر منقطع یعنی ایک مسلسل لمبی آواز مثلِ تاج (ایک آلہء صوت کہ جس کی آواز لمبی اور دیر تک آتی ہے) کا تصور کرے۔ صوفیائے کرام اس آواز کو'' **کُن** '' کی آواز کہتے ہیں۔ اور جوگی لوگ اسے ''سُن'' کے نام سے

موسوم کرتے ہیں۔اس کے ساتھ قلبِ صنوبری پر چراغ کی روشنی کا تصور وتخیل کرے۔اور قلب کے نیچے کی طرف اوپری جانب سے تخیل وتصور میں اسمِ ذات''اللہ'' کے ساتھ دل میں باری باری یہ چار معانی سمجھتا جائے۔ **اللہ حاضری. اللہ ناظری. اللہ شاھدی. اللہ معی** ۔ بطریقِ عروج ونزول۔اگر اس شغل کو پوری توجہ وانہماک سے کیا جائے۔تو اس کا اثر یہ ہوگا۔کہ! سالک کو **سلطان الذکر، طی الارض، زمین پر طیر وسیر (اور اسی طرح کے دیگر کئی کمالات و کرامات) کی قوت حاصل ہو جائے گی**۔اس ضمن میں محققین کا کہنا ہے۔کہ! سالک کو چاہیئے۔کہ! شغلِ ھوتم کو ایک سانس میں کم اَز کم پانچ صد مرتبہ تک یا اس سے زیادہ تک پہنچادے۔تو سلطان الذکر حاصل ہو جاتا ہے۔اور عرفانِ الٰہی حاصل ہوتا ہے۔(واللہ اعلم)

شُغلِ معیت : اول زبانِ قلب سے''**اللہ حاضری**'' کہے۔اور شش جہات پر نظر کرے۔شش جہات پر نظر کرنے کے دوران'' **وللہ المشرق والمغرب فاینما تولوا فثم وجہ اللہ** ''(ترجمہ)اور مشرق ومغرب سب اللہ تعالیٰ ہی کے ہیں۔سو جس طرف تم منہ کرو۔تو وہیں اللہ تعالیٰ کا رُخ ہے۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 115) کا دل میں یہ تصور وتخیل کرے۔کہ! وہ مجھ میں حاضر ہے بایں حضور۔پھر دل سے ''**اللہ ناظری**'' کہے۔اور اپنی نظر اور جمیع موجودات کی نظر اپنے اوپر رکھے۔اور دل میں یہ تصور کرے۔کہ! وہ ہماری نظر کے ساتھ ناظر ہے۔پھر زبانِ قلب'' **اللہ معی** '' کہے۔اور آنکھیں بند کر کے فکر کو سر میں کہ''**فی السر انا**''ملاحظہ کرے۔اور پھر شش جہات پر ''**و ھو معکم اینما کنتم** ''(ترجمہ)اور جہاں کہیں تُم ہو۔وہ (اللہ تعالیٰ) تمھارے ساتھ ہے۔(سورہ حدید۔آیت نمبر 04)'' کہتے ہوئے متوجہ ہو۔اور دل میں یہ تصور کرے۔کہ! وہ ہمیشہ ہر جگہ ہمارے ساتھ ہے۔

شغلِ دائرہء حق : اگر کوئی شخص تصور میں شغلِ دائرہ حقی، جو کہ حضرت مخدوم شیخ احمد عبدالحق ردولویؒ کا خاص طریقہ تھا۔(اس کی تفصیل آگے آرہی ہے) میں مداومت اختیار کرے۔تو نورِ دل چاند کی طرح نمایاں ہوتا ہے۔جب اس سے بھی زیادہ کوشش کرے۔تو نورِ روح آفتاب کی مانند روشن ہوتا ہے۔اگر اس سے بھی زیادہ مداومت کرے۔تو لاتعداد آفتاب اس کے ہر بنِ موئے سے ظاہر ہوتے ہیں۔اور طالب کے عقل وہوش گم ہو جاتے ہیں۔حتیٰ کہ! جب مداومت مکمل ہو جاتی ہے۔تو سالک کا اپنا ہی وجود بلکہ ساری کائنات کا وجود گم ہو جاتا ہے۔اور نور الانوار جو نورِ ذات لاکیف ہے۔طلوع ہوتا ہے۔نسبتِ تشبیہی اس کو نیچے کے مقامات پر حاصل تھی۔جو کہ نسبتِ تنزیہی میں مبدل ہوگئی۔اور بے اختیار اُس کی زبانِ حال پر''**جآء الحق و زھق الباطل**''جاری ہوگیا۔ور پھر ایسا سالک اس طرح کے اشعار گنگناتا پھرتا ہے۔

بہر حال آدمی (سالک وطالبِ صادق) اس دائرہ کو حق سمجھتا ہے۔لیکن یہ دائرہ حق نہیں ہے۔بلکہ ظہورِ حق ہے۔کیونکہ اوپر نیچے ہر ہر جگہ مشہود ہوتا ہے۔

شغل دائرہ حقی کا طریقہ یہ ہے۔کہ! خلوت میں جہاں کوئی آواز نہ آئے۔بیٹھ کر اسمِ حق کو گول دائرہ کی شکل میں برنگِ زریا نقرہ یا نیلگوں اپنے قلب میں تصور کرے۔اور اس پر اس قدر مداومت اختیار کرے۔کہ واقعتاً حق ظاہر ہو جائے۔اور تمام خلق مخفی۔ یعنی کہ! عام طور پر شغلِ دائرہ حقی کا تصور وتخیل یوں کیا جاتا ہے۔کہ! ''لطیفہء سر (جو کہ لطیفہء قلب اور لطیفہء روح کے عین درمیان یعنی وسطِ سینہ میں ہے) کے گرد نقشِ حق یعنی گول دائرہ بشکل سفید نور قائم ہو جاتا ہے۔اور تصور یا تخیل میں اسم''حق۔حق''اس لطیفہء سرّ'' سے کہا جاتا ہے۔نہ کہ زبان سے۔اس کا اثر یہ ہوتا ہے۔کہ! سارے جسم میں ذکرِ''**حق۔ حق۔ حق**۔'' جاری وروشن ہو جاتا ہے۔اور تمام لطائف پر بھی''انواراتِ حق''برستے رہتے ہیں۔

بہر حال! اس ذکر سے سالک عالم تحیر میں چلا جاتا ہے۔جیسا کہ! آنحضرت نبی اکرم ﷺ کی ایک مشہور دعا ہے۔کہ! ''**اللھم زدنی تحیرا** ''(اے اللہ تعالیٰ! میری حیرت میں اضافہ فرما)۔یاد رہے۔کہ! یہ ذکر مرشد کی اِذن کے بغیر قطعاً نہ کیا جائے۔ورنہ بجائے فائدے کے نقصان ہوگا۔

شغلِ کشفِ قُرآن: چار عدد قرآن شریف لے کر ایک اپنے آگے (کسی رحل یا پاک صاف تکیہ پر) اور اسی طرح ایک اپنے دائیں طرف، اور اسی طرح ایک اپنے بائیں طرف اور ایک اپنی گود میں نہایت ادب واحترام سے رکھ کر ایک ضرب اپنے دائیں طرف والے قرآن پر دوسری ضرب گود میں رکھے. قرآن پر تیسری ضرب بائیں طرف رکھے. قرآن پر اور چوتھی ضرب اپنے آگے رکھے۔قرآن پر لگاتار لگاتار رہے۔اور یہ ذکر (ضربات) گیارہ سو گیارہ مرتبہ لگاتار رہے۔تو چند ہی ایام یا ہفتوں میں اس مبارک ذکر کی تاثیر و برکت سے کماحقہ تجلی قرآن اس ذاکر پر ہونا شروع ہو جائیں گیں۔جس کی لذت وسرور بیان سے باہر ہے۔اور قرآنِ پاک کے مفہوم کا بھی ادراک حاصل ہوگا۔انشاء اللہ العظیم۔

شغلِ کشفِ قُرآن برائے کشف القبور : اگر کوئی سالک (جس کے تمام لطائف جاری ہوں۔اور اذکار میں بھی کمال حاصل کر چکا ہو۔تو اسے چاہیئے۔کہ) قرآنِ حکیم یا کسی بزرگ کی قبر کو سامنے کر کے روبہ قبلہ بیٹھے۔پھر اسمِ ذات''اللہ'' کی ضربات اس طرح لگائے۔کہ! پہلے دائیں طرف، پھر بائیں طرف، پھر قرآن شریف یا قبر پر اور آخری یعنی چوتھی ضرب دل (لطیفہء قلب) پر لگائے۔اس ذکر سے معانی ومفہومِ قرآنیہ کا انکشاف ہوگا۔لیکن اگر کسی قبر پر یہی شغل کیا جائے۔تو ذاکر کو کشف القبور حاصل ہوگا۔انشاء اللہ تعالیٰ۔

شغلِ کشفِ قُرآن: ایک اقرآنِ پاک نہایت ادب واحترام سے اپنے سامنے رکھے۔پھر ایک ضرب قرآنِ پاک پر اور دوسری ضرب اپنے دِل پر لگائے۔اور یہ ذکر بھی گیارہ سو گیارہ مرتبہ لگاتار رہے۔تو چند ہی عشروں یا ماہ میں اس مبارک ذِکر کی تاثیر وبرکت سے حق تعالیٰ کی تجلی ہونے لگتی ہے۔(جو بھی نعمت الٰہیہ حاصل ہو۔مغرور ومتکبر نہ ہو)

(بقول البلوشی!)ان دونوں اذکار سے علومِ قرآنی ورموزِ رحمانی کا انکشاف ہوتا ہے۔لہذا سالکین وطالبین اس ذکر کی مسلسل مداومت لازمی کریں۔

اشغالِ مقام محمودا و سلطانًا نصیرًا :

ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! اَقِمِ الصَّلٰوۃَ لِدُلُوْکِ الشَّمْسِ اِلٰی غَسَقِ الَّیْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ط اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ کَانَ مَشْھُوْدًا o وَمِنَ الَّیْلِ فَتَھَجَّدْ بِہٖ نَافِلَۃً لَّکَ عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا o وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا o (سورہ اسراء۔آیت نمبر 80-78) **ترجمہ** : (اے پیغمبر ﷺ !) سورج ڈھلنے کے وقت سے لے کر رات کے اندھیرے تک نماز قائم کرو۔اور فجر کے وقت قرآنِ حکیم پڑھنے کا اہتمام کرو۔یاد رکھو۔کہ فجر کی تلاوت میں مجمع حاضر ہوتا ہے۔اور رات کے کچھ حصے میں تہجد پڑھا کرو۔جو آپ ﷺ کے لئے ایک اضافی عبادت ہے۔امید ہے۔کہ! آپ ﷺ کا پروردگار آپ ﷺ کو مقامِ محمود تک پہنچائے گا۔اور یہ دعا کریں۔کہ! یارب! مجھے جہاں داخل فرما۔اچھائی کے ساتھ داخل فرما۔اور جہاں سے نکال اچھائی کے ساتھ نکال۔اور مجھے خاص اپنے پاس سے ایسا اقتدار عطا فرما۔جس کے ساتھ (تیری) مدد ہو۔ ماہرینِ سلوک و معرفت اور علمائے ظواہر و باطن چار مقامات پر اختلاف کرتے ہیں۔

نمبر1۔ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا۔ نمبر2۔مُدْخَلَ صِدْقٍ۔ نمبر3۔ مُخْرَجَ صِدْقٍ۔ 4۔ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا۔

سنا ہے پڑھتا تھا ابلیس بھی نماز بہت تیرا غرورِ عبادت تجھے نہ لے ڈوبے

نمبر1۔ **مَقَامًا مَّحْمُوْدًا۔** علمائے ظواہر فرماتے ہیں۔کہ! یہ وہ مقامِ عزو شرف ہے۔کہ! جہاں رسول اللہ ﷺ بروزِ قیامت باستدائے طلب شفاعت قائم ہوں گے۔اور سجدہ میں جاکر (اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی اُمت کے لئے) شفاعت طلب فرمائیں گے۔اسی کا نام شفاعتِ کبریٰ ہے۔اسی طرح سے مقامِ محمود کی تشریح میں ایک روایت حضرت سیدنا عمرِ فاروق؄ کی ہے۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے مقامِ محمود کی یہ تشریح بیان فرمائی ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ مجھ کو قریب کرے گا۔اور اپنے ساتھ عرش پر بٹھائے گا۔جبکہ صوفیائے کرام؇ فرماتے ہیں۔کہ! **مقام محمود** درحقیقت وہ مقامِ قرب اور خلعتِ خاص ہے۔جو کہ رسول اللہ ﷺ کو شبِ معراج میں عطا کی گئی۔

نمبر2۔ **مُدْخَلَ صِدْقٍ۔** مدینہ منورہ سے مراد ہے۔کہ ہجرت کے بعد جہاں آپ ﷺ کا قیام ہوا۔ صوفیائے کرام؇ فرماتے ہیں۔کہ! مُدْخَلَ صِدْقٍ درحقیقت توحید ذاتی میں پورا قیام کرنا ہے۔

نمبر3۔ **مُخْرَجَ صِدْقٍ۔** مکہ معظّمہ مراد ہے۔کہ جہاں سے آپ ﷺ نے ہجرت فرمائی۔ صوفیائے کرام؇ فرماتے ہیں۔کہ! **مُخْرَجَ صِدْقٍ** درحقیقت مراد یہ ہے۔کہ! تنزلات و تعینات جسمانی وحسی اور ماسویٰ اللہ سے پورا نکلنا۔

نمبر4۔ **سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا۔** اس غلبہ و نصرت سے مراد ہے۔کہ! جو ہجرت کے بعد رسول اللہ ﷺ کو کفار پر حاصل ہوئی۔جس کی تصدیق اس آیتِ کریمہ سے بھی ہوتی ہے۔**قل جآء الحق و زھق الباطل . ان الباطل کان زھوقا** ۔اَب کہہ دیں (اے محمد ﷺ یہ بات۔کہ!) حق آ گیا۔اور باطل بھاگ گیا۔(کیونکہ! حق کے ہوتے ہوئے) بے شک! باطل تھا نکل بھاگنے والا۔

سلطانًا نصیرًا درحقیقت وہ غلبہ قوتِ ذاتی اور اسرارِ الٰہیہ ہیں۔جو کہ رسول اللہ ﷺ کو شبِ معراج میں عطا ہوئے۔اور یہ ایک شغل بھی ہے۔جو کہ اُمتِ مرحومہ کے لئے تحفتاً عنایت ہوا۔تاکہ وہ بھی آپ ﷺ کے معراج کے رموز و اسرار سے کچھ نہ کچھ حد تک واقف ہوسکیں۔اور متنفع و مستفید ہوسکیں۔

ادخالِ صدق سے مراد ہے توحید ذاتی میں پورا پورا قیام۔جبکہ **اخراجِ صدق** سے مراد ہے۔ **تنزلات و تعیناتِ** جسمانی وحسی اور **ماسویٰ اللہ سے پورا نکلنا**۔رسول اللہ ﷺ نے حکمِ الٰہی سے جب اہلِ مکہ کو وحدانیتِ ربی کی تعلیم شروع کی۔تو کفارِ مکہ کہنے لگے۔

''حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی باتیں سنیں! ہمارے اتنے خداؤں کو تو ملیامیٹ کرتا ہے۔اور فرماتے ہیں۔کہ! ماسوائے ایک ذاتِ الٰہ کے باقی سب معبودان (صریح) باطل ہیں۔بھلا ایسی بات کب ہوسکتی ہے۔اور اس طرح کی باتیں بھلا ہم کب سن سکتے ہیں۔کہ اتنے بہت سے خدا تو باطل ہوں۔اور صرف ایک ذاتِ حق (واقعتاً) حق ہو۔یہ ہرگز نہیں ہوسکتا۔اور ہم اُن ﷺ کی یہ بات کبھی بھی نہیں مانیں گے۔(**استغفر اللہ العظیم**)''

وہ جو پیڑ جڑ سے اُکھڑ گیا، اُسے موسموں کا ملال کیا یہ جمال کیا یہ جلال کیا یہ عروج کیا یہ زوال کیا

اور پھر کفارِ مکہ آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی ذاتِ حق کو ایذارسانی کے درپے ہوئے۔کفار کی اس طرح کی جاہلانہ باتیں سن کر رسولِ اکرم ﷺ بدرجہ غایت غمگین ہوئے۔تو حکمِ ربانی ہوا۔(جس کا مفہوم یہ ہے) اے میرے حبیب ﷺ ! (کفار کی ان باتوں کی) کچھ بھی فکر نہ کریں۔اور نہ ہی غم کھائیں۔یہ لوگ (تو) اندھے ہیں۔اور حقیقتِ توحید سے جاہل اور راہِ راست سے بہت ہی دور ہیں۔مَیں ان کو بروزِ قیامت اپنے دیدار سے بھی محروم رکھوں گا۔یہ کوئی رنج کی بات نہیں۔آپ ﷺ اپنی جدوجہد جاری رکھیں۔اس جدوجہد کے عوض ہم آپ ﷺ کو باعزاز وتکریم معراج میں بلائیں گے۔اور خلعتِ قرب عطا فرما کر آپ ﷺ کی بزرگی ظاہرًا اور باطنًا سب پر عیاں کردیں گے۔اور آپ ﷺ کی (عظیم اور چنی ہوئی) اُمت کے لئے **مقامًا محمودًا** اور **سلطانًا نصیرًا** کا تحفہ عنایت فرمائیں گے۔جس کی وجہ سے وہ (آپ ﷺ کی اُمت) آپ ﷺ کی معراج ہی کی کیفیت حاصل کرسکے گی۔جس کی (باطنی) تعلیم آپ ﷺ ہی کے دائرہ اختیار میں ہوگی۔لہٰذا آپ ﷺ ہماری جناب سے ہمیشہ **مقام محمود** ، **ادخالِ صدق**، **اخراجِ صدق** اور **سلطانًا نصیرا** کی دعا طلب کرتے رہیں۔(اسی طرح دعا کرتے کرتے) جب آنحضرت ﷺ کی دعا قبول و مقبول ہوئی۔اور بشرفِ تمام آپ ﷺ معراج میں بلائے گئے۔تو اللہ تعالیٰ نے جو

وعدے آنحضرت نبی اکرم ﷺ سے فرمائے تھے۔ وہ سب پورے کردیئے۔ چنانچہ اس بات کا شاہد خود قرآنِ حکیم ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ کہ! **سبحٰن الذی اسریٰ بعبدہٖ لیلا من المسجد الحرام الی امسجد الا قصٰی الذی با رکنا حولہ لنریہ من ایتن** ۔ (پندرہویں پارے کی شروع کی پہلی آیت) **ترجمہ**: پاک ہے وہ ذات جو لے گیا اپنے (محبوب) بندے ﷺ کو راتوں رات مسجدِ حرام سے مسجدِ اقصیٰ تک، کہ جس کو ہماری برکتوں نے گھیر رکھا ہے۔ تاکہ ہم دکھائیں انہیں (یعنی رسول ﷺ کو) اپنی قدرت کی نشانیاں۔

اہلِ ظاہر کے نزدیک تو مسجدِ حرام کعبہ شریف ہے۔ اور مسجدِ اقصیٰ بیت المقدس۔ جبکہ اہلِ باطن فرماتے ہیں۔ کہ! مسجدِ حرام سے مراد تنزلاتِ جسمانی وتنزلاتِ حسی ماسوٰی اللہ ہے۔ جبکہ مسجدِ اقصیٰ باطن میں درحقیقت ذاتِ وحدت سے عبارت ہے۔۔۔

شغل سُلطانًا نصیرًا (بمطابق حضرت امدا د اللہ مہاجر مکیؒ) : اس شغل کے اَن گِنت فضائل وخواص ہیں۔ خصوصًا خطرات کے انسداد و دفیعہ کے لئے یہ شغل بے نظیر و بے مثل ہے۔ اس کا سہل طریقہ یہ ہے کہ! بعد نمازِ فجر ومغرب یا عشاء شائق شغل ہذا جائے نماز پر باوضو وبقبلہ نہایت مؤدب (بصورتِ پدم آسن یعنی دایاں پاؤں بائیں ران پر اور بایاں پاؤں دائیں ران پر رکھ کر بیٹھنا) بیٹھ کر سکون واطمینان سے (اپنے حواس کو یکسو کرکے) دونوں آنکھیں یا ایک آنکھ بند کرکے دوسری آنکھ سے ناک کے نتھنے پر ٹکٹکی باندھ کر مکمل غور وتوجہ سے دیکھتا رہے۔ اور بغیر پلک جھپکائے جس طرح چراغ یا ستارہ کی روشنی کو دیکھتا ہے۔ اسی قسم کا غیر معین نور کا اس قدر کامل تصور کرے۔ کہ اس میں محو ومستغرق ہوجائے۔ اس دوران اسمِ اعظم ''**یا حی یا قیوم**'' کا بزبان قلب ورد جاری رکھیں۔ اس شغل میں مسلسل مشق کی وجہ سے آنکھوں میں درد ہوگا آنسو بھی بہیں گے۔ لیکن چند ایام کی مشق کے بعد یہ تمام شکایات دور ہوجائیں گی۔ کچھ ایام کے بعد اس شخص کو اپنے ناک کے نتھنے پر ایسی ہی صورت نظر آنا شروع ہوجائے گی جس طرح سے آئینہ میں نظر آتی ہے۔ (یعنی جیسے کہ چند صفحات قبل شغل آئینہ کی مشق میں بیان کیا گیا ہے۔ اُس سے ملتے جلتے آثار پیدا ہوں گے)

کیا گیا ہے غلامی میں مبتلا تجھ کو ۔۔۔ کہ تجھ سے ہو نہ سکی فقر کی نگہبانی

شغل سُلطانًا نصیرًا : (بمطابق تعلیماتِ حضرت غوث علی شاہ قادری قلندریؒ)

کپڑے کی اینڈوی (سینو۔ یعنی کسی رسی یا کپڑے کو لپیٹ کر رکھنا۔ جیسے کہ دیہاتوں میں عورتیں جب گھڑا لے کر پانی بھرنے جاتی ہیں۔ تو پانی بھر کر سر پر اینڈوی بنا کر اس پر گھڑا رکھ کر گھر کو لوٹتی ہیں) پر مربع نشست اس طرح بیٹھے۔ کہ دایاں پاؤں بائیں ران پر اور بایاں پاؤں دائیں ران پر ہو۔ اَب اپنے حواس کو یکسو کرکے چند ایام تک چراغ یا آئینہ یا سفید گلاس بلور کو نظر زاویے کے بالکل مقابل (تقریبًا دو سے ڈھائی فُٹ کے فاصلے پر) مگر قدرے اونچا (دو سے تین انچ) رکھے۔ اور اس پر اپنی نظر کو جمائے رکھے۔ اور پلک نہ جھپکائے۔ اور اس دوران دل ہی دل میں زبانِ قلب سے ''**یا حی یا قیوم**'' کا ورد رکھیں۔ جب نظر جم جائے۔ بلکہ کچھ صعود بھی کرنے لگے۔ تو پھر ذرا اونچا کرے۔ اور دونوں آنکھوں کی نظروں کو بہ گوشہ قوسین ابرو (آنکھوں کے اوپر والے ہلالی بالوں کے دائروں کے کونے) کو بنی (ناک) کی جڑ کے ساتھ قائم کرے۔ اس دوران پلک حتی الامکان نہ جھپکائے۔ اور دل ہی دل میں زبانِ قلب سے ''**یا حی یا قیوم**'' کا ورد رکھیں۔ تاکہ چراغ کی روشنی کی طرح انوارِ حق نمودار ہوں۔ پھر نظر کو سہولت کے ساتھ آہستہ آہستہ قلبِ صنوبری کی طرف (جو مقام لطیفہ قلب ہے) گردش کرے۔ تاکہ اندھیری رات میں آفتابی تجلی نمودار ہو۔ اور رنگ برنگ کے عجائبات وغرائبات ظہور میں آئیں۔

چیست توحید آنکہ اَز غیرِ خدا ۔۔۔ فرد آئی در خلا و در ملا

پھر کوشش تمام سے نظر کو منظور مستک (یعنی اپنی پیشانی کے ٹسور میں) لائے۔ (کہ مقامِ لطیفہ خفی اور خانہ مہتاب ہے) جب دونوں آنکھوں کی تپلی گوشہ قوسینِ ابرو سے نکل کر مثلث بناتے ہوئے لطیفۂ خفی میں پہنچ جائیں گے۔ تو اس کا نام ''**قاب قوسین او ادنٰی**'' ہے۔ لہٰذا اے طالبِ حق! اگر تُو اسی طرح سعی کرتا رہا۔ تو کچھ تعجب نہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے خصوصی فضل وکرم اور اپنے پیارے ولاڈلے حبیب سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کے تصدق وتوسل سے وہ تحفہ عظیمہ یعنی کرامتِ قربِ الٰہی جو کہ شبِ معراج کو آنحضور نبی مکرم ﷺ کو انعام ہوئی تھی۔ تجھ کو بھی تیرے حسبِ لیاقت نصیب ہوسکے۔

یاد رہے۔ کہ! جو شخص محض ایک سال تک فجر کے وقت صِرف چار گھڑی (ایک گھڑی کا مطلب ہے۔ کہ ایک گھنٹے کا **2/5** حصہ، یعنی **24** منٹ کی ایک گھڑی بنتی ہے) روزانہ یہ عمل سرانجام دیتا رہے گا۔ تو ایسا شخص روزِ روشن میں بھی آسمان پر ستارے دیکھنے کے قابل ہوجائے گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) اور لطیفہ خفی میں (کہ خانہ مہتاب ہے) مہتاب نظر آنے لگے گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) جب مہتاب نظر آنے لگے۔ تو پھر اس کے بعد وہ شخص شغلِ آفتابی کیا کرے۔ کیونکہ جو اس مقام پر شغلِ آفتابی نہیں کرلیتا۔ تو وہ آئندہ انوارات وتجلیات کی تاب بھی نہیں لاسکتا۔ اور پھر اس کو خالی ہاتھ لوٹنا پڑتا ہے۔ اور اس کی چشمِ ظاہری بھی پھوٹ جاتی ہے۔ (شغلِ آفتاب کی مکمل ترتیب وترکیب آگے آئے گی۔ شائقین حضرات دیکھ سکتے ہیں)

لیکن جب آفتاب گز بھر کے فاصلے پر آجائے۔ تو شغلِ آفتابی کو ترک کرکے نظر کو لطیفہ خفی سے ام الدماغ کی طرف (جسے لطیفہ اخفیٰ کہتے ہیں) بڑھائے۔ جب دونوں پتلیاں لطیفہ خفی سے صعود کرنے لگیں۔ تو راستے میں دو کنڈ (تالاب) اور دو کوہ (پہاڑ) حائل ہوں گے۔ تو سالک ان کے درمیان سے ہوتا ہوا نکلے۔ پھر آگے چل کر تین مزید دریا راستے میں رکاوٹ ہوں گے۔ یعنی ظاہر سوراخ بنی کے آخر میں ذرا اوپر کی جانب تین سوراخ ہیں۔ اور ہر ایک سوراخ سے ایک دریا جاری ہے۔ جن کی تفصیل یہ ہے۔ پہلا دریا: دائیں طرف کے سوراخ سے سفید وشفاف شیریں

دریا کا پانی جاری ہے۔ **دوسرا دریا :** بائیں طرف کے سوراخ سے آتش خیز وشعلہ زن سرخی مائل دریا کا پانی جاری ہے۔ **تیسرا دریا :** متذکرۂ السد ور دونوں دریاؤں کے بیچ میں دریائے آبِ حیات کا پانی جاری ہے۔ اَب دائیں طرف کے دریا میں غسل کرے۔اور دریائے آبِ حیات کا پانی پیتا ہوا اس دریا کا دایاں کنارہ پکڑ کر روانہ ہو جائے۔ یاد رہے۔کہ بائیں دریا سے بہت دور بھاگے۔ ورنہ جل مرنے اور جھلس جانے کا خوف و خطرہ ہے۔اسی لئے دریائے آبِ حیات کا بھی دایاں کنارہ لے کر چلتے ہیں۔ بائیں جانب قطعاً نہیں چلتے۔کہ کہیں کوئی لپٹ نہ لگ جائے۔

نمازِ زاہداں سجدہ سجود اَست نمازِ عاشقاں ترکِ وجود اَست

پھر کئی منزل کے بعد ایک مقام ملے گا۔ جہاں دس چتر یار یعنی حواس خمسہ ظاہری و باطنی سحر کار نہایت خوش الحانی سے انہد کے سرود بجا رہے ہیں۔ یہ مقام حواس خمسہ ظاہری و باطنی کا مخزن ہے۔لیکن اس کے راگ ورنگ پر مائل نہ ہوں۔کہ ابھی منزل کی دوری کی وجہ سے ہمیں مزید دور جانا ہے۔کیونکہ! **ما زاغ البصر وما طغٰی** ۔(آنکھ نے نہ ہی کجی کی اور نہ ہی حد سے آگے بڑھی) پر عمل پیرا ہو کر مکشوفات سے روگردنی کرے۔کیا تعجب ہے۔کہ اللہ تعالیٰ اپنے خصوصی فضل وکرم سے **لقد رایٰ من اٰیٰت ربه الکبریٰ** ۔کی برکات میں سے کچھ عنایت فرمائے۔(انشاءاللہ) اسی مقام میں تقریباً عرصہ چھ ماہ کے بعد الہام شروع ہو جاتا ہے۔ پھر ام الدماغ یعنی لطیفہءاخفیٰ کی طرف رجوع کرے۔ جسے بحرِ ظلمات کہتے ہیں۔اور مذکورہ تینوں دریا اسی بحرِ ظلمات میں آ کر گرتے ہیں۔یہاں **ظلمات بعضها فوق بعض** ۔(اوپر نیچے اندھیرے ہی اندھیرے) کا مضمون اور تاریکی محض ہے۔سالک یہاں گھبرائے نہیں۔کیونکہ!

آبِ چشمہ حیات درونِ تاریکی اَست ۔ آبِ حیات کا چشمہ (درحقیقت) تاریکی میں ہے۔

با ہمت ہو کر اپنے قدم آگے بڑھاتے ہوئے للہ تعالیٰ سے یوں عرض گزار ہو۔ **اللھم ایاك نعبد وایاك نستعین** ۔(اے اللہ تعالیٰ۔ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں۔اور(صرف) **تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں**) یہی دعا کرتے ہوئے نور (سفید روشنی) کا تصور وتخیل دل میں لائے۔اچانک ہزارہا آفتابوں کا نور نمودار ہو جائے گا۔(انشاءاللہ تعالیٰ) جو بھی شخص پہلے شغلِ آفتابی کر چکا ہوگا۔تو ایسے شخص کی آنکھیں بآسانی اِن روشنیوں (آفتابوں کے انوار) کی تاب لا سکیں گیں۔ ورنہ بے مراد واپس جانا ہوگا۔اور شاید آنکھیں بھی پھوٹ جائیں۔بہر حال یہاں پر سلوک کے تین درجات طے ہوں گے۔**ناسوت،ملکوت اور جبروت**۔اسی مقام کا نام ہی **مقامِ محمود** ہے۔اسی مقام پر طرح طرح کے کشف وکرامات اور خوارقِ عادات کا بعین ظہور ہوتا ہے۔حتیٰ کہ قیامت تک کا حال بھی عیاں ہو جاتا ہے۔ (لیکن چاہیئے۔کہ!) یہاں سے جلدی جلدی اپنے قدم آگے بڑھاتا چلا جائے۔رُکے نہیں۔اور پتلی کو نزول میں گدی کی طرف اتارے۔اس کے بعد اَب منزلِ لاہوت شروع ہوئی۔سالک جب اپنے کشف وکرامات اور خوارقِ عادات سے روگردانی کر کے ذاتِ الٰہی کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔تو وہ ذات ربانی اس سالک کو اپنے غلبہءعشق میں سرگرم کر دیتی ہے۔اور انعامی طور پر **فاوحٰی الٰی عبده ما اوحٰی** ۔(پس اس نے اللہ تعالیٰ کے بندے کو وحی پہنچائی) کی کیفیت کا مزہ چکھا کر اپنی عظیم ترین ذات میں فنا کر دیتی ہے۔یعنی تنزلات جسمانی وتعینات حسی سے فنائے مطلق حاصل کر کے باقی بخدا ہو جاتا ہے۔پھر پرتوئے رسالت مآب ﷺ سے خلعتِ عبدیت اور خلافتِ دائمی حاصل کر کے عالمِ تنزلات میں **العلماء ورثة الا نبیاء** ۔(علمائے کرام (درحقیقت) انبیائے عظام کے وارث ہیں) کا مقامِ عظیم المرتبت حاصل کر لیتا ہے۔اور اسی کا نام ہی **سلطا نا النصیرًا** ہے۔اور یہی سالک کا نصرت نامہ ہوگا۔

وجودِ محض مطلق را بہر جا ہر زماں دیدم بہر کوئے بہر کوئے بہر مظہر عیاں دیدم

(مَیں نے وجودِ مطلق کا ہر جگہ اور ہر لمحہ میں مشاہدہ کیا ہے۔اور ہر کوچہ و بازار اور ہر چیز میں اسے ظاہر دیکھا)

(ان دونوں مقامات (**مقامِ محمود ۔ سلطا نا النصیرًا**) کو طے کرنے کی روداد کسی کو قطعاً گوش گزار نہیں ہونی چاہیئے)

لیکن دھیان رہے۔کہ! جب بھی پتلی کو چڑھاتے ہیں۔تو وہ فوراً نیچے کی طرف گر جاتی ہے۔ ہر چند کوشش کی جاتی ہے۔لیکن کچھ پیش نہیں جاتی۔اس عمل میں بہت حیرانی و پریشانی دامن گیر ہوتی ہے۔ ایسی حالت میں سالک کو چاہیئے۔کہ وہ چت لیٹ جایا کرے۔اور دونوں ہاتھوں کو سر کی طرف دراز کر دے۔اس عمل سے پتلی فوراً چڑھ کر نیچے کو نہیں گرتی۔اور پتلی چڑھ کر قائم ہوئی رہتی ہے۔

بہر حال **مقامًا محمودا** اور **سلطانًا نصیرا** ایسے عظیم المرتبت مشاغل ہیں۔جو کہ شبِ معراج میں اُمتِ مرحومہ کے لئے رسول اللہ ﷺ کو مرحمت ہوا۔جو شخص اِن اشغال کو کیا کرتا ہے۔وہ خوش نصیب حالِ قیامت اور کیفیتِ معرج سے بخوبی واقف ہو کر فنا فی اللہ ہو جاتا ہے۔اگر کسی کو ذرا سا بھی شک ہو تو وہ یہ شغل کر کے دیکھ لے۔(مگر پیرِ کامل کے بغیر یہ شغل سرانجام دینا ناممکن العمل ہے۔کیونکہ) ہر عمل میں استادِ کامل اور رہبرِ صادق کی ضرورت ہوتی ہے۔کیونکہ اس شغل کے نشیب وفراز کو دریافت کر کے عمل میں لایا جائے۔ورنہ بجائے فائدہ کے جسمانی نقصان ہونے کا خدشہ ہے۔

شغل سُلطانًا محمودًا : جس طرح شغل **سلطانًا نصیرًا** کے شغل میں ناک کے نتھنوں پر نظر رکھ کر مشق کرتے ہیں۔اسی طرح اس شغل میں دونوں بھوؤں کے بیچ میں نظر رکھتے ہیں۔اس دوران اسمِ اعظم ''**یا حی یا قیوم**'' کا بزبان قلب ورد جاری رکھیں۔ اس شغل کی مسلسل مشق سے یہ نتیجہ وفائدہ حاصل ہوتا ہے کہ! شاغل کو اپنا ہی سر نظر آنے لگتا ہے۔ یاد رہے کہ جب شاغل کو اپنا سر نظر آنے لگے گا تو وہ عالم بالا کے حالات سے واقفیت وشناسائی حاصل کرتا جائے گا۔

شغلِ سلطان الاذکار کی حقیقت ، کیفیت ، علامات اور نشانیاں :

☆ سلطان الذکر ایک غیبی واردات اور ایک خاص حالت کا نام ہے ۔ رسالہ مکیہ میں حضرت شیخ نجم الدین کبریٰؒ سے منقول ہے ۔ کہ ! ذاکر پر اس ذکر کی وجہ سے ایک عظیم غلبہ ہوتا ہے ۔ لیکن وہ غلبہ ذاکر کی قوتِ برداشت کے باعث ظاہر نہیں ہوتا ۔ جس سے کہ ذاکر اضمحلالی کیفیت کا شکار رہتا ہے ۔ جب ذاکر کو کچھ افاقہ ہوتا ہے ۔ تو سالک محویت کے عالم میں اپنی ہستی سے بے خبر ہو جاتا ہے ۔ جس طرح کہ بحالتِ نوم ۔ چونکہ ! سلطان الذکر ایک نور ہے ۔ جس کہ سالک پر اوپر یا نیچے ، آگے یا پیچھے کی جانب سے وارد ہوتا ہے ۔ جس سے کہ اس کو جنبش ہوتی ہے ۔ اور زبردست قوت ظاہر ہوتی ہے ۔ جو سالک کے ذکر پر مداومت کے لحاظ سے کم وبیش ہوا کرتی ہے ۔ غرضیکہ سلطان الذکر میں غلبۂ عظیم اور ہیبت سخت ہوتی ہے ۔ کہ جس سے انسان کے جسدِ خاکی کی کثافت دور ہو جاتی ہے ۔ اسی لئے ایسے شخص پر انوارات پر زبردست حملہ ہوتا ہے ۔ اور بمصداقِ ’’ **اذا زلزلت الارض زلزالھا** ۔ ۔ ‘‘ (جب زمین اپنے سخت بھونچال سے بڑی شدت کے ساتھ تھرتھرائی جائے گی) کی سے کیفیت پیدا ہو جاتی ہے ۔ (اس آیت (**اذا زلزلت**) کی تفصیل آگے بیان کی گئی ہے)

روشن تو وہ ہوتی ہے جہاں بیں نہیں ہوتی   جس آنکھ کے پردوں میں نہیں نگہ پاک

جاننا چاہیئے ۔ کہ ! سلطان الاذکار کے وارد ہونے کا وقت نینداور بیداری کے درمیان ہے ۔ کہ جس وقت سالک کے ظاہری حواس کمزور ہو جاتے ہیں ۔ لیکن جب یہ شغل غالب آ جاتا ہے ۔ تو نینداور بیداری یکساں ہو جاتی ہے ۔ اور یہ کیفیت عین بیداری میں آناً فاناً وارد ہو جاتا ہے ۔ ابتدائے حال میں تو سلطان الذکر سے ہیبت اور خوف کمال درجہ کا ہوتا ہے ۔ لیکن کثرتِ ورود کی وجہ سے اس کی دہشت کم بتدریج کم ہوتی جاتی ہے ۔ اور طالبِ حق بے چینی سے اس کا منتظر رہنے لگتا ہے ۔ اس حالت میں اسے دنیا و مافیھا کا شعور ختم ہو جاتا ہے ۔ لیکن اپنی خودی کا شعور باقی رہتا ہے ۔ اور وہ جانتا ہے ۔ کہ ! مجھ پر یہ حالت طاری ہے ۔ بعض اوقات یہ شعور بھی نہیں رہتا ۔ اور محو درمحو اور غرق درغرق ہوتا چلا جاتا ہے ۔ یہی مقامِ فناء الفنا ہے ۔ جیسا کہ حدیثِ نبوی ﷺ میں بیان ہوا ہے ۔ کہ ! صحیح بخاری میں آیا ہے ۔ کہ ! حضرت ام المؤمنین عائشہ صدیقہؓ نے نقل ہے ۔ کہ ! آپؓ نے فرمایا ۔ کہ ! ایک شخص حضرت حارث بن ہشام نامیؓ نے آنحضور نبی مکرم ﷺ سے سوال کیا تھا ۔ کہ یا رسول اللہ ﷺ ! آپ ﷺ پر وحی کیسے نازل ہوتی ہے ؟ (تو) آپ ﷺ نے فرمایا ۔ وحی نازل ہوتے وقت کبھی مجھ کو گھنٹی کی سی آواز محسوس ہوتی ہے ۔ اور وحی کی یہ کیفیت مجھ پر بہت شاق گذرتی ہے ۔ جب یہ کیفیت ختم ہوتی ہے ۔ تو میرے دل و دماغ پر اس (فرشتے) کے ذریعے نازل شدہ وحی محفوظ ہو جاتی ہے ۔ اور کسی وقت ایسا ہوتا ہے ۔ کہ ! فرشتہ بشکلِ انسان میرے پاس آتا ہے ۔ اور مجھ سے کلام کرتا ہے ۔ پس مَیں اس کا کہا ہوا یاد رکھ لیتا ہوں ۔ حضرت عائشہ صدیقہؓ کا (مزید) بیان ہے ۔ کہ ! میں نے سخت کڑاکے کی سردی میں نبی کریم ﷺ کو دیکھا ہے ۔ کہ ! آپ ﷺ پر وحی نازل ہوئی ۔ اور جب اس (وحی) کا سلسلہ ختم ہوا ۔ تو آپ ﷺ کی پیشانی پسینے سے شرابور تھی ۔

اس کی وجہ یہ ہے ۔ کہ ! اس حالت میں باطنی حرارت جوش میں آتی ہے ۔ جس کے مقابلے میں ظاہری سردی ماند پڑ جاتی ہے ۔ اور جسم میں گرمی محسوس ہونے لگتی ہے ۔ جس کے باعث بدن سے پسینہ جاری ہو جاتا ہے ۔ اسی لئے آنحضور نبی اکرم ﷺ نے یہ جوفرمایا ۔ کہ ’’ **اشدہ علی** ‘‘ (مجھ پر دشوار گذرتی ہے) برحق ہے ۔ لیکن اہلُ اللہ کے سوا اس بات کو کوئی نہیں سمجھ سکتا ۔ اور اس حالت میں جو کلام نازل ہوتا ہے ۔ اسی کا نام وحی ہے ۔ لیکن اولیاء اللہ کے ساتھ جب یہی معاملہ پیش آتا ہے ۔ تو وہ وحی کے بجائے الہام کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے ۔

اسم اللہ ذوق بخشید با وصال   بے زباں گوید سخن بس قیل و قال

جاننا چاہیئے ۔ کہ سلطان ذکر کی علامت یہ ہے ۔ کہ ! طالبِ صادق پر ذوق وشوق طاری ہوتا ہے ۔ اور وہ اس قدر جدو جہد کرتا ہے ۔ کہ ! کہ جس سے اس کو باذنِ الٰہی عجیب وغریب مشاہدہ و معائنہ حاصل ہو جاتا ہے ۔ اس کے لئے دو مثالیں پیشِ خدمت ہیں ۔

☆ **مثال نمبر 1** ۔ کہ جیسے ہیبت ناک آندھی ہو ۔ جس سے کہ درخت کے پتے جھڑ جائیں ۔ بلکہ بعض درخت بھی جڑوں تک ہل جائیں ۔ اور تہ و بالا ہو جائیں ۔ ذاکر کے جسم میں سلطانِ ذکر بھی بعینہٖ یہی کیفیت پیدا کر دیتا ہے ۔ اور چونکہ بجلی کی کڑک اور بادلوں کی سی گرج جب کونوں تک پہنچتی ہے ۔ تو اس قدر خوف و ہیبت دل پر چھا جاتی ہے ۔ کہ ! یوں لگتا ہے ۔ گویا کہ سر پر آسمان گرنے والا ہے ۔ جس سے کہ اس کے سارے بدن پر ایک لرزہ سا طاری ہو جاتا ہے ۔ لیکن یہ آواز خارج اَز وجود ہوتی ہے ۔ اس لئے جسم کو ماسوائے خوف و ہیبت کے اور کوئی نقصان نہیں پہنچتا ۔ لیکن سلطانِ ذکر چونکہ جسم کے اندر ہوتا ہے ۔ لہذا یہ آدمی کے جسم کو ہلا کر رکھ دیتا ہے ۔ کہ جس سے اس کے جسم کی ساری کثافت دور ہو جاتی ہے ۔

☆ **مثال نمبر 2** ۔ یا پھر اس کی دوسری مثالیہ کیفیت یہ بیان کی جا سکتی ہے ۔ کہ ! جیسے ایک کمزور ونا تواں شخص دریا کے سیلابِ عظیم میں مبتلا ہو جاتا ہے ۔ اور طوفان کی تیزی وتندہی کی وجہ سے وہ باہر نہیں نکل سکتا ۔ پانی کے زور کی وجہ سے ایک نہایت خوفناک سی آواز پیدا ہوتی ہے ۔ جس سے کہ سالک کا سارا وجود ریزہ ریزہ ہو جاتا ہے ۔ اور جس سے اس کی ہلاکت تقریباً یقینی سی ہو جاتی ہے ۔ چنانچہ سلطانِ ذکر بھی ذاکر کے اندر کی یہی کیفیت پیدا کر دیتا ہے ۔ شروع میں تو سلطانِ ذکر کا محل سالک کا قلب ہوتا ہے ۔ اس کے بعد بتدریج ذکر کا غلبہ سالک کے گوشت و پوست واستخوان ومغز اور جملہ اجزائے جسم میں ظاہر ہو جاتا ہے ۔ بلکہ سنائی بھی دینے لگتا ہے ۔ جس طرح کہ شروع میں یہ آواز دل سے سنائی دیا کرتی ہے ۔

یادرہے۔کہ! اس ذکر کی ابتداء''**تشبیہ**''(تشبیہ سے مراد اشیائے ظاہری میں ظہورِذات کا ہونا) جبکہ انتہا''**تنزیہ**''(تنزیہہ سے مراد ذاتِ حق تعالیٰ کا صفاتِ نقص یا صفاتِ ممکنات سے پاک ومنزہ ہونا) ہے۔(ایک اور لفظ''**رداء**''بھی ہے۔کہ جس کا مطلب ہے۔ سالک میں صفاتِ حق کا ظہور یا صفاتِ حق میں سالک کا ظہور) اور سالک پر اس کے غلبے کی علامت یہ ہے۔کہ! ذکر کی آوازِ عجیبہ قلب بلکہ تمام اجزائے جسم سے سنائی دیتی ہے۔ جب مداومتِ ذکر سے یہ آواز مستقل ہوجاتی ہے۔تو سالک ہروقت اسی آواز کی طرف ہی پوری توجہ سے متوجہ رہتا ہے۔اور یہ مراقبہ تمام مراقبوں سے افضل واعلیٰ ہے۔اگر اللہ تعالیٰ نصیب کرے۔تو یہ مراقبہ اکثر آواز ہی آواز ہوتا ہے۔اور آواز بھی بے حرف اور بے صوت ہوا کرتی ہے۔لیکن یاد رہے۔کہ! یہ تو وہ کلام ہے۔کہ! جس سے کہ تمام علوم معلوم ہوتے ہیں۔اور تمام تجلیات عیاں ہوتی ہیں۔ جب اس آواز میں تجلیات کے مطابق ترقی ہوتی جاتی ہے۔تو بے حرف وصوت آواز میں مخارج وحروف پیدا ہوتے ہیں۔باوجودیکہ یہ آواز اپنی اصلی حالت پر ہی برقرار رہتی ہے۔

پس اس کلام کو اس آواز پر ہی قیاس کرنا چاہیئے۔جیسا کہ حق تعالیٰ نے قرآنِ کریم کے شروع میں''**الٓـمٓ**''فرمایا ہے۔یہ آواز حرف وصوت سے معرا جب مخارج کے قالب میں آئی۔تو''حرف''ہوگئی۔چنانچہ''الف''سے مراد خلق ہے۔''لام''سے مراد وسط ہے۔جبکہ''میم''کا اشارہ شفقت کی طرف ہے۔ یعنی لب وہونٹ سے خارج شدہ وہ آوازِ مستقیم نا متناہی جو مخارج کے قالب میں آکر''**ذٰلک الکتٰب لا ریب فیہ**''ہوگئی۔پس حروفِ ظاہر اور آوازِ باطن ہے۔حروف کا انکار آواز کا انکار ہے۔اور کتابِ مقدس (قرآنِ حکیم) کی ہدایت یکساں ہے۔یعنی''**یؤمنون بالغیب**''(غیب پر ایمان والے ہیں) اور انہوں نے غیب کو پالیا۔اور (خلوصِ قلب سے) اسی غیب پر ہی ایمانِ صادق لے آئے۔ اگر (تو بہ نعوذ باللہ!) کوئی شخص اس ظاہر کو دیکھ بھی لے۔لیکن وہ تجلیات سے بے بہرہ ہو۔تو اس کا مطلب ہے۔کہ! وہ کتاب اللہ سے بے بہرہ ہے۔لیکن جو (خوش نصیب) شخص اِن تجلیات سے آگاہ ہوتا ہے۔وہ وحی کی حقیقت وکیفیت کو بخوبی پہچانتا ہے۔اور وہی (خوش بخت) مومنِ صادق ہوتا ہے۔

یادرہے۔کہ! مراقبہءآواز ایک سالک کے لئے اس قدر اہم ولازمی ہے۔کہ! اگر وہ اس پر مداومت اختیار کرے۔تو وہ جسمِ خاکی سے نجات حاصل کرلیتا ہے۔کبھی کبھار تو اس کا سارا وجود ہی گوش (ایسا کان جو سننے کی اہلیت رکھتا ہو) بن جایا کرتا ہے۔یعنی وہ اپنے بال بال و پوست کے ذرے ذرے سے آواز سننے کے قابل ہوجاتا ہے۔بعض اوقات اس کا جسم ہمہ تن چشم بن جاتا ہے۔اور وہ اپنے بال بال و پوست کے ذرے ذرے سے دیکھتا ہے۔اکثر تو یہ بھی ہوتا ہے۔کہ! جب سالک ہاتھ اُٹھا کر دعا کرتا ہے۔تو اس کے ہاتھ جواب دیتے ہیں۔بسا اوقات وہ اپنی ہی روح کو کپڑے کی طرح جسم وبدن سے علیحدہ پڑا ہو محسوس کرتا ہے۔بلکہ دیکھتا ہے۔اس حالت کو''**خلع ءبدن**''کہتے ہیں۔(خلع بمعی علیحدہ ہونا) لیکن یہ مراتب ومقامات کے حصول کے لئے چند چیزوں کی اشد ضرورت ہے۔اول مرشد کاملِ اکمل۔دوئم ہمت وصبر۔سوئم استعدادِ ظاہری و باطنی اور چہارم درازیءعمر۔جب تک کہ ان چار چیزوں میں سالک ومطالبِ صادق سخت جد وجہد نہیں کرتا۔یہ مراتب ومقامات حاصل نہیں ہوتے۔

یادرہے۔صوفیائے کرامؒ میں''**دید**''اور''**شنید**''میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے۔بعض کہتے ہیں۔کہ پہلے شنید حاصل ہوتی ہے۔پھر دید۔جبکہ بعض کا یہ موٗقف ہے۔کہ! پہلے دید حاصل ہوتی ہے۔پھر شنید۔چنانچہ کہتے ہیں۔کہ! پہلے تو مرید پر کشف کھلتا ہے۔جسے''تجلی برق''کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔جس میں کہ یہ نور متواتر برق ہی کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔جس قدر خیال (یعنی مراقبہ) کے اندر پختگی ہوگی۔نور ظاہرتر اور قائم تر ہوتا جائے گا۔اور اس سے رفتہ رفتہ ذکر میں بھی قوت آتی جاتی ہے۔حتیٰ کہ سلطانِ ذکر کا ورود شروع ہوکر قرار پکڑ لیتا ہے۔

بعض کے نزدیک تو سلطانِ ذکر یہ ہے۔کہ! کہ سالک ہر چیز سے ذکر سنتا ہے۔اور بعض کے نزدیک وہی صورت رعد (رعد یعنی کڑک وگرج) وبرق ہوتی ہے۔جس کا ذکر ابھی گذرا ہے۔بعض پر ذکر سر منکشف ہوتا ہے۔لیکن محققین یہ کہتے ہیں۔کہ! پہلے شنید حاصل ہوتی ہے پھر دید۔نیز ان محققین کے مابین بھی قدرے اختلاف پایا جاتا ہے۔ان میں سے بعض کہتے ہیں۔کہ! پہلے رعد کی آواز سر میں یعنی خفی میں پیدا ہوتی ہے۔اس کے بعد رفتہ رفتہ چکی کے چلنے کی سی آواز معلوم ہوتی ہے۔پھر ریاضت شاقہ کی صفائی کے بعد یہی آواز بھڑ کی بھنبھناہٹ میں مبدل ہوکر سنائی دینے لگتی ہے۔جوں جوں یہ آواز زیادہ ہوتی جاتی ہے۔ذکر بھی نازک تر ہوتا چلا جاتا ہے۔ اسی ضمن میں محققین ایک ایک گروہ کہتا ہے۔کہ! طالبِ صادق پہلے چکی، پھر بھڑ کی سی بھنبھناہٹ، پھر توپخانہ کے گولے، پھر زور کی شہنائی اور طنبورہ وغیرہ کی سی آواز سنتا چلا جاتا ہے۔ریاضت کی صفائی کے بعد بجلی کی سی زوردار کڑک سنائی دیتی ہے۔اسی آواز کو ذکرِ سر، ذکرِ روح اور سلطانِ ذکر کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔نیز اس آواز کی ہیبت کے متعلق بھی اختلاف پایا جاتا ہے۔بعض تو کہتے ہیں۔کہ! یہ آواز''**اَنتَ**''(یعنی تُو) ہے۔جبکہ بعض کا کہنا ہے۔کہ! یہ آواز''**اَنا**''(یعنی مَیں) کی ہے۔لیکن اکثر محققین کا اس بات پر اتفاق ہے۔کہ! وہ اسے''**ھو**'' (یعنی وہ) کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔جبکہ کچھ اس کو''**اَلَستُ بِرَبِّکُم**''کی آواز خیال کرتے ہیں۔آگے چل کر صاحبِ اقتباس الانوار فرماتے ہیں۔کہ! بات یہ ہے۔کہ! ہر شخص اپنے تجربے اور استعداد کے مطابق مطلب ومعانی بیان کرتا ہے۔لیکن کاتبِ حروف (صاحب اقتباس الانوار) کا یہ خیال ہے۔ کہ! یہ آواز بذاتِ خود کسی حرف سے متعین ومقرر نہیں ہے۔یہ فقط کلام ہے۔اور یہ اختلافِ تغیرِ محض ہے۔(واللہ اعلم)

یادرہے۔کہ! یہ تمام بیانِ ادنیٰ (تو محض تعارف) سلطانِ ذکر کا ہے۔اس کی اعلیٰ واکمل صورت تحریر میں آہی نہیں سکتی۔

کچھ ذہن میں ہوتا ہے، آتا ہے زباں پر کچھ
کہہ جاتے ہیں جانے کیا ہم یونہی روانی میں

شغلِ سُلطانُ الاذکار:

مقامِ محویت کے حصول کے بعد سلطان الاذکار ظہور کرتا ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے۔ کہ! مربع نشست میں دم کو ناف سے کھینچ کر ام الدماغ میں حبس کر کے اس طرح ضربات لگائے۔ کہ! ☆ **بی یسمع** کے تصور میں **اللہ سمیع** کی ضرب دماغ پر لگائے۔ ☆ **بی یبصر** کے تصور میں **اللّٰہ بصیر** کی ضرب دل پر لگائے۔ ☆ **بی ینطق** کے تصور میں **اللہ علیم** کی ضرب ناف پر لگائے۔

(اس کا ایک طریقہ یہ بھی ہے۔ کہ) ☆ **بی یعلم** کے تصور میں **اللہ علیم** کی ضرب ناف پر لگائے۔

بہرحال پھر دماغ پر ''**اللّٰہ علیم**'' دل پر'' **اللّٰہ بصیر**'' اور ناف پر ''**اللّٰہ سمیع**'' کی ضربات لگائے۔ اور اسی طریقے سے عروج و نزول جاری رکھے۔ لیکن معانی اسمائے صفات کو بھی دل میں رکھے۔ تاکہ مفہوم ملاحظہ بخوبی حاصل ہو سکے۔ اپنے تخیل کو ملاحظہ میں رکھے۔ تاکہ خطرہ مسدود ہو سکے۔ اور نظر دل مدام واسطے پر رہے۔ تاکہ مقامِ ''فنا فی اللہ'' جلد میسر آسکے۔ اور ذاکر و مذکور باقی نہ رہے۔

☆ شغل **سلطان الاذکار** کے دو طریقے ہمارے پیر و مرشد جناب پیر سید محبوب علی شاہ صاحبؒ نے اپنی کتابِ مبارکہ **دعوتِ حق** میں۔

طریقہ نمبر **1**۔ مرید و سالک کو چاہیئے۔ کہ! ایک تنگ و تاریک حجرے (کہ جس میں کوئی بیرونی شور و غل نہ ہو) میں داخل ہو۔ تعوذ، استغفار اور درود و سلام پڑھ کر یہ دعا (صدقِ قلب، خلوصِ نیت کے ساتھ) تین مرتبہ پڑھے۔'' **اللّٰھم اعطنی نورا. واجعل لی نورا .و اعظم لی نورا .واجعلنی نورا** ۔'' (یہی مکمل دُعا پیچھے دی جا چکی ہے) اس کے بعد بیٹھ کر یا لیٹ کر کھڑے ہو کر جس صورت میں ہو۔ اپنے بدن کو (فرش پر) گرا دے۔ اور خود کو مردہ تصور کرے۔ یہاں تک کہ سر سے پاؤں تک ہمت کے ساتھ بال بال سے متوجہ ہو جائے۔ جب دَم اوپر کی جانب لے (یعنی سانس نکالے)۔ لفظ ''**اللہ**'' کا خیال کرے۔ اور جب نیچے کی طرف دم لے (یعنی سانس اندر لے) تو ''**ھُو**'' کا خیال کرے۔ اور ہمیشہ یہی سمجھے۔ کہ سانس آتے جاتے وقت جسم کے بال بال کی جڑ سے'' **اللہ ھو**'' آ اور جا رہا ہے۔ اور اس ذکر میں ایسا مشغول ہو کہ اپنے آپ سے شعور جاتا رہے۔ اور'' **ھو الحی القیوم**'' کے معنی کا لحاظ کرے۔ چند روز میں ہر بُن مُوئے بدن ذاکر ہو جائے گا۔ اور تجلیات ظاہر ہوں گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ لیکن اس مقام تک پہنچنے سے پہلے شاغل ہونا ضروری ہے۔

طریقہ نمبر **2**۔ **سلطانُ الذکر کا ایک اور طریقہ** یہ ہے۔ کہ! حواسِ خمسہ کو روئی سے یا انگلی سے بند کر کے دَم کو ناف کے نیچے سے کھینچ کر ام الدماغ میں بند کر لے۔ اور دل مدور میں لے جا کر ذکرِ قلبی اسمِ ذات ''اللہ'' کے ساتھ قلبِ صنوبری سے استماعِ آوازِ احدیت کے ضمن میں نقطہ درخشندہ کے تصور میں جو دل مدور میں ام الدماغ میں واقع ہے۔ اس کو لطیفہ اخفیٰ بھی کہتے ہیں۔ شغل رکھے۔ یہاں تک کہ یہ نقطہ اس قدر پھیل جائے۔ کہ سارا بدن روشن ہو جائے۔ اور اس کے بعد تمام فرش سے عرش تک نورِ محض ہو۔ اور اس نور میں پاکیزہ صورتیں حق کا ظہور ہو۔ اور ملائکہ بھی نظر آئیں۔ اور جب یہ ذکر کمال کو پہنچ جاتا ہے۔ تو سالک اپنی حقیقت کا افرادِ عالم میں متصرف ہے مشاہدہ کر لیتا ہے۔ اس مقام میں سالک کو چاہیئے۔ کہ اپنی صفات کو صفاتِ حق سمجھے۔ **واللہ یرزق من یشآء**۔ اس مقام میں سالک کو اپنی صفات بشریہ کو صفاتِ باری تعالیٰ پر محمول کرنا چاہیئے۔

☆ مرید کو سر سے پیر تک اپنے جسم کے ہر ہر بال کی طرف متوجہ ہو کر اسمِ ذات ''**اللّٰہ**'' کا تصور کرنا چاہیئے۔ یہاں تک کہ اگر ذاکر خود بھی اس ذکر سے اپنی نظر کو ہٹانا چاہے۔ تو اس کی وہ قدرت ذاکر کے اختیار میں نہ ہو۔ اِن سلسلوں (قادری و چشتیہ) کے مشائخِ عظام کے نزدیک اس راستہ میں منزلِ مقصود تک پہنچنے کے لئے سات اقدام (گام) کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ اِن میں سے یہ پانچ عالمِ اَمر سے ہیں۔ قلب۔ روح۔ سر۔ خفی اور اخفیٰ۔ جبکہ دو کا تعلق عالمِ خلق سے ہے۔ نفس اور قلب۔ (قلب دونوں عوالم میں پایا جاتا ہے) قالب چار عناصر سے مرکب ہے۔ اَب اس صورت میں دس لطائف ہوئے۔ سالک کو قلب سے (جو کہ عالمِ امر سے ہے) شروع کراتے ہیں۔ نصف دائرہ اس وجہ سے چھوڑ دیا گیا ہے۔ کہ یہ بہت قریب ہے۔ اور لطائف قالب یعنی عناصر اربعہ کو نفس کے ضمن میں سلوک فرماتے ہیں۔ اس کے بعد (یعنی جب یہ ذکر جم جائے۔ اور سالک اس ذکر میں ماہر **Epert** ہو جائے) تو مرشد اسے نفی اثبات کا ذکر تعلیم فرمائے۔۔ اور مرشد کو بھی ہر ہر جزو کی طرف متوجہ ہونا چاہیئے۔ اور اس شغل میں اس قدر منہمک ہو جائے۔ کہ جسم کا ہر ہر بال ذکرِ الٰہی میں محو و مستغرق ہو جائے۔

طریقہ نمبر **3**۔ **سلطانُ الذکر کا طریقہ** جو کہ عوام و خاص بلکہ خواص اور اخص الخواص کے لئے مفید و منتفع ہوتا ہے۔ کہ جب سالک اپنے شیخِ کامل سے مکمل ذکر کی تعلیم حاصل کر لیتا ہے۔ اور اس میں مشغول ہو جاتا ہے۔ تو دل کی حرکت حیوانی حرکتِ ذکر میں مبدل ہو جاتی ہے۔ اور گوشت کا ٹکڑا یعنی دل کی حرکت سے متحرک ہوتا ہے۔ اور صدائے ذکر بھی اس کے ساتھ مل کر سارے جسم کے اندر سرایت کرتی ہے۔ اور سارا جسم ذکر سے بھر جاتا ہے۔ جس طرح کہ گنبد کے اندر کی آواز سے ٹکرا کر زیادہ بلکہ دو یا کئی آوازیں گونج اُٹھتی ہے۔ ذکر کی یہ آواز ذاکر کے کانوں میں پہنچ کر بے حد مرغوب بن جاتی ہے۔ اور دوامِ ذکر سے ذکر کا غلبہ اور بھی زیادہ بڑھ جاتا ہے۔ حتیٰ کہ آوازِ جرس سنائی دیتی ہے۔ بعض اوقات دوسری قسم کی آواز بھی سنائی دیتی ہے۔ جب اس کا غلبہ حد سے بڑھ جاتا ہے۔ تو سلطانِ ذکر بن جاتا ہے۔ اور بجلی کی کڑک کی سی آواز سنائی دیتی ہے۔ جس سے جسم پر لرزہ طاری ہو جاتا ہے۔ اور ذاکر پر محویت اور بے شعوری طاری ہو جاتی ہے۔ اس حالت میں کبھی کبھی

انوار مثلِ برق، ستارہ، ماہ وآفتاب وغیرہ ظاہر ہوتے ہیں۔لیکن سالک کو ان کی طرف متوجہ نہیں ہونا چاہیئے۔اس وجہ سے کہ مقصدِ اعلیٰ نورِ اللہ ہے۔غرضیکہ! سلطان الذکر کی کیفیت بیان کرنا بہت ہی دشوار ہے۔اس وجہ سے اس کا عالمِ غیب بیان نہیں ہوسکتا۔

طریقہ نمبر4۔ **سلطانُ الذکر کا ایک اور طریقہ یہ ہے**۔کہ! رات یا دن کے وقت صحرا (یا کسی بیاباں یا آبادی سے دور کسی میدان) میں جا کر کہ جہاں لوگوں کی آمدورفت نہ ہو۔یا پھر ایسے حجرے میں بیٹھ جائے۔کہ جہاں کوئی نہ آئے اور نہ ہی کسی کی آواز آسکے، میں بیٹھ جائے۔پس خلوت میں بیٹھ کر اپنے کانوں کی طرف متوجہ ہو جائے۔حتیٰ کہ! اسے ایک لطیف سی آواز سنائی دینے لگے۔وہ آواز رفتہ رفتہ اس قدر غالب ہوتی چلی جائے۔کہ! تمام جہان میں وہی آواز (سالک کو) سنائی دینے لگے۔اور یہ آواز جو اس کے کانوں میں پیدا ہوتی ہے۔اس صوتِ عظیم کے سمندر میں فقط ایک قطرے کی مانند ہے۔نیز باقی تمام آوازوں کی نسبت بھی اس صوتِ عظیم کے ساتھ یہی ہے۔(صوتِ عظیم کی مفصل شرح آگے بیان کی جائے گی)

نصیحت ہمیں است اے جانِ برادر کہ اوقات ضائع مکن تا توانی

(اے جانِ برادر! میری نصیحت تو یہی ہے۔کہ! جہاں تک ہو سکے۔(اپنے قیمتی) اوقات ضائع مت کرو)

غارِ حرا میں حضرت پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا سلطانِ ذکر کرنا :

چنانچہ حضرت میاں میر قادری لاہوریؒ) سے مروی ہے۔کہ! حضرت غوث پاکؒ نے فرمایا۔کہ! ہمارے پیارے پیغمبر ﷺ غارِ حرا میں چھ سال تک سلطانُ الاذکار میں مشغول رہے۔اور مَیں نے اسی غارِ متبرکہ (غارِ حرا) میں بارہ سال تک یہی ذکر (سلطان الذکر) کیا ہے۔اور عظیم کشائش رونما ہوئی۔

اس مشق کے دوران دودھ، چاول، تبرید کا استعمال رکھے۔چکنی، کھٹی، میٹھی، نمکین اور تیکھے مصالحات والی غذا سے پرہیز رکھے۔بعد شغل آنکھوں میں مسکہ گاوی سلائی سے ہر روز لگاتا رہے۔مشق کے فوراً بعد آنکھوں کو عرقِ گلاب یا آبِ زم زم یا ٹھنڈے پانی سے دھو لیں۔اور آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر تفکر و تدبر کی کیفیت میں جا کر آئینہ قلب پر ملاحظہ کریں کہ کیا واردات ہوتی ہے۔

شغل منصوری: بغیر بالین زمین پر چت لیٹ جائیں۔اور ہر دو شہ رگِ گردن پر دو انگلیاں رکھے۔ان کی حرکت محسوس ہوگی۔اس حرکت و تڑپ پر تصور "**انا الحق**" قائم کرنا ہے۔ہفتہ عشرہ بعد شہ رگِ گردن پر زور و شور سے آواز آنے لگے گی۔اور ایک عجیب و غریب دریائے عشق موجزن ہوگا۔ذوق و شوق روز افزوں بڑھتا چلا جائے گا۔یہاں تک کہ خودی سے بخود ہو کر فنا فی اللہ ہو جائے گا۔

کچھ لوگ اسی شغل میں "**اللہ ۔ ھو**" کا تصور قائم کرتے ہیں۔بہر حال ہر ذکر اللہ تعالیٰ تک لے جاتا ہے۔

صوتِ مستقیم کی تشریح و تفصیل : (ایک مخصوص آواز)

جس طرح ہمارے پیارے پیغمبر ﷺ سے نزولِ وحی کی کیفیت کے متعلق جب دریافت کیا گیا۔تو آپ ﷺ نے فرمایا۔کہ! مجھے ایسی آوازیں سنائی دیتی ہیں۔جو کبھی (تو) دیگ کے جوش کی مانند ہوتی ہیں۔کبھی شہد کی مکھیوں کی سی بھنبھناہٹ کی طرح اور کسی وقت فرشتہ وحی بصورت انسان متشکل ہو کر مجھ سے کلام کرتا ہے۔اور بعض اوقات گھنٹی کی سی آواز سنائی دیتی ہے۔عاشقِ بے نیازی حضرت خواجہ حافظ شیرازیؒ نے اسی حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے۔

جب شاغلِ کامل کو یہ آواز سنائی دے۔تو اُس پر واجب ہے۔کہ! اس کی طرف پوری کوشش سے متوجہ رہے۔تاکہ جس طرح حجرہ وصحرا میں سنتا ہے۔اسی طرح سے کوچہ وبازار اور ہجومِ خلائق میں بھی یہی آواز سننے کا ملکہ پیدا ہو جائے۔نیز جب اس شغل شریف ولطیف کا غلبہ ہو جاتا ہے۔تو یہ آواز ڈھول، نقارہ وغیرہ کی سی تیز آواز سے بھی زیادہ سخت ہوتی ہے۔اور ان پر غالب آجاتی ہے۔اور کیوں نہ غالب آئے۔کہ! اُن تمام آوازوں کی اصل تو وہی آواز ہے۔اور تمام آوازیں اُسی آواز سے ظہور پذیر ہوئی ہیں۔سننے اور پڑھنے میں آیا ہے۔کہ! سلسلہء عالیہ قادریہ کے عظیم صوفی بزرگ جناب حضرت میاں میر قادری لاہوریؒ کے شاغل وکامل مریدین اپنا امتحان لینے کی غرض سے بھرے بازار میں عوام الناس کے شور وغل کے بیچ میں جا کر بیٹھ جاتے تھے۔ تاکہ وہ دیکھ سکیں۔کہ! وہ آوازیں کیا تمام آوازوں پر غالب آتی ہیں یا نہیں؟ اور جس شاغل وکامل مرید کو سلطان الذکر حاصل ہو جاتا تھا۔تو اس پر عالمِ لطافت اور اطلاق کا دروازہ مکمل ہو کر کھل جاتا تھا۔کیونکہ! یہ شغلِ مبارک اس کو مزید لطیف بنا دیتا ہے۔اور دریائے لطافت اور اطلاق میں بے رنگ بنا دیتا ہے۔

حضرت اقدس شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ نے اپنے خلیفہء خاص جناب حضرت شیخ جلال الدین تھانیسریؒ کو شغلِ نفی اثبات تلقین فرمایا۔اور ساتھ ہی خلواتِ تام اور مجاہدہء دوام کا بھی حکم فرمایا۔چنانچہ حضرت شیخ جلال الدین تھانیسریؒ نے اپنے پیر دستگیرؒ کے حکم کے مطابق شب و روز ذکر نفی اثبات بہ طریق خفی و جلی حبسِ دَم کے ساتھ کمر بستہ ہو گئے۔کچھ ہی عرصہ بعد حق تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے صوتِ مستقیم (جس کی تفصیل ابھی گذری ہے) آپ کے دماغ میں تیزی سے پیدا ہوئی۔اور رفتہ رفتہ اس آواز سے آپؒ کے جسم پر لرزہ اور بے ہوشی طاری ہوگئی۔جو کہ ظہورِ الہاماتِ ذاتیہ وصفاتیہ کی ابتداء ہے۔کچھ عرصے تک یہ حالت مخفی طور پر پیش آتی رہی۔اس کے بعد اس ظہور پیاپے اور متواتر ہونے لگا۔اور قدرے بے خودی بھی طاری رہنے لگی۔جب حضرت شیخ تھانیسریؒ نے اپنی یہی کیفیت اپنے پیر و مرشدؒ سے بیان کی۔تو وہ بہت مسرور ہوئے۔اور فرمایا۔کہ! ہمارے مشرب کے احباب تو دو تین برس کے اندر ہی اس نعمتِ عظمیٰ سے سرفراز ہوتے ہیں۔لیکن تم نے تو دیر لگا دی۔خیر اگرچہ دیر ہے۔آہو در چنگ شیر ہے۔کیونکہ! بڑی دیگ تو دیر سے ہی پکتی ہے۔خوش و خرم رہو۔فکر بالکل مت کرو۔اور دلیر بن کے رہو۔کیونکہ! اس صورت کے بعد اس شغل (یعنی سلطان الذکر) کا عظیم غلبہ ہوگا۔اور یہ آواز مجسم ہوگی۔اور "**ونفخ فی**

الصور فصعق من فی السمٰوٰت ومن فی الارض ''(اور صور پھونکا جائے گا۔تو آسمان اور زمین میں جتنے ہیں۔وہ سب بے ہوش ہو جائیں گے) ۔(سورہ زمر۔آیت نمبر 68۔) جس سے کہ سالک کون ومکان سے باہر نکل جاتا ہے۔یعنی سالک زمان ومکان کی قید سے رہائی پا کر عالمِ قدس میں پہنچ جاتا ہے۔ اور وہ ایسا محو ومستغرق ہوتا ہے۔کہ اپنے وجود سے بالکل بے خبر ہو جاتا ہے۔یاد رہے۔کہ! یہ مریدین کی ابتدائی حالت ہوتی ہے۔اور جب شیرِ ولایت مشائخ کے پستان سے نکل کر مریدین کی تربیت وپرورش کرتا ہے۔تو شنیدہ و دیدہ بلکہ عین شہود ونمود بن جاتا ہے۔ جب حضرت شیخ تھانیسری ؒ نے اپنے مرشدِ کامل وپیر روشن ضمیر سے یہ بشارتِ دلپذیر سنی۔تو مجاہدات وریاضات تیز تر کر دیئے۔حتیٰ کہ آپ ؒ پر بھی صوتِ مستقیم کا غلبہ ہوا۔اور آپ ؒ کی نیند جاتی رہی۔اور آپ ؒ کے سینہ میں ذکر اس شدت سے جاری ہوا۔کہ بحالتِ نوم بھی جاری وساری رہتا تھا۔اس وقت آپ ؒ پر حقیقتِ ذکر (سلطان الذکر) کا راز منکشف ہوا۔اس کے بعد بجلی کی سی کڑک سنائی دینے لگی۔اور اس برقی آواز کا آپ ؒ کے دماغ پر اس قدر اثر ہوا۔کہ! محویت اور بے خودی طاری ہو جاتی تھی۔کچھ ہی عرصے بعد بجلی کی اس آواز کہ جس کی خاصیت محویت اور بے خودی ہے، کا آپ ؒ پر اس کثرت سے ورود ہونے لگا۔کہ! تھوڑی سی دیر میں سترہ ی کم وبیش یہی بجلی کے گرنے کی سی کیفیت آپ ؒ پر رہنے لگی۔جس سے کہ محویت درمحویت پیدا ہوتی چلی گئی۔اس سے آپ ؒ کے جسم میں اس قدر درد پیدا ہو گیا۔کہ! گویا سب اعضاء الگ الگ ہو گئے ہوں۔اور وہ حالت آپ ؒ پر پہاڑ کی مانند آپ ؒ پر بوجھل ہو گئی۔لیکن پھر کچھ دیر کے بعد افاقہ ہو جایا کرتا۔جس سے کہ ذوق وفرحت میسر ہوتی تھی۔لیکن تھکان دیر تک رہتی تھی۔چنانچہ آپ ؒ نے اپنی یہ کیفیت بھی اپنے پیرومرشد حضرت قطبِ عالم سے بیان کی۔اور ساتھ ہی یہ بھی عرض کیا۔کہ! اَب قدرے نیند مجھے آجاتی ہے۔اور شدتِ حال میں بھی کچھ کمی واقع ہوئی ہے۔تو جواباً حضرتِ اقدسؒ نے فرمایا۔کہ! یہ تو غیبی دودھ ہے۔جو شیخ کے پستانِ ولایت سے نکل کر طفلانِ صادق اور عاشقانِ واثق کو اسی طریقے سے ہی ملا کرتا ہے۔اور مرید کی بتدریج کی پرورش ہوتی ہے۔اگر اس کا ورد یکبارگی ہو۔تا کہ طالب کا وجود ''**جعلہ' دکا** ''کے بمصداق پارہ پارہ ہو جائے۔اور ''**خر موسٰے صاعقا** ''کا عمل جاری ہو جائے۔اَب تجھے یہ تین چیزیں لازمی پکڑنی چاہئیں۔اول دوام دوئم خلوءمعدہ اَز طعام (طعام اگر خشک ہو۔تو زیادہ بہتر ہے) اور سوئم شغلِ باطن بمعہ جمیع آداب وشرائط بالخصوص مخالفتِ نفس۔جیسا کہ! ابتدائے حال میں آنحضرت نبی مکرم ﷺ غارِ حرا میں جا کر مشغول رہتے تھے۔حتیٰ کہ! حضرت جبرائیلِ امینؑ آکر آپ ﷺ کو جھنجوڑتے تھے۔اور پھر چلے جاتے تھے۔اس کے بعد آپ ﷺ پختہءروزگار اور حاجبِ وحی ہوئے۔روایت ہے۔کہ! بعض اوقات آپ ﷺ بوقتِ نزولِ وحی بے خود ہو کر گر پڑتے تھے۔ اس کے بعد حضرتِ اقدس نے شیخ تھانیسری ؒ کو فرمایا۔ کہ! اَب اس طرح کی سی یہ بے خودی تجھے بھی مبارک ہو۔(حضرت نبی ﷺ کی بے خودی اور ایک سالک کی بے خودی کا موازنہ نہیں ہو سکتا۔ (یہاں تمثیلاً بیان کیا گیا ہے) اپنے کام میں لگے رہو۔اور '' **ارحم الراحمین** ''اپنا کام کرے گا۔اور تجھے بلند مرتبہ پر پہنچا دے گا۔حضرتِ شیخؒ نے یہ مژدہ جانفزا سن کر شیخ جلال الدین تھانیسری ؒ کے دل میں جہاد (یعنی جد وجہد) کا جذبہ اور بھی زیادہ مضبوط ہوا۔

آنحضرت نبی مکرم ﷺ کے مبارک خواب اور سلسلہءوحی:

اَب اسی ضمن میں حدیث نبوی ﷺ بیان کی جاتی ہے۔کہ! حضرت عروہ بن زبیرؓ حضرت عائشہ صدیقہؓ سے نقل کرتے ہیں۔کہ! نبی کریم ﷺ پر وحی کا ابتدائی دور سچے پاکیزہ خوابوں سے شروع ہوا۔خواب میں (آپ ﷺ) جو کچھ ملاحظہ فرماتے۔وہ صبح کی روشنی کی طرح صحیح اور سچا ثابت ہوتا۔پھر من جانب قدرت، آپ ﷺ تنہائی پسند ہو گئے۔اور آپ ﷺ نے غارِ حرا میں خلوت نشینی اختیار فرمائی۔اور کئی کئی دن رات وہاں مسلسل عبادت اور یادِ الٰہی وذکر وفکر میں مشغول رہتے۔جب تک کہ گھر آنے کو دل نہیں چاہتا۔توشہ ہمراہ لئے ہوئے وہیں رہتے۔توشہ ختم ہونے پر اہلیہ محترمہ حضرت خدیجہ کبریٰ ؓ کے پاس تشریف لاتے۔اور کچھ توشہ ہمراہ لے کر پھر وہاں جا کر خلوت گزیں ہو جاتے۔یہی طریقہ جاری رہا۔یہاں تک کہ آپ ﷺ پر حق منکشف ہو گیا۔اور آپ ﷺ غارِ حرا ہی میں قیام پذیر تھے۔کہ اچانک حضرت جبرائیلؑ آپ ﷺ کے پاس حاضر ہوئے۔اور کہنے لگے۔کہ! اے محمد ﷺ! پڑھیں۔آپ ﷺ فرماتے ہیں۔کہ مَیں نے کہا۔مَیں پڑھنا نہیں جانتا۔آپ ﷺ فرماتے ہیں۔فرشتے نے مجھے پکڑ کر اتنے زور سے بھینچا۔کہ! میری طاقت جواب دے گئی۔پھر مجھے چھوڑ کر کہا۔پڑھیں۔مَیں نے پھر وہی جواب دیا۔کہ مَیں پڑھا ہوا نہیں ہوں۔اس فرشتے نے مجھ کو نہایت ہی زور سے (دوبارہ) بھینچا۔کہ مجھ کو سخت تکلیف محسوس ہوئی۔پھر اس نے کہا۔پڑھیں۔مَیں نے کہا۔مَیں پڑھا ہوا نہیں ہوں۔فرشتے نے تیسری مرتبہ مجھ کو پکڑا۔اور تیسری مرتبہ پھر مجھ کو بھینچا۔پھر مجھے چھوڑ دیا۔اور کہنے لگا۔پڑھو اپنے رب کے نام کی مدد سے،جس نے پیدا کیا۔اور انسان کو خون کی پھٹکی سے بنایا۔پڑھیں۔اور آپ ﷺ کا رب بہت سی مہربانیاں کرنے والا ہے۔پس یہی آیتیں آپ ﷺ حضرت جبرائیلؑ سے سن کر اس حال میں غارِ حرا سے واپس ہوئے۔کہ آپ ﷺ کا دل اس انوکھے واقعے سے کانپ رہا تھا۔آپ ﷺ حضرت خدیجہؓ کے ہاں تشریف لائے۔اور فرمایا۔کہ مجھے کمبل اوڑھا دو۔لوگوں نے آپ ﷺ کو کمبل اوڑھا دیا۔جب آپ ﷺ کا ڈر جاتا رہا۔تو آپ ﷺ نے اپنی زوجہءمحترمہ حضرت خدیجہؓ کو تفصیل کے ساتھ یہ (سارا) واقعہ سنایا۔اور فرمانے لگے۔کہ مجھ کو اَب اپنی جان کا خوف ہو گیا ہے۔آپ ﷺ کی اہلیہ محترمہ حضرت خدیجہؓ نے آپ ﷺ کو ڈھارس بندھائی۔اور کہا۔کہ آپ ﷺ کا خیال درست نہیں ہے۔اللہ تعالیٰ کی قسم! آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ کبھی رسوا نہیں کرے گا۔آپ ﷺ تو اخلاقِ فاضلہ کے مالک ہیں۔آپ ﷺ تو کنبہ پرور ہیں۔بے کسوں کا بوجھ اپنے سر مبارک پر رکھ لیتے ہیں۔آپ ﷺ مفلسوں کے لئے کماتے ہیں۔مہمان نوازی میں آپ ﷺ بے مثال ہیں۔اور مشکل وقت میں آپ ﷺ اَمرِ حق کا ساتھ دیتے ہیں۔ایسے اوصافِ حسنہ والا انسان یوں بے وقت ذلت وخواری کی موت نہیں پا سکتا۔پھر مزید تسلی کے لئے حضرت خدیجہؓ آپ ﷺ کو ورقہ بن نوفل کے

پاس لے گئیں۔ جو اِن (حضرت خدیجہؓ) کے چچازاد بھائی تھے۔ اور زمانہ جاہلیت میں نصرانی مذہب اختیار کر چکے تھے۔ اور عبرانی زبان کے کاتب تھے۔ چنانچہ انجیل کو بھی حسبِ منشائے خداوندی عبرانی زبان میں لکھا کرتے تھے۔ وہ بہت بوڑھے ہو گئے تھے۔ یہاں تک کہ ان کی بینائی بھی رخصت ہو چکی تھی۔ حضرت خدیجہؓ نے ان کے سامنے آپ ﷺ کے حالات بیان کئے۔ اور کہا۔ کہ اے چچازاد بھائی! اپنے بھتیجے (حضرت نبی مکرم ﷺ) کی زبانی ذرا ان کی کیفیت سن لیجئے۔ وہ بولے۔ کہ! اے بھتیجے ﷺ! آپ ﷺ نے جو کچھ ملاحظہ فرمایا۔ اس کی تفصیل سنائیں۔ چنانچہ آپ ﷺ نے اَز اول تا آخر پورا واقعہ سنایا۔ جسے سن کر ورقہ بے اختیار ہو کر بول اُٹھے۔ یہ تو وہی ناموس (معزز راز دان فرشتہ وحی) ہے۔ جسے اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ پر وحی دے کر بھیجا تھا۔ کاش! مَیں آپ ﷺ کے اس عہد نبوت کے شروع ہونے پر جوان عمر ہوتا۔ کاش مَیں اس وقت تک زندہ رہتا۔ جب کہ آپ ﷺ کی قوم آپ ﷺ کو اس شہر سے نکال دے گی۔ رسول اللہ ﷺ نے یہ سن کر تعجب سے پوچھا۔ کہ! کیا وہ لوگ مجھ کو نکال دیں گے۔ ورقہ بولا۔ ہاں۔ یہ سب کچھ سچ ہے۔ مگر جو شخص بھی آپ ﷺ کی طرح امرِ حق لے کر آیا۔ لوگ اس کے دشمن ہی ہو گئے ہیں۔ اگر مجھے آپ ﷺ کی نبوت کا وہ زمانہ مل جائے۔ تو مَیں آپ ﷺ کی پوری پوری مدد کروں گا۔ مگر ورقہ کچھ دنوں کے بعد انتقال کر گئے۔ پھر کچھ عرصے تک وحی کی آمد موقوف رہی۔ (صحیح بخاری)

اس واقعے میں آنحضور نبی مکرم ﷺ کو دبانے (بھینچنے) کا اتصال اس مقدس جسم سے ہوا۔ جس کو کہ دبایا گیا۔ تو جاننا چاہیئے۔ کہ! یہ اتصال حصولِ فیض کا ایک طریقہ ہے۔ جس سے کہ باطن میں ایک قوتِ نورانیہ پیدا ہو جاتی ہے۔ اسی طرح احادیثِ مبارکہ میں آنحضور نبی مکرم ﷺ کا حضرت عمر فاروقؓ، حضرت علی المرتضیٰؓ، حضرت معاذ بن جبلؓ، حضرت ابومحذورہؓ اور دیگر صحابہ کرامؓ کے ہاتھ پکڑ کر، سر سے ناف تک ہاتھ پھیر کر نظرِ خاص فرما کر اپنی خصوصی توجہ کے ذریعے احوال و کیفیات بدل دینا تواتر کے ساتھ ثابت و منقول ہے۔ اسی طرح اولیاء اللہؒ کی توجہات اور تصرفات سے بے شمار انسانوں کے دلوں اور دماغوں میں انقلاب پیدا ہونا، توبہ کی توفیق ملنا، فیضِ ولایت حاصل ہونا، شفاء کی ترتیب کرنا بھی تسلسل کے ساتھ ثابت ہے۔ جس سے کہ کسی بھی اہلِ عقل و فہم کو انکار نہیں ہو سکتا۔

غارِ حرا میں آنحضور نبی مکرم ﷺ کا اس آواز (سلطانِ ذکر) کو سماعت فرمانا:

جب آنحضرت نبی اکرم ﷺ غارِ حرا میں اسی آواز کو سنتے تھے۔ تو اس قدر محظوظ ہوا کرتے تھے۔ کہ! بیان سے باہر ہے۔ اس آواز کی لذت آپ ﷺ کے تمامی جسم کو محیط تھی۔ کچھ ہی عرصے کے بعد کیفیتِ شنید کیفیتِ دید میں مبدل ہو گئی۔ اور صورتِ جبرائیلؑ رونما ہوئی۔ جس سے کہ آنحضرت ﷺ پر خوف، ہیبت اور لرزہ طاری ہوا۔ اور آپ ﷺ اسی حالت میں اپنی زوجہ محترمہ حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے پاس تشریف لائے۔ (جیسا کہ! مشہور ہے) آنحضرت ﷺ نے اسی آواز سے کلام اللہ حاصل کیا۔ آپ ﷺ جب اس آواز کی طرف متوجہ ہوا کرتے تھے۔ تو کلام اللہ ظاہر ہوا کرتا تھا۔ لیکن اس سے آپ ﷺ کو بہت تکلیف ہوتی تھی۔ یہاں تک کہ! جب آپ ﷺ اُونٹ پر سوار ہوتے۔ تو بوقتِ نزولِ وحی اُونٹ کھڑا نہیں ہو سکتا تھا۔ بلکہ بیٹھ جاتا تھا۔ اگر وحی کی حالت میں آنحضور نبی مکرم ﷺ کا سرِ اقدس کسی صحابیؓ کی ران پر ہوتا۔ تو وہ ران ٹوٹنے لگتی تھی۔

شغلِ بساط: ☆ جاننا چاہیئے۔ کہ! ام الدماغ میں بمثل آفتاب ایک منور و تاباں نقطہ ہے۔ جس کو دل مدور یا بقول صوفیہ اِخفی کہتے ہیں۔ مشہور ہے۔ کہ! یہ شغل شہنشاہ ہند حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ کو بلا واسطہ آنحضور نبی مکرم ﷺ سے پہنچا ہے۔ اور اسی شغل ہی کی برکت سے حضرت اجمیریؒ کو معراجِ باطنی نصیب ہوئی تھی۔ اسی بنا پر کہا جاتا ہے۔ کہ! ''**العلم النقطہ**'' علم ایک نقطہ ہے۔ (حضرات چشتیہ کے ہاں یہ ذکر لازمی اور نہایت متبرک سمجھا اور مانا جاتا ہے۔ وہ لازماً اس شغل کا اہتمام و التزام کیا کرتے ہیں۔ تاکہ باطنی فیوضات و برکات سے مستفید و متنفع ہو سکیں) بہرحال اس شغل کا طریقہ یہ ہے۔ (کہ) سالک اپنی دونوں آنکھیں بند کر کے زبان کو تالو سے لگا کر بطریقِ حبسِ نفس ام الدماغ میں سانس روک کر ''**گردہ ھو**'' (گردہ ہو یعنی بے جہت و بے کیف ذات کا عین ہونا) کو سرخی مائل خیال آفتاب کی طرح خیال کرے۔ کہ یہ نقطہ تمام جسم پر پھیل کر حاوی ہو گیا ہے۔ گویا کہ سالک کا جسم فنا ہو گیا۔ اور اس کی جگہ پر ''گردہ ہو'' قائم ہو گیا۔ اس مرتبہ و مقام فنا کا نام رویتِ تجلی ذات اور لاہوتِ محمدی ﷺ ہے۔ اس شغل میں کچھ انوارات نظر آتے ہیں۔ جن کی تفصیل یہ ہے۔ کہ! اگر زرد نور دکھائی دے۔ تو یہ نورِ نفس و ناسوت ہے۔ اگر سرخ نور دکھائی دے۔ تو یہ نورِ ملکوت ہو گا۔ اور اگر سبز نور دکھائی دے۔ تو یہ نورِ جبروت ہو گا۔ اور اگر نورِ سیاہ نظر آئے۔ تو یہ نورِ لاہوت ہو گا۔

ذلک فضل اللہ یؤ تیہ من یشآء۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے۔ جو وہ جس کو چاہتا ہے۔ عطا فرماتا ہے۔ (سورہ مائدہ۔ آیت نمبر **54**)

☆ ام الدماغ میں ایک نقطہ مانندِ آفتاب ''ہ'' کی صورت میں ''ھو'' درخشاں ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے۔ کہ! دونوں آنکھیں بند کر کے زبان کو تالو سے چپکا کر اور اپنے دَم کو ام الدماغ تک لے جائے۔ وہاں حلقہ ''ہ'' کو آفتاب کی صورت میں منور و تاباں تصور کرے۔ اور خیال کرے۔ کہ یہ حلقہ ''ہ'' جو کہ عین ذاتِ الٰہی بے جہت و بے کیف ہے، ایسا کشادہ ہوا ہے۔ کہ میرے تمام وجود کو مٹا کر اس کا قائم مقام بن گیا ہے۔ بلکہ یہی نقطہ تمام عالم کو محیط ہو گیا ہے۔ اسی کا نام ''شغلِ اِخفی'' بھی ہے۔

☆ اور اسی طرح کا ایک نقطہ دل میں بھی ہے۔ جسے ''سویدائے قلب'' بھی کہتے ہیں۔ اس نقطے پر بھی مذکوری طریقے سے تصور و تخیل کرے۔ تاکہ دونوں نقطے ایک ہو جائیں۔ یہاں پر تجلی ذات ہوتی ہے۔ اور یہیں پر سالک (طالبِ صادق) فنا در فنا حاصل کرتا ہے۔ مگر اس نقطہ سے باہر آ جانا پیرِ کامل کے بغیر امر قطعاً محال ہے۔ (اور شرط یہ بھی کہ پیر کامل اس شغل و مشق میں کامل ہو)

ذکرِ آورد (ح) برد (ق) : اس کو ذکرِ فنا و بقا اور ذکرِ جبروتی و ذکرِ لاہوتی بھی کہتے ہیں ۔ یہ دو طریقہ پر کیا جاتا ہے ۔

☆ پہلا **طریقہ** تو یہ ہے ۔ کہ ! پہلے قبلہ رُخ مربع نشست رگ کیماس بائیں پاؤں کو انگشتِ نر دائیں پاؤں سے مضبوطی سے پکڑے ۔ دونوں ہاتھ دونوں زانوؤں پر رکھے ۔ اور مقعد کو اس طرح سے اوپری جانب کھینچے ۔ کہ ! ہر دو سرین یک جا ہو جائیں ۔ شکم کو پشت سے ملا دے ۔ جبکہ سر، سینہ اور کمر کو برابر کر کے اس طرح ذکر کریں ۔ پھر بائیں شانے کی طرف منہ پھیر کر ''**ھا**'' کہے ۔ پھر بائیں شانے کی طرف ''**ھــو**'' کہہ کر سر جھکا کر دل (لطیفہءِ قلب) پر ''**ھی**'' کی شدت سے ضرب لگائے ۔ اسی طرح سے اس ذکر کو جاری رکھیں ۔

جبکہ اسی ذکر کا **دوسرا طریقہ** یہ ہے ۔ کہ ! ''**ھا**'' کی ضرب ناف میں لگا کر پھر ''**ھو**'' کی ضرب دماغ میں لگا کر پھر ''**ھی**'' کی ضرب دل پر لگاتے ہیں ۔ حضرت سید غوث علی شاہ قلندری قادریؒ فرمایا کرتے تھے ۔ کہ اس تصور سے ذکر کرے ۔ لاتعین کو ''**ھا ئے ھو یت**'' کہتے ہیں ۔ اول حرف ''**ھ**'' حرفِ بسیط ہے ۔ جسے بغیر حرکت پڑھنا دشوار ہو ۔ لہذا یہ اشباع حرکت فتح بحرفِ ''**ھ**'' رجوع کیا ۔ تو ''**الف**'' پیدا ہوا ۔ مرتبہ احدیت میں حرفِ ''الف'' **احد** سے عبارت ہے ۔

اسمِ اعظم ''**ھـــا**'' پر مد '' ~ '' بہ صورتِ تعین اور تقید ''احد'' اس کا نام یکتا ہوا ۔ یعنی ایک مرتبہ حاصل ہوا ۔ پھر اس ایک حرف نے دوسری حرکت طلب کی ۔ فتح سے ضمہ کی جانب مائل ہو کر **بضمہ بہ** واؤ ہوا ۔ واؤ سے یہ مراد ہے ۔ کہ وہ بہ شش مراتب کے موجود ہے ۔ اور مراتبِ واجب الوجود کی طرف اشارہ ہے ۔ اسی کو ''**ھو**'' کہتے ہیں ۔ وہ شش مراتب یہ ہیں ۔ **علم ۔ نور ۔ وجود ۔ شھود ۔ روح ۔ روح ۔ مثال ۔** واجب الوجود نے ان مراتب کے ساتھ تعین پایا ۔ پھر وہ حرف ''**ھ**'' مخفف بہ صورت ''**ھــی**'' مثقل مبدل ہوا ۔ مرکب بیافتح اور ضم نے حرف ''یا'' سے شدت کے ساتھ صورت پکڑی ۔ اس لئے کہ ! جامع کون و مکان ہے ۔ اس سے مراد عقولِ عشرہ ہیں ۔ چنانچہ ذکر کرتے وقت کلمہ ''**ھــا**'' میں مرتبہءِ احدیت کا تصور و تخیل کرے ۔ اور کلمہ ''**ھــو**'' کہتے وقت واجب الوجود کو شش مراتب مذکورہ ثابت کرے ۔ جبکہ کلمہ ''**ھی**'' بہ صورتِ مثال، کہ غیب و شہادت ایک ہی بند میں باہم پیوند ہیں ۔

اثبات کرے ۔ تو تمام کرہءِ عرش کو ایک ذی حیات حیوان تصور کرے ۔ یاد رہے ۔ کہ ! حضرت غوث صمدانی سیدی عبدالقادر الجیلانیؒ نے کلمہ ''**لا الہ**'' سے لفظ ''''**ھا**'' اور کلمہ ''**الا اللہ**'' سے لفظ ''**ھو**'' جبکہ کلمہ ''**محمد رسول اللہ**'' سے لفظ ''**ھی**'' اختصار فرمایا ہے ۔ اور پھر بعد میں اسی ''**ھی**'' کو ''**حی**'' میں مبدل فرما دیا ۔ بوالا رواح کہ ابوالاجساء کی حقیقت مرتبہءِ جامع میں بہ تصور ''**حـــی**'' ثابت کرے ۔ جب تعین و تقید سے باہر آ جائے ۔ تو کرہءِ عرش ایک حیوان کی صورت میں ظاہر ہو کے انسانی زبان میں ''**حی**'' کہے گا ۔ اس وقت اس ذکر کے بے حد ثمرات و فوائد ظہور میں آئیں گے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

شغلِ آورد برد : نفی و اثبات کے ساتھ اول دونوں گھٹنے اس طرح کھڑے کرے ۔ کہ پاؤں اور سرین (کولھا) زمین پر رہیں ۔ پھر چادر یا چمڑے کے تسمے یا رسی وغیرہ سے اپنی کمر اور دونوں زانوؤں کو باندھ کر بیٹھے ۔ جیسے کہ کسی گاؤں کا چودھری اپنی کمر اور گھٹنوں کو چادر سے باندھ کر بیٹھا کرتے ہیں ۔ پھر دونوں کہنیوں کو دونوں گھٹنوں پر رکھے ۔ اور دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں سے دونوں کانوں کے سوراخ بند کر دے ۔ اور دونوں ہاتھوں کی شہادت کی انگلیوں سے دونوں آنکھوں اور دونوں ہاتھوں کی درمیانی انگلیوں سے دونوں سوراخ بینی اور دونوں خنصر و بنصر سے ہر دو لبوں کو بند کر دے ۔ بینی کے دائیں سوراخ کو بند کر کے خاموش بیٹھا ہوا جب تک کہ سانس کے ضبط کرنے کی قدرت رکھتا ہو ۔ اپنے دل کو دیکھتا رہے ۔ اور جب دَم ٹوٹنے لگے ۔ تو بینی کے بائیں سوراخ سے کلمہ ''**لا الہ الا اللہ**'' کے تصور و تخیل سے دَم کو آہستگی ءِ تمام چھوڑنا شروع کر دے ۔ کیونکہ ! دَم کو اچانک چھوڑنے سے دماغ کو نقصان پہنچتا ہے ۔ اسی مشق و عمل کو مسلسل دہراتے رہیں ۔ اگر حبسِ دَم کے درمیان اور کشادگی دَم کے وقت تصور میں قلبِ صنوبری کی زبان سے کلمہ ''**لا الہ الا اللہ**'' کہتا رہے ۔ تو اس کا نام ''**زد برد با لتمام**'' ہے ۔

اسی طرح سے شغل آورد برد با اسمِ ذات ''**اللہ**'' بھی اسی طرح سے کیا کرتے ہیں ۔ اس کی ترکیب یہ ہے ۔ کہ ! مذکورہ انداز میں بیٹھ کر دَم کو اسمِ ذات ''**الـلـہ**'' کے ساتھ ناف سے کھینچ کر (یعنی اللہ کہتے ہوئے) اپنے دَم کو ام الدماغ میں لے جائے ۔ اور دَم کو وہیں روک کر دماغ میں قرار پکڑے ۔ جب تنگیءِ نفس ہونے لگے ۔ تو اپنے دَم کو اسم ''**ھـو**'' کے ساتھ آہستگیءِ تمام اس طرح پر چھوڑے ۔ کہ اگر ناک کے مقابل روئی بھی ہو ۔ تو وہ بھی جنبش نہ کرے ۔ حبسِ دَم کے دوران اگر اسمِ ذات ''**اللہ**'' کی ضرب قلب کے تصور و تخیل سے دماغ میں لگاتا رہے ۔ تو اس کو ''**با لتمام زد برد**'' کہتے ہیں ۔ اگر زیادہ کشائش منظور ہو تو دورہءِ سہ پایہ قادری اسی ترکیب سے کرے ۔ اور دماغ میں اس طرح سے ضربات لگائے ۔ کہ !

پہلے **اللہ سمیع ---- اللہ بصیر ---- اللہ علیم ۔**

پھر **علیم اللہ ---- بصیر اللہ ---- سمیع اللہ ۔**

پھر **اللہ سمیع ---- اللہ بصیر ---- اللہ علیم ۔**

کی ضربات لگائے ۔ یہ ایک دور یا دورہ مکمل ہوا ۔ یعنی عروج الطرفین ۔ اسی طرح سے اگر ایک دَم میں کوئی خوش نصیب صد دوروں تک پہنچ جائے ۔ تو اسے فنائے کلی حاصل ہوگی ۔ یاد رہے ۔ کہ ! اس شغل میں خوراک نرم کھچڑی و روغن ہے ۔ نمک کا استعمال قطعًا بند ہے ۔

میں ہوں تمھارا اور تمھارا ہی رہوں گا   کیوں آزما رہے ہو ، مجھے آزما کے

صوتِ سرمدی (شغل اَنہد) : (مکاشفہ حضرت شیخ الہند خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ)

جب مجھ پر حضرت خواجہ عثمان ہارونیؒ نے عنایت فرمائی۔ اور میری روح کو حضرت رسولِ مکرم ﷺ کے سامنے پیش کیا۔ اور عرض گزار ہوئے۔ کہ! یا حضرت ﷺ! یہ فرزند لائقِ خلافت ہے۔ اور حضرت رسولِ معظم ﷺ نے بھی رتبہ خلافت عطا فرمایا۔ تو اُس وقت ایک کسب یہی (یعنی شغل انہد) عطا فرمایا۔ اور یہ بھی فرمایا۔ کہ اے معین الدینؒ! اللہ تعالیٰ نے یہ کسب (یعنی شغل) حضرت جبرائیل امینؑ کو (ہمیں سکھانے کے لئے) تعلیم فرمایا تھا۔ اور جب ہم نے اس کسب کو پورا کرلیا۔ تو اس وقت ہمیں معراج نصیب ہوئی۔ اے معین الدینؒ! تجھ کو بھی ہم نے یہ کسب عنایت کیا۔ اور یہی ارشاد ہوا۔ کہ ہر مرید اور طالب سے یہ سرّ (راز) نہیں کہنا چاہیئے۔ (لیکن) اگر کوئی طالب صادق اور یار واثق ہو۔ اور کچھ خواندہ بھی ہو۔ تو اس کو اس (شغل) سے آگاہ کرنا۔

اس شغل کو **شغل انہد** ، **صوتِ سرمدی** یا **آوازِ انعام و اکرام** ، **آوازِ رحمانی** اور **آواز کُن** بھی کہا جاتا ہے۔ دراصل یہ وہ آواز ہے جو کہ ازل الازال سے شروع ہوئی اور ابدال آباد تک جاری رہے گی۔ جس کسی نے بھی اس شغل کو اختیار کیا وہ اس راز واسرار تک پہنچ گیا کہ تمام امور اس علم کو جو تقرب و توسل و تصدق کا مؤجب ہیں، کو اپنی معیاریت (شمولیت) سے دائم الوقوع بنا دیتے ہیں۔ چونکہ ان امور کا دوام اور اتصال ثابت ہے۔ لہٰذا جس شئے کا یہ معیار ہوگا وہ شئے بھی دائم الوقوع ہوگی۔ ان امورَ دائمی کے علاوہ اگر چہ ان کے مثل اور امور بھی ہیں جن کو معیار بنایا جا سکتا ہے۔

طریقہء شغل انہد (یعنی صوتِ سرمدی کا حصول): کسی جنگل، کسی ویرانے یا کسی خالی کمرہ میں سہ پایہ بیٹھ کر (یا جس طرح بیٹھنے میں سہولت ہو) آوازوں سے دور (کہ جہاں پر کسی بھی قسم کی آواز یا شور شرابے کی ہلکی سی آواز بھی نہ سنی جا سکے) حواسِ خمسہ کو روئی سے یا انگلی سے بند کر کے دَم کو ناف کے نیچے سے کھینچ کر ام الدماغ میں بند کرلے۔ اور دل مدور میں لے جا کر ذکر قلبی اسمِ ذات ''اللہ'' کے ساتھ قلبِ صنوبری سے استماعِ آوازِ احدیت کے ضمن میں نقطہ درخشندہ کے تصور میں جو دل مدور میں ام الدماغ میں واقع ہے۔ کر کے اپنی دونوں آنکھوں اور کانوں کو دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کی مدد سے بند کرے۔ اور پھر اپنے حواسِ خمسہ کو مجتمع کر کے یہ تخیل وتصور کرے۔ کہ! اوپر سے پانی کے گرنے کی (یا آبشار کے بہنے، یا گھنگھرو، یا کوئی اور سریلی سی) آواز آرہی ہے۔ اور اسی آواز کے سننے میں پوری ہمت سے مشغول ہو۔ اس بارے میں کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

اور کسی وقت اس سے غفلت نہ کرے۔ چند ہی دنوں میں اسی آوازِ غیبی کو اس قدر قوت وشدت حاصل ہو جائے گی۔ کہ! بغیر کانوں کو بند کئے بھی یہ آواز بالکل واضح (Clear Crystal) سنائی دینے لگے گی۔ اور پھر مزید کچھ دنوں کے بعد تو باوجود شور وغل اور دیگر کوئی تیز آواز اس آواز کے مانع نہیں ہو سکے گی۔ اس وقت یہ کیفیت ہو جائے گی۔ کہ! یہی ذکر (یعنی صوتِ سرمد) ذاکر کے تمام بدن میں سرایت کر جائے گا۔ اور تمام جسم سے بمثل گنبد یا ایک بڑے گھنٹے کی سے آواز آنے لگتی ہے۔ اس آواز کا اصطلاحِ صوفیہ میں ''صوتِ حسن یا ہمس'' کہتے ہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ قرآنِ حکیم میں ارشاد فرماتا ہے۔ کہ! ''**وخشعت الاصوات للرحمٰن فلا تسمع الا ھمسا**'' **ترجمہ**۔ اور خدائے رحمٰن کے سامنے تمام آوازیں دَب کر رہ جائیں گیں۔ چنانچہ آپ کو ایک آواز (بمثل سرسراہٹ)) کے کچھ سنائی نہیں دے گا۔ (سورہ طٰہٰ۔ آیت نمبر **108**)۔ بعض لوگ کا یہ کہنا ہے۔ کہ! حضرت موسیٰ نبیؑ نے درخت سے جو آواز سنی تھی۔ وہ یہی آواز تھی۔ اور یہی آواز اُنؑ پر وحی کے نزول کی عین دلیل تھی۔ (واللہ اعلم) اور اولائیے کرام بھی اسی آواز سے الہام کا سا فخر حاصل کرتے ہیں۔ اور عارفین نے بھی کسی آواز سے اسی آواز سے وصالِ حق حاصل کیا ہے۔ یہ آواز پابندی سے غالب ہو جاتی ہے۔ اور کبھی گھنٹے کی جیسی آواز آنے لگتی ہے۔ اسی لئے تو حافظ فرماتے ہیں۔ کہ! (بقولِ سعدی)

کس ندانست کہ منزل کہ آں یار کجا اَست　　ایں قدر ہست کہ بانگ جرسے می آید

یا　کس ندانست کہ منزلِ معشوق کجا اَست　　ایں قدر ہست کہ بانگ جرسی می آید

اور کبھی دوسری قسم کی آوز (ڈھول یا طنبورے یا کسی پرندے کے پھڑ پھڑانے یا دیگچی میں رکھے پانی کے ابلنے یا چشمہ وآبشار کے پانی گرنے یا کسی طائر کی سی آواز وغیرہ) سنائی دینے لگتی ہے۔ یہ ذکر مکمل ہو جانے کے بعد سلطان الاذکار شروع ہو جاتا ہے۔ اور پھر آواز میں مزید تیزی اور کرختگی شروع ہو جاتی ہے۔ جیسے کہ! کڑک اور گرج کی آواز ہو۔ اور کبھی ماہتاب وآفتاب اور برقی روشنی کی طرح کا نور دکھائی دینے لگتا ہے۔ لیکن سالک کو چاہیئے۔ کہ! اِن انوارات کی طرف ہرگز متوجہ نہ ہو۔ کیونکہ منزل ابھی دور ہے۔ بقولِ بعضے! **ہنوز دِلی دور اَست**۔

بلکہ چاہیئے۔ کہ! اپنی تمام تر توجہ اور خیال کو نورِ ذاتِ الٰہی کی جانب کردے۔ **واللہ یختص بر حمتہٖ من یشاء. واللہ ذوالفضل العظیم**۔ اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے۔ اپنی رحمت کے لئے مخصوص کر لیتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ فضلِ عظیم کا مالک ہے۔ (سورہ بقرہ۔ آیت نمبر **105**)

طریقہء دوئم شغل انہد : آبادی سے دور کسی جنگل، ویران وسنسان جگہ یا پھر کسی ایسے کمرے میں جہاں کسی بھی قسم کا بالکل شور وغل نہ ہو۔ وہاں انتہائی خاموشی سے بیٹھ جائے۔ اور کانوں میں دونوں ہاتھوں کی شہادت کی انگلیاں ٹھونس کر کانوں میں کسی قسم کی کوئی آواز سننے کی کوشش کرو۔ اس شخص کو لازمًا کسی قسم کی کوئی آواز ضرور بالضرور سنائی دے گی۔ یاد رہے کہ یہ آواز مختلف لوگوں کو مختلف چیزوں کی آتی ہے۔ عمومًا یہ سُنا گیا ہے کہ! آبشار کے گرنے کی سی آواز آتی ہے یا بارش کے برسنے کے وقت جو آواز ہوتی ہے اُس طرح کی سی آواز آتی ہے یا ایک جھینگے کی سی آواز آتی ہے۔ یا جو بھی آواز آئے اُس کی طرف دھیان جمائے۔ بعض لوگوں کو یہ آواز کئی ایام تک نہیں آتی۔ ایسے لوگوں کے لئے علمائے متصوفین نے یہ ترکیب نکالی ہے کہ سرخ ریشمی کپڑے

کے اندر تین، پانچ یا سات کالی مرچیں رکھ کر پھر اِس کپڑے کو کانوں میں ڈال دیتے ہیں۔اس سے صاحب مشق کو یہ فائدہ حاصل ہوتا ہے کہ بیرونی آوازیں بند ہوجاتی ہیں اور اندرونی آواز سطح سماعت پر آکر مقوی ہوجاتی ہے۔اور پھر اُسی آواز کو سننے کی کوشش کرتے ہیں۔تاکہ وہ آواز واضح طور پر سننے میں آئے۔جب یہ شغل روزانہ کرنے سے ہفتے عشرے بعد سننے میں آنے لگتی ہے تو اگلے ہفتے عشرے کے بعد وہ آواز ہر وقت ہر جگہ اُٹھتے ، بیٹھتے ، چلتے ، پھرتے خود بخود آنے لگتی ہے۔مزید ہفتے عشرے کے بعد اِس آواز کا شور اِس قدر زیادہ وقوی ہوجاتا ہے کہ! اِس آواز کے علاوہ اور کوئی آواز نہیں آتی۔پھر آہستہ آہستہ یہ آوازیں دو سے چار، چار سے آٹھ اور دس یا اِس سے بھی زیادہ ہوجاتی ہیں۔اور ہر ایک جُدا جُدا ہوتی ہے۔پھر چند ایام کے بعد یہ سب آوازیں یکجا ہوکر ایک آواز رہ جاتی ہے۔جس کی وجہ سے شاغل اس قدر مست و مدہوش ہوجاتا ہے کہ اگر اُس کا کوئی کامل پیر و مرشد، مربی و رہنما نہ ہوگا تو ایسا شخص اسی جگہ پر اٹک کر رہ جائے گا۔کیونکہ اس وقت بے پناہ و بے شمار اسرار و مغیبات ظہور پذیر ہونا شروع ہوتے ہیں۔کہ زبان بیان سے قاصر ہے۔ان اسرار مکنونہ وانکشاف مخزونہ کے عیاں ہونے سے عقل دنگ رہ جاتی ہے۔کیونکہ جو کرے گا وہی سنے گا اور عین وہی دیکھے گا۔بہرحال جو شخص اس شغل کو اختیار کرے گا۔

شغلِ سرمدی نے خاص طور پر مجھے (قدرت اللہ شہاب) اپنی نشاط کی گرفت میں دبوچ لیا۔اگر اللہ تعالیٰ کی مدد شاملِ حال نہ ہوتی۔تو (عین) ممکن تھا۔کہ! مَیں اسی شغل کی سرمستی و بےخودی میں منہمک ہوکر ساری زندگی اسی میں ہی ضائع کردیتا۔(کیونکہ) اس شغل کی خصوصیت یہ تھی۔کہ! شروع میں دماغ پر پہاڑی جھرنے کی طرح (یا) پانی گرنے کی سی آواز آنے لگی۔پھر رفتہ رفتہ اُس نے سمندر کے لہروں کے ایک بلند آہنگ اور مستانہ ساز ینے کا روپ دھار لیا۔بجلی کی لہر کی طرح اس ساز ینے کی آواز تمام بدن میں سرایت کرکے گنبد کی طرح گونجنے لگی۔جسے اصطلاحِ صوفیہ میں صوتِ حسن و ہمس کہتے ہیں۔اس آواز سے کبھی عجیب وغریب عارفانہ علوم و رموز اور محویت کی سی کیفیت طاری ہوجاتی۔اور کبھی بجلی کی سی کڑک ،گرج اور کوند ظاہر ہوتی ہے۔جس سے جسم کانپنے لگتا ہے۔اور بےخودی و محویت کی سی کیفیت طاری ہوجاتی ہے۔جبکہ کبھی چاند،سورج اور بجلی کی طرح روشنی کا سیلاب اُمڈ آتا ہے۔جسے سالک غلطی سے نورِ حق کی تجلی سمجھ بیٹھتا ہے۔لیکن (یہ بات ذہن نشین رہے۔کہ) یہ نورِ ذات کی تجلی نہیں ہوتی۔ بلکہ راہِ سلوک پر ایک دلفریب اور خوشنما رکاوٹ ہوتی ہے۔جو شخص یہاں پر آکر اٹک گیا۔وہ یقیناً منزلِ شریعت کی راہ سے بھٹک گیا۔اِن کیفیات پر میرا دل بھی بری طرح لٹو ہو رہا تھا۔لیکن اللہ تعالیٰ بھلا کرے میرے رہنما کا۔کہ! جس نے مجھے ایسی ڈانٹ پلائی۔کہ کانوں کے کیڑے جھڑ گئے۔اور گردن سے پکڑ کر مجھے اس جنجال سے نکال باہر کیا۔

بہرحال علمائے متصوفین بھی ایک غیبی آواز کا تذکرہ کرتے ہیں۔ جو **صوتِ سرمدی** یعنی **غیبی آواز** کہلاتی ہے۔اس **آوازِ غیبیہ** سے اولیائے عظام پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے الہام والقاء ہوتا ہے۔اگر کسی کا مُرشد و مربی کامل نہ ہو تو طالب و مرید اِسی مقام میں گم ہوجاتا ہے اور اُس کی باطنی ترقی یکسر رُک جاتی ہے۔لیکن مرشد کامل ہونا ضروری ہے۔

☆ ذِکرِ النّد سبد :

اہلِ ہنود میں بھی یہ شغل بہت معروف ہے۔اس شغل کو شغل لایزالی (اور **شغلِ انہد**) بھی کہا جاتا ہے۔(طریقہ) سالک دوزانو بیٹھ کر سُرین کو کفِ پا پر رکھے۔پھر ہر دو دست اپنے دونوں گوش پر رکھے۔دونوں انگشتِ شہادت کو دونوں کانوں کے سوراخوں میں دَبا لے۔جبکہ نَر اُنگشتِ پس گوش ڈالے۔باقی تینوں انگلیاں برابر کھڑی رکھے۔اس شغل کو ایسی جگہ پر کرے۔ جہاں پر نہ کوئی دوسرا موجود ہو۔اور نہ ہی کسی کی آواز آئے۔اس طریق کو روزانہ چند منٹ کرنے سے کچھ ہی ایام کے بعد ایک آواز سی پیدا ہوجائے گی۔کہ نشان اُس کا بےنشان سا ہو۔اگر کوئی خوش نصیب اس ذکر (شغل) کی موازلت و مواظبت کرے۔تو کثیر منافع سے مستفید ہو۔اگر بوجہ استغراق کانوں میں انگلیاں نہ رکھ سکے۔تو سفوفِ فلفلِ سیاہ میں پنبہ آلودہ کرکے دونوں کانوں میں رکھے۔جیسی آواز انگلی رکھنے سے ہوتی ہے۔ویسی ہی اس سے بھی ہوگی۔ بلکہ اس طریق سے زیادہ شدت کے ساتھ اور تیزی سے ہوگی۔اہلِ سلوک اس آواز کے منتظر رہتے ہیں۔اس شغل کے کثیر فوائد ومنافع ہیں۔

چشم بند و گوش بند و لب بہ بند گر نہ بینی سر حق برما بخند

یعنی ، تُو اپنی آنکھیں، کان اور لَب بند کرلے۔اور پھر اگر سرحق نہ دیکھے۔تو مجھ پر ہنس۔ یعنی اگر سالک اپنی دونوں آنکھیں، کان اور لَب بند کرکے سب سے یکسو ہوکر ذکر الٰہی (اسی طریقے سے کہ جیسا بیان ہوا ہے۔تو) پھر ایسے سالک کو مشاہدہ ءتجلیاتِ الٰہیہ حاصل ہوجاتا ہے۔بقولِ بعضے کہ! **فکر ہر کس بقدر ہمت اوست۔** ہر فرد و بشر کی فکر اس کی ہمت و حوصلہ کے موافق ہوا کرتی ہے۔

غیبی آواز سے سوال کا طریقہ :

جب کوئی شخص ہاتفِ غیبی کو سننے کے قابل ہوجاتا ہے۔تو از خود ایسے شخص میں سوال کرکے جواب حاصل کرنے کی صلاحیت مترقبہ بھی حاصل ہوجاتی ہے۔تاہم عملی طور پر اس کا طریقہ یہاں پر بیان کیا جاتا ہے۔ ☆ جو بھی بات پوچھنی ہو اس کو ذہن میں دو چار بار دہرائیں۔ ☆ پھر مراقبہ کی سی حالت میں بیٹھ کر ہاتف غیبی کی طرف متوجہ ہوں۔اور اپنے دھیان کو مسلسل قائم رکھیں۔ ☆ دھیان قائم رکھنے کے دوران سوال کو ذہن میں نہ لائیں۔ بلکہ صرف توجہ ہاتف غیبی کی طرف مرکوز رکھیں۔ ☆ ذہنی یکسوئی اور دماغی طاقت کی مناسبت سے جلد ہی آواز (ہاتف غیبی۔یا۔صوتِ سرمدی) کے ذریعے جواب ذہن میں آجاتا ہے۔جو کہ درست ہوتا ہے۔تقوٰی و توکل کے ساتھ اس عمل کو سرانجام دینے سے نتائج بہت جلد اور نہایت پر تاثیر وقوع پذیر ہوتے ہیں۔

ھاتفِ غیبی کا مشغلہ و مراقبہ : جنابِ حضرت خواجہ شمس الدین عظیمی صاحب

مراقبے کے ذریعے شعور سے رابطہ کیا جاتا ہے۔ اس شعور سے رابطے کا ایک ذریعہ آواز ہے۔ اس آواز کو اصطلاحًا ''**ھاتفِ غیبی**'' کہتے ہیں۔ جس کے معنی ''غیب کا پکارنے والا'' کے ہیں۔ یہ آواز کائنات میں ہر وقت دورہ کرتی رہتی ہے۔ اور ایسا کوئی شخص جس کا ذہن مرکزیت قائم کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اور آلائش سے بھی پاک ہے۔ متوجہ ہوکر اس آوازِ غیبی کو سن بھی سکتا ہے۔ وسال کا جواب بھی پاسکتا ہے۔

قُرآنِ پاک کے مصداق سب سے پہلے ''**کُن**'' کی عظیم صدا تمام عالمین میں بلند ہوئی۔ جس کے نتیجے میں یہ کائنات پوری تفصیل کے ساتھ ظہور میں آگئی۔ لیکن مخلوق کو اس وقت تک کسی قسم کے کوئی حواس حاصل نہیں ہوئے تھے۔ خالق کائنات نے مخلوقات کو مخاطب کر کے پوچھا۔ **الست بربکم** ؟ کیا میں تمھارا رب نہیں ہوں ؟ اس آواز نے مخلوق کو نگاہ عطا کی جس کے نتیجے میں بصارت کی قوت عمل میں آگئی۔ اور بصارت کے ساتھ ہی دوسرے حواس بھی متحرک ہو گئے۔

ھاتفِ غیبی سننے کا طریقہ :

☆ مراقبہ کی طرح کی نشست میں بیٹھ کر دونوں کانوں کے سوراخوں کو روئی کے پھوئے سے بند کر دیا جائے۔ ☆ اب اپنے باطن کی طرف متوجہ ہوکر ایک ایسی آواز کا سا تصور کیا جائے۔ جو ذیل کی آوازوں میں سے کسی بھی ایک آواز سے مشابہت رکھتی ہو۔ اِن آوازوں کا مختصر سا ذِکر یہ ہے۔ ☆ میٹھی اور سریلی گھنٹیوں کی سی آواز۔ ☆ شہد کی مکھیوں کی سی بھنبھناہٹ ☆ بارش کے قطروں کے زمین پر گرتے وقت کی سی آواز۔ ☆ پانی کے جھرنے کی سی آواز۔ ☆ آبشار کے گرنے کی سی آہستگی والی آواز۔ ☆ بانسری کی سی آواز۔ ☆ سمندر یا دریا کی لہروں کی سی آواز وغیرہ وغیرہ۔ (لہذا) صاحب مراقبہ جب مسلسل اس آواز (مذکورہ بالا میں سے جو بھی آواز ہو) پر اپنا مکمل دھیان مرکوز رکھتا ہے۔ تو کان میں آواز آنے لگتی ہے۔ یاد رہے کہ یہ آواز مختلف **Pitch**، انداز اور طرزوں پر سنائی دیتی ہے۔ اس مراقبہ کی مسلسل مشق سے وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اسی آواز میں الفاظ اور جملے بھی سنائی دینا شروع ہو جاتے ہیں۔ اور اس آواز کے ذریعے صاحب مراقبہ پر عجیب وغریب اسرار ورموز اور مغیبات کا انکشاف ہونے لگتا ہے۔ غیبی واقعات کا کشف اور عالم بالا سے رابطہ قائم ہو جاتا ہے۔ جب صاحب مراقبہ اس مشق میں مہارت حاصل کر لیتا ہے۔ تو اسی غیبی آواز سے گفتگو کا شرف میسر ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ جس سے کہ صاحب مراقبہ مشق ہذا طرح طرح کے سوال کر کے کافی وشافی جوابات حاصل کرتا ہے۔ جو کہ بہت بڑا انعام خداوندی ہے۔

ممکن الوجودِ ملکوتی کے حصول کا مراقبہ (ایک انتہائی عجیب وغریب مراقبہ ونماز)

چاہیئے کہ پیرِ کامل ، واقف اسراراتِ وجوداتِ خمسہ (وجوداتِ خمسہ کی تشریح تصوف کی کتب میں بکثرت آئی ہے) کی اجازت سے اس مراقبہ میں مشغول ہو۔ ترکیبِ مراقبہ وطریقہ حصولِ الٰہیہ کا یہاں بیان پیش خدمت ہے۔

مقامِ تنہائی میں حجرہ تاریک کا دروازہ بند کر کے جائے نماز پر بحالتِ وضو قبلہ رُخ ہو کر سینہ تان کر نہایت مؤدب ہو کر سکون سے بیٹھے۔ اور اپنی دونوں آنکھیں ، کان ، اور ہونٹ بند کر کے اپنی باطنی نظر اور قلبی توجہ کو صدقِ نیت پر قائم کر لے۔ اور اس کی ہمیشہ محافظت کرتا رہے۔ کہ علم سے پوشیدہ نہ ہو جائے۔ یعنی اپنے علم کو بھی قائم رکھے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ مدہوشی طاری ہو جائے۔ کیونکہ اس میں نقصان کا احتمال ہے۔ لازم ہے کہ ہوشیار رہے۔ یہاں تسخیراتِ خلائق بدرجہ کمال ہے۔ لوگوں کا چاہے جتنا ہی اژدہام ہو، صاحب مشق کو اس طرف قطعًا ملتفت نہیں ہونا چاہیئے۔ ورنہ منزل سے رہ جائے گا۔ بلکہ ظہوراتِ ذاتِ حق کی جانب متوجہ رہے۔ اس شغل کو ہر روز بعد نماز صبح چار گھنٹے تک روزانہ کرتا رہے۔ اور ظہر سے عصر تک بھی اسی شغل میں مشغول ومصروف رہے۔ اور نمازِ عشاء کے بعد صوتِ سرمدی میں اسم ذات ''**اللّٰہ**'' کو شامل کر کے ''**ھو**'' کو کلمہ دراز کھینچ کر دماغ میں لے جائے۔ اور حبسِ دَم کرے۔ جب ہوا پھیپھڑوں میں بھر جائے تو ''**یاسمیعُ۔ یا بصیرُ۔ یا علیمُ**'' کہہ کر چھوڑ دے۔ پھر اسی طرح ''**ھو**'' کو آوازِ سرمدی کے ساتھ دماغ میں لے جائے۔ اور اسی آواز پر'' **ھو** '' کا تصور جمائے۔ ابتداء میں اپنے اوپر یہ امر لازمی سمجھے کہ اپنے خیال ونظرِ دِل کو اسی آواز پر لفظ ''**ھو**'' پر قائم رکھے۔ تاکہ خیال ونظر اور دل سمع پر قائم رہے۔ ورنہ سمع سے پوشیدہ ہو جائے گا۔ کیونکہ سمع سے پوشیدہ ہونے میں بھی نقصان ہے۔ جب تک حبس دَم کی طاقت رہے توجہ ونظرِ دل اسی آواز یعنی ''**ھو**'' کے تصور میں قائم رکھے۔ اور اس بات کا بھی تصور رکھے کہ! ''میں ہی سنتا ہوں، میں ہی دیکھتا ہوں، میں ہی جانتا ہوں، میرے سوا کوئی دوسرا نہیں۔''

اس مراقبہ میں ''**ھو**'' کا تصور بآوازِ سرمدی اور نظرِ دل توجہ کی اس آواز پر، اور شنوائی، بینائی اور دانائی معمول ہیں۔ اس شمار سے کم ورزش نہ کرے۔ کہ عدد امہاتِ اعداد ہے۔ اگر ہو سکے تو 21 یا 41 بار تک نوبت پہنچائے۔ پھر اس تعداد سے فارغ ہو کر اگر دو عدد رکعتیں بھی خشوع وخضوع سے ادا کرے گا۔ تو اس ایک نماز کا اثر 20 سے 30۔ ایام تک محسوس کرتا رہے گا۔ یعنی کہ اگر بہ نیت شہود ومشاہدہ ممکن الوجود، کشف کونی والٰہی، تصرفات وخوارق عادات، طی الارض، طیران علی الھوا، مشی علی الماء، اختفاء عن الناس، حصولِ مال و دولت، تسخیر الخلائق اور فتوحاتِ ظاہری وباطنی وغیرہ، غرضیکہ جس بھی نیت سے پڑھے گا۔ اس کا اثر اپنی آنکھوں سے بہت جلد خود معائنہ کر لے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

مَیں نے توڑ دی تسبیح اس لئے کہ! کیا گن کے نام لوں اُس خدا کا جو بے حساب دیتا ہے

عجیب و غریب اور انتہائی پرتاثیر نماز :

اس نماز کو پڑھنے سے پہلے یہ بات لازمی ذہن نشین رہنی چاہیئے ۔کہ! نماز کے ہر رکن (جیسے تکبیر، رکوع ، سجود، قیام وغیرہ وغیرہ) میں **9** یا **11** مرتبہ حبسِ دَم کے ساتھ نماز ادا کرنی ہے ۔ایک رکعت نماز ممکن الوجود کے حصول کے لئے'' **اللہ اکبر** '' کہہ کر آنکھیں بند کرکے خاموش کھڑا رہے ۔اور آوازِ سرمدی میں'' **ھو** '' کو شامل کرکے دماغ میں لے جائے ۔اور دل ونظر کی توجہ کو اس آواز پر قائم رکھے ۔پھر تھوڑی دیر کے بعد '' **اللہ اکبر** '' کہہ کر رکوع میں چلا جائے ۔ اور اس آوازِ سرمدی میں'' **ھو** '' کا تصور قائم رکھے ۔پھر تھوڑی دیر کے بعد '' **اللہ اکبر** '' کہہ کر قیام کرے ۔اور اس آوازِ سرمدی میں'' **ھو** '' کا تصور قائم رکھے ۔پھر'' **اللہ اکبر** '' کہہ کر سجدہ میں جائے ۔اور اس آوازِ سرمدی میں'' **ھو** '' کا تصور قائم رکھے ۔پھر'' **اللہ اکبر** '' کہہ کر سجدے سے سر اُٹھائے ۔اور بحالت تشہد (**التحیات** کی صورت) میں اس آوازِ سرمدی میں'' **ھو** '' کا تصور قائم رکھے ۔پھر سلام کی نیت سے'' **اللہ اکبر** '' کہہ کر دائیں طرف منہ پھیرلے ۔اور اس آوازِ سرمدی میں'' **ھو** '' کا تصور قائم رکھے ۔پھر سلام کی نیت سے '' **اللہ اکبر** '' کہہ کر بائیں طرف منہ پھیرلے ۔اور اس آوازِ سرمدی میں'' **ھو** '' کا تصور قائم رکھے ۔پھر بیٹھ کر اس آوازِ سرمدی میں'' **ھو** '' کا تصور قائم رکھے ۔اس شغل کے کرنے کے بعد آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر تفکر و تدبر کی کیفیت میں جا کر آئینہ قلب پر ملاحظہ کریں کہ کیا واردات ہوتی ہے ۔نماز کے ہر رکن میں حبس دم کرے اور چھوڑے ۔ ہر رکن میں جس قدر دیر لگائے گا ۔اُتنا ہی زیادہ مستفید و منتفع ہو سکے گا ۔انشاءاللہ۔

نماز کے خاتمہ پر جو عارب العالمین سے طلب کرے گا ۔اپنے سامنے استجابت پائے گا ۔انشاءاللہ۔ یاد رہے ۔کہ! یہ طریقہ بزرگانِ دین کا صدری ومخفی اور مجرب طریقہ ہے ۔اور اس طریقہ کو صرف وہی حضرات سرانجام دے سکتے ہیں ۔جو کہ شغل انہد میں کافی حد تک ماہر (**Experts**) ہوں ۔

میں فقط خاک ہوں ، مگر نامِ محمد ﷺ سے ہے نسبت میری   یہی ایک رشتہ ہے ، جو میری اوقات بدل دیتا ہے

حقیقتِ '' ھو ''

سلسلہء عالیہ قادریہ کا جب کوئی مرید وسالک تیسرے درجہ پر بفضلِ الٰہی پہنچ جاتا ہے ۔تو اُسے ہر لحہ اسم'' **ھــــو** '' کا ورد برزبانِ جسم وقلب جاری رکھنے میں ایسی شدید لذت کا احساس پیدا ہو جاتا ہے ۔کہ وہ ہر بات کا جواب بھی'' **ھو** '' کہہ کر دیتا ہے ۔ بلکہ! وہ دوسروں سے گزارش کرتا پھرتا ہے ۔کہ! اُس کے حلقہء خاص کے لوگ اُسے بجائے سلام کے'' یا ھو '' کہیں ۔ پھر جواباً وہ اُنہیں'' اِلَّا ھُوْ '' کہتا ہے ۔

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے اپنی کتاب''فیوضِ غوثِ یزدانی'' میں ایک واقعہ رقم فرماتے ہیں ۔کہ! حضرت ابراہیم خواصؒ نے فرمایا ۔میں ایک زمانہ جنگل میں رہا ۔میں نے وہاں کسی کو بھی نہ دیکھا ۔ آخر بادِ پیمائی نے مجھے ایک ایسی جگہ پہنچا دیا ۔جس سے مجھے وحشت طری ہوگئی ۔وہاں اچانک میں نے ایک نوجوان کو کھڑے ہو دیکھا ۔ مجھے سخت تعجب ہوا ۔(تو میں نے) اس سے پوچھا ۔آپ کہاں سے آرہے ہیں ؟ اس نے جواب دیا'' **ھــــو** ''(یعنی وہی تو ہے) ۔میں نے دوبارہ اس سے پوچھا ۔کہاں سے آرہے ہو ؟اس نے پھر جواب دیا ۔'' **ھو** '' ۔یہ سن کر میں نے اس سے کہا ۔(آپ) فنا کے اس مقام پر ہو ۔کہ (آپ کو) وہی (**ھو**) کے سوا کچھ دکھائی نہیں دیتا ۔اگر آپ اپنے قول میں سچے ہیں ۔تو آپ اپنی جان کو اس (ذاتِ الٰہیہ) پر قربان کردو ۔(میری یہ بات) سن کر اُس نے ایک چیخ ماری ۔اور گر پڑا ۔میں نے (آگے) بڑھ کر جو اسے دیکھا ۔تو وہ مر چکا ہے ۔(پھر) میں اسے دفن کرنے کے لئے میں اس سے ہٹ کر آیا ۔تاکہ پتھر وغیرہ جمع کرلوں ۔ جب واپس (میں اسی جگہ پر) لوٹا ۔تو وہ (عاشقِ رحمانی شخص) غائب تھا ۔(پھر مجھے) ہاتفِ غیبی سے آواز آئی ۔(کہ) اے ابراہیمؒ ! یہ وہ شخص تھا ۔کہ ملک الموت نے اسے طلب کیا ۔لیکن اسے نہ پایا ۔اسے جنت نے طلب کیا ۔لیکن اسے نہ پایا ۔دوزخ نے اسے طلب کیا ۔لیکن اسے نہ پایا ۔

میں نے ہاتفِ غیبی سے عرض کیا ۔   آخر وہ ہے کہاں !!!   ہاتف نے جواب دیا ۔

بہترین ٹھکانے میں ۔   قدرت والے بادشاہ کے پاس ۔   جنتوں اور نہروں میں ۔

حقیقتِ صوتِ '' ھو '' :

حقیقتِ صوتِ'' ھو '' کے بارے میں جناب حضرت شیخ محمد اکرم قدوسی چشتیؒ نے اپنی مشہور کتاب مبارکہ'' اقتباسُ الانوار'' میں فرماتے ہیں ۔کہ! (**بطریق پاس انفاس**) جب سالک سانس اندر لیتا ہے ۔تو زبان کے ساتھ نہیں ۔ بلکہ زبانِ قلب کے ساتھ اسم ذات'' **الـلـه** ''دل میں کہتے ہیں ۔اس طریقے میں کمال حاصل کرنے کے لئے بعض سالکین اسمِ ذات'' **الـلـه** '' کے''الف'' اور دونوں''لام'' کو محذوف کرکے اسم'' **ھو** '' کا ذکر کرتے ہیں ۔یعنی سانس اندر لیتے اور نکالتے وقت اسم'' **ھــــو** '' ہی بزبانِ قلب کہتے رہتے ہیں ۔محققین کا کہنا ہے ۔کہ! یہ ذکر یعنی'' ھو ۔ھو'' ہر سانس میں خود بخود جاری ہے ۔خواہ کوئی جانے یا نہ جانے ۔ بندہ ہمیشہ اسی ذکر میں ہی ہے ۔لیکن اس کی کامل صورت یہ ہے ۔کہ! سالک اپنے اس ذکر سے آگاہ ہو ۔اور اپنے ذکر کی طرف ہمیشہ متوجہ رہے ۔ تاکہ عین ذات (ذاتِ باری تعالیٰ) میں محو ومستغرق ہو جائے ۔اور صوتِ مستقیم (جس کی تفصیل سلطان الذکر میں گذر چکی ہے) بے اختیار ہر شخص کے اندر جاری ہے ۔اور یہ اعلیٰ قسم کا ذکر ہے ۔ چنانچہ اگر کانوں میں انگلیاں دے دی جائیں ۔تو یہ ذکر سنائی دیتا ہے ۔اور بعض لوگ اسی آواز کو'' **آوازِ ھویت** '' کے نام سے موسوم کرتے ہیں ۔کہ جو باطن میں ملحق ہے ۔ جو سالک اس آواز میں مشغول و مستغرق رہتا ہے ۔تو وہ صدائے'' ھو ۔ھو ۔'' تک بالآخر پہنچ ہی جاتا ہے ۔اور اس میں گم ہو جاتا ہے ۔اور اس کے مغز، گوشت و پوست اور ہڈیوں سے بھی یہی آواز نکلتی ہے ۔

اسم ھُوْ کا ذِکر (مختلف طریقے اور اقسام) مجرب طریقہ جات :

نمبر1۔ **یک کشش ھو تا ام الدماغ** : اس کا طریق یہ ہے ۔کہ! کہ سالک دوزانو بیٹھے ۔اور دونوں ہاتھ ایک دوسرے پر رکھ کر ''ھو'' کو ناف کے نیچے سے حبس کر کے آوازِ ظاہری سے دماغ تک لے جائے ۔اور چندے قرار دے ۔

در کوئے تُو عاشقاں چناں جان بدہند کانجا ملک الموت نہ گنجد ہرگز

(تیری گلی کے عشاق اس طرح اپنی جان دے دیتے ہیں (اے اللہ) کہ! وہاں موت کا فرشتہ بھی ہرگز نہیں سماتا)

نمبر2۔ **یک کششِ باطنی بفکر ھو** : اس کا طریق یہ ہے ۔کہ! جلسہ معہودہ معین کر کے ٹھوڑی کو سینے سے ملا کر تصور سے ''ھو'' کو ناف کے نیچے سے کھینچے ۔اور حبسِ دَم کر کے اپنے سانس کو ہر عضو میں گردش دیں ۔مگر اس قدر کہ بے طاقت نہ ہو جاوے ۔اور اگر بے طاقت ہو جائے ۔تو ''ھو'' کہتا ہوا آہستہ آہستہ سانس کو باہر نکالے ۔پھر اَز سرنو اسی مشق کو اسی طرح سے شروع کرے ۔اس ذِکر میں فوائد بے شمار ہیں ۔

نمبر3۔ **سہ ضربی ذِکرِ ھو مع حی** : اس کا طریق یہ ہے ۔کہ! جلسہ معہودہ معین کر کے پہلے ایک خالی ضرب آسمان کی طرف اُٹھا کر لگائے ۔اور دوسری ضرب ''ھو'' کی زمین کی طرف سر جھکا کر لگائے ۔پھر تیسری ضرب ''حی'' کی اپنے وجود میں لگائے ۔پھر اَز سرنو اسی مشق کو اسی طرح سے شروع کرے ۔اس ذِکر میں فوائد بے شمار ہیں ۔

بظاہر جو قلندر ہے ، حقیقت میں مجاور ہے اسی پر عشق سجتا ہے ، جو اندر سے قلندر ہو

نمبر نمبر4۔ **یک کشش ھو با ضربِ ھو** : اس کا طریق یہ ہے ۔کہ! سالک دوزانو بیٹھے ۔اور دائیں پاؤں کی پشت بائیں پاؤں کے تلوے پر رکھے ۔تاکہ دونوں سرین پاؤں کے ٹخنوں پر رکھے جائیں ۔اس کے بعد ''ھو'' کو ہلکی سی آواز سے ناف کے نیچے سے نکالے ۔اور اپنے اندرونِ جسم میں ضرب لگائے ۔اور اسی طرح سے پیاپے ضربات لگاتا رہے ۔اس ذِکر سے بے شمار فوائد حاصل ہوں گے ۔ان شاءاللہ ۔

نمبر5۔ **صدائے ھو بہ نو دو نہ ملاحظ** : اس کا طریق یہ ہے ۔کہ! جلسہ معہودہ معین کر کے زبان کو تالو سے چپکائے ۔اور شہادت کی دونوں انگلیاں اپنے دونوں کانوں میں دے ۔پھر قلبِ نیلوفری سے ''ھو'' کہتا ہوا آوازِ باطنی کے ساتھ اوپر کی جانب سانس کو لائے ۔مگر دَم کو نہ چھوڑے ۔اور صدائے ''ھو '' کو نناویں ملاحظہ سے تصور میں لائے ۔اور اسی تصور میں ہر ملاحظہ کے ساتھ ٹھوڑی سے حرکت دے ۔جب تمام ہو جائے ۔پھر اَز سرنو اسی مشق کو اسی طرح سے شروع کرے ۔اس ذِکر میں فوائد بے شمار ہیں ۔

نمبر6۔ **ذِکرِ ھو بیک نفس پیو ستہ بھزار کرت** : اس کا طریق یہ ہے ۔کہ! جلسہ معہودہ متعین کر کے پیٹ کو پیٹھ سے ملائے ۔اور زبان سے ''ھو'' کہے ۔اس طرح کہ جب ''ھو'' کہے ۔تو فوراً شکم کو کمر سے ملائے ۔اسی طرح پیوستہ ہزر مرتبہ تک نوبت پہنچائے ۔اس ذِکر میں فوائد بے شمار ہیں ۔

دردِ دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو ورنہ طاعت کے لئے کچھ کم نہ تھے کروبیاں

نمبر7۔ **ذِکرِ ھو لا متناھی** : اس کا طریق یہ ہے ۔کہ! جلسہ معہودہ قرار دے کر ایک سانس سے ''ھو'' کہتے ہوئے بائیں زانو سے دائیں زانو تک دورہ پر دورہ کرے ۔لیکن ہر دورہ پہلے دورہ سے کم ہو ۔جب سانس میں ورزش کی طاقت نہ رہے ۔پھر اسی طرح از سرنو شروع کرے ۔اس ذِکر کے فوائد وثمرات بے انتہا ہیں ۔عمل کرنے سے ہی معلوم ہوں گے ۔طریقِ انواعِ اذکار جو کہ مرشدانِ نامدار نے مریدانِ کامگار کے لئے معین فرمائے ہیں ۔اور برسبیلِ فتح باب ان کے نام بھی مقرر کر دیئے ہیں ۔

اَقسامِ صوتِ ''ھو'' : صوتِ ھو کی تین اقسام ہیں ۔جن کی تفصیل یہ ہے ۔کہ!

☆ اول وہ آواز جو دو جسموں کے باہم ملنے سے پیدا ہوتی ہے ۔جیسے کہ ایک ہاتھ کو دوسرے ہاتھ پر مارنے سے تالی بجتی ہے ۔لیکن ایک ہاتھ سے تو تالی نہیں بجتی ۔اس آواز کو محدث یا مرکب کہتے ہیں ۔ ☆ دوئم وہ آواز جو دو جسموں کی حرکت اور الفاظ کی ترکیب کے بغیر عنصرِ آتش کی وجہ سے انسان کے اندر سے نکلتی ہے ۔اس آواز کو بسیط اور لطیف کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے ۔ ☆ سوئم وہ آواز جو کہ بے حد آواز ہے ۔جو بے واسطہ ہمیشہ ایک ہی طرق پر ہوتی ہے ۔مگر کم وبیش نہیں ہوتی ۔اور نہ ہی اس آواز میں تغیر وتبدل کو دخل حاصل ہے ۔یہ آواز بے جہت ہوتی ہے ۔اگر چہ سارا جہان بھی اس آواز سے بھرا ہوا ہو ۔لیکن اہلُ اللہ کے بغیر کوئی اس سے مطلع نہیں ہوتا ۔یہ آوازِ تخلیقِ کائنات سے کی آواز ہے ۔اس آواز کو بے حد اور مطلق کہا جاتا ہے ۔

بہر حال ! اس شغل (**شغلِ ھو**) سے اوپر کوئی شغل نہیں ہے ۔کیونکہ باقی جتنے بھی اشغال ہیں ۔سب انسان کی کوشش اور اختیار سے صادر ہوتے ہیں ۔جونہی کوئی آدمی ایک بھی لحہ کے لئے اپنے کسی بھی شغل سے غفلت برتتا ہے ۔وہ منقطع ہو جاتے ہیں ۔لیکن یہ شغل شریف آدمی کے ارادہ اور اختیار کے بغیر ہی علی الدوام ، بلا انقطاع اور بلا انفصال میسر رہتا ہے ۔ یاد رہے ۔کہ! حضرت رسالت مآب ﷺ بھی غارِ حرا میں اسی شغل میں ہی مشغول رہا کرتے تھے ۔جس کی وجہ سے کہ حضرت جبرائیلِ امینؑ آکر آنحضور نبی مکرم ﷺ پر ظاہر ہوئے ۔اور وحی کی ابتداء ہوئی ۔

بفرمانِ سلطان العاشقین ! جب تک بندہ ءخدا مقامِ ''ھو'' پر نہیں پہنچتا ۔تب تک نہ وہ اللہ تعالیٰ کو اور نہ ہی رسول اللہ ﷺ کو پہچان سکتا ہے ۔

کارِ دنیا درازی دارد ہر چہ گیرد ، مختصر گیرد

آنکھوں میں قوتِ مقناطیسی بڑھانے کے طریقے

ارتکازِ توجہ کو بڑھانے ، آنکھوں میں قوت مقناطیسی یا قوتِ جاذبہ بڑھانے کے لئے مسلم اور غیر مسلم علمائے عاملین نے چند مجرب المجرب مشقوں کا ہمیشہ سے التزام فرمایا ہے ۔ جن میں اولین تو ''اسمِ ذات'' ''اللہ'' کو دیکھ کر اپنے قلب پر نظر کرنا ہے ۔ جبکہ غیر مسلموں (ہنود و یہود اور نصارٰی) شمع بینی ، دائرہ بینی ، آئینہ بینی ، افتاب و ماہتاب بینی وغیرہا پر بہت کام کیا ہے ۔ ان کا یہاں پر مختصر سا بیان کیا جا رہا ہے ۔


دائرہ بینی : طہارت کاملہ ظاہری کی پابندی کے ساتھ ایک مکان میں یا کسی ایسی جگہ میں خلوت کا انتظام کرے ۔ اور ایک جدید سفید چارٹ پر سکے کے برابر نقطہ بنائے یا شمالی جانب دیوار میں سکے کے برابر نقطہ بنائے ۔ کہ وہ دائرہ زاویہ آنکھ کے بالکل برابر سے دو تین انچ اوپر رہے ۔ مگر یاد رہے ۔ کہ صاحب مشق کی پوزیشن ایسی ہونی چاہیئے ۔ کہ ریڑھ کی ہڈی اور گردن بالکل سیدھی رہے ۔ تاکہ دورانِ مشق تھکاوٹ کا احساس نہ ہو ۔ شمع اور آنکھ کا فاصلہ دو سے ڈھائی فٹ ہی ہونا چاہیئے ۔ اِس دوران سانس لینے اور نکالنے کے عمل کو نتھنوں سے جاری رکھیں ۔ اگر خدانخواستہ نزلہ وزکام کی شکایت ہو تو منہ سے بھی سانس لیا جا سکتا ہے ۔ لیکن یکسوئی کے حصول کے لئے ناک سے سانس لینا اور نکالنا افضل وارفع ہے ۔ صاحب مشق کی نشست **پدم آسن** (چوکڑی مار کر بیٹھنا) ہوگی ۔

بعد از طلوعِ آفتاب اور رات کو سونے سے قبل ایک گھنٹہ تک روزانہ اس سیاہ دائرے پر ٹکٹکی باندھ کر نظریں جمائے ۔ اس دوران اسمِ اعظم ''**یا حی یا قیوم**'' کا بزبان قلب ورد جاری رکھیں ۔ اس مشق میں روزانہ وقت کو بڑھاتے جائیں اور وقت مقررہ پر روزانہ مشق کیا کریں ۔ اس دوران پلک نہ جھپکائے اور منہ بند کر کے ناک سے سانس لے ۔ چار چھ ایام میں ایسا محسوس ہوگا کہ ! دائرے کے اردگرد ایک نورانی ہالہ سا بنتا اور مدھم ہوتا رہتا ہے ۔ عشرے پندرے بعد صاحب مشق کو ایسا لگنے لگے گا کہ دائرہ کبھی مدھم ہو جاتا ہے ۔ کبھی غائب ہو جاتا ہے ۔ پھر ہفتے عشرے بعد ایسا محسوس ہوگا ۔ کہ دائرہ ہے ہی نہیں ۔ بلکہ سارا کا سارا نور ہی نور ہے ۔ جب اُسی نور میں طرح طرح کی مختلف الاقسام عجیب شکلیں نظر آنا شروع ہو جائیں ۔ تو چند دنوں تک وہ نور بھی آنکھوں کے سامنے سے مضمحل ہونا شروع ہو جائے گا ۔ اور پھر دائرہ میں جس شخص کی نیت وارادہ کیا جائے گا بعین وہی شخص اُس دائرہ میں نظر آئے گا ۔ یہ کیفیت 35 سے 45 ۔ ایام تک ضرور حاصل ہو جائے گی ۔ اِس مشق کی استجابت کی پڑتال (Check) کرنے کا طریقہ یہ ہوگا کہ !

1 . اُس دائرہ میں جب بھی دیکھیں گے ۔ تو ہالہ نور ، اور نور میں ارواح نظر آئیں گیں ۔ **2 .** جس روح کا تصور و تخیل کریں گے ۔ وہی روح وہاں (اُس دائرے کے اردگرد نورانی ہالہ کے اندر) نظر آئے گی ۔ **3 .** صاحب مشق جب گھر سے باہر چلتے پھرتے کسی شخص کے پیچھے کی جانب نظر کرے گا ۔ تو آگے چلنے والا شخص ایک جھٹکے سے پیچھے مُڑ کر عامل کی جانب آئے گا ۔ اور پوچھے گا کہ شاید آپ نے مجھے بلایا ہے ۔

قوتِ مقناطیسی بڑھانے کا طریقہ : قوتِ مقناطیسی بڑھانے کا یہ طریقہ (یعنی دائرہ بینی) بہت اعلیٰ ہے ۔ شائق کو چاہیئے ۔ کہ ! ایک سفید کاغذ لے کر اُس پر گول دائرہ (پانچ یا دس روپے کے سکے کے برابر) سیاہ رنگ کا بنا لے ۔ جو کہ دیکھنے میں کچھ چمک دار بھی ہو ۔ اور اس دائرہ کے عین درمیان میں سوئی کی نوک (جو کہ بآسانی دیکھی جا سکے) سفید نشان رہنے دے (یا سفید نشان خود بنا لے) پھر عامل اُس دائرہ کے اندر والے نشان کو اپنے سامنے (آنکھوں کے برابر زاویے میں) ایک گز کے فاصلے پر رکھ کر اسے ٹکٹکی باندھ کر مسلسل دیکھتا رہے ۔ اور اپنے اسی عمل پر دن میں دو مرتبہ (صبح سورج نکلنے سے دو گھنٹے تک اور شام کو سورج نکلنے کے دو گھنٹے بعد سے کسی وقت تک) اس عمل کی مداومت اختیار کرے ۔ چند دنوں کی مشق سے وہ نشان سفید یا زرد یا کسی رنگ میں چمک دار نظر آنا شروع ہو جائے گا ۔ بلکہ کبھی کبھی تو وہ دائرہ نظر بھی نہیں آئے گا ۔ جب وہ نشان مختلف رنگوں میں نظر آنا شروع ہو جائے ۔ تو عامل مختلف حشرات کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھتے ہوئے اُنہیں بے ہوش کرنے کا تصور کرے ۔ چند دنوں تک وہ حشرات الارض کو بے ہوش کرنے پر بھی قدرت حاصل کر لے گا ۔ پھر وہ کسی طفل (جس کی عمر دس برس سے کم ہو) کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھتے ہوئے اُسے سلانے کا تصور کرے ۔ جب اسے اس بات پر بھی قدرت حاصل ہو جائے ۔ تو وہ کسی بھی راہ چلتے کو بقوتِ مقناطیسی اپنی طرف متوجہ کر سکتا ہے ۔

آنکھوں میں قوتِ جاذبہ پیدا کرنے کا مقناطیسی آلہ : جناب غلام سرور شباب صاحب اپنی کتاب روحانی خطوط میں حکیم نور محمد سائیں ساکن کھوڑ سے نقل کرتے ہیں ۔ کہ ! ایک ٹکڑا تانبہ سفید 3 ۔ انچ لے کر اس کے وسط میں روپیہ کے سکے کے برابر گول دائرہ کندہ کر کے اس میں جست کا ٹکڑا چسپاں کر دیں ۔ چاروں طرف بالمقابل جست و تانبے کے ٹکڑے اس طرح نصب کریں ۔ کہ ! درمیانی گول دائرہ سے ان کے سرے پیوست رہیں ۔ پھر اس آلہ کے وسط میں گول دائرہ پر سیاہ وارنش کروا دیں ۔ بس یہ آلہ تیار ہے ۔ جیسا کہ سامنے دیا گیا ہے ۔ بوقتِ ضرورت منہ جانب جنوب رکھ کر آلہ سامنے رکھ کر سیاہ نشان کو ٹکٹکی باندھ کر ملاحظہ کریں ۔



روزانہ (صبح و شام یا صبح دو پہر رات) مشق کریں ۔ ناغہ نہ ہو ۔ نہ شور و غل ، تاکہ یکسوئی برقرار رہ سکے ۔

بہر حال جب یہ کیفیات حاصل ہو جائیں ۔ تو صاحبِ عمل ہذا شخص واقعتاً عامل بن چکا ہوگا ۔ کیونکہ اِس طریقہ میں اجتماعِ خیالات ، تصور ، یکسوئی قلب اور قوتِ روحانی ، غرضیکہ یہ چاروں چیزیں اِس مشق میں موجود ہیں ۔ اس کے علاوہ دیگر کئی اقسام کے اسرار وعجائبات کو بھی بخوبی دیکھ سکے گا ۔ انشاءاللہ ۔

(یاد رھے ۔ کہ!) ارتکازِ توجہ کے لئے سب سے زیادہ پرتاثیر اور سریع الاثر مشق ''تصورِ اسمِ ذات اللہ'' کی ہے ۔

شمع بینی :

ارتکازِ توجہ کی بہت سی مشقیں ہیں۔مگرسب سے اہم ،مقدم ومفید مشق ہےشمع بینی ذہن کو **One-Pointed** کرنے کے لئے شمع بینی سے بہتر نہ کوئی اور مشق ہےاور نہ ہوسکتی ہے (**بقولِ شاد گیلانی**) اس مشق کا طریقہ کار یہ ہے کہ! فُرصت کا وقت تلاش کر کے کسی ایسے کمرے کو اپنی مشق گاہ بنائیں جہاں شور و غل اور زیادہ سامان نہ ہو۔اور نہ ہی کسی کے آنے جانے کا کھٹکا ہو۔کمرہ اندر سے بند کردیں۔اس مشق کے لئے بعد نمازِ فجر اور رات کو سونے سے قبل کا وقت بالکل مناسب ہے۔اگر موسم سردی کا ہو تو کوئی گرم لحاف اوڑھ کر بیٹھیں اور اگر گرمی ہو تو پس پُشت بجلی کا کوئی چھوٹا سا پنکھا(**Pedistal Fan**) لگا کر روزانہ مشق کیا کریں۔مگر خیال رہے کہ پنکھے کی ہوا کا اثر شمع پر نہ پڑے۔ورنہ شمع بُجھ جائے گی۔بوقت مشق تمام اقسام کے تفکرات ،اندیشے اور اوہام کو ذہن سے نکال کر مشق کرنا ضروری ہے۔ اب ایک شمع جلا کر کسی چھوٹی سی میز یا کسی ایسی چیز پر شمع کو رکھیں۔کہ وہ زاویہ آنکھ کے بالکل برابر سے دوتین انچ اوپر رہے۔مگر یاد رہے۔کہ صاحب مشق کی پوزیشن ایسی ہونی چاہیئے۔کہ ریڑھ کی ہڈی اور گردن بالکل سیدھی رہے۔تاکہ دورانِ مشق تھکاوٹ کا احساس نہ ہو۔شمع اور آنکھ کا فاصلہ دو سے ڈھائی فٹ ہی ہونا چاہیئے۔اِس دوران سانس لینے اور نکالنے کے عمل کو نتھنوں سے جاری رکھیں۔اگر خدانخواستہ نزلہ وزکام کی شکایت ہو تو منہ سے بھی سانس لیا جاسکتا ہے۔لیکن یکسوئی کے حصول کے لئے ناک سے سانس لینا اور نکالنا بہرحال افضل وارفع ہے۔

تین مرتبہ حبس دم (سانس کو روک کر) شمع کی لو پر اپنی آنکھیں گاڑھ دیں۔اس دوران اسمِ اعظم''**یا بصیر یا مجیر**'' کا بزبان قلب ورد جاری رکھیں۔اور حتی الامکان کوشش کریں کہ پلک نہ جھپکے،لیکن چونکہ آنکھ کی فطرت ہے۔جھپکنا،مگر کوشش کریں۔کہ بہت دیر کے بعد آنکھ کو جھپکنے کا موقع فراہم کریں۔آنکھیں تھکتی ہیں تو بے شک تھکنے دیں۔اگر آنکھوں سے پانی بہتا ہے تو بہنے دیں۔آنکھوں میں چاہے چبھن ہو، درد ہو یا کچھ بھی ہو آنکھوں کو شمع کی لو سے نہ ہٹنے دیں۔اور نہ ہی جھپکنے دیں۔اور اس طرح سے اِس مشق کو کم ازکم 10 سے 15 منٹ تک جاری رکھیں۔اور روزانہ دورانیہ کو 2-2 یا 3-3 منٹ بڑھاتے چلے جائیں۔مشق کے فورًا بعد آنکھوں پر ہاتھ رکھ دیں اور شمع کی لَو کو بند آنکھوں سے کم ازکم 30 سے 35 منٹ تک دیکھنے کی کوشش کریں۔اس کے بعد شمع بجھا کر کمرے سے باہر آکر فورًا آنکھوں کو عرقِ گلاب یا آبِ زم زم یا ٹھنڈے پانی سے دھولیں۔اگر رات کی مشق ہے تو آنکھوں کو دھونے کے بعد اُسی وقت سو جائیں اور اگر صبح کا وقت ہے تو آنکھوں کو دھونے کے بعد آدھ پون گھنٹے کے لئے ویسے ہی لیٹ جائیں یا گھنٹے دو کے لئے سوجائیں۔بہرحال یہ صاحب مشق کی صوابدید پر منحصر ہے اُس کو جو مناسب لگے۔ ہفتے عشرے کے بعد صاحب مشق کو شمع کی لَو سے ایک انجانی سی محبت کا احساس ہونے لگے گا۔مشق ہونے کی وجہ سے خیالات کا آنا،آنکھوں میں درد وچبھن کا ہونا وغیرہ سب ختم ہو چکا ہوگا۔اسی مشق کو مزید جاری رکھتے ہوئے اگلے ہفتے عشرے کے بعد شمع کی اسی لَو میں عجائبات کا ایک لا متناہی سلسلہ شروع ہوجائے گا۔کبھی کبھار لَو میں جانور بھاگتے دوڑتے یا لڑتے جھگڑتے نظر آنے لگیں گے۔عمومًا اِس مشق میں دیکھا گیا ہے۔کہ! ایک شیر چند دنوں کے بعد نظر آیا کرتا ہے۔اور کبھی کبھار اِسی لَو میں ایک دوشیزہ رقص کرتی ہوئی نظر آتی ہے۔اور کبھی کبھار ایک لق ودق صحرا نظر آتا ہے۔ بہرحال لازمی نہیں کہ یہی تمام مشاہدات ہر ایک صاحب مشق کو بھی نظر آئیں۔ہاں البتہ اتنا ضرور ہے کہ مشاہدات نظر ضرور آتے ہیں کسی کو کچھ تو کسی کو کچھ۔شمع بینی کی اِس مشق کو تین سے چار ماہ تک کم ازکم لازمی جاری رکھیں۔اِس مشق کی پختگی کی پڑتال (**Check**) کرنے کا طریقہ یہ ہوگا۔کہ!

☆ اس مشق کی تکمیل کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے۔کہ صاحبِ مشق **50** سے **60** منٹ تک شمع کی لَو سے آنکھیں لڑا سکے گا۔ ☆ کسی بھی سوئے ہوئے جانور مثل کتا یا بلی یا خرگوش وغیرہ کو ٹکٹکی باندھ کر جب دیکھیں گے۔تو وہ جانور ہڑبڑا کر،خوف زدہ ہو کر اُٹھ بیٹھے گا۔اور شاید خوفزدہ ہو کر بھاگ بھی جائے۔ ☆ اگر آپ کسی اپنے سے آگے چلنے والے شخص کی گردن پر ٹکٹکی باندھ کر بغور چند سیکنڈ دیکھیں گے۔تو وہ شخص لازمًا پیچھے مُڑ کر آپ کی جانب دیکھے گا۔جیسے کہ آپ نے اُسے بُلایا ہو۔ ☆ اگر آپ کسی بھی شخص کی آنکھوں میں اِس نیت سے دیکھیں کہ اُس پر نیند طاری ہوجائے تو وہ شخص اُسی لمحے سوجائے گا۔یاد رہے کہ عملِ تنویم کے ذریعے سے مختلف الاقسام طبعی امراض اور نفسیاتی عوارضات کا بآسانی علاج کیا جاسکتا ہے۔

آئینہ بینی :

(صاحب تعلیم غوثیہ جناب سید شاہ گل حسنؒ فرماتے ہیں۔کہ!) جو شخص اسرارِ غیب سے مطلع ہونا چاہے۔اور انوار الٰہیہ کا پرتو بننا چاہے۔تو ایسے شخص کو لازم ہے کہ! طہارت کاملہ ظاہری و باطنی کی پابندی کے ساتھ ایک مکان میں یا کسی ایسی جگہ میں خلوت کا انتظام کرے۔جہاں کسی قسم کا شور وغل یا انسانی آمدورفت نہ ہو۔پھر ایک جدید آئینہ،جس میں مکمل چہرہ گردن تک بآسانی دیکھا جاسکے،خریدلیں۔بوقت آئینہ بینی اس آئینہ کو خود سے تین سے چار فُٹ کے فاصلے پر شمال کی جانب دیوار پر اپنی زاویہ نظر کے عین برابر کہیں آویزاں کریں یا کسی چیز پر رکھ لیں۔کہ وہ آئینہ زاویہ آنکھ کے بالکل برابر سے دوتین انچ اوپر رہے۔مگر یاد رہے ۔کہ صاحب مشق کی پوزیشن ایسی ہونی چاہیئے۔کہ ریڑھ کی ہڈی اور گردن بالکل سیدھی رہے۔تاکہ دورانِ مشق تھکاوٹ کا احساس نہ ہو۔شمع اور آنکھ کا فاصلہ دو سے ڈھائی فٹ ہی ہونا چاہیئے۔اِس دوران سانس لینے اور نکالنے کے عمل کو نتھنوں سے جاری رکھیں۔اگر خدانخواستہ نزلہ وزکام کی شکایت ہو۔تو منہ سے بھی سانس لیا جاسکتا ہے۔لیکن یکسوئی کے حصول کے لئے ناک سے سانس لینا اور نکالنا بہرحال افضل وارفع ہے۔ بعد از طلوعِ آفتاب اور رات کو سونے سے قبل ایک گھنٹہ تک روزانہ آئینہ کے اندر دونوں آنکھوں کے درمیان ٹکٹکی باندھ کر نظریں جمائے رکھیں اور تصور اس کا کرے کہ۔''**المؤ من مرأۃ المؤ من**''۔اس دوران اپنی پلکیں نہ جھپکے۔اور منہ بند کر کے ناک سے سانس لیں۔اس دوران اسمِ الٰہیہ''**یا مصور یا خالق**'' کا بزبان قلب ورد جاری رکھیں۔ہفتے

عشرے بعد صاحب مشق کو ایسا لگنے لگے گا کہ آئینہ کے عکس میں دونوں آنکھیں ایک دوسرے کی طرف حرکت کر رہی ہیں ۔ پھر ہفتے عشرے بعد ایسا محسوس ہوگا کہ دونوں آنکھیں ایک آنکھ ہوگئی ہے ۔ جب دونوں آنکھیں ایک رہ جائے گی تو چند دنوں تک وہ ایک آنکھ بھی مضمحل ہونا شروع ہو جائے گی ۔ اور ایک پُتلی باقی رہ جائے گی ۔ مزید کچھ دنوں بعد بتدریج اس مشق سے تمام چہرہ آئینہ سے قطعًا صاف ہو جائے گا ۔ یہ کیفیت 20 سے 30 ۔ ایام تک ضرور حاصل ہو جائے گی ۔ جب یہ کیفیت حاصل ہو جائے تو صاحبِ عمل ہذا واقعتًا عامل بن چکا ہوگا ۔ اب عامل آئینہ سامنے رکھ کر جس کسی شخص کا تصور و تخیل قلب میں لائے گا ۔ تو لازمًا اُس شخص کی صورت اِسی آئینہ میں ضرور جلوہ گر ہو گی ۔ اب صاحب عمل اُس حاضر شخص سے جو بھی کچھ معلوم کرنا چاہے ۔ سب چیزیں یا معلومات اُس پر بذریعہ یہی آئینہ منکشف ہوں گیں ۔ انشاء اللہ ۔ اس کے علاوہ وہ حاضر شخص دیگر کئی اقسام کے اسرار بھی دیکھ سکے گا ۔ انشاء اللہ ۔

اس مشق میں وقت کو بڑھاتے چلے جائیں ۔ یہاں تک کہ تین گھنٹے تک نوبت جا پہنچے ۔ اور پتلی یعنی مردمِ چشم پر نگاہ کو مرکوز رکھے ۔ ہر گاہ کہ طالب کی نگاہ مردمِ چشم کی مردمک پر جب پڑے گی ۔ تو اس وقت جو بھی حال وارد ہوگا وہ زبان سے بیان کرنا ممکن نہیں ۔ ہاں البتہ اتنا ضرور ہے کہ آنکھوں کی پتلیاں صعود کر کے ام الدماغ کے نقطہ اِنتھی میں داخل ہو کر سویداءِ قلب پر قائم ہوں گی ۔ اور ظاہر و باطن یکجا ہو جائے گا ۔ انشاء اللہ العظیم ۔

شغلِ آئینہ بینی :

اہلِ ہنود کا کہنا ہے ۔ کہ ! سالک ایک بڑے آئینے کے عین روبرو کھڑا ہو کر اس میں ملاحظہ کرنا شروع کر دے ۔ عکس کی چشمِ چپ کی پتلی کو نظر کا مرکز بنانا ہے ۔ شروع میں (دن میں دو یا تین یا زیادہ مرتبہ) ایک سے دو منٹ تک بلا آنکھ جھپکنے کے اس کی سمت دیکھنے کی مسلسل مشق کرتے رہیں ۔ جب شاغل و عامل کو یہ احساس ہو جائے ۔ کہ ! بلا آنکھ جھپکائے نہیں رہا جا سکتا ۔ تو آنکھ جھپکنے کے بجائے ایک دم سے آنکھیں بند کر لیں ۔ تقریبًا 20 سے 30 سیکنڈ آنکھ بند رکھنے کے بعد پھر سے ٹکٹکی باندھ کر آئینہ میں عکس کی بائیں آنکھ کی پتلی کو ملاحظہ کرنا شروع کر دیں ۔ نیز آنکھیں اشک بار بھی ہوں گی ۔ اس وقت آنکھوں کو ٹھنڈے مگر صاف شفاف پانی سے دھو لینا چاہیئے ۔ بفضلِ الٰہی ہفتہ عشرہ بعد مشقِ مکرر سے آنکھ جھپکنے کا دورانیہ تین سے پانچ منٹ تک ہو جائے گا ۔ جب عامل و شاغل کو 25 سے 30 منٹ یا اس سے بھی زیادہ آنکھ بلا جھپکنے کے کھلی رکھنے کی قدرت حاصل ہو جائے ۔ تو وہ خوش نصیب شخص کامیابی سے تقریبًا 90 فیصد مشق و شغل مکمل کر چکا ہے ۔

اَب اس شغل و مشق کی پڑتال کے لئے چاہیئے ۔ کہ ! عامل و شاغلِ مشق ہذا کسی راہ چلتے آدمی کی گردن کے پچھلے حصے پر نظر جما کر ملاحظہ کریں ۔ اور دل میں مضبوطی سے یہ ارادہ قائم کریں ۔ کہ وہ چلتا آدمی گردن موڑ کر عامل کی طرف ابھی ابھی دیکھے گا ۔ نظر کی ٹکٹکی قائم رکھیں ۔ چند لحات بعد تعجب ہوگا ۔ کہ وہ راہ چلتا آدمی مڑ کر آپ کو دیکھتے ہوئے آپ کی جانب آئے گا ۔ مگر اسے معلوم نہ ہوگا ۔ کہ اُس نے ایسا کیوں کیا ۔ مطلب آپ کامیاب ہو گئے ۔

دوسری پڑتال یہ کریں ۔ کہ ! کسی عزیز و رشتہ دار یا اپنے کسی دوست کی تصویر سامنے رکھ کر اس کی بائیں آنکھ پر ٹکٹکی باندھ کر زبانِ قلب و تصور سے اُسے اپنے ہاں شام کے کسی وقت (مثل پانچ چھ بجے) آنے کی دعوت دیں ۔ وہ ضرور بالضرور حاضر ہوگا ۔

وضاحت : مسلسل مشق سے کہ جب صاحب مشق آئینہ کو بغیر تھکن ، بغیر جلن اور بناء پانی بہے گھور سکنے کے قابل ہو جائے تو وہ روحیت کی سرزمین پر وارد ہونے کے لئے تیار ہو جائے ۔ کیونکہ اب منزل صرف دو ہی قدم کے فاصلے پر رہ گئی ہے ۔ اب آئینہ کی طرف گھوریں ، لو جی آئینہ تو سفید ہو گیا ۔ بالکل سفید ۔ اُوہ یہ کیا ! صاحب مشق کی اپنی ہی شکل آئینہ سے غائب ہو گئی ۔ کہاں گئی آپ کی شکل ؟؟؟ آپ کے لاشعور نے اِسے سفید کر کے آپ کی شکل کو روپوش کر دیا ۔ یہ کیا !!! سفید آئینہ پھر سے سیاہ ہونا شروع ہو گیا ، سیاہ ، بالکل سیاہ ۔ اِس وقت صاحب مشق محوِ استغراق ہو گیا ۔ گو کہ آپ کی سوچ و تفکر دونوں گہرائی میں ڈوب چکے ہیں ۔ مگر لاشعور برابر جاگ رہا ہے ۔ اب آئینہ کی سیاہی سمٹ کر چھوٹا ہونا شروع ہو گئی ۔ سمٹ رہی ہے ۔ سمٹ رہی ہے ۔ سمٹ رہی ہے ۔ گیند کے برابر ، سکے کے برابر ، اب ناخن کے برابر ، یہ کیا ؟ اب دائرہ فقط ایک نقطہ کے برابر رہ گیا ۔ اب آپ روحیت کی دنیا میں آ گئے ۔ نیند میں نہیں بلکہ جاگتے میں ، یہ کیا ہے ؟ عالمِ ارواح ! اِس عالم سے (دل ہی دل میں) کہو کہ آپ کے کسی فوت شدہ عزیز و رشتہ دار یا کسی دوست و جاننے والے کی روح اسی آئینہ میں لے آئے ۔ اِدھر آپ کا خیال روح کی طرف ہوا ۔ اور دوسرے ہی لمحے مطلوبہ روح آئینہ میں آ گئی ۔ وہی روح ! ہاں بالکل وہی روح ۔ سو فیصد وہی روح ۔ لیجیئے جناب اب یہ آپ کی صوابدید پر منحصر ہے جو پوچھنا ہے ، جو سوال کرنا ہے ، جس پوشیدہ راز سے آگاہی حاصل کرنی ہے وغیرہ وغیرہ ۔ یہ عمل بالکل تنہائی میں کریں کہ جہاں پر کسی کی آواز تو کیا سانس لینے کی بھنک بھی نہ پڑے ۔ کیونکہ اِدھر کوئی آواز آئی تو اُدھر آئینہ سے سب غائب ۔ بس یہ خیال رہے کہ شروع میں چھوٹے اور معمولی سوالات ، دو چار منٹ بات کریں پس ختم آہستہ آہستہ وقت بڑھائیں اور سوالات کی تعداد بھی ۔

آسمان بینی : دو ساعت بعد نکلنے آفتاب کے صبح کو اور عصر کو بجانبِ آفتاب پشت کر کے کھڑا ہو جائے ۔ اور نظر اپنے سائے پر کرے ۔ حتیٰ کہ سایہ اپنا طویل ہوتا ہوا ہائے ۔ اور اُفق آسمان پر پہنچے ۔ اور آسمان کو شق کرتا ہوا دوسرے آسمان پر پہنچے ۔ اور وہاں سے تیسرے اور چوتھے آسمان کو طے کرتا ہوا بعالمِ معانی پہنچے ۔ **الم تر الی ربک کیف مد الظل** ۔ کیا آپ نے اپنے پروردگار کی (قدرتِ اختیار) کو نہیں دیکھا ۔ کہ آپ کا رب سائے کو کس طرح پھیلا دیتا ہے ؟ (سورہ فرقان ۔ آیت نمبر 45) پس کچھ عرصے بعد ، شاغل گم گشتہ بحقیقت انسانی پیوستہ ہو جائے گا ۔ اور بالیقین معلوم کر لے گا ۔ کہ متصرف بعالم وہی حقیقت ہے ۔ اور عالم جو نشو و نما ہوتا ہے ۔ اسی سے ہی ہے ۔ بلکہ تمام ظہور اسی کا ہے ۔ اور انسان تو مثل شجر کے ہے ۔ پس جو سالک کہ اشتغال ساتھ اس شغل کے کرے گا ۔ تو اُس خوش نصیب کو ” **تخلقوا با خلاق الله و تصفوا بصفات الله** “ کا مقام و مرتبہ حاصل ہو جائے گا ۔ ان شاء اللہ ۔

شغل ماھتابی :

ایامِ بیض کی راتوں (یعنی اسلامی ماہ کی 15-14-13 کی راتیں) میں ماہتاب پر خوب نظر جماؤ۔ اس دوران اسمائے اعظم "یا رحمٰن یا رحیم یا کریم" کا بزبان قلب لازمی ورد جاری رکھیں۔ اور حتی الامکان کوشش کریں کہ پلک نہ جھپکے، لیکن چونکہ آنکھ کی فطرت ہے جھپکنا، مگر کوشش کریں کہ بہت دیر کے بعد آنکھ کو جھپکنے کا موقع فراہم کریں۔ آنکھیں تھکتی ہیں۔ تو بے شک تھکنے دیں، اگر آنکھوں سے پانی بہتا ہے تو بہنے دیں۔ آنکھوں میں چاہے چبھن ہو، درد ہو یا کچھ بھی ہو آنکھوں کو ماہتاب سے نہ ہٹنے دیں۔ اور نہ ہی جھپکنے دیں۔ اور اِس طرح سے اِس مشق کو کم از کم 20 سے 25 منٹ تک جاری رکیں۔ اور روزانہ دورانیہ کو 2-2 یا 3-3 منٹ تک بڑھاتے چلے جائیں۔ مشق کے فوراً بعد آنکھوں پر ہاتھ رکھ دیں۔ اور ماہتاب کو بند آنکھوں سے کم از کم 30 سے 35 منٹ تک دیکھنے کی کوشش کریں۔ اس کے بعد کسی تاریک جگہ یا کمرے کے اندر آ کر فوراً آنکھوں کو عرق گلاب یا آبِ زم زم یا ٹھنڈے پانی سے دھولیں۔ اور اِس مشق کو ماہ کے آخر تک کریں جب تک کہ طلوعِ آفتاب سے قبل تک کے ایام تک ماہتاب بینی کی مشق کو جاری رکھنا ہے۔ پھر اگلے قمری ماہ کی 7 تاریخ سے دوبارہ ماہتاب بینی کی مشق کو شروع کرنا ہے۔ اور اِس مشق کو ماہ کے آخر تک کریں جب تک کہ طلوعِ آفتاب سے قبل تک کے ایام تک ماہتاب بینی کی مشق کو جاری رکھنا ہے۔ اس طرح سے مشق کو چھ سے آٹھ ماہ تک جاری رکھنے کے دوران صاحب مشق کے نقطہ قلب پر ماہتاب کامل بن کر تمام اسرار و مغیبات کو مکشوف کر دے گا۔ کہ صاحب مشق تمام عوالم کی سیر کرتے ہوئے انوارِ ذات کی صحیح صورت جلوہ گر ہو گی۔ اس عمل کا طبعی فائدہ یہ بھی ہوگا۔ کہ بینائی بھی کم نہ ہوگی۔ اور آنکھوں میں جلن بھی نہیں ہوگی۔

در راہ عشق وسوسہ اہرمن بسے است   ہشدار گوش دل بہ پیام سردش دار

شغل آفتابی :

اِس مشق کے لئے سب سے مقدم یہ بات ذہن نشین رہنی چاہیئے کہ یہ مشق آفتاب پرستی نہیں بلکہ آفتاب بینی کی ایک مشق ہے۔ اِس مشق کو کسی ایسے شخص کی زیرِ نگرانی کیا جائے جس نے واقعتاً اِس مشق کو کیا ہوا ہو۔ دراصل اس مشق میں ایک کامل رہبر و رہنما کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ کیونکہ اِس مشق میں عجائب و غرائب کے انکشافات و اسرار کا باب کھل جاتا ہے۔ طریقہ کار یہ ہے۔ کہ!

سب سے پہلے روئی دار ٹوپی ایسی سلوائی جائے کہ اِس ٹوپی میں سوائے دو سوراخوں (جن سے آنکھوں کے ذریعے دیکھا جا سکے) کے علاوہ کوئی جگہ کشادہ نہ ہو۔ اس شغل کو ابتدائے موسم سرما میں شروع کیا جائے۔ بعد طلوعِ آفتاب (جونہی سورج نظر آنا شروع ہو) بجانب مشرق منہ و رُخ کر کے کسی بلند مقام پر کھڑے ہو کر (جہاں آفتاب اُفق سے نمودار ہوتا ہوا نظر آئے) ٹوپی چڑھا کر آفتاب کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ہے۔ اسی طرح منہ و رُخ کو بجانب مغرب کر کے مشق کو قبل غروبِ آفتاب بھی کرنا ہے۔ اِس طرح کہ آفتاب کے اُفق پر اپنی آنکھیں گاڑھ دیں۔ آفتاب بینی کے دوران آیتِ کریمہ "اللہ نور السمٰوٰتِ والارض" کا بزبان قلب ورد جاری رکھیں۔ اور حتی الامکان کوشش کریں کہ پلک نہ جھپکے، لیکن چونکہ آنکھ کی فطرت ہے جھپکنا، مگر کوشش کریں۔ کہ بہت دیر کے بعد آنکھ کو جھپکنے کا موقع فراہم کریں۔ آنکھیں تھکتی ہیں تو بے شک تھکنے دیں، اگر آنکھوں سے پانی بہتا ہے تو بہنے دیں۔ آنکھوں میں چاہے چبھن ہو، درد ہو یا کچھ بھی ہو آنکھوں کو آفتاب سے نہ ہٹنے دیں۔ اور نہ ہی جھپکنے دیں۔ اور اِس طرح سے اس مشق کو کم از کم 15 سے 20 منٹ تک جاری رکھیں۔ اور روزانہ دورانیہ کو 2-2 یا 3-3 منٹ بڑھاتے چلے جائیں۔ مشق کے فوراً بعد آنکھوں پر ہاتھ رکھ دیں اور آفتاب کے قرص کو بند آنکھوں سے کم از کم 30 سے 35 منٹ تک دیکھنے کی کوشش کریں۔ اس کے بعد کسی تاریک کمرے کے اندر آ کر فوراً آنکھوں کو عرقِ گلاب یا آبِ زم زم یا ٹھنڈے پانی سے دھولیں۔ آنکھوں کو دھونے کے بعد اُس تاریک مگر ہوادار کمرے میں قرصِ خورشید کا تصور اپنے قلب میں جمانے کی کوشش کرے۔ جب آفتاب خطِ استواء پر پہنچے تو پھر چند لحظہ اس پر اسی طرح سے نظر جمائے۔ پھر آنکھوں کو دھونے کے بعد اُس تاریک مگر ہوادار کمرے میں قرصِ خورشید کا تصور اپنے قلب میں جمانے کی کوشش کرے۔ بہر حال چند روز کی مشق کے بعد صاحبِ مشق سورج کی صورت کو اپنے قلب میں پائے گا۔ مزید چند روز بعد آفتاب کا قرص سیاہ ہو کر چکر کھاتا ہوا نظر آنے لگے گا۔ اور ہر روز قریب سے قریب تر ہوتا چلا آئے گا۔ یہاں تک کہ چار یا چھ یا آٹھ ماہ میں قرصِ آفتاب منہ سے داخل ہو کر قلب میں قیام کرنا شروع کر دے گا۔ اس دوران میں بے شمار انکشافات و تصرفات ظہور پذیر ہوں گے۔ صاحب مشق کو چاہیئے کہ جو بھی انکشاف ہو کسی سے قطعاً بیان نہ کرے۔ اِس وقت صاحبِ مشق کو یہ معلوم ہوگا کہ! " اللہ نور السمٰوٰتِ والارض " کا حقیقی نور کیونکر جلوہ گر ہو سکتا ہے؟

کس ندانست کہ منزلِ دلدار کجا است   ایں قدر ہست کہ بانگِ جرسے می آید

(کسی کو معلوم نہ ہو سکا۔ کہ! دوست کہاں ہے ؟ بس یہی ہے۔ کہ! گھنٹی کی سی آواز سنتے ہیں)

خوراک در ریاضت : مذکورہ اور آنے والی مشقوں کے دوران دودھ، چاول، تبرید کا استعمال رکھے۔ چٹنی، کھٹی، میٹھی، نمکین اور تیکھے مصالحات والی غذا سے پرہیز رکھے۔ بعد شغل آنکھوں میں مسکہ گاوی سلائی سے ہر روز لگاتا رہے۔ مشق کے فوراً بعد آنکھوں کو عرقِ گلاب یا آبِ زم زم یا ٹھنڈے پانی سے دھولیں۔ اور آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر تفکر و تدبر کی کیفیت میں جا کر آئینۂ قلب پر ملاحظہ کریں کہ کیا واردات ہوتی ہے۔

یہ شہرِ طلسمات ہے، کچھ کہہ نہیں سکتے   پہلو میں کھڑا شخص فرشتہ ہے کہ ابلیس

شغلِ آفتابی و ماھتابی کا ایک عجیب طریقہ :

حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ کتاب ''**بحرالحیات**'' میں فرماتے ہیں ۔کہ! آغازِ قیامت میں جب آفتاب و ماہتاب بجانبِ غرب ایک ہی جگہ سے نمودار ہوں گے ۔تو کرہ ءارض درہم برہم ہو جائے گا۔**اذا دکت الارض دکا دکا** (ترجمہ) جب زمین کوکوٹ کوٹ کر ریزہ ریزہ کر دیا جائے گا ۔کا ساسماں عیاں ہوگا ۔اور افلاک بھی مثل صف کے لپیٹ جائیں گے ۔قرآنِ حکیم میں **کطی السجل للکتب** (ترجمہ) جیسے سجل فرشتہ نامہء اعمال کو لپیٹتا ہے ۔قبضہء قدرت میں ہوں گے ۔اسی طرح قربِ موت میں آفتاب و ماہتاب یعنی دونوں سانس (متساویہ دَم) برابر آنے لگتے ہیں ۔ (بہر حال !) جب سعادت مند سالک چاہے ۔آفتاب و ماہتاب کو با اختیارِ خود ایک دائرہ میں لائے ۔اور اس کے جملہ اذکارِ کار کا پورا فائدہ ظاہر ہو ۔اور ثمرات بھی مرتب ہوں ۔تو آفتاب و ماہتاب کا شغل اِختیار کرے ۔کہ کسی ایک مقام و مکان پر ایک برس کی خوت اختیار کرے ۔اور وہ جگہ مفرح و دلکشا اور فراخ ہو ۔تن و من پاکیزہ رکھے ۔خلق سے قطعاً میل جول نہ رکھے ۔مگر بوجہ مجبوری ءکلاں لیکن بالکل چند لمحات کے لئے مضائقہ نہیں ۔اپنی غذا میں چاول اور گائے کے دودھ کی نمکین لسّی (جو کھٹی نہ ہو) استعمال کیا کرے ۔چھاچھ کی عدم موجودگی کے باعث پانی استعمال کرے ۔کم از کم ایک برس تک اس خوراک کے ماسوا اور کچھ بھی نہ کھائے پیئے ۔

واضح ہو ۔کہ! یہ شغل دو طرح کے جلسوں کے ساتھ سرانجام دیا جا سکتا ہے ۔مربع یا دوزانو ۔جو بھی سالک کو سہل لگے ۔خاطر میں لائے ۔مگر منہ دائمًا آفتاب و ماہتاب ہی کی جانب رکھا کرے ۔یعنی دونوں پرہء بینی کو سربینی پر خیال کر کے نظر جمائے ۔اس شغل میں پہلے دونوں چشم سے اشک جاری ہوں گے ۔دردِ سر ہونے لگتا ہے ۔آنکھوں میں بھی درد رہتا ہے ۔دونوں اطراف کی کنپٹیوں اور کندھوں پر بوجھ اور درد رہتا ہے ۔چالیس سے پچاس ایام کے بعد یہ عوارضات دور ہو جاتے ہیں ۔پہلے پہل ایک شیئے مثل شراب کے معلوم ہوتی ہے ۔اس کے بعد اُس کا انجماد سا معلوم ہونے لگتا ہے ۔پھر وہ ایک عجیب سی صورت پکڑتا ہے ۔پھر اسے چودھویں رات کے درخشاں معلوم ہونے لگتا ہے ۔پھر سالک سے اکثر مغیبات و معینات ظاہر ہونے لگتے ہیں ۔بعد اس کے زنخ سے تا موئے سر آفتاب ہو جاتا ہے ۔پھر اسے آفتاب و ماہتاب دونوں نظر آتے ہیں ۔اگر اس حال میں شاغل کسی مردہ جانور یا بے جان آدمی کو مقابل رکھ کر اپنی نظر اُس کے سر پر ڈال کر تھوڑی سی دیر توجہ کرے ۔تو عجب نہیں کہ وہ زندہ ہو کر جنبش کرے ۔(ان شاء اللہ) پھر اُس تصویر کو پیشانی سے سر کی جنب لے کر جائے ۔تو شاغل کو سایہ سا معلوم ہوگا ۔جب تالو تک پہنچے گا ۔تو ازعرش تا فرش جملہ عالمِ موجودات شاغل پر مکشوف ہوگا ۔اور کوئی بھی شیئے بعید نہ ہوگی ۔اور اگر پشت کی جانب نظر کرے گا ۔تو تمام حال معلوم ہو جائے گا ۔یعنی عرش تا فرش کوئی حال و کیفیات یا کوئی شیئے شاغل سے مخفی نہ رہے گی ۔بلکہ جملہ علومِ حکمت وصنعت بھی شاغل پر منکشف ہو جائیں گے ۔دوئی وخودی دور ہو کر محویت واستغراق پیدا ہو جاتے ہیں ۔آفتاب جب تاب دیتا ہے ۔تو آخر خودی سے دور ہو کر واصل بحق ہو جاتا ہے ۔ہستی ونیستی پر ہمۂ جب آیہء کریمہ ''**کل من علیھا فان یبقی و جہ ربک ذوالجلال والاکرام** ۔(ترجمہ) اور صرف تمھارے رب کی عظیم اور بزرگی والی ذات ہی باقی رہے گی ۔(سورہ رحمٰن) جلوہ گر ہوتی ہے ۔معنًا وہ اُسی ذات کا ہی ہو کر رہ جاتا ہے ۔ثمرات اس عمل کے بہت کثیر ہیں ۔لیکن سالک ایک برس بعد اس کے حقیقی ثمرات و خصائل سے مستفید ومتنفع ہو سکے گا ۔اس عمل کے حصول کے بعد سالک کو چاہیئے ۔کہ! ماہتاب بینی کے لئے ہر قمری ماہ کے ایامِ بیض جبکہ آفتاب بینی کے لئے قمری ماہ کے پہلے یا آخری تین ایام (بہتر یہ ہے ۔کہ! پہلے اور آخری تینوں ایام) مشق لازمی کیا کرے ۔اور ساتھ ساتھ اپنے دنیاوی حوائج ، کاروبارِ زندگی یا معاملات پر بھی توجہ دیتا رہے ۔لیکن کوشش کرے ۔کہ! بڑے گوشت کو کم سے کم تناول کیا کرے ۔(یا درہے ۔کہ!) اس عمل کے مبتدی عامل کو یہ بات دائمًا ذہن نشیں رکھنی چاہیئے ۔کہ! اس عمل کے اثرات واقعتًا مرتب ضرور بالضرور ہوا کرتے ہیں ۔بشرطیکہ کسی اُستادِ کامل یا مرشدِ کامل کی مکمل رہنمائی حاصل ہو ۔

تیری صورت سے کسی کی نہیں ملتی صورت ہم جہاں میں تیری صورت لئے پھرتے ہیں

اھلِ طریقت میں شمس بینی کا رواج :

اس کا طریقہ یہ ہے ۔کہ! علی الصبح جب آفتاب طلوع ہو ۔اور بوقتِ شام جب آفتاب غروب ہونے والا ہو ۔اُس وقت نظر شمس پر جما کر دیکھنا شروع کریں ۔کم از ہفتہ عشرہ تک روزانہ صرف 5 منٹ تک اسی مشق کو جاری رکھنا ہے ۔پھر اگلے روز 2 سے 3 منٹ بڑھاتے چلے جائیں ۔اور حتی الامکان کوشش کریں ۔کہ! سورج کو دیکھنے کے دوران **پلکیں** نہ جھپکائیں ۔اور اسی طرح سے دونوں اوقات میں دیکھتا رہے ۔ اچانک سے آنکھوں میں ایک عجیب سی کشش محسوس ہوگی ۔صاحبِ عمل اسی مشق سے امراضِ سلبِ مرض کو بھی بخوبی سرانجام دے سکتے ہیں ۔علاوہ ازیں! جب اور جہاں کسی کا تصور کریں گے ۔وہ وہاں آن موجود ہوگا ۔ علمائے طریقت اس عمل سے تسخیر کا کام لیتے ہیں ۔اور امراء وحکمرانوں کو تسخیر کرتے ہیں ۔جس سے خانقاہ و مدارس میں معاشی معاونت میسر ہوتی ہے ۔بہر حال! اس عمل و مشق سے کئی امور منکشف ہوتے ہیں ۔

خوراک در ریاضت : اس مشق کے دوران دودھ ، چاول ، تبرید کا ۔ ۔ ۔ کہ کیا واردات ہوتی ہے ۔

شب گریزاں ہو گی ، آخر جلوہء خورشید سے یہ جہاں معمور ہو گا نغمہء توحید سے

اَب یہاں پرسلاسلِ طریقت کے چند مجرب اشغال دیئے جارہے ہیں۔ جو کہ خانقاہی نظام میں تعلیم وتلقین کئے جاتے ہیں۔

شغل میت (مراقبہ موت):

بغیر بالین زمین پر چت لیٹ جائیں۔ اور اپنے دل میں یہ مضبوط ارادہ کرلیں کہ! میں خواب غفلت میں مردہ ہوکر نہیں سوؤں گا۔ اور روزانہ موت کو یاد کر کے سویا کرے۔ اور یہ خیال کرے کہ میرے پاؤں سے جان نکل کر زانو میں آئی اب زانو سے ران میں آئی۔ اب ران سے کمر تک آئی۔ اب کمر سے سینے تک آئی۔ اب سینے سے گلے تک آئی۔ اور اب میری جان بالکل نکل گئی۔ اسی دوران دل میں ''**کل شیء ھالک الا وجھه**'' ترجمہ: ہر چیز فنا ہونے والی ہے مگر اِس کا منہ۔ (سورہ قصص۔ آیت نمبر 88) اس آیت کا کامل تصور کریں۔ اور اِس بات کو اپنی فطرت بنالے۔ کچھ ہی ماہ میں یہ بات ایک مستقل عادت بن جائے گی۔ چار چھ ماہ کے بعد خواب و بیداری یکساں ہو جائیں گیں۔ چند ایام کے بعد حالت موت طاری ہونے لگے گی۔ اور پھر ایسے محسوس ہوگا کہ پورے جسم پر جیسے مرضِ فالج طاری ہوگیا ہو۔ اس دوران عجیب وغریب اسرار ومغیبات اور حالات پیش آنا شروع ہوں گے۔ اگر اسی شغل کو جاری رکھا گیا تو اِس مشق کے چھ آٹھ ماہ بعد ہی ''**موتوا قبل ان تموتوا**'' کا مرتبہ حاصل ہوکر شاغل کے لئے موت وحیات یکساں ہوجائے گی۔ انشاءاللہ۔

جمالِ یار کو دیکھا، پھر اپنے حال کو دیکھا جب اپنے حال کو دیکھا، بہت بے حال سا دیکھا

یاد رہے کہ مراقبہ موت میں جاکر واپس اپنی پہلی حالت میں آنے کے لئے دوبارہ اپنی مشق کو معکوسی طور سے **Reverse** کرنا پڑے گا۔ یعنی کہ! روح کو منہ کے راستے گلے سے گزار کر سینے تک لے جانے کا تصور۔ پھر سینے سے کمر تک، پھر کمر سے ران تک، پھر ران سے زانو تک اور آخر میں زانو سے پاؤں تک روح کو لے کر آنا ہے۔ جب روح پاؤں تک آجائے گی۔ تو جسم میں خون کا دورانیہ تیز ہوجائے گا۔ سانس بھی قدرے تیز ہوگا۔

لکھ منتاں منیاں، پر لا حاصل اِک منت کیتی مَن یار گیا

اک مسئلہ زیر، زبر دا سی جو سمجھ گیا، لگ پار گیا

اس مشق کے دوران دودھ، چاول، تبرید کا استعمال رکھے۔ چکنی، میٹھی، نمکین اور تیکھے مصالحات والی غذا سے پرہیز رکھے۔ یاد رہے کہ اگر یہ مراقبہ موت یعنی شغل میت کسی نے از خود شروع کردیا تو عین ممکن ہے کہ اپنے اوپر وہ موت کو طاری کرلے اور پھر عظیم رُجعت کا شکار ہوجائے۔ لہٰذا اس شغل میں اگر اُس کا کوئی کامل پیر ومرشد، مربی ورہنما نہ ہوگا تو ایسا شخص اسی جگہ پر اٹک کر رہ جائے گا۔ کیونکہ اس مشق میں بے پناہ وبے شمار اسرار و مغیبات ظہور پذیر ہونا شروع ہوجاتے ہیں۔ کہ زبان بیان سے قاصر ہے۔ ان اسرار مکنونہ وانکشاف مخزونہ کے عیاں ہونے سے عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ کیونکہ جو کرے گا وہی سنے گا اور عین وہی دیکھے گا۔ بہر حال جو شخص اس شغل کو اختیار کرے گا مزید فوائد از خود ملاحظہ کرلے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

باعاشقاں نشین وغمِ عاشقی گزیں باہر کہ نیست عاشق کم کن ازو قریں

مراقبہ موت کے سلسلے میں حضرت قدرتُ اللہ شہاب صاحبؒ اپنی مشہورِ زمانہ کتاب ''شہاب نامہ'' میں فرماتے ہیں۔ کہ!

دیگر مراقبات میں سے مراقبہ موت کا رنگ سب سے الگ ہے۔ اس مراقبے کی اصل آیت یہ ہے۔ **کل نفس ذائقة الموت** ۔(ہر جان کو روح کا مزہ چکھنا ہے) اس مراقبہ میں پوری دُھن، دھیان اور لگن کے ساتھ اپنے سارے وجود کو مکمل طور پر موت کی آغوش میں اس طرح تصور کرنا ہے۔ کہ جو کیفیت (درحقیقت) اصلی موت کے وقت وقوع پذیر ہوگی۔ شروع شروع میں مجھے (قدرت اللہؒ کو) اس تصور سے بے حد وحشت ہوتی تھی۔ اور موت کے خوف سے میرے روئیں روئیں پر کپکپی طاری ہوکر ڈر کے مارے میری **گھگھی** بندھ جاتی تھی۔ لیکن میرے رہنما کی مشفقانہ ڈانٹ ڈپٹ نے مجھے مسلسل اس مراقبے میں جوتے رکھا۔ پہلے تھوڑا سا خوف وہراس کم ہوا۔ پھر کسی قدر سکون میں ثبات آیا۔ رفتہ رفتہ موت کے ساتھ محبت تو پیدا نہ ہوسکی۔ البتہ اس کا خوف بڑی حد تک جاتا رہا۔ کبھی کبھار واردات عجیبہ اور کیفیاتِ غریبہ بھی محسوس ہوجاتی تھیں۔ یہ طُرفہ تماشہ (یعنی عجیب وغریب کھیل تماشہ) تھا۔ کہ موت کے خوف کی جگہ اگر اس کے ساتھ کسی قدر لگاؤ اور تعلق پیدا ہوجائے۔ تو زندہ رہنے کا عمل بڑا سُبک اور سہل ہوجاتا ہے۔

(آگے چل کر جنابِ **قدرت اللہ شہاب صاحب**ؒ اپنا ایک ذاتی تجربہ بیان کرتے ہیں۔ کہ!)

ایک رات میں اپنے بستر پر لیٹا ہوا مراقبہ موت کی مشق کررہا تھا۔ کہ اچانک مجھے محسوس ہوا۔ میرا جسم فوم کے گدے اور چارپائی کی ٹھوس لکڑی سے گزر کر نیچے فرش کے ساتھ جالگا ہے۔ مَیں نے گھبرا کر اُٹھ کر دیکھا۔ تو چارپائی پر میرا اپنا وجود بھی بدستور لیٹا پڑا تھا۔ بعد میں معلوم ہوا کہ نیچے جانے والا جسم مثالی (میرا ہمزاد) یعنی **Astrol Body** تھا۔ یہ بھی خطرے کی گھنٹی تھی۔ کیونکہ اگر انسان اسی مشق میں ضرورت سے زیادہ مہارت حاصل کرلے۔ تو طرح طرح کی شعبدہ بازیاں اختیار کر کے دنیاداری کی دکان کھول سکتا ہے۔ چنانچہ مجھے (قدرت اللہ شہاب صاحبؒ) دھکا دے کر یہاں سے بھی نکال دیا گیا۔

جس کو طوفاں سے اُلجھنے کی ہو عادت اے محسن ایسی کشتی کو سمندر بھی دُعا دیتے ہیں

موت کا خوف اگر اعصاب پر طاری رہے۔ تو انسانی کردار میں بے حد کمزوری آجاتی ہے۔ مثلاً ہندوستان میں شاہی زمانہ کے آخری دور میں لال قلعہ دہلی کے ایک دروازے کا نام خضری دروازہ رکھا گیا تھا۔ جس سے جنازہ گزرتا تھا۔ گویا موت کے نام سے بھی وحشت تھی۔ اسی طرح بعض

شہزادوں نے قرآنِ حکیم کی جلدوں سے سورہ یٰسین شریف نکال کر مساجد میں رکھوادی تھی۔ کیونکہ سورہ یٰسین شریف کی تلاوت کاتعلق زندگی کے آخری لمحات کے ساتھ عام ہے۔ مراقبہ موت کی مشق اس قسم کے مضحکہ خیز خوف وہراس سے ضرور نجات دلا دیتی ہے۔

شہاب صاحبؒ فرماتے ہیں۔کہ! مراقبات کا دور بھی بڑا دل فریب اور پرکشش ہوتا ہے۔اس میں بیمار کی شفاء، ارواح اور ملائکہ کے کشف، کشف القبور، حاجت برآری، ماضی، حال و مستقبل کے حالات سے باخبری وغیرہ کے ایسے ایسے تصرفات و تجربات سے شناسائی ہوتی ہے۔کہ بہت سے بدقسمت لوگ یہیں پر اپنا ڈیرہ (پڑاؤ) بسا کر بیٹھ جاتے ہیں۔ مجھے حکم دیا گیا۔کہ تم اِن عجائبات پر صِرف سرسری سی نظر ڈال کر اپنی آنکھوں پر پٹی باندھو۔اور جلد از جلد اس خطرناک گھاٹی سے گزر جاؤ۔

میرے لفظوں کو ڈھونگ کہتے ہیں لوگ　　　　خاک کے بندوں کی سوچ ، خاک ہی رہی

شغلِ عالم خفائی :

واضح ہوکہ! کاسہء سرانسانی درحقیقت دوحصص پر منقسم ہے۔حصہ اول یعنی پیش سرمخزنِ نور و عقل ہے۔جبکہ حصہ آخری جانبِ معدنِ ظلمات کے ہے۔پس وسط ان دونوں حصص کے ایک روزن (سوراخ۔شگاف) حد مفاصل واقع ہے۔اور بروقت آمد نوم (نیند آتے وقت) جب اس روزن پر ابر رقیق حائل ہوتا ہے۔تو انسان پر غفلت و بےخودی طاری ہونا شروع ہو جاتی ہے۔اور آنکھوں پر اس ظلمت کا اثر پہنچتا ہے۔پس جس سے کہ گوش و زبان معطل ہوکر وہ دل صنوبری پر پہنچتا ہے۔جو کہ انسان پر مکمل بےہوشی طاری کر دیتا ہے۔اور یہی نیند ہے۔پس سالک صادق کو چاہیئے۔کہ! فکر اپنا اس سوراخ (روزن) پر پہنچائے۔اور اپنی ذات کو محوتفکر رکھے۔تاکہ خواب غلبہ نہ کر سکے۔اور شاغل تمامی مغیبات مثل ارواح و ملائکہ اور عالمِ صغیر وکبیر کا مکاشفہ حاصل کر سکے۔چند ہی ایام کی مسلسل مشق سے اس پر یہ جملہ امورات مکشوف ہونا شروع ہو جائیں گے۔ان شاءاللہ۔

شغلِ نیم خوابی : اس شغل کا طریقہ یہ ہے۔کہ! بوقتِ خواب اپنے دل میں یہ ارادہ مضبوطی سے جمالے۔کہ! مَیں خوابِ غفلت میں غافل ہوکر نہ سوؤں گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔دل میں ''یاحی یا قیوم'' کا تصور و تخیل رکھے۔جب نیند کا شدید غلبہ ہونے لگے۔تو فورًا آنکھیں کھول دیا کرے۔اور اس عمل کو اپنی عادت بنالے۔اور اسی عادت کو بڑھاتا چلا جائے۔تقریبًا ایک سال (کم وبیش) میں خواب وبیداری یکساں ہو جائے گیں۔اس عمل سے ظاہر و باطن ایک ہو جائے گا۔انشاءاللہ۔

دلش بیدار و چشمش در شکر خواب۔ اس کا دل بیدار اور آنکھیں میٹھے (شکر) خواب میں ہوتی ہیں۔

اس شغل ومشق سے جوبھی حال وارد ہوگا وہ زبان سے بیان کرناممکن نہیں۔ہاں البتہ اتنا ضرور ہے کہ آنکھوں کی پتلیاں صعود کرکے ام الدماغ کے نقطہ اِنْھی میں داخل ہوکر سویداءِ قلب پر قائم ہوں گی۔اور ظاہر و باطن ایک ہو جائے گا۔اور اگر شغلِ آئینہ اور شغل نیم خوابی کو روزانہ کیا جائے تو اثرات بہت جلد وارد ہوں گے اور مختلف الاقسام اسرار و مغیبات کا انکشاف ہوگا۔

فکر بے نور تیرا ، جذبِ عمل بے بنیاد　　　　سخت مشکل ہے ، کہ روشن ہو شبِ تارِ حیات

شُغل سیر و سفر: اگرآپ **تصور و تخیل** کے پاؤں سے چلنے پھرنے کی استعداد رکھتے ہیں۔تو آپ انسانیت میں بہت ہی بلندمقام کے حامل ہیں۔اورآپ کی روحانی قوت کا مقام بہت ہی بلند ہے۔مگر یاد رہے کہ تصور کے پاؤں سے چلنا آسان بھی ہےاور مشکل بھی۔عام انسانوں کے لئے یہ ایک ناممکن سی بات ہےمگر قوی ارادہ والے یقینًا ایسا کر سکتے ہیں۔بلکہ کر رہے ہیں۔جولوگ اس مراقبہ میں مہارت رکھتے ہیں وہ کسی کے گھر، یا کسی بھی شہر باسانی آ جاسکتے ہیں۔صاحبانِ کمال لوگ اور ولی صفت مسلمان تصور کے ذریعے سے اپنے مثالی جسم کے ساتھ مدینہ منورہ اور مکہ شریف پہنچ جایا کرتے ہیں۔کیونکہ مادی جسم تو گھر پر ہی ہوتا ہے۔اس مقصد کی پہلی شرط حبس نفس پر کمال مہارت ہونا لازمی ہے۔جب آپ 15 منٹ تک حبسِ دَم کرنے پر قادر ہوجائیں گے۔تو آپ یقینی طور پر اپنے مثالی جسم سے چلنا سیکھ سکتے ہیں۔رات کی تاریکی میں، مطلق تنہائی میں شوروشغب سے دور آرام وسکون سے چارپائی پر لیٹ کر آنکھیں بند کرکے حبس دَم کی مشق شروع کریں۔گہرے سانس لےکر آٹھ دس مرتبہ حبس دَم کریں۔اور پھر اپنے جسم کا تصور کریں سر سے لےکر پاؤں تک۔اور ذہن صرف اسی بات کی طرف مائل ہوکہ آپ باطنی بصارت سے اپنے جسم کو دیکھ رہے ہیں۔شاہ گیلانی آگے چل کر اپنا ذاتی تجربہ کچھ اس طرح سے بیان کرتے ہیں۔کہ!

چشم بند و گوش بند و لب بہ بند　　　　گر نہ بینی سرحق بر ما نہ بخند

حبس دَم کرنے کے بعد یہ تصور کیا کہ میں چارپائی سے اُٹھ کر بیٹھ گیا ہوں۔پاؤں لٹکائے بیٹھا ہوں۔اور جوتے پہن رہا ہوں۔ جوتے مجھے چارپائی کے نیچے بالکل صاف نظر آرہے ہیں۔اپنے دونوں پاؤں میں جوتے پہن لئے۔

لیجیئے جی! تصور کے عالم میں مَیں چارپائی سے اُٹھ کھڑا ہوا ہوں۔صحن میں تصوراتی آنکھوں سے چاروں اطراف دیکھا۔تمام افراد خانہ گہری نیند سو رہے تھے۔میں تصوراتی قدموں سے آہستہ آہستہ چلتا ہوا صحن کی لمبائی کو عبور کر کے گھر کے دروازے پر جا پہنچا۔تصوراتی ہاتھوں نے دروازے کی کنڈی کھولی۔دروازے کھولنے کے بعد میں تصوراتی قدموں سے آہستگی کے ساتھ چلتا ہوا اپنی گلی میں داخل ہوگیا۔میں نے تصوراتی آنکھوں سے آسمان کی جانب دیکھا چاند پوری آب وتاب کے ساتھ آسمان پر چمک رہا تھا۔اور گلی میں بھی چاندنی چٹکی ہوئی تھی۔

دیوار پر میرا سایہ واضح طور پر نظر آ رہا تھا۔ میں تصوراتی قدموں سے آہستہ آہستہ آگے بڑھتے ہوئے حضرت انیس شیرازی صاحب کے دروازے پر پہنچ گیا۔ چونکہ دروازہ اندر سے بند تھالہذا میں نے اپنے تصوراتی ہاتھوں سے کنڈی کو پکڑ کر کھٹکھٹانا شروع کر دیا۔ کنڈی کی آواز بالکل صاف طور پر میرے کانوں میں آ رہی تھی۔ کہ اتنے میں اندر سے انیس شیرازی صاحب نے آواز دی۔ کون ہے بھائی ؟

میرے تصوراتی جسم نے اس سوال کا کوئی جواب نہیں دیا۔ میں اپنے مثالی وتصوراتی جسم کے ساتھ شیرازی صاحب کے دروازے پر تو موجود تھالیکن درحقیقت میرا حقیقی جسم بحالتِ مراقبہ اپنے ہی نرم بستر پر موجود تھا۔ بہرحال شیرازی صاحب نے کنڈی کھولی۔ میں نے ان کے قدموں کی اور کھنکھارنے کی آواز کو واضح طور پر سنا تھا۔ دروازہ کھلنے کے بعد میں نے اپنے تصوراتی آنکھوں سے اُن کو دیکھا بھی تھا۔ مگر وہ مجھے نہ دیکھ سکے بلکہ وہ تو پر تجسس انداز میں ادھر اُدھر کو دیکھے جا رہے تھے۔ جب وہ کسی کو اپنے دروازے پر نہ دیکھ سکے اور بات اُن کی سمجھ میں نہ آسکی تو زور سے اُنہوں نے دروازہ بند کر دیا اور اُونچی آواز میں **لا حول ولا قوۃ الا باللہ** پڑھا۔ اُن کے دروازہ بند کرنے اور **لا حول** ۔۔۔ پڑھنے سے میرے تصوراتی بدن نے ایک عجیب سی جھنجھناہٹ محسوس کی۔ اور میں کابوس کے مریض کی طرح بلبلا کر جسمِ مادی میں پھر سے واپس آ گیا۔ ایک دم سے آنکھ کھلنے کے باعث میں نے اُٹھنے کی کوشش کی مگر چونکہ جسم پر عارضی فالجی اثرات قائم کر کے مراقبہ کیا تھا۔ اسی لئے فوراً اُٹھ نہ سکا۔ ذہن نے اسی لمحے مشورہ دیا کہ فالجی اثرات دور کرنے کے لئے جسم کو ہدایت دی جائے۔ سابقہ طریقے کے مطابق میں نے ہدایت دے کر اپنے خوابیدہ اعضاء کو پھر سے مکمل بیدار کر دیا۔ یہ ایک عظیم تجربہ تھا۔ جس کے مکمل ہونے پر مجھے روحانی مسرت تھی۔ بقولِ بعضے !

ہمہ کار کہ ہمت بستہ گردد   اگر خارے بود گلدستہ گردد

☆ **ذکرِ بنولی** : اس شغل کا طریق یہ ہے۔ کہ ! سالک چہار زانو بیٹھ کر دونوں ہاتھوں کو دونوں زانوؤں پر رکھ کر سر، کمر اور پشت جانب کو برابر رکھے۔ ناف کو بحال خود چھوڑ کر انگلا پنگلا (یعنی شمسی وقمری سروں) دونوں کو حرکت میں لاوے۔ یونی متساویہ سانس جاری رکھے۔ اس ذکر (شغل) سے سیرِ انتہائی حاصل ہوتی ہے۔

☆ **ذکرِ جگر آسن** : اس شغل کا طریق یہ ہے۔ کہ ! سالک مربع بیٹھ کر دست راست جانب کتفِ چپ گردن پر رکھے۔ اور دستِ چپ جانب کتف راست رکھ کر لبوں کو استوار رکھے۔ اور اپنے سر کو بدن سمیت چاروں طرف متحرک کرے۔ پھر قلب سے ذکر (شغل) کرے۔ جب ساکن ہونا چاہے۔ تو دونوں ہاتھوں کو زانوؤں پر رکھ کر بازو قائم رکھے۔ مگر ذکر سے غافل نہ ہووے۔ جب اس نشست سے مشاہدہ عین حاصل ہوتا ہے۔ تو بوجہ لذتِ شغل سالک کے ذوق وشوق میں کثیر اضافہ ہونے لگتا ہے۔ اس مقام پر پہنچنے سے وہ امراض جو لا دوا ہوتے ہیں۔ جیسے جذام، برص، باسور، ناسور، دق وغیرہ سب زائل ہو جاتے ہیں۔ یہ عمل جوگیوں کے بارہا مجربات میں سے ہے۔

☆ **ذکرِ سن آسن** : اس شغل کا طریق یہ ہے۔ کہ ! سالک اول اپنے دونوں ہاتھوں کی مٹھیاں بستہ کر کے زمین پر رکھے۔ اور اپنے جملہ بدن کو ہوا میں معلق کرنے کا ذکر (شغل) کرے۔ اور انگشت ہائے راست وچپ بائیں کہنی پر رکھ کر ذکر کرے۔ اس طریق سے ذکر کرنے والا ہوا میں اُڑنے کی قدرت حاصل کر لیتا ہے۔ اور اُس سے روحانیات بھی مانوس ہو جاتی ہیں۔

☆ **ذکرِ مطلع عمر** : اس شغل کا طریق یہ ہے۔ کہ ! سالک جب اپنی عمرِ حیات کو ملاحظہ کرنے کا متمنی ہو۔ تو اسے چاہیئے۔ کہ ! طلوعِ آفتاب سے کچھ منٹ قبل کسی میدان یا جنگل میں چلا جائے۔ جب آفتاب ایک دو نیزہ بلند ہو جائے۔ تو ہموار زمین پر کھڑا ہو کر منہ بطرفِ غرب کر کے اپنی نظر کو انگشتِ پاء سے سایہ پر لے جا کر وہاں سے بتدریج سایہ سر تلک پہنچے۔ مگر اس میں اصلاً اپنے اعضاء کو متحرک نہ کرے۔ دونوں دست برقرار رہیں۔ اور دوسری جانب قطعاً نہ دیکھے۔ بلکہ اپنے سائے پر ہی نظر جمائے رکھے۔ تھوڑی دیر بعد ایک سایہ نظر آئے گا۔ کہ وہ سایہء سالک ہے۔ بعد مزید تھوڑی دیر کے اُس سایہ میں ایک مردِ سپید پوش بزرگ معلوم ہوگا۔ تو جان لے۔ کہ ! ابھی کافی عمر (تین سے تیس سال یا اس سے بھی زیادہ) باقی ہے۔ بفراغتِ تمام ہمہ وقت عباداتِ الٰہی میں محو ومشغول رہے۔ اگر اس سایہ میں کوئی دست وپاء دیکھے۔ تو معلوم ہو۔ کہ ! عمرِ عامل کی فقط پندرہ روز (کم و بیش) رہ گئی ہے۔ اگر بے کانوں دیکھے۔ تو عمر تین روز ہے۔ اگر ایک ہاتھ نہ ہو۔ تو عمر ایک برس باقی ہے۔ اگر دونوں پَیر دکھائی نہ دیں۔ تو بھی یہی حکم ہے۔ اگر ایک پَیر معلوم نہ ہو۔ تو عمر دو برس تک کی ہے۔ علاوہ اس کے انگلیوں کا بھی قیاس اسی طرح سے رکھے۔

علم سکون و ثبات ، عشق حیات و ممات   علم سے پیدا سوال ، عشق میں پنہاں جواب

جب گناہ یاد آجائیں تو :

جب کسی کو اپنے گناہ یاد آجائیں تو ایسے وقت میں اُس شخص کو چاہیئے کہ یوں کہے۔ **رب انی ظلمت نفسی فاغفر لی وارحمنی . انک انت الغفور الرحیم** . گناہوں سے بچاؤ کا مجرب طریقہ یہ ہے کہ ! ۱۔ اپنے کئے ہوئے گناہ پر وہ ایسے غمگین ہو جیسا کہ اُس کا عزیز ترین اکلوتا بیٹا اچانک نوجوانی میں فوت ہو جائے۔ ۲۔ اپنے ساتھ یہ عہد کرے کہ آئندہ کسی بھی چھوٹے یا بڑے گناہ کی طرف قطعًا توجہ نہ دے۔ ۳۔ ہر وقت استغفار کرتا رہے اور مندرجہ بالا دُعا کے ترجمہ کو مدنظر رکھتے ہوئے اِس دعا کو بار بار پڑھتا رہے۔

اَب یہاں پر (حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ کی کتاب ''بحرالحیات'' سے ماخوذ) اہلِ ہنود کے چند مجرب اشغال دیئے جا رہے ہیں۔

اہلِ ہنود کے مشاغل :

اگر ہم (مسلمِ اُمہ) من حیث القوم اہل ہنود کے مشاغل کو تعصب کی عینک اُتار کر دیکھیں۔ تو ہمیں بخوبی اس بات کا اندازہ ہو ہی جائے گا۔کہ! جب بھی تاریخ میں کسی ولی اللہ کی نظرِ اکسیر پر تاثیر کی غیر مسلم (ہندو، عیسائی، یہودی، وغیرہ) پر پڑی ہے۔ تو اُس کا باطن کچھ حد تک روشن ہوگیا۔ اور اُس کے مَن میں صرف دولتِ ایمان کی کمی رہ گئی۔ چنانچہ اِن میں سے اکثر تو دائرہ اسلام میں کلی طور پر داخل ہو کر مسلمان بھی ہو گئے۔ مگر اپنی قوم، روایات، اہلِ خاندان اور اُن کے ظلم وستم سے بچنے کے باعث اُنہوں نے اسلام کا اظہار نہیں کیا۔ اور ویسے بھی رب تعالیٰ بہت زیادہ دیالو اور وہاب ذات ہے۔ وہ نہ صرف رب المسلمین بلکہ رب الانسان ہے۔ مسلمان تو کیا کسی غیر مسلم کی محنت ومشقت کو بھی ضائع نہیں ہونے دیتا۔ بہر حال! ان مشاغل ومشقوں میں سے کچھ نے مسلمانوں کی طرز کے ذکر واذکار اور مشاغل کو بھی پروان چڑھایا۔ اور اُن کی تعلیمات بھی اپنی مذہبی کتب میں عوام الناس کے روبرو پیش کیں۔ انہیں تعلیمات کو اپنے وقت کے غوث اور علمائے عاملین کے اُستاد نے اپنی مشہورِ زمانہ کتاب ''**بحرالحیات**'' کو مزین ومعمور فرما کر رفاہ عام کے لئے مشتہر فرمایا۔ جو یہاں پر شرح وبسط کے ساتھ پیش کئے جا رہے ہیں۔ تاکہ قارئینِ ''**اسرارِ محبوب (کامل)**'' بھی اِن مشاغل سے مستفید ومتفع ہوسکیں۔

یہ درحقیقت وہ خفیہ مشاغل ہیں۔ جو کہ جوگی لوگ اپنے چیلوں کو تعلیم وتلقین کیا کرتے ہیں۔ اُن کی اصطلاح میں'' **شغل ومشق**'' کو'' ذِکر'' اور اسی طرح سے'' ذکر'' کو'' کرم'' کہتے ہیں۔ زہد وعبادت کو'' دھرم'' کہتے ہیں۔ ذاکر کو کرمی جبکہ عابد وزاہد کو دھرمی ودھرماتمان کہتے ہیں۔ یہ لوگ تمام علائق کو چھوڑ کر مجرد رہتے ہیں۔ اپنے سر اور چہرے پر خاک لگا کر صرف ایک لنگوٹی میں رہتے ہوئے زندگی بسر کرتے ہیں۔ دولتِ اسلام وایمان سے عدم واقفیت کی وجہ سے دھریت کا شکار رہتے ہیں۔ مسلسل کئی ماہ بلکہ کئی برس خود کو مقید ومقفل کئے رکھتے ہیں۔

جبکہ موحد لوگ بحرِ توحید میں خود کو محو ومستغرق رکھتے ہیں۔ اور عشقِ رسول ﷺ پر عمل پیرا ہوتے ہوئے عشقِ حقیقی کی منازل تک جا پہنچتے ہیں۔ بہر حال! یہاں پر اہلِ ہنود سے منقول ومنسوب چند مشاغل پیش کئے جاتے ہیں۔ (یاد رہے۔کہ! یہاں پر ذکر سے مراد شغل ہوگا)

☆ **ذکرِ کھکتی** : جب سالک اس شغل کو شروع کرے۔ تو وہ گر نبھ آسن (نشست گاہِ باخدا) بیٹھے۔ اس کے دو جلسے ہیں۔ ایک تو یہ کہ ہاتھ پر سر باہم ملا کر بفرغت بیٹھے۔ جبکہ دوسرا یہ کہ بپائے چپ یک زانو ہو کر کفِ پا زیرِ سُرین رکھ کر زانوئے راست پر استادہ رکھے۔ اور انگشتانِ پائے چپ اشتالنگ پائے راست سے ملا دستِ راست ودستِ چپ زانوئے چپ پر رکھے۔ اور'' ھے ھے'' کہتے ہوئے زانوئے راست، چپ پر لے جائے۔ اور سر نیچا کر کے اپنے مونڈھوں کو ٹیڑھا کرے۔ پھر اس طرح سیدھا ہو۔ کہ! گردن کی رگیں کھڑی ہو جاویں۔ اور ہر دولب بقدر ایک انگشت متفرق ہوں۔ دانت باہم چسپیدہ رکھ کر سانس کو سختی سے لے۔ تاکہ اَز خود رفتہ ہو کر واصلِ بحق ہو۔ فائدہ اس ذکر (یعنی) شغل کا یہ ہے۔ کہ! شاغل کی عمر زیادہ ہوجاتی ہے۔

☆ **ذکرِ بھونکم** : معنیٰ اس کے سانپ کے ہیں۔ جیسا کہ سانپ دَم کھینچتا ہے۔ اس شغل کا طریق یہ ہے۔ کہ! سالک دوزانو بیٹھ کر منہ بند کر کے ناک سے دَم کھینچے۔ اور ناف کے نیچے تک پہنچا کر پھر بقوتِ تمام اوپری جانب کو لاوے۔ اور ام الدماغ تک پہنچاوے۔ وہاں سے بتدریج چھوڑتا چلا جاوے۔ اور تحت ناف تک پہنچا کر زور سے سے اوپر کو لاوے۔ اور اسی طرح سے بار بار کرے۔ اور اپنے دَم کو نگاہ میں رکھے۔ ناک اور منہ سے نہ نکلنے دے۔ جب بے طاقت ہو جائے۔ تو ناک سے باد اور رقیق نکالے۔ پھر بدستور شروع کرے۔ بعض عاملین اس شغل کو یہاں تک پہنچاتے ہیں۔ کہ پہلے وہ ایک روز تک پھر بتدریج تین روز تک ایک ہی دَم تک پہنچاتے ہیں۔ یہ بہت کمال کی بات ہے۔ کہ! پورا دن ایک ہی سانس (دَم) پر گزارنے کا ملکہ حاصل ہوجائے۔ اس شغل کے مزید منافع وفوائد کرنے سے ہی معلوم ہوں گے۔

☆ **ذکرِ تراوت** : اس شغل کا طریق یہ ہے۔ کہ! سالک مربع بیٹھ کر دونوں ہاتھوں کی انگلیاں باہم پیچیدہ کرے۔ جب ہوا تالو کے قریب پہنچے۔ تو قدرے سخت کرے۔ اور جانبِ ام الدماغ اپنے ناک کو نَر انگشت سے اندری جانب کھینچے۔ اور باقی انگلیوں سے ناک کی جلد پکڑے۔ کہ ام الدماغ تک سیران ہو۔ پھر فتو رسر بہ طرف ہو۔ اس شغل سے مکاشفہ علوی وسفلی حاصل ہوجاتا ہے۔

☆ **ذکرِ یھاں آسن** : اس شغل سے قوتِ رگ وپے وگردن وپشت وہضمِ طعام، خشکی ورطوبتِ پنہانی حاصل ہوتے ہیں۔ اس شغل کا طریق یہ ہے۔ کہ! سالک پائے راستِ ساق (پنڈلی) رانِ چپ پر رکھے۔ اور پائے چپ ساقِ راست پر نرمی وآہستگی سے رکھے۔ تاکہ فطرتِ بن جائے۔ بعدہ' پشت استوار رکھ کر ہاتھوں کو زانوؤں پر رکھے۔ اور دونوں بازوؤں کو استادہ رکھے۔ اور موئے اندام کو ہلائے۔ جو اس مقام تک پہنچتا ہے۔ اس میں مذکورہ خاصیتوں کے علاوہ کم بولنے اور کم کھانے کی دائمی عادت ہوجاتی ہے۔ ایسا شخص بہت ہی شاذ ونادر کسی عارضے میں مبتلا ہوتا ہے۔ بلکہ جملہ بیماریوں سے منزہ ومبرا اور مستثنیٰ ہوجاتا ہے۔

یہ الگ بات ہے کہ شرمندۂ تعمیر نہ ہوں   ورنہ ہر شخص میں کچھ تاج محل ہوتے ہیں

☆ ذِکرِ کنجری :

اس کے معنیٰ در بند کرنے کے ہیں ۔ جوگیوں کی اصطلاح میں ''کنجری'' دراصل ''افلاک'' کو کہتے ہیں ۔ اہلِ ہنود اس عمل کے شدید شائق ہیں ۔ اور وہ اس شغل کی بھر پور سعی کے لئے خود کو دائمًا کوشاں رکھتے ہیں ۔ کیونکہ ! اس شغل کے نہایت کثیر فوائد و منافع ہیں ۔

اس شغل کا طریق یہ ہے ۔ کہ ! سالک اول سفوفِ نمک ، سنگ اور پیپل (تینوں ہم وزن بنا کر) زبان کو باہر نکال کر اس پر دو وقتہ (صبح و رات) مَلا کرے ۔ تا کہ زبان بڑی اور لمبی ہو جائے ۔ اس دوا کو زبان پر مل کو کچھ دیر رہنے کے بعد کسی کپڑے سے زبان کو صاف کر لیا کرے ۔ لیکن یہ تینوں برگ اصلاً قطعًا نہ کھائے ۔ اس مشق و شغل کے دوران ناخن انگشتِ شہادت اور نَر انگشت کے بڑے رکھا کرے ۔ اور نیچے زبان کے جو دو رگیں ہیں ۔ ایک سیاہ اور دوسری لال ۔ اُن کو نرم کرے ۔ اور زبان کو حلق کی طرف ایسا مائل کرے ۔ کہ زبان ، تالو کے سوراخ میں آ جائے ۔ اور دَم بستہ ہو ۔ یعنی زبان ایسی ہو جائے ۔ کہ ! اُدھر تو تالو کے سوراخ میں جانے لگے ۔ ادھر پرہء بنی کو چھوئے ۔ اس کے بعد سدہ احن جلسہ بیٹھ کر بدستور نشست گاہ زمین پر رکھے ۔ زانو اور ساق (پنڈلیاں) باہم چپکا لے ۔ کف پا سے چپ زیریں خصیتین رکھے ۔ کہ مجرائے بول و براز اور منی منی بستہ ہو ۔ ہر دو دست ہر دو زانوؤں پر واژگو نہ رکھے ۔ اور تالو کے روزن کو زبان سے بند رکھے ۔ جیسا کہ اس شغل کے شروع میں ذکر کیا گیا ہے ۔ اس شغل کے مسلسل کرتے رہنے سے انسان خوابِ غفلت ، گرسنگی ، حرقت ، سستی ، کاہلی ، سردی ، گرمی ، موت حتیٰ کہ حیات غرضیکہ جملہ مکروہات و تصدیقاتِ بشری سے منزہ و مبراء ہو جاتا ہے ۔ بلکہ سلوک اس شاغل کے سالک کا افلاک تک چلا جاتا ہے ۔ جب یہ شغل کمال کو پہنچ جاتا ہے ۔ تو جملہ عالم اُس کے زیرِ تصرف وانکشاف آ جاتا ہے ۔ باقی فوائد اس شغل کے کرنے والے پر خود بخود ظاہر ہوں گے ۔

☆ ذِکرِ ملیکا :

اس شغل کا طریق یہ ہے ۔ کہ ! سالک طلوعِ آفتاب سے آدھ گھنٹہ قبل اس شغل کا روزانہ اہتمام کرے ۔ کہ شرقی جانب پیٹھ کر کے منہ آسمان کی جانب کرے ۔ اور اپنی دونوں چشم کھلی رکھے ۔ ہوا کی خنکی سے آنکھوں میں فیض لے کر بند کر کے اپنی طرف کھینچے ۔ پھر آنکھیں کھول کر ہوا لے ۔ چند مرتبہ اسی مشق کو مکرر سرانجام دے ۔ اور طلوعِ آفتاب تک اسی شغل میں محو و مشغول رہے ۔ ایک سے دو ہی عشروں میں اس شغل کا نفع حاصل ہو جائے گا ۔ آنکھوں میں عجیب سی کشش ، مقنا طیسیت اور قوت اس شغل سے حاصل ہونا شروع ہو جاتی ہے ۔

☆ ذِکرِ بورکھ :

اس شغل سے سالک کا جسم مثل پنبہ سُبک ہو جاتا ہے ۔ اس شغل کا طریق یہ ہے ۔ کہ ! سالک معمولی جلسہ کے ساتھ بیٹھ کر نفس کو کھینچ کر شکم کو تھوڑا سا متحرک کرے ۔ کہ تمام ہاتھ پاؤں میں باد بھر جائے ۔ پھر پرہء بنی کی راہ سے دَم (سانس) کو کھینچتا رہے ۔ اور ہاتھ پر ہاتھ ملے ۔ کہ ہوا اُن میں بھر جائے ۔ اس مشق (شغل) کو یہاں تک کرتا رہے ۔ کہ ! جملہ اعضاء مثل مشک کے پُر ہو جاویں ۔ اور پانی پر چلنے کی قوت پیدا ہو جائے ۔ مگر یہ کیفیت و حالت کم از کم ایک برس بعد مسلسل مشقت سے حاصل ہو سکے گی ۔

☆ ذِکرِ بحیر آسن :

اس شغل کا طریق یہ ہے ۔ کہ ! سالک دونوں ہاتھ اپنی پنڈلیوں اور رانوں میں دے کر سجدہ کی س طرح کرے ۔ اور دونوں ہاتھ گردن پر اس طرح رکھے ۔ کہ ! انگشتانِ ہر دو دست گردن پر باہم ملی رہیں ۔ لیکن ذکر (شغل) کو فراموش نہ کرے ۔ جو بھی شخص اس ذکر کو کمال تلک پہنچا لیتا ہے ۔ اُس کو یقینی طور پر جن و بشر ، زمین و زمان ، پریان و آسیب اور چرند و پرند و درندوں سے لاخوف ہو جاتا ہے ۔ یہ بھی کمال درجہ ہے ۔ باقی فوائد و منافع اس شغل کو کرنے سے معلوم ہوں گے ۔

طبقاتِ ھرج و مرج :

آنحضرت نبی مکرم ﷺ فرماتے ہیں ۔ کہ ! میرے بعد میری اُمت میں پانچ طبقات ہوں گے ۔ اور ہر ایک طبقہ کی مدتِ عمر چالیس برس ہو گی ۔ پہلا طبقہ علم و مشاہدہ کا ہو گا ۔ (یعنی صحابہء کرام ؓ کا طبقہ) دوسرا نیکی و پرہیزگاری کا ۔ (یعنی تابعین و طبع تابعین کا طبقہ) تیسرا تواصل و تراحم کا ۔ (تواصل سے مراد قناعت پسند لوگوں کا اور تراحم سے مراد وہ لوگ کہ اگر ساری دنیا کی دولت و ثروت ان کو مل جائے ۔ تو وہ بناء اپنے پاس رکھے جملہ دولت کو راہِ حق میں صَرف کر دیتے ہیں) چوتھا تقاطع و تدابر کا ۔ (تقاطع سے مراد ہے ۔ کہ اگر دنیا مشارکت کے طور پر ان کی طرف رخ کرے ۔ تو وہ آپس میں لڑنے جھگڑنے لگ جائیں ۔ جبکہ تدابر کے یہ معنی ہیں ۔ کہ ! اگر دنیا انہیں ملے ۔ تو اس میں سے کسی کو کچھ بھی نہ دیں ۔ بلکہ اوروں کی طرف پیٹھ پھیر لیں) اور پانچواں ہرج و مرج کا ۔ (ہرج و مرج سے مراد وہ لوگ جو غیبت و عیب گوئی اور نکتہ چینی کریں) بزرگ فرماتے ہیں ۔ کہ ! یہ پانچوں طبقات دو سو برس میں گزر جائیں گے ۔ اس کے بعد فرزندِ آدمؑ سے کتیا کے بچے اچھے ہوں گے ۔ واللہ اعلم بالصواب ۔ بریکٹس میں دی گئی معلومات حدیث کا حصہ نہیں ۔ بلکہ علماء کی شرح ہے ۔

دین سراپا سوختن اندر طلب انتہائش عشق و آغازِش ادب

دین کیا ہے ؟ اللہ تعالیٰ کی یاد میں خود کو پُرسوز بنانا (جلانا) ہے ۔ اس کی انتہا عشق اور اس کی ابتدا ادب ہے ۔

توجہات کا فلسفہ

صوفیائے کرام نے توجہ وتصرف کی مختلف اقسام میں سے تین اقسام بیان فرمائی ہیں ۔توجہ ءانعکاسی ۔ توجہ ءالقائی ۔ توجہ ء اتحادی ۔

☆ **توجہء انعکاسی** : توجہ ء انعکاسی سے مراد ہے ۔ جیسے کہ ! کسی چیز پر شیشے یا روشنی کا عکس اور ''پر تو '' پڑنا یا پھر اہلِ مجلس کا عطر وغیرہ کی خوشبو پانا درحقیقت انعکاسی توجہ کے مشابہ ہوتا ہے ۔ یہ توجہ وقتی اور عارضی ہوتی ہے ۔ توجہ کی اس قسم کا اثر بھی تھوڑی ہی دیر کے لئے ہوا کرتا ہے ۔ یہ توجہ باوجود ضعیف وکم دورانیئے کے بھی فائدے سے خالی نہیں ہوا کرتی ۔

☆ توجہ ء انعکاسی : جیسے کسی چیز پر شیشے یا روشنی کا عکس اور پر تو پڑنا یا اہلِ مجلس کا عطر وغیرہ کی خوشبو پانا انعکاسی ءتوجہ کے مشابہ ہے ۔ یہ توجہ وقتی اور عارضی ہوا کرتی ہے ۔اس توجہ کا اثر بھی قلیل وقت کے لئے ہوتا ہے ۔اسی لئے اگر چہ یہ توجہ ضعیف ہوتی ہے ۔لیکن فائدے سے خالی نہیں ۔

☆ **توجہء القائی** : توجہ ء القائی کی مثال یوں بیان کی جا سکتی ہے ۔ جیسے کہ ! کوئی شخص دیئے میں بتی اور تیل ڈال کر لایا ۔ تو دوسرے نے آگ لگا کر اسے روشن کر دیا ۔ یہ تاثیر کچھ حد تک طاقت ضرور رکھتی ہے ۔ اور کچھ دیر تک اس کا اثر بھی باقی رہتا ہے ۔لیکن جب کوئی بیرونی صدمہ پہنچے ۔مثلاً آندھی ، طوفان یا بارش وغیرہ تو اس کا اثر جاتا رہتا ہے ۔ اس لئے یہ توجہ کسی حد تک مفید ضرور ہے ۔لیکن لطائف کی مکمل اصلاح نہیں کر سکتی ۔ اس لئے مرید صادق کو مجاہدے کی ضرورت ہوتی ہے ۔

☆ **توجہء القائی** :اس توجہ کی مثال یوں ہے ۔کہ ! جیسے کوئی شخص دیئے میں بتی اور تیل ڈال کر لایا ۔تو دوسرے نے آگ لگا کر روشن کر دیا ۔ یہ تاثیر کچھ طاقت رکھتی ہے ۔اور کچھ دیر تک اس کا اثر باقی رہتا ہے ۔لیکن جب کوئی بیرونی صدمہ پہنچے ۔مثلاً آندھی ، بارش وغیرہ تو اس کا اثر جاتا رہتا ہے ۔اس لئے یہ توجہ کسی حد تک مفید ضرور ہے ۔لیکن لطائف کی مکمل اصلاح نہیں کر سکتی ۔ اس لئے مرید کو مجاہدہ کی ضرورت ہوتی ہے ۔

☆ **توجہء القائی** : جب ضمیر ِ مرید کی صفائی انتہا کو پہنچ جائے ۔تو حالاتِ پوشیدہ کی دریافت واستدراک کے واسطے القاء کرے ۔یعنی جو کچھ کہنا ہو ۔ مرید سے برزخ (یعنی وضع وتصور) میں کہے ۔خواہ مرید دور ہو یا نزدیک ۔لیکن کچھ ہی طالب اس توجہ تک پہنچ پاتے ہیں ۔

☆ **توجہء اتحادی** : توجہ ءاتحادی سب توجہات سے زیادہ قوی ہوتی ہے ۔اس میں شیخ اپنی پوری ہمت صَرف کر کے اپنی روح کے کمالات طالب کی روح میں القاء کر دیتا ہے ۔اس طرح کہ دونوں ارواح باہم جذب ہو جاتی ہیں ۔ جیسے کہ ! حضرت شیخ مجدد الف ثانی ؒ کے پیرو مرشد جنابِ حضرت خواجہ باقی باللہ ؒ نے ایک نانبائی کو اپنی توجہ ء اتحادی دے کر اس اس کے ظاہر و باطن کو اپنے جیسا بنا دیا ۔جس کو وہ ضبط نہ کر کے وصال پا گیا ۔

حکایت : رات کے وقت اچانک حضرت خواجہ باقی باللہ ؒ کے چند مہمانانِ ذی اکرام تشریف لے آئے ۔ اَب اُن کے کھانے کو کچھ موجود نہ تھا ۔ حضرت خواجہ باقی باللہ ؒ نے اس وقت اپنے ایک مرید (جو کہ ایک نانبائی تھا) کو طلب کیا ۔ جب وہ آئے ۔تو حضرت خواجہ ؒ نے انھیں درخواست کی ۔ کہ ! اگر وہ اُن کے مہمانوں کے لئے کچھ روٹیاں بنا دیں ۔تو وہ اُس (نانبائی) کے شکر گزار ہوں گے ۔ اُس مرید (نانبائی نے فخر کرتے ہوئے) پیرو مرشد کے حکم کی بجا آروی کی ۔ جس سے کہ حضرت خواجہ ؒ بہت خوش ہوئے ۔ اور فرمایا ۔ کہ ! مَیں نے آپ کو رات کے اس پہر زحمت دی ۔ اگر آپ کی کوئی خواہش ہے ۔تو مجھے خوشی ہو گی ۔ کہ ! مَیں اس خواہش کو پورا کروں ۔ اُس نانبائی نے عرض کی ۔ کہ ! حضرت مجھے آپ اپنے جیسا بنا دیں ۔ حضرت خواجہ ؒ نے فرمایا ۔ کہ ! یہ کیا کہہ رہے ۔ ہو ۔ اس کی تمھارے اندر استطاعت نہیں ہے ۔لیکن وہ اپنی اسی خواہش پر بضد ومصر رہا ۔ بالآخر حضرت خواجہ باقی باللہ ؒ نے انہیں اپنے حجرہ ءخاص میں آنے کو کہا ۔ کچھ دیر بعد وہی نانبائی (حضرت خواجہ باقی باللہ ؒ) کی عین شکل کی طرح سے باہر نکلا ۔ اور باہر چلا گیا ۔ بعد میں حضرت خواجہ باقی باللہ ؒ باہر تشریف لائے ۔ وہ نانبائی فقط تین دن زندہ رہا ۔ اور وہ تین دن بھی بحالت غیر تھا ۔ تیسرے دن بوقتِ شام اس کا وصال ہو گیا ۔ کیونکہ ! وہ اُس مقام ومرتبہء ولایت کا اہل نہیں تھا ۔ بہر حال ! یہ خاص توجہ تھی پیرو مرشد کی ۔ ۔ ۔

☆ **توجہء اتحادی** : یہ توجہ سب سے زیادہ ہوتی ہے ۔اس میں شیخ اپنی پوری ہمت صَرف کر کے طالب کی روح میں القاء کر دیتا ہے ۔ اس طرح کے دونوں ارواح باہم (ایک دوسے میں) جذب ہو جاتی ہیں ۔ جیسے کہ ! حضرت خواجہ باقی باللہ ؒ نے ایک نانبائی کو توجہ اتحادی دے کر اس کے ظاہر و باطن کو اپنے ہی جیسا بنا دیا ۔ جس کو وہ ضبط نہ کر سکا ۔ اور بالآخر وہ وصال پا گیا ۔ توجہ القائی کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ ! شیخ اپنے مرید کو سامنے بٹھا کر اپنے قلب کو اس کے قلب پر غالب کرے ۔ اور خطرہ ءغیر کو اس کے قلب پر آنے سے روک کر جذبہ ءقلبی کے ساتھ مرید کے دل پر اپنی نسبت امقاء کرے ۔ اور اپنے آپ کو ہر قسم کے خیالات سے خالی کر کے اپنے نفسِ ناطقہ کی طرف اس نسبت میں متوجہ ہو جائے ۔ جس کو طالب کے دل میں ڈالنا منظور ہو ۔ اور اپنی پوری باطنی ہمت کے ساتھ یہ تصور کرے ۔ کہ میرے دل سے فیوض وانوار طالب صادق یا مرید کے قلب میں سرایت کر رہے ہیں ۔ انشاء اللہ تعالیٰ طالبِ صادق یا مرید کی قابلیت واستعداد کے مطابق اس کو فیوض وبرکات حاصل ہوں گے ۔ اسی طرح کے جس لطیفہ میں ذکر جاری کرنا مقصود ہو ۔ شیخ اپنے اسی لطیفہ کو مرید کے لطیفہ کے مقابل سمجھ کر ہر قسم کے خیالات ، وساوس اور واہمات کو روک کر مرید کے دل کو اپنے دل کی طرف کھینچے ۔ اور اسم ذات '' اللہ '' کی اُس وقت تک شیخ ضربات لگاتا رہے ۔ جب تک کہ شیخ کی اس توجہ اور ضرب کے اثرات سے مرید کے اس لطیفہ میں جنبش پیدا ہو کر ذکر جاری ہو جائے ۔ اسی طرح دیر تک متوجہ رہے ۔ اور روزانہ اسی عمل کے تسلسل کو جاری رکھا جائے ۔ تاکہ اس توجہ کی تاثیرات راسخ ہو جائیں ۔ اور مرید کے دل میں

حرارت اور نفی خاطر کی سی کیفیت پیدا ہو جائے۔ اگر مرید غیر حاضر ہو۔ یعنی سامنے موجود نہ ہو۔ یا کسی اور شہر یا ملک میں رہتا ہو۔ لیکن اپنے شیخ کی توجہ کا طلب ہو۔ تو اس کی صورتِ مثالیہ کا تصور کر کے غائبانہ توجہ بھی دی جا سکتی ہے۔ جیسا کہ بعض مشائخ کا معمول منقول ہے۔

☆ **توجہء اتحادی** : مرشد یک لخت بغیر تصفیہ و تزکیہء قلب کے مرید کو فیضانِ باطنی عطا کرے۔ خاصہ اس توجہ کا یہ ہے۔ کہ! طالب کا برزخ (تصور و تخیل) مرشد کریم کی صورتِ بابرکت کے مشابہ ہو جاتا ہے۔ مگر اس قسم کی توجہ شاذ و نادر ہی ہوا کرتی ہے۔ (جیسا کہ! ابھی حضرت خواجہ باقی باللہ بیرنگ دہلوی نقشبندیؒ کے واقعے میں بیان ہوا ہے۔ جس میں کہ طالب یعنی نان بائی اپنی کم استعدادی وکم ظرفی کی وجہ سے تیسرے ہی دن فوت ہوگیا) یعنی جیسے اس توجہ دینے والے کے خدوخال ہوتے ہیں۔ ایسے ہی طالب بھی اُسی قدر مستعد، حوصلہ مند اور عالی ظرف ہو۔ کیونکہ! جو اس قسم کی توجہ کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ وہ ضرور بالضرور ہلاکت کا ہی موجب ہوتا ہے۔ جب طالب تذکرہ میں ٹھیک ہو جاتا ہے۔ تو پیر و مرشد اس کو تفکر ارشاد کرتا ہے۔ اور کہتا ہے۔ کہ! صانع حقیقی کی صنائع و بدائع میں متفکر ہو۔ مثلاً قلبِ انسانی کو اللہ تعالیٰ نے کیسی حکمت و فراست سے تخلیق فرمایا ہے۔ کہ اس کے اندرون صدہا بیماریاں اور سینکڑوں آرام رکھے ہیں۔ آسمان بغیر ستون کے قائم فرما دیا۔ زمین کو کیسے پانی پر پھیلا دیا۔ مینہ کا برسانا، نباتات کا اُگنا، پھل و پھول کا پیدا ہونا یہ سب اسی کے ہی کمالِ صنعت کا تماشائے پیشِ نظر ہیں۔ اور مرتبہء تفکر میں اکثر طالبوں کو استغراق (یعنی معرفت وحقیقت کے بحر میں قصد و نیت سے غرق ہو جانا) وسکر (معرفت و حقیقت کے دریا میں بے ہوشی و مدہوشی، جبکہ طالبِ صادق مرتبہء تفکر و تزکر میں ٹھیک ہو گیا ہو) حاصل ہوتا ہے۔ اور وہ مرتبہء عرفان تک پہنچ جائے۔ عرفان سے مراد ان تمام ممکنات و موجودات کو واجب الوجود سے خیال کرنا اور ان فروعات کو اصل الاصول سمجھنا چاہیئے۔ اور تمام وسیلے اور واسطے درمیان سے ہٹا دینے چاہئیں۔ اور جو بھی کرو۔ جان لو۔ کہ! اسی کی مشیت و رضا سے ہی کرتے ہیں۔ غنی جو آفت یا راحت کسی سے بھی پہنچے۔ منجانب اللہ ہی سمجھے۔ (یاد رہے۔ کہ!) عرفان میں بھی استغراق ہوتا ہے۔ لیکن استغراق وسکر منازلِ مروجہ و مقررہ سے نہیں ہیں۔ بلکہ منازل کے (تو علیحدہ سے دیگر کئی) شعبے ہیں۔ جیسے کہ کسی کا ایک شہر سے دوسرے شہر جانے کا ارادہ ہے۔ تو راستے میں کئی ایک چھوٹے بڑے شہر، دیہات وغیرہ بھی آتے ہیں۔ اَب ان دو شہروں (یعنی منازل) کے بیچ میں جتنے بھی چھوٹے بڑے شہر و دیہات آئے تھے۔ ان کو منزل تو نہیں کہہ سکتے۔ بلکہ! وہ تو شعبہء منازل کہلائیں گے۔

حضرت غوث علی شاہ قلندری قادریؒ کے ملفوظات میں مرقوم ہے۔ کہ! گروہِ کاملین تین اقسام پر منقسم ہے۔ کامل۔ اکمل۔ اور مکمل۔

☆ **کامل** اُس کو کہتے ہیں۔ جو خود تو صاحبِ کمال ہو۔ مگر کسی کو فیض نہ پہنچا سکے۔ اس کو لازمی بھی کہتے ہیں۔ ☆ **اکمل** اُس کو کہتے ہیں۔ کہ! خود بھی صاحبِ کمال ہو۔ اور فیضانِ باطنی اور ہدایاتِ ظاہری سے اوروں کو فائدہ پہنچا سکے۔ یہ شخص اول الذکر (یعنی کامل) سے بدرجہا بہتر و بزرگ تر ہے۔

☆ **کامل** اُس کو کہتے ہیں۔ کہ! اوروں کو (یعنی اپنے مریدین و معتقدین یا خلفاء یا اولاد و اخیاء) کو مشیتِ ایزدی یا تقدیرِ الٰہی کے موافق خواہ ایک گھنٹے میں، خواہ ایک ماہ میں، خواہ ایک سال میں کامل و مکمل بنا دے۔ اور جو کشف و کرامات اپنی ذات میں رکھتا ہے۔ مرید (مرید و معتقد یا خلفاء یا اولاد و اخی) کو بھی عطا فرما دے۔ ایسا شخص متذکرۃ الصدور دونوں (کامل اور اکمل) سے نہایت معظم، و مکرم ہوتا ہے۔

گروہ کملاء کے تعلیم و تلقین کا طریقہ : اول طالب کو خاندان کے موافق بیعت کر کے ذکر و ارشاد فرماتے ہیں۔ خواہ اسمِ ذات، خواہ نفی اثبات یا پاس انفاس۔ مگر اس زمانہ کے مشائخین کی طرح اپنے روبرو بٹھا کر توجہ نہیں دیتے۔ البتہ قلبی توجہ ضرور دیتے ہیں۔ جہاں کہیں مرید ہو۔ ہزار فرسنگ یا چاہے میل بھر، اپنا برزخ اس کے قلب میں حلول کر دیتے ہیں۔ اور اس توجہ کا اثر طالب کے قلب سے زائل نہیں ہوتا۔ چاہے وہ شراب و شباب یا معاصیات میں ہی مشغول کیوں نہ ہو۔ گویا کہ پتھر پر لکیر ہے۔

توجہات کے ضمن میں ایک ضروری بات :

اپنی باطنی آنکھوں کو کھولنے والے شائقین کے لئے انتہائی ضروری ہے۔ کہ! وہ مندرجہ ذیل سات درجات کو ہمیشہ ملحوظِ خاطر رکھیں۔

☆ **حالتِ طبعی**: اس حالت میں سالک اپنے ہوش و حواس میں قائم رہتا ہے۔ ☆ **حالتِ نیم خوابی**: اس حالت میں سالک جاگ تو رہا ہوتا ہے۔ مگر کیفیت نیند والی ہوتی ہے۔ دوسروں کو باتیں سنتا ہے۔ مگر یاد نہیں رہتا۔ ☆ **حالتِ خوابِ مقناطیس یا خوابِ عمیق**: اس حالت میں سالک کی آنکھیں بند ہوتی ہیں۔ نہ وہ سنتا ہے نہ ہی دیکھتا ہے۔ ☆ **حالتِ خوابِ بیداری**: اس حالت میں سالک بند آنکھوں سے مناظر دیکھ رہا ہوتا ہے۔ جن سے بعض اوقات وہ خوش یا مغموم ہو جاتا ہے۔ ☆ **حالتِ اندرون بینی**: اس حالت میں سالک ہوتا تو بے ہوش اور ہے۔ مگر ساعت و حواس بیدار ہوتے ہیں۔ یہ کیفیت کامل سالک اپنے اوپر خود جبکہ عام سالک کسی اور کامل کے تنویمی عمل کے ذریعے سالک کو بے ہوش کر کے حال و احوال اور سوالوں کے جوابات لیتا ہے۔

☆ **حالتِ بیرون بینی**: اس حالت میں سالک اپنے آپ کو جب چاہے جہاں چاہے لے کر جا سکتا ہے۔ یا کسی جگہ کے حالات معلوم کر سکتا ہے۔

☆ **حالتِ سمادھی یا مراقبہ**: اس حالت میں سالک کو کمالات حاصل ہو جاتے ہیں۔ یہ مرتبہ و مقام حالتِ بیرون بینی سے بہت آگے کا ہے۔

اِن درجات اور مقامات کے بعد : حضرت غوث علی شاہ قلندری قادریؒ مزید فرماتے ہیں۔ کہ! جب مرید (سالک و طالبِ صادق) یہ درجات و مقامات طے کر لیتا ہے۔ تو پیر و مرشد اُسے توحید کی ہدایت فرماتے ہیں۔ یعنی اپنے تمام اعمال، افعال، احوال، اقوال، حرکات و سکنات کو تقدیرِ الٰہی اور مشیئتِ ایزدی سے سمجھنا چاہیئے۔ لیکن یہ تعلیم مبتدیوں کے لئے ہے۔ جبکہ منتھیوں کی تعلیم یہ ہے۔ کہ! تمام ممکنات و موجودات کو مظہرِ

الٰہی بلکہ عین ذات ناتمنا ہی جاننا چاہیئے ۔ جیسے کہ! ایک چراغ ایک چراغ سے دوسرا چراغ روشن کیا جاتا ہے ۔ کیونکہ! دوسرا روشن ہونے والا چراغ بھی پہلے چراغ کی مانند روشنی میں برابر ہے ۔ کچھ بھی فرق دونوں میں موجود نہیں ہے ۔ کیونکہ! حدوث نے قدوم کی خواہش سے کوئی وجودی لباس پہنا ۔ اور ایک صورت اختیار کی ۔ پھر وہ حدوثِ قدم سے بھلا الگ کیونکر ہوسکتا ہے ۔ کیونکہ! روزِ اول سے حدوث وقدم سے یکا نگی ءِ واحدیت کا واسطہ ہے ۔ اور ایک لحظہ یا ایک ساعت بھی اس سے جدا نہیں ۔ معنی توحید میں ہے ۔ کہ! باری تعالیٰ کو بے ہمتا اور یکتا جاننا ہر حال ومقام میں ۔ اگرچہ جلایا یا قتل کیا جاوے ۔

توجہات اور گمان : اگر ہم اپنے اردگرد کا معائنہ کریں ۔ تو ہمیں گمان ، توجہات ، اوہام ، وساوس ، شبہات یا بدگمانی کے کثیر الاقسام شواہد ملتے ہیں ۔ بہرحال! ہمارا موضوع گمان یا توجہ کے متعلق ہے ۔ جس کی چند ایک مثالیں پیشِ خدمت ہیں ۔ سب سے پہلے ہم گمان کو دیکھتے ہیں ۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔ کہ! **یخل لکم و جہ ابیکم و تکونوا من م بعدہٖ قومًا صا لحین** ۔ (ترجمہ) تا کہ! آپ کے باپ کی توجہ آپ ہی کی طرف ہو رہے ۔ تو اس کے بعد آپ صالحین (نیک اعمال کرنے والے) بن کر رہنا ۔ (سورہ یوسف ۔ آیت نمبر 09) (ایک حدیثِ قدسی ہے ۔ کہ) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ۔ کہ! مَیں اپنے بندے کے گمان کے ساتھ ہوں ۔ جو (کہ) وہ میرے متعلق رکھتا ہے ۔ (صحیح بخاری)

یہ کمترین (**البلوشی**) قارئینِ ''اسرارِ محبوب کامل'' سے عرض گزار ہے ۔ کہ! بحیثیت مسلمان ہمیں ہمیشہ چند باتوں کو ملحوظِ خاطر رکھ کر یقینی طور پر یہ گمان رکھنا چاہیئے کہ! اللہ تعالیٰ بہت ہی رحمان ، رحیم اور کریم ہے ۔ وہ بہت غفار ہے ۔ ہو نہ ہو بالآخر ہم نے جنت میں ہی جانا ہے ۔

وہ ذات باری تعالیٰ بہت ہی رحمان ، رحیم اور کریم ہے ۔ وہ بہت غفار ہے ۔ اللہ تعالیٰ ہی کی یہ شانِ ربوبیت ہے ۔ کہ! وہ ہم سب پر اپنی وسعتِ رحمت ، رحمانیت اور کرم وفضل سے ہمیں بخشش عطا فرما کر جنت میں داخل فرمائے گا ۔ لیکن اس کے لئے ہمیں دائمی طور پر اللہ تعالیٰ سے خوش گمان ہونا پڑے گا ۔ جیسا کہ پچھلی اور آنے والی حدیث میں بیان ہوا ہے ۔ صحیح بخاری میں ہے ۔ حضرت ابوہریرہؓ نے بیان کیا ۔ کہ! نبی کریم ﷺ نے فرمایا ۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ۔ کہ! مَیں اپنے بندے کے گمان کے ساتھ ہوں ۔ اور جب وہ مجھے اپنے دل میں یاد کرتا ہے ۔ تو میں بھی اسے اپنے دل میں یاد کرتا ہوں ۔ اور جب وہ مجھے (کسی) مجلس میں یاد کرتا ہے ۔ تو میں اُسے اس سے بہتر فرشتوں کی مجلس میں یاد کرتا ہوں ۔ اور اگر وہ مجھ سے ایک بالشت قریب آتا ہے ۔ تو میں اس سے ایک ہاتھ قریب ہو جاتا ہوں ۔ اور اگر وہ مجھ سے ایک ہاتھ قریب آتا ہے ۔ تو اس سے دو ہاتھ قریب ہو جاتا ہوں ۔ اور اگر وہ میری طرف چل کر آتا ہے ۔ تو میں اس کے پاس دوڑ کر آجاتا ہوں ۔

گمان اور اوہام کے ضمن میں چند حکایات :

☆ کسی دیہاتی کو ہل چلاتے ہوئے ببول کا کانٹا چبھ گیا ۔ اُس نے جب دیکھا ۔ تو کانٹا پڑا ہوا تھا ۔ لیکن پاؤں کے اندر کانٹا نہیں گیا تھا ۔ اُس کو وہم ہوا ۔ کہ! ہو نہ ہو ، یہ کانٹا نہیں بلکہ! شاید کسی سانپ نے مجھے ڈسا ہے ۔ اُس نے کئی حکماء کو اپنا زخم دکھایا ۔ مگر ہر ایک نے کہا ۔ کہ! یہ سانپ کاٹے کا نشان نہیں ۔ بلکہ ببول کے کانٹے کا نشان ہے ۔ مگر اُسے قطعاً یقین نہیں آیا ۔ اسی وہم میں گرفتار ہو کر بالآخر وہ دیہاتی بیمار پڑ گیا ۔ تقریباً دو ہفتے بعد اُس کی حالت نازک ہوگئی ۔ اَب جب حکماء نے اُس کے زخم کو ملاحظہ کیا ۔ تو واقعتاً اُس کانٹے کے معمولی زخم میں سانپ کے اثرات موجود پائے گئے ۔ بہرحال! پھر جب سانپ ڈسے شخص کے مطابق اُس کا علاج کیا گیا ۔ تو وہ تندرست وشفایاب ہو گیا ۔ کانٹے کا زخم سانپ کے ڈسنے میں مبدل ہونا درحقیقت اُس کے گمان کی وجہ سے تھا ۔

☆ علم مسمریزم ، ٹیلی پیتھی اور ہپناٹزم میں بھی توجہات وگمان بہت بہت عمل دخل شامل ہوتا ہے ۔ اِن علوم وفنون کے اساتذہ کا کہنا ہے ۔ کہ! ہمارے تجربے کی بات ہے ۔ کہ! اگر کسی شخص کو توجہات یا گمان پر یقین نہ ہوتا ہو ۔ تو اُسے چاہیئے ۔ کہ! اپنے گھر میں دو ایک ہی جیسے پودے رکھ لے ۔ اور دونوں پودوں کو یکساں مقدار میں پانی ، ہوا اور دھوپ دیتا رہے ۔ مگر دل ہی دل میں ایک پودے سے پیار کرے ۔ جبکہ دوسرے پودے کو دل ہی دل میں کوستا رہے ۔ ہفتے عشرے ہی میں وہ ملاحظہ کرے گا ۔ کہ جس پودے پر اُس نے محبت کی نظر رکھی ۔ وہ بالکل ٹھیک ٹھاک ہے ۔ ربڑھتے بڑھتے بطریق احسن نشوونما پا رہا ہے ۔ جبکہ! دوسرا پودا ، کہ جس کو نظر بد کے ساتھ توجہ کی تھی اور اُسے کوستے رہے ۔ وہ بالکل مرجھا گیا ہے ۔ اُس کا بڑھنا اور نشوونما پانا بند ہو گیا ہے ۔ (اسی مثال کو دیکھتے ہوئے) ہم اگر اپنے اردگرد دیکھیں ۔ کہ! کوئی والد ، والدہ یا والدین دیگر بچوں کی نسبت اپنے کسی بچے پر کم توجہ دیتے ہیں ۔ یا اُسے نظر بد سے دیکھتے ہیں ۔ یا اُسے ہر وقت ڈانٹ ڈپٹ کرتے رہتے ہیں ۔ تو یقیناً ایسے بچے کی ذاتی شخصیت بہت متاثر ہوتی ہے ۔ ایسا بچہ نہ تو صحیح طور سے لکھ پڑھ سکتا ہے ۔ اور نہ اُس کی شعوری کیفیات میں جلد نکھار پیدا ہوتا ہے ۔ اور پھر والدین کہتے پھرتے ہیں ۔ کہ! کہ ہمارا بچہ اچھا کھاتا پیتا ہے ۔ کھیل کود میں بھی ٹھیک ہے ۔ مگر اس کے اندر کچھ عجیب وغریب قسم کی خامیاں پیدا ہوگئی ہیں ۔

☆ ایک جزیرہ (غالبًا اُس کا نام سلیمانی جزیرہ **Solomon Island**) ہے ۔ جہاں پر یہ قانون ہے ۔ کہ! کسی بھی پیڑ یا درخت یا پودے کو کاٹا نہیں جاتا ۔ ل بلکہ جب بھی اُنہوں نے جس پیڑ ، درخت یا پودے کو ختم کرنا ہوتا ہے ۔ تا کہ وہ کوئی کھیتی باڑی کرسکیں ۔ یا کوئی میدان وسڑک بنا سکیں ۔ تو ایسے مواقع پر وہ درخت ، پیڑ یا کسی پودے کو ہٹانے کے لئے یہ طریقہ استعمال کرتے ہیں ۔ کہ! قبیلے کے چند لوگ اُس کے پاس جا کر اُسے کوستے ہیں ۔ گالی گلوچ کرتے ہیں ۔ اُسے بددعائیں دیتے ہیں ۔ اور اُس کو حقارت اور ذلت کی نگاہ وتوجہ سے دیکھتے ہیں ۔ پھر وہ چلے جاتے ہیں ۔ اور چند روز تک یہی وطیرہ اختیار کر لیتے ہیں ۔ ہفتے عشرے بعد وہ درخت ، پیڑ یا پودا خود بخود گل سڑ جاتا ہے ۔ یہ نظر بد یا بدتوجہی کی بہت بڑی مثال ہے ۔

تیری رحمتوں پہ ہے منحصر میرے ہر عمل کی قبولیت
نہ آتا مجھے سلیقہء التجاء ، نہ ہے مجھے شعورِ نماز

☆ کچھوے کے متعلق مشہور ہے۔ کہ مادہ کچھوہ اپنے انڈے دے کر دریا یا سمندر کے ساحل پر ریت یا مٹی میں دبا کر چلی جاتی ہے۔ لیکن وہ پانی میں جتنی ہی دور کیوں نہ چلی جائے۔ اپنی توجہ انڈوں پر رکھتی ہے۔ حالانکہ! ساحلی علاقوں میں ریت پر سمندری پانی کی لہروں سے ریت کے ساتھ ساتھ انڈوں کی جگہ بھی تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ اگر وہ اپنی توجہ انڈوں سے ہٹالے۔ تو وہ انڈے بالکل خراب ہو جائیں۔ اور جب انڈے سے بچے نکلتے ہیں۔ تو کچھوے کے بچوں کی توجہ بھی اتنی تیز ہوتی ہے۔ کہ وہ انڈوں سے نکل کر اپنی ماں کی طرف خود بخود پانی میں تیرتے ہوئے پہنچ جاتے ہیں۔

☆ کونج پرندے کے متعلق مشہور ہے۔ کہ! کہ جب مادہ کونج انڈے دیتی ہے۔ تو انڈوں پر کبھی نر کونج اور کبھی مادہ کونج بیٹھتے ہیں۔ جب نر کونج انڈوں پر بیٹھتی ہے۔ اور مادہ کونج خوراک کے حصول کے لئے جاتی ہے۔ تو وہ میلوں کا سفر طے کرتی ہے۔ لیکن اُس کی کامل توجہ اپنے انڈوں پر ہی رہتی ہے۔ اگر لحہ بھر کے لئے بھی مادہ کونج اپنے انڈوں سے اپنی توجہ ہٹالے۔ تو کونج کے انڈے اُسی وقت خراب ہو جائیں۔ اور اُن انڈوں سے بچے ہی نہ نکل پائیں۔ اسی طرح کی دیگر کئی امثال موجود ہیں۔ طوالت کے پیشِ نظر انہیں معلومات پر اکتفاء کر کے مضمون کو ختم کیا جاتا ہے۔

اقرارِ محبت، عہدِ وفا سب جھوٹی سچی باتیں ہیں ہر شخص خودی کی مستی میں بس اپنی خاطر جیتا ہے

تجلی : تجلی کا لغوی معنی ''ظاہر کرنا یا ظاہر ہونا'' ہے۔ اصطلاحِ صوفیاء میں اللہ تعالیٰ کی ذات، صفات اور اسماء و افعال کا کسی شان یا رنگ، کیفیت یا حالت میں اظہارِ تجلی کہلاتا ہے۔ تجلی کا ثبوت یہ ہے۔ کہ! حضرت موسیٰؑ نے اللہ تعالیٰ سے گزارش کی۔ **رب ارنی انظر الیک** (اے میرے رب! مجھے دکھا مَیں دیکھوں تیری طرف (سورہ اعراف۔143) اللہ تعالیٰ نے جب تجلی فرمائی۔ اس تجلی کا اللہ تعالیٰ خود فرماتے ہیں۔ کہ!۔ **فلما تجلی ربہ للجبل جعلہ دکا وخر موسی صعقا** (ترجمہ) پس جب اس کے رب نے پہاڑ کی طرف تجلی کی۔ پہاڑ ریزہ ریزہ ہو گئے۔ اور حضرت موسیٰؑ گر کر بیہوش ہو گئے۔ (سورہ اعراف۔143) حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے۔ کہ! حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ کہ میرا رب میرے پاس احسن صورت میں آیا۔ (ترمذی) چونکہ اللہ تعالیٰ کے ظہور کی شانیں بے انتہا ہیں۔ لہذا تجلیات بھی لاتعداد ہیں۔ اسی وجہ سے ہر شخص پر اس کی استعداد کے مطابق جداگانہ تجلیات ہوتی ہیں۔ جو تجلی ایک مرتبہ ایک شخص پر ہوتی ہے۔ وہ پھر دوبارہ اس پر یا کسی اور پر کبھی نہیں ہوتی۔ کیونکہ تجلیات میں تکرار نہیں۔ ہر دم، ہر لحظہ اور ہر آن وہ نئی نئی شان میں تجلی فرماتا رہتا ہے۔ **کل یوم ھو فی شان** (ترجمہ) ہر روز نئی آن وہ نئی شان میں ہے۔ (سورہ رحمان۔29) جس طرح اس کی ذات لامتناہی ہے۔ اسی طرح اس کی تجلیات بھی حد و حسر سے باہر ہیں۔

سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا . انک انت العلیم الحکیم o

اقسامِ تجلیات : جیسا کہ ابھی ابھی بیان کیا گیا ہے۔ کہ! تجلیات بھی لاتعداد ہیں۔ ان لامتناہی تجلیات کا احاطہ و حصر قطعاً ناممکن ہے۔ تاہم بطورِ نمونہ چند تجلیات کے ذکر پر اکتفاء کیا جاتا ہے۔ تاکہ قارئین کو چند تجلیات کی پہچان ہو سکے۔

☆ **تجلیءِ آثاری** : اس کو تجلیءِ صوری بھی کہا جاتا ہے۔ سالک اس تجلی میں حضرت حق سبحانہٗ کو صورتِ تمثیلی میں ملاحظہ کرتا ہے۔ اور وہ جان بھی لیتا ہے۔ کہ یہ تجلی اسی **ذات وحدہٗ لاشریک** ہی کی ہے۔ جیسے کہ! حضرت موسیٰؑ پر ابتداء میں تجلی بصورتِ نار ظاہر ہوئی۔ پھر بصورتِ شجر۔ تو انہوں نے جان لیا۔ کہ اس صورت میں کون متجلی ہے۔ کبھی یہ تجلی عالمِ رویاء میں ہوتی ہے۔ لیکن پھر محتاجِ تعبیر رہتی ہے۔ یہ تجلی کامل طور پر صورتِ انسان میں ہوا کرتی ہے۔

☆ **تجلیءِ فعلی** : اس تجلی میں سالک حق تعالیٰ کو صفاتِ فعلیہ ربوبیہ میں سے کسی صفت کے ساتھ متجلی پاتا ہے۔ اس مشاہدے میں سالک سے حول و قوت اور فعل و ارادہ سلب ہو جاتا ہے۔ اور وہ ہر چیز میں اللہ تعالیٰ کی قدرت کو متصرف و جاری رکھتا ہے۔

☆ **تجلیءِ صفاتی** : اس تجلی میں سالک حق سبحانہٗ تعالیٰ کو امہاتِ صفات میں متجلی پاتا ہے۔ چونکہ امہاتِ صفات آٹھ ہیں۔ اسی لئے ان کو صفاتِ ثمانیہ حقیقیہ بھی کہا جاتا ہے۔ وہ آٹھ یہ ہیں۔ تکوین۔ حیات۔ علم۔ قدرت۔ ارادہ۔ سمع۔ بصر۔ کلام۔

☆ **تجلیءِ ذاتی** : اس تجلی میں سالک فانی مطلق ہو کر اپنے علم، شعور اور ادراک سے بے تعلق ہو جاتا ہے۔ یعنی عبدِ فانی ہو جاتا ہے۔ اور حق باقی رہتا ہے۔ اسی فنائیت کے بعد بقا باللہ کا عظیم مقام و مرتبہ آتا ہے۔ اس تجلی میں سالک اپنے آپ کو بلا تعین جسمانی و روحانی اطلاق کے رنگ میں پایا جاتا ہے۔ اور کمالِ توحیدِ عیانی کا مشاہدہ کرتا ہے۔ بعض صوفیائے کرام نے تجلیات کی یہ اقسام بھی بیان فرمائی ہیں۔
تجلی ظہوری۔ تجلی رحمانی۔ تجلی رحیمی۔ تجلی شہودی۔ تجلی جمادی۔ نباتی۔ تجلی حیوانی۔۔۔ وغیرہ۔

مانا کہ تو شہ رگ سے بھی قریب ہے لیکن مگر میں یہ فاصلہ بھی کہاں چاہتا ہوں

مذہب کے لئے ظاہر و باطن : مذہب کے لئے ظاہر و باطن اختیار کرنا چاہیئے۔ ظاہر تو یہ ہے۔ کہ! خلقِ خدا سے ادب برتے۔ جبکہ باطن یہ ہے۔ کہ! کل اصول و مقامات میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہو۔ رسول مکرم ﷺ نے کسی شخص کو نماز میں لعب یعنی بے ہودہ حرکت کرتے ہوئے ملاحظہ فرمایا۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ کہ! **اگر اس کا دل خاشع ہوتا۔ تو نماز میں اس کے اعضاء بھی خاشع ہوتے۔**

زمن بر صوفی و مُلا سلامے کہ پیغامِ خدا گفتند مارا
ولے تاویلِ شاں در حیرت انداخت خدا و جبرائیلؑ و مصطفٰی ﷺ را

افاضۂ تاثیر (طالب میں تاثیر پیدا کر دینے کا عمل)

☆ دورانِ ذِکر شیطانی ، نفسانی ، نسوانی خیالات کو دور کرنے کا مجرب طریقہ :

یہ طریقہ دراصل بارہا کا انتہائی کامیاب و مجرب طریقہ ہے ۔ میرے روزانہ کے معمولات میں سے ہے ۔ اِس عظیم اور سہل الحصول طریقے سے دل کو تمام غیر خیالات ، دنیوی تفکرات و ماسویٰ خیالات سے خالی اور فارغ الذہن کرنے اور ظاہری وساوس شیطانی و خطرات نفسانی کا راستہ بند کرنے کے لئے اِس سے بہتر اور سریع التاثیر کوئی اور طریقہ ہو ہی نہیں سکتا ۔

جب بھی اس قسم کے تخیلات وتفکرات وخطرات ستائیں تو ایسے وقت میں چاہیئے کہ ! اسم ذات **اللہ** کو اپنے تخیل وتفکر وتصور کی انگشت سے اپنی ناف سے تین اُنگل نیچے لکھنے کی سعی کرے ۔ انشاء اللہ اُسی لمحے جملہ تخیلات وتفکرات و خطرات سے جان چھوٹ جائے گی ۔ مجھے یہ عظیم النفع طریقہ حضرت فقیر نور محمد سروری قادری ؒ کی کتاب **عرفان** جلد اول سے میسر ہوا ہے ۔

☆ افاضہ ءتوبہ (توبہ و استغفار کی توفیق پیدا کر دینے کا عمل): **بمطابق مشائخینِ نقشبندیہ**

صاحبِ نسبت اپنے آپ کو اُس (گناہ گار کے جیسا) گناہ گار تصور وتخیل کرے ۔ (کہ جس سے توبہ کرانا چاہتا ہے) اور پھر اس میں ایسی تاثیر کرے ۔ گویا کہ اس کی ذات اس گناہ گار کی ذات سے مِل جائے ۔ اور دونوں ذاتوں میں اتصال ہو جائے ۔ اس کے بعد دوبارہ یہی عمل شروع کرے ۔ کہ گناہ اور معصیت سے نادم وشرمسار ہو ۔ اور اللہ تعالیٰ سے صدقِ نیت اور خلوصِ قلب سے توبہ واستغفار کرے ۔ چنانچہ اس عمل سے وہ گناہ گار جلدی توبہ کرلے ۔ (اور انشاء اللہ پھر معصیت سے اجتناب کرے گا) یاد رہے ۔ کہ ! ہمیں چاہیئے ۔ کہ ! کسی گناہ گار سے نفرت کے بجائے اُس کے گناہ سے نفرت کا اظہار کریں ۔ کیونکہ ! انسان بالآخر خطا کا پُتلا ہے ۔ اسی ضمن میں ایک بہت ہی پیاری حدیثِ نبوی ﷺ پیشِ خدمت ہے ۔ حضرت انس ؓ سے روایت ہے ۔ کہ ! ارشادِ نبوی ﷺ ہے ۔ کہ ! آدمؑ کا ہر بیٹا خطا کار ہے ۔ تاہم بہترین خطا کار وہ ہے ۔ جو غلطی ہونے کے بعد توبہ کرلیتا ہے ۔ (جامع ترمذی شریف)

☆ افاضہ ءتوبہ (توبہ و استغفار کی توفیق پیدا کر دینے کا عمل):

مشائخ چشتیہ کے ہاں یہ طریقہ ہے ۔ کہ ! صاحبِ نسبت وضو کر کے دو رکعت نمازِ نفل ادا کرے ۔ سلام کے بعد ایک ایک تسبیح درود واستغفار کی پڑھ کر نہایت خشوع وخضوع سے درگاہِ الٰہی میں ملتجی وملتمس ہو ۔ کہ ! اے قادرِ مطلق ومختارِ کل ذات باری تعالیٰ ! اس گناہ گار سے گناہوں کو دور فرما دے ۔ کیونکہ ! اس کے گناہ کم اور چھوٹے ہیں ۔ جبکہ تیری ذاتِ اقدس اس کے گناہوں کی نسبت بہت بڑی وبلند ہے ۔ اس کے بعد گناہ گار کو اپنے سامنے بٹھا کر پوری ہمت کے ساتھ سانس لے ۔ سانس لیتے وقت کامل توجہ وتخیل سے یہ تصور کرے ۔ کہ ! گناہ گار کو اس کے مرغوب گناہوں سے نجات مل رہی ہے ۔ پھر ایک لمبی سانس لے کر یہ تصور کرے ۔ کہ اس کے سابقہ گناہ زمین پر گرا رہا ہے ۔ بفضلہٖ تعالیٰ وہ گناہ گار دوبارہ گناہوں کی جانب گامزن نہیں ہوگا ۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ۔

☆ افاضہ ءتاثیر (مریدِ مبتدی اور مریدِ غبی کے علاجات) :

مرشد سے توجہ لینے کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ ! اس طرح نیت کر کے مرشد کے روبرو بیٹھے ۔ اور مرید یہ نیت کرے ۔ کہ ! میں متوجہ ہوں طرف قلب اپنے کے ۔ اور قلب میرا متوجہ ہے طرف ذاتِ احدیت کے ، جہاں سے سارا فیض آرہا ہے ۔ ذاتِ احدیت سے میرے مرشد کے قلب میں اور مرشد کے قلب کے نیچے اپنا قلب لگالے ۔ اور یہ تصور وتخیل کرے ۔ کہ ! مرشد کے قلب سے پرنالہ کی طرح میرے قلب میں نور آتا ہے ۔ خلاصہ یہ کہ آسمان کی طرف سے ایک نور مرشد کے قلب میں آرہا ہے ۔ اور مرشد کے قلب کے نیچے اپنا قلب لگا کر رکھے ۔ اور خیال کرے کہ مرشد کا قلب نور سے بھر کر اچھل رہا ہے ۔ اور قلب سے اچھل کر خود ہی میرے قلب میں پرنالہ کی طرح نور داخل ہورہا ہے ۔ اور میں وہ نور اُن سے لے کر اپنے دل میں ڈال رہا ہوں ۔

☆ افاضہ ءتاثیر (طالب میں تاثیر پیدا کر دینے کا عمل) :

مرشدِ کامل اپنے مرید (یعنی سالک وطالب) کے نفسِ ناطقہ (یعنی روحِ انسانی) کی طرف متوجہ ہو کر اپنی مضبوط باطنی قوت کے ساتھ اس سے باہم ٹکرائے ۔ اور پھر جمعیتِ خاطر کے ساتھ اپنی نسبت میں ڈوب جائے ۔ یہ تصرف اس کے بعد ہوگا ۔ کہ مرشد کا نفس مشائخ کی نسبتوں میں سے کون سی نسبت کا حامل ہے ۔ اور اسے اس نسبت کا ملکہ راسخہ حاصل ہو ۔ یعنی یہ نسبت ہر وقت اس کے قابو میں ہو ۔ پھر مرشد کی نسبت طالب کی طرف اس کی لیاقت اور استعداد کے مطابق منتقل ہوگی ۔ ☆ بعض نقشبندی بزرگ اس توجہ کے ساتھ ذکر اور طالب کے قلب پر ضرب لگانے کو بھی شامل کر دیتے ہیں ۔ اگر طالب سامنے موجود نہ ہو ۔ تو اس کی صورت کا تصور کر کے توجہ دیتے ہیں ۔ ☆ بعض نقشبندی بزرگ مرید صادق کو اپنے روبرو بٹھاتے ہیں ۔ اور اُسے تاکید کرتے ہیں ۔ کہ ! وہ اپنی آنکھیں بند کر کے بجانب قلب متوجہ ہوجائے ۔ بعدہٗ مرشدِ کامل اپنے قلب کی جانب متوجہ ہو کر ہمتِ القائی نسبت کی کرتا ہے ۔ تا کہ مرید کے قلب پر فیوضاتِ غیبیہ کا اثر ہو ۔ اور ایک طرح کی محویت اور بیخودی اُس مرید پر طاری ہو ۔ اور یہ طریقہ توجہ نقشبندیہ سلسلے کے بزرگ دوسرے یا تیسرے روز کیا کرتے ہیں ۔

تا چشم بر کشادم ، نورِ رُخِ تُو دیدم   تا گوش بر کشودم ، آوازِ تُو شنیدم

جب مَیں نے آنکھ کھولی ۔ تو تیرے رُخ انور کا نور دیکھا ۔ جب مَیں نے اپنے کان کھولے ۔ تو تیری ہی آواز سنی ۔

☆ جس مرید پر اس توجہ کا مطلق کوئی اثر نہ ہووے ۔ قلب اس کا سخت ہو ۔ اس کے واسطے یہ تدبیر ہے ۔ کہ! اس کے قلب (سینے) کے پاس ایک چراغ روشن کر کے رکھ دے ۔ تاکہ حرارتِ چراغ سے قلب میں بھی حرارت پیدا ہو ۔ کیونکہ! اگر قلب میں جس قدر زیادہ حرارت پیدا ہوگی ۔ اُسی طرح مرید کا قلب توجہ جلدی حاصل کرنے کے قابل ہوگا ۔ ان شاء اللہ ۔

☆ (بقول بعض فقراء!) مرشد ومسترشد دونوں آنکھیں بند کر کے بیٹھیں ۔ اور اپنے اپنے قلوب کی جانب متوجہ رہیں ۔ اور دیر تک مراقب رہیں ۔ کچھ دیر بعد دل میں حرارت (گرمی سی) پیدا ہو جائے گی ۔ بعد پیدا ہونے گرمی کے دل میں باہم دیگر محویت پیدا ہو جائے گی ۔لیکن طالبِ توجہ کو لازم ہے ۔ کہ! قبل توجہ کے اپنے قلب میں **اللہ** کا ذکر جاری کرے ۔ تاکہ جلد تاثیر ہووے ۔ **قلب جاری ہونے کی شناخت یہ ہے** ۔ کہ! سالک جس وقت بجانبِ باطن توجہ کرے ۔ بقدر استعداد اپنی کے زرد وسفید وسیاہ وسرخ وسبز انوارات اپنے میں مشاہدہ کرے گا ۔

اے ترا بر طورِ دل ہر دم تجلائے دِگر طالبِ دیدار تُو ہر لحظہ موسائے دِگر

☆ **تصرفِ قلوب (لوگوں کے قلوب پر تصرف کرنے کا عمل)** :

لوگوں کے دلوں میں اس طرح سے تصرف کرنا کہ وہ محبت و طاعت سے پیش آنے لگیں ۔ یا ان کے دماغوں میں ایسا تصرف کرنا کہ ان میں (حسبِ منشاء) واقعات متمثل ہونے لگ جائیں ۔ مشائخِ نقشبندیہ کے ہاں یہ طریقہ ہے ۔ کہ! صاحبِ نسبت اپنی باطنی قوت اور توجہ کے مطابق خود (یعنی شیخ و مرشد) اپنے مرید (طالب یا سالک) کے نفس سے ٹکرا جائے ۔ اور اسے اسے اپنے ہی نفس سے متصل کر دے ۔ پھر محبت یا واقعہ کی صورت کا تصور وتخیل کرے ۔ اور دل کی گہرائی سے اس کی طرف کامل توجہ کرے ۔ اس پر اثر ہوگا ۔ اس کے دل میں محبت پیدا ہو جائے گی ۔ اور اس واقعہ کے ذہن میں صورت اختیار کر لے گا ۔

آج پھولے نہ سمائیں گے کفن میں عاصی قبر کی رات ہے اس گل سے ملاقات کی رات

☆ **نسبتوں پر مطلع ہونا (اولیاء اللہ کے مقامات و مدارج پر مطلع ہونے کا عمل)** :

اولیاء اللہ کی نسبتوں پر مطلع ہونے کا مشائخِ نقشبندیہ کے ہاں یہ طریقہ ہے ۔ کہ! اگر وہ زندہ ہے ۔ تو اس کے سامنے ، اور اگر وہ اس دارِ فانی سے کوچ کر گیا ہے ۔ تو اس کے مزار پر جا کر اس طرح کرے ۔ کہ! اپنی ذات کو ہر قسم کی نسبتوں (مقامات و درجات) سے یکسر خالی کر دے ۔ اور کچھ دیر کے لئے اپنی روح کو اس کی روح تک پہنچا دے ۔ یہاں تک کہ اس کی روح اُس (جس کی نسبت معلوم کرنا ہو) کی روح سے متصل ہو کر مل جائے ۔ اور پھر اپنی ذات کی طرف رجوع کرے ۔ اَب جو کیفیت اپنے اندر محسوس کرے ۔ یہی اس بزرگ کی نسبت ہے ۔

☆ **اشرافِ خواطر یا ضمیر شناسی کا فن (دوسرے کے دل کی بات معلوم کرنے کا عمل)** :

اپنی ذات کو ہر بات اور پیدا ہونے والے خیالات سے خالی کر لے ۔ اور اپنی ذات کو اس کی ذات تک پہنچا دے ۔ اَب عکس یا پرتو کی صورت میں جو بھی بات اس کے دل پر کھٹکے ۔ وہی دوسرے کے دل کی بات ہے ۔

☆ **مصائب کو ٹالنا (نازل ہونے والی کسی مصیبت کو ٹالنے کا عمل)** :

اس کا طریقہ یہ ہے ۔ کہ! اس مصیبت کو ایک خیالی شکل تصور کرے ۔ پھر اسے دفع کرنے اور اس سے مقابلہ کرنے کے لئے پوری قوت و ہمت کا تصور کرے ۔ اور اپنے عزم و ارادے کو اس پر مرکوز کر دے ۔ اس کے بعد اپنی روح کو وقفے وقفے سے ملائے اعلیٰ یا ملائے اسفل کی جانب بلند کرے ۔ اور اس معاملے میں یکسو ہو جائے ۔ تو عنقریب وہ مصیبت ٹل جائے گی ۔ (انشاءاللہ تعالیٰ)

نسبت کی حقیقت (مذکورہ تصرفات کو سمجھنے کے لئے نسبت کی حقیقت) :

مشائخ کے تمام طریقوں کا ماحصل انسانی نفس کی تہذیب وآراستگی ہے ۔ مشائخ اسے نسبت کا نام دیتے ہیں ۔ اس کی وجہ یہ ہے ۔ کہ! یہ سکونِ قلبی اور نور کی شکل میں اللہ جل شانہ' سے انتساب اور ربط کی صورت ہے ۔ اس کی حقیقت یہ ہے ۔ کہ! نسبت نفسِ ناطقہ میں ایک ایسی کیفیت اور حالت کا نام ہے ۔ جسے ملائکہ (فرشتوں) سے تشبیہ دی جا سکتی ہے ۔ یا عالم جبروت پر مطلع ہونے کا نام دیا جا سکتا ہے ۔ اس کی تفصیل یہ ہے ۔ کہ! سالک جب طاعات ، طہارات اور اوراد و وظائف یا اذکار پر مستقل مزاجی سے عمل پیرا ہو جاتا ہے ۔ تو اس کے نفسِ ناطقہ میں ایک صفت قائم ہو جاتی ہے ۔ اور توجہ کا ملکہ راسخہ پیدا ہو جاتا ہے ۔ یہ دونوں نسبت کی صورتیں ہیں ۔ اور ہر ایک صورت کی مزید کئی اقسام ہیں ۔ جن میں سے چند ایک کی مختصر تشریح یہ ہے ۔ کہ!

☆ **نسبتِ عشق ومحبت** : اس نسبت سے دل میں عشق ومحبت کی صفت محکم وراسخ ہو جاتی ہے ۔

☆ **نسبتِ نفس شکنی** : اس نسبت سے نفس شکنی اور اس کے مرغوبات سے نجات حاصل کرنا ہے ۔ حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ کے والدِ محترم اس نسبت کو ''**نسبتِ اہلِ بیت**'' سے موسوم کیا کرتے تھے ۔

☆ **نسبتِ مشاہدہ** : اس نسبت سے مراد ذاتِ مقدس کے مجرد بسیط (اکیلا پھیلا ہوا) ہونے کی توجہ کا ملکہ ہے ۔ الغرض! حضوری مع اللہ کے معنیٰ ، محبت کے حصول یا نفس شکنی یا ان کے علاوہ ''یادداشت'' کے مطابق رنگ برنگ ہے ۔ ان رنگوں میں سے کسی رنگ میں نفس کو ملکہ راسخہ حاصل ہو جاتا ہے ۔ اسی ملکہ کو ''**نسبت**'' کہا جاتا ہے ۔

☆ **نِسبت کی حقیقت :** مشائخ کے تمام سلاسل طریقت کا ماحصل انسانی نفس کی تہذیب و آراستگی ہے۔ مشائخ اسے نسبت کا نام دیتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ یہ سکونِ قلبی اور نور کی شکل وصورت میں اللہ جل شانہ سے انتساب و ربط کی حقیقی صورت ہے۔ اس کی حقیقت یہ ہے کہ نسبت نفسِ ناطقہ میں ایک ایسی کیفیت وحالت کا نام ہے۔ جسے فرشتوں سے تشبیہ دی جا سکتی ہے۔ اسکی مزید تفصیل یہ ہے۔ کہ سالک جب!

☆ اطاعات واتباعاتِ الٰہیہ ☆ طہاراتِ ظاہری و باطنی ☆ اور تلاوتِ قُرآنی و درود خوانی، اورادواذکار، وظائف واشغال پر مداومت و استقلال سے عمل پیرا ہو جاتا ہے۔ تو اس کے نفس ناطقہ میں ایک صفت قائم ہو جاتی ہے۔ اور توجہ کا ملکہ راسخہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے چشمِ قلب چاہیئے۔

نسبتوں کا حصول (نسبت حاصل ہونے کے مختلف طریقے) : (بمطابق فقیر عبدالرؤف البلوشی)

☆ **صحابہ کرامؓ ہاں نسبت حاصل کرنے کے ذرائع:** صحابہ کرامؓ کی سب سے بڑی خوش نصیبی آنخضرت رسولِ مکرم ﷺ کی ذاتِ مبارکہ، اُن ﷺ کے اقوال وافعال اور احوال اور پھر آپ ﷺ کی معیت میں عبادات کی سرانجام دہی اور اُن ﷺ کے فرامین پر مَن وعن عمل درآمد وغیرہ حصولِ نسبت کے بہت بڑے ذرائع تھے۔ پھر آپ ﷺ کا زمانہ، جو تمام زمانوں پر افضلیت وفوقیت رکھتا تھا۔ اسی لئے یہ کہنا صریحًا درست ہوگا۔ کہ! جو نسبت حقیقی آنخضور ﷺ کی وجہ سے صحابہ کرامؓ کو حاصل تھی۔ وہ بعد والے اُمتی (عمومی تو کیا کاملین بھی) کبھی حاصل نہیں کر سکتے۔

☆ **تابعینِ عظامؒ کے ہاں نسبت حاصل کرنے کے ذرائع:** آنخضور نبی مکرم ﷺ کے تربیت یافتہ صحابہ کرامؓ کی معیت کا ہونا، نماز کی پابندی، خلوت میں خشوع وخضوع اور حضوری قلب کی پابندی کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کی پاکی اور حمد کا ذکر، ہمہ وقت طہارت (ظاہری و باطنی) سے رہنے کی پابندی، موت کی ہر وقت یاد میں مستغرق رہنا، نفس کی پسندیدہ چیزوں کی شدید مزمت، فرمانبرداروں کے لئے ثواب اور انعامات جبکہ گناہ گاروں کے لئے عذاب اور ڈرانے کا ذکر، اسی طرح انہیں جسمانی لذات اور خواہشات سے چھٹکارا حاصل ہو جاتا تھا۔

☆ **تبع تابعینِ عظامؒ کے ہاں نسبت حاصل کرنے کے ذرائع:** مثلاً صحابہ کرامؓ کے تربیت یافتہ تابعینؒ کی معیت کا ہونا، تلاوتِ قرآن پر ہمیشگی اور اس کی آیات کے معانی ومفاہیم پر غور وفکر اور عمل کرنا، ناصح حضرات کی بات کو غور وتوجہ سے سننا، احادیثِ نبویہ ﷺ میں سے وہ احادیث خاص طور پر سنن، کہ جن سے قلوب حلیم المزاج اور بردبار ہو جاتے تھے۔ خلاصہ یہ کہ! صحابہ کرامؓ اور تابعینِ عظامؒ کو ان باتوں پر مسلسل عمل پیرا ہونے اور انہیں وظیفہ حیات بنا لینے کی وجہ سے ملکہ راسخہ اور ہیئاتِ نفسانیہ حاصل ہو گئی تھی۔ چنانچہ وہ زندگی بھر اِن امور کو پابندی اور باقاعدگی سے ادا کرتے رہے۔ پھر یہی مقصود اور حقیقت آنخضور ﷺ سے بطریقِ وراثت ہمارے مشائخ (تمام سلاسل طریقت جیسے قادریہ، نقشبندیہ، چشتیہ، سہروردیہ، اویسیہ، قلندریہ وغیرہ) لے طریقوں میں چلی آئی ہے۔ ہر چند کہ ان کے رنگ، مزاج، طریقے، حصول کے انداز جدا جدا ہیں۔

☆ **نسبت حاصل کرنے کے دیگر ذرائع :** تقوٰی توکل رضا بالقضاء اور اخلاص دَرعبادت کے ساتھ ساتھ اد و وظائف یا اشغال سے اصل مقصودِ نسبت کا حصول، اور اس پر قائم رہنا اور اس میں ڈوب جانا، تاکہ اس طرح نفس بآسانی ملکہ راسخہ حاصل کر لے۔

بلندا حوال میں سے ایک انعام ''فراستِ صادقہ'' بھی ہے۔ یعنی دل میں واقعے کا بعینہٖ متمثّل ہو جانا۔ کیونکہ! ایک حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے۔'' **اتقوا فراسة المؤمن فانہ ینظر بنور اللہ** '' (ترجمہ) ''مومن کی فراست سے ڈرو۔ کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے۔''

کاش میں لوٹ جاؤں بچپن کی وادی میں جہاں نہ کوئی ضرورت اور نہ کوئی ضروری تھا

کسی بزرگ کی نسبت دریافت یا معلوم کرنا :

کسی بزرگ کی قبر پر واسطے دریافت نسبت اُس بزرگ کے متوجہ ہو۔ تو ہمت اُس (بزرگ) کی طرف کرے۔ س وقت بھی انوارِ سرخ وسفید اور مثل اس کے ظاہر ہوں۔ معلوم کرے۔ کہ وصل اس بزرگ متوجہ الیہ کا بواسطہ لطیفہ قلب یا روح کے ہے۔ اور اگر نور دو لطائف یا زیادہ مخلوط ہو کر ظاہر ہوں۔ تو وصل اُس (بزرگ) کا زرد ہوگا۔ اس لئے کہ وصل ہر بزرگ کا تقریبًا بواساطت ایک لطیفہ کے لطائفِ سبعہ کے لئے ہے۔ جو کہ اس کے جسد کے متعلق ہے۔

بہر حال! مرید مبتدی ذکر کے طریقوں اور اس کی لذتوں سے ناآشنا ہوتا ہے۔ بلکہ خالی الذہن اور سادہ دل ہوا کرتا ہے۔ ایسے میں مرشد کو چاہیئے۔ کہ! (مرید کو ذکر سے واقفیت اور شوق دلانے اور لطائف روشن کرنے کے لئے یہ چار طریقے استعمال کرائے)

طریقہ نمبر 1۔ مرید کو اپنے سامنے مؤدب دوزانو بٹھا کر آنکھیں بند کرنے اور اس کا سر جھکانے کی تلقین کرے۔ پھر مرشد خود اپنے قلب و ذہن کو تمام خیالات سے خالی کر کے اور پھر اپنے قلب کو مرید کے قلب کے مقابل کرے۔ اور اسمِ ذات ''اللہ'' کی ضربات مرید کے قلب پر لگائے۔ اور یہ خیال کرے۔ کہ! موجودہ ذکر کی کیفیت میری اور میرے سلسلہ کے تمام بزگوں تاکہ آنخضرت نبی مکرم ﷺ ہی کی وجہ سے اس (مرید) کو حاصل ہو رہی ہے۔ اور یہ ذکر اس کے قلب وروح بلکہ پورے جسم میں سرایت کر رہا ہے۔ یہ ضربیں (کم اَزکم) ایک سوایک (101) مرتبہ ضرور ہونی چاہئیں۔ تاکہ شوق اور ذکر کی حرارت اس کے قلب پر اثر پذیر ہو۔ اور اس (مرید) کا قلب اس ذکر کی ضربات کی وجہ سے حرکت کرتے کرتے تیز ہوتا جائے۔ جب اس کا قلب ذکر سے حرکت کرنے لگ جائے۔ تو مرشد ضربات لگانا بند کر دے۔ بعد ازیں مرشد کو ذکر اس کی حیثیت واستعداد کے مطابق ہو۔ اس کو دے دے۔ اور اسے یہ ذکر ہمیشگی سے کرنے کی تلقین کرے۔ اسی طرح مرید کو مرشد کے بتائے ہوئے اشغال میں دائمًا مشغول ومستغرق رہنا چاہیئے۔ اس دوران مرید اپنے مشاہدات وکشفی خیالات کو سوائے مرشد

سے کسی کے سامنے قطعاً بیان نہ کرے۔تا کہ یہ باطنی فیوضات وبرکات قائم رہیں۔بلکہ ان میں روزافزوں اضافہ ہوتا رہے۔انشاءاللہ۔

طریقہ نمبر2۔ مرید کو اپنے سامنے مؤدب دوزانو بٹھا کرآنکھیں بند کرنے اوراس کا سرجھکا کرکمرٹیڑھی کرا کے اس کا سینہ مرشد اپنے سینے کے مقابل کرنے کو کہے۔اس کے بعد مرید کی سانس کے ساتھ سانس لے۔یعنی جب مرید سانس لے۔تو مرشد بھی سانس لے۔اورجب مرید سانس خارج کرے۔تو مرشد بھی اس کے ساتھ اپنا سانس خارج کرے۔اس عمل کو کرنے سے کچھ لمحات بعد مرید خود بخود لرزنے اور کانپنے لگے گا۔یا پھر بے تابانہ نعرے لگانا شروع کردے گا۔اور جو بھی ذکر اس وقت مرشد کے ذہن میں ہوگا۔مرید بے اختیاری سے اسی ذکر کو کرنا شروع ہوجائے گا۔

طریقہ نمبر3۔ اگر مرید غبی ہو۔یعنی کہ! اس کا قلب کسی بھی ذکر سے متاثر نہ ہوتا ہو۔تو مرشد کو چاہیئے۔کہ! اِس مرید کو اِس کے اسمِ مربی کے ذکر کی تعلیم کرے۔(**اسمِ مربی کے معلوم کرنے کا طریقہ** یہ ہے۔کہ! خلوت میں مرید کو اپنے سامنے مؤدب دوزانو بٹھا کرآنکھیں بند کرنے اوراس کا سرجھکا کرکمر ٹیڑھی کرا کے اس کا سینہ مرشد اپنے سینے کے مقابل کرنے کو کہے۔اور اللہ تعالیٰ کے اسمائے الٰہیہ (بالخصوص کوئی جمالی اسم) میں سے کسی اسمِ مبارک کو اپنے ذہن میں رکھ کر اس کی ضربات مرید کے قلب پر کچھ شدت کے ساتھ چند مرتبہ لگاتا رہے۔جب تک کہ اسم اثر نہ کرے۔اگر اس اسمِ الٰہی سے کچھ اثر نہ ہو۔تو اسمِ الٰہیہ تبدیل کر کے کسی دوسرے اسمِ الٰہیہ سے یہی طریقہ دوبارہ سرانجام دے۔اس طرح کچھ اسمائے الٰہیہ کو تبدیل کرنے کے بعد ضرور کوئی نہ کوئی اسم اثر کرہی جائے گا۔اَب جو بھی اسم اثر کر جائے۔تو سمجھ لیں۔کہ یہی اسمِ الٰہی اس مرید کا اسمِ مربی ہے۔**اسمِ الٰہی کے اثر وتاثیر کی صورت یہ ہوگی۔کہ! مرید کے قلب میں سرور ولرزہ پیدا ہوجائے گا۔جسم میں کپکپاہٹ اورلرزہ پن شروع ہوجائے گا۔بلکہ تمام جسم میں اس قدر لرزہ پیدا ہوجائے گا۔اور اسم کے اثرات کا غلبہ ہوجائے گا۔** کہ! مرید سے ضبط نہ ہوپائے گا) یادرہے۔کہ! مرید کا یہی اسمِ مربی ہی اس کے لئے بعینہٖ''**اسمِ اعظم**'' کے مثل ہوگا۔اور مرشد کو چاہیئے۔کہ! اسی اسم کے ذکر کو سہ ضربی یا چہارضربی کے طریقہ پرتعلیم کرے۔تا کہ مرید صادق اس اسمِ الٰہی کے ذکر کی پابندی کرسکے۔انشاء اللہ تعالیٰ یہی ذکر اس کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔اور مرید نورِ الٰہی سے منور ہوجائے گا۔

طریقہ نمبر4۔ مرید کو مرشد کہلوائے۔کہ! میں نے مرید ہونا اوراس سلسلہء عالیہ (فلاں سلسلہء طریقت) میں بخوشی وذوق وشوق آنا اور ارادت میں داخل ہونا من وعن برضائے قلبی تسلیم کرتا ہوں۔اس کے بعد کسی ایسے تنگ وتاریک کمرے یا حجرے میں مرید کو رہنے کی تاکید کرے۔کہ جس کی وسعت صرف لیٹنے اور کھڑے ہونے کی ہی ہو۔(اگر فی امانہ یہ ممکن ہو تو) اور شور وغل اس کمرے وحجرے میں نا آتا ہو۔مرید کو چاہیئے۔کہ! اسی حجرے کو اپنی قیام گاہ کے لئے مستعد کرلے۔ہمیشہ باوضو اس میں داخل ہوا کرے۔

خودی ہے زندہ تو سلطانِ جملہء موجودات | خودی ہے مردہ تو مانندِ کاہِ پیشِ نسیم

فیض کے حصول کا طریقہ : چارزانو اس طرح سے بیٹھے۔کہ! اس کی پیٹھ میں کوئی کجی نہ ہو۔اوراپنی دونوں آنکھیں بندکرلے۔اوراپنے دونوں ہاتھوں کو گھٹنوں پر رکھے۔اور ہاتھوں کی انگلیاں کھلی رکھے۔تا کہ ہاتھوں پر اسمِ ذات''اللہ'' کے اسمِ مبارک کا سا نقشہ پیدا ہوجائے۔اوردائیں پاؤں کے انگوٹھے سے رگ کیماس (یہ ایک رگ ہے۔جو کہ بائیں گھٹنے کے جوڑ کے قریب پٹھے کے نیچے ہوتی ہے) اور قلب سے متعلق ہے۔اس رگ کی تحریک وحرارت قلب پر اثر کرتی ہے۔اس رگ کو دبائے۔اور ساتھ نہایت خشوع وخضوع اورحضوریءقلب سے بزبانِ قلب اسمائے الٰہیہ''**یا حی یا قیوم**'' کا ورد کرتا رہے۔اس کے بعد محاسبہ ومجاہدہ کے طریقے سے ذکر میں فکر اور ملاحظہ وواسطہ کے ساتھ بہت توجہ وقوت اورشدتِ جہر یا خفیہ سے کہ جس سے اس (مرید) کو ذوق وشوق اورانبساط پیدا ہو۔کرے۔تا کہ لذتِ ذکر سے یہ سالک (مرید) بے خود ہو کر اس ذکر میں مشغول ومستغرق ہوجائے۔اگر اس دوران کسی قسم کا کوئی وہم،خیال یا وسوسہ پیدا ہو۔تو تصورِ شیخ سے اس نقص کا ازالہ وانسداد کرے۔لیکن خود بدستور شغل میں منہمک رہے۔تا کہ جملہ خطرات ووساوس جو انسانیت کی وجہ سے پیدا ہوجاتے ہیں۔رفع دفع ہوجائیں۔اور مصفائے قلب اورتصفیہءنفس کا حصول ممکن ہوسکے۔اور یہی ذکر اوراس کے اثرات تمام اعضاء وگوشت وپوست اوررگوں میں سرایت کرجائیں۔اور مکاشفاتِ انوارِ غیبی کا مظہر بنے۔اورحقائقِ اشیاء اس (پر) پرمنکشف ہوجائیں۔اور عالمِ ارواح سے ملاقات اور ذکرِ حقیقی وشہودِ حق بھی حاصل ہوجائے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

حجاب : بقول مشائخین نقشبندیہ! حجاب سے مراد ہر وہ چیز،جو بندے کو حق تعالیٰ سے بے خبر یا دور کردے۔حجاب کہلاتی ہے۔یعنی تمام اشیاء اورخیالات ماسوٰی حجابات ہیں۔سب سے بڑا حجاب تو حجابِ خودی (یعنی بندے کی اپنی ذات وانانیت) ہے۔بقول حافظ شیرازی!

حجابِ چہرہ جاں می شود غبارِ تنت | تُو خود حجابِ خودی حافظ از میاں برخیز

اصحابِ حجب تین ہیں۔1۔اصحابِ شمال (صاحبانِ دَستِ چپ) 2۔اصحابِ میمنہ (صاحبانِ دَستِ راست) 3۔سابقان (واصلانِ ذات بلاکیف) حجابات بھی تین ہیں۔**1**۔حجاباتِ ظلمانی۔**2**۔حجاباتِ نورانی۔**3**۔حجاباتِ کیفی۔

☆ **حجاباتِ ظلمانی :** ہر قسم کے گناہ اور لذاتِ نفسانی درحقیقت طبعی ہیں۔انہیں حجاباتِ ناسوتی بھی کہا جاتا ہے۔سالک کو سب سے پہلے انہیں حجابات کو دور کرنا پڑتا ہے۔اصحابِ شمال صاحبانِ حجاباتِ ظلمانی کو کہا جاتا ہے۔

☆ **حجاباتِ نورانی :** علومِ ظاہریہ رسمیہ،عبادات عادیہ اورانوارِ ملکیہ درحقیقت حجاباتِ نورانی ہیں۔انہیں حجاباتِ ملکوتی بھی کہا

جا تا ہے۔ سالک کو حجاباتِ ظلمانی کے بعد انہیں حجابات کو اُٹھانا پڑتا ہے۔ سالک کے لئے ان حجابات کا اُٹھانا، حجاباتِ ظلمانی سے زیادہ مشکل ہوتا ہے۔ کیونکہ! حجاباتِ نورانی درحقیقت مزے اور لذت میں حجاباتِ ظلمانی سے بڑھے ہوئے ہیں۔ اصحابِ میمنہ ہی صاحبانِ حجاباتِ نورانی کو کہا جاتا ہے۔

☆ **حجاباتِ ظلمانی** : کیف وکم اور امکان وحدوث کے تمام مناظر ومظاہر حجاباتِ کیفی ہیں۔ **تعالی الله عن ذالک علوا کبیرا**۔ سالک کو آخر میں مشاہدہء ذات کے لئے تمام حجاباتِ کیفی کا پردہ چاک کرنا پڑتا ہے۔ اور یہ کام سب سے زیادہ مشکل ہوتا ہے۔ اور اس کے بغیر ذاتِ بے کیف تک رسائی ناممکن ہے۔ سابقان سے مراد وہی حضرات ہیں۔ جو حجاباتِ ظلمانی، نورانی اور کیفی سے گزر کر ذاتِ بلاکیف تک وصولِ بلاکیف کے انعام واکرام سے سرفراز ہیں۔ حضرت عارف رومیؒ فرماتے ہیں۔ کہ!

اتصالِ بے تکیف بے قیاس — ہست ربُّ النَّاس را با جانِ ناس

مظوق کے حجابات : عارفین کہتے ہیں۔ کہ تین اُمور نے اللہ تعالیٰ سے بندوں کا تعلق منقطع کر رکھا ہے اور وہ یہ ہیں۔

☆ اِرادے میں صدق کی کمی۔ ☆ راہِ حق سے جہالت وناواقفیت۔ ☆ عُلمائے سُوء کا خواہشِ نفس کے مطابق کلام کرنا۔

(بقول حضرت علی بن عثمان جلابی الہجویری داتا گنج بخش دَرکشف المحجوب) حجاب (درحقیقت) دو اقسام کا ہوتا ہے۔ حجابِ رینی۔ اور حجابِ غیبی۔

☆ **حجابِ رینی** : یہ وہ حجاب ہے۔ جس سے ہم اللہ تعالیٰ سے پناہ مانگتے ہیں۔ اس لئے کہ یہ حجاب جس پر آیا۔ پھر دور نہیں ہوتا۔

☆ **حجابِ غیبی** : یہ حجاب جلد رفع ہوجاتا ہے۔ اس کی تصریح یوں ہے۔ کہ انسان وہ (مخلوقِ خدا) ہے۔ کہ اس کی ذات تصدیقِ حق کے لئے جب حجاب ہوجاتی ہے۔ تو اس کے نزدیک حق وباطل برابر ہوجاتا ہے۔ (یاد رہے۔ کہ) اور ایک انسان وہ ہوتا ہے۔ جس کی ذات تصدیقِ حق کے لئے حجاب تو ہوتی ہے۔ مگر اس کی جبلت طالبِ حق (ہی) رہتی ہے۔ اور باطل پرستی سے اجتناب کرتی ہے۔ تو وہ حجاب جو رینی ہے۔ کبھی اُٹھتا ہی نہیں۔

☆ **تذَکُّر**۔ سالک وطالبِ صادق تفکر کے مرتبہ ومقام سے ترقی کر کے "تذکر" آپہنچتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **وما یتذ کر الا من ینیب**۔ (ترجمہ) اور نصیحت نہیں پکڑتا۔ مگر وہ جو رجوع کرتا ہے۔ (القرآن۔ 13:40)

تذکر و تفکر میں یہ واضح فرق یہ ہے۔ کہ! **تفکر کا مفہوم "تلاش کرنا" جبکہ تذکر کا مفہوم "پالینا"**۔

تذکر تین باتوں سے عبارت ہے۔ خوف کے کان سے عذابِ الٰہی کی آواز کا سننا۔ نگاہِ اُمید سے وعدہء دوست کے منادی کو دیکھنا۔ نیازمندی کی زبان سے احسانِ خداوندی کو تسلیم کرنا۔ خوف کے ساتھ تذکر تین باتوں سے عبارت ہے۔ سرنوشتِ اَزل کے ڈر میں۔ اَن دیکھے انجام کے کھٹکے میں۔ ناپسندیدہ دور پر ندامت میں۔ اُمید کے ساتھ تذکر تین باتوں سے عبارت ہے۔ عمل کرنے والے کی توبہ میں۔ سننے والے کی شفاعت میں۔ حصولِ رحمت میں۔ نیازمندی کے ساتھ تذکر تین باتوں سے عبارت ہے۔ ہمیشہ دُعا کرنے میں۔ اس آشنائی میں، جو کہ اَزل سے لبریزِ مسرت ہے۔ اس فراخ دل (انسان) میں جو کہ واقعتاً طالبِ مولا ہے۔

کسی عارف باللہ کی شیخ منصور حلاج سے باطنی ملاقات کا احوال : ایک عارفِ وقت، جو کہ قربِ الٰہی اور معرفتِ الٰہی کی تحقیق، جستجو اور تلاش میں ہمہ وقت رہتا تھا۔ ایک مرتبہ اس عارف کی کی شیخ منصور حلاجؒ کے وصال کے چارصد برس بعد باطنی ملاقات ہوئی۔ عارف نے پوچھا۔ کیا آپؒ منصور حلاج ہیں؟ آپؒ نے جواباً فرمایا۔ "ہاں"۔ عارف نے پوچھا۔ آپؒ کا تو وصال ہوگیا تھا۔ پھر؟؟؟ شیخ منصورؒ نے فرمایا۔ جسم فانی ہوتا ہے۔ روح نہیں مرتی۔ موت تو جسم کو آتی ہے۔ روح کو نہیں۔ عارف سے حضرت شیخ منصورؒ نے فرمایا کہ! اگر تم عشق کی تلاش وجستجو میں ہوتو اپنے قلب پر نظر کرو۔ دل میں رب کو تلاش کرو۔ نہ کہ بیت المقدس یا مکہ میں۔ عشق (ربی) تو خود ایک راستہ ہے۔ جس کی منزل ومقام نظر نہیں آتے۔ اور جو اس کٹھن راستے پر چلے۔ اسے واپس مُڑنے کا بھی کوئی حق نہیں۔

(بقول حضرت شیخ فرید الدین عطار نیشاپوریؒ)

سالہا در بند عصیاں گشتہ ایم — آخر از کردہ پشیماں گشتہ ایم
دائمًا در فسق و عصیاں ماندہ ایم — ہم قرینِ نفس و شیطاں ماندہ ایم
روز و شب اندر معاصی بودہ ایم — غافل از امر و نواہی بودہ ایم
بے گنہ نگذشت برما ساعتے — با حضورِ دل نہ کردم طاعتے
بر درآمد بندہء بگریختہ — آبروئے خود بعصیاں ریختہ
مغفرت دارد اُمید از لطفِ تُو — زانکہ خود فرمودہء **لا تقنطوا**
بحرِ الطاف تُو بے پایاں بود — نا اُمید از رحمت شیطان بود
چشم دارم از نگہ پاکم کنی — پیش ازیں کاں در لحد خاکم کنی

فلسفہء تفکر

تفکر الساعة خیر من عبادة الثقلین ۔(ترجمہ) ایک ساعت کاتفکر دوجہانوں کی عبادت سے افضل ہے۔(الحدیث) تفکر میں لذت پوشیدہ ہے۔ اور یہ لذات جیسے کہ لذتِ دیدارِ مولا، لذتِ معرفتِ مولا، لذتِ قربِ مولا، لذتِ شوق واشتیاقِ مولا، لذتِ ذکروفکر، لذتِ مراقبہءفنافی اللہ، لذتِ بقاباللہ، لذتِ تصرفات وکرامات، لذت نوروا حیاء وغیرہا سبھی کاتفکر سے حصول ممکن ہے۔ مولائے حق کاتفکر روز ایک نئے علم وعمل، حال وکیفیت کی جانب سالک کوگامزن کرنے میں معاونت عنایت کرتا ہے۔ کیونکہ! **کل یوم ھو فی شان** ۔ (یعنی کہ) وہ ہر روز ایک نئے شان میں ہے۔

من بندہء خدا آزادم   عشق اَست امام من   عقل اَست غلامِ من

تفکر۔ تفکر دل کے لئے سانس کی آمد ورفت کی مانند ہے۔ جیسا کہ مشہور ہے۔ کہ! **التفکر ھو ترتیب امور معلومة التادی الی مجھول** ۔(ترجمہ) تفکراموِرمعلومہ کی اس ترتیب سے عبارت ہے۔ جومجہول کی طرف لے جاتی ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **و تلک الامثال نضر بھا للناس لعلھم یتفکرون** ۔(ترجمہ) اور یہ مثالیں ہم لوگوں کے لئے بیان کرتے ہیں۔ تاکہ وہ فکرکریں۔(القرآن۔**21:59**)

خدا بندے میں یوں آ کر پنہاں ہے   جوں بُو گل کی، گل کے درمیاں ہے

تفکر تین قسموں پرمبنی ہے۔ پہلی قسم حرام ہے۔ دوسری قسم مستحب ہے۔ تیسری قسم واجب ہے۔

تفکر کی وہ قسم جوحرام ہے۔ تین باتوں سے عبارت ہے۔ رب العزت کی صفات میں تفکر، جوکہ تخمِ حیرت ہے۔ اعمال کی جزاء میں تفکر، جوکہ تخمِ تہمت ہے۔ مخلوق کے اسرار میں تفکر، جوکہ تخمِ خصومت ہے۔ **تفکر** کی وہ قسم جومستحب ہے۔ تین باتوں سے عبارت ہے۔ صانعِ قدرت کی صنعت میں تفکر، جوکہ تخمِ حکمت ہے۔ فطرتِ الٰہی کے انواع واقسام میں تفکر، جوکہ تخمِ بصیرت ہے۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں تفکر، جوکہ خالصتاً محبت ہے۔ **تفکر** کی وہ قسم جوواجب ہے۔ تین باتوں سے عبارت ہے۔ اپنے کام میں تفکر کہ وہ تعظیمِ الٰہی کا منشاء ہے۔ طاعت میں اپنے عیوب کوتلاش کرنا کہ وہ حیاء کی بنیاد ہے۔ اپنے عزمِ صمیم کے مقصد کہ وہ ہرقسم کے خوف کی اصل ہے۔ **تفکر** ہی کے ضمن میں نیازمندی کی نشوونما کہ جس کی جزاء وصلہ دیدارِ الٰہی سے عبارت ہے۔ تین باتوں کی علامت ہے۔ عمل میں تفکر، کہ کوئی بھی فعل کیسے سرزد ہوا۔ وہ بطرزِ احسن انجام پایا۔ یا بطریقِ گناہ سرزد ہوا۔ گفتار میں تدبر، کہ انسان نے کیا کہا۔ اس کی گفتار راست بازی یادروغ گوئی، منافقت، سازش یاغیبت پرمبنی تھی۔ عنایتِ خداوندی میں تذکر، کہ عنایتِ خداوندی کس قدر وقوع پذیر ہوئی۔ وہ تو بلاشک وشبہ سربسر لطف وکرم تھی۔ کیونکہ! بعض اوقات حالات کے تغیر وتبدل اور تقدیر کی آزمائش سے انسان مایوسی کی کھائی میں جاگرتا ہے۔ جوکہ اُسے کفرتک پہنچادیتی ہے۔(معاذاللہ) **تفکر** ہی کے ضمن میں ایک مشہورومعروف حدیثِ نبوی ﷺ ہے۔ کہ! **تفکر ساعة خیر من عبادة ستة ستین سنة و من عبادة الثقلین** ۔(ترجمہ) ایک گھڑی کاتفکر چھیاسٹھ برس کی عبادت سے بہتر ہے۔ اورجن وانس کی عبادت سے۔(حدیث) جناب حضرت قدوۃ الکبریٰ نے فرمایا۔ کہ! سب سے بہترین نعمت جوکہ انسان کے خوانِ قلب میں رکھی گئی ہے۔ اورعظیم ترین دولت کہ جس کی طرف لوگوں کوراغب کیا گیا ہے۔ وہ درحقیقت تفکر ہے۔ کیونکہ! اسی بناء پر اصحابِ تفکراورارباب تذکر کوقرآنِ مجید میں خطاب کے شرف سے نوازا گیا ہے۔ اور چندمقامات پرانہی کی نفاست کے باعث یاددہانی کرائی گئی ہے۔ چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **الذین یذکرون اللہ قیاما و قعودا و علی جنو بھم و یتفکرون فی خلق السموٰت والارض ربنا ما خلقت ھذا باطلا** ۔(ترجمہ) جولوگ اللہ تعالیٰ کاذکرکرتے ہیں کھڑے اوربیٹھے اورپہلو پرلیٹے ہوئے۔ اورآسمانوں اورزمینوں کی پیدائش میں وہ غورکرتے ہیں۔(اورپھر کہتے ہیں۔ کہ!) اے ہمارے رب! تُونے یہ(سب کچھ ویسے ہی) بیکارتو پیدانہیں کیا۔(القرآن)

سالک کا **تفکر** کے علم سے آشنائی وآگاہی ہونا نہایت ضروری ہے۔ واضح ہوکہ یہ(یعنی تفکرکاکام) طریقہ صوفیہ میں منجملہ عبادات میں بڑی عبادت درحقیقت تفکرہی ہے۔ بلکہ اورعبادات سے افضل تر ہے۔ جیسا کہ! ابھی حدیث میں گزرا ہے۔ کہ! رسول نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ کہ! **التفکر ساعة خیر من عبادة الثقلین او من عبادة سنة** ۔ (یعنی کہ) صنائع وبدائع الٰہی کی طرف فکروتأمل کرنا جن وانس کی ایک ہزارسال کی عبادت سے بھی بہتر ہے۔ پس طالبِ صادق (یعنی سالک) کولازم ہے۔ کہ! دائم الحال ومتفکر رہے۔ اورغیریتِ اعتباری کومحوو قطع کرکے میدانِ توحید میں قدم مارے۔ لہٰذا چند تفکراس مقام پر لکھے جاتے ہیں۔ **تفکر**۔ اگرطالبِ حق موافق اس (تفکر) کی عادت کوپکڑ لے۔ اورایک دَم بھی تفکر سے غافل نہ رہے۔ تو یقین ہے۔ کہ! چندہی روز میں حجابِ تعینات وتقیدات واوہامِ غیریتِ اعتباری اُس کے آگے سے دورہوجائیں۔ اوردیدہء باطن ساتھ کحلِ توحید کے مکمل ہوجائے۔ **تفکر** درحقیقت انسان میں ایک خصلت وخاصیت ہے۔ کہ! اگرکوئی سالک کسی چیز کی طرف متوجہ وگامزن ہوتا ہے۔ اورتادیراُس کاتخیل وتصورکرتا ہے۔ توبالآخراسے ایسی محویت واستغراق حاصل ہوتا ہے۔ کہ! خودبخود وہی چیز ہوبھی جاتی ہے۔ اوراوراپنے اندراوراس میں کوئی تمیزنہیں رہتی۔ پس انسان میں اسی خاصیت وخصلت کے پیداکرنے سے مقصودِ خداوندی یہی ہے۔ کہ! انسان اُسی کی طرف متوجہ ومشغول ہو۔ اورنقوشِ غیراس طرح دل سے دورکردے۔ کہ! وہی حق جل وعلاءنظر آئے۔ اورجملہ توہمات فانی من الفناہوجائیں۔ اورماسوی اللہ کچھ بھی باقی نہ رہے۔ **تفکر** جس کے نزدیک دوست ودشمن، نیک وبد، خندہ وگریہ، عطاوسلب مداح ودم یکساں ہوں۔ تووہ واقعتاً جملہ رنج والم اورقیودوزندان سے آزاد ہے۔ اوراُسی کے واسطے ابدالآباد ہے۔ **تفکر** جس نے تعلقات، لذائذ وآرزوؤں کوقطع نہ کیا۔ وہ واصل بحق نہ ہوا۔ اورجب یہ بات حاصل ہوتی ہے۔ کہ دائم متفکر رہے۔ کہ مَیں کون ہوں؟ اورعالم کیا ہے؟ **تفکر** جس نے جانا

اور فکر کیا۔ کہ تمام اشیاء دراصل حق ہی سے ہیں۔ اور بجز حق دیگر کچھ بھی موجود نہیں۔ اور اسی فکر پر مداومت وموافقت کی۔ تو اس کے نزدیک بُرا بھی احسن ہے۔ اور قالبِ عنصری اس کا روح کی صفت حاصل کرتا ہے۔ **تفکر** نسبت مقیدات کے ساتھ ذاتِ حق تعالیٰ کے ایسی ہی ہے۔ کہ! جیسے امواج کی دریا سے۔ جبکہ عارف موج اور دریا میں فرق نہیں کرتا۔ اور دونوں کو یکساں خیال کرتا ہے۔ جبکہ جاہل دونوں کو علٰیحدہ علٰیحدہ خیال کیا کرتا ہے۔ گو کہ اسماء (یعنی موج اور دریا) جدا جدا ہیں۔ مگر اصلاً تو ایک ہی ہیں۔ پس ہمیشہ متفکر ہو کر عالم اور حق سبحانہٗ مغائرت اسمی ہے۔ نہ تو ذاتی عالم با اعتبار تعین وتشخص ممکن ہے۔ اور با اعتبار ماہیت وحقیقتِ واجب فکر سالک یہ خیال رکھے۔ کہ! حق ہمہ وقت موجود ہے۔ بلکہ ہر جگہ پر حاضر وناظر ہے۔ اور ماسوا حق کے دیگر کوئی بھی موجود نہیں ہے۔ عالمِ ظاہر وباطن میں میں وہی ذاتِ وحدہٗ لاشریک موجود ہے۔ اور بدون اسی فکر کے ایک دَم (سانس) بھی نہ گزرے۔ جس سے کہ سالک کو صفائی باطن قلب حاصل ہوگی۔ اور ایک عجیب تر حالت وکیفیت پیدا ہوگی۔ بلکہ قرارِ نفس اور یقینِ قلبی بھی حاصل ہوگا۔ اور غم والم کے سے نجاتِ کلی حاصل کرے گا۔ **تفکر** کے طالب کو واجب ہے۔ کہ! دائمًا اپنے تئیں ساتھ اسی صفت کے ملاحظہ کیا کرے۔ کہ! میں لطیف اللطیف ہوں۔ بلا کیف وکم، زندہ ودائم وقائم اور عالم ہوں۔ اور بذاتِ خود قائم اور نہ بقالب۔ اور مجھ کو کبھی انتقال وزوال نہیں۔ اور نہ ہی حرکت وسکون۔ اور میں خود دائمًا برقرار ہوں۔ اور نہ مجھ کو کسی چیز پر اعتبار واُمید ہے۔ میں تغیر وتبدل نہیں رکھتا۔ اور نیز ابتداء وانتہاء بھی نہیں رکھتا۔ پس ہر عیب ونقصان سے مبراء۔ اور ماسوی اللہ سے معرا۔ اور مجھے کسے سے بھی آمیز واختلاف نہیں ہے۔ میں آسمان وزمین میں از روئے ذات کے موجود ہوں۔ اور سوا میرے کوئی دوسرا موجود نہیں۔ اور مَیں ہی عابد اور معبود، مقصود ومتکلم ہوں۔ جو کوئی مداومت اس فکر (اپنائیتِ فکرِ صفت بصفاتِ الٰہیہ) کی کرے۔ یقینًا وہ واصل ساتھ مطلوب کے ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔ وہ یہ فکرِ تصور کرے۔ کہ! میں دریائے علمِ معرفت ہوں۔ اور معدن عیش وراحت اور میں دریائے ذخار ہوں۔ کہ! جس کا کوئی ساحل یا جس کی کوئی انتہا نہیں۔ جملہ ارواح واجسام، حباب اور موجیں میری ہیں۔ بلکہ مجھ سے ہی پیدا ہیں۔ اور مجھ ہی میں فنا ہوتی ہیں۔ کہ جس وقت میں موجزن ہوتا ہوں۔ تو تمام عالم ظاہر ہوتا ہے۔ پھر بعدہٗ فنا ہو جاتا ہے۔ اور مجھ کو وجودِ عدم سے کوئی تغیر وتبدل نہیں ہوتا۔ اور نہ ہی وجود سے زیادہ اور نہ ہی عدم سے کم۔ بلکہ میں تو **الآن کما کان ھی**۔۔۔ کی واضح تمثیل ہوں۔

عجب نسبت ہے بندے اور خدا کی ……… خدا بندے میں اور بندہ خدا میں

الحاصلِ مطالب وتمہیدِ بیانِ فکر سے یہی مقصود ہے۔ کہ! توجہ الی اللہ حاصل ہو۔ اور ہستی ءانسانی فانی ہو کر مرتبہ ومقام بقاء باللہ حاصل ہو جائے۔ بقولِ بعضے!

تُو مباش اصلاً کمال اینست و بس ……… پس رو دَر گم شو وصال اینست و بس

اصل کمال تو یہ ہے۔ کہ! تُو نہ رہے۔ جا اور اس میں گم (فنا) ہو جا۔ یہی وصال ہے۔

صورت تفکر کیا ھے ؟

ہر ایک انسان کو لازم ہے۔ کہ! صبح یا رات یا کسی بھی فراغت کے وقت تنہائی میں بیٹھ کر بغور سوچنے کی روزانہ عادت ڈالے۔ کہ! میں کون ہوں ؟ خدا کون ہے ؟ ظہورِ عالم، جو کہ نمودار ہے، کیا چیز ہے ؟

تو چند ہی روز میں اس شخص پر خود بخود منکشف ہو جائے گا۔ کہ! درحقیقت میں یہ گوشت پوست کا فقط جسم نہیں ہوں۔ کیونکہ! جب میرا جسم نہ تھا۔ تو بھی میں کو جود تھا۔ اور میں تو اُس جگہ پر بھی موجود تھا۔ کہ جہاں پوچھا گیا تھا۔ کہ! **الست بربکم** ؟ کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں ؟ اس کا مطلب ہے۔ کہ! جسم وصورت تو تخیل ہے۔ اصل میں تو یہ روح کا کمال ہے۔ اور میں تو اللہ تعالیٰ کی روح ہوں۔ جیسا کہ فرمانِ ربانی ہے۔ کہ! انسان کی اصل جان تو۔ **و نفخت فیہ من روحی** ۔ (اور اس میں مَیں اپنی روح پھونک دوں) اور وہ روح مَیں (یعنی انسان) ہی ہوں۔ اور انسان کا عنوان وتعارف تو۔ **و فی انفسکم افلا تبصرون** ۔ (اور وہ خود تمھارے وجود میں ہے۔ کیا پھر بھی تمھیں دکھائی نہیں دیتا) اور انسان کی اللہ تعالیٰ سے قرب کی شان تو یہ ہے۔ کہ! **و نحن اقرب الیہ من حبل الورید** ۔ (اور ہم اس کی رگ گردن سے بھی زیادہ اس کے قریب ہیں) یعنی کہ ہر جگہ زمین وآسمان ومافیہا میں انسان صرف انسان ہی کی دھوم دھام ہے۔ کل اشیاء پر انسان ہی کا قبضہ وتسلط ہے۔ باقی جملہ مخلوقات طفیلی وتوسلی ہیں۔ جو کچھ مطلقب ومقصود ہے۔ وہ سب کچھ انسان ہی میں ہے۔ کیونکہ! جمیع اسرارتِ الٰہیہ انسان ہی میں موجود وموجزن ہیں۔ اس کا بین ثبوت یہ ہے۔ کہ! **ان اللہ خلق آدم علیٰ صورتہٖ . بجمیع صفات جمالہ و جلالہ والانسان سری و انا سرہ** ۔ لہذا ہمیں چاہیئے۔ کہ! کہ ہم صفاتِ الٰہی میں تفکر وتدبر کریں۔ کیونکہ! انسان صِرف صفاتِ الٰہیہ تک ہی پہنچ سکتا ہے۔ نہ کہ ذات تک۔ رسول اللہ ﷺ کا بھی ارشاد ہے۔ کہ! تم صفاتِ الٰہیہ میں غور وفکر کرو۔ نہ کہ ذات میں۔ لہذا اندازِ تفکر کچھ اس طرح سے ہے۔ کہ! مذکورہ بحث ودلائل سے جب یہ ثابت ہو ہی گیا۔ اور یقینِ قلب وحق الیقین سے متحقق ہو گیا۔ کہ! ذاتِ یزداں کے سوا کچھ بھی موجود نہیں۔ اور نہ ہی کوئی چیز ذاتِ الٰہی سے مبرا وخالی یا مستثنیٰ ہے۔ تو اندازِ فکر اس طور پر ہے۔ کہ! مثلاً ہم (حضرت انسان) نے کسی بھی شئے کو اشیاء ممکنات سے دیکھا یا سنا یا کہا تو اس وقت لازمًا سوچنا چاہیئے۔ کہ! یہ چیز عالمِ ناسوت یعنی عالمِ اجسام میں ہے۔ کیونکہ! ناسوت درحقیقت عالمِ ملکوت اور عالمِ مثال کی صورت رکھتا ہے۔ جبکہ ملکوت، عالمِ ارواح کی حقیقت رکھتا ہے۔ (یعنی کہ) حقیقتِ انسانی، عالمِ جبروت، عالمِ لاہوت اصل میں حقیقتِ محمدی ﷺ ہی کی صورت رکھتے ہیں۔ جبکہ عالمِ لاہوت اور عالمِ ہاہوت اصل میں احدیت کی صورت ہیں۔ عالمِ ناسوت، عین ہاہو وذاتِ بحت ہے۔ پھر تنزل کرے۔ یعنی کہ! ہاہوت، لاہوت کا باطن ہے۔ لاہوت، جبروت کا باطن ہے۔ اور جبروت، ملکوت کا باطن ہے۔ اور ملکوت، ناسوت کا باطن ہے۔ پس ہاہوت عین ناسوت کی صورت ہے۔ جو کہ جلوہ گر اور ظاہر ہے۔ اسی طرح عروج ونزول کرتا رہے۔ اور ہر شئے کو اسی خیال سے ملاحظہ کرے۔ چونکہ! ہر ایک چیز ایک خاص اسمِ الٰہی کا مظہر ہے۔ اسی لئے کہا گیا۔ کہ!

الطرق الی اللہ بعدد انفاس المخلوقات ۔ کے یہی معنیٰ ہیں ۔کہ! جس بھی چیز کو دیکھو۔اسی میں راہ موصل الی المطلوب ہے ۔بطریقِ نزول وعروج جبکہ ہر شئے مظہرِ الٰہی ہے ۔اور ہر شئے یعنی ہر ذات میں ذاتِ الٰہی موجود ہے ۔تو بس ہم کیوں نہ اپنی ہی ذات میں تفکر کریں ۔کیونکہ! اپنی ذات ہی میں فکر کرنا بہتر وافضل ہے ۔کہ! مَیں اَب کون ہوں ؟ کیا ہوں ۔اور کیا تھا ؟ جو کوئی اسی طرح فکر کرے گا۔تو وہ اپنی ذات میں ذاتِ خدا کو ضرور پالے گا ۔کیونکہ!

من عرف نفسہ فقد عرف ربہ۔جس نے اپنی جان (نفس) کو پہچان لیا۔بے شک اُس نے اپنے رب کو پہچان لیا۔

یادرہے ۔کہ! تفکر وتصور کی پانچ وادیاں ہیں۔ وادیءاستغناء۔ وادیءتوحید۔ وادیٔ گردابِ حیرت۔ وادیٔ فقر وفناء۔ وادیءبقاء۔

☆ **وادیءاستغناء** : یہاں پر طالبِ صادق یعنی سالک مستغنی ہو کر خوشیاں مناتا ہے ۔سالک سے خاطر خواہ خوارق العادات و کرامات کا ظہور ہوتا ہے ۔جو کم حوصلہ ہوا کرتے ہیں ۔وہ تو یہاں کا توطن (یعنی وطن آباد کرنا) اختیار کرتے ہیں ۔لیکن پیر کامل اپنے مرید کو اس منزل ومقام پر زیادہ دیر ٹھہرنے نہیں دیتا ۔کیونکہ! پھر مرید یہاں رک کر مغرور ومتکبر ہو کر مقامِ اصلی تک پہنچنے سے رہ جاتا ہے ۔

☆ **وادیءتوحید** : پھر مرشدِ کامل اپنے مرید کو وادیءتوحید میں لا کر بعجلت تمام بیداری کی تعلیم فرماتا ہے ۔اور مرید حیرت کے گرداب میں جا پڑتا ہے ۔اور یہ منزل نہایت پر خوف وخطر ہے ۔یہاں پر کوئی ٹھہر نہیں سکتا ۔اور ویسے بھی اجاڑ وسنسان میدان وبیاباں میں بھلا کس کا دل لگ سکتا ہے ۔ہاں مگر اس اجاڑ وسنسان میدان وبیاباں میں شیر کے جگر والا مرد ہی رہ سکتا ہے ۔بھلا دوسرے کی کیا ہستی ہے ۔

مشکل نیست کہ آساں نہ شود   مرد باید کہ ہراساں نہ شود

☆ **وادیءتوحید میں گردابِ حیرت** : یہ وادیءتوحید میں نہایت سخت وشدید عقبہ (خطرناک چڑہائی) ہے ۔کہ یہاں دین وایمان یا کفر واسلام کچھ نہیں رہتا ۔نہ اپنی خبر رہتی ہے ۔نہ ہی دوسرے کی ۔پھر مرشدِ کامل اپنے مرید کو یہاں سے بھی گزار دیتا ہے ۔

☆ **وادیءفقر وفناء** : پھر مرشدِ کامل کی نظرِ التفات سے جب طالبِ صادق یہاں گردابِ حیرت میں اپنے پرزے سنبھال لیتا ہے ۔تو پھر شیخ بہ عجلت تمام مرید کو یہاں سے نکال کر وادیءفناء میں لا کھڑا کرتا ہے ۔اس منزل میں فنا درفنا اور محو درمحو کی تعلیم سے منور کرتا ہے ۔یہاں پر طالب بالکل بے خبری کے عالم میں ہوتا ہے ۔بعض لوگ یہاں پر رہ کر یہیں کے ہی ہو جاتے ہیں ۔یہ چونکہ! وادیءفقر وفناء ہے ۔لہذا اس مقام پر بھلا کسی قسم کی کوئی گفتگو کرنا کب جائز ہے ۔اس وادی کی حقیقت واصلِ خود فراموشی ہے ۔بلکہ گونگا وبہرہ ہونا اور مدہوشی ہے ۔یہاں پر سینکڑوں ہزار (لاکھوں) دوامی سایہ بھی تو خود اپنے خورشیدِ منور میں ملاحظہ کرے گا ۔یعنی اسی مقام پر انسان کی اصل وحقیقت کا آفتاب ایسا چمکے گا ۔کہ تمام تر ظلمت وغفلت دور ہو جائے گی ۔ جو کوئی بھی اس دریائے کل (وادیءفقر و فناء) میں گم ہو گیا ۔وہ تو بس دائمًا کل ہی ہو گیا ۔اس جگہ مطلق آسودگی حاصل نہیں ہوتی ۔اور ماسوائے گم ہو جانے کے ،اور کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا ۔اگر خوش نصیبی سے اس گم بودگی (خود فراموشی) اور منزل ''فقر وفناء میں بازیابی عطا ہو جائے ۔تو یہ ایک ایسی عجیب وبیش بہا صفت ہے ۔جو کہ کثیر امور میں معاون ثابت ہو ۔یعنی یہ نعمتِ بے مثال ایسا گراں بہا عطیہءالٰہی ہے ۔کہ! اس سے جملہ اشیاء حاصل ہوتی ہیں ۔

☆ **وادیءبقاء** : جب طالبِ صادق کو فنائے اَتم حاصل ہو جاتی ہے ۔تو پھر اسے مرشدِ کامل وادیءبقاء میں لے جاتا ہے ۔اور اسے صحو کی تعلیم فرما کر ملکِ بےزوال معرفتِ کلی میں پہنچا دیتا ہے ۔

علمِ تعبیر الرویاء:

حضرت علامہ ابن سیرینؒ اپنی عظیم المرتبت کتاب ''تعبیر الرویاء'' میں فرماتے ہیں ۔کہ! جاننا چاہیئے ۔کہ! تعبیر خواب ایک مہتم بالشان علم ہے ۔جس سے کہ آئندہ پیش آنے والے حالات منکشف ہوتے ہیں ۔چنانچہ آنحضور نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔''بشارتوں کے سوا نبوت کی کوئی چیز باقی نہیں رہی ۔صحابہ کرامؓ نے دریافت کیا ۔کہ! بشارتوں سے کیا مراد ہے ؟ (تو) آپ ﷺ نے فرمایا ۔سچا خواب ۔(بخاری)

اسی طرح سے ایک اور حدیث میں آتا ہے ۔کہ! آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا ۔کہ! سچا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے ۔(صحیحین)

حضرت امام ابنِ سیرینؒ نے خواب کی تین اقسام بیان فرمائی ہیں ۔حدیثِ نفس (یعنی دلی خیالات ،اپنے پیشہ وملازمت یا اپنے اچھے و برے خیالات کا خواب میں ملاحظہ کرنا) ،تخویفِ شیطان اور مبشراتِ خداوندی ۔(خواب پر اکل حلال ،صدق مقال کے گہرے اثرات ہو سکتے ہیں)

علمِ تعبیر جاننے کے لئے ضروری علوم : علمِ تفسیر ۔ علمِ حدیث ۔علمِ ضرب الامثال ۔اشعارِ عرب کا ماہر ۔نوادر ۔علمِ اشتقاق (علمِ نحو کا ایک حصہ) ۔علمِ لغات ۔علمِ الفاظِ متداولہ ۔(حضرت امام ابنِ سیرینؒ کے مطابق ،جس شخص کو ان علوم میں مہارت حاصل نہ ہو ۔وہ معبر نہیں)

حضرت امام ابنِ سیرینؒ فرماتے ہیں ۔کہ! معبر کو ایک باعمل عالمِ دین ہونے کے علاوہ ان باتوں کا پابند ہونا بھی ازحد ضروری ہے ۔کہ لوگوں کے اطوار و خصائل وعادات اور احوال کو خوب پہچانے ۔اور اللہ تعالیٰ سے ہمیشہ یہی توفیق مانگتا رہے ۔کہ اللہ تعالیٰ اس کی زبان پر اچھی اور ثواب کی بات جاری فرمادے ۔معبر دائمًا (صغیرہ وکبیرہ) گناہوں سے بچتا رہے ۔لوگوں (کے گناہوں اور بری عادات وخصائل) کی پردہ پوشی کرے ۔لقمہ حرام کھانے ،بیہودہ باتیں کہنے اور سننے سے باز رہے ۔تاکہ وہ '' **العلماء ورثۃ الانبیاء**'' کا مصداق بن جائے ۔ان شاء اللہ ۔

حدیثِ دل اگر گویم بصد دفتر نمی گنجد
کمالِ وصف دل ہرگز بہ بحر و بر نمی گنجد
بیا سے طالبِ صادق بحالِ خویش خوش بنگر
کہ او در عالمے کہ پائے سر نمی گنجد

حصہ	ضرورتِ انسان

حصہ سوئم۔ فہرستِ مضامین

تصوف

میری وحشتوں کا جنون ہے، میرے عشق کی ہے انتہا
تجھے دیکھنے کی چاہ میں، میری زندگی اُداس ہے

ایک اہم ترین حدیثِ نبوی ﷺ کا مفہوم :

اے ابنِ آدم ! ☆ ایک ہے میری چاہت ۔ اور ایک ہے تیری چاہت ۔۔۔ (لیکن) ہوگا تو وہی ۔۔۔ جو ہے میری چاہت ۔ ☆ پس اگر تُو نے سُپرد کر دیا اپنے کو اِس کے ۔ جو ہے میری چاہت ۔۔۔ ☆ تو وہ بھی میں تُجھے دوں گا ۔ جو ہے تیری چاہت ۔۔۔ ☆ اگر تُو نے مُخالفت کی اُس کی ۔ جو ہے میری چاہت ۔۔۔ ☆ تو میں تھکا دوں گا تجھ کو اِس میں ۔ جو ہے تیری چاہت ۔۔۔ ☆ پھر (بھی) ہوگا (تو) وہی ۔ جو ہے میری چاہت ۔۔۔ (کیونکہ) ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔ **وما تشآؤن الا ان یشآء اللہ** ۔ (اور تمھارے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا ۔ جب تک (کہ) اللہ تعالیٰ نہ چاہے ۔

کوئی تیرے در کا فقیر ہے ،کوئی تیرے غم میں اسیر ہے　　　ہیں سب تجھی کو پکارتے ، کوئی سوز میں کوئی ساز میں

مغزِ تصوف : یاد رہے ۔کہ ! تصوف شریعت سے باہر یا علیحدہ قطعاً نہیں ۔لیکن کچھ نام نہاد مصنفین ومؤلفین اور کم علم لوگوں نے اس کی اصلی ہئیت وکیفیت کو بگاڑ دیا ہے ۔جس کی وجہ سے لوگ تصوف سے متنفر ہی نہیں بلکہ اس کے اور اس کی تعلیمات کے یکسر منکر ہو گئے ۔

رہ گئی رسمِ اذاں ، روحِ بلالیؓ نہ رہی　　　فلسفہ رہ گیا (مگر) تلقینِ غزالیؒ نہ رہی

تین آیاتِ قرآنیہ کو ہمیشہ مدنظر و پیشِ نظر رکھنا : صاحب کتاب اللمع جناب ابونصر عبداللہ الطّوسیؒ فرماتے ہیں ۔حضرت صدیق اکبرؓ کے بارے میں آتا ہے ۔کہ میں نے قُرآن میں سے تین آیات کو ہمیشہ پیشِ نظر رکھا ۔(یعنی اِن تین آیات پر ہمیشگی کے ساتھ عمل پیرا رہا ہوں)

☆ پہلی آیت پر عمل: وَاِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰہُ بِضُرٍّ فَلاَ کَاشِفَ لَہٗۤ اِلَّا ھُوَ ج وَاِنْ یُّرِدْکَ بِخَیْرٍ فَلاَ رَآدَّ لِفَضْلِہٖ ط یُصِیْبُ بِہٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِہٖ ط وَھُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ☆ (سورہ یونس آیت نمبر 107) **ترجمہ** : اور اگر اللہ تعالیٰ تم کو کوئی تکلیف پہنچائے ۔تو بجز اس (اللہ) کے کوئی دور کرنے والا نہیں ۔ اور اگر وہ تم کو کوئی خیر پہنچانا چاہے ۔تو وہ اپنا فضل اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے نچھاور کردے ۔اور وہ بڑی مغفرت بڑی رحمت والا ہے ۔ ☆ دوسری آیت پر عمل: **فا ذکرونی اذ کرکم** ۔(سورہ بقرہ ۔نمبر 152) **ترجمہ** : میری یاد کرو ۔میں تمھارا چرچا کروں گا ۔ ☆ تیسری آیت پر عمل: وَمَا مِنْ دَآبَّۃٍ فِی الْاَرْضِ اِلَّاعَلَی اللّٰہِ رِزْقُھَا ۔ (سورہ ھود ۔ آیت نمبر6) **ترجمہ** : اور زمین پر چلنے والا کوئی ایسا نہیں ۔جس کا رزق اللہ تعالیٰ کے ذمہ کرم پر نہ ہو ۔

دو انتہائی اہم ترین خطوط

اَز طرف حضرت علیؓ ابن ابی طالب دَر خدمت جناب حضرت سلمانؓ ۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے اس خط میں جو کہ انہوں نے حضرت سلمانِ فارسیؓ کو ارقام فرمایا ۔فرماتے ہیں ۔کہ !

بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo

فی الحقیقت دنیا کی مثال سانپ کی طرح ہے ۔چھونے میں نرم محسوس ہوتا ہے ۔لیکن اس کا زہر قاتل ہے ۔پس آپؓ دنیا سے ،اور دنیا کی اُن چیزوں سے ، جو (کہ) آپؓ کو اچھی معلوم ہوتی ہیں ۔منہ پھیرلیں ۔اس وجہ سے ،کہ ! وہ آپؓ کے ساتھ قلیل مدت تک رہیں گیں ۔اور دنیا کی فکروں کو اپنے دل سے دور کردیں ۔کیونکہ ! آپؓ اس کے جدا ہونے کا یقین کر چکے ہو ۔اور جب تک دنیا میں رہیں ،خوش رہیں ۔اور اس کی طرف سے ، جو کچھ آپؓ کے سامنے آئے ۔اس سے پرہیز کریں ۔کیونکہ ! اہلِ دنیا جب اس کی خوشی سے مطمئن اور پرسکون ہوتا ہے ۔تو وہ کسی برائی میں مبتلا ہوجاتا ہے ۔

دوسرا خط : جب یہ نامہ حضرت امام حسنؓ بن علیؓ وملا ۔تو آپؓ نے حضرت حسن بصریؒ کی خدمت میں یہ جواب ارقام فرمایا ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo

آپؒ کی کتاب (کتاب سے مُراد تحریر یعنی خط ہے) ہمیں ملی ۔اس (خط) میں جو آپؒ نے اپنی حیرت کے متعلق لکھا ہے ۔اور جو ہماری اُمت کے مسئلے قدر میں لکھا ہوا ہے ۔اس کی بابت ہماری رائے مستقیم یہ ہے ۔کہ ! جو شخص قدر **خیر و شر من اللہ** پر ایمان نہ لائے ۔اور جو (شخص) اپنے افعالِ معصیت (بُرے اور غیر متشرع امور) کو اللہ عز وجل کی مشیت کی طرف منتسب کرے ۔وہ فاجر ،یعنی انکارِ قدر و تقدیر کرنا مذہبِ قدریہ ہے ۔اور اپنے بُرے افعال اور گناہوں کو مشیتِ الٰہیہ کی طرف منسوب کرنا مذہبِ جبریہ ہے ۔اس لئے کہ بندہ کو مُختار کیا گیا ہے ۔اس کے افعال اور اکتساب میں اس کی استطاعت وقوت کی حد تک ۔اور یہ اختیار منجانبِ الٰہیہ عطا ہوا ہے ۔اور ہمارا دین قدر و جبر کے درمیان ہے ۔اور میری مُراد اس نامہ میں جو کچھ مَیں نے ظاہر کی ہے ۔اس سے زائد ایک (بھی) کلمہ نہیں ہے ۔ **والسلام** ۔

قدر زر ، زرگر شناسد　　　قدر جوہر ، جوہری

تصوف سے متعلق شریعت و طریقت کی وضاحت بذریعہ نظم

شریعت وطریقت کے فرق پر اس نظریے کے ماتحت لسان العصر شاعر حضرت اکبر الہ آبادی کی نظم پیشِ خدمت ہے۔

سنو دو ہی لفظوں میں مجھ سے یہ راز
شریعت وضو ہے۔ طریقت نماز

طریقت شریعت کی تعمیل ہے
طریقت عبادت کی تکمیل ہے

شریعت بحکم و طریقت بدل
کہ معنی سے کر دے تجھے متصل

شریعت میں آثارِ راہِ خدا
طریقت میں رفتارِ راہِ خدا

طریقت شریعت سے ہے صف بہ صف
وہ ہے موجِ دریا، یہ دریا میں کف

شریعت سے ہے ظلمتِ کفر دور
طریقت میں فطرت کا ظاہر ہے نور

شریعت کرے گی بصیرت کو صاف
طریقت میں حسبِ مذاق انکشاف

شریعت تو اِک عام قانون ہے
طریقت کا اِک خاص مضمون ہے

شریعت میں لازم اطاعت ہوئی
طریقت میں شرطِ ارادت ہوئی

شریعت میں تو ہے دیدہ نور بیں
طریقت بنی روح کی دور بیں

شریعت ہے اِک شمعِ محفل فروز
طریقت ہے اِک شعلہ و ہم و سوز

شریعت ہے مہر سپر ہدٰے
طریقت کا رُخ سوئے حُبِّ خدا

شریعت ہے جان اور طریقت نشاط
شریعت ہے منزل طریقت رباط

شریعت غذا ہے طریقت دواء
شریعت چمن ہے طریقت ہوا

شریعت عبادت اللہ کی ہے
طریقت محبت اللہ کی ہے

شریعت کی خدمت کا سب سے لگاوَ
طریقت کی لذت پئے من یشآء

شریعت میں ہے نار و جنت کا رنگ
طریقت میں ہے وصل و فرقت کا رنگ

شریعت کتابوں کی ہے محتمل
طریقت میں ہے درسِ الواحِ دل

شریعت طریقت میں تُو کیوں اُلجھ
وہ قرآن ہے۔ اور یہ اس کی سمجھ

سُخن سنجیاں گو ہوں میری درست
مگر قول سعدیؒ نہایت ہے چُست

طریقت بجز خدمت خلق نیست
بہ تسبیح و سجادہ و دلق نیست

محال اَست سعدیؒ کہ راہِ صفا
تو آن رفت جز بر پئے مصطفٰے ﷺ

نہ ہوا اہل اس کا تو کیا اس کی قدر
خدا ہی کی مرضی سے ہے شرح صدر

شریعت میں دین اور ایمان ہے
طریقت میں تسکین اور ایقاں ہے

عبادت سے عزت شریعت میں ہے
عبادت کی لذت طریقت میں ہے

شریعت میں تائید ضبطِ نفوس
طریقت میں ذوقِ عمل با خلوص

شریعت قدم ہے طریقت ہے راہ
شریعت زباں ہے طریقت نگاہ

شریعت درِ محفلِ مصطفٰے ﷺ
طریقت عروجِ دلِ مصطفٰے ﷺ

شریعت میں ہے قیل و قالِ حبیب ﷺ
طریقت میں محوِ جمالِ حبیب ﷺ

شریعت میں ارشادِ عہدِ اَلست
طریقت میں ہے یادِ عہدِ اَلست

شریعت شکر ہے، طریقت زباں
کہ معنی کی لذت چکھے تیری جا

شجرہء طریقت کو یاد رکھنے اور روزانہ پڑھنے کے فوائد

سلسلہء صوفیاء میں شجرہ کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ کیونکہ! یہ ایک ایسی نسبت ہے۔ جو آنحضور ﷺ تک لے جاتی ہے۔ جو شخص جس بھی سلسلہء عالیہ میں مرید (دستِ بیعت) ہو۔ اسے چاہیئے۔ کہ! وہ اپنے مرشد و مربی کے سلسلہ طریقت کو زبانی یاد کرلے۔ اس کے بعد جب بھی کسی مزار پر جانے کا اتفاق ہو۔ وہاں پر فاتحہ مسنونہ پڑھ کر اپنے سلسلہء طریقت کو پیرومرشد کے نام تک (یعنی اپنے مرشد کے شجرہ طریقت کو) ایک یا تین مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ تو وہ وہاں سے مستفیض و متنفع ہوکر لوٹے گا۔ ان شاءاللہ۔ کیونکہ! اس شخص کے سلسلہ کے پیرانِ عظام اُس کی روحانی طور پر ضرور معاونت فرمائیں گے۔

توجہ شیخ : شیخ کا اپنی قوتِ ارادی اور قلبی طاقت سے طالبِ صادق (بالخصوص اپنے مرید) کے قلب پر اثر ڈال کر اس کی باطنی حالت میں تبدیلی پیدا کر دینا ''**توجہ**'' کہلاتا ہے۔ سلوک وحصول معرفت کی منازل میں شیخ ہر سبق کے لئے اپنی خصوصی توجہ کے ذریعے طالب کے لطائف پر فیض القاء کیا کرتا ہے۔ اس کو باطنی تصرف یا ہمت بھی کہا جا سکتا ہے۔

توجہ کا ثبوت قرآنِ حکیم اور حدیثِ نبوی ﷺ سے : توجہ کے اس مفہوم کی قرآنِ حکیم اور احادیثِ نبویہ ﷺ سے تائید ہوتی ہے۔ جیسے کہ! حضرت یعقوب نبیؑ کی توجہ اولاد کے لئے اصلاحِ احوال کا مؤثر ذریعہ ثابت ہوئی۔ **یخل لکم و جہ ابیکم و تکونوا من م بعدہٖ قومًا صا لحین۔**
(ترجمہ) تاکہ! آپ کے باپ کی توجہ آپ ہی کی طرف ہورہے۔ تو اس کے بعد آپ صالحین (نیک اعمال کرنے والے) بن کر رہنا۔ (سورہ یوسف۔09)
اذ یوحی ربک الی الملٰئکۃ انی معکم فثبتوا الذین اٰمنوا ۔(ترجمہ) اور یاد کریں آپ وہ وقت۔ کہ! جب آپ کا رب فرشتوں کو اشارہ کررہا تھا۔ کہ! مَیں آپ کے ساتھ ہوں۔ پس آپ ایمان والوں کو ثابت قدم رکھیں۔ یعنی ان کی ہمت کو بڑھائیں۔ (سورہ انفال۔12)

محکوم ہو سالک تو یہی اس کا ہمہ اوست — خود مردہ و خود مرقد و خود مرگِ مفاجات

بہرحال! ہر طالبِ صادق کے مشاہدات علیحدہ ہوا کرتے ہیں۔ یہ تو سمجھانے کے لئے ایک دائرہ ہے۔ جو کہ تصوف کی مختلف کتب میں دیا گیا ہے۔

اسی طرح سے وقتِ خاص یا اوقاتِ خاص میں مبتدی سالک پر یادِ باری تعالیٰ کا اس درجہ غلبہ ہوتا ہے۔ کہ دوسرے خیالات محو ہو جاتے ہیں۔ یہ منجانب اللہ تعالیٰ ایک خاص کشش ہوتی ہے۔ جو باعثِ ترقیات مزید ہوتی ہے۔ اس حالت کو صفائی مبتدی کہتے ہیں۔ جو پہلی قسم ہے صفائی وقت کی۔ کیونکہ یہ حالت مبتدیوں پر طاری ہوتی ہے۔ اس مقام و مرتبہ کو سالک مجذوب کہتے ہیں۔ جب کسی صوفی پر ایسے اوقات آتے ہیں۔ کہ! جن میں اس سالک پر تجلیات وارد ہوتی ہیں۔ تو اس حالت کو صفائی متوسط کہتے ہیں۔ کیونکہ! یہ حالت متوسطین پر طاری ہوتی ہے۔ اس مرتبہ کے صوفی کو مجذوب کہتے ہیں۔ جب کوئی صوفی واصلِ ذات ہوکر مقامِ تمکین میں پہنچتا ہے۔ تو اُس حالت کا نام صفائی منتہی ہے۔ اس مقام و مرتبہ کے صوفی کو مجذوب سالک کہتے ہیں۔ طالبانِ راہِ حق کی طبائع میں بہت کچھ اختلاف ہوتا ہے۔ اور سب کو ایک ہی طریقہ سے نہیں سمجھایا جا سکتا۔ شیخ چونکہ طبیبِ دل ہوا کرتا ہے۔ اور ہر مریض کی طبیعت پر نظر کر کے اور نوعیتِ مرض کو دیکھ کر اس کا علاج کرتا ہے۔ اور اس کے مناسب حال نسخہ اس کے لئے تجویز کرتا ہے۔ اسی لئے سلوک کے طریقے بے تعداد ہیں۔ بلکہ! **الطرق الی اللہ بعدد انفاس الخلائق** ۔ اللہ تعالیٰ تک رسائی کے راستوں کی تعداد اتنی ہے۔ جتنے کہ تمام مخلوق کے سانس۔ (بہرحال) تین طریقے زیادہ عام اور اقرب ہیں۔ بطریقِ اخیار۔ بطریقِ اصحابِ مجاہدات و ریاضات۔ بطریقِ اصحابِ شطاریہ۔

تصوف کے مشہور و معروف سلاسل طریقت میں میرے پیرو مرشد کو خلافت و اجازت کا حاصل ہونا:

میرے پیرومرشد کو حضرت صوفی سید مسعود علی شاہؒ اور دیگر کچھ صاحبانِ ولایت سے خلافت و اذن حاصل ہے۔ اور حضرت صوفی سید مسعود علی شاہؒ کو کئی سلاسلِ طریقت مثل قادریہ، چشتیہ نظامیہ، چشتیہ صابریہ، سہروردیہ، قلندریہ، اویسیہ، وغیرہا میں خلافت و اجازت حاصل ہے۔ اپنے معزز پیرومرشد و ہادی برحق **پیر سید محبوب علی شاہ بانوا قادریؒ** کی جانب سے مجھ ناچیز (ابوالعباد محمد عبدالرؤف بلوچ کوئٹہ) کو بھی مذکورہ تمام سلاسلِ طریقت میں (**سید ابوسعید المعروف گلشن شاہ صاحب** کے توسط و توسل سے) خلافت و اذنِ بیعت حاصل ہے۔ گوکہ میں (کمترین و ناچیز) بالکل نااہل و نالائق اور انتہائی گناہ گار شخص ہوں۔ تصوف میں کئی سلاسل طریقت ہیں۔ لیکن فی زمانہ مشہور و معروف ہفت (7) سلاسل یہ ہیں۔ قادریہ۔ نقشبندیہ۔ چشتیہ۔ سہروردیہ۔ قلندری۔ شاذلیہ اور اویسیہ۔ مجھے اس بات کی بے حد خوشی ہے۔ بلکہ اس بات پر بے جا فخر ہے۔ کہ! میرے مرشد و مربی کو مذکورہ سات سلاسل میں سے پانچ اور اس کے علاوہ دیگر کئی سلاسلِ طریقت کی خلافت و اذن حاصل ہے۔ ان شجرہ جات کو مَیں نے خود ملاحظہ کیا ہے۔ جن میں سے چند ایک کے نام یہ ہیں۔ قادریہ غوثیہ محبوبیہ۔ قادریہ حسینیہ شطاریہ محبوبیہ۔ قادریہ حسینیہ محبوبیہ۔ صدیقیہ محبوبیہ۔ فاروقیہ قادریہ محبوبیہ۔ عثمانیہ قادریہ محبوبیہ۔ قادریہ منوریہ محبوبیہ۔ شطاریہ محبوبیہ۔ فردوسیہ محبوبیہ۔ خلوتیہ شطاریہ محبوبیہ۔ سہروردیہ شطاریہ محبوبیہ۔ ہمدانیہ شطاریہ محبوبیہ۔ سہروردیہ زنگر پوشیہ محبوبیہ۔ چشتیہ نظامیہ سراجیہ نصیریہ محبوبیہ۔ نقشبندیہ محبوبیہ۔ مداریہ محبوبیہ۔ نقشبندیہ مجددیہ محبوبیہ۔ اِن سلاسل کے علاوہ دیگر کچھ سلاسل بھی ہیں۔ جو تاحال مَیں نہ دیکھ سکا۔ بہرحال! یہاں پر کچھ سلاسل کے پیرانِ عظام کے اسمائے گرامی (یعنی شجراتِ مبارکہ) میرے پیرومرشدؒ سے ہوتے ہوئے مجھ تک یہ ہیں۔

نمبر شمار	سلسلہ ء عالیہ قادریہ محبوبیہ غوثیہ	سلسلہء عالیہ حسینیہ قادریہ شطاریہ	سلسلہ ء عالیہ چشتیہ صابریہ
01	سیدنا وسندنا محمد رسول اللہ ﷺ	سیدنا وسندنا محمد رسول اللہ ﷺ	سیدنا وسندنا محمد رسول اللہ ﷺ

02	سیدعلی المرتضیٰ ؓ	سیدعلی المرتضیٰ ؓ	سیدعلی المرتضیٰ ؓ
03	حضرت خواجہ حسن بصریؒ	حضرت سیدالشہداء حسین بن علیؓ	حضرت خواجہ حسن بصریؒ
04	حضرت خواجہ حبیب عجمیؒ	حضرت سید زین العابدینؓ	حضرت خواجہ عبدالواحد بن زیدؒ
05	حضرت خواجہ سلطان داؤد طائیؒ	حضرت محمد باقرؒ	حضرت خواجہ فضیل ابن عیاضؒ
06	حضرت خواجہ معروف کرخیؒ	حضرت جعفر صادقؒ	حضرت خواجہ سلطان ابراہیم بن ادھمؒ
07	حضرت خواجہ سری سقطیؒ	حضرت موسیٰ کاظمؒ	حضرت خواجہ سدید الدین حذیفہؒ
08	حضرت خواجہ جنید بغدادیؒ	حضرت علی رضاؒ	حضرت خواجہ امین الدین ابی ہبیرہؒ
09	حضرت شیخ ابی بکر شبلیؒ	حضرت معروف کرخیؒ	حضرت خواجہ ممشاد علوی دینوریؒ
10	حضرت خواجہ واحد عزیز یمنیؒ	حضرت سری سقطیؒ	حضرت خواجہ ابواسحاق شامیؒ
11	حضرت خواجہ ابوالفرح طرطوسی	حضرت جنید بغدادیؒ	حضرت خواجہ سید احمد ابدال چشتیؒ
12	حضرت خواجہ علی ہنکاری مرغشیؒ	حضرت ابوبکر شبلیؒ	حضرت خواجہ ابومحمد زاہدؒ
13	حضرت خواجہ ابوسعید مبارک المخزومیؒ	حضرت عبدالواحد تمیمیؒ	حضرت خواجہ سید ناصر دین یوسفؒ
14	**حضرت پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ**	حضرت شیخ ابی الفرح طرطوسیؒ	حضرت خواجہ قطب الدین مودود چشتیؒ
15	حضرت نوراللہ نورالحق عین اللہ شاہؒ	حضرت خواجہ علی ہنکاریؒ	حضرت خواجہ مخدوم حاجی شریف زندنیؒ
16	حضرت سید عبدالجبار شاہؒ	حضرت ابوسعید المخزومیؒ	حضرت خواجہ عثمان ہرونیؒ
17	حضرت سید حسن شاہو صوفیؒ	**حضرت غوث پاک شیخ عبدالقادر جیلانیؓ**	**حضرت خواجہ معین الدین حسن سنجری چشتی اجمیریؒ**
18	حضرت شیخ موسیٰ بیراگ شاہؒ	حضرت سید عبدالرزاق قادریؒ	حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ
19	حضرت سید سیف اللہ شاہؒ	حضرت عبداللہ حسینیؒ	حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ
20	حضرت خواجہ نہنیان شاہؒ	حضرت ابراہیم حسینی قادریؒ	حضرت خواجہ علاؤالدین صابر کلیریؒ
21	حضرت خواجہ حلیم شاہ بھنڈاریؒ	حضرت جعفر احمد حسینی قادریؒ	حضرت شیخ شمس الدین ترک پانی پتی
22	حضرت شیخ قادر اولیاء اللہؒ	حضرت علی حسینی قادریؒ	حضرت خواجہ جلال الدین پانی پتیؒ
23	حضرت سید حاجی قاسم سغری شاہؒ	حضرت محمد قادریؒ	حضرت شیخ احمد عبدالحق رودلویؒ
24	حضرت وہاب شاہؒ	حضرت محمد عبدالغفار قادریؒ	حضرت شیخ محمد عارف احمد شاہؒ
25	حضرت اولیٰ حسین شاہؒ	حضرت محمود قادریؒ	حضرت شیخ محمد رودلوی چشتی صابریؒ
26	حضرت سید مظفر شاہؒ	حضرت عبدالرؤف القادریؒ	حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہیؒ
27	حضرت تقی شاہؒ	حضرت عبدالوہاب قادریؒ	حضرت جلال الدینؒ
28	حضرت اولوالیقین شاہؒ	حضرت شاہ قاضن قادریؒ	حضرت نظام الدین بلخیؒ
29	حضرت مقیم شاہؒ	حضرت شاہ ہدایت اللہ صوفی سرمست قادریؒ	حضرت سعید احمدؒ
30	حضرت گلاب علی شاہؒ	حضرت شیخ ظہور حاجی حضور قادریؒ	حضرت شیخ صادق
31	حضرت بسم اللہ شاہؒ	حضرت شاہ محمد غوث گوالیاری قادریؒ	حضرت شاہ احمد غریبؒ
32	حضرت تبارک اللہ شاہؒ	حضرت شاہ وجیہ الدین قادریؒ	حضرت شیخ اعظم قطب ثانیؒ
33	حضرت فضل معصوم علی (صلے علی شاہؒ)	حضرت شاہ عبداللہ حسینی قادریؒ	حضرت شاہ جمال رہبوئیؒ
34	حضرت سید محمود علی عرف قل ھواللہ شاہؒ	حضرت سید شاہ ہاشم دستگیر حسینی قادریؒ	حضرت شاہ حیات شیخ رہبرؒ
35	حضرت شیخ المشائخ پیر سید محبوب علی شاہؒ	حضرت شاہ برہان الدین حسینی قادریؒ	حضرت شاہ مظہر میرؒ
36	محمد عبدالرؤف القادری (کوئٹہ)	حضرت شاہ مرتضیٰ حسینی قادریؒ	حضرت شاہ جمال علی شاہؒ
37	----------------------	حضرت شاہ وجیہ الدین ثانی حسینی قادریؒ	حضرت سید پیر مظفر علی شاہؒ
38	----------------------	حضرت شاہ محمد غوث حسینی قادریؒ	حضرت مولوی فتح العلیٰؒ

39	----------------------	حضرت شاہ عبداللہ ولی حسینی قادریؒ	حضرت پیر شاہ محی الدین چشتیؒ
40	----------------------	حضرت شاہ وجیہ الدین ثالث حسینی قادریؒ	حضرت سید پیر شبیر علی شاہؒ
41	----------------------	حضرت شاہ برہان الدین ثانی حسینی قادریؒ	حضرت سید پیر غلام احمد شاہؒ
42	----------------------	حضرت شاہ حبیب اللہ حسینی قادریؒ	حضرت سید پیر محمد شاہؒ
43	----------------------	حضرت شاہ محمد عبداللہ مسافر صحرائی حسینی قادریؒ	حضرت شیخ المشائخ پیر سید محبوب علی شاہؒ
44	----------------------	حضرت شاہ صوفی مسعود علی حسینی قادریؒ	محمد عبدالرؤف چشتی صابری (کوئٹہ)
45	----------------------	حضرت پیر سید محبوب علی شاہ حسینی قادریؒ	----------------------
46	----------------------	محمد عبدالرؤف شطاری قادری (کوئٹہ)	----------------------

نمبر شمار	سلسلہء عالیہ سہروردیہ محبوبیہ غوثیہ	سلسلہء عالیہ چشتیہ نظامیہ نصیریہ محبوبیہ	سلسلہء عالیہ نقشبندیہ (مجددی)
01	سیدنا وسندنا محمد رسول اللہ ﷺ	حضرت سیدنا وسندنا محمد رسول اللہ ﷺ	سیدنا وسندنا محمد رسول اللہ ﷺ
02	حضرت سیدنا علی المرتضیٰ ؓ	حضرت سیدنا علی المرتضیٰ ؓ	سیدا بوبکر صدیقؓ
03	حضرت خواجہ حسن بصریؒ	حضرت خواجہ حسن بصری	حضرت سلمان فارسیؓ
04	حضرت خواجہ حبیب عجمیؒ	حضرت خواجہ عبدالواحد بن زیدؒ	حضرت قاسم بن محمد بن ابوبکر صدیقؓ
05	حضرت خواجہ داؤد طائیؒ	حضرت خواجہ فضیل بن عیاضؒ	حضرت جعفر بن باقرؓ
06	حضرت خواجہ معروف کرخیؒ	حضرت خواجہ سلطان ابراہیم بن ادھمؒ	حضرت بایزید بسطامیؒ
07	حضرت خواجہ سری سقطیؒ	حضرت خواجہ سدید الدین حذیفہ مرعشیؒ	حضرت ابوالحسن خرقانیؒ
08	حضرت سید الطائفہ جنید بغدادیؒ	حضرت خواجہ امین الدین ابی ہبیرہ بصریؒ	حضرت ابوالقاسم گرگانیؒ
09	حضرت خواجہ ممشاد علوی دینوریؒ	حضرت خواجہ ممشاد علو دینوریؒ	حضرت خواجہ ابوعلی فارمدیؒ
10	حضرت خواجہ احمد اسود دینوریؒ	حضرت خواجہ ابواسحاق شامی چشتیؒ	حضرت خواجہ ابو یوسف ہمدانیؒ
11	حضرت خواجہ ابوحفص وجہ الدینؒ	حضرت خواجہ ابواحمد ابدال چشتیؒ	حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانیؒ
12	حضرت خواجہ ابونجیب عبدالقاہر سہروردیؒ	حضرت خواجہ ابومحمد چشتیؒ	حضرت خواجہ محمد عارف ریوگریؒ
13	**حضرت شیخ الشیوخ شہاب الدین سہروردیؒ**	حضرت خواجہ ابو یوسف چشتیؒ	حضرت خواجہ عزیز علی رامیتنیؒ
14	حضرت خواجہ شیخ بہاؤالدین ملتانیؒ	حضرت خواجہ مودود چشتیؒ	حضرت خواجہ محمد بابا سماسیؒ
15	حضرت خواجہ شیخ صدرالدین ملتانیؒ	حضرت خواجہ حاجی شریف زندنیؒ	حضرت خواجہ سید امیر کلالؒ
16	حضرت خواجہ ابوالفتح شیخ رکن الدین ملتانیؒ	حضرت خواجہ عثمان ہرونیؒ	**حضرت خواجہ خواجگان بہاؤالدین بخاری نقشبندیؒ**
17	حضرت خواجہ جہانیاں جہاں گشت بخاریؒ	**حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ**	حضرت خواجہ علاؤالدین عطارؒ
18	حضرت خواجہ بابا تاج الدینؒ	حضرت خواجہ قطب الدین بختیار اوشی چشتیؒ	حضرت مولانا یعقوب چرخیؒ
19	حضرت خواجہ رکن الدینؒ	حضرت خواجہ بابا فریدالدین گنج شکر اجودھنی چشتیؒ	حضرت خواجہ عبیداللہ احرارؒ
20	حضرت خواجہ شیخ قاضنؒ	**حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی چشتیؒ**	حضرت مولانا محمد زاہدؒ
21	حضرت خواجہ ہدایت اللہ صوفی سرمستؒ	حضرت خواجہ نصیرالدین محمود چراغ دہلوی چشتیؒ	حضرت مولانا محمد درویشؒ
22	حضرت خواجہ شیخ ظہور حاجی حضورؒ	حضرت خواجہ شیخ صدرالدین ناگوریؒ	حضرت مولانا خواجگی امکنگیؒ
23	حضرت خواجہ شیخ شاہ محمد غوث گوالیاریؒ	حضرت خواجہ شیخ فتح اللہ چشتیؒ	حضرت خواجہ باقی باللہ بیرنگ دہلویؒ
24	حضرت خواجہ سید وجیہ الدین شاہ گجراتیؒ	حضرت خواجہ شیخ محمد عیسیٰ جونپوریؒ	**حضرت امام مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندیؒ**
25	حضرت خواجہ شاہ عبداللہ حسینیؒ	حضرت خواجہ میراں زاہد ولیؒ	حضرت خواجہ محمد معصومؒ
26	حضرت خواجہ سید شاہ ہاشم دستگیر بیجاپوریؒ	حضرت خواجہ شیخ قاضن چشتیؒ	حضرت محمد سیف الدینؒ
27	حضرت خواجہ سید برہان الدین حسینی بیجاپوریؒ	خواجہ ابوالفتح ہدایت اللہ سرمست شطاری چشتیؒ	حضرت محمد محسن دہلویؒ
28	حضرت خواجہ سید شاہ مرتضیٰ حسینیؒ	حضرت خواجہ ظہور حاجی حضور شطاری چشتیؒ	حضرت نور محمد بدایونیؒ

29	حضرت خواجہ سید وجیہ الدین حسینیؒ	حضرت خواجہ شاہ محمد غوث گوالیاری شطاری چشتیؒ	حضرت مظہر جانِ جاناں دہلویؒ
30	حضرت خواجہ شاہ محمد غوثؒ	خواجہ شاہ وجیہہ الدین گجراتی شطاری چشتیؒ	حضرت عبداللہ شاہ دہلویؒ
31	حضرت خواجہ سید شاہ محمد عبداللہ حسینیؒ	حضرت خواجہ سید شاہ عبداللہ حسینی شطاری چشتیؒ	حضرت ابی سعید احمدؒ
32	حضرت خواجہ سید شاہ وجیہ الدین ثالث حسینیؒ	حضرت خواجہ سید شاہ ہاشم پیر دستگیر چشتیؒ	حضرت احمد سعیدؒ
33	حضرت خواجہ سید برہان الدین ثانیؒ	حضرت خواجہ سید شاہ برہان الدین حسینی بیجاپوریؒ	حضرت دوست محمد قندہاریؒ
34	حضرت خواجہ سید شاہ حبیب اللہ حسینیؒ	حضرت خواجہ شاہ مریضی حسینی بیجاپوریؒ	حضرت محمد عثمان دامانیؒ
35	حضرت خواجہ محمد عبداللہ مسافر صحرائیؒ	حضرت خواجہ سید شاہ وجیہہ الدین حسینیؒ	حضرت محمد سراج الدینؒ
36	حضرت صوفی سید مسعود علی شاہؒ	حضرت خواجہ سید شاہ محمد غوث حسینیؒ	حضرت پیر فضل علی شاہؒ
37	حضرت خواجہ پیر سید محبوب علی شاہ بخاریؒ	حضرت خواجہ سید شاہ محمد عبداللہ حسینیؒ	حضرت پیر کرم حسین شاہؒ
38	**محمد عبدالرؤف سہروردی (کوئٹہ)**	حضرت خواجہ سید شاہ وجیہہ الدین ثالث حسینیؒ	حضرت شیخ المشائخ پیر سید محبوب علی شاہؒ
39	----------------------	حضرت خواجہ سید شاہ محمد برہان الدین حسینیؒ	**محمد عبدالرؤف نقشبندی مجددی (کوئٹہ)**
40	----------------------	حضرت خواجہ سید شاہ حبیب اللہ حسینیؒ	----------------------
41	----------------------	حضرت خواجہ محمد عبداللہ مسافر صحرائیؒ	----------------------
42	----------------------	حضرت صوفی سید سعود علی شاہؒ	----------------------
43	----------------------	حضرت خواجہ سید شاہ محبوب علی شاہؒ	----------------------
44	----------------------	**محمد عبدالرؤف چشتی نظامی (کوئٹہ)**	----------------------

چند مشہور شجرة جات

شجــره طـريقـت قـادريـة : حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی بغدادیؒ ،سیدنا ابوسعید مبارک المخزومیؒ ،سیدنا ابوالحسن القرشیؒ ،سیدنا ابوالفرج الطرطوسیؒ ،سیدنا ابوالفضل عبدالواحد التمیمیؒ ،سیدنا ابوبکر شبلیؒ ،سیدنا معروفِ کرخیؒ ،سیدنا علی بن موسیٰ رضا مشہدیؒ ،سیدنا موسیٰ کاظم بن جعفرؒ ،سیدنا جعفر صادقؒ ، سیدنا محمد باقرؒ ،سیدنا زین العابدین بن حسینؒ ،سیدنا حسین بن علیؓ ،سیدنا علی المرتضیٰؓ بن ابی طالب ،سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ ۔

شجره طريقت قادرية : حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی بغدادیؒ ،سیدنا ابوسعید مبارک المخزومیؒ ،سیدنا ابوالحسن الہنکاریؒ ،سیدنا ابوالفرح الطرطوسیؒ، سیدنا ابوالفضل عبدالواحد التمیمیؒ ،سیدنا ابوبکر شبلیؒ ،سیدنا جنید بغدادیؒ، سیدنا سری سقطیؒ ، سیدنا معروفِ کرخیؒ ،سیدنا علی بن موسیٰ رضا مشہدیؒ ،سیدنا موسیٰ کاظم بن جعفرؒ ،سیدنا جعفر صادقؒ ، سیدنا محمد باقرؒ ،سیدنا زین العابدین بن حسینؒ ،سیدنا حسین بن علیؓ ،سیدنا علی المرتضیٰؓ بن ابی طالب ،سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ ۔

شجرة طريقت ابنِ عربیرحؒ : حضرت شیخ اکبر محی الدین ابنِ عربیؒ ،سیدنا ابوالسعود ابن شبلیؒ ،حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی بغدادیؒ ،سیدنا ابوسعید مبارک المخزومیؒ ،سیدنا علی بن احمد الہنکاریؒ ،سیدنا ابوالفرج الطرطوسیؒ ،سیدنا عبدالواحد التمیمیؒ ، سیدنا عبدالعزیز التمیمیؒ ،سیدنا ابوبکر شبلیؒ ،سیدنا جنید بغدادیؒ ، سیدنا سری سقطیؒ ، سیدنا معروفِ کرخیؒ ،سیدنا داؤد طائیؒ ، سیدنا حبیب عجمیؒ ،سیدنا حسن بصریؒ ،سیدنا علی المرتضیٰؓ بن ابی طالب ،سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ ۔

شجره طريقت شاذلية : حضرت سیدنا ابوالحسن الشاذلیؒ ،سید عبدالسلام ابن مشیشؒ ،سید عبدالرحمان العطار الزیاتؒ ،(دوسرا شجرہ) سید ابوالحسن شازلیؒ ،سید محمد بن حرازمؒ ،سید محمد بن صالح نیصارنؒ ،(پھر دونو شجرہ یہاں سے ایک ہیں) سید شعیب ابومدینؒ ،حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی بغدادیؒ ،سیدنا ابوسعید مبارک المخزومیؒ ،سیدنا ابوالحسن القرشیؒ ، سیدنا ابوالفرج الطرطوسیؒ ،سیدنا ابوالفضل عبدالواحد التمیمیؒ ،سیدنا ابوبکر شبلیؒ ،سیدنا معروفِ کرخیؒ ،سیدنا علی بن موسیٰ رضا مشہدیؒ ،سیدنا موسیٰ کاظمؒ ،سیدنا جعفر صادقؒ ،سیدنا محمد باقرؒ ،سیدنا زین العابدین بن حسینؒ ،سیدنا حسین بن علیؓ ،سیدنا علی المرتضیٰ ،سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ ۔

شجره طريقت دباغية : سیدنا عبدالعزیز دباغؒ ،سید عمر بن محمد الہواریؒ، سید العربی الفشتالیؒ ،سید محمد بن ناصرؒ ،سید احمد بن علی الدرعیؒ ،سید ابوالقاسم الغازیؒ ،سید علی بن عبداللہ الغلائیؒ ،سید احمد بن یوسف الغلائیؒ ،سید احمد بن زروقؒ ،سید احمد الحضرمیؒ ،سید یحیٰ القادریؒ ،سید علی بن وفاؒ ،سید محمد الوفا بحر الصفاؒ ،سید داؤد بن الباخلیؒ ،سید احمد بن عطاء اللہ سکندریؒ ،سید ابوالعباس المرسیؒ ، حضرت سیدنا ابوالحسن الشاذلیؒ ،سید عبدالسلام ابن مشیشؒ ،سید عبدالرحمان العطار الزیاتؒ ،(دوسرا شجرہ) سید ابوالحسن شازلیؒ ،سید محمد بن حرازمؒ ،سید محمد بن صالح نیصارنؒ ،(پھر دونو شجرہ یہاں سے ایک ہیں) سید شعیب ابومدینؒ ،حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی بغدادیؒ ،سیدنا ابوسعید مبارک المخزومیؒ ،سیدنا ابوالحسن القرشیؒ ، سیدنا ابوالفرج الطرطوسیؒ ،سیدنا ابوالفضل عبدالواحد التمیمیؒ ، سیدنا ابوبکر شبلیؒ ،سیدنا معروفِ کرخیؒ ،سیدنا علی بن موسیٰ رضا مشہدیؒ ،سیدنا موسیٰ کاظم بن جعفرؒ ،سیدنا جعفر صادقؒ ، سیدنا محمد باقرؒ ،سیدنا زین العابدین بن حسینؒ ،سیدنا حسین بن علیؓ ،سیدنا علی المرتضیٰؓ بن ابی طالب ،سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ ۔

کچھ تو ہوتے ہیں ، محبت میں جنوں کے آثار اور کچھ لوگ بھی دیوانہ بنا دیتے ہیں

تصوف کے درجات: تصوف کے چار درجات مُقرر و متعین ہیں۔ ☆ شریعت۔ ☆ **طریقت**۔ ☆ **معرفت** ☆ **حقیقت**۔

علمِ باطن مثلِ مسکہ ، علمِ ظاہر مثلِ شِیر   کیسے ہو بے شِیر مسکہ ، کیسے ہو بے پیر پیر

حضرت امام غزالیؒ نے ان چاروں مراتب کو ایک اخروٹ سے اِس طرح سے تعبیر فرماتے ہیں کہ! ☆ شریعت (بمثلِ) پوست (چھلکا) ☆ طریقت (بمثلِ) استخوان ☆ معرفت (بمثلِ) مغز ☆ حقیقت (بمثلِ) روغن یعنی کہ شریعت پوست ہے۔ ☆ طریقت استخوان ہے۔ ☆ معرفت مغز ہے۔ ☆ اور حقیقت روغن ہے۔ اگر پوست نہ ہو تو استخوان کا پیدا ہونا مُحال ہے _ اور جب مغز ہی نہیں تو روغن کُجا۔ تصوف ایک درخت ہے۔ کہ ! ☆ جس کی بیج (جڑ) شریعت ہے۔ ☆ شاخ طریقت ہے۔ ☆ **پھول حقیقت** ہیں۔ ☆ **پھل معرفت** ہیں۔

یقیں دانم دریں عالم کہ **لا معبود اِلَّا ھُوَ**   ولا موجود **فی الکونین** ولا مقصود **اِلَّا ھُوَ**

چوں تیغ لابدست آری بیا تنہا چہ غم داری   مجو از غیرِ حق یاری کہ لافتاح **اِلَّا ھُوَ**

حضرت گل حسن شاہ قلندری قادریؒ اپنی کتاب تعلیم غوثیہ میں تصوف کے پانچ اصول وارا کین مقرر و متعین فرمائے ہیں۔

☆ **گرسنگی**. ☆ **خاموشی**. ☆ **بیداری**. ☆ **تنہائی**. ☆ **یادِ الٰہی**.

تصوف کے پانچ ارکان ظاہری ہیں۔ اور پانچ ارکان باطنی۔ بہر حال ! ظاہری ارکان یہ ہیں۔

تصوف کے پانچ ظاہری ارکان : ☆ اول : پیران و دینی مصاحبوں اور عاجز لوگوں کی خدمت کا فریضہ سرانجام دینا۔ ☆ دوئم : پیران سے خرقہ ءارادت پہننا۔☆ سوئم : تنہائی میں ذکر وفکر کرنا۔ ☆ چہارم : پیرومرشد کی صحبتِ بابرکت میں بغیر اعتراض کئے بے اختیار تربیت حاصل کرنا۔ (یعنی مرید خود کو مرشد کے لئے ایسا بنائے۔ کہ جیسے) **کالمیت بید الغسال**۔ جیسا ایک مردہ نہلانے والے کے ہاتھ میں ہوتا (جیسے غسال چاہے۔ مردے کو نہلائے) ☆ پنجم : فتوت یعنی سخاوت و بذل وایثار میں پیش قدمی کرنا۔

تصوف کے پانچ ارکان باطنی یہ ھیں۔ ☆ اول : علم یعنی احکامِ شریعت و طریقت کا جاننا۔ ☆ دوئم : اخلاص دل و صدقِ نیت سے عمل کرنا۔ ☆ سوئم : اپنے باطن میں حال پیدا کرنا۔ ☆ چہارم : دل کے مقام میں پہنچنا۔ ☆ پنجم : حق سبحانہ' تعالٰی کی معرفت حاصل کرنا۔

(لہذا) صوفیاءِ کرام کی متابعت درحقیقت صورتاً اور معناً ، حضرت رسالت مآب ﷺ کی متابعت ہے۔لہذا طالب راہ حق کو بہرصورت یہ لازم ہے کہ صوفیائے کرام کے احوال واقوال وعقائد کو کماحقہ سمجھے۔اور اِن کے قدم بہ قدم صراطِ مستقیم پر سلوک ومعرفت کو تمام کرے۔

من کہ بر روئے یار حیرانم   طاقتِ وصف او کجا دارم

اوراسی طرح سے دینِ اسلام جس میں ہمارے لئے زندگی کے تمام مسائل کا حل بعین موجود ہے۔ درحقیقت چار حصص پر مشتمل ہے۔

1۔ عقائد۔ 2۔ عبادات۔ 3۔ **معاملات**۔ 4۔ **اخلاقیات**۔

عقائد میں ایمانیات ، عبادات میں خمس اراکینِ اسلام ، **معاملات** میں حقوق (حقوق العباد ، معاشرے کے حقوق ۔۔) اورا خلاقیات میں تزکیہ ءنفس ، باطن کی اصلاح اور سیرت و کردار کو سنوارنا شامل ہے۔

☆ اللہ تعالٰی قرآنِ پاک میں فرماتے ہیں۔کہ! خاص بندگانِ خدا (عبادُ الرحمان) وہ ہیں۔ جو زمین پر جھک کر چلتے ہیں۔ اور جب جاہل انہیں چھیڑیں۔ تو وہ بجائے جواب کے ، اِن سے کہہ دیتے ہیں۔ (کہ) اچھا خوش رہو۔(سورہ رقان۔آیت نمبر **63**)

☆ آنحضرت رسولِ مکرم ﷺ نے فرمایا۔جس نے اہلِ تصوف کی آواز سن کر ان کی دعوت کو قبول نہ کیا۔ وہ اللہ تعالٰی کے نزدیک غافلوں میں لکھا گیا۔ آنحضرت رسولِ مکرم ﷺ نے فرمایا۔وہ وہ بندہ ہے۔(کہ) جس کا دل اللہ تعالٰی نے نورِایمان سے منور فرمادیا ہے۔(کشف المحجوب)

تصوف کے آٹھ مقامات:

۱۔توبہ ۲۔ورع۔۳۔ زھد۔۴۔فقر۔۵۔صبر۔ ٦۔ توکل۔ ۷۔ ایثار۔ ۸۔رضائے ربانی۔

میری (ناچیز البلوشی کی) نظر میں شاید تصوف یا تعلیم تصوف کی یہ تعریف ہوگی۔ کہ وہ تمام تعلیمات (اقوال وافعال) جو کہ آنحضور سرورِکائنات ﷺ نے اپنے صحابہ کرامؓ (بالخصوص اصحابِ صفہ) کو وقتاً فوقتاً تزکیہ نفس وتصفیہ قلب کے باطنی علوم وفنون ارشاد فرمائے ہیں۔ تصوف کہلاتے ہیں۔ اور بعد میں یہی تعلیمات خلفائے راشدینؓ اور اہلِ بیت اطہارؓ سے ہوتی ہوئی تابعین وتبع تابعین تک پہنچیں۔ جن میں حضرت اویس قرنیؓ ، حضرت حسن بصریؒ ، خواجہ کمیل بن زیادؒ ، مالک بن دینارؒ سے ہوتی ہوئی خواجہ حبیبِ عجمیؒ وفضل بن عیاضؒ اور ثفیان ثوریؒ سے سیدالطائفہ حضرت جنید بغدادی ۔۔۔ تا حضرت پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ تک پہنچیں۔ یہ تمام تعلیمات ہی تصوف ہیں۔ (یہاں پر چند بزرگوں کے اسماء پر اکتفا کیا گیا ہے۔ ورنہ تو تابعین وتبع تابعین کی فہرست بہت لمبی ہے۔)

فضا تیری مہ و پروین سے ہے ذرا آگے   قدم اُٹھا یہ مقام آسمان سے دور نہیں

تصوف کیا ہے ؟ (تعارف ، تعریف اور توصیف در بیان تصوف)

صوفیاء نے اپنے اپنے شوق و وجدان کے مطابق تصوف کی توضیح بیان کی ہے ۔ اگر اِن تمام تعریفوں کو یکجا کر کے اِن کا ماٰخذ و نچوڑ نکالا جائے تو تو بالکل واضح ہو جائے گا کہ تصوف درحقیقت شریعت کے تمام پہلوؤں کا مکمل بیان ہے ۔ چند صوفیاء کے اقوال تصوف کی تعریف و توضیح میں یہاں بطور نمشتہ پیشِ خدمت ہیں ۔ صوفیاء کے ہاں تصوف کے معانی و مفاہیم انہیں کے فرامین اور اظہارِ رائے کو یہاں پر قارئینِ ذی اکرام کی خدمتِ اقدس میں بحصولِ تبریک یہاں پر پیش کیا جا رہا ہے ۔ تا کہ قارئین کی تشنگی کو رفع کیا جا سکے ۔ ان شاء اللہ ۔ جیسا کہ !

☆ حضرت شیخ ابواسحاق ؒ فرماتے ہیں ۔ کہ ! میں نے ایک مرتبہ سرکارِ مدینہ ﷺ کو خواب میں دیکھا ۔ تو عرض کی ۔ یارسول اللہ ﷺ ! تصوف کیا شئے ہے ؟ تو آنحضور ﷺ نے فرمایا ۔ تصوف دعوؤں کو ترک کر دینے اور مطالب کو چھپانے کا نام ہے ۔ ☆ حضرت علی المرتضیٰؓ کو تصوف کے جلیل القدر معانی ، اشارات ، لطائف ، مفرد و منفرد الفاظ ، عباراتِ بیان ، بیانِ توحید و رسالت ﷺ ، حقیقتِ معرفت الٰہیہ ، ایمان و ایقان وغیرہ میں خصوصی وارفع مقام حاصل تھا ۔ آپؓ کی عاداتِ مبارکہ اتنی عظیم القدر تھیں ۔ کہ صوفیہ کرام کے جس بھی طبقے کا اُنؓ سے تعلق رہا ۔ وہ اِنہیں مکمل طور پر اپنائے ہوئے ہیں ۔ ☆ حضرت علی المرتضیٰؓ نے حضرت کمیل بن زیادؓ کو اپنے قلب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا تھا ! یہاں ایک (ایسا) علم موجود ہے ۔ کہ کاش مجھے اِس کو سنبھالنے والا مِل جاتا ۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے ایک مرتبہ اپنے **قلب** کی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ۔ کہ ! ایمان یہاں ہے ۔ ☆ حضرت ابوحفص حدادؒ (م 265 ھ) تصوف کی یوں تعریف بیان فرماتے ہیں ۔ کہ ! تصوف دراصل مکمل ادب ہے ۔ جو ادب کو ضائع کرے وہ قربِ الٰہی اور قبولیت سے دور جا پڑتا ہے ۔ اور بالآخر مردود ہو جاتا ہے ۔ ☆ حضرت پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ فرماتے ہیں ۔ کہ ! تصوف قلب کی جملہ کدورتوں سے (خود کو) صاف کرنے کا نام ہے ۔ اور صوفی میں یہ آٹھ اوصاف ، جو کہ انبیائے کرامؑ سے وابستہ ہیں ۔ لازمًا پائی جانی چاہئیں ۔ تب کہیں (جا کر وہ) صوفی بنتا ہے ۔ (لہذا) حضرت ابراہیم خلیل اللہؑ جیسی سخاوت ، حضرت اسحاقؑ (یا) حضرت اسماعیلؑ جیسی رضا ، حضرت ایوبؑ جیسا صبر ، حضرت زکریاؑ جیسی مناجات ، حضرت یحییٰؑ جیسی تضرع ، حضرت موسیٰؑ جیسی خرقہ پوشی ، حضرت عیسیٰؑ جیسی سیاحت و تجرد ، اور آنحضور نبی مکرم ﷺ جیسا فقر ۔ ☆ حضرت معروف کرخیؒ (م 200ھ) تصوف کی یوں تعریف بیان فرماتے ہیں ۔ کہ ! تصوف دراصل حقیقت کی معرفت حاصل کرنا ہے ۔ دقائق پر گفتگو کرنا اور مخلوق کے پاس جو کچھ ہے اِس سے نا اُمید ہو کر اللہ تعالیٰ پر مکمل یقین و بھروسہ رکھنا ۔

☆ حضرت ذوالنون مصریؒ (م 245 ھ) تصوف کی یوں تعریف بیان فرماتے ہیں ۔ کہ ! تصوف دراصل یہ ہے کہ تمام کائنات میں اللہ تعالیٰ کو پسند کرنا ۔ اور اِس کے تمام احکامات کے مطابق مستقل رہنا ۔ ☆ حضرت خواجہ سری سقطیؒ (م 257ھ) تصوف کی یوں تعریف بیان فرماتے ہیں ۔ کہ ! تصوف دراصل معرفت الٰہی کا نام ہے ۔ ☆ حضرت سلطانُ العارفین بایزید بُسطامیؒ (م 261 ھ) تصوف کی یوں تعریف بیان فرماتے ہیں ۔ کہ ! تصوف یہ ہے ۔ کہ اپنے اوپر آسائش (یعنی دنیاوی عیش وعشرت) کا دروازہ بند کر کے مجاہدہ (نفس کے خلاف جہاد) اختیار کیا جائے ۔ ☆ حضرت سیدالطائفہ جنید بغدادیؒ (م 298ھ) تصوف کی یوں تعریف بیان فرماتے ہیں ۔ کہ ! تصوف مستقل مجاہدہ نفس کا نام ہے ۔ ☆ حضرت خواجہ دینوریؒ (م 299 ھ) تصوف کی یوں تعریف بیان فرماتے ہیں ۔ کہ ! تصوف یہ ہے کہ اسرار کو مصفٰی رکھا جائے ۔ اسرارِ شریعت میں قطعًا مغالطہ نہ رکھا جائے ۔ اللہ تعالیٰ کی رضا میں ہمیشہ راضی رہا جائے ۔ اور لوگوں میں محبت رکھنا تصوف ہے ۔

☆ حضرت ابوالحسن نوریؒ (م 286 ھ) تصوف کی یوں تعریف بیان فرماتے ہیں ۔ کہ ! تصوف نہ رسوم میں ہے ۔ اور نہ فقط علوم میں ہے ۔ بلکہ یہ تو سراسر اخلاق ہے ۔ رسم ہوتا ۔ تو صرف مجاہدہ سے حاصل ہو جاتا ۔ علم ہوتا تو فقط تعلیم سے حاصل ہو جاتا ۔ ☆ بمطابق حضرت خواجہ محمد ابراہیم بن ادہمؒ (م **303** ھ) تصوف دراصل ، افعال پر ثابت قدم رہنا ، اور نفس کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ اُس کی مرضی پر چھوڑ دینا ۔ ☆ حضرت احمد بن یحییٰ ابن الجلاءؒ (م **306** ھ) تصوف کی یوں تعریف بیان فرماتے ہیں ۔ کہ ! تصوف ایک حقیقت ہے ۔ اور اِس میں کوئی رسم نہیں ۔ رسم انسان کے لئے ہے ۔ اور حقیقت فقط اللہ تعالیٰ کے لئے ۔ لہذا دنیا سے منہ پھیر لینا دراصل تصوف ہے ۔

☆ حضرت خواجہ ابوبکر شبلیؒ (م **334** ھ) تصوف کی یوں تعریف بیان فرماتے ہیں ۔ تصوف یہ ہے کہ ! سب کو چھوڑ کر صرف اللہ تعالیٰ کا ہو کر رہنا ۔ غیر کے تصور سے بھی دل کو صاف رکھنا ۔ بلکہ یوں سمجھنا کہ غیر کا تو کوئی وجود ہی نہیں ۔ ☆ حضرت ابو محمد مرتعشؒ (م **338** ھ) تصوف کی یوں تعریف بیان فرماتے ہیں ۔ کہ ! تصوف حسنِ خلق اور رجوعِ الی اللہ ہے ۔ ☆ بمطابق حضرت خواجہ ابوالعباس نہاوندیؒ (م **366** ھ) تصوف دراصل اوامر و نواہی پر صبر کرنے کا نام ہے ۔ ☆ بمطابق حضرت ابوالحسن حصریؒ (م **391** ھ) تصوف دراصل قلب کو حق کی مخالفت سے بچانا اور تزکیہ نفس کرنے کا نام ہے ۔ ☆ بمطابق حضرت علی بن عُثمان ہجویریؒ (م **465** ھ) صاحب **کشف المحجوب** تصوف کی یوں تعریف بیان فرماتے ہیں ۔ کہ ! تصوف دراصل اپنے اخلاق و معاملات کو صاف رکھنا اور ہر صفت صفا کو لازم رکھنے کا نام ہے ۔ کیونکہ صوفی تو **قد افلح من تزکی** (بے شک وہ (خوش نصیب شخص) فلاح کو پہنچ گیا ۔ جس نے پاکیزگی اختیار

کی ۔ ☆ بمطابق حضرت عبدالکریم بن ہوازن القشیری ؒ (م 465ھ)! تصوف دراصل کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ کی مکمل پابندی کرنے کا حقیقی مظہر ہوتا ہے۔ ☆ بمطابق حضرت شیخ الشیوخ شہاب الدین سہروردی ؒ (م 632ھ)! تصوف قولاً ،فعلاً اور حالاً اتباعِ رسول ﷺ کا نام ہے۔ اگر ہم مذکورہ تمام تعریفات کو یکجا کریں تو بخوبی واضح ہو جائے گا کہ! یہ تمام تعریفیں ہر لحاظ واعتبار سے شریعتِ محمدی ﷺ کے مختلف پہلوؤں کی مکمل عکاسی کرتی ہیں۔ لہذا یہ بات عین حقیقت ہے کہ تصوف دراصل شریعت ہی کا دوسرا نام ہے۔ یہ شریعت سے ہٹ کر کوئی دوسرا طریقہ نہیں ہے۔ **صوفی** : صالح ،متقی اور متبع شریعت انسان کو صوفی کہا جاتا ہے۔ حضرت حسن بصری ؒ (م 110ھ) اور حضرت سفیان ثوری ؒ (م 161ھ) کے عہد میں لفظ ''**صوفی**'' کا استعمال کیا گیا۔ سب سے پہلے حضرت ابو ہاشم کوفی (م 161ھ) کو صوفی کے لقب سے ملقب کیا گیا۔ ☆ بمطابق حضرت عبدالکریم بن ہوازن القشیری ؒ (م 465ھ) اور حضرت عبدالرحمان جامی ؒ ! ابو ہاشم صوفی سے پہلے بھی بہت سے بزرگانِ دین ہوگزرے تھے۔ جو زہد، ورع، توکل، قناعت، تقوی، محبت اور دیگر دینی معاملات میں ایک خاص مقام رکھتے تھے۔ لیکن سب سے پہلے لفظ صوفی سے ملقب ہونے والی شخصیت ابو ہاشم کوفی (م 161ھ) تھے۔ اِن سے پہلے اِس لفظ سے کسی کو موسوم نہیں کیا گیا۔ ☆ بمطابق حضرت شیخ ابوعلی سینا ؒ '' خدا کی معرفت رکھنے والے پاک بندے، کہ جس وقت ان سے جسمانی تعلق کا بار ہلکا کر دیا جاتا ہے۔ اور وہ دنیاوی مشاغل (کاردنیا) سے علیحدہ ہو جاتے ہیں۔ تو ان کی توجہ خاص طور پر عالمِ قدس اور عالم سعادت کی جانب مبذول ہو جاتی ہے۔ اور وہ اعلیٰ درجہ کے کمال کے ساتھ موصوف اور بڑے لذت اُٹھانے والے ہوتے ہیں۔ اور یہ نہیں کہ جب روح بدن میں ہو۔ تو وہ اس لذت سے بالکل محروم رہیں۔ بلکہ ایسے لوگ جو اللہ تعالیٰ کی عظمت اور جبروت کی فکر میں ڈوبے ہوئے اور جسمی مشغلوں سے اعراض کرنے والے ہیں۔ وہ ان اجسام میں رہ کر بھی لذت سے اتنا ہی حصہ پالیتے ہیں۔ جو اُن پر غالب آ کر ان کو جملہ اشیاء سے فارغ کر دیتا ہے۔ ☆ حضرت خواجہ غلام علی دہلوی ؒ کے خلیفہ حضرت شیخ رؤف احمد نقشبندی مجددی ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! تصوف کا دارومدار (فقط) پانچ باتوں میں مضمر ہے۔ ☆ سالک کی توجہ قلب کی طرف۔ ☆ قلب کی توجہ خالقِ آب وگل کی طرف ہو۔ ☆ سالک ہر وقت ذکرِ الٰہی میں مشغول رہے۔ ☆ سالک کے قلب میں کوئی خطرہ نہ آئے۔ ☆ **خداوندا! مقصودِ مَن توئی** کا ہر وقت تصور وتخیل رکھے رہے۔ مندرجہ بالا پانچ باتوں کی وجہ سے سالک یہ پانچ منافع وفوائد حاصل کرلے گا۔ ☆ ذاکر کے لطائف ذکر کرنے لگیں گے۔ ☆ سالک کو جمعیت حاصل ہوگی۔ ☆ سالک کو توجہ الی اللہ حاصل ہو جائے گی۔ ☆ سالک کے لطائف کی کشش (جذب) ما فوق العرش ہو جائے گی۔ ☆ سالک کے قلب پر حق سبحانہٗ تعالیٰ کے واردات کا نزول ہوگا۔

☆ حضرت ابوعبداللہ حضرمی ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! صوفی وہ لوگ ہیں۔ کہ جن باتوں کا وہ اللہ تعالیٰ سے عہد کر چکے ہیں۔ سچ کر دکھاتے ہیں۔ اور ان کے قلوب ہوا اور غیر کے اندیشوں سے یکسر خالی ہوتے ہیں۔ ☆ حضرت احمد بن سالم بصری ؒ فرماتے ہیں۔ صوفی وہ ہے۔ کہ! جو زبان میں نرم، حسنِ اخلاق میں بلند، عوام سے خندہ پیشانی سے پیش آنے والا، نفس کا سخی، عذر قبول کرنے والا اور کم سے کم اعتراض کرنے والا ہو۔ ☆ حضرت ابوبکر کسائی ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! جو بسیار باتیں کہنے اور مقبول ہونے کی طلب سے پرہیز کرے۔ ☆ حضرت ابوبکر مزاعی ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! تصوف ایک حال ہے۔ جس میں انسانی آثار جاتے رہتے ہیں۔ ☆ حضرت ابوبکر واسطی ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! جو شخص مرتبہء توحید تک نہیں پہنچا۔ دراصل اس کا وجود اللہ تعالیٰ کے وجود میں فانی ہے۔ لیکن وہ جانتا نہیں۔ اور پھر اس کا پالینا ہی تصوف ہے۔ ☆ حضرت ابنِ ابی سعدان ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! صوفی وہ ہے۔ جو احوال وآثار کی تاثیر وتصرف سے نکل گیا۔ ☆ حضرت ابوسعید اعرابی ؒ فرماتے ہیں۔ تصوف جملہ اقسام کے فضولیات کو یکسر ترک کر دینے اور یگانگی کا نام ہے۔ ☆ حضرت ابوالحسین المصری ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! صوفی اپنے اضطراب میں بے قراری نہیں پکڑتا۔ اور اپنے قرار میں قرار نہیں پکڑتا۔ اسی طرح سے آپ ؒ ایک اور جگہ فرماتے ہیں۔ کہ! صوفی وہ ہے۔ کہ! عدم کے معدوم ہونے پر موجود نہیں ہوتا۔ اور وجود کے بعد معدوم نہیں ہوتا۔ ☆ حضرت ابن خفیف شیرازی ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! خدا کا وجود غفلت کے وقت ہو۔ یہ تصوف ہے۔ یعنی لوگوں کی غفلت کے اوقات مثل اُن کے سونے، دنیاوی امور میں مگن رہنے یا کھانے پینے کے وقت صوفی اللہ تعالیٰ کی یاد میں محو ومستغرق ہوتا ہے۔ ☆ حضرت ابوعبداللہ رودباری ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! تصوف دراصل تکلف کو چھوڑنے اور پاکیزگی کا برتاؤ کرنے اور بڑائی کو دور کرنے کا نام ہے۔ ☆ حضرت ابوالقاسم مقری ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! تصوف یہ ہے۔ کہ! کم از کم صالحین کے اپنے اور ان کے مشائخین کے حال کی صدقِ قلب سے تصدیق کرو۔ ☆ حضرت ابوالحسین سیروانی ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! تصوف خلقت کے ترک اور ہمت کی زیادتی کا نام ہے۔ ☆ حضرت جنید بغدادی ؒ کے تصوف کے فرامین میں سے ایک فرمان یہ بھی ہے۔ کہ! تصوف خلق (یعنی اخلاقِ حسنہ) ہی کا نام ہے۔ جس کا خلق بڑھ کر ہے۔ وہ بلاشبہ تصوف میں بھی بڑھ کر ہے۔ ☆ حضرت ابوالقاسم محمد القشیری ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! صوفی کا حال برسام والے کی طرح ہے۔ شروع اس کا بکواس جبکہ آخر اس کا سکون ہے۔ پس جب قرار پکڑتا ہے۔ تو گونگا ہو جاتا ہے۔

☆ حضرت جنیدِ بغدادی ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! صوفیاء کے پانچ اصول ہیں۔ صوم۔ قیامِ شب بغایت عبادت وریاضت۔ اخلاصِ عمل بہ تقرب الی اللہِ تعالیٰ۔ رعایتِ اعمال اور کسی رکن میں اللہ تعالیٰ سے غافل رہنا۔ توکل علی اللہ۔

اندھے نکالتے ہیں ، چہرے سے میرے نقص   بہروں کو ہے شکوہ ، کہ غلط بولتا ہوں میں

یعنی کہ! اگر تصوف کے مدعیان اپنی اپنی حقیقت کو متقدمین کے آئینہ میں ملاحظہ کریں۔ تو ایک ہی دَم میں خاک سے بر سرافلاک پہنچ جائیں۔ بلکہ اپنی گم شدہ اور گم گشتہ روحِ حیات کی حقیقی میراث کو حاصل کر لیں۔ بہر حال! نچوڑ و مغز تصوف کا اتباعِ سنتِ نبوی ﷺ ہی میں مضمر و پوشیدہ ہے۔ عاقلین کو چاہیئے۔ کہ! اپنے علم و عقل کو کسی کونے کھدرے میں رکھ کر آنحضور ﷺ کی مکمل متابعت اختیار کر کے رحمتِ خداوندی و نعمتِ ایزدی کے لئے دست بستہ اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی و انکساری کے التجاء کریں۔ تاکہ منظوری ہو سکے۔ (لہٰذا) جب تک سالک کی ذات میں یہ ارکانِ ظاہری و باطنی جمع نہیں ہوتے۔ وہ صوفی نہیں ہوتا۔ (یاد رہے۔ کہ!) صوفیائے کرام کے نزدیک دنیا کی کوئی اہمیت نہیں۔ یہ تو مشقت کی جگہ ہے۔ جو ہاں پر جتنا کمائے گا۔ اس کا اجر و ثواب اُس کو قبر و آخرت میں ملے گا۔ جو یہاں پر محض وقت گذارے۔ (Time pass) کرے گا۔ وہ آنے والے خطرات سے ضرور مطلع رہے۔ اسی ضمن میں ایک مشہور حکایت ہے۔

حکایت : حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ اپنے ایک مکتوب میں فرماتے ہیں۔ کہ! نقل ہے۔ کہ! ایک جنگل میں ایک آدمی کے پیچھے ایک شیر چیڑ نے پھاڑنے کے لئے دوڑا۔ اس آدمی نے جب اپنے پیچھے ایک شیر کو دوڑتے ملاحظہ کیا۔ تو اُس نے بھی ڈر و خوف کی وجہ سے اپنی جان بچانے کے لئے دوڑنا شروع کیا۔ وہ آدمی بہت بھاگا۔ لیکن شیر بھی پیچھے پیچھے دوڑ رہا ہے۔ بالآخر وہ آدمی تھک گیا۔ تو بھاگتے ہوئے وہ جائے پناہ تلاش کرنے لگ گیا۔ اُس آدمی کو دفعتاً سامنے ایک ویران کنواں نظر آیا۔ جس کے اردگرد بڑی بڑی جنگلی گھاس اُگی ہوئی تھی۔ تو اُس نے گھاس پکڑ کر کنویں میں چھلانگ لگا دی۔ اوپر سے شیر اُس کو دیکھ رہا تھا۔ کہ جب وہ آدمی نکلے گا۔ تو مَیں اُسے لقمہ اَجل بناؤں گا۔ پھر اُس آدمی نے جو کنویں میں نیچے کی طرف دیکھا۔ تو وہ ڈر و خوف کے مارے مزید حیران و پریشان ہو گیا۔ کہ کنویں کی تہہ میں ایک بہت بڑا اژدہا منہ کھولے بیٹھا ہوا ہے۔ کہ کب یہ آدمی کنویں میں گرے۔ اور اس کو کھا کر مَیں اپنا پیٹ بھروں۔ اُس وقت اس کو دو خطرات لاحق ہوئے۔ اَب وہ سوچنے لگا۔ کہ اگر وہ اوپر آتا ہے۔ تو شیر سے بچنے کا کوئی راستہ نہیں۔ اگر نیچے گرتا ہے۔ تو سانپ سے بچنے کی کوئی سبیل نظر نہیں آتی۔ اُس نے سوچا۔ کہ! اِن دونوں خطرات سے بچنے کی واحد چیز یہی گھاس ہے۔ جس کو اُس نے پکڑ کر ان دونوں خطرات سے جان بچائی ہوئی ہے۔ جب اُس نے گھاس کی طرف اپنی توجہ مبذول کی۔ تو وہ مزید پریشان ہو کر رہ گیا۔ کہ! اُس گھاس کو دو چوہے کاٹ رہے ہیں۔ تو اُسے معلوم ہو گیا۔ کہ اس صورت میں گھاس کو پکڑنا اور نہ پکڑنا دونوں برابر ہے۔۔ اسی عالمِ پریشانی میں اچانک اس آدمی کی نظر کنویں کی دیوار پر پڑی۔ تو اسے نظر آیا۔ اس میں شہد کا ایک چھتہ لگا ہوا ہے۔ وہ شخص ان تینوں خطرات کو چند لمحات کے لئے بھول کر شہد چاٹنے میں محو ہو گیا۔ (اس آدمی کے ساتھ کیا ہوا ہوگا۔ یہ قارئین خود سوچ کر بتا سکتے ہیں)

بہر حال! اس حکایت میں شیر بمثل ''موت'' ہے۔ **کل نفس ذائقة الموت** ۔ (ہر ذی روح نے بالآخر موت کا مزہ ضرور چکھنا ہے) سانپ بمثل ''قبر'' ہے۔ **ثم اماته فاقبره** ۔ پھر اس کو موت دی۔ پھر اس کو قبر دی۔ گھاس کا مطلب انسان کی عمر ہے۔ **من یرد الیٰ ارذل العمر** ۔۔۔ بعض ناکارہ عمر کی طرف لوٹا دیئے جاتے ہیں۔ اور چوہے سے مراد ''دن و رات'' (یعنی زندگی کے لمحات) ہیں۔ جو عمر کے رشتے کو کاٹ رہے ہیں۔ یعنی کہ مشیت الٰہی سے گزرتے ہی چلے جا رہے ہیں۔ اور شہد سے مراد ''دنیا'' ہے۔ کہ اس کے حاصل کرنے میں آدمی باوجود یکہ موت آنے کا قوی یقین رکھتا ہے۔ سب چیزوں کو بھول جاتا ہے۔ اپنی عاقبت و آخرت کے لئے کچھ نہیں کرتا۔ بلکہ آخرت کو بھلا کر دنیا خرید لیتا ہے۔ **الذین اشتروا الحیوۃ الدنیا بالآخرۃ** ۔ جنہوں نے آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی خریدی۔ (لہٰذا) عقل مند تو انجام سے پہلے اچھے نتائج کی طرف متوجہ رہتا ہے۔ چاہیئے۔ کہ! عاقل شخص ہر وقت یاد رکھے کہ! ہر سانس اور ہر لمحہ کے ساتھ ایک عظیم خطرہ لاحق ہے۔ اور گزرتے لمحات دوبارہ کبھی میسر نہیں آئیں گے۔ لہٰذا ہر سانس و ہر لمحہ کو قیمتی سمجھ کر سنتِ نبوی ﷺ کے عین مطابق ڈھال کر زندگی بسر کی جائے۔ تاکہ دنیا و آخرت دونوں میں مشکلات و مصائب کم سے کم ہوں۔ اور عاقبت و آخرت بھی احسن ہو سکے۔ ان شاء اللہ۔

☆ **نگہداشتِ لقمہ** : سالک بلکہ ہر مسلمان کو چاہیئے۔ کہ! حلال و طیب لقمہ خود بھی کھائے اور اپنے اہلِ خانہ کو بھی کھلائے۔ اللہ تعالیٰ کا حکم ہے۔ کہ! **یا یھا الناس کلوا مما فی الارض حلالا طیبا** ۔ اے لوگو! جو حلال پاکیزہ چیزیں زمین میں ہیں۔ وہ کھاؤ۔ (سورہ بقرہ۔ 168) رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں۔ کہ! عبادت کے دس اجزاء ہیں۔ نو اجزاء رزقِ حلال کی تلاش کرنا ہے۔ اور باقی تمام عبادات ایک جزو ہیں۔ (حدیث نبوی ﷺ) رزقِ حلال یہ ہے۔ کہ! اسے کماتے وقت اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہ ہو۔ جبکہ طیب یہ ہے۔ کہ! اسے کھاتے وقت طاعت و عبادت بجالانے کی قوت حاصل کرنے کی نیت سے کھایا جائے۔ یاد رہے۔ کہ! جب رزق حلال و طیب نہ ہو تو فضول خرچی سے اجتناب کرے۔ (بقول شاعر)

گرچہ خدا گفت **کلوا واشربوا** ۔۔۔ از پے آں گفت **ولا تسرفوا**

لقمہ حلال کھانے سے پہلے تسمیہ (**بسم اللہ** ۔۔۔) ضرور پڑھنی چاہیئے۔ جب بھی کچھ کھائے۔ تو ذکر الٰہی (یعنی کہ حضور و آگاہی) سے کھائے۔ اگر غفلت سے کھائے۔ تو ایسے ہے۔ جیسے وہ ذبیحہ کو بغیر **بسم اللہ** ۔۔۔ کھا رہا ہے۔ (ارشادِ رحمانی ہے۔ کہ!) **ولا تا کلوا مما لم یذکر اسم اللہ علیہ** ۔ (ترجمہ) اور نہ کھاؤ اس سے جو نہیں لیا گیا اللہ تعالیٰ کا نام اس پر۔ (سورہ انعام۔ 121) اس آیت کا ظاہری تقاضا یہی ہے۔ لہٰذا جب بھی کھائے تو غافلین کا ہم پیالہ و ہم نوالہ ہو کر نہ کھائے۔ (بہر حال) خوش قسمت ہیں وہ لوگ، کہ جن کو حلال رزق میسر ہو رہا ہے۔ کھانا پکانے والا بحالت وضو ہو۔ اور کھانا پکانے کے دوران پکانے والا ذکر الٰہی میں محو و مشغول ہو۔ تاکہ کھانا غفلت اور ظلمت کا سبب نہ بنے۔ اسی ضمن میں ایک حکایت ہے۔ کہ! ایک روز حضرت خضر نبیؑ عارفِ ربانی حضرت عبدالخالق غجدوانیؒ کے ہاں تشریف لائے۔ دسترخوان بچھایا گیا۔ مگر حضرت خضرؑ نے کھانا تناول نہ فرمایا۔ اور فرمانے لگے۔ کہ! جس نے آٹا گوندھا ہے۔ وہ بے طہارت تھا۔ لہٰذا یہ لقمہ ہمارے کھانے کے قابل نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو حلال اور طیب رزق عطا فرمائے۔ **آمین**۔

لفظ صوفی کی اصل :

پھلاں دا توں عطر بنا، عطراں دا فر کڈھ دریا دریا وچ فر رج کے نہا، مچھلیاں وانگوں تاریاں لا
فر وی تیری بو نہیں مکدی، پہلے اپنی میں نوں مکا

فقراور رِند کی یہ حقیقت صوفی کے حال کا وصفِ خاص ہے۔ اِس ضمن میں صاحبِ **کشف المحجوب** فرماتے ہیں۔کہ! لوگوں نے اِسم صوفی کی تحقیق میں بہت کچھ کہا ہے۔اور کئی کتابیں بھی لکھی ہیں۔ اِنہیں میں سے بعض لوگوں کا خیال ہے۔کہ صوفی کو درحقیقت اِس لئے صوفی کہا جاتا ہے۔کہ وہ صوف کا کپڑا پہنتا ہے۔جبکہ دوسرا گروہ یہ کہتا ہے۔کہ! اِنہیں صوفی اِس لئے کہا جاتا ہے۔کیونکہ صوفیائے کرام دراصل اصحابِ صُفہ سے گہری نسبت رکھتے ہیں۔جبکہ ایک اور گروہ کا یہ کہنا ہے۔کہ لفظ صوفی درحقیقت صف سے مُشتق ہے۔بہرحال!

☆ ہر شخص نے لفظ صوفی کے معانی و مفاہیم اور لطائف و معارف اپنی اپنی تحقیق وجستجو کے مطابق بیان فرمائے ہیں۔لیکن لغت کے مطابق معنی بعید ہیں آگے چل کر صاحبِ مرآۃُ الاسرار اپنی رائے کے مطابق فرماتے ہیں۔کہ !) پس صوفی کا لفظ''صفا'' سے مشتق ہونا سب سے زیادہ محمود، مستحسن اور محمود قرار پایا ہے۔کیونکہ اصحابِ صفہ بھی اہلِ صفا میں سے تھے۔جب اِس طبقہ کے لوگوں نے اسلامی تعلیمات کے عین مطابق اپنے اخلاق واعمال درست کر لئے۔اور اپنی ظاہری و باطنی کدورات و برائیوں سے مکمل نجات پائی۔تب جا کر اپنی پاکیزہ اوصاف کی وجہ سے صوفی کہلانے لگے۔اور جاننا چاہیئے کہ صفا کے لئے ایک اصل (جڑ) ہے۔جبکہ ایک فرع (شاخ)۔بہرحال صفا کی جڑ اپنے قلب سے غیر اللہ کو بالکل منقطع کرنا ہے۔جبکہ اِس کی شاخ یہ ہے۔کہ دنیائے غدار کو اللہ تعالیٰ کی محبت میں بالکل ترک کر دیا جائے۔لہذا جو کوئی اِن دونوں صفات (اصل ۔فرع) کو دائماً اپنالیتا ہے۔وہ مقامِ دوستی تک پہنچ جاتا ہے۔اور ولی اللہ۔خلیل اللہ۔حبیب اللہ۔۔۔بن جاتا ہے۔لفظ صوفی کے متعلق چند اولیائے کرام کے اقوالِ زریں بطور نمشتہ خیر و برکت یہاں پر پیش کئے جا رہے ہیں۔

☆ بقول حضرت سید علی ہجویری المعروف حضور داتا صاحب ؒ ! کاملانِ ولایت کا نام صوفی ہے۔اِسی لئے اولیائے محققین کو اِسی نام (یعنی صوفی) سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ ☆ حضرت سید محمد باقر بن حسین بن علی صاحب ؒ اِس ضمن میں فرماتے ہیں۔کہ! تصوف خوش گوئی کو کہتے ہیں۔جو زیادہ خوش گو ہوتا ہے۔وہی زیادہ صوفی ہوتا ہے۔جبکہ خوش گوئی دو اقسام پر منقسم ہے۔اول حق تعالیٰ کے ساتھ خوش گوئی۔دوئم خلق خدا کے ساتھ خوش گوئی۔حق تعالیٰ کے ساتھ خوش گوئی یا نیک خوئی یہ ہے۔کہ رب متعال کی ہر قضا کے ساتھ کامل رضا اختیار کی جائے۔جبکہ خلقِ خدا کے ساتھ خوش گوئی یا نیک خوئی یہ ہے۔کہ حق تعالیٰ کی خاطر خلقِ خدا کی محبت کا بوجھ برداشت کرے۔اور یہ دونوں صفات مشاہدہ وحدانیت کے ساتھ وابستہ و پیوستہ ہیں۔ ☆ حضرت ابوالحفص صاحب پشاوری ؒ اِس ضمن میں فرماتے ہیں۔کہ! **تصوف سراپا ادب ہے**۔کیونکہ **ہر وقت، ہر مقام، ہر حالت اور ہر کیفیت میں اَدب کو ملحوظِ خاطر رکھنا اَز حد لازمی ہے**۔جو بھی شخص اِن آداب کو ملحوظِ خاطر رکھتا ہے۔وہ لازمی طور پر مردانگی کے عظیم ترین درجہ پر پہنچ جائے گا۔مگر جو کوئی آداب کو ضائع کرتا ہے۔وہ قربِ حق سے بعید رہتا ہے۔اور قبولِ حق سے مردود ہو جاتا ہے۔ ☆ حضرت ابوالحسن نوری ؒ اِس ضمن میں فرماتے ہیں۔کہ! تصوف اخلاق کا نام ہے۔یہ رسوم وعلوم کا مجموعہ نہیں ہے۔ ☆ حضرت ابوالحسن نوری ؒ صوفی کے متعلق فرماتے ہیں۔کہ! صوفی وہ ہوتا ہے۔جو ہر دل پسند چیز کو چھوڑ دے۔

☆ خواجہ ابوبکر شبلی فرماتے ہیں۔کہ! صوفی دراصل وہ ہستی ہے۔جو دونوں جہانوں میں سوائے حق تعالیٰ کے کچھ نہیں دیکھتا۔ ☆ بقول حضرت بشر بن حارث محاسبی ؒ ! صوفی وہ ہوتا ہے۔جس کا قلب اللہ تعالیٰ کے لئے ہر کوتاہی سے مبراء و پاک ہو۔ ☆ حضرت بندار بن حسین ؒ اِس ضمن میں فرماتے ہیں۔کہ! صوفی ایسا شخص ہوتا ہے۔جسے حق تعالیٰ اپنا بنا لیتا ہے۔اسی لئے اُسے (ظاہری و باطنی طور پر) مصفا و پاکیزہ کر دیتا ہے۔اسے اپنی مرضی کے کام نہیں کرنے دیتا۔اور وہ یہ بھی نہیں چاہتا کہ ایسا کوئی بھی شخص خواہ مخواہ صوفی بن جائے۔یا صوفی بننے کا ڈھونگ رچاتا پھرے۔ ☆ بقول حضرت ابو علی رود باری ! جو اندرونی صفائی کے بعد گودڑی پہنے۔خواہش (نفسانی، شہوانی یا نسوانی ۔۔۔) پیدا ہونے پر ایسے زور سے دبائے رکھے۔کہ دنیا کو قطعی طور پر بُھلا دے۔اور سیدنا مصطفیٰ ﷺ کے بتائے گئے راستے پر چلے۔وہ حقیقی صوفی ہوتا ہے۔ ☆ حضرت سہل بن عبداللہ تستری ؒ اِس ضمن میں فرماتے ہیں۔کہ! جو کھوٹ سے بچا ہوا ہو۔اور گہرے تدبر و تفکر میں مستغرق و محو رہتا ہو۔صرف اللہ تعالیٰ سے لَو لگائے رکھے۔ایسے شخص کے نزدیک سونا اور مٹی کا ڈھیلا دونوں ایک ہی حیثیت کے حامل ہوں۔

ابھی تو راکھ ہوئے، تیرے فراق میں ہم ابھی ہمارے بکھرنے کا کھیل باقی ہے

☆ بقول حضرت جنید بغدادی ؒ ! قلب کو لوگوں کی مرضی کے امور سے بعید رکھنا۔طبیعت کی عام عادتوں سے الگ تھلگ رہنا۔حیوانی عادتوں کو ختم کرنا۔نفسانی خواہشات سے دور رہنا۔اپنے آپ میں روحانی خصائل پیدا کرنا۔حقیقی علوم (قرآنی علوم) سے مکمل تعلق رکھنا۔ہمیشہ سراہے جانے والے (لوگوں کی بھلائی والے) کام کرنا۔اللہ تعالیٰ کے تمام احکامات پر مکمل طور پر عمل کرنا۔آنحضور ﷺ کی لائی گئی شریعت کے احکامات پر مکمل چلنا ہی دراصل تصوف ہے۔

☆ (بقول حضرت عبدالوہاب الشعرانی) ! علمِ تصوف دراصل اُس علم سے عبارت ہے۔جو کہ فی الحقیقت اولیائے عظام کے قلوب پر جلوہ گر ہوا۔جبکہ وہ کتاب وسنت (یعنی قرآنِ حکیم اور سنتِ نبوی ﷺ) پر عمل کرنے کی بدولت منور ہوئے۔تو جس نے بھی کتاب وسنت پر عمل کیا۔اس کے لئے کتاب وسنت پر عمل کرنے کی وجہ سے ایسے علوم وفنون، آداب واسرار اور حقائق و معارف کا انکشاف ہوا۔کہ زبانیں اِن کے بیان سے یکسر عاجز و

گونگ ہیں۔جیسا کہ علمائے شریعت (علمائے حق) پر احکام منکشف ہوا کرتے ہیں۔جبکہ وہ اپنے علم پر عمل کرتے ہیں۔پس تصوف تو صرف احکامِ شریعت پر کسی کسی بندہ ءخدا کے عمل کا مکھن ہے۔جبکہ اِس کا عمل کوتاہیوں اور نفسانی خواہشات سے مبراء و پاکیزہ ہو۔جس طرح کہ علمِ معانی اور بیان اصل میں علم نحو کا مکھن ہے۔تو جس نے علمِ تصوف کو (علوم دینیہ کا) ایک مستقل علم قرار دیا۔اس نے سچ کہا۔اِسی طرح سے جس نے علم معانی اور بیان کو مستقل علم کہا۔تو یقیناً اُس نے بھی سچ کہا۔لیکن جس نے علمِ نحو میں سے ہی قرار دیا۔وہ بھی درست ہے۔لیکن اِس ذوق پر کہ علم تصوف عین شریعت سے ہی نکلتا ہے۔وہی شخص جھانک سکتا ہے۔جو علمِ شریعت کا ایسا فاضل متبحر ہو۔کہ علم کی انتہا تک پہنچ چکا ہو۔

خِرد نے کہہ بھی دیا لاالہ تو کیا حاصل　　　　دل ونگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں

تخمِ تصوف : اللہ تعالیٰ کی زمین میں ہزاروں برس سے نمودار نظر آتا ہے۔جیسے دنیا کی آبادی میں فارس کو سب پر تقدم حاصل ہے۔اسی طرح تصوف کی نشوونما بھی سب سے پہلے یہیں پر پائی جاتی ہے۔مختلف مذاہب کی کتب سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے۔کہ! اس درختِ طوبیٰ (یعنی بابِ تصوف) کا بیج حکمائے اشراقین نے بویا۔اس بیج کو حکمائے مشائخین نے سینچا۔سلطنتِ فارس میں اس کی نشوونما ہوئی۔مصر و یونان کی آبیاری نے شاخ و برگ پیدا کیئے۔برصغیر کی بادِنسیم نے گل شگفتہ کرکے بوباس پیدا کی۔شریعتِ اسلام نے اس کی خوشبو سونگھی۔متکلمین نے بہار دیکھی۔صوفیوں نے اس کا پھل کھایا۔ سچ تو یہ ہے۔کہ!

تصوف حکیم بن کر آیا۔فقیر ہو کر رہا۔لیکن شہنشاہی جیسی شان و رفعت وعظمت حاصل کرکے گیا۔

یہ اکابرین فنا فی اللہ اور بقا باللہ کے عظیم مقامات پر فائز المرام ہوئے ہیں۔یہی لوگ عظیم تصرفات کے سلسلے میں عجیب شان کے حامل اور مالک تھے۔(یہاں پر یہ کمترین (البلوشی) توجہ وتصرفِ شیخ کے حوالے سے شواہد پیش کرتا ہے۔تاکہ فہم میں ادراک حاصل ہو سکے)

رندوں کو بھی معلوم ہیں صوفی کے کمالات　　　　ہر چند کہ مشہور نہیں، ان کے کرامات

حالتِ ایمان میں صبح کرنا : (بقول حضرت سیدنا علی ہجویریؒ درکتاب کشف المحجوب)

چنانچہ اِسی ضمن میں حضرت حارثہ بن زیدؓ کا ایک واقعہ ہے۔جب آپؓ بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں حاضر ہوئے۔تو آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ اے حارثہؓ! آج تُم نے کیسے صبح کی؟ حضرت حارثہ بن زیدؓ نے عرض کیا۔حضور ﷺ! میں نے آج سچے مومن کی حالت میں (یعنی حقیقتِ ایمان کے ساتھ) صبح کی۔حضور ﷺ نے فرمایا۔غور کرو۔کیا کہہ رہے ہو؟ یاد رکھو۔ہر چیز کی ایک حقیقت ہوتی ہے۔اور ہر چیز پر ایک دلیل۔تیرے اس دعوے کی کیا حقیقت ہے؟ اور تیرے ایمان کی کیا دلیل؟ حضرت حارثہ بن زیدؓ نے عرض کیا۔حضور ﷺ! مَیں نے اپنی جان کو دنیا سے علیحدہ کرلیا۔اور اپنا منہ دنیا سے موڑ لیا۔اَب میری نظر میں دنیا کا پتھر، سونا، چاندی، کنکر، کوڑا سب یکساں ہیں۔اور جب مَیں دنیا و مافیہا سے آزاد ہو چکا۔تو مقامِ اقصیٰ یعنی درجہ انتہائی پر پہنچ گیا۔حتیٰ کہ آج مَیں نے انہار کی شکم پری اور شب بیداری میں مجھے گویا میں ربِ العلیٰ کے عرشِ بریں کا مشاہدہ بلا حجاب کر رہا ہوں۔اور گویا کہ میں اہل، جنت کو دیکھ رہا ہوں۔اور وہ سیر وتفریح میں ہیں۔اور گویا کہ میں جہنمیوں کو دیکھ رہا ہوں۔کہ وہ تڑپ رہے ہیں۔ (ایک اور روایت میں ہے۔) آنکھ پھاڑ پھاڑ کر جہنم میں دیکھ رہے ہیں۔ (تو) حضور ﷺ نے (تصدیق فرماتے ہوئے) فرمایا۔جان لیا تُو نے۔اَب اس منصب کی محافظت کرو۔اس لئے کہ بس اس کے سوا اور عرفان (مخلوق کو حاصل نہیں) اولیاءاللہ کو اسی منصب ونام سے پکارتے ہیں۔اور اسی حدیث کو امام طبرانیؒ نے المعجم الکبیر میں، امام بیہقیؒ نے شعب الایمان میں، امام شیبہؒ نے المصنف میں اور عبد بن حمیدؒ نے اپنی مسند میں اس طرح سے بیان کیا ہے۔کہ! حضرت حارث بن مالکؓ سے مروی ہے۔کہ! ایک مرتبہ وہ آنحضور نبی مکرم ﷺ کے پاس سے گزرے۔تو آپ ﷺ نے انہیں فرمایا۔کہ! اے حارثؓ! تُو نے کیسے صبح کی؟ (تو) انہوں نے عرض کیا۔مَیں نے سچے مومن کی طرح (یعنی حقیقتِ ایمان کے ساتھ) صبح کی۔حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔(کہ) یقیناً ہر ایک شئے کی کوئی نہ کوئی حقیقت ہوتی ہے۔سو تمھارے ایمان کی کیا حقیقت ہے؟ (یا رسول اللہ ﷺ) میرا نفس دنیا سے بے رُغبت ہو گیا ہے۔اور اسی وجہ سے (مَیں) اپنی راتوں میں بیدار اور دن میں (دیدارِ الٰہی کی طلب میں) پیاسا رہتا ہوں۔اور (میری) حالت یہ ہے۔گویا مَیں اپنے رَب کے عرش کو سامنے ظاہرًا دیکھ رہا ہوں۔اور اہلِ جنت کو ایک دوسرے سے ملتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔اور دوزخیوں کو تکلیف سے چلاتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔اے حارثؓ! تُو نے (واقعتاً حقیقتِ ایمان کو) پہچان لیا ہے۔اَب (اس سے) چمٹ جا۔یہ کلمہ مبارک آپ ﷺ نے تین مرتبہ ارشاد فرمایا۔(بلکہ) اور یہی روایت حضرت انس بن مالکؓ سے ان الفاظ کے اضافے کے ساتھ مروی ہے۔کہ! حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔تُو نے حقیقتِ ایمان کو پالیا۔پس اسی حالت کو (اَب دائمًا) قائم رکھنا۔جس کے دل کو اللہ تعالیٰ نے نور سے بھر دیا۔(قرآنِ کریم میں ہے۔کہ!) اے ایمان والو! اسلام میں پورے کے پورے داخل ہو جاؤ۔اور شیطان کے قدموں پر مت چلو۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 208)

آنسوؤں کا وزن : حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! (بروزِ قیامت) تمام اعمال کا وزن کیا جائے گا۔سوائے ان آنسوؤں کے، کہ جو اللہ تعالیٰ کے خوف کی وجہ سے آنکھوں سے گر گئے۔اِن کا (قطعًا کوئی) وزن ہی نہیں۔اور انہیں تولا ہی نہیں جا سکتا۔اگرچہ سمندروں کے برابر بھی آگ ہو۔تو آنسوا سے بجھانے کے لئے کافی ہیں۔ (ابن ابی الدنیاؒ)

حقائقِ سبعہ میں سے حقیقتِ محمدیہ کی تفصیلات :

حضرت جناب ابوالبیان محمد سعید احمد مجددی نقشبندی ''البینات'' میں (شرح مکتوبات امام ربانی'') فرماتے ہیں۔کہ! حقائق کے سات مراتب ہیں۔جن کوکہ حقائقِ سبعہ کہا جاتا ہے۔اوروہ یہ ہیں۔ حقیقتِ محمدی ، حقیقتِ احمدی ، حقیقتِ ابراہیمی، حقیقتِ موسوی، حقیقتِ کعبہ، حقیقتِ قرآنِ حکیم، حقیقتِ صلوٰۃ۔ یادرہے۔کہ! پہلے چارحقائق کو **حقائقِ کونیہ** اور آخری تین حقائق کو **حقائقِ الٰھیہ** کہا جاتا ہے۔

علامہ سعید مجددیؒ مزید فرماتے ہیں۔کہ! حقیقتِ کعبہ، حقائقِ کونیہ سے افضل ہے۔کیونکہ حقیقتِ کعبہ''ظہورِ تنزیہیہ صِرف ذاتِ حق تعالیٰ ہے۔اور یہ مرتبہء وجوب ہے۔اور حقائقِ کونیہ ظہوراتِ مراتبِ وجوب ہیں۔نہ کہ خود مراتبِ وجوب۔

اسی طرح سے حقیقتِ قرآن بااعتبارِ وسعتِ مبداء اور حقیقتِ صلوٰۃ بااعتبارِ وسعتِ ذات ہونے کے حقیقتِ کعبہ سے بھی افضل ہے۔

یادرہے۔کہ! لغت میں حقیقت سے مراد ذاتِ شئی یا کسی لفظ یا عبارت کا بنیادی مفہوم ہے۔اصطلاح میں کسی کسی شئی کی اصلیت،کنہ،جوہر اور باطنی پہلومراد ہیں۔جبکہ! صوفیائے کرام کے نزدیک حقیقت سے مراد کسی شئی کا مبدائے تعین ہے۔جہاں سے وہ شئی فیض واثر اور تربیت پاتی ہے۔(مبداءِ فیض کا مطلب ہے۔عالمِ وجوب میں جس اسم،شان،صفت یا ظل کے توسط سے سالک کو فیض آتا ہے)

حقیقت سے مراد مبدائے فیض ہونا : حضرت شیخ عبدالنبی شامیؒ فرماتے ہیں۔کہ! '' **قال سیدنا شیخ المشا ئخ سیدی شیخ آدم قدس اللہ سرہ ان الحقیقة المحمدی الذات الجا مع المنزہ عن التنزل** ''(یعنی) پس ہمارے شیخ المشائخ شیخ آدم بنوری قدس اللہ سرہ نے فرمایا۔کہ! حقیقتِ محمدی ایک جامع ذات ہے۔جو ہرقسم کے تنزل (یعنی زوال) سے پاک ومبراء ہے۔ (لہذا) حقیقت کا اطلاق کئی وجوہات سے ممکن ہے۔یہاں سے مراد مبدائے فیض ہے۔وہ حقیقت نہیں۔جوجنس اورنوع سے مرکب ہوتی ہے۔کہ اس پراعتراض کیا جاسکے۔

نہیں ہے چیز **نکمی** کوئی زمانے میں　　　کوئی برا نہیں قدرت کے کارخانے میں

☆ شیخ آدم بنوری قدس اللہ سرہ (خلیفہء حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ) کے نزدیک یہاں حقیقتِ محمدیہ سے مراد حضور سرورِ کائنات ﷺ کا مبدائے فیض ہے۔اورآپ ﷺ کا مبداء فیض مرتبہء شان العلم ہے۔جوکہ شانِ جامع ہے۔اورشان العلم کلی ہے۔ان کے نزدیک حقیقتِ محمدیہ کے لئے تنزل کی اصطلاح محلِ نظر ہے۔خاص کر جبکہ تنزل سے مراد زوال لیا جائے۔واللہ اعلم۔

یہ حکمتِ ملکوتی ، یہ علمِ لاہوتی　　　حَرم کے دَرد کا درماں نہیں تو کچھ بھی نہیں

حضرت شیخ الصاویؒ حضرت شیخ ابوالحسن شاذلیؒ کی کتاب'' **صلوٰۃ النورالذاتی** ''کی شرح میں رقم طراز ہیں۔کہ! **اللھم صل وسلم و بارک علٰی سیدنا محمد ن النور الذاتی. ای نور ذات اللہ. ای الذی خلقه اللہ تعالیٰ بلا ما ئة صلی اللہ علیه و اله وسلم مفتاح الوجود ومادة لکل موجود** '' (ترجمہ) اےاللہ تعالیٰ! درودوسلام اور برکت نازل فرما ہمارے سردار محمد ﷺ پر،جونورِذاتی ہیں۔(یعنی جواللہ تعالیٰ کی ذات کے حقیقی نور ہیں) جن کواللہ تعالیٰ نے بغیر مادہ کے خلق فرمایا۔کیونکہ! آپ ﷺ مفتاحِ وجوداور ہرموجود کے مادہ ہیں۔ یہاں نورِذاتی کا مطلب یہ ہے۔کہ! حقیقتِ محمدیہ کا وجودبغیرواسطہ کے اللہ تعالیٰ کی ذاتی تجلی سے ظاہرہوا۔واللہ اعلم۔ شرح تعرف میں مرقوم ہے۔کہ! حضرت بایزید بسطامیؒ نے فرمایا۔کہ! اگرآنحضرت نبی مکرم ﷺ کے نورسے ایک ذرہ بھی مخلوق پرظاہرہوجائے۔توجوکچھ عرش کے نیچے تخلیق کیا گیا ہے۔قائم نہ رہ سکے۔

بخود نگر! گلہ ہائے جہاں چہ می گوئی　　　اگر نگاہ تُو دیگر شود جہاں دگر اَست

حقیقتِ محمدیہ ظہورِ اول اور حقیقت الحقا ئق ہونا :

حضرت امام مجدد الف ثانیؒ فرماتے ہیں۔کہ! حقیقتِ محمدی **علیه من الصلوات افضلها و من التسلیمات اکملها** ۔جوکہ ظہورِاول اور حقیقت الحقائق ہیں۔اس کا مطلب یہ ہے۔کہ! دوسرے حقائق کیا انبیائے کرامؑ کے حقائق اور کیا ملائکہ عظام کے حقائق،سب ہی اس کے ظلال کی مانند ہیں۔اوروہ تمام حقائق کی اصل ہے۔(جیسے کہ) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ **اول ما خلق اللہ نوری** (یعنی) سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرے نورکو پیدا فرمایا۔ اسی مکتوب میں آگے حضرت امام مجددؒ تحریرفرماتے ہیں۔ جوکچھ آخر کار مراتبِ ظلال کے طے کرنے کے بعداس فقیر(امام مجددؒ) پرمنکشف ہوا ہے۔یہ ہے۔کہ! حقیقتِ محمدی ہی حقیقت الحقائق ہے۔اوراس حب کا تعین اورظہور ہے۔جوظہورات کا مبداء اور مخلوقات کی پیدائش کا منشاء ہے۔جیسا ایک مشہور حدیثِ قدسی میں آیا ہے۔کہ! **کنت کنزا مخفیا. فا حببت ان اعرف فخلقت الخلق لا عرف** (یعنی) میں ایک پوشیدہ خزانہ تھا۔مَیں نے چاہا۔کہ پہچانا جاؤں۔پس مَیں نے خلق کو پیدا کیا۔

اول اول جو چیزاس پوشیدہ خزانہ سے میدانِ ظہور میں آئی۔یہی حب ہے۔جومخلوقات کی پیدائش کا سبب ہوئی ہے۔اگر یہ حب نہ ہوتی۔توایجاد کا دروازہ نہ کھلتا۔اورعالم، عدم میں راسخ اورمستقر رہتا۔ایک حدیثِ قدسی ہے۔کہ! **لو لاک لما خلقت الافلاک** (یعنی) آپ ﷺ اگرنہ ہوتے۔تومَیں آسمانوں کو پیدانہ کرتا۔اس حدیثِ قدسی کے سرکوجوحضرت خاتم الرسل ﷺ کی شانِ مبارک میں ہے۔اس جگہ ڈھونڈنا چاہیئے۔اور **لو لاک لما اظھرت الر بو بیة** (یعنی) اگرآپ ﷺ نہ ہوتے۔تومیں اپنی ربوبیت کوظاہرنہ کرتا۔اس حقیقت کواسی مقام پرطلب کرنا چاہیئے۔

(بقول حضرت مجددؒ)! عالم کے ایجاد کے لئے پہلے جواعتبار پیدا ہوا ہے۔ وہ حب ہے۔ بعد ازاں اعتبارِ وجود جوکہ ایجاد کا مقدمہ ہے۔ کیونکہ! حضرتِ ذات جل شانہٗ اس حب اور اس وجود کے اعتبارات کے بغیر عالم اور عالم کی ایجاد سے مستغنی ہے۔ **ان اللہ لغنی عن العا لمین** (یعنی) بے شک! اللہ تعالیٰ تمام جہانوں سے غنی ہے۔ (القرآن) یہ آیتِ قرآنی اس بات پر نص قاطع ہے۔ آگے فرماتے ہیں۔ کہ! نیز جاننا چاہیئے۔ کہ! تعینِ اول میں جوکہ تعین حبی ہے۔ جب بڑی باریک نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے یہ معلوم ہوتا ہے۔ کہ اس تعین کا مرکز حب ہے۔ جو حقیقتِ محمدی ہے۔ حدیث **کنت کنزا مخفیا** ۔۔ سے معلوم ہوا۔ کہ تعینِ حبی پہلا اعتبار ہے۔ جو کہ تخلیقِ کائنات کے لئے ظاہر ہوا۔ اور تعینِ حبی کا مرکز حقیقتِ محمدیہ ہے۔ اور حدیثِ لولاک۔۔۔ سے ثابت ہوا۔ کہ تعینِ وجودی دوسرا اعتبار ہے۔ جو ایجادِ عالم کا مقدمہ بنا۔ گویا کہ تعینِ وجودی، تعینِ حبی کا ظل ہے۔ اور تعینِ حبی، تعینِ وجودی کے لئے واسطہ ہے۔

حقیقتِ محمدیہ کی مختلف تعبیرات واصطلاحات :

صوفیائے کرام کی تصریحات کے مطابق حقیقتِ محمدیہ کی مختلف تعبیرات، تشریحات اور اصطلاحات ہیں۔ جوکہ اس جدول میں ہیں۔

مرتبہء وحدت۔	قلم القلم۔	اسمِ الٰہی۔	امراللہ۔	اسمِ اعظم۔	مبدائے اول۔	تجلی اول۔	نورِ اول۔
ظہورِ اول۔	شہودِ اول۔	تعینِ اول۔	تنزلِ اول۔	فیضِ اول۔	روحِ اول۔	ظلِ اول۔	قلمِ اول۔
لوحِ اول۔	عقلِ اول۔	حقیقۃ الحقائق۔	قابلیتِ اولیٰ	برزخ البرازخ۔	برزخ کبریٰ۔	سدرۃ المنتہیٰ۔	حدِ فاصل۔
مرتبہ صورتِ حق۔	انسانِ کامل۔	ام الکتاب۔	القلب الواصل۔	الکتاب المسطور۔	روح القدس۔	روح الاعظم۔	روحِ کلی۔
الامام المبین۔	مراۃ الحق۔	المادۃ الاولیٰ۔	المعلم الاول۔	نفس الرحمٰن۔	مراۃ الحضرتین۔	البرزخ الجامع۔	مجمع البحرین۔
مراۃ الکون۔	مرکزۃ الدائرۃ۔	مفتاح الوجود۔	الوجود الساری۔	نورالانوار۔	سرالاسرار۔	نفس الانفاس۔	عرش العروش۔
طامۃ الحقائق لاکبریٰ۔	بصرالوجود۔	بصیرۃ الشہود۔	الروح القدوسی۔	السرالسبوحی۔	صورتِ ناسوتِ خلق۔	معنیٰ ءلاہوتِ حق۔	بحرِ قاموس۔
الجمع المطمطم۔	طرازرواءِ الکبریاء المطلسم۔	حرف الغین المعجم۔	نقطۃ الحق المبہم۔	مبداء الکل۔	مرجع الکل فی الکل۔	قرآن حقائق الذات۔	فرقان تجلیات الصفات۔
حضرت الاسماء والصفات۔	الحق المخلوق بہ کل شئی۔	مظہر کامل۔	عالمِ جبروت۔	علمِ اجمالی۔	حقیقتِ انسانیہ۔	حب ذاتی۔	ل ورذاتی۔
حب جبروتی۔	لوحِ قضاء۔	تعین جبی۔	تعینِ وجودی۔	رابطہ بین الظہور والبطون۔	اول ماخلق اللہ نوری۔	اول خلق اللہ العقل۔	اول خلق اللہ اللوح۔
اول خلق اللہ القلم۔	اول خلق اللہ الدرۃ بیضاء۔						

حقیقتِ محمدیہ شیخ اکبر امام محی الدین ابن العربی الحاتمیؒ :

حضرت شیخ اکبر ابن عربیؒ اور اُن کے تابعین صوفیائے کرام ومعتقدمینؒ فرماتے ہیں۔ کہ! ہمارے نزدیک حقیقتِ محمدیہ کہ جس کو تعینِ اول اور تعینِ حبی کہا جاتا ہے، کے نزدیک مرتبہء وحدت کا نام ہے۔ اور تعینِ ثانی کو واحدیت سے تعبیر کرتے ہیں۔ اور ہر دو تعینن کو تعین وجوبی کہتے ہیں۔ اور انہیں قدیم جانتے ہیں۔ اور باقی تین تعینات (یعنی روحی، مثالی اور جسدی) کو تعین امکانی کہتے ہیں۔ اسی طرح حقیقتِ محمدیہ اور حقائقِ ممکنات (اعیانِ ثابتہ) کے لئے وجوب کا حکم ثابت کرتے ہیں۔ اور واجب وممکن کے مابین امتیاز کے قائل نہیں ہیں۔ جیسا کہ خود فرماتے ہیں۔ کہ! ہمارے اعیانِ ثابتہ (حقائقِ ممکنات) حقیقت میں حق تعالیٰ کا ظل ہیں۔ نہ کہ اس کے غیر کا۔ (بہرحال) اِن کے نزدیک اصل اور ظل میں عینیت ہے۔ اور اعیانِ ثابتہ کو اسمائے الٰہیہ کی صورِ علمی کا ظہور کہتے ہیں۔ اور حقیقتِ محمدیہ حضرت اجمال علم مراد لیتے ہیں۔ اور اس کو مرتبہء لاتعین کا تعین اول اور تجلی ذات سمجھتے ہیں۔ اور اس تعین اول کو تعین علمی اور صورتِ شان العلم قرار دے کر خارج میں عین ذات کہتے ہیں۔ کیونکہ! ان کے نزدیک خارج میں ذاتِ محض کے علاوہ کوئی چیز موجود نہیں۔

حضرت شیخ اکبر ابن عربی ؒ اور اُن کے تابعین و دیگر صوفیائے وجودیہ کے نزدیک حقیقتِ محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوات، حقیقت الحقائق، تعینِ حبی، تعین وجودی اور ظہورِ نفس اسمِ الٰہی کا نام ہے۔ اور انبیائے عظامؑ اور ملائکہ کرامؑ وغیرہ کے حقائق حقیقتِ محمدیہ کے ظلال کی مانند ہیں۔ اور وہ اصل حقائق ہیں۔ ان حضرات کے نزدیک ذاتِ واجب (لاتعین) کے لئے تعینات، تنزلات وظلال کا اطلاق جائز نہیں۔ جبکہ حضرت امام مجدد الف ثانی ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! فقیر کے نزدیک کوئی تعین و متعین نہیں ہے۔ وہ کون سا تعین ہے۔ جو لاتعین (یعنی ذات واجب حق تعالیٰ) کو متعین بنائے۔ حضرت امام ربانیؒ کے نزدیک حقیقتِ محمدیہ ذات کے مرتبہء شان العلم کے اعتبار سے قابلیتِ اولیٰ کا نام ہے۔ جو نفسِ اسمِ الٰہی کا نام ہے۔ نہ کہ اس اسم کی صورتِ علمی کا ظہور۔ کیونکہ! کسی چیز کی نفس شئی اور اس کی صورتِ علمیہ کے درمیان بہت بڑا فرق ہے۔ جیسا کہ نفسِ آگ اور اس کی صورت علمی میں فرق سے واضح ہے۔ نیز امام مجدد ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! آنحضرت نبی مکرم ﷺ کے علاوہ کوئی شخص ایسا نظر نہیں آتا۔ جو نفس اسمِ الٰہی کا ظہور ہو۔ البتہ قرآنِ مجید کہ وہ بھی نفسِ الٰہی کا ظہور ہے۔ یعنی خلاصہء کلام یہ ہے۔ کہ! ظہورِ قرآنی کا منشائے صفاتِ حقیقہ سے ہے۔ اسی لئے اس کو قدیم اور غیر مخلوق کہا جاتا ہے۔ اور ظہورِ محمدی کا منشائے صفاتِ اضافیہ سے ہے۔ لہٰذا اس کو حادث اور قدیم کہا جاتا ہے۔ اور کعبہء ربانی کا معاملہ ان دونوں ظہور را سے بھی زیادہ عجیب ہے۔ کہ وہاں صورتوں اور شکلوں کے لباس کے بغیر معنیٔ تنزیہی کا ظہور ہے۔ بہر حال طائفہ علیہ صوفیاء ؒ کے نزدیک حقیقتِ شئی سے مراد اسمِ الٰہی ہے۔ جو کہ اس شئی کا مبدائے تعین ہے۔ اور یہ شئی اس اسم کے لئے ظل اور عکس کی مانند ہے۔

☆ **حقیقتِ محمدیه** سے مراد ذاتِ محمدیہ نہیں۔ بلکہ وہ اسمِ الٰہی ہے۔ جو آنحضور نبی مکرم ﷺ کے عالمِ خلق کا مربی ہے۔ اور وہ شان العلم ہے۔

☆ **حقیقتِ کعبه** سے مراد وہ مرتبہء وجوب ہے۔ جو کہ حضور ﷺ کے عالمِ امر کا مربی ہے۔ اور شان العلم سے بلند تر ہے۔ اس اعتبار سے حقیقتِ کعبہ حقیقتِ محمدیہ سے افضل ہے۔ ☆ نیز حقیقتِ کعبہ عالم اکوان کے لئے مسجود ہے۔ جبکہ حقیقتِ محمدیہ ساجد ہے۔ نہ کہ مسجود۔ لہٰذا حقیقتِ کعبہ شانِ مسجودیت کی وجہ سے حقیقتِ محمدیہ سے افضل ہے۔ اور ساجدیت و مسجودیت کا فرق اہلِ علم وفہم پر واضح ہے۔ جیسا کہ امام ربانی ؒ نے فرمایا۔ کہ! اگر کعبہ کی اس حقیقت کو (جو کہ درحقیقت ذاتِ بے چون اور شایانِ مسجودیت ہے) مسجودِ حقیقتِ محمدیہ کہا جائے۔ تو کون سا امر مانع ہے۔ ہاں حقیقتِ محمدی تمام افرادِ عالم کے حقائق سے افضل ہے۔ لیکن حقیقتِ کعبہ جنسِ عالم سے نہیں ہے۔ ☆ حضرت شیخ عبدالنبی شامی نقشبندی ؒ خلیفہ شیخ آدم بنوری ؒ رقم طراز ہیں۔ کہ! معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ! حضرت کعبہ کی دو حقیقتیں ہیں۔ ایک حقیقت مرتبہء مخلوق کی ہے۔ اور یہ نورِ اول کی قابلیتوں میں سے ایک قابلیت ہے۔ وہ نورِ اول نورِ محمدی ہے۔ اور دوسری حقیقت مرتبہء وجوب کی ہے۔ جو معبودیت یعنی جس کو سجدہ کیا جائے، کی حقیقت ہے۔ اور کعبہ کی یہی حقیقت اللہ تعالیٰ کو سجدہ کرنے کی مقتضی ہے۔ اور آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی بھی دو حقیقتیں ہیں۔ ایک حقیقت مرتبہء مخلوق کی ہے۔ جو نورِ اول کی ذات ہے۔ اور تمام قابلیتوں کو جمع کرنے والی ہے۔ اور کعبہ بھی ان قابلیتوں میں سے ایک قابلیت ہے۔ اور دوسری حقیقت مرتبہء وجوب کی ہے۔ جو ذات کی قابلیت ہے۔ اور علمی اعتبار سے ہے۔ تا کہ تمام شیون و صفات کو اجمالی طریقے سے جمع کرنے والی بنے۔ اور یہ قابلیت معبودیت کی قابلیتوں میں سے ایک قابلیت ہے۔ چنانچہ ہمارے حضرتِ ایشاں ؒ کا قول فضیلتِ کعبہ کے متعلق دوسری حقیقت ہے۔ نہ کہ پہلی۔ حقیقتِ کعبہ اگرچہ حقیقتِ محمدی سے افضل ہے۔ مگر کعبہ کی حقیقت اپنے مقامِ اصلی سے اوپر عروج نہیں کرتی۔ جبکہ حقیقتِ محمدیہ بمطابق آیتِ کریمہ ''**وللآخرة خیر لک من الاولیٰ**'' ہر دم عروجِ لاتناہی سے مشرف ہے۔ نیز صورت کعبہ مخلوق ہے۔ اور حقیقتِ محمدیہ سببِ ظہورِ مخلوق ہے۔ اور حقیقتِ محمدیہ صورتِ کعبہ سے افضل ہے۔ اور حقیقتِ کعبہ حقیقتِ محمدیہ سے افضل ہے۔ اہلِ تحقیق پر یہ امر بخوبی روشن ہے۔ کہ امام ربانی ؒ کے مکاتیبِ قدسیہ اور تصانیفِ شریفہ میں لفظ حقیقتِ محمدیہ مختلف معانی اور متعدد اقسام پر استعمال ہوا ہے۔ ہر جگہ ایک ہی مخصوص معنی یا قسم مراد لینا فہمِ سقیم کی علامت ہے۔ لہٰذا جب حقیقتِ محمدیہ حقیقتِ کعبہ کے مقابلے میں بولا جائے گا۔ تو مراد اسمِ الٰہی ہوگا۔ جو عالم سفلیات کی تربیت کی مناسبت رکھتا ہے۔ اور جب حقیقتِ الٰہیہ کے مقابلے میں بولا جائے گا۔ تو مراد شانِ ذاتی ہوگی۔ جو عالمِ علویات کی تربیت کا متولی ہے۔ اور تمام شیوناتِ ذاتیہ کو حاوی ہے۔

☆ اسی مسئلے کا شافی حل حضرت امامِ ربانی ؒ کے فرزند ارجمند حضرت خواجہ محمد سعید سرہندی ؒ نے ایک مکتوب میں بیان فرمایا ہے۔ جو کہ علمائے حرمین شریفین کے نام تحریر فرمایا تھا۔ نیز حضرت شیخ عبدالنبی شامی نقشبندی ؒ خلیفہء مجاز حضرت شیخ آدم بنوری ؒ نے اپنی کتاب ''مجموعۃ الاسرار'' میں بھی ارقام فرمایا ہے۔ دونوں کتابوں سے علی الترتیب اقتباسات ملاحظہ فرمائیں۔

☆ حقیقتِ محمدیہ کے الفاظ ہمارے شیخ اور امام کی تصانیف میں مختلف معنوں اور اقسام میں آئے ہیں۔ حقیقتِ محمدیہ جب حقیقتِ احمدیہ اور حقیقتِ کعبہء ربانیہ کے مقابلے میں بولی جائے۔ تو اس سے وہ جامع اسمِ الٰہی مراد ہے۔ جو عالمِ سفلی کی تربیت کے لئے مناسبت رکھتا ہے۔ اور جب حقیقتِ الٰہیہ کے مقابلے میں بولی جائے۔ تو اس سے مراد وہ جامع شانِ ذاتی ہے۔ جو عالمِ علوی کی تربیت کے ساتھ مناسبت رکھتا ہے۔ اور تمام شیوناتِ ذاتیہ پر حاوی ہے۔ اور اصل و مبداء ہے۔ اس جامع اسم کا جو کہ تمام اسماء کو شامل ہے۔ پس یہ شان تمام حقائق کا کل ہے۔ اور باقی حقائق اس کے اجزاء ہیں۔ اور اسے حقیقت الحقائق سے تعبیر کرتے ہیں۔ اور یہ وہ حقیقت ہے۔ کہ اس کے اور ذاتِ مقدس کے درمیان کوئی واسطہ نہیں۔ جیسا کہ حضرت امام مجدد ؒ نے اپنی وفات سے چند یوم قبل اپنے آخری مکتوب میں تحریر فرمایا تھا۔ کہ! حقیقتِ محمدیہ تمام حقائق سے فوق (بلند و بالا) ہے۔ ☆ حقیقتِ قرآنی اور حقیقتِ کعبہء ربانی کا درجہ حقیقتِ محمدی علی مظہرھا الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ سے اوپر ہے۔ لہٰذا حقیقتِ قرآنی، حقیقتِ محمدی کی امام اور پیشوا ہوئی۔ اور حقیقتِ کعبہء ربانی، حقیقتِ محمدی کی مسجود ہوئی۔ لہٰذا جاننا چاہیئے۔ کہ! جس طرح کعبہ کی صورت اشیاء کی صورتوں کی مسجود ہے۔ اسی طرح حقیقتِ کعبہ ان اشیاء کی حقیقتوں کی مسجود ہے۔

حقیقتِ محمدیہ : (بمطابق جناب ابوالبیان محمد سعید احمد مجددی نقشبندی در کتاب البینات شرح مکتوبات امام ربانیؒ)

حقیقتِ محمدیہ درحقیقت اسمِ اعظم ہے۔یعنی کہ! ''**ھی الذات مع التعین الاول وھو الاسم الاعظم** ''(یعنی) حقیقتِ محمدیہ وہ ذات ہے۔کہ! تعین اول کے ساتھ اور وہی اسمِ اعظم ہے۔ عارف باللہ حضرت شیخ عبدالغنی نابلسی نقشبندیؒ نے ''شرح خطبہ دیوان ابن الفارض'' میں'' **و قرن اسمه الشر یف با عظم اسمآ ئه الحسنیٰ** '' کی شرح میں فرمایا ہے۔ **وھو اسم الله فا نه الاسم الاعظم علیٰ ما علیه الا کثر** ''(یعنی) آنحضور نبی مکرم ﷺ کا اسم ہیں۔ پس بے شک وہ **اسمِ اعظم** ہیں۔ ☆ اور اسی پر اکثریت کا اتفاق ہے۔صوفیائے وجودیہ کے نزدیک **ذاتِ لاہوت** کے تنزلات کوتعبیری الفاظ میں اسماء کہا جاتا ہے۔مرتبہءذات (لاتعین) کے بعد اسماء کے مراتب شروع ہو جاتے ہیں۔جن میں پہلا مرتبہ **وحدت** کا ہے۔ جبکہ باقی جملہ مراتب کاظہور اور ان کی بقاء اسی مرتبہ سے وابستہ ہے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ کا اسمِ اعظم بھی وحدت ہے۔اور آپ ﷺ بھی اللہ تعالیٰ کے اسمِ اعظم کے ساتھ متحقق ہیں۔اسی لئے اس مرتبے کواسماء کے مراتب کا اسمِ اعظم کہا جاتا ہے۔(واللہ اعلم بالصواب) اسی لئے کہا جاتا ہے۔کہ!

''**فا لحقیقة المحمدیة صورة لا سم الله الجا مع لجمیع الاسمآء الا لھیة لا نه الاسم الاعظم** ''(یعنی) پس حقیقتِ محمدیہ تمام اسمآئے الٰہیہ کے جامع اسم اللہ کی صورت ہے۔اسی لئے حضور ﷺ صاحب وحاملِ اسمِ اعظم ہیں۔

ایمان بچانے کی خاطر پہاڑ کی گھاٹی میں زندگی گزارنا :

حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے انہوں نے بیان کیا کہ کسی شخص نے دریافت کیا یارسول اللہ ﷺ کون شخص افضل ہے؟ فرمایا کہ وہ مؤمن جو اپنے مال وجان سے اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کرے۔اس شخص نے عرض کیا کہ پھرکون ؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہ شخص جولوگوں سے کنارہ کش ہوکر کسی گھاٹی میں رب تعالیٰ کی بندگی میں لگا ہوا ہو۔ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہو اور لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ کیا ہوا ہو۔(اسی طرح سے) ایک روایت ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ سے فرمایا۔کہ! قربت حاصل کرنے والے میرے ڈر سے رونے کے علاوہ کسی اور چیز سے میرا اقرب حاصل نہیں کر سکتے۔(صحیحین)

سمندروں پار ہے خانہ کعبہ اوتھے جانا سوکھا نفس دا نالہ ٹپ کے بندیا دل تک جانا اوکھا

ہمارے لئے کیا جاننا ضروری ہے :

واعلموا ان الله مع المتقین ۔(ترجمہ) اور جان لو۔بے شک اللہ تعالیٰ متقیوں کے ساتھ ہے۔(بقرہ۔194) ☆ **واعلموا ان الله شدید العقاب۔ وان الله غفور رحیم** ۔(ترجمہ) اور جان لو۔بے شک اللہ تعالیٰ سخت عذاب دینے والا ہے۔اور یہ کہ اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان (بھی تو) ہے۔ ☆ **واعلموا ان کم الیه تحشرون** ۔(ترجمہ) جان لو۔بے شک تم سب کو اس کی طرف لے جاکر جمع کیا جائے گا۔ ☆ **واعلموا ان الله یعلم ما فی انفسکم فا حذروہ** ۔(ترجمہ) جان لو۔بے شک اللہ تعالیٰ وہ سب جانتا ہے۔۔جوتمھارے دلوں میں ہے۔☆ **واعلموا انما اموالکم و اولاد کم فتنة وان الله عندہ اجر عظیم** ۔(ترجمہ) جان لو۔کہ تمھارے مال اور اولاد حقیقت میں سامانِ آزمائش ہیں۔اور اللہ تعالیٰ کے پاس (تو) اَجر دینے کے لئے عظیم انعام ہے۔☆ **اعلموا انما الحیوٰ ة الد نیا لعب و لھو و زینة و تفا خر بینکم و تکا ثر فی الا موال و الاو لاد** ۔(ترجمہ) خوب سمجھ لو۔کہ! اس دُنیا کی زندگی کی حقیقت صِرف یہ ہے۔کہ وہ نام ہے کھیل کود کا،ظاہری سجاوٹ کا،تمھارا ایک دوسرے پر فخر جتانے کا،اور مال واولاد میں ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنے کا۔

علم تصوف اور موجودہ دور کے جاھلین

اسی ضمن میں یہ فقیر حقیر پرتقصیر (البلوشی) قارئیں ذی اکرام کی خدمت میں عرض پرداز ہے۔کہ! کچھ نام نہاد صوفیائے کرام اور جعلی پیر فقیر حضرات کا کہنا ہے۔کہ! نماز ظاہری کی کیا ضرورت ہے ؟ صوم وصیام کی کیا ضرورت ہے ؟ اصل فقیری و درویشی تو درحقیقت کچھ اور ہی ہے۔جس کی پہچان صاحبینِ علم وعرفان ومعرفت رکھنے والے چند گنے چنے لوگوں کو ہی معلوم ہے۔(معاذ اللہ۔نعوذ باللہ)

میری جملہ قارئینِ کتاب ہٰذا (**اسرارِ محبوبِ کامل**) سے عرض ہے۔کہ! یہ لوگ بہت بڑا فتنہ وفساد ہیں۔شریعت سے عاری ہیں۔میرے قلیل علم کے مطابق علمِ تصوف کی بنیاد چار باتوں سے عبارت ہے۔یہ چار باتیں شریعت،طریقت، معرفت،حقیقت دراصل یہ ہیں۔

علمِ باطن ہمچو مسکہ ، علمِ ظاہر ہم چو شِیر کے شود بے شِیر مسکہ ، کے بود بے پیرِ پیر

شریعت مثل دودھ کے ہے۔ **طریقت** مثل لسی کے ہے۔

معرفت مثل مکھن کے ہے۔ **حقیقت** مثل روغن کے ہے۔

اَب بھلا مجھے کوئی اتنا تو سمجھائے۔کہ! دودھ کے بغیر لسی ، لسی کے بغیر مکھن اور مکھن کے بغیر روغن (اصلی دیسی گھی) بنانا کیونکر ممکن ہوسکتا ہے۔دنیا میں موجود تمام علوم وفنون کا سرچشمہ قرآنِ حکیم ہے۔قرآنِ حکیم کے معانی ومفاہیم کو سمجھنے کے لئے صحیح احادیثِ نبوی ﷺ کا کثیر مجموعہ موجود ہے۔اور احادیثِ نبویہ ﷺ کو سمجھنے کے لئے فقہ (حنفی ، مالکی ، حنبلی و شافعی) موجود ہے۔

شریعت و طریقت کا تصادم یا موافقت :

اِسی ضمن میں حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ اپنی کتاب ''اشرف الطریقة فی الشریعة والحقیقة'' المعروف بہ ''شریعت وطریقت'' میں رقم طراز ہیں۔کہ! دین (یعنی شریعت) کے پانچ اجزاء ہیں۔ان میں سے ایک جز وتو (فقط) عقائد کا ہے۔(عقائد یعنی کہ) دل اور زبان سے یہ اقرار کرنا۔کہ! اللہ تعالیٰ ورسول اللہ ﷺ نے جس چیز کی جس بھی طَور سے خبر دی ہے۔وہی درحقیقت حق وسچ ہے۔جبکہ دوسرا جز وعبادات ہیں۔(عبادات یعنی کہ) نماز، روزہ، زکوۃ، حج وغیرہا۔اسی طرح سے تیسرا جز ومعاملات ہیں۔(معاملات یعنی کہ) احکامِ نکاح وطلاق، حدود وکفارات، بیع وشراء، اجارہ وزراعت وغیرہا چوتھا جز ومعاشرت ہے۔(معاشرت یعنی کہ) اُٹھنا بیٹھنا، چلنا پھرنا، کھانا پینا، ملنا جلنا، مہمان بنانا یا بننا اور بیوی، بچوں، عزیز واقارب، دوست واحباب، ہمسائے وغیرہا کے آداب۔آخری جز وتصوف ہے۔جس کو شریعت میں اصلاحِ نفس کہا جاتا ہے۔شریعت میں ہر چیز کا اعتدال مقصود ہے۔اور اعمال دراصل اخلاق کی فرع ہیں۔(یعنی اعمال، اخلاق ہی سے پیدا ہوتے ہیں) اخلاق کے تین اصول ہیں۔یعنی تین قوتوں سے اخلاق پیدا ہوتے ہیں۔قوتِ عقلیہ، قوتِ شہویہ اور قوتِ غضبیہ۔کیونکہ! ہر قوت کے تین ہی درجات ہیں۔افراط، تفریط اور اعتدال۔بقولِ امام ابوحنیفہؒ فقہ کی تعریف یہ ہے۔**معرفة النفس ما لھا و ما علیھا**۔(یعنی نفس کے نفع اور نقصان کی چیزوں کو پہچاننا) یعنی کہ! متاخرین کی اصطلاح میں شریعت جز ومتعلق باعمال ظاہرہ کا نام ''فقہ'' ہوگیا۔جبکہ جز وثانی باعمالِ باطنہ کا نام ''تصوف'' ہوگیا۔اور اعمالِ باطنی کے طریقوں کو ''طریقت'' کہا جاتا ہے۔ان طریقوں پر چلتے ہوئے جو معاملاتِ غیبیہ اللہ تعالیٰ اور بندے کے مابین منکشف ہوتے ہیں۔ان مکشوفات کو ''حقیقت'' کہتے ہیں۔اور حقیقت کے اس انکشاف کو ''معرفت'' کہا جاتا ہے۔معرفت جاننے والا عارف ومحقق ہوگا۔

دِین کے پانچ اجزاء ہیں۔اور اگر ان پانچوں میں سے ایک جز وبھی کم ہو۔تو دِین ناقص ہے۔جیسے کوئی شخص بنا ہاتھ کے، کہ وہ ناقص الخلقت ہے۔

بقول (البلوشی) دینِ اسلام میں انسانی حیات کے جملہ امور کا حل فقط چار حصوں پر مشتمل ہے۔عقائد، عبادات، معاملات اور اخلاقیات۔عقائد میں ایمانیات شامل ہیں۔عبادات میں حقوق اللہ اور ارکینِ اسلام، معاملات میں حقوق العباد اور اخلاقیات میں تزکیۂ نفس، سیرت وکردار اور اخلاق کو سنوارنا شامل ہیں۔

علمِ باطن ہمچو مسکہ علمِ ظاہر ہمچو شیر
کے شود بے شیر مسکہ کے بود بے پیر پیر

اسلام ظاہری اعمال کے اتباع وانعقاد کا نام ہے۔جبکہ ایمان سے مُراد تصدیقِ قلبی اور حالِ باطن ہے۔جیسا کہ سورہ الحجرات آیت نمبر ۱۴۔میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! اعرابیوں نے کہا ہم ایمان لائے۔ اے محمد ﷺ! آپ ﷺ انہیں فرمادیں۔تم ایمان تو نہیں لائے (یعنی کہ تصدیقِ قلبی نہیں کی) لیکن یہ کہو۔کہ ہم مُسلمان ہیں (یقین ظاہری احکام کے فرمانبردار ہے)۔لہٰذا! اسلام وایمان (انتہائی قلیل فرق کے ساتھ) ایک ہی کیفیت وحالت، مزاج وطبع کے دونام ہیں۔

الحاصل الکلام! تصوف کے اصول وقواعد درحقیقت قرآنِ حکیم اور احادیثِ صحیحہ میں بعین موجود ہیں۔لیکن تصوف وطریقت کے لئے شریعت کی گھاٹی سے گزرنا نہایت لازمی ہے۔جبکہ شریعت کی سو فیصدی پابندی نہیں ہوتی۔کوئی بندہ سالک، صوفی یا متصوف کہلانے کا قطعًا حقدار نہیں ہے۔

ایں سعادت بزورِ بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

پاسِ شریعت : حضرت ابویزید بسطامیؒ ایک ایسے شخص کو ملنے چلے۔کہ جس کی ولایت آپؒ سے بیان کی گئی تھی۔جب اِن کی مسجد کے قریب آپؒ پہنچے۔تو اِن کے باہر آنے کے انتظار میں بیٹھ گئے۔کچھ دیر کے بعد جب وہ شخص (مسجد سے) باہر نکلا۔تو اس نے منجانب قبلہ تھوک دیا۔تو حضرت بایزید بسطامیؒ (اس کا یہ فعل دیکھ کر) وہاں سے واپس پلٹ پڑے۔اور اس شخص کو سلام تک نہیں کیا۔اور فرمایا۔کہ جب آدابِ شریعت کا اس کو پاس نہیں۔تو یہ (ولی اللہ) اَسرارِ خداوندی کا کیسے امین ہوسکتا ہے؟ حضرت قدوۃُ الکبرٰیؒ فرماتے ہیں۔کہ کوئی شخص حضرت شیخ ابوسعید ابوالخیرؒ کی خدمتِ اقدس میں پہنچا۔اور اس نے پہلے اپنا بایاں پاؤں مسجد میں رکھا۔تو شیخ نے اس سے فرمایا۔لَوٹ جاؤ۔کہ جو شخص دوست کے گھر (مسجد۔اللہ کا گھر) کے داخل ہونے کے آداب سے ہی واقف نہیں ہے۔اس سے ہم کلام وہم نشین ہونا مناسب نہیں۔حضرت کبیرؒ نے عرض کیا۔ولی کے لئے شرطِ محفوظ سے مراد تمام عصیاں سے محفوظ ہونا ہے یا بعض سے؟ تو آپؒ نے فرمایا۔کہ شرط یہ ہے۔کہ **اصرار علی المعصیت** سے محفوظ رہے۔تاکہ گناہ پر اس کا قیام نہ ہو۔یہ بھی کہا گیا ہے۔کہ ولی صغیرہ گناہوں پر بھی قائم رہنے سے محفوظ ہے۔(یعنی صغیرہ گناہوں پر اصرار نہیں ہے) حضرت جنیدؒ سے ایک شخص نے سوال کیا۔ اے ابوالقاسمؒ! کیا ولی سے زِنا سرزد ہوسکتا ہے؟ تو آپؒ کچھ دیر سر جھکائے رہے۔پھر فرمایا۔کہ اللہ تعالیٰ نے ہر فعل کا اندازہ مقرر کردیا ہے۔(یعنی جو کچھ اس ولی کے مقدر میں مقرر ہو چکا ہے۔وہ مصدور ومتحقق ٹھہرا۔یعنی وہ ہوکر ہی رہے گا) حضرت قدوۃُ الکبرٰیؒ فرماتے ہیں۔کہ میں نے حضرت شیخ علاؤالدولہ سمنانیؒ سے سنا ہے۔کہ انہوں نے فرمایا ہے۔کہ! انبیاءؑ اظہارِ گناہ کرنے سے معصوم ہیں۔اور اولیائے کرامؒ گناہوں کی ذلت سے محفوظ ہیں۔(حدیث نبوی ﷺ!) حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! اے اللہ تعالیٰ! تو بخشتا ہے (لہٰذا) سب کو بخش دے۔کون بندہ بے گناہ ہے تیرا۔ آگے چل کر فرماتے ہیں۔مجھ بیچارے کے نزدیک کوئی گناہ اس سے بدتر نہیں۔کہ بندہ خود کو خطا کار اور مجرم نہ سمجھے۔

ہر مراتب از شریعت یافتم
پیشوائے خود شریعت ساختم

من کنت مولاہ فعلی مولاہ

تیری قدر تو وہ جانیں ، جو تیرے سنگ سنگ چلے — ناداں کو کیا خبر تیری رفعت کیا ہے
معلوم نہیں جن کو اپنا شجرہء نسب ٹھیک سے — خاک جانیں گے تیرے افکار کی وسعت کیا ہے

وصیتِ حضرت امیر المؤمنین علی ابنِ ابی طالبؓ :

لا تجعل بینک و بین اللہ منعما — و عد نعمۃ غیرہ علیک مغرما

اپنے اور اللہ تعالیٰ کے مابین کوئی دوسرا انعام دینے والا مَت بناؤ۔ اور غیر اللہ کی نعمت کو اپنے اوپر قرض یا تاوان شمار کرو۔

لعمرک من اولیتہ منک نعمۃ — و مدھا کفا فانت امیرہ

آپ کی عمر کی قسم! جس شخص کو آپ نے اپنی طرف سے کوئی نعمت عطا کی۔ اور اس نے نعمت لینے کے بعد آپ کے سامنے ہاتھ پھیلایا۔ تو آپ اس کے امیر ہو۔

ومن کنت محتا جا الیہ فانہ — امیرک تحقیقا و انت اسیرۃ

اور جس شخص کے آپ محتاج ہیں ۔ وہ آپ کا حقیقی امیر ہے ۔ اور آپ اس کے قیدی ہیں ۔

ومن کنت عنہ ذا غنی و ھو مالک — ازمۃ اھل الدھر انت نظیرۃ

اور جس شخص سے آپ بے نیاز ہیں ۔ وہ اگر چہ اہلِ زمانہ کا مالک اور سردار ہو ۔ پھر بھی آپ اس مثل اور برابر ہو ۔

فعش فانعا ان القناعۃ للغنی — غناہ و ھٰذا مقتضٰی ما اشیدہ

پس آپ قناعت سے زندگی بسر کریں ۔ کیونکہ قناعت نوجوانوں کے لئے غناء ہے۔ اور جس کی جانب میں اشارہ کرتا ہوں ۔ اس کا تقاضا (بھی) یہی ہے۔

ولا البس النعماء و غیرک ملبسی — ولا املک الدنیا و غیرک واھبی

اور میں ایسی نعمتوں کو نہیں پہنتا ۔ جس کو آپ کے سوا کوئی دوسرا پہنانے والا ہو ۔ اور نہ ہی میں ایسی دنیا کا مالک ہونا چاہتا ہوں ۔ جس کا دینے والا آپ کے سوا کوئی دوسرا ہو ۔

حقیقتِ انسانی کو سمجھنے کے لئے تعلیماتِ امیر المؤمنین حضرت سیدنا علی ابن ابی طالبؓ

حقیقتِ انسانی کو جاننے اور سمجھنے کا سب سے بہترین طریقہ وہ ہے ۔ جو کہ ! حضرت امیر المؤمنین علی المرتضیٰؓ نے اپنے جگر گوشہ اور فرزند دلبند کو تعلیم فرمایا ۔ کہ ! جس میں انسانی حقیقت کا ایک جامع فلسفہ پوشیدہ ہے ۔ کہ !

یا ولدی فکرک فیک یکفیک — فلیس شیء خارجا منک

اے میرے فرزند ! تیرا فکر تجھ میں تیرے لئے کافی ہے ۔ — کیونکہ کوئی شئے تجھ سے خارج نہیں ہے ۔

و دائک فیک وما تشعر — دوائک منک ولا تبصر

اور تیرا اندر تیرے اندر ہی ہے ۔ مگر تم جانتے نہیں ۔ — تیری دواء تجھ میں ہی ہے ۔ مگر تم دیکھتے نہیں ۔

و تزعم انک جسم صغیر — و فیک انطوی عالم اکبر

اور تجھ کو گمان ہے ۔ کہ تمھارا ایک چھوٹا جسم ہے ۔ — حالانکہ تیرے اندر ایک عالمِ اکبر لپٹا ہوا ہے ۔

و انت ام الکتاب الذی — ماحرفہ یظھر المضم

اور تو ایک ام الکتاب ہے ۔ — کہ اپنے حروف سے دل کی بات جانتے ہو ۔

حضرت علی المرتضیٰؓ کے ابیات و اشعار کی مختصر شرح :

یا ولدی فکرک فیک یکفیک ۔ (اے میرے فرزند ! تیرا فکر تجھ میں تیرے لئے کافی ہے) یعنی کہ اگر تم (اے فرزند سیدنا علیؓ) اللہ تعالیٰ کا دیدار اور اپنی شناخت چاہتے ہو ۔ تو اپنے تئیں غور وفکر کرو ۔ کہ ! وہ ذاتِ باری تعالیٰ تجھ ہی میں ہے ۔ نہ کہ تم سے جدا ۔ کیونکہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔ کہ ! **و فی انفسکم افلا تبصرون** ۔ اور (وہ ذات) تمھارے نفسوں (اجسام) میں ہے ۔ کیا تم نہیں جانتے ۔ (القرآن) ایک روز حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے حضرت نبی مکرم ﷺ سے دریافت کیا ۔ **این اللہ** ۔ اللہ تعالیٰ کہاں ہے ؟ تو آنحضرت رسولِ اکرم ﷺ نے جواباً فرمایا ۔ **فی قلوب عبادہ** ۔ یعنی بندوں کے قلوب میں ہے ۔ (الحدیث) بقول بعضے !

نباشد پرسیدن ترا خانہ کجا باشد — نشانے وہ اگر یابم کہ آں اقبال ما باشد

یہ پوچھنا کوئی عیب (گستاخی) نہیں ۔ کہ ! آپ کا گھر (مقام ومکان) کہاں ہوگا ؟ تو ہم کو اپنا پتہ ونشانی بتا ۔ اگر ہم نے تجھے پالیا ۔ تو یہ ہمارا اقبال و خوش نصیبی ہوگی ۔ ایک حدیثِ پاک میں ہے ۔ کہ ! **قلوب المؤمنین عرش اللہ تعالیٰ** ۔ مومنوں کے قلوب اللہ تعالیٰ کا عرش ہیں ۔ (حدیث) اسی حدیث کے ضمن میں یہ آیتِ مبارکہ دال ہے ۔ کہ ! **الرحمٰن علی العرش استوٰی** ۔ رحمان عرش پر مکیں ہے ۔ (القرآن) اَب حضرت انسان کو غور وفکر

کے ساتھ آشنائی و آگاہی حاصل کرنی چاہیئے۔کہ! **انسان کی اصل کیا ھے** ؟اے حضرتِ انسان تُو اپنے دل میں سوچ۔اور اپنے نفس میں فکر کر۔کہ! تُو کون ہے ؟ کیا تھا ؟ کیا صورت تُو نے پائی ہے ؟اور تیری اصل کیا ہے ؟

اے حضرتِ انسان! تو تُو ذرا ہوش سے سُن! کہ تیری اصل ذاتِ بحت (بحت یعنی خالص و بے مَیل ہونے کی حالت) ہے۔اول منزل میں تُو نے حقیقتِ محمدی ﷺ کے نام کو پایا۔ دوسری منزل میں تُو نے حقیقتِ انسانی میں آیا۔تیسری منزل میں روح سے مربوط ہوا۔چوتھی منزل میں عالمِ مثال بنا۔پانچویں منزل میں تیرے رہنے کے لئے تجھے جسمِ کثیف ملا۔تا کہ تُو اپنی اصل کو بھول جائے۔جب اس جسمِ کثیف نے اپنی کثافت کا اثر ڈالا۔تو اس صحبتِ اثر نے تجھے اپنے ساتھ شامل کرلیا۔اور تُو خود سے یہ کہنے لگا۔کہ! یہ میرا جسم ہے۔میں مجسم انسان ہوں۔میں فلاں کا بیٹا ہوں۔میں فلاں کا باپ ہوں۔میں فلاں کا شوہر ہوں۔میں بھوکا ہوں۔میں پیاسا ہوں۔میں مفلس ہوں۔ میں اندھا ہوں۔ میں لنگڑا ہوں۔ میں عاجز ہوں۔(وغیرہ وغیرہ)

اے حضرتِ انسان! تُو اچھی طرح سے سمجھ لے۔کہ! تُو نہ تو جسم ہے۔اور نہ ہی تیرا کوئی جسم ہے۔نہ ہی تُو کسی بیٹا، باپ یا شوہر ہے۔نہ ہی تُو اندھا ،لنگڑا و عاجز ہے۔غرض جو بھی کچھ ان صفات سے موصوف یہ جسم ہی جسم ہے۔یہ تمام رشتے ،عیوب اور صفات بس صِرف اسی جسم میں ہی ہیں۔تجھ میں کوئی عیب نہیں۔کیونکہ! تیری روح تو پاک وصاف اور تمام عیوب ونقائص سے مبرا ہے۔تجھے تو **خلیفة اللہ** ہونے کا اعزاز وشرف حاصل ہے۔یہ جسم تو اعتباری واختیاری لباس کی مانند ہے۔جیسے تُو نے اپنی اغراض ومقاصد دینی ودنیاوی کی خاطر ایسے سینکڑوں لباس بدل ڈالے۔تو ایک دن ایسا بھی آئے گا۔جب تُو اِسے بھی اُتار دے گا۔کیونکہ! اس (جسم) کے ہونے یا نہ ہونے سے تیرا کسی بھی طرح حرج ونقصان نہ ہوگا۔اور تُو جیسا تھا۔ویسا ہی رہے گا۔ بلکہ اس (جسم) کے ساتھ محبت کرنے سے پستی میں گرتا چلا جائے گا۔اور دائمًا رنج وغم واَلم کا شکار رہے گا۔لہٰذا بالمقصد اور فی المقصد اس سے محبت کا رشتہ توڑ کر اپنی اصلیت کی جانب گامزن ہو۔اور اس کی اُلفت سے منہ موڑ لے۔تا کہ تُو عذابِ سرمدی کے سفر سے چھوٹ جائے۔اور اپنے اصلی وطن میں پہنچ کر راحت ومسرت پائے۔(ان شاءاللہ) کیونکہ! (حدیث) **حب الوطن من الا یمان**۔وطن سے محبت ایمان کا خاصہ ہے۔(اور) وطنِ اصلی پاکستان ودیگر کوئی مُلک نہیں۔بلکہ وطن تو ایک ایسا ملک وشہر ہے۔کہ! جس کا کوئی نام ومکان ومقام نہیں۔

اے حضرتِ انسان! جب تم اوپر کے تنزلات وتعینات واضافات کو خود سے الگ کر کے تفکر کرو گے۔تو یقینِ کامل ہے۔کہ! تم اپنی اصل حقیقت تک پہنچ جاؤ گے۔(ان شاءاللہ) کیونکہ! عقل مند کو تو ایک اشارہ ہی کافی ہے۔ **فلیس شیء خارجا منک**۔اے میرے فرزند! تیرا فکر تجھ میں تیرے لئے کافی ہے۔(یعنی کہ) سبھی کچھ تیرے اندر جب موجود ہے۔تو تُو کیوں باہر دیکھتا وجھانکتا ہے۔

(یعنی کہ) اے وہ کہ تُو ہی کتابِ الٰہی کا ورق ہے۔اُس جمالِ شاہی کا آئینہ تُو ہی تو ہے۔جو کچھ بھی دونوں جہان میں ہے۔وہ تجھ سے باہر نہیں ہے۔تُو بس اپنے ہی اندرون طلب وجستجو کر۔جو بھی کچھ تُو چاہتا ہے۔وہ تجھے تیرے ہی اندر ملے گا۔(ان شاءاللہ)

یعنی کہ! **اپنا مطلب ومقصد خود میں ہی طلب کرتا رہ**۔ کیونکہ! حضرتِ علی المرتضٰیؓ فرمایا۔کہ! اے فرزند! اپنے اندر تفکر کر۔جو چیز تجھے مطلوب ہو۔اپنے ہی اندر طلب کر۔(اُسے تُو) اپنے ہی اندر پائے گا۔کوئی شئے تجھ سے خارج نہیں۔کہ جسے تُو باہر تلاش کرے۔

دوائک فیک و ما تشعر — **دوائک منک ولا تبصر**

اور تیرا مرض تیرے اندر ہے۔اور تُو نہیں جانتا۔(تیرے مرض کی) دوا بھی تیرے ہی پاس ہے۔اور تُو دیکھتا ہی نہیں۔
(یعنی کہ) تیرا مرض اور تیرے مرض کی دوا دونوں تجھ ہی میں موجود ہیں۔بقول شاعر!

تیری دواء تجھی میں ہے تجھ کو خبر نہیں — تیرا مرض تجھی میں ہے تجھ کو خبر نہیں
تنہا سا جسم جانتا ہے اپنے آپ کو — پیچیدہ تجھ میں عالم اکبر مگر نہیں
اُمُّ الکتاب تُو ہے جس کے حروف سے — ظاہر ہے سب چھپا ہوا کچھ مستتر نہیں

افسوس کہ! انسان اپنی قدر وقیمت کو نہیں پہچانتا۔اسی لئے وہ حقیر وذلیل اور پریشان ہورہا ہے۔دراصل وہی اسرارِ ربانی کا خزانہ ہے۔اور وہی حقیقت میں اوصافِ رحمانی کا مجموعہ ہے۔یعنی کہ! اللہ تعالٰی نے اسی کی ہستی میں بے شمار صلاحیتیں اور عجیب وغریب اوصاف رکھے ہیں۔ تمام عالم میں جو کچھ موجود ہے۔انسان ہی انسان ہے۔اور جو کچھ بھی تلاش کرتا ہے۔وہ بھی انسان اپنے اندرون انسان ہی کو تلاش کرتا ہے۔

اگر کسی کے اندر کسی بھی طرح کا کوئی چھوٹا موٹا یا پھر بڑا شرک کسی کونے میں چھپا ہوا ہے۔تو اُس شرک کی دواء توحید ومعرفت کے سوا اور کچھ نہیں۔جب یقینِ دل سے تم نے یہ جان لیا۔کہ حقیقتًا ذاتِ پاک کے سوا کوئی موجود فی الخارج نہیں۔اور یہ جو کچھ نظر آرہا ہے۔کل موجودات فقط ایک وہمی ،خیالی اعتبارات پر وابستہ ہے۔یہ معدوم محض ہے۔مگر موجودِ حقیقی اول وآخر، ظاہر وباطن صِرف ذاتِ پروردگارِ عالم ہی ہے۔بس یہی اس درد کی دواء ہے۔یعنی اس کی ہستی کے باوجود اپنی ہستی کا وجود کرنا یہ درد ہے۔اور اپنی ہستی کو اس کی ذات میں فنا کردینا یہ دواء ہے۔

لہٰذا اَب حضرتِ انسان کو تفکر وتدبر کے ساتھ اس بات کی آشنائی وآگاہی حاصل کرنی چاہیئے۔کہ! **کیا انسان کو اپنے نفس کا عرفان کافی ہوسکتا ہے** ؟ اے حضرتِ انسان تُو اپنے دل میں سوچ۔اور اپنے نفس میں فکر کر۔کہ! تجھے اپنی ذات کا فکر، اپنے نفس کا عرفان، اپنی حقیقت کا انکشاف ہی کافی ہے۔حضرت حجۃ

الاسلام جناب امام غزالیؒ نے ایک حدیث نبوی ﷺ بیان فرمائی ہے۔کہ! **فان الله خلق آدم علیٰ صورته فاعرف نفسک یا انسان تعرف ربک** ۔(ترجمہ) بے شک اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی ہی صورت پر تخلیق فرمایا۔اے انسان! پس پس تُو اپنے نفس کو پہچان۔تاکہ تُو اپنے رب کو پہچانے۔(الحدیث) چنانچہ جب انسان کو اپنا عرفان حاصل ہوا۔خدائی اور بندگی کے القابات اور'' **انا جعلناک خلیفة** '' کا خطاب ایسا ہی ہے۔جیسے کہ سکندر بادشاہ نوشابہ کے روبرو حاضر ہوا۔نوشابہ نے چونکہ سکندر بادشاہ کو پہچان لیا۔اسی وہ فوراً پکار اُٹھی۔کہ (بقولِ شاعر)!

میانجی نہ شاہِ آزادہء فرستندہء نے فرستادہ

تُو کوئی ملازم وقاصد تو ہے نہیں۔تُو تو خود ایک آزاد بادشاہ ہے۔تو بھیجا ہوا نہیں ہے۔بلکہ تُو تو خود بھیجنے والا ہے۔

یاد رہے۔کہ! اگر اس مشتِ خاکی (یعنی انسان) میں سِرّ کبریائی پوشیدہ نہ ہوتا۔تو پھر سجدہ صرف اور صِرف اُس ذاتِ وحدہ لاشریک کے لئے ہی مخصوص ہوتا۔اور جمیع ملائکہ سے حضرت انسان کو سجدہ نہ کرایا جاتا۔ چونکہ! اس ویرانے میں خزانہء سلطانی پنہاں رکھنا منظور تھا۔اسی لئے عالمِ ملکوت میں منادی کی گئی۔کہ! **فاذا سویته و نفخت فیه من روحی فقعو له سٰجدین** ۔(ترجمہ) جب مَیں اسے (یعنی حضرتِ انسان کو) پورا بنالوں۔اور اپنی روح سے اس میں پھونک دوں۔تو تم سب اس کے آگے سجدے میں گر جانا۔(سورہ حجر۔سورہ ص)

صفاتِ الٰھیہ میں بالکل بھی ٹکراؤ نہیں ہو سکتا :

حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ فرماتے ہیں۔کہ! حقائق یہ بتاتے ہیں۔کہ! صفاتِ الٰہیہ میں ٹکراؤ نہیں ہے۔بلکہ انسانی عقل درحقیقت حکمتِ الٰہیہ کے سمجھنے سے یکسر قاصر ہے۔مثلاً فضل عدل میں اور عدل فضل میں حکم نہیں لگاتا۔کیونکہ یہ دونوں صفات ایک دوسرے کے حکم کی جا نہیں۔اور اس صفت کے حکم کا محل تو مفضول علیہ یا معدول علیہ میں ہے۔کیونکہ! ہم اللہ تعالیٰ کے بارے میں یہ حسنِ ظن رکھتے ہیں۔کہ! اللہ تعالیٰ اپنے افضل سے ایسی جماعت کو بھی بخش دے گا۔جنہوں نے صرف برائی کی ہوئی ہوگی۔اور وہ ان پر میزانِ عدل قائم نہیں کرے گا۔یعنی اپنے عدل سے ان کی پکڑ نہیں کرے گا۔بلکہ ان پر اپنے فضل کا حکم لگائے گا۔جاننا چاہیئے۔کہ! اس صورت میں یہ نہیں کہا جاسکتا۔کہ! اس کے فضل نے اس کے عدل میں حکم لگایا۔

یاد رہے۔کہ! اسی لئے تو اکثر علمائے کرام اور محققین ان آیات **و صورکم فاحسن صورکم** ۔(اور تمھاری صورتیں بنائیں۔اور کیا ہی اچھی صورتیں بنائیں) جبکہ دوسری آیت **لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم** ۔(بے شک ہم نے انسان کو بہت ہی بھلی ساخت پر تخلیق کیا ہے) کی تفسیر فرماتے ہیں۔کہ! حضرت انسان فی الحقیقت ظاہری و باطنی حُسن و جمال رکھتا ہے۔اور یہ نسخہ جامعہ و مجموعہء کاملہ ہے۔اس میں جمیع موجوداتِ عالمِ خلق، امر ملکوتی، عالم علوی وسفلی اور منظوری مندرج ہیں۔یعنی کہ! اللہ تعالیٰ نے انسان کو جامع جمیع کمالات سے مزین و معمور فرما کر ظاہری و باطنی حسن و جمال سے تخلیق کیا۔یہ جمیع علوم وفنون وصنعت وحرفت کا جامع مجموعہ وخاصہ ہے۔کوئی علم، کوئی ہنر، کوئی پیشہ، کوئی صنعت اس سے باہر نہیں ہے۔جو بھی کچھ موجود ہے۔اسی کی نمود ہے۔کیونکہ! سبھی کچھ اسی کے اندرون ہے۔حقیقت میں انسان **گنجِ مخفی** کا نمونہ ہے۔ ماشاءاللہ انسانی شان تو **خلیفة الله** ہے۔ **قاب قوسین او ادنیٰ** اس کا مقام ہے۔ **فاوحی الی عبدہ ما اوحی** اس کا کلام ہے۔ **لقد خلقنا الانسان فی احسن تقویم** اس کی صورت ہے۔ **وعلم الانسان مالم یعلم** ۔ **وعلمناہ من لدنا علما** ۔ **وعلم آدم الاسماء کلھا** ۔ یہ انسان کو ودیعت کئے گئے علوم وخصائل ہیں۔(بقولِ شاعر)

اے نامہء نسخہء الٰہی کہ تُوئی دے آئینہ جمالِ شاہی کہ تُوئی

بیرونِ زِ تُو نیست ہرچہء دو عالم ہست در خود بطلب ہر آں چہ خواہی کہ تُوئی

حضرت علی المرتضٰیؓ کا ایک خاص علم :

حضرت علیؓ کو تصوف کے جلیل القدر معانی، اشارات، لطائف، مفرد ومنفرد الفاظ، عباراتِ بیان، بیانِ توحید و رسالت ﷺ، حقیقتِ معرفت الٰہیہ، ایمان وایقان وغیرہ میں خصوصی وارفع مقام حاصل تھا۔آپؓ کی عاداتِ مبارکہ اتنی عظیم القدر تھیں۔کہ صوفیہ کرام کے جس بھی طبقے کا اُنؓ سے تعلق رہا۔وہ انہیں مکمل طور پر اپنائے ہوئے ہیں۔ حضرت علیؓ نے حدیث کمیل بن زیادؓ میں اپنے قلب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا تھا! یہاں ایک (ایسا) علم موجود ہے۔کہ کاش مجھے اِس کو سنبھالنے والا مِل جاتا۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے ایک مرتبہ اپنے قلب کی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔کہ! ایمان یہاں ہے۔ الحاصل الکلام! تمام ملائکہ نے بارگاہ ایزدی میں **تعمیل** ارشاد کی۔اور سجدے میں گر پڑے۔مگر ابلیسِ لعین نے حکمِ ربانی سے سرگردانی کی۔اپنی برتری وکبریائی کو مدنظر رکھتے ہوئے انکار واستکبار کیا۔اور دائماً مردودِ بارگاہ ٹھہرا۔پھر حضرت انسان (آدمؑ) کو بہکایا۔جنت سے نکلوایا۔خود بھی گمراہ ہوا۔اور تاقیامت دوسروں کو بھی گمراہ کرنے کی ٹھان لی۔

اربابِ ذی وقار وحاملینِ فہم وادراک کو اس مقام پر تفکر وتدبر کرنا چاہیئے۔کہ! جب کوئی بھی شئے حضرت انسان سے خارج ہی نہیں ہے۔بلکہ عالمِ اکبر خود اس میں موجود ہے۔اور حضرت انسان کو اپنے نفس کو پہچاننے اور اس میں غور وفکر کرنے کی تلقین وتعلیم کی گئی ہے۔تو پھر یہ معاملہ کیا ہے۔کہ!

کون مسجود تھا؟ اور کون ساجد تھا؟ انکار کِس نے کیا؟ اور حکم کس نے دیا؟

ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **ھو الذی خلقکم فمنکم کافر و منکم مومن** ۔ **والله بما تعملون بصیر** ۔(ترجمہ) وہی تو ہے۔

کہ جس نے تم میں سے کچھ کو کافر اور کچھ کو مومن پیدا فرمایا۔ اور اللہ تعالیٰ خوب دیکھتا ہے۔ جو کچھ بھی تم کرتے ہو۔(سورہ تغابن۔64)

(بعضے مفسرین نے اس آیت کی یوں تفسیر کی ہے۔کہ!) اُس ذاتِ عظیم نے ہر انسان کو کو یکساں جسم و جاں مگر جدا گانہ خصلتوں کے ساتھ دافرمایا۔ مؤمنین کو اجزائے صالحہ مثل مانند اعمال صالحہ ومسنونہ اور اخلاقِ حسنہ کے ساتھ تخلیق فرمایا۔ جبکہ کفار کو اجزائے قبیحہ مثل مانندِ اعمال قبیحہ مذمومہ اور عاداتِ خبیثہ کے تخلیق فرمایا۔ لہذا ہر واحد (یعنی حضراتِ انسان) ہم میں ان دو اجزاء کا جامع ہے۔ نیک و بد۔ جنتی و جہنمی۔ صالح و طالح۔۔۔ اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا اور دیکھتا ہے۔ جو بھی شخص جس جزو کا تابع ہے۔ مذکورہ بیان کو دیکھتے ہوئے یہ واضح ہے۔کہ! ذاتِ واحد کی دو ہی صفات ہیں۔ یہی رب یہی آدم۔ یہی رحمان یہی انسان۔۔۔ (بقولِ شاعر)

رحمان و رحیم و رحمتِ اَللہ مائیم — شیطانِ رجیم و لعنتِ اَللہ مائیم

ہر نیک و بد کہ در جہاں مے گزرد — باللہ مائیم و ثم باللہ مائیم

رحمان ورحیم اور اللہ تعالیٰ کی رحمت ہم ہی ہیں۔ اور شیطانِ لعین، گمراہ ومردود اور اللہ تعالیٰ کی لعنت بھی ہم ہی ہیں۔ جو بھی کچھ نیک و بد دنیا جہاں میں ہوتا ہے۔ اللہ کی قسم! ہم ہی نہیں۔ بلکہ ہم ہی تو ہیں۔(یعنی کہ) سب کچھ ہم ہی سے ظہور پذیر ہوتا ہے۔ کیونکہ! انسان تو مظہرِ ذاتِ الٰہی ہے۔(یعنی کہ) سب کچھ ہم ہی سے ظہور پذیر ہوتا ہے۔ کیونکہ! انسان مظہرِ ذاتِ الٰہی ہے۔ جب انسان نیک اعمال کرتا ہے۔ تو صفاتِ الٰہیہ کا مظہر بن جاتا ہے۔ اور جب یہی انسان بد اور غیر شرعی امور میں اپنے ہاتھ وزبان وجسم کو گندہ کرتا ہے۔ تو وہ صفتِ ابلیسی کا عین نمونہ بن جاتا ہے۔

لہذا جب امر ربی کے تحت روح کو تنِ خاکی میں پھونک دیا گیا۔ تو اُس جسمِ انسانی میں عقل وفہم، تمیز وادراک، ہوش وحواس کی شمولیت کے بعد بحکمِ خداوندی ملائکہ سجدہ میں سَر کو جھکاتے ہیں۔ اور اطاعتِ خداوندی بجا لاتے ہیں۔ لیکن ہوائے شہوانی اور لذاتو خواہشاتِ نفسانی بالکل عدمِ فرمانبرداری اور مثلِ شیطان ہیں۔ اور اس کو بے نیازی کے نعیم وسقیم سے نکال کر حاجت مندی اور حرص وہوا کی زمین پر لا ڈالتا ہے۔ ہر چند کہ روح وعقل ونفس ہر ایک بجائے خود جدا ہیں۔ لیکن ذاتِ انسان سے کوئی بھی خارج نہیں۔ اگر یہ کہا جائے۔کہ! انسان خود ہی روح ہے۔ انسان ہی عقل ہے۔ اور انسان ہی نفس ہے۔ تو درحقیقت یہ درست ہی ہے۔ اور اگر یہ کہا جائے۔کہ! صِرف روح وعقل یا صِرف نفس تو انسان نہیں۔ تو یہ بھی سچ ہے۔ کیونکہ! انسان بھی تو برملا اس بات کا اظہار کرتا ہے۔کہ! میری **روح** ہے۔ میری **عقل** ہے۔ میرا **نفس** ہے۔

تو پھر وہ کون ہے۔ جس کی طرف یہ سب مضاف (جڑے ہوئے۔ جیسے کہ دن کا اُجالا۔ دن میں ہوتا ہی اجالا ہے۔ لیکن یہاں پر اجالا دن کا مضاف ہوا) ہیں۔ اگر بغور سوچا جائے۔ تو یہ خود ہی مضاف ہے۔ اور خود ہی مضاف الیہ ہے۔ اور پھر خود ہی اس کا اسی کو کہیں پتہ بھی نہیں۔ روح بھی ہے۔ عقل بھی ہے۔ نفس بھی ہے۔ لیکن انسان خود کہاں !!! اگر روح امر ربی ہے۔ تو کس کے لئے ؟ اگر عقل بطور رہنما ہے۔ تو کس کے لئے ؟ اور اگر نفس گمراہ کرنے والا ہے تو کس کے لئے ؟ اسی لئے تو اللہ تعالیٰ نے ہدایت وضلالت (یعنی گمراہی) کے فاعل کو اپنی ہی ذات بتلایا ہے۔ اسی ضمن میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **فان اللہ یضل من یشآء و یھدی من یشآء** ۔(ترجمہ) پس گمراہ کرتا ہے۔ اللہ جس کو چاہے۔ اور ہدایت کرتا ہے۔ جس کو چاہے۔(سورہ فاطر) **و لو شآء اللہ لجعلکم امة واحدة و لکن یضل من یشآء و یھدی من یشآء** ۔(ترجمہ) پاور اگر اللہ تعالیٰ چاہتا۔ تو سب (ہی انسانوں کو) ایک ہی فرقہ بنا دیتا۔ ولیکن وہ گمراہ کرتا ہے۔ جس کو چاہتا ہے۔ اور ہدایت دیتا ہے وہ۔ جس کو چاہتا ہے۔(سورہ نحل) **ان لو یشآء اللہ لھدی الناس جمیعا** ۔(ترجمہ) اگر اللہ تعالیٰ چاہے۔ تو سب کو راہ (ہدایت) پر لے آئے۔(سورہ سجدہ) **و لو شئنا لاٰ یتنا کل نفس ھدٰ یھا** ۔(ترجمہ) پ اگر ہم چاہتے۔ تو ہر نفس کو اپنی راہ کی سوجھ بوجھ عطا کرتے۔(سورہ سجدہ) اسی طرح ایک حدیثِ نبوی ﷺ میں ہے۔کہ! **من یھدی اللہ فلا مضل له و من یضلله فلا ھادی له** ۔(ترجمہ) جس کو اللہ تعالیٰ ہدایت کرے۔ تو اسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں۔ اور جس کو وہ گمراہ کردے۔ تو اس کے سوا گمراہ ہونے والا کو کوئی ہدایت کرنے والا نہیں۔(کیونکہ!) **من یھدی اللہ فھوا لمھتدی ط و من یضلل فا و لئک ھم الخسرون** ۔ جسے اللہ تعالیٰ ہدایت عطا فرمائے۔ وہی ہدایت پاتا ہے۔ اور جسے (اُس کی بدقسمتی وبدنصیبی کی وجہ سے) گمراہ کردے۔ تو وہی لوگ نقصان اُٹھانے والے ہیں۔(اعراف) غرضیکہ! ہدایت کرنا یا گمراہی کے گڑھے میں ڈالنا، ہر فعل کو اُس ذاتِ باری تعالیٰ نے اپنی ہی طرف منسوب فرمایا ہے۔ تو پھر کیا انسان (آدم)، کیا فرشتہ۔ کیا شیطان۔۔۔ لہذا ان آیات سے واضح وعیاں بلکہ ثابت ہوگیا۔کہ! ذاتِ واحد کی دو صفات ہیں۔ صفتِ جمال۔ صفتِ جلال۔ اور یہ دونوں صفات ہی حضرت انسان میں بھی موجود ہیں۔ چنانچہ وہ کہیں ہدایت یافتہ ہے۔ اور کہیں مضل (گمراہ) شاعر کیا خوب کہتا ہے۔کہ! **دد ائک و دوا ئک فیک فلیس شیء خارجا منک انت ام الکتاب** ۔(ترجمہ) دوئی کا خیال درد و غم ہے۔ جبکہ وحدت ویکتائی کا خیال دوائے اُتم۔ جس وقت تجھے تفکر وتدبر کرنے سے یہ سرِّ مخفی تجھ پر عیاں ومنکشف ہوگا۔ تو ظاہر ہو جائے گا۔کہ! کوئی شئے تجھ سے خارج نہیں ہے۔ انکشافِ توحید جب اس وسعت کو پہنچے گا۔ تو معلوم ہوگا۔کہ! تُو تو ام الکتاب ہے۔

(یاد رہے۔کہ) کفر وشرک انسان کے لئے درد ہیں۔ جبکہ توحید ومعرفت اِن کا علاج وتریاق ہیں۔ اے حضرت انسان! جب یقینِ قلب سے تم نے جان لیا۔کہ! حقیقتًا ذاتِ باری تعالیٰ کے سوا کوئی بھی موجود فی الخارج نہیں۔ اور یہ جو کچھ نظر آ رہا ہے۔ جملہ موجودات فقط ایک وہمی، خیالی اعتبارات پر وابستہ ہیں۔ یہ معدومِ محض ہے۔ مگر موجودِ حقیقی اول وآخر، ظاہر وباطن اور رحمان وقہار ذاتِ پروردگار ہی ہے۔ بس یہی اس درد کی دوا

ہے۔یعنی اس کی ہستی کے باوجود اپنی ہستی کا ثبوت کرنا یہ درد ہے۔اور اپنی ہستی کو اس کی ذاتِ حق میں فنا کر دینا یہ دوا ہے۔

و تزعم انک جسم صغیر   و فیک انطوی العالم الاکبر

اور تُو گمان کرتا ہے۔کہ! تُو ایک چھوٹا سا جسم ہے۔حقیقت میں تیرے اندر ایک ''عالمِ اکبرؔ'' لپٹا ہوا ہے۔

اس بات میں کسی بھی قسم کا کوئی شک وشبہ نہیں ہے۔کہ! ہر انسان میں ایک عالم اکبر مندرج ہے۔جو سالک سلسلہء عالیہ نقشبندیہ سے منسلک ہے۔اور وہ سلوکِ نقشبندیہ کو ابتداء سے انتہاء تک طے کر چکا ہو۔یا کسی سالک نے اگر سَیرِ انسانی کی ہے۔وہ بخوبی جانتا ہے۔بلکہ اس بات کی تصدیق لازماً کرے گا۔کہ! عالم کون اور عالم اَمر دونوں ہی ہر انسان میں مندرج ہیں۔بلکہ روح اللہ بھی اسی بھی موجود ہے۔جو ذات وصفات اللہ تعالیٰ کی ہیں۔وہی ذات وصفات روح اللہ کی بھی ہیں۔جب اللہ تعالیٰ جمیع اشیاء پر حاوی اور محیط ہے۔تو اسی طرح سے روح اللہ بھی حاوی ومحیط ہے۔

ویسے مجملاً ازروئے صورت تو انسان عالمِ صغیر ہے۔اور آفاق (کائنات) عالمِ کبیر ہے۔مگر مفصلاً ازروئے معانی لیکن ازروئے مرتبہ انسان عالمِ کبیر ہے۔اور آفاق عالمِ صغیر ہے۔ **و انت ام الکتٰب الذی ما حرفہ یظھر المضمر.** اور تُو وہ ''ام الکتاب'' ہے۔کہ! اپنے حروف سے دل کی بات بخوبی جانتا ہے۔ (یاد رہے) کتابیں دو ہیں۔ام الکتاب۔کتابِ مبین۔

☆ **ام الکتاب**: وہ کتابِ حق کہ جس میں مجمل حال مندرج ہو۔جیسے کہ قرآنِ حکیم میں تمام قرآنِ پاک بطریقِ اجمال سورہء فاتحہ میں مندرج ہے۔ ☆ **کتابِ مبین**: وہ کتابِ حق کہ جس میں مجمل حال کی تفصیل مندرج ہو۔جیسے کہ پورے قرآنِ پاک (**الم** سے **والناس** تک) درحقیقت سورہء فاتحہ کی تفسیر وتفصیل ہے۔ اسی طرح سے یہ بھی معلوم ہونا چاہیئے۔کہ! عالم بھی دو ہیں۔عالمِ اَمر۔عالمِ حق۔

اِنہیں دو عالم کو عالمِ آفاقی وانفسی بھی کہا جاتا ہے۔ ☆ **عالمِ اَمر**: وہ عالم جو قسمت پذیر نہ ہو۔ارشادِ ربانی ہے۔کہ! **قل الروح من امر ربی**۔کہہ دیں۔کہ! روح اللہ تعالیٰ کا امر (حکم) ہے۔ ☆ **عالمِ حق**: وہ عالم کہ جس کی تقسیم ومساحت (پیمائش) ہو سکے۔کہ جس کا اشارہ اللہ تعالیٰ نے قرآنِ پاک میں یوں فرمایا ہے۔ **اللہ خالق کل شیء**۔(اللہ تعالیٰ کل اشیاء کا خالق ہے) پس انسان تو ام الکتاب ہے۔کتابِ مبین ہے۔عالم امر ہے۔عالمِ آفاقی ہے۔ عالم انفسی ہے۔ غرضیکہ! جملہ موجودات کتابِ مبین ہے۔یا عالمِ خلق یا عالمِ آفاقی۔یعنی وہ مجمل ہے۔اور یہ سب اس کی تفاصیل ہیں۔اور اس اجمال وتفاصیل کا مرجع ومآب ذاتِ حق باری تعالیٰ ہے۔ارشادِ ربانی ہے۔کہ! **الا لہ الخلق والامر۔ان الحق مبداء لکل و معادۃ و الیہ یر جع الامر کلہ و الی اللہ عاقبۃ الامور**۔(اللہ تعالیٰ سب کا مبداء ومعاد ہے۔اور تمام امور اسی کی طرف پھر جانے والے ہیں۔کل امور کا انجام اللہ تعالیٰ ہی طرف سے ہے) بقولِ شاعر!

یہ راز کسی نہیں معلوم کہ مومن   قاری نظر آتا ہے ، حقیقت میں ہے قرآن

اسی لئے ضروری ہے۔کہ کل موجودات اپنی ہستی سے پہلے ذتِ حق میں یا ذاتحق کل موجودات میں موجود ہو۔لیکن یہ امر متحقق ہے۔کہ ازل الآزال میں صِرف ذاتِ الٰہی تھی۔اور کچھ بھی نہ تھا۔ایک حدیثِ نبوی ﷺ ہے۔کہ! **کان اللہ و لم یکن معہ شیء**۔اللہ تعالیٰ موجود تھا۔اور کوئی شئے اللہ تعالیٰ کے ساتھ موجود نہ تھی۔اسی طرح سے مضمون'' **الآن کما کان** '' سے ظاہر ہے۔کہ! جیسا تھا۔اَب بھی ویسا ہی ہے۔لہٰذا معلوم یہ ہوا۔کہ! عالمِ امر اور عالمِ خلق دراصل غیر ذات نہیں۔بلکہ یہ تو اعتبارات ہیں۔(یاد رہے۔کہ) ذاتِ حق اس اعتبار سے کل موجودات میں اس میں مجملاً مندرج ہے۔وہ ام الکتاب ہے۔جبکہ عالمِ حق اس اعتبار سے کہ جو کچھ ذات میں مجمل ہے۔وہ علمِ الٰہی میں مفصل ہے۔اور جو کچھ اُس میں پوشیدہ ہے۔وہ اس میں ظاہر ہے۔وہ کتابِ مبین ہے۔ لہٰذا ذات کا ذاتی علم جملہ اشیاء کے علم کو مستلزم (جو اپنے اوپر کسی بات کو لازم کر) ہے۔تمام اشیاء ذاتِ حق میں ایسے ہے۔جیسے ایک کھجور میں **گھٹلی**۔یعنی علمِ حق، ذاتِ حق کا آئینہ ہے۔اور ذاتِ حق، دراصل علمِ حق میں عیاں ہے۔اسی لئے حقائقِ الٰہیہ میں ذاتِ حق ''ام الکتاب ہے۔جبکہ علمِ حق کتابِ مبین ہے۔ اور اسی طرح سے حقائقِ موجودات میں قلم ام الکتاب ہے۔اور لوحِ محفوظ کتابِ مبین ہے۔یعنی جو کچھ قلم میں مجمل تھا۔وہ لوحِ محفوظ میں مفصل ہوا۔ اسی ضمن میں نقشہ ملاحظہ فرمائیں۔

ذاتِ بحث مبداءِ کل	ذاتِ حق	علمِ حق
ذاتِ حق	اُمّ الکتاب	کتاب المبین
حقائقِ الٰھیہ	ذاتِ حق	علمِ حق
حقائق الموجودات	قلم	لوحِ محفوظ

ذاتِ حق اور قلم میں اجمال اور کلیت کے سبب مشابہت ہے۔ کیونکہ! دونوں ہی ام الکتاب ہیں۔اس لئے مرتبہ کونیہ میں قلم دراصل ذات کا آئینہ ہوا۔یعنی جو بھی کچھ ذات میں اجمالاً مندرج ہے۔وہی قلم میں بھی موجود ہے۔مرتبہء کونیہ میں لوحِ محفوظ علمِ الٰہی کا آئینہ ومظہر ہے۔یعنی جو کچھ جزوی اور تفصیلی طور پر علمِ حق میں موجود ہے۔وہی لوحِ محفوظ میں ظاہر ہے۔لہٰذا عالمِ امر میں عقلِ اول، جس کو کہ قلم کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔وہ اصل میں ام الکتاب ہے۔جبکہ روح، جس کو کہ لوحِ محفوظ کہا جاتا ہے۔وہ اصل میں کتابِ مبین ہے۔اسی طرح سے عالمِ خلق ہے۔

کہ جس میں عرش ام الکتاب ہے۔ جبکہ کرسی کتابِ مبین ہے۔ اس ضمن میں یہ والا نقشہ معاون ثابت ہوگا۔

حقائق الموجودات	ام الکتاب	کتاب المبین
عالمِ امر	عقل کل یعنی قلم	روح یعنی لوحِ محفوظ
عالمِ خلق	عرش	کرسی

یعنی کہ جو کچھ عرش میں مجمل ہے۔ وہی کرسی میں مفصل ہے۔ چنانچہ اجمال کے سبب عرش وقلم میں مشابہت ہے۔ اسی طرح تفصیل کی وجہ سے لوحِ محفوظ اور کرسی میں بھی مناسبت ہے۔ اسی لئے مرتبہء جس میں عرش قلم کا آئینہ ہے۔ جبکہ کرسی لوحِ محفوظ کا مظہر ہے۔

چنانچہ! قلم یعنی عقل، نسخہء ذات اور لوح، نسخہء علم اور عرش، نسخہء قلم اور کرسی، نسخہء لوحِ محفوظ اور انسان، کامل بالفعل اور عام انسان بالقوۃ ایک ایسا نسخہ ہے۔ جو جملہ نسخوں کا جامع ہے۔ اور تمام میں متخرج ومستنبط یعنی چیدہ وبرگزیدہ ہے۔ یہ نقشہ دیکھیں۔

ذاتِ بحت مبداء کل	ام الکتاب	کتاب المبین
حقائقِ الٰھیہ	ذاتِ حق	علمِ حق
حقائقِ موجودات . عالمِ امر و عالم خلق	قلم یعنی عقل نسخہء ذات	لوح یعنی روح ، نسخہء علم
	عرش ، نسخہء قلم	کرسی ، نسخہء روح
	انسان جامع الکمالات	

جیسے ذاتِ حق بالا جمال ام الکتاب اور اس کا ذاتی علم بالتفصیل اپنی ذات کی کتابِ مبین ہے۔ اور ایسے ہی ذاتِ انسان کامل بالفعل اور عام انسان کی ذات بالقوۃ ام الکتاب ہے۔ اس کا ذاتی علم اپنی ذات کی کتابِ مبین ہے۔

اگر تیرے خانہء باطن میں کچھ بھی قابلیت ہے۔ تو تجھے بس ایک حرف ہی کافی ہے۔ (بقولِ شاعر)

دل گفت مَرا علمِ لدنی ہوس اَست — تعلیم کن اگر ترا دسترس اَست
گفتم کہ الف گفت دِگر گفتم ہیچ — در خانہ اگر کس است یک حرف ترا بس است

جس طرح کہ علمِ الٰہی، ذاتِ الٰہی کا آئینہ ومظہر ہے۔ اسی طرح انسان کا علم ذاتِ انسانی کا آئینہ ہے۔ لہٰذا ذاتِ حق تعالیٰ اور انسان کی ذات میں باعتبار کلیہ واجمال مشابہت ہے۔ کیونکہ دونوں ہی میں تمام اشیاء بہ وجہء کلی واجمالی موجود ہیں۔ جو شئے جزوی اور کلی طور پر علمِ الٰہی میں ظاہر ہے۔ وہی انسانِ کامل کے علم میں بالفعل اور عام انسان کے علم میں بالقوۃ ہویدا ہے۔ بلکہ اس کا علم، اس کی ذات ہے۔ لیکن نہ بطریقِ اتحاد وحلول اور ضرورت۔ کیونکہ! یہ بات تو دو وجودوں میں ہوتی ہے۔ جبکہ یہاں سوائے ایک وجود کے اور کچھ نہیں۔ اور کل موجودات اسی ایک وجود میں موجود ہیں۔ اور اسی وجود کے بہت سے ظہور ہیں۔ جن کو عالم کہتے ہیں۔ اور بہت سے بطون ہیں۔ جن کو **اسمآء** کہتے ہیں۔

پڑھ پڑھ علم ہزار کتاباں عالم ہوئے بھارے ہو — اِک حرف عشق دا پڑھن نہ جانن بھلے پھرن بچارے ہو
لکھ نگاہ جے عالم دیکھے باہوؒ کسے نہ کدھی چاہڑے ہو — اِک نگاہ جے عاشق دیکھے لکھ ہزاراں تارے ہو
عشق عقل وچ منزل بھاری، سَے کوہاں دے پاڑے ہو — جنہاں عشق خرید نہ کیتا باہوؒ، اوہ دوہیں جہانیں مارے ہو

(بقولِ حضرت سلطان بابا بلھے شاہ شطاری قادریؒ)

الف اللہ دِل رَتّا میرا — مینوں ''ب'' دی خبر نہ کوئی
''ب'' رھیا کچھ سمجھ نہ آوے — الف دی لذت آئی
ع تے غ دا فرق نہ جاناں — ایہہ گل الف سمجھائی بلھا
قول الف دے پورے — جیہڑے دل دی کرن صفائی

لہٰذا عالم، وجود کے ظہور کا آئینہ ہے۔ جبکہ اسماء، بطون کے وجود کا آئینہ ہے۔ اسی لئے ظہور، ظہور کا آئینہ ہے۔ اور بطون، بطون کا آئینہ ہے۔ اور جو چیز ان دونوں آئینوں کے وسط میں ہے۔ وہ اجمال وتفصیل کے اعتبار سے آئینہ ہے۔ جیسا کہ! ارشادِ رحمانی ہے۔ کہ! **مرج البحرین یلتقیان بینھما برزخ لا یبغان** ۔ (اس نے دو سمندر بہا دئے۔ جو کہ دیکھنے میں ملے ہوئے معلوم ہوتے ہیں) یعنی جو کچھ قلم میں مجمل ہے۔ وہی روحِ انسان میں مجمل ہے۔ جو کچھ لوح میں مفصل ہے۔ وہی اس کے قلب میں مفصل ہے۔ جو کچھ عرش میں مجمل ہے۔ وہی کچھ اس کے جسم میں مجمل ہے۔ جو کچھ کرسی میں مفصل ہے۔ وہی اس کے نفس میں مفصل ہے۔ جاننا اور سمجھنا چاہیئے۔ کہ! انسان خود ہر شک وشبہ سے بالا ایک کتابِ عظیم ہے۔ انسان کتبِ الٰھیہ اور کتبِ کونیہ کی ایک جامع کتاب ہے۔ جیسا کہ ابھی بیان گزرا ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ کا ذاتی علم، جملہ اشیاء کے علوم وفنون کو مستلزم ہے۔ بے شک وہ جمیع اشیاء کو اجمالاً اور تفصیلاً جانتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **اقرا کتٰبک کفٰی بنفسک الیوم علیک حسیبا** ۔ (فرمایا جائے گا۔ اپنی کتاب (نامہء اعمال) آپ ہی پڑھ

لو۔آج تم خود ہی اپنا حساب کر لینے کے لئے کافی ہو گے) غرضیکہ جس نے یہ کتاب پڑھ لی۔ یقیناً اس نے سب کچھ معلوم کر لیا۔کہ! جو ہو چکا ہے۔ جو ہو رہا ہے۔یا جو ہونے والا ہوگا۔(اسی طرح سے) انسان میں مسلماں کی عجیب شان کہا بتداء ایسی اذاں سے کہ جس کی نماز نہیں۔اور اختتام ایسے، کہ نماز تو ہوگی لیکن بناء کسی اذاں کے۔(یعنی کہ) فیما بین ذاتِ حق اور ذاتِ انسان، جبکہ علمِ حق اور علمِ انسان میں مشابہت و مناسبت ہے۔یعنی کہ! جو اِس میں مجمل ہے۔ وہی اُس میں مجمل ہے۔اور جو اِس میں مفصل ہے۔ وہی اُس میں مفصل ہے۔اسی طرح فیما بین قلم اور روح انسان کے، اور روح و قلبِ انسان اورعرش وجسم انسان کے۔ اور کرسی ونفسِ انسان میں مشابہت ہے۔ان میں ہر ایک اپنے اپنے مشابہ کا آئینہ ہے۔نقشہء آئینہ یہ ہے۔

ذاتِ حق	ذاتِ انسان
علم حق	علم انسان
قلم	روحِ انسان
لوحِ محفوظ	قلبِ انسان
عرش	جسمِ انسان
کرسی	نفسِ انسان

یادر ہے۔کہ! حضرت علی المرتضیٰؓ نے حضرت امام ہمامؓ کو یہ تعلیم فرمائی۔کہ! پس تُو اپنے ہی نفس میں تفکر کر۔اس میں اگر درد ہے۔تو اسی میں ہی درد کی دوا بھی مضمر ہے۔کوئی بھی چیز اس سے باہر نہیں۔جو کچھ نظر کے سامنے موجود ہے۔یہ تو محض اعتبارات ہیں۔عالمِ اکبر تو خود تیرے ہی اندرون موجود و موجزن ہے۔کوئی شئے تجھ سے خارج نہیں ہے۔صرف اجمال وتفصیل کا تفاوت ہے۔یہ جملہ تعلیمات باطنی اسرار و رموز پر مشتمل ہیں۔

ر و تُو زنگار از رُخ خود پاک کن   بعد ازاں نور را ادراک کن

غرضیکہ انسان ایک نسخہءعجیبہ اور جامع کلیہ ہے۔ ارشاد ہے۔کہ! **ذالک الکتاب لا ریب فیہ** ۔(یعنی یہ تو وہ کتابِ عظیم ہے۔کہ! جس میں کسی بھی قسم کا کوئی شک وشبہ نہیں) فی الحقیقت وہ کتابِ عظیم ذاتِ انسان ہے۔اَب رہیں۔وہ کتبِ ساوی (مثل قرآنِ حکیم،توریت،زبور،انجیل ودیگر صحائفِ انبیاءؑ) جو انسانا کامل وخیر البشر متقی لوگوں (انبیاءؑ ورسلؑ) پر نازل ہوتی رہیں۔وہ تو ذاتِ انسانی کا معرف ہیں۔اور اس کے جزوی وکلی حالات سے حکایت کرنے والی ہیں۔یعنی کہ وہ انسان کے مراتبِ کلیہ وجزیہ کا مجمل ومفصل بیان ہے۔اور انسان اس کی وحدت وجمیعت کا مقام ومرتبہ ہے۔اس لئے کہ اس کے مقامات ومراتب،ذات وصفات اور افعال کے تفاوت کا بیان اسی کتابِ منزل میں مرقوم ہے۔چونکہ! وہ کتاب ذات واسماء،افعالِ عوالم،مراتبِ عوالم اور اہلِ عالم کے ہر موقع سے ،اس کے اہل کے اقتضا سے با اجمال وتفصیل حکایت کرتی ہے۔یہی تفاصیل دراصل انسان کے مقامات ومراتب پر دال ہیں۔اور وہ ان کا سب کا مکمل مجموعہ ہے۔ چنانچہ ثابت ہوا۔کہ! یہ کتاب انسان کی معرف ہے۔کلی وجزوی مراتب بیان کرنے والی ہے۔اس کتاب میں سورہ فاتحہ ''ام الکتاب'' ہے۔اور سورہ فاتحہ شریف میں تسمیہ ''بسم اللہ۔۔۔''اور تسمیہ شریف پوری کی پوری حرفِ اول ''با'' میں مندرج ومرقوم ہے۔نقطہءاحدیت ذات ہے۔یادر ہے۔کہ! تمام کتاب (یعنی پورے قرآنِ پاک) میں جو حروفِ مقطعات،مفصلات،الفاظ وکلمات،سورہ وآیات ہیں۔ان سے یہ مراد ہے۔کہ! اس مقدس وعظیم کتابِ الہامی کی کشادگی سب سے متعین ہوگئی۔اسی لئے اس میں تمام حالات کا مندرج ہونا عبارت ہے۔

لہذا جو شخص انبساط (سرور وشادمانی) سے اس قول کا ادراک کر لے گا۔تو اس پر اس آیت کے معنی کھل جائیں گے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **الم تر الی ربک کیف مد الظل ولو شآء لجعلہ سا کنا ثم جعلنا ا لشمس علیہ دلیلا ثم قبضنہ ا لینا قبضا یسیرا** ۔(ترجمہ) کیا آپ نے نہیں دیکھا۔کہ آپ کے رب نے سائے کو کس طرح سے پھیلا دیا ہے ؟ اگر چاہتا تو اُسے ٹھہرا ہوا ہی کر دیتا۔پھر ہم نے آفتاب کو اس پر دلیل بنایا۔پھر ہم نے اسے آہستہ آہستہ اپنی طرف سمیٹ (کھینچ) لیا۔ (سورہ فرقان۔19-03)

مد الظل سے مراد سائے کی درازی نقطہءوجودیہ کی کشادگی،حروفِ الٰہیہ وحروفِ کونیہ کے تعینات سے عبارت ہے۔اور سکون،نقطہءوجودیہ کے کشادہ نہ ہونے سے اور حروفِ الٰہیہ وحروفِ کونیہ کے عدم تعین سے عبارت ہے۔اگر آفتابِ احدیت،مطلعِ عزت سے نہ چمکے۔تو سایہ ندارد ہے۔یہاں پر سائے کا ہمسایہ آفتاب ہے۔بقولِ تفسیر جواہر اسی آیت کی تفسیر میں یہ نقطہءوجودیہ درحقیقت ذاتِ احدیت''**کنت کنزا مخفیا**'' سے عبارت ہے۔

اَب تسمیہ کا ایک نقطہ''بآ'' نقطہءوجودیہ کی طرف اشارہ ہے۔اسی طرح سے دوسرا اشارہ''ام الکتاب'' کی ''قلم'' کی طرف ہے۔جبکہ تیسرا اشارہ ''ام الکتاب'' کے''عرش'' کی طرف ہے۔اور فاتحہ کا اشارہ کتابِ جامع یعنی''انسان'' کی طرف ہے۔بے شک جو کہ اپنے ظہور سے پہلے جمیع مراتب میں مندرج تھا۔جیسے کہ جمیع اشیاء اس کے ظہور کے بعد اس میں مندرج ہیں۔نقطے کا کشادہ ہونا اپنی ذات میں''کتابِ مبین اول'' کی طرف اشارہ ہے۔اور''باء'' کا کشادہ ہونا''کتاب مبین ثانی'' کی طرف اشارہ ہے۔اسی طرح سے بسم اللہ۔۔۔کے حروف کا متصل ومنفصل (جدا) ہونا''کتابِ مبین ثالث'' کی طرف اشارہ ہے۔بسم اللہ کے حروف کا فاتحہ میں مکرر ہونا اور ایک کا ایک کے ساتھ مشابہ ہونا کتابِ جامع یعنی''انسان'' کی طرف اشارہ ہے۔اسی طرح کتابِ مبین میں''**الم**'' سے''**والناس**'' تک تمام قرآنِ پاک مراتبِ عالم اور اس کے اجزاء کی طرف اشارہ ہے۔**فا فھم**۔۔۔

جیسا کہ یہاں پر موجود نقشہ صفحہ پر مندرج ہے۔

نمبرشمار	نقاط	اشارات
01	نقط بائے بسم اللہ	نقطہ ءوجودیہ
02	بائے بسم اللہ	قلم
03	بسم اللہ	عرش
04	فاتحہ	انسانِ عام
05	کشادگی ءنقطہ	اول کتابِ مبین (یعنی) علمِ حق
06	باء کی کشادگی سین تک	ثانی کتابِ مبین (یعنی) لوحِ محفوظ
07	اتصال وانفصال (علٰحدہ) حروفِ بسم اللہ	ثالث کتابِ مبین (یعنی) کرسی
08	مشابہت وتکرار حروفِ بسم اللہ وفاتحہ	کتابِ جامع (یعنی) انسانِ خاص
09	تمام قرآنِ پاک (اَزالم تا والناس)	اشارہ بطرفِ مراتبِ عالم معہ اجزاء

دل نے کہا۔ مجھے علمِ لدنی کی ہوس وآرزو ہے۔ تُو مجھے بس یہی تعلیم کر۔ اگر تجھے اس علم میں کچھ دسترس وواقفیت حاصل ہے تو۔ مَیں نے کہا۔ '' الف'' تو اس نے کہا۔ اور دوسرا ؟ مَیں نے کہا۔ بس اور کچھ نہیں۔ اگر تیرے باطن کے گھر میں کچھ ہے۔ تو بس ایک حرف ہی تجھے کفایت کرے گا۔

فرقہ بندی ہے کہیں ، اور کہیں ذاتیں ہیں کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں

جبکہ اولیائے ذی اکرام قرآن وحدیث کے باطنی علوم وفنون کے ساتھ ساتھ باطنی حقائق ومعارف کی حقیقت سے بھی واقف وشناسا ہوا کرتے ہیں۔ کیونکہ جب ایک مسلمان مومن بن کر عرفانِ الٰہی حاصل کرتے ہوئے عشقِ الٰہی میں محو ومستغرق ہوتا ہے۔ تو اس کی زبان سے عجیب وغریب کلمات کا صدور ہوتا ہے۔ ہاں البتہ اتنا سمجھ لو۔ کہ ''**حق الحقیقت**'' انسانِ کامل یعنی مومن ہونے سے ہی مراد ہے۔ جو کہ کسی عبارت، کسی نظیر ومثال میں یا کسی کے وہم وتصور وتخیل میں قطعًا نہیں آ سکتا۔ اور نہ ہی کسی اشارے وکنایہ سے کسی کو خبردار یا ہوشیار کیا جا سکتا ہے۔ سچے عاشقانِ الٰہی کے لبوں سے جب اسرار ورموز نکلتے ہیں۔ تو لوگ عدم واقفیت کی بناء پر اُن پر کفر کے فتوے داغ دیتے ہیں۔

نہ میں سنی نہ میں وہابی دوہاں توں دل سڑیا ہو مُک گئے سبھ خشکی پَیندے دریا رحمت وَڑیا ہو
کئی من تارے ترتر ہارے ، کوئی کنارے چڑھیا ہو صحیح سلامت چڑھ گئے باہوؒ ، مرشد دا لڑ پھڑیا ہو

حضرت شیخ ابو سعید ابو الخیر نقشبندیؒ : حاملینِ علمِ لدنی میں سے ایک ولی الصفت بزرگ حضرت ابوسعید ابوالخیرؒ تھے۔ جن کو خرقہ خلافت بیس اولیائے کاملین سے میسر ہوا۔ اور سلسلہ عظیمہ حضرت سیدنا ابوبکر صدیقؓ تک جا پہنچتا ہے۔ حضرت شیخ ابوالحسن خرقانیؒ اور حضرت شیخ ابوالعباس قصابؒ بھی محض امی تھے۔ اور ایسے اُمی کہ '' کاف'' اور '' قاف'' میں تمیز تک نہیں کر سکتے تھے۔ ایک بزرگ کو کہتے تھے۔ **انت ماشوکی**۔ (معشوقی کو ماشوکی کہا کرتے تھے) اس کے باوجود یہ حضرات یگانہ روزگار اور فرید عصر ہو گزرے ہیں۔ یہاں تک کہ اپنے وقت کے غوث، جو کہ اکابر اولیاء کا سرخیل اور سردار ہوا کرتا ہے۔ وہ اور دیگر بزرگ اولیاء اللہ اِنہیں سے کسبِ فیض حاصل کیا کرتے تھے۔ بقول بابا بلھے شاہ شطاری قادریؒ !

رب رب کردے بڈھے ہو گئے ملاں پنڈت سارے رب دا کھوج کھرا نہ لبھا سجدے کر کر ہارے
رب تے تیرے اندر وسدا وِچ قرآن اشارے بلھے شاہؒ! رب اوہنوں مل سی جیہڑا اپنے نفس نوں مارے

اِسی راز کو حضرت بابا بلھے شاہ شطاری قادریؒ نے اس طرح سے بیان کیا ہے۔

جے میں تینوں اندر ڈھونڈاں تے فیر مقید جاناں جے میں تینوں باہر ڈھونڈاں تے میرے اندر کون سمایا
سب کجھ توں ، ایں سب وچ توں ، ایں سب توں پاک پچھاناں
میں وی توں ہیں ، توں وی مَیں ہاں ، وت بلھا کون نمانا
گل سمجھ لئی تے رولا کیہ ایہ رام رحیم تے مولا کیہ

بقولِ حضرت غوث الوقت جناب **حافظ برخوردار سچیار**ؒ (موضع برخوردار، فیصل آباد)

ہر ہر جی توں ہر جی اندر اپنا آپ پچھاتا کر تسبیح مالا دو حداں اندر ہکسے دھاگے جاتا کر
ٹھاکر دوراے مسجد اندر رام رحیم پچھاتا کر برخوردارا مکہ گنگا ہک سے پانی نہاتا کر

حقیقتِ توحیدِ الٰہی و عرفانِ الٰہی یا معرفتِ حقِ تعالیٰ در عکسِ انسانی

اَز خدا خواہیم توفیقِ اَدب — بے اَدب محروم گشت اَز لطفِ رب
بے اَدب تنہا نہ خود را داشت بد — بلکہ آتش در ہمہ آفاق زد

یہ فقیرِ حقیر پرُتقصیر (البلوشی) اِس مضمون کو شروع کرنے سے پہلے ایک آیتِ کریمہ پیش کرنے کی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔کہ! **انا فی ذٰلک لذکری لمن کان له قلب او القی السمع وهو شهید** ۔ یقیناً اس (قرآن) میں اس شخص کے لئے بڑی نصیحت کا سامان ہے۔جس کے پاس دل ہو۔یا جو حاضر دماغ بن کر کان دھرے۔اور متوجہ ہو۔(سورہ ق۔آیت **37**)

قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔کہ! **کل نفس ذآئقة الموت**۔ ہرنفس نے موت کا ذائقہ (بالآخرضرور) چکھنا ہے۔(اسی طرح سے قرآن حکیم میں آیا ہے۔کہ) **ولا بئس ما شروا به انفسهم لو کانوا یعلمون** ۔اور البتہ جس چیز کے بدل (عوض) انہوں نے اپنے نفس (جانوں) کو فروخت کر دیا۔وہ بری تھی۔کاش وہ (اس بات کو) جانتے۔ (بقول حضرت شیخ عبداللہ انصاری پیرِ ہراتؒ)

یا رب زِ تُو آنچہ من گدا میخواہم — افزوں زِ ہزار بادشاہ میخواہم
ہر کس زورِ تُو حاجتے مے خواہد — من آمدہ زِ تُو ترا میخواہم

(اے میرے پرودگار! یہ گدا تجھ سے جو کچھ طلب کرتا ہے۔ہزار بادشاہوں سے زیادہ مانگتا ہے۔ہر شخص تیرے دَر سے کوئی نہ کوئی حاجت (تو ضرور) طلب کرتا ہے۔میں بھی (ایک ادنیٰ سا حاجتمند بن کر) آیا ہوں۔اور تجھ سے تجھ ہی کو طلب کرتا ہوں)

حقیقتِ توحید کا حضرت غوثِ صمدانی قطبِ ربانی محبوبِ سبحانی پیرانِ پیر جناب شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے اِن فرمودات میں پنہاں و پوشیدہ ہے۔لہذا! یہاں پرحضورغوث پاکؒ کے چند قیمتی کلمات بطورِتبریک پیش کئے جاتے ہیں۔ آپؒ فرماتے ہیں۔کہ! وہ وجودِ مطلق تعالیٰ شانہ مستغنی عن العالمین ہے۔(وہ ذاتِ حق) نہ عاشق ہے نہ معشوق۔نہ خالق ہے نہ مخلوق۔نہ صانع ہے نہ مصنوع۔نہ رازق ہے نہ مرزوق۔نہ عابد ہے نہ معبود۔نہ فاعل ہے نہ مفعول۔بلکہ (وہ تو فقط بقولِ قرآنِ حکیم) **اللہ احد. اللہ الصمد. لم یلد ولم یولد ولم یکن له کفوا احد.**

ایک اور فرمانِ غوثیہ یہ بھی ہے۔کہ! **موحد** جب مقامِ توحید پر پہنچتا ہے۔تو نہ وہ موحد رہتا ہے نہ توحید۔نہ واحد نہ بسیار (بہت زیادہ یعنی ایک سے زیادہ)۔نہ عابد نہ معبود۔نہ ہستی نہ نیستی۔نہ صفت نہ موصوف۔نہ ظاہر نہ باطن۔نہ منزل نہ مقام۔نہ کفر نہ اسلام۔نہ کافر نہ مسلمان۔(لیکن افسوس) یہ فرمودات غوثیہ اکثر عاقل وحکیم، دانا وعالم لوگوں کے پیمانہء فہم وادراک سے بعید و بالا ہیں۔

در خانہء باطن اگر کَس اَست — یک حرف بَس اَست

ایک اور فرمانِ غوثیہ یہ بھی ہے۔کہ! جو بندہ اللہ تعالیٰ کو پہچان لیتا ہے۔اس کی زبان گونگی ہو جاتی ہے۔لیکن جب اللہ تعالیٰ چاہتا ہے۔تو اسے نئی زندگی بخش دیتا ہے۔پھر وہ بغیر آلات کے ،بغیر ترتیب کے، بغیر مہلت کے اور بغیر سبب کے بولنے لگتا ہے۔اس کی زبان اور اس کی انگلی میں کچھ تفاوت باقی نہیں رہتا۔ کیونکہ! اس حالت میں (عارفِ الٰہی کے لئے) ! نہ حجاب ہوتا ہے۔نہ قیود۔ نہ دروازہ ہوتا ہے۔نہ دربان۔ نہ اِذن ہوتا ہے۔ اور نہ اجازت کی طلب۔ نہ تولیت ہوتی ہے۔نہ تقرروموقوفی۔ نہ شیطان ہوتا ہے۔نہ سلطان۔ نہ دل ہوتا ہے۔اور نہ انگلیاں۔

جو آج غائب رہا۔اس نے نقصان اُٹھایا۔تُو کہہ دے۔کہ! پہلا اور دوسرا قدم رکھنے میں حاصل نہیں ہوتا۔تُو کہہ دے۔کہ! پہلا قدم اپنے خانہء وجود سے نکلنا ہے۔جبکہ دوسرا قدم نعمتِ الٰہی ''**الحمد لله رب العالمین**'' ہے۔ اور دروازے پرٹھہرنا ہے۔اس کے بعد اس کے دیدار کے وقت ''**ایاک نعبد و ایاک نستعین**'' ہے۔اور دیدار کے بعد ''**واسجد واقترب**'' ہے۔

جیسا کہ! ابھی ابھی حضرت پیرانِ پیرؒ کے فرمودات بطورِتبریک پیش کئے گئے۔اِسی ضمن میں حضرت ابوبکر واسطیؒ نے فرمایا۔کہ!

خلق دَر راہِ حق نیست — و حق دَر راہِ خلق نیست

خلق راہِ حق میں نہیں ہے۔اور حق راہِ خلق میں نہیں ہے۔(یعنی) خدا تو یگانہ ہے۔اگر خدا یگانہ ہی ہے۔تو یہ بھیڑ بھاڑ کیسی ہے ؟(بقولِ شاعر)

جبکہ اُس بِن نہیں کوئی موجود — پھر یہ ہنگامہ! اے خدا کیا ہے ؟

صورتِ جذبہ، کہ جس میں تمام بشریت فنا ہو جائے۔اور پھر یہی خطرہ (نفسِ مطمئنہ کا خطرہء رحمانی) سالکِ راہ ہو کر تمام مخلوق کی رہنمائی کرے۔کبھی ''احد'' ہو۔اور کبھی ''احد'' سے ''احمد'' ہو۔(یعنی بمطابقِ حدیث)**انا احمد بلا میم** اسی سر کی طرف اشارہ ہے۔جب احد ہے۔تو کسی نسبت کے ساتھ منسوب نہیں۔اور جب احمد ہوا۔تو منسوب بہ رسالت منجانبِ الٰہی ہوگیا۔**الٓمٓ** کا میم روح الامین حضرت جبرائیلؑ پر دلالت کرتا ہے۔کہ وہ مضمونِ قرآن کو ہی میں لاتے ہیں۔اور رسول ﷺ **قاب قوسین او ادنٰی** کی طرف لے جاتے ہیں۔جوالوہیت، ربوبیت کو آراستہ کرتے ہیں۔اور جو خود فرماتے۔وہ حدیث کی طرف منسوب ہو جاتا۔ افعالِ رسولؐ اُمت کے لئے مؤجبِ عمل ہیں۔اور حق و باطل میں تمیز کرنے والے۔۔۔یہی خطرہ۔۔۔کبھی احد کبھی احمد، کبھی وحی کبھی رسالت، کبھی ظاہر کبھی باطن، کبھی حج کبھی کعبہ، کبھی عصا کبھی کاسہ، کبھی خرقہ کبھی صوفی (یعنی پہننے والا) کبھی راہ کبھی رہبر، کبھی سالک کبھی مسلوک کبھی وقت کبھی اوقات اور خطرہء

رحمانی پیشوائے ہر دو عالم ہے۔ جو مزین و آراستہ ہو۔ اور جس نے اس کو نہ پایا۔ تو گویا گوہر نایاب و نا نفقہ اس کے ہاتھ سے نکل گیا۔ جس صفت پر گردش کرتا ہے۔ پس ایسی صفت کو اختیار کرتا ہے۔ اس کے لئے کوئی دَر بند نہیں ہے۔ تعین و لاتعین اس کے سامنے ایسے جواہرات ہیں۔ کہ! جس سے دل و دماغ کی کدورتیں جس قدر صاف اور زائل ہوں۔ اُتنا ہی کشف سے روشن ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ) اور یہی علمِ باطن ہے۔

فقر مقامِ نظر، علم مقامِ خبر ۔ فقر میں مستیٔ ثواب، علم میں مستیٔ گناہ

ایک بزرگ نے حقیقتِ توحید و معرفتِ الٰہی کے ضمن میں فرمایا۔ کہ! ہر ایک جس راز کی تلاش کرتا ہے۔ وہ پا لیتا ہے۔ بشرطیکہ! اُس کے اندر صدق، اخلاص اور استقلال موجود ہو۔ لہذا تلاش ہمیشہ جاری رکھنی چاہیئے۔ یاد رہے۔ کہ! اس متبرک و بلند منزل و مقام کی تلاش و حصول کی کوشش بھی مؤجب اَجر و ثواب ہے۔ پس چاہیئے۔ کہ! اِسی تلاش اور سفر میں ہمیشہ چلتے رہنا چاہیئے۔ (کیونکہ)

اس دوران قلب کی آواز کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے۔ جب وہ اپنی تلاش میں کامیاب ہو جاتا ہے۔ راز پا لیتا ہے۔ تو اُس کی ذات اس راز میں گم ہو جاتی ہے۔ اس طرح وہ ایک نئی ذات میں ڈھل جاتا ہے۔ یاد رہے۔ کہ! انسان دنیا کا اور دنیا انسان کا عکس ہے۔ چاہیئے۔ کہ! پہلے انسان خود کو دیکھے۔ پھر اس لامحدود جہان پر نظر ڈالے۔ (یعنی) انسان ایک چھوٹی سی دنیا ہے۔ اور عالم ایک مکمل انسان کا روپ دھارے ہوئے ہے۔

عشق انسان کو قلندرِ بوعلیؒ کرتا ہے ۔ عشق پاگل نہیں (بلکہ) پاگل کو ولی کرتا ہے

بہر حال! اولیاء اللہ کے عجیب و غریب اقوال عام و خاص لوگوں بلکہ علمائے عظام تک کی سمجھ میں نہیں آتے۔ کیونکہ! وہ ساری عمر قیل و قال میں صرف کر دیتے ہیں۔ جبکہ یہ معاملات باطنی و مخفی نوعیت کے ہیں۔ اسی لئے تو چند صحابہ کرامؓ کو حضرت عمر فاروقؓ نے اپنے دورِ خلافت میں مدینہ بدر کر دیا تھا۔ کہ وہ رازِ الٰہیہ کو سرِ عام جب لوگوں میں بیان کیا کرتے تھے۔ تو لوگوں کے فہم و ادراک میں اُنؓ کی باتیں نہیں آتی تھیں۔

نفس کی پہچان سے رب کی پہچان کیسے ممکن ہے ؟

حضرت نبی مکرم ﷺ کا ارشاد ہے۔ کہ! ایک اور حدیثِ نبوی ﷺ میں ہے۔ **من عرف الله كل لسانه**۔ (یعنی) جس نے اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کر لی۔ اُس کی زبان بند ہو گئی۔ اس مضمون میں ہم ایک قولِ رحمانی، جو کہ اگلے زمانے کے پیغمبروں کی کتابوں میں تھا۔ کہ! **اعرف نفسک تعرف ربک**۔ پہچانو اپنے نفس کو (تاکہ) پہچانو اپنے رب کو۔ اسی طرح سے حضرت امام غزالیؒ نے ایک حدیثِ نبوی ﷺ بیان کی ہے۔ کہ! **فان الله خلق ادم علٰى صورته ۔ فاعرف نفسک یا انسان تعرف ربک**۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی (ہی) صورت پر پیدا کیا۔ پس اے انسان! تُو پہچان اپنے نفس کو۔ تاکہ پہچانے تُو اپنے خدا کو۔ (اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی وجود نہیں رکھتا۔ وہی تھا۔ وہی ہے۔ اور وہی ہمیشہ رہے گا) یعنی جب تم نے اپنا آپ پا لیا۔ اپنے آپ کو پہچان لیا۔ اور اپنی حقیقت سے روشناس ہو گئے۔ تو سمجھو کہ تم عین صاحبِ بقاء ہو گئے۔ حضرت نبی مکرم ﷺ کا ارشاد ہے۔ کہ! **من عرف نفسه بالعجز والفناء فقد عرف ربه بالقدر والبقاء**۔ (یعنی) جس نے اپنے نفس کو عجز و فناء سے پہچان لیا۔ پس اُس نے اپنے رب کو قدر و بقاء سے پہچان لیا۔ (اس کا مطلب ہے۔ کہ) جو اپنے نفس کو پہچان لے۔ سمجھو وہ بقاء پا گیا۔ اسی طرح سے ایک اور حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے۔ کہ! جس نے اللہ تعالیٰ کو پہچانا۔ اس نے اپنے آپ کو اپنے مالک (رب العالمین) کے سپرد کر دیا۔ اور جس نے اپنے رب کو ربوبیت کے ساتھ پہچانا۔ وہ اس کی عبودیت کی شرائط کو پورا کرتا ہے۔ اور جس نے اللہ تعالیٰ کو جزاء سے پہچانا۔ اس نے اپنے آپ کو مشکلات میں ڈال دیا۔ اور جس نے اللہ تعالیٰ کو کافی ہونے میں پہچانا۔ تو اس نے دوسروں کو چھوڑ کر اسی کو کافی جانا۔ اِسی طرح سے مشہور قولِ حضرت علی المرتضیٰؓ **من عرف نفسه فقد عرف ربه**۔ (ترجمہ) جس نے اپنے نفس (اپنی ذات) کو پہچان لیا۔ اُس نے رب کو پہچان لیا۔ کی کچھ شرح بیان کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔ (کیونکہ) علمِ معرفت درحقیقت اللہ تعالیٰ کے بارے میں وہ خصوصی علم ہے۔ جو کہ اللہ تعالیٰ کے انوارات میں سے بہترین نور، اچھی خصلت اور خوبی ہے۔ جس کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ نے عقلاء کے قلوب کو تکریم بخشی ہے۔ چونکہ آدمی کا قلب آئینہ کے مثل ہے۔ لہذا جو بھی اس میں غور کرے گا۔ وہ ضرور بالضرور اللہ تعالیٰ کو دیکھے گا۔ (انشاء اللہ) پس اللہ تعالیٰ نے اپنے حسن و جمال اور بلند مرتبے سے مزین و معمور کیا۔ اور اسی کے ذریعے سے اپنے اولیاء اور محبوبین کو مخصوص کیا۔ اور اسی علم (یعنی علمِ معرفتِ الٰہی) کو جملہ تمام علوم پر برتری و فضیلت بخشی۔

(اسی ضمن میں ایک حدیثِ نبوی ﷺ ہے۔ کہ!) رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک شخص آیا۔ اور پوچھا کہ! کون سا عمل افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کے بارے میں علم۔ (یعنی معرفتِ الٰہی)

☆ ایک اور حدیثِ نبوی ﷺ ہے۔ جو شخص اپنے علم پر عمل کرے۔ اللہ تعالیٰ اُس کو وہ علم عطا فرماتا ہے۔ جو اس کو حاصل نہیں۔

☆ (ایک اور روایت ہے۔ کہ!) حضرت موسیٰ کلیم اللہؑ نے اللہ تعالیٰ سے دریافت فرمایا۔ کہ اے میرے رب عزوجل! تیرے کون سے بندے زیادہ نیکیاں کرنے والے ہیں؟ اور تیرے نزدیک بلند مرتبے والے ہیں؟ (تو اللہ تعالیٰ نے) فرمایا۔ جو میرے بارے میں زیادہ جانتے ہیں۔

☆ (اسی طرح سے ایک اور روایت ہے۔ کہ!) اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤدؑ کی طرف وحی کی۔ اور فرمایا۔ کہ! اے داؤدؑ! نفع دینے والا علم سیکھو۔ (تو حضرت داؤدؑ نے نہایت عاجزی سے) کہا۔ اے اللہ! نفع دینے والا کون سا علم ہے؟ (تو اللہ تعالیٰ نے) فرمایا۔ یہ کہ! تُو میرے جلال، عظمت، کبریائی اور ہر (وہ) چیز (کہ جس) پر میری قدرت کو پہچان لے۔ تو یہی چیز تجھے میرے قریب کر سکتی ہے۔ (یعنی کہ) علمِ نافع مشاہدہ کا نام

ہے۔ بظاہر بھی اور بباطن بھی۔ یعنی علمِ نافع وہ ہے۔ جو آپؐ کو مجھ تک پہنچا دے گا۔ اور اس طرح کہ ہر چیز میں آپؐ مجھ کو ہی پائیں۔ اور ہر آن میں مجھ کو ہی یاد کریں۔ تو میں اس کا بے علمی اور جہالت کا کوئی عذر قبول نہیں کروں گا۔ (لہذا) ہر وقت اللہ تعالیٰ کی حقیقی وحدانیت سمجھنے والے کی معرفت کے لئے خود کو مستعد و کوشاں کر لیں۔ ورنہ بہت سے ایسے اشخاص بھی ہیں۔ جو روایت تو بہت زیادہ کرتے ہیں۔ (یعنی قیل و قال رٹتے رہتے ہیں۔ قرآن و حدیث کے حوالے دیتے رہتے ہیں) لیکن اللہ تعالیٰ کے بارے میں انہیں کچھ بھی علم نہیں ہوتا۔ (کیونکہ) علم معرفت اللہ تعالیٰ کا وہ خصوصی فضل و کرم ہے۔ کہ جو اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہتا ہے۔ عطا کرتا ہے۔ اور پھر اسے دوسرے لوگوں سے ممتاز و برگزیدہ اور معزز و مکرم بنا دیتا ہے۔

حقائقِ معرفت کے ضمن میں چند اقوال اَز حضرت علی المرتضیٰؓ :

☆ حضرت علی المرتضیٰؓ نے فرمایا۔ **من عرف نفسه فقد عرف ربه**۔ جو اپنے نفس کو پہچان لیتا ہے۔ یقیناً وہ اپنے رب کو (بھی) پہچان لیتا ہے۔ (اسی طرح ایک اور جگہ آپؐ نے فرمایا۔ کہ) جب حضرت علی شیرِ خداؓ سے معرفت کے متعلق سوال کیا گیا۔ (یعنی کہ) مسائل تصوف کے سلسلے میں آپؓ سے دریافت کیا گیا۔ کہ آپؓ نے اللہ تعالیٰ کی معرفت کس ذریعے سے حاصل کی؟ (یعنی کہ اللہ تعالیٰ کو کس طرح سے پہچانا؟) تو آپؓ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کو میں نے اللہ تعالیٰ ہی سے پہچانا۔ اور ماسوا اللہ تعالیٰ کو نورِ الٰہی سے جانا۔ تو آپؓ نے (جواباً) فرمایا۔ کہ! میں نے اللہ تعالیٰ کو اسی ذریعے سے پہچانا ہے۔ جس سے اُس نے مجھے اپنی پہچان کرائی۔ کوئی صورت اس جیسی نہیں۔ کسی حس سے اسے جانا نہیں جا سکتا۔ نہ ہی ذہن دوڑا کر اس کی پہچان ہو سکتی ہے۔ کہ وہ کس مخلوق کی طرح ہو گا۔ وہ بعید ہو کر قریب اور قریب ہو کر بعید ہے۔ ہر شئے سے اوپر ہے۔ مگر یہ نہیں کہا سکتا۔ کہ کوئی شئے اس کے نیچے ہے۔ ہر شئے کے نیچے بھی وہی ہے۔ لیکن یہ نہیں کہہ سکتے۔ کہ کوئی شئے اس کے اوپر ہے۔ وہ ہر شئے کے سامنے ہے۔ لیکن کوئی شئے اس کے سامنے نہیں۔ وہ ہر شئے میں داخل بھی ہے۔ لیکن ایسے نہیں۔ کہ جیسے دوسری اشیاء داخل ہوتی ہیں۔ نہ (تو) وہ کسی شئے میں سے بنا ہے۔ نہ کسی شئے میں ہے۔ اور نہ کسی شئے کے ساتھ ہے۔ وہ اللہ پاک (ایسے) ہے۔ جیسے کہ! مخلوق میں سے کوئی شئے بھی ان صفات کی مالک (حامل) نہیں۔ ☆ حضرت علیؓ کے بارے میں آتا ہے۔ کہ آپؓ سے دریافت کیا گیا۔ کہ! ایسا کون ہے۔ جو عیب سے محفوظ رہے؟ (تو) آپؓ نے (جواباً) فرمایا۔ کہ! ایسا (تو) وہ شخص ہو گا۔ جو عقل کو امیر بنائے (یعنی عقل کے مشورے سے چلے) اور اس (عقل) کا کوئی وزیر نہ ہو۔ عقل کو نصیحت کرتے رہنے کا پابند بنائے۔ صبر کو قائد بنائے (جملہ امور میں صبر کرنا سیکھے)۔ تقوٰی پر کاربند رہنا سیکھے۔ اللہ تعالیٰ کا خوف ہمیشہ ہو۔ موت اور آزمائش کو (اپنا) دوست بنائے۔ ☆ بقول حضرت ابوالحسن نوری! کوئی دلیل سوائے حق تعالیٰ کے اس عرفان میں دل کے لئے نہیں۔ اور علم (تو) محض آدابِ خدمت کو طلب کرتا ہے نہ کہ صحتِ معرفت کو۔ اور مخلوقاتِ خدا میں سے کسی کو یہ قدرت نہیں۔ کہ وہ اللہ تعالیٰ تک پہنچ سکے۔ ☆ بقول حضرت عبداللہ بن مبارکؒ معرفت یہ ہے۔ کہ کوئی چیز تجھے حیرت میں نہ ڈالے۔ ☆ بقول حضرت ذوالنون مصریؒ! معرفت کی حقیقت یہ ہے۔ کہ! اسرارِ حق پر (تُو) مطلع ہو۔ اور لطائف انوار (تجھ) پر کھل جائیں۔ ☆ حضرت بایزید بسطامیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! معرفت یہی ہے۔ کہ! بندہ جان لے کہ! مخلوقات کی تمام حرکتیں اور جملہ سکون حق تعالیٰ شانہ (ہی) کی طرف سے ہیں۔ ☆ حضرت محمد بن واسعؒ فرماتے ہیں۔ کہ! عارف میں یہ صفات ہونی چاہئیں۔ (کہ) جو عارف ہو جائے۔ وہ کم سخن اور دائم التحیر ہو۔ ☆ حضرت ابوبکر شبلیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! حقیقتِ معرفت یہ ہے۔ کہ! معرفتِ حق سے بندہ خود کو عاجز سمجھے۔ ☆ حضرت ابوبکر واسطیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! جس نے اللہ تعالیٰ کو پہچانا۔ (وہ) سب سے منقطع ہو گیا۔ بلکہ گونگا ہو کر سب سے جدا ہو گیا۔

☆ روایت ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد نبیؑ کی طرف وحی فرمائی۔ کہ! جس نے مجھے پہچانا۔ (اور) اس نے میرا ارادہ کیا۔ اور مجھے طلب کیا۔ اور مجھے ڈھونڈ (بھی) لیا۔ اور جو مجھے پا لیتا ہے۔ تو وہ میرے علاوہ کسی (دوسرے) کو دوست نہیں بناتا۔ (اسی وجہ سے) جاننا چاہیئے کہ! اپنے آپ کو پہچاننا درحقیقت بندگی کے اصولوں میں سے ایک اصول ہے۔ کیونکہ! بہت ہی کم لوگ اپنے آپ کو پہچانتے ہیں۔ بندے کے اپنے رب کو پہچاننے کو اپنے نفس کو پہچاننے کے برابر ٹھہرایا ہے۔ اور اس کی واضح دلیل یہ ہے۔ کہ! جس نے اپنے آپ کو پہچان لیا۔ تو اس نے بندگی کے مقام پر رب کی ربوبیت کے مرتبے کو بھی پہچان لیا۔ جس نے اپنے نفس کو فنا سے پہچانا۔ تو اس نے اپنے رب کو بقاء سے پہچانا۔ جبکہ جس نے اپنے آپ کو جفاء اور غلطی سے پہچانا۔ اس نے اپنے رب کو وفا اور عطا سے پہچانا۔ جس نے اپنے آپ کو فقیری (اللہ تعالیٰ کی ذات ہوتے ہوئے بھی فقیر جانا) سے پہچانا۔ وہ اللہ تعالیٰ کے راستے میں مجبوری اور بے چینی کے قدموں سے چلا۔ اور جس نے اپنے آپ کو اپنے مالک کے لئے پہچانا۔ تو دوسروں کے سامنے اس کی حاجتیں بھی کم ہو جاتی ہیں۔ اولیاء اللہ تو اللہ تعالیٰ سے یہ گمان کیا کرتے ہیں۔ کہ! جس نے اللہ تعالیٰ کو توبہ کے ذریعے تلاش کیا۔ تو وہ اسے مغفرت کے ساتھ پائے گا۔ ان شاء اللہ۔ اور جس نے اسے نعمتوں و رحمتوں کے شکر کے ساتھ طلب کیا۔ تو وہ اسے مزید نعمتوں و رحمتوں کے ساتھ پائے گا۔ ان شاء اللہ۔ اور جس نے اسے دُعا کے ذریعے تلاش کیا۔ تو وہ اسے مغفرت، رحم اور استجابت کے ساتھ پائے گا۔ ان شاء اللہ۔ اور جو اسے توکل و قناعت کے ساتھ تلاش کرے گا۔ تو وہ اسے کفایت کے ساتھ پائے گا۔ ان شاء اللہ۔ اور جو اسے قربت کے ساتھ تلاش کرے گا۔ تو وہ اسے موانست کے ساتھ پائے گا۔ ان شاء اللہ۔ اور جو اسے عشق و محبت کے ساتھ ڈھونڈے گا۔ تو وہ اسے وصل و ملاپ کے ساتھ دیکھے گا۔ ان شاء اللہ۔ اور جو شخص اسے اشتیاق و شوق کی مدد سے تلاش کرے گا۔ تو وہ اسے ملاقات اور رویت کے ساتھ پائے گا۔ ان شاء اللہ۔ اور جو شخص اس کے ساتھ مظبوط تعلق کی تلاش میں نکلتا ہے۔ تو وہ اسے سیدھے راستے پر گامزن کر دے گا۔ ان شاء اللہ۔

تفسیر سورہ اخلاص اَز علامہ محمد اقبالؒ :

عقیدہ ءتوحید کو سمجھنے کے لئے قرآنِ کریم پورا کا پورا ہی نازل ہوا ہے ۔لیکن سورہ ءاخلاص میں اللہ تعالٰی کی وحدانیت جس قدر پیارے اسلوب و انداز میں بیان ہوئی ہے ۔شاید ہی کہیں اور کسی سورہ یا آیت میں ہو۔اور علامہ اقبالؒ تفسیر سورہ اخلاص (جو کہ انہوں نے حضرت سیدنا صدیقِ اکبرؓ کو خواب میں دیکھنے کے بعد) منظوم فارسی زبان میں تحریر فرمائی ۔سورۂ اخلاص کا یہ خلاصہ واقعتاً اپنے اندر بہت ہی زیادہ رموز و اسرار سموئے ہوئے ہے ۔اس کے چند اشعار پیشِ خدمت ہیں ۔

گفتمش ای خاصہ ء خاصانِ عشق — عشق تو سر مطلع دیوان عشق
پختہ از دستت اساس کارِ ما — چارہ ئی فرما پی آزارِ ما
گفت تاکی در ھوس گردی اسیر — آب و تاب اِز سورہ اخلاص گیر

ترجمہ :مَیں نے کہا۔آپؓ کا عشق خاص الخاص ہے ۔آپؓ کا عشق ، دیوانِ عشق کا مطلع (یعنی پہلا شعر) ہے ۔آپؓ کے ہاتھوں ہی ہمارے معاملات کی بنیاد مضبوط ہوئی ۔آپؓ ہمارے درد کا بھی کوئی چارہ فرما دیجیئے ۔(میری گزارش پر جواباً حضرت سیدنا ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا۔کہ!) تُو کب تک حرص و ہوس کا اسیر (قیدی) رہے گا۔ تجھے تو سورہ اخلاص سے روشنی حاصل کرنی چاہیئے ۔

آ نکہ نام تو مسلمان کردہ است — اَز دوئی سوی یکی آوردہ است
خویشتن را ترک و افغان خواندہ ئی — وای بر تُو آنچہ بودی ماندہ ئی

ترجمہ: وہ ذات کہ جس نے تیرے نام مسلمان رکھا ہے ۔وہ تجھے دوئی (شرک) سے وحدت کی طرف لائی ہے ۔لیکن تُو تو خود کو تُرک اور افغان کہلانا پسند کرتا ہے ۔افسوس تجھ پر کہ تُو کبھی جو تھا ۔اَب وہ نہیں ۔

یک شو و توحید را مشھود کن — غائبش را اَز عمل موجود کن
لذتِ ایمان فزاید در عمل — مُردہ آں ایمان کہ ناید در عمل

ترجمہ: تم ایک ہو جاؤ۔اور توحید (اللہ تعالٰی کی وحدانیت اور تمام مسلمانوں کا یک جان ہو جانا) کا اظہار کر دو ۔پھر اپنے عمل سے غائب کو موجود کر دو ۔ایمان کی لذت (مزہ اور سرور) عمل کرنے سے بڑھتی ہے ۔مُردہ ہے وہ ایمان ، کہ جس میں عمل نہ ہو۔

گر بہ اللہ الصمد دل بستہ ئی — اَز حد اسباب بیرون جستہ ئی
بندہءحق بندہء اسباب نیست — زندگانی گردشِ دولاب نیست
مسلم استی بی نیاز اَز غیر شو — اھلِ عالم را سراپا خیر شو

ترجمہ: اگر تم نے دل خدائے بے نیاز سے وابستہ کر ہی لیا ہے ۔تو تُو سمجھ لے کہ اَب تُو اسباب کی حدود سے نکل چکا ہے ۔اس لئے کہ! اللہ تعالٰی کا بندہ اسباب کا بندہ نہیں ۔اور زندگی رہٹ (رہٹ یعنی وہ چکر کہ جس کے چلنے سے کنویں سے پانی نکالا جاتا ہے) کا چکر نہیں ہے ۔اگر تو تُو (واقعی) مسلم ہے ۔تو غیر (خدا) سے بے نیاز ہو جا۔اور دنیا والوں کے لئے سراپا خیر ہو جا۔(بقول اقبال)

کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسہ — مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی

اور اسی طرح سے

خوار اَز مھجورہ قرآن شدی — شکوہ سنج گردش دوران شدی
ای چو شبنم بر زمین افتندہ ئی — در بغل داری کتاب زندہ ئی
تا کجا در خاک می گیری وطن — رخت بردار و سر گردون فگن

ترجمہ: تیری ذلت و رسوائی کا سبب تو (صرف اور صرف) یہ ہے ۔کہ! تو نے قرآن چھوڑ دیا۔اور زمانے کی گردش کے شکوے کرنے لگا۔اے شبنم کی طرح زمین پر گرنے والے ۔تیرے پاس ایک زندہ کتاب (ہدایت فراہم کرنے والی کتاب یعنی قرآنِ پاک) موجود ہے ۔(اس کتاب کے ہوتے ہوئے بھی) تُو آخر کب تک یونہی خاک نشیں رہے گا۔اُٹھ ۔اَب اپنا رخت سفر باندھ ۔اور آسمان کی بلندیوں کو (اپنے ہاتھوں اور جسم و جان کے ساتھ) چھو لے ۔

تُو تو خود سے نہیں ہے آشنا — تیری ذات تجھ ہی پہ راز ہے
تیرے قلب میں ہے چھپا ہوا — تیری روح کو جس کی تلاش ہے

حکایت : کہتے ہیں۔کہ! حضرت خواجہ شفیق بلخیؒ کے پاس کوئی شخص آیا۔اور کہا۔کہ! اے شیخ! مجھے توحید سمجھایئے۔اور زبانِ مبارک سے کچھ فرمایئے۔حضرت خواجہؒ نے اُس شخص سے شکر منگوائی۔جب وہ لے آیا۔تو اُس کو شکر دِکھلا کر آپؒ نے پوچھا۔کہ! یہ کیا ہے؟ اس شخص نے جواب دیا۔کہ! یہ شکر ہے۔حضرت خواجہؒ نے اُس شخص کو کہا۔کہ! تم اِس شکر سے آدمی، گھوڑا، بیل وغیرہ کی شکل بناؤ۔آپؒ کے فرمانے پر اس نے شکر کی مختلف صورتیں بنائیں۔حضرت خواجہؒ نے ایک ایک شکل کی طرف اشارہ کر کے پوچھتے گئے۔کہ! یہ کیا ہے؟ یہ کیا ہے؟ اُس نے جواب دیا۔یہ بیل ہے۔یہ آدمی ہے۔یہ گھوڑا ہے۔پھر حضرت خواجہؒ نے توڑ مروڑ کر ایک کر دیا۔جب ایک کر دیا۔تو پھر پوچھا۔یہ کیا ہے؟ اُس شخص نے جواب دیا۔یہ شکر ہے۔حضرت خواجہؒ نے اُسے کہا۔مَیں نے توحید کو تجھ سے پورے طور پر بیان کر دیا ہے۔

بندہ اور حق کے مابین فاصلہ : عارفین میں سے کسی سے پوچھا گیا۔کہ! بندے اور حق کے درمیان کتنا فاصلہ ہے۔تو اُس بزرگ نے فرمایا۔صِرف چار قدم کا۔(کیونکہ) جو بندہ پہلا قدم دنیا سے اُٹھاتا ہے۔دوسرا قدم مخلوق سے تیسرا قدم اپنے نفس سے اور چوتھا قدم آخرت سے۔تو وہ حق سے واصل ہو جاتا ہے۔

☆ (اسی طرح سے) اہلِ معارف میں سے کسی سے کہا گیا۔کہ! **اللہ تعالیٰ کی معرفت کیسے حاصل ہوسکتی ہے**؟ جواب دیا گیا۔کہ! وہ ذاتِ اقدس اشیاء کی مدد سے نہیں بلکہ اشیاء اُس ذات کی مدد سے پہچانی جاتی ہیں۔جیسا کہ! حضرت ذوالنون مصریؒ نے فرمایا۔کہ! **مَیں نے اللہ تعالیٰ کو اللہ تعالیٰ ھی کی مدد سے پہچانا ھے**۔اور اللہ تعالیٰ کے ماسوا تمام اشیاء کو اللہ تعالیٰ کے نور کی مدد سے جانا ہے۔اسی طرح سے حضرت جنید بغدادیؒ نے فرمایا۔کہ! **لا یعرف اللہ الا اللہ تعالیٰ**۔(یعنی کہ) اللہ تعالیٰ کو کوئی نہیں پہچانتا مگر خود اللہ تعالیٰ۔

☆ حضرت سلطان باہوؒ اپنی کتاب ''توحید الٰہی کلاں'' میں فرماتے ہیں۔کہ! تصدیق قلب میں ہے۔قلب روح میں ہے۔روح سر میں ہے۔سرخفی میں ہے۔اور خفی یخفیٰ میں ہے۔اور آپؒ اپنی کتاب ''عین الفقر'' میں فرماتے ہیں۔کہ! نفس قلب بن جاتا ہے۔قلب روح کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔روح سرّ بن جاتی ہے۔اور سرّ خفی بن جاتا ہے۔خفی اَنا میں تبدیل ہو جاتی ہے۔اور اَنا مخفی میں ڈھل جاتی ہے۔اِسے ''**توحیدِ مطلق**'' کہتے ہیں۔(یادرہے۔کہ!) بندہ نفسِ امارہ سے جان چھڑا کر نفسِ لوامہ اور پھر نفسِ ملہمہ سے ہوتا ہوا بالآخر نفسِ مطمئنہ تک جا پہنچتا ہے۔اور درجاتِ ولایت و مراتبِ عالیہ کو عبور کر لیتا ہے۔

حصولِ معرفت کے ضمن میں ایک واقعہ : (بمطابق کتاب ''لطائفِ اشرفی۔حضرت قدوۃ الکبریٰ'')

حضرت شیخ محمد بن یوسفؒ عشاء کی نماز کے بعد پہاڑوں کی طرف نکل جاتے تھے۔اور صبح تک وہاں رہتے۔اور بار بار (عاجزی وانکساری اور گریہ و زاری سے) یہی دعا کرتے رہتے تھے۔کہ یاالٰہی! مجھے تو اپنی معرفت و شناسائی عطا فرما۔یا پھر اس پہاڑ کو حکم دے۔کہ! یہ پہاڑ میرے سر پر ٹوٹ پڑے۔کیونکہ مَیں تیری آشنائی اور شناسائی کے بغیر زندہ نہیں رہنا چاہتا۔(کچھ عرصہ بعد حضرت شیخ محمد بن یوسفؒ مکہ معظّمہ تشریف لے گئے) اور مکہ معظّمہ میں بھی یہی دعا کرتے رہے۔کہ! یارب! مجھے اپنی معرفت عطا فرما۔ورنہ میری جان لے لے۔تیری معرفت کے بغیر مجھے اس جان کی بھی چنداں ضرورت نہیں۔ایک شب انہوں نے خواب میں دیکھا۔کہ کوئی اُن سے کہہ رہا ہے۔اگر تم (اللہ تعالیٰ کی معرفت) چاہتے ہو۔تو ایک ماہ کے روزے رکھو۔اور اس عرصہ میں کسی سے بات (بات کا مطلب یہاں کسی سے کوئی تقاضا، حاجت یا سوال ہے) مَت کرنا۔روزے ختم کرنے کے بعد تم چاہ زم زم پر جانا۔اور پھر وہاں اپنی حاجت (حصولِ معرفتِ الٰہیہ کی دعا) طلب کرنا۔چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا۔جب ایک ماہ گزر گیا۔تو حضرت شیخ چاہ زمزم پر تشریف لے گئے۔اور اپنے مقصد کی دعا کی۔چاہ زمزم سے ہاتفِ غیبی نے انہیں پکار کر کہا۔کہ! اے ابنِ یوسفؒ! تمھیں اختیار دیا جاتا ہے۔کہ تم ان دو باتوں میں سے جو تمھیں پسند ہو۔اختیار کر لو۔علم دولت اور دنیا کے ساتھ۔یا معرفت (الٰہی) قلت وفقر کے ساتھ۔حضرت شیخ محمد بن یوسفؒ نے بخوشی جوابًا فرمایا۔کہ مَیں معرفت قلت وفقر کے ساتھ اختیار کرتا ہوں۔پس چاہ زمزم سے آواز آئی۔کہ! تمھیں عطا کیا۔تمھیں عطا کیا۔رب متعال سے حقیقی محبت رکھنے والے اشخاص کی ایسی ہی حکایات ہوا کرتی ہیں۔

اخلاق اور عبادت میں افضل کیا ھے (بمطابق حدیث نبوی ﷺ) :

☆ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں۔کہ! ایک دن مسجدِ نبوی ﷺ میں کسی شخص نے عرض کیا۔یا رسول اللہ ﷺ! فلاں عورت کا زیادہ نماز، روزے اور کثرتِ صدقہ وخیرات کی وجہ سے بڑا چرچا ہے۔یعنی لوگ کہتے ہیں۔کہ وہ عورت بہت زیادہ عبادت کرتی ہے۔اور کثرت سے صدقہ وخیرات کرتی رہتی ہے۔لیکن وہ اپنی زبان کے ذریعے اپنے پڑوسیوں کو تکلیف پہنچاتی ہے۔آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے یہ سن کر فرمایا۔کہ وہ دوزخ میں جائے گی۔یعنی وہ عورت چونکہ اپنی زبان اور گالم گلوچ کے ذریعے سے اپنے پڑوسیوں کو تکلیف پہنچاتی ہے۔اس لئے وہ دوزخ میں ڈالی جائے گی۔اور باوجودیکہ نماز، روزہ اور صدقہ وخیرات افضل ترین عبادات میں سے ہیں۔لیکن اس کی عبادتیں بھی اس کے گناہ کا کفارہ نہیں ہوں گی۔اس شخص نے عرض کیا۔یا رسول اللہ ﷺ! فلاں (یعنی ایک دوسری) عورت کے بارے میں کہا جاتا ہے۔کہ وہ بہت کم روزے رکھتی ہے۔بہت کم صدقہ دیتی ہے۔اور بہت کم نماز پڑھتی ہے۔اور حقیقت میں اس کا صدقہ وخیرات قروط (سوکھی دہی۔پنیر) کے چند ٹکڑوں سے آگے نہیں بڑھتا۔لیکن وہ اپنی زبان کی وجہ سے اپنے ہمسائیوں کو تکلیف نہیں پہنچاتی۔(تو) آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ وہ عورت جنت میں جائے گی۔(احمد۔بیہقی)

☆ حضرت انسؓ فرماتے ہیں۔کہ! ایک مرتبہ ہم نبی مکرم ﷺ کے ہمراہ سفر میں تھے۔ہم میں سے کچھ لوگ تو روزہ دار تھے۔اور کچھ لوگ بغیر روزہ کے تھے۔ جب ہم ایک منزل پر اُترے۔تو گرمی کا دن تھا۔جولوگ روزہ سے تھے۔وہ گر پڑے۔اور جولوگ روزہ سے نہیں تھے۔وہ مستعد رہے۔چنانچہ اُنہوں نے خیمے کھڑے کئے۔اور اُونٹوں کو پانی پلایا۔آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے یہ دیکھ کر فرمایا۔کہ روزہ رکھنے والوں نے آج ثواب کا میدان جیت لیا۔ (صحیحین) (مختصراً یہ کہ! عبادت سے تقوی حاصل ہوتا ہے۔**مگر خدمتِ خلق سے خدا مِلتا ہے**)

مزید برآں یہ کہ! قرآنِ مجید فرقانِ حمید میں آنحضرت رسالت مآب ﷺ کے بعثت کے چار مقاصد بیان فرمائے ہیں۔اِرشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! وہی (اللہ) جس نے امیوں میں ایک رسول ﷺ انہی میں سے مبعوث فرمایا۔جو انہیں اِس (قرآن) کی آیات پڑھ کر سناتا ہے۔اور اِن کا تزکیہ (نفس) کرتا ہے۔اور انہیں کتاب وحکمت کی تعلیم فرماتا ہے۔اگرچہ وہ اِس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے۔(قرآن 62۔2)

☆ یادرہے کہ! تصوف کی ابتداء بعثتِ نبوی ﷺ کے ساتھ ہی ہوگئی تھی۔جیسا کہ ابھی بیان ہوا ہے کہ! ہادیء برحق ﷺ کی بعثت۔ (**انک لعلی خلق عظیم** o) بعثتِ نبوت اور اِظہارِ نبوت کے کچھ عرصے بعد اللہ تعالیٰ نے سورہ مزمل نازل فرمائی تو اِس کی پہلی 11۔آیات میں تزکیہءِ نفس کے لئے ہدایات دی گئی ہیں۔جنہیں (**سورہ مزمل** کی اِنہیں گیارہ آیات آیات کو) اگر تصوف کا مآخذ، نچوڑ اور خلاصہ کہہ دیا جائے تو بے جانہ ہوگا۔سورہ مزمل کی اِنہیں گیارہ آیات میں سے کچھ کا یہاں پر ترجمہ دیا جارہا ہے۔

☆ اے کپڑا اوڑھنے والے! رات کو (اللہ تعالیٰ کی عظیم المرتبت بارگاہ میں) کھڑے رہا کریں مگر کم۔آدھی رات یا اِس سے کچھ کم کرلو یا اِس سے کچھ (زیادہ) بڑھالو۔(یعنی شب بیداری اختیار کریں)

☆ اور قرآنِ پاک کو خوب ٹھہر ٹھہر کر تلاوت کیا کریں۔بے شک! ہم آپ ﷺ پر ایک بھاری کلام نازل کرنے والے ہیں۔ (ترتیل یعنی کہ! اللہ تعالیٰ کے کلام میں غور وفکر،فہم وفراست اور ادراک کا حصول ہے۔اور کلام پاک کا اثر قلب پر وارد ہو)

☆ درحقیقت رات کا اُٹھنا،نفس پر قابو پانے کے لئے بہت کارگر ہے۔اور بہت سیدھا کرنے والا ہے بات کو۔(نوافل بالخصوص **تہجد** پڑھ کر نفسِ امارہ کو مغلوب کرنا، کیونکہ جو شخص رات کو اپنی نیند خراب کر کے اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کے لئے اُٹھ کر تازہ وضو کر کے نہایت عاجزی وانکساری اور خشوع و خضوع سے نوافل پڑھتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی عبادت میں محو ہو جاتا ہے۔وہ لازمًا اللہ تعالیٰ کا حقیقی قرب حاصل کر لیتا ہے۔اللہ تعالیٰ قرآنِ پاک میں فرماتا ہے کہ! پس جو شخص اپنے رب سے ملاقات کا آرزومند ہو تو اُسے چاہیئے کہ وہ نیک اعمال بجالائے اور اپنے رب کی عبادات اور مشکل اوقات میں حاجت برآری میں میں کسی کو شریک نہ ٹھہرائے) ☆ بے شک دن کے اوقات میں تو آپ ﷺ کے لئے بہت سی مصروفیات ہیں۔(یعنی کہ دن کے اوقات میں دنیاوی معاملات کو سرانجام دیا جائے۔رزق وروزی کی طرف توجہ ہو،اہل بیت کی کفالت،حقوق العباد کی طرف دھیان ہو وغیرہ۔۔) ☆ اور اپنے رب کے نام کا (خوب) ذِکر کیا کرو۔(یعنی کہ!) **الذین امنوا وتطمئن قلوبھم بذکر اللہ ط ا لا بذکر اللہ تطمئن القلوب**۔(سورہ رعد آیت 28) جو ایمان لائے اور ان کے دِل اللہ جل شانہ کے ذِکر سے مطمئن ہو گئے۔سنو! اللہ تعالیٰ کے ذِکر سے ہی دل کا اطمینان (چین،سکون،آرام،قرار) ہوسکتا ہے۔ بہرحال! ہمیں ذات،مقام،مرتبہ یا قوم کے طور پر نہیں بلکہ مسلمان ہونے کے ناطے توحید کی حقیقت کو دیکھتے ہوئے یکجا ہو جانا چاہیئے۔

یوں تو سید بھی ہو ، مرزا بھی ہو ، افغان بھی ہو تم سبھی کچھ ہو ، بتاؤ تو مسلمان بھی ہو

شعرِ بالا کے ضمن میں حکایت : تذکرہءغوثیہ میں ہے۔کہ! جس وقت حضور شیخ عبدالقادر جیلانیؒ ،حضرت بایزید بسطامیؒ کے مزار پر تشریف لے گئے۔تو حضور غوثِ پاکؒ کو خیال آیا۔کہ! مَیں یوں تو بایزیدؒ کے برابر ہوں۔مگر دو باتیں (خصائل) مجھ میں اُن سے زیادہ ہیں۔ایک تو یہ کہ مَیں سید ہوں۔دوسرا یہ کہ مَیں ''محبوب'' ہوں۔جب مزار کی جانب متوجہ ہوئے۔تو (عالمِ خیال میں) یہ شعر لکھا ہوا پایا۔

ہر کہ عاشق شد جمالِ ذات را اوست سید جملہ موجودات را

حضرت پیرانِ پیرؒ یہ شعر پڑھ کر خائف ہوئے۔اسی وقت روحِ بایزید بسطامیؒ ظاہر ہوئی۔اور فرمایا۔اے صاحبزادہ! یہ میرا قصور نہیں۔بلکہ یہ تعلیم آپؒ کو ذاتِ باری تعالیٰ کی جانب سے ہوئی ہے۔اور فی الحقیقت مجھ سے تو آپؒ ہر مرتبہ میں بہتر وبرتر ہی ہیں۔ (واللہ اعلم)

حدیث نبی ﷺ میں مؤمن کے لئے بہت بڑی خوشخبری : حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ہر (بندہء) مؤمن کا مَیں دنیا وآخرت میں سب سے زیادہ قریب ہوں۔اگر تم چاہو۔تو یہ آیت پڑھ لو۔**النبی اولی بالمؤمنین من انفسھم**۔ انبیاءؑ مومنوں سے ان کی جان سے بھی زیادہ قریب ہیں۔(سورہ احزاب۔آیت 06) لہذا جو بھی مؤمن انتقال کر جائے۔اور مال چھوڑ جائے۔تو چاہیئے۔کہ! ورثاء اس کے مالک ہوں۔ اور جو شخص قرض چھوڑ جائے۔یا اولاد چھوڑ جائے۔تو وہ میرے پاس آجائیں۔کہ ان کا مَیں ولی ہوں۔ (صحیح بخاری۔2399)

فقر کیا ھے ؟ (بقول حضرت سلطان باہوؒ!) فقر یہ ہے۔کہ تُو طمع نہ کرے۔اگر کوئی تجھے کچھ دے۔تو منع نہ کرے۔اور اگر تجھے کچھ ملے تو جمع نہ کرے۔

(**بقول البلوشی** !) جمع، طمع اور طمع۔یعنی دنیا فانی ہے۔کچھ بھی جمع نہیں کرنا۔رب کی عطا جس پر جیسی بھی ہو۔دوسرے کی چیز کا طمع نہیں رکھنا۔اور پہلے خود کو سدھارلو۔پھر اپنے اخلاق اور عادات سے لوگوں کو سدھارو۔بجائے اس کے،کہ! کسی کو غلط کہو۔اور منع کرو۔

اقوالِ شطحیات یا سکر یہ الفاظ :

اسی طرح سے یہ کیفیت وطبیعت اور حال کسی تحریر وتقریر میں بھی نہیں سما سکتا۔(یاد رہے۔کہ!) اولیاءاللہؒ سے کچھ ایسے الفاظ (جو کہ اِسی مضمون میں آگے آرہے ہیں) کا صدور بھی ہوا ہے۔کہ! جنہیں سکر یہ اقوال یا شطحیات سے موسوم کیا جاتا ہے۔ظاہری طور پر ایسے الفاظ یا جملے اگر بولے جائیں۔تو یہ صریح کفر وشرک پر مبنی ہوں گے۔مگر یاد رہے۔کہ اولیاءاللہ کا ایسے الفاظ یا جملے کہنے پر کفر والحاد یا شرک وکبیرہ گناہوں کے فتوے داغنے سے پہلے ہمیں دو احادیث کو (کہ! **جب بندہ میرا اقرب حاصل کر لیتا ہے۔تو میں اُس کے ہاتھ بن جاتا ہوں۔۔۔ پاؤں بن جاتا ہوں۔۔۔**(حدیثِ قدسی) **مومن کی فراست سے ڈرو۔کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے۔۔۔**) کوملوظ ذہن رکھنا ہوگا۔آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔**من رانی فقد رای الحق**۔یعنی جس نے مجھے دیکھا۔اس نے حق دیکھا۔چند اقوال سکر یہ وشطحیات جیسے کہ! سی طرح سے حضرت بایزید بسطامیؒ نے فرمایا تھا۔کہ! **سبحانی ما اعظم** (یعنی میں سبحان ہوں۔میری کیسی بڑی شان ہے) اسی طرح سے حضرت منصور حلاج نے فرمایا تھا۔کہ! **انا الحق** (یعنی مَیں (ہی صرف اور صرف) حق ہوں۔اسی طرح سے حضرت جنید بغدادیؒ نے فرمایا تھا۔کہ! **لیس فی جبتی سوی اللہ** (یعنی میرے جبہ میں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں) اسی طرح سے حضرت شیخ ابوالحسن خرقانیؒ نے فرمایا تھا۔کہ! **انا اقل من ربی بسنتین** (یعنی میں اپنے رب تعالیٰ سے (فقط) دوسال چھوٹا ہوں) اسی طرح سے ایک بزرگ فرماتے ہیں۔کہ! **لا فرق بینی و بین ربی. الا انی تقدمت با لعبو دیۃ** (یعنی مجھ میں اور میرے پروردگار میں کچھ فرق نہیں۔اگر ہے تو صرف یہی کہ! مَیں نے عبادت وبندگی میں سبقت پیش قدمی کی) اسی طرح سے حضرت ابوبکر شبلیؒ نے فرمایا۔کہ! **انا اقول وانا اسمع و ھل فی الدارین غیری** (یعنی مَیں ہی کہتا ہوں۔اور مَیں ہی سنتا ہوں۔اور میرے سوا دونوں جہانوں میں کون ہے) اِسی طرح کے دیگر بھی کئی سکر یہ اقوال وشطحیات کتابوں میں موجود ہیں۔مگر ہم انہیں پر اکتفاء کرتے ہیں۔جاننا چاہیئے۔کہ! اَب ہمارے پاس کونسا ایسا پیمانہ (**Measuring Parameter**) موجود ہو۔کہ! جس سے ہمیں یہ معلوم ہو سکے۔کہ! فلاں بزرگ کا یہ قول بحالتِ سکر صادر ہو یا بحالتِ جذب۔یا پھر یہ اُس کے ذہن کی اختراع ہے۔تو ایسے موقع پر ہمارے پاس سب سے اہم چیز شریعت وطریقت کی مکمل پاسداری، ولایت میں اُس کا کمال اور بزرگی میں اُس کا بے مثال ہونا ضروری ہے۔ کیونکہ! سب سے زیادہ مشہور ومعروف شطحیہ قول یعنی سکر یہ قول حضرت منصور ابنِ حلاج کا ہے۔کہ جنہوں نے نعرہء ''**انا الحق**''عوام وخواص کے سامنے برملا کہا۔تاریخِ تصوف کو اگر ہم بغور دیکھیں۔تو ہمیں پتا چلے گا۔کہ حضرت موصوفؒ ولیءکامل، متقی، نہایت عبادت گزار، خاموش طبع اور حلم وصبر وعلم وشکر کا عظیم شاہکار تھے۔بلکہ کرامتوں کی بھرپور فیکٹری تھے۔اُن سے بے شمار کرامات اور خوارق العادات عجائبات کا ظہور رہتا تھا۔(بہر حال ہم دوبارہ اپنے موضوع کی طرف لوٹتے ہیں)

چند احادیثِ نبویہ ﷺ : (رموز واسرار مخفی ہی سے بھرپور لبریز اقوال زریں)

☆ حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں۔کہ! مَیں نے رسول اللہ ﷺ سے دوقسم کے علموں کے برتن (خزانے) حاصل کئے۔ان میں سے ایک کو تو مَیں نے تم پر ظاہر کر دیا۔لیکن دوسرے کو ظاہر کروں۔تو میرا گلا کٹتا ہے۔ ☆ حضرت ابنِ عباسؓ سورہ طلاق کی اس آیت (**اللہ الذی خلق سبع سموت و من الارض مثلھن . یتنزل الامر بینھن لتعلموا ان اللہ علیٰ کل شیءقدیر . وان اللہ قد احاط بکل شیءعلما** ۔(سورہ طلاق۔آیت نمبر 65) اللہ ہے (وہ کہ جس نے) سات آسمان بنائے۔اور انہی کے برابر زمینیں۔حکم ان کے درمیان اُترتا ہے۔تاکہ تم جان لو۔کہ اللہ تعالیٰ سب کچھ کر سکتا ہے۔اللہ تعالیٰ کا حکم ہر چیز کو محیط ہے) کی تفسیر میں فرماتے ہیں۔کہ! اگر مَیں اس آیت کی پوری تفسیر (بیان) کروں۔تو تم لوگ مجھے کافر کہو گے۔اور (چہ جائیکہ تم لوگ مجھے) سنگسار کرو۔ ☆ فرمانِ رسول اللہ ﷺ! **تکلموا الناس علی قدر عقو لھم** ۔لوگوں کے ساتھ اُن کے عقول (فہم وادراک) کے قدر کلام کرو۔ ☆ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔نہیں ڈالا اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں کوئی علم۔مگر ڈالا مَیں نے ابوبکرؓ کے سینے میں۔ ☆ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔حضرت ابوبکرؓ تم پر روزہ اور نماز کی کثرت سے افضل نہیں ہوئے۔بلکہ ایک راز اور علم کی وجہ سے، جو اس کے سینے میں ڈالا گیا۔ (بیہقی) ☆ صحابہ کرامؓ نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا۔(کہ) حضرت معاذؓ ہمیں کہتے ہیں۔آؤ۔ایک گھڑی ٹھہرو۔ایمان لائیں۔کیا ہم ایمان والے نہیں ہیں؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔معاذؓ کو ان کے حال پر چھوڑ دو۔ ☆ حضرت زیدؓ کو جب کشفِ کونی کا علم ہوا۔تو ایک روز جوش میں آکر آنحضرت نبی مکرم ﷺ سے کہنے لگے۔ یا رسول اللہ ﷺ! اگر (آپ ﷺ کا) حکم ہو۔تو بہشتیوں اور دوزخیوں کو جدا جدا اور حشر نشر کا حال بالتفصیل بیان کروں ؟ (تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔بس تیرا گھوڑا بہت گرم ہوگیا ہے۔اسے ذرا ٹھنڈا کر۔(یاد رہے۔کہ!) اس واقعے کو حضرت مولائے رومؒ نے بھی تفصیلاً اپنی مثنوی میں بیان فرمایا ہے۔

گفت پیغمبرؐ صباحے زید را **کیف اصبحت** اے رفیق باصفا

☆ حضرت حذیفہ بن یمانؓ (کہ جن کو صاحبِ السر رسول اللہ ﷺ کا خطاب دیا گیا) فرماتے ہیں۔اگر مَیں تم سے وہ احادیث بیان کروں۔جو مَیں جانتا ہوں۔تو البتہ تم تین متفرق گروہ بن جاؤ۔ایک گروہ تو میرے قتل کرنے پر آمادہ ہو جائے۔اور ایک مجھ کو جھٹلائے گا۔(یاد رہے۔کہ!) حضرت امیر المؤمنین عمر فاروقؓ کے دورِ خلافت میں جب حضرت حذیفہؓ نے مسجدِ نبوی ﷺ میں طالبین ومشتاقین کو بڑے زور وشور سے باطنی رموز واسرار کی تعلیم وتلقین دینی شروع کر دی۔کہ نوبت یہاں تک جا پہنچی۔کہ! عشاق امورِ دنیاوی سے دست کش ہوکر صحرا نشینی اختیار کرنے لگے۔رفتہ رفتہ اس امر کی شکایت جب حضرت عمر فاروقؓ کو

پہنچی۔تو آپؓ نے حضرت حذیفہؓ کو بلاکرفرمایا۔''کیاتم لوگوں کوخراب کرتے ہو؟ یہاں (یعنی مدینہ منورہ) سے چلے جاؤ''۔ بالآخر بامرمجبوری،آپؓ نے مدینہ شریف کوخیرآباد کہہ کرمدائن میں جاکرقیام فرمایا۔ جہاں کے گورنرحضرت سلمان فارسیؓ تھے۔اوراَب وہیں پرآپؓ کامزارِپرانوارزیارت گاہ عام وخاص ہے بلکہ مرجع خلائق ہے۔ ☆ بھلاوہ کونسی بات تھی۔کہ! حضرت رسول اللہ ﷺ نے حضرت علی المرتضیٰؓ کوتعلیم فرمائی تھی۔اور پھرفرمایا۔اسے کسی کے سامنے بیان نہ کرنا۔حضرت سیدناعلی المرتضیٰؓ نے بہت ضبط کیا۔آخر جب ضبط کو یارانہ رہا۔تو مدینہ منورہ سے باہر جنگل میں تشریف لے گئے۔اور جنگل میں ایک کنوئیں کے کنارے بیٹھ کراس رازکوبیان کردیا۔جس کی وجہ سے اس کنوئیں کاپانی خون ہوگیا۔وہ کنواں آج بھی مدینہ منورہ میں ''بیرعلیؓ بن ابی طالب'' کے نام سے مشہور ہے۔ ☆ اسی طرح حضرت عمرفاروقؓ نے حضرت اویس قرنیؓ سے ملاقات کے وقت اپنی خلافت کومحض ایک دینار کےعوض حضرت اویس قرنیؓ کوفروخت کرنے پرکیوں مصرہوگئے؟(اس مکمل قصے کوسلسلۂ عالیہ نقشبندیہ کےمشہور بزرگ حضرت شیخ فریدالدین عطارؒ نے اپنی ایک نظم میں بیان فرمایاہے۔

چوں عمرؓ پیش اویسؓ آمد بہ جوش گفت افگندم خلافت راز وش

لہذا علمِ لدنی اور علم باطنی ایک سر ہے، رمز ہے، راز ہے۔۔۔جس کے نگران حضرت خضرؑ، حضرت الیاسؑ اور اولیاء اللہ ہیں۔ وہ خوش نصیب اولیاء اللہ جوآنحضرت ﷺ کی حضوری میں ہیں۔اُن کو بذریعہ حضرت علیؓ ان علوم میں سے کچھ نہ کچھ حصہ ملتا ہے۔ بلکہ ہمیشہ مِلتا رہتا ہے۔ غرضیکہ! ہم ہیں۔تو خدا نہیں اور اگر خدا بالذات موجود ہے۔تو ہم ندارد ہیں۔(یہ اسرار ورموز خدا ہی سمجھائے۔ ورنہ حال وہی ہوگا۔جو کہ منصورابنِ حلاج کا ہوا تھا) پس اس امر کا فہم اسی وقت ہی ممکن ہوسکتا ہے۔کہ! جب نہ فہم رہے۔ نہ صاحبِ فہم اور نہ مفہوم۔ یا پھر اِن تین مراتب میں سے کسی مقام و مرتبہ کا مکمل وقوف وادراک رکھتا ہو۔علم الیقین۔ عین الیقین۔ اور حق الیقین۔ (لہذا) اگر کسی کی سمجھ میں یہ باتیں آئیں۔تو فبہا۔ ورنہ یہ تمام باتیں زندقہ والحاد اور کفر کی سی لگتی ہیں۔

اعوذ باللہ. استغفراللہ. لاحول ولا قوۃ الا باللہ .یا ھادی اھدنا الصراط المستقیم. صراط الذین انعمت علیھم.

یہ کمترین **عبدالروٗف البلوشی** عرض گزار ہے۔ہم لوگ توحید کے معنی، مفاہیم اور تفصیل کوجس قدر سہل سمجھتے ہیں۔ باخدا حقیقتِ توحید کے اسباق کی شناسائی اوروقوف وادراک کوحاصل کرنا اُتنا ہی مشکل اور بعیدازقیاس ہے۔(**کیو نکہ**) علمائے کرام اورہم بےچارے عوام الناس نے توصرف اللہ تعالیٰ کی وحدت کو ہی توحید سمجھ لیا ہے۔جبکہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت جاننے کا مطلب فقط اللہ تعالیٰ کوایک جاننا ہے۔اوروحدانیت ربانی کو پہچاننے کا مطلب دل کی آنکھ اور باطنی بصیرت سے توحید کومحسوس کرنے کا نام ہے۔یادرہے۔کہ! اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کی یکتائی کو بصارت وادراک کے ساتھ سمجھنا آسان کام نہیں ہے۔ یہ تو اُن لوگوں (اولیائے عظام اورمقربینِ خدا) کا خاصہ ہے۔کہ جن پراللہ تعالیٰ نے انعام واکرام فرمایا ہے۔ **یادرہے۔کہ!** اولیائے عظام اورعلمائے کرام کے فہم وفراست، شناسائی حقیقتِ حق اور وقوف وادراک میں زمین وآسمان کے جیسا امتیاز پایا جاتا ہے۔کیونکہ! ایک عالم کوقال سے جبکہ ایک ولی کوحال کی بصیرت حاصل ہوا کرتی ہے۔ لہذا علمائے کرام صرف قیل وقال پرہی اکتفا کئے ہوئے ہیں۔۔بقول حضرت بابا بلھے شاہؒ!

بلھیا عاشق ہویوں رب دا ملامت ہوئی لاکھ تینوں کافر کافر آکھدے توں آہو آہو آکھ

بلھے شاہ چل اوتھے وسیے جتھے سارے ہون انّھے نہ کوئی ساڈی قدر پچھانے نہ کوئی سانوں منّے

☆ **ومن اعرض عن ذکری فان لہ معیشۃ ضنکا و نحشرہ یوم القیمۃ اعمیٰ** o (سورہ طٰہٰ آیت 124) جس نے میرے ذکر سے منہ موڑا۔اس کی روزی تنگ ہوجائے گی اوراس کو (ہم) قیامت کے دن اندھا اُٹھائیں گے۔

پانچ مراتبِ عشق : پہلے مرتبہ شریعت ہے۔یعنی محبوب کے جمال کا شوق پیدا ہونے کے لئے خبر کا سننا۔ دوسرا مرتبہ **طریقت** کا ہے۔ یعنی محبوب کا طالب ہوجانا یا پھرمعشوق کی پے میں لگ جانا یا طلب کا راستہ طے کرنا۔ تیسرا مرتبہ معرفت کا ہے۔یعنی محبوب کے حسن و جمال اوراس کی حضوری میں دائمًا رہنا۔ چوتھا مرتبہ حقیقت کا ہے۔یعنی اپنی مراد (مقصد، آرزو، خواہش یا مطلب) کومحبوب کی مراد میں محو ومستغرق اورگم کردینا یا اُس کی مراد میں ملیامیٹ ہوجانا۔ پانچواں اور آخری مرتبہ ''وحدتِ حق'' کا ہے۔یعنی اس میں فنا ہونے والے وجود کے ظاہر وباطن کوتوڑکرنابود کردینا۔محبوب ہی کوظاہر وباطن میں موجود مطلق رکھنا۔عشق کے یہی پانچ مراتب ومقامات ہیں۔(یادرہے۔کہ) اللہ تعالیٰ سے عشق خود سے عشق ہے۔ اورخود سے عشق اللہ تعالیٰ سے عشق ہے۔جیسا کہ فرمانِ حضرت علی المرتضیٰؓ ہے۔کہ **!من عرف نفسہ فقد عرف ربہ**۔(ترجمہ) جس نے خود کو پہچان لیا۔اُس نے (واقعتاً) رب کو پہچان لیا۔نبی کرم ﷺ نے فرمایا۔ **ان اللہ خلق ادم علیٰ صورتہ**۔یقیناً اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کو اپنی (ہی) صورت پرپیدا کیا۔پھرفرمایا۔ **یاعلیٰ! صورت رحمان**۔ بلکہ رحمان کی صورت پر۔لہذا سالک وطالبِ صادق پربھی لازم ہے۔کہ! تم ہی عین بقا، عین عشق، مطلق اورمقید ہو۔تم ہی تو ہو۔تمہارے سوااورکوئی نہیں۔(بدقسمتی سے) تم نے خودہی خودی کو چھوڑ رکھا ہے۔کسی طرح کی کوئی دوئی یا جدائی نہیں۔سمجھنے کی بات تو یہ ہے۔کہ! تم اسی سے ہو۔(بقول شاعر)

وجود ندارد کسے جز خدا ہماں بودہ باشد ہمیشہ بجا

(اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی وجود نہیں رکھتا۔ وہی تھا۔ وہی ہے۔ اور وہی ہمیشہ رہے گا)

توحید شناسی کے بعد اگلی منزل و مقام عشقِ الٰھی ہے :

بمطابق قرآن حکیم! **والذین اٰمنوا اشد حبا للہ**۔ اور ایمان والے سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے محبت (عشق) کرتے ہیں۔ (سورہ البقرہ)

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ حُبَّکَ وَ حُبَّ مَنْ یُّحِبُّکَ وَ حُبَّ عَمَلٍ یُقَرِّ بُنِیْ اِلٰی حُبِّکَ۔ آمین۔

خضرؑ بھی بے دست و پا ، الیاس بھی بے دست و پا　　　میرے طوفاں یم بہ یم ، دریا بھی دریا ، جُو بہ جُو

قطب الاقطاب حضرت سید محمد حسینی خواجہء بندہ نواز گیسو درازؒ فرماتے ہیں۔ کہ! اے عزیز اچھی طرح سمجھ جاؤ۔ کہ دنیا میں جو بھی کچھ ہے۔ وہ صرف یہ تین چیزیں ہیں۔ عاشق ، عشق اور معشوق۔ اِن تین کے سوا سب کچھ ہیچ ، بیکار اور فضول ہے۔ کسی بھی کام کے نہیں۔ یہی ظاہر وظہور اور باطن وبطون ہیں۔ ظاہر سے خلق (یعنی تمام مخلوقات) اور باطن سے خالق (ذاتِ وحدہ لاشریک) مراد ہے۔ ویسے تو ظاہر و باطن ذات کے دو مرتبے ہیں۔ لیکن وہ حقیقت میں ایک ہی مرتبہ ہے۔ جس کے بہت سارے مراتب ہیں۔ سمجھنے کی بات اس قدر ہے۔ کہ ''احد'' میں ''الف'' ہے۔ وہ عشق ہے۔ حاء عاشق ہے جبکہ دال معشوق کے معنوں میں مستعمل ہوا ہے۔ درحقیقت یہ تینوں ایک ہی ہیں۔ یہ بلاتمثیل ایسے ہی ہیں۔ کہ! جیسے دریا ، دریا کی موج اور دریا کا جھاگ۔ دراصل یہ تینوں (دریا ، دریا کی موج اور دریا کا جھاگ) دریا ہی کی اعتبار ہیں۔ جب کسی خوش نصیب شخص پر حقیقت کا باب کھل جاتا ہے۔ تب اس کی زندگی سے پانچ ''کاف'' (یعنی کیا کیوں کیسے کہاں کس) کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہو جاتا ہے۔ اور اس میں ''مَیں'' اور ''تُو'' باقی نہیں رہتے۔ وہ یہ بات جان لیتا ہے۔ کہ! یہ ''مَیں'' اور ''تُو'' تو درحقیقت ایک ہی دَم ہیں۔

من تو شدم ، تو من شدی ، من تن شدم ، تو جاں شدی　　　تاکس نگوید بعد ازیں ،من دیگرم ، تو دیگری

چنانچہ اسی ضمن میں اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالیشان ہے۔ کہ! **وما امر ذا الا واحدۃ**۔ (اور ہم نے امر نہ دیا۔ مگر ایک۔ یعنی ہم نے ایک ہی حکم دیا) اس کا مطلب ہے۔ کہ! ہماری صفت ایک ہی ہے۔ یعنی ''ذات''۔ جو صفت میں آ سکتی ہے۔ صفت لے سکتی ہے اور صفت ہو بھی سکتی ہے۔ وہ صرف ایک ہے۔ ایک سے بالکل بھی زیادہ نہیں۔ عشق حقیقی یعنی عشقِ الٰہی کے ضمن میں آنحضور نبی مکرم ﷺ نے بھی فرمایا ہے۔ کہ! **العشق نارا اذا یقع یحرق ماسوی المحبوب**۔ (عشق ایک آگ ہے۔ جب وہ (کسی عاشق) پر ڈالی جاتی ہے۔ تو محبوب کے ماسوا سب کو جلا ڈالتی ہے) یعنی عشق کی کیفیت و حالت سوائے محبوب (یعنی اللہ تعالیٰ) کے ہر چیز کو نیست و نابود کر دیتی ہے۔ صرف عشق رہ جاتا ہے۔ اسی لئے تو کہا جاتا ہے۔ **من تو شدی تم من شدم**۔۔۔ (یعنی کہ) **فاذکرونی اذکرکم**۔ (یعنی کہ! (اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے مخاطب ہے۔ کہ) اگر تم میرا ذکر کرو گے۔ تو میں تمھارا چرچا کروں گا)۔۔ بقولِ شاعر!

درِ عشق تُو کارِ خویش ہر روز　　　اَز سر گیرم زہے سروکار

ترجمہ : تیرے عشق میں ہر روز میں اپنا کام نئے سرے سے شروع کرتا ہوں۔ کیا ہی خوب کاروبار ہے۔ (اس عشق کا) بقولِ شاعر!

گرچہ تفسیرِ زباں روشن گرست　　　لیکن عشقِ بے زباں رشن ترست

ترجمہ : اگرچہ تیری زبان کی تشریح مطالب کو (تو خوب) رشن کرتی ہے۔ لیکن عشق تو زبان کے بغیر بھی خوب روشن ہے۔

عشقِ الٰھی کے ضمن میں چند احادیثِ نبویہ ﷺ پیشِ خدمت ہیں۔ ☆ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا۔ اور عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ! مَیں آپ ﷺ سے محبت رکھتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ فقر و محتاجی کی مصیبتیں اُٹھانے کے لئے تیار ہو جا۔ اور فقر کی چادر اوڑھ لے۔ ☆ ایک اور شخص حاضر خدمت ہوا۔ اور عرض کرنے لگا۔ یارسول اللہ ﷺ! مَیں اللہ تعالیٰ کو محبوب رکھتا ہوں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ تو بلا و مصیبت کے لئے چادر بنالے۔ ☆ آپ ﷺ نے فرمایا۔ جو شخص میری محبت کا دعویٰ کرتا ہے۔ فقر اس کی طرف پانی کے بہاؤ سے بھی زیادہ تیزی (محبت کے دعوے دار کی جانب) بڑھتا ہے۔ ☆ احادیث میں آیا ہے۔ کہ! جب حضرت رسولِ مکرم ﷺ کو حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ سے از حد محبت ہوئی۔ تو اُنؓ کا انتقال ہو گیا۔ اسی طرح ایک مرتبہ آنحضور نبی مکرم ﷺ نے حضرات حسنینؓ کو نہایت فرطِ محبت سے دیکھا۔ تو اسی وقت حضرت جبرائیلؑ نے تشریف لا کر حضرت حسنؓ کو زہر سے مارے جانے اور حضرت حسینؓ کو بے دردی سے قتل (شہید) کئے جانے کی خبر سنائی۔ اس طرح کے اور بھی کثیر واقعات ہیں۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیاءؑ میں سے ایک نبیؑ کی طرف وحی کی۔ کہ! مَیں نے لوحِ محفوظ میں تحریر لکھی ہے۔ کہ میں جب بھی کسی بندے سے محبت کرتا ہوں۔ تو اسے آزمائش میں مبتلا کر دیتا ہوں۔ اور اسے فقیری کا لباس پہنا دیتا ہوں۔ ☆ ایک مرتبہ مشہور شاعر حضرت امیر خسروؒ نے اپنے پیرومرشد حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ سے دریافت کیا۔ محبت میں مصیبت کیوں آتی ہے ؟ تو پیرومرشد نے جواباً فرمایا۔ تاکہ ہر کم ظرف اس کا (یعنی محبت کا) دعویٰ نہ کر سکے۔ ☆ اسی ضمن میں ایک عارفِ کامل نے کیا خوب فرمایا ہے۔ کہ! محبت میں جملہ مصائب (یعنی آزمائشیں ہی) ہیں۔ (لہٰذا) اگر تم دعویٰء محبت نہ (ہی) کرو۔ تو بچے رہو گے۔ (کیونکہ) اگر ایسا نہ ہو۔ تو ہر ایک شخص اللہ تعالیٰ کی محبت کا دَم بھرنے لگے۔ ☆ ایک ولی اللہؒ نے فرمایا۔ سب طرح کی بلا (مصائب و مشکلات) محبت کے ساتھ مسلط کر دی گئیں ہیں۔ تاکہ کوئی بھی جھوٹا ، منافق اور ریاکار دعویٰء محبت نہ کر سکے۔ بقولِ علامہ اقبالؒ!

بِٹھا کے عرش پہ رکھا ہے تُو نے اے واعظ　　　خُدا ہی کیا ہے ، جو بندوں سے احتراز کرے

اللہ تعالیٰ کی بندہ سے محبت :

ایک شخص حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی خدمت با برکت میں حاضر ہوا اور کہا کہ آپ ﷺ مجھے ایسا عمل بتلا یئے ۔ جس کے کرنے سے اللہ تعالیٰ اور اس کے بندے مجھ سے محبت کرنے لگیں ۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا ۔ کہ دنیا سے منہ موڑ لو ۔ تو اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے گا ۔ اور جو لوگوں کے قبضے میں (یعنی لوگوں کے پاس مال) ہے ۔ اس سے منہ موڑ لو ۔ تو لوگ تم سے محبت کرنے لگیں گے ۔

کوئی فلسفہ نہیں عشق کا ، جہاں دل جھکے وہاں سر جھکا   وہیں ہاتھ جوڑ کے بیٹھ جا ، نہ سوال کر ، نہ جواب دے

حضرت عیسیٰؑ ایک جوان کے قریب سے گزرے ۔ جو باغ کو پانی دے رہا تھا ۔ اس نے آپؑ سے عرض کی ۔ کہ آپؑ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں ۔ کہ اللہ تعالیٰ مجھے اپنے عشق کا ایک ذرہ عطا فرما دے ۔ آپؑ نے فرمایا ۔ ایک ذرہ (تو) بہت بڑی چیز ہے ۔ تم اس کے تحمل کی استطاعت نہیں رکھتے ۔ وہ جوان کہنے لگا ۔ اچھا ! آدھے ذرے کا سوال کیجیئے ۔ حضرت عیسیٰؑ نے رب تعالیٰ سے سوال کیا ۔ اے اللہ تعالیٰ اسے اپنے عشق کا آدھا ذرہ عطا فرما دیں ۔ اس جوان کے حق میں یہ دعا کر کے آپؑ وہاں سے روانہ ہوگئے ۔

کوئی عبادت کی چاہ میں رویا   کوئی عبادت کی راہ میں رویا

کافی مدت کے بعد آپؑ پھر اسی راستے سے گزرے ۔ اور اسی جوان کے متعلق سوال کیا ۔ تو لوگوں نے کہا ۔ وہ تو دیوانہ ہوگیا ہے ۔ اور کہیں پہاڑوں کی طرف نکل گیا ہے ۔ حضرت عیسیٰؑ نے رب تعالیٰ سے دعا کی ۔ میری اُس جوان سے ملاقات کرا دے ۔ پس آپؑ نے دیکھا ۔ وہ جوان ایک چٹان پر کھڑا آسمان کی طرف دیکھ رہا ہے ۔ آپؑ نے اسے سلام کہا ۔ مگر وہ خاموش رہا ۔ آپؑ نے فرمایا ۔ مجھے نہیں جانتے ؟ میں عیسیٰؑ ہوں ۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰؑ کی طرف وحی فرمائی ۔ کہ ! اے عیسیٰؑ ! جس کے دل میں میری محبت کا آدھا ذرہ بھی موجود ہو ۔ وہ انسانوں کی بات کیسے سنے گا ؟ مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم ! اگر اسے آری سے دو ٹکڑے بھی کر دیا جائے ۔ تو اسے محسوس نہ ہوگا ۔

جفا جو عشق میں ہوتی ہے جفا ہی نہیں   ستم نہ ہو تو ، محبت میں کچھ مزہ ہی نہیں

حکایت : حضرت موسیٰؑ کا ایک عزیز دوست تھا ۔ وہ ایک دن آپؑ سے کہنے لگا ۔ اے موسیٰؑ میرے لئے دعا کیجئے ۔ کہ ! اللہ تعالیٰ مجھے اپنی معرفت عطا فرمائے ۔ آپؑ نے دعا کی ۔ اللہ تعالیٰ نے آپؑ کی دعا قبول فرمائی ۔ اور وہ دوست آبادی سے (دُور) کنارہ کش ہوکر پہاڑوں میں وحوش کے ساتھ رہنے لگا ۔ جب حضرت موسیٰؑ نے اسے نہ پایا ۔ تو رب تعالیٰ سے التجا کی ۔ الٰہی ! میرا وہ دوست کہاں گیا ہے ؟ تو رب تعالیٰ نے فرمایا ۔ اے موسیٰؑ ! جو صحیح معنوں میں مجھے پہچان لیتا ہے ۔ وہ مخلوق کی دوستی کبھی پسند نہیں کرتا ۔

مٹ جائے گناہوں کا تصور ہی جہاں سے اقبال   اگر ہو جائے یقیں کہ اللہ دیکھ رہا ہے

رازِ عشق و راہِ عشق : راز (یعنی عشق کے رموز واسرار) کی اطلاع وخبر کس کو دی جاتی ہے ؟ کیسے دی جاتی ہے ؟ وہ کون ہوتا ہے ؟ کیسا ہوتا ہے ؟ سنو اور یاد رکھو ۔ کہ ! اس (سرِ الٰہی اور رمزِ عشق) کی اطلاع وخبر صِرف اُس کو دی جاتی ہے ۔ جو دل کے حال ومقام میں پہنچ گیا ہو ۔ سراپا دل ہوگیا ہو ۔ یعنی اس کے دل کا حظ (مزہ ولذت) وہی ہوگیا ہو ۔ یاد رہے ۔ کہ ! حصولِ عشقِ الٰہی کے لئے رازِ عشق کی تلاش مومن کے لئے لازمی وضروری ہے ۔ کیونکہ ! یہ تو وہ عظیم المرتبت راز ہے ۔ کہ ! دیکھنے والا جان نہیں سکتا ۔ اور جاننے والا کہہ نہیں سکتا ۔ اگر کسی کا مقصد عشقِ الٰہی اور رازِ الٰہی کی ہی تلاش ہے ۔ تو اُسے اپنے دل کی پیروی کرنا ہوگی ۔ تا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حکم اور منشاء سے ہی کامیاب ہو سکے ۔ جاننا چاہیئے ۔ کہ ! عشقِ الٰہی تو تمام دنیا اور زمان ومکان سے ماوراء جذبے کا نام ہے ۔ کیونکہ عشق کا دریا جب کسی کے دل میں بہنے لگے ۔ تو دنیا کے تمام رازوں سے پردہ اُٹھ جاتا ہے ۔ اور تمام اسرار ورموز کی گرہ کھول کر رکھ دیتا ہے ۔ عشقِ الٰہی دراصل اُن لوگوں کی اس حالت وکیفیت کا نام ہے ۔ جو کہ راہِ حقیقت کے اختتام پر پہنچ چکے ہوں ۔ بہر حال ! عموماً عشق ملتا بھی اِنہی لوگوں کو ہے ۔ جو صدقِ قلب اور خلوصِ نیت سے اس کی تلاش میں ہمہ وقت دَر دَر کی ٹھوکریں کھاتے ہوئے اور مصائب جھیلتے ہوئے سرگرداں پھرتے اور ڈھونڈتے رہتے ہیں ۔ کیونکہ ! عشق کی تلاش کی راہ تو نفس کے ساتھ ساتھ قلب وروح کو بھی پاک وصاف اور مزین ومعمور کر دیتی ہے ۔ اگر مرشد کامل نہ ہو تو عشق شروع میں گمراہ کر کے جلال کی وادی میں لے جا سکتا ہے ۔ کیونکہ یہ آتش کی طرح جلاتا اور پکاتا ہے ۔ تب جا کر سلجھنا شروع ہوتا ہے ۔ عشقِ الٰہی کے حصول میں عقل کبھی بھی رہبر نہیں ہوسکتی ۔ اس کی تلاش میں حقیقی رہبر قلب ہی ہوتا ہے ۔ جاننا چاہیئے ۔ کہ ! اس راہ (یعنی عشقِ الٰہی کی تلاش کے راز کی راہ) پر جو کچھ بھی سالک پائے ۔ وہ اسے اپنے قلب کے صفحہ قرطاس پر لکھتا جائے ۔ اس طریقہ سے یا تو سالک عشق کو تلاش کر لے گا یا پھر عشق خود ہی سالک کو تلاش کر لے گا ۔ ہر ہر قدم پر قلب کھلتا چلا جائے گا ۔ اسی تلاش کے دوران ہر ہر لمحہ رازوں کو کھولتا چلا جائے گا ۔ کیونکہ ! اس دوران بحالتِ بیداری یا درعالمِ رویاء ہر نظر آنے والے خیالات ، خواب ، مشاہدات وغیرہا کے پیچھے کوئی نہ کوئی سبب ضرور ہوگا ۔ جو کہ تلاش میں معاون ثابت ہوگا ۔ سالک کی نظر ہر وقت اپنے قلب ہی پر رہنی لازمی ہے ۔ صاحبانِ عرفان کا تجربہ ہے ۔ کہ ! بدن کو روح سے جدا کر کے عشق عطا کیا جاتا ہے ۔ اور پھر بدن کے ساتھ روح میں بھی زندگی کا احساس ہوگا ۔ یہی خرد طاری کرنے کا وقت ہوتا ہے ۔ جب ہر کوئی ساتھ چھوڑ جاتا ہے ۔ تو تنہائی عاشقوں کے لئے آزمائش ہوتی ہے ۔ کیونکہ یکتائی میں ہی یکتا کو تلاش کر کے اس کے عشق کے کمال کو محسوس کیا جا سکتا ہے ۔ چنانچہ ! ہر شیئے کو ترک کرنے کے بعد ہی عشق میں کامیابی میسر آتی ہے ۔ جیسے کہ ایک بھوکے کا حال ہوا

کرتا ہے۔یعنی بھوکے کے دل میں ہروقت کچھ نہ کچھ کھانے کا تقاضا رہتا ہے۔اسی ضمن میں ایک بزرگ فرماتے ہیں۔کہ! محبت ومعرفت ہاتھ آنے کے یہی معنیٰ ہیں۔کہ! اللہ تعالیٰ محبّ عارف کا عیش (جان پہچان والے عاشق کی زندگی) اس کی لذت وغذا (کھانا اور پینا) ہوجائے۔

عشق سلطان اَست در ہر دو جہاں   عقل را مدخل نباشد اندراں

(عشق دونوں جہانوں کا بادشاہ ہے۔عقل کا وہاں اندر تک دخل نہیں)

اے عزیزِمَن! اس بات پر بھی ذراغور کرو۔کہ! تمھارا رہنا اور بسنا کس (حال وکیفیت) میں ہے۔ظاہر ہے کہ محبت کی محبت میں۔یعنی اسی محبت میں ہی تمھیں رہنا بسنا ہے۔اسی کو عشق کہتے ہیں۔محبت سے دور یا اس سے الگ رہنے کی کوئی صورت نہیں ہے۔جس کسی سے تم محبت کرتے ہو۔یا اُسے دوست بناتے ہو۔یا اُسے اپنا محبوب گردانتے ہو۔یا جس کی طرف تم اپنا دھیان،توجہ یا رُخ کرتے ہو۔وہ تم ہی تو ہو۔خود سے محبت کرنا سیکھو۔خود کی پہچان کرنا سیکھو۔حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ!**را ئیت ربی بر بی** ۔(یعنی) دیکھا مَیں نے رب کو اپنے رب سے۔اور آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا۔**ما را ئیت شیئا الا رائیت الله فیه** ۔(یعنی) نہیں دیکھی مَیں نے کوئی چیز،مگر دیکھا مَیں نے اللہ تعالیٰ کو اِس میں۔اور آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا۔**رائیت ربی فی لیلة المعراج فی احسن صورته امرد شاب قطط** ۔(یعنی) دیکھا مَیں نے اپنے پروردگار کو معراج کی رات میں، اچھی صورت میں گھنگھریالے بالوں والا۔(یادرہے۔کہ) آنحضور نبی مکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کو اپنے آپ ہی میں دیکھا۔اس بات کی سند ودلیل یہ آیتِ کریمہ ہے۔**وفی انفسکم افلا تبصرون** ۔میں تمھارے نفس کی حقیقت میں ہوں۔پھر بھی تم مجھ کو نہیں دیکھ پاتے۔(اسی طرح سے) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔میں تم میں ہوں۔تمھاری حقیقت تمھاری ذات میں ہوں۔میں ایسا ہوں۔اس کے باوجود ابھی کیا تم مجھ کو دیکھ نہیں پاتے۔حضرت نبی مکرم ﷺ کا فرمان ہے۔کہ! نہیں دیکھا میں نے کسی چیز کو،مگر دیکھا مَیں نے اللہ تعالیٰ کو اس میں۔حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔**انا واللہ فی الوحدت واحد** ۔(یعنی) میں اور اللہ تعالیٰ (ہم دونوں) یکتائی میں ایک ہیں۔**انا احمد بلا میم** . **من رانی فقد رای الحق** ۔

احمد است این جا اَحد اے مردِ کار   دائمًا باعشق باشد بے قرار

احمد ہی یہاں اَحد ہے۔جو کہ عشق (یعنی عشقِ الٰہی کے حصول) سے ہمیشہ بے چین و بے قرار رہتا ہے۔

عشقِ ربانی کی انتہاء: (رودادِ شَیخ منصور ابنِ حلاجؒ)

حضرت جناب خواجہ منصور حلاجؒ کو بازار میں لاکر سولی چڑھانے کا حکم صادر ہوا۔آپؒ خود بخود ہنسی خوشی سولی پر چڑھ گئے۔اور پھر مجمعِ خلقتِ خدا کو مخاطب کرکے فرمایا۔(اللہ تعالیٰ کی کامل) محبت اور عشق بازی کی فقط دو ہی رکعتیں ہیں۔جن کا وضو اپنے لہو سے کیا جاتا ہے۔لہٰذا وہ سولی پر چڑھ کر ’’رکعتان فی العشق الوضوء لا بد منہ‘‘ پھر جب حضرت خواجہ ابوبکر شبلیؒ نے آپؒ سے دریافت کیا۔کہ! محبت میں کمالیت کس بات کا نام ہے؟ فرمایا۔کہ! ہاتھ پاؤں کاٹ کر سولی پر چڑھا دیا جائے۔تو صدق (قلب ونیت) سے اپنے خون سے محبوب (یعنی رب متعال) کے لئے چہرہ لال کرے۔پہلے روز اسے قتل کریں۔دوسرے روز جلائیں۔اور تیسرے روز خاکستر کو بہتے پانی میں پراگندہ کریں۔اور جو بھی شخص یہ سب (اپنے محبوب حقیقی لم یزل کے لئے دل کی خوشی سے) برداشت کرے۔اور دَم نہ مارے۔تو سمجھو۔کہ! وہ شخص واقعتًا مقامِ محبت کے لائق ہے۔پھر حضرت خواجہ ابوبکر شبلیؒ زار وزار روئے۔اور نعرہ مار کر بے ہوش ہو گئے۔ہوش میں آکر جوش میں کہا۔کہ! حضرت جناب خواجہ منصور حلاجؒ پر ہزار رحمت ہو۔کہ! وہ اس دنیائے فانی سے عشق ومحبت میں ثابت قدمی سے سرخرو ہوکر دارِ بقاء کی جانب کوچ فرما گئے۔ **انا للہ و انا الیه راجعون** ۔ (بقولِ شاعرِ عاشق)

عشق کے مضراب سے ، نغمہء تارِ حیات   عشق سے نورِ حیات ، عشق سے نارِ حیات

عقل و دل و نگاہ کا ، مرشدِ اولیں ہے عشق   عشق نہ ہو تو ، شرع و دیں ، بت کدہء تصورات

حضرت ابوالفیض قلندر قادریؒ رقمطراز ہیں۔کہ! جمیع امور سے بدر جہا بہتر وبرتر اور کامیاب بنانے دینے والی چیز **محبت** ہے۔اگر یہ نہ ہو تو انسان کسی بھی میدان میں کامیاب نہیں ہوسکتا۔گویا یہ ایک نشہ ہے۔جو کہ بدون مشاہدہء محبوب کے بالکل نہیں اُترتا۔عمومی لوگ محبت مجازی یعنی عشقِ مجازی میں محو ومستغرق نظر آتے ہیں۔جبکہ! اولیاء اللہ ہمیشہ عشقِ حقیقی یعنی عشقِ رب العالمین میں ہی گُم سُم رہتے ہیں۔(یادرہے۔کہ) بعض اوقات ایک زمانے تک تلاش کی جانے والی بات ایک ہی لمحے میں سمجھ آجاتی ہے۔جبکہ بعض اوقات ساری زندگی بھی گزر جائے۔تو تلاش کرتے کرتے کامیابی نصیب نہیں ہوتی۔البتہ نیکی کے حصول وتلاش میں اگر کچھ حاصل نہ بھی ہو۔تو اَجر وثواب یقینی ہوتا ہے۔بہر حال! محبت ایک سکر ہے۔کہ جس کا علاج صِرف دیدارِ جمالِ محبوب کے سوا اور کچھ نہیں ہوسکتا۔یادرہے۔کہ! محبت کے تین اُصول ہیں۔ وفا۔ اَدب اور مروّت۔

☆ **وفا** تو یہ ہے۔کہ! محبّ اپنے محبوب کی فردانیت میں اپنے قلب کو منفرد کرکے مشاہدہ میں ثابت قدم رہے۔اور اس کی ہر ہر ادا سے مانوس ہوجائے۔اور غیر کی طرف تصور وتخیل یا گمان بھی نہ آنے دے۔ ☆ **اَدب** یہ ہے۔کہ! خطرات کی مراعات کا نگاہ دار اور حفظِ اوقات کا پابند اور ما سوا سے انقطاع کرتا رہے۔ ☆ **مروّت** یہ ہے۔کہ! قولاً وفعلاً صدق وصفا کے ساتھ ذکر اللہ پر قائم اور ظاہر وباطن میں اغیار سے روگردانی کرکے سرِاللہ پر ثابت قدم رہے۔اور حالاتِ آئندہ کی رعایت کرکے حفظِ اوقات میں کوشاں ہو۔

☆ ایک اور بزرگ کا فرمان ہے۔کہ! محبتِ الٰہی کے فقط تین ہی اصول ہیں ۔ پہلے معرفتِ الٰہیہ پھر راضی بر رضائے الٰہی اور آخر میں مکمل توکل الی اللہ۔کیونکہ! جب اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل ہوگئی۔تو پھر بندہ تقدیر کے ہر اچھے و بُرے فیصلے کو اللہ تعالیٰ کی رضا سمجھتے ہوئے راضی ہو جاتا ہے۔اور جب وہ ہر بات پر راضی برضا ہو جائے تو اُس کا توکل خالصتاً اللہ تعالیٰ ہی پر ہو جاتا ہے۔اور انہی تینوں اصول کی پاسداری کے دوران سالک و طالبِ صادق کوتقوٰی اور اخلاص خود بخود (Automatically) حاصل ہوجاتے ہیں۔

جب ایک محبِ صادق میں یہ تینوں چیزیں پیدا ہو جاتی ہیں۔تو وہ لذتِ وصال کے پانے میں کامیاب ہو جاتا ہے۔جس کی وجہ سے اس کے سر میں آتشِ اشتیاق و محبت بھڑک اُٹھتی ہے۔(بقولِ شاعر)

دل پاک نہیں تو پاک ہو نہیں سکتا انسان — ورنہ ابلیس کو بھی آتے تھے ، وضو کے فرائض بہت

عاشقِ رب اور معشوق محبین کی منازل کا بیان : (بمطابق سیدی عبدالوہاب الشعرانی درکتاب ''طبقات امام شعرانی)

محبّ کی پہلی منزل کہ جس سے وہ ترقی کر کے بلندی کی طرف چلتا چلا جاتا ہے۔وہ ہے نفس۔پس جب وہ اس کی تادیب اور ریاضت میں مصروفِ عمل ہوجاتا ہے۔یہاں تک کہ اس کی معرفت اور تحقیق تک جا پہنچتا ہے۔اس مرحلے اور منزل کے عبور کرنے کے بعد اس پر دوسری منزل کے انوار چمکتے ہیں۔اور وہ ہے قلب۔پس جب وہ اس کی تادیب میں مصروف ہو جاتا ہے۔یہوں تک کہ اسے بھی پہچان لیتا ہے۔اور اس سے اس پر کچھ باقی نہیں رہتا۔تو اس پر تیسری منزل کے انوار چکنا شروع ہو جاتے ہیں۔اور وہ ہے روح۔اور جب وہ اس کی بھی اصلاح میں مصورفِ عمل ہو رہتا ہے۔اور اس کی معرفت اور عرفان مکمل ہوجاتا ہے۔تو اس پر تھوڑا تھوڑا کر کے انتہائی حدوں تک یقین کے انوارات چمکتے ہیں۔اور یہی عوام کا راستہ ہے۔

☆ اَب رہا خواص کا طریق،تو اس کی تھوڑی سی ہی تشریح میں عقول مضمحل ہو جاتے ہیں۔اور جسے اللہ تعالیٰ اصلی عقل کے نور سے استعانت فرماتا ہے۔وہ اس وجود کا بعین مشاہدہ کرتا ہے۔جس کی اس بندے کی نسبت سے نہ کوئی حد ہے اور نہ ہی کوئی انتہا۔بلکہ اس میں تو ساری کائنات ہی مضمحل ہو جاتی ہے۔پس کبھی وہ اس کائنات کا اس میں ایسے مشاہدہ کرتا ہے۔جیسے کہ کوئی معمار ہوا میں سورج کے انوارات کے ساتھ کسی گھر کا مشاہدہ کرتا ہے۔اور کبھی آفتاب کی روشنی کے جھروکے سے بدل جانے کی وجہ سے اس کا مشاہدہ نہیں کرتا۔پس وہ سورج کہ جس کے ساتھ وہ دیکھتا ہے۔نورِ یقین کے مادے کے بعد عقل لازم ہے۔اور جب یہ نور مضمحل ہوجاتا ہے۔تو ساری کائنات ختم ہوجاتی ہے۔اور یہ موجود باقی رہ جاتا ہے۔پس کہیں تو فنا ہوجاتا ہے۔اور کبھی کبھی باقی بھی رہتا ہے۔یہاں تک کہ جب اس کے ساتھ کمال کا ارادہ کیا جاتا ہے۔تو اس میں ایک خفیہ سی ندادی جاتی ہے۔جس کی آواز تو نہیں ہوتی۔مگر اسے سمجھنے کے لئے اس کی معاونت ضرور کی جاتی ہے۔لیکن یاد رہے۔کہ جو اسے غیر اللہ سمجھتا ہے۔تو اس کا رب العزت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔پس اس وقت وہ اپنی بے ہوشی سے بیدار ہوتا ہے۔اور عرض کرتا ہے۔کہ! اے میرے پروردگار! مجھے ثابت (قدم) رکھ۔ورنہ میں ہلاک ہونے والا ہوں۔پس وہ یقینی طور پر جان لیتا ہے۔کہ یہ ایک ایسا سمندر ہے۔کہ اللہ تعالیٰ کے سوا اسے اس سے کوئی نجات نہیں دلا سکتا۔پس اس وقت اسے کہا جاتا ہے۔کہ یہ موجود وہی عقل ہے۔جس کے متعلق آنحضور نبی آخر الزماں ﷺ نے ارشاد فرمایا۔کہ سب سے پہلے جسے اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا۔''عقل'' ہے۔پس اس بندے کو اس موجود کے نور کے لئے عاجزی اور اطاعت عطا کی گئی۔کیونکہ وہ اس کی حد اور انتہا پر قادر نہیں۔تو جب اللہ تعالیٰ اپنے اسماء کے نور کے ساتھ اس بندے کی استعانت فرماتا ہے۔تو یہ پلک جھپکنے میں سب کچھ (یعنی تمام منازل ولایت) طے کر لیتا ہے۔یا پھر جیسے اللہ تعالیٰ چاہے۔جس کے لئے چاہے۔درجات بلند فرماتا ہے۔پھر روحِ ربانی کے نور کے ساتھ اس کی معاونت فرماتا ہے۔تو وہ اس موجود کو بخوبی پہچان لیتا ہے۔پس روحِ ربانی کے میدان کی طرف ترقی کرتا ہے۔پس یہ بندہ ان تمام احوال کے ساتھ جن سے کہ وہ متصف ہوا۔اور جن سے کہ فارغ ہوا چلا جاتا ہے۔اور ایسے باقی رہتا ہے۔گویا کہ موجود ہی نہیں۔پھر اللہ تعالیٰ اسے اپنی صفات کے انوارات کے ساتھ زندگی عطا فرماتا ہے۔پس اسے اس زندگی کے ساتھ اس وجودِ ربانی کی معرفت میں داخل فرما دیتا ہے۔تو جب وہ اس کی صفات کی اصل مہک پاتا ہے۔تو قریب ہے۔کہ وہ چلا اُٹھے۔**ھواللہ**۔تو جب اس کے ساتھ عنایتِ ازلی شامل حال ہوتی ہے۔تو اسے ندا دیتی ہے۔خبردار! یہ موجود وہی ہے۔کہ کسی کو جائز نہیں۔کہ اسے کسی صفت کیساتھ موصوف کرے۔اور نہ ہی یہ کہ کسی شئے کے ساتھ کسی نا اہل کے سامنے اس کی تعبیر کرے۔

سو بار جب عقیق کٹا تب نگیں ہوا — نامی کوئی بغیر مشقت نہیں ہوا

لیکن وہ اس کے غیر کے نور کے ساتھ اسے پہچانتا ہے۔تو جب اللہ تعالیٰ ستر ارواح کے نور کے ساتھ اس کی مدد فرمائے۔تو وہ اپنے نفس کو ستر کے میدان کے دروزے پر بیٹھا ہوا پاتا ہے۔پس وہ اپنی ہمت بلند کرتا ہے۔تاکہ اس موجود کو پہچانے۔جو کہ ستر ہے۔پس وہ اس ادراک سے نابینا ہوجاتا ہے۔پس اس کے تمام اوصاف ''**لا شیء**'' ہوجاتے ہیں۔گویا کہ وہ کچھ بھی نہیں۔تو جب اللہ تعالیٰ اپنے ذاتی نور کے ساتھ اس کی مدد فرماتا ہے۔تو اسے باقی رہنے والی زندگی عطا فرماتا ہے۔کہ جس کی کوئی حد نہیں۔پس وہ اس زندگی کے نور کے ساتھ تمام معلومات کو دیکھتا ہے۔اور ہر شئے میں نورِ حق کو چمکتا ہوا پاتا ہے۔اس کے سوا کچھ نہیں دیکھتا۔پس اسے قریب سے ندادی جاتی ہے۔کہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں دھوکہ نہ کھانا۔کیونکہ محجوب تو وہ ہے۔جو اللہ تعالیٰ سے اللہ تعالیٰ ہی کے ساتھ حجاب میں رہا۔کیونکہ محال ہے۔کہ اسے اس کا غیر حجاب میں رکھے۔اسے وہاں ایک ایسی زندگی عطا ہوتی ہے۔جسے کہ اللہ تعالیٰ نے وہاں ودیعت فرمایا ہے۔پھر کہتا ہے۔اے میرے پروردگار! میں تجھ سے تیری ہی پناہ مانگتا ہوں۔حتیٰ کہ تیرا غیر نہ دیکھوں۔یہ علی الاعلیٰ کے دربار کی طرف

ترقی کرنے کا راستہ ہے۔اور یہی محبین کا راستہ ہے۔جو کہ انبیاءؑ کا بدل ہیں۔اور اس منزل کے بعد ان میں سے کسی کو اللہ تعالیٰ جو بھی کچھ عطا فرماتا ہے۔کوئی اس کا ایک ذرہ بھی بیان نہیں کر سکتا۔اور اس کی (لاتعداد و بے شمار) نعمتوں پر سب خوبیاں اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہیں۔

بیٹھے بیٹھے اکثر مَیں یوں گم ہو جاتا ہوں   تب پھر میں ، مَیں نہیں رہتا ، تم ہو جاتا ہوں

☆ رہا محبوبین کا راستہ، جو کہ ان کے ساتھ مخصوص ہے۔تو وہ اس سے اس کی طرف اس کے ساتھ ہی ترقی کرتا ہے۔کیونکہ محال ہے۔کہ اس کی طرف اس کے بغیر رسائی حاصل نہ ہو سکے۔پس قدم کے بغیر ان کا پہلا قدم اس وقت ہے۔جب ان پر اس کے نورِ ذات کی تجلی ہوتی ہے۔پس انہیں اپنے بندوں کے درمیان غائب کر دیتا ہے۔اور انہیں خلوتوں کی محبت عطا فرماتا ہے۔اور ان کے اعمالِ صالحہ حقیر ہو جاتے ہیں۔اور ان کے ہاں (صرف اور صرف) زمین و آسمان کا پروردگار ہی عظیم ہوتا ہے۔پس وہ اس کیفیت میں ہوتے ہیں۔کہ انہیں عدم کا لباس پہنا دیا جاتا ہے۔جب وہ اپنے آپ کو دیکھتے ہیں۔کہ وہ تو ''لاشیء'' ہیں۔اس کے بعد ان پر ان کی اپنی ہی نظر سے غائب ہونے کی ظلمت لگا دیتا ہے۔پس ان کی نظر عدم ہو جاتی ہے۔جس کی کوئی علت نہیں۔پس تمام علتیں مٹ جاتی ہیں۔اور ہر حادث زائل ہو جاتا ہے۔پس کوئی حادث نہ وجود۔بلکہ اس عدم کے بغیر کچھ بھی نہیں۔کہ جس کی کوئی علت ہو۔پس کوئی معرفت اس کے ساتھ متعلق نہیں ہوتی۔معلومات مضمحل اور مرسومات ایسی زوال پذیر کہ ان میں کوئی علت نہیں۔اور وہی باقی رہ گیا۔جس کی طرف کہ اشارہ کیا گیا۔جس کی کوئی وصف ہے نہ صفت اور نہ ہی کوئی ذات۔اوصاف بھی مضمحل، اسماء وصفات بھی اسی طرح، اس کا نہ کوئی نام نہ کوئی صفت اور نہ ذات۔پس اس وقت وہ ظاہر ہوا۔جو کہ ہمیشہ سے ہی ظاہر رہا۔جس میں کوئی علت نہیں۔بلکہ اپنے اِرکے ساتھ اپنی ذات کے لئے اپنی ہی ذات میں ایسا ظہور پایا۔کہ جس کی اولیت نہیں۔بلکہ اپنی ذات سے اپنی ہی ذات کے لئے اپنی ذات کی نظر فرمائی۔اور وہاں اس کے ظہور کے ساتھ بندہ ناچیز ایسی حیات متبر کہ پاتا ہے۔کہ اس کی کوئی علت نہیں۔اور اپنے ہی ظہور میں اول ہوا۔کہ اس سے پہلے کچھ ظاہر نہیں۔پس اس کے اوصاف کے ساتھ اشیاء پائی گئیں۔اور اس کے نور کے ساتھ اسی کے نور میں ظاہر ہوئیں۔پھر ایک سمندر کے بعد دوسرے سمندر میں غوطے لگاتا ہے۔حتی کہ ستر کے سمندر تک رسائی حاصل کر لیتا ہے۔پس جب ستر کے سمندر میں داخل ہوتا ہے۔تو ایسا غرق ہوتا ہے۔کہ پھر ابدالآباد تک کبھی بھی اس سے نکلنا ممکن نہیں ہوتا۔پھر اگر اللہ رحیم و کریم چاہے۔تو اسے نبی مکرم ﷺ کے نائب کے طور پر اُٹھاتا ہے۔اس کی بدولت اپنے بندوں کو زندہ فرماتا ہے۔اور اگر چاہے۔تو اسے چھپائے رکھتا ہے۔اپنی مملکت میں جو چاہے، کرے۔یہ خاص و عام کے راستے کا عنبر ہے۔پس تو آگاہ رہ۔

کتنے ہیں خدا جانے رُخِ یار کے پہلو   سو بار ہو دیدار تو سو بار نیا تھا

میری (البلوشی کی) رائے کے مطابق! جب دائمی ذکر ہی محبت و مودت الٰہی کا سبب ہے۔اور اللہ جل شانہ کامل محبت، عبودیت، تعظیم، تکریم و اجلال کا سب سے بڑھ کر مُستحق ہے۔تو اس کا ذِکر بندے کے لئے جُملہ اشیاء وضروریاتِ حیات میں سب سے مُقدم ہونا لازمی ہے۔تاکہ ایسا شخص رحمتِ رحمانی اور فیوضات و انعاماتِ ربانی سے مستفید و منتفع اور مفید ہونے کا مستحق قرار پا سکے۔آمین۔

سودا گری نہیں ، یہ عبادت خُدا کی ہے   اے بے خبر! جزاء کی تمنا بھی چھوڑ دے

اسی لئے تو اللہ تعالیٰ نے حق و سچ کتابِ مبین قرآنِ حکیم میں اہلِ ایمان کے لئے فرمایا ہے کہ **یا یھاالذین آمنوا لا تلھکم اموالکم ولا اولادکم عن ذکراللہ ج ومن یفعل ذلک فاولئک ھم الخسرون** (سورہ المنافقون ۔آیت 9) اے ایمان والو! تمھارے مال اور تمھاری اولاد تمھیں اللہ تعالیٰ کے ذِکر سے غافل کر نہ دیں۔اور جو ایسا کریں۔وہی نقصان اُٹھانے والے ہیں۔

☆ حضرت ابو ہریرہؓ، نبی آخر الزمان حضرت رسالت مآب ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ! میں اپنے بارے میں بندے کے گمان کے مطابق ہوتا ہوں جب کہ وہ میرا ذکر کرتا ہے اگر وہ تنہائی میں میرا ذکر کرے تو میں بھی تنہائی میں اسکا ذکر کرتا ہوں۔اور اگر وہ محفل میں میرا ذکر کرے تو میں اُس محفل میں اسکا ذکر کرتا ہوں جو اسکی محفل سے زیادہ بہتر ہوتی ہے۔اور اگر وہ ایک بالشت کے برابر میرے قریب آئے تو میں چار ہاتھ کے برابر اسکے قریب ہوتا ہوں۔اور اگر وہ چل کر میرے پاس آئے تو میں دوڑ کر اس کے پاس آتا ہوں (صحیح بخاری و مسلم)

افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر   ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ

دیں ہاتھ سے دے کر اگر آزاد ہو ملت   ہے ایسی تجارت میں مسلماں کا خسارہ

☆ **حدیثِ نبوی** ﷺ میں آیا ہے۔کہ! حضرت عبداللہ بن بسرؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے (بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں حاضر ہو کر) عرض کی۔یا رسول اللہ ﷺ! اسلام کی تعلیمات بہت زیادہ ہیں۔آپ ﷺ مجھے کسی ایسی چیز کے بارے میں بتائیں جسے میں باقاعدگی سے اختیار کر لوں۔نبی اکرم ﷺ نے اِرشاد فرمایا (کہ) تمھاری زبان ہر وقت اللہ تعالیٰ کے ذِکر سے تر رہنی چاہیئے۔

یہی آئینِ قدرت ہے ، یہی اسلوبِ فطرت ہے   جو ہے راہِ عمل میں گامزن ، محبوبِ فطرت ہے

☆ اور سب سے کٹ کر اُسی (ربِ متعال) کے ہو رہو۔(یعنی رجوعِ الی اللہ۔اللہ تعالیٰ سے حقیقی محبت کی جائے اور تمام رشتوں ناطوں پر اللہ تعالیٰ کے قرب و تعلق کو فوقیت دی جائے۔صحیحین کی واضح حدیث ہے کہ! تم میں سے کوئی شخص اُس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا۔جب تک کہ میں (آپ ﷺ) اس کے والد، اولاد اور سب لوگوں سے محبوب تر ہو جاؤں۔)

ہزار خوف ہو لیکن زباں ہو دل کی رفیق　　یہی رہا ہے ازل سے قلندروں کا طریق

☆ وہی مشرق ومغرب کا (حقیقی) مالک ہے۔اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔لہٰذا اُسی کو اپنا کارساز بنالو۔(یعنی کہ! اِس دنیا کی ہر چیز کا حقیقی مالک اللہ تعالیٰ خود ہے۔وہی **مسبب الا سباب** ہے۔پھر کیوں نہ اُسی کو ہی اپنا وکیل اور کارساز بنایا جائے۔لہٰذا دنیاوی اسباب کے پیچھے بھاگنے کے بجائے کیوں نہ اسباب پیدا کرنے والی ذات پر مکمل یقین وبھروسہ کیا جائے۔کیونکہ صوفی ہمیشہ توکل وتقوٰی کے بلند مقام پر فائز ہوکر حقیقی صوفی بنتا ہے)

من کی دنیا میں نہ پایا میں نے افرنگی کا راج　　من کی دنیا میں نہ دیکھے مَیں نے شیخ و برہمن

پانی پانی کر گئی مجھ کو قلندر کی یہ بات　　تُو جھکا جب غیر کے آگے، نہ میرا من نہ تیرا من

☆ اور جو باتیں لوگ (آپ ﷺ کے متعلق) بنارہے ہیں۔اِن پر صبر کریں۔(یعنی کہ! اِس دنیا میں کوئی بھی شخص چاہے کوئی نیک عمل کرے یا بد، دنیا والے اُس پر نہ صرف باتیں بناتے ہیں بلکہ طرح طرح کی تہمتیں لگا کر بدنام کرتے ہیں۔لہٰذا ہر بات پر صبر کرنا چاہیئے۔دانا کو تو چاہیئے کہ ہر طاغوت کے مقابلے میں جو بھی تکلیف آئے اِس سے پریشان ہوکر ایمان کو کمزور نہیں ہونے دینا، بلکہ صبرواستقلال کی قوت سے ہر طاغوتی طاقت کا مقابلہ کرنا ہے۔خواہ وہ میدانِ جنگ و جہاد ہو یا نفسانی وشہوانی خواہشات کے خلاف ہو۔ہر میدان میں صبر وتحمل اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے آزمائش وامتحان سمجھ کر حالات میں استقلال پیدا کرنا ضروری ہے۔) ☆ اور شرافت کے ساتھ اِن سے الگ ہوجائیں۔(مخالفین وجہلاء سے نہایت عمدگی، خوش اخلاقی اور شائستگی کے ساتھ کنارہ کشی اختیار کرلینی چاہیئے۔بجائے اِس کے کہ! اُن سے لڑائی جھگڑا کیا جائے۔یا خواہ مخواہ اُن سے اُلجھا جائے) ☆ اور اِن جھٹلانے والے خوشحال لوگوں سے نمٹنے کا کام آپ ﷺ مجھ پر چھوڑ دیں۔اور انہیں تھوڑی سی مہلت دے دیں۔(یہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ اگر کوئی حق پر ہے اللہ و رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کرنے کے دوران ظلم وزیادتی کرے گا تو اللہ تعالیٰ خود اُن سے انتقام لے گا۔اور ویسے بھی یہ بات بالکل واضح ہے کہ جس کسی نے اس جہاں میں کسی کا حق مارا یا کسی کے ساتھ ناجائز برتاؤ روا رکھا تو اُسے لازمًا اگلے جہاں میں ضرور حساب دینا ہوگا)

غلامی میں نہ کام آتی ہیں شمشیریں نہ تدبیریں　　جو ہو ذوقِ یقیں پیدا، تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

حقیقتِ حضرت خضرؑ : صحیحین کے مطابق، آپؑ کے اسم ''**خضر**'' کا سبب یہ ہے۔کہ! اگر آپؑ سادہ فرش (زمین) پر بیٹھتے۔تو وہ سرسبز ہوجایا کرتا۔امام نووی ؒ لکھتے ہیں۔کہ! آپؑ کی کنیت متفقہ طور پر ''ابوالعباس'' ہے۔امام نووی ؒ نے ابنِ قتیبہ کے حوالے سے آپؑ کا سلسلہ نسب یوں بیان کیا ہے۔(حضرت خضر کا اسمِ مبارک بلیا ہے۔) **بلیا بن ملکان بن فالخ بن شالخ بن عامر بن ارفخشذ بن سام بن نوح نبی علیہ السلام**۔بعض علمائے کرام اور اولیائے عظام کے مطابق حضرت خضرؑ نبی ہیں۔جیسے کہ امام قسطلانی، ابنِ جریر طبری ؒ امام نووی ؒ، علامہ طحاوی وغیرہم۔مگر چند لوگوں کا خیال ہے۔کہ حضرت خضرؑ ولی کامل ہیں۔جیسے ابوالقاسم قشیری، سیدی عبدالعزیز دباغ ؒ و غیرہم۔(مگر یاد رہے۔کہ!) اگر حضرت خضرؑ کو نبی کہا گیا اور وہ نبی نہ ہوئے۔تو عقیدہءِ ختم نبوۃ ہمارے اوپر ایک سوالیہ نشاں ہوگا۔

بندہ و صاحب ومحتاج و غنی ایک ہوئے　　تیری سرکار میں پہنچے تو سبھی ایک ہوئے

☆ یاد رہے۔کہ! علمائے عظام اور اولیائے کرام کی کثیر جماعت کا اِس بات پر قوی اتفاق ہے۔کہ! رجالُ الغیب اور خاصانِ خدا کے سرخیل وپیشوا درحقیقت حضرت ابوالعباس خضر نبیؑ ہی ہیں۔اِسی لئے آپؑ کونقیب الاولیاء اور سیدالاولیاء بھی کہا جاتا ہے۔کیونکہ آپؑ واقعتًا اللہ تعالیٰ کے **عبدِ خاص اور حاملِ علمِ لدنی وماہر حروفِ مقطعات** ہیں۔اور قرآنِ پاک میں آپؑ ہی کے محاسن، کمالاتِ علمی وروحانی کا جامع اظہار ہوا ہے۔

حضرت خضرؑ اور حضرت الیاس نبیؑ کا اولیائے محمدیہ ﷺ سے تعاون کرنا :

حضرت علاؤالدین سمنانیؒ نے اپنی کتاب **عروۃُ الوُثقٰی** کے بابِ ششم کی چہارم فصل میں حضرت الیاس نبیؑ اور حضرت خضرؑ کا بھی اِس اُمت کے طبقہ رجال اللہ میں ذِکر کیا ہے۔حضرت خضرؑ قطبِ ابدال کے ساتھ صحبت رکھتے ہیں۔اِن کی عزت کا خیال رکھتے ہیں۔اور اگر اِن کی کوئی ضروریات ہوتی ہیں۔تو نقدی کی صورت میں اُن کی معاونت کرتے ہیں۔حضرت خضرؑ کا نام اور کچھ شجرہءِ نصب یوں ہے۔**حضرت خضرؑ کا نام ملکان بن ملیان بن طیان بن سمعان بن سام بن نوحؑ** ہے۔جبکہ حضرت نوحؑ کا نام ملکان بن متوشلخ بن ادریسؑ ہے۔اور ادریسؑ کا نام اخنوع ہے۔چونکہ وہ درس بہت دیا کرتے تھے۔اِسی لئے اِن کا نام ادریس مشہور ہوگیا۔اور اِسی طرح سے حضرت نوحؑ نوحہ اور زاری کی وجہ سے، جو آپؑ کیا کرتے تھے۔نوحؑ مشہور ہوگئے۔اور حضرت خضر نبیؑ کو خضر اِس لئے کہا جاتا ہے۔کیونکہ جب آپؑ کہیں تشریف فرما ہوتے۔تو وہ جگہ بفضلِ خُدا سرسبز ہوجاتی تھی۔اور حضرت خضر نبیؑ کی ولادت باسعادت فارس کے مقام پر ہوئی۔جو دراصل شہرِ شیراز سے دوکوس کے فاصلے پر واقع ہے۔بہرحال حضرت خضر نبیؑ اور حضرت الیاس نبیؑ کے مناقب کتبِ کثیرہ میں ملاحظہ کئے جاسکتے ہیں۔جیسے مرآۃ الاسرار، قصص الانبیاءؑ وغیرہ۔۔۔ فصل الخطاب میں حضرت شیخ اکبر محی الدین ابنِ عربی ؒ کے حوالے سے مرقوم ہے۔کہ! دراصل اقطاب کی بے شمار اقسام ہیں۔اور ہر قسم کے لئے علیحدہ ایک قطب ہوتا ہے۔مثلاً! قطبِ زہاد الگ ہوتا ہے۔قطبِ عباد الگ ، قطبِ عُرفاء الگ ، قطبِ متوکلاں الگ ، ۔۔۔علی ھذا القیاس۔۔۔

عشق میں منزلیں نہیں ہوتیں　　عشق میں فقط ہوتا ہے سفر

ایک انتہائی اہم ترین مکتوب شریف : (اسرارِ حقیقی)

تُو نے بس دیکھا ہے صحرا میں ایک درویش تُو نے درویش میں ابھی صحرا نہیں دیکھا

یہ مکتوب حضرت شیخ الہند خواجہ خواجگان معین الدین چشتی اجمیریؒ نے اپنے خلیفہء خاص جناب حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کا کیؒ کے حضور ارسال فرمایا تھا۔ جو کہ انتہائی قیمتی و پُر علم بلکہ علمِ لدنی سے لبریز ہے۔ (اس ذرہء ناچیز **البلوشی** کی جانب سے حضرت نبی مکرم ﷺ اور حضرت عمرِ فاروقؓ کے مابین مکالمات کو شرح اور اشعار کے ساتھ بیان کیا جا رہا ہے۔ اُمید ہے۔ کہ! قارئین ذی اکرام کو یہ شرح اور اشعار پسند آئیں گے۔ انشاء اللہ)

(میرے) محبّ ہم راز اہلِ یقین برادرم خواجہ قطب الدین دہلوی ! رب العالمین آپ کے ہر کام میں رہنمائی فرمائے۔ (آمین) از جانب فقیر معین الدین چشتی۔

کبھی عرش پر، کبھی فرش پر، کبھی ان کے در، کبھی در بدر غمِ عاشقی، تیرا شکریہ، ہم کہاں کہاں سے گزر گئے

کلمہء طیبہ کی حقیقت : واضح ہو کہ! توحید کے چند نقاط اور ہدایت کے چند رموز و آثار بارگاہِ رسالت مآب آنحضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ سے خاکسار (حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری) کو بطورِ فیضِ روحانی حاصل ہوئے ہیں۔ جن پر میرا کلی اعتماد اور پورا پورا اعتقاد ہے۔ انہیں گوش و ہوش سے سنو۔

☆ ایک روز کا واقعہ ہے۔ کہ! آنحضرت نبی مکرم ﷺ، حضرت ابو بکر صدیقؓ، حضرت عثمانِ غنیؓ، حضرت علی المرتضیٰؓ، حضرت حسن بن علیؓ، حضرت حسین بن علیؓ، حضرت ابو ہریرہؓ، حضرت انسؓ، حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ، حضرت خالدؓ، حضرت بلالؓ و دیگر صحابہ ء کرامؓ سے خطاب فرما کر رموز و اسرارِ حقیقت اور حقائق و دقائقِ معرفت بیان فرما رہے تھے۔ لیکن امیر المؤمنین حضرت عمرِ فاروقؓ اس مجلس شریف میں حاضر نہ تھے۔ ابھی آنحضرت نبی مکرم ﷺ حقیقت و معرفت کے اسرار و رموز بیان ہی فرما رہے تھے۔ کہ! اتنے میں حضرت عمرِ فاروقؓ بھی اس مجلسِ مقدس میں آن حاضر ہوئے۔ پیغمبرِ خدا ﷺ نے اپنی زبانِ مبارک کو مخاطب کر کے فرمایا۔ کہ! اے زبان! اَب بس کر دے۔ بعض صحابہ ء کرامؓ کو تعجب ہوا۔ اور ان کے قلوب میں یہ خیال پیدا ہوا۔ کہ! شاید آنحضرت نبی مکرم ﷺ حضرت عمرِ فاروقؓ کو یہ حقائق و معارف بتانا نہیں چاہتے۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ و حضرت عمرِ فاروقؓ اور دیگر بعض مقربینِ بارگاہؓ نے آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں عرض کی۔ کہ حضور ﷺ! یہ کیا ماجرا ہے؟ آنجناب ﷺ نے حقائق و معارفِ الٰہی دیگر صحابہ کرامؓ کے سامنے بیان فرما دیئے۔ لیکن حضرِ عمرِ فاروقؓ سے وہ رموز و حقائق آپ ﷺ نے چھپا لئے۔

(تو) جناب سید المرسلین ﷺ نے تمام صحابہ ء کرامؓ سے مخاطب ہو کر فرمایا۔ کہ! مَیں نے عمرؓ سے رموز و اسرارِ باطنی کو چھپایا نہیں ہے۔ بلکہ بات یہ ہے۔ کہ! شیر خوار بچے کو اگر مرغن حلوہ اور گوشت وغیرہ ثقیل غذا کھلائی جائے۔ تو اسے مضر پڑتی ہے۔ لیکن جب بچہ بالغ ہو جاتا ہے۔ تو کھانے پینے کی کوئی چیز اسے نقصان نہیں پہنچاتی۔

آنحضور رسالت مآب ﷺ حضرت عمرِ فاروقؓ کی باطنی استعداد و قابلیت کے موافق اُن سے دیگر اسرار و معرفت بیان فرمانے لگے۔ چنانچہ منزلِ جبروت و لاہوت کے حقائق و دقائق حضرت عمرِ فاروقؓ کو تلقین فرمائے۔ آنحضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ کہ! **من عرف الله .لا یقول الله.ومن یقول الله ما عرف الله.** (یعنی کہ!) جس شخص کو اللہ تعالیٰ کی معرفت نصیب ہو جاتی ہے۔ اس کو منہ سے "اللہ اللہ" کہنے کی ضرورت نہیں رہتی۔ اور جو بندہ منہ سے "اللہ اللہ" کہتا ہے۔ تو سمجھ لو۔ کہ! ابھی تک اسے معرفتِ الٰہی نصیب نہیں ہوئی۔

حضرت عمر فاروقؓ نے عرض کیا۔ کہ! **یا حضرت** ﷺ! یہ کیسی معرفت ہے۔ کہ بندہ اپنے مالک کا نام ہی نہ لے۔ اور اس کی یاد کو ترک کر بیٹھے۔ سرکارِ دو عالم ﷺ نے جواب دیا۔ کہ! ارشادِ خداوندی ہے۔ **و ھو معکم اینما کنتم** ۔ (یعنی کہ! جہاں کہیں تم ہو۔ وہیں اللہ تعالیٰ تمھارے ہمراہ موجود ہے) پس اے عمرؓ! جو ہر وقت ہمراہ ہو۔ اور کسی (بھی) وقت نظروں سے اوجھل نہ ہو۔ (تو) اس کا یاد کرنا کیونکر ضروری ہے ؟

حضرت عمر فاروقؓ نے (پھر) عرض کیا۔ کہ! اللہ تعالیٰ کہاں ہمارے ہمراہ (ہر وقت موجود) ہے ؟

سرکارِ دو عالم ﷺ نے جواب ارشاد فرمایا۔ کہ! بندہ کے دل میں۔

حضرت عمر فاروقؓ نے (پھر) عرض کیا۔ کہ! **بندے کا دل کہاں ھے** ؟

سرکارِ دو عالم ﷺ نے جواب ارشاد فرمایا۔ کہ! قالبِ انسان میں۔ لیکن یاد رہے۔ کہ! دل دو قسم کا ہوتا ہے۔ ایک قلبِ مجازی (جبکہ) دوسرا قلبِ حقیقی۔ اے عمرؓ! حقیقی دل وہ ہے۔ جو نہ دائیں جانب ہے (اور) نہ ہی بائیں جانب۔ نہ اوپر کی جانب ہے نہ نیچے کی طرف۔ یہ محض اِن مقربانِ الٰہی کا حصہ (خاصہ) ہے۔ جو حضورِ الٰہی میں ہمیشہ مستغرق رہتے ہیں۔ کیونکہ! مومنِ کامل در حقیقت عرش ہی ہوتا ہے۔

(جیسا کہ فرمان ہے) **قلب المؤ من عرش اللہ تعالیٰ۔** یہاں پر فقیر (محمد عبد الرؤف البلوشی) عرض گزار ہے۔ کہ! (بقولِ شاعر!)

حدیث دل اگر گویم بصد دفتر نمی گنجد کمالِ وصفِ دل ہرگز بہ بحر و بر نمی گنجد

بیا اے طالبِ صادق بحالِ خویش خوش بنگر کہ او در عالمے آمد کے پائے سر نمی گنجد

(کیونکہ ! صاحبِ دل کا تو یہ مرتبہ ہے)

دل چو جنبد مے جنباند عرش را — عرش را دل فرش ساز و زیرِ پاء
تُو نمیدانی کہ صاحبِ دل عظیم — عرش را عزت بود از دل سلیم

(بقولِ میاں محمد بخشؒ)

سب کجھ کیتا یار حوالے تن من جان وی تیری — میں کوجھی دا مرشد توں ایں لاج رکھیں ہن میری
مرشد دا احسان میرے تے سار لئے محتاجاں — ایتھے اوتھے دوئیں جہانیں پیر میرے نوں لاجاں
پیر دے ہتھ وچ ہتھ نوں دے کے بھید نہ ولادا کھولیں — جھیڑا کلمہ پیر پڑھاوے اوہی کلمہ بولیں
جنہاں عشق نمازاں پڑھیاں او کدے نہ مَردے — کامل مَرداں دے گھر جا کے ویکھ لے دیوے بلدے
راہ دے راہ دے ہرکوئی آکھے میں وی آکھاں راہ دے — بن مرشدتینوں راہ نئیں لبھنا مَرویسیں وچ راہ دے
مالی دا کَم راکھی کرنا، پھل پکے ہون یا کچے — پیر مریداں دے سر تے رہندے جھوٹے ہون یا سچے

(بقولِ میاں محمد بخشؒ)

ہر مشکل دی کنجی یارو ہتھ مَرداں دے آئی — مَرد نگاہ کرن جس ویلے، مشکل رہے نہ کوئی

اِسی طرح سے حضرت سلطان العارفین سلطان باہوؒ اپنے مختلف اشعار وابیات میں مرشد کے بارے میں فرماتے ہیں۔کہ!

الف اللہ چنبے دی بوٹی مرشد مَن وچ لائی ہو — نفی اثبات دا پانی ملیا ہر رگے ہرجائی ہو
ہر جا بُوٹی مُشک مچایا جاں پھلن تے آئی ہو — مرشد کامل ہر دم جیوے باہوؒ جیں اے بُوٹی لائی ہو
جو دم غافل سو دم کافر سانوں مرشد ایہہ پڑھایاہو — سنیا سخن گیاں کُھل اکھیں اساں چت مولا دل لایا ہو
نہ میں جوگی ناں میں جنگم ناں میں چلّہ کمایا ہو — ناں میں بھج مسیتیں وڑیاں ناں تسبی کھڑکایا ہو
جو دم غافل سو دم کافر مرشد ایہہ فرمایا ہو — مرشد سوہنی کیتی باہوؒ پل وچ جا پہنچایا ہو
سینے وچ مقام ہے کیندا سانوں مرشد گل سمجھائی ہو — ایہو ساہ جو آوے جاوے ہور نہیں شئے کائی ہو
جے توں چاہیں وحدت رب دی مَل مرشد دیاں تلیاں ہو — مرشد لطفوں کرےنظارہ گُل تھیون سب کلیاں ہو
اِنہاں کلیاں وچ یک لعل ہوسی گُل نازک کل پھلیاں ہو — دو جہاں اِنہاں دے باہوؒ جنہاں سنگ کیتاڈو ڈلیاں ہو
زاہد روزے نفل نمازاں سجدے کرکر تھکے ہو — سو واری مکے حج گزارن دل دی دوڑ نہ مکے ہو
چلّے چلیئے جنگل بھونا اس گل تھیں نہ پکے ہو — سب مطلب ہو جاندے حاصل باہوؒ جدوں پیر نظر ہک تکے ہو

(کیونکہ) کامل لوگ اور طالبان (صادق) سوال و جواب نہیں کیا کرتے۔ بلکہ وہ تو ہمیشہ خاموش اور باادب رہا کرتے ہیں۔
(ہم دوبارہ مکتوب کی طرف آتے ہیں) چنانچہ جناب حضرت رسالت مآب ﷺ نے ارشادفرمایا۔ **قلب المؤمن حاضرة من ذکر الخفی قسو ای ان مقامی ذکر الخفی فھو میت** ۔(یعنی کہ! مؤمن کے دل میں ذکرِ خفی ہروقت موجودرہتا ہے۔لہٰذا اسے حیاتِ جاودانی حاصل ہوتی ہے۔اور مسلم کا دل خفی ذکر سے چونکہ غافل ہوتا ہے۔اس لئے درحقیقت مردہ شمار ہوتا ہے۔
یہ فقیر ذرہ ناچیز عبدالرؤف بلوچ دل(قلبِ ظاہری وباطنی)کے متعلق قارئین کی خدمتِ عالیہ میں کچھ شرح بیان کرنے کا خواستگار رہے۔قرآنِ کریم کی رُو سے قلب کی کئی اقسام ہیں۔مگرتین اقسام مشہور ہیں۔ جیسا کہ! **قلب منیب۔قلب شہید اور قلبِ سلیم۔**

خود کو اعتکاف بٹھا خود کے اندر — تیرے وجود سے بڑی مسجد ہے کہاں

☆ **قلبِ منیب** : یہ وہ قلب ہے۔کہ! جس سے خطراتِ روحی اور نیک امور ظاہر ہوں۔مثلاً تقوی، مجاہدہ، عبادت و ریاضت وغیرہ۔جیسا کہ ارشادِ باری تعالی ہے۔کہ! **من خشی الرحمان بالغیب وجاء بقلب منیب** ۔ جو رب الرحمان کو بن دیکھے ڈرتا ہے۔اور اللہ تعالٰی کی طرف رجوع ہونے والا دل لے کر آئے۔(سورہ ق۔آیت نمبر33)
☆ **قلبِ شہید** : یہ وہ قلب ہے۔کہ! جس کوعرش اللہ کہا گیا ہے۔جیسا کہ قلبِ شہید کے متعلق ارشادِ ربانی ہے۔کہ! **لمن کان لہ قلب او القی السمع وھو شہید** ۔ہراس شخص کے لئے،جس کے پاس دل ہو۔یا جوتوجہ کے ساتھ بات کو سنے۔(سورہ ق۔آیت نمبر37)
☆ **قلبِ سلیم** : یہ وہ قلب ہے۔کہ! جس میں اللہ تعالی کی محبت سما جائے۔اور ماسوٰی اللہ سے فارغ ہوجائے۔جیسا کہ ارشادِالٰہی ہے۔کہ! **یَوْمَ لَا یَنفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ . اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰہَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ** ۔مگروہ شخص جواللہ تعالی کے حضورسلامتی والادل لےکرآئے گا۔(سورہ الشعراء۔آیت نمبر89)اسی طرح ایک اورجگہ آیا ہے۔کہ! **اِذْ جَآءَ رَبَّہٗ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ** ۔جبکہ وہ اپنے پروردگار کے پاس صاف ستھرا دل لےکرآئے۔

دل کہ از ہمراز خدا غافل است — دل بناید گفت کو مُشتے گِل است

حکایت : سلامتی والے دل کے متعلق ایک مشہور ومعروف حکایت حضرت خواجہ جناب غلام فریدؒ (سرائیکی شاعر) سے منسوب ومنقول ہے۔کہ! ایک مجذوب ہرکسی کو پکڑ کر فقط ایک ہی سوال کیا کرتا تھا۔کہ! **عید کد ان** ؟ (یعنی عید کب ہوگی ؟) لوگ اُس مجذوب کا مذاق اُڑاتے تھے۔ ایک روز حضرت خواجہ غلام فریدؒ کو بازار میں اُسی مجذوب نے دیکھا۔تو حسبِ معمول اپنا یہی سوال دُہرایا۔کہ! **عید کد ان** ؟ (یعنی عید کب ہوگی ؟) حضرت خواجہؒ صاحبِ حال بزرگ شخصیت تھے۔اُس مجذوب کی دِلی کیفیت کوفورًا ابھانپ گئے۔اور بڑے پیار بھرے انداز میں جوابًا فرمایا۔**یار ملے جد ان** (یعنی جب یار ملے) پھر مجذوب نے پوچھا۔**یار ملے کد ان** ؟ (یعنی یار کب ملتا ہے؟) پھر حضور خواجہ فریدؒ نے فرمایا۔**مَیں مَرے جداں** ۔ (یعنی جب مَیں (انانیت) مرتی ہے) پھر مجذوب نے پوچھا۔**مَیں مَرے کد ان** ؟ (یعنی مَیں کب مرتی ہے؟) پھر حضور خواجہ فریدؒ نے فرمایا۔**یار تکے جد ان** ۔(یعنی جب یار (یارِ حقیقی یعنی حق تعالیٰ) جب دیکھتا ہے)

☆ قرآنِ مجید نے قلب کے متعلق مزید کچھ اقسام اورتشریحات بیان ہوئی ہیں۔ جیسے کہ! **اغفلنا قلبہ ۔ تطمئن القلوب ۔قلبہ وھو الد الخصام۔ غلیظ القلب۔ و قلبہ مطمئن بالایمان۔ اغفلنا قلبہ عن ذکرنا ۔ فی قلبہ مرض ۔ کل قلب متکبر جبار** ۔۔۔وغیرہا۔

بقول **حضرت ابوالفیض قلندری سہروردیؒ** ! قلب کے مرتبہ سے توحیدی حضور منکشف ہوتی ہے۔اور طالبِ صادق کوتو پہلے ہی روز ثابت ہوجاتا ہے۔کہ! میری ہستی پہلے کس اہمیت کی حامل تھی۔اور اَب کیا ہے ؟ اوراس کے مراقبے کے تصور سے علمِ حاضرات معرفتِ توحید میں پہنچ جاتا ہے۔اور حضرت رسولِ اکرم ﷺ کی مجلس ومحفلِ بابرکات میں داخل ہوجاتا ہے۔اور پھر زندہ ومتوفی مسلمانان ومومنین اور اولیائے اللہؒ کی ارواح سے شرفِ ملاقات حاصل کرتا رہتا ہے۔ یاد رہے۔کہ! مراقبہ کے علمِ حاضرات سے آسمانوں ،عرش وکرسی ،لوح وقلم اور زمین کے ساتوں طبقات کا تماشا نظر آتا ہے۔اور پہاڑ کے نیچے سنگِ پارس کے دریافت کرنے کا تصرف بھی حاصل ہوتا ہے۔بہرحال! قلب کے چار اسماء ہیں۔

قلبِ صنوبری۔ قلبِ خلیل۔ قلبِ نیلوفری۔ قلبِ مدوّر۔

☆ **قلبِ صنوبری** : اس کا رنگ ونور زرد ہے۔ ☆ **قلبِ خلیل** : اس کا رنگ ونور سُرخ ہے۔

☆ **قلبِ نیلوفری** : اس کا رنگ ونور سیاہ ہے۔ ☆ **قلبِ مُدَوّرُ** : اس کا رنگ ونور سبز ہے۔

محققین کے نزدیک مراقبہ کے معنے ایک دوسرے کو ملاحظہ کرنا ہے۔اور اسی توجہء قلبی کو رقیب کی طرف پھیرنا ہے۔رقیب اسمآئے الٰہیہ میں سے ایک اسمِ رحمانی ہے۔اور نتیجہء مراقبہ یہ ہے۔کہ! تصورِ محبوب میں ایسا غرق ہو۔کہ! پھر کسی طرح کی بھی خبر نہ رہے۔عارفانِ حقیقی فرماتے ہیں۔کہ! مقصود (یعنی سرّ) اور خاصہ جملہ مراقبات کا یہی ہے۔جو یہاں بیان کیا گیا ہے۔

حضرت **عزیزان خواجہ علی رامیتنیؒ** فرماتے ہیں۔کہ! جس وقت تین دل جمع ہوجائیں۔تو مومن بندے کا (یقینی طور پر ہر جائز) کام بن جاتا ہے۔ قرآن حکیم کا دل۔ مومن بندے کا دل، رات کا دل۔(یعنی بندہ مومن رات کو حضوری قلب سے قرآنِ حکیم کی قرأت کرے)

☆ **مراقبہء حجاب** : خلوت میں (کہ جہاں کوئی دوسرا نہ ہو۔بلکہ کسی انس وحیوان وطیور کی آواز تک کانوں میں نہ پہنچے) روبہ قبلہ سیدھا ہوکر اس طرح اپنی نشست رکھے۔کہ! ریڑھ کی ہڈی میں خم نہ ہو۔آنکھیں سامنے لگی ہوں۔اللہ تعالیٰ کا نقش (جیسا کہ! تصورِ اسمِ ذات کا نقش پچھلے ابواب میں اور اسی کتاب کے آخر میں ذکر کیا گیا ہے) اپنے سینے میں تصور وتخیل کرے۔اور اس دوران شغلِ پاس انفاس کرے۔اور غیرِ حق کو خیال میں مدخل نہ ہونے دے۔اس طریق سے اگر کوئی سالک وطالبِ صادق ہفتے وعشرے تک مراقبہ کی بخوبی مشق سرانجام دیتا رہے۔تو وہ خوش نصیب بزمِ توحید میں اپنے رفیقِ حقیقی (یعنی اللہ تعالیٰ) کے ساتھ اس کی نورانی وعرفانی حضوری میں ہم مجلس ہوجائے گا۔ان شاءاللہ) بہرحال! ہم دوبارہ مکتوب کی طرف آتے ہیں۔

پھر حضرت عمر فاروقؓ نے عرض کیا۔یارسول اللہ ﷺ ! **مومن اور مسلم میں کیا فرق ہے** ؟

سرکارِ دوعالم ﷺ نے جواب ارشاد فرمایا۔کہ! مومن (درحقیقت) عارفِ الٰہی ہوتا ہے۔اور عارف میں یہ وصف ہوتا ہے۔کہ وہ خاموشی اور غمگینی کی حالت میں رہتا ہے۔اور مسلم زاہد اور خشک ہوتا ہے۔

اس کے بعد جناب سرورِ کائنات ﷺ نے ارشاد فرمایا۔مومن وہ نہیں۔جو مسجد میں جمع ہوتے ہیں۔اور زبانی طور"**لا الہ الا اللہ**" کہتے ہیں۔اے عمرؓ ! ایسے کلمہ گو کو چہء حقیقت سے بے بہرہ اور بے خبر ہیں۔یہ مومن نہیں۔بلکہ منافق ہیں۔کیونکہ! زبان سے تو کلمہ"لا الہ الا اللہ" کا اقرار کرتے ہیں۔لیکن کلمہ کے اصل معنیٰ سے ناواقف ہیں۔انہیں (تو) خاک بھی پتہ نہیں ہے۔کہ کلمہ سے اصل مقصود کیا چیز ہے۔یعنی"لا الہ الا اللہ" تو کہہ لیتے ہیں۔لیکن ان کو کیا خبر کہ! نیست (نفی) سے کیا مراد ہے اور ہست (اثبات) سے کیا۔ایسا شکی طور پر کلمہ کہنا شرک ہے۔اور شرک وشک عین کفر (انکار) ہے۔ایسے کلمہ گو کافر کہلاتے ہیں۔کیونکہ! انہیں یہ (تک) نہیں معلوم کہ کلمہ میں کس کی نفی مراد ہے اور کس کا اثبات۔

(مملکت پاکستان کے مشہور ومعروف ناول وڈرامہ نگار پروفیسر اشفاق احمد صاحب"زاویہ والے" نے مسلم اور مومن کا یہ فرق بتایا ہے۔کہ! مسلم وہ ہے۔جو"اللہ تعالیٰ کو" مانتا ہے۔جبکہ! مومن وہ ہے۔جو"اللہ تعالیٰ کی" مانتا ہے)

حضرت عمر فاروقؓ نے (پھر) عرض کیا۔کہ! پھر کلمہ طیبہ **(لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ)** کا اصل مقصد کیا ہے؟

جناب سیدالمرسلین ﷺ نے جواب ارشادفرمایا۔کہ! کلمہ کے معنی یہ ہیں۔کہ سوائے ذات وحدہٗ لاشریک کے دنیا میں کوئی (بھی) موجودنہیں۔اور(آخری نبی امام الانبیاءسیدالمرسلین) محمد ﷺ (عین) مظہر خدا ہیں۔پس طالبِ مولا کو چاہیئے۔کہ! اپنے دل میں غیراللہ کا خیال تک بھی نہ آنے دے۔اور ذاتِ خداوندی کو ہی ہرجگہ موجود سمجھے۔ **فاینما تولوا فثم وجہ اللہ** ۔(یعنی کہ! جس سمت تم دیکھو۔ اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔(بقولِ شاعر)

تجلی تیری ذات کی سُو بسُو ہے جدھر دیکھتا ہوں اُدھر تُو ہی تُو ہے

اسی طرح بجائے قلبی زبان سے لسانی کلمہ کے پڑھنے کے بارے میں حضرت سلطان باھوؒ فرماتے ہیں۔کہ!

زبانی کلمہ ہر کوئی پڑھدا دل دا پڑھدا کوئی ہو جتھے کلمہ دلوں پڑھیوسے زبان ہِلّے نہ ڈھوئی ہو

دل دا کلمہ عارف پڑھدے کی جانے یار گلوئی ہو ایہہ کلمہ مینوں پیر پڑھایا باھوؒ میں تدوں سہاگن ہوئی ہو

اے عمرؓ! جب سالک اپنی تمام صفات کو معدوم سمجھے۔اور صرف ذاتِ الٰہی کو ہی موجود سمجھے۔اس وقت وہ سالک مرتبہء کمال کو پہنچ جاتا ہے۔اس مرتبہ میں سالک کی حالت **من عرف ربہ فقد کل لسانہ و قطع ارجلہ** ۔کا مصداق بن جاتی ہے۔یعنی جس شخص کو اپنے رب کی معرفت حاصل ہوگئی وہ گونگا اور لنگڑا ہوگیا۔(بقولِ شاعر)

اسم اللہ ذوق بخشد با وصال بے زبان گوید سخن بس قیل و قال

(بقولِ حضرت سلطان باھوؒ)

عشق جنہاں دا ہڈیں رچیا اوہ رہندے چُپ چُپاتے ہو لوں لوں دے وچ لکھ زباناں اوہ پھردے گنگے باتے ہو

اوہ کردے وضو اسم اعظم دا تے دریا وحدت وچ ناتے ہو تدوں قبول نمازاں باھوؒ جد یاراں یار پچھاتے ہو

مطلب یہ ہے۔کہ! عارفِ کامل پر سکوت وسکون کی سی حالت طاری ہوجاتی ہے۔کیونکہ! آہ وزاری اور حرکاتِ اضطرابی اسی وقت تک دامن گیر رہتے ہیں۔جب تک کہ مطلوب (حقیقی) کا وصال حاصل نہیں ہوتا۔جب طالب کومطلوب مل جائے۔تو لازمی امر ہے۔کہ! جو آہ وفغاں اور جو حرکاتِ مضطربانہ طلب کی حالت میں اسے دامنگیر رہتے ہیں۔ان سب کا سلسلہ یکسر ختم ہوکر حالت دگرگوں ہوجائے۔اور بجائے آہ وبکا اور قلق واضطراب کے اسے نہایت دلجمعی کے ساتھ سکوت وسکون حاصل ہوجائے۔جبھی تو عارفِ کامل صحیح معنوں میں شہنشاہ ہوجاتا ہے۔اُسے بجز ذاتِ خداوندی کے نہ کسی سے اُمید ہوتی ہے۔اور نہ ہی کسی کا ڈر۔اور ایسے ہی لوگوں کے حق میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون** ۔(یعنی کہ! اولیاء اللہ کو نہ کسی کا خوف ہوتا ہے۔اور نہ ہی کسی کا حزن) عارفِ کامل کی حالت یادِ الٰہی سے بھی گذر جاتی ہے۔اے عمرؓ! یقین جانو۔کہ جب تک سالک اپنے دل سے غیراللہ کے وجود کو نہ نکال دے۔تب تک (وہ سالک) ایک قدم بھی عرفان کی منزل پر نہیں رکھ سکتا۔اور نہ ہی وہ عارفِ کامل بن سکتا ہے۔کیونکہ! یادِ الٰہی بھی ایک قسم کی دوئی ہے۔اور دوئی عارفین کے نزدیک عین کفر ہے۔یہ ہے کلمہ طیبہ کی حقیقت۔(بقولِ شاعر)

اہلِ فنا کو نام سے ہستی کے ننگ ہے لوحِ مزار پر مری چھاتی پہ سنگ ہے

فارغ ہو بیٹھ فکر سے دونوں جہاں کی خطرہ جو ہے سو آئینہ دل پہ زنگ ہے

بقولِ شاعر بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق عقل ہے محوِ تماشائے لب بام ابھی

بقولِ شاعر عقل و دل و نگاہ کا مرشد اولیں ہے عشق عشق نہ ہو تو شرع و دین بتکدہ تصورات

جب تک (سالک و طالبِ صادق) اس حقیقت تک نہ پہنچے۔اس وقت تک ایک طالب سچا موحد بن ہی نہیں سکتا۔اور وہ اپنے دعوائے موحدیت میں سراسر دروغ گو ہے۔(درحقیقت عشقِ الٰہی ہی بندے کو موحد بنا سکتا ہے۔جیسا کہ بقولِ حضرت سلطان باھوؒ!)

ایمان سلامت ہر کوئی منگے اُتے عشق سلامت کوئی ہو منگن ایمان شرماون عشقوں میرے دل نوں غیرت ہوئی ہو

جس منزل نوں عشق پچاوے ایمان نوں خبر نہ کوئی ہو میرا عشق سلامت رکھیں باھوؒ ایمان نوں دیواں دھروئی ہو

حضرت سلطان باھوؒ مزید فرماتے ہیں۔کہ!

پڑھ پڑھ علم ہزار کتاباں، عالم ہوئے بھارے ہو اِک حرف عشق دا پڑھن نہ جانن، بُھلے پھرن بچارے ہو

اِک نگاہ جے عاشق دیکھے، لکھ ہزاراں اترے ہو لکھ نگاہ جے عالم دیکھے، کسے نہ کدھی چاہڑے ہو

آٹھ گھاٹیاں : وحدتِ الٰہی کے فہم، حصولِ قربِ الٰہی ولایت کے حصول میں یہ وہ آٹھ وادیاں ہیں۔جو سالک کو راہ سلوک میں پیش آتی ہیں۔جنہیں حضرت خواجہ فریدالدین عطارؒ نے اپنی کتاب **منطق الطیر** میں بیان فرمایا ہے۔وہ آٹھ وادیاں یہ ہیں۔

وادیءطلب۔ وادیءعشق۔وادیءمعرفت۔ وادیءاستغناء۔ وادیءتوحید۔ وادیءحیرت۔وادیءفقر۔وادیءفناءفناء۔

اِن آٹھوں گھاٹیوں کودل سے طے کرنا ہوتا ہے۔نہ کہ پاؤں سے۔(یعنی) ان تمام مقامات، فصیلوں، منازل اور وادیوں سے پیرِ کامل کی معاونت واستمداد کے بغیر پار نکلنا محض ایک خیال بلکہ محال وناممکن ہے۔اگر بفضلہٖ تعالیٰ کوئی مردِ خدا مل جائے۔تو اِن تمام مشکلات ومصائب سے بآسانی نکلنا سہل ہوجائے گا۔ورنہ

رخصت --- خدا حافظ۔ مرید صادق اپنے مرشد ومربی کے ارشاد کے مطابق کمر ہمت کو چست کر کے روانہ ہونا ہے۔(بقول شاعر)

دریں دریائے بے پایاں ، دریں طوفانِ موج افزا　　　دل افگندیم بسم اللہ مجریہا و مرسہا

(اِس دریائے بے پایاں اور شدت سے موجیں مارتے ہوئے طوفان میں ہم ''**بسم اللہ مجریھا و مرسھا**'' کہہ کر دل پھینکتے ہیں۔یعنی ہم جو یہ خطرناک سفر شروع کرتے ہیں۔تو بس صِرف وہی اپنے عظیم ترین فضل وکرم سے ہی اس بیڑے کو چلانے والا اور منزلِ مقصود تک پہنچانے والا ہے)

عشق عقل وچ منزل بھاری سئیاں کوہاندے پاڑے ہو　　　جنہاں عشق خرید نی کیتا باہوؒ، قوہ دوہیں جہانیں مارے ہو

پیر کامل کی معاونت سے طالبِ صادق جب یہ مقامات ومنازل طے کرتا ہوا معرفت میں پہنچ کر جب آنکھ کھولی۔اور بغور دیکھا۔تو اول وآخر، ظاہر وباطن ، حاکم ومحکوم، بادشاہ ووزیر، پیر ومرید، منزل ومقام میں وہی خود تھا۔اُس کے سوا دوسرا کوئی نہ تھا۔ **فھم من فھم۔**

عشق دا رتبہ عشق ہی جانے　　　سمجھ سکے نہ لوگ سیانے

نماز کی حقیقت : آنحضور پرنور ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔کہ! **لا صلوٰۃ الا بحضور القلب** ۔(یعنی کہ! نہیں ہے۔وہ نماز نماز،مگر حضورِ قلب کے ساتھ) یعنی نمازِ حقیقی ہی سے مومن کامل اور عارفِ الٰہی کو دائمی حضوری حاصل ہوتی ہے۔نیز حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔نماز دو قسم کی ہوتی ہے۔ایک نماز علماء،فقہاء،ظاہری (لوگ) اور زاہدانِ خشک کی۔جو کہ صرف قول وفعل تک ہی محدود ہوتی ہے۔اور اس سے وصالِ الٰہی حاصل نہیں ہوتا۔یہی وجہ ہے۔کہ! اس کی رسائی بھی صرف عالمِ ملکوتِ انسانی تک ہی محدود در ہتی ہے۔(جبکہ) دوسری نماز انبیاءؑ ،اولیاء اللہ اور خلفاء (صاحبانِ طریقت) کی۔جو حضورِ قلب سے ادا کی جاتی ہے۔(اور) اس کا ثمرہ وصالِ الٰہی ہے۔اور اس (نماز) کی رسائی عالمِ جبروتِ رحمانی تک ہوتی ہے۔(بقولِ حضرت سلطان باہوؒ!)

باجھ حضوری نہیں منظوری ، توڑے پڑھن بانگ صلاتاں ہو

روزے نفل نماز گزارن ، توڑے جاگن ساریاں راتاں ہو

باجھوں قلب حضور نہ ہووے ، توڑے کڈھن سَے زکاتاں ہو

باجھ فنا رب حاصل ناہیں باہوؒ ناں تاثیر جماعتاں ہو

اے عمرؓ ! نمازِ حقیقی دراصل یہی رحمانی نماز ہے۔نہ وہ نماز،جو عوام الناس ظاہری طور پر بلا حضورِ قلب ادا کرتے ہیں۔(کیونکہ) یہ نماز (محض) نفسانی ہے۔رحمانی نہیں ہے۔

حضرت نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے۔کہ! **من صلی صلوٰۃ طویلۃ فی المسجد و زین البدن بالعمامۃ فی ناظر الخلائق وما کان فی قلب من عجز فھو محجوب ولا صلوٰۃ ولا وصال** ۔یعنی کہ! علمائے ظاہر پرست اور صوفیانِ ریاکار خوب جبہ ودستار باندھ کر ظاہری شان وشوکت اور ٹاٹھ باٹھ بنا کر محض ریاء کاری کی نماز پڑھتے ہیں۔اُن کے نفس مغروری اور خود پسندی کی قصرِ مذلت میں گرے ہوئے ہیں۔اُن کی نماز بھلا کیا حقیقت رکھتی ہے۔کیونکہ یہ لوگ تو نفس کے بندے (نفسانی خواہشات کے غلام) ہیں۔اور نفسانی آدمی دراصل شیطان بقالبِ انسان ہوتا ہے۔اور شیطان بالاتفاق کافر وگمراہ ہے۔پس نتیجہ یہ برآمد ہوا۔کہ ایسے لوگ درحقیقت گمراہ اور کافر ہیں۔(فقیر ناچیز عبدالرؤف البلوشی کا اس ضمن میں یہ خیال ہے۔کہ! ایسے گمراہ لوگوں کو چاہیئے۔کہ! کسی مرشدِ کامل کی صحبت میں رہ کر اپنے دل کو غرور وتکبر اور نفسانیت کے خس وخاشاک سے پاک صاف کریں۔اور معرفتِ الٰہی سے اسے معمور وآباد بنادیں۔تاکہ وہ صحیح معنوں میں انسان سے مسلمان پھر مسلمان سے مومن بن جائیں۔اور گمراہی سے نکل کر راہِ راست پر آجائیں۔جبھی تو اُن کی نماز حقیقت میں نمازِ حقیقی ہوگی۔اور یہی نماز بارگاہِ الٰہی میں قبولیت کے قابل ہوگی۔اگر خوش قسمتی سے ایسا حقیقی نمازی ہزاروں لاکھوں میں ایک آدھ بھی مل جائے۔تو اس کی خدمت وصحبت اکسیرِ احمر سے بدرجہا بہتر وبالاتر ہے)

یہ گمراہ لوگ دراصل بت پرست ہیں۔اور پھر تعجب ہے۔کہ! یہ اپنی بت پرستی پر نازاں بھی ہیں۔اور وہ لوگ بھی عجیب کور باطن اور نادان ہیں۔جو ایسے ریاکاروں کو نمازی شمار کرتے ہیں۔ایسی بے حقیقت (اور بے حضور) نماز کا کیا فائدہ۔(حدیثِ قدسی) **الانبیاء والاولیاء یصلون فی قلوبھم دآئمون** ۔یعنی کہ! انبیاءؑ واولیاء ہمیشہ حضورِ قلب سے نماز پڑھتے ہیں۔(یعنی حقیقی نماز پڑھتے ہیں)

حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا ہے۔کہ! **صلوٰۃ الانبیاء والاولیاء حبس الحواس وعدد الانفاس** ۔یعنی کہ! انبیاءؑ واولیاء کی نماز درحقیقت وہ نماز ہوتی ہے۔کہ جب وہ نماز میں کھڑے ہوتے ہیں۔تو ہر وقت اُن کے حواسِ خمسہ غیر اللہ سے بند ہوجاتے ہیں۔اور اُن کا ایک ایک سانس یادِ الٰہی میں گذرتا ہے۔وہ اپنے ایک ایک سانس کا خیال وشمار رکھتے ہیں۔کہ کہیں غفلت میں نہ گزر جائے۔یہی لوگ درحقیقت (حقیقی) نمازی ہیں۔

(بقول البلوشی) دورانِ نماز اور دورانِ کسی عبادت بندہ خود کو ریا سے محفوظ رکھنے اور عبادت میں پختگی کی خاطر حدیثِ نبوی ﷺ درضمن ''احسان'' کو ہمیشہ یاد رکھے۔حدیث تو کچھ طویل ہے۔مگر احسان کے بارے میں حدیثِ نبوی ﷺ کا مختصر سا حصہ یہاں بطور حصولِ سعادت پیش کیا جاتا ہے۔قارئینِ کتاب ہذا ملاحظہ فرمائیں۔کہ! صحیح بخاری شریف، جامع ترمذی شریف، سنن ابنِ ماجہ اور سنن نسائی شریف میں آیا ہے۔کہ! کسی نے پوچھا۔کہ! یارسول اللہ ﷺ! احسان کیا ہے ؟ (تو) نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔کہ! احسان یہ ہے۔کہ! تم اللہ تعالیٰ کی اس طرح سے عبادت کرو۔گویا کہ تم اسے (یعنی اللہ تعالیٰ کو) دیکھ رہے

ہو۔ورنہ یہ عقیدہ لازمًا رکھو۔کہ اگرتم اسے (یعنی اللہ تعالیٰ کو) نہیں دیکھتے۔تو وہ تمھیں ضرور دیکھ رہا ہے۔ اسی طرح سے مسنداحمد کی ایک اورحدیث ہے۔کہ! کسی شخص نے انخضور نبی مکرم ﷺ سے پوچھا۔کہ احسان کیا ہے؟ فرمایا۔کہ! تم اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے کوئی (بھی نیک) عمل اس طرح کرو۔ گویا کہ تم اسے (یعنی اللہ تعالیٰ کو) دیکھ رہے ہو۔اگرتم یہ تصور نہیں کرسکتے۔تو کم ازکم یہی تصور کرلو۔کہ وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) تو تمھیں دیکھ ہی رہا ہے۔ ایک اور انتہائی مشہورومعروف حدیث نبوی ﷺ ہے۔کہ! **الصلوٰۃ معراج المؤمن** ۔یعنی نماز تو (درحقیقت) مومن کی معراج ہے۔سبھی کو معلوم ہی ہے۔کہ! معراج میں آنخضور نبی مکرم ﷺ کو اللہ تعالیٰ کا دیدار اور ملاقات کا شرف حاصل ہوا تھا۔یعنی نماز جیسی عبادت مومن کے لئے بمنزلہ معراج ہے۔کہ! وہ نماز پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور حاضر ہوکر اُس سے ملاقات کرتا ہے۔اوراُس عظیم المرتبت ذاتِ اقدس کا دیدار حاصل کرتا ہے۔

اے عمرؓ! نمازِ حقیقی رحمانی ہے۔اسی نماز سے پروردگارِ عالم سے وصال حاصل ہوتا ہے۔اے عمرؓ! انبیاءؑ واولیاء ہمیشہ ذکرِ خفی میں رہتے ہیں۔حضرت نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔**ذکر اللسان لقلقة و ذکر القلب وسوسة و ذکر الروح مشاھدة و ذکر الخفی دآئما** ۔یعنی کہ! زبانی ذکر گویا لقلقہ ہے۔قلبی ذکر ایک قسم کا وسوسہ ہے۔اور روحانی ذکر مشاہدہ الٰہی کا موجب ہے۔اور ذکر خفی ہمیشہ ہوا کرتا ہے۔

اے عمرؓ! ذکرخفی اور نمازِ حقیقی ترکِ وجود ہے۔(جبکہ) عابدوں کی نماز سجدہ سجود پر مبنی ہے۔(بقولِ شاعر)

نمازِ زاہداں سجدہ سجود اَست نمازِ عاشقاں ترکِ وجود اَست

روزہ کی حقیقت : اے عمرؓ! روزہءحقیقی کی تعریف یہ ہے۔کہ! انسان اپنے قلب کو تمام دینی و دنیوی خواہشات سے بندر کھے۔ کیونکہ خواہشاتِ دینی (جیسے کہ حصول بہشت وحور وغیرہ) عبد اور معبود کے مابین حجاب (ورکاوٹ) ہیں۔اُن کے (دل ودماغ) میں ہوتے ہوئے بندہ (یعنی طالبِ صادق وسالکِ حق) اپنے معبودِ حقیقی کا وصال حاصل نہیں کرسکتا۔اور خواہشاتِ دنیوی (جیسے کہ! خواہشِ جاہ و مال، مقام ومرتبہ یا خواہشاتِ نفسانیہ،نسوانیہ وشہوانیہ وغیرہ) تو سراسر شرک (ہی) ہیں۔

(کیونکہ) غیراللہ کی طرف فکر وخیال کرنا، قیامت کا خوف، بہشت کی ہوس اور آخرت کی فکر۔۔۔ یہ سب روزہءحقیقی کو توڑنے والی چیزیں ہیں۔روزہءحقیقی (تو) تب ہی درست رہ سکتا ہے۔جبکہ انسان (یعنی طالبِ صادق وسالکِ حق) اللہ تعالیٰ کے سوا ہر چیز کو اپنے دل سے فراموش کر دے۔یعنی غیراللہ کا (تو) اُسے مطلق علم (ہی) نہ رہے۔اور ہرقسم کی اُمیدیں اور ہرطرح کا خوف اپنے دل سے نکال ڈالے۔حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا ہے۔کہ! **رغبت عما دون اللہ** ۔یعنی کہ! اللہ تعالیٰ کے سوا مجھے کسی چیز کا دیدار مطلوب نہیں ہے۔روزہءحقیقی کا افطار (تو) صِرف دیدارِ الٰہی (ہی سے ممکن) ہے۔ (اور) حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا ہے۔کہ! **صوموا برؤیته وا فطروا برؤیته** ۔یعنی کہ! (اے عمرؓ!) روزہءحقیقی کی ابتداء (یعنی سحری) بھی دیدارِ الٰہی سے ہوتی ہے۔اور انتہاء (یعنی افطار) بھی دیدارِ الٰہی پر ہوگی۔اے عمرؓ! روزہءحقیقی کی ابتداء وانتہاء بخوبی ذہن نشیں کر لینی چاہیئے۔یعنی جاننا چاہیئے۔کہ! روزہءحقیقی کس چیز سے رکھا جاتا ہے۔اورکس چیز پر افطار کیا جاتا ہے۔سو واضح ہو۔کہ! روزہءحقیقی کی ابتداء یہ ہے۔کہ! انسان بتدریج معرفت الٰہی حاصل کرلے۔اوراس کی انتہاء (یعنی افطار) یہ ہے۔کہ! قیامت میں اُسے دیدارِ الٰہی نصیب ہو۔(بقولِ مولائے رومؒ)

مارا نہ غمِ دوزخ و نے حرصِ بہشت اَست بر دارِ زِ رُخ پردہ کہ مشتاقِ لقائیم

حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ **لصآئم فرحتان. فرحة الافطار و فرحة عند لقاء ربه** ۔یعنی کہ! روزہ دار کے لئے دوخوشیاں (فرحتیں) ہیں۔ایک افطار کی فرحت اور دوسری دیدارِ الٰہی (لقاء) کی فرحت۔اے عمرؓ! عوام کے روزہ میں پہلے روزہ ہے اورآخر میں افطار۔ لیکن روزہءحقیقی میں اول افطار ہے۔اورآخر میں روزہ ہے۔دیکھو مجذوب سالک، جوکہ (درحقیقت) خدا رسیدہ ہیں۔وہ ہمیشہ روزہ دار (یعنی صائم الدہر) رہتے ہیں۔کسی وقت بھی اُن کا افطار نہیں ہوتا۔کیونکہ! روزہءحقیقی کے لئے افطار شرط نہیں۔یعنی واصلانِ الٰہی کے لئے یہ شرط نہیں۔ کہ کبھی روزہ رکھو۔اورافطار کرو۔وہ (تو) ہمیشہ ہی روزہ دار رہتے ہیں۔

اے عمرؓ! تمام لوگ جو روزہ رکھتے ہیں۔جن میں کھانے پینے اور جماع سے اجتناب کرنا پڑتا ہے۔یہ حقیقی روزہ نہیں ہے۔بلکہ یہ (تو) روزہءمجازی ہے۔ (کیونکہ) فناء کے (تو) معنی ہیں۔کہ اسرارِ الٰہی اُن کو حاصل نہیں ہوئے۔وہ (تو) زینتِ ظاہری میں مبتلا ہوئے۔اور حقیقت سے بے بہرہ۔لیکن اس مجازی روزہ میں غیراللہ کا ترک نہیں ہوتا۔اور تمام خطراتِ نفسانی وانسانی اس میں حائل ہوتے رہتے ہیں۔(یادرہے۔کہ) ایسے روزہ داروں کے قول وفعل سب غیراللہ ہیں۔ایسا روزہ (یعنی مجازی) ہرگز ہرگز حقیقی اور رحمانی روزہ نہیں ہوسکتا۔اس ظاہری ومجازی روزہ سے بجز اُس کے اور کیا فائدہ ہوسکتا ہے۔کہ انسان روزہ رکھ کر ناداروں اور مفلسوں کی بھوک اور پیاس کا احساس کرسکے۔اور غریبوں اور مسکینوں کی امداد کرسکے۔اس کے سوا اس ظاہری روزہ سے اورکیا فائدہ متصور ہوسکتا ہے۔

حضراتِ صوفیہ کا یہ قول بہت مشہور و معروف ہے۔کہ! **من لا شیخ له لا دین له ومن لا دین له لا عرفان له ومن لا عرفان له لا حزب له لا انس له ومن لا انس له لا مولٰی له** ۔یعنی کہ! جس کا کوئی شیخ نہیں اس کی کوئی دین نہیں ہوتا۔اورجس کا کوئی دین نہیں وہ عرفانِ الٰہی سے بے بہرہ ہوتا ہے۔اورجس کو معرفت حاصل نہیں (تو) اُس کو بھلا کیسے کسی صحیح جماعت سے تعلق ہوسکتا ہے۔اورجس کا کسی صحیح جماعت سے تعلق نہیں۔اس کا کوئی مونس

(یعنی غم خوار) نہیں ہوتا۔ اور جس کا کوئی غمخوار نہیں تو بھلا اس کا کوئی یار دوست کیسے ہوسکتا ہے۔ (ایک اور حدیث ہے۔ کہ!) **ان اولیائی تحت قبآئی لا یعر فھم غیری** ۔یعنی کہ! میرے اولیاء (دوست) میری قباء کے نیچے ہیں۔ اُن کے مرتبہ کو مَیں ہی جانتا ہوں۔ اور کوئی نہیں جان سکتا۔

اے عمرؓ! سالکانِ غیر مجذوب بجز شیخ (یعنی کامرشد کامل) کی صحبت کے معرفتِ الٰہی حاصل نہیں ہوسکتے۔ اور نہ ہی اصلاحِ باطنی کے بغیر عالمِ جبروت تک اُن کی رسائی ہوسکتی ہے۔ وہ عالم ناسوت وملکوت میں ہی بھٹکتے رہتے ہیں۔ یہ لوگ شہوت پرست اور طالبِ شہرت ہیں۔

اے عمرؓ! جوعلماء، فقہاءاور سالکین غیر مجذوب ہیں۔ اور وہ مرشد کامل کے فیضِ صحبت سے مستفیض نہیں ہوئے۔ وہ جذبہ اسرارِ الٰہی سے بالکل بے خبر ہیں۔ یہ لوگ دنیوی زیب و زینت اور شہوتِ نفسانی کے پیچھے پیچھے مارے پھرتے ہیں۔ گویا کہ وہ (تو) جبہ و دستار اور صوفیائے کبار کے جامہ میں ملبوس ہوتے ہیں۔ لیکن درحقیقت اُن کی اندرونی حالت یہ ہوتی ہے۔ کہ! وہ حرص و ہوا دنیوی اور خواہشاتِ نفسانی میں گرفتار ہوتے ہیں۔ اُن کا مقصود اس جامہءفقیری سے خدا پرستی نہیں ہوتا۔ بلکہ وہ سراسر طالبِ جاہ و مال ہوتے ہیں۔ اُن کا کلمہ ونماز اور وزہ (بھلا) کیا حقیقت رکھتے ہیں۔ جوشخص محقق سالکین کے زمرے میں داخل ہوجائے۔ اور معرفتِ الٰہی میں پایۂ کمال تک پہنچ جائے۔ اُس پر فرض ولازم ہوجاتا ہے۔ کہ وہ اپنی ہستی اور خودی کو یکسر مٹادے۔ (بقول شاعر)

مٹا دے اپنی ہستی کو اگر کچھ مرتبہ چاہے ۔۔۔ کہ دانہ خاک میں مل کر گل گلزار ہوتا ہے

جو (بھی) لوگ اپنی خودی کو نہیں مٹاتے۔ خواہ وہ صوفیانہ جامہ میں ملبوس (ہی کیوں نہ) ہوں۔ لیکن وہ لوگ قطعاً منزلِ عرفان میں قدم نہیں رکھ سکتے۔ انسان معرفتِ الٰہی کی منزل تک اس وقت پہنچ سکتا ہے۔ جب کہ وہ اپنی ہستی اور خودی کو یکسر فراموش نہ کردے۔ اور محض ذاتِ الٰہی اور اس کا ہردَم مطلوب ہو۔

زکوٰۃ کی حقیقت : اے عمرؓ! سنو۔ ازروئے شریعت دوسو دینار میں سے پانچ دینار (یعنی سو پر ڈھائی) زکوٰۃ ادا کرنا فرض ہے۔ اور اہلِ طریقت کے نزدیک دوسو دینار میں سے پانچ دینار اپنے پاس رکھنے چاہئیں۔ باقی سب کے سب مدِّ زکوٰۃ میں صَرف کردینے لازم ہیں۔ لیکن یاد رہے۔ کہ! زکوٰۃ آزاد شخص پر تو لازم وفرض ہے۔ مگر غلام پر نہیں۔ جب تک بندہ بندگیءنفس سے نجات نہ پائے۔ اُس وقت تک آزاد (لوگوں) کے زمرے میں داخل نہیں ہوسکتا۔ اور جب (کوئی شخص) آزاد ہی نہیں ہوا تو اُس پر زکوٰۃ اکیونکر فرض ہوسکتی ہے۔ (لہذا) بندہءنفس کو سب سے پہلے بندگیءنفس سے آزادی ونجات حاصل کرنی چاہیئے۔ تاکہ وہ زکوٰۃِ حقیقی ادا کرنے کے قابل بن جائے۔

نیز زکوٰۃ (ہر) عاقل و بالغ پر فرض ہے۔ (لیکن غلام) دیوانہ ونابالغ پر فرض نہیں ہے۔ پس جس شخص پر غفلت ونفسانیت کا بھوت (دیو) سوار ہو۔ اور وہ ہمہ تن نفس وشیطان کے پنجہ میں گرفتار ہو۔ (ایسا شخص) عارفانِ الٰہی کے نزدیک عاقل و بالغ نہیں ہوسکتا۔ بلکہ وہ (تو) ایک نابالغ شیرخوار بچے کی مانند ہے۔ اور اہلِ معرفت کے نزدیک وہ کالعدم سمجھا جاتا ہے۔ اس پر زکوٰۃِ حقیقی کیسے لازم ہوسکتی ہے۔ پس سب سے پہلے یہ لازم ہے۔ کہ بندہءنفس نفسانیت کی بےشعوری سے نجات حاصل کرلے۔ تاکہ وہ معرفتِ الٰہی کی آزادی اورعقل سے سرفراز ہوکرحقیقی زکوٰۃ ادا کرنے کے قابل ہوجائے۔

زکوٰۃِ ظاہری، جوشرعاً مالِ دنیوی پر فرض ہوتی ہے۔ اُس میں محض یہ حکمت ہے۔ کہ امیر لوگ زکوٰۃ کے بہانے سے غریبوں اور مفلسوں کی معاونت کرسکیں۔ اور غرباء اپنے خورد ونوش کا انتظام سہولت وآسانی سے کرسکیں۔

اے عمرؓ! بجز عارفانِ الٰہی کے گنجِ حقیقی کی کسی کو خبر نہیں ہے۔ گنجِ حقیقی دراصل سرِ ربوبیت ہے۔ اور عارفین کے دل میں سرِ ربوبیت کے گنجینے ہوتے ہیں۔ اِن عرفاء پر فرض ہے۔ کہ! وہ اپنے گنجینہءحقیقی سے اسرارِ الٰہی کی زکوٰۃ گمراہوں اور نادانوں کو عطا فرمائیں۔ اور گم گشتگانِ بادیہءضلالت کی رہنمائی فرمائیں۔ کیونکہ! مستحق کو اُس کا (حق) دینا عین زکوٰۃ ہے۔

طلب طلب ہے ، مگر دَور بد نصیب سا ہے ۔۔۔ کہ خواجگی تو رہی ، بندہ پروری نہ رہی

ایک ضروری وضاحت : (اس ضمن میں یہ ناچیز ذرہءحقیر عبدالرؤف البلوشی قارئینِ کتاب "**اسرارِ محبوب** (کامل)" کی خدمت میں عرض پرداز ہے۔ کہ! عارفین الٰہیہ زکوٰۃ کے بارے میں فرماتے ہیں۔ کہ! صاحبِ شریعت، صاحبِ طریقت، صاحبِ معرفت اور صاحبِ حقیقت (گویا کہ) ہرایک کی ادائیگیءزکوٰۃ میں تفاوت پایا جاتا ہے۔ جن کی مختصر مگر جامع تفصیل یہ ہے۔

☆ **صاحبِ شریعت پر لاگو زکوٰۃ کی مقدار** : صاحبانِ شریعت کی زکوٰۃ یہ ہے۔ کہ! صد میں سے ڈھائی کی زکوٰۃ ادا کرے۔ بقایا % 97.5 اپنے پاس رکھے۔ اور فقہ بھی ہمیں زکوٰۃ کے ضمن میں یہی درس دیتا ہے۔

☆ **صاحبِ طریقت پر لاگو زکوٰۃ کی مقدار** :صاحبانِ طریقت کی زکوٰۃ یہ ہے۔ کہ! صد میں سے پچاس فیصد کی زکوٰۃ ادا کرے۔ اور بقایا پچاس فیصد اپنے پاس رکھے۔ یعنی آدھا حصہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے اور آدھا حصہ اپنی ضروریات کے لئے رکھے۔

☆ **صاحبِ معرفت پر لاگو زکوٰۃ کی مقدار** : صاحبانِ معرفت کی زکوٰۃ یہ ہے۔ کہ! صد میں سے % 79.5 کی زکوٰۃ ادا کرے۔ اور بقایا ڈھائی کو اپنے پاس رکھے۔

☆ **صاحبِ حقیقت پر لاگو زکوٰۃ کی مقدار** : صاحبانِ حقیقت کی زکوٰۃ یہ ہے۔ کہ! صد میں صد ہی کو زکوٰۃ ادا کرے۔ بقایا اپنے پاس کچھ بھی نہ رکھے۔ اور یہی طریقہ حضرت علی المرتضیٰؓ سے منسوب ومنقول ہے۔ کیونکہ وہ قلندرِ اعظمؓ اور امام الاولیاءؓ ہیں۔ اور انہیں

کی پیروی و اطاعت کرتے ہوئے تمام اولیائے عظام آج تک بخوبی سرانجام دے رہے ہیں۔
علمائے محدثین ومفسرین کے مطابق آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے اپنی مکمل حیاتِ طیبہ میں کبھی زکوٰۃ ادانہیں کی۔کیونکہ! آپ ﷺ کے پاس کبھی اتنا مال موجود ہی نہ رہا۔کہ! جس پر آپ ﷺ زکوٰۃ ادا فرماتے۔ اراکینِ اسلام کا واحد رکن، جوکہ آنحضرت ﷺ ادانہ کر سکے۔

حج کی حقیقت : اے عمرؓ! یقین جانو۔کہ! خانہ کعبہ انسان کا دل ہے۔چنانچہ ارشادِ نبوی ﷺ ہے۔کہ! **قلب الانسان بیت الرحمان** ۔یعنی کہ! انسان کا دل دراصل رحمان کا گھر (خانہ کعبہ) ہے۔بلکہ ایک اور جگہ آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔کہ! **قلب المؤمن عرش اللہ** ۔یعنی کہ! مومن کا دل عرشِ الٰہی ہے۔(بمصداق آیت قرآنی **و فی انفسکم افلا تبصرون** ۔اے لوگو! میں تمھارے اندر ہوں۔پھر تم مجھے کیوں نہیں دیکھتے) پس چاہیئے۔کہ! کعبہ (یعنی کعبہء دل) کا حج کرنا چاہیئے۔(بقولِ شاعر)

طوافِ کعبہ ء دل کن اگر دلے داری — دلے است کعبہ ء اعظم تو گل چہ پنداری
زِ عرش و کرسی و لوح و قلم فزوں باشد — دلے خراب کہ اورا ہیچ نہ شماری

(بقولِ شاعر)
قلب از نورِ وحدت گشت پیدا — نہ از مادر و پدر باشد ہویدا
نہ از باد و آتش آب و خاکی — قلب نوریست قدرت شد زِ پاکی

(بقولِ مولائے رومؒ)
دل بدست آور کہ حج اکبر اَست — اَز ہزاراں کعبہ یک دل بہتر اَست
کعبہ بنگاہِ خلیل آذر اَست — دل گذر گاہِ جلیلِ اکبر اَست
دل کعبہء اعظم اَست بکن خالی اَز بُتاں — بیت المقدس اَست مکن جائے بتگراں

حضرت عمر فاروقؓ نے عرض کیا۔یارسول اللہ ﷺ! کعبہء دل کا حج کس طرح کرنا چاہیئے۔آنخضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ انسان کا وجود جو بمنزلہ ایک چاردیواری کے ہے۔اگر اس چاردیواری میں سے شک و وہم غیراللہ کا پردہ دور کر دیا جائے۔تو دل کے صحن میں اللہ تعالیٰ کی ذات کا جلوہ (صاف طور سے) نظر آئے گا۔(کیونکہ) حض خانہ کعبہ کا (بھی) یہ مقصد ہے۔(بقولِ شاعر)

دل کعبہء اعظم اَست بکن خالی اَز بُتاں — بیت المقدس اَست مکن جائے دیگراں

نیز ایسا حقیقی حج کرنے سے یہ بھی مقصود ہے۔کہ انسان اپنی خودی وہستی کو اس طرح مٹا دے۔کہ ہستی کا ذرہ بھر بھی باقی نہ رہے۔حتیٰ کہ ظاہر و باطن یکساں و پاکیزہ ہو جائے۔اور دل صفاتِ الٰہی سے متصف ہو جائے۔حضرت عمرؓ نے عرض کیا۔کہ حضور ﷺ! اپنی ہستی کو فنا کیوں کر حاصل ہوسکتی ہے۔(تو) حضور نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔کہ! محبوبِ حقیقی یعنی اللہ تعالیٰ پر عاشق ہونے سے۔(کیونکہ) جو شخص عاشقِ الٰہی ہوگیا۔وہ فناء فی اللہ ہوگیا۔اور جو فناء فی اللہ ہوگیا۔وہ ذاتِ حق کا مظہر ہوگیا۔
(بقول البلوشی) حضرت موسیٰ کلیم اللہؑ کے متعلق ایک روایت ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ سے فرمایا۔کہ! اے موسیٰؑ! بنی اسرائیل سے کہہ دو۔کہ! میرے کسی گھر میں (اُس وقت تک) داخل نہ ہوں۔مگر اس حالت میں کہ! ان کے قلوب ڈر رہے ہوں۔آنکھیں جھکی ہوئی، بدن صاف اورنیتیں سچی ہوں۔
پھر حضرت عمر فاروقؓ نے سوال کیا۔کہ (یا) حضرت ﷺ! قلب کو بیت الرحمان اور عرشِ الٰہی کیوں قرار دیا گیا ہے؟
آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے جواب دیا۔کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔کہ! **و فی انفسکم افلا تبصرون** ۔یعنی کہ! (اے لوگو!) میں تمھارے اندر ہوں۔پھر تم لوگ مجھے کیوں نہیں دیکھتے۔اے عمرؓ! رہنے کی جگہ کو گھر کہتے ہیں۔چونکہ اللہ تعالیٰ قلب میں رہتا ہے۔لہٰذا دل خانہء خدا اور عرشِ الٰہی قرار دیا گیا۔
پھر حضرت عمر فاروقؓ نے سوال کیا۔کہ! یارسول اللہ ﷺ! اس خاک کے پتلے میں بولنے والا، سننے والا، جاننے والا اور دیکھنے والا کون ہے؟ اور کیسا ہے؟
آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے جواب ارشاد فرمایا۔کہ! وہی (اللہ تعالیٰ) بولنے والا ہے۔وہی (اللہ تعالیٰ) سننے والا ہے۔وہی (اللہ تعالیٰ) دیکھنے والا ہے۔
پھر حضرت عمر فاروقؓ نے سوال کیا۔کہ! یارسول اللہ ﷺ! ذاتِ خاص حضرت چہ باشد؟
آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے جواب ارشاد فرمایا۔کہ! **انا احمد بلا میم** ۔یعنی کہ! مَیں (درحقیقت) احمد ہوں بنا میم کے۔
(یہ دو احادیث غالبًا ضعیف یا موضوع بھی ہیں۔ **انا احمد بلا میم** ۔ اور **انا عرب بلا عین** ۔) واللہ اعلم بالصواب۔
پھر حضرت عمر فاروقؓ نے سوال کیا۔کہ! یارسول اللہ ﷺ! کعبہء دل کا حج کون ادا کرتا ہے؟
آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے جواب ارشاد فرمایا۔کہ! خود ذاتِ خداوندی۔یعنی جب بندہ (اپنی ذات سے) بندگیء نفس کا پردہ دور کر دیتا ہے۔اور عبد و معبود کے مابین کوئی پردہ باقی نہیں رہتا۔تو وہ (خوش نصیب شخص) صفاتِ الٰہی سے متصف ہوجاتا ہے۔اور اس کے دل میں ذاتِ الٰہی کے

اوصاف سمائے ہوئے ہوجاتے ہیں ۔اللہ تعالیٰ کا بندے کے دل میں سمانا ہی کعبہ ءدل کا حج (حج حقیقی) ہے ۔
پھر حضرت عمر فاروقؓ نے سوال کیا۔کہ! یارسول اللہ ﷺ ! جب سب کچھ اسی ذاتِ مقدسہ کا ظہور ہے۔تو پھر یہ رہنمائی کس کو اور کیوں کرہے ؟
آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے جواب ارشاد فرمایا۔کہ! وہ خود ہی رہنما ہے۔اور خود اپنی ہی رہنمائی کرتا ہے۔
پھر حضرت عمر فاروقؓ نے سوال کیا۔کہ! یارسول اللہ ﷺ ! پھر یہ گوناگون نقش ونگار کیوں ہیں ؟
آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے جواب ارشاد فرمایا۔کہ! رہنمائی کی مثال سوداگر کی سی ہے۔کہ جس چیز کا کوئی گاہک ہو۔سوداگر اس کو وہی چیز دیتا ہے۔گیہوں کے خریدار کو جَو ہرگز نہیں دیئے جاتے۔اور نہ ہی جَو کے خریدار کو گیہوں دیئے جاتے ہیں۔
اے عمرؓ ! پیغمبروں کی مثال ایسی ہے۔جیسے اطباء یعنی جس طرح طبیب (کسی) مریض کی طبیعت اور مرض کے موافق دوا دیتا ہے۔اور اسی موافق طبع دواء کے اس مریض کو شفاء حاصل ہوتی ہے۔اسی طرح پیغمبر بھی روحانی ایمانداروں کو ان کی باطنی استعداد اور روحانی امراض کے موافق دوائے معرفت عطا فرماتے ہیں۔جس کی بدولت مریض روحانی شفائے کلی پاکر عارفِ الٰہی بن جاتا ہے۔
اے عمرؓ ! سالکانِ طریقت چارگروہوں میں منقسم ہیں۔اور ان چارگروہوں میں بلحاظِ مراتب واستعداد باطنی زمین وآسمان کا فرق ہے۔
☆ پہلاگروہ عوام العالم میں عام مسلمانوں کا ہے۔یہ لوگ اربابِ ظاہر کہلاتے ہیں۔اور راہِ شریعت پر چلنے والے ہیں۔عشقِ الٰہی کی چار سیڑھیوں میں سے پہلی سیڑھی پر اہلِ شرع گامزن ہوتے ہیں۔لیکن اگر اسی سیڑھی پر رہیں۔(اور) اگلی سیڑھیوں پر چلنے کی سعی نہ کریں۔حتیٰ کہ ان کی عمریں ختم ہوجائیں۔تو یہ لوگ دین ودنیا سے محروم اور ظاہر پرست ہوکر مرجاتے ہیں۔یہ گروہ اہلِ شریعت کا کہلاتا ہے۔ (بقولِ شاعر)

نہ ہی خدا ملا نہ وصالِ صنم نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے رہے

☆ دوسرا گروہ عوام الخاص کا ہے۔ان لوگوں میں دو پہلو پائے جاتے ہیں۔عوام کا بھی اور خواص کا بھی۔یہ گروہ روحانیت کی طرف متوجہ تو ہوتا ہے۔لیکن چونکہ باطنی رموز سے بے بہرہ ہوتے ہیں۔کبھی دنیا کے طالب ہوتے ہیں۔لہذا ان کی باطنی آنکھیں نورِ باطنی سے مکمل طور پر منور نہیں ہوتیں۔اس گروہ کو اہلِ طریقت کہا جاتا ہے۔ ☆ تیسرا گروہ اہلِ معرفت کا ہے۔☆ چوتھا گروہ اہلِ حقیقت کا ہے۔
(بندہ ءناچیز عبدالرؤف البلوشی قارئین کی خدمت میں عرض پرداز ہے۔کہ ان چاروں گروہوں کا کچھ ذکر پیچھے گزرچکا ہے۔اور مزید کچھ ذکر آگے بھی آرہا ہے۔تاکہ سالکین وطالبینِ حق کی تشنگی کا درماں ہوسکے۔ انشاءاللہ تعالیٰ)
اے عمرؓ ! ہدایت ورہنمائی طالب کی استعداد اور جنس کے موافق ہوا کرتی ہے۔یہ اسرارِ الٰہی کی نعمتِ عظمیٰ ' نااہل عوام الناس کو نہیں دی جاتی۔کیونکہ ان کو ایسی نعمت دے دینا اس نعمت کی ناقدرشناسی ہے۔نیز چونکہ وہ اس نعمت کے متحمل (بھی) نہیں ہوسکتے۔لہذا اُن کے گمراہ ہونے کا اندیشہ ہے۔
پھر حضرت عمر فاروقؓ نے سوال کیا۔کہ! یارسول اللہ ﷺ ! ذاتِ رحمان کیا ہے؟ اور دیگر اشیاء کیا ہیں ؟
آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے جواب ارشاد فرمایا۔کہ! تمام اشیاء مظہرِ خدا ہیں۔درحقیقت سب ایک ہی ہیں۔ظہور کی صفات مختلف ہیں۔جیسا کہ مطلب ایک (ہی) ہوتا ہے۔اور اُس کو مختلف عبارتوں سے ادا کیا جاتا ہے۔اسی طرح ذات صرف ایک ہی ہے۔لیکن اُس کے ظاہر مختلف ہیں۔ارشادِ خداوندی ہے۔کہ! **ان اللـہ عـلـٰی کل شیءِ محیط** ۔یعنی کہ! بے شک اللہ تعالیٰ ہر چیز کو محیط کیئے ہوئے ہے۔لیکن انسان کو دیگر جمیع مخلوقات پر شرف وبزرگی حاصل ہے۔**ان اللہ خلق ادم علٰی صورتہٖ**۔یعنی کہ! اللہ تعالیٰ نے آدم (یعنی مخلوقِ انسانی) کو اپنی صورت پر پیدا کیا۔
پھر حضرت عمر فاروقؓ نے سوال کیا۔کہ! یارسول اللہ ﷺ ! جب انسان اشرف المخلوقات ٹھہرا۔تو پھر اُس میں خاص وعام اور کافر ومسلمان ہونے کا کیا باعث ؟
آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے جواب ارشاد فرمایا۔کہ! ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **فـضـلـنـا بـعـضـهـم علٰی بعض** ۔یعنی کہ! ہم نے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے۔نیز ارشاد فرمایا۔**کـل نـفـس ذائـقـة الـموت** ۔یعنی کہ! ہرنفس (جاندار مخلوقات) نے موت کا مزہ چکھنا ہے۔موت دراصل اس حدیث کی مصداق ہونی چاہیئے ۔ **الـمـوت جسـر یوصل الحبیب الی الحبیب** ۔ یعنی کہ! موت ایک پُل ہے۔جس کو طالبِ مولیٰ اپنے حبیبِ حقیقی کی طرف عبور کرکے واصلِ الٰہی ہوجاتا ہے۔
اے عمرؓ ! پنج بنائے اسلام کی حقیقت جو مومنیت کا درجہ ہے۔جو مفصل بیان کردیا ہے۔فی الحال تمھارے لئے کافی ہے۔جب تم اس سے آگے انتہائے کمال کی جانب بڑھنا چاہوگے۔تو جمیع اسرار وصفات خود تمھارے اندر موجود ہیں۔کیونکہ! **مـن عـرف نفسه فقد عـرف ربه** ۔یعنی کہ! جس نے اپنے نفس کو پہچان لیا۔اُس نے (درحقیقت) اپنے رب کو پہچان لیا۔
اے میرے ہمراز خواجہ قطب الدینؒ ! یہ نکات پوشیدہ اور رازِ مخفی تھے۔جو حضور سرورِ کائنات ﷺ نے اپنے خلیفہ ءہم اسرار حضرت عمر فاروقؓ کو تعلیم فرمائے تھے۔تم کو لکھ دیئے ہیں۔ہمیں اُمید ہے۔کہ! تم ان نکات پر اعتبار واقرار کروگے۔ہمیں کج فہم یعنی علمائے ظاہری سے کوئی سروکار نہیں۔ان کا علاج (تو) اللہ تعالیٰ ہی کرسکتا ہے۔کیونکہ! سب کچھ اللہ تعالیٰ ہی کے قبضہ میں ہے۔(بقول) **لا تـتـحـرک ذرة الا باذن الله**

۔یعنی کہ! اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر ایک ذرہ بھی حرکت نہیں کرسکتا۔ یہی ہر مسلمان کا اعتقاد ہے۔اور اسی پر پرا یمان ہے۔ **و صلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقه محمد واله واصحابه واھل بیته وازواجه وذریتہٖ اجمعین برحمتک یارحم الراحمین۔آمین۔**

انجام اس کے ہاتھ میں ، آغاز کر کے دیکھ بھیگے ہوئے پروں سے ہی پرواز کر کے دیکھ

دل کی غذا اور زادِ راہ : حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے کتاب ''آداب السلوک والتواصل الی المنازل الملوک''میں فرمایا ہے۔کہ! بندہ ءمومن کے لئے ہر حال میں تین امور کی پابندی کرنا نہایت ضروری ہے۔(1) اللہ تعالیٰ کے اوامر کی پیروی کرنا۔(2) اللہ تعالیٰ کے نواہی سے اجتناب برتنا۔(3) قضاء وقدر کے سامنے سرخم تسلیم کر کے انہیں بخوشی قبول کرنا۔(یادرہے۔کہ) ادنیٰ سے ادنیٰ کیفیتِ ایمان کا تقاضا یہ ہے۔کہ! بندہ کسی بھی حال میں ان تینوں امور سے غافل نہ رہے۔اور کسی بھی صورت ان امور کو ہاتھ سے نہ جانے دے۔بلکہ انیں تینوں امور کو دل میں جگہ دے۔اپنے نفس کو ان کا پابند کرے۔اور اپنے اعضاء وجوارح کو ان کی ادائیگی میں مشغول رکھے رہے۔

نہیں تیرا نشیمن قصرِ سلطانی کے گنبد پر تُو شاہیں ہے ، بسیرا کر پہاڑوں کی چٹانوں پر

تصوف کا وجود : تصوف کا وجود فلسفہ میں موجود ہے۔جیسے کہ فنائیت کے تینوں درجات (فنا فی الشیخ۔فنا فی الرسول اللہ ﷺ اور فنا فی اللہ) کا وجود فلسفہ میں دلائل کے ساتھ موجود و متحقق ہے۔فلسفے کا سب سے بڑا عقیدہ تو یہ ہے۔کہ! تمام عالم کا مخرج ایک ہی ہے۔اور سب کو اس میں جذب ہونا ہے۔بلکہ اَب بھی ایسا نا معلوم جاذب ہے۔کہ مفہوماتِ کلی اس کے ادراک سے قاصر ہیں۔(تعلیمِ غوثیہ)

وجودِ ذات سے باہر نکل کے دیکھوں تو ذرا نہ کوئی غیر تیرا نہ کوئی رقیب تیرا

☆ **صوفیہ کے گروہ :** (بقول حضرت شیخ ضیاءالدین سہروردیؒ) **مرید** وہ ہے۔جو اپنی مراد کو خود طلب کرتا ہے۔ مرید اپنے وقت کا متوسط اور اپنے حال کا منتہی ہے۔پاس انفاس میں اپنے سانس کا نگہبان اور اسے سب احوال میں افضل جانتا ہے۔اور مراد کی طلب میں سختیاں برداشت کرتا ہے۔مرید کے ذمہ یہ امور ہوتے ہیں۔ مجاہدات میں مقام کرنا۔ریاضات وعبادات میں تکلیف اُٹھانا۔ صبر کی تلخیاں برداشت کرنا۔ نفسانی لذات سے بچنا۔

☆ **متوسط :** متوسط وہ ہے۔جو آخرت کی راہ میں چلتا ہے۔ متوسط سے منازلِ آداب کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔وہ صاحبِ تلوین (عاشق۔تلوین کی ضد تمکین ہے) ہے۔کہ ادنیٰ حال سے اعلیٰ کی طرف ترقی پاتا ہے۔اور ہمیشہ زیادتی میں ہوتا ہے۔اس کے مقامات یہ ہیں۔کہ!

☆ مرادت کی طلب میں سختیاں اُٹھانا۔ ☆ اقوال وافعال میں ہمیشہ صادق رہنا۔ ☆ کمال کے مقامات میں ادب برتنا۔

☆ **منتھی :** منتہی یعنی جو اپنے مقصود کو پہنچ گیا ہو۔وہ درجہ صحو وتمکین میں ہے۔ایسا سالک ظاہر میں تو مخلوق میں مگر باطن میں حق سے واصل رہتا ہے۔

خلق را طاعت بود از کسبِ تن عارفاں را ترکِ تن طاعت بود

علومِ آخرت کا فلسفہ : (طہارت،نماز،روزہ اور حج) : علوم آخرت کے ضمن میں (البلوشی) عرض گزار ہے۔ادراکِ توحید کے وقوف وادراک کے ساتھ ساتھ ذیل میں دیئے گئے چھ اصول (امور) کو بھی لازمی جاننا چاہیئے۔جو کہ میرے نزدیک بہت بڑے رموز واسرار ہیں۔

☆ **اصلِ اول ''طہارت کے رازوں میں سے :** بزرگوں نے فرمایا ہے۔کہ! طہارت کے چار مراتب ہیں۔اول یہ کہ ظاہر کو پلیدیوں سے پاک کرنا اور رفع ءحدث یعنی وضو کرنا۔اس قسم کی طہارت عام لوگوں کی طہارت ہے۔ دوئم یہ کہ! اعضاء کو معصیت کے امور سے باز رکھنا۔ اس قسم کی طہارت خاص لوگوں کی طہارت ہے۔ سوئم یہ کہ! قلب کو بری عادتوں اور ناشائستہ افعال (جیسے غرور،تکبر،کینہ،حسد،غضب،شہوت،غصہ اور غیبت وغیرہ) سے پاک کردینا۔اس قسم کی طہارت خاص الخاص لوگوں کی طہارت ہے۔ چہارم یہ کہ! دل کو غیر اللہ سے یکسر خالی کردینا۔(کیونکہ! دل میں جس قدر غیر اللہ کا تصور و تخیل یا اُس سے اُمید وابستہ ہوگی۔اُسی قدر بندہ ذِکرِ الٰہی سے دور رہے گا) اسی واسطے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔کہ! **قل اللہ ثم ذرھم** ۔(ترجمہ) کہو۔اللہ تعالیٰ نے ان کو ان کے حال پر چھوڑ دیا۔(سورہ انعام۔آیت نمبر 91) اور اس قسم کی طہارت اعلیٰ درجہ ومقام کے خاص الخاص لوگوں کی طہارت ہے۔

ہر کہ اندر عشق باید زندگی کفر باشد پیش او جز بندگی

☆ **اصلِ دوئم '' قرآنِ پاک پڑھنے کے رازوں میں سے :** قرآن شریف چونکہ اللہ تعالیٰ کا اور اُس کے حبیب ترین پیغمبر ﷺ کا مشترکہ معجزہ ہے۔لہذا اس کے پڑھنے کے ویسے تو آداب کثیر ولا تعداد ہوں گے۔لیکن یہاں پر فقط دس آداب پر اکتفاء کیا جاتا ہے۔

☆ اول یہ کہ! قرآنِ حکیم کو پاک وصاف اور باوضو حالت میں چھوا جائے۔ ☆ دوئم یہ کہ! قرآنِ حکیم کو پڑھتے وقت اللہ تعالیٰ کے کلام کی عزت وعظمت کو جانے اور پہچانے۔کیونکہ! کلامِ الٰہی لفظوں،جملوں اور عبارتوں میں دیگر جمیع کلاموں سے بہت فصیح وبلیغ اور موجب خیر وبرکت ہے۔اور معنوں میں اُن سب سے زیادہ کامل ہے۔جس کا کوئی ثانی نہیں۔ ☆ سوئم یہ کہ! قرآنِ حکیم کو پڑھتے یا چھوتے وقت اس کلام کے کرنے والے یعنی اللہ تعالیٰ کی عزت وعظمت اور جلال وجمال اور کبریائی کو اپنے دل ودماغ اور تصور وتخیل میں مقدم،مقدس اور بہت ہی عظیم سمجھے اور جانے۔ ☆ چہارم یہ کہ! قرآنِ حکیم کو حضورِ قلب سے پڑھے۔اور پڑھتے وقت دیگر تمام تخیلات وتوجہات اور تصورات سے عدم دھیان رکھے۔ ☆ پنجم یہ کہ! قرآنِ حکیم کے معانی ومفاہیم اور اُن کے اسرار ورموز میں غور وفکر کرے۔ ☆ ششم یہ کہ! قرآنِ حکیم کی ہر ایک آیت کا مقام ومرتبہ وجہ ءنزول اور

شانِ نزول کو جاننے کی سعی کرے ۔یعنی آیاتِ ذات وصفات ،آیاتِ افعال اور آیاتِ احکامات ومتشابہات کوعلیحدہ علیحدہ معلوم کرنے کی کوشش کرے ۔

☆ **اصلِ سوئم** ’’زکوٰۃ کے رازوں میں سے : وہ شرائط کہ ادائے زکوٰۃ کے لئے علمِ فقہ میں بیان کی گئی ہیں ۔ جب پوری کی جائیں ۔تو ہی زکوٰۃ کا فائدہ ہوتا ہے ۔یادرہے ۔کہ! زکوٰۃ کا فائدہ یا تو دینے والے کومعلوم ہوتا ہے ۔یا پھر لینے والے کو۔ کیونکہ! زکوٰۃ دینے والے کوتو یہ فائدہ ہوتا ہے ۔کہ! اُس کا مال پاک ہوجاتا ہے ۔اوراُس مال میں مزید خیروبرکت پیدا ہوجاتی ہے ۔اب چونکہ! مال ومتاع اور دنیا سے محبت ہی جملہ گناہوں کی اصل اورجڑ ہے ۔ چنانچہ حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشادفرمایا ہے ۔کہ! **حب الدنیا رأس کل خطیئة** ۔دنیا کی محبت تمام خطاؤں کی جڑ ہے ۔(الحدیث)اسی لئے جب کوئی شخص اپنے ہی مال سے زکوٰۃ ادا کرتا ہے ۔تو گویا کہ جس مال سے اُسے محبت تھی ۔اس سے قطع تعلق اور قطع محبت کرتا ہے ۔تو یہی زکوٰۃ شدہ مال آخرت میں اُس شخص کے لئے سببِ نجاتِ نارِ جہنم بن جاتا ہے ۔اسی طرح سے زکوٰۃ لینے والے کو یہ فائدہ ہوتا ہے ۔کہ! اُس کی حاجات اورضروریات بغیر کسی کش مکش ،محنت ومشقت اور رنج وغم کے حل ہوجاتی ہیں ۔ بلکہ! یہاں تک کہ اُس کے حالات کافی حدتک سنور جاتے ہیں ۔اورزکوٰۃ لینے والے کوزکوٰۃ دینے والے سے محبت واُنسیت پیدا ہوجاتی ہے ۔اورایک غریب شخص کئی اقسام کے شراورفتنوں سے محفوظ ہوجاتا ہے ۔ کیونکہ! غربت وافلاس کی وجہ سے لوگوں کی عزت وآبرو بھی کطرے میں رہتی ہے ۔جیسا کہ! ایک مشہورومعروف وقول ہے ۔کہ! جب روٹی کی قیمت بڑھ جاتی ہے ۔تو عورت کی عزت کوڑے داموں بکنا شروع ہوجاتی ہے ۔یہی وجہ ہے ۔کہ! آج نشہ، زنا اوردیگرعوامل بہت زیادہ ہوگئے ہیں ۔جس کی وجہ سے معاشرے میں کثیر بگاڑ پیدا ہوگیا ہے ۔مزید برآں یہ کہ! اگرزکوٰۃ دینے والے کے دل میں اخلاص ہو۔اور قطعاً ریا کا شائبہ نہ ہو۔تو اُس کی وجہ سے معاشرت میں ایک عجیب سا سنوار پیدا ہوجاتا ہے ۔اوراُسے واقعتاً دلی اطمینان میسر ہوتا ہے ۔

جیہڑے دل وچ تُوں آ وسیں اوہ دنیا وچ نہیں وسدے نیں
اک وار جو پھائیوں اُڈ جاون مُڑ دوجی وار نیں پھسدے نیں

☆ **اصلِ چہارم** ’’روزہ کے رازوں میں سے : اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ۔کہ! **الصوم لی وانا اجزی بہ** ۔(ترجمہ)روزہ میرے لئے ہے ۔اورمَیں ہی اس کی جزادوں گا۔(یادرہے ۔کہ!)اللہ تعالیٰ کا روزے کواپنی طرف منسوب کرنا چار باتوں کی وجہ سے ہے ۔ایک تو یہ کہ! روزہ ایسی عبادت ہے ۔کہ اس پراللہ تعالیٰ اورروزہ دار کے علاوہ تیسرا کوئی باخبرنہیں ہوتا ۔تو جب روزہ رکھنے والے پراللہ تعالیٰ کے سوا کسی کواطلاع نہیں ہوتی ۔تو یہ عبادت بھی خالصتاً اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہوتی ہے ۔جبکہ دوسری بات یا دوسرا فائدہ روزہ رکھنے کا یہ ہے ۔کہ! بھوکے رہنے سے انسان کی کچھ قوتیں دَم توڑ جاتی ہیں ۔جیسے کہ! شہوانی ونفسانی خواہشات ،غیض وغضب ، شیطانی وساوس وخیالات وغیرہا۔روزہ کے ذریعے انسان یقینی طور پرشیطان پربھی غلبہ وقابو پالیتا ہے ۔تیری وجہ و فائدہ یہ بھی ہوتا ہے ۔کہ! روزہ انسان میں تقویٰ پیدا کرنے اورنیک امور کی جانب گامزن کرنے میں یقینی طور پرمعاون ومددگار رہتا ہے ۔ چوتھی اورآخری وجہ وفائدہ یہ بھی ہوتا ہے ۔کہ! روزہ دار جب روزہ رکھتا ہے ۔تو اسے اُن غریب ونادار اورمفلس لوگوں کی دل جوئی اور مدد کا بھی خیال آتا ہے ۔جو کہ بھوک و افلاس میں گھرے ہوئے ہوتے ہیں ۔اورجن کا اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی مددگار ودوسرانہیں ہوتا ۔

آں کلیمِ بے تجلّی ، آں مسیحِ بے صلیب نیست پیغمبر و لیکن در بغل دارد کتاب

☆ **اصلِ پنجم** ’’حج کے رازوں میں سے : دنیا میں دوحقیقتیں کبھی بھی نہیں بدل سکتیں ۔پہلی حقیقت وہ ہے ۔کہ! جس کا انکارکوئی بھی غیرمسلم یا لادین نہیں کرسکتا ۔وہ یہ ہے ۔کہ! **کل نفس ذائقة الموت** ۔(ترجمہ)اوربالآخر ہرنفس (یعنی ہرجاندار)نے موت کا مزہ (ضروربالضرور)چکھنا ہے ۔جبکہ دوسری حقیقت ،جوکہ ہرمسلمان کا عقیدہ اوریقین بھی ہے ۔ **قل هو الله احد . الله الصمد . لم یلد ولم یو لد . ولم یکن له کفوا احد** ۔(ترجمہ) کہہ دو۔کہ! اللہ ایک ہے ۔اللہ بے نیاز ہے ۔نہ اُس نے کسی کو جنا۔اور نہ ہی وہ کسی کی اولاد ہے ۔اوراُس کے جوڑ (برابری) کا کوئی بھی نہیں ۔(سورہ اخلاص)بہرحال ! موت سے کوئی مفرنہیں ۔جب ہرشخص کوایک نہ ایک دن یہ فانی دنیا چھوڑ کراللہ تعالیٰ کی بارگاہِ معظمہ ومقدسہ میں اُن کے حضور چلے ہی جانا ہے ۔ اوروہاں پرجاکراپنے تمام نیک وبدامور کا حساب دینا ہی ہے ۔تو مناسب ہے ۔کہ! تھوڑا بہت اسی دنیا ہی میں ان دوباتوں سے وقوف وادراک حاصل کرکے خوگر ہوجائے ۔کہ کچھ مال وزراکٹھا کرے ۔اورحج کرنے چلا جائے ۔تاکہ دنیائے فانی سے رحلت کرکے دربارِشہنشاہی میں میں اُس کے لئے حاضر ہونا دشوار و مشکل نہ ہو۔اس کا طریق یہ ہے ۔کہ! آدمی گھر سے نکل کرلذت وآرام اورگھر جیسے قراروسکون کے اسباب کوترک کردے ۔اورسفر کی محنت ومشقت اورتکلیف کواختیارکرکے ایسے گھر میں جاپہنچے ۔کہ! جس کواللہ تعالیٰ نے وہ رفعت ،عظمت اورجلال عطافرمایا ہے ۔کہ! جس کی مثل دنیا میں کہیں پربھی موجودنہیں ہے ۔اور جس اللہ تعالیٰ نے اپنا گھر کہہ کرعزت وفضیلت بخشی ہے ۔اس طریق سے دنیا کی مفارقت اس پرآسان ہوجائے گی ۔اور بروزِ قیامتاللہ تعالیٰ کے حضور میں حاضر ہونا اورخوف وطمع رکھنا چنداں دشوارومشکل نظرنہیں آئے گا۔(ان شاءاللہ) کیونکہ! یہ باتیں دنیا میں حج کی باتوں سے بعینہٖ مشابہ ہیں ۔

روزے حج نماز نی مائے مینوں پیا ستم آن بھلائے
جاں پیا دِیاں خبراں آئیاں منطق نحو سبھے مینوں گیاں
اس انہد تار وائے روزے حج نماز نی مائے

☆ **شب بیداری**: شرطِ فہم یہ ہے۔کہ! شب بیداری کے بہت زیادہ فوائد ہیں۔اول **تخلقوا با خلاق اللہ** ہے۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ قرآنِ پاک میں فرماتا ہے۔کہ! **لا تاخذہ سنۃ ولا نوم** (ترجمہ) نہ اسے اونگھ آتی ہے۔اور نہ ہی اسے نیند آتی ہے (سورہ بقرہ۔255) حدیث میں آتا ہے۔سرورِ کونین ﷺ نے فرمایا۔میری اُمت کے اشراف (بلند مرتبہ لوگ) قرآن اُٹھانے والے (اٹھانے سے مراد یاد کرنے والے، تلاوت کرنے والے اور احکاماتِ قرآنی پر عمل کرنے والے) اور اصحاب اللیل (شب بیداری رہ کر عبادات کرنے والے) ہیں۔(بیہقی) رات عاشقوں کا خلوت کدہ ہے۔کیونکہ! رات ہی کو مومنین غیروں کی تشویش کے بغیر صمد ذات کے حضور راز و نیاز عرض کرتے ہیں۔سالکینِ راہِ طریقت جو دولت و انعاماتِ الٰہیہ، سعادت سرور حاصل کرتے ہیں۔انہیں یہ سب کچھ شب بیداری ہی میں حاصل ہوتی ہیں۔اولیاءاللہ کا فرمان ہے۔کہ! بوقتِ غروب آفتاب ملائکہ کی زمین پر آمد شروع ہو جاتی ہے۔طلوع آفتاب سے کچھ قبل وہ جانا شروع ہو جاتے ہیں۔اور بوقتِ طلوعِ آفتاب اُن کی واپسی ہو چکی ہوتی ہے۔جو لوگ شب بیداری کرتے ہیں۔یعنی شب میں بیدار رہ کر تلاوتِ قرآن، نوافل و اذکار یا دیگر عبادات میں مشغول رہتے ہیں۔تو یہ فرشتے اُن کو دعائیں دیتے ہوئے اُن کی صحبت میں آکر تشریف فرما ہوتے ہیں۔

دولت شب گیر خواہی خیز شب را زندہ دار　　　خفتہ نابینا بود و دلت بہ بیداراں رسد

صحیحین کی ایک حدیث میں ہے۔کہ! رسولِ اکرم ﷺ نے فرمایا۔ہمارا رب تبارک وتعالیٰ ہر رات آسمانِ دنیا پر نزول فرماتا ہے۔اس وقت جب رات کا آخری تہائی حصہ باقی رہتا ہے۔(تو) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ مَیں بادشاہ ہوں۔کون ہے جو مجھ سے دُعا کرے۔کہ مَیں قبول کروں۔کون ہے کہ مجھ سے مانگے۔کہ میں اسے دوں۔کون ہے کہ مجھ سے مغفرت مانگے۔کہ میں اسے بخش دوں۔غرضیکہ صبح روشن تک (اللہ تبارک وتعالیٰ مسلسل) ایسا ہی فرماتا رہتا ہے۔(یہی وجہ ہے۔کہ!) صحابہ کرامؓ، تابعین و تبع تابعین اور اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ بندے رات کے آخری حصہ میں مختلف الاقسام عبادات جیسے نوافل، تلاوت قرآنِ کریم، اذکار و ادعیہ میں لازمًا مشغول رہتے تھے۔ ایک اور حدیث میں ہے۔کہ! حضرت نبی مکرم ﷺ کی خدمت مین ایک آدمی کا ذکر کیا گیا۔کہ یا رسول اللہ ﷺ! فلاں آدمی رات بھر سوتا ہے۔نماز نہیں پڑھتا۔آپ ﷺ نے فرمایا۔اس کے کان میں شیطان نے پیشاب کیا ہے۔(اور اسی طرح سے) حضرت حسن بصریؒ فرماتے ہیں۔کہ! درمیانِ شب میں پابندی کے ساتھ قیام اور راہِ الٰہی میں مال خرچ کرنے سے بڑھ کر بندے کا کوئی عمل آنکھوں کی ٹھنڈک، پیٹھ کو ہلکا رکھنے والا اور دل کو خوش رکھنے والا نہیں۔(اسی لئے تو تہجد بھی وقت رات میں رکھا گیا ہے)

قیامِ شب پر معاونت کے لئے تین معاون اسباب: ☆ حلال کھانا ☆ توبہ پر استقامت (چاہے گناہ نہ بھی کیا ہو) ☆ وعید کے خوف کا غم یا پھر جس ثواب کا وعدہ کیا گیا ہے اس کی امید کی طرف رُغبت (شوق)۔ اور قیامِ شب نہ کرنے کے بھی تین نقصانات ہیں۔

☆ شبے والی اشیاء کھانا　☆ گناہوں پر اصرار کرنا　☆ دل پر دنیاوی مُحبت کا غالب ہو جانا۔

حضرت سیدنا سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں۔کہ ایک گناہ کی وجہ سے میں پانچ مہینوں تک قیامِ شب سے محروم رہا۔عرض کی گئی۔کہ! وہ گناہ کیا تھا؟ ارشاد فرمایا۔میں نے ایک شخص کو روتے ہوئے دیکھا تو اپنے دل میں کہا یہ (یعنی اس شخص کا رونا) ریاکاری و دکھاوا ہے۔

قیامِ شب پر اھل اللہ کی شان: (سیدی عبدالوہاب الشعرانیؒ در کتاب ''طبقات امام شعرانی'')

رات کے مرد ہی اصل میں مرد ہیں۔جب بھی وقت میں تاریکی آتی ہے۔تو کاملًا ولی کا نور قوت پاتا ہے۔دراصل اللہ تعالیٰ کا دوست (یعنی ولی اللہ) اللہ تعالیٰ کے حضور ایسے ہے۔جیسے شیرنی کا بچہ اس کی گود میں۔کیا تو سمجھتا ہے۔کیا وہ شیرنی اپنا بچہ اس کے لئے چھوڑ دے گی۔جو اسے ہلاک کرنا چاہتا ہو۔اللہ تعالیٰ کی قسم! ہرگز نہیں! اللہ تعالیٰ کے بعض بندے ایسے بھی ہیں۔جن کے افعال اس کے افعال کے ساتھ ہیں۔جن کے اوصاف اس کے اوصاف کے ساتھ ہیں۔اور ان کی ذات اس کی ذات کے ساتھ محو و مستغرق ہو گئی ہے۔اور اس نے انہیں ایسے ایسے اَسرار سپرد فرمائے ہیں۔کہ جنہیں عام اولیاءاللہ تو سن بھی نہیں سکتے۔**من عرف نفسہ فقد عرفہ ربہ**۔کے معنیٰ بھی یہی ہیں۔کہ! جس نے اپنے نفس کو ذلت اور عاجزی کے ساتھ پہچان لیا۔اس نے اللہ تعالیٰ کو عزت اور قدرت کے ساتھ پہچان لیا۔ (پہچان کے لئے عشقیہ لگن لازمی ہے)

کُشتگانِ خنجرِ تسلیم را　　　ہر زماں اَز غیب جانِ دیگر اَست

(تسلیم و رضا کے خنجر سے شہید ہونے والوں کو ہر گھڑی غیب سے ایک نئی زندگی عطا ہوتی ہے)

نیند میں اپنی توجہ کا استعمال: حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ فرماتے ہیں۔کہ! بندے کو چاہیئے۔کہ! خوابوں میں بھی اپنی توجہ کا استعمال کرے۔وہ اس طرح کہ اپنے خیالات پر حاکم ہو۔اور اور نیند میں بھی اپنے ادراک کے مطابق اسے چلائے۔جیسے کہ جاگتے میں ایسا کرتا ہے۔جب بندے کو یہ حضور حاصل ہو جاتا ہے۔اور یہ اس کا معمول بن جاتا ہے۔تو وہ برزخ میں بھی اس کا پھل پاتا ہے۔اور اس سے فائدہ اُٹھاتا ہے۔لہٰذا ہر بندے کو یہ (کمال) حاصل کرنا چاہیئے۔کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کا بہت فائدہ اور عظیم نفع ہے۔

میرے (**البلوشی**) کے مطابق بحالتِ بیداری انسان کے جسم پر حالت طاری ہوتی ہے۔جبکہ بحالت رویاء انسان کے قلب اور روح پر کیفیت کا نزول ہوتا ہے۔کیونکہ اگر بیداری میں کچھ ہو تو قلب و روح سے زیادہ جسم وعقل کارفرما ہوتے ہیں۔ یعنی کہ جس کو ہم خواب دیکھنا کہتے ہیں۔درحقیقت وہ ہمیں ہماری روحانی کیفیات اور روح کی صلاحیتوں کا سراغ دے رہا ہوتا ہے۔کیونکہ! خواب میں بندہ گرتا ہے، چوٹ کھاتا ہے، کوئی

نعمت کھا تا پیتا ہے۔ چل پھر رہا ہوتا ہے۔ ہزروں میل دور کا سفر کرتا ہے یا خود کو کسی اور ملک میں دیکھتا ہے۔لیکن جونہی اُسے جاگ آتی ہے۔تو اس کا جسم کچھ بھی محسوس نہیں کرتا۔نہ زخمی جسم و درد، نہ کسی کھانے پینے کا ذائقہ، نہ چلنے پھرنے کی وجہ سے کوئی تھکاوٹ وغیرہ۔(واللہ اعلم)

کوئی محوِ رقص ہے تو کوئی گم خیالِ یار میں ۔ یہ عشق کے رنگ ہیں ، نہیں کچھ کسی کے اختیار میں

اس سلسلے میں **حضرت قلندر بابا اولیاء** ؒ اپنی کتاب'' **لوح و قلم** ''میں فرماتے ہیں۔کہ! ہم کسی خاص طریقے سے نہ صرف اپنے خوابوں کا سراغ لگاسکتے ہیں۔ بلکہ اس صلاحیت کو بیداری میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔کیونکہ! انبیاء ؑ کا علم یہیں سے شروع ہوتا ہے۔اور یہی وہ علم ہے۔جس کے ذریعے سے انبیاء ؑ نے اپنے صحابہ ؓ کو بتایا۔کہ! پہلے انسان کہاں تھا؟ اور اس عالمِ ناسوت کی زندگی پوری کرنے کے بعد وہ کہاں چلا جاتا ہے ؟ ایک انسانی صلاحیت'' حافظہ'' (یعنی ہر دیکھی سُنی یا پڑھی چیز کو یاد رکھنا) کا قوی ہونا بھی ایک کمال ہے۔اسی طرح سے جن چیزوں سے ہمیں واقفیت نہیں اُن سے واقفیت کا تجسس (بذریعہ حافظہ) موجود ہے۔اگر اس تجسس کا تجزیہ کیا جائے۔تو کئی روحانی صلاحیتوں کا انکشاف ہوجاتا ہے۔یہی تجسس درحقیقت وہ صلاحیت ہے۔کہ جس سے ہم کائنات کے ہر ذرے سے واقفیت (روشناسی) حاصل کرتے ہیں۔بلکہ اس صلاحیت سے ماضی اور مستقبل کے امور کا انکشاف ہوجاتا ہے۔یاد رہے۔کہ! اس صفت کا عکس دراصل روح میں پایا جاتا ہے۔اور اسی عکس کے ذریعے سے انسان کا تحت لاشعور عالم رویاء میں موجود کائنات کی ہر چیز سے واقف ہے۔رویاء کی صلاحیتوں کے مدارج یہ ہیں۔کشف الجو۔کشف الاحقہ۔کشف المنام۔کشف الملکوت۔کشف الکلیات۔کشف الوجوب۔

☆ **کشف الجو**: ''جو''تصوف کی زبان میں موجودات کا ایسا مجموعہ ہے۔جو اللہ تعالیٰ کی صفات کے خدوخال پر مشتمل ہے۔اور کشف الجو وہ صلاحیت کہ جس سے ہر انسان نسبتِ وحدت کے تحت روشناس ہوتا ہے۔ہر انسان کی حس باہر اور لاشعور کے باطن کے ماحول کو پہچانتی ہے۔تصوف کی زبان میں یہی پہچاننا'' صفاتِ الٰہیہ'' کہلاتا ہے۔ذہن کو لاشعور کی حدوں میں داخل کروانے کے لئے یکسوئی کا ہونا نہایت لازم ہے۔کیونکہ انسانی ذہن اپنے اردگرد کے ماحول سے آزادی حاصل کرلینے کے بعد شعور کی دنیا سے ہٹ کر لاشعور کی دنیا میں داخل ہوجاتا ہے۔ذہن کے اس عمل کو'' استغناء'' کہا جاتا ہے۔یہ استغناء اللہ تعالیٰ کی صفتِ صمدیت کا عکس ہے۔جسے'' انخلائے ذہنی'' کہا جاتا ہے۔کئی مشقوں سے یہ کمال حاصل کیا جاتا ہے۔(جیسے دائرہ بینی، آئینہ بینی، آسمان بینی، ماہتاب و آفتاب بینی وغیرہا) سلوک و معرفت کے اسباق بھی مرید کو خالی الذہن کرنے کے لئے ہوتے ہیں۔ خالی الذہن کا مراقبہ بھی کیا جاسکتا ہے۔مراقبہ ایک ایسے تصور کا نام ہے جو آنکھیں بند کرکے کیا جاتا ہے۔خالی الذہن کے مراقبہ کو سیکھنے کے لئے مراقبہء فنا پر کمال کا ہونا ضروری ہے۔

وہ دانائے سُبل ختم الرسل مولائے کل ۔ غبارِ راہ کو بخشا فروغِ وادیء سیناء

نگاہ عشق و مستی میں وہی اول وہی آخر ۔ وہی قرآں، وہی فرقاں ، وہی یٰسین، وہی طٰہٰ

مراقبہء فنا : انسان یہ تصور کرے۔کہ! میری زندگی کے جملہ آثار فنا ہوچکے ہیں۔اور مَیں اَب فقط ایک نقطہء روشنی کی صورت میں موجود ہوں۔یعنی آنکھیں بند کرکے یہ تصور کرے۔کہ! اَب مَیں اپنی ذات کی دنیا سے بالکل آزاد ہوں۔صِرف اس دنیا سے میرا تعلق باقی ہے۔جس کے احاطے میں ازل سے ابد تک کی جملہ سرگرمیاں کوجود ہیں۔چنانچہ کوئی انسان جتنی مشق (اس مراقبہ کی) کرتا چلا جاتا ہے۔اتنی ہی'' لوحِ محفوظ'' کی انطباعیت اس کے ذہن میں پر منکشف ہوتی چلی جاتی ہے۔رفتہ رفتہ وہ غیبی نقوش کو محسوس کرنے لگ جاتا ہے۔بہرحال! انطباعیت کا مطالعہ کرنے کے لئے چندروزہ مراقبہ ہی کافی ہوتا ہے۔اس مراقبہ کے بعد'' خالی الذہن کا مراقبہ کیا جائے۔تو افادہ ونفع حاصل ہوسکے۔(ان شاءاللہ)

متقین کا درجہ :(بقول سیدنا ابودرداء ؓ)عقل مند لوگوں کا رات کو سوتے رہنا اور دن کو روزہ نہ رکھنا کیا خوب ہے اور بیوقوف لوگوں کا دن کو روزہ رکھنا اور رات بھر جاگ کر عبادت کرنا کتنا معیوب ہے۔مگر اہل یقین اور مُتقین کا ایک ذرہ برابر عمل خود فریبی میں مُبتلا افراد کی پہاڑ کی مثل عبادت سے بہتر وافضل ہے۔

حقیقتِ بُرخ : حضرت موسیٰ کلیم اللہ ؑ کے اصحاب ؓ میں سے ایک کا نام'' برخ'' تھا۔جو کہ بہت ہی بلند مقام و مرتبہ کے حامل عظیم بزرگ تھے۔اُن کا درجہ اس قدر بلند تھا۔کہ جب حضرت موسیٰ ؑ کو کسی قسم کی کوئی مشکل پیش آتی تھی۔تو آپ ؑ اُس (برخ) پاس جاکر دُعا کرواتے تھے۔(اسی طرح سے) آنحضرت نبی مکرم ﷺ بھی حضرت اویس قرنی ؓ کو'' برخ'' کے نام سے موسوم فرمایا کرتے تھے۔حدیثِ نبوی ﷺ ہے کہ! میری امت کا برخ اویس قرنی ؓ ہے۔(اور اسی طرح سے) حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند ؒ کے کثیر خلفاء تھے۔حالانکہ! آپ ؒ کے خلیفہء اکبر حضرت خواجہ علاؤالدین نقشبند ؒ تھے۔لیکن آپ ؒ اپنے ایک اور خلیفہ حضرت خواجہ پارسا ؒ کو '' برخ'' کہا کرتے تھے۔(اور اسی طرح سے) حضرت خواجہ شاہ سلیمان تونسوی ؒ کے کثیر خلفاء تھے۔لیکن آپ ؒ اپنے ایک خلیفہ حضرت خواجہ مولوی محمد باران کلاچوی (ڈیرہ اسماعیل خان) کو اپنا'' برخ'' کہا کرتے تھے۔(اور اسی طرح سے) حضرت حافظ جمال اللہ ملتانی ؒ کے کثیر خلفاء تھے۔لیکن آپ ؒ حضرت خواجہ عبدالعزیز پلہاروی ؒ کو اپنا'' برخ'' کہا کرتے تھے۔(بقول حضرت ابوسعید ابوالخیر ؒ)

گفتم: چشمم ، گفت: بہ راہش می دار ۔ گفتم: جگرم ، گفت: پُر آہش می دار

گفتم کہ دلم ، گفت: چہ داری دَر دل ۔ گفتم: غمِ تُو ، گفت: نگاہش می داری

مَیں نے کہا میری آنکھیں؟ اُس نے کہا۔انہیں راہ پر لگائے رکھ۔ میں نے کہا میرا جگر؟ اُس نے کہا۔انہیں آہوں سے بھرا رکھ۔میں نے کہا، میرا قلب؟ اُس نے کہا۔قلب میں کیا ہے؟ مَیں نے کہا۔دل میں تیرا غم ہے۔اُس نے کہا۔تو پھر اس غم کی بھرپور دیکھ بھال کرتا رہ۔

خانقاهی نظام :

(بقولِ **البلوشی**) پانچ اُصول خانقاہ کا اساس اور حقیقی ورثہ کہلاتے ہیں۔اور بناء اُصول کے وصول (وصلِ حقیقی) کا پانا ناممکن ہے۔ بہرحال! پہلا **اَدَب**، دوئم **اطاعت**، سوئم **خاموشی**، چہارم **پردہ پوشی** اور پنجم **وفا**۔ ان چاروں باتوں کو پیرومرشد۔صاحبزادگانِ مرشد، پیر بھائی، اور خانقاہ میں موجود جملہ لوگوں کے ساتھ سختی سے عمل کرایا جاتا ہے۔

☆ **ایک بزرگ کا بیان ہے**۔کہ! جوخوش نصیب شخص اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل کر لیتا ہے۔لوگوں سے دور رہتا ہے۔اس کی باتیں کم ہو جاتی ہیں۔وہ ہمیشہ حیرت زدہ رہتا ہے۔اور اعمالِ صالحہ میں مشغول رہتا ہے۔اتصالِ رحمان کے ساتھ رہتا ہے۔اللہ تعالیٰ سے یا کسی انسان سے قطعاً کوئی گلہ یا شکایت نہیں کرتا۔اور نہ کسی انسان سے کوئی چھوٹی سے چھوٹی یا بڑی سے بڑی اُمید رکھتا ہے۔مصائب ومشکلات یا راحت ومصیبت میں اس کی کیفیت ہمیشہ راضی برضا والی رہتی ہے۔اور وہ ساری زندگی صبر وشکر سے گزارتا ہے۔تمام حالات میں قرب حاصل کرنے کا متمنی رہتا ہے۔اور وہ ہر حال (مصیبت وراحت، مشکل و آسانی) سے کٹ کر حال والے سے تعلق جوڑ لیتا ہے۔کیونکہ! معاملات اپنے حقائق کے ساتھ ہوا کرتے ہیں۔نہ کہ اپنے احساس اور صورت کے ساتھ۔

تمثیل کے انداز میں خلاصہ ماء تقدم و دیگر حالاتِ حقیقتِ توحید و حقیقی عشقِ الٰہی کے عنوان میں جلوہ گاہ معرفت کے تحت رقم طراز ہیں۔کہ! اس خون خوار وادی سے رہبرِ کامل کے بغیر گزرنا محال بلکہ ناممکن ہے۔بعض کاملین اپنے مریدین کو تاریکی میں یہاں سے چلاتے ہوئے گزارتے ہیں۔ تاکہ وہ گھبرا کر منازل طے کرنے سے رہ نہ جائے۔کیونکہ! ایسا شخص لاکھوں میں کوئی ایک ہی ہوتا ہے۔بعض مردانِ خدا تو ایسے بھی ہوتے ہیں۔کہ مرید کو اپنی صحبت کے ریل گاڑی میں بٹھا کر وادیٔ توحید میں لاتے ہیں۔اور یوں توحید کے سمندر سے گزارتے ہوئے معرفتِ خداوندی میں پہنچا دیتے ہیں۔اور ایسا مردِ خدا (پیرِ کامل اور طالبِ صادق) کروڑوں میں کوئی ایک ہی ہوسکتا ہے۔

☆ سالک جب مقامِ معرفت میں پہنچ جاتا ہے۔تو سلطانِ معرفت کو کہ جس کے شوقِ دیدار میں یہ مصائب جھیلتے ہوا پہنچا ہے۔طلب وتلاش کرتا ہے۔وہ جب بغور دیکھتا ہے۔تو ہر منزل و مقام میں حاکم ومحکوم، پیرومرید، رسول واُمت، بندہ وخدا، شہنشاہ ورعایا، مسلم وغیرمسلم، ساجد ومسجود اپنے آپ ہی کو پاتا ہے۔بقولِ عارف! کہ جس وقت ذاتِ بے چون و بے نمود نے "**کنت کنزا مخفیا فا حببت ان اعرف فخلقت الخلق**" کا فرمانِ عالیشان جاری کیا ہے۔تو بھی لاتعین وبطون سے تعین وظہور میں آیا۔حکم ہوا کہ اس وقت تیرا یہاں رہنا مناسب نہیں۔اور مُلکِ معرفت کی سیر وطیر کر۔کیونکہ! وہ یہاں سے کئی منزل پر ہے۔ہر منزل میں عقبہ۔اور ہر عقبہ میں بہرسمت دشواریاں اور بے شمار تکالیف ہیں۔اور وہ طلسمات سے بھرپور ہے۔اگر تو صحیح وسلامت پہنچا۔تو ازل سے ابد تک تیری ہی قرارگاہ ہے۔اور اگر کچھ بھی عہد شکنی کی یا تُو ڈگمگایا۔تو یاد رکھ۔کہ تُو فراقِ ابدی میں مبتلا رہے گا۔

خانقاهی نظام : (تعلیم و تربیت. اصول و ضوابط)

حضراتِ مشائخ کا اس فرمانِ نبوی ﷺ پر قوی اتفاق واتحاد ہے۔**الشیخ فی قو مه کا النبی فی امته**۔علوم کی کئی اقسام ہیں۔ایک علم دنیوی ہے۔جو کہ سکول، کالج یا یونیورسٹیوں (جامعات) میں پڑھایا جاتا ہے۔علم کی دوسری قسم دینی ہے۔جو کہ مدارس یا دارلعلوم میں پڑھایا جاتا ہے۔جب کہ علم کی تیسری قسم وہ ہے۔کہ! جو خانقاہوں میں پڑھایا اور سکھایا جاتا ہے۔متذکرۃ الصدور اولین دوعلوم تو سبھی کو معلوم ہیں۔تیسرے علم (یعنی خانقاہی علم) میں دین ودنیا کا بہت ہی قلیل علم سکھایا جاتا ہے۔اس علم (یعنی خانقاہی نظام تعلیم وتربیت) میں اولیائے عظام کے سوانح حیات کے مطابق خود کو ڈھالنے اور زندگی گزارنے کو عملی جامہ پہنانے کی حتی الوسع سعی کی جاتی ہے۔یہاں پر یہ بات ازحد ضروری ہے۔کہ! دستِ بیعت ہونے یا کسی پیرومرشد کے ساتھ اپنا اعتقاد وربط رکھنے سے پہلے یہ ضرور دیکھنا اور جانچنا چاہیئے۔کہ! پیرومرشد اور خانقاہ کے اندرون تمام امور بمطابق شریعت ہیں یا نہیں۔کیونکہ! تمام راستے (یعنی طریقت، معرفت اور حقیقت) دراصل شریعت سے ہی ہو کر گزرتے ہیں۔یاد رہے۔کہ! جو شخص شریعت میں بھرپور نہیں ہوسکتا۔فرائض وسنن (غرضیکہ پانچوں ارا کین اسلام وصدقات وخیرات، سود وحرام کاری سے مکمل اجتناب، رزق حلال کمانا وغیرہ) پورے نہیں کرسکتا۔یاد رہے۔کہ! مرید ومعتقد جب کسی خانقاہ میں داخل ہوتا ہے۔جو چیز سب سے مقدم واولیٰ ہے۔وہ ہے ادب۔

باوجودیکہ پرِ وبال نہ تھے خاکیٔ آدم کے وہاں پہنچا جہاں فرشتوں کا مقدور نہ تھا

☆ ادب کے علاوہ دوستوں یا پیر بھائیوں کا تہہ دل سے احترام، مرشد ومربی کے ساتھ خوش اعتقادی۔خانقاہوں میں خلوت اختیار کرنا، خاموش رہنا، خوش خلقی، صدق مقال، ہمہ وقت ذکر واذکار میں مشغول رہنا۔خانقاہوں میں نمازِ پنجگانہ کے علاوہ، شب بیداری، تہجد گذاری، اشراق وچاشت اور اوابین، قرآن خوانی، خانقاہ کی صفائی ستھرائی وتمام لوگوں کے لئے قیام وطعام اور دوسروں کے عیوب کی پردہ داری کرنا وغیرہ بہت ہی لازمی امور ہیں۔ خانقاہوں میں جھوٹ بولنا، افتراء باندھنا، غیبت کرنا یا فارغ بیٹھنا سخت ممنوع قرار دیا جاتا ہے۔خانقاہوں میں جن امور کی انتہائی سختی کے ساتھ مذمت کی جاتی ہے۔وہ یہ ہیں۔کسی کی دل آزاری اور کسی چھوٹے یا بڑے کی بے ادبی وذلت، نمازِ پنجگانہ میں سستی اور ذکر واذکار اور اشغال پر عدم توجہی۔

☆ ایک اور بات، وہ یہ کہ! خانقاہوں میں اس بات پر بھی زور دیا جاتا ہے۔کہ! جو شخص (مرید ومعتقد یا شاگرد) جو بھی عبادت کرتا ہے۔ اپنی اُس عبادت کے اَجر وثواب کا منتظر نہ رہے۔بلکہ وہاں پر تو ہر ایک کو صرف اور صرف یہی باور کرایا جاتا ہے۔کہ! اگر ہم جو بھی نیک اعمال (مثل

نمازِ پنجگانہ، ذکر واذکار اور اشغال، ہاتھ بٹانا یا خانقاہ کے دِگر امور وغیرہ) کریں گے۔ بجائے اس کے، کہ! ہمیں پیرومرشد کی طرف سے کوئی انعام یا تعریفی کلمات میسر ہوں۔ یا پھر ہم سے کرامات یا خوارق العادات کا ظہور ہو۔ بلکہ خانقاہ کے مقیم لوگوں کو اس بات کی یقین دہانی کرائی جاتی ہے۔ کہ! یہ تمام عبادات اور نیک امور ہم سے اللہ تعالیٰ خود کروا رہا ہے۔ اور یہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہی کا فضل وکرم ہے۔ کہ! جس نے ان تمام امور کی ہمیں طاقت وتوفیق عطا فرمائی ہے۔ ورنہ تو ''**الانسان مرکب النسیان**۔ انسان تو خطا کا پُتلا ہے۔

☆ **دیگر خانقاہوں میں مروج طریقے**: کچھ سلاسل میں مریدین کی کچھ عرصے کے لئے یہ ڈیوٹی (فریضہ ووظیفہ) ہوتا ہے۔ کہ! وہ مسجد میں جا کر جوتیوں کو درست کر کے رکھے۔ کچھ کو یہ فرض سونپا جاتا ہے۔ کہ! باوجود مال ومتاع کے، وہ اتنے عرصے تک مانگ کر اپنے پیٹ کی آگ بجھائیں گے۔ کچھ کو تاکید کی جاتی ہے۔ کہ! وہ آسمان کے نیچے اتنے عرصے تک سویا کریں گے۔ کچھ کو کہا جاتا ہے۔ کہ! پیوند لگے ہوئے کپڑے پہنے رکھیں۔ بہرحال! ان جملہ امور کا تعلق صرف اس بات کا متقاضی ہے۔ کہ! اَنَا مرجائے۔ غریبوں کی حالت زار کا پتا چل جائے۔ دوسروں کی بھوک و افلاس کا احساس ہو سکے۔ اور اُن کے اندر دوسروں کے لئے رحم کا جذبہ پیدا ہو سکے۔

جناب حضرت سیدنا شیخ ابو طالب مکیؒ اپنی مشہور زمانہ تالیف قوت القلوب میں فرماتے ہیں کہ حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کا فرمانِ عالیشان ہے۔ کہ جس میں **تین باتیں پائی جائیں۔ اس کا ایمان کامل** ہوتا ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرے۔ ☆ اپنے عمل میں رِیا کا اِظہار نہ ہونے دے۔ ☆ جب اس کے سامنے دو اُمور پیش کئے جائیں۔ (کہ) جن میں سے ایک دنیا اور دوسرا آخرت کا ہو۔ تو دنیا پر (ایسا شخص) آخرت کو ترجیح دے۔ ☆ **اسی طرح** حضرت بایزید بسطامیؒ ایمان کے بارے میں فرماتے ہیں۔ کہ! ایمان والا اور اللہ تعالیٰ کی معرفت رکھنے والا، اللہ تعالیٰ سے کبھی بھی دنیا وآخرت نہیں مانگتا۔ وہ تو اپنے مولیٰ سے اپنے مولیٰ ہی کو طلب کرتا ہے۔

حضرت سیدنا یوسفؒ فرماتے ہیں۔ منقول ہے۔ کہ جس میں (فقط) پانچ باتیں پائی جائیں۔ اس کا ایمان کامل ہوجاتا ہے۔

☆ جب راضی (برضائے الٰہی) ہو تو اس کی رضا اسے باطل کام کی طرف نہ لے جائے۔ ☆ جب ناراض ہو تو اس کا غصہ اسے حق سے نہ پھیر دے۔ ☆ جب غلبہ حاصل کرے۔ تو جو شئے اس کی نہ ہو اسے کسی سے نہ چھینے۔ ☆ **صحیح بخاری** میں آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے۔ کہ! وہ شخص مومن نہیں۔ جو خود تو پیٹ بھر کر کھائے۔ مگر اس کا پڑوسی بھوکا ہو۔ ☆ **صحیح بخاری** میں آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے۔ کہ! مَیں اور یتیم کی کفالت کرنے والا بہشت میں اس طرح ہوں گے۔ یہ کہہ کر آپ ﷺ نے اپنی دو انگشت مبارکہ (شہادت اور ساتھ والی) کے ساتھ اشارہ فرمایا۔

سلسلہء طریقت اَز مولانا جلال الدین الرومیؒ:

اس سلسلہ میں جب کوئی داخل ہونا چاہتا ہے۔ تو بیعت ہونے سے پہلے یعنی سلسلہء عالیہ میں مرید ہونے سے بیشتر متمنی کو چند کٹھن مراحل سے گزرنا پڑتا ہے۔ سب سے پہلے **40** ایام تک چارپایوں (مثل بکری، دنبہ، گائے، بھینس یا بعض اوقات گھوڑوں) کی خدمت کرنا پڑتی ہے۔ پھر **40** ایام تک فقراء کے دروازوں پر جھاڑو دینا پڑتا ہے۔ پھر **40** ایام تک آب کشی (کنویں سے پانی نکالنا یا پانی کے برتنوں کو بھر کر رکھنا) کرنا پڑتی ہے۔ پھر **40** ایام تک فراشی (خانقاہ کے تمام بستروں کو بچھانا و اُٹھانا) کرنا پڑتی ہے۔ پھر **40** ایام تک ہیزم کشی (لکڑی جلانا) کرنا پڑتی ہے۔ پھر **40** ایام تک جنگل سے لکڑیاں اکٹھی کر کے لانا۔ پھر **40** ایام تک طباخی (خانساماں کا کام مثل کھانا پکانا، برتن دھونا اور کچن کی صفائی ستھرائی کرنا) کرنا پڑتی ہے۔ پھر **40** ایام تک خانقاہ کے لئے سودا سلف لے کر آنا۔ پھر **40** ایام تک فقراء کی مجالس کی خدمت گزاری (فقراء کو کھانا کھلانا، پانی دینا، اُن کے اُوڑنے بچھونے کا خیال رکھنا)۔ پھر **40** ایام تک بازار میں جا کر سقہ (عوام الناس کو پانی پلانے والا) بننا۔ پھر **40** ایام تک داروغہ گری (نگران کار یعنی خانقاہ میں موجود فرائض سرانجام دینے والوں کو دیکھنا) کرنا۔ جب یہ تمام مدت پوری ہوجاتی ہے۔ تو پھر اسے غسل کرایا جاتا ہے۔ اور تمام محرمات سے توبہ کروا کر دستِ بیعت کر کے حلقہ (سلسلہء عالیہ مولویہ) میں داخل کیا جاتا ہے۔ اور ساتھ ہی ساتھ خانقاہ سے لباس اور ٹوپی عطا کئے جاتے ہیں۔ اور اسمِ جلالی کی تلقین کی جاتی ہے۔ (جیسا کہ سلسلہء عالیہ قادریہ میں اسمائے اصول وفروع کے ادوار سے گزارا جاتا ہے۔ جس کا کہ پیچھے تفصیلی بیان گزر چکا ہے) بہرحال! یہ سب **40-40** ایام کی مدت نفس کشی، تزکیہء باطن اور تصفیہء قلب کے لئے کرائی جاتی ہے۔ تا کہ انسان میں عاجزی آجائے۔ شریعت میں کامل پختگی آجائے۔ اور وہ ولایت جیسی عظیم دولت سے ہمکنار ہوسکے۔ بقولِ مولانا رومیؒ!

باز آ باز آ ہر آں کہ ہستی باز آ   گر کافر و گبر و بُت پرستی باز آ

ایں درگہ ما درگہ نومیدی نیست   صد بار اگر توبہ شکستی باز آ

مولانا رومؒ کے مرشد حضرت شیخ شمس تبریزی قونیہؒ اپنے بارے میں فرماتے ہیں۔ کہ! اپنے بچپن میں، مَیں نے اللہ تعالیٰ کو دیکھا۔ مجھے ملائکہ (فرشتے) دِکھائی دیئے۔ مَیں نے ارفع اور پست جہانوں کے اَسرار کھلتے دیکھے۔ مَیں سمجھتا تھا۔ کہ! تمام انسان ہی یہ سب کچھ دیکھتے ہیں۔ لیکن آخر کار مجھے ادراک ہوا۔ کہ! (شاید) سب انسان ایسی نگاہ نہیں رکھتے ہیں۔ بہرحال! راضی برضائے الٰہی، تقوٰی، توکل، معرفتِ الٰہی اور عاجزی نہایت ضروری ہے۔ عاجزی کے سلسلے میں حضرت موسیٰؑ کے متعلق ایک حکایت منسوب ومنقول ہے۔

حضرت علامہ اقبالؒ کا پیر رومیؒ کے حضور نذرانہء عقیدت

یہی ہے عبادت ، یہی دین و ایماں | کہ کام آئے دنیا میں ، انساں کے انساں

(حکیم الامت حضرت علامہ محمد اقبالؒ نے اپنے روحانی مرشد حضرت مولائے رومؒ کو اپنے ان اشعار میں خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ کہ !)

☆ پیرِ رومیؒ خاک را اکسیر کرد | از غبارم جلوہ ہا تعمیر کند

☆ بیا کہ من زخم پیرِ رومؒ آوردم | مئے سخن کہ جواں تر زبادہء عنبی اَست

☆ پیرِ رومیؒ را رفیق راہ ساز | تا خدا بخشد تُرا سوز و گداز

☆ زِ آتش مردانِ حق می سوزمت | نکتہء از میرِ رومؒ آموزمت

☆ وقت اَست کہ بکشائم مئے خانہٴ رومیؒ باز | پیرانِ حرم دیدم در صحن کلیسا مست

☆ پیرِ رومیؒ مرشد روشن ضمیر | کاروانِ عشق و مستی را امیر

☆ صحبتِ پیرِ رومؒ سے مجھ پہ ہوا یہ راز فاش | لاکھ حکیم سر عجیب ایک کلیم سر بکف

☆ مقامِ ذکر کمالاتِ رومیؒ و عطارؒ | مقامِ فکر مقالاتِ بو علی سینا

☆ زِ رومیؒ گیرد اسرارِ فقیری | کہ آں فقر اَست محسودِ امیری

حذر زاں فقر و درویشی کہ از وَے | رسیدی بر مقامِ سر بزیری

☆ خودی تا گشت مہجورِ خدائی | بہ فقر آموخت آدابِ گدائی

زِ چشمِ مستِ رومیؒ وام کردم | سرورے از مقامِ کبریائی

☆ چو رومیؒ در حرم دادم اذاں من | ازو آموختم اسرارِ جاں مَن

بہ دورِ فتنہء عصر کہن اُو | بہ دورِ فتنہء عصرِ رواں مَن

☆ بکارم خود دگر آں کہنہ مے ریز | کہ باجامش نیز زد ملکِ پرویز

زِ اشعارِ جلال الدین رومیؒ | بہ دیوارِ حریم دل بیاویز

☆ بگیر از ساغرش آں لالہ رنگے | کہ تاثیرش دہد لعلے بہ سنگے

غزالے را دل شیرے بہ بخشد | بشوید داغ از پشت پلنگے

☆ نصیبے بر دم از تاب و تب اُو | شبم مانند روز از کوکبِ اُو

غزالے در بیانِ حرم بیں | کہ ریزد خندہء شیر از لبِ اُو

☆ سراپا درد و سوزِ آشنائی | وِصالِ اُو زباں دانِ جُدائی

جمالِ عشق گیرد از نئے اُو | نصیبے از جلالِ کبریائی

☆ گرہ از کارِ ایں ناکارہ وا کرد | غبارِ رہگزر را کیمیا کرد

نئے آں نوازے پاک بازے | مَرا باعشق و مستی آشنا کرد

☆ بروئے مَن درِ دل باز کردند | زِ خاکِ مَن جہانے ساز کردند

زِ فیضِ اُو گرفتم اعتبارے | کہ بامن ماہ و انجم ساز کردند

☆ **حدیثِ نبوی ﷺ** : گناہ سے توبہ کرنے والا ایسے شخص کی طرح ہے۔ جس نے کوئی گناہ نہ کیا ہو۔

زمین و آسمان ہر دو شریفند | قلندر را دریں ہر دو مکاں نیست

نظر در دیدہ ہا ناقص فتادہ | وگرنہ یارِ من اَز کس نہاں نیست

حکایت : حضرت موسیٰ کلیم اللہؑ روزانہ اپنے رب سے ہم کلام ہوا کرتے تھے۔ ایک دن (ربِ متعال کی طرف سے) حکم ہوا۔ کہ ! موسیٰؑ جاؤ۔ اور اپنے سے کم تر کو تلاش کر کے لے آؤ۔ حضرت موسیٰؑ نے بحکم خدا ساری کائنات چھان ماری۔ مگر اپنے سے کم کسی کو نہ پایا۔ (جب) شام کو خالی ہاتھ لوٹے۔ (تو) اللہ تعالیٰ نے (دریافت) فرمایا۔ اے موسیٰؑ اگر آپؑ ایک بکری کے بچے کو ہی (خود سے کم تر سمجھ کر) لے آتے۔ تو ہم آپؑ کو نبوت سے محروم کر دیتے۔

مولانا رومؒ کی حضرت شمس الدین تبریزیؒ سے پہلی ملاقات :

حضرت مولانا جلال الدین الرومیؒ جو کہ! اپنی مثنوی کی وجہ سے بہت مشہور و معروف ہوئے۔ مثنوی کے بارے میں ہے۔

مَن چہ گویم وصفِ آں عالی جناب نیست پیغمبر وَلے دارد کتاب

حضرت مولانا شمس الدین تبریزیؒ نے بارگاہِ یزداں میں مناجات کی۔ کہ! یارب ذوالجلال! کاش کوئی ایسا مردِ مجاہد ملتا۔ جو کہ میری صحبت کا متحمل ہوسکتا۔ عالمِ غیب سے اشارہ ہوا۔ قونیہ جاؤ۔ (عارفِ وقت جناب) مولانا رومؒ سے جاکرملو۔ جب حضرت مولانا شمس الدین تبریزیؒ قونیہ پہنچے۔ اور مولانا رومؒ کی مجلس میں آئے۔ تو اُس وقت مولانا رومؒ حوض کے کنارے پر بیٹھے کچھ تحریر کررہے تھے۔ اور سامنے کچھ قلمی کتب بھی رکھی ہوئی تھیں۔

تو حضرت مولانا شمس الدین تبریزیؒ نے پوچھا۔ **ایں چیست ؟** یہ کیا ہے ؟

مولانا رومؒ نے عرض کیا۔ **ایں قیل و قال اَست ۔ شما نمی دانی۔** یہ قیل و قال ہے۔ آپ کو معلوم نہیں۔

تو حضرت مولانا تبریزیؒ نے اپنا ہاتھ بڑھایا۔ اور تمام کتب کو حوض میں ڈال دیا۔ یہ دیکھ کر مولانا رومؒ بہت زیادہ حیران و پریشان ہوکر کہنے لگے۔ **واہِ درویش! واہِ درویش!** یہ آپؒ نے کیا کیا ؟ ان میں سے تو بعض میرے والدِ محترمؒ کے فوائد تھے۔ جو کہ اَب میسر نہیں ہوسکتے۔

تو حضرت مولانا شمس الدین تبریزیؒ نے اپنا ہاتھ پانی میں ڈال کر ایک ایک کر کے تمام کتابیں باہر نکال لیں۔ اور کوئی کتاب بھی گیلی نہیں ہوئی تھی۔ گیلا پن تو درکنار، کسی کتاب کو کوئی نمی بھی جیسے چھو کر نہ گزری ہو۔

مولانا رومؒ نے عرض کیا۔ **ایں چیست ؟** یہ کیا ہے ؟ تو حضرت مولانا شمس الدین تبریزیؒ نے عرض کیا۔ **ایں حال اَست. شما نمی دانی** ۔ یہ حال ہے۔ جس سے کہ آپ ناواقف ہیں۔ اس واقعہ اور حضرت مولانا شمس الدین تبریزیؒ کی یہ کرامت دیکھ کر حضرت مولانا رومؒ حیران رہ گئے۔ اور سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر آپؒ ہی کے ہوکر رہ گئے۔ (اسی لئے تو مولانا رومؒ نے فرمایا۔ کہ!)

مولوی ہرگز نشد مولائے روم تا غلامِ شمس تبریزی نشد

ایک مشہور و معروف شعر ہے۔ کہ!

صحبتِ صالح ترا صالح کند صحبتِ طالع ترا طالع کند

صحبتِ صالح کے متعلق آگے تفصیل آرہی ہے۔ کیونکہ یہ باب ہی انہیں باتوں کے سلسلے میں ترتیب دیا گیا ہے۔ (بقولِ شاعر)

اولیاء را می شناسد اولیاء دزد را ہم دزد اند بے ریا

غیر جنسیت نمی داند کسے می شناسد جنسِ خود را ہر یکے

مولانا جلال الدین رومیؒ کی خانقاہ کے آداب

حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ کا سلسلہ ترکی اور دیگر کچھ ایشیائی ممالک میں اَب تک قائم و دائم ہے۔ مؤرخ ابنِ بطوطہ دَرسفرنامہ! ان کے فرقہ (یعنی طریقت) کے لوگ ''جلالیہ'' کہلاتے ہیں۔ حضرت مولانا کا لقب چونکہ جلال الدین تھا۔ اس لئے ان کے انتساب کی وجہ سے یہ نام مشہور رہا ہوگا۔ لیکن آج کل ایشیائے کوچک، ترکی، شام مصر وغیرہ میں اس سلسلہء عالیہ کو'' **مولویه**'' کے نام سے جانا اور پہچانا جاتا ہے۔

مثنوی مولوی مَعنوی ہست قرآن دَر زبانِ پہلوی

پاک و ہند کے مشہور شاعر حضرت علامہ محمد اقبالؒ نے عارفِ وقت حضرت مولانا رومیؒ کو اپنا روحانی مرشد تسلیم کیا ہے۔ بلکہ آپؒ مولانا رومیؒ کے کلام سے اس قدر متاثر تھے۔ کہ آپؒ فرمایا کرتے تھے۔ کہ! حضرت رومیؒ کی مثنوی نے اِن پر کافی سارے روحانی رموز و اسرار کھولے۔ حضرت اقبالؒ مزید فرماتے ہیں۔ کہ! میری حضرت رومیؒ کے ساتھ اکثر و بیشتر روحانی ملاقاتیں بھی ہوتی رہتی تھیں۔ اور حضرت رومیؒ ان کی عقدہ کشائی فرماتے رہتے تھے۔ بلکہ علامہؒ کا فلسفہءخودی مولانا رومؒ ہی بدولت انہیں میسر ہوا۔

خلوت نشینی کیوں لازمی ھے : ہر طالب صادق، سالک و مرید کو چاہیئے۔ کہ! اللہ تعالیٰ کی رضا و اخلاص کے حصول کے لئے خود کو خلوت نشیں و عزلت گزیں کرے۔ لیکن شریعت کے عین مطابق فرائض کی مطلق پابندی کے ساتھ، اپنے پیارے دینِ اسلام کی حفاظت، احوالِ نفس کی جستجو، نفس کشی اور خالصتاً اللہ تعالیٰ کے قرب کی نیت سے کم از کم چالیس ایام تک ماسوا اللہ سے مطلقاً قطع ہو جائے۔ تاکہ لذتِ قرب اور عشقِ حقیقی کے مقام تک پہنچ سکے۔ بلکہ خود کو معتکف و مقید کرلے۔ اس مختصر مگر نہایت مجرب، بہترین اور جامع مشق سے لذتِ عبادت، فراست (ظاہری و باطنی)، حکمتِ الٰہیہ، نفس کی معرفت (پہچان)، قلب کی حقیقت، احوال کا کشف، حصولِ روحانیات اور حسبِ حیثیت علم لدنی حاصل ہوتا ہے۔ اس دوران کھانا پینا، سونا، بات چیت کرنا اور لوگوں سے ملاپ نہایت کم کردے۔ (مگر ہائے افسوس کہ) لوگوں نے چلہ کشی اور خلوت نشینی کو حصولِ تصرفاتِ ظاہری و باطنی اور کشف و کرامات یا تسخیراتِ غیرمرئی مخلوقات (جن، مؤکل و پری، دیو وغیرہا) کے حصول کے لئے سرانجام دیا۔ جس کی وجہ سے مزید خرافات و بدعات پیدا ہوگئے۔ وگرنہ چلہ کشی، خلوت نشینی اور عزلت گزینی تو صوفیائے کرام اور اولیائے عظام کا مطلق خاصہ ہیں۔

اسرارِ باطن تعلیم کرنے کے لئے آنحضرت ﷺ کا خصوصی ذوق و شوق :

ایک دن آنحضرت رسالت مآب ﷺ مغموم تشریف فرما تھے۔ کہ ہر شخص مجھ سے احکامِ شریعت کے متعلق تو دریافت کرتا ہے۔ جبکہ اسرارِ باطن کے متعلق کوئی نہیں پوچھتا۔ شاید یہ راز ہمارے ساتھ قبر میں چلا جائے گا۔ (یعنی کہ آنحضور ﷺ کے اسرارِ باطن سے کوئی شخص مستفیض و متفع نہیں ہو سکے گا)۔ لیکن بمصداقِ منشائے رحمانی ’’ **اذا ارادا للہ شیئا فھی ا سبا بہ** ‘‘ جب اللہ تعالیٰ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے۔ تو اسباب پیدا کر دیتا ہے۔ تو اُسی لمحے جناب اسد اللہ الغالب حضرت سیدنا علی ابن ابی طالبؓ کے دل میں خیال پیدا ہوا۔ کہ آنحضرت ﷺ کی میں نے ظاہری متابعت تو اختیار کر لی ہے۔ لیکن انہوں نے اپنے احوالِ باطن کے بارے میں کوئی تعلیم نہیں دی۔ کہ جس سے باطنی متابعت سے بہرہ ور ہوسکوں۔ پس اِسی ارادہ و نیت سے کمالِ صدق و اخلاص کے ساتھ بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں جا کر سوال کیا۔ جس سے کہ آنحضرت رسولِ اعظم ﷺ بہت خوش ہوئے۔ اور فرمایا کہ! مجھے (بھی) اِسی طرح سے حکم تھا۔ کہ بغیر طالب صادق کے یہ راز کسی کو تعلیم نہ کیا جائے۔ **الحمد للہ** کہ! اللہ تعالیٰ نے تمھیں یہ راز حاصل کرنے کی ہدایت فرمائی ہے۔ **قال رسول اللہ ﷺ لعلی! یا علی انت نظیری ای مثلی فی الولایت التی ھی معا ئنۃ الحق**۔ (یعنی کہ) فرمایا رسول اللہ ﷺ نے حضرت علیؓ سے۔ کہ اے علیؓ! تم میری مانند ہو۔ میری ولایت میں۔ کہ یہ ولایت معائنہء حق ہے۔ پس وہی راز حضرت علی المرتضیٰؓ سے سینہ در سینہ فرقہء صوفیہ تک پہنچا۔ **العلماء وارثۃ الا نبیاء** ۔ عالم وارثِ انبیاءؑ ہیں۔ اِسی طرح سے ’’ **علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل** ‘‘ یعنی کہ! میری اُمت کے علماء (اولیاء) بنی اسرائیلؑ کے پیغمبروں کی طرح ہیں۔ ☆ بمطابق صحیح بخاری، حضرت ابو ہریرہؓ سے۔ وہ فرماتے ہیں۔ کہ! میں نے حضرت رسول اللہ ﷺ سے (علم کے) دو برتن یاد کر لئے۔ ایک کو (تو) میں نے پھیلا دیا ہے۔ اور اگر میں دوسرا برتن پھیلاؤں۔ تو میرا یہ بلعوم (یعنی نرخرہ۔ گلے کا وہ حصہ جس سے کھانا اُترتا ہے) کاٹ دیا جائے۔

صحیح مسلم شریف کی ایک واضح حدیث ہے۔ کہ! جو شخص اللہ تعالیٰ کے رب ہونے، اسلام کے دین ہونے اور محمد ﷺ کے رسول ہونے پر راضی ہو گیا۔ (تو گویا) اس نے ایمان کا ذائقہ چکھ لیا۔ (لہذا) رضائے الٰہی سے جو ذائقہ حاصل ہوتا ہے۔ اسے اللہ تعالیٰ کی معرفت سے موسوم کرتے ہیں۔ اور معرفت وہ نور ہے۔ جو کہ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب بندوں کے قلوب میں ڈال دیتا ہے۔ اور کوئی بھی چیز اس نور سے بڑھ کر باعظمت نہیں ہے۔ اور معرفت کی حقیقت قلب کا زندہ ہونا ہے۔ جیسا کہ ایک حدیث نبوی ﷺ کا مفہوم ہے۔ کہ! میری آنکھیں سوتی ہیں۔ مگر میرا قلب بیدار رہتا ہے۔ قرآن حکیم شاہد ہے۔ **اومن کان میتا فاحیینہ** ۔ (ترجمہ) اور کیا وہ مُردہ نہیں تھا۔ پس ہم نے اس کو زندہ کیا۔ (سورہ انعام۔ آیت نمبر 122) اسی طرح ایک اور جگہ آیا ہے۔ کہ! **فلنحیینہ حیاۃ طیبۃ** ۔ (ترجمہ) پس ہم اس کو پاکیزہ زندگی دیں گے۔ (سورہ نحل۔ آیت نمبر 89) پس یہ بات واضح ہے۔ کہ! جس کا نفس پھل پھول گیا۔ وہ دنیاوی لذات، شہوات، خواہشات سے قریب ہو جاتا ہے۔ مگر برعکس اس کے جس کا نفس مردہ ہو جائے۔ دنیا تو اس سے دور ہو جاتی ہے۔ مگر وہ قربِ الٰہی سے واصل ہو جاتا ہے۔ کیونکہ! اصول کے بغیر حصول کا مزہ نہیں۔ اور حصول کے بغیر وصول (وصلِ حق) ممکن نہیں۔ لہذا جب بندہ اَز خود حق کا ہر چیز (مال و دولت، اولاد و عزت و شہرت وغیرہ) سے بے نیاز ہو کر مشاہدہ کرتا ہے۔ تو وہ معرفت کی حقیقت کو پہنچتا ہے۔ کیونکہ! معرفت حق نام ہی اسی وقوف و ادراک کا ہے۔ کہ! انسان اللہ تعالیٰ کے سوا کسی بھی غیر کی طرف قطعًا التفات نہ کرے۔ روایت کیا جاتا ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤدؑ کی طرف وحی کی۔ کہ! اے داؤدؑ! مجھے بھی پہچان اور اپنے آپؑ کو بھی۔ (جب) حضرت داؤدؑ نے غور کیا۔ تو فرمایا۔ اے اللہ تعالیٰ! مَیں نے تجھے یکتائی، تیری قدرت اور بقاء کے ذریعے پہچان لیا ہے۔ اور مَیں نے اپنے آپؑ کو عاجزی و فناء سے پہچانا ہے۔ (تو) اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اَب تُو نے مجھے پہچانا ہے۔

ایک حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے۔ کہ! اگر اللہ تعالیٰ کو اس طرح پہچان لو۔ جیسا کہ اسے پہچاننے کا حق ہے۔ تو تمھیں وہ علم حاصل ہو گا۔ جس کے بعد جہالت نہیں ہے۔ اور تمھاری دعا سے پہاڑ اپنی جگہ سے ہٹ جائیں گے۔ باوجود اس کے کہ کوئی بھی اللہ تعالیٰ کی معرفت کی انتہا تک نہیں پہنچ سکتا۔ کیونکہ! اللہ تعالیٰ اس سے بلند ہے۔ کہ اس کی معرفت کی انتہا تک پہنچا جا سکے۔ (بقول شاعر)

گفت پیغمبرؐ کہ **لا احصی ثناء** حامد تو ہم توئی یا ربنا

☆ آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ کہ! **لا احصی ثناء علیک انت کما اثنت علٰی نفسک** ۔ مَیں تیری پوری پوری تعریف نہیں کر سکتا۔ جس طرح سے تُو نے خود اپنی تعریف فرمائی ہے۔ (میرے خیال کے مطابق) آنحضرت ﷺ کے فرمانِ عالیشان کا مفہوم یہ ہی ہو گا۔ کہ اے اللہ تعالیٰ! مَیں تیرے محامد کثیرہ اور صفاتِ الٰہیہ کا احاطہ کرنے سے معذور و عاجز ہوں۔ بلکہ ان کا احاطہ کرنے والا صِرف تُو خود ہی ہو سکتا ہے۔ (یاد رہے۔ کہ!) عارفین کی انتہائے معرفت بھی یہی ہے۔ کہ! وہ معرفتِ الٰہیہ سے عاجز آ جاتے ہیں۔ اور ان کی حقیقی معرفت یہ ہے۔ کہ! وہ اس کو پہچان نہیں سکتے۔ کیونکہ! یہ بات یکسر محال و ناممکن ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بھی اور ذات اللہ تعالیٰ کی مکمل معرفت کے ساتھ ذات و صفاتِ ربوبیت کے حقیقی و مکمل رموز و اسرار کو پہچاننے کی اہل ہو سکے۔ پس جب یہ بات ان (عارفین) کو بذریعہ انکشافِ برہانی سے معلوم ہو جائے۔ تو گویا انہوں نے کچھ نہ کچھ حد تک اللہ تعالیٰ کو پہچان لیا۔ یعنی کہ وہ معرفت کی اس حد تک پہنچ گئے۔ جو کہ مخلوق کے لئے ممکن ہے۔ یہی وہ حد ہے۔ کہ جس کی طرف ضرت سیدنا ابوبکر صدیقؓ نے ان الفاظ میں اشارہ فرمایا ہے۔ کہ! ’’ادراک کے ادراک سے عاجز آ جانا بھی ادراک ہی ہے۔

سیورِ اربعہ : (سیور جمع سیر کی) : راہِ حق کے متلاشی سالک کو دوران ارادت کچھ مشاہدات سے گزرنا پڑتا ہے۔ یہ مشاہدے سالک کو حسبِ مراتب سیرِ عروجی وسیرِ نزولی کے دوران حاصل ہوتے ہیں۔ یاد رہے۔ کہ! روح کو عروج کے طریق پر جو سیر روحانی میسر آتی ہے۔ وہ سیرِ علمی ہوتی ہے نہ کہ جسمی۔ صوفیائے کرام نے راہِ سلوک کو چار سیروں (سیور) میں منقسم فرمایا ہے۔ اور یہ چاروں سیریں علمی ہیں نہ کہ اَینی۔ سیر در حقیقت حرکتِ علمی کا نام ہے۔ نہ کہ حرکتِ اَینی وجسمی کا۔ اربابِ ولایت کی سیرِ باطنی چار اقسام کی ہوا کرتی ہے۔ 1۔ سیرِ الی اللہ۔ 2۔ سیرِ فی اللہ۔ 3۔ سیرِ عَنِ اللہ باللہ۔ 4۔ سیرِ فی الاشیاءِ باللہ۔ ☆ اِن چاروں سیور میں اول الذکر پہلی دو سیریں تو عروجی ہیں۔ جبکہ آخر الذکر دونوں سیریں نزولی ہیں۔ ☆ سیرِ اول، سیرِ چہارم کے مقابل ہے۔ جبکہ سیرِ دوئم، سیرِ سوئم کے مقابلہ میں ہے۔ ☆ اول الذکر دونوں سیور نفسِ ولایت کے حصول کے لئے ہیں۔ جو فناء وبقاء سے مراد ہیں۔ آخر الذکر دونوں سیریں مقامِ دعوت کے حاصل ہونے کے لئے ہے۔ جو کہ! انبیائے کرامؑ کے ساتھ مخصوص ہے۔

☆ **سیرِ عروجی** : ہر شخص کی سیرِ عروجی اس خاص مقام تک ہوتی ہے۔ جو اس کا مبداءِ تعین ہے۔

☆ **سیرِ نزولی** : اس کے بعد اس کی سیرِ نزولی اسی لحاظ سے کامل ہوتی ہے۔ جس قدر اس کی سیرِ عروجی کامل ہوتی ہے۔ یاد رہے۔ کہ! عروج و نزول کی کاملیت صِرف اور صِرف اتباعِ سنت وشریعت پر ہی موقوف ہے۔ عروج کی دو اقسام ہیں۔ 1۔ عروجِ مجازی۔ 2۔ عروجِ حقیقی۔

سالک کے لئے عالمِ وجوب میں عروج کا اطلاق بمعنی 'حقیقی ہے۔ کیونکہ! عالمِ امکان کے درجات ایک دوسرے پر بلندی وفوقیت رکھتے ہیں۔ جبکہ عالمِ وجوب کے درجات اپنی لامکانیت کے سبب فوق، تحت، یمین، شمال وغیرہا یعنی اطراف واکناف نہیں رکھتے۔ (نیز) عالمِ امکان میں عروج کے وقت سالک عاشق ہوتا ہے۔ جبکہ معشوق سیر کرتا ہے۔ اسی طرح عالمِ وجوب کی سیر کے دوران سالک معشوق ہوتا ہے۔ اور عاشق اس میں سیر کرتا ہے۔ اسی لئے سالک بسببِ نسیانِ عالم اپنی ذات میں معشوق کے ظہور کے لائق ہوجاتا ہے۔ اور عالمِ وجوب کے کمالات اس میں ظاہر ہونا شروع ہوجاتے ہیں۔

عالمِ وجوب : سالک کو سیر باطنی کے دوران تجلیات مختلف صورتوں میں نظر آتی ہیں۔ سالک کا یہ مرتبہ دراصل مرتبہ وجوب کہلاتا ہے۔ کیونکہ! یہ مرتبہ در حقیقت صفاتِ کلیہ کا جامع مرتبہ ہے۔ یہ عارف کے لئے مشاہدے کا مقام ہے۔ اور وہ اس رتبے میں صفاتِ حقیقہ ثمانیہ کی سیر کرتا ہے۔ انسان چونکہ نسخہء جامعہ ہونے کی حیثیت سے دو حقیقتوں کا جامع ہے۔ **1**۔ حقیقتِ امکانی۔ **2**۔ حقیقتِ وجوبی۔

☆ **حقیقتِ امکانی** : انسان کا عالمِ خلق اور عالمِ اَمر کے ساتھ تعلق دراصل انسان کی حقیقتِ امکانی ہے۔ جیسا کہ انسان کے وجود میں عالمِ خلق اور عالمِ اَمر کے اجزاء ولطائف موجود ہیں۔ ☆ **حقیقتِ وجوبی** : عالمِ وجوب میں انسان کے مبداءِ فیض کو اس کی حقیقتِ وُجوبی کہا جاتا ہے۔ کیونکہ! انسان عالمِ وجوب کی صفات کا عین مظہر ہے۔ بہر حال! اَب ہم چاروں سیروں (سیور) کی تفصیلات بیان کرتے ہیں۔ ☆ **سیر الی اللہ** : جب سالک علم اسفل یعنی ظلالِ اسماء وصفاتِ الٰہی سے علمِ اعلیٰ یعنی اسماء وصفاتِ الٰہی کی طرف سیر کرتا ہے۔ تو ترقی کرتے ہوئے اپنی اصل کو پہنچ کر اپنے آپ کو اس میں فانی پاتا ہے۔ حتی کہ اپنا کوئی اثر اور اپنی کوئی اصلیت نہیں پاتا۔ اور صرف وجود میں اصل ہی کا مشاہدہ کرتا ہے۔ پس اس دائرہ ظلال کی سیر کو اصطلاحِ صوفیاء میں ''سیر الی اللہ'' کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اور یہی دائرہ ولایتِ صغرہ ہوتا ہے۔ اس دائرہ ءولایت میں تفصیلی سیر ابدالآباد تک ختم نہیں ہوسکتی۔ ہر شخص اس دائرہ میں اتنی ہی سیر کرتا ہے۔ جتنا کہ اس میں اس کا حق ہوتا ہے۔ یہاں پر فنائے کلی حاصل ہوجاتی ہے۔ اسی ضمن میں مولانا روم فرماتے ہیں۔ کہ!

هفت صد هفتاد قالب دیده ام ہمچو سبزه بارہا روئیده ام

یعنی مَیں نے سات سوستر قالب (ظلال کے پردے) دیکھے ہیں۔ اور (پھر ان میں فنا ہوکر) سبزے کی طرح بار ہا مرتبہ اُ گا ہوں۔

☆ **سیر فی اللہ** : جب سالک سیر الی اللہ سے ترقی پا جائے۔ تو اس کے بعد اگر اللہ تعالیٰ کا فضل سالک کے شامل حال ہوجائے۔ اور اسے سنت وشریعت پر استقلال واستقامت نصیب ہوجائے۔ تو سالک کو ترقی کرتے ہوئے اسماء صفات کے دائرہ میں (جو کہ ظلال کے دائروں کی اصل ہے) داخلہ میسر ہوجائے۔ تو سالک اللہ تعالیٰ کی صفات اور اسماء وشیونات واعتبارات وتقدیسات وتنزیہات میں سیر کرتا ہے۔ پس وجوب کے ان مرتبوں یعنی اسماء و صفات وغیرہا میں جو حرکتِ علمیہ (سیرِ علمی) واقع ہوتی ہے۔ اس کو سیر فی اللہ کہتے ہیں۔ اور یہ سیر ولایتِ کبرٰی میں واقع ہے۔ جو انبیائے کرامؑ کی ولایت ہے۔ عالمِ اَمر کے پانچوں لطیفے اس دائرہ کی انتہا ہیں۔ یہ سیر اس مرتبہ تک پہنچتی ہے۔ کہ! جس کو کسی عبارت، اشارہ، علامت یا نام سے بیان نہیں کیا جاسکتا۔ اس سیر کا نام بقاء رکھا گیا ہے۔ لہذا اس سیر کو بقا باللہ بھی کہتے ہیں۔ اس سیر کے تمام کمالات اللہ تعالیٰ کے اسم ''**الظاہر**'' کی سیر سے تعلق رکھتے ہیں۔ اور یہ اللہ تعالیٰ کے اسم ''**الباطن**'' کی سیر کے کمالات اور ہیں۔ وہ سیر ولایتِ علیا میں واقع ہوتی ہے۔ جو فرشتوں کی ولایت ہے۔ اور وہ سیر فی اللہ کا دوسراا اور اعلیٰ درجہ ہے۔ (بہر حال) یہ سیرِ آفاقی اور اُنفسی سیر (یعنی سیر الی اللہ) سے منزلوں دور اور وراء الوراء ہے۔ سیرِ آفاقی کو سیرِ الی اللہ اور سیرِ اُنفسی کو سیرِ فی اللہ کہنا فضول ہوگا۔ کیونکہ! انفس بھی تو آفاق کی طرح دائرہ ءامکان میں داخل ہے۔ تو اس صورت میں دائرہ ءامکان کا قطع کرنا ناممکن ہوگا۔ اور اس سے ہمیشہ کی نا اُمیدی اور نقصان کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ نہ کبھی فنا ثابت ہوگی اور نہ بقاء تصور کی جاسکے گی۔ تو پھر اللہ تعالیٰ کا وصال اور اتصال کیسے ہوگا۔ اور اس کا قربِ وصال کیا حاصل ہوگا۔ (بقولِ شاعر)

چوں توئی کہ یار گردد یارِ تُو تا نباشی یار باشد یارِ تُو

یعنی کہ! جب تک تُو ہے۔تو یار تیرا کب یار ہوگا۔تُو اپنے آپ کو فنا کر دے۔تُو نہیں رہے گا۔تو یار تیرا یار ہوگا۔
یہی وہ مقام ہے۔کہ جہاں نفس کو اطمینان حاصل ہوتا ہے۔اور اسی مقام پر شرح صدر ہوتا ہے۔اور سالکِ حقیقی اسلام سے مشرف ہوتا ہے۔اور پھر نفسِ مطمئنہ کی صدارت کے تخت پر جلوہ افروز ہوتا ہے۔اور یہیں سے مقامِ رضا کی جانب ترقی کرتا ہے۔جیسا کہ قرآن میں ہے۔ **فمن یرد اللہ ان یھدیہ یشرح صدرہ للاسلام۔(ترجمہ)** پس جسے اللہ تعالیٰ ہدایت بخشنے کا ارادہ کرتا ہے۔تو اس کا سینہ اسلام کے لئے کھول دیتا ہے۔(سورہ انعام۔125)اسی طرح ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالیشان ہے۔کہ! **افمن شرح اللہ صدرہ للا سلام فھو علٰی نور من ربہٖ ۔(ترجمہ)** پس وہ شخص کہ جس کا سینہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کے لئے کھول دیا۔وہ اپنے رب کی طرف سے ایک نور(یعنی ایمان کی روشنی)پر چل رہا ہے۔(سورہ زمر۔22)

☆ **سیرعن اللہ باللہ** : سیرِ فی اللہ کے تمام کرنے پر سالکین کے دو گروہ ہو جاتے ہیں۔پہلا گروہ ''**مستھلکین**'' کا ہوتا ہے۔یعنی وہ لوگ جو ذاتِ باری تعالیٰ کی محبت میں فنا ہو گئے۔اور جمالِ الٰہی کے مشاہدے میں ہی رہ گئے۔جبکہ دوسرا گروہ ''**راجعین الی الدعوۃ**'' کہلاتا ہے۔ان کو واپس مقامِ قلب میں لایا جاتا ہے۔اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہوتا ہے۔کہ! میرے بندوں کو اسی راستے سے، کہ جس سے تم خود آئے ہو، میری طرف لے آؤ۔اور مخلوق کے ساتھ میل جول رکھو۔تمہارا مشاہدہ اَب بند نہ ہوگا۔پہلے سیر عاشق کی معشوق کی طرف تھی۔اور آیت کریمہ **قل ان کنتم تحبون اللہ فا تبعونی** (آپ کہہ دیں۔اگر تم اللہ تعالیٰ سے محبت رکھتے ہو۔تو میری پیروی کرو)پر عمل تھا۔(سالک عاشق اور حضرتِ حق سبحانہٗ معشوق۔لیکن اَب سیر معشوق کی عاشق کی طرف ہے۔اور آیہ مذکورہ کے دوسرے جزو **یحببکم اللہ** (اللہ تعالیٰ تم سے محبت کرے گا)سے مشرف ہوجاتا ہے۔کیونکہ سالک تعلیم و تلقین اور ترغیب سے مریدوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتا ہے۔اور اس تعلیم میں اللہ تعالیٰ اپنا مشاہدہ اس کو دیتا رہتا ہے۔تو اس حالت میں سالک ہادی کا ہر فعل باعث مشاہدہ ہوتا ہے۔
پس اس قسم کے صاحبِ دولت کو جب دنیا کی طرف لانا چاہیں۔اور مخلوق کو اس کے وجود شریف کی برکت سے نفسانی اندھیروں سے نکالنا چاہیں تو اس کو صوفیوں کی اصطلاح میں''سیرعن اللہ باللہ'' کے طریقے پر جہان کی طرف لے آتے ہیں۔اور اس کی توجہ تمام تر مخلوق کی طرف ہوتی ہے۔لیکن اس کو مخلوق کے ساتھ کسی قسم کی گرفتاری نہیں ہوتی۔اگر چہ ظاہر میں وہ مبتدی کا شریکِ حال ہے۔لیکن گرفتاری اور عدم گرفتاری میں بڑا فرق ہے۔اور خلق کی طرف توجہ کرنا اس منتہی کے حق میں بے اختیاری ہے۔اور اس میں وہ اپنی رغبت کچھ نہیں رکھتا۔ بلکہ اس توجہ میں اللہ تعالیٰ کی رضا مندی ہے۔برخلاف مبتدی کے، کہ اس میں اپنی ذاتی رغبت اور حق تعالیٰ کی نارضا مندی ہے۔پس اس سیر میں سالک علمِ اعلیٰ سے علمِ اسفل کی طرف اور اسفل سے اسفل تر، کی طرف رجوع کرتا ہے۔حتیٰ کہ واپس ممکنات کی طرف رجوع کرتا ہے۔یعنی کہ اس قسم کے صاحب دولت خوش نصیب کو جب عروج کے بعد نزول ہوتا ہے۔تو اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم ہوتا ہے۔کہ جس راستے سے تم خود آئے ہو۔واپس جا کر اسی راستے سے میرے دوسرے بندوں کو بھی میری طرف لے آؤ۔(جیسا کہ ابھی بیان ہوا)یہ سالک مسندِ تلقین و ارشاد پر فائز المرام ہوتا ہے۔اس کی تمام تر توجہ مخلوق کی طرف ہوتی ہے۔لیکن باطنی طور پر اس کو مخلوق کے ساتھ کسی قسم کی گرفتاری نہیں ہوتی۔بلکہ مقامِ مشاہدہ سے باریاب ہوتا ہے۔اور اس کے وجود کی برکت سے مخلوق خدا نفس کے اندھیروں سے نکل کر خدا تک رسائی حاصل کرتی رہتی ہے۔

☆ **سیر فی الا شیاء باللہ** : یہ سالک کی چوتھی سیر ہے۔جو رجوع کے بعد اشیاء میں ہے۔سیر اول میں جو اشیاء کے علوم بالکل مٹ گئے تھے۔اب پھر یکے بعد دیگرے حاصل ہو جاتے ہیں۔اور سالک بظاہر کلی طور پر مخلوق کے ساتھ ملا جلا رہتا ہے۔اگر چہ ظاہر میں اس کے تمام افعال عوام کی طرح دنیا کی مشغولی میں گذرتے ہیں۔لیکن وہ واصل میں اس شعر کا مصداق ہوتا ہے۔

از دروں شو آشنا وز بروں بیگانہ باش   ایں چنیں زیبا روش کم می بود اندر جہاں

(یعنی باطن میں ذاتِ حق سے واقف ہوجا۔اور ظاہر میں بیگانوں کی طرح رہ۔اور اس قسم کے طریقے والے لوگ دنیا میں بہت کم ہوتے ہیں)
اکثر دیکھا گیا ہے۔کہ! دیہاتوں کی پانی بھر کر لانے والی خواتین کئی کئی مٹکے اوپر نیچے سر پر رکھ کر بظاہر بے تکلف ہو کر ایک دوسرے سے باتیں کرتی ہوئی گھروں کو پانی لے کر جاتی ہیں۔کیا مجال، جو ان کی رفتار میں فرق آجائے۔یا مٹکوں میں کسی قسم کی جنبش ہو۔اور وہ چھلکیں۔کیونکہ! ان کے قلوب کی توجہ پوری طرح سے مٹکوں پر لگی رہتی ہے۔ ☆ اسی طرح سے کچھوے اپنے انڈے دریا یا سمندر کے ساحل پر ریت یا مٹی میں دبا کر خود پانی میں چلے جاتے ہیں۔مگر اپنی توجہ وہ انڈوں پر مرکوز رکھتے ہیں۔کچھ عرصے بعد اُن انڈوں سے کچھوں کے بچے نکل آتے ہیں۔اگر وہ ایک بھی لمحہ کے لئے اپنی توجہ انڈوں سے ہٹالیں۔تو انڈے سڑ جائیں۔ ☆ اسی طرح کونج کے بارے میں ہے۔کہ! وہ اپنے انڈے چھوڑ کر سینکڑوں یا ہزاروں میل دور چلی جاتی ہے۔مگر اپنی توجہ پھر بھی انڈوں پر مرکوز رکھتی ہے۔اگر وہ اپنی توجہ چھوڑ دے۔تو اس کے انڈے بھی سڑ جائیں۔
(مزید برآں یہ کہ!) اس طرح کی کئی امثال موجود ہیں۔یعنی کہ توجہ کو مرکوز کرنے کا یہی حال سالکِ کامل کی توجہ کا حق تعالیٰ کی طرف ہے۔کہ دنیا کے ساتھ رہتے ہوئے بھی حق تعالیٰ سے اُن کی نظر نہیں ہٹتی۔ایسے ہی سالکین کے حال پر قرآنِ حکیم کی آیتِ مبارکہ بھی صادق آتی ہے۔ **رجال لا تلھیھم تجارۃ ولا بیع عن ذکر اللہ۔(ترجمہ)** یہ وہ لوگ ہیں۔کہ! جنہیں تجارت اور خرید و فروخت، اللہ تعالیٰ کے ذکر سے(قطعًا)غافل نہیں کرتے۔(سورہ نور۔37) سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں اس حال و مقام کو''**خلوت در انجمن**'' سے تعبیر کیا جاتا ہے۔(یاد رہے۔کہ!) سلسلہء عالیہ چشتیہ کے مشائخین میں توجہ کے ذریعے مقامات کو عبور کرایا جاتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆ولایت کا بیان☆☆☆☆☆☆

اتباعِ رسول اللہ ﷺ اولین شرطِ ولایت ہے: (کہ اس کے بغیر ولایت کا حصول ناممکن ہے)

☆ ولایت اور تصوف کی شرطِ اول! وہ (یعنی ولی اللہ) حضرت رسولِ مکرم ﷺ کا قولاً، فعلاً اور از روئے اعتقاد لازماً اور کلی طور پر تابع ہو۔ (بمطابق قرآن) **قل ان کنتم تحبون اللہ فا تبعونی** ۔ (ترجمہ) اے رسول اکرم ﷺ فرمادیجیئے۔کہ! (اگر) تم اللہ تعالیٰ کو دوست رکھنا چاہتے ہو۔تو میری (حضرت نبی اکرم ﷺ کی) پیروی کرو۔ پس (اس آیت سے ثابت ہوا کہ) سلوکِ طریقت میں آنحضور ﷺ کی پیروی کے راستے کو طے کرنے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی نہیں برتنی چاہیئے۔ولی کو اپنے متبوع کے حکم کا ہروقت تابع اور پابند ہونا چاہیئے۔انہی لوگوں کے حق میں ہے۔کہ! ماسوٰی سے کلی طور پر اعراض کرے۔اور خواہشات سے قطعی گریزاں رہے۔اسی طرح دنیاوی خیر وشر کی طرف بھی قطعاً التفات نہ کرے۔کیونکہ ولی کی نظر میں کونین کا وجود اور عدم دونوں یکساں ہیں۔اور جس کو یہ دولتِ دارین (یعنی ولایت) نصیب ہوگئی۔اُس کو تختِ سلطنت پر جلوس فرمانے کی مطلقاً خواہش نہیں رہتی۔☆ ولی کی شرائط یہ بھی ہیں۔ وہ عالم ہو جاہل نہ ہو۔منفصل ہو متصل نہ ہو۔(کیونکہ) جب وہ منفصل ہو جائے گا۔تو پھر متصل بھی ہو جائے گا۔جیسا کہ (اسی ضمن میں) حضرت شیخ ابوبکر شبلیؒ نے فرمایا۔کہ (حصولِ) طہارت انفصال ہے۔جبکہ (ادائیگی) نماز اتصال ہے۔اگر طہارت میں غیر اللہ سے منفصل نہ ہوگا۔تو نماز میں اللہ تعالیٰ سے متصل بھی نہ ہو گا۔اور جب اتصال، انفصال ہی کا نتیجہ ہے۔تو منفصل صاحبِ کشف ہوگا۔اور صاحبِ کشف عالم ہوگا۔جبکہ جاہل نہ ہوگا۔اور عالم ربانی ولی ہوتا ہے۔اور حق تعالیٰ کا ولی (دوست کبھی بھی) جاہل نہیں ہوسکتا۔کیونکہ! **ان اللہ لا یتخذو لیا جا ھلا قط** ۔ (ترجمہ) اللہ تعالیٰ ہرگز کسی جاہل کو اپنا دوست نہیں بناتا۔

☆ ایک حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے۔کہ! **الجاھل عدو ی وا لعاقل صدیقی** ۔ جاہل میرا دشمن اور عاقل میرا دوست ہے۔

یہ بات روزِ روشن کی طرح واضح وعیاں ہے۔کہ! مسلمان کے لئے کشف وکرامات یا خوارقِ عادات کی کوئی خاص اہمیت ووقعت نہیں۔ بلکہ! اصل میں تو اتباعِ سنتِ نبوی ﷺ اور ترکِ بدعات ہی دین ودنیا کی جملہ خوبیوں اور بھلائیوں کی جڑ ومغز ہیں۔اور آنحضرت نبی مکرم ﷺ کا بہترین اسوہ ءحسنہ ہی درحقیقت مرکزِ حیات اور ایمان وایقان اور عرفان کا اصل سرچشمہ ومشعلِ راہ ہے۔یاد رہے۔کہ! اھل اللہ متقدمین ومتاخرین نے اُمتِ محمدیہ ﷺ میں سے جو بھی کچھ از روئے مدارج ومراتب یا مقاماتِ اعلیٰ وارفع پایا ہے۔تو صرف اور صرف اتباعِ رسول اللہ ﷺ ہی سے فقط پایا ہے۔عبدیت، صدیقیت، امامت، خلافت، فردیت، شہادت، ابدالیت، قطبیت، غوثیت، غرضیکہ ولایت کا کوئی بھی درجہ ومقام یا مرتبہ ہو۔سبھی کچھ فقط اتباعِ رسولِ مقبول ﷺ ہی کا نتیجہ وثمرہ ہیں۔جو شخص درست معنوں میں اتباعِ شریعتِ محمدی ﷺ کا ہی حامل نہیں۔وہ ہزار ہا ولایت کے دعوے کرے، کشف وکرامات اور خوارقِ عادات کا بادشاہ بن جائے۔پانی پر چلے، ہوا میں پرواز کرے، سیفِ زبان ہو۔تب بھی وہ ولی تو درکنار، بلکہ اُس کی مسلمانی میں بھی شک وشبہ کی کثیر گنجائش ہوسکتی ہے۔بقولِ شاعر!

خلافِ پیمبر کسے را گزید ہرگز نخواھد منزل رسید

جب کوئی مکاشفاتِ ولایت سے گزرتا ہے۔تو اُسے حقیقتِ توحید اور معرفتِ شناسائی حق حاصل ہوتی ہے۔وہ اُس مقام ومرتبہ پر پہنچتا ہے۔کہ! اس کو اپنی انتہا ابتداء معلوم ہوتی ہے۔اس مقام پر ایسے سالک وطالبِ صادق کا طریقہ ءامامت اور اقتداء صحیح ہو جائے گا۔اور ارشاد وبیعت وخلافت وسندِ خلافت وسندِ بیعت وسلسلہء طریقت بھی درست رہے گا۔اسے مرید ہونے اور مرید کرنے کے آداب وتعلیمات، حقیقتِ بیعت اور انتخابِ شیخ کے اصول وضوابط اور اس کی محبت میں بے ارار رہنے کے اسباب مفصل طور پر معلوم ہو جائیں گے۔تاکہ وہ خود بھی سالکین وطالبینِ صادق کو شناسائی ووقوف کا ادراک کرا سکے۔(ان شاءاللہ)

واضح ہو کہ! پہلے حق تعالیٰ کی طرف سے مخلوق پر ولایت کا ظہور ہوا۔اور ہر ولی اللہ (اللہ کا دوست) اس لباسِ ولایت میں ملبوس ہو کر عالمِ وجود میں آیا۔(بمصداقِ آیتِ کریمہ **وایدنٰہ بروح القدس** ۔اس کی مدد کی روح القدس کے ذریعہ سے) یاد رہے۔کہ! انسان کی تخلیق کوئی آسانی یا بلا محنت نہیں ہوئی۔ بلکہ! (بمصداقِ آیتِ کریمہ **لقد خلقنا الانسان فی کبد** ۔درحقیقت ہم نے انسان کو مشقت میں تخلیق فرمایا۔) پھر انسانی جثہ کو تخلیق فرمایا۔(بمصداقِ آیتِ کریمہ **ولقد خلقنا الانسان من صلصال من حما مسنون** ۔اور ہم نے انسان کو سڑے کو گارے کی کھنکھناتی مٹی سے تخلیق فرمایا) اور پھر روحانیت بصورتِ انسانیت (بمصداقِ آیتِ کریمہ **لقد خلقنا الانسان فی احسنِ تقویم**) اس میں ودیعت فرمائی۔اور پھر (بمصداقِ آیتِ کریمہ **وعلم ادم الاسمآء کلھا**) کا ظہور ہوا۔اور پھر انسان کو جملہ مخلوقاتِ سماوی وارضی پر شرف وفضیلت حاصل ہوئی۔(بمصداقِ آیتِ کریمہ **انی جاعل فی الارض خلیفة**) جب اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنے خلیفہ ہونے کا تقرر فرمایا۔تو عدم سے اسے وجودِ ہستی عطا فرمایا۔اور (بمصداقِ آیتِ کریمہ **ولقد کرمنا بنی ادم**) اس کی شان کو چار چاند لگا دیئے۔اور پھر عالمِ ارواح میں پس پردہ ءغیب ارواح، مثالی جسمانی شکل وصورت اختیار کر کے خاص الخاص فیضِ نبوت ورسالت حاصل کیا۔جس کی پیغمبرِ زمان خاتم النبیین ﷺ نے خبر عطا فرمائی۔(بمصداقِ حدیثِ نبوی ﷺ **کنت نبیا وادم بین المآء والطین**) اور اس فیضِ مخفی کی تجلیات کو عیاں فرما دیا۔اور پھر اللہ تعالیٰ نے انسانوں میں سے بہترین انسان کو تاجِ محبوبیت پہنایا۔(بمصداقِ آیتِ کریمہ **وانک لعلٰی خلق عظیم** ۔اور یقیناً! آپ ﷺ اخلاق کے علیٰ درجے پر فائز ہیں) اور آپ ﷺ کا ارض وسماء میں خوب چرچا فرما دیا۔(بمصداقِ آیتِ کریمہ **ورفعنا لک ذکرک** ۔اور ہم نے آپ ﷺ کی خاطر آپ ﷺ کے تذکرے کو بلند مقام عطا فرمایا) انبیاء ورسلؑ کی معاونت واستعانت کرنے والوں کو بھی رحمتِ کاملہ میں سے وافر مقدار میں حصہ وانعام سے سرفراز کیا گیا۔اور ان انعاموں میں سے پہلا انعام ولایت یعنی اللہ تعالیٰ کا بندے کو اپنا حبیب ورفیق بنانا ہے۔ ولایتِ مجردہ کو ہزار صد ہزار

صورتیں عطا کیں۔ عالمِ غیب وشہادہ نمایاں ہوئے۔لوازمہء باطن میں جو کچھ بھی تھا۔بفیض ابوالارواح تمام ارواح اس کے حصول سے مشرف ہوئیں۔اور مجسم ہونے کا انتظار کرنے لگیں۔تو اسی روح الارواح نے سب سے پہلے لباسِ جسمانی پہنا۔اور ابوالاجساد کا نام روحِ مجسم ہوگیا۔(بمصداقِ **ارواحنا اجسادنا ۔ اجسادنا ارواحنا لا تمیز فیھا بعدہ**)اور پھر خالقِ کائنات نے تمام مخلوقات کو خلعتِ جسمانی سے سرفراز فرمایا۔کون ومکان آراستہ ہو گئے۔(بمصداقِ آیتِ کریمہ **کانتا رتقا ففتقنھما** ۔دونوں بند تھے۔پس ہم نے کھول دیا)اس طرح دونوں شاخیں ظاہر ونمودار ہوئیں۔اور ملک و ملکوت کا نام پڑا۔ فایض ومفیض بن گئے۔غیب وشہادہ نے آرام پایا۔ وجوب وامکان آراستہ ہوئے۔حضرت وجوب محض ولایت ہے۔جبکہ امکانِ ارتسام فیض ولایت۔جاننا چاہیئے۔کہ! اگرلباسِ شہادت میں معرفت حاصل ہوجائے۔تو عارف دریائے محیط میں خود کو پہچان لے۔(بقولِ شاعر)

مردی باید کہ باشد شہ شناس　　　　تا بہ بیند شاہ را در ہر لباس

اَب اگر نہ پہچانے۔تو محروم رہے۔اور اس کی پیدائش بے سود رہے۔اور محبوبیت کے پردوں میں ابدالاباد تک رہے۔

(**برائے تعلیم اللخلق**)حق تعالیٰ کے جلوے کہاں سے کہاں تک عیاں ہوئے۔(بمصداقِ حدیث **انا احمد بلا میم**)برائے ہدایت خلق لباسِ بشریت پہنا۔اور انعامی طور پر شیوہء رسالت اختیار کرکے ہرزمانے میں آیا۔پھر امرونہی کی خبردی۔ماہیتِ ذات وصفات خلق پر عیاں کیا۔اور فیضِ باطن اس کا ایسا مفیض ہوا۔کہ ہر طبقہ اور ہر قوم میں ہزروں انبیاءؑ پیدا فرماکر مبعوث فرمائے۔اور ہر ہر نبیؑ نے اپنی اپنی قوم کی رہبری ورہنمائی فرمائی۔اور ان کو اپنی اُمت قرار دیا۔ اللہ تعالیٰ ہر نبیؑ ورسولؑ کو کمندِ عشق سے اپنی جانب کھینچتا ہے۔اس کے بعد اُسے راہ سلوک دکھاتا ہے۔جس نے جس حال میں سبقت کی۔اور اس دور کے احکامِ آثار کو پالیا۔پس اُس پر نبوت صادق آئی۔کیونکہ اس کا پہلا قدم جذبہء عشقِ الٰہی جبکہ دوسرا قدم سلوک کا ہوتا ہے۔جب تک اُس کو عطایائے ولایت نہیں ملتیں۔ مُطاع نبوت نہیں ہوتا۔مشہور قول ہے۔کہ! **الولایۃ افضل من النبوۃ** ۔ اور اس قول کا اشارہ اسی خاص ولایت کے ساتھ ہے۔اور مرتبہء نبوت کا حصول اسی ولایتِ خاص پر موقوف ہے۔جس دور میں نبوت رہی۔تو جسے حق تعالیٰ نے چاہا۔اُسے ولایتِ خاص سے سرفراز کرکے نبیؑ بنادیا۔کیونکہ خاتم النبیین پردہء غیب لاریب میں تھے۔جہاں نبیؑ آیا۔وہاں اس نے اپنی شریعت پر خود بھی عمل کیا۔اور اپنی اُمت سے بھی کرایا۔جیسے مجتہد اپنے اجتہاد پر چلتا ہے۔ایسے ہی انبیاءؑ کو اپنی شریعت کے احکام جاری کرنے کا اختیارِ کلی ہوتا ہے۔ان کے اور مجتہد کے درمیان صِرف یہی فرق ہے۔کہ مجتہد کے اجتہاد احتمال خطا ہے۔اور ہر نبیؑ کا ہر حکم کمالِ صواب پر مبنی ہے۔کیونکہ خطا ان کی شانِ شایان نہیں۔اُن سے جو کچھ ظہور میں آتا ہے۔اور بے ولایت نبوت نہیں ملتی۔لیکن مجتہد جو کہتا ہے۔وہ لفظ کے معنیٰ لُغت سے سمجھتا ہے۔جبکہ نبیؑ لفظ میں معنیٰ پیدا کرتا ہے۔پس ایک نبیؑ اور مجتہد میں بڑا فرق یہ ہے۔کہ! نبیؑ تو ویسے بھی ولی اور مجتہد ہوتا ہے۔مگر ایک ولی مجتہد تو ہوسکتا ہے لیکن نبیؑ نہیں۔اسی طرح شریعت پر عمل کئے بغیر کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔جب تک کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ کا یا اُن کی نبوت کا اظہار نہیں ہوا تھا۔ اُس دور میں بھی اولیاء اللہ بعینہٖ موجود تھے۔ بلکہ کتبِ تاریخ وآثار میں اِس بات کے شواہد بھی موجود ہیں۔کہ! ہر دور میں چار صحیح العقیدہ مسلمان موجود رہے ہیں۔تمام اولیائے عالمین کا اولیاء اللہ کے وجود پر مراتب کا یقین کامل ہے۔چنانچہ عبدالرحمٰن ،عبدالرحیم اور غوث وقطب ونقباء ونجباء وابدال واوتاد وغیرہم تمام اولیاء اللہ خفیہ طریقہ سے موجود تھے۔اور ان کے کمالات ظاہر تھے۔اور ہر ولی کی ولایت اُس وقت کے نبیؑ کے نور سے تھا۔اور تمام انبیاءؑ کی ولایت ونبوت میں آنحضرت نبی مکرم ﷺ کا نور موجود رہا ہے۔جس سے کہ اُن کے علم وعمل اور ولایت میں کثیر اضافہ ہوتا تھا۔

ولی کون ھوتا ھے ؟ رسالہ قشیریہ میں ہے۔بے شک! ولی کے دو معنیٰ ہیں۔ایک فعیل کے وزن پر بمعنی مفعول یعنی کہ وہ شخص جس کے امر کا متولی اللہ تعالیٰ ہے۔(بقولِ قرآن) **وھو یتولی الصالحین** ۔(ترجمہ) اور وہ صالحین کا ذمہ دار ہے۔ اور وہ (اللہ تعالیٰ) اس (اپنے ولی) کو ایک لحظہ کے لئے بھی اس کے نفس کے حوالے نہیں کرتا۔اور اللہ تعالیٰ اپنی ذمہ داری کی رعایت فرماتا ہے۔ جبکہ دوسرے معنی فعیل یعنی فاعل کے ہیں۔یعنی وہ (اللہ تعالیٰ) اپنی بندگی، اطاعت اور عبادت کا ذمہ دار ہے۔اور اس (ولی اللہ) پر تواتر کے ساتھ یہ ذمہ داری جاری ہے۔بغیر اس کے کہ نافرمانی درمیان میں آئے۔پس انسان میں یہ دونوں اوصاف (فعیل بمعنی مفعول اور فعیل بمعی فاعل) میں موجود ہونے چاہیئیں۔تاکہ وہ ولی بن جائے۔یعنی اس کا حق تعالیٰ کی ادائیگی پر تمام وکمال قائم ہوجانا اور حق تعالیٰ کا ہمیشہ اس کا محافظ ہونا، خواہ خوشی ہو یا غم۔(اور اسی طرح سے) حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ ''سرالاسرار''مٰں فرماتے ہیں۔کہ! ولی وہ ہے۔جو اپنے حال میں فناء ہو۔اور مشاہدہ حق میں باقی ہو۔اسے اپنی ذات پر کوئی اختیار نہ ہو۔اور نہ اسے غیر خدا کے ساتھ سکون نصیب ہو۔

معرفتِ ولی کے بیان میں : حضرت سید عبدالعزیز دباغؒ کے ملفوظات میں ہے۔کہ! ولی اور غیر ولی کے مابین اس وقت تک فرق معلوم نہیں ہوسکتا۔جب تک کہ ولی کی ذات اور روح کے مابین کا وسطی حجاب اُٹھ نہ جائے۔لہذا جس شخص کی ذات پر روح کے اسرار کھل جائیں۔اور اُن کے درمیان کا پردہ زائل ہوجائے۔وہی ولیء عارف اور صاحبِ فتح کہلائے گا۔لیکن جس شخص کی ذات روح سے حجاب میں ہے۔وہ ایک عامی شخص ہے۔خواہ وہ ہوا میں اُڑتا ہو یا پانی پر چلتا ہو۔(حضرت سیدی دباغؒ فرماتے ہیں۔کہ) روح کے اوصاف یہ ہیں۔ذوقِ تمیز ،بصیرت ،عدمِ غفلت ،قوتِ سریان اور جسم کا آزار رساں اشیاء کو محسوس نہ کرنا۔لہذا جو بھی شخص ان اوصاف کو سمجھ لے۔اور ان کے معانی کو اچھی طرح سے جان لے۔وہ روح کو جان گیا۔

حضرت سیدی دباغؒ فرماتے ہیں۔کہ! ایک ولی (کامل) کو یہ قدرت حاصل ہوتی ہے۔کہ اگر وہ کسی کے کان میں کوئی بات کہہ دے۔اور جب کہہ کر اُٹھ جائے۔تو وہ شخص اور ولی بغیر کسی قسم کے فرق کے معارف میں برابر ہوجائیں۔(یعنی کہ) ولی کامل ایک عامی انسان (مسلمان) کو ایک ہی لحظہ کے اندر واصل باللہ

(ولی اللہ) بنا سکتا ہے۔ **لیکن** اس کا دارومدار اس گوند پر ہے۔ جس سے کہ یہ راز چسپاں کیا جاتا ہے۔ لیکن اگر ذاتِ انسانی میں یہ گوند ہی نہ پائی جائے۔ تو سرّ اپنی اصل کی طرف لوٹ آتا ہے۔ اور اس کی مثال ایسی ہی ہے۔ جیسے کہ کوئی ہوا پر شلوار، قمیص اور عمامہ پہنا دے۔ کیونکہ ظاہر ہے۔ کہ! یہ چیزیں ہوا پر تو قائم نہیں رہ سکتیں۔ (گوند کیا ہے۔ تو فرمایا) گوند موتِ نفس ہے۔ اور موتِ نفس کی یہ علامت ہے۔ کہ! بندہ کے جملہ افعال خالص اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہوں۔ اگر (خدانخواستہ) اعمال غیر اللہ کے لئے ہوں گے۔ تو یہ نفس کے زندہ وقوی ہونے کی علامت ونشانی ہوگی۔ اور بندہ کے دل میں وساوس پیدا ہونا بھی نفس کے زندہ ہونے کی دلیل ہے۔ اور جس قدر نفس زندہ وفربہ ہوگا۔ اسی قدر وساوس زیادہ ہوں گے۔ (پھر حضرت سیدی دباغؒ نفس کو مارنے کی ترکیب بتاتے ہیں۔ کہ) جب کسی کو اللہ تعالیٰ کی معرفت اور مشاہدہ نصیب ہوگا۔ اور بندے کا قلب اللہ تعالیٰ کی معرفت سے معمور ہوگا۔ اور اسے یقین ہوگا۔ کہ اللہ تعالیٰ اس بندے کے جملہ اقوال وافعال کو دیکھ اور سن رہا ہے۔ (تو اس میں اُسی قدر تقوٰی یعنی اللہ تعالیٰ کا ہمہ وقت ڈر وخوف پیدا ہوگا) اور یہ بھی کہ اس بندے کی ہر حرکت کا محرک اللہ تعالیٰ خود ہی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ ہی اس پر جو انعامات چاہتا ہے۔ کرتا ہے۔۔۔ جب وہ ہمہ وقت انہیں باتوں کو سوچتے ہوئے تدبر وتفکر کرے گا۔ تو اسے یقین ہو جائے گا۔ کہ! وہ اپنے آپ کو یا کسی اور کو نہ تو کوئی فائدہ پہنچا سکتا ہے اور نہ ہی کوئی نقصان یا گزند۔ نہ اس دنیا میں اور نہ ہی آخرت میں۔ جب تک کہ اللہ تعالیٰ کی منشاء شاملِ حال نہ ہو وہ کچھ بھی کرنے کا قطعاً اہل نہیں۔ پھر وہ بندہ اوروں کی طرف نظر اُٹھا کر بھی نہیں دیکھ سکتا۔ اس طرح سے اُس کا وہ قوی وفربہ نفس مرجاتا ہے۔ پھر حضرت سیدی دباغؒ دُعا فرماتے ہیں۔ کہ! اللہ تعالیٰ اپنے خصوصی فضل وکرم سے ہمیں اپنا نفس مارنے کے اسباب عطا فرمائے۔ آمین۔

ولایت کی علامت: حضرت سیدی دباغؒ ولایت کے ضمن میں فرماتے ہیں۔ کہ! اگر کسی کے اندر ''ولایت'' کی رگ موجود ہو۔ تو چاہے وہ بدکاروں میں بھی رہے۔ تو جب کسی ولی الصفت شخصیت کا گزر اِس بندے کے پاس سے ہو۔ اور وہ شخص اس وقت بھی بدکاروں میں موجود ہو۔ تو بھی اُس کی رگِ ولایت زندہ ہو جاتی ہے۔ اور اسے ایک روحانی وفطرتی خوشی حاصل ہوتی ہے۔ اور اس کا سینہ (نیکی کے لئے) جاری ہو جاتا ہے۔ یہ اثر تو محض ولی کے (اس بندے کے پاس سے) گزرنے سے ہوتا ہے۔ خواہ وہ شخص اس ولی اللہ کو جانتا ہو یا نہ جانتا ہو۔ یا اس ولی سے گفتگو بھی نہ کی ہو۔ تب بھی ولایت کے اثرات اس شخص میں منتقل ہو جائیں گے۔

لیکن اگر اُس ولی اللہ اور اس شخص کے مابین میل جول ہو جائے۔ اور آپس میں جان پہچان بھی ہو جائے۔ تو پھر اس رگِ ولایت کی زندگی کا کیا ہی کہنا۔ کہ ہر لحظہ خیر وبرکت میں کثیر اضافہ اور روحانی درجات ومقامات میں ترقی ہوتی چلی جائے گی۔ اور برخلاف اس کے اگر کسی کے اندر شَر کی رگ موجود ہو۔ اور شر میں چوری کی رگ زیادہ ہو۔ تو وہ شخص چاہے برسوں اولیاء میں ہی رہے ان کی خدمت بھی کرتا رہے۔ تو پھر جب کبھی بھی کوئی چور اس کے پاس سے گزرے۔ تو اس کی رگ زندہ ہو جائے گی۔ اور بدی کے لئے اس کا سینہ کھل جائے گا۔ محض چور کے پاس سے گزرنے سے اس کا یہ حال ہوا۔ اور اگر اس شخص اور چور میں میل جول اور جان پہچان ہو جائے۔ تو شر بھی اپنے کمال کو پہنچ جائے گا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بچائے۔ **وَکُلّ' مُیَسَّر' لِمَا خُلِقَ لَہ'** ۔ یعنی جو شخص جس کام کے لئے پیدا کیا گیا ہوتا ہے۔ وہ اس کے لئے آسان کر دیا جاتا ہے۔ (بہرحال) حضرت کبیرؒ نے شرائطِ ولی کے بارے میں عرض کیا کہ اِن کی صراحت فرمائیں۔

قال الاشرف : الولی قلبه مستا نس با للہ متو حش عن غیر اللہ ۔ (ترجمہ) حضرت اشرفؒ نے فرمایا۔ کہ ولی وہ ہے۔ کہ جس کا قلب (دل) حق سبحانہ تعالیٰ سے انسیت رکھے۔ اور غیرِ حق سے متوحش اور گریزاں ہو۔ اس ارشاد کے بعد حضرت قدوۃُ الکبرٰیؒ نے شرائط ولی کے سلسلے میں ارشاد فرمایا کہ! شرطِ ولی یہ ہے۔ کہ! گناہوں سے محفوظ ہو۔ جس طرح کہ (کسی بھی) نبیؑ کی شرط یہ ہے۔ کہ وہ معصوم (عن المعصیت والخطاء) ہو۔ اور جس کسی پر بھی از راہِ شریعت اعتراض ہو۔ (للشرع علیہ اعتراض) پس وہ مغرور اور فریب خوردہ ہے۔ (ولی نہیں)

بہرحال! حصولِ مقام ومرتبہ یا ولایت کے ضمن میں آنحضور ﷺ کا فرمانِ مبارک ہے۔ کہ! جب بندہ کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی خاص رُتبہ مقدر ہوتا ہے۔ کہ جس کو وہ اپنے کسی عمل سے حاصل نہ کر سکتا ہو۔ تو اللہ تعالیٰ اس کو اس کے جسم یا اس کے اہل یا اس کے مال کو کسی بلا میں مبتلا کر دیتا ہے۔ پھر وہ (بندہ) صبر کرتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اس مرتبے کو حاصل کر لیتا ہے۔ جو کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقدر ہوا تھا۔ ولی درحقیقت خود کو اللہ تعالیٰ کا اصلی فقیر سمجھتا ہے۔ یہاں پر ''ولی'' کے بارے میں بزرگوں کے اقوال بطور تبریک پیش کئے جاتے ہیں۔

سیہ بختی میں کب کوئی کسی کا ساتھ دیتا ہے ۔۔۔ کہ تاریکی میں سایہ بھی جدا رہتا ہے انساں سے

ولایت کی تحقیق : حضرت داتا صاحبؒ اپنی کتاب کشف المحجوب میں فرماتے ہیں۔ کہ! لفظ ولایت کی تحقیق میں اولیائے کرام اور مشائخِ عظامؒ نے بہت سے رموز (مفاہیم اور اصطلاحات) بیان کئے ہیں۔ جیسے کہ! ☆ حضرت ابوعلی جرجانیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! ولی وہ ہے۔ کہ وہ اپنے حال سے فانی اور مشاہدہ حق کے ساتھ باقی ہو۔ اس کے لئے ناممکن ہے۔ کہ وہ اپنے حال کی کسی کو کچھ خبر دے سکے۔ اور سوائے ذاتِ حق کے غیر سے آرام پائے۔ ☆ حضرت جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! ولی وہ ہے۔ کہ! جس کو خوف نہیں ہوتا۔ اس لئے کہ خوف تو اس چیز سے ہوتا ہے۔ کہ جس کے آنے سے دل کراہت محسوس کرتا ہے۔ کہ یہ آئندہ زمانہ پر وارد ہو۔ یا اس سے خائف ہے۔ کہ زمانہ آئندہ میں وہ جو محبوب اس وقت موجود ہے۔ چلا جائے گا۔ ولی ابن الوقت یعنی صاحب الوقت ہوتا ہے۔ اس کو آئندہ ایسا وقت (درپیش) نہیں۔ کہ جس سے وہ ڈرے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ خود قرآنِ حکیم میں فرماتا ہے۔ **الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیهم ولا هم یحز نون** ۔ (سورہ یونس۔ آیت نمبر 62) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ کہ! خبردار رہو! بلاشبہ اللہ تعالیٰ کے اولیاء (دوستوں) کو نہ خوف ہے نہ غم۔ جس طرح کہ ولی کو خوف نہیں ہوتا۔ اسی طرح ولی کو (اللہ تعالیٰ کی ذات کے علاوہ کسی سے کسی قسم کی کوئی) اُمید بھی نہیں

ہوتی۔اس لئے کہ رجا وہ اُمید ہے۔جس میں آئندہ محبوب کے ملنے کی امید ہو۔یا پھر اس امر کی امید ہو۔کہ جو سختیاں (بصورتِ مصائب و مشکلات اور آزمائشیں) آرہی ہیں۔وہ اس سے ٹل جائیں۔اور ولی کا یہی وہ وقت ہوتا ہے۔(کہ اِن مصائب و مشکلات اور آزمائشوں کے باوجود) اسے کوئی غم نہیں ہوتا۔اس لئے کہ غم تو کدورت سے ہوتا ہے۔تو جو رضا کی روشنی میں آگیا۔اور موافقت کے باغ میں متمکن ہوگیا۔اسے (بھلا) کب غم ہوسکتا ہے۔ ☆ حضرت ابوعثمان مغربیؒ فرماتے ہیں۔کہ! ولی مخلوق میں مشہور (تو) ہوتا ہے۔لیکن مخلوق کے ساتھ مبتلا نہیں ہوتا۔ ☆ حضرت ابراہیم بن ادھمؒ کے بارے میں ایک حکایت ہے۔کہ! آپؒ نے ایک شخص کو فرمایا۔کہ کیا تو چاہتا ہے؟ کہ تُو اللہ تعالیٰ کے اولیاء میں سے ولی ہو۔اُس شخص نے عرض کیا۔ہاں! میں چاہتا ہوں۔تو آپؒ نے فرمایا۔کہ! دنیا اور عقبیٰ (آخرت) کی کسی شئے سے رغبت نہ کر۔اس لئے کہ دنیا سے رغبت کرنا اپنے رب کریم و رحیم سے اعراض کر کے باقی شئے کی طرف جانا ہے۔ ☆ حضرت بایزید بسطامیؒ فرماتے ہیں۔کہ! ولی وہ ہے۔کہ اللہ تعالیٰ کے امر و نہی پر صبر کرے۔

ولی کی حقیقی تعریف : ولی وہ ہوتا ہے۔جو حضرت حق سبحانہ تعالیٰ کی عظیم ترین ذات اور اُس کی ذاتی صفات کا عارف ہو۔طاقتِ بشری کے مطابق اور اِس عرفان کے باوجود ظاہری و باطنی طاعت و عبادت کا مکمل پابند ہو۔اور ظاہری و باطنی معصیت سے اجتناب کرتا ہو۔(لیکن یاد رہے۔کہ) ولی کے لئے کرامات و خرق عادات کا ظہور اُس کی ولایت کی نشاندہی کے لئے شرط نہیں ہے۔مگر عصمت شرطِ ولایت ہے۔لیکن ولی محفوظ ہوتا ہے۔جبکہ نبی معصوم۔ہمارے پیارے نبی مکرم ﷺ تین مرتبے رکھتے ہیں۔ 1۔ ولایت۔ 2۔ نبوت۔ 3۔ رسالت۔

کیونکہ انحضرت امام المرسلین ﷺ نے فرمایا۔**اول ما خلق اللہ نوری**۔(ترجمہ) سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے میرے نور کو پیدا کیا۔پس تمام انبیائے کرامؑ اور اولیائے عظام کے انوار نورِ محمدی ﷺ سے پیدا ہوئے ہیں۔نیز تمام اولیاء اہلِ کشف اِس بات پر متفق ہیں۔کہ تمام حضراتِ انبیائے کرامؑ و جمیع رُسُلؑ دراصل حضرت محمدِ مصطفیٰ ﷺ کے نائب تھے۔چنانچہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔کہ! **کنت نبیاوآدم بین الماء والطین**۔ میں (اُس وقت بھی) نبی تھا۔جب حضرت آدمؑ پانی اور مٹی کے درمیان تھے۔ یعنی کہ رسول اللہ ﷺ کے کہنے کا مفہوم ہے۔کہ! میں اُس وقت بھی بفضلِ خدا اپنی نبوت و رسالت سے بخوبی آگاہ و آشنا تھا۔جبکہ آپ ﷺ ایجاد و اجسام سے قبل جب حالتِ روح میں تھے۔اور دنیا میں تمام انبیائے کرامؑ (از حضرت آدمؑ تا حضرت عیسیٰؑ) درحقیقت آنحضرت نبی مکرم ﷺ کا نور اور عکس ہیں۔جو آپ ﷺ کی روحانیت سے ہر زمانے تک جو بھی رسولؑ پہنچتا رہا۔اور اپنے دور کے رسولؑ کی شریعت میں ظاہر ہوا۔چونکہ اُس وقت ہمارے نبی اکرم ﷺ اِس دنیا میں ظاہر تو نہیں ہوئے تھے۔لیکن اُن کے زمانے کی شریعت بھی آنحضور ﷺ ہی کی شریعت کا عکس تھی۔جیسے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔**علمت علم الاولین والآخرین**۔(یعنی کہ! مجھے اولین و آخرین سب کا علم دیا گیا ہے۔) اور روزِ قیامت تک سب آپ ﷺ کا ملک ہے۔اور دنیا کے وجود سے ہمیشہ تک آپ ﷺ کا حکم چلے گا۔جیسے کہ موجودہ دور میں چند اولیائے عظام کا حکم چلتا ہے۔چونکہ حضورِ پاک ﷺ کی اس عظیم المرتبت اُمت کے اولیائے کرامؒ حقیقی وارث ہیں۔اِسی لئے جو بھی ولی اللہ آنحضرت ﷺ کی خصوصیت کا وارث ہو۔اُسے محمدی کہتے ہیں۔اور جو حضرت عیسیٰؑ کی ولایت کا وارث ہوا۔اُسے عیسوی کہا جاتا ہے۔ **علی ھذا القیاس**۔۔

1۔ صحیح بخاری میں حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے۔کہ انہوں نے کہا۔کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم نے فرمایا۔کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔کہ جس نے میرے کسی ولی (دوست) سے دشمنی کی۔اِس سے میرا اعلانِ جنگ ہے۔اور میرے بندوں میں سے جس نے مجھ سے تقرب چاہا۔اور اس نے کسی ایسی شئے کو مجھ سے تقرب کا ذریعہ نہیں بنایا۔اس چیز کے مقابلے میں، جو مَیں نے اس پر فرض کیا ہے۔اور میرا بندہ ہمیشہ نوافل کے ذریعے قرب (نزدیکی) حاصل کرتا ہے۔ یہاں تک کہ میں اسے اپنا محبوب بنالیتا ہوں۔پس جب اس کو دوست رکھتا ہوں۔تو اس کی شنوائی (کانوں سے سننے کی اہلیت) ہو جاتا ہوں۔جس سے وہ سنتا ہے۔اور اس کی بینائی ہو جاتا ہوں۔جس سے وہ دیکھتا ہے۔اور اس کا ہاتھ ہو جاتا ہوں۔جس سے وہ پکڑتا ہے۔اور اس کا پاؤں ہو جاتا ہوں۔جس سے وہ چلتا ہے۔اگر وہ مجھ سے کوئی سوال کرے۔تو (مَیں یعنی اللہ) پورا کروں گا۔اور (وہ) پناہ مانگے۔تو پناہ دوں گا۔اور حدیث نبوی ﷺ میں ''**استعاذ ربی**'' بھی مروی ہے۔اور حدیث میں'' **اذ نتہ با لحرب**'' کے معنی ہیں۔کہ میں خود اس سے جنگ کرنے والا ہوں۔

2۔ صحیح مسلم میں حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے۔کہ! انہوں نے کہا۔کہ رسولِ اکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ بہت سے ایسے پراگندہ منہ ہیں۔جو دروازوں سے دھکے دیئے جاتے ہیں۔اس مرتبہ کے ہیں۔کہ وہ کسی بات کے لئے قسم کھالیں۔تو اللہ تعالیٰ اِن کے قول کو سچا کر دیتا ہے۔ 3۔حضرت ابی ہریرہؓ سے مروی ہے۔کہ انہوں نے کہا۔کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ میری اُمت باراں کی مانند ہے۔کہ معلوم نہیں ہوتا۔کہ اس کا اول اچھا ہے یا اس کا آخر بہتر ہے۔

اِس (آخری حدیثِ نبوی ﷺ) کی حقیقتِ جامعہ سے یہی مفہوم معلوم ہوتا ہے۔کہ! یہ اُمت محمدی ﷺ کسی زمانہ میں کسی وقت بھی اولیائے مشائخ اور علمائے راسخین سے خالی نہیں رہے گی۔ جو شریعتِ ظاہری کے کے علمبردار اور بطونِ حقیقت کے مظاہر ہیں۔اور یہ اپنی عمدہ باتوں یا اچھے کاموں سے اُمت کو آدابِ شریعت و طریقت کا پابند کرتے ہیں۔اور کہا گیا ہے۔کہ اس طائفہ مقدسہ کے اسلاف کا طریقہ عمل یہ رہا ہے۔کہ انہوں نے اپنے اعمال و افعال کے انوار کو اُن ریاضات و مجاہدات سے کہ جن کی شریعت میں ممانعت نہیں ہے۔حاصل کر کے اپنے مریدین اور استفادہ کرنے والوں کے بطون کو متاثر اور منور کیا۔وہ حکایات و روایات میں مشغول نہیں ہوتے تھے۔اس دور میں تصنیفات بھی کم تھیں۔اور'' **لسان الحال انطق من لسان المقال**'' یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے۔کہ! زبانِ حال سے زبانِ قال زیادہ گویا ہوتی ہے۔اور یہی حضرات حقیقت میں انبیاء و رسلؑ کے واقعتاً ورثاء و خلفاء ہیں۔اور

یہی اربابِ حقائقِ توحید ہیں۔ اور یہی وہ لوگ ہیں۔ جو صادق فراست سے اور الہامات سے نوازے گئے ہیں۔ اور قیامِ قیامت تک رسولِ اکرم ﷺ کی مبارک سنتوں پر عمل پیرا رہنے والے ہوں گے۔ اور عالم ہمیشہ ان کے نورِ ولایت سے منور اور روشن رہے گا۔ اور ہر ایک زمانہ میں اس گروہ کے برگزیدہ اشخاص کو روشن نشانیوں (انعامات وکرامات اور فیوض و برکات) کے ساتھ مہم پر نصب کیا گیا ہے۔ تاکہ وہ اس عظیم اُمت کی رہبری و رہنمائی کریں۔ اور لوگوں کو انسانی خواہشات کی پستی سے نکال کر خالقِ کائنات کی بندگی کی بلندی پر پہنچائیں۔

اہلِ تحقیق کی اصطلاح میں یہی طائفہ صوفیہ کے نام سے موسوم ہے۔ یہی وہ حضرات ہیں۔ جو رسولِ مکرم ﷺ کی کامل اتباع اور پیروی کے باعث مرتبہ وصول تک پہنچ گئے ہیں۔ اور اس کے بعد یہ حضرات اس منصب پر بطریقِ متابعت ماذون و مامور کئے گئے ہیں۔ کہ اتباعِ شریعت کی لوگوں کو دعوت دیں۔ جیسا کہ حضرت امام ابوالقاسم القشیریؒ نے (اپنے رسالہ قشیریہ میں) فرمایا ہے۔ کہ! عہدِ اسلام میں کوئی زمانہ بھی ایسا نہیں گزرا۔ کہ اس میں اس گروہ صوفیہ کے مشائخ میں سے کوئی شیخ جو کہ توحید و معرفت کے مرتبہ عالی پر فائز المرام ہو۔ موجود نہ رہا ہو۔ اور اس نے عوام کی امامت کا فرض ادا نہ کیا ہو۔ اور اس زمانہ کے آئمہ اور علماء اس شیخ کے مطیع نہ رہے ہوں۔ اور اس کے حضور میں انہوں نے عجز و انکساری نہ کی ہو۔ اور اس سے برکتیں حاصل نہ کی ہوں۔

علمِ وراثت : اگر علم کا چراغ (کسی) ولی کے قلب میں نہ ہو۔ تو اُسے شرکی خبر نہیں ہوسکتی۔ اور وہ صحرائے ظلمت اور دشتِ کدورت میں مارا مارا پھرتا رہے گا۔ ہاں اس علم سے مراد علمِ مدرسہ نہیں ہے۔ بلکہ وہ علم ہے۔ کہ جس کو علمِ وراثت کہا گیا ہے۔ یاد رہے۔ کہ! اولیائے محمدیہ ﷺ ہی درحقیقت انبیائے کرامؑ کے حقیقی وارث ہیں۔ یہ علم تصرفاتِ الٰہیہ اور اس کی لامتناہی عنایت سے ہی حاصل ہوتا ہے۔

مرضی مولا میں جو انسان ڈھل جاتا ہے وہ نظر کر دے اگر تو پتھر بھی پگھل جاتا ہے

واقعہ نبویہ : ایک روز حضرت رسالت مآب ﷺ حضراتِ صحابہءکرامؓ کے مجمع میں تشریف فرما تھے۔ حضرت عمر ابن خطابؓ نے آپ ﷺ سے پوچھا۔ کہ یارسول اللہ ﷺ! ولی کو کیسے پہچانا جائے؟ حضرت نبی مکرم ﷺ نے جواب میں **حکایة عن الله** فرمایا۔ **اولیائی تحت قبائی لا یعرفهم غیری**۔ پھر حضرت علی المرتضیٰؓ نے کہا۔ یارسول اللہ ﷺ! بات سمجھ میں نہیں آئی۔ تو آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ! **الولی یعرف الولی**۔ پھر حضرت علی المرتضیٰؓ عرض کیا۔ ان کے احوال کیا ہوتے ہیں۔ تو حضورِ انور ﷺ نے فرمایا۔ **الا ان اولیاء الله لا خوف علیهم ولا هم یحزنون**۔ اور ہمیشہ اپنے اوقاتِ عزت میں عزیز ہیں۔ اس سے زیادہ مزید بیان کرنے سے احتراز کرنا چاہیئے۔ مزید کوئی نشانی نہیں بتانی چاہیئے۔ اس کے بعد آنے والے دور میں اولیاءاللہ ظاہر ہوجائیں گے۔ دیگر یہ بھی کہ جب تک دورِ نبوتؐ تھا۔ انبیاءؑ ورسلؑ آتے رہے۔ اس کے بعد جب خاتم الانبیاء والمرسلین حضرت محمد ﷺ اس عالم میں جلوہ گر ہوئے۔ تو آپ ﷺ کی ذاتِ گرامی سے ایوانِ نبوت کی تکمیل ہوگئی۔ اور قیامت تک کے لئے انبیاءؑ کی آمد کا سلسلہ دائماً ختم ہوگیا۔ آپ ﷺ کے بعد کوئی اور نبیؑ ورسولؑ نہیں آئے گا۔ حتیٰ کہ حضرت عیسیٰؑ بھی پہلے کے نبی ورسولؑ تھے۔ اور قربِ قیامت میں وہ دوبارہ جب تشریف لائیں گے۔ تو آنحضرت نبی مکرم ﷺ ہی کی شریعت کی اطاعت وپابندی کریں گے۔ البتہ نائبِ رسول ﷺ اور اُمتی ہونے کی حیثیت سے علماء واولیاءاللہ کا سلسلہ برابر قیامت تک جاری رہے گا۔ (ان شاءاللہ) شجرہءمتین کو قرآنِ مجید میں اس طرح بیان کیا گیا ہے۔ **ضرب الله مثلا کلمة طیبة کشجرة طیبة اصلها ثابت وفرعها فی السمآء تؤتی اکلها حین م باذن ربها۔ ویضرب الله الامثال للناس لعلهم یتذکرون**۔ اللہ تعالیٰ نے کلمہ طیبہ کی کیسی مثال بیان فرمائی ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے۔ جیسے ایک پاکیزہ درخت کی ذات، کہ جس کی جڑ زمین میں گہری جمی ہوئی ہے۔ اور اس کی شاخیں آسمان تک پہنچی ہوئی ہیں۔ (کہ) ہر آن وہ اپنے رب کے حکم سے پھل دیتا ہے۔ ایسی مثالیں اللہ تعالیٰ اس لئے بیان فرماتا ہے۔ تاکہ لوگ نصیحت حاصل کریں۔ (سورہ ابراہیم۔25)

میرے مطابق (شاید) یہاں پر **شجرة** سے مراد ''ذاتِ رسولِ مقبول ﷺ'' ہے۔ اور **کلمہء طیبہ** سے مراد ''دینِ رسول ﷺ'' ہے۔ اور **اصلها ثابت** سے مراد ''اس کی ماہیت وحقیقت اور اسی کی ذات کا شعور'' ہے۔ اور **و فرعها فی السمآء** سے مراد '' اس کا ظہورِ علوی وسفلی ہے۔ وہ ہر حسن میں ظاہر ہوا۔ اور ہر حال میں پردہءغیب سے اُس نے فیض پہنچایا۔ ولایت کو اپنے رنگ میں رنگ دیا۔ اور خود ہی صورت ومعنی میں رابطہ ہوگیا۔ اور ہماری (یعنی اُمتِ محمدی ﷺ کی) جانب پہلے اُس نے دائرہ بنا دیا۔ اور پھر آخر میں ہماری (یعنی اُمتِ محمدی ﷺ کی) طرف دروازہءولایت کھول دیا۔ اور عام وخاص کا اِس سے گزر ہوا۔ فیوضِ ربانی کے نہایت جامع اور عظیم ترین خزانے ولایتِ مطلق اور ولایتِ خاص کے ہیں۔ جو کہ سراسر شریعت کی حدود میں ہی ہیں۔ ہر خاص وعام کو ولایت ہی سے فیض ہے۔ مگر یہ بے پردہ ظاہر نہیں ہوتا۔ اسی لئے اس پر شریعت کا پردہ ڈال دیا گیا۔ جاننا چاہیئے۔ کہ! معرفت کے دو ہی دروازے ہیں۔ دروازہءظاہر اور دروازہءباطن۔ دروازہءظاہر سے شریعت میں کمال حاصل ہوتا ہے۔ جبکہ دروازہءباطن سے کمالِ ولایت نصیب ہوتا ہے۔ کیونکہ! فیض بے پردہ ظاہر نہیں ہوا کرتا۔ اگر اس پر پردہ نہ ہوتو گرد وغبار کی طرح منتشر ہوتا رہتا ہے۔ معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ! ولایت ایسی چیز یعنی بے بہا نعمتِ عظیمہ ہے۔ کہ! جس سے ظہور حاصل کر کے ظاہر ومظاہر ہوجائے۔ ولایت اکثر جہاں نمودار ہوتی ہے۔ کتنوں ہی کو خدا تک پہنچا دیتی ہے۔ اَب ولایت ونبوت ایک ہی زندان میں مقید ہوکر یک جسم وجان ہوجاتی ہیں۔ جو تین چیزوں کا جامع رہے ہے۔ ولایتِ مطلق، ولایتِ خاص اور شریعتِ معظم۔ یاد رہے۔ کہ! جب تک یہ تینوں یکجا نہیں ہوتیں۔ نقصان پیدا ہوتا ہے۔ جب ولایتِ مطلق میں جاتا ہے۔ تو وہاں قید نہیں ہے۔ تو حجتِ متین کہاں ہوگی۔ اور جب شریعت میں مجرد رہتا ہے۔ تو وہ ایک پوست ہے۔ مغز نہیں بن سکتی۔ کیونکہ مغز بھی تو پوست نہیں ہوتا۔ سالک جب ولایتِ خاص کو اختیار کرنا چاہے۔ تو وہ اس کے لئے مشکل ہوگا۔ کیونکہ ولایتِ خاص نے صورتِ اشخاص اختیار کی

ہے۔اوراس کا لوازمہ وحدت ہے۔جس کا زینہ حضرت علی المرتضٰی ؓ ہیں۔اوراس کے خاتمِ ولایت حضرت امام مہدی ؓ ہیں۔ ولایتِ خاص کے اکبرزمانہ حضرت غوثِ پاک شیخ عبدالقادر جیلانی ؓ ہیں۔اسی طرح ولایتِ خاص کے اصغرِ زمانہ حضرت شیخِ اکبرمحی الدین ابن عربی اندلسی ؓ ہیں۔لیکن خاتمِ ولایتِ مطلق وشریعت مطلق حضرت روح اللہ عیسیٰؑ ہیں۔ اگرمسیحا چلے بھی جائیں۔تو بھی اس کا فیض اسی طرح سے جاری رہتا ہے۔اوراصل مدعا حاصل ہوتا ہے۔تقلیدِ ولایت کی طرف سب کی توجہ ضروری ہے۔اورولی کوشرف تین فعلوں سے حاصل ہوتا ہے۔ایک تو یہ کہ شریعتِ محمدی ﷺ پر برابرعمل پیرار ہے۔اوراس کے احکامات کونہایت اَدب سے قبول کرے۔تواس سے اس کا ظاہر آراستہ ہو۔دوسرا یہ کہ ولایتِ خاص میں استحقاق ظاہر کرے۔کہ یہ تعین وتجلی اول ہے۔جو دوسری امتوں کے مقابلہ میں زیادہ اولیت رکھتی ہے۔تیسری ولایت مطلق کہ تقیدِ وحدت میں ہے۔اوراسی سے پیدا ہوکرظہورحاصل کرتی ہے۔جس خوش نصیب نے ان تینوں فیوض وبرکات کے ساتھ تربیت حاصل کی۔وہ ضرورتکمیلِ کلی پاکروارثِ مصطفٰے ﷺ ہوجائے گا۔(ان شاءاللہ)اورجامع شریعت وولایت ہوجائے گا۔(ان شاءاللہ)اورآنحضرت نبی مکرم ﷺ کے نقشِ قدم پر چلے گا۔(ان شاءاللہ) کیونکہ! فیضِ ولایتِ مطلق ولایتِ خاص بارگاہِ رسالت مآب ﷺ سے براہ راست حاصل ہوگا۔(ان شاءاللہ)اوردرمیان سے حجابات اُٹھ جائیں گے۔(ان شاءاللہ) کوئی بھی پردہ حائل نہ رہے گا۔(ان شاءاللہ)

ہر کہ او را معرفت حاصل نشد ہیچ بامقصودِ خود واصل نشد
ہر کہ عارف شد خدائے خویش را در فنا بیند بقائے خویش را

طالبِ صادق کوچاہیئے۔کہ!اپنے آپ کوکسی مرشدِ کامل کے سپرد کرے۔کہ اس کے توسل وتوسط سے خودبھی مستحقِ ولایت ہوجائے۔کیونکہ! (بمصداقِ حدیثِ نبوی ﷺ) **الشیخ فی قومہ کالنبی فی امتہ**۔اسی طرح سےعلمائے ولایت کے لئے بھی ایک حدیثِ نبوی ﷺ کا یہ مفہوم ہے۔کہ! میری امت کے علماء کی مثال بنی اسرائیل کے انبیاءؑ جیسی ہے۔ اسی طرح سے اگرکوئی شخص شریعت کی اتباع میں تو راسخ ہے۔مگرطریقت سے بےخبر۔تو کیا فائدہ۔اوراگرکوئی شخص طریقت میں توراسخ ہے۔مگرشریعت (ادائیگی فرائض) کا پابندنہیں۔تو بھی اُسےنقصان کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوگا۔کیونکہ! اللہ تعالیٰ کا یہ ایک اٹل وحتمی فیصلہ وقانون ہے۔کہ!**ان الدین عنداللہ الاسلام**۔(یقیناً! نزدیک دین صرف اسلام ہی ہے)اسی لئے تو دینِ اسلام محض دریافتِ ولایت کا نام ہے۔کیونکہ! ہرمسلم ومسلمہ پراس کی تعلیم عین فرض ہے۔تاکہ رشتۂ ولایت سے خودکووابستہ کرکے ظاہرکوشریعت سے آراستہ کرے۔اور باطن کونورِ معرفت سے مزین ومنورکرے۔حضرت نبی مکرم ﷺ نے ظاہری وباطنی معاملات کےعظیم ترین اسرارکوشایانِ شان طریقہ سے بیان فرماکرتمام عالمین تک پہنچادیا۔اورخوداس سے عہدہ برآ ہوکراَب یہ ذمہ داریاں دوسروں (علمائے ولایت اورعلمائےحق) کے حوالے کردی ہیں۔اورقیامت تک مشائخینِ طریقت اسی راہ پرگامزن رہیں گے۔اورآنحضرت نبی مکرم ﷺ کی حق وسچ تعلیمات کی روشنی میں راہ راست سے بھٹکنےاوربہکنے سے محفوظ وماموں رہیں گے۔(ان شاءاللہ) بلکہ دوسروں کوبھی اسی راہ راست پرچلاتے رہیں گے۔ **سخن الآخرون السابقون** سالکانِ طریقت اسی راہِ حق میں آگے بڑھتے رہیں گے۔(ان شاءاللہ العظیم) جب آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے سندِ طریقت کوعزت ورفعت بخشی۔اورخلفائے راشدین ؓ کوعطافرمائی۔خلفائے راشدین ؓ کے متعلق کتاب ''الدیلمی شریف'' میں ایک حدیثِ نبوی ﷺ دال ہے۔

انا مدینۃ العلم۔ وابوبکر اساسھا۔ وعمرحیطانھا ۔و عثمان سقفھا۔ و علی بابھا۔

ولایتِ محمدی ﷺ کی اقسام : ولایتِ محمدی ﷺ کی تین اقسام ہیں۔پہلی قسم کی ولایت تمام تصرفات کی جامع ہے۔جوکہ قطب کا خاصا ہے۔دوسری قسم کی ولایت ظاہری ہے۔اس ولایت کے تصرف ظاہری کی دواقسام ہیں۔جوکہ سلاطین کا خاصہ ہے۔اِس ولایت کی تین اقسام ہیں۔ایک وہ جومقرون بخلافت ہو، دوسری وہ جومقرون بخلافت نہ ہو۔اورتیسری قسم کی ولایت وہ ہے۔جوتصرف ظاہری اور باطنی کی جامع نہ ہو۔

مگروہ ولایتِ محمدی ﷺ جوکہ درحقیقت تمام انبیاء والمرسلینؑ کی ولایت کی جامع ہے۔اس ولایت کی صاحب فتوحاتِ مکیہ (حضرت شیخ اکبرابنِ عربی ؓ) کےقول کےمطابق چاراقسام ہیں۔جبکہ ہرقسم کی ولایت کے لئے ایک خاتم ہوتا ہے۔جن کی مختصرمگرجامع تفصیل یہ ہے۔کہ! ولایت کی پہلی قسم ، جوظاہری و باطنی تصرف کی جامع ہے۔اورمقرونِ خلافت ہے۔اِس ولایت کے خاتم خلیفۂ چہارم جناب حضرت مولاعلی المرتضٰی ؓ ہیں۔اِسی ضمن میں حضرت عمربن خطاب ؓ سے روایت ہے۔کہ! رسولِ اکرم ﷺ نےفرمایا۔ **انا خاتم الانبیاء و انت یا علی خاتم الاولیاء**۔ (جیسے کہ) میں خاتم الانبیاءؑ ہوں۔اوراے علیؓ! (بالکل اسی طرح سے) تُم خاتم الاولیاء ہو۔پس اِس خاتم کوخاتمِ کبیرکہتے ہیں۔جوحضرت علیؓ کی شخصیت بابرکت ہیں۔

ولایتِ محمدی ﷺ کی دوسری قسم ، جوظاہری و باطنی تصرف کی جامع ہے۔اورمقرونِ خلافت نہیں ہے۔اِس ولایت کے خاتم جناب حضرت امام مہدی ؓ ہیں۔جودراصل آخری زمانہ میں ظاہرہوں گے۔آپ ؓ کا اسمِ گرامی ''محمد'' ہوگا۔اورخلق میں حضرت محمدِ مُصطفٰی ﷺ کی صورت کے مانند ہوں گے۔خلق اِن کے تابع فرمان ہوں گے۔اِن کے بعدکوئی بادشاہ نہ ہوگا۔پس یہ ولایت اِنہیں پرختم ہوگی۔ولایت کی یہ قسم خاتم صغیرکہلاتی ہے۔ ولایتِ محمدی ﷺ کی تیسری قسم ، جوظاہری و باطنی تصرف کی جامع تونہیں ہے۔ بلکہ صرف تصرف معنوی (باطنی) سے مخصوص ہے۔اورمقرونِ خلافت بھی نہیں ہے۔اِس ولایت کے خاتم جناب حضرت شیخ اکبرمحی الدین ابنِ عربی ؓ ہیں۔ولایت کی یہ قسم خاتم اصغرکہلاتی ہے۔ ولایتِ محمدی ﷺ کی چوتھی قسم ، جوظاہری و باطنی تصرفات کی مکمل جامع ہے۔ بلکہ صرف تصرفاتِ ظاہری وباطنی اورارض وسماء سے مخصوص ہے۔اِن کے بعدکوئی ولی اللہ نہیں ہوگا۔اور اِس قسم کی ولایت اِن کے ساتھ ہی ختم ہوجائے گی۔ اِس ولایت کے خاتم جناب حضرت روح اللہ عیسیٰؑ ہیں۔ولایت کی یہ قسم خاتم اکبرکہلاتی ہے۔

اقسامِ خلافت : خلافت و امامت کی چار اقسام ہیں ۔ اصالتًا ۔ وراثتًا ۔ اجازتًا ۔ اجماعًا ۔

چراغ و مسجد و منبر ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ و حیدرؓ

اصالتًا : خلافتِ اصالت ایسی خلافت کو کہا جاتا ہے ۔ جو بلا واسطہ (براہ راست) حق تعالیٰ کی طرف سے عطا ہوئی ہو ۔ یہ خاصہ ہے صرف انبیائے کرامؑ کا ہے ۔ **وراثتًا :** خلافتِ وراثت ایسی خلافت کو کہا جاتا ہے ۔ کہ کوئی پیغمبر یا شیخ اپنے اہل و قابل لڑکے یا بھائی کو اپنی جگہ مقرر کر کے خلیفہ بنائے ۔ جیسے کہ حضرت موسیٰؑ نے اپنے بھائی حضرتِ ہارونؑ کو مسندِ خلافت و نیابت عطا فرما کر طورِ سیناء تشریف لے گئے ۔ وغیرہ ۔ ۔

اجازتًا : خلافت اِجازت ایسی خلافت کو کہا جاتا ہے ۔ کہ جب کوئی پیغمبر یا شیخ اپنے کسی رشتہ دار یا بیگانہ ، یا دوست ، یا مرید ، یا اُمتی یا شاگرد کو اِس کا اہل سمجھتے ہوئے اُسے اپنا خلیفہء مجاز بنائے ۔ جیسے کہ آنحضور ﷺ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو ، حضرت ابوبکر صدیقؓ نے حضرت عمرِ فاروقؓ کو اور حضرت حسن بصریؒ نے حضرت حبیبِ عجمیؒ کو اپنا خلیفہء مجاز بنایا ۔ **اجماعًا :** خلافتِ اجماعی ایسی خلافت کو کہا جاتا ہے ۔ کہ جس میں کسی شیخ نے اپنا جانشین کسی کو مقرر نہ کیا ہو ۔ بلکہ اُس شیخ کے وصال کے بعد چند لوگوں نے جمع ہو کر متفقہ طور پر کسی کو اُس فوت شدہ شیخ کا خلیفہ مقرر کر دیا ہو ۔

ہر ہر قدم پہ جلوہ رنگین ہے نو بہ نو خود تنگی نگاہ جو زنجیر پا نہ ہو

چار چیزیں : جب کوئی مبتدی ''محبت'' کی مشق شروع کرتا ہے ۔ تو اسے چار چیزیں پیش آتی ہیں ۔ خلق ۔ دُنیا ۔ نفس ۔ شیطان ۔

مُرید : ایسا شخص جو اپنے پیر و مرشد ، ہادی و رہبر اور پیشوا کی جناب سے صدقِ قلب سے ارادت رکھتا ہو ۔ عبادات و ریاضات ، حسنِ اخلاق ، مشاغل و مراقبات کے ذریعے اپنے پیر و مرشد کی خوشنودی کو حاصل کرنے کی صدقِ دل سے بھر پور سعی کرے ۔ اور اپنا سارا وقت احکاماتِ شریعت اور پیر و مرشد کی رضا میں صَرف کرے ۔ پیر و مرشد اپنے مرید کو تین قسم کے غسلوں سے مغسول کرواتا ہے ۔ غسلِ شریعت ۔ غسلِ طریقت ۔ غسلِ حقیقت ۔

☆ **غسلِ شریعت :** مرید ایسا غسل کرے ۔ جیسے کہ جنابت سے پاکی کے حصول کا غسل کیا جاتا ہے ۔ اور تمام ظاہری صغیرہ کبیرہ گناہوں سے خود کو پاک کر لے ۔ اور آئندہ کوئی گناہ نہ کرنے کا مصمم عہد کر لے ۔ ☆ **غسلِ طریقت :** : مرید ایسا غسل کرے ۔ کہ تجرد اختیار کرے ۔ خلوت گزین ہو جائے ۔ اور اپنا وقت احکاماتِ شریعت میں صَرف کرنے کی بھر پور کوشش کرے ۔ ☆ **غسلِ حقیقت :** مرید غسل کرے ۔ باطنی توبہ اختیار کرے ۔ خود کو اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی اور عشق میں دائمًا محو و مستغرق کر لے ۔ نیز اِس غسل میں یہ بھی شرطِ عین ہے ۔ کہ پیر و مرشد کی ہر بات کو حرفِ آخر سمجھ کر اُس پر یقین کرتے ہوئے عمل پیرا ہو ۔ کسی بھی قسم کا شک دل میں نہ لائے ۔ کیونکہ پیر و مرشد اپنے مرید کے لئے بمنزلہ ترقی و عروج اور سنوارنا ہے ۔ جو کچھ وہ کہتا ہے ۔ مرید کی کمالیت کے لئے کہتا ہے ۔ تاکہ مرید کو ولایت میں عروج حاصل ہو سکے ۔ (یاد رہے ۔ کہ !) مرید دو اقسام میں منقسم ہوتا ہے ۔ مریدِ رسمی ۔ مریدِ حقیقی ۔

اُٹھ کہ اب بزمِ جہاں کا اور ہی انداز ہے مشرق و مغرب میں تیرے دور کا آغاز ہے

☆ **مُریدِ رسمی :** ایسا مرید جس کو پیر و مرشد یہ تلقین کرے ۔ کہ نادیدنی کو نہ دیکھے ۔ اور ناشنیدنی کو نہ سنے ۔ اور اپنا تمام وقت اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی کے حصول میں لگاتا رہے ۔ خلوت میں رہ کر خود کو ذکر و اذکار ، مشاغل و مراقبات میں ہر وقت مشغول رکھے ۔ نمازِ پنج گانہ اور تہجد و اشراق و چاشت کی پابندی لازم کر لے ۔ ایسے مرید کو پیر و مرشد ہر وقت اپنے نگاہ کرم میں رکھتا ہے ۔ اور اُسے سلوک و معرفت کی منازل بھی طے کرواتا رہتا ہے ۔

احوال و مقامات پہ موقوف ہے سب کچھ ہر لحظہء ہے سالک کا زماں اور مکاں اور

☆ **مُریدِ حقیقی :** ایسا مرید جس کو پیر و مرشد سفر و حضر میں اپنے ساتھ رکھے ۔ اور منازل سلوک و معرفت بھی اُسے طے کرواتا رہے ۔ ایسا خوش قسمت مرید ہر وقت اپنے پیر و مرشد کی نگاہوں کے سامنے رہتے ہوئے بہت جلد سلوک و معرفت کی منازل کو طے کرتے ہوئے روحانی ترقی کے مدارج کو جلدی جلدی طے کرتا چلا جاتا ہے ۔ اگر پیر و مرشد واقعی ولایت کے بلند مقام پر ہو گا ۔ تو مرید بھی ولایت کی انتہا بلندی کی پر جلدی پہنچ جائے گا ۔ انشاء اللہ ۔

فنا کا ہوش میں آنا ، زندگی کا دردِ سر جانا اجل کیا ہے ؟ خمارِ بادہء ہستی کا اُتر جانا

نتیجہ زندگانی کا ہے ، کچھ دنیا میں کر جانا خیالِ موت بے جا ہے ، وہ آئے جب تو مر جانا

بہر حال مرید صادق وہ ہے ۔ کہ جس کو دنیا میں ماسوا اپنے شیخ کے کوئی اور محبوب نہ ہو ۔ اور وہ اپنے پیر و مرشد کو ہر وقت ، ہر جگہ پر حاضر و ناظر خیال کرے ۔ مرید کے دل و دماغ میں جو بھی نیک و بد تخیلات گزریں ۔ وہ اپنے پیر و مرشد سے لازمی اظہارِ خیال (Discuss) کرے ۔ اگر مرید کے دل میں اپنے پیر و مرشد کے بارے میں ذرہ بھر بھی کوئی شک و شبہ پیدا ہو ۔ تو وہ مرید صادق نہیں کہلا سکتا ۔ اِس ضمن میں یہ **فقیر محمد عبدالرؤف البلوشی** قارئین کی خدمت میں یہ ضرور عرض کرنا چاہے گا ۔ کہ پیر و مرشد کو بھی ایک انسان (سچا مومن) خیال کریں ۔ پیر و مرشد سے بھی غلطی ممکن ہے ۔ جیسے کہ ایک عام انسان غلطی کرتا ہے ۔ مگر یہ لازمی ہے ۔ کہ شریعت کے بَرخلاف اُسے مسلسل کوئی کام کرتا دیکھے ۔ تو اپنی ارادت کا سلسلہ منسوخ و منقطع کر سکتا ہے ۔

☆ **ولایت کی دو اھم اور بڑی اقسام :** (بقولِ حضرت قطبِ وقت قدوۃُ الکبریٰ ۔ ولایتِ عامہ ۔ ولایتِ خاصہ ۔)

☆ **ولایتِ عامہ :** ولایت عامہ تو تمام اہلِ ایمان میں مشترک ہے ۔ اور ہر صاحب ایمان اس میں شریک ہے ۔ ولایت عامہ کو لطفِ الٰہی سے قرب ہے ۔ اور اسی طرح تمام مؤمنین حق سبحانہ تعالیٰ کے لطف و کرم سے قریب ہوئے ۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے استغفار کے ذریعے کفر سے ان کو نکال دیا ۔ اور نورِ ایمان عطا

فرما دیا۔اور وہ اس کے قریب ہوگئے۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ **الله ولي الذين امنوا يخرجهم من الظلمت الى النور** ۔ ترجمہ۔ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کا دوست ہے۔جو ایمان لائے۔اوران کو وہ تاریکی (ظلمت) سے روشنی (نور) میں نکال کر لایا۔

نہیں ساحل تیری قسمت میں اے موج ۔ اُبھر کر جس طرف چاہے نکل جا

☆ **ولایتِ خاصه :** ولایت خاصہ اربابِ سلوک میں جو حضرات واصلانِ حق ہیں۔ان کے لئے مخصوص ہے۔

و هي عبارة عن فناء العبد في الحق وبقا ئه. قا لوا الو لي هو الفا ني فيه والباقي به ۔ ترجمہ۔ اوراس سے مراد بندے کے حق میں اوراس کی بقاء میں فناء ہونا ہے۔اور ولی (اللہ تعالیٰ کا دوست) وہ ہے۔جو اللہ تعالیٰ میں فانی ہو۔اوراس کے ساتھ باقی ہو۔ سیر الی اللہ کا اختتام اس وقت ہوتا ہے۔کہ درویش بادیہ وجود کو صدق کے قدموں سے یک بارگی طے کرلے۔اور سیر فی اللہ اس وقت متحقق ہوگی۔کہ اللہ تعالیٰ بندے کو وجودی اور ذاتی فنائے مطلق کے بعد تمام آلائشِ حدوث سے پاک فرمادے۔تاکہ وہ اس عالم میں اوصافِ الٰہی اوراخلاقِ لامتناہی سے متصف ہوکر ترقی کرے۔شیخ ابوعلی جرجانیؒ فرماتے ہیں۔کہ'' **الولي هو الفا ني من حا له والباقي في مشاهدة الحق لم يكن له عن نفسه اخبار لا مع غير الله قرار** ۔(ترجمہ) ولی وہ ہے۔جو اپنے حال سے فانی ہوا۔اور مشاہدہ حق میں اس طرح باقی ہو۔کہ نہ اس کو اپنے نفس کی (کوئی) خبر ہو۔اور نہ ہی غیر اللہ کے ساتھ کوئی قرار ملے۔

☆ **ولایتِ خاصه (صاحبانِ اَمر)** : ولایت کی قسم چند مخصوص اولیاء اللہؒ کو ہی حاصل ہوتی ہے۔اِس ولایت کا حامل بزرگ مشیتِ ایزدی اور تقدیرِ الٰہی کے موافق دیگر لوگوں کو بھی پلک جھپکنے میں کامل بنادے۔بلکہ جو کشف وکرامات اور علم لدنی اپنے پاس رکھتا ہے۔وہ مرید کو بھی اُسی لمحے عطا کردے۔اور یہ بزرگ بعداز وِصال اور بھی زیادہ فیض رساں اور منتفع ہوجاتا ہے۔اوراپنی قبر سے لوگوں کو بھرپور فیض سے نوازتا ہے۔

☆ حضرت ابراہیم بن اُدھمؒ نے ایک شخص سے فرمایا۔کہ! کیا تم ولی (اللہ تعالیٰ کے دوست) بننا چاہتے ہو؟ اس (خوش نصیب شخص) نے کہا۔جی ہاں! تو آپؒ نے فرمایا۔تو پھر تم دنیا یا عُقبیٰ کی کسی بھی چیز کے ساتھ رُغبت نہ رکھو۔اوراپنے نفس کو صرف اللہ تعالیٰ کے لئے فارغ بنالو۔اوراس (ذاتِ متعال) کی طرف متوجہ ہوجاؤ۔ یاد رہے۔کہ! ولایت خاصہ مخصوص لوگوں اور واصلینِ حق کے لئے ہے۔جو کہ ایمان،ایقان اوراحسان کے ماہر ہیں۔انہی کے لئے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! **و لكل وجهة هو مو ليها** ۔۔۔ ولایت خاصہ میں دو انواع ہیں۔ **وَلایَت** ۔ **وِلایَت** ۔

☆ **وَلایَت :** ولایت (بفتح واؤ) سے مراد وہ ولایت ہے۔کہ جس میں بندہ کو حق تعالیٰ کی جانب سے وہ تصرفات عطا ہوتے ہیں۔جن سے طلبِ الٰہی کی استعداد رکھنے والوں پر اثرات ڈالے جاتے ہیں۔اور سالکانِ راہِ طریقت کو مقاماتِ قرب تک پہنچایا جاتا ہے۔

☆ **وِلایَت :** ولایت (بکسرِ واؤ) سے مراد وہ ولایت ہے۔کہ جس میں بندہ کو حق تعالیٰ کی جانب سے وہ تصرفات عطا ہوتے ہیں۔جو خلق میں مقبولیت کا باعث بنتے ہیں۔مثلاً خوارقِ عادات،کرامات اور تصرفاتِ تکوینی۔ بعض حضرات کو ان میں سے کوئی ایک ولایت نصیب ہوتی ہے۔جبکہ بعض خوش نصیب اولیاء اللہ کو دونوں ولایتیں عطا کی جاتی ہیں۔بہرحال! کمالاتِ ولایت کی کوئی حد نہیں۔کیونکہ! نزول کی تو ایک حد ہے۔جو جسم پر آ کر رک جاتی ہے۔مگر عروج کی کوئی حد نہیں۔اسی لئے اولیاء اللہ کے مراتب غیر متناہی ہیں۔حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن العربیؒ فرماتے ہیں۔کہ! ولایت کی چار اقسام ہیں۔خاتم کبیر در ولایتِ محمدی۔خاتمِ صغیر در ولایتِ محمدی۔خاتم اصغر در ولایت محمدی۔خاتم اکبر در ولایت عیسوی۔

☆ **ولایتِ مطلقه اور ولایتِ مقیده :** اِسی طرح سے بقول حضرت شیخ جہانگیر سمنانیؒ ولایت کی چار اقسام ہیں۔

☆ اول ولایت مطلقہ (جو نبوت کا باطن ہے) ☆ دوئم ولایت مقیدہ ہر نبیؑ (جو ہر نبیؑ کی انفرادی شان و حقیقت پر مبنی ہے) ☆ سوئم ولایتِ مطلقہ ہر نبیؑ ☆ چہارم ولایتِ مطلقہ عامہ۔

☆ پہلی قِسم کی ولایت کا خاتمہ حضرت علیؓ خود ہیں۔اِسی لئے ہی تو آپؓ نے یہ فرمایا۔کہ! اگر چاروں آسمانی کتابوں والے جمع ہوجائیں۔تو میں اِن میں سے ہرایک کو اِس کی اپنی ہی کتاب سے حکم کرسکتا ہوں۔☆ دوسری قِسم کے ولایت کے خاتمہ یعنی خاتمِ ولایتِ مقیدہ بہ محمد ﷺ،بقول حضرت شیخ اکبر امام محی الدین ابن عربیؒ خود ہیں۔☆ تیسری قِسم کے ولایت کے خاتمہ یعنی خاتمِ ولایت مطلقہ محمدی ﷺ حضرت امام مہدیؒ ہوں گے۔جو دراصل آنحضور ﷺ کی نسل میں سے ہوں گے۔☆ چوتھی قِسم کے ولایت کے خاتمہ یعنی خاتمِ ولایت مطلقہ عامہ کے خاتم حضرت عیسیٰؑ ہیں۔کہ جن کے زمانی بابرکت میں حضرت امام مہدیؒ ہوں گے۔ اِسی ضمن میں حضرت میر سید علی ہمدانیؒ فرماتے ہیں۔کہ خاتمِ ولایت مقیدہ بہ محمد ﷺ قطبِ وقت جب مقامِ محمدی کے مرتبہ پر پہنچتا ہے۔اور خاتمِ ولایت مطلقہ محمدی درحقیقت آنحضور ﷺ کے مرتبۂ ولایت درقدمِ محمدی پر ہی پہنچتا ہے۔

خاتم کبیر درولایتِ محمدی : ولایتِ محمدی جامع ہے۔درمیان تصرفِ صُوری ومعنوی کےاور مقرون بہ خلافت ہے۔خاتم اس ولایت کے حضرت علی المرتضیٰؓ ہیں۔لہذا آپؓ کو حاملِ خاتمِ کبیر کہا جاتا ہے۔**خاتم صغیر درولایتِ محمدی** : ولایتِ محمدی جو کہ جامع ہے۔درمیان تصرفِ صُوری ومعنوی کے۔لیکن یہ مقرون بہ خلافت نہیں۔خاتم اس ولایت کے حضرت امام مہدیؒ ہیں۔آپؒ کا ظہور آخری زمانہ میں ہوگا۔آپؒ کے بعد کوئی ولی سلطان نہیں ہوگا۔اسی لئے آپؒ کو حاملِ خاتمِ صغیر کہا جاتا ہے۔**خاتم اصغر درولایتِ محمدی** : ولایتِ محمدی جو کہ جامع ہے۔درمیان تصرفِ معنوی کے ساتھ تصرفِ صُوری جمع نہیں ہوں گے۔خاتم اس ولایت کے حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن العربی اندلسیؒ ہیں۔اسی لئے آپؒ کو حاملِ خاتم اصغر کہا جاتا ہے۔

☆ **خاتم اکبر درولایتِ عیسوی** :ولایتِ محمدی ہی کا خاصہ ہے۔ جو کہ جامع ہے۔ کیونکہ! یہ زمانہ اوروقتِ نبوت آنحضور نبی مکرم ﷺ ہی کا چل رہا ہوگا۔ ہر نبی ورسول کا ایک زمانہ ہوا کرتا ہے۔ اور قیامت تک کا زمانہ آنحضرت ﷺ کے سپرد کیا گیا ہے۔ درمیان تصرفِ صُوری ومعنوی کے ہے۔ خاتم اس ولایت کے حضرت عیسیٰ روح اللہ ہیں۔ اسی لئے آپ ؑ کو حاملِ خاتمِ اکبر کہا جاتا ہے۔ آپ ؑ کے بعد اصلاً کوئی بھی ولی نہ ہوگا۔ آپ ؑ کے بعد بس قیامت ہے۔ ایک تقسیم اولیاء اللہ کی مستورین اور ظاہرین کی بھی کی گئی ہے۔ اولیائے مستورین میں یہ لوگ شامل ہیں۔ قطبِ مدار، اقطاب، اثناءعشر چہل ابدال ، چہار اوتاد، چہل نجباء، سی صد نقباء، ابدالِ اقالیم سبعہ۔ (یاد رہے۔ کہ!) ان لوگوں کے پاس یہ تصرفات اور کرامات ہوتی ہیں۔ طی الارض، طی اللسان، مشی علی الماء، طیران فی الھواء اختفاء عن الناس، کیمیاء گری (عام دھات یا پتھر ومٹی سے سونا چاندی بنانا) وغیرہا۔ یہ لوگ بلند آواز سے قرآنِ حکیم کی تلاوت کرتے ہیں۔ اشعار بھی پڑھتے ہیں۔ مگر عوام ان کی آواز سننے سے قاصر ہیں۔ جہاں سے گزرتے ہیں۔ وہاں پر ٹھنڈی ہوا اور میٹھی بھینی خوشبو کا احساس کراتے ہوئے جاتے ہیں۔ جس کو ہم عام لوگ بھی کبھی کبھار محسوس کرتے ہیں۔ ان میں سے کچھ وجد اور رقص بھی کرتے ہیں۔ کشف ومغیبات انہیں ہمیشہ یا اکثر ہوتے رہتے ہیں۔ حضرت حضر نبی ؑ اور حضرت الیاس ؑ بھی اسی جماعت میں سے ہیں۔ اولیائے ظاہرین میں یہ لوگ شامل ہیں۔ قطبِ ارشادِ مطلق، قطبِ ارشادِ ناحیہ، اولیائے ابرار ، عارفین، عاشقین، موحدین، محققین، اویسیہ، ملامتیہ، طالبین، مریدین، سالکین، سائرین، طاہرین، عابدین اور واصلین۔

بندہء عشق شدی ، ترک نسب کن جامیؒ — کہ دریں راہ فلاں ابنِ فلاں چیزے نیست

ان میں سے بعض اپنی ولایت کی اور بعض دوسروں کی ولایت کی تکمیل میں مصروف رہتے ہیں۔ ان کے خوارق مستورین کے خوارقات سے بڑھے ہوئے ہوتے ہیں۔ مستورین کے بعض خوارقِ عادات کو یہ حضرات خوارق ہی قرار نہیں دیتے۔ بلکہ یہ لوگ کہتے ہیں۔ کہ! قوائے سماویہ کو قوائے ارضیہ پر غلبہ ہونے کی وجہ سے خلافِ عادت واقعات ظہور پذیر ہوجاتے ہیں۔ اور یہ کرامت فی اللہ کا نتیجہ نہیں۔ اولیائے مستورین کو بیشتر کشفِ کونی ہوجاتا ہے۔ جسے کشفِ صُوری بھی کہا جاتا ہے۔ جبکہ اولیائے ظاہرین کو کشفِ حقائق حاصل ہوتا ہے۔ جسے کشفِ معنوی بھی کہتے ہیں۔ علاوہ ازیں کشف وکرامات تو عالمِ جبروت کی چیزیں ہیں۔ اور عالمِ جبروت ایک درمیانی منزل ہے۔ انتہائی منزل تو تسلیم ورضا اور تفویض کی ہے۔ جہاں کشف وکرامات سے مطلق کسی قسم کا کوئی سروکار ہی نہیں رہتا۔ کیونکہ! سالک منتہی فنائے احدیت میں مستغرق ومشغول ہوتا ہے۔ اسے تو اپنا بھی ہوش نہیں رہتا۔ تصرفات کرے بھی تو کون اور کس پر۔ (بقولِ شاعر)

تُو زِ تُو گم شود ایں ست و بس — تُو مباش اصلا کمال ایں ست و بس

اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم میں واضح طور پر فرمادیا ہے۔ کہ! **الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم ولا یحزنون**۔ (ترجمہ) خبردار ہو۔ بے شک! اللہ تعالیٰ کے دوستوں (یعنی اولیائے عظام) پر کوئی خوف اور غم نہیں۔ (سورہ یونس۔ آیت نمبر **62**) اور فرمایا۔ **نحن اولیاء کم فی الحیوۃ الدنیا و فی الآخرۃ**۔ (ترجمہ) ہم تمھارے دنیا اور آخرت کی زندگی میں مددگار رہیں (سورہ فصلت۔ آیت نمر **31**)۔ اور فرمایا۔ **اللہ ولی الذین آمنوا**۔ (ترجمہ)۔ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کا مددگا (یعنی دوست) ہے۔ جو ایمان لائے (سورہ بقرہ۔ آیت نمبر **257**)

☆ **حدیث** : آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ کہ! اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے ایسے بھی ہیں۔ جن پر انبیائے کرام ؑ اور شہدائے عظام ؓ غبط (یعنی رشک ۔ برابری کی خواہش) کریں گے۔ صحابہ کرام ؓ نے عرض کیا۔ یارسول اللہ ﷺ ! وہ کون ہیں؟ ان کی صفات بیان فرمائیں۔ شاید ہم ان سے محبت کریں۔ فرمایا۔ وہ ایک قوم ہے۔ جو بغیر مال ومنال کو حاصل کئے اپنے رب کی خوشنودی میں خوش (خوشحال) رہتی ہے۔ ان کے چہرے منور ہیں۔ اور نوری منبروں پر بے فکر بیٹھے ہیں۔ وہ خائف نہیں ہوتے۔ جبکہ انہیں لوگ ڈرائیں۔ اور غمگین نہیں ہوتے۔ جبکہ لوگ انہیں غمگین کرتے ہوں۔ اور عوام گھبرا رہے ہوں۔ ایک حدیثِ قدسی میں حضور مکرم ﷺ نے فرمایا۔ کہ! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ (کہ) جس نے میرے کسی ولی کو ایذا دی۔ اس نے اپنے لئے میری (جانب سے) جنگ جائز کرلی۔

یاد رہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے برہانِ نبوت ؐ (نبوت کی حجت) کو آج تک باقی رکھا ہوا ہے۔ اور اولیائے کرام کو اس برہان کے اظہار کا سبب بنا دیا ہے۔ تاکہ ہمیشہ حق کے نشانات اور حضرت سید المرسلین ﷺ کی سچائی کی دلیل ہمیشگی کے ساتھ قائم ودائم رہے۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) اور ایسے خاص اولیاء اللہ کو عالم کا متصرف کردیا ہے۔ یہاں تک کہ وہ تنہا اللہ تعالیٰ کی بات کے لئے وقف ہوگئے ہیں۔ یعنی اولیائے کرام کے اقوال اللہ تعالیٰ کی تائید میں ناطق ہیں۔ اور نفس کی متابعت کا راستہ ان پر بند ہوگیا ہے۔ تاکہ آسمان سے بارش انہیں کے قدموں کی برکت سے نازل ہو۔ اور ان کے احوال کی صفائی کی وجہ سے زمین سے نباتات اُگیں۔ اور مسلمان کی ادعیہ کی برکت وبدولت کفار پر نصرت وسبقت اور کامرانی حاصل کریں۔

(بقول حضور داتا صاحب ؒ)! مجھے خود بھی بحمد للہ اس بحث میں متعدد احادیثِ نبوی ﷺ واضح طور پر پہنچی ہیں۔ لیکن وہ ان چار ہزار اولیائے کرام میں جو اربابِ حل وعقد ہیں۔ جنہیں سرہنگانِ درگاہِ حق تعالیٰ کہا جاہے۔ جو پوشیدہ رہتے ہیں۔ اور ایک دوسرے کو پہچانتے بھی نہیں۔ حتیٰ کہ اپنے حال کی خوبی سے بھی ناواقف ہیں۔ اور تمام حالات میں خود اپنی ذات اور خلقت سے چھپے رہتے ہیں۔ بلکہ اس کے متعلق احادیث وارد ہوئی ہیں۔ اور اولیاء اللہ کا کلام اس پر ناطق ہے۔ مجھے (داتا صاحب ؒ) خود بحمد للہ اس بات کے متعلق بھی خبر ملی ہے۔ جو لوگ عالم میں اہل تصرف اور درگاہ حق کے سرلشکر ہیں۔ وہ **300** ہیں۔ جن کو اخیار کہتے ہیں۔ **40** دوسرے ہیں۔ جن کو ابدال کہا جاتا ہے۔ **7** اور ہیں۔ کہ جن کو ابرار کہا جاتا ہے۔ **4** اور ہیں۔ کہ جن کو اوتاد (اوتاد الارض) کہا جاتا ہے۔ **3** اور ہیں۔ کہ جن کو نقیب (نقباء) کہا جاتا ہے۔ **1** اور ہے۔ کہ جس کو غوث اور قطب کہا جاتا ہے۔ یہ سب ایک دوسرے کو جانتے اور پہچانتے ہیں۔ اور نظامِ معاملات وامورِ تصرف میں ایک دوسرے کے اِذن واجازت کے محتاج ہیں۔ اور اس پر احادیث ناطق ہیں۔ اور اربابِ حقیقت بھی اس بات پر متفق ومتحد ہیں۔

☆ حضرت شیخ قطب الدین دمشقیؒ کی بلند پایہ کتاب ''ارشاد الملوک ترجمہ امداد السلوک، ماخوذ از رسالہ مکیہ کے فصل نمبر 20 کے تحت رقم طراز ہیں ۔کہ! جان لے کہ سرورِ کائنات ﷺ کی اُمتِ مرحومہ باقی تمام اُمم میں معزز و مقبول ہے۔ چنانچہ حق تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! **کنتم خیر امۃ** ۔(اے اُمتِ محمدیہ ﷺ) تم سب اُمتوں میں بہتر ہو۔ نیز ارشاد فرمایا۔کہ! **و کذلک جعلنکم امۃ و سطا** ۔(ترجمہ) می اور اسی طرح ہم نے تم کو اُمتِ وسط (یعنی عادل) بنایا۔ (ماشاء اللہ وسبحان اللہ) لہٰذا قیام قیامت تک اِس اُمت میں ولایت قائم رہے گی۔ چنانچہ فخرِ رسل ﷺ نے فرمایا ہے۔کہ! ''میری اُمت میں سے ایک جماعت ہمیشہ حق پر قائم رہے گی۔ کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اِن کی مدد کی جائے گی۔ اور کسی کا مدد نہ کرنا ان کو نقصان نہ پہنچا سکے گا۔''

☆ وہ جماعت دین اور علم کے حاملین کا عظیم گروہ ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ آنحضرت رسالت مآب ﷺ نے بھی اِنہی کے لئے یہ دعا فرمائی ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ اس شخص کو تر و تازہ رکھے۔ جس نے میرا کلام سُن کر اُسے محفوظ رکھا۔ اور پھر جیسا سُنا۔ ویسا ہی ادا کر دیا۔ اور دوسروں کو پہنچا دیا۔ جو کہ محدثینِ عظام کا خاصہ ہے۔ نیز حضور ﷺ نے ان کو عدول فرمایا۔ اور ان کو تبلیغ کے احکام کا حکم دیا۔ (حدیث ہے۔کہ) تم میں سے حاضرین کو چاہیئے ۔کہ غائبین کو پہنچا دیں۔ اور ظاہر ہے۔ کہ تبلیغ بدوں عدالت و ثقاہت کے صحیح نہیں۔ اور اِس اُمت میں سب سے بہتر حضورِ انور ﷺ کے صحابہ کرامؓ کی عظیم جماعت ہے۔ اِن کے بعد تابعین کی جماعت ۔ پھر تبع تابعینؒ کی جماعت اور پھر اولیائے عظام کی جماعت ہے۔ چنانچہ حضور ﷺ نے فرمایا ہے۔کہ! سارے زمانوں میں بہترین زمانہ میرا زمانہ ہے۔ (یعنی دَورِ نبوت) پھر وہ جو اس کے متصل ہے۔ (یعنی دَورِ صحابہ) پھر وہ جو اُن کے متصل ہے۔ (یعنی دَورِ تابعین)

ولی کو ولی کی پہچان ہونا : (بمطابق لطائفِ اشرفی)

ایک دن حضرت شیخ محمد ابن کبیرؒ (المعروف حضرت دُرِّ یتیمؒ) نے حضرت قدوۃُ الکبرٰیؒ کی خدمتِ اقدس میں عرض کیا۔کہ! اقوالِ مشائخ میں آیا ہے۔کہ **ولی را ولی می شناسد** ۔(ولی کو ولی پہچانتا ہے) اور ایک حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے۔ **اولیائی تحت قبائی لا یعرفھم غیری** ۔(ترجمہ) میرے اولیاء (یعنی اولیاء اللہ) میری قُباء کے نیچے ہیں۔ اِن کو سوائے میرے کوئی نہیں پہچانتا۔ اولیاء اللہ کے مذکورہ قول سے عدم انحصار ثابت ہوتا ہے۔ یعنی کہ جس کے پاس نورِ ولایت موجود ہے۔ (صرف) وہی اولیاء کو دیکھ سکتا ہے۔ اور اصفیاء تک بھی اس کی رسائی ہوسکتی ہے۔ اور حدیثِ قدسی سے حصر و انحصار کا اظہار ہوتا ہے۔ کہ سوائے حق تعالیٰ کے کوئی دوسرا اِن اولیائے کرام کو جو قبائے عزت کے ساکنین ہیں۔ نہیں دیکھ سکتا۔ اِن **مختلفُ المعانی کلمات** میں تطبیق کیسے ہوسکتی ہے۔

☆ **اطاعتِ ظاھری اور اطاعتِ باطنی** ۔ اطاعتِ ظاہری دراصل مرتبۂ نبوت و رسالتؐ سے متعلق ہے۔ جبکہ اطاعتِ باطنی مرتبۂ ولایت سے تعلق رکھتی ہے۔ یاد رہے کہ! مرتبہ ولایت میں تمام صحابہ کرامؓ، تابعینؒ، تبع تابعینؒ اور اولیاء اللہؒ شامل ہیں۔

مرتبۂ نبوت و رسالت ﷺ سے غایت و مُراد یہ ہے۔کہ! آنحضرت نبی اکرم ﷺ، حضرت جبرائیلِ امینؑ کی وساطت سے احکامِ خداوندی حاصل کر کے خلقِ خُدا تک پہنچاتے ہیں۔ جبکہ! مرتبۂ ولایت یہ ہے کہ! مقام ''**لی مع اللہ**'' کے وقت حضرت جبرائیلِ امینؑ کی وساطت کے بغیر آنحضرت ﷺ براہِ راست (**Direct**) حضرتِ حق سبحانہ تعالیٰ سے اُخذِ فیض کرتے ہیں۔ واللہ اعلم بالصواب۔

لوگوں کی اکثریت حضرت رسولِ خدا ﷺ کی اطاعتِ ظاہری میں رہ گئی۔ اور بہت ہی کم لوگ قرآنِ پاک کی آیتِ کریمہ ''**یھدی من یشآء الی صراط مستقیم**'' وہ (اللہ تعالیٰ) جسے چاہتا ہے۔ سیدھے راستے کی طرف ہدایت عطا فرماتا ہے۔ (بقرہ۔ 142) کی منشاء کے عین مطابق اسرارِ ولایت سے بہرہ ور ہو کر اطاعتِ باطنی میں مشغول ہوئے ہیں۔ یہی حضرات اہلِ باطن کہلاتے ہیں۔ جبکہ فرقہ اوّل الذکر کو اہلِ ظاہر کہا جاتا ہے۔

اہلِ ظاہر کا دار و مدار (بعد از ادائیگیٔ فرائض و سنن) اجماع و دلائل اور رائے و قیاس پر ہے۔ جبکہ اہلِ باطن کا دار و مدار خوش خلقی، اخلاص و تقوٰی و توکل و راضی بر رضائے الٰہیہ پر منحصر ہوتا ہے۔ جن کا حصول بطریقِ **کسبی** اور **وھبی** دونوں طرح سے ہوسکتا ہے۔ کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہی ممکن ہوتا ہے۔ اِسی ضمن میں حضرت قدوۃ الابرار خواجہ عبید اللہ احرارؒ اپنے رسالہ اشغال میں فرماتے ہیں کہ! آنحضرت رسالت پناہ ﷺ اِس بات پر مامور تھے۔ کہ اسرارِ مرتبۂ ولایت بغیر طلبِ صادق کسی کو تعلیم نہ فرمائیں۔ اور یہی سنت درحقیقت اہلِ باطن کا معمول و مروج رہی ہے۔ **واللہ اعلم بالصواب** ۔

(**بقولِ البلوشی**) جب رسول اللہ ﷺ جملہ نسلِ انسانی بلکہ تمام مخلوقات میں معزز و مکرم اور برگزیدہ ٹھہرے۔ تو کمالِ انسانی کا انحصار بھی آپ ﷺ ہی کے اتباع پر رہے گا۔ اور پھر اُن مقدس ہستیوں (فقہاء و مجتہدین) کے اتباع پر جنہوں نے آپ ﷺ کی پیروی میں پوری صداقت اور پورے استقلال اور ثابت قدمی کا اظہار فرمایا۔ مثلاً خلفائے راشدینؓ و آئمہ اطہارؓ و صحابہ کرامؓ و اولیائے متقدمینؒ و متاخرین۔ اس اتباع کی بھی دو اقسام ہیں۔ ظاہری اور باطنی۔ متابعتِ ظاہری مرتبۂ نبوت سے متعلق ہے۔ اور متابعتِ باطنی مرتبۂ ولایت سے تعلق رکھتی ہے۔ چونکہ نبوت کا باطن ولایت ہے۔ ظاہر کو باطن سے مدد ملتی ہے۔ اور باطن سے ہی ظاہر کی پرورش ہوتی ہے۔ اور باطن ہی کی جانب سے ظاہر کو فیضان پہنچایا جاتا ہے۔ باطنی پہلو یہ ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ سے تعلق قوی ہو۔ اور اس میں استغراق و فنائیت حاصل کی جائے۔ اسی کا انعام ولایت ہے۔ جبکہ ظاہری پہلو یہ ہے۔کہ! اس باطنی تعلق کی بناء پر جو کچھ عالمِ قدس سے حاصل کیا گیا ہو۔ اُسے خلق تک بطریق مناسب و مفید پہنچایا جائے۔ یہ نبوت ہے۔ اور نبوت سے اُن احکاماتِ شریعت کی جانب اشارہ ہے۔ جو آنحضور نبی مکرم ﷺ عالم قدس سے بواسطۂ حضرت جبرائیلِ امینؑ حاصل فرما کر خلق کو پہنچاتے ہیں۔ ولایت درحقیقت وہ فیضانِ اسرارِ توحید ہے۔ جو حضور سرورِ کائنات ﷺ کے مقام لی مع اللہ میں بلا وساطتِ حضرت جبرائیلؑ براہ راست حق سبحانہ تعالیٰ سے اُخذ فرماتے ہیں۔ عارفین کے اس قول میں کہ! ''**الولایۃ افضل من النبوۃ**'' یعنی

ولایت نبوت سے افضل ہے۔ چونکہ ہر نبی و رسولؑ ولی ہوتا ہے۔ مگر آنحضرت ﷺ کے بعد کوئی چاہے کتنا ہی بڑا ولی اللہ کیوں نہ ہو۔ وہ مرتبہ نبوت و رسالت کو کبھی چھو بھی نہیں سکتا۔ نبوت یا رسالت تو سرکاری رحمانی عطائی عہدوں کے نام ہیں۔ جبکہ ولایت ذاتِ حق سے ایک ذاتی تعلق کو کہا جاتا ہے۔ آنحضور نبی مکرم ﷺ کے بعد سلسلہءنبوت تو ویسے بھی ہمیشہ کے لئے بند ہو چکا ہے۔ لہذا جو ولی نبی نہیں ہوتا۔ وہ انوارِ ولایت کا استفاضہ کمالاتِ نبی سے حاصل کرتا ہے۔ لیکن ہر نبی نورِ نبوت اور کمالات نبوت کو اپنی ہی ولایت کے آفتاب سے اُخذ کرتا ہے۔ اور کسی غیر کا محتاج اور تابع نہیں ہوتا۔ نبیؑ مثلِ آفتاب کے ہے۔ جو خود بھی روشن ہے۔ اور دوسروں کو بھی روشنی (نور) بخشتا ہے۔ جبکہ ولی مثل ماہتاب کے ہے۔ جو آفتابِ نبوت سے نور اُخذ کرتا ہے۔ اسی لئے اس پر متابعتِ آفتاب اُس پر لازم ہوتی ہے۔ تاوقتیکہ وہ ولایتِ کمال کو نہیں پہنچتی۔ نبوت ظاہر نہیں ہوتی۔ قوتِ نبوت حسبِ قوتِ ولایت ہوتی ہے۔ جیسے کہ حضرت آدمؑ جنت میں ولیءکامل تھے۔ لیکن جب وہ زمین پر تشریف لائے۔ تو اللہ تعالیٰ نے اُنؑ کو مقام و مرتبہءنبوت پر فائز المرام فرمایا۔ کیونکہ! نبوت تشریع و تکلیف کا نام ہے۔ دنیا تکلیف کا گھر ہے۔ جبکہ جنت تو کرامت و مشاہدہ کی جگہ و قیام گاہ ہے۔

عشقِ رومیؒ عشقِ جامیؒ عشقِ کوہِ طُور عشقِ حبشیؒ عشقِ قرنیؒ عشق ہے منصورؒ

اَولیـائے مکتوم : حضرت قدوۃُ الکبرٰیؒ نے ارشاد فرمایا۔ کہ یہ احتمال ہے۔ کہ ان اولیائے کرام سے مراد اولیائے مکتوم ہیں۔ یعنی وہ چار ہزار اولیاءاللہ جو باری تعالیٰ کے قبائے عزت میں محجوب ہیں۔ اور حق تعالیٰ کے ماسوا کوئی دوسرا اِن سے آگاہ نہیں۔ اِن کے احوال کا جمال ہمیشہ غیروں سے مخفی رہتا ہے۔ اور یہ گمان غالب ہے۔ کہ غیروں سے مراد وہ لوگ ہیں۔ جو اَسرارِ ولایت سے محروم ہیں۔ اور انوارِ ہدایت سے مہجور ہیں۔ اور وہ حضرات جو اپنے اوصاف جمیلہ کی فنائیت کے بعد یعنی اپنی قدرت، ارادت سمع اور بصر کو حق تعالیٰ کی قدرت، ارادت، سمع و بصر میں فنا کر چکے ہیں۔ اور قربِ نوافل کی منزل (جس میں کہ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب بندے کی زبان، کا ہاتھ، پاؤں اور فعل بن جاتا ہے) پر فائز المرام اور متمکن ہیں۔ یا اس گروہ کے برعکس وہ حضرات جو قربِ فرائض حاصل کر چکے ہیں۔ یعنی اربابِ قربِ نوافل و صاحبانِ قربِ فرائض میں سے کوئی بھی گروہ ہو۔ وہ اغیار میں داخل نہیں ہیں۔ حضرت قدوۃُ الکبرٰیؒ نے فرمایا۔ کہ اولیائے مکتوم دو قسم کے ہیں۔ ایک تو وہ ہیں۔ جن کے بارے میں ابھی بیان کیا گیا ہے۔ اور ایک طائفہ ایسا بھی ہے۔ کہ وہ ہمیشہ بیگانگی کے پیراہن میں ملبوس رہتے ہیں۔ (یعنی کہ عام اولیاءاللہ اور فقراء کے ظاہری احوال کی طرح ان کی حالت و کیفیت نہیں ہوتی) چنانچہ جو غیر ہیں۔ وہ انہیں نہیں پہچان سکتا۔

حـکایت : (اسی ضمن میں) شیخ محمد شنگرف سے منقول ہے۔ کہ! جب سلطان محمود غزنویؒ کے والدِ محترم جناب امیر سبکتگینؒ ہرات شہر میں پہلے مرتبہ تشریف لائے۔ تو اس کے لشکریوں میں سے ایک سپاہی نے ایک دہقان (کسان) سے گھاس کا گھٹا خریدا۔ اور اس کی پوری قیمت ادا کی۔ اور نہایت مہربانی سے پیش آیا۔ اور اس دہقان سے کہا۔ کہ تم میرے گھوڑے کے لئے پھر گھاس لے کر آنا۔ اسی طرح سے جب گھاس کی خرید و فروخت (سپاہی اور دہقان کے مابین) جاری رہی۔ تو اس دہقان کے والد کی اس سپاہی سے دوستی ہوگئی۔ اسی زمانہ میں عیدِ قرباں (عیدالاضحیٰ) کا یومِ عرفہ (یومِ حج) آ گیا۔ اس دہقان نے کہا۔ کہ آج کے دن لوگ حج ادا کر رہے ہوں گے۔ کاش میں بھی آج وہاں ہوتا۔ تو سپاہی نے کہا۔ کہ اگر تم چاہو۔ تو میں تمھیں وہاں پر پہنچا دوں؟ لیکن شرط یہ ہے۔ کہ تم کسی سے اس کا ذکر نہ کرنا۔ اس نے وعدہ کر لیا۔ کہ وہ اس بات کا کسی سے ذکر نہیں کرے گا۔ اس لشکری (سپاہی) نے اسی دن اسے عرفات کے میدان میں (بکرامتِ طی الارض بحفاظت پہنچا دیا۔ دونوں نے حج ادا کیا۔ اور پھر واپس آ گئے۔ دہقان نے (حسرت و حیرت سے) کہا۔ کہ مجھے سخت تعجب ہے۔ کہ آپؒ اس حال (بزرگی و کرامت) کے مالک ہیں۔ اور سپاہیوں میں شامل ہیں۔ صاحبِ حال سپاہی نے کہا۔ کہ اگر مجھ جیسے لوگ لشکر میں نہ ہوں۔ تو پھر تم جیسے کمزور اور ضعیف لوگوں کی دادرسی کون کرے گا؟ اگر لشکری کسی عورت کو زبردستی لے جائیں۔ تو اس عورت کو ان ظالموں کے ہاتھ سے کون چھڑائے گا؟ (اسی لئے تو ہم عوام الناس کی خدمت اور دادرسی و معاونت کے لئے شاہی لشکر کی سپاہ میں بطور سپاہی شامل ہیں) پھر آپؒ نے ارشاد فرمایا۔ کہ لوگوں کو چشمِ حقارت سے نہیں دیکھنا چاہیئے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے دوست (اولیائے مکتومان) محجوب رہتے ہیں۔ جب تک کہ (کسی میں اہلیت و خاصیت) بصیرت و فراست صادق نہ ہوگی۔ اللہ تعالیٰ کی مخلوق پر اختیار نہ جتاؤ۔ کہ شاید نتیجہ میں خود اپنے ہی اوپر ظلم کرو۔ تقریباً زبانِ گوہرفشاں سے فرمایا۔

(پھر) حضرت قدوۃُ الکبرٰیؒ نے مزید ارشاد فرمایا۔ کہ! مَیں نے حضرت شیخ علاؤالدین سمنانیؒ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ کہ! جو کوئی ولایت کے مرتبہ کو پہنچ جاتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس پر پردہ ڈال دیتا ہے۔ اور مخلوق کی نگاہوں سے اس کو چھپا دیتا ہے۔ پس ''**اولیاء تحت قبائی**'' کے بھی یہی معنی ہیں۔ اور یہ قبا بشریت کی صفت ہے۔ کپڑے وغیرہ کا پردہ نہیں۔ اور بشریت کا خاصہ نہیں۔ کہ ان کا عیب بیان کرے۔ یا ان کے ہنر کو لوگوں کی نظر میں بشکلِ عیب ظاہر کیا جائے۔ (کیونکہ) **لا یعر فھم غیری** کے یہی معنی ہیں۔ کہ جب تک کسی کے باطن کو اللہ تعالیٰ نورِ ارادت سے منور نہیں فرماتا۔ اس وقت تک وہ ولی اللہ کو نہیں پہچانتا۔ پس حقیقت میں شناخت تو وہ نور کرتا ہے نہ کہ انسان۔ (یعنی کہ جب نور ہی نے شناخت کی۔ تو اس کا مطلب ہے۔ **لا یعر فھم غیری**۔ کہ اللہ تعالیٰ نے شناخت فرمائی۔) یہ ارشادِ گرامی بھی حضرت شیخ علاؤالدین سمنانیؒ کا ہے۔ کہ درویش لوگ جو کہ کام میں مشغول ہیں۔ مناسب ہے۔ کہ ناکاروں کے لئے اُن تک آنے کو راستہ ہی نہ ہو۔ کیونکہ ایک بے کار آدمی درحقیقت کام کرنے والے صدہا آدمیوں کو بھی بے کار کر دیتا ہے۔

یہی حدیثِ قدسی کتاب **کشف المحجوب** (حضرت سید علی ہجویریؒ) اور کتاب **احیاء العلوم** (حضرت امام غزالیؒ) میں یوں ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ نے حضرت جبرائیلِ امینؑ سے فرمایا۔ اور حضرت جبرائیلؑ نے آنحضور ﷺ کو بتایا۔ کہ! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ **اولیـائی تحت قبـا ئی لا یعر فھم غیری الا اولیائی**۔ (ترجمہ) میرے دوست (اولیاءاللہ) میری قبا () کے اندر ہیں۔ انہیں میرے اور میرے دوستوں کے ماسوا کوئی نہیں جانتا۔

☆ مکتومان یعنی اولیائے پوشیدہ جوکہ دراصل مجموعی طور پر چار ہزار ہیں۔ ہر زمانے میں ہوتے ہیں۔ یہ ایک دوسرے کو جانتے پہچانتے بھی نہیں ہیں۔ اور نہ ہی اپنے حال کے جمال کو پہچانتے ہیں۔ وہ کل احوال میں اپنے آپ سے اور خلقِ خدا سے مستور (پوشیدہ) ہیں۔ اِسی ضمن میں لطائفِ اشرفی میں لکھا ہوا ہے۔ کہ! اکثر مکتومان (اولیائے مخفیہ) غیر آشنا ملبوسات میں ظاہر ہوا کرتے ہیں۔ جنھیں موحد اہلِ باطن کے علاوہ کوئی دوسرا نہیں پہچانتا۔

عبادت بجز خدمتِ خلق نیست — بہ تسبیح و سجادہ و دلق نیست

بقولِ بعضے! طریقت بجز خدمتِ خلق نیست — بہ تسبیح و سجادہ و دلق نیست

افراد : یہ لوگ قطب کے حلقہ سے باہر ہوتے ہیں۔ کوئی دوسرا قطب اِن پر اپنا تصرف نہیں کرسکتا۔ ساری کائنات میں اِن کی تعداد صرف تین 03 یا اِس سے زیادہ ہوتی ہے۔ ''افراد'' اپنے مناصب پر بڑے استحکام سے حکومت کرتے ہیں۔ انسانوں کے علاوہ ملائکہ میں بھی افراد ہوتے ہیں۔ مگر اِن کا دائرہ کار صرف آسمانوں تک ہی محدود رہتا ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کے جمال وجلال میں مستغرق رہتے ہیں۔ حضور نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں۔ کہ میری اُمت میں تین ایسے افراد ہیں۔ جو تیز رو سواریوں پر بیٹھ کر مشرق ومغرب کی سیاحت کرتے رہتے ہیں۔ اور اپنے فرائض سرانجام دیتے رہتے ہیں۔ یہ حضرات بعض اوقات حضرت خضر نبیؑ کی ملاقات سے بھی بے نیاز ہوتے ہیں۔ ایسے افراد میں سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا اسمِ مبارک درخشاں نظر آتا ہے۔ بلکہ آپؒ کو سیدالافراد کہا جاتا ہے۔

افراد کا مقام : (بمطابق حضرت امام ابنِ عربیؒ)

افــــراد ' کسی قطب کے تابع نہیں ہوا کرتا۔ قطب کے تصرف اور احکامات سے یہ آزاد ہوا کرتا ہے۔ اِسی طرح سے علیین کے فرشتے قطب سے بیعت نہیں کرتے۔ آپؒ اپنی کتاب ''فتوحاتِ مکیہ'' میں رقم طراز ہیں۔ کہ قطب سے کوئی زمانہ خالی نہیں ہوتا۔ حضرت آدمؑ سے آنحضور نبی کریم ﷺ تک پچیس قطب ہو گزرے ہیں۔ آپؒ نے لکھا ہے۔ کہ مَیں نے عالمِ برزخ میں اِن تمام کی زیارت کی ہے۔ میں ان دنوں قرطبہ میں قیام پذیر تھا۔

گئے دن کہ تنہا تھا مَیں انجمن میں — یہاں اَب میرے راز دار اور بھی ہیں

مقامِ قطبیت کی خواھش : (حضرت عبدالوہاب الشعرانی المصریؒ)

حضرت شیخ احمد دباغ صاحب اپنی کتاب ''رضائے الٰہیہ اور جنت کا راستہ' میں فرماتے ہیں۔ کہ! حضرت امام عبدالوہاب الشعرانی شاذلیؒ جوکہ ایک بہت بڑے ولی اور باعمل عالم ہوگزرے ہیں۔ اپنا ایک ذاتی واقعہ اس طرح سے نقل فرماتے ہیں۔ کہ!

حــکایت :(بمطابق کتاب انوارالقدسیہ فی بیان آداب العبودیہ) اس دن (یعنی 17 رجب 931 ہجری پیر) میرے دل میں اولیاء اللہ کے مقامات کی طلب اور شوق کا جذبہ بڑی قوت کے ساتھ جوش زن ہوا۔ یعنی مقاماتِ اولیاء کی خواہش دل میں پیدا ہوئی۔ کہ اے کاش! ایسے بلند مقامات (یعنی غوث، قطب وابدال وغیرہا) ان کے احوال، علومِ لدنیہ اور باطنی آنکھ سے دوسرے جہانوں کا مشاہدہ مجھے بھی نصیب ہوتا۔ مَیں اپنے آپ کو بہت چھوٹا اور حقیر سمجھنے لگا۔ اور اس خیال کی وجہ سے میری زندگی تلخ ہوگئی۔ دل بھی تنگ ہوگیا۔ کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی تقسیم پر رضامندی نہیں پائی جاتی۔ یہ تو گویا کہ اللہ تعالیٰ کی تقسیم پر اعتراض ہے۔ کہ مجھے ایسے مقامات اور احوال عطا نہیں کیے گئے۔ اس کے نتیجے میں مجھے فکر لاحق ہوئی۔ کہ کہیں اللہ تعالیٰ کے غضب کی وجہ سے مَیں بے ایمان ہوکر ہی نہ مَر جاؤں۔ مجھ پر اس قدر پریشانی چھا گئی۔ کہ! میرے ہوش گم ہو گئے۔ اور مَیں منہ اُٹھا کر ایک طرف کو نکل گیا۔ یہاں تک کہ مِصر کی قدیم آبادی جو ''نسطاط'' کے نام سے مشہور ہے۔ وہاں جا پہنچا۔ اور مَیں ایک روضہ کے مقابل بحالتِ پریشانی بیٹھ گیا۔ اس وقت مجھ پر ایک غنودگی (نیم نیند اور نیم بیداری) کی سی حالت طاری ہوگئی۔ اور ایک غیبی آواز مجھے سُنائی دینے لگی۔ لیکن جسم یا کوئی بندہ نظر نہ آتا تھا۔ اللہ جانے وہ کوئی فرشتہ تھا یا کوئی اللہ تعالیٰ کا ولی! بہرحال وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ فرمارہے تھے۔ کہ!

اے میرے بندے! اگر مَیں تجھ کو تمام کائنات کے بارے میں علم دے دوں۔ یہاں تک کہ ریت کے ہر ذرے کی تعداد اور اس کے ہر ذرے کا نام اور تمام نباتات (یعنی درختوں، پودوں، گھاس وغیرہا) کی اقسام اور ان کے اسماء اور ہر ایک کی عمر بتا دوں۔ اور حیوانات (جانوروں) کے اسماء، اقسام اور عمریں بتا دوں۔ اور تمام وحشی جانوروں، پرندوں، حشرات الارض اور مچھلیوں (یعنی جملہ آبی مخلوقات) اور زمین پر رہنے اور چلنے والے تمام جانداروں کا نسب اور ان کی پہلی پیدائش تک بتلا دوں۔ آسمانوں اور اِن میں رہنے والے ملائکہ، مخلوقات اور فرشتوں کے اسماء، عمریں، مقامات، اور آسمانوں اور زمینوں کے ملکوت اور عجائبات یہاں تک کہ جنت اور جنت میں رہنے والے ملائکہ، حور وغلمان، محلات و باغات اور جو بھی کچھ جنتوں میں ہیں ان کا علم دے دوں۔ اور جو کچھ دوزخ اور ان کے اندر چھپا ہوا ہے۔ وہ سب تیرے ہاتھ پر ظاہر کردوں۔ تو ان سب باتوں سے میری بندگی اور عبدیت، قرب ورضا کے کسی درجے پر بھی نہ پہنچے گا۔

حضرت عبدالوہاب الشعرانیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! ابھی یہ کلام ختم بھی نہ ہوا تھا۔ کہ میرے دل میں مقاماتِ اولیاء میں سے کسی بھی مقام کی اور نہ ہی دُنیا میں کسی مقام ومرتبہ کے حصول کی ہوس رہی۔ اور نہ ہی آخرت میں۔ غرضیکہ جب وہ خواہش بالکل ہی جاتی رہی۔ اور دل کو بھی خالص اخلاص میسر ہوا۔ تو مَیں نے ایک ایک بال اور خون کے قطرے کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی اس عطا (انعام واحسان) پر رب متعال کی حمد وثناء اور اُس کا شکر ادا کیا۔

مَردے باید کہ باشد شہ شناس — تا شناسا شہ اء و ہر لباس

بادشاہ کو پہچاننا مَرد کا کام ہے۔ کہ ہر لباس میں اُسے (بادشاہ کو) پہچان لے۔

مقام قطبیت : (بمطابق حضرت امام مجدد الف ثانیؒ)

قطبیت کا مقام جو کہ دقیق علوم کا منشاء ہے ۔ظلی مقام ہے ۔اور فردیت کا مقام دائرہ ءاصل کے معارف کے ورود کا واسطہ ہے ۔ان دونوں حالتوں (یعنی مقامِ قطبیت و مقامِ فردیت) کے حصول کے بغیر ظل اور اصل کے درمیان فرق و امتیاز نہیں ہوسکتا ۔وارثانِ نبوت کی دو قسمیں ہیں ۔ 1 ۔ نبیؐ کی نبوت کے کمالات کے وارث ۔ 2 ۔ نبیؐ کی ولایت کے کمالات کے وارث ۔ ☆ اَب اگر اول الذکر لوگ اہلِ منصب ہیں ۔تو امامت کے منصب اور مرتبے پر فائز المرام ہوتے ہیں ۔اور اگر وہ اہلِ منصب نہیں ہیں ۔تو کمالاتِ امامت کے مرتبے پر فائز رہتے ہیں ۔ ☆ اِسی طرح سے ثانی الذکر لوگ اگر اہلِ منصب ہیں ۔تو خلافت کے منصب کے حامل ہوتے ہیں ۔ ورنہ کمالاتِ خلافت سے حصہ پاتے ہیں ۔ ☆ بہر حال کمالاتِ امامت کا تعلق معارف ذاتیہ اصلیہ کے ساتھ ہوتا ہے ۔جبکہ ! کمالاتِ خلافت ،تجلیاتِ صفاتیہ سے متعلق ہوتے ہیں ۔لیکن یاد رہے ۔کہ ! منصبِ امامت اور منصبِ خلافت کا تعلق دائرہ اصل سے ہے ۔ ۔ ۔ قطبِ فرد کا مرتبہ معارفِ دائرہ ءاصل کے ورود کا واسطہ ہے ۔ظاہر ہے ۔کہ ! قطبِ ارشاد و قطبِ مدار سے قطبِ فرد کا درجہ بلند ہوتا ہے ۔کیونکہ ! امامت کا منصب خلافت کے منصب سے بہر حال افضل و اعلیٰ اور مقدم ہے ۔جیسا کہ اصالت اور ظلیت کا فرق واضح ہے ۔قطبِ مدار اُمورِ تکوینیہ پر مامور ہوتا ہے ۔جبکہ قطبِ ارشاد دعوت و ہدایت کا فریضہ سرانجام دیتا ہے ۔قطبِ فرد اکثر عروجی مراتب میں رہتا ہے ۔اگر نزول کرے ۔تو مخلوق کو قطب الارشاد سے زیادہ فیض پہنچا سکتا ہے ۔(واللہ اعلم بالصواب)

☆ **غوث** : تمام دنیا میں ایک وقت میں ایک ہی غوث ہوا کرتا ہے ۔جس کا نام **عبداللہ** ہوتا ہے ۔غوث کا ویسے تو مسکن مکہ معظّمہ ہی ہے ۔لیکن یہ مسکن دائمی نہیں ۔اکثر بزرگانِ دین ، جو کہ غوث ہو گزرے ہیں ۔ وہ مکہ معظّمہ میں سکونت نہیں رکھتے تھے ۔ چنانچہ حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانیؒ زیادہ تر بغداد میں رہتے تھے ۔حضرت غوث شیخ ابوالعباس قصابؒ آمّل میں رہتے تھے ۔حضرت میر سید اشرف جہانگیر سمنانیؒ جو کہ غوثِ وقت تھے ۔وہ بھی مکہ میں نہیں رہتے تھے ۔آپؒ فقط 25 برس کی عمر میں سمنان (ایران) سے سرزمین ہندوستان تشریف لے آئے تھے ۔اولیائے اکملین کو اللہ تعالیٰ نے یہ طاقت و کرامت ودیعت کی ہے ۔کہ وہ بیک وقت کئی جگہوں پر موجود ہو سکتے ہیں ۔اور طرفۃ العین (پلک جھپکنے میں) طی الارض کے ذریعے مختلف مقامات پر اپنے آپ کو ظاہر کر سکتے ہیں ۔

غوث کے وصال کے بعد عمداء میں سے کسی ایک کو (کہ جس پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل و کرم اور رسالت مآب ﷺ کی خصوصی نظر مبارک ہو) کو مقرر کر دیا جاتا ہے ۔جب کوئی عُمداء میں سے رحلت کرتا ہے ۔تو اخیار میں سے کسی ایک کو (کہ جس پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل و کرم اور رسالت مآب ﷺ کی خصوصی نظر مبارک ہو) کو مقرر کر دیا جاتا ہے ۔علیٰ ہٰذا القیاس ۔ ۔ ۔ جب نُقباء میں سے کوئی نقیب فوت ہوتا ہے ۔تو عوام الناس میں سے کسی عام شخص کو (کہ جس پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل و کرم اور رسالت مآب ﷺ کی خصوصی نظر مبارک ہو) کو مقرر کر دیا جاتا ہے ۔(یاد رہے ۔کہ) بعض مشائخ ایک ہی شخص کو غوث اور قطب لکھتے اور سمجھتے ہیں ۔نفحاتُ الانس میں حضرت شیخ مولانا عبدالرحمٰن جامیؒ رقم طراز ہیں ۔کہ ! ایک ہی شخص کے دو اسماء ہیں ۔قطب و غوث ۔لیکن یاد رہے کہ اِسی طائفہ کے سردار حضرت شیخ اکبر محی الدین ابنِ عربیؒ اپنی اکثر تصانیف میں فرماتے ہیں ۔کہ ! غوث الگ ہے ۔اور قطب الاقطاب جُدا ۔ چنانچہ حضرت میر سید اشرف جہانگیر سمنانیؒ لطائفِ اشرفی میں فرماتے ہیں ۔کہ ! اگر غوث اور قطب کا وجود دنیا میں نہ ہو ۔تو سارا جہاں زیروزبر ہو جاوے ۔(واللہ اعلم بالصواب) ۔لیکن جب غوث یا قطب ترقی کرتے ہیں ۔تو افراد بن جاتے ہیں ۔یعنی یہ لوگ مرتبہ فردانیت پر فائز ہو جاتے ہیں ۔

کافر نشدی او لذت ایماں چہ شناسی　　　　خود را نہ پرستی عرفاں چہ شناسی

چار اوتاد : (بمطابق کتاب مرآۃ الاسرار) یہ چار اوتاد دنیا کے چاروں حصص (مشرق ۔مغرب ۔شمال اور جنوب) میں رہتے ہیں ۔اِن میں سے عبدالودود نامی اوتاد مغرب میں رہتا ہے ۔اور اِن میں سے عبدالرحمٰن نامی اوتاد مشرق میں ، عبدالرحیم نامی اوتاد جنوب میں رہتا ہے ۔اور اِن میں سے عبدالقدوس نامی اوتاد شمال میں رہتا ہے ۔جب اِن میں سے کوئی وفات پا جاتا ہے ۔تو نائبین میں سے کسی ایک کو (کہ جس پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل و کرم اور رسالت مآب ﷺ کی خصوصی نظر مبارک ہو) اُس فوت شُدہ کی جگہ مقرر کر دیا جاتا ہے ۔دنیا کے چاروں حصص اِنہی چار اوتادوں سے پُر ہیں ۔چنانچہ ! یہ زمین کو ساکن رکھنے کے لئے پہاڑ کا سا کام دیتے ہیں ۔جیسا کہ فرمانِ باری تعالیٰ ہے ۔کہ ! **والجبال اوتادا** ۔(سورہ نباء ۔آیت 7) یعنی پہاڑ مثل اوتاد کے ہیں ۔

☆ **نُقباء** : تمام نُقباء کی تعداد تین سو ہے ۔اور تمام نقباء کے اسماء ''**علی**'' ہیں ۔اِن کا مسکن ارضِ مغرب ہے ۔یعنی ارضِ سویدا ۔جہاں دن کی لمبائی صبح سے چاشت کے وقت تک کے برابر ہوتی ہے ۔باقی سب رات ہوتی ہے ۔لیکن وہ نماز (کرامتِ) طی الارض (طی الارض کا مطلب ہے ۔زمین کا سمٹ جانا ۔یہ ایک ایسی کرامت ہے کہ ! اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل و کرم اور کرامت سے چشمِ زدن میں محض ایک لمحہ کے اندر ہزاروں ، لاکھوں میل کا فاصلہ طے کیا جاسکتا ہے) کے ذریعے سورج کی تاثیر دیکھ کر مقررہ وقت پر ہی ادا کرتے ہیں ۔اور پانچوں اوقات کی نماز اور تہجد باقائدگی سے ادا کرتے ہیں ۔

☆ **نُجباء** : تمام نُجباء کی تعداد ستر ہے ۔اور تمام نجباء کے اسماء ''**حسن**'' ہیں ۔اِن کی سکونت بلادِ مصر میں ہوتی ہے ۔

☆ **اخیـــــار** : تمام اخیار کی تعداد سات ہے ۔اور تمام اخیار کے اسماء ''**حسیـــن**'' ہیں ۔اخیار ہمیشہ سیاحت میں رہتے ہیں ۔کیونکہ اِن کو کہیں بھی سکون و قرار نہیں آتا ۔

☆ **عُمداء** : تمام عُمداء کی تعداد چار ہے ۔اور تمام عُمداء کے اسماء ''**محمّد**'' ہیں ۔یہ دنیا کے مختلف گوشوں میں رہتے ہیں ۔

☆ **مفردین** : جو درحقیقت حضرت علی المرتضیٰؓ کے قلب پر ہوتے ہیں۔اور حضرت علیؓ دراصل آنحضرت ﷺ کے قلب پر ہیں۔جیسا کہ حضور نبی مکرم ﷺ نے ارشادفرمایا۔کہ! علیؓ ابن ابی طالب کے سوا مجھے کسی نے حقیقتِ نبوت میں نہیں دیکھا۔کہ جس پر اللہ تعالیٰ نے مجھے خلق (پیدا) کیا۔

☆ **قلندر** :قلندر درحقیقت سریانی زبان کا لفظ ہے۔اور اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک اسم ہے۔عوام النّاس کہتے ہیں۔کہ قلندر بھی دیگر سلسلاسل طریقت کی طرح ایک روحانی سلسلہ ہے۔جیسے قادری، چشتی۔۔۔لیکن میرے (مؤلفِ کتاب البلوشی) کے مطابق ''قلندریہ'' درحقیقت ایک مشرب کا نام ہے۔یہ ایک سلسلہ ءطریقت کا نام نہیں ہے۔بلکہ یہ کہنا بدرجہا بہتر ہوگا۔کہ قلندر ایک روحانی کیفیت، حالت اور طبیعت کا نام ہے۔جس میں کہ صاحب ولایت (یعنی قلندر) تجرید وتفرید میں یکتا اور دنیا ومافیا سے بے نیاز و لاپرواہ ہوجاتا ہے۔اور اُس کی کیفیت کشف اور ولایت کی وجہ سے تمام عالم کا حال اُس پر روزِ روشن کی طرح واضح ہوجاتا ہے۔ایسا شخص ایک ہی وقت میں مجذوب بھی ہوتا ہے۔اور سالک بھی۔بحالتِ صحو بھی رہتا ہے اور سکر میں بھی۔اِن میں اکثریت خود کو سلسلہ ازدواج سے بھی منسلک نہیں کرتے۔اور ایسے صاحب ولایت کو بسلسلہ اویسیہ **Directly** حضرت علی المرتضیٰؓ سے فیوضات وبرکات حاصل ہوتے ہیں۔یعنی کہ قلندری سلسلہ کی مکمل رہنمائی، پرورش، سیاق وسباق اور روحانی تربیت حضرت مولیٰ علی شیرِ خدا کے ذمہ کرم پر ہوتی ہے۔اکثر علمائے کرام اور اولیائے عظام کا اِس بات پر قوی اتفاق ہے۔کہ! اِس وقت تک فقط اڑھائی قلندر ہوئے ہیں۔☆ حضرت بوعلی قلندر پانی پتیؒ۔☆ حضرت شہباز قلندر۔☆ آدھی قلندر یعنی حضرت رابعہ بصریؒ۔

لیکن میرے (مصنف کتابِ مستطاب اَسرارِ **محبوب کامل**) خیال کے مطابق اِن اڑھائی قلندروں کے علاوہ دیگر کئی ایسے اولیاء اللہ بھی گزرے ہیں۔جن میں قلندری صفات وکیفیات اور فیض (اَز جانبِ حضرت علی المرتضیٰؓ) خصائل وفضائل پائے جاتے تھے۔بہر حال! علمائے متصوفین نے قلندروں کی دو اقسام کا ذکر کیا ہے۔قلندرِ مہری اور قلندرِ قہری۔

☆ **قلندرِ مہری :** قلندرِ مہری صفت کے حامل اولیاء اللہ آبادی میں رہتے ہیں۔اور لوگوں کے ہاتھوں سے یا لوگوں کا پکا ہوا کھانا، پینا ومشروب بخوشی کھاتے پیتے ہیں۔ایسے لوگ بعض اوقات کسی ایک جگہ کو اپنا ٹھکانہ بنا لیتے ہیں۔قلندرِ مہری والی صفت کے حاملین اولیائے عظام میں کچھ اولیاء تو چلتے پھرتے اپنی جملہ زندگی گزار دیتے ہیں۔

☆ **قلندرِ قہری :** قلندرِ قہری صفت کے حامل اولیاء اللہ آبادی سے دور جنگلوں، بیابانوں، ویرانوں یا غیر آباد جگہوں میں بستے ہیں۔اور لوگوں کے ہاتھوں سے یا لوگوں کا پکا ہوا بالکل نہیں کھاتے پیتے۔لوگ ایسی صفت کے حامل کو مست ملنگ یا مست قلندر کہتے ہیں۔ایسے لوگ تنہا پسند، خلوت پسند اور متوکل علی اللہ ہوتے ہیں۔صفتِ **صمدیت** اِن کی پہچان ہوتی ہے۔قلندرِ قہری والی صفت کے حاملین اولیائے عظام میں اکثر اولیاء تو چلتے پھرتے دنیا ومافیا سے الگ تھلگ رہتے ہوئے اپنی پوری زندگی گزار دیتے ہیں۔

عام لوگوں میں مشہور ہے۔کہ قلندری سلسلے کے لوگ صِرف حالتِ جذب میں رہتے ہیں۔اِن کو اپنا ہوش بھی نہیں رہتا۔اور اِن میں اکثریت چرس، بھنگ اور دیگر نشے وغیرہ کرتے ہیں۔اُن پر نماز روزہ ودیگر تمام فرائض معاف ہوتے ہیں۔یہ محض جھوٹ، افتراء، اور بہت ہی عظیم بہتان ہے۔ولی چاہے کسی بھی حالت میں ہو۔وہ بہرصورت شریعت کا لازمی پابند ہوتا ہے۔یاد رہے۔کہ! ہر ولی اللہ کو شریعت پر مکمل عمل پیرا ہونے کے بعد ہی ولایت نصیب ہوتی ہے۔کشف واستدراج تو کئی غیر مسلموں کو بھی حاصل ہے۔

☆ **خضرِ وقت :** خضرِ وقت اولیاء پر حضرت خضر نبیؑ کی طرح علم لدنی منکشف ہوتا ہے۔اور وہ اسرارِ الٰہی سے بھی کافی حد تک وقوف وادراک رکھتا ہے۔ایسا شخص جس پر ایک نظر ڈالے۔اُس کو کامل کردے۔مگر ایسے لوگ بہت قلیل ہوتے ہیں۔خضرِ وقت جیسے لوگ بھی ہو گزرے ہیں۔جیسے حضرت پیران پیر دستگیر، حضرت بایزید بسطامی، حضرت بابا فرید گنج شکرؒ، حضرت باقی باللہؒ، سیدی عبدالعزیز دباغؒ اور حضرت سلطان باہوؒ وغیرہ۔

☆ **مجذوب :** صوفیاء واولیاء اللہ میں مجاذیب ایسی صفت وکیفیت کے حامل شخص کو کہا جاتا ہے۔جو ہر وقت مستی کے عالم میں رہتا ہو۔اور اُس کا پتا نہ چلے۔کہ کب وہ حالت سکر میں آئے۔اور کب حالت صحو میں ہو۔یعنی کہ اُس کی کیفیات اُس کے اپنے دائرہ اختیار میں نہ ہوں۔(اِس ضمن میں فقیر حقیر پر تقصیر قارئین کی خدمت میں عرض گزار ہے۔کہ مجذوب بھی قلندر کی طرح ایک کیفیت وطبیعت کا نام ہے۔یہ کوئی سلسلہ طریقت نہیں ہے) مجاذیب کی مزید دو اقسام ہیں۔مجذوبِ ازلی۔ مجذوبِ کسبی۔

☆ **مجذوبِ ازلی** (مجذوبِ وہبی): اولیاء اللہ میں مجذوبِ ازلی یا مجذوبِ وہبی ایسے شخص کو کہتے ہیں۔کہ!

وہ بروزِ میثاق (جب **الستُ بربکم** کی صدا لگی تھا۔) تو مجذوبِ ازلی کی ارواح نے ''**بلٰی**'' کہہ کر ربّ العزت کے مشاہدہ جمال لا یزال سے مست ہوگئے۔اور تمام خواہشات وشہواتِ دنیاوی ولذاتِ اُخروی کو اپنے دل ودماغ سے نکال باہر کیا۔اور جب وہی عالمِ ارواح سے عالم اجساد یعنی دنیا میں تشریف لائے۔تو اُسی طور بے خبر ہی رہے۔اور یہی لوگ عالم برزخ میں بھی مست والست ہوتے ہوئے جنت میں داخل ہوجائیں گے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

یاد رہے۔کہ مجذوبِ ازلی مقامات ومنازل سیر وسلوک اور معرفت وحقیقت کا وقوف وادراک سے نابلد ہوتے ہیں۔ہاں البتہ! جس قدر روزِ اول سے ایسے لوگوں کو معلوماتِ ولایت حاصل تھیں۔یہ لوگ اُسی منزل پر ہی مستقل (مستقر) ٹھہرے رہے۔اور اکثر مجاذیب کو نہ تو مکاشفہ کونی ہوتا ہے۔اور نہ ہی مکاشفہ ذاتی۔

کاغذ پہ رکھ دیا ہم نے کلیجہ نکال کے — ہیں کدھر آج، قدرداں کمال کے

☆ **مجذوبِ کسبی** (مجذوبِ بے اِختیاری): اولیاءاللہ میں مجذوب کسبی یا مجذوبِ بےاختیاری ایسے اولیاء کو کہا جاتا ہے۔ کہ یہ لوگ عالم ارواح سے عالم اجسام میں دنیا کے اندر بحالتِ ہوشیاری تشریف لائے۔ اور مدت تک سمجھ بوجھ میں ہی رہا۔ مگر اتفاقاً کسی کامل پیرومرشد کا مرید ہوا۔ اور مرشد نے اپنے خاندان کے موافق صدری تعلم وتلقین فرمائی۔ مگر جب سلطان الاذکار کی نوبت پہنچی۔ اور ہر جانب سے غلبہ انوار حاصل ہونے لگا۔ تو بے اِختیار ہو کر ہوش وخرد کے جامہ سے باہر نکل آیا۔ ایسے اشخاص اگر سلطان الاذکار کے متحمل ہوتے۔ تو سالکین میں سے ہوتے۔ اور بہت بلند درجات پاتے۔

کتاب مخزن الاسرار الالہیہ میں لکھا ہے۔ کہ! ایک طائفہ اولیاء اللہ کا مجاذیب وقلندروں کا ہے۔ جو کہ جناب سرورِ عالمین سید المرسلین ﷺ کے سامنے اُن کے حواسِ ظاہری کے ساتھ مگر ہاتھ پاؤں باندھ کر ایک پیالہ کہ جس کے اندر سرخ رنگ کا شربت خوشبودار اور لذیذ ہوتا ہے۔ پلایا جاتا ہے۔ اور وہ لوگ محض نور کی جانب متوجہ ومائل کئے جاتے ہیں۔ اس ضمن میں مجذوب حافظ شیرازی نے کیا خوب کہا ہے۔

نگارِ من کہ بمکتب نہ رفت و خط نہ نوشت — بغمزہ مسئلہ آموز صد مدرس شد

صاحبِ مرآۃ الاسرار مشہورِ زمانہ کتب نفحات الانس اور عوارف المعارف کے حوالوں سے فرماتے ہیں۔ کہ! اولیاءاللہ العُظام کے طبقات کے مراتب اِن کے درجات کے مطابق تین ہیں۔ ☆ **واصلین وکاملین**۔ ☆ **سالکانِ طریقِ کمال**۔ ☆ **اہلِ نقصان**۔

واصلین وکاملین: پہلا طبقہ یعنی واصلین وکاملین ومقربین اور سابقین، سالکین ابرار، اصحابِ یمین، مقیمانِ اسرار، اصحابِ شمال، اور اہلِ وصول، بعد از انبیاءؑ ہیں۔ اِس طبقہ اول کی بھی دو اقسام ہیں۔ پہلی مشائخِ صوفیہ کی ہے۔ جو رسولِ اکرم ﷺ کی کمال متابعت کی وجہ سے مرتبہ وصول (وصال در حب اللہ) تک پہنچ کر اِس کے بعد مخلوق کی ہدایت پر مامور ہوئے ہیں۔ اِن کو کاملانِ مکمل بھی کہا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ لوگ خلقِ خدا کی ہدایت اور تکمیل پر مامور ہوتے ہیں۔ جبکہ قِسم ثانی اُن حضرات پر مشتمل ہے۔ جو وصول کے بعد خلقِ خدا کی طرف رجوع وتوجہ نہیں کرتے۔ کیونکہ اِنہیں یہ خدمت (Duty) تفویض نہیں ہوئی ہے۔

☆ **سالکین**: دوسرا طبقہ سالکین کا ہے۔ سالکین کی بھی دو اقسام ہیں۔ 1۔ طالبانِ حق۔ 2۔ طالبان آخرت وبہشت۔

طالبانِ حق کی مزید دو اقسام ہیں۔ 1. **متصوفہ**. 2. **ملامتیہ**.

☆ **متصوفہ**: جو اپنے نفس کی بعض صفات سے خلاصی حاصل کر لیتے ہیں۔ اور اوصافِ حسنہ میں سے بعض اوصاف اور احوال سے متصف ہو جاتے ہیں۔ ☆ **ملامتیہ**: ملامتیہ وہ لوگ ہیں۔ جو اخلاص کی سختی سے نگہداشت کرتے ہیں۔ اور اپنے تمام اوقات میں اخلاص کی تحقیق کی طرف مکمل طور پر متوجہ رہتے ہیں۔ جس طرح کہ ایک گناہ گار اپنے گناہ کے ظہور سے پُرخوف رہتا ہے۔ اِسی طرح سے یہ لوگ اپنی طاعت کے ظہور سے ڈرتے رہتے ہیں۔ کیونکہ اِس سے رعایا کا گمان پیدا ہوتا ہے۔ ملامتیہ فرقہ کے بعض لوگ مشربِ قلندریہ کو بھی اپنے اندر شمار کرتے ہیں۔

فقراء، ملامتیہ اور متصوفہ میں بنیادی طور پر یہ فرق ہے۔ کہ! فقراء طالبِ بہشت اور خواہانِ حظِ نفس ہیں۔ جبکہ ملامتیہ اور صوفیہ طالبِ حق اور اِس کے قرب کے خواہاں ہیں۔ اِس مرتبے سے اوپر فقر میں ایک مقام ہے۔ جو کہ ملامتیہ اور متوصفہ کے مقامات سے بلند تر ہے۔ وہ صوفیہ کا وصفِ خاص ہے۔ کیونکہ اگرچہ صوفی کا مرتبہ فقر کے مرتبہ سے بلند ہے۔ اور مقامِ فقر کا خلاصہ صوفی کے مقام میں مندرج ہے۔ اِس کی وجہ یہ ہے۔ کہ صوفی کو مقامِ فقراء پر تمام شرائط ولوازم کے ساتھ عبور حاصل ہوتا ہے۔

بہرحال فقر ایک لازوال نعمت مترقبہ ہے۔ جو خوش نصیب لوگوں کو ہی میسر ہوسکتی ہے۔ یعنی کہ جس پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل وکرم ہو۔ جیسا کہ رب العالمین فرماتا ہے۔ کہ! **ذالک فضل الله يؤتيه من يشآء. والله ذوالفضل العظيم.** ترجمہ: یعنی کہ! یہ اللہ تعالیٰ کا (خصوصی) فضل ہے۔ جِسے چاہے۔ عطا کرے۔ اور اللہ تعالیٰ فضلِ عظیم کا مالک ہے۔

سالک: طریقت کی راہ کے چلنے والے کو سالک کہا جاتا ہے۔ اور سلوک یہ ہے۔ کہ! جو کچھ مقسوم ومقدور میں ہے۔ وہ بزرگوں کی تعلیم وتلقین اور تربیت سے آہستہ آہستہ حاصل ہوتا جاتا ہے۔ اور جیسے جیسے راہبر وراہنما چلتے چلتے منزل مقصود پر پہنچ جاتا ہے۔ ایسے ہی سالک بھی اپنے راہبر و رہنما یا پیرومرشد وشیخ طریقت کی ہدایات پر مَن وعَن عمل پیرا ہو کر سلوک ومعرفت کی کٹھن راہوں کو طے کرتے ہوئے واصل مقصود ہو ہی جاتا ہے۔ منزل کسی کو جلدی یا بدیر مل جانا کچھ مقدر اور زیادہ تر محنت پر منحصر ہے۔ بشرطِ کہ! اللہ تعالیٰ کی مدد بھی شامل حال ہو۔

طالبان آخرت کے چار گروہ: زہاد (جمع زاہد)، عُباد (جمع عابد)، خُدام (جمع خادم)، فقراء (جمع فقیر)

☆ **زھاد** وہ ہیں۔ جو نورِ ایمان ویقین سے آخرت کے جمال کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ اور دنیا کی بُرائی اِن کی نظروں میں ہوتی ہے۔ یاد رہے کہ زہاد اور صوفیہ میں یہ فرق ہے۔ کہ! زاہد اپنے حظِ نفس کی وجہ سے حق سے محجوب رہتا ہے۔ کیونکہ بہشت حظِ نفس کا مقام ہے۔ اور صوفی مشاہدہ جمال ازلی میں ہر دو عالم سے محجوب رہتا ہے۔ ☆ **عُباد** وہ گروہ ہے۔ جو ہمیشہ مختلف عبادات، نوافل اوراد ووظائف وغیرھم میں مشغول رہتے ہیں۔ اور ہمیشہ آخرت کے ثواب کی اُمید میں رہتے ہیں۔ اگرچہ یہ وصف صوفی میں بھی ہوتا ہے۔ لیکن صوفی حق کی خاطر پرستش کرتے ہیں۔ نہ کہ ثوابِ اُخروی کی خاطر۔ بنا کسی لالچ وطمع دینی و دنیاوی۔ ☆ **خدام** وہ گروہ ہے۔ جو فقراء اور طالبانِ حق کی خدمت اختیار کر لیتے ہیں۔ اور اپنے اوقات کو فرائض کی ادائیگی کے بعد معاش اور امدادِ خلق میں صَرف کرتے ہیں۔ وہ اِس بات کو نوافل پر ترجیح دیتے ہیں۔ اور جائز طریق سے طلبِ معاش کرتے ہیں۔ اِن میں سے بعض کسب کے ذریعے، بعض بھیک

مانگ کر، بعض لینے دینے اور بعض فتوحِ غیب کے ذریعے سے۔لیکن اِن کی نظر ہمیشہ حق پر ہی رہتی ہے۔اور اِس حالت میں خادم اور شیخ دونوں کی حالت ایک دوسرے کے مشابہ ہوتی ہے۔لیکن خادم اور شیخ میں بنیادی فرق یہ ہوتا ہے۔کہ! خادم کی خدمت اُمیدِ ثواب پر منحصر ہوتی ہے۔لیکن اِس میں مقیّد نہیں ہوا جاسکتا۔جبکہ شیخ مرادِ حق سے قائم ہوتا ہے۔نہ کہ مرادِ نفس سے۔یعنی صرف حق کا طالب ہوتا ہے۔ ☆ **فــقــراء** : جو اپنے آپ کو دنیا کی کسی چیز کا مالک ومختار نہیں سمجھتے۔اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی میں اپنا سب کچھ ترک کر دیتے ہیں۔اِن حضرات کا ترک تین وجوہات کی بناء پر ہوا کرتا ہے۔

پہلی وجہ تخفیفِ حساب اور خوفِ عُتاب ہے۔کیونکہ حلال کا تو حساب ہوتا ہے۔جبکہ حرام کا عذاب۔دوسری وجہ توقع فضلِ ثواب اور جنت میں داخل ہونے میں سبقت کا حصول ہے۔کیونکہ فقراء لوگ اغنیاء سے پانچ سو برس قبل بہشت میں داخل ہوں گے۔اور تیسری وجہ جمعیتِ خاطر اور سکونِ قلب ہے۔تاکہ یکسوئی اور حضورِ قلب کے ساتھ عبادت میں مشغول رہ سکیں۔ حضرت سلطان العارفین سلطان باھوؒ فرماتے ہیں۔کہ! ولایت میں سب سے بلند اور اعلیٰ مرتبہ ''فقر'' کا ہے۔اور اللہ تعالیٰ اَب تک پانچ سلاطینِ فقر کو پیدا فرما چکا ہے۔جبکہ باقی دو نے ابھی آنا ہے۔مَیں ان سات میں سے پانچویں نمبر پر ہوں۔

اِس بات کی مزید توضیح ہم حضرت فقیر نور محمد سروری قادریؒ کی کتابِ مستطاب ''**مُـخـزن الاسـرار**'' سے بیان کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔تاکہ ہم بھی ثواب دارین میں شامل ہوسکیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

رسـالـہ روحی شریف (مصنفہ حضرت سلطان باھوؒ) میں ایک مسئلہ جس کی تشریح وتوضیح نہایت ضروری ہے۔بلکہ یہ مسئلہ علمائے ظاہر (مادہ پرست) کے اعتراضات کی آماجگاہ بنا رہتا ہے۔وہ مسئلہ یہ ہے۔کہ! کہ رسالہ روحی شریف میں دنیا کے تمام اولیاء اللہؒ میں سے صِرف سات **07** معزز وممتاز اولیاء اللہؒ کو سلاطینِ فقراء اور حضرت سید الکونین ﷺ کے جلیل القدر احباب کے لقب سے موسوم کیا ہے۔جن میں سے پانچ محترم المقام ہستیاں دنیا میں تشریف لا چکی ہیں۔جن کی ترتیب یہ ہے۔ ☆ **اول روحِ پاک حضرۃ جنابہ خاتونِ جنت فاطمۃ الزہراء طیبہ وطاہرہؓ**۔

کیونکہ! آنحضور نبی آخرالزماں ﷺ نے اپنی پاک بازمحترم بیٹی کے بارے میں خود فرمایا ہے۔کہ! **فـا طـمـۃ بـضـعـۃ مـنـی. من اذاھـا فقد اذانی. ومـن ابـغـضـھا فقد ابغضنی**۔ **تـرجـمـہ:** فاطمہؓ میری جان کا ٹکڑا ہے۔جس نے اِسے ایذا پہنچائی۔(بلا شبہ) اُس نے مجھے ایذا پہنچائی۔اور جس نے اِن سے بُغض رکھا، گویا! اُس نے مجھ سے بُغض رکھا۔ ☆ **دوئم روحِ محترم جناب حضرت خواجہ حسن بصریؓ (خلیفہ حضرت علی المرتضیٰؓ)**۔ ☆ **سوئم روحِ مبارک جناب حضرت سید شیخ عبدالقادر جیلانی ثم بغدادیؒ**۔ ☆ **چہارم روحِ مکرم جناب سید عبدالرزاق بن سید عبدالقادر جیلانیؒ**۔ ☆ **پنجم روحِ معظم جناب سلطان العارفین حضرت سلطان باھوؒ**۔

حضرت سلطان باھوؒ اپنے اسی رسالے ''رسالہ روحی شریف:: میں مزید فرماتے ہیں۔ میرے بعد مزید دو فقراء نے اِس دنیا میں تشریف لانا ہے۔جب تک وہ دونوں اِس دنیا میں تشریف نہیں لائیں گے۔قیامت قائم نہیں ہوگی۔اور اِن سات اولیاء اللہ کے قدم تمام اولیاء اللہ (غوث، قطب وغیرہا) کے سَر پر ہیں۔واللہ اعلم بالصواب۔(رسالہ روحی شریف آگے دیا گیا ہے) فقر کے سلسلے میں چند احادیثِ نبویہ ﷺ بھی پیشِ خدمت ہیں۔جیسے کہ! ☆ **الـفـقـر فـخـری وبـہ وافتخر علیٰ سائر الانبیاء یوم القیامۃ**. **تـرجـمـہ:** فقر کے کمال پر مجھے فخر ہے۔اور اِسی بے مثل کمال (فخر) کے باعث، مَیں بروزِ قیامت تمام انبیائے کرامؑ کے درمیان سَر بلند ہوں گا۔(انشاء اللہ تعالیٰ) ☆ **الفقر فخری وبہ والفقر منی**.

ترجمہ: فقر میرا فخر ہے۔اور فقر ہی میرا اصل ترکہ و ورثہ ہے۔ یاد رہے۔کہ! آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے اپنی پوری حیاتِ طیبہ میں کبھی بھی کسی بھی حالت وکیفیت یا چیز پر فخر نہیں کیا ماسوائے ''فقر'' کے۔یہاں تک کہ اپنے نبی ورسول ہونے پر بھی فخر کا اظہار نہیں فرمایا۔مگر آپ ﷺ نے فقر پر فخر کیا۔ ☆ **الفقر عز لا ھلہ۔ترجمہ:** فقر (درحقیقت) اہلِ فقر کے لئے موجبِ عزت ہے۔

حضرت سید شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے کسی نے فقر کی تعریف پوچھی۔تو آپؒ نے فرمایا۔ ☆ **لیـس الفقیر من لیس لہ درھم ولا دینار بل الفقیر من قال لشیءٍ کُن فَیَکُون**۔ **ترجمہ:** دنیائے باطن میں فقیر (درحقیقت) وہ نہیں۔کہ جس کے پاس درہم و دینار نہ ہوں۔بلکہ (اصل) فقیر (تو) وہ ہے۔جو کسی شئے کے لئے کہہ دے۔ہو جا۔پس (بلا شبہ) وہ ہو جائے۔(یعنی اُس کے پاس ''**کُـن**'' کی کنجی ہر وقت موجود ہو) بہر حال! مختلف کتب میں فقر کی ایک اور تعریف یہ بھی آئی ہے۔

☆ **الفقر اذا اتم فھو اللہ.** ترجمہ :یعنی کہ جب فقر کا مرتبہ تمام ہو جاتا ہے۔تو بس اللہ ہی اللہ رہ جاتا ہے۔

☆ **مُـراد:** مراد وہ ہے۔کہ جس کی رضا کا شیخ یعنی پیر ومرشد خود متلاشی ہو۔اس کی ہر لغزش سے بلا مؤاخذہ اُسے مطلع کرے۔اور اُس کی تھوڑی سی عبادت کو زیادہ سمجھ کر قبول کرے۔اِس بات سادہ لفاظی میں یوں بیان کیا جاسکتا ہے۔کہ! مرید محبّ ہے۔اور مراد محبوب۔یعنی مرید طالب ہے۔اور مراد مطلوب۔بقولِ حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ! در سینہ عاشقاں ہمہ درد نہند

☆ **صُوفی :** صوفی اولیاء اللہ میں سے ایسی پاک نفس ہستی کو کہا جاتا ہے۔کہ! کہ! جس کا ظاہر وباطن ہمیشہ پاک ومصفی رہتا ہو۔اور بوقتِ عبادت اُس کے اجزاء علیحدہ علیحدہ ہوکر اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کے حصول کے لئے متفرق ہوکر ذکر واذکار پر کاربند رہتے ہوں۔اگر کسی ایسی حالت میں سلطان الاذکار حاصل ہو جائے۔تو صوفی بہت سرعت کے ساتھ منازل سلوک ومعرفت طے کرتے چلے جاتے ہیں۔اور بہت جلد مقامِ فنا فی اللہ سے گزر کر بقا باللہ کی طرف پہنچ کر واصل باللہ ہو جاتے ہیں۔ایسے حضرات قلیل ہوا کرتے ہیں۔جیسے کہ! حضرت امام مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندیؒ اور پیر مہر علی شاہ گولڑویؒ وغیرہ۔۔۔ مشائخ

صوفیہ درحقیقت رسولِ اکرم ﷺ کی کمال متابعت کی وجہ سے مرتبہ وصول (وصال درحب اللہ) تک پہنچ کر اِس کے بعد مخلوق کی ہدایت پر مامور ہوئے ہیں۔ اِن کو کاملانِ مکمل بھی کہا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ لوگ خلقِ خدا کی ہدایت اور تکمیل پر مامور ہوتے ہیں۔ اور اپنی ذمہ داری کو بخوبی نبھاتے ہیں۔

اگر نہ ہو اُلجھن تجھے ، کھول کر کہہ دوں　　وجودِ حضرتِ انسان نہ روح ہے نہ بدن

☆ **صُوفی ابن الوقت**: صوفی ابن الوقت وہ ہے۔ کہ! ظاہر و باطن تو پاک و مصفی رکھتا ہو۔ لیکن ایسا شخص اپنی طبیعت و کیفیت میں نہ اپنی مرضی سے بے ہوشی طاری کرسکتا ہے۔ اور نہ ہی اپنی مرضی سے ہوش میں آسکتا ہے۔ مگر جب تک کہ اللہ نہ چاہے۔ (بے ہوشی یعنی کیفیت فنا فی اللہ) ایسا شخص اُس کی طرح ہے۔ کہ جس کو بخار یا لرزہ طاری ہوجائے۔ تو وہ اپنے امراض کو اُتارنے پر قادر نہ ہوسکے۔ ☆ **صُوفی ابوالوقت**: صوفی ابوالوقت وہ ہے۔ کہ! ظاہر و باطن پاک و مصفی رکھتا ہو۔ ایسا شخص اپنی طبیعت و کیفیت میں جب چاہیے ہوشی طاری کرلے۔ اور جب چاہے۔ ہوش میں آجائے۔ (بے ہوشی یعنی کیفیت فنا فی اللہ) ایسا شخص صوفی ابن الوقت سے بدرجہا اولیٰ و بہتر ہوتا ہے۔ یہ درجہ حضرت سلطان العارفین بایزید بسطامیؒ کو حاصل تھا۔

☆ **صحابی ، تابعیؒ اور ولی کا بیان**: علمائے کرامؒ کے نزدیک صحابیؓ ایسے شخص کو کہا جاتا ہے۔ کہ جس نے آنحضرت رسولِ اکرم ﷺ کے زمانہ ہی میں اسلام قبول کیا ہو۔ اور شریعتِ محمدی ﷺ کو اپنایا ہو۔ اگرچہ اُن (صحابیؓ) کو آنحضور ﷺ کی صحبتِ بابرکت میسر نہ ہوئی ہو۔ جبکہ تابعیؒ ایسے مسلمان شخص کو کہا جاتا ہے۔ کہ جس نے رسول آخرالزماںؐ کے کسی صحابیؓ کی زیارت کی ہو۔ اگرچہ مجالست و مصاحبت نہ بھی ہوئی ہو۔ اور ولی ایسے متقی مسلمان کو کہا جاتا ہے۔ جسے اللہ تعالیٰ اپنا دوست گردانتے ہوں۔ اور وہ متقی شخص بھی اللہ تعالیٰ کی محبت میں ہر چیز کو کوئی اہمیت نہ دے۔ چنانچہ فرمایا گیا۔ **اللہ ولی الذین آمنوا**۔ اللہ تعالیٰ ان کا ولی (دوست) ہے۔ جو ایمان لائے۔

چنانچہ اِسی بابت (مشہور کتاب) **حلیۃ الاولیاء** میں ابونعیمؒ نے ایک حدیثِ نبوی ﷺ نقل کی ہے۔ کہ! جب آنحضرت رسولِ مکرم ﷺ سے ولی (ولایتِ خاصہ) کی تعریف دریافت کی گئی۔ کہ! **یارسول اللہ ﷺ! اولیاء اللہ کون ہیں؟** تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ کہ وہ وہ لوگ ہیں۔ جب ان کو دیکھا جائے۔ تو اللہ تعالیٰ یاد آجائے۔ ایک اور **حدیثِ قدسی** میں یوں آیا ہے۔ کہ میری مخلوق میں میرے محبین و اولیاء وہ (خوش نصیب لوگ) ہیں۔ کہ میرے ذکر کے ساتھ ان کا ذکر کیا جائے۔ اور میں اُن کے ذکر سے یاد کیا جاؤں۔ اِسی طرح حقائق اسلمی میں آیا ہے۔ کہ جناب حضرت عیسیٰ روح اللہؑ سے فرمایا گیا۔ کہ اُن (پاکباز لوگوں) کے پاس اُٹھنا بیٹھنا اختیار کرو۔ کہ جن کی زیارت تمھیں اللہ تعالیٰ کی یاد دلائے۔ اور آخرت کی رُغبت دلائے۔ (کیونکہ) یہی ہے ولایتِ خاصہ۔ حق تعالیٰ سے ہم دست بستہ دعاگو ہیں۔ کہ اللہ تعالیٰ اپنے خصوصی فضل و کرم اور اپنے پیارے حبیب ﷺ کے توسل و تصدق سے ہمیں اور جملہ طالبین کو ولایتِ خاصہ سے بہرہ ور فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

☆ **اولیائے کرام کے مبادی ء فیوض**: اولیاء دو اقسام کے ہوتے ہیں۔ 1۔ محمدی المشرب۔ 2۔ غیر محمدی المشرب۔

☆ **محمدی المشرب**: یہ اولیاء اللہ محبوب بالذات ہوتے ہیں۔ اور سرورِ عالم ﷺ کے زیرِ قدم ہیں۔ اور آپ ﷺ کے ہی مشرب اور مبداء فیض سے اقتباسِ فیض کرتے ہیں۔ اس لئے اُن کے مبادی ء فیوض ''ظلال شیونات علم'' ہیں۔

☆ **غیر محمدی المشرب**: یہ اولیاء اللہ محبوب بالعرض یا محبّ ہوتے ہیں۔ اور یہ اولیاء دیگر انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰت والتسلیمات کے زیرِ قدم ہیں۔ اور ان کے مشارب مبادی ء فیوض سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس لئے ان کے مبادی ء فیوض ''ظلالِ صفات ثبوتیہ'' ہیں۔

☆ **فیضِ رحمانی**: بمطابقِ مشائخین! سالک کو ذاتِ حق تعالیٰ (مبداءفیض) سے جو فیض پہنچتا ہے۔ اس کی مزید دو اقسام ہیں۔ فیضِ تخلیقی۔ فیضِ کمالاتی۔

☆ **فیضِ تخلیقی**: انسان کی ایجاد و تخلیق کا سبب فیضِ تخلیقی کہلاتا ہے۔ یہ فیض انسان کو صفات کے توسط و توسل سے حاصل ہوتا ہے۔

☆ **فیضِ کمالاتی**: مسلمان کے ایمان و معرفت اور کمالاتِ نبوت و ولایت کا سبب فیضِ کمالاتی کہلاتا ہے۔ یہ فیض بعض کو صفات کے توسط و توسل سے اور بعض کو شیونات (شان کی جمع) کے توسط و توسل سے حاصل ہوتا ہے۔ مثلاً سرورِ کائنات خلاصہء موجودات ﷺ مبداءفیضِ تخلیقی صفات ہیں۔ اور مبداءفیضِ کمالاتی شیونات ہیں۔

تیرے خیال نے بخشی تھی جو ، وہ خوشی نہ رہی　　گلوں میں رنگ ، بہاروں میں دلکشی نہ رہی
میری نوشت میں تھی خاکِ ہر جہاں ورنہ　　تمھارے فیضِ نظر میں ، تو کچھ کمی نہ تھی
تم اپنے عہدِ جوانی کو رو رہے ہو ورنہ　　ہم اپنے حال پہ روتے ہیں ، کہ زندگی نہ رہی
اسی وثوق سے ہم میکدے میں آئے ہیں　　تیری نگاہ کو دیکھا ، تو تشنگی نہ رہی
ہزار کہئے کہ آگِ دل لگی میں لگی　　جب آگ لگ ہی گئی ، تو دل لگی نہ رہی
طلب طلب ہے ، مگر دَور بد نصیب سا ہے　　کہ خواجگی تو رہی ، بندہ پروری نہ رہی
بڑے یقین سے دیکھی تھی ، ہم نے صبحِ اُمید　　قریب پہنچے تو واصف وہ روشنی نہ رہی

حکایت : ایک درویش کی کسی بادشاہ سے ملاقات ہوئی۔ بادشاہ نے کہا۔ کچھ مانگئے۔ درویش نے فرمایا۔ مَیں اپنے غلاموں سے کوئی حاجت روائی نہیں چاہتا۔ بادشاہ نے متعجب ہوکر پوچھا۔ یہ کس طرح؟ درویش نے فرمایا۔ میرے دو غلام ہیں۔ اور وہ دونوں تیرے مالک و مصاحب ہیں۔ ایک حرصِ دنیا اور دوسرا طول امل یعنی اُمیدِ غیر متناہی۔

قال الاشرف : ان الله ناصر الذین اٰمنوا ثم اخراجهم عن حجب الطبیعت و کشف عن قلو بهم نورالا حدیت۔

(ترجمہ) حضرت اشرف رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔ کہ! اللہ تعالیٰ اِن حضرات کا مددگار رہے۔ جو ایمان لائے۔ اور اللہ تعالیٰ نے اِن کو حجاب ہائے طبیعت سے باہر نکالا۔ اور نورِ احدیت اِن کے قلوب پر ظاہر کیا۔ اگر اِس علم سے علمِ مدرسہ (دراست) مقصود ہوتا۔ تو پھر علمائے ظواہر ہی سرحلقہ روزگار اور پیشوئے اصفیائے نامدار ہوتے۔ اور ایسا نہیں ہے۔ اس لحاظ سے یہ ثابت ہوا۔ کہ ولی کو علمِ وراثت کا عالم ہونا چاہیئے۔ اس موقع پر حضرت نورالعین نے عرض کیا۔ (تو پھر) علمِ وراثت سے کیا مراد ہے؟ آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا۔ علمِ وراثت (دراصل) وہ علم ہے۔ جو بغیر تعلیم (اور مدرس) سے حاصل ہوتا ہے۔ اور یہ ایک ایسا سبق ہے۔ کہ بغیر رابطہ تکلم کے سمجھا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ میت کا ترکہ، جس کے بارے میں کہ علمائے ظواہر میں مشہور ہے۔ کہ رشتہ قرابت سے سے حاصل ہو جاتا ہے۔ جبکہ وہ علم (یعنی کہ علمِ وراثت درحقیقت) علمِ لدنی ہے۔ جس کا ذکر قرآنِ مجید میں ایسے آیا ہے۔ **وعلمنه من لدنا علما** ۔ (ترجمہ) اور ہم نے اپنے پاس کے علم سے اس کو تعلیم دی۔ یعنی کہ اللہ تعالیٰ کے علمِ ذاتی سے ولی کو کچھ حصہ تعلیم کیا جاتا ہے۔ اگرچہ از روئے ظاہر (وہ ولی اللہ) ابجد آشنا بھی نہیں ہوتا۔

حکایت : ایک دفعہ تین مریدین کہ جن کی ارادت مختلف پیران سے تھی۔ ایک جگہ اکٹھے ہوئے۔ اور ایک صاحب ولایت کے سامنے اپنے درجات کے جاننے کے لئے پہنچے۔ **پہلے مرید نے کہا۔** کہ میں فجر کی نماز خانہ کعبہ میں پڑھتا ہوں۔ ظہر کی نماز مدینہ منورہ میں پڑھتا ہوں۔ عصر کی نماز بیت المقدس میں پڑھتا ہوں۔ اور مغرب وعشاء کی نماز گھر کے قریب کی مسجد میں پڑھتا ہوں۔ **دوسرے مرید نے کہا۔** کہ میں فجر کی نماز خواجہ خواجگان (حضرت معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ) کے مزار کی ملحقہ مسجد اجمیر میں پڑھتا ہوں۔ ظہر کی نماز خواجہ خواجگان (حضرت قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ) کے مزار کی ملحقہ مسجد دہلی میں پڑھتا ہوں۔ میں عصر کی نماز خواجہ خواجگان (حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ) کے مزار کی ملحقہ مسجد پاکپتن میں پڑھتا ہوں۔ اور مغرب وعشاء کی نماز گھر کے قریب کی مسجد میں پڑھتا ہوں۔ **تیسرے مرید نے نہایت عاجزی وانکساری سے کہا۔** کہ یہ دونوں مریدین بہت بلند مقامات پر ہیں۔ اِن کو تو کرامتِ طی الارض حاصل ہے۔ میری تو اتنی پرواز نہیں۔ البتہ میں اِس بات پر بہت خوش ہوں کہ مَیں ہر نماز پیر ومرشد کی معیت میں پڑھتا ہوں۔ پیر ومرشد کا دیدار میرے لئے قبلہ وکعبہ کے دیدار کی حیثیت رکھتا ہے۔ جب اُس بزرگ نے تینوں مریدین کے احوال سنے۔ تو اُنہوں نے فرمایا۔ کہ تم میں سب سے بہتر یہ آخری مرید ہے۔ کہ جس کو ہر نماز میں اپنے پیر ومرشد کا دیدار نصیب ہوتا رہتا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

حکایت : جب حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام نے صحائف میں حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظیم المرتبت اُمت کی مدح وفضیلت ملاحظہ کی۔ تو دعا کی۔ کہ ''الٰہی! اِس گروہ کو میری اُمت بنا دے۔'' حکم الٰہی ہوا۔ کہ اِن کو تمھاری اُمت نہیں بناؤں گا۔ اِس لئے کہ وہ میرے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت ہے۔ اِس کے بعد دوبارہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے یہ دعا کی۔ کہ! الٰہی اگر تو اِن کو میری اُمت نہیں بناتا۔ تو اُن کی زبان میرے حق میں سچی رکھیو۔ پس حضرت ابراہیم علیہ السلام کی یہ دعا قبول ہوئی۔ (کہ ساری اُمتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نبوت وخلعت میں حضرت ابراہیم نبی علیہ السلام کا اقرار کیا) اور یہی وجہ ہے۔ کہ! تمام اُمتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ہر نماز میں ''**التحیات**'' کے بعد درود وسلام میں آنحضور نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم (مع آل) اور حضرت ابراہیم نبی علیہ السلام (مع آل) کا لازمی ذکر کرتی ہے۔ اِس طرح ہر مسلمان (جو کہ اربوں کھربوں کی تعداد سے تجاوز کر چکے ہیں۔ اور مزید قیامِ قیامت تک آتے بھی رہیں گے) تمام حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کو ہر نماز میں اللہ تعالیٰ کے ذریعے سے درود وسلام بھیجتے رہتے ہیں اور بھیجتے رہیں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

حکایت : جب حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام نے توریت میں اِس اُمت کی تعریف وتوصیف ملاحظہ فرمائی۔ تو خواہش ظاہر کی۔ کہ اِس جماعت کو میری اُمت بنا دے۔ حکم ہوا۔ کہ! اِن کو تمھاری اُمت نہیں بناؤں گا۔ (کیونکہ) وہ میرے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت ہے۔ تب انہوں نے دعا کی۔ کہ پھر مجھ ہی کو اس اُمت میں داخل فرما۔ حکم ہوا۔ کہ! تمھارا ظہور اِن سے بہت دور ہے۔ کہ! تم اِن کے زمانہ کو نہیں پہنچ سکتے۔ اِسی طرح سے جب حضرت عیسیٰ روح اللہ علیہ السلام نے اِنجیلِ مقدس میں جب اِس اُمت کی توصیف وفضیلت ملاحظہ فرمائی۔ تو عرض گزار ہوئے۔ یا الٰہی! اِس جماعت کو میری اُمت بنا دے۔ حکم ہوا۔ کہ! اِن کو تمھاری اُمت نہیں بناؤں گا۔ (کیونکہ) وہ میرے آخری پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمت ہے۔ تب انہوں نے دعا کی۔ کہ پھر مجھ ہی کو اس اُمت میں داخل فرما۔ چنانچہ اُن کی یہ دعا قبول ہوگئی۔ کہ حق تعالیٰ نے اُن کو زمین سے آسمان پر زندہ اُٹھا لیا۔ یہاں تک کہ آخر زمانہ میں ان کو زمین پر اُتار کر اِس عظیم المرتبت اُمت میں داخل فرمایا جائے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

لطائف اشرفی'' میں مرقوم ہے۔ کہ! **قال الاشرف : الولایة هی قیام العبد مع البقاء بعد الفناء و اتصافه بصفة التمکین والصفا.** ترجمہ : بندہ کا قائم رہنا بعد فنا کے بقاء کے ساتھ اور متصف ہونا صفتِ تمکین وصفا سے ولایت ہے۔

حضرت کبیر نے عرض کیا۔ کہ کیا آیاتِ بینات (قرآنِ کریم) میں کوئی ایسی آیت ہے۔ جو کہ اولیاء اور اِن کے گروہ عالیہ کی ولایت کے سلسلے میں مشعر ومظہر ہو۔ حضرت نے جواب میں ارشاد فرمایا۔ کہ عالم ربانی حضرت امام عبداللہ الیافعی الیمنی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی بعض تصانیف میں دس قرآنی آیات اور صحاحِ ستہ سے دس احادیثِ نبویہ صلی اللہ علیہ وسلم بیان فرمائی ہیں۔ اور اِن (آیات واحادیث) کو اس گروہ صوفیہ کی جلالتِ شان اور علومرتبت پر دلیل بنایا ہے۔ حضرت قدوۃ الکبریٰ رحمۃ اللہ علیہ نے

فرمایا۔ کہ بہت سی دلیلیں قرآنِ مجید میں اور احادیثِ نبوی ﷺ میں اس سلسلہ میں (بکثرت) موجود ہیں۔ لیکن بخیالِ اختصار صِرف تین آیات (نصوص) اور احادیث نبویہ ﷺ (یہاں پر) بیان کی جاتی ہیں۔ **فأ لٰئک مع الذین انعم اللہ علیھم من النبیین والصد یقین ... و کفٰی با للہ علیما** ۔(سورہ نساء۔ آیت نمبر 70-69) ترجمہ : وہ لوگ جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام کیا۔ انبیاءؑ ، صدیقین ، شہداء اور صلحاء ہیں۔ اور یہ اچھے رفیق ہیں۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے فضل ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کافی ہے جاننے والا۔ (قرآنِ مجید میں ہے۔ کہ!) **الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحز نون ۔ا لذین اٰمنوا و کانوا یتقون۔ لھم البشریٰ فی الحیٰو ۃ الد نیا و فی ا لا خرۃ ط لا تبد یل لکلمٰت اللہ ۔ذٰ لک ھو الفوز العظیم** ۔

(سورہ یونس۔ آیت نمبر 64-62) ترجمہ : بے شک! اولیاء اللہ (یعنی اللہ تعالیٰ کے دوستوں) کے لئے نہ (کوئی) خوف ہے۔ اور نہ (ہی) وہ غمگین ہوں گے۔ وہ جو ایمان لائے۔ اور پرہیزگار ہیں۔ اِن کے لئے دنیا میں اور آخرت میں بھی خوشخبری ہی خوشخبری ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے کلمات میں تبدیلی نہیں ہے۔ اور یہی بڑی کامیابی ہے۔ (قرآن میں ایک اور جگہ آیا ہے) **ان الذین قا لوا ربنا اللہ ثم ا ستقا موا تتنزل علیھم المٰئکۃ الا تخا فوا ولا تحزنوا و ابشروا بالجنۃ الٰتی تو عدون. نحن اولیٰؤ کم فی الحیوٰۃ الد نیا و فی الاٰ خرۃ ج ولکم فیھا ما تشتھی انفسکم ولکم فیھا ما تدعون. نزلا من غفو ر رحیم** ۔(سورہ فصلت۔ آیت نمبر 32-30) ترجمہ : بےشک! جنہوں نے یہ کہا۔ کہ ہمارا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے۔ اور انہوں نے اس پر قائم رہے۔ تو اِن پر فرشتے (یہ کہتے ہوئے) نازل ہوتے ہیں۔ کہ تم مت ڈرو۔ اور غمگین مت ہو۔ اور اس جنت کی بشارت سے خوش ہو جاؤ۔ جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔ ہم تمھارے دنیا کی زندگی میں اور آخرت کی زندگی میں دوست ہیں۔ اور تمھارے لئے ہے اس میں۔ جو تمھارا جی چاہے۔ اور تمھارے لئے اس میں۔ جو مانگو۔ مہربانی بخشنے والے مہربان کی طرف سے۔ لہٰذا چاہیئے۔ کہ ثابت قدم رہنا اور استقامت کے ساتھ چلنا سلوک و معرفت کے طالب و سالک کے لئے بہت ضروری ہے۔ تاکہ وہ اپنی منزل کو جلدی پہنچ سکے۔

☆ بقولِ سیدی عبدالوہاب الشعرانی ! اولیاء اللہ کی دو اقسام ہیں۔ صالحین اور صدیقین۔ صالحین انبیاءؑ کا بدل ہیں۔ جبکہ صدیقین رسلؑ کا۔ اور انہی صالحین و صدیقین کے مابین فضیلت کا بھی وہی معیار ہے۔ جو کہ انبیاءؑ اور مرسلینؑ کے درمیان ہے۔ اِن میں سے ایک گروہ ایسا ہے۔ جو حضور نبی مکرم ﷺ کی طرف سے مادہ میں منفرد ہے۔ جس کا کہ وہ عین الیقین کے ساتھ مشاہدہ کرتا ہے۔ مگر یہ گروہ تعداد میں قلیل ہے۔ جبکہ تحقیق میں کثیر ہے۔ ہر ہر نبیؑ کا مادہ اور ہر ہر ولی کا مادہ دراصل آنحضور نبی کرم ﷺ ہی سے ہے۔ لیکن اولیاء اللہ میں سے بعض ان کے عین کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ جبکہ بعض سے ان کے عین اور ان کا مادہ مخفی رہتا ہے۔ پس وہ اسی میں ہی فنا ہو جاتا ہے۔ جو کہ اس پر وارد ہوتا ہے۔ اور اپنے مادہ کے طلب میں مصروف نہیں ہوتا۔ بلکہ وہ اپنے حال ہی میں محو و مستغرق رہتا ہے۔ اور اپنے وقت کے ماسوا کچھ نہیں دیکھتا۔ اور ان میں سے بعض کی نورِ الٰہی کے ساتھ معاونت کی جاتی ہے۔ پس وہ اسی کے ساتھ ہی دیکھتے ہیں۔ حتی کہ انہیں تحقیق کے ساتھ اس بات کا عرفان بھی حاصل ہو جاتا ہے۔ کہ! وہ درحقیقت ہیں کیا ؟ اور یہ ان کی کرامت ہے۔ اور اس (بات) کا انکار صرف وہی کر سکتا ہے۔ جو کہ اولیاء اللہ (کی ولایت) کا انکار کرتا ہے۔ اور ہم (امام شعرانیؒ) عرفان کے بعد انکار سے اللہ تعالیٰ کی پناہ کے طلب گار ہیں۔

حدیثِ نبوی ﷺ : اے جابرؓ! بے شک اللہ تعالیٰ نے جملہ مخلوقات سے قبل اپنے (ذاتی) نور سے تیرے نبی مکرم ﷺ کا نور تخلیق فرمایا۔ پھر وہ مشیت ایزدی کے مطابق جہاں چاہتا تھا، سیر کرتا رہا۔ اس وقت نہ تو لوح تھی، نہ قلم، نہ جنت تھی نہ ہی دوزخ، نہ فرشتہ تھا نہ آسمان، نہ سورج تھا نہ چاند، نہ ہی جن تھا نہ انسان۔ (پھر) جب اللہ تعالیٰ نے ارادہ فرمایا۔ کہ مخلوقات کو پیدا فرمائے۔ تو اسی نور کو چار منقسم فرما دیا۔ پہلے حصے سے قلم بنایا۔ دوسرے حصے سے لوح بنائی۔ تیسرے حصے سے عرش بنایا اور چوتھے حصے کو مزید چار حصوں میں منقسم فرما کر پہلے حصے سے آسمان بنایا۔ دوسرے حصے سے زمین بنائی۔ تیسرے حصے سے جنت بنائی۔ اور چوتھے حصے سے دوزخ بنائی۔ (المستدرک للحاکم، تفسیر روح البیان، دلائل النبوۃ، مواہب اللدنیہ)


(بقول حضرت شیخ عبداللہ الیرغنیؒ)'' **فلم ید رکہ منا سابق ولا لاحق و کیف یدرک من کان خلقہ القرآن وذاتہ من نور ذات الر حمٰن ومن لہ کل مراتب الاحسان وھو الحبیب الاکرم والمخصوص بالتجلی الاعظم ومن ھنا. وقال بعض العارفین رحمھم اللہ اجمعین لو انکشف حقیقۃ المحمد یۃ صلی اللہ علیہ والہ وبارک وسلم للخلق لا ر تدوا جمیعا** " (ترجمہ) پس ہم میں سے کسی سابق اور لاحق نے حقیقتِ محمدیہ کا ادراک نہیں کیا۔ اور آپ ﷺ کس طرح سے (کسی کے) ادراک میں آ سکتے ہیں۔ حالانکہ! آپ ﷺ کا خُلق قرآنِ مجید ہے۔ اور آپ ﷺ کی ذات اللہ تعالیٰ کی ذات کے نور سے ہے۔ اور آپ ﷺ حبیبِ اکرم ہیں۔ اور تجلی اعظم کے ساتھ مخصوص ہیں۔ اسی لئے بعض عارفین نے فرمایا ہے۔ کہ اگر حقیقتِ محمدی مخلوق پر ظاہر ہو جائے۔ تو سب کے سب ہلاک ہو جائیں۔

ولایتِ کبریٰ اور مقامِ عظیم کے حصول کا عظیم مجرب طریقہ :

حضرت ثابت نساجؒ فرماتے ہیں۔ کہ! مَیں نے متعدد برس تک خوف کے ساتھ قرآنِ حکیم کی تلاوت کی۔ لیکن مجھے دل نہ مل سکا۔ پھر مَیں نے اِسے اُمید سے پڑھا۔ لیکن پھر بھی دل حاصل نہ ہوا۔ پھر مَیں نے اللہ تعالیٰ کے علاوہ ہر چیز کو دل سے تنہا کر کے قرآنِ حکیم کی تلاوت کی۔ تو اُس وقت مجھے (ایسا) دل مل گیا۔ کہ جس کے ساتھ ہی مجھے ولایتِ کبریٰ بھی نظر آئی۔ اور ساتھ ہی ساتھ مجھے بڑی عزت اور بلند مرتبے بھی نصیب ہو گئے۔ (ماشاءاللہ)

زندگی نتواں گفت حیاتے کہ مرا است　　　　زندہ آنست کہ با دوست حیاتے دارد

دائرہء ولایت برائے سالکین:



قربِ الٰہی کے حصول کے لئے سلوک کو سمجھنا لازمی ہے۔سلوک کے لفظی معنیٰ راہ کے ہیں۔اور اس راہ پر چلنے والے کو''سالک'' کہا جاتا ہے۔لیکن علم روحانیت میں اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا راستہ بطریقِ سَیرِ کشفی عیانی ہے نہ کہ بطریقِ استدلالی۔تصوف میں سلوک کو جاننے کے لئے ایک دائرہ بنایا جاتا ہے۔سامنے دئے گئے دائرہ سے سلوک کی ابتدائی، درمیانی اور انتہائی منازل کے متعلق کسی قدر اجمالی معلومات تفصیل کے ساتھ دی گئی ہیں۔اس دائرہ سے سلوک کے اصطلاحی مفاہیم کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔لہذا یاد رہے۔کہ! حق تعالیٰ تک رسائی کا سفر اس دائرہ سے بخوبی سمجھ آجائے گا۔

اس دائرہ میں ''الف'' مبتدی کا مقام ہے۔جب سالک پورے دائرے کو طے کر کے پھر اُسی مقام پر آجاتا ہے۔کیونکہ! ''**کل شیءیر جع الٰی اصلہ**'' ہر چیز اپنے اصل کی طرف رجوع کرتی ہے۔(اور)''**النھایۃ رجوع الی البدایۃ**'' سے بھی یہی اَمر مقصود ہے۔چنانچہ سالک مقامِ الف سے اپنا سفر شروع کر کے ب تک پہنچتا ہے۔اس سفر کو''سیر الی اللہ'' کا نام دیا جاتا ہے۔یہاں طالب فنا فی اللہ ہو جاتا ہے۔یہ سفر فرائض وسنن کی ادائیگی، مراقبات و اوراد و وظائف کے ذریعے طے ہوتا ہے۔اس کے بعد سالک کا سفر ب سے ج تک ہوتا ہے۔اس سفر کو''سیر فی اللہ'' کہا جاتا ہے۔جہاں سالک اپنی ہستی کو گم کر بیٹھتا ہے۔یہاں پر سالک ذات وصفات میں فنائیت پا جاتا ہے۔**موتوا قبل ان تموتوا** ۔کے مصداق سالک کی حالت وکیفیت ہو جاتی ہے۔یعنی''**Lose yourself to gain yourself**'' پھر سالک ج سے د تک کے سفر میں محو ہو جاتا ہے۔یہ سفر''سیر مع اللہ'' کہلاتا ہے۔اس سفر میں سالک مقامِ حیرت وشوق، رجا وتسلیم کے مقام ومرتبہ پر پہنچ جاتا ہے۔اس کے بعد سالک د سے الف پر آجاتا ہے۔یہ مقامِ بقاء ہے۔**من عرف نفسہ فقد عرف ربہ** کا مقام۔یعنی **فا دخلی فی عبادی وادخلی جنتی**۔ یہ مقامِ عبدیت ہے۔

☆ **سالک کے لئے آٹھ وادیاں**: ولایت کے حصول میں یہ وہ آٹھ وادیاں ہیں۔جو سالک کو راہِ سلوک میں پیش آتی ہیں۔جنہیں حضرت خواجہ فریدالدین عطارؒ نے اپنی کتاب **منطق الطیر** میں بیان فرمایا ہے۔وہ آٹھ وادیاں یہ ہیں۔وادیء طلب۔ وادیء عشق۔وادیءمعرفت۔ وادیءاستغناء۔ وادیء توحید۔ وادیء حیرت۔وادیء فقر ۔وادیءفناءفناء۔

مشائخین نقشبندیہ کے مطابق منازلِ سلوک میں سیر کرنے والے تین قسم کے لوگ ہوتے ہیں۔وافقین۔راجعین اورسابقین۔

☆ **وافقین**: اثنائے سلوک میں کسی مقام کو طے کرتے ہوئے تھوڑی دیر کے لئے رُک جانے والوں کو وافقین کہا جاتا ہے۔

☆ **راجعین**: اثنائے سلوک میں کسی مقام کو طے کرتے ہوئے زیادہ دیر کے لئے رُک جانے والوں کو راجعین کہا جاتا ہے۔یعنی وہ سالکین کہ جو کسی مقام پر زیادہ دیر تک رکے رہیں۔اور سلوک میں مزید ترقی نہ کرسکیں۔اُنہیں راجعین کہا جاتا ہے۔یہ مقام خطرے سے خالی نہیں۔کیونکہ! زیادہ دیر تک رُکے رہنے سے رُجعت واقع ہوتی ہے۔اور سالک تنزل کا شکار ہو کر اپنے مقام ومرتبہ سے گر جاتا ہے۔

☆ **سابقین**: ایسے خوش نصیب سالکین جو رحمتِ خداوندی سے ہر آن ترقی پذیر ہوتے رہیں۔اور بالآخر قرب و وصل کے مقام تک جا پہنچیں۔سابقین کہلاتے ہیں۔اِن کے بارے میں قرآنِ حکیم شاہد ہے۔کہ! **السابقون السابقون اولٰئک المقربون** ۔(ترجمہ) اور آگے والے تو پھر آگے والے ہی ہیں۔وہی تو مقرب لوگ ہیں۔(سورہ واقعہ۔11-10) اس آیت میں ایسے ہی حال و مقام کی طرف اشارہ ہے۔حضرت امام ربانی مجددالف ثانیؒ مکتوبات میں سے اپنے تیسرے مکتوب میں اپنے یاروں کی دو حالتوں کا ذکر فرمایا ہے۔کہ! ہمارے بعض یار وافقین ہیں اور بعض سابقین ہیں۔لیکن ہمارے یار راجعین کے زمرے میں نہیں آتے۔

اسی طرح سے **سالکین** کی دو حالتوں کو یافت اور نایافت کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے۔حالتِ یافت کا سمجھنا تو سہل ہے۔لیکن نایافت کا سمجھنا تو درکنار اس کا حصول بھی سخت مشکل ہے۔

یافت کا مطلب علمِ تصوف میں محبوبِ حقیقی کو سالک کی آنکھ سے دیکھنا یا پھر سالک کے نقطہء نگاہ سے ملاحظہ کرنا۔ جبکہ! **نایافت** کا مطلب علمِ تصوف میں جمع حضوری یعنی نسبتِ خالقیت کا پرتو مخلوق پر ہونا۔چونکہ! نایافت کا مفہوم ہے۔دوست کو دوست کی آنکھ سے ملاحظہ کرنا یا پھر دوست کو دوست ہی کے نقطہء نگاہ سے دیکھنا۔لہذا یہ کام کافی مشکل ہے۔کیونکہ! اس کا تعلق مقامِ محبوبیت سے ہے۔

تمثیلاً یہ کہ! عاشق کا ایک ہی محبوب ہوتا ہے۔کہ جس سے وہ محبت کیا کرتا ہے۔یہ حالت وکیفیت یافت کہلائے گی۔ جبکہ معشوق کے دو محبوب ہوتے ہیں۔ایک محبوب کا عاشق اور ایک وہ خود سے محبت کی وجہ سے اپنا عاشق ہوتا ہے۔اور یہ عاشق کا معشوق کے نقطہءنظر کے ساتھ محبت کرنا اور پھر معشوق کا عاشق سے محبت کرنا حالتِ نایافت کے قبیل سے ہے۔جس کی نظیر اس شعر میں پنہاں ہے۔

قلق از سوزشِ پروانہ داری   ولے از سوزِ ما پروا نداری

☆ جس وقت عارف کوآنحضور سرورِ کائنات ﷺ کی حضوری حاصل ہوتی ہے۔تو اُس وقت مجذوب بنانا ہوتو سرخ پیالہ اور اگر سالک بنانا ہوتو سفید رنگت کا جام (بحکمِ نبوی ﷺ) پلایا جاتا ہے۔کسی کو ایک پیالہ اور کسی کو ایک سے زائد پیالے (حسبِ ظرفِ برداشت) نوش کرائے جاتے ہیں۔

☆ جب تو زبان سے ذکر کرے گا تو تائب کہلائے گا۔(اور تو) جب قلب سے ذکر کرے گا۔تو سالک کہلائے گا۔(اور تو) جب باطن سے ذِکر کرے گا۔تو عارف کہلائے گا۔(کتاب الفتح الربانی)

☆ **طریقِ اخیار** : کثرتِ صوم وصلوٰۃ وتلاوتِ قرآن وحج وجہاد وغیرہ کے ذریعے منزل مقصود تک پہنچنا۔

☆ **طریقِ اصحابِ مجاهدات و ریاضات** : اخلاقِ ذمیمہ کو جد و جہد و محنت اور کوشش اسی طرح مجدات وریاضات سے اخلاقِ حمیدہ میں تبدیل کرنا۔اور اس طور پر عالمِ علوی سے مناسبت پیدا کر کے اپنا راستہ (راہ سلوک ومعرفت) طے کرنا۔

رکھے قدم جو وادیٔ اُلفت میں بے دھڑک　　حیرت سوا تمھارے کسی کا جگر نہیں

علم کی حقیقت : (فرمودہ حضرت امام غزالیؒ) : سب انسان مردہ ہیں۔زندہ تو وہ ہیں۔جوعلم والے ہیں۔سب علم والے سوئے ہوئے ہیں۔بیدار تو وہ ہیں۔جواصل میں (علم پر)عمل کرنے والے ہیں۔ تمام اعمال گھاٹے میں ہیں۔فائدے میں تو وہ ہیں۔جواخلاص والے ہیں۔ جملہ مخلص (اخلاص والے) خطرے میں ہیں۔کامیاب تو وہ ہیں۔جوتکبر سے پاک ہیں۔

حضرت امام بونیؒ اپنی کتاب ''**شمس المعارف و لطائف العوارف**'' میں فرماتے ہیں۔کہ! جب تمھیں یہ منظور ہو۔کہ اللہ تعالیٰ تمھیں تمھارے مقام کے روشن جلوے دکھائے۔تو اپنے اعضاء کوکسل اور سستی سے باز رکھو۔نفس،عقل اور قلب کو جدل وزلل سے روکو۔اور روح کو امید وتمنا سے جبکہ اپنے سر (راز) کو اپنے رویہ عمل سے باز رکھو۔یہ تحقیق کا ایک قاعدہ ہے۔کہ! جسے اللہ تعالیٰ ہدایت دینا چاہتا ہے۔تو اس کے قلب کو اسلام کے لئے کھول دیتا ہے۔اور اللہ تعالیٰ نے بندے کے لئے چار قاعدے مقرر فرمائے ہیں۔توحید سب سے زیادہ ضروری ہے۔عمدہ فقر، ارادہ اور ادراک۔بس یہی چار اصل الاصول ہیں۔جس کو یہ حاصل ہوگئے۔وہ نا صرف کمالِ انسانی کو پہنچ گیا۔بلکہ اخلاصِ روحانی اور خلق رحمانی کو بھی پالیا۔اوران کی مدد سے وہ پورا پورا تصرف حاصل کرسکتا ہے۔ایسے ہی ایک عارف کے بارے میں حکایت ہے۔کہ!

حکایت : مجھ سے ایک مرتبہ ایک نوجوان نے ملاقات کی۔جوفقط ایک عبا پہنے اور ہاتھ میں چھاگل پانی کی لئے ہوئے تھا۔اور مجھ سے پوچھنے لگا۔یا حضرت! مَیں ایک ایسا شخص ہوں۔جس نے ورع (پرہیزگاری) کا دائمًا قصد کیا ہوا ہے۔اورمَیں صِرف وہی چیز کھاتا ہوں۔جس کو لوگ پھینک دیتے ہیں۔مگر بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے۔کہ! میرے اُس چیز کو اُٹھانے سے پہلے اس چیز پر چیونٹیاں آجاتی ہیں۔تو کیا ایسی صورتحال میں ،مَیں اس چیز کو کھاؤں یا چھوڑ دیا کروں؟ اگر مَیں کھالوں۔تو کیا مجھ سے مواخذہ ہوگا یانہیں؟ تو یہ بزرگ کہتے ہیں۔کہ! مَیں دل ہی دل میں خیال کرنے لگا۔کہ! یہ نوجوان تو بہت ہی زیادہ پرہیزگار ہے۔پھر جو مَیں نے اس نوجوان کی جانب نظر کی۔تو دیکھا۔کہ! وہ چاندی کی زمین پر براجمان ہے۔اور مجھ سے یوں گویا ہوا۔کہ! اے بزرگوار! غیبت حرام ہے۔اور پھر اچانک وہ نوجوان میری نظروں سے غائب ہوگیا۔یہ (اس نوجوان جیسے) درحقیقت وہ لوگ ہیں۔جن کی آنکھوں کو اللہ تعالیٰ نے روشن،قلب کو نورانی اور ذکر کو پاک کیا ہوا ہے۔

ایک بزرگ سے کسی نے عزلت کا سوال کیا۔تو انہوں نے فرمایا۔اس (عزلت) کی لغت اس کے معنیٰ سے بے پرواہ کرتی ہے۔اوراس کی صورت اس کے مخوا سے اسے غنی کرتی ہے۔جس نے عزلت کو اختیار کیا۔تو یہ سب سے بہتر کام ہے۔اوراعلیٰ ہے۔لہذا جاننا چاہیئے۔کہ! خلوت ضبط ہے۔اورصفوت کے واسطے اورعزلت و وصلت کی نشانی ہے۔آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! خاموشی معرفتِ الٰہی پیدا کرتی ہے۔اورخلوت سے معرفتِ دنیا حاصل ہوتی ہے۔اور بھوک سے معرفتِ شیطان اور جاگنے سے معرفتِ نفس پیدا ہوتی ہے۔سلفِ صالحین کا قوی اجماع ہے۔کہ! فتح ربانی اور کشفِ صمدانی اس شخص کو حاصل نہیں ہوسکتا۔جس کے معدہ میں ذرہ برابر بھی (حرام) کھانا ہے۔اور یہی جسمانی پاکی کی حد ہے۔ اور یہ بات چالیس روز میں فاقہ کشی کر کے حاصل ہوتی ہے۔کیونکہ معدہ کثافتوں سے پاک ہو جاتا ہے۔عقل صاف ہوکر روح اور قلب قوی ہو جاتے ہیں۔نفس پاک ہو جاتا ہے۔ساٹھ روز کا فاقہ عجائباتِ ملکوت،لطائف جبروے اور اسرارِ ملک کا انکشاف ہونے لگتا ہے۔۔۔

عظیم فرشتہ : حضرت سیدنا عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں۔کہ ہمیں حضرت سیدنا یوسف بن مہرانؒ نے بتایا کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ عرش کے نیچے ایک فرشتہ ہے۔جس کی صورت مُرغ کے جیسی ہے۔اس کے پنجے موتیوں کے اوردونوں خار(خار یعنی کہ مرغ کی ٹانگ پر وہ کانٹے جو ٹخنے کے اوپر ہوتے ہیں) سبز زبرجد کے ہیں۔جب رات کا پہلا آدھا حصہ گُزرتا ہے۔تو وہ اپنے پروں کو پھڑ پھڑاتا ہے۔اور کہتا ہے۔رات کے وقت نماز پڑھنے والوں کو اُٹھ جانا چاہیئے۔جب رات کا ایک اورآدھا حصہ گزرجاتا ہے۔تو پھر وہ اپنے پروں کو پھڑ پھڑاتا ہے۔اور کہتا ہے۔کہ تہجد پڑھنے والے کھڑے ہو جائیں۔اور جب رات کا تیسرا تہائی حصہ بھی گزرجاتا ہے۔تو پھر وہ اپنے پروں کو پھڑ پھڑاتا ہے۔اور کہتا ہے۔نماز پڑھنے والے کھڑے ہوجائیں۔اور جب طلوع فجر کا وقت ہوتا ہے۔ تو وہ اپنے پروں کو پھڑ پھڑاتا ہے۔اور کہتا ہے۔اب غافلین بھی اُٹھ جائیں۔کہ اِن کے بوجھ انہیں پر رہیں۔(قوت القلوب)

کسی کو ولایت ملنے کے وقت مہر ولایت نصیب ہونے کی علامت و نشانی :

جنابِ سید سرفراز احمد شاہ صاحب (بمطابق کتاب عرضِ فقیر) فرماتے ہیں۔کہ! حضرت علی المرتضیٰ ؓ کو مثالی خیال (Idealize) کر لے۔حضرت علی ؓ اس شخص کو آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی دہلیزِ متبرکہ تک پہنچا دیں گے۔اور جو آپ ﷺ کی دہلیزِ مبارکہ تک پہنچ جائے۔تو وہ سمجھ جائے۔کہ! اُسے آپ ﷺ ربِ متعال تک پہنچا دیں گے۔ (ایک اور جگہ پر قبلہ شاہ صاحب فرماتے ہیں۔کہ! یہ میرے علم میں ہے۔نہ مَیں نے پڑھا، یا سنا ہے۔کہ! حضرت جبرائیلِ امین ؑ تین دن پہلے اُس شخص (کہ جس کو ولایت ملنے والی ہوتی ہے) سے دوستی کرتے ہیں۔

یہاں تک تو یہ علم ہے۔کہ! مہرِ ولایت ثبت ہونے سے پہلے تک بھی پتا نہیں ہوتا۔کہ آج رات میرے کندھے پر مہرِ ولایت ثبت ہو جائے گی۔جب مہرِ ولایت کندھے اور گردن کے درمیان پیچھے پُشت پر ثبت ہوتی ہے۔تو وہاں اتنی زیادہ Irritation (کوفت) ہوتی ہے۔انسان اُس جگہ کو کھجاتا رہتا ہے۔اور لوگوں کی محفل میں اپنی اس حالت کی وجہ سے شرمندہ ہوتا ہے۔ یہ Irritation (کوفت) عموماً تین دن تک رہتی ہے۔ اور پہلے دن تو بہت زیادہ (Irritation) ہوتی ہے۔مرشد کے سامنے اس کا ذکر (یعنی اظہار) کریں۔کہ اس جگہ Irritation بہت ہے۔نہ جانے کیا ہو گیا ہے ادھر۔تو وہ فرما دیں گے۔کہ تمھارے مہرِ ولایت لگ گئی ہے۔یا پھر اللہ تعالیٰ کسی پر کرم فرما دے۔تو اُس شخص کو خود پتا چل جاتا ہے۔کہ مہرِ ولایت ثبت ہو گئی۔

☆ سید سرفراز شاہ صاحب کا کہنا ہے۔کہ!) جب انسان علم کا حصول ایک خاص درجے تک کر لیتا ہے۔تو ولایتِ مہر اس کے شانے (کندھے) پر لگ جاتی ہے۔جہاں دایاں شانہ پشت کی طرف سے گردن سے ملتا ہے۔وہاں وہ مہر ثبت کی جاتی ہے۔(دراصل) ہوتا یہ ہے۔کہ! اتنا ایریا سیاہ ہو جاتا ہے۔اور اس کے اندر مہر کے الفاظ دکھائی دینے لگتے ہیں۔یہ مہر آپ ﷺ سے منتقل ہوئی تھی۔درحقیقت یہ وہ مہر ہے۔جو آپ ﷺ اُن مکتوبات پر لگایا کرتے تھے۔جو کہ مختلف فرمارواؤں کو لکھا کرتے تھے۔ازاں بعد وہ مہر آپ ﷺ سے حضرت علی المرتضیٰ ؓ کو عطا ہوئی۔اور پھر منتقل ہوتے ہوتے آج کل حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی ؒ (خلیفہء خاص حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر ؒ) اس (مہرِ ولایت) کے نگران (Custodian) ہیں۔☆لہذا جب کسی کی منظوری آ جاتی ہے۔کہ اس (خوش قسمت شخص) کو ولایت عطا ہو گئی ہے۔تو وہ احکامات جناب حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی ؒ تک منتقل (Convey) ہو جاتے ہیں۔اور اس آدمی کے شانے (کندھے) پر حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء ؒ اُس وقت وہ مہر (یعنی مہرِ ولایت) ثبت کر دیتے ہیں۔جب وہ آدمی سو رہا ہو۔پھر اُس آدمی کو اس (مہرِ ولایت) کا پتا اس طرح چلتا ہے۔کہ! تین چار دن اُسے اپنے شانے پر کھجلی محسوس ہوتی ہے۔اور وہ بار بار وہاں کھجاتا ہے۔

(قبلہ شاہ صاحب مزید فرماتے ہیں۔کہ!) اس میں سلسلہ (یعنی کسی سلسلہء طریقت مثلاً قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ اور نقشبندیہ) کی کوئی قید نہیں۔یہ تو ہم نے اپنی سہولت کے لئے سلسلوں (یعنی سلاسلِ طریقت) کو مختلف نام دے دیئے۔اصل میں ہماری عقیدت نے یہ تفریق پیدا کر دی۔حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء ؒ اس مہرِ ولایت کے نگران (Custodian) ہیں۔اور وہی مہر ثبت کرتے ہیں۔حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی ؒ کا یہ تصرف پورے کرہء ارض کے لئے ہے۔روحانیت میں فاصلے کوئی اہمیت نہیں رکھتے۔ دنیا کے کسی کونے میں بھی کسی کو ولایت ملے۔مہرِ ولایت حضرت نظام الدین ؒ ہی لگاتے ہیں۔

چوں نزدیکِ سلطان بنشیند در ملک حکومت خود بیند

(جو کوئی بادشاہ کے نزدیک بیٹھتا ہے۔ ملک کی حکومت کو بھی دیکھتا ہے)

☆ میرے (البلوشی کے) خیال میں جب کسی کو ولایت عطا ہونے لگتی ہے۔تو اُس شخص میں چند کیفیات ظاہر ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔جیسے کہ! اُس شخص کو اپنے عیب اور چھوٹی بڑی خامیاں نظر آنے لگتی ہیں۔جس کی وجہ سے وہ ہر وقت اللہ تعالیٰ کے حضور توبہ کا خواستگار رہتا ہے۔اُس شخص پر سکوت و تحیر طاری ہو جاتا ہے۔اُس میں گناہوں سے نفرت اور خوش خلقی کی خوبیاں نمایاں ہونے لگتی ہیں۔ وہ شخص تنہا اور خاموش رہنے لگتا ہے۔وہ شخص جو سوچتا ہے۔وہ کام خود بخود ہو جاتا ہے۔واقعات کا اُس کو قبل از وقوع پتہ چلنے لگتا ہے۔وہ لوگوں سے بھاگتا ہے، مگر لوگ اُس کے اردگرد جھمگٹا بنائے رکھتے ہیں۔بہر حال! اِسی طرح کی اور بھی کچھ خوبیاں ظاہر ہونے لگتی ہیں۔۔۔

☆اس فقیر البلوشی کا حضرت موصوف جناب سید سرفراز احمد شاہ صاحب سے کچھ اختلاف ہے۔کہ! حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی ؒ مہرِ ولایت کے نگران ہیں۔کیونکہ! مَیں نے بذاتِ خود کئی بزرگوں سے سنا ہے۔اور خود پڑھا بھی ہے۔کہ! جب اللہ تعالیٰ کسی خوش نصیب انسان سے راضی ہو کر اسے مقامِ رضا و توکل و تقویٰ اور فتوحاتِ غیبی و اسمِ اعظم پر متمکن فرما دیتا ہے۔تو وہ بندہ پہلے سماوی اور پھر ارضی ملائکہ کو بھی پسند آنے لگتا ہے۔پھر آنحضور نبی مکرم ﷺ اللہ تعالیٰ کے اذن و منشاء سے اس شخص کی ولایت کی منظوری عطا فرماتے ہیں۔آنحضور ﷺ اُس کے ولایت کے احکامات حضرت علی المرتضیٰ ؓ کو جاری فرماتے ہیں۔پھر حضرت علی المرتضیٰ ؓ خود حضرت پیرانِ پیر شیخ عبد القادر جیلانی ؒ کو وہ احکامات عطا فرما دیتے ہیں۔پھر حضرت شیخ عبد القادر جیلانی ؒ اُس خوش نصیب کو حضرت علی المرتضیٰ ؓ کے حکم سے ولایت عطا فرما دیتے ہیں۔کیونکہ! تابعین کے بعد تمام اولیاء اللہ میں غوثیتِ عظمیٰ کا تاج جناب پیرانِ پیر کو عطا ہوا ہے۔اور حضرت امام مہدی ؑ تک ولایت کے ذمہ دار اور نگران ہیں۔اس طرح وہ ولی اللہ (اللہ تعالیٰ کا دوست) بن جاتا ہے۔جاننا چاہیئے۔ کہ! ولایت صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہی کی منشاء سے کسی کو تفویض ہوتی ہے۔ولایت ملنے میں کسی کی عبادت و ریاضت یا نسبی و پدری حسب و نسب یا شجرہ وغیرہ کی کوئی اہمیت نہیں۔کیونکہ! اگر یہ کہا جائے۔کہ! فلاں کو ولایت اس کی عبادت و

ریاضت یا اُس کے پیرومرشد کی مرضی سے یا ذکراذکار، صوم وصلوٰۃ، نماز وتسبیحات یا تقوٰی اختیار کرنے سے ملی ہے۔تو جاننا چاہیئے۔کہ! ہر اَمر میں جب تک کہ اللہ تعالیٰ کی منشاء ورضا شاملِ حال نہ ہو۔ بندہ ہزار کوشش بھی کر لے۔ وہ کچھ بھی نہیں کر سکتا۔ بہر حال ہر کسی کی اپنی رائے اور اپنے خیالات ہیں۔میں کمترین بندہ (البلوشی) کسی پر اپنی بات کو تھوپنے کا ہرگز ہرگز مجاز ومتقاضی نہیں ہوں۔جس کو جو بہتر لگے۔۔۔

خطراتِ فاسدہ کا انسداد: شیطان کی صورت بالکل اژدھے کی مانند ہے۔اس کا پھن بہت سخت زہریلا اور خاردار ہے۔جس وقت کہ کوئی مرید کسی صغیرہ وکبیرہ گناہ کا مرتکب ہوتا ہے۔یا کوئی حرام شیئے کھاتا ہے۔اور اس (اژدھے) کی قوت اور زائد ہوجاتی ہے۔اور وہ اپنے پھن کو دل کی طرف گھماتا ہے۔جس سے کہ اس زہر قلب میں اثر کر جاتا ہے۔اور تاریکی اور سیاہی پیدا ہوجاتی ہے۔اور جب مرید گناہوں سے توبہ کر کے پاس انفاس میں مشغول ومستغرق ہوجاتا ہے۔تو شیطان ضعیف اور کمزور ہوجاتا ہے۔اور قلب میں نورانیت اور صفائی پیدا ہوجاتی ہے۔(یعنی کہ) جب کوئی بُرا خیال دل میں راسخ ہوجائے۔اور کسی بھی طرح سے دفع نہ ہوتا ہو۔تو اس شیطانی ونفسانی خیال کے دور کرنے کی صورت یہ ہوگی۔کہ! دَم کو ناف سے کھینچ کر قلب میں روکے رکھے۔اور کلمہ ''لا الہ'' کو دل سے نکالے۔اور یہ خیال کرے۔کہ! وہ شیطان یا میرا نفس جو کہ میرے دل پر بصورتِ اژدھا بیٹھا ہوا ہے۔مَیں نے کلمہ ''لا الہ'' کی قینچی سے اس کی دُم پکڑ لی۔پھر داہنے شانے تک لائے۔اور دل (لطیفہءقلب) پر لے جا کر ''الا اللہ'' کی ضرب لگائے۔اور یہ خیال کرے۔کہ! یہ ضرب شیطان کے سَر پر جا لگی ہے۔اور اس ضرب سے اس شیطان (اژدھے) کا سر پاش پاش ہوگیا۔اور دل سے باہر ہوگیا۔اسی طرح سے متواتر ضربیں لگاتے رہیں۔اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا۔تو بہت جلد یہ خیالاتِ فاسدہ دفع ہوجائیں گے۔(انشاءاللہ تعالیٰ) اور شیطان بھی ہلاک ہوجائے گا۔(انشاءاللہ تعالیٰ) اور وہی دل (جو کہ فاسدہ خیالات کی آماجگہ بنا ہوا تھا) اسی تصور وتخیل اور نورِ ذکر سے خوب منور ہوجائے گا۔(انشاءاللہ تعالیٰ) یاد رہے۔کہ! اس ذکر میں ملاحظہ اور حبسِ دَم ضروری ہے۔ویسے حبسِ دم کے بغیر بھی یہ ذکر مفید تو ہوگا۔مگر کرنا شرط اور ضروری ہے۔تاکہ کلی فائدے کا حصول ممکن ہوسکے۔(انشاءاللہ تعالیٰ) یاد رہے۔کہ! انسان کا اولیں دشمن اُس کا اپنا نفس پھر اُس کے بعد ابلیس ہے۔اگر نفس کی معرفت حاصل ہوجائے۔تو وہاں ابلیس کا گذر تقریباً ناممکن ہوجاتا ہے۔

خیر بدنام تو پہلے بھی بہت تھے لیکن تُجھ سے ملنا تھا، کہ پَر لگ گئے رُسوائی کو

حجۃ الاسلام فخرِ اُمتِ محمدیہ ﷺ حضرت امام غزالیؒ کے فرمودات:

عارفین باللہ کے نزدیک قلب ہی درحقیقت عرش ہے۔سینہ لوح ہے۔امرونہی کا الہام قلم ہے۔جو خیر و شر کو لوح پر تحریر کرتا ہے۔وہ زبانِ ترجمان ہے۔اور آٹھ ملائکہ، جو کہ اس عرش کو اُٹھائے ہیں۔وہ درحقیقت آٹھ حواس (چار حواسِ ظاہری اور چار حواسِ باطنی) ہیں۔چار حواسِ ظاہری یہ ہیں۔سمع۔بصر،سونگھنا۔چکھنا۔ اسی طرح چار حواسِ باطنی یہ ہیں۔ علم۔عقل۔تصدیق۔یقین۔جبکہ خوف ورجاء کے ملائکہ نے ان آٹھ حواس کو گھیرے میں لیا ہوا ہے۔جب یہ عرش (جو کہ دراصل اللہ تعالیٰ کا گھر ہے) وساوس ورزائل سے مصفیٰ ہوکر ذکر کی خوشبو سے معطر اور فکر کی خوشبو سے پُرنور ہوجاتا ہے۔تو اس وقت وہ لازمی طور پر تجلیاتِ الٰہیہ کا مستحق ہوجاتا ہے۔اور اس وقت انوارِ کمال اس کے قلب پر نازل ہوتے ہیں۔جس سے کہ محبت وعشق کا سائبان ،طہارتِ قلب کی کرسی پر قائم ہوجاتا ہے۔اور معشوق سدرہء وصال کی عظیم سرحد پر جلوہ افروز ہوجاتا ہے۔اور مجاہدہ کرنے والا مجاہدے کی حکمتوں کے درختوں کے سائے میں آرام کرتا ہے۔ اور وہ شرحِ صدر کے حوض سے توحید کا نور پیتا ہے۔اور خصائلِ حمد کے خاص ملبوسِ دیمومیہ کے خزانہ سے زیبِ بدن فرماتا ہے۔اور وہ واقعتاً ان چیزوں کا بعین مشاہدہ کرتا ہے۔کہ جن کا مشاہدہ غافلین کرنے سے یکسر قاصر ہیں۔بے شک یہی عظیم کامرانی ہے۔اور چاہیئے۔کہ! عمل کرنے والے اسی روش کو اختیار کریں۔اور پھر نتیجے کے طور پر ایسا قلب وبدن کا حامل شخص علمِ نافع وعملِ صادق وخالص کے ساتھ کامل اور اخلاقِ حمیدہ کے ساتھ متصف جبکہ اخلاقِ ذمیمہ سے یکسر منزہ ہوجائے گا۔ارض وسماء اور اعضاء کے ملائکہ اس کے مطیع وفرمانبردار ہوکر اس کے حضور سربسجود ہوں گے۔اور کمالِ مہربانی کے ہاتھ تمھارے قلب کی بہشت کے ابواب کھول دیں گے۔جہاں سے کہ تمھارے احسان کی خوبصورت حور جلوہ گر ہونے کے لئے تمھاری مشتاق ہوگی۔اور محبتِ دنیا سے پیچھے رہنے اور ہٹ جانے کے محلات تیار ہوں گے۔اس طرح تم اپنی ہمت کے موافق اپنی مراد کو جا پہنچو گے۔ان شاءاللہ۔

آگاہ اپنی موت سے کوئی بشر نہیں سامان سو برس کا پل کی خبر نہیں

اس ضمن میں یہ فقیرِ حقیر پُرتقصیر (البلوشی) قارئینِ ''اسرارِ محبوب کامل'' کے حضور عرض گزار رہے۔کہ! حضرت علی المرتضیٰؓ کے قولِ مبارک (**من عرف نفسہ فقد عرف ربہ**) کے مطابق اگر ملاحظہ کیا جائے۔تو معلوم ہوگا۔کہ! نفس کو پہچاننے کے بعد ربِ متعال کو پہچاننے والا عوام الناس میں کتنا مقبول ومتبرک اور قابلِ ستائش وتحسین ہوا کرتا ہے۔تقوٰی اختیار کرنے ،متوکل علی اللہ بننے ،مخلص سخی وخالص صدقہ وخیرات کرنے والے ،مخفی عبادت گزار جبکہ ظاہری طور پر عوام الناس میں اپنے زہد وعبادت اور بزرگی کو پوشیدہ رکھنے والے ہی درحقیقت اعلیٰ مقام ومرتبہ مدارج پر فائز المرام ہوا کرتے ہیں۔حضرت امام غزالیؒ کے اس بیان کی تصدیق اور میری بات کی تائید کے لئے اسی کتاب میں بابِ تصوف کے اندر بڑی شرح وبسط کے ساتھ پیش کی گئی ہے۔شائقین حضرات وہاں سے ملاحظہ کر کے اپنی تشنگی دور کر سکتے ہیں۔

خوش وقت آن کساں، کہ ہمہ روز تا بہ شب تسبیح در شان اَست ہمہ دوست دوست دوست

بقول شیخ ہجویری داتا صاحبؒ: عبادت توبہ کے بنا درست نہیں ہوتی۔کیونکہ توبہ مقامِ ابتداء ہے۔جبکہ بندگی مقامِ انتہاء۔


رجال الغیب سے ملاقات اور حصولِ فیض کا مجرب المجرب طریقہ :

شیخ اکبر امام محی الدین ابن عربیؒ اور دیگر کئی مُصنفین نے اپنی اپنی تصانیف میں رجال الغیب سے ملاقات اور اُن سے استفادہ وفیض کے حصول کے لئے اس عمل کو نہایت شرح وبسط سے بیان فرمایا ہے۔ کیونکہ! حضرت شیخ اکبر ابنِ عربیؒ کی زندگی کا بڑا حصہ حضراتِ رجال الغیب کی تلاش میں گزرا ہے۔ آپؒ نے اِن کی تلاش میں دوراز علاقوں کا سفر بھی کیا۔ اور آپؒ کی بے شمار رجال الغیب سے ملاقاتیں وصحبتیں بھی رہیں۔ ان کی زیارتیں کیں۔ اور اُن سے روحانی فیض بھی اُٹھاتے رہے۔ آپؒ اُن کی مجالس میں ہم مجلس بھی رہے۔ شاید اسی وجہ سے کچھ علمائے روحانیات نے حضرت شیخ اکبر ابن العربیؒ کو بھی حضراتِ رجال الغیب میں شامل فرمایا ہے۔ اگر کوئی شائق، اولیاء اللہ، خاصانِ خُدا اور رجال الغیب سے ملاقات ورقابت کا مُتمنی ہو یا پھر جب کوئی شخص کسی ایسی مشکل میں پھنس جائے۔ یا اُسے کسی ایسی مُصیبت کا سامنا ہو۔ یا پھر کسی ایسے امر میں ناممکن العمل مسئلے کا شکار ہو جائے۔ کہ! جس کے حل کرنے میں ساری تدابیر میں عاجز اور متحیر ہو چکا ہو۔ اور ان مسائل ومصائب ومشکلات کی عقلی تدابیر کسی بھی صورت میں کارگر نہ ہوسکتی ہوں۔ تو ایسے شخص کو چاہیئے۔ کہ! وہ روبہ قبلہ منہ کر کے نہایت تضرع وزاری سے اور خشوع وخضوع سے سرورِ انبیاء ﷺ پر درود وسلام بھیجے۔ ہر شخص حضور نبی مکرم ﷺ کی بارگاہِ تقدس میں درودِ پاک کی تعداد خود متعین کرسکتا ہے۔ پھر دعائے رجال الغیب (جو آگے دی گئی ہے) پڑھے۔ یہ التجاء (یعنی سلام رجال الغیب پڑھنے کے بعد) کرنے کے بعد چند قدم چلے۔ اللہ تعالیٰ اپنے خصوصی فضل وکرم سے اُس کی مشکلات کو دور فرمائے گا۔ اور اپنی عنایات نازل فرمائے گا۔ خواہ رجال الغیب متشکل ہوں یا نہ ہوں۔

(رجال الغیب پر سیر حاصل بحث کتاب ''رجال الغیب'' مصنف ومرتب ''پیرزادہ اقبال احمد فاروقی میں دی گئی ہیں۔ شائقین وہاں سے دیکھ سکتے ہیں)

☆ اسی ضمن میں میرا (**محمد عبدالرؤف البلوشی کا**) ذاتی طریقہ وتجربہ یہ ہے۔ کہ! وہ شخص بجانب قبلہ منہ کر کے نہایت تضرع وآہ وزاری اور خشوع وخضوع سے سرورانبیاء امام المرسلین ﷺ کی ذات اقدس پر چند مرتبہ درود وسلام بھیجے۔ ہر شخص نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں درودِ پاک کی (طاق) تعداد خود متعین کرسکتا ہے۔ پھر وہ دعا وسلام رجال الغیب کو روزانہ کھلے آسمان کے نیچے بحالتِ خلوت **100** مرتبہ اِس طرح سے پڑھے کہ! اُس رات جس طرف کو رجالُ الغیب ہوں۔ منہ اُن کی طرف کر کے کھڑے ہو کر **10** مرتبہ دُعائے رجال الغیب پڑھ کر تین قدم دائیں کو چلیں۔ پھر **10** مرتبہ دُعائے رجال الغیب پڑھ کر تین قدم آگے کو چلیں۔ پھر **10** مرتبہ دُعائے رجال الغیب پڑھ کر تین قدم بائیں کو چلیں۔ پھر **10** مرتبہ دُعائے رجال الغیب پڑھ کر تین قدم پیچھے کو چلیں۔ (**یاد رہے۔ کہ دائیں بائیں آگے یا پیچھے چلتے وقت منہ رجال غیب ہی کی طرف رہنا چاہیئے**) پھر **10** مرتبہ دُعائے رجال الغیب پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکیں۔ پھر **10** مرتبہ دُعائے رجال الغیب پڑھ کر نیچے زمین کی جانب پھونکیں۔ پھر **40** مرتبہ دُعائے رجال الغیب کو نقشے کی تاریخوں کے مطابق رجال الغیب کی طرف منہ کر کے مصلے پر بیٹھ کر پڑھتے رہیں۔ پھر آخر میں بھی درود وسلام پڑھ کر عمل کا اختتام کرے۔

(اگر یہ ترتیب یاد نہ رہے۔ تو چاہیئے۔ کہ! رجال الغیب کی طرف منہ کر کے صد مرتبہ دعائے رجال الغیب پڑھے) پھر کچھ دیر تک وہیں بیٹھا رہے۔ اگر روزانہ اِسی عمل کو بھی جاری رکھا گیا۔ تو صاحب عمل کو کچھ کیفیات ومشاہدات حاصل ہوں گے۔ جیسے کہ! چند دنوں کے بعد اسے ایسا محسوس ہوگا۔ کہ جیسے اس کے پاس سے کچھ بڑے اجسام اُڑ رہے ہیں۔ اور اڑتے ہوئے اس کے پاس سے گُزر جاتے ہیں۔ اور شوں کی آواز بھی سنائی دینے لگے گی۔ کبھی کبھی تو اچانک سے صاحبِ عمل ہذا کو گرم یا ٹھنڈی ہوا چلتی ہوئی محسوس ہوگی۔ پھر چند ہفتوں بعد وہ اجسام کچھ مبہم سے نظر آنا شروع ہو جائیں گے۔ مزید بیان نہیں کیا جا سکتا۔ کیونکہ یہ دراصل ایک رمزِ الٰہی اور سرِ مکنون ہے۔ کہ! جس کو مزید بیان کرنے کی اجازت نہیں۔ صاحبِ عمل از خود ملاحظہ ومشاہدہ کرسکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے خصوصی فضل وکرم سے اِس مجرب ومستند عمل کی بدولت اور اپنے محبوب ومقبول بندوں یعنی رجال الغیب اور ابدال کے ذریعے سے مشکلات کو حل فرمائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ یہ بات لازماً ذہن نشین رہے۔ کہ صاحب دعا اور آسمان کے درمیان کوئی چیز مثل کلاہ، چھت وغیرہ نہ ہو۔ کیونکہ یہ بھی عظیم رموز واسرار ہیں۔ نقشہء رجال الغیب معہ دعوت یہ ہے۔



بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o اَلسَّلَامُ عَلَیۡکُمۡ یَا رِجَالَ الۡغَیۡبِ o اَلسَّلَامُ عَلَیۡکُمۡ اَیَّتُھَا الۡاَرۡوَاحُ الۡمُقَدَّسَةُ اَعِیۡنُوۡنِیۡ بِقُوَّةٍ وَّانۡظُرُوۡنِیۡ بِنَظۡرَةٍ اَجِیۡبُوۡنِیۡ بِدَعۡوَةٍ۔ یَارُقَبَآءُ وَیَا نُقَبَآءُ وَیَا نُجَبَآءُ وَیَا بُدَلَآءُ وَیَااَوۡتَادَالۡاَرۡضِ وَیَا اَقۡطَابُ وَیَا قُطۡبَ الۡاَقۡطَابِ اَغِیۡثُوۡنِیۡ بِغَوۡثَةٍ اُمۡدُدۡنِیۡ فِیۡ ھٰذَا الۡاَمۡرِ (حاجت کا نام) سَلَّمَکُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی فِی الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَةِ بِحَقِّ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ o بِرَحۡمَتِکَ یَااَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ o

خاصانِ خدا، خدا نباشند — لیکن زِ خدا، جُدا نباشند

تعارفِ ابدال:

ابدال سے مُراد وہ چالیس مَردانِ قلندر (اولیاءِ برحق) ہیں۔ جب اِن میں سے کوئی ایک وفات پا جاتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ دوسرے کو اِس (فوت شدہ) کی جگہ مامور فرماتے ہیں۔ قیامِ قیامت سے قبل یہ تمام وفات پا جائیں گے۔ بہرحال اِن چالیس ابدال میں سے بائیس 22۔ مُلک شام میں اور 18 عراق میں ہوتے ہیں۔ ☆ امام قرطبی نے بحوالہ ''نوادر الاصول'' (از حکیم ترمذی) میں حضرت ابو درداءؓ سے روایت کیا ہے۔ بے شک انبیاءؑ زمین کے اوتاد (ستون) تھے۔ جب نبوت کا سلسلہ ختم ہوا۔ تو اللہ تعالیٰ نے اِن کی جگہ پر بطورِ متبادل اُمتِ محمدیہ ﷺ میں سے ایک (نیک وصالح) قوم کو مقرر فرمایا۔ جنہیں ''ابدال'' کہتے ہیں۔ اِنہیں کثرتِ صوم وصلوٰۃ کے باعث لوگوں پر فضیلت نہیں ملی۔ بلکہ حسنِ اخلاق، صدق وتقوٰی، حسنِ نیت، عامۃُ المسلمین کی خیر خواہی، اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے وعظ ونصیحت، صبر وحلم، دانشمندی اور ذلت سے پاک ومبراء عاجزی کے باعث اِنہیں یہ مقام حاصل ہوا۔ سبحان اللہ۔

☆ اِسی ضمن میں ایک مشہور ومعروف حدیثِ نبوی ﷺ بھی ہے۔ کہ! حضرت سیدنا علی المرتضیٰؓ سے مروی ہے۔ آپؓ نے فرمایا۔ کہ میں نے جناب رسولِ معظم ﷺ کو فرماتے سنا۔ یقیناً ابدال شام میں ہوں گے۔ جب کبھی اِن میں سے ایک وفات پائے گا۔ تو اللہ تعالیٰ اِس کی جگہ دوسرے کو متعین فرمائے گا۔ اِن کی برکت سے بادل بارش برسائیں گے۔ اور اِن کے طفیل دشمنوں پر فتح دی جائے گی۔ اور اِن کے تصدق سے اہلِ ارض کی بلائیں ٹال دی جائیں گی۔ (انشاء اللہ) ☆ یہ حدیثِ نبوی ﷺ امام یافعی کی مشہورِ زمانہ کتاب روض الریاحین میں مذکور ہے۔ کہ! حضرت علی المرتضیٰؓ نے فرمایا۔ اہلِ شام کو بُرا مت کہو۔ کیونکہ اِن میں ابدال رہتے ہیں۔ حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں۔ کہ! سیدنا نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ کہ! میری اُمت میں سے شام میں 22 ابدال رہتے ہیں۔ اور 18 ابدال عراق میں رہتے ہیں۔ ☆ حضرت علی المرتضیٰؓ سے مروی ہے۔ کہ! آپؓ نے فرمایا۔ کہ! میں نے رسول اللہ ﷺ کو (یہ) فرماتے ہوئے سنا۔ کہ! یقیناً ابدال (ملکِ) شام میں ہوں گے۔ اور وہ چالیس مرد ہوں گے۔ جب کبھی اِن میں سے ایک وفات پا جائیگا۔ تو اللہ تعالیٰ اِس کی جگہ دوسرے کو متعین فرمائے گا۔ اِن کی برکت سے بادل بارش برسائیں گے۔ اور اِن کے طفیل دشمنوں پر فتح دی جائے گی۔ اور اِن کے صدقے زمین والوں کی بلائیں ٹال دی جائیں گی۔ (انشاء اللہ تعالیٰ) ☆ ایک اور حدیثِ نبوی ﷺ میں ہے۔ کہ! میری اُمت میں 40 چالیس ابدال ہیں۔ (جن میں سے) بارہ 12۔ ابدال صرف مُلک شام میں ہوتے ہیں۔ اور اٹھائیس 28۔ مُلک عراق میں ہیں۔

☆ ملک شام کے ایک تابعی بنام حضرت مکحولؒ، حضرت ابو درداء صحابیؓ سے روایت کرتے ہیں۔ کہ! انبیاءؑ اوتادُ الارض تھے۔ جب نبوت کا سلسلہ ختم ہوا۔ تو اُمتِ محمد ﷺ سے ایک قوم کو اللہ تعالیٰ نے مقرر فرمایا ہے۔ جن کو ابدال کہتے ہیں۔ ☆ صاحبِ مرآۃ الاسرار (عبدالرحمٰن چشتیؒ) فرماتے ہیں۔ کہ! اے محبوب! تین سوستاون ابدال (مندرجہ بالا 40 ابدالوں کے علاوہ) اور ہیں۔ اور اِن میں سے کچھ تو قلبِ آدمؑ پر ہیں۔ صاحبِ مرآۃ الاسرار نے ایک مرتبہ اِن ابدالوں سے دریائے نیل پر ملاقات کی ہے۔ بہرحال تین سوستاون بُدلاء کا مسکن عموماً پہاڑ ہوتے ہیں۔ اِن کی خوراک درختوں کے پتے اور (حلال) جنگلی جانور ہیں۔ ☆ اِسی ضمن میں ایک حدیثِ نبوی ﷺ بھی وارد ہے کہ! اللہ تعالیٰ نے تین سو افراد پیدا کئے ہیں۔ جن کے قلوب حضرت آدم نبیؑ کے قلب پر ہیں۔ ☆ اِن میں سے چالیس 40۔ ایسے ہیں۔ کہ جن کے قلوب حضرت سیدنا موسیٰ نبیؑ کے قلب پر ہیں۔ ☆ پھر اِن میں سے 07 ایسے ہیں۔ کہ جن کے قلوب حضرت سیدنا ابراہیم نبیؑ کے قلب پر ہیں۔ ☆ اِن میں سے 05 ایسے ہیں۔ کہ جن کے قلوب حضرت جبرائیلؑ کے قلب پر ہیں۔ ☆ اِن میں سے 05 ایسے ہیں۔ کہ جن کے قلوب حضرت میکائیلؑ کے قلب پر ہیں۔ ☆ اور اِن میں سے 01 ایسا ہے۔ کہ جس کا قلب حضرت اسرافیلؑ کے قلب پر ہے۔ ☆ یہ ایک (کہ جس کا قلب حضرت اسرافیلؑ کے قلب پر ہوتا ہے)۔

جب یہ ایک وفات پا جائے۔ تو اُن تین افراد میں سے کسی ایک کو (کہ جس پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل وکرم اور رسالت مآب ﷺ کی خصوصی نظر مبارک ہو) مقرر کر دیا جاتا ہے۔ جب اُن تین میں سے کوئی رحلت کر جائے۔ تو اُن پانچ میں سے کسی ایک کو (کہ جس پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل و کرم اور رسالت مآب ﷺ کی خصوصی نظر مبارک ہو) مقرر کر دیا جاتا ہے۔ علیٰ ھذا القیاس۔۔۔۔ اور جب اُن تین صد میں سے کوئی انتقال کر جائے۔ تو زہاد میں سے جو کوئی صوفی صفت وسیرت کا حامل ہو، کو مقرر کر دیا جاتا ہے۔ بہرحال یاد رہے کہ یہ تمام بُدلاء (ابدال کی جمع) اِسی ترتیب سے قطبِ ابدال (کہ جس کا قلب حضرت اسرافیلؑ کے قلب پر ہوتا ہے) سے فیض حاصل کرتے ہیں۔ ☆ لطائفِ اشرفی میں تحریر ہے۔ کہ حضرت رسالت پناہ ﷺ نے ساری دنیا کے دو خطے فرض (مقرر) کئے ہیں۔ دنیا کا نصف خطہ شرقی کہلاتا ہے۔ جس میں خراسان، ہند (یعنی کہ! برصغیر کے تمام ممالک جیسے پاکستان، انڈیا، نیپال، بنگلہ دیش، بھوٹان۔۔۔) اور تمام مشرقی ممالک خطہ عراق میں شامل ہیں۔ جبکہ دنیا کا نصف خطہ مغربی کہلاتا ہے۔ جس میں بلادِ مصر اور تمام مغربی ممالک شامل ہیں۔ اور اِن چالیس بُدلاء کا فیض تمام دنیا پر پھیلا ہوا ہے۔ صاحب **کشف المحجوب** اور اکثر مشائخِ عُظام نے اِن چالیس ابدالوں کو ابرار قرار دیا ہے۔ بہرحال یہ دونوں اقوال صحیح اور متحقق ہیں۔

زیارتِ انبیاءؑ و اصفیاء: شب جمعہ سے روزانہ بعد نمازِ عشاء یہ عمل کر کے سو جائیں۔ سورہ والشمس، واللیل، والضحیٰ، انشراح، تکاثر، اخلاص (ہر سورہ سات مرتبہ) پڑھ کر پھر اکیس مرتبہ آیتِ نور (اللہ نور السموات والارض۔۔۔ آخر تک) یہ دُعا پڑھتے پڑھتے سو جائیں۔ **اللھم ارنی فی منامی انبیائک والاصفیائک واجعل لی من امری فرجا وارزقنی فی مذمی ما بدل بہ علی الا جابتہ دعوتی۔**

درجہ ابدال کے حصول کے دو مجرب المجرب اور مستند طریقے :

صاحب مواہب اللدنیہ (علامہ احمد بن محمد قسطلانیؒ) ، حضرت سیدی عبدالوہاب الشعرانیؒ اپنی مشہورِ زمانہ کتاب لطائف المنن میں اور صاحبِ کیمیائے سعادت جنابِ حضرت امام غزالیؒ نے اپنی کتب احیاء العلوم میں (جنابِ حضرت معروف کرخیؒ کے حوالہ سے) فرمایا ہے ۔کہ! جوشخص ہر روز دن میں تین مرتبہ یہ دُعا مانگتا رہے ۔ (تو وہ دنیا سے رُخصتی سے قبل درجہ ابدالیت پالے گا ۔ اور بروزِ قیامت ایسا شخص ابدالوں میں سے اُٹھایا جائے گا ۔ اور وہ ابدال میں لکھا جائے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ) دُعا یہ ہے ۔ **اللھم اصلح اُمة محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم ۔ اللھم ارحم اُمة محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم ۔ اللھم فرج عن اُمة محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم ۔**

حضرت علی ثانی امیر کبیر سید علی ہمدانیؒ نے اپنے اوراد بنام **اورادِ فتحیہ** میں مذکورہ دُعا کو اِس طرح سے بیان فرمایا ہے ۔

اللھم اغفر لامة سید نا محمد ﷺ ۔ اللھم ارحم اُمة سید نا محمد ﷺ ۔ اللھم انصر امة سید نا محمد ﷺ ۔ اللھم افتح لامة سید نا محمد ﷺ ۔ اللھم اصلح امة سید نا محمد ﷺ ۔ اللھم فرج عن امة سید نا محمد ﷺ ۔ اللھم کرم امة سید نا محمد ﷺ ۔ اللھم عظم امة سید نا محمد ﷺ ۔ اللھم تجا وز عن امة سید نا محمد ﷺ ۔

حضرت شیخ اکبر امام محی الدین ابنِ عربیؒ اپنے مختصر رسالہ ''حلیة الابدال'' میں رقم طراز ہیں ۔کہ! میں نے ایک (نیک وصالح) بزرگ سے پوچھا ۔یا سیدی! **ابدال کیسے بنتا ھے** ؟ تو اُنہوں نے فرمایا ۔ان چار چیزوں سے جو ابو طالبؒ نے اپنی کتاب '' قوت القلوب '' میں لکھی ہیں ۔

1 ۔ خاموشی ۔ **2** ۔ تنہائی ۔ **3** ۔ بھوک ۔ **4** ۔ بیداری ۔ یہی چار چیزیں مرید کے لئے نہ صرف اصل کی حیثیت رکھتی ہیں ۔ بلکہ انہی کے سبب وہ دیگر فرائض وسنن کے ارکان کی ادائیگی پر قوت وتوانائی بھی حاصل کرتا ہے ۔ (اسی ضمن میں **حضرت سلطان العارفین سلطان باہوؒ** فرماتے ہیں ۔کہ!) **نفس چار چیزوں سے ہلاک ہوتا ہے** ۔ خاموشی کا خنجر ۔ بھوک کی تلوار ۔ لوگوں کے مجمع سے الگ تھلگ رہنا ۔ کم سونا ۔ حضرت **شیخ فتح موصلیؒ** فرماتے ہیں ۔کہ! میں نے تیس برس سے ابدالین سے نیاز حاصل کیا ۔ اور سب ہی نے یہ نصیحت فرمائی ۔کہ! مخلوق سے کنارہ کشی اختیار کرو ۔ اور کم کھاؤ ۔

خاموشی کی فضیلت : حضور ﷺ نے فرمایا ۔کہ! خاموشی حکمت ہے ۔ مگر اس (خوبی وخاصیت اور خصلت) کو اختیار کرنے والے (لوگ) قلیل ہیں ۔ **حدیث** : زیادہ خاموش رہا کرو ۔ کیونکہ! یہی چیز شیطانی حملوں سے بچانے والی ہے ۔ اور دینی امور میں تمہاری معاون ہوگی ۔ **حدیث** : جوشخص اس بات کو پسند کرتا ہو ۔کہ وہ سلامتی کے ساتھ زندگی گزارے ۔ تو (وہ شخص) خاموش رہنے کا اہتمام کرے ۔ **حدیث** : آپ ﷺ نے فرمایا ۔ اے ابوذرؓ ! کیا مَیں تجھے دوخوبیوں سے آگاہ نہ کروں ۔ (کہ) جن کی ادائیگی آسان ہے ۔لیکن وہ ترازو میں دیگر جملہ نیکیوں سے بھاری ہوں گے ۔ انہوں نے عرض کیا ۔ جی ہاں اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ ! (تو) آپ ﷺ نے فرمایا ۔ (کہ) تُو حسنِ خلق اور خاموشی کو لازم پکڑ ۔ اس ذات کی قسم (کہ) جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ۔ مخلوقات نے کوئی ایسا عمل نہیں کیا ۔ جو (ان دونوں یعنی خاموشی اور حُسنِ خلق کے) برابر ہو ۔

ولایت میں ھفت اقالیم کے متعلق معلومات :

اِسی ضمن میں صاحب فصوص الحکم جناب حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی اندلسیؒ اپنی مشہور زمانہ کتاب فتوحاتِ مکیہ کے باب نمبر **198** میں فرماتے ہیں ۔کہ! روحانیت ہر اقلیم مرتبط ہے اُس آسمان سے ۔ جو اس کے مشاکل ہے ۔ تو جاننا چاہیئے ۔کہ اقلم اول مرتبط ہے ساتویں آسمان سے ۔ توضیح اس کی یوں جاننا چاہیئے ۔کہ! اللہ تعالیٰ نے اِس زمین کی ، کہ جس پر ہم رہتے بستے ہیں ۔ اس زمین کی سات اقالیم بنائی ہیں ۔ اور اپنے مومن بندوں میں سے سات اشخاص کو چھانٹ کر اِن کا نام ابدال رکھا ۔ اور ہر بدل کے واسطے ایک ایک اقلیم مقرر کردی ۔ اور اس اقلیم کو اس کی وجہ سے محفوظ کردیا ۔

☆ اقلیم اول کی طرف آسمانِ ہفتم سے جو بھی اَمرِالٰہی نازل ہوتا ہے ۔ وہ اس کی طرف ستارہ زحل کی روحانیت ناظر ہوتی ہے ۔ اور جو بدل اُس کا محافظ ہو ۔ وہ درحقیقت حضرت ابراہیم خلیل اللہؑ کے قلبِ اطہر پر ہوتا ہے ۔ ☆ اقلیم دوئم کی طرف آسمانِ ششم سے جو بھی اَمرِالٰہی نازل ہوتا ہے ۔ وہ اس کی طرف ستارہ مشتری کی روحانیت ناظر ہوتی ہے ۔ اور جو بدل اُس کا محافظ ہو ۔ وہ درحقیقت حضرت موسیٰؑ کے قلبِ اطہر پر ہوتا ہے ۔ ☆ اقلیم سوئم کی طرف آسمانِ پنجم سے جو بھی اَمرِالٰہی نازل ہوتا ہے ۔ وہ اس کی طرف ستارہ مریخ کی روحانیت ناظر ہوتی ہے ۔ اور جو بدل اُس کا محافظ ہو ۔ وہ درحقیقت حضرت ہارونؑ کے قلبِ اطہر پر ہوتا ہے ۔ اور وہ بتائید محمدیؐ زندہ ہے ۔ ☆ اقلیم چہارم کی طرف آسمانِ چہارم سے جو بھی اَمرِالٰہی نازل ہوتا ہے ۔ وہ اس کی طرف ستارہ اعظم یعنی شمس کی روحانیت ناظر ہوتی ہے ۔ اور جو بدل اُس کا محافظ ہو ۔ وہ درحقیقت حضرت ادریسؑ کے قلبِ اطہر پر ہوتا ہے ۔ اور یہی وہ قطب ہے ۔ جس کو کہ اَب تک موت نہیں آئی ۔ اور جو بھی اقطاب دنیا میں ہیں ۔ وہ اِس کے نائب ہیں ۔ ☆ اقلیم پنجم کی طرف آسمانِ سوئم سے جو بھی اَمرِالٰہی نازل ہوتا ہے ۔ وہ اس کی طرف ستارہ زہرہ کی روحانیت ناظر ہوتی ہے ۔ اور جو بدل اُس کا محافظ ہو ۔ وہ درحقیقت حضرت یوسفؑ کے قلبِ اطہر پر ہوتا ہے ۔ ☆ اقلیم ششم کی طرف آسمانِ دوئم سے جو بھی اَمرِالٰہی نازل ہوتا ہے ۔ وہ اس کی طرف ستارہ عطارد کی روحانیت ناظر ہوتی ہے ۔ اور جو بدل اُس کا محافظ ہو ۔ وہ درحقیقت حضرت عیسیٰؑ اور حضرت یحیٰؑ کے قلوب پر ہوتا ہے ۔ ☆ اقلیم ہفتم یعنی آخری اقلیم کی طرف آسمانِ اول سے جو بھی اَمرِالٰہی نازل ہوتا ہے ۔ وہ اس کی طرف ستارہ قمر کی روحانیت ناظر ہوتی ہے ۔ اور جو بدل اُس کا محافظ ہو ۔ وہ درحقیقت حضرت آدمؑ کے قلبِ اطہر پر ہوتا ہے ۔

حضرت شیخ اکبر ابن عربیؒ مزید فرماتے ہیں۔ کہ! مَیں اِن ساتوں ابدال سے مکہ معظّمہ میں حطیمِ حنابلہ کی پشت پر ملا۔ تو مَیں نے دیکھا۔ کہ وہ رکوع میں تھے۔ میں نے انھیں سلام کیا۔ بعد جواب، وہ مجھ سے باتیں کرنے لگ گئے۔ واقعی اِن سے بڑھ کر مَیں نے اللہ تعالیٰ کی یاد میں شاغل کسی اور کو نہیں دیکھا۔ اور نہ ان کے جیسا کسی اور کو پایا۔ سوئے '' حضرت سقیط الرفرف بن ساقط العرش'' جن سے مَیں قونیہ میں ملا۔ وہ فارس کے رہنے والے تھے۔

ہفت اقالیم کے بُدلاء کی حقیقت:

حضرت سرکارِ دو عالم ﷺ نے فرمایا۔ کہ! **بـدلاء أُمتی سبعة** ۔ میری اُمت میں سات ابدال ہیں۔ یہ ابدال عوام الناس کی آنکھوں سے پنہاں ہوتے ہیں۔ صرف اہلِ حال اور انسانِ کامل ہی اِن کو جان اور پہچان سکتے ہیں۔ اِن کے سات گروہ ہیں۔ جیسا کہ متذکرہ حدیثِ نبوی ﷺ میں مذکور ہے۔ بہرحال یہ سات ابدال سات اقالیم میں ہوتے ہیں۔ ایک ابدال فی اقلیم کے حساب سے ہوتا ہے۔ اِن کا کام عاجزوں اور محتاجوں کی امداد کرنا ہے۔ جب اِس قوم میں کوئی درویشِ کامل ہوتا ہے۔ تو وہ درویش اِن عاجزوں کی فریادرسی کرتا ہے۔ جب اِن میں سے کوئی رحلت کرتا ہے۔ تو اُس کی جگہ پر کسی دوسرے صوفی کو ڈیوٹی پر لگا دیا جاتا ہے۔ اور اِسی متوفی کے نام سے اُسے موسوم کرتے ہیں۔ اِن مذکورہ ساتوں ابدالوں (بدلاء) میں سے ہر ایک کسی نہ کسی نبیؑ کے مشرب پر ہوتا ہے۔ جن کی مختصر مگر جامع تفصیل یہ ہے کہ! ☆ پہلی اقلیم کی ولایت کا ابدال جنابِ **حضرت ابراہیم نبیؑ** کے مشرب و قلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا نام **عبدالحی** ہوتا ہے۔ ☆ دوسری اقلیم کی ولایت کا ابدال جنابِ **حضرت موسیٰ نبیؑ** کے مشرب وقلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا نام **عبدالعلیم** ہوتا ہے۔ ☆ تیسری اقلیم کی ولایت کا ابدال جنابِ **حضرت ہارون نبیؑ** کے مشرب وقلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا نام **عبدالمرید** ہوتا ہے۔ ☆ چوتھی اقلیم کی ولایت کا ابدال جنابِ **حضرت ادریس نبیؑ** کے مشرب وقلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا نام **عبدالقادر** ہوتا ہے۔ ☆ **پانچویں اقلیم** کی ولایت کا ابدال جنابِ **حضرت یوسف نبیؑ** کے مشرب وقلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا نام **عبدالقاہر** ہوتا ہے۔ ☆ چھٹی اقلیم کی ولایت کا ابدال جنابِ **حضرت عیسیٰ نبیؑ** کے مشرب وقلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا نام **عبدالسمیع** ہوتا ہے۔ ☆ ساتویں اقلیم کی ولایت کا ابدال جنابِ **حضرت آدم نبیؑ** کے مشرب وقلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا نام **عبدالبصیر** ہوتا ہے۔ یاد رہے کہ! ساتویں اقلیم کا ابدال دراصل **حضرت خضرؑ** ہے۔

اِن میں سے ہر ایک ابدال لطائف اور معارفِ الٰہی کا عارف ہوتا ہے۔ اور ابرار سات ستاروں میں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اِن کے اندر تمام طرح کی تاثیر ودیعت کی ہوئی ہے۔ اور جو دو ابدال (یعنی کہ! چوتھی اور پانچویں اقالیم کے بُدلاء) جن کے اسماء **عبدالقادر** اور **عبدالقاہر** ہیں۔ وہ اِس ملک یا قوم پر مامور ہوتے ہیں۔ جن پر قہر نازل ہوتا ہے۔ اِس ملک وقوم کی مقہوری (تباہی) اِن کے قدموں کی بدولت ہوتی ہے۔

ولایت میں دوازدہ اقطاب کے کن انبیاءؑ کے قلوب پر اور ان کے متعلقہ اوراد:

مصنفِ کتاب مرآۃ الاسرار (حضرت شیخ عبدالرحمٰن چشتیؒ متوفی **1094**ھ) میں حضرت شیخ اکبر ابنِ عربیؒ اپنی یگانہ روزگار کتاب فتوحاتِ مکیہ کے حوالے سے رقم طراز ہیں۔ کہ! تمامی اقطاب دراصل حضراتِ انبیاءؑ کے قلوب پر ہوتے ہیں۔ اوران کے اوراد کی تفاصیل یہ ہیں۔

☆ قطبِ اوّل دراصل حضرت نوح نبیؑ کے قلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا وردسورہ **یٰسین شریف** ہے۔ ☆ قطبِ دوئم حضرت ابراہیم نبیؑ کے قلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا وردسورہ **اخلاص شریف** ہے۔ ☆ قطبِ سوئم حضرت موسیٰ نبیؑ کے قلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا وردسورہ **اذا جاء نصر اللہ والفتح** ہے۔ ☆ قطبِ چہارم حضرت عیسیٰ نبیؑ کے قلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا وردسورہ **فتح شریف** ہے۔ ☆ قطبِ پنجم حضرت داوٗد نبیؑ کے قلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا وردسورہ **اذا زلزلت الارض زلزالھا** ہے۔ ☆ قطبِ ششم حضرت سلیمان نبیؑ کے قلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا وردسورہ **واقعہ شریف** ہے۔ ☆ قطبِ ہفتم حضرت ایوب نبیؑ کے قلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا وردسورہ **بقرہ شریف** ہے۔ ☆ قطبِ ہشتم حضرت الیاس نبیؑ کے قلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا وردسورہ **کہف شریف** ہے۔ ☆ قطبِ نہم حضرت لوط نبیؑ کے قلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا وردسورہ **نمل شریف** ہے۔ ☆ قطبِ دہم حضرت ہود نبیؑ کے قلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا وردسورہ **انعام شریف** ہے۔ ☆ قطبِ یازدہم حضرت صالح نبیؑ کے قلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا وردسورہ **طٰہٰ شریف** ہے۔ ☆ قطبِ دوازدہم حضرت شیث نبیؑ کے قلب پر ہوتا ہے۔ اور اِس کا وردسورہ **ملک شریف** ہے۔

فلاں ولی کا فلاں نبیؑ کے قدمِ مبارک پر ہونے کا مطلب:

صوفیاء کی کتب میں ہے۔ کہ! فلاں ولی اللہؒ کا قدم فلاں نبیؑ یا پھر رسولؑ کے قدمِ مبارک پر ہے۔ یعنی کہ وہ ولی اللہ علوم وفنون، تجلیات، عادات واطوار اور مقامات واحوال جو اُس پیغمبرؑ سے مخصوص ومنسوب ہیں۔ اُس ولی کو اُس پیغمبرؑ کی معاونت حاصل ہے۔ لیکن یہ تمام اولیاءؒ مشکوٰۃ محمدی ﷺ سے ہیں۔ پس وہ ولی مثلاً محمدی ہے، موسویؑ ہے، عیسوی ہے۔ **علیٰ ھذا القیاس** ۔۔۔ یاد رہے۔ کہ! شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے بھی یہی کلمہ حق بلند کیا۔ کہ میرا قدم تمام اولیاء اللہ کی گردنوں پر ہے۔۔۔

عمر تو ساری کٹی عشقِ بتاں میں مومن　　　آخری وقت میں کیا خاک مسلماں ہوں گے

حضراتِ مردانِ غیب : (بمثل رجال الغیب یا رجال اللہ)

حضرت قطب الدین بختیار کا کیؒ فرماتے ہیں۔کہ! جس (خوش نصیب) آدمی سے مردانِ غیب کی ملاقات ہوتی ہے۔ پہلے اسے وہ آواز دیتے ہیں۔(پھر وہ روزانہ یا وقتاً فوقتاً آوزیں دیتے رہتے ہیں) جب وہ اس میں پکا ہوجاتا ہے۔تو پھریہی مردانِ غیب اپنے آپ کو ہلکی پھلکی جھلکیاں دکھاتے ہیں۔ پھر وہ خود کو ظاہر کرتے رہتے ہیں۔ جب وہ اس میں بھی پختہ ہوجاتا ہے۔تو یہ مردانِ غیب اُس کو اپنی مجالس میں بلاتے ہیں۔(لیکن یہ مقام ومرتبہ حاصل تبھی ہوا کرتا ہے۔کہ! جب کاملین یادالٰہی میں ہمہ وقت مشغول ومصروف رہتے ہیں۔اور اللہ تعالیٰ کے ہاں اُن کا کوئی مقام ومرتبہ ہوتا ہے)

حضرت بابا فریدالدین گنج شکرؒ فرماتے ہیں۔کہ! میرا ایک رفیق (شیخ عثمان سنجریؒ) جو میرا ہم خرقہ بھی تھا۔ وہ اَز حد مشغولِ حق رہتا تھا۔ چنانچہ اسے مردانِ غیب آواز دیا کرتے تھے۔ چونکہ مذکورہ شیخ نے اپنا کام اور بھی زیادہ بڑھا لیا۔(یعنی مزید عبادت پر کمربستہ ہوگیا۔تو) کچھ عرصے بعد وہ اس سے ملاقات بھی کرنے لگ گئے۔ایک روز وہ شیخ اپنے رفقاء کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا۔کہ! اس نے ایک شیخ کے آنے پر لبیک کہا۔تو انہوں نے کہا۔کہ! تم آتے ہو۔یا ہم چلے جائیں۔ جونہی اس شیخ نے یہ بات سنی۔مجلس سے (فوراً) اُٹھ بیٹھا۔اور آواز کی طرف چلتا ہوا ہم سے کافی دور چلا گیا۔ یہاں تک کہ نظروں سے ہی غائب ہوگیا۔ مجھے معلوم نہ ہوا۔کہ وہ شیخ کہاں گیا۔اور وہ (مردانِ غیب) اس شیخ کو کہاں لے گئے۔

اَقسامِ رجالُ اللہ : رجال اللہ کی چند اقسام ہیں۔جیسے کہ! پہلی قسم کو اقطاب کہا جاتا ہے۔دوسری کو غوث،تیسری کو امامہ،چوتھی کو اوتاد، پانچویں کو ابدال،چھٹی کو اخیار،ساتویں کو ابرار،آٹھویں کو نقباء،نویں کو نجباء،دسویں کو عُمداء،گیارہویں کو مکتومان،بارھویں کو مفردان،تیرھویں کو محبوبِ قطبِ عالم کہا جاتا ہے۔اور محبوبِ قطبِ عالم سارے جہاں اور زمانے میں فقط ایک ہی ہوتا ہے۔ جسے غوثُ العالم بھی کہتے ہیں۔دنیا اور آخرت یعنی عالمِ علوی وسفلی کے تمام موجودات (یعنی مخلوقات) محبوبِ قطبِ عالم کے وجود سے قائم ہوتے ہیں۔(واللہ اعلم بالصواب) جاننا چاہیئے کہ! قطبِ عالم کو قطبِ کُبریٰ،قطبِ ارشاد،قطب الاقطاب اور قطبِ مدار بھی کہتے ہیں۔اور قطبِ مدار جب مرتبہ قطبیت کو پہنچتا ہے۔تو اُس کا نام عبداللہ سے موسوم ہوجاتا ہے۔کیونکہ موجوداتِ عالم (عالم علوی و سفلی) کا وجود قطبِ عالم کی برکت سے ہوتا ہے۔اِس قطبِ مدار کے مزید آگے دو وزیر ہوتے ہیں۔جن کو حضرت شیخ اکبر محی الدین ابنِ عربیؒ نے اپنی یگانہ روزگار کتاب فتوحاتِ مکیہ میں امامان کے نام سے موسوم کیا ہے۔ایک قطبِ عالم کے دائیں طرف (بنامِ عبدالرب) ہوتا ہے۔جبکہ دوسرا بائیں طرف (بنامِ عبدالملک) ہوتا ہے۔اِسی ضمن میں صاحبِ فتوحاتِ مکیہ فرماتے ہیں۔کہ! **عبدالملک** دایاں وزیر ہوتا ہے۔ جبکہ عبدالرب بایاں وزیر ہوتا ہے۔(واللہ اعلم بالصواب) بہرحال! جناب عبدالملک،قطبِ مدار کی روح سے فیض یاب ہوتا ہے۔اور اِس فیض کو عالم علوی پر تقسیم کرتا ہے۔جبکہ جناب عبدالرب،قطبِ مدار کے قلب سے فیض حاصل کرتا ہے۔اور اِس فیض کو عالم سفلی پر تقسیم کرتا ہے۔ جب قطبِ مدار اِس دنیائے فانی سے رحلت کر کے عُقبیٰ کو کوچ کر جاتا ہے۔تو عبدالملک اِس کا قائم مقام ہوجاتا ہے۔اور قطبِ مدار کا نام عبداللہ ہوجاتا ہے۔یعنی ارض وسماء پر ایسے شخص کو عبداللہ کہہ کر پکارا جاتا ہے۔اگرچہ والدین نے اِس کا کچھ اور ہی نام کیوں نہ رکھا ہو۔جبکہ بائیں طرف والے وزیر کی جگہ عبدالرب کو عبدالملک کی جگہ پر بٹھا دیا جاتا ہے۔اور عبدالرب کی جگہ پر بُدلاء (ابدال کی جمع) میں سے اُس ابدال کو، جو کہ حضرت اسرافیلؑ کے قلب پر ہوتا ہے۔کو (عبدالرب) کی جگہ پر بٹھا دیا جاتا ہے۔ یاد رہے کہ! تمام رجال اللہ کا نام ظاہر میں کچھ بھی ہو۔مگر باطنی دنیا میں اُنہیں کسی اور نام سے پکارا جاتا ہے۔لہٰذا ایسوں کو حق تعالیٰ کے مربی اسم سے موسوم کرتے ہیں۔اِسی طرح روزِ قیامت تک تواتر کیساتھ سے یہی ہوتا رہے گا۔انشاءاللہ العظیم۔ حضرت شیخ اکبر محی الدین ابنِ عربیؒ کتاب فتوحاتِ مکیہ میں تحریر فرماتے ہیں۔کہ! اے محبوب! اِس فقیر (ابنِ عربیؒ) کو تمام اقطاب کی قدم بوسی میسر ہوئی ہے۔اور ہوتی رہتی ہے۔اور ہر نعمت اِس فقیر کو ابتدائے حال میں وافر نصیب ہوئی ہے۔(الحمدللہ وماشاءاللہ) بہرحال! اِن دوازدہ اقطاب میں سے سات عدد اقطاب سات اقالیم میں ہوتے ہیں۔یعنی ہر اقلیم میں ایک قطب۔اِن اقطابِ اقالیم میں ہر ایک کو قطبِ اقلیم کہا جاتا ہے۔اور باقی پانچ اقطاب میں سے ہر ایک علیحدہ علیحدہ ولایت میں ہوتا ہے۔اِن کو قطبِ ولایت کہتے ہیں۔جبکہ قطبِ عالم محبوب (قطبِ مدار) کا فیض اقطابِ اقالیم پر یکساں وارد ہوتا ہے۔اور اقطابِ ولایت کا فیض باقی تمامی اولیاءاللہ پر ہوتا ہے۔اِسی طرح سے یہ فیوضات قیامِ قیامت تک جاری رہیں گے۔انشاءاللہ العظیم۔ ☆ جب ایک ولی اللہ ترقی کرتا ہے۔تو وہ قطبِ ولایت کے مرتبے پر پہنچ جاتا ہے۔اور جب قطبِ ولایت مزید ترقی کرتا ہے۔تو وہ قطبِ اقلیم کے مرتبہ پر پہنچ جاتا ہے۔اور جب کوئی قطبِ اقلیم ترقی کرتا ہے۔تو وہ عبدالرب کے مقام پر پہنچ جاتا ہے۔جو کہ قطبِ مدار کے دائیں طرف کا وزیر ہوتا ہے۔اور یہ قطبِ اقلیم دراصل ابدال ہوتا ہے اسرافیل کے قدم پر۔اِس کو قطبِ ابدال بھی کہا جاتا ہے۔اس کے بعد تیسرے درجہ پر قطبِ ارشاد ہوتا ہے۔یعنی قطبِ عالم ہوجاتا ہے۔پس قطبِ عالم کی عمر دراز ہوتی ہے۔چونکہ وہ سلوک میں ہوتا ہے۔لہٰذا ترقی کر کے مقامِ فردانیت پر پہنچ جاتا ہے۔ ☆ لطائفِ اشرفی میں فتوحاتِ مکیہ سے نقل کیا گیا ہے۔کہ! آنحضرت رسولِ مکرم ﷺ نبوت کے پہلے افراد (مقامِ فردانیت) میں سے تھے۔اور حضرت خضر نبیؑ بھی افراد میں سے تھے۔اے محبوب غور سے سُن لے۔کہ! قطبِ مدار اور دیگر اقطاب کے مراتب اِس قدر عظیم اور بلند ہیں۔کہ ایک ولی کو ولایت سے معزول کر کے اس کی جگہ دوسرا ولی مقرر کر سکتے ہیں۔یاد رہے کہ! قطبِ عالم (قطبِ مدار) کا وہ مرتبہ ہے۔اگر چاہیں تو کسی بھی قطب کو قطبیت سے (بہ چشم زدن) معزول کر سکتے ہیں۔قطب الاقطاب اور غوث کی مشترکہ دُعا سے دوسرا شخص مرتبہ قطبیت پر پہنچ سکتا ہے۔جیسے کہ حضرت محبوب صمدانی شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے حالات میں لکھا ہے کہ! اُن کے زمانہ میں ہفت ابدال میں سے ایک صاحب نے انتقال کیا۔تو پیرانِ پیر صاحب نے ایک کافر کو لے کر اُس کا زنار توڑا۔اور ابدالِ ہفت گانہ میں داخل کر دیا۔

☆ حضرت شیخ علاؤالدولہ ؒ فرماتے ہیں۔کہ! قطبِ ارشاد کی ولایت شمسی ہوتی ہے۔جو آفتاب کی طرح دنیا پر چمکتی ہے۔جبکہ قطبِ ابدال کی ولایت قمری ہوتی ہے۔جو ہفت اقالیم پر تصرف کرتی ہے۔ ☆ قطبِ مدار عرش سے تحت الثرٰی تک متصرف ہوتا۔جبکہ افراد (مرتبہ فردانیت کا حامل ولی اللہ) عرش سے تحت الثرٰی تک متحقق ہوتا ہے۔یاد رہے کہ تصرف وتحقق میں بہت فرق ہے۔خلاصہ کلام یہ ہے۔کہ! قطبِ مدار دائمی طور پر تجلیءصفات میں محو ہوتا ہے۔جبکہ افرادِ کامل دائمی تجلیءذات میں مستغرق رہتا ہے۔ ☆ قطبِ مدار تو خاص ہوتا ہے ہی۔مگر افرادِ اخص (خاص الخاص) ہوتا ہے۔بعض اولیائے کرام کو تجلیءافعالی نصیب ہوتی ہے۔اور بعض کو تجلی اسماء، جبکہ بعض کو تجلی آثار حاصل ہوتی ہے۔اِسی وجہ سے بعض اولیائے عظام مقامِ محو (ہوشیاری) میں ہوتے ہیں۔جبکہ بعض مقام وکیفیت سکر (مکمل محویت واستغراق) میں ہوتے ہیں۔اور کچھ تو دونوں مقامات (محویت وسکر کے مقامات) میں ہوتے ہیں۔اولیائے کرام کے یہ مقامات عالم کثرت میں ہوا کرتے ہیں۔لیکن اہلِ فردانیت کو اِن مقامات سے باہر تجلی نصیب ہوتی ہے۔کیونکہ مقامِ فردانیت لامکاں ہے۔ ☆ روئے زمین کی مختلف جہات اور آبادیوں میں بلکہ بحروبر میں ہر وقت ایسے رجال الغیب اور مردانِ خُدا ہر زمانہ میں موجود رہتے ہیں۔بلکہ صوفیائے کرام تو یہاں تک فرماتے ہیں۔کہ دنیا میں کوئی ملک، شہر، بستی یا قریہ ایسا نہیں۔کہ جس میں ایک قطب یا ابدال نہ ہو۔اور انہی کی خیر وبرکت سے رحمتوں کا نزول ہوتا ہے۔اور عذاب بھی ٹلتا رہتا ہے۔

رجالُ اللہ سے چند ملاقاتیں: (بمطابق کتاب رجال الغیب۔مصنف جناب پیرزادہ اقبال احمد فاروقی صاحب)

واقعہ نمبر 01۔ چند سال گزرے۔بادشاہ افغانستان جناب احمد شاہ ابدالی اپنے ملک سے اُٹھ کر پنجاب کو روندتا ہوا دہلی پر حملہ آور ہوا۔اور وہ پنجاب کے سکھوں اور ہندوؤں کو بھگاتا ہوا دہلی جا پہنچا۔اس بادشاہ نے ہندو اور سکھوں کے قتلِ عام کے ساتھ ساتھ ملک میں عدل وانصاف، نظم ونسق کے مسائل کو بھی درست کیا۔جو شخص چوری کرتا۔اُس کا ہاتھ کٹوا دیتا۔جو قتل کرتا اُس کو فورًا پھانسی چڑھا دیتا۔جو زیادتی کرتا اُسے فوری طور پر سزا دیتا۔جس کی وجہ سے دہلی سے چور اُچکے، ڈاکو قاتل قسم کے لوگ بھاگ گئے اور جو بچ گئے وہ مارے گئے۔اِس طرح دہلی کے لوگوں نے کافی برس بعد سُکھ کا سانس لیا۔معاملات درست ہوگئے۔اور ہر شخص اپنے اپنے روزمرہ کے امور کی سرانجام دہی میں مصروف ہوگیا۔

احمد شاہ ابدالی نے جب دہلی کا نظام درست کرلیا تو قاتلوں کو تختہ دار پر لٹکایا گیا۔چوروں اور ڈاکوؤں کے ہاتھ کاٹے جانے لگے۔دھوکہ بازوں کو طرح طرح کی سزائیں دی جانے لگیں۔مختلف علاقوں کے سرکش لشکروں کی سرکوبی کر کے اِنہیں دہلی اور اِس کے مضافات سے ہمیشہ کے لئے بھگا دیا گیا۔جب دہلی اور اِس شہر کے گردونواح میں مکمل سکون، عدل، انصاف اور امن وامان پوری طرح سے قائم ہوگیا۔اور ہر شخص چین وسکون سے رہنے لگا۔تو احمد شاہ ابدالی صاحب اپنی یہ عرضداشت لے کر حضرت شاہ عبدالعزیز دہلوی ؒ کے پاس جا پہنچے۔اور اُن سے گزارش کی۔کہ! حضرت اَب تو دہلی شہر اور اِس کے مضافات میں امن وامان اور عدل وانصاف کا بول بالا ہے۔عوام الناس سکھ سے رہ رہے ہیں۔اِن دنوں دہلی کا قطب کون ہے؟ حضرت شاہ عبدالعزیز ؒ نے فرمایا۔اِس وقت دہلی کا قطب وہ ضعیف العمر شخص ہے۔جو بعد نمازِ جمعۃ المبارک جامع مسجد دہلی کی سیڑھیوں پر مشکیزہ اُٹھائے نمازیوں کو پانی پلاتا ہوا نظر آئے۔احمد شاہ ابدالی جمعہ کی نماز کے بعد جامع مسجد کی سیڑھیوں پر جا پہنچا۔تو اُس نے دیکھا۔کہ! ایک بوڑھا شخص مشکیزہ اُٹھائے ہانپتا کانپتا ہوا سیڑھیاں چڑھ رہا ہے۔اور لوگ دوڑ دوڑ کر اِس سے پانی پی رہے ہیں۔احمد شاہ ابدالی بھی آگے بڑھا۔ایک آبخورہ لیا۔اور پانی مانگ کر پینے لگا۔آدھا پانی پیا۔اور آدھا پانی زمین پر زور سے اُنڈیل دیا۔اُس ضعیف العمر شخص (دہلی کے قطب) کو یہ بات بڑی ناگوار گزری۔تو اُس نے ایک زوردار طمانچہ احمد شاہ ابدالی (بادشاہ افغانستان) کو رسید کرتے ہوئے کہا۔تم نے یہ پانی کیوں ضائع کردیا۔یہ پانی کسی کے کام بھی تو آسکتا تھا۔بادشاہ یہ بات ابھی سوچنے بھی نہ پایا تھا۔کہ بوڑھے نے کہا۔دفع ہو جاؤ یہاں سے۔اور مولوی عبدالعزیز کو کہنا۔تمھارے جیسے بے ہودہ لوگوں کو ہمارے پاس نہ بھیجا کرے۔پھر وہ شخص حضرت شاہ عبدالعزیز ؒ کے پاس پہنچا۔اور سارا واقعہ سنا کر کہنے لگا۔کہ! واقعی دہلی کا روحانی گورنر (قطبِ شہر) بڑا سخت ہے۔

واقعہ نمبر 02۔ حضرت شیخ اکبر محی الدین ابنِ عربی اندلسی ؒ کو رجالُ الغیب سے بڑی دلچسپی تھی۔اُنہوں نے اپنی زندگی میں بارہا مرتبہ حضرت خضر نبی ؑ سے اور اپنے وقت کے اکثر چھوٹے بڑے اولیاء اللہ سے ملاقات کی ہے۔وہ بسا اوقات رجال الغیب سے ملاقات کے شوق میں ہزاروں میل تک پیدل سفر کرتے تھے۔حضرت شیخ اکبر اپنے وقت کے اتنے بڑے متبحر اور نامور عالم وولی الصفت شخصیت تھے۔کہ اہل علم اِنہیں علوم وفنون کا ناپیدا کنار سمندر قرار دیتے تھے۔ظاہری علوم وفنون دینی ودنیاوی کے علاوہ آپ ؒ کو باطنی علوم کے اکثر شعبہ جات میں کامل دسترس حاصل تھی۔

جب اِنہیں بتایا گیا۔کہ! روس کے جنوبی علاقوں، چین کے مغربی خطوں اور وسطِ ایشیاء کے ہزاروں میل تک آٹھ دس برس سے کوئی بارش نہیں ہوئی۔جس کی وجہ سے یہ تمام علاقے اور اِن علاقوں کے مُضافات میں پانی کی شدید قلت اور خشک سالی برپا ہے۔جس کے باعث عوام الناس اپنے گھربار، جائیداد واملاک چھوڑ چھاڑ کر دور افتادہ علاقوں میں چلے گئے ہیں۔اِن میں سے اکثر لوگوں کے مال مویشی خشک سالی، قحط، پانی اور غذائی قلت کی وجہ سے مر گئے ہیں۔اور وہاں کے درندے، وحشی جانور، چرند پرند اُن علاقوں کو چھوڑ کر دور دراز علاقوں میں چلے گئے ہیں۔ درخت سوکھ کر زمین کو آ لگے ہیں۔پہاڑ، میدان، چشمے، وادیاں، جھیلیں۔۔۔سب ختم ہو کر لق ودق صحرا میں تبدیل ہو گئے ہیں۔ابنِ عربی ؒ کو جب اِن تمام حالات وواقعات کا علم ہوا۔تو نہایت افسردگی کے عالم میں سوچنے لگے۔کہ! اِس وسیع وعریض علاقے کے قطب وتکوینی نظام کے نگران وذمہ دار کہاں ہیں؟ کیونکہ آسمان سے پانی برسانا، لوگوں کو رزق باہم پہنچانا، اِن کی تمام تکالیف کا ازالہ

کرنا (بفضلِ الٰہی) اُس علاقے کے قطب کی ذمہ داری ہے۔ مخلوقِ خدا کی اتنی تباہی، اُن کا اِس قدر جانی و مالی نقصان، اللہ تعالیٰ کی زمین جنت نظیر پر اتنی ویرانی، مگر یہ بزرگ (یعنی اُس علاقے کے قطب و روحانی نگران) بالکل بے نیاز ہیں۔ اگر چہ آپؒ تکوینی معاملات میں دخل دینا پسند نہیں کرتے تھے۔ تاہم اپنے روحانی ذرائع و معلومات سے جب اُنہیں یہ معلوم ہوا۔ کہ اِن تمام علاقوں اور خطوں کا قطب اِن ایام میں کوہ قاف میں قیام پذیر ہیں۔ اور اپنی ریاضت و عبادت و مستغرق در عشقِ الٰہی وہیں کوہ قاف کی غاروں میں مصروف ہے۔ حضرت شیخ اکبر ابن عربیؒ نے فیصلہ کیا۔ کہ وہ اِن سے ملاقات کریں گے۔ اِن کی زیارت کریں گے۔ اور اگر ہو سکا۔ تو لوگوں اور جانداروں کی جملہ تکالیف و مصائب اور مشکلات سے آگاہ کریں گے۔ چنانچہ وہ اندلس سے چلے۔ منزل بہ منزل موسمیاتی تغیرات اور مشکلات کی پرواہ کئے بغیر بالآخر حضرت شیخ اکبر ابنِ عربیؒ کوہ قاف کی اُسی غار (جس میں اُن علاقوں، خطوں اور ممالک کے قطب مصروفِ عبادت و ریاضت تھے) کے دھانے پر پہنچنے میں کامیاب ہو ہی گئے۔ جہاں اُس جگہ (**Region**) کا قطب قیام پذیر تھا۔ جب آپؒ نے اُس غار کے دروازے پر دیکھا۔ کہ اندرونِ غار تو تین سو اولیائے مستورین سجدے میں پڑے ہیں۔ اور بارگاہ الٰہی میں آہ و زاری کر رہے ہیں۔ حضرت شیخ اکبر ابنِ عربیؒ اُس غار کے دھانے پر محوِ حیرت ہو کر اُن اولیاء اللہ کو دیکھتے رہے۔ اور لبوں پر حضرت نبی کریم ﷺ پر درود و سلام (**شاید درودِ تنجینا**) پڑھتے ہوئے اُس شخص کی زیارت کی خواہش کی۔ جو اس علاقے کا قطب تھا۔ اس درودِ پاک کی برکت سے ان حضرات میں سے ایک شخص اُٹھا۔ اور دروازے پر آیا۔ حضرت شیخ اکبر ابنِ عربیؒ نے دیکھا۔ کہ اِس حاضر شخص کے بدن سے نور کے عجیب و غریب شعلے نمودار ہو رہے ہیں۔ اس شخص نے ابنِ عربیؒ کے پاس آکر دریافت فرمایا۔ آپؒ کیسے آئے ہیں؟ تو حضرت ابنِ عربیؒ نے عرض کی۔ زیارت کے لئے۔ تو اُس بزرگ نے فرمایا۔ مجھے تمھاری خواہش کا علم ہے۔ کیونکہ مجھے حضرت خضر نبیؑ نے آپؒ کی آمد کا مقصد بتا دیا تھا۔ اَب تم کوہ قاف کی وادیوں سے فوراً نکل جاؤ۔ حضرت شیخ اکبر ابنِ عربیؒ اپنی تحریر میں بیان فرماتے ہیں۔ کہ میں کوہ قاف سے ابھی سو میل سے کچھ زیادہ جنوب کی جانب سفر کر چکا تھا۔ تو مجھے معلوم ہوا۔ کہ اِس خشک و ویران خطے پر بادلوں کے طوفان اُمنڈ آئے ہیں۔ گرج چمک والے بادلوں نے بار بار برسنا شروع کر دیا۔ پورا ایک مہینہ بارش کے عظیم طوفان برستے رہے۔ بارش کا اِس قدر پانی برسا۔ کہ دریا، ندیاں، نالے اور میدان اِس پانی کو سنبھال نہ سکے۔ میدانوں، ویرانوں اور بیابانوں میں پانی کی جھیلیں بن گئیں۔ حضرت شیخ اکبر ابنِ عربیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! مجھے لوگوں نے بتایا۔ کہ ایک ماہ کی لگاتار بارش کے بعد آٹھ دن کے لئے بارش رُکی۔ جب سورج کی شعاعیں زمین پر پڑیں۔ تو زمین سے خودرو گھاس، جڑی بوٹیاں اور پھل و پھول جوان ہو کر اُبھرنے لگے۔ جس کی وجہ سے بھاگے ہوئے پرندے، چرند، درندے، وحشی جانور مختلف علاقوں سے اِس علاقے کا دوبارہ رُخ کرنے لگے۔ حضرت شیخ اکبرؒ فرماتے ہیں۔ مجھے اِس علاقے سے آنے والے ایک شخص نے بتایا۔ کہ اِن علاقوں پر اَب اگر میلوں تک سفر کیا جائے۔ تو وہاں پر خودرو فصلیں اُگی ہوئی ملیں گیں۔ اور مزید پیدا ہوتی جا رہی ہیں۔ بلکہ حدِ نگاہ تک پھولوں کی وادیاں لہلہانے لگی ہیں۔ برسات کا یہ سلسلہ دو برس تک مسلسل جاری رہا۔ اور یہ سارا وسیع و عریض خطہ زمین سبزہ زار بن گیا۔ (مزید برآں) حضرت شیخ اکبر ابنِ عربیؒ فرماتے ہیں۔ کہ مَیں نے عمر بھر کوشش کی۔ کہ وہاں کے قطب اور رجل غیب سے جو کہ کوہ قاف کی غاروں میں رجال الغیب کی امامت کرواتے ہیں۔ اُن سے دوبارہ مل سکوں۔ مگر وہ مجھے کہیں نظر نہ آئے۔

واقعہ نمبر 03۔ اِسی طرح سے حضرت شیخ اکبر امام محی الدین ابنِ عربیؒ اپنی تصنیف فتوحاتِ مکیہ میں لکھتے ہیں۔ کہ!

ایک مرتبہ مَیں کعبۃ اللہ میں طواف کر رہا تھا۔ دورانِ طواف مجھے ایک نہایت ہی خوش شکل اور دراز قد شخص نظر آیا۔ میرے دل میں بار بار خیال آتا۔ کہ مَیں اِس شخص سے ملوں۔ بات کروں۔ مگر آدابِ طواف مجھے ایسا نہ کرنے دیتے۔ طواف مکمل ہونے سے پہلے ہی یہ شخص اپنا طواف مکمل کر کے مطاف سے باہر چلا گیا۔ اور مَیں اِس کے دیکھنے کی حسرت لئے طواف کرتا رہا۔ جب مَیں نے طواف مکمل کر لیا۔ تو مقامِ ابراہیمؑ پر ادائیگی نفل کے بعد مَیں نے دیکھا کہ وہ شخص مطاف کے ایک کونے میں بیٹھا ہے۔ غالبًا وہ میرا انتظار کر رہا تھا۔ مَیں دوڑا دوڑا اُس (شخص) کے پاس پہنچا۔ سلام کیا۔ (وہ شخص مجھے) کہنے لگا۔ مجھے تمھارا ہی انتظار تھا۔ اچھا ہوا کہ تم آ گئے۔ میں نے اس سے نام پوچھا۔ تو اس نے عجیب سا نام بتایا۔ میں (وہ نام سن کر) حیران رہ گیا۔ کیونکہ مَیں نے آج تک اس نام کا کوئی آدمی نہ سنا تھا۔ حالانکہ مجھے مختلف ممالک، مختلف خطوں اور مختلف ادوار کے لوگوں کے اسماء ذہن نشیں تھے۔ وہ میری حیرانی کو بھانپ گیا۔ اور کہنے لگا۔ چلو ناموں میں کیا رکھا ہے۔ آؤ کچھ باتیں کریں۔ تھوڑی سی گفتگو کے بعد مَیں نے پوچھا۔ آپ کی عمر کتنی ہے۔ تو فرمایا۔ ستر برس کا ہو گیا ہوں۔ اور مَیں (علمِ) عمرانیات پر عبور رکھتا ہوں۔ (پھر مَیں اِس حساب میں مستغرق ہو گیا۔ کہ!) تخلیقِ آدمؑ سے لے کر آج تک کتنے برس گزر رہے تھے۔ (پھر) مَیں نے حساب لگا کر عرض کیا۔ حضور! اِتنے سال تو حضرت سیدنا آدم (اول البشر) علیہ السلام کو اِس دنیا میں آئے ہوئے بھی نہیں ہوئے۔ آپ اپنی عمر کس طرح بتا رہے ہیں۔ فرمانے لگے۔ (تم) کس آدم کی بات کرتے ہو؟ (مَیں نے عرض کیا) وہ ابوالبشر آدمؑ! تو اُنہوں نے کہا۔ کہ! وہ تو کل کا انسان ہے۔ اِس سے پہلے بھی آدم ہو گزرے ہیں۔ اور اِن میں رجال الغیب بھی ہوئے ہیں۔ جو مختلف ادوار میں کائناتِ ارضی پر سیر و سیاحت کے لئے آتے رہے ہیں۔ (پھر مَیں نے خود سے کہا۔ کہ) تم نے یہ حدیث نبوی ﷺ تو پڑھی ہوگی۔ جس میں حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ کہ! ''افراد'' کی ایک جماعت ملائکہ میں بھی ہے۔ جو ''عالمِ علوی'' کے تکوینی اُمور کی نگرانی کرتی ہے۔ اور اِن کی عمر اولادِ آدم سے کہیں زیادہ ہے۔ اور یہ ابوالبشر ایک سو ایک **101** کے بعد آنے والے آدم ہیں۔

اسی طرح سے ایک مرتبہ حضرت امام جعفر صادقؒ نے یحییٰؒ کو دورانِ تعلم مخاطب کرتے ہوئے فرمایا۔ کہ! شاید تم یہ سمجھتے ہو۔ کہ! اللہ تعالیٰ نے اس مخلوق (یعنی حضرت آدمؑ کی نسلِ انسانی) کے علاوہ دیگر کوئی مخلوق (نسلِ آدمیت) پیدا نہیں کی۔ تو خدا کی قسم! اللہ تعالیٰ نے ہزار، ہزار آدم پیدا کئے۔ اور تم اُن میں سے آخری آدمؑ کی اولاد ہو۔ (واللہ اعلم بالصواب)

خدا کے واسطے مُہرِ سکوت توڑ بھی دے — تمام شہر تیری گفتگو کا پیاسا ہے

چھار عوالم (ناسوت ۔ ملکوت ۔ جبروت ۔ لاھوت)

حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانی سہروردیؒ فرماتے ہیں ۔ کہ! چھار عالم ہیں ۔ ناسوت ۔ ملکوت ۔ جبروت اور لاہوت ۔

☆ **عالمِ ناسوت** : یہ عالم حیوانات ہے ۔ اور اس کا فعل حواسِ خمسہ سے ہے ۔ (جیسے کہ) کھانا، پینا، سونگھنا، سُننا اور دیکھنا ۔ جب سالک ریاضت و مجاہدہ کر کے اس عالم سے گزرتا ہے ۔ یہ درحقیقت نفس کی صفات ہیں ۔ چنانچہ نفس اس جہان کی طرف مائل ہوتا ہے ۔ جو مقامِ شیطان ہے ۔ لہٰذا جو نفس کی متابعت اختیار کرتا ہے ۔ وہ سیدھا جہنم میں جا پہنچتا ہے ۔ سالک انہیں تمام صفات کے ساتھ دوسرے عالم میں جا پہنچتا ہے ۔

☆ **عالمِ ملکوت** : یہ عالم ملائکہ (فرشتگان) ہے ۔ سالک جب پہلے عالم سے گزر کر اس عالم میں آتا ہے ۔ تو وہ ہمہ وقت تسبیح و تہلیل، قیام و رکوع و سجود میں مشغول ہو جاتا ہے ۔ کیونکہ! ملائکہ کا بھی یہی وظیفہ (**Duty**) ہے ۔ جب سالک ریاضت و مجاہدہ کر کے اس عالم سے گزرتا ہے ۔ یہ درحقیقت قلبِ سلیم کی صفات ہیں ۔ چنانچہ قلب اس جہان کی طرف مائل ہوتا ہے ۔ جو مقامِ بہشتِ جاوداں ہے ۔ لہٰذا جو دل (قلبِ سلیم) کی تابع داری اختیار کرتا ہے ۔ وہ سیدھا بہشت میں جا پہنچتا ہے ۔ تو طالبِ صادق و سالک انہیں تمام صفات کے ساتھ تیسرے عالم میں جا پہنچتا ہے ۔

☆ **عالمِ جبروت** : یہ عالم ارواحِ پاک طینت ہے ۔ اور اس عالم کا فعل صفاتِ حمیدہ سے موسوم ہے ۔ جیسے کہ! ذوق و شوق، محبت و اشتیاق، طلب و وجد، صحو و سکر اور محو و مجدہ ۔ جب سالک ریاضت و مجاہدہ کر کے اس عالم سے گزرتا ہے ۔ یہ درحقیقت روح کی صفات ہیں ۔ چنانچہ روح اس جہان کی طرف مائل ہوتی ہے ۔ جو مقامِ رحمان اور پوشیدہ اسرار کا حامل ہے ۔ لہٰذا جو روح اسرار و مقامِ رحمان کی تلاش و جستجو کی طرف گامزن ہوتی ہے ۔ اسی لئے جو روح کی متابعت کرتا رہتا ہے ۔ اُسے قربِ الٰہی حاصل ہوتا ہے ۔ وہ سیدھی عرش پر جا پہنچتی ہے ۔ تو سالک انہیں تمام صفات کے ساتھ چوتھے عالم میں جا پہنچتا ہے ۔

☆ **عالمِ لاھوت** : یہ عالمِ بے نشاں و لامکاں ہے ۔ سالک اس عالم میں پہنچ کر اپنی ذات سے، اپنے آپ سے قطعِ تعلق ہو جاتا ہے ۔ اسی لئے اس عالم کو عالم لاہوت لامکاں بھی کہا جاتا ہے ۔ اس عالم میں نہ تو گفتگو و تخیل ہے اور نہ ہی کسی قسم کی کوئی آرزو و جستجو ۔ جیسا کہ قرآنِ حکیم میں آیا ہے ۔ کہ! **ان الٰی ربک المنتھی** ۔ یہ درحقیقت عالمِ بالا کی صفات ہیں ۔ سالک انہیں تمام صفات کے ساتھ اگلے عالم میں جا پہنچتا ہے ۔ کیونکہ! نبوت و رسالت میں تو درجہ و مقام آگے نہیں ہے ۔ کیونکہ! ربِ متعال کے بعد رسالت اور پھر نبوت ہے ۔ لیکن مقامِ ولایت میں درجات و مقامات کی کوئی انتہا نہیں ہے ۔ اور مقامِ غوثیت و قطبیت کے بعد بھی اُن کے درجات و مقامات میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے ۔ (بقولِ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی)

گرد رہ تن روی مہیا نہ راست   درد در دل روی بہشت دار اَست

درد در راہِ جاناں روی جاناں خواہی   قصہء **چکنم** حاصل اَست دیدار اَست

لہٰذا! سالک و طالبِ صادق کو ہمیشہ اس بات کا وقوف و ادراک رکھنا چاہیئے ۔ کہ! درحقیقت اصلی حیات تو وہی ہے ۔ جو یادِ حق میں گزرے ۔ رسولِ مکرم ﷺ کی شریعت کی مکمل تابع داری میں بسر ہو ۔ بصورتِ دیگر حیوانی زندگی سے موت بہتر ہے ۔ رسولِ معظم ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ! جو دَم (سانس) یادِ الٰہی کے بغیر گزرے ۔ وہ تو مردہ ہے ۔ (البتہ) جو دَم یادِ حق میں گزرے ۔ (اصل) زندگی یہ ہے ۔ حضرت سولِ معظم ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ! ہر چیز کی کوئی نہ کوئی صقل (میل کی صفائی) کرنے والی چیز (ضرور ہوا) کرتی ہے ۔ اور دل (کے میل و گندگی) کو صاف کرنے والی چیز ذکرِ الٰہی ہے ۔

اِن چھار عوالم کی مزید تشریح : حضرت فقیر نور محمد سروری قادری ''رسالہ روحی شریف'' (حضرت سلطان باھوؒ) کی شرح میں اِن چھار عوالم کی تشریح ان الفاظ میںؒ بیان فرماتے ہیں ۔ کہ! اب ہم ''**رسالہ روحی شریف**'' کی شرح لکھتے ہیں ۔ یہ رسالہ (دراصل) قرآنی آیت ''**ورحمتی وسعت کل شیء** ط اور میری رحمت نے ہر چیز کو گھیر لیا ہے ۔ (سورہ الاعراف ۔ آیت نمبر 165) کا لب لباب اور معنی المعنٰی ہے ۔ اور حدیثِ پاک '' **کنت کنزا مخفیافاردت ان اعرف فخلقت الخلق فبی عرفونی** '' کی شرح اور تفسیر التفاسیر ہے ۔ (یہی حدیثِ قدسی اس طرح سے بھی آئی ہے ۔ ''**کنت کنزا مخفیا و احببت ان اعرف فخلقت الخلق** '') بہرحال! رسالہ روحی شریف (مصنفہ حضرت سلطان العارفین سلطان باھوؒ) ان الفاظ میں شروع ہوتا ہے ۔ بداں! **ارشدک اللہ تعالٰی فی الدارین کنت ھاھوت کنزا یاھوت مخفیا فاردت ملکوت ان اعرف جبروت فخلقت الخلق ناسوت** ذات سرچشمہء چشماں حقیقتِ **ھاھوت** ۔ (ترجمہ) جان لے اے طالب! اللہ تعالیٰ تجھے دونوں جہانوں میں ہدایت نصیب فرمائے ۔ تھا میں ہاہوت، مثلِ خزانے یاہوت کے مخفی مقامِ لاہوت کے اندر، پس مَیں نے ارادہ کیا عالمِ ملکوت میں ، کہ میں پہچانا جاؤں عالمِ جبروت میں ، پس میں نے اپنی پہچان کے لئے مخلوق کے عالمِ ناسوت کو پیدا کیا تا کہ وہ مجھ سے ہی پہچانے عارفِ عاشق ذاتِ سرچشمہءِ چشمانِ حقیقت کو ۔ (مخزن الاسرار) اس حدیثِ قدسی (**کنت کنزا مخفیافاردت ان اعرف فخلقت الخلق فبی عرفونی**) کے ہر کلمے اور ہر لفظ کو مصنف رسالہ ہذا (جناب حضرت سلطان باھوؒ) نے سلوک کے ساتوں باطنی مقامات سے تعبیر فرمایا ہے ۔ اور ہر لفظ کو تنزلاتِ ستہ یعنی چھ عدد تنزلات کا عنوان بنایا ہے ۔

سات مراتب، تعینات اور تنزلات میں اول مرتبہ جو تمام مراتبِ الوہیت سے برتر اور جملہ تعیناتِ علمی اور خارجی سے بالاتر ہے ۔ وہ مرتبہء ذات ہے ۔ جسے مرتبہء احدیت اور حقیقتِ حق بھی کہتے ہیں ۔ یہ مرتبہ ہر قسم کی صفاتِ ذاتیہ اور افعالیہ سے خارج ہے ۔ یعنی اس مرتبے میں نہ تو صفاتِ ذاتیہ اور نہ ہی افعالیہ کا حصول اور سلب مراد ہے ۔ بلکہ یہ مرتبہ ہر وصف و نعت ، ہر اسم و رسم ، ہر قسم کے ظواہر و بطون ، ہر قسم کی کلیت و جزئیت اور

عمومیت وخصوصیت وغیرہ جیسے اعتبارات واشارات سے پاک ومبرا ہے۔ اس مرتبے کو مجہول الوصف، ممتنع الاشارات، منقطع الوجدان، غیب الغیب، مطلق المطلق اور ازل الازل کہتے ہیں۔ اور مرتبہ ''**ھاھویت**'' لاتعین اور عین ''**ھویت**'' کے نام سے بھی موسوم کرتے ہیں۔ یہ ذاتی مرتبہ ہر قسم کے اعتبارات تمام تعینات اور جملگی تعلقات اور اضافاتِ غرض کہ اطلاق اور تعین کی کل قیود اور تعلقات سے مطلق مبرا اور منزہ ہے۔ یہ مرتبہ وراء الوراء ثم وراء الوراء ہے۔ اس مرتبہ عرفان تک کسی کو راستہ نہیں۔ اور اس مقام ذاتِ مطلق میں کسی کو دخل نہیں۔ قرآنِ کریم میں آیا ہے۔ **لمن الملک الیوم ط للہ الواحد القہار** ۔ آج کس کی بادشاہی ہے۔ صرف ایک ہے۔ (جو) سب پر غالب ہے۔ (القرآن) اس مرتبے کی طرف اشارہ ہے۔ رسالہ روح شریف میں اس مرتبے کو ''**کنزاھاھوت**'' کے مرتبے سے تعبیر کیا گیا ہے۔

مراتب	تنزلات	تعینات	مقامات	لطائف	سیور	مقاماتِ علمیہ	اذکار
مرتبہء اول	ذات	تعین احدیت	مقامِ ہاہوت	لطیفہء نفس	سیرِ الی اللہ	شریعت	کلمہ طیبہ
مرتبہء دوئم	تنزلِ صفات	تعین وحدت	مقامِ یاہوت	لطیفہء قلب	سیرِ للہ	طریقت	لا الہ الا اللہ
مرتبہء سوئم	تنزلِ اسماء	تعین وحدانیت	مقامِ لاہوت	لطیفہء روح	سیرِ علی اللہ	حقیقت	یا اللہ
مرتبہء چہارم	تنزلِ افعال	تعین روح	مقامِ جبروت	لطیفہء سر	سیرِ مع اللہ	معرفت	یا حی یا قیوم
مرتبہء پنجم	تنزلِ آثار	تعین مثال	مقامِ ملکوت	لطیفہء خفی	سیرِ فی اللہ	مقامِ منتہیٰ	یا واحد
مرتبہء ششم	تنزلِ اعیان	تعین جسم	مقامِ ناسوت	لطیفہء اخفیٰ	سیرِ عن اللہ	بازِ شریعت	یا احد
مرتبہء ہفتم	تنزلِ حضرت انسان	تعین انسان	مقامِ ذات سرچشمہ چشمانِ حقیقت	لطیفہء انانیت	سیرِ با اللہ	مقامِ جمع الجوامع	یاھو

''**کنزا یاھوت**'': مرتبہ دوئم تعین الاول اور تجلی اولی ہے۔ یہ مرتبہء وحدت ہے۔ یعنی عالمِ ذات کا اپنی ذات اور جملہ صفات اسماء کی نسبت ایسا علم کہ جس میں کسی اسمِ وصف کو ایک دوسرے سے امتیاز نہ ہو۔ یعنی ذات میں علمِ ذات اور صفات میں جملہ صفات واسماء بلا امتیاز اس طرح مندرج اور شامل ہوں۔ جیسا کہ تخم اور پھل میں درخت بمعہ جملہ شاخوں، پھلوں، پھول، پتوں اور کانٹوں وغیرہ کے شامل اور موجود ہوتا ہے۔ اس جگہ چار اعتبارات یعنی علم، وجود، نور اور شہود ظہور پاتے ہیں۔ اس مرتبے کا دوسرا نام ''حقیقتِ محمدی'' ہے۔ اس تعین کو مرتبہء اول، عقلِ کل، برزخِ کبریٰ برزخ البرازخ عالمِ صفات، قلمِ اعلےٰ، لوحِ محفوظ، ام الکتاب، مخلوقِ اول، مبداء اول، حقیقت الخالق ابوالارواح ابوالکبیر ورابطہء اول، عالما جمال اور کنز الکنوز کہتے ہیں۔ رسالہء روحی شریف میں اس مرتبے کو ''**کنزا یاھوت**'' کہا گیا ہے۔

''**مخفیا لاھوت**'' سوئم مرتبہء تعین دوئم اور تجلی ثانیہ ہے۔ اس مرتبے کے اندر ذات نے علمِ ذات کا اپنی جمیع صفات واسماء اور جملہ ممکنات کا تفصیلاً، مجملاً، مجموعًا اور الگ الگ امتیاز پایا ہے۔ یہ مرتبہء وحدانیت کہلاتا ہے۔ اس مرتبے میں جملہ صفاتِ سبعہ یعنی سات صفاتِ ذاتی (صفتِ حیات، صفتِ علم، صفتِ ارادہ، صفتِ قدرت، صفتِ سمع، صفتِ بصر اور صفتِ کلام) نے ظہور پایا ہے۔ اور کلمات اس میں اٹھائیس ہیں۔ کہ ان کو اسمائے الٰہیہ اور حقائقِ الٰہیہ کہا جاتا ہے۔ یہ مرتبہ ''لاہوت لامکاں'' کا ہے۔ یہ مرتبہ ہر آلائشِ حدث وشہادت، اور کدورتِ کون وکثافتِ مکان سے پاک، مبرا اور منزہ ہے۔ یہ محض انوارِ غیب اور دُنیائے اسرارِ لطیف ہے۔ یہ مقام مقامِ ارواح سے بالاتر ہے۔ رسالہ روحی شریف میں اس مرتبے کو ''**مخفیا لاھوت**'' کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔

ہم تو امئل بہ کرم ہیں، کوئی سائل ہی نہیں راہ دکھلائیں کسے، رہرو منزل ہی نہیں

''**مقامِ جبروت**'': چہارم مرتبہ، عالمِ ارواح کا ہے۔ جو کہ ہر مادے سے مجرد اور منفرد ہے۔ اور اجسام کے عوارض، الوان اور اشکال سے پاک ہے۔ اور قابلِ ادراکِ خود اور غیر خود ہے۔ اس لئے سوال ''**الست بربکم**'' کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں (سورہ اعراف۔ آیت نمبر 172) جواب میں ارواح نے ''**بلیٰ**'' کیوں نہیں۔ (القرآن) اس مقام میں کہا۔ اس مرتبے کو مرتبہء جبروت کہتے ہیں۔ عربی میں اجبار جوڑنے کو کہتے ہیں۔ اور جبیرہ اس لکڑی کی چپٹی کو کہتے ہیں۔ جو ٹوٹی ہوئی ہڈی پر باندھتے ہیں۔ یہ مرتبہ مراتبِ الٰہیہ اور مراتبِ کونیہ کے درمیان بمنزلہ سیڑھی اور واسطے کے ہے۔ اسی لئے اس مقام کو ''مقامِ جبروت'' کہتے ہیں۔ اور یہی مقام جبرائیلؑ ہے۔ جو اللہ تعالیٰ اور انبیاءؑ کے درمیان وحی ووسیلہ اور واسطہ رہے ہیں۔ اور عبد ومعبود، خالق ومخلوق اور رب ومربوب کے درمیان تعلق جوڑنے پر مامور ہیں۔ یہ مقام عالمِ غیب اور شہادت یعنی عالمِ ارواح وعالمِ اجساد یا عالم لطیف وکثیف کے درمیان گویا ایک برزخ (پردہ) اور سیڑھی کے لئے ہے۔ رسالہ روحی شریف میں اس مقام کو ''**ان اعرف جبروت**'' سے ظاہر کیا گیا ہے۔

تیرے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا نہ وہ دنیا یہاں مرنے کی پابندی، وہاں جینے کی پابندی

''**مقامِ ملکوت**'' پانچواں مرتبہ عالمِ مثال ہے۔ اور یہ عالمِ ملکوت ہے۔ اس عالم میں میت سے قبر میں سوال وجواب ہوتے ہیں۔ اور اسی عالمِ برزخ کے اندر عذاب ہوتا ہے یا پھر راحت میسر ہوتی ہے۔ کامل لوگوں کی ارواح اور ملائکہ اسی عالم میں بود وباش رکھتے ہیں۔ اور مختلف

مثالی شکلیں اختیار کرتے ہیں۔ یادرہے۔کہ! حضرت خضرؑ اور حضرت الیاسؑ کو بھی اسی عالم میں حیات کلاں (لمبی عمر) حاصل ہے۔ارواحِ شہدا (اکبر واصغر) کو بھی اسی مقام میں بہ نسبت دیگر ارواح کے بڑھ کر زندگی و بیداری حاصل ہے۔ انسان کے سچے خواب (رویاءِ صادقہ) بھی اسی مقام میں حاصل ہوتے ہیں۔رسالہ روحی شریف میں اس مقام کو ''**فاردت ملکوت**'' کے خطاب سے یاد کیا گیا ہے۔

''**مقامِ ناسوت**'' چھٹا مرتبہ وجود عالم ناسوت ہے۔یہ عالم قابلِ خرق والتیام یعنی ٹوٹنے اور جُڑنے کے قابل ہے۔یہاں تمام اشیاءِ کونیہ باعتبارِ خلقت سوائے عرش وکرسی کے قابل تجزیہ وتبعیض ہیں۔اس عالم میں اشیاء جُڑتی اور ٹوٹتی ہیں۔اس مرتبے کی ابتداءعرش رحمٰن سے ہے۔اوراس کا انجام اور خاتمہ موالیدِ ثلاثہ ہے۔فرش وعرش تک اس کا عرض محیط عالم ہے۔اس مرتبے کو مرتبہءناسوت کہتے ہیں۔رسالہ روحی شریف میں اس مرتبے کو''**فخلقت الخلق ناسوت**'' کی عبارت سے یاد کیا گیا ہے۔

''**مقامِ ھاھوت**'': ساتوں مرتبہ جمع الجمع ہے۔اس مرتبے کا مظہرحضرتِ انسان ہے۔کہ جملہ تعینات سابقہ اورکل عالمِ متذکرہ ومذکورہ کا جامع ہے۔اس مرتبہ ہدایت میں مرتبہءنہایت درج ہے۔ **کما قیل النہایۃ ھی الرجوع الی البدایۃ** ۔ جیسا کہ کہا گیا ہے۔کہ! انتہاءابتداء کی طرف رجوع ہے۔اور فرمانِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **فاذا سویت و نفخت فیہ من روحی** (ترجمہ) توجب میں اسے درست کرلوں اوراپنی طرف کی (خاص) روح پھونک دوں۔تواس کے لئے تم سجدہ کرتے ہوئے گرجانا۔(سورہ حجر۔آیت نمبر29) اسی نسبتِ ذاتی سے مراد ہے۔اورانسان مقامِ نیابت سے ملقب ہوا۔ **انــی جـاعـل فـی الارض خلیفۃ**۔یقیناً! مَیں زمین پراپناایک نائب (خلیفہ) بنانے والا ہوں۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر30) یہ درحقیقت اسی جامعیت کی طرف اشارہ ہے۔اورخلق اللہ آدم علٰی صورتہ۔اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کواپنی ہی صورت پرخلق (پیدا) فرمایا۔اس مرتبے یں انسان کامل مظہرِ اتم کبریا اورآئینہءجامع حق نما ہوتا ہے۔اس رسالہ روحی شریف میں اس مرتبے کو **فبی عرفونی ذاتِ سر چشمہء چشمان ھاھوت** کے لقب سے یاد کیا گیا ہے۔

اِن ساتوں مراتب میں سے اول تین مراتب (ھاھوت، یاھوت ،لاھوت) کو مراتبِ الٰہیہ کہتے ہیں۔جبکہ دیگر تین مراتب (جبروت ،ملکوت، ناسوت) کو مراتبِ کونیہ کہاجاتا ہے۔اورساتواں مرتبہ حضرت انساں کومرتبہءجامع کہاجاتا ہے۔کیونکہ! اس مرتبہ میں جملہ مراتبِ الٰہیہ اورمراتبِ کونیہ بالقوی جمع ہیں۔یہ مرتبہ ہردوامکان اور وجوب مرتبہ حدوث وقدم کے رنگ سے رنگین ہے۔مذکورہ سات مراتب میں سے سوائے پہلے ذاتی مرتبہ کے باقی چھ مراتب کوتنزلات ستہ (چھ تنزلات) کہتے ہیں۔جس کا واضح مطلب یہ ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ پہلے واحد مطلق اوراکیلا تھا۔جیسا کہ قرآن میں آیا ہے۔ **کـان الـلـہ ولـم یکن معہ شـــیء**۔(ترجمہ) اللہ تعالیٰ موجود تھا۔اوراُس کے ساتھ اورکوئی چیز (یعنی دوسری کسی بھی قسم کی کوئی مخلوق) موجود نہ تھی۔(القرآن) پس اللہ تعالیٰ نے اخفائسے اظہار اوروحدت سے بسیا (کثرت) کی طرف ظہورونزول فرمایا۔اوراس ظہورونزول سے چھ اقسام کے تنزلات واقع ہوئے۔چنانچہ نزولِ اول میں اللہ تعالیٰ نے ذات سے صفات کی طرف پھرنزول دوئم میں میں صفات سے اسماء کی طرف پھرسوئم میں اسماء سے افعال کی طرف پھر چہارم میں افعال سے آثار کی طرف پھرپنجم میں آثار سے اعیان کی طرف پھرششم میں اعیان سے ساتویں تنزل حضرتِ انسان کی طرف نزول فرمایا۔اورانہیں چھ تنزلات (تین مراتبِ الٰہیہ اورتین مراتب کونیہ) کے جامع کواللہ تعالیٰ نے حضرت انسان کے مرتبہ کومرتبہءجامعہ کہتے ہیں۔ان چھ مراتب میں پہلے تین مراتب کوظہورِعلمی اور دیگر تین کوظہورِعینی کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔چنانچہ ذیل میں انہیں سات مراتب و تنزلات ،تعینات ومقامات ، لطائف و سیورومقاماتِ علمیہ اوراذکارکا نقشہ دیاجارہاہے۔تاکہ طالبانِ صادق مستفید ومستفیض ہوسکیں۔ان شاءاللہ۔

مغزِ علم صوفیائے کرام : حضرت امام غزالیؒ اپنی کتاب'' **المنقذ من الضلال**''میں فرماتے ہیں۔کہ! مجھے یہ یقین ہوگیا۔کہ صوفیاء کا گروہ ہی (درحقیقت) وہ گروہ ہے۔جوخالصتاً اللہ تبارک وتعالیٰ کے راستے پرگامزن ہے۔ان کی سیرت تمام سیرتوں سے بہتر ہے۔اِن کا اخلاق سب سے اچھا ہے۔ان کا راستہ ہی صحیح ترین راستہ ہے۔بلکہ اگرتمام عاقلوں کی عقل ،تمام حکماء کی حکمتوں اوررموزِ شریعت سے واقف علماء کے جمیع علوم کوجمع (اکٹھا) کیا جائے۔تاکہ صوفیاء کی سیرت واخلاق میں کوئی تغیروتبدل کیا جاسکے۔اوران کے اخلاق وسیرت کے مقابلے میں بہتر سیرت واخلاق کا نمونہ پیش کیا جائے۔تو یہ بات ناممکن ہوگی۔کیونکہ صوفیاء کے ظاہروباطن کی تمام حرکات وسکنات دراصل مشکوٰۃِ نبوت کے نور سے ماخوذ ہیں۔اوردنیا میں نورِنبوت سے بہتر اورکوئی بھی نورہونا ناممکن ہے۔کہ! جس سے اکتسابِ نورکیا جاسکے۔کیونکہ تعلیماتِ نبوی کی پہلی شرط ہی طہارت ظاہری وباطنی ہے۔طہارت کا مفہوم دل کوغیراللہ کے تصور ہی سے پاک صاف ،مبراومنزہ کردیا جائے۔جوکہ خالصتاً''**توحید**'' ہے۔

حکیم لقمان کے ذخیرہ کردہ آٹھ کلمات۔

حضرت حکیم لقمانؓ فرماتے ہیں۔کہ! مَیں نے چارصد انبیاءؑ کی خدمت سرانجام دی ہے۔جن کی صحبت سے مَیں نے کل آٹھ ہزارکلمات حاصل کئے۔ پھر اِن آٹھ ہزارکلمات میں سے (فقط) آٹھ کلمات چنے۔کہ جن پرعمل پیراہونے سے خداشناسی حاصل ہوتی ہے۔(وہ آٹھ کلمات یہ ہیں) اللہ تعالیٰ کوکبھی بھی فراموش نہ کرو۔موت کونہ بھولو۔بوقتِ نمازدل کوقابومیں رکھو۔ جب کسی کے گھرجاؤ،توآنکھوں کوغیرمحرم سے محفوظ رکھو۔ جماعت کے رفیق بنے رہو۔ جب خلقت کے پاس ہو،توزبان کی نگہداشت کرو۔کسی کے حق میں جب اورجوبھی نیکی کرو،اسے دائماً فراموش کردو۔جوتم سے بدی کرے،اُسے بھی دائماً فراموش کردو۔

عشق آمد ، ہر دو عالم کامیاب　　　عقل آمد ، دین و دنیا شد خراب

ملفوظاتِ حضرت سید عبدالعزیز دباغؒ (غوثِ زماں)

علم معرفتِ الٰہیہ اور علم لدنی پر مکمل وضاحت کی جامع ترین کتاب ''الابریز'' جس میں حضرت علامہ احمد بن مبارک سجلماسیؒ نے اپنے پیرومرشد، ہادی برحق غوثِ زماں جناب سیدی عبدالعزیز دباغؒ کے مختصر حالاتِ زندگی، متعدد قرآنی آیات اور چند احادیثِ نبویہ ﷺ کی بے نظیر و جامع اور مفصل تفسیر وتشریح اور دیگر علوم وفنون اور علم وعرفان کی نادر باتیں (ملفوظات) جمع کی ہیں۔

اور یہ فقیر (محمد عبدالرؤف البلوشی) بنیتِ حصولِ ثواب اُن میں سے چند ملفوظات کو اس کتاب **اسرار محبوب** (کامل) کو منور، مزین ومعمور کرنے کی سعادت دائمی حاصل کر رہا ہے۔ تاکہ قارئینِ کتاب کماحقہ فوائد ومنافع حاصل ہوسکیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ آمین۔

نفرت کو کاٹتا ہوں، محبت کے روپ میں ۔۔۔ میں چھاؤں بو رہا ہوں، بڑی سخت دھوپ میں

حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ کی سِرِّ الٰہیہ کے بارے میں فرمودات:

سیدی عبدالعزیز دباغؒ چونکہ خود مرتبہ غوثیت پر فائز المرام تھے۔ اور اکثر و بیشتر وہ بزمِ نبوی ﷺ میں حاضر خدمت بھی رہتے تھے۔ اور مرتبہ غوثیت کے جملہ اُمور کی ذمہ داری بھی حضرت سیدی دباغؒ کے اوپر تھی۔ اِسی لئے اُنہوں نے اولیاء اللہ کے دیوان اور بزمِ نبوی ﷺ کو مفصلاً یہاں بیان کیا ہے۔ جس کو کہ یہاں (کتاب اَسرارِ محبوب کامل میں) اختصار کے ساتھ بیان کیا جا رہا ہے۔ (بقولِ شیخ عطار)

عارف آن باشد کہ باشد حق شناس ۔۔۔ ہر کہ فانی نیست عارف کے بود

☆ (بقول حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ) غوثِ زماں حضرت شیخ احمد بن عبداللہ المصریؒ فرماتے ہیں۔ کہ! مجھے اپنے ایک مرید کے ساتھ شدید محبت تھی۔ ایک دن مَیں اِس کے سامنے سرکارِ دوعالم ﷺ کے فضائل وکمالات کا ذکرِ خیر کر رہا تھا۔ کہ دورانِ گفتگو مَیں نے اپنے اسی چہیتے مرید کو بتایا۔ کہ اگر (نعوذ باللہ) آپ ﷺ کا نورِ مبارک نہ ہوتا۔ تو زمینی اَسرار میں سے کوئی ایک (مخفی) راز بھی ظاہر نہ ہوتا۔ اگر (نعوذ باللہ) آپ ﷺ کا نورِ مبارک نہ ہوتا۔ تو (زمین پر) کوئی بھی چشمہ نہ پھوٹتا۔ اور نہ ہی کسی دریا کا وجود ہوتا۔ میرے عزیز! آپ ﷺ کا نورِ مبارک مارچ کے مہینے میں تین مرتبہ تمام بیجوں پر مہکتا ہے۔ جس کے نتیجے میں پھل پیدا ہوتا ہے۔ میرے بیٹے! درجے کے اعتبار سے سب سے کم تر ایمان اس شخص کا ہے۔ جس کے نزدیک اس کا اپنا ایمان پہاڑ کے برابر بلکہ اس سے بھی زیادہ وزنی ہوتا ہے۔ اور وہ اپنے آپ کو اوروں سے زیادہ حق دار سمجھے۔ لیکن ذاتِ انسانی بسا اوقات ایمان کے بوجھ کو اُٹھانے سے عاجز آکر اُسے پھینک دینے کا ارادہ کرتی ہے۔ کہ دفعتاً نورِ محمدی ﷺ مہکتا ہے۔ اور بارِ ایمان کے اُٹھانے میں معاون ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے مومن کو اپنا ایمان شیریں اور پاکیزہ معلوم ہونے لگتا ہے۔ (اور وہ تباہ ہونے سے بچ جاتا ہے) جب میں اسی طرح آنحضرت ﷺ کی عظمت ورفعت کا ذکرِ خیر کر رہا تھا۔ اور اُن کی برکات کا ذکر کر رہا تھا۔ جو مجھے آپ ﷺ سے حاصل ہوئیں۔ یہاں تک کہ میں ذاتِ محمدی ﷺ میں (اس قدر) محو ومستغرق ہوگیا۔ (جو بیان سے باہر ہے) میرے مرید نے جب میری یہ حالت دیکھی۔ تو کہا۔ اے میرے آقا! مَیں آپؒ کو اِسی نبی محترم ﷺ کی جاہ کا واسطہ دیتا ہوں۔ کہ مجھے سِر عطا فرما دیں۔ مَیں نے انکار کرنا چاہا۔ مگر جب اتنی بڑی ذات ﷺ کی جاہ کا واسطہ پیشِ نظر آیا۔ تو میں نے اس کی بات مان لی۔ اور اسے راز دے دیا۔ مگر چند ہی دن گزرے تھے۔ لوگوں نے اس پر کفر کی گواہیاں دیں۔ اور اس کو قتل کر دیا گیا۔ (کیونکہ یہ شخص اس راز کے قابل نہ تھا) یہ شخص خود عرب تھا۔ اور مصر کے ایک شہر کے محلّہ میں گوشہ نشیں تھا۔ مجھ سے سِرِّ الٰہی لے کر اپنے وطن چلا گیا۔ لوگ اس کے پاس آئے۔ اور یہ ان کو اَسرارِ الٰہیہ سنانے لگا۔ جو کہ عوام الناس کے عقول سے بہت بالا تھے۔ اس پر اُنہوں نے اس کے خلاف ان راز کی سنی ہوئی باتوں پر، جو اس نے ظاہر کی تھیں، گواہی دے دے کر اسے قتل کروا دیا۔ اِسی ضمن میں ایک اور واقعہ بھی پیشِ خدمت ہے۔

حکایت: ایک مرید نے سچی لگن کے ساتھ اپنے پیرومرشد کی تقریباً بارہ برس تک خوب خدمت کی۔ پیرومرشد کہتے ہیں۔ کہ مجھے اپنے اس مرید سے بہت زیادہ محبت تھی۔ حتّٰی کہ میرا ارادہ تھا۔ میں اپنی لڑکی کی اس سے شادی کر دوں۔ میں ہر ہفتے میں تین دن کے لئے اپنی بستی چھوڑ کر ساحلِ سمندر پر جا بیٹھتا تھا۔ ایک مرتبہ ایسا اتفاق ہوا۔ کہ! ان غائب رہنے کے ایام کے دوران عید آگئی۔ میرے چھ لڑکے، تین لڑکیاں اور ایک خادم تھا۔ جب میں گھر واپس آیا۔ تو دیکھا کہ اس نے سب کے لئے کپڑے سلوائے ہوئے ہیں۔ اور جس جس چیز کی ضرورت تھی۔ وہ بھی خرید کر گھر میں دے دی ہے۔ یہ سب دیکھ کر مجھے دلی خوشی ہوئی۔ جب وہ میرے سامنے آیا۔ تو وہ مجھ سے بہت محبت وعقیدت سے ملا۔ اور اچانک سے درخواست کی۔ کہ! مَیں اِسے سِرِّ الٰہی عطا کروں۔ اور اپنی اس بات پر اُس نے بڑا اصرار کیا۔ چنانچہ مَیں نے اسے بادل نخواستہ سرالٰہی دے دیا۔ ابھی چالیس دن ہی گزرے تھے۔ عوام الناس نے اِس سے ایسی راز کی باتیں سنیں۔ جنہیں لوگوں کی عقلیں باور کرنے سے یکسر قاصر تھیں۔ اور اِن اسرار کی بدولت لوگوں نے اسے پھانسی پر چڑھا کر قتل کروا دیا۔ اِس طرح کے دیگر بھی کئی واقعات ہیں۔ لیکن ہم انہیں دو پر ہی اکتفا کرتے ہیں۔

شاہیں کبھی پرواز سے تھک کر نہیں گرتا ۔۔۔ پُر دَم ہے اگر تُو، تو نہیں خطرہء اُفتاد

حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ کی مختلف علوم وفنون میں مہارت:

حضرت عبداللہ بن مبارکؒ اپنے شیخ و پیرومرشد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں۔ کہ! مَیں نے سیدی عبدالعزیز دباغؒ سے کئی احادیثِ نبوی ﷺ کے متعلق استفسار کیا۔ جو اس وقت مجھے بھی یاد نہیں۔ آپؒ کا جواب بالکل علمائے محدثین کے موافق ہوتا تھا۔ (بلکہ اُن سے بھی عمدا)۔ عجیبات تو یہ تھی۔ کہ! جب

میں آپؒ سے اس بابت گفتگو کیا کرتا تھا۔تو آپؒ صریح طور پر نشاندہی فرما دیا کرتے تھے۔کہ یہ حدیث صحیح بخاری کی ہے یا صحیح مسلم کی۔اور اُس حدیث کو واضح امتیاز کے ساتھ بتا دیا کرتے تھے۔ بالآخر جب ایک عرصے تک مَیں آپؒ کا امتحان کرتا رہا۔اور مجھے تحقیق ہوگئی۔کہ آپؒ حدیث اور غیر حدیث میں بآسانی امتیاز کر سکتے ہیں۔تو مَیں نے ایک مرتبہ اُن سے دریافت کیا۔کہ! آپؒ کیسے معلوم کر سکتے ہیں؟ (کہ یہ حدیث صحیح ہے یا نہیں؟) تو آپؒ نے فرمایا۔کہ! نبی اکرم ﷺ کا کلامِ مبارک چھُپا نہیں رہ سکتا۔(پھر آپؒ نے ایک مثال سے یہ توضیح بیان فرمائی۔کہ!) جب کوئی شخص موسمِ سرما میں بات کرتا ہے۔تو اُس کے منہ سے بھاپ نکلتی ہے۔لیکن یہ بھاپ موسمِ گرما میں نہیں نکلتی۔یہی حال اُس شخص کا بھی ہے۔کہ جو کلامِ نبی کریم ﷺ کو جب بیان کرتا ہے۔تو اِس کے کلام سے نور نکلتا ہے۔اور جو کسی اور کا کلام پڑھتا ہے۔تو وہ کلام بغیر نور کے نکلتا ہے۔ ایک مرتبہ مَیں نے اپنا یہی سوال دہرایا۔(کہ یہ حدیث صحیح ہے یا نہیں؟) تو آپؒ نے فرمایا۔کہ! جب چراغ غذا (یعنی تیل وغیرہ) حاصل کرتا ہے۔تو اِس کا نور (روشنی) قوی ہو جاتا ہے۔لیکن جب اسی چراغ کو غذا کے بغیر چھوڑ دیا جائے۔تو یہ اپنی ہی حالت پر قائم رہتا ہے۔اِسی طرح سے عارفین کا بھی یہی حال ہے۔کہ! جب وہ نبی کریم ﷺ کے کلامِ مبارک کی سماعت کرتے ہیں۔تو اُن کے انوار قوی اور اُن کے معارف میں زیادتی ہو جاتی ہے۔لیکن جب وہ لوگ غیر (نبیؑ) کا کلام سنتے ہیں۔تو اپنی حالت پر قائم رہتے ہیں۔جس کے بعد مجھے یہ یقین ہو گیا۔کہ! آپؒ کی معرفت نہایت قوی ہے۔اور احادیث کی پہچان کے حوالے سے آپؒ کسی (بہت بڑے) پہاڑ کی مانند ثابت قدم ہیں۔پھر مَیں نے قرآن و حدیث کے بارے میں آپؒ کی آزمائش شروع کر دی۔کیونکہ آپؒ قرآنِ پاک کے حافظ تو تھے ہی نہیں (اور نہ ہی آپؒ کو تمام احادیث زبانی یاد تھیں) اسی لئے مَیں بعض اوقات آپؒ سے کوئی آیتِ قرآنی کے متعلق پوچھتا۔کہ یہ قرآنی آیت ہے یا حدیث؟ تو آپؒ فرماتے۔کہ یہ قرآنی آیت ہے۔اور بعض اوقات میں کسی حدیث کے بارے میں استفسار کرتا۔کہ یہ قرآن ہے یا حدیث ؟ تو آپؒ فرماتے۔یہ حدیث نبوی ﷺ ہے۔مَیں ایک مدت تک اسی نوعیت کے سوالات پوچھتا رہا۔یہاں تک کہ ایک دن مَیں نے یہ جملہ پڑھا۔ **حافظوا على الصلوٰت الوسطٰى.(و هي صلوٰةُ العصر) و قوموا لله قانتين** ۔ ترجمہ: سب نمازوں کی محافظت کرو۔بالخصوص درمیانی نماز کی۔(جو عصر کی نماز ہے) اور اللہ تعالیٰ کے حضور میں سراپا ادب و نیاز بن کر قیام کرو۔ پھر مَیں نے دریافت کیا۔کہ یہ قرآنی آیت ہے یا حدیثِ نبوی ﷺ ؟ تو آپؒ نے فرمایا۔کہ!

اِس میں زیادہ تر الفاظ قرآنِ پاک کے ہیں۔اور کچھ حدیث کے۔ اور واقعی اِس جملے میں **و هي صلوٰةُ العصر** ۔اور وہ عصر کی نماز ہے۔جب مَیں نے یہ سوال پوچھا تھا۔تو کافی سارے علماء کی جماعت حاضرِ خدمت تھی۔اور ہم سب حضرت سیدی دباغؒ کے جوابِ مستطاب کو سن کر بہت متحیر ہوئے۔اور مَیں نے یہ بات سن کر آپؒ کی دست بوسی کی۔اور پھر مَیں نے آپؒ سے یہ درخواست کی۔کہ آپؒ مجھے حدیث، حدیثِ قدسی اور قرآنِ پاک کے درمیان فرق بتائیں۔کیونکہ حدیثِ قدسی اور قرآنِ مجید دونوں کلام ہونے کے اعتبار سے مشابہت رکھتے ہیں۔(کیونکہ قرآن تو اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔جبکہ حدیثِ قدسی بھی اللہ تعالیٰ کا پیغام بذریعہ رسول اللہ ﷺ ہی ہے) لیکن حدیثِ قدسی کی تلاوت کا حکم نہیں دیا گیا۔تو آپؒ نے فرمایا۔کہ! یہ تینوں (کلام۔حدیثِ نبوی ﷺ،حدیثِ قدسی اور قرآنِ پاک) اگرچہ نبی مکرم ﷺ کے مبارک ہونٹوں سے ہی برآمد ہوئے ہیں۔اور اِن تینوں میں ہی نبی اکرم ﷺ کے کچھ انوارات پائے جاتے ہیں۔لیکن اِس کے باوجود اِن تینوں میں واضح فرق موجود ہے۔جیسے کہ! قرآنِ مجید کا نور قدیم ہے۔جس کا تعلق اللہ تعالیٰ کی ذاتِ اقدس کے ساتھ مخصوص ہے۔کیونکہ اللہ تعالیٰ کا کلام قدیم ہے۔ ☆حدیثِ قدسی میں موجود نور کا تعلق حضرت نبی مکرم ﷺ کی روحِ مبارکہ کے ساتھ ہے۔یہ قرآنِ پاک کے نور کی مانند نہیں ہے۔کیونکہ قرآنِ کریم کا نور قدیم ہے۔جبکہ یہ نور قدیم نہیں۔ ☆ حدیثِ نبوی ﷺ میں پایا جانے والا نور آپ ﷺ کی ذات (بشری) کا نور ہے۔روح کا نہیں ہے۔ لہٰذا اِن تینوں (قرآنِ پاک،حدیثِ قدسی اور حدیثِ نبوی ﷺ) کی تینوں اقسام کا نور نسبت کے اعتبار سے مختلف وجداگانہ ہوگا۔

نیک اعمال کی اقسام : حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ بیان فرماتے ہیں۔کہ! اعمال کی دو اقسام ہیں۔

نمبر 1. کچھ ایسے اعمال ہوتے ہیں۔جو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات کے لئے مخصوص ہیں۔اور بظاہر مخلوق کو اِن سے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوتا۔جیسے کہ! نماز، روزہ، رکوع و سجود،خشیتِ الٰہی اور وہ تمام نیکیاں جن کا تعلق صِرف اللہ تعالیٰ ہی ذات سے ہے۔ **نمبر2.** کچھ ایسے اعمال ہوتے ہیں۔جن کی وجہ سے ظاہری طور پر مخلوقِ خدا کو فائدہ حاصل ہو رہا ہوتا ہے۔جیسے کہ! غلام کا آزاد کرنا، صدقہ وزکات دینا، لوگوں کی حاجت روائی کرنا اور اِسی نوعیت کے دیگر اُمور دوسرے قسم کے نیک اعمال میں آتے ہیں۔اَب اِن دونوں قسم کے نیک اعمال کی توضیح حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ نے یوں بیان فرمائی ہے۔کہ! ☆ پہلی قسم کے نیک اعمال کی جزاء تو یہ ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ عمل کرنے والے شخص کو ایک ایسا نور عطا فرماتا ہے۔کہ! جس کی بدولت نہ صرف اُس شخص کے ایمان میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔بلکہ اس کی معرفت وعرفان کی قوت بھی مضبوط ہوتی چلی جاتی ہے۔وسوسے اور شکوک وشبہات ختم ہوتے چلے جاتے ہیں۔اور دنیا ہی میں اِس کا ایمان صاف ہو جائے گا۔اور آخرت میں اسے عظیم مشاہدہ نصیب ہوگا۔(انشاءاللہ تعالیٰ) لہٰذا اِس قسم کی جزاء نورِ محض اور قوتِ ایمان ہے۔ ☆ دوسری قسم کے نیک اعمال کی جزاء یہ ہے۔کہ! اِن اعمال کے کرنے سے انسان کی اپنی ہی ذات کی اصلاح ہوتی ہے۔مثلاً رزق میں خیر و برکت و وسعت اور کثرت ہوتی ہے۔اس طرح ذات کو بہت نفع حاصل ہوتا ہے۔انسان مختلف قسم کی آفات و بلیات اور مصائب سے محفوظ و مامون رہتا ہے۔جس کے نتیجے میں انسان کو دنیا ہی میں بے پناہ و لاتعداد نعمتیں حاصل ہوتی ہیں۔اور آخرت میں یہی صدقات جنت کی نعمتوں کی شکل میں ڈھل جائیں گے۔جن سے کہ وہ شخص لطف اندوز ہوگا۔لہٰذا یہ بات واضح ہوگئی۔کہ! پہلے قسم کے اعمال کی جزاء کا فائدہ ایمان کی شکل میں حاصل ہوتا ہے۔اور دوسری قسم کے اعمال کی جزاء ذات کی اصلاح کی شکل میں حاصل ہوتا ہے۔

دنیاوی اسباب کی مثال : حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ نے ارشاد فرمایا۔کہ! دنیاوی ذریعہ معاش خواہ تجارت ہو یا زراعت، اِن کی حیثیت فقیر (سیدی دباغؒ) کے ہاتھ میں کشکول کی مانند ہے۔اللہ تعالیٰ کی یہ سنت ہے۔کہ وہ کسی سبب کے بغیر رزق عطا نہیں فرماتا۔ بلکہ جب بندہ دنیاوی اسباب میں سے کسی ایک سبب کا کشکول ہاتھ میں لے کر اللہ تعالیٰ کی عظیم الشان بارگاہ میں دست سوال دراز کرتا ہے۔تو اللہ تعالیٰ اپنی شانِ ربوبیت کے مطابق اُسے رزق عطا فرما دیتا ہے۔اسی لئے انسان کو چاہیئے۔کہ! وہ اپنے اختیار کردہ کشکول کی اصل حقیقت کو پیشِ نظر رکھے۔اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دست سوال دراز کرتے ہوئے سبب کے بجائے اللہ تعالیٰ کی عظیم المرتبت ذات کو اپنی توجہ کا مرکز بنائے۔ بالکل اسی طرح جیسے کسی فقیر کی پوری کی پوری توجہ اپنے کشکول کے بجائے صدقہ وخیرات دینے والے کی طرف مبذول ہوتی ہے۔جب انسان اِسی کیفیت کے ہمراہ اللہ تعالیٰ کی وسیع بارگاہ میں دست سوال دراز کرتا ہے۔تو اس کا اللہ تعالیٰ کی ذاتِ بابرکات سے تعلق قائم ہو جاتا ہے۔جس کے نتیجے میں اِس کا ظاہری ذریعہ معاش بھی قرب خداوندی کا سبب بنے گا۔کیونکہ اس کا اصل اعتماد اور بھروسہ اللہ تعالیٰ کی عظیم الشان ذات پر ہے۔ اِسی لئے وہ صِرف وہی ذرائع آمدن کے ایک یا زیادہ ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑے گا۔کیونکہ رزق دینے والی ذات تو صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہی کی ہے۔اگر وہ چاہے۔تو کسی ایک ذریعے سے اس قدر رزق عطا فرما دے۔جو دوسروں کو متعدد ذرائع سے حاصل ہوتا ہے۔(لہٰذا اِن تمام نکات کو ذہن میں رکھتے ہوئے) انسان کو ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنا چاہیئے۔اور ہمیشہ آمدن کے جائز ذرائع اختیار کرنے چاہیئے۔اولیاء اللہ کا بھی یہی طریقِ اسلوب ہے۔

ایک حدیثِ نبوی ﷺ کی نہایت پُر علم شرح : حضرت سیدی دباغؒ ایک مشہور معرف حدیث نبوی ﷺ کی شرح فرماتے ہیں۔وہ حدیثِ مبارکہ یہ ہے۔کہ! **ان ھذا القرآن انزل علٰی سبعۃ اُحرف**۔(ترجمہ) بے شک! اس قرآنِ پاک کو سات حروف پراُتارا گیا۔

احمد بن مبارک کہتے ہیں۔کہ! حضرت شیخ دباغؒ نے میرے سامنے جو معانی اور مفاہیم بیان کئے۔تو میں تین دن تک شیخؒ کے ساتھ بحث میں مصروف ومشغول رہا۔اور آپؒ اس کے معانی کی وضاحت کرتے رہے۔اس کے بعد مجھے اندازہ ہوا۔کہ یہ حدیث نبوی ﷺ (معنوی، اصطلاحی اور فہمی وسعت کے اعتبار) سے نہایت ہی عظیم مرتبے کی حامل ہے۔اس کی تشریح کے دوران مَیں نے اس قدر اسرار کا علم حاصل کیا۔کہ جن کی وضاحت کرنا ممکن ہی نہیں۔تاہم مَیں (احمد بن مبارکؒ) اپنے الفاظ میں ان کا (قدرے) خلاصہ بقدرِ استطاعت تحریر کر رہا ہوں۔

نبی مکرم ﷺ کی ذاتِ اقدس میں اللہ تعالیٰ نے ایک ایسی خاص قوت ودیعت کر رکھی ہے۔کہ! جس کے انوار سات قسم پر مشتمل ہیں۔ان میں سے ہر ایک نور کے دورخ ہیں۔ایک رخ تو آپ ﷺ کی ذاتِ اقدس اور اللہ تعالیٰ کی ذاتِ مقدسہ کے بارے میں ہے۔اور دوسرے پہلو کا تعلق مخلوق کے ساتھ آپ ﷺ کے تعلق سے ہے۔یہ انوار پہلے رخ (یعنی آپ ﷺ کی ذاتِ اقدس اور اللہ تعالیٰ کی ذاتِ مقدسہ کے تعلق) میں متواتر فیضان کرتے رہتے ہیں۔اور کبھی نہیں تھمتے۔اور نہ ہی سست پڑتے ہیں۔پس جب اللہ تعالیٰ آنحضرت ﷺ کی طرف کوئی آیت نازل کرتے ہیں۔تو اس نازل شدہ آیت کے ہمراہ پہلے رخ کے نور میں سے تھوڑا سا نور بھی ظاہر ہو کر آتا ہے۔سارا تو نہیں۔کیونکہ وہ تو اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ ہونے کی وجہ سے تھمتا ہے اور نہ سست پڑتا ہے۔اس لئے مخلوقات کی طرف توجہ کے وقت صِرف تھوڑا سا نور ظاہر ہوتا ہے۔پھر اللہ تعالیٰ جب دوسری آیت اُتارتا ہے۔تو اس میں دوسرے رُخ کا کچھ نور ہوتا ہے۔پھر جب تیسری آیت اُترتی ہے۔تو اس میں تیسرے نور میں سے کسی قدر نور ہوتا ہے۔اسی طرح ساتویں نور تک۔ پھر مَیں نے عرض کیا۔ یہ ساتوں انوار کہ جن کی طرف سات حرف کہہ کر اشارہ کیا گیا ہے۔کون سے ہیں؟ حضرت شیخ دباغؒ نے فرمایا۔وہ سات حروف یہ ہیں۔ ☆ **حرفِ نبوت**۔ ☆ **حرفِ رسالت**۔ ☆ **حرفِ آدمیت**۔ ☆ **حرفِ روح**۔ ☆ **حرفِ علم**۔ ☆ **حرفِ قبض**۔ ☆ **حرفِ بسط**۔ شائقین حضرات مکمل تفصیل کے لئے کتاب ''الابریز'' یا اس کے اردو ترجمہ بنام ''**خزینہ معارف**'' کی طرف رجوع فرمائیں) جب آپؒ تشریح فرما رہے تھے۔تو مَیں نے آپؒ کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔کہ! آیت میں کچھ تو اجزاء نبوت کے ہوتے ہیں۔کچھ اجزاء رسالت کے ہوتے ہیں۔اور اسی طرح باقی پانچ حروف کے۔اس لئے مَیں نے عرض کیا۔کہ! یا حضرت! اِن سات حروف کے اجزاء کی مزید تشریح فرما دیں۔اور یہ بھی بتا دیں۔کہ! ان حروف کی ان پر تفریع کیسے ہوتی ہے۔تا کہ اُن کا فائدہ مکمل ہو جائے۔سیدی دباغؒ نے فرمایا۔کہ! اِن سات حرفوں میں سے ہر ایک کے سات سات اجزاء ہوتے ہیں۔

☆ **حرفِ نبوت** : حرفِ نبوت کی شناخت وعلامت یہ ہے۔کہ! آیتِ مبارکہ میں صبر کا حکم دیا گیا ہو۔اور حق کی جانب رہنمائی کی گئی ہو۔وہ آیت دنیا اور اس کی خواہشات (شہوات) سے گریز کرنے کی تعلیم دیتی ہو۔اس کی وجہ یہ ہے۔کہ! نبوت طبعی طور پر حق ہی کی طرف مائل ہوتی ہے۔اور صرف حق بیان کرتی ہے۔اور حق ہی کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔اور اس ضمن میں خیر خواہی کا فریضہ سرانجام دیتی ہے۔

☆ **حرفِ نبوت**: حرفِ نبوت کے سات اجزاء یہ ہیں۔قولِ حق۔ صبر۔رحمت۔ معرفتِ الٰہیہ۔ خوفِ تام۔بغضِ باطل۔عفو

☆ **حرفِ رسالت** : حرفِ رسالت کی نشانی وعلامت یہ ہے۔کہ! اس آیت میں دارِ آخرت، اس کے درجات اور وہاں رہنے والوں کے مقامات اور انہیں حاصل ہونے والے ثواب کا ذکر موجود ہے۔

☆ **حرفِ رسالت** : حرفِ رسالت کے سات اجزاء یہ ہیں۔برضا ورغبت روح کا ذات میں قیام۔علمِ کامل۔ہر ایک سے سچائی۔سکینہ ووقار۔مشاہدہ کاملہ۔موت بحالتِ حیات۔اہلِ جنت کی سی زندگی۔

☆ حرفِ آدمیت: حرفِ آدمیت کا ماحصل وہ نور ہے۔ کہ! جسے اللہ تعالیٰ نے انسانوں میں ودیعت کر رکھا ہے۔ اور انہیں اس سے انسانی کلام کرنے پر قدرت بخشی ہے۔ تاکہ ان کا کلام ملائکہ، جنات اور باقی جملہ مخلوقات کے کلام سے یکسر ممتاز ہوسکے۔ باوجود اس کے کہ یہ صفت تمام انسانوں میں پائی جاتی ہے۔ اسے ان ساتوں میں سے اس لئے شامل کیا گیا۔ کہ یہ صفت آنحضرت ﷺ میں طہارت اور صفائی کے لحاظ سے انتہا کو پہنچ چکی ہے۔ جس کی وجہ سے طہارت اور صفائی میں آپ ﷺ کی ذاتِ اقدس کا کمال اس درجہ عالیہ تک پہنچ چکا ہے۔ کہ جس سے بڑھ کر کوئی کمال ممکن نہیں۔ اور آنحضرت ﷺ کی ذات کے ماسوا کسی اور کی ذات میں اس کا ہونا بھی ناممکن ہے۔ مختصر یہ کہ! جب یہ نور جس سے کہ انسان کلام کیا کرتا ہے۔ آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی ذاتِ اقدس میں یہ نور باقی تمام انوارات (نورِ نبوت۔ نورِ رسالت۔ نورِ علم۔ نورِ روح۔ نورِ قبض اور نورِ بسط) کے ساتھ پایا گیا۔ تو یہ نور انتہائی کمال پر ہی ہوگا۔ کیونکہ آپ ﷺ کی ذاتِ اقدس اِن چھ انوارات سے مستفیض ہو رہی ہے۔ لہذا آپ ﷺ پر جب آیات کا نزول ہوگا۔ تو کوئی آیت بھی ایسی نہ ہوگی۔ کہ جس میں یہ نور نہ پایا جائے۔ کیونکہ قرآنِ حکیم بنی نوعِ انسان ہی سے تعلق رکھنے والے ایک گروہ کی زبان یعنی عربی میں ہی نازل ہوا ہے۔

☆ **حرفِ آدمیت** : حرفِ آدمیت کے سات اجزاء یہ ہیں۔ کمالِ حسنِ ظاہری۔ کمالِ حواسِ ظاہری۔ کمالِ حسنِ باطنی۔ کمالِ حواسِ باطنی۔ ذکوریت (نر ہونا)۔ نزعِ حظِ شیطان۔ کمالِ عقل۔

☆ حرفِ روح: حرفِ روح کی شناخت یہ ہے۔ کہ! قرآنِ پاک کی آیت اللہ تعالیٰ کی ذاتِ مقدسہ یا اس کی صفاتِ مبارکہ کے بیان پر مشتمل ہو۔ اور اس میں مخلوق کا کوئی ذکر نہ ہو۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ! روح ہمیشہ مشاہدہ حق میں محو و مستغرق رہتی ہے۔ اسی لئے جب بھی اس نوعیت کی کوئی آیت نازل ہوتی ہے۔ تو اس میں نورِ روح لازمی موجود ہوتا ہے۔

☆ **حرفِ روح**: حرفِ روح کے سات اجزاء یہ ہیں۔

ذوقِ انوار۔ طہارت۔ تمیز۔ بصیرت۔ عدمِ غفلت۔ قوتِ سریان۔ تکلیف والے اجرام سے بے حسّی۔

☆ حرفِ علم: حرفِ علم کی پہچان یہ ہے۔ کہ! آیت میں گذشتہ لوگوں کے حالات و واقعات بیان کئے گئے ہوں۔ مثلاً عاد۔ ثمود۔ قومِ نوح۔ قومِ ہود۔ قومِ صالح وغیرہ کے حالات و واقعات یا اس میں کسی رائے کے مذموم ہونے کی اطلاع دی گئی ہو۔ جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالیشان ہے۔ **اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْھُدٰی ص فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُھُمْ وَمَا کَانُوْا مُھْتَدِیْنَ** ۔ (ترجمہ) یہی وہ لوگ ہیں۔ جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی خریدی۔ لیکن ان کی تجارت فائدہ مند نہ ہوئی۔ اور وہ (فائدہ مند و نفع بخش سودے کی) راہ جانتے ہی نہ تھے۔ یعنی کہ مختصر طور پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں۔ کہ وہ تمام آیات کہ جن میں واقعات بیان کئے گئے ہوں۔ وعظ و نصیحت کی گئی ہو۔ یا پھر حکمت آمیز باتیں کی گئی ہوں۔ سیدی دباغؒ فرماتے ہیں۔ کہ اس حرف کے نور کا تعلق انسان سے جہالت کو دور کر کے اسے عارف و معرف بنا دیتا ہے۔

☆ **حرفِ علم** : حرفِ علم کے سات اجزاء یہ ہیں۔ حملِ علوم۔ عدمِ اضاعت۔ معرفتِ لغات۔ انجام سے واقفیت۔ احوالِ کونین سے متعلق علوم سے آگاہی۔ احوالِ ثقلین سے متعلق علوم سے آگاہی۔ جہات کا صرف سامنے کی جہت میں محصور ہو جانا۔

☆ حرفِ قبض: حرفِ قبض کی علامت یہ ہے۔ کہ! آیتِ کریمہ میں کفار و مشرکین کو مخاطب کیا گیا ہو۔ کبھی انہیں تباہی کی وعید سنائی گئی ہو۔ اور کبھی دیگر طریقوں سے ڈرایا گیا ہو۔ جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان عالی شان ہے۔ کہ! **فی قلو بھم مرض فزادھم اللہ مر ضا ولھم عذاب الیم م بما کانوا یکذبون** ۔ (ترجمہ) اوران کے دلوں میں بیماری ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے ان کی بیماری کو اور بڑھا دیا۔ اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ اس وجہ سے کہ وہ جھوٹ بولتے ہیں۔ (سورہ بقرہ۔ آیت نمبر 102) نور اور ظلمت کی افواج ہمیشہ برسرِ پیکار رہتی ہیں۔ جب نبی مکرم ﷺ کی توجہ ان ظلمتوں کی طرف مبذول ہوتی ہے۔ تو اس وقت حرفِ قبض کا یہ نور ظاہر ہوتا ہے۔ اور اس نور میں سے مذکورہ بالاقسم کی آیات سامنے آئی ہیں۔

☆ **حرفِ قبض**: حرفِ قبض کے سات اجزاء یہ ہیں۔

لذتِ خیر کی حس اور باطل سے کلفت۔ انصاف۔ ضد سے نفرت۔ امتثالِ امر۔ میلان الی الجنس۔ انقباض کی قوتِ کاملہ۔ حق گوئی سے شرم نہ کرنا۔

☆ حرفِ بسط: حرفِ بسط کی شناخت یہ ہے۔ کہ! کسی آیت میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا ذکر کیا گیا ہو۔ جب آپ ﷺ کی توجہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی طرف مبذول ہوتی ہے۔ تو اس وقت بسط کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ اور یہ آیات مقامِ بسط سے ظاہر ہوتی ہیں۔ حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ فرماتے ہیں۔ کہ! اِن ساتوں حروف کی تقریباً یہی پہچان و علامات اور نشانیاں ہیں۔ جو یہاں ذکر کی گئی ہیں۔ ورنہ ہر ہر حرف میں **366** وجہیں ہیں۔ اگر مَیں ہر حرف کی **366** مختلف وجوہ میں سے ہر ایک کا ذکر کرنا شروع کر دوں۔ تو نبی مکرم ﷺ کے باطن کا آفتاب سب لوگوں کے سامنے روزِ روشن کی طرح عیاں ہو جائے گا۔ لیکن یہ درحقیقت وہ رموز و اسرار ہیں۔ کہ! جنہیں چھپانا واجب ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے خصوصی فضل کے تحت جن لوگوں کو **فتحِ کبیر** عطا فرماتا ہے۔ وہ ان کا علم حاصل کر لیتے ہیں۔ اور جسے فتح حاصل نہیں ہوتی۔ اس کے لئے مناسب یہی ہے۔ کہ! وہ اپنی ظاہری حالت پر ہی باقی رہے۔

☆ **حرفِ بسط**: سات اجزاء یہ ہیں۔ فرحِ کامل۔ ذات میں خیر کا قیام۔ فتحِ حواسِ ظاہری۔ فتحِ حواسِ باطنی۔ رفعت۔ حُسنِ تجاوز۔ انکساری۔

سیدی عبدالعزیز دباغؒ نے ارشاد فرمایا۔ کہ احادیثِ مبارکہ میں جو اختلافِ تلفظ پایا جاتا ہے۔ اُس کی وجہ باطنی انوارات کے

اختلاف کی **فرع** ہے۔ کیونکہ قبض کی بدولت کچھ حروف کو ساکن پڑھا جاتا ہے۔ اور اس پر پیش پڑھی جاتی ہے۔ زبر حرفِ رسالت سے پیدا ہوتی ہے۔ اور زیر حرفِ آدمیت سے پیدا ہوتی ہے۔ اور ہر آیت کے لئے ایک خاص فتح اور مخصوص ذوق ہوتا ہے۔

ذات (بدن) اور روح میں فرق : حضرت سیدی دباغؒ فرماتے ہیں۔ کہ! ذات کی پیدائش تو مٹی سے ہوئی۔ اور تمام مخلوقات بھی مٹی سے پیدا ہوئی۔ البتہ روح سے ملاءِ اعلیٰ سے ہے۔ اور ملاءِ اعلیٰ حق سبحانہٗ تعالیٰ کی سب سے زیادہ معرفت رکھتے ہیں۔ اب چونکہ ہر شئے اپنی اصل کی طرف ہی لوٹتی ہے۔ بلکہ رجوع کرتی ہے۔ لہٰذا نورِ روح کو حق سبحانہٗ تعالیٰ کے ساتھ تعلق ہوگا۔ جبکہ نورِ ذات کو مخلوق کے ساتھ متعلق ہے۔

میان خالق ومخلوق رمزیست کراماً کاتبین را ہم خبر نیست

خلاق ومخلوق کے درمیان بھی کچھ رمز (بھید۔ راز) ہیں۔ کہ ہر دَم کا احوال لکھنے والے ملائکہ (کراماً کاتبین) تک کو بھی ان کی خبر نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ کی معرفت : حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ بیان فرماتے ہیں۔ کہ! اللہ تعالیٰ نے کہیں بھی (جیسے کہ! قرآنِ کریم میں یا کسی حدیثِ قدسی یا پھر کسی رحمانی صحیفہ میں) یہ بات ارشاد نہیں فرمائی۔ کہ تم اپنے نفس کو خوش کرنے کے لئے کوئی (نیک) عمل کرو۔ تو میں تمھیں اس کا اجر وثواب عطا کروں گا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے تو یہ ارشاد فرمایا ہے۔ کہ تم پورے خلوص کے ساتھ صِرف میری ہی عبادت کرو۔ تو میں تمھیں اجر وثواب عنایت کروں گا۔ لہٰذا تم اپنے اعمال کے بارے میں یہ نیت وگمان رکھو۔ کہ یہ تمام اعمال اللہ تعالیٰ کی خوشنودی ورضا کے لئے ہیں۔ اور اِنہیں بجالانے کا مقصد صِرف اور صِرف اللہ تعالیٰ کی عظمت وکبریائی اور بلند ترین مقام ومرتبہ کے سامنے سرِ تسلیم خم کرنا ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہم پر لاتعداد وبے شمار انعامات، اکرامات واحسانات کئے ہیں۔ اور مزید بھی وہ اپنی نوازشات کو محض اپنے ہی فضل وکرم اور مہربانی کی بدولت ہمیں اجر وثواب سے نوازتا رہے گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)

ایک شہنشاہ نے دولت کا سہارا لے کر ہم غریبوں کی محبت کا اُڑایا ہے مذاق

معرفتِ الٰہی کے حصول کے لئے ضروری امر : حضرت سیدی عبدالعزیز الدباغؒ نے فرمایا۔ کہ! جب تک حضرت سید الوجود ﷺ کی معرفت حاصل نہ ہو۔ اس وقت تک اللہ تعالیٰ کی معرفت حاصل نہیں ہوسکتی۔ اور اسی طرح سے جب تک کسی شیخِ کامل کی معرفت حاصل نہ ہو۔ اُس وقت تک حضرت نبی آخر الزمان ﷺ کی معرفت حاصل نہیں ہوسکتی۔ اور شیخ کی معرفت اُس وقت تک حاصل نہیں ہوسکتی۔ جب تک مرید (سالکِ صادق) کی نگاہ میں فنا نہ ہوجائے۔ نہ کسی پر نظر جائے۔ نہ ہی خیال۔ یعنی سب کو مردہ سمجھے۔ اور سب (یعنی تمام غیر اللہ) کی طرف سے تمام تر توقعات منقطع نہ کرلے۔ (حضرت احمد بن مبارک سلجماسیؒ) نے فرمایا۔ کہ حضرت سیدی الدباغؒ کے اس کلام سے اللہ تعالیٰ نے مجھ پر بڑا اکرم فرمایا۔ ہر قِسم کی خیر و خوبی نصیب ہونے کا یہی (کلام) وسیلہ بنا۔

ستارے کچھ بتاتے ہیں، نتیجہ کچھ نکلتا ہے بڑی حیرت میں ہے، میری ہتھیلی دیکھنے والا

ایک بہت بڑا عقلی حجاب : جاننا چاہیئے۔ کہ! وہ شخص کتنا ہی بڑا جاہل ہوگا۔ جو کہ اس غلط فہمی کا شکار ہو۔ کہ جو نیک اعمال اور اچھے امور کی انجام دہی ہونے کے بعد محض اپنی محنت ودیانت سے اجر وثواب حاصل کرتا ہے۔ جبکہ وہ یہ بات بخوبی جانتا اور سمجھتا بھی ہے۔ کہ اس کے اعمال اور نیک امور کی سرانجام دہی میں اس کی اپنی ذات کا کوئی عمل دخل نہیں (جب تک کہ ربِ متعال نہ چاہے) کیونکہ اس کی اپنی ذات اللہ تعالیٰ کی تخلیق کردہ ہے۔ اور اس کے اعمال بھی اللہ کے مخلوق (تخلیق شدہ) ہیں۔ تو یہ کیسے ممکن ہے۔ کہ! ہم اللہ تعالیٰ کے پیدا کردہ اعمال میں سے نیکیوں کو اپنے ہی کھاتے میں شامل کرلیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم وعنایات کو پس پردہ ڈال کر اپنی محنت جتائیں۔ (توبہ نعوذ باللہ) درحقیقت ہماری غفلت، گناہوں کی کثرت اور عبادات سے لاپرواہی ہماری آنکھوں کو اللہ تعالیٰ کی ذاتِ بابرکات سے محجوب کردیتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو محفوظ رکھے۔ آمین۔

حضرت نبی مکرم ﷺ کی توجہ حاصل کرنے کا طریقہ : احمد بن مبارک سلجماسیؒ نے (اپنے مرشد) حضرت سیدی عبدالعزیز الدباغؒ سے پوچھا۔ حضرت نبی اکرم ﷺ کی ذاتِ اقدس کی طرف کامل توجہ کس طرح حاصل کی جاسکتی ہے۔ تو حضرت سیدی دباغؒ نے جواب مرحمت فرمایا۔ کہ! تین چیزوں کے ذریعے، ایک تو **محبتِ نبوی** ﷺ دوسری حددرجہ **تعظیمِ نبوی** ﷺ اور تیسری آپ ﷺ کے فضائل وکمالات کو پیشِ نظر رکھنا (یعنی **شمائلِ نبوی** ﷺ کو بار بار پڑھنا)۔ (پھر حضرت دباغؒ مزید فرماتے ہیں۔ کہ!) یہ تینوں نعمتیں اس وقت حاصل ہوسکتی ہیں۔ جب انسان کے وجود کے سات حصے مکمل طور پر حضرت نبی مکرم ﷺ کی طرف متوجہ ہوجائیں۔ سوچ۔ غور و فکر۔ عقل۔ مثال ذات۔ روح اور علم۔ جب یہ ساتوں انوارات انسان کے وجود کا حصہ بن جائیں۔ تو **محبتِ نبوی** ﷺ، **تعظیمِ نبوی** ﷺ اور حیرانگی (فضائل وکمالات یعنی شمائلِ نبوی ﷺ)۔

حضورِ اکرم ﷺ سے کسی اَمر کا پوشیدہ ہونا : صحیح مسلم شریف کی ایک حدیث میں آیا ہے۔ کہ! آنحضرت ﷺ نے حضرت جبرائیل امینؑ کے چلے جانے کے بعد فرمایا۔ کہ! اس شخص کو، جو سوالات کررہا تھا۔ واپس لاؤ۔ چنانچہ صحابہ کرامؓ نے ان کی تلاش کی۔ مگر ان کا پتہ نہ لگا۔ تب آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔ یہ جبرائیلؑ تھے۔ اور وہ مجھ سے اس مرتبہ کے سوا کبھی نہیں چھپ سکے۔ (یعنی ان کو اس مرتبہ مَیں پہچان نہ سکا) حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ فرماتے ہیں۔ کہ! آنحضرت ﷺ کا جبرائیلؑ کو نہ پہچاننا درحقیقت اس وجہ سے تھا۔ کہ! بعض اوقات آنحضرت ﷺ مشاہدہ حق میں اس قدر محو و مشغول ہوجاتے تھے۔ کہ! آپ ﷺ کی ذاتِ پاک مع اپنے جملہ تعلقات اور اجزاء وعروق کے اس عالم سے بے تعلق ہوکر

نورِ حق سبحانہٗ میں محو ہو جاتی ۔ چنانچہ اس طرح آپ ﷺ کی ذات کا تعلق غیر اللہ سے کلی طور پر منقطع ہو جاتا ۔ چنانچہ جب حضرت جبرائیلؑ تشریف لائے ۔ تو آنحضرت ﷺ اُس وقت بھی مشاہدہ ربانی میں محو و مشغول تھے ۔ اسی لئے اُنہیں پہچان نہیں پائے ۔ (ایک اور حدیث میں آیا ہے ۔ کہ !)

آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے اس **اَشعریین** کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا تھا ۔ جنہوں نے آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر سواری کے اونٹ طلب کئے تھے ۔ کہ ! ''**واللہ لا احملکم ولا عندی ما احملکم علیہ**'' اللہ تعالیٰ کی قسم ! میں تم کو سواری کے لئے اونٹ نہ دوں گا ۔ اور نہ میرے پاس (اونٹ) ہیں ۔ کہ تم (لوگوں کو میں) دوں ۔ مگر (اتنی بڑی اس قسم کھانے کے بعد) آپ ﷺ نے ان کو اونٹ عطا فرما دیئے ۔ (اَب دریافت طلب بات یہ ہے ۔ کہ) آپ ﷺ نے پہلے اونٹ نہ ہونے کی قسم کھائی ، پھر انکار کر دیا اور آخر میں اونٹ بھی عطا کر دیئے ۔ حالانکہ ! آپ ﷺ صادق و امین اور حق گو و راست شخصیت ہیں ۔ پھر اس اشکال کا جواب کیا ہوگا ۔ حضرت سیدی عبدالعزیز الدباغؒ ان اشکال کا جواب ان الفاظ میں عنایت فرماتے ہیں ۔ کہ ! آپ ﷺ کا کلام باطن اور مشاہدے کے اعتبار سے نکلا کرتا تھا ۔ چنانچہ کبھی تو آنحضرت ﷺ ذاتِ الٰہی کے مشاہدے میں ہوتے ۔ ۔ ۔ اور کبھی آنحضرت ﷺ ذاتِ باری تعالیٰ کی قوت اور غلبہءِ قدرت کے مشاہدہ میں مشغول ہوتے ۔ اس مشاہدے سے اللہ تعالیٰ کی قوت اور غلبہءِ قدرت کے مشاہدے کی وجہ سے خوف اور بے چینی ہوتی ۔ اور ان دونوں مشاہدات میں آپ ﷺ مخلوق سے بالکل غیر متوجہ و لاعلم ہو جاتے ۔ اور اس وقت آپ ﷺ کسی کو بھی نہیں دیکھتے تھے ۔

کلامِ نبوی ﷺ پوشیدہ نہیں رہ سکتا : کتاب الابریز میں سید احمد بن مبارک سلجماسیؒ کہتے ہیں ۔ کہ ! عجیب بات تو یہ تھی ۔ کہ ! جب مَیں آپ (یعنی سیدی عبدالعزیز الدباغؒ) سے اس قِسم کی گفتگو کرتا رہا ۔ تو آپؒ اُس حدیث کو جسے امام بخاریؒ نے بیان کیا ہے ۔ اور صحیح مسلم میں نہیں ہے ۔ یا امام مسلمؒ نے (صحیح مسلم) میں بیان کیا ۔ مگر امام بخاریؒ نے نہیں دی ہے ۔ اُن میں امتیاز کر لیتے ۔ بالآخر جب ایک عرصے تک مَیں آپؒ کا امتحان کرتا رہا ۔ اور مجھے تحقیق ہوگئی ۔ کہ ! آپؒ حدیث اور غیر حدیث میں امتیاز کر سکتے ہیں ۔ تو مَیں نے دریافت کیا ۔ کہ آپؒ یہ کیسے دریافت کر لیتے ہیں ۔ تو ایک مرتبہ آپؒ نے فرمایا ۔ کہ ! حضرت نبی مکرم ﷺ کا کلامِ مبارک چھپا نہیں رہ سکتا ۔ لیکن ایک اور مرتبہ جب مَیں نے یہی سوال کیا ۔ تو آپؒ نے فرمایا ۔ جب کوئی انسان موسم سرما میں جب بات کرتا ہے ۔ تو اُس کے منہ سے بھاپ نکلتی ہے ۔ لیکن یہی بھاپ موسم گرما میں نہیں نکلتی ۔ بعینہٖ یہی حال اُس شخص کا ہے ۔ جو کلامِ نبوی ﷺ جب پڑھتا ہے ۔ تو اُس کے منہ سے کلام (یعنی حدیثِ نبوی ﷺ کے الفاظ) سے نُور نکلتا ہے ۔ اور جو کسی اور کا کلام پڑھتا ہے ۔ تو کلام بغیر نُور کے نکلتا ہے ۔ (اسی طرح سے) جب مجھے علم ہوگیا ۔ کہ آپؒ قرآنِ حکیم اور حدیثِ نبوی ﷺ میں امتیاز کر سکتے ہیں ۔ تو خیال آیا ہے ۔ کہ ! قرآنِ حکیم اور حدیثِ قدسی کے فرق کے بارے میں آپؒ کو آزماؤں ۔ ۔ ۔ اور عرض کیا ۔ کہ ہم اللہ تعالیٰ سے پھر آپؒ سے درخواست کرتے ہیں ۔ کہ اِن تینوں (یعنی قرآنِ حکیم ، حدیثِ قدسی اور حدیثِ نبوی ﷺ) میں فرق بیان فرما دیں ۔ کیونکہ ! حدیثِ قدسی ایک طرف سے تو قرآنِ حکیم سے مشابہت رکھتی ہے ۔ (یعنی حدیثِ قدسی میں بھی قرآنِ حکیم کی طرح اللہ تعالیٰ ہی کا کلام ہوتا ہے) اور دوسری طرف اس حدیث سے جو قدسی تو نہیں ہے ۔ ۔ ۔ آپؒ نے فرمایا ۔ یہ تینوں کلام (یعنی قرآنِ حکیم ، حدیثِ قدسی اور حدیثِ نبوی ﷺ) اگرچہ آنحضرت نبی مکرم ﷺ کے دہن مبارک ہی سے نکلے ہیں ۔ اور اِن تینوں میں آنحضرت ﷺ ہی کے انوارات پائے جاتے ہیں ۔ پھر بھی اِن میں یہ فرق ضرور ہے ۔ کہ ! قرآنِ حکیم میں جو نور ہے ۔ وہ قدیم ہے ۔ اور وہ ذاتِ حق سبحانہٗ میں سے نکلا ہے ۔ چونکہ اللہ تعالیٰ کا کلام بھی قدیم ہے ۔ اور حدیثِ قدسی کا نور آنحضرت ﷺ کی روح مبارک کا نور ہے ۔ لیکن نورِ قرآن کی طرح قدیم نہیں ہے ۔ اور جو نورِ حدیثِ غیر قدسی (یعنی حدیثِ نبوی ﷺ) میں پایا جاتا ہے ۔ وہ آپ ﷺ کی ذات کا نور تو ہے مگر روح کا نہیں ۔ لہٰذا یہ تین قسم کے نور (انوارات) ہوئے ۔ جو اپنی اپنی نسبتوں کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں ۔ چنانچہ نورِ قرآن ذاتِ حق سبحانہٗ کی طرف سے ہے ۔ نورِ حدیثِ قدسی روحِ نبوی ﷺ کی طرف سے ہے ۔ اور غیر قدسی حدیث (یعنی احادیثِ نبویہ ﷺ) کا نور آنحضرت ﷺ کی ذات سے ہے ۔

ایک عجیب سا جواب : پھر مَیں نے دریافت کیا ۔ کیا حدیثِ قدسی اللہ تعالیٰ کا کلام ہے یا نہیں ؟ تو آپؒ نے فرمایا ۔ کہ ! یہ اللہ تعالیٰ کا کلام نہیں ہے ۔ بلکہ یہ تو نبی ﷺ ہی کا کلام ہے ۔ پھر فرمایا ۔ کہ ! حضرت نبی مکرم ﷺ پر حق سبحانہٗ کی طرف سے بعض اوقات اس کثرت سے انوارات برستے تھے ۔ کہ آپ ﷺ کو ایک خاص قِسم کا مشاہدہ حاصل ہوتا تھا ۔ اگرچہ عام مشاہدہ تو آپ ﷺ کو ہر وقت ہی حاصل رہتا تھا ۔ چنانچہ ایسی حالت و کیفیت میں اگر انوار کے ساتھ حق سبحانہٗ کی کا کلام بھی سنائی دیتا تھا ۔ یا کوئی فرشتہ نازل ہوتا ۔ تو یہ قرآنِ حکیم ہوتا ۔ لیکن اگر کلام سنائی نہ دیتا ۔ اور نہ ہی کوئی فرشتہ اُترتا ۔ تو یہ وقت حدیثِ قدسی کا ہوتا ۔ لہٰذا اس حالت و کیفیت میں جب آپ ﷺ کلام فرماتے ۔ تو آپ ﷺ شانِ ربوبیت ہی میں کلام فرماتے تھے ۔

نورِ نبوی ﷺ کی تین حالتیں : معین مقدار کے نور کے وقت آپ ﷺ جو کلام فرمائیں گے ۔ وہ حدیثِ نبوی ﷺ ہوگا ۔ اسی طرح سے اگر انوارات پھیل جائیں ۔ اور ذاتِ نبوی ﷺ کو مشتعل کر دیں ۔ یہاں تک کہ آپ ﷺ اپنی معتاد حالت (عام حالت) سے باہر ہو جائیں ۔ تو اس وقت جو کلام ہوگا ۔ وہ کلام اللہ (یعنی قرآنِ حکیم) ہوگا ۔ نزولِ قرآن کے وقت بھی آپ ﷺ کی یہی حالت ہوتی تھی ۔ اور اگر انوارات پھیل جائیں ۔ اور آپ ﷺ اپنی حالت سے نہ نکلیں ۔ تو اُس وقت آپ ﷺ جو کلام فرمائیں گے ۔ وہ حدیثِ قدسی کہلائے گا ۔ (واللہ اعلم بالصواب)

ایک مرتبہ آپؒ (دباغؒ) نے یہ جواب فرمایا ۔ کہ ! جب نبی ﷺ کلام فرمائیں ۔ تو اگر یہ کلام آپ ﷺ کے اختیار سے باہر ہو ۔ تو یہ قرآنِ حکیم ہے ۔ اگر آپ ﷺ کے اختیار میں ہے ۔ اور پھر اس میں عارضی انوارات پھیل جائیں ۔ تو یہ حدیثِ قدسی ہے ۔ اور اگر انوارات دائمی ہوں ۔ تو یہ حدیثِ

غیر قدسی (یعنی احادیثِ نبویہ ﷺ) ہیں۔ آپ نے یہ بھی فرمایا۔ کہ! جس کسی میں عقل ہو۔ اور وہ خاموشی سے قرآنِ حکیم سنے۔ پھر خاموشی سے کسی اور کلام کو سنے۔ تو دونوں میں ضرور فرق پائے گا۔ اس بات کی سب سے قوی ترین دلیل یہ ہے۔ کہ! صحابہء کرامؓ نہایت عقل منداور زیرک دماغ تھے۔ اُنہوں نے اپنے آباؤ اجداد کا اتنا قدیم دِین اسی لئے چھوڑا تھا۔ کہ ان پر یہ بات واضح ہوگئی تھی۔ کہ یہ کلام اللہ ہی ہوسکتا ہے۔ لہذا جو بھی شخص قرآنِ حکیم کو بغور سنے گا۔ اور اُس کے معانی کو دل پر جاری کرے گا۔ تو اُسے لازمی طور پر یہ محسوس ہو جائے گا۔ کہ یہ پُرعظمت اللہ تعالیٰ ہی کا کلام ہوسکتا ہے۔۔۔

ایمان میں اضافے کے اسباب : ایک مرتبہ حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ نے اِن اُمور کا تذکرہ کیا۔ کہ جن کی بدولت ایمان میں اضافہ ہوتا ہے۔ **نمبر 1.** قبور کی زیارت کرنا۔ **نمبر 2.** صرف اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کے لئے صدقہ کرنا۔ **نمبر 3.** جھوٹی قسم کھانے سے بچنا۔ **نمبر 4.** جن اعضاء کے پردے کا حکم دیا گیا ہے۔ (اپنے اُن اعضاء کو چھپانا۔ اور دوسرں کے) اُن اعضاء کی طرف دیکھنے سے بچنا۔ **نمبر 5.** (خود کو گناہوں سے بچانا) اور اپنے اور دیگر لوگوں کے گناہوں کی پردہ پوشی کرنا۔ کیونکہ جو شخص دوسرے لوگوں کے گناہوں کی ٹوہ میں رہنا شروع کر دیتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کے دل میں یہ وسوسہ پیدا کر دیتا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے اس گناہ گار کے تمام تر گناہوں کے باوجود اس قدر نعمتوں سے نوازا ہے۔ کہ شاید یہ نعمت اس کے گناہوں کی بدولت میسر آئی ہے۔ (استغفراللہ۔ توبہ نعوذ باللہ) **نمبر 6.** حاملینِ شریعت یعنی علمائے کرام کی تعظیم بھی ایمان میں اضافے کا سبب بنتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اِن کی قدر پہچاننے کی توفیق عطا فرمائے۔ سیدی عبدالعزیز دباغؒ فرماتے ہیں۔ کہ! اگر لوگوں کو علمائے عظام کی قدر و قیمت کا پتہ چل جائے۔ تو وہ اُنہیں زمین پر چلنے بھی نہ دیں۔ بلکہ ہر علاقے کے لوگ اپنے علماء کو کندھوں پر اُٹھا کر گھومیں۔ عارف باللہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کا فرمانِ عالیشان ہے۔ کہ! مسلمانوں کے چہروں کی طرف نظر کرنے سے بھی دولتِ ایمان میں اضافہ ہوتا ہے۔ اِسی ضمن میں حضرت احمد بن مبارک کہتے ہیں۔ کہ! مسلمان اللہ تعالیٰ کے کتنے ہی نافرمان کیوں نہ ہوں۔ اِن کی قربت کی اہمیت پھر بھی بہت فائدہ منداور نفع بخش ہوتی ہے۔ کیونکہ دین وشریعت کے احکامات کی معرفت ہی سب سے قیمتی چیز ہے۔ لہذا ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیئے۔ ہم مسلمانوں کے گھر پیدا ہوئے۔ مسلمانوں کے ہمراہ رہتے ہیں۔ گلیوں، بازاروں اور حالتِ سفر اور زندگی کے دیگر تمام معاملات (جیسے لین دین، رشتے ناطے اور دیگر کئی اُمور) میں بہر حال ہمارا واسطہ مسلمانوں ہی سے پڑتا ہے۔ بطورِ خاص جہاں اَمر بالمعروف کی دعوت اور نہی عن المنکر کی روک تھام اور دیگر نیک کاموں کے نصائح کئے جاتے ہیں۔ یا جہاں دعوت و دین کی تبلیغ کی جاتی ہے۔ (شکر الحمد للہ)

اِرتکابِ گناہ کے نقصانات :

حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ نے (احمد بن مبارک سلجماسیؒ سے) دریافت کیا۔ کیا تم جانتے ہو؟ کہ قیامت کے دن سب سے زیادہ دردناک عذاب کسے دیا جائے گا؟ مَیں نے عرض کیا۔ آپؒ بیان فرمائیں۔ (تو) آپؒ نے فرمایا۔ کہ! جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے تندرست جسم، مکمل عقل اور پوری صحت عطا کی ہو۔ اور اِس کے ساتھ اسے زندگی کی تمام نعمتوں سے بھی سرفراز کیا ہوا ہو۔ اور پھر اِس (غافل شخص) کو ایک، دو یا اِس سے زیادہ دنوں تک خیال بھی نہ آسکے۔ اور اس کے برعکس جب وہ کسی گناہ کا ارتکاب کرنے لگے۔ تو مکمل طور پر اِس گناہ کی طرف متوجہ ہو جائے۔ اس سے بھرپور لذت حاصل کرے۔ اور اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضری سے بے نیاز ہو کر اس گناہ کے ارتکاب کو اچھا سمجھنے لگے۔ غرض یہ کہ گناہوں کی دلدل میں پوری طرح سے دھنس جائے۔ اور اللہ تعالیٰ سے مکمل طور پر لاتعلق ہو جائے۔ پوری طرح سے گناہوں میں مائل ہو جائے۔ اور اِن کا ارتکاب اس طرح کرے۔ جیسے کہ یہ ایک جائز عمل ہو۔ ایسے شخص کو قیامت کے دن یہ عذاب دیا جائیگا۔ کہ اسے مکمل طور پر آگ میں ڈال دیا جائے۔ اس آگ کی وجہ سے ایسے شخص کو ہر جہت سے عذاب ہوگا۔ اور اسے اس عذاب کی مزید طلب اسی طور سے ہوگی۔ جیسے کسی خارش زدہ کو خارش کی طلب ہوتی ہے۔ حالانکہ خارش کرنا خود اسی کے لئے نقصان دہ ہوتا ہے۔

اِرتکابِ گناہ کے وقت اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا :

حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ نے مزید فرمایا۔ کہ! گناہوں کے ارتکاب کے وقت اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا بہت ہی عمدہ اور افضل عمل ہے۔ اس لئے جب کوئی بندہ (خدانخواستہ) کسی گناہ کا مرتکب ہونے لگے۔ تو اسے چاہیئے۔ کہ یہ بات پیشِ نظر رکھنے کی کوشش کرے۔ کہ اس کا پروردگار زبردست قدرت (طاقت) کا مالک ہے۔ انشاء اللہ اس (اللہ تعالیٰ کی قدرت کے تخیل وتصور) کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ کا خوف پیدا ہو جائے گا۔ (جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اس شخص کے گناہ معاف فرما دے گا) لیکن اگر گناہوں کو معاف نہ بھی کیا گیا۔ تو بھی اس کے عذاب میں ضرور کمی آجائے گی۔

حکایت : ایک مرتبہ حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ نے گناہ کے ارتکاب کے وقت اپنے رب کو یاد کرنے کے بارے میں اپنے شیخ حضرت عمر بن الھواریؒ کے حوالے سے ایک حکایت بیان فرمائی۔ کہ! حضرت عمر بن محمد الھواریؒ فرماتے ہیں۔ کہ! ایک مرتبہ ایک انتہائی گناہ گار شخص میرے شیخ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں بھی اس وقت اپنے شیخ کے پاس موجود تھا۔ اس نے میرے شیخ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔ اے میرے آقا۔ میں بہت گناہ گار ہوں۔ اور مسلسل گناہوں کا ارتکاب کرتا رہتا ہوں۔ اس سے بچنے کی کیا صورت ہوسکتی ہے؟ میرے شیخ نے فرمایا۔ تجھ پر افسوس ہے۔ کہ تو اپنے پروردگار کی نافرمانی میں مشغول ہے۔ گناہوں کو چھوڑ دے۔ اور دوبارہ گناہوں کے مرتکب نہ ہونا۔ اس نے عرض کی۔ یہ میرے لئے ممکن نہیں ہے۔ شیخ نے فرمایا۔ تجھ پر افسوس ہے۔ تو اپنے پروردگار کی بارگاہ میں توبہ کرلے۔ پھر اس نے یہ عرض کی۔ کہ یہ بھی نہیں کرسکتا۔ تو شیخ نے اپنی توجہ اس سے ہٹالی۔ وہ (گناہ گار) شخص ایک دو دن تک وہاں ٹھہرا رہا۔ آخر کار جب وہ اُٹھ کے جانے لگا۔ تو دوبارہ اپنے شیخ سے دریافت کیا۔ کہ اے میرے آقا! مَیں گناہوں سے

کیسے نجات حاصل کروں۔شیخ نے فرمایا۔تُو جب بھی (کسی چھوٹے یا بڑے) گناہ کا ارتکاب کرنے لگے۔تو تین باتیں ذہن میں رکھ لینا۔

نمبر 1. جوگناہ وبرائی تم کرنے لگے ہو۔اول تو تم اس گناہ اور برائی کو یادرکھو۔اس کی قباحتوں اوراس کے ارتکاب کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ کی ناراضگی وغضب کے بارے میں سوچ لینا۔ **نمبر 2.** اپنے وجود کی کم مائیگی اور کمزوری کا خیال کرنا۔کہ(اس قدر حقیر ہونے کے باوجود تم) کس طرح تم اپنے (مہربان، رحیم وکریم ذات کے حامل) رب تعالیٰ کی نافرمانی کررہے ہو۔ **نمبر 3.** اپنے پروردگار کی عظمت وطاقت وقدرت اور اُس کے سطوت وقہر کا خیال دل میں لانا۔کہ وہ جب چاہے۔تمھاری گرفت کرکے تمھیں قرار واقعی سزا (بھی) دے سکتا ہے۔اور پھر یہ سوچنا۔کہ اللہ تعالیٰ نے تم سے درگزر کرتے ہوئے کس طرح تمھارے عیوب پر پردہ ڈال رکھا ہے۔(یادرہے۔کہ) ان تینوں باتوں کو پیشِ نظر رکھو گے۔تو پھر جو جی میں آئے کر لینا۔چنانچہ وہ شخص چلا گیا۔اور کچھ مدت کے بعد مجھے (الہواریؒ کو) ملا۔اور مجھے سلام کیا۔اور کہا۔کہ (شاید) آپؒ مجھے نہیں پہچانتے ؟ میں نے کہا۔آپ کون ہیں؟ کہنے لگا۔میں وہی معاصی ہوں۔حضرت کے کلام کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے میری دستگیری فرمائی۔اس طرح کہ جس وقت میں معصیت کا ارادہ کرتا۔تو جن اُمور (مذکورہ تین باتیں) کو حضرت (الہواریؒ) نے یادرکھنے کو فرمایا تھا۔(اِن تینوں باتوں کو جب میں) یاد کرتا تھا۔تو گناہ نہیں کرسکتا تھا۔اور یہی (تین نصائح) میری توبہ کا سبب بنے۔

والدین کی نافرمانی کے 04 بڑے نقصانات اور فرمانبرداری کے 04 بڑے فوائد :

حضرت سیدی دباغؒ اپنے شیخ حضرت عمر بن الہواریؒ سے نقل کرتے ہیں۔کہ! والدین کی فرمانبرداری کے چار (بڑے) فوائد یہ ہیں۔جو کہ مذکورہ نقصانات کی ضد ہیں۔ **نمبر 1.** دنیا اس شخص سے اس طرح محبت کرتی ہے۔جس طرح کہ ایک بندہ مومن جنت کے ساتھ محبت کرتا ہے۔ **نمبر 2.** لوگ اس کی گفتگو، توجہ اور دلچسپی سے سنتے ہیں۔ **نمبر 3.** اولیائے کرام ایسے شخص سے محبت کرتے ہیں۔ **نمبر 4.** ایسے شخص کا ایمان (روز بروز بڑھتا چلا جاتا ہے۔ اسی طرح سے والدین کی نافرمانی کے چار (بڑے) نقصانات یہ ہیں۔ **نمبر 1.** دنیا اس (اپنے والدین کے نافرمان شخص) سے دور ہوجاتی ہے۔یہاں تک کہ لوگ اِس سے اس قدر نفرت کرنے لگ جاتے ہیں۔جتنی نفرت کوئی بندہ مومن جہنم سے کیا کرتا ہے۔ **نمبر 2.** ایسا شخص لوگوں کے درمیان بیٹھ کر (جب) گفتگو کرتا ہے۔تو اللہ تعالیٰ سامعین کی توجہ کسی اور طرف مبذول کروادیتا ہے۔اس شخص کی گفتگو سے نور وبرکت نکال دیتا ہے۔اور لوگ ایسے شخص (کی گفتگو سن کر) اسے ناپسند کرنے لگ جاتے ہیں۔ **نمبر 3.** دیوانُ الصالحین کے اراکین ایسے شخص کی طرف مہربانی اور شفقت کی نظر سے نہیں دیکھتے۔(یہاں تک کہ اسے مصائب ومشکلات میں گھائل دیکھ کر بھی) اس پر ترس نہیں کھاتے۔ **نمبر 4.** ایسے شخص کا نورِ ایمان دن بدن کم (اور کمزور) ہوتا چلا جاتا ہے۔پھر اللہ تعالیٰ جس شخص کو تباہی کا شکار کرنا چاہے۔تو اس کے ایمان کا نور مکمل طور پر ختم ہوجاتا ہے۔اور ایسے شخص کی موت کفر کی حالت میں ہوا کرتی ہے۔اللہ تعالیٰ ہمیں اس آفت سے محفوظ فرمائے۔(آمین) اور وہ ناقص ایمان کے ساتھ اس دنیا سے رخصت ہوتا ہے۔اللہ تعالیٰ ہمیں اس آفت سے محفوظ ومامون رکھے۔(آمین)

حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ نصیحت فرماتے ہیں۔کہ! مذکورہ اِن چاروں فوائد اور نقصانات کو ہمیشہ اپنے پیشِ نظر رکھو۔

لوگوں کی اقسام : (بقول سیدی دباغؒ) انسان کو چاہیئے۔کہ! وہ ہمیشہ اپنی کیفیت کا جائزہ لازمی لیتا رہے۔کہ وہ کس مقام پر موجود ہے۔اور اس نے اپنی ذات کے لئے کون سا دروازہ کھول رکھا ہے۔(یادرہے۔کہ یہ کام فوراً کر لینا چاہیئے۔اور ہمیشہ اِس کام کی مسلسل تکرار کرنی چاہیئے) اس سے پہلے کہ انسان اپنے کئے پر شرمسار وشرمندہ ہو۔(کیونکہ! اگر کافی وقت گزر گیا) تو اس کی ندامت بھی کسی کام نہیں آئے گی۔بقولِ سعدی شیرازیؒ !

در جوانی توبہ کردن شیوہ پیغمبری — وقتِ پیری گُرگ ظالم میشود پرہیزگار

اکثر لوگ یہ خیال کرتے ہیں۔کہ! ظاہری طور پر اللہ تعالیٰ کے احکامات کی پیروی کرنا ''بابُ الحق'' کو کھولنے کے لئے کافی ہے۔جیسا کہ ظاہری طور پر اللہ تعالیٰ کے احکامات کی نافرمانی کرنا شر کے دروازوں کو کھولنے کے لئے کافی ہوتا ہے۔حالانکہ حقیقت حال تو اِس سے مختلف ہے۔کیونکہ ظاہر کا باطن کے مطابق ہونا لازمی ہے۔لہذا اِس اعتبار سے لوگوں کی (غالبًا) چار قسمیں ہوں گی۔

نمبر 1. وہ لوگ کہ جن کا ظاہر وباطن دونوں ہی اللہ کے ساتھ ہوں۔ظاہر کی صورت یہ ہے۔وہ انسان مکمل طور پر اللہ تعالیٰ کے احکامات کی پیروی کرے۔جبکہ باطنی تعلق کا مفہوم یہ ہے۔کہ ظاہری اطاعت کے وقت انسان کسی بھی قسم کی غفلت کا شکار نہ ہو۔اور اسے مراقبے ومشاہدے کی صلاحیت بھی حاصل ہو۔اس قسم سے تعلق رکھنے والے لوگ اللہ تعالیٰ کے محبوب بندے ہوں گے۔(انشاءاللہ تعالیٰ) اگر کوئی انسان یہ سوچ کر اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول ومائل ہو۔کہ عبادت کا اہل صِرف اور صِرف اللہ تعالیٰ ہی ہے۔تو اس کی عبادت میں کبھی بھی کوئی وسوسہ یا شائبہ داخل نہیں ہوسکے گا۔(انشاءاللہ تعالیٰ) **نمبر 2.** وہ لوگ کہ جن کا ظاہر وباطن دونوں ہی غیر اللہ کی جانب مبذول ہوں۔(اللہ تعالیٰ ہم سب مسلمانوں کو اِس سے محفوظ رکھے۔آمین) یہ تو وہ لوگ ہیں۔کہ جن کا ظاہر بھی احکاماتِ خداوندی کی خلاف ورزی میں مشغول ہے۔اور اِن کے باطن پر تو ویسے بھی غفلت وتاریکی کے اندھیرے چھائے ہوئے ہیں۔یہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ناپسندیدہ ترین لوگ ہیں۔ **نمبر 3.** وہ لوگ کہ جن کا ظاہر تو اللہ تعالیٰ کے ساتھ متعلق نظر آئے۔اور اِن کا باطن غیر اللہ کی طرف مائل ومشغول ہو۔چنانچہ ظاہری طور پر تو یہ لوگ احکامِ خداوندی کی پیروی میں مشغول نظر آتے ہیں۔مگر اِن کا باطن غفلت کا شکار ہوتا ہے۔ **نمبر 4** اس کی توضیح میں حضرت دباغؒ مزید فرماتے ہیں۔کہ! اس خامی کی بنیادی وجہ یہ ہے۔کہ! انسان عبادت کرتے وقت صِرف عام عادت کے تحت چند افعال سرانجام دے۔اِن کے نزدیک عبادت بھی دیگر عام عادات کی مانند ایک عادت ہی کی حیثیت رکھتی ہے۔جس کی وجہ سے اِن کا وجود اِس عادت سے مانوس ہوجاتا ہے۔لہذا یہ

احکامِ شریعت کی پیروی کے بجائے صِرف اپنی عادت سے مجبور ہو کر عبادت کیا کرتے ہیں۔
یاد رہے۔ کہ! اِس قسم سے تعلق رکھنے والے کچھ افراد کی کیفیت تو یہاں تک ہوتی ہے۔ کہ ایسے لوگ دیگر لوگوں میں ایک متقی و پرہیزگار اور عبادت گزار و نیک شخص کی حیثیت سے مشغول ہو جاتے ہیں۔ اور پھر اِس بات سے خوفزدہ ہو جاتے ہیں۔ کہ! اگر ہم نے عبادت نہ کی۔ یا عبادت میں کوئی کوتاہی و غفلت برتی۔ تو ہماری شہرت کو نقصان پہنچے گا۔ (ریا کار مسلمان کی یہی نشانی ہے) ایسے لوگ ہمیشہ دیگر لوگوں کی نظروں میں اپنی قدر منزلت اور اپنے تقوٰی و نیکی کی ساکھ کو برقرار رکھنے کے لئے دائمًا عبادت میں مشغول رہتے ہیں۔ یہ تو وہ لوگ ہیں۔ کہ جتنی زیادہ عبادت کرتے جائیں گے۔ اُسی قدر ہی اللہ تعالیٰ اور اُس کی عنایات و اکرامات سے دور ہوتے چلے جائیں گے۔ (اللہ تعالیٰ ہم سب کو ایسی عبادت سے محفوظ و مامون رکھے۔ آمین) بعض اوقات ایسے بھی ہوتا ہے۔ کہ! اِس قسم سے تعلق رکھنے والے افراد میں سے کسی شخص کی ملاقات پہلی قسم سے تعلق رکھنے والے اولائے کرام سے ہو جاتی ہے۔ وہ ولی اللہ اس (ریا کار) شخص کے باطن میں موجود پروان چڑھنے والی خرابی و تباہی کو پہچان کر اس شخص کی اس بیماری سے نجات کے لئے ایسے شخص کو ظاہری عبادات سے روک کر عدم ادائیگی کا حکم دیتا ہے۔ جن کا کہ یہ شخص عادی ہو چکا ہوتا ہے۔ لیکن وہ اپنی عادت و بیماری سے مجبور ہو کر اُس ولی اللہ کی نصیحت کو قبول نہیں کرتا۔ اور بدستور ظاہری عبادات کی ادائیگی میں محو و مستغرق اور مشغول رہتے ہوئے خود کو تباہ و برباد کر لیتا ہے۔ (استغفر اللہ۔ توبہ ونعوذ باللہ) بہت سے عبادت گزار صِرف اِسی وجہ سے جہنم کا ایندھن بنے ہیں۔ کہ اُنہوں نے اپنی کی ہوئی عبادت پر بھروسہ کر لیا۔

حکایت : احمد بن مبارک سلجماسیؒ اسی نوعیت کا ایک سبق آموز واقعہ حضرت بایزید بسطامیؒ سے نقل کرتے ہیں۔ کہ! اِن کے زمانے میں کسی شخص کی باطنی کیفیت ایسی ہی ہو گئی تھی۔ تو حضرت بسطامیؒ نے اُس شخص کو نوافل کی ادائیگی نہ کرنے کا حکم صادر فرمایا۔ لیکن اس نے آپؒ کا حکم نہ مانا۔ اس کے ساتھیوں نے اسے سمجھایا بھی۔ کہ! تم آخر اتنے بڑے شیخ کی بات کیوں نہیں مان رہے۔ لیکن حضرت بایزیدؒ نے اُس کے ساتھیوں کو کہا۔ کہ اسے اس کے اسی حال پر چھوڑ دو۔ کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کی نظروں سے گر چکا ہے۔

نمبر 4. وہ لوگ کا جن کا ظاہر تو غیر اللہ کی طرف مائل و مشغول محسوس ہوتا ہے۔ لیکن باطنی اعتبار سے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف مائل و مشغول ہیں۔ ایسے لوگ ظاہری طور پر تو شریعت کے احکامات کی (کھلم کھلا) خلاف ورزی کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ لیکن اِن کا باطن اللہ تعالیٰ ہی کی طرف مائل بہ کرم مراقبہ حق میں مشغول ہوتا ہوا نظر آتا ہے۔ چنانچہ وہ معصیت کے ظاہری ارتکاب کے باوجود مشاہدہ حق سے غافل نہیں ہوتا۔ کیونکہ ایسے لوگوں کو گناہ بہت بھاری محسوس ہوتے ہیں۔ اور اسے یوں لگنے لگتا ہے۔ کہ جیسے اس پر پہاڑ پھینک دیا گیا ہو۔ ایسا شخص ہمیشہ پریشان اور **غمگین** رہتا ہے۔ اس قسم سے تعلق رکھنے والے افراد تیسری قسم کے لوگوں سے بدرجہا بہتر اور افضل ہوا کرتے ہیں۔ کیونکہ ظاہری عبادات کا بنیادی مقصد تو انسان کے دل میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کے وقت خشوع و خضوع اور عاجزی و انکساری کا جذبہ پیدا کرنا ہوتا ہے۔ جو اس قسم کے افراد کو میسر ہو جاتا ہے۔ لیکن تیسری قسم کے لوگ محرومی کا شکار رہتے ہیں۔

روحانی سفر میں سات (07) بڑی رکاوٹیں : حضرت شیخ احمد دباغ کی تعلیمات میں ہے۔ کہ!

اول۔ جسم، دل اور دماغ کا اللہ تعالیٰ سے عدم تعلق۔ دوئم۔ اللہ تعالیٰ سے روحانی تعلق کا نہ ہونا۔ سوئم۔ زندگی کے بڑے مسائل کا ہونا۔
چہارم۔ ناجائز دولت۔ پنجم۔ خاندانی مسائل کا درپیش ہونا۔ ششم۔ اولاد و احباب سے عدم تعلق۔ ہفتم۔ استاد کی اتباع کا نہ ہونا۔

طہارت کے دس درجات: درجاتِ طہارت روح کی طرف منسوب ہیں۔ جو کہ دس ہیں۔ (اس مضمون میں جگہ جگہ روح اور ذات کے الفاظ استعمال ہوں گے۔ چونکہ انسان مرکب ہے روح و جسم کا۔ لہذا یہاں پر ذات سے مراد جسم یعنی جان کے ہوں گے) جب روح اپنی بصیرت کی مدد سے کوئی خواب دیکھتی ہے۔ تو اسے اصلی حالت پر دیکھتی ہے۔ کہ اس میں کسی قسم کی تبدیلی یا تغیر نہیں ہو سکتا۔ اور جب روح اسے (یعنی خواب کو) ذاتِ انسانی کے حوالے کرنے لگتی ہے۔ تو ذات کی طرف دیکھتی ہے۔ پس اگر ذاتِ انسانی ظلام سے پاک اور ہر لحاظ سے معصوم ہو۔ تو وہ اس خواب کو روح تک بغیر تبدل و تغیر کے (جیسا کہ اس نے ملاحظہ کیا ہوا ہوتا ہے۔ کی طرف) ادا کر دیتی ہے۔ لیکن اگر (خدانخواستہ) ذات میں ظلمت ہو گی۔ تو اسے ادا کرتے وقت خواب میں بھی تغیر و تبدل ضرور ہو گا۔ لہذا اس خواب کی تعبیر بھی ظلمت کی مقدار کے مطابق ہو گی۔ اس بات سے یہ نتیجہ بخوبی اُخذ کیا جا سکتا ہے۔ کہ! روح جب تک ذات تک خواب پہنچاتی ہے۔ اس کا پہنچانا انہی دو اقسام (ظلمت و طہارت) میں منقسم ہو جاتا ہے۔ لہذا خواب کی ادائیگی کے وقت خواب میں ذاتِ طاہرہ کے لئے کسی قسم کا ردوبدل تو صرف ظلمتوں (ظلال) کی وجہ سے ہوتا ہے۔ یاد رہے۔ کہ! کلی طور پر مصفٰی و پاکیزہ اور معصوم اجسام تو صرف انبیاءؑ کے ہوا کرتے ہیں۔ عوام الناس کے اجسام کی معصومیت و پاکیزگی تو جزئی ہوتی ہے۔ اور ایک جہت سے ہوتی ہے۔ جبکہ دوسری جہت سے نہیں ہوتی۔ اسی لئے طاہرت کے بھی دس درجات ہیں۔ جو کہ درجہ ذیل ہیں۔

☆ **پہلا درجہ** : پہلا درجہ طہارت آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی ذات کی نسبت جہلِ مرکب کا نہ ہونا۔ اس قسم کے جہل سے پاک ہونا ہر طرح کی دوسری صفائی سے بڑھ کر ہے۔ اسی لئے اس صفائی کے ہوتے ہوئے جو خواب آئیں گے۔ ان کی تعبیر کی گویا ضرورت ہی نہیں۔ (کیونکہ یہ سچے خواب ہیں)

☆ **دوسرا درجہ** : دوسرا درجہ طہارت یہ ہے۔ کہ! بارگاہِ عالیہ رسالت مآب ﷺ کے بارے میں جہلِ بسیط سے پاک ہونا۔ اس صفائی کا درجہ پہلے درجہ سے کم ہے۔ لہذا اس صفائی والے آدمی کے خواب کی تھوڑی سی تعبیر کی ضرورت بہرحال ہو گی۔ ☆ **تیسرا درجہ** : تیسرا درجہ طہارت عقیدہ ثقلیہ میں جہلِ مرکب سے پاک ہونا ضروری ہے۔ اس درجے کی صفائی کا درجہ گذشتہ دونوں درجات کی صفائی کے بعد آتا ہے۔ اسی لئے اس کے خواب میں تعبیر کی ضرورت پڑتی

ہے۔ ☆ **چوتھا درجہ** : چوتھا درجہ طہارت عقیدہ ثقلیہ میں جہلِ بسیط سے پاک ہونا ضروری ہے۔اس درجے کی صفائی کا درجہ گذشتہ تینوں درجات کی صفائی کے بعد آتا ہے۔اسی لئے اس کے خواب میں بھی تعبیر کی ضرورت پڑتی ہے۔ (بلکہ آنے والے جملہ درجات میں ہر ہر خواب کی تعبیر جاننا نہایت لازمی ہے)

☆ **پانچواں درجہ** : پانچواں درجہ طہارت عقیدہ خفیفہ میں جہلِ مرکب سے پاک ہونا ضروری ہے۔یہ عدم اور صفائی سے بھی نچلے درجے کی ہے۔

☆ **چھٹا درجہ** : چھٹا درجہ طہارت عقیدہ خفیفہ میں جہلِ بسیط سے پاک ہونا ضروری ہے۔اس عدم کا درجہ ماقبل کے بعد آتا ہے۔

☆ **ساتواں درجہ** : ساتواں درجہ طہارت یہ ہے۔کہ! حرام کا قصداً اارتکاب نہ کیا جائے۔مزید برآں اس میں عالمِ انوار اور عالمِ اغیار کا بُعد موجود ہے۔لہذا اس میں ماقبل والی ظلمت کے ساتھ مزید ظلمت بھی پائی گئی ہے۔ ☆ **آٹھواں درجہ** : آٹھواں درجہ طہارت یہ ہے۔کہ! مکروہ بات کا عمداً نہ کرنے کا ہے۔ ☆ **نواں درجہ** : نواں درجہ عدم سہو حرام ہے۔ ☆ **دسواں درجہ** : دسواں درجہ عدم سہو مکروہ کا ہے۔یہ درجہ سب سے زیادہ ثقیل اور ذات کا حوالہ کرتے وقت سب سے زیادہ ظلمت والا ہے۔

قلندر را ں کہ بہ تسخیرِ آ ب و گل کوشند ‎ ‎ زِ شا ہا ں تا ج ستا نند و خر قہ بر د و شند

ظلمت کے دس درجات: قوت وضعف کے اعتبار سے ظلمت کے دس درجات ہیں۔یہ دس درجات مذکورہ طہارت کے دس درجات کا عدم اور ضد ہیں۔اسی لئے درجاتِ ظلمت کا حال ثقل اور جفت کے اعتبار سے درجات طہارت کے برعکس ہوگا۔ ☆ **پہلا درجہ** : پہلا درجہ وہ ظلمت ہے۔جو کہ فعلِ مکروہ کے سہوًا مرتکب ہونے سے ذات میں داخل ہو جائے۔(یعنی سہوًا اصغیرہ کبیرہ گناہ کرنے سے) ☆ **دوسرا درجہ** : دوسرا درجہ وہ ظلمت ہے۔جو ایک حرام بات کو سہوًا کرنے میں ذات میں داخل ہو جائے۔(یعنی سہوًا جھوٹ بولنے،غیبت وغیرہ کرنے سے) ☆ **تیسرا درجہ** : تیسرا درجہ وہ ظلمت ہے۔جو ذات میں ایک مکروہ چیز کو عمدًا اور قصدًا کرنے سے۔(بائیں ہاتھ سے کچھ کھانے پینے یا کوئی فعلِ مکروہ سرانجام دینے سے) ☆ **چوتھا درجہ** : چوتھا درجہ وہ ظلمت ہے۔جو کہ حرام کو ارادۃً کرنے سے۔(جیسے زنا (زنا چاہے نفس،آنکھ یا عقل سے ہو)،روزہ توڑنے وغیرہ سے) ☆ **پانچواں درجہ** : پانچواں درجہ وہ ظلمت ہے۔جو خفیف عقیدے میں جہلِ بسیط کی وجہ سے ذات میں داخل ہوتی ہے۔(یاد رہے۔کہ! جہل چاہے بسیط ہو یا مرکب دونوں ہی ایمان کے لئے بہت بڑی رکاوٹیں ہیں۔جہلِ بسیط (یا جہل مطلق) سے مراد یہ ہے۔کہ! انسان علم نہ رکھتا ہو۔اور اسے اپنے علم نہ ہونے اور نہ ہی جاننے کا یقین ہو۔لہذا اس طرح کی جہالت شروع میں تو مذموم اور قابلِ مذمت نہیں۔لیکن اسی جہالت پر قائم رہنا اخلاقی لحاظ سے بہت برا اور قابلِ مذمت ہے۔اور جہل مرکب سے مراد یہ ہے۔کہ! انسان عالم تو نہیں ہے۔اور اس کے ذہن میں واقعیت اور حقیقت سے متعلق کچھ بھی نہیں ہے۔پھر بھی اس کا یہ خیال ہے۔کہ! وہ واقعتًا حقیقت تک پہنچ گیا ہے۔جہل بسیط یعنی ایسا جاہل جو جانتا ہے کہ وہ جاہل ہے۔جبکہ جہل مرکب یعنی ایسی جہالت جو نہیں جانتا کہ وہ جاہل ہے۔مگر جہالت دور بھی نہیں کرتا۔اور اپنے جہل کو درست قرار دیتا ہے۔اور اسی طرح سے عقیدہ خفیف یعنی ایسا عقیدہ جس کی وجہ سے کوئی شخص دائمًا جہنم میں تو نہیں رہے گا۔مگر اسے سزا ضرور ملے گی۔اسی طرح سے عقیدہ ثقلیہ وہ ہے۔جس کا حامل شخص دائمًا دوزخ میں رہے گا) ☆ **چھٹا درجہ** : چھٹا درجہ وہ ظلمت ہے۔جو ذاتِ انسانی پر جہل مرکب کے طور پر عقیدہ خفیف میں جہالت کی وجہ سے سرزد ہو۔ ☆ **ساتواں درجہ** : ساتواں درجہ وہ ظلمت ہے۔جو ذات پر عقیدہ ثقلیہ میں جہلِ بسیط کی وجہ سے داخل ہو۔

☆ **آٹھواں درجہ** : آٹھواں درجہ وہ ظلمت ہے۔جو ذات پر عقیدہ ثقلیہ میں جہلِ مرکب کی وجہ سے داخل ہوتی ہے۔

☆ **نواں درجہ** : نواں درجہ وہ ظلمت ہے۔جو ذاتِ انسانی پر آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی ذاتِ اقدس کے متعلق جہلِ بسیط کی وجہ سے داخل ہو۔(یعنی حضور ﷺ کے متعلق ایسی صفات کا عقیدہ رکھنا جو کہ آپ ﷺ میں موجود نہ تھی) ☆ **دسواں درجہ** : دسواں درجہ وہ ظلمت ہے۔جو ذاتِ انسانی پر آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی ذاتِ اقدس کے متعلق جہلِ مرکب کی وجہ سے داخل ہو۔

سر تے ٹوپی ،تے نیت کھوٹی،لینا کی سر ٹوپی دَھر کے ‎ ‎ تسبیح پھری پر دل نہ پھریا،لینا کی تسبیح ہتھ پھڑ کے

حضرت سیدنا عبدالعزیز دباغؒ نے فرمایا۔کہ! ظلمت کے دس درجات نگاہِ ذات کی طرف منسوب ہیں۔

یاد رہے۔کہ! ظلمت وطہارت کے یہ دس درجات صرف عوام الناس کے لئے ہیں۔نہ کہ انبیاء ورسلؑ۔کیونکہ! انبیاء ورسلؑ تو ازلی ودائمی طور پر پاکیزہ و معصوم ہوتے ہیں۔اور اسی طرح سے گروہِ انبیاء ورسلؑ کی نیند بھی عام لوگوں کی نیند کی طرح نہیں ہوتی۔کیونکہ! وہ خواہ سوئے ہوئے ہی کیوں نہ ہوں۔مگر وہ ہمہ وقت حقیقی طور پر مشاہدہ حق میں مشغول ومحو ہوتے ہیں۔یہی وجہ ہے۔کہ! ان کی آنکھیں تو سوئی ہوئی ہوتی ہیں۔مگر دل بیدار ہوتے ہیں۔

☆ **فتوح**۔ **ما یفتح اللہ للناس من رحمۃ فلا ممسک لھا**۔(ترجمہ) اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے جو کچھ لوگوں کے لئے کھول دے۔پس اسے کوئی بند کرنے والا نہیں۔(القرآن۔02:35) ایسی چیز،جو کہ غیب سے بن مانگے اور بغیر تلاش وجستجو کئے دستیاب ہو جائے۔اسے فتوح سے موسوم کیا جاتا ہے۔اس کی تین اقسام ہیں۔پہلی قسم رزق اور عیش کے ارادے کے ساتھ وابستہ ہے۔جس کی تین شرائط ہیں۔ طلب کے بناء۔محنت کے بناء۔توقع کے بناء۔ فتوح کی دوسری قسم ''علم لدنی'' ہے۔اس سے مراد! بناء سیکھے شریعت کے موافق ہونا۔ بناء سنے قلبی اسرار سے آگاہی۔ بناء تجربے کے حکمت پر عبور۔ فتوح کی تیسری قسم ''غیبی اشارات'' کی ہے۔جو کہ تین باتوں سے عبارت ہے۔ عمدہ خوابوں کی بشارت۔ نیک وصالح لوگوں کی سی دُعا۔ دلوں میں قبولیت۔

یک نفسے خموش کن در خمشی خروش کن ‎ ‎ وقتِ سخن تا خامشی در خمشی تُو ناطقی

حصولِ فتح کے بعد کی تفصیلات و کیفیات :

جب انسان تمام صغیرہ وکبیرہ گناہوں سے پاک ہوجاتا ہے۔اوراُسے توبہ نصوحہ حاصل ہوجاتی ہے۔تو اللہ تعالیٰ اپنے بندے پر اپنے خصوصی فضل وکرم کی برسات وبہار شروع کردیتا ہے۔اوراُسے فتوحات ملنا شروع ہوجاتی ہیں۔علمائے تصوف اوراولیائے عظام کی اپنی اپنی اصطلاحات کے مطابق فتح دراصل کئی معنوں ومفاہیم میں استعمال کی جاتی ہے۔لیکن زیادہ تر کا یہ خیال ہے۔کہ **فتح کا مطلب یہ ہے**۔کہ جب کوئی بندہ اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے تقوٰی وبزرگی حاصل ہونے کے بعد مستجاب الدعوات ہوجاتا ہے۔اوراوراُس کے تمام اُمور از جانب الٰہی خود بخود ہوتے چلے جاتے ہیں۔اوراُس سے مافوق الفطرت اعمال وافعال اوراقوال کاظہور ہونے لگتا ہے۔تواِن تمام انعامات،احسانات اوراکراماتِ الٰہیہ کوفتح کے لفظ سے موسوم کیا جاتا ہے۔

جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کوفتح نصیب کرتا ہے۔تو بہت سے انوار اس کے وجود میں داخل ہوجاتے ہیں۔یہاں تک کہ یہ تمام انوارات اِس شخص کی رگوں،ہڈیوں اور گوشت پوست میں کے ریشوں میں سما جاتے ہیں۔اور اِن کے داخلے کے جوٹھنڈک وفرحت اور تازگی کا مسحور کن احساس ہوتا ہے۔اس کی کیفیت بوقت نزع (جو کہ شہادت سے پہلے ہو) کی تکلیف کی مانند ہوتی ہے۔اِن انوار کی خصوصیت یہ ہے۔کہ! جب اللہ تعالیٰ اپنے بندے کوکسی بھی قسم کی مخلوق کا مشاہدہ کروانا چاہتا ہے۔تو یہ انوار اس مخلوق سے اَسرار کواُس بندے کے سامنے نمایاں کردیتے ہیں۔اس لئے کہ جب تک یہ زمین،بنی نوعِ انسان،حیوانات،جنات،حشرات اور جمادات وغیرہ تمام اشیاء انسانی وجود میں سرایت نہ کرجائیں۔اس وقت تک انسان مخلوقات کا مشاہدہ نہیں کرسکتا۔اور اِن کے اَسرار کی آمد کے وقت بھی انسان کونزع کی سی تکلیف کا سامنا کرنا ہی پڑتا ہے۔کیونکہ نبی اکرم ﷺ کا دیدار اور مشاہدہ اس وقت تک نصیب نہیں ہوسکتا۔جب تک کہ آپ ﷺ کی ذاتِ بابرکات کے ساتھ انسان کا وجود سیراب نہ ہوجائے۔ بہرحال! مذکورہ بیان کی مثال ہم یوں بیان کرسکتے ہیں۔کہ! فتح سے پہلے انسانی ذات ایک تاریک اورظلمت وغفلت کا وجود رکھتی ہے۔جبکہ نبی مکرم ﷺ کی عظیم المرتبت ذاتِ اقدس ایک (اشرف ترین بشر اور) نور کی مانند ہے۔جس کی کئی اقسام ہیں۔اور یہ اقسام ایک لاکھ انوار سے متجاوز ہیں۔جب اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے تاریک وجود کو(نبی کریم ﷺ کے) نور سے منور کرنا چاہتا ہے۔تواس وقت نورِ محمدی ﷺ کی تجلی انسان کے وجود پر وارد ہوتی ہے۔چناچہ انسان کے وجود(کی **366** رگوں،گوشت پوست،ہڈیوں اورتمام جسم)کے اندر آپ ﷺ کی ذاتِ بابرکات کے اَسرار سرایت کرجاتے ہیں۔

مطمئن سے ہو گئے یہ حقیقت جان کر ۔ اور بھی اِک زندگی ہے ، ماورائے زندگی

اھلِ فتح کو کن باتوں کا مشاھدہ ھوتا ھے: حضرت سیدنا عبدالعزیز دباغؒ نے فرمایا۔کہ! **مقامِ اول** میں جن امور کا مشاہدہ ہوتا ہے۔وہ یہ ہیں۔(1) بندوں کے افعال جو کہ وہ خلوت میں کرتے ہیں۔(2) ساتوں زمینوں اور ساتوں آسمانوں کا مشاہدہ۔(3) اس آگ کا مشاہدہ،جو پانچویں زمین میں ہے۔(4) ساتوں زمینوں کے باہمی اشتیاک اوران میں جومخلوقات آباد ہے۔اوران کا مشاہدہ ایک زمین سے دوسری تک کیسے نکلیں گے۔اور ہر زمین کا مابہ الامتیاز کیا ہے۔جو دوسری میں نہیں پایا جاتا۔(5) ساتوں آسمانوں کے باہمی اشتیاق کا مشاہدہ،کہ ایک دوسرے سے کس طرح ملا ہوا ہے۔اور آپس میں ان کی کیا نسبت ہے۔اوران میں ستارے کس طرح سے رکھے گئے ہیں۔(6) شیاطین کا مشاہدہ،کہ ان کے توالدو تناسل کی کیا صورت ہے۔(7) جنات کا مشاہدہ اوروہ یہ کہ وہ کہاں رہتے ہیں۔(8) شمس وقمر اور ستاروں کی رفتار اوران خوفناک آوازوں کا مشاہدہ جوفوراً اہلاک کردیں۔

کیا ہنسی آتی ہے مجھ کو حضرتِ انسان پر ۔ فعلِ بد خود ہی کریں ، لعنت کریں شیطان پر

مقامِ دوئم میں جومشاہدات حاصل ہوتے ہیں۔وہ یہ ہیں۔جیسے مقامِ اول میں اہلِ فتح کوامورِ ظلمانی اورفانی مشاہدات کرائے گئے تھے۔اسی طرح سے دوسرے مقام میں اسے انوار باقیہ کا مشاہدہ کرایا جاتا ہے۔چنانچہ اسے عام فرشتے،محافظ فرشتے،دیوانِ اولیاء کا مشاہدہ کرایا جاتا ہے۔ اوراسی طرح سے بعض انبیاءؑ کا بھی مشاہدہ کرایا جاتا ہے۔لہٰذا سالک کو چاہیئے۔کہ! سوائے آنحضور نبی مکرم ﷺ کے کسی بھی مقام پر نہ ٹھہرے۔مثلاً اگر کوئی شخص مقامِ عیسیٰؑ پر ٹھہر گیا۔تو انہی کے اسرار سے سَیر ہوجائے گا۔اور بالآخر انہی کا مذہب (یعنی شریعت عیسویؑ) کو اختیار کرکے مذہبِ محمدی (شریعتِ محمدی ﷺ) کوفراموش کر بیٹھے گا۔اللہ تعالیٰ بچائے۔ہر صاحب فتح کے لئے ہروقت بڑے عظیم خطرات پیش نظر رہتے ہیں۔لہٰذا جب تک مقامِ محمدی ﷺ کا مشاہدہ نہ کرلیا جائے۔کیونکہ ظاہر ہے۔کہ! آنحضور نبی مکرم ﷺ کے مقام کا مشاہدہ کرلینے کے بعد امتی کو ہرطرح کا سکون وآرام،راحت وسرور حاصل ہوجاتا ہے۔ کیونکہ آنحضرت ﷺ کی ذات اقدس میں جوقوت موجود ہے۔وہ کسی بھی نبی ورسل یاکسی اورمخلوق میں قطعاً موجود نہیں۔اور یہی قوت جملہ مخلوقات میں صرف آپ ﷺ کے ساتھ مخصوص ہے۔اور وہ اللہ تعالیٰ کی طرف کھینچ لیتی ہے۔یہی وجہ ہے۔کہ! آپ ﷺ اعزالخلوقات،سیدالمرسلین،امام المرسلین اوررحمت اللعالمین ہیں۔ **مقامِ سوئم** میں صاحبِ فتح مذکورہ بالا انوار میں تقدیر کے اسرار کا مشاہدہ کرتا ہے۔ **مقامِ چھارم** میں اس نور کا مشاہدہ ہوتا ہے۔جس پر فعلِ الٰہی منسبط (پھیل) اور گھل مل گیا ہو۔جیسا کہ پانی میں نمک۔اس مقام پر پہنچ کر بہت سے لوگوں کو دھوکہ لگ جاتا ہے۔کیونکہ وہ اس نور کونورِ الٰہی خیال کرتے ہیں۔حالانکہ نورِ الٰہی درحقیقت اس نور سے بدرجہا بلندوبرتر ہے۔ **مقامِ پنجم** میں فعلِ الٰہی کی اس نور سے علیحدگی کا مشاہدہ ہوتا ہے۔کہ نور (واقعتاً) نور نظر آتا ہے اورفعل فعل۔اہل فتح اس مقام پر اپنی غلطی کو نہ صرف محسوس کرتا ہے۔بلکہ وہ سمجھتا ہے کہ اس کا پہلا گمان غلط تھا۔

اب جو بچھڑے ہیں تو احساس ہوا ہے ہم کو ۔ درد کیا ہوتا ہے ؟ تنہائی کسے کہتے ہیں

دیوانُ الصّالحین کے انعقاد کی جگھیں :

سیدی عبدالعزیز دباغ ؒ فرماتے ہیں ۔کہ! صالحین (اللہ تعالیٰ اور نبی اکرم ﷺ کے چند چنے ہوئے بزرگ اولیاءاللہ) کا دیوان اسی غارِحرا میں منعقد ہوتا ہے ۔جس میں کہ نبی مکرم ﷺ بعثت نبوت سے قبل تنہائی میں عبادت وریاضت کیا کرتے تھے ۔اور سال بھر میں صِرف ایک مرتبہ دشتِ سوس اور سوذان کے مغربی حصے کے درمیان ''زاوی اسا'' نامی جگہ پر سوڈان سے تعلق رکھنے والے اولیائے کرام کا اجتماع ہوا کرتا ہے ۔اِن میں سے بعض حضرات صِرف اِسی ایک رات میں دیوان میں تشریف لایا کرتے ہیں ۔تو میں (احمد بن مبارک ؒ) نے دریافت کیا کیا اِن دو مقامات کے علاوہ بھی کسی جگہ پر زیادہ سے زیادہ اولیائے کرام کا اجتماع ہوتا ہے؟ تو آپ ؒ نے فرمایا ۔کہ! اِن دو مقامات کے علاوہ کسی بھی جگہ پر زیادہ سے زیادہ دس اولیائے کرام اکٹھے ہو سکتے ہیں ۔اس سے زیادہ نہیں ہوتے ۔کیونکہ زمین اِن کے انوارات کو برداشت کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتی ۔پھر یہ کہ اللہ تعالیٰ کی مشیت ومنشاء بھی یہی ہے ۔کہ! یہ حضرات (اولیائے کرام) پوری کی پوری روئے زمین کے درمیان پھیلے رہیں ۔(یاد رہے ۔کہ!) جب اولیائے کرام اس مقدس دیوان میں اکٹھے ہوتے ہیں ۔تو یہ ایک دوسرے کی روحانی مدد بھی کرتے ہیں ۔چنانچہ اِن کے وجود سے انوار نکل کر دوسروں کے وجود میں اس طرح داخل ہوتے ہیں ۔جیسے تیر ایک طرف سے چل کر دوسری طرف لپکتا ہے ۔لہذا جب یہ مجلس برخواست ہوتی ہے ۔تو تمام اولیاءاللہ کی روحانیت ونورانیت میں (بہت زیادہ) اضافہ ہو چکا ہوتا ہے ۔نچلے طبقے کے اولیاء اپنے وجود کے ہمراہ حاضر ہوتے ہیں ۔(یعنی کہ جب وہ حاضر ہوں گے ۔تو اپنے گھر بار یا لوگوں کی نظروں کے سامنے نہیں ہوں گے) جبکہ اکابر اولیاءاللہ کے لئے ایسی کوئی پابندی نہیں ہے ۔

دیوان الصالحین کے انعقاد کا مخصوص وقت اور قبولیت دعا کی گھڑی :

دیوان کے انعقاد کا مخصوص وقت رات کا وہ آخری حصہ ہے ۔کہ جب نبی آخر الزماں ﷺ کی مبارک پیدائش ہوئی ۔رات کا یہ تیسرا پہر مقبولیت کے لئے بھی ایک بنیادی سبب ہے ۔اِس ضمن میں ایک حدیثِ نبوی ﷺ کی روایت کے یہ الفاظ ہیں ۔ہمارا پروردگار رات کے آخری پہر میں آسمانِ دنیا پر اپنی خصوصی توجہ فرماتا ہے ۔اور ارشاد فرماتا ہے ۔کون ہے؟ جو مجھ سے دعا مانگے ۔اور مَیں اس کی دعا کو قبول کروں ۔اِسی ضمن میں صاحب **الابریز** فرماتے ہیں کہ! جو شخص وقتِ قبولیت کو پانا چاہے ۔اُسے چاہیئے ۔کہ وہ سوتے وقت (بحالت وضو) سورہ کہف شریف کی آخری آیات (**11** مرتبہ) پڑھ کر پاک وصاف بستر پر سو جائے ۔اور نیت یہ ہو کہ! رات کو بوقتِ استجابت آنکھ کھلے ۔یعنی کہ! یااللہ تعالیٰ (رات کے جس وقت) ساعتِ قبولیت ہو مجھے اپنے خصوصی فضل وکرم سے بیدار فرما دے ۔

اِنَّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ کَانَتۡ لَہُمۡ جَنّٰتُ الۡفِرۡدَوۡسِ نُزُلًا o خٰلِدِیۡنَ فِیۡہَا لَا یَبۡغُوۡنَ عَنۡہَا حِوَلًا o قُلۡ لَّوۡ کَانَ الۡبَحۡرُ مِدَادًا لِّکَلِمٰتِ رَبِّیۡ لَنَفِدَ الۡبَحۡرُ قَبۡلَ اَنۡ تَنۡفَدَ کَلِمٰتُ رَبِّیۡ وَلَوۡ جِئۡنَا بِمِثۡلِہٖ مَدَدًا o قُلۡ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثۡلُکُمۡ یُوۡحٰۤی اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰـہُکُمۡ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنۡ کَانَ یَرۡجُوۡا لِقَآءَ رَبِّہٖ فَلۡیَعۡمَلۡ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا یُشۡرِکۡ بِعِبَادَۃِ رَبِّہٖۤ اَحَدًا o

اس کے بعد صاحب عمل ہذا یہ دُعا کرے ۔کہ! یااللہ تعالیٰ (رات کے جس وقت) ساعتِ قبولیت ہو ۔مجھے اپنے خصوصی فضل وکرم، وسعتِ رحمت اور اپنی عظمت وربوبیت کے صدقے سے بیدار فرما دے ۔آمین ۔یہ شیخ عبدالرحمن ثعالبی ؒ کا بیان ہے ۔کہ! ہم نے بارہا اس (عمل) کو آزمایا ۔اور اس کو اوروں نے بھی تجربہ کیا ۔حتیٰ کہ اکثر ایسا ہوا ۔کہ متعدد اشخاص نے یہ آیات پڑھ کر (ساعتِ قبولیت کے وقت) جاگنے کی دعا مانگی ۔اور کسی ایک کو دوسرے کی نیت کا بھی علم نہیں تھا ۔مگر جب بیدار ہوئے ۔تو بھی ایک ہی وقت میں ۔

☆ حضرت سیدی دباغ ؒ نے ارشاد فرمایا ۔کہ! صاحبِ عمل کو عمل (یعنی کسی بھی قسم کی کوئی نیکی یا نیک عمل) کرتے وقت اپنا (ایک سرسری سا) جائزہ لینا چاہیئے ۔اگر چہ اس کا عمل کسی قدر معمولی ہی کیوں نہ ہو ۔کیونکہ ہر معمولی سے معمولی نیکی کا بھی کوئی نہ کوئی اجر (اور ثواب) ضرور ہوتا ہے ۔اور اس اجر کا مخصوص نور ہوتا ہے ۔جو نیکی کرنے والے شخص کے باطن پر ظاہر ہوتا ہے ۔اور یہ اثر محسوس بھی کیا جا سکتا ہے ۔(اس اثر کو محسوس کرنے کا سہل طریق یہ ہے ۔کہ!) اگر نیکی کرتے وقت انسان کا دل دنیاوی خواہشات اور اللہ تعالیٰ سے منقطع کرنے والے اُمور سے معمور ہوگا ۔تو انسان کو سمجھ لینا چاہیئے ۔کہ وہ اجر (اور ثواب) سے محروم رہے گا ۔کیونکہ اجر سے محرومی کے باعث اس کا دل غافل ہے ۔لیکن اگر عمل کرتے وقت انسان کا دل بارگاہ رب العزت کی طرف متوجہ ہو ۔تو انسان کو سمجھ لینا چاہیئے ۔کہ اللہ تعالیٰ اسے اس عمل کا بہترین اجر عطا فرمائیں گے ۔(انشاءاللہ تعالیٰ) اسی طرح اگر کوئی شخص پورے خلوص اور نیک نیتی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دستِ سوال دراز کرتا ہے ۔تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا کو قبول فرماتا ہے ۔البتہ (اس شخص کی اسی) دعا کی قبولیت کا اثر دو صورتوں میں سے کسی ایک صورت میں (ضرور) ظاہر ہوتا ہے ۔ایک صورت تو یہ ہے ۔کہ سائل کی درخواست کے مطابق اس کی مراد پوری کر دی جاتی ہے ۔جبکہ دوسری صورت یہ ہے ۔سائل کی مراد تو پوری نہیں ہوتی ۔البتہ اسے مراد پوری نہ ہونے کی حکمت کے راز سے آگاہ (ضرور) کر دیا جاتا ہے ۔اور یہ خصوصیت صِرف اولیاءاللہ ہی کو حاصل ہے ۔

☆ غوث الوقت (جو کہ اولیائے کرام کا سرخیل Chair-Person ہوا کرتا ہے) غارِحرا کے باہر بیٹھتا ہے ۔اس وقت مکہ معظمہ اس کے دائیں کندھے کے عین پشت پر ہوتا ہے ۔جبکہ مدینہ منورہ اس کے بائیں گھٹنے کے بالکل مقابل ہوتا ہے ۔اور سات اقطاب دراصل غوث الوقت کے حکم کے تحت (دنیا میں) تصرف کرتے ہیں ۔اِن میں سے چار اقطاب تو اس غوث کے دائیں جانب بیٹھتے ہیں ۔جبکہ تین اقطاب غوث کے بائیں جانب بیٹھتے ہیں ۔اِن میں سے ہر قطب کے ماتحت مزید اولیائے کرام کی ایک جماعت ہوتی ہے ۔جو کہ اپنے سربراہ (یعنی قطب) کے زیرِ انتظام مختلف اُمور میں تصرف کرتے ہیں ۔غوث الوقت کے عین مقابل اس

دیوان کا وکیل بیٹھتا ہے۔غوث اسی وکیل کے توسط سے اہلِ دیوان سے ہم کلام ہوتا ہے۔اور یہ وکیل جملہ ارا کینِ دیوان کی نمائندگی کیا کرتا ہے۔اسی لئے اسے وکیل کہا جاتا ہے۔وکیل کے پیچھے چھ صفیں ہوتی ہیں۔جن کا دائرہ دائیں طرف والے چوتھے قطب سے لے کر بائیں طرف کے ساتویں یعنی آخری قطب تک ہوتا ہے۔گویا کہ ساتوں اقطاب اس دائرے کی ایک سمت میں ہوتے ہیں۔اس کے بعد یکے بعد دیگرے صف در صف کئی صفیں ہوتی ہیں۔

بعض اوقات دیوانُ الصالحین میں (پاک طینت و متقی) خواتین بھی حاضر ہوتی ہیں۔تاہم اِن کی تعداد بہت کم ہوتی ہے۔خواتین کی صِرف تین صفیں ہوتی ہیں۔یہ خواتین صفِ اول کے دائرہ سے اوپر غوثُ الوقت اور بائیں جانب کے اقطابِ ثلاثہ کے درمیان خالی جگہ میں ہوتی ہیں۔بعض اوقات مرحوم اولیائے کاملین (جو کہ صاحبانِ اَمر اولیاء ہو گزرے ہیں) میں سے بھی کوئی نہ کوئی بزرگ (ایک یا ایک سے زیادہ) اِس دیوان میں تشریف لاتے ہیں۔اور اِنہی زندہ مشائخ کے ساتھ تشریف فرما ہوتے ہیں۔تاہم اِن کو تین نکات کی بدولت زندہ مشائخ سے ممتاز کیا جاسکتا ہے۔

نمبر 1. مرحوم مشائخ کی ہیئت ولباس تبدیل نہیں ہوتا۔جبکہ زندہ مشائخ کا لباس و ہیئت تبدیل ہوجاتی ہے۔مثلاً زندہ مشائخ بعض اوقات سر منڈوا کر تشریف لاتے ہیں۔یا لباس تبدیل شدہ حالت میں ہوتا ہے۔جبکہ مرحومین کی حالت ہمیشہ ایک ہی سی رہتی ہے۔(اگر آپ کو اِس مقدس دیوان میں حاضری کا موقع نصیب ہو۔تو آپ غور کریں۔کہ!) آپ کو اہلِ دیوان میں اگر کوئی ایسا شخص نظر آئے۔جس کی حالت کسی بھی مجلس میں تغیر و تبدل کا شکار نہ ہو۔تو آپ سمجھ جائیں۔کہ! وہ مرحوم ہے۔مثال کے طور پر آپ نے اسے اس حالت میں دیکھا۔کہ اس کے سر کے بال منڈے ہوئے تھے۔اور پھر کبھی بھی اُسی بندے کے سر کے بال اُگے ہوئے دکھائی نہ دیں۔تو آپ سمجھ جائیں۔کہ اس ولی اللہ کا انتقال اسی حالت میں ہی ہوا تھا۔ **نمبر 2.** مرحوم مشائخ سے زندہ لوگوں کے بارے میں صلاح و مشورہ نہیں کیا جاتا۔کیونکہ یہ لوگ زندہ لوگوں کے معاملات میں تصرف نہیں رکھتے۔اس کی وجہ یہ ہے۔کہ! یہ حضرات ایک ایسے جہاں کی طرف کوچ کر کے منتقل ہو چکے ہیں۔کہ جو ہماری اس دنیا سے یکسر مختلف ہے۔ہاں البتہ! اِن حضرات سے مرحومین کے بارے میں ضرور مشورہ کیا جاتا ہے۔ حضرت سیدی دباغؒ فرماتے ہیں۔کہ! قبرستان کی زیارت کے آداب میں یہ بات شامل ہے۔کہ کسی بھی مرحوم کے لئے دعائے خیر کرتے وقت زندہ (اولیائے کرام) کے بجائے کسی مرحوم ولی اللہ کا وسیل اللہ تعالیٰ کے حضور (نہایت ادب واحترام اور عاجزی وانکساری سے) پیش کیا جائے۔کیونکہ! اس صورت میں دعا کی قبولیت کا (سریع) اثر ظاہر ہونے کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ **نمبر 3.** مرحوم مشائخ کے وجود کا سایہ نہیں ہوتا۔یہاں تک کہ اگر وہ آپ کے اور آفتاب کے درمیان بھی آکر کھڑا ہو جائے۔تو سورج کی روشنی بدستور آپ پر پڑتی رہے گی۔کیونکہ اس مرحوم کے وجود کا کوئی سایہ نہیں ہوتا۔اس کی وجہ یہ ہے۔چونکہ موحوم مشائخ کی صِرف ارواح اس دیوان میں حاضر ہوتی ہیں۔ان کے مٹی سے بنے ہوئے اجسام تو حاضر نہیں ہوتے۔جبکہ روح کا وجود تو انتہائی لطیف وشفاف ہوا کرتا ہے۔ ☆ ایک مرتبہ حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ نے ارشاد فرمایا۔کہ! کبھی کبھی ایسا اتفاق بھی ہوجایا کرتا ہے۔کہ دیوان برخاست ہونے یا اولیائے کرام کی کسی اور مجلس میں شامل ہوتے وقت سورج طلوع ہو چکا ہو۔اور اور بعض اولیاء دور سے دیکھ کر مجھے ملنے کے لئے لپک کر میری طرف (دوڑتے ہوئے) آتے ہیں۔اور میں اِنہیں اپنی ظاہری آنکھوں سے جب دیکھتا ہوں۔تو اِن کے صِرف سائے کی موجودگی یا عدم موجودگی کی بدولت اِن کے درمیان امتیاز کر لیا کرتا ہوں۔ (یاد رہے۔کہ!) مرحوم بزرگ عالم برزخ سے پرندوں کی مانند اُڑتے ہوئے روح کی شکل میں دیوان میں آن حاضر ہوتے ہیں۔جونہی یہ دیوان کے قریب پہنچتے ہیں۔تو زمین پر اُتر کر اپنے پیروں پر چل کر دیوان میں آن شامل ہوتے ہیں۔اِسی طرح رجال الغیب جب ایک دوسرے سے ملاقات کرتے ہیں۔تو اِن کی ارواح چل کر ایک دوسرے کی جانب آتی جاتی ہیں۔اور جب وہ کسی دوسرے شیخ کے پاس پہنچتے ہیں۔تو اَدب ماتقدم کے تحت اپنے پیروں پر چل کر جاتے ہیں۔ ☆ مجلسِ دیوان میں فرشتے بھی حاضر ہوا کرتے ہیں۔اِن کی صف مذکورہ چھ صفوں کے پیچھے ہوا کرتی ہے۔ح مجلسِ دیوان میں بعض کامل اور نیک جنات بھی حاضر ہوتے ہیں۔جنہیں'' روحانیون '' کہا اور پکارا جاتا ہے۔اِن کی صف سب سے پیچھے ہوا کرتی ہے۔ ☆ جنات وملائکہ (فرشتوں) کی حاضری کا فائدہ یہ ہوا کرتا ہے۔کہ! دیوان کے اراکین جو کام خود براہ راست سرانجام نہیں دے سکتے۔اور وہ اُمور فرشتوں اور جنات کے دائرہ کار میں شامل ہوں۔تو ایسے اُمور جنات وملائکہ کے ذمہ لگا دیئے جاتے ہیں۔

سیدی عبدالعزیز دباغؒ فرماتے ہیں۔کہ! وہ تمام اُمور جو اولیائے کرام کے براہ راست تصرف سے باہر ہوں۔اِن اُمور کی بجا آوری کے لئے ہر ہر شہر میں ملائکہ (فرشتوں) کی ایک مخصوص جماعت حاضر رہتی ہے۔مختلف علاقوں میں اِن کی تعداد میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے۔یہ فرشتے انسانی اشکال میں موجود رہتے ہیں۔یہ ملائکہ امیر وغریب، چھوٹے بڑے، خوبصورت و بدصورت ہر شکل میں موجود رہتے ہیں۔اور لوگوں کے درمیان مِل گھل کر رہتے ہیں۔لیکن لوگوں کو اِن کی اصلیت کا پتہ نہیں چلتا۔(ماسوا اہلِ بصیرت اولیائے عظام کے، کیونکہ اُن کی باطنی انکھ کھلی ہوئی ہوتی ہے)

دیوانُ الصّالحین میں آنحضور نبی مکرم ﷺ کی آمد :

سیدی عبدالعزیز دباغؒ فرماتے ہیں۔کہ! بعض اوقات مجلس دیوان میں نبی اکرم ﷺ بھی تشریف لاتے ہیں۔جب آپ ﷺ تشریف لے آئیں۔تو آپ ﷺ غوث الوقت کی نشست پر جلوہ افروز ہوتے ہیں۔جبکہ غوث الوقت وکیل کے مقام پر بیٹھ جاتا ہے۔اور وکیل پچھلی صف میں شامل ہوجاتا ہے۔جب آپ ﷺ تشرف لاتے ہیں۔تو آپ ﷺ کے ہمراہ اِس قدر انوار ہوتے ہیں۔کہ جنہیں زبان بیان کرنے سے یکسر قاصر ہے۔اِن کی یہ کیفیت ہوتی ہے۔کہ شاید حاضرینِ مجلس اِن کے انوار کی وجہ سے جل کر خاکستر ہی ہوجائیں۔یا پھر بے ہوش ہوجائیں۔یا قتل ہوجائیں۔کیونکہ یہ انوار اپنے اندر بے انتہا ہیبت، جلال اور عظمت لئے ہوئے ہوتے ہیں۔یہاں تک کہ اگر چالیس اشخاص بہادری کے انتہائی درجے پر فائز ہوں۔اور پھر اِنہیں اِن

انوار کے روبرو لایا جائے۔تو وہ سب بے ہوش ہوکر گر جائیں گے۔مگر اللہ تعالیٰ اراکینِ دیوان کو اپنے فضل وکرم کی بدولت یہ قابلیت وصلاحیت عطا فرماتا ہے۔کہ! وہ اِن انوارِ بابرکات سے بہرہ مند ہوتے ہیں۔البتہ دیوان کے اراکین میں بہت کم ایسے افراد (اولیائے کاملین) ہوتے ہیں۔جو بعد میں بھی اِن انوارات کو محفوظ رکھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔جو انوار کہ نبی اکرم ﷺ کی تشریف آوری کے وقت صادر ہوتے ہیں۔نبی مکرم ﷺ غوث الوقت کو براہ راست مخاطب کرتے ہیں۔اُس وقت آنخضرت نبی کریم ﷺ کے انوارِ مطہرات اتنے شدید اور باعظمت ہوتے ہیں۔کہ بجز غوث کے اہلِ دیوان میں سے کوئی دوسرا ولی اللہ قریب بیٹھنے کا متحمل نہیں ہوسکتا۔کیونکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے براہ راست نازل ہونے والے احکامات کو برداشت کرنے اور سامنا کرنے کی اہلیت، صلاحیت اور قابلیت صِرف اور صِرف آنحضور نبی مکرم ﷺ کے کسی اور کو حاصل نہیں ہوتی۔اور پھر آنخضرت نبی اکرم ﷺ کی ذاتِ پاک سے صادر ہونے والے احکامات کو ماسوا غوث الوقت کے کسی اور میں سامنا کرنے کی اہلیت، صلاحیت اور قابلیت نہیں ہوتی۔آنخضرت نبی مکرم ﷺ کے احکامات کو غوث الوقت اپنے وکیل کے ذریعے ساتوں اقطاب تک پہنچاتا ہے۔اور پھر اُن کے ذریعے یہی احکامات باقی تمام اولیاء تک پہنچائے جاتے ہیں۔اور اسی طرح جب آنخضرت نبی اکرم ﷺ اہلِ دیوان کی مجلس میں تشریف فرما نہیں ہوتے۔تو مجلس کا سربراہ غوث ہوتا ہے۔اور غوث کے انوار بھی اس قدر شدید ہوتے ہیں۔کہ ماسوا وکیل اور ساتوں اقطاب کے کوئی اور ولی اللہ غوث کے قریب بیٹھنے کا متحمل نہیں ہوسکتا۔بلکہ وہ کچھ فاصلے پر ہی بیٹھتے ہیں۔

سیدی دباغ ؒ فرماتے ہیں۔کہ! پہلے زمانے میں اہلِ دیوان فرشتے ہوا کرتے تھے۔پھر جب سے نبی اکرم ﷺ مبعوث ہوئے۔تو آپ ﷺ کی اُمت کے اولیاء اللہ کو دیوان میں شامل کردیا گیا۔جس سے یہ پتہ چلتا ہے۔کہ یہ فرشتے اُمتِ محمدی ﷺ کے نائبین (**Assistants**) کے طور پر کام کرتے ہیں۔

دیوانُ الصّالحین میں انبیائے کرامؑ کی آمد :

سال بھر میں صِرف ایک رات یعنی لیلۃُ القدر (والی رات) میں انبیائے کرامؑ اور ملاء اعلیٰ سے تعلق رکھنے والے حضرات تشریف لاتے ہیں۔جس میں کہ آنخضور نبی مکرم ﷺ معہ اپنی ازواجِ مطہرات واکابر صحابہ کرام ؓ تشریف لاتے ہیں۔(قبولیت دُعا کی مخصوص گھڑی کا وقت کب ہے؟ اور لیلۃ القدر کی رات کا وجود کیسے وقوع پذیر ہوا؟ اس کی بہت لمبی تفصیل اسی کتاب ''**الابریز**'' میں دی دی گئی ہے۔وہاں سے دیکھی جاسکتی ہے)

دیوانُ الصّالحین میں اہلِ بیتِ اطہارؓ اور خلفائے راشدینؓ کی آمد :

سیدی عبدالعزیز دباغ ؒ فرماتے ہیں۔کہ! جب حضور نبی اکرم ﷺ تشریف لاتے ہیں۔تو آپ ﷺ کے ہمراہ حضراتِ خلفائے راشدین ؓ، حضراتِ حسنین ؓ اور حضرت خاتونِ جنت جگر گوشہ رسول ﷺ حضرت فاطمۃُ الزہرا ؓ بھی تشریف لاتی ہیں۔کبھی یہ تمام حضرات ایک ساتھ تشریف لاتے ہیں۔اور کبھی (ان میں سے) بعض تشریف لاتے ہیں۔حضرت سیدہ وطاہرہ خاتونِ جنت ؓ دیوان میں بائیں طرف موجود صالح خواتین کی صف میں تشریف فرما ہوتی ہیں۔اور اس وقت آپ ؓ ہی اُن (صالح خواتین) کی قائد وپیشوا ہوتی ہیں۔ سبحان اللہ۔

غوثُ الوقت کی عدم تشریف آوری :

سیدی عبدالعزیز دباغ ؒ فرماتے ہیں۔کہ! بعض اوقات ایسے بھی ہوتا ہے۔غوثُ الوقت دیوان میں تشریف نہیں لاتا۔تو اِس کی غیر حاضری میں اہلِ دیوان کے درمیان اختلاف رائے پیدا ہوجاتا ہے۔جس کے نتیجے میں بعض اوقات کچھ حضرات کو جان سے ہاتھ دھونے پڑتے ہیں۔مثلاً ایک مسئلے میں اکثریت ایک طرف تھی۔اور کچھ حضرات کی رائے مختلف تھی۔تو اکثریت کی رائے کے مطابق عمل ہوتا ہے۔اور اقلیت اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔اگر دو مختلف آراء ہوں۔اور دونوں طرف کی تعداد بھی برابر ہو۔تو دونوں کی رائے کے مطابق تصرف ہوتا ہے۔(اور دوسری صورت یہ بھی پیش آسکتی ہے۔کہ!) اگر دونوں طرف تعداد برابر ہو۔تو دونوں فریقین حجاب کا شکار ہوجاتے ہیں۔کیونکہ یہ حضرات تقدیرِ الٰہی کے مظاہر ہوتے ہیں۔جب اِن کے درمیان اختلاف ہوگا۔تو تقدیر سے اِن کو چھپا دیا جائے گا۔ ☆ پھر احمد بن مبارک ؒ نے استفسار کیا۔کہ! یہ حضرات تو کشف وبصیرت کی عظیم الشان دولت سے مالا مال ہوتے ہیں۔تو پھر اِن کے درمیان اختلاف رائے پیدا ہوتا کیوں ہے؟ آپ ؒ نے فرمایا۔اگر اختلاف کرنے والی جماعت کی تعداد کم ہو۔تو ان کے سامنے حجاب سا آجاتا ہے۔جس کے باعث وہ مرادِ الٰہی کا مشاہدہ نہیں کرسکتے۔اور آخر کار تقدیر کے فیصلے کے مطابق اِن کا وقت پورا ہوجاتا ہے۔اگر دونوں طرف تعداد برابر ہو۔تو دونوں فریقین حجاب کا شکار ہوجاتے ہیں۔ پھر احمد بن مبارک ؒ نے استفسار کیا۔کہ! غوث الوقت کی غیر حاضری کا سبب کیا ہوتا ہے؟ تو آپ ؒ نے فرمایا۔ غوث کی غیر حاضری کے صِرف تین ہی اسباب ہوا کرتے ہیں۔ ☆ پہلی وجہ تو یہ کہ! غوث الوقت ذاتِ باری تعالیٰ کے عظیم مشاہدے میں منہمک، محو اور مستغرق ہوتا ہے۔اور اس کیفیت میں تمام کائنات اِسکی نگاہ سے اوجھل ہوجاتی ہے۔اسی لئے اس کی توجہ دیوان کی طرف بھی مبذول نہیں ہوتی۔ ☆ دوسری وجہ عدم دستیابیِ غوث کی یہ ہوتی ہے۔کہ! اگر کسی غوث کا تقرر کئے ہوئے زیادہ عرصہ نہ گزرا ہو۔مثلاً سابقہ غوث کا انتقال کچھ ہی عرصہ پہلے ہوا تھا۔اور پھر اسے مقرر کیا گیا۔تو ابتداء میں وہ (نیا) غوث مستقل طور پر دیوان میں نہیں آتا۔ ☆ تیسری وجہ غوث کی غیر حاضری کی یہ ہوتی ہے۔حضرت سرکارِ عالمین ﷺ جب دیوان میں تشریف لاتے ہیں۔تو اس وقت اہلِ دیوان پر اس قدر شدید ہیبت طاری ہوتی ہے۔کہ اسے (غوث الوقت کو) اس بات کی خبر بھی نہیں ہوتی۔کہ کس وقت دیوان کے معاملات انجام پذیر ہوئے ہیں۔کیونکہ اس کے حواس رخصت ہوجاتے ہیں۔یہاں تک کہ یہی کیفیت کچھ دیر جاری رہتی ہے۔اگر (خدانخواستہ) یہی کیفیت کچھ دن تک جاری رہے۔تو تمام دنیا کا نظام درہم برہم، تباہ وبرباد ہوجائے۔واللہ اعلم بالصواب۔

کیا غوث الوقت سے اختلاف ممکن ھے ؟

سیدی دباغؒ فرماتے ہیں ۔کہ! غوث کی موجودگی میں اختلاف کے طور پر بولنا تو درکنار، کوئی اکن اگر اپنا نچلا ہونٹ بھی ہلانے کی جرأت نہیں کرسکتا ۔کیونکہ اس صورت میں اس بات کا قوی امکان موجود ہے ۔کہ بولنے والے کا ایمان سلب ہو جائے ۔بہرحال دیوان کے اراکین اگلے روز دن میں پیش آنے والے تمام اُمور اتفاق رائے سے طے کرتے ہیں ۔جو کہ قضائے الٰہی کے عین مطابق ہوتے ہیں ۔یہ تمام حضرات ان امور کے مختلف پہلوؤں پر بحث کرتے ہیں ۔ان کا تصرف تمام جہانوں میں ہوتا ہے ۔خواہ وہ عالم علوی ہو یا سفلی ۔بلکہ (عالم علوی سے اوپر) ستر حجابات کے اندر، بلکہ (اس سے بھی اوپر) عالم رقاء میں بھی اِن کا تصرف ہوتا ہے ۔یہ لوگ تمام جہانوں کے رہائشیوں کے قلوب وخیالات تک میں تصرف کرتے ہیں ۔اِن کے تصرف کے بغیر کسی کے ذہن میں کوئی بھی خیال پیدا نہیں ہوتا ۔ستر حجابات عرش سے اوپر ہیں ۔اور عالم رقاء کے حجابات تو اس سے بھی اوپر ہیں ۔اگر یہ حضرات وہاں تک تصرف کرسکتے ہیں ۔تو اِس دنیا میں اِن کے تصرف کا کیا عالم ہوگا ۔(اولیاء اللہ کا اگر یہ حال ہے ۔تو انبیائے کرامؑ وصحابہ عظامؓ کے تصرفات کہاں تک ہوں گے ۔یہ تو شان ہے اس اُمت کی ۔سبحان اللہ)

دیوانُ الصّالحین میں کس زبان میں گفتگو ھوتی ھے ؟

سیدی عبدالعزیز دباغؒ فرماتے ہیں ۔کہ! اہلِ دیوان آپس میں سریانی زبان میں گفتگو کرتے ہیں ۔کیونکہ اس میں لفظی طور پر نہایت اختصار اور معنوی اعتبار سے انتہائی جامعیت ہوتی ہے ۔نیز دیوان میں جو ارواح اور فرشتے حاضر ہوتے ہیں ۔اور ان کی زبان بھی سریانی ہوتی ہے ۔(اسی لئے اگر کسی شخص میں کوئی جن حلول کر جائے ۔تو آسیب زدہ شخص مبہم ولا معنی زبان میں گفتگو کرتا ہے ۔جو کہ سمجھ سے بالاتر ہوتی ہے) ہاں البتہ ! جب کبھی اس دیوان میں آنحضرت نبی مکرم ﷺ تشریف لاتے ہیں ۔تو ادب وتکریم اور اطاعت کے پیشِ نظر جملہ اہلِ دیوان بزبانِ عربی گفتگو کرتے ہیں ۔

مختلف حقوق : حضرت شیخ احمد دباغ صاحب فرماتے ہیں ۔کہ! بحیثیت مسلمان ان حقوق کا بجالانا ہر مسلمان پر فرض ہے ۔

اللہ تعالیٰ کے حقوق : توحید (اللہ تعالیٰ کو واحد الہ ماننا) ۔اخلاص ۔نماز ۔روزہ ۔زکوٰۃ ۔حج ۔منت ونذر ۔محبتِ الٰہی ۔بندگی ۔اطاعتِ الٰہی ۔عظمتِ الٰہی ۔ **حضرت رسول مکرم ﷺ کے حقوق :** ایمان ۔محبت نبوی ﷺ ۔ ادب نبوی ۔عظمتِ نبوی ۔اتباعِ سنت ۔دعوت وتبلیغ ۔درود وسلام بھیجنا ۔ **نفس (اپنی جان) کے حقوق :** آخرت کے عذاب سے بچانا ۔صحت کا خیال رکھنا ۔رزقِ حلال کھلانا ۔صفائی ۔ **دیگر انسانوں کے حقوق :** اُن کے مال، جان وعزت کا خیال رکھنا ۔وعدہ پورا کرنا ۔دوسروں کا احساس کرنا ۔رحم کرنا ۔درگذر کرنا ۔عیب پوشی کرنا ۔ **عام مخلوق** (جانور، چرند وپرند، نباتات ۔ماحول، زمین وغیرہ) **کے حقوق :** شفقت ۔رحم ۔ناحق تکلیف نہ دینا ۔فضول خرچی نہ کرنا ۔کسی نعمت کو ضائع نہ کرنا ۔

اللہ تعالیٰ کی رحمت و حصول ٤ باتوں سے :

اللہ کو اہمیت دینا ۔رسول اللہ ﷺ کو اہمیت دینا ۔مخلوق پر رحم کرنا ۔اللہ تعالیٰ کی حضوری ۔

ایمان کا چراغ : ایمان کے چراغ کی تفصیل کچھ اس طرح سے ہے ۔کہ! پورا چراغ مانند جسم مسلمانی ہے ۔اس کے اندر تیل مانند نیک اعمال کے ہیں ۔اس میں موجود سوتی ڈوری کی بتی سے مراد شیخ یا استاد کا کردار ہے ۔آگ کی لَو ایمان کا شعلہ ہے ۔جبکہ شیشہ گناہوں سے بچنا ہے ۔تو یہ مکمل ایمان کا چراغ کہلاتا ہے ۔

انسان کی چار حالتیں : ان چاروں میں سے ہر ایک کے دس، دس درجات مقرر ہیں ۔جس میں طالب کو عملی، ذہنی اور روحانی طور پر مشقیں کروائی جاتی ہیں ۔ (حضرۃ شیخ احمد دباغ) ہر انسان کی مکمل حیات صِرف چار حالتوں سے گزرتی ہے ۔حالتِ اطاعت ۔حالتِ گناہ ۔حالتِ نعمت ۔حالتِ مصیبت ۔ یاد رہے ۔کہ! اگر ہر انسان مندرجہ بالا چاروں حالتوں کے ردِعمل کو سیکھ کر اپنی زندگی پر لاگو کرلے ۔تو اس کی جملہ حیات بالآخر نعمت اور پاک زندگی بن جاتی ہے ۔

☆ **اطاعت کا درست رد عمل :** عاجزی، بندگی، اخلاص ۔☆ **گناہ کا درست ردعمل :** ندامت، شرمندگی، توبہ، استغفار ۔☆ **نعمت کا درست ردعمل:** شکر، اور نعمت دینے والے (رب) کی طرف نسبت کرنا نہ کہ اسبابِ ظاہری (پیسہ، نوکری، جوانی وغیرہ) کی طرف ۔ ☆ **مصیبت کے وقت درست رد عمل :** صبر، گناہوں سے رکنا، اللہ تعالیٰ کی طرف کامل رجوع کرنا ۔

شَیخ کے قُرب کا فیض بقول حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ:

(سوال) جب کوئی مرید کسی عارف باللہ کامل شیخ کی صحبتِ بابرکت اختیار کرتا ہے ۔اور وہ شیخ اس بات کا دعویدار ہو ۔کہ وہ (شیخ فقط) اپنی توجہ کے ذریعے اس (مرید) کی تربیت کرسکتا ہے ۔تو پھر موت یا سفر کے باعث شیخ کی ظاہری عدم کوجودگی کی صورت میں اس مرید کی روحانی کیفیت، علم اور عمل میں کمی کیوں محسوس ہوتی ہے؟ لہٰذا حال اور توجہ کے ذریعے تربیت کرنے کا کیا فائدہ ہوا؟ کہ ذرا سی دوری کیا آئے، کہ تربیت کارگر ہی نہیں رہتی ۔

حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ نے اس سوال کا یہ جواب مرحمت فرمایا ۔کہ! شیخ کامل کی توجہ سے مراد اللہ تعالیٰ کی راہ پر اس کے ایمان کا نور ہے ۔اور اسی نور کی بدولت وہ اپنے مرید کی تربیت کرتے ہوئے اسے ترقی کی منازل طے کرواتا چلا جاتا ہے ۔لہٰذا اگر کوئی مرید اپنے شیخ کے ساتھ اس نورِ ایمان کی وجہ سے محبت کرتا ہو ۔تو شیخ کی ظاہری موجودگی یا عدم موجودگی ہر حال میں شیخ کا فیض مرید کو ہمیشہ ملتا رہے گا ۔(بشرطِ کہ شیخ کامل ہو) بلکہ اگر شیخ کے وصال کو کئی ہزار برس بھی گزر گئے ہیں ۔تو بھی اس کا فیض ختم نہیں ہوگا ۔یہی وجہ ہے ۔کہ! ہر زمانے کے اکابر صوفیائے کرام، اولیائے عظام (بالواسطہ اور بلا واسطہ) حضرت نبی مکرم ﷺ کے نورِ ایمان سے فیض پا کر اپنی تشنگی دور کررہے ہیں ۔اور آپ ﷺ اِن کی تربیت کرتے ہوئے

(روحانی وجسمانی طور پر) اِنہیں سلوک ومعرفت کی منازل ومراحل طے کروا رہے ہیں۔اس کا بنیادی سبب یہ ہے۔کہ! تمام اولیاء اللہ کی محبت وچاہت کا اصل سبب آنحضرت رسالت مآب ﷺ کا نورِ ایمان ہے۔لہذا جب بھی کوئی مرید اپنے شیخ کے ساتھ صِرف شیخ کی ظاہری شخصیت کی وجہ سے محبت کرے گا۔اوراس کی توجہ شیخ کے نورِ ایمان کی طرف نہیں ہوگی۔تو اس وقت اسے شیخ کی ظاہری موجودگی میں توفیق ملے گی۔مگر شیخ کی غیر موجودگی (یعنی غیر حاضری) کی صورت میں فیض نہیں مل سکے گا۔ظاہری شخصیت کے ساتھ محبت کی علامت یہ ہے۔کہ مرید دنیاوی واُخروی استفادے ومنافع کے حصول یا نقصان کو پانے یا بچنے کی خاطر اپنے شیخ سے بے انتہا محبت کرے۔اور شیخ کے نور ایمان کے سببِ محبت وچاہت کی دلیل بھی صِرف یہی ہونا چاہیئے۔اور اِسی طرح مرید کی غرض وغایت اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کا حصول ہو۔اس کے علاوہ اور کوئی مقصد ومطلب نہ ہو۔لہذا جب بھی کوئی مرید اپنے شیخ کی غیر حاضری میں اپنے اندر کوئی کمی یا روحانی فیض کے حصول میں رکاوٹ محسوس کرے۔تو اس عدم فیض کو بجائے اپنے شیخ کے اپنا ہی قصور سمجھے۔

شَیخ اور مرید کے آداب بقول حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ:

ایک مرتبہ ایک فقیہہ نے سیدی عبدالعزیز دباغؒ سے کسی بزرگ کے اس قول کے بارے میں دریافت کیا۔کہ اَب (روحانی) تربیت باقی نہیں رہی۔کیا یہ قول صحیح ہے یا نہیں ؟ اِس (فقیہہ) کے سوال کی اصل عبارت یہ ہے۔ اے میرے آقا وپیشوا! اللہ تعالیٰ نے آپؒ کو وہی (روحانی) فتوحات عطا فرمائی ہیں۔جو اس نے اپنے اکابر اولیائے کرام کو عطا فرمائی تھیں۔اِس کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے آپؒ کو اہلِ بیتِ رسول ﷺ سے نسبت کا شرف کا عطا فرمایا ہے۔آپؒ اپنے علوم میں سے ہمیں بھی کچھ عطا فرمائیں۔تاکہ لوگوں کے قلوب میں سے شکوک وشبہات دور ہوسکیں۔اللہ تعالیٰ آپؒ کو علمِ لدنی سے مالا مال فرمائے۔آمین۔آپ واضح عبارات میں مثالوں کے ہمراہ جواب مرحمت فرمائیں۔تاکہ ہمارے ذہن صاف ہوسکیں۔(کیونکہ!) نبی مکرم ﷺ کا ارشاد ہے۔کہ! **الـخـلـق عيال الله واحب الخلق الى الله انفعهم لعيا له** ۔ ترجمہ: تمامی مخلوق اللہ تعالیٰ کی عیال ہے۔اور مخلوقات میں سے سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کا محبوب وہ شخص ہے۔جو اس کی عیال کو زیادہ سے زیادہ نفع پہنچائے۔(مجمع الزوائد۔ہیثمیؒ)

☆ حضرت شیخ زروقؒ فرماتے ہیں۔ ''آج کل وہ تربیت (خانقاہی نظام میں روحانی تربیتِ سلوک ومعرفت) ختم ہوچکی ہے۔جسے تصوف کی اصطلاح میں تربیت کہا جاتا ہے۔آج کل تو صِرف ہمت اور حال باقی رہ گئے ہیں۔لہذا اہم کتاب وسنت کو مضبوطی سے تھام لیں۔اور اِس میں کوئی کمی یا اضافہ نہ کریں۔'' کیا تربیت کا یہ انقطاع صِرف شیخ زروقؒ کے زمانے ہی میں تھا؟ یا حضرت عیسیٰ نبیؑ کی تشریف آوری تک جاری وساری رہے گا؟ اور اگر یہ انقطاع اَب بھی موجود ہے۔تو اِس کا بنیادی سبب کیا ہے؟ اور اگر اَب بھی یہ تربیت باقی ہے۔تو روئے زمین پر وہ کون سا شیخ ہے؟ جو اپنی پسند اور طریقہ کار کے مطابق مرید کی صحیح اور بہتر تربیت کرسکتا ہے؟ آپؒ ہمیں بتائیں۔کہ وہ شیخ کون سی مملکت اور کس شہر کا باسی ہے۔جس کے ہاتھ میں ہاتھ دے کر کوئی شخص کامیابی حاصل کرسکتا ہے؟

☆ سیدی عبدالعزیز دباغؒ نے جواب دیا۔روحانی تربیت کا بنیادی مقصد تو یہ ہے۔کہ! انسان کے وجود کو رعونت سے پاک کیا جائے۔تاکہ وہ سِر خداوندی کو حاصل کرنے کے قابل ہوسکے۔اور یہ اُسی وقت ہی ممکن ہے۔جب اس کے اندر موجود تمام تاریکیاں اور ظلمتیں چھٹ جائیں۔اور کسی بھی حوالے سے اس کا باطل کے ساتھ کوئی تعلق باقی نہ رہے۔بعض اوقات باطل سے لاتعلقی کی صورت یہ ہوتی ہے۔کہ! اصل خلقت کے اعتبار سے انسان پاک وصاف پیدا ہوتا ہے۔یہ خصوصیت عام طور پر قرونِ ثلاثہ سے تعلق رکھنے والے حضرات میں پائی جاتی ہے۔اِسی لئے ہی تو اِس زمانے کو خیر القرون کہا جاتا ہے۔کیونکہ اس زمانے سے تعلق رکھنے والے لوگ حق کے ساتھ نہایت پختہ تعلق رکھتے تھے۔سوتے جاگتے کسی بھی وقت حق سے جدا اور لاتعلق نہیں رہتے تھے۔لہذا اگر کوئی شخص روحانی طور پر اِن کے باطن کا جائزہ لینے کی کوشش کرے۔تو وہ اس نتیجے پر جا پہنچے گا۔کہ ان میں سے بیشتر حضرات کی توجہ کا مرکز تو اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب رسولِ معظم کی خوشنودی ورضا کا حصول ہی تھا۔اسی لئے ان سے کثرت کے ساتھ بھلائی کا صدور ہوتا تھا۔کیونکہ ان کے وجود میں حق کا نور واضح اور روشن نظر آتا تھا۔علم وفضل کے اعتبار سے یہ لوگ اجتہاد کے اس مرتبے تک پہنچ چکے تھے۔جسے کہ الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا۔لہذا ان لوگوں کو رسمی تربیت کی قطعاً ضرورت نہ تھی۔عام طور پر کوئی مرید صِرف اپنے شیخ سے ملاقات کرکے شیخ کے سِر اور نور کا وارث بن جاتا۔شیخ صِرف مرید کے کان میں جب کوئی ایک بات کہتا۔تو اس کے نتیجے میں مرید کو فتح نصیب ہوجاتی۔کیونکہ وہ مرید باطنی اعتبار سے نہایت پاکیزگی کا مالک ہوتا تھا۔اور اس کی تمام تر توجہ کا مرکز ہدایت ورہنمائی کا حصول ہوتا تھا۔

☆ بعض اوقات شیخ کو اپنے مرید کے وجود سے تاریکیاں دور کرنے کے لئے اس کی تربیت کرنی پڑتی تھی۔ یہ صورتِ حال اس وقت پیش آئی۔جب قرونِ ثلاثہ کا بہترین زمانہ (دَور) رُخصت ہوچکا تھا۔لوگوں کی نیتوں میں فتور آچکا تھا۔ان کے ارادے اور خواہشات خراب ہوچکے تھے۔دنیا ان کے دل ودماغ پر قابض ہوچکی تھی۔اور ان کی زندگی کا مقصد صِرف شہوانی خواہشات کی تکمیل تھی۔اس زمانے میں جب کسی شیخ طریقت کو کوئی اہل مرید نظر آتا۔اور شیخ یہ دیکھتا۔کہ مرید کی تمام تر توجہ کا مرکز دنیا ہے۔تو وہ اس کی فکر کی اصلاح کے لئے خلوت میں بیٹھ کر ذکر کی کثرت اور خوراک کی قلت کی اس مرید کو تلقین کیا کرتا۔اسی خلوت کی وجہ سے وہ مرید باطل پرست لوگوں سے کنارہ کشی اختیار کرلیتا۔اور خود بھی باطل کلام اور لغو گفتگو سے محفوظ رہتا۔خوراک کی قلت کے باعث خون کے بخارات کم ہوجاتے۔اوراس کی طبیعت شہوانی خواہشات سے یکسر ہٹ جاتی۔جس کے نتیجے میں بالآخر اس مرید کی مکمل توجہ اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب رسول ﷺ کی طرف مبذول ہوجاتی۔جب مرید اس حد تک پاک وصاف ہوجاتا۔تو اس کا وجود سِر کو برداشت کرنے کا اہل ہوجاتا۔پھر ایک طویل عرصے تک یہی طریقہ کار جاری رہا۔یہاں تک کہ حق وباطل،نور وظلمت کے مابین کسی قسم کا کوئی امتیاز نہ رہا۔بعض لوگوں نے تو مشیخیت کا لبادہ اوڑھ کر

لوگوں کوخلوت میں لے جا کرتعویذات وعملیات اوراسی نوعیت کی چلہ کشی کرنے کی تلقین شروع کردی ۔جس کے نتیجے میں انسان کوظاہری طور پرکچھ کرتب دکھانے کی صلاحیت حاصل ہوجاتی تھی ۔اورشیخ زروقؒ کے زمانے میں یہی رواج اورچلن عام تھا۔اسی لئے تواُنہوں نے لوگوں کویہ مشورہ دیا۔کہ اگرتم تربیت کے حصول کے لئے کسی شیخ کے پاس جاؤ گے ۔اوراگروہ شیخ دھوکہ باز،فریبی اور بازی گرہوا۔توتمھارا اپنا (روحانی اور مالی وجانی) نقصان ہوگا۔اس سے بہتر یہ ہے ۔کہ تم کتاب وسنت کے راستے کواختیار کرو۔کیونکہ اس راستے میں دھوکہ بازی،فریب کاری اور بازی گری کا کسی بھی قسم کاکوئی اندیشہ یاشائبہ نہیں ہے ۔کیونکہ ان کے ذریعے ہدایت حاصل کرنے والاشخص گمراہی اورگناہوں سے پاک ومبراء رہتا ہے ۔اسی لئے شیخ زروقؒ یاان جیسے دیگر مشائخِ عظام کا کلام حزم واحتیاط شمار ہوگا۔(یادرہے۔کہ!)اس کا یہ مطلب بالکل نہیں ہوگا۔کہ! روحانی تربیت مکمل طور پر دنیا میں ناپید ہوچکی ہے ۔اور یہ ممکن ہوبھی نہیں سکتا۔کیونکہ نبی مکرم ﷺ کے روحانی فیوضات وبرکات قیامت تک اہلِ ایمان کے شاملِ حال رہیں گے ۔ (انشاءاللہ تعالیٰ)

اَب رہا آپ کا یہ سوال کہ! آپ کوواضح طور پر بتایا جائے ۔کہ! وہ کون سی سلطنت یاکون سے شہر میں قیام پذیر ہے؟ تواس کا جواب یہ ہے ۔کہ! اللہ تعالیٰ کےفضل وکرم سےمختلف ممالک میں ایسے بہت سے افراد (مذکورہ خصائل کے حامل) موجود ہیں ۔مگراہل سنت والجماعت سے (وہ ہستیاں) باہرنہیں ہیں ۔اگرآپ انہیں تلاش کریں ۔توضرور پالیں گے ۔

شیخ و پیر و مرشد اور مربی کے اوصافِ عالیہ :

حضرت خواجہ نصیرالدین محمود چراغ دہلویؒ فرماتے ہیں ۔کہ! پیر درحقیقت وہ ہے ۔کہ جسے مرید کے باطن پرتصرف حاصل ہو۔اور وہ ہرلحظہ وہرگھڑی مرید کے ظاہری و باطنی معاملات ومشکلات کومعلوم کر کے حل کرسکے ۔اوراُس کے آئینہ باطن کو پاک ومصفّٰی کرسکے ۔اگر یہ کام کرسکنے کی اُس کے اندرصلاحیت وقابلیت موجودنہیں ۔تووہ پیرِ طریقت کہلانے کا قطعاً حقدارنہیں ۔

☆ (بقول حضرت باہوؒ) پیروہ ہے ۔کہ جومریدکوارادت میں داخل کرتے ہی بزمِ نبوی ﷺ تک پہنچا سکے ۔اورمرید کرتے ہی اُسے مقام خوف ورِجاء سے بآسانی گزارسکے ۔بعدازاں طالب حق کوعلم معرفت الٰہی،رموزحقیقتِ اشیاءاورلوحِ محفوظ کی سیرکرادے ۔بلکہ حضرت سلطان صاحب کا تو یہاں تک کہنا ہے ۔کہ وہ پیرومرشدنہیں ۔جواپنے مرید کو برسہا برس تک ریاضت وعبادات کی چکی میں پیستا رہے ۔تب بھی وہ درجاتِ ولایت کوعبورنہ کرسکے ۔مرشد کامل اپنے مریدیعنی طالبِ صادق کونہ ذکرواذکارمیں ڈالتا ہے ۔اورنہ ہی لمبے چوڑے وردوظیفے بتاتا سکھاتا ہے ۔اورنہ ہی مراقبات ومحاسبات میں ڈال کراُس کا قیمتی وقت ضائع کرتا ہے ۔بلکہ تصورِاسمِ ذات ''اللہ'' کے ذریعے سےاللہ تعالیٰ کےحضور میں پہنچا کررب العالمین کی نظر میں قبول ومنظور کروادیتا ہے ۔اوراِسی تصوراسم ذات ''اللہ'' ہی کی توجہ سے اُس کے باطن کومعمور،منوراورمزین کرادیتا ہے ۔یادرہے ۔کہ اسم اللہ ذات کی تاثیر سے طالب روشن ضمیر کوعلم غیب الغیب اور ہدایتِ لاریب بطریق نعم البدل ازراہ فیض وفضل لامتناہی حاصل ہوتارہتا ہے ۔یہ مرحلہ توابتدائی فقرکی اصل ہے ۔

☆ **کامل (پیرومرشد، ھادی و رھبر)** :ایساشیخ طریقت کہ جس کواصطلاحِ صوفیہ میں کامل اُس شخص (اُستادیا پیرومرشد یاھادی ورہبر) ہیں ۔جواپنی ذات تک توکامل ہوتا ہے ۔لیکن کسی دوسرے کوباطنی فیض نہیں پہنچاسکتا۔ ☆ **اکمل (پیرومرشد، ھادی و رھبر)** :ایساشیخ طریقت کہ جوخودبھی صاحبِ کمال ہو۔اوراپنے علاوہ دوسروں کے لئے بھی منتفع ہو۔یہ درجہ اورایساشخص متذکرۂ الصدریعنی کامل سے بدرجہا بہتر وبزرگ تر ہوتا ہے ۔ ☆ **مکمل (پیرومرشد، ھادی و رھبر)** :ایساشیخ طریقت کہ جوخوداِتنا صاحبِ کمال ہو۔کہ وہ مشیتِ ایزدی اورتقدیرِالٰہی کے موافق دیگرلوگوں کوبھی پلک جھپکنے میں کامل بنادے ۔بلکہ جوکشف وکرامات اورعلم لدنی اپنے پاس رکھتا ہے ۔وہ مرید کوبھی اُسی لمحے عطا کردے ۔ایساشخص کامل واکمل سے کئی سوگنا اکمل ومعظم ہوتا ہے ۔اِس کی دومشہورامثال سیدنا شیخ عبدالقادرجیلانیؓ اورحضرت باقی باللہؒ ہیں ۔

مرید پر لاگو باتیں :(ارادت کی پر تاثیر غذائیں) :

سیدنا شیخ ابوطالب مکیؒ نے فرمایا کہ! مرید (جوکہ راہ طریقت کا مسافر ہے) کے لئے سات باتوں کا پایا جانا بہت ضروری ہے ۔

۱۔ ارادے میں سچائی کاہونا۔اس کی علامت یہ ہے کہ آخرت کے لئے زادراہ کا تیارکرنا۔ ۲۔ طاعت کے اسباب اختیارکرنا۔اس کی علامت یہ ہے کہ برے دوستوں کوچھوڑدینا۔ ۳۔ حال نفس کی معرفت رکھنا۔اس کی علامت یہ ہے کہ آفات نفس سے آگاہ ہونا۔ ۴۔ عالم ربانی کی مجلس میں بیٹھنا۔اس کی علامت یہ ہے کہ عالم ربانی کودوسروں پرترجیح دینا۔ ۵۔ توبہ نصوح کاہونا تاکہ اس کےسبب حلاوت طاعت پائے اور ہمیشہ ثابت قدم رہے ۔ اس کی علامت یہ ہے کہ خواہش نفس کے اسباب کا خاتمہ اورنفس کواس کی مرغوب اشیاء سے دوررکھنا۔ ۶۔ ایسی حلال اشیاء کھانا جومزموم نہ ہوں ۔اس کی علامت یہ ہے ۔کہ رزق حلال تلاش کرنااوراس میں شرعی حکم سےموافقت رکھنے والےکسی مباح سبب کی بناء پرعلم کوپیش نظررکھنا۔ ۷۔ نیک کام میں مددکرنے والےکسی اچھے رفیق کاہونا۔اچھے رفیق کی علامت یہ ہے کہ اس کانیکی اورتقوی کے کاموں میں تعاون کرنااورگناہ وسرکشی سے منع کرنا۔(یادرہے ۔کہ!) یہی سات عادتیں اورخصلتیں ارادت کی غذائیں ہیں ۔جن کے بغیرارادت قائم نہیں ہوسکتی۔اورانہیں سات باتوں پرعمل کرنے سے چارچیزوں میں مدداورتقویت کاحصول ممکن ہے ۔خاموشی،کم خوردن،کم گفتن اورکم خوابیدن۔اوریہی چارعادات ایک مسلم کی زیب وزینت ہیں ۔ (بمطابق قرآن) **و من احسن قولا ممن دعا الی الله و عمل صالحا و قال اننی من المسلمین** ۔ اور اس بات سے اچھی (بھلا) کس کی بات ہوسکتی ہے ۔جواللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دے ۔اورنیک عمل کرے ۔اور

کہے۔(کہ)مَیں تو مسلمان ہوں۔(بمطابق قرآن) وامرت ان اکون من المسلمین۔ اور مجھے حکم دیا گیا۔(کہ) مَیں مسلم بن کر رہوں۔ (بمطابق قرآن) فقولوا اشھد و بانا مسلمون۔ تو صاف کہہ دو۔کہ تم گواہ رہو۔کہ ہم تو مسلمان ہیں۔

☆ **شَیخِ طریقت (پیرومرشد، ھادی و رھبر** : شَیخِ طریقت کہ! جس کو احکاماتِ شریعت پرمکمل کاربند رہنے،اخلاص،توکل،رضاالٰہی، عبادت وریاضت کے باعث خلافت واجازت حاصل ہو۔اوراُس کو اپنے شَیخِ طریقت سے ربط وتسلسل ہوتا ہوا آنحضور ﷺ تک سلسلہ طریقت پہنچتا ہو۔

حضرت سلطان باہوؒ اپنی مشہور کتاب ''**نورالھدی** '' میں فرماتے ہیں۔کہ! فقر کا تمام راستہ ریاضت ومجاہدے سے حاصل نہیں ہوتا۔ بلکہ آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی نگاہِ حق اورعنایت سے ہی حاصل ہوتا ہے۔مرشد کامل اپنی خاص توجہ سے طالب صادق کو حضورِاکرم ﷺ کی بارگاہ میں پہنچا دیتا ہے۔اور ہر ہرمنصب اورمرتبہ آنحضور ﷺ سے سفارش کرکے دِلوا دیتا ہے۔واضح ہو کہ توجہ کی دو اقسام یہ ہیں۔☆ اول توجہ وہ ہے۔کہ مرشد اپنے مرید وطالب کو ایک ہی توجہ،ایک ہی تصور،ایک ہی تفکر،ایک ہی دَم سے اللہ تعالیٰ کے دیدار کا شرف عطا کرادیتا ہے۔یعنی جسّہ اربعہ عناصر صفات سے یک دم باہرآ کرغرق فنا فی اللہ ذات ہو جائے۔ ☆ دوم وہ توجہ کہ طالب (اپنے مرشد کی) ایک ہی توجہ،ایک ہی تصور،ایک ہی تفکر،ایک ہی دَم سے مجلس خصوصی یعنی بزم نبوی ﷺ میں پہنچ کر جملہ انبیاءؑ ،اہل،بیتِ رسول ﷺ،صحابہ کرامؓ،اولیاء،اصفیاء،اور جملہ اصحابِ کبار و پنج تن پاک،آئمہ مجتہدینؒ،حضرت شَیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی کے دیدار پرانوار اورملاقات متبرکات سے مشرف ہوکر اِن سب پاک ہستیوں کے منظورِنظر ہوکر ملازمِ درگاہ ہو جائے۔اوراُن سے جملہ مہمات دینی و دنیاوی واُخروی اورمعرفت توحید ورسالت،جمیعت وحقیقت کے ظاہری و باطنی خزائن کی کلیدات حاصل کرکے جملہ مخلوقات کو قید ومسخر اورتصرف میں بآسانی لاسکتا ہے۔ایسا عارف کامل ایک ہی توجہ،ایک ہی تصور،ایک ہی تفکر،ایک ہی دَم میں اپنا دَم ملا کر حضرت جبرائیلِ امینؑ کے ساتھ ملا لیتا ہے۔

☆ **بیعت کی حقیقت** : حضرت شاہ ولی اللہؒ فرماتے ہیں۔کہ ہم اللہ تعالیٰ کی حمد کرتے ہیں۔اوراسی سے مدد چاہتے ہیں۔اور اسی سے مغفرت طلب کرتے ہیں۔اوراپنے نفس کی حرکتوں اوراعمال کی بُرائیوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں۔جسے اللہ تعالیٰ ہدایت دے اُسے کوئی گمراہ نہیں کرسکتا۔اورجس پروہ اپنی توفیق ارزانی نہ کرے۔تو اُسے کوئی راہ پرنہیں چلاسکتا۔ہم گواہی دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبودِ حقیقی نہیں۔وہ اکیلا ہے۔اس کا کوئی شریک نہیں۔اورہم شہادت دیتے ہیں۔کہ ہمارے آقا حضرت سیدالانبیاء والمرسلین ﷺ اس کے عبدِ خاص اور(آخری) رسول ﷺ ہیں آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے حق کے ساتھ نذیر وبشیر بنا کر(تمام جہانوں کیلئے) مبعوث فرمایا۔آپ ﷺ پرآپ ﷺ کے آل واصحاب،ذریات و ازواجِ مطہرات اورتمام اُمت پراللہ تعالیٰ کی لاتعداد وبے شُمار رحمتیں وبرکتیں اورار بوں درود وسلام ہوں۔آمین۔

بیعت کے لئے منقول کلماتِ مبارکہ یعنی خطبہء مسنونہ :

بسم اللہ الرحمن الرحیم ٥ الحمد للہ نحمدہ و نستعینہ و نستغفرہ و نعوذ باللہ من شرور انفسنا و من سیئات اعمالنا من یھد ہ اللہ فلا مضل لہ فلا ھادی لہ☆واشھد ان لا الہ الا اللہ و اشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ☆ و صلی اللہ علیہ وعلٰی الہ و صحبہ و بارک وسلم☆

اس کے بعدمرید کو ایمان کی اجمالاً تلقین کرے اور کہے کہ! میں ایمان لایا اللہ تعالیٰ پراوراس پر جوکچھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آیا(مُرادِخُداوندی کے مطابق) اورمیں ایمان لایا سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ پراورتمام انبیاءؑ پر،اورجوکچھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ ﷺ کے پاس آیا۔آپ ﷺ کی تشریح اورمُراد کے مُطابق،اورمیں دین اسلام کے سوا تمام ادیان سے برأت کا اظہار کرتا ہوں۔اوراسی طرح میں ہرقسم کے صغیرہ وکبیرہ گُناہوں اورنافرمانیوں سے صدقِ دل کے ساتھ توبہ کرتا ہوں۔اورمیں اسلام کی تجدید کرتا ہوں۔اورکہتا ہوں !**اشھد ان لا الہ الا اللہ و اشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ** ۔ اس کے بعدمُرید سے کہے!کہ،میں نے بیعت کی آنحضرت محمد ﷺ سے،آپ ﷺ کے خُلفاءؓ کے واسطے سے، ان پانچ باتوں پر! ١۔ **اشھد ان لا الہ الا اللہ و اشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ** ٢۔ نماز کے قائم کرنے پر۔ ٣۔زکٰوۃ کے دینے پر ٤۔رمضان کے روزوں پر٥۔استطاعت کی صورت میں فریضہ حج کے ادا کرنے پر۔ پھرمُرید کو کہا جائے کہ وہ یہ کہے کہ! میں نے بیعت کی آنحضرت محمد ﷺ سے،آپ ﷺ کے خُلفاءؓ کے واسطے سے،اور بیعت کی میں نے ان باتوں پرکہ میں کبھی بھی دانستہ یا غیردانستہ طورپراللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور کو قطعاً شریک نہیں کروں گا،نہ کبھی میں چوری کروں گا،نہ کبھی میں جھوٹ بولوں گا، نہ کبھی میں بدکاری کروں گا،نہ کبھی میں کسی کو قتل کروں گا،نہ کبھی میں اپنی طرف سے کسی پربُہتان لگاؤں گا اورکسی بھی امرمیں آنحضورسیدالمرسلین ﷺ کی نافرمانی کروں گا۔اس کے بعدقُرآنِ مجید کی یہ دوآیتیں پڑھے۔ **یا یھا الذین آمنوا اتقوا اللہ وابتغوا الیہ الوسیلۃ و جاھدو فی سبیلہ لعلکم تُفلحون** ☆ (سورہ المائدہ، آیت نمبر۔٣٥) **ان الذین یبا یعونک انما یبایعون اللہ یداللہ فوق ایدیھم فمن نکث فانما ینکث علٰی نفسہ امن اوفٰی بما عھد علیہ اللہ فسیؤتیہ اجرًا عظیمًا** ☆ (سورہ الفتح،آیت نمبر ١٠) اس کے بعدمُرشد اپنے لئے،مُریدین کے لئے اورحاضرین مجلس کے لئے اجتماعی دُعا کرکے یہ کہے۔ **بارک اللہ لنا ولکمو نفعنا و ایاکم** ☆اس کے بعداس تلقین میں کوئی حرج نہیں ہے۔کہ مُرید کس سلسلہ طریقت کو اختیار کرتا ہے۔مشہور ومعروف سلاسل طریقت یہ ہیں۔ **قادریہ ، چِشتیہ ، نقشبندیہ ، سُھروردیہ ، قلندریہ ، اُویسیہ ، شاذلیہ** وغیرہ۔

دوبارہ بیعت کرنا : آنحضرت ﷺ سے دو مرتبہ بیعت لینا ثابت ہے۔مشائخ سے بھی دوسری مرتبہ بیعت لینا منقول ومرفوع ہے۔اگر

دوسرے مرشد سے بیعت پہلے پیر میں کسی خلل یا غیر متشرع بات کے ظہور کی وجہ سے ہے۔تو دوسری بیعت میں کوئی مضائقہ نہیں۔مرشد کے وصال یا کسی طرح غائب ہوجانے کی صورت میں بھی دوسری (تجدید) بیعت میں کوئی حرج نہیں جس میں اس کی واپسی کی امید باقی نہ رہی ہوالبتہ بلا وجہ دوسرے شیخ سے بیعت کرنا اسے ایک کھیل سمجھنا تصور ہوگا۔اس طرح نہ تو خیر و برکت حاصل ہوتی ہے اور نہ ہی مشائخ دلی طور پر توجہ کر کے منازل سلوک طے کرواتے ہیں۔

سوال : بیعت واجب ہے یا سُنت؟ بیعت کے سُنت ہونے میں کیا حکمت ہے؟ بیعت لینے والے کی اہلیت وشرائط کیا ہیں؟ ایفائے بیعت کیا ہے؟ بیعت توڑنے سے کیامُراد ہے؟ نیز ایک ہی بزرگ یا کئی بزرگوں سے دوبارہ بیعت جائز ہے یا نہیں؟ بیعت کے لئے کون سے الفاظ منقول ومتداول ہیں؟

جواب : بیعت سُنت ہے واجب نہیں،صحابہ کرامؓ نے آنحضور ﷺ سے بیعت کے ذریعے یقیناً قُربِ خداوندی حاصل کیا۔مگر یاد رہے کہ کسی شرعی دلیل سے یہ بات ثابت نہیں ہوتی تارک بیعت کو گناہ گار قرار دیا گیا ہواس پر آئمہ دین میں سے کسی کا بھی اختلاف نہیں ہے۔گویا بیعت کے واجب نہ ہونے پر اجماع ہے۔اوراسی طرح بیعت کے سُنت ہونے میں یہ حکمت سمجھ میں آتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی سنت اور طریقہ یہ ہے کہ اس نے نفس پر مخفی امور کو ظاہری افعال واقوال سے وابستہ کر دیا اور ایک اعتبار سے زبان کو دل اور ضمیر کا ترجمان قرار دیا ہے۔اوراسی طرح مُرشد کی اہلیت وشرائط میں سب سے پہلی اور ضروری بات یہ ہے کہ وہ قُرآن وحدیث کاعلم بھی رکھتا ہواور متبع شریعت بھی ہو۔اس سے ہماری مُراد یہ نہیں کہ وہ ان علوم میں چوٹی کی مہارت رکھتا ہو۔یعنی اس سے ہماری یہ مُراد ہے کہ وہ قُرآنِ مجید کے مطالب ومعانی،اسکی لُغاتِ مشکلہ،شانِ نزول،اعراب اور قصص وغیرہ سے (کچھ نہ کچھ حد تک) باخبر ہواسی طرح احادیث میں وہ کم از کم مشکوٰۃ المصابیح کو اچھی طرح پڑھ کر سمجھ چُکا ہو۔اسی طرح مرشد کے لئے دوسری شرط یہ ہے۔کہ وہ عدل وانصاف اورتقوی کے بلند مرتبے پر فائز ہو۔مُرشد کے لئے تیسری شرط یہ ہے کہ وہ دنیا کے مقابلہ میں آخرت کو ترجیح دیتا ہواوراس کی طرف راغب ہوموٴکدہ عبادات مکمل پابندی سے ادا کرتا ہواور صحیح احادیث میں وارد شدہ ذکر واذکار پر عامل ہواور ہمیشہ اپنے دل میں اللہ تعالیٰ سے لولگائے رکھے اوراسے یادداشت کی مشق کامل حاصل ہو۔چوتھی شرط یہ ہے کہ وہ خود بھی اوراپنے مریدین ومعتقدین کو نیکی کا دائمًا حکم دیتا رہے اور بُرائیوں سے روکتا رہے۔مرشد کے لئے پانچویں شرط یہ ہے کہ وہ طویل عرصہ تک مسلسل مشائخ کی صحبت اور تربیت سے فیض حاصل کر چُکا ہواوراس نے دورانِ تربیت مشائخ سے باطنی نوراور قلبی سکون کی دولت حاصل کی ہو یہ اس لئے کہ انسان سنت الٰہی کے مطابق اس وقت تک فلاح حاصل نہیں کرسکتا جب تک اس کا تعلق اور واسطہ فلاح یافتہ افراد سے نہ پڑے۔ بیعت کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ بالغ و عاقل ہواوراس معاملے میں شوق اور دلچسپی بھی رکھتا ہو حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے کہ آنحضور ﷺ کی خدمتِ اقدس میں بیعت کے لئے ایک بچہ پیش کیا گیا آپ ﷺ نے اس کے سر پر اپنا دستِ مبارک پھیرا،دُعا دی مگر اس سے بیعت نہ لی۔

☆ مشائخ کے ہاں بیعت کا جو سلسلہ جاری ہے۔اسکی عمومًا تین صورتیں ہیں مثلاً تمام صغیرہ وکبیرہ گناہوں سے توبہ پر بیعت ، اسناد حدیث کے سلسلے میں شامل ہونے اور برکت حاصل کرنے کی نیت سے بیعت اور احکام الٰہیہ پر صدق دل اور مصمم ارادے کے ساتھ عمل پیرا ہونے اور دل کو اللہ تعالیٰ سے وابستہ کرنے کے عزم پر بیعت۔اور یہی تیسرا طریقہ اصل ومقصود ہے۔کیونکہ پہلی دونوں صورتوں میں بیعت کی تکمیل اوراسے پورا کرنے یا اس کے ساتھ وفاداری نبھانے سے مُراد یہ ہے۔کہ مرید کبیرہ گناہوں سے بچے۔اور صغیرہ گناہوں پر اصرار نہ کرے۔فرائض،سنن اور مستحبات کی لازمًا پابندی کرے۔بیعت توڑنے یا اس عہد سے باہر نکل جانے سے مراد یہ ہے۔کہ مرید ان تمام باتوں سے روگردانی کرے۔تیسری صورت میں بیعت کے عہد کو نبھانے اوراسے پورا کرنے سے مراد یہ ہے۔کہ مرید عبادت،ریاضت ومجاہدے میں اتنی محنت شاقہ کرے۔کہ بالآخر وہ ایمان،اطمینان،ایقان اور یقین کے نور سے اس قدر منور ہو جائے۔یہاں تک کہ یہ جملہ چیزیں بطور عادت وفطرت اس سے صادر ہونے لگیں۔اس حالت میں بعض دفعہ سالک کو ایسی چیزوں کی اجازت دی جاتی ہے۔جن کی شریعت نے اجازت دی ہے۔کہ اِن میں بعض جسمانی فائدہ بخش چیزیں یا ایسی چیزیں جن کی ضرورت پڑتی ہے۔شامل ہیں مثلاً علوم دینی کی تدریس وتعلیم،یا عہدہ قضاء کےفرائض کی ادائیگی۔اوراس بیعت وعہد کو توڑنا یہ ہے۔کہ مرید مذکورہ امور سے عمدًا غافل ہو جائے۔

دو جوامع الکلم احادیثِ نبوی ﷺ :

حدیثِ اول : حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے۔کہ اسلام کی بنیاد پانچ چیزوں پر ہے۔ 1۔ گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔اور یقیناً حضرت محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ ہیں۔ 2۔ نماز کا قائم کرنا۔ 3۔ زکوۃ کا ادا کرنا۔ 4۔ حج کرنا (اگر چہ استطاعت ہو) 5۔ رمضان کے روزے رکھنا۔ (صحیحین)

حدیثِ دوئم : فرمانِ حضرت نبی مکرم ﷺ ! میرے پاس (فرشتہ وحی) حضرت جبرائیلؑ تشریف لائے۔اور کہا۔اے محمد ﷺ ! اسلام کے دس حصے ہیں۔اور خائب وخاسر ہو وہ شخص،جس کے پاس (ان دس حصص میں سے) کوئی حصہ نہیں۔ پہلا (حصہ): لا الہ الا اللہ کی شہادت ہے۔دوسرا (حصہ): نماز ہے۔اوروہ پاکیزگی ہے۔ تیسرا (حصہ): زکوۃ ہے۔اوروہ فطرت ہے۔ چوتھا (حصہ): روزہ ہے۔اوروہ جہنم سے ڈھال ہے۔ پانچواں (حصہ): حج ہے۔اوروہ شریعت ہے۔ چھٹا (حصہ): جہاد ہے۔ اور وہ غزوہ ہے۔ساتواں (حصہ): امر بالمعروف ہے۔اوروہ وفاداری ہے۔ آٹھواں (حصہ): نہی عن المنکر ہے۔اوروہ بخت ہے۔نواں (حصہ): جماعت ہے۔ اور وہ اُلفت ہے۔ دسواں (حصہ): اطاعت ہے۔اوروہ حفاظت ہے۔

رسالہء الھامیہ ۔ (فرامینِ ربِ متعال در زبانِ شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ)

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی بغدادیؒ نے اپنی باطنی معراج کے دوران اپنے اور اللہ تعالیٰ کے مابین ہونے والی گفتگو اور سوال و جواب کو بہت پیارے اور منفرد انداز میں بیان فرمایا ہے۔ جو واقعتاً اپنے اندر بے شمار اسرار و رموز سموئے ہوئے ہیں۔ یہ تمام باتیں دراصل حضور غوثِ پاکؒ کی کتاب ''**الرسالۃ**'' سے لئے گئے ہیں۔ جو کہ آنحضورؒ کی الہامی، القائی اور آفاقی تصنیف ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! کوئی شخص گناہ کی وجہ سے مجھ سے دُور نہیں ہوتا۔ اور نہ کوئی شخص طاعت کی وجہ سے مجھ سے قریب ہوتا ہے۔ (معنی ظاہر ہیں) ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! غیر اللہ سے متوحش (خوفزدہ) ہو۔ (جبکہ) اللہ تعالیٰ سے محبت (کیفیتِ اُنسیت) رکھو۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! جو طور طریق ناسوت (یعنی عالمِ اجسام) وملکوت (یعنی عالم ارواح) کے مابین ہے۔ وہ **شریعت** ہیں۔ اور جو طور طریق ملکوت (عالم ارواح) و جبروت (مرتبہء صفات) کے مابین ہیں۔ وہ **طریقت** ہیں۔ اور جو طور طریق جبروت (مرتبہء صفات) ولاہوت (مرتبہء فناء فی اللہ) کے مابین ہیں۔ وہ **حقیقت** ہیں۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! مَیں کسی شئے میں ایسا ظاہر نہیں ہوا۔ جیسا انسان میں۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! تیرے لئے طوبیٰ (بہت زیادہ خوشی) ہے۔ اگر تُو میری مخلوق پر شفقت کرے۔ اور پھر تیرے لئے طوبیٰ ہے۔ اگر تُو میری مخلوق کو معاف کرے۔ اس کے معنی ظاہر ہیں۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! مَیں نے نفس کے اندر زاہدوں کے لئے راستہ بنایا۔ اور دل کے اندر عارفوں کے لئے راہ بنائی۔ اور روح کے اندر واقفین کے لئے راستہ بنایا۔ اور مَیں نے اپنے آپ کو بھیدوں کا مقام بنایا۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! مَیں مکانوں کا پیدا کرنے والا ہوں۔ اور انسانوں (آدمؑ کی اولاد) کے سوا میرا مکان نہیں ہے۔ آدمی میرا پوشیدہ اور چھپا ہوا بھید ہے۔ اور اسی طرح سے میں انسان کا چھپا ہوا بھید ہوں۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! انسان میرا بھید ہے۔ اور میں انسان کا بھید ہوں۔ اگر انسان جان لے۔ کہ! اس کا مرتبہ میرے نزدیک کیا ہے۔ تو (انسان اپنی) ہر ہر سانس میں کہے۔ کہ! آج کے دن ساری بادشاہت میرے سوا کسی اور کو سزاوار نہیں۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! فقیر کا کھانا میرا کھانا ہے۔ اور فقیر کا پینا میرا پینا ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! مَیں نے ملائکہ (فرشتوں) کی تخلیق انسانی نور سے کی۔ اور انسان کو اپنے نور سے پیدا فرمایا۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! میں نے انسان کو اپنی سواری اور سارے اکوان کو انسان کی سواری بنایا۔ (یعنی کہ! میں نے انسان کو اپنی خوشی کے لئے پیدا کیا۔ اور جملہ مخلوقات کو اس کی خوشی کے لئے پیدا کیا) ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! اچھا طالب میں ہوں۔ اور اچھا مطلوب انسان ہے۔ اچھا سوار میں ہوں۔ اور اچھی سواری انسان ہے۔ اچھا سوار انسان ہے۔ جس کی اچھی سواری سارا اکوان ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! انسان کوئی چیز نہیں کھاتا ہے، نہ پیتا ہے، نہ کھڑا ہوتا ہے، نہ بیٹھتا ہے، نہ بولتا ہے، نہ سنتا ہے، نہ کوئی کام کرتا ہے، نہ کسی شئے کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور نہ ہی اس سے بے رُخ ہوتا ہے۔ مگر یہ کہ! اس میں مَیں ہوتا ہوں۔ مَیں ہی اس کو ساکن رکھتا ہوں۔ اور میں ہی اس کو حرکت میں لاتا ہوں۔

☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! انسان کا جسم، اس کا نفس، اس کا قلب، اس کی روح، اس کے کان اور آنکھ، اس کی زبان اور اس کے ہاتھ پاؤں (نیز اس کی) ہر ایک چیز کو مَیں نے اپنی ذات سے اپنے ہی لئے ظاہر کیا۔ وہ نہیں ہے مگر مَیں ہوں۔ اور مَیں اس سے غیر نہیں ہوں۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! جب تم کسی فقیر کو اس حال میں دیکھو۔ کہ وہ فقر و فاقہ کی آگ میں جل گیا ہے۔ اور فاقہ کے اثر سے شکستہ حال ہو گیا ہے۔ تو اس کا تقرب ڈھونڈیں۔ کیونکہ! میرے اور اُس کے مابین کوئی پردہ (حجاب) حائل نہیں ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! میرے نزدیک فقیر وہ نہیں۔ جس کے پاس کچھ نہیں۔ بلکہ فقیر وہ ہے۔ جس کا ہر شئے پر اَمر نافذ ہو۔ اور جب وہ کسی شئے کے لئے کہے۔ ''ہو جا'' تو وہ ہو جائے۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! اپنے دوستوں سے کہہ دیں۔ کہ تم میں سے جو کوئی میری داری (ہم نوائی) چاہے۔ تو فقر اختیار کرے۔ جب ان کا فقر پورا ہو جائے۔ تو وہ نہیں رہتے بجز میرے۔ اس کے معنی ظاہر ہیں۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! اپنے دوستوں سے کہیں۔ کہ فقراء کی ادعیہ کو غنیمت جانیں۔ کیونکہ! وہ میرے نزدیک ہیں۔ اس کے معنی ظاہر ہیں۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! مَیں نے فقر و فاقہ دو سواریاں انسان کے لئے بنائی ہیں۔ جس نے ان پر سواری کی۔ منزلِ مقصود پر پہنچ گیا۔ قبل اس کے کہ وہ منزلوں اور جنگلوں کو طے کرے۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! کھانا نہ کھاؤ، نہ پیو، اور نہ نیند میں آرام کرو۔ مگر یہ کہ میرے ہی پاس (کھاؤ، پیو اور سوؤ) اپنے حضورِ قلب اور چشمِ بینا سے۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! جو باطن میں میری طرف سفر سے محروم رہا۔ مَیں اس کو ظاہری سفر میں مبتلا کرتا ہوں۔ اور اس کو میری طرف سے کچھ نہیں دیا جاتا۔ بجز اس کے (کہ) سفرِ ظاہری کے ذریعے دوری (جدائی و مفارقت) دی جائے۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! یگانگت کی کیفیت ایسی ہے۔ کہ زبانی باتوں سے بیان نہیں کی جا سکتی۔

☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! جو کوئی ازلی سعادت و نیکی سے نیک مسعود بن گیا۔ تو اس کے لئے طوبیٰ (بہت زیادہ خوشی) کا مقام ہے۔ اس کے بعد وہ سبک نہیں ہوتا۔ اور جو ازلی بدبختی و شقاوت کی بناء پر بُرا شقی بن گیا۔ اس کے لئے ویل جیسا دوزخ کا ذلیل مقام ہے۔ اس کے بعد وہ کبھی مقبول نہیں ہو سکتا۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! اگر انسان کو معلوم ہو جائے۔ (کہ) موت کے بعد جو کچھ ہوتا ہے۔ تو ہرگز دنیاوی حیات کی تمنا نہ کرے۔ اور ربِ متعال سے ہر ہر لمحہ ولحظہ کہے۔ کہ! اے رب! مجھ کو مار ڈال۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! قیامت کے دن میرے نزدیک خلائق کی محبت بہرا، گونگا اور اندھا ہونا ہے۔ پھر حسرت اور گریہ۔ (کیونکہ) قبر میں بھی یہی ہوتا ہے۔ اس کا مطلب ظاہر ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! محبّ اور محبوب کے مابین محبت ایک حجاب ہے۔ پس جب محبّ، محبت سے فنا ہو جاتا ہے۔ تو محبوب سے واصل ہو جاتا ہے۔ اس کے معنی ظاہر ہیں۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! جنت میں میرے ظہور کے بعد اُلفت و محبت نہیں رہے گی۔ اسی طرح سے دوزخ میں اس کے رہنے والوں سے میرے خطاب کے بعد وحشت وجلن دور ہو گی۔ اس کے معنی ظاہر ہیں۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

کہ! یوں کہو۔ میں حاضر ہوں۔ اے ربِّ غوث! مَیں حاضر ہوں۔ میں ہر کریم سے بڑھ کرا کرم ہوں (بہت زیادہ کرم کرنے والا) ہوں۔ اور ہر رحیم سے زیادہ ارحم (سب سے زیادہ رحم کرنے والا) ہوں۔ کریم و رحیم کے معنی ظاہر ہیں۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! جس نے مجھے دیکھا۔ وہ سوال کرنے سے بے نیاز ہو گیا۔ اور جو مجھے نہیں دیکھتا۔ سوال کرنے سے اُس کو فائدہ نہیں۔ وہ تو اپنے مقابل سے حجاب میں ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! تُو میرے پاس سو جا۔ (لیکن) عوام کی نیند کی طرح نہیں۔ تو تُو مجھے دیکھے گا۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! اہلِ جنت، جنت سے مشغول ہیں۔ اور اہلِ دوزخ مجھ سے مشغول ہیں۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! گناہ گاروں کو فضل اور مہربانی کی خوشخبری دو۔ اور مغروروں کو انصاف اور بدلہ کی۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! اپنے دوستوں سے کہہ دیں۔ کہ تم میں سے جو کوئی مجھ سے مل جانا چاہتا ہے۔ اُسے چاہیئے۔ کہ! میرے سوا ہر چیز سے نکل جائے۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! وہ نماز (مجھ سے قریب تر ہے۔ کہ) جس میں سوائے میرے اور (کوئی بھی غیر) نہ ہو۔ اور نماز پڑھنے والا اس نماز سے غائب ہو۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! وہ اعمال (میرے نزدیک بہتر ہیں۔ کہ!) جن میں میرا غیر نہ ہو۔ اور میرے سوا دوزخ و جنت کچھ نہ ہو۔ اور اس عمل کا کرنے والا اس عمل سے غائب اور بے خبر ہو۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! اس کی نماز ہی نہیں ہوتی۔ جس کے پاس میری معراج نہ ہوتی ہو۔ جو نماز سے محروم ہے۔ وہ میری معراج سے محروم ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! معراج وہ ہے۔ جس میں آنکھ نہ جھپکے۔ نہ غلط دیکھے۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! اس بندہ کے لئے خوشی ہے۔ جس کا قلب مشاہدہ کی طرف جھک گیا۔ اور اس بندہ کے لئے ویل ہے اور افسوس (ہے۔ کہ!) جس کا قلب شہوات کی طرف جھک گیا۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! جب تم مجھے دیکھنے کا ارادہ کرو۔ کہ کس محل یا مقام میں (مَیں ہوں۔ تو) تم ایسا دل اختیار کرو۔ جو دردمند ہو۔ اور میرے غیر سے فارغ ہو۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! علم کا علم اس علم سے ناواقف ہو جانا ہے۔ (**علم العلم هو الجهل عن العلم**) ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! مجاہدہ، مشاہدوں کے سمندروں میں سے ایک سمندر ہے۔ تمھیں چاہیئے۔ کہ! مجاہدہ اختیار کرو۔ کیونکہ! مجاہدہ کے بغیر مشاہدہ ناممکن ہے۔ مجاہدہ، مشاہدے کا تخم ہے۔ جو مجاہدہ سے محروم رہے۔ اس کو مشاہدہ کا راستہ نہیں ملتا۔ جو مجھ سے نہ کہ میرے غیر سے مجاہدہ اختیار کرے۔ اس کو میرا مشاہدہ یا دیدار ہو جاتا ہے۔ اس کو پسند کرے یا نہ پسند کرے۔ طالبین کے لئے مجاہدہ ضروری اور ناگزیر ہے۔ جس طرح کہ ان کے لئے میں ناگزیر اور ضروری ہوں۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! جب آپ نے ارادہ کیا۔ کہ! میرے حرم میں داخل ہو جاؤ۔ تو کوئی توجہ نہ کرو۔ ملک (دُنیا اور دنیا میں موجود جملہ اشیاء) کی طرف، نہ ملکوت (عالمِ ارواح) کی طرف، اور نہ جبروت (مرتبہ صفات) کی طرف۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! جب تم نے توبہ کا ارادہ کر لیا۔ تو تم پر لازم ہو گیا۔ کہ نفس کے وسوسوں سے باہر نکل آؤ۔ یہاں تک کہ مجھ سے مل جاؤ۔ وگرنہ تو تم دل لگی کرنے والوں میں سے ہو جاؤ گے۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! میرے ساتھ رہ۔ اور اپنے قلب کو میرے غیر سے محفوظ رکھ۔ (اللہ تعالیٰ کے مطابق عشق کے یہی معنی ہیں) ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! صاحبِ علم کے لئے میری طرف اس کے علم سے کوئی راستہ نہیں۔ مگر جب کہ وہ انکار کرے۔ (یعنی اس علم کو بھول جائے) کیونکہ! وہ جب علم کو اس کے پاس چھوڑتا ہے۔ تو وہ شیطان ہو جاتا ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! رونے والوں کی ہنسی (میرے نزدیک) ہر ہنسی سے بہتر ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! گناہ گار اپنے گناہوں کے باعث محجوب ہیں۔ اور اطاعت گذار اپنی اطاعت سے حجاب میں ہیں۔ اور میرا ایک اور گروہ ہے۔ جو اِن سے اوپر ہے۔ جس کو نہ گناہ کا غم ہے۔ اور نہ (ہی) طاعت کی فکر۔ ☆ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ کہ! جب تم نے ظاہری عشق کو جان لیا۔ تو تم پر لازم ہو گیا۔ کہ بجائے عشق کے مجھ میں فناء ہو جاؤ۔ کیونکہ! عشق (بھی) تو عاشق و معشوق کے مابین حجاب ہے۔

عاشق یا معشوق بننے میں کیا بھتر ھے ؟ (واقعہ پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ)

ایک مرتبہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے حق تعالیٰ نے پوچھا۔ عاشق چاہتے ہو یا معشوق؟ لیکن اُس وقت آپؒ کوئی جواب نہ دے سکے۔ اسی پریشانی کے عالم میں آپ بوقتِ شب بغداد کی گلیوں میں گھوم رہے تھے۔ کہ ایک جانب سے آواز آئی۔ (کہ) بس ایک معمولی سے سوال کا جواب بھی نہیں دے سکتے ہیں۔ اور اِتنے بڑے بزرگ بنتے ہیں۔ (جب) آپؒ نے مڑ کر ملاحظہ کیا۔ تو ایک مفلوک الحال ضعیف و نحیف شخص ایک دکان پر جھاڑ جھونک رہا تھا۔ آپؒ نے مسرت میں ان کے پاس جا کر فرمایا۔ کہ! آپؒ (ہی مجھے) اس سوال کا جواب عنایت فرمادیں۔ تو اُس بزرگ نے فرمایا۔ کل شام کو یہیں پر میرے پاس آنا۔ چنانچہ دوسرے دن جب حضور غوث پاکؒ وہاں تشریف لائے۔ تو وہ بزرگ موجود نہ تھے۔ آپؒ نے لوگوں سے دریافر فرمایا۔ کہ اس حلیے کے بزرگ یہاں مقیم تھے۔ وہ اَب کہاں ہیں؟ لوگوں نے بتایا۔ اچھا۔ وہ "کَـلُّـوْ" وہ تو بڑا بدمعاش نکلا۔ وہ تو سارق تھا۔ اور اس نے متعدد قتل بھی کئے تھے۔ آج صبح اُسے بادشاہ کے سپاہی پکڑ کر لے گئے۔ اور اس کو پھانسی دے کر فلاں گھورے پر اس کو پھینک دیا ہے۔ یہ سن کر حضور غوث پاکؒ کو حیرت ہوئی۔ لیکن چونکہ آپؒ کو یقین تھا۔ کہ! وہ بزرگ تھے۔ آپؒ اس مقام پر گئے۔ جہاں اُن کی لاش پڑی ہوئی تھی۔ اور اُسے کتے اور گدھیں کھا رہی تھیں۔ جب آپؒ قریب پہنچے۔ تو وہ اُٹھ بیٹھے۔ اور آپؒ سے مخاطب ہو کر کہنے لگے۔ کہ آپؒ نے مقامِ عاشقی کا حشر دیکھ لیا۔ کہ دوست نے ساری حیاتی جھاڑ جھونکوائی۔ جب اس پر اکتفاء نہ کیا۔ تو چور، ڈاکو اور قاتل کہلوایا۔ اور جب اس پر بھی اکتفاء نہ کیا۔ تو پھانسی پر چڑھوایا۔ اور جب اس بات پر بھی اکتفاء نہ کیا۔ تو مروا کر مجھے کتے اور گدھوں کی خوراک بننے کے لئے پھینک دیا۔ (لہذا) خبردار! عاشقی نہ مانگنا۔ اور معشوقی بھی طلب نہیں کرنی چاہیئے۔ کیونکہ! یہ چھوٹا منہ اور بڑی بات کے برابر ہے۔ (اسی لئے) آپؒ حق تعالیٰ سے یہ عرض کریں۔ کہ!

یا رب متعال! میں طلب سے باز آیا۔ حضور جل جلالہٗ! آپ جو چاہیں عطا فرمائیں۔ (پھر) جب حضور پیرانِ پیرؒ نے حق تعالیٰ کی بارگاہِ مقدسہ میں تسلیم و رضا سے لبریز بعینہٖ یہی جواب پیش فرمایا۔ تو اللہ تعالیٰ نے آپؒ کو مرتبہ محبوبیت عطا ہوا۔ اور آپ محبوبِ سبحانی ہو گئے۔ (ماشاء اللہ)

سلسلہء قادریہ میں تصوف کی بنیاد آٹھ باتوں پر :

عظیم المرتبت سلسلہ ء عالیہ قادریہ کے مریدین ومعتقدین کے لئے آٹھ خصائل کا ہونا نہایت ضروری :

☆ السخاء حضرت ابراہیم خلیل اللہؑ جیسی ہونی چاہیئے ۔ ☆ الرضاء حضرت اسحاقؑ (یا حضرت اسماعیلؑ) بن ابراہیمؑ جیسی ہونی چاہیئے ۔

☆ الصبر حضرت ایوبؑ جیسا ہونا چاہیئے ۔ ☆ الاشارۃ (مناجات) حضرت زکریاؑ جیسا ہونا چاہیئے ۔

☆ الغربۃ (تضرع) حضرت یحیٰؑ جیسی جیسا ہونا چاہیئے ۔ ☆ الصوف (خرقہ پوشی) حضرت موسیٰ کلیم اللہؑ جیسا ہونا چاہیئے ۔

☆ السیاحۃ (سیاحت وتجرد) حضرت عیسیٰ روح اللہؑ جیسی ہونی چاہیئے ۔ ☆ الفقر حضرت سیدنا محمد رسول اللہؐ جیسا ہونا چاہیئے۔

مقامِ محبوبیت : جب افراد ترقی کرتا ہے ۔ تو قطبِ وحدت ہو کر مرتبہ محبوبیت (یعنی مقامِ معشوقی) پر پہنچ جاتا ہے ۔ دو افراد اس مقامِ معشوقی پر پہنچے ہیں ۔ ایک پیرانِ پیر سید شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور دوسرے حضرت شیخ نظام الدین اولیاء بدایونیؒ ۔ یہی دونوں حضرات ولایت کے آخری مقام تک پہنچ پائے ہیں ۔ کیونکہ اِن کے ساتھ سلوک میں عمر اور کمال (دونوں) نے وفا کی ۔ جس کی وجہ سے ان دونوں حضرات نے جلدی جلدی ترقی حاصل کرتے ہوئے مقامِ معشوقی (مرتبہ محبوبیت) کو بفضلِ الٰہی حاصل کر لیا ۔ **ھذا من فضل ربی** ۔ اِن دونوں حضرات کا مشرب روحِ احمد ﷺ تھا ۔ حضرت خضر نبیؑ فرمایا ۔ کہ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ اور حضرت شیخ نظام الدین اولیاء بدایونیؒ (دونوں حضرات ہی) مقامِ معشوقی (یعنی مقامِ محبوبیت) پر تھے ۔ اِن کی مثل کوئی دوسرا نہیں ہوا ۔ کتاب بحرالمعانی میں لکھا ہوا ہے ۔ کہ ! حضرت خواجہ بایزید بسطامیؒ اور حضرت خواجہ ابوبکر شبلیؒ بھی مقامِ معشوقی تک پہنچے ہیں ۔ **واللہ اعلم بالصواب** ۔ بہرحال ! ولایت میں باقی تمام حضرات اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم ، آنحضور ﷺ اور حضرت علی المرتضیٰؓ کے تصدق وتوسل سے مقامِ فردانیت تک بمشکل پہنچ پائے ہیں ۔ کیونکہ سلوک میں عمر اور کمال نے اِن کے ساتھ وفا نہ کی ۔ اِسی لئے وہ جلد ہی) عالمِ بقاء کی طرف کوچ کر گئے ۔

تقوٰی ، صبر و شکر راضی بخدا ۔۔۔ ایں چنیں تقوٰی بود باطن صفا

مقامِ محبوبیت : صاحبِ بحرالمعانی فرماتے ہیں ۔ کہ ! مَیں ایک دن دریائے نیل میں حضرت خضرؑ کے ہمراہ ایک کشتی میں بیٹھے محوِ گفتگو تھا ۔ (ہمارے مابین) محبوبانِ خدا کے متعلق باتیں ہو رہی تھیں ۔ (دورانِ گفتگو) حضرت خضرؑ نے فرمایا ۔ کہ ! سیدنا عبدالقادر جیلانیؒ اور حضرت خواجہ نظام الدین محبوبِ الٰہی دہلویؒ ہر دو حضرات ''مقامِ محبوبیت'' پر فائز ہیں ۔ اولیائے اُمت میں سے یہ رُتبہ دیگر اولیاء اللہ میں سے کسی اور کو اَب تک عطا نہیں ہو سکا ۔

مرتا ہوں خامشی پر ، یہ آرزو ہے میری ۔۔۔ دامن میں کسی کوہ کے ، اک چھوٹا سا جھونپڑا ہو

مکتوباتِ غوثیہ : (اَز زبانِ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ)

اے عزیز ! جب شہود کے کنارے پر بادل کے پھٹنے سے فیض چمکنے لگے ۔ جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ۔ **یھدی اللہ لنورہ من یشآء** ۔ ترجمہ (اللہ تعالیٰ جس کو چاہے ۔ اپنے نور کی ہدایت دیتا ہے) اور وصول کی ہوائیں مہربانی کے راستے سے چلنا شروع کریں ۔ جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ۔ **یختص برحمتہ من یشآء** ۔ ترجمہ (اللہ تعالیٰ جس کو چاہے ۔ اپنی رحمت سے خاص کر لیتا ہے) اور محبت کی خوشبوئیں قلوب کے باغات میں ظاہر ہوں ۔ اور شوق کے بلبلے ارواح کے باغات میں ۔ (جیسے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) **یا اسفٰی علٰی یوسف** ۔ ترجمہ (اے افسوس ، یوسفؑ کے فراق پر) کے نغمات سے ہزار داستان ترنم میں آئے ۔ اور اشتاق کی آگیں مخفی عالم میں شعلہ اُڑائیں ۔ اور افکار کی پرواز زیادہ اُڑانے کی وجہ سے بے پَر ہو جائے ۔ اور بڑی بڑی عقلیں سرفت کی وادی میں پاؤں گم کریں ۔ اور بڑے بڑے افہام کی بنیادیں ہیبت کے ٹکرانے سے تزلزل میں آجائیں ۔ اور مقاصد کی کشتیاں **ما قدر اللہ حق قدرہ** ۔ ترجمہ (اللہ تعالیٰ کی قدر کا اندازہ نہ کر سکے) جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ۔ کہ **وھی تجری بھم فی موج کالجبال** ۔ ترجمہ (وہ ان کے ساتھ موج میں پہاڑ چل رہی تھیں) کی ہواؤں کے ساتھ حیرت کی گہرائیوں میں داخل ہو جائیں ۔ اور **یحبو ھم و یحبو نہ** ۔ ترجمہ (وہ ان سے محبت کرتے ہیں ۔ اور اور وہ اس سے محبت کرتے ہیں) کے عشق کے دریا کی موجیں ٹھاٹھوں میں آگئیں ۔ ہر ایک زبانِ حال پر نذر کرے گا ۔ **رب انزلنی منزلا مبارک وانت خیر المنزلین** ۔ ترجمہ (اے میرے اللہ تعالیٰ سابقہ مہربانی مجھ کو مبارک مقام پر اُتار ۔ (کیونکہ) تو بہتر اُتارنے والا ہے) **ان الذین سبقت لھم منا الحسنٰی** ۔ ترجمہ (یقیناً جس کے لئے ہماری طرف سے بہتری سبقت کر چکی ہے ۔ پہنچ جائے گی) اور اِن کو **فی مقعد صدق** ۔ ترجمہ (راست اور عزت کی بیٹھک میں) کے دریا کے کنارے پر اُتار دے گا ۔ **الست بربکم** ۔ ترجمہ (کیا مَیں تمھارا رب نہیں؟) کی شراب کے مستانوں کی مجلس میں پہنچائے گا ۔ **للذین احسنوا الحسنٰی وزیادۃ** ۔ ترجمہ (جنہوں نے احسان کیا ۔ ان کے لئے بہتری اور زیادتی ہے) کی نعمتوں کے دسترخوان سامنے لائے گا ۔ اور وصل کے پیالے **بایدی سفرۃ** ۔ ترجمہ (ایسے لکھنے والوں کے ہاتھوں میں ہے) **وسقاھم ربھم شرابا طھورا** ۔ ترجمہ (فرشتوں کے ہاتھوں سے اور اِن کو اِن کا ربِ پاک پاک شراب پلائے گا) **واذا رایت ثم رایت نعیما و ملکا کبیرا** ۔ ترجمہ (جب اس جگہ کو دیکھے گا ۔ نعمتیں اور بہت بڑا ملک دیکھے گا) ہمیشگی کا ملک اور ہمیشگی کی دولت سامنے آئے گی ۔ ہمیشگی کے ملک اور ہمیشگی کی دولت کا مشاہدہ ہو گا ۔

عشرہ خصائلِ غوثیہ (اَز حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؓ)

☆ **پہلی خصلت** :انسان (بات کا باور کرانے کے لئے) اللہ تعالیٰ کی قسم نہ کھائے۔(چاہے بات) سچی ہو، یا جھوٹی ہو، جان بوجھ کر ہو یا بھول کر۔ ☆☆☆ **قسم نہ کھانے کا فائدہ:** جب انسان کو اس بات (یعنی قسم نہ کھانے) کی عادت ہو جائے۔تو وہ شخص یقیناً قسم کھانا چھوڑ دے گا۔چاہے بھول کر ہو یا جان بوجھ کر۔ اوراس عادت کے باعث اللہ تعالیٰ اس کے لئے اپنے انوارات وتجلیات کے ابواب کھول دے گا۔اوروہ شخص اس وقت دل سے اس کا نفع محسوس کرے گا۔ بلکہ وہ اپنے بدن میں قوت، درجات میں بلندی ورفعت اور بصارت میں تیزی پائے گا۔دوست بھی ایسے شخص کی تعریف کریں گے۔اوروہ اپنے پڑوسیوں کے نزدیک معزز گردانا جائے گا۔ یہاں تک کہ! ہر پہچاننے والا اس کے حکم کی اطاعت کرے گا۔اور ہر دیکھنے والا اس کی ہیبت اور دبدبہ کو یقیناً محسوس کرے گا۔(انشاءاللہ تعالیٰ)

☆ **دوسری خصلت** : انسان جھوٹ بولنے سے اجتناب کرے۔مذاق میں ہو یا سنجیدگی سے۔☆☆☆ **جھوٹ نہ بولنے کا فائدہ:** جب انسان جھوٹ بولنے کی عادت کو چھوڑنے کا مصمم ارادہ کرلے گا۔اوراس کی زبان جھوٹ نہ بولنے کی عادی ہو جائے گی۔تو اللہ تعالیٰ اس کا سینہ کھول دے گا۔اور علم (نافع) میں صفائی عطا فرمائے گا۔اور پھر وہ شخص یوں ہو جائے گا۔کہ جیسے وہ جھوٹ بولنا جانتا ہی نہیں۔ بلکہ ایسا شخص جب کسی دوسرے شخص کی زبان سے جھوٹ سنے گا۔تو اسے عیب شمار کرتے ہوئے نفرین کرے گا۔اوراگر اسے (یعنی جھوٹ بولنے والے کو) جھوٹ چھوڑنے کی دعوت دے گا۔تو ثواب (دارین) حاصل کرے گا۔ (انشاءاللہ تعالیٰ)

☆ **تیسری خصلت** : کسی سے وعدہ کرنے کے بعد وعدہ خلافی نہ کرے۔یا پھر وعدہ کرنا ہی چھوڑ دے۔

☆☆☆ **وعدہ خلافی کرنے یا وعدہ ہی نہ کرنے کا فائدہ:** کیونکہ! یہ اس کے عمل کو مضبوط کرنے اور صراطِ مستقیم اختیار کرنے کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔کیونکہ وعدہ خلافی بھی ایک قسم کا جھوٹ ہی ہے۔اور جب وہ انسان وعدہ خلافی ہی نہیں کرے گا۔تو اس کے لئے سخاوت کا دروازہ اور حیاء کا زینہ کھل جائے گا۔ سچے لوگوں کے قلوب میں اللہ تعالیٰ کی محبت ہمیشہ موجزن رہتی ہے۔ بلکہ! اللہ تعالیٰ کے ہاں تو اس (وعدہ وفا لوگوں) کی تعریف وتوصیف بلند ہوگی۔(انشاءاللہ تعالیٰ)

☆ **چوتھی خصلت** : کسی بھی مخلوق پر لعنت نہ بھیجنا۔اور ذرہ سے کم مخلوق کو بھی اذیت نہ دینا۔

☆☆☆ **لعنت نہ بھیجنے یا اذیت نہ دینے کا فائدہ:** چونکہ یہ بات نیک اور سچے لوگوں کی عادت ہے۔اوراسکے باعث وہ شخص دنیا میں اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہتا ہے۔اور آخرت میں بلند درجات پر فائز ہوگا۔اللہ تعالیٰ ایسوں کو ہلاکت سے بچائے گا۔مخلوقات سے محفوظ و مامون رکھے گا۔ نیز اسے بندوں کی شفقت اور اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہوگا۔(انشاءاللہ تعالیٰ) ایک حدیث میں آیا ہے۔کہ! حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ اگر کوئی شخص یہ کہے۔کہ لوگ ہلاک ہوئے۔یعنی جہنم کی آگ کے مستوجب ہو گئے۔تو اس طرح کہنے والا سب سے زیادہ ہلاک ہونے والا ہے۔

☆ **پانچویں خصلت** : انسان کسی کے لئے بددعا نہ کرے۔چاہے اس پر کسی نے ظلم ہی کیوں نہ کیا ہو۔☆☆☆ **کسی پر بددعا نہ کرنے کا فائدہ:** کیونکہ! جب انسان کسی کے خلاف بددعا نہیں کرتا۔نہ اپنی زبان سے اسے برا بھلا کہتا ہے۔اور نہ ہی اپنے کسی قول وفعل یا عمل کے ذریعے بدلہ لیتا ہے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ (کی رضا وخوشنودی) کے لئے اس پر کئے جانے والے ظلم کو برداشت کرے۔اور اپنے قول وفعل کے ذریعے کسی قسم کی کوئی جوابی کاروائی بھی نہ کرے۔تو یہ عادت و خصلت انسان کے درجات کو بلند مقام عطا کرتی ہے۔(انشاءاللہ تعالیٰ) (یادرہے۔کہ!) جب کوئی انسان یہ آداب اپنائے گا۔تو دنیا وآخرت میں عزت والا مقام حاصل کرے گا۔دوروںزدیک کی مخلوقات کے قلوب میں ایسے شخص کے لئے محبت ودوستی کے جذبات پیدا ہوں گے۔ایسا شخص مستجاب الدعوات ہوگا۔بھلائی میں بلند مقام حاصل کرے گا۔اور دنیا میں مومنوں (ایمان والے) کے دلوں میں اس کی عزت ہوگی۔(انشاءاللہ تعالیٰ)

☆ **چھٹی خصلت** : اہلِ قبلہ میں سے کسی کے خلاف شرک، کفرومنافقت کی گواہی نہ دینا۔☆☆☆ **اہلِ قبلہ کے خلاف گواہی نہ دینے کا فائدہ:** چونکہ! یہ بات اللہ تعالیٰ کی رحمت کو قریب کرتی ہے۔اور درجات کو بھی بلند کرتی ہے۔یہ بات سنت کی تکمیل اور علمِ الٰہی میں دخیل ہونے سے دور رکھتی ہے۔نیز اللہ تعالیٰ کے غیض وغضب سے بھی بچاتی ہے۔کیونکہ اس (عادت کو اختیار کرنے) سے اللہ تعالیٰ کی رضا اور رحمت کا قرب حاصل ہوتا ہے۔اور اللہ تعالیٰ کے قرب حاصل کرنے کا یہ نہایت ہی معززباب ہے (دروازہ) ہے۔اوراس (خصلت) سے بندے کے دل میں تمام مخلوقت پر شفقت ورحم کرنے کا جذبہ پیدا ہوجاتا ہے۔

☆ **ساتویں خصلت** : ظاہری وباطنی گناہوں پر دائمی نظر رکھنے اور اِن کے کرنے کے ارادے سے اجتناب کرنا۔

☆☆☆ **ظاہری وباطنی گناہوں پر دائمی نظر رکھنے اور اِن کے کرنے کے ارادے سے اجتناب کرنے کا فائدہ:** چونکہ! جب کوئی اپنے ظاہری و باطنی گناہوں پر دائمًا نظر رکھتا ہے۔اور اِن کے سرانجام دینے سے باز رہتا ہے۔ بلکہ اپنے اعضاء (ہاتھ، پاؤں، آنکھ اور دل و دماغ وغیرہ) کو دور رکھتا ہے۔تو اس (خصلت) سے اس کے اعمال صالحہ کا ثواب دنیا میں دل اور جسمانی اعضاء کو جلد ہی حاصل ہوگا۔اوراس کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ اسے آخرت میں بھی ثواب عطا فرمائے گا۔ہم اللہ تعالیٰ سے (سچے دل کے ساتھ) دعا کرتے ہیں۔کہ! وہ اِن خصائل کے ذریعے ہم پر اپنا احسانِ عظیم فرمائے۔اور ہمارے قلوب سے خواہشاتِ (نفسانی، شہوانی، نسوانی وغیرہ) کو دائمًا نکال دے۔آمین۔(وانشاءاللہ تعالیٰ)

☆ **آٹھویں خصلت** : مخلوقات میں سے کسی پر، چاہے وہ چھوٹا ہو یا بڑا بوجھ نہ ڈالنا۔ بلکہ دوسروں کا بوجھ بخوشی اُٹھانا۔

☆☆☆ **بوجھ نہ ڈالنے بلکہ دوسروں کا بوجھ اُٹھانے کا فائدہ:** اگر کوئی مخلوقات میں سے کسی پر، چاہے وہ چھوٹا ہو یا بڑا بوجھ نہ ڈالے۔ بلکہ دوسروں کا بوجھ بھی بخوشی اُٹھائے۔چاہے وہ اس کی ضرورت محسوس کریں یا نہ کریں۔کہ یہ عابدین کی عزت اور متقین کی شرافت ہے۔اس (خصلت) سے **امر بالمعروف** اور

نھی عن المنکر پر قوت حاصل ہوتی ہے۔اور حق وسچ کے معاملے میں جملہ مخلوقات ایک جیسی ہی نظر آ ئیں گی۔اور جب کسی انسان میں یہ صفت (یعنی خصلت) پیدا ہوجائے گی۔تو اللہ تعالیٰ اسے فناء، یقین اورتوکل (توکل علی اللہ) کی طرف منتقل فرمادے گا۔اور وہ اپنی خواہشات کے تحت کسی کو بلند نہیں کہے گا۔اور حق وسچ کے معاملے میں تمام مخلوقات ہی کو برابری کی حیثیت دے گا۔کیونکہ! اسے (اس صفت وخصلت کے اختیار کرنے والے کو) یہ یقین ہو جائے گا۔کہ یہ دروازہ معزز ومتقی لوگوں ہی کی شرافت کا دروازہ ہے۔اوریہی دروزہ **اخلاص** کے زیادہ قریب ہے۔

☆ **نویں خصلت** : لوگوں سے امید وطمع دائمًا ختم کر دینا۔اور ان سے کسی بھی اسم کی غرض وغایت کی قطعًا لالچ نہ کرنا۔

☆☆☆ **لوگوں سے ہرقسم کی امید وطمع ختم کرنے اوران کی اپنی چیزوں سے لالچ نہ کرنے کا فائدہ:** چونکہ! جب کوئی لوگوں سے اپنی جملہ امیدیں اور ہمہ قسم کے طمع وحرص کوختم کر دیتا ہے۔بلکہ لوگوں کے پاس جوبھی کچھ ہے۔اس کی قطعًا لالچ نہیں کرتا۔**تو یہی درحقیقت بہت بڑی عزت وتکریم ہے۔بلکہ خالص غناء، عظیم تریں بادشاہت، فخرِ جلیل، یقینِ صادق اور صحیح شفاء دینے والا توکل ہے۔** یہ (صفت وخصلت) اللہ تعالیٰ پر یقین کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے۔اسی سے تقوٰی حاصل ہوتا ہے۔اورعبادت مکمل ہوتی ہے۔اور یہ ان لوگوں کی علامت ونشانی ہے۔جو جملہ تعلقات توڑ کر اللہ تعالیٰ سے دائمی وابستگی ورشتہ جوڑتے ہیں۔**(ماشاء اللہِ لا قوۃ الا باللہ)**

☆ **دسویں خصلت** : تواضع اختیار کرنا ہے۔☆☆☆ **تواضع اختیار کرنے کا فائدہ:** جب کوئی دائمًا تواضع اختیار کرتا ہے۔تو اس (صفت وخصلت) کے ذریعے اس کے مرتبہ کی بزرگی مضبوط ہوتی ہے۔اور درجہ بلند ہوتا ہے۔اللہ تعالیٰ اورمخلوقات کے نزدیک عزت ورفعت کی تکمیل ہوتی ہے۔دنیاوآخرت کے جس بھی کام کا ارادہ کرتا ہے۔تو ایسوں کو ان امور پر قدرت حاصل ہوتی ہے۔(یادرہے) یہ خصلت جملہ عبادات کی اصل،فرع اورکمالیت ہے۔اسی کے ذریعے انسان درحقیقت ان نیک لوگوں کے درجات حاصل کرتا ہے۔جو ہرقسم کی چھوٹی، بڑی تکلیف ومشکل یا خوشی میں اللہ تعالیٰ سے دائمًا راضی رہتے ہیں۔کیونکہ! یہی تو کمالِ تقوٰی ہے۔

علمِ باطن ہمچو مسکہ علمِ ظاہر ہمچو شیر   کے شود بے شیر مسکہ کے بود بے پیر پیر

سالکینِ شطاریہ کے دس دس لوازمات : (بمطابق حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ درکتاب جواہرخمسہ)

جب کوئی سالک یا طالب صادق ظلماتِ جسمانی اورتجلیاتِ روحانی وسطواتِ نورانی سے گذرتا ہے۔تو وجودِقدم کے فرش پر، جوسراپا نشاط اور بے رنگی سے بے رنگ نماہی قدم رکھتا ہے۔ان مراتب کے طے کرنے میں سالک کودس مراتب (معہ منازل) پیش آتے ہیں۔

سلوک کے دس مراتب: بدایات۔ابواب۔معاملات۔اخلاق۔اُصول۔اودیہ۔احوال۔ ولایات۔حقائق۔نہایات۔

بدایات کی دس منازل : یقظہ۔ توبہ۔انابت۔محاسبہ۔ تفکر۔ غیرِحق سے دوری (مزار) سماع۔ ریاضت۔اعتصام۔

ابواب کی دس منازل : حزن۔ خوف۔اشفاق۔خشوع۔اخبات (خوف ازآمدہ صدمات) زہد۔ورع۔تبتل (انقطاع عوام) رجاء۔رُغبت۔

معاملات کی دس منازل : رھبت (حد سے تجاوز کرنے سے ڈرنا)۔مراقبہ۔حدبت۔اخلاص۔تہذیب۔استقامت۔توکل۔تفویض۔ثقہ۔ تسلیم۔

اخلاقیات کی دس منازل : صبر۔ شکر۔ رضاء۔ صدق۔ ایثار۔ خلق۔ تواضع۔فتوت۔ انبساط۔

اُصول کی دس منازل : قصل (اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ کرنا) عزم۔ ارادت۔ادب۔یقین۔اُنس۔ذکر۔فقر۔غناء۔مُراد۔

اودیہ کی دس منازل : احسان۔ علم۔ حکمت۔بصیرت۔فراست۔تعظیم۔ الہام۔ سکینہ۔ طمانیت۔ ہمت۔

احوال کی دس منازل : محبت۔غیرت۔شوق۔قلق۔ عطش۔ وجد۔ دھش۔ ھیمان۔ بروق۔ ذوق۔

ولایت کی دس منازل : حظ۔ وقت۔ صفا۔ سرور۔ سرّ۔ نفس۔ غربت۔غرق۔ غیبت۔ تمکین۔

حقائق کی دس منازل : مکاشفہ۔مشاہدہ۔معائنہ۔ حیات۔ حیات۔ قبض۔بسط۔ سکر۔صحو۔اتصال۔انفصال۔

نہایات کی دس منازل : معرفت۔فناء۔بقاء۔تحقیق۔تلبیس۔وجود۔ تجرید۔ تفرید۔ جمع۔توحید۔

مذکورہ منازل میں سے اکثر کی تفصیلات اسی باب میں آگے ''صدمیدان'' میں بھی پیش کی گئیں ہیں۔وہاں سے دیکھی جاسکتی ہیں۔

اگر (خوش قسمتی وخوش نصیبی سے) کسی ایسے بزرگ کی صحبت میسر آجائے۔اور سالک کو اپنے دل میں اس صحبت سے اثرات محسوس ہوں۔تو اسے چاہیئے۔کہ! اپنی استطاعت کے مطابق وہ اِن اثرات کو سمیٹے اور انہیں محفوظ کرے۔اگر اِن اثرات میں کوئی خلل اور رکاوٹ پیش آئے۔تو پھر شیخ کی صحبت اختیار کرے۔تاکہ اس کی برکت سے دوبارہ وہی اثرات وکیفیات ظہور پذیر ہوں۔سالک اس عمل کو مسلسل دہراتا رہے۔یہاں تک کہ اثرات کی کیفیت ملکہ بن جائے۔اوراگراس بزرگ کی صحبت سے اثرات ظاہر نہ ہوں۔مگرمحبت اور جذب کی کیفیت حاصل ہو۔تو سالک کو چاہیئے۔کہ شیخ کی صورت کا تصور کرے۔اور قلبِ صنوبری کی طرف متوجہ ہو۔تاکہ غیبت اورفنائےنفس حاصل ہو۔اوراگر روحانی ترقی یعنی واردات میں رکاوٹ اورقبض کی کیفیت پیدا ہوجائے۔تو اپنے دائیں کندھے میں صورتِ شیخ کا تصور وتخیل کرے۔اپنے قلب کو دائیں کندھے تک ممتد (پھیلا ہوا مسلسل) سمجھے۔پھر صورتِ مرشد کواس پھیلاؤ کے ذریعے اپنے قلب میں لائے۔اُمید ہے۔کہ! اس طرح غیبت اورفنا کی منازل میسر آجائیں گیں۔(انشاءاللہ العظیم)

ہر کہ خواند جوہر شطار را   مفت باید گوہرِ اسرار را

اصولِ عشرہ یا مقاماتِ عشرہ کا بیان:

اخلاص ہی ہر عمل کی قبولیت کے لئے روح رواں کا درجہ رکھتا ہے۔صوفیائے کرامؒ کے نزدیک اخلاص ہی کا دوسرا نام فنا ہے۔اور محبتِ ذاتیہ کے بغیر فنا کا تصور محال ہے۔لہذا ضروری ہوا۔کہ فنا کے ابتدائی امور (مقدمات ومبادی) حاصل کئے جائیں۔اور وہ دس مقامات ہیں۔کہ جن کو اصطلاحِ صوفیہ میں اُصولِ عشرہ یا مقاماتِ عشرہ کا نام دیا گیا ہے۔کیونکہ! بعض صوفیاء نے انہی مقامات کو طُرقِ وصولِ الی اللہ کے نام سے تعبیر کیا گیا ہے۔اکثر طور پر صوفیاء کے تجربے میں آیا ہے۔کہ! ان دس مقامات کا حصول فنائے کامل کا سبب بنتا ہے۔لیکن بعض اوقات مقاماتِ عشرہ کو حاصل کئے بغیر بھی محض فضلِ خداوندی سے فنائے کامل عطا ہو جاتی ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔کہ! **اللہ یجتبی الیہ من یشآء و یھدی الیہ من ینیب** ۔(ترجمہ) اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے۔چُن کر اپنی طرف کھینچ لیتا ہے۔اور جو کوئی اس سے لو لگاتا ہے۔اسے اپنے پاس پہنچا دیتا ہے۔(سورہ شوریٰ۔آیت نمبر13)

ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں   اب دیکھئے ، ٹھہرتی ہے ، جا کر نظر کہاں

آدابِ طریقت کے لئے چار اراکینِ ضروریہ : (بقول حضرت خواجہ یوسف ہمدانیؒ دررسالہ ''آدابِ طریقت'')

☆ جو مرید اپنے پیر ومرشد کی صحبت سے محروم ہو۔اسے چاہیئے۔کہ! وہ روزانہ گروہ صوفیاء کے ملفوظاتِ مقدسہ میں سے آٹھ اوراق کا (روزانہ) مطالعہ کیا کرے۔(آٹھ اوراق کی حکمت کا بیان نہیں۔کہ! آٹھ اوراق ہی کیوں؟ نہ کم نہ زیادہ) تاکہ وہ ملفوظات اس کے دل کی حیات کا سبب بن جائیں۔پس اسے چاہیئے۔کہ! اپنے طور طریقوں کی بنیاد ''چہار ارکان'' پر رکھے۔(جو کہ درج ذیل ہیں)

☆ **رکنِ اول** : **ریاضتِ نفس** ہے۔سالک کا خور دونوش، نیند ولباس بقدرِ حاجت ہو۔نہ کہ بقدرِ شہوت۔جب تک کہ نفسِ امارہ مطیع نہیں ہوتا۔شیطان دور نہیں جاتا۔دنیاوی خیالات (عیش وعشرت، غرور وتکبر وکبریائی) اس کی نگاہوں سے محو نہیں ہوتے۔

☆ **رکنِ دوئم** : مرید کو چاہیئے۔کہ! اس کا لقمہ اور لباس رزقِ حلال سے ہو۔(بقولِ مولانا رومؒ)

علم و حکمت آید از نانِ حلال   عشق و رقت آید از نان حلال

☆ **رکنِ سوئم** : مجاہدہ ہے۔مجاہدہ دشمنانِ باطن (یعنی شیطانِ لعین، دنیا اور نفسِ امارہ) کے خلاف جنگ ہے۔مجاہدہ یہ ہے۔کہ! سالک اپنے دل کے دروازے، جو کہ اختیارات وارادات کا محل ہیں، پر بیٹھ کر نگہبانی کرتا رہے۔کہ اس کے آئینۂ قلب پر کیا وارد ہوتا ہے۔مشائخ کرامؒ فرماتے ہیں۔کہ! بھوک اور شرعی ضرورت سے زائد کو رکھنے سے تمام مقصود حاصل ہو جاتا ہے۔ ماحاصل اس کا یہ ہے۔کہ! شیطان کے خلاف راہِ شریعت کی روش، بسیار طاعت اور حسنِ عبادت کی پابندی کی جائے۔راہِ آخرت کا نور، قرب وکرامتِ حق، مشاہدہ جلال وجمال، اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کے حقائق ومعارف سے شناسائی، کشفِ اسرار اور تجلّیء انوار وغیرہا بجملہ انعامات مخالفت نفس ہی سے حاصل ہوتے ہیں۔پس لب لباب اس کا یہ ہے۔کہ! دنیا آخرت کا حجاب ہے۔جبکہ شیطان مردود شریعت کا حجاب ہے۔اگر مجاہدہ دنیا کو پس پشت پھینکے۔اور اس کا خیال محو کرنے کے لئے ہو۔تو دل اور سینہ سے جمالِ آخرت کا ہر آئینہ نمودار ہو جاتا ہے۔اگر مجاہدہ نفسِ امارہ کی عداوت کو توڑنے اور اس کی خواہش کی مخالفت کے لئے ہو۔تو ذوالجلال کی ذات وصفات کا مشاہدہ نصیب ہوتا ہے۔

☆ **رکنِ چہارم** : ذکر کے بیان میں ہے۔جان لیجیئے کہ! راہِ حقیقت کو اگر چہ عبادت، تقویٰ، ریاضت اور مجاہدہ کی ضرورت ہے۔لیکن جب تک ذکرِ حق نہ ہو۔یہ راستہ کھلتا نہیں۔حضرت خواجہ علی خرقانیؒ فرماتے ہیں۔کہ! ذکر درحقیقت ولایت کا قلعہ ہے۔جسے ذکر کی توفیق دیتے ہیں۔اسے ولایت عطا فرماتے ہیں۔اور جسے ذکر سے معزول کر دیتے ہیں۔اسے ولایت سے محروم کر دیتے ہیں۔ذکرِ حقیقی وہ ہے۔جو دل سے ہو۔لیکن وہ سالک جو ذکرِ قلبی سے شادکام ہو۔ایسے مرید کو چاہیئے۔کہ اپنے بقیہ اوقات میں جبکہ فرائض وسنن سے فارغ ہو جائے۔تو ان اوقات میں سوائے ذکر کے کسی دوسری چیز میں مشغول نہ ہو۔

صوفیائے کرام نے دو مختلف شعبوں میں تقسیم کیا ہے۔اِن میں سے ایک شعبے کا تعلق **تشریعی امور** سے ہے۔یعنی یہ طبقہ دعوت وارشاد کے فرائض کی سر انجام دہی میں مصروف ہے۔اور یہ طبقہ ''قطب الارشاد'' کے تابع فرمان ہوتا ہے۔جبکہ دوسرا طبقہ **تکوینی امور** سے متعلق ہوتا ہے۔یہ متصوفین کا گروہ ہے۔اور یہ طبقہ ''قطبِ مدار'' کے زیرِ نگرانی خدمات وفرائض کو بخوبی سر انجام دینے میں کوشاں ہے۔ یاد رہے کہ! قطبِ مدار کی تنظیم کے اراکین اوتاد، ابدال، نقباء، نجباء اور رجال الغیب کی حیثیتوں سے تکوینی امور سر انجام دیتے ہیں۔اِن امور کو تصوف کی اصطلاح میں خرق وغرق، احیاء واماتت اور تفریق وتزریق کہا جاتا ہے۔جبکہ آسان زبان میں جنگ وامن، عذاب وعتاب، بارش وطوفان، فتح وشکست، حکومت واقتدار اور انسانی معاشرت سے متعلق دیگر انتظامی معاملات کا طے پانا ایسے ہی اہلِ باطن کے روحانی تصرف سے وابستہ ہوتے ہیں۔جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔ **و للہ جنود السموت والارض** ۔(سورہ فتح۔آیت نمبر4) زمین وآسمان کے لشکر اللہ ہی کے ہیں۔ اِس آیت کی تفسیر کے ضمن میں امام قرطبیؒ حضرت ابنِ عباسؓ کے حوالہ سے رقم طراز ہیں۔کہ! اِس آیت میں ارضی لشکروں سے مُراد اہلِ ایمان اور سماوی لشکروں سے مُراد ملائکہ ہیں۔اِسی طرح سے امام جلا الدین الشافعی السیوطیؒ اپنی مشہور ومعروف تفسیر ''الدرالمنثور'' میں بحوالہ ابنِ عباسؓ فرماتے ہیں۔کہ! **الروح جند من جنود اللہ** ۔روحیں اللہ تعالیٰ کے لشکروں میں سے ایک لشکر ہیں۔اِسی ضمن میں سید الطائفہ حضرت جنید بغدادیؒ نے تذکرِ اولیائے کرامؒ کو ''جند اللہ'' سے تشبیہ دی ہے۔یہ آپؒ ہی کا ارشاد ہے۔کہ! **حکایات المشائخ جند من جنود اللہ** ۔ مشائخ کرامؒ کی حکایات (واقعات) بھی اللہ کے لشکروں میں سے ایک لشکر ہیں۔

ولایت کے چالیس مقامات : (بمطابق حضرت سید طاہر علاؤ الدین قادری بغدادی گیلانیؒ)

شریعت کے دس مقامات ۔طریقت کے دس مقامات ۔ معرفت کے دس مقامات ۔ حقیقت کے دس مقامات ۔

☆☆☆ شریعت کے دس مقامات :

☆ مقامِ اول : چاہیئے ۔کہ! اللہ تعالیٰ، اس کے فرشتوں ،آسمانی کتابوں ، روز قیامت (یعنی روز جزا وسزا) ، اللہ تعالیٰ کی طرف سے نیکی و بدی کا اندازہ ہونے پر ایمان لانے اور مرنے کے بعد جی اُٹھنے پر یقین لانا اور برحق سمجھنا ہے ۔

☆ مقامِ دوئم : نمازِ پنج گانہ کو فرض جاننا اوران نمازوں کو بروقت ادا کرنا ،خصوصًا نمازِ وُسطیٰ (یعنی نمازِ عصر) کی حفاظت کرنا ۔

☆ مقامِ سوئم : زکوٰۃ کا ادا کرنا ، جوکہ اہلِ نصاب پر واجب ہے ۔

☆ مقامِ چہارم : روزے رکھنا (بالخصوص رمضان کے تمام روزے رکھنا) روزے اللہ تعالیٰ نے اُمتِ محمد یہ ﷺ پر فرض کئے ہیں ۔

☆ مقامِ پنجم : حج بیت اللہ شریف ، بشرطِ استطاعت ، (کم اَز کم) ساری عمر میں ایک مرتبہ ۔

☆ مقامِ ششم : اپنی کوشش سے رزقِ حلال حاصل کرنا ، کیونکہ اللہ تعالیٰ حلال کمائی میں خیر و برکت عطا فرماتا ہے ۔اوراس کے مالک کی دعا قبول ہونے کی اُمید ہوتی ہے ۔

☆ مقامِ ہفتم : حرام سے پرہیز کرنا ، کیونکہ! حرام دل کوسیاہ کرتا ہے ۔اور پتھر کی طرح سخت کردیتا ہے ۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ سخت وسیاہ کرتا ہے ۔

☆ مقامِ ہشتم : شریعت کے زیرِ فرمان ادخال ، یعنی کہ اللہ تعالیٰ کے ارشادات کی متابعت کرنا اوراس کے ممنوعات سے پرہیز کرنا ۔اور حلال غذا کوحلال اورحرام غذا کوحرام جاننا ہے ۔

☆ مقامِ نہم : تلاوتِ قرآنِ مجید کرنا ، اورفرمانِ الٰہی کوصحیح جاننا اورقرآنی احکامات پر بصدقِ دل عمل پیرا ہونا ۔

☆ مقامِ دہم : نیک کام کرنے کاحکم اور برے کاموں سے ممانعت (اَمر بالمعروف ونہی عن المنکر ۔ کی تعمیل کرنا) جیسا کہ فرمانِ رحمانی ہے ۔کہ! نماز قائم کر۔ نیک کام کی ہدایت کر۔ ناپسندیدہ کاموں سے منع کر۔ مصیبت پرصبر کر، جوتجھ پرآئے ۔ تحقیق یہ کام کارہائے مقصود سے ہیں ۔

اگر ہو عشق (الٰہی) ، تو ہے کفر بھی مسلمانی　　　نہ ہو مرد ،تو مسلمان بھی کافر و زندیق

☆☆☆ طریقت کے دس مقامات :

☆ مقامِ اول : (توبہ کرنا) ۔ ہر بالغ وعاقل مسلمان پرفرض ہے ۔کہ! اپنے تمام گناہوں (صغیرہ وکبیرہ) کو مالکِ حقیقی سے بخشواتا رہے ۔

☆ مقامِ دوئم : (حُسنِ خلق سے پیش آنا) یعنی نیک عادات کا اختیار کرنا ۔ تمام نیک عادات قابل تعریف اور ہراچھا کام قابلِ مَدح ہے ۔ کیونکہ ! حُسنِ خلق ہر نیک کام کو زیادہ کرتا ہے ۔

☆ مقامِ سوئم : (مجاہدہ وتقوٰی کواختیار کرنا) پرہیزگاری، اطاعتِ الٰہی واطاعتِ رسول ﷺ کواختیار کرنے میں جدوجہد کرنا ۔پس جس کسی نے خلوصِ نیت اورصدقِ دل سے راہِ حق پانے کی کوشش کی ۔اس نے راہ حق کو پالیا۔جس نے نہ کی ۔وہ بے مشاہدہ رہا۔

☆ مقامِ چہارم : (خوفِ الٰہی اور اُمید منجانب الٰہی) خوف و اُمید میں وابستہ رہو ۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نا اُمید نہ ہووے ۔ اوراس کے عذاب سے بےخوف نہ ہووے ۔

☆ مقامِ پنجم : (ترکِ شہوات) یعنی خواہشاتِ نفسانی سے بازرہنا،نفسانی لذات کی پیروی نہ کرنا ۔کیونکہ خواہشات دل کوسخت وسیاہ کردیتی ہیں ۔

☆ مقامِ ششم : شبہات سے پرہیز کرنا ۔ اُن چیزوں میں کہ جن کے اندر شک وشبہ پایا جائے یا حرام وحلال اورمکروہ کی تمیز نہ کی جاسکے ۔ یا شک وشبہ کا ان میں امکان یا گمان ہو ۔سخت پرہیز کرے ۔

☆ مقامِ ہفتم : (تضرع الی اللہ) یعنی بارگاہِ الٰہی میں زاری کرنا ۔اورزاری یہ ہے ۔کہ! اس کے حضورگریہ وزاری ،توبہ کرنے اورمغفرت مانگنے کے لئے ہو۔ جونہایت ہی خلوصِ قلبی ، عاجزی وانکساری اورحضورِ دل کے ساتھ ہو۔اورشرِّ شیطان سے محفوظ اور مامون رہنے کے لئے ہو۔

☆ مقامِ ہشتم : (رضائے مرشد) یعنی ہرایک اَمر میں رضائے مرشد وخوشنودیٔ مرشد ، اس کی محبت اور نصیحت اوراس کے قول اورفرمان کی تکمیل و فرمانبرداری بدوں کسی قیاس ووہم کے بجالانے سے ہوتی ہے ۔یعنی مرید کومردہ کی طرح اور مرشد کوغسال کی طرح ہونا چاہیئے ۔ تاکہ مرشد جس طرح اورجس طرف مرید کوپھیرنا چاہے ۔ وہ راہِ حق وعرفانِ رحمانی میں پھرتا چلا جائے ۔

☆ مقامِ نہم : (سماع وعظ) مجالس عظ میں جانا ، متوجہ ہونا ، پند ونصیحت کا سننا اوران کا قبول کرنا اوران پرعمل پیرا ہونا ۔حتی کہ ناصح کی نصیحت سننے میں شرم نہ کرے ۔اور جب دوسروں کونور وعظ ونصیحت کرے ۔تو نہایت آرام ، نرمی اورکوش اخلاقی سے گفتگو کرے ۔

☆ مقامِ دہم : (ترک ماسوٰی اللہ) یعنی ماسوا اللہ تعالیٰ سے ترک اور مخلوقات سے علیحدگی ۔ کیونکہ ! غیراللہ کے میل جول سے اللہ تبارک وتعالیٰ کے نزدیکی وقرب میں سخت ترین حجاب واقع ہوتا ہے ۔

☆☆☆ معرفت کے دس مقامات :

☆ مقامِ اول: ملحوظِ آداب یعنی طریقہء ادب پر استوار رہنا۔ کیونکہ! جوشخص عاقل، دانا اور باادب ہوگا۔ وہ بالضرور آدابِ شریعت میں بھی مؤدب ہوگا۔ اور ہمیشہ ان آداب کا محافظ اور نگہدار رہوگا۔

☆ مقامِ دوئم: چاہیئے۔کہ! ہرظلم وستم اور تکلیف کا متحمل ہو۔ جوکوئی اس کوتکلیف پہنچائے۔اس سے کینہ نہ رکھے۔ بلکہ اگر تکلیف پہنچانے والے کوکوئی تکلیف پہنچے۔تو اسے بھی حتی الامکان دورکرنے کی کوشش کرے۔اوران کے گناہوں کومعاف کرنے والا،درگزرکرنے والااوربخشنے والا ہو۔

☆ مقامِ سوئم: چاہیئے۔کہ بُروں کی آگ کے شراروں سے بچنے والا ہو۔نیکیوں کی مجلس اختیار کرے۔ ہرقسم کے فتنہ وفساد سے دور رہے۔

☆ مقامِ چہارم: خدمت مرشد کو مقدم جانے۔ خدمت مرشد صاف دلی و اخلاص پر مبنی ہو۔ اور جو ان کی خدمتِ عالیہ میں قیام پذیر ہوں۔ ان کو نیک نصیحت کرے۔ اور ان کے ساتھ ظاہرًا و باطنًا سچی دوستی رکھے۔

☆ مقامِ پنجم: چاہیئے۔کہ! اللہ تعالیٰ کی عبادت سے ایک لمحہ بھی غافل نہ رہے۔اور ہر چیز میں اس کا جلوہ دیکھنے کی سعی کرے۔پس حقِ عبادت تو یہ ہے۔کہ! مَیں اللہ تعالیٰ کو دیکھ رہا ہوں۔اگرخود نہ دیکھ سکے۔تو یہ سمجھنے کی بھرپور سعی کرے۔کہ! اللہ تعالیٰ تو مجھے دیکھ ہی رہا ہے۔

☆ مقامِ ششم: چاہیئے۔کہ! حسبِ استطاعت سخی ہو۔ اور اپنے آپ کو دوسروں پر فوقیت دے۔

☆ مقامِ ہفتم: بردباری بمقابلہ ظلم وستم۔ علاوہ ازیں کسی کام میں بھی عجلت نہ کرے۔ بلکہ ہرمعاملے میں نہایت غور وخوض کے بعد متحمل ونرم ہوکرتحمل مزاجی سے کام لیتے ہوئے فیصلہ کرے۔

☆ مقامِ ہشتم: چاہیئے۔کہ! اللہ تعالیٰ کے ذکر سے دل کے زنگ وسیاہی کودورکرکے منورکرے۔چنانچہ رسول نبی مکرم ﷺ فرماتے ہیں۔کہ! انسانوں کے قلوب اس طرح سیاہ اورزنگ آلودہوجاتے ہیں۔کہ! جس طرح لوہا زنگار سے۔پس ذکرالٰہی سے ان کومجلّٰی رکھو۔

☆ مقامِ نہم: چاہیئے۔کہ! ہرطرح کی عبادتوں اور بندگیوں سے اللہ تعالیٰ کے حضور کے نزدیک جاگزین ہو۔

☆ مقامِ دہم: چاہیئے۔کہ! اپنے آپ کوتمام انسانوں سے ذلیل وخواراورسبک ترخیال کرے۔اوردوسروں کواپنے آپ سے بہت بلنداور بہتر جانے۔اوراپنے نفس کوکسی سے کسی بھی حالت میں افضل نہ سمجھے۔جیسا کہ قرآن میں ہے۔کہ! **ذٰلِکَ فضل الله یؤ تیہ من یشآء. والله ذوالفضل العظیم** ۔(ترجمہ) یہ اللہ تعالیٰ کافضل ہے۔ جسے چاہے دےدیتا ہے۔اوراللہ تعالیٰ بڑےفضل والا ہے۔(سورہ جمعہ۔28)

☆☆☆ حقیقت کے دس مقامات :

☆ مقامِ اول: تواضع۔فروتنی۔عاجزی۔انکساری۔عدم اظہارِ طاقتِ جسمانی وروحانی۔

☆ مقامِ دوئم: (فرقہ واریت سے پرہیز) یعنی کہ تیری دانست میں بلحاظ مساوات بہتر فرقوں میں سے کسی ایک فرقہ یا فرد کوحقیر نہ سمجھے۔ اور نہ ہی ان میں فرق نکالے، مگر ان کی گمراہی کے باعث۔ کیونکہ! یہ تمام فرقے سوائے فرقہ اہلِ سنت و جماعت کے گمراہ ہیں۔ پس ایسا سمجھنے والا اللہ تعالیٰ کے حضور میں مقرب ہے۔

☆ مقامِ سوئم: خورد ونوش، جو جو کچھ بھی اَزقسم طعام تھوڑا یا بہت، جس قسم کا بھی ہو، جب سامنے آوے تو کالیوے۔لیکن نئے اور لذیذ کھانے کا منتظر نہ رہے۔یعنی پہلے آمدہ طعام پر قناعت کرے۔

☆ مقامِ چہارم: چاہیئے۔کہ! راہِ حق پانے میں ہمیشہ کوشاں رہے۔ اور مخلوقِ خدا میں سے کسی کوتکلیف نہ دیوے۔ بلکہ! ان کی تکالیف کو رفع دفع کرنے کی دل و جان سے کوشش کرے۔

☆ مقامِ پنجم: چاہیئے۔کہ! ادل میں کسی کے لئے بغض وکینہ نہ ہو۔ بلکہ جوشخص اس سے بدی کرے۔اس سے نیکی سے پیش آوے۔اوراگرکسی سے کسی بھی وجہ سے تعلقات منقطع ہوں۔اُن سے حتی الامکان جوڑنے کی کوشش کرے۔ بلکہ ان سے معاوضہ خواہاں بھی نہ ہوکہ جنہوں نے اس پرظلم کیا۔

☆ مقامِ ششم: چاہیئے۔کہ! مسکینوں، درویشوں اورغریبوں پرسختی نہ کرے۔ بلکہ ان پرنہایت مہربانی اور شفقت کی نظرکرے۔ اور جہاں تک بھی ممکن ہوسکے۔ نیکی اور خوش خلقی و خندہ پیشانی سے پیش آئے۔

☆ مقامِ ہفتم: راہِ حق میں اس کا ہرقول وفعل وعبادت محض خوشنودیءذاتِ الٰہی کے لئے مخصوص ہو۔ نہ کہ ریاء ونمائش خلق کے لئے۔

☆ مقامِ ہشتم: چاہیئے۔کہ! اپنے رازِقلبی کومخلوق سے دائمًا پوشیدہ رکھے۔ بلکہ مخلوقِ خدا سے کسی دوسرے کا بھید بھی ظاہر نہ کرے۔خواہ وہ کسی بھی قسم (نیک یا بدہی کیوں نہ ہو) کا ہو۔ بلکہ جب کسی کو کوئی گناہ کرتا دیکھ بھی لے تو لازم ہے کہ پردہ پوشی کرے۔

☆ مقامِ نہم: چاہیئے۔کہ! مناجاتِ الٰہی میں ہمیشہ مشغول رہے۔اور دنیاوی امور میں سے کسی ایک مدعا کو اپنی مناجات میں شامل نہ کرے۔ بجز اس صورت کے، کہ جہاں دینی امور میں سہولت اور آسانی کے لئے سخت ترین دنیاوی آزمائش ہو۔

☆ مقامِ دہم: چاہیئے۔کہ! جن چیزوں کی طرف نظرکرے۔ ان سے نصیحت اور سبق حاصل کرے۔ نیزنفس کی بہتری کے لئے علمِ نافع کو حاصل کرنے کی سعی کرے۔ چنانچہ رسولِ مکرم ﷺ فرماتے ہیں۔ (کہ) علم ایک زُہد وعبادت ہے۔ اور مرید کے لئے اَدب اس سے بہتر ہے۔جس میں اس کے لئے اس زہد میں برکتیں ہی برکتیں ہیں۔

بارہ کلمات کے عجیب وغریب فوائد :

بروایت حضرت عبداللہ بن عباسؓ ! آنحضرت محمد ﷺ نے فرمایا کہ! یہ بارہ کلمات توریت، زبور، انجیل اور فرقانِ حمید سے چُنے ہیں۔ جو صاحبِ ایمان (ایمان دار) ایک ورق پر لکھے۔ اور ہر روز اس کو دیکھے اور ان پر عمل کرے۔ تو اللہ تعالیٰ کے مقبولین میں سے ہو جائے گا۔ (انشاء اللہ العظیم)

☆ **پہلا کلمہ مبارک** : اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے فرزندِ آدم! روزی کا غم نہ کھا۔ جب تک میرا خزانہ بھرا ہوا ہے۔ اور میرا خزانہ کبھی خالی نہ ہوگا۔

☆ **دوسرا کلمہ مبارک** : اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے فرزندِ آدم! ظالم بادشاہ اور امیر کبیر سے نہ ڈر۔ جب تک میری سلطنت ہے۔ اور میری سلطنت ہمیشہ کے لئے ہے۔

☆ **تیسرا کلمہ مبارک** : اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے فرزندِ آدم! کسی سے محبت نہ کر۔ اور کسی سے کچھ مت مانگ۔ جب تک تُو مجھے چاہے گا۔ پائے گا۔

☆ **چوتھا کلمہ مبارک** : اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے فرزندِ آدم! میں نے تمام چیزیں تیرے لئے بنائی ہیں۔ اور تُجھ کو اپنے لئے۔ پس تُو اپنے آپ کو دوسروں کے دروازے پر ذلیل مت کر۔

☆ **پانچواں کلمہ مبارک** : اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے فرزندِ آدم! میں جس طرح تُجھ سے کل کا عمل نہیں چاہتا۔ اِسی طرح تُو بھی مجھ سے کل کی روزی مت مانگ۔

☆ **چھٹا کلمہ مبارک** : اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے فرزندِ آدم! جس طرح سات آسمان، عرش وکُرسی اور سات زمینوں کے پیدا کرنے سے عاجز نہیں ہوا۔ اِسی طرح تیرے پیدا کرنے اور روزی دینے سے عاجز نہیں ہوں گا۔ بے شک روزی پہنچاؤں گا۔

☆ **ساتواں کلمہ مبارک** : اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے فرزندِ آدم! جس طرح میں تیری روزی نہیں روکتا۔ اِسی طرح تُو بھی میری عبادت مت چھوڑ۔ اور میرے حُکم کے خلاف مَت کر۔

☆ **آٹھواں کلمہ مبارک** : اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے فرزندِ آدم! میں نے جس قدر تیری قسمت میں رکھ دیا ہے۔ اِس پر راضی رہ۔ نفس اور شیطان کی خواہشات سے دِل کو مت بہلا۔

☆ **نواں کلمہ مبارک** : اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے فرزندِ آدم! میں تیرا دوست ہوں۔ تُو بھی میرا دوست بنا رہ۔ اور میرے عشق ومحبت اور غم سے کبھی خالی نہ ہو۔

☆ **دسواں کلمہ مبارک** : اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے فرزندِ آدم! میرے غُصے سے نڈر مت ہو۔ جب تک کہ تُو پُل صراط سے گزر کر بہشت میں داخل نہ ہو جائے۔

☆ **گیارھواں کلمہ مبارک** : اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے فرزندِ آدم! تُو مجھ پر اپنے نفس کی مصلحت کے باعث غُصے ہوتا ہے۔ اور اپنے نفس پر میری رضا مندی کے غُصہ نہیں ہوتا۔

☆ **بارھواں کلمہ مبارک** : اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ! اے فرزندِ آدم! اگر تُو میری تقسیم پر راضی ہو جائے۔ تو تُو اپنے آپ کو میرے عذاب سے چھڑا لے گا۔ اور اگر تُو اِس پر راضی نہ ہو۔ تو نفس کو تُجھ پر مقرر کر دوں گا۔ تاکہ (یہی نفس) جانوروں کی طرح تُجھ کو جنگلوں میں دوڑائے پھرائے۔ قسم ہے مجھ کو اپنی ذات کی! کہ کچھ حاصل نہ ہوگا مگر اسی قدر، جو میں نے مقدر میں کیا ہے۔

میری صراحی سے قطرہ قطرہ نئے حوادث ٹپک رہے ہیں
میں اپنی تسبیح روز و شب کا شمار کرتا ہوں دانہ دانہ
ہر اک آشنا ہوں لیکن، جدا جدا رسم و راہ میری
کسی کا راکب کسی کا مرکب، کسی کو عبرت کا تازیانہ

جنت کے راستے میں حائل سات گھاٹیاں : حضرت امام غزالیؒ نے اپنی کتاب ''منہاج العابدین'' میں فرمایا ہے۔ کہ! جنت تک کا راستہ انتہائی دشوار گذار ہے۔ اور دنیا کے جملہ لوگوں میں اس راستے کے مسافر بہت قلیل ہیں۔ جنت کے اس راستے میں حائل سات گھاٹیاں ہیں۔

☆ علم کی گھاٹی (علم کا نہ ہونا یا علم پر عمل کا نہ ہونا) ☆ توبہ کی گھاٹی (صغائر وکبائر کے باوجود صدق قلب سے معافی ومغفرت کا طلب گار ہو کر خالص عابد بننا) ☆ رکاوٹوں کی گھاٹی (**دُنیا** ۔ دنیاوی عیش وعشرت سے بے رُغبتی یا کنارہ کشی، **مخلوق**۔ مخلوق کے حقوق کی پاسداری اور ان سے تنہائی، **شیطان**۔ شیطان سے مخالفت ودشمنی، **نفس**۔ نفس سے ہر وقت جنگ کرتے ہوئے اس سرکش کو سدھارنا) ☆ عوارض کی گھاٹی (**رزق**۔ رزق کی کمی اور تلاش میں رب کو بھول جانا یعنی رزق کے معاملات میں توکل علی اللہ پر عمل نہ کرنا، **پسندیدہ چیزوں سے اُمیدیں**۔ مال واولاد کی محبت، **مصائب و تکالیف کا سامنا ہونا**۔ عدم صبر، **قضاء و قدر**۔ قضائے الٰہی کی مختلف صورتوں میں تسلیم ورضا کا اختیار کرنا) ☆ بواعث یعنی عبادت پر اُبھارنے کی گھاٹی (اُمید از اِلٰہ اور خوفِ الٰہی) ☆ قوادح یعنی عبادت کو خراب کرنے والی چیزوں کی گھاٹی (ریا وتکبر سے ہٹ کر اخلاص وعاجزی اختیار کرنا) ☆ حمد وشکر کی گھاٹی (بندہء خدا مذکورہ چھ گھاٹیوں کو عبور کر کے جب حمد وثناء کرتے ہوئے زندگی گذارتا ہے۔ تو اُسے انجانا سا خوف ہوتا ہے۔ کہ کہیں مجھ سے سب کچھ واپس نہ لے لیا جائے)

یہ قیام کیسا ہے راہ میں، تیرے ذوقِ عشق کو کیا ہوا
ابھی چار کانٹے چبھے نہیں، تیرے سب ارادے بدل گئے

مریدین کے دس احوال :

کسی شیخِ کامل سے نسبت قائم ہونے کے بعد سالک کا روحانی ارتقاء بتدریج شروع ہوجاتا ہے۔مرشدِ کامل کی رہنمائی میں جب سالک،سلوک کی منازل طے کرتا ہے۔اور مقاماتِ سلوک سے گزرتا ہے۔تو سالک کے قلب پر بعضے کیفیات طاری ہوتی ہیں۔جن کو اصطلاحِ تصوف میں'' **احوال** '' کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔یاد رہے۔کہ! حال کی کیفیت اللہ تعالیٰ کی طرف سے قلبِ سالک پر طاری ہوتی ہے۔سالک کو اس وہبی کیفیت پر بذاتِ خود کوئی قدرت حاصل نہیں ہوتی۔اور اگر دل پر یہ کیفیت طاری ہوجائے۔تو سالک اسے اپنی کوشش یا ارادے سے ہٹا نہیں سکتا۔اور اگر خود بخود یہ کیفیت ختم ہوجائے۔تو سالک کسب واجتہاد سے اسے دوبارہ لا نہیں سکتا۔کیونکہ! یہ تو صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی کرم نوازی اور عنایت سے ہی ممکن ہوسکتا ہے۔بہر حال! یہی احوال ہی درحقیقت سالک وطالبِ صادق کی روحانی بلندی اور عروج کا باعث بنتے ہیں۔احوال کی تعداد دس ہے۔جو کہ درج ذیل ہیں۔

مراقبه۔ قرب۔ محبت۔ خوف۔ رجاء (اُمید)۔ شوق۔ اطمینان۔ اُنس۔ مشاھدہ۔ یقین۔

☆ **مراقبه :** مراقبہ کے لغوی معانی سوچنا وتفکر وتدبر کرنا ہے۔لیکن اصطلاحِ تصوف میں مراقبہ سے یہ مراد ہے۔کہ! سالک وطالبِ صادق کو اس بات کا پختہ یقین ہوجائے۔کہ اللہ تعالیٰ میرے جملہ افعال واقوال اور حالات سے باخبر ہے۔بلکہ ہمیشہ سے اِن پر نظر رکھے ہوئے ہے۔جیسا کہ! آنحضور نبی مکرم ﷺ نے''احسان'' کی تعریف میں فرمایا ہے۔(کہ) تُو اللہ تعالیٰ کی عبادت کو اس حالت میں بجالائے۔کہ! گویا تو اسے دیکھ رہا ہے۔اگر تو نہیں دیکھ رہا۔تو بے شک وہ تو تجھے دیکھتا ہی ہے۔(بخاری) اولیائے **متصوفین** فرماتے ہیں۔کہ! **مراقبہ کے تین درجات ہیں۔**

☆ **اول درجه :** سالک کے دل میں اس یقین کے ذریعے سے کہ اللہ تعالیٰ بندے کے اندرونی حالات سے باخبر ہے۔سالک کی اس کیفیت پر ایسا حال پیدا ہوجائے۔کہ اس میں وسواسِ شیطانی کا گزر تک نہ ہو۔اور وہ اللہ تعالیٰ کو ہر وقت ہر جگہ موجود وناظر جان کر خواہشات نفسانی سے یکسر باز رہے۔

دوئم درجه : سالک کائنات کی طرف سے اپنی توجہ ہٹا کر اپنی تمام تر توجہ کو صرف اللہ تعالیٰ کی طرف مبذول ومرکوز کرلے۔اور دل میں ماسوااللہ تعالیٰ کے کسی غیر کا قطعاً تخیل وتصور نہ کرے۔ **سوئم درجه :** سالک مراقبہ میں اللہ تعالیٰ سے اس بات کا خواستگار ہو۔کہ حالِ مراقبہ میں اللہ تعالیٰ اس کے جملہ امور کی نگہبانی فرمائے گا۔تاکہ سالک وطالبِ صادق اس آیت کے مصداق بن سکے۔**وھو یتو لی الصا لحین**۔ اور وہی صالحین کی نگہبانی کرتا ہے۔

☆ **قرب :** قرب کے لغوی معنی نزدیکی اور رشتہ داری کے ہیں۔لیکن اصطلاحِ تصوف میں قرب یہ ہے۔کہ! سالک اس حالت میں اپنے قلب سے اللہ تعالیٰ کی نزدیک کا بعین مشاہدہ بھی کرسکے۔جیسا کہ بمصداقِ آیاتِ کریمہ! **و اذا سألک عبادی عنی فا نی قریب** ۔(اے پیغمبر ﷺ !) جب آپ ﷺ سے میرے بندے میرے بارے میں دریافت کریں۔تو (آپ ﷺ اُن کو کہہ دیں۔کہ!) مَیں تو (تمھارے) قریب ہوں۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 186) **و نحن اقرب الیه من حبل الورید** ۔اور ہم اس کی شہ رگ (یعنی رگ جان) سے بھی اس سے زیادہ قریب ہیں۔(سورہ ق۔آیت نمبر 16) **و نحن اقرب الیه منکم ولکن لا تبصرون** ۔ اور ہم اس (مُردے) سے تم سے بھی زیادہ قریب ہوتے ہیں۔لیکن تم کو نظر نہیں آتے۔(سورہ واقعہ۔آیت نمبر 85) لہذا جب کوئی بندہءمومن اللہ تعالیٰ کے قرب کی اس کیفیت کو ملاحظہ ومعائنہ کرے۔تو سالک کو چاہیئے۔کہ! وہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت وبندگی سے ہی اس کا قرب حاصل کرے۔نوافل کی کثرت کرے۔اور کائنات کی جملہ اشیاء سے اللہ تعالیٰ کی ذاتِ اقدس کا قرب پائے۔

☆ **محبت :** ویسے تو محبت کے لغوی معنیٰ پیار، چاہت، دوستی اور مہر کو وُد کے ہیں۔لیکن اصطلاحِ تصوف میں محبت اس کشش کا نام ہے۔جو سالک کے دل میں حسنِ ازل کے لئے پیدا ہوئی ہو۔محبت کے تین درجات ہیں۔

عام لوگوں کی محبت۔ماں باپ، بہن بھائی، میاں بیوی، اولاد، عزیز واقارب یا دوست واحباب کی محبت۔جاننا چاہیئے۔کہ! اللہ تعالیٰ کے احسان سے ان کے قلوب میں جذبہءمحبت پیدا ہوجاتا ہے۔کیونکہ! قلبِ انسانی فطری طور پر اپنے محسن کی طرف مائل ہوتا ہے۔**صادقین کی محبت**۔محبت کی یہ قسم اللہ تعالیٰ کی بے نیازی، جمالِ فطرت، عظمت وکبریائی اور علم وقدرت کو ملاحظہ کرکے ان کے قلوب میں پیدا ہوتی ہے۔اس محبت کی مثال حضرت شیخ ابوالحسن نوریؒ کے اس قول مبارک سے ملتی ہے۔کہ! پردے ہٹ گئے۔اور اسرار ورموز منکشف ہوگئے۔اور اسی کی ایک قسم یہ بھی ہے۔کہ! پیرومرشد یا (دینی وروحانی) استاد وشاگرد، امام ومقتدی وغیرہ کی محبت۔ **صدیقین وعارفین کی محبت**۔ جو اِن کی معرفتِ کاملہ کا نتیجہ ہے۔وہ بغیر کسی علت وسبب کے محض اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہیں۔جیسے کہ حضرت رابعہ بصریؒ یا حضرت حضرت بایزید بسطامیؒ یا حضرت پیرانِ پیر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ یا حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ وغیرہم۔۔۔کی محبت۔یعنی اللہ تعالیٰ کی محبت نہ جنت کے لالچ میں اور نہ ہی دوزخ کے خوف سے،یعنی کہ محض اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے۔

ان لوگوں کی محبت اللہ تعالیٰ کے ساتھ بڑی شدید ہوا کرتی ہے۔اور یہ لوگ قرآنِ پاک کی اس آیت کے مصداق ہوا کرتے ہیں۔**والذین اٰمنوا اشد حبا للہ**۔ اور وہ لوگ کامل ایمان لائے۔اِن کی محبت اللہ تعالیٰ کے ساتھ شدید ہے۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 65) حضرت ام المؤمنین عائشہ صدیقہؓ نے ارشاد فرمایا۔کہ جب تک حضرت رسول مکرم ﷺ ہم میں (حیات) رہے۔دنیا ہم پر تنگ اور مکدر رہی۔جب آپ ﷺ کا وصال ہوگیا۔تو دنیا ہم پر ایک دَم سے برس پڑی۔چنانچہ فقر رسول اللہ ﷺ کی محبت کی شرط ہے۔اور بلا (بھی) محبتِ الٰہی کی شرط ہے۔ بقولِ بعضے! سب طرح کی بلا (مصیبت) محبت کے ساتھ مسلط کردی گئی۔تاکہ کوئی جھوٹا، منافق اور ریاکار محبت کا دعویٰ نہ کرے۔

☆ **خوف:** ویسے تو خوف کے لغوی معنی ڈر، دہشت اور ہراس کے ہیں۔مگر اصطلاحِ تصوف میں خوف سے مراد آنے والے وقت میں کسی بھی ناپسندیدہ یا مکروہ اَمر کے پیش آنے یا کسی پسندیدہ و مستحسن اَمر کے چھوٹ جانے سے ڈرنے کو کہا جاتا ہے۔
سالک و طالبِ حق جس قدر معرفتِ الٰہی میں عروج کی جانب گامزن ہوتا جاتا ہے۔اسی قدر اس کے حال میں خوف کی شدت میں بھی اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے۔یہ کیفیت اِس آیتِ پاک کی مصداق ہوتی ہے۔ **انما یخشی اللہ من عبادہ العلمٰوا** ۔اللہ تعالیٰ سے تو اس کے بندوں میں سے (صرف) وہی ڈرتے ہیں۔جو صاحبِ علم (یعنی علمائے کرام) ہیں۔(سورہ فاطر۔آیت نمبر 28) یعنی کہ! جن خوش نصیب لوگوں کو معرفت الٰہی نصیب ہو جائے۔تو اللہ تعالیٰ انہیں شریعت وطریقت کے مخفی اسرار ورموز سے شناسائی عطا فرماتا ہے۔اسی سبب سے یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے خوف کھاتے ہیں۔کہ کہیں محبوبِ حقیقی ناراض نہ ہو جائے۔کیونکہ! وہ ذاتِ برحق کہ جس سے شدید محبت کی جاتی ہے۔اہلِ علم اس کی ناراضی کا خوف بھی اپنے قلوب میں لئے ہوئے ہیں۔جیسا کہ ایک محبّ کو ہمیشہ سے یہ دھڑکا سا لگا رہتا ہے۔کہ میرے کسی بھی قول وفعل سے کہیں میرا محبوب ناراض نہ ہو جائے۔درحقیقت یہی خوفِ الٰہی ہے۔اور مشکل وقت میں اُمید بھی اپنے محبوب کے ماسوا دیگر کسی غیر سے نہیں رکھی جاتی۔سچ تو یہ ہے۔کہ! **الایمان بین الخوف والرجاء** ۔ ایمان (دراصل) خوف اور امید کے درمیان ہے۔(حدیثِ نبوی ﷺ) متصوفین کے ہاں تو حالِ خوف اور حالِ رجاء سالک کے دو پَر ہیں۔جن کے ذریعے وہ قربِ الٰہی کے لئے محوِ پرواز رہتا ہے۔چونکہ! سالک کے دل میں اللہ تعالیٰ کی عظمت وجلال کی وجہ سے خوفِ الٰہی پیدا ہوتا ہے۔جس سے کہ سالک اپنے آپ کو ہر قسم کی معصیت سے باز رکھتے ہوئے طاعتِ الٰہیہ کی طرف راغب وگامزن ہوتا چلا جاتا ہے۔

☆ **رجاء:** رجاء کے لغوی معنی اُمید وآس کے ہیں۔مگر اصطلاحِ تصوف میں رجاء اس اُمنگ، جوش وولولہ، تمنا اور آرزو کو کہا جاتا ہے۔جو سالک کے قلب میں آنے والے زمانہ میں کسی محبوب شئے کے حصول کے لئے پیدا ہو۔اور جو شخص اس کے حصول کا منتظر ہوتا ہے۔وہی صاحبِ رجاء کہلاتا ہے۔
رجاء کے تین درجات ہیں۔نیک اعمال کے ثواب میں رجاء۔رحمتِ الٰہیہ میں رجاء۔ ذاتِ باری تعالیٰ میں رجاء۔ ذاتِ باری تعالیٰ میں رجاء درحقیقت عارفین کا درجہ ہے۔کیونکہ! وہ اللہ تعالیٰ سے اس کے قرب، معرفت وعشق کے علاوہ کسی بھی اور چیز کی قطعاً آرزو نہیں کیا کرتے۔صوفیاء کے نزدیک وہ عبادت جو اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کے فضل وکرم کی اُمید پر کی جاتی ہے۔اس سے کہیں بہتر ہے۔جو اس کے ڈر وخوف (اتقاء) سے کی جاتی ہے۔لیکن یاد رہے۔کہ! اگر خوف کی زیادتی ہو جائے۔تو یہ نا امیدی کا سبب وباعث بنتا ہے۔اور راہ طریقت میں یہ حالت وکیفیت مذموم گردانی جاتی ہے۔کیونکہ اللہ تعالیٰ کی وسیع ترین رحمت اس کے ہیبت وجلال اور خوف سے کہیں زیادہ وسیع وکشادہ ہے۔پس صراطِ مستقیم خوف ورجاء کے بین بین ہے۔اور یہی راہ اعتدال ہے۔

حکایت : ایک رات حضرت بی رابعہ بصری ؒ ایک ہاتھ میں پانی سے بھرا لوٹا اور دوسرے ہاتھ میں مشعل لئے تیزی سے جارہی تھیں۔کہ! کسی نے پوچھا۔بی بی! کیا ماجرا ہے۔جو آپ آگ اور پانی دونوں کو ساتھ لئے تیزی سے چلتی ہوئی جارہی ہیں ؟ تو حضرت رابعہ بصری ؒ نے فرمایا۔اس پانی کو جہنم کی آگ پر ڈالوں گی۔کہ جس کے خوف سے بندے عبادت کرتے ہیں۔جبکہ! اس مشعل سے جنت کو آگ لگاؤں گی۔کہ جس کی امید پر لوگ عبادت کیا کرتے ہیں۔(جبکہ دونوں کی قسم کے لوگ اللہ تعالیٰ کا حقیقی خوف اور اللہ تعالیٰ سے کامل اُمید کو بھول گئے ہیں)۔بہرحال میرے خیال میں یہ حکایت منسوبی ہے۔مگر سبق آموز بھی۔۔

☆ **شوق:** شوق کے لغوی معنی خواہش، رغبت اور تمنا کے ہیں۔مگر اصطلاحِ تصوف میں شوق سے مراد سالک کے قلب میں اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا جوش اور ولولہ پیدا ہونا ہے۔کیونکہ! جب تک کسی بندہ مومن کو عرفانِ الٰہی حاصل نہیں ہو جاتا۔شوق اس پر غالب رہتا ہے۔اور جب معرفتِ الٰہی حاصل ہو جاتی ہے۔تو پھر ذوق بڑھ جاتا ہے۔کیونکہ! شوق عام طور پر اَن دیکھی چیز وکیفیت اور حالت کے لئے ہوا کرتا ہے۔حضرت ابراہیم خواص ؒ جب اس منزل کو طے کر رہے تھے۔تو اِن پر شوق غالب تھا۔اسی لئے آپ ؒ نے ایک بہت جوشیلے اور بڑے جذباتی انداز میں فرمایا۔کہ! واہ شوقا! بکسے کہ مرادید ومن او راندیدم (واہ اے شوق! وہ ہستی جو مجھے دیکھتی ہے۔مگر (افسوس) کہ مَیں اسے نہیں دیکھتا)

زندہء جاوید ہو جاتا ہے وہ مردِ خدا **موتوا قبل ان تموتوا** کو جو سمجھے زندگی

☆ **اطمینان:** ویسے تو اطمینان کے لغوی معنی تسلی وتشفی یا طمانیت کے ہیں۔مگر اصطلاحِ تصوف میں اطمینان اس کیفیت وحالت کا نام ہے۔جو ذکرِ الٰہی سے سالک کے قلب پر وارد ہوتی ہے۔اور یہ ایمانِ کامل ہی کی بدولت حاصل ہوتی ہے۔خالقِ حقیقی نے ہمیں اسی ضمن میں خبردار فرمایا ہے۔**الا بذکر اللہ تطمئن القلوب** ۔خبردار! اللہ تعالیٰ کے ذکر میں ہی قلوب کا اطمینان (پوشیدہ) ہے۔لہٰذا اسی وجہ سے ہی سالک کے اس حال کو سلوک میں بہت اہمیت حاصل ہے۔قرآنِ حکیم میں ایک اور جگہ پر بیان ہوا ہے۔کہ! **یا یتھا النفس المطمئنة . ارجعی الی ربک راضیة مرضیة** ۔ اے نفسِ مطمئنہ! تُو اپنے ربِ (حقیقی ہی) کی طرف رجوع کر۔کہ تُو بھی اس سے راضی ہے۔اور وہ بھی تجھ سے راضی ہے۔(یاد رہے۔کہ) مذکورہ آیتِ کریمہ میں یہ بات ثابت ہوتی ہے۔کہ! نفس کی اقسام میں سے نفسِ مطمئنہ کے ساتھ اللہ تعالیٰ راضی ہوتا ہے۔اور اسی طرح سے اطمینانِ قلب رکھنے والی برگذیدہ ہستی کو مقامِ رضا حاصل ہوتا ہے۔جس خوش نصیب بندہءمومن کو رضائے الٰہی حاصل ہو جائے۔تو یہی اس کے لئے انسانیت کی معراج ہوگی۔عام سالک کا تو اطمینان یہی ہے۔کہ! جب وہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہے۔تو اس کا قلب مطمئن ہو جاتا ہے۔لیکن جب سالک ذکرِ کثیر کرنے لگتا ہے۔اور اپنے جملہ لمحات کو ذکرِ الٰہیہ میں ہی صَرف کرتا ہے۔تو اسے دائمی اطمینان حاصل ہو جاتا ہے۔اور ایسے سالک کی حالت وکیفیت یہ ہوا کرتی ہے۔کہ! جب بندہءمومن سوتا ہے۔اس کی آنکھیں تو سو جاتی ہیں۔

مگر دل بیدار رہتا ہے۔یعنی ذکر کرتا رہتا ہے۔ایسا سالک قضائے الٰہی پر ہر لحہ راضی ومطمئن ہوجاتا ہے۔اس کے لئے راحت وسکون یا آلام ومصائب برابر ہوتے ہیں۔کیونکہ اس حال وکیفیت پر وہ سمجھتا ہے۔کہ جو کچھ بھی ہے۔وہ محبوبِ حقیقی کی جانب سے ہے۔اور محبوب سے کیا شکوہ۔سالک کی جب یہ کیفیت ہوتی ہے۔تو اس وقت اللہ تعالیٰ کی معیت،قرب اور ساتھ حاصل ہوتے ہیں۔اور یہی متقین ومحسنین کا مقام ہے۔ جیسا کہ بمصداقِ آیات کریمہ! **ان اللہ مع الذین اتقوا والذین ھم محسنون** ۔ یقیناً! اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے ساتھ ہے۔جو متقی اور محسن ہیں۔ جب سالک کو اطمینانِ قلبِ دائمی حاصل ہوجاتا ہے۔تو وہ اس وقت مقامِ توکل پر براجمان ہوتا ہے۔کہ جب وہ ہر لحہ یہ محسوس کرتا ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ ہر حال میں اس کی بہتری چاہنے والا ہے۔ کیونکہ وہ **نعم المولٰی** اور **نعم النصیر** اور **نعم الوکیل** ہے۔ اوراس عظیم ہستی کی پہچان ہمیں حضرت فخرِ رسل ﷺ کی بدولت عطا ہوئی۔

فخرِ بشر ، فخرِ رُسلؐ اور حاملِ دینِ ہدٰی ہے مرکزِ مہر و وفا ، نورِ محمد مصطفٰےؐ
گردن جھکی ہے عجز سے ، آنکھیں ہوئی ہیں فرشِ راہ دل نے کہا بے ساختہ ، صلِ علٰی ۔ صلِ علٰی

☆ **اُنس :** اُنس کے لغوی معنی محبت وشفقت اور رغبت وانسیت کے ہیں۔یعنی انس درحقیقت رغبت اور محبت کے مترادف ایک ایسی لطیف اور غیر محسوس کشش کا نام ہے۔جو اپنی پسندیدہ ہستی کی طرف ہوجاتی ہے۔مگر اصطلاحِ تصوف میں انس کا مفہوم یہ ہے۔کہ! جب سالک کے قلب پر اللہ تعالیٰ اپنے شہود وجمال کی تجلی ڈالتا ہے۔تو سالک کا قلب اللہ تعالیٰ کی یاد سے اس قدر مانوس ہوجاتا ہے۔اور وہ جمالِ الٰہی سے خوش ومطمئن ہوکر نفسِ مطمئنہ کے اندر ایک لطیف محبت کے تحت اللہ تعالیٰ کا قرب محسوس کرتا ہے۔کیسا کہ حضرت علی ہجویریؒ ''کشف المحجوب'' میں فرماتے ہیں۔کہ! انس کا غلبہ راز کے ساتھ ہوتا ہے۔معرفتِ الٰہی کی وجہ سے جمال کی تجلی اس راز کو باقی رکھتی ہے۔یاد رکھو۔کہ جو لوگ اہلِ فناء ہوتے ہیں۔وہ ہیبت کو مقدم جانتے ہیں۔اور جو لوگ اہلِ بقاء ہوتے ہیں۔وہ اُنس (یعنی انسیت) کو فضیلت دیتے ہیں۔ مشائخ کا ایک گروہ تو یہ بھی کہتا ہے۔کہ! انس تو جنس سے ہی ہوسکتا ہے۔جبکہ بندہ تو اللہ تعالیٰ کا ہم جنس وہم شکل ہی نہیں۔تو پھر اس کا انس کیسے صورت پذیر ہوسکتا ہے۔اسی طرح سے اللہ تعالیٰ کا بندے سے مانوس ہونا بھی مشکل امر ہے۔لیکن اگر پھر بھی انس کسی بھی طرح سے ممکن ہوسکتا ہے۔تو یہ صرف اللہ تعالیٰ کی یاد اور اس کے مکمل انہماک ومحویت کے ساتھ ہی ممکن ہوسکتا ہے۔(واللہ اعلم بالصواب) بہر حال! اس حال میں سالک کو چاہیئے۔کہ! وہ اللہ تعالیٰ کی یاد سے اپنے قلب کو تروتازہ رکھے۔بلکہ اس میں کثرت پیدا کرے۔کیونکہ! نفسِ مطمئنہ کو غیر کے ذکر سے بچانا بھی ضروری ہوتا ہے۔اور یہ کام انس کرتا ہے۔ اس حالت وکیفیت کے بعد سالک کو حقائق کا مشاہدہ ہونے لگتا ہے۔جو کہ حقیقت کی ابتداء جبکہ معرفتِ الٰہی کی نوید۔۔۔

عشق ہے پابندِ وفا ، نہ کہ پابندِ رسوم سر جھکانے کو نہیں کہتے سجدہ کرنا

☆ **مشاھدہ :** مشاہدہ کے لغوی معنی دیکھنے یا معائنہ کرنے کے ہیں۔مگر اصطلاحِ تصوف میں مشاہدہ سے مراد دل کی باطنی آنکھ سے ملاحظہ کرنا ہے۔سالک کا قلب جب ذکرِ الٰہی سے منور ومطمئن ہوجاتا ہے۔تو اس پر سے معصیت اور افکارِ فاسدہ کا زنگ اُتر جاتا ہے۔ظلمت کے اندھیرے چھٹ جاتے ہیں۔اور ظلمت کی جگہ پر اللہ تعالیٰ کا حقیقی نور بھر جاتا ہے۔اس طرح وہ سالک صاحبِ بصیرت ہوجاتا ہے۔جس کی وجہ سے اس کی فراست وسیع ہوجاتی ہے۔کیونکہ! جیسے جیسے حجابات دور ہوتے چلے جاتے ہیں۔ ویسے ویسے اللہ تعالیٰ کے اسرار ورموز منکشف ہونے لگتے ہیں۔جس سے کہ اس کی باطنی آنکھ روشن ہوجاتی ہے۔اور بالآخر وہ اللہ تعالیٰ کے حقیقی نور سے دیکھنے کے قابل ہوجاتا ہے۔چنانچہ وہ اس ارشاد کا مظہر بن جاتا ہے۔ **اتقوا فراسۃ المؤمن. ینظر بنور اللہ۔** مومن کی فراست سے ڈرو۔(کیونکہ) وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے۔(حدیث)

یہی مقصودِ فطرت ہے ، یہی رمزِ مسلمانی اخوت کی جہاں گیری ، محبت کی فراوانی

یہ حال سالک کے لئے مقامِ احسان ہوتا ہے۔جیسا کہ حدیث میں آیا ہے۔کہ! تُو اللہ تعالیٰ کی عبادت اس طرح سے کر۔گویا تُو اسے دیکھ رہا ہے۔ورنہ وہ تو (ویسے بھی ہر لحہ ،ہر جگہ) تجھے دیکھتا ہی ہے۔شاید اسی ضمن میں حضرت علی شیرِ خداؓ کا ایک قولِ مبارک ہے۔ کہ! **لا اعبد ربا لم اراہ** ۔ مَیں اُس رب کی عبادت نہیں کرتا۔جس کو مَیں نہیں دیکھتا۔ اور یہی احسان ہی ہے۔کہ! جس میں صوفیائے کرام اُن چیزوں کا بعین مشاہدہ کررہے ہوتے ہیں۔کہ جن کو ظاہری آنکھ سے دیکھنا ناممکنات میں سے ہے۔

نہ ہر زن ، زنست و نہ ہر مرد مرد خدا پنج انگشت را یکساں نکرد

حدیثِ قدسی میں آتا ہے۔کہ! جب میرا (کوئی) بندہ میری طرف رجوع کرتا ہے۔تو میں اس کی آنکھ بن جاتا ہوں۔جس سے وہ دیکھتا ہے۔۔۔اسی طرح سے قرآنِ پاک میں آیا ہے۔کہ! **اللہ نور السمٰوٰت والارض** ۔ اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کا نور ہے۔ اور اسی نور سے کائنات کا ذرہ ذرہ چمک رہا ہے۔جگمگا رہا ہے۔اور یہ نور دنیا کی ہر ہر جگہ پر موجود ہے۔جب اسی نور کی روشنی سالک کے قلب پر پڑتی ہے۔تو وہ قلب کی آنکھ سے مشاہدہ کرتا ہے۔اور اس کے سامنے سے تمام حجابات ہٹ جاتے ہیں۔شاید علامہ محمد اقبالؒ نے اسی حال سے گزرنے کے لئے دعا کی تھی۔

خدایا آرزو میری یہی ہے میرا نورِ بصیرت عام کر دے

☆ **یقین :** یقین خاتم الاحوال ہے۔اس کے لغوی معنی تو یہ ہیں۔کہ! وہ علم یا معلومات کہ جس میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہ ہو۔مگر اصطلاحِ تصوف میں یقین کا مفہوم یہ ہے۔کہ! کسی پوشیدہ چیز کو قوتِ ایمانی سے بعینہٖ درست طور پر ملاحظہ کر لینا۔اوراس کے لئے کسی دلیل وحجت کی ضرورت کو محسوس نہ کرنا۔یعنی کہ! رویئتِ عیاں بقوتِ ایمان نہ بحث وبرہان۔قرآنِ حکیم نے یقین کے تین درجات بیان کئے ہیں۔علم الیقین۔عین الیقین۔حق الیقین۔

صاحبِ کشف المحجوب جناب حضرت علی بن عثمان ہجویری المعروف داتا گنج بخشؒ نے یقین کی انہی تینوں اقسام کو اس طرح سے بیان فرمایا ہے۔کہ! **علم الیقین** کا مطلب دنیاوی معاملات کو ان کے احکامات کے ساتھ جاننا۔اور **عین الیقین** کا مطلب حالتِ نزع اور وقتِ رحلت کا علم ہے۔جبکہ **حق الیقین** سے مراد جنت میں اللہ تعالیٰ کے ظاہر ہونے اور اس کے احوال اور کیفیات کو ملاحظہ کرنا ہے۔ لہذا علم الیقین علماء کا درجہ ہے۔کیونکہ! وہ احکاماتِ شریعہ کے معاملات اموارات پر ثابت قدم ہوتے ہیں۔اور عین الیقین عارفین کا درجہ ہے۔کیونکہ وہ لوگ حالتِ نزع اور وقتِ رحلت کے منتظر رہتے ہیں۔تاکہ اُن کا وصالِ حقیقی نصیب ہو جائے۔جبکہ حق الیقین درحقیقت محبانِ حق کی فنا کا درجہ ہے۔کہ وہ اس لحاظ سے کل موجوداتِ دنیا سے قطع نظر کئے ہوئے ہیں۔(لہذا یاد رہے۔کہ!) علم الیقین مجاہدے سے حاصل ہوتا ہے۔عین الیقین محبتِ الٰہی سے حاصل ہوتا ہے۔جبکہ حق الیقین مشاہدہ حق سے حاصل ہوتا ہے۔(انتہی کلام الامام علی ہجویریؒ) یاد رہے۔کہ! یہ دس احوال ہیں۔جو ہر سالک کو راہِ طریقت میں پیش آتے ہیں۔جب وہ مرشد کی رہبری میں مقاماتِ سلوک سے گزر رہا ہوتا ہے۔تو بالآخر وہ منزلِ مقصود پر پہنچ جاتا ہے۔اور یہ درجہ ومقام فناء فی اللہ کا ہے۔

اس کا ملنا ہی مقدر میں نہ تھا ورنہ   ہم نے کیا کچھ نہیں کھویا، اُسے پانے کے لئے

☆☆☆ **درجہ ومقامِ فنا فی اللہ :** فنا کے لغوی معنی گم ہو جانا کے ہیں۔مگر اصطلاح تصوف اور شریعت وطریقت میں فناء فی اللہ سے مراد ہے۔کہ! بندہ اپنی ذات کے ناقص ہونے کا مکمل احساس پیدا کر لے۔اوراس کی کوئی خواہش باقی نہ رہے۔وہ مکمل طور پر اپنی نفی کر دے۔اوروہ اپنے آپ کو ہر لحاظ سے اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے۔جو ہمیشہ سے ہے۔اور ہمیشہ ہی رہے گا۔ بمصداقِ آیتِ قرآنی! **کل من علیھا فان۔و یبقی وجہ ربک ذوالجلال والاکرام**۔جو (بھی اللہ تعالیٰ کی مخلوق) زمین پر ہے۔سب کو (بالآخر ایک نہ ایک دن ضرور) فنا ہونا ہے۔اور آپ ﷺ ہی کی ذات (بابرکات ہی) ہے۔جو صاحبِ جلال وعظمت ہے (صرف) باقی رہے گی۔(سورہ رحمٰن۔آیت نمبر 27)

خودی ہے زندہ تو ہے موت اک مقامِ حیات   مگر عشق موت سے کرتا ہے امتحانِ ثبات

خودی ہے مردہ تو مانندِ کاہِ پیشِ نسیم   خودی ہے زندہ تو سلطانِ جملہ موجودات

حصولِ ولایت میں مقاماتِ عشرہ کا بیان :

راہ وصول الی اللہ کے دس اصول یا دس مقامات ہیں۔یعنی منازلِ سلوک کا طے کرنا انہیں دس مقامات کے حصول پر موقوف ہے۔کہ جنہیں مقاماتِ عشرہ کہا جاتا ہے۔جو کہ یہ ہیں۔☆ **توبہ۔** ☆ **زُھد۔** ☆ **قناعت۔** ☆ **توکل۔**

☆ **صبر۔** ☆ **شکر۔** ☆ **خوف۔** ☆ **رجا۔** ☆ **فقر۔** ☆ **رضا۔**

حضرت قطب شیخ الکبیر ابوالجناب حضرت شیخ نجم الدین کبریٰؒ نے طریقہء کبرویہ کے متعلق ایک نہایت قیمتی کتاب بنام''**رسالۃ الاصول العشرۃ**''تحریر فرمائی ہے۔اوراُن کے وصول الی اللہ کے دس مقامات یہ تحریر فرمائے ہیں۔ ☆ **توبہ۔** ☆ **زُھد۔** ☆ **توکل۔** ☆ **قناعت۔** ☆ **عزلت(یعنی گوشہ نشینی)۔** ☆ **ذکر۔** ☆ **توجہ الی اللہ۔** ☆ **صبر۔** ☆ **مراقبہ۔** ☆ **رضا۔**

زندہء جاوید ہو جاتا ہے وہ مردِ خدا   **موتوا قبل ان تموتوا** کو جو سمجھے زندگی

یاد رہے۔کہ! حضرت قطب شیخ الکبیر ابوالجناب حضرت شیخ نجم الدین کبریٰؒ کے مطابق ہر مقام ومنزل کے بعد ہی دوسری منزل ومقام کا حصول ممکن ہو سکے گا۔یعنی کہ! جب تک کوئی توبہ نہیں کرے گا۔وہ زُہد اختیار نہیں کر سکتا۔اور جب تک کہ سالک زہد اختیار نہیں کرے گا۔تو وہ قانع نہیں بن سکتا۔اور قناعت کے حصول کے بنا سالک متوکل نہیں بن سکتا۔۔۔**علیٰ ھذا القیاس**۔ بہرحال! میری دعا ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ ان دس مقامات ومراتب کی معرفت وعرفان مجھ ناچیز اور قارئینِ کتاب ہذا کو من وعن عطا فرمائے۔اوران کے فیوض وبرکات سے متفع ومستفید فرمائے۔آمین۔بجاہ سیدالمرسلین ﷺ۔

اَب یہ فقیر حقیر بندہ ناچیز پرتقصیر(عبدالرؤف البلوشی) خدمت میں اِن دس مقامات کی مختصر مگر جامع تفصیل بیان کرتا ہے۔

☆ **توبۃ :** عربی لغت میں توبہ کی یوں تعریف بیان کی گئی ہے۔''**التوبۃ رجوع عما کان مذموما فی الشرع الٰی ما ھو محمود فیہ**۔(ترجمہ) شرع(یعنی شریعت) میں جو کچھ مذموم(بُرا کام) ہے۔اس سے لوٹ کر محمود(اچھے کام) کی طرف آ جانے کا نام''توبہ''ہے۔اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالی شان ہے۔کہ! **وتوبوا الی اللہ جمیعا. ایہ المؤ منون لعلکم تفلحون**۔(سورہ نور۔آیت نمبر **31**) اورتم سب اللہ تعالیٰ کی طرف(آگے) توبہ کرو۔اے ایمان والو! تاکہ تم فلاح پاؤ۔(یعنی جو شخص توبہ کرتا رہے گا۔وہ ضرور فلاح پائے گا۔انشاءاللہ)

تُو نے پوچھی ہے امامت کی حقیقت مجھ سے   حق تجھے میری طرح صاحبِ اسرار کرے

ہے وہی تیرے زمانے کا امامِ برحق   جو تجھے حاضر و موجود سے بے زار کرے

☆ **زُہــــد** : حضرت جنیدِ بغدادیؒ کا قول ہے۔کہ! دنیا کو حقیر جاننا اور دل سے اس کے نشانات محو کرنا ''زُھد'' کہلاتا ہے۔ زُہد ایک مرتبہ قلبیہ ہے۔ اس مرتبے پر پہنچنے کے بعد قلب سے دنیا کی محبت یکسر نکل کر ختم ہو جاتی ہے۔ زہد ایک مرتبہءقلبیہ ہے۔اس مرتبہ و مقام پر پہنچ کر سالک کے قلب سے دنیا کی لذتیں، عیش وعشرت، آسائشیں، رنگینیاں وغیرہ نکل جاتی ہیں۔جس کے باعث وہ دنیا کی طرف التفات نہیں رکھتا۔اس کے لئے فقر وغنا اور اخذ وعطا دونوں حالتیں برابر ہو جاتی ہیں۔ کیونکہ! وہ قلبی طور پر طلبِ دنیا اور خواہشاتِ نَفس سے فارغ ہو چکا ہوتا ہے۔ زہد کا یہ مفہوم ہرگز نہیں ہے۔کہ! بندہ کا ہاتھ دنیا کے مال سے خالی ہو جائے۔اور وہ کسبِ حلال چھوڑ کر محتاجی کی زندگی گزارنا شروع کر دے۔ یاد رہے۔کہ! حضرت سیدنا صدیقِ اکبرؓ یوں دعا کیا کرتے تھے۔ **اللھم ابسط لی الدنیا و زھد نی عنھا**۔(ترجمہ) اے میرے اللہ تعالیٰ! میرے لئے دنیا کشادہ فرما دے۔اور اس سے مجھے زہد عطا فرما۔(کشف المحجوب)

حضرت علامہ المناویؒ نے فرمایا۔کہ! زہد، مالِ دنیا سے مکمل طور پر اجتناب کرنے کا نام نہیں۔ بلکہ زہد تو یہ ہے۔کہ! دنیا کا مال ہونا یا نہ ہونا سالک کے لئے یکساں اہمیت و حیثیت کا حامل ہو۔اس طرح کہ! سالک کا مال کے ساتھ تعلقِ قلبی نہ رہے۔تاکہ وہ آفاتِ دنیا سے محفوظ رہ سکے۔

سیرت النبی ﷺ میں ہماری زندگی کے تمام سوالات کے **100%** کافی وشافی جوابات دستیاب ہیں۔اور زہد کے حقیقی معنی و مفہوم کو سمجھنے کے لئے بھی حضرت امام الزاہدین سید الرسل ﷺ کا قول وفعل واضح ترین صورتوں میں بعینہٖ موجود ہے۔کہ آپ ﷺ بھی گوشت، حلوہ، شہد اور مشروبات (کھانے پینے میں) استعمال فرمایا کرتے تھے۔اور ویسے بھی اسلامی تعلیمات میں رہبانیت کی کوئی قدر و قیمت نہیں۔اعتدال پسندی سالک کو ہمیشہ کامیابی کی طرف لے جاتی ہے۔اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ **الھکم التکا ثر. حتی زرتم المقابر** ۔(تمھیں زیادہ سے زیادہ مال جمع کرنے کی ہوس نے غافل رکھا۔ یہاں تک کہ تم قبروں میں جا پہنچے) اسی طرح زُہد کی ایک مثال اس آیتِ کریمہ میں یوں بیان ہوئی ہے۔کہ!'' **وما الحیٰوۃ الدنیا الا لعب ولھو. وللدار الأخرۃ خیر للذین یتقون. افلا تعقلون** ۔'' (ترجمہ) اور دنیوی زندگی (کی لذتیں، اسائش وراحتیں، عیش وعشرت) کھیل تماشوں کے سوا کچھ نہیں۔اور یقیناً آخرت کا گھر ہی ان لوگوں کے لئے بہتر ہے۔ جو تقوٰی اختیار کرتے ہیں۔ کیا تم (یہ صریح حقیقت) کا ادراک نہیں رکھتے۔(سورہ الانعام۔آیت نمبر **32**) ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! '' **المال والبنون زینۃ الحیٰوۃ الدنیا. والبقیت الصلحت خیر عند ربک ثوابا و خیر املا** ۔'' (ترجمہ) مال اور اولاد (تو صِرف) دنیاوی زندگی کی زینت ہیں۔اور (حقیقت میں) باقی رہنے والی (تو صِرف) نیکیاں (ہی ہیں۔جو کہ) آپ کے رب کے نزدیک ثواب کے لحاظ سے (بھی بہت) بہتر ہیں۔ اور آرزو کے لحاظ سے (بھی) خوب تر ہیں۔(سورہ کہف۔آیت نمبر **46**) ابنِ ماجہ کی ایک حدیث ہے۔کہ! حضرت سہل بن سعد الساعدیؓ سے روایت ہے۔کہ! ایک شخص بارگاہ نبوی ﷺ میں حاضرِ خدمت ہو کر عرض گزار ہوا۔کہ مجھے (کوئی) ایسا عمل بتائیے۔(کہ) جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اور اس کے بندے میرے ساتھ محبت کیا کریں۔(تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔ دنیا میں زہد اختیار کر۔اس سے اللہ تعالیٰ اور لوگ تیرے ساتھ محبت کریں گے۔ اسی طرح سے ایک اور حدیث میں یوں بیان ہوا ہے۔کہ! حضرت ابوذر غفاریؓ سے روایت ہے۔کہ! حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! زُھد اور دنیا سے بے رُغبتی حلال کو حرام کر دینے اور مال کو ضائع کر دینے کا نام نہیں ہے۔ بلکہ! زُہد (تو) یہ ہے۔کہ جو کچھ تیرے ہاتھ میں ہے۔وہ اس سے زیادہ قابلِ اعتماد نہ ہو۔ جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔اور جب تجھے مصیبت پہنچے۔تو اس کے ثواب (کے حصول) میں زیادہ رغبت رکھے۔اور یہ تمنا ہو۔کہ کاش! یہ میرے لئے باقی رہتی۔(جامع ترمذی۔ابنِ ماجہ۔طبرانی) دنیا کی مذمت اس حدیث میں صراحت کے ساتھ بیان ہوئی ہے۔کہ! **قال رسول اللہ ﷺ ! الدنیا سجن المؤمن و جَنَّۃُ الکافر** ۔'' (ترجمہ) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔(کہ) دنیا مومن کا زندان اور کافر کی جنت ہے۔(صحیح مسلم۔جامع ترمذی)

حضرت شیخ نجم الدین الکبریٰؒ فرماتے ہیں۔کہ! زہد کا مطلب فائدہ مند چیزوں اور ان کی خواہشات سے کنارہ کشی اختیار کرنا ہے۔خواہ کم ہوں یا زیادہ۔ مال کی صورت میں ہوں یا جاہ و منصب کی صورت میں۔جیسا کہ ایک انسان اپنی طبعی موت کے سبب ان چیزوں سے کنارہ کش ہو جاتا ہے۔اور حقیقتِ زہد یہ ہے۔کہ! دنیا و آخرت دونوں کی خواہش چھوڑ دے۔آنحضور نبی مکرم ﷺ کا ارشاد ہے۔کہ! اہلِ آخرت پر دنیا حرام ہے۔کیونکہ! وہ دنیاوی مال و متاع سے فائدہ نہیں اُٹھاتے۔اور اہلِ دنیا پر آخرت حرام ہے۔کیونکہ اہلِ آخرت کے فوئد سے فیض یاب ہونا اہلِ دنیا کے مقدر میں نہیں۔اور اہل اللہ پر دنیا و آخرت دونوں ہی حرام ہیں۔کیونکہ! وہ دونوں (دنیا یا آخرت) سے نہ تو متنفع و مستفید ہوتے ہیں۔اور نہ ہی ان سے لطف اندوزی کی سعی کرتے ہیں۔

☆ **قناعت** : اللہ تعالیٰ قرآنِ حکیم میں فرماتا ہے۔کہ! **من عمل صالحا من ذکر او انثی وھو مؤ من فلنحیینہ حیوٰۃ طیبۃ. ولنجز ینھم اجر ھم با حسن ما کانوا یعملون** ۔(ترجمہ) جس شخص نے بھی مومن ہونے کی حالت میں نیک عمل کیا ہوگا۔ چاہے وہ مرد ہو یا عورت۔ ہم اسے پاکیزہ زندگی بسر کرائیں گے۔اور ایسے لوگوں کو ان کے بہترین اعمال کے مطابق ان کا اجر ضرور عطا کریں گے۔(سورہ نحل۔آیت نمبر **97**) صاحبِ رسالہ قشیریہ فرماتے ہیں۔کہ! کثیر علمائے تفسیر کا اس بات پر قوی اتفاق ہے۔کہ! ''حیاتِ طیبہ'' سے مراد دنیا میں قناعت ہے۔اسی طرح سے ایک اور آیت میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔کہ! **لیرزقنھم اللہ رزقا حسنا** ۔(ترجمہ) البتہ! اللہ تعالیٰ انہیں اچھا رزق عطا فرمائے گا۔(سورہ حج۔آیت نمبر **58**) یاد رہے۔کہ! علمائے تفسیر فرماتے ہیں۔کہ! ''رزقاً حسنا'' سے مراد قناعت ہی ہے۔ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ کا فرمان عالی شان ہے۔کہ! '' **قال رب اغفر لی وھب لی ملکا لا ینبغی لا حد من م بعدی. انک انت الوھاب** ۔(ترجمہ) کہنے لگے: کہ! اے میرے پروردگار! میری بخشش فرما دے۔اور مجھے ایسی سلطنت عطا فرما دے۔(کہ) جو میرے بعد کسی اور کے لئے مناسب نہ ہو۔ بے شک تیری اور صرف تیری ہی ذات وہ ہے۔ جو اتنی سخی داتا

ہے۔(سورہ صٓ۔آیت نمبر 35) بعضے مفسرین فرماتے ہیں۔کہ اس آیت میں ''**ملکا**'' سے مراد بھی قناعت ہے۔ اسی طرح سے حدیثِ نبوی ﷺ میں قناعت کی یوں تعریف کی گئی ہے۔کہ! **القناعة مال لا ینفد و کنز لا یفنی** (ترجمہ) یعنی قناعت نہ ختم ہونے والا مال اور خزانہ ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے۔کہ! **القناعة کنز لا یفنی**۔(قناعت ایک ایسا خزانہ ہے۔جو کبھی ختم نہیں ہوتا۔(بیہقی۔منذری) حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! امارت (امیر ہونا) کثرت مال سے نہیں ہوتی۔بلکہ اصل امارت **دل کا غنی ہونا** ہے۔(صحیح بخاری۔صحیح مسلم)

حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! ااوپر والا ہاتھ (یعنی دینے والا ہاتھ) نیچے والے ہاتھ (یعنی لینے والا ہاتھ) سے بہتر ہے۔اور (صدقہ وخیرات کی) ابتدا اپنے (ہی) اہل وعیال سے کرو۔اور بہترین صدقہ وہ ہے۔جس کے بعد استغناء قائم رہے۔اور جو سوال کرنے (یعنی مانگنے) سے بچتا ہے۔اللہ تعالیٰ (بھی) اسے (اس کے صبر وشکر کے عوض) سوال کرنے سے بچالیتا ہے۔جو استغناء اختیار کرتا ہے۔اسے اللہ تعالیٰ غنی کر دیتا ہے۔(صحیح بخاری۔صحیح مسلم) ایک اور حدیث میں ہے۔کہ! حضرت فضالہ بن عبید ؓ بیان فرماتے ہیں۔کہ! مَیں نے حضور نبی مکرم ﷺ کو (یہ) فرماتے سنا۔(کہ) اس کے لئے بشارت ہے۔جسے اسلام کی ہدایت نصیب ہوئی۔اور جسے بقدرِ ضرورت روزی نصیب ہو۔اور اس نے اس پر قناعت اختیار کی۔(جامع ترمذی۔طبرانی) اسی طرح سے ایک نہایت ہی سبق آموز حدیث میں ہے۔کہ! حضرت ثوبان ؓ سے مروی ہے۔کہ! حضور نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔(کہ) جو شخص مجھے اس بات کی ضمانت دے۔کہ (وہ) لوگوں سے کوئی چیز نہیں مانگے گا۔مَیں اسے جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔(تو) حضرت ثوبان ؓ نے عرض کیا۔(کہ) مَیں اس بات کی ضمانت دیتا ہوں۔اس کے بعد حضرت ثوبان ؓ کسی سے کچھ نہیں مانگا کرتے تھے۔(سنن ابی داؤد۔مستدرک حاکم) ☆ حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربی ؒ فرماتے ہیں۔کہ! ''**قناعت اس کا نام ہے۔کہ! انسان صرف اللہ تعالیٰ ہی سے سوال اور طلب کرے۔نہ کہ کسی غیر سے**۔اور مزید فرماتے ہیں۔کہ! **اکابر کا موجود پر ہی اکتفا کرنے سے مراد یہ ہے۔کہ! سوال اور طلب میں حق سبحانہٗ تعالیٰ پر ہی اکتفا کیا جائے**۔اور شیخ بزرگوار کا یہ قول ہے۔کہ! **بقدر ضرورت (جو چیز موجود ہو) اسی پر اکتفا کرنا قناعت ہے**۔☆ حضرت ابو عبداللہ خفیف ؒ فرماتے ہیں۔کہ! ''**مفقود چیز کی امید کو ترک کرنے اور موجود چیز کے ساتھ استغنا کا نام قناعت ہے**۔''☆ حضرت محمد بن علی ترمذی ؒ فرماتے ہیں۔کہ! '' **جو رزق کسی انسان کی قسمت میں لکھا جا چکا ہو۔اسی پر راضی رہنے کا نام قناعت ہے**۔''☆ حضرت بشر حافی ؒ فرماتے ہیں۔کہ! '' **قناعت ایک ایسا فرشتہ ہے۔جو مومن کے دل کے سوا کہیں (بھی) سکونت اختیار نہیں کرتا**۔☆ کسی نے حضرت ابو یزید ؒ سے پوچھا۔کہ! آپ ؒ اس مقام (ولایت) پر کیونکر پہنچے ؟ تو انہوں نے جواب دیا۔کہ! '' **مَیں نے دنیا کے اسباب کو جمع کر کے رسی سے باندھ دیا۔پھر صدق کی منجنیق میں رکھ کر نا اُمیدی کے سمندر میں پھینک دیا۔لہٰذا میں آرام میں رہا**۔☆ حضرت امام شافعی ؒ فرماتے ہیں۔کہ! '' **قناعت سے (واقعتاً) راحت میسر ہوتی ہے**۔

توکل : (توکل یعنی) جو بھی کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔اس پر اعتماد ہو۔اور جو بھی کچھ لوگوں کے پاس ہے۔اس سے مایوسی ہو۔

توکل ایک قلبی مرتبہ ومقام ہے۔جس میں متوکل بندہ اپنے جملہ امور صدق قلب اور خلوصِ نیت سے اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیتا ہے۔اور اپنے جمیع احوال میں صرف اللہ تعالیٰ ہی پر اعتماد واعتبار کرتا ہے۔اپنے تئیں جد وجہد اور محنت کے بعد نتیجہ اسی ذات وحدہٗ لاشریک لہٗ مسبب الاسباب پر چھوڑ دیتا ہے۔لیکونکہ! توکل اور اسباب کے درمیان کسی قسم کا کوئی تعارض نہیں ہے۔چونکہ توکل کا محل قلب جبکہ اسباب کا محل بدن ہے۔یاد رہے۔کہ! اہلِ توکل کا دائمی وظیفہ ''**حسبنا اللہ و نعم الوکیل**'' ہے۔کیونکہ! وہ اللہ تعالیٰ کے اس قول سے بخوبی واقف ہیں۔کہ! '' **و من یتوکل علی اللہ فھو حسبہ**'' (اور جو کوئی اللہ تعالیٰ پر توکل کرتا ہے۔پس (صرف اللہ تعالیٰ ہی) اُس کے لئے کافی ہے) حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔اگر تم اللہ تعالیٰ پر ایسے ہی توکل کرو۔جیسا کہ اس پر توکل کرنے کا حق ہے۔تو وہ تم کو ایسے رزق دے گا۔جیسے (کہ وہ ذاتِ برحق) پرندوں کو دیتا ہے۔

☆ **صبر** : صبر کی تعریف یوں ہے۔کہ! ابتلاء کے وقت لوگوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا شکوہ نہ کرنے کا نام صبر ہے۔

صبر کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! ''**ان اللہ مع الصّٰبرین**''(ترجمہ) یقیناً اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ (ہوتا) ہے۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 153) اسی طرح ایک اور جگہ فرمانِ رحمانی ہے۔کہ! ''**و لنبلونکم بشیءٍ من الخوف والجوع و نقص من الاموال والانفس والثمرٰت. و بشر الصٰبرین**''(ترجمہ) اور ہم ضرور بالضرور تمھیں آزمائیں گے۔کچھ خوف اور بھوک سے۔اور کچھ مالوں اور جانوں اور پھلوں کے نقصانات سے۔اور (اے حبیب!) آپ (ان) صبر کرنے والوں کو خوشخبری سنا دیں۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 155) ایک اور جگہ ارشادِ ربانی ہے۔کہ! ''**نعم اجر العٰملین. الذین صبروا و علی ربھم یتوکلون**''(ترجمہ) عمل (یعنی اعمالِ صالحہ) کرنے والوں کا کیا ہی اچھا اجر ہے۔(کہ! یہ وہ لوگ ہیں۔کہ) جنہوں نے صبر کیا۔اور اپنے رب پر ہی توکل کرتے رہے۔(سورہ العنکبوت۔آیت نمبر 59-58) حضرت عباس ؓ جناب نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔کہ! جو خداوندی فرائض کے ادا کرنے پر صبر کرتا ہے۔اور جما رہتا ہے۔اُس کو تین سو درجات نصیب ہوتے ہیں۔اور جو خداوندی ممنوعات سے بچنے پر صبر کرتا ہے۔اور ثابت قدم رہتا ہے۔اُس کو چھ سو درجات نصیب ہوتے ہیں۔اور جو مصیبت پر صبر کرتا ہے۔اُس کو نو سو درجات ملتے ہیں۔کسی عارف کا قول ہے۔کہ! صبر کے تین درجات ہیں۔ پہلا درجہ شکایت کا چھوڑ دینا ہے۔اس کو صبر جمیل کہتے ہیں۔یہ تائبین کا درجہ ہے۔دوسرا درجہ تقدیر پر راضی رہنا ہے۔اور یہ زاہدین کا درجہ ہے۔ تیسرا درجہ یہ ہے۔کہ جو خدا کرے۔اس پر محبت کرنا۔یہ صدیقین کا درجہ ہے۔

دُنیا کی محفلوں سے اُکتا گیا ہوں یارب کیا لطف انجمن کا ، جب دل ہی بجھ گیا ہو

☆ **شکر** : صبر کی تعریف یوں ہے۔کہ! نعمت کے اعتراف اور خدمت کے ساتھ قیام کا نام شکر ہے۔اگر کوئی شخص اس میں اضافہ کی توفیق پائے۔تو اس کو شکور کہا جاتا ہے۔اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔کہ! ''**و قلیل من عبادی الشکور** ۔'' (یعنی) اور میرے بندوں میں سے شکور (شکر گزار) تھوڑے سے ہیں۔(سورہ سباء۔آیت نمبر **13**) اسی طرح ایک اور تعریف یہ بھی ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ کی تمام نعمتوں کو اسی مقصد کے لئے صَرف کرنا، کہ جس کے لئے وہ نعمتیں پیدا کی گئی ہیں، شکر کہلاتا ہے۔شکر کی اجمالی طور پر تین اقسام ہیں۔ **شکر اللسان** ۔ **شکر الارکان** ۔ **شکر الجنان** ۔

☆ **شکر اللسان** ۔(یعنی) زبان سے شکر ادا کرنا: تحدیثِ نعمت کو کہتے ہیں۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔''**و اما بنعمة ربك فحدث** ۔'' (یعنی) اور جو تمھارے پروردگار کی نعمت ہے۔اس کا تذکرہ کرتے رہنا۔(سورہ **والضحی** ۔آیت نمبر **11**) ایک حدیث میں ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔(کہ) کھانا کھا کر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے والا (اجر وثواب میں) صبر کرنے والے روزہ دار کے برابر ہے۔

☆ **شکر الارکان** ۔(یعنی) اعمالِ صالحہ کے ذریعے سے شکر ادا کرنا: عملِ خالص کو کہتے ہیں۔ ''**ا عملوا الِ داؤد شکرا** ۔'' (یعنی) اے داؤدؑ کے خاندان والو! تم ایسے عمل (اعمالِ صالحہ و شکر گزاری) کیا کرو۔(کہ) جن سے (تمھارا) شکر ظاہر ہو۔(سورہ سباء۔آیت نمبر **13**)

☆ **شکر الجنان** ۔(یعنی) دل سے اس طرح شکر ادا کرنا، کہ یہ نعمت اللہ تعالیٰ ہی طرف سے ہے: شہادتِ قلبی کو کہتے ہیں۔قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔کہ! ''**وما بکم من نعمة فمن الله** ۔'' (یعنی) اور تم کو جو (بھی) نعمت عطا ہوتی ہے۔وہ (صِرف اور صِرف) اللہ تعالیٰ (ہی) کی طرف سے ہوتی ہے۔(سورہ نحل۔آیت نمبر **53**) **وا شکرولی ولا تکفرون**. (سورہ بقرہ۔آیت نمبر **1152**) اور میرا شکر ادا کرو۔اور میری ناشکری نہ کرو۔ **ان اللہ لذو فضل علی الناس ولکن اکثرالناس لا یشکرون** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر **243**) حقیقت یہ ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ لوگوں پر بہت فضل فرمانے والا ہے۔لیکن اکثر لوگ (اللہ تعالیٰ کا) شکر ادا نہیں کرتے۔**فاتقوا الله لعلکم تشکرون** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر **123**) لہذا (اگر تم لوگ صرف) اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ تو تم شکر گزار ہو گے۔ **و سیجزی اللہ الشّٰکرین** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر **144**) عنقریب اللہ تعالیٰ شکر گزاروں کو نیک بدلہ عطا فرمائے گا۔**و سنجزی الشّٰکرین** ۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر **145**) جو لوگ شکر گزار ہیں۔ان کو ہم (اللہ تعالیٰ) جلد ہی نیک بدلہ عطا کریں گے۔ **ما یفعل اللہ بعذا بکم ان شکر تم وامنتم. و کان اللہ شاکرا علیما** ۔(سورہ نساء۔آیت نمبر **147**) اگر تم (اللہ تعالیٰ کے شکر گزار) بنو۔اور (صحیح معنوں میں) ایمان لے آؤ۔تو اللہ تعالیٰ تمھیں عذاب دے کر آخر کیا کرے گا؟ اللہ تعالیٰ بڑا قدردان ہے۔اور خوب جاننے والا ہے۔ **کذٰلک یبین اللہ لکم اٰ یتہ لعلکم تشکرون** ۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر **89**) اسی طرح اللہ تعالیٰ اپنی آیتیں کھول کھول کر تمھارے سامنے واضح کرتا ہے۔تاکہ تم شکر ادا کرو۔ **لئن شکر تم لا زید نکم ولئن کفر تم ان عذابی لشدید** ۔(سورہ ابراہیم۔نمبر **07**) اگر تم (واقعی) اللہ تعالیٰ کا (خلوصِ دل سے) شکر ادا کرو۔تو مَیں تمھیں اور (بھی) زیادہ دوں گا۔اور اگر تم نے (میری) ناشکری کی۔تو (یقین جانو کہ) میرا عذاب بڑا سخت ہے۔ **واللہ اخر جکم من م بطون امّھتکم لا تعلمون شیئا. و جعل لکم السمع والابصار والافئدة. لعلکم تشکرون** ۔(سورہ نحل۔نمبر **78**) اور اللہ تعالیٰ نے تمھاری ماؤں کے پیٹ سے (تم لوگوں) کو ایسی حالت میں نکالا۔کہ تم کچھ بھی نہ جانتے تھے۔اور تمھارے لئے کان، آنکھیں اور دل پیدا کیے۔تاکہ تم (اللہ تعالیٰ کا ہر وقت) شکر ادا کرو۔ **واشکروا نعمت اللہ ان کنتم ایاہ تعبدون** ۔(سورہ نحل۔نمبر **114**) اور اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کرو۔اگر تم واقعی اسی (وحدہ لاشریک) کی ہی عبادت کرتے ہو۔ **ومن رحمتہ جعل لکم الیل والنھار لتسکنوا فیہ ولتبتغوا من فضلہ ولعلکم تشکرون** ۔(سورہ قصص۔نمبر **73**) یہ تو اسی (ذاتِ برحق) نے اپنی (وسیع و عریض) رحمت سے تمھارے لئے رات بھی بنائی اور دن بھی۔تاکہ تم اس میں آرام و سکون کرو۔اور اس میں اللہ تعالیٰ کا فضل تلاش کرو۔تاکہ تم شکر (بھی) ادا کرو۔ سرورِ دو عالم ﷺ سے حضرت معاذ بن جبلؓ کو وصیت فرمائی تھی۔کہ ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھا کریں۔'' **اللھم اعنی علٰی ذکرک و شکرک و حسنِ عبادتک** ۔'' (سنن ابی داؤد) اللہ تعالیٰ کا دیا ہوا رزق کھا کر شکر کرنے والا، صبر کرنے والے روزہ دار کی طرح ہے۔(بخاری)

حضرت موسیٰؑ نے فرمایا۔اے میرے رب! میرے ہر ہر بال پر تیری نعمتیں (اور زندگی پر تیری رحمتیں) ہیں۔تو میں تیرا کس طرح سے شکر ادا کروں؟ (تو) اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔کہ! اے موسیٰؑ! جب تُو نے یہ پہچان لیا۔کہ تُو میرا شکر ادا کرنے سے عاجز ہے۔تو تُو نے میرا شکر ادا کر دیا۔ ایک اور روایت ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤدؑ کی طرف وحی کی۔کہ! میری نعمتوں کا شکر ادا کرو۔(تو) آپؑ نے فرمایا۔اے میرے اللہ! مَیں کیسے تیری نعمتوں کا شکر ادا کروں؟ جبکہ تیرا شکر ادا کرنا مجھ پر تیری سب سے بڑی نعمت ہے۔پس اللہ تعالیٰ نے آپؑ کی طرف وحی کی۔(کہ) جب تُو یہ بات جان لے۔تو (تُو) میرا سب سے شکر گزار بندہ ہے۔

حکایت : (صبر اور شکر کے متعلق) ایک بزرگ نے دوسرے بزرگ سے دریافت فرمایا۔کہ! اگر تمھیں رزق ملے تو کیا کرتے ہو۔اور اگر تمھیں کچھ نہ ملے۔تو کیا حالت ہوتی ہے تمھاری؟ دوسرے بزرگ نے کہا۔کہ اگر ملے۔تو شکر کرتا ہوں۔اور اگر نہ ملے۔تو صبر کا دامن تھام لیتا ہوں۔

اس جواب پر پہلے بزرگ نے فرمایا۔کہ! یہ خاصیت تو جانور (سگ) کی بھی ہوتی ہے۔تو پھر تم میں اور اس جانور میں کیا تفاوت ہوگا۔اس بات پر دوسرے بزرگ نے کہا۔کہ اگر ملے تو کیا کرنا چاہیئے۔اور اگر نہ ملے۔تو کیا کرنا چاہیئے۔تو پہلے بزرگ نے فرمایا۔کہ! اگر ملے تو صدقہ و خیرات کر دینی چاہیئے۔اور جب کچھ نہ ملے تو شکر ادا کرنا چاہیئے۔(کیونکہ متوکلین علی اللہ کا یہی طریقہ ہمیشہ سے رہا ہے)

☆ **خوف** : خوف کی تعریف (بمطابق حضرت شیخ شریف جرجانیؒ) یوں ہے۔کہ! کسی ناپسندیدہ امر کے واقع ہونے یا کسی محبوب چیز کے فوت ہونے کو خوف کہا جاتا ہے۔ جبکہ امام غزالیؒ اپنی کتاب احیاء العلوم (جلد چہارم) میں فرماتے ہیں۔کہ! مستقبل میں درپیش آنے کے خدشے کے سبب دل میں پیدا ہونے والے درد، سوزش اور گھبراہٹ کی سی کیفیت کو خوف کہا جاتا ہے۔ اللہ رب العزت کا فرمانِ عالی شان ہے۔کہ! **واما من خاف مقام ربہ و نھی النفس عن الھوٰی. فان الجنة ھی الماوٰی** ۔ (ترجمہ) اور رہا وہ جو اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے خوف رکھتا تھا۔ اور اپنے نفس کو بُری خواہشات سے روکتا تھا۔ تو جنت ہی اس کا ٹھکانہ ہوگی۔ (سورہ النازعات۔ 41-40)

رجاء : رجاء کی تعریف میں صوفیائے کرام کے مختلف اقوال ہیں۔ جیسا کہ! ☆ اللہ تعالیٰ سے اس کے کرم کی اُمید کا نام رجاء ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کے جلال کو جمال کی آنکھوں سے دیکھنے کا نام رجاء ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ کی مہربانی پر خوشی کا اظہار کرنا رجاء کہلاتا ہے۔

دادِ حق را قابلیت شرط نیست — بلکہ شرطِ قابلیت دادِ اُوست

☆ **فقر** : فرمانِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **للفقراء الذین احصروا فی سبیل اللہ. (ترجمہ):** فقیر وہ ہیں۔ جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں رکے ہوئے ہیں۔ (سورہ بقرہ۔273) چند احادیثِ نبویہ ﷺ بر فقر! ☆ **الفقر فخری وبہ وافتخر علٰی سائر الانبیاء یوم القیامة** ۔ (یعنی کہ) فقر کے کمال پر مجھے فخر ہے۔ اور اِسی بے مثل کمال (فخر) کے باعث مَیں بروزِ قیامت تمام انبیائے کرامؑ کے درمیان سَر بلند ہوں گا۔ **الفقر فخری وبہ والفقر منی** ۔ (یعنی کہ) فقر میرا فخر ہے۔ اور فقر ہی میرا اصل ترکہ وورثہ ہے۔ **الفقر عز لا ھلہ** ۔ (یعنی کہ) فقر (درحقیقت) اہلِ فقر کے لئے موجب عزت ہے۔ **الفقر کنز من کنوز اللہ تعالٰی** ۔ (یعنی کہ) فقر (درحقیقت) اللہ تعالیٰ کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔

یہ فقر، مردِ مسلماں نے کھو دیا جب سے — رہی نہ دولتِ سلمانی و سلیمانی

مقامِ فقر یا حقیقتِ فقیر کو جاننے سے پہلے ہمیں یہ لازمًا سمجھنا پڑے گا۔کہ! غلبہء حال کے ظہور سے پہلے اسلام اور کفر کے مابین تمیز کرنا نہایت ضروری ہے۔ جس طرح کہ اہلِ شرع کے نزدیک زندقہ وکفر ہے۔ بعینہٖ اہلِ طریقت وحقیقت کے نزدیک بھی کفر ہے۔ یاد رہے۔کہ! اگرچہ اہلِ شریعت و اہلِ طریقت کے مابین اگرتھوڑا بہت اختلاف ہے۔ تو وہ صرف غلبہء حال کے سبب ہے۔ جیسا کہ! حضرت شیخ منصور ابن حلاجؒ مغلوب الحال ہونے کی وجہ سے اہلِ شریعت نے بوجہ متجاوزعن الحد الشرع دارتخت پر پھانسی دینے کا فتویٰ صادر کیا۔ کیونکہ! شریعت کا حکم بالآخر بالکل واضح ہے۔ جس میں قطعًا کسی بھی قسم کی کوئی کجی نہیں۔ اسی طرح سے فقراء بھی دائرہء شریعت کے سخت پابند ہوتے ہیں۔ یہ لوگ امر بالمعروف و نہی المنکر کے بہت بڑے داعی ہوتے ہیں۔ حضرت محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے جب فقیر کے معنٰی دریافت کئے گئے۔ تو آپؒ نے یہ ابیات پڑھے۔

فاء الفقیر فنائہ فی ذا تہ — و فراغہ من نعتہ و صفا تہ

والقاف قوة قلبہ بحبیبہٖ — و قیا مہ للہ فی مر ضا تہ

والیاء یوجوا ر تہ و یخا فہ — و یقوم با لتقوی بحق تقا تہ

والراء ر قة قلبہ و صفا تہ — و ر جو عہ للہ عن شھو ا تہ

حضرت شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ فرماتے ہیں۔ کہ جس وقت مَیں باطنی دُنیا کے مراتب و مدارج طے کرتا ہوا چلا۔ تو مَیں زُہد کے دروازے پر جا پہنچا۔ اس دروازے پر مَیں نے بڑی بھیڑ دیکھی۔ چنانچہ مَیں راستہ بنا کر اس دروازے سے گذر گیا۔ پھر مَیں توکل، صبر، رضا وغیرہا کے مختلف و بے شمار مقامات کے دروازوں پر پہنچا۔ سب دروازوں پر مَیں نے لوگوں کا جمِ غفیر اور جمگھٹا ملاحظہ کیا۔ اور مَیں ان کو چیرتا ہوا ان سے (بآسانی) گذر گیا۔ پھر مَیں آخر میں ''فقر'' کے دروازے پر پہنچا۔ اور اس کو خالی پایا۔ اور اس پر کسی طالب وسالک کو نہ پایا۔ سو مَیں اسے بھی کھول کر اس سے بھی گذر گیا۔ (الحمدللہ)

اور حضرت شیخ عبداللہ خفیفؒ فرماتے ہیں۔کہ! فقیر درحقیقت وہ ہے۔ جو کسی بھی شئے کا مالک نہ ہو۔ اور صفات کے احکام سے نکل جائے۔ (یعنی اس میں کسی بھی شئے کی ملکیت کا تصور اور اس کی تمنا ہی باقی نہ رہے)

اے شام مجھ میں قیام کر — میرا رنگ و روپ نکھار دے

جو گذر گئی، سو گذر گئی — میری باقی عمر سنوار دے

☆ **رضا** : رضا کی اصل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمانِ عالیشان ہے۔کہ! **رضی اللہ عنھم ورضوا عنہ. ذالک الفوز العظیم** ۔ **(ترجمہ)** اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوا۔ اور وہ اس سے راضی ہوئے۔ یہی زبردست کامیابی ہے۔ (سورہ مائدہ۔119) یعنی اللہ تعالیٰ سے صحابہ کرامؓ کا اللہ تعالیٰ اور اس کے محبوب پیغمبر ﷺ کی کامل اطاعت اور مشکل وقت میں آنحضور نبی مکرم ﷺ کا ساتھ دینے کی وجہ سے مقامِ رضا پر ایسے سرفراز کئے گئے۔ کہ اللہ تعالیٰ اُن صحابہ کرامؓ سے اور وہ صحابہ کرامؓ اللہ تعالیٰ سے یکسر راضی ہو گئے۔ اور اسی رضا کی بدولت اللہ تعالیٰ نے انہیں زبردست کامیابی (یعنی جنت کا عطا فرمایا جانا) عنایت فرمائی۔ کہ جس میں ہمیشہ وہ رہیں گے۔ رضا کا صبر سے ایک اوپر والا درجہ ہے۔ کیونکہ! جس کو رضا نصیب ہو جائے۔ وہ صابر ضرور ہوتا ہی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا رشاد ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ کی رضامندی سب سے بڑی شئے ہے۔ ایسے ہی بندے کا اپنے رب سے راضی ہو جانا تمام طاعات سے بڑھ کر

ہے۔ حضرت موسیٰ کلیم اللہؑ اپنی ادعیہ میں (اکثر و بیشتر) فرمایا کرتے تھے۔ کہ اے للہ تعالیٰ! آپ نے مجھے اپنے ساتھ گفتگو کے ساتھ خاص کیا۔ اور مجھ سے پہلے کسی انسان سے آپ نے کلام نہیں کیا۔ (اے اللہ تعالیٰ) پس میری رہنمائی ایسے عمل کی طرف فرما۔ (کہ) جس سے میں آپ کی ''رَضا'' حاصل کرسکوں۔ پس اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ تیرا اپنی رضا کے مقابلے میں میری رضا کے ساتھ راضی ہونا ہے۔

ایک اور روایت میں آیا ہے۔ کہ! ایک مرتبہ حضرت موسیٰؑ نے اللہ تعالیٰ سے دریافت کیا۔ کہ اے رب! مجھے ایسی چیز (بات یا عمل) بتلایئے۔ جس میں آپ کی رضا ہو۔ اللہ تعالیٰ نے اُنؑ کے پاس وحی بھیجی۔ کہ میری رضا اسی میں ہے۔ کہ تم میری قضا پر راضی رہو۔ ایک (زاہدہ و عابدہ) عورت کے داڑھ میں شدید درد ہوا۔ تو وہ چیخنے چلانے لگی۔ آواز (ہاتفِ غیبی) آئی۔ کہ! جو ہمارے درد سے صبر نہ کرسکے۔ اُسے چاہیئے۔ کہ وہ ہمارا قرب چھوڑ کر کوچ کر جائے۔

کریں گے تبصرہ کیا ہوش والے میری ہستی کا — یہ دیوانہ ہی سمجھتا ہے، کہ دیوانے پہ کیا گذری

علم الملا ئکہ : اس ضمن میں شیخ عبدالحق مُحدث دہلویؒ فرماتے ہیں۔ کہ یہ جزوِ ایمان ہے۔ **امنت باللہ و ملائکۃ** ۔۔۔ فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے نورانی اجسام میں پیدا فرمایا ہے فرشتے ہر شکل اختیار کرنے کی قُدرت رکھتے ہیں ان کی ارواح مجروہ ہیں۔ ان کے ہاں مُذکر و مؤنث کا امتیاز یا پھر توالد و تناسل کا سلسہ نہیں پایا جاتا۔ آسمان و زمین بلکہ تمام اجزائے عالم پر فرشتے مؤکل، مدبر و نگہبان ہیں۔ ایک ایک آدمی پر کئی کئی فرشتے مُقرر ہیں۔ بعض اعمال لکھنے، بعض شیاطین و دیگر موذیات سے بچانے پر مقرر و مُحافظ ہیں۔ تمام عالم علوی و سفلی میں کوئی بھی ایسی جگہ نہیں جہاں پر فرشتے معمور نہ ہوں اسی ضمن میں حدیثِ نبوی ﷺ بھی ہے کہ! (اگر) تمام مخلوقات کے دس حصے تصور کئے جائیں تو ان کے نو حصے فرشتے ہی ہوں گے۔ فرشتوں کے پر اور بازہ بھی ہوتے ہیں لہذا اس بات پر (کہ ان کے پر بھی ہوتے ہیں) ایمان لانا اور اعتقاد رکھنا ضروری اور واجب ہے حدیثِ نبوی ﷺ بھی ہے کہ! حضرت سید الانبیاء والرسل ﷺ نے شبِ معراج کو جبرائیلؑ کے چھ سو پَر (**Wings**) دیکھے۔ بہر حال تمام فرشتوں میں مُقرب فرشتے چار ہیں۔ جو کہ دنیا کے بڑے بڑے انتظامات، ملک وملکوت پر معمور ہیں۔ ۱۔ حضرت جبرائیلؑ ۲۔ حضرت میکائیلؑ ۳۔ حضرت اسرافیلؑ ۴۔ حضرت عزرائیل۔

حضرت جبرائیلؑ : حضرت جبرائیلؑ پر علومِ ربانی کا اِلقاء اور وحی الٰہی کی انبیاءؑ تک ترسیل کی عظیم ترین ذمہ داری ہے۔ **حضرت میکائیلؑ** : حضرت میکائیلؑ پر تمام مخلوقات تک رزق کی بہم رسائی اور تقسیم و مقدار کے تعین کا تقرر ہے۔ **حضرت اسرافیلؑ** : حضرت اسرافیلؑ کے ذمہ صور کا پھونکنا ہے۔ یہ صور پہلی مرتبہ تمام عالم کی ہلاکت کے لئے پھونکا جائے گا۔ دوسری مرتبہ صور پھونکنے سے تمام مُردے قبروں سے اُٹھ کر میدانِ حشر میں حاضر ہوں گے۔

حضرت عِزرائیلؑ : حضرت عِزرائیلؑ بحکمِ خُدا تمام مخلوقاتِ عالم کی ارواح قبض کرنے کے مجاز ہیں۔

کوئی فلسفہ نہیں عشق کا — جہاں دل جھکے وہاں سر جھکا
وہیں ہاتھ جوڑ کے بیٹھ جا — نہ سوال کر، نہ جواب دے

اکثر علمائے کرام کا اس بات پر قوی اتفاق ہے۔ کہ حضرت جبرائیلؑ تمام فرشتوں میں افضل و اشرف ہیں۔ مگر کچھ علماء ان چاروں مقرب فرشتوں کو ہم رُتبہ خیال کرتے ہیں۔ ان چار کے علاوہ وہ آٹھ فرشتے بھی حیثیت میں کم نہیں۔ جنھوں نے عرشِ عظیم کو اُٹھایا ہوا ہے۔ مُنکر و نکیر بھی دو فرشتے ہیں۔ جو بڑے ہی عظیم، ہیبت ناک، سیاہ رنگ اور نیل آنکھوں والے ہیں یہ دونوں قبر میں آکر ہر انسان سے (چاہے وہ کسی بھی مذہب و مِلت سے ہو) تین سوالات کرتے ہیں کہ! ☆ تمھارا رب کون ہے؟ ☆ تمھارا رسولؐ کون ہے؟ ☆ تمھارا دین کیا ہے؟ جوابات صحیح ہونے پر وہ مُردہ نازونعمت سے سرفراز ہوگا ورنہ اس کو عذاب دیا جائے گا۔ احادیث نبوی ﷺ میں کئی جگہوں پر آیا ہے کہ گناہ گار کی قبر میں ستر اژدہے اور بچھو ہوں گے۔ اور ان کے زہر کی شِدت کا یہ عالم ہوگا۔ کہ اگر ان میں سے ایک بھی ڈس لے تو دُنیا کے تمام درخت خاکستر ہو جائیں۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ اژدہے۔ اور بچھو انسان کی صفاتِ ذمیمہ، افعالِ قبیحہ اور دنیاوی تعلقات کی تمام صورتیں ہیں۔ جنھیں عالمِ قبر میں اژدہے اور بچھوؤں میں تبدیل کر دیا جائے گا۔

کبھی عرش پر، کبھی فرش پر، کبھی اس کے دَر، کبھی دربدر — غمِ عاشقی تیرا شکریہ، مَیں کہاں کہاں سے گذر گیا

چار پُرحکمت باتیں : حضرت قدوۃ الانام زینتُ المفسرین و محدثین جناب جلال الدین عبدالرحمٰن الشافعی السیوطیؒ اپنی یگانہ روزگار کتاب **کتاب الرحمۃ فی الطب والحکمۃ** میں رقم طراز ہیں۔ کہ احنف بن قیس کا قول ہے۔ کہ حُکماء نے علم و حکمت کے متعلق چار ہزار پُرحکمت باتیں مُنتخب کیں۔ پھر ان چار ہزار میں سے چار سو باتوں کو چھانٹا۔ پھر اِن چار سو میں سے چالیس کا انتخاب کیا۔ اور پھر اِن چالیس میں سے فقط چار باتوں کا استخراج کیا۔ (گویا کہ دریا کوزے میں بند کر دیا)۔

☆ عورتوں پر اعتبار نہ کرو۔ ☆ معدہ پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالو۔
☆ کثرتِ مال پر (فخر کرتے ہوئے) مغرور نہ ہو جاؤ۔ ☆ اِتنا علم کافی ہے۔ جو نفع دے سکے۔

اس ضمن میں میرے شیخ طریقت جناب پیر سید محبوب علی شاہؒ نے ایک اور بات کا بھی اضافہ فرمایا۔ یعنی تقوٰی۔

یک لحظہ زِ کوئے یار دوری — در مذہبِ عاشقاں حرام اَست

مراتبِ عالیہ تک پہنچنے کے لئے اہلِ مجاہدہ ومحاسبہ کے دس خصائل: (بمطابق کتاب '' غنیۃ الطالبین)

مجاہدہ اورمحاسبہ والوں نیز اہلِ طریقت نے اپنے (عروجِ ولایت کے حصول کے) لئے دس خصلتیں اختیار کی ہیں۔ جب وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اِن (دس) خصائل کواپناتے ہیں۔ اوران پر مضبوطی سے کاربند ہوتے ہیں۔ تو وہ مراتبِ عالیہ تک پہنچتے ہیں۔ (وہ دس خصائل یہ ہیں)
1۔ قسم کھانے سے دائمی اجتناب کرنا۔ 2۔ جھوٹ سے دائمی اجتناب کرنا۔ 3۔ وعدہ خلافی نہ کرنا۔ 4۔ اللہ تعالیٰ کی کسی مخلوق پرلعنت نہ بھیجنا۔ 5۔ اللہ تعالیٰ کی کسی مخلوق (جیسے انسان، حیوان، چرند وپرند یا پھل وپھول، پودے ودرخت وغیرہ) کے لئے بد دعا نہ کرنا۔ 6۔ اہلِ قبلہ میں سے کسی کے خلاف شرک، کفراورمنافقت کی گواہی سے اجتناب کرنا۔ 7۔ ہمیشہ اپنے ظاہری وباطنی گناہوں پرنظر رکھنا اور اِن سے دائمی اجتناب کرنا۔ 8۔ اللہ تعالیٰ کی کسی مخلوق (مثل انسان وحیوان وغیرہ) پر بوجھ نہ ڈالنا، چاہے وہ بڑا ہو یا چھوٹا۔ 9۔ لوگوں سے امید وطمع دائمی طور پرختم کرکے اللہ تعالیٰ سے مکمل وابستگی اختیار کرنا۔ 10۔ دائمی تواضع اختیار کرنا۔

تیرے سینے میں دَم ہے پَر دل نہیں ہے — کیونکہ! تیرا دَم گرمیء محفل نہیں ہے
گزر جا عقل سے آگے، کہ یہ نور — چراغِ راہ تو ہے مگر منزل نہیں ہے

سلسلہء عالیہ چشتیہ کے مقامات کی کیفیات وتشریحات مع اشاراتِ انبیائے کرامؑ:

منتہی در عشق چوں او بود فرد — پس مرا اورا زِ انبیاءؑ تخصیص کرد

مقامات	مقامات کی کیفیات	مقامات کی تشریحات	اشارات اَز انبیاء و رسلؑ
اول	تائبان	یعنی توبہ	اشارہ حضرت آدمؑ
دوئم	عابدان	یعنی عبادت	اشارہ حضرت ادریس نبیؑ
سوئم	زاھدان	یعنی زُہد	اشارہ حضرت موسیٰؑ
چہارم	صابران	یعنی صبر	اشارہ حضرت ایوبؑ
پنجم	راضیان	یعنی راضی بہ رضا	اشارہ حضرت عیسیؑ
ششم	قانعان	یعنی قناعت	اشارہ حضرت یعقوبؑ
ہفتم	مجاھدان	یعنی مجاہدہ	اشارہ حضرت یونسؑ
ہشتم	متفکران	یعنی تفکر	اشارہ حضرت یوسفؑ
نہم	شکستگان	یعنی شکستہ	اشارہ حضرت شعیبؑ
دہم	مرشدان	یعنی رشد وہدایت	اشارہ حضرت شیثؑ
یازدہم	صالحان	یعنی صالحیت	اشارہ حضرت نوحؑ
دوازدہم	مخلصان	یعنی خلوص	اشارہ حضرت داؤدؑ
سیزدہم	عارفان	یعنی معرفت یاعرفان	اشارہ حضرت خضرؑ
چہاردہم	شاکران	یعنی شکر	اشارہ حضرت ابراھیمؑ
پانزدہم	محبان	یعنی محبت	اشارہ جناب حضرت سید الرسل محمدِ مصطفیٰ ﷺ

اللہ تعالیٰ کی بھلائی: حضرت محمد بن کعبؓ کے بارے میں آتا ہے کہ آپؓ نے فرمایا کہ ! جب اللہ تعالیٰ کسی سے بھلائی کا کام لینا چاہتا ہے۔ تواس میں تین خصلتیں پیدا فرما دیتا ہے۔☆ دین کی سمجھ عطا فرما دیتا ہے۔ ☆ دنیا سے بےتعلق بنا دیتا ہے۔☆ وہ خود اپنے آپ کے عیب تلاش کرتا ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے۔ کہ! بہت سی ایسی نیکیاں ہیں۔ جو انسان کرتا ہے۔ لیکن ان (نیکیوں) سے زیادہ نقصان دہ اس (نیکی کرنے والے) کے لئے اور گناہ نہیں۔ اور بہت سے ایسے گناہ ہوتے ہیں۔ کہ کرنے والے کے لئے اس (گناہ) سے زیادہ بہتر نیکی نہیں ہوتی۔
(مفہومِ حدیث) چونکہ نیکی قابلِ تعریف اور بُرائی قابلِ مذمت ہے۔ جب بندہ کوئی نیکی کرتا ہے۔ اوراسی نیکی کے تخیل وتصور میں رہتے ہوئے اپنی نیکی پرناز وفخر کیا کرتا ہے۔ تو یہی نیکی اُس کیلئے گناہ سے بھی بدتر ہو جاتی ہے۔ اسی طرح سے اگر کوئی گناہ کرنے کے بعد اپنے اسی گناہ کے تخیل وتصور میں عاجزی وانکساری اور فقر کی حالت میں رہتا ہے۔ تو بندے کا عاجز ومنکسر اور فقیر ہونا زیادہ اچھا ہوتا ہے۔

اسباقِ سلسلہءِ عالیہ سہروردیہ: (بمطابق کتاب ''خزانہءِ جواہرِ جلالی'' اَز حضرت جلال الدین سرخ پوش بخاریؒ)

جس دن کوئی سالک کسی مرشد کے حضور مرید ہونے کے لئے جائے۔اس دن وہ روزہ رکھے۔صدقہ دے۔اور دوگانہ (نفل صلوٰۃ الحاجت) پڑھے۔اور مرشد کے حضور جاتے وقت اپنے کسی عزیز یا دوست کو (جو کہ پہلے سے وہاں پر مرید ہو) ساتھ لے کر جانا چاہیئے۔مرید ہونے کی تین بنیادی شرائط ہیں۔اقرار (ذہنی و قلبی)، قصر یا حلق، کلاہ۔ایک مرید و سالک میں مندرجہ ذیل صفات کا ہونا لازم ہے۔☆ توبہ۔ زُہد۔ تجرید۔ عقیدہ اہلِ سنت (صاحب تقلید)۔ تقوٰی۔ صبر۔ مجاہدہ۔ شُجاعت۔ بذل۔ فتوت (عقلی، ذہنی اور شعوری پختگی)۔ صدق۔ علم۔ نیاز مندی۔ چالاک (ایسی چالاکی وعیاری کہ جس سے مرید خطرناک مقامات سے بآسانی گذر جائے)۔ سلامت (کسی کے کہنے یا سننے کی پرواہ نہ کرے)۔ عقل۔ ادب۔ تسلیم۔ تفویض۔ حلم (بردباری)۔☆ میرے (بمطابق البلوشی) اوپر دی گئی ترتیب شاید درست نہیں۔ صفات تو یہی بیس ہوسکتے ہیں۔لیکن ترتیب میں ابہام ہے۔کیونکہ! ادب، تسلیم، علم، عقل وغیرہا کو شروع میں ہونا چاہیئے۔☆ اور اسی طرح سے ایک پیرومرشد اور مربی کسی کو مرید کرنے سے پہلے سالک سے کچھ عہود لے لے۔پابندی شریعت، نگاہ کو قابو میں رکھنا، فرائض کی لازم ادائیگی کرنا، زبان وہاتھ سے جملہ لوگوں کو نفع پہنچانا، غیبت وبدگوئی اور چغل خوری سے سخت احتراز کرنا، کسی کا بُرا کبھی بھی نہ سوچنا، ہرکسی کو خود سے برتر خیال کرنا، اوامر کی سختی سے پابندی جبکہ نواہی پر سختی سے احتراز برتنا۔میں مندرجہ ذیل صفات کا ہونا لازم ہے۔☆ ماہرِ علمِ شریعت۔عقیدہ اہلِ سنت والجماعت۔ عاقل۔سخی۔شجاعت۔صاحبِ عفت۔عالی ہمت۔شفیق۔صاحبِ حلم۔ صاحبِ عفوودرگزر۔صاحبِ ایثار۔صاحبِ حسنِ اخلاق۔صاحبِ جودوکرم۔متوکل۔صاحبِ تسلیم۔صاحبِ رضا۔باوقار۔صاحبِ عجلت نہ ہو۔حاملِ ثبات وعزیمت۔صاحبِ ہیبت۔☆ یہاں پر بھی دی گئی ترتیب شاید درست نہیں۔صفات تو یہی بیس ہوسکتے ہیں۔لیکن ترتیب میں ابہام ہے۔☆ حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشت بخاریؒ فرمایا کرتے تھے۔کہ! ایک طالبِ صادق سالک ومرید کو فقر کے مندرجہ ذیل 44 مقامات سے گزرنا پڑتا ہے۔☆ توبہ۔خوف۔اُمید۔حکمت۔عفو۔تسلیم۔عزت۔قناعت۔صدق۔یقین۔عبادت۔ذِکر۔زُہد۔تقوٰی۔توکل۔تفکر۔صفا۔رضا۔صبر۔شکر۔رجاء۔سخاوت۔خاموشی۔حیاء۔تجرید۔مجاہدہ۔حزن۔شفقت۔شوق۔عشق۔مکاشفہ۔لطف۔کرم۔معرفت۔خشوع۔خضوع۔صحبت۔عقل۔التماس۔فاقہ۔عبودت۔محبت۔فضل۔☆ حضرت مخدوم صاحبؒ فرماتے ہیں۔کہ! تصوف صوف کا ماخذ ہے۔اور صوف درحقیقت تین حروف کا مرکب ہے۔جس میں متعدد مفاہیم پنہاں ہیں۔جیسے کہ! ''ص'' سے مراد صدق، صفا، صیالت، صبر، اور صلاح وغیرہا۔اسی طرح سے ''و'' سے مراد وصل، وفا اور وجد وغیرہا۔''ف'' سے مراد فرح، فتح، اور فرج وغیرہا۔☆ حضرت مخدومؒ نے صوفی کے چاروں حروف کے مفاہیم اس طرح سے بیان فرمائے ہیں۔کہ! ''ص'' یعنی صاف باطن باشد۔''و'' یعنی وافی قول باشد۔''ف'' یعنی فانی نفسِ خود باشد۔''ی'' یعنی یاری ازخلق طلبد۔☆ حضرت مخدومؒ لفظ ''درویش'' کے پانچ حروف کے یہ ماخذ بیان فرمائے ہیں۔''د'' یعنی دنیا را ترک دہد۔''ر'' یعنی رنج دنیا بکشد۔''و'' یعنی وفا کند۔''ی'' یعنی یاری ازحق طلبد۔''ش'' یعنی شفقت باخلق یکساں کند۔(اب جو بندہ ان پانچ باتوں پر عمل کرے۔صرف وہی درویش کہلانے کا حقدار ہے)☆ حضرت مخدومؒ نے عارف کے چاروں حروف کے مفاہیم اس طرح سے بیان فرمائے ہیں۔کہ! ''ع'' یعنی عالی ہمت۔''ا'' یعنی آخرت خواہد۔''ر'' یعنی راحت نجوید۔''ف'' یعنی فارغ از ہمہ عالم باشد۔☆ حضرت مخدومؒ نے زاہد کے چاروں حروف کے مفاہیم اس طرح سے بیان فرمائے ہیں۔کہ! ''ز'' یعنی زینتِ دنیا راترک کند۔''ا'' یعنی احسان کند با عام وخاص۔''ہ'' یعنی ہوا راترک کند۔''د'' یعنی دنیا راترک کند۔☆ حضرت مخدومؒ روح کے متعلق فرماتے ہیں۔کہ! روح پر گفتگو کرنا دشوار ہے۔(کیونکہ اس موضوع کا فہم عوام تو کیا خواص بھی سمجھنے سے قاصر ہیں) چونکہ! یہ ''امر ربی'' ہے۔اور حضرت رسول کریم ﷺ نے بھی روح کے ضمن میں سکوت فرمایا ہے۔دراصل روح آفریدہءِ حق ہے۔یہ ہیئت انسان پر ہے۔لیکن نہ تو انسان اور نہ ہی فرشتہ۔عرش کے بعد روح ہی عظیم ترین، اعلیٰ ترین اور مقدس ترین تخلیق ہے۔جیسے جسم کا تعلق عقل وذہن سے ہے۔اسی طرح سے روح کا تعلق قلب سے ہے۔باطنی کیفیات وحالات کا تعلق صفائے باطن سے ہی جُڑا ہوا ہے۔یاد رہے۔کہ! جسم کے اندر دل عرش کی مانند ہے۔بلکہ عرش پر بھی دل کو فضیلت حاصل ہے۔کیونکہ عرش تو بےشعور ہے۔جبکہ دل باشعور ہے۔دل تو معدنِ ایمان ہے۔کیونکہ! بفرمانِ رحمان درقرآن ''**کتب فی قلوبهم الایمان**'' ان کے دلوں میں ایمان لکھ دیا گیا (سورہ مجادلۃ) اسلام کا نفاذ جسم پر جبکہ ایمان کا ورود دلوں پر ہوتا ہے۔اسی لئے ظہورِ استوا کا محل ہے۔عقل تو نیک وبد کو جاننے کا جبکہ قلب نیک وبد کے پہچاننے کا آلہ ہے۔اور ''سر'' تو دل وروح کے مابین ہے۔''سر'' محلِ مشاہدہ، ''روح'' محلِ محبت اور ''دل'' محلِ معرفت ہے۔تزکیہ اور تصفیہ ہمیشہ قلب سے ہی حاصل ہوتے ہیں۔عقل وذہن سے دنیاوی جبکہ قلب سے لدنی علم حاصل ہوتا ہے۔جس سے اللہ تعالیٰ کی پہچان ہوتی ہے۔جیسا کہ قرآنِ حکیم میں آتا ہے۔کہ! علماء ہی اللہ تعالیٰ سے ڈرتے ہیں۔مزید برآں یہ کہ! دل کی موت یعنی ''قتلِ قلب'' چار باتوں سے وقوع پذیر ہوتا ہے۔کلامِ فضول۔ مجالستِ باجہاں۔کثرتِ ضحک (زیادہ ہنسنا) اور اکلِ شبہ۔

حضرت امیر کبیر سید علی ہمدانیؒ اپنی کتاب ''ذخیرۃ الملوک'' میں فرماتے ہیں۔کہ! دل سے متعلق چار گناہ ہیں۔شرک کرنا، گناہ کے اصرار کی نیت کرنا، اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نا اُمید ہونا، اللہ تعالیٰ کے مؤاخذے سے بےفکر رہنا۔

ایک موقع پر حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ نے فرمایا۔کہ! حضرت نبی کریم ﷺ نے حضرت علی المرتضیٰؓ کو وصیت فرمائی تھی۔کہ! جو شخص آپؓ کی روح (کے ایصالِ ثواب) کے لئے کھانا بھیجے گا۔اس کے رزق میں فراخی (فراوانی اور وسعت) ہوگی۔اور جو پانی پلائے گا۔اس کے جملہ امور درست ہو جائیں گے۔(واللہ اعلم بالصواب)

سلوک کے درجات و مقامات : (بمطابق حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ)

طریقت کے اولیاء، بزرگ و مشائخ اور بحر و بر کے چلنے والوں نے سلوک کے حسبِ ذیل درجات مقرر فرمائے ہیں۔

☆ بعض نے سلوک کے 180 درجات مقرر کیئے ہیں۔ ☆ طبقہءِ جنیدیہ نے سلوک کے 100 درجات مقرر کیئے ہیں۔ ☆ بصریہ نے سلوک کے 80 درجات مقرر کیئے ہیں۔ ☆ حضرت ذوالنون مصریؒ نے سلوک کے 70 درجات مقرر کیئے ہیں۔ ☆ حضرت ابراہیم بشر حافیؒ نے سلوک کے 55 درجات مقرر کیئے ہیں۔ ☆ حضرت خواجہ بایزید بسطامیؒ، حضرت عبداللہ بن مبارکؒ اور حضرت سفیان ثوریؒ نے سلوک کے 45 درجات مقرر کیئے ہیں۔ ☆ حضرت شجاع کرمانیؒ، حضرت خواجہ سمنون محبؒ اور حضرت خواجہ محمد عرشیؒ نے سلوک کے 20 درجات مقرر کیئے ہیں۔ پھر حضرت خواجہ قطب الاسلام نے فرمایا۔ مذکورہ بالا طبقات نے سلوک کے درجات مقرر کر کے مندرجہ ذیل طور پر ان کی تمثیل بیان کی ہے۔ ☆ چنانچہ جنہوں نے سلوک کے 180 درجات مقرر کیئے ہیں۔ اُنہوں نے اسی واں حصہ کشف وکرامات کا رکھا ہے۔ (یعنی کہ) اگر سالک اسی ویں درجے پر پہنچ کر خود کو کشف وکرامات سے بچالے۔ تو وہ باقی سو کو بھی بآسانی طے کر لے گا۔ پھر اس کے بعد جو چاہے۔ کشف کرے۔ لیکن اگر اسیویں (80) درجے پر وہ اپنے کشف وکرامت کو ظاہر کر دے۔ تو وہ باقی سو درجات طے نہیں کر سکے گا۔ لیکن کامل مردوہ ہے۔ جو اپنے آپ کو اس وقت تک کشف نہ کرے۔ جب تک کہ وہ پورے ایک سواسی درجات طے نہ کر لے۔ پھر حضرت خواجہ قطب الاسلامؒ نے دعا گو (حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ) کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا۔ کہ! یہ بات اہلِ طریقت نے اس لئے کہی ہے۔ کہ جب سالک 180 ویں درجے پر پہنچ کر بھی اپنے آپ کو کشف (کاشف) نہ کرے۔ تو وہ مزید ترقی بھی کر سکتا ہے۔ لیکن سالک عموماً اسی درجے (یعنی 80 واں درجہ) میں، جو کہ کشف و مرامات کے لئے مقرر کیا گیا ہے۔ اسی میں ہی خود کو ظاہر کر دیتا ہے۔ پس وہ بھلا آگے ترقی کیونکر کر سکتا ہے ؟ ☆ چنانچہ حلقہءِ جنیدیہ نے سلوک کے 100 درجات مقرر کیئے ہیں۔ اُنہوں نے سترہواں حصہ کشف وکرامات کا رکھا ہے۔ پس جو شخص اسی سترہویں درجے پر کشف وکرامات میں مشغول ہو جائے۔ وہ بھی آگے ترقی نہیں کر سکتا۔ لیکن مردِ کامل تو وہ ہے۔ جو جملہ درجات طے کر لینے تک کشف وکرامات کو ظاہر نہ ہونے دے۔

☆ اسی طرح طبقہءِ بصریہ نے سلوک کے 80 درجات مقرر کیئے ہیں۔ اُنہوں نے دسواں حصہ کشف وکرامات کا رکھا ہے۔ اگر کوئی سالک اس درجے پر پہنچ کر کشف وکرامات میں مشغول نہ ہوئے۔ تو اس کے لئے بہت بہتر ہے۔ تاکہ وہ اور درجات میں مزید ترقی کر سکے۔ ☆ حضرت خواجہ ذوالنون مصریؒ نے سلوک کے 70 درجات مقرر کیئے ہیں۔ اُنہوں نے پچیسواں درجہ کشف وکرامات کا رکھا ہے۔ پس سالک کو چاہیئے۔ کہ! پچیسویں درجے پر پہنچ کر اپنے تئیں کشف نہ کرے۔ ورنہ وہ اِسی درجے میں ہی رہ جائے گا۔ اور باقی پینتیس درجات طے نہیں کر سکے گا۔ ☆ یہ جو حضرت خواجہ بایزید بسطامیؒ، حضرت عبداللہ بن مبارکؒ اور حضرت سفیان ثوریؒ نے سلوک کے 45 درجات مقرر کیئے ہیں۔ اُنہوں نے تیرہواں درجہ کشف وکرامات کا رکھا ہے۔ جب کوئی سالک اِسی تیرہویں درجے میں اپنے آپ کو کاشف کر دے۔ تو وہ باقی مرتبے حاصل نہیں کر سکتا۔ ☆ اسی طرح طریقت کے جن آئمہؒ نے سلوک کے 30 درجات مقرر کیئے ہیں۔ اُنہوں نے آٹھواں درجہ کشف وکرامات کا مقرر کیا ہے۔ لیکن جب تک وہ تیسویں درجے پر نہیں پہنچ جاتے۔ وہ کشف وکرامات کو ظاہر نہیں کرتے۔ ☆ حضرت شجاع کرمانیؒ، حضرت خواجہ سمنون محبؒ اور حضرت خواجہ محمد عرشیؒ نے سلوک کے 20 درجات میں دسواں درجہ کشف و کرامات کا رکھا ہے۔ پس جو شخص اسی یعنی دسویں درجے میں کشف کر دے۔ تو وہ اسی مرتبے میں ہی رہتا ہے۔ آگے ترقی نہیں کر سکتا۔

☆ حضرات خواجگانِ چشت اہلِ بہشتؒ نے سلوک کے 15 درجات مقرر کیئے ہیں۔ اُنہوں نے پانچواں درجہ کشف وکرامات کا مقرر کیا ہے۔ لیکن اگر کوئی شخص اپنے آپ کو اِسی (یعنی پانچویں) درجے میں ظاہر کر دے۔ تو وہ سالک باقی مراتب و درجات حاصل نہیں کر سکتا۔ پس وہ ضائع ہے۔ لیکن خواجگانِ چشت میں کامل (درویش) تو وہ ہے۔ کہ جو پندرہویں درجے تک پہنچ جائے۔ اور اپنے تئیں پھر بھی خود کو ظاہر نہ کرے۔ (سلسلہءِ عالیہ چشتیہ کے پندرہ درجات و مراتب کا جدول ابھی پیچھے بیان کر دیا گیا ہے)

پھر آپؒ نے فرمایا۔ کہ! بعضے اولیاء و مشائخین کہ جنہوں نے اپنے آپ کو ان مراتب (کہ جس درجے پر کشف وکرامات ظاہر ہوتی ہیں) میں کشف کر دیا۔ تو وہ اسی مرتبے میں رہ گئے۔ لہٰذا اُن کو مردِ کامل نہیں کہا جاتا۔ کیونکہ! اُنہوں نے اپنے آپ کو اس مرتبے میں ظاہر کر دیا۔ لیکن کاملِ حال تو وہ اشخاص ہیں۔ کہ جب تک سارے مرتبے (یعنی درجات) طے نہیں کر لیتے۔ کشف وکرامات کی بات (کیفیت و حالت) کو ظاہر نہیں کرتے۔ اگر چہ سارے درجات طے کرنے کے بعد کشف وکرامات کو ظاہر کرتے ہیں۔ تو عین وہی ہوتا ہے۔ جو وہ کہتے ہیں۔ (یعنی اُن کو ''کُن'' کی زبان میسر ہو جاتی ہے) پس اولیاء اللہ کی دعا میں جو فرق آجاتا ہے۔ اس کی وجہ بھی یہی ہوتی ہے۔ کہ اس مرتبے کے شروع میں ہی اپنے آپ کو کشف کر دیتے ہیں۔ اور باقی درجات میں محروم رہتے ہیں۔ اور جو کامل ہیں۔ وہ جب تک کہ وہ پورے درجات طے نہیں کر لیتے۔ کشف نہیں کرتے۔ پس ان کی دعائیں ضائع نہیں جاتیں۔

جب حضرت خواجہ قطب الاسلامؒ نے سلوک کی یہ تمثیل بیان فرمائی۔ تو آپؒ کی آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ اور وہ رونے لگے۔ اور اس دعا گو (حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ) کی طرف مخاطب ہو کر فرمانے لگے۔ کہ دائرہ محمدیہ ﷺ میں تو ایسے مردانِ کامل بھی ہیں۔ جو ان مذکورہ بالا مراتب کو طے کر کے لاکھوں درجے اور بھی طے کر جاتے ہیں۔ اور پھر بھی اپنے دوست کا ذرہ بھر بھید ظاہر نہیں کرتے۔ انہیں اپنے آپ کی خبر نہیں ہوتی۔ کہ ہم کون ہیں ؟ اور کیا ہیں ؟ جب یہ حالت ہوتی ہے۔ تو بلحاظِ مقام مزید ترقی کرتے جاتے ہیں۔ اور وہ جوں جوں مزید آگے ترقی کرتے جاتے

ہیں۔ وہ عالمِ تحیر میں پڑتے جاتے ہیں۔ اور اُن کا فراق وصل میں بدل جاتا ہے۔ پھر حضرت خواجہ قطب الاسلام (قطب الدین بختیار کاکیؒ) نے ان فوائد کو ختم کیا۔ اور وہ عالمِ تحیر میں مشغول ہو گئے۔ اور دعا گو کی ایک ویران کٹیا تھی۔ اور میں وہاں جا کر مشغول ہو گیا۔

وِچ داڑھی اسلام نہ کوئی، بِن عملاں قرآں نہ کوئی — جے مکراں تو باز نہ آوے، ملاں جیہاں بے ایمان نہ کوئی

جے پاڈیوے پٹھی راہے، مرشد جیہاں شیطاں نہ کوئی — ثانی بس اِک اوہدی مَن لے، رب توں اَگاں سلطاں نہ کوئی

کلماتِ قدسیہ : (مُصطلحاتِ نقشبندیہ و اسباقِ نقشبندیہ)

بقول حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ حضرات نقشبندیہ کے مطابق حضرت عبدالخالق غجدوانیؒ (بانی سلسلہ عالیہ نقشبندیہ) سے منقول ان گیارہ کلماتِ قدسیہ کا بیان ہے۔ کہ جن پر طریقہ عالیہ نقشبندیہ کی اساس (بنیاد) قائم ہے۔ وہ گیارہ کلماتِ قدسیہ یہ ہیں۔

1۔ یاد کرد۔ 2۔ بازگشت۔ 3۔ نگاہ داشت۔ 4۔ ہوش دَر دَم۔ 5۔ سفر دَر وطن۔ 6۔ نظر بَر قدم۔

7۔ خلوت در انجمن۔ 8۔ وقوفِ قلبی۔ 9۔ وقوفِ زمانی۔ 10۔ وقوفِ عددی۔ 11۔ نگہداشت۔

یاد رہے۔ کہ! اِن گیارہ کلماتِ قدسیہ میں سے 08 کلمات تو حضرت عبدالخالق غجدوانیؒ سے منقول ہیں۔ جبکہ 03 (وقوفِ قلبی، وقوفِ زمانی اور وقوفِ عددی) حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبند بخاریؒ سے منقول ہیں۔ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ اپنی کتاب ''القول الجمیل'' میں فرماتے ہیں۔ کہ! مشائخ نقشبندیہ کے ہاں چند (صوفیانہ) اصطلاحات ہیں۔ جو ان کے طریقے اور سلسلے (یعنی سلسلہ عالیہ نقشبندیہ) کی اساس (بنیاد) ہیں۔ ان میں سے بعض اصطلاحات سے اِن اشغال کی طرف اشارات ملتے ہیں۔ اور بعض کی تاثیر کے (حصول) کیلئے کچھ شرائط بھی ہیں۔

نمبر1۔ یاد کرد : اِس سے مراد یہ ہے۔ کہ! چاہے ذکر زبانی ہو یا قلبی، سالک ہمیشہ (کسی نہ کسی) ذکر میں خود کو مشغول رکھے۔ ذکر اس طرح سے کرے۔ جیسے کہ اس نے اپنے شیخ سے حاصل کیا ہو۔ ذکر برابر جاری رہنا از حد ضروری ہے۔ تاکہ ذاکر کو حضورِ حق حاصل ہو سکے۔ (یعنی کہ سالک مسلسل ذکر میں مشغول رہے۔ چاہے۔ ذکر نفی اثبات کی صورت میں ہو۔ یا اثباتِ مجرد (تنہا و اکیلا) کی صورت میں ہو)

ذکر کی تعلیم کا طریقہ یہ ہے۔ کہ! پہلے شیخِ طریقت اپنے ہی دل میں کلمہ طیبہ کا ذکر کرے۔ اس دوران مرید اپنے قلب کو شیخ کے قلب کے مقابل کر لے۔ اپنی آنکھیں کھلی رکھے۔ جبکہ منہ کو بند کر لے۔ (اسی ضمن میں) حضرت شیخ بہاؤالدین نقشبند بخاریؒ نے فرمایا ہے۔ کہ! ذکر کا مقصد یہ ہے۔ کہ! (سالک کا) قلب، محبت اور تعظیم کے ساتھ ہمیشہ حاضر مع الحق ہو۔ کیونکہ ذکر (الٰہی) غفلت کو رفع کرتا ہے۔

نمبر2۔ بازگشت : جب ذاکر قلب سے کلمہ طیبہ کا ذکر کرے۔ تو اس کے بعد زبانِ دل سے یہ (اقرار کرتے ہوئے) بکمالِ تضرع کہے۔ **الٰهی انت مقصودی و رضاك مطلوبي** ۔ اس ذکر (کلمہ طیبہ) کا فائدہ یہ ہے۔ کہ! یہ کلمہ ہر اچھے و برے خطرے کی نفی کا باہم فائدہ دیتا ہے۔ اس سے مقصود یہ بھی ہے۔ کہ ذاکر کا یہ ذکر خالص ہو جائے۔ اور سالک ماسوائے حق کے فارغ ہو جائے۔ اگر ذاکر اس کلمہ میں اخلاص محسوس نہ کرے۔ تو اپنے مرشد و مربی کی تقلید میں انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کہے۔ اس کی برکت سے ذاکر کو اخلاص حاصل ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

مناجات کی کچھ تشریح : الٰهی انت مقصودی و رضاك مطلوبي --- یہ مناجات ہے۔ یعنی دورانِ ذکر ہر دفعہ تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد تین یا چار مرتبہ مناجات کہے۔ یا پھر بزبانِ اُردو یوں کہے۔ کہ! اے اللہ تعالیٰ! بس تُو ہی میرا مقصود ہے۔ مَیں نے دنیا و آخرت تیرے لئے ہی چھوڑی ہے۔ تُو ہی مجھے اپنی کامل نعمتوں اور رحمتوں سے نواز۔ اور اپنے وصالِ حقیقی سے شاد کام کر۔ آمین۔

(بقول والد شاہ ولی اللہؒ) سالک کے لئے یہ دعا (اے اللہ تعالیٰ! بس تُو ہی ۔۔۔ شاد کام کر۔ آمین) بمنزلہ شرطِ عظیم ہے۔ لہٰذا اس (سالک) کے لئے قطعًا یہ بات مناسب نہیں ہے۔ کہ! وہ اس سے غفلت کرے۔ اور ہمیں جو بھی کچھ ملا۔ یا ہم نے جو کچھ بھی حاصل کیا (پایا)۔ اسی کی برکت سے پایا۔

نمبر3۔ نگہداشت : سالک ہمیشہ اپنے دل کے خطرات کی نگہبانی کرے۔ یعنی کہ جس وقت کلمہ کا بار بار ذکر کیا کرے۔ تو اس وقت اس بات پر اپنی توجہ اور خصوصی نگاہ رکھے۔ کہ اس کے قلب میں کوئی کھٹکا تو پیدا نہیں ہوا۔ بلکہ یہ کوشش کرے۔ کہ ایک لمحہ یا ایک ساعت کے لئے بھی اس کے دل میں غیر اللہ کا خیال قطعًا نہ آنے پائے۔ (یعنی وہ قلبی طور پر ہر وقت بیدار رہے۔ یہاں تک کہ وہ اپنے دل میں کسی بھی قسم کے اندرونی و بیرونی خطرے یا وسوسے کو قطعًا راہ نہ دے) اکابرینِ مشائخ کے نزدیک یہ انتہائی اہم مسئلہ ہے۔ بعض کامل اولیاء اللہ کو بھی کبھی کبھار یہ اہم مسئلہ درپیش ہو جاتا ہے۔

نمبر4۔ یاد داشت : ذوق کے حوالے سے حضور مع الحق کی کیفیت حاصل ہو۔ بعض مشائخ نے ان چار کلمات کی تشریح اس طرح سے بھی کی ہے۔ **یاد کرد** (یعنی ذکر میں کوشش اور جد و جہد)۔ **بازگشت** (یعنی تواضع اور انکساری کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف خالص رجوع پر قائم رہنا)۔ **نگاہ داشت** (یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع پر قائم رہنا) اور **یادداشت** (یعنی اپنے راز کو پختہ و راسخ کرنا)۔ یعنی کہ! سالک الفاظ و تخیلات سے خالی ہو کر حقیقتِ واجب الوجود کی طرف اپنی توجہ مبذول کرے۔ سچ بات تو یہ ہے۔ کہ! اس منزل پر فنائے تام اور بقائے کامل کے بغیر استقامت حاصل ہی نہیں ہوتی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی اپنی عطا و مہربانی سے یہ مقامِ عظیم عطا فرمائے۔ آمین۔ یعنی دوامِ آگاہی و حضور بحق سبحانہٗ برسبیلِ ذوق۔ بقول بعضے!

دارم ہمہ جا باہمہ کس در ہمہ حال — در دل ز تُو آرزو و در دیدہء خیال

نمبر5۔ **ھوش دَردَم** : انسان اپنے دوسانسوں کے درمیان اس بات کی کوشش کرے۔کہ نہ کوئی سانس غفلت سے اندر داخل ہو۔اور نہ کوئی سانس غفلت سے باہر آئے۔(یعنی اپنے ایک ایک سانس کی خود محافظت کرتا رہے)۔کیونکہ! اس طریقے کی بنیاد ہی سانس پر موقوف ہے۔

یعنی کہ! ہرسانس پر ہوشیاری و بیداری برقرار رہے۔جب سالک اپنے ہرایک سانس پر مطلع، ہوشیار، بیدار اور فکرمند رہے گا۔کہ اس کا ہرسانس ذکر سے وابطہ ہے یا غفلت پر مبنی ہے۔اس طرح وہ بتدریج وہ دائمی حضوری کی منزل کو حاصل کر لے گا۔اس طرح کی پابندی مبتدی کے لئے تو بہت ہی لازمی ہے۔ البتہ جب سالک درمیانی منزل تک آجائے۔تو وقفے وقفے سے گزرے ہوئے اوقات کے سانسوں کا بھی جائزہ لیتا رہے۔یعنی کہ کچھ دیر بعد وہ دیکھے۔کہ اس کا کوئی لمحہ (خدانخواستہ) غفلت میں تو نہیں گزرا۔اگر درمیان میں کبھی غفلت آبھی جائے (کیونکہ! انسان حقیقت میں تو خطا کار ہی واقع ہوا ہے) تو توبہ واستغفار کرے۔اور آئندہ کبھی ایسی غفلت نہ کرنے کا پختہ عزم کر لے۔اس نگرانی اور محافظت سے بالآخر وہ (سالک) دائمی حضوری کی منزلِ عظیم کو پہنچ ہی جائے گا۔

نمبر6۔ **سفر دَر وطن** : سالک اپنی طبیعت بشری میں ہی سفر کرے۔بُری صفات وعادات سے اچھی صفات وعادات کی طرف پرواز کرے۔چنانچہ بعض اکابرین نے فرمایا ہے۔کہ انسان جس بھی جگہ پر جائے۔جب تک کہ وہ اپنی بُری صفات (عادات وخصلتوں) کو نہ چھوڑے۔وہ اس کے ساتھ ساتھ ہمیشہ لگی ہی رہتی ہیں۔اسی طرح بعض نے یہ کہا ہے۔سفر در وطن سے مراد شہادت میں غیب کا دیکھنا ہے۔ یعنی کہ! سالک کا صفاتِ بشریہ وسمیہ سے صفاتِ ملکیہ حمیدہ کی طرف انتقال کرنا سفر در وطن کہلاتا ہے۔سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں سلوک کو **سیر انفسی** سے شروع کرتے ہیں۔اور اسی کے ضمن میں سیر **آفاقی** کو قطع کر لیتے ہیں۔ سیر آفاقی مطلوب کو اپنے سے باہر ڈھونڈنا ہے۔جبکہ سیرِ انفسی اپنے اندر آکر اپنے قلب کے گرد پھرنے کا نام ہے۔

نمبر7۔ **نظر بَر قدم** :اِس سے مراد یہ ہے۔کہ! سالک کو چاہیئے۔جب وہ اپنے یا دیگر کسی شہر میں چل رہا ہو۔یا کسی جنگل وبیابان وویران جگہ۔۔۔غرضیکہ! جہاں کہیں بھی وہ چل رہا ہو۔اس کی نظر ہمیشہ اپنے ہی قدموں پر رہنی چاہیئے۔تاکہ اس کی نگاہ منتشر ہو کر ان چیزوں پر نہ پڑے۔ جن کا دیکھنا مناسب نہیں (جیسے غیر محرم یا کسی برے فعل کو ہوتے ہوئے دیکھنا وغیرہ) کیونکہ! اس طرح سے اس کا دل پراگندہ ہو جائے گا۔یہ بھی ممکن ہے۔کہ! نظر بَر قدم سے مراد یہ ہو کہ سالک کی پہلی نگاہ سلوک کی آخری منزل یعنی حضرتِ ذاتِ اقدس پر جا پڑے۔جیسا کہ! حضرت فارس بن عیسیٰ بغدادیؒ نے فرمایا۔کہ! میں نے حضرت شیخ منصور ابنِ حلاجؒ سے پوچھا۔کہ مرید کون ہے ؟ تو انہوں نے فرمایا۔کہ! جو پہلے ہی ارادے میں اللہ تعالیٰ تک پرواز کرے۔یعنی پہلی ہی سیڑھی پر واصل باللہ ہو جائے۔اسی بات کی ایک توجیہہ حضرت شیخ رُ دَیمؒ نے بھی نہایت خوبصورت انداز و اسلوب میں بیان کی ہے۔کہ! مسافر کا اَدب یہ ہے۔کہ! اس کی ہمت کا قدم پیچھے نہ پڑے۔

یعنی ایک سالک کے لئے ضروری ہے۔کہ! وہ چلتے وقت اپنے قدموں کے علاوہ کسی اور چیز کی طرف قطعاً نہ دیکھے۔اسی طرح بیٹھے ہوئے یا بیٹھتے وقت وہ صف اپنے سامنے دیکھے۔مختلف شکلوں اور تعجب خیز رنگوں کو دیکھنا سالک سالک کی باطنی کیفیت میں بگاڑ پیدا کر دیتا ہے۔اور اسے اس چیز (یعنی ذکر اللہ اور وصول الی اللہ) سے پھیر دیتا ہے۔جس کی طلب (وصول الی اللہ اور معرفت الٰہی) میں وہ ہے۔اسی طرح لوگوں کی باتیں سننے یا ان کے ساتھ زیادہ گفتگو کرنے کا نتیجہ بھی یہی ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ کے والدِ محترم فرمایا کرتے تھے۔کہ! نظر نیچی رکھنا مبتدی کے لئے ہے۔رہا راہ طریقت کے منتہی کا طالب، تو اس کے لئے واجب ہے۔کہ! وہ اپنے حال میں غور وفکر کرے۔اور یہ دیکھے۔کہ! وہ کس نبیؑ کے قدم پر ہے۔

اس لئے کہ! بعض اولیاء اللہ حضرت نبی مکرم ﷺ کے قدم مبارک پر ہوتے ہیں۔اور انہیں کمالات کی جامعیت حاصل ہوتی ہے۔اور بعض حضرت موسیٰ کلیم اللہؑ کے قدم مبارک پر ہوتے ہیں۔ علیٰ ہذا القیاس۔۔۔پھر جب سالکِ منتہی اپنے پیشوا اور متبوع کو پہچان لے۔تو اسے چاہیئے۔کہ! اپنے پیشوا (مرشد ومربی کے) احوال اور واقعات کے عین مطابق ڈھال لے۔(لہذا) سالک چلتے وقت نظر اپنے پاؤں کی پشت (یعنی اوپری حصے) پر ہی رکھے۔اِدھر اُدھر قطعاً نہ دیکھے۔تاکہ فسادِ نظر اور بیرونی تفرقہ سے محفوظ رہے۔رشحات میں ہے۔شاید نظر برقدم سے سرعتِ سیر کی جانب اشارہ ہو۔یعنی مسافتِ ہستی کے قطع کرنے اور عقباتِ خود پرستی کے طے کرنے میں سالک کا باطنی قدم اس کی باطنی نظر سے پیچھے نہ رہے۔بلکہ منتہائے نظر پر پڑے۔چنانچہ مولانا عبدالرحمن جامیؒ، حضرت شیخ بہاؤالدین نقشبندؒ کی شانِ اقدس میں فرماتے ہیں۔کہ!

بسکہ ز خود کردہ بسرعتِ سفر باز نماندہ قدمش از نظر

نمبر8۔ **خلوت دَر انجمن** : سالک ظاہراً تو مخلوق کے ساتھ ہو۔مگر باطناً وہ خالقِ یکتا کے ساتھ رہے۔یعنی کہ اس کے ہاتھ (پاؤں، آنکھیں تو) دین ودنیا کے امور میں محرک رہیں۔لیکن قلب ہمیشہ حق کے ساتھ مشغول ومنہمک رہے۔ بقولِ شاعر!

فمن دخل کن صاحبا غیر غافل ومن خارج خالطک بعض الاجانب

خلوت درانجمن کے ضمن میں کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

از بروں درمیان بازارم وز دروں خلوتیست با یارم

اندرونی طور پر ایسا یار اور ہم نشین بن۔جو کہ ایک بھی لمحہ کے لئے خدا سے جدا نہیں۔اور بیرونی طور پر اجنبیوں والا رویہ اختیار کر۔اس سلسلے (عالیہ نقشبندیہ) کے بعض مشائخ نے فرمایا ہے۔کہ اس طریقہ میں مجلس میں جمیعت جبکہ خلوت میں تفرقہ ہے۔

یعنی کہ! اپنے تمام احوال میں دل کو حق تعالیٰ سے ہمیشہ شاغل رکھے۔ درس و تدریس ہو، یا کھانے پینے کی صورت، یا چلنے پھرنے کے وقت یا سفر و حضر میں۔۔۔غرضیکہ! سالک اپنے باطن میں ایسا ملکہ پیدا کرے۔ کہ وہ ان امور کے دوران متوجہ الی الحق ہی رہے۔ اسی ضمن میں حجرت خواجہ نقشبندؒ کا ارشاد ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں اسی طرف اشارہ ہے۔ (قرآن میں ہے) **رجال لا تلهيهم تجارة ولا بيع عن ذكر الله**۔ (سورہ نور۔ نمبر 37) **ترجمہ**۔ وہ لوگ کہ جنہیں کوئی تجارت یا کوئی خرید و فروخت اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غافل نہیں کرتی۔ سچ تو یہ ہے۔ کہ! فقر کی وضع قطع بنانا اور ہمہ وقت ذکر کی کیفیت رہنا بعض اوقات ریا اور دکھاوے کی طرف لے جاتا ہے۔ اسی لئے بہتر یہ ہے۔ کہ! وضع قطع اور لباس عمومی لوگوں ہی کی طرح کا ہو۔ مگر تقویٰ، عباداتِ الٰہیہ و طاعاتِ الٰہیہ اور دیانت داری مع ہمت و کوشش فقراء کے جیسی ہو۔ اور دل ہمیشہ حق تعالیٰ سے لَو لگائے رکھے۔ اسی ضمن میں حضرت خواجہ علی رامیتنیؒ نے یہی مفہوم کس خوبصورت انداز میں ادا کیا ہے۔

نمبر9۔ **وقوفِ زمانی** : اِس سے مراد یہ ہے۔ کہ! یعنی اپنے امور دین و دنیا اور اذکار و اشغال کے اوقات کا پورا پورا حساب رکھے۔ اگر تو وقت کارِ خیر میں صَرف ہوا ہو۔ تو اللہ تعالیٰ کا ہمہ وقت شکر ادا کرتا رہے۔ لیکن اگر وقت کارِ شر (غیر شرعی و ناجائز اور غلط امور) میں ضائع ہوا ہے۔ تو اپنی حیثیت و مرتبے کے مطابق توبہ و استغفار کرتا رہے۔

یعنی کہ کچھ دیر بعد وہ دیکھے۔ کہ اس کا کوئی لمحہ (خدانخواستہ) غفلت میں تو نہیں گزرا۔ اگر درمیان میں کبھی غفلت آ بھی جائے (کیونکہ! انسان حقیقت میں تو خطا کار ہی واقع ہوا ہے) تو توبہ و استغفار کرے۔ اور آئندہ کبھی ایسی غفلت نہ کرنے کا پختہ عزم کر لے۔ اس نگرانی و محافظت سے بالآخر وہ (سالک) دائمی حضوری کی منزلِ عظیم کو پہنچ ہی جائے گا۔ حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبندؒ کے نزدیک اس بیداری و نگرانی کو بارگاہ میں رکھنا خود ایک متوسط سالک کے لئے پریشان خاطری کا مؤجب ہے۔ کیونکہ! سالک کے لئے اصل بات تو توجہ الی اللہ میں ہمہ وقت استغراق و محویت ہی ہے۔ اس استغراق و محویت میں توجہ یا عدم توجہ کا علم رکھنے کی پابندی بجائے خود اصل سے توجہ ہٹانے کا باعث ہے۔ اس لئے کہ! ''**حسنات الابرار سيأت المقربين**''(یعنی) ابرار (نیک لوگ یا اتقیاء) کی نیکیاں، مقربین کی بُرائیاں ہیں۔ (**حسنات الابرار** ۔۔۔ کی مفصل شرح چند صفحات آگے بیان ہوئی ہے)

مجتہدینِ طریقت کے نزدیک اعمال کی دو اقسام ہیں۔ اول۔ **اعمالِ ابرار**۔ دوئم۔ **اعمالِ مقربین**۔

اعمالِ ابرار : ابرار (یعنی نیک اور اتقیاء لوگ) سے مقصودِ امتثالِ امر اور حصولِ ثواب ہوتا ہے۔ ایسے لوگ تکرار اسمِ ذات (اللہ) اور نفی اثبات و پاس انفاس جیسے اذکار کی کثرت اور فرضی (پنج وقتہ) نمازوں سے عالمِ وجوب (وجوب بمعنی واجب و لازم) کی جانبِ عروجی منازل طے کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ نفلی روزوں کی بھی کثرت کرتے ہیں۔ تاکہ نفس کے مغلوب ہونے سے کسرِ شہوت حاصل ہو۔ جیسا کہ! ایک حدیث میں واضح ہے۔ کہ! **خصآء امتي الصيام**۔ اسی طرح وہ بطریقِ سلوک اعمال بجالاتے ہیں۔ تاکہ تزکیہ عناصر و تصفیہ نفس حاصل ہو سکے۔ اِن کے نزدیک زھد و ریاضت اور جہاد بالنفس ہی بنیادی طریقہ ہے۔

اعمالِ مقربین : جبکہ مقربین کے نزدیک اعمال سے مقصودِ امتثالِ امر اور حصولِ ثواب کے علاوہ درجاتِ فناء و بقاء کے ذریعے رضائے الٰہی کا حصول ہوتا ہے۔ یہ لوگ تکرار اسمِ ذات (اللہ) اور نفی اثبات و پاس انفاس جیسے اذکار کی کثرت کے ساتھ ساتھ تلاوت قرآنِ حکیم، نمازوں (داخلِ نماز و خارجِ نماز) سے بھی کام لیتے ہیں۔ تاکہ عالمِ وجوب کے ظلال کی گرفتاری سے رہائی پا کر عروج کے بعد نزول اور فناء کے بعد بقاء سے متحقق ہو سکیں۔ یہ لوگ نفلی روزوں کے بجائے نفلی نمازوں کی کثرت پر زور دیتے ہیں۔ تاکہ وصل و قربت کا حصول ممکن ہو سکے۔ یہ لوگ بمطابق حدیثِ قدسی" **لا يزال عبدی يتقرب الي بالنوافل**۔۔۔'' بطریقِ جذب اعمال کی ادائیگی کا طریقہ اختیار کرتے ہیں۔ تاکہ معرفت و حقیقت اور مشاہدہ حق جلدی حاصل ہو سکے۔ کیونکہ! اِن کے نزدیک فناء و بقاء بنیادی طریقہ ہے۔ حضرت مولائے رومؒ نے ان دونوں کے اعمال کو ایک ہی شعر میں بیان فرمایا ہے۔

سیر زاہد ہر شئے یک روزہ راہ　　　سیر عارف ہر دمے تا تختِ شاہ

ماحصل ان دونوں اعمال کا یہ ہے۔ کہ! ابرار کے اعمال و وظائف بمنزلہ جسم و ظل ہیں۔ اور مقربین کے اعمال و وظائف بمنزلہ روح و اصل ہیں۔ اسی تو عارفین کے نزدیک ابرار کی نیکیاں مقربین کے گناہ شمار کی جاتی ہیں۔ (واللہ اعلم)

نمبر10۔ **وقوفِ عددی** : اِس سے مراد یہ ہے۔ کہ! ذکرِ قلبی میں گنتی اور عدد کا لحاظ رکھا جائے۔ (اور کوشش کرے۔ کہ! ذکر کی تعداد میں طاق عدد کی پابندی کیا کرے) تاکہ دل کے خطرات و وساوس سے بچ کر جمعیت (یعنی سکونِ قلب یا اطمینانِ ظاہری و باطنی) حاصل کی جا سکے۔

نمبر11۔ **وقوفِ قلبی** : اِس سے مراد یہ ہے۔ کہ! ہوشیاری اور حق تعالیٰ کے ساتھ حضورِ قلب اس انداز میں ہو۔ کہ دل کو غیر سے کوئی غرض نہ ہو۔ اس کے مفہوم کے بارے میں یہ بھی کہا گیا ہے۔ کہ! ذاکر اپنے قلب اور اس کی جملہ کیفیات سے واقف ہو۔ اور دورانِ ذکر اپنے قلبِ صنوبری کی طرف متوجہ رہے۔ قلبِ صنوبری کو مجازاً قلب کہا جاتا ہے۔ یہ بائیں جانب پستان کے نیچے واقع ہے۔ قلب کو ذکر میں مشغول کرے۔ اور اسے کسی طرح بھی ذکر اور اس کے مفہوم سے غافل نہ ہونے دے۔ یعنی سالک اس (حسی) قلب کی طرف توجہ رکھے۔ جو بائیں جانب چھاتی کے نیچے ودیعت کیا گیا ہے۔

الف احد جد دتی دکھائی اَز خود ہویا فانی ہو　　　قرب وصال مقام نہ منزل اوتھے جسم نہ جانی ہو
نہ اوتھے عشق محبت کائی نہ اوتھے کون مکانی ہو　　　عینوں عین تھیوسے باہوؒ، سر وحدت سبحانی ہو

اسباق دَر سلوک سلسلہ عالیہ نقشبندیہ : (سالکین کے لئے دس شرائط) :

مجددِ شریعت وطریقت حضرت خواجہ عزیزاں علی رامیتنی ؒ ، جوکہ قطبِ وقت اور صاحبِ تصرفات وکرامات عجیبہ کے حامل ہوگزرے ہیں ۔ جو بھی شخص ایک روز بھی آپ ؒ کی صحبتِ بابرکت میں رہتا ۔ اسے حقیقت تک رسائی ضرور حاصل ہوجاتی ۔ اور وہ آپ ؒ سے جدائی کا سوچ بھی نہ سکتا ۔ آپ ؒ نے اپنا تالیف فرمودہ کتابچہ ''رسالہ عزیزاں'' میں سالک کے لئے دس شرائط کو ہروقت نگاہ میں رکھنے کی تلقین وتعلیم فرمائی ہے ۔ (تاکہ سالکین کو حصول معرفت میں آسانی میسر ہوسکے) وہ دس شرائط یہ ہیں ۔ ☆ طہارت ۔ ☆ خاموشی ۔ ☆ خلوت ۔ ☆ روزہ ۔ ☆ ذکر ۔ ☆ نگہداشتِ خاطر ۔ ☆ رضا بحکمِ خدا ۔ ☆ صحبتِ صلحاء ۔ ☆ شب بیداری ۔ ☆ نگہداشتِ لقمہ ۔ (ناچیز البلوشی کی جانب سے اِن دس شرائط کی چیدہ تفصیلات پیشِ خدمت ہیں)

☆ **طہارت** : اول شرط ! سالک ہمیشہ باطہارت رہے ۔ طہارت کی چار اقسام ہیں ۔ طہارتِ ظاہری ۔ طہارتِ باطنی ۔ طہارتِ قلبی ۔ طہارتِ سری ۔

چونکہ ! طہارتِ ظاہری تو ہرعام وخاص کو معلوم ہے ۔ لیکن استنجاء ، وضواور غسل کے لئے پانی کی پاکی اور حلالی میں حتی الامکان احتیاط کی جائے ۔ لباس کی پاکیزگی کا بھی خیال رکھنا بہت اثر رکھتا ہے ۔ طہارت باطنی سے مراد حرام کھانے پینے سے بچنا ہے ۔ جیسا کہ ایک حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے ۔ کہ ! جو شخص ایک لقمہ حرام تناول کرلے ۔ (تو) چالیس روز تک نہ اس کے فرائض قبول ہوتے ہیں اور نہ ہی نوافل ۔ بلکہ ایسا شخص شرف استجابت دعا سے بھی (چالیس روز تک) محروم رہتا ہے ۔ طہارتِ قلبی یہ ہے ۔ کہ ! سالک اپنے دل ودماغ اور سوچ وفکر کو کدورت ونفاق ، کینہ وحسد ، مکروخیانت ، بُغض وعداوت ، عیش وعشرت اورمحبتِ دنیا جیسی ناپسندیدہ صفات سے محفوظ رکھے ۔ جب تک قلب محبتِ دنیا سے پاک ومبراء نہیں ہوجاتا ۔ اس کی نماز وطاعت قبول نہیں ہوتی ۔ پس خالق کا منظورِ نظر قلب جب تک پاک ومصفٰی نہیں ہوجاتا ۔ اللہ تعالیٰ کی محبت ومعرفت کی دولتِ انعام سے مشرف ہونا ممکن نہیں ۔ طہارتِ سری یہ ہے ۔ کہ ! سالک حق سبحانہٗ تعالیٰ کے علاوہ کسی چیز کی طرف متوجہ نہ ہو ۔ ہرخیروشر پر راضی برضا رہے ۔ اور غیرِ خدا یا اسبابِ دیگر سے خود کو پاک کرلے ۔

از دروں شو آشنا واز بروں بیگانہ وش   ایں چنیں زیبا روش می بود اندر جہاں

(یعنی کہ ! اندر سے آشنائی اور باہر سے بیگانگی ، دنیا میں اس سے خوبصورت طریقہ اور کوئی نہیں)

☆ **خاموشی** : شرطِ دوئم یہ ہے ۔ کہ ! سالک اپنی زبان کو بےحودہ کلام سے پاک وصاف بلکہ گنگ کرلے ۔ (ویسے بھی خاموشی عین عبادت ہی تو ہے) چاہیئے ۔ کہ ! اپنی زبان کو تلاوتِ قرآن ، ذکرالٰہی ، امربالمعروف ونہی عن المنکر ، لوگوں کی اصلاح ، علم سیکھنے سکھانے میں ہمیشہ مشغول رکھے ۔ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ ! جن (بدنصیب) لوگوں کو نارِ جہنم میں جھونکا جائے گا ۔ وہ ان کی زبانوں کی لغزشوں کی وجہ سے ڈالا جائے گا ۔

☆ **خلوت و عزلت** : شرطِ سوئم یہ ہے ۔ کہ ! سالک مخلوق سے خلوت وعزلت میں رہے ۔ تاکہ نامحرم پر اور شرعًا حرام کردہ امور پر یا لوگوں کے عیوب ونقائص پر نظر نہ پڑے ۔ اتقیاء فرماتے ہیں ۔ کہ ! نامحرم عورت یا بے ریش خوبصورت لڑکوں کو دیکھنا کفر ہے ۔ لہذا جو شخص غیرمحرم کو دیکھنا حلال وجائز سمجھے ۔ اس پر کفر کا خوف ہے ۔ حضرت ام المؤمنین ؓ کا ایک واقعہ ہے ۔ کہ ! حضرت رسالت مآب ﷺ نے حضرت عائشہ صدیقہ ؓ کو دیکھا ۔ کہ ! آپ ؓ روٹی لے کر کاشانہء رسالت سے باہر آئی ۔ تاکہ درویش کو دیں ۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔ تم خود باہر کیوں آئی ۔ کیونکہ درویش مرد ہے ۔ حضرت ام امؤمنین ؓ نے عرض کیا ۔ کہ وہ درویش نابینا ہے ۔ (تو) حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا ۔ اگر وہ نابینا ہے ۔ (مگر) تم تو بینا ہو ۔ خلوت وعزلت کے کثیر فوائد ہیں ۔ جیسے کہ ! غیرشرعی ، بےہودہ ، ناجائز امور سے ہاتھوں اور زبان کا محفوظ رہنا ۔ پاؤں کا ایسی جگہوں سے رکنا ، کانوں کا اس طرح کی گفتگو سننے سے اجتناب کرنا ، دشمنوں میں سے بدترین نفس کا روکنا ہے ۔ تاکہ غیب کے دروازے کھل جائیں ۔ کیونکہ ! جب آئینۂ قلب مکمل طور پر صاف ہوجاتا ہے ۔ تو اس میں نورِ وحدتانیت کا عکس پڑتا ہے ۔

☆ **روزہ** : شرطِ چہارم یہ ہے ۔ کہ ! سالک روزے رکھے ۔ اولیاء اللہ کی عادتیں رہی ہیں ۔ کہ ! ایک دن روزہ اور ایک دن روزہ نہ رکھنا ، کچھ اولیاء اللہ ؒ کی عادت رہی ہے ۔ کہ ! وہ ہرپیر ، جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھا کرتے ہیں ۔ جبکہ کچھ ایامِ بیض (ہرقمری ماہ کی 15-14-13 کے ایام) کے روزے لازمی رکھتے ہیں ۔ حدیث میں ہے ۔ کہ ! رسول اللہ ﷺ ہمیں ایامِ بیض یعنی تیرہویں ، چودھویں اور پندرہویں تاریخوں میں روزے رکھنے کا حکم فرماتے ۔ اور فرماتے ۔ یہ پورے سال روزے رکھنے کے مثل ہیں ۔ (سنن ابوداؤد) ایک حدیث ہے ۔ کہ ! حضرت قتادہ بن ملحان ؓ سے روایت ہے ۔ کہ ! رسول اللہ ﷺ نے انہیں ایامِ بیض کے تین روزے کا حکم فرمایا ۔ اور فرمایا ۔ یہ مہینہ بھر کے روزے کے برابر ہیں ۔ (سنن نسائی) ایک اور حدیث ہے ۔ کہ ! رسول اللہ ﷺ حضر میں ہوں یا سفر میں ۔ ایامِ بیض میں بغیر روزہ کے نہیں رہتے تھے ۔ (سنن نسائی) ایک حدیث ہے ۔ کہ ! رسول اللہ ﷺ نے (ایک صحابی ؓ سے) فرمایا ۔ کہ ! اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ نماز حضرت داؤد ؑ کی نماز ہے ۔ اور روزوں میں سے بھی حضرت داؤد ؑ ہی کا روزہ ۔ آپ ؑ آدھی رات تک سوتے ۔ پھر تہائی رات نماز پڑھنے میں گزارتے ۔ پھر رات کے چھٹے حصے میں بھی سوجاتے ۔ اسی طرح آپ ؑ ایک دن روزہ رکھتے ۔ اور ایک دن افطار کرتے تھے ۔ (صحیح بخاری) اسی طرح ایک اور حدیث ہے ۔ کہ ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔ روزہ دوزخ سے بچنے کے لئے ایک ڈھال ہے ۔ (روزہ دار کو چاہیئے ۔ کہ) نہ فحش گفتگو کرے ۔ اور نہ جہالت کی باتیں ۔ اگر کوئی شخص اس (روزہ دار) سے لڑے ۔ یا اسے گالی دے ۔ تو اس کا جواب صِرف یہ ہونا چاہیئے ۔ کہ مَیں روزہ دار ہوں ۔ (یہ بات) دومرتبہ (کہے) اس ذات کی قسم ! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ۔ روزہ دار کے منہ کی بو ، اللہ تعالیٰ کے نزدیک کستوری کی خوشبو سے بھی زیادہ پسندیدہ ہے ۔ (کیونکہ اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے ۔ کہ !) بندہ اپنا کھانا پینا اور اپنی شہوت میرے لئے چھوڑ دیتا ہے ۔ روزہ میرے لئے ہے ۔ اور مَیں ہی اس کا بدلہ دوں گا ۔ اور نیکیوں کا ثواب بھی اصل نیکی کے دس گنا ہوتا ہے ۔ (صحیح بخاری) چونکہ روزے کا فائدہ فرشتوں کے ساتھ مشابہت ہے ۔ روزہ رکھنے کے چند فوائد یہ ہیں ۔ کہ ! یہ نفسِ امارہ پر قہر کرتا ہے ۔ بہت

مشہور حدیث ہے۔کہ! اس سے (یعنی روزہ رکھنے سے) بھوکوں کے درد دِل کی شناخت و بخشش وعطا کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ایک اور حدیث میں ہے۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! جنت کا ایک دروازہ ہے۔جسے ''ریان'' کہتے ہیں۔قیامت کے دن صرف روزہ دار ہی اس دروازہ سے جنت میں داخل ہوں گے۔ان کے سوا اور کوئی اس میں سے داخل نہیں ہوگا۔پکارا جائے گا۔کہ روزہ دار کہاں ہیں ؟ وہ کھڑے ہو جائیں گے۔ان کے سوا اس سے اور کوئی اندر نہیں جانے پائے گا۔اور جب یہ لوگ اندر چلے جائیں گے۔تو یہ دروازہ بند کر دیا جائے گا۔پھر اس سے کوئی اندر نہ جا سکے گا۔(صحیح بخاری) ایک اور حدیث میں ہے۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! انسان کا ہر نیک عمل خود اسی کے لئے ہے۔مگر روزہ، کہ وہ خاص میرے لئے ہے۔میں ہی اس کا بدلہ (اجر) دوں گا۔۔۔(صحیح بخاری) روزہ رکھنے سے جسمانی و روحانی صحت و توانائی حاصل ہوتی ہے۔انسان کی قوت مدافعت میں اضافہ ہوتا ہے۔

☆ **ذکر** : شرطِ پنجم ہے۔کہ! سالک ہمیشہ اپنی زبان کو ذکرِ الٰہی میں تر رکھے۔ اِس ضمن میں کچھ ارشاداتِ ربانی در مصحف قرآنی پیشِ خدمت ہیں۔**فاذکرونی اذکر کم**۔آپ مجھے یاد کریں، میں (بھی) آپ کو یاد کروں گا۔

اجالے اپنی یادوں کے ہمارے ساتھ رہنے دو ۔۔۔ نہ جانے کس گلی میں زندگی کی شام ہو جائے

(قرآن میں ہے۔کہ)**واذکر ربک کثیرا بالعشی والابکار** ۔اور اپنے رب کو صبح وشام بہت یاد کیا کرو۔(قرآن میں ہے۔کہ) **واذکر ربک اذا نسیت**۔اور اپنے رب کو یاد کرو۔جب کہ تم بھول جاؤ۔(قرآن میں ہے۔کہ) **ومن اعرض عن ذکری فان لہ معیشۃ ضنکا و نحشرہ یوم القیمۃ اعمیٰ** o (سورہ طٰہٰ۔آیت 124)جس نے میرے ذکر سے منہ موڑا۔اس کی روزی تنگ ہو جائے گی۔اور اس کو (ہم) قیامت کے دن اندھا اُٹھائیں گے۔**الم یان للذین امنوا ان تخشع قلوبھم لذکر اللہ وما نزل من الحق** ۔(سورہ حدید۔آیت 16) کیا اَب تک ایمان والوں کے لئے (وہ) وقت نہیں آیا ؟ کہ ان کے دل ذکرِ الٰہی سے اور جو حق اُتر چکا ہے اس سے نرم ہو جائیں۔(بمطابق قرآنِ حکیم)**تطمئن قلوبھم بذکر اللہ . الا بذکر اللہ تطمئن القلوب** ۔ دلوں کا اطمینان اللہ تعالیٰ کے ذِکر میں ہے۔(خبردار رہو، کیونکہ) دلوں کا اطمینان (صرف) اللہ تعالیٰ (ہی) کے ذِکر میں ہے۔

ذکر کن ، ذکر تا ترا جان است ۔۔۔ صافیِ دِل زِ ذِکرِ یزدان است

(الحدیث) جو لوگ اللہ تعالیٰ کا ذِکر کرنے اور یاد کرنے کو بیٹھتے ہیں۔تو اِن کو چاروں اطراف سے ملائکہ (فرشتے) گھیر لیتے ہیں۔اور اللہ تعالیٰ کی رحمت اِن کو چھپا لیتی ہے۔اور ان پر آرام وچین اُترتا ہے۔اور اِن کا ذِکر کرتا ہے۔جو اس کے پاس ہیں۔یعنی فرشتے اور ارواحِ انبیائے کرامؑ ۔

یک دم غافل ، ہر دم غافل ۔۔۔ یک دم کافر ، ہر دم کافر

مندرجہ بالا شعر ہی کی تشریح میں حضرت سیدنا جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں۔کہ! اگر ایک صدیق (**صدیق درجاتِ ولایت میں سب سے بلند ترین درجہ ہے۔جو کہ صحابہ کرامؓ میں صرف حضرت سیدنا ابوبکر صدیقؓ کو ہی عطا ہو سکا۔اور کچھ اولیائے کرامؒ کو بھی عنایت ہوا**) ایک ہزار برس تک ''متوجہ الی اللہ'' رہے۔پس اگر وہ ایک لمحے کے لئے بھی غافل ہو۔تو اس قلیل وقت میں اسے جو روحانی گزند پہنچے گا۔وہ اس روحانی منفعت سے کہیں زیادہ ہوگا۔جو اس نے (مسلسل جدو جہد مجاہدے اور مشقت کے بعد) ایک ہزار سال تک حاصل کیا ہوگا۔

نیکاں لوکاں دی صحبت یارو جیویں دکان عطاراں ۔۔۔ سودا بھانویں مول نہ لیئے تُلّے آون ہزاراں

بُریاں لوکاں دی صحبت یارو جیویں دکان لوہاراں ۔۔۔ کپڑے بھانویں کُنج کُنج بہّیے چِنگاں پین ہزاراں

حضرت عیسیٰ روح اللہؑ فرماتے ہیں۔کہ! اگر تم اتنے روزے رکھو۔کہ تم اتنے کمزور ہو جاؤ۔جیسے کمان کی ڈوری۔اور اتنی کثرت سے نماز پڑھو۔کہ تمھاری کمروں میں خم آجائے۔تو (پھر بھی) تمھاری یہ عبادت قبول نہ ہوگی۔ہاں مگر! وہ عبادت جو سچے تقوٰی سے ہو۔

سرخ رو ہوتا ہے انساں ٹھوکریں کھانے کے بعد ۔۔۔ رنگ لاتی ہے حنا پتھر پہ پس جانے کے بعد

ایک سوال کے دس جوابات : (علمِ تصوف کے باریک نقاط)

حضرت سلطان ابراہیم بن ادھمؒ سے ایک مرتبہ سوال کیا گیا۔کہ! باوجود اصرار ومحنت کے ہماری دُعائیں قبول کیوں نہیں ہوتیں ؟ تو آپؒ نے جواب دیا۔کہ! ہم جو لطف وکرم سے محروم ہیں۔اس کا سبب کیا ہے بھلا ؟ تو آپؒ نے فرمایا۔کہ! دس اسباب ہیں۔جو کہ درحقیقت دُعا کے عدمِ قبولیت کا یقینی باعث ہیں۔

نمبر1۔ تم کہتے ہو۔کہ تم اللہ تعالیٰ کو جانتے ہو۔مگر اس کے احکامات پر عمل نہیں کرتے۔ **نمبر2۔** تم قرآنِ کریم تو پڑھتے ہو۔مگر اس کے مطابق زندگی بسر نہیں کرتے۔ **نمبر3۔** تم حضرت نبی مکرم ﷺ سے محبت کا دعوٰی تو کرتے ہو۔مگر اُنہیں رہبر مان کر اُن ﷺ کی پیروی نہیں کرتے۔ **نمبر4۔** تم شیطان کو اپنا دشمن تو سمجھتے ہو۔مگر پھر بھی اُسی کے دوست بنے ہوئے ہو۔**نمبر5۔** تم جنت میں جانے کی آرزو تو کرتے ہو۔مگر اس کے لائق بننے کی کوشش نہیں کرتے۔ **نمبر6۔** تم جہنم سے ڈرنے کی باتیں تو کرتے ہو۔مگر عمل وہ کرتے ہو۔جو تمھیں اس (جہنم) کے قریب لے جائے۔ **نمبر7۔** تم موت کو حق تو کہتے ہو۔مگر اس حق تک پہنچنے کے لئے تیاری بالکل نہیں کرتے۔ **نمبر8۔** تمھیں اور لوگوں کے عیوب تو نظر آتے ہیں۔جبکہ اپنے عیوب پر تمھاری نظریں نہیں جاتیں۔ **نمبر9۔** تم اللہ تعالیٰ کے لطف وکرم زیادہ سے زیادہ حاصل کرنے کے خواہش مند تو ہو۔مگر اِن کا شکر ادا نہیں کرتے۔ **نمبر10۔** تم اپنے مردوں کو دفناتے تو ہو۔مگر یہ بات بھول جاتے ہو۔کہ! ایک دن تمھیں بھی وہیں (قبر میں) دفن ہونا ہے۔

سلوک و معرفت کے مقامات : (بمطابق حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی ؒ)

عوام الناس میں تو قبلہ حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ محض ایک عالمِ دین اور محدث ہیں۔مگر درحقیقت آپ واصل باللہ، بہت بڑے فقیہ،تقوٰی وتوکل اور سخاوت کی حقیقی تصویراور ولیء کامل شخصیت تھے۔یہ کتاب ''القول الجلی فی ذِکر آثار الولی'' حضرت شاہ ولی اللہؒ کے ملفوظات،مکشوفات اور حالات کے علاوہ تصوف،سلوک ومعرفت اور علمِ لدنی کے موضوعات پر کثیر مواد اپنے اندر سموئے ہوئے ہے۔آپؒ فرماتے ہیں۔کہ! اللہ تعالیٰ نے مجھ کو سلوک میں ایک (خاص) طریقہ بواسطہء آنحضرت ﷺ عطا فرمایا ہے۔اور آنحضور نبی مکرم ﷺ کی روحِ کریمہ نے مجھے بشارت دیتے ہوئے اس کی حقیقت پر اطلاع بخشی۔

راہِ سلوک کے سالک کو بہت سی چیزیں پیش آتی ہیں۔ان میں سے بعض مقامات تو ایسے ہیں۔کہ! جن کا عبور کرنا سالک کے لئے نہایت ضروری ہے۔

☆ اس راہ (یعنی سلوک ومعرفت) میں پہلا مقام اذکارِ لسانی وقلبی میں مشغول رہنا ہے۔اور یہ پڑھنے والوں کے حق میں ''الف۔باء۔تا'' کے مثل ہے۔(یعنی اس راہ کی ابجد ہے) اس کا شمار مقامات میں تو نہیں ہے۔لیکن اس وصفِ محبت کے ساتھ قلب کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا دوامِ تعلق ہے۔ اس کی توحید محبت کی انتہا ہے۔جس سے مراد ماسوٰی اللہ سے قطع الفت ہے۔اور یہ وہ مقام ہے۔جس کو حاصل کئے بغیر کسی کام کا کشود نہیں ہوتا۔اور اس مقام پر عجیب وغریب حالات وواقعاتِ صالحہ اور غلبہ خوف ورجاء اور انس وہیبت،تجلّی واستتار بعض کو پیش آتے ہیں۔جبکہ بعض کو نہیں۔

☆ مقامِ دوئم توحیدِ افعالی ہے۔اس سے مطلب تدبیرِ غیبی وجدانی کا انکشاف ہے۔کہ موت وزیست وغیرہ کے جملہ حوادثِ یومیہ اس کی تفصیل ہیں۔لیکن افعال کے صدور کی روئیت انعام وایلام (تکلیف) اور منع وعطا ہے۔اور ہر وہ تاثیر وتغیر جو اپنی ذات میں اور اپنے غیر میں ملاحظہ کرے۔اس کو حق سبحانہٗ کی طرف سے وصفِ شہود کے ساتھ سمجھے۔اس میں حال غالب ہوتا ہے۔اور اس مقام کی نشانیوں میں سے تفویض وتوکل ہے۔اور یہ مقام حاصل ہونے کے بعد مبداءِ حقیقی سے ان افعال کی صدور کی عدم رویت سلوک کا نقصان نہیں ہے۔

☆ مقامِ سوئم توحیدِ صفاتی ہے۔اس سے مطلب وجودِ واحد میں جملہ موجودات کے اضمحلال کا انکشاف ہے۔اور اس کا ظہور دو طرح پر ہے۔ایک تو یہ کہ جملہ اشیاء کا خدا میں مشاہدہ کرے۔دوسرا یہ کہ! جملہ اشیاء میں خدا کا مشاہدہ کرے۔اور اس مقام کا آخر سالک کی انانیت کا حق سبحانہٗ تعالیٰ کی ذات میں اضمحلال ہے۔اور ذات وصفات حق کی جانب ''اَنا'' سے اس کی نظر کا نفوذ ہے۔اور یہی فنا ہے۔کہ! سالک کو اپنا شعور نہ رہے۔حتیٰ کہ! اس بے شعوری کا بھی شعور نہ رہے۔حالانکہ! درحقیقت یہ غیبت ہے،فنا نہیں۔لیکن یہ کہ حسن وکمال اور ان کے اضداد کی ہر صفت کو صفتِ حق ملاحظہ کرے۔جو آئینہ ہائے نفس واحوال میں ظاہر ہیں۔بعض میں اس کی تفصیل ظاہر ہوتی ہے۔جبکہ بعض میں نہیں۔

☆ مقامِ چہارم توحید ذاتی ہے۔جس سے مراد ہستیء صرف کا وجدان ہے۔بغیر ملاحظہء اضمحلال کے اشیاء میں سے کسی شئے میں بسیط علمِ حضوری کے ساتھ مدرک بالکسر اور مدرک بالفتح اور ادراک سب وہاں (یعنی اس مقام پر) بغیر تغیر وتبدل کے ہیں۔اور حقیقۃ الحقائق کے ساتھ تنبیہ وشعور سے حیرت وفراموشی ہے۔اور اس مقام پر یہ ہے۔کہ! خدا کا خدا ہی میں مشاہدہ کرے۔

☆ مقامِ پنجم وہ یاد داشت ہے۔کہ! جسے صوفیاء نے معظم رکھا ہے۔اور اس وجدان سے مطلب وہی ہستی صرف بشہودی ہے۔کہ علم حصوری وحضوری دونوں اس کی تفسیر ہو سکتے ہیں۔اس طرح کہ وہ ایک واحد امر بسیط ہے۔اس کو حصولی یا حضوری، جو بھی کہیں، بجا ہوگا۔اور یہ یاد داشت درحقیقت حضرتِ وجود سے ایک قسم کی بیداری ہے۔جو اس ذرہ کا پیمانہ ہے۔اور اس کی استعداد کی اقتضاء کے مطابق متجلی ہوا ہے۔اور جب اس یاد داشت نے اس کے دائرہ کو وسیع کر کے روشن کر دیا۔اور نفسِ ناطقہ اس میں مضمحل ہو کر اس کی نورانی شعاعوں کا عین ہوگیا۔تو صوفیاء کے نزدیک وہی بقا ہے۔پس تجھ پر بھی یہی واجب ہے۔کیونکہ یہ کبریتِ احمر ہے۔پس یہ ہیئت معہ جملہ منتبات کے سالک کی ہمت اور اس کے علوم میں سرایت کرتی ہے۔اور یہ سرایت مبداءِ خوارقِ عادت ہو جاتا ہے۔

☆ مقامِ ششم یہ ہے۔کہ! نقطہء وجود یہ جو حقیقتِ انسانیہ میں ذاتِ بحت کا نمونہ ہے۔اور اس کو حجر بحت کہتے ہیں۔ذاتِ حق کا معہ جملہ کمالاتِ الٰہیہ کے انکشاف کرنے والا ہوتا ہے۔یعنی انسان اجزائے کثیرہ سے مرکب ہے۔جیسے صورتِ جسدیہ نسمیہ نفسیہ روحیہ عینیہ اور نقطہء وجودیہ۔اور صورتوں کے اعتبار سے ہر ایک کے احکام وخواص جداگانہ ہیں۔کہ صورتِ معینہ انہیں خواص واحکام کا منشاء ہوگئی۔پس حقیقتِ وجودِ صرف کے احکام خاص ہیں۔اور اس کے ظہور کا منشاؤ ہی وجودِ صرف ہے بغیر دوسرے جزو کی آمیزش کے۔پس فنائے تام کے بعد جملہ طبقات مضمحل ہو کر وہی نقطہء وجودیہ اپنے احکام کے ساتھ مستقل ہو کر آئینہ کے مثل ہو جاتا ہے۔اور ذاتِ الٰہی کا جملہ اسماء وصفات وتدلیات انکشاف کرنے والا ہو جاتا ہے۔

☆ مقامِ ہفتم مقامِ تدلّی الٰہی ہے۔جو اپنے جملہ کمالات کے ساتھ سالک کے نفسِ ناطقہ کی صورت میں ہے۔اور تجلیءحق کبھی ایسی صورت میں ہوتی ہے۔جو اس سے بیشتر متحقق نہ تھی۔اس کی تحقیق تجلی کے ظہور کے وقت ہوئی۔جس طرح صورت ناریہ وادی مقدس (طورسیناء) میں حضرت موسیٰؑ نے ملاحظہ فرمائی۔یہ ایسی صورت میں تجلی فرمائی ہے۔کہ! اس سے پہلے بھی وہ موجود تو تھی۔لیکن اَب تجلی الٰہی کے بعد اس کی ایک دوسری تحقیق پیدا ہوئی۔یعنی وہ جملہ تدلیاتِ الٰہیہ سے حقیقتِ انسانیہ پر مستوی ہو کر اس طرح مقدس اور متدلی ہوئی۔جیسے حضرت رحمان (رب متعال) کا اپنے عرش پر مستوی ہونا اور اس مقام پر حق کے ساتھ تصرف فی الخلق ثابت ہو جاتا ہے۔اور یہی سر ہے۔کہ! آنحضرت نبی کریم ﷺ کا کفِ مبارک وزن میں اُمت کے ہزاروں کفوں پر راجح ہے۔یہ بعینہٖ ویسے ہی ہے۔جیسے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں پر ''لا الہ الا اللہ'' بڑی وضخیم کتب پر (بنسبتِ افضلیت بوجہ اسمِ اللہ) مقدم وبھاری ہے۔کیونکہ! اسمِ ذات اللہ تدلیاتِ الٰہیہ میں ایک تدلی ہے۔

یہ ان مقاماتِ ہفت گانہ کا بیان ہے۔جو اکابر اولیائے کی راہ کا سلوک ہے۔رب جسے چاہے عطا فرمائے۔ورنہ تاحیات ایک یا دو تین مقامات میں پڑا رہ جائے۔

حصولِ قرب سے مانع و حائل دس کثافتیں: (بمطابق سید سرفراز اے شاہ صاحب)

۱۔ کینہ۔ ۲۔ بغض۔ ۳۔ حسد۔ ۴۔ غیبت۔ ۵۔ غصہ۔

۶۔ دل آزاری۔ ۷۔ کسی کے کام آنے کے بجائے No کہنا (انکار کرنا)۔

۸۔ حرصِ کلام (خود بات کرنا، کسی دوسرے کو بات نہ کرنے دینا)۔ ۹۔ حرصِ طعام (کھاتے چلے جانا)۔

۱۰۔ حرصِ جاہ (یعنی لوگ میری عزت کریں۔ میری تعظیم میں کھڑے ہوں)۔

سید سرفراز اے شاہ صاحب کے ملفوظات بنام ''ارژنگِ فقیر'' کی نشست دوئم کے صفحہ نمبر 32 میں لکھا ہے۔ کہ! جو لوگ اللہ تعالیٰ کی راہ میں چلنے اور اللہ تعالیٰ کی دوستی win کرنے میں Interested ہیں۔ اُن کے لئے ضروری ہے۔ کہ! وہ دس کثافتوں کے نام کاغذ پر لکھ پر اُنھیں اپنی زندگی سے بتدریج ختم کرنا شروع کر دیں۔ شاہ صاحب فرماتے ہیں۔ کہ! حضرت پیرانِ پیرؒ اور حضرت امام غزالیؒ جیسی (بلند مرتبت) ہستیوں نے مرید کی Guidance (رہنمائی) کے لئے (بھی) یہی فرمایا ہے۔ کہ! مرید کچھ نہ کرے۔ پہلے (اِن) دَس کثافتوں کو اپنے اندر سے نکال لے۔ اور اس کے بعد اِن باتوں پر عمل شروع کر دے۔ جو اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہیں۔ (یعنی کہ صِرف) ان دس کثافتوں کو اندر سے نکال دینا ہی کافی نہیں ۔۔۔ پسندیدہ اطوار کو اپنی ذات میں شامل بھی کرنا ہوگا۔ اپنی ذات میں موجود سب کثافتوں پر غور کریں۔ اور ایک ایک کر کے اُنھیں اپنی شخصیت سے نکال دیں۔ مختلف کثافتوں سے چھٹکارے کے بعد ہم اُن عادات و اطوار پر کام شروع کر دیں۔ جو اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہیں۔

کتاب ''ارژنگِ فقیر'' کے صفحہ نمبر 44 پر شاہ صاحب مزید فرماتے ہیں۔ کہ! انسان کے اندر ایسی دس Negative عادات یا کثافتیں ہیں۔ کہ جب تک وہ ختم نہ ہو جائیں۔ انسان کا دل صاف نہ ہوگا۔ اور جب تک (کہ) دل صاف نہ ہوگا۔ (تو) وہاں رب نہیں بسے گا۔ (کیونکہ) رب متعال پاک، صاف اور نفاست پسند (ذات) ہے۔ وہ وہیں رہتا ہے۔ جہاں Negative چیزیں نہ ہوں۔ (وہ دس کثافتیں یہ ہیں۔ 1۔کینہ۔ 2۔بغض۔ 3۔حسد۔ 4۔غیبت۔ 5۔غصہ۔ 6۔دل آزاری۔ 7۔کسی کے کام آنے کے بجائے No کہنا (کسی کے کام نہ آنا یا انکار کرنا)۔ 8۔حرصِ کلام (خود بات کرنا، کسی دوسرے کو بات نہ کرنے دینا)۔ 9۔حرصِ طعام (کھاتے چلے جانا)۔ 10۔ حرصِ جاہ (یعنی لوگ میری عزت کریں۔ میری تعظیم میں کھڑے ہوں)۔ (لہٰذا) اگر ہم رب تعالیٰ کو پانا چاہتے ہیں۔ تو ہمیں اُن دس کثافتوں سے چھٹکارا پانا پڑے گا۔ ارژنگِ فقیر'' کے صفحہ نمبر 69 پر ہے۔ کہ! وہ دس کثافتیں جو انسان کو روحانی ترقی میں آگے نہیں بڑھنے دیتیں۔ اُن میں حرص طعام اور حرصِ کلام بھی ہیں۔ اِن کثافتوں کے دور ہونے سے نماز میں میں زیادہ دل (لگنے) لگتا ہے۔ اور انسان غور و فکر میں ڈوبا رہتا ہے۔ (یہاں پر بندہ ناچیز محمد عبدالرؤف انہیں دس کثافتوں میں سے چند ایک کے بارے میں (بطورِ دلیل) چند احادیث بیان کرتا ہے۔ تا کہ ان کثافتوں کے نقصانات کی مزید نشاندہی ہو سکے)۔

چالوں سے بازی لے گیا سرمایہ دار ۔۔۔ اور انتہائی سادگی سے کھا گیا مزدور مات

نمبر1۔ **کینہ** : صحیح مسلم شریف کی حدیث نمبر 6544 میں آیا ہے۔ کہ! حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کہ! سوموار اور جمعرات کے دن جنت کے دروازوں کو کھول دیا جاتا ہے۔ اور ہر اس بندے کی مغفرت کی جاتی ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا ہو۔ (اور) سوائے اس بندے کے، جو اپنے (مسلمان) بھائی سے کینہ رکھتا ہو۔ اور کہا جاتا ہے۔ کہ ان دونوں کی طرف دیکھتے رہو۔ یہاں تک کہ وہ صلح کر لیں۔ ان دونوں کی طرف دیکھتے رہو۔ یہاں تک کہ وہ صلح کر لیں۔ ان دونوں کی طرف دیکھتے رہو۔ یہاں تک کہ وہ ماضی کی تلخیاں بھلا کر صلح کر لیں۔

یادِ ماضی عذاب ہے یارب! ۔۔۔ چھین لے مجھ سے حافظہ میرا

کسی بھی مسلمان بھائی سے بغض، کینہ، عداوت ختم کرنے کے ضمن میں حکایت:

حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ کے بارے میں ہے۔ کہ! آپؒ حضرت قطبِ زمان ابو النجا شیخ ابو مدینؒ (خلیفہ شیخ عبدالقادر جیلانیؒ) کی بہت تعظیم کیا کرتے تھے۔ یہاں تک کہ اُن کے محبین سے محبت اور اُن کے مخالفین سے نفرت کیا کرتے تھے۔ شیخ ابو مدینؒ کے بارے میں حضرت شیخ ابو عبداللہ الطرطوسیؒ اچھی رائے نہیں رکھتے تھے۔ جب حضرت شیخ ابن عربیؒ نے حضرت شیخ طرطوسیؒ سے ملاقات کی۔ تو دل میں گرہ رکھی۔ کیونکہ! حضرت شیخ طرطوسیؒ حضرت شیخ ابو مدینؒ کو اچھا نہیں سمجھتے تھے۔

ایک رات حضرت شیخ اکبر ابن عربیؒ نے حضرت جناب رسالت مآب کی زیارتِ بابرکت سے باریاب ہوئے۔ تو آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ آپؒ فلاں آدمی (حضرت شیخ طرطوسیؒ) سے کراہت کیوں کرتے ہیں؟ عرض کی۔ کیونکہ! وہ میرے شیخ ابو مدینؒ سے بغض رکھتا ہے۔ تو حضور ﷺ نے فرمایا۔ کہ! کیا وہ (شیخ طرطوسیؒ) مجھ سے محبت نہیں کرتا۔ عرض کیا۔ یقیناً! یا رسول اللہ ﷺ! طرطوسیؒ آپؐ سے محبت کرتے ہیں۔ تو آنحضو ﷺ نے فرمایا۔ تم اس سے بغض رکھتے ہو۔ کیو کہ وہ ابو مدینؒ کو ناپسند کرتا ہے۔ تم اس (طرطوسیؒ) سے اس لئے محبت کیوں نہیں کرتے۔ کہ وہ تمارے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہے۔ عرض کیا۔ مَیں قسم کھاتا ہوں۔ میں غفلت کا مرتکب ہوا۔ اَب تائب ہوتا ہوں۔ اور آئندہ سب لوگوں سے بڑھ کر حضرت شیخ طرطوسیؒ سے محبت کروں گا۔ حضرت شیخ اکبر ابن عربیؒ نے صبح اُٹھتے ہی بہت سی نایاب اور قیمتی چادریں، لباس، تحائف و نقدی لے کر

حضرت شیخ طرطوسیؒ کے دروازے پر جا پہنچے ۔اور اپنا خواب سُنایا۔حضرت شیخ طرطوسیؒ خواب سن کر رو دیئے ۔اور تحائف قبول کر لئے ۔اور اس خواب کی بدولت حضرت شیخ طرطوسیؒ کے دل میں حضرت شیخ ابو مدینؒ کی جو کراہت (ونفرت) تھی ۔ وہ جاتی رہی ۔ بلکہ محبت میں تبدیل ہوگئی ۔

پھر حضرت شیخ اکبر ابن عربیؒ نے حضرت شیخ طرطوسیؒ سے شیخ ابو مدینؒ سے ناراضگی کی وجہ دریافت کی ۔تو انہوں نے بتایا۔کہ! مَیں بجایہ میں ان کے پاس تھا۔عیدالاضحیٰ کی قربانی کا گوشت آیا۔اور حضرت شیخ ابو مدینؒ نے تمام گوشت اپنے احباب میں بانٹ دیا۔اور مجھے محروم رکھا۔بس اسی بھوک اور محرومی کی وجہ سے میں آپؒ سے کراہت کرنے لگ گیا۔مگر اب میں نے توبہ کر لی ہے ۔(یہ واقعہ حضرت ابن عربیؒ نے فتوحاتِ مکیہ میں تحریر فرمایا ہے)

کتاب آداب السلوک والتواصل الی المنازل الملوک میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ فرماتے ہیں ۔کہ! اپنے دل میں جب کسی بھی شخص کی محبت یا نفرت پاؤ۔تو اس شخص کے اعمال کو کتاب وسنت پر پیش کرو۔اگر وہ قرآن وسنت کی تعلیمات کی روشنی میں قابل نفرت ہے ۔تو پھر مژدہ ہے ۔کہ تُو نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے ساتھ موافقت کی ہے ۔اور اگر اس کے اعمال کتاب وسنت کی رُو سے قابل محبت ہیں ۔اور تیرے دل میں اس کی نفرت پائی جاتی ہے ۔تو پھر تُو سمجھ جا۔کہ تُو خواہش کا بندہ ہے ۔اس شخص سے اپنی خواہش کی وجہ سے نفرت کر رہا ہے ۔اور اس سے کینہ اور بغض رکھ کر تُو خود پر ظلم ڈھا رہا ہے ۔اور یوں اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے حبیب ﷺ کی مخالفت کر کے معصیت کا مرتکب ہو رہا ہے ۔اپنے بغض سے اللہ تعالیٰ کے دربار میں توبہ کر۔اور اس شخص کے علاوہ دوسرے محبوبانِ بارگاہِ الٰہی ،اولیاء واصفیاء اور صالحینِ اُمت کی محبت کا سوال کر۔تا کہ تُو ان سے محبت کر کے اللہ تعالیٰ سے موافقت اختیار کر لے ۔

اسی طرح ،کہ جس سے محبت کرتا ہے ۔اس کے اعمال کو قرآن وسنت پر پیش کر۔اگر قرآن وسنت کی تعلیمات کے مطابق وہ قابلِ محبت ہے ۔تو تُو بھی اس سے محبت کر۔اور وہ قرآن وسنت کی تعلیمات کے مطابق وہ قابلِ نفرت ہے ۔تو تُو بھی اس سے نفرت کر۔تا کہ تیری اس سے محبت یا نفرت اپنی خواہش کی وجہ سے نہ ہو۔ اور اللہ تعالیٰ بھی مخالفت نفس کا حکم فرماتا ہے ۔**ولا تتبع الهوٰی فیضلک عن سبیل الله** ۔اور نہ پیروی کرو۔اپنے ہوائے نفس کی ۔کہ وہ (یقیناً) بہکا دے گی تجھے اللہ کی راہ سے ۔(القرآن) محبت یا نفرت کا یہ میزان ہے ۔جس سے تولا جا سکتا ہے ۔

سکون اور عشق ، وہ بھی دونوں ایک ساتھ رہنے دو غالب ! کوئی عقل کی بات کرو

نمبر2۔ **بغض** : حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے ۔کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! بدگمانی سے بچتے رہو۔کیونکہ بدگمانی کی باتیں اکثر جھوٹی ہوتی ہیں ۔لوگوں کے عیوب تلاش کرنے کے پیچھے نہ پڑو۔آپس میں حسد نہ کرو۔بغض نہ رکھو۔بلکہ سب اللہ کے بندے آپس میں بھائی بھائی بن کر رہو۔(صحیح بخاری) حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے ۔کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! اللہ تعالیٰ جب کسی بندے سے محبت فرماتے ہیں ۔تو حضرت جبرائیلِ امینؑ کو بلا کر فرماتے ہیں ۔کہ! مَیں فلاں سے محبت کرتا ہوں ۔تو (بھی) اسے محبوب رکھ۔پس حضرت جبرائیلؑ بھی اس سے محبت کرتے ہیں ۔پھر آسمان پر منادی کی جاتی ہے ۔کہ اللہ تعالیٰ فلاں سے محبت کرتا ہے ۔تم بھی اس سے محبت کرو۔تو آسمان والے بھی اس سے محبت کرتے ہیں ۔پھر زمین میں بھی اس کے لئے مقبولیت رکھ دی جاتی ہے ۔اور جب کسی (خوش نصیب) بندے کے لئے مقبولیت رکھ دی جاتی ہے ۔تو وہ (دنیا والوں کے لئے بھی) مقبول ہو جاتا ہے ۔اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے بغض رکھتے ہیں ۔تو تو حضرت جبرائیلؑ کو بلا کر فرماتے ہیں ۔کہ! میں فلاں سے بغض رکھتا ہوں ۔تو بھی اسے مبغوض رکھ۔پس حضرت جبرائیلؑ بھی اس سے بغض رکھتے ہیں ۔پھر زمین میں اس کے لئے عداوت رکھ دی جاتی ہے ۔(صحیح مسلم)

چشم پرنم ، اشک زم زم ، سانس مدھم ، وقت ہے کم وصال راحت ہجر ماتم رقیب قاتل موت ہے مرہم

نمبر3۔ **حسد** : صحیح بخاری شریف کی حدیث نمبر 73 میں آیا ہے ۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! حسد صرف دو باتوں میں جائز ہے ۔ایک تو اس شخص کے بارے میں جسے اللہ تعالیٰ نے دولت دی ہو۔اور وہ اس دولت کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے پر بھی قدرت رکھتا ہو۔اور ایک شخص کے بارے میں (حسد جائز ہے ۔کہ) جسے اللہ تعالیٰ نے حکمت (کی دولت) سے نوازا ہو۔اور وہ اس کے ذریعے سے فیصلہ کرتا ہو۔اور (لوگوں کو) اس حکمت کی تعلیم دیتا ہو۔ صحیح بخاری شریف کی حدیث نمبر 73 میں آیا ہے ۔کہ! حضرت انس بن مالکؓ نے بیان کیا ہے ۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! آپس میں بغض نہ رکھو۔ پیٹھ پیچھے کسی کی برائی نہ کرو۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کے بندے آپس میں بھائی بھائی بن کر رہو۔اور کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں ۔کہ ایک (مسلمان) بھائی کسی (دوسرے مسلمان) بھائی سے تین دن سے زیادہ سلام (اور) کلام چھوڑ دے ۔

دل کالے کولوں منہ کالا چنگا جے کوئی اس نوں جانے **ھُو**

نمبر4۔ **غیبت** : اللہ تعالیٰ قرآنِ کریم میں ارشاد فرماتا ہے ۔کہ! اے ایمان والو! بہت سے گمانوں سے بچو۔(کیونکہ) بعض گمان گناہ ہوتے ہیں ۔اور کسی کی ٹوہ میں نہ لگو۔اور ایک دوسرے کی غیبت نہ کرو۔کیا تم میں سے کوئی یہ پسند کرے گا ؟ کہ وہ اپنے مردہ بھائی کا گوشت کھائے ۔اس سے تو خود تم نفرت کرتے ہو۔اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔بے شک! اللہ تعالیٰ بڑا توبہ قبول کرنے والا ،بہت مہربان ہے ۔(القرآن ۔12-49)

اسی ضمن میں امام بیہقیؒ نے اپنی کتاب دعوات کبیر میں حضرت انسؓ سے روایت نقل کی ہے ۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! غیبت کا کفارہ یہ ہے ۔کہ! تم اس شخص کی مغفرت وبخشش کی دعا مانگو۔کہ اے اللہ عزوجل! ہم کو اس شخص کی ،جس کی میں نے غیبت کی ۔بخش دے ۔ (آمین)

اور اسی طرح امام بیہقیؒ نے حضرت اسماء بنت یزیدؓ سے روایت نقل کی ہے ۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! جو شخص اپنے مسلمان بھائی کی پیٹھ پیچھے اس کا

گوشت کھانے سے باز رکھے۔یعنی اس کے سامنے اگر کوئی شخص (کسی) مسلمان بھائی کی برائی اور غیبت کر رہا ہو۔تو اس کو اس حرکت سے روکے۔تو اس کا اللہ تعالیٰ پر یہ حق ہے۔کہ وہ اس کو دوزخ کی آگ سے آزاد کر دے گا۔(انشاء اللہ تعالیٰ) صحیح مسلم شریف کی حدیث نمبر 6593 میں آیا ہے۔کہ! حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا ہے۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! کیا تم جانتے ہو؟ کہ غیبت کیا ہے؟ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا۔کہ اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ ہی زیادہ بہتر جانتے ہیں۔آپ ﷺ نے فرمایا۔(غیبت یہ ہے۔کہ) اپنے بھائی کے اس عیب کو ذکر کرے۔جس کے ذکر کو وہ ناپسند کرتا ہو۔آپ ﷺ سے عرض کیا گیا۔کہ! آپ ﷺ کا کیا خیال ہے؟ کہ اگر واقعی وہ عیب میرے بھائی میں موجود ہوں۔جو میں کہوں۔آپ ﷺ نے فرمایا۔اگر وہ عیب اس میں (واقعی) ہے۔جو تم کہتے ہو۔تبھی تو وہ غیبت ہے۔اور اگر اس میں وہ عیب نہ ہو۔تو پھر تم نے اس پر بہتان لگایا ہے۔(اسی طرح سے) غیبت کے بارے میں وارد ہے۔کہ!

الغیبة اشد من الزناء۔(یعنی کہ) غیبت زناء سے بھی زیادہ سخت ہے۔

لوگ اپنے اعمال میں فرشتے ہوں جس طرح کرتے ہیں میری خامیوں کا تذکرہ کچھ اس طرح

نمبر5۔**غصہ**: اللہ تعالیٰ قرآنِ کریم میں ارشاد فرماتا ہے۔کہ! غرض تمھیں جو کوئی چیز دی گئی ہے۔وہ دنیوی زندگی کی پونجی ہے۔اور جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔وہ ان لوگوں کے لئے کہیں بہتر اور پائیدار ہے۔جو اپنے پروردگار پر بھروسہ کرتے ہیں۔اور جو بڑے گناہوں اور بے حیائی کے کاموں سے پرہیز کرتے ہیں۔اور جب ان کو غصہ آتا ہے۔تو وہ درگذر سے کام لیتے ہیں۔صحیح بخاری کی دو احادیث۔۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا ہے۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! جب اللہ تعالیٰ مخلوق کو پیدا کر چکا۔تو اپنی کتاب (لوحِ محفوظ) میں، جو اس کے پاس عرش پر موجود ہے۔اس نے لکھا۔کہ میری رحمت میرے غصہ پر غالب ہے۔(شکر الحمدُ للہ۔سبحٰن اللہ۔) حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا ہے۔کہ! رسول اللہ ﷺ فحش گو نہ تھے۔نہ آپ ﷺ لعنت ملامت کرنے والے تھے۔اور نہ گالی دیتے تھے۔آپ ﷺ کو (جس وقت کسی پر) بہت زیادہ غصہ آتا تھا۔تو صرف اتنا کہہ دیتے۔اسے کیا ہو گیا ہے۔اس کی پیشانی پر خاک لگے۔ ایک دانشور سے جب پوچھا گیا۔کہ! غصہ کیا ہے؟ تو دانشور نے بڑا خوبصورت جواب دیا۔کہ! کسی کی غلطی کی سزا خود کو دینا۔

نمبر6۔ **دل آزاری**: حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! جب تم تین آدمی ہو۔تو دو آدمی اپنے ساتھی کو چھوڑ کر آپس میں سرگوشی نہ کیا کرو۔کیونکہ اس سے اس (تیسرے) کی دل آزاری ہو گی۔

می بخور، مصحف بسوز، آتش اندر کعبہ زن ساکن بتخانہ باش، مردم آزاری مکن

حکایتِ عجیبہ و غریبہ: اسی ضمن میں ایک حکایت مشہور ہے۔کہ! حضرت خواجہ غلام فریدؒ (کوٹ مٹھن۔پنجاب) تشریف فرما تھے۔ رمضان کا آخری عشرہ تھا۔ سامنے جم غفیر بیٹھا ہوا تھا۔کہ اس دوران ایک ہندو عورت آئی۔اور عرض گزار ہوئی۔کہ بھگوان نے مجھے آپؒ کی دعاؤں سے اولاد دی ہے۔مَیں نے منت مانی تھی۔کہ اگر مجھے اولاد ہوئی۔تو میں اپنے ہاتھوں سے آپؒ کو جلیبیاں کھلاؤں گی۔اب آپؒ میرے ہاتھوں سے یہ جلیبیاں کھائیں۔آپؒ نے کافی پس و پیش کیا، عذر خواہی کی۔

لیکن وہ نہ مانی۔بالآخر آپؒ نے اپنا سر مبارک آسمان کی جانب اُٹھایا۔کچھ توقف کے بعد آپ ل نے اُس غیر مسلم عورت کو جلیبیاں کھلانے کی اجازت مرحمت فرمادی۔وہ جلیبیاں کھلا کر چلتی بنی۔لیکن یہاں پر لوگوں میں چہ میگوئیاں شروع ہو گئیں۔تو حضرت خواجہ غلام فریدؒ نے فرمایا۔کہ روزہ توڑنے کا کفارہ 60 روزے رکھنا یا 60 مساکین کو کھانا کھلانا ہی ہوتا ہے نہ؟ تو میں ان دو اُمور میں سے کسی ایک کام کو سر انجام دے ہی دوں گا۔انشاء اللہ۔مگر دل آزاری بہت بڑا گناہ ہے۔اور کسی کا دل توڑنا کعبہ ڈھانے سے بھی بڑا گناہ ہے۔کیونکہ دل میں اللہ تعالیٰ رہتا ہے۔گو کہ اللہ تعالیٰ اس قدر بلند اور بڑی ذات ہے۔کہ کہیں نہیں سما سکتا۔مگر دل میں۔۔

دل بدست آور کہ حجِ اکبر اَست از ہزاراں کعبہ یک دل بہتر اَست

کعبہ بنیادِ خلیلِ اطہر اَست دل گذرگاہ جلیلِ اکبر اَست

نمبر7۔ **انکار کرنا: (کسی کو No کہنا۔ قدرت کے باوجود کسی کے کام نہ آنا)**

جامع ترمذی شریف کی حدیث نمبر 2389 میں آیا ہے۔کہ! حضرت نواس بن سمعانؓ سے روایت ہے۔کہ! رسول اللہ ﷺ سے نیکی اور بدی کے متعلق سوال کیا گیا۔تو آپ ﷺ نے فرمایا۔کہ! نیکی اچھے اخلاق کا نام ہے۔اور گناہ وہ ہے۔جو تمھارے قلب میں کھٹک پیدا کرے۔اور لوگوں کا مطلع ہونا تم اس پر ناگوار گزرے۔(**خیر الناس من ینفع الناس**) بقول علامہ اقبال!

ہیں لوگ وہی جہاں میں اچھے آتے ہیں جو کام دوسروں کے

حکایتِ عجیبہ و غریبہ: ایک سال حضرت عبداللہ بن مبارکؒ حج سے فارغ ہو کر ذرا سستانے کی غرض سے خانہ کعبہ میں سو گئے۔تو انہوں نے خواب میں ملاحظہ کیا۔کہ! دو فرشتے آسمان سے اُترے۔تو ایک نے دوسرے سے دریافت کیا۔کہ اس برس حج کے لئے کس قدر لوگ تشریف لائے ہیں۔تو اُس دوسرے نے جواب دیا۔کہ! چھ لاکھ۔تو پہلے نے دوبارہ پوچھا۔کہ! ان میں سے کتنے لوگوں کا حج مقبول ہوا۔تو دوسرے نے کہا۔کہ! ان میں سے کسی کا

بھی حج مقبول نہیں ہوا۔تو حضرت عبداللہ بن مبارکؒ فرماتے ہیں۔کہ! (بحالتِ عالمِ رویاء) جب میں نے یہ سنا۔تو میرے دل میں بڑی بے قراری پیدا ہوئی۔اور میں نے کہا۔کہ اس قدر خلائق جہاں کی ہر چہار طرف سے اتنے رنج وتکالیف جھیل کر اور دور دراز راستے طے کر کے آئی ہے۔بڑے بڑے بیاباں طے کئے۔ان کی یہ سب محنت اکارت گئی۔پھر اُس فرشتے نے کہا۔کہ دمشق میں ایک موچی رہتا ہے۔کہ جس کا نام ''علی بن الموفق'' ہے۔وہ حالانکہ حج کو بھی نہیں آیا ہے۔لیکن (اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے) اُس کا حج مقبول ہوا ہے۔اور ان جملہ لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے اسی (موچی) کے طفیل بخش دیا ہے۔جب میں نے یہ سنا۔تو میری آنکھ کھل گئی۔اور میں نے (دل ہی دل میں خود سے) یہ کہا۔کہ اَب دمشق کی طرف چلنا چاہیئے۔اور اُس شخص کی زیارت سے مشرف ہونا چاہیئے۔جب میں دمشق پہنچا۔اور اُس (موچی) کا گھر تلاش کر کے آواز دی۔تو ایک شخص نکلا۔میں نے پوچھا۔کہ! آپؒ کا اسم کیا ہے؟ تو اُس نے بتایا۔کہ! ''علی بن الموفق''۔میں نے کہا۔مجھے آپؒ سے کچھ بات کہنی ہے۔تو اُس نے کہا۔فرمائیے۔میں نے پوچھا۔آپؒ کیا کام کرتے ہیں۔اُس نے بتایا۔میں جوتیوں میں پیوند لگاتا ہے۔پھر میں نے یہ واقعہ (جو کہ عالمِ رویاء میں ملاحظہ کیا تھا) اُس نے بیان کیا۔پھر اُس نے پوچھا۔کہ! آپؒ کا کیا نام ہے؟ میں نے بتایا۔کہ! ''عبداللہ بن مبارکؒ''۔اُس نے یہ سن کر ایک چیخ ماری۔اور گر کر بے حوش ہوگیا۔جب آفاقہ ہوا۔تو میں نے کہا۔مجھے اپنے اُس عمل پر آگاہی بخشیئے۔تو اُس نے بتایا۔کہ! تیس برس سے مجھے حج کی آرزو تھی۔اور میں نے جوتیوں میں پیوند ٹانک ٹانک کر تین سو درا ہم جمع کئے۔پھر میں نے اس برس ارادہ کیا۔کہ حج کو جاؤں۔(حج پر جانے سے کچھ قبل) ایک دفعہ کا ذکر ہے۔کہ! میری حاملہ بیوی نے مجھے کہا۔کہ ہمسایہ کے گھر سے کھانے کی خوشبو آرہی ہے۔تو جا کر اُن سے میرے لئے تھوڑا سا کھانا مانگ لائیں۔جب میں کھانا مانگنے گیا۔تو ہمسایہ نے کہا۔یہ کھانا آپؒ کے لائق نہیں۔آج سات روز ہونے کو ہیں۔کہ! ہم نے اور ہمارے بچوں نے کچھ نہیں کھایا۔باہر ایک مردہ گدھا پڑا ہوا تھا۔میں نے اُس کا تھوڑا سا گوشت کاٹا۔اور گھر لا کر پکوالیا۔جونہی میں (یعنی موچی) نے یہ سنا۔تو میرے سر سے لے کر پاؤں تک آگ سی لگ گئی۔اور میں واپس دوڑتا ہوا اپنے گھر گیا۔وہ تین سو درا ہم (جو کہ میں نے حج کے لئے گذشتہ تیس برس سے جمع کر رہا تھا۔کو) لا کر اُسے (ہمسائے کو) دے دیئے۔اور کہا۔کہ! ان (درہموں) کو اپنے بال بچوں پر خرچ کرو۔ہمارا حج یہی ہے۔تو حضرت عبداللہ بن مبارکؒ نے یہ سن کر کہا۔ملائکہ نے میرے خواب میں آکر واقعتاً سچی بات کہی تھی۔اور اللہ تعالیٰ یقیناً قضاء وقدر کا (حقیقی) مالک ہے۔

مقاماتِ و مدارجِ ولایت : (بمطابق سلسلہء عالیہ نقشبندیہ اویسیہ کمالیہ کے بانی حضرت پروفیسر باغ حسین کمال)

روحانی توجہ کے زیرِ اثر روحِ سالک اُن وراء الوراء روحانی منازل کی طرف گرمِ پرواز اور عرش پیما ہوتی ہے۔جہاں ستارے گردِ راہ کی صورت کہیں دور پیچھے رہ جاتے ہیں۔یہی رسولِ مکرم ﷺ کی وہ روحانی میراث ہے۔جو ہر دور میں اولیائے کرامؒ کو ودیعت رہی۔اور تا قیامت منتقل ہوتی رہے گی۔انہی اولیائے کرامؒ میں سے بعض کو خصوصی روحانی مناصب سے نوازا جاتا ہے۔انہی کے وجود کی ظاہری و باطنی برکات سے رحمتِ الٰہی اہلِ عالم کے شاملِ ہوتی ہے۔اِن مناصب کی تفصیل حسبِ ذیل ہے۔عبد۔صدیق۔قطبِ وحدت۔فرد۔قیوم۔غوث۔قطب الاقطاب۔ **قطب الاقطاب** کے زیریں تین مناصب ہیں۔قطبِ ارشاد۔قطبِ مدار۔قطبِ ابدال۔ **قطبِ ارشاد** کے زیریں اولیاء کی ترتیب یہ ہے۔70 نجباء۔300 نقباء۔500 اخیار۔25 ابرار۔ **قطبِ مدار** کے زیریں چار اوتاد ہیں۔ **قطبِ ابدال** کے زیریں چالیس ابدال ہیں۔

اسی ضمن میں ایک حدیثِ نبوی ﷺ ہے۔کہ! حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں۔کہ! حضرت نبی مکرم ﷺ ایک روز اُحد (کے) پہاڑ پر چڑھے۔اور آپ ﷺ کے ہمراہ حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ اور حضرت عثمان غنیؓ تھے۔ان کے باعث پہاڑ ہلنے لگا۔تو آپ ﷺ نے اپنے پاؤں سے اشارہ کیا۔کہ! ''اے اُحد ٹھہر جا! '' کیونکہ! تیرے اوپر ایک نبی ﷺ، ایک صدیقؓ اور دو شہداء ہیں۔(اس حدیث کے مطابق) نبیؑ، صدیق اور عبد میں اتنا قریبی اتصال ہے۔کہ! جہاں صدیقیت اور عبدیت کی حد ختم ہوتی ہے۔وہاں سے حدِّ نبوت کا آغاز ہوتا ہے۔(یاد رہے۔کہ!) منصبِ عبد کے متعلق حضرت شیخ مجدد الف ثانیؒ دفترِ اول کے مکتوب نمبر 30 میں رقمطراز ہیں۔کہ! لہذا مراتبِ ولایت کی انتہا مقامِ عبدیت ہے۔(اور) مقامِ عبدیت سے بالا کوئی مقام نہیں۔

اسی طرح حضرت شاہ ولی اللہؒ اپنی کتاب ''**ازالۃ الخفاء**'' میں منصبِ صدیقیت کے بارے فرماتے ہیں۔کہ! صدیق کے معنیٰ بڑا سچا اور شریعت میں (مقامِ صدیقیت) ایک خاص مرتبہ (کا نام ومقام) ہے۔جس کی سرحد نبوت کی سرحد سے ملی ہوئی ہے۔

اسی طرح حضرت شاہ ولی اللہؒ اپنی کتاب ''**انفاس العارفین**'' میں اپنے والد ماجد کا ایک خواب بیان فرماتے ہیں۔کہ! پس آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے میری روح کو اپنی روح میں لے لیا۔اور مقامِ صدیقیت، جو کہ ولایت کی انتہا ہے، سے گزار دیا۔ منصبِ قیوم کے متعلق حضرت شیخ مجددؒ دفترِ دوئم کے مکتوب نمبر 70 میں رقمطراز ہیں۔کہ! وہ عارف جو قیوم کے منصب پر فائز ہو، وہ وزیر کا حکم رکھتا ہے۔کہ مخلوق کے اہم امور کا تعلق اسی سے ہے۔گو کہ انعام تو بادشاہ کی طرف سے ہوتے ہیں۔مگر وہ ملتے وزیر کی استطاعت سے ہیں۔

حضراتِ چشتیہ (بالخصوص چشتیہ صابریہ) کا کہنا ہے۔کہ! اگر پیرو مرشد کامل ہو۔اور اسے ''علم الاسماء'' (بالخصوص اسمِ اعظم وحروفِ مقطعات کا علم) حاصل ہو۔اور وہ صاحبِ اَمر ہو۔تو سب سے زیادہ فیض وفائدہ ایک مرید کو اپنے پیرِ کامل کی صحبت سے حاصل ہوتا ہے۔اور یہی پیرِ کامل اپنے غبی ترین مرید کو بھی پہلی ہی نظر میں مقامِ بقا باللہ تک پہنچا کر لوحِ محفوظ کا دورہ کرا دیتا ہے۔

حاصلِ عمرم سہ سخن بیش نیست   خام بدم ، سوختم ، پختہ شدم

سلوکِ محمدیہ (اَز حضرت شیخ احمد دباغ محمدی شاذلی)

سالک جب تزکیہ کے چاروں مراحل (ساتوں اعضاء کا تزکیہ۔ خیالات وسوچوں کا تزکیہ۔ قلب ونفس کا تزکیہ۔ قلب اور باطن کا نورِالٰہی سے منور ہونا) مکمل کرلے۔تو اس میں مندرجہ ذیل صفات کا پایا جانا ضروری ہے۔بصورتِ دیگر اس کو (اپنے) شیخ ومربی سے رجوع کرنا چاہیئے۔ اولیاء اللہ نے روحانی بلوغت (فتوۃ) کی نشانیاں بیان فرمائی ہیں۔ان میں سے چند ایک درج ذیل ہیں۔

☆ نمبر 1۔ پہلی نشانی یہ ہے۔کہ! دُنیا میں آپ کا کوئی دشمن ہے۔اور آپ کو اس سے بدلہ لینے کی قوت بھی حاصل ہے۔غلبہ پالیا۔یا اس کا کوئی کام آپ کے ہاتھ اٹک گیا۔اس حالت میں پہنچ کر بدلہ نہ لینا (بلکہ دل سے) اسے معاف کردینا۔اس کی مشکل کو دور کردینا۔اگر یہ حالت دائمی طور پر کسی کو مل جائے۔تو سمجھ لے۔کہ روحانیت کے میدان میں داخل ہو چکا ہے۔اور اسے اللہ عزوجل کے قریب کی ایک منزل مل چکی۔ بشرطِ کہ یہ صفت اس کی طبیعت میں (دائمًا) بھی شامل ہو جائے۔ (یاد رہے۔کہ) نماز، روزہ اور حج کرنا یہ (تینوں اراکین) روحانی بلوغت کی علامات نہیں۔علامتِ غلبہ پاکر بھی دشمن کو معاف کردینا اور بدلہ نہ لینا۔بعض لوگ اگر غلبہ نہ پائیں۔تو بددُعائیں دینے لگ جاتے ہیں۔(کہ) اس کا کچھ نہ رہے وغیرہ۔یہ رحانی بچپنے کی نشانیاں ہیں۔نہ ہی زبان سے کچھ کہے۔اور نہ ہی بدلہ لے۔بلکہ دل سے اُسے معاف کردے۔

☆ نمبر 2۔ دوسری نشانی یہ ہے۔کہ! غصہ پر قابو پالے۔غصے کے وقت اپنے آپ پر قابو پانا روحانی بلوغت کی اہم علامت ہے۔غصہ آنا فطرتًا ہے۔خود حضرت نبی مکرم ﷺ کو بھی غصہ آتا تھا۔آپ ﷺ کا مبارک چہرہ سرخ ہو جاتا تھا۔غصہ تو ایک طاقت ہے۔ذاتی طور پر نہ تو بُرا ہے۔اور نہ ہی اچھا ہے۔اس کا استعمال آپ کس طرح سے کرتے ہیں۔استعمال ہی غصے کو اچھا یا برا بنائے گا۔لہذا غصے کے باوجود دوسرے پر نرم ہو جانا روحانیت (روحانی بلوغت) کی دوسری علامت ہے۔کہیں ایسا نہ ہو۔کہ! نماز بھی پڑھے۔اور پھر گالم گلوچ بھی کرے۔گھر میں بیوی کے ساتھ بدمزاج ہو۔ پڑوسی اس سے تنگ ہوں۔ایسے نمازیوں کے لئے ہلاکت ہے۔کوئی بندہ استعمال کی چیز مانگے۔تو منہ چڑھالے۔ایسا شخص کبھی (بھی) قرب (الٰہی) نہیں پاسکتا۔لہذا ہر بندہ اپنے اندر دیکھے۔کہ اس میں غصے کے وقت نرمی دِکھانے کی طاقت ہے یا نہیں۔اگر ہے۔تو (اُس شخص نے گویا) روحانیت کی دوسری منزل کو پالیا۔اگر نہیں۔تو پھر یہ صفت پیدا کرنی ضروری ہے۔تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کے قرب کی ایک اور سیڑھی چڑھ جائے۔

☆ نمبر 3۔ تیسری نشانی یہ ہے۔کہ! بندہ اپنے دشمنوں کی بھی خیر چاہے۔ان کے لئے بھی بھلائی چاہے۔جیسے کہ ایک بزرگ دُعا مانگا کرتے تھے۔اے اللہ تعالیٰ! میرے دینی دشمنوں (یعنی کفار) کو بھی ہدایت عطا فرما۔اور میرے دُنیاوی دشمنوں کو بھی ہدایت عطا فرمادے۔اور ان کو دین ودنیا کی نعمتیں عطا فرما۔یعنی ہر وقت اسی (دُعا اور جدوجہد) میں کوشاں رہے۔کہ! آنحضور ﷺ کی اُمت کو دوزخ کے عذاب سے بچائے۔(آمین) انہیں رب متعال کی محبت بتائے۔اور رسول اللہ ﷺ کی محبت بتائے۔تاکہ یہ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے قریب ہو جائیں۔یعنی اپنے دوست تو دوست (بلکہ) دشمنوں کے لئے بھی بھلا چاہے۔اگر کسی کو یہ کیفیت دائمی طور پر حاصل ہو جائے۔تو وہ قربِ الٰہی کی ایک اور سیڑھی چڑھ چکا۔اور وہ روحانی بلوغت کی طرف بڑھ رہا ہے۔

☆ نمبر 4۔ چوتھی نشانی یہ ہے۔کہ! جب کسی چیز کی خود کو بھی ضرورت ہو۔اور دوسرے کو بھی (عین اُسی لمحے اُسی چیز کی) ضرورت ہو۔تو اس کو ترجیح دے۔یہ اللہ سبحانہٗ کی دوستی کی نشانی ہے۔ہم جب اللہ تعالیٰ کی راہ میں (کچھ) دیتے ہیں۔تو جیب میں ہاتھ ڈالتے ہیں۔کہیں بڑا نوٹ نہ نکل آئے۔اور کچھ لوگوں کی یہ کیفیت ہوتی ہے۔کہ اگر انہوں نے بہت دے دیا۔تو دوسروں کو دینے کا جی نہیں کرتا۔فرمایا۔یہ ابھی روحانی طور پر بچے بھی نہیں ہیں۔اصل روحانیت یہ ہے۔کہ خود کو بھوک بھی لگی ہو۔اور کسی دوسرے کو بھوک لگی ہو۔تو باوجود اپنی بھوک کے دوسرے کی بھوک کو اپنے اوپر ترجیح دے۔اگر یہ کیفیت پیدا ہو جائے۔تو سمجھ لیں۔کہ قربِ الٰہی کی آپ نے ایک اور منزل بھی طے کرلی ہے۔(ماشاءاللہ)

☆ نمبر 5۔ پانچویں نشانی یہ ہے۔کہ! جب کوئی بندہ غلطی کرے۔تو اسے مانے۔اور فورًا معافی مانگنے کے لئے مستعد ہو جائے۔اور اپنی غلطی کو درست بھی کرلے۔فورًا غصے میں نہ آجائے۔اگر غلطی نہ بھی ہو۔پھر بھی معافی مانگنے کے لئے تیار ہو جائے۔جیسے حضرت امام زین العابدینؒ ایک دن جونہی مسجد سے نکلے۔تو ایک شخص نے کہا۔کہ آپؒ زین العابدین (عبادت گاروں کی زینت) ہیں۔آپؒ نے فرمایا۔کہ! بس لوگوں نے میرا نام رکھ لیا ہے۔وہ شخص کہنے لگا۔آپؒ تو عبادت گاروں کے نام پر (نعوذ باللہ) دَھبہ ہیں۔اور آپؒ فلاں ہیں۔آپؒ فلاں ہیں۔یعنی وہ شخص آپؒ کو لگاتار بُرا بھلا کہنے لگا۔تو حضرت امام زین العابدینؒ جو کہ حضرت امام حسینؓ کے صاحبزادے ہیں۔آپؒ نے فرمایا۔ بھائی! تم نے میرے جو عیب بیان کئے ہیں۔وہ تو کم ہیں۔اور جن پر اللہ تعالیٰ نے پردہ ڈال رکھا ہے۔وہ تو اس سے بہت زیادہ ہیں۔لہذا تیرا شکریہ! کہ تُو نے مجھے میرے عیبوں پر مطلع کیا۔آپؒ نے اس کو کچھ رقم بھی عطا فرمائی۔اس شخص نے جب آپؒ کا یہ اخلاق دیکھا۔تو کہنے لگا۔کہ آپؒ واقعتًا عبادت گزاروں کی زینت ہیں۔اس کے باوجود کہ آپؒ میں وہ غلطیاں (عیوب) موجود نہ تھیں۔آپؒ نے مان لیں۔اور اس کو رقم بھی دی۔ مزید یہ کہ اس کا شکریہ بھی ادا کیا۔یہ روحانی بلوغت کی علامات میں سے ہے۔قربِ الٰہی کی ایک اور منزل تب ہی حاصل ہوگی۔کہ جب کوئی غلطی پر متنبہ کرے۔تو سمجھے۔کہ! مجھ میں اس سے کہیں زیادہ غلطیاں (عیوب) موجود ہیں۔تب جاکر بندہ روحانی بالغ ہوگا۔

☆ نمبر 6۔ چھٹی نشانی یہ ہے۔کہ! جب اس کی کوئی تعریف کرے۔تو سمجھے۔کہ یہ (خاصیت وخصلت تو) مجھ میں ہے ہی نہیں۔یہ تو اس بندے کی

اچھائی ہے۔ جو یہ میرے بارے میں اچھا گمان رکھتا ہے۔مَیں تو حقیقتاً اس قابل ہی نہیں ہوں۔ میرے اندر تو فلاں فلاں عیوب موجود ہیں۔ اپنی تعریف پر اپنے آپ کو قطعاً بڑا نہ سمجھے۔ بلکہ اپنے عیوب (اور کردہ گناہوں) کو یاد کرے۔ جیسے کہ حضرت امامِ اعظم ابوحنیفہؒ ، جو کہ فقہ کے بہت بڑے امام گزرے ہیں۔ آپؒ زُہد کے بھی امام تھے۔ ایک روز کوئی بندہ آپؒ کی تعریف کرنے لگا۔ تو آپؒ رونے لگے۔ کسی نے پوچھا۔ کہ وہ شخص تو آپؒ کی تعریف کر رہا ہے۔ پھر آپؒ رو کیوں رہے ہیں۔ آپؒ نے فرمایا۔ کہ! مَیں تو اللہ تعالیٰ کے کرم اور اس کی محبت میں رو رہا ہوں۔ کہ اس نے میری اچھائیاں لوگوں کے سامنے رکھیں۔ اور میرے عیوب کو لوگوں سے چھپا رکھا ہے۔ تو چھٹی نشانی یہ ہے۔ کہ! جب کوئی دوسرا اس کی تعریف کرے۔ تو سمجھے۔ کہ یہ مجھ میں نہیں ہے۔ یہ تو مسلمانوں کا حُسنِ ظن ہے۔ اس کی اچھی سوچ ہے۔ مَیں تو ایسا ہوں ہی نہیں۔ یہ روحانی بلوغت کی اہم علامت ہے۔

☆ نمبر **7**۔ ساتویں نشانی یہ ہے۔ کہ! بندہ ہر وقت اللہ تعالیٰ کی حضوری میں رہتا ہے۔ یعنی ہر وقت ان تین خیالات میں گم رہتا ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ میرے ساتھ ہے۔ اللہ تعالیٰ مجھے دیکھ رہا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ مجھے سُن رہا ہے۔ جب کوئی بندہ ءخدا کاروبار کرتا ہے۔ تو اللہ رب العزت کو بھی اس میں شریک کرے۔ اور اللہ تعالیٰ کا حصہ بھی اس کاروبار میں شامل کر دے۔ تو ایسے شخص کو کبھی نقصان نہیں ہوگا۔ کیونکہ! اللہ پاک اس کے ساتھ ہے۔ جب یہی (تین خیالات اور کاروبار میں اللہ تعالیٰ کو شریک کرنے کے) خیالات پختہ ہو جاتے ہیں۔ تو بندہ فوراً اللہ پاک سے کوئی رہنمائی مانگے گا۔ تو جلد ہی رہنمائی مل جائے گا۔ اللہ پاک اس کے ذہن میں یہ بات ڈال دیے گا۔ گویا اللہ تعالیٰ کی حضوری میں رہنا (دراصل) یہ روحانیت کا انتہائی اہم ستون ہے۔ اگر کسی کو یہ پختہ یقین ہو جائے۔ کہ! اللہ تعالیٰ میرے ساتھ ہے۔ اللہ تعالیٰ مجھے دیکھ رہا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ مجھے سُن رہا ہے۔ تو انسان روحانی بلوغت کو جلد پا سکتا ہے۔

☆ نمبر **8**۔ آٹھویں نشانی یہ ہے۔ کہ! جو اس سے تعلق توڑتا ہے۔ یہ اس سے تعلق جوڑتا رہتا ہے۔ کوئی اس کی دعوت پر نہ آئے۔ تب بھی یہ جاتا رہے۔ (اگر وہ دعوت کرے) وہ ہمارے جنازے میں نہیں آتا۔ تم پھر بھی اس کے جنازے میں جایا کرو۔ وہ تم سے ناراضگی رکھتا ہے۔ تم اس سے خیر و عافیت دریافت کرتے رہا کرو۔ وہ تمھیں محروم کرتا ہے۔ تم سے دیتے رہا کرو۔ پس یہ سمجھ کر کہ یہ سب بندے اللہ سبحانہٗ کے عیال ہیں۔ جیسے کہ ایک حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی رضا مخلوق کی خدمت میں ہے۔ اور یہ بھی سوچے۔ کہ یہ رسول اللہ ﷺ کا ایک اُمتی ہے۔ کہیں تعلقات توڑنے کی وجہ سے حضرت نبی مکرم ﷺ ناراض نہ ہو جائیں۔ یہ کام بظاہر آسان تو نہیں ہے۔ چاہے کسی بندے سے **100** (صد) نوافل پڑھوا لیں۔ وہ بخوشی پڑھ لے گا۔ مگر ناراضگی والے گھر نہ جائے گا۔ یہ بندہ روحانی بالغ نہیں ہوتا۔ اس لئے اُمت (محمدیہ ﷺ) سے تعلق (لازمی) قائم رکھنا ہے۔ کہ اپنے آپ کو اور حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ کی (عظیم ترین) اُمت کو دوزخ کی آگ سے بچالے۔ یہی سب سے بڑی خدمتِ خلق ہے۔

☆ نمبر **9**۔ نویں نشانی یہ ہے۔ کہ! کسی کی طرف سے جب کوئی برائی پہنچے۔ مگر آپ کی طرف سے اچھائی جائے۔ جیسے کہ حضرت سیدنا شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ ایک راستے سے گزر رہے تھے۔ کہ کچھ بچے راستے میں ایک بیری کے درخت کو پتھر پھینک رہے تھے۔ وہ دراصل بیر اُتارنے کے لئے پتھر مار رہے تھے۔ اچانک ایک پتھر شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے ماتھے پر آن لگا۔ اور خون نکلنا شروع ہو گیا۔ آپؒ نے خون صاف کیا۔ اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دُعا فرمائی۔ کہ! یا اللہ تعالیٰ! اس بچے کو اپنا ولی بنا دے۔ جس نے کہ مجھے پتھر مارا ہے۔ آپؒ کے ساتھیوں نے عرض کیا۔ حضرت! ہم روزانہ آپؒ کے ساتھ رہتے ہیں۔ آپؒ نے ہمارے لئے تو یہ دُعا نہیں کی۔ بچے نے پتھر مارا۔ اور آپؒ نے اس کے لئے ولی ہونے کی دُعا کی۔ تو حضرت غوثِ پاکؒ نے فرمایا۔ بھائی دیکھو۔ وہ بیری کو پتھر مارے۔ تو وہ اسے پھل دیتا ہے۔ اور مجھے پتھر لگے۔ تو مَیں اسے کیسے بددُعا دوں۔ ہمارے بیر تو یہ (دُعائیں) ہیں۔ کہ یہ بچہ اللہ تعالیٰ کا ولی بنے۔ تو یہ بات ہے۔ کہ برائی کا بدلہ بھلائی سے دو۔ حضرت امام حسینؓ کے دشمن یزیدی تھے۔ لیکن آپؓ پھر بھی یہی فرما رہے تھے۔ کہ! میرے خون سے اپنے ہاتھوں کو مت رنگو۔ تاکہ تم دوزخ سے بچ جاؤ۔ یہ روحانی بلوغت کی نویں علامت ہے۔ کہ! بندہ ہمیشہ برائی کا بدلہ اچھائی سے دے۔

☆ نمبر **10**۔ دسویں نشانی یہ ہے۔ کہ! جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔ اس سے بہتر دوسروں کے لئے پسند کرے۔ جیسے کہ حضرت سیدنا علیؓ 5 درہم لے کر بازار سے کچھ خریدنے کے لئے گئے۔ تو دوکاندار نے آپؓ کو پہچان لیا۔ کہ آپؓ تو امیر المؤمنینؓ ہیں۔ تو دوکاندار نے عرض کیا۔ اے امیر المؤمنینؓ! آپؓ جو چاہیں۔ پسند کریں۔ مَیں آپؓ کو انتہائی رعایت میں چیزیں دوں گا۔ تو آپؓ نے فرمایا۔ مَیں تم سے سودا نہیں خریدوں گا۔ کیونکہ! تم نے مجھے پہچان لیا۔ مَیں اپنی ولایت کو فروخت نہیں کر سکتا۔ کہ تُو میری وجہ سے کم منافع کمائے۔ (سبحان اللہ) جیسے ہم اپنے لئے عزت پسند کرتے ہیں۔ تو ہمیں چاہیئے۔ کہ! ہم دوسروں کو بھی عزت سے نوازیں۔ اگر ہم اپنے لئے جنت مانگیں۔ تو دوسروں کے لئے بھی جنت طلب کریں۔ اگر ہمیں کوئی گالی دے۔ تو ہم پسند نہیں کرتے۔ کہ دوسرے کو بھی گالی (یعنی گالی کا جواب گالی سے) نہ دیں۔ الغرض! ہر وہ چیز جو اپنے لئے پسند کرے۔ اس سے بھی بہتر دوسرے کے لئے پسند کرے۔ اگر یہ کیفیت پیدا ہو جائے۔ تو سمجھ لیں۔ کہ! روحانیت کی ایک اور منزل طے ہو گئی۔ حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ قیامت والے دن مانگنے والا شخص اس حالت میں اُٹھے گا۔ کہ اس کے چہرے پر گوشت نہ ہوگا۔ اور دُنیا میں یہ عذاب ہوگا۔ کہ اس کی محتاجی ختم نہیں ہوگی۔ لہٰذا جیسے بندہ خود مانگنا پسند نہیں کرتا۔ تو دوسرے کی بھی عزتِ نفس کا خیال رکھے گا۔

☆ نمبر **11**۔ گیارہویں نشانی یہ ہے۔ کہ! اگر کسی اور سے کوئی غلطی ہو جائے۔ تو یہ عذر تلاش کرے۔ مطلب یہ کہ! اگر کسی بندے نے فلاں وقت آپ کے پاس آنا تھا۔ اور وہ لیٹ ہو گیا۔ تو بجائے اس کے (کہ) وہ کوئی بہانہ تلاش کرے۔ تو آپ پہلے سے ہی اس کی طرف سے کوئی بہانہ پیش کر دیں۔ تاکہ وہ

شرمندگی سے بچ جائے۔ اگرکسی سے کوئی غلطی ہو۔تواس کی طرف سے اللہ تعالیٰ کا ولی خود عذر بنالیتا ہے۔تا کہ وہ شرمندہ نہ ہوں۔تا کہ اس کی عزتِ نفس مجروح نہ ہو۔جیسے کہ حضرت یوسفؑ کے بھائیوں نے آپؑ کوکنویں میں پھینکا۔والدحضرت یعقوبؑ سے جُدا کیا۔مگرحضرت یوسفؑ جب بادشاہ بنے۔تو آپؑ نے فرمایا۔تم تو مجھ سے جدانہیں ہوئے۔ بلکہ شیطان نے ہمارے مابین جدائی ڈال دی تھی۔تم تو ایسے ہیں ہو۔یعنی بجائے اس کے (کہ) بھائی عذر پیش کرتے۔آپؑ نے خودہی عذر بنایا۔تا کہ وہ شرمندگی سے بچ جائیں۔اسی طرح سے ایک اورمثال ہے۔کہ! حضرت حاتم اصمؒ کے پاس ایک عورت مسئلہ پوچھنے کے لئے تشریف لائی۔تو بیٹھے بیٹھے اس کی ریح خارج ہوگئی۔تو اسے بہت زیادہ شرمندگی (محسوس) ہونے لگی۔حضرت حاتم اصمؒ نے اس عورت کوشرمندگی سے بچانے کے لئے اپنے آپ کو بہرا ظاہر کیا۔کان پر ہاتھ رکھ کر کہنے لگا۔اے عورت ذراسا اونچا بولیں۔اس طرح سے اس عورت کی شرمندگی دور ہوگئی۔ پھرساری زندگی حضرت حاتم اصمؒ اپنے آپ کو بہرا ظاہر کرتے رہے۔حتی کہ آپؒ کا نام ہی اصم پڑ گیا۔جس کا معنٰی ہے بہرا۔اگر یہ کیفیت مل جائے۔کہ دوسروں کا عذرتلاش کرے۔اوراسے شرمندگی سے بچائے۔تو سمجھے۔کہ! قربِ الٰہی کی ایک اورسیڑھی بھی طے ہوگئی۔

☆ نمبر **12**۔گیارہویں نشانی یہ ہے۔کہ! ہرایک کے بارے میں اچھا گمان رکھے۔کسی کی بات کے دورُخ ہوں۔دو پہلو ہوں۔اچھا بھی ہو۔اور برا بھی ہو۔تو اچھے پہلو کا گمان کرے۔اور یوں کہے۔کہ! ہوسکتا ہے۔کہ! اس نے اس پہلو سے کہا ہو۔یعنی ہر بات کا مثبت پہلو نکالے۔ ہر وقت آپ کو ہرکسی کے لئے اچھا گمان رکھنا ہے۔کسی کی برائی کو دیکھ کر اپنی اچھائی نہ چھوڑنا۔ جیسے کہ ایک بزرگ کسی چشمے کے پاس تشریف فرما تھے۔تو انہیں ایک بچھو دکھائی دیا۔کہ وہ پانی میں گرا ہے۔آپ نے اُسے اپنی ہتھیلی پر رکھا۔اور پانی سے باہر نکال کر اُس کی جان بچائی۔اس بچھو نے ساتھ ہی ڈنگ ماردیا۔اور پھرچشمے میں گرگیا۔الغرض اُس بزرگ نے دوتین مرتبہ اُس بچھو کو پانی سے باہر نکالا۔تو بچھو نے فطرتاً اُسے پھر سے ڈنگ مارا۔کسی نے پوچھا۔وہ (بچھوتو) آپ کو مسلسل ڈنگ مار رہا ہے۔آپ پھربھی اُسے بچارہے ہیں۔تو بزرگ نے فرمایا۔کہ! کیا مَیں اُس کی برائی کو دیکھ کر اپنی اچھائی کو چھوڑ دوں ؟ تو گویا اگرکوئی برائی کرے۔یا برا گمان رکھے۔لیکن آپ نے ہمیشہ اچھا گمان رکھنا ہے۔اوراچھائی کرنی ہے۔اس طرح سے روحانیت کی اگلی سیڑھی بھی طے ہوجائے گی۔(ان شاءاللہ) اور بندہ روحانی طور پر بالغ ہوجائے گا۔(ان شاءاللہ)

حضرت شَیخ احمد دباغ صاحب کا شجرہ طریقت : جناب حافظ وحیداحمدالمعروف بہ حضرت شَیخ احمد دباغ۔سیدنا مرتضٰی۔سیدنا محمد شریف۔سیدنا عبدالعالی۔سیدنا محمد بن علی۔سیدنا سیداحمد بن ادریس۔سیدنا عبدالوہاب التازی۔سیدنا سیدعبدالعزیز الدباغ۔سیدنا عمر بن محمد۔ سیدنا العربی الفشتالی۔سیدنا محمد بن ناصر۔سیدنا احمد بن علی۔سیدنا ابوالقاسم۔سیدنا علی بن عبداللہ۔سیدنا احمد بن یوسف۔سیدنا احمد زروق۔سیدنا احمد الحضرمی۔سیدنا یحیٰ القادری۔سیدنا محمدالوفا۔سیدنا دوؤد بن الباخلی۔سیدنا احمد بن عطاءاللہ سکندری۔سیدنا ابوالعباس المرسی۔سیدنا ابوالحسن الشاذلی۔سیدنا عبدالسلام بن مشیش۔ سیدنا عبدالرحمٰن العطار۔سیدنا شعیب ابومدین المغربی۔سیدحضرت شیخ سیدعبدالقادر جیلانیؒ۔حضرت شیخ ابوسعیدمخزومیؒ۔حضرت شیخ ابوالحسن علی بن محمدالقرشی الھنکاریؒ۔حضرت شیخ ابوالفرح طرطوسیؒ۔حضرت شیخ ابوالفضل عبدالواحدالتمیمیؒ۔حضرت شیخ ابوبکرشبلیؒ۔حضرت شیخ ابوالقاسم جنید بغدادیؒ۔حضرت سری سقطیؒ۔ حضرت شیخ معروف کرخیؒ۔حضرت سیدابوالحسن علی ابنِ موسیٰ رضاؒ۔حضرت سیدموسیٰ کاظمؒ۔حضرت سیدجعفرصادقؒ۔حضرت سیدمحمد باقرؒ۔حضرت سیدزین العابدینؒ۔حضرت شہیدِکربلا جناب سیدحسینؓ۔حضرت سیدناعلی المرتضیٰؓ۔حضرت سیدالرسل امام الانبیاءمحمدرسول اللہ ﷺ۔

مدارج و مقاماتِ اولیاء اللہ : ☆ حضرت رسولِ مکرم ﷺ نےفرمایا۔کہ! اویس (حضرت اویس قرنیؓ) احسان ومہربانی کے اعتبار سے بہترین تابعین میں سے ہیں۔ (اوراسی طرح سے) آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے اپنی اُمت کی شفاعت کےحصول کی دُعا کے لئے اِنہیں حکم فرمایا تھا۔ ☆ ستراولیاءاللہؒ کو حضرت ذوالنون مصریؒ کی انتقال کی رات آنحضور نبی کریم ﷺ کی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔اورآنحضرت ﷺ نے فرمایا۔کہ! مَیں اللہ تعالیٰ کے دوست حضرت ذوالنون مصریؒ کے استقبال کے لئے آیا ہوں۔ ☆ حضرت جنید بغدادیؒ کا ایک نہایت مشہورومعروف قول ہے۔کہ! حضرت بایزید بسطامیؒ کواولیاء میں وہی مقام حاصل ہے۔جوحضرت جبرائیلِ امینؑ کوملائکہ میں۔(مزید فرمایا۔کہ) مقامِ توحید میں جملہ اسلاف کی انتہا حضرت بایزیدؒ کی ابتداء ہے۔ ☆ حضرت امام شافعیؒ فرماتے ہیں۔کہ! لوگ(جملہ فقیہ ومجتہدین اورعلمائے کرام) فقہ میں حضرت امام ابوحنیفہؒ کا کنبہ ہیں۔

☆ حضرت خواجہ غلام فرید کوٹ مٹھنؒ کے ملفوظات بنام '' مقابیس المجالس'' میں مرقوم ہے۔کہ! حضرت پیرانِ پیر جناب شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے کتاب ''**کشف المحجوب**'' ملاحظہ کرکے فرمایا۔کہ! اگرشیخ علی ہجویریؒ بقیدحیات ہوتے۔تو مَیں اُن سے جاکر دستِ بیعت ہوتا۔ ☆ مقابیس المجالس میں مرقوم ہے۔کہ! حضرت شیخ عثمان ہارونیؒ نے ایک مرتبہ اللہ تعالیٰ سے عرض کیا۔یا پروردگار! (میرے مریدحضرت خواجہ خواجگان) خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ کا آپ کی بارگاہ میں کیا مرتبہ ہے ؟ (تو اللہ تعالیٰ نے) فرمایا۔شیخ معین الدینؒ کا میری بارگاہ میں وہ مقام ہے۔کہ اگر جملہ اولیاء قیامت تک پروازکریں۔تواس کے پہلے قدم تک بھی نہیں پہنچ سکتے۔

ظلامِ بحر میں کھو کر سنبھل جا   تڑپ جا ، پیچ کھا کھا کر بدل جا
نہیں ساحل تیری قسمت میں ، اے موج   اُبھر کر جس طرف چاہے نکل جا
نہ تُو زمیں کے لئے ہے ، نہ آسماں کے لئے   جہاں ہے تیرے لئے ،تُو نہیں جہاں کے لئے

صد میدان (سلوک و معرفت کے ذریعے حصولِ ولایت کے میدان)

کجھ بغض دی ریت وچ نئی مِلدا ۔۔۔۔۔ کجھ ہار تے جیت وچ نئی مِلدا
رَب صِرف مسیت وِچ نئی مِلدا ۔۔۔۔۔ مخلوقِ خدا نال پیار تے کر

حضرت انسان ہمیشہ تحقیق وجستجو میں محو ومشغول رہا ہے ۔لیکن اولیاء اللہ کی یہ خواہش رہی ہے ۔کہ! وہ سلوک میں بھرپور سعی کریں ۔سلوک ہے کیا؟ سلوک دراصل اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا راستہ بطریقِ کشفی ، نہ کہ بطریقِ استدلال وعلم ۔اس راستے پر چلنے والے سالک کہتے ہیں ۔

وقتِ خاص یا اوقاتِ مخصوصہ میں مبتدی پر یادِ باری تعالیٰ کا اس قدر غلبہ ہوتا ہے ۔کہ دوسرے تخیلات وتصورات اس کے ذہن سے محو ہوجاتے ہیں ۔یہ منجانب الٰہی ایک کشش ہوا کرتی ہے ۔جو کہ باعثِ ترقیاتِ مزید کا اشارہ ہوتی ہے ۔اس حالت وکیفیت کو" **صفائی مبتدی** " کہا جاتا ہے ۔جو کہ صفائیء وقت کی پہلی قسم ہے ۔کیونکہ یہ حالے مبتدیوں پر طاری ہوتی ہے ۔اس مرتبہ کے صوفی کو" سالکِ مجذوب " کہا جاتا ہے ۔

کوئی صوفی جب ایسے اوقات میں آتے ہیں ۔کہ جن میں اُس پر تجلیات وارد ہوتی ہیں ۔تو اس حالت وکیفیت کو صفائی متوسط کہتے ہیں ۔کیونکہ! یہ حالت متوسطین پر طاری ہوتی ہے ۔اس مرتبہ کے صوفی کو **مجذوب** کہتے ہیں ۔

جب کوئی صوفی واصلِ ذاتِ حق ہوکر مقامِ تمکین میں جا پہنچتا ہے ۔اور اُس پر عجائبات وغرائبات ومکشوفات وارد ہوتے ہیں ۔اور وہ اپنے قلب سے سنتا دیکھتا اور جانتا ہے ۔تو اس حالت کو" **صفائی منتہی** " کہتے ہیں ۔اس مرتبہ کے صوفی کو" **مجذوبِ سالک** " کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے ۔ایسا سالک سلوک میں پختہ ہوچکا ہوتا ہے ۔اور وہ مزید مراتب ومقامات طے کرتا چلا جاتا ہے ۔ایسے سالک کو آگے جاکر حضوری بھی نصیب ہوجاتی ہے ۔اس سالک کا مکمل اعتماد وتوکل صِرف ذاتِ حق سے وابستہ ہوتا ہے ۔

حضرت پیرِ ہرات (افغانستان) جناب **خواجہ شیخ الاسلام عبداللہ انصاری ہروی**ؒ اپنی مشہورِ زمانہ کتاب **صد میدان** میں فرماتے ہیں ۔کہ! بیان کیا جاتا ہے ۔کہ! **حضرت خضرؑ** نے فرمایا ۔کہ! **بندے اوراس کے خالق کے مابین ایک ہزار مقامات ہیں** ۔اسی طرح کا قول حضرت ذوالنون مصریؒ ،حضرت بایزید بسطامیؒ اور حضرت ابوبکر کتانیؒ سے بھی منقول ہے ۔

حضرت ذوالنون مصریؒ نے فرمایا ۔ وہ ایک ہزار علوم ہیں ۔
حضرت سلطان العارفین شیخ بایزید بسطامیؒ نے فرمایا ۔ وہ ایک ہزار محل ہیں ۔
جبکہ حضرت ابوبکر کتانیؒ نے فرمایا ۔ وہ ایک ہزار مقامات ہیں ۔

اسی ضمن میں قرآنِ حکیم میں ارشادِ رحمانی ہے ۔ **ھم درجٰت عند اللہ** ۔(یعنی کہ) ان لوگوں کے اللہ تعالیٰ کے ہاں مختلف درجات ہیں ۔(حضرت خواجہ عبداللہ انصاریؒ فرماتے ہیں ۔کہ اس آیت میں بیان کردہ درجات ہی) وہ ہزار مقامات ہیں ۔وہ ہزار مقامات ایسی منازل ہیں ۔کہ اہلِ سلوک ان پر گامزن ہوتے ہیں ۔یہاں تک کہ طالبانِ حق کو انہیں مقامات سے درجہ بدرجہ گزارا جاتا ہے ۔اور انسان بالآخر حق تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبول ومقرب ہوجاتا ہے ۔جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔کہ! **یبتغون الی ربھم الوسیلۃ ایھم اقرب** ۔(یعنی کہ) وہ خود اپنے پروردگار کے ہاں وسیلہ تلاش کرتے رہتے ہیں ۔کہ کون ان میں سے اللہ تعالیٰ کا زیادہ مقرب ہوتا ہے ۔ان ہزار مقامات میں سے ہر مقام پر چلنے والے کے لئے منزل اور پانے والے کے لئے مقام ہے ۔اس علمِ مخفی کو بیان کرنے والے تین قسم کے افراد ہیں ۔

- ☆ **اھلِ تحقیق** : یعنی وہ افراد کہ جنہوں نے عرفانِ حق حاصل کرنے کے بعد ان کے کلام سے نور ظاہر ہوتا ہے ۔
- ☆ **اھلِ سماع** : یعنی وہ افراد کہ جن کی (خلقِ خدا سے) یکانگی ، ان کے کلام سے مترشح ہوتی ہے ۔
- ☆ **اھلِ دعوٰی** : یعنی وہ افراد جنہیں اپنے دعوٰی پروحشت کی حد تک (زعم) ہے ۔اسی لئے ان کے کلام سے دیدہ دلیری ٹپکتی ہے ۔

کر کر بدیاں بڈھا ہویا ، نکل گیا کُب تیرا ۔۔۔۔۔ فیر وی بدیوں باز نہ آیا ، واہ واہ شخص دلیرا

یادرہے ۔کہ! اس علم کی دلیل یافت ہے ۔اوراس کی صحت کی علامت اس کا انجام ہے ۔اوران ہزار مقامات میں لحہ بھر کے لئے بھی مندرجہ ذیل چھ چیزوں کے بغیر چارہ نہیں ۔ پیرویء سنت ۔ تعظیمِ امر ۔ بیمِ مکر ۔ لزومِ عذر ۔ مل جل کر زندگی گزارنا ۔ مخلوقِ خدا پرشفقت ۔

ہر چند کہ شریعت سر بسر حقیقت ہے ۔اورحقیقت تمام شریعت ۔(یعنی) حقیقت کی بنیاد شریعت ہے ۔اورشریعت حقیقت کے بغیر اورحقیقت شریعت کے بغیر بے کار ہے ۔اورعمل کرنے والے ان ہردونوں کے بغیر (بالکل ہی نامراد ونا کارا ور) بے کار ہیں ۔

ان ہزار منازل میں سے ہر منزل کی اولین شرط یہ ہے ۔کہ اس میں توبہ کے ساتھ داخل ہوا جائے ۔اورتوبہ کرکے ہی اس سے نکلا جائے ۔کیونکہ! فرمانِ الٰہی ہے ۔کہ! **و توبوا الی اللہ جمیعا ایہ المؤ منون** ۔(یعنی کہ) اے اہلِ ایمان! تم سن اللہ تعالیٰ کے حضور توبہ کرو ۔(توبہ نہ کرنے والوں کے متعلق بھی فرمانِ ربانی ہے ۔کہ!) **و من لم یتب فأ و لئک ھم الظلمون** ۔(یعنی کہ) اورجولوگ توبہ نہیں کرتے ۔پس وہی لوگ ظالم ہیں ۔(ذہن نشین رہے ۔کہ) اللہ تعالیٰ کے برگزیدہ ترین لوگ یعنی انبیائے کرامؑ باوجود معصومیت اور **خلاص عن العاصی** کے توبہ کرنا اپنے اوپر لازم سمجھتے تھے ۔جاننا چاہیئے ۔کہ! علم

زندگانی، حکمت آئینہ، قناعت حصار، اُمیدِ شفاعتِ کنندہ کا علاج ذکرِالٰہی اور توبہ (ہر دنیاوی زہر کا واضح) علاج ہے۔توبہ کرنے والے کی آہ وزاری شیطانِ لعین کو دفع ودور کرتی ہے۔گناہوں کو دھو کہ قلب وروح کو پاک ومصفیٰ کر دیتی ہے۔اور کشائشِ دل اور قربِ الٰہی کا موجب بنتی ہے۔توبہ راستے کا نشان، باریابی کی رہنما، خزانے کی کلید وصالِ محبوب کی شفیع، عظیم وسیلہءقبولیت کی شرط اور تمام مسرتوں کا سرچشمہ ہے۔

بہر حال! آشنائی سے دوست داری تک ہزار مقامات ہیں۔اور آگاہی سے دلیری تک ہزار منازل ہیں۔اور (مصنف حضرت خواجہ عبداللہ انصاری ہرویؒ کی کتاب مستطاب) صد میدان اِن سب (یعنی ہزار مقامات اور ہزار منازل) پر محیط ہے۔اور اللہ تعالیٰ ہی سے معاونت طلب کی جاتی ہے۔کتاب میں مندرج صد میدان یہاں پر بیان کیے جار ہے ہیں۔تا کہ ہم سب ان صد میدانوں سے مستفید ومتنفع ہوسکیں۔ان شاءاللہ العظیم۔

کتاب میں مندرج صد میدان یہ ھیں۔

توبہ۔ مروت۔ انابت۔ فتوت۔ ارادت۔ قصد۔صبر۔ جہاد۔ ریاضت۔ تہذیب۔ محاسبہ۔ یقظہ۔ زہد۔ تجرید۔ ورع۔ تقوٰی۔ معاملہ۔ مبالات۔ یقین۔ بصیرت۔ توکل۔ لجا۔ رضا۔ موافقت۔ اخلاص۔ تبتل۔ عزم۔ استقامت۔ تفکر۔ فقر۔ تواضع۔ خوف۔ دجل۔ رہبت۔ اشفاق۔ خشوع۔ تذلل۔ اخبات۔ الباد۔ ہیبت۔ فرار۔ رجاء۔ طلب۔ رغبت۔ مواصلت۔ مداومت۔ خَطَرَت۔ ہمت۔ رعایت۔ سکینہ۔ طمانیت۔ مراقبت۔ احسان۔ ادب۔ تمکن۔ حرمت۔ غیرت۔ جمع۔ انقطاع۔ صدق۔ صفا۔ ثِقَت۔ ایثار۔ تفویض۔ فتوح۔ غربت۔ توحید۔ تفرید۔ علم۔ بصیرت۔ حیات۔ حکمت۔ معرفت۔ کرامت۔ حقیقت۔ ولایت۔ تسلیم۔ استسلام۔ اعتصام۔ انفراد۔ سر۔ غناء۔ بسط۔ انبساط۔ سماع۔ اطلاع۔ وجد۔ لحظہ۔ وقت۔ نفس۔ مکاشفہ۔ سرور۔ انس۔ وہشت۔ مشاہدہ۔ معاملہ۔ فناء۔ بقاء۔

صد میدانوں کی مختصر مگر جامع تفصیل صد میدان (شیخ انصاری) سے منقول ہے۔ان صدکی مَیں (البلوشی) نے مزید کچھ اضافی شرح بیان کی ہے۔

الفاظ و معانی میں تفاوت نہیں لیکن ملا کی اذاں اور، مجاہد کی اذاں اور

☆ **توبة**۔میدانِ اول مقام توبہ ہے۔اور توبہ درحقیقت حق تعالیٰ کی جانب لَوٹنے کا نام ہے۔توبہ کے متعلق ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! ۔اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالی شان ہے۔کہ! **و تـوبوا الی الله جميعا. ايه المؤ منون لعلکم تفلحون** ۔(سورہ نور۔آیت **31**) اور تم سب اللہ تعالیٰ کی طرف (آگے) توبہ کرو۔اے ایمان والو! تا کہ تم فلاح پاؤ۔(یعنی جو شخص توبہ کرتا رہے گا۔وہ ضرور فلاح پائے گا۔انشاءاللہ) اسی طرح سے قرآنِ حکیم میں ارشادِ رحمانی ہے۔کہ! **تو بوا الی الله تو بة نصوحا** ۔(ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے آگے صاف دل سے توبہ کرو۔(القرآن۔**66 : 8**)

اسی ضمن میں احادیثِ نبوی ﷺ بھی موجود ہیں۔کہ آنحضور نبی مکرم ﷺ ستر اور سو مرتبہ اللہ تعالیٰ کے حضور توبہ کیا کرتے تھے۔حالانکہ آپ ﷺ تو ہر قسم کے گناہوں سے محفوظ ومعصوم اور پاک تھے۔لیکن توبہ کا عمل چونکہ اللہ تعالیٰ کو بہت محبوب ہے۔اسی لئے حضور اکرم ﷺ اللہ تعالیٰ کی مزید محبوبیت وقربت کے لئے توبہ کے عمل کو اختیار کئے ہوئے تھے۔(صحیح مسلم شریف میں سو مرتبہ توبہ کا ذکر ہے) اسی ضمن میں مزید عرض ہے۔کہ! آنحضور نبی مکرم ﷺ کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے بھی توبہ واستغفار کرنے کا حکم تھا۔ **فسبح بحمد ربک واستغفره. انه کان توابا** ۔(سورہ نصر۔**03**) تو پھر آپ ﷺ اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کیجیئے۔اور اس سے مغفرت طلب کیجیئے۔یقیناً وہ بہت توبہ قبول فرمانے والا ہے۔ اسی طرح سے اللہ تعالیٰ نے عوام الناس کو مخاطب کرتے ہوئے حکم فرمایا ہے۔کہ! **واستغفروا الله. ان الله غفور رحيم** ۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر **199**) اور اللہ تعالیٰ سے بخشش کی طلب کرتے رہو۔یقیناً اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے۔ اسی طرح مغفرت کے فوائد کے ضمن میں اللہ تعالیٰ کا توبہ کرنے والوں کے ساتھ یہ عہد ہے۔کہ! ''**فقلت استغفروا ربکم . انه کان غفارا. یر سل السمآء عليکم مدرارا و يمدد کم باموال و بنين و يجعل لکم جنّٰت و يجعل لکم انهٰرا** ۔(**ترجمہ**) پھر مَیں نے کہا۔اپنے پروردگار سے مغفرت مانگو۔یقین جانو (کہ) وہ بہت بخشنے والا ہے۔وہ (رب متعال) تم پر خوب بارشیں برسائے گا۔اور تمھارے مال واولاد میں ترقی دے گا۔اور تمھارے لئے باغات پیدا کرے گا۔اور تمھاری کا طرنہریں مہیا کرے گا۔(سورہ نوح۔آیت نمبر **12-10**) (پھر آگے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ) **ما لکم لا تر جون لله وقارا** ۔(**ترجمہ**) تمھیں کیا ہوگیا ہے۔کہ! تم اللہ تعالیٰ سے کسی وقار کی امید نہیں رکھتے ہو۔

☆ لہذا ہماری ہمیشہ یہ دعا ہونی چاہیئے۔ **اللهم انی اسئلک التو بة. اللهم انی اسئلک شهوة التو بة** ۔(ترجمہ) یااللہ تعالیٰ مَیں آپ سے توبہ کا سوال کرتا ہوں۔یااللہ تعالیٰ میں تجھ سے توبہ کی خواہش کا سوال کرتا ہوں۔اسی طرح سے ایک اور حدیثِ نبوی ﷺ میں ہے۔کہ! جو شخص استغفار کو اپنے اوپر لازم کرلیتا ہے۔تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ہر تنگی سے نکلنے کا راستہ نکال دیتا ہے۔کیونکہ! یہ بات ہمیشہ ذہم نشیں رہنی چاہیئے۔کہ توبہ کی توفیق بھی کسی کسی کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے میسر ہوتی ہے۔صاحب غنیۃ الطالبین فرماتے ہیں۔کہ! توبہ (توبۃ النصوح) کرنے والے کو اللہ تعالیٰ چار (**04**) انعامات کے ساتھ نوازتا ہے۔**01**۔تائب شخص کو گناہ سے ایسے الگ کر دیتا ہے۔کہ جیسے اس نے کبھی (کوئی صغیرہ وکبیرہ) گناہ کیا ہی نہ ہو۔**02**۔تائب شخص کو اللہ تعالیٰ اپنا (خاص الخاص) محبوب بنا لیتا ہے۔ **03**۔تائب شخص پر اللہ تعالیٰ شیطانِ لعین کو مسلط نہیں ہونے دیتا۔بلکہ ہمیشہ اس کی حفاظت کرتا ہے۔ **04**۔تائب شخص کو دنیا سے رخصت ہونے سے پہلے خوف (قبر وجہنم) سے بچالیتا ہے۔ توبہ کے متعلق تفصیلات پچھلے صفحات پر درج کر دی گئی ہیں۔وہاں سے دیکھ کر تشنگی دور ہوسکتی

ہے۔ **توبہ کے تین اراکین** ہیں۔ دل میں نادم ہونا۔ زبان پر معذرت کا اظہار کرنا۔ بدی اور بدی کرنے والوں سے انقطاعِ تعلق۔ **توبہ کی تین اقسام** ہیں۔توبہء مطیع (بندگی کو بڑا سمجھنے سے۔یعنی خود کو اپنے عمل کے باعث نجات یافتہ سمجھنا)۔ توبہء عاصی (کسی بھی گناہ کو معمولی خیال کرنے سے۔یعنی عمل کے مقصد کو حقارت کی نگاہ سے دیکھنا)۔ توبہء عارف (احسان فراموشی سے۔ یعنی اپنے اعمال و کردار کے (ظاہری و باطنی) عیوب تلاش نہ کرنا)۔

☆ **توبہ کرنے کے فوائد :** (فرمانِ باری تعالیٰ ہے۔کہ) **یا یھا الذین اٰمنوا توبوا الی اللہ توبۃ نصوحا.عسیٰ ربکم ان یکفر عنکم سیاٰتکم و ید خلکم جنٰت تجری من تحتھا الانھٰر** ۔(سورہ تحریم۔آیت نمبر 08) اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ کی جناب میں خالص توبہ کرو۔امید ہے۔(کہ) تمھارا رب تم سے برائیوں کو دور کردے گا۔اور تمھیں ایسے باغات میں داخل کردے گا۔جن کے دامن میں ندیاں بہتی ہیں۔

علمائے کرام فرماتے ہیں۔کہ! سچی توبہ بھی اللہ تعالیٰ کی عطا ہے۔ بلکہ بہت بڑا انعام ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ ایسے لوگس کو اپنا محبوب بنا لیتا ہے۔اور انہیں یہ چار انعامات لازمی عطا فرماتا ہے۔ 1 صغیرہ و کبیرہ گناہوں سے مغفرت عطا فرمانا۔ 2 گناہوں کو نیکیوں میں تبدیل کر دینا۔ 3 آسمان سے بارانِ رحمت کا نزول فرمانا۔ 4 مال و اولاد و باغات و انہار جیسی مختلف الاقسام نعمتوں سے نوازنا۔

☆ **اللہ تعالیٰ کن لوگوں کی توبہ قبول کرتا ھے ؟** (فرمانِ باری تعالیٰ ہے۔کہ) **انما التوبۃ علی الذین یعملون السوٓء بجھالۃ ثم یتوبون من قریب فاولٰئک یتوب اللہ علیھم. وکان اللہ علیما حکیما** ۔(سورہ نسآء۔آیت نمبر 17) اللہ تعالیٰ صرف انہی لوگوں کی توبہ قبول کرتا ہے۔ جو بوجہ نادانی کوئی برائی کرگزریں۔ پھر جلد اس سے باز آجائیں۔اور توبہ کرلیں۔تو اللہ تعالیٰ بھی ان کی توبہ قبول کرتا ہے۔اللہ تعالیٰ بڑے علم والا حکمت والا ہے۔اسی طرح قرآنِ حکیم میں ایک اور جگہ آیا ہے۔کہ! **فمن تاب من م بعد ظلمہٖ واصلح فان اللہ یتوب علیہ. ان اللہ غفور رحیم** ۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر 39) پھر جو شخص اپنی ظالمانہ کاروائی سے توبہ کرلے۔اور معاملات درست کرلے۔تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کرلے گا۔بے شک اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔

وہ کون ہیں جنہیں توبہ کی مل گئی فرصت ہمیں گناہ بھی کرنے کو زندگی کم ہے

☆ **اللہ تعالیٰ کن لوگوں کی توبہ قبول نہیں کرتا ؟** (فرمانِ باری تعالیٰ ہے۔کہ) **ولیست التوبۃ للذین یعملون السیاٰت. حتی اذا حضر احدھم الموت قال انی تبت الٰئن ولا الذین یموتون وھم کفار. اولٰئک اعتدنا لھم عذابا الیما** ۔(سورہ نسآء۔آیت نمبر 18) ان کی توبہ نہیں۔جو برائیاں کرتے چلے جائیں۔یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کے پاس موت آجائے۔تو کہہ دے کہ اَب مَیں نے توبہ کی۔اور ان کی توبہ بھی قبول نہیں۔جو کفر پر ہی مرجائیں۔یہی (درحقیقت وہ) لوگ ہیں۔جن کے لئے ہم نے المناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اسی طرح ایک اور جگہ پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! **ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ ویغفر مادون ذٰلک لمن یشآء. ومن یشرک باللہ فقد افترٰی اثما عظیما** ۔بے شک! اللہ تعالیٰ اپنے ساتھ شریک کئے جانے کو نہیں بخشتا۔اور اس کے سوا جسے چاہے بخش دیتا ہے۔اور جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک مقرر کرے۔اس نے بہت بڑا گناہ اور بہتان باندھا۔(سورہ نساء۔آیت نمبر 48) بزرگانِ دین نے فرمایا ہے۔کہ! اگر خدانخواستہ گناہ کے بعد دس اُمور کو سرانجام دیئے جائیں۔تو سابقہ تمام گناہوں (صغیرہ وکبیرہ) کا کفارہ ہوجاتا ہے۔اِن میں سے پانچ اُمور کا تعلق دل سے ہے۔جبکہ! پانچ امور کا تعلق بدن سے ہے۔

دل سے متعلق پانچوں اُمور یہ ھیں : ☆ سچی توبہ کرنا۔ ☆ آئندہ کوئی (صغیرہ وکبیرہ) گناہ نہ کرنے کا مصصم عزم۔☆ گناہوں کی وجہ سے خوفِ عذاب کا شدید غلبہ۔☆ اللہ تعالیٰ سے معافی کی اُمید۔ ☆ دائمی طور پر تقوٰی اختیار کرنا۔

بدن سے متعلق پانچوں اُمور یہ ھیں : ☆ دو رکعت نمازِ توبہ ☆ ستر یا سو مرتبہ **استغفار** کرنا (پڑھنا) ☆ **سبحان اللہ العظیم و بحمدہٖ** ☆ ایک دن کا نفلی روزہ رکھ کر صدقہ و خیرات کرنا۔ ☆ آئندہ بُری صحبت ترک کردینا۔ (یاد رہے۔کہ!) وصول الی اللہ کے لئے سب سے پہلی و لازمی شرط ''توبہ'' کرنا ہے۔کیونکہ سالک توبہ کرتے ہوئے ہی اللہ تعالیٰ تک پہنچتا ہے۔

حضرت حسنؓ نے فرمایا۔کہ! توبہ چار ستونوں پر قائم ہے۔زبان سے بخشش مانگنا۔دل سے نادم ہونا۔اعضاء سے گناہ چھوڑنا اور دل میں یہ ارادہ رکھنا کہ دوبارہ گناہ نہیں کروں گا۔نیز فرمایا۔کہ! خالص توبہ تو یہ ہے۔کہ! توبہ کرنے کے بعد وہ گناہ زندگی بھر کبھی بھی نہ کرے۔جس سے توبہ کی تھی۔ حضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! پشیمانی توبہ ہے۔اور آپ ﷺ نے (یہ بھی) فرمایا۔کہ! جس نے گناہ کیا۔پھر اسی پر پشیمان ہوا۔تو یہ اس گناہ کا کفارہ ہے۔

توبہ کی دس شرائط :

امام اجل حضرت سیدنا شیخ ابوطالب مکیؒ اپنی کتاب قوت القلوب میں فرماتے ہیں کہ ہر گناہ سے توبہ کی حقیقت دس اعمال پر مُشتمل ہے۔کوئی بندہ خُدا جب تک کہ توبہ کی دس شرائط پوری نہ کرلے ایسا توبہ کرنے والا نہیں بن سکتا۔جو اللہ تعالیٰ کا محبوب ہو اور نہ ہی اس کی یہ توبہ ایسی خالص شمار ہوگی۔کہ جسے اللہ تعالیٰ نے (حصولِ مغفرت کے لئے) شرط ٹھہرایا۔اور حدیثِ نبوی ﷺ میں اس کی وضاحت بھی مروی ہے۔چنانچہ وہ شرائط یہ ہیں۔ ☆ گناہ کی جانب دوبارہ نہ لوٹنے سے توبہ کرے۔☆ زبان سے توبہ کرے۔ ☆ گناہ کے سبب کے ساتھ مِلنے سے توبہ کرے۔ ☆ اس کی مِثل کوئی دوسرا گناہ کرنے سے توبہ کرے۔ ☆ گناہ کی

طرف دیکھنے سے توبہ کرے۔☆ گناہ کے متعلق باتیں کرنے والے لوگوں کی باتیں سُننے سے توبہ کرے۔ ☆ گناہ کے متعلق سوچنے سے توبہ کرے۔ ☆ توبہ کے حق میں کوتاہی برتنے سے توبہ کرے۔ ☆ وہ تمام گناہ جنہیں اس نے اللہ تعالیٰ (کی رضا کے حصول) کے لئے چھوڑا۔ ان میں خالص رضائے الٰہی کا حصول مُراد ہونے سے توبہ کرے۔☆ اپنی توبہ کی جانب دیکھنے،اس سے راحت پانے اوراس پرناز کرنے سے توبہ کرے۔

تو تو بہ مکن کہ من شکستم تو بہ ہرگز ناید زِ جان مستم تو بہ
صد بار و ہزار بار بستم تو بہ خون میگرید زِ دست دستم تو بہ

توبہ کے باوجود راحت نہ مِلنا :

امام اجل حضرت سیدنا شیخ ابو طالب مکی ؒ اپنی کتاب قوت القلوب میں فرماتے ہیں کہ جب تم خود کو توبہ پر ثابت قدم ، گناہوں سے بچنے اور نیک اعمال کرنے کے باوجود اپنے اندر حلاوت یا حسنِ خلق یا زُہد یا نیکی کی کوئی خاصیت نہ پاؤ تو مراقبہ یا نفس کی کڑی نگرانی کی جانب لوٹ جاؤ اوران دونوں حالتوں پر خوب نظر رکھو۔انہیں مزید کڑا اور پختہ کرو۔کہ انہی دونوں حالتوں سے گزر کر ہی تم اس مقام خاص تک پہنچو گے۔ بعض علمائے عُظام کے لئے فرمان ہے۔کہ! جس نے 99 گناہوں سے توبہ کرلی اور صِرف ایک گناہ سے توبہ نہ کی۔تو وہ توبہ کرنے والوں میں سے نہیں۔(یاد رہے۔کہ!) تمام نمازوں کے بعد توبہ (یعنی ہر نماز کے بعد استغفار پڑھنا) کی تجدید اوراحوال کی دیکھ بھال سے ہرگز غافل نہ ہوں۔کیونکہ عاملین احوال کی دیکھ بھال اور مُحاسبہ نفس کوترک کرنے اوراپنے اعمال میں تساہُل برتنے کے سبب اسی طرح سے خسارے کا شِکار ہو جاتے ہیں۔کہ انہیں معلوم تک نہیں ہوتا۔

اگر بخشے زہے قسمت ، نہ بخشے تو شکایت کیا سرِ تسلیم خم ہے ، جو رضائے یار میں آئے

بہر حال! بندہء خدا کو چاہیئے۔کہ! اپنے امورِ دین و دنیا اوراذکار و اشغال کے اوقات کا پورا پورا حساب رکھے۔اگر تو وقت کارِ خیر میں صَرف ہوا ہو۔تو اللہ تعالیٰ کا ہمہ وقت شکر ادا کرتا رہے۔لیکن اگر وقت کارِ شر(غیر شرعی و ناجائز اور غلط امور) میں ضائع ہوا ہے۔ تو اپنی حیثیت و مرتبے کے مطابق توبہ و استغفار کرتا رہے۔ یعنی کہ کچھ دیر بعد وہ دیکھے۔کہ اس کا کوئی لمحہ (خدانخواستہ) غفلت میں تو نہیں گزرا۔اگر درمیان میں کبھی غفلت آ بھی جائے (کیونکہ! انسان حقیقت میں تو خطاکار ہی واقع ہوا ہے) تو توبہ و استغفار کرے۔اور آئندہ کبھی ایسی غفلت نہ کرنے کا پختہ عزم کرلے۔اس نگرانی و محافظت سے بالآخر وہ (سالک) دائمی حضوری کی منزلِ عظیم کو پہنچ ہی جائے گا۔حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند ؒ کے نزدیک اس بیداری و نگرانی کو بار بار نگاہ میں رکھنا خود ایک متوسط سالک کے لئے پریشان خاطری کا مؤجب ہے۔کیونکہ! سالک کے لئے اصل بات تو توجہ الی اللہ میں ہمہ وقت استغراق و محویت ہی ہے۔اس استغراق و محویت میں توجہ یا عدم توجہ کا علم رکھنے کی پابندی بجائے خود اصل سے توجہ ہٹانے کا باعث ہے۔

اس لئے کہ! ''حسنات الابرار سیأت المقربین '' (یعنی) ابرار (نیک لوگ یا اتقیاء) کی نیکیاں، مقربین کی بُرائیاں ہیں۔

اس جملے ''حسنات الابرار سیأت المقربین '' کی کچھ شرح پیشِ خدمت ہے۔مجتہدینِ طریقت کے نزدیک اعمال کی دو اقسام ہیں۔

اول۔ اعمالِ ابرار۔ دوئم۔ اعمالِ مقربین۔

اعمالِ ابرار : ابرار (یعنی نیک اور متقی لوگ) سے مقصودِ امتثالِ امر اور حصولِ ثواب ہوتا ہے۔ایسے لوگ تکرارِ اسمِ ذات (اللہ) اور نفی اثبات و پاس انفاس جیسے اذکار کی کثرت اور فرضی (پنج وقتہ) نمازوں سے عالمِ وجوب (وجوب بمعنی واجب و لازم) کی جانب عروج منازل طے کرتے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ نفلی روزوں کی بھی کثرت کرتے ہیں۔تاکہ نفس کے مغلوب ہونے سے کسرِ شہوت حاصل ہو۔جیسا کہ! ایک حدیث میں واضح ہے۔کہ! **خصآء امتی الصیام**۔ اسی طرح وہ بطریقِ سلوک اعمال بجالاتے ہیں۔تاکہ تزکیہء عناصر و تصفیہء نفس حاصل ہوسکے۔اِن کے نزدیک زھد و ریاضت اور جہاد بالنفس ہی بنیادی طریقہ ہے۔

اعمالِ مقربین : جبکہ مقربین کے نزدیک اعمال سے مقصودِ امتثالِ امر اور حصولِ ثواب کے علاوہ درجاتِ فناء و بقاء کے ذریعے رضائے الٰہی کا حصول ہوتا ہے۔یہ لوگ تکرارِ اسمِ ذات (اللہ) اور نفی اثبات و پاس انفاس جیسے اذکار کی کثرت کے ساتھ ساتھ تلاوت قرآنِ حکیم، نمازوں (داخلِ نماز و خارجِ نماز) سے بھی کام لیتے ہیں۔تاکہ عالمِ وجوب کے ظلال کی گرفتاری سے رہائی پا کر عروج کے بعد نزول اور فناء کے بعد بقاء سے متحقق ہوسکیں۔یہ لوگ نفلی روزوں کے بجائے نفلی نمازوں کی کثرت پر زور دیتے ہیں۔تاکہ وصل و قربت کا حصول ممکن ہوسکے۔یہ لوگ بمطابق حدیثِ قدسی ''**لا یزال عبدی یتقرب الی با لنوافل** ۔۔۔'' بطریقِ جذب اعمال کی ادائیگی کا طریقہ اختیار کرتے ہیں۔تاکہ معرفت و حقیقت اور مشاہدہ حق جلدی حاصل ہوسکے۔ کیونکہ! اِن کے نزدیک فناء و بقاء بنیادی طریقہ ہے۔حضرت مولائے رومؒ نے ان دونوں کے اعمال کو ایک ہی شعر میں بیان فرمایا ہے۔

سیرِ زاہد ہر شئے یک روزہ راہ سیرِ عارف ہر دمے تا تختِ شاہ

ماحصل ان دونوں اعمال کا یہ ہے۔کہ! ابرار کے اعمال و وظائف بمنزلہ جسم وظل ہیں۔اور مقربین کے اعمال و وظائف بمنزلہ روح واصل ہیں۔اسی تو عارفین کے نزدیک ابرار کی نیکیاں مقربین کے گناہ شمار کی جاتی ہیں۔ (واللہ اعلم)

مختلف مفاھیم (حسنات الابرار سیئات المقربین) :

☆ پہلامفہوم : جو امورا برار کے نزدیک بدعتِ حسنہ ہیں۔ وہ مقربین کے نزدیک بدعتِ سیئہ ہیں۔ جیسا کہ فرمانِ نبوی ﷺ ہے۔ **کل محدثۃ بدعۃ و کل بدعۃ ضلالۃ و کل ضلالۃ فی النار** ۔(ترجمہ) ہرنیا کام بدعت ہے۔اور ہر بدعت گمراہی ہے۔اور ہر گمراہی جہنم میں لے جانے والی ہے۔(سنن نسائی شریف) گویا کہ مقربین بدعتِ حسنہ اور سیئہ کی طرف تقسیم ہونے کے قائل نہیں ہوتے۔کیونکہ! وہ ہر بدعت کوسیئہ قرار دیتے ہیں۔ ☆ دوسرامفہوم : ابرار کانسیان مقربین کے لئے عصیان ہے۔جیسا کہ **فنسی آدم** (حضرت آدمؑ پھر بھول گئے) اور **عصیٰ ادم ربہ فغویٰ** (حضرت آدمؑ نے اپنے رب کی نافرمانی کی۔اوروہ راہ سے گم ہوگئے) کے کلمات میں نسیان کوعصیان کےعنوان سے تعبیر فرما کرحزن وندامت کی راہ سے حضرت آدمؑ کی جلالی تربیت فرمائی۔تا کہ عبدیت حضرت آدمؑ خلافتِ الٰہیہ کا بار اُٹھا سکے۔

☆ تیسرامفہوم : ابرار کےنزدیک جومقامِ قرب ووصل کہلاتا ہے۔مقربین کے لئے وہ مقامِ حجاب وفصل ہوتا ہے۔بقول رومیؒ

وصلت عامہ حجاب خاصداں طاعتِ عامہ گناہِ خاصگاں

☆ چوتھامفہوم : ابرار کی عبادت میں عذاب کا خوف اورثواب کا طمع مطلوب ومقصوداورملحوظ رہتا ہے۔جبکہ مقربین کی عبادت کا منشاءصرف رضائےحق ومحبت ذاتی کے سوا کچھ نہیں ہوتا۔پس اس اعتبار سے ابرار کے اعمال،مقربین کی نیکیاں من کل الوجوہ حسناتِ مخصہ ہیں۔

جن کا عمل ہے بے غرض ان کی جزاء کچھ اور ہے حور و خیام سے گزر بادہ و جام سے گزر

☆ پانچواں مفہوم : قرب کےاعتبار سےابرار کا درجہ ماسبق یعنی عملِ متروک مقربین کےنزدیک درجہ مابعد یعنی عملِ مامور کی نسبت سے ''ذنب'' (یعنی اپنےاوپرلگائے گئے الزام) کہلاتا ہے۔اوروہ اس پہلے درجہ سےاستفادہ کرتے ہیں۔جیسا کہ رب متعال نےاپنے محبوب ﷺ سےفرمایا۔ **واستغفر لذ نبک** ۔(اوربخشش طلب فرمائیں اپنے ذنب کے لئے)اوردوسری جگہ فرمایا۔ **لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تا خر** ۔(تا کہ اللہ تعالیٰ آپ کی اگلی پچھلی ہرلغزش سےدرگزرفرمائے)نیز آنخضورنبی مکرم ﷺ نےفرمایا۔ **استغفر اللہ واتوب الیہ فی الیوم اکثر من سبعین مرۃ** ۔(یعنی نبی مکرم ﷺ کا دن رات میں ستر مرتبہ استغفار کرنا)ایک حدیثِ مبارکہ میں سومرتبہ آنخضرت نبی کریم ﷺ کا کرنا بھی منقول ومروی ہے۔ مگر یاد رہے۔کہ! انبیاءؑ اوررسلؑ چونکہ ہرقسم کے گناہ ومعصیت سےمعصوم و مامون ہوتے ہیں۔لہذا مذکورہ آیات میں ذنب سے مراد گناہ نہیں اور نہ ہی معصیت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ سے استغفار کرنا مراد ہے۔ بلکہ استغفار کرنا اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے۔اوراللہ تعالیٰ کو جواعمال محبوب ہیں۔وہ انبیاءؑ و اولیاءکو بہت مرغوب ہیں۔اور یہاں پر ذنب کا اطلاق مجازاً ہے۔اوراس پربھی ذنب کے ذکر سے پہلے مغفرت کی بشارت ہے۔تا کہ قلبِ محبوب ﷺ میں اطلاقِ مجازی کا بھی قلق وملال نہ رہے۔(واللہ اعلم بالصواب۔۔۔)لہذا معصیت وذنب کا مرتکب ہونا غیرانبیاءورسلؑ سے ہی ممکن العمل ہوسکتا ہے۔بلکہ صحابہ کرامؓ بھی محفوظ ہیں۔لیکن ہم(بقولِ شاعر)

بہ ثواب اہلِ جنت بہ عتاب اہلِ دوزخ من ازیں میاں ندانم کہ کیانم از کدانم

☆ چھٹامفہوم : مقربِ بارگاہ کھٹکوں اورلحظوں کی بھی حفاظت کیا کرتا ہے۔اوراسے ہفوات میں سے شمارکرتا ہے۔اورنفسوں کی آرزوؤں کی تفتیش اوراپنے سانسوں کے نکلنے کی نگہبانی کرتا ہے۔اوراپنی نیکیوں سے اس طرح ڈرتا ہے۔جیسے کوئی گناہ گاراپنی بُرائیوں سے ڈراکرتا ہے۔ جبکہ ابرار اس حال پر قادر نہیں ہوتا۔نیز مقرب اپنی شرابِ معرفت کے وقت نہ آہ کرتا ہے۔اور نہ ہی یہ کہتا ہے۔کہ کس قدر شیریں ہے۔نہ ہتھیلی سے تالیاں بجاتا ہے۔نہ چیختا چلاتا یا اپنا گریبان پھاڑتا ہے۔اور نہ ہی پتھر پراپنے سرکو مارتا ہے۔نہ بے ہوش ہوتا ہے۔تو جب ان میں سے کوئی بھی چیز رونمانہیں ہوتی۔تو اہلِ طریق اسے ثابت قدم ہی مانتے ہیں۔اورانہوں نے ایسا کرنے کی نفی بھی اسی لئے فرمائی ہے۔کہ وہ واردات پر بہت ہی کم قائم رہتا ہے۔اس کے باوجودانہوں نے اس کے حال کواس کے لئے تسلیم کیا ہے۔کیونکہ! وہ اس پر غالب ہے۔اوراس کی نیکیوں کو برائیاں قرار دیا۔باوجودیکہ مقربین کی تو برائیاں ہوتی ہی نہیں۔کیونکہ! وہ تو بلند مرتبہ نفیس قسم کے محاسات ہیں۔

☆ ساتواں مفہوم : ابن الفارض کا قول ہے۔کہ! اگر میرے لئے تیرے سوا کے بارے میں بھول کرارادہ کھٹک بھی جائے۔تو میں اپنے مرتد ہونے کا فیصلہ(یعنی فتویٰ)دوں گا۔اس کے متعلق آپؒ نے فرمایا۔کہ آپؒ کی مرادنسبت کا ارتداد ہے۔دینی ارتداد نہیں۔کیونکہ! مقربین کے مقام سے''**حسنات الابرار**'' کی طرف لوٹنااوراُترنا جوکہ''**سیئات المقربین**''ہیں۔(تفصیل پیچھے گزرچکی ہے)قومِ صوفیاء کےنزدیک ارتداد ہے۔اور یہ اس لئے کہ حسنات الابرارلالازمہ شہودِاغیار ہے۔جوکہ مقامِ فنا کے معارض ہے۔اوراسے شرکِ اصغرکہتے ہیں۔

☆ **مُرَوَّت**۔توبہ کےمیدان کے بعددوسرامیدان''مروت''کا آتا ہے۔یعنی مقامِ توبہ کےحصول کے بعدبعدمروت کا میدان ہے۔مروت کا مفہوم کم ہونا ہے۔اورخود داری کےساتھ زندگی گزارنا ہے۔مروت کےتین ارکان ہیں۔اور ہررکن کےمزید تین تین جزو ہیں۔**1**۔ عقل کے ساتھ اپنی زندگی گزارنا۔اپنے مقام کوپہچاننا۔اپنے کام کا جائزہ لینا۔ اپنی خیر کے لئے کوشش کرنا۔**2**۔مخلوق کے معاملات میں صبر سے کام لینا۔مخلوق کی استطاعت کےمطابق ان سے راضی ہونا۔ ان کی معذوریوں کوتلاش کرنا۔ حسبِ استطاعت ان کی دادرسی کرنا۔ **3**۔اللہ تعالیٰ کے ساتھ نیازمندی۔جو کچھ اللہ تعالیٰ کی

طرف سے آئے۔اس پر شکر لازم سمجھنا۔ جو کچھ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے کرے۔اس پر عذر کو واجب دیکھنا۔ جو کچھ اللہ تعالیٰ کو منظور ہو۔اسے بہتر سمجھنا۔

☆ **اَنَابَتْ** ۔مروت کے بعد تیسرا میدان ''انابت'' کا ہے۔میدانِ مروت کے حصول کے بعد انابت کا میدان آتا ہے۔انابت کا معنی ہے،حق تعالیٰ کی طرف کامل رجوع کرنا۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **وما یتذکر الا من ینیب** ۔(ترجمہ) اور نصیحت تو وہی پکڑتا ہے۔جو(اس کی طرف) رجوع کرتا ہے۔(القرآن 13:40)ایک جگہ ارشادِ ربانی ہے۔کہ! **وانیبوا الی ربکم و اسلموا لہ من قبل ان یا تیکم العذاب ثم لا ینصرون** ۔(ترجمہ) اپنے رب کی طرف رجوع کرو۔اور اس کے مطیع بن جاؤ۔قبل اس کے (کہ) تم پر عذاب آجائے۔اور پھر کہیں سے تمھیں مدد (بھی) نہ مل سکے۔سورہ الزمر۔54 (لہٰذا یاد رہے۔کہ) اول انبیاءؑ کی انابت ہے۔کہ وہ اس طرح سے کامل طور پر ہر چیز سے منقطع ہو کر ذاتِ باری تعالیٰ کی طرف لوٹے۔کہ ان کے سوا کسی شخص کو اس کی طاقت نہیں۔جیسا کہ! اللہ تعالیٰ نے حضرت ابراہیم خلیل اللہؑ کے بارے میں فرمایا۔ **اواہ منیب** ۔(ترجمہ) نرم دل اور رجوع کرنے والے تھے۔(75:11) اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤدؑ کے بارے میں فرمایا۔ **خررا کعا و اناب** ۔(ترجمہ) جھک کر گر پڑے۔اور حق تعالیٰ کی طرف رجوع کیا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت شعیبؑ کے بارے میں فرمایا۔ **تو کلت وا لیہ انیب** ۔(ترجمہ) مَیں نے بھروسہ کیا۔اور میں اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔(**88 : 11**) اللہ تعالیٰ نے حضرت سیدنا محمد رسول اللہؐ کے بارے میں فرمایا۔ **وا تبع سبیل من اناب الی** ۔(ترجمہ) جو شخص میری طرف رجوع کرے۔اسی کے رستے پر چل۔(**31 : 15**) انبیائے کرامؑ کی انابت تین باتوں سے عبارت ہے۔

نجات کی بشارت کے باوصف خوفِ خدا۔ پیغمبری کے شرف کے ساتھ خدمت وفروتنی۔ مصائب وآلام کو بطیبِ خاطر برداشت کرنا۔

دوئم توحید کی انابت ہے۔کہ! وہ اپنے دشمنوں کو بھی اپنی طرف بلاتا ہے۔جیسا کہ قرآنِ حکیم میں ارشاد ہوا ہے۔کہ! **وانیبوا الی ربکم** ۔(ترجمہ) اور تم اپنے رب کی طرف رجوع کرو۔(قرآن 54:39)۔ **منیبین الیہ و اتقو ہ** ۔(ترجمہ) اسی کی طرف رجوع کئے رہو۔اور اس سے ڈرتے رہو۔(قرآن۔31:30)اہلِ توحید (موحدین) کی انابت بھی تین علامات ہیں۔ اقرار واخلاص کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی یکتائی کو قبول کر کے اس پر قائم رہنا۔ اللہ تعالیٰ کے اوامر کے سامنے **سر تسلیم** خَم کرنا۔ اس کے نواہی کا احترام کرنا۔ **سوئم عارفین کی انابت** ہے۔کہ! وہ اپنے جمیع اعمال میں اللہ تعالیٰ ہی کی طرف رجوع کرتے ہیں۔ جیسا کہ قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔ **انا بوا الی اللہ** ۔(ترجمہ) اور انہوں نے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کیا۔اہلِ معرفت (یعنی عارفین) کی انابت کی بھی تین نشانیاں ہیں۔ گناہوں سے دائمی اجتناب برتنا۔ طاقت سے شرمسار رہنا۔ خلوت وجلوت میں حق تعالیٰ سے سچی محبت کرنا۔

☆ **فُتُوَّتْ** ۔انابت کے بعد چوتھا میدان ''فتوت'' کا ہے۔انابت کے حصول کے بعد فتوت کا میدان آتا ہے۔فتوت کا معنی ہے، جوانمردی اور آزادی سے زندگی گزارنا۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **انھم فتیۃ امنوا بر بھم** ۔وہ کئی جوان تھے۔جو اپنے رب پر ایمان لائے تھے۔(القرآن۔**13 : 18**) فتوت کی تین اقسام ہیں۔

پہلی قسم کا تعلق حق تعالیٰ کے ساتھ ہے۔ جبکہ دوسری قسم کا تعلق مخلوقِ خدا کے ساتھ ہے۔اسی طرح تیسری قسم کا تعلق اپنی ذات کے ساتھ ہے۔

1۔ پہلی قسم کا تعلق حق تعالیٰ سے ہے۔یعنی ہمت وتوانائی کے ساتھ بندگی میں دائماً سعی کرنا۔حق تعالیٰ سے تعلق رکھنے والی قسم کی مزید تین نشانیاں ہیں۔

حصولِ علم سے ملال نہ ہو۔ علم کی یاد چین سے نہ بیٹھنے دے۔نیک وصالح لوگوں کی صحبت اختیار کرنا۔ **1۔** دوسری قسم کا تعلق مخلوق سے ہے۔یعنی کہ مخلوق کو اس کے عیب کے باعث، جسے سالک جانتا بھی نہیں، رُسوا نہ کرے۔اس کی مزید تین نشانیاں یہ ہیں۔اول یہ کہ! مخلوق کی جس (خوبی وخامی) کا تجھے علم نہیں۔اس پر قیاس آرائی نہ کی جائے۔دوئم یہ کہ! جس متعلق سالک جانتا ہی نہیں۔اس کی پردہ پوشی کرے۔(آنچہ ندانی، بپوشائی)۔سوئم یہ کہ! سالک کو ہر لحہ خوفِ خدادامن گیر ہو۔ **1۔** تیسری قسم کا تعلق اپنی ہی ذات سے ہے۔یعنی کہ سالک اپنے نفس کا فریب اور اس کی زیب وزینت کو قبول نہ کرے۔اس کی مزید تین نشانیاں یہ ہیں۔ کہ! مخلوق کو چھوڑ کر صِرف اپنے ہی عیوب کو تلاش کرنے میں ہر وقت لگا رہے۔اور صرف انہی کو ہی بُرا سمجھتے ہوئے چھوڑ دے۔ ایک مرتبہ حضرت جنید بغدادیؒ کی ملاقات کسی بہت بڑے اُستاد سے ہوئی۔تو اُن کے استقبال کے لئے آپؒ اُٹھ کھڑے ہوئے۔ بعد سلام حضرت جنید بغدادیؒ نے اُن سے دریافت کیا۔ کہ! یاحضرت! ''فتوت'' کیا ہے؟ تو اُستادِ محترمؒ نے فرمایا۔کہ! جو خلق کا تیرے ذمہ ہے۔اُسے تم مکمل طور پر ادا کردے۔اور جو خلق کے ذمہ تیرا ہے۔اُسے بالکل فراموش کردو۔تو حضرت جنید بغدادیؒ اپنی نشست گاہ پر بڑے ادب واحترام سے کھڑے ہو گئے۔اور فرمایا۔کہ! آج تو اُستادِ محترم نے ایک ایسی بات فرمائی ہے۔کہ! جو ثقل میں زمین وآسمان میں پُر ہوگئی ہے۔

☆ **اِرَادَتْ** ۔فتوت کے بعد پانچواں میدان ''ارادت'' کا ہے۔یعنی سالک محوِ سفر ہے۔اور ارادت اس کی آرزو کی ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **قل کل یعمل علی شا کلتہ** ۔(ترجمہ) آپ فرما دیں۔کہ! ہر شخص اپنے طریق کے مطابق عمل کرتا ہے۔ارادت کی تین اقسام ہیں۔

محض دنیا کی ارادت۔ محض عقبیٰ کی ارادت۔ محض اللہ تعالیٰ کی ارادت۔

قرآنِ حکیم میں دنیا کی ارادت اس طرح سے بیان کی گئی ہے۔(جیسا کہ قرآنِ حکیم میں آیا ہے) **منکم من یر ید الد نیا** ۔آپ فرما دیں کہ! ہر شخص اپنے طریق کے مطابق عمل کرتا ہے۔(القرآن۔84:17) **تر یدون عرض الد نیا** ۔(ترجمہ) تم میں سے بعض تو دنیا کے خواستگار تھے۔(القرآن۔152:03) **من کان یر ید حرث الد نیا** ۔(ترجمہ) تم لوگ دنیا میں مال کے طالب ہو۔(القرآن۔67:08) **من کان یر ید ا لعا**

جلۃ ۔(ترجمہ) جو دنیا کی کھیتی کا خواستگار ہے ۔(القرآن ۔ 20:42) **من کان یرید الحیوٰۃ الد نیا و زینتھا** ۔(ترجمہ) جو شخص دنیا کی آسودگی کا خواہشمند ہو ۔(القرآن ۔18:17) **ان کنتم تردن الحیوٰۃ الدنیا و زینتھا** ۔ (ترجمہ) جو لوگ دنیا کی زندگی اور اس کی آرائش و زینت کے خواستگار ہوں ۔(القرآن ۔28:33) اس کی مزید تین نشانیاں ہیں ۔ کثرتِ نقصان میں دین کے نقصان سے راضی ہونا ۔ مسلمان درویشوں سے منہ پھیر لینا ۔ اللہ تعالیٰ کی جنابِ کبریاء میں دنیوی مقاصد کی خاطر اپنی حاجات کو پیش کرنا ۔

لیکن آخرت کی ارادت تو یہ ہے ۔کہ! جس طرح سے مولیٰ کریم نے ارشاد فرمایا ہے ۔**ومن اراد الآ خرۃ** ۔(ترجمہ) اور جس نے آخرت کا ارادہ کیا ۔ (القرآن ۔19:17) پھر قرآنِ حکیم میں ہے ۔کہ! **من کان یرید حرث الآ خرۃ** ۔(ترجمہ) جو کشتِ زارِ آخرت کا آرزومند ہے ۔ (القرآن ۔20:42) آخرت کی ارادت تین باتوں سے مرکب ہے ۔ دین کی سلامتی میں دنیا کے نقصان میں راضی ہو جانا ۔ درویشوں کے ساتھ محبت رکھنا ۔مولا کریم کے حضور آخرت کے لئے اپنی حاجات پیش کرنا ۔ کیونکہ! محض ارادتِ الٰہی تو یہ ہے ۔جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔کہ! **وان کنتن تردن اللہ ورسولہ** ۔(ترجمہ) اور اگر تم اللہ اور (اُس کے حبیب) رسول ﷺ کے خواستگار ہو ۔(القرآن ۔29:33) اور وہ (یعنی ارادتِ الٰہی) مزید تین باتوں پر مشتمل ہے ۔ کونین سے بے نیاز ہو جانا ۔ خلق سے آزاد ہو جانا ۔ خواہشاتِ نفس سے نجات پانا ۔

اِرادت کی پر تا ثیر غذا ئیں : (مرید پر لاگو باتیں)

صاحب **قوت القلوب** سیدنا شیخ ابو طالب مکیؒ نے فرمایا کہ! مرید (راہ طریقت کا مسافر) میں سات باتوں کا پایا جانا بہت ضروری ہے ۔

۱۔ ارادے میں سچائی کا ہونا ۔اس کی علامت یہ ہے کہ آخرت کے لئے زاد راہ کا تیار کرنا ۔ ۲۔ طاعت کے اسباب اختیار کرنا ۔اس کی علامت یہ ہے کہ برے دوستوں کو چھوڑ دینا ۔ ۳۔ حال نفس کی معرفت رکھنا ۔اس کی علامت یہ ہے کہ آفات نفس سے آگاہ ہونا ۔ ۴۔ عالم ربانی کی مجلس میں بیٹھنا ۔اس کی علامت یہ ہے کہ عالم ربانی کو دوسروں پر ترجیح دینا ۔ ۵۔ توبہ نصوح کا ہونا تا کہ اس کے سبب حلاوت طاعت پائے اور ہمیشہ ثابت قدم رہے ۔ اس کی علامت یہ ہے کہ خواہش نفس کے اسباب کا خاتمہ اور نفس کو اس کی مرغوب اشیاء سے دور رکھنا ۔ ۶۔ ایسی حلال اشیاء کھانا جو مزموم نہ ہوں ۔اس کی علامت یہ ہے ۔کہ رزق حلال تلاش کرنا اور اس میں شرعی حکم سے موافقت رکھنے والے کسی مباح سبب کی بناء پر علم کو پیش نظر رکھنا ۔ ۷۔ نیک کام میں مدد کرنے والے کسی اچھے رفیق کا ہونا ۔اچھے رفیق کی علامت یہ ہے کہ اس کا نیکی اور تقوی کے کاموں میں تعاون کرنا اور گناہ و سرکشی سے منع کرنا ۔ یاد رہے کہ یہی سات عادتیں اور خصلتیں ارادت کی غذا ہیں جن کے بغیر ارادت قائم نہیں ہو سکتی اور انہیں سات باتوں پر عمل کرنے سے چار چیزوں میں مدد اور تقویت کا حصول ممکن ہے ۔ بھوک ۔پیاس ۔خاموشی ۔خلوت ۔

یہی چار چیزیں مرید کے لئے نہ صرف اصل کی حیثیت رکھتی ہیں ۔ بلکہ انہی کے سبب دیگر فرائض وسنن کے ارکان کی ادائیگی پر قوت وتوانائی بھی حاصل کرتا ہے ۔ (اسی ضمن میں حضرت سلطان العارفین سلطان باہوؒ فرماتے ہیں ۔کہ!) **نفس چار چیزوں سے ہلاک ہوتا ہے ۔** خاموشی کا خنجر ۔ بھوک کی تلوار ۔ لوگوں کے مجمع سے الگ تھلگ رہنا ۔ کم سونا ۔ حضرت شیخ فتح موصلیؒ فرماتے ہیں ۔کہ! میں نے تیس برس سے ابدالیین سے نیاز حاصل کیا ۔اور سب ہی نے یہ نصیحت فرمائی ۔کہ! مخلوق سے کنارہ کشی اختیار کرو ۔اور کم کھاؤ ۔

☆ **قصد**۔ ارادت کے بعد چھٹا میدان ''قصد'' کا آتا ہے ۔ارادت ہی کے میدان سے قصد کا میدان اُبھرتا ہے ۔قصد کی صحت اور نیت کی پختگی کام کے لئے بیج کی مانند ہے ۔اس بیان کی بنیاد اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ۔کہ! **و من یخرج من م بیتہ مھا جرا الی اللہ ورسولہ** ۔(ترجمہ) اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور (اُس کے) رسول ﷺ کی طرف ہجرت کر کے گھر سے نکل جائے ۔(القرآن ۔10:14) قصد اللہ تعالیٰ (کی معرفت کے حصول) کا ارادہ کرتا ہے ۔تو ماسوا اللہ سے کامل انقطاع اختیار کر لے ۔قصد کے تین اراکین ہیں ۔

1۔ قصدِ تن خدمت کے لئے ۔ (قصدِ تن کی تین نشانیاں) ۔ جدوجہد سے پل بھر نہ رکنا ۔ ناز و نعمت میں کمی ۔ فراغت کا تلاش کرنا ۔

2۔ قصدِ دل معرفت کے لئے ۔(قصدِ دل کی تین نشانیاں) ۔تکلیف برداشت کرنا ۔خلوت گزینی اختیار کرنا ۔ضروریاتِ زندگی پر اکتفاء کرنا ۔

3۔ قصدِ جاں مشقت کے لئے ۔(قصدِ جاں کی تین علامات) ۔ دل کا نازک ہونا ۔ سماع سے اضطراب ۔موت کا ہمہ وقت دھیان رکھنا ۔

☆ **صبر** ۔قصد کے بعد ساتواں میدان ''صبر'' کا ہے ۔قصد کے میدان کو عبور کرنے سے صبر کا میدان میسر ہوتا ہے ۔کیونکہ! قصد ہی کے میدان سے صبر کا میدان نکلتا ہے ۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔کہ! **وان تصبروا خیر لکم** ۔(ترجمہ) اور اگر تم صبر کرو ۔تو یہ تمھارے لئے بہتر ہوگا ۔(القرآن ۔25:04) کیونکہ! صابرین کو اللہ تعالیٰ محبوب رکھتا ہے ۔ **ان اللہ مع الصا برین** ۔(ترجمہ) یقیناً! اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے ۔(القرآن 153:02) **و اللہ مع الصا برین** ۔(ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے ۔(القرآن 249:02) اسی طرح ایک اور جگہ آیا ہے ۔کہ! **انما یو فی الصّٰبرون اجر ھم بغیر حسا ب** ۔(ترجمہ) یقیناً! صبر کرنے والوں کو تو ان کا اجر (ثواب) بے شمار دیا جائے گا ۔(القرآن 10:39) پھر قرآن میں تو صابرین کے لئے یہ خوشخبری بھی موجود ہے ۔کہ! **و اللہ یحب الصا برین** ۔(ترجمہ) یا ور اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے ۔(القرآن

146:03) بہرحال! صبر کے تین اراکین ہیں۔ **1۔ اصبروا**۔صبر کرو۔**(یعنی کہ مصیبت پر صبر کرنا)**: تکلیف یا مصیبت پر صبر محبت کے باعث ہی کیا جاسکتا ہے۔اس قسم کے صبر سے تین چیزیں برآمد ہوتی ہیں۔ دل کی یکسوئی۔ علم کی باریک بینی۔نورِفراست۔ **2۔ وصابروا**۔اور زیادہ صبر کرو۔**(یعنی کہ معصیت سے صبر کرنا)**: گناہگاری (معصیت) سے صبر صِرف اور صِرف اللہ تعالیٰ ہی کے خوف کے ساتھ کیا جاسکتا ہے۔اس سے تین باتیں ظہور پذیر ہوتی ہیں۔ قلوب کا الہام۔ قبولیتِ دُعا۔ پاکیزگی کا نور۔ **3۔ ورابطوا**۔اور رابطہ رکھو۔**(یعنی کہ طاعت پر صبر کرنا)**: طاعت پر صبر اُمید کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ طاعت پر صبر سے تین باتیں پیدا ہوتی ہیں۔ آفات کا (باذنِ الٰہی) ٹل جانا۔ روزی کا غیر متوقع طور پر پہنچنا۔ نیکیوں کی طرف (بفضلِ الٰہی) میلان ہونا۔

عید کا دن ہے ، گلے آج تو مِل لے ظالم　　　　رسمِ دنیا بھی ہے ، موقع بھی ہے ، دستور بھی ہے

بہرحال! الحاصل کلام! جس شخص نے حکمِ الٰہی میں خوف (اللہ تعالیٰ کا ڈر یعنی تقوی) پر مقام کیا۔ وہ صابر ہے۔ اسی طرح سے صبر کے متعلق احادیثِ نبویہ ﷺ میں بھی ہمیں احکامات ملتے ہیں۔ایک حدیث میں یوں آیا ہے۔کہ! حضرت سعدؓ روایت کرتے ہیں۔کہ! مَیں نے عرض کیا۔یارسول اللہ ﷺ! لوگوں میں سب سے زیادہ سخت آزمائش کس کی ہوتی ہے۔(تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔(کہ) انبیائے کرامؑ کی۔پھر درجہ بدرجہ مقربین کی۔(یعنی انبیائے کرامؑ کے بعد) **آدمی کی آزمائش اس کے دینی مقام کے مطابق ہوتی ہے**۔اگر دین میں مضبوط ہو۔تو سخت آزمائش ہوتی ہے۔ اگر دین میں کمزور ہو۔تو حسبِ دین آزمائش کی جاتی ہے۔بندے کے ساتھ یہ آزمائش ہمیشہ رہتی ہے۔حتیٰ کہ وہ (مصائب ومشکلات میں گرفتہ شخص بوجہ صبر اور رضائے الٰہی) زمین پر اس طرح چلتا ہے۔کہ اس پر کوئی گناہ نہیں ہوتا۔(صحیح بخاری۔جامع ترمذی۔ابنِ ماجہ)

علمائے عظام نے صبر کی بہت سی اقسام بیان فرمائی ہیں۔ان تمام اقسام کا خلاصہ تین اقسام پر مشتمل ہے۔

☆ **الصبر علی الطاعات**۔ یعنی طاعات (عبادات) پر صبر کرنا۔ یہ صفتِ انبیاءؑ ہے۔

☆ **الصبر عن المصائب**۔ یعنی مصائب پر صبر کرنا۔ یہ صفتِ اولیاء واتقیاء ہے۔

☆ **الصبر عن المعاصی**۔ یعنی گناہوں سے صبر کرنا۔ یہ صفتِ عوام الناس (مسلم) ہے۔

☆ **جہاد**۔صبر کے میدان سے آٹھواں میدان جہاد کا نکلتا ہے۔جہاد درحقیقت اپنے نفس،شیطانِ لعین اور دشمن کے ساتھ بنرد آزمائی ہے۔جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **وجاھدوا فی سبیلہ لعلکم تفلحون** ۔(ترجمہ) اور اس کے راستے میں جہاد کرو۔تاکہ تمھیں کامیابی نصیب ہو۔(القرآن **35:05**) اسی طرح قرآن میں ایک اور جگہ پر آیا ہے۔کہ! **وجاھدوا باموالکم وانفسکم فی سبیل اللہ . ذٰلکم خیر لکم ان کنتم تعلمون** ۔(ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنے مال اور جان کے ساتھ لڑو۔یہ تمھارے حق میں بہتر ہے۔اگر تم جانو۔(القرآن **41:09**) اسی طرح قرآن میں ایک اور جگہ پر آیا ہے۔کہ! **وجاھدوا فی اللہ حق جھادہٖ** ۔(ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرو۔جیسا کہ جہاد کرنے کا حق ہے۔(القرآن **78:22**) جہاد کے تین اراکین ہیں۔

1۔ دشمن کے مقابل تلوار کے ساتھ جہاد۔ **(غازیانِ شمشیر کی تین اقسام)**۔مجاہد جسے کہ اجر نصیب ہوگا۔ جہاد کے دوران زخمی مجاہد کہ جس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ دورانِ جہاد وہ قتیل کہ جو شہید کہلائے گا۔ **2**۔ نفس کے خلاف قہر کے ساتھ جہاد **(نفس کے خلاف جہاد کرنے والوں کی تین اقسام)**: جو کوشش کرتا ہے۔وہ ابرار ہے۔ جو غالب آجائے، وہ اوتاد ہے۔ جو اس سے آزاد ہو جاتا ہے، وہ ابدال ہے۔ **3**۔ شیطانِ لعین کے خلاف صبر کے ساتھ جہاد **(شیطانِ لعین کے خلاف جہاد کرنے والوں کی تین اقسام)**: علم میں مشغول ہونے والے جو مقربینِ بارگاہ سے ہیں۔ عبادت میں مشغول ہونے والے جو صدیقین میں سے ہیں۔ زُہد میں مشغول ہونے والے، جو اولیاء اللہ میں سے ہیں۔

ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں　　　　ابھی عشق کے امتحاں اور بھی ہیں

☆ **ریاضت**۔جہاد کے میدان کے بعد نواں میدان ''ریاضت'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **فیہ رجال یحبون ان یتطھروا** ۔(ترجمہ) اس (مسجد) میں ایسے لوگ ہیں۔جو پاک رہنے کو پسند کرتے ہیں۔(القرآن **108:09**) ریاضت کا مفہوم ''نرم کرنا'' ہے۔اور اس کے تین اراکین ہیں۔ **1**۔ افعال کی ریاضت نگہداشت کے ساتھ **(ریاضت افعال کی تین نشانیاں)**۔علم کی پیروی۔ رزقِ حلال۔ ذکر وشغل پر مداومت۔

2۔ اقوال کی ریاضت ضبط کے ساتھ **(ریاضتِ اقوال کی تین علامات)**۔ تلاوتِ کلامِ پاک۔اللہ تعالیٰ کے حضور دائمی عذر خواہی۔ نصیحتِ خلق۔

3۔ اخلاق کی ریاضت نرمی کے ساتھ **(ریاضتِ اخلاق کا تین باتوں پر انحصار)**۔ عاجزی۔ جوانمردی۔ بُردباری۔

تیری زندگی اسی سے ، تیری آبرو اسی سے　　　　جو رہی خودی تو شاہی ، نہ رہی تو رُو سیاہی

☆ **تہذیب**۔ریاضت کے میدان سے دسواں میدان ''تہذیب'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **قوا انفسکم واھلیکم نارا** ۔(ترجمہ) اے (ایمان والو!) خود کو اور اپنے اہل وعیال کو آگ سے بچاؤ۔(القرآن **06:66**)

تہذیب کے تین طریقے ہیں۔ سُنتِ رسول اللہ ﷺ پر عمل پیرا ہونا۔ صحبت باِ اولیاء کا اختیار کرنا۔ خلوت نشینی اختیار کرنا۔

تین باتوں کی تہذیب کی جاتی ہے۔ تہذیبِ نفس۔ تہذیبِ عادت۔ تہذیبِ قلب۔

1۔ تہذیبِ نفس تین باتوں سے عبارت ہے۔ نفس کو معصیت سے روکنا۔ نفس کو خرافات سے عقل وشعور کی طرف لانا۔ نفس کو خرافات ست عقل وشعور کی طرف لانے کے بعد غفلت سے بیداری کی طرف لانا۔ **2۔تہذیبِ عادت** سے یہ مراد ہے۔کہ! بے قراری سے صبر کی طرف رجوع کرنا۔ بخل سے سخاوت کی طرف مائل ہونا۔ انتقام کے بجائے عفو ودرگزر اختیار کرنا۔ **3۔ تہذیبِ قلب** تین باتوں سے عبارت ہے۔ بے خوفی کی موت کے بجائے خوفِ خداوندی کی زندگی گزارنا۔ مایوسی کی نحوست سے اُمید کی برکت کے ساتھ آنا۔ باطنی انتشار کی زحمت سے جمعیت خاطر کی طرف آنا۔

☆ **محاسبہ** ۔تہذیب کی میدان سے گیارہواں میدان ''محاسبہ'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **و لتنظر نفس ما قدمت لغد** ۔ (ترجمہ) ہر(ایمان والے)شخص کو دیکھنا چاہیئے۔کہ! اس نے فروائے قیامت کے لئے کیا ساز وسامان بھیجا ہے۔(القرآن **18:59**) محاسبہ کے تین اراکین ہیں۔ معاملات سے گناہ کو جُدا کرنا۔ نعمت کا خدمت سے موازنہ کرنا۔ اپنے نصیب کو مولیٰ کریم کی نعمت سے جُدا کرنا۔

1۔ معاملات سے گناہوں کو جدا کرنے کی حقیقت کو پہچاننا : جو عمل خلافِ سُنتِ رسول اللہ ﷺ ہے۔وہ گناہ ہے۔ جس کام میں شیطان کی شرکت اور شمولیت ہے۔وہ گناہ ہے۔ جس معاملہ میں ظلم وستم شامل ہے۔وہ بھی گناہ ہے۔

2۔ نعمت کا خدمت سے موازنہ کرنے کی حقیقت کو پہچاننا : اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی ناقدری کرنا (اللہ تعالیٰ سے) صریحًا دشمنی وبغاوت ہے۔ نعمتوں کے اعتراف کے بعد ناشکری کرنا تاوان کے مترادف ہے۔ معصیت میں محو ومشغول اور مستغرق رہنا زوالِ ایمان کی بنیاد وعمارت ہے۔

3۔ اپنے نصیب کو مولا کریم کی نعمت سے جدا کرنے کی حقیقت کو پہچاننا : ہر ایسی خدمت جس کے عوض دنیا کی طلب ہے۔وہ اس کا ثمر ہے۔ ہر ایسی خدمت جس سے آخرت چاہی جائے۔وہ حاصل ہوگی۔ ہر ایسی خدمت جس سے اللہ تعالیٰ کی طلب ہو۔وہی تو اصل قدر وقیمت ہے۔

☆ **یَقَظَہ**۔محاسبے کے میدان سے بارھواں میدان ''یقظہ'' کی طرف کو نکلتا ہے۔ارشادِ ربانی ہے۔کہ! **ولا تکن من الغا فلین** ۔(ترجمہ) اور آپ غفلت کرنے والوں میں سے نہ ہو جائیں۔(القرآن **205:07**) یقظہ (یعنی) بیداری کے تین ارکان ہیں۔

نعمت ہائے فراواں کو ذاتِ باری تعالیٰ کی طرف منسوب کرنا جبکہ جرم ہائے کبیرہ کو اپنی طرف محمول کرنا۔ سود وزیاں سے اپنے زمانے کا معیار مقرر کرنا۔ ہر قسم کے مکر وفریب سے ہمیشہ ڈرتے رہنا۔(یاد رہے۔کہ) اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو تین چیزوں سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ نیازمندیءقلب کے ساتھ۔علم کے سننے سے۔ رزق کی پاکیزگی کے ساتھ۔ سود وزیاں سے اپنے زمانے کا معیار مقرر کرنے کا حصول تین باتوں پر منحصر ہے۔ آرزوؤں کا کم کرنا۔ دوامِ فکر۔ بیداریءسحرگاہ۔ رزق کی پاکیزگی تین باتوں سے حاصل کی جا سکتی ہے۔ اپنی ذات سے دائمی بدگمانی رکھنا۔ (یعنی اپنے وجود،افعال اور اعمال پر مغرور نہ ہونا) دنیاوی تعلقات سے انقطاع کرنا۔ اللہ تعالیٰ کی ہر وقت ہر جگہ اور ہر موقع پر تعظیم بجالانا۔

☆ **زھد**۔ یقظہ کے بعد تیرہواں میدان ''زُہد'' کا آتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **بقیت اللہ خیر لکم** ۔(ترجمہ) اللہ تعالیٰ کا عطا کردہ نفع ہی تمھارے لئے بہتر ہے۔(القرآن **86:11**) زہد تین امور میں پایا جاتا ہے۔ دنیا میں۔ خلق میں۔ اپنی ذات میں۔

1۔ زُہدِ دنیا : جو شخص اس دنیا میں اپنے عزیز واقارب ودوستوں پر تو اپنی جگہ بلکہ دشمنوں پر بھی اس دنیا کا مال ودولت صَرف کرنے سے دریغ نہیں کرتا۔وہ اس عالم (یعنی دنیا) میں زاہد ہے۔دنیا کے زہد کی تین نشانیاں ہیں۔موت کی یاد۔اپنی روزی پر قناعت۔حب درویشاں۔ **2۔ زُہدِ خلق** : جو شخص مخلوق کی پاسداریءحقوق میں سُستی نہ کرے۔وہ واقعتًا خلق میں زاہد ہے۔خلق میں زہد کی تین علامات ہیں۔ حکمِ الٰہی کی منشاء کو دیکھنا۔ اوامرِ خداوندی پر ثابت قدمی اختیار کرنا۔ مخلوق کی عاجزی کو ملحوظِ خاطر رکھنا۔ **3۔ زُہدِ ذات فی نفسہٖ** : جو خود کو پسندیدگی کی نگاہ سے نہیں دیکھتا۔(یعنی جو خود پر ہر کسی کو (علم وعمل ،عزت وشرف وتقوٰی کے لحاظ سے) ترجیح دیتا ہے۔) وہ اپنی ذات میں زاہد ہے۔اپنے وجود میں زہد تین باتوں سے عبارت ہے۔ شیطان کے مکر وفریب سے۔اپنی کمزوری سے۔استدراج کی ظلمت کو پہچاننے سے۔

☆ **تجرید**۔زہد کے میدان سے چودھواں میدان ''تجرید'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **ولا تمدن عینیک** ۔ (ترجمہ) اور نگاہ اُٹھا کر بھی (دنیا کی رنگینی،عیش وعشرت اور مال واسباب کی طرف) نہ دیکھو۔(القرآن **131:20**)

تجرید تین چیزوں میں پائی جاتی ہے۔ جسم میں۔ دل میں۔ سرّ میں۔

1۔ تجریدِ نفس یعنی اپنے جسم کی طرف نگاہ قراء کا طریق ہے۔اور تجریدِ نفس تین باتوں سے عبارت ہے۔دنیا کا طلب نہ کرنا۔

دنیا (یعنی مال ودولت یا اپنی جوانی یا کسی قسم کی جسمانی کمزوری) کے چھن جانے پر افسوس نہ کرنا۔ جو موجود ہو۔اس کا نہ چھپانا۔

2۔ تجریدِ قلب تین باتوں سے عبارت ہے۔ جو موجود نہ ہو۔اس کی قطعًا اُمید نہ رکھنا۔ جو موجود ہو۔اس کی قدر وقیمت نہ لگانا۔ جو موجود ہو۔اس کے ترک کرنے سے نہ ڈرنا۔ **3۔ تجریدِ سرّ** تین باتوں پر منحصر ہے۔ اسباب پر تکیہ نہ کرنا راہِ حق میں اپنی ذات کو بے نام ونشاں کر دینا۔ حق سے سوائے حق کے اور کسی طرف التفات نہ کرنا۔

☆ **وَرَع**۔تجرید کے بعد پندرھواں میدان ''ورع'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ ربانی ہے۔کہ! **ان تجتنبوا کبائر ما تنهون عنه** ۔(ترجمہ) اگر تم بڑے گناہوں سے اجتناب کرو۔تو ہم تمھارے چھوٹے گناہ معاف کر دیں گے۔(القرآن۔04 : 31) درحقیقت ورع کا مفہوم یہ کہ! پرہیزگاری اختیار کرنا اَزنا

پسندیدہ اُمور سے، کثرتِ دنیا سے اور دل ہائے پراگندہ سے۔ لہذا ! **1۔** ناپسندیدہ امور سے اجتناب تین عادتوں سے کیا جاسکتا ہے۔ خود کو دوسروں کی عیب گوئی سے باز رکھنا۔ اپنے دینِ حق کو نقصان سے بچانا۔ حرص و ہوا کو اپنی ذات سے دور رکھنا اور خود کو اللہ تعالیٰ اور رسولِ اکرم ﷺ کے پسندیدہ طریقوں پر چلانا۔ **2۔** کثرتِ دنیا سے اجتناب تین باتوں کو پیشِ نظر رکھ کر کیا جاسکتا ہے۔ روزِ حساب کی رسوائی۔ دشمنوں کی خوشی۔ وارثوں کا غبن۔ **3۔** دِل ہائے پراگندہ سے پرہیز تین چیزوں سے کیا جاسکتا ہے۔قرآنِ حکیم میں تدبر سے۔قبرستان کی زیارت سے۔حکمتِ الٰہیہ میں تفکر سے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ابو ہریرہؓ ! ورع وتقویٰ والے بن جاؤ۔لوگوں میں سب سے زیادہ عبادت گزار ہو جاؤ گے۔قانع بن جاؤ۔لوگوں میں سب سے زیادہ شکر کرنے والے ہو جاؤ گے۔اور لوگوں کے لئے وہی پسند کرو۔جو اپنے لئے پسند کرتے ہو۔مومن ہو جاؤ گے۔پڑوسی کے ساتھ حسنِ سلوک کرو۔مسلمان ہو جاؤ گے۔اور کم ہنسا کرو۔کیونکہ زیادہ ہنسی دل کو مُردہ کردیتی ہے۔(سنن ابنِ ماجہ)

زِ تقوٰی چراغِ رواں برفروز کہ چوں نیک بختاں شوی نیکِ روز

تعریفِ ورع : حضرت سیدالرسل ﷺ کے سامنے ایک ایسے شخص (کی عبادت وریاضت) کا ذکر کیا گیا۔جو ورع و پرہیزگاری میں مشہور تھا۔ تو حضور نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔کہ! ''**لا تعدل بالرعاعة** ''(ترجمہ) کوئی بھی عبادت ورع (وپرہیزگاری) کے برابر کوئی چیز نہیں ہے۔(ترمذی شریف) اسی طرح سے ایک اور حدیث میں ہے۔کہ! ''**ملاک دینکم الورع** ''(ترجمہ) تمھارے دین کا مقصود ورع ہے۔

اسی طرح سے ایک اور حدیث میں ہے۔کہ! ''**یا عبدی ارما افترضت علیک تکن من اعبد الناس وانته عما نهیتک عنه تکن من اورع الناس** ''(ترجمہ) اے میرے بندے! جو کچھ مَیں نے تجھ پر فرض کیا ہے۔اس کو ادا کر۔تو سب لوگوں سے زیادہ عابد ہو جائے گا۔اور جن امور سے مَیں نے تجھ کو منع کیا ہے۔اِن سے باز رہ۔پس تُو سب لوگوں سے زیادہ صاحبِ ورع بن جائے گا۔(مشکوٰۃ المصابیح)

حضرات شیخین کا ورع :

حضرت سیدنا صدیقِ اکبرؓ فرمایا کرتے تھے۔کہ! ہم ستر حلال چیزوں کو اس خوف سے چھوڑ دیا کرتے تھے۔کہ کہیں حرام چیز میں نہ پڑ جائیں۔ اسی طرح سے حضرت عمر فاروقؓ فرماتے تھے۔کہ! ہم دس حلال چیزوں میں سے نو کو اس خوف سے ترک کردیتے تھے۔کہ کہیں ہم حرام میں نہ پڑ جائیں۔

اربابِ طریقت نے اہلِ ورع کے تین طبقات بیان فرمائے ہیں۔ **عوام کا ورع۔ خواص کا ورع** اور **خاص الخواص کا ورع۔**

☆ **عوام کا ورع** : عوام کا ورع یہ ہے۔کہ! وہ شبہات سے پرہیز کریں۔تاکہ وہ احکاماتِ الٰہیہ کی مخالفت میں مبتلا نہ ہو جائیں۔جیسا ایک ایک حدیث میں بھی آیا ہے۔''بے شک حلال واضح ہے۔اور حرام بھی واضح ہے۔اور اِن دونوں کے درمیان کچھ مشتبہ امور ہیں۔جن کو اکثر لوگ نہیں جانتے۔پس جو شخص شبہات سے بچا۔اس نے اپنے دین اور عزت کو بچالیا۔اور جو شبہات میں واقع ہوا۔وہ حرام میں واقع ہو جاتا ہے۔(اور اس کی مثال) اس چرواہے کی مانند ہے۔جو چراگاہ کے اردگرد اپنے جانور چَراتا ہے۔ممکن ہے۔کہ! وہ اس چرگاہ میں چَرنے لگیں۔ خبردار! بے شک ہر بادشاہ کی چراگاہ ہوتی ہے۔(اور) اللہ تعالیٰ کی چراگاہ اس کے محارم ہیں۔ اسی طرح حضرت امام ہمام سید شریف جرجانیؒ ورع کی تعریف میں رقم طراز ہیں۔کہ! محرمات میں واقع ہونے کے خوف سے شبہات سے اجتناب کرنے کو ورع کہتے ہیں۔ ☆ **خواص کا ورع** : خواص کا ورع یہ ہے۔کہ! ہر ایسی چیز سے اجتناب کیا جائے۔جو قلب کو مکدر کردے۔اور اس درجہ کے لوگ قلب میں کھٹکنے والے خواطر اور سینے میں پیدا ہونے والے وساوس سے بھی احتراز کرتے ہیں۔جیسا کہ ارشادِ نبوی ﷺ میں ہے۔ ''اپنے دل سے پوچھو۔خواہ فتویٰ دینے والے کچھ ہی فتویٰ دیتے رہیں۔ ☆ **خاص الخاص کا ورع** : خواص کا ورع یہ ہے۔کہ! یہ ان واصلین اور عارفین کا ورع ہے۔جو غیرِ حق سے تعلق منقطع کر کے حق تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو جاتے ہیں۔کہ کسی غیر کی طرف توجہ بھی نہیں کرتے۔ان کا مؤقف یہ ہے۔کہ! جو چیز تجھے حق تعالیٰ سے غافل کردے۔وہ تمھارے لئے منحوس ہے۔ جیسا کہ حضرت ابوبکر شبلیؒ سے ورع کے متعلق سوال کیا گیا۔تو آپؒ نے فرمایا۔کہ! ورع یہ ہے۔کہ! تیرا دل حق تعالیٰ سے آنکھ جھپکنے جتنی دیر بھی پریشان نہ ہو۔

حصولِ ورع کے لئے دس باتوں کا لازم ہونا :

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ ایک مکتوب میں رقم طراز ہیں۔کہ! علمائے ربانیین فرماتے ہیں۔کہ! جب تک سالک ان دس چیزوں (احکامات) کو اپنے اوپر لازم نہیں کرلیتا۔اس وقت تک اسے کمالِ ورع حاصل نہیں ہوتا۔(وہ دس احکامات یہ ہیں)

☆ غیبت سے زبان کو محفوظ رکھے۔☆ بدگمانی سے اجتناب کرے۔ ☆ مسخرہ پن سے پرہیز کرے۔☆ حرام اشیاء سے آنکھیں بند کرلے۔ ☆ سچ بولے۔☆ ہر حال میں اللہ تعالیٰ کا احسان جانے۔تاکہ نفس مغرور نہ ہو۔ ☆ اپنے نفس کے لئے بلندی وبڑائی کا طالب نہ ہو۔ ☆ نمازوں کی محافظت کرے۔ ☆ اپنا مال راہِ حق میں خرچ کرے۔اور باطل جگہ میں خرچ کرنے سے بچے۔

☆ اہلِ سنت والجماعت (کے عقائد) پر استقامت اختیار کرے۔ **ربنا اتمم لنا نورنا واغفرلنا انک علٰی کل شئی قدیر۔**

☆ **تقوٰی** ۔ورع کے میدان سے سولھواں میدان ''تقویٰ'' کا نکلتا ہے۔اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے زیادہ مکرم شخص وہ ہے۔جو اللہ تعالیٰ سے زیادہ ڈرتا ہو۔اس بات کا شاہد قرآن حکیم بھی ہے۔تقویٰ کا محل قلب ہے۔تقویٰ حصولِ علم کا زینہ اور عزت وکرامت کا خزینہ ہے۔جیسا کہ آیت کریمہ سے بالکل واضح ہے۔ اِنَّ

اَکْرَ مَکُمْ عِنْدَاللّٰہِ اَتْقٰکُمْ ۔(ترجمہ) درحقیقت اللہ تعالیٰ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے۔ جو تم میں سب سے زیادہ متقی (یعنی اللہ تعالیٰ سے ہروقت، ہرجگہ ڈرنے والا) ہو۔(سورہ الحجرات۔آیت نمبر 13) متقی افراد تین اقسام کے ہوا کرتے ہیں۔

چھوٹے درجے کے متقی۔متوسط درجے کے متقی۔ بلند درجے کے متقی۔ چھوٹے درجے کے متقی افراد وہ ہوتے ہیں۔ جو توحیدِ رحمانی کے ساتھ دیگر کسی شرک کو نہ ملائے۔اخلاصِ عمل کے ساتھ نفاق کی آمیزش نہ کرے۔اور اپنی عبادت کو بدعت کے ساتھ آلودہ نہ کرے۔ متوسط درجے کے متقی افراد وہ ہوتے ہیں۔کہ! جو خدمتِ خلق کرتے وقت رِیا کرنے یا رِیا کے تخیل وتصور کو خاطر میں نہیں لاتے۔اپنی حلال روزی میں شک وشبہ کی آمیزش نہیں کرتے۔ اور اپنے پاکیزہ خیالات کے ساتھ (خرافاتِ دنیوی) کا ضیاع نہیں ملاتے۔ بلند مرتبہ متقی افراد وہ ہوا کرتے ہیں۔ جو اللہ تعالیٰ کی نعمت کو شکایت کے ساتھ نہیں ملاتے۔اپنی گناہ گاری پر دلیل و برہان قائم نہیں کرتے۔خود پر اللہ تعالیٰ کے جو احسانات ہیں۔انہیں ہمیشہ ملحوظِ خاطر رکھتے ہیں۔

عشق و رقت آید اَز نانِ حلال | علم و حکمت زاید اَز نانِ حلال

اربابِ طریقت کے نزدیک تقوٰی کی اقسام :

عُلمائے متصوفین یعنی اہلِ طریقت نے تقوٰی کی چار قسمیں بیان فرمائی ہیں۔

عوام کا تقوٰی۔ خواص کا تقوٰی۔ اولیاء کا تقوٰی۔ انبیاءؑ کا تقوٰی۔

☆ **عوام کا تقوٰی :** عوام کا تقوٰی یہ ہے۔کہ! وہ شرک سے اجتناب کریں۔

☆ **خواص کا تقوٰی :** خواص کا تقوٰی یہ ہے۔کہ! وہ حق تعالیٰ کی نافرمانی سے احتراز کریں۔

☆ **اولیاء کا تقوٰی :** اولیاء کا تقوٰی یہ ہے۔کہ! وہ اپنے افعال کو وسیلہ بنانے سے پرہیز کریں۔

☆ **انبیاءؑ کا تقوٰی :** انبیاء کا تقوٰی یہ ہے۔کہ! وہ افعال کو اپنی طرف منسوب نہیں کرتے۔اس لئے کہ! ان کا تقوٰی حق تعالیٰ کی طرف سے ہوتا ہے۔اور وہ ہر چیز سے دامن بچا کر حق تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔

تعریفِ تقوٰی : حضرت شیخ جرجانیؒ تقوٰی کی تعریف کے متعلق رقم طراز ہیں۔کہ! ''لغت میں تقوٰی، اتقاء کے معنی میں ہے۔جس کا مطلب ہے حفاظت اختیار کرنا۔جبکہ اہلِ حقیقت کے نزدیک (تقوٰی کا معنی ومفہوم یہ ہے۔کہ) اللہ تعالیٰ کی اطاعت کر کے اس کی سزا سے بچنا۔اور اللہ تعالیٰ کی معصیت و نافرمانی، جو کہ عذاب وسزا کی موجب ہو۔اس سے اپنے نفس کو بچانا۔

تقوٰی کا محل قلب ہے۔تقوٰی حصولِ علم کا زینہ اور عزت وکرامت کا خزینہ ہے۔جیسا کہ آیت کریمہ سے بالکل واضح ہے۔ **اِنَّ اَکْرَ مَکُمْ عِنْدَاللّٰہِ اَتْقٰکُمْ ۔** (ترجمہ) درحقیقت اللہ تعالیٰ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے۔جو تم میں سب سے زیادہ متقی (یعنی اللہ تعالیٰ سے ہروقت، ہرجگہ ڈرنے والا) ہو۔(سورہ الحجرات۔آیت نمبر 13) اسی طرح سے ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **من یتق و یصبر ۔**(ترجمہ) جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے اور صبر کرتا ہے۔(القرآن۔09:12) ایک اور جگہ ارشادِ ربانی ہے۔کہ! **و ایای فاتقون ۔**(ترجمہ) اور مجھی سے ڈرتے رہو۔(القرآن۔41:02) ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! **خذوا ما تینا کم بقوۃ واذکروا ما فیہ لعلکم تتقون ۔**(ترجمہ) جو ہم نے تمھیں (کتاب کی صورت میں) دیا۔اس کو مضبوطی سے تھام لو۔اور اس میں جو کچھ لکھا ہے۔اس کو یاد رکھو۔تاکہ تمھیں تقوٰی حاصل ہو۔(سورہ بقرہ۔63) اس آیت سے واضح طور پر ہمیں یہ پتہ چلتا ہے۔کہ! احکاماتِ الٰہیہ کو یاد کرنے اور اس پر عمل پیرا ہونے سے تقوٰی کا حصول ممکن ہے۔ اسی طرح سے ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالیشان ہے۔کہ! **یا یھا الذین اٰمنوا کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم لعلکم تتقون ۔**(ترجمہ) اے ایمان والو! تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں۔جیسے کہ تم سے پہلے والے لوگوں لوگوں پر فرض کئے گئے تھے۔تاکہ تمھارے اندر تقوٰی پیدا ہو۔(سورہ بقرہ۔183) اَب اس آیت میں مومنین کو اللہ تعالیٰ مخاطب کر کے فرماتا ہے۔کہ روزے رکھنے سے بھی تقوٰی کا حصول ممکن ہوسکتا ہے۔مگر روزہ صرف پیٹ کو خالی رکھنے کا نام نہیں۔ بلکہ اپنے پیٹ، نفس، زبان اور کردار وعمل کو بھی روزہ رکھوانا ضروری ہے۔تاکہ تقوٰی جیسی عظیم ترین نعمت حاصل ہوسکے۔(انشاء اللہ تعالیٰ) اسی طرح سے ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالیشان ہے۔کہ! **البر من اتقٰی ۔**(ترجمہ) نیکی یہ ہے۔کہ! انسان تقوٰی اختیار کرے۔(سورہ بقرہ۔189) اس آیت میں نیکی کو تقوٰی کے ساتھ مشروط ومربوط کردیا گیا ہے۔ اسی طرح سے ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالیشان ہے۔کہ! **اعدلوا۔ ھو اقرب للتقوٰی ۔** عدل (انصاف) کیا کرو۔جو پرہیزگاری کے قریب ہے۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر۔08) اسی طرح سے ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالیشان ہے۔کہ! **فان خیر الزاد التقوٰی. واتقون یا ولی الالباب۔**(ترجمہ) بے شک! بہترین زادِراہ تقوٰی ہے۔اور اے عقل والو! میری نافرمانی سے ڈرتے رہو۔(سورہ بقرہ۔197) اس آیت کا یہ مفہوم ہو سکتا ہے۔کہ! انسان اس دنیا میں ایک نہایت ہی قلیل مختصر وقت کے لئے لایا گیا ہے۔چونکہ اس نے واپس لوٹنا ہے۔لہذا اسے اپنے سفر کے لئے کچھ نہ کچھ زادِراہ بھی تو چاہیئے۔اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔کہ! بہترین زادِراہ تقوٰی ہے۔ اسی طرح سے ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالیشان ہے۔کہ! **من اٰمن با للہ والیوم الاٰ خر والملٰئکۃ والکتٰب والنبیین. واتی المال علٰی حبہ ذوی القربٰی والیتٰمٰی والمسٰکین وابن السبیل. والسآئلین وفی الرقاب. واقام الصلوٰۃ واتی الزکوٰۃ. والموفون بعھدھم اذا عٰھدوا. والصّٰبرین فی البا سآء والضّرّآء وحین الباس. اولئک**

الذین صدقوا. واولئک ھم المتقون ۔ جواللہ تعالیٰ پرایمان لائے۔اور قیامت کے دن پر،فرشتوں پر،اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ کتاب پر،انبیائے کرامؑ پر ایمان رکھنے والا ہو۔جو مال سے محبت رکھنے کے باوجود قرابت داروں،یتیموں،مسکینوں،مسافروں اور سائلین کو دے۔غلاموں کو آزاد کرے۔نماز(کو پابندی کے ساتھ) قائم کرے۔زکات دے۔جب وعدہ کرے۔تو اسے پورا کرے۔تنگ دستی اور دکھ درد اور لڑائی کے وقت صبر اختیار کرے۔یہی سچے لوگ ہیں۔اور یہی متقی (پرہیزگار اور اللہ تعالیٰ سے ہر وقت ڈرنے والے) لوگ ہیں۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 177-176)

☆ ایک حدیث میں ہے۔کہ! حضرت ابوذر غفاریؓ سے روایت ہے۔(کہ!) رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا۔(کہ!) تم کو اپنی ذات سے نہ کسی گورے کے مقابلے میں بڑائی حاصل ہے۔نہ کسی کالے کے مقابلہ میں۔البتہ تقویٰ۔ (مسند احمد) ☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔(کہ!) اللہ تعالیٰ حیاء فرماتا ہے۔کہ قیامت کے دن پرہیزگار لوگوں کا حساب لے۔ ☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔(کہ!) اپنے نفسوں کا محاسبہ کرو۔اس سے پہلے کہ تمہارا محاسبہ کیا جائے۔ ☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔(کہ!) غیر ضروری باتوں کو چھوڑ دینا انسان کے اسلام کی عمدہ خصلت ہے۔ ☆ رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوہریرہؓ سے فرمایا۔(کہ!) پرہیزگار ہو جاؤ۔سب سے زیادہ عبادت گزار ہو جاؤ گے۔ ☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔بے شک! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔اے میرے بندے! جو کچھ مَیں نے تم پر فرض کیا ہے۔اسے ادا کرو۔میرے بہت زیادہ عبادت کرنے والے بندوں میں سے ہو جاؤ گے۔میرے دیئے ہوئے رزق پر قناعت کرو۔سب سے زیادہ غنی ہو جاؤ گے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ کی طرف وحی بھیجی۔اور فرمایا۔(کہ) لوگ مجھ سے پرہیزگاری کے ساتھ جس قدر قرب حاصل کرتے ہیں۔اس قدر کسی دوسری بات کے ذریعے مقرب نہیں ہوتے۔ جیسا کہ! حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے کسی نے سوال کیا۔کہ تقویٰ کیا ہے؟ تو آپؓ نے جواب دیا۔کہ! تُو کبھی کسی خاردار وادی سے گزرا ہے؟ عرض کیا۔جی ہاں! (تو) فرمایا۔وہاں سے کس طرح گزرا۔عرض کیا۔اپنے دامن کو کانٹوں سے بچاتا ہوا گزر راتھا۔فرمایا۔**ذالک التقویٰ** ۔(ترجمہ) بس یہی تقویٰ ہے۔ ☆ حضرت حسن بصریؒ نے فرمایا۔کہ! پرہیزگاری کا ایک ذرہ،ایک ہزار (مثقال) روزے اور نمازوں سے بہتر ہے۔ ☆ حضرت حسن بصریؒ نے اولادِ حضرت علی المرتضیٰؓ میں سے کسی کو کعبۃ اللہ سے ٹیک لگائے لوگوں کو وعظ کرتے ہوئے دیکھا۔تو کھڑے ہو گئے۔اور پوچھا۔دین کا ستون کیا ہے؟ اس بچے نے جواب دیا۔''پرہیزگاری''۔پھر پوچھا دین کی مصیبت کیا ہے؟ جواب دیا۔''طمع''اس پر (یعنی ان دونوں جوابات پر) حضرت حسن بصریؒ بہت مسرور ہوئے۔ ☆ حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ فرماتے ہیں۔کہ! ہر چیز کی ایک حد ہوتی ہے۔اور اسلام کی حدود پرہیزگاری،تواضع،صبر اور شکر ہیں۔پس پرہیزگاری تمام امور کا ستون ہے۔صبر جہنم سے نجات (کا باعث وموجب) ہے۔جبکہ شکر جنت میں جانے کا سبب (اور دخلہ ٹکٹ) ہے۔ ☆ حضرت ابوسلیمان دارانیؒ فرماتے ہیں۔کہ! پرہیزگاری،زُہد کی پہلی سیڑھی ہے۔جس طرح صبر رضائے الٰہی کی انتہا ہے۔ ☆ حضرت ابوعثمانؒ فرماتے ہیں۔کہ! پرہیزگاری کا ثواب،حساب کے آسان ہونے کی صورت میں (ظاہر ہوا کرتا) ہے۔ ☆ حضرت یحییٰ بن معاذ رازیؒ فرماتے ہیں۔کہ! پرہیزگاری کا مطلب کسی تاویل کے بغیر علم کی حد پر ٹھہر جانا ہے۔ ☆ حضرت ابن جلاءؒ فرماتے ہیں۔کہ! جو شخص فقر کی حالت میں پرہیزگاری اختیار نہیں کرتا۔وہ واضح طور پر حرام کھاتا ہے۔ ☆ حضرت یونس بن عبیدؒ فرماتے ہیں۔کہ! پرہیزگاری ہر شبے والی چیز سے نکلنے اور ہر لمحہ نفس کا محاسبہ کرنے کا نام ہے۔ ☆ حضرت سفیان ثوریؒ فرماتے ہیں۔کہ! اس سے زیادہ آسان پرہیزگاری مَیں نے نہیں دیکھی۔کہ! جب کوئی چیز تیرے دل میں کھٹکے۔تو تُو اسے ناپسند کرے۔

الحاصل الکلام! تقویٰ سے مراد بندہ کو ہر وقت یہ احساس ڈر ہو۔کہ! اللہ تعالیٰ میرے ہر قول وفعل کی جزاء وسزا کا تنہا مالک ہے۔

بقول **سید سرفراز احمد شاہ صاحب!** کوئی شخص (اُس وقت تک) تقویٰ اختیار نہیں کرسکتا۔جب تک کہ وہ اس راہ کی پانچ گھاٹیاں پار نہ کرلے۔وہ پانچ گھاٹیاں یہ ہیں۔ ☆نفس کی خواہشات کے خلاف چلنا۔ ☆انسان کو گزر بسر کرنے کے لائق رزق حاصل ہو جائے۔تو اس سے زیادہ کی تگ ودو میں نہ پڑے۔ ☆انسان ذلت کو عزت پر ترجیح دے۔ ☆انسان خلقِ خدا کے سامنے دستِ سوال دراز نہ کرے۔(کیونکہ!) جونہی انسان غیر اللہ کے سامنے ہاتھ پھیلاتا ہے۔تو وہ اللہ تعالیٰ کے ڈر سے منہ موڑ لیتا ہے۔یہ بہت اہم نکتہ ہے۔فقیر کو دستِ سوال دراز کرنے کی سختی سے ممانعت ہے۔وہ خود اپنی ذاتی ضروریات کے لئے لوگوں کے سامنے سوال نہیں کرسکتا۔ ☆ جو کچھ عطا ہو جائے۔اُس کو کافی جانے۔قبلہ شاہ صاحب کے مطابق،حصول تقویٰ میں دو رکاوٹیں حائل ہوتی ہیں۔نفس اور اَنا۔

تقوٰی کے متعلق کچھ ایمان افروز واقعات:

☆ **حکایت 1:** حضرت **کھمیش**ؒ سے منقول ہے۔کہ! مجھ سے ایک (معمولی سا) گناہ سرزد ہوا۔اور (جس کی وجہ سے) میں چالیس برس سے رو رہا ہوں۔اور وہ (گناہ والا واقعہ) یہ ہے۔کہ! میرا ایک بھائی مجھ سے ملنے آیا۔میں نے چھ درہم میں ایک بھونی ہوئی مچھلی خریدی۔جب وہ کھانے سے فارغ ہوا۔تو میں نے اپنے پڑوسی کی دیوار سے (اُس پڑوسی کی اجازت کے بغیر) مٹی کا ایک ڈھیلا لیا۔تاکہ وہ (یعنی میرا بھائی) اس کے ساتھ اپنے ہاتھ صاف کرے۔حالانکہ! میں نے اس (ڈھیلے کی) اجازت نہیں لی تھی۔

شاید انہی بزرگ کے بارے میں ہی ہے۔کہ! سردیوں کے موسم میں بھی ان سے پسینہ جاری ہو جایا کرتا تھا۔جب (باوجود اتنی سردی کے) اس پسینہ کے بارے میں پوچھا گیا۔تو انہوں نے فرمایا۔کہ! اس مکان میں مجھ سے اپنے ربِّ کریم کی نافرمانی ہوئی ہے۔پوچھا گیا وہ کیا (نافرمانی تھی)؟ تو فرمایا۔کہ! مَیں نے اس دیوار سے ایک ڈھیلا اُکھاڑا۔تاکہ میرا مہمان اپنے ہاتھ صاف کرے۔اور مَیں نے صاحبِ مکان سے اجازت نہیں لی تھی۔

☆ **حکایت 2**: حضرت **امام احمد بن حنبل** ؒ نے مکہ مکرمہ میں ایک سبزی فروش کے پاس اپنا تھال بطورِ رہن رکھوایا۔ جب اپنا تھال واپس لینا چاہا۔ تو سبزی فروش نے دو تھال پیش کئے۔ اور کہا۔ کہ! جو تھال آپ ؒ چاہیں لے لیں۔ تو امام صاحب ؒ نے فرمایا۔ کہ! میرے لئے اپنے تھال کی پہچان مشکل ہے۔ لہذا اَب وہ تمھارے لئے ہے۔ اور درہم بھی تمھارے ہیں۔ تو سبزی فروش نے کہا۔ مَیں نے محض آپ ؒ کی آزمائش کرنے کے لئے ایسا کیا تھا۔ آپؒ نے فرمایا۔ اَب میں نہیں لیتا۔ چنانچہ آپ ؒ اسے چھوڑ کر چلے گئے۔

☆ **حکایت 3**: حضرت **رابعہ عدویہ** ؒ کا واقعہ ہے۔ کہ! آپ ؒ نے اپنی پھٹی ہوئی قمیص کی ایک سرکاری مشعل کی روشنی میں سلائی کی۔ تو ایک عرصہ تک اپنے قلب کو گم پایا۔ یہاں تک کہ! اسے وہ واقعہ یاد آ ہی گیا۔ چنانچہ انہوں نے اپنی قمیص کو پھاڑ دیا۔ تو دوبارہ دل کو پا لیا۔

☆ **حکایت 4**: حضرت **ابراھیم بن ادھم** ؒ فرماتے ہیں۔ کہ! مَیں ایک رات بیت المقدس کے پتھر کے نیچے سو گیا۔ جب رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔ تو دو فرشتے اُترے۔ ان میں سے ایک فرشتے نے دوسرے سے پوچھا۔ یہاں پر کون ہے؟ تو دوسرے نے جواب دیا۔ یہ ابراہیم بن ادھم ؒ ہیں۔ اُس نے کہا۔ یہی ہے وہ شخص۔ کہ جس کے اللہ تعالیٰ نے درجات میں سے ایک درجہ کم کر دیا ہے۔ دوسرے نے پوچھا۔ کیوں ؟ اس نے جواب دیا۔ اس لئے کہ اس نے بصرہ میں کھجوریں خریدیں۔ تو پھل فروش کی ایک کھجوروں میں سے ایک کھجور (غلطی سے) ان کی کھجوروں میں گر گئی۔ حضرت ابراہیم بن ادھم ؒ فرماتے ہیں۔ (کہ میں یہ سن کر) بصرہ کی طرف چل پڑا۔ اور اسی کھجور فروش سے دوبارہ کھجوریں خریدیں۔ اور اپنی خریدی ہوئی کھجوروں میں سے ایک کھجور اس کھجور فروش کی کھجوروں میں (چھپ کر) ڈال دی۔ پھر بیت المقدس کی طرف لوٹ پڑا۔ اور بیت المقدس آ کر پتھر کے نیچے سو گیا۔ جب رات کا کچھ حصہ گزرا۔ تو آسمان سے دو فرشتے اُترے۔ ایک نے دوسرے سے پوچھا۔ یہاں کون ہے ؟ دوسرے نے کہا۔ یہ حضرت ابراہیم بن ادھم ؒ ہیں۔ اس نے کہا۔ یہ وہی ہیں۔ جنھوں نے ایک چیز کو اُس کے اصل مقام کی طرف لوٹا دیا۔ اور ان کا درجہ بلند ہو گیا۔

نیک نے نیک سمجھا ، بد نے بد جانا مجھے — جس کا جیسا ظرف تھا ، اُتنا وہ پہچانا مجھے

☆ **معاملہ**۔ تقوٰی کے میدان سے نکل کر ستر ہواں میدان ''معاملہ'' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **وا تمروا بینکم بمعروف**۔ (ترجمہ) اور پسندیدہ طریق سے موافقت رکھو۔ (القرآن۔ 06:65) معاملہ تین باتوں سے عبارت ہے۔ (یعنی) اپنی ذات سے مخالفت کے ساتھ۔ خلقِ خدا سے انصاف کے ساتھ۔ اللہ تعالیٰ سیاعتراف کے ساتھ زندگی گزارنا۔ حُسنِ معاملہ کے تین ارکان ہیں۔ عدل کے ساتھ داد رسی کرنا۔ فضل کے ساتھ مال خرچ کرنا۔ مہربانی کے ساتھ ایثار و قربانی کرنا۔ عدل (انصاف) کرنا تین افعال کے ساتھ ممکن ہے۔ اپنی ذات سے ننگ و عار محسوس کرنا۔ فیصلہ کی جزا سے ڈرنا۔ مقدور بھر کوشش کرنا۔ انفاقِ مال (یعنی فضل کے ساتھ مال خرچ کرنا) تین افعال کے ساتھ مربوط ہے۔ کمینہ پن سے گریز کرنا۔ سخاوت کی عزت کو ملحوظ رکھنا۔ اہلِ حاجت کی آرزو کر پہچاننا۔ ایثار تین افعال کے ساتھ کیا جا سکتا ہے۔ حدودِ الٰہی کو مخلوق کے تنازعات پر ہمیشہ ترجیح دینا۔ دائمی مسرت کو عارضی خوشی پر ترجیح دینا۔ ہمیشہ کے شرف کو اس کائنات کے شغل پر ترجیح دینا۔

☆ **مبالات**۔ معاملہ کے میدان سے نکل کر اٹھارہواں میدان ''مبالات'' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! ویحذرکم اللہ نفسہ۔ (ترجمہ) اور تمھیں اپنے (غصہ و غضب) سے ڈراتا ہے۔ (القرآن۔ 30:13) مبالات کا مفہوم حزم و احتیاط کے ہیں۔ (یاد رہے۔ کہ!) حزم و احتیاط تین باتوں کی وجہ سے ہوتا ہے۔ کسی سے ڈر کی وجہ سے۔ کسی سے شرم کے باعث اور کسی سے محبت کے باعث۔ ڈر (خوف) کا مفہوم یہ ہے۔ کہ! سالک اس بات سے ڈرتا رہے۔ کہ اللہ تعالیٰ مجھ پر برابر (مسلسل) احسان کرتا رہتا ہے۔ اور مَیں پے دَرپے سرکشی اختیار کرتا رہتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ سالک کے شرف میں اضافہ کرتا رہتا ہے۔ جبکہ وہ اس کی حد سے تجاوز کرتا رہتا ہے۔ انسان جتنے چاہے گناہ کرتا چلا جائے۔ مگر وہ برابر سرفراز کرتا رہتا ہے۔ شرم سے مراد یہ ہے۔ کہ! سالک اپنے رزاقِ حقیقی کی نعمتوں کو حقیر نہ سمجھے۔ اور اپنے گناہوں کو معمولی خیال نہ کرے۔ اور مکر و ریاء کے ساتھ خودستائی (اپنے ہی منہ سے اپنی تعریف) نہ کرے۔ محبت سے مراد یہ ہے۔ کہ! سالک اس بات سے ہر وقت ڈرتا رہے۔ کہ! ربِ متعال میری طرف التفات کئے ہوئے ہو۔ اور مَیں غافل رہوں۔ یا اس سے بہشت کے ساتھ راضی ہو جائے۔ یا اس کی ذات کے سوا کسی چیز کی آرزو نہ کرے۔

☆ **یقین**۔ مبالات کے میدان سے نکل کر انیسواں میدان ''یقین'' کا نکلتا ہے۔ یقین ہر قسم کے گمان کے بغیر حاصل ہوتا ہے۔ یقین کے تین ابواب (اقسام) ہیں۔ علم الیقین۔ عین الیقین۔ حق الیقین۔

☆ علم الیقین سے مراد ایسا علم جو کہ دلیل سے حاصل ہوتا ہو۔ علمِ یقین مطالعہ ہے۔ یہ شنید سے حاصل کیا جاتا ہے۔ علمِ یقین کسی چیز کی شناخت کا سبب ہے۔ ☆ عین الیقین سے مراد ایسا علم کہ جو تجربہ سے حاصل کیا جاتا ہو۔ عین یقین مکاشفہ ہے۔ یہ الہام سے حاصل کیا جاتا ہے۔ اور عین یقین سبب سے نجات پانے کا نام ہے۔ ☆ حق الیقین سے مراد ایسا علم کہ جو واقعتاً حقیقت پر مبنی ہو۔ حق یقین مشاہدہ ہے۔ یہ دیکھنے سے پیدا ہوتا ہے۔ اور حق ہر قسم کے انتظار و امتیاز سے آزاد ہوتا ہے۔

اقسام یقین : یقین کی تین اقسام ہیں۔ یعنی کہ تین درجات ہیں۔ ☆ علم الیقین ☆ عین الیقین ☆ حق الیقین

یقین کی اقسام کو سمجھنے کے لئے ہم یہاں نار (آگ) کی مثال لیتے ہیں۔ جیسے کہ! ☆ کسی نے بتایا کہ نار گرم ہوتی ہے۔ یہ ہے علم

الیقین ۔ ☆ نار کی لال اور سُلگتی ہوئی رنگت کو دیکھ کر کہا جا سکتا ہے۔کہ یہ گرم ہوگی ۔ یہ ہے عین الیقین ۔ ☆ نار کے قریب ہاتھ لے جا کر احساس ہوتا ہے۔کہ واقعتاً نار گرم اور جلانے والی ہے۔☆ **یقین**: یقین خاتم الاحوال ہے۔ اس کے لغوی معنی تو یہ ہیں۔کہ! وہ علم یا معلومات کہ جس میں شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہ ہو۔مگر اصطلاحِ تصوف میں یقین کا مفہوم یہ ہے۔کہ! کسی پوشیدہ چیز کو قوتِ ایمانی سے بعینہٖ درست طور پر ملاحظہ کر لینا۔اور اس کے لئے کسی دلیل وحجت کی ضرورت کو محسوس نہ کرنا۔یعنی کہ! **رویتِ عیاں بقوتِ ایمان نہ بحجت و برہان**۔ قرآنِ حکیم نے یقین کے تین درجات بیان کئے ہیں ۔ علم الیقین ۔ عین الیقین ۔ حق الیقین ۔

صاحبِ کشف المحجوب جناب حضرت علی بن عثمان ہجویریؒ نے یقین کی انہی تینوں اقسام کو اس طرح سے بیان فرمایا ہے۔کہ! **علم الیقین** کا مطلب دنیاوی معاملات کو ان کے احکامات کے ساتھ جاننا۔اور **عین الیقین** کا مطلب حالتِ نزع اور وقتِ رحلت کا علم ہے۔جبکہ **حق الیقین** سے مراد جنت میں اللہ تعالیٰ کے ظاہر ہونے اور اس کے احوال اور کیفیات کو ملاحظہ کرنا ہے۔ لہذا علم الیقین علماء کا درجہ ہے۔کیونکہ! وہ احکاماتِ شریعہ کے معاملات و امورات پر ثابت قدم ہوتے ہیں۔اور عین الیقین عارفین کا درجہ ہے۔کیونکہ وہ لوگ حالتِ نزع اور وقتِ رحلت کے منتظر رہتے ہیں۔تاکہ اُن کا وصالِ حقیقی نصیب ہو جائے۔جبکہ حق الیقین درحقیقت محبانِ حق کی فنا کا درجہ ہے۔کہ وہ اس لحاظ سے کل موجوداتِ دنیا سے قطع نظر کئے ہوئے ہیں۔(لہذا یاد رہے۔کہ!) علم الیقین مجاہدے سے حاصل ہوتا ہے۔ عین الیقین محبتِ الٰہی سے حاصل ہوتا ہے۔جبکہ حق الیقین مشاہدہ حق سے حاصل ہوتا ہے۔

☆ **بصیرت**۔ یقین کے میدان سے نکل کر بیسواں میدان ''بصیرت'' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **تذکروا فاذا ھم مبصرون**۔(ترجمہ) چنانچہ اچانک ان کی آنکھیں کھل جاتی ہیں۔(القرآن۔) بصیرت کا مفہوم دیدہ وری ہے۔

بصیرت تین باتوں کے ساتھ ہے۔بصیرتِ قبول۔ بصیرتِ اتباع۔بصیرتِ حقیقت۔

بصیرتِ قبول محبت کے حصول تک رسائی کا نام ہے۔جیسا کہ قرآن حکیم میں ارشاد ہوا ہے۔کہ! **قد جآء کم بصآئر من ربکم**۔(ترجمہ) تمھارے پاس تمھارے پروردگار کی طرف سے روشن دلیلیں پہنچ چکی ہیں۔(القرآن۔ **105:06**) یاد رہے۔کہ! بصیرتِ قبول تجربات، نشانات اور دلائل کے مشاہدہ میں ہے۔ بصیرتِ اتباع آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی سنت پر سختی سے کاربند ہونے کا نام ہے۔جیسا کہ ارشادِ ربانی ہے۔کہ! **علی بصیرۃ انا ومن اتبعنی**۔(ترجمہ) مَیں اور میری پیروی کرنے والے بصیرت پر ہیں۔(القرآن۔ **108:12**) یاد رہے۔کہ! بصیرتِ اتباع کتاب وسنت اور اسلاف (صحابہ کرام، تابعین اور چاروں فقہاء) کے آثار میں ہے۔

کھلتے نہیں اِس قلزمِ خاموشی کے اَسرار جب تُو اِسے ضَربِ کلیمی سے نہ چیرے

بصیرتِ حقیقت یعنی اپنے مالکِ حقیقی کو دل کی نگاہوں سے دیکھنا ہے۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! **تبصرۃ و ذکریٰ لکل عبد منیب**۔(ترجمہ) ہر رجوع کرنے والے بندے کے لئے اس میں ہدایت ونصیحت ہے۔(القرآن۔ **08:50**) یاد رہے۔کہ! بصیرتِ حقیقت دراصل دل کے اندر ایک روشن نور ہے۔کہ! یہ مَیں ہوں۔اور کان میں ایک ندا ہے۔کہ میں یہاں ہوں۔اور ایک روشن نشان کہ میں تیرے ساتھ ہوں۔

☆ **توکل** ۔بصیرت کے میدان سے نکل کر اکیسواں میدان''توکل'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **و علی اللہ فتوکلوا ان کنتم مؤمنین**۔(ترجمہ) تم اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ رکھو۔اگر تم اہلِ ایمان ہو۔(القرآن۔**23:15**) ایک اور جگہ ارشادِ ربانی ہے۔کہ! **فعلیہ فتوکلوا ان کنتم مسلمین**۔(ترجمہ) پس تم اسی پر توکل کرو۔اگر تم مسلمان ہو۔(القرآن۔**84:10**) اور اسی طرح ایک اور جگہ پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! ''**و علی اللہ فتوکلوا ان کنتم مؤمنین**'' (ترجمہ) اور اپنا بھروسہ صرف اللہ تعالیٰ ہی پر رکھو۔اگر تم ایمان والے ہو۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر **23**) اسی طرح سے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔کہ! ''**واتقوا اللہ۔ و علی اللہ فلیتوکل المؤمنون**'' (ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔اور مومنوں کو (توصرف) اللہ تعالیٰ ہی پر بھروسہ رکھنا چاہیئے۔(سورہ مائدہ۔آیت نمبر **11**) اِن دونوں آیات میں توکل کو ایمان کے ساتھ مربوط ومشروط کیا گیا ہے۔

تیری کریمی کے آسرے پر ، ہم فقیروں کی زندگی ہے جسے تو عروج بخشے ، اسے خیالِ زوال کیسا

توکل یقین کا پُل ، ایمان کا ستون اور اخلاص کی منزل ہے ۔ یاد رہے ۔ کہ!

توکل تین مقامات میں پایا جاتا ہے۔بوقتِ تجربہ۔ اضطراری حالت میں۔حقیقی صورت میں۔ تجربے کے تحت توکل یہ ہے۔کہ! لوگ کوششیں تو کرتے ہیں۔مگر اللہ تعالیٰ اپنی کارسازی کرتا ہے۔اور یہ کام کرنے والوں کا حال ہے۔ اضطراری حالت میں یا جبر کے تحت توکل یہ ہے۔کہ! انسان صحیح طور پر جان لے۔کہ کسی کے اختیار میں کچھ نہیں۔حیلہ سازی بیکارِ محض ہے۔اسباب بے فائدہ ہیں۔اور یہ سب جاننے اور سمجھنے کے بعد وہ بالکل مطمئن ہو جائے۔کیونکہ! یہ تو اللہ تعالیٰ کی عنایت وعطا کے منتظر لوگوں کا حال ہے۔ حقیقی صورت میں توکل یہ ہے۔کہ! انسان یہ جان لے کہ! رزق کی کشائش اور تنگی حکمتِ الٰہی کے تحت ہے۔رزق کا تقسیم کرنے والا مہربان ہے۔غافل نہیں۔بندہ ءعاجز کے لئے ہمہ وقت حیرت ہی حیرت ہے۔یہ سب جاننے اور سمجھنے کے بعد وہ آسودہ ءخاطر ہو جائے۔کیونکہ! یہ اہلِ رضا کا حال ہے۔(توکل کے ضمن میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ!) ☆ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔کہ! ''**فاذا عزمت فتوکل علی اللہ . ان اللہ یحب المتوکلین**'' (ترجمہ) پھر جب آپ پختہ ارادہ کر لیں۔تو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیا کریں۔بے شک!

اللہ تعالیٰ توکل کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔(سورہ آلِ عمران۔آیت نمبر 159) ایک اور جگہ پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! ''**و تو کل علی اللہ. اکفٰی با للہ و کیلا و من یتوکل علی اللہ فھو حسبہ** ۔اور جو شخص اللہ تعالیٰ پر توکل کرتا ہے تو وہ اُسے کافی ہے۔ توکل کے متعلق متفقہ علیہ کی ایک حدیث ہے۔کہ! حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! میری اُمت کے ستر ہزار افراد بغیر حساب کے جنت میں داخل ہوں گے۔یہ وہ لوگ ہوں گے۔جو نہ غیر شرعی جھاڑ پھونک کرتے ہیں۔نہ بدشگونی لیتے ہیں۔اور اپنے رب پر ہی بھروسہ کرتے ہیں۔

کہیں عشق سجدے میں گر گیا — کہیں عشق سجدے سے پھر گیا

اسی طرح سے توکل کے حقیقی مفہوم کو حدیث میں اس طرح سے بیان کیا گیا ہے۔کہ! حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے۔کہ! ایک شخص نے (بارگاہ نبوی ﷺ میں) عرض کیا۔کہ! یا رسول اللہ ﷺ ! کیا مَیں اونٹ باندھوں اور توکل کروں۔یا کھول کر توکل کروں۔(تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔باندھ کر توکل کرو۔(جامع ترمذی۔مستدرک حاکم۔صحیح ابن حبان) اسی طرح سے ایک اور حدیث میں آیا ہے۔کہ! حضرت عمر بن خطابؓ سے مروی ہے۔کہ! حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! اگر تم اللہ تعالیٰ پر اس طرح بھروسہ کرتے۔جیسا (کہ) بھروسہ کرنے کا حق ہے۔تو تمھیں اس طرح رزق دیا جاتا۔جس طرح پرندوں کو رزق دیا جاتا ہے۔(جیسا کہ) وہ صبح کو بھوکے نکلتے ہیں۔اور شام کو پیٹ بھر کر واپس آتے ہیں۔(جامع ترمذی۔مستدرک حاکم) اسی طرح سے حضرت عبداللہ بن مبارکؒ فرماتے ہیں۔کہ! جس شخص نے ایک بھی پیسہ حرام کا لیا۔وہ متوکل نہیں ہے۔

کافر کی یہ پہچان ، کہ آفاق میں ہے گم — مومن کی یہ پہچان کہ گم اس میں ہیں آفاق

توکل کی حقیقت : سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی بغدادیؒ اپنی کتاب **غنیۃ الطالبین** میں توکل کے ضمن میں رقم طراز ہیں۔کہ ! توکل کی حقیقت یہ ہے۔کہ انسان اپنے تمام معاملات اللہ تعالیٰ کے سُپرد کر دے۔اختیار و تدبیر کی اندھیریوں سے پاک ہو۔اور تقدیرِ الٰہی کی طرف قدم بڑھائے۔اس وقت بندے کو یقین ہو جاتا ہے۔کہ مُقدر میں کوئی تبدیلی نہیں ہوسکتی۔اور جو کچھ اس کی قسمت میں ہے۔اس سے ضائع نہیں ہوگا۔اور جو کچھ اس کے مقدر میں نہیں۔وہ اس کو ملنے کا نہیں۔اس بات سے اس پر اس کا دل سکون اختیار کر لیتا ہے۔اور اپنے مالک کے وعدے پر مطمئن ہو جاتا ہے۔اور اپنے رب ہی سے سب کچھ حاصل کرتا ہے۔

مشکلوں سے کہہ دو ، یوں نہ اُلجھا کریں ہم سے — ہم وہ ہیں ، جنھیں ہر حال میں جینے کا ہنر آتا ہے

توکل کے درجات : توکل کے تین درجات ہ ☆ پہلا درجہ توکل ہے۔ ☆ دوسرا درجہ تسلیم ہے۔ ☆ تیسرا درجہ تفویض ہے۔ متوکل اپنے رب کے وعدے پر مطمئن ہوتا ہے۔تسلیم والا اللہ تعالیٰ کے علم پر اِکتفا کرتا ہے۔اور صاحب **تفویض** اللہ تعالیٰ کے حُکم پر راضی ہوتا ہے۔اسی لئے تو کہا گیا۔کہ توکل ابتدا ہے،تسلیم متوسط درجہ اور تفویض انتہا ہے۔

اسی ضمن میں حضرت شیخ نجم الدین کبریٰؒ فرماتے ہیں۔کہ! عارفوں کے نزدیک توکل کے 487 درجات ہیں۔جبکہ ملامتیہ فرقے کے ہاں 456 درجات ہیں۔توکل کے پہلے ہی درجے میں ایک مسمان کے اندر چار کرامتیں پیدا ہو جاتی ہیں۔طی الارض (زمین کو چشم زدن میں طے کرنا)،مشی علی الماء (پانی پر چلنا)،طیران فی الھوا (ہوا میں اُڑنا) اور خوراک از غیب (کھانے پینے کا اللہ تعالیٰ کی جانب سے بغیر کسی مشقت کے حاصل ہو جانا)

ایک بزرگ نے کسی مرحوم ضعیف العمرولی نے بحالتِ رویاء دریافت فرمایا۔کہ! اللہ تعالیٰ کے قریب کرنے والی کیا چیز ہے (یعنی قربِ الٰہی کیسے حاصل کیا جائے) تو اُس بزرگ نے فرمایا۔کہ! (قرب الی اللہ کے لئے) ایک ابتداء اور تین انتہا ہیں۔(کہ جس سے قربِ الٰہی حاصل کرنا ممکن ہے) ابتداء میں پرہیز گاری اختیار کرنا۔اور انتہا کی تین چیزیں رضا،تسلیم اور توکل ہیں۔

☆ **لجا**۔توکل کے میدان سے نکل کر بائیسواں میدان ''لجا'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **وظنوا ان لا ملجا من اللہ الا الیہ** ۔(ترجمہ) اور انہوں نے جان لیا۔کہ! اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی پناہ نہیں ہے۔(القرآن۔118:09) لجا کا مفہوم ہے۔کہ! کسی مقام پر پناہ حاصل کرنا۔اس کے تین رکن ہیں۔پناہِ زبان۔پناہِ دل۔پناہِ جان۔ زبان کی پناہ معذرت خواہی ہے۔ دل کی پناہ انکساری ہے۔جان کی پناہ اضطرار ہے۔اور اضطرار کا مفہوم اشتیاق ہے۔ (یاد رہے۔کہ!) توکل کام کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرنا ہے۔ جبکہ لجا خود کو ذاتِ باری تعالیٰ کے عین سپرد کرنا ہے۔ متوکل تو اللہ تعالیٰ سے امید رکھتا ہے۔جبکہ صاحب لجا کی اللہ تعالیٰ کے سوا کسی سے قطعًا کوئی امید ہو ہی نہیں سکتی۔ متوکل عطا کے ساتھ آرام پاتا ہے۔اور صاحبِ لجا صرف ذاتِ باری تعالیٰ کے ساتھ آرام پاتا ہے۔ صاحبِ لجا کی راہ میں کوئی حجاب حائل و رکاوٹ نہیں۔اور لجا کے فیوض و برکات کا کوئی حساب و حدنہیں۔کیونکہ! جہاں لجا نہیں۔اس کی اصل بے مایہ ہے۔لجا پاک بازوں کے لئے زیب و زینت ہے۔اور متلاشیانِ حق کے ہاتھ میں اللہ تعالیٰ کے باب (دروازوں) کا حلقہ ہے۔

☆ **رضا**۔لجا کے میدان سے نکل کر تیسواں میدان ''رضا'' کا نکلتا ہے۔رضا کے ضمن میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **رضی اللہ عنہ ورضوا عنہ** ۔(ترجمہ) اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوگیا۔اور وہ اللہ تعالیٰ سے راضی ہوگئے۔(القرآن) رضا درحقیقت اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کا نام ہے۔

ا۔ اللہ تعالیٰ کا دین جس طرح سے اس نے اُتارا ہے۔تو اس کے ساتھ راضی ہو جائے۔اس کے (اللہ تعالیٰ کے) دین کو جس طرح سے اس نے اتارا،پسند کرنے میں ہر قسم کے تکلف،بدعت اور وساوس سے آزادی نصیب ہوتی ہے۔ ب۔ تقدیر اور روزی جس طرح اس نے تیرے اور دوسروں کے لئے مقرر فرمائی

ہے۔اس کے ساتھ راضی ہو جائے۔اس کی تقدیر کو پسند کرنے میں ہر قسم کی حیلہ بازی،حسد اور پریشانی سے نجات مل جاتی ہے۔

ماسوا اللہ کے بجائے اپنے مولا کے ساتھ راضی ہو جائے۔ ماسوا اللہ کے بجائے اپنے مالکِ حقیقی (رب متعال) کے ساتھ راضی ہونے میں ہر قسم کے خطرات، دنیوی علائق اور دونوں جہانوں سے آزادی ہے۔ بہر حال! الحاصل کلام! جس شخص نے حکمِ الٰہی میں صرف ذاتِ الٰہی پر تکیہ کیا۔ وہ راضی ہے۔ رضا کی اصل اللہ تعالیٰ کا یہ فرمانِ عالیشان ہے۔کہ! **رضی اللہ عنھم ورضوا عنہ۔ ذالک الفوز العظیم۔(ترجمہ)** اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوا۔ اور وہ اس سے راضی ہوئے۔ یہی بھی (بڑی) زبردست کامیابی ہے۔(سورہ مائدہ۔119)

یاد رہے۔کہ! اس آیت میں رضائے الٰہی کو متبادل قرار دیا گیا ہے۔کیونکہ حقیقی رضا کا مقام تو درحقیقت یہ ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ بندے سے راضی ہو جائے۔اور بندہ اللہ تعالیٰ سے راضی ہو جائے۔تاکہ اللہ تعالیٰ اور بندہ (دونوں) کی رضائیں متلازم اور مترابط ہو جائیں۔ بندے کا دل ہمیشہ شک وشبہ میں مبتلا رہتا ہے۔اسی لئے بندہ اللہ تعالیٰ سے اُس وقت تک راضی نہیں ہو سکتا۔جب تک کہ اللہ تعالیٰ خود بندے سے راضی نہ ہو جائے۔ نیز ارشادِ خداوندی ہے۔کہ! **یبشرھم ربھم برحمۃ منہ۔(ترجمہ)** ان کا رب ان کو اپنی رحمت اور رضا کی خوشخبری دیتا ہے۔(سورہ توبہ۔21) اسی طرح اللہ تعالیٰ ایک اور جگہ پر فرماتا ہے۔کہ! **ورضوان من اللہ اکبر۔(ترجمہ)** اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے رضا تو سب سے بڑی چیز ہے۔(سورہ توبہ۔72) اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنی رضا کو تمام نعمتوں سے بڑی اور عظیم نعمت قرار دیا ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ ایک اور جگہ پر فرماتا ہے۔کہ! **افمن اسس بنیانہ علیٰ تقویٰ من اللہ و رضوان خیر۔(ترجمہ)** بھلا کیا وہ شخص بہتر ہے۔جس نے اپنی عمارت کی بنیاد اللہ تعالیٰ کے خوف اور اس کی رضا پر اُٹھائی ہو۔(سورہ توبہ۔109) اسی طرح اللہ تعالیٰ ایک اور جگہ پر فرماتا ہے۔کہ! **محمد رسول اللہ. والذین معہٗ اشدآء علی الکفار رحمآء بینھم ترٰھم رکعا سجدا یبتغون فضلا من اللہ و رضوانا۔(ترجمہ)** (نبی آخرالزمان جناب حضرت) محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ ہیں۔اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں۔وہ کفار کے مقابلے میں سخت ہیں۔(مگر) آپس میں ایک دوسرے کے لئے رحم دل ہیں۔تم انہیں دیکھو گے۔کہ کبھی رکوع میں ہیں۔کبھی سجدے میں۔(غرضیکہ) اللہ تعالیٰ کے فضل اور رضا کی تلاش میں لگے ہوئے ہیں۔(سورہ فتح۔129) رضا کے ضمن میں چند احادیثِ نبویہ ﷺ پیش خدمت ہیں۔جیسے کہ! آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! تین خصلتیں ایسی ہیں۔کہ جس میں یہ پیدا ہو جائیں۔(تو گویا) اُس نے ایمان کی مٹھاس کو پا لیا۔اول یہ کہ! اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول ﷺ اس کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب بن جائیں۔دوئم یہ کہ! وہ کسی انسان سے اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی کے لئے محبت رکھے۔سوئم یہ کہ! وہ کفر میں واپس لوٹنے کو ایسا بُرا جانے۔جیسا کہ آگ میں ڈالے جانے کو بُرا جانتا ہے۔(صحیح بخاری شریف) اس حدیث میں اہلِ رضا کے لئے ایمان کی حلاوت (یعنی مٹھاس) ثابت کی گئی ہے۔کیونکہ! جو شخص لذتِ ایمان سے محروم رہ جاتا ہے۔اس کے لئے دنیا وآخرت میں قلق واضطراب، پشیمانی و پچھتاوے کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا۔اسی لئے آنحضور سرورِ کائنات ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو مرتبہء رضا کے حصول کی تلقین فرمایا کرتے تھے۔ رضائے الٰہی کے سلسلے میں ایک بہت ہی مشہور ومعروف حدیث قدسی مفہوم ہے۔کہ آنحضور نبی مکرم ﷺ اللہ تعالیٰ سے روایت فرماتے ہیں۔کہ! (یہاں پر اللہ تعالیٰ حضرت انسان سے مخاطب ہیں)

اے ابنِ آدم! ایک ہے میری چاہت۔۔۔اور ایک ہے تیری چاہت۔۔۔ ہوگا تو وہی۔جو ہے میری چاہت۔۔۔پس اگر تُو نے سپُرد کر دیا اپنے کو اِس کے۔جو ہے میری چاہت۔۔۔تو وہ بھی میں تجھے دوں گا۔جو ہے تیری چاہت۔۔۔اگر تُو نے مُخالفت کی اُس کی۔جو ہے میری چاہت۔۔۔تو میں تھکا دوں گا تجھ کو اِس میں۔جو ہے تیری چاہت۔۔۔ پھر (بھی) ہوگا (تو) وہی ۔۔۔جو ہے میری چاہت۔۔۔

☆ ارشادِ نبوی ﷺ ! بے شک تو جو کچھ خرچ کرے۔اور اس سے تیری نیت اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنی ہو۔تو تجھ کو اس کا ثواب ملے گا۔یہاں تک کہ اس پر بھی جو تُو اپنی بیوی کے منہ میں ڈالے۔(ایک اور حدیث میں ہے۔کہ! حتیٰ کہ اس لقمہ پر بھی جو تم اپنی بیوی کے منہ میں رکھو)

☆ آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! جہاد دو طرح کے ہیں۔رہا وہ شخص جس نے اللہ تعالیٰ کی رضامندی چاہی۔امام کی اطاعت کی۔اچھے سے اچھا مال خرچ کیا۔ساتھی کے ساتھ نرمی اور محبت کی۔اور جھگڑے فساد سے دور رہا۔تو اس کا سونا اور اس کا جاگنا سب باعثِ اَجر ہے۔اور جس نے اپنی بڑائی کے اظہار، دکھاوے اور شہرت طلبی کے لئے جہاد کیا۔امام کی نافرمانی کی۔اور زمین میں فساد مچایا۔تو (اسے ثواب ملنا تو درکنار۔وہ تو) برابر برابر بھی نہیں لوٹا۔(سنن ابی داؤد شریف) ☆ آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! جس نے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے چالیس 40 دنوں تک تکبیرِ اولیٰ کے ساتھ باجماعت نماز پڑھی۔تو اس کے لئے دو قسم کی برأت (چھوٹ واستثنیٰ) لکھی جائیں گی۔ایک آگ سے برأت، دوسری نفاق سے برأت۔(جامع ترمذی شریف) ☆ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔کہ! میں نے آنحضور نبی مکرم ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا۔کہ! جس نے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے مسجد بنائی۔تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے اسی جیسا گھر بنائے گا۔(جامع ترمذی شریف) ☆ آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! جنت میں ایسے بالا خانہ ہیں۔جن کا بیرونی حصہ اندر سے اور اندرونی حصہ باہر سے نظر آئے گا۔(یہ سن کر) ایک اعرابی نے کھڑے ہو کر عرض کیا۔ اے اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ ! (یہ بالا خانے) کس کے لئے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا۔جو اچھی طرح بات کرے۔کھانا کھلائے۔خوب روزہ رکھے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے نماز پڑھے۔جب کہ لوگ سوئے ہوں۔(جامع ترمذی شریف) ☆ آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! سات قسم کے لوگ ایسے ہیں۔ جنہیں اللہ تعالیٰ اس دن کہ جب اس کے (عرش کے) سائے کے علاوہ کوئی سایہ نہ ہوگا۔اپنے عرش کے سائے میں جگہ دے گا۔

1 اِن میں سے ایک انصاف کرنے والا حکمران ہے۔ 2 دوسرا وہ نوجوان ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کی عبادت میں پلا بڑھا۔ 3 تیسرا وہ شخص ہے۔ جس کا دل مسجد میں لگا ہوا ہے۔ 4 چوتھے وہ دو آدمی، جنہوں نے صِرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ایک دوسرے کے ساتھ محبت کی۔ اسی کے واسطے جمع ہوتے ہیں۔ اور اسی کے واسطے الگ ہوتے ہیں۔ 5 پانچواں وہ آدمی، جو تنہائی میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے۔ اور عذابِ الٰہی کے خوف میں آنسو بہائے۔ 6 چھٹا وہ آدمی جسے (کوئی) خوبصورت عورت گناہ کی دعوت دے۔ لیکن وہ کہے۔ (کہ) مجھے اللہ تعالیٰ کا خوف ہے۔ 7 ساتواں وہ آدمی، جس نے کوئی صدقہ کیا۔ تو اسے چھپایا۔ یہاں تک کہ اس کے بائیں ہاتھ کو بھی پتہ نہ چلے۔ کہ دائیں ہاتھ نے کیا خرچ کیا۔ (جامع ترمذی۔ امام ترمذیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! یہ حدیث حسن صحیح ہے)

☆ آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ کہ! جو شخص زینت کا لباس خالص اللہ تعالیٰ کی رضا مندی اور اس کی تواضع کی خاطر چھوڑ دے۔۔ باوجود یہ کہ! وہ اسے میسر ہو۔ تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو قیامت کے دن تمام خلائق کے سامنے بلائے گا۔ تا کہ وہ اہلِ ایمان کے لباس میں سے جسے چاہے پسند کرے۔ اور پہنے۔ (جامع ترمذی شریف) ☆ ارشادِ نبوی ﷺ ! جس نے اللہ تعالیٰ ک رضا کے لئے دیا۔ اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے روکا۔ اور جس نے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے محبت کی۔ اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے عداوت و دشمنی کی۔ اور اللہ تعالیٰ کی رجا کے لئے نکاح کیا۔ تو یقیناً اس کا ایمان مکمل ہو گیا۔ (جامع ترمذی شریف) ☆ آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ کہ! جو شخص صبح و شام مذکورہ کلمات تین مرتبہ پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ اپنے ذمہ کرم پر لے لیتا ہے۔ (کان حقا علی اللہ) کہ بروزِ قیامت اس کو ضرور راضی فرمائے گا۔ (وہ کلمات یہ ہیں) **رضیت باللہ ربا و بالاسلام دینا و بسیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نبیا و رسولا۔** (ترجمہ) مَیں اللہ تعالیٰ کے رب ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر اور حضرت محمد ﷺ کے نبی و رسول ﷺ ہونے پر راضی ہوں۔ (سنن ابوداؤد) یہ دعا پڑھنے والا شخص اللہ تعالیٰ کی رضا کا حقدار قرار دیا گیا ہے۔

حضرت عمر بن خطابؓ نے حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ کو ایک مکتوب میں تحریر فرمایا۔ کہ! صلﷺ ۃ وسلام کے بعد واضح ہو۔ کہ! بھلائی ہمہ تن رضا میں ہے۔ اگر تم اللہ تعالیٰ کی قضاء پر راضی رہ سکو۔ تو بہتر ہے۔ ورنہ صبر اختیار کرو۔ حضرت علی بن محمدؒ فرماتے ہیں۔ کہ! تین چیزیں ہیں۔ کہ ان میں سے کسی مسلمان کا دل خیانت نہیں کرتا۔ ہر نیک کام (عملِ صالح) محض اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے کرنا۔ مسلمانوں کے اماموں اور سرداروں کی خیر خواہی چاہنا، مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ ہمیشہ رہنا اور ان سے جدا نہ ہونا۔ حضرت جنید بغدادیؒ نے فرمایا۔ بندے کے اپنے اختیار کا اُٹھ جانا رضا ہے۔

حضرت ابو تراب بخشیؒ نے فرمایا۔ جس شخص کے دل میں دنیا کی قدر و منزلت ہو۔ وہ رضا کا مقام و مرتبہ حاصل نہیں کر سکتا۔

حضرت ابو سلیمانؒ فرماتے ہیں۔ کہ! رضا یہ ہے۔ کہ! نہ تم اللہ تعالیٰ سے جنت کا سوال کرو۔ اور نہ ہی جہنم سے پناہ مانگو۔

حضرت رابعہ بصریؒ نے فرمایا۔ بندہ اس وقت تک راضی برضا کہلانے کا حقدار نہیں ہو سکتا۔ جب تک کہ وہ مصیبت میں اسی طرح خوش نہ ہو۔ جس طرح کہ وہ آرام میں خوش تھا۔ (بقول حضرت بابا فرید گنج شکرؒ)

دکھ سلامت یار فریدن جہاں دکھاں یار ملائے　　　دکھاں دی سیج وچھائی تے دکھاں ہار بنائے

انہیں صاحبانِ رضا کے متعلق حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! اہلِ رضا جنت و دوزخ سے بھی بے نیاز رہتے ہیں۔ وہ لوگ جنت کی طلب اس لئے نہیں کرتے۔ کہ وہاں راحت ہے۔ اور جہنم سے پناہ اس لئے نہیں مانگتے۔ کہ وہاں رنج و تکلیف ہے۔ بلکہ یہ لوگ جنت کی طلب اس لئے کرتے ہیں۔ کہ وہ اللہ تعالیٰ کا مقامِ رضا ہے۔ اور دوزخ سے پناہ اس لئے مانگتے ہیں۔ کہ وہ اللہ تعالیٰ کے غضب کا مقام ہے۔ تو ان کی نظر میں جنت و دوزخ مقصود نہیں۔ بلکہ ان کے پیشِ نظر اللہ تعالیٰ کی رضا اور اللہ تعالیٰ کے غضب سے امان و پناہ مقصود ہوتا ہے۔ اسی لئے ان کا یہ مؤقف ہے۔ کہ! ہمیں اللہ تعالیٰ کی رضا چاہیئے۔ اور اللہ تعالیٰ کے غضب سے پناہ بھی۔ اور درحقیقت یہی وہ خوش قسمت لوگ ہیں۔ کہ جنہیں محبتِ ذاتیہ، فنائے مطلق، مقامِ رضا اور مقامِ بقا باللہ حاصل ہوتا ہے۔ اور یہی مقامِ تکمیل ہے۔ مقامِ رضا میں نفرت و کراہت ختم ہو جاتی ہے۔ جو بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئے۔ اس پر راضی رہتے ہیں۔ کیونکہ! ان کی نظر صرف اپنے محبوبِ حقیقی کی جانب ہمیشہ گامزن رہتی ہے۔ (بقولِ شاعر)

یہ بلا ہرگز نہیں　　　یہ بھی محبوب کا انداز ہے

اسی طرح ایک اور شاعر کہتے ہیں۔ کہ!

ہائے کس کے ہوئے ایسے نصیب　　　جس پر بلا نازل کرے اُسی کا حبیب

مومن کو چاہیئے۔ کہ! وہ اللہ تعالیٰ کے فیصلے اور تقسیم پر ہمیشہ راضی رہے۔ کیونکہ! اللہ تعالیٰ کا فیصلہ انسان کے فیصلے سے ہمیشہ بہتر بلکہ بدرجہا بہترین ہوا کرتا ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ کہ! **وعسٰی ان تکرھوا شیئا وھو خیر لکم و عسٰی ان تحبوا شیئا وھو سر لکم واللہ یعلم وانتم لا تعلمون۔** (**ترجمہ**) یہ عین ممکن ہے۔ کہ تم ایک چیز کو بُرا سمجھو۔ حالانکہ! وہ تمھارے حق میں بہتر ہو۔ اور یہ بھی ممکن ہے۔ کہ تم ایک چیز کو پسند کرو۔ حالانکہ! وہ تمھارے حق میں بُری ہو۔ اور (اصل حقیقت تو صرف) اللہ تعالیٰ (ہی) جانتا ہے۔ (سورہ بقرہ۔ 216) اس آیت میں صاف طور پر اللہ تعالیٰ حضرتِ انسان کو مخاطب کر کے فرماتا ہے۔ کہ! راضی برضا رہنے میں ہی عقل مندی ہے۔ کیونکہ انسانی عقل و دانائی، علم و حکمت محدود ہے۔ جبکہ اللہ تعالیٰ کا علم لامحدود اور پر حکمت ہے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کا جانتا ہے۔ جس میں حضرتِ انسان کی دینی و دنیاوی بہتری و بھلائی ہے۔ پس اللہ تعالیٰ نے مخلوق سے ان کی مصلحتیں پوشیدہ رکھیں۔

اورانسانوں کواپنے زریں اصولوں اوراحکامات پر چلنے اورعمل پیرا ہونے جبکہ ممنوعاتِ شرعیہ سے باز رہنے کا اور مقدر کے سامنے سرخم تسلیم خم کرنے اوراپنے منافع ونقصانات میں اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہنے کا حکم فرمایا ہے۔ مصالح اورانجام اللہ تعالیٰ نے اپنے ہی اختیار میں رکھے ہیں۔ پس ہمیں چاہیئے۔کہ! ہم ہمیشہ اللہ تعالیٰ اوراس کے آخری پیغمبر ﷺ کی کامل اطاعت وفرمانبرداری اختیار کریں۔

علمائے متصوفین وطریقت کا فرمان ہے۔کہ! رضا کی دواقسام ہیں۔ پہلی قسم یہ ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ کیساتھ راضی ہونا۔ جبکہ دوسری قسم یہ ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ سے راضی ہونا۔ ☆ اللہ تعالیٰ کے ساتھ راضی ہونے کا مطلب یہ ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ کی تدبیر کو بہرصورت تسلیم کرے۔

☆ جبکہ اللہ تعالیٰ سے راضی ہونے کا یہ مطلب ہے۔کہ! اس کے ہر فیصلے اور حکم پر سر تسلیم خم کرے۔

☆ **موافقت**۔رضا کے میدان سے نکل کر چوبیسواں میدان ''موافقت'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **فاض ما انت قاض**۔(ترجمہ) تو جوبھی فیصلہ کرنے والا ہے۔کرگزر۔(القرآن۔**72:20**) موافقت کا مفہوم ہے۔کہ! قادرِمطلق ومالکِ حقیقی کی لکھی ہوئی تقدیر کے ہر فیصلے وحکم کوکشادہ دلی کے ساتھ قبول کرنا۔(یادرہے۔کہ!) رضا،حکم کے ظاہر ہونے کے بعد جبکہ موافقت حکم کےظہور سے بیشتر راضی ہونے کا نام ہے۔موافقت تین باتوں سے عبارت ہے۔ بندے کے اختیار کا درمیان سے اُٹھ جانا۔ اپنے مولا کی عنایت کوصحیح تسلیم کرنا۔ اپنی شان وشوکتا وردونوں جہانوں کی کی محبت سے انقطاع۔

بندے کے اختیار کا درمیان سے اُٹھ جانے کی علامات تین باتوں سے ظاہر ہے۔

رنج وراحت میں یکساں رہنا۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کےمل جانے یا چھن جانے سے متاثر نہ ہونا۔ مرگ وزیست کا یکساں ہوجانا۔

اپنے مولا کی عنایت کوصحیح تسلیم کرنے سے تین نشانیاں وابستہ ہیں۔ اس کے قلب کووہ مسرت عطا کردیں۔جو جملہ غموں کوصاف کرڈالے۔ اسے وہ نوربخش دیں۔جودنیوی علائق کوزائل کردے۔ اسے وہ قربِ خاص نصیب ہو۔جوانتشار کودورکردے۔ اپنی ذات کو دونوں جہانوں کی محبت سے انقطاع کی علامت تین باتوں سےعبارت ہے۔ انسان کی تمام حاجات صرف ایک ہی ذات سےمتعلق ہو۔ دل میں ایسا کوئی حجاب نہ رہے۔جواسے مستورکردے۔ دل میں خواہشات کی ریشہ دوانی نہ رہے۔ بہرحال! الحاصل کلام! جس شخص نےحکمِ الٰہی میں محبتِ الٰہی پرقرار وچین حاصل کیا۔وہ موافق ہے۔

☆ **اخلاص**۔موافقت کے میدان سےنکل کرپچیسواں میدان ''اخلاص'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **قل اللہ اعبد مخلصا لہ دینی**۔(ترجمہ) آپ ﷺ فرمادیں۔کہ! میں اپنے دین کو (شرک سے) خالص کر کے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا ہوں۔(القرآن۔ **14:39**) اخلاص کا معنیٰ ریاء سے پاک ہرنیک فعل اور اخلاص کا مفہوم کسی چیز کا ممتاز کرنا ہے۔اس کی تین اقسام ہیں۔

اخلاصِ شہادت۔ اخلاصِ خدمت۔ اخلاصِ محبت۔

اخلاصِ شہادت کے(دراصل) تین گواہ ہیں۔ احکامِ الٰہیہ کی بجاآوری۔ نواہی سے پرہیز۔حصولِ سکون اَز رضائے خداوندی۔**الا للہ الدین الخالص**۔(ترجمہ) خالص عبادت (توصرف اورصرف) اللہ تعالیٰ ہی کوزیبا ہے۔(القرآن۔03:39) اخلاصِ خدمت کے تین گواہ ہیں۔اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مخلوق کونہ دیکھنا۔کارِحق میں سنتِ مطہرہ کی پاسداری کرنا۔اطاعتِ الٰہیہ میں حلاوت پانا۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔کہ! **وما امروا الا لیعبدوا اللہ مخلصین لہ الدین**۔(ترجمہ) اورانہیں حکم تو یہی ہوا تھا۔کہ اخلاصِ عمل کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی عبادت (بھی) کریں۔(القرآن۔**05:98**) اخلاصِ معرفت کے تین گواہ ہیں۔ وہ خوف جوگناہ سے روکنے والا ہو۔ وہ طاعت، جواُمید پرثابت قدم رکھے۔ وہ محبت، جوحکمِ الٰہی کے ساتھ موافقت کرنے والی ہو۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔کہ! **انا اخلصنھم بخالصۃ**۔(القرآن۔**46:38**) اِخبات سے مرادانسان کی نرم خوئی،اضطراب اورخوف ہے۔وہ ایسی حقیقت ہے۔کہ جس میں اخلاص کی چاشنی ہے۔جومخلوق کی معذوریوں سے آشنا ہے۔اور جو بےنفس ہے۔اخلاص کی چاشنی کے تین نشانات ہیں۔ دنیا کے سازوسامان،تگ ودَو اور اس کےفریب کاری کےغم سے نجات پانا۔ خدمتِ خلق پر مداومت،ہرلحہ یادِالٰہی میں استغراق اورتصفیہ باطن کے لئے جدوجہد کرنا۔ دنیا،اہلِ دنیا اور ہرخاص و عام انسان کواپنے (حقوق کی) ادائیگی سے بازرکھنا۔ (یادرہے۔) یہ ابدالوں کا طریق اوراُن کی سیرت ہے۔

تم تکلف کو اخلاص سمجھتے ہو فراز دوست ہوتا نہیں ہر ہاتھ ملانے والا

یہاں پر یہ ذرہ ناچیز (فقیرمحمد عبدالرؤف القادری) قارئین کتاب ہذا کی خدمت میں اخلاص کےمتعلق کچھ عرض کرنا چاہتا ہے۔

حضرت رب العالمین اخلاص کےضمن میں قرآنِ حکیم میں فرماتے ہیں۔کہ! **فادعوا اللہ مخلصین لہ الدین**۔(ترجمہ): پس تم اللہ تعالیٰ کی عبادت اس کے لئے طاعت وبندگی کوخالص رکھتے ہوئے کیا کرو۔(سورہ غافر۔14) ☆ **وما امروا الا لیعبدوا اللہ مخلصین لہ الدین**۔ (ترجمہ): حالانکہ! انہیں فقط یہی حکم دیا گیا تھا۔کہ! صرف اسی کے لئے اپنے دین کو خالص کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں۔(سورہ البینۃ۔5) اسی طرح سے آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے اخلاص کےضمن میں فرمایا ہے۔کہ! **عن عمر بن خطاب** رضی اللہ عنہ **ان رسول اللہ قال: الاعمال با لنیۃ ، ولکل امریء ما نوی ، لمن کا نت ھجر تہ الی اللہ ورسولہ فھجر تہ الی اللہ ورسولہ ، ومن کانت ھجر تہ لد نیا یصیبھا ، او امراۃ یتنز وجھا ، فھجر تہ الی ما ھجر الیہ۔ (متفق علیہ الا وھذا لفظ البخاری)**۔(ترجمہ): حضرت عمربن خطاب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اعمال کا دارومدارنیت پر ہے۔اور ہرشخص کے لئے وہی ہے۔جس کی اس نے نیت کی۔پس جس نے اللہ تعالیٰ اوراُس کے رسول ﷺ کی

طرف ہجرت کی۔ اس کی ہجرت اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول ﷺ کے لئے شمار ہوگی۔ اور جس کی ہجرت دُنیا حاصل کرنے یا کسی عورت سے شادی کرنے لئے ہوئی۔ تو اُس کی ہجرت اسی کے لئے ہے۔ (کہ) جس کی طرف اُس نے ہجرت کی۔ (یہ حدیث متفق علیہ ہے۔ مگر یہ الفاظ امام بخاریؒ کے ہیں) ☆ ایک اور حدیثِ نبوی ﷺ میں حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ کہ! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ کہ! اخلاص میرے بھیدوں میں سے ایک بھید ہے۔ مَیں اپنے بندوں میں سے جس سے محبت کرتا ہوں۔ اِسے (یعنی اخلاص کو) اس (بندے) کے قلب پر ودیعت کرتا ہوں۔ اور (پھر) آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ نہیں ہے ایسا کوئی بندہ، جو چالیس ایام تک اللہ تعالیٰ (کی رضا) کے لئے خالص عمل کرتا ہے۔ مگر اس (بندے) کے قلب سے اس کی زبان پر حکمت کے چشمے ظاہر ہو جاتے ہیں۔ ☆ حضرت مکحولؒ فرماتے ہیں۔ کہ! جب کوئی شخص چالیس دن اخلاص کے ساتھ گزارتا ہے۔ تو اس کے قلب کے راستے اس کی زبان سے علم وحکمت کے چشمے پھوٹ پڑتے ہیں۔ ☆ حضرت رسولِ مکرم ﷺ نے فرمایا۔ جو شخص چالیس روز صبح کے وقت اللہ تعالیٰ کے ساتھ تنہائی اختیار کرے۔ اللہ تعالیٰ اس کے دل سے حکمت کے چشمے اس کی زبان سے ظاہر فرما دیتا ہے۔ ☆ حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ جس نے صدقِ قلب (خلوص) کے ساتھ شہادت (کی موت) طلب کی۔ تو اللہ تعالیٰ اسے شہداء کا مقام عطا فرمائے گا۔ خواہ اسے بستر ہی پر موت (کیوں نہ) آئی ہو۔ (صحیح مسلم۔ نسائی۔ ابوداؤد۔) ☆ حضرت ابو محمد حسن بن علیؓ بیان کرتے ہیں۔ کہ! مجھے حضور نبی مکرم ﷺ کا یہ ارشاد یاد ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ شک وشبہ والی چیز چھوڑ کر شک سے پاک چیز کو اختیار کرو۔ بے شک سچ سکون اور جھوٹ شک وشبہ ہے۔ ☆ حضرت نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ اللہ تعالیٰ صِرف وہی عمل قبول فرماتا ہے۔ جو خالص اُسی کے لئے ہو۔ اور اسے کرنے سے محض اللہ تعالیٰ کی رضا مندی مقصود ہو۔ ☆ حضرت معاذ بن جبلؓ کو جب یمن کی طرف بھیجا گیا۔ تو انہوں نے رسالت مآب ﷺ میں عرض کیا۔ یا رسول اللہ ﷺ! مجھے نصیحت فرمائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ دین میں اخلاص پیدا کرو۔ تجھے تھوڑا عمل بھی کافی ہوگا۔ ☆ ایک حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے۔ کہ! بے شک! اللہ تعالیٰ نہ تمھاری صورتوں کو دیکھتا ہے۔ اور نہ (ہی) اعمال کو۔ بلکہ وہ تو تمھارے قلوب اور نیتوں کو دیکھتا ہے۔ ☆ حضرت ثوبانؓ کا بیان ہے۔ کہ! مَیں نے حضرت رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا۔ کہ! اخلاص سے کام کرنے والوں کے لئے خوش خبری ہے۔ یہ لوگ چراغِ ہدایت ہیں۔ اِن کے ذریعے ہر سیاہ فتنہ چھٹ جاتا ہے۔ ☆ حضرت ذوالنون مصریؒ نے فرمایا۔ **تین چیزیں اخلاص کی علامات میں سے ہیں**۔ مدح وذم (یعنی تعریف ومذمت)، کا مساوی ہونا۔ اپنے نیک اعمال میں (کثرتِ) اعمال کی طرف دھیان نہ کرے۔ اور اپنے اعمال کے اجر وثواب کو (دنیا کے بجائے) آخرت میں طلب کرے۔ ☆ حضرت ذوالنون مصریؒ نے فرمایا۔ اخلاص وہ عمل ہے۔ جو انسان کو دشمن (نفس و رِیا کاری) سے بچائے۔ کہ وہ اسے خراب نہ کردے۔ ☆ حضرت سہل تستریؒ سے کہا گیا۔ کہ! کون سی چیز نفس پر گراں ہے ؟ تو آپؒ نے فرمایا۔ ''**اخــــــلاص**'' کیونکہ! نفس کا اس میں کوئی حصہ نہیں ہے۔ ☆ حضرت حذیفہ المرعشیؒ نے فرمایا۔ اخلاص یہ ہے۔ کہ! بندے کے ظاہری و باطنی اعمال میں یکسانیت (پیدا) ہو جائے۔ ☆ حضرت جنید بغدادیؒ نے فرمایا۔ کہ! ''**اخــلاص**'' رحمان اور انسان کے مابین ایک (مخفی) راز ہے۔ جسے نہ تو فرشتہ جان سکتا ہے۔ کہ! لکھ لے۔ اور نہ ہی شیطان جان سکتا ہے۔ کہ! اسے خراب کر سکے۔ اور نہ خواہشِ نفس کہ اسے اپنی طرف مائل کر سکے۔ ☆ حضرت محمد بن علی ترمذیؒ نے فرمایا۔ کہ! آخرت میں کامیابی کثرتِ اعمال سے نہیں ہوگی۔ بلکہ اعمال کے اخلاص اور ان کے حُسن کی وجہ سے ہوگی۔ (اِن شاء اللہ) ☆ حضرت شیخ ابو سعید حرازؒ کا ارشاد ہے۔ کہ! عارفین کا رِیا بھی مریدین کے اخلاص سے افضل ہے۔ اور وضاحت اس قول کی یہ بیان فرماتے ہیں۔ کہ! مریدین کا اخلاص رویتِ اخلاص کی علت سے پاک نہیں۔ (یعنی کہ! ان کی خواہش ہوتی ہے۔ کہ اپنے اخلاص کا مشاہدہ کریں) اور عارف اس علت سے منزہ اور پاک ہے۔ اور یہ عمل کو باطل کر دینے والی چیز ہے۔ ☆ حضرت ذوالنون مصریؒ فرماتے ہیں۔ کہ! اخلاص کی تین علامات ہیں۔ اول یہ کہ! صاحبِ اخلاص کے لئے لوگوں کی تعریف یا ان کی طرف سے کی گئی مذمت (بے عزتی) یکساں ہو۔ دوئم یہ کہ! وہ اپنے اعمال کے مشاہدے سے بے نیاز ہو جائے۔ اور کوئی بھی نیک عمل کرنے کے بعد اُسے یکسر بھول جائے۔ سوئم یہ کہ! صاحبِ اخلاص اس بات کا خواستگار نہ ہو۔ کہ! آخرت میں اس کے نیک اعمال کا اس کو اَجر ملے گا۔

حضرت شیخ الشیوخ خواجہ شہاب الدین السہروردیؒ اپنی یگانہ روزگار تصنیف ''عوارف المعارف'' میں فرماتے ہیں۔ کہ! حضرت شیخ جعفر الخلدیؒ کہتے ہیں۔ کہ! مَیں نے سیدی ابوالقاسم حضرت جنیدِ بغدادیؒ سے سوال کیا۔ کہ! اے شیخ! کیا ''صدق'' اور ''اخلاص'' میں کوئی تفریق ہے؟ تو انہوں نے فرمایا۔ صدق (ہی درحقیقت) اصل ہے۔ اور قدیم ہے۔ جبکہ ''اخلاص'' اس کی فرع ہے۔ بلکہ اس کے تابع ہے۔ (پھر سیدی بغدادؒ نے فرمایا۔ کہ) ان دونوں میں اور ایک واضح فرق یہ بھی ہے۔ کہ! اخلاص عمل میں آئے بغیر نہیں ہوتا۔ یعنی اخلاص کے لئے عمل کرنا نہایت ضروری ہوتا ہے (جبکہ صدق کے لئے عمل کرنا ضروری ہے۔ بلکہ صرف ہر ایک کے لئے اچھی سوچ رکھنا یعنی اچھی نیت رکھنا ہی کافی ہے)۔ اور یہی اخلاص ہے۔ اور اسی کو مخالصۃ الاخلاص بھی کہتے ہیں۔ مخالصۃ الاخلاص یعنی بندہءِ خدا کا جملہ رسوم کو ترک کر کے ''حی قیوم'' ذات میں اس قدر رفنا ہو جانا ہے۔ کہ اپنے قیام کی رویئت سے بھی محروم ہو جائے۔

☆ **تَبَتُّل**۔ اخلاص کے میدان سے چھبیسواں میدان ''تبتل'' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **و تبتل الیہ تبتیلا** ۔ (ترجمہ) اور آپ اللہ تعالیٰ کی طرف (یکسر متوجہ جائیں۔ اور) ہر چیز سے کامل طور پر رُخ پھیر لیں۔ (القرآن۔ 08:73) تبتل کا مفہوم ''مراجعت'' ہے۔ اور اس سے مراد تین باتوں سے پھر تین باتیں عبارت ہیں۔ دوزخ سے بہشت کی طرف۔ دنیا سے آخرت کی طرف۔ اپنی ذاتِ فانی سے حق ذاتِ باقی کی طرف۔ دوزخ سے بہشت میں پہنچنا تین باتوں پر مبنی ہے۔ حرام سے حلال کے ساتھ پیوستہ ہونا۔ کینہ وعداوت سے نصیحت کی طرف لوٹنا۔ دیدہ دلیری کے ساتھ خوفِ خدا کی طرف رجوع کرنا۔ دنیا

سے آخرت کی طرف آنا تین باتوں سے عبارت ہے۔ حرص وہوا کو چھوڑ کر قناعت اختیار کرنا۔ دنیوی تعلقات سے فراغت کی جانب آنا۔ زندگی کے انہاک سے اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا۔ اپنی ذات سے حق تعالیٰ کی طرف رجوع کرنا تین باتوں سے عبارت ہے۔ ہر قسم کے دعوٰی سے نیاز مندی کی طرف آنا۔ مخاصمت سے تسلیم ورضا کی طرف آنا۔ اپنے ہر اختیار کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کردینا۔

☆ **عزم۔** تبتل کے میدان سے نکل کر ستائیسواں میدان ''عزم'' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **فا صبر کما صبر اولوا العزم من الرسل** ۔(ترجمہ) پس آپ بھی صبر کریں۔جس طرح صاحبِ عزم رسولوںؑ نے صبر کیا۔(القرآن۔**35:46**) کسی بات (قول وفعل) کا عزم اس کے غیر سے انقطاع کا نام ہے۔ اور دل کو اس کے سوا ہر چیز سے موڑ لینا ہے۔عزم سے مراد اطمینانِ کامل کے ساتھ نیت کو درست کرنا ہے۔عزم کا سرمایہ تین چیزیں ہیں۔دین میں پختگی۔اوامر الٰہیہ پر غیرت۔ ہر حال میں ثابت قدمی۔عزم کے تین ابواب ہیں۔ عزمِ توبہ۔عزمِ خدمت۔ عزمِ حقیقت۔

عزمِ توبہ تین باتوں سے عبارت ہے۔گناہوں سے نجات پانا۔ طریقِ معصیت کو چھوڑ دینا۔ بری مجلس کو ترک کرنا۔ عزمِ خدمت تین باتوں پر مبنی ہے۔ سب سے پہلے نفسِ اَمر کی صحیح غور پر داخت۔ فرائض کی بروقت بجا آوری۔ دنیوی اُمور کے مقابلے میں اپنی اُمور کو سمجھنا۔ عزمِ حقیقت سے مراد تین چیزیں ہیں۔ غصے کے وقت سکون وقرار اختیار کرنا۔ احتیاج کے وقت جوانمردی کا اظہار کرنا۔ طاقت کے وقت احساسِ ندامت۔

☆ **استقامت** ۔عزم کے میدان سے نکل کر اٹھائیسواں میدان ''استقامت'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **فا ستقم کما امرت** ۔(ترجمہ) پس جس طرح آپ ﷺ کو حکم دیا گیا ہے۔آپ ﷺ استقامت اختیار کریں۔(القرآن۔**112:11**) استقامت سے مراد اس طرح سے یکساں رہنا۔کہ! اس میں کسی قسم کا کوئی تغیر نہ ہو۔استقامت کی تین اقسام ہیں۔ استقامتِ افعال۔استقامتِ اخلاق۔استقامتِ انفاس۔ استقامتِ افعال درحقیقت اہلِ زہد کا شیوہ ہے۔وگرنہ وہ ریاکار ہوں گے۔استقامتِ افعال کے تین گواہ ہیں۔ انسان کا ظاہر احکام الٰہی کے مطابق ہونا۔اس کے باطن میں اخلاص کا ہونا۔اپنے اعمال پر خود ہر بروقت ملامت کرتے رہنا۔ استقامتِ اخلاق دراصل اہلِ یقین کا خاصہ ہے۔وگرنہ وہ منحرف کہلائیں گے۔استقامتِ اخلاق کی تین نشانیاں ہیں۔اگر لوگ زیادتی کریں۔تو بھی انہیں معذور سمجھا جائے۔اگر لوگ ایذاء پہنچائیں۔تو پھر بھی انہیں کلام شیریں سے جواب دیا جائے۔ اگر کوئی بیمار ہو جائے۔تو لازمًا اس کی عیادت کو جایا جائے۔ استقامتِ انفاس درحقیقت اہلِ معرفت کی شان ہے۔وگرنہ وہ صرف دعوٰی کرنے والے ہوں گے۔ ہر نفس (آنے اور جانے والے سانس) کی حفاظت کی جائے۔تو قدر ومنزّت نصیب ہو سکے۔اپنی تمام عمر کو ایک سانس کے برابر سمجھا جائے۔تاکہ دنیا کی محبت اور اس کی جملہ لذتوں سے آزاد ہو جاسکے۔ہر ایک نفس (آنے،جانے والے سانس) کی نگہداشت کی جائے۔تاکہ احوال بہتر ہو سکیں۔

الحاصل الکلام! ہمیں ہر وقت یہ جاننے اور سمجھنے کی ضرورت ہے۔کہ! زندگی کا جو بھی سانس گزر گیا ہے۔وہ دشمن تھا یا مددگار۔ ہر ایک نفس (آنے اور جانے والے سانس) پر اللہ تعالیٰ کی ہزار ہا رحمتوں ونعمتوں کا بندے پر احسان ہے۔کہیں ایسا تو نہیں۔کہ! اللہ تعالیٰ کے احسان کے بجائے بندہ ہر لحمہ گناہ گاری اختیار کئے ہوئے ہے۔(کیونکہ!) بدبخت انسان کا سانس ایک تنگ وتاریک اور بے در مکان میں بجھے ہوئے چراغ کا دھواں ہے۔اور ایک نیک بخت وصالح انسان کا ہر ایک سانس ایک بار آور باغ کے روشن وشفاف چشمے کی مانند ہے۔کیونکہ! صالحین کے لئے اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے۔کہ! **و عمل صالحا فله جزاء الحسنٰی** ۔(ترجمہ) اور جو نیک عمل کرے گا۔تو اس کے لئے بہت اچھا بدلہ (جزاء) ہے۔(القرآن۔**18:88**) **وعمل صالحا فا ولئک یدخلون الجنة** ۔(ترجمہ) اور جنہوں نے نیک اعمال کئے۔تو وہ جنت میں داخل ہوں گے۔(القرآن۔**19:60**)

صالحینِ کرام میں کسی نے رسول اللہ ﷺ کو کواب میں دیکھا۔تو عرض کیا۔یا رسول اللہ ﷺ ! آپؐ سے یہ روایت کی گئی ہے۔کہ آپؐ نے (کسی موقع پر) فرمایا۔مجھے **سورہ ھود** اور اس کی **اخوات** نے بوڑھا کر دیا۔تو حضور کریم ﷺ نے فرمایا۔ہاں۔یہ سن کر اُس صالح نے (دوبارہ) عرض کیا۔کہ (شاید) حضور ﷺ کے بڑھاپے کا باعث سورہ ھود میں بیان کردہ انبیاءؑ کے قصص اور قوموں کی ہلاکت ہے۔(لیکن) حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا۔نہیں۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کے اس حکم نے (مجھے بوڑھا کر دیا) **فا ستقم کما امرت** ۔ سو آپؐ قائم رہیں۔جیسے آپؐ کو حکم دیا گیا۔(سورہ ھود۔آیت نمبر112)

☆ **تفکر** ۔استقامت کے میدان سے نکل کر انتیسواں میدان ''تفکر'' کا نکلتا ہے۔تفکر دل کے لئے سانس کی آمد ورفت کی مانند ہے۔جیسا کہ مشہور ہے۔کہ! **التفکر ھو ترتیب امور معلو مة التا دی الی مجھول** ۔(ترجمہ) تفکر امورِ معلومہ کی اس ترتیب سے عبارت ہے۔جو مجہول کی طرف لے جاتی ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **و تلک الامثال نضر بھا للناس لعلھم یتفکرون** ۔(ترجمہ) اور یہ مثالیں ہم لوگوں کے لئے بیان کرتے ہیں۔تاکہ وہ فکر کریں۔(القرآن۔**21:59**) تفکر تین قسموں پر مبنی ہے۔ پہلی قسم حرام ہے۔دوسری قسم مستحب ہے۔تیسری قسم واجب ہے۔

تفکر کی وہ قسم جو حرام ہے۔تین باتوں سے عبارت ہے۔ربِ العزت کی صفات میں تفکر،جو کہ تخمِ حیرت ہے۔ اعمال کی جزاء میں تفکر،جو کہ تخمِ تہمت ہے۔مخلوق کے اسرار میں تفکر،جو کہ تخمِ خصومت ہے۔ تفکر کی وہ قسم جو مستحب ہے۔تین باتوں سے عبارت ہے۔صانعِ قدرت کی صنعت میں تفکر،جو کہ تخمِ حکمت ہے۔فطرتِ الٰہی کے انواع واقسام میں تفکر،جو کہ تخمِ بصیرت ہے۔اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں تفکر،جو کہ خالصتًا محبت ہے۔ تفکر کی وہ قسم جو واجب ہے۔تین باتوں سے عبارت ہے۔اپنے کام میں تفکر کہ وہ تعظیمِ الٰہی کا منشاء ہے۔طاعت میں اپنے عیوب کو تلاش کرنا کہ وہ حیاء کی بنیاد ہے۔اپنے عزمِ صمیم کے مقصد کہ وہ ہر قسم کے خوف کی اصل ہے۔تفکر ہی کے ضمن میں نیاز مندی کی نشوونما کہ جس کی جزاء وصلہ دیدارِ الٰہی سے عبارت ہے۔تین باتوں کی علامت ہے۔ عمل میں تفکر ،کہ کوئی بھی فعل کیسے

سرزد ہوا۔ وہ بطرزِ احسن انجام پایا۔ یا بطریق گناہ سرزد ہوا۔ گفتار میں تدبر، کہ انسان نے کیا کیا۔ اس کی گفتار راست بازی یا دروغ گوئی، منافقت، سازش یا غیبت پر مبنی تھی۔ عنایتِ خداوندی میں تذکر، کہ عنایتِ خداوندی کس قدر وقوع پذیر ہوئی۔ وہ تو بلاشک وشبہ سر بسر لطف وکرم تھی۔ کیونکہ! بعض اوقات حالات کے تغیر وتبدل اور تقدیر کی آزمائش سے انسان مایوسی کی کھائی میں جا گرتا ہے۔ جو کہ اُسے کفر تک پہنچا دیتی ہے۔ (معاذ اللہ) ایک مشہور و معروف حدیثِ نبوی ﷺ ہے۔ کہ! **تفکر ساعة خیر من عبادة ستة ستین سنة و من عبادة الثقلین** ۔ (ترجمہ) ایک گھڑی کا تفکر چھیاسٹھ برس کی عبادت سے بہتر ہے۔ اور جن وانس کی عبادت سے۔ (حدیث) جناب حضرت قدوة الکبریٰ نے فرمایا۔ کہ! سب سے بہترین نعمت جو کہ انسان کے خوانِ قلب میں رکھی گئی ہے۔ اور عظیم ترین دولت کہ جس کی طرف لوگوں کو راغب کیا گیا ہے۔ وہ درحقیقت تفکر ہے۔ کیونکہ! اسی بناء پر اصحابِ تفکر اور اربابِ تذکر کو قرآنِ مجید میں خطاب کے شرف سے نوازا گیا ہے۔ اور چند مقامات پر انہی کی نفاست کے باعث یاد دہانی کرائی گئی ہے۔ چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **الذین یذکرون اللہ قیاما و قعودا و علی جنو بھم و یتفکرون فی خلق السموٰت والارض ربنا ما خلقت ھذا باطلا** ۔ (ترجمہ) جو لوگ اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہیں کھڑے اور بیٹھے اور پہلو پر لیٹے ہوئے۔ اور آسمانوں اور زمینوں کی پیدائش میں وہ غور کرتے ہیں۔ (اور پھر کہتے ہیں۔ کہ!) اے ہمارے رب! تُو نے یہ (سب کچھ ویسے ہی) بیکار تو پیدا نہیں کیا۔ (القرآن)

☆ **تذکُر** ۔ تفکر کے میدان سے نکل کر تیسواں میدان ''تذکر'' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **وما یتذکر الا من ینیب** ۔ (ترجمہ) اور نصیحت نہیں پکڑتا۔ مگر وہ جو رجوع کرتا ہے۔ (القرآن۔13:40) **تذکر و تفکر** میں یہ واضح فرق یہ ہے۔ کہ!

تفکر کا مفہوم ''تلاش کرنا'' جبکہ **تذکر** کا مفہوم ''پالینا''۔

تذکر تین باتوں سے عبارت ہے۔ خوف کے کان سے عذابِ الٰہی کی آواز کا سننا۔ نگاہِ اُمید سے وعدہء دوست کے منادی کو دیکھنا۔ نیازمندی کی زبان سے احسانِ خداوندی کو تسلیم کرنا۔ خوف کے ساتھ تذکر تین باتوں سے عبارت ہے۔ سرنوشتِ ازل کے ڈر میں۔ اَن دیکھے انجام کے کھٹکے میں۔ ناپسندیدہ دور پر ندامت میں۔ اُمید کے ساتھ تذکر تین باتوں سے عبارت ہے۔ عمل کرنے والے کی توبہ میں۔ سننے والے کی شفاعت میں۔ حصولِ رحمت میں۔ نیازمندی کے ساتھ تذکر تین باتوں سے عبارت ہے۔ ہمیشہ دُعا کرنے میں۔ اس آشنائی میں، جو کہ ازل سے لبریز مسرت ہے۔ اس فراخ دل (انسان) میں جو کہ واقعتاً طالبِ مولا ہے۔

☆ **فقر**۔ تذکر کے میدان سے نکل کر اکتیسواں میدان ''فقر'' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **یا ایھا الناس انتم الفقراء الی اللہ** ۔ (ترجمہ) اے لوگو! تم سب اللہ تعالیٰ کی طرف فقیر ہو۔ (القرآن۔15:35) فقر سے مراد درویشی ہے۔ (ویسے لغت میں فقر غربت و افلاس کو بھی کہا جاتا ہے۔ مفلسی یعنی غریبی کے متعلق ایک حدیثِ نبوی ﷺ پیش کی جاتی ہے۔

حضرت رسول کریم ﷺ نے فرمایا۔ کیا تم جانتے ہو۔ کہ **مفلس کون ہے** ؟ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا۔ کہ! ہم میں مفلس وہ آدمی ہے۔ کہ جس کے پاس مال واسباب نہ ہو۔ (تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔ بروزِ قیامت میری اُمت کا مفلس وہ آدمی ہوگا۔ کہ جو نماز، روزے زکوٰة وغیرہ سب کچھ لے کر آئے گا۔ لیکن اس آدمی نے دنیا میں کسی کو گالی دی ہوگی۔ اور کسی پر تہمت لگائی ہوگی۔ اور کسی کا مال کھایا ہوگا۔ اور کسی کا خون بہایا ہوگا۔ اور کسی کو مارا ہوگا۔ تو ان سب لوگوں کو اس آدمی کی نیکیاں دے دی جائیں گی۔ اور اگر اس کی نیکیاں ان کے حقوق کی ادائیگی سے پہلے ہی ختم ہوگئیں۔ تو ان لوگوں کے گناہ اس آدمی پر ڈال دئے جائیں گے۔ پھر اس آدمی کو جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔ (صحیح مسلم)

بہرحال! فقر تین طرح کا ہوا کرتا ہے۔ فقرِ اضطرار۔ فقرِ اختیار۔ فقرِ تحقیق۔ فقرِ اضطرار کی تین قسمیں ہیں۔

گناہوں کی معافی کا باعث ہونا۔ اس کا نشان انتظار وصبر ہے۔ **اس میں اعمال کی سزا ہے**۔ اس کی علامت دل تنگی وپریشانی ہے۔

اس میں اقرباء سے تعلقات کا انقطاع ہے۔ وہ صریح گلہ مندی وناراضی ہے۔ جیسا کہ قرآن شاہد ہے۔ کہ! **اذا ھم یسخطون** ۔ (ترجمہ) وہ اچانک سے ناخوش ہو جاتے ہیں۔ (القرآن۔58:09) یہ آیت غالباً منافقین ہی کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

فقرِ اختیاری تین قسم کا ہے۔ بلندیء درجات۔ قربِ الٰہی۔ کرامت۔

فقرِ اختیاری کی وہ قسم کہ جس میں بلندیء درجات نصیب ہوتے ہیں۔ وہ قناعت کے ساتھ ہے۔ فقرِ اختیاری کی وہ قسم کہ جس میں قربِ الٰہی نصیب ہوتا ہے۔ وہ رضائے الٰہی کے ساتھ ہے۔ فقرِ اختیاری کی وہ قسم کہ جس میں کرامت نصیب ہوتی ہے۔ وہ ایثار کے ساتھ ہے۔

فقرِ تحقیق تین قسم کا ہے۔ اللہ تعالیٰ کبھی بھی کسی کے ساتھ زیادتی نہیں کرتا۔ اور معصومیت (گناہوں سے معصوم رہنا) بندے کے بس کی بات نہیں۔ اللہ تعالیٰ کی نعمتیں بے حد وبے حساب ہیں۔ بندے میں اللہ تعالیٰ کے احسانات، نعمتوں اور رحمتوں کے شکر کی طاقت نہیں۔ جو کہ اس کے شایانِ شان ہو۔ ارشادِ خداوندی ہے۔ کہ! **ومن یرد اللہ فتنة فلن تملک لہ من اللہ شیئا. اولئک الذین لم یرد اللہ ان یطھر قلو بھم** ۔ (ترجمہ) اور حق تعالیٰ نے جس کی آزمائش کا ارادہ کرلیا۔ پس اس کے لئے ہے۔ کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی چیز کے مالک نہ ہوں گے۔ یہ وہ لوگ ہیں۔ کہ! ذاتِ باری تعالیٰ نے ان کے قلوب کی تطہیر کا ارادہ ہی نہیں فرمایا۔ (القرآن۔41:05) فقراء کے بارے میں آنحضور نبی مکرم ﷺ کے مزید چند فرامین پیش خدمت ہیں۔ ☆ آنحضور نبی مکرم ﷺ نے حضرت بلال حبشیؓ سے فرمایا۔ کہ! اللہ تعالیٰ سے فقیر ہونے کی حالت میں ملنا۔ مالدار ہو کر نہ ملنا۔ ☆ (حدیث) اللہ تعالیٰ اس فقیر سے محبت فرماتا

ہے۔ جو بال بچوں والا ہونے کے باوجود سوال (کرنے) سے بچتا ہے۔ ☆(حدیث) میری اُمت کے فقراء امیروں سے 500 برس قبل جنت میں داخل ہوں گے۔ ☆آنحضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔فقراء امیروں سے 40 سال پہلے جنت میں جائیں گے۔ ☆(حدیث) فقر اور جہاد میرے دو پیشے ہیں۔جس شخص نے ان سے محبت کی۔اس نے مجھ سے محبت کی۔اور جس نے ان سے بغض رکھا۔اس نے مجھ سے بغض رکھا۔ (حدیث)

☆ سید شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے فقر کی تعریف پوچھی گئی۔تو آپؒ نے فرمایا۔ **لیس الفقیر من لیس له درهم ولا دینار بل الفقیر من قال لشیء کُن فَیَکُون** ۔ **ترجمہ :** دنیائے باطن میں فقیر (درحقیقت) وہ نہیں۔کہ جس کے پاس درہم و دینار نہ ہوں۔ بلکہ (اصل) فقیر (تو) وہ ہے۔جو کسی شئے کے لئے کہہ دے۔ہوجا۔پس (بلاشبہ) وہ ہوجائے۔(یعنی اُس کے پاس ''**کُن**'' کی کنجی ہر وقت موجود ہو) ☆حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانیؒ رسالہءغوثیہ میں فرماتے ہیں۔کہ! اللہ تعالیٰ نے مجھ سے فرمایا۔اے غوث اعظم! اپنے اصحاب اور احباب سے کہہ دو۔کہ اگر وہ میری محبت چاہتے ہیں۔تو فقر اختیار کریں۔ آنحضور غوث پاکؒ کا ایک فرمان یہ بھی ہے۔کہ! فقر میری زینت ہے۔ ☆سلطان الفقر حضرت سلطان باھوؒ نے اپنی جملہ کتب میں تعلیمات کو نہ تصوف نہ ہی طریقت بلکہ فقر کا نام دیا ہے۔ ☆**الفقر اذا اتم فهو الله** ۔ ترجمہ یعنی کہ جب فقر کا مرتبہ تمام ہوجاتا ہے۔تو بس اللہ ہی اللہ رہ جاتا ہے۔اِس ضمن میں حضرت سلطان العارفین سلطان باھوؒ فرماتے ہیں۔کہ! ولایت میں سب سے بلند اور اعلیٰ مرتبہ '' فقر'' کا ہے۔اور اللہ تعالیٰ اَب تک پانچ سلاطینِ فقر کو پیدا فرما چکا ہے۔جبکہ باقی دو نے ابھی آنا ہے۔مَیں اس وقت پانچویں نمبر پر ہوں۔رسالہ روحی شریف (مصنفہ حضرت سلطان باھوؒ) میں ایک مسئلہ جس کی تشریح و توضیح نہایت ضروری ہے۔کہ رسالہ روحی شریف میں دنیا کے تمام اولیاء اللہؒ میں سے صِرف سات **07** معزز وممتاز اولیاء اللہؒ کو سلاطینِ فقراء اور حضرت سید الکونین ﷺ کے جلیل القدر احباب کے لقب سے موسوم کیا ہے۔جن میں سے پانچ محترم المقام ہستیاں دنیا میں تشریف لا چکی ہیں۔جن کی ترتیب بلحاظِ زمانہ یہ ہے۔ ☆**اول روحِ پاک حضرۃ جنابہ خاتونِ جنت فاطمۃُ الزھراء طیبہ وطاہرہؓ**۔کیونکہ! آنحضور نبی آخر الزماں ﷺ نے اپنی پاک باز محترم بیٹی کے بارے میں خود فرمایا ہے۔کہ! **فا طمة بضعة منی. من اذاها فقد اذانی. ومن ابغضها فقد ابغضنی** .(**ترجمہ**) فاطمہؓ میری جان کا ٹکڑا ہے۔جس نے اِسے ایذا پہنچائی۔(بلاشبہ) اُس نے مجھے ایذا پہنچائی۔اور جس نے اِن سے بُغض رکھا، گویا! اُس نے مجھ سے بُغض رکھا۔ ☆**دوئم روحِ محترم جناب حضرت خواجہ حسن بصریؒ** (**خلیفۂ حضرت علی المرتضیٰؓ**)۔ ☆**سوئم روحِ مبارک جناب حضرت سید شیخ عبدالقادر جیلانی ثم بغدادیؒ**۔ ☆**چہارم روحِ مکرم جناب سید عبدالرزاق بن سید عبدالقادر جیلانیؒ**۔ ☆ **پنجم روحِ معظم جناب سلطان العارفین حضرت سلطان باھوؒ**۔حضرت سلطان باھوؒ اپنے اِسی رسالے''رسالہ روحی شریف:: میں مزید فرماتے ہیں۔ میرے بعد مزید دو فقراء نے اِس دنیا میں تشریف لانا ہے۔جب تک وہ دونوں اِس دنیا میں تشریف نہیں لائیں گے۔قیامت قائم نہیں ہوگی۔اور اِن سات اولیاء اللہ کے قدم تمام اولیاء اللہ (غوث، قطب وغیرہا) کے سَر پر ہیں۔واللہ اعلم بالصواب۔ ☆ حضرت بشر بن حارثؒ فرماتے ہیں۔کہ! سب سے افضل مقام یہ ہے۔کہ! انسان قبر تک فقر پر صبر کرنے کا عزم بالجزم کرلے۔ ☆حضرت ذوالنون مصریؒ فرماتے ہیں۔کہ! بندے پر اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کی علامت ونشانی یہ ہے۔کہ! بندۂ خدا فقر سے ڈرتا ہو۔(یعنی کہ وہ فقیر ہونے سے خوف زدہ ہو) ☆بقول حضرت عبداللہ بن خفیفؒ! اپنے آپ کو کسی بھی چیز کا مالک نہ سمجھنا اور کسی بھی صفت کو اپنی طرف منسوب نہ کرنا فقر کہلاتا ہے۔ ☆ بقول حضرت ابو بکر مصریؒ! فقیر دراصل وہ ہے۔جو نہ تو کسی کا مالک ہو۔اور نہ ہی کسی چیز کے مالک ہونے کی خواہش کرے۔ غرضیکہ! صوفیائے کرامؒ کے نزدیک اپنے وجودِ اضافی کو اللہ تعالیٰ کے سامنے فنا کرکے مخلوق سے بے نیاز ہوجانے کا نام فقر ہے۔اسی وجہ سے تو فرمایا گیا۔کہ! **الفقر سواد الوجه فی الدارین** ۔(**ترجمہ**) :یعنی دونوں عالم میں سواد الوجہ (روسیاہ) ہوجانا فقر ہے۔یہاں پر سواد الوجہ سے مراد دونوں عالم کے علائق سے پاک ہوکر ذاتِ احدیت صرفہ میں محو اور فنا ہوجانا ہے۔یاد رہے۔کہ! حضرت جنید بغدادیؒ کے قول میں اسی طرف اشارہ ہے۔قول یہ ہے۔کہ! **الفقیر لا یفتقر الی نفسه ولا الی غیره** ۔(**ترجمہ**): فقیر نہ تو اپنا محتاج ہوتا ہے۔نہ ہی کسی غیر کا۔ بہر حال ہمیں صرف یہ بات ذہن نشین رکھنی لازم ہے۔کہ! آنحضور نبی مکرم ﷺ نے جیسا فرمایا۔ ''فقر کے کمال پر مجھے فخر ہے۔اور اِسی بے مثل کمال (فخر) کے باعث، مَیں بروزِ قیامت تمام انبیائے کرامؑ کے درمیان سَر بلند ہوں گا۔'' (انشاء اللہ تعالیٰ) مقامِ فقر اللہ تعالیٰ کی عظیم ترین نعمتوں میں سے ایک بہت ہی عظیم نعمت عظمیٰ کا نام ہے۔جس کا حصول ناممکن تو نہیں لیکن مشکل ضرور ہے۔اللہ تعالیٰ ہمیں اس مقام پر فائز فرمائے۔آمین۔علامہ اقبالؒ فرماتے ہیں۔کہ!

کیا گیا ہے غلامی میں مبتلا تجھ کو ۔۔۔ کہ تجھ سے ہو نہ سکی فقر کی نگہبانی

علامہ محمد اقبالؒ فقر کے ضمن میں مزید فرماتے ہیں۔کہ!

کسے خبر کہ ہزاروں مقام رکھتا ہے وہ فقر ۔۔۔ کہ جس میں ہے بے پردہ ''روحِ قرآنی''
خودی کو جب نظر آتی ہے قاہری اپنی ۔۔۔ یہی مقام ہے کہتے ہیں جس کو سلطانی
اسی مقام سے ہے آدم ''ظلِ سبحانی'' ۔۔۔ یہی مقام ہے مومن کی قوتوں کا عیار

یاد رہے۔کہ! اہلِ بیتِ اطہارؓ میں سے کسی سے مروی ہے۔کہ! حضور نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔کہ! اللہ تعالیٰ جب کسی بندہ سے محبت فرماتا ہے۔تو اسے آزمائش میں مبتلا فرماتا ہے۔اور جب اس سے زیادہ محبت فرماتا ہے۔تو اسے چُن لیتا ہے۔عرض کیا گیا۔ چننے سے کیا مراد ہے؟ ارشاد فرمایا۔اس کے لئے نہ اہل وعیال چھوڑتا ہے نہ مال۔ (کنز العمال) فقراء، ملامتیہ اور متصوفہ میں بنیادی طور پر یہ فرق ہے۔کہ فقراء طالبِ

بہشت اور خواہانِ حظِ نفس ہیں ۔ جبکہ ملامتیہ اور صوفیہ طالبِ حق اور اِس کے قرب کے خواہاں ہیں ۔ اِس مرتبے سے او پر فقر میں ایک مقام ہے ۔ جو کہ ملامتیہ اور متوصفہ کے مقامات سے بلند تر ہے ۔ وہ صوفیہ کا وصفِ خاص ہے ۔ کیونکہ اگر چہ صوفی کا مرتبہ فقر کے مرتبہ سے بلند ہے ۔ اور مقامِ فقر کا خلاصہ صوفی کے مقام میں مندرج ہے ۔ اِس کی وجہ یہ ہے ۔ کہ صوفی کو مقامِ فقراء پر تمام شرائط ولوازم کے ساتھ عبور حاصل ہوتا ہے ۔

بہرحال فقر ایک لازوال نعمت مترقبہ ہے ۔ جو خوش نصیب لوگوں کو ہی میسر ہوسکتی ہے ۔ یعنی کہ جس پر اللہ تعالیٰ کا خصوصی فضل وکرم ہو ۔ **ذالک فضل اللہ یؤتیہ من یشآ ء ۔ واللہ ذوالفضل العظیم** ۔ یہ اللہ تعالیٰ کا (خصوصی) فضل ہے ۔ جسے چاہے ۔ عطا کرے ۔ اور اللہ تعالیٰ فضلِ عظیم کا مالک ہے ۔

☆ **تواضع** ۔ فقر کے میدان سے نکل کر بتیسواں میدان ''تواضع'' کا نکلتا ہے ۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔ کہ ! **و عباد الرحمٰن الذین یمشون علی الارض ھونا** ۔ (ترجمہ) اور رحمان کے بندے وہ ہیں ۔ جو زمین پر آہستہ چلتے ہیں ۔ (القرآن ۔ 63:25) تواضع سے مراد اللہ تعالیٰ کے حضور فروتنی اختیار کرنا ہے ۔ تواضع تین باتوں سے عبارت ہے ۔ اللہ تعالیٰ کے لئے ۔ اللہ تعالیٰ کے دین کے لئے ۔ اللہ تعالیٰ کے اولیاء کے لئے ۔

اللہ تعالیٰ کے لئے تواضع اختیار کرنا تین باتوں سے عبارت ہے ۔ اس کے ہر حکم کے سامنے سرفگندہ رہے ۔ امرِ الٰہی کے تحت لرزہ براندام رہے ۔ اس کے ذکر میں سالک کو حضوری نصیب ہو ۔ اللہ تعالیٰ کے لئے تواضع اختیار کرنے میں تین فوائد حاصل ہوتے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ کے لئے تواضع اختیار کرنے سے اس کی عظیم رحمتوں کے ابواب (دروازے) کھل جاتے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ کے لئے تواضع اختیار کرنے سے انسان میں موجود تکبر کا راستہ بند ہوجاتا ہے ۔ اور خود پسندی کی رسیاں کٹ جاتی ہیں ۔ اللہ تعالیٰ کے لئے تواضع اختیار کرنے سے انسان میں اپنے آپ کو دین و دنیا اور آخرت میں بلند درجہ سمجھنے اور خود بخود باعزت بننے کا باطل وہم یکسر ختم ہوجاتے ہیں ۔ (یاد رہے ۔ کہ) اللہ تعالیٰ کے دین کے لئے تواضع تین باتوں سے عبارت ہے ۔ بندہ ارشادِ خداوندی کے مقابل اپنی رائے (علم وعقل یا تجربہ) کو اختیار نہ کرے ۔ حضرت جناب رسالت مآب ﷺ کے ارشاد کے بعد بندے کو کسی کی سند کی احتیاج نہ ہو ۔ بندہ کسی کے حق کہ اپنے دشمن کے حق کو بھی پامال نہ کرے ۔ اللہ تعالیٰ کے اولیاء کے لئے تواضع تین باتوں سے عبارت ہے ۔ ان کی قدر ومنزلت اپنے مقام ومرتبہ یا دنیاوی درجہ سے افزوں تر سمجھے ۔ ان کے اقارب اور دوستوں کا تہہ دل سے احترام کرے ۔ انہیں اپنی بدگمانی یا غلط خیالی سے وراء سمجھے ۔

تواضع کی حقیقت : تواضع یہ ہے ۔ کہ ! آدمی جس بھی انسان سے ملے ۔ اُس کو خود سے افضل واعلیٰ سمجھے ۔ اور دل ہی دل میں یہ کہے ۔ ممکن ہے ۔ کہ یہ شخص اللہ تعالیٰ کے نزدیک مجھ سے بہتر اور بلند درجات ومقامات کا حامل ومالک ہو ۔ اگر وہ شخص چھوٹا ہے ۔ تو یہ کہے ۔ کہ ! ہوسکتا ہے ۔ کہ اس نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہی نہ کی ہے ۔ (بظاہر اگر وہ نافرمان ہو بھی تو یہ سمجھے ۔ کہ یہ فعل اس کے نفس اور شیطان لعین کی وجہ سے سرزد ہوا ہے) اور اپنا یہ خیال کرے ۔ کہ ! میں تو واقعی اللہ تعالیٰ کا نافرمان ہوں (کیونکہ میں اللہ تعالیٰ کی عبادت وارادہ کے مطابق نہ چل سکا) لہٰذا اس میں کوئی شک نہیں ۔ کہ وہ (چھوٹا شخص) مجھ سے بہتر ہے ۔ اور کوئی شخص بڑا ہے ۔ تو یہ کہے ۔ کہ ! اس نے مجھ سے پہلے اللہ تعالیٰ کی عبادت کی ہے ۔ اور مجھ سے پہلے کئی نیک امور کو سرنجام دے چکا ہے ۔ اگر کوئی عالم ہے ۔ تو یہ کہے ۔ کہ ! اسے وہ کچھ دیا گیا ہے ۔ جس تک میں نہیں پہنچ سکتا ۔ اور اسے جو کچھ ملا ہے ۔ میں اسے نہیں جانتا ۔ میں اس (کے مقابل تو مطلق) جاہل ہوں ۔ اور اگر کوئی جاہل ہے ۔ تو یہ کہنا چاہیئے ۔ کہ ! اس نے تو نادانی (نادانستگی اور علم کی عدم وابستگی) میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی ہے ۔ اور میں نے باوجود علم پر وقوف وادراک کے نافرمان ہوں ۔ نہ معلوم میرا خاتمہ کیسے ہو ۔ کیونکہ میں تو عالم (علم جاننے والا) ہوں ۔ لہٰذا مجھ سے تو پرسش بھی زیادہ اور سخت ہوگی ۔ (عالم کے بارے میں حضرت مولانا جلال الدین رومیؒ کا فرمان ہے ۔ کہ ! اگر میرا علم مجھے انسان سے محبت کرنا نہیں سکھاتا ۔ تو ایک جاہل مجھ سے ہزار درجہ بہتر ہے) اگر کوئی کافر ہے ۔ تو یہ خیال کیا جانا چاہیئے ۔ کہ ! نہ معلوم کب وہ دائرہ اسلام میں داخل ہوجائے ۔ (اور خدانخواستہ میرا خاتمہ بالخیر نہ ہوسکے) کیونکہ جب کوئی اسلام میں داخل ہوتا ہے ۔ تو اس کے جملہ سابقہ صغیرہ وکبیرہ گناہ بخش دیئے جاتے ہیں ۔

تواضع دراصل (تقوٰی کی مانند) **اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کا ایک دروازہ ہے** ۔ صفات میں یہ بہترین چیز ہے ۔ جس کو اپنانے کی سخت ضرورت ہے ۔ ان میں سے یہ پہلی چیز ہے ۔ جس کا بندگانِ خدا کے لئے ان اوصاف کو برقرار رکھنا بے حد ضروری ہے ۔ اِن (دس خصلتوں) میں سے یہ آخری وصف ہے ۔ جب کسی انسان میں عاجزی پیدا ہوتی ہے ۔ تو اللہ تعالیٰ اسے تباہیوں سے محفوظ رکھتا ہے ۔ اور اسے خیرخواہی کے بلند مراتب عطا فرماتا ہے ۔ (صحیح مسلم کی حدیث میں ہے ۔ کہ ! جو آدمی بھی اللہ تعالیٰ کے لئے عاجزی اختیار کرتا ہے ۔ اللہ تعالیٰ اس درجہ بلند فرمادیتا ہے ۔ ایک اور حدیث میں ہے ۔ کہ ! نبی مکرم ﷺ نے فرمایا ۔ کہ ! اللہ تعالیٰ نے میری طرف وحی فرمائی ہے ۔ کہ تم لوگ (میرے جملہ امتیو) عاجزی اختیار کرو ۔ یہاں تک کہ کوئی کسی پر فخر نہ کرے ۔) اور اس طرح وہ شخص اللہ تعالیٰ کے منتخب اور محبوب بندوں (یعنی اولیاء اللہ) میں سے ہوجاتا ہے ۔ ایسا شخص ، شیطانِ لعین (جو کہ دشمنِ انسان وخدا ہے) کے عظیم دشمنوں میں شمار ہونے لگتا ہے ۔ تواضع عبادات کا مغز ، زاہدوں کا شرف اور عابدین کی واضح علامت ہے ۔ اس سے افضل کوئی چیز نہیں ۔ اس کے ساتھ ساتھ بندہ مخلوق کے ذکر سے اپنی زبان کو روک لے ۔ کیونکہ اس کے بغیر عمل مکمل نہیں ہوتا ۔ اسی طرح اس کے دل سے ہر حال میں کھوٹ ، سرکشی اور تکبر خارج ہوجاتا ہے ۔ اور بالآخر اس کی زبان ، ظاہر وباطن میں ایک جیسی ہوجاتی ہے ۔ بلکہ اس کی مشیت میں بھی ظاہر وباطن کا تفاوت ختم ہوکر رہ جاتا ہے ۔ اس کی گفتگو کا انداز بھی یہی ہوجاتا ہے ۔ اور متواضع شخص خیرخواہی میں جملہ مخلوقات کو ایک جیسا سمجھتا ہے ۔ شاید اسی ضمن میں آنحضور نبی اکرم ﷺ کی یہ دعا مشہور ہے ۔ کہ ! **اللھم احینی مسکینا و امتنی مسکینا و احشرنی فی زمرۃ المساکین یوم القیامۃ** ۔ **(ترجمہ)** یا اللہ تعالیٰ ! مجھے بحالتِ مسکینی زندہ رکھ ۔ اور بحالتِ مسکینی مجھے موت عطا فرما ۔ اور بروزِ قیامت ، مجھے مساکین کے زمرے میں (سے) اُٹھا ۔

☆ **خوف۔** تواضع کے میدان سے نکل کرتینتیسواں میدان ''خوف'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **وامامن خاف مقام ربہ** ۔(ترجمہ) اور ہر چند کہ جوشخص اپنے پروردگار کے حضور کھڑا ہونے سے ڈرا۔(القرآن۔40:79) خوفِ الٰہی ایمان کا مضبوط قلعہ ہے۔دنیاوی ہوا و ہوس اور حرص کے لئے تریاق ہے۔اور مومنِ صادق کے لئے ایک کارگر ہتھیار ہے۔خوف کی تین اقسام ہیں۔ دل میں گزر جانے والا خوف۔ دل میں جاگزیں ہونے والا خوف۔ دل پر غالب آنے والا خوف۔ دل میں گزر جانے والا خوف دل میں آتا ہے اور پھر نکل جاتا ہے۔یہ خوف ادنیٰ درجے کا ہے۔کہ جس کے بغیر ایمان کا وجود ہی نہیں رہتا۔کیونکہ خوف کے بغیر اَمن وسلامتی کی کوئی صورت باقی نہیں رہتی۔اور نہ ہی ایمان کی۔خوف کی علامات بے شمار ہیں۔وہ ایمان کی زیب وزینت ہے۔ہر شخص میں جس قدر خوف ہے۔اس میں اتنا ہی ایمان ہے۔ خوف کی دوسری قسم دل میں جاگزیں ہونے والا خوف ہے۔اس خوف کی تین خوبیاں ہیں۔ یہ خوف بندے کو گناہوں سے روکتا ہے۔اسے حرام سے دور رکھتا ہے۔انسان کی خواہشات کو کم کرتا ہے۔ خوف کی تیسری قسم دل میں غالب آنے والے خوف کی ہے۔جو کہ ہر قسم کے مکر سے ڈرتا ہے۔اس خوف کی تین نشانیاں ہیں۔ اس خوف سے حقیقت کا صحیح وقوف وادراک ہوتا ہے۔اسی خوف کے باعث اخلاص کی راہ کھل جاتی ہے۔یہ خوف آدمی کو اس کی غفلت سے نجات دلاتا ہے۔

یاد رہے۔کہ! مکر کی دس علامات ونشانیاں ہیں۔ ایسی طاقت کہ جس میں حلاوت نہ ہو۔ گناہوں پر اصرار کہ جس میں توبہ نہ ہو۔ ایسی دُعا کہ جس میں انقباض نہ ہو۔ ایسا علم کہ جس میں عمل نہ ہو۔ ایسی حکمت کہ جس میں نیت کی پاکیزگی نہ ہو۔ ایسی صحبت کہ جس میں اَدب واحترام نہ ہو۔ ایسی عبادت کہ جس میں خشوع وخضوع نہ ہو۔ بُرے لوگوں سے نشست وبرخاست۔ اور مکر کی آخری دو اقسام سب سے زیادہ بدتر،نقصان دہ باعثِ فتنہ وفساد ہیں۔ اللہ تعالیٰ بندے کو ایمان تو دے دے۔مگر اس کے ساتھ یقین نہ ہو۔ بندے کو اس کے حال (خواہ نیک ہو یا بد ہو) پر ہی چھوڑ دے۔یاد رہے۔کہ! دسویں قسم درحقیقت گنہ گار کی کیفیت اور تائب کے درمیان کی ہے۔ اللہ رب العزت کا فرمانِ عالی شان ہے۔کہ! **وامامن خاف مقام ربہ و نھی النفس عن الھوٰی. فان الجنۃ ھی الماوٰی** ۔(ترجمہ) اور رہا وہ جو اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے خوف رکھتا تھا۔اور اپنے نفس کو بُری خواہشات سے روکتا تھا۔تو جنت ہی اس کا ٹھکانہ ہوگی۔(سورہ النازعات۔41-40) اس آیت کریمہ میں خوفِ الٰہی رکھنے والے اور نفس کو ناجائز خواہشات سے روکنے والے کے لئے جنت کی نوید سنائی گئی ہے۔نیز فرمایا۔کہ! **و خافون ان کنتم مؤمنین** ۔(ترجمہ) اگر تم ایمان والے ہو۔تو مجھ سے ڈرو۔(سورہ آلِ عمران۔175) اس آیتِ کریمہ میں تو خوف کو ایمان کے ساتھ مشروط کردیا گیا ہے۔خوفِ خدا بھی نعمت سے کم نہیں۔لوگوں میں سب سے زیادہ خوفِ خدا کا حامل وہ شخص ہوگا۔جسے سب سے زیادہ اپنی ذات اور اپنے رب کی معرفت حاصل ہوگی۔یعنی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے خوف کا حکم دے کر اسے لازم قرار دیا۔بلکہ اسے ایمان کے لئے شرط بتایا۔یہی وجہ ہے۔کہ! کسی بھی مومن کے لئے اس بات کا تصور نہیں کیا سکتا۔کہ وہ خوفِ خدا سے یکسر خالی ہوسکتا ہے۔ہر مومن کے دل میں خوفِ الٰہی ہونا ضرور ہے۔اگرچہ کمزور ہی کیوں نہ ہو۔اور خوف کی یہ کمزوری اس کی معرفت اور ایمان کی کمزوری کے اعتبار سے ہوتی ہے۔اسی لئے تو سرکارِ نامدار ﷺ نے فرمایا۔کہ! میں تم میں سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ کا خوف رکھنے والا ہوں۔(بخاری شریف) اسی ضمن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔کہ! **انما یخشٰی اللہ من عبادہ العلمٰوا** ۔(ترجمہ) اللہ تعالیٰ سے اس کے بندوں میں سے وہی ڈرتے ہیں۔جو علم والے ہیں۔(سورہ فاطر۔28) اسی آیت کے ضمن میں حضرت امام غزالیؒ فرماتے ہیں۔کہ! بندے کو (کبھی) اللہ تعالیٰ کی عظیم الشان صفات کی معرفت خوف کے درجے پر پہنچا دیتی ہے۔اسی طرح سے ایک اور آیت میں اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالشان ہے۔کہ! **ھدی ورحمۃ للذین ھم لربھم یرھبون** ۔(ترجمہ) ان کے لئے ہدایت اور رحمت ہے۔جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں۔(سورہ اعراف۔154) حضرت ذوالنون مصریؒ کی خدمت میں عرض کی گئی۔کہ! بندہ خائفین (اللہ تعالیٰ کا کامل خوف رکھنے والے) کے مقام پر کب پہنچتا ہے؟ تو آپؒ نے فرمایا۔کہ! جب وہ اپنے آپ کو اس مریض کی طرح سمجھے۔جو مرض کے بڑھنے کے خوف سے ہر چیز سے پرہیز کرتا ہے۔ صحیحین میں ہے۔کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ایک شخص نے اپنے نفس پر بڑی زیادتی کی۔جب اس کی موت کا وقت قریب آیا۔تو اس نے اپنے بیٹوں کی وصیت کی۔کہ جب مَیں مَر جاؤں۔تو تم مجھے جلا کر راکھ کردینا۔پھر تم میری اس راکھ میں سے آدھی تو کہیں خشکی میں بکھیر دینا۔اور آدھی کہیں دریا میں بہا دینا۔اللہ تعالیٰ کی قسم! اگر اللہ تعالیٰ نے مجھے پکڑ لیا۔تو وہ مجھے ایسا سخت عذاب دے گا۔جو دنیا جہاں میں کسی کو بھی نہ دے گا۔اس کے بعد جب وہ مَر گیا۔تو اُس کے بیٹوں نے اس کی وصیت پر عمل کیا۔پھر اللہ تعالیٰ کے حکم سے خشکی اور تری سے اس کے اجزاء جمع ہوئے۔پھر اس سے پوچھا گیا۔تُو نے ایسا کیوں کیا؟ اس نے عرض کیا۔(کہ) اے میرے مالک! تُو خوب جانتا ہے۔کہ مَیں نے تیرے ڈر سے ہی ایسا کیا تھا۔اللہ تعالیٰ نے اس بندہ کی بخشش کا فیصلہ فرمادیا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! اللہ تعالیٰ کے خوف اور ڈر سے ڈرنے والا شخص جہنم میں نہیں جاسکتا۔جب تک کہ دودھ تھن میں واپس نہ جائے۔اور اللہ تعالیٰ کی راہ کا گرد وغبار اور جہنم کا دھواں دونوں اکٹھے نہیں ہو سکتے۔(جامع ترمذی شریف) اس حدیث نبوی ﷺ میں اللہ تعالیٰ کے خوف سے رونے والے کے لئے عذابِ دوزخ سے رہائی کا وعدہ فرمایا گیا ہے۔ ایک اور حدیث (سُنن ابنِ ماجہ) میں ہے۔کہ! حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کہتے ہیں۔کہ! رسول کریم ﷺ نے فرمایا۔کہ! ہروہ بندہء مومن (کہ) جس کی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کے خوف سے آنسو نکلیں۔اگرچہ وہ آنسو مکھی کے سَر کے برابر (یعنی بہت ہی قلیل مقدار میں) کیوں نہ ہوں۔اور پھر وہ آنسو بہہ کر اس کے وجھ (چہرہ بمعنی گال) پر پہنچیں۔تو اللہ تعالیٰ اس پر دوزخ کی آگ حرام کردے گا۔(انشاء اللہ) اسی طرح سے ایک اور حدیث میں ہے۔کہ! حضرت انسؓ آنحضور نبی مکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔کہ! آپ ﷺ نے فرمایا۔اللہ تعالیٰ قیامت کے دن (ان فرشتوں کو،کہ جو دوزخ پر مقرر رہوں گے) حکم دے گا۔کہ جس شخص نے

کبھی مجھے یاد کیا ہو۔ یا کسی موقع پر جو بندہ مجھ سے ڈرا۔ اس کو دوزخ سے نکال لیا جائے۔ (جامع ترمذی شریف) ایک اور حدیث میں ہے۔ کہ! حضرت عباسؓ آنحضور نبی مکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں۔ کہ! جب اللہ تعالیٰ کے خوف سے کسی (خوش نصیب) بندے کے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں۔ تو اس وقت اس کے گناہ ایسے جھڑتے ہیں۔ (کہ) جیسے کسی پرانے سوکھے درخت کے پتے جھڑ جاتے ہیں۔ امام غزالیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! خوف کا کم سے کم درجہ کہ جس کا اثر اعمال میں ظاہر ہونے لگتا ہے۔ یہ ہے کہ! بندہ ان تمام امور سے باز آجائے۔ جو کہ شرعاً ممنوع ہیں۔ یاد رہے۔ کہ! ممنوعاتِ شرعیہ سے باز رہنے کے اس عمل کو "ورع" یعنی "پرہیزگاری" بھی کہا جاتا ہے۔ اور اگر باز رہنے کی اس قوت میں اضافہ ہو کر ان چیزوں کو بھی شامل کر دیا جائے۔ جن کے حرام ہونے کا امکان ہے۔ بندہ ان تمام کاموں کو بھی ترک کر دے۔ کہ جن کی حرمت یقینی ہو۔ تو یہ تقویٰ ہے۔ حضرت ابوسلیمان دارانیؒ فرماتے ہیں۔ کہ دل کے لئے مناسب یہی ہے۔ کہ! خوفِ خدا کے سوا کوئی اور چیز غالب نہ ہو۔ نیز فرمایا۔ صوفیائے کرام کو خوفِ خدا ہی کی بدولت بلند مراتب و مقامات نصیب ہوئے ہیں۔ اگر (خدانخواستہ) وہ لوگ خوفِ خدا کو کھو دیتے ہیں۔ تو اپنے مراتب و مقامات سے گر جاتے ہیں۔ حضرت واسطیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! خوف اور رجاء نفسوں کے لئے دو لگاموں کا کام دیتے ہیں۔ تاکہ نفوس رعونت وتکبر اختیار نہ کریں۔ حضرت رابعہ عدویہ بصریہؒ کے متعلق امام عبدالوہاب الشعرانیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! وہ رونے اور غم کرنے والی تھیں۔ جب بھی عذابِ دوزخ کا ذکر سنتی تھیں۔ تو مارے ڈر کے بے ہوش ہو جایا کرتی تھیں۔ اور آپؒ کے سجدوں کی جگہ آنسوؤں کی کثرت سے چھوٹے چھوٹے گڑھے پڑ جاتے تھے۔ گویا کہ آپؒ یہ سمجھتی تھیں۔ کہ! آگ (دوزخ نار) صرف میرے ہی لئے بنائی گئی ہے۔

☆ **وَجَل**۔ خوف کے میدان سے نکل کر چونتیسواں میدان "وجل" کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **و قلو بھم و جلہ**۔ (ترجمہ) اور ان کے قلوب (دل) ڈرتے ہیں۔ (القرآن۔ **60:23**) یاد رہے۔ کہ! وجل خوف سے زیادہ قوی ہے۔ وجل درحقیقت پاک بازانِ طریقت کا خوف ہے۔ جو کہ تین باتوں سے عبارت ہے۔ اپنی عبادت پر خوف۔ اپنے اوقات پر خوف۔ اپنی آرزوؤں پر خوف۔

بندے کا اپنی عبادت پر خوف تین باتوں کی وجہ سے ہوتا ہے۔ نیت کے بگڑ جانے سے۔ گناہ کی سزا سے۔ دشمن کے غلبہ سے۔

بندے کا اپنے اوقات پر خوف، ارادے میں تغیر، اخلاص میں انتشار یا دل میں پریشانی کے سبب سے ہوتا ہے۔

بندے کا اپنی آرزوؤں پر خوف سے مراد ناشائستہ امور کی طرف دھیان رکھنا ہے۔ یہ خوف عرفانِ باطن، بصیرتِ قلب اور روزِ اَزل کے غم کے مطابق ہوتا ہے۔ اور ازل کے غم کی توجہ رکھنے سے دل بے قرار رہتا ہے۔ اور خواہشاتِ نفسانی کو فنا کر دیتا ہے۔ یہ خوف عابدوں کا ہے۔

☆ **رَھْبَت**۔ وجل کے میدان سے نکل کر پینتیسواں میدان "رہبت" کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **و ایای فارھبون**۔ (ترجمہ) اور پس تم (صرف اور صرف) مجھ سے ہی ڈرو۔ (القرآن۔ **40:02**) رہبت ایسا خوف ہے۔ جو کہ وجل سے بھی بڑھ کر قوی ہے۔

اس خوف (رہبت) کی تین خوبیاں ہیں۔ یہ خوف انسان کے تعیش کو یکسر ختم کر دیتا ہے۔ اسے اہلِ جہاں سے بے نیاز کر دیتا ہے۔ اس خوف کے ہوتے ہوئے انسان دنیا میں رہتے ہوئے بھی دنیا سے بیگانہ و منقطع ہو جاتا ہے۔

اس خوف (رہبت) کے تین نشانات ہیں۔ انسان اپنے ہر سانس کو سزا تصور کرے۔ ہر گفتگو کو شکایت پر محمول کرے۔ اپنے تمام اعمال کو گناہ سمجھے۔

اس خوف (رہبت) کے ہوتے ہوئے بندہ ہمیشہ اس تین احوال کے درمیان کوشاں رہے۔ اور سوزاں وغم زدہ رہے۔ آرزو ایسی ہو جیسے کہ حصولِ صحت کے لئے بیماروں کی ہوا کرتی ہے۔ اخلاص ایسا ہو۔ جیسے کہ حصولِ زندگی بوقت ڈوبنے والوں کی (جبکہ وہ گہرے سمندر میں ہوں۔ اور کنارہ بھی نظر نہ آ رہا ہو) ہوا کرتی ہے۔ نیازمندی ایسی ہونی چاہیئے۔ جیسے کہ گریہ زاروں کی ہوا کرتی ہے۔ یہ خوف زاہدوں کا ہوا کرتا ہے۔

☆ **اشفاق**۔ رہبت کے بعد چھتیسواں میدان "اشفاق" کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **ان الذین ھم من خشیۃ ربھم مشفقون**۔ (ترجمہ) یقیناً وہ لوگ کہ جو خشیتِ الٰہی سے ڈرنے والے ہیں۔ (القرآن۔ **57:23**) شفاق سے مراد دائمی خوف کا ہونا ہے۔ یہ ایک اَبرِ ضیاء بار ہے۔ یہ خوف دُعا کے سامنے کوئی حجاب، فراست کے سامنے کوئی رکاوٹ اور اُمید کے سامنے کوئی دیوار حائل نہیں رہنے دیتا۔ یہ خوف پامال اور ہلاک کرنے والا ہے۔ یہ جب تک قرآنِ پاک میں موجود اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ بشارت نہ سن پائیں۔ کہ! **الا تخافوا ولا تحزنوا**۔ (ترجمہ) یہ کہ تم مت ڈرو اور نہ خوف کھاؤ۔ (القرآن۔ **31:41**) بندہ چین نہیں لے پاتا۔ جس خوش بخت انسان کو اشفاق نصیب ہوا۔ قضاء وقدر اُس پر انعام واکرام کرتے ہیں۔ اور اسی خوف (اشفاق) کے زوال کے خدشے سے اسے جلاتے رہتے ہیں۔ اور اس کے نور میں اضافہ کرتے رہتے ہیں۔ اس کے قلب میں تغیر کا اندیشہ ڈال دیتے ہیں۔ اسے قربِ ذات سے ہمکنار کرتے ہیں۔ اس کے گوشۂ قلب میں عتابِ الٰہی کی ڈور ڈال دیتے ہیں۔ یہ خوف عارفین کا ہوا کرتا ہے۔

☆ **خشوع**۔ اشفاق کے میدان سے نکل کر سینتیسواں میدان "خشوع" کا نکلتا ہے۔ خشوع ایک ایسے خوف کا نام ہے۔ جو دل کو احترام کے باعث نرم کر دیتا ہے۔ اخلاق کو سنوار دیتا ہے۔ اور نگاہ کو اَدب سکھا دیتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **الم یان للذین اٰمنوا ان تخشع قلوبھم لذکر اللہ**۔ (ترجمہ) کیا اہلِ ایمان کے واسطے (ابھی تک وقت) نزدیک نہیں آیا؟ کہ ان کے قلوب یادِ خدا کے لئے عاجزی اختیار کریں۔ خشوع ایک ایسا خوف ہے۔ کہ جس میں بیدار قلبی اور فروتنی ہے۔ اس کے تین ابواب ہیں۔ معاملات میں ایثار وتحمل۔ خدمت میں عاجزی اور حضوری۔ سِر (راز) میں حیا اور تعظیم۔ معاملات میں ایثار تین باتوں سے عبارت ہے۔ گنہگار اس سے محفوظ رہتے ہیں۔ نیک لوگ اس سے مسرور رہتے ہیں۔ مخلوق اس سے آزاد رہتی ہے۔ خدمت

میں عاجزی اور حضوری کی تین علامات ہیں ۔ وہ حلاوتِ ایمان کہ جس کے باعث انسان بارگاہ خداوندی کے بغیر سکون نہ آئے ۔ مقصودِ حقیقی کی طرف ایسی توجہ کہ جس کے سبب خلق کی طرف توجہ نہ کر سکے ۔ اور گناہوں کو نظر میں اس طرح سے رکھنا ۔ کہ خود کو کبھی نیکوکار نہ سمجھے ۔ سِر (راز) میں حیا اور تعظیم تین باتوں پر مبنی ہے ۔ اللہ تعالیٰ کی ذات کو ہمیشہ اپنے قریب تر سمجھے ۔ خود کو ذاتِ باری تعالیٰ سے دور سمجھے ۔ اس کی ہر آزمائش کو عظیم سمجھے ۔ درحقیقت یہ صدیقین کا خوف ہے ۔

☆ **تَذَلُّل** ۔ خشوع کے میدان سے اڑتیسواں میدان ''تذلل'' کا نکلتا ہے ۔ تذلل سے مراد یہ ہے ۔ کہ! اپنی نیازمندی کے مطابق زندگی گزارنا ۔ عجز و انکساری سے راہ حیات طے کرنا ۔ رکشتِ زارِ حیات میں کونین کی عزت کا بیج بونا ۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔ کہ! **و عنت الوجوہ للحی القیوم** ۔ (ترجمہ) اس زندہ و قائم رہنے والے کے واسطے منہ ذلیل ہو گئے ۔ (القرآن ۔ 111:20) تذلل کی تین اقسام ہیں ۔ امرِ الٰہی کی صداقت کو قبول کرنے اور اس پر عمل پیرا ہونے کا تذلل ۔ توشہ دل و تلاشِ حقیقت کے ساتھ ارادے کا تذلل ۔ اسرارِ الٰہی سے اپنی آگاہی کا تذلل ۔ قبولِ حکم کے تذلل کی تین علامات ہیں ۔ علم میں رُغبت ۔ ذکرِ الٰہی کی تمنا ۔ باریک بینی ۔ تذللِ قصد، جو کہ تلاشِ حقیقت کے ساتھ ہے ۔ اس کے تین نشانات ہیں ۔ کم گوئی ۔ درویشوں سے محبت ۔ فکرِ مدام ۔ اسرارِ الٰہی سے متعلق تذللِ آگاہی کی تین علامات ہیں ۔ ایسے سونا کہ جس طرح ڈوبنے والے سوتے ہیں ۔ ایسے کھانا کہ جس طرح سے بیمار کھاتے ہیں ۔ ایسے جینا کہ جس طرح قیدی زندگی گزارتے ہیں ۔ یہ اہلِ استقامت کا طریق ہے ۔

☆ **اِخْبَات** ۔ تذلل کے میدان سے نکل کر انتالیسواں میدان ''اخبات'' کا نکلتا ہے ۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔ کہ! **و بشر المخبتین** ۔ (ترجمہ) اور عاجزی کرنے والوں کو آپ خوش خبری دیں ۔ (القرآن ۔ 34:22) اِخبات سے مراد انسان کی نرم خوئی، اضطراب اور خوف ہے ۔ وہ ایسی حقیقت ہے ۔ کہ جس میں اخلاص کی چاشنی ہے ۔ جو مخلوق کی معذوریوں سے آشنا ہے ۔ اور جو بے نفس ہے ۔ اخلاص کی چاشنی کے تین نشانات ہیں ۔ دنیا کے ساز و سامان، تگ و دو اور اس کے فریب کاری کے غم سے نجات پانا ۔ خدمتِ خلق پر مداومت، ہر لحہ یادِ الٰہی میں استغراق اور تصفیہ باطن کے لئے جدوجہد کرنا ۔ دنیا، اہلِ دنیا اور ہر خاص و عام انسان کو اپنے (حقوق کی) ادائیگی سے باز رکھنا ۔ یہ ابدالوں کا طریق اور اُن کی سیرت ہے ۔

☆ **الباد** ۔ اخبات کے میدان سے نکل کر چالیسواں میدان ''الباد'' کا نکلتا ہے ۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔ کہ! **فاین تذھبون** ۔ (ترجمہ) پس تم کہاں جا رہے ہو ۔ (القرآن ۔ 26:81) الباد دراصل محبت و ہیبت کے باہمی امتزاج سے ظہور پذیر ہوتا ہے ۔ اس کے تین نشانات ہیں ۔

اللہ تعالیٰ پر توکل میں اسباب سے انقطاع ۔ اس کے یقین میں دنیوی روابط کو ختم کر دینا ۔ اس سے استواری محبت میں ہر حیلہ سازی کو فنا کر دینا ۔

اسباب کے انقطاع کی تین علامات ہیں ۔ اہلِ جہاں سے بے نیازی ۔ مخلوقات سے وحشت ۔ وصالِ ذات کی خاطر موت کا انتظار ۔

روابط کے ختم ہونے کی تین نشانیاں ہیں ۔ اپنی تدبیر سے نجات پانا ۔ اپنے امتیازات سے بے نیازی ۔ اسبابِ رزق سے فراغت ۔

حیلہ سازی کا اختتام تین باتوں پر مبنی ہوتا ہے ۔ مقربین بارگاہ کا حال ۔ عارفین کے لحات ۔ اہلُ اللہ کے معارف ۔

☆ **ہیبت** ۔ الباد کے میدان سے نکل کر اکتالیسواں میدان ''ہیبت'' کا نکلتا ہے ۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔ کہ! **یعلم ما فی انفسکم فاحذرو** ۔ (ترجمہ) جو کچھ تمھارے جی میں ہے ۔ (بے شک اللہ تعالیٰ سب کچھ) جانتا ہے ۔ پس اس سے ڈرو ۔ (القرآن ۔ 235:02) ہیبت اصفیاء کا مقام ہے ۔ اور اوتاد کا درجہ ہے ۔ ہیبت درحقیقت ایک ایسا خوف ہے ۔ جو مشاہدے سے پیدا ہوتا ہے ۔ کیونکہ! دیگر جملہ خوف تو شنید سے پیدا ہوتے ہیں ۔ اور ہیبت وہ حیرت ہے ۔ جو کہ قلب میں برق کی مانند کوندتی ہے ۔ اگر اُنسیت و محبت کی نسیم اس کے آگے نہ چلے ۔ تو انسان کی روح میں اس کی برداشت کی تاب نہیں ۔ یہ اکثر وجدان کے وقت طاری ہوتی ہے ۔ جس طرح طورِ سینا کے دامن میں حضرت موسیٰ کلیم اللہ ؑ پر ہیبتِ الٰہی جلوہ ریز ہوئی تھی ۔ یاد رہے ۔ کہ! ہیبت تہذیبِ نفس سے نہیں ۔ بلکہ آگاہی سے ظہور پذیر ہوتی ہے ۔ اس سے تین امور کی کشاد وابستہ ہے ۔ سرورِ احوال ۔ سالک کا اپنی ذات میں گم ہو جانا ۔ ہوا و ہوس کا یکسر ناپید ہو جانا ۔ اور یاد رہے ۔ کہ! وہ ہیبت، جو کہ بصیرت سے پیدا ہوتی ہے ۔ وہ بندہ میں حکمت لاتی ہے ۔ وہ ہیبت، جو کہ تفکر سے پیدا ہوتی ہے ۔ وہ بندہ میں فراست لاتی ہے ۔ وہ ہیبت، جو کہ سماع سے پیدا ہوتی ہے ۔ وہ بندہ کے ہوش و حواس کو ختم کر ڈالتی ہے ۔ یا وہ انسان کو ہلاک کر دیتی ہے ۔ اسی لئے تو سماع سننے کے قواعد و ضوابط ہیں ۔ نقصین کو جلا ڈالتی ہے ۔ اور کاملین کو واصل باللہ کرتی ہے ۔

☆ **فرار** ۔ ہیبت کے میدان سے نکل کر بیالیسواں میدان ''فرار'' کا نکلتا ہے ۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔ کہ! **ففروا الی اللہ** ۔ (ترجمہ) پس تم اللہ تعالیٰ کی طرف دوڑ کر آؤ ۔ (القرآن ۔ 50:51) اللہ تعالیٰ کی طرف فرار کے تین مفاہیم ہیں ۔ حق تعالیٰ کی جانب بھاگ کر جانا ہے ۔ اپنے وجود پر تردد اور انتشار کے دروازے کو بند کرنا ہے ۔ اور کونین (دونوں جہانوں) سے رہائی پانا ہے ۔ اللہ تعالیٰ کی طرف فرار کے تین نشانات ہیں ۔

اپنے اعمال سے کوئی اُمید وابستہ نہ کرنا ۔ اپنے اخلاص کو موردِ الزام ٹھہرانا ۔ خود کو عابد (عبادت گزار) سمجھنے سے توبہ کرنا ۔

اسی طرح سے اپنے آپ پر تردد اور انتشار کے دروازے کو بند کرنا تین باتوں پر مبنی ہے ۔ تمام جہان کو اپنا لینا ۔ اپنی تدبیر سے کنارہ کش ہو جانا ۔ اوامرِ الٰہی کے سامنے سرِ تسلیم خم کر دینا ۔ اسی طرح سے کونین (دونوں جہانوں) سے رہائی پانے کی تین علامات ہیں ۔ ہر قسم کے خوف کو چھوڑ کر خلق سے انقطاع کے خوف پر اکتفا کرنا ۔ ہر قسم کی نگہداشت کے بجائے اپنے اوقات کی نگہداشت کو ملحوظ رکھنا ۔ ہر امید کو بالائے طاق رکھتے ہوئے محبوب کے دیدار کی امید سے سکون پانا ۔

کشگان خنجرِ تسلیم را ہر زمان اَز غیب جان دیگر اَست

☆ **رجاء**۔ فرار کے میدان سے نکل کر تینتالیسواں میدان ''رجاء'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **یحذرو الاخرۃ ویرجوا رحمۃ ربه**۔ (ترجمہ) وہ آخرت سے ڈرتا ہے۔اور اپنے پروردگار کی رحمت کا اُمیدوار ہے۔(القرآن۔39:09) رجاء کا مفہوم اُمید کے ہیں۔کیونکہ! یقین کے دو ہی پَر ہیں۔پہلا **خوف**۔جبکہ دوسرا **اُمید**۔ اَب بھلا ایک پَر کے ساتھ کون پرواز کر سکتا ہے۔یاد رہے۔کہ! اُمید خدمت کی سواری ہے۔ یہ فکر ونظر کے اجتہاد کا توشہ ہے۔ یہ عباداتِ الٰہی کا ساز وسامان ہے۔ کیونکہ! ایمان کی مثال ترازو کے دونوں پلڑوں کے جیسی ہے۔ایک پلڑے میں خوف، جبکہ دوسرے میں اُمید ہے۔اور ان دونوں کی میزان دوستی کی زبان پر قائم ہے۔یہ دونوں پلڑے اخلاقِ عالیہ سے آویزاں ہیں۔ (بقولِ شاعر)

مرغِ ایمان را دو پر خوف و رجا اَست   مرغ را بے پر پراندان خطا اَست

ایمان کے پرندے کے دو پر ہیں۔پرندے کو پر کے بغیر اُڑانا خطا ہے۔

رجا کی تین اقسام ہیں۔ **پہلی رجا**، اپنے نفس پر ظلم کرنے والے گنہ گاروں کی سی ہے۔اس میں تین باتیں شامل ہیں۔

جرم سے صرفِ نظر۔ عیب چھپالینا۔ دشمن کو قبول کر لینا۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **ویرجون رحمته و یخافون عذا به**۔(ترجمہ) وہ اس کی رحمت کے امیدوار ہیں۔اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں۔(القرآن۔57:17) **دوسری رجا**، میانہ روی اختیار کرنے والوں کی ہے۔جو کہ تین باتوں سے عبارت ہے۔ گناہوں سے عفو و درگزر کرنا۔ طاعت کی قبولیت۔ لطف و کرم میں اضافہ۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **یرجون تجارۃ لن تبو ر**۔(ترجمہ) وہ ایسی تجارت کے امیدوار ہیں۔جو کبھی برباد نہ ہوگی۔(القرآن۔29:35) **تیسری رجا** سابقین (نیکیوں میں سبقت لے جانے والوں) کی ہے۔جو کہ تین باتوں پر مبنی ہے۔ ازلی نعمتوں سے بہرہ ور ہونا۔ دل کی زندگی میں برابر اضافہ ہونا۔ اپنے دل اور سرمایہءاوقات کی حفاظت۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **وترجون من اللہ مالا یر جون**۔(ترجمہ) اور تم اللہ تعالیٰ سے وہ امید رکھتے ہو۔جو وہ نہیں رکھتے۔(القرآن۔104:04) یاد رہے۔کہ! جس نے اپنے نفس کو رجاء پر رکھا۔اس نے عمل چھوڑ دیا۔اور جس نے اپنے نفس کو صِرف خوف پر رکھا۔وہ مایوس ہو گیا۔لہٰذا انسان کو خوف و رجاء دونوں رکھنے چاہئیں۔کیونکہ! ایمان درحقیقت خوف اور اُمید کی درمیانی (ملی جلی) کیفیت کا نام ہے۔

اُمید و خوف میں کمالِ حضرت سیدنا صدیق اعظمؓ:

صاحب کتاب اللمع کہتے ہیں۔کہ حضرت مطرب بن عبداللہؒ بتاتے ہیں۔کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا تھا! اگر آسمان سے کوئی آوازِ بلند صدا دے۔کہ جنت میں صِرف ایک آدمی ہی داخل ہوگا۔تو مجھے اُمید ہے کہ ایسا (جنتی) میں ہی ہوں گا۔اور اگر آسمان سے یہ آواز آئے۔کہ دوزخ میں صِرف ایک ہی شخص داخل ہوگا۔تو مجھے اندیشہ رہتا ہے کہ کہیں وہ (نعوذ باللہ دوزخ میں جانے والا) میں نہ ہوں۔ حضرت مطربؒ فرماتے ہیں۔کہ بخُدا عظیم خوف اور عظیم اُمید کی اس سے بڑھ کر (کہیں) مِثال نہیں مِل سکے گی۔ مندرجہ بالا فرمانِ عالی شان کے ضمن میں مؤلفِ کتاب ہذا (البلوشی) ذی وقار قارئین کی خدمت اقدس میں نہایت ادب سے عرض پرداز ہے۔کہ بعض کتب کے مطابق یہ فرمانِ عالی شان اور یہ واقعہ جناب حضرت سیدنا عمر فاروقؓ کا ہے۔واللہ اعلم بالصواب۔

قرآنِ حکیم میں ارشادِ رحمانی ہے۔کہ! **ان الذین اٰمنوا والذین ھاجروا و جٰھدوا فی سبیل اللہ. اولٰئک یرجون رحمۃ اللہ.واللہ غفور رحیــــم.** (ترجمہ) بے شک جو لوگ ایمان لائے۔اور جنہوں نے ہجرت کیا ور اللہ تعالیٰ کے راستے میں جہاد کیا۔تو وہ بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت کے امیدوار ہیں۔اور اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا مہربان ہے۔(سورہ بقرہ۔218) اس آیتِ کریمہ میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہجرت اور جہاد کرنے والوں کو اپنی رحمت کا اُمیدوار قرار دے دیا ہے۔نیز فرمانِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **قل یٰعبادی الذین اسرفوا علٰی انفسھم لا تقنطوا من رحمۃ اللہ . ان اللہ یغفر الذنوب جمیعــا. انـه ھـو الغفور رحیم**۔(ترجمہ) کہہ دواے میرے وہ (خوش نصیب) بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کر رکھی ہے (یعنی اپنے نفسوں کو دنیاوی خواہشات وآلائشوں سے پاک کر رکھا ہے۔وہ خوش نصیب لوگ) اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہ ہوں۔یقین جانو۔اللہ تعالیٰ سارے کے سارے گناہ معاف کر دیتا ہے۔(کیونکہ) یقیناً! وہ بہت بخشنے والا، مہربان ہے۔(سورہ الزمر۔53) اس آیت میں اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی اُمید بڑھاتا ہے۔کہ وہ رحمتِ الٰہی سے قطعاً مایوس نہ ہوں۔نیز ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! **یـا یھا الذین اٰمنوا اتقوااللہ وابتغوا الیه الو سیلۃ وجاھدوا فی سبیله لعلکم تـفـلـحـون**۔(ترجمہ) اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔اور اس تک پہنچنے کے لئے وسیلہ (کوئی رہبر ورہنما یا مرشد ومربی) تلاش کرو۔(جو تمھیں اللہ تعالیٰ تک پہنچادے۔اور معرفت الٰہی کا جام پلا سکے) اور اس کے راستے میں جہاد (جدوجہد) کرو۔امید ہے۔کہ! تمھیں فلاح حاصل ہوگی۔(سورہ مائدہ۔35) اسی طرح ایک اور جگہ آتا ہے۔کہ! **وادعوہ خوفـا و طـمـعا. ان رحمت اللہ قریب من المحسنین**۔(ترجمہ) اور اسے پکارو امید رکھتے ہوئے اور ڈرتے ہوئے۔یقیناً اللہ تعالیٰ کی رحمت نیک لوگوں سے قریب ہے۔(سورہ الاعراف۔56) اس آیت میں اللہ تعالیٰ اپنے اُن بندوں کو جو خوفِ الٰہی رکھتے ہیں۔اور امید کے بھی طلب گار رہیں۔انہیں یہ باور کراتا ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ کی رحمت نیک لوگوں کے بالکل قریب ہے۔اسی طرح ایسے لوگ، جو کہ اپنی غلطیوں اور گناہوں کے بعد پچھتائے۔اور اپنی جملہ غلطیوں اور گناہوں کا اعتراف کر کے نیکی اختیار کی۔اُن کے بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔کہ! **واخـرون اعتـرفـوا بـذنـو بھـم خلطوا عملا صالحا و اٰ خر سیئا. عسی اللہ ان یتوب علیھم. ان اللہ غفور رحیم**۔(ترجمہ) اور کچھ تو وہ لوگ ہیں۔جنہوں نے اپنی

کوتاہیوں کا اعتراف کرلیا۔انہوں نے ملے جلے عمل کئے ۔کچھ نیک کام اور کچھ بُرے کام ۔اُمید ہے ۔کہ! اللہ تعالیٰ ان کی توبہ کو قبول کرلے گا۔(کیونکہ) یقیناً اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا، مہربان ہے ۔(سورہ توبہ۔102) جو اللہ تعالیٰ کی اُمید اور رحمت سے مایوس ہوتے ہیں ۔اُن کے لئے اللہ تعالیٰ کا بہت ہی سخت فیصلہ ہے ۔جس کا اللہ تعالیٰ قرآنِ پاک میں برملا اظہار فرماتا ہے ۔ **ولا تیئسوا من روح اللہ. انہ لا یا یئس من روح اللہ الا القوم الکٰفرون** ۔(ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نا اُمید نہ ہو۔ یقین جانو! اللہ تعالیٰ کی رحمت سے تو وہی لوگ نا اُمید ہوتے ہیں ۔ جو کافر ہیں ۔(سورہ یوسف۔87) ایک اور جگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ۔کہ! **ومن یقنط من رحمۃ ربہ الا الضا لون** ۔(ترجمہ) اپنے پروردگار کی رحمت سے گمراہ لوگوں کے سوا بھلا کون نا اُمید ہوسکتا ہے ۔(سورہ الحجر۔56) اس آیت میں اللہ تعالیٰ خود فرمارہا ہے ۔کہ! جو لوگ گمراہ ہیں ۔صرف وہی رحمتِ خداوندی سے نا امید ہوسکتے ہیں ۔ایک اور آیت میں اللہ تعالیٰ اپنی ربوبیت اور وحدانیت کا لوگوں کو یقین دلاتے ہوئے اُمید دلاتا ہے ۔کہ! **انما الھکم الہ واحد. فمن کان یرجوا لقاء ربہ فلیعمل عملا صالحا ولا یشرک بعبادۃ ربہ احدا** ۔(ترجمہ) تم سب (جملہ موجودات انس وجن وحوش وطیور وغیرہم) کا معبود بس ایک خدا ہی تو ہے ۔کسی کو اپنے مالک سے جاملنے کی امید ہو۔تو اسے چاہیئے ۔کہ! وہ نیک عمل کرے ۔اور اپنے مالک کی عبادت میں کسی اور کو شریک نہ ٹھہرائے ۔(سورہ الکہف۔110)

احادیث میں بھی امید کے متعلق نبی مکرم ﷺ کے فرمودات موجود ہیں ۔جیسے کہ! حضرت ابوہریرہ ؓ نے بیان کیا ۔کہ! حضرت نبی کریم ﷺ نے حضرت بلالِ حبشی ؓ سے فجر کے وقت پوچھا ۔کہ اے بلال ؓ! مجھے اپنا سب سے زیادہ اُمید والا نیک کام (عملِ صالح) بتاؤ ۔جسے تم نے اسلام لانے کے بعد کیا ہے ۔کیونکہ مَیں نے جنت میں اپنے آگے تمھارے جوتوں کی چاپ سنی ہے ۔حضرت بلال حبشی ؓ نے عرض کیا۔مَیں نے تو اپنے نزدیک اس سے زیادہ اُمید کا کوئی کام نہیں کیا۔کہ جب مَیں نے رات یا دن میں کسی بھی وقت وضو کیا۔تو میں اس وضو سے نفل (صلوۃ الوضو) نماز پڑھتا رہتا۔جتنی میری تقدیر لکھی گئی تھی۔(صحیح بخاری شریف) حضرت ابوہریرہ ؓ نے بیان کیا۔کہ! حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔کہ! جو اللہ تعالیٰ کے راستے میں دو چیزیں خرچ کرے گا۔ اسے فرشتے جنت کے دروازوں سے بلائیں گے ۔کہ اے اللہ کے بندے! یہ دروازہ اچھا ہے ۔پھر جو شخص نمازی ہوگا۔اسے نماز کے دروازے سے بلایا جائے گا۔ جو مجاہد ہوگا۔اسے جہاد کے دروازے سے بلایا جائے گا۔ جو روزہ دار ہوگا۔اسے باب الریان سے بلایا جائے گا۔اور جو زکات ادا کرنے والا ہوگا۔اسے زکات کے دروازے سے بلایا جائے گا۔اس پر حضرت سیدنا ابوبکر صدیق ؓ نے پوچھا۔میرے ماں باپ آپ ﷺ پر فدا ہوں۔ یارسول اللہ ﷺ! جو لوگ ان دروازوں سے بلائے جائیں گے ۔مجھے ان سے بحث نہیں ۔آپ ﷺ یہ فرمائیں ۔کہ کیا کوئی ایسا بھی ہوگا ؟ جسے ان تمام دروازوں سے بلایا جائے گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔کہ! ہاں ۔اور مجھے اُمید ہے ۔کہ! آپ ؓ بھی انہیں میں سے ہوں گے ۔(صحیح بخاری شریف) ایک صاحب نے حضرت رسولِ کریم ﷺ سے قیامت کے بارے میں پوچھا۔کہ قیامت کب قائم ہوگی ؟ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا۔کہ! تم نے قیامت کے لئے کیا تیاری کی ہے ؟ انہوں نے عرض کیا۔کچھ بھی نہیں ۔سوائے اس کے ،کہ مَیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت رکھتا ہوں ۔آپ ﷺ نے فرمایا۔کہ پھر تمھارا حشر بھی انہیں کے ساتھ ہوگا۔جن سے تمھیں محبت ہے ۔حضرت انس ؓ نے بیان کیا۔کہ ہمیں کبھی (بھی) اتنی خوشی کسی بھی بات سے نہیں ہوئی ۔جتنی آپ ﷺ کی یہ حدیث سن کر ہوئی ۔کہ تمھارا حشر انہیں کے ساتھ ہوگا۔(کہ) جن سے تمھیں محبت ہے ۔حضرت انس ؓ نے کہا۔کہ میں بھی رسول اللہ ﷺ سے اور حضرات ابوبکر صدیق ؓ وعمر فاروق ؓ سے محبت رکھتا ہوں ۔اور ان سے اپنی اس محبت کی وجہ سے اُمید رکھتا ہوں ۔کہ میرا حشر انہیں کے ساتھ ہوگا۔اگر چہ میں ان جیسا عمل نہ کرسکا۔(صحیح بخاری شریف) س کے علاوہ بھی مختلف احادیث نبویہ ﷺ میں گناہ گاروں کو توبہ کرنے کی برکت سے مغفرت کی اُمید دلائی گئی ہے ۔

☆ **طلب**۔ رجا کے میدان سے نکل کر چوالیسواں میدان ''طلب'' کا نکلتا ہے ۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔کہ! **یبغون الی ربھم الوسیلۃ اقرب** ۔(ترجمہ) وہ اپنے پروردگار کی طرف کسی وسیلے کے آرزومند ہیں ۔(کہ) ان میں کون سا نزدیک تر ہے ۔(القرآن ۔ **57:17**) طلب سے مراد تلاش اور کوشش ہے ۔اس کی تین قسمیں ہیں ۔طلبِ آزادی ۔ طلبِ ثواب ۔ طلبِ حق متعال ۔ طلبِ آزادی درج ذیل امور سے کی جاتی ہے ۔ قطع تعلق کے دکھ سے ۔ عذابِ الٰہی کی شرماساری سے ۔ حجابات کی ذلت سے ۔ لیکن طلبِ ثواب ،جو کہ حصولِ بہشت ،گناہوں سے معافی اور ابدی مسرت کی طلب ہے ۔یہ طلب مجاہدین کی ہے ۔ طلبِ حق تعالیٰ ، جو کہ ایک عظیم ترین کام (اَمر) ہے ۔اس میں دنیا وآخرت کو تیاگ دینا (یعنی ترک کردینا) ہے ۔ہر چند کی عام لوگ اسے بے کاری اور ہرزہ سرائی پر محمول کرتے ہیں ۔ (یادرہے ۔کہ!) پہلے کسی مقصد کو پانے پانے کے لئے تلاش کیا جاتا ہے ۔پھر بالآخر اُسے پالیا جاتا ہے ۔مگر طالبانِ حق پہلے ذاتِ حق کو پالیتے ہیں ۔پھر اس کی تلاش شروع کردیتے ہیں ۔ذاتِ باری تعالیٰ کے یہ طلب گار نہایت مکرم و معزز ہیں ۔اس بات کو خوب اچھی طرح سے سمجھنا چاہیئے ۔کیونکہ! اسی میں ایک بہت بڑا راز مضمر ہے ۔اور اللہ تعالیٰ ہی بہتر جاننے والا ہے ۔

☆ **رُغبتْ**۔طلب کے میدان سے نکل کر پینتالیسواں میدان ''رُغبت'' کا نکلتا ہے ۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔کہ! **و یدعوننا رغبا و رھبا** ۔(ترجمہ) اور وہ ہمیں رغبت اور ڈر سے پکارتے تھے ۔(القرآن ۔ **09:21**) رغبت کا معنیٰ کسی چیز کی طرف التفاتِ توجہ کرنا۔اور اس سے مراد کسی چیز کا خریدنا ہے ۔یادرہے ۔کہ! رغبت اور رہبت ایمان کے دو قدم ہیں ۔جن سے لوگ چلتے ہیں ۔اس لئے کہ ایک قدم سے چلنا محال ہے ۔جبکہ دوستی ایمان کا سر (راز) ہے ۔رغبت کرنے والے تین قسم کے افراد ہیں ۔ اس کائنات کی طرف رغبت کرنے والے ، جو کہ ہمیشہ آزمائش میں مبتلا رہتے ہیں ۔ آخرت کی طرف رغبت کرنے والے ، جو کہ ہمیشہ فکروعمل کے اجتہاد میں مستغرق رہتے ہیں ۔ ذاتِ باری تعالیٰ کی طرف رغبت کرنے والے ، جو کہ ہمیشہ عجز وانکساری میں خود کو فنا کئے

رکھتے ہیں۔ اس کائنات کی طرف رغبت کرنے والوں کی اصل تین باتوں پر مبنی ہے۔آرزوؤں کا طویل سلسلہ۔ علم کی کمی۔ دل کی موت۔ آخرت کی طرف رغبت کرنے والوں کی اصل تین باتوں پر مبنی ہے۔ آرزوؤں میں کمی۔ علمِ الٰہی کا نور۔ دل کی زندگی۔ ذاتِ باری تعالیٰ کی طرف رغبت کرنے والوں کی اصل تین باتوں پر مبنی ہے۔ندائے ازلی کا قبول کرنا۔ تمنائے دل کی شکست ورغبت۔ سرِ الٰہی کی حرمت کا لحاظ۔

☆ **مواصلت۔** رغبت کے میدان سے نکل کر چھیالیسواں میدان ''مواصلت'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **واسجد واقترب**۔(ترجمہ) آپ سجدہ کریں۔اور قربِ خداوندی حاصل کریں۔(القرآن۔**19:96**) مواصلت دراصل لفظ وصل سے مستخرج ہے۔وصل کا معنیٰ ملاپ یا ملنا کے ہیں۔اور مواصلت سے مراد قریب ترین یا ساتھ ہو جانا ہے۔مواصلت کی تین اقسام ہیں۔ مواصلتِ عذر، جو کہ قبولِ حق کے ساتھ ہے۔ مواصلتِ جُہد، جو کہ تائیدِ ایزدی کے ساتھ ہے۔ مواصلتِ دوست داری، جو کہ اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کے ساتھ ہے۔ مواصلتِ عذر، جو کہ قبولِ حق کے ساتھ ہے کے تین نشانات ہیں۔افعال میں برکاتِ خداوندی کا ظہور۔ طبیعت میں سکون۔ دل میں شادمانی۔ مواصلتِ جُہد، جو کہ تائیدِ ایزدی کے ساتھ ہے کی تین علامات ہیں۔اسرارِ الٰہیہ کے ساتھ ظہورِ برکات۔دلوں میں قبولیت۔اجابتِ دُعا۔ مواصلتِ دوست داری، جو کہ اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کے ساتھ ہے۔جو کہ تین باتوں پر منتج ہوتی ہے۔ ہر سانس پر ظہورِ برکات۔ بلند ہمتی۔ حکمت کی کشائش۔

☆ **مداومت۔** مواصلت کے میدان سے نکل کر سینتالیسواں میدان ''مداومت'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **حٰفظوا علی الصلوٰت والصلوٰۃ الوسطٰی**۔(ترجمہ) تمام نمازوں کی محافظت کرو۔اور (خصوصی طور پر) درمیانی نماز کی۔(القرآن۔**228:03**) مداومت سے مفہوم دائمی نگہداشت ہے۔اور اس سے مراد اپنے مقصود میں قیام کرنا ہے۔مداومت کی تین اقسام ہیں۔ اپنے جسم کو ہمیشہ درد وغم کا عادی رکھنا۔ اپنی زبان کو ہمیشہ ذکرِ الٰہی میں مشغول رکھنا۔ اپنے سر (راز) کا ہمیشہ ضبطِ احوال کرنا۔ اپنے جسم کو ہمیشہ درد وغم کا عادی رکھنے والوں کی تین اقسام ہیں۔اُمیدِ کرم پر عبادت کرنے والا، جو کہ بیداری دل کے ساتھ ہے۔ خوفِ خدا سے زُہد اختیار کرنے والا، جو کہ نیازمندی کے ساتھ ہے۔ مہر ووفا پر تکیہ کرنے والا عارفِ حق، جو کہ ندامت کے ساتھ ہے۔ اپنی زبان کو ہمیشہ ذکرِ الٰہی میں مشغول رکھنے والوں کی تین اقسام ہیں۔ عذر پیش کرنے والا، جو کہ ملول رہتا ہے۔ حاجت طلب کرنے والا، جسے ہر وقت بے قراری لاحق رہتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء اور آنحضرت نبی مکرم ﷺ پر درود وسلام پڑھنے والا، جو کہ حلاوتِ ذِکر سے سرشار رہتا ہے۔ اپنے سر (راز) کا ہمیشہ ضبطِ احوال کرنے والوں کی تین اقسام ہیں۔فکر کرنے والا کہ اعتماد جس کے ہمراہ ہو۔ اس کی نعمتوں کو یاد کرنے والا کہ اخلاق جس کا رفیق ہو۔ اسرارِ ربانی کا مشاہدہ کرنے والا کہ عجز وانکساری جس کے ہمدم ودمساز ہو۔

☆ **خطرت۔** مداومت کے میدان سے نکل کر اڑتالیسواں میدان ''خطرت'' کا میدان نکلتا ہے۔دل کے لئے خطرت اس طرح سے ہے۔جس طرح جسم کے لئے سانس لینا اور آنکھ کے لئے پلک جھپکانا۔ خطرت تین قسم کے احوال میں رونما ہوتی ہے۔غفلت میں۔بیداری میں۔صفائے باطن کی پاکیزگی میں۔ وہ خطرت، جو کہ غفلت سے متعلق ہے۔اس میں تین قسم کی تکالیف ہیں۔ وقت برباد ہو جاتا ہے۔دل پر حجاب چھا جاتے ہیں۔ انسان پر شیطان کی دسترس چھا جاتی ہے۔ وہ خطرت، جو کہ بیداری کے ساتھ مربوط ہے۔اس کی تین برکات ہیں۔ ہوا وہوس میں کمی۔ دشمن (نفس وشیطان) کی ذات ونگونساری۔ خوش وقتی کا حصول۔وہ خطرت، جو کہ صفائے باطن کی پاکیزگی سے منسوب ہے۔اس سے تین قسم کے انعامات حاصل ہوتے ہیں۔ علم میں مشغولی۔ حقیقت سے ربط وضبط۔ اللہ تعالیٰ کی طرف کامل رجوع۔جو لوگ اس خطرت (صفائے باطن کی پاکیزگی) سے باہر ہیں۔وہ درحقیقت محلِ خطرت میں ہیں۔

☆ **ھمت۔** خطرت کے میدان سے نکل کر انچاسواں میدان ''ہمت'' کا میدان نکلتا ہے۔ارشادِ باری ہے۔کہ! **قد یعلم ما انتم علیہ**۔(ترجمہ) یقیناً اللہ تعالیٰ (وہ سب) جانتا ہے۔جس (قول وفعل) پر تم ہو۔(القرآن۔**64:24**) ہمت سے ایسی آرزو ومراد ہے۔جو کہ دل کے شایانِ شان ہو۔ساری کائنات کی ہمتیں تین قسم کی ہیں۔ پہلی قسم دنیوی امور میں ہمت کی ہے۔جس میں بیگانگی کی آمیزش ہے۔اس میں انسان کے علم کا مرکز حصولِ دنیا رہ جاتا ہے۔اسے اپنی آرزوؤں کی غایت سمجھتا ہے۔اس کے لئے (حصولِ دنیا) چکی کے میخ کی طرح اس کی مساعی کا محور بن جاتی ہے۔اس سے ہم اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کرتے ہیں۔ دوسری قسم عقبیٰ میں ہمت کی ہے۔جو کہ فلاح ونجات کی پیامی ہے۔مرد کے ہاتھ میں اس کی زمام ہے۔دل پر اس کا عنوان مرقوم ہے۔اور وہ زمانے میں اس کی یادگار ہے۔ ہمت کی تیسری قسم حصولِ ذات سے متعلق ہے۔اور وہ کامیابی کی بشارت ہے۔اس ہمت میں مرد کے لئے تین نشانیاں ہیں۔ایک در کی نیازمندی کے سبب ہر قسم کے احتیاج سے بے نیاز کر دیتی ہے۔ایک قید میں ڈال کر تمام جہاں کی قیود سے آزاد کرا دیتی ہے۔خلق کے دروازوں کے بجائے ایک ہی آستانے پر مقیم کرا دیتی ہے۔ ہر شخص کی ہمت کے مطابق اس کی قدر وقیمت ہے۔ہمت اَزل سے انسان کا امتیازی نشان ہے۔اور **ابد** پر اس کی مہر ہے۔

☆ **رعایت۔** ہمت کے میدان سے نکل کر پچاسواں میدان ''رعایت'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ ربانی ہے۔کہ! **فما رعوھا حق رعایتھا**۔(ترجمہ) پس انہوں نے اس کی رعایت نہ کی۔کہ جس طرح کہ رعایت کا حق تھا۔(القرآن۔**27:57**) رعایت کی جدوجہد راست بازی ہے۔

اہلِ حق کی رعایت سے مراد تین چیزیں ہیں۔ رعایتِ ہمت۔ رعایتِ وقت۔ رعایتِ سر (راز)۔ رعایتِ ہمت یہ ہے۔کہ! یقین کو گمان سے نہ بدلا جائے۔ الہام میں وسوسے کی آمیزش نہ کی جائے۔ فراست کو تدبیر سے جدا کر سکے۔ رعایتِ وقت یہ ہے۔کہ! علائقِ دنیوی سے ننگ وعار محسوس ہو۔ اپنے لئے فراہمیٔ اسباب سے دریغ کیا جائے۔ ہر سانس یادِ الٰہی میں گزارا جائے۔ رعایتِ سر (راز) یہ ہے۔کہ! خود کو آرزوؤں کے حوالے نہ کیا جائے۔

اپنے آپ کومکر و فریب کے مابین نہ پھنسائے۔ پل بھر کے لئے بھی حضورِ حق سے پیچھے نہ ہٹے۔

☆ **سکینہ** رعایت کے میدان سے نکل کرا کیاونواں میدان ''سکینہ'' کا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **ھو الذی انز ل السکینۃ فی قلوب المؤ منین**۔(ترجمہ) وہ ذاتِ باری تعالیٰ کہ جس نے اہلِ ایمان کے قلوب میں تسکین نازل فرمائی۔(القرآن۔**04:48**) سکینہ سے مراد وہ آرام وسکون ہے۔جو کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے اولیاء (دوستوں) کے قلوب پر اُتارا ہے۔اوروہ سکینہ دلوں کے لئے آزادی (کی نوید وبشارت) ہے۔یاد رہے۔کہ! سکینہ دل تین مقامات میں میسر آتا ہے۔ توحید میں۔ خدمت میں۔ یقین میں۔ سکینہ توحید (درحقیقت) دل پر تین عمل کرتا ہے۔

قیامت کے ناآزمودہ روز کا خوف۔ امکانی ادراک تک عرفانِ خداوندی۔ اللہ تعالیٰ سے بن دیکھے محبت کرنا۔ خدمت میں سکینہ تین اثرات مرتب کرتا ہے۔ انسان دل سے سنتِ نبوی ﷺ پرعمل پیرا ہو۔تا آنکہ متاعِ قلیل کے ساتھ ہی تو انگر ہوگیا۔(جیسا کہ حضرت علی المرتضیٰؓ کے فرمان کا مفہوم ہے۔کہ! مَیں نے جب سے اپنی ضروریات کوکم کرلیا ہے۔مَیں امیر ہوگیا ہوں) اعتماد اس پر کیا۔جو کہ واقعتاً اس کا صحیح اہل تھا۔چنانچہ وساوس سے آزاد ہوگیا۔ اس نے خلق کوفراموش کردیا۔جس کے باعث وہ ریا سے بچ گیا۔ یقین میں سکینہ کے تین نتائج برآمد ہوتے ہیں۔ وہ دل سے قسامِ ازل کی تقسیم پرراضی ہوگیا۔ یہاں تک کہ اس نے ہرقسم کی حیلہ سازی سے آسودگی حاصل کرلی ہے۔ اس نے سود و زیاں کوایک ہی مقام سمجھا۔تا آنکہ ہراحتیاط سے فارغ ہوگیا۔ اس نے کارسازِ حقیقی کواختیار کرلیا۔جس نے اسے تمام علائق سے نجات بخشی۔

☆ **طمانینت** ۔ سکینہ کے میدان سے نکل کر باونواں میدان ''طمانیت'' کا ہے۔قرآنِ حکیم میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **یا یتھا النفس المطمئنۃ ۔ا رجعی الی ربک راضیۃ مر ضیۃ**۔ (ترجمہ) اے اطمینان پاجانے والےنفس! تو اپنے پروردگار کی طرف لوٹ آ۔کہ تو اس سے خوش اوروہ تجھ سے راضی ہے۔(القرآن۔**89 : 27-28**) سکون اوراُنسیت کے باہمی امتزاج کوطمانیت کے مفاہیم میں استعمال کیا جاتا ہے۔طمانیت تین طرح کی ہوتی ہے۔ نقد پرطمانیت۔ اُمید پرطمانیت۔ محبت پرطمانیت۔ نقد پرطمانیت کی تین اقسام ہیں۔ غافلین کو یہ طمانیت حصولِ دنیا سے میسرآتی ہے۔عقل مند لوگ اس طمانیت کوتجربات سے حاصل کرتے ہیں۔ جبکہ! مخلصین کی یہ طمانیت خود ضامن ہوتی ہے۔اُمید پرطمانیت تین قسم کے لوگوں کے دل میں بسی ہوئی ہوتی ہے۔ محنت سے سرشار انسان۔ انتظار کرنے والے۔ ہرمایوس آدمی۔ محبت پرطمانیت کے تین نشانات ہیں۔ اپنے (دنیوی یا گھریلو) اُمور کے بجائے مولا کریم کے کام میں مشغولی۔ حق متعال کی ہمہ وقت یاد میں مشغولی۔ ربِ متعالی کی محبت میں ذاتی محبت کا انقطاع۔

☆ **مراقبت**۔طمانیت کے میدان سے نکل کرترپنواں میدان ''مراقبت'' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **یسبحون اللیل وا لنھار لا یفترون**۔(ترجمہ) روز وشب (مقربین حضرات) اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتے کرتے نہیں رُکتے۔(القرآن۔**20:21**) مراقبت (یعنی نگہداری) کوشش کے ساتھ ہے۔اوروہ تین چیزوں سے عبارت ہے۔ مراقبتِ خدمت۔ مراقبتِ وقت۔ مراقبتِ سر (راز)

مراقبتِ خدمت تین چیزوں سے حاصل کی جاتی ہے۔ امرِ الٰہی کی تعظیم۔ سنتِ نبوی ﷺ کا علم۔ ریا کی پہچان۔

مراقبتِ وقت تین باتوں سے حاصل ہوتی ہے۔ نفسانی خواہشات کی فنا۔ احوال کی صفائی۔ غلبہء محبت۔

مراقبتِ سر (راز) تین باتوں سے نصیب ہوتی ہے۔ دنیا سے یکسوئی۔ اپنی ذات سے رہائی۔ ماسوا اللہ کی محبت سے کنارہ کشی۔

☆ **احسان**۔مراقبت کے میدان سے نکل کر چونواں میدان ''احسان'' کا نکلتا ہے۔احسان کا درست ترین مفہوم آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے حضرت جبرائیلِ امینؑ کے جواب میں فرمایا تھا۔کہ! **اَلاِحْسَانُ اَنْ تَعْبُدَ اللّٰہَ کَاَنَّکَ تَرَاہُ ۔ فَاِنْ لَّمْ تَکُنْ تَرَاہُ فَاِنَّہٗ یَرَاکَ**۔(ترجمہ) احسان یہ ہے۔کہ! تم اللہ تعالیٰ کی عبادت اس طرح کرو۔گویا تم اسے (یعنی ربِ متعال کو) دیکھ رہے ہو۔پس اگرتم اسے (یعنی ربِ متعال کو) نہیں دیکھ سکے۔(تو پھرکم ازکم یہی خیال کرو۔کہ) بے شک وہ توتمھیں دیکھ ہی رہا ہے۔(صحیح بخاری۔سنن ابوداؤد۔سنن نسائی) بقول امام نوویؒ! ایسی حالت وکیفیت میں، بندہء خدا اپنی عبادت کوپورے کمال کے ساتھ انجام دے گا۔(ان شاءاللہ) اوراس کے ظاہری وباطنی خیالات وتصورات پاکیزہ ہوکر مکمل طور پرخشوع وخضوع پرگامزن ہوجائیں۔الغرض یہ کہ! عبادت کی اس اعلیٰ درجے کی حالت وکیفیت پربجا آوری درحقیقت اس کے ایمان واسلام کی راہ کواحسان سے تعبیر کیا جائے گا۔(واللہ والرسول اعلم بالصواب) لیکن اگرہم مذکورہ حدیث (جوکہ پہلے ایمان پھر اسلام اورآخرمیں احسان پرمشتمل ہے) کوبغورمطالعہ کرکے ملاحظہ کریں۔تو ہم اس نتیجے پرجاپہنچیں گے۔کہ! مرتبہ احسان ،انسان کوایمان اوراسلام کے بعد حاصل ہوا کرتا ہے۔جب تک کسی میں ایمان اور اسلام مجتمع نہ ہوجائیں۔وہ مقام ومرتبہ احسان تک رسائی حاصل نہیں کرسکتا۔جبکہ احسان کے اصطلاحی معنیٰ یہ ''عمدگی وخوبصورتی'' کے ہیں۔

احسان کے مقام ومرتبہ کے حصول میں سب سے پہلے تین قسم کے خوش نصیب افراد سرفراز ہوتے ہیں۔ جواپنی زندگی کوچھوڑ کر دریائے توحید میں مستغرق ہوں۔ جولوگ ہیبتِ الٰہی میں سرمست وسرشار رہتے ہوں۔ جووجد وحال میں ہمہ وقت وارفتہ ہوں۔ ان کے عزم میں ہوائے نفسانی باقی نہیں رہتی۔ جمیعتِ باطن میں اسباب گم ہیں۔انتشاران کے وجد میں مدغم ہے۔جسم سربسر سماعت بن جاتا ہے۔ زبان پرہرآن ذکرِالٰہی جاری رہتا ہے۔ دل میں سوز وگداز رہتا ہے۔(اس مقام ومرتبہ پرپہنچ کر) جس خوش نصیب نے چشمِ قلب سے جس چیز کودیکھ لیا۔تو اسے یقیناً جان لیا۔کہ! اسے واقعی عیاں دیکھا۔کیونکہ! اس سے کدوراتِ بشرزائل ہوگئیں۔اس پرہوا ہوس کا سلسلہ سرد پڑگیا۔اوراس نے بلاآخر علائقِ دنیوی کے تکلفات سے نجات پائی۔

☆ **ادب**۔احسان کے میدان سے نکل پچپنواں میدان ''اَدَبْ'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **والحٰفظون لحدود الله** ۔(ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ کی حدود کی حفاظت کرنے والے لوگ۔(القرآن۔112:09) اب حدود کے اندر زندگی گزارنا اور درست انداز ے سے قدم رکھنا ہے۔ جو کہ تین باتوں میں ہے۔ادبِ خدمت میں۔ادبِ معرفت میں۔ادبِ معاملات میں۔ خدمت میں اَدَب تین باتوں سے متعلق ہے۔اس میں اجتہاد اور تکلف نہیں۔ اس میں احتیاط اور وسوسہ انگیزی نہیں۔ اس میں دیدہ دلیری اور سلہ نگاری نہیں۔ معرفت میں اَدَب تین باتوں سے عبارت ہے۔اس میں خوف اور مایوسی نہیں۔اس میں آرزو اور سلامتی مقصود نہیں۔بے باکی اور شوخی نہیں۔ معاملات میں اَدَب تین باتوں سے متعلق ہے۔اس میں نرمی و چاپلوسی نہیں۔درشتی اور مخاصمت نہیں۔احسان کی نمود اور لاف زنی نہیں۔ (یاد رہے۔کہ! خانقاہی نظام میں اَدب سب سے پہلی سیڑھی ہوتی ہے)

☆ **تَمکُّن**۔اَدَبْ سے نکل کر چھپنواں میدان ''تمکن'' کا نکلتا ہے۔تمکن سے مراد یہ ہے۔کہ! نیک عمل یا امر کا سرانجام دینا بندے کا مَلکہ بن جائے۔اور تگ ودو کا تکلف اس سے چھوٹ جائے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **ولا یستخفنک الذین لا یوقنون** ۔(ترجمہ) اور وہ لوگ جو یقین نہیں لاتے آپ ان کو سبک نہ کر دیں۔(القرآن۔60:30) تمکن کو تین مقامات میں تین باتوں میں تلاش کرنا چاہیئے۔اپنی عادت سے۔اپنے جسم سے۔اپنے قلب سے۔ عادت کا تمکن تین احوال میں واقع ہے۔ خوف میں۔ غصہ میں۔ کسی حاجت میں۔

جسم کا تمکن تین احوال میں ہے۔ بیماری میں۔ غربت میں۔ درویشی میں۔

قلب کا تمکن تین امور میں ہے۔ گمان میں۔ تمیز میں۔ ہمت میں۔

☆ **حرمت**۔تمکن کے میدان سے نکل کر ستاونواں میدان ''حُرمت'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **ما لکم لا ترجون وقارا** ۔(ترجمہ) کیا ہے تمھیں کہ! تم اللہ تعالیٰ سے بزرگی کا اعتقاد نہیں رکھتے۔(القرآن۔13:81)

حرمت سے مراد، حیاء کرنا ہے۔اور وہ تین طرح کی ہے۔ احترامِ خدمت کے لئے۔ احترامِ ذکر کے لئے۔ احترامِ سر کے لئے۔

احترامِ خدمت کی تین نشانیاں ہیں۔ دین کی خدمت کو عیشِ فراواں سمجھا جائے۔مولا کریم کی طرف سے بندہ کی ہدایت پر خوشی کا اظہار کیا جائے۔ بندہ اپنے نفس کو گنہگار ٹھہرائے۔اور اسے عیب ناک گردانا جائے۔ احترامِ ذکر کے تین نشان ہیں۔بندہ یادِ خدا میں خرافات کی آمیزش نہ کرے۔اللہ تعالیٰ کو حضورِ قلب کے بغیر یاد نہ کرے۔بندہ رب کا ہو جائے۔تاکہ خود ہی اس کا مظہر کہلا سکے۔ احترامِ سر (راز) کے بھی تین نشانات ہیں۔ اگر بندہ ڈرتا ہے۔تو محبت اختیار ہی نہ کرے۔اگر بندہ امیدوار ہے۔تو حق کو نہیں پا سکے گا۔ اگر بندہ سے کوئی گستاخی ہو جائے۔تو ہمیشہ تعظیم کو پیشِ نظر رکھے۔

☆ **غیرت**۔ حرمت کے میدان سے نکل کر اٹھاونواں میدان ''غیرت'' کا نکلتا ہے۔غیرت سے مراد کسی چیز پر شک کرنا ہے۔کہ اس کے متبادل دوسری چیز کا وجود نہیں ہوتا۔جبکہ غیرت کا مفہوم ہے شرم کرنا۔عموماً تین چیزیں قابلِ رشک ہوا کرتی ہیں۔ عمر۔قلب۔وقت۔

عمر ایک دکان کی مانند ہے۔عقل اس کی زیب وزینت، دین اس کا سرمایہ اور مومن تاجر ہے۔عمر جو حصہ گزر چکا ہے۔وہ تاوان ہے یا پھر دکھوں کا علاج۔ جو سانس ہم میں موجود ہے۔وہ ہدیہ ہے یا درد داغ۔ زندگی کا جو حصہ بقایا ہے۔وہ زہر ہے یا تریاق۔ دل انسان کا خزانہ ہے۔شیطانِ لعین اس کا دشمن ہے۔ دل کی نگہداشت قفل کی مانند ہے۔اور مومن اس کا محتاج ہے۔ نفس میں جس قدر کمی واقع ہوگی۔دل کی آب وتاب اور رعنائی میں اُسی قدر اضافہ ہوگا۔ دنیا میں جس قدر اضافہ ہوگا۔انسان کی قدر وقیمت اپ تنی ہی گر جائے گی۔انسان دنیا کا جس قدر دعوے دار ہوگا۔اس کا اصل سرمایہ اُتنا ہی زائل ہوگا۔ وقت کر اگر ملحوظِ خاطر رکھا جائے۔تو ہر ساعت خود انسان سے غائب ہے۔ جس شخص نے وقت کو اپنے وجود کی آرائش پر صَرف کیا۔رائیگاں گزار دیا۔یہ انسان کے قاتل سے بھی زیادہ بڑا اور قوی دشمن ہے۔جس نے انسان کے اوقات کی قدر افزائی کی۔وہ اس کے آباء سے بڑھ کر اس کا محسن ہے۔ صاحبِ وقت کے نزدیک وقتِ کونین سے زیادہ معزز ہے۔

غیرت کا معانی و مفہوم تقریباً شرم کے زمرے میں آتا ہے۔غیرت درحقیقت دو طرح پر ہے۔ایک خلق سے۔جبکہ دوسری حق سے۔ غیرت اَز خلق تو یہ ہے۔کہ! بندہ اپنے گناہوں پر ہمیشہ شرمندہ ہو۔اور کبھی بھی کسی کی حق تلفی اور دل آزاری نہ کرے۔اور نہ ہی کسی کی حدود پر تجاوز کرے۔ جبکہ! غیرتِ حق یہ ہے۔کہ! حق تعالیٰ کے اسرار ورموز کو دائماً مخفی رکھے۔اور اس کے مقبولین اور اولیاء کا تہہ دل سے مؤدب رہے۔

☆ **جمع**۔غیرت کے میدان سے نکل کر انسٹھواں میدان ''جمع'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **ثم ذرھم فی خوضھم یلعبون** ۔(ترجمہ) پھر آپ ان کو ان کے مشغلے میں بے ہودگی کے ساتھ رہنے دیجئے۔(القرآن۔91:06)

جمع سے مراد تین چیزوں سے نجات پانا ہے۔ دل کے انتشار (جمعیتِ قلب) سے۔نیت کے فتور سے۔ وقت کے تفرقہ سے۔

جمعیتِ قلب کے تین نشانات ہیں۔ پسندیدہ امور میں اضافہ۔ خلق سے وحشت۔ زندگی سے ملال۔

نیت کے سکون کی تین علامات ہیں۔ خدمت سے لطف اندوزی۔ آرزوئے علم۔ اپنے ارادے کی موافقت۔

جمعیتِ وقت کے تین نشانات ہیں۔ دُعا میں حلاوت۔ حکمت کا ظہور۔ فراست کی درستگی۔

☆ **انقطاع**۔ جمع کے میدان سے نکل کر ساٹھواں میدان ''انقطاع'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **وقال انی مھاجر الی ربی** ۔(ترجمہ) بے شک! مَیں اپنے پروردگار کی طرف ہجرت کرنے والا ہوں۔(القرآن۔22:29) انقطاع سے مراد ماسوا اللہ سے اجتناب اور حق ست

وصول ہے۔ واصلین ذات جو ما سوا سے منقطع ہیں۔ وہ تین احوال کے باعث ہیں۔ بامرِ مجبوری۔ جہدوکوشش سے۔ کلی طور پر۔
بامرِ مجبوری منقطع ہونے والوں کی تین نشانیاں ہیں۔ نفس کا مردہ ہونا۔ قلب کا زندہ ہونا۔ زبان کا کھل جانا۔
جہدوکوشش سے منقطع ہونے والوں کی تین علامات ہیں۔ جسمِ محنت سے۔ زبانِ ذِکرِ الٰہی میں۔ زندگی یکسر تگ ودَو میں۔
کلی طور پر منقطع ہونے والوں کی تین نشانیاں ہیں۔ خلق سے دوری۔ اپنی ذات سے بیگانگی۔ علائق سے آسودگی۔

☆ **صدق**۔ انقطاع کے میدان سے نکل کر اکسٹواں میدان ''صدق'' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **رجال صدقوا ما عاھدوا اللہ علیہ**۔ (ترجمہ) وہ مردانِ (مومنین) کہ جنہوں نے جس بات پر اللہ تعالیٰ سے عہد استوار کیا۔ سچ کہا۔ (القرآن۔ 23:33) صدق سے مراد (قلب و نیت کے ساتھ کلی طور پر) راست بازی ہے۔ اس کے تین درجات ہیں۔ درجۂ ظاہر۔ درجۂ باطن۔ درجۂ غیب۔ درجۂ ظاہر تین باتوں سے عبارت ہے۔ دین میں پختگی۔ خدمت میں سنتِ نبوی ﷺ کا کامل لحاظ۔ معاملات میں درستگی۔ درجۂ باطن تین باتوں پر مبنی ہے۔ عمل ہمیشہ قول کے مطابق ہو۔ جو کچھ تُو ظاہر کرے۔ وہ چیز تجھ میں ظاہر بھی ہو۔ تُو اپنے دعوے کی کامل طور پر پاسداری کرے۔ درجۂ غیب سے تین باتیں عبارت ہیں۔ تُو جس چیز کا آرزومند ہے۔ وہ حاصل کرلے گا۔ تُو جو کچھ سنتا ہے۔ دیکھ لے گا۔ تُو خود کو جس کے قُرب میں شمار کرتا ہے۔ وہیں پر ہوگا۔ حضرت شیخ جعفر الخلدیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! میں حضرت ابوالقاسم جنید بغدادیؒ سے سوال کیا۔ کہ! اے شیخؒ! کیا صدق اور اخلاص میں کچھ فرق ہے؟ تو انہوں نے فرمایا۔ کہ! ہاں۔ صدق اصل ہے۔ اور پہلے ہے۔ جبکہ اخاص اس کی فرع ہے۔ اور اس کے بعد (یعنی تابع) ہے۔ اور یہ بھی فرمایا۔ کہ! صدق اور اخلاص میں ایک اور فرق یہ بھی ہے۔ کہ! اخلاص عمل میں آئے بغیر نہیں ہوتا۔ یعنی کہ! اخلاص کے لئے عمل ضروری ہے۔ مزید فرمایا۔ کہ! یہی اخلاص ہے۔ اور اسی کو مخالصۃ الاخلاص کہتے ہیں۔

☆ **صفا**۔ صدق کے میدان سے نکل کر باسٹواں میدان ''صفا'' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **فما وھنوا لما اصابھم فی سبیل اللہ**۔ (ترجمہ) پس وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں اس کے باعث جو ان کو پہنچا۔ سُست نہ ہوے۔ (القرآن۔ 146:03) صفا سے مراد ہے صفاتِ خلقیہ کی طرح سے پاک وصاف ہونے کی خصلت۔ اہلِ صفا کئے تین گروہ ہیں۔ پہلا گروہ اللہ تعالیٰ کے فرشتوں کا ہے۔ جو کہ! کہ شہوت سے پاک ہے۔ تہمت سے پاک ہے۔ اور غفلت سے معصوم ہے۔ دوسرا گروہ انبیاءؑ کا ہے۔ جو کہ! رجعت سے پاک ہے۔ زیب وزینت سے دور ہے۔ اور ہر قسم کے گناہوں سے معصوم ہے۔ تیسرا گروہ اہلِ صفا کا ہے۔ جو خالصتاً مومنین پر مشتمل ہے۔ وہ ایک ایسی جماعت ہے۔ جو کہ! غلبۂ نفس سے آزاد ہے۔ ان کے قلوب مولا کریم سے واصل ہیں۔ اور ان کے سرآگاہی ذات سے آراستہ ہیں۔

☆ **ثِقَت**۔ صفا کے میدان سے نکل کر باسٹواں میدان ''حیاء'' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **فیستحی منکم**۔ (ترجمہ) پس حضرت جناب رسالت مآب ﷺ تم سے حیاء کرتے ہیں۔ (القرآن۔ 53:33) حیاء سے مراد شرم ہے۔ جو کہ درحقیقت دین کا حصار ہے۔ شرم مولا کریم کے عملوں میں سے ایک نادر علم ہے۔ یہ علم تین باتوں سے عبارت ہے۔ غافلین کی شرم خلق سے۔ جوانمردوں کی شرم ملائکہ سے۔ عارفین کی شرم حق تعالیٰ سے۔ مخلوق سے شرم اسے لاحق ہوتی ہے۔ جو کہ! اپنی آبرو سے ڈرتا ہے۔ خلق کی قبولیت کے بارے میں سنتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی عظمت سے ناآشنا ہے۔ فرشتوں سے شرم وہ محسوس کرتا ہے۔ جسے! غیب پر اعتماد ہو۔ گناہ کا خوف ہو۔ روزِ حساب کا اندیشہ ہو۔
حق تعالیٰ سے شرم وہ رکھتا ہے۔ کہ! جس کا قلب بینا ہو۔ سر میں شعور وآشنائی ہو۔ ضمیر ہر قسم کے اشتباء سے پاک ہو۔

☆ **ثِقَت**۔ حیاء کے میدان سے نکل کر چونسٹھواں میدان ''ثقت'' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **فو رب السمآء والارض انہ لحق**۔ (ترجمہ) پس زمین وآسمان کے رب کی قسم! بے شک یہ بات بالکل حق ہے۔ (القرآن۔ 23:51) ثقت سے مراد کسی چیز کو مضبوطی سے باندھنا اور اپنی اُمید کو دائماً مستحکم رکھنا۔ جو کہ تین چیزوں پر مشتمل ہیں۔ تصدیق کی دوستی سے۔ حسنِ ظن سے۔ صفائے نظر سے۔ تصدیق کی دوستی سے تین چیزیں ظاہر ہوتی ہیں۔ رگ وپے کو جلا دینے والا خوف۔ اعمالِ صالحہ پر اُبھارنے والی اُمید۔ پیہم نوازشات کرنے والا اُنس۔ حُسنِ ظن سے تین باتیں رونما ہوتی ہیں۔ متاعِ قلیل پر خوشنودیٔ رب۔ امورِ زندگی میں بردباری۔ موت سے نبردآزمائی۔ صفائے نظر سے تین باتیں ظہور پذیر ہوتی ہیں۔ واضح گفتار۔ غیبی اشارات۔ حکمتِ لدنی۔

☆ **ایثار**۔ ثقت کے میدان سے نکل کر پینسٹھواں مدان ''ایثار'' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **و یؤثرون علی انفسھم ولو کان بھم خصاصۃ**۔ (ترجمہ) وہ (مہاجرین) کو اپنی جانوں پر مقدم سمجھتے ہیں۔ (القرآن۔ 09:59) ایثار سے مراد کسی حقیر چیز پر اعلیٰ کو اختیار کرنا۔ سب سے پہلے خلق پر انبیا کا ایثار ہے۔ اس اعتبار سے کہ! اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء دنیوی شغل سے بڑھ کر ہے۔ دُعا ہر خزانے سے اعلیٰ وارفع ہے۔ بہشت اپنی قدر ومنزلت کے سبب فزوں تر ہے۔ دوسرا عمر کا ایثار قلب پر ہے۔ اس لئے کہ! دل ساری حیات سے بہتر ہے۔ فراغت جوانی سے بڑھ کر ہے۔ آشنائی جان سے عزیز تر ہے۔ تیسرا دین پر علائقِ دنیوی کا ایثار ہے۔ کیونکہ! دین فراغت میں آسودہ رہتا ہے۔ خلوت میں پروان چڑھتا ہے۔ تفکر میں افزوں ہوتا ہے۔

☆ **تفویض**۔ ایثار کے میدان سے نکل کر چھیاسٹھواں میدان ''تفویض'' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **و افوض امری الی اللہ ان اللہ بصیر م بالعباد**۔ (ترجمہ) اور مَیں اپنے امور اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں۔ بے شک اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو دیکھنے والا ہے۔ (القرآن۔ 44:40) تفویض سے مراد اپنے جملہ امور (دینی ودنیوی) کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دینا ہے۔

خود کو رب کے سپرد کرنا : اپنے تمام امور کو رب متعال کے سپرد کرنا تین باتوں پر مشتمل ہے۔ دین میں۔ تقدیر میں۔ مخلوق کے معاملات میں۔ دین میں تفویض یہ ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ نے چیزوں کو جس طرح سے بنایا ہے۔ تُو اس میں کسی قسم کے تکلف کی آمیزش نہ کر۔ اللہ تعالیٰ نے جن چیزوں کی رخصت عطا فرمائی ہے۔ تُو اس کے پیچھے ہی نہ لگا رہے۔ اللہ تعالیٰ کی ہرجدا گانہ دمساز رہے۔ تقدیر میں تفویض یہ ہے۔ کہ! حیلہ سازی کی تکلیف سے تُو اپنے فہم وعقل اور فکر کو عذاب میں نہ ڈالے۔ دُعا کے بدلے حکمِ کداوندی میں جھگڑا نہ کرے۔ انتہائے طلب میں اپنے یقین کو موردِ الزام نہ ٹھہرائے۔ خلق کے بارے میں تفویض تین باتوں سے عبارت ہے۔ اگر تُو انہیں کسی معصیت میں مبتلا پائے۔ تو اسے بدبختی پر محمول نہ کرے۔ اگر طاعت پر قائم دیکھے۔ تو اسے سعادت شمار نہ کرے۔ تاہم ان کی فلاح وترقی کا آرزومند رہے۔ بہرحال ان کی ظاہری ہیئت پر کوئی بھی فیصلہ نہ کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی تصدیق کا مطالبہ بھی نہ کرے۔ توکل وتفویض میں قلیل سا فرق یہ ہے۔ کہ! وکالت میں موکل کے لئے ملکیت کی بُو ہوتی ہے۔ حالانکہ! تفویض اس سے خارج ہے۔ درحقیقت مبتدی کی تفویض تو یہ ہے۔ کہ! وہ اپنے جملہ امور اللہ تعالیٰ کے سپرد کر کے ملکیت کے دعوے ہی سے دائماً بری ہو جائے۔ یہاں تک کہ اپنے اعمال میں بھی فاعلیت کے دعوے سے بری ہو کر اجر ومعاوضہ کی امید سے ہی کنارہ کش ہو جائے۔ منتہی کی تفویض یہ ہے۔ کہ! جب وہ اس امر پر اطلاع پائے۔ کہ مخلوقات میں سے قلم کسی پر چل گیا ہے۔ تو وہ پریشان نہیں ہوتا۔ موجودات میں کسی قسم کا تصرف نہیں کیا کرتا۔ بلکہ سب کچھ مرضی مولا پر چھوڑ دیتا ہے۔ کہ وہی مولا اپنے مُلک اور مِلک میں جس طرح چاہے۔ تصرف کرے۔ اس قسم کے لوگ امین ہوتے ہیں۔ اور ہر وقت ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کے حضور ظاہر وباطن میں مؤدب رہا کرتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے رموز واسرار کو کبھی بھی فاش نہیں کرتے۔ بلکہ وہ تو اس رازدانی کی بناء پر لوگوں میں اپنی ذات کے لئے کسی بھی کسی کی بلندی، مال ومتاع کے خواہاں نہیں رہتے۔ اور مخلوقات کے ساتھ ایسا معاملہ کیا کرتے ہیں۔ جیسا کہ وہ آپس میں کرتے ہیں۔ اور کسی کا پردہ یا برائی کبھی بھی کسی کے سامنے فاش نہیں کیا کرتے۔ کسی امر کے جاری کرنے میں خوض بھی نہیں کرتے۔ بلکہ خلق میں اپنے اجسام کے ساتھ رہتے ہیں۔ اور اپنی ارواح کے ساتھ حضرتِ قربِ الٰہی میں خلق سے جدا رہتے ہیں۔ تسلیم وتفویض تقریباً ایک ہی طرح کی دو چیزیں ہیں۔

تسلیم و رضا میں فرق : تسلیم کسی بھی قضاء وقدر سے پہلے واقع ہوتی ہے۔ جبکہ رضا کا وقوع قضاء وقدر کے بعد ہوتا ہے۔

☆ **فتوح۔** تفویض کے میدان سے نکل کر سڑسٹھواں میدان ''فتوح'' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **ما یفتح اللہ للناس من رحمۃ فلا ممسک لھا۔** (ترجمہ) اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے جو کچھ لوگوں کے لئے کھول دے۔ پس اسے کوئی بند کرنے والا نہیں۔ (القرآن۔ 02:35) ایسی چیز، جو کہ غیب سے بن مانگے اور بغیر تلاش وجستجو کئے دستیاب ہو جائے۔ اسے فتوح سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اس کی تین اقسام ہیں۔ پہلی قسم رزق اور عیش کے ارادے کے ساتھ وابستہ ہے۔ جس کی تین شرائط ہیں۔ طلب کے بناء۔ محنت کے بناء۔ توقع کے بناء۔ فتوح کی دوسری قسم ''علم لدنی'' ہے۔ اس سے مراد! بناء سیکھے شریعت کے موافق ہونا۔ بناء سنے قلبی اسرار سے آگاہی۔ بناء تجربے کے حکمت پر عبور۔ فتوح کی تیسری قسم ''غیبی اشارات'' کی ہے۔ جو کہ تین باتوں سے عبارت ہے۔ عمدہ خوابوں کی بشارت۔ نیک وصالح لوگوں کی سی دُعا۔ دلوں میں قبولیت۔

حصولِ فتح کے بعد کی تفصیلات و کیفیات :

جب انسان تمام صغیرہ وکبیرہ گناہوں سے پاک ہو جاتا ہے۔ اور اُسے **توبہ نصوحہ** حاصل ہو جاتی ہے۔ تو اللہ تعالیٰ اپنے بندے پر اپنے خصوصی فضل وکرم کی برسات وبہار شروع کر دیتا ہے۔ اور اُسے فتوحات ملنا شروع ہو جاتی ہیں۔ علمائے تصوف اور اولیائے عظام کی اپنی اپنی اصطلاحات کے مطابق فتح دراصل کئی معنوں ومفاہیم میں استعمال کی جاتی ہے۔ لیکن زیادہ تر کا یہ خیال ہے۔ کہ **فتح کا مطلب یہ ہے۔** کہ جب کوئی بندہ اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے تقویٰ وبزرگی حاصل ہونے کے بعد مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے۔ اور اور اُس کے تمام اُمورازجانب الٰہی خود بخود ہوتے چلے جاتے ہیں۔ اور اُس سے مافوق الفطرت اعمال وافعال اور اقوال کا ظہور ہونے لگتا ہے۔ تو اِن تمام انعامات، احسانات اور اکراماتِ الٰہیہ کو فتح کے لفظ سے موسوم کیا جاتا ہے۔

جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو فتح نصیب کرتا ہے۔ تو بہت سے انوار اِس کے وجود میں داخل ہو جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ یہ تمام انوارات اِس شخص کی رگوں، ہڈیوں اور گوشت پوست میں کے ریشوں میں سما جاتے ہیں۔ اور اِن کے داخلے کے جو ٹھنڈک وفرحت اور تازگی کا مسحور کن احساس ہوتا ہے۔ اس کی کیفیت بوقت نزع (جو کہ شہادت سے پہلے ہو) کی تکلیف کی مانند ہوتی ہے۔ اِن انوار کی خصوصیت یہ ہے۔ کہ! جب اللہ تعالیٰ اپنے بندے کو کسی بھی قسم کی مخلوق کا مشاہدہ کروانا چاہتا ہے۔ تو یہ انوار اس مخلوق سے اَسرار کو اُس بندے کے سامنے نمایاں کر دیتے ہیں۔ اس لئے کہ جب تک یہ زمین، بنی نوعِ انسان، حیوانات، جنات، حشرات اور جمادات وغیرہ تمام اشیاء انسانی وجود میں سرایت نہ کر جائیں۔ اس وقت تک انسان مخلوقات کا مشاہدہ نہیں کر سکتا۔ اور ان کے اَسرار کی آمد کے وقت بھی انسان کو نزع کی سی تکلیف کا سامنا کرنا ہی پڑتا ہے۔ کیونکہ نبی اکرم ﷺ کا دیدار اور مشاہدہ اس وقت تک نصیب نہیں ہو سکتا۔ جب تک کہ آپ ﷺ کی ذاتِ بابرکات کے ساتھ انسان کا وجود سیراب نہ ہو جائے۔ بہرحال! مذکورہ بیان کی مثال ہم یوں بیان کر سکتے ہیں۔ کہ! فتح سے پہلے انسانی ذات ایک تاریک اور ظلمت وغفلت کا وجود رکھتی ہے۔ جبکہ نبی مکرم ﷺ کی عظیم المرتبت ذاتِ اقدس ایک (اشرف ترین بشر اور) نور کی مانند ہے۔ جس کی کئی اقسام ہیں۔ اور یہ اقسام ایک لاکھ انوار سے متجاوز ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ اپنے بندے کے تاریک وجود کو (نبی کریم ﷺ کے) نور سے منور کرنا چاہتا ہے۔ تو اس وقت نورِ محمدی ﷺ کی تجلی انسان کے وجود پر وارد ہوتی ہے۔ چنانچہ انسان کے وجود (کی **366** رگوں، گوشت پوست، ہڈیوں اور تمام جسم) کے اندر آپ ﷺ کی ذاتِ بابرکات کے اَسرار سرایت کر جاتے ہیں۔

☆ **غربت** ۔فتوح کے میدان سے نکل کر اڑسٹھواں میدان ''غربت'' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **اولوا بقیة ینھون عن الفساد** ۔(ترجمہ) ایسے سمجھ رکھنے والے لوگ، جوکہ زمین میں فساد سے روکتے۔(القرآن۔116:11) اس آیت میں ''اولوابقیة'' سے مراد غرباء ہیں۔ان خوش نصیب لوگوں کے لئے اللہ تعالیٰ کی جانب سے بشارت ہے۔غرباء لوگ تین گروہوں میں منقسم ہیں۔

اول جو اپنے گھر بار سے جدا ہیں۔ وہ: زندہ ہوں تو مہمان ، وصال کے بعد شہداء اور بروزِ قیامت شفیع ہوں۔

دوئم وہ مومنین ہیں۔ جو منافقین کے درمیان میں: عمر بھر مجاہدہ کرنے والے،فوت ہونے والے شہداء اور فرداً افرداً شفاعت کرنے والے ہیں۔

سوئم وہ عارفین ہیں۔ جو غافلین کے درمیان میں ہیں: ان کی بودوباش زمین میں۔ دل کے اعتبار سے فلک پر، دنیا واہلِ دنیا سے بے نیاز ہوں۔

☆ **توحید**۔ غربت کے میدان سے نکل کر انہترواں میدان ''توحید'' کا نکلتا ہے۔توحید کا معانی ومفہوم حق تعالیٰ کی یکتائی کا اقرار، اسے یکتا سمجھنا، اسے یکتا دیکھنا اور اسے یکتا جاننا و پہچاننا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **فاعلم انہ لا الٰہ الا اللہ**۔(ترجمہ) پس آپ جان لیں۔کہ! بلاشبہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں۔(القرآن۔19:47) جاننا چاہیئے۔

یکتائی کا اقرار: تمام علوم کا سرچشمہ ہے۔ دین ودنیا کے عرفانِ تام سے عبارت ہے۔ اور وہ دشمن ودوست کے درمیان ایک پردہ ہے۔گواہی اس کا علم ہے۔اخلاص اس کی بنیاد ہے۔اور وفا اس کی اولین شرط ہے۔ توحید کی گفتار اور اس کے ظاہر و باطن کے تین اوصاف ہیں۔ اول: اللہ تعالیٰ کے بارے میں گواہی دینا کہ وہ اپنی ذات میں لاشریک ہے۔وہ پاک اور برگزیدہ ہے۔فرزند،زن اور ہر شریک وسہیم سے پاک ومبرا اور لایحتاج ہے۔ دوئم: یہ گواہی دینا کہ اللہ تعالیٰ اپنی صفات میں بے مثل ہے۔کوئی بھی اس کے مشابہ نہیں ہوسکتا۔اس کی ذات وصفات عقل وفکر سے وراء ہیں۔ان کی صفات و کیفیت درحقیقت فہم و ادراک اور احاطہ میں آ ہی نہیں سکتیں۔ وہ لامحدود ہیں۔ وہم وتصور یا تخیل کی وہاں تک رسائی ناممکن ہے۔حق تعالیٰ کی صفات میں کسی کی مشارکت ومشابہت نہیں۔ سوئم: یہ گواہی دینا کہ! اللہ تعالیٰ اپنے اسماء (اللہ۔الٰہ۔حی قیوم۔۔۔) میں بھی یکتا ہے۔جوکہ درحقیقت حقیقی وازلی ہیں۔اس کے اسماء کی ایک حقیقت ہے۔ اور اس کے علاوہ تمام چیزیں عارضی ومصنوعی اور فانی ہیں۔ یادرہے۔کہ! جو اللہ تعالیٰ کا (ذاتی) اسمِ مبارک ہے۔اس کی حقیقت قدیم وازلی ہے۔اور اس کے شایانِ شان ہے۔مخلوق کے جو نام ہیں۔ وہ اس سے مستخرج اور اسی کے پیدا کئے ہوئے ہیں۔ جوکہ مخلوق کی شان کے مطابق فانی ہیں۔اللہ،الٰہ رحمان اس کے مقدس اسماء ہیں۔اللہ اور رحمان اسماء کے ساتھ کسی دوسرے اسم یا اسماء کو نہیں پکار سکتے۔اسے یکتا دیکھنا تین باتوں سے عبارت ہے۔اقرار میں۔قسمتوں میں۔ نعمتوں میں۔ اقرار میں یکتائی سے مراد یہ ہے۔کہ! تقدیروں کے تعین میں وہ بے مثل ہے۔روزِ ازل سے اپنے وسیع علم وحکمت میں یگانہ ویکتا ہے۔اور اس کے سوا کوئی شخص تقدیر کے علم وحکمت کا محرم نہیں۔اس کا دیکھنا حکمت پر ہے۔اس کا صحیح عرفان حیرت پر مبنی ہے۔اور حصولِ قرب اس کی قدرت سے متعلق ہے۔کسی بھی جزو میں اس کا کوئی شریک نہیں ہے۔ قسمتوں میں اس کی یکتائی اس کی عنایات کی صورت میں رونما ہے۔جو اس نے خود اپنی مخلوق پر کی ہے۔چنانچہ! وہ ہر شخص پر اس کے مقام ومرتبہ کے مطابق وہ اس پر نگاہ رکھتا ہے۔ ہر شخص کی بہتری کا اس کو علم ہے۔اسی لئے وہ اپنی بہترین حکمتِ عملی سے تدبیر کرتا ہے۔ اور اس نے ہر کام کا ایک مخصوص وقت متعین کر رکھا ہے۔ نعمتوں میں اس کی یکتائی بے مثل شان کے ساتھ جلوہ گر ہے۔کیونکہ! وہی واحد عطا کرنے والا ہے۔ کوئی بھی اس کے سوا شکر واحسان کا سزاوار نہیں۔اس کے سوا کسی کو قوت وقدرت حاصل نہیں۔نعمتوں کو عطا کرنا،ان میں وسعت وکشائش عنایت کرنا یا روکنا،اس کے سوا کسی بھی دوسرے کے تصرف وقدرت میں قطعاً نہیں ہے۔ اسے یکتا جاننا تین باتوں پر مبنی ہے۔خدمت میں۔معاملات میں۔ہمت میں۔ اپنی خدمت میں اسے یکتا جاننا تین باتوں سے عبارت ہے۔ شان وشوکت کا ترک کرنا۔ اخلاص کی پاسداری کو ملحوظِ خاطر رکھنا۔ ضبطِ احوال۔ اپنے معاملات میں اسے یکتا جاننا تین باتوں سے عبارت ہے۔ خیالات (ظاہری وباطنی) کی صفائی۔ تحقیقِ ذِکر۔ دوامِ اعتماد۔ اپنی ہمت میں اسے یکتا جاننے سے مراد یہ تین باتیں ہیں۔اس کے سوا ہر چیز کی محبت کم ترین ہوجائے۔ اس کے سوا ہر چیز فراموش کردی جائے۔جمعیتِ باطن کے ساتھ ماسوا اللہ سے نجات پانا۔ وحدت کا جاننا اور سمجھنا ہر مسلمان کے نہایت ضروری ہے۔یہاں پر وحدت کی چند اقسام بیان کی جاتی ہیں۔

وحدتِ حقیقی: وہ وحدت کہ جس میں کسی بھی وجہ سے دوئی یا کثرت نہ پائی جائے۔اور جو تجزی کو قبول نہ کرے۔اور نہ ہی اُس کے مقابل اُس کی کسی قسم کی کوئی ضد موجود ہو۔کیونکہ! وحدت کسی بھی قسم کی تجزی، تغیر،ضدیت،تشبیہہ اور اثنیت کو قطعاً قبول نہیں کرتی۔ چنانچہ یہ وحدتِ حقیقی ہویتِ مطلقہ ہی کے شایانِ شان ہے۔ **وحدتِ مجازی**: وہ وحدت جو تجزی وتعدد وتکثر کو اپنے مقابل کچھ حد تک قبول کرے۔ یہ وحدت جملہ محدثات میں جاری وموجود ہے۔مثلاً جیسا کہ کہتے ہیں۔ایک شخص ، یا ایک جماعت ، یا ایک صدی ، یا ایک ہزار وغیرہا۔۔۔

☆ **تفرید** ۔ توحید کے میدان سے نکل کر سترواں میدان ''توحید'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **ذٰلک بان اللہ ھو الحق وان ما یدعون من دونہ ھو الباطل** ۔(ترجمہ) یہ اس لئے ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ ہی حق ہے۔اور اس کے سوا جسے (بھی) پکارتے ہو۔وہ باطل ہے۔ (القرآن۔62:23) تفرید کی حقیقت ہمت کا خالص کرنا ہے۔(جس کا بیان ابھی ''توحید'' میں گزر چکا ہے) اسی طرح سے تفرد یعنی دوست کے ساتھ ایک ہوجانا۔بہرحال! تفرید تین اقسام کی ہے۔ ذکر میں۔ سماع میں۔ نظر میں۔ تفریدِ ذِکر سے مراد یہ ہے۔کہ! سالک کو رب کی یاد میں رب کے سوا کسی بھی دوسری چیز کا قطعاً خوف نہ رہے۔ ذاتِ باری تعالیٰ کے سوا سالک کا کوئی بھی مطلوب نہ ہو۔ رب کے سوا کسی بھی دیگر چیز کی طرف قطعاً التفات وتوجہ اور دھیان نہ ہو۔ تفریدِ سماع سے مراد یہ ہے۔کہ! سالک کی سماعت تین اقسام کی نداؤں سے کبھی بھی منقطع نہ ہونے پائے۔

اول: وہ ندائے حق جو سالک کو ہر سانس میں اپنی ہی طرف بُلا کر کھینچ لائے۔ دوئم: طاعتِ الٰہی کی وہ ندا جو سالک کو ہر طرف سے اپنی ہی خدمت کی دعوت دے۔ سوئم: محبت و موانست کی وہ ندا، جو کہ ہر وجود میں مضمر ہے۔ تفرید نظر سے مراد یہ ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ سے دل کے رجوع کا سلسلہ کبھی برہم نہ ہونے پائے۔اس کے تین نشانات ہیں۔ اول: انسان حالات کی گردش (اچھے یا برے حالات) سے متاثر نہ ہو۔ دوئم: کسی بھی شغل میں تردد وتفرقہ دل میں راہ نہ پائے۔ سوئم: انسان خود سے بے خبر ہو جائے۔ (اور اپنا نقصان اپنے ہی ہاتھوں سے کر بیٹھے۔جیسا کہ) قرآنِ کریم میں آیا ہے۔کہ! **ولا تلقوا بایدیکم الی التھلکۃ ج و احسنوا ج ان اللہ یحب المحسنین** ۔ اور تم لوگ اپنے آپ کو اپنے ہی ہاتھوں سے ہلاکت میں نہ ڈالو۔اور نیکی کرو۔یقیناً! الٰہ تعالیٰ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ (سورہ بقرہ۔آیت نمبر 195) یاد رہے۔کہ! تجرید و تفرید کے مابین جو تفاوت ہے۔وہ یہاں پر بیان کیا جاتا ہے۔تجرید ہے ماسویٰ از قلب اور سیر بسوئے رویتِ ظہورِ حق در کل تجرید کی ظاہری صورت ہے۔ماسوای اللہ سے اعراض۔اور اس کی باطنی کیفیت ہے معاوضہ اور اجرت۔اور انعام کی تمنا سے اپنے باطن کو مجرد کر لینا۔(بقولِ حضرت امیر خسروؒ)

خرد و ضمیر و ہوش و دل و جان و چشم من شد
زِ ہمہ خیال خالی بجز از خیالِ رویت

اسی ضمن میں حضرت خواجہ حافظ شیرازیؒ فرماتے ہیں۔کہ!

جان و دل تُو حافظا بستہ دام آرزو ست
اے متعلقِ خجل دم مزن از مجردی

جبکہ تفرید یہ ہے۔کہ! اعتبار کے پیراہن کو ممکنات کے حقائق سے اُتار کر حقیقتِ واحدہ منفردہ کی جانب رجوع کیا جائے۔علمائے متصوفین یہ بھی فرماتے ہیں۔کہ! تجرید خلائق و علائق سے بے تعلقی کا نام ہے۔اور تفرید خودی سے بے تعلق ہونے کو کہا جاتا ہے۔اور بعض مواقع پر خودی سے بے تعلق ہونے کو تفرید کہتے ہیں۔اور اس بے تعلقی سے بھی بے تعلق ہو جانے کو یعنی اس بے تعلقی تک کے احساس تک کو گم کر دینے کا نام تجرید ہے۔(بقولِ شاعر)

تُو زِ تُو گم شو کہ تفرید ایں بود
گم شدن گم کن کہ تجرید ایں بود

☆ **علم**۔ تفرید کے میدان سے نکل کر اگر آگے بڑھا جائے تو ایک ایسا میدان "علم" کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **وما یعقلھا الا العٰلمون**۔ (ترجمہ) اور ان مثالوں کو صرف اہلِ علم ہی سمجھتے ہیں۔(القرآن۔43:29) علم سے مراد دانش ہے۔اس کی تین اقسام ہیں۔علمِ استدلالی۔علمِ تعلیمی۔علمِ لدنی۔ علمِ استدلالی سے مراد عقل و خرد کے ثمرات اور تجربات کے نتائج ہیں۔علم کی یہ قسم انسانوں کے حسبِ مراتب (خیر و شر میں) امتیاز کرنے کا وہ کلمہ ہے۔کہ! جس سے اولادِ آدمؑ مشرف ہے۔ علمِ تعلیمی سے مراد وہ علم ہے۔جو قرآنِ حکیم کی صورت میں اُترا۔اور خلق سے ساعت کیا۔پھر یہ جناب رسالت مآب ﷺ سے صحابہ کرامؓ تک پہنچا۔پھر اساتذہ نے لوگوں کو اس علم کی تلقین کی۔اور انہوں نے سیکھا۔اہلِ دانش اسی علم کی بدولت کونین (دونوں جہانوں میں) معزز و مکرم ہوئے ہیں۔ (جبکہ) علمِ لدنی سے مراد وہ خاص الخاص علم ہے۔جو اللہ تعالیٰ براہ راست کسی نیک و صالح کو الہام و القاء یا تعلیم کرتا ہے۔یا پھر اپنے کسی نبیؑ وولی سے صالحین کے قلوب پر وارد فرماتا ہے۔علمِ لدنی کی تین اقسام ہیں۔ اول: صنائع خداوندی کی حکمت کا علم۔ یہ علم مختلف آثار سے حاصل کیا جاتا ہے۔ دوئم: اللہ تعالیٰ کے ساتھ جو معاملات ہیں۔ان کی ماہیت و حقیقت کا ادراک۔ سوئم: اس علم کی حکمت کا علم، جو کہ حق تعالیٰ سے ہم تک پہنچ رہی ہے۔اور پردہ غیب سے رونما ہے۔یہ علم حضرت سیدنا حضر نبیؑ کے خصوصی معارف میں سے ہے۔ علمائے متصوفین کے مطابق بہر صورت حال و کیفیات کو قیل و قال پر برتری و فضیلت حاصل ہے۔کیونکہ! علم قیل و قال ہے۔اور اس کا مقصد یہ ہے۔کہ! اعمالِ صحت کے ساتھ انجام پائے۔جبکہ عمل تو بدنی چیز کا نام ہے۔ لیکن حال و کیفیات تو قلبی صحتِ اعمالِ بدنی کا نتیجہ صحتِ احوالِ قلبی ہے۔چونکہ! احوال و کیفیات قلبی عبارت ہیں۔اس لئے اس مکاشفہ سے جو سالک کو علم یقین سے عین الیقین اور پھر حق الیقین کی جانب لے جاتا ہے۔تو گویا جب مرتبہ یقین پر پہنچتا ہے۔تب سالک کی منزل شروع ہوتی ہے۔

علمِ نافع کی تعریف : ایک مشہور حکایت ہے۔کہ! اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد نبیؑ پر وحی نازل فرمائی۔اور حکم فرمایا۔کہ! آپؑ علمِ نافع حاصل کریں۔حضرت داؤدؑ نے عرض کیا۔کہ (یا) الٰہی! علمِ نافع کیا ہے؟ (اللہ تعالیٰ نے) فرمایا۔کہ! علمِ نافع وہ ہے۔جس سے تم میری عظمت و جلال، میری کبریائی اور ہر چیز پر میرے کمالِ قدرت پر آگاہ ہو جاؤ۔(پس بے شک! علم نافع وہ ہے۔جو آپؑ کو مجھ تک پہنچا دے۔اور وہ اس طرح کہ! آپؑ ہر چیز میں مجھے ہی پائیں۔اور ہر آن مجھے ہی یاد کریں۔

گرتے ہیں شہسوار ہی میدانِ جنگ میں
وہ طفل کیا گرے جو گھٹنوں کے بل چلے

چار علوم حاصل کرنے کے بعد باقی تمام علوم سے چھٹکارا :

حضرت سیدنا شیخ حاتم اصمؒ فرماتے ہیں۔کہ! جب سے مَیں نے چار علوم اختیار کئے ہیں۔میں دنیا کے باقی جملہ علوم سے آزاد ہو گیا ہوں۔لوگوں نے دریافت کیا۔کہ یا حضرت! وہ چار علوم کون سے ہیں؟ تو فرمایا۔ نمبر1۔پہلا علم تو یہ ہے۔کہ! میرا رزق جتنا میرے لئے مقسوم ہے۔کم یا زیادہ نہیں ہو سکتا۔ اسی وجہ سے مَیں زیادہ (رزق) کی تلاش سے بے نیاز ہو گیا ہوں۔(کیونکہ! **وما من دآبۃ فی الارض الا علی اللہ رزقھا** ۔زمین پر چلنے والے پھرنے والے جتنے جاندار ہیں۔سب کی روزیاں اللہ تعالیٰ کے ذمہء کرام پر ہیں۔ سورہ ھود۔آیت نمبر 06) نمبر2۔ دوسرا علم ہے۔کہ! مجھ پر میرے رب متعال کے ایسے حقوق ہیں۔جو میرے سوا دوسرا (کوئی بھی) ادا نہیں کر سکتا۔تو مَیں ان حقوق کی ادائیگی میں مشغول ہو گیا ہوں۔ (کیونکہ! **وما خلقت الجن**

والانس الا لیعبدون) نمبر 3۔تیسرا علم ہے۔کہ! میرا ایک طالب ہے۔جسے موت کہتے ہیں۔اس سے بھاگنا ناممکن ہے۔اسی لئے میں ہمہ وقت اس کے لئے تیار رہتا ہوں۔ (کیونکہ! کل نفس ذائقة الموت) نمبر 4۔چوتھا علم ہے۔کہ! میرا رب تعالیٰ مجھے (اور میرے ہر قول وفعل کو) ہر لحہ دیکھنے والا ہے۔مَیں اس سے شرماتا ہوں۔اور نامناسب کاموں سے اجتناب کرتا ہوں۔اور ہر ایسے فعل سے بچنے کی کوشش کرتا ہوں۔جس کی وجہ سے کل بروزِ قیامت مجھے (اللہ تعالیٰ کی ذاتِ بابرکات کے سامنے) شرمندہ ہونا پڑے۔(کیونکہ! ا ن اللہ بما تعملون بصیر) حضور علی ہجویریؒ مزید فرماتے ہیں۔کہ! بندہ کا علم اور امرِ الٰہیہ اور اس کی ذات کے جاننے میں ضروری ہے۔اور علمِ اوقات اور اوقات میں جو بندے پر لازم ہیں۔اس کا جاننا بھی ضروری ہے۔پھر احکاماتِ ظاہریہ و باطنیہ کا سمجھنا بھی لازمی امر ہے۔یاد رہے۔کہ! ظاہر و باطن کے امور کے لحاظ سے علمِ مخلوق کی دو اقسام ہیں۔علمِ اصول (ظاہر)۔ علمِ فروع (باطن)۔

☆ **علم اصول** (ظاہری علوم) : اصولِ ظاہری میں تو کلمہ شہادت ہے۔یعنی وحدانیتِ الٰہیہ کا اعتراف اور حضرت رسالت مآب ﷺ کے آخری رسول ﷺ ہونے کی تصدیق۔ ☆ **علم فروع** (باطنی علوم) : اصولِ باطنی میں معرفت (الٰہیہ) کی تحقیق۔

اسی طرح فروعِ ظاہری آپس میں معاملات اور برتاؤ درست رکھنا۔اور فروعِ باطنی دل سے نیت درست رکھنا۔اور اس صحت پر قائم رہنا۔اور یہ تو ایسی چیزیں ہیں۔کہ ایک کا وجود دوسرے کے وجود کے بغیر محال ہے۔ چنانچہ ظاہر کا برتاؤ صاف رکھنا اور دل میں اس کے برخلاف ہونا ''نفاقِ خالص'' ہے۔اسی وجہ سے باطن کی اصلاح، ظاہر کے کے بغیر سمجھنا زندقہ (کفر و بے دینی۔منافقت) ہے۔اور شریعت پر ظاہری اطاعت بغیر اطاعتِ باطنی یعنی قلبی کے ناقص ہے۔اور جو چیز باطن میں نہ ہو۔اسے ظاہرداری میں ریائے ہوسِ باطل سے موسوم و تعبیر کیا جائے گا۔یہی وجہ ہے۔کہ! علمِ حقیقت کے تین ارکان ہیں۔ ☆ رکنِ اول : ذاتِ باری تعالیٰ اور اس کی وحدانیت کا اعتقاد اور اس کی تشبیہہ سے نفی۔ ☆ رکنِ دوئم : علمِ صفاتِ باری تعالیٰ عزاسمہ اور اس کے احکام کا علم۔ ☆ رکنِ سوئم : حکمتِ الٰہیہ کا تسلیم کرنا اور اس کے افعال کو (من وعن) ماننا۔

علومِ شریعت : اسی طرح سے علمِ شریعت کے بھی تین ارکان ہیں۔ (بریکٹس میں قرآن سے ثبوت دیا گیا ہے)

طاعتِ ما نیست غیر از ورزشِ پندار ما — ہست استغفار ما محتاجِ استغفارِ ما

☆ **رکنِ اول** : کتاب اللہ (قرآنِ حکیم)۔(کیونکہ! منه اٰیت محکمٰت عن ام الکتٰب)

☆ **رکنِ دوئم** : سنتِ رسولِ آخرالزمان ﷺ۔(کیونکہ! وما اٰتکم الرسول فخذوه۔ وما نهکم عنه فانتهوا)

☆ **رکنِ سوئم** : اجماعِ اُمت۔(یعنی کہ اُمتِ محمدیہ ﷺ کے مجتہدین کا کسی بات پر متفق ہونا۔کیونکہ! فاجمعوا امرکم شرکاءکم۔اور حدیثِ نبوی ﷺ ہے۔کہ! لا تجمع امتی علی الضلالة و علیکم بالسواد الاعظم) اور اِس آیتِ قرآنی میں قرآن، سنت (حدیثِ نبوی ﷺ قولی وفعلی) اور اجماع کے بارے میں واضح آیت موجود ہے۔یا یها الذین اٰمنوا اطیعوالله و اطیعوالرسول واولی الامر منکم) بقول حضرت محمد بن فضل بلخیؒ علم کی تین اقسام ہیں۔ ☆ اول : **علم با الله تعالیٰ** اللہ تعالیٰ کی یاد کے ساتھ۔ علم باللہ وہ عرفانِ تام ہے۔جو کہ تمام انبیائے کرامؑ اور اولیائے عظامؒ کو حاصل ہوتا ہے۔جس کی وجہ سے وہ عارفِ الٰہیہ بنتے ہیں۔اور عرفانِ الٰہی حاصل کرتے ہیں۔جب تک کہ یہ معیت الٰہیہ حاصل نہ ہو۔تمام ذرائع وجدوجہد منقطع رہتے ہیں۔اس لئے کہ علمِ اکتسابی سے عرفانِ الٰہی ناممکن ہے۔اور درجہ عرفانِ حق کا حصول محال ہے۔ ☆ دوئم : **علم من الله تعالیٰ**۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے علم۔ علم من اللہ وہ علم ہے۔کہ جس میں شریعتِ حقہ ہے۔کہ اس کے ذریعے ہم مکلّف احکام بالا بنائے گئے۔اور یہ فرمانِ حق ہے۔جو کہ انبیائے کرامؑ سے ہم تک پہنچا۔ (شکر الحمد للہ رب العالمین۔)

☆ سوئم : **علم مع الله تعالیٰ**۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے فضل کی معیت سے۔ علم مع اللہ وہ علم ہے۔کہ جو فضلِ الٰہی کی معیت میں حاصل ہوتا ہے۔جس کے ذریعے مقاماتِ ولایت اور طریقِ حق وہدایت اور بیان نہایت مدارج ولایت بعنایتِ الٰہی حاصل ہوتے ہیں۔

اِن تینوں علوم کی شرح میں حضرت علی بن عثمان جلابیؒ (داتا صاحب) فرماتے ہیں۔کہ! خلاصہ کلام یہ ہے۔کہ! معرفت مدارج ولایت بغیر علمِ شریعت جانے صحیح نہیں ہے۔اور اتباعِ شریعت بغیر مقاماتِ رشد وہدایت جانے نہیں ہوسکتا۔ اسی ضمن میں حضرت ابوعلی ثقفیؒ فرماتے ہیں۔کہ! علم (درحقیقت) حیاتِ قلب ہے جہالت کی موت سے۔اور چشمِ یقین کا نور ہے کفر (والحاد) کی ظلمت سے۔اسی طرح حضرت ابوبکر وراق ترمذیؒ فرماتے ہیں۔کہ! جس نے علمِ کلام یعنی عقائد و علم توحید کی عبارات پر قناعت کی اور زُہد و تقوٰی حاصل نہ کیا۔وہ زندقہ میں پڑ گیا۔اور جس نے علمِ فقہ و شریعتِ اسلامیہ بلا ورع کے حاصل کیا۔وہ حدود و احکام سے نکل کر بے حکم اور فاسق ہوگیا۔ (بمطابق حدیث) تم اس وقت تک جنت میں داخل نہیں ہوسکتے۔جب تک (تم) مومن نہیں بن جاتے۔تم اس وقت تک مومن نہیں بن سکتے۔جب تک تک باہم محبت نہیں کرتے۔کیا مَیں تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں ؟ جب تم اسے کرنے لگ جاؤ۔تو تمہاری باہم محبت ہو جائے۔آپس میں سلام پھیلاؤ۔ (صحیح مسلم)

تمام علوم درحقیقت تین ہیں :

حضرت سیدی عبدالوہاب الشعرانیؒ حضرت شیخ اکبر محی الدینؒ کے حوالے سے فرماتے ہیں۔کہ! تمام علوم تین ہیں۔علم العقل، علم الاحوال اور علم الاسرار۔

☆ **علم العقل** : ہر وہ ضروری بدیہی علم ہے۔جو دلیل میں غور و فکر کے بعد حاصل ہوتا ہے۔اس کی شرط اس دلیل کی وجہ پر واقف ہونا ہے۔اور اس علم کی

علامت یہ ہے۔کہ! جب بھی تُو اس کی عبارت کو پھیلائے۔تو اس میں حسن پیدا ہوتا ہے۔اور سمجھ دار سامع اس کا معنیٰ سمجھتا ہے۔اور حلاوت محسوس کرتا ہے۔

☆ **علم الاحوال** : علم الاحوال اس کی طرف سوائے ذوق کے کوئی راہ نہیں۔اور کوئی عقل منداس کے وجدان اور معرفت پر قطعًا قدرت نہیں رکھتا۔جیسے شہد کے شیریں ہونے یا ایلوا کے تلخ و کڑوا ہونے یا پھر لذتِ جماع وغیرہ کا علم۔

☆ **علم الاسرار** : علم الاسرار وہ علم ہے۔جو عقول سے کہیں بلند و بالا ہے۔اسی لئے اس علم والے کی طرف انکار تیزی سے آتا ہے۔کیونکہ یہ الہام کے طریق سے حاصل ہوتا ہے۔جس کے سامنے نبی و ولی خاص ہیں۔اور اس کی علامت یہ ہے۔جب اسے عبارت میں لایا جائے۔تو قبیح نظر آئے۔اور افہام پر اس کا سمجھنا بعید ہو جائے۔بلکہ اکثر کمزور یا متعصب عقلیں جو کہ غور و فکر اور بحث کو پورا حق ہی نہیں دیتیں۔اسے دور پھینک دیتی ہیں۔اسی وجہ سے جو شخص کسی دوسرے کو یہ علم سمجھانا چاہے۔تو وہ کمزور افہام تک یہ علم امثال اور مخاطباتِ شعریہ کے بغیر نہیں پہنچا سکتا۔جبکہ کاملین کے اکثر علوم اسی قبیل سے ہی ہیں۔

حکایت عجیبہ :حضرت خواجہ ذوالنون مصریؒ نے فرمایا۔کہ! مَیں نے تین سفر کئے۔اور تین علوم لایا۔پہلے سفر میں مَیں وہ علم لایا۔کہ (میرے لائے ہوئے اُس علم) کو ہر خاص و عام نے قبول کرلیا۔اور دوسرے سفر میں مَیں وہ علم لایا۔کہ جس کو عام نے رَد کیا۔مگر خواص نے قبول کیا۔جبکہ مَیں تیسرے سفر میں وہ علم لایا۔کہ جس کو نہ عام نے قبول کیا۔اور نہ ہی خواص نے۔۔۔تو میں منفرد تن تنہا اکیلا باقی رہ گیا۔حضرت شیخ الاسلام پیر ہرے (پیر ہرات) فرماتے ہیں۔کہ! پہلا علم توبہ کا تھا۔جسے ہر عام و خاص نے قبول کیا۔دوسرا علم توکل اور معاملہ و محبت کا تھا۔کہ جسے خواص نے تو قبول کیا۔مگر عام نے رَد (Reject) کیا۔جبکہ تیسرا علم حقیقت کے متعلق تھا۔جو کہ یقینًا مخلوق کے علم و عقل اور فہم و فراست سے بالا تھا۔جسے لوگ (عوام و خواص سبھی نے) رَد کیا۔نہ صرف ان کو چھوڑ دیا۔بلکہ اس (علم) پر ہی انکار کر بیٹھے۔یہاں تک کہ وہ دنیا سے رخصت ہوئے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

کُل علوم کی تعداد : امام اجل حضرت سیدنا شیخ ابو طالب مکیؒ اپنی کتاب **قوت القلوب** میں فرماتے ہیں۔کہ کل علوم کی تعداد **9** ہے۔اِن میں سے چار تو مسنون ہیں۔جن سے صحابہ کرامؓ اور تابعین عظامؒ آگاہ تھے۔اور پانچ علوم بعد کے زمانے کی پیداوار ہیں۔جو اسلاف کے زمانے میں نہ تھے۔
چار مسنون علوم یہ ہیں۔ ☆ ایمان کا علم ☆ قُرآن کے علوم ☆ سُنن و آثار کا علم ☆ فتاوٰی و احکام کا علم
بعد میں پیدا ہونے والے پانچ علوم یہ ہیں۔ ☆ **نحو و صرف کا علم** ☆ **قیاس** ☆ **فقہ میں جدل** ☆ **نظر و فکر کے اعتبار سے عقلی علم**

☆ حدیثِ پاک کی علتوں اور مُختلف طُرق جاننے ، نیز راویوں اور ان سے منقول روایات و آثار کا صحیح ،حُسن و ضُعف جاننے وغیرہ کا علم۔اور یہ علم انہیں لوگوں کے ساتھ خاص ہے۔جو اس کے اہل ہوں۔پھر ان سے انہی کے شاگرد ہی یہ علم حاصل کرتے ہیں۔اسی ضمن میں حضرت بایزید بسطامیؒ کا مشہور قول ہے۔کہ! مَیں نے تیس برس تک (سخت ترین مشقت کے ساتھ) مجاہدہ کیا۔مگر مجھ پر کوئی بھی چیز اتنی سخت ترین محسوس نہ ہوئی۔سوائے علم اور اس کی اتباع کے۔ اور حضرت ابن معاذ رازیؒ کا قول ہے۔کہ! اجتناب کرو تین قسم کے لوگوں کی صحبت سے،اول غافل اور بے عمل علماء سے، دوئم حق سے زبان بند کرنے والے فقراء سے اور سوئم بناوٹی جاہل صوفیاء سے۔ اسی طرح سے علوم کے ضمن میں حضرت علی ہجویریؒ اپنی کتاب **کشف المحجوب** میں فرماتے ہیں۔کہ! علم مدح کی صفات میں سے ہے۔اور اس کی تعریف احاطۃ المعلوم ہے۔یعنی معلومات کا احاطہ کرنا یا تتبین المعلوم ہی تعریفِ علم ہے۔یعنی کہ معلوم کا واضح طور پر بیان کرنا اور بہترین و جامع و مانع تعریفِ علم یہ ہے۔کہ! ☆علم ایک ایسی صفت ہے۔کہ جس سے ایک جاہل عالم ہو جاتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اپنی ذاتِ حق کے بارے میں قرآنِ کریم میں فرماتا ہے۔کہ! **واللہ بکل شیء علیم** ۔اللہ تعالیٰ ہر شئے کا جاننے والا ہے۔(سورہ بقرہ۔آیت نمبر 282) اور علمِ الٰہی ایک ایسی صفت ہے۔کہ جس سے وہ تمام موجودات و معدومات کو جاننے والا مانا گیا ہے۔اور ایسا عالم مانا گیا ہے۔کہ! کہ اس جیسا عالم ہونے میں مخلوق کا کوئی جز و شریکِ صفت نہیں ہو سکتا۔اور اس علمِ ذاتی کا تجزیہ بھی نہیں ہو سکتا۔اور نہ یہ علم اس کی ذات سے کبھی جدا ہو سکتا ہے۔اور اس علم پر اس کی ترتیب فعالی دلیل ہے۔اس لئے کہ ہر فعل بحکمِ علم ظہور پذیر ہوتا ہے۔ اور علمِ الٰہی کی ہی یہ شان ہے۔کہ ہر مکتوم و ظاہر پر ہر آن محیط ہے۔لہٰذا طلبِ حق کو لازم ہے۔کہ! بوقتِ عمل یہ یقین کرے۔کہ وہ عالم الغیب، حاکمِ حقیقی میرے (ہر ظاہر و باطن) عمل کو دیکھ رہا ہے۔جیسا کہ اس کا عقیدہ ہے۔کہ وہ ہماری ہر حرکت و سکون کو دیکھنے والا ہے۔

نہ تاج و تخت میں ، نہ لشکر و سپاہ میں ہے جو بات مردِ قلندر کی بارگاہ میں ہے

علوم کی باریک بینی :

حضرت ابن عربیؒ فرماتے ہیں۔کہ! طریق الی اللہ مومنین کے لئے لازم ہے۔ان کے لئے احوال و مقامات کی معرفت ضروری ہے۔اور وہ لوگ اس راہ (طریق الی اللہ) پر چل کر نجات حاصل کرتے ہیں۔اس کے چار شعبے ہیں۔محرکات۔اسباب۔اخلاق اور حقائق۔یاد رہے۔کہ ان چار شعبوں تک رسائی کے لئے تین قسم کے حقوق کی پاسداری لازمی ہے۔اللہ تعالیٰ کا حق۔مخلوق کا حق۔نفس کا حق۔

☆ **اللہ تعالیٰ کا حق**: ان پر اللہ تعالیٰ کا حق یہ ہے۔کہ! یہ اُس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں اور یہ اُس کی عبادت (بناء رِیا اور خلوص سے) کریں۔

☆ **مخلوق کا حق**: ان سے ہر قسم کی تکلیف کو دور کریں۔اور پوری تندہی کے ساتھ بلاغرض و غایت اِن کی مدد کریں۔

☆ **نفس کا حق**: نفس کا حق یہ ہے۔کہ! اسے اُس راہ پر گامزن کریں۔کہ! جس پر رب متعال کی رضا اور اس (نفس) کی سعادت و نجات ہے۔

اَب ہم دوبارہ انہیں چار شعبوں کی طرف رجوع کرتے ہیں۔سب سے پہلے ''اسباب'' ہیں۔درحقیقت اسباب پانچ ہیں۔ سبھی ھا جس (یعنی

دل کا خیال) پھر ارادہ، پھر عزم، پھر توجہ اور پھر نیت ۔ ان اسباب کے محرکات بھی تین ہیں ۔ رغبت، خدشہ اور تعظیم ۔ رغبت دو طرح کی ہے ۔ قرب کی رغبت اور دیدار کی رغبت ۔ اسی طرح سے خدشات بھی دو طرح کے ہیں ۔ عذاب کا خدشہ اور حجاب کا خدشہ ۔ تعظیم بھی دو طرح کی ہے ۔ ایک تیرا اُس کے ساتھ ہونا اور دوسرا اُس کا تجھ سے جدا ہونا ۔ اخلاق کی تین اقسام ہیں ۔ ایک وہ جو دوسروں تک پہنچے ۔ دوسری وہ خصلت جو تجھ تک رہے ۔ جبکہ تیسری خصلت مشترک خصلت ۔ پہلی خصلت جو دوسروں تک پہنچے ۔ اس کی مزید دو اقسام ہیں ۔ جب دوسروں تک پہنچے تو انہیں نفع دے ۔ جیسے سخاوت و مروت ۔ جبکہ دوسری وہ جو دوسروں تک پہنچے ۔ تو اُن سے ضرر دور کرے ۔ جیسے درگزر اور معافی ۔ بدلہ نہ لینا (باوجود طاقت وقدرت کے) ۔ دوسری خصلت جو تجھ تک رہے ۔ یعنی جس کا نفع وفائدہ صرف تجھے ہے ۔ جیسے تقوٰی، زہد اور توکل ۔

تیسری خصلت جو کہ مشترک ہے ۔ مخلوق کی دی ہوئی تکالیف کو برداشت کرنا اور اُن کے بداخلاقی یا غلط رویوں کے باوجود اُن کیساتھ خندہ پیشانی سے پیش آنا ۔ حقائق بھی چار ہی ہیں ۔ وہ حقائق جو ذاتِ مقدسہ کی جانب لوٹتے ہیں ۔ اور وہ حقائق جو صفاتِ منزہ کی جانب لوٹتے ہیں ۔ یہ نسبتیں ہیں ۔ اور وہ حقائق جو افعال کی جانب لوٹتے ہیں ۔ یہ "کُن" اور اُس کے بھائی ہیں ۔ اور وہ حقائق جو مفعولات کی جانب لوٹتے ہیں ۔ یہ موجودات اور مکونات ہیں ۔

وہ حقائق جو ذاتِ مقدسہ کی جانب لوٹتے ہیں ۔ ذاتی حقائق کہلاتے ہیں ۔ حقائقِ ذاتی سے مراد ہر وہ مشہد ہے ۔ جس میں حق تجھے بغیر کیفیت اور تشبیہ کے کھڑا کرے ۔ یہ (مشہد) عبارت میں نہیں سماتا ۔ اور نہ ہی اس کی جانب اشارہ کیا جاتا ہے ۔

اور وہ حقائق جو صفاتِ منزہ کی جانب لوٹتے ہیں ۔ یہ نسبتیں ہیں ۔ صفاتی حقائق کہلاتے ہیں ۔ صفاتی حقائق سے مراد ہر وہ مشہد ہے ۔ جس میں جب حق تجھے لائے ۔ تو تُو حق سبحانہٗ کا عالم، قادر، مرید اور حی ہونا جانے ۔ یا اس طرح کے باقی اسماء اور صفات کی خبر پائے ۔ جو کہ مختلف، متقابل اور متماثل ہوں ۔

اور وہ حقائق جو افعال کی جانب لوٹتے ہیں ۔ یہ "کُن" اور اُس کے بھائی ہیں ۔ کونی حقائق کہلاتے ہیں ۔ کونی حقائق سے مراد ہر وہ مشہد ہے ۔ جس میں جب حق تجھے ٹھہرائے ۔ تو تُو وہاں سے ارواح، بسائط، مرکبات، اجسام، اتصال اور انفصال کی معرفت پائے ۔ اِن کونی حقائق کے تین مراتب ہیں ۔ علوی، سفلی اور برزخی ۔ علوی جو کہ معقولات ہیں ۔ سفلی جو کہ محسوسات ہیں ۔ اور برزخی جو کہ متخیلات ہیں ۔

اور وہ حقائق جو مفعولات کی جانب لوٹتے ہیں ۔ یہ موجودات اور مکونات ہیں ۔ فعلی حقائق کہلاتے ہیں ۔ فعلی حقائق سے مراد ہر وہ مشہد ہے ۔ جس میں جب حق تجھے ٹھہرائے ۔ تو تُو اُس سے "کُن" کی معرفت پائے ۔ اور کسی خاص طرز پر قدرت کے مقدور سے تعلق کی معرفت (کہ بندے کا کوئی فعل نہیں ۔ اور اُس کے حادث پر قدرت کا کوئی اثر نہیں ۔ کہ جس قدرت و طاقت سے) وہ موصوف ہے ۔

مندرجہ بالا جو بھی کچھ بیان ہوا ہے ۔ اسے احوال و مقام کہتے ہیں ۔ ان میں "**مقام**" ہر وہ راسخ صفت ہے ۔ جسے چھوڑنا درست نہیں ۔ جیسا کہ توبہ کرنا ۔ جبکہ "**حال**" ہر وہ صفت ہے ۔ جس میں کسی خاص وقت میں رہا جاتا ہے ۔ جیسا کہ صحو، سکر، قبض، بسط، غیبت، حضوری، رضا، خلوص وغیرہا ۔ ۔ ۔ یا جس کا وجود کسی شرط سے مشروط ہو ۔ اور اس شرط کے نابود ہونے پر یہ صفت بھی ختم ہو جائے ۔ جیسا کہ کسی امتحان و آزمائش میں صبر اور اصائش و راحت میں شکر ۔ یاد رہے ۔ کہ ! یہ امور بھی دو اقسام کے ہیں ۔ ایک وہ قسم کہ جس کا کمال کسی انسان کے ظاہر و باطن دونوں میں موجود ہو ۔ جیسا کہ تقوٰی اور توبہ وغیرہ ۔

دوسری قسم وہ ہے ۔ کہ ! جس کا کمال کسی انسان کے باطن میں ہے ۔ پھر اگر ظاہر بھی اس کی پیروی کرے ۔ تو اس میں کوئی حرج نہیں ۔ جیسے زہد، توکل وغیرہ ۔

مگر یاد رہے ۔ کہ ! راہِ للہ میں کوئی ایسا مقام نہیں ۔ جو باطن کو چھوڑ کر صرف ظاہر میں ہو ۔ اور پھر ان مقامات میں کچھ تو ایسے بھی ہیں ۔ کہ ! جن سے انسان دنیا و آخرت دونوں ہی میں متصف ہوتا ہے ۔ جیسے کہ مشاہدہ، جمال، جلال، اُنس، ہیبت، بسط وغیرہ ۔ اور پھر کچھ ایسے ہیں ۔ کہ ان سے انسان اپنی موت تک متصف رہتا ہے ۔ اور جب وہ جنت میں پہلا قدم رکھے گا ۔ تو یہ از خود زائل ہو جائیں گے ۔ جیسے خوف، قبض، حزن، اُمید وغیرہ ۔ جبکہ کچھ ایسے ہیں ۔ کہ انسان ان سے موت تک ہی متصف ہے ۔ جیسے زہد، توبہ، تقوٰی، مجاہدہ، ریاضت اور قربِ الٰہی کے حصول کے لئے اچھے اخلاق اپنانا اور بُرے اخلاق کو ترک کرنا ۔ اور اسی طرح سے کچھ ایسے ہیں ۔ جو اپنی شرط زائل ہونے سے ختم ہو جاتے ہیں ۔ لیکن شرط کے لوٹ آنے سے دوبارہ لوٹ آتے ہیں ۔ جیسے کہ صبر، شکر اور تقوٰی ۔

اے دل نہ بنا غیر کو محرم ہر زخم پہ آپ رکھ تو مرھم اپنا
تنہائی میں آپ اپنے دکھ درد کو جھیل اپنے آپ کو بنا آپ ہی ہمدم اپنا

اھلُ اللہ سے مخصوص علم کے سات مسائل : (بقول حضرت شیخ اکبر ابن عربیؒ)

اہلُ اللہ سے مخصوص علم کا مدار اُن سات مسائل پر ہے ۔ کہ جس نے انہیں جانا ۔ تو اس پر علمِ حقائق میں سے کچھ دشوار نہیں ہوتا ۔ اور اُس مخصوص علم کے سات مسائل یہ ہیں ۔ اسمآئے الٰہیہ کی معرفت ۔ تجلیات کی معرفت ۔ زبانِ شریعت سے حق کا اپنے بندوں سے خطاب کی معرفت ۔ وجود کے کمال اور نقص کی معرفت ۔ حقائق کی جہت سے انسان کی معرفت ۔ کشفِ خیالی کی معرفت ۔ امراض اور دواؤں کی معرفت ۔

خواطر کی معرفت اور اس کی اقسام :

حضرت شیخ اکبر محی الدین ابن عربیؒ فرماتے ہیں ۔ کہ ! خواطر چار ہیں ۔ اور ہر وہ خاطر، جو اس عمل تک پہنچائے ۔ جس میں رب متعال کا قرب ہو ۔ وہ فرشتے کی طرف سے ہے ۔ اور معارفِ الٰہیہ کا نزول بھی اسی سے مخصوص ہے ۔ اور اسی طرح سے ہر وہ خاطر جو اللہ تعالیٰ سے بندے کو دور کرے ۔ وہ شیطان کی طرف سے ہے ۔

اور ہر وہ عمل جو تجھے مباح تک لے جائے۔تو یہ نفس کی طرف سے ہوگا۔(مباح سے مراد ایسا عمل، جس میں نہ ثواب ہے نہ عتاب)۔حضرت شیخ اکبرؒ فرماتے ہیں۔کہ! ہمارے نزدیک باطن وسیع جبکہ حسی عالم تنگ ہے۔ جب تک خاطرِحق معرفت کی بات ہے۔تو یہ اس کے معکوس (اُلٹ) ہے۔یہ مخروطی شکل والی ہے۔اس کا نچلا حصہ وسیع جبکہ اوپر والا حصہ تنگ ہے۔یہ کثرت سے وحدت کی طرف جاتا ہے۔تو ہمیشہ باطن کا دھیان رکھتا ہے۔اور خاطرِحق کی معرفت کی نیت سے اپنی توجہ مرکوز کرتا ہے۔یہاں تک کہ تجھے یہ ذوق سے حاصل ہو جاتا ہے۔اور یہ کسبی مقامات میں سے ہے۔یہ نہایت قابلِ غور نکتہ ہے۔جمعیت کا ہونا لازم ہے۔تاکہ اس تک حق کی خاطر پہنچے۔یہ نہیں کہ اس وہ خود سے اس کا قصد کرے۔

اس مقام کی علامات میں یہ ہے۔کہ! محض تیری وجہ سے ہی انفعالات کا صدور ہوتا ہے۔کہ وہ شئے منفعل ہوتی ہے۔مثلاً تجھے یہ خیال آیا۔کہ! تو اس جامد (ٹھوس یا جمی ہوئی) شئے کو کسی خاص رخ پر حرکت دے۔اور وہ حرکت کرے۔اس جگہ پر ایک مخفی نکتہ ہے۔اور واسع کو ذہن میں رکھنا چاہیئے۔اور وہ یہ کہ خاطرِحق میں جس کی فعّال ہو۔اسے کبھی کبھی کلام یا پھر ایسی حرکت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔جو اپنی ہی خاصیت سے اس جماد کو متحرک کرتی ہے۔یوں وہ سالک جو ابھی تک راسخ نہیں۔وہ یہی خیال کرتا ہے۔کہ یہ حرکت (شاید) خاطرِحق سے ہے۔جبکہ یہ خاصیت سے ہوتی ہے۔بعض اوقات یہ دونوں سے ہوتی ہے۔پس واسع محقق اِن امور کا دھیان رکھتا ہے۔

علومِ اسلامیہ کا بیان: بقول حضرت علامہ ملک محمد شہزاد مجددی صاحب اپنی کتاب رجال الغیب کے مقدمہ میں رقم طراز ہیں۔کہ!

صوفیائے کرام نے قرآن وسنت کی روشنی میں علومِ اسلامیہ کو دو حصص میں تقسیم کیا ہے۔ 1۔ علم الاحکام 2۔ علم الاسرار

☆ علم الاحکام یعنی مسائل وفضائلِ شریعہ تک محدود رہنے والے، لہذا اِس علم کے ماہرین جیسے علماء، محدثین، مفسرین، فقہاء، مجتہدین کا طبقہ ہے۔مختصراً یہ کہ شریعت کے تمام علوم کا ماہر ہی علم الاحکام کا ماہر کہلاتا ہے۔ ☆علم الاسرار یعنی تصفیہ باطن، مقامِ فناء فی اللہ، تصوف وطریقت کے تمام علوم تک محدود رہنے والے، لہذا اِس علم کے ماہرین جیسے اولیائے عظام، درویش، صوفی، ابدال واقطاب اور ولایت کے بلند مقامات کے حامل افراد کا طبقہ ہے۔مختصراً یہ کہ! تصوف وطریقت کے تمام علوم کا ماہر ہی علم الاسرار کا ماہر کہلاتا ہے۔ البتہ! اہلِ کمال کا ایک طبقہ ایسا بھی ہے۔جسے علم وعرفان کے اِنہی دونوں چشموں (علوم) سے بہرہ وافر نصیب ہوا۔اور اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے اس عظیم المرتبت طبقہ نے شریعت وطریقت کے مرج البحرین کے مابین ''پُل'' کا عظیم ترین کردار ادا کیا۔اور یہی نفوسِ قدسیہ اپنے کمالِ علم ومعرفت کے باعث ''ورثۃ الانبیاءؑ'' قرار پائے۔درحقیقت یہی آئمہ ملت ہیں۔جو فقہ اور تصوف ہر دو میدانوں میں درجہ تحقیق وجستجو پر فائز المرام نظر آتے ہیں۔ایک حدیثِ نبوی ﷺ میں ایسے ہی بزرگانِ دین کو انبیاءؑ کا حقیقی وارث فرمایا گیا ہے۔ اِسی ضمن میں حضرت امام مالک بن انسؒ فرماتے ہیں۔ جس نے فقہ سیکھی۔اور تصوف کو حاصل نہ کیا۔اس نے نافرمانی کی۔اور جس نے تصوف حاصل کیا۔اور (علم) فقہ سے حصہ حاصل نہ کیا۔وہ زندیق ہوا۔اور جس (خوش بخت) نے اِن دونوں کو جمع کیا۔(تو) اِس نے یقیناً حق کو پا لیا۔(یاد رہے کہ!) علم الاسرار اور روحانیت کا سرچشمہ بھی دیگر علومِ اسلامیہ کی طرح قرآنِ مجید فرقانِ حمید اور آنحضرت ﷺ کی احادیث ہی ہیں۔کیونکہ وحی والہام معجزات وکرامات کے علاوہ علم لدنی کے حقائق ومعارف کے علم وتذکرہ بھی قرآن وسنت (احادیث نبوی ﷺ) میں جابجا ملتا ہے۔جیسے کہ قرآنِ مجید میں قصہ حضرت موسیٰؑ وحضرت خضر نبیؑ، قصہ حضرت یوسف نبیؑ ودیگر انبیائے کرامؑ کے قصص اور اصحابِ کہفؓ کا واقعہ آیا ہے۔اِسی طرح احادیثِ نبویہ ﷺ میں اصحابِ رقیمؓ ودیگر صحابہ کرامؓ مثل عشرہ مبشرہؓ وغیرہ کے واقعات وقصص اِس حوالے سے حقیقت میں بہت بڑے مآخذ ہیں۔

یاد رہے۔کہ! علم عمل کی صورت کو صحیح اور درست کرتا ہے۔جبکہ حال اس میں جان ڈال دیتا ہے۔مگر علم سے یہاں وہی علم مراد ہے۔جو کہ وسیلۂ قربِ الٰہی ہے۔کیونکہ! وہ علم جو وسیلۂ جاہ ومنصب ہو۔وہ صورت کے اعتبار سے تو علم ہی ہے۔مگر معنیٰ کے اعتبار سے علم نہیں بلکہ خود فریبی ہے۔ (بقولِ بہاؤالدین آملیؒ)

علم نبود غیرِ علم عاشقی ما بقیٰ تلبیسی ابلیسِ شقی

وہ علم جو کہ اخلاقِ ذمیمہ کی آلائش سے نفس کو پاک کرنے کا سبب ووسیلہ بنتا ہے۔اس دل میں کبھی بھی نہیں سما سکتا۔جو کہ حبِّ دنیا کا مسکن، جاہ ومنصب کا خواستگار اور مسوٰی کی قیام گاہ ہو۔کیونکہ! جس گھر میں حرصِ دنیا کا کتا اور ماسوئے کی تصویروں کی آماجگاہ ہو۔وہاں بھلا عالمِ قدس کا فرشتہ کیونکر داخل ہوگا۔چہ جائیکہ! اُسے ان موانعات ولغویات سے پاک وصاف نہ کر دیا جائے۔تاوقتیکہ قلب کو، جو کہ انفس میں لوحِ محفوظِ آفاقی کے مشابہ ہے۔ ذِکر وفکر کے پانی سے دھویا نہ جائے۔اور خصائلِ ذمیمہ ونقوشِ اوہامِ باطلہ اور خیالاتِ فاسدہ کے کوڑے کرکٹ سے اُسے صاف نہ کر دیا جائے۔اور عالمِ قدس کے ساتھ اس میں مناسبت نہ پیدا کی جائے۔ارواحِ مطہرہ ومقدسہ یعنی علومِ حقائق کی صورتیں جو کہ درحقیقت ملائکہ کے اسماء سے موسوم ہیں۔خانۂ قلب میں داخل نہ ہوں گی۔تصفیہ قلب کی اس منزل کے طے کرنے کے بعد انسان ملائکہ سے علمِ لدنی حاصل کرتا ہے۔اور اپنے نفس کی کتاب سے جو کہ جامع جمیع کتابِ الٰہی ہے۔آیات واسماء وصفات پڑھتا ہے۔اور کتابِ انفسی کے اجمال کی تفصیل کا مشاہدہ آفاق میں بااعتبار تعینہائے خارجی کے کرتا ہے۔بہر حال! علمِ لدنی کے حصول کے ساتھ ساتھ حروفِ مقطعات کا علم حاصل ہونا شروع ہو جاتا ہے۔یاد رہے۔کہ! اس دنیا میں تمام علوم کی ماں علمِ لدنی کو کہا جاتا ہے۔

☆ **بصیرت۔** علم کے مدان سے نکل کر بہتر واں میدان ''بصیرت'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **و جعل لکم السمع والابصار۔** (ترجمہ) اور تمھیں کان اور آنکھیں عطا کیں۔(القرآن ۔78:16 , 09:32 , 23:27) یاد رہے۔کہ! آنکھ سے کسی چیز کو دیکھنا بصارت ہے، قلب

سے کسی چیز کو دیکھنا اور جاننا بصیرت ہے۔اور عقل وفہم سے کسی چیز کو دیکھنا اور جاننا ادراک ہے۔بصیرت دل کی وہ بینائی ہے۔جو نورِ قدس سے روشنی حاصل کرتی ہے۔اور جس سے کہ حقائق الاشیاء اور ظواہر کے بواطن پر آگاہی حاصل ہوتی ہے۔حدیثِ نبوی ﷺ میں آتا ہے۔مومن کی فراست سے ڈرو۔کہ! وہ اللہ تعالیٰ کے نور سے دیکھتا ہے۔بہرحال! بصر سے مراد دیدہ وری ہے۔ بصر کی تین اقسام ہیں۔بصیرتِ عقل۔ بصیرتِ حکمت۔ بصیرتِ فراست۔

بصرِ عقل کے تین فوائد ہیں۔ اول: اپنے سود وزیاں کو پہچاننا اور مقاصد کے انجام پر نگاہ رکھنا۔کیونکہ! اس کے باعث انسان ہر قسم کی ملامت سے بچ جاتا ہے۔ دوئم: خلق کے مراتب، مختلف عادات میں ہر شخص کی طاقت، عقل وخرد میں اس کی قوت اور ہر انسان کی مقدارِ عزم کو دیکھنا۔یہ جملہ امور سلامتی کے موجب ہیں۔ سوئم: ہمہ وقت لوگوں کے ساتھ معاملات میں زیادہ اہم امر کو ملحوظِ خاطر رکھنا۔کیونکہ! یہی بات انسان کی فضیلت وعظمت کا پیرایہ ہے۔

یہ سب عقل کے پیمانہ جات ہیں۔ان کے علاوہ باقی سب خرابی ہی خرابی ہے۔ بصرِ حکمت کی تین علامات ہیں۔اول: ہر قضیے کو شفقت سے دیکھنا۔تاکہ! فتنہ ونزاع درمیان میں باقی نہ رہے۔ دوئم: تقدیر کے ہر معاملے میں حیرت کا مشاہدہ کرنا۔تاکہ جلد بازی ختم ہو جائے۔ سوئم: صنعتِ خداوندی میں اشاراتِ غیبیہ کو دیکھنا۔تاکہ! آگاہیءِ ذات میں اضافہ ہو۔ باطنی مسرت اس راہ (بصرِ حکمت) کی خصوصیت ہے۔

بصرِ فراست کی تین اقسام ہیں۔ تجربہ سے فراست۔ استدلالی فراست۔ دیدہءِ دل سے فراست۔ **تجربہ سے فراست**: یہ تمام اہلِ تمیز انسانوں کا حصہ ہے۔یہ دید سے متعلق ہے۔یا شنید سے تعلق رکھتی ہے۔یا پھر انسان اسے دانائی سے حاصل کرتا ہے۔ **استدلالی فراست**: یہ دانش مندوں کو میسر ہے۔استدلالی فراست سے مراد دین میں شرعی قیاس، حدودِ دین میں عقلی قیاس اور عامۃ الناس کا طبعی قیاس ہے۔

دیدہءِ دِل سے فراست: یہ وہ نور ہے۔جو کہ اہلِ ایمان کے قلوب میں ہے۔کیونکہ! یہ ایک برق کی مانند ہے۔جو دل میں چمکتا ہے۔اس کی تابش صحیح (عرفان ومعارف) لے کر آتی ہے۔ یا ایک تموج ہے۔جو دل میں پیدا ہوتا ہے۔جس کے آخر میں حقیقت نمودار ہوتی ہے۔یا پھر اس کے مفہوم کسی غیبی امر پر حتمی اور آخری وقوف ہوتا ہے۔ یہ (نظوری فراست) حضرت خضرؑ کی شان ہے۔

☆ **حیات**۔ بصیرت کے میدان سے نکل کر تہترواں میدان ''حیات'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **او من کان میتا فا حیینٰہ**۔(ترجمہ) بلا ایک شخص کہ مردہ تھا۔پھر ہم نے اسے زندہ کیا۔(القرآن۔122:06) یہاں پر حیات سے مراد جسم کی نہیں بلکہ دل کی زندگانی ہے۔اور دل کی زندگانی تین باتوں سے عبارت ہے۔(کیونکہ!) ہر وہ دل کہ جس میں ان تین باتوں میں سے کوئی ایک بھی نہیں۔وہ مردہ ہے۔ وہ زندگی کہ جس میں علم کے ساتھ ساتھ خوفِ الٰہی بھی ہو۔ وہ زندگی کہ جس میں علم کے ساتھ ساتھ اُمید بھی ہو۔ وہ زندگی کہ جس میں علم کے ساتھ ساتھ آشنائی بھی ہو۔ وہ زندگی کہ جس میں علم کے ساتھ ساتھ خوفِ الٰہی بھی ہو۔ آدمی کو پاک دامن بناتی ہے۔ اسے دیدہءِ دیدار بخشتی ہے۔ اور وہ سیدھی راہ پر چلتا ہے۔ وہ زندگی کہ جس میں علم کے ساتھ ساتھ اُمید بھی ہو۔ اس میں آدمی کو سواری میسر ہے۔ اس کے پاس مکمل زادِ سفر ہے۔اور اس کی راہ بھی قریب ہے۔ وہ زندگی کہ جس میں علم کے ساتھ ساتھ آشنائی بھی ہو۔ آدمی کو عظیم المرتبت بنا دیتی ہے۔اس کے فکر کو آزاد کر دیتی ہے۔ اور دل کو مطمئن کر دیتی ہے۔ وہ خوف جو علم کے بغیر ہو۔خارجیوں کا خوف ہے۔وہ اُمید جو علم کے بغیر ہو۔رجاء پسندوں کی اُمید ہے۔ وہ آشنائی جو علم کے بغیر ہو۔ بہانہ سازوں کی آشنائی ہے۔بہرحال! حقیقت تو یہ ہے۔کہ! وہ علم الٰہیاتی ہے۔جو امید وبیم اور آشنائی کے ساتھ مشروط ومربوط ہو۔ حیات سے مراد زیست، زندگی، آگاہیءِ شعور، ظہور اور بروز ہے۔اور موت کے مقابلے میں حیات اقتضائی، اضطراری اور اختیاری ہوتی ہے۔

حیاتِ اقتضائی: حسبِ اقتضائی ذاتی واقع ہوتی ہے۔جیسے کہ تجددِ امثال، مکون اور بروز۔ **حیاتِ اضطراری**: حیاتِ ابدی ہے۔جو عالمِ برزخ اور عالمِ ملکوت میں حسبِ استعداد اور حسبِ حالت عطا فرمائی جاتی ہے۔اسے حیات بعد الممات بھی کہا جاتا ہے۔ **حیاتِ اختیاری**: حیاتِ ابدی قلبی بواسطہءِ تزکیہ، تصفیہ وتجلیہ۔ حیات وممات کی دو اقسام اور بھی بیان کی جاتی ہیں۔جنھیں حسی حیات اور معنوی حیات سے موسوم کیا جاتا ہے۔ حیاتِ حسی: وہ حیوانی زندگی ہے۔جو جملہ حیوانات میں باہم اور مشترک ہے۔ حیاتِ معنوی: وہ حقیقی اور روحانی زندگی ہے۔جو خواصِ افرادِ انسانی کے ساتھ مختص ہے۔یہ زندگی تین طریقں سے حاصل کی جاسکتی ہے۔ اول: جہل ونادانی کی موت سے نکل علم ودانش کی زندگی میں آجانا۔ دوئم: تفرقہ کی موت سے نکل کر حقیقت کی جانب متوجہ ہونے میں ہمت صَرف کرنا۔ سوئم: فقدان ونایافت کی مردنی سے نکل کر وجود ویافت کی حیات سے زندہ ہونا۔اور اپنی ذات سے فنا ہو کر بقائے حق کی جانب گامزن ہو کر بقا پانا۔ اور انہی تین طریقوں سے ہی مماتِ حسی اور مماتِ معنوی کا فرق بھی معلوم کیا جاسکتا ہے۔

☆ **حکمت**۔ حیات کے میدان سے نکل کر چوہترواں میدان ''حکمت'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **یؤتی الحکمۃ من یشآء**۔(ترجمہ) اللہ تعالیٰ جسے چاہے۔اپنی طرف سے حکمت عطا فرماتا ہے۔(القرآن۔269:02) حکمت سے مراد کسی چیز کا صحیح وقوف وادراک ہے۔یعنی حکمت درحقیقت علم وعقل کا ایک عظیم وشریف مقام ومرتبہ ہے۔جو انبیاءؑ اور اولیاء کو عطا کیا گیا۔اس کے تین درجات ہیں۔ دیدار کا درجہ۔ گفتار کا درجہ۔ عمل زندگی گزارنے کا درجہ۔ دیدار کے درجہ سے مراد ہے۔ کسی کام کے مطابق اس کی جانچ پڑتال کرنا۔ کسی چیز کو اس کے درست مقام پر رکھنا۔ ہر وجودِ انسانی میں (اس کے جوہرِ ذاتی) کا صحیح عرفان ہونا۔کیونکہ! یہ عین حکمت ہے۔

گفتار کے درجے سے مراد ہے۔کہ! برمحل بات کرنا۔ابتدائے سخن میں اس کی انتہا کو معلوم کرنا۔ہر سخن کے ظاہر میں اس کی تہہ تک پہنچ جانا۔کیونکہ! یہ بنائے

حکمت ہے۔ حکمت سے زندگی گزارنا تین امور سے متعلق ہے۔خلق کے ساتھ شفقت ومروت سے اپنے معاملات کی نگہداشت کرنا۔امید وبیم کے درمیان ذاتی معاملات کی اہمیت کا دھیان رکھنا۔ہیبت وانس کے درمیان حق تعالیٰ کے ساتھ اپنے معاملات کی نگہبانی کرنا۔ کیونکہ! یہ ثمرہءحکمت ہے۔اسے خوب اچھی طرح سے سمجھنا چاہیئے۔ یادرہے۔کہ! علمِ حقائق وہ علم ہے۔کہ جس سے حق تعالیٰ کی معرفت حاصل ہوتی ہے۔اس علم کو دوسرے علوم سے عام وخاص کی نسبت حاصل ہے۔اس کا موضوع کسی حدِ معین پر محدود نہیں ہوسکتا۔بلکہ تمام علوم کا موضوع اس کا موضوع ہے۔اسی کا نام ''علمِ حکمت'' ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ!**ومن یؤ تی الحکمة فقد اوتی خیرا کثیرا** ۔(ترجمہ)اور جوکوئی دیا گیا حکمت۔پس دیا گیا بھلائی بہت۔(القرآن۔**37:02**)

☆ **معرفت۔** حکمت کے میدان سے نکل کرپچھتر واں میدان''''معرفت'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **اعینهم تفیض من ا لدمع مما عرفوا من ا لحق** ۔(ترجمہ) آپ عرفانِ حق کے باعث ان کی آنکھوں کواشکبار دیکھیں گے۔(القرآن۔**83:05**)

معرفت سے مراد پہچان ہے۔اس کے تین ابواب ہیں۔اور تین ابواب مزید تین درجات میں تین ترتیبات کے ساتھ ہیں۔

بابِ اول :وجودِ باری تعالیٰ۔اس کی یکتائی اوراس کے بے مثل ہونے کا عرفان۔یہ بنائے اسلام کا باب ہے۔اس باب تک رسائی کی راہ امورِ دنیوی کی بست وکشاد میں صانع کی تدبیر کے مشاہدے سے ہے۔ بابِ دوئم :اس کی لامحدود قدرت،دانائی اورمہربانی کی شناخت۔ یہ بنائے ایمان کا باب ہے۔اس باب کی راہ تک رسائی مظاہرِ قدرت کے عرفان میں صانع کی حکمت کو دیکھنا ہے۔ بابِ سوئم :اس کے احسان،دوست داری اورقرب کی پہچان۔یہ بنائے اخلاص کا باب ہے۔اس باب کی راہ تک رسائی امور کی غور و پرداخت میں مولا کریم کی عنایت کو دیکھنےاور جرموں کی فروگزاشت سے مربوط ہے۔یہ باب اہلِ معرفت کا باب ہے۔یہ اہلِ محبت کے لئے اکسیر ہے۔اورخاصانِ بارگاہ کا طریق ہے۔یہ طریق دل نشین،نشاط انگیزاورمحبت افزا ہے۔

حضرت یحٰی بن معاذ رازی کا فرمان ہے۔کہ! **من عرف نفسه فقد عرف ر به** ۔ جس نے اپنے آپ کو پہچان لیا۔اُس نے رب کو پہچان لیا۔

☆ **کرامت۔** معرفت کے میدان سے نکل کرچھہترواں میدان''کرامت'' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **و جعلنی من المکر مین** ۔(ترجمہ) اور مجھےعزت والوں میں سے کیا۔(القرآن۔**07:36**) کرامت سے مراد ایسا امرجس کی استطاعت انسانی عقل وسوچ سے بالا اورجس کی انجام دہی انسانی کوشش واستعداد سے ناممکن العمل ہو۔کرامت اللہ تعالیٰ کے انعامات میں سے ایک انعام ہے۔کرامت کی دو اقسام ہیں۔ کرامت فی اللہ۔کرامت فی الخلق۔ کرامت فی اللہ ،جوکہ اللہ تعالیٰ اور بندہ کے درمیان تعلقات سے متعلق ہے۔اس کا علم کسی غیر کونہیں ہوسکتا۔

کرامت فی الخلق،جوکہ کسی قدر بندوں سے متعلق ہے۔کرامت فی الخلق کی مزید دواقسام ہیں۔تصرف فی الخلق۔اظہارِخرقِ عادات۔ تصرف فی الخلق طالبانِ حق کے لئے مفیداورکارآمد ہے۔اس کی بدولت مریدین کے قلوب اورطبائع وافعال وحرکات واخلاق کی اصلاح ہوتی رہتی ہے۔یہ قلبِ ماہیت چونکہ بتدریج واقع ہوتی ہے۔اس کا فوری اظہارعلوم پرنہیں ہوتا۔ اظہارِخرقِ عادات کی فوری طور پرنمائش ہوجاتی ہے۔مگرارشاد وطلبِ حق کے امور میں مفیدنہیں۔یہ استثناءاس صورت کےلوگ ان خوارق کودیکھ کرصاحبِ کرامت (شیخ ومربی) کے معتقد ہوجائیں۔اورطلبِ حق میں اس کی جانب رجوع کریں۔اورمستفیدومتفع ہوں۔بہرحال! اللہ رب العزت کی جانب سے بندے کے حال پرکرامت اس قدرہے۔کہ جس کا کوئی حد و حساب نہیں۔بنیادی طور پروہ تین باتوں سے عبارت ہے۔ اول: وہ کرامت جوہدایت وبرگزیدگی سے متعلق ہے۔اس کے بارے میں قرآنِ حکیم میں وارد ہے۔کہ! **کرمت علی** ۔(مجھ کو بڑائی عطاکی) دوئم : وہ کرامت جوسب کے لئے کافی و وافی ہے۔قرآنِ حکیم میں وارد ہے۔کہ! **کر منا بنی آدم** ۔(اورہم نے اولادِآدم کوعزت بخشی) سوئم: وہ کرامت جوقربِ الٰہی سے وابستہ ہے۔قرآنِ حکیم میں وارد ہے۔کہ! **و جعلنی من المکر مین** ۔(اور مجھےعزت والوں میں سے کیا) کرامتِ ہدایت کے تین نشانات ہیں۔ اسلام میں استقامتِ احوال۔ اخلاق وخدمت میں سنتِ مطہرہ کی پیروی۔ اپنے مقدر پرصدقِ یقین۔ وہ کرامت جوسب کے لئے کافی و وافی ہے۔اس کی تین علامتیں ہیں۔ کسی حیلے اور جھگڑے کے بغیر رزق کا ہرروز پہنچنا۔ کسی تردد کے بغیرسکون وعافیت کا میسر آنا۔ کسی قسم کی چاپلوسی اورخواری کے بغیرعیش ومسرت کا نصیب ہونا۔ وہ کرامت جوقربِ خداوندی سے وابستہ ہے۔اس کے تین نشانات ہیں۔خدمت کا بےتکلف انجام دینا۔ مستقبل کا موافقِ حال ہونا۔ خیروبرکت سے بہرہ یابی اورقبولیتِ دُعا۔

☆ **حقیقت۔** کرامت کےمیدان سے نکل کرستترواں میدان'' حقیقت '' کا نکلتا ہے۔ارشادِباری تعالیٰ ہے۔کہ! **و علمنٰه من لدنا علما** ۔(القرآن۔**65:18**)اس اعتبار سے کہ! تمام شریعتیں سربسرحقائق ہیں۔لہٰذا جو کچھ حق ہے۔وہ بالکل حقیقت ہے۔ حقیقت ظہورِذاتِ حق بلاحجاب تعینات۔اربابِ تصوف میں اس کا استعمال چندطور پرہوتا ہے۔اول تو حقیقت کا استعمال مجاز کے مقابلے میں ہوتا ہے۔یہاں حقیقت سے مراد باطن اورمجاز سے مراد ظاہر ہے۔ہرشئے میں عالمِ شہادت مجاز ہے۔جس کے مقابلے میں عالم،مثال حقیقت ہے۔اوراگرعالمِ مثال مجاز ہے۔توعالمِ ارواح حقیقت ہے۔اوراگرعالمِ ارواح مجاز ہے۔تواس کے مقابل عالمِ اعیان حقیقت ہے۔اوراگرعالمِ اعیان مجاز ہے۔تواس کے مقابل علم حقیقت ہے۔اوراگرعلم مجاز ہے۔تواس کے مقابلے میں ذات حقیقت ہے۔اب چونکہ ذات ہرچیز کی مبدع ہے۔اسی لئے وہ حقیقۃ الحقائق ہے۔جیسا کہ مشہورہے۔**حقیقة کل شیء هو الحق** ۔(ہرشئے کی حقیقت حق ہی ہے) بندہ کے اوصاف جب حق تعالیٰ کےاوصاف میں محو(Merge) ہوجاتے ہیں۔اور بندہ کی ذات حق تعالیٰ کی ذات میں گم اورفنا ہوجاتی ہے۔تو بندہ اپنی حقیقت کو پالیتا ہے۔ دوسرا استعمال حقیقت کا اعتبارات کے مقابلہ میں ہوتا ہے۔ذاتِ حق تعالیٰ ہرچیز کی حقیقت ہے۔اور ہرچیز کا وجود اعتباری ہے۔اورحق

تعالیٰ ہی سے اپنا وجود پائے ہوئے ہے۔ وہ چونکہ مستقل حقیقت ہے۔ اسی لئے حق تعالیٰ ہی حقیقۃ الحقائق ہے۔ تیسرا استعمال حقیقت کا اس موقع پر ہوتا ہے۔ جہاں کسی چیز کو واقع اور فی نفس الامر بیان کرنا منظور ہوتا ہے۔ اس محل میں اس لفظ سے مراد صُوَرِ علمیہ اور اعیانِ ثابتہ سے ہوتی ہے۔ جنہیں حقائق الممکنات بھی کہتے ہیں۔ یادرہے۔ کہ! علمِ حقائق وہ علم ہے۔ کہ جس سے حق تعالیٰ کی معرفت حاصل ہوتی ہے۔ اس علم کو دوسرے علوم سے عام و خاص کی نسبت حاصل ہے۔ اس کا موضوع کسی حدِ معین پر محدود نہیں ہوسکتا۔ بلکہ تمام علوم کا موضوع اس کا موضوع ہے۔ اسی کا نام ''علمِ حکمت'' ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **ومن یؤ تی الحکمۃ فقد اوتی خیرا کثیرا** ۔(ترجمہ) اور جو کوئی دیا گیا حکمت۔ پس دیا گیا بھلائی بہت۔ (القرآن۔ **37:02**) حقائق کے تین اصول ہیں۔ ان تین حقیقتوں میں سے! حقیقتِ اول یہ ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جاننے والا، اس سے واقف اور بے مثل و بے مثال ہے۔ کسی کام کی اصل اور اس کے آغاز و انجام کا علم تو صِرف اللہ تعالیٰ ہی کو ہے۔ اس کے احکامات کے رموز و اسرارِ الٰہیہ کی وہ تاویلات جو نگاہِ خلق سے مخفی ہیں۔ انہیں صِرف وہی جانتا ہے۔

حقیقتِ دوئم یہ ہے۔ کہ! جو اللہ تعالیٰ نے حضرت خضر نبیؑ کو سکھلائی ہے۔ جو کہ حضرت موسیٰ کلیم اللہ پر پوشیدہ تھی۔ جبکہ حضرت خضر نبیؑ اس سے آگاہ تھے۔ اس حقیقت سے تین باتیں ظہور پذیر ہوئیں۔ کشتی کا توڑنا۔ لڑکے کو مارڈالنا۔ دیوار کو درست کرنا۔

حقیقتِ سوئم یہ ہے۔ کہ! اہلِ حکمت اس کے باعث بینا ہیں۔ اہلِ معرفت اس کے سبب دانا ہیں۔ اور اہلِ بصیرت اس سے آشنا ہیں۔

حقیقت کے ایک ہزار اجزاء ہیں۔ اور ایک ہزار درجات ہیں۔ اور وہ تین ترتیبوں پر ہیں۔ **الھام۔ فراست۔ ابصار۔**

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ کہ! **فاذا ھم مبصرون** ۔(ترجمہ) پس ناگہاں وہ دیدہ ور ہو جاتے ہیں۔ (القرآن۔ **201:07**) اِبصار سے مراد کسی چیز کو صحیح طور سے دیکھنا ہے۔ جس طرح کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں میں سے جسے چاہے۔ جس طرح سے چاہے اور جس چیز کے بارے میں چاہے۔ دیدہ ور (بصیرت رکھنے والا) بنا دیتا ہے۔ آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ کہ! ہر بندے کے دل کی دو آنکھیں ہوتی ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے بھلائی کرنا چاہتا ہے۔ تو اس کے قلب کی دونوں آنکھیں کھول دیتا ہے۔ تا کہ وہ ان چیزوں کو دیکھ لے۔ جو اس کی ظاہری آنکھوں سے مخفی ہے۔

☆ **ولایت۔** حقیقت کے میدان سے نکل کر اٹھہتر واں میدان'' ولایت '' کا نکلتا ہے۔ وہ حضرات جو اس زمرے سے متعلق ہیں۔ اولیاء اللہ ہیں۔ اور اوتادان کے درمیان ہیں۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون** ۔(ترجمہ) یادرکھو! اولیاء اللہ (اللہ تعالیٰ کے حقیقی دوستوں) پر نہ کوئی خوف ہے۔ اور نہ ہی وہ کبھی غمگین ہوں گے۔ (القرآن۔ **62:10**) اولیاء اللہ کی تین علامات ہیں۔

سلامتی قلب۔ سخاوتِ نفس۔ نصیحتِ خلق۔ سلامتی قلب سے مراد تین باتوں سے نجات حاصل کرنا ہے۔ بارگاہِ خداوندی میں شکایت سے۔ مخلوق کے ساتھ جھگڑنے سے۔ خود پسندی سے۔ سخاوتِ نفس کے تین نشانات ہیں۔ اپنی خواہشات سے کنارہ کشی اختیار کرنا۔ لوگ جن امور میں غرق ہیں۔ ان سے پیچھے ہٹ جانا۔ کثرتِ دنیا کا انتظار نہ کرنا۔ نصیحتِ خلق کے تین نشانات ہیں۔ نیک لوگوں سے دوستی رکھنا۔ گناہ گاروں سے درگزر کرنا۔ خلق کی خیر خواہی کرنا۔ یہ اخلاقِ عالیہ ہیں۔ اِن کے تین اصول ہیں۔ نیک دلی۔ جوانمردی۔ کم آزاری۔

☆ **تسلیم۔** ولایت کے میدان سے نکل کر اناسی واں میدان'' تسلیم '' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **وسلموا تسلیما** ۔(ترجمہ) اور (حضرت جناب رسالت مآب ﷺ پر) خوب سلام بھیجا کرو۔ (القرآن۔ **56:33**) تسلیم سے مراد خود کو ان تمام امور میں جو خلاق اور مخلوق کے درمیان ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے سپرد کرنا ہے۔ اور جن کا تعلق اعتقاد و خدمت اور معاملہ وحقیقت سے ہے۔ ان سب کی بنیاد تسلیم ہے۔ اور تسلیم کی مزید تین اقسام ہیں۔ **تسلیم توحید۔ تسلیم قسمت۔ تسلیم تعظیم۔**

تسلیم توحید تین باتوں سے عبارت ہے۔ بن دیکھے اللہ تعالیٰ کو پہچاننا۔ اس کی نایافت کو قبول کرنا۔ بغیر کسی معاوضے کے عبادت کرنا۔

تسلیم قسمت تین باتوں پر مبنی ہے۔ اس کی کارسازی پر کامل اعتماد۔ نیک گمان کے ساتھ اس کے فرامین کو ماننا۔ حظِ نفس کی تگ و دو سے احتراز۔

تسلیم تعظیم کے تین نشانات ہیں۔ اس کی ہدایت کے مقابلے میں اپنی کوشش کو بے حقیقت دیکھنا۔ اس کی عنایات میں اپنی ہمت کو حقیر سمجھنا۔ اس کے فضل وکرم میں اپنے نام ونشان سے صَرفِ نظر کرنا۔

☆ **استسلام۔** تسلیم کے میدان سے نکل کر اسی واں میدان'' استسلام '' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **قل ان الھدی اللہ ھو الھدی۔ وامرنا لنسلم لرب العالمین** ۔(ترجمہ) آپ فرمادیں۔ کہ! بے شک اللہ تعالیٰ کی ہدایت ہی ہدایت ہے۔ اور ہمیں حکم دیا گیا ہے۔ کہ دونوں جہانوں کے پروردگار کے لئے مطیع ہو جائیں۔ (القرآن۔ **71:06**) استسلام دراصل اسلام کی حقیقت کو کہا جاتا ہے۔

استسلام کے تین درجات ہیں۔ شرک سے نجات۔ ہر مخالفت سے رہائی۔ اپنی ذات سے دستگاری۔

شرک تین طرح کا ہے۔ شرکِ عظیم ہر ایک کو معلوم ہے۔ اس سے کم تر شرک شک واشتباہ ہے۔ سب سے ادنیٰ شرک ریا ہے۔

یادرہے۔ کہ! جو شخص شرک کے ان تینوں درجات سے بچ نکلا۔ اس نے گویا کہ تین سخت آزمائشوں سے نجات پائی۔

ہر مخالفت ست رہائی تین باتوں سے عبارت ہے۔ دین میں بدعت ہے۔ دینی احکامات پر اظہارِ غضب۔ عہد شکنی۔

رستگاریء ذات تین چیزوں سے نجات پر مبنی ہے۔ اپنی خواہشات سے۔ ہر حیلہ سازی سے۔ ذاتی دبدبے سے۔

قولِ غوثیہ : حضرت شیخ عبد القادر جیلانیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! اسلام کا معنیٰ استسلام ہے۔ یعنی سرِ تسلیم خم کر دینا۔ خود کو اللہ تعالیٰ کے حوالے کر دینا۔ اور اولیاء اللہ نے اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنے سر جھکا لئے ہیں۔ چوں چرا، کرا ور نہ کر کو بھلا دیا ہے۔ وہ طرح طرح کی طاعتیں بجا لاتے ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے سامنے خوف کے قدموں پر کھڑے رہتے ہیں۔ ان پر ہر وقت خوف طاری رہتا ہے۔ اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ان کی تعریف فرمائی ہے۔ کہ! **یؤ تون ما ا'تو ا و قلو بھم و جلہ**۔ (یعنی کہ) وہ کچھ بھی کریں۔ مگر ان کے دل ڈرے رہتے ہیں۔

☆ **اعتصام**۔ استسلام کے میدان سے نکل کرا کا سی واں میدان'' اعتصام '' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **واعتصموا بحبل اللہ جمیعا**۔ (ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو۔ (القرآن۔ **103:03**) اعتصام سے مراد کسی چیز کو پکڑنا ہے۔ اعتصام تین طرح کا ہے۔ اول: توحید سے اعتصام، کہ جس کے بارے میں قرآنِ حکیم میں آیا ہے۔ **فقد استمسک با لعروۃ الو ثقیٰ**۔ (ترجمہ) پس اس نے بڑے محکم حلقے کو پکڑ لیا۔ (القرآن۔ **256:02 , 23:31**) دوئم: قرآنِ حکیم سے اعتصام اور اس پر عمل پیرا ہونے سے یہی مراد ہے۔ کہ! **واعتصموا بحبل اللہ جمیعا**۔ (ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو۔ (القرآن۔ **103:03**) سوئم: ذاتِ باری تعالیٰ اس پر شاہد ہے۔ کہ! **ومن یعتصم با للہ**۔ (ترجمہ) جو اللہ تعالیٰ کو مضبوطی سے پکڑ لیتا ہے۔ (القرآن۔ **101:03**) توحید سے اعتصام تین باتوں کے ساتھ وابستہ ہے۔ زمین و آسمان کا واحد شہنشاہ صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ تمام امور کا واحد مبداء صرف اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ احکامات صرف اور صرف اللہ تعالیٰ ہی کی بارگاہ سے صادر ہوتے ہیں۔ قرآنِ حکیم سے اعتصام تین باتوں پر مبنی ہے۔ یہ جان لینا کہ دین قرآنِ حکیم میں اللہ تعالیٰ کے فرامین سے ہی وابستہ ہے۔ قرآنِ حکیم لانے والا حق ہے۔ اس کے اوامر ونواہی کی پاسداری اور متشابہاتِ قرآن کا اقرار کرنا۔ حق سے اعتصام تین باتوں سے عبارت ہے۔ اس کی ضمانت دینے والی شان پر اظہارِ اعتماد۔ اس کے لطف وکرم سے وابستگی۔ بارگاہِ بے نیاز میں دستِ نیاز اُٹھانا۔ (بقولِ شیخ سعدیؒ)

کفِ نیاز بہ درگاہِ بے نیاز برآر　　　　که کارِ مردِ خدا جز خدای خوانی نیست

☆ **انفراد**۔ اعتصام کے میدان سے نکل کر بیاسی واں میدان'' انفراد '' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **قل انما اعظکم بواحدۃ . ان تقوموا للہ مثنیٰ و فرا دیٰ**۔ (ترجمہ) آپ فرمادیں۔ کہ! میں تمھیں صرف ایک ہی بات کی نصیحت کرتا ہوں۔ یہ کہ! اللہ تعالیٰ کے لئے دو دو اور ایک ایک کھڑے ہو جاؤ۔ (القرآن۔ **46:34**) انفراد سے مراد یکتا ہونا ہے۔ انفراد تین طرح کا ہے۔ قصد کی جداگانہ شان میں قصد کرنے والوں کا انفراد۔ توکل کی درستی میں متوکلین کا انفراد۔ غلبہء ہیبت یا نسیمِ اُنس کے وقت اہلِ وجدان کا اُنس۔ اہلِ قصد کے انفراد کی تین علامات ہیں۔ اپنی ذات اور ہر دو جہاں سے قدم ہٹالینا۔ خود کو اپنے سامنے ملحوظ نہ رکھنا۔ مولا کریم سے اس کی ذات کے بغیر راضی رہنا۔ (**اَز حق بجز حق خرسند نابودن**)

متوکلین کا انفراد تین طرح کا ہے۔ اسباب پر تکیہ نہ لگائے رہنا۔ علائقِ دنیوی کو قبول نہ کرنا۔ اپنی تدبیر سے احتراز کرنا۔

اہلِ وجدان کا انفراد تین باتوں سے عبارت ہے۔ نفس کا فنا ہو جانا۔ خلق سے روپوشی اختیار کرنا۔ محبتِ الٰہی میں سرمستی وسرشاری۔

☆ **سر**۔ افراد کے میدان سے نکل کرتر اسی واں میدان'' سر '' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **واللہ یعلم اسرار ھم**۔ (ترجمہ) اور اللہ تعالیٰ ان کے چھپانے کو جانتا ہے۔ (القرآن۔ **26:47**) سر انسان کی آرزوؤں کا وہ حاصل ہے۔ جس کا تعلق ذاتِ باری تعالیٰ سے ہے۔ اور وہ اس قدر پوشیدہ ہے۔ کہ! اس کے بارے میں عبارت آرائی محال ہے۔ اور خود انسان بھی اس کے بیان سے قاصر ہے۔

وہ تین طرح کا ہے۔ بنی نوعِ انسانی سے پوشیدہ۔ فرشتوں سے پوشیدہ۔ اپنی ذات سے پوشیدہ۔ جو بنی نوعِ انسان سے پوشیدہ ہے۔ اس سے مراد خلوت میں خدمت کرنا ہے۔ جو فرشتوں سے پوشیدہ ہے۔ وہ حقائق کا انکشاف ہے۔ جو خود اپنی ذات سے پوشیدہ ہے۔ وہ رابطہء الٰہی میں محو، مستغرق اور مشغول ہے۔ خلوت میں خدمت کی شرائط سے مراد تین باتیں ہیں۔ خدمت کے اصول کا عرفان۔ حقوق العباد کو پامال نہ کرنا۔ خلق سے اپنے دکھ درد کو چھپانا۔ (اور) جسے یہ حال وکیفیت نصیب نہ ہو۔ اس کی خلوت معصیت ہے۔ حقیقت کے انکشاف کی تین علامات ہیں۔ فراخ دلی سے تقدیرِ خداوندی کو قبول کرنا۔ خلق کی عذر داریوں کو بہ غور جانچنا۔ حق تعالیٰ کے انعامات پر اپنی نگاہ کو مرکوز رکھنا۔ رابطہء الٰہی میں محویت، استغراق اور مشغولیت چشمِ زدن میں بجلی کی طرح انسان پر غالب آنے والا ہے۔ اس طور پر کرے۔ کہ بندے کے دل کی آنکھ وابستہء حق ہو جاتی ہے۔ یہ حال تین کیفیات کے درمیان ہے۔ خوف صرف ایک ہی ذات (حق متعال) سے۔ اُمید صرف ایک ہی ذات (حق متعال) سے۔ محبت صرف ایک ہی ذات (حق متعال) سے۔ اور وہ ذات بجز ذاتِ حقیقتِ حق کے سوا اور کچھ نہیں۔ اور جو بھی کچھ اس (حق تعالیٰ) کے علاوہ ہے۔ وہ لاشے اور عدمِ محض ہے۔

☆ **غناء**۔ سر کے میدان سے نکل کر چوراسی واں میدان'' غناء '' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔ کہ! **و و جدک عآ ئلا فا غنیٰ**۔ (ترجمہ) اور آپ کو حاجت مند پایا پھر غنی کر دیا۔ (القرآن۔ **08:93**) غنا سے مراد تونگری ہے۔ غنا تین باتوں سے عبارت ہے۔ غنائے مال۔ غنائے عادت۔ غنائے قلب۔ غنائے مال تین طرح کا ہے۔ جو غنا رزقِ حلال سے متعلق ہے۔ اس میں محنت درکار ہے۔ جو غنا حرام سے پیدا ہوتی ہے۔ وہ لعنت ہے۔ جو غنا کثرتِ مال سے پیدا ہو۔ وہ عذاب ہے۔ غنائے عادت کا تعلق نفس سے ہے۔ حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے۔ کہ! **الغنٰی غنی النفس**۔ غنائے نفس تین باتوں سے عبارت ہے۔ خوشنودی۔ قناعت۔ جوانمردی۔ غنائے دل، روایتِ حدیث میں غنائے قلب سے موسوم کیا جاتا ہے۔ اس سے مراد تین باتیں ہیں۔ بلند ہمتی ساری کائنات سے بڑھ کر ہے۔ انسان کی مراد بہشت سے اعلیٰ ہے۔ سکون وراحت ساتوں زمینوں اور آسمانوں سے بہتر ہے۔

☆ **بسط**۔ غناء کے میدان سے نکل کر پچاسی واں میدان'' بسط '' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **افمن شرح اللہ صدرہ للاسلام فھو علی نور من ربہ** ۔(ترجمہ) تو کیا وہ جس کا سینہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کے لئے کھول دیا۔تو وہ اپنے رب کی طرف سے نور پر ہے۔(القرآن۔ **22:39**) علمائے متصوفین کے مطابق وارداتِ قلبی کے بند ہو جانے کو قبض اور وارداتِ قلبی کے کھل جانے کو بسط کہا جاتا ہے۔

بہر حال! بسط سے مراد اللہ تعالیٰ کا بندے کے دل ، وقت اور ہمت کو وسعت عطا کرنا۔ وہ تین طرح کا ہے۔بسطِ دُعا۔بسطِ خدمت۔بسطِ طلب۔

بسطِ دُعا کے تین نشانات ہیں۔احترام کے ساتھ اپنے مالک کو پکارنا۔ ہیبتِ الٰہی کے ساتھ گریہ کرنا۔ وہ سوال کرنا، کہ جس میں صِرف طلبِ خیر ہو۔

بسطِ خدمت کی تین علامات ہیں۔ انسان کے بے شمار کام اس پر آسان ہو جاتے ہیں۔ بے پناہ جذبہء خدمت جو کہ خلق سے پوشیدہ ہو۔ خدمت کے وقت دل کی پیش قدمی۔ بسطِ طلب کے تین نشانات ہیں۔ معلومات کی کمی کے باوجود فوائد کی کثرت۔ خدمت قلیل مگر لذتِ کثیر۔ فکر کم مگر دیدار کی دولت فراواں۔ بسط دو طرح کا ہوتا ہے۔ بسطِ مفید۔ بسطِ مُضر۔

بسطِ مفید یا بسطِ محمود دراصل وہ بسط ہے۔کہ جس میں سالک کی دل بستگی ، منزلِ سلوک کی دلچسپی کا باعث ہو۔اور سالک آگے بڑھتا چلا جائے۔اور یہ دل چسپیاں مزید ترقی کی امنگیں دل میں پیدا کرتی جائیں۔ **بسطِ مضر یا بسطِ مذموم** دراصل وہ بسط ہے۔کہ جس میں سالک کی دل بستگی ، منزلِ سلوک کی دلچسپی کا باعث تو ہو۔مگر سالک آگے نہ بڑھ سکے۔ یاد رہے۔کہ! جب سالک کو ابتداء ہی میں خوف ورجاء سے سابقہ پڑتا ہے۔جونہی اس کی ترقی ہونے لگتی ہے۔تو اُس پر قبض وبسط کی حالتیں طاری ہونے لگتی ہیں۔جب وہ زیادہ ترقی کرتا ہے۔تو اُن سے بھی اعلیٰ تر حالتوں سے اسے سابقہ پڑتا ہے۔جنہیں ہیبت واُنس کہا جاتا ہے۔کیونکہ! قبض وبسط کا تعلق امورِ حاضرہ سے ہے۔وارداتِ غیبی قلب پر وارد ہوں۔تو بسط ورنہ بند ہو جاتے ہیں۔اور نتیجے میں قبض پیدا ہو جاتا ہے۔جبکہ! خوف ورجاء کا تعلق مستقبل سے ہے۔امر مکروہ درحقیقت مستقبل سے خوف اور امرِ محبوب مستقبل سے رجاء کا پیدا ہونا ہے۔یہ سالک کے امورِ ابتدائی ہیں۔ وارداتِ قلبی سے تجاوز کر کے جب سالک دولتِ مشاہدہ سے سرفراز ہوتا ہے۔تو ہیبت وانسیت کے درمیان چوگان بنایا جاتا ہے۔ مشاہدہء جلال کا نتیجہ ہیبت جبکہ مشاہدہ جمال کا نتیجہ اُنسیت ہوتا ہے۔یا بعض کے نزدیک غیبت میں ہیبت اور صحو میں اُنس پیدا ہوتا ہے۔

لیکن صوفیائے محققین نے ہیبت واُنس سے بھی پناہ طلب کی ہے۔کیونکہ! وہ جلال و جمال کی تفریق سے بھی بلندتر پرواز کرنے اور آشیانہء ذات میں متمکن ہونے کے آرزومند رہتے ہیں۔اہلِ تمکین کے احوال تغیر سے بالا تر ہیں۔وہ عین وجود میں محو ہوتے ہیں۔اُن کے لئے تو نہ ہیبت ہے نہ اُنس۔نہ علم ہے اور نہ ہی حِس۔اور اُن کی ترقی بھی وجود ہی کے ذریعے سے ہوتی ہے۔

☆ **انبساط**۔بسط کے میدان سے نکل کر چھیاسی واں میدان'' انبساط '' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **فاوا الی الکھف ینشر لکم ربکم من رحمتہ** ۔(ترجمہ) پس تم غار میں پناہ لو۔تمھارا رب تمھارے لئے اپنی رحمت پھیلا دے گا۔(القرآن۔**16:18**) انبساط سے مراد حضوری سے لطف ہونا اور آرزوئے دیدار ہے۔طالبانِ دیدار تین قسم کے لوگ ہیں۔ پیروی کرنے والے جو کہ آنحضور نبی مکرم ﷺ کی اس دُعا کے مطابق دُعا کرتے ہیں۔**اسئلک لذۃ النظر الی وجھک** ۔(ترجمہ) اے اللہ تعالیٰ! میں تیرے رُخ مبارک کی جانب لذتِ نگاہ کا طلب گار رہوں۔(الحدیث)

اس طبقہ کے لوگوں کے لئے تین باتیں ضروری ہیں۔مقامِ دیدار کی طرف رجوع۔ خود کو (عجز وانکساری کی وجہ سے) دیدار کے قابل نہ سمجھنا۔ جنابِ سرورِ کائنات ﷺ کی مکمل اتباع کرنا۔ دوسری قسم کے وہ لوگ ہیں۔جو غافل ہیں۔مگر دیدار کے آرزو رکھتے ہیں۔وہ ایک عادت کے تحت ذاتِ باری تعالیٰ کے متلاشی ہیں۔ فی الحقیقت دیدار کے اہل تیسری قسم کے یہ لوگ ہیں۔ جنہیں قلبی انبساط میسر ہے۔اور ان کا نفس فانی ہو چکا ہے۔ دل میں (آتشِ عشق) فروزاں ہے۔ جن کی روح آرزو کے ساتھ یکجان ہے۔

☆ **سماع**۔ انبساط کے میدان سے نکل کر ستاسی واں میدان'' سماع '' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **ولو علم اللہ فیھم خیرا لاسمعھم** ۔(ترجمہ) اگر اللہ تعالیٰ ان میں کچھ بھلائی جانتا۔تو انہیں سنا دیتا۔(القرآن۔ **23:08**)

سماع کے تین مفاہیم ہیں۔ خواب سے بیدار کرنا ، سکون سے نکل کر حرکت اختیار کرنا ، کشتہء عشق کو پانی دینا۔

سالک کے لئے یہ جاننا نہایت ضروری ہے۔کہ! سویا ہوا کون ہے؟ آرام میں کون ہے؟ کشتہء عشق کسے کہتے ہیں؟ بہرحال!

سماع حیات بخش ہے۔اہلِ سماع تین قسم کے افراد ہیں۔ پہلا طبقہ وہ ہے۔جو سماع اور اس کی روح سے باطنی طور پر واقف ہے۔ دوسرا طبقہ وہ ہے۔۔

۔تیسرا طبقہ وہ ہے۔جس کے کیف وسرور کا مرکز ایک لطیفہء نور ہے۔جو سماع کے ظاہر و باطن اور اس کے اشارات کے درمیان مخفی ہے۔

پہلی قسم کے لوگوں نے سماع کو تین باتوں کے ساتھ قبول کیا۔گوش وہوش کے ساتھ۔ امتیازی صلاحیتوں کے ساتھ۔ فطرُا حرکات کے ساتھ۔

سماع نے اس طبقے کے لوگوں کو تین لذتوں سے باز رکھا۔ دنیوی آسائش سے۔ دنیوی غموں سے۔ دنیوی اشغال سے۔

دوسری قسم کے لوگوں نے سماع کو تین امور سے قبول کیا۔ گوش سے۔ لطافتِ نگاہ سے۔ نیازمندی کے ساتھ استفادہ کے باعث۔

سماع نے انہیں دو ہدیوں سے نوازا ہے۔ہر دکھ و تکلیف سے نجات۔ نکتہ ہائے حکمت سے۔

تیسرے طبقے کے لوگوں نے بھی سماع کو باتوں کے ساتھ قبول کیا ہے۔فنائے نفس کے ساتھ۔ دلِ مضطرب کے ساتھ۔سوزِ جاں کے ساتھ۔

انہیں یہ تین کیفیات میسر آئیں۔ محبت کے جھونکے۔ سرمستی ازل کی یاد۔ مسرتِ جاوید۔ (بقول شاعر حضرت شیخ احمد جامؒ)

جاں بریں یک بیت داد است آں بزرگ — آرے ایں گوہر زِ کانے دیگر است
کشتگانِ خنجرِ تسلیم را — ہر زماں از غیب جانے دیگر است

☆ **اطلاع۔** سماع کے میدان سے نکل کر اٹھاسی واں میدان'' اطلاع '' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **سنریھم اٰیٰتنا فی الاٰ فاق و فی انفسھم** ۔(ترجمہ) ہم عنقریب ان کو آفاق میں اور خود ان کی ذات میں اپنی نشانیاں دکھائیں گے۔(القرآن۔ **53:41**) سننے والے کی اطلاع کا مفہوم اللہ تعالیٰ کی جناب سے اپنے نصیب پر آگاہ ہونا ہے۔اطلاع پانے والے تین قسم کے افراد ہیں۔

اول: وہ اطلاع جو بیداریء دل کے ساتھ قرآن حکیم کے سننے والے کو تین چیزیں عطا کرتی ہیں۔ ایسا خوف جو خطا سے روکتا ہے۔ایسی اُمید جو خدمت پر ثابت قدم رکھتی ہے۔ایسا سکونِ قلب جو امرِ الٰہی کے ساتھ موافقت کرتا ہے۔ دوئم: ایسی اطلاع جو فراغتِ قلب کے ساتھ علم کے سننے والے کو تین چیزوں سے نوازتی ہے۔ عمل میں پاکیزگی۔عقل میں ہدایت۔ دل میں تونگری۔ سوئم: وہ اطلاع جس میں بصیرتِ قلب کے ساتھ اشارارتِ معرفت سننے والے کو تین باتوں سے بہرہ ور کرتی ہیں۔ عرفانِ خداوندی میں معاونت۔ ہیبتِ الٰہی کی تجلی۔ نسیمِ قرب۔

☆ **وجد۔** اطلاع کے میدان سے نکل کر نواسی واں میدان'' وجد '' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **و ربطنا علٰی قلوبھم اذ قاموا** ۔(ترجمہ) اور ہم نے ان کے دلوں کو مضبوط کر دیا۔جب وہ اُٹھ کھڑے ہوئے۔(القرآن۔ **14:18**) وجد سنگِ اختیار اور آہنِ نیازمندی کے درمیان آتشِ سوزاں کی مانند ہے۔یہ تین طرح کا ہے۔ نفس کے لئے۔ دل کے لئے۔ روح کے لئے۔ وہ وجد کہ نفس کو لاحق ہوتا ہے۔یہ باطنی وجد ہوتا ہے۔یہ وجد عقل پر چھا جاتا ہے۔ اس سے صبر و سکون درہم برہم ہو جاتا ہے۔ یہ اسرارِ الٰہی کو فاش کر دیتا ہے۔ وہ وجد کہ دل کو لاحق ہوتا ہے۔یہ وجد معنوی ہے۔انسانی قوت پر غالب آ جاتا ہے۔یہاں تک کہ اس سے! انسانی وجود حرکت میں آتا ہے۔ وہ نعرہ زنی کرتا ہے۔ اپنے کپڑے پھاڑ ڈالتا ہے۔وہ وجد کہ روح کو لاحق ہوتا ہے۔وجد شہودی ہے۔کیونکہ! اس میں حق تعالیٰ بندے پر نگاہ کرم ڈالتا ہے۔ اس میں! انسان کو اللہ تعالیٰ سے فی الفور حظِ وافر نصیب ہوتا ہے۔ اس کا نفس حقیقتِ ذات میں مستغرق ہو جاتا ہے۔ اس کی روح اس عالم سے منقطع ہونا چاہتی ہے۔

☆ **لحظہ۔** وجد کے میدان سے نکل کر نوے واں میدان'' لحظہ '' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **انظر الی الجبل فان استقر مکانہ فسوف ترٰنی** ۔(ترجمہ) آپ پہاڑ کی طرف دیکھیں۔پس اگر وہ اپنی جگہ پر قائم رہا۔تو آپ عنقریب مجھے دیکھیں گے۔(القرآن۔ **143:07**) صاحبِ وجد کے لحظہ سے مراد اس کا اپنے باطنی مقصد پر نگاہ ڈالنا ہے۔اس میں تین قسم کے لوگ شامل ہیں۔ پہلے وہ ہیبت زدہ انسان کہ جس نے! اپنے مقصد کی تلاش کی۔ زمانے کے مکر و فریب دیکھے۔ اور فانی ہو کر مقامِ وصول تک پہنچا۔ یہ وہ طبقہ ہے۔کہ! جس نے زہد اختیار کیا۔اور خدمت کو شعار بنایا۔ دوسرے وہ عاشق کہ جس نے! سعادتمندی کی تلاش کی۔ اس کا نشان پایا۔ علائق سے یکسو ہو کر مقامِ وصول تک پہنچا۔ یہ وہ طبقہ ہے۔کہ! جس نے احترام و حیاء کو اپنایا۔

تیسرے وہ دردمند لوگ کہ جنہوں نے! اپنے اوقات کو ملحوظ رکھا۔ نورِ خداوندی کو (اپنے ظاہر و باطن میں) پایا۔ ذاتِ حق میں مستغرق ہو کر مقامِ وصول تک جا پہنچا۔یہ وہ طبقہ ہے۔کہ! جس نے اپنے نفس سے انقطاع اختیار کیا۔اور نجات پائی۔ اسے اچھی طرح سمجھنا چاہیئے۔

☆ **وقت۔** لحظہ کے میدان سے نکل کر اکانواں میدان'' وقت '' کا نکلتا ہے۔ ارشادِ باری ہے۔کہ! **جئت علٰی قدر یٰموسی** ۔(ترجمہ) اے موسیٰ! آپؑ رسالت کے اندازے پر پہنچے۔(القرآن۔ **40:20**) وقت وہ ہے۔کہ! حق کے سوا اس میں اور کوئی چیز نہیں سما سکتی۔

وقت تین قسم کے لوگوں کو محیط ہے۔ ایک کا وقت برق کی طرح سبک رو ہے۔ دوسرے کا وقت پائیدار ہے۔ تیسرے کا وقت غالب ہے۔

جو وقت برق کی طرح ہے۔وہ باطنی کدورتوں کو صاف کرنے والا ہے۔برق کی سی سرعت رکھنے والا وقت فکر سے جنم لیتا ہے۔یہ دنیا و مافیہا سے بے نیاز کر دیتا ہے۔یہاں تک کہ آخرت کا ذکر روشن ہو جاتا ہے۔ جو وقت پائیدار ہے۔وہ انسان کو ہر لحظہ ذاتِ حق کے ساتھ مشغول رکھنے والا ہے۔یہ لذتِ ذِکر سے پیدا ہوتا ہے۔اور اُخروی لذتوں کو محو کر دیتا ہے۔تا آنکہ! انسان کو مشاہدہء ذاتِ حق حاصل ہو جاتا ہے۔ جو وقت غالب ہے۔وہ ہلاک کر دینے والا ہے۔یہ سماعِ مشاہدات سے ظہور پذیر ہوتا ہے۔یہ انسانی رسوم و قیود کو ختم کر دیتا ہے۔یہاں تک کہ ماسوا اللہ یکسر فراموش ہو جاتے ہیں۔

☆ **نفس۔** وقت کے میدان سے نکل کر بیانواں میدان'' نفس '' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **فلما آفاق قال سبحٰنک** ۔(ترجمہ) جب حضرت موسیٰ کلیم اللہؑ ہوش میں آئے۔تو فرمانے لگے۔کہ! تیری ذات پاک ہے۔(القرآن۔ **143:07**) نفس اپنے وقت کا مالک ہے۔اور اس میں کسی چیز کی آمیزش نہیں۔

اہلِ حقیقت کے انفاس کی تین اقسام ہیں۔ توبہ کرنے والوں کی آہ و زاری۔ عاشق و بےخود کا جوش و خروش۔ اہلِ وجد کی نعرہ زنی۔

توبہ کرنے والے کی آہ و زاری! شیطان کو دور کرتی ہے۔ گناہوں کو دھوڈالتی ہے۔ کشائشِ قلب کا موجب ہے۔

سرمست و سرشار انسان کا جوش و خروش! دنیوی محبت کو ختم کر دیتا ہے۔اسبابِ دنیوی سے بے نیاز کر دیتا ہے۔مخلوق کو فراموش کر دیتا ہے۔(یاد رہے۔کہ) اہلِ وجد کی نعرہ زنی! روح میں درد و گداز پیدا کرتی ہے۔دل کو پیاسا رکھتی ہے۔حجابات اُٹھا دیتی ہے۔

☆ **مکاشفہ** ۔نفس کے میدان سے نکل کر تر انواں میدان '' مکاشفہ '' کا نکلتا ہے ۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔کہ! **ما کذب الفواد ما رای** ۔(ترجمہ) جو کچھ آپ نے دیکھا ۔آپ کے دل نے اسے جھوٹ نہ جانا۔(القرآن ۔ 11:53) مکاشفہ حق کا دل سے دیدار کرنا ہے۔

مکاشفہ کی تین علامات ہیں۔ ذِکر کے باعث دل کا استغراق۔ نظر کے مشاہدات سے ذہن کا معمور ہونا۔ ضمیر کا حقیقتِ امور سے مطلع ہونا۔

ذِکر کے باعث دل کا استغراق تین باتوں سے عبارت ہے۔ حقیقت سے لبریز گفتار۔ خلق سے بے زاری۔ دُعا کا الہام۔ لطائفِ نظر سے ذہن کے معمور ہونے کی تین نشانیاں ہیں۔ احوال پر غالب آنا۔ صدقِ معاملہ پر مداومت ۔ایک ارفع واعلیٰ مسرت (نعیمِ اُخروی) سے شناسا ہونا۔ ضمیر کے حقیقت سے مطلع ہونے کے بھی تین نشانات ہیں۔ انسان سکون و اطمینان حاصل کرتا ہے۔ اسے ملائکہ کا سا وقار نصیب ہوتا ہے۔ اسے اہلِ دین کی استقامت میسر آتی ہے۔ کچھ لوگوں کو مشاہدے اور معائنے میں فرق کا پتا نہیں چلتا ۔حالانکہ! مکاشفہ سے مراد حضوری ءمعنوی ،ناسوت وملکوت و جبروت و لاہوت کا نفس و دل و روح و سر کے سامنے آشکار ہو جانا ۔اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں کو اُن واقعات سے پہلے سے ہی مطلع فرما دینا ، جو دنیا میں پیش آنے والے ہیں ۔(اسی طرح سے) معائنہ سے مراد نورِ تجلیاتِ ذاتِ بے کیف و بے جہت و بے مثل و بے مثال کا دلِ سالک پر چمکنا۔یعنی رویئیتِ الٰہی بلا حجابِ تعین۔

☆ **سرور** ۔ مکاشفہ کے میدان سے نکل کر چورانوں میدان '' سرور '' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔کہ! **فبذٰلک فلیفر حوا . هو خیر مما یجمعون** ۔(ترجمہ) پس چاہیئے ۔کہ! لوگ اس سے خوش ہوں۔وہ اس سے بہتر ہے۔جو وہ جمع کرتے ہیں۔(القرآن ۔58:01) سرور سے مراد مسرت ہے۔

جملہ مسرتیں تین اقسام کی ہیں۔ پہلی مسرت جو کہ معصیت پر حرام ہے۔ دوسری دنیا پر مسرت کا اظہار مکروہ ہے۔تیسری مسرت واجب ہے۔ پہلی مسرت جو کہ معصیت پر حرام ہے۔وہ بایں طور پر حرام ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔کہ! **لا تفرح ان الله لا یحب الفرحین** ۔(ترجمہ) تُو مت اِترا۔بے شک اللہ تعالیٰ اترانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔(القرآن ۔58:01) اور ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **انه لفرح فخور** ۔(ترجمہ) بے شک! وہ انسان خوشیاں منانے والا اور فخر کرنے والا ہے۔(القرآن ۔72:28) دوسری مسرت یعنی دنیا پر مسرت کا اظہار مکروہ ہے۔جیسا کہ ذاتِ باری تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ! **وفرحوا بالحیٰوۃ الدنیا** ۔(ترجمہ) اور کافر دنیوی زندگی پر خوش ہو رہے ہیں۔(القرآن ۔26:13) اور ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔کہ! **ولا تفرحوا بما اٰتٰکم** ۔(ترجمہ) اور جو اس نے تمھیں دیا۔اس پر مت اِتراؤ۔ (القرآن ۔23:57) تیسری مسرت کہ واجب ہے۔حق تعالیٰ کے ساتھ خوش رہنا ہے ۔جیسا کہ مولا کریم نے ارشاد فرمایا۔ **فاستبشروا ببیعکم الذی بایعتم به** ۔(ترجمہ) پس جو سودا آپ نے کیا۔اس سے کیا ہے۔اس پر خوش رہیں۔(القرآن ۔111:09) حرام پر اظہارِ مسرت سے ! دل مر جاتا ہے۔ انسان کے ہاتھ پاؤں ٹوٹ جاتے ہیں۔ اس کے دوست دشمن بن جاتے ہیں ۔مکروہ مسرت سے! آبرو ریزی ہوتی ہے۔ فتنے اُمڈ آتے ہیں۔ عمر کا زیاں ہوتا ہے۔ مسرتِ واجب تین طرح کی ہے۔ پہلی قسم ، ایک مسلمان کی مسرت ! جس نے حجاباتِ نفسانی کو دور کر دیا۔ بابِ رحمت کھولا۔ اور بارگاہ ایزدی میں پہنچا دیا۔دوسری قسم ،احساناتِ خداوندی پر اظہارِ مسرت کی ہے ۔جس نے ! عتابِ الٰہی سے بچایا۔ آرشوئے بہشت سے بے نیاز کر دیا۔ اور حقیقت سے شاد کام کیا۔ تیسری قسم ،دوستی سے متعلق ہے۔ جو کہ! انسان کو خلق کے بغیر اُنس عطا کرتی ہے۔ خزانے کے بغیر تونگر کر دیتی ہے۔ سپاہ ولشکر کے بغیر اعزاز و اکرام بخشتی ہے۔

☆ **انس** ۔ سرور کے میدان سے نکل کر پچانواں میداں '' اُنس '' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔کہ! **واذا سالک عبادی عنی فانی قریب** ۔(ترجمہ) اے میرے حبیب! جب میرے بندے میرے بارے میں دریافت کریں ۔تو آپ فرما دیں۔ میں (بلاشبہ ،ان کے بالکل ہی) قریب ہوں ۔(القرآن ۔186:02) اُن سے مراد قربِ محبوبِ حق میں آرام و آسائش پانا۔ قربِ محبوب میں آرام و آسائش پانا تین قِسم کے لوگوں کو میسر ہے۔ اس مریدِ صادق کو جو وعدہ ءخداوندی کو سُن لے۔ اس عارفِ کامل کو، کہ جسے (منزلِ مقصودِ حقیقی کا) نشان مل جائے۔ اس عاشقِ صادق کو، کہ جو اپنی مرادِ حقیقی کی جانب نگران رہے۔ وہ مرید صادق جو وعدہ ءالٰہی سن پائے ۔اس میں تین نشانات ظاہر ہوتے ہیں۔حلاوتِ خدمت۔تمام جانداروں (جن وانس ، چرند پرند، پھل پھول بیل بوٹے ،درخت شاخیں ٹہنیاں وغیرہا) پر (اپنی اولاد کی طرح حقیقی شفقت)۔ اخلاص دعوت۔

وہ عارفِ کامل کہ جسے (منزلِ مقصودِ حقیقی کا) نشان مل جائے۔ دُعا کے ساتھ مانوس ہونا۔ شیرینیء فکر۔ زندگی سے سیر چشمی۔

وہ عاشقِ صادق کہ جو اپنی مرادِ حقیقی کی جانب دھیان رکھے۔اس میں تین علامات ظاہر ہوتی ہیں۔ آزادی۔،سرت ۔بے قراری۔

زمن بر صوفی و مُلا سلامے، کہ پیغامِ خدا گفتند مارا ولے تاویلِ شاں در حیرت انداخت ، خدا وجبرائیل و مصطفٰے را

☆ **دھشت** ۔اُنس کے میدان سے نکل کر چھیانواں میدان '' دہشت '' کا نکلتا ہے۔ دہشت کا مفہوم یہ ہے ۔کہ! کوئی غلبہءمحبت میں اپنے وجود سے آزاد اور اپنی ذات سے جدا ہو۔ دہشت ایک حال ہے ۔کہ! جس میں! جسم ،صبر کی طاقت نہیں رکھتا۔ دل ،عقل کی طرف مائل نہیں ہوتا۔ نگاہ امتیاز نہیں رکھتی۔ جسم اس لئے صبر کی طاقت نہیں رکھتا ۔کیونکہ! دل ،حصولِ فراغت میں عاجز آجاتا ہے۔ ہیبت انسان کے جان و دل کے مابین تفرقہ ڈال دیتی ہے۔ طاقت کا سلطان کمزور ہو جاتا ہے۔ دل ،عقل کی طرف اس باعث مائل نہیں ہوتا ۔کیونکہ! روح اسے بلاتی ہے۔ اس میں کیفیتِ وجد پیدا ہوتی ہے۔تشنگیء باطن ،شدت اختیار کر لیتی ہے۔ نگاہ میں امتیاز اس لئے نہیں رہتا ۔کیونکہ! وہ مشاہدے کے نور میں مستغرق ہو جاتی ہے۔ لطفِ خداوندی کی ندا اسے پہنچتی ہے۔ حجاباتِ وجود ،انسان کے سامنے سے اُٹھ جاتے ہیں۔

☆ **مشاھدہ**۔ دہشت کے میدان سے نکل کرستانواں میدان'' مشاہدہ '' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **او القٰی السمع وھو شھید** ۔(ترجمہ)یا جس نے (قلب سے) متوجہ ہوکرسُنا۔اوروہ اس پر گواہ ہے۔(القرآن ۔ **37:50**)مشاہدے کامفہوم،خالق اورمخلوق کے مابین جملہ حجابات کا اُٹھ جانا ہے۔اس (مقامِ مشاہدہ) تک رسائی تین باتوں سے عبارت ہے۔ علم کے درجے سے حکمت کے درجے تک پہنچنا۔ صبر کے درجے سے تصفیہء باطن کے درجے تک پہنچنا۔ معرفت کے درجے سے حقیقت کے رُتبے تک پہنچنا۔ ایک سالک علم کے درجے سے حکمت کے مرتبے تک تین باتوں کے باعث پہنچ سکتا ہے۔ علم پرعمل پیراہوکر۔ احکاماتِ الٰہی کی تعظیم سے۔ سنتِ نبوی ﷺ کی حقیقی ودائمی پیروی سے۔ یہ واقعتاً اہلِ حکمت کا مقام و مرتبہ ہے۔ ایک سالک صبر کے درجے سے تصفیہء باطن کے مقام ومرتبہ تک تین باتوں کی وجہ سے پہنچ پا تا ہے۔ باہمی نزاع ترک کرکے۔ اپنی حکمتِ عملی سے کنارہ کش ہوکر۔ رضائے الٰہی کوخود پرلازم کرنے سے۔ یہ اہلِ رضا کا مقام ومرتبہ ہے۔

ایک سالک معرفت کے درجے سے حقیقت کے مقام ومرتبے تک تین باتوں کے ذریعے سے پہنچتا ہے۔ خلوت میں اوامرِ الٰہی کا احترام کرنے سے۔ رفاقت میں ایثاراختیارکرنے سے۔ اپنی خدمت سے شرمسارہوکر۔

☆ **معائنہ** ۔مشاہدہ کے میدان سے نکل کراٹھانواں میدان'' معائنہ '' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **الم تر الی ربک کیف مد الظل** ۔(ترجمہ) بھلاآپ نے اپنے پروردگار کی قدرت کونہیں دیکھا۔کہ وہ کس طرح سے سائے کو پھیلا دیتا ہے۔(القرآن ۔ **45:25**)معائنہ کا مفہوم کامل طور پر دیکھنا ہے۔اوروہ تین باتوں سے عبارت ہے۔ محبت کوقبولیت کی آنکھ سے دیکھنا۔ ہرفرد کوانفرادی نگاہ سے دیکھنا۔ حاضرکوحضوری کی نگاہ سے دیکھنا۔ محبت کوقبولیت کی آنکھ سے دیکھنے سے مراد یہ ہے۔کہ! ایسے انسان نے عذر کی آواز کوقبول کیا۔ اس نے ندائے لطف کی قبولیت چاہی۔ اس نے ارادے کی ندا کوقبول کیا اورشعور کی آغاز پر لبیک کہا۔ ہرفرد کوانفرادی نگاہ سے دیکھنے سے مراد یہ ہے۔کہ! ہدایت میں منفرد ہے۔کہ اس نے ذاتِ واحد کی شہادت دی۔ معرفت میں منفرد ہے۔کہ اس نے ذاتِ واحد کا شکر یہ ادا کیا۔ رعایت میں بھی منفرد ہے۔کہ! اس نے ذاتِ وحدہ لاشریک ہی سے اپنی ارادت قائم رکھی۔ حاضرکوحضوری کی نگاہ سے دیکھنے سے مراد یہ ہے۔کہ! اپنی ذات سے دوسری کی حالت میں مقربانِ بارگاہِ لم یزل کا قرب اختیارکرنا۔ اپنی ذات سے حجاب کی صورت میں اہلِ حضور کے پاس حاضر ہو۔کیونکہ! وہ ذات تواپنی جانب قصد کرنے والوں سے بالکل بھی دورنہیں۔ اوراہلِ طلب سے گم بھی نہیں۔اورنہ ہی اہلِ ارادت سے غائب ہے۔

☆ **فناء**۔ معائنہ کے میدان سے نکل کرنناواں میدان'' فناء '' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **کل شیءٍ ھالک الا وجھہ . لہ الحکم والیہ ترجعون** ۔(ترجمہ) اس کی ذاتِ پاک کے سواہر چیز ہلاک ہوجانے والی ہے۔حکم اسی کا ہے۔اورتم اسی کی طرف لوٹ کرجاؤ گے۔(القرآن ۔ **88:28**) فنا سے مراد نیستی ہے۔اورنیستی دراصل تین چیزوں کے تین چیزوں میں فنا ہونے سے عبارت ہے۔

فناء بغیر بقاء کا مزہ نہیں مِلتا خودی مٹاؤ نہ جب تک ، خدا نہیں مِلتا

تلاش کا یافت میں فنا ہوجانا۔ عرفان کا اس میں فنا ہونا کہ! جس کا عرفان ہوچکا ہو۔ دیکھنے کا اس میں فنا ہونا ،کہ جسے دیکھ لیا جائے۔

ہے بقاء عشق کی راہوں میں فنا ہو جانا خود میں رہنا ، نہ کبھی خود سے جدا ہو جانا

حادث ، لایزل وقدیم ذات کے بارے میں کیا جان سکتا ہے۔جوذات کہ باقی ہے۔اس کا فانی سے کیا علاقہ ۔ وہ ذاتِ والا صفات ، بے استحقاق انسان کے ساتھ کیسے مل سکتی ہے۔ ماسوا جس قدر ہیں ۔وہ تین باتوں پر مبنی ہیں ۔

جوچیزنہیں رہی۔ وہ ماضی ہے۔ جوگم ہے۔ وہ حال ہے۔ جس کاعلم نہیں۔ وہ مستقبل ہے۔

پس ذاتِ حق تعالیٰ کے سوادنیا وما فیہا ہر چیز فانی ہے۔اورہستی کی شان اسی کو ہی زیبا ہے۔لہذاہستی جس قدر ہے۔وہی ہے۔

گر فنا خواہی ، زِ خود آزاد شو گر بقاء خواہی ، بخود آباد شو

وہ بارش جودریا وسمندر میں جا پہنچی۔ سوپہنچ ہی گئی۔ تمام ستارے دن کے وقت ناپید ہوگئے۔ جواپنی ذات (یعنی نفس) تک پہنچا۔وہ یقیناً مولائے کل مولائے حق تک بھی پہنچ گیا۔ ان شاءاللہ۔ (**من عرف نفسہ فقد عرف ربہ**)

بقول مولانا عارف رومیؒ : مَیں نے اللہ تعالیٰ سے عرض کیا۔کہ! مَیں آپ کو جاننے سے پہلے مرنا نہیں چاہتا۔تواللہ تعالیٰ نے جواباً فرمایا۔کہ! جو مجھے جان گیا۔وہ کبھی نہیں مرتا۔(بقولِ علامہ محمد اقبالؒ)

فنا فی اللہ کی تہہ میں ، بقاء کا راز مضمر ہے جسے مرنا نہیں آتا ، اُسے جینا نہیں آتا

☆ **بقاء**۔ فناء کے میدان سے نکل کرسوواں میدان'' بقاء '' کا نکلتا ہے۔ارشادِ باری تعالیٰ ہے۔کہ! **واللہ خیر وابقٰی** ۔(ترجمہ) اوراللہ تعالیٰ ہی بہتراوردائماً باقی رہنے والا ہے۔(القرآن ۔ **73:20**) **کل من علیھا فَان . و یبقٰی وجہ ربک ذوالجلال والاکرام** ۔ (ترجمہ) ہرشئے فنا ہونے والی ہے۔اور(صرف) آپ کے رب ہی کی ذات باقی رہے گی۔جوجلاّل واکرام ہے۔(سورہ رحمٰن)

بقاء سے مراد ایک ایسا مقام ومرتبہ کہ جودائماً ہو۔جس کوکبھی فنا نہ ہو۔کیونکہ! بقاء کے میدان میں صِرف اورصِرف اللہ تعالیٰ ہی کی ذات ہے۔اوربس۔کیونکہ! وہ تمام علائق میں منقطع ہے۔تمام اسباب میں مضمحل ہے۔تمام رسوم میں باطل ہے۔

تمام حدود میں میں لا شئے ہے ۔ ہرفہم میں فانی ہے ۔ جملہ تاریخ میں مہمل ہے ۔ تمام اشارات میں ختم ہے ۔ تمام عبارات میں مسترد ہے ۔ خیر میں زائل ہے ۔ بے شک وہ توحقِ یکتا ہے ۔ جبکہ طالبِ حق اپنی ذات کے ساتھ باقی ہے ۔ یادر ہے ۔ کہ!

یہ صدمیدان تمام کے تمام عشقِ الٰہی میں سرشار ہوکرقربِ رحمانی میں جاکرختم ہوجاتے ہیں ۔ عشق کا میدان ، دوستی کا میدان ہے ۔ اوردوستی کا میدان ،محبت کا میدان ہے ۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے ۔ کہ! **یحبھم و یحبو نھم** ۔ (االلہ اُن کو چاہتا ہے ۔ اوروہ اللہ تعالیٰ کو چاہتے ہیں) اسی طرح سے ارشادِ ربانی ہے ۔ کہ! **قل ان کنتم تحبون اللہ** ۔ (کہو ۔ کہ اگرتم اللہ تعالیٰ سے محبت کرتے ہو ۔) لیکن دوستی کے بھی تین میدان ہیں ۔ راستی ۔ مستی ۔ نیستی ۔ حدیثِ نبوی ﷺ میں آیا ہے ۔ کہ! خبردار ہو جاؤ ۔ عقل کی علامات میں سے یہ ہیں ۔ (کہ) دُنیائے فانی سے کنارہ کشی کرنی ، آخرت کی طرف توجہ دینا ، قبر میں رہنے کے لئے توشہ اختیار کرنا اور قیامت کے حساب کتاب کے لئے تیاری کرنا ۔

حق تعالیٰ ھُو کے ساتھ آشنائی سے دوست داری تک ہزار مقامات ہیں ۔ اور آ گاہی سے دلیری تک ہزار منازل ہیں ۔ اور یہ **صد میدان** ان سب پرمحیط ہیں ۔ اور ہمیشہ کی طرح صِرف اور صِرف اللہ تعالیٰ ہی سے استعانت طلب کی جاتی ہے ۔ تا کہ اُسی ذاتِ باری تعالیٰ کا حقیقی و دائمی قرب حاصل ہو سکے ۔ انشاءاللہ العظیم ۔ نہ کہ دنیاوی عیش وعشرت کی محبت ۔

دیکھے ہیں بہت ہم نے ہنگامے محبت کے آغاز بھی رُسوائی ، انجام بھی رُسوائی

مغزِ صد میدان : حضرت ابونصر سراجؒ اپنی کتاب ''اللمع فی التصوف'' میں فرماتے ہیں ۔ کہ! کسی پوچھنے والے نے پوچھا ۔ کہ! حدیث کی نسبت اصحابِ حدیث ، فقہ کی نسبت فقہاء ، زہد کی نسبت زہاد ، توکل کی نسبت متوکلین اور صبر کی نسبت صابرین ہے ۔ لیکن صوفیاء کی نسبت کس سے ہے؟ تو جواب مِلا ۔ کہ! صوفیاء کی نسبت نہ تو کسی علم سے ہے ۔ اور نہ کسی حال سے ہے ۔ وہ (صوفیاء) تو درحقیقت جملہ علوم (وفنون) کے معدن اور جمیع نیک اعمال واخلاق کے مخزن ہیں ۔ کیونکہ! وہ مسلسل ایک حال (وکیفیت) سے دوسرے حال (وکیفیت) کی جانب گامزن رہتے ہیں ۔ اور ان پر غالب خصوصیات لحہ بہ لحہ بدلتی رہتی ہیں ۔ اسی لئے انہیں ان کے احوال (وکیفیات اور مشاہدات) میں کسی حال پر منسوب (ومحمول) نہیں کیا جا سکتا ۔

دوسروں کو وہ نصیحت کہ جس پر خود عمل نہیں کرتے ۔ (قرآنِ حکیم میں ہے) **لم تقو لون ما لا تفعلون** ۔ کیوں کہتے ہووہ (کہ) جس پرخودعمل نہیں کرتے ۔ **کبر مقتا عنداللہ ان تقولوا مالا تفعلون** ۔ اللہ تعالیٰ کوسخت ناپسند ہے وہ بات ۔ کہ جو (دوسروں کو تو) کہو ۔ مگر خود (اُسی نصیحت وبات پر) عمل نہ کرو ۔ (سورہ الصّف) صحیح بخاری کی ایک حدیث میں آیا ہے ۔ کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ۔ کہ! ایک شخص کو (بروزِ قیامت) لایا جائے گا ۔ اوراسے آگ میں ڈال دیا جائے گا ۔ پھر وہ اس میں چکی پیسے گا ۔ جیسے گدھا (چکی) پیتا ہے ۔ پھر دوزخ کے لوگ اس (شخص) کے چاروں اطراف میں جمع ہو جائیں گے ۔ اور کہیں گے ۔ (کہ) اے فلاں! کیا تم نیکیوں کا حکم کرتے اور برائیوں سے روکا نہیں کرتے تھے؟ وہ شخص کہے گا ۔ میں اچھی بات کے لئے کہتا تو ضرور تھا ۔ لیکن خود (اُس اچھی بات پر عمل) نہیں کرتا تھا ۔ جبکہ بُری بات سے روکتا بھی تھا ۔ لیکن خود (بھی وہ برے اعمال کیا) کرتا تھا ۔

میانِ خالق و مخلوق رمزیست کراماً کاتبین را ہم خبر نیست

ایک آیت کا مفہوم : الستُ بر بکم ، قالُوا بلٰی ۔۔۔ (تشریح وتفسیر)

انبیاءِ کرامؑ نے دوسجدے کئے ، عوام مؤمنین نے ایک سجدہ کیا ۔ جبکہ کفار نے سجدہ نہیں کیا ۔ مگر اس بات کی سند موجود نہیں ۔ البتہ چند احادیث وآیات سے یہ ضرور معلوم ہوتا ہے ۔ اس روز کو ''روزِ الست'' یا ''روزِ ازل'' بھی کہا جاتا ہے ۔ (بہرحال! بقولِ بعضے) چار میثاق لئے گئے تھے ۔ ۱ ۔ اول تو پانچ اولُ العزم انبیائے کرامؑ سے کہ جن میں آنحضرت رسالت مآب خاتم النبیین ﷺ ، حضرت نوحؑ ، حضرت ابراہیمؑ ، حضرت موسیٰؑ ، حضرت عیسیٰؑ بن مریمؑ سے اول میثاق لیا گیا ۔ ۲ ۔ دوسرا میثاق باقی جُملہ انبیاءؑ سے لیا گیا تھا ۔ ۳ ۔ تیسرا میثاق عُلمائے عُظام سے لیا گیا تھا ۔ ۴ ۔ چوتھا میثاق عوام الناس سے لیا گیا تھا ۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اسی ضمن میں فرمایا کہ! **واذ اخذنا من النبیین ۔۔۔۔ منھم میثاقا غلیظا** ۔ اور یاد کیجئے وہ وقت جب لیا ۔ ہم نے میثاق (یعنی عہد) پیغمبروں سے اور آپ ﷺ سے اور حضرت نوحؑ سے اور حضرت ابراہیمؑ سے اور حضرت موسیٰؑ سے اور حضرت عیسیٰؑ بن مریم سے لیا ۔ ہم نے ان لوگوں سے مستحکم عہد ۔ اسی طرح دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا ۔ **واذ اخذاللہ میثاق ۔۔۔ بہ ولتنصرنہ** ۔ اور یاد کیجئے ۔ اس وقت کو جب عہد لیا گیا ۔ اللہ تعالیٰ کا پیغمبروں سے ، جو کچھ دوں میں تم کو کتاب اور حکمت سے پھر آوے ۔ تم لوگوں کے پاس پیغمبر تصدیق کرنے والا اس چیز کی جو تمھارے پاس ہے ۔ تو تم لوگ اس پر ایمان لانا ۔ اوراس کی مدد کرنا ۔ تیسرے مقام پر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ! **واذ اخذاللہ میثاق ۔۔۔ للناس ولا تکتمونہ** ۔ اور یاد کیجئے ۔ اس وقت کو کہ جب عہد لیا ۔ اللہ تعالیٰ نے اہلِ کتاب سے یہ کہ ضرور بیان کرنا ۔ تم لوگ دوسرے لوگوں سے جو کچھ اس کتاب میں ہے ۔ جو تم لوگوں کو دی گئی ہے ۔ اورتم لوگ وہ نہ چھپانا ۔

تفسیر از حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ: حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ اپنے کلام ''شاہ جورسالو'' میں فرمایا ہے ۔ کہ! ''الستُ بربکم'' ایک عہدِ زریں کا نام ہے ۔ اورانہوں نے اس عہد کو ''عشقِ حقیقی'' کی بنیاد قرار دیا ہے ۔ ان کے نزدیک روحوں کا ''بلٰی'' کہنا صرف زبان سے اقرار نہیں تھا ۔ بلکہ یہ محبت کا پہلا نغمہ تھا ۔ روحیں اپنے محبوبِ حقیقی (اللہ) کے جمال کو دیکھ کراس پرفدا ہوگئیں ۔ حضرت شاہ صاحبؒ کے مطابق ''الست'' صرف ماضی کا ایک واقعہ نہیں ۔ بلکہ ایک موجودہ کیفیت ہے ۔ جوشخص اپنے دل کی دنیا کو پاک کرلیتا ہے ۔ اسے اپنے اندر ''الست بربکم'' کی بازگشت سنائی دیتی ہے ۔

اُمتِ محمدیہ ﷺ کے لئے لمحہءفکریہ :(مسلمانوں کی پستی کے اسباب وحقائق ۔ **سلطنتِ عثمانیہ کا قیام**)

تمہیدًا یہ عرض کرتا چلوں ۔کہ! کیا وجہ ہے۔کہ! آج اُمتِ مسلمہ جو کہ دولت مند، عقل مند مختلف الاقسام ذرائع کے میسر ہوتے ہوئے، جنگی صلاحیت و مہارت رکھنے اور تعداد میں اس قدر کثرت ہونے کے باوجود صیہونی صلیبی و یہودی اقوام و غیر مسلم قوتوں پر انحصار کرنے پر مجبور رہے۔ یاد رہے۔کہ! صلیبی وصیہونی اور غیر مسلم قوتوں کا مسلمانوں کے بارے میں ایک صریح و واضح قانون ہے۔کہ! **First divide then rule** پہلے انہیں (یعنی اُمتِ مسلمہ کو) فرقوں یا گروہوں یا جماعتوں میں تقسیم کریں۔ جب یہ بکھر جائیں تو اِن پر حکمرانی کریں۔اوران کے بڑے بڑوں کو زن، زر اور زمین جیسی آسائشیں دے کر خرید اجائے۔ اگر مسلم حکمران صرف اور صرف پانچ باتوں پر بھی عمل کرلیں۔تو یہی مسلمان دنیا کی عظیم ترین قوت (**Super Power**) بن سکتے ہیں۔جیسے کہ! سلطنتِ عثمانیہ نے چھ ہجری سے تیرہ سو ہجری تک تین براعظموں پر احسن طریق سے حکومت چلائی۔

1۔ تمام مسلمان قرآنی تعلیمات کے مطابق عمل پیرا ہو جائیں۔یعنی **اطیعوا اللہ و اطیعوا الر سول** کو تھام لیں۔ 2۔تمام مسلم ممالک بالخصوص عرب ممالک کے صاحبینِ دولت وثروت غیر مسلم ممالک کے بینکوں سے اپنا پیسہ نکال لیں۔ 3۔ غیر مسلم ممالک کو تیل (**Petrol, Diesel & Carosene Oil**) دینا بند کردیں۔ 4۔غیر مسلم ممالک (بالخصوص یورپی ممالک) کے ساتھ اپنے ہر قسم کے تعلقات کو محدود کرلیں۔ اور مسلم ممالک آپس میں کامل اتحادی بن جائیں۔ 5۔ آج جیسے (**U-N-O**) موجود ہے۔اسی طرز کی ایک اسلامی (**I.U-N-O**) بنائی جائے۔تا کہ! غریب ممالک کی نہ صرف ہر طرح کی مالی و معاشی معاونت کی جائے۔ بلکہ طاقتور ممالک کو ان غریب ملکوں پر ظلم وستم سے بھی باز رکھا جائے۔جیسا کہ آج کل فلسطین وکشمیر کا حال ہے۔فلسطین پر قبضہ ہوا چلا ہے۔ہزاروں مسلمان شہید ہو چکے ہیں۔کسی بھی مسلمان ملک میں باوجود جنگی فوجی وجنگی ہتھیار اور کثیر دولت کے بھی کچھ کرنے کی ہمت وجرأت نہیں ہے۔ افسوس صد افسوس۔ظلم کی انتہاء تو یہاں تک ہے۔کہ! سعودی حکومت نے اپنی زمین کا ایک ساحلی علاقہ (نیوم سٹی) اسرائیل کو تحفتًا عطا کر دیا ہے۔یہ واپس لے لیں۔ تو یہ دوبارہ اپنی کھوئی ہوئی ساکھ کو بحال کر کے پوری دنیا پر اسلامی راج قائم کر سکتے ہیں۔جیسا کہ خلفائے راشدین ؓ کے دور میں اور سلطنتِ عثمانیہ کے دور میں تھا۔اور حضرت امام مہدی ؓ کے دور میں بھی ضرور بالضرور ہو گا۔(انشاءاللہ العظیم) بہر حال برسرِ مطلب! ہم دوبارہ موضوع کی طرف آتے ہیں۔کہ خدائی طاقت ہمیشہ سے حق کے ساتھ رہی ہے۔ 1۔سب سے پہلے میں سورہ فیل میں مذکور واقعہ کی طرف توجہ دلانا چاہوں گا۔کہ! اللہ تعالیٰ نے اتنے بڑے مسلح وجرار لشکر کو ابابیل جیسے ایک چھوٹے سے پرندے کے ساتھ ساتھ معاونت فرمائی۔کہ جس سے خانہ کعبہ شریف اور مکین مکہ معظمہ محفوظ و مامون رہے۔اور اُس لشکر کی وہ حالت کر دی۔کہ! جیسا کوئی کھایا ہوا بھُس ۔۔۔ 2۔اس کے بعد میں آپ قارئین کی خدمت میں غزوہءبدر کی فتح کی تصویر پیش کرنا چاہوں گا۔کہ! جس میں اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کی افواج بھیج کر آنحضور نبی مکرم ﷺ کی معاونت فرمائی۔اور مسلمانوں کی قلیل وغیر مسلح فوج کو عظیم فتح سے سرفراز فرمایا۔ 3۔اس کے بعد میں حضرت عمر فاروق ؓ کے دورِ خلافت میں فتوحات شام ومصر وفارس کے نقوش آپ قارئین کے سامنے رکھتا ہوں۔کہ! باوجود کم تعدادِ افواج واسلحہ کے، کیسے ان جانباز صحابہءکرام وتابعین ؒ نے کفار کو شکست سے دوچار کیا۔اور اِن کو لوہے کے چنے چبوائے۔بالخصوص جنگ یرموک (اور فتوحات شام ومصر وفارس) میں مسلمانوں کی فتح، جو کہ آج تلک عیسائیوں کے لئے سبقِ عبرت اور شکستِ فاش ہے۔ 4۔اس کے بعد ہم محمد بن قاسم کے دور کو دیکھتے ہیں۔کہ! ایک معمولی سا لشکر لے کر اتنے بڑے ہندو بادشاہ (راجا دائر) کو شکست سے دوچار کرتا ہے۔اور ہندوستان کے ایک بہت بڑے رقبے کو ظلم وستم سے آزاد کرا دیا۔ 5۔اس کے بعد ہم طارق بن زید یا شہاب الدین غوری، بابر، یوسف بن تاشفین، امیر تیمور اور دیگر کئی مسلم فاتحین کو دیکھتے ہیں۔کہ! اُن کی فتوحات کا سلسلہ بے سروسامانی کے باوجود کہاں سے کہاں تک جاتا ہے۔ 6۔تاریخ گواہ ہے۔کہ! سلطان صلاح الدین ایوبی ؒ فاتح بیت المقدس کو حضرت خواجہ یوسف ہمدانی ؒ کی دعا ومشاورت حاصل تھی۔ 7۔اس کے علاوہ اگر ہم سلطنت عثمانیہ کی بنیاد کو دیکھیں۔جو کہ بہت ہی سبق آموز تاریخ کا ایک نہایت سنہری باب ہے۔کہ ترک کا ایک معمولی سا قبیلہ اوغوز خان کی ترک نسل کے سرداران مثل سلیمان شاہ پھر ارتغرل غازی ؒ اور پھر بانیءسلطنتِ عثمانیہ جناب عثمان غازی ؒ نے کس طرح سے فتوحات حاصل کیں۔کہ جس وقت تقریبًا پوری دنیا پر منگولوں کے ظلم کی داستان رقم ہوتی جارہی تھی۔تو کیسے کیسے نبرد آزما مسائل سلیمان شاہ پھر ارتغرل غازی بن سلیمان شاہ اور پھر عثمان غازی بن ارتغرل کو پیش آئے۔لیکن ان معمولی فوج رکھنے والے ترک قبیلے نے منگولوں کو کیسے شکست سے دوچار کیا۔حالانکہ! منگول فوج افرادی قوت، اسلحہ سے بھرپور ہونے کے ساتھ ساتھ انتہائی منظّم تھی۔اُن کے سفاکانہ ظلم وستم کی داستانیں آج تک تاریخ کے اوراق میں مقید ہیں۔منگولوں کے ظلم وستم اور بربریت کے وقت خانقاہوں میں موجود اولیائے کرام ؒ نے بہت بڑا کلیدی کردار ادا کیا۔ 8۔اسی طرح سے سلطان جلال الدین نے چنگیز خان کو کس طرح سے ڈرائے رکھا۔کیونکہ! اس بہادر شخص کے پشت پر عظیم صوفی بزرگ جناب حضرت شیخ نجم الدین الکبرٰیؒ کا ہاتھ تھا۔ 9۔اسی طرح سے سلطان شہاب الدین غوری کی پشت پناہی میں حضرت شیخ الہند خواجہ معین الدین چشتی اجمیری ؒ کا ہاتھ تھا۔جن کی بدولت سلطان غوری نے پتھرارائے راج کمار (پرتھوی راج کمار) کو شکست سے دوچار کیا۔ 10۔سردار ارتغرل بن سلیمان شاہ کو حضرت شیخ اکبر محی الدین ابنِ عربی ؒ اور اُن کے خلیفہ حضرت شیخ صدر الدین قونوی ؒ کی معاونت ومشاورت حاصل تھی۔کیونکہ! یہ دونوں بزرگ بھی اسی غیبی فوج سے تعلق رکھتے تھے۔اور عالمِ بیداری اور بعض اوقات درعالم رویاءسردار ارتغرل بن سلیمان شاہ کو مسائل کا حل بتانا، جیل سے رہا کروانا، زخموں کو ٹھیک کرنا (یہ سب روحانی طاقت سے) کیا کرتے تھے۔ 11۔اسی طرح مؤسس سلطنتِ عثمانیہ جناب عثمان غازی بن ارتغرل غازی کو حضرت شیخ ادیبالی ؒ کی آہی جماعت کی معاونت اور مشاورت حاصل تھی۔اور حضرت شیخ ادیبالی ؒ جو کہ درحقیقت حضرت شیخ سید احمد یسوی ؒ کے تربیت یافتہ بزرگوں میں سے تھے۔اور اسی طرح سے حضرت شیخ ادیبالی ؒ اور حضرت پیرِ رومی جناب جلال الدین رومی ؒ

کی مشاورت اورادعیہ کی بدولت جناب سردار عثمان غازیؒ ایک عظیم الشان سلطنت بنانے میں کامیاب ہو گئے۔اور یہی سلطنت عثمانیہ کئی صدیوں تک مسلمانوں کی ہر طرح کی اقتصادی،سماجی،معاشی جسمانی وروحی طور سے معاون رہنے میں برسرِ پیکار رہی۔(بقول علامہ محمد اقبالؒ)

اگر عثمانیوں پر کوہِ غم ٹوٹا تو کیا غم ہے — کہ خون صدہزار انجم سے ہوتی ہے سحر پیدا

مگر صیہونی قوتوں اور صلیبی افواج کی منافقانہ حربوں اور سازشوں کی وجہ سے بالآخر حجاز مقدس اور کچھ عرب ریاستوں کے حکمران حرص وہوس اور لالچ کی بھینٹ چڑھ گئی۔اور سلطنت ٹکڑوں میں قسیم ہو کر کئی مما لک میں بٹ گئی۔جو کہ تمام امت مسلمہ کے لئے بہت ہی بڑا نا قابل تلافی نقصان کا باعث بنا۔اور جس کے نقصانات کا ازالہ آج تمام مسلمان مما لک اور اُن کی عوام اُٹھا رہی ہیں۔ **12** اسی طرح اسلام کے نام پر اسلامی جمہوریہ پاکستان کا قیام عمل میں آنا۔جس میں کہ یقینی طور پر انہیں غیبی طاقتوں کی حامل فوج (جنداللہ) کا ہاتھ تھا۔کہ اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے دنیا میں ایک نئی مملکت بنام پاکستان وجود میں آئی۔ **13**۔اس کے علاوہ روس جیسی عظیم طاقت کا ایک چھوٹے سے ملک افغانستان کے ذریعے سے شکست فاش ہونا اور پھر اُس عظیم ریاست (یعنی روس) کے ٹکڑے ٹکڑے ہو کر اسلامی مما لک کا قیام ہونا۔ اسلامی مما لک کی غفلت اور بیوروکریٹس کے ذاتی مفادات کے تحفظ کی خاطر نوبت یہاں تک پہنچ چکی ہے۔کہ! ان کے ہاں ملکی صدارت ووزارتِ عظمٰی تک یورپ (بالخصوص امریکہ) کے ایماء پر بنائی اور ختم کی جاتی ہے۔

مذکورہ آٹھ حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا میں قارئین سے یہ سوال پوچھنے کی جسارت کرسکتا ہوں۔کہ! اتنی عظیم فتوحات کیونکر ممکن ہوسکیں ؟ تو جاننا چاہیئے۔کہ! یہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی غیبی مدد (**جند اللہ**) سے ہی ممکن ہوسکا ہے۔اللہ تعالیٰ کے یہ لشکر کبھی تو بصورتِ ملائکہ معاون ہوئے اور کبھی بصورتِ سفید ریش والے،سرخ کبوتر والے۔۔۔لیکن اصل میں یہ اللہ تعالیٰ کی ایک مخصوص فوج ہے۔جو کہ اولیائے ابدال کی طرح متحرک رہتی ہے۔اور مسلمانوں کو فتح کے حصول میں معاون ثابت ہوتی ہے۔لیکن یادر ہے۔کہ! اس غیبی فوج کے مقاصد میں سے بڑا مقصد تو یہ ہوا کرتا ہے۔ **جاء الحق و زھق الباطل ۔ان الباطل کان زھوقا**۔مگر یادر ہے۔کہ! سفید داڑھی والے بزرگ وہ نہیں ہیں۔جن کوتر کی والے یا مؤرخین کی جماعت ''دیدے کرکت''(**Axicle**) یعنی سفید داڑھی والے یا معزز لوگ'' کے نام سے جانتے ہیں۔کیونکہ! جماعے جنداللہ تو ہر زمانے میں اللہ تعالیٰ کی ایک مخصوص پوشیدہ حامل ولایت جماعت ہے۔

بہر حال! جب بھی کسی ملک کا بادشاہ انصاف پسند اور رعایا دین پسند ہوئے ہیں۔اگر اس پر کسی غیر مسلم ملک یا ملکوں نے بُری نظر کی۔یہ غیبی فوج وہاں پر پہنچ کر اس مسلم حکمران (جو کہ اعق ،عدل اور انصاف کے ساتھ ساتھ دیندار بھی ہو) کا ساتھ دینے کے لئے کمر بستہ ہو جاتی ہے۔اور اُن پر غضب ڈھاتی ہے۔اور معجزاتی طور پر مسلمانوں کو فتح سے ہمکنار کرتی ہے۔یادر ہے۔کہ! یہ غیبی فوج (**جند اللہ**) قیام قیامت تک اسی طرح کے امور میں کوشاں رہے گی۔اور بالآخر دجال کو بھی جا کر قتل کر دے گی۔(انشاءاللہ) کاش کہ میری یہ بات تمام مسلم حکمرانوں تک پہنچ سکے۔(انشاءاللہ)

میں (عبدالرؤف البلوشی) بذاتِ خود بھی اور میرے کثیر التعداد احباب عظیم ترین ریاست'' **سلطنتِ عثمانیہ** '' کے قیامِ نو کے تہہ دل سے خواہاں ہیں۔اور میرا خیال ہے۔کہ! ترک صدر جناب طیب اردگان صاحب اسی کوشش میں جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں۔اور مَیں بھی تہہ دل سے ان کی اس کوشش کو سراہتا ہوں۔ بلکہ اگر کبھی مجھے موقع میسر ہوا۔تو مین بھی ترک صدر کی اس کوشش میں اُن کے شانہ بشانہ ہوں گا۔(ان شاءاللہ) جو کہ خلافتِ راشدہ کے طرز پر بنائی گئی ہو۔اور جس میں مسلمانوں کو برابر کے حقوق حاصل ہوں۔حکمرانِ وقت اور رعایا کا غریب ترین انسان دونوں خوشحال وخوش خرم زندگی گزارت ہوں۔ریاست اسلامیہ میں سب سے بلند وبالا قانون قرآنِ حکیم کے احکامات اور پھر نبی کریم ﷺ کے قول وفعل پر مشتمل قوانین ہوں۔قانون سب کے لئے یکساں ہو۔عدل وانصاف کا بول بالا ہو۔دنیا کے کسی غریب مسلم ملک پر غیر مسلم جابر قوتوں کا تسلط نہ ہو۔قرضِ حسنہ کی سہولت موجود ہو۔اس ریاست کے قیام کے لئے ہم سب مسلمانوں کو تہہ دل سے کوششیں کرنا ہوں گی۔ہمیں اللہ تعالیٰ کو راضی کرنا ہوگا۔اور حضرت نبی مکرم ﷺ کے تصدق وتوسل سے اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر عاجزی وانکساری سے دست بہ دعا ہونا پڑے گا۔کیونکہ! اللہ تعالیٰ کا اُمتِ محمدیہ ﷺ کے ساتھ وعدہ ہے۔کہ! **ولا تھنوا ولا تحزنوا وانتم الاعلون ان کنتم مؤمنین** o دل شکستہ نہ ہوں۔غم نہ کریں۔آپ ہی غالب رہیں گے۔اگر آپ مؤمن ہیں۔(سورہ آلِ عمران۔**139**)

جیسا کہ! ہم لوگ ہمیشہ اپنے بڑے بوڑھوں سے سنتے ہوئے آئے ہیں۔کہ! صالحین ہی کی وجہ سے یہ دنیا آج تک قائم ہے۔اور انہیں صالح لوگوں ہی کی وجہ سے زمین پر اللہ تعالیٰ کے انعامات وفضل وکرم، لاتعداد رحمتیں ونعمتیں اور خیرِ کثیر اور فیوضات وبرکات ہیں۔درحقیقت اولیاء اللہ ہی وہ صالحین ہیں۔کہ جن کے ذریعے اللہ تعالیٰ اس دنیا کا نظام چلا رہا ہے۔اور ان میں سے ابدال بہت بڑے معاونین سمجھے اور جانے جاتے ہیں۔یادر ہے۔کہ! ابدال کی حقیقت پر اس کتاب میں بہت ہی زیادہ مفصل بحث بیان ہوئی ہے۔

غیر مسلم مفکرین نے مسلمانوں کے خانقاہی نظام کے خلاف گذشتہ تین صدیوں میں شدید زہر پھیلایا۔اپنے افکارِ مذمومہ کی ترویج واشاعت کے لئے نہ صرف تجوریوں کے منہ کھول دیئے۔بلکہ! مسلمانوں کو خریدنے اور ہراساں کرنے کے لئے زن،زر اور زمین وجائیداد دے کر لوگوں کے ایمان خریدنے کی بھرپور سعی کی۔جعلی پیری فقیری اور خانقاہی نظام قائم کر کے مسلمانوں میں گھل مل کر مسلمانوں کے ایمان کمزور کرنے کی بھی کوشش کی۔مسلمانوں ہی کے اندر سے ایجنٹ خرید کر جو مسلمانی کے روپ ورسم ورواج میں خود کو ڈھال کر منبر ومحراب سے حقیقتِ اسلام (خانقاہی نظام ومدرسوں وجامع العلوم) کے خلاف اپنا زہر اگلتے رہے۔بالخصوص سلطنتِ عثمانیہ،اور ہندوستان میں اپنے کام کو بہت زور وشور سے جاری رکھا۔بلخصوص یہودی وعیسائی مشنریز نے مسلمانوں میں گھس کر شیعہ سنی فسادات اور مقلد وغیر

مقلد عقاعد کو آپس میں خون کی ہولی کا کھلواڑ کرایا۔ چونکہ! صورتِ اسلام ظاہری شریعت کا قائل اور اسلام کے روحانی نظام کا منکر طبقہ مسالکِ فقہاء (حنفیہ، شافعیہ، مالکیہ اور حنابلہ وغیرھم) اور سلاسلِ صوفیائے ومفکرینِ طریقت کے مشارب (قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ، نقشبندیہ، اویسیہ وغیرہم) کو بدعت قرار دیتا ہے۔ اسلام کے روحانی اور خانقاہی نظام (تصوف، احسان اور طریقت ومعرفتِ الٰہی) کو نشہ وافیون اور بدعت کہہ کر اسے مسلمانوں کے لئے ضرررساں قرار دیا۔ حالانکہ! احسان، ایمان اور اسلام کے بعد دینِ اسلام کا تیسرا جزوِ لازم ہے۔ (جیسا کہ ابھی حدیث میں بیان ہوا ہے) جو ایمان واسلام کی اساس اور جان ہے۔ جیسے کتاب وسنت میں اخلاص سے تعبیر کیا گیا ہے۔ حدیثِ جبرائیلِ امینؑ میں پیارے مصطفیٰ ﷺ کی زبانِ حق سے باقاعدہ طور پر مرتبہ ومقامِ احسان کی بھرپور تشریح کی گئی ہے۔ احسان کی تعریف کرتے ہوئے علامہ شریف جرجانیؒ تحریر فرماتے ہیں۔ کہ! بندہ مومن کا بحالتِ عبادت نورِ بصیرت کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا مشاہدہ کرنا احسان کہلاتا ہے۔ مرتبہ احسان کا حصول تزکیہ نفس پر موقوف ہے۔ اور تزکیہ نفس پر ہی فلاحِ دارین کا انحصار ہے۔ جیسا کہ ارشادِ ربانی ہے۔ کہ! **قد افلح من تزکی** ۔ (ترجمہ) فلاح (تو درحقیقت) اس نے پائی۔ جس نے پاکیزگی اختیار کی۔ (سورہ اعلیٰ۔ 14) یاد رہے۔ کہ! آنحضور پرنور ﷺ کی بعثت کے فرائضِ اربعہ میں سے فریضہ دوئم "تزکیہ نفس" ہی ہے۔ ارشادِ رحمانی ہے۔ کہ! **لقد من الله علی المؤ منین اذ بعث فیهم رسو لا من انفسهم یتلوا علیهم اٰ یٰته و یز کیهم و یعلمهم الکتٰب ولحکمة. وان کانوا من قبل لفی ضلل مبین** (ترجمہ) حقیقت تو یہ ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ نے مومنین پر بڑا احسان کیا ہے۔ کہ! ان کے درمیان انہی میں سے ایک رسول ﷺ بھیجا۔ جو ان کے سامنے اللہ تعالیٰ کی آیتوں کو تلاوت کرے۔ انہیں پاک صاف بنائے۔ اور انہیں کتاب اور حکمت کی تعلیم دے۔ جبکہ یہ لوگ اس سے پہلے یقیناً کھلی گمراہی میں مبتلا تھے۔ (سورہ آلِ عمران۔ 164) یاد رہے۔ کہ! یہ آیت تزکیہ نفس پر شاہد ہے۔ آپ ﷺ اپنی توجہاتِ قدسیہ اور تصرفاتِ باطنیہ سے کفر والحاد، لغو ومعاصی کی آلائشوں سے سینوں کو پاک کر کے انہیں علوم واسرار کا مخزن بنا دیتے۔ کیونکہ! نفوس وقلوب کی تنویر وتطہیر کے بغیر قرآنی حقائق ومعارف کا نزول نہیں ہوتا۔ (بقولِ اقبالؒ)

تیرے ضمیر پہ جب تک نہ ہو نزولِ کتاب ۔۔۔ گرہ کشا ہے نہ رازی نہ صاحبِ کشاف

ورنہ ظاہری شریعت اور صورتِ اسلام (کثرتِ تلاوت، صوم وصلوٰۃ) بلکہ ایمان بھی حلق سے نیچے نہیں اُترتا۔ آنحضور نبی مکرم ﷺ کی روحانی توجہات اور باطنی تصرفات کے ذریعے صحابہ کرامؓ کے قلوب ونفوس کا تصفیہ وتزکیہ کر کے ان کے احوال وکیفیات اور زندگیوں کو بدل کر مقامِ مشاہدہ واحسان پر پہنچا دینا اور ان کو (**رضی الله عنه و رضوا عنه**) کے بلند ترین مقام پر پہنچانا تواتر کے ساتھ متحقق وثابت ہے۔ بعدازاں جن صحابہ کرامؓ کا طبعی رجحان تفسیرِ قرآن کی طرف ہوا۔ وہ پائے کے مفسر ہوئے۔ جیسے حضرات خلفائے راشدین (بالخصوص حضرت سیدنا مولا علیؓ)، حضرت عبداللہ بن عباسؓ، حضرت عبداللہ بن مسعودؓ وغیرہ درمیدانِ تاویل القران وتفسیر القرآن اپنی مثال یں قائم فرما گئے۔ اور جن صحابہ کرامؓ کا رجحان حدیثِ نبویہ ﷺ کو جمع کرنے اور یاد رکھنے کی طرف ہوگیا۔ وہ محدثین کہلائے۔ جیسے کہ! حضرات خلفائے راشدین (بالخصوص حضرت علیؓ ابن ابی طالب)، حضرت ابوہریرہؓ، حضرت عائشہ صدیقہؓ، حضرت انسؓ، حضرت عبداللہ بن عمرؓ، حضرت عبداللہ انصاریؓ، حضرت ابوسعید خدریؓ، حضرت عبداللہ بن عباسؓ، حضرت عبداللہ بن عمر وبن العاصؓ وغیرہ۔ اور جن صحابہ کرامؓ کا رجحان تبلیغ کی طرف ہوا۔ وہ مبلغ کہلائے۔ یہ بات یاد رہے۔ کہ تمام صحابہ کرام کو حکم تھا۔ **بلغوا عنی ولو آیة** ۔ اور تمام صحابہ کرامؓ نے صدقِ قلب اور خلوصِ نیت سے احکاماتِ الٰہیہ کی تبلیغ کی۔ لیکن چند ایک نام سرفہرست ہیں۔ جیسے کہ! حضرات عشرہ مبشرہؓ (بالخصوص حضرت علیؓ ابن ابی طالب)، حضرت بلالِ حبشیؓ، حضرت جعفر طیارؓ (برادر حضرت علی المرتضیٰؓ)، چند امہات المؤمنین، حضرت امیر حمزہؓ وغیرہ۔ بہرحال تمام صحابہ کرام کا قلبی رجحان تزکیہ نفوس اور تصفیہ بطون کی طرف اکملیت کے ساتھ رہا۔ درحقیقت صحابہ کرامؓ ہی دورِ اول کے صوفیائے عظام، فقہاء کرام، محدثین ومفسرین اور مبلغین کہلاتے ہیں۔ یاد رہے۔ کہ! آنحضور نبی مکرم ﷺ کی تعلیمات انہیں صحابہ کرامؓ میں بعینہٖ موجود تھیں۔ اور انہیں صحابہ کرامؓ کی بدولت یہ علوم تابعینؒ تک پہنچے۔ اور تابعینؒ سے تبع تابعینؒ تک۔ اور تبع تابعین سے آج تک یہی علومِ باطنیہ اولیاء اللہ کے ذریعے تمام نسلِ انسانی تک پہنچ رہے ہیں۔ اسی مرتبہ احسان کے حصول کے لئے سلاسلِ طریقت (قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ، سہروردیہ، اویسیہ وغیرھم) وجود میں آئے۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانیؒ اپنے رسائل میں سالکین کے سلوک اور معرفت الٰہیہ کے ضمن میں رقم طرز ہیں۔ کہ!

قربِ الٰہی اور اس کے فیوض وبرکات کا حصول دو راستوں سے میسر ہوسکتا ہے۔ پہلا راستہ قربِ نبوت کا ہے۔ جو کہ حضرت سیدنا صدیق اکبرؓ کے واسطے ووسیلے سے ممکن ہے۔ ان کا سلوک **سیر انفسی** سے تعلق رکھتا ہے۔ جبکہ! دوسرا راستہ قرب ولایت کا ہے۔ جو کہ حضرت سیدنا مولا علیؓ کے واسطے ووسیلے سے نصیب ہوتا ہے۔ ان کا سلوک **سیر آفاقی** سے متعلق ہے۔ گوکہ دونوں راستے اور سلوک مشکوٰۃ انوارِ نبوت ﷺ سے ہی مقتبس ومربوط ہیں۔

حدیث نبوی ﷺ ! دس خوش نصیب لوگ اپنی قبور میں بوسیدہ نہیں ہوں گے۔

☆ نبیؑ ۔ ☆ ولی۔ ☆ عالمِ دین۔ ☆ شہید۔ ☆ حافظِ قرآن۔ ☆ مؤذن۔ ☆ عورت، جو بحالتِ نفاس فوت ہو۔ ☆ جسے ظلماً قتل کر دیا جائے۔ ☆ جو شخص شبِ جمعہ میں فوت ہو۔ ☆ جو شخص جمعہ کو فوت ہو۔

تسی دا توں کسبی ہویوں، ماریں دَم ولیہاں ہو ۔۔۔ مَن دا منکا اِک نہ پھریا، گل پائیں پنج ویہاں ہو

انسان پر اللہ تعالیٰ کی رحمت : (عجیب وغریب اور سبق آموز واقعات)

اللہ تعالیٰ قرآنِ حکیم میں فرماتا ہے۔کہ! قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِھِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ o (ترجمہ) کہہ دو۔کہ! اے میرے وہ بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کر رکھی ہے۔اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔یقین جانو۔اللہ تعالیٰ سارے کے سارے گناہ معاف کر دیتا ہے۔یقیناً وہ بہت بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔(سورہ الزمر۔آیت نمبر 53)

حکایت : حضرت علامہ عبدالغنی نابلسی دمشقی حنفیؒ اپنی کتاب الحدیقة الندیة شرح الطریقة المحمدیة میں رقم طراز ہیں۔کہ!اللہ تعالیٰ نے سیدالشہداء حضرت سیدنا امیر حمزہؓ (نبی آخرالزمان ﷺ کے محترم ومکرم چچا) کے قاتل حضرت سیدنا وحشیؓ (جو کہ بعد میں دولت اسلام سے مالا مال ہو گئے تھے) کے حق میں یہ آیت کریمہ نازل فرمائی۔ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ یُبَدِّلُ اللّٰهُ سَیِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا o (الفرقان۔70) ترجمہ: مگر جو توبہ کرے۔اور ایمان لائے۔اور اچھا کام کرے۔تو ایسوں کی برائیوں کو اللہ تعالیٰ بھلائیوں سے بدل دے گا۔اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے) یہ آیت سن کر حضرت سیدنا وحشیؓ نے (حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ سے) عرض کی۔کہ اس آیت مبارکہ میں تو بہت سی شرائط ہیں۔مجھے خوف ہے۔کہ میں (شرائط کو) پورا نہیں کر پاؤں گا۔اور مجھ میں اتنی طاقت بھی نہیں۔کہ (مَیں اَب) نیک اعمال کروں۔اے محمد ﷺ! کیا آپ ﷺ کے دین میں اس سے زیادہ آسانی ونرمی موجود ہے۔اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَكَ بِهٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ یَّشَآءُ ج (النساء آیت نمبر۔48) ترجمہ۔بے شک!اللہ تعالیٰ اسے نہیں بخشتا۔کہ اس کے ساتھ کفر کیا جائے۔اور کفر سے نیچے جو کچھ ہے۔جسے چاہے۔معاف فرما دیتا ہے۔ (جب یہ آیت نازل ہوئی) تو حضرت سیدنا وحشیؓ نے (حضور ﷺ سے) عرض کی۔کہ!میں نہیں جانتا کہ میں اللہ تعالیٰ کی مشیت میں ہوں یا نہیں۔ہاں اگر آیت مبارکہ صرف اس قدر رہوتی و یغفر ما دون ذلک (یعنی) اور کفر سے نیچے جو کچھ ہے معاف فرما دیتا ہے اور یہ نہ فرمایا ہوتا لمن یشاء (یعنی) جسے چاہے۔تو پھر بات بنتی۔تو کیا آپ ﷺ کے پاس اس سے زیادہ وسعت والی کوئی اور شئے ہے اس پر یہ فرمان باری تعالیٰ نازل ہوا۔ قُلْ یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِھِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ o (الزمر آیت نمبر۔53) ترجمہ: تم فرماؤ" اے میرے وہ بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی۔اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید نہ ہو۔بے شک اللہ تعالیٰ تمام گناہ بخش دیتا ہے۔(کیونکہ) بے شک وہی بخشنے والا مہربان ہے۔ س پر حضرت وحشیؓ نے (حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ سے) عرض کی۔اگر معاملہ ایسا ہے۔تو ٹھیک ہے۔اور اسلام قبول کر لیا۔حضرت علامہ عبدالغنی نابلسی حنفیؒ فرماتے ہیں۔ان تینوں آیات طیبہ کے نازل ہونے کا سبب اگرچہ خاص ہے۔مگر حکم عام ہے۔یعنی یہ آیات نازل تو حضرت سیدنا وحشیؓ کے بارے میں ہوئی ہیں۔مگر (ان تمام) آیات کا حکم قیامت تک آنے والے تمام مسلمانوں کے لئے ہے۔(المعجم الکبیر)

☆ حضرت ابوذر غفاریؓ ایک حدیثِ قدسی بیان فرماتے ہیں۔کہ! جو شخص ایک نیکی کرے اسے اس کا دس گنا اجر ملے گا۔اور میں اس سے زیادہ اجر بھی عطا کروں گا۔اور جو شخص کوئی ایک برائی کرے۔تو اس برائی کا بدلہ اس کی مانند ہوگا۔اور میں اسے بخش بھی سکتا ہوں۔اور جو شخص ایک بالشت میرے قریب ہوتا ہے۔میں ایک گز اس کے قریب ہو جاتا ہوں۔اور جو شخص چلتا ہوا میرے پاس آتا ہے۔میں ڈورتا ہوا اس کی طرف آتا ہوں۔اور جو شخص زمین جتنے گناہ لے۔کر میری بارگاہ میں حاضر ہو۔اس حال میں کہ وہ کسی کو میرا شریک نہ قرار دیتا ہو۔تو میں اتنی ہی مغفرت کے ہمراہ اس سے ملاقات کرتا ہوں۔(صحیح مسلم)

اللہ تعالیٰ کی اپنے بندے پر نظرِ رحمت :

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔جب اللہ تعالیٰ مخلوق کو پیدا کر چکا۔تو اپنی کتاب (لوحِ محفوظ) میں، جو اس کے پاس عرش پر موجود ہے۔یہ بات تحریر فرمائی۔کہ! (ان رحمتی غلبت غضبی) میری رحمت میرے غصہ (یعنی غضب) پر غالب ہے۔(صحیحین)

☆ حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں۔کہ! مَیں نے نبی مکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔کہ! اللہ تعالیٰ نے رحمت کو سو حصوں میں تقسیم فرمایا۔اِن میں سے ننانوے حصے اپنے پاس رکھ لئے۔اور (فقط) ایک حصہ زمین پر نازل فرمایا۔اسی ایک حصے کی وجہ سے مخلوق ایک دوسرے پر رحم کرتی ہے۔یہاں تک کہ کوئی چوپایہ اپنے بچے سے اپنا پاؤں ہٹا لیتا ہے۔اس اندیشے کے تحت کہ اسے کوئی نقصان نہ پہنچے۔(صحیحین۔ابنِ حبان۔مستدرک حاکم۔ترمذی۔ابنِ ماجہ۔) حضرت سلمانؓ روایت کرتے ہیں۔کہ! حضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔جس دن اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمینوں کو پیدا فرمایا۔اس دن سو رحمتوں کو (بھی) پیدا فرمایا۔جن میں سے ہر ایک رحمت آسمان اور زمین کے درمیان فاصلے کے برابر ہے۔پھر اس نے اِن میں سے ایک رحمت زمین میں رکھی۔جس کی برکت سے والدہ اپنے بچے پر مہربان ہوتی ہے۔وحشی جانور اور پرندے ایک دوسرے پر مہربان ہوتے ہیں۔قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس (ایک) رحمت سمیت ان (یعنی بقایا ننانوے) رحمتوں کو مکمل فرمائے گا۔(صحیح مسلم) ☆ جناب سیدی احمد کبیر الرفاعیؒ فرماتے ہیں۔کہ! جب اللہ تعالیٰ اپنے کسی (محبوب) بندے کے قلب پر نظرِ رحمت ڈالتے ہیں۔تو اس سے غفلت کا پردہ دور کر دیتے ہیں۔اور (اپنی عظیم الشان) قدرت کی باریکیاں اس پر ظاہر کر دیتے ہیں۔تو اس وقت تین میں سے ایک کا ہونا ضروری ہے۔یا تو وہ حکیم اور دانا ہو جائے۔کہ اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی مخلوق اس سے مل جائے گی۔یا اس کی زبان گنگ رہ جائے گی۔اور وہ حیران وپریشان ہو جائے گا۔یا پھر اس کے پردوں میں چھپ جائے گا۔اسی کے قبضہ قدرت میں محفوظ ہو جائے گا۔یہاں تک کہ اس کی شدت غیرت کے باعث اللہ تعالیٰ کے علاوہ اس کو کوئی دیکھ نہ سکے گا۔ ☆ ایک حدیث میں ہے۔کہ! حضرت جابرؓ سے

روایت ہے۔(کہ!) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔(کہ!) تم میں سے کسی کا عمل اس کو جنت میں نہ لے جاسکے گا۔ اور نہ دوزخ سے بچا سکے گا۔ مگر اللہ تعالیٰ کی رحمت اور اس کے کرم سے۔(صحیح مسلم) ☆ حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا۔(کہ!) مَیں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا۔(کہ!) آپ ﷺ نے فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے رحمت کو جس دن بنایا۔ تو اس کے سو (100) حصے کئے۔ اور اپنے پاس اِن میں سے ننانوے رکھے۔ اس کے بعد صرف ایک حصہ اپنی رحمت کا تمام مخلوق کے لئے بھیجا۔ پس اگر کافر کو وہ تمام رحم معلوم ہو جائے۔ جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ تو وہ جنت سے ناامید نہ ہو۔ اور اگر مومن کو وہ تمام عذاب معلوم ہو جائیں۔ جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہیں۔ تو وہ دوزخ سے کبھی بے خوف نہ ہو۔(صحیح بخاری۔6469۔)

صحیح بخاری میں ہے۔ کہ! حضرت ابو ہریرہؓ نے بیان کیا ہے۔ کہ! رسول اللہ ﷺ کو نے فرمایا۔ کہ! جب اللہ تعالیٰ مخوق کو پیدا کر چکا۔ تو اپنی کتاب (یعنی لوحِ محفوظ) میں، جو اس کے پاس عرش پر موجود ہے۔(مین) اس نے لکھا۔ کہ! میری رحمت میرے غصہ پر غالب ہے۔

اسی طرح سے **صحیح بخاری** میں ہے۔ کہ! حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے۔ کہ! مَیں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا۔ کہ اللہ تعالیٰ نے رحمت کو سو جز میں تقسیم کیا۔ ننانوے (اجزاء) کو اپنے پاس رکھا۔ اور (فقط) ایک جز و کو زمین پر اُتارا۔ اور اسی ایک جز و سے مخلوق ایک دوسرے پر رحم کرتی ہے۔ یہاں تک کہ گھوڑی اپنے بچے سے اپنا سراُٹھائے رکھتی ہے۔ اس ڈر سے کہ کہیں اس کو کچل نہ دے۔

سنن ابنِ ماجہ اور **المعجم الکبیر** فی الطبرانی میں ہے۔ کہ! حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے۔ کہ! رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ! جس مسلمان کی آنکھ سے مکھی کے سر کے برابر خوفِ خداوندی کی وجہ سے آنسو بہہ کر اس کے چہرے پر آگریں گے۔ تو اللہ تعالیٰ اس پر دوزخ کو حرام فرمادے گا۔ اسی طرح **جامع ترمذی شریف** میں ہے۔ کہ! رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ دوزخ میں سے ہر ایسے شخص کو نکال دو۔ جس نے ایک دن بھی مجھے یاد کیا۔ یا میرے خوف سے کہیں بھی مجھ سے ڈرا۔ اسی طرح **جامع ترمذی شریف** میں ایک حسن حدیث ہے۔ کہ! حضرت عبداللہ بن عباسؓ روایت کرتے ہیں۔ کہ! مَیں نے رسول اللہ ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔(کہ) دو آنکھوں کو آگ نہیں چھوئے گی۔(ایک) وہ آنکھ جو اللہ تعالیٰ کے خوف سے روئی۔ اور (دوسری) وہ آنکھ جس نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں پہرہ دے کر رات گزاری۔

واقعہ نمبر 2۔ صحیح بخاری شریف میں ہے۔ کہ! حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں۔ کہ! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کہ! ایک کتا کسی کنواں کے ارد گرد گھوم رہا تھا۔ اور یوں معلوم ہو رہا تھا۔ جیسے وہ پیاس کی شدت سے مَر جائے گا۔ کہ! اسی درمیان قوم بنی اسرائیل کی ایک بدکار عورت کا اُدھر سے گذر ہوا۔ اس نے اپنا موزہ نکالا۔ اور اس سے پانی نکال کر کتے کو پلایا۔ اس عمل کی وجہ سے اس عورت کے گناہوں کی مغفرت فرمادی گئی۔(سبحان اللہ۔ ماشاء اللہ) بقولِ حدیث۔ **لا یرحم اللہ من لا یرحم الناس**۔ جو لوگوں پر رحم نہیں کھاتا۔ اللہ اُس پر رحم نہیں کھاتا۔

کرو مہربانی تم اہلِ زمیں پر   خدا مہرباں ہوگا عرشِ بریں پر

واقعہ نمبر 3۔ حضرت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کہ! مَیں نے ایک شخص کو جنت میں گھومتے ہوئے دیکھا۔ جدھر چاہتا ہے۔ نکل جاتا ہے۔ کیونکہ! اُس نے دُنیا میں ایک ایسے درخت کو راستے سے کاٹ دیا تھا۔ جو کہ لوگوں کو تکلیف دیتا تھا۔(صحیح مسلم)

واقعہ نمبر 4۔ صحیح بخاری شریف میں ہے۔ کہ! حضرت ابو سعید خدریؓ روایت کرتے ہیں۔ کہ! رسول اللہ ﷺ نے یہ بیان فرمایا۔ کہ! بنی اسرائیل کے ایک آدمی نے ننانوے (99) قتل کئے تھے۔ پھر اس جرم کا حکم پوچھنے کے لئے وہ ایک راہب کے پاس گیا۔ اور اس سے پوچھا۔ کیا اَب میری توبہ قبول ہو سکتی ہے؟ راہب نے جواب دیا۔ نہیں! تمھاری توبہ قبول نہیں ہو سکتی۔ قاتل نے راہب کو بھی مار ڈالا۔ لیکن وہ دوسرے لوگوں سے بھی اس مسئلے کا حل دریافت کرتا رہا۔ ایک آدمی نے کہا۔ تُو فلاں بستی میں چلا جا۔ وہاں تیری بخشش ہو سکتی ہے۔ وہ آدمی اس بستی کی طرف روانہ ہو گیا۔ ابھی وہ راستے ہی میں تھا۔ کہ اچانک اسے موت آگئی۔ لیکن اس نے مرنے سے پہلے اپنے سینے کو اس بستی کی طرف جھکا دیا۔ جو اس کا مقصود تھا۔ اس کے بعد رحمت کے فرشتے اور عذاب کے فرشتے آئے۔ اور اس کے متعلق حجت کرنے لگے۔(یعنی ایک دوسرے سے بحث ومباحثہ کرنے لگے۔ کہ! اس قاتل کی روح کو کون لے کر جائے گا؟) پس جس بستی کی طرف وہ آدمی جا رہا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اسے نزدیک ہونے کا حکم دے دیا۔ اور جس بستی سے وہ چل کر آرہا تھا۔ اسے دور ہو جانے کا حکم دے دیا۔ پھر فرشتوں سے فرمایا۔ کہ اس کے مرنے کی جگہ سے دونوں بستیوں کا فاصلہ ناپ لو۔ تو وہ اس بستی سے ایک بالشت نزدیک نکلا۔ جس بستی کی طرف وہ روانہ ہوا تھا۔ اس لئے اس کی مغفرت فرمادی گئی۔

علم کا مقصود ہے پاکیء عقل و خرد   فقر کا مقصود ہے خفتِ قلب و نگاہ

☆ **حکایت** : کتاب ''مکاشفۃُ القلوب'' میں ہے۔ کہ! اللہ تعالیٰ کے ایک نبیؑ نے پچاس برس تک اللہ تعالیٰ کی عبادت کی۔ تب اللہ تعالیٰ نے اس نبیؑ کی طرف وحی فرمائی۔ کہ! میں نے تجھے بخش دیا ہے۔ نبیؑ نے عرض کیا۔ اے اللہ تعالیٰ! میں نے تو کوئی گناہ ہی نہیں کیا۔(تو) بخشا کس چیز کو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کی ایک رگ کو بند کر دیا۔ جس کی وجہ سے وہ ساری رات سو نہ سکے۔ صبح کو جب ان کے پاس فرشتہ آیا۔ تو انہوں نے رگ کے بند ہو جانے کی شکایت کی۔ تب فرشتہ بولا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ تیری پچاس برس کی عبادت سے تیری یہ ایک شکایت اَفزوں ہے۔(کہ جس عبادت پر تُو نازاں تھا)

ہم نے کانٹوں کو بھی نرمی سے چھوا ہے اکثر   لوگ بے درد ہیں، پھولوں کو مَسل دیتے ہیں

☆ **حکایت** : حضرت امام جلال الدین سیوطی الشافعیؒ نے اپنی کتاب '' البدور السافرہ '' میں آنحضور نبی کریم ﷺ کی ایک حدیث نقل کی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ کہ! پرانے زمانے میں ایک شخص نے چھ سو برس تک اللہ تعالیٰ کی عبادت کی۔ وہ شخص سمندر کے درمیان ایک جزیرے میں تنہا رہتا تھا۔ وہاں اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے ایک میٹھے پانی کا چشمہ جاری کر دیا تھا۔ (اسی طرح) اللہ تعالیٰ نے (اسی جزیرے پر) انار کا ایک درخت اُگا یا تھا۔ جس پر روزانہ ایک انار اُگا کرتا تھا۔ جسے وہ شخص کھالیتا تھا۔ وہ ایک ہی انار اس کی ایک دن کی خوراک کے لئے کافی ہوتا تھا۔ (اور) وہ شخص کسی اُکتاہٹ اور کاہلی کے بغیر مسلسل چھ سو برس تک اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول رہنے کے بعد انتقال کر گیا۔ جب (اس کی روح) بارگاہ رب العزت میں حاضر ہوئی۔ تو اللہ تعالیٰ نے اس (عبادت گزر شخص کو) فرمایا۔ میری رحمت اور فضل کے نتیجے میں جنت میں داخل ہو جا۔ اس (عابد شخص) نے عرض کی۔ اے میرے پروردگار! مَیں 600 چھ سو برس پر مشتمل اپنے (نیک) عمل اور عبادت کی بدولت جنت میں داخلے کا مستحق قرار پاتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے اس (چھ سو برس کے عابد شخص) سے حساب کتاب لینا شروع کیا۔ اور اس سے فرمایا۔ تیری یہ تمام عبادت میری عطا کردہ ایک نعمت کا بدلہ بھی نہیں ہوسکتی۔ (کیونکہ) میں نے کھارے پانی والے سمندر کے وسط میں تیرے لئے میٹھے پانی کا چشمہ جاری کیا۔ میری یہ نعمت تیری کس خوبی کا نتیجہ تھی ؟ (اور) میں نے تیرے لئے ایک درخت پیدا کیا۔ جو (کہ) روزانہ پھل دیتا تھا۔ حالانکہ اِس کے جیسے دیگر درخت سال بھر میں صِرف ایک مرتبہ پھل دیتے تھے۔ مجھے بتا (کہ تیری) کس جیکی کے عوض میں تو اس نعمت کا حقدار قرار پاتا تھا۔ ☆ مَیں نے تجھے طویل عمر عطا کی۔ حالانکہ دوسرے لوگوں کی زندگی بہت مختصر ہوتی ہے۔ (اور) پھر مَیں نے اس تمام عرصے کے دوران (صحت وتندرستی کے ساتھ) عبادت کرنے کی تجھے طاقت عطا کی۔ حالانکہ دوسرے لوگ اس سے بہت کم عبادت کر پاتے ہیں۔ (اور) اس تمام عرصے کے دوران مَیں نے تجھے شیطانِ (لعین) کے شر سے محفوظ رکھا۔ حالانکہ اس (شیطان) نے دوسرے بہت سے لوگوں کو تباہ و برباد کیا ہے۔ ☆ اتنے طویل عرصے تک مَیں نے تجھے صحت عطا کی۔ حالانکہ دیگر بہت سے لوگ اس نعمت سے محروم رہتے ہیں۔ (اور) مَیں نے تجھے پیدا کیا۔ حالانکہ اس سے پہلے تو کچھ بھی نہیں تھا۔ (اور) مَیں نے ہی تیری (تمام تر) حرکات وسکنات کو پیدا کیا۔ اور تجھے ہر طرح کی نعمتیں عطا کیں۔

(اِن تمام باتوں کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو حکم ہوگا۔ کہ!) اس شخص کو جہنم میں ڈال دو۔ جب فرشتے اسے جہنم کی طرف لے جانے لگیں گے۔ تو اس (عابد شخص) کے سامنے واضح ہو جائے گا۔ کہ اس کی ہلاکت قریب ہے۔ تو وہ عرض گزار ہوگا۔ کہ! اے میرے پروردگار! (تو اپنے) فضل وکرم کی بدولت مجھے جنت میں داخل فرمادے۔ پس اللہ تعالیٰ، جو سب سے زیادہ کرم ورحم فرمانے والا ہے۔ حکم دے گا۔ کہ! اسے واپس لاؤ۔ اور میری رحمت کے وسیلے سے اِسے جنت میں داخل کر دو۔ پھر اللہ تعالیٰ اس شخص کو حکم دے گا۔ کہ! میری رحمت کے وسیلے سے جنت میں داخل ہو جاؤ۔ (کیونکہ) تم میرے اچھے بندے تھے۔

اس خاک کے پتلے کو معاف کر دے اے اللہ! اُس خاک کی تہہ میں جانے سے پہلے

اِس بارے میں حضرت سیدی دباغؒ نے فرمایا ہے۔ کہ! کوئی بھی عبادت گزار اپنی کی گئی عبادات کی وجہ سے صرف اِس وقت ہی نجات کا مستحق قرار پا سکتا ہے۔ کہ! جب اسے اس بات کا قوی یقین ہو۔ کہ! اس کی ساری عبادت صِرف اور صِرف اللہ تعالیٰ ہی کی عطا کردہ توفیق کی مرہونِ منت اور نتیجہ ہے۔ اور اس کا یہ یقین مستقل ہونا چاہیئے۔ اگر وہ (غلطی سے) کبھی بھی اپنے اِسی یقین وعقیدے سے ہٹ گیا۔ تو اس کے تمام اعمال ہلاک (ضائع) ہو جائیں گے۔

☆ **حکایت** : (بقول حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ) ایک عبادت گزار شخص ایک ذاتی مقصد کے حصول کے لئے تقریباً بیس برس تک اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا رہا۔ وہ نہایت عاجزی وانکساری کے ساتھ دعائیں مانگتا رہا۔ لیکن اس کے باوجود اس کا مقصد حاصل نہیں ہوتا تھا۔ جس کے باعث اس کی پریشانی میں مزید اضافہ ہو جاتا تھا۔ آخر کار وہ حیران وپریشان ہو کر یہ سوچنے لگا۔ کہ! آخر کیا وجہ ہے ؟ کہ! مسلسل بیس برس تک دعائیں مانگنے کے باوجود بھی مجھے میرا مقصد حاصل نہیں ہوا۔ اور اتنی طویل عبادت کے باوجود اللہ تعالیٰ نے مجھ پر مہربانی نہیں فرمائی۔ (توبہ نعوذ باللہ)

اللہ تعالیٰ نے اس عابد پر اپنی رحمت فرمائی۔ اور اسی وقت اسے اس کے نفس اور اس کے اعمال کی معرفت عطا فرمائی۔ اور اس شخص کو یہ وقوف و ادراک عطا فرمایا۔ تو اس نے اَز خود یہ اعتراف کیا۔ کہ! مَیں تو بہت ہی بڑا احمق ہوں۔ کہ اللہ تعالیٰ نے ہی مجھے اور میرے جملہ اعمال ونیکیوں کو تخلیق فرمایا۔ اسی نے مجھے صحت دی۔ عبادت کے لئے یہ مکان عطا فرمایا۔ وضو کے لئے پانی عنایت فرمایا۔ وہ کپڑا مجھے عطا فرمایا جس سے کہ میں خود کو ڈھانپ کر عبادت کیا کرتا تھا۔ اور اس وقت کو پیدا فرمایا۔ کہ جس میں مَیں عبادت کیا کرتا تھا۔ ان سب میں میرا کیسا عمل دخل ہے۔ جس کے نتیجے میں مَیں اللہ تعالیٰ سے کسی عمل یا نیکی کا اجر وثواب یا بدلہ طلب کروں۔ اللہ تعالیٰ مجھے اپنے فضل وکرم ومہربانی سے معاف فرمائے۔ کہ مَیں نے تو یہاں تک یہ کہنا اور سمجھنا شروع کر دیا۔ کہ! میں اس کے دروازے پر بیس برس تک کھڑا رہا۔ اور اس نے مجھے کچھ عطا نہ فرمایا۔ اے میرے رب! میں تیری بارگاہ میں سچے دل سے توبہ کرتا ہوں۔ اور وہ شخص بار بار وہ شخص توبہ کے الفاظ دہرانے لگا۔ جونہی اِس شخص نے سچے دل سے توبہ کی۔ تو اللہ تعالیٰ نے اِس کی تمام آرزوئیں پوری فرما دیں۔ اور اسے وہ معرفت عطا فرمائی۔ کہ جس کی ہم سر اور کوئی نعمت نہیں ہے۔ یہاں تک کہ جنت بھی اس کی برابری نہیں کرسکتی۔ سبحان اللہ وبحمدہٖ۔

☆ **حکایت** : آنحضور نبی کریم ﷺ کی حیاتِ طیبہ کے ایک واقعہ کا مفہوم ہے۔ کہ! ایک (بدو) شخص آنحضور نبی مکرم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں حاضر ہوا۔ پوچھا یا رسول اللہ ﷺ ! قیامت میں حساب کون لے گا ؟ (تو آپ ﷺ نے) فرمایا۔ اللہ تعالیٰ خود۔ (وہ بدو) ہنسا اور چل دیا۔ (تو) حضور نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ بلاؤ اسے۔ یہ کون سی ہنسنے کی بات ہے ؟ اُس کو واپس لائے۔ بھئی تُو ہنسا کیوں ہے ؟ یہ تو ڈرنے کی بات ہے۔ تو بدو نے

کہا۔ یا رسول اللہ ﷺ ! ہم نے دیکھا ہے۔ کہ جب زندگی میں کوئی عالی ظرف حساب لیتا ہے۔ تو بڑا آسان لیتا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ سے بڑا عالی ظرف کون ہے ؟ جو (کہ) قیامت میں حساب لے گا۔ مَیں اس بات سے خوش ہوا ہوں۔ تو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔ دیکھو! اِس بدو کا ایمان تم پر بازی لے گیا۔ اِس نے اللہ تعالیٰ کے بارے میں کیا ہی اچھی بات کہی ہے۔ کہ! وہ عالی ظرف جب حساب لے گا۔ تو تم اپنے گناہوں کو شمار کرو گے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔ کہ قیامت کے دن جب میزان لگے گا۔ اور اپس میزان میں ایک طرف مسلمانوں کے گناہ رکھے جائیں گے۔ تو میزان زمین سے لگ جائے گا۔ پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ ایک ٹکڑا لاؤ۔ ایک کاغذ کا ٹکڑا۔ اِس (کاغذ کے ٹکڑے) پر ایک جملہ لکھا ہوا ہوگا۔ اور وہ ٹکڑا اُس اونچے پلڑے پر رکھا جائے گا۔ اور وہ اونچا پلڑا زمین سے لگ جائے گا۔ اور نیچے والا (جو کہ گناہوں کے بوجھ سے زمین پر لگا ہوا تھا) آسمان سے جا لگے گا۔ اُس پلڑے میں ''**لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** ﷺ '' ہوگا۔

☆ **حکایت** : مکاشفۃُ القلوب'' میں حضرت امام غزالیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! حضرت موسیٰؑ کے زمانہ میں ایک شخص ایسا تھا۔ جو اپنی توبہ پر کبھی ثابت قدم نہیں رہتا تھا۔ جب بھی وہ توبہ کرتا۔ تو اُسے توڑ دیتا۔ یہاں تک کہ اسے اس حال میں بیس برس گزر گئے۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ کی طرف وحی فرمائی۔ کہ میرے اس بندے سے کہہ دو۔ (کہ) میں تجھ سے سخت ناراض ہوں۔ جب حضرت موسیٰؑ نے اس آدمی کو اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچایا۔ تو وہ بہت غمگین ہوا۔ اور بیابانوں کی طرف نکل گیا۔ وہاں جا کر بارگاہ ربّ العزت میں عرض گزار ہوا۔ اے ربِّ ذوالجلال! (کیا) تیری رحمت کم ہوگئی ہے؟ یا (پھر کیا) میرے گناہوں نے تجھے (اتنا) دُکھ دیا؟ (کہ) تیری بخشش کے خزانے ختم ہوگئے۔ یا بندوں پر تیری (اَب) نگاہِ کرم نہیں رہی؟ تیرے عفوودرگذر سے کون سا گناہ بڑا ہے؟ تو کرم ہے۔ میں بخیل ہوں۔ کیا میرا بخل تیرے کرم پر غالب آ گیا ہے؟ اگر تو نے اپنے بندوں کو اپنی رحمت سے محروم کر دیا۔ تو وہ کس کے دروازے پر جائیں گے؟ اگر تو نے دھتکار دیا۔ تو وہ کہاں جائیں گے؟ اے رب قادر وقہار! اگر تیری بخشش کم ہوگی۔ اور میرے لئے عذاب ہی رہ گیا ہے۔ تو تمام گناہ گاروں کا عذاب مجھے دے دے۔ میں اُن پر اپنی جان نثار کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کلیم اللہؑ سے فرمایا۔ جاؤ اور میرے بندے سے کہہ دو۔ کہ تو نے میرے کمالِ قدرت اور عفوودرگذر کی حقیقت کو سمجھ لیا ہے۔ اگر تیرے گناہوں سے زمین بھر جائے۔ تب بھی میں بخش دوں گا۔

رندوں کو بھی معلوم ہیں صوفی کے کمالات ہر چند کہ مشہور نہیں ، ان کے کرامات

اللہ تعالیٰ کی بندہ سے محبت اور توبہ کا ایک درد انگیز واقعاتِ عجیبہ و غریبہ :

ہم کلمہ گو ہیں۔ فرائض (نماز، روزہ اور زکوٰۃ) کا بھی کچھ نہ کچھ خیال کرتے ہیں۔ حقوق العباد کو بھی پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ تو کیا ہم لائقِ بخشش ہیں یا نہیں ؟ تو یہ یقیناً ایک عدم یقینی کا سوال ہوگا۔ کیونکہ! اللہ تعالیٰ اور بندے کے مابین یقین اٹل اگر قائم ہو تو یقیناً اللہ تعالیٰ بہت ہی رحیم اور بخشنے والی عظیم ذاتِ پاک ہے۔ لہٰذا جس شخص کو قرآنِ حکیم پر یقین ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے وعدہ وعید کے الفاظ پر یقین ہے۔ (**لا تبدیل لکلمات اللہ**) تو ایسا شخص کبھی بھی بخشش کے بارے میں متجسس نہیں ہوتا۔ نہ کبھی کسی شبہ واندیشہ کا شکار ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے جو واحد قدر سینۂ انسان میں ودیعت فرمائی ہے۔ وہ اخلاص ہے۔ اگر کوئی (مسلمان) اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے ذرہ سا بھی اخلاص محسوس کرتا ہو۔ اور اُس وحدہ لاشریک ذات کی وحدانیت اور حاکمیتِ اعلیٰ میں کسی کو شریک نہ کرے۔ تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ ہے۔ **قل یعبادی الذین اسرفوا علی انفسھم لا تقنطوا من رحمۃ اللہ . ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا . انہ ھو الغفور الرحیم** ۔ (ترجمہ) : اے نبی ﷺ ! کہہ دیں۔ اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی۔ اللہ تعالیٰ کی (وسیع ترین) رحمت سے مایوس نہ ہو جانا۔ یقیناً اللہ تعالیٰ (تو تمام صغیرہ وکبیرہ) گناہوں کو بخش دیتا ہے۔ یقیناً وہ بہت بخشنے والا مہربان ہے۔ (سورہ الزمر۔ آیت نمبر 53) لیکن یہ بات بھی یاد رہے۔ کہ! **و انی لغفار لمن تاب و اٰمن و عمل صالحا ثم اھتدیٰ** ۔ (ترجمہ) : اور جو توبہ کرے۔ اور ایمان لائے۔ اور نیک عمل کرے۔ پھر سیدھے راستے پر چلے۔ اس کو میں بخش دینے والا ہوں۔ (قرآن میں ایک اور جگہ آیا ہے۔ کہ!) **الا الذین تابوا و اصلحوا و بینوا فاو لٰئک اتوب علیھم ج و انا التواب الرحیم** ۔ (ترجمہ) : ہاں وہ لوگ جنہوں نے توبہ کر لی۔ اور اپنی اصلاح کر لی ہو۔ چھپی ہوئی باتوں کو بیان کرنے لگیں۔ اُن کو مَیں معاف کر دوں گا۔ اور مَیں (تو بہت ہی) بڑا درگزر کرنے والا اور رحم کرنے والا ہوں۔

وصیت معبودِ حق بر زبانِ محبوبِ حق ﷺ :

آنحضور نبی مکرم ﷺ نے صحابہ کرامؓ سے ارشاد فرمایا۔ ''کیا تم جانتے ہو؟ کہ تمھارے رب نے کیا ارشاد فرمایا ہے؟ انہوں نے عرض کی: اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ ہی بہتر جانتے ہیں۔ ارشاد فرمایا! جب اس (اللہ تعالیٰ) نے عرش پر استوا فرمایا۔ تو اپنی مخلوق کی جانب دیکھ کر ارشاد فرمایا: اے میرے بندو! تم میری مخلوق ہو اور میں تمھارا رب ہوں۔ تمھارے رزق میرے قبضے میں ہیں۔ لہٰذا میں نے تمھاری جس شئے کی کفالت کا ذمہ لیا ہے۔ اس میں اپنے نفسوں کو مت تھکانا۔ اور اپنا رزق مجھ ہی سے طلب کرنا، اپنے نفسوں کو میری بارگاہ میں حاضر رکھنا، اپنی حاجتیں میری بارگاہ میں پیش کرنا، میں تم پر تمھارے رزق اُنڈیل دوں گا۔ (دوبارہ آنحضرت ﷺ نے دریافت فرمایا) کیا تم جانتے ہو؟ کہ تمھارے رب نے کیا ارشاد فرمایا؟ انہوں نے پھر یہی عرض کی کہ! اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ ہی بہتر جانتے ہیں۔ تو فرمایا کہ! اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: اے میرے بندو! میری راہ میں خرچ کرو، میں تم پر خرچ کروں گا۔ دوسروں کے لئے وُسعت پیدا کرو۔ میں تم پر وسعت پیدا کروں گا۔ اور تنگی سے کام نہ لو۔ تاکہ میں بھی تم پر تنگی نہ کروں۔ بے شک

رزق کے دروازوں کا تعلق عرش سے ہے۔ جو رات کو بند ہوتے ہیں نہ دن کو۔ میں لوگوں میں سے ہر ایک کے لئے اس کی نیت، صدقہ وخیرات اور خرچ کے مطابق رزق نازل کرتا ہوں۔ لہٰذا جو ان کاموں میں کثرت سے کام لیتا ہے۔ میں اسے کثیر رزق عطا فرماتا ہوں۔ اور جو کمی کرتا ہے۔ میں بھی اس کے رزق میں کمی کر دیتا ہوں۔ اور جو رزق کو اپنے پاس روکے رکھتا ہے۔ (اور خرچ نہیں کرتا تو) میں بھی اس سے رزق کو روک لیتا ہوں۔

گزر چکا ہے جو لمحہ وہ ارتقاء میں ہے ۔۔۔ میری بقاء کا سبب تو میری فناء میں ہے

''اے زبیرؓ بے شک اللہ عزوجل خرچ کرنے کو پسند اور جمع کرنے کو ناپسند کرتا ہے۔ چنانچہ خود بھی کھاؤ۔ اور دوسروں کو بھی کھلاؤ، تنگی نہ کرو۔ ورنہ اللہ تعالیٰ تجھ پر تنگی کر دے گا، مشکل پیدا نہ کرو۔ ورنہ اللہ تعالیٰ بھی تجھ پر مشکلات پیدا کر دے گا۔ اپنے بھائیوں کو کھلاؤ، نیک لوگوں کی عزت کرو، پڑوسیوں پر صلہ رحمی کرو، اور فاجروں کے نقشِ قدم پر مت چلو، (اگر تو نے اِن باتوں پر عمل کیا تو) جنت میں بِلا حساب داخل ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے (مجھے) یہ وصیت کی ہے اور میں، اے زبیر بن العوامؓ! تمھیں (بھی یہ تمام نصائح) کر رہا ہوں۔''

☆ آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ سخاوت یا فیاضی یا خرچ کر۔ اور شمار نہ کر۔ پس شمار کرے گا اللہ تعالیٰ تجھ پر۔ اور جمع کر کے نہ رکھ۔ ورنہ اللہ تعالیٰ بھی تجھے دینا بند کر دے گا۔ (صحیح مسلم شریف) ☆ آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔ سخی آدمی اللہ تعالیٰ سے قریب ہے۔ جنت سے قریب ہے۔ لوگوں سے قریب ہے۔ (اور) جہنم سے دور ہے۔ بخیل آدمی اللہ تعالیٰ سے دور ہے۔ جنت سے دور ہے۔ لوگوں سے دور ہے۔ اور جہنم سے قریب ہے۔ جاہل سخی اللہ تعالیٰ کے نزدیک بخیل عابد سے کہیں زیادہ محبوب ہے۔

یہی ہے عبادت یہی دین و ایماں ۔۔۔ کہ کام آئے دنیا میں انساں کے انساں

دیدارِ خُداوندی در عالمِ رویاء:

اللہ تعالیٰ کو خواب میں دیکھنے کے متعلق عُلمائے عُظام میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ مگر صحیح اور حق تو یہ ہے۔ کہ خواب میں دیدارِ الٰہی صحیح اور حق ہے۔ اور سلف صالحین سے اس ضمن میں مُختلف روایات بھی مِلتی ہیں جیسے کہ! امام احمد بن حنبلؒ نے بیان کیا ہے کہ میں نے اللہ تعالیٰ کو خواب میں دیکھا تو عرض کی کہ! اے پروردگارِ عالم! سب عبادتوں میں افضل ترین عبادت کونسی ہے؟ اور (یا اللہ تعالیٰ) آپ کی بارگاہ میں پہنچنے کا نزدیک ترین راستہ کونسا ہے؟ تو (اللہ تعالیٰ نے) فرمایا کہ! قُرآنِ مجید کی تلاوت۔ ☆ اسی طرح **حضرت امامِ اعظم ابوحنیفہؒ** سے منقول ہے۔ کہ انہوں نے ایک سو مرتبہ اللہ تعالیٰ کو خواب میں دیکھا۔ ☆ اسی طرح **پیرانِ پیر سیدی شیخ عبدالقادر الجیلانیؒ** اور دیگر لاتعداد اولیاء نے کئی مرتبہ اللہ تعالیٰ کی خواب میں زیارت کی ہے۔ اور یہ سرفرازی **حضرت سیدنا محمد رسول اللہ** ﷺ ہی کی اُمت کو حاصل ہوا ہے۔ دیدارِ خُداوندی درحقیقت مُشاہدہ قلبی ہے۔ نہ کہ ظاہری آنکھ سے دیکھنا۔ مُحدثین، فُقہاء، مُتکلمین حتیٰ کہ مشائخِ طریقت کا اس بات پر قوی اتفاق ہے۔ کہ اولیاء اللہ میں سے کسی نے بھی سر کی آنکھ سے اللہ تعالیٰ کو نہیں دیکھا۔ اور نہ قیامت سے پہلے دیکھ پائیں گے۔ دیدارِ خداوندی کی نعمت جنتیوں کو حاصل ہوگی۔ **انشاء اللہ العظیم**۔

دیدارِ خُداوندی : میرا یہ عقیدہ ہے۔ کہ قیامت کے دِن مومنوں (ایمان والوں) کو اللہ تعالیٰ کا دیدار نصیب ہوگا۔ اسی ضمن میں حدیثِ نبوی ﷺ بھی ہے کہ! **انکم سترون ربکم یوم القیامة کما ترون القمر لیلة البدر** (تم عنقریب اپنے اللہ کو اس طرح دیکھو گے جس طرح چودھویں کا چاند دیکھتے ہو) اس حدیث میں تشبیہ صرف دیکھنے میں ہے۔ چاند اور باری تعالیٰ میں تشبیہ نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کے دیدار میں مقابلہ، مواجہہ اور قُرب و بُعد نہیں۔ اسی آنکھ کو قُوت بصیرت عطا کی جائے گی۔ جو لوگ دُنیا میں دیدارِ خُداوندی کو چشمِ بصیرت (دِل کی آنکھ) سے دیکھتے ہیں۔ ایسے لوگ بروزِ قیامت بچشمِ سر دیکھیں گے۔ انشاء اللہ۔ خواص مومنین (جیسے کہ انبیاء و رُسلؑ اور صحابہ کرامؓ) دن میں کئی مرتبہ اور عوام الناس (جیسے کہ تمام انبیاء و رُسل کے مومن اُمتی) کو بروزِ جُمعہ دیدارِ الٰہی نصیب ہوگا۔ **واللہ اعلم بالصواب**۔

فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کا دیدار نصیب نہیں ہوگا۔ صِرف **حضرت جبرائیلؑ** کو تمام عُمر میں ایک مرتبہ دیدار نصیب ہوگا۔ جِنات کو اللہ تعالیٰ کا دیدار کا دیدار نصیب نہیں ہوگا۔ اس ضمن میں حضرت امامِ اعظم ابوحنیفہؒ اور دیگر آئمہؒ کا ایک طبقہ یہ فرماتا ہے۔ کہ نہ انہیں ثواب حاصل ہوتا ہے۔ اور نہ بہشت میں داخل ہوں گے۔ نیک اور مُسلمان جنات کی نیکیوں کا بدلہ صِرف یہی ہے۔ کہ وہ دوزخ کی آگ سے نجات پائیں گے۔

سجدہء عشق ہو تو عبادت میں مزہ آتا ہے ۔۔۔ خالی سجدوں میں تو دنیا بسا کرتی ہے

عورتوں کا اللہ تعالیٰ کے دیدار کے سِلسلے میں عُلمائے حق کے مابین اختلاف پایا جاتا ہے۔ مگر حق تو یہ ہے۔ کہ مومن عورتوں (ایمان والیوں) کو بھی کبھی دیدار نصیب ہوگا۔ جیسے کہ سال میں دو، چار یا کچھ مرتبہ۔ مگر یہ بات بھی ذہن نشین رہے۔ کہ کچھ خواتین جیسے کہ حضرت حواؑ، حضرت آسیہؓ، حضرت خدیجۃ الکُبریٰؓ، حضرت عائشہ صدیقہؓ، حضرت فاطمۃ الزہراءؓ، حضرت رابعہ بصریؒ وغیرہ جو کہ عرفانِ الٰہی، معرفتِ خُداوندی اور کمالِ زُہد و تقویٰ میں مَردوں سے بھی بڑھ کر ہیں۔ ایسی عورتوں کو بھی ہفتہ عشرہ میں کئی مرتبہ دیدارِ الٰہی نصیب ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

یہ الگ بات کہ شرمندہء تعبیر نہ ہوں ۔۔۔ ورنہ ہر ذہن میں کچھ تاج محل ہوتے ہیں

کسی دوسرے کو اپنی ولایت اور نعمت بخشنا :

حضرت کبیرؒ نے خدمت والا میں عرض کیا۔ کہ عام وخاص میں یہ بات بہت مشہور ومعروف ہے۔ کہ فلاں بزرگ نے اپنی وفات کے وقت اپنی ولایت کے آثار اور اپنی نعمت دوسرے (یعنی کسی مرید یا خلیفہ یا اپنے کسی جانشین) کو بخش دی۔ کیا یہ عجیب سی بات معلوم نہیں ہوتی۔ کہ وہ ولایت جو ہزار محنت کے بعد حاصل کی جاتی ہے۔ اور وہ نعمت جو صد ہا رحمتوں کے بعد حاصل ہوتی ہے۔ اور جب آخرت میں اس سے محفوظ ہوتے ہیں۔ اور درجاتِ عالیہ اس کی بدولت نصیب ہوتے ہیں۔ پس ایسی ولایت اور نعمت دوسروں کے کس طرح حوالے کی جا سکتی ہے۔ اور دے دینا درست مان بھی لیا جائے۔ تو بعض اولیائے کرامؒ میں وہ تصرف جوان کی زندگی میں ان کو حاصل تھا۔ انتقال کے بعد کس طرح قائم رہتے ہیں۔ جبکہ وہ اپنی ولایت اور نعمت دوسروں کو بخش چکے ہوتے ہیں۔ جواباً حضرت قدوۃُ الکبریٰؒ نے فرمایا۔ کہ اس ایثارِ ولایت اور عطائے نعمت سے مراد یہ نہیں ہے۔ کہ وہ اپنی مخصوص ولایت اور اپنی خاص نعمت دوسروں کو دے دیتے ہیں۔ بلکہ اس سے مراد تو یہ ہے۔ کہ وہ طریقہ اور اشعار کسی ایک کو یا کئی لوگوں کو بخش دیا جاتا ہے۔ جو بخشنے والے کی ذات تک محدود تھا۔ اور دوسرا اس سے محروم تھا۔ تا کہ یہ نعمت وروش اور طرزِ خاص بخشی گئی ہے۔ اس روش اور اصولِ سلوک کو اپنا کر اس راہ کو طے کرے۔

حضرت شیخ خواجگیؒ نے فرمایا۔ کہ شیخ کے پاس نعمتِ وِلایت (ولایت میں واؤ کے نیچے زیر ہے) اور دولتِ وَلایت (وَلایت کے واؤ کے اوپر زبر ہے) دونوں ہوتی ہیں۔ اور جو کچھ خلق سے لگاؤ ہے۔ وہ پہلی وِلایت ہے۔ مثلاً مرید کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولِ مقبول ﷺ تک پہنچایا جائے۔ اور طریقت کے آداب اس کو سکھائے جائیں۔ لیکن دوسری وَلایت محبتِ الٰہی اور حضرت سرورِ کونین ﷺ کا قرب ہے۔ جب ایک شخص دنیا سے انتقال کرتا ہے۔ تو اس کو پہلی وِلایت جس کسی کو چاہتا ہے۔ دے دیتا ہے۔ اگر وہ خود کسی کو نہیں دیتا۔ تو حق تعالیٰ اپنے دوستوں (اولیاء اللہ) میں سے کسی ایک کو بخش دیتا ہے۔ لیکن دوسری وَلایت (حُبِّ الٰہی اور قربِ رسولِ مکرم ﷺ) کو وہ اپنے ساتھ لے جاتا ہے۔ اور وہ اسی کے ساتھ ہی باقی رہتی ہے۔

قسمت کی خوبی دیکھیئے ٹوٹی کہاں کمند　　　دو چار ہاتھ جبکہ لبِ بام رہ گیا

حکایتِ کیڑا :

حضرت خواجہ محبوب عالم شاہ صاحب نقشبندی سیدوی صاحب اپنی گراں مایہ تصنیف ''**خیر الخیر** معروف بہ **مرغوب السلوک**'' میں فرماتے ہیں۔ کہ! بعض بزرگوں نے ایک کیڑے کی حکایت نقل کی ہے۔ کہ اس (کیڑے) کے دل میں یہ خواہش تھی۔ کہ میں خانہ کعبہ (کیونکر) پہنچوں۔ مگر خانہ کعبہ وہاں سے بہت دور تھا۔ وہ کیڑا اپنے دل میں خیال کیا کرتا تھا۔ کہ نہ تو میرے پَر ہیں۔ اور نہ ہی میرے پاس زور یا زَر۔ (آخر) میں کس طرح ایسی معظم جگہ میں جو مورد ومہبطِ تجلیات مسجود الیہ کی ہے۔ تک پہنچ سکوں گا۔ (وہ بیچارہ کیڑا) اسی خیال میں تھا۔ کہ اچانک ایک جگہ جہاں گندم اور کوئی غلہ گاہا گیا تھا۔ کبوتروں کا ایک غول آکر دانہ چگنے میں مشغول ہو گیا۔ جب دانہ چگنے سے فارغ ہوئے۔ تو ایک کبوتر نے کہا۔ کہ اَب جو کچھ چگنا ہے۔ جلدی چگ لو۔ کہاں خانہ کعبہ جہاں ہم نے جا کر اپنے بچوں کی خبر گیری کرنی ہے۔ اور وقت بہت قلیل ہے۔ اگر بہت ہی تیز اُڑیں گے۔ تو پہنچیں گیں۔ اس قدر دور دراز راستہ طے کرنا بہت مشکل امر ہے۔ (اتفاق سے وہ خواہش مند) کیڑا ابھی وہیں پر دانہ چگ رہا تھا۔ اسے حرص پیدا ہو گئی۔ کہ اگر ان کا ساتھ میسر ہو۔ تو میرا مطلب حاصل ہو جائے گا۔ پَر ان کے رہے۔ اور پنجہ میرا رہا۔ چنانچہ وہ جلدی جا کر ایک کبوتر کے پاؤں چمٹ گیا۔ اور کبوتر وہاں سے اُڑ گئے۔ کیڑا یہ خیال کرتا جاتا تھا۔ اگر چہ میرے پَر نہ تھے۔ لیکن میں نے اپنا پنجہ سخت مظبوط کر کے مار لیا۔ تو اس کبوتر کے پَر بھی ہیں۔ جو مجھ کو (میری منزل مقصود تک) پہنچا دے گا۔ چنانچہ کبوتر خانہ کعبہ میں جا پہنچے۔ اور ایک نے دوسرے کو آواز دی۔ کہ طواف وزیارت خانہ کعبہ کی کر لو۔ کیڑا فوراً سمجھ گیا۔ کہ میری مراد اللہ تعالیٰ نے پوری کر دی۔ **الحمد للہ علیٰ احسانہ**۔ اس نے فوراً پنجہ چھوڑ دیا۔ اچانک کیا دیکھتا ہے۔ کہ خانہ کعبہ سامنے ہے۔ اور تجلیات کا مشاہدہ کر رہا ہے۔ (اس طرح سے وہ کیڑا بنا پَر، زور اور زَر کے) اپنے مطلب کو پہنچ گیا۔ اور اس کیڑے نے اللہ تعالیٰ کا بہت شکر ادا کیا۔　　آگے چل کر حضرت خواجہ محبوب عالم شاہ صاحب نقشبندی سیدوی صاحب فرماتے ہیں۔ کہ! جس طرح کہ اس کیڑے نے کبوتر کے پنجے مضبوطی سے پکڑ لئے۔ اور خانہ کعبہ میں پہنچ کر اپنے مُسودحاصل کر لیا۔ اگر کبوتر کی پرواز کے وقت وہ اپنے پنجے چھوڑ دیتا۔ تو ظاہر ہے۔ کہ! وہ کیڑا اپنے مقصود کو حاصل کرنے سے محروم رہتا۔ اور نہ صرف وہ محروم رہتا۔ بلکہ نیچے گر کر نیست ونابود ہو جاتا۔ اسی طرح اگر طالبِ مولا شہباز منازل طے کئے ہوئے کے دامن میں سختی سے چنگل مار لے۔ تو جہاں وہ پہنچے گا۔ وہیں وہ اپنے ساتھ اس کو لے جائے گا۔ اور اگر چنگل سست مارا۔ یا چھوڑ دیا۔ تو نیچے گر کر قعرِ دوزخ میں جا پہنچے گا۔

حکایت ایک خوش قسمت انسان کی :

ایک روز ارشاد ہوا۔ کہ! اثنائے سفر میں ایک روز ایک شخص سے ملاقات ہوئی۔ جب اُس کا حال دریافت کیا۔ تو کہنے لگا۔ کہ! میں حضرت موسیٰ پیغمبرؑ کے مزار مبارک کا جاروب کش ہوں۔ چھ ماہ میں ایک ہفتہ کی رخصت میسر ہوتی ہے۔ ہفتہ بھر گھر میں گزار کر آٹھویں روز پھر سے حضرت موسیٰ نبیؑ کے آستانہ پر جا پہنچتا ہوں۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے۔ کہ! عرصہ بیس برس کا ہوا۔ کہ میں اپنے گھر سے بارادہ زیارت حرمین شریفین زادہما اللہ شرفاً روانہ ہوا۔ جا بجا زیارت کرتا ہوا حضرت سیدنا موسیٰ پیغمبرؑ کے مزارِ متبرکہ پر پہنچا۔ وہاں کے جنگل کی فضا خوشگوار محسوس ہوئی۔ تو میں نے (بصد مسرت حضرت موسیٰؑ کے مزار مبارک کی) جاروب کشی اختیار کی۔ سات آٹھ برس کے بعد میرے وطن کا ایک شخص وہاں آنکلا۔ اور مجھے پیام دیا۔ کہ! تمھاری جورو نے کہہ دیا تھا۔ کہ!

کہ اگر (میرا شوہر) کہیں مل جائے۔ تو کہہ دینا کہ! تمہارے بچوں کی شادی کا وقت آ گیا ہے۔ جبکہ خرچ کو پھوٹی کوڑی نہیں۔ جس طرح بھی بن پڑے۔ تم واپس آ جاؤ۔ یہ سن کر اس وقت تو مجھے فکر لاحق ہوئی۔ کہ میرے پاس تو زادِ راہ ہی نہیں جبکہ سفر دور دراز۔ اب اگر جاؤں تو کیونکر جاؤں؟ مَیں اسی خیال میں سو گیا۔ (خوش قسمتی سے) خواب میں حضرت موسیٰ نے ارشاد فرمایا۔ کہ! فلاں مقام پر پتھر کے نیچے پانچ سو ریال رکھے ہیں۔ اُن کو لے لو۔ اور اپنے گھر کی راہ لو۔ لیکن بچوں کی شادی کر کے جلد واپس چلے آنا۔ ہم تمھارے منتظر رہیں گے۔ جب میں بیدار ہوا۔ تو اس خواب کو صرف خیال سمجھا۔ دوسرے دن پھر یہی معاملہ پیش آیا۔ اور ارشاد ہوا۔ کہ اس مقام پر جا۔ اور دیکھ تو سہی۔ جھوٹ ہے یا سچ؟ جا کر دیکھا۔ تو فی الحقیقت پانچ سو ریال پائے۔ تیسری شب ارشاد ہوا۔ کہ! کل ضرور چلے جاؤ۔ میں وہاں سے چل کر مدینہ منورہ آیا۔ وہاں کچھ مدت قیام کا ارادہ کیا۔ خواب میں جناب سرورِ کائنات ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ یہاں سے جلد چلے جاؤ۔ کیونکہ! حضرت موسیٰ نبی تمھارے منتظر ہیں۔ وہاں سے روانہ ہوا۔ گھر پہنچا۔ شادی اطفال سے فراغت پائی۔ پھر واپس آنے کو جی نہیں چاہتا تھا۔ ایک رات دیکھا۔ کہ حضرت موسیٰ فرماتے ہیں۔ کیا تُو (اَب ہمارے پاس) نہیں آتا۔ مَیں نے عرض کیا۔ کہ! پیدل چلنا تو دشوار و ناگوار معلوم ہوتا ہے۔ فرمایا کہ اچھا۔ جب میں بیدار ہوا۔ تو دیکھا۔ کہ! حضرت موسیٰ نبی کے آستانہ پر موجود ہوں۔ اس روز سے میرا یہ حال ہے۔ چھ مہینے کے بعد عرض کر کے سو رہتا ہوں۔ اور صبح کو اپنے گھر میں بیدار ہوتا ہوں۔ اور آٹھویں روز جس طور سے کہ آیا تھا۔ پھر پہنچ جاتا ہوں۔ میرے حال پر حضرت موسیٰ پیغمبر کی کمال مہربانی ہے۔ کہ! جب چاہتا ہوں (اُن سے) گفتگو کر لیتا ہوں۔ ایک روز مَیں نے عرض کیا۔ کہ! حضرت! مجھ کو کچھ تعلیم فرمایئے۔ ارشاد ہوا۔ کہ! تُو متحمل نہ ہو گا۔ مگر ہاں بعد انتقال کے تمکو کچھ دیں گے۔ اَب مَیں اپنے گھر آیا ہوں۔ چار دن تو گزر چکے ہیں۔ تین اور باقی ہیں۔ پھر میں اسی آستانہ پر جاؤں گا۔ نہایت خوشی میں زندگی بسر ہو رہی ہے۔ اگر کچھ خرچ درکار ہوتا ہے۔ تو حضرت سے عرض کر دیتا ہوں۔ دوسرے ہی دن مل جایا کرتا ہے۔

من نگویم کہ طاعتم بپذیر، قلم عفو بر گناہم کش
بر دَر کعبہ، سائلے دیدم، کہ ہمی گفت و میگر ستے خوش

حضرت قدوۃ الکبریٰ کی اپنے مرید کی وجہ سے حالت کا غیر ہونا:

حضرت شیخ ابوالوفا خوارزمی فرماتے ہیں۔ کہ! ایک مرتبہ حضرت قدوۃ الکبریٰ سرزمین ''شروان'' سے گذرے۔ اتفاقاً ایک گاؤں کی مسجد میں اُترنا ہوا۔ وہاں برف باری اس قدر شدید تھی۔ کہ! جس کی شرح نہیں ہو سکتی۔ حضرت قدوۃ الکبریٰ کے ایک مرید (کمال جوگی) کو رفع حاجت کا تقاضا پیش آیا۔ وہ رات کو اُٹھا۔ اور باہر جا کر ایک گوشہ میں قصدِ رفع حاجت کے جا بیٹھا۔ اُس جوگی پر برف کا اس قدر اثر ہوا۔ کہ وہ بالکل حرکت نہ کر سکا۔ حالت یہاں تک ہو گئی۔ جیسے کہ! اس کی زندگی کی شاید ایک سانس بھی باقی نہ رہی ہو۔ حضرت قدوۃ الکبریٰ اُس وقت تازہ وضو فرما رہے تھے۔ ابھی وضو سے فراغت بھی نہ پائی تھی۔ کہ حضرت قدوۃ الکبریٰ کو سردی لگنے لگی۔ اور اتنی سردی لگی۔ کہ! جس کی شرح بیان کرنا ناممکن ہے۔ تمام لوگ (مریدین و معتقدین) حیران تھے۔ کہ گرمی پہنچانے کے تمام ترلوازمات موجود تھے۔ حضرت قدوۃ الکبریٰ نے پوستین کا لباس زیب تن کیا ہوا تھا۔ توشک، گدّے اور نمدے کے تکیے تھے۔ آگ بھی برابر جل رہی تھی۔ پھر اتنی سردی ان (حضرت قدوۃ الکبریٰ) کو کیونکر لگ رہی تھی۔ کسی کے سمجھ میں کچھ نہیں آ رہا تھا۔ حضرت خواجہ ابوالقاسم جو کہ! شرابِ معرفت کے کچھ گھونٹ پیئے ہوئے تھے۔ (اور وہ نورِ معرفت و حقیقت سے شناسا اور بہرہ ور تھے) سمجھ گئے۔ کہ! حضرت قدوۃ الکبریٰ کا یہ عالم اپنے کسی دوسرے شخص (یعنی مرید یا معتقد) ہی کی تکلیف کے باعث ہے۔ وہ جلدی سے مسجد سے باہر نکل آئے۔ اور اپنے دیگر جملہ احباب و رفقاء پر نظر ڈالی۔ تو اُنہیں معلوم ہوا۔ کہ! سب لوگ موجود ہیں۔ مگر کمال جوگی موجود نہیں ہے۔ اور وہ شاید باہر کہیں گیا ہوا ہے۔ لوگ اَب کمال جوگی کی تلاش میں نکل پڑے ہوئے۔ بسیار تلاش کے بعد بالآخر انہیں ڈھونڈ کر لے ہی آئے۔ جو کہ برف تلے دبے پڑے تھے۔ پھر اس کو طرح طرح کے موٹے کپڑے پہنائے۔ اور آگ کے سامنے رکھا۔ جوں جوں کمال جوگی کی سردی کی شدت میں کمی واقع ہوتی گئی۔ حضرت قدوۃ الکبریٰ کی طبیعت بھی سنبھلتی گئی۔ جب کمال جوگی کے جسم سے سردی بالکل نکل گئی۔ حضرت قدوۃ الکبریٰ کی طبیعت بھی بالکل ٹھیک ٹھاک ہو گئی۔ اور یوں حضرت قدوۃ الکبریٰ سے سردی کا اثر بالکل زائل ہو گیا۔

یہ علم، یہ حکمت، یہ تدبر، یہ حکومت
پیتے ہیں لہو، دیتے ہیں **تعلیم** مساوات

وضاحت: اس ضمن میں یہ بات یاد رہے۔ کہ! زمان و مکان کی حقیقت کے پیچھے برسوں سے غیر مسلم (بالخصوص مغربی) سائنسدانوں نے چھان بین شروع کی ہوئی ہے۔ مگر وہ ابھی تک اس شش و پنج میں مبتلا ہیں۔ کہ! کیا واقعتاً زمان و مکان کی کوئی حقیقت ہے بھی؟ یا محض یہ بے بنیاد و من گھڑت افسانوی باتیں ہیں۔ لیکن وہ تا حال اپنی اس کھوج و تلاش میں ناکام رہے ہیں۔

الحمد للہ! مسلمانوں کے پاس زمان و مکان کی حقیقت کے متعلق کئی ایک واضح ترین ثبوت بھی موجود ہیں۔ جیسے کہ! آنحضور نبی مکرم ﷺ کا واقعہ معراج شریف کہ انہوں نے عرش سے فرش تک تک سفر کیا۔ جنت و دوزخ ملاحظہ فرمائی۔ انبیائے کرام کو نماز پڑھائی۔ حضرت موسیٰ سے ملاقات کرنا اور پھر نماز کی تعداد میں کمی کرانے کے لئے تگ و دو کرنا وغیرہ۔ اسی طرح اصحاب کہف کے لئے وقت کو روکے رکھنا۔ حضرت سیدہ خاتونِ جنت کے موئے مبارک کے ظاہر ہونے کے وقت کا باذنِ الٰہی رُک جانا۔ اسی طرح سے حضرت بلالِ حبشی کے اذان نہ دینے کی وجہ سے وقت کو روکے رکھنا۔ ایسے ہی حضرت علی المرتضیٰ کی نماز قضاء نہ ہونے کی وجہ سے آنحضرت نبی مکرم ﷺ کا سورج کو واپس پلٹا کر وقت کو پیچھے دھکیلنا۔

لا کوئی حسن عمل میری خطا کے سامنے
حشر ہے زاہد یہاں ہر چیز کا ہے فیصلہ

زمان و مکان کے عجیب و غریب حقیقی واقعات : (حکایتِ عجیبہ معہ اختصار)

☆ **حکایت** : حضرت شیخ الشیوخ شہاب الدین عمر سہروردی ؒ نے اس واقعہ کی تصدیق فرمائی ہے۔ حضرت شیخ الشیوخ ؒ کا ایک مرید سنار تھا۔اس کی یہ ڈیوٹی (فریضہ) تھا۔کہ! وہ ہر جمعۃ المبارک کو صوفیائے کرام کی جائے نمازیں لے جا کر مسجد میں بچھا دیا کرتا تھا۔جب لوگ جمعہ نماز پڑھ کر چلے جاتے تھے۔تو وہ اُن جانمازوں کو اُٹھا کر خانقاہ میں رکھ آتا تھا۔اپنے تفویضی فرض کے مطابق ،ایک جمعہ اس نے جملہ جائے نمازوں کو اکٹھا کر کے باندھا۔اور ارادہ کیا۔کہ! دریائے دجلہ (جو بغداد میں واقع ہے) میں جا کر غسل کر لے۔(پھر واپس آ کر جائے نمازوں کو بچھائے گا) چنانچہ وہ گیا۔اور دجلہ پہنچ کر کپڑے اُتار کر کنارے پر رکھ کر نہانے کے قصد سے دجلہ میں غوطہ لگایا۔جب اُس سنار نے سر اُٹھایا۔تو کیا دیکھتا ہے۔کہ! وہ دریائے دجلہ کے بجائے مملکتِ مصر کو کوئی دریا ہے۔جس کے کنارے پر وہ کھڑا ہے۔دریا سے نکل کر چلتے چلتے وہ مصر کے کسی شہر میں داخل ہو گیا۔اور کسی سنار کی دکان پر جا رکا۔اُس وقت اس کے پاس صِرف ایک ہی کپڑا تھا۔جس سے کہ اس نے اپنے بدن کو ڈھانپا ہوا تھا۔کہ جب اُس نے دریائے دجلہ میں غوطہ لگایا تھا۔(بہر حال) وہ دکان دار اپنے فہم و فراست سے سمجھ گیا۔کہ یہ بھی کوئی سنار ہے۔جب اُسے معلوم ہوا۔کہ یہ تو کوئی بہت ہی اچھا سنار ہے۔تو اس نے اس کی کافی خاطر مدارت کی۔اور پھر اُسے اپنے گھر لے گیا۔(کچھ دنوں بعد) اُس سے اپنی بیٹی کا نکاح کر دیا۔پھر وہ عرصہ سات برس تک مصر میں قیام پذیر رہا۔اس عرصہ میں اُس کے تین بیٹے بھی پیدا ہوئے۔پھر ایک دن اتفاقاً وہ مصر کے دریا کے کنارے بغرض غسل گیا۔اپنے کپڑے اُتار کر ایک کپڑا (بطور لنگوٹ) باندھا۔اور پانی میں غوطہ لگایا۔اَب جو اُس نے پانی سے سر نکالا۔تو وہ مصر کا دریا نہیں تھا۔بلکہ! بغداد کے درمیان میں بہنے والا دریائے دجلہ تھا۔اور وہ اُسی جگہ پر تھا۔جہاں اُس نے سات برس قبل نہانے کی غرض سے اپنے کپڑے اُتار کر رکھے تھے۔وہ یہ دیکھ کر حیران ہوا۔کہ اُس کے وہی کپڑے بعینہٖ کنارے پر رکھے ہوئے ہیں۔وہ اپنے کپڑے پہن کر خانقاہ آیا۔اور دیکھا ساری جانمزیں ویسی ہی بچھی ہوئی ہیں۔اس کے بعض دوستوں نے اُسے کہا۔جلدی کیجئے۔کہ! لوگ جامع مسجد میں جا چکے ہیں۔جائے نمازوں کو لے کر مسجد کو پہنچیں۔وہ جائے نمازوں کو لے کر جلدی سے مسجد پہنچا۔انہیں بچھایا۔اور نماز پڑھی۔پھر جائے نمازوں کو لے کر خانقاہ جا کر پھر اپنے گھر پہنچا۔تو اس کی بیوی نے پوچھا۔کہ! آپ کے دوست احباب کہاں ہیں۔جن کی آپ نے دعوت کی تھی۔اور اُن کے لئے مچھلی بھی تیار کروائی تھی۔(بہر حال مہمان آ کر جب واپس چلے گئے۔تو) یہ سنار اپنے پیرو مرشد ابنِ سکینہ کی خدمت میں پہنچا۔اور اِن سے سارا واقعہ (آپ بیتی) سنایا۔کہ غسل کر کے دریائے دجلہ کے بجائے دریائے مصر میں نکلنا، پھر سنار زادی سے شادی اور تین بچوں کا پیدا ہونا وغیرہ۔اُس کے شیخ نے حکم دیا۔کہ! مصر جاؤ۔اور اپنے بیوی بچوں کو لے آؤ۔شیخ نے پھر پوچھا۔تمھارے دل میں غالبًا (کسی بات کے متعلق کوئی) شک گذرا ہوگا۔تو اُس نے عرض کیا۔جی ہاں! میرے دل میں خیال آیا تھا۔کہ! ''حضرات رجال الغیب'' یا اولیائے عظام بھلا قلیل وقت میں کئی سو مرتبہ کیسے قرآنِ مجید ختم (الم سے والناس تک) کر لیتے ہیں۔یہ بات عقلی طور پر تو نہیں مانی جا سکتی تھی۔لیکن جب میرے اپنے تئیں یہ واقعہ پیش آیا۔تو مجھے رجال الغیب کے اس اداز پر یقین ہو گیا۔

☆ **حکایت** : حضرت سید غوث علی شاہ قلندری قادری ؒ فرماتے ہیں۔کہ! جب ہم حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی ؒ ابن حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی ؒ کے پاس سبق پڑھا کرتے تھے۔کہ! ایک شخص امیرانہ پیرہن زیب تن کئے آن حاضر ہوا۔اور عرض کی۔کہ! میری سرگذشت قابل سماعت ہے۔یا حضرت! میری عقل کام نہیں کرتی۔حیران ہوں۔کہ! کیا کروں۔اور کہاں جاؤں۔آپ ؒ کی خدمت میں اس قصد سے حاضر ہوا ہوں۔کہ! جو (میرے مناسب حال) ارشاد ہو۔بجا لاؤں۔میں لکھنؤ کا باشندہ اور روزگار پیشہ آدمی تھا۔ایک مرتبہ بوجہ بے کاری گھر کے حالات کچھ تنگی کا شکار ہو گئے۔ارادہ کیا۔کہ! باہر کہیں نکل کر تلاشِ معاش کروں۔مَیں تھوڑا سا زادِ راہ لے کر اودے پور کو چلا۔ایک سرائے میں اُترا۔اور اپنا گھوڑا باندھ کر خاموش و متفکر چارپائی پر جا بیٹھا۔اس دوران ایک عورت آئی۔کس فکر میں بیٹھے ہو؟ کچھ کھانے دانے کا بندوبست کیوں نہیں کرتے۔اور تمھارا گھوڑا (مارے بھوک و پیاس کے) ٹاپتا ہے۔اور تم کو کچھ فکر نہیں۔ناچار جو بات (حقیقت حال و تنگی معاش) تھی۔سب سچ سچ کہہ دی۔کہ پھوٹی کوڑی تک گرہ میں نہیں۔اَب اگر مَیں اپنا گھوڑا یا ہتھیار بیچتا ہوں۔تو نوکری کیسے کروں گا۔اور اگر یہ نہ کروں تو خرچ کہاں سے لاؤں گا۔وہ چپکی سی چلی گئی۔اور دس روپیہ لا کر میرے حوالے کئے۔جو کہ اُس نے اپنے کفن دفن کے لئے جمع کر رکھے تھے۔اور کہا۔کہ! تمھیں قرضِ حسنہ کے طور پر دیتی ہوں۔جب خدا تمھیں دے۔تو ادا کر دینا۔میں وہ روپے خرچ کرتا ہوا بالآخر اودے پور پہنچ گیا۔اور وہاں جھٹ پٹ مجھے نوکری بھی مل گئی۔اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے عرصہ پنج سال میں ہی مَیں امیر کبیر ہو گیا۔پھر گھر سے بیٹے کا خط آیا۔کہ! بیٹی والے تقاضا کرتے ہیں۔کہ جلد آ کر شادی کا سامان کرو۔میں راجہ سے رخصت لے کر بڑے ٹھاٹ باٹ سے چل نکلا۔واپسی پر اُسی سرائے میں جب آن اُترا۔تو اس عورت کا حال دریافت کیا۔پتا چلا کہ وہ تو بیمار بستر مرگ پر پڑی چند گھڑیوں کی مہمان ہے۔میں جب اُس کے پاس پہنچا۔تو وہ اُسی وقت جاں بحق ہو گئی۔خیر میں نے اس کی تجہیز و تکفین کی۔اس کو قبر میں اتارا اور دفن کر کے واپس (سرائے میں بقصد آرام) چلا آیا۔جب آدھی رات گذری۔تو خیال آیا۔کہ! میری جیب میں پانچ ہزار کی ایک ہنڈوی (پوٹلی) تھی۔جب دیکھا تو ندارد۔بڑی پریشانی ہوئی۔سوچتے سوچتے ذہن میں آیا۔کہ! دورانِ دفن شاید وہ ہنڈوی قبر میں گر گئی ہو۔خیر میں پلنگ سے اُٹھا۔(اسی وقت آدھی رات کو ہی) قبرستان پہنچ کر وہی قبر کھود ڈالی۔حیران رہ گیا۔کہ! نہ وہاں ہنڈوی ہے اور نہ ہی میت۔البتہ ایک طرف کو ایک چھوٹا سا دروازہ نظر آیا۔جب میں اس دروازے کے راستے اندر داخل ہوا۔تو دیکھا۔کہ! نہایت پُر فضا و دلکش باغ اور ایک عالیشان محل ہے۔اور ایک حسین و جمیل عورت، اپنے اِرد گرد غلام و کنیزوں کے ہمراہ وہاں بیٹھی ہوئی ہے۔میں جھجک کر پیچھے آنے ہی لگا تھا۔کہ ایک غلام مجھے بلانے آ گیا۔اب اس عورت نے کہا۔تُو نے شاید مجھے پہچانا نہیں۔میں وہی ہوں۔جس نے تم کو زادِ راہ کے لئے دس روپے دیئے تھے۔آج اس (نیکی) کی بدولت اللہ تعالیٰ نے مجھے یہ عروج عطا فرمایا

ہے۔ لو یہ تمہاری ہنڈوی بھی موجود ہے۔ اَب دیر نہ کرو۔ جلدی سے واپس چلے جاؤ۔ میں نے عرض کی۔ یہاں کی ذرا سیر تو کرلوں۔ وہ بولی۔ یہاں کی سیر تو تم قیامت تک بھی نہ کرسکو گے۔ اتنی ہی دیر میں (خدا جانے تمھاری) دنیا کے اندر کیا سے کیا ہوگیا ہوگا۔ بس تم جاؤ۔ خیر میں اس کے کہنے کے موافق چلا آیا۔ شاید مجھے کوئی تین گھڑی کا عرصہ ہی لگا ہوگا۔ جب میں قبر سے نکلا۔ تو دیکھتا ہوں۔ زمانہ کا رنگ ہی کچھ اور ہے۔ نہ وہ تکیہ نہ وہ سرائے۔ وہ بستی شہر بن گئی ہے۔ پہلا حال (یعنی وہی نقشہ جو قبر میں جاتے وقت تھا) جس سے پوچھتا ہوں۔ وہ مجھ کو دیوانہ بتلاتے ہوئے کہتا ہے۔ کیسی سرائے کونسا امیر؟

اے ہم نفس نہ پوچھ عبث ہے کہاں سرائے ہم ہیں مسافر اور جہاں کارواں سرائے

بالآخر ایک آدمی نے کہا۔ چلو تمھیں ایک بزرگ (کثیر العمر) کے پاس لے چلوں۔ شاید کہ ان سے کچھ پتا چل سکے۔ وہ بڑا معمر آدمی تھا۔ میرا حال سن کر اس نے بحرِ تفکر میں غوطہ لگایا۔ اور بہت تامل کے بعد کہا۔ کچھ کچھ مجھ کو یاد ہے۔ میرے پردادا فرمایا کرتے تھے۔ کہ اگلے زمانہ میں یہاں صِرف ایک سرائے ہوا کرتی تھی۔ اور ایک امیر آدمی یہاں آن ٹھہرا تھا۔ ایک ضعیفہ کا گور وکفن کیا۔ مگر نیم شب وہ امیر آدمی اچانک سے کہیں غائب ہوگیا۔ پھر اس کا کچھ پتہ نہ چلا۔ اس کے ہمراہی روپیٹ کر چلے گئے۔ اور اس بات کو (غالبًا) کوئی تین سو برس کا عرصہ گذر چکا ہے۔ میں نے فورًا کہا۔ وہ امیر آدمی میں ہی ہوں۔ تو لوگ حیرت میں میرے اردگرد جمع ہوگئے۔ اب مجھ کو خبط سا ہوگیا۔ کہ! نہ گھر ہے نہ کوئی در۔ اس ہنڈوی کا اب کیا کروں۔ تو شاہ صاحب (حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ ابن حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ) نے فرمایا۔ بے شک! (خیر مرضی مولا۔ اَز ہمہ اولیٰ) وہاں کی ایک گھڑی یہاں کی ایک صدی کے برابر ہے۔ اَب تم بیت اللہ شریف چلے جاؤ۔ اور باقی عمر وہیں یادِ الٰہی میں گذارو۔ چنانچہ اس امیر آدمی کو خرچ دے کر مکہ معظمہ روانہ کیا۔

حضرت بابا فرید گنج شکرؒ کا اپنے پیر و مرشد کی تعظیم و اطاعت بجا لانا :

حضرت ابوالفیض قلندر علی سہروردی کی کتاب ''الفقرُ فخری'' میں ایک واقعہ نقل فرماتے ہیں۔ کہ! حضرت بابا فریدؒ اپنے شیخ کی خدمت میں تعلیم تقرب الی اللہ کی ابتدائی منازل طے کرنے میں مصروفِ کار رہتے۔ اور وہیں قیام بھی رکھا کرتے تھے۔ آپؒ کے ذمہ اپنے شیخ کی ظاہری خدمات میں سے ایک خدمت یہ بھی تھی۔ کہ آدھی رات کو آگ جلائی جائے۔ اور (اپنے پیرومرشد حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ کی نمازِ) تہجد کے لئے پانی گرم کیا جائے۔ اُن دنوں میں آگ جلانے اور اسی آگ کو محفوظ رکھنے کا بڑا انتظام و اہتمام کرنا پڑتا تھا۔ اور کئی کئی ماہ تک بلکہ سالہا سال اپنی ضروریات کے لئے آگ کا ذخیرہ موجود رکھا جاتا تھا۔ کیونکہ آگ پیدا کرنے اور جلانے کے لئے آج کل کی طرح سہل ترین اور خاطر خواہ اسباب و ذرائع میسر نہ تھے۔

اگر زینجا سفر در پیش گیرم زِ عشقت زادِ راہ خویش گیرم

اتفاق سے ایک رات آگ بُجھ گئی۔ اور حضرت بابا فرید الدین گنج شکرؒ جو رات کو پانی گرم کرنے کے لئے اُٹھے۔ تو آگ کو بجھا ہوا دیکھ کر نہایت مغموم و پریشان ہوئے۔ اور آگ کی تلاش کو خانقاہ سے باہر نکلے۔ کیا دیکھتے ہیں۔ کہ! کچھ فاصلے پر آگ جل رہی ہے۔ فورًا وہاں پہنچے۔ دیکھا تو آگ ایک بڑھیا عورت نے جلا رکھی ہے۔ اس کے سامنے جا کر (نہایت ادب واحترام سے) آگ مانگی۔ وہ کہنے لگی۔ اے فریدؒ! اس آگ کی قیمت آنکھ ہے۔ آنکھ دے دو۔ اور آگ لے جاؤ۔ آپؒ نے فرمایا۔ کہ جس آنکھ کی ضرورت ہو۔ فورًا نکال لو۔ اور آگ دے دو۔ کیونکہ حضرت شیخ اُٹھنے والے ہیں۔ اور مجھے ان کے لئے وضو کا پانی گرم کرنا ہے۔ اس بڑھیا نے داہنی آنکھ نکال لی۔ اور بدلے میں آگ دے دی۔ حضرت بابا فریدؒ وہ آگ اُٹھا کر فورًا لے آئے۔ اپنے پیرومرشد و مربیؒ کے لئے جلدی جلدی پانی گرم کیا۔ اور حضرت شیخ وضو کرکے اپنے کام میں مشغول ہوگئے۔ جب صبح ہوئی۔ تو حضرت شیخ قطب الدین بختیار کاکیؒ نے اپنے مصاحبین کے اندر حضرت بابا فریدؒ کو یاد فرمایا۔ اور پوچھا۔ کہاں ہیں؟ الغرض! حضرت بابا فریدؒ بلوائے گئے۔ جب آئے۔ تو اپنی آنکھ پر پٹی باندھے ہوئے تھے۔ حضرت شیخؒ نے پوچھا۔ آنکھ کیوں باندھ رکھی ہے۔ عرض گزار ہوئے۔ آنکھ خراب ہوگئی ہے۔ حضرت شیخؒ نے فرمایا۔ کہ (اَب آپؒ کی آنکھ) پہلے سے سوائی ہوگئی ہے۔ (یعنی آپؒ کی آنکھ کا سائز پہلے کی نسبت سَوا گنا بڑھ چکا ہے) آنکھ پر سے پٹی کھول دو۔ اور تمھاری نسل میں بھی میرا یہ نشان ہمیشہ موجود رہے گا۔ (انشاءاللہ تعالیٰ) اِن کی بھی ایک آنکھ چھوٹی اور بڑی ہوگی۔ دنیا دیکھے گی۔ کہ پیرومرشد کی خدمت کا کیسا صلہ حضرت بابا فریدؒ نے پایا۔ جب بابا فریدؒ نے آنکھ کھولی۔ تو واقعتاً وہ صحیح سالم، بڑی اور پہلے سے بھی زیادہ تندرست تھی۔ اور آج تک آپؒ کی نسل میں یہ کرامت ویسے ہی جاری وساری ہے۔ کہ حضرت بابا فرید الدین گنج شکرا جودھنی پاک پٹنیؒ کی نسل میں ایک آنکھ بڑی اور ایک آنکھ چھوٹی ہوتی ہے۔

حسنِ کردار سے نورِ مجسم ہو جا کہ ابلیس بھی دیکھے تجھے، تو مسلماں ہو جائے

حضرت غوث الوقت سیدی عبدالعزیز الدباغؒ :

حاملینِ علمِ لدنی میں سے ایک حضرت سیدی عبدالعزیز دباغؒ بھی تھے۔ آپؒ صریح اُمی ولی اللہ تھے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے حضرت دباغؒ کو اپنی عظیم معرفت اور نبی مکرم ﷺ کے ساتھ انہیں ایک ایسی مضبوط نسبت عطا فرمائی ہوئی تھی۔ کہ جس کے نتیجے میں اِن کا سینہ مبارک اَسرار و معارف کا خزینہ بنا ہوا تھا۔ آپؒ اپنی محافل و مجالس عوام الناس کو اللہ تعالیٰ کا قرب اور سیدی نبی اکرم ﷺ کے عشقِ لامنتہا کی خیرات اور فیوضاتِ رحمانی سے آشنائی کے حصول کی خاطر پیار و محبت کے تربیتی انداز میں ایسے ایسے اسرار و معارف سے آگاہ فرماتے رہتے تھے۔ کہ جس کے نتیجے میں عوام الناس کو اِن کے اصلاح واحوال کا بہترین موقع میسر آتا تھا۔ اور لوگوں کے پراگندہ، پرحجاب قلوب کو طہارتِ ظاہری و باطنی کے فیوضات و برکات حاصل ہوتے تھے۔ اسی ضمن میں اُن کے

مرید خاص حضرت احمد بن مبارک بن محمد بن علی سلجماسیؒ نے اُن کے فیضانِ محبت اور تعلیمات کو اُنہی کے ملفوظات بنام ''الابریز'' کے طور پر مرتب کر کے علم لدنی کے ابواب کی عقدہ کشائی کی ۔ اس کتاب میں ایسے ایسے مخفی اسرار و معارف پوشیدہ ہیں ۔ کہ کتاب کو پڑھنے سے ہی انسان کو ولایت کے حصول کی خواہش پیدا ہو جاتی ہے ۔ حضرت احمد بن مبارکؒ فرماتے ہیں ۔ کہ اُن کے پیرومرشد حضرت دباغؒ کی صحبت بابرکت اور اُن کے اقوال کی تاثیر اور لذت مَیں اور میرے دیگر پیر بھائی اور اُن کے معتقدین ومتوسلین کئی ایام تک محسوس کیا کرتے تھے ۔ حضرت دباغؒ کے چند چنیدہ اقوال کو اِسی کتاب میں بطور تبریک پیش کیا گیا ہے ۔ تا کہ عام وخاص حضرات (بشمول میرے جیسے کم علم وعقل) علمِ لدنی کے اسرار و معارف سے آشنائی و آگاہی حاصل کر کے صراطِ مستقیم پر چلیں ۔ اور ثواب دارین حاصل کر کے اللہ تعالیٰ کے محبوبین اور مقبولین میں ہم بھی شامل ہوسکیں ۔ (انشاء اللہ)

حضرت شیخ الاسلام احمد النامقی الجامیؒ :

حاملینِ علمِ لدنی میں سے ایک حضرت شیخ الاسلام احمد النامقی الجامیؒ تھے ۔ جب اِن کو 22 برس کی عمر میں توبہ کی توفیق نصیب ہوئی ۔ تو حضرت جامیؒ پہاڑ پر جا کر اللہ تعالیٰ کی عبادت و ریاضت میں مشغول ومستغرق ہو گئے ۔ اٹھارہ برس کے بعد جب اِن کی عمر 40 سال ہوئی ۔ تو اِنہیں مخلوق میں بھیجا گیا ۔ علمِ لدنی کے دروازے (دورانِ عبادت و ریاضت) کھل چکے تھے ۔ چنانچہ انہوں نے علم توحید ومعرفت سرو حکمت ، روشن طریقت واسرارِ حقیقت میں 300 تین صد سے زائد رسالے تصنیف کئے ۔ اور وہ رسائل اتنے بلند پایہ پر علم وحکمت تھے ۔ کہ کوئی عالم اور دانشور حضرت جامیؒ کے کسی قول پر اعتراض نہ کرسکا ۔ اور نہ کوئی کرسکتا ہے ۔ کیونکہ حضرت جامیؒ کی تمام تر تصانیف نصوصِ قرآنی اور احادیثِ نبویہ ﷺ پر مشتمل ہیں ۔ وہ اپنے ہر قول کی دلیل نصِ قرآنی یا حدیثِ نبوی ﷺ سے پیش کرتے ہیں ۔ تقریباً تین لاکھ افراد نے حضرت جامیؒ کے دستِ مبارک پر توبہ کی عظیم سعادت حاصل کی ۔ اور وہ گناہ گار اشخاص گناہ کے راستے سے پلٹ کر سعادت ومعرفت کے راستے پر گامزن ہوئے ۔

حضرت شیخ احمد جامؒ :

حاملینِ علمِ لدنی میں سے ایک ولی الصفت بزرگ حضرت شیخ احمد جامؒ بھی تھے ۔ جن کے بارے میں حضرت قدوۃُ الکبریٰؒ نے ارشاد فرمایا ۔ کہ ایک روز حضرت شیخ احمد جامؒ کو شیخ الاسلام عبداللہ انصاریؒ کی خانقاہ سے کسی دعوت میں لوگ لے جارہے تھے ۔ جب خادم نے جوتے سامنے رکھے ۔ شیخ نے فرمایا ۔ ذرا ٹھہر جاؤ ۔ ایک ضروری کام ہے ۔ جونہی حضرت جامؒ واپس آئے ۔ تو دیکھا کہ ایک ترکمان اپنی زوجہ اور ایک خوبصورت مگر نابینا (13 سالہ) بیٹے کے ہمراہ حاضرِ خدمت ہو کر عرض گزار ہوا ۔ کہ ! اے شیخؒ ! اللہ تعالیٰ نے ہم کو دنیا کی ہر نعمت عطا فرمائی ہوئی ہے ۔ لیکن اِس بیٹے کے علاوہ ہماری کوئی اور اولاد نہیں ہے ۔ ہم نے جہاں کہیں کسی بزرگ ، طبیب یا مزار کے بارے میں سنا ۔ ہم وہاں گئے ۔ لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا ۔ ہم نے سنا ہے ۔ کہ آپؒ اللہ تعالیٰ سے جو بھی کچھ طلب فرماتے ہیں ۔ وہ (باذن اللہ) پورا ہو جاتا ہے ۔ آپؒ ہمارے اِس لڑکے پر توجہ فرمائیں ۔ تا کہ اس کی آنکھیں پُرنور (روشن و بینا) ہو جائیں ۔ ہمارے پاس جو بھی کچھ ہے ۔ وہ آپؒ پر قربان !!! اور اگر ہمارا مقصد پورا نہیں ہوا ۔ تو ہم (دونوں میاں بیوی) آپؒ کے دَر پر سر پٹخ کر اپنی جان دے دیں گے ۔ حضرت شیخ احمد جامؒ نے فرمایا ۔ (یہ تو) عجیب معاملہ ہے ۔ (کیونکہ ! اللہ تعالیٰ کے حکم سے) مردے زندہ کرنا ، نابیناؤں کو بینا کرنا اور کوڑھی کو درست کرنا یہ سب تو حضرت عیسیٰؑ کے معجزات ہیں ۔ احمدؒ کون ہے ۔ اور اس کی کیا ہستی ہے ۔ اس سے بھلا یہ محال کام کیونکر ہوسکتا ہے ۔ یہ کہہ کر وہ (شیخ احمد جامؒ) جانے لگے ۔ اور یہاں ترکمان اور اس کی بیوی نے اپنے اپنے سر پٹخنا شروع کر دیئے ۔ جب حضرت شیخؒ شہر دالان پہنچے ۔ تو آپؒ پر ایک عجیب حالت طاری ہوئی ۔ اور آپؒ کہنے لگے ۔ ہم کریں گے ۔ ہم کریں گے ۔ وہاں پر موجود چند حضرات نے حضرت شیخ کے یہ جملے سنے ۔ اور حضرت شیخ دالان ہی سے واپس پلٹ پڑے ۔ اور خانقاہ میں تشریف لے آئے ۔ اور چبوترے کے کنارے پر بیٹھ گئے ۔ اور فرمایا ۔ اس نابینا لڑکے کو لایا جائے ۔ چنانچہ اُس نابینا لڑکے کو آپؒ کے روبرو لایا گیا ۔ آپؒ نے اپنے دونوں انگوٹھے اس نابینا لڑکے کی دونوں آنکھوں پر رکھے ۔ اور کھینچ لیا ۔ اور فرمایا ۔ **انظر باذن اللہ** ۔ (دیکھ اللہ تعالیٰ کے حکم سے) اسی وقت اس نابینا لڑکے کی دونوں آنکھوں میں روشنی لوٹ آئی ۔ وہاں پر موجود چند حضرات نے آپؒ سے دریافت کیا ۔ کہ پہلی مرتبہ تو آپؒ کی زبان سے وہ کلمات (یعنی انکار) ادا ہوئے ۔ اور پھر یہ کلمات ادا ہوئے ۔ ہم کریں گے ۔ ہم کریں گے ۔ یہ دونوں باتیں کس طرح درست ہوسکتی ہیں ۔ حضرت شیخ احمد جامؒ نے فرمایا ۔ کہ جو کچھ اول مرتبہ کہا گیا (یعنی بینائی نہ لوٹانے والی بات) وہ احمدؒ کا قول تھا ۔ اور اس کے علاوہ کچھ اور ہو ہی نہیں سکتا ۔ اور جب مَیں دالان میں پہنچا ۔ تو غیب سے ندا آئی ۔ کہ احمدؒ ٹھہرو ! زندہ کرنا حضرت عیسیٰؑ کا ہی کام تھا ۔ اور کوڑھی کو درست کرنا بھی انہیں کا کام تھا ۔ اَب تم بھی کہہ دو ۔ کہ ہم کریں گے ۔ ہم کریں گے ۔ اَب ہم نے اس لڑکے کی آنکھوں کی روشنی تمہارے اختیار میں دے دی ہے ۔ غیب کی یہ آواز میرے قلب میں اس طرح آئی ۔ کہ یہی کلمات اسی طرح میرے دل ہی میں اُتر گئے ۔ اور پھر میری زبان سے بھی وہی کلمات ادا ہو گئے ۔ پس وہ قول وفعل جو کچھ بھی تھا ۔ وہ حق تعالیٰ کی طرف سے تھا ۔ جو درحقیقت احمدؒ کے ہاتھ اور زبان سے ظاہر ہوا ۔

جو عمر کو مفت گنوائے گا وہ آخر کو پچھتائے گا
کچھ بیٹھے ہاتھ نہ آئے گا جو ڈھونڈے گا وہ پائے گا
تُو کب تک دیر لگائے گا یہ وقت بھی آخر آئے گا
اُٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے پھر دیکھ خدا کیا کرتا ہے

حضرت ابو بکر صدیقؓ کا خرقہ مبارک:

بلم رسیدہ جانم تُو بیا کہ زندہ مانم — پس ازاں کہ من نمانم بچہ کار خواہی آمد

(میری جاں لبوں تک پہنچ چکی ہے۔تُو آ۔ تا کہ مَیں زندہ رہوں۔اگر تُو میرے مرنے کے بعد آئے۔تو پھر کیا فائدہ)

حضرت قدوۃُ الکبریٰؒ نے فرمایا۔کہ حضرت شیخ ابوسعید ابوالخیر نقشبندیؒ جس خرقہ کو پہن کر عبادت کیا کرتے تھے۔وہ اِن کو حضرت سیدنا ابوبکر صدیقؓ سے سلسلہ بہ سلسلہ مشائخین سے پہنچا تھا۔ان کو بتادیا گیا تھا۔کہ یہ خرقہ تم احمد جامؒ کے سپرد کردینا۔ حضرت شیخ ابوسعید ابوالخیرؒ نے اپنے فرزندِ ارجمند شیخ ابوطاہرؒ کو وصیت فرمائی۔کہ میرے مرنے کے چند برس بعد ایک نوجوان، نوخط بلند و بالا، حسن میں یوسفؑ، نیلگوں چشم، جس کا نام احمدؒ ہوگا، تمھاری خانقاہ میں آئے گا۔اس وقت تم اپنے احباب واصحاب کے مابین میری مسند پر تشریف رکھتے ہوگے۔تم یہ خرقہ یقیناً اس نوجوان کے سپرد کردینا۔جب شیخ ابوسعید ابوالخیرؒ کا وقتِ وصال قریب ہوا۔تو شیخ ابوطاہرؒ کے دل میں یہ آرزو پیدا ہوئی۔کہ! اپنی نعمت وولایت والدِ محترم اور شیخ وقت ابوسعید ابوالخیرؒ مجھے عطا فرمائیں۔حضرت شیخؒ نے فوراً آنکھیں کھولیں۔اور فرمایا۔کہ جس ولایت ونعمت کی تم جستجو وآرزو کررہے ہو۔وہ دوسرے (شیخ احمد جام) کو بحکمِ الٰہی عطا کی جاچکی ہے۔اور ہماری مشیخیت کا علم خرابات کے دروازے پر گاڑ دیا گیا ہے۔اَب ہماری روش اور ہمارا کام ان (شیخ احمد جامؒ) کے سپرد کردیا گیا ہے۔کوئی بھی اس صورت کو نہ سمجھ سکا۔شیخ ابوسعید ابوالخیرؒ کی وفات کے چند برس بعد اُن کے صاحبزادے شیخ ابوطاہرؒ نے ایک خواب ملاحظہ کیا۔کہ کہ اُن کے والد اور شیخ ابوسعید ابوالخیرؒ اپنے چند رُفقاء کے ہمراہ بہت تیزی سے کہیں جارہے ہیں۔شیخ ابوطاہرؒ نے عرض کیا۔اے شیخِ محترم! یہ کیسی عجلت ہے؟ انہوں نے جواب دیا۔کہ تم بھی چلو۔کہ قطب الاولیاءؒ تشریف لارہے ہیں۔(دراصل وہ قطب الاولیاءؒ شیخ احمد جامؒ کی شکل وصورت میں شیخ ابوطاہرؒ کو دکھائے گئے)

رفتم کہ خار از پاکشم محمل نہاں شد از نظر — یک لحظہ غافل گشتم و صد سالہ راہم دور شد

مَیں اپنے پاؤں سے کانٹے جھاڑنے چلا تو (اونٹ کا) کجاوہ میری نظروں سے غائب ہوگیا۔میں فقط ایک لمحہ غافل ہوا۔تو منزل سے سو برس کے فاصلے جتنا دور ہوگیا۔

دوسرے دن شیخ ابوطاہرؒ خانقاہ میں تشریف فرما تھے۔کہ ایک نوجوان (رات کے خواب والے قطب الاولیاء) داخل ہوا۔جو انہیں صفات کا حامل تھا۔جن کی بشارت شیخ ابوسعید ابوالخیرؒ نے دی تھیں۔شیخ ابوطاہرؒ نے فوراً بھانپ لیا اور سمجھ گئے۔کہ! یہی وہ عظیم ہستی ہیں۔شیخ ابوطاہرؒ نے ان کی بہت عزت وتکریم کی۔لیکن بتقاضائے بشریت انہیں یہ خیال پیدا ہوا۔کہ اپنے والدِ محترم اور شیخؒ کا خرقہ ہاتھ سے کیوں جانے دوں۔شیخ ابوطاہرؒ کے دل میں ابھی خیالی خطرہ گزر رہا تھا۔کہ اس نوجوان نے فرمایا۔کہ اے خواجہؒ! امانت میں خیانت روا نہیں۔خواجہ ابوطاہرؒ بہت خوش ہوئے۔ فوراً اُٹھے۔اور وہ خرقہ مبارکہ جو کو اُن کے شیخ اور والدِ محترم شیخ ابوسعید ابوالخیرؒ سے ملا تھا۔لاکر اس نوجوان (شیخ احمد جامؒ) کو بصد عزت واحترام پہنا دیا۔شیخ احمد جامؒ کے بعد معلوم نہیں وہ عظیم خرقہ کس پاک طینت ہستی کے پاس گیا۔یہ شیخ احمد جامؒ اپنی ابتدائی زندگی میں بڑے مے خوار ہوا کرتے تھے۔

چوں تو کردی ذاتِ مرشد را قبول — ہم خدا آمد زِ ذاتش ہم رسول ﷺ

نفسِ نتواں کشت الا ذاتِ پیر — دامنِ آں نفس کش را سخت گیر

یہی واقعہ ایک اور جگہ پر اس طرح مرقوم ہے۔کہ! حضرت ابوبکر صدیقؓ کا جبہء مبارک حضرت خواجہ ابوسعیدؒ کے پاس موجود رہا۔آپؒ نے وصال سے قبل یہ وصیت فرمائی تھی۔کہ! مَیں نے روٹی کا ٹکڑا ایک بلند طاق کے اوپر رکھا ہے۔جس شخص کا ہاتھ اس تک بغیر زینہ کے پہنچ جائے۔اور وہ روٹی کا ٹکڑا ابھی تازہ وگرم ہو جائے۔یہ عظیم جبہء مبارک اس (مردِ حق) کے سپرد کردینا۔چنانچہ حضرت شیخ احمد جام زندہ فیلؒ کو بذریعہ حکم الہام ہوا۔کہ فلاں مقام پر حضرت سیدنا صدیقِ اکبرؓ کا جبہ مبارک آپؒ کے لئے امانتاً رکھا ہوا ہے۔وہاں جاکر حسبِ وصیت اسے وصول کرلیں۔جب حضرت شیخ احمد جامؒ وہاں پہنچے۔تو ورثاء سے رابطہ کیا۔(اس جگہ پہنچ کر جب) حسبِ وصیت بغیر زینہ کے آپؒ کا دستِ مبارک روٹی کے طاقچہ میں جا پہنچا۔اور وہ روٹی بھی اسی وقت تازہ وگرم ہوگئی۔اسی وقت وہ عظیم المرتبت جبہ مبارک آپؒ کے حوالے کردیا گیا۔(پھر وہ جبہ مبارک ہمیشہ آپؒ کے پاس رہا) حضرت شیخ احمد جامؒ کے وصال کے بعد اس جبہء مبارک کی تقسیم کے سلسلے میں اِن کے ورثاء میں اختلاف رونما ہوا۔تو جبہء مبارک کے قطعات مبارکہ سارے ورثاء نے آپس میں تقسیم کرلئے۔چنانچہ ان میں سے ایک قطعہء مبارکہ آج بھی ''دارالنصرت ہرات'' میں موجود بتایا جاتا ہے۔

مَیں تو تنہا ہی چلا تھا جانبِ منزل مگر — کچھ لوگ ملتے گئے اور قافلہ بنتا گیا

(حضرت شیخ احمد جامؒ کا مزار مبارک افغانستان کے شہر ہرات سے تقریباً 40 کلومیٹر دور ایران کے شہر ''تربت شیخ جام'' کے نام سے مرجع خلائق ہے)

حضرت شیخ محمد معشوق طوسیؒ : (بقول حضرت قدوۃُ الکبریٰؒ)

حاملینِ علمِ لدنی میں سے ایک ولی الصفت بزرگ حضرت شیخ محمد طوسیؒ مجذوبِ زمانہ اور بہترین دانشوروں میں سے تھے۔شہر طوس میں آپؒ کا قیام تھا۔اور آپؒ کا مزار بھی اسی شہر طوس ہی میں واقع ہے۔حضرت قدوۃُ الکبریٰؒ محض آپؒ کی زیارت کے لئے نیشاپور بھی تشریف لے گئے تھے۔یہ مزار شہر طوس کے

ایک گاؤں میں واقع ہے۔ بقول ایک درویش! حضرت شیخ عین القضاء ہمدانیؒ نے اپنے بعض رسائل میں لکھا ہے۔ کہ شیخ محمد معشوق نماز نہیں پڑھتے تھے۔ حضرت خواجہ محمد عمویہؒ اور حضرت شیخ احمد غزالیؒ (برادر محترم حضرت امام محمد بن محمد غزالیؒ صاحب احیاء العلوم) سے روایت ہے۔ کہ قیامت کے دن صدیقوں کو یہ تمنا ہوگی۔ کہ وہ خاک ہوتے۔ اور شیخ محمد معشوقؒ اس خاک پر اپنے قدم مبارک رکھتے۔ یہی مجذوب محمد معشوقؒ ایک روز طوس کی جامع مسجد میں پہنچ گئے۔ اس وقت حضرت شیخ ابوسعید ابوالخیر نقشبندیؒ وعظ فرما رہے تھے۔ محمد معشوقؒ نے اپنی قباء کا بند (جس کو کہ وہ ہمیشہ کھلا رکھتے تھے) باندھ لیا۔ بندِ قبا باندھتے ہی شیخ ابوسعید ابوالخیرؒ خاموش اور ساکت ہوگئے (گویا کہ زبان انس کو یارائے گویائی ہی نہ رہا) کچھ دیر کے بعد جب بولنے کی سکت پیدا ہوئی۔ تو بولے اے سلطانِ عصر! اے سرور! اپنی قبا کا بند کھول دیجیئے۔ (کیونکہ) آپؒ نے اپنی قبا کا بند باندھ کر ساتوں آسمانوں اور زمینوں کو بھی باندھ دیا ہے۔ اللہ اللہ! یہ (حضرت شیخ محمد معشوقؒ) کیسے اُمّی تھے۔ کہ علوم اولین و آخرین کے (علم و حکمت کے) چشمے اِن کے قلب و زبان سے رواں دواں تھے۔

ایک دن حضرت قدوۃُ الکبرٰیؒ کے سامنے عطائے علمِ غیبی کی بات چل نکلی۔ تو فرمایا۔ کہ اہلُ اللہ اور درویشوں کے لئے علمِ غیبی عطا کرنا اور پوشیدہ سچی باتوں کو ظاہر کر دینا آشِ جَو کھانے سے زیادہ سہل ہے۔ (بقولِ حضرت سلطان باہوؒ)

تقوٰی ، صبر و شکر راضی بخدا ایں چنیں تقوٰی بود باطن صفا

حضرت قدوۃُ الکبرٰیؒ کا حضرت نور العینؒ سے تصرف کروانا :

حضرت قدوۃُ الکبرٰیؒ کی خاطر شریف میں اکثر یہ بات پیدا ہوتی۔ کہ حضرت نور العینؒ کے تصرف کو دوسروں کے اندر بچشمِ خود ملاحظہ فرمائیں۔ اور یہ بھی دیکھیں۔ کہ حضرت نور العینؒ کا کمالِ تصرف بعینہٖ اِن میں سرایت کر چکا ہے یا نہیں۔ جیسا کہ ایک استاد اپنے کسی شاگرد کی ظاہری و باطنی تربیت کیا کرتا ہے۔ تو اس کی یہ بھی خواہش ہوتی ہے۔ کہ اپنی تربیت کا اثر بچشمِ خود ملاحظہ کرے۔ تا کہ اس میں یہ اعتماد پیدا ہو جائے۔ کہ اس کی تربیت اثر کر چکی ہے۔ اور اگر شاگرد کے معاملے میں کہیں ذرا سی خامی، کوتاہی یا کمی رہ گئی ہو۔ تو اس کا مکمل تدارک کر دیا جائے۔ اسی خیال کے پیشِ نظر حضرت قدوۃُ الکبرٰیؒ نے حضرت نور العینؒ کو ارشاد فرمایا۔ کہ امیر علی بیگؒ نے ایک عرصہ دراز سے اس خاندان اور دودمانِ عالی کی خدمت کی ہے۔ اَب اس کے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی۔ کہ وہ (امیر علی بیگ) راہِ سلوک پر گامزن ہو۔ اور راہِ طریقت (معرفت الٰہی اور علم لدنی) کے عظیم سفر کو اختیار کرے۔ اور کسی نے بھی اس کی باطنی تربیت اَب تک نہیں کی ہے۔ مَیں چاہتا ہوں۔ کہ تم میرے سامنے ہی اس کی تربیتِ معنوی میں مشغول ہو جاؤ۔ تا کہ مَیں اس کا اثر ملاحظہ کر سکوں۔ اور مجھے تمھاری قوتِ تصرف پر بھی اعتماد ہو جائے۔ حضرت نور العینؒ نے جب یہ حکم سنا۔ تو از روئے انکسار اور نہایت عاجزی و اضطرار سے عرض کیا۔ کہ جہاں آسمانِ ہدایت کا آفتاب اور زمانہ پیشوائی کا سلطانِ جمشید جناب کے رحم و کرم کے محل سرائے شرافت میں جلوہ اَفروز ہو۔ وہاں میری کیا طاقت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اس آفتابِ عالمتاب پر زوال نہ ڈالے۔ اور ذاتِ بابرکات کہ اَسرارِ الٰہی کی مظہر ہے۔ اور صفاتِ والا درجات کہ نامتناہی انوار کا سرچشمہ ہے۔ آسمان و زمین کا ماوا و ملجا ہے۔ تندرستی و صحت کی گودوں میں ہمیشہ پلا کرے۔ حضرت نور العینؒ نے فرمایا۔ کہ آفتابِ عالمتاب کے ہوتے ہوئے کسی دوسرے کی کیا مجال کہ تصرف و جذبہ کے زور میں اپنے کو امتحان و دشواری میں ڈالے۔ اور (اس) غریب ستارے کی کیا طاقت کہ صاف اور روشن آفتاب کے سامنے تصرف کا دَم مارے۔ لیکن جب اِدھر (حضرت قدوۃُ الکبرٰیؒ کی جانب) سے زیادہ اصرار ہوا۔ تو سرتابی کی مجال نہ تھی۔ اور آدابِ طریقت کے خلاف تھا۔ لہذا حضرت امیر علی بیگؒ کی باطنی تربیت پر آپ (حضرت نور العینؒ) کمربستہ ہوگئے۔ حضرت نور العینؒ مراقبہ میں بیٹھے۔ اور حضرت بیگؒ کے تصرفِ باطن پر متوجہ ہوگئے۔ اور انجذابِ روحانی پر توجہ فرمائی۔ ذرا سی دیر کے بعد تصرف کے آثار حضرت امیر علی بیگؒ کے بشرہ سے ظاہر ہونے لگے۔ جس کے بعد اُن کی زبان سے توحید آمیز اور وجد انگیز کلام ادا ہونے لگا۔ اس بلندی کا یہ عالم تھا۔ کہ اس وقت بعض عالم بھی جو وہاں بیٹھے ہوئے تھے۔ اس کو نہیں سمجھ سکے۔ ان علماء میں بعض ایسے بھی تھے۔ جو درویشوں کے حال کے منکر تھے۔ حضرت قدوۃُ الکبرٰیؒ نے اِن کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا۔ کہ تمام لوگ اس بات سے تو واقف ہیں ہی۔ کہ امیر علی بیگ ایک اَن پڑھ ترک ہے۔ اَب آپ میں سے جس کسی کو کسی بھی علم میں کچھ اشکال پیش ہو (مسئلہ یا سوال کرنا مقصود ہو۔) تو امیر علی بیگ سے دریافت کیجیئے۔ اگر وہ اس کو حل نہ کر دیں۔ تو مَیں ضامن!!! آپؒ کے ارادے کے موجب بعض علماء نے عجب عجب سوالات کئے۔ اور علم ہیئت و فلک کے پیچیدہ مسائل امیر علی بیگ سے دریافت کئے۔ تو انہوں (حضرت امیر علی بیگؒ) نے ایک ایک سوال کا ایک ایک نہیں بلکہ دس دس جوابات دیئے۔ بلکہ دس کے سو جوابات بھی دیئے۔ اور وہ ان مشکل مسائل کو اس طرح سے فی البدیع حل کرتے جا رہے تھے۔ کہ جو ان علماء کے علم و حکمت اور فہم سے بھی بالا تھے۔ صحیح تو یہ ہے۔ کہ آپؒ کے التفات کے آفتاب کا ایک پرتو بھی اگر کسی پر پڑ جائے۔ تو ذرہ کے نور سے تمام عالم جگمگا اُٹھے۔

اولیاء را ہست قدرت از اِلٰہ تیر جستہ باز ارندش راہ

حکایت : ایک درویش کی کسی بادشاہ سے ملاقات ہوئی۔ بادشاہ نے کہا۔ کچھ مانگئے۔ درویش نے فرمایا۔ مَیں اپنے غلاموں سے کوئی حاجت روائی نہیں چاہتا۔ بادشاہ نے متعجب ہو کر پوچھا۔ یہ کس طرح؟ درویش نے فرمایا۔ میرے دو غلام ہیں۔ اور وہ دونوں تیرے مالک و مصاحب ہیں۔ ایک حرصِ دنیا اور دوسرا طول امل یعنی اُمیدِ غیر متناہی۔

عقل عیار ہے ، سو بھیس بدل لیتی ہے عشق بیچارہ نہ مُلا ہے ، نہ زاہد ، نہ حکیم

ماں کی خدمت کے عوض دنیاوی واُخروی مقام ومرتبہ کا نصیب ہونا: (فقہ ءحنفیہ کی حیثیت وفضیلت)

حضرت ابوالقاسم القشیریؒ کے بارے میں ایک حکایت بہت مشہور ہے۔کہ! وہ اپنی ماں کے بہت ہی زیادہ مؤدب تھے۔حضرت رئیس المفسرین وشیخ المحدثین جناب علامہ جلال الدین السیوطی الشافعیؒ نے اپنی مشہور ومعروف کتاب ''**انیس الجلیس**'' میں تحریر فرمایا ہے۔کہ!

معلوم ہو۔کہ! رب متعال نے حضرت امام ابوحنیفہؒ کو شریعت وکرامت کے ساتھ مخصوص فرمایا ہے۔چنانچہ آپؒ کی کثیر کرامات میں سے ایک کرامت یہ بھی تھی۔کہ! حضرت خضر نبیؑ ہر روز بوقت صبح عرصہ پچاس برس تک حضرت ابوحنیفہؒ سے سبق لینے اور احکاماتِ شریعت سیکھنے آتے رہے۔پھر جب امام ابوحنیفہؒ کی وفات ہوئی۔تو حضرت خضر نبیؑ نے مناجات کی۔کہ! اے خداوندا! اگر تیرے ہاں (میری کچھ) منزلت ہے۔تو تُو حضرت امام صاحبؒ کو حکم فرما۔کہ وہ اپنی عادت کے موافق قبر میں سے مجھے سبق پڑھائیں۔تاکہ! میں شریعتِ محمدیہ ﷺ کا عالم کامل ہو جاؤں۔اور طریقت وحقیقت بھی مجھ کو حاصل ہو۔نِدا ہوئی۔کہ! جاؤ۔اُن کی قبر سے جس قدر چاہو۔(مزید) سیکھ لو۔چنانچہ حضرت خضر نبیؑ نے مزید پچیس برس تک اور بھی علم حاصل کیا۔اور اس طرح وہ دلائل واقاویل میں کامل ہو گئے۔پھر حضرت خضر نبیؑ نے اللہ تعالیٰ سے عرض کیا۔کہ! اے خداوندا! اَب میں کیا کروں؟ حکم ہوا۔کہ! اپنے مقام پر جاکر مشغولِ عبادت ہو جاؤ۔ پھر جب میں حکم دوں گا۔کہ فلاں شہر جاکر فلاں شخص کو تعلیم کرو۔تب تمؑ ایسا ہی کرنا۔چنانچہ ایک زمانہ کے بعد شہر ماوراءالنہر میں ایک نوجوان پیدا ہوئے۔جن کا اسمِ مبارک'' ابو القاسم القشیریؒ '' تھا۔اُن کی والدہ تھیں۔اور یہ (امام قشیریؒ ہروقت) اُن کی خدمت میں مشغول رہتے تھے۔ایک روز انہوں نے اپنی والدہ محترمہ سے عرض کیا۔مجھ کو طلبِ علم کا شوق ہوا ہے۔اور حضرت علی المرتضیٰؓ کا فرمان ہوا ہے۔کہ! جو علم کی طلب میں ہوتا ہے۔جنت اُس کی طالب ہوتی ہے۔لہٰذا (اگر) آپ مجھے اجازت عطا کریں۔تو میں بخارا جاکر علم حاصل کروں۔والدہ کو فکر لاحق ہوئی۔کہ! اگر میں اجازت نہیں دیتی۔تو ایک نیک کام سے روکتی ہوں۔اور اگر اجازت دیتی ہوں۔تو اس کی جدائی پر صبر نہیں کرسکتی۔آخر ان کو بن نہ آیا۔اور اُن کو اجازت عنایت کی۔اور یہ ایک اور نوجوان طالبِ علم کے ساتھ سفر کو روانہ ہوئے۔اُن کی والدہ ماجدہ گھر کے دروازے پر بیٹھ کر رو رو کر دُعائیں کرنے لگیں۔کہ! خداوندا! مَیں نے یہ عہد کیا ہے۔کہ جب تک مَیں اپنے بیٹے کو نہ دیکھوں گی۔کھانا، پینا اور اس جگہ سے اُٹھنا سب میرے اوپر حرام ہے۔مومنو! سنو۔کہ! ماں کی یہ ہمت کیا کام کرتی ہے۔کہ! حضرت ابوالقاسم القشیریؒ اپنے ساتھی کے ساتھ جاتے جاتے ایک جگہ پر کھانا کھانے کے لئے ٹھہرے۔اور امام قشیریؒ قضائے حاجت کے لئے گئے۔وہاں اُن کا کپڑا پیشاب میں بھر گیا۔اور یہ اپنے ساتھی کے پاس آئے۔اور اس سے کہا۔کہ! تم جاؤ۔میں واپس جاتا ہوں۔ساتھی نے اسی وقت پوچھا۔کہ! کیوں؟ کہا اس سبب سے کہ! یہ سفر مبارک نہیں ہے۔پہلی ہی منزل میں میرا کپڑا ناپاک ہو گیا ہے۔مجھے اندیشہ ہے۔کہ! دوسری منزل پر میرا جسم اور تیسری منزل پر (کہیں) میری روح بھی ناپاک نہ ہو جائیں۔(لہٰذا) میرا اپنی والدہ ءمحترمہ کے پاس بیٹھا رہنا ہی سفر سے بہتر ہوگا۔چنانچہ جب یہ واپس آئے۔تو دیکھا۔کہ! والدہ محترمہ (گھر کے اُسی) دروازے پر ہی بیٹھی ہوئی ہیں۔جہاں سے اُن کو رخصت کیا تھا۔والدہ اپنے لختِ جگر سے ملیں۔اور کہا۔**الحمد للہ**۔پھر حضرت خضر نبیؑ کو اللہ تعالیٰ کا حکم پہنچا۔کہ! جو (بھی) کچھ تم نے حضرت امام ابوحنیفہؒ سے سیکھا تھا۔وہ اسب ابوالقاسمؒ کو سکھادو۔کیونکہ! انہوں نے اپنی ماں کو خوش کیا ہے۔بوقتِ سحر حضرت خضر نبیؑ، جناب ابوالقاسم القشیریؒ کے پاس تشریف لائے۔اور کہا۔کہ! تم تحصیلِ علم کی خاطر علم سیکھنا چاہتے تھے۔اور پھر تم اپنی والدہ ماجدہ کی خوشنودی کے واسطے واپس چلے آئے۔اَب اللہ تعالیٰ نے مجھ کو حکم فرمایا ہے۔کہ! ہر روز اسی وقت میں آکر تم کو سبق دے جایا کروں۔چنانچہ ہر روز ابوالقاسمؒ اُن سے سبق پڑھنے لگے۔اور اُن کو (یہ) خبر تک نہ ہوئی۔کہ! یہ حضرت خضر نبیؑ ہی ہیں۔

یہاں تک کہ تین سال میں انہوں (القشیریؒ) نے اس قدر علم حاصل کیا۔اور کل حقائق ودقائق اور دلائل سے واقف اور مشہورِ زمانہ ء یکتائے روزگار ہو گئے۔اور ماوراالنہر میں ایک ہزار کتابیں تصنیف کر ڈالیں۔اور وہ صاحبِ کرامات بزرگ ہوئے۔آپؒ کے ہزاروں (بلکہ) لاکھوں مریدین وشاگرد ہوئے۔اور ایک مرید وخادمِ خاص آپؒ کا تھا۔جو کسی بھی وقت آپؒ سے جدا نہ ہوتا تھا۔اور آپؒ نے اپنی کل تصانیف یعنی ایک ہزار کتب ایک صندوق میں بھریں۔اور مرید کو حکم دیا۔کہ مجھ کو تو ایک ضرورت درپیش ہے۔تم اس صندوق کو لے جاکر دریائے'' جیحوں '' میں ڈال آؤ۔مرید صندوق کو لے کر شیخ (امام قشیریؒ) کی خدمت سے باہر آیا۔کہ حضرت شیخ کی تصانیف دریا میں ڈالنے سے کیا فائدہ۔میں ان کو گھر میں رکھتا ہوں۔اور شیخ سے جاکر کہہ دوں گا۔کہ! ڈال آیا۔چنانچہ جب یہ اپنے شیخ کی خدمت میں آیا۔تو شیخ نے پوچھا۔کہ! کیا جملہ کتب دریا میں ڈال دیں۔تو مرید نے عرض کیا۔جی ہاں۔پھر شیخ نے پوچھا۔کتب ڈالنے کے بعد کیا دیکھا۔عرض کیا کہ! کچھ بھی نہیں۔شیخ نے پھر فرمایا۔کہ! جاؤ۔اور کتابیں دریا میں ڈال آؤ۔کیونکہ! تم نے انہیں دریا میں ڈالا ہی نہیں۔مرید پھر سے گیا۔اور چاہا۔کہ! کتب کو دریا میں ڈالے۔مگر اس کا دل راضی نہ ہوا۔اور پھر اُلٹے پاؤں واپس چلا آیا۔اور پھر پہلے ہی کی طرح گفتگو ہوئی۔شیخ نے پھر فرمایا۔جاؤ۔اور اُس (کتب سے بھری صندوق) کو دریا میں ڈال آؤ۔میرا اس میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک راز ہے۔اور میرے حکم کو تم رَدمت کرو۔تب مرید صندوق لے کر دریا پر پہنچا۔اور (ہمت کرکے نہ چاہتے ہوئے اپنے استادِمحترم کے) صندوق کو دریا میں ڈال دیا۔پانی میں سے ایک ہاتھ نکلا۔اور صندوق کو اس نے لے لیا۔مرید نے اُس ہاتھ سے پوچھا۔کہ! تم کون ہو؟ آواز آئی۔کہ میں شیخ کی امانت کی حفاظت پر مامور ایک مؤکل ہوں۔پھر مرید اپنے شیخ کی خدمت میں آیا۔شیخ نے پوچھا۔کہ! تُو نے کیا دیکھا۔عرض کیا۔کہ! پانی شق ہو کر اُس میں سے ایک ہاتھ نکلا۔اور صندوق کو اُس نے لے لیا۔میں حیران ہوا۔کہ! اس میں کیا راز ہے؟ شیخ نے فرمایا۔کہ! جب قیامت قریب ہوگی۔اور دجال خروج کرے گا۔تو حضرت عیسیٰ روح اللہؑ بیت المقدس میں نازل ہوں گے۔اور بیت المقدس کے ایک نیک بخت امام ہوں گے۔وہ حضرت عیسیٰؑ کو پہچان لیں گے۔اور کہیں گے۔کہ! آپؑ نماز پڑھائیں۔پھر حضرت عیسیٰؑ دجال کے مقابلے کا حکم دیں

گے۔ چنانچہ دجال بھاگے گا۔اورحضرت عیسیٰؑ اُس کے پیچھے بھاگیں گے۔ اور دجال کا تعاقب کرتے ہوئے اسے پکڑ کرقتل کردیں گے۔اور دجال کا تمام لشکر بھی مسلمانوں کے ہاتھوں قتل ہوجائے گا۔ پھراس معرکہ سے فارغ ہوکرحضرت عیسیٰؑ انجیلِ مقدس اپنے پاس رکھ کر پوچھیں گے۔کہ! شریعتِ محمدی ﷺ کی کتب کہاں سےملیں گیں۔کیونکہ! اللہ تعالیٰنے حکم فرمایاہے۔کہ!تمھارے نبی (یعنی حضرت امام المرسلین محمدِعربی ﷺ) کی شریعت کے موافق فیصلہ کروں۔اورانجیل کے موافق فیصلہ نہ کروں۔ لوگ تمام دنیا میں تلاش کریں گے۔مگرایک کتاب بھی نہ ملے گی۔نہ قرآنِ حکیم کا کوئی ایک ورق دستیاب ہوگا۔پھرحضرت عیسیٰؑ حیران ہوکراللہ تعالیٰ سےعرض کریں گے۔کہ! یاالٰہی! اَب میں تیرے بندوں کوکس چیز کے ساتھ فیصلہ کروں۔انجیلِ مقدس کےعلاوہ کوئی کتاب ہی موجودنہیں۔پھرحضرت جبرائیلِ امینؑ نازل ہوں گے۔اورکہیں گے۔کہ! حکمِ الٰہی یہ ہے۔کہ! آپؑ نہر(دریا)جیحوں پرجاکردو رکعت نماز پڑھیں۔اورآوازدیں۔کہ! اے امینِ کتبِ شیخ ابوالقاسم القشیریؒ ،مجھکواُن کی کتب سے بھراصندوق سپردکردے۔کہ! مَیں عیسیٰؑ بن مریمؑ ہوں۔اورمَیں نے دجال کوبھی قتل کردیاہے۔اس طرح سےعمل کرکےحضرت عیسیٰؑ نہرِجیحوں سے وہ صندوق حاصل کریں گے۔پانی شق ہوکربقدرتِ الٰہی صندوق لئے ہوئے برآمدہوگا۔پھرحضرت عیسیٰؑ سب کتب(جن کی تعدادایک ہزارہوگی)نکالیں گے۔اورقوانینِ شریعت جاری فرمائیں گے۔پھرحضرت عیسیٰ دریافت فرمائیں گے۔کہ! ابوالقاسم القشیریؒ کو یہ بزرگی کس سبب سےنصیب ہوئی ؟ حضرت جبرائیلِ امینؑ جواب دیں گے۔کہ! اپنی والدہ محترمہ کی رضامندی سے۔(یادرہے۔کہ!) حضرت سیدالتابعین جناب اویس قرنیؓ ،کہ جن کی تعریف حضرت رسالت مآب ﷺ کی زبانِ مبارک سےبھی تعریف ہوئی۔ہے۔اُن کومقامات ومراتب ان کی ضعیف ونابیناوالدہ محترمہ ہی کی خدمت ہی کی بدولت میسرہوئے۔

ماں کی خدمت کے عوض ولایت کا ملنا:

حضرت بایزیدبسطامیؒ کہ جن کے بارے میں حضرت جنیدبغدادیؒ کا قول ہے۔کہ! حضرت بایزیدبسطامیؒ کواولیاءاللہ میں وہی اعزاز حاصل ہے۔جوحضرت جبرائیلؑ کو(باقی تمام)ملائکہ میں۔اورمقامِ توحیدمیں تمام بزرگوں کی انتہا،آپؒ کی ابتداء ہے۔اسی طرح سے حضرت شیخ ابوسعیدؒ کا قول ہے۔کہ! میں پورے عالم کوآپؒ کےاوصاف سے پردیکھتاہوں۔لیکن اس کے باوجودبھی آپؒ کےمراتب کوکوئی نہیں جانتا۔

حضرت سلطان العارفین شیخ الکل جناب بایزیدبسطامیؒ فرمایاکرتے تھے۔کہ! مجھے جتنےبھی مراتب حاصل ہوئے۔سب والدہ محترمہ کی اطاعت (ہی)سے حاصل ہوئے۔ایک مرتبہ میری والدہ محترمہ نے رات کوپانی طلب فرمایا۔لیکن اتفاق سےاس وقت گھرمیں قطعاً پانی نہیں تھا۔چنانچہ میں(شدید سردی کےموسم میں)گھڑالےکرنہرسےپانی لایا۔مگرمیری آمدورفت کی تاخیرکی وجہ سےوالدہ محترمہ کونیندآگئی۔اورمیں رات بھرپانی لئےکھڑارہا۔حتیٰ کہ شدیدسردی کی وجہ سےوہ پانی پیالے میں ہی منجمدہوگیا۔جب والدہ محترمہ کی بیداری کےبعدمیں نےانھیں پانی پیش کیا۔توانہوں نےفرمایا۔کہ(اے بایزیدؒ)! تم نےپانی رکھ دیاہوتا۔اتنی دیرکھڑے ہونے کی کیاضرورت تھی۔میں نےعرض کیا۔کہ محض اسی خوف سےکھڑارہا۔کہ مبادا آپ کہیں بیدارہوکر پانی نہ پائیں۔اورآپ کوزحمت ہو۔یہ سن کرانہوں نےمجھےدُعائیں دیں۔ اسی طرح ایک رات والدہ محترمہ نےفرمایا۔دروازے کاایک پٹ کھول دو۔لیکن میں رات بھراسی الجھن میں کھڑارہا۔کہ نہ معلوم دایاں پٹ کھولوں یابایاں۔کیونکہ! اگران کی مرضی کےخلاف غلط پٹ کھل گیا۔تویہ بات ان کے حکم عدولی میں شمارہوگی۔(والدہ محترمہ کی)انہیں خدمتوں کی وجہ سےیہ مراتب مجھ کوحاصل ہوئے۔(لیکن خدمت میں خلوص ہو۔ریانہیں)

ماں کی پکار پر عابد کیا کرے ؟

صحیح بخاری شریف کی ایک حدیث ہے۔کہ! آنحضرت نبی مکرم ﷺ نےفرمایا۔کہ! (بنی اسرائیل)کی ایک عورت نےاپنے بیٹےکوپکارا۔اس وقت وہ عبادت خانےمیں(محوِعبادت)تھا۔ماں نےپکاراکہ! اے جریج! جریج(اس پس وپیش میں پڑگیا۔اوردل میں)کہنےلگا۔کہ اے اللہ! میں اب ماں کودیکھوں یانمازکو ؟ پھرماں نےپکارا۔ اے جریج! (وہ اب بھی اسی پس وپیش میں تھا۔کہ)اے اللہ تعالیٰ! میری ماں اورمیری نماز! ماں نےپھرپکارا۔اے جریج! (وہ اب تک اسی پس وپیش میں ہی تھا۔اور)سوچ رہاتھا۔(کہ!)اے اللہ تعالیٰ! میری ماں اورمیری نماز! (آخرکار)ماں نےتنگ ہوکر(اپنےبیٹےجریج کےخلاف)بدُعاکی۔اے اللہ تعالیٰ! جریج کو(اُس وقت تک)موت نہ آئے۔جب تک وہ(کسی)فاحشہ عورت کاچہرہ نہ دیکھے۔جریج کی عبادت گاہ کےقریب ایک چرانےوالی(عورت)آیاکرتی تھی۔جوبکریاں چراتی تھی۔اتفاق سے اس کےبچےپیداہوا۔لوگوں نےپوچھا۔یہ کس کابچہ ہے ؟ اس نےکہا۔کہ! (یہ بچہ)جریج کاہے۔وہ ایک مرتبہ اپنی عبادت گاہ سےنکل کرمیرے پاس رہاتھا۔جریج نےپوچھا۔کہ وہ عورت کون ہے ؟ جس نےمجھ پرتہمت لگائی ہے۔کہ اُس کابچہ مجھ سے ہے۔(عورت بچےکولےکرآئی تو) انہوں نےبچےسےپوچھا۔کہ بچے! تمھاراباپ کون ہے ؟ بچہ بول پڑا۔کہ! ایک بکری چرانےوالاگڈریامیراباپ ہے۔

حکایت : حضرت امیرخسروؒ کواپنے پیرومرشدحضرت خواجہ نظام الدین اولیاءدہلویؒ سےعشق کی حدتک محبت تھی۔اورحضرت خواجہ نظام الدینؒ کوبھی حضرت امیرخسروسےبہت پیارتھا۔ حضرت خواجہؒ اُنہیں ولایت عطاکرناچاہتےتھے۔اسی لئےانہوں نےایک تھال میں کچھ کھانےکی چیزیں پیالیوں میں رکھ کراپنےخلیفہ خاص حضرت خواجہ نصیرالدین چراغ دہلویؒ کوبھجوائیں۔جب حضرت امیرخسروؒ حضرت چراغ دہلویؒ کی خدمت میں گئے۔توحضرت چراغؒ نےاُن کی طرف بغوردیکھا۔ پھربرتن خالی کرکےتھال واپس کردیا۔ (بقولِ حضرت امرخسروؒ)

زبانِ یارِ من ترکی ، و من ترکی نمی دانم چہ خوش بودے اگر بودے ، زبانش در دہانِ من

جب حضرت امیر خسروؒ اپنے پیر و مرشدؒ کی بارگاہ میں پہنچے ۔تو حضرت پیر و مرشدؒ نے حضرت امیر خسروؒ سے پوچھا۔کہ! حضرت چراغ دہلویؒ نے آپؒ سے کچھ کہا ؟ تو حضرت امیر خسروؒ نے نہایت اَدب سے نفی میں جواب دیا۔اور بتایا۔کہ! بس کھانا اپنے برتن میں ڈال کر خالی برتن واپس دے دیئے ۔تو حضرت خواجہ نظام الدینؒ نے فرمایا۔اے امیر خسرو ! میں کچھ نہیں کرسکتا۔مَیں نے تو چاہا تھا۔کہ! تمھیں ولایت دے دوں ۔لیکن منظوری نہیں ہوئی ۔یہ (شاید) تمھاری تقدیر میں نہیں ہے ۔(یاد رہے ۔کہ!) حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ تو اپنے چہیتے مرید جناب حضرت امیر خسروؒ کو منصبِ ولایت سے سرفراز کرنا چاہتے تھے ۔لیکن عطا نہ کر سکے ۔ہاں البتہ اُنھیں اپنا سلام عطا کر دیا۔اور فرمایا۔کہ! جو میرے پاس (میری زندگی یا میرے وصال کے بعد) آئے ۔پہلے اُنھیں (یعنی حضرت امیر خسروؒ) کو سلام کرے ۔

حکایت : حضرت قدوۃُ الکبریٰؒ کے ملفوظات بنام ''لطائفِ اشرفی'' میں آیا ہے ۔کہ! حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ کا ایک مرید تھا۔جس کا گھر حضرت کی خانقاہ سے دو منزل کی مسافت پر ایک گاؤں میں تھا۔اس مرید کو حضرتؒ کا حکم تھا۔کہ! وہ اپنے گھر میں رہ کر ریاضت و مجاہدہ میں مصروف و مشغول رہتے ہوئے منازلِ سلوک و معرفت طے کرتا رہے ۔اتفاقاً اسی دوران ایک مرتبہ اس مرید کو راہ سلوک میں کوئی وقفہ پیش آیا۔اس مرید نے وقفہ کو دور کرنے کی ہر چند کوشش کی ۔مگر ناکام رہا۔بالآخر اپنے مرشد سے رجوع کیا۔کہ اس کی دستگیری فرمائیں ۔حضرت خواجہ نظام الدین اولیاءؒ تو ایک حاذق طبیب تھے ۔آپؒ نے فوراً اس کا مداوا کر دیا۔اور وہ خوش ہو کر دوبارہ اپنے مقام پر چلا گیا۔اور اپنے اوراد و وظائف ، ریاضت و مجاہدے میں مصروف و مشغول ہو گیا۔ایک رُت کے بعد دوبارہ پھر اس مرید کو ایک ناگہانی حجاب کا سامنا کرنا پڑا۔اس مرید نے وقفہ کو دور کرنے کی ہر چند کوشش کی ۔مگر ناکام رہا۔بالآخر اپنے مرشد سے رجوع کیا۔اس مرتبہ حضرتؒ نے بھی کوشش کی ۔مگر وہ حجاب دور نہ ہو سکا۔تو حضرتؒ نے فرمایا۔کہ! اَب تدبیر صرف یہ ہے ۔کہ! صبر کرو۔اور اس وقت کا انتظار کرو۔کہ مفتح الابواب اپنی رحمت و کرم کا تم پر دروازہ کھولے ۔بے چارے نامراد مرید نے اپنے گھر کی راہ لی ۔راستے میں ایک گاؤں تھا۔وہ مرید اس گاؤں کی مسجد میں ٹھہر گیا۔مسجد کی چھت پر چند نوجوان بیٹھے خربوزے کھا رہے تھے ۔انہوں نے جب اس نوجوان صوفی کو دیکھا۔تو ازراہِ تمسخر اس پر خربوزے کے چھلکے پھینکنے شروع کر دیئے ۔(یہ مرید ان کے تمسخر و مذاق پر صبر و شکر سے کام لیتا رہا) جتنی بار اس پر چھلکے پھینکے جاتے ۔کچھ نہ کچھ اس کی عقدہ کشائی ہوتی جاتی تھی ۔یہاں تک کہ اس کی تمام دشواریاں جو اسے درپیش تھی ۔اور جو رکاوٹیں و حجابات اس کو راہ سلوک طے کرنے میں حائل ہو گئے تھے ۔وہ سب کے سب دور ہو گئے ۔اور پھر کوئی عقدہ باقی نہ رہا۔اور وہ عقدہ کشائی پر اللہ تعالیٰ کا شکر بجالایا۔

حکایت : حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے ۔کہ! حضرت رسول مکرم ﷺ نے بنی اسرائیل کے ایک شخص کا ذکر فرمایا۔کہ! اُس نے بنی اسرائیل کے ایک دوسرے شخص سے ایک ہزار دینار قرض مانگے ۔تو اس نے کہا۔کہ پہلے ایسے گواہ کو لاؤ۔کہ جس پر مجھے اعتبار ہو۔قرض مانگنے والا بولا۔کہ میرا گواہ تو بس اللہ تعالیٰ ہی کافی ہے ۔پھر قرض دینے والا نے کہا۔کہ! ٹھیک ہے ۔کوئی اچھا ضامن لاؤ۔قرض خواہ بولا۔ضامن بھی اللہ تعالیٰ ہی کافی ہے ۔تو قرض دینے والے نے کہا۔تُو نے سچی بات کہی ۔چنانچہ اس نے ایک مقررہ مُدت کے لئے قرض خواہ کو قرض دے دیا۔یہ صاحب قرض لے کر دریائی سفر پر روانہ ہوئے ۔اور پھر اپنی ضرورت پوری کر کے کسی سواری (کشتی وغیرہ) کی تلاش کی ۔تاکہ اس کے ذریعے دریا پار کر کے اس مقررہ مدت تک قرض دینے والے کے پاس (واپس) پہنچ سکے ۔جو کہ اس سے طے پائی تھی ۔لیکن اسے کوئی سواری نہیں ملی ۔آخر ایک لکڑی لی ۔اور اس میں سوراخ کیا۔پھر ایک ہزار دینار اور ایک خط ، کہ اس کی طرف سے قرض دینے والے کی طرف ۔اور اس کا منہ بند کر دیا۔اور اسے (یعنی لکڑی کو) دریا پر لے آئے ۔ پھر کہا۔ اے اللہ تعالیٰ ! تُو خوب جانتا ہے ۔کہ! مَیں نے فلاں شخص سے ایک ہزار دینار قرض لئے تھے ۔اس نے مجھ سے ضامن مانگا تھا۔تو مَیں نے کہہ دیا تھا۔کہ میرا ضامن اللہ تعالیٰ کافی ہے ۔اور وہ بھی تجھ سے راضی ہوا۔اس نے مجھ سے گواہ مانگا۔تو اس کا جواب مَیں نے یہی دیا تھا۔کہ اللہ پاک گواہ کافی ہے ۔تو وہ مجھ پر راضی ہو گیا۔اور مَیں نے بہت کوشش کی ۔کہ کوئی سواری ملے ۔جس کے ذریعے اس کا قرض اس تک پہنچا سکوں ۔لیکن مجھے اس میں کامیابی نہیں ہوئی ۔اس لئے اَب مَیں اس (خط اور دینار) کو تیرے ہی حوالے کرتا ہوں ۔چنانچہ اس نے وہ لکڑی جس میں (خط اور) رقم تھی ۔دریا میں بہا دی ۔اب وہ دریا میں تھی ۔اور وہ صاحب واپس چلے گئے ۔اگرچہ اب بھی فکر یہی تھا۔کہ کسی طرح سے کوئی جہاز ملے ۔جس کے ذریعے وہ اپنے شہر جا سکے ۔دوسری طرف وہ صاحب کہ جنھوں نے قرض دیا تھا۔اسی تلاش میں آئے ۔کہ ممکن ہے ۔کہ! کوئی جہاز ان کا مال لے کر آیا ہو۔لیکن وہاں اسے ایک لکڑی ملی ۔جس میں وہی مال تھا۔اس نے (وہی) لکڑی اپنے گھر میں ایندھن کے لئے لے لی ۔لیکن جب اسے چیرا۔تو اس میں سے (ایک) دینار نکلے ۔اور ایک خط بھی نکلا۔ جب قرض خواہ (اسی قرض دہندہ) کے گھر آیا۔اور ایک ہزار دینار اس کی خدمت میں پیش کر دیئے ۔اور کہا۔کہ اللہ تعالیٰ کی قسم ! مَیں تو مسلسل اسی کوشش میں رہا۔کہ کوئی جہاز ملے ۔تو آپ کے پاس آپ کا مال (یعنی آپ کے ہزار دینار) لے کر پہنچوں ۔لیکن اس دن سے پہلے جب میں یہاں پہنچنے کے لئے سوار ہوا۔مجھے اپنی کوششوں میں کامیابی نصیب نہ ہوئی ۔پھر اس (قرض دہندہ) نے پوچھا۔اچھا یہ تو بتاؤ۔کہ کوئی چیز کبھی تم نے میرے نام پر بھیجی تھی ؟ مقروض نے جواب دیا۔آپ کو بتا تو رہا ہوں ۔کہ کوئی جہاز مجھے اس جہاز سے پہلے نہیں ملا۔جس سے مَیں آج پہنچا ہوں ۔اس پر قرض خواہ نے کہا۔کہ! پھر اللہ تعالیٰ نے آپ کا وہ قرضہ ادا کر دیا۔جسے آپ نے لکڑی کے اندر بھجا تھا۔چنانچہ وہ (مقروض شخص) اپنے ایک ہزار دینار لے کر خوش خوش واپس لوٹ گیا۔ (صحیح بخاری)

جس طرف بھی دیکھا ، مقامِ ھو نظر آیا ۔۔۔ کچھ نظر آیا نہ پھر ، جب تُو نظر آیا

ملامتیہ گروہ کی حقیقت : (اَز کشف المحجوب جناب حضرت علی ہجویری المعروف دا تا گنج بخشؒ)

حضرت سید علی ہجویریؒ اپنی یگانہ روزگار تصنیف ''کشف المحجوب'' میں رقمطراز ہیں۔ کہ! **مشائخینِ طریقت** کے ایک مخصوص گروہ نے راہِ ملامت کو بھی پسند کیا ہے۔ اور انہوں نے ملامت کے طریقے کو خلوص و محبت میں مؤثر مانا ہے۔ (یاد رہے۔ کہ) ملامت کے ساتھ مردانِ خدا اور اہلِ حق بالعموم متفق ہیں۔ خصوصًا پیشوایانِ اُمتِ محمد رسول اللہ ﷺ جو درحقیقت امام و پیشوائے اہلِ حق ہیں۔ آپ ﷺ سے قبل بھی تمام محبوبانِ خدا پر جب تک برہانِ حق نازل ہوئی۔ اور ان کو وحی کے شرف سے سرفراز نہیں کیا گیا تھا۔ اس وقت تک وہ مخلوقاتِ خدا میں نیک نام اور بزرگ مانے اور سمجھے جاتے رہے۔ اور جب انؑ کو خلعت نبوت و رسالت سے سرفراز کیا گیا۔ تو خلقِ خدا نے انہیں شاعر، مجنون، کاذب اور کاہن کے اسماء سے موسوم کیا۔ مگر اللہ تعالیٰ نے انہی اہلِ حق مؤمنین کے بارے میں اپنا ارادہ اس آیت میں بالکل وضاحت کے ساتھ واضح فرما دیا۔ کہ! **ولا یخافون لومة لائم ذٰلک فضل اللہ یؤتہ من یشآء . واللہ واسع علیم.** (ترجمہ) اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے یہ (اہلِ حق حضرات) اِن زبان درازوں کی ملامت سے نہیں ڈرتے۔ وہ جسے چاہے۔ عطا فرمائے۔ اور اللہ تعالیٰ کا علم وسیع ہے۔ (القرآن) حق تعالیٰ کا دستور و آئین ہے۔ کہ! جب اس کا کوئی بندہ حق گوئی کے ساتھ باطل کے خلاف نکل کھڑا ہوتا ہے۔ تو جملہ خلقِ خدا اُسے ذلت و رسوائی کے ساتھ ملامت کرتی ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ اس ملامتی کے اندرونی اسرار و رموز کی نگہداری فرماتا رہتا ہے۔ اور درحقیقت غیرتِ الٰہیہ بھی ہے۔ کہ! وہ اپنے محبوب بندوں کو غیروں کے دیکھنے اور اُن کے شرو گزند سے محفوظ فرما لیتا ہے۔ تاکہ کوئی باطل چشمِ بد اُس کے جمالِ باطنی پر اثر انداز نہ ہو سکے۔ اور اس کی حقیقتِ حسن کو اس سے بھی پوشیدہ فرما دیتا ہے۔ کہ! تاکہ وہ (اہلِ حق) اپنا جمالِ با کمال دیکھ کر مغرور نہ ہو جائیں۔ اور آفتِ عجب و تکبر میں نہ پڑ جائیں۔ یعنی الحاصل کلام! جس کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے۔ عوام اسے ناپسند کرتے ہیں۔ اور جسے اپنا وجود پسند آ گیا۔ اللہ تعالیٰ اسے پسند نہیں فرماتا۔ تو یقینًا ثابت ہوا۔ کہ! ملامتِ خلقِ خدا درحقیقت علامت و نشانی ہے محبوبانِ الٰہی کی۔ اور دلیل ہے اس کے مقربِ بارگاہ ہونے کی۔

ملامت کی تین صورتیں : ایک سیدھا چلنے میں (راست روی)۔ دوسرا قصد کرنے میں۔ اور تیسرا ترک کرنے میں۔ راست روی کا مطلب ہے۔ کہ! اپنے دین و دنیا کے امور کو اتباعِ شریعت کی پیروی کرتے ہوئے مشغول رہے۔ اور لوگوں کے رویہ، تنقید و ذلت پر متوجہ نہ ہو۔ بلکہ حاسدین و دشمنوں پر نرمی و محبت سے پیش آئے۔ اسی طرح قصدًا اختیار کرنے میں صورتِ ملامت یہ ہو گی۔ کہ! کوئی عزو جاہ اور دنیاوی شہرت اور امتیاز سے متنفر ہو کو خلوت کے راستے کا ارادہ (قصد) کرے۔ تو اس تکلف کی وجہ سے لوگ اسے ملامت کرنا شروع کر دیں۔ مگر وہ لوگوں کی قطعًا پرواہ نہ کرے۔ اور بالآخر لوگ اس سے بے پرواہ ہو جائیں۔ اور اس کا پیچھا چھوڑ دیں۔ اسی طرح ترک کرنے میں صورتِ ملامت یہ ہو گی۔ کہ! کسی کا گریبانِ کفر و ضلالتِ طبعی یہاں تک پکڑے۔ کہ وہ ترکِ شریعت اور انکارِ متابعت قانونِ اسلام کے لئے کہنے لگے۔ اور کہتا پھرے۔ کہ! یہ طریقہء ملامتیہ ہے۔ جو کہ میں نے اختیار کیا ہوا ہے۔ اور درحقیقت میں ہی راہِ راست پر ہوں۔ بہرحال! گروہ ملامتیہ کے مزید وقوف و ادراک کے لئے یہاں پر چند حکایات قارئینِ کتاب ہٰذا کے لئے پیشِ خدمت ہیں۔

میرا ہے مقصد تیری عبادت، عذاب کیسا؟ ثواب کیسا؟ گنوں میں کیوں دانہء تسبیح، محبتوں میں حساب کیسا

☆ **فقراء لوگ :** اپنے آپ کو دنیا کی کسی چیز کا مالک و مختار نہیں سمجھتے۔ اللہ تعالیٰ کی رضا جوئی میں اپنا سب کچھ ترک کر دیتے ہیں۔ اِن حضرات کا ترک تین وجوہات کی بناء پر ہوا کرتا ہے۔ پہلی وجہ تخفیفِ حساب اور خوفِ عتاب ہے۔ کیونکہ حلال کا تو حساب ہوتا ہے۔ جبکہ حرام کا عذاب۔ دوسری وجہ توقع فضلِ ثواب اور جنت میں داخل ہونے میں سبقت کا حصول ہے۔ کیونکہ فقراء لوگ اغنیاء سے پانچ سو برس قبل بہشت میں داخل ہوں گے۔ اور تیسری وجہ جمعیت خاطر اور سکونِ قلب ہے۔ تاکہ یکسوئی اور حضورِ قلب کے ساتھ عبادت میں مشغول رہ سکیں۔

دُنیا کی مذمت : ایک مرتبہ حضرت عیسیٰ روح اللہؑ نے ایک عورت دیکھی۔ جو کہ بدشکل سیاہ رنگت والی ایک بڑھیا تھی۔ (حضرت عیسیٰؑ نے) اس سے پوچھا۔ تُو کون ہے؟ اس (بدشکل سیاہ رنگت والی بڑھیا) نے کہا میں ''**دُنیا**'' ہوں۔ حضرت عیسیٰؑ نے پوچھا۔ تُو نے کتنے شوہر کئے۔ کہا۔ بے حد و بے شمار۔ اگر کوئی محدود چیز ہو تو بیان بھی کروں۔ پھر پوچھا۔ کہ! اِن شوہروں میں سے کسی نے تجھے طلاق بھی دی۔ کہا۔ نہیں۔ سب کو میں نے مار ڈالا۔ حدیث میں آتا ہے۔ کہ! **الدنیا رأس کل خطیئة** ۔ دُنیا جملہ گناہوں کی جڑ ہے۔

حکایت : حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہؑ کا گزر ایک ایسے شخص کے پاس سے ہوا۔ جو سر کے نیچے پتھر رکھے سو رہا تھا۔ اور اس کا چہرہ اور داڑھی گرد آلود تھے۔ وہ چادر اوڑھے ہوئے تھا۔ آپؑ نے بارگاہ خداوندی میں عرض کیا۔ یا اللہ عزوجل! تیرا یہ بندہ دنیا میں ضائع ہو گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپؑ کی طرف وحی فرمائی۔ کہ اے موسیٰؑ کیا آپؑ نہیں جانتے؟ کہ جب میں اپنے بندے کی طرف کامل طور پر نظرِ رحمت کرتا ہوں۔ تو دنیا کو اس سے مکمل طور پر دور کر دیتا ہوں۔

حکایت : حضرت ابراہیم بن ادہمؒ سے کسی نے پوچھا۔ کہ کبھی آپؒ اپنی مُراد کو پہنچے یا نہیں؟ فرمایا۔ ہاں! مجھے دو مرتبہ مراد نصیب ہوئی۔ ایک بار میں کشتی میں تھا۔ اور وہاں مجھے کوئی نہیں جانتا تھا۔ میں نے بہت میلے کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ اور میرے سر کے بال بھی لمبے تھے۔ میں اسی حالت میں کشتی میں سوار تھا۔ کہ لوگ میری تحقیر کرنے لگے۔ اور میرا مذاق اُڑانے لگے۔ اُن لوگوں میں ایک شخص ایسا بھی تھا۔ جو تمسخر کرتے کرتے میرے سر کے بال نوچنے کھسوٹنے لگ گیا۔ اور لوگ مجھ سے تمسخر کرتے کرتے میرا مزید مذاق اُڑانے میں مشغول ہو گئے۔ مَیں اُن کے اس قدر مذاق اُڑانے پر دلی طور پر نہایت مسرور تھا۔ اور اپنی دلی مراد پا رہا تھا۔ ہوتے ہوتے میری خوشی اس حد تک پہنچی۔ کہ اُن مذاق اُڑانے اور تمسخر کرنے والوں میں سے ایک شخص نے اُٹھ کر مجھ پر پیشاب کر دیا۔

حکایت : حضرت سید علی ہجویری (صاحب **کشف المحجوب**) اپنے بارے میں فرماتے ہیں ۔ کہ! ایک دفعہ میرے ساتھ ایک ایسا واقعہ گذرا ۔ کہ مَیں نے اس اُمید پر بہت کوشش کی ۔ کہ کسی بھی طرح سے یہ واقعہ حل ہو ۔ مگر حل نہ ہوا ۔ تو میں مزارِ حضرت سلطان العارفین بایزید بسطامیؒ کا اس وقت تک مجاور بنا رہا ۔ جب تک کہ وہ حل نہ ہوا ۔ اور آخر کار وہ حل ہو ہی گیا ۔

حکایت : ایک دفعہ پھر میرے (سید علی ہجویریؒ) ساتھ ایک ایسا واقعہ گذرا ۔ کہ مَیں نے اس اُمید پر بہت کوشش کی ۔ کہ کسی بھی طرح سے یہ واقعہ حل ہو ۔ مگر حل نہ ہوا ۔ اور اس دفعہ بھی مَیں نے مزارِ حضرت سلطان العارفین بایزید بسطامیؒ کی طرف قصد کیا ۔ اور مزار کی مجاورت شروع کر دی ۔ تاکہ میرا مسئلہ کسی طرح حل ہو ۔ مگر حل نہ ہوا ۔ میں ہر روز تین مرتبہ غسل کیا کرتا تھا ۔ اور تیس مرتبہ وضو کیا کرتا تھا ۔ اور امیدِ کشف میں ہی رہا ۔ مگر بالکل انکشاف نہ ہوا ۔ آخر کار اُٹھا ۔ مزار سے چل دیا ۔ اور خراسان کا سفر اختیار کیا ۔ اس شہر (خراسان) میں ایک شب اس علاقے کے ایک گاؤں کمس نامی میں اُترا ۔ یہاں پر ایک خانقاہ تھی ۔ اس خانقاہ پر جماعت متصوفین بھی موجود تھی ۔ مَیں نے خرقۂ خشیش (ٹاٹ کا کرتہ) پہنا ہوا تھا ۔ اور نہایت تھکا ہوا تھا ۔ میرے پاس سامان اہلِ رسم میں سے کچھ بھی موجود نہ تھا ۔ سوائے ایک کوزے اور عصا کے ۔ یعنی ایک ہاتھ کی لکڑی اور ایک چمڑے کے لوٹے کے سوا میرے پاس اور کچھ نہیں تھا ۔ مَیں وہاں کے صوفیوں کی نظروں میں بہت حقیر جانا گیا ۔ میرا جاننے والا اس جماعت میں کوئی بھی نہ تھا ۔ انہوں نے مجھے دیکھ کر عام رسم کے مطابق آپس میں گفتگو کی ۔ کہ یہ شخص ہم میں سے نہیں ہے ۔ اور سچ بات بھی یہی تھی ۔ جو انہوں نے کہی تھی ۔ میں فی الواقع ان میں سے تو نہیں تھا ۔ لیکن میرے لئے لابدی (لازمی وضروری) تھا ۔ کہ میں اس شب وہیں پر کسی طرح سے رات گزاروں ۔ مجھے انہوں نے بالاخانے پر بٹھا دیا ۔ اور خود اس بالاخانے سے اوپر والے بالاخانے پر بیٹھ گئے ۔

وہاں سے انہوں نے میری طرف ایک روٹی پھینکی ۔ جو کہ بُس ہو کر سبز ہو چکی تھی ۔ اور مجھے اُن کے کھانوں کی خوشبو بھی آ رہی تھی ۔ جو کہ وہ خود تناول کر رہے تھے ۔ اور میرے ساتھ طنزاً باتیں بھی کرتے جا رہے تھے ۔ بالاخانے پر جب وہ کھانا کھانے سے فارغ ہو گئے ۔ تو وہ خربوز کھانے لگ گئے ۔ اور اس کے چھلکے میرے اوپر پھینکتے رہے ۔ اس لئے کہ میں ان کی نظروں میں حقیر تھا ۔ آخر میں نے اپنے دل میں کہا ۔ یا الٰہی! اگر یہ لوگ وہ ہیں ۔ جو تیرے دوست ہیں ۔ تو جامہ دوست انہیں کیوں مل گیا ۔ یا مجھے ان سے علیحدہ نہ کیا ہوتا ۔ غرض یہ کہ! جس قدر ان کی طعن مجھ پر زیادہ ہوتی جاتی تھی ۔ میرا دل اندر سے اتنا ہی خوش ہوتا جاتا تھا ۔ حتی کہ! ان کے طعن وطنز کے بوجھ سے مجھ پر میرا واقعہ کا حل کھل گیا ۔ (یعنی میرا مسئلہ حل ہو گیا) اور مَیں نے یہ سمجھ لیا ۔ کہ مشائخ نے ان جہلاء کو کس لئے اپنے تئیں رکھا ہوا ہے ۔ اور ان کا بار کیوں اُٹھائے ہوئے ہیں ۔

حکایت : دوسری مرتبہ مَیں اپنی مراد کو اس طرح پہنچا ۔ کہ موسلا دھار بارش ہو رہی تھی ۔ اور مَیں جا رہا تھا ۔ کہ ایک گاؤں میں جا پہنچا ۔ سردی کے موسم نے مجھ پر شدت کر رکھی تھی ۔ جس کی وجہ سے میرا خرقہ پانی میں شرابور تھا ۔ میں ایک مسجد میں گیا ۔ وہاں لوگوں نے مجھے رہنے نہ دیا ۔ وہاں سے دو اور مساجد کی طرف میں گیا ۔ لیکن اُنہوں نے بھی مجھے نکال دیا ۔ سردی کی وجہ سے میرا دل لرز رہا تھا ۔ میں ایک حمام کے چولہے پر گیا ۔ اور اپنا خرقہ اس پر تان دیا ۔ اُس بھٹی کا دھواں جب کم ہوا ۔ تو اس نے میرے کپڑے اور منہ کو سیاہ کر دیا ۔ اس وقت بھی میں اپنی مراد کو پہنچا ۔

حکایت : حضرت عیسیٰؑ ایک سوئے ہوئے شخص کے پاس سے گزرے ۔ تو اسے آواز دی کہ! ''اُٹھ کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کر'' ۔ اس نے جواب دیا ۔ کہ! میں نے اللہ تعالیٰ کی وہ عبادت کی ہے ۔ جو سب سے بڑھ کر ہے ۔ حضرت عیسیٰؑ نے پوچھا ۔ وہ کونسی عبادت ہے ؟ اس مرد نے کہا ۔ مَیں نے '' **دُنیا** '' دنیاداروں کے لئے چھوڑ دی ہے ۔ پھر (حضرت عیسیٰؑ نے) فرمایا ۔ جو شخص اللہ تعالیٰ سے تھوڑے سے رزق پر راضی ہوتا ہے ۔ (تو) اللہ تعالیٰ اس کے تھوڑے عمل میں اس پر راضی ہو جاتا ہے ۔ بعد ازاں فرمایا ۔ جو شخص درہم و دینار وغیرہ چھوڑے دنیا سے سفر کرے ۔ وہ جنتی ہے ۔

حکایت : حضرت عیسیٰؑ سے ایک شخص نے پوچھا ۔ کہ آپؑ کی مثال تو اس جہان میں شمس کی مانند ہے ۔ تو پھر آپؑ اپنے لئے کوئی گھر کیوں نہیں بناتے ۔ حضرت عیسیٰؑ نے جواباً فرمایا ۔ مَیں کوئی دیوانہ تو نہیں ہوں ۔ جو چیز اَبد تک میرا ساتھ نہ دے ۔ وہ بھلا میرے لائق کیسے ہو سکتی ہے؟ جو چیز میرے پاس نہیں رہے گی ۔ تو پھر اس کا میرے ساتھ ہونے یا نہ ہونے سے کوئی فرق نہیں پڑتا ۔ خواہ کوئی بادشاہ ہو یا گدا ہو ۔ دونوں برابر ہیں ۔ (پھر حضرت عیسیٰؑ نے مزید فرمایا ۔ کہ!) اے بے خبر! تُو نے اپنے آپ کو گیند کی مانند ہمہ تن متحرک بنا رکھا ہے ۔ آخر اس سرگردانی کا کیا فائدہ ۔ تو خود ہی اپنے آپ کو جملہ مخلوقات سے آزاد کر لے ۔ پیشتر اس کے کہ ! موت کا فرشتہ تمہیں یہاں سے لے جائے ۔

حکایت ایک گناہ گار کی : بنی اسرائیل میں ایک شخص بڑا گناہ گار تھا ۔ آخر عمر میں غفلت سے چونکا ۔ اور اپنے گھر والوں سے کہنے لگا ۔ کیا کوئی ایسا ہے ۔ جو میری (مغفرت وحصولِ فضل وکرم کی) اللہ تعالیٰ سے سفارش کر دے ۔ انہوں نے کہا ۔ کوئی نہیں ۔ وہ (گناہگار شخص) جنگل کو نکل گیا ۔ اور (جنگل میں جا کر) زمین پر گر پڑا ۔ اور کہنے لگا ۔ اے اللہ تعالیٰ! آپ ہی میری بیماری اور میرا علاج جانتے ہیں ۔ میں آپ کے پاس خانہ برباد، فقر اور عمل دور از اصلاح کے ساتھ حاضر ہوا ہوں ۔ اور مجھے کوئی نہیں ملا ۔ جو کہ میری سفارش کرتا ۔ اور نہ ہی پناہ گزین ہونے کے قابل کوئی مقام ملا ۔ جو مجھے بچا لیتا ۔ لہٰذا میری درخواست ہے ۔ کہ! جو معاملہ آپ کے کرم کے شایان ہے ۔ میرے ساتھ کیجئے ۔ ہاتفِ غیبی نے آواز دی ۔ (کہ) تُو مہربان کریم کے باب پر کھڑا ہے ۔ ہم نے تیرے گناہوں کو نیکیوں میں بدل دیا ۔ (**ان الحسنات یذھبن السیئات**) اور تیرے درجات بلند کر دیئے ۔ (**لا تقنطوا من رحمة الله**)

کوئی دھواں اُٹھا ، نہ کوئی روشنی ہوئی جلتی رہی حیات بڑی خامشی کے ساتھ

حکایت : بنی اسرائیل کے ایک عالم نے اللہ تعالیٰ سے عرض کیا۔اے میرے رب ! میں نے بار ہا آپ کی نافرمانی کی۔لیکن آپ نے مجھے سزا نہ دی۔تو اس سے کہا گیا۔میں نے بار ہا تجھے سزائیں دیں۔لیکن تجھے احساس نہ ہوا۔کیا میں نے تجھے اپنی مناجات کی حلاوت سے محروم نہیں کررکھا ہے۔ (چنانچہ اسی ضمن میں) حکماء کا قول ہے۔کہ! گناہ کے بعد دوبارہ دوسرے گناہ کا ارتکاب درحقیقت پہلے گناہ کی سزا ہے۔اور اسی طرح سے ایک نیکی کے بعد دوسری نیکی کی توفیق اس (یعنی پہلی نیکی) کا صلہ ہے۔

میری نگاہ شوق کا اللہ رے اثر معشوق بھول جاتے ہیں اپنی نہیں نہیں

ایک حدیث میں آیا ہے۔کہ! جس شخص نے اللہ تعالیٰ کی اطاعت کی۔پس یقیناً اس کا ذکر کیا۔اگر چہ اس کی نماز، روزہ اور تلاوتِ قرآنِ پاک کم ہو۔اور جس شخص نے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی۔پس یقیناً اسے بھلا دیا۔اگر چہ اس کی نماز روزہ اور تلاوتِ قرآنِ پاک بکثرت ہو۔

حکایت : بنی اسرائیل میں ایک شخص تھا۔جوکہ بیس برس تک بدکاری میں مبتلا رہا تھا۔پھر اس نے ایک مرتبہ آئینہ دیکھا۔تو داڑھی میں سفید بالوں پر نظر پڑی۔کہنے لگا۔یا الٰہی ! مَیں بیس سالوں تک (تیرا) نافرمان رہا ہوں۔اگر پھر میں آپ کی جانب رجوع کرلوں۔تو کیا آپ (مجھے) قبول فرمالیں گے۔(ہاتفِ غیبی سے) آواز آئی۔(جب) تُو ہم سے محبت کرتا تھا۔ہم تجھ سے محبت کرتے تھے۔تُو نے ہمیں چھوڑ دیا۔(تو) ہم نے تجھے چھوڑ دیا۔(جب) تُو ہمارا نافرمان بنا۔(تو) ہم نے تجھے مہلت دی۔(اَب بھی) اگر تُو ہماری طرف رجوع کرے گا۔(تو) ہم تجھے مقبول بنالیں گے۔(سبحان اللہ)

حکایت : بنی اسرائیل میں ایک شخص تھے۔جو برسہابرس سے عبادت میں لگے رہے۔اور ''**رب لم یزل ولا یزال**'' کا جلوہءخلوت میں دیکھنے کی تمنا کرتے رہتے۔تو اللہ تعالیٰ نے اس شخص کی طرف ایک فرشتہ کو یہ پیغام دے کر اس کی جانب بھیجا۔کہ! وہ (بنی اسرائیلی شخص) بے فائدہ محنت کررہا ہے۔وہ ہمارے لائق تو ہے نہیں۔اس کی جگہ تو جہنم ہے۔ اُس شخص نے اللہ تعالیٰ کا یہ پیغام سن کر کہا۔میرا کام تو بندگی کرنا ہے۔خداوندی کرنا نہیں۔یہ سب وہ (رب متعال ہی) جانے۔فرشتہ نے واپس جاکر یہی جواب بارگاہِ خداوندی میں پیش کردیا۔جلالِ احدیت سے جواب ملا۔جب وہ بندہ اس **لئیمی** کے باوجود اپنے حال پر قائم ہے۔تو پھر (بھلا) میں کیسے اپنی صفتِ کریمی کو چھوڑ سکتا ہوں۔

(اُمتِ محمدیہ ﷺ کے مسلمانان کے لئے ذکیرہءاحادیث میں نویدِ جنت کے عہدناموں کی دفاتر موجود ہیں۔لہذا ہمیں اخلاص کے ساتھ عبادت کرنی چاہیئے)

حکایت : بنی اسرائیل پر ایک مرتبہ کوئی آفت نازل ہوئی۔تمام قوم اس وقت کے نبیؑ کے پاس آئی۔اور کہنے لگی۔(کہ) ہمیں کوئی ایسی بات بتائیں۔(کہ) جس پر عمل کرنے سے اللہ تعالیٰ کی ذات ہم سے راضی ہوجائے۔اور ہم پر آئی ہوئی آفت ٹل جائے۔

اللہ تعالیٰ کے اس نبیؑ نے اللہ تعالیٰ سے دریافت کیا۔تو اللہ تعالیٰ نے اپنے اس نبیؑ پر وحی بھیجی۔(کہ) بنی اسرائیل سے کہہ دیں۔کہ اگر میری رضا چاہتے ہو۔تو مساکین کو راضی کرو۔اگر انہیں راضی کرلو گے۔تو میں تم سے راضی ہوجاؤں گا۔

عشق آمد ہر دو عالم کامیاب عقل آمد ، دین و دنیا شد خراب

حکایت : بنی اسرائیل پر ا۔ مسند احمد میں ہے۔کہ! حضرت **ضمضم بن جوس** کہتے ہیں۔کہ! ایک مرتبہ مجھ سے حضرت ابوہریرہؓ نے فرمایا۔کہ! اے یمامی ! کسی شخص کے متعلق یہ ہرگز نہ کہنا۔کہ! واللہ! تیری بخشش کبھی نہیں ہوگی۔یا (یہ کہ) اللہ تعالیٰ تجھے کبھی جنت میں داخل نہیں کریں گے۔مَیں نے عرض کیا۔کہ اے ابوہریرہؓ ! یہ تو ہم میں سے ہر شخص غصے کے وقت اپنے بھائی اور دوست کو کہہ دیتا ہے۔(تو حضرت ابوہریرہؓ نے) فرمایا۔لیکن تم پھر بھی (اس طرح سے بالکل) نہ کہنا۔(کیونکہ) مَیں نے حضرت نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے۔کہ! بنی اسرائیل میں دو آدمی تھے۔ان میں سے ایک بڑا عابد (عبادت گزار) تھا۔جبکہ دوسرا بہت بدکار اور گناہ گار تھا۔(ایک روز اُس) عابد نے معاصی کو یہ کہہ دیا۔کہ واللہ! تیری کبھی بھی بخشش نہیں ہوگی۔یا (یہ کہا۔کہ) اللہ تعالیٰ تجھے کبھی جنت میں داخل نہیں کرے گا۔اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کے پاس ملک الموت کو بھیجا۔اور اس (روح قبض کرنے والے فرشتہ) نے دونوں کی ارواح قبض کرلیں۔اور وہ دونوں (جب) اللہ تعالیٰ کے حضور اکٹھے ہوئے۔تو اللہ تعالیٰ نے معاصی سے فرمایا۔کہ تُو میرے رحم وکرم سے جا۔اور جنت میں داخل ہوجا۔جبکہ دوسرے سے فرمایا۔کیا تُو میرے فیصلوں کو جانتا تھا ؟ کیا تُو میرے قبضے میں موجود ہو گیا تھا۔ (پھر اللہ تعالیٰ نے حکم فرمایا۔کہ) اسے (یعنی عابد کو) جہنم میں لے جاؤ۔نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں ابوالقاسم ﷺ کی جان ہے۔اس نے صِرف ایک ایسا کلمہ بولا۔جس نے اس (عابد) کی دُنیا وآخرت کو تباہ کردیا۔

مسند احمد بن حنبلؒ میں ایک حدیثِ نبوی ﷺ ہے۔کہ! جس کے دل میں ذرہ بھر بھی غرور وتکبر ہے۔وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

﴿ اُمتِ محمدیہ ﷺ کے صالحین کی فضیلت بنی اسرائیل کے انبیائے کرامؑ کے جیسی ہے۔بشرطیکہ! وہ صالحین واقعتاً اللہ تعالیٰ کے محبوبین ہوں۔جب اللہ تعالیٰ نے اُن پر اتنی کرم نوازی اور فضل وعنایات کی ہیں۔تو پھر اُمتِ محمدی ﷺ کے تو کیا ہی کہنے ﴾

☆ **ایک عظیم دُعا**: **اللھم اغفر لنا قبل الموت و ارحمنا**۔اے اللہ تعالیٰ! مَوت سے پہلے ہماری مغفرت فرما۔اور ہم پر رحم فرما۔

☆ **ایک مکرم دُعا**: **اللھم انی اسئالک لذۃ النظر الی وجھک والشوق الی لقائک** ۔ اے اللہ تعالیٰ! مَیں تجھ سے تیرے دیدار کی لذت اور تیری ملاقات کے شوق کا طالب ہوں۔

حصہ | علوم وفنونِ روحانیہ

حصہ چہارم۔ فہرستِ مضامین

چار چیز اے برادر با خطر
قربتِ سلطان و الفتِ با بداں
ناتوانی باش زینہا پر حذر
رُغبتِ دُنیا و صحبتِ با زناں

عامل کون ھوتا ھے ؟ نہایت رنج والم سے کہنا پڑ رہا ہے۔ کہ! آج کل تو لوگ عامل اُسے کہتے ہیں۔ جو اعمال وعملیاتِ'' حب و بغض یا شفاء وسقم، یا حاضرات کا کچھ نہ کچھ ماہر ہو۔ حالانکہ! ایسا نہیں ہے۔ بلکہ! عامل تو درحقیقت وہ شخص ہوتا ہے۔ جو تقوی، مصفیٰ باطن، اخلاص و توکل اور رضائے الٰہی کے ساتھ جمیع امور سرانجام دیتا ہو۔ اور شریعت کی مکمل پاسداری رکھتے ہوئے''**زبانِ کُن**'' کا حامل ہو۔

اقسام پرھیز : میری (البلوشی) کی نظر میں پرہیز کی تین اقسام ہیں۔ پرہیزِ روحی۔ پرہیز روحانی۔ پرہیز عمومی۔

اندرون از طعام خالی دارد تا درو نور معرفت بینی

پرھیزِ روحی: پرہیز روحی یہ ہے۔ کہ فرائض کی پابندی کرتے ہوئے صدقِ نیت سے خلوت نشیں ہو کر روزے رکھتے ہوئے ایام چلہ پورے کرے۔ اس دوران نہ کسی سے ملے اور نہ ہی کسی سے کسی بھی ذریعہ سے بات چیت کرے۔ بلکہ کھجور و پانی کے علاوہ کچھ بھی نہ کھائے پئے۔

پرھیزِ روحانی : پرہیز روحانی یہ ہے۔ گوشت ہر قسم، حیواناتی گھی و تیل، انڈا، دودھ، دہی، کچا لہسن، پیاز، مولی، ہینگ، سرکہ، شہد۔ ملاقیءعوام الناس، بوس وکنار و جماع وغیرہ۔ پرہیز روحانی میں بہتر تو یہ ہے کہ سحر و افطار میں پانی اور کھجور پر ہی اکتفا کیا جائے خلوت نشینی، اکل حلال اور صدق مقال، قلیل النوم وغیرہ۔ ویسے بھی تمام ریاضات وچلوں کے لئے یہ ضروری امور ہیں۔

پرھیزِ عمومی : پرہیز عمومی یہ ہے۔ کچا لہسن، پیاز، مولی، ہینگ، کھانا دن میں دو مرتبہ سے زیادہ نہ ہو۔ لوگوں سے میل جول، بوس وکنار و جماع سے منع، اکل حلال، صدق مقال اور قلیل النوم کی عادت کا ہونا بھی بہت ضروری ہے۔ اگر ممکن ہو تو دوران ریاضت پیر، جمعرات و جمعہ کو روزہ رکھنا اور اعمال وعملیات کو بوقتِ عمل تنہائی (خلوت) میں کرنے کی کوشش کرنا۔

پختہ ہوتی ہے اگر مصلحت اندیش ہو عقل عشق ہو مصلحت اندیش تو ہے خام ابھی
بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی

خصوصی انتباہ!

عزیمت برہتیہ، اسمائے سبعہ قمریہ، دعوت آیت الکرسی، دعوت سورۃ الاخلاص، دعوت سورہ فاتحہ، اسمائے اصحاب کہف، دس اسماء حضرت موسیٰؑ، دعوت احراق الجن اور دیگر عزائم و دعوات اور جنات اور موکلات کی تسخیر سے بھرپور استفادہ اور رہنمائی کے حصول کے لئے مرتب و جامع کتاب ہذا اور میرے مُرشد کریم حضرت غوث الفقراء قطب الاولیاء محبوب الٰہی جناب پیر سید محبوب علی شاہ بخاری عرف نوراللہ شاہ قادری بانوا رحمۃ اللہ علیہ کے چاروں صاحبزادگان اور خلفائے مجاز سے اجازت لینا انتہائی لازمی امر قرار دیا گیا ہے۔ بصورت دیگر کسی بھی ظاہری و باطنی نقصان و رجعت کا اندیشہ ممکن ہے۔ اور اسی طرح سے کتاب ھذا میں موجود اکثر آیات کے ساتھ سورہ کا نام اور آیت نمبر دے دیا گیا ہے۔ کسی بھی عمل کو سرانجام دینے سے قبل وہاں سے آیت اور اعراب کی درستگی لازمی کر لیں۔ عملیات میں کامیابی وکامرانی اور راہنمائی کے لئے اجازت وتربیت حاصل کر کے ان اعمال وعملیات کی کوشش کریں۔ اور اس امر میں ہرگز غفلت کا مظاہرہ نہ کریں۔ تاکہ شب و روز کی محنت شاقہ اکارت نہ جائے اور کامیابی وکامرانی صاحبان ذوق وشوق کے قدم چومے۔ آمین۔ انشاءاللہ۔

مارا نہ غمِ دوزخ و نے حرصِ بہشت است برادر زِ رُخِ پردہ کہ مشتاقِ لقائیم

انتہائی ضروری امور و شرائط عاملین :

اس کتاب (اسرارِ محبوب کامل) سے اُن لوگوں کو فوائد تام حاصل ہوں گے۔ جو ان باتوں کا دائمًا خصوصی دھیان اور التزام رکھیں گے۔

☆ طہارتِ ظاہری ☆ تصفیہء باطنی ☆ درست شدہ دُعا، عمل وعزیمت ☆ اکل حلال۔ ☆ صدق مقال۔
☆ قلیل گُفتن ☆ صدق نیت ☆ اجازتِ مُرشد ☆ اتصالِ اسناد ☆ تاریک مقام ☆ استعمال عطریات بر پوشاک ☆ قلیل خوابیدن ☆ خلوت نشینی ☆ کثرتِ ذکر الٰہی و درود وسلام ☆ ہر وقت باوضو رہتے ہوئے زبان کو ذکرِ الٰہی سے تر رکھنا ☆ استعمالِ بخورات برجائے اعمال وعملیات (حُب وبُغض وتسخیرات) ☆ اپنے ظاہر و باطن اور دل ودماغ کو ہمیشہ مکروہات وخرافات سے محفوظ و مامون رکھنے کی بھرپور سعی کرنا۔ ☆ حُسنِ اعتقاد

پینے کو تو پی لوں مگر شرط ہے ذرا سی اجمیر کا ساقی ہو بغداد کا میخانہ

طریقہ زکاتِ ابجد منقول از حضرت غلامُ الرّسول میمن ناشادؒ :

ویسے تو حروف کی زکات میں سے کچھ تو مَیں نے بھی گذشتہ صفحات میں پیش کئے ہیں) جو کافی لمبا عرصہ کھاتے ہیں۔ اور اِن میں کافی تکلیف بھی اُٹھانی پڑتی ہے۔ اگر دیگر طرائق سے ابجد کی جیسے تیسے کر کے زکات ادا کر بھی دی جائے۔ تو نقوش سر اُٹھا کر کہتے ہیں۔ کہ صاحبو! اب ہماری بھی زکات ادا کرو!!! مزید اتنا وقت اب کہاں سے آئے؟ جو اِن کی زکات بھی ادا کی جائے۔ اور اگر کسی خوش نصیب کے پاس اتنا وقت ہے بھی۔ تو وہ اِن جھمیلوں میں پڑنا پسند نہیں کرتا۔ لہذا یہ کٹھن طریقہءزکات اِسی سلسلے کی ایک اہم کڑی ہے۔ کہ آپ خود کو زکاتِ ابجد سے روشناس کرائیں۔ کٹھن اِس لئے کہ اِس مشینی اور نفسہ نفسی کے دور میں جب کہ آزادی سے سانس لینے کے لئے بھی وقت نہیں ملتا۔ چلہ گردانیاں تو اور بھی مشکل میں ڈال دیتی ہیں۔ اس طریقہءزکات کا جدول مندرجہ ذیل ہے۔

1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11	12	13	14	15	16
نمبر شمار	حروف	اسمائے الٰہی	قیمت حرفِ ضرب تکرارِ قرآنی	منازل قمر	نقوش	طرح قاعدہ نقش	تقسیم	خارج قسمت	کسر	خانہ	سمت	ملائکہ	اعوان	ستارہ	بخور
1	ا	اللہ	57707	شرطین	متسع	360	9	6371	8	10	شرقی	اسرافیل	فیویوش	زحل	عودِسیاہ
2	ب	باقی	22844	بطین	مثمن	252`	8	2844	#	#	غربی	جرائیل	ویوش	مشتری	شکر
3	ج	جامع	9819	ثریا	مسبع	168	7	1378	5	15	شمالی	کلکائیل	نویوش	مریخ	دارچینی
4	د	دیان	22568	دبران	مسدس	105	6	3743	5	7	جنوبی	دردائیل	طیویوش	شمس	صندل سرخ
5	ھ	ھادی	95350	ہقعہ	مخمس	60	5	19058	#	#	شرقی	دوریائیل	ہیوش	زھرہ	صندل سفید
6	و	ولی	159216	ہنعہ	مربع	30	4	39796	2	9	غربی	رفتمائیل	پویوش	عطارد	کافور
7	ز	زکی	10920	زراعہ	مثلث	12	3	3636	#	#	شمالی	شرفائیل	کایوش	قمر	شہد
8	ح	حق	31784	نثرہ	متسع	360	9	3491	5	37	جنوبی	تنکفیل	عیوش	زحل	زعفران
9	ط	طاھر	11466	طرفہ	مثمن	252	8	1401	6	17	شرقی	اسمائیل	پدیوش	مشتری	مشک
10	ی	یسیر	259190	جبہ	مسبع	168	7	37003	1	43	غربی	سرکیتائیل	شھیوش	مریخ	گل سرخ
11	ک	کافی	190400	زبرہ	مسدس	105	6	31715	5	7	شمالی	ہروزائیل	قدیوش	شمس	گل سفید
12	ل	لطیف	1114560	صرفہ	مخمس	60	5	222900	#	#	جنوبی	طاطائیل	عدیوش	زھرہ	پوست سیب
13	م	ملك	1061400	عواء	مربع	30	4	2265342	2	9	شرقی	رومائیل	مجیوش	عطارد	بھی
14	ن	نور	1328000	سماک	مثلث	12	3	442662	2	4	غربی	حولائیل	وطیوش	قمر	سینبل
15	س	سمیع	359460	غفراء	متسع	360	9	39900	#	#	شمالی	ہمواکیل	نعیوش	زحل	لوبان
16	ع	علی	645400	زبانا	مثمن	252	8	80643	4	33	جنوبی	لومائیل	فشیوش	مشتری	فلفل سفید
17	ف	فتاح	673520	اکلیل	مسبع	168	7	96193	1	43	شرقی	سرحماکیل	بعطیوش	مریخ	جوز
18	ص	صمد	181170	قلب	مسدس	105	6	30177	3	19	غربی	اھجمائیل	فلایوش	شمس	جلوتری
19	ق	قادر	681300	شولہ	مخمس	60	5	6248	#	#	شمالی	عطرائیل	شمیویوش	زہرہ	ترنج
20	ر	رب	4358600	نعائم	مربع	30	4	589642	2	9	جنوبی	امواکیل	دہیوش	عطارد	برگِ گلاب
21	ش	شھید	675900	بلدہ	مثلث	12	3	225896	#	#	شرقی	ہمرائیل	تشیوش	قمر	عوداگر
22	ت	تواب	6479600	ذابح	متسع	360	9	719915	5	37	غربی	عزرائیل	لطیوش	زحل	عنبر
23	ث	ثابت	638000	بلعہ	مثمن	252	8	79718	4	33	شمالی	میکائیل	طحیوش	مشتری	عود
24	خ	خبیر	1449600	سعود	مسبع	168	7	207061	5	15	جنوبی	مہکائیل	والایوش	مریخ	بنفشہ
25	ذ	ذاکر	3287900	اخبیہ	مسدس	105	6	547965	5	7	شرقی	اھرائیل	سلکایوش	شمس	لوبان
26	ض	ضآر	1285600	مقدم	مخمس	60	5	257108	#	#	غربی	عطکائیل	نمایوش	زہرہ	گلنار
27	ظ	ظاھر	757800	مؤخر	مربع	30	4	189442	2	9	شمالی	تورائیل	عقویوش	عطارد	گل نسرین
28	غ	غفور	3308000	رشا	مثلث	12	3	102662	2	4	جنوبی	لوخائیل	عرقویوش	قمر	لونگ

دیئے گئے جدول کی درستگی کے لئے (اگر کہیں پر کوئی کتابی غلطی ہو تو) **مکاشفات اسرار** صفحہ نمبر **152-151**، حضرت کاش البرنی کی کتاب **قواعدِ عملیات** صفحہ نمبر **32-31** یا عملیات کے قواعد وضوابط کی بنیادی کتب ملاحظہ فرمائیں۔

ہم کو ہے ان سے وفا کی امید   جو نہیں جانتے وفا کیا ہے

حضرت ناشادؒ فرماتے ہیں۔کہ! عاملین کی تسلی وتشفی کے لئے عرض ہے۔کہ! اگرچہ اِن حروف کی جو ترتیبیں ہیں۔وہ تو واقعی پر تاثیر ہیں۔اور حروف کے یہ اقسام بلا زکات ادا کئے ہوئے بھی کام کر جاتے ہیں۔لیکن اس میں تھوڑا وقت ضرور لگ ہی جاتا ہے۔ان کا اثر لکھتے ہی اس صورت میں ہوسکتا ہے۔کہ ابجد کی مکمل زکات ادا کی جائے۔اور زکات کے سوا فوری طور پر عمل کے احکام جاری ہونا مشکل ہیں۔سو یہ کٹھن مضمون اس سلسلے کی ایک کڑی ہے۔آپ (شائقین عملیات) کو ابجد سے روشناس کیا جائے۔کٹھن اس لئے کہ اس مشینی دَور میں جب کہ آزادی سے سانس لینے کے لئے بھی وقت نہیں ملتا۔تو چلہ گردانیاں تو مشکل میں ڈال ہی دیتی ہیں۔

مکتبِ عشق کا دستور نرالا دیکھا اس کو چھٹی نہ ملی ، جس نے سبق یاد کیا

قارئین ! دنیا کا کوئی بھی ایسا عمل نہیں ہے۔جس میں حروف کا دخل نہ ہو۔اور ہر عمل کے لئے علیحدہ علیحدہ چلہ بھی نکالنا پڑتا ہے۔جو کہ ایک مشکل امر ہے۔اس لئے علم وعمل سے واسطہ رکھنے والوں پر لازم ہوتا ہے۔کہ وہ ابجد کی زکات ادا کریں۔یہ ایک زکات (جو کہ اگلے صفحے پر تفصیل سے درج ہے) پوری عملیات کی اساس ہے۔اس زکات کے بعد کوئی بھی عمل اور کسی بھی زبان کا عمل ہوگا۔(وہ یقینی طور پر) رواں ہو جائے گا۔اور اسرار الحروف میں پیش کئے جانے والے سب اعمال کی مکمل کامیابی کا دارومدار بھی اسی (ابجد کی زکات) پر منحصر ہے۔

اِک تو شب فراق کے صدمے ہیں جاں گداز اندھیرا اس پہ یہ ہے ، کہ ہوتی سحر نہیں

یاد رہے۔کہ! دنیا کا کوئی بھی ایسا عمل نہیں ہے۔جس میں حروف کو دخل نہ ہو۔اور ہر عمل کے لئے علیحدہ علیحدہ چلہ بھی نکالنا پڑتا ہے۔جو کہ ایک مشکل امر ہے۔اس لئے علم وعمل سے واسطہ رکھنے والوں پر لازم ہوتا ہے۔کہ وہ حروفِ ابجد کی زکات ادا کریں۔یہ ایک زکاتِ ابجد پوری عملیات کی اساس ہے۔اِس طریقہ زکات کے بعد چاہے کوئی بھی عمل ہو۔کسی بھی زبان میں بھی ہو۔ضرور رواں ہو جائے گا۔(**انشاءاللہ تعالیٰ**)

یہ زکات کثیر خصوصیات اور عظیم منافع کی حامل ہے۔جیسے کہ!

☆ اِس زکات کے ادا کرنے میں سوائے بدبودار چیزوں کے اور کوئی بھی پرہیز نہیں۔ ☆ اُس زکات کی ابتداء اُس روز سے شروع ہوگی۔جب قمری ماہ کی پہلی تاریخ کو منزل شرطین ہو۔ ☆ جس حرف کی زکات ادا کی جائے گی۔اِس حرف کا عددی اور حرفی نقش عملِ زکات سے بیشتر لکھ کر سر پر رکھنا ہوگا۔کیونکہ! یہی اِس عمل کا حصار اور جمیع بلیات و مانعات سے حفاظت کا حامل حرز ثابت ہوگا۔

☆ اس زکات کے ادا کرنے میں روزانہ تقریباً تین گھنٹے صَرف ہوتے ہیں۔ ☆ اس زکات کی ادائیگی کے ساتھ ہی نقشِ مثلث ، مربع ، مخمس ، مسدس ، مسبع ، مثمن ، متسع ومعشر کے علاوہ تمام چھوٹے بڑے نقوش کی زکات بھی ادا ہو جاتی ہے۔

آگے چل کر حضرت ناشاد صاحبؒ (خود) فرماتے ہیں۔کہ اِنہیں دُشواریوں کو پیشِ نظر رکھ کر قارئین کو ایک ایسی زکات للہ تعالیٰ دیئے جارہا ہوں۔جو کسی کو دنیا میں موجود قدیم وجدید کتب میں کہیں بھی نہیں مل سکے گی۔اور نہ ہی یہ طریقہ زکات کسی استاد صاحب سے مل سکے گا۔یہ عظیم طریقہء زکات جن خاردار اور دشوار گزار راہوں پر چلتے چلتے مجھے (ناشاد صاحبؒ کو) ملا ہے۔وہ بیان سے باہر ہے۔پس اتنا ہی کہہ دینا کافی ہوگا۔کہ خدا ہی بہتر جانتا ہے۔کہ مجھے (ناشاد صاحبؒ کو) کیا کچھ گنوا کر اِسے (یعنی اِس طریقہء زکات کو) پانا پڑا ہے۔چونکہ یہ زکات کئی مراحل سے گزرنے کے بعد پایہء تکمیل کو پہنچی ہے۔اِس لئے اِسے بالتفصیل اور آسان پیرائے میں سمجھانے کے لئے حضرت ناشادؒ نے انتھک محنت وجانفشانی سے ایک جدول (**Chart / table**) ترتیب دیا ہے۔تاکہ قارئین وشائقینِ روحانیہ اِس زکات کی غرض وغایت اور ماہیت سے اچھی طرح سے آگاہ ہو جائیں۔

اس زکات کی ادائیگی کے بعد مداومت نہ بھی کریں۔تو بھی تاثیر ہمیشہ کے لئے آپ کے قابو میں رہے گی۔اِنشاءاللہ تعالیٰ۔اگرچہ مثال کے لحاظ سے بات کچھ طویل سی لگتی ہے۔لیکن عمل (فوائد وتاثیر واجابت) کے لحاظ سے اِس زکات جیسی آسان اور قرآن پاک کے حروف کی بنیاد پر بننے والی مستند (ومجرب المجرب) زکات آپ لاکھ بھی کیوں نہ ڈھونڈیں۔آپ کو کہیں سے بھی نہیں مل سکے گی۔

(اللہ تعالیٰ اپنی شان وعظمت کے عین مطابق حضرت غلام الرسول میمن ناشادؒ اور جناب عائلی صاحب کو بلندی ، رفعت ، درجات دینی و دنیاوی اور جزائے خیر عطا فرمائے۔آمین) بہرحال! زکات کے مبادیات کے ضمن میں جدولِ ابجد سولہ کالمی ملاحظہ فرمائیں۔

ایک ضروری توضیح مع تمثیلِ زکات: (بمطابق جناب استادِ محترم غلام الرسول عائلی نقشبندی صاحب)

متذکرۃ الصدر جدول کے خانہ نمبر 4 (قیمتِ حرف ضرب تکرار قرآنی) کی معاونت سے مؤکل ایسے بنایا گیا ہے۔کہ! نمبر شمار 14 حرف ''ن'' قیمت حرف ضرب تکرار قرآنی کے کالم کے اعداد **132800** میں سے 41 اعداد ''ایل'' کے منہا کئے۔تو بقایا **1327959** بچ گئے۔اب اِن اعداد سے حاصل شدہ حروف ط۔ن۔ظ۔ز۔ک۔ش۔ا۔۔غائیل۔ یاد رکھیئے۔کہ چوتھے ہندسے پر اگر ''ا'' آجائے تو پھر ''غ'' لیں گے۔بصورتِ دیگر پھر اکائی سے حروف شروع کریں گے۔اور اگر تکرار ''الوف'' سے ہو کے لوٹی ہو۔تو جملہ حروف کے بعد ''**غـــائیــل**'' لگا دیں گے۔

(بقول حضرت ناشادؒ) ہر مرحلہ میں نے حل کر کے جدول میں دیا ہے۔(سوائے بروج ، تاثیرات ، طبائع ، خاصیات اور اسمائے الٰہیہ کے اعداد بحساب ابجد قمری وغیرہ کے)۔ (بقولِ جناب محترم عائلی صاحب) زکات کے لئے یہاں پر دو اہم ترین اُمور اور خاص الخاص شرائط کا تذکرہ کرنا از حد ضروری ہے۔تاکہ زکات ادا کرنے والوں کی محنت رائیگاں نہ جائے۔

1۔حروفِ ابجد کی زکات اُس روز سے شروع ہوگی۔جب ماہِ قمری کی پہلی تاریخ کومنزل شرطین ہو۔ 2۔جس بھی حرف کی زکات ادا کی جائے گی۔اُسی حرف کا عددی اورحرفی نقش عمل شروع کرنے سے پہلے ہی اپنے سر پر باندھنا لازمی ہوگا۔یہی اس عمل کا حصار اور جمیع بلیات وموانعات کی کامل حرز ثابت ہوگا۔انشاء اللہ۔اب میں ایک مثال دیتا ہوں۔مثلاً ہمیں حرف'' ا '' کی زکات ادا کرنی ہے۔تواِس (زکات) کے لئے ہمیں ماہِ قمری کی پہلی تاریخ کو منزل شرطین کا انتظار کرنا ہوگا۔اب'' کلام اللہ'' میں رقم شدہ حرف'' ا ''کواِسی ہی کی قیمت میں ضرب دی جائے۔تو حاصل **57707** ہوئے۔اب ہم خانہ نمبر **6** کے مطابق اِس کانقش متبع **(9x9)** بنے گا۔حرف'' ا '' کے دونوں نقوش اوپر ہیں۔ہمیں حرف'' ا '' کی زکات خانہ نمبر **15** کے مطابق زحل کی ساعت میں شروع کرنا ہوگی۔اوراپنا رُخ خانہ نمبر **12** کے مطابق مشرق کی طرف کرنا ہوگا۔





یہ بات بھی یادرہے۔کہ سامنے دیئے گئے دونوں نقوش ایک ہی کاغذ پرآگے پیچھے بنانے ہوں گے۔ اب اِسی طرح کے **9** نقوش (بمطابق خانہ نمبر **8**) کواِس کے عناصر کے مطابق کام میں لائیں۔اور بخور اِس حرف کا عودِ سیاہ (بمطابق خانہ نمبر **16**) روشن کریں۔

نقوش لکھنے کے بعد اِس حرف'' ا '' کی عزیمت کو (بمطابق خانہ نمبر **8**) نو(9) مرتبہ پڑھنا ہے۔(حروف کی مستندعزائم کے لئے حضرت امام بونی القرشیؒ کی تصانیف **سرایر التکسیر** اور **شمس المعارف** یا عائلی نقشبندی صاحب کی تالیف **مکاشفات اسرار** کوملاحظہ فرمائیں۔کیونکہ **مکاشفات اسرار** کےصفحہ نمبر **479** تا**534** پرتمام نقوش اورعزائم **تصحیح شدہ** درج کی گئی ہیں) حرف'' ا '' کی عزیمت یہ ہے۔جوکہ ہمیں عائلی صاحب کےتوسط وتوسل سے ملنا نصیب ہوئی۔اللہ تعالیٰ اِن کوجزائے خیرعطافرمائے۔آمین۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اللھم انی اسئلک یا من لہ العظمۃ والآ لاء والمجد والکبریاء یا اللہ یا اللہ یا رباہ یا رباہ یا رباہ یا ھو یا ھو یا ھو یا سیداہ یا سیداہ یا سیداہ اسئلک بسر الا عظم ان تسخر لی روحا نیتک والبسنی بحا نورا و جمالا و قبو لا وان ھبنی سرا من اسرار الا لف اصرفہ فیما ارید ایھا الحرف المتحرک من الیقظۃ والتلقی بشرف اسمک وبا لنار والنور والظل والحرور ومما قیل با لنھار و بما اخر جہ القدیم من قدیم و بسر ما وضعت فی اللوح المحفوظ من العلم منشآء الا مور و بسر امدادک الالف وبا مرک النا قد بکلیلیا و ملیلیا طلیا و ھلیا و مریا و ثیا و ھیثا وبالف الا مر و بحق اھیا اشرا ھیا اذونائی اصبآ ؤث آل شدآ ئی والامر العظیم از جر الر ئیس الا کبر ھمطھلفیا ئیل ان تتو کلوا .... العجل الوحا الساعۃ.

اِسی طرح سے ہر حرف کو اس کی مقرر شدہ منزل قمری کے اوقات میں (اس حرف کے مطابق) بخور جلا کر اٹھائیس حروف کی زکات اٹھائیس ایام میں پوری کرنی ہے۔یوں سمجھیں۔کہ ہر ہر حرف کی باری ستائیس ایام کے بعد آئے گی۔اگر اسی پر مدامت رکھیں گے۔توڈھائی سالوں میں تمام حروف کی زکات بآسانی ادا ہوجائے گی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

علمائے عاملین اور بزرگان کے مطابق حروف ابجد کی زکات کا طریق: (چوتھا طریقہ):

اس سلسلہ زکات کوصاحب **جواھر خمسہ** حضرت جناب **محمدغوث گوالیاری** شطاریؒ اورحضرت **کاش البرنی**ؒ نے اپنی کتب **عامل کامل** (حصہ اول) **قواعد عملیات** اورصاحب **شمع شبستانِ رضا** حضرت جناب اقبال احمدنوری کے علاوہ دیگرکئی مصنفین ومؤلفین نے اپنی اپنی کتب میں انتہائی شرح وبسط سے پیش کیا ہے۔تاکہ عوام الناس اوراخص الخواص تمامی قسم کےلوگ اِس زکات کواداکرکے کثیرالاقسام نعمتوں اوررحمتوں سے مالا مال ہو سکیں۔اس زکات کا طریقہ کار یہ ہے کہ! ہرایک حرف کی زکات کے دوطریقے مرسم ومروج ہیں۔ایک **زکاتِ اصغر** اوردوسرا **زکاتِ اکبر**۔

زکاتِ اصغر کا طریقہ یہ ہے۔کہ ہرروزایک حرف کی زکات دیں۔اور **28** ایام میں اٹھائیس حروف کی زکات اداکریں۔روزانہ ہر حرف کو با مؤکل **4444** مرتبہ پڑھنا ہوگا۔ہرحرف کواسی کی منزل میں شروع کرکے اداکرنا ہوگا۔جیسے کہ!

حرف الف کومنزل شرطین میں اورحرف باءکومنزل بطین میں۔۔۔۔ **علی ھذا القیاس**۔

زکاتِ اکبر: ایک حرف کو اٹھائیس ایام تک با مؤکل پڑھنا ہے۔اور روزانہ کی تعداد 4444 مرتبہ ہوگی۔اور اسی طرح سے ہر حرف کی اٹھائیس ایام میں زکات ادا کرنا ہوگی۔ ہر ایک حرف کو اُسی کی منزل میں ہی شروع کیا جائے گا۔ جیسے حرف الف کو منزل شرطین میں اور حرف باء کو منزل بطین میں ۔۔۔(علی ھذا القیاس) اسی طرح سے مروجہ ابجد قمری (ا۔ب۔ج۔د۔ھ۔و۔ز۔ح۔۔) کی ترتیب کہاں سے آئی؟ جس کسی سے بھی پوچھا۔لاعلمی کا اظہار کرنے لگتے ہیں۔اور بندگانِ خدا اسی کے پیچھے پڑے ہیں۔جنہیں کہ وہ جانتے بھی نہیں۔یہ بات عوام الناس تک ہی محدود ہے۔خواص میں شمار حضرات (گنتی کے فقط چند ماہر صفت لوگ) بھی اِس بارے میں بہت کم جانتے ہیں۔اور جو جانتے بھی ہیں۔تو کسی کو بتانے میں تامل کرتے ہیں۔آ یئے ہم اِس راز سے بلا دریغ پردہ اُٹھاتے ہیں۔

ہرمس الہرامسہ حضرت اخنوع یعنی ادریس نبی علیہ السلام نے اِن کلمات (ترتیبِ آدم) کو مدنظر رکھ کر آٹھ الفاظ (جو کہ مذکورہ بالا جدول کے کلماتِ ابجد کے کالم میں دیئے گئے ہیں) بامعنی بنائے ہیں۔(کتابِ مستطاب **مکاشفات اسرار** میں اِن کی مزید وضاحت اور اِن کلمات کے معنی بھی دیئے گئے ہیں۔وہاں سے دیکھے جاسکتے ہیں) مگر اِس کے لئے ضروری ہے۔کہ کسی اچھی تقویم یا جنتری وغیرہ سے منازل قمر کے اوقاتِ داخلہ لے کر اپنا پروگرام طے کرلیں۔علمائے عاملین کے نزدیک ہر اسم کو پڑھنے کے بھی کئی ایک طریقے مستعمل و مروج ہیں۔مثلاً !

1۔ **اجب یا اسرا فیل بحق الف۔** (بمطابق مؤکل)

2۔ **اجب یا اسرا فیل بحق الف یا آ ئیل۔** (بمطابق مؤکلات)

3۔ **اجب یا اسرا فیل بحق الف ،الله لا اله الا هو ۔الحی القیوم۔** (بمطابق مؤکلات وآیت)

4۔ **اجب یا اسرا فیل یا آ ئیل بحق الف یا الله یا احد یا اول۔** (بمطابق مؤکلات واسمائے الٰہیہ)

اِسی ضمن میں صاحب جواہرخمسہ فرماتے ہیں۔کہ جب عامل یہ چاہے۔کہ دعوتِ حروفِ تہجی با اعتبارِ بنیان (جیسے کہ نمبر 3 اور 4 میں دیا گیا ہے) تو اِن حروف سے اسمائے حسنٰی نکالے جائیں گے۔لیکن **اسمآءُ الحُسنٰی** ایک یا تین یا پانچ سے زیادہ نہ ہوں۔کیونکہ اسمائے حسنٰی کی برکات سے مؤکلات جلد مانوس ہوجایا کرتے ہیں۔

سرزمینِ پاک وھندمیں مروجه و مستعمله زکات کے مختلف طریقے

طریقه دعواتِ ابجد یه : (سلسلہ شطاریہ میں زکاتِ دعوات کا مجرب و پرتاثیر طریقہ)

صاحب **جواھرِ لطیفه مع مجرباتِ قطبیه** جناب خورشید احمد صدیقی چشتی قادری شطاریؒ قاعدہ دعوتِ استخراج کے عظیم الشان مضمون میں رقم طراز ہیں۔کہ دعوتِ اسماء، آیات اور سورہ کی تین اقسام ہیں۔

☆ **دعوتِ کُبرٰی** ☆ **دعوتِ صُغرٰی** ☆ **دعوتِ وُسطٰی**

دعوتِ کُبرٰی کا بیان : یہ زکات کثیر تعداد پر توُ مشتمل ہے۔مگر اس زکات کی ادائیگی کے بعد صاحب زکات کو مداومت کی ضرورت قطعاً پیش نہیں آتی۔اور ایسا خوش قسمت شخص عظیم الشان کرامات وتصرفات کا حامل ہوگا۔اور ایسا عامل کامل دوسروں کو بھی اِذن دے سکتا ہے۔بے شک کوئی ایک اسم ہی مُنتخب کر کے تعداد تکمیل کی جائے۔یاد رہے کہ مندرجہ ذیل میں دیئے گئے **اسماء** سے مُراد **حروف تهجی یا اسماءُ الحُسنٰی یا آیاتِ کریمه یا سوره قُرآنی** یا پھر کوئی بھی دعا، دعوت یا عزیمت ہو۔تو اس کا طریق اس کے حروف کی تعداد کے مطابق ہوگا۔

دعوات کا بیان:

☆ اگر ایک حرفی اسم ہو۔تو اُسے ایک کروڑ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی۔

☆ اگر دو حروف کا اسم ہو۔تو اُسے نوے لاکھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی۔

☆ اگر تین حروف کا اسم ہو۔تو اُسے اسی لاکھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی۔

☆ اگر چار حروف کا اسم ہو۔تو اُسے ستر لاکھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی۔

☆ اگر پانچ حروف کا اسم ہو۔تو اُسے ساٹھ لاکھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی۔

☆ اگر چھ حروف کا اسم ہو۔تو اُسے پچاس لاکھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی۔

اسی طرح سے نو حروف تک یہی طریقہ زکات ہوگا۔

☆ اگر دس حروف کا اسم ہو۔تو اُسے دس لاکھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی۔

☆ اگر بیس حروف کا اسم ہو۔تو اُسے نو لاکھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی۔

☆ اگر تیس حروف کا اسم ہو۔تو اُسے آٹھ لاکھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی۔

☆ اگر چالیس حروف کا اسم ہو۔تو اُسے سات لاکھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی۔

☆ اگر پچاس حروف کا اسم ہو۔تو اُسے چھ لاکھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی۔

اسی طرح سے نوے حروف تک یہی طریقہ زکات ہوگا ۔

☆ اگر سو حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے ایک لاکھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر دو سو حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے نوے ہزار مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر پانچ سو حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے ساٹھ ہزار مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر ہزار حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے دس ہزار مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر دو ہزار حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے نو ہزار مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر پانچ ہزار حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے چھ ہزار مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر دس ہزار حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر بیس ہزار حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے نو سو مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

اسی طرح سے نوے ہزار حروف تک یہی طریقہ زکات ہوگا ۔

☆ اگر ایک لاکھ حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے سو مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر دو لاکھ حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے نوے مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر پانچ لاکھ حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے ساٹھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر دس لاکھ حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے دس مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر پچاس لاکھ حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے صِرف چھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر ایک کروڑ حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے فقط ایک ہی مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ کُبرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

دعوتِ صغرٰی کا بیان :

اگر اس دعوتِ کبرٰی کی ادائیگی میں فُرصت نہ ہونے کی وجہ سے دِقت پیش آئے ۔ یا اس دعوت کو سرانجام دینے کی قوت و استعداد نہ ہو ۔ تو دعوتِ صُغرٰی میں سعی کرے ۔ تاکہ خواص اسماء سے مطلع ہونے کے ساتھ ساتھ مُستفید و مُنتفع بھی ہو سکے ۔ انشاء اللہ تعالٰی ۔ لیکن یہ زکات ہمیشہ کام دے گی ۔ اور اِس کا عامل صدہا افراد کو اِذن دینے کا بھی اہل ہوگا ۔ اور ایسا شخص خوارقِ عادت اور کرامات کا حامل ہوگا ۔

☆ اگر ایک حرفی اسم ہو ۔ تو اُسے دس لاکھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ صُغرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر دو حرفی اسم ہو ۔ تو اُسے نو لاکھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ صُغرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر تین حرفی اسم ہو ۔ تو اُسے آٹھ لاکھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ صُغرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

اسی طرح سے نو حروف تک یہی طریقہ زکات ہوگا ۔

☆ اگر دس حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے ایک لاکھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ صُغرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر بیس حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے نوے ہزار مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ صُغرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر پچاس حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے ساٹھ ہزار مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ صُغرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

اسی طرح سے نوے حروف تک یہی طریقہ زکات ہوگا ۔

☆ اگر سو حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے دس ہزار مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ صُغرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر پانچ سو حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے چھ ہزار مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ صُغرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر ہزار حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ صُغرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر پانچ ہزار حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے چھ سو مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ صُغرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر دس ہزار حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے فقط ایک سو مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ صُغرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر پچاس ہزار حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے ساٹھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ صُغرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

اسی طرح سے نوے ہزار حروف تک یہی طریقہ زکات ہوگا ۔

☆ اگر ایک لاکھ حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے دس مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ صُغرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر پانچ لاکھ حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے چھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ صُغرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

☆ اگر دس لاکھ حروف کا اسم ہو ۔ تو اُسے فقط ایک مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ صُغرٰی کی ادائیگی ہوگی ۔

دعوتِ وُسطیٰ کا بیان : یہ دعوت یعنی دعوتِ وُسطیٰ کفایت مہمات وقضائے حوآئج کے لئے عجب معمول ومقبول دعوت ہے۔اس طرح سے کہ واسطے ایک چلہ یعنی چالیس روز کے۔لیکن یہ زکات فقط ایک ہی مرتبہ کام دے گی۔اور اِس کا عامل کسی اور کو اِذن دینے کا بھی اہل نہ ہوگا۔

☆ اگر ایک حرفی اسم ہو۔تو اُسے ایک لاکھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ وُسطیٰ کی ادائیگی ہوگی۔

☆ اگر پانچ حروف کا اسم ہو۔تو اُسے ساٹھ ہزار مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ وُسطیٰ کی ادائیگی ہوگی۔

اسی طرح سے نو حروف تک یہی طریقہ زکات ہوگا۔

☆ اگر دس حروف کا اسم ہو۔تو اُسے دس ہزار مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ وُسطیٰ کی ادائیگی ہوگی۔

☆ اگر پچاس حروف کا اسم ہو۔تو اُسے چھ ہزار مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ وُسطیٰ کی ادائیگی ہوگی۔

اسی طرح سے نوے حروف تک یہی طریقہ زکات ہو گا۔

☆ اگر سو حروف کا اسم ہو۔تو اُسے ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ وُسطیٰ کی ادائیگی ہوگی۔

☆ اگر پانچ سو حروف کا اسم ہو۔تو اُسے چھ سو مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ وُسطیٰ کی ادائیگی ہوگی۔

☆ اگر ہزار حروف کا اسم ہو۔تو اُسے ایک سو مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ وُسطیٰ کی ادائیگی ہوگی۔

☆ اگر پانچ ہزار حروف کا اسم ہو۔تو اُسے ساٹھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ وُسطیٰ کی ادائیگی ہوگی۔

☆ اگر دس ہزار حروف کا اسم ہو۔تو اُسے دس مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ وُسطیٰ کی ادائیگی ہوگی۔

☆ اگر پچاس ہزار حروف کا اسم ہو۔تو اُسے چھ مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ وُسطیٰ کی ادائیگی ہوگی۔

اسی طرح سے نوے ہزار حروف تک یہی طریقہ زکات ہو گا۔

☆ اگر ایک لاکھ حروف کا اسم ہو۔تو اُسے فقط ایک مرتبہ پڑھنے سے دعوتِ وُسطیٰ کی ادائیگی ہوگی۔

بعد اتمام شرائطِ دعوت (**کُبریٰ ، صُغریٰ یا وُسطیٰ**) کے روٹی اور مٹھائی دستِ خود سے فُقراء ومساکین میں تقسیم کرے۔اور ان سے استمدادو دعا کرائے۔اور از خود چند طیور قفس سے رہا کرے۔اور اگر حروف اسم مرتبہ میں احاد کے ہو۔تو ایک جانور رہا کرے۔اور اگر مرتبہ میں عشرات کے ہو۔تو دو جانور آزاد کرے۔اور اگر مرتبہ میں مآت کے ہو۔تو تین جانور رہا کرے۔اور اگر مرتبہ میں الوف کے ہو۔تو چار جانور رہا کرے۔ (علیٰ ہذا القیاس)

یہاں پرخصوصی طور پر (**محمد عبدالرؤف بلوچ**) قارئین وشائقین کی خدمت میں عرض گزار ہے۔کہ یہاں جانور سے مراد ومقصد یہ ہے۔کہ کوئی حلال جانور جیسے بھیڑ ، بکری ، گائے بیل یا اُونٹ ہے۔یعنی اِن میں سے کوئی حلال جانور ذبح کر کے خود نہ کھائے۔بلکہ اپنے عزیز و اقارب اور غرباء وفقراء اور مساکین ویتیم لوگوں میں گوشت تقسیم کر کے اُن سے اپنے لئے دعا کا ملتمس ہو۔

حروف ابجد کی زکات کا عجب طریق : (دوسرا طریقہ) : (اَز حضرت میمن ناشادؒ)

3۔ کسی زمانے میں جناب حضرت ناشادؒ صاحب کی کسی صاحبِ کشف بزرگ سے ملاقات ہوئی۔جب اعمال کی بات چلی۔تو اُس (صاحب کشف بزرگ) نے بتایا۔کہ! مَیں ابجد کا عامل ہوں۔اور یہ سارا کشف اِسی (ابجد کے عامل ہونے کی وجہ) کے مرہونِ منت ہے۔جب اِس سے پوچھا۔کہ! کیسے؟ تو اُنہوں نے فرمایا۔کہ اِن آٹھ کلماتِ ابجد کو فرداً فرداً اُن کی تعداد مطابق (جیسے کہ اگلے صفحے پر ایک جدول میں مکمل تفصیل سے دیا گیا ہے)۔۔۔بعدہٗ منجملہ کلمات کے اعداد کے مطابقباً مؤکل کل حروف کو آٹھ روز تک پڑھا۔اَب اگر میری نظر اُٹھتی ہے۔تو ہندوستان تک بھی پہنچ جاتی ہے۔بس یہی ہے راز (اِس کشفی صلاحیت کا)۔پھر اُنہوں نے تجربہ بھی کر کے دکھایا۔۔۔

تعدادِ ورد	کلماتِ ابجد	یومِ ریاضت	نمبرشمار
10.مرتبہ	ابجد اِی اَبِی و جد نی المعصیة	اتوار	1
18.مرتبہ	هوز اِی تبع هواه	سوموار	2
27.مرتبہ	حطي اِی حط ذ نبه با لتو بة والا ستغفار	منگل	3
140.مرتبہ	کلمن اِی تکلم بکلمة فتاب علیه بقبول والرحمة	بدھ	4
300.مرتبہ	سعفص اِی ضاق علیه الد نیا فا قبض	جمعرات	5
700.مرتبہ	قر شت اِی اقر بذ نبه فشر ف با لکرا مة	جمعہ	6
1800.مرتبہ	ثخذ اِی اخذ من الله القوة	ہفتہ	7
2700.مرتبہ	ضظغ اِی سد عنه نز غ الشیطان وبالعز یمة	اتوار	8

زکات کبیر : اسم الٰہی باسط کو **1296** مرتبہ فجر کی نماز کے سنت وفرض کے مابین (**18**) اٹھارہ روز تک پڑھیں۔
(اس ضمن میں میری رائے کے مطابق یہ شمار **Calculation** کچھ اس طرح سے آئی ہوگی۔

اسم باسط کے اعداد 72. 7+2=9 ب ۔ ا ۔ س ۔ ط بمطابق 2+1+60+9=60

18= 2+1+6+9 یہاں پر صفروں کو حذف کر دیا گیا۔ 1296 = 72 x 18

لہٰذا اسم الٰہی باسط کو **1296** مرتبہ فجر کی نماز کے سنت وفرض کے مابین (**18**) اٹھارہ روز تک پڑھا جائے. تو اسم باسط کی زکاتِ کبیرادا ہو جائے گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ)۔مزید تفصیل کے لئے **مکاشفات اسرار** (حصہ عائلی) صفحہ نمبر**412** اور **413** ملاحظہ فرمائیں۔

زکات صغیر : اسم الٰہی باسط کو **657** مرتبہ فجر کی نماز کے سنت وفرض کے مابین (**1**) فقط ایک روز پڑھیں۔

اسی ضمن میں حضرت ناشادؒ مزید فرماتے ہیں۔ کہ باقی شرائط (دوران ادائیگی زکات) وہی ہیں۔ جو کہ ریاضت کی مقرر ہیں۔ لہذا اسم **باسط** کو کم سے کم پڑھنے کی تعداد 657 ہے نہ کہ 72 ۔حضرت ناشادؒ فرماتے ہیں۔ کہ! (اِس ضمن میں) میرے پاس قرآن پاک سے ثبوت بھی موجود ہے۔ کہ تمام اعراب کی (اِنفرادی طور پر) اپنی (ایک) قیمت (**Value**) ہے۔

اسماءُ الحسنی ،آیات قرآنی اور سورتوں کی زکات کا آسان ترین طریقہ : (حضرت غلام الرسول میمن ناشادؒ)

اعراب کے اعداد رقمی بھی ہوتے ہیں۔ اگر زکاتِ اسماء وزکات آیات میں حروف پر موجود قرآنی اعراب سے ضرب دیں۔ تو اس قیمت کو، جو کہ اس اسم یا آیت کی ہو۔ اور اتنے ہی دن، کہ جو اعراب کا جمل کبیر ہے۔ تو اس اسم یا آیت کی زکات کبیرادا ہو جائے گی۔ اور اگر ہر حرف پر موجود اعراب سے اس حرف کی قمری قیمت کو ضرب دیں۔ اور جمل کر کے پڑھیں۔ تو زکات صغیرادا ہو جائے گی۔ جو کہ صرف ایک بار ہی کام دے گی۔ آگے چل کر حضرت ناشادؒ فرماتے ہیں۔ کہ طرائق زکات میں سے یہی زکات تمام زکاتوں میں سب سے زیادہ سہل ہے۔ اس سے زیادہ سہل (پرتاثیر اور سریع الاثر) شاید ہی کوئی اور زکات ہو۔ امثالیہ اسم **باسط** کی زکات دی جارہی ہے۔

مروجہ زکات کا طریقہ :﴿ ذیل میں دی گئی تمام زکاتوں کے لئے پرہیز عمومی کی ضرورت ہوگی ﴾

☆ اسم ذات **اللہ** کو اگر لیں۔ تو حروف کی تعداد 4 ہے۔ اسم ذات **اللہ** کو فقط چارسو بار چالیس دن تک پڑھنے سے اس اسمِ ذات ''**اللہ**'' کی زکات درجہ دوئم ادا ہو جائے گی۔ ☆ اسی طرح سے اگر اسم مبارک **اللہ** جس کے حروف کی تعداد 4 ہے۔ اسم ذات **اللہ** کو فقط چار ہزار بار چالیس دن تک پڑھنے سے اس اسم کی زکات درجہ اول ادا ہو جائے گی۔ یہ زکات ہمیشہ کام دے گی۔ انشاءاللہ تعالی۔☆ اسم ذات **اللہ** کے حروف کی تعداد بمطابق ابجد قمری 66 ہے۔ تو فقط 66 مرتبہ پڑھنے سے زکوٰۃ صغیرا دا ہو جائے گی۔ یاد رہے۔ کہ! اساتذہ کرام اس زکات کو کافی حد تک معتبر مانتے ہیں۔ ☆ اسم ذات **اللہ** کے حروف کی تعداد بمطابق ابجد قمری 66 ہے۔ اور اسم ذات **اللہ** کے حروف کی تعداد 4 ہے۔ **264 = 4 x 66**۔ اس کو زکوٰۃ کبیر کہتے ہیں۔ یہ بھی مشہور ومعروف زکوٰۃ ہے۔☆ اسم ذات **اللہ** کے حروف کی تعداد بمطابق ابجد قمری 66 ہے۔ اب 66 x 66 = 4356 ۔ اب اگر کوئی شخص 66 دنوں تک 4356 پڑھتا رہے۔ تو اسے اس زکات کے خاطر خواہ نتائج حاصل ہوں گے۔ اس کو عرف عام میں زکات اکبر کہا جاتا ہے۔

☆ اسم ذات **اللہ** کی زکات اکبر کے اعداد 4356 کو 66 میں ضرب دینے سے 287496 حاصل ہوں گے۔ اسے زکات کبائر کہا جاتا ہے۔

☆ اسی قبیل کی آخری اور حتمی زکات کو زکات اکبرالکبائر کہا جاتا ہے۔ اس کا طریقہ کار یہ ہے۔ کہ **287496** کو **66** میں ضرب دینے سے **18474736** بنتے ہیں۔ یہ ٹوٹل تعداد زکات اکبرالکبائر کی ہے۔

جنہیں میں ڈھونڈتا تھا آسمانوں وزمینوں میں وہ نکلے میری ظلمت خانہ دل کے مکینوں میں

اس زکات کے بعد کوئی کسی قسم کا مرتبہ زکات نہیں ہے۔ یہی زکات کبریت احمر اور لعل سپید کہلاتی ہے جو بھی خوش نصیب شخص اس زکات کو ادا کرے گا۔ وہ حق تعالیٰ کی قدرت کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ ونظارہ کرے گا۔ لیکن اس زکات کے لئے اَزحد ضروری ہے۔ کہ اس زکات کو ایک سال تک پرہیز روحانی کے ساتھ مکمل دل جمعی سے ادا کیا جائے۔ تا کہ عامل ارواحِ انبیاءؑ واولیاءؒ، شہداءؒ وصالحینؒ، مؤکلات وجنات سے ظاہری آنکھوں کے ساتھ ملاقات کرنے پر قادر ہو سکے۔ چرند و پرند، چوپائے اور حیوانات ونباتات ایسے عامل کے مطیع وفرمانبردار ہو جاتے ہیں۔ ایسا شخص سیف القلم وسیف الزبان اور منظور الخلائق ہو جاتا ہے۔

طرائق زکات میں نصاب کی اقسام :(دوسرا طریقہ) :

جس طرح سے مذکورہ زکات چند قسموں پر منقسم ہے۔ اسی طرح سے نصاب بھی چھ اقسام پر منقسم ہے۔ جس کی مختصر تشریح یہ ہے۔

نصاب۔ عشر۔ دور مدور۔ قفل۔ بذل۔ ختم۔

☆ زکاتِ اکبرالکبائرکونصاب کہا جاتا ہے۔اسم ذات **اللہ** کا نصاب **18474736** بنتا ہے۔ ☆ نصاب کے نصف کوعشر کہتے ہیں۔اسم ذات **اللہ** کاعُشر **9237368** بنتا ہے۔ ☆ عشر کے نصف کودورمدور کہتے ہیں۔اسم ذات **اللہ** کا دورمدور **4618684** بنتا ہے۔ ☆ دور مدور کے نصف قفل کہتے ہیں۔ اسم ذات **اللہ** کا قُفل **2309342** بنتا ہے۔ ☆ قفل کے نصف کو بذل کہتے ہیں۔ اسم ذات **اللہ** کا بذل **1154671** بنتا ہے۔ ☆ بذل کے نصف کوختم کہتے ہیں۔اسم ذات **اللہ** کا ختم **577336** بنتا ہے۔

(زکات کے ضمن میں اکثر علمائے عاملین فرماتے ہیں۔کہ! جب تک کہ کسی بھی اسم الٰہی کو ایک کروڑ سے زیادہ بار نہ پڑھا جائے گا۔اس وقت تک اُس اسم الٰہی کے کُلی اثرات واجابت کا حصول شاید ناممکن ہو)

اسماءُ الحسنیٰ کی زکات کے قوانین

قارئین وشائقین کوعلم اسرارالحروف میں سے زکات کا ایک ایسا طریقہ خاص دینا بہت ضروری ہے۔جو کہ اسماء، آیات اورسورہ پاک کی زکات کے لئے احاطہ کرتا ہو۔اورجسے ہرکس وناکس کربھی سکے۔(اس ضمن میں یہاں پر تین قوانینِ زکات درج کئے جارہے ہیں۔ان تینوں زکاتوں میں پرہیز روحانی لازمی ہے۔تاکہ کُلی اثرات سے متنفع ہوا جاسکے۔انشاءاللہ تعالیٰ)

قانون نمبر 1 : وہ اسم یا آیتِ شریفہ کا جزو کہ جس کے حروف شمار میں **10** ہوں۔یا پھراس سے کم ہوں۔تو فی حرف کودس ہزار(**10000**) سے ضرب دیں۔تو یہ زکات ایک لاکھ یا اس سے کم میں ہوگی۔اس زکات کو **21** ایام میں مکمل کرنا ہوگا۔ جیسے کہ اسم ذات "**اللہ**" کے چارحروف ہیں۔لہذا اسم ذات "**اللہ**" کو**21** دنوں میں چالیس ہزار(**40000**)مرتبہ مکمل کرنا ہوگا۔اس قسم کی زکات کے اختصارً افوائد یہ ہوں گے۔ ☆اس زکات کے حامل کوگھنٹوں میں احضار کرنے کی قوت ہوتی ہے۔ ☆ دشمن پر پھونکا جائے۔تو وہ ہزیمت کا شکار ہو۔ ☆ زبان بندی و ترقی مدارج کے لئے بھی یہ زکات پرتاثیروسریع الاجابت ہے۔

قانون نمبر 2 : جس آیت یا **اسماءُ الحُسنیٰ** کے مجموعہ کے حروف کی تعداد **101** سے **999** تک ہو۔تو جتنے حروف ہوں۔اتنی ہی تعداد کو ہزار(**1000**) میں ضرب دیں۔اورنوے ایام کے دوران زکات اداکریں۔

قانون نمبر 3 : جس آیت یا سورہ شریفہ کے حروف **1000** یااس سے بڑھ کر ہوں۔تواس سورہ شریفہ کوحروف کی تعداد کے مطابق پڑھیں۔کوئی بھی عرصہ مقررکر کے۔ یہ زکات درحقیقت دنیائے علم وعمل کی وہ واحد معیاری اورحتمی زکات ہوگی۔کہ اس زکات سے اعمال کی پوشیدہ تاثیر دور نہ ہوگی۔اورحامل زکات ہذا ان اسماء وآیات یا سورہ کا کُلی عامل کامل ہوگا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔(بشرطِ کہ! وہ شرک وبدعت نہ کرے۔نشہ وزِنا یانفس پرستی کی ہوس وحرص میں خودکوتباہ ہونے سے بچائے)

انتہائی ضروری اُمور و شرائط برائے عاملین و چلہ کَش حضرات :

ان زکاتوں سے اُن لوگوں کوفوائدتام حاصل ہوں گے۔جوان باتوں کا خصوصی دھیان رکھیں گے۔

☆ طہارتِ ظاہری ☆ تصفیہ باطنی ☆ **تصحیح** دُعا،عمل وعزیمت ☆ اکل حلال۔
☆ صدق مُقال۔ ☆ قلیل گُفتن ☆ صدق نیت ☆ اجازتِ مُرشد
☆ اتصالِ اسناد ☆ تاریک مقام ☆ استعمال عطریات برپوشاک وجائے نشست گاہ
☆ قلیل خوابیدن ☆ خلوت نشینی ☆ حُسنِ اعتقاد ☆ کثرتِ ذکرالٰہی ودرودوسلام
☆ دائمًا درِوضو ☆ استعمالِ بخورات برجائے زکات ☆ صومِ دوام
☆ اپنے ظاہروباطن اوردل ودماغ کو ہمیشہ مکروہات وخرافات سے محفوظ ومامون رکھنے کی بھرپورسعی کرنا۔

مُختلف اُمور کے لئے بخورات کا حقیقی چُناؤ : (جناب فقیرغلام الرسول میمن ناشادؒ)

ہرعمل کے ساتھ بخورلازم ہوتا ہے۔ان بخورات کی وجہ سے نہ صرف روحانیات متوجہ ہوتی ہیں۔بلکہ اعمال وعملیات میں (بھی کافی حدتک) کامیابی کی ضمانت مِلتی ہے۔مندرجہ ذیل بخورات میرے(ناشادؒ)اعمال سمیت باقی عاملین صاحبان کےعملیات پربھی کلیہ اطلاق رکھتے ہیں۔

☆ **احضارِجنات کے لئے**: چرائتہ،کبوترسپید کالہو،گُرگ کی چربی۔ ☆ **جنات وآسیب کوبھگانے کے لئے**: لہسن اورخبیث اسماءکوسرکے سے لکھ کراس کاغذکابخورردیں۔ ☆ **حاضری مطلوب یاواپسی گریختہ کے لئے**: جاوتری،گندھک زردخام،لوبان،صندل سفید۔ ☆ **اعمالِ حُب کے لئے**: لوبان،صندلِ سُرخ،زعفران،مُصطگی،عودِسیاہ۔ ☆**بُغض وعداوت وجدائی کے لئے**: لہسن،پیاز کے چھلکے،گُوگل۔ ☆ **تسلیطِ الامراض، سقم وہلاکت کے لئے**:استخوانِ حیوان، سرخ مرچ،ابریشم سالم۔ ☆**شفائے امراض کے لئے**: زیتون کے کوئلے پرگلاب وگلنار کی پتیوں کا بخور۔ ☆**اعمال وعملیاتِ خیر کے لئے**: لوبان،صندلِ سرخ یاصندل سفیدیاپھردونوں۔ ☆ **عجائبات وطلسمات کے لئے**:لوبانِ ذکر، مُصطگی،عود۔

۱۔ حروف نورانی کی زکات کا صدری طریقہ: (حضرت غلام الرسول میمن نا شادؒ)

اس گوہر نایاب عمل یعنی حروف نورانی کے طریقہ زکات کے ضمن میں حضرت ناشادؒ فرماتے ہیں ۔ کہ نماز پنجگانہ کی پابندی کرتے ہوئے نوچندی جمعرات سے اس طریقہ زکات کو شروع کریں ۔ کلمات عظیمہ یہ ہیں ۔

الم.المص.الر.المرٰ.کھیعص.طه.طسم.طس.یس.ص.حم .حم عسق.ق.ن. (کل ۔14 حروف)

اس زکات میں قرآن پاک کی یہ آیات مبارکہ کام آتی ہیں ۔ **اللہ نور السموت والارض ... بکل شیء علیم** ۔(سورہ نور آیت نمبر 35)

طریقہ ریاضت : نوچندی جمعرات کو بعد نماز فجر اس عظیم ترین ریاضت کا باقاعدہ آغاز اس طرح کریں ۔ کہ پہلے ۔ 11 بار درود و سلام ، پھر کلمات عظیمہ ۔ 1600 (سولہ سو بار) پھر آیت مبارکہ ۔ 3 بار اور آخر میں ۔ 11 بار درود و سلام پڑھیں ۔ اور ہر نماز کے بعد کلمات عظیمہ 14 مرتبہ اور آیت مبارکہ کو 3 بار پڑھنا ہے ۔ اور اس ترتیب سے چالیس دنوں میں حروف نورانی کی زکات ادا ہو جائے گی ۔ اِنشاءاللہ ۔ اور اس زکوۃ کے جملہ تصرفات وکرامات سے مستفید ہوا جا سکے گا ۔ انشاءاللہ ۔

شرائط دوران ریاضت حروف نورانی : خلوص نیت ، اکل حلال ، صدق مقال ، کم گفتن ، کم خوابیدان ، بعید از غیر محرم (اگر دوران ریاضت خلوت نشینی میسر ہو اور کچھ پرہیز کے ساتھ روزے بھی رکھے جائیں اور سحر وافطار کم خوردن ہو ۔ تو بہت مفید ہوگا) ۔ دوران ریاضت عجیب وغریب عجائبات واسرار بھی نظر آئیں گے ۔ انشاءاللہ تعالیٰ ۔

رات تو وقت کی پابند ہے ، ڈھل جائے گی　　　دیکھنا یہ ہے ، چراغوں کا سفر کتنا ہے

معلوماتِ حروفِ مقطعات اور حروفِ نورانی :

حروفِ مقطعات اور اِس سے متخرج حروفِ نورانی کے سلسلے میں کچھ معلومات پیشِ خدمت ہیں ۔

حروفِ مقطعات	الم	المص	الر	المرٰ	کھیعص	طه	طسم	طس	یس	ص	حم	حم عسق	ق	ن
اعدادِ قمری	71	161	231	271	195	15	109	69	70	90	48	278	100	50
اعدادِ شمسی	1101	1151	511	1111	2047	970	700	100	1030	50	606	1026	300	700
حروفِ نورانی	ا	ه	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن	س	ع	ص	ق	ر
اعدادِ قمری	1	5	8	9	10	20	30	40	50	60	70	90	100	200
اعدادِ شمسی	1	900	6	70	1000	400	500	600	700	30	90	50	300	10

حروفِ مقطعات بلا تکرار یہ ہیں ۔ **المرٰ.کھیعص.طه.طسم.طس.یس.ص.حم .حم عسق.ق.ن.**

حروف مقطعات کے کل اعداد بحساب ابجد قمری 1758 ہیں ۔

اور انہیں حروفِ مقطعات کی مفرد صورت (یعنی مکررات کو ہٹا کر) یہ ہے ۔ **الرٰ. کٓھٰیٰعٓصٓ۔ طٰسٓ ۔ حٰمٓ ۔ قٓ ۔ نٓ** ۔

اور اِن بلا مکررات حروفِ مقطعات کے اعداد بحسابِ ابجد قمری **693** بنتے ہیں ۔

جبکہ 14 حروفِ نورانی یہ ہیں ۔ **ا-ه-ح-ط-ی-ک-ل-م-ن-س-ع-ص-ق-ر** ۔(ابجد قمری 693)

حروفِ مقطعات کی تکرار کی تعداد اور سورتوں کے نام یہ ہے ۔

☆ **الم** ۔ چھ مرتبہ آیا ہے ۔ (سورہ بقرہ ، آلِ عمران ، العنکبوت ، الروم ، لقمان ، السجدۃ)

☆ **المص** ۔ ایک مرتبہ آیا ہے ۔ (سورہ الاعراف) ☆ **الرٰ** ۔ پانچ مرتبہ آیا ہے ۔ (سورہ یونس، ھود، یوسف، ابراہیم، الحجر)

☆ **حم** ۔ چھ مرتبہ آیا ہے ۔ (سورہ غافر، فصلت، الزخرف، الدخان، الجاثیہ، الاحقاف)

☆ **المرٰ** ۔ ایک مرتبہ آیا ہے ۔ (سورہ الرعد) ☆ **طٰسٓمٓ** ۔ دو مرتبہ آیا ہے ۔ (سورہ الشعراء، القصص)

☆ **کٓھٰیٰعٓصٓ** ۔ ایک مرتبہ آیا ہے ۔ (سورہ مریم) ☆ **طٰهٰ** ۔ ایک مرتبہ آیا ہے ۔ (سورہ طٰہٰ)

☆ **یٰسٓ** ۔ ایک مرتبہ آیا ہے ۔ (سورہ یٰسین) ☆ **طٰسٓ** ۔ ایک مرتبہ آیا ہے ۔ (سورہ النمل)

☆ **حٰمٓ عٓسٓقٓ** ۔ ایک مرتبہ آیا ہے ۔ (سورہ الشوریٰ) اکثر لوگ یہ حروف **حٰمٓعٓسٓقٓ** لکھتے اور پڑھتے ہیں ۔


☆ **صٓ** ۔ ایک مرتبہ آیا ہے ۔ (سورہ صٓاد) ☆ **قٓ** ۔ ایک مرتبہ آیا ہے ۔ (سورہ قاف)

☆ **نٓ** ۔ ایک مرتبہ آیا ہے ۔ (سورہ القلم)

مدتوں روتی رہیں گی بستیاں در بستیاں　　　پیدا نہیں ہوتی روز روز یہ ہستیاں

2۔ حروف مقطعات کے رموز و اسرار سے مستفید و متنفع ہونے کی صدری ریاضت: (41 روزہ)

اِس عمل میں جو مزہ اور لذت ہے۔ وہ کسی اور عمل میں نہیں ہے۔اور اِس عمل سے خوارقِ عادات کرامات اور دست غیب حاصل ہوتے ہیں۔ یہ حروفِ مقطعات (**الم.المص.الر.المرٰ.کھیعص.طہ.طسم.طس.یس.ص.حم .حم عسق.ق.ن**) بعد اِزا دائیگی ءریاضت روزانہ بعد ہر نماز چودہ مرتبہ جبکہ رات کو چودہ سو مرتبہ پڑھتے رہنے چاہئیں۔ اِس عمل سے رموز و اسرار کا سلسلہ پہلے ہی ہفتے میں شروع ہو جاتا ہے۔ اِس طریقہ میں کسی بھی قسم کا کوئی مخصوص پرہیز نہیں۔ ماسوائے یہ کہ! ریاضت کرنے والا شخص صحیح العقیدہ سنی ہو۔ سچا عاشقِ رسول اللہ ﷺ ہو۔ اور اہلِ بیتِ نبوی ﷺ وصحابہ کرام ؓ (بالخصوص خلفائے راشدین ؓ) سے شدید محبت وعقیدت رکھتا ہو۔ یہ طریقہ ءزکات شاذلی شطاری قادری سلسلہ سے فقیرحقیر (البلوشی) کوعطا ہوا ہے۔ لہذا شائقین حضرات مجھ سے یا ہمارے سلسلہ کے خلفاء سے اذن حاصل کر کے زکات ادا کر سکتے ہیں۔



کیونکہ (درحقیقت) حروفِ مقطعات، اسمِ اعظم اور علمِ لدنی کا وقوف وادراک اور شناسائی زیادہ تر سادات ہی کا خاصہ اور ورثہ رہا ہے۔ اِس عمل کے لئے دو اوقات میں سے کوئی ایک وقت مخصوص کر لیں۔ بعد نمازِ تہجد یا بعد نمازِ عشاء۔ بوقتِ عمل مکمل تخلیہ ہو۔ خوشبو کے لئے ایک عام سی اگربتی سلگا لیں۔ وقت، جگہ (کمرہ، مسجد یا حجرہ وغیرہ۔۔) اور نشست (جائے نماز یا کوئی پاک صاف سفید چادر وغیرہ) ہرگز ہرگز تبدیل نہ کریں۔ اِس عمل کی رجعت سے محفوظ رہنے کے لئے اور بوقتِ عمل ٹکٹکی باندھ کر دیکھنے کے لئے یہ نقش استعمال ہوگا۔

طریقہ : پہلے گیارہ مرتبہ درود و سلام پڑھیں۔ ☆ پھر یہ چودہ حروف چودہ سو مرتبہ پڑھیں۔

الم.المص.الر.المرٰ.کھیعص.طہ.طسم.طس.یس.ص.حم . حم عسق.ق.ن .

☆ پھر ایک سوایک مرتبہ یہ کلمات پڑھیں۔

اللھم انی اسئلک با سمک العظیم الاعظم العلی العزیز الا عز الجلیل الاجل الکبیر الاکبر الکریم الا کرم المخزون المکنون الطاھر المطھر المقدس المبا رک الحی القیوم الرحمن الرحیم بدیع السموت و الا رض ذی الجلا ل و الا کرام . الذی اذا دعیت بہٖ اجبتہٗ واذا سئلت بہٖ اعطیت.

☆ پھر گیارہ مرتبہ درود و سلام پڑھیں۔ **اللھم صل و سلم و بارک علیٰ سید نا محمد المص . کھیعص .حم عسق . طٰہٰ . طٰسٓ . طٰسٓمٓ . یٰسٓ و ھُوَ سر العا لمین یا رب ا لعا لمن .**

☆ پھر چار رکعت نمازِ روحانی (بنیتِ حصول فیضِ حروفِ مقطعات وعلم لدنی) بالکل نمازِ تسبیح کی طرح پڑھیں۔

لیکن اِس نماز میں تسبیح (**سبحٰن اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر**) کے بجائے حروفِ مقطعات (**الٓرٰ - کٓھٰیٰعٓصٓ - طٰسٓ - حٰمٓ - قٓ - نٓ -**) پندرہ اور دس مرتبہ پڑھتے ہیں۔ اِس طرح ہر رکعت میں تعداد 75 ہوگی۔ اور چاروں رکعتوں میں تعداد 300 ہو جائے گی۔ فارغ وقت میں یہی کلمہ ءعبارت (**الٓرٰ - کٓھٰیٰعٓصٓ - طٰسٓ - حٰمٓ - قٓ - نٓ -**) مسلسل پڑھتے ہوئے کم ازکم دن میں تین ہزار مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔ تاکہ روحانیت سے بھرپور مستفید و متنفع ہوا جا سکے۔ ان شاءاللہ العظیم۔

بقول (البلوشی)! چار رکعت نمازِ روحانی کے بعد دیئے گئے نقش کو آدھے گھنٹے تک بغور دیکھتے رہنا ہے۔ اور جب بھی سو کر اُٹھیں۔ اِسی نقش کو دس سے پندرہ منٹ تک دیکھا کریں۔ اور اِسی طرح کا نقش خوشخط لکھ کر روزانہ سرہانے کے نیچے رکھنا ہے۔ تاکہ ہر طرح کی رُجعت سے محفوظ و مامون رہیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ (بہرحال زکات کے وقت مذکورہ باتوں کا خاص خیال رکھیں)

1۔ حروف صوامت کی زکوٰۃ صغیر:

ہرگرہن میں تعداد 543 اور ہرروز 13 مرتبہ لکھائی کرتے ہوئے مسلسل 13 گرہنوں تک ادا کرنا ہوگی۔ لیکن اِن تیرہ گرہنوں کے دوران یہ زکات صغیر ہی رہے گی۔ ادائیگی زکات کے بعد یہ بات ذہن نشین رہے۔ کہ بندش وبستہ کے جملہ اعمال خیر میں حروف صوامت نورانی (**ا - ح - ر - س - ص - ط - ع - ک - ل - م - ہ**) کام آئیں گے۔ اوراسی طرح سے بندش وبستہ کے جملہ اعمال شر میں حروف نورانی ظلمانی (**د - و -**) ہی کام آئیں گے۔ اورعمومی قسم کے اعمال میں جملہ حروف صوامت بہرحال کام آئیں گے۔

جناب سید ابوسعید گلشن شاہ قادری نے حروف صوامت کا ایک عجیب ونہایت پرتاثیر اختراعی درود شریف ترتیب دیا ہے۔ اللہ کریم ان کو اجرعظیم عطا فرمائے۔ جوکہ یہ ہے۔ **اَحْمَدُ کَ صَلِّ عُرُوْسِ طٰہٰ**۔ اگرعمل کے لئے اس درود شریف کو لکھیں۔ تو بہت زیادہ تاثیر ہوگی۔

2۔ حروف صوامت کی زکوٰۃِ کبیر:

یہ طریقہ زکوۃ (کبیر) حضرتِ اعلیٰ جناب غلام الرسول میمن ناشادؒ کے زریں صدری و اختراعی اعمال وعملیات میں سے ایک عظیم القدر تحفہ دارین ہے۔ اِس عملِ زکات کی اولین شرط یہ ہے۔ کہ جب شمس کو مکمل گرہن ہو۔ تو یہ زکوۃ کبیرا دا کی جاسکتی ہے۔

اوّلیں تو یہ کوشش کریں۔ کہ خلوت میسر ہو سکے۔ تاکہ کوئی دورانِ ریاضت وزکات مخل نہ ہو۔ اور آپ **Disturb** نہ ہوں۔ کاغذات اور پنسلیں گھڑی ہوئی پہلے سے تیار کر کے رکھ لیں۔ اور خلوت گاہ میں اندھیرا اتنا کریں۔ کہ آپ اپنی لکھائی کو دیکھ سکیں۔ اگر اندھیرا نہ ہوسکتا ہو۔ تو بھی ٹھیک ہے۔ دورانِ زکات نہ آپ کسی سے مخاطب ہوں۔ اور نہ آپ سے کوئی مخاطب ہو۔ موبائل وغیرہ بند کریں۔ اور کوشش کریں۔ کہ آپ کے کانوں تک کسی بھی قسم کی آواز بھی نہ آئے۔ اور شمسی گرہن کے وقت میں یہ حروف صوامت **"3465"** بار مکمل یکسوئی سے ایک ہی نشست میں مکمل کر کے ہی اٹھیں۔ (یہ تعداد **3465 = 543 x 543**) اور اگر ہو سکے۔ تو شائق حضرات قبل از ادائیگیء زکات اپنے کندھوں اور پٹھوں کی تیل سے خوب مالش ضرور کرالیں۔ تاکہ 8 سے 10 گھنٹے تک خُوب ڈٹ کر بیٹھ سکیں۔ لیکن یاد رہے۔ کہ اس زکوۃ کے بعد کوئی بھی نقش پر کرنا ہو۔ یا حروف صوامت کا عمل کرنا مطلوب ہو۔ تو اِس عمل میں زیادہ تر شمسی اعداد ہی کا استعمال ہوگا۔ لیکن ابجد قمری سے بھی کبھی کبھار کام لیا جاسکتا ہے۔ بہر حال قمری وشمسی دونوں طریقے صاحبانِ روحانیات کے ہاں مستعمل و رائج ہیں۔ اگر ایک طریقہ سے کام نہ ہوتا ہو۔ تو دوسرا طریقہ بھی اختیار کیا جاسکتا ہے۔ میری ہمیشہ اس کتاب (اَسرارِ محبوب کامل) کے پڑھنے والوں کو دست بستہ یہی التجاء ہے۔ کہ وہ ہمارے پیر و مرشد سید محبوب علی شاہ بخاریؒ اور باطنی استادِ محترم جناب فقیر غلام الرسول میمن ناشادؒ کو اپنی دعاؤں میں ہمیشہ ضرور یاد رکھیں۔ کیونکہ انہی کے توسط وتوسل سے یہ سہل ریاضتیں اور انتہائی قیمتی جواہر پارے ہم تک پہنچ یا ہم پہنچ پائے ہیں۔ **جزاک اللہ بالخیر۔**

(زکات سے پہلے حروف صوامت کے ضمن میں معلوماتی جدول بر ضمنِ اعداد بحسابِ ابجدِ قمری وابجدِ شمسی یہاں پیش کیا جارہا ہے)

حروفِ صوامت	ا	د	ہ	و	ح	ط	ک	ل	م	س	ع	ص	ر
اعدادِ قمری	1	4	5	6	8	9	20	30	40	60	70	90	200
اعدادِ شمسی	1	8	900	800	6	70	400	500	600	30	90	50	10

اِن حروف صوامت کے ابجد قمری **543** بنتے ہیں۔ اور اسی طرح سے حروف صوامت کے ابجد شمسی **3465** بنتے ہیں۔ اس طریقہ زکات کے عمل میں حروف صوامت کی ترتیب ابجد شمسی کے اعداد سے اخذ کردہ ہے۔ جو اسکی سریع التاثیری ہی کی وجہ سے لی گئی ہے۔ کیونکہ ابجد شمسی کے اعداد کے مطابق ان حروف کی زکات دینے سے عمل میں بہت شدت اور اثر پیدا ہوجاتا ہے۔ اور سب سے بڑا فائدہ اس زکوۃ کی ادائیگی کا یہ بھی ہوتا ہے۔ کہ نہ تو اس زکات کے بعد تجدیدِ زکات کی ضرورت پیش آئیگی۔ اور نہ ہی مداومت وروزانہ کی لکھائی پڑھائی کا جھنجھٹ درپیش ہوگا۔

سورہ فاتحہ اور آیت الکرسی کی زکات کا طریق:

جو بھی شخص سورہ فاتحہ یا آیت الکرسی کی اِس زکات کو ادا کرنے کا متمنی ہو۔ چاہیئے کہ! (بعداز اِذن) زکات کے پانچ چلے پورے کرے۔ پچاس ایام کا ایک چلہ ہوگا۔ ہمتِ مَرداں۔ مددِ خُدا۔ یہ لازمی نہیں ہے۔ کہ! پانچوں چلوں کو مسلسل ولگاتار مکمل کیا جائے۔ بلکہ اپنی صوابدید کے مطابق اگر وہ چاہے۔ تو چلوں کے درمیان چند ہفتوں، مہینوں یا سالوں کا وقفہ بھی رکھ سکتا ہے۔ مگر مسلسل ولگاتار چلوں کا تو مزہ ہی کچھ اور ہے۔

☆ پہلے چلے کی نیت یہ ہو۔ کہ اس چلہ زکات کو صرف ذاتِ باری تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کے حصول کے لئے کیا جارہا ہے۔ ☆ دوسرے چلے کی نیت یہ ہو۔ کہ اس کا ثواب آنحضور نبی مکرم ﷺ اور اہلِ بیتِ رضوان کی ارواحِ مطہرات کو پہنچے۔ ☆ تیسرے چلے کی نیت یہ ہو۔ کہ اس چلہ زکات کا ثواب تمام صحابہ کرامؓ، تابعین وتبع تابعینؒ اور تمام اولیائے کرامؒ کی ارواح کو پہنچے۔ ☆ چوتھے چلے کی نیت یہ ہو۔ کہ اس چلہ زکات کا ثواب حضرت آدمؑ سے لے کر حضور سید المرسلین ﷺ کی اُمت کے آخری پیدا ہونے والے بچے اور بچی تک (بشمول صاحب ریاضت) تمام مسلمانوں کی ارواح کو پہنچے۔ ☆ پانچویں چلے کی نیت یہ ہو۔ کہ اس چلہ زکات کا مقصد ونیت صرف اور صرف یہ ہو۔ کہ اس سورت یا آیت الکرسی کا دائمی فیض مجھے اور میری آل واولاد کو دائماً پہنچتا رہے۔ انشاءاللہ۔

طریقہ : پانچوں چلوں کی ترتیب یہ ہوگی۔ کہ پرہیز روحانی، صوم وصلاۃ درخلوت، بعد ہر نماز ریاضتِ مقصودہ (سورہ فاتحہ یا آیت الکرسی) کو **301** مرتبہ پڑھا جائے گا۔ اور رات کو **1001** مرتبہ پڑھا جائے گا۔ (یاد رہے۔ کہ! حتی الامکان کوشش کی جائے۔ کہ رات کو ایک ہزار ایک (**1001**) کی تعداد ایک ہی نشست میں پوری ہوجائے۔ لیکن اگر کوئی تقاضا (وضو یا استنجاء وغیرہ) پیش آجائے۔ تو آنے والا دردِ پاک پڑھ کر اُسی تعداد پر رُک جائیں۔ اور بعد از وضو دوبارہ دردِ پاک پڑھ کر اُسی تعداد سے شروع کریں۔ لیکن ایک ہزار ایک کی تعداد کی تکمیل بہرصورت اُسی ہی رات میں بعد نمازِ عشاء سے قبل نمازِ فجر تک لازماً ختم کرنا ہوگی) اول وآخر **101** مرتبہ یہ درود پڑھا جائے گا۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اللھم صل علی سیدنا ومولانا محمدوعلیٰ آلِ سیدنا و مولانا محمد صلوٰۃً دَائِمَۃً مَّقبُو لَۃً تُوَدِّی بِھَا عَنَّا حَقَّہُ العَظِیم۔**

ہوئے نامور بے نشاں کیسے کیسے زمیں کھا گئی آسماں کیسے کیسے

سلسلہ سروری قادری کے بزرگان کے مطابق سورہ مزمل کی زکات کا طریق :

ہر کہ میخوا ند سورہ مزمل میشود کامل اکمل مکمل

اس سلسلہ زکات کو حضرت فقیر نور محمد صاحب سروری قادریؒ نے حضرت سلطان العارفین سلطان باہوؒ کی تصانیف سے بڑی شرح و بسط سے نقل فرمایا ہے ۔ کیونکہ حضرت سلطان باہوؒ نے فرمایا ہے ۔ لہٰذا اس سورہ مبارکہ کی زکات کے دو طریقے بطور تبریک یہاں پر درج کئے جا رہے ہیں ۔

طریقہ نمبر1: عروج ماہ میں خمیس کی رات یا دن کو مکمل خلوت کے اندر پرہیز روحانی کے ساتھ ایک ہی نشست میں دوصد (200) مرتبہ سورہ مزمل کو روزانہ پانچ روز تک پڑھنا شروع کرے ۔ اور ہر مرتبہ سورہ مزمل اس طرح پڑھا کرے ۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم o اللہ لا الہ الا ھو o یا یھا المزمل قم ۔۔۔۔** آخر تک ۔ تاکہ عامل رجعت سے محفوظ رہے ۔ اور ہر روز پڑھنے سے پہلے غسل کر کے پاک صاف و معطر لباس زیب تن کر لیا کرے ۔ پس زکات ادا ہو گئی ۔ زکات کے بعد روزانہ کسی بھی وقت گیارہ ، اکیس یا اکتالیس مرتبہ سورہ مزمل کو لازمی پڑھتا رہے ۔ فقیر نور محمد صاحبؒ فرمایا کرتے تھے ۔ کہ بعد از زکات بوقت تہجد سورہ کا پڑھنا سونا ، قبل طلوع آفتاب پڑھنا چاندی اور بعد طلوع آفتاب پڑھنا تانبے کی مانند ہے ۔

طریقہ نمبر2: عروج ماہ میں نصف شب خمیس کو غسل کر کے پاک صاف و معطر لباس زیب تن کر کے جائے ۔ پھر پاک و مصفیٰ جگہ پر کھڑے ہو کر درودِ پاک دس مرتبہ پڑھے ۔ پھر ایک پاؤں پر کھڑے ہو کر اکتالیس مرتبہ سورہ مزمل پڑھے ۔ پھر سو مرتبہ **یا اللہ** کہے ۔ اور سو مرتبہ "**یا محمد فریاد رس**" کہے ۔ یہ عمل سات رات تک متواتر بلاناغہ کرتا رہے ۔ اس زکات کی برکت سے عامل کی جملہ مشکلات بفضلِ خُدا حل ہوں گی ۔ تمام حاجات بفضلِ خُدا پوری ہوں گی ۔ اور عامل کا دل بھی زندہ ہو جائے گا ۔ انشاءاللہ تعالیٰ ۔ اور عامل کی دعوت کا عمل رواں اور جاری ہو جائے گا ۔ جس شخص کی دعوت جاری نہ ہوتی ہو ۔ اس کے لئے یہ عمل ہفت اقلیم اور اکسیر نہ تمام سے قطعی کم نہیں ہے ۔ ایک پاؤں پر کسی درخت کی ٹہنی پکڑے ۔ یا درخت کی شاخ کو رسی سے باندھ لے ۔ اگر کسی مکان میں یہ عمل کرے ۔ تو کسی دیوار یا چھت پر کیل مضبوطی سے گاڑھ کر رسی یا ڈوری باندھ کر اسے ہاتھ سے پکڑ کر کھڑے کھڑے یہ عمل تمام کرے ۔

مجرب عمل برائے سیف القلم و سیف الزبان ہونے: (مکتوب از استاذ فقیر غلام الرسول میمن ناشاد)

میں نے اپنی زندگی میں جتنے بھی عجائبات و بدیعات سے معمور و مزین نوادرات سے قیمتی جہاں کے مخفی نقوش پائے ہیں ۔ ان میں کوئی اور کسی بھی قسم کی میزان نہیں ہوتی ۔ انہیں میں سے **سورہ اخلاص** کی ایک دعوت ہے جو کہ **احیاء العلوم جمیعہ** ہے ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o قل ھو اللہ احد اجب دعوتی حیا یا جبرائیل . اللہ الصمد اجب دعوتی حیا یا میکائیل . لم یلد ولم یو لد اجب دعوتی حیا یا اسرافیل . ولم یکن لہ کفوا احد اجب دعوتی حیا یا عزرائیل o

اگر کسی بھی طرح سے اس دعوت احیاء العلوم جمیعہ کا چلہ (پرہیز روحانی) نکال لیا جائے تو صاحب دعوت ہذا سیف القلم و سیف الزبان ہو جائے گا ۔ انشاءاللہ تعالیٰ ۔ ایسے عامل کی ہر بات و تحریر سیف قاطع ہو گی ۔ انشاءاللہ تعالیٰ ۔ چاہیے کہ **فقیر غلام الرسول میمن ناشادؒ** کے درجات کی بلندی کی ضرور دعا کریں ۔ اور ان کی روح کے لئے ایک مرتبہ سورہ فاتحہ ، تین مرتبہ سورہ اخلاص اور ایک مرتبہ سورہ یسین و سورہ مُلک پڑھ کر لازمی ایصال ثواب کریں ۔ کیونکہ اِنہی کی بدولت یہ عمل ہمیں نصیب ہوا ۔

استخراجِ گرھن: (آئندہ آمدہ آفتاب و ماہتاب گرہن معلوم کرنے کا مجرب طریقہ)

شہزادہ منظور علی سموں اپنی کتاب "اسرارِ حروفِ صوامت" میں رقم طرز ہیں ۔ کہ ! جو تاریخیں اور اوقات گرہن گذشتہ برس آپ کے پاس موجود ہیں ۔ ان میں 18 سال ، 11 دن ، 07 گھنٹے ، 43 منٹ اور 45 سیکنڈ جمع کر دیئے جائیں ۔ تو آئندہ (18 برس بعد والا) گرہن نکل آئے گا ۔ ان شاء اللہ ۔ نیچے ایک مثال دی جا رہی ہے ۔

	سیکنڈ	منٹ	گھنٹے	تاریخ	مہینہ	برس
برس 2005 کا گرہن	00	23	01	09	04	2005
فارمولا	45	43	07	11	00	18
برس 2023 کا گرہن	45	06	09	20	04	2023

معلوم ہوا ۔ کہ ! **20** اپریل، **2023** کو صبح کے 09 بج کر 06 منٹ اور 45 سیکنڈ پر گرہن لگے گا ۔

حدیث ختم المرسلین ﷺ: سفید کپڑے پہنو ۔ کہ وہ زیادہ پاک اور ستھرے ہیں ۔ (جامع ترمذی شریف)

سجدہء عشق ہو تو عبادت میں مزہ آتا ہے خالی سجدوں میں تو دنیا بسا کرتی ہے
لوگ کہتے ہیں کہ بس فرض ادا کرنا ہے ایسا لگتا ہے کوئی قرض لیا ہو رب سے

ہر لفظ میں ہے پوشیدہ لفظ اسم محمد ﷺ : (عجیب ریاضی حساب وکتاب)

جناب بابا گرونانک صاحب نے اپنی ایک رباعی میں حضرت خاتم الرسل ﷺ سے محبت وعقیدت کا اظہار کیا ہے۔۔اِن کی رباعی یہ ہے۔

نام لو جس اچھر کا کر لو چوگن سار دو ملا پنج گنا بیسوں دو اوڑا
جو بچے سو نو گن کر دو اور لو ملا نانک تن بدن سے محمد لو بنا

مثال کے طور پر ہم ایک لفظ لیتے ہیں جیسے کہ امید۔امید کے حروف ابجد قمری یہ ہوئے۔ ا کا 1 عدد ،م کے 40 عدد، ی کے 10 عدد، د کے 4 عدد ہوئے۔کل اعداد کا حاصل جمع کیا۔تو 55 ہوئے۔اب ان 55 کو چوگنا کیا ۔یعنی کہ 4 میں ضرب دیا۔ تو 55x4=220 اب ان 2 اور ملائے یعنی جمع کئے۔ تو 222 ہوئے۔پھران 222 کو 5 میں ضرب دیا ۔تو 1110 ہوئے۔پھرانکو 20 پر تقسیم کریں۔تو 10 باقی بچے۔اب ان 10 کو 9 سے ضرب دی۔تو 90 ہوئے۔اب اس میں 2 اور ملائے۔ توکل 92 ہوئے۔اور آنحضرت خاتم النبیین ﷺ کے اسمِ مبارک'' **محمد** '' کے اعداد بحسابِ ابجدِ قمری بھی 92 ہیں۔ مذکورہ طریقہ کو مدِنظر رکھ کر منہ سے جو بھی لفظ ،جس بھی زبان سے لیا جائے ۔تو اس سے لفظ **محمد** ﷺ ہی نکلے گا۔ **ورفعنا لك ذكرك** ☆ بابا گرونانک بھی اس بات کے قائل تھے کہ اس کائنات کی تمام تخلیقات آنخضورﷺ ہی کی وجہ سے ہیں۔اور ویسے بھی آنخضور نبی مکرم ﷺ کی محبت ایمان کی اولین شرائط میں سے پہلی شرط ہے۔کیونکہ! صحیح حدیثِ نبوی ﷺ ہے۔کہ! **لا یؤمن احد کم اکون احب الیه من والده وولده والناس اجمعین**۔(یعنی) تم میں سے کوئی اس وقت تک کامل الایمان ہو ہی نہیں سکتا۔ جب تک کہ میری ذات اقدس اُسے (اپنے) والدین ،اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جائے۔

محمد ﷺ کی محبت دینِ حق کی شرطِ اول ہے اسی میں ہو اگر خامی تو سب کچھ نامکمل ہے

ساعت شناسی یا علم الساعات : (طریقہ اَز حضرت کاش البرنیؒ دَرکتاب''قواعدِ عملیات)

کراچی میں''1 مئی'' کوطلوعِ آفتاب 5 بج کر 57 منٹ جبکہ غروبِ آفتاب 7 بج کر 2 منٹ ہے۔اس طرح سے کل دن 13 گھنٹوں اور 5 منٹ کا ہوا۔12 پر تقسیم کرنے سے فی ساعت کا دورانیہ 1 گھنٹہ 15 منٹ اور 25 سیکنڈ مستخرج ہوا۔اَب اسی وقفہ کوطلوعِ آفتاب میں بار بار جمع کرتے جائیں۔تودن کی ہر اگلی ساعت نکلتی جائے گی۔چونکہ دن ہفتہ کا ہے۔اسی لئے پہلی ساعت''**زحل**'' کی ہوگی۔جوکہ 5 بج کر 57 منٹ اور 25 سیکنڈ پر شروع ہوکر 7 بج کر 12 منٹ 25 منٹ پر ختم ہوگی۔اور ساعتِ ''**مشتری**' شروع ہوجائے گی۔ اوراسی طرح سے کل رات کا دورانیہ طلوعِ آفتاب سے غروبِ آفتاب تک 10 گھنٹے 55 منٹ ہوگا۔اس ٹوٹل دورانیہ کو 12 پر تقسیم کرنے سے رات کی فی ساعت کا وقفہ 5 منٹ اور 35 سیکنڈ کا مستخرج ہوگا۔اس وقفہ کو ہر گھنٹے میں تقسیم کرنے سے اگلی ساعتیں آتی جائیں گی۔نیچے دیئے گئے دونوں جداول سے ساعات کا بخوبی علم ہوجائے گا۔گوکہ یہ جداول مختصر مگر جامع ہیں۔

مختصر مگر جامع جدولِ ساعات (اَز بروزِ جمعہ و شب جمعہ)

اوقات	ساعت اول	ساعت دوئم	ساعت سوئم	ساعت چہارم	ساعت پنجم	ساعت ششم	ساعت ہفتم	ساعت ہشتم	ساعت نہم
ازطلوعِ شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
اَزغروبِ شمس	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس

مختصر مگر جامع جدولِ برائے متعلقہ ساعات روز و شب

اوقات	جمعہ	ہفتہ	اتوار	سوموار	منگل	بدھ	جمعرات
دن	زہرہ	زحل	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری
رات	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل	شمس	قمر

اعدادِ جفریہ کے مفاہیم :

جفروعملیات کی کتب میں اکثر آتا ہے۔کہ فلاں اعداد میں سے 30 کم کرو۔9 زیادہ کرو۔7 پر تقسیم کرو۔12 سے ضرب دو۔4 پر تقسیم کرو وغیرہ وغیرہ۔تو عزیزانِ ذی مقام! یہ اعداد کوئی فرضی یا ایسے ویسے اعداد نہیں ہیں۔ بلکہ ان کی غرض و غایت کچھ اس طرح سے ہے کہ! 30 سے مراد درجات ہیں۔ 28 سے مراد منازل قمر یا اعداد حروف ابجد یہ ہیں۔ 12 سے مراد بروج ہیں۔ 9 سے مراد آسمان ہیں۔7 سے مُراد ستارے ہیں۔ 4 سے مراد اربعہ عناصر(جیسے آتش۔باد۔آب۔خاک)

استخراجِ قمر در برج :

27۔مئی 2017 کو بمطابق 30 شعبانُ المعظم 1438 ہجری کو قمر کس برج میں تھا ؟

جواب: 30×14=420۔اب ان اعداد میں 26 عدد خانوں کے مِلائے۔ 446 ہوئے۔اب ان کو 30 پر تقسیم کریں۔ تو 14 خارج قسمت اور باقی 26 بچے۔چونکہ آفتاب برجِ ثور میں ہے۔ اس لئے ثور سے چودھویں (14) نمبر پر برج سرطان آیا۔پس اس جواب سے ہمیں یہ معلوم ہوا۔کہ ستارہ قمر دراصل برج سرطان کے 26 درجہ پر ہے۔**واللہ اعلم بالصواب**۔

طریقہ استخراج اول تاریخ ماہ قمری : (بمطابق حضرت امام جعفر صادقؓ)

مطلوبہ سن ہجری میں سے نو سو ستاسی (987) تفریق کر کے جو باقی بچے۔ اس کو آٹھ پر تقسیم کر دے۔ اور درج ذیل جدول کو مدنظر رکھتے ہوئے خانوں کے اوپر والے اعداد پر نظر کرے۔ اس عدد کے نیچے اور مہینہ کے سامنے پہلی تاریخ کا دن معلوم ہو جائے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

جدول معرفت برائے طریقہ استخراج اول تاریخ ماہ قمری

ماہ قمری	حروف	1	2	3	4	5	6	7	8
محرم الحرام	ب	اتوار	جمعرات	منگل	ہفتہ	بدھ	سوموار	جمعہ	بدھ
صفر المظفر	د	منگل	ہفتہ	جمعرات	سوموار	جمعہ	بدھ	اتوار	جمعہ
ربیع الاوّل	ھ	بدھ	اتوار	جمعہ	منگل	ہفتہ	جمعرات	سوموار	ہفتہ
ربیع الثانی	ز	جمعہ	منگل	اتوار	جمعرات	سوموار	ہفتہ	بدھ	سوموار
جمادی الاوّل	ا	ہفتہ	بدھ	سوموار	جمعہ	منگل	اتوار	جمعرات	منگل
جمادی الثانی	ج	سوموار	جمعہ	بدھ	اتوار	جمعرات	منگل	ہفتہ	جمعرات
رجب المرجب	د	منگل	ہفتہ	جمعرات	سوموار	جمعہ	بدھ	اتوار	جمعہ
شعبان المعظم	و	جمعرات	سوموار	ہفتہ	بدھ	اتوار	جمعہ	منگل	سوموار
رمضان المبارک	ز	جمعہ	منگل	اتوار	جمعرات	سوموار	ہفتہ	بدھ	سوموار
شوال المکرّم	ب	اتوار	جمعرات	منگل	ہفتہ	بدھ	سوموار	جمعہ	بدھ
ذی قعد	ج	سوموار	جمعہ	بدھ	اتوار	جمعرات	منگل	ہفتہ	جمعرات
ذی الحجہ	ھ	بدھ	اتوار	جمعہ	منگل	ہفتہ	جمعرات	سوموار	ہفتہ

معرفت برائے غرہ رمضان المبارک، ذی الحجہ و محرم الحرام :

صلاحِ کار کجا و مَن خراب کجا — بہ بیں تفاوت راہ کجا است تا ب کجا

حضرت کاش البرنیؒ اپنی تصنیف جلیلہ تقویم المؤمنین میں رقمطراز ہیں۔ کہ درج ذیل میں جو چند نکات دئے گئے ہیں۔ ان کی مدد سے تا قیامت رمضان، ذی الحجہ اور محرم الحرام کے تعین میں قطعی طور پر شک نہیں ہو سکتا۔

1۔ ۶ محرم، یکم رمضان اور دس ذی الحجہ ایک ہی دن وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ 2۔ ۴ صفر، یکم رمضان اور دس ذی الحجہ ایک ہی دن وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ 3۔ ۳ ربیع الاول، یکم رمضان اور دس ذی الحجہ ایک ہی دن وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ 4۔ یکم ربیع الثانی، یکم رمضان اور دس ذی الحجہ ایک ہی دن وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ 5۔ ۷ جمادی الاول، یکم رمضان اور دس ذی الحجہ ایک ہی دن وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ 6۔ پانچ جمادی الثانی، یکم رمضان اور دس ذی الحجہ ایک ہی دن وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ 7۔ چار رجب، یکم رمضان اور دس ذی الحجہ ایک ہی دن وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ 8۔ دو شعبان، یکم رمضان اور دس ذی الحجہ ایک ہی دن وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ 9۔ پانچ ذی قعد، یکم رمضان اور دس ذی الحجہ ایک ہی دن وقوع پذیر ہوتے ہیں۔ 10۔ دس محرم الحرام جس دن ہوگا اسی دن یکم صفر اور یکم رجب المرجب واقع ہوں گے۔ 11۔ محرم الحرام اور شوال المکرّم ایک ہی دن واقع ہوں گے۔ 12۔ صفر المظفر اور رجب المرجب ایک ہی دن واقع ہوں گے۔ 13۔ ربیع الاول اور ذی الحجہ ایک ہی دن واقع ہوں گے۔ 14۔ یکم ربیع الثانی، یکم رمضان ایک ہی دن واقع ہوں گے۔ 15۔ جمادی الثانی اور ذی قعد ایک ہی دن واقع ہوں گے۔

نعت شریف از حضرت خواجہ شیخ الھند معین الدین چشتی اجمیری :

در جان چو کرد منزلِ جانانِ ما محمدؐ — صد در کشاد درِ دل از جانِ ما محمدؐ

مستغرق گناہیم، ہر چند عذر خواہیم — پژمردہ چو گیاہیم، بارانِ ما محمدؐ

ما طالبِ خدائیم، بر دینِ مصطفائیم — بر درگہش گدائیم، سلطانِ ما محمدؐ

در باغ و بوستانم دیگر نجو معینے — یا غم بس اَست قرآں، بُستانِ ما محمدؐ

ہجری سنہ کی دائمی جنتری : (ازلیاقت منجم صاحب) :

مطلوبہ سن ہجری کو 8 پر تقسیم کریں۔ پھر جو باقی بچے۔اس کو جدول کے باقی اعداد والے کالم کے تحت تلاش کریں۔اس ہندسے کے اوپر مطلوبہ ماہ کے مقابل جو بھی دن ہوگا۔ وہی چاند کے طلوع ہونے کا دن ہوگا۔

ماہِ ہجری	جمادی الاول	ربیع الثانی رمضان	شعبان	ربیع الاول ذی الحجہ	صفر رجب	جمادی الثانی ذی قعد	شوال محرم	باقی اعداد
ایام	اتوار	ہفتہ	جمعہ	جمعرات	بدھوار	منگل وار	سوموار	1
ایام	سوموار	اتوار	ہفتہ	جمعہ	جمعرات	بدھوار	منگل وار	6
ایام	منگل وار	سوموار	اتوار	ہفتہ	جمعہ	جمعرات	بدھوار	3
ایام	بدھوار	منگل وار	سوموار	اتوار	ہفتہ	جمعہ	جمعرات	5 یا 0
ایام	جمعرات	بدھوار	منگل وار	سوموار	اتوار	ہفتہ	جمعہ	2
ایام	جمعہ	جمعرات	بدھوار	منگل وار	سوموار	اتوار	ہفتہ	7
ایام	ہفتہ	جمعہ	جمعرات	بدھوار	منگل وار	سوموار	اتوار	4
تاریخ	7	6	5	4	3	2	1	0
تاریخ	14	13	12	11	10	9	8	0
تاریخ	21	20	19	18	17	16	15	0
تاریخ	28	27	26	25	24	23	22	0
تاریخ	0	0	0	0	0	30	29	0

1374ھ کو محرم کی پہلی تاریخ کس دن تھی ؟ 1374 ÷ 8 = 171.75 باقی 6 بچے۔

پس باقی اعداد والے کالم کے تحت 6 کے ہندسے کے اوپر ماہِ محرم کے مقابل چاند کا طلوع ہونا منگل وار کو ثابت ہوتا ہے۔غرضیکہ جنتری مذکورہ ہزاروں سال پیشتر اور ہزاروں برس آئندہ 99% درست وکار آمد ثابت ہوگی۔ انشاء اللہ العظیم۔

دو ہزار برس کا عیسوی (انگریزی) کیلنڈر : (قاعدہ از حضرت کاش البرنیؒ)

کیلنڈر ہٰذا 14 ستمبر 1752 عیسوی سے لے کے 3699 عیسوی تک کام دے سکتا ہے۔اس حسابی نظام سے کسی بھی تاریخ اور کسی بھی سن باآسانی معلوم کیا جا سکتا ہے۔اس حسابی نظام کو سمجھنے کے لئے 4 جدول پیش کئے جا رہے ہیں۔تا کہ قارئینِ کتاب ہٰذا اس تحقیق سے بخوبی مستفید و متنفع ہوسکیں۔ جو کہ درج ذیل ہیں۔

جدول نمبر 1 دنوں کے غیبی اعداد

اسمائے ایام	سوموار	منگلوار	بدھوار	جمعرات	جمعہ	ہفتہ	اتوار
غیبی اعداد	1	2	3	4	5	6	0

جدول نمبر 2 مہینوں کے غیبی اعداد

اسمائے ماہ	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
غیبی اعداد	2	5	5	1	3	6	1	4	0	2	5	0

نوٹ : اگر لیپ کا سال ہو۔تو جنوری کا 1 اور فروری کے 4 عدد لیں گے۔ باقی ماہ ویسے ہی رہیں گے۔

جدول نمبر 4 صدیوں کے غیبی اعداد :

صدیوں کے غیبی اعداد	6	5	4	3	2	1	0
صدیاں	0	1900	2000	0	1700	0	1800
صدیاں	0	2300	2400	0	2100	0	2200
صدیاں	0	2700	2800	0	2500	0	2600
صدیاں	0	3100	3200	0	2900	0	3000
صدیاں	0	3500	3600	0	3300	0	3400

جدول نمبر 3 برسوں کے غیبی اعداد :

0	1	2	3	4	5	6	0	1	2	3	4	5	6	غیبی اعداد
0	0	0	0	0	0	0	0	1	2	3	0	4	5	برس
6	7	0	8	9	10	11	0	12	13	14	15	0	16	برس
17	18	19	0	20	21	22	23	0	24	25	26	27	0	برس
28	29	30	31	0	32	33	34	35	0	36	37	38	39	برس
0	40	41	42	43	0	44	45	46	47	0	48	49	50	برس
51	0	52	53	54	55	0	56	57	58	59	0	60	61	برس
62	63	0	64	65	66	67	0	68	69	70	71	0	72	برس
73	74	75	0	76	77	78	79	0	80	81	83	83	0	برس
0	96	97	98	99	0	0	90	91	0	92	93	94	95	برس

نوٹ: مندرجہ بالا جدول سال 1 سے لے کر 99 تک کا ہے۔

تمثیل برائے معلوماتِ دن : 25 دسمبر 2018ء کو کون سا دن ہوگا ؟

تاریخ کا عدد: 25 دسمبر کا عدد : 0

صدی کا غیبی عدد : 4 برس کا غیبی عدد : 1

کُل اعداد کی میزان : 30 چونکہ ہفتے کے کل ایام 7 ہوتے ہیں لہذا : 30 ÷ 7 = 4 باقی 2

جدول نمبر 1 کے مطابق : لہذا 25 دسمبر 2018ء کو منگلوار کا دن ہی ہوگا۔

بچہ کب پیدا ہوگا ؟ (طریق از حضرت کاش البرنیؒ)

جس ماہ پچھلی دفعہ حیض آئے۔ اور اس کے بعد بند ہوگیا ہو۔ یعنی کہ حمل ٹھہر گیا ہو۔ اس کے مقابل کے مہینوں میں عددِ قسمت کو جمع کریں۔ تو وہ تاریخ معلوم ہوگی۔ جب بچہ پیدا ہوگا۔ مثلاً اگر پچھلی دفعہ حیض ماہ مارچ کی 10 تاریخ کو آیا تھا۔ تو اس کے مقابلے دسمبر اور عددِ قسمت 5 ہے۔ اس میں 10 دن مارچ کے مزید مِلائے۔ تو معلوم ہوا۔ کہ دسمبر کی 15 کو پیدا ہوگا۔ یہ قیاس و اندازہ ایک اوسط صحت کی عورت کے متعلق ہے۔ اس میں 1 سے 3 دن کی کمی بیشی ہوسکتی ہے۔ یہ قاعدہ بارہا کا آزمایا ہوا ہے۔ اس قاعدے کا جدول یہاں پر نہایت وضاحت سے پیشِ خدمت ہے۔

اعدادِ قسمت	بچے کے پیدا ہونے کا ماہ	اسمائے ماہ جس میں آخری دفعہ حیض آیا۔
7	اکتوبر	جنوری
7	نومبر	فروری
5	دسمبر	مارچ
4	جنوری	اپریل
4	فروری	مئی
7	مارچ	جون
6	اپریل	جولائی
7	مئی	اگست
7	جون	ستمبر
7	جولائی	اکتوبر
7	اگست	نومبر
6	ستمبر	دسمبر

طبیعت کو ہو گا قلق چند روز بہلتے بہلتے آخر سنبھل جائے گی

☆ **تعریف ِ ابتث یا ابجد شمسی** : ابجد شمسی مع اعداد (ہر حرف کا ایک عدد یعنی **Value** ہے) کا ٹیبل یہ ہے۔ یہ دراصل حروف تہجی کی وہ قسم ہے۔ جو کہ جملہ مسلم دنیا بالخصوص برصغیر پاک وھند میں رائج ومروج ہے۔ جِس کوسکول و مدارس میں پڑھایا جاتا ہے۔ جیسے کہ! ا۔ب۔ت۔ث۔ج۔ح۔خ۔د۔۔۔۔۔ابجد شمسی کوابجد آدمؑ ،ابجدِ علوی (حضرت علی المرتضیٰؓ) اورابجد ابتث بھی کہا جاتا ہے۔

ا 1	ب پ 2	ت ٹ 3	ث 4	ج چ 5	ح 6	خ 7
د ڈ 8	ذ 9	ر ڑ 10	ز ژ 20	س 30	ش 40	ص 50
ض 60	ط 70	ظ 80	ع 90	غ 100	ف 200	ق 300
ك گ 400	ل 500	م 600	ن 700	و 800	ھ 900	ی ے 1000

یہاں پر یہ بات تخصیص کے ساتھ بیان کی جاتی ہے۔کہ عملیاتی دنیا میں عموماً (95%) ابجد قمری مستعمل ہے۔لیکن ابجد شمسی بلحاظِ تاثیر وسرعت ، ابجد قمری سے کئی گُنا زیادہ ہے۔ بقولِ استادِ مُحترم فقیر غلام الرسول میمن ناشادؒ ،قمری ابجد ہم لوگوں کی گھٹی میں پڑا ہے۔(کاش کہ صادق وکامل عاملین کی کتب ابجد قمری کے ساتھ ساتھ ابجد شمسی کے اعمال سے بھی مزین ہوتیں)۔

ابجد قمری مع اعداد (ہر حرف کا ایک عدد یعنی **Value** ہے) کا ٹیبل یہ ہے۔

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
1	**2**	**3**	**4**	**5**	**6**	**7**	**8**	**9**	**10**	**20**	**30**	**40**	**50**
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
60	**70**	**80**	**90**	**100**	**200**	**300**	**400**	**500**	**600**	**700**	**800**	**900**	**1000**

ابجد ملفوظی قمری مع اعداد (ہر حرف کے اعداد یعنی **Values**) کا ٹیبل یہ ہے۔

الف	با	جیم	دال	ہا	واؤ	زا	حا	طا	یا	کاف	لام	میم	نون
111	**3**	**53**	**35**	**6**	**13**	**8**	**9**	**10**	**11**	**101**	**71**	**90**	**106**
سین	عین	فا	صاد	قاف	را	شین	تا	ثا	خا	ذال	ضاد	ظا	غین
120	**130**	**81**	**95**	**181**	**201**	**360**	**401**	**501**	**601**	**731**	**805**	**901**	**1061**

ابجدِ عربی عددی و عربی عددی قمری کا ٹیبل یہ ہے۔

حروف	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
ابجدعربی عددی	احد	اثنین	ثلاثہ	اربعہ	خُمسہ	سِتہ	سبعہ	ثمانیہ	تِسعہ	عشرہ	عشرین	ثلثین	اربعین	خمسین
تعدادِ حرفی	3	5	5	5	4	3	4	6	4	4	5	5	6	5
ابجدعربی عددی قمری	**13**	**611**	**1036**	**278**	**705**	**465**	**136**	**606**	**535**	**575**	**630**	**1091**	**333**	**760**
حروف	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
ابجدعربی عددی	ستین	سبعین	ثمانین	تسعین	مائۃ	مآتین	ثلاثہ مائۃ	اربعہ مائۃ	خُمسہ مائۃ	ستہ مائۃ	سبعہ مائۃ	ثمانیہ مائۃ	تسعہ مائۃ	الَف
تعدادِ حرفی	4	5	6	5	4	5	9	9	8	7	8	10	8	3
ابجدعربی عددی قمری	**520**	**192**	**651**	**590**	**456**	**501**	**1492**	**734**	**1161**	**921**	**593**	**1062**	**991**	**111**

ابجد قمری کے مؤکلات کا ٹیبل یہ ہے۔

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
اسرافیل	جبرائیل	کلکائیل	دردائیل	دوریائیل	رفتمائیل	شرفائیل	تنکفیل	اسمائیل	سراکیتائیل	حروزائیل	طاطائیل	رویائیل	حولائیل
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
ھمواکیل	لومائیل	سرھاکیل	اھجمائیل	عطرائیل	امواکیل	ھمرائیل	عزرائیل	میکائیل	مھکائیل	اھرائیل	عطکائیل	تورائیل	لوخائیل

ابجد قمری کی متعلقہ منازل قمر کا ٹیبل یہ ہے۔

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
شرطین	بطین	ثریا	دبران	ہقعہ	ہنعہ	ذراع	نثرہ	طرفہ	جبہۃ	زہرہ	صرفہ	عوا	سماک
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
غفرہ	زبانا	اکلیل	قلب	شولہ	نعائم	بلدہ	ذابح	بلعہ	سعود	اخبیہ	مقدم	مؤخر	رشا

چند جفری قواعد و اصطلاحات :

تعریفِ ابجد : ابجدِ قمری دراصل حروف تہجی کی ایک مخصوص ومعروف ترتیب وترکیب کو کہا جاتا ہے۔ جو کہ اٹھائیس حروف پر مُشتمل ہے۔ جس کےعرفِ عام میں ابجد قمری بھی کہتے ہیں۔ اور اس کوعموماً دوطرح سے پڑھا جاتا ہے۔ **ابجد. ھوزح. طیکل. منسع. فصقر. شتثخ. ذ ضظغ.**

(دوسرا طریق) **ابجد۔ ھوز۔ حطی۔ کلمن۔ سعفص۔ قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ۔**

حروف کی اقسام اور کچھ اصطلاحات :

- ☆ **حروفِ اعظم** : ا۔د۔ہ۔ح۔ط۔ک۔ل۔م۔ش۔ع۔ص۔
- ☆ **حروفِ نورانی (مقطعات)** : ا۔ہ۔ح۔ط۔ی۔ک۔ل۔م۔ن۔س۔ع۔ص۔ق۔ر۔ **(صراط عَلِیٌّ حق نمسکه)**
- ☆ **حروفِ مقطعاتِ از توراتِ شریف** : ا ۔ د ۔ ح ۔ ط ۔ ی ۔ ف ۔ص۔
- ☆ **حروفِ ظُلمانی** : ب۔ج۔د۔و۔ز۔ف۔ش۔ت۔ث۔خ۔ذ۔ض۔ظ۔غ۔
- ☆ **حروفِ صوامت**: ا۔د۔ہ۔و۔ح۔ط۔ک۔ل۔م۔س۔ع۔ص۔ ر۔ **(احد۔رسص۔طعك۔لموه)**
- ☆ **حروفِ ناطق (حروفِ غیرصوامت)**: ب۔ت۔ث۔ج۔ذ۔۔۔۔۔(ایسے حروف جن پر نُقطے ہوں)
- ☆ **حروفِ ملفوظی** : الف۔جیم۔دال۔ذال۔سین۔شین۔صاد۔ضاد۔عین۔غین۔فا۔قاف۔کاف۔لام
- ☆ **حروفِ مسروری** : با۔تا۔ثا۔حا۔خا۔ر۔ز۔ط۔ظ۔ف۔ہ۔ی (دوحرفی ایسے حروف جو کہ ''ا'' پر مُنتہی ہوں)
- ☆ **حروفِ جلالی** : ا۔ہ۔ط۔م۔ف۔ش۔ذ۔ب۔و۔
- ☆ **حروفِ جمالی** : د۔ح۔ل۔ع۔ر۔خ۔غ۔ن۔ی۔
- ☆ **حروفِ مُشترک** : ج۔ز۔ک۔س۔ق۔ث۔ظ۔ص۔ت۔ض۔
- ☆ **حروفِ آتشی** : ا۔ہ۔ط۔م۔ف۔ش۔ذ۔
- ☆ **حروفِ بادی** : ب۔و۔ی۔ن۔ص۔ت۔ض۔
- ☆ **حروفِ آبی** : ج۔ز۔ک۔س۔ق۔ث۔ظ۔
- ☆ **حروفِ خاکی** : د۔ح۔ل۔ع۔ر۔خ۔غ۔
- ☆ **حروفِ اساس**: ا۔ب۔ج۔د۔ہ۔و۔ز۔ح۔ط۔ی۔ک۔ل۔م۔ن۔
- ☆ **حروفِ نظیرہ** : ف۔ص۔ق۔ر۔ش۔ت۔ث۔خ۔ذ۔ض۔ظ۔غ۔

(حرف ''ا'' اساس ہے۔ اور اس حرف کا نظیرہ ''س'' ہے۔ یعنی ہر حرف سے آگے پندرہواں حرف اُسی حرف کا نظیرہ ہے۔ دراصل اساس ونظیرہ کا قاعدہ عظیمہ ''مدخل بسیط'' پر مشتمل ہے۔ اور اِس قاعدے سے مستحصلہ جفر کو ذریعہ بنا کر مختلف سوالوں کے جوابات نکالے جاتے ہیں)

- ☆ **حروفِ سواقط فاتحہ (جو حروف سورہ فاتحہ میں موجود نہیں)** : ف۔ج۔ش۔ث۔ظ۔خ۔ز۔
- ☆ **حروفِ ناجیہ** : ا۔د۔ہ۔و۔ح۔ی۔ک۔ل۔م۔ن۔ف۔ص۔ق۔
- ☆ **حروفِ مکتوبی** : میم۔نون۔واؤ (ایسے حروف جن کا پہلا اور آخری حرف ایک جیسا ہو)
- ☆ **حروفِ زبر** : ب۔ج۔ہ۔ز۔ح۔ط۔ک۔س۔ع۔ص۔ق۔ر۔ش۔ت۔ث۔خ۔ذ۔ض۔ظ۔غ۔
- ☆ **حروفِ بینات** : ا۔ل۔م۔ف۔ی۔د۔و۔ن۔
- ☆ **زبر و بنیات درحروفِ انفرادی**: ہرحرفی لفظ کا پہلا حرف زبر اور باقی بنیات کہلاتے ہیں۔ جیسے ''الف'' میں ''ا'' زبر اور 'لف' بنیات کہلائیں گے۔

شہنشاہ ارض و سماء ، بلغ العلیٰ بکمالہ — وصفِ رخ او والضحیٰ ، کشف الدجیٰ بجمالہ

قرآن باخلاقش گواہ ، حسنت جمیع خصالہ — صدقاً یقیناً راسخاً ، صلو علیہ والہ

☆ حروف مُفرد (وتر۔یا۔طاق): ا۔ج۔ہ۔ز۔ط۔ی۔ل۔ن۔ع۔س۔ق۔ش۔ث۔ذ۔ظ۔غ۔

☆ حروف مُرکب (شفع۔یا۔جُفت): ب۔د۔و۔ح۔ک۔س۔م۔ف۔ر۔ت۔خ۔ض۔

﴿ یاد رہے۔کہ! یہ جفری اصطلاحات ہیں۔ورنہ تو یہ حروف بھی جُفت ہی ہیں۔جیسے کہ! ق۔ش۔ث۔۔۔ ﴾

☆ حروف شِفاء : ا۔ب۔ت۔ث۔ط۔ظ۔ف۔ک۔ل۔ی۔

☆ حروف عِلت : ج۔ح۔خ۔د۔ذ۔ر۔ز۔س۔ش۔ص۔ض۔ع۔غ۔ق۔م۔ن۔و۔ہ۔

☆ حروف حوائج : ق۔ب۔ص۔ف۔ظ۔ک۔ض۔

☆ حروف تواخیہ : ب۔ت۔ث۔ج۔ح۔خ۔د۔ذ۔ر۔ز۔س۔ش۔ص۔ض۔ط۔ظ۔ع۔غ۔

☆ حروف طلسمات : ب۔ج۔د۔ذ۔ق۔ف۔ت۔ث۔ز۔خ۔ض۔ظ۔

☆ حروف صمدیہ : ق۔ل۔ہ۔و۔ا۔ح۔د۔ص۔م۔ی۔ک۔ن۔ف۔

☆ حروف ناصریہ : ا۔ب۔د۔ہ۔و۔ز۔ی۔ک۔ل۔م۔ن۔ع۔ف۔ص۔ر۔ت۔خ۔ذ۔غ۔

☆ حروف خواتیم (حروف ختانیم) : ا۔ف۔ک۔ق۔ل۔م۔ن۔و۔ہ۔ی۔

☆ استنطاق کرنا : 540 کا استنطاق یہ ہوگا 5+4+0 = 12

☆ امتزاج دینا: ایک حرف طالب (علی) کا اور ایک حرف مطلوب (حُسین) کا یا اسی طرح سے سطور وغیرہ کا جیسے کہ!

طالب: ع۔ل۔ی **مطلوب** : ح۔س۔ی۔ن۔

اب ان کا امتزاج یہ ہوگا۔ ع ح ۔ ل س ۔ ی ی ۔ ع ن ۔

☆ تخلیص کرنا : مکرر حرفوں کو کاٹ دینا۔جیسے (امام بخش) کے نام کی تخلیص کرنا مقصود ہے۔

ا۔م۔ا۔م۔ب۔خ۔ش۔ کی تخلیص کی۔تو یہ حروف حاصل ہوئے۔ ا۔م۔ب۔خ۔ش۔

☆ بسط کرنا: بسط کرنے کا مطلب ہے۔کسی لفظ کو حرفی شکل میں لکھنا۔جیسے ''**احمد**'' کا بسط ہوگا۔ا۔ح۔م۔د

☆ بسط حرفی عددی: ابجد عربی عددی سے حروف کو مُنتقل کرنا۔جیسے کہ! احمد کا بسط حرفی عددی یہ ہوا۔احد۔ثمانیہ۔اربعین۔اربعہ۔

☆ بسط ملفوظی حرف: احمد کا بسط ملفوظی یہ ہوا۔ الف۔حا۔میم۔دال۔

☆ ترفع اقراری : ایک حرف کو چھوڑ کر حرف لینا۔ہر لفظ کا تیسرا حرف ترفع اقراری کہلاتا ہے۔

☆ بسط کبیر / جمل کبیر : اعداد اصلیہ سے حروف بنانا جیسے 1232 کا جمل کبیر ب۔ل۔ر۔غ ہوگا۔

☆ بسط تضعیف : ہر حرف کے عدد دو چند کرنا جیسے 'ک' کا بسط تضعف 'م' ہوگا۔

☆ بسط تنصیف: ہر حرف کے عدد کا نصف کرنا جیسے 'ک' کا بسط تضعف 'ی' ہوگا۔

☆ بسط عزیزی: ابجد قمری کے 28 حروف میں ہر جوڑے کا دوسرا حرف بسطِ عزیزی ہے۔جیسے اکاب،اسی طرح ف کاص یا پھر خ کاث وغیرہا۔

☆ تضارب کرنا : کسی حرف کے عدد کو ضرب دے کر دو چند (دُگنا) کرنا۔جیسے کہ 2 سے 4 اور اسی طرح 4 سے 8 اور 6 سے 12۔

☆ تناقص کرنا: کم کرنا یا گھٹانا۔آدھا کرنا۔جیسے 4 کا نصف 2 اور 2 کا نصف 1 ہوا۔

☆ جُذر حرف اقل الفا (جذر): (ضرب فی نفسہ): کسی اسم،آیت یا جملے کے اعداد کو اُتنے ہی اعداد میں ضرب دینا۔جیسے کہ اسم اعظم 'لطیف' کے اعداد **129** ہیں۔تو یہ اعداد ضرب فی نفسہ سے **16641** ہوئے۔

☆ حروف کو مُعرب کرنا: آتشی حروف پر پیش آئے گا، بادی حروف پر زبر آئے گی۔آبی حروف پر زیر آئے گی۔اور خاکی حروف پر جزم آئے گی۔اور اگر کوئی جزم والا حرف شروع میں آجائے۔تو اسکو زیر دیں گے۔

☆ حروف تفرقات (برائے جُدائی،بُغض وعداوت): ب۔ج۔ہ۔و۔ز۔ط۔ی۔ل۔ن۔ع۔ص۔

☆ حروف تسخیر (برائے حُب وجلب): ا۔د۔ح۔م۔ک۔س۔ف۔ق۔ر۔شت۔ث۔خ۔ذ۔ض۔ظ۔غ۔

☆ حروف مُحبت : ج۔ح۔خ۔د۔ذ۔ر۔ز۔س۔ش۔ص۔ض۔ع۔غ۔

☆ حروفِ مُتغابضہ : ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

☆ حروف مُتحابہ : ر۔ک۔ر۔ف۔د۔

موت کو سمجھے ہیں غافل اختتامِ زندگی ہے یہ شامِ زندگی ، صبحِ دوامِ زندگی
موت تجدیدِ مذاقِ زندگی کا نام ہے خواب کے پودے میں بیداری کا اِک پیغام ہے

حاضری مطلوب بذریعہ اعدادِ مُتحابہ : (بمطابق حضرت کاش البرنیؒ)

دامن چھڑا کے آپ کو جانا ہی تھا اگر نظریں اُٹھا کے پیار سے دیکھا تھا کس لئے

جب مجھے اس رازِ عظیم کا علم ہوا۔تو میں نے اس طریق کو تیار کرنے میں غور وفکر سے کام لیا۔تاکہ نقش کے اندر اِن دونوں نقوش کو عروجِ ماہِ قمری میں کسی سعد ساعت میں عرق گلاب و زعفران سے لکھ کر لوحِ طالب کو گھر میں یا گھر سے نزدیکی کسی پھلدار درخت پر لٹکا دیں۔اور لوحِ مطلوب کو طالب کے پاس رکھے۔(یعنی کہ طالب کے بازو پر باندھے یا گلے میں لٹکا دے) یہ بات خصوصی طور پر ذہن نشین رہے۔کہ اگر طالب و مطلوب اور مطلب کے اعداد،مرتبہ اول یا دوئم سے زیادہ ہو جائیں۔تو مرتبہ سوئم کے اعدادِ متحابہ کے مطابق لوح بنانی ہوگی۔

مانا کہ میری ذات میں سو عیب ہیں مگر بِکتے نہیں ، خُدا کی قسم ! ہم فقیر لوگ

حضرت کاش البرنی فرماتے ہیں۔ریاضت سے انکشاف ہوا۔کہ اگر عددی قوتوں کو عملِ حب کے لئے طالب و مطلوب کے اعداد میں اعدادِ متحابہ کی طرز میں ڈھالنا چاہیں۔تو لازمی طور پر ہمیں ایسے اعداد متحابہ کی ضرورت پڑے گی۔جو طالب و مطلوب کے اعداد سے زیادہ قیمت رکھتے ہوں۔جس کے لئے ہمیں مراتب کو بھی ملحوظِ خاطر رکھنا ہوگا۔مراتب اعداد یہ ہیں۔

مراتبِ اعدادِ متحابہ	رک	رفد
مرتبہ اول	220	284
مرتبہ دوئم	2024	2296
مرتبہ سوئم	17296	18416

اعداد مُتحابہ سے حاضری مطلوب بذریعہ طریقہ جفری :

کروں گا کیا جو ہو گیا محبت میں ناکام مجھے تو اور کوئی کام بھی نہیں آتا

یہ عمل مبارک کاش البرنی نے ایک فارسی کتاب سے نقل فرما کر نہایت شرح وبسط اور وضاحت سے اپنی کتاب جذب القلوب میں تحریر فرمایا ہے۔آپؒ فرماتے ہیں کہ ! مثلاً طالب کے اعداد بحساب ابجد قمری 623 ہیں۔جبکہ مطلوب کے اعداد بحساب ابجد قمری 550 ہیں رک کے اعداد بحساب ابجد قمری 220 اور رفد کے اعداد اعداد بحساب ابجد قمری 284 ہیں۔ اِن تمام اعداد کا مجموعہ 2687 ہے۔ان اعداد 2687 کو 5 سے ضرب دینے سے کُل اعداد 13435 ہوئے۔اب ان اعداد 13435 کو ہم جب 65 پر تقسیم کرتے ہیں۔تو حاصل قسمت 206 بنتے ہیں۔جبکہ 45 بقایا بچتے ہیں۔ان باقی اعداد کو ختم کرنے کے لئے 45 سے تقسیم کرتے ہیں۔تو ہمارے پاس 20 رہ جاتے ہیں۔ 20 کو 5 پر تقسیم کیا۔تو باقی 4 بچتے ہیں۔مطلب و مقصد کے اعتبار سے 4 کا کوئی اسمِ الٰہی نہیں۔تو اس ہم 4 میں قانون کے اعداد 13 ملاتے ہیں۔تو 17 ہوئے۔پھر 13 ملائے۔تو 30 ہوئے۔پھر 13 ملائے۔تو 43 ہوئے۔پھر 13 ملائے۔تو 56 ہوئے۔پھر 13 ملائے۔تو 96 ہوئے۔تو ہمیں اسمِ الٰہی **حاکم** مِل گیا۔پس سطر اس عمل کی یوں تیار ہوگی۔

طالب	رک	حاکم	رفد	مطلوب	میزان
633	220	69	284	1550	2756

یہ عدد لازمی نقش مخمس میں پُر ہو جائیں گے۔ 212 حاصل قسمت خانہ اول میں آئے گا۔اور یہ نقش مخمس 212 سے شروع ہوگا۔آگے چل کر کاش البرنیؒ فرماتے ہیں۔کہ میں نے جب اس نقش کو طالب و مطلوب کے لئے تیار کر کے پُر کرنے ہی والا تھا۔تو میرے ذہن میں ایک اور خیال آیا۔کہ کیوں نہ رک کے اعداد 220 سے ہی نقش کی ابتداء اس طرح سے کروں۔کہ 8 کو 13 میں ضرب دے کر ایک اور اسم الٰہی **مُسبب** حاصل کروں۔پھر میں نے سطر یوں اختیار کی کہ!

طالب	رک	حاکم	مسبب	رفد	مطلوب	میزان
633	220	69	104	284	1550	2860

اب ہم نے کل مجموعہ اعداد 2860 کو 5 سے ضرب دے کر 65 پر جب تقسیم کیا۔تو ہمارے پاس حاصل قسمت 220 آئے۔میں نے نقش میں 220 کو خانہ اول میں رکھ کر نقش کو مکمل کیا۔جس کے کل اعداد 14300 بنے۔اس عمل کا مؤکل **شدیغائیل** نکلا۔چار نقوش لکھ کر طالب کو دے دیئے۔اور چاروں عناصر کے مطابق استعمال کرنے کی ہدایت کی۔چونکہ مطلوب اُسی شہر میں تھا۔اس لئے وہ ایک ہی گھنٹہ کے وقفہ میں طالب کے پاس پہنچ گیا۔اور طالب اس نقش کی سریع التاثیری قوت سے حیرت میں رہ گیا۔

رازِ دل اپنا میں لکھتا ہوں اگر کوئی نہ سمجھے خدا کرے اس کو مگر

(اس نقش میں طالب اور مطلوب کے اسماء معہ مادران آئیں گے) اس نقش کی چال یہ ہے۔

26	12	1	10	16
3	13	19	21	9
25	14	شد یغائیل مطلوب۔ رک۔ حاکم۔ مسبب۔ رفد۔ مطلوب	11	15
7	24	23	6	5
4	2	22	17	20

سِتارہ معلوم کرنے کے طریقے

بُرج معلوم کرنے کا پہلا طریقہ: (سب سے اعلیٰ و ارفع طریقہ) : وقت پیدائش کے ایک سے تین منٹ کے اندر کا وقت مِل جائے۔ پیدائشی بُرج کے استخراج کا یہ سب سے زیادہ قابل اعتماد اور **Ideal** وقت ہوگا۔

بُرج معلوم کرنے کا دوسرا طریقہ: نام مع والدہ کے اعداد بحساب ابجد قمری کے مجموعہ کو 12 پر تقسیم کریں۔ پھر بُرج حمل سے گِنتے جائیں۔ اگر 1 بچے تو حمل، اگر 2 بچیں۔ تو ثور بنے گا۔ اسی طرح سے حمل 1. ثور 2۔ جوزا 3۔ سرطان 4۔ اسد 5۔ سُنبلہ 6۔ میزان 7۔ عُقرب 8۔ قوس 9۔ جدی 10۔ دِلو 11۔ اور حوت 12۔ اگر کچھ نہ بچے تو بھی حوت آئے گا۔

بُرج معلوم کرنے کا تیسرا طریقہ: چوتھا طریقہ جس کو کہ تمام لوگ استعمال میں لاتے ہیں۔ بلکہ آج کل کی جدید نسل **(Modern Generation)** کو زبانی بھی یاد ہیں۔ اور نہایت افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے۔ کہ علم نجوم سے عدم شناسی کی وجہ سے وہ اس طریقے کو نہایت معتبر مانتے ہیں۔ اور انہوں نے یہ جدول زبانی یاد کیا ہوا ہے۔ بہر حال! **علمائے منجمین** اس طریقے (استخراجِ برج) سے اختلاف ہے۔

اسمائے بروج	حمل	ثور	جوزا	سرطان
منسوبی حروف	ا۔ ل۔ ع۔ ی	ب۔ و	ک۔ ق	ح۔ ہ
دورانیہ بروج	21 مارچ تا 21۔ اپریل	22۔ اپریل تا 20 مئی	21 مئی تا 21 جون	22 جون تا 22 جولائی
اسمائے بروج	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب
منسوبی حروف	م	پ۔ غ	ر۔ ت۔ ط	ن. ظ. ذ. ض. ز
دورانیہ بروج	24 جولائی تا 23 اگست	24 اگست تا 23 ستمبر	24 ستمبر تا 23 اکتوبر	24 اکتوبر تا 22 نومبر
اسمائے بروج	قوس	جدی	دلو	حوت
منسوبی حروف	ف	ج. خ. گ	س. ش. ص. ث	د. چ
دورانیہ بروج	23 نومبر تا 22 دسمبر	23 دسمبر تا 20 جنوری	21 جنوری تا 19 فروری	20 فروری تا 20 مارچ

مؤکل بنانے کا طریق :

اگر نقش یا عملیات میں اسمائے مؤکلات نہ ہوں۔ تو مؤکلین اعمالِ اِجابت نہیں کرتے۔ مؤکل بنانے سے پہلے یہ بات ضرور ذہن نشین رہے۔ کہ اعداد کے مراتب کے مطابق اسمائے مؤکلات بنائے جائیں گے۔ جیسے ''بکر'' کے اعداد 222 ہوئے۔ تو پہلے 2 پھر 20 پھر 200 اب اِن کا مؤکل **رکبـــائیـــل** ہوگا۔ چونکہ ابجد میں **1000** سے زیادہ تو مراتب ہی نہیں ہیں. اس لئے ایسی صورتِ حال میں دو قاعدے استعمال میں لائے جائیں گے۔

☆ پہلا قاعدہ : **5479** کے حروف یہ ہونگے۔ ط۔ ع۔ ت۔ غ۔ غ۔ غ۔ غ۔ غ۔ مؤکل ان حروف کا **طعتغغغغغا ئیل** بنے گا۔

☆ دوسرا قاعدہ : **5479** کے حروف یہ ہونگے۔ ط۔ ع۔ ت۔ ھ۔ غ۔ (تو) مؤکل ان حروف کا **طعتھغا ئیل** بنے گا۔

☆ مؤکل بناتے وقت یہ بات یاد رکھیں کہ! **ائیـــل** کے **51** اعداد نکالنے ہونگے۔ مگر کچھ عاملین ''ایل'' لکھتے ہیں۔ ظاہر ہے۔ کہ پھر اعداد 41 بنیں گے۔ کیونکہ میری نظر میں مؤکل **ائیـــل** بنے گا۔ اور میرا طریقہ صاحبِ شمسُ المعارف جناب امام العاملین احمد بن علی قرشی بونیؒ والا ہے۔

علم الجفر آثار کے قائدے کے مطابق دو مختلف طبائع میں باھمی انسیت پیدا کرنے کا مجرب عمل

یہ قاعدہ حضراتِ جفارین کے روزانہ کے معمولات میں شامل ہے۔ یہ بسط وہاں کام دیتی ہے۔ جہاں طالب ومطلوب یا میاں و بیوی یا دو اشخاص کی طبائع میں شدید اختلاف ہو۔ اور ایک دوسرے سے نہ بنتی ہو۔ اور نہ ہی وہ دونوں اکٹھے رہ سکتے ہوں۔ کیونکہ! ہر وقت لڑائی جھگڑے کا سا سماں رہتا ہو۔ اس صورت میں یہ دیکھا جاتا ہے۔ کہ! ان دونوں کے طبائع میں کتنا تفاوت ہے۔ تاکہ دونوں کے طبائع کو باہم درست کر کے موافقت و موانست کا عمل تیار کیا جائے۔ اور ان کے مسئلے کا تدارک کیا جائے۔ ایسے میں علمائے جفارین کسی لوح و نقش کی معاونت حاصل کیا کرتے ہیں۔ یاد رہے۔ کہ! ہر اسم کی طبع اس کے حرف سے معلوم کی جاتی ہے۔ مثلاً اسم ''احمد'' کی طبع حرفِ الف کے مطابق آتشی ہوئی۔ زینب کی طبع حرف ز کے مطابق آبی ہوئی۔ چونکہ! آتش و آب میں مخالفت و مفارقت ہے۔ اس لئے ان میں محبت و مودت نہیں ہوسکتی۔ ایسی صورت میں یا تو نام بدل دیا جاتا ہے۔ دیئے گئے طریقے کے مطابق عمل کا سہارا لینا پڑتا ہے۔ یعنی مخالف حرف والے اسماء کے قانون سے جو عمل یا نقش تیار کیا جاتا ہے۔ اس کی مدد سے عنصری دشمنی، مفارقت و مخالفت ختم کی جاتی ہے۔ تاکہ کام بھی ہو جائے۔ اور عملیاتی ناکامی بھی نہ ہو۔ اسی طرح سے اگر طبعِ معشوق خاکی ہو۔ تو ماہِ خاکی میں عمل کرے۔ اور اگر طبع آتشی ہو تو ماہ آتشی میں عمل کرے۔ اور اگر دو مختلف طبع ہوں۔ تو مہینہ مطلوب کا اختیار کرے۔ جبکہ طالع وقت کو مطابق طالع طالب کے تلاش کرے۔ اور کام کرے۔

بہر حال! ایسے میں چاہیئے۔ کہ! وہ لوگ، جو حب و تسخیر کا عمل دو اشخاص کے مابین تیار کرتے ہیں۔ انہیں چاہیئے۔ کہ! پہلے دونوں کی طبائع کا وزن چیک کریں۔ اگر ان دونوں میں تفاوت ہوا۔ تو اسے یکساں کر لیں۔ تاکہ محنت اکارت نہ جائے۔ اسی بسط کا نام میزانِ عنصرات ہے۔ یہ اس طریق پر ہے۔ کہ! حروفِ عنصرات کے دو حصص کرتے ہیں۔ ان کے اعداد بغیر درجاتِ احاد جمع کرتے ہیں۔ پھر دونوں اطراف کی میزان کو دیکھتے ہیں۔ اگر ہر دونوں طرفین کے اعداد برابر ہوں۔ تو بہتر۔ ورنہ انہی عناصر کے حروف میں سے ایک حرف لے کر دوگنا یا نصف کرتے ہیں۔ اس کے ساتھ دوسرے کا وزن برابر کرتے ہیں۔ اسی ضمن میں علمائے جفارین و روحانیین کا کہنا ہے۔ کہ! میزان کا معلوم کرنا ایک ہنر ہے۔ کہ جو تمام موالیدِ ثلاثہ میں درکار رہے۔ جب تلک وزن کو نہیں جانا و سمجھا جائے گا۔ مطلوب کا حاصل کرنا ایک مشکل امر ہوگا۔ اور جو خوش نصیب شخص وزنِ میزان کو معلوم کرنے میں ماہر ہو جائے گا۔ ایسے شخص کے تمام مطالب (باذن الٰہی) ضرور پورے ہوں گے۔ اس قاعدے کو میزان الحروف بھی کہتے ہیں۔ ان شاء اللہ۔ حروف کی طبائع اور دیگر کچھ معلوماتی امور، کہ جن کا اس عمل کے لئے جاننا ضروری ہے۔ یہاں پیش کئے جاتے ہیں۔

☆ **حروف آتشی** : ا ۔ ہ ۔ ط ۔ م ۔ ف ۔ ش ۔ ذ ۔ ☆ **حروف بادی** : ب ۔ و ۔ ی ۔ ن ۔ ص ۔ ت ۔ ض ۔

☆ **حروف آبی** : ج ۔ ز ۔ ک ۔ س ۔ ق ۔ ث ۔ ظ ۔ ☆ **حروف خاکی** : د ۔ ح ۔ ل ۔ ع ۔ ر ۔ خ ۔ غ ۔

آتش و آب دوست ہیں۔ چونکہ ہوا کے جز کے بغیر آگ نہیں جل سکتی۔ لہذا موافق ہیں۔

آتش و آب دشمن و مخالف ہیں۔ چونکہ پانی آتش کو بجھا دیتا ہے۔ اور آتش پانی کو بخارات میں متبدل کر کے ختم کر دیتی ہے۔ لہذا یہ ناموافق و دشمن ہیں۔

آتش و خاک میمن ہیں۔ یعنی یہ ایک دوسرے کو امان دیتے ہیں۔ چونکہ آتش سینہء خاک میں امان پاتی ہے۔ اور قائم رہتی ہے۔ لہذا یہ مصادق ہیں۔

باد و آب بھی میمن ہیں۔ ہوا پانی لے کر اُڑ جاتی ہے۔ لہذا یہ بھی مصادق ہیں۔

لہذا یاد رہے۔ کہ! باد و آتش دوست ہیں۔ باد و خاک دشمن ہیں۔ آب و باد میمن و مصادق ہیں۔

آب و خاک دوست ہیں۔ خاک و باد دشمن و ناموافق ہیں۔ خاک و آب دوست و موافق ہیں۔

اسی طرح سے **آتشی بروج** یہ ہیں۔ حمل۔ اسد اور قوس۔ **خاکی بروج** یہ ہیں۔ ثور۔ سنبلہ اور جدی۔

بادی بروج یہ ہیں۔ جوزا۔ میزان اور دلو۔ **آبی بروج** یہ ہیں۔ سرطان۔ عقرب اور حوت۔

بہر حال! اَب ہم اشکالِ میزانِ عناصر کو اس مثال سے سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

میزانِ آتش بالذات		میزانِ باد بالذات		میزانِ خاک بالذات		میزانِ آب بالذات	
ش ۔ م ۔ ذ	ا ۔ ف ۔ ط ۔ ھ	ت ۔ ی ۔ ض	ب ۔ و ۔ ص ۔ ن	ف ۔ ق ۔ ظ	ج ۔ ز ۔ س ۔ ث	ل ۔ ع ۔ غ	د ۔ ح ۔ ر ۔ خ
05	05	04	04	03	03	02	02

اس کی مزید تفصیل یہ ہے۔ کہ! جیسے ش ۔ م ۔ ذ کے حروف کے اعداد ابجدِ قمری یہ بنتے ہیں۔ 300+40+700=1040۔ اب اگر ہم ان کے پہلے عشرات گرا دیں۔ تو ش ۔ م ۔ ذ کے اعداد یہ بنیں گے۔ 70+40+30=140۔ اَب اگر ہم ان کے احاد بھی گرا دیں۔ تو ش ۔ م ۔ ذ کے اعداد یہ بنیں گے۔ 7+4+3=14۔ اَب ہمیں یہ جو 14 اعداد حاصل ہوئے ہیں۔ 14 کا مطلب 4+1=5 ہوا۔ یہی 5 پہلے خانے میں ہے۔

اے چشمِ اشک بار ذرا دیکھ تو سہی　　یہ گھر جو جل رہا ہے کہیں تیرا گھر نہ ہو

مذکورہ میزان کو دیکھیں۔ تو ہمیں عناصر کے مراتب صاف طور پر معلوم ہوں گے۔ یعنی کہ! آتش 5، باد 4، آب 3 اور خاک 2 کی میزان رکھتی ہے۔ اسی طرح اعدادِ مفرد بھی بتدریج ہیں۔ اب دو عناصر کی میزان کرنے کے لئے مثال لیتے ہیں۔ جو کہ اگلے صفحہ پر ہے۔

میزانِ آتش و باد بالذات		میزانِ آتش و آب بالذات		میزانِ آتش و خاک بالذات	
ا۔ھ۔ط۔م۔ ف۔ش۔ذ	ب۔و۔ی۔ن۔ ص۔ت۔ض۔	ا۔ھ۔ط۔م۔ ف۔ش۔ذ	ج۔ز۔ک۔س۔ ق۔ث۔ظ۔	ا۔ھ۔ط۔م۔ ف۔ش۔ذ	د۔ح۔ل۔ع۔ ر۔خ۔غ۔
10	10	10	10	10	10

مثال: طالب **عبداللہ** ہے۔ جبکہ مطلوب **محبوب علی** ہے۔ (لیکن اصل میزان میں دونوں کی والدہ کے اسماء بھی لینے ہوں گے)

طالب **عبداللہ** کو بسطِ مکتوبی کیا۔ تو ہمیں ع۔ب۔د۔ا۔ل۔ل۔ہ۔ حاصل ہوں گے۔ اَب اِن حروف میں سے مکرر کو ہم نے چھوڑ دیا۔ تو بقایا حروف یہ بچیں گے۔ ع۔ ب۔ د۔ ا۔ ل۔ ہ۔ اب مزید یہ کہ ان حروف میں عناصر کو الگ الگ کریں۔ حروف آتشی ا۔ھ۔(6) حروفِ بادی میں فقط ب۔(2)، حروفِ خاکی میں ع۔د۔ل۔(14)، جبکہ حروفِ آبی میں کوئی حرف نہیں ملا۔ اس لحاظ سے اسمِ طالب میں آتش 6 درجہ، باد 2 درجہ جبکہ خاک 14 درجہ ہوئی۔ (اور اب) مطلوب **محبوب علی** کو بسطِ مکتوبی کیا۔ تو ہمیں م۔ح۔ب۔و۔ب۔ع۔ل۔ی۔ حاصل ہوں گے۔ اَب اِن حروف میں سے مکرر کو ہم نے چھوڑ دیا۔ تو بقایا حروف یہ بچیں گے۔ م۔ح۔ب۔و۔ع۔ل۔ی۔ مزید یہ کہ ان حروف میں عناصر کو الگ الگ کرنا ہے۔ حروف آتشی م۔(4)، حروفِ بادی میں ب۔و۔ی۔(9)، حروفِ خاکی میں ح۔ل۔ع۔(18)، جبکہ حروفِ آبی میں کوئی حرف نہیں ملا۔ اس لحاظ سے اسمِ طالب میں آتش 4 درجہ، باد 9 درجہ جبکہ خاک 11 درجہ ہوئی۔ (لہذا) ان دونوں کے اسماء سے حاصل شدہ حروف اور ان کی طبع سے معلوم ہوا۔ کہ محبوب علی کی طبع کافی تیز ہے۔ اور اسی کی طرف سے عموماً لڑائی جھگڑا ہوتا ہے۔ چونکہ دونوں میں آبی عنصر نہیں ہے۔ (کیونکہ آب کے حروف میسر نہ ہو سکے) اسی لئے کسی میں بھی برداشت کا مادہ نہیں ہے۔ لہذا ایسے موقع پر ہمیں عملِ مساوات کی ضرورت پڑے گی۔ کہ مطلوب میں 4 درجہ آتش جبکہ طالب میں 6 درجہ آتش ہے۔ لہذا عنصرِ مطلوب (4) میں دو الف اور ملا دیئے۔ اس طرح سے مطلوب کے عنصر میں 4 کے بجائے 6 ہو گئے۔ اور طالب کے عنصر 6 کے برابر ہو گئے۔ کیونکہ! مساوات میں عنصر زیادہ کر سکتے ہیں۔ یا پھر حرف کو اپنے ہی کسی عنصر سے بدل کر برابر کیا جا سکتا ہے۔ اب تمام عناصر کو مساوات میں لاتے ہیں۔

درجہ آتشی

طالب	عمل	مطلوب
ا۔ھ	م کے ساتھ دو عدد	**م**
6	الف ملائے	6
ا۔ھ	عدل	**م۔ا۔ا**
6		6

درجہ بادی

طالب	عمل	مطلوب
ب	ب کو ص	**ب۔و۔ی**
2	سے بدلا	2
ص	عدل	**ب۔و۔ی**
9		9

درجہ آبی

طالب	عمل	مطلوب
	طالب و مطلوب	
x	میں درجہ آبی	x
	نہیں ہے	
x	عدل	x

درجہ خاکی

طالب	عمل	مطلوب
ع.د.ل	عدل	ح.لع
14	میں	18
ع.ح.ل	دکو ح سے	ح.ل.ع
18	بدلا	18

طالب کے حروف۔ ا۔ھ۔ص۔ع۔ح۔ل۔ (**اھـــص عـــحـــل**) اور اعداد 33 بنتے ہیں۔ جبکہ! مطلوب کے حروف۔م۔ا۔ا۔ب۔و۔ی۔ح۔ل۔ع۔ (**مـا ابـو یـحلع**) اور اعداد بھی 33 بنتے ہیں۔ جس طریقہ سے عملِ تسخیر یا حب تیار کرنا مطلوب و مقصود ہو۔ اس طریقہ میں جو نام طالب و مطلوب کے کام میں لائے جائیں گے۔ وہ اصل نہیں ہوں گے۔ بلکہ مذکورہ ہوں گے۔ یعنی طالب ''**اھـص عـحل**'' اور مطلوب ''**مـا ابو یحلع**'' اب اس عمل کے لئے دو نقوش تیار کرنا ہوں گے۔ عمل میں تاثیر پیدا کرنے کے لئے کوئی آیت یا اسمِ الٰہی (**بمتعلقِ حب و تسخیر**) لے لیں۔ ایک نقش طالب کو دیں۔ تاکہ وہ اپنے پاس رکھے۔ اور ایک نقش کو مطلوب کے تکیہ میں سی دیں۔ کہ جس پر سر رکھ کر وہ روزانہ سوتا ہو۔ اس عمل کی بدولت دونوں میں محبت بدرجہ اَتم بڑھے گی۔ ان شاء اللہ۔ یاد رہے۔ کہ! یہ عمل اپنی زود اثری میں اس قدر پر تاثیر ہے۔ کہ! اگر صرف طالب ہی اپنے پاس ایک نقش رکھ لے۔ اور مطلوب کے سرہانے رکھنے سے قاصر ہو۔ تب بھی اس عمل کا اثر تو ضرور ہوگا۔ مگر کچھ وقت لگے گا۔ یہ عمل علمائے جفارین کا نہایت محبوب اور بارہا کا مجرب عمل ہے۔ (یہ عمل تفصیلاً ''ماہنامہ **روحانی دُنیا** (کاش البرنیؒ) مارچ **2009** ''میں تحریر ہے)

کو اکب کی سعا دت و نحوست: ہر کوکب (ستارے) کی سعادت و نحوست کے لئے ان معلومات کو لازمی از بر کر لیں ۔

☆ **مشتری** : سعد اکبر ☆ **زھرہ** : سعد اصغر

☆ **زحل** : نحس اکبر ☆ **مریخ** : نحس اصغر

☆ **شمس** : سعد۔ نیر اکبر ☆ **قمر** : سعد۔ نیر اصغر

☆ **عطارد** : **ممتزج** (یہ ستارہ سعد کے ساتھ ملے تو سعد اور نحس کے ساتھ نحس اثرات مرتب کرتا ہے)

☆ **شمس و قمر** : نیرین ☆ **زھرہ و مشتری** : سعدین

☆ **زھرہ و عطارد** : سعدین ☆ **زحل و مریخ** : نحسین

☆ **زحل و مشتری** : علویین ☆ **راس و زنب** : عقدتین

قاعدہ تکسیر :

جس اسم ، آیت یا عبارت وغیرہ کی تکسیر کرنا مقصود ہو تو چاہیے ۔ کہ تمام حروف کو علیٰحدہ علیٰحدہ ایک سطر میں لکھیں ۔ اب دوسری سطر اور باقی سطور ایسے بنائیں ۔ کہ پہلے ایک حرف بائیں طرف آخر سے پھر دوسرا حرف دائیں طرف کے شروع سے پھر تیسرا حرف بائیں طرف کے آخر سے ایک لفظ پہلے اور چوتھا حرف دائیں طرف سے دوسرا حرف لینا ہوگا ۔ علی ھذا القیاس ۔۔۔

جیسے کہ یہاں پر تمثیلا پیش کیا جا رہا ہے ۔ اسم الٰہی **مھیمن** کی تکسیر اس طرح سے ہو گی ۔

سطر نمبر 1 (سطر اول)	م	ہ	ی	م	ن
سطر نمبر 2	ن	م	م	ہ	ی
سطر نمبر 3	ی	ن	ہ	م	م
سطر نمبر 4	م	ی	م	ن	ہ
سطر نمبر 5	ہ	م	ن	ی	م
سطر نمبر 6 (سطرِ میزان)	م	ہ	ی	م	ن

درج ذیل میں چھٹی سطر چونکہ مکرر ہے ۔ اس لئے تکسیر میں یہ سطر نہیں لی جائے گی ۔ ہاں البتہ اسی سطر سے یہ ضرور معلوم ہوگا ۔ کہ حروف کی تکسیر ٹھیک ٹھاک (یعنی کہ درست) طریقے سے ہوئی ہے ۔ یا نہیں ؟ اس تکسیر کے گوشوں کے حروف یہ ہیں ۔ م ۔ ن ۔ ہ ۔ م ۔ اور اس تکسیر کا قلبی حرف یہ ہے ۔ '' ہ '' صِرف ایک قلبی ۔ بہر حال ! قلبی حروف زیادہ بھی ہو سکتے ہیں ۔

تکسیر کا سب سے بھترین و اولیٰ طریق :

حضرت محمد ساجرونی فرماتے ہیں ۔ کہ ! تکسیر کے ستر سے زیادہ طریقے ہیں ۔ مگر سب میں صحیح تر اور معتبر تر قاعدہ یہ ہے ۔ جس کو یہاں پر بیان کیا جا رہا ہے ۔ اول اسم مطلوب کے نام (معہ والدہ) کے تمام حروف علیٰحدہ علیٰحدہ لکھیں ۔ جس کے ساتھ ارادہ محبت ، مودت اور تسخیر کا ہو ۔ اور پھر لفظ جذب یا محبت کے تمام حروف علیٰحدہ علیٰحدہ لکھیں ۔ (اور اگر ارادہ نفرت ، مفارقت یا جدائی کا ہو ۔ تو لفظ عداوت یا نفرت یا مفارقت کے تمام حروف علیٰحدہ علیٰحدہ لکھیں) پھر طالب کے نام (معہ والدہ) کے تمام حروف علیٰحدہ علیٰحدہ لکھیں ۔ اب اس سطر کی تکسیر کو صدر موٴخر گردش دے ۔ جس وقت کہ زمام بر آوے ۔ چاروں گوشوں سے تکسیر کے اروں حروف کو لے لے ۔ اور بعد اور بعدہ قلب کے دو یا چار حروف بھی لے لیں ۔ پھر ان حروف کے اعداد جملِ کبیر کے استخراج کر کے ان اعداد کے حروف بنائے ۔ پھر انہیں سے ایک اسم خلیفہ کا استخراج کریں ۔ پھر ایک تصویر مطلوب کی لوحِ نقرہ پر بنائیں ۔ پھر اس تصویر کے سر پر حاصل شدہ اسمِ خلیفہ تحریر کریں ۔ اور تمام حروف گرد و پیش لوحِ مذکور کے تحریر کریں ۔ اور تمام رصد کے اعداد استخراج کر کے ایک اسم موٴکل کا بھی استخراج کریں ۔ اور اوراو پر لوح کے لکھے ۔ اور جو عناصر غالبِ تکسیر ہوں ۔ اسی عنصر میں لوح کو دفن کر دیں ۔ یا خواب گاہ یا نشست گاہِ مطلوب میں دفن کر دیں ۔ مطلوب بلا شک و شبہ ضرور حاصل ہوگا ۔ جب تک یہ لوح وہاں دفن رہے گی ۔ مسلسل اثر نفوذ پذیر رہے گا ۔ کیونکہ ! یہ قاعدہ بہت صحیح و اور بار ہا کا مجرب ہے ۔ بلکہ بہت سے اساتذہ اس قاعدے پر متفق ہیں ۔ یقیناً اس عمل میں کچھ بھی شک و شبہ نہیں ۔ جب اس کو استخراج کیا ۔ تو پہلے اسم مطلوب و طالب (معہ مادران) کا بسط کریں ۔ اور اس تکسیر کو تکسیرِ معکوس (یعنی مقلوب) کریں ۔ اور جس وقت سطرِ اول ظاہر ہو ۔ تمام تکسیر کے اعداد استخراج کر کے ایک نقشِ مثلث میں پُر کریں ۔ اور پانچ عدد جمع کر کے کل پر مزید زیادہ کریں ۔ اور قلبِ مثلث میں پُر کریں ۔ اور بعد رفتارِ اصلی مثلث کی پر کریں ۔ اور ارد گرد مثلث کے تمام حروف تکسیر کے تحریر کریں ۔ اور مکانِ مطلوب میں دفن کر دیں ۔ اور اگر ان شرائط سے تسخیرِ مخلوقاتِ حیونات یا چرند و پرند سے بھی کرے ۔ تو یہ عمل صحیح اور درست ہوگا ۔ اور ہرگز خطا نہ ہوگا ۔

جدول مستخرجہ سطور تکسیر:

کس قدر حروف کی تکسیر کتنی سطور میں ہوسکتی ہے۔ یہ ٹیبل شائقینِ تکسیرات وعملیات کی آسانی کیلئے بڑی محنت اور انتہائی جانفشانی سے تیار کیا گیا ہے۔

تعداد حروف	سطورِ تکسیر	تعداد حروف	سطورِ تکسیر	تعداد حروف	سطورِ تکسیر	تعداد حروف	سطورِ تکسیر	تعداد حروف	سطورِ تکسیر
3	3	26	26	49	15	72	14	95	95
4	3	27	20	50	50	73	42	96	48
5	5	28	9	51	51	74	74	97	12
6	6	29	29	52	13	75	15	98	98
7	4	30	30	53	53	76	24	99	99
8	4	31	6	54	19	77	20	100	33
9	9	32	7	55	36	78	26	101	84
10	6	33	33	56	14	79	52	102	10
11	11	34	22	57	44	80	33	103	66
12	12	35	35	58	14	81	81	104	45
13	9	36	9	59	25	82	20	105	105
14	14	37	20	60	55	83	83	106	70
15	5	38	30	61	20	84	78	107	28
16	5	39	39	62	50	85	9	108	---
17	12	40	28	63	7	86	86	109	---
18	18	41	41	64	7	87	6	110	---
19	12	42	08	65	65	88	29	111	---
20	10	43	29	66	18	89	89	112	---
21	7	44	12	67	36	90	90	113	---
22	12	45	12	68	34	91	60	114	---
23	23	46	10	69	69	92	18	115	---
24	24	47	37	70	46	93	40	116	---
25	8	48	25	71	61	94	18	117	---

بذریعہ دھوپ گھڑی کی ساعت معلوم کرنا : جب آفتاب نکلے۔تو ایک عدد لکڑی (لمبائی تقریباً بارہ اُنگل) کی ہموار زمین پر آفتاب کے مقابل کھڑی کر کے اور لکڑی کے سایہ کو ناپ کر مندجہ ذیل نقشہ سے معلوم کریں۔

حصہ اول علی الصباح			حصہ دوئم بعد میانہ روز		
گھنٹہ	اُنگل	ساعت	گھنٹہ	اُنگل	ساعت
2	30	2	2	10	8
3	18	3	3	18	9
4	12	4	4	3	10
5	8	5	5	36	11
6	4	6	6	40	12

رات کب گذرتی ہے، دن کب نکلتا ہے
کچھ ہوش نہیں رہتا، ذیشان اس جوانی میں

علم الجواہر و الخواتیم

☆ حضرت فاطمۃ الزہراء ؓ ، آنخضرت نبی کریم ﷺ سے روایت کرتی ہیں۔ کہ آپ ﷺ نے فرمایا۔ جس نے عقیق کی انگوٹھی پہنی۔ وہ مُسلسل بھلائی پر رہے گا۔ (المعجم الاوسط للطبرانی ، لسان المیزان)

اُنگشتری کی شرعی حیثیت : انگوٹھی کے حوالے سے امام المفسرین جناب عبدالرحمٰن جلال الدین سیوطیؒ سے چند استفسارات کئے گئے۔ جن کے جواب میں حضرتِ امامؒ نے ایک مُستقل رسالہ تصنیف فرمایا۔ اور اس رسالہ کا نام ''الجواب الخاتم عن السؤال الحاتم'' رکھا۔ ذیل میں چند چیدہ و چنیدہ باتوں کو لکھا جارہا ہے۔

☆ **انگوٹھی کا وزن** : آنخضرت ﷺ نے ایک شخص کو فرمایا۔ اسے (انگوٹھی کو) ایک مِثقال سے کم رکھنا۔

☆ **انگوٹھی کِس دھات سے بنی ہوئی ہو** : حضرت بریدہؓ سے روایت ہے۔ کہ! ایک شخص بارگاہِ نبوی ﷺ میں حاضر ہوا۔ اس نے پیتل کی انگشتری پہن رکھی تھی۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا! کیا وجہ ہے؟ مجھے تُجھ سے بتوں کی بدبو آرہی ہے۔ تو اس نے اس انگوٹھی کو پھینک دیا۔ دوبارہ لوہے کی انگوٹھی پہن کر آیا۔ تو آپ ﷺ نے دیکھ کر فرمایا! کیا وجہ ہے؟ میں تُجھ پر دوزخیوں والا زیور دیکھتا ہوں۔ تو اس شخص نے اسے بھی پھینک دیا۔ اور عرض گُزار ہوا۔ یارسول اللہ ﷺ! میں کس چیز کی انگوٹھی بنواؤں؟ فرمایا۔ چاندی کی بنواؤ۔ اور اسکا وزن مثقال سے کم رکھنا۔ (جامع ترمذی ، ابوداؤد)

☆ رسول اللہ ﷺ کی انگشتری مبارکہ کا نگینہ :

حضور نبی کریم ﷺ کی انگوٹھی کے نگینے کے بارے میں صحیح بُخاری کے اندر یہ کہ آپ ﷺ کی انگوٹھی کا نگینہ چاندی کا تھا۔

☆ جبکہ صحیح مُسلم میں حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ کی انگوٹھی چاندی کی تھی۔ اور نگینہ حبشی تھا۔ مندرجہ بالا دونوں احادیث مُبارکہ سے مُحدثینؒ نے یہ ثابت کیا ہے۔ کہ آپ ﷺ کی انگوٹھیاں ایک سے زیادہ تھیں۔ اور حبشی نگینہ کی وضاحت یوں کی گئی ہے۔ کہ وہ حبشہ کے علاقے کا ایک پتھر تھا۔ اور بعض حضرات نے کہا ہے۔ کہ وہ جزع یا عقیق تھا۔ کیونکہ یہ (پتھر یعنی نگینے) آپ ﷺ کو حبشہ کے علاقے سے لاکر پیش کئے گئے تھے۔ آگے چل کر امام سیوطیؒ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے ابن بیطار کی کتاب ''مفردات فی الطب'' میں لکھا دیکھا ہے۔ کہ وہ زبرجد کا بنا ہوا تھا۔

☆ **انگوٹھی کس ہاتھ میں** : روایات سے یہ پتہ چلتا ہے۔ کہ آنخضرت ﷺ نے دونوں ہاتھوں میں انگوٹھی زیب فرمائی ہے۔ امام نوویؒ اس ضمن میں فرماتے ہیں۔ کہ دائیں یا بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا دونوں صحیح ہیں۔ کیونکہ آپ ﷺ نے اسی طرح سے فرمایا ہے۔ بقول 9 صحابہ کرامؓ ، کہ! البتہ دائیں ہاتھ میں (اُنگشتری کا) پہننا افضل ہے۔

☆ **انگوٹھی کا نگینہ ہاتھ کے اندر یا باہر کی طرف** : ابن حاتم کہتے ہیں۔ کہ میں نے حضرت ابوزرعہؒ سے اس بارے میں اختلافِ احادیث نبویہ ﷺ کے متعلق دریافت کیا تو انہوں نے یہ کہا۔ کہ! یہ (تو) ثابت نہیں۔ لیکن دائیں ہاتھ میں آپؐ نے اکثر انگوٹھی استعمال فرمائی ہے۔


(بقول امام المفسرین و المحدثین جناب عبدالرحمٰن سیوطی الشافعیؒ)

آپ ﷺ کی انگوٹھی کا نگینہ ہتھیلی کے اندر کی طرف ہوتا تھا یا باہر کی طرف؟ تو اس سلسلے میں آپ ﷺ کے دونوں افعال ثابت ہیں۔ البتہ جن احادیثِ نبوی ﷺ میں نگینے کا اندر کی ہونا مذکور ہے۔ وہ صحیح اور تعداد میں زیادہ ہیں۔ لہٰذا نگینہ اندر کی طرف رکھنا ہی افضل ہوا۔

پتھروں کی تاثیرات معلوم کرنے کے لئے مجرب طریقہ حاضرات (حاضرات الحجر)

اس عمل کو بہت سارے مصنفین نے اپنی کتابوں کی زینت بنایا۔ مگر ہم یہاں پر کاش البرنیؒ والے طریقے کا ذکر کریں گے۔ جو کہ انتہائی مجرب اور مستند طریقہ ہے۔ جب کوئی شخص کوئی بھی پتھر (نگ) مثلاً الماس، نیلم، یاقوت، زمرد، عقیق، فیروزہ یا لاجورد بازار سے یا پھر کسی دوست سے خرید کر لائے۔ تو اگر یہ واقعی کوئی نگ ہوگا۔ تو اِسے جانچنے اور جاننے کے لئے کہ یہ نگ فائدہ مند ہوگا؟ یا نقصان دہ؟ یا یہ کہ نہ فائدہ مند اور نہ ہی نقصان دہ۔ یا پھر یہ کہ یہ پتھر کس قسم کی صفات و برکات کا حامل ہے؟ اس امر کو جاننے اور جانچنے کے لئے **حاضرات الحجر** کی جاتی ہے۔ جس کا طریقہ یہ ہے۔ کہ ایک سفید موٹا کاغذ جس کو عرفِ عام میں ''سکول چارٹ'' کہتے ہیں۔ جس کے اندرونی دائرہ کا قطر ڈھائی سے ساڑھے تین انچ تک ہو۔ اس سے کم یا زیادہ نہ ہو۔ تمثیلاً اس مذکورہ عمل میں دائرہ بنادیا گیا ہے۔ اب زوال کے اوقات سے بچتے ہوئے دو رکعات **صلوٰۃ الاستخارہ** بہ نیت **حاضرات الحجر** پڑھیں۔ پھر **سورۃ یٰسین** ایک مرتبہ پڑھ کر نگ کو چارٹ پر بنے ہوئے دائرہ کے عین وسط میں رکھ دیں۔ اور پھر نگ پر انگشت شہادت کو آہستہ سے رکھیں۔ تاکہ اگر نگ حرکت کرے۔ تو آسانی سے حرکت کر سکے۔ اور آپکی انگلی رکاوٹ نہ بن سکے۔ کیونکہ نگ کو انگلی صرف مَس ہونی چاہیے۔ اب آہستہ آہستہ بلا تعداد یہ عبارت پڑھتے جائیں۔ **وَاِنَّہٗ مِنۡ سُلَیۡمٰنَ وَاِنَّہٗ لَیۡسَ لَھَا مِنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ کَاشِفَۃ**۔ تو چند منٹوں کے بعد نگینہ میں خود بخود حرکت پیدا ہوگی۔ اور حرکت کرتے ہوئے نگینہ کسی ایک یا بہت سے خانوں میں جائیگا۔ اب عامل کو چاہیے۔ کہ جس جس خانہ میں نگ جاتا جائے۔ عامل ایک ایک کر کے کسی کاغذ پر لکھ (**Note**) کر وہ وہ تمام خانے فوراً بھرتا جائے۔ کیونکہ اس نگینہ کی کچھ نہ کچھ تاثیرات ضرور ہوں گی۔ اگر نگ حرکت نہ کرے۔ تو وہ مالک کو کوئی فائدہ یا نقصان نہ دے گا۔ یاد رہے۔ کہ نگ کا وزن کم از کم 25 رتی یا اس سے زیادہ ہونا چاہیے۔ اور اگر بہت سے نگوں کی تاثیرات معلوم کرنا مقصود ہوں۔ تو تمام نگوں کے لیے نماز استخارہ اور سورہ یٰسین تو ایک بار


پڑھیں گے۔البتہ ہرایک نگ کا امتحان انفرادی طور پر کیا جایئگا۔اگر یہ عمل تنہائی میں کیا جائے۔تو زیادہ بہتر ہوگا۔بہرحال ! حاضرات الحجر کا نقش یہ ہے۔



خاتم لطیفی برائے تسخیر : (اَز فقیر غلام الرسول میمن ناشادؒ) : ستارے کی منسوبہ دھات پر اس ستارے کے بخور کو جلا کر اور اسمائے عظام کو ان کی تعداد ذیل کے مطابق نقش کو انگشتری پر نقش (یعنی کندہ) کریں کوشش کریں کہ منسوبی سیارہ افق شرقی پر طلوع ہو بصورت دیگر اس ستارے کی ساعت میں ہی نقش کریں اس کے اوپر کی طرف اسمائے عظام اور نیچے کی طرف خادم کا اسم لکھیں۔جیسا کہ درج ذیل جدول میں دیا گیا ہے۔

ستارہ	خادم ستارہ	منسوبہ اعداد	اسمائے عظام	تعداد ورد	منسوبہ بخورات
زحل	کسفیائیل	8	فتاح۔رزاق	888	رال
مشتری	صرفیا ئیل	3	کبیر۔متعال	333	صندل سرخ
مریخ	سمسما ئیل	0 - 9	مالک۔قدوس	999	سندروس
شمس	روقیا ئیل	1 - 4	حی۔قیوم	1000	عود سیاہ
زہرہ	عینیا ئیل	6	کافی۔غنی	666	زعفران
عطارد	نوائیل	5	علی۔عظیم	555	مصطلگی
قمر	شد حا ئیل	2-7	رحمٰن۔رحیم	777	لوبان

اس نوادراتی عمل کا ایک **تمثیلی خاتم** مندرجہ ذیل ہے۔جو عامل اس خاتم کو سمجھ گیا تو وہ واقعتاً عامل ہوگا۔



یہ عمل اپنی نوعیت کا ایک ایسا مجرب ومنفرد عمل ہے کہ جس کی کوئی مثال نہیں، یہ ایک انگشتری کا عمل ہے اور یہ انگشتری ہر شخص کے منسوبی سیارے کے شرف واوج ،فرح یا سعد اوقات میں تیار کی جاتی ہے۔مگر اس صورت میں کہ اس شخص کے نام کے مفرد اعداد **6,5,4** نہ ہوں یہ بدقسمتی سے ان کے کام کی چیز نہیں۔(یاد رہے۔کہ) یہ انگشتری تسخیر کے لئے مؤثر ترین ہے اس انگشتری کو کسی خاص وقت (موقع) پر ہی پہنیں ،خواہ مخواہ کی باتوں میں تماشہ نہ بنائیں عام وقت میں کسی ڈبیا میں موم کی تہوں میں پڑی رہے۔جب اور جس وقت کام ہو اسمائے عظام کو تعداد کے مطابق پڑھ کر انگشتری پہن لیں پھر خادم کو انہیں اسماء کا واسطہ دے کر مطلب برآری کے لئے کہہ دیں۔انشاء اللہ تعالیٰ یہ انگشتری سلیمانی وحیدرانی سرمہ جات سے کہیں زیادہ باقوت اور پرتاثیر ثابت ہوگی ناشاد صاحبؒ فرماتے ہیں میں نے اپنی زندگی میں خواتیم کے کچھ نوادراتی اعمال پائے ہیں یہ عمل انہیں میں سے ایک ہے۔واقعتاً یہ انگشتری حضرت ناشادؒ کے نوادرات میں سے بہت ہی اعلیٰ تحفہ ہے۔

جوھرِ بروجی (Birth Stones) معه دیگر معلوماتِ ضروریه :

نمبرشمار	بروج Zodiacs	حاکم کواکب	بروج کے اوقات	منسوبی حروف	منسوبی رنگ	دھات برائے انگوٹھی	جواہرات Birth Stones
1	حمل Aries	مریخ	۲۱۔مارچ تا ۲۰۔اپریل۔	ا.ل.ع. ی. .ص	سرخ	تانبہ۔ لوہا۔	مرجان Coral
2	ثور Taurus	زھرہ	۲۱اپریل تا ۲۱مئی۔	ب.و	نیلا	پیتل۔ تانبہ۔	الماس(ہیرا) Diamond
3	جوزا Gemini	عطارد	۲۲مئی تا ۲۱جون۔	ک . ق	زرد۔سرخی مائل	پیتل۔ تانبہ	زمرد Emerald
4	سرطان Cancer	قمر	۲۲جون تا ۲۳جولائی۔	ح . ہ	سفید۔ ہلکانیلا۔	ٹِن	مروارید۔موتی Perl
5	اسد Leo	شمس	۲۴جولائی تا ۲۳اگست۔	م	سنہرا۔ اورنج	سونا۔	یاقوت Garmet
6	سنبله Virgo	عطارد	۲۴اگست تا ۲۳ستمبر۔	پ . غ	گہرازرد	ٹِن	لاجورد Lapis Lazuli
7	میزان Libra	زھرہ	۲۴ستمبرتا ۲۳اکتوبر۔	ر .ت . ط	ہلکا گلابی۔ نیلا۔	تانبہ۔ پیتل۔	سنگِ شیر Milky Stone
8	عُقرب Scorpio	مریخ	۲۴اکتوبرتا ۲۲نومبر۔	ظ.ذ. ض.ز.ن	گہراسرخ	لوہا۔ تانبہ۔	مونگا۔عقیقِ لال Agate
9	قوس agitarius	مشتری	۲۳نومبرتا ۲۲ دسمبر۔	ف	ہلکاارغوانی	ٹِن۔سونا۔ چاندی۔	پکھراج Topaz
10	جدی Capricorn	زحل	۲۳دسمبرتا ۲۰جنوری۔	ج.خ.گ	گہرانیلا۔ سلیٹی۔	سونا۔ پلاٹینیم۔	نیلم۔گومیدک Zircon
11	دِلو Aquarius	زحل	۲۱جنوری تا ۱۹فروری۔	س.ش.ص. ث.ٹ.ڈ	سیاہ۔	پلاٹینیم۔	عقیقِ یمنی۔نیلم Saphire
12	حوت Pices	مشتری	۲۰فروری تا ۲۱مارچ	د . چ	تیزسبز۔	ایلومینین۔	لاجورد Lapis Lazuli

قوت بدنی و مردانه قوت کا طلسما تی عمل :

وہ لوگ جن کے اندر خدانخواستہ مردانہ قوت، امساک کی بیماری وغیرہ کا عارضہ لاحق ہو۔ ایسے لوگوں کو چاہیے۔ کہ شرف یا اوج مریخ میں طالب کا نام معہ والدہ کے ابجد قمری استخراج کرے۔ اور ان میں حروف **ج** اور **ع** کے اعداد کے ساتھ ساتھ **1631** کا مزید اضافہ کرے۔ اب ان کو **28** پر تقسیم کر کے جو باقی بچے۔ اس کے حرف بنا کر آگے لفظ **طیش** لگا کر اس لفظ کو لوہے کی انگشتری پر کندہ کرا لے۔ بوقت حاجت اس کو پہن لے۔ وہ طالب حیران ہوگا۔ کہ اس کے خون میں قوت و بدن میں عجیب سی چستی اور مردہ رگوں میں جوش پیدا ہوگا۔ اور لطف شباب سے بھی بہرہ ور ہوگا۔ کسی کشتہ یا دوا کھانے کی قطعاً ضرورت نہ ہوگی۔

مثال : ہمیں بہادر خان کی حاجت کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک انگوٹھی تیار کرنی ہے۔ بہادر خان کے اعداد بحسابِ ابجد قمری **763** بنتے ہیں۔ والدہ کے نام شامل نہیں کئے۔ کیونکہ یہ تو ایک مثال ہے۔ اِن میں **ج** ، **ع** اور **1631** کے مجموعہ **1704** کو بھی شامل کرتے ہیں۔ کل مجموعہ **2467** ہوا۔ اَب **2467** کو جب ہم **28** پر تقسیم کرتے ہیں۔ تو **3** باقی بچے گا۔ لہذا بہادر خان صاحب کی انگوٹھی میں لکھا جانے والا لفظ ''**جطیش**'' ہوگا۔

علامہ شادگیلانی مرحوم نے اپنے مجرب عمل برائے قوتِ باہ میں **ب** اور **س** کو شامل کیا ہے۔اور آگے لفظ **ھوش** لگایا ہے۔(جیسے کہ مذکورہ بالا عمل میں لفظ طیش لگا ہوا ہے۔اور حروف **ج** ، **ع** استعمال ہوئے ہیں) باقی ترتیب اور اعداد مذکورہ بالا والے ہی ہیں۔(واللہ اعلم) شادگیلانی صاحب آگے فرماتے ہیں۔پھر یہ انگشتری دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی میں پہن لیں۔پھر آپ کو شباب کا لطف آجائے گا۔

ہر تہی مغز را چہ علم و خبر پیش او سنگ است یا جوہر

فائدہ مند نگ (پتھر) کا حصول : (مجرب عمل از غلام عباس المعروف علامہ شادگیلانی)

دنیا میں کئی شائق لوگ مختلف الاقسام پتھروں کو جمع کرتے ہیں۔یا انگوٹھی میں ڈال کر پہنتے ہیں۔یا پھر کسی جفار، منجم رمال یا ماہر علم الاعداد سے اپنی تاریخ پیدائش یا اپنے نام کے سرحرف کے مطابق پتھروں کا انتخاب کرواکے بڑے ذوق وشوق سے پہنتے ہیں۔

غریبِ شہر تو فاقے سے مرگیا عارف امیر شہر نے ہیرے سے خودکشی کر لی

حضرت علامہ شادگیلانی کا مفید نگینہ کے حصول کا ایک وضع کردہ طریقہ کارحاضر خدمت ہے۔فرماتے ہیں۔کہ! میرے پاس مفید نگینے کے حصول کا ایک اعلیٰ قاعدہ موجود ہے۔اگر کسی شخص کے لئے نگینے کا مفید ہونا یا ناموافق ہونا مقصود ہو۔تو وہ شخص ایک طبعی ترازو (Physical Balance) میں نگینے کو کچے چاولوں کے برابر تول لے۔اور کچے چاولوں کو ایک پڑیا میں بند کردے۔رات کو سوتے وقت سرہانے کے ایک طرف کچے چاولوں کی پڑیا اور دوسری طرف نگینہ رکھ دیے۔اور سونے سے بیشتر درجہ ذیل عبارت صرف **100** سومرتبہ پڑھ لے۔

خداوندا مقصودم رساں زود بحق حضرت معروف کرخیؒ

اور پھر پڑھنے کے فوراً بعد (بنا کسی سے بات چیت کئے) سو جائے۔صبح جاگ کر نگینہ اور چاولوں کو پھر سے تول لے۔تو اُسے تعجب ہوگا۔کہ رات کو تو چاول اور نگینہ کا وزن برابر تھا۔مگر صبح دوبارہ وزن کرانے پر معلوم ہوگا۔کہ ان دونوں (چاولوں یا نگینے) میں سے کسی ایک چیز کا وزن غیر متوقع طور پر بڑھ چکا ہوگا۔لہذا یاد رکھیں۔کہ اگر نگینہ مفید ہوگا۔تو نگینے کا وزن بڑھ جائے گا۔اگر نگینہ نامفید (یعنی ناموافق) ہوگا۔تو چاولوں کا وزن بڑھ جائے گا۔اور اگر دونوں کا وزن مساوی ہوا۔تو اسکا مطلب یہ ہے۔کہ نگینہ نہ تو مفید ہے۔اور نہ ہی غیر مفید۔صاحب ارتکاز توجہ جناب شادگیلانی صاحب فرماتے ہیں۔کہ عجیب تماشا ہے۔اگر آپ چاہیں۔تو آزما کر دیکھ لیں۔

جدولِ غالب و مغلوب اورخواصِ اعدادِ مُتحابہ :

ہمارے باطنی استادِ محترم جناب فقیر غُلام الرسول میمن ناشادؒ کتاب مفاتیح المغالیق کے حوالے سے فرماتے ہیں۔کہ! اگر حرفِ اول اسمائے طالب ومطلوب سے اور حرفِ آخر بھی اسمائے طالب ومطلوب سے لے کر باہم امتزاج دے کر لکھیں۔کہ وفق ان حروف کا سب طرف سے برابر آئے۔اور اعدادِ حروف کو بھی پُشتِ لوح پر موافق کر کے معہ اعدادِ متحابہ لکھیں۔تو اُلفت ومحبت بین مابین میں فائدہ کثیر دے گی۔انشاء اللہ تعالیٰ۔مگر یہ شرط ہے۔کہ! قبل ازیں، اعدادِ غالب و اعدادِ مغلوب مُلاحظہ کئے جائیں۔کہ غالب کون ہے؟ اور مغلوب کون ہے؟

پس جس کے عدد مغلوب ہوں۔اس پر اعداد متحابہ زائد (220) کو اضافہ کریں۔اور جس کے اعداد غالب ہوں۔اس پر عدد متحابہ ناقص (284) کا اضافہ کریں۔تو محبت بین مابین میں تاثیر تام وفائدہ تام دے گا۔انشاءاللہ۔اور اس میں ملاحظہ غالب ومغلوب کا ہونا چاہیئے۔نہ کہ طالب ومطلوب کا۔کیونکہ ہوسکتا ہے۔کہ اسمِ طالب اسم مطلوب پر غالب ہو۔بہر حال اس مقصد وغایت کو پانے کے لئے آنے والے جدولِ غالب و مغلوب کو ہمیشہ مدنظر رکھنا چاہیئے۔تاکہ ناکامی نہ ہو۔(یادرہے۔کہ! اعداد متحابہ کا تعارف اور مختلف امور میں ان کو کام لانے کا طریقہ اسی باب میں پیچھے گذر چکا ہے) مزید تفصیل حضرت کاش البرنیؒ کی کتاب ''جذبُ القلوب'' اور حضرت غلام الرسول عائلی نقشبندی کی کتاب'' مکاشفاتِ اسرار'' سے ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔تاکہ کسی قسم کا کوئی شائبہ نہ رہے۔اور اِس ضمن میں مزید معلومات حاصل کی جاسکیں۔

طالب و مطلوب میں غالب و مغلوب معلوم کرنے کا طریقہ :

یہ طریقہ مقدمہ ابن خلدون میں اس طرح سے بیان ہوا ہے۔کہ طالب ومطلوب یا دولڑنے والے بادشاہوں کے اسماء بحسابِ ابجد قمری علیحدہ علیحدہ نکال لئے جائیں۔پھر ہر ایک کو 9 پر تقسیم کر دیا جائے۔اور باقی کو محفوظ رکھا جائے تو! ☆ اگر دونوں کے اسماء کے باقی اعداد کمیت میں مختلف ہیں۔اور دونوں زوج (جُفت) ہیں۔یا دونوں فرد (طاق) ہوں۔تو کم عدد والا غالب رہے گا۔ ☆ اگر ایک زوج ہے۔اور دوسرا فرد ہے۔تو زیادہ عدد والا غالب رہے گا۔

☆ اگر دونوں کمیت میں برابر ہیں۔اور دونوں ہی زوج ہیں۔تو مطلوب غالب رہے گا۔ ☆ اگر دونوں ہی طاق ہیں۔تو طالب غالب رہے گا۔

اسی کی وضاحت صاحب جذب القلوب نے صاحب مفاتیح المغالیق سے یوں نقل کی ہے۔کہ !

☆ اگر دونوں کے باقی فرد ہوں۔تو جو عدد قیمت میں کم ہوگا۔وہی غالب ہوگا۔ ☆ اگر دونوں کی باقی زوج ہوں۔تو جو عدد قیمت میں کم ہوگا۔وہ غالب ہوگا۔ ☆ اگر دونوں کے باقی 0 صِفر رہے۔تو جس کا خارج قسمت قیمت میں زیادہ ہوگا۔وہی غالب رہے گا۔ ☆ اگر تقسیم کے بعد دونوں عددوں میں سے یکساں فرد بچے۔یا یکساں زوج بچے۔تو فردین میں سے طالب غالب ہوگا۔اور زوجین میں سے مطلوب غالب ہوگا۔ یعنی

کہ 1 اور 1 میں سے، یا 3 و 3 میں سے، یا 5 و 5 میں سے، یا 7 و 7 میں سے اور 9 و 9 میں سے طالب غالب ہوگا۔

☆ اسی طرح زوجین میں سے جیسے کہ 2 و 2 میں سے، یا 4 و 4 میں سے، یا 6 و 6 میں سے اور 8 و 8 میں سے مطلوب ہمیشہ غالب رہے گا۔

مزید برآں یہ کہ! غالب و مغلوب کو دیکھنے کے لئے حکیم وطبیب جنابِ لُقمانؒ، فاتح سرزمینِ عرب و عجم سکندر اعظم، حکیم وطبیب جنابِ سقراط، حکیم وطبیب جنابِ بقراط، حکیم وطبیب جنابِ افلاطون، حکیم وطبیب جنابِ ارسطو، حکیم وطبیب جنابِ بوعلی سینا، حکیم و طبیب جنابِ محمد اسحاق کندی، محمد جعفر طبیب، عبداللہ ترمذی، عبدالرحمٰن ولایتی، قوشا بطوشا صاحب، شیخ عبدالحلیم، محمد فاضل، عبداللہ الحُسینی، اور دیگر کئی علماء، اطباء، حُکماء اور جُملہ علمائے عاملین و کاملین وغیرہم نے اس طریقہ کو پسندیدہ اور مجرب المجرب قرار دیا ہے۔ شاہانِ قدیم بھی اسی قاعدے سے کام لیتے تھے۔ اور اس طریقہ کو راز میں رکھتے تھے۔ کتابوں میں نقشہ اس طرح درج ہے۔

اعدادِ مغلوب				اعدادِ طالب	اعداد غالب			
9	7	5	3	**1**	8	6	4	2
1	8	6	4	**2**	9	7	5	3
2	9	7	5	**3**	1	8	6	4
3	1	8	6	**4**	2	9	7	5
4	2	9	7	**5**	3	1	8	6
5	3	1	8	**6**	4	2	9	7
6	4	2	9	**7**	5	3	1	8
7	5	3	1	**8**	6	4	2	9
8	6	4	2	**9**	7	5	3	1

اس جدول کو بغور مطالعہ کرنے سے یہ نتیجہ اُخذ کیا جاسکتا ہے۔ کہ عدد 1 بمطابقِ جدول 9,7,5,3 پر غالب ہے۔ اور عدد 1 بمطابق جدول 8,6,4,2 پر مغلوب ہے۔ یعنی کہ 1 عدد پر غالب اعداد اس جدول کی راست جانب ہیں۔ اور عدد 1 پر مغلوب اعداد اس جدول کی چَپ جانب ہیں۔ یا اسے ہم یوں کہیں گے۔ کہ سیدھی طرف کے اعداد وسط پر غالب ہیں۔ اور وسط مغلوب ہے۔ اور اُلٹی طرف کے اعداد وسط سے مغلوب ہیں۔ اور وسط ان پر غالب ہے۔

رنگ ہو یا خشت و سنگ، چنگ ہو یا حرف و صوت
معجزہء فن کی ہے، خونِ جگر سے نمود

لوحِ حیات و ممات کے کثیر فوائد :

یہ طریقہ حضرت شیخ ابوالعباس احمد بن علی قرشی بونیؒ کا مجرب المجرب طریقہ ہے۔

☆ اگر یہ معلوم کرنا ہو کہ مریض صحت یاب ہوگا۔ یا نہیں؟ ☆ مسافر یا گریختہ واپس آئے گا۔ یا نہیں؟

☆ دو فریق میں ایک اہم مقدمہ یا جھگڑا ہے۔ کہ کون سا فریق جیتے گا؟ ☆ حاکم وقت حکومت میں رہے گا۔ یا نہیں؟

☆ حاملہ کو بچہ ہوگا۔ یا بچی؟ ☆ پیدا ہونے والا بچی یا بچہ زندہ رہے گا۔ یا نہیں؟

☆ میاں یا بیوی میں پہلے کون مرے گا۔ میاں یا بیوی؟ ☆ شوہر و زوجہ میں اتفاق ہوگا۔ یا نہیں؟

اسی طرح دیگر بھی کئی امور کو لوحِ حیات و ممات میں بآسانی دیکھا اور معلوم کیا جا سکتا ہے۔

28	26	23	22	20	19	17	16	14	13	11	7	3	2	1	لوحِ حیات
30	29	27	25	24	21	18	15	12	10	9	8	6	5	4	لوحِ ممات

لوح حیات یا ممات سے کسی بھی امر مخفی یا مقصد کو جاننے کا طریق :


مریض مع والدہ کے اعداد بحسابِ ابجد قمری حاصل کر کے ان اعداد میں 20 اعداد قانون کے بھی شامل کرلیں۔ اور قمری ماہ (یعنی چاند) کی جو بھی تاریخ ہو وہ عدد بھی شامل کر کے پھر 30 پر تقسیم کرلیں۔ جو عدد باقی رہے۔ اس کو لوحِ حیات یا لوحِ ممات میں دیکھیں۔ اسی طرح تمام مقاصد میں ''ہاں'' کے لئے لوحِ حیات اور ''نہیں'' کے لئے لوحِ ممات کے اعداد آئیں گے۔

دہ یار بہشتی اند قطعی
بوبکرؓ و عمرؓ، علیؓ و عثمانؓ
سعدؓ است و سعیدؓ، بُوعبیدہؓ
طلحہؓ است و زبیرؓ، عبدالرحمانؓ

فضائلِ رجالُ الغیب مع دُعائے رجال الغیب و نقشہ رجال الغیب :

شیخ ابو العباس احمد بن علی بونی قرشیؒ نے اپنی کتاب منبع اصول الحکمۃ میں ، حضرت شیخ اکبرمحی الدین ابن عربی اندلسیؒ نے اپنی کئی تصانیف میں ، حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ نے جواہرخمسہ میں ، میرے پیرو مرشد کی کئی تصانیف میں اور پاک و ہند کے بہت سے مُصنفین بالخصوص عاملین نے اپنی اپنی کُتب میں یہ دُعا اور نقشہ تاریخ ہائے رجال الغیب مع سمت تحریر کیا ہے ۔

رجال الغیب دراصل مَردانِ خُدا ہیں ۔ جو عامل کی حرکات وسکنات میں دخیل ہوتے ہیں ۔ اور یہ اعمالِ روحانی پرحُکمراں ہیں ۔ چونکہ یہ ہروقت زمین کے گرد چکر لگاتے رہتے ہیں ۔ اسی لئے ان کی تاریخیں مُقرر ہیں ۔ جُملہ اعمالِ خیر وشر میں سمت رجال الغیب کا لازمی خیال رکھا جائے ۔ جس سمت میں رجال الغیب ہوں ۔ کھڑے ہوکر دایاں ہاتھ سینے پر رکھ کرنہایت مؤدب ہوکراول 3 یا5 یا7 مرتبہ اِن کوسلام کہے ۔ (سلام سے مُراد دُعائے رجال الغیب ہے) پھران کو پُشت کر کے یا پھران کو بائیں جانب رکھ کراعمال ،عملیات ، چلہ کشی وغیرہ کرے ۔ یا پھرتعویزات لکھے ۔ اگررجال الغیب سامنے یا دائیں جانب ہوں گے ۔ تو عامل کا عمل مثل مقناطیس صلب ہو جاتا ہے ۔ عمل کی تاثیر کے بجائے عامل سخت قسم کی رُجعت کا شکار ہو جاتا ہے ۔ یاد رہے ۔ کہ رجال الغیب کی روزانہ کی سمتی تبدیلی قمری تاریخوں پر ہوں گیں ۔ اور چاند کی تاریخ (قمری تاریخ) غروبِ شمس وطلوعِ قمر یعنی کہ مغرب سے ہی شروع ہو جاتی ہے ۔ دُعائے رجال الغیب معہ نقشہ یہ ہیں ۔



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا رِجَالَ الْغَيْبِ o اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَيَّتُهَا الْاَرْوَاحِ الْمُقَدَّسَةِ اَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ وَّانْظُرُوْنِيْ بِنَظْرَةٍ اَجِيْبُوْنِيْ بِدَعْوَةٍ. يَارُقَبَآءُ وَيَا نُقَبَآءُ وَيَا نُجَبَآءُ وَيَا بُدَلَآءُ وَيَا اَوْتَادَ الْاَرْضِ وَيَا اَقْطَابِ وَيَا قُطْبُ الْاَقْطَابِ اَغِيْثُوْنِيْ بِغَوْثَةٍ اُمْدُدُنِيْ فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ (حاجت کا نام) سَلَّمَكُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ بِحَقِّ سَيِّدِ نَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ o بِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ o

استخراجِ شمس در برج :

مثلاً کسی شخص نے سوال کیا ۔ کہ 22 ۔ اپریل کو آفتاب کِس برج میں کتنے درجہ پر ہوگا ؟

جواب کے حصول کے لئے ہمیں سب سے پہلے یہ یاد ہونا چاہیئے ۔ کہ کون سا عیسوی مہینہ اور برج کا دورانیہ کتنے ایام پر مشتمل ہے ؟ لہٰذا اس ٹیبل (جدول) کو لازمی یاد رکھیں ۔

ماہ عیسوی	جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر
تعدادِ ایام	31	28	31	30	31	30	31	31	30	13	30	31
اسمائے بروج	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
تعدادِ ایام	29	30	30	31	31	32	31	31	31	30	30	29

اب جنوری کے مہینے سے. 22 اپریل تک ایام شمار کریں ۔ جیسے کہ جنوری کے 31 ،فروری کے 28 ، مارچ کے 31 ۔ اوراپریل کے 22 ایام ۔ ان تمام کوجمع کریں ۔ 31 + 28 + 31 + 22 = 112 ۔ اب ان اعداد میں 10 اعداد قانون کے جمع کئے ۔ تو کل مجموعہ 122 ہوا ۔

اب برج جدی سے اُسی طرح گنتا شروع کریں ۔ جدی کے 29 ، دلو کے 30 ، حوت کے 30 ۔ اور حمل کے 31 ہیں ۔ ان تمام کو بھی جمع کریں ۔ 29 + 30 + 30 + 31 = 120 ۔ اب عیسوی ماہ کے حاصل شدہ مجموعہ میں سے بروجی ماہ کے مجموعہ کو مِنہا کریں ۔ 122 - 120 = 02 ۔ چونکہ دوسرا برج ثور ہے ۔ تو یہ 2 عدد ثور کے ہوئے ۔ پس اس حسابی عمل سے معلوم ہوا ۔ کہ 22 ۔ اپریل کو آفتاب برج ثور کے 2 (یعنی دوسرے) درجہ پر ہوگا ۔

اور اس کا کلیہ یہ ہے کہ ! حسابِ یونانی سے 20 مارچ کو آفتاب برج حمل کے پہلے درجے پر آتا ہے ۔ اور اس برج میں 21 ۔ ایام تک قیام کرتا ہے ۔ اور پھر ہر برج میں مذکورہ جدول کے مطابق مقررایام تک ٹھہرے رہتا ہے ۔ اسی طرح آفتاب ایک سال کا دورہ پورا کرتا ہے ۔ اگر 20 مارچ سے بھی شمار کیا جائے ۔ تو بھی آفتاب کا قیام معلوم کیا سکتا ہے ۔ **واللہ اعلم ۔۔**

جفر الجا مع لکھنے کا مختصر طریق:

اگر کوئی شخص ابجدِ قمری یا ابجدِ شمسی ، یا حروفِ نورانی یا حروفِ صوامت کو بطرزِ جفر الجامع لکھ لے ۔ تو ایسا شخص کثیر الاقسام فیوضات و برکات کا حامل ہو جاتا ہے ۔ اور اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو علم الحروف ، علم الاعداد اور علمِ لدنی کے فہم و ادراک اور شناسائی سے نوازتا ہے ۔ یہ بات بارہا تجربے سے بھی ثابت ہو چکی ہے ۔ جفر الجامع کے لکھنے کا طریقہ پیچھے اسمِ اعظم والے باب میں تفصیلاً دیا جا چکا ہے ۔ شائقین حضرات وہاں سے دیکھ کر استفادہ کر سکتے ہیں ۔

نقش بھرنے کے مُتعلق جناب عائلی صاحب کی عظیم الشان تحقیق:

ہمارے دوست اور اُستاد جنابِ محترم **غُلام الرسول عائلی نقشبندی** صاحب نے اس ضمن میں سیر حاصل بحث فرمائی ہے ۔ جو کہ نقوش کے سلسلے میں انتہائی اہم ہے ۔ آپ جناب نے اپنی کتاب **مکاشفات اسرار** کے حصہ دوئم میں **الواح الجواهر فی مُبحث علمُ الاوفاق** میں اپنی تحقیق کے دوران مثالیہ طور پر **786** کا نقش بنایا تھا ۔ حضرت (عائلی بھائی) فرماتے ہیں ۔ کہ میں نے نقوش کے مزید قوانین کو سمجھنے کے لئے دماغ سوزی کی تھی ۔ انہی باتوں کے پیشِ نظر ماہنامہ فلکیات 98 کے رسالہ میں مَیں نے کہا تھا ۔ کہ کامل نقش مساحت کا ہی ہوتا ہے ۔ دلچسپی کی بات تو یہ ہے ۔ کہ ! 98ء میں ہی حُسنِ اتفاق سے مجھے **عبدالفتاح السید الطوخی** کی تحریر مل گئی ۔ عائلی صاحب مزید فرماتے ہیں ۔ کہ میرے اور آپ کے درمیان خُدا گواہ ہے ۔ کہ اپریل 98ء سے پہلے اس ضمن میں کسی بھی مُعلمِ روحانی کی تحریر نہیں دیکھی ۔ اور یہ اس لئے کہا ۔ کہ بات چونکہ تحقیق کی تھی ۔ اور میں اتنا کم ظرف نہیں ۔ کہ دوسروں کی تحقیق کو اپنے آپ سے منسوب کرنے کا بارِ گناہ اُٹھاؤں ۔ آگے چل کر عائلی صاحب الطّوخی الفلکی کی مثال دیتے ہوئے فرماتے ہیں ۔ کہ انہوں نے تو صرف اور صرف مثال دی ہے ۔ اس کے بعد مُختلف جہات سے اپنی (عائلی صاحب کی) تحقیق آگے پیش کرتا ہوں ۔ الطّوخی الفلکی صاحب اپنی کتاب **علوم الارصاد والروحانی** کے جُزو ثانی کے صفحہ نمبر 132 پر رقمطراز ہیں ۔ کہ !

نزول اسم اللہ فی المثلث علی الطریقة الخاطئة والصحیحة :

21	26	19
20	22	24
25	18	23
66	66	66
اللہ	**اللہ**	**اللہ**

الطریقة الخاطئة (العمل الخاطئی) :

الجُملة 66 **الأس** 12 **الباقی** 54 **ثلثة** 18
وهو المفتاح . **الطریقة الصحیحة**

6	12	4
5	7	10
11	3	8

22 + 22 + 22 = 66 **(اللہ)**

العمل الصحیح : **الجُمله** 66 **ثلثها** 22 **الأس** 12 **الباقی** 10
وهو المفتاح والباقی عدد واحد یزاد فی البیت الجبر وهو بیت 7 فی المُثلث.

یہاں پر الطّوخی الفلکی کا بیان ختم ہوتا ہے ۔ اس سے آگے انہوں نے مثلث سے اثناءعشر نقوش کے عدد طرح و بیوت کسور کا حساب دیا ہے ۔ جو کہ عموماً مروجہ ہے ۔ آگے چل کر مُحترم عائلی صاحب فرماتے ہیں ۔ کہ علم الاوفاق میں آج تک ایک اور بھی عظیم ترین غلطی یہ بھی رہتی آئی ہے ۔ کہ ان کی مروجہ چالیں خاص (خالص) چالیں نہیں ہیں ۔ یہ پُر کھنے کے لئے نقوش کی کون سی چال عددی گردش میں صحیح ہے ۔ اس کو سمجھنے کے لئے ایک قاعدہ دیتا ہوں ۔ جس پر اگر غور کریں گے ۔ تو آپ ایک کامل نقش کو درست طور سے پُر کر پائیں گے ۔ واضح ہو کہ جو بھی نقش مطلوب ہو ۔ یا تمام نقوش کی درست چالیں کرنا منظور ہوں ۔ تو پہلے نقش کو ابجدی حروف سے دیکھا جائے گا ۔ وہ اس طرح کہ سرلوح کا جو ضلع ہے ۔ اس میں ا ۔ ب ۔ ج ۔ د ۔ ہ ۔ و ۔ ز ۔ ح ۔ ط ۔ ی ۔ ۔ ۔ **علیٰ هذا القیاس** پُر کیا جائے ۔ پھر انہی حروف کو نقش کی چال سے گردش میں دیا جائے ۔ اب طول ، عرض ، عُمق اور قوس میں بغور دیکھا جائے گا ۔ کہ ان تمام خانوں میں کسی ضلع میں مکررات تو نہیں آتے ۔ اگر آتے ہیں ۔ تو نقش ناقص ہے ۔ اور اگر نہیں آتے ۔ تو نقش یقیناً کامل ہے ۔ اور جن نقوش میں یہ قانون لاگو نہیں ہوتا ۔ تو ان کا شُمار ناقص نقوش میں کیا جائے گا ۔ **واللہ اعلم بالصواب** ۔ اللہ تعالیٰ ہم سب شائقین کے ادراک کھولے ۔ آمین ۔ **وماتوفیقی الاباللہ**۔

اصول الثمانیہ (مُفتاح و مُغلاق ۔ ۔ ۔) کی تفصیل و طریقہ:

مفتاح کے طریقہ سے مؤکل واعوان وضع کر کے اس عمل کی عزیمت تیار کریں۔ پھر اس عزیمت کو نقش کے نیچے لکھا بھی جاتا ہے۔ اور پڑھا بھی جاتا ہے۔ پھر اس کو حسبِ طریقہ استعمال میں لایا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے نقش میں قوت پیدا ہو جاتی ہے۔ اور یہ وہ قاعدہ ہے۔ کہ جس سے مؤکلانِ قضائے حاجت کا ادراک حاصل ہوتا ہے۔ جو تعویذ یا نقش کے تحت کاربستہ ہوتے ہیں۔ سب سے پہلے تو نقش کے خاص مقامات کے نام یاد کرلیں۔ اس مثلث کو مدنظر رکھیں۔

4	9	2
3	5	7
8	1	6

☆ **مفتاح**: نقش کے تمام خانوں میں جس خانہ کے اعداد سب سے کم ہوتے ہیں۔ جیسے کہ! 1 (پہلا خانہ) ☆ **مغلاق**: نقش کے تمام خانوں میں جس خانہ کے اعداد سب سے زیادہ ہوتے ہیں۔ جیسے کہ! 9 (آخری خانہ) ☆ **عدل**: مفتاح و مغلاق کے مجموعہ کو عدل کہا جاتا ہے۔ جیسے کہ! (پہلا خانہ + آخری خانہ) 1+9=10 ☆ **وفق**: ایک طرف کے ضلع کے عدد کو وفق کہا جاتا ہے۔ سب سے بالائی لائن، 2+9+4=15 ☆ **مساحت**: تمام خانہ جات کے مجموعی عدد کو مساحت کہتے ہیں۔ 45 ☆ **ضابطہ**: وفق اور مساحت کے مجموعہ کو ضابطہ کہا جاتا ہے۔ 60 ☆ **غایت**: ضابطے کے دوگُنا کو غایت کہا جاتا ہے۔ 120 ☆ **اصل**: مغلاق اور غایت کے حاصل ضرب کو اصل کہا جاتا ہے۔ **9 x 120 = 1080** لیکن عملیات کے ساتھ ظلم اور افسوس کی بات تو یہ ہوئی ہے۔ کہ ہم لوگ وفق کے ذریعے نقوش ترتیب دیتے ہیں۔ حالانکہ اس قانون کے مطابق مساحت کے اعداد کو لے کر نقش بنانا چاہیئے۔ یاد رہے۔ کہ اُصول ثمانیہ والا طریقہ زیادہ سریع الاثر اور قابلِ اعتماد طریقہ ہے۔ لیکن اِس طرف بہت ہی کم توجہ دِی گئی ہے۔ جِس میں مَیں خود بھی مجرم اور قابلِ گرفت ہوں۔

نقش بھرنے کی ترتیبات و ترکیبات:

علمائے عاملین نے نقوش بھرنے کے جو اصول و قواعد تحریر کے مبادیات کی مختصر مگر جامع تفصیل ناظرین و شائقینِ روحانیات کی خدمت اقدس میں یہاں پیش کی جارہی ہے۔ کیونکہ! عاملین اور شائقین حضرات کے لئے نقوش پر کرنے کے لئے مندرجہ ذیل پانچ باتوں کا جاننا انتہائی ضروری قرار دیا گیا ہے۔

اعدادطبعی ۔ اعدادطرح ۔ عددتقسیم ۔ عددکسر ۔ خانہ کسر۔ یاد رہے کہ تمام نقوش چاہے۔ وہ مثلث ہوں۔ یا مربع، مخمس، مسدس، مسبع، مثمن، متسع، معشر ہو یا **100x100** ہوں۔ جملہ نقوش بھرنے کے لئے قوانین و قواعد ایک ہی ہیں۔ جِن کی مختصر مگر جامع تفصیل یہاں پیش کی جارہی ہے۔

اعداد طبعی :۔ نقش مثلث کے کل نو خانے (3x3) ہیں ایک بڑھایا "10" ہوئے۔ اب "10" کا نصف "5" ہوا۔ اب اس 5 کو 3 سے ضرب دیا۔ تو یہ "15" ہوئے۔ لہذا مثلث کے اعداد طبعی 15 ہوئے۔ **اعداد طُرح** : مثلث کے کل خانے 9 ہیں۔ ایک کم کیا۔ تو 8 ہوئے۔ اب 8 کا نصف 4 ہوا۔ اس 4 کو 3 سے ضرب دیں۔ ۳ × 4 = 12۔ لہذا مثلث کے اعداد طُرح 12 ہوئے۔ **اعداد تقسیم** : نقش کے ایک ضلع میں جس قدر خانے ہوں۔ وہ عدد دراصل عدد تقسیم ہی ہوتا ہے۔ جیسے کہ نقش مثلث کا عدد تقسیم 3 ہے۔ **عدد کسر** :. عدد تقسیم کو حاصل شدہ عدد پر تقسیم کرنے سے اگر کچھ بچے۔ تو اسے **عددِ کسر** کہتے ہیں۔ **خانہ کسر** :. مثلاً مثلث کا عددِ کسر 2 ہے۔ اب کسر x ضلع، یعنی 6=2x3 چونکہ مثلث کے کل خانے 9 ہوتے ہیں۔ ان میں ایک۔ 1۔ کا اضافہ کیا۔ تو 10 ہوئے۔ جب 10 میں سے 6 کو تفریق کیا۔ تو باقی 4 بچا۔ لہذا خانہ کسر 4 ہوا۔ نقش، ستارہ، جُملہ خانے، اعدادِ طبعی، طُرح، تقسیم اور خانہ کسر کو پُر کرنے کے لئے مندرجہ ذیل جدول یہاں پیشِ خدمت ہے۔ اگلے صفحہ پر اعدادِ تقسیم کے بعد کسر کے خانے ترتیب وار 9-1 دیئے گئے ہیں۔

نقش	ستارے	جملہ خانے	اعدادِ طبعی	اعدادِ طُرح	اعدادِ تقسیم	1	2	3	4	5	6	7	8	9
مثلث	قمر	3 x 3	15	12	3	7	4	☆	☆	☆	☆	☆	☆	☆
مربع	عطارد	4 x 4	34	30	4	13	9	5	☆	☆	☆	☆	☆	☆
مخمس	زہرہ	5 x 5	65	60	5	21	16	11	6	☆	☆	☆	☆	☆
مسدس	شمس	6 x 6	111	105	6	31	25	19	13	7	☆	☆	☆	☆
مسبع	مریخ	7 x7	175	167	7	43	36	29	22	15	8	☆	☆	☆
مثمن	مشتری	8 x 8	260	252	8	57	49	41	33	25	17	9	☆	☆
متسع	زحل	9 x 9	369	360	9	73	64	55	46	37	28	19	10	☆
معشر	قمر	10x10	505	495	10	91	81	71	61	51	41	31	21	11

نقش مثلث : یہاں پر ہم تمثیلاً اسم ذات ''اللہ'' کا نقش مثلث بھرنے کی سعی کرتے ہیں۔ تاکہ سمجھنے میں اور نقش پُر کرنے میں آسانی ہو۔
اسم ذات اللہ کے اعدادِ قمری 66 (اللہ۔ا۔ل۔ل۔ہ۔ اعدادِ قمری۔66=5+30+30+1) ہوتے ہیں۔
اسم ذات اللہ کے اعداد 66۔ مثلث کے اعداد طُرح 12۔ 66-12=54
اب حاصل 54 کو مثلث کے اعدادِ تقسیم 3 سے تقسیم کریں گے۔ 54÷3=18 اب ہمارے پاس حاصل قسمت 18 آیا۔
لہٰذا اب ہم نقش مثلث کے پہلے خانہ میں 18 سے چال شروع کریں گے۔ یہاں ہم خاکی چال لیتے ہیں۔

اسمِ ذات ''اللہ'' کا نقش


21	26	19
20	22	24
25	18	23

خاکی نقش مثلث کی چال

4	9	2
3	5	7
8	1	6


یہ بات ہمیشہ ذہن نشین رہے۔ کہ! نقش کے اندر چال کے مطابق چھوٹے ہندسے (Figure) سے شروع کرنا ہوتا ہے۔
اور تعویذات مثلث میں خاکی چال بہت زیادہ مستعمل ہے۔ حضرت کاش البرنیؒ مرحوم نے **عامل کامل** حصہ دوم میں **دعوت برھتیہ** اور نقش مثلث کو ایک دوسرے کے لئے لازم اور ملزوم قرار دیا ہے۔ یاد رہے۔ دور قدیم کے عاملین مثلث کی خاکی چال کو نقش غزالیؒ اور خاتم سلیمانیؑ سے تعبیر کرتے ہوئے اپنے جمیع امور میں نقش مثلث ہی سے کام لیا کرتے تھے۔

مثلث نقش کی چالیں:



یاد رہے۔ کہ مثلث کی نقش خاکی بہت زیادہ مستعمل ہے۔ اسے نقشِ غزالی یا خاتمِ سلیمانی بھی کہا جاتا ہے۔

مربع نقش کی چالیں:



یاد رہے۔ کہ مربع کی نقش آتشی بہت زیادہ مستعمل ہے۔ اور سب سے کم مربع کی دائرہ چال ہے۔

نقش مربع : یہاں پر ہم تمثیلاً اسم پیغمبر آخر الزماں ﷺ '' محمد '' کا نقش مربع بھرنے کی بھی کوشش کرتے ہیں۔

اسم ذات اللہ کے اعداد 92۔ مربع کے اعداد طرح 30۔ اب 92 - 30 = 62 اِس 62 کو مربع کے اعدادِ تقسیم 4 سے تقسیم کریں گے۔ 62/4 = 15.5 اب ہمارے پاس حاصل قسمت 15 آیا۔ باقی 2 بچے۔ لہذا خانہ نمبر 9 اِس نقشِ مربع کا خانہ کسر ہوگا۔ تب جا کر یہ نقش درست طریقے سے پُر ہوگا۔ لہٰذا اب ہم نقش مربع کے پہلے خانہ میں 15 سے چال شروع کریں گے۔

آتشی نقش مربع کی چال

8	11	14	1
13	2	7	12
3	16	9	6
10	5	4	15

اسمُ النبی کریم '' **محمد** '' کا نقش

22	26	29	15
28	16	21	27
17	31	24	20
25	19	18	30

مربع نقش کی عمومی چالیں :-

مختلف کتب میں کچھ عمومی یعنی سادہ نقوش دیئے گئے ہوتے ہیں۔ جن کی چال کا پتہ نہیں چلتا۔ لہذا اُن کا طریقہ بھی یہاں لکھا جاتا ہے۔

نقش مثالی

ح	و	د	ب
ب	ح	و	د
د	ب	ح	و
و	د	ب	ح

نقش کی چال

13	9	5	1
2	14	10	6
7	3	15	11
12	8	4	16

نقش مثالی

ب	ب	ب	ب
ب	ب	ب	ب
ب	ب	ب	ب
ب	ب	ب	ب

نقش کی چال

4	3	2	1
5	6	7	8
12	11	10	9
13	14	15	16

مخمس نقش کی چالیں:

مخمس کی چالیں

معتدل الدور چال

۷	۱۳	۱۹	۲۵	۱
۲۰	۲۱	۲	۸	۱۴
۳	۹	۱۵	۱۶	۲۲
۱۱	۱۷	۲۳	۴	۱۰
۲۴	۵	۶	۱۲	۱۸

معتدل چال

۹	۲	۲۵	۱۸	۱۱
۳	۲۱	۱۹	۱۲	۱۰
۲۲	۲۰	۱۳	۶	۴
۱۶	۱۴	۷	۵	۲۳
۱۵	۸	۱	۲۴	۱۷

غیر معتدل چال

۵	۲۲	۸	۷	۲۳
۲۱	۴	۱۸	۳	۱۹
۱۶	۱۱	۱۲	۲۵	۱
۹	۱۳	۱۷	۲۴	۲
۱۴	۱۵	۱۰	۶	۲۰

معلق چال

۷	۲۲	۵	۸	۲۳
۶	۱۲	۱۱	۱۶	۲۰
۲۵	۱۷	۱۳	۹	۱
۲۴	۱۰	۱۵	۱۴	۲
۳	۴	۲۱	۱۸	۱۹

تسلسل الدور چال۔

۲۵	۱۹	۱۳	۷	۱
۸	۲	۲۱	۲۰	۱۴
۱۶	۱۵	۹	۳	۲۲
۴	۲۳	۱۷	۱۱	۱۰
۱۲	۶	۵	۲۴	۱۸

حکیم سنائیؒ فرماتے ہیں۔ کہ!

آسمان ہست در ولایتِ جان   کار فرمائے آسمان جہان

در رہِ روحِ پست و بالا است   کوہ ہائے بلند و دریا ھا است

(جان کے ملک و ولایت میں بہت سے آسمان ہیں۔ جو کہ اس دنیا جہاں کے آسمان میں کارفرما ہیں۔ اور روح کے راستے میں بہت سے نشیب وفراز ہیں۔ اور بہت سے بلند و بالا پہاڑ اور بڑے بڑے دریا ہیں)

اصراف | حصار و اصراف | یا حی یا قیوم

دُعاو حصار منقول و منسوب از پیرانِ پیرؓ:

نمبر 1۔ حضرت پیر سید طاہر علاؤ الدین جیلانی بغدادیؒ اپنی کتاب تذکرہ قادریہ میں اس دعا (حصار) کے متعلق فرماتے ہیں۔کہ! اگر کوئی شخص صبح وشام تین تین مرتبہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھا جائے۔تو (وہ شخص) اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ہر مصیبت و بلا سے محفوظ رہے گا۔(کیونکہ! یہ دعائیہ حصار درحقیقت) حضرت غوثِ پاکؒ کے اَسرار میں سے ہے۔

بسم الله الرحمٰن الر حيمo اللهم صحا صحا صحا وحا و بحا حٰمٓ لا ينصرونoوجعلنا من بين ايديهم سدا و من خلفهم سدا فا غشينهم فهم لا يبصرون o كٓهٰيٰعٓصٓ و حٰمٓ عٓسٓقٓ لا يصدعون عنها ولا ينز فون o يا رب يا رب يا رب ولا حول ولا قوة الا با لله العلى العظيمo

نمبر 2۔ حضرت پیر سید وارث علی شاہؒ اپنی کتاب عامل کامل میں یہ حصار تحریر فرماتے ہیں۔

بسم الله الرحمٰن الر حيم o حصنت نفسي روحي و جسدي واولادي واهلي ومالي و ما احب و ما املک في خزائن الله تعالٰى. بسم الله الرحمٰن الر حيمo ا قفا لها لا اله الا الله محمد رسول الله مفا تيحها . ولا حول ولا قوة الا با لله العلى العظيم . فسيكفيكهم الله و هو السميع العليم . و ر د الله ا لذين كفروا بغيظهم لم ينا لوا خيرا . و كفى الله المؤ منين القتال . و كا ن الله قو يا عز يزا ۔

دُعاء برائے دفیعہ اثرات سحر، و آسیب وٹونہ وغیرہ:

اگر دوران چلہ کشی ، یا دعوت اسم الہیہ یا سورہ یا تسخیر جن و پری وہمزاد یا روحانیہ کوئی شخص کسی بھی قسم کی رجعت کا شکار ہو جائے۔یا پھر کوئی شخص کسی بھی قسم کے جنون ومرگی یا جادو ٹونہ سحر و آسیب ومسان کے تکلیف دہ اور مہلک عارضے میں گرفتار ہو۔تو ایسے اشخاص کو چاہئے ۔کہ درج ذیل دعائے مبارکہ کو روزانہ ہر نماز کے بعد ۲۱ ۔ ۲۱ بار یا پھر دن میں فقط ۲۵ ۔ ۲۵ بار دن صبح و شام پڑھتا رہے۔ ہفتے عشرے میں بالکل ٹھیک ٹھاک اور ہشاش وبشاش ہو جائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ ۔ دعا رُجعت وحفظ از آسیب وجنات یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o عَلِيْقاً . مَلِيْقاً . طَلِيْقاً . خَالِقًا . مَخْلُوْقًا . كَافِيًا . شَافِيًا . اِرتَضٰى . مُرْتَضٰى . بِحَقِّ يَا بُدُّوْ حُ وَ نُنَزِّل من القر آن ما هو شفاء ورحمة اللمؤ منين . ولا يزيد الظالمين الا خسارا . بِحَقِّ آسًا . تَاسًا . لاسًا . وَلُوْساً . اِرْجِعُوْا بِحَقِّ كهيعص و بحق حم عسق . ولا حول ولا قوة الا با لله العلى العظيم . اَللّٰهُمَّ ادْفَعْ عَنَّا السِّحْرَ وَالدَّعْوَةَ وَالْعَيْنَ فَارْجِعْ اِلٰى عَامِلِهَا ۔

دُعا برائے حفظ از رُجعت:

یہ دعائے ہمہ قسم کی رجعات سے حفاظت کے لئے بہت بڑا حصار ہے۔بلکہ انتہائی مجرب اور مستند دعا مانی گئی ہے۔بالخصوص سلسلہ عالیہ چشتیہ صابریہ میں۔ بہت سے لوگ اس دعائے عظیمہ سے مستفید و متفع ہورہے ہیں۔دعائے حصار یہ ہے۔

بسم الله الرحمٰن الر حيم oيا رب دخلت دخلي انت و كيلي يا كا في يكفيني يا ربي يكفيني يامعبو دي يكفيني ياحفيظ يكفيني ياحنان يا منان يكفيني ياغفوريا غفار يكفيني يا قهاريا جبار يكفيني يا حي ياقيوم يكفيني ياخا لق يا خلاق يكفيني يا عليم يا علام الغيوب يكفيني يا رازق يا رزاق يكفيني يا شا هد ياناظر يكفيني ياالله يكفيني يكفيني يكفيني . فالله خير حا فظا و هو ارحم الراحمين . ولا تخا في ولا تحزني ا نا ر آدّوه اليک و جا علوه من المر سلين يٰموسٰى اقبل ولا تخف انک من الأ منين . بسم الله الر حمٰن الر حيم. فا ر جعوا فا ر جعوا فا ر جعوا فا ر جعوا فا ر جعوا فا ر جعوا فا ر جعوا بسم الله الر حمٰن الر حيم o ينا ر كو ني بردا و سلما علٰى ابراهيمؑ فا ر جعوا فا ر جعوا فا ر جعوا ۔

اصرافِ عامر (تعارف وفوائد) :

عُلمائے عاملین فرماتے ہیں ۔ کہ تسخیرِ مؤکلات و جنات یا طلب حاضرات کے علوم وفنون دیکھنے اور پڑھنے میں جس قدر سہل الحصول اور پُر لطف نظر آتے ہیں ۔ وہ اُس سے زیادہ پُرخطر، مُشکل اور مصائب سے بھر پور ہوا کرتے ہیں ۔ اسی لئے زیادہ تر عاملین اپنی ناقص علمی اور احتیاط و تدابیر کو بالائے طاق رکھ کر کوئی بھی کتابی عمل شروع کر دیتے ہیں ۔ اور پھر رونا اس بات کا روتے ہیں ۔ کہ جی یہ تو عمل ہی ادھورا ہے ۔ یا پھر عامل نے برسبیلِ بُخل عمل ہی کو نامکمل لکھا ہے ۔ وغیرہ وغیرہ ۔ ۔

بہرحال ! جب بھی کوئی تسخیرِ مؤکلات و جنات یا طلب حاضرات کا عمل کیا جائے ۔ تو عمل لوگوں کی بھیڑ سے پرے کسی تنہا و ویران و بیاباں یا کسی جنگل جیسی جگہ پر سرانجام دیا جائے ۔ اور روزانہ عمل سے بیشتر جائے عمل پر لوبانِ ذکر سفید لازمی روشن کر کے اصرافِ عامر کو کم از کم سات 7 مرتبہ پڑھا کرے ۔ تاکہ وہاں پر موجود روحانی مخلوقات مِثل جنات وشیاطین اور ارواحِ خبیثہ وغیرہ اپنے اہل وعیال سمیت چلے جائیں ۔ اور کچھ روحانیات وہاں پر عامل کی خدمت وتابعداری اور استعانت واجابت عمل کے لئے کوشاں رہیں ۔ یہاں تک کہ عامل اپنے عمل سے کامیابی کے ساتھ فراغت حاصل کرے ۔ کیونکہ اکثر اعمال اسی بھیدِ رمزاور نُکتہ سے عدم واقفیت کی بِناء پر ناکام ہوتے ہیں ۔

پس عاملین فن ہذا کے لئے لازم ہے ۔ کہ عمل کا آغاز اسی اصرافِ عامر سے کیا کرے ۔ کیونکہ اس اصراف سے تمام قبائل جنات وروحانیات کے حُکام واُمراء اور بادشاہ یہ اعلان کروا دیں گے ۔ کہ فلاں شخص (عامل) تم کو مطیع ومسخر کرنا چاہتا ہے ۔ اے گروہِ جنات وارواح ! تم پر اس عامل کی اطاعت وفرمانبرداری لازم ہے ۔ کیونکہ تم اس کی مُخالفت ورکاوٹ اور سرکشی کی تاب نہیں رکھتے ۔ تو تمام جنات وارواح اطاعت کرتے ہیں ۔ اصرافِ عامر یا عزیمتِ عامر برائے حصار یہ ہے ۔

بسم الله الرحمٰن الر حيم o اقسـمت و عزمت عليكم ايتهاالعمار و الجان الذى فى هذا المكان (مکان ، ویرانہ، جنگل ۔ ۔ ۔ جس جگہ ہوں وہاں کا نام لیں) بـذى العزة و الجبروت و الهيبة و القدرة و العظمة و السطوة و الجلال و الجمال. اقسمت و عزمت عليكم بالله الحى القيوم. الذى لا يغفل ولا ينام ولا يموت و بكل كتاب انزله و بكل رسول ارسله و بكل ملك مقرب فى السماء و الارض و بكل روحانية العلو ية و السفلية وبالنبى سليمٰن ابن داؤد عليهماالصلوٰة و السلام .الذى اطاعة الجن و الانس و المردة و الشياطين و الرياح و الوحوش و الطيور ان تبروا قسمى و تنصرفوا من هذا المكان (مکان ، ویرانہ، جنگل ۔ ۔ ۔ جس جگہ ہوں وہاں کا نام لیں)حتى تحضر الملوك و الاعوان وتكونوا مساعدين لى فى عملى من غير ضرر ولا افساد بحق طنبطة . مزيق . ما قر . كليش . مليش . بيهوش . هيش . شلشمون . قودوش . هو اد ونائى . هوال. اد ونائى . يه . بخريق . بمز لق . مقفن . مقرح . اياك اعنوا ولك اقول يا عامر هذا المكان (مکان ، ویرانہ، جنگل ۔ ۔ ۔ جس جگہ ہوں وہاں کا نام لیں) ويا ساكن هذه الدار و هذه الارض و تا تى بلفظ ا لجمع بحق هذا القَسم العظيم وبحق الملك الحاكم عليكم طارش وبحق الملك الاٰخذ بنا صيته كرا كيل وبحق العهد الماخوذ عليكم ان تنصرفوا و تعزلوا من هذاالمكان (مکان ، ویرانہ، جنگل ۔ ۔ ۔ جس جگہ ہوں وہاں کا نام لیں)انتم و حريمكم و اولادكم و كبيركم وصغيركم ومن يلوذبكم ومن يخشٰى عليه من حضور الارواح و الملوك حتى اقض حاجتى ثم تعودوا الى مكانكم ولا تفسد و علَىَّ عملى ولا تشوشوا على فى استحضارى و كونوا عونا لى على عملى وساعد ونى فى كل امورى فى قضاء حوائجى كلها يا عمار الدار ويا سكان هذه الاماكن انصرفوا حيث شئتم بحق هذا القسم العظيم عليكم الذى تعظمونه هيا هيا . الوحا الوحا . العجل العجل . الساعة الساعة . بارك الله فيكم و عليكم ☆ بر حمتك يا ارحم الراحمين o

دعوت مثلث ''خالی البطن'' برائے حصول تصرفات وکرامات

تمام دفتر حکمت الٹ گیا ہوں میں مگر کھلا نہ ابھی تک کہاں ہوں کیا ہوں میں

عملیات وتعویزات میں کافی زیادہ تصرفات وکرامات اور سریع الاثر اعمال وعملیات مثلث اور مثلث خالی البطن میں پائے جاتے ہیں۔اس لئے یہ مثلث انتہائی اہمیت کی حامل قرار دی گئی ہے۔یادرہے۔کہ اس کی ریاضت اور تصرف کو مخفی رکھنے اور کتابوں میں عمومی عملیات کی طرح تحریر نہ کرنے اور اس کی تشریح وتشہیر نہ کرنے پر جملہ علمائے عاملین کاملین کا مکمل اور متفقہ اتحاد ہے۔تاکہ اس کے تصرفات وکرامات پر عوام الناس،شریر عاملین، جہلاء اور ناقصین کی رسائی ناممکن ہو۔کیونکہ یہ ایک عطیہ ذوالجلال اور مخفی نعمت ایزدی ہے۔تقریباً تمام عاملین کاملین، اولیائے عظام، بزرگان دین نے اس ریاضت، تصرف وکرامت کو اپنے اپنے سینوں ہی میں دفن کئے رکھا۔اور ہوا تک نہ لگنے دی۔صرف اور صرف اپنی اہل اولاد، اخص الخواص شاگرداور مریدین ہی کو تعلیم فرماکر عہد لیا۔کہ مزید اس ریاضت وتصرف کی تشہیر وتعلیم کو حد درجہ مخفی رکھا جائے۔

بہتر ہے بیچارے مولے کی نظر سے پوشیدہ رہیں باز کے احوال ومقامات

اس ریاضت کے بارے میں یا بعد از ریاضت اور تصرف کے دوران اس کا چھپانا لازمی قرار دیا جائے۔ بلکہ امام غزالیؒ اور بعض عاملین کا تو یہاں تک بھی کہنا ہے۔کہ یہ تصرف وکرامت اللہ تعالیٰ اور عامل کے درمیان ایک مخفی نعمت وراز ہے۔جس نے اس راز کو افشاں کیا۔وہ لازمی طور پر نہ صرف اس کے جمیع تصرفات وکرامات سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔ بلکہ پھر کبھی اس کو حاصل بھی نہ کر سکے گا۔گمان غالب ہے۔کہ! شاید راز کے افشاں ہونے کے بعد عامل اپنی قیمتی جان بھی گنوا بیٹھے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

رفتم کہ خار را از پا کشم محمل نہاں شد از نظر یک لحہ غافل بودم وصد سالہ را ہم دور شد

یادرہے۔کہ دوران ریاضت مکمل خلوت، صوم وصلوۃ کی پابندی، آبادی اور لوگوں سے دور رہ کر ریاضت کرنی ہے۔صرف پانی اور کھجور ہی سحر وافطار میں کھانے پینے کی اجازت ہے۔ جب بھی وضوٹوٹے۔فوراً تجدید وضو کرنا چاہیے۔

طریقہ ریاضت: نوچندے ہفتہ کے دن سے ریاضت کا آغاز مع پرہیز روحانی اور صوم وصیام سے کرنا ہے۔سادہ پانی سے سحری کریں۔درودوسلام، استغفار، تسبیح، تحمید، تحلیل اور آیت الکرسی میں نمازوں کی پابندی کے ساتھ پورا دن گزاریں۔اور کوشش کریں۔کہ شب اتوار بھی جاگ کر گزاریں۔اور یہی اوراد وظائف (لاتعداد مرتبہ) پڑھتے رہیں۔

اتوار کا دن گزار کر بعد نماز مغرب صرف **16** بار **آیَــہٍ** پڑھیں۔اور یہی اسم مبارک بعد ہر نماز تا آنکہ اگلے دن (بروزِ سوموار) عصر کے نماز کے بعد تک اسی تعداد میں ہی پڑھتے رہیں۔پھر سوموار کا دن گزار کر بعد نماز مغرب **353** بار **بِقَطْرِیَالٍ** پڑھیں۔اور یہی اسم مبارک بعد ہر نماز تا آنکہ اگلے دن (بروزِ منگل) عصر کے نماز کے بعد تک اسی تعداد میں ہی پڑھتے رہیں۔**علی ھذا القیاس**۔ بہرحال باقی اسماء، تعداد اور ایام اسی صفحہ پر نیچے دیئے گئے ہیں۔باقی ایام میں بھی طریقہ کار یہی ہوگا۔

جَلِیُشٍ	343	شب منگل
دَمُیَالٍ	85	شب بدہ
ھَطَطُوُشٍ	329	شب جمعرات
وَھیُم	61	شب جمعۃ
زُنُقَطًا	167	شب ھفتہ
حُدَایَہٍ	28	شب اتوار
طُفَیَال	130	شب سوموار
یَا شَکُور	526	شب منگل
یَا وَھَّابُ ھَب لِی مُلُکًا و الغنیٰ	1400	شب بدہ

☆ اگلے روز کا دن گزار کر بعد نماز مغرب **یا جبرائیل** دوسو چھپن **256** بار پڑھیں گے۔ ☆ اُس سے اگلے روز بعد نماز عشاء **یا میکائیل** **121** بار پڑھیں۔ ☆ اُس سے اگلے روز بعد نماز فجر **یا اسرافیل**ؑ کو تین سو بیاسی **382** بار پڑھیں گے۔بعد نماز ظہر **یا عزرائیل** **328** بار پڑھیں گے۔اور بعد نماز عصر **قَوْلُہُ الْحَقُّ وَلَہُ الْمُلْکُ** **442** مرتبہ پڑھیں۔اور بعد نماز مغرب **اَللّٰھُمَّ یَا کٓھٰیٰعٓصٓ کَفِیْتُ وَ یَا حٰمٓ عٓسٓقٓ حَمِیْتُ** **473** چار سو تہتر مرتبہ پڑھیں۔پس اس طرح سے مثلث خالی البطن کی زکات پایہ تکمیل کو پہنچی۔(**وما توفیقی الا باللہ العلی العظیم**)اس زکوۃ کی ادائیگی کے بعد عامل کے پاس ایک عظیم ترین تصرف اور کرامت وسعادت آچکی ہوگی۔انشاءاللہ العظیم۔

بلا زکات خاتم سلیمانی کے تصرف سے مستفید ہونے کا طریق:

دورقدیم کے علمائے عاملین خاتم (نقش) مثلث پر ہی اپنے مطالب ومقاصد کے حصول کے لئے اکتفاء کیا کرتے تھے۔اوراس کے زوداثری کی وجہ سے ہی اسے اسم اعظم اورخاتم سلیمانی سے تعبیر کرتے تھے۔دورجدید کے علمائے عاملین نے ہرقسم کے نقوش سے کام لینے کے لئے زکات کے طرق کو پروان چڑھایا۔اس ضمن میں راقم الحروف (محمد عبدالرؤف البلوشی) شائقین عملیات اورقارئین کتاب ہذا (اسرارِمحبوبِ کامل) کی خدمت میں عرض پرداز ہے کہ نقش مثلث (خاتم سلیمانی) کو بغیرادائیگی زکات کے صرف ترکیب عمل سے بھی ہرمسلمان استفادہ کرسکتا ہے۔بشرطِ کہ عامل متقی،نمازی،متشرع اور ادائیگی سنن کا پابند ہو۔ظاہروباطن کا پاک صاف ہونا،خلوص نیت اورعمل کی اجابت پرسوفیصدی یقین کرنے والا ہو۔وہ اس عظیم تصرف سے ضرور بالضرور مستفید ہوسکے گا۔(اگراُس شخص نے دعوتِ برہتیہ کی زکات ادا کی ہو۔تواوربھی بہتر ہے) توایسا خوش قسمت شخص سوالاکھ کی فرضی زکات کے مسئلہ لاینحل کے جھنجھٹ سے نکل کراپنے جمیع امورمیں مکتفی ہوسکے گا۔انشاءاللہ تعالی۔یہ لازم ہے۔کہ اس عظیم کے تصرف کے وقت عامل،عمل ہذا کو عالم تنہائی میں سرانجام دے عمل کو بروز پیر(سوموار) پہلی یا آٹھویں ساعت میں آغاز کیا جائے۔لیکن عمل کے دن اورعمل سے تین روز قبل عامل پرہیز عمومی کے ساتھ روزے سے ہو۔عمل کے آغاز سے قبل عامل اپنی صوابدید کے مطابق سوچ سمجھ کراپنی غرض وغایت اورمقصد ومطلب کو مدنظر رکھتے ہوئے کے لئے مثلث کی چال کومنتخب کرلے۔آیااس بات کو ذہن نشین کرلے۔کہ عامل کا مقصد ومطلب کس عنصرکی چال کے ماتحت آتا ہے۔جیسے کہ یہاں مندرج ہے۔

معروف تقسیم برائے مقاصد ومطالب	سمت	حروف	عناصر	نمبرشمار
خرابی۔تنزلی۔سقم۔ہلاکت۔تمریض۔ذلت۔ تفرقہ	مشرق	ا۔ہ۔ط۔م۔ف۔ش۔ذ	آتشی	1
بندش کی جمیع اقسام جیسے عقداللسان والنوم والشہوت۔ خروج۔دفیعہ سحر	جنوب	ب۔و۔ی۔ن۔ص۔ت۔ض	خاکی	2
فتح ونصرت۔قضائے حاجات۔علومرتبت۔مخصوص عہدے کاحصول۔	مغرب	ج۔ز۔ک۔س۔ق۔ث۔ظ	بادی	3
محبت۔جلب۔شفائے امراض۔ردسحر۔تمام بندشوں کا کھولنا	شمال	د۔ح۔ل۔ع۔ر۔خ۔غ	آبی	4

یادرہے۔کہ! جوبھی نقش بنایا جائے گا۔رجال الغیب سامنے نہ پڑیں۔نقش کے نیچے اُسی عنصرہی کے حروف لکھے جائیں گے۔مثلاً!

بسم اللہ الرحمن الرحیم o

4	9	2
3	5	7
8	1	6

ب۔و۔ی۔ن۔ص۔ت۔ض

(عموماً عملیاتی قدیم وجدید کتب میں مثلث خاکی ہی زیادہ مستعمل ہے۔اس نقش کونقش غزالیؒ خاتم سلیمانیؑ اوررب ذوالجلال کاایک عظیم اعجاز سمجھا جاتا ہے۔اسی لئے تو مختلف الاقسام ادعیہ وعزائم میں **بـطـدٍ ۔ زھـجٍ ۔ واحٍ** کے الفاظ آتے ہیں)۔بہرحال جوبھی نقش بنایا جائے گا۔اس کے ہرخانے میں عدد لکھنے سے پہلے درج ذیل ٹیبل کوضرور مدنظررکھیں۔اگراس عمل کواصول ثمانیہ(مفتاح۔مغلاق۔۔۔۔یہ طریقہ پیچھے قواعدعملیات وزکات والے حصے میں گذرچکا ہے۔۔۔) سے کیا جائے۔توبہت بہتر ہوگا۔اوررزلٹ بھی فوری ہوگا۔انشاءاللہ العظیم۔

سورہ کا نام ونمبر	منسوبی آیات	تعدادخواندن	اسمائے تسعہ	حروف	نمبرشمار
سورہ النساء آیت نمبر۸۷	اللہ لا الہ الا ھو ... حدیثا ☆	ایک مرتبہ	آیہ	ا	1
سورہ بقرہ آیت نمبر۱۱۷	بدیع السموت ... فیکون ☆	دومرتبہ	بقطریال	ب	2
سورہ اسراء آیت نمبر۸۱	جاءالحق ..... زھوقا ☆	تین مرتبہ	جلیش	ج	3
سورہ ھود آیت نمبر۱۰۸	دامت السموت ... مجذوذ ☆	چارمرتبہ	دمیال	د	4
سورہ حشر آیت نمبر۲۲	ھواللہ .... الرحیم ☆	پانچ مرتبہ	ھططوش	ھ	5
سورہ قصص آیت نمبر۶۸	وربک یخلق .. یشرکون ☆	چھ مرتبہ	وھیم	و	6
سورہ آل عمران آیت نمبر۱۴	زین للناس ... مآب ☆	سات مرتبہ	زنقطا	ز	7
سورہ التوبہ آیت نمبر ۱۲۹	حسبی اللہ .... عظیم ☆	آٹھ مرتبہ	حدایہ	ح	8
سورہ طہ آیت نمبر۱	طہ۔ما انزلنا ... استوی ☆	نومرتبہ	طفیال	ط	9

یا د ر ہے ۔ کہ خانہ پنجم کو پُر کر تے وقت پانچ مرتبہ ''**ھـطـطـوش**'' پڑ ھ کر پا نچ مرتبہ منسو بی آ یت ا و ر سا ت مر تبہ سو ر ہ فا تحہ پڑ ھنی ہے ۔ پھر اِس خا نہ میں'' **اجیبوا بما امرتکم به**'' لکھ کر اپنا مقصد بھی لکھیں۔

اس ضمن میں جناب محترم عائلی صاحب اپنی کتاب **مکـاشفات اسرار** میں پہلی ، چو تھی اور آ ٹھو یں آ یات کے بجا ئے قر آ ن پا ک کی یہ آ یا ت استعمال کی ہیں ۔ پہلی آ یت کی جگہ **آ یت الکر سی** ہے ۔ چو تھی آ یت کی جگہ **دعـوا هم فیها** ...۔ **العالمین** o اور آ ٹھو یں آ یت کی جگہ پر **حم عسق** ...۔ **الحکیم** o والی آ یا ت استعمال کی ہیں ۔

بہر حا ل جب بھی اس خا تم سلیما نی سے کا م لینا مقصو د ہو ۔ تو پہلے بخو را ت ا و ر خوشبو یا ت کے لئے گو لیا ں (میدہ ، مشک ، عو د ا و ر لو با ن کو آ میختہ کر کے گو لیا ں بنا نی ہیں) بنا لیں ۔ پھر کوئلہ کو د ہکا کر اس د ہکتے ہو ئے کو ئلے کے ا ر د گر د ا نا ر کی تین لکڑ یو ں کا سہ پا یہ بنا کر خا تم سلیما نی (نقش مثلث) کو با ند ھ کر پہلے (**کھیعص** اور **حم عسق** والی) آیات پنتا لیس مرتبہ پڑھیں ۔ پانچوں آیات کا جدول یہ ہے ۔

نمبر شمار	حروف	حروف کی منسوبی آیات	حروف	سورہ اور آیہ نمبر
1	ک	كماء انزلنه ... ... تزروه الرياح	ح	سورہ کہف آیت نمبر 45
2	ہ	هوالذى ...... الرحمن الرحيم	م	سورہ حشر آیت نمبر 22
3	ی	يوم الآزفة ...... شفيع يطاع	ع	سورہ مومن آیت نمبر 18
4	ع	علمت نفس ...... اذا تنفس	س	سورہ تکویر آیت نمبر 14 تا 18
5	ص	ص والقرآن ...... عزةوشقاق	ق	سورہ ص آیت نمبر 1 تا 2

پھر **عزیمت بر ھتیه** کو 45 مرتبہ پڑھیں ۔ اور اسی دوران ایک ایک گو لی بھی ڈ ا لتے جا ئیں۔ **عـزیـمتِ بـر ھتیه** کی پڑ ہا ئی کے دوران ہی نقش میں حرکت پیدا ہو جا ئے گی ۔ اور یہ نقش گھو منا شرو ع کر د ے گا ۔ اِس ضمن میں محتر م المقام جنا ب عا ئلی نقشبندی صا حب فر ما تے ہیں ۔ کہ ! جب نقش گھومنا شرو ع ہو ۔ یا کسی قسم کی کو ئی آ واز سنا ئی د ے ۔ تو عا مل کو چا ہیئے ۔ کہ نقش کی جا نب پیٹھ کر لے ۔ تا و قتیکہ وہ آ واز ختم نہ ہو ۔ یا نقش کا گھو منا بند نہ ہو جا ئے ۔ کیو نکہ اہلِ علم کا ما ننا ہے ۔ کہ تصر فا ت کی اِس گھڑ ی میں اگر کو ئی شخص اِس چیز کو ظہو ر پذ یر ہو تا ہو ا د یکھ لے ۔ تو خو ف سے اِس کی سا نس سا کت ہو جا ئے گی ۔ بہر حا ل نقش کا متحر ک ہو نا عا مل کے مقصد و مطلب کی استجا بت و اجا بت کی با لکل وا ضح علا مت ونشا نی ہے ۔ اور خا تم سلیما نی کے مؤ کلات بہر صورت عا مل کے مقصد کو اُ سی لمحہ پو را کر د یں گے ۔ انشاء اللہ العظیم ۔

اس کے تصرف کا طریقہ **جـوهـرا لـغالی فی مثلث ا لا مام الغزالیؒ** مصنف سید محمد یوسف شریف ہندیؒ ، **گلشن اسرار لاھوت و ناسوت** ، **مـکـاشـفاتِ اسرار** مصنفہ جناب غلام الرسول عائلی نقشبندی صاحب اور **الـبـدایـه النهایـه** (سید عبدالفتاح طوخی)، حضرت کاش البرنیؒ کی کتاب'' **عـامـل کـامل** '' (جلد اول) اور دیگر کتب میں بڑی شرح وبسط کے ساتھ موجو د ہے ۔ بلکہ مثلث خا لی البطن کے دیگر کئی اعما ل وعملیا ت بھی اِن کتب میں مفصلاً دیئے گئے ہیں ۔ شا ئقین حضرا ت اپنی تشنگی دور کر نے کے لئے وہا ں ملا حظہ کر سکتے ہیں ۔

کلامِ اقبال 〈میری آرزو - کچھ اشعار〉

دُ نیا کی محفلوں سے اُ کتا گیا ہوں یا رب — کیا لطف انجمن کا جب دل ہی بجھ گیا ہو
شو رش سے بھا گتا ہوں دل ڈ ھو نڈ تا ہے میرا — ایسا سکوت جس پر تقریر بھی فدا ہو
مر تا ہوں خا مشی پر ، یہ آ ر ز و ہے میری — دا من کے کو ہ کے اِک چھو ٹا سا جھو نپڑا ہو
آ زا د فکر سے ہوں ، عزلت میں دن گزا روں — د نیا کے غم کا د ل سے کا نٹا نکل گیا ہو
لذت سرو د کی ہو چڑ یوں کے چہچہوں میں — چشمے کی شو رشوں میں با جا سا بج رہا ہو
گل کی کلی چٹک کر پیغا م دے کسی کا — سا غر ذرا سا گو یا مجھ کو جہاں نما ہو
ہو ہا تھ کا سرہانا ، سبزے کا ہو بچھونا — شر ما ئے جس سے جلوت ، خلوت میں وہ ادا ہو
ما نوس اس قدر ہو صورت سے میری بلبل — ننھے سے دل میں اس کے کھٹکا نہ کچھ مرا ہو
صف با ند ھے دونوں جا نب بو ٹے ہرے بھرے ہوں — ندی کا صاف پا نی تصویر لے رہا ہو
پھولوں کو آ ئے جس دم شبنم وضو کرا نے — رو نا میرا وضو ہو نا لہ میری دعا ہو
اس خا مشی میں جا ئیں اتنے بلند نا لے — تا روں کے قا فلے کو میری صدا درا ہو
ہر درد مند دل کو رونا میرا رولا دے — بے ہوش جو پڑے ہیں شاید انہیں جگا دے

اُمھاتِ جامعہ ابجدی : (مختصر مگر جامع تعارف ابجدِ ایقغ)

شمسُ المعارف (حضرت شیخ ابوالعباس احمد بن علی البونی القرشیؒ)، ماہنامہ فلکیات اور صاحبِ رموز الجفر (حضرت کاش البرنیؒ) کے علاوہ دیگر کئی کتب میں اُمہاتِ جامعہ ابجدی کے متعلق علمائے عاملین نے بہت کشرح وبسط سے وضاحت فرمائی ہے۔

علمِ الجفر حصہء آثار کا یہ عظیم عمل اپنے اندر ایک علمی سمندر سموئے ہوئے ہے۔ یہ طریقہ عمل ہر مقصد اور جمیع حاجات میں کام دیتا ہے۔ یہ ایک عظیم عمل ہے۔ یہ جناب کا ایک ایثار ہے۔ کہ سینے میں لے کر مر جانے کے بجائے عوام الناس اور اخص الخواص کو روشناس کرایا جائے۔ اب اِس کو حل کرنا، اور فائدہ اُٹھانا آپ کی اپنی صوابدید پر ہے۔ جہاں تک مجھ سے ہوسکتا ہے۔ میں اِس معمہ کو حل کر کے سمجھانے کی سعی کرتا ہوں۔ وہ اُمور و مقاصد کہ جن کے بر لانے کی توقع محال ہو۔ اِس طریقہ عمل سے اکثر اوقات حیرت انگیز طور پر سرانجام پاتے ہیں۔ حُب وتسخیر، ملازمت وترقی، وسعتِ رزق وکثرتِ مال و دولت، فتح ونُصرت، قہر وغضب، شفاء وصحت وسقم، غرضیکہ جمیع اعمال وعملیات اور اُمورِ خیر وشر میں بآسانی کام لیا جاسکتا ہے۔

علمائے جفر نے ابجد کے 9 درجات مقرر فرمائے ہیں۔ مندجہ ذیل جدول (Table) میں ابجدِ ایقغ کے متعلق مزید وضاحت ہدیہء ناظرین اور شائقینِ روحانیات پیشِ خدمت ہے۔

مراتب	اعداد	کواکب ساعت	ایام	اسمائے الٰہیہ	مقاصِد	متعلقہ نقوش
ایقغ	1111	شمس	اتوار	حی . قیوم	حیاتِ زچہ وبچہ۔نورِ قلب۔تسخیرِ قلب۔ترقی	مسدس
بکر	222	قمر	سوموار	رحمٰن . رحیم	دفیعہ تپ۔مقبولیتِ دُعا۔طلبِ حاجات۔حُب	مثلث
جلش	333	مریخ	منگل	ملک . قدوس	قدر ومنزلت۔ترقی مرتبہ۔خوشحالی۔حفظ از فتنہ وفساد	مسبع
دمت	444	عطارد	بدھ	کبیر . متعال	ہیبت ودبدبہ۔رعب۔طلبِ مال ودولت۔حصولِ روزگار	مربع
ھنث	555	مشتری	جمعرات	فتاح . رزاق	سہل مشکلات۔فراوانی رزق۔طلبِ رزق وروزگار	مثمن
وسخ	666	زہرہ	جمعہ	کافی . غنی	رفع افلاس۔حصول دولتمندی	مخمس
زعذ	777	زحل	ہفتہ	قوی . قادر	قوتِ اعضاء۔رفع نحوست	مسبع
حفض	888	شمس	اتوار	قہار . قاھر	تباہی دشمن۔ایمنِ اعداء ومظالم	مسدس
طصظ	999	قمر	سوموار	ذوالقوۃ . شدید	حصولِ فتح وغلبہ۔شر سے محفوظ رہنے کے لئے	مثلث

جب بھی کسی غرض وغایت کی تکمیل کے لئے عمل کرنا مقصود ہو۔تو مطلب کو مقاصد والے خانے میں دیکھ کر اُس دِن، ستارے، اسمائے الٰہیہ کو مدنظر رکھ کر متعلقہ نقش کو پُر کریں۔مرتبہ، اسماء الحسنیٰ اور طالب ومطلوب مع مادران کے اعداد مجمل (یعنی اعداد بحسابِ ابجدِ قمری) مع تعدادِ حروف، اعدادِ مفصل (یعنی ملفوظی حروف کے اعداد بحسابِ ابجدِ قمری)) مع تعدادِ حروف، اور مبسوط (ابجدِ عربی عددی) مع تعدادِ حروف نکال کر اِن کا مجموعہ حاصل کریں۔پھر اِس میں کُل اعدادِ اُمہاتِ ابجدِ ایقغ (5995) کا اِضافہ کر کے متعلقہ نقش تیار کریں۔نقش کے اوپر، دائیں بائیں اسمائے الٰہیہ اور نقش کے نیچے نام طالب و مطلوب (مادران) مع مقصد تحریر کریں۔سعد اعمال عرجِ ماہ میں اور نحس اعمال زائد النور میں سرانجام دیں۔سعد اعمال انار یا کسی میٹھے پھل کی لکڑی سے لکھیں۔سعد اعمال کا غذ یا ہرن کی جھلی پر زعفران اور عرقِ گلاب کی روشنائی بنا کر لکھنا ہوں گے۔اور نحس اعمال لوہے کے قلم سے لکھیں۔متعلقہ بخور جلائیں۔عمل وحاجت کے پورا ہونے کی میعاد ومُدت سات سے پندہ ایام تک ہے۔اگر اِس دوران خیر وشر کا عمل ناکامیاب ہوجائے۔تو اپنے عمل پر نظرِ ثانی کریں۔کیونکہ یہ عمل ناممکن الخطاء از اثر ہے۔اور اِن سات سے پندرہ ایام تک صوم وصلوٰۃ اور دورانِ پڑھائی خلوت کی شرائط لازمی ہیں۔پڑھتے وقت نقش سامنے رکھنا ہوگا۔باقی اوقات میں نقش کو رات کے وقت ستاروں کی روشنی میں رکھنا ہوگا۔اور قبل طلوعِ آفتاب نقش کو اُٹھا کر سنبھال کر محفوظ کرلیں۔جس تعداد کا نقش پُر کیا ہو۔اِس کو سات پر تقسیم کر کے اسمائے الٰہیہ روزانہ کی تعداد مقرر کر کے پڑھیں۔اگر تعداد کچھ رہ جائے۔تو آخری دن زائد کر کے پڑھیں۔اگر کل تعداد 5260 ہے۔تو چھ ایام تک روزانہ کی تعداد 750 ہوگی۔تو ساتویں دن کی تعداد 760 ہوگی۔کواکب کی ساعت میں عمل کریں۔بعد ختم عمل نقش کو بازو پر ایک ہفتے تک باندھے رکھیں۔اختتام والے دِن حسبِ توفیق صدقہ کریں۔اور نیاز دلائیں۔اِس عمل کو سمجھنے کے لئے یہاں ایک مفصل وجامع مثال (بناء اسمِ مادر) پیش کی جارہی ہے۔اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے۔کہ قارئین وناظرین کو اِس عظیم المثل عمل کا وقوف اور اِدراک حاصل ہو۔آمین۔

مثال: بہادر خان کو ترقی کی ضرورت ہے۔ (عمل میں والدہ کا نام بھی آئے گا۔ یہ سمجھانے کے لئے ایک مثال ہے) اِس مقصد کا مکمل عمل و نقش مفصلاً پیشِ خدمت ہے۔

بہادر خان (طالب کا نام، کہ جس کا مقصد حل طلب ہے)

عدد کی قِسم	حروف	حروف کے اعداد	حروف کی تعداد	حروف کے اعداد و تعداد
اعدادِ مجمل	ب۔ہ۔ا۔د۔ر۔خ۔ا۔ن	863	8	871
اعدادِ مُفصل	با۔ہا۔الف۔دال۔را۔خا۔الف۔نون	1174	20	1194
اعدادِ مبسوط	اثنین۔خمسہ۔احد۔اربعہ۔مائتین۔ستہ مائتہ۔احد۔خمسین	3802	39	3841
کُل اعداد (Total Sum)				5906

ایقغ (مرتبے کا نام)

عدد کی قِسم	حروف	حروف کے اعداد	حروف کی تعداد	حروف کے اعداد و تعداد
اعدادِ مجمل	ا۔ی۔ق۔غ	1111	4	1115
اعدادِ مُفصل	الف۔یا۔قاف۔غین	1323	11	1334
اعدادِ مبسوط	احد۔عشرہ۔مائتہ۔الف	1155	15	1170
کُل اعداد (Total Sum)				3619

اِسمِ اعظم (اِس عمل میں استعمال ہونے والے اسمائے الٰہیہ)

عدد کی قِسم	حروف	حروف کے اعداد	حروف کی تعداد	حروف کے اعداد و تعداد
اعدادِ مجمل	ح۔ی۔ق۔ی۔و۔م	176	6	182
اعدادِ مُفصل	حا۔یا۔قاف۔یا۔واؤ۔میم	315	15	330
اعدادِ مبسوط	ثمانیہ۔عشرہ۔مائتہ۔عشرہ۔ستہ۔اربعین	3010	28	3038
کُل اعداد (Total Sum)				3550

اَب اِن تینوں اجزاء (نامِ طالب، نامِ مرتبہ اور اسمائے الٰہیہ) اور حروف کی تعداد کے کُل مجموعہ جات (13075=3550+3619+5906) میں کُل اعدادِ اُمہاتِ جامعہ ابجدی (ایقغ۔بکر۔۔۔طصظ۔تک) یعنی 5995 کو جمع کر کے نقشِ مسدس بنانی ہے۔کُل مجموعہ اَب کی باریوں ہوگا۔ 19070=5995+13075

لہٰذا نقش بنانے کے لئے اور سات ایام میں اسمِ الٰہی کو ساعتِ شمس میں پڑھنے کا وِرد 19070 بنے گا۔ اَب ہم اِس کے نقش کی طرف گامزن ہوتے ہیں۔ کُل اعداد۔ 19070

مسدس کے اعدادِ طُرح (منفی اعداد قانون کے 105 18965=105-19070

مسدس کے اعدادِ تقسیم 6 3160=18965/6 باقی 5

لہٰذا خانہ کسر 7 ہوگا۔نقش کی چال اور نقش مذکورہ بالا عمل ناظرین کتاب ہذا اور شائقین روحانیات کی خدمتِ اقدس میں یہاں پیش کیا جاتا ہے۔

چالِ نقشِ مسدس

12	19	30	31	18	1
13	33	11	2	28	24
29	3	14	23	10	32
4	27	15	22	34	9
17	8	35	26	5	20
36	21	6	7	16	25

یا حی۔ یا قیوم

3172	3179	3190	3191	3178	3160
3173	3193	3170	3161	3188	3184
3189	3162	3174	3183	3170	3192
3163	3187	3175	3182	3194	3169
3177	3168	3195	3186	3164	3180
3196	3181	3165	3167	3176	3185

بہادر خان (بن ۔۔۔) ترقی

یاد رہے۔کہ! مذکورہ بالا عمل کی طرح جمیع مقاصد کے لئے اعمال وعملیات کئے جاسکتے ہیں۔اِس طرح کے اعمال وعملیات میں حصولِ کامرانی کے لئے پابندی صوم وصلوۃ اور تقوٰی کا ہونا از حد ضروری ولازم ہے۔نقش کی ٹوٹل تعداد کو سات پر تقسیم کر کے روزانہ روزہ رکھ کر متعلقہ اسمائے الٰہیہ پڑھنے ہیں۔دورانِ پڑھائی بخورات لازمی جلانے ہیں۔انشاء اللہ سات ایام میں لازمی ہر جائز حاجت اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے ضرور بالضرور پوری ہوگی۔اگر روزانہ کی تعداد ایک وقت میں پوری نہ ہو سکے۔تو روزانہ دو وقت (بعد نمازِ فجر و بعد نمازِ عشاء) پورا کریں۔اگر تعداد کافی زیادہ ہو تو ہر نماز کے بعد ایک مقرر تعداد متعین کر کے بخور جلا کر پورا کر لیں۔گو کہ یہ عمل کچھ محنت طلب تو ہے۔مگر سات ایام میں مقصد و مطلب کا حصول بھی تو کوئی معمولی اَجر نہیں۔کیونکہ! اِس جہاں میں بدوں محنت کے کامیابی وکامرانی کا حصول کافی مشکل ہے۔اور جو محنت سے گھبراتا ہے۔وہ کیسے متنفع ہوگا بھلا؟ اِس عمل کو مکمل شرح و بسط سے پیش کیا گیا ہے۔کسی بھی قِسم کا کوئی دقیقہ نہیں چھوڑا گیا۔اَب جس کا جو نصیب۔۔۔۔

علم الجفرِ احمر کا مجرب المجرب و مُستند عمل ۔حصولِ تصرفات در کائنات۔(عملِ سند منسوب بہ حکیم افلاطون):

یہ طریقہ عمل دراصل افلاطون کی کتاب ''الواح الجواہر'' سے نقل کیا جارہا ہے۔وہاں پر یہ عمل نہایت اختصار سے پیش کیا گیا ہے۔یہ طریقہ علم جفر آثار کے علمائے عاملین میں بہت ہی زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔کیونکہ یہ صد فیصد درست نتائج فراہم کرتا ہے۔بشرطِ کہ! اِس کو مکمل قواعد کے ساتھ سرانجام دیا جائے۔اس عمل کی سب سے عظیم خوبی یہ ہے۔کہ بناء انتظار اوقاتِ مخصوصہ جب بھی چاہیں کسی بھی امر صغیر وکبیر میں تصرف کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ وہ شخص علم النجوم کی بھی تھوڑی بہت سوجھ بوجھ ضرور رکھتا ہو۔مثلاً طیرانِ فضائیہ پر، حیواناتِ آبی و خاکی کی تسخیرات، ارواحِ بشر یا مخلوقاتِ روحانیہ مثل جنات، موَکلات، پریوں یا اسی قبیل کی روحانی ومخفی مخلوقات پر، جذب وجلب المطلوب محبوب وطُرد، شفاء وسقم، واپسی گریختہ، گرفتاری سارق، برآمدن مالِ مسروقہ، طلبِ باراں یا اختتامِ باراں، آندھی وطوفان کا لانا یا دور کرنا، غرضیکہ یہ عمل درحقیقت ایسے امور سے متعلق ہیں۔کہ جو تصرفاتِ ارضی میں آتے ہیں۔کیونکہ یہ از قبیل کائنات کے حقیقی علم وعمل اور خوارقِ عادات سے متعلق ہیں۔اِن اعمال وعملیات کو کرنے کے لئے صاحب عمل کے پاس ایک صحیح وقت والی کوئی جنتری یا تقویم بھی لازمی ہونی چاہیئے۔یہ علم دراصل عوام الناس کی دسترس سے کوسوں میل بعید بلکہ ناممکن العمل ہے۔اس لئے اس کے تصرفات کا حصول بھی انتہائی مُشکل کہ شاید ناممکن ہے۔اس عمل کی ایک خوبی یہ بھی ہے۔کہ یہ علم تمام طریق پر کسی کو آتا بھی نہیں۔چونکہ علم انبیاءؑ کی ذاتی وراثت ہے۔اسی لئے خاص عُلماء کے توسط وتوسل سے وعوام الناس کی اس علم تک رسائی ممکن ہوسکتی ہے۔میری یہ دُعا ہے۔کہ اللہ تعالیٰ اپنے خصوصی فضل وکرم سے مستحق حضرات کو اِس عظیم علم کا وقوف وادراک عطا فرمائے۔آمین۔کیونکہ یہ وہ علمائے حق وصادق عاملین ہوتے ہیں۔کہ جن کے قلوب پر وارداتِ الٰہیہ، القائے رحمانی اور علم لدنی کی ادنی سی شاخ علم الحروف کا محدود وقوف وادراک اترتا ہے۔جب تک کوئی شخص تقوٰی اِختیار نہیں کرتا۔وہ اُس وقت تک خود کو وارثِ انبیاءؑ درعلوم مخفیہ سے بے بہرہ وکورِ چشم ہی سمجھے۔اور حق بھی یہی ہے۔

(یاد رہے۔کہ! اس عمل کو مبہم طور پر کمی بیشی معہ اغلاط کے پیش کیا جارہا ہے۔تاکہ نا اہل کی نظر سے پوشیدہ رہے۔جدول نمبر 1 درست ہے)

اِس ضمن میں حضرت کاش البرنیؒ اور ان کے صاحبزادے رسالہ روحانی دُنیا میں رقم طراز ہیں ۔کہ ہمیں بھی اپنے والدِ مُحترم کی معرفت سے اس علم کا کچھ حصہ مُیسر ہوا ہے ۔ صاحبزادہ ء کاش البرنیؒ خود فرماتے ہیں ۔کہ میں نے اس علم کو جتنا مؤثر پایا ۔ اور کسی علم کو اس حد تک پُر تاثیر و سریع الاثر نہیں پایا ۔ مجھے جب کبھی بھی اشد ضرورت (برائے انتقام) پیش آئی ۔تو بھی میں نے درگزر سے کام لیا ۔صرف چند انتہائی مجبوری کے مواقع پر اس علم سے کام لیا گیا ۔ والدمحترم (کاش البرنیؒ) کی ہی خواہش پر اس علم فہم و ادراک کے حصول اور عمل میں لانے کے لئے جداول ترتیب دی گئیں ۔ جن کی تیاری میں خاصا وقت صَرف ہوا ۔ یہ جداول مکمل و جامع ہیں ۔ ان میں کسی بھی قسم کی ترمیم وتخفیف کی قطعًا ضرورت نہیں ہے ۔ پھر ان جداول کی پڑتال اور تصیح کے حوالہ سے کئی حاذق اُستادوں وعلمائے عاملین کو گزرنا پڑا ۔ تاکہ کسی بھی قسم کا کوئی شبہ و دقیقہ اس عظیم المرتبت علم کا لوگوں تک تشہیر وترویج کے سلسلے میں باقی نہ رہے ۔ بہرحال ! اِس عمل کی جداول پیشِ خدمت ہیں ۔ **وما توفیقی الا باللہ۔**

جدول نمبر1 ابجدِ عربی عددی و عربی عددی قمری

حروف	ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
ابجدعربی عددی	احد	اثنین	ثلاثہ	اربعہ	خمسہ	سِتہ	سبعہ	ثمانیہ	تِسعہ	عشرہ	عشرین	ثلاثین	اربعین	خمسین
تعدادِ **حرفی**	**3**	**5**	**5**	**5**	**4**	**3**	**4**	**6**	**4**	**4**	**5**	**6**	**6**	**5**
ابجدعربی عددی قمری	**13**	**611**	**1036**	**278**	**705**	**465**	**136**	**606**	**535**	**575**	**630**	**1092**	**333**	**760**
حروف	س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
ابجدعربی عددی	ستین	سبعین	ثمانین	تسعین	مائۃ	مآتین	ثلاثہ مائۃ	اربعہ مائۃ	خُمسہ مائۃ	ستہ مائۃ	سبعہ مائۃ	ثمانیہ مائۃ	تسعہ مائۃ	اَلَف
تعدادِ **حرفی**	**4**	**5**	**6**	**5**	**4**	**5**	**9**	**9**	**8**	**7**	**8**	**10**	**8**	**3**
ابجدعربی عددی قمری	**520**	**192**	**651**	**590**	**456**	**501**	**1492**	**734**	**1161**	**921**	**593**	**1062**	**991**	**111**

جدول نمبر 2 اسمِ ذات''اللہ''

نمبرشمار	اسمِ ذات	تعدادِحرفی	ضربِ حرفی	نطق
1	**اللہ**	**19**	**361**	ا س ش

جدول نمبر3 عناصرِ اربعہ

نمبرشمار	عناصرِ اربعہ	تعدادِحرفی	ضربِ حرفی	نطق
1	**النار** (آتش)	**23**	**529**	**ط ک ث**
2	**الماء** (آب)	**23**	**529**	**ط ک ث**
3	**الباد** (باد)	**23**	**529**	**ط ک ث**
4	**التراب** (خاک)	**31**	**961**	**ا س ظ**

جدول نمبر4 روزِعمل

نمبرشمار	**اسماء الیوم**	تعدادحرفی	ضربِ حرفی	نطق
1	**یوم السبت** (ہفتہ)	**39**	**1521**	**ا ک ث غ**
2	**یوم الاحد** (اتوار)	**37**	**1369**	**ط س ش غ**
3	**یوم الاثنین** (سوموار)	**37**	**2209**	**ط ر غ غ**
4	**یوم الثلاثاء** (منگل)	**53**	**2809**	**ط ض غ غ**
5	**یوم الاربعاء** (بُدھ)	**49**	**2401**	**ا ت غ غ**
6	**یوم الخمیس** (جُمعرات)	**42**	**1764**	**د س ذ غ**
7	**یوم الجُمعہ** (جُمعۃ المبارک)	**41**	**1681**	**ا ف خ غ**

جدول نمبر 5 وقتِ عمل

نمبر شمار	اسماء الاوقات	تعداد حرفی	ضرب حرفی	نطق
1	اللیل (دن)	23	529	ط ک ت
2	النھار (رات)	27	729	ط ک ذ
3	نصف اللیل (آدھی رات کا وقت)	39	1521	ا ک ث غ
4	نصف النھار (آدھے دن کا وقت)	43	1849	ط م ض غ
5	الصباح (صبح کا وقت)	29	741	ا م ض
6	المساء (شام کا وقت)	47	729	ط ک ذ

جدول نمبر 6 بسطِ عزیزی

الطباع	آتش	خاک	باد	آب	اعداد	حروف	کواکب
مرتبہ	ا	ب	ج	د	10	ی	زحل
درجہ	ہ	و	ز	ح	26	و ک	مُشتری
دقیقہ	ط	ی	ک	ل	29	ط س	مریخ
ثانیہ	م	ن	س	ع	220	ک ر	شمس
ثالثہ	ف	ص	ق	ر	470	ع ث	زُہرہ
رابعہ	ش	ت	ث	خ	1800	ض غ	عطارد
خامسہ	ذ	ض	ظ	غ	3400	ت غ غ غ	قمر

جدول نمبر 7 ساعتِ عمل

نمبر شمار	ساعات	تعدادِ حرفی	ضرب حرفی	نطق
1	الساعۃ الاول	51	2601	ا خ غ غ
2	الساعۃ الثانی	59	3481	ا ف ت غ غ غ
3	الساعۃ الثالث	62	3844	د م ض غ غ غ
4	الساعۃ الرابع	58	3364	د س ش غ غ غ
5	الساعۃ الخامس	59	3481	ا ف ت غ غ غ
6	الساعۃ السادس	56	3136	د ل ق غ غ غ
7	الساعۃ السابع	57	3249	ط م ر غ غ غ
8	الساعۃ الثامن	61	3721	ا ک ذ غ غ غ
9	الساعۃ التاسع	60	3660	س خ غ غ غ
10	الساعۃ العاشر	60	3660	س خ غ غ غ
11	الساعۃ الاحد عشر	75	5625	ہ ک خ غ غ غ غ غ
12	الساعۃ الثانی عشر	76	5776	د ع ذ غ غ غ غ غ

جدول نمبر 8 کواکب

نمبر شمار	اسمائے کواکب	تعدادِ حرفی	ضربِ حرفی	نطق
1	الزحل	23	576	د ع ث
2	المُشتری	39	1521	ا ک ث غ
3	المریخ	30	900	ظ
4	الشمس	26	676	د ع خ
5	الزھرہ	26	676	د ع خ
6	العطارد	32	1024	و ک غ
7	القمر	24	576	د ع ث

جدول نمبر 9 بروج

نمبر شمار	اسمائے بروج	تعدادِ حرفی	ضربِ حرفی	نطق
1	الحمل	26	676	د ع غ
2	الثور	24	576	د ع ث
3	الجوزا	24	576	د ع ث
4	السرطان	31	961	ا س ظ
5	الاسد	22	484	د ف ت
6	السُنبله	32	1024	د ک غ
7	المیزان	32	1024	د ک غ
8	العُقرب	28	784	د ف ذ
9	القوس	20	400	ت
10	الجدی	22	484	د ف ت
11	الدلو	22	484	د ف ت
12	الحوت	26	676	د ع خ

جدول نمبر 10 منا زِ لِ قمر

نمبر شمار	اسمائے منازلِ قمریہ	تعدادِ حرفی	ضربِ حرفی	نطق
1	الشرطین	34	1156	و ن ق غ
2	البطین	27	729	ط ک ذ
3	الثریا	29	841	ا م ض
4	الدبران	33	1089	ط ف غ
5	الهقعه	26	676	و ع خ
6	الهنعه	28	784	د ف ذ
7	الذراع	30	900	ظ
8	النشره	30	900	ظ
9	الطرفه	24	576	و ع ث
10	الجبته	26	676	د ع خ
11	الزبره	27	769	ط ک ذ
12	الصرفه	29	841	ا م ض
13	العواء	25	625	ہ ک خ
14	السماک	28	784	و ف ذ
15	الغفره	23	529	ط ک ث
16	الزبانا	31	961	ا س ظ
17	الاکلیل	32	1024	د ک غ
18	القلب	23	529	ط ک ث
19	الشوله	28	784	د ف ذ
20	الغائم	33	1089	ط ف غ
21	البلاه	28	784	د ف ذ
22	سعد الذابع	44	2936	د ل ظ غ
23	سعد بلع	29	841	ا م ض
24	سعد السعود	40	1600	خ غ
25	سعد الاجنیه	46	2110	د ی ق غ غ
26	القرع المقدو	55	3025	ہ ک غ غ غ
27	الفرع المؤخر	54	2916	د ی ظ غ غ
28	الرشا	35	625	ہ ک خ

جدول نمبر 11 بسطِ عزیزی

ا	ج	ہ	ز	ط	ک	م	س	ف	ق	ش	ث	ذ	ظ
ب	د	و	ح	ی	ل	ن	ع	ص	ر	ت	خ	ض	غ

بسط عزیزی : ابجد قمری کے 28 حروف ہیں ۔ ان جملہ حروف میں ہر جوڑے کا دوسرا حرف بسطِ عزیزی ہے ۔ جیسے ا کا ب ، اسی طرح ف کا ص یا پھر خ کا ث وغیرہا ۔ یعنی کہ اوپر والے حرف کا نیچے والا حرف بسطِ عزیزی ہوگا ۔

اربعہ عناصر میں باھمی روابط و تعلقات:

☆ آتش و باد دوست و موافق ☆آتش و آب دشمن و نا موافق ☆آتش و خاک میمن و مصادق
(میمن یعنی کہ یہ دونوں عناصر ایک دوسرے کو امان دیتے ہیں)
☆باد و آتش .دوست و موافق ☆باد و آب. میمن و مصادق ☆باد و خاک.دشمن و نا موافق ☆آب و آتش. دشمن و نا موافق ☆آب و باد. میمن و مصادق ☆آب و خاک. دوست و موافق ☆خاک و آتش. میمن و مصادق ☆خاک و باد.دشمن وناموافق ☆خاک و آب. دوست و موافق

قواعدِ کلیة کی جدول : (عجیب وغریب مگر نہایت پر تاثیر عمل)

حضرت علامہ ابوالعباس احمد بن علی البونیؒ نے اپنی مشہور ومعروف کتاب ''شمس المعارف و لطائف العوارف'' کے حصہ سوئم میں علمِ جفر کے نہایت عظیم وسرمکنون اعمال وعملیات (بالخصوص قواعدِ کلیہ کی جدول) پر سیر حاصل بحث فرمائی ہے ۔

زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ا	ھ	ط	م	ف	ش	ذ
ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ
د	ح	ل	ع	ر	خ	غ
گرم	گرم	گرم	گرم	سرد	سرد	سرد

تم کو کسی شخص سے عداوت ہے ۔ اور تم اس کو ناقابلِ تلافی جانی نقصان پہنچانا چاہتے ہو ۔ یا تم غائب کو بلانا چاہتے ہو ۔ یا تمھیں کسی سے کوئی فائدہ لینا منظور ہو ۔ ۔ پس اس شخص کے نام کو ملاحظہ کرو ۔ کہ کون سے عنصر کا اس میں غلبہ ہے ۔ کیونکہ ! انہی عناصر کا مجموعہ تمام موجودات کے خیروشر، نیکی وبدی، ہدایت و گمراہی، حق و باطل پر اطلاق ہوتا ہے ۔ (عمل بھی غالب عنصر کے ساتھ کیا جائے گا ۔ جیسے کہ ! اگر خاک غالب ہے ۔ تو عمل خاک میں یا قبر میں یا مکان کی دہلیز وغیرہا میں دبایا جائے گا ۔ اسی طرح اگر آتش غالب ہے ۔ تو عمل آگ کے قریب دبایا جائے گا یا چراغ میں جلایا جائے گا ۔) غالب عنصر کے حروف اس نام میں ملاؤ ۔ پھر اس کے بعد اگر حروف اسم کے ایک ہی طرح کے ہیں ۔ تو ان میں بسط چار مرتبہ ہوگا ۔ اور اگر وہ منفرد ہیں ۔ تو بسط پانچ مرتبہ ہوگا ۔ پھر ایک ہی قسم کے حروف کی چار سطور بنائیں ۔ جبکہ مفردہ کی پانچ پانچ ۔ اگر پھر بھی کوئی فرق رہے ۔ تو اس کو پھر سے بسط کرو ۔ پھر دیکھیں وہ جوڑا جوڑا ہیں یا ایک ایک ۔ پھر اس میں اسی طرح عمل کرو ۔ اس عمل سے وہ قسم پیدا ہوگی ۔ کہ جس کے ساتھ تم ان تینوں اقسام کو مسخر کر کے جو چاہو وہ کام کرلو ۔ مثلاً !

مطلوب کا نام محمد ہے ۔ اس اسم کے بسطِ عددی (عربی) یہ ہیں ۔ اربع ون ۔ ثم ان ی ہ ۔ اربع ون ۔ اربع ہ ۔ اعداد ان کے 23 ہیں ۔ پھر اس کے بعد چاروں باتوں میں سے جو بھی کرنی ہو ۔ حب وبغض، طرد و سقم ۔ یاد رہے ۔ کہ ! اگر عدد متزوج (ہم جنس) ہوں تو رباعی نظم کرو ۔ (یعنی **4 x 4** کا نقش) اور اگر مفرد ہوں ۔ تو خماسی (**5 x 5**) نظم کرو ۔ پس اس کے ساتھ آبی یا خاکی یا بادی یا ناری کے حروف کا بسطِ عددی اور یوم و ساعت ، برج وکوکب وغیرہا کے بسطِ عددی کا اس میں اضافہ کر کے عمل پورا کرلو ۔ (جیسا کہ پیچھے صفحہ نمبر **877** پر عملِ ''السند'' میں بتایا گیا ہے)

اگر کسی خوش نصیب کو یہ طریقہ سمجھ آ گیا ۔ تو گویا اسے سرمکنون کی پہچان ہوگئی ۔ یعنی اسے زمین وآسمان کے خزائن میسر ہوگئے ۔ اسی طرح سے بارش یا ہوا کا مسخر کرنا کہ جب جی چاہا مینہ برسا دیا ۔ یا جب چاہا مینہ بند کر دیا ۔ یا پھر جب چاہا ہوا چلا دی اور جب چاہا ہوا بند کر دی ۔ مثلاً ! ریاح (ہوا) مطلوب ہے ۔ تو ریاح کی میزان (یعنی لفظ ریاح کے حروف کی بسطِ عددی) یہ ہے ۔ م ء ا ت ی ن ۔ ع ش ر ہ ۔ ا ح د ۔ ث م ا ن ی ہ ۔ یہ ٹوٹل 19 حروف ہیں ۔ مقصد ہمارا ''**جلب**'' ہے ۔ میزانِ جلب ملا کر عمل کرنے سے ہوا چل جائے گی ۔ یاد رہے ۔ کہ ! جب بھی کسی کام کے واسطے اس طریقہ کے ساتھ عمل کرو ۔ تو مخرج لازمی لے کر میزانِ عمل پر اضافہ کرو ۔ جیسے کہ عنصر ناری کا مخرج 1125 ہے ۔ پس یہ اہم موازین ہیں ۔ اگر کوئی عالم ومتقی چاہے تو تمام عالم میں اسی عمل کے ذریعے سے اپنا تصرف کرسکتا ہے ۔

اس (رب) کی یاد آئی ، سانسو! ذرا آہستہ چلو
دھڑکنوں سے بھی عبادت میں خلل پڑتا ہے

(یہ عمل بہت عظیم امرتبت شان کا حامل ہے ۔ چونکہ ! حضرت امام بونیؒ نے اس عمل مرموز طریقے سے نامکمل بیان کیا ہے ۔ لہذا میں بھی ان کی بعینہٖ تقلید کر رہا ہوں ۔ گو کہ مجھے اس عمل پر کافی حد تک دسترس وکمال بھی حاصل ہے ۔ میں عمل ہذا کو جاننے کے باوجود نامکمل بیان کر رہا ہوں ۔)

تصرفات کے حصول کا طریقہ کار :

اس مشہور ومعروف عمل میں کُل گیارہ موازین کو لینا پڑتا ہے ۔ جو کہ یہ ہیں ۔ ☆ اسم طالب ☆ مطلب ☆ اسم مطلوب ☆ عنصر ☆ روزِ عمل ☆ وقتِ عمل ☆ ساعتِ عمل ☆ منزل عمل ☆ کواکبِ عمل ☆ طالعِ عمل (بُرج) ☆ اسمِ ذات (**اللہ**)

اس ضمن میں علمائے عاملین کا فرماتے ہیں ۔ کہ اس عمل میں گیارہ موازین ہی لینے چاہیئں ۔ اور وہ یہ توجیہ پیش کرتے ہیں ۔ کہ اسم ذات **اللہ** کے ملفوظی حروف (الف ۔ لام ۔ لام ۔ ہا) بھی گیارہ ہی بنتے ہیں ۔ اگر کہیں پر ایسی صورت حال آ جاتی ہے ۔ کہ مطلب ومطلوب ایک ہی ہو ۔ جیسے حصولِ رزق کے لئے عمل کرنا ہے ۔ تو مطلب ومطلوب دونوں رزق ہی ہونگے ۔ مگر ایسی جگہ پر مطلب کو رزق اور مطلوب کو رزاق قرار دے کر گیارہ موازین کو مجتمع کرنا ہوگا ۔ جُملہ موازین کے مؤکلات استخراج کرنے کا طریق یہ ہے ۔ کہ حروفِ ابجد عددی کو فی نفسہ ضرب دیں (جیسے ہمارے پاس طالع وقت قوس آیا ۔ تو **القوس** کے ابجد عددی 20 ہوئے ۔ اور 20x20=400 ہوئے ۔ ان کا نطق ''ت'' آیا ۔ تو مؤکل یہ بنا ۔ **تائیل** ۔ یاد رہے ۔ کہ عاملین حضرات مؤکل بنانے کے لئے آخر میں ایل لگاتے ہیں ۔ جس کے عدد بحساب ابجد قمری 41 بنتے ہیں ۔ جبکہ امام بونیؒ کا طریقہ مؤکل بنانے کے لئے آخر میں ائیل لگاتے ہیں ۔ جس کے اعداد 51 بنتے ہیں ۔ بہر حال دونوں طریقوں سے کام ہو ہی جاتا ہے ۔ چونکہ **انما الاعمال با لنیات** ۔ لہذا شائقینِ کتاب ہذا جو بھی طریق اپنائیں گے ۔ اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم سے پُر تاثیر وسریع الاجابہ پائیں گے ۔ انشاءاللہ العظیم ۔

بہر حال جب تمام مؤکلات کا استخراج کر لے ۔ پھر ان مؤکلات کے ابجد قمری نکال لے ۔ جس قدر اعداد حاصل ہوں ۔ اِن کو گویا کرے ۔ اور جدول نمبر 10 بسطِ عزیزی کرے ۔ مثلاً اگر ہمارے پاس گیارہ موازین کے اعداد 3284 آئے ۔ تو ان کے حاصل شُدہ حروف یہ ہوئے ۔ جیسے کہ ! د ۔ ف ۔ ر ۔ غ ۔ غ ۔ غ ۔ ان کا بسطِ عزیزی یوں ہوگا ۔ دب ۔ فق ۔ رص ۔ غض ۔ غض ۔ غض ۔ مصارقت ومصاحبت ہوئی ۔ اسی طرح سے اگر مطلب کسی چیز کے حصول کا نہ ہو ۔ یعنی بغض وجُدائی ، شر وعداوت ، سقم یا تسلیط المرض وغیرہ کا ہو ۔ تو ایک عنصر کو اس کے مخالف سے ضرب کریں ۔ جیسے کہ ! د ۔ ف ۔ ر ۔ غ ۔ غ ۔ غ ۔ ان کا بسطِ عزیزی یوں ہوگا ۔ دا ۔ فر ۔ رف ۔ غذ ۔ غذ ۔ غذ ۔ مفارقت ہوئی ۔

یہ یاد رہے ۔ کہ ! اس عمل کا بھی وقت تو ہی ہوگا ۔ کیونکہ عامل جس وقت چاہے عمل کر سکتا ہے ۔ یا پھر جیسے واپسی گریختہ یا جلب المطلوب کا عمل کرنا ہو ۔ تو بجائے انتظارِ وقت ، اس وقت کے جو بھی اوضاع میسر ہوسکیں ۔ انہی کے مؤکلات لے لیں ۔ مطلوب کو طلب کرنے کا کہیں ۔ مطلوب شخص بمطابق فاصلہ حاضر ہوگا ۔ اور ضرور حاضر ہوگا ۔ انشاءاللہ تعالیٰ ۔ بشرطیکہ عمل میں کوئی لغزش واقع نہ ہو جائے ۔ صاحب عمل کو چاہیئے ۔ کہ اِس عمل کو پہلے سے تیار کر کے کئی مرتبہ پڑتال کرے ۔ تا کہ غلطی نہ ہو ۔ ایسی ہیئت فلکی و وضع نجمی کو دافع قوت و دفع طبیعت بھی کہا جاتا ہے ۔ کہ ہر کوکب کی قوت وطبیعت اپنی بہ نظرِ دوستی دوسرے کو دیتا ہوا ۔ ایسے اوضاعِ فلکیہ گردشِ سماویہ میں دلائل کامل ہوتے ہیں ۔ تمثیلاً تین اعمال پیشِ خدمت ہیں ۔ تاکہ صاحبان **علم الجفر الآثار** وشائقین عمل ہذا کو دقت و دُشواری پیش نظر نہ رہے ۔ اول : حصولِ عقل و دانش ، فہم و فراست وغیرہ کا عمل ۔ دوئم : حب وبُغض ، یا طلب وطرد کا عمل ۔

سوئم : منازلِ قمر یا حروفِ تہجی سے خیر وشر یا بُلندی مرتبہ وکشائش کاروبار یا وُسعتِ رزق کا عمل ۔

حصولِ عقل و دانش ، فہم و فراست وغیرہ کا عمل :

یہ طریقہ کار عقل ودانش ، فہم وذکاء ، علم وحکمت ، صحت وسقم وغیرہ جیسے اعمال میں کفایت کرے گا ۔

ایک بادشاہ تھا ۔ نام اس کا بلید تھا ۔ اور بلید کا ایک ہی لڑکا تھا ۔ جس کا نام سند تھا ۔ (حکیم افلاطون نے اپنی کتاب ''الواحُ الجواہر افلاطون'' میں اور بونیؒ وتلسمانیؒ وغیرہم نے اپنی اپنی گراں مایہ تصانیف وتالیفات میں اس عمل کو **عمل السند** کا نام دیا ہے) سند نہایت احمق و نافہم تھا ۔ عقل سے بالکل دور ، حد سے زیادہ بے شعور ۔ وہ یہ تک نہ جانتا تھا ۔ کہ میں کیا کہتا ہوں ۔ نہ ہی وہ یہ سمجھ سکتا تھا ۔ کہ دوسرا کیا کہہ رہا ہے ۔ سند کی عمر 24 یا 34 سال ہو چکی تھی ۔ جوانی کا عالم تھا مگر سند ۔ ۔ ۔ البتہ سند کا باپ ''بلید'' انتہائی زیرک ودانا اور عالم فاضل شخص تھا ۔ جمیع علوم وفنون میں کامل اور اسرار ورموزِ ظاہری و باطنی سے شناسا تھا ۔ اللہ تعالیٰ نے بلید کو عظیم الشان حکومت وسلطنت بھی عطا فرمائی ہوئی تھی ۔ اس بادشاہ کے ماتحت چالیس لشکر تھے ۔ ہر لشکر کی تعداد کم وبیش پانچ لاکھ نفوس پر مشتمل تھی ۔ پانچ وسیع وعریض ممالک اس بادشاہ کے زیرِ نگیں تھے ۔ اپنے حشم وخدم کو دیکھتے ہوئے اس بادشاہ کو شیطان نے ایسا بہکا دیا ۔ کہ وہ بادشاہ دعوٰی ربوبیت کر بیٹھا ۔ حتٰی کہ عالم وفاضل ، عاقل وجاہل غرضِ کہ اس کی تمام رعایا اس کی پرستش کرنے لگے ۔ لیکن بیٹا اس کا احمق و نا اہل مجسم تھا ۔ سوائے اس ایک لڑکے کے بادشاہ کی اِس عظیم مملکت وحکومت کا کوئی والی و وارث نہ تھا ۔ بادشاہ کو بھی اکثر یہی فکر دامن گیر رہتی تھی ۔

ایک روز جبکہ اراکین دولت وحاشیہ نشیں حاضر خدمت تھے ۔ اور دربار بھی بڑی آب وتاب ، شان وشوکت سے لگا ہوا تھا ۔ اور باشاہ اپنے مخصوص تخت پر براجمان تھا ۔ کہ وُزراء واُمرائے سلطنت عرض گُزار ہوئے ۔ کہ اے عظیم سلطنت کے جلیل القدر بادشاہ سلامت ! تیرے سوا ہمارا کوئی نہیں ، تو ہی ہمارا مالک ومُختار ہے (**نعوذ باللہ**) لیکن اس وقت ہم تیرے امتحان لینے کے واسطے حاضرِ خدمت ہوئے ہیں ۔ پس اگر تو واقعتاً اپنے قول وفعل میں صادق اور اپنی سلطنت کا حقیقی امین ہے ۔ تو ہمارے اور اس سلطنت کے واسطے اپنے صاحبزادہ سند کو عاقل وزیرک کر دے ۔ بادشاہ نے اُسی لمحے اُن کا سوال منظور ومقبول کیا ۔ اس لئے کہ بادشاہ علم الحروف میں وقوف وشناسائی رکھتا تھا ۔ چنانچہ بادشاہ نے ذیل کا عمل تیار کیا ۔

(اِسی لئے اِس عمل کو ''عمل السند'' کا نام دیا گیا۔ چونکہ! یہ عمل بادشاہ نے اپنے بیٹے'' سند کو عاقل وزیرک، دانا و باشعور بنانے کے لئے سرانجام دیا تھا۔ بہرحال اِس عمل کے لوازمات تفصیلاً یہاں پر درج کئے جاتے ہیں)

نمبرشمار	موازینِ عمل	تعدادحرفی	ضربِ حرفی	نطق
1	السند (جس کے واسطے یہ عمل کیا گیا)	22	484	و ف ت
2	العقل (مطلب ومقصد)	23	529	ط ک ث
3	اتوار (عمل کا دِن)	37	1369	ط س ش غ
4	شمس (ساعتِ عمل)	26	676	و ع خ
5	حمل (طالع وقت)	26	676	و ع خ
6	مریخ (صاحبِ طالع)	30	900	ظ
7	الحمل (قمر درحمل)	26	676	و ع خ
8	المریخ (صاحبِ بُرجِ قمر)	30	900	ظ
9	الشرطین (عمل کے وقت کی منزل)	34	1156	و ن ق غ
10	الماء (عنصر) پلانے کا عمل	23	529	ط ک ث
11	اللہ (عمل کے لئے مستعمل اسمِ ذات)	18	324	و ک ش

اس عمل سے جو گیارہ موازین استخراج ہوئے۔ ان کل موازین کے اعداد بحسابِ ابجدِ قمری **8219** بنے۔ نطق ان اعداد کے یہ ہوئے۔ ط ی ر غ غ غ غ غ غ غ غ ۔ مؤکل ان کا **طیرغغغغغغغائیل** ہوا۔ اب ان حروفِ نطق کو بسطِ عزیزی کیا۔

طک ۔ یل ۔ رص ۔ غض ۔غض ۔غض ۔غض ۔غض ۔غض ۔غض ۔غض ۔ آ ئے۔

اب اتوار کے دن سے یہ عمل اس طرح سے شروع کیا۔ کہ ایک طشتری جدید لے کر **طیرغغغغغغغائیل** کو درمیان میں لکھ کر اور اس کے اردگرد بسطِ عزیزی سے حاصل شُدہ حروف (طک ۔ یل ۔ رص ۔غض ۔غض ۔غض ۔غض ۔غض ۔غض ۔غض ۔غض) کو مُشک وزعفران سے لکھ کر عرقِ گلاب وگاؤزبان سے گھول کر شہد سے میٹھا کر کے شہزادے کو روزانہ کی بنیاد پر پلاتے رہے۔ اور چٹائے گئے۔ جبکہ اسی طرح کا ایک تعویز بھی شہزادے کے گلے میں لٹکایا گیا۔ ابھی آٹھ دن بھی نہ گُزرے تھے۔ کہ (وہی نالائق) شہزادہ عقل وفہم وفراست ومعاملہ فہمی میں اپنے باپ سے بھی آگے بڑھ گیا۔

دیگر تصرفات : اس عمل کے اور بھی بہت سے تصرفات ہیں۔ جیسے کہ بسطیات ومرکبات وحرفیات وعددیات و پانچ مظاہر (بسط ۔ امر ۔ نفس ۔ عقل ۔ ہیولیٰ) وغیرہ پر تصرفات حاصل کرنا۔ صاحبزادہ کاش البرنیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! اس عمل وعلم کے نتائج اس مرتبہ پر ہیں۔ کہ واصف ان کے اوصافِ جمیلہ وجلیلہ سے یکسر عاجز وقاصر ہے۔ کیونکہ کُل اُمور وجمیع اعمال مِثل تسخیر الخلائق، کشائشِ رزق، تحصیلِ مال ودولت، برکتِ کاروبار وتجارت، ایتلاف وتسخیر ملائکہ وتسخیر ہفت سیارگان، تسلیط الامراض، تفریق بین الجمعین وبین المفارقین، مقہوری اعداء، تسلیط السقم وشفائے امراض، دفع اوجاع وطیب، عیش وعشرت وخرم وشادمانی، دفع خطر وکف مطہر وفتحِ حصار، غالب ومغلوب کرنا، عقود اللسان والنوم والقضیب والسموم، اخراج از سلاسل وزندان، حل وقفل، شبِ تاریک میں مثل روز روشن دیکھنا، طی الارض، تبدیل شکل وصورت اور دیگر بے شمار ولاتعداد امور وابسطہ ومتعلق اس علم کے ہیں۔ ہمیں جب تک اس عظیم الشان علم کے وقوف وادراک حاصل نہ ہوں گے۔ تاآنکہ ان مذکورہ امور میں اپنی حاجت روائی سے قاصر رہیں گے۔ جب تک کہ اس علم میں معرفت تامہ حاصل نہ ہو جائے۔ تو جو شخص جس بھی امر میں تصرف کا خواہاں ہو۔ خواہ وہ جزیات سے ہو یا کلیات سے۔ جیسے چاہے گا۔ (بشرطِ کہ جائز ومتشرع ہو) ویسا ہی ہو جائیگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

حب و بُغض ، یا طلب و طرد کا عمل : (مثالِ جلب المطلوب)

اگر طالب احمد اپنے مطلوب محمد کو کراچی سے طلب کرنا چاہتا ہے۔ اب اس عمل کے جب تمام موازین کو اکٹھا کیا جائے گا تو اس عمل کا جدول یہ بنے گا۔ یہ عمل دراصل جلب المطلوب کا ہے۔ اس عمل کی مثال وجدول پیشِ خدمت ہے۔

اس عمل سے جو گیارہ موازین استخراج ہوں گے۔ ان کُل موازین کے اعداد بحسابِ ابجدِ قمری **9870** ہوئے۔ اور ان کے نطق یہ ہوئے۔ ع ۔ض ۔ غ ۔ غ ۔ غ ۔ غ ۔ غ ۔ غ ۔ غ ۔ غ ۔ غ ۔ اب ان اعداد کو گویا کر کے ابجد بسطِ عزیزی سے تالیفِ حرفی کر کے جو سطرِ حروف تیار ہوگی۔ وہ یہ ہے۔ عن ۔ ضغ ۔ غض ۔ غض ۔ غض ۔ غض ۔ غض ۔ غض ۔ غض ۔ غض ۔ غض

اب نقش بناتے وقت گیارہ مؤکلات لکھ کر ایبل لگادیں۔ جیسے کہ! عنائیل ۔ ضغائیل ۔ غضائیل ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ پھر مندرجہ بالا سطر (ع ۔

ض ۔ غ ۔ غ ۔ ۔) کو عین وقت پر لکھ کر ہوا میں لٹکا دیں ۔ تو محمد بمطابق مسافت سفر احمد کے پاس بہر صورت پہنچ جائے گا ۔ جدول یہ ہے ۔

نمبرشمار	موازینِ عمل	تعدادِحرفی	ضربِ حرفی	نطق
1	احمد (طالب)	21	441	ا م ت
2	جلب قلب (مطلب)	28	784	د ف ذ
3	محمد (مطلوب)	23	529	ط ک ث
4	الباد (عُنصر)	23	529	ط ک ث
5	الجمعہ (یومِ عمل)	41	1681	ا ف خ غ
6	النھار (وقتِ عمل)	28	729	ط ک ذ
7	الساعۃ الاول	51	2601	ا خ غ غ
8	الزھرہ	26	676	و ع خ
9	الحمل	26	676	و ع خ
10	المریخ	30	900	ظ
11	اللہ (اسمِ ذات)	18	324	و ک ش

منازلِ قمر یا حروفِ تہجی سے خیر و شر یا بُلندی مرتبہ و کشائش کاروبار یا وُسعتِ رزق کا عمل :

اس عمل میں بھی تمام حروفِ تہجی میں گیارہ موازین ہی کا استخراج ہوگا ۔ ☆ اسم طالب ☆ اسم مطلوب (مقصد و مطلب) ☆ منزلِ حروف ☆ طالع وقت ☆ صاحبِ طالع ☆ ساعتِ عمل ☆ یوم ☆ صاحبِ یوم ☆ برج قمر ☆ عنصر ☆ اسم ذات باری تعالیٰ ۔

ہم ہیں مُشتاق ، اور وہ ہیں بیزار   یا الٰہی ! یہ ماجرا کیا ہے

حاصل شُدہ اعداد کے مجموعہ اعداد کے حروف بنا کر بسطِ عزیزی سے مربی ومقوی کریں ۔ بعدازاں حروفِ بسط عزیزی کے دو۔ دو حروف مرکب کریں ۔ پھر جس حرف کی منزل ہو ۔ اس حرف کا نقشِ مُثلث بمطابق عنصر وضع کریں ۔ اس کے بعد مقصد (ہر دلعزیز خلائق) کے موافق اس نقش کی پُشت پر ایک تصویر وضع کریں ۔ کہ ایک مَرد کرسی نشیں ہو ۔ اور پھر اپنے نام (مع والدہ) کے حروف کو مفرد لکھ کر ان کے اعداد کا مجموعہ حاصل کریں ۔ اور اس تصویر کے سر پر وہ اعداد لکھ دیں ۔ بعدازاں ان اعداد کے حروف بنا کر بسطِ عزیزی سے مرکب کر کے تصویر کی پیشانی پر لکھ دیں ۔ پہلے والے طریقے کے مطابق حروف سے موٴکلات بنالیں ۔ اور اِن موٴکلات میں سے خلیفہ موٴکل کو سر پر اور باقی گیارہ موٴکلات بمع مرکب، حروف حاصل شُدہ از بسطِ عزیزی کو تصویر کے اردگرد لکھ دیں ۔ اب یہ طلسم تیار ہوگیا ۔ اس کو ہمیشہ اپنے پاس رکھیں ۔ تو جاہ و جلال ، کشائشِ رزق و بلندی عالی المرتبت بہت ہی تھوڑے عرصہ میں مقصود پاوٴ گے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔ اور ہمیشہ نزد حُکام و اُمراء ایسے شخص کی قدر و منزلت ہوگی ۔ اعزاء وحلقہ احباب اور عوام الناس میں بہت مقبول ومعروف ہو کر شان وشوکت حاصل کرے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

عظمتِ قرآنِ حکیم پر ایک پیاری سی نظم

قرآن کا کوئی بھی متبادل نہ بدل ہے   قرآن ہر گفتنء دشوار کا حل ہے
قرآن رسالت کا محافظ بھی خبر ہے   قرآن بصیرت بھی، بصارت بھی، بصر ہے
قرآن تاثیر بھی ، موٴثر بھی ، اثر بھی   قرآن میں صحرا بھی سمندر بھی حجر بھی
محشر کی مثالیں بھی ، سدرہ کے ثمر بھی   قرآن میں ازل سے ابد تک کی خبر ہے
قرآن ہی تذکرہ جن و بشر ہے   قرآن کی آیات میں راتیں بھی ہیں دن بھی
قرآن میں ذکرِ انساں بھی شیاطین بھی جن بھی   قرآن تو انسانوں پہ احسان ہے رب کا
قرآن حقیقت میں خزینہ ہے ادب کا   قرآن تو گنجینہ ہے اصل و اصول کا
ہاں ہاں ! قرآن تو معجزہ ہے رسولؐ کا

تکسیرِ افلاطون

تصرفات کے حصول کا عظیم الشان علم :

مانا کہ میری ذات میں سو عیب ہیں مگر بکتے نہیں ، خُدا کی قسم ! ہم فقیر لوگ
اگر نہ ہو تجھے اُلجھن تو کھول کر کہہ دوں وجودِ حضرتِ انسان ، نہ روح ہے نہ بدن

حضرت کاش البرنیؒ اپنی مشہورِ زمانہ کتاب رموز الجفر میں فرماتے ہیں ۔ کہ اس نظامِ عالم میں آتش و باد ، آب و خاک کا عمل ، خیر و شر کے اعمال ، ہدایت وگمراہی کی تعلیمات اور حق و باطل کی تشہیر وترویج کارفرما ہے ۔ حضرت کاش البرنیؒ فرماتے ہیں ۔ کہ تصرفات کے حصول کا یہ علم ، جو کہ درحقیقت ایک پنہاں راز اور مخفی خزینہ تھا ۔ اس کو یہاں بیان کیا جارہا ہے ۔ اس عمل سے چار قسم کے کام آسانی لئے جاسکتے ہیں ۔ بشرطیکہ سمجھ و بوجھ ، حسابی غلطیوں سے پاک اور علم جفرِ احمر سے شُد ھ بُد ھ رکھتا ہو ۔ وہ چار قسم کے کام یہ ہیں ۔

☆ جلب ☆ طُرد ☆ شِفاء ☆ سقم.

یعنی کہ طلب و جذب اور اتصال و انفصال کی جُملہ صورتوں کو اس عمل کے ذریعے سے سہلاً انداز میں حل کیا جاسکتا ہے ۔ اگر اس طریقہ پر کسی کے فہم و ادراک اور وقوف نے کام کرلیا ۔ تو سمجھ لینا چاہیئے ۔ کہ ردو قبول کی قوتوں پر اُس شخص کو تصرف حاصل ہوگیا ۔ اِسی ضمن میں تمثیلاً ایک طریقہ کارقارئینِ کتاب ہذا اور شائقینِ روحانیات کی خدمت اقدس میں پیش کیا جاتا ہے ۔

ایک سطر میں اسم طالب مع والدہ اور اسم مطلوب مع والدہ لکھیں ۔ دوسری سطر میں مقصد کے موافق حروفِ عنصری لکھیں ۔ حروفِ عنصری کی ترتیب یہ ہے ۔

عناصر حروف	مزاج	حروفِ نورانی	مزاج	حروفِ ظلمانی
آتشی حروف	سعد	ا .ہ .ط.م	نحس	ف.ش.ذ
بادی حروف	سعد	ک .س. ق	نحس	ج.ز.ث.ظ
خاکی حروف	سعد	ی.ن.ص	نحس	ب.و.ت.ض
آبی حروف	سعد	ح.ل.ع.ر	نحس	د.خ.غ

اب دونوں سطور کوامتزاج دو۔مثلاً طالب **احمد**،مقصدومطلب حصولِ **محبت** اورمطلوب **محمد**۔

لہذاسادہ سطرتو یہ بنے گی۔ ا۔ح۔م۔د م۔ح۔ب۔ت م۔ح۔م۔د

البتہ،اِس مقصدکی امتزاجی سطریوں بنے گی۔ **ا۔ح۔م۔د۔م۔ح۔ب۔ت۔ م۔ح۔م۔د**

اب اس سطرکاعنصری تجزیہ کیا۔چونکہ یہ عمل محبت کا ہے۔اس لئے ان کے حروف بھی سعدہی لیں گے۔

آتشی حروف: ا۔م۔م۔م۔ (121) آبی حروف: ح۔ح۔ح۔(24)

اِس عمل کے اندر ہمیں خاکی و بادی حروف میسر نہ ہو سکے ۔ جبکہ یہاں پر حروفِ آتشی غالب ہیں ۔

اس لئے ہم نے دوسری سطر میں آتشی و بادی حروفِ سعد کولکھا ۔ ا ہ ط م ک س ق

جب ہم نے ان دونوں سطور کا امتزاج کیا ۔ (یہ یاد رہے کہ ناموں کی سطر میں باربار امتزاج دیں گے ۔ یہاں تک کہ ناموں والی سطرختم ہو جائے) یہ امتزاج اس طرح سے ہوگا ۔

ا ا ح ہ م ط د م م ک ح س ب ق ت ا م ہ ح ط م م د =

کُل حروف کی تعداد23

اب اس کی تکسیر صدر مؤخر کر کے زمام برآمد کی تو چاروں گوشوں سے چار حروف لئے پھر قلبِ تکسیر کے حروف لئے ۔ پھر ان حروف کے اعداد جمل کبیر سے لے کر ان حروف کے ساتھ ائیل لگا کر مؤکل بنالیں ۔

مِثال کے طور پر اگر چاروں گوشوں کے حروف یہ ہیں ۔ ا۔د۔ح۔ا اعداد۔ 14

جبکہ قلب کےحروف یہ ہیں۔ م۔ح۔ت۔ا اعداد۔

میزانِ اعداد یہ ہوئے۔ **463=449+14** لہذا مؤکل کے اعداد 51 نکال لیں۔ باقی **412** کا نطق **ب۔ی۔ت** ہوا۔
تو مؤکل **بیتائیل** بنا۔ اب ہمیں یہاں پر سطرِ طلسم تیار کرنا ہوگی۔ جس کے لئے ہمیں نقشہ عناصر کو مدنظر رکھنا ہوگا۔ جو یہ ہے۔

درجات	آتش	خاک	باد	آب	الکعب	حروف	کواکب
مرتبہ	ا	ب	ج	د	10	ی	زحل
درجہ	ہ	و	ز	ح	26	وک	مشتری
دقیقہ	ط	ی	ک	ل	69	طس	مریخ
ثانیہ	م	ن	س	ع	220	کر	شمس
ثالثہ	ف	ص	ق	ر	470	عت	زہرہ
رابعہ	ش	ت	ث	خ	1800	ضغ	عطارد
خامسہ	ذ	ض	ظ	غ	3400	تغغغ	قمر

نقشہ عناصر کے مُطابق اس تمثیلی مثال کے مطابق سطرِ طلسم یہ ہوگی۔ **اج۔دب۔ح۔ر۔اج۔مس۔حر۔تخ۔اج۔**
(یہ بات ہمیشہ یاد رکھیں کہ ہر ہر حرف اپنے ہی درجے سے ملے گا۔ تصرفاتِ تکسیرِ افلاطون کے علم کا یہ بہت اہم نقطہ ہے)

ایک محبت کافی ہے   باقی عمر اضافی ہے

چونکہ اِس عمل کا مؤکل **بیتائیل** ہے۔ اب طالب ومطلوب کی تصاویر لے کر دونوں کے پیچھے غالب عنصر کے مُطابق مربع نقوش بنائیں۔ اور تصاویر پر سامنے مؤکل کا نام لکھیں۔ اور مؤکل کے نام ہی کے اردگرد سطرِ طلسم کو لکھ لیں۔ پھر ان تصاویر کو منہ در منہ جوڑ دیں۔ چونکہ اس عمل میں آتشی حروف غالب تھے۔ اس لئے اس عمل کو آتشی قرار دے کر وقت کا انتخاب کیا جائے۔ اور استعمال کے لئے ایک نقش کو ایک حد تک (یعنی مختصر سے وقفے کے لئے) حرارت دی جائے۔ اور دوسرے کو بازوئے راست پر باندھ لیا جائے۔ اور ایک جدید چراغ لے کر اس کے اندر یہی مربع بنایا جائے۔ نقش کے باہر چاروں اطراف میں چار مرتبہ اسی مؤکل کا نام لکھا جائے۔ اور اس مربع ومؤکل کے اردگرد اندرونی طرف سے اسمائے طلسمات لکھ لیے جائیں۔
چونکہ یہ عمل حُب ہے۔ لہذا بخور مشک زعفران، لوبان اور صندل کا ہو۔ اب تکسیر والی سطور (جو کہ زعفران وعرق گلاب کی بنائی ہوئی روشنائی سے لکھی گئی تھی) کو لے لیں۔ منقوش وجدید چراغ میں روغنِ گاؤ اور شہد ڈال کر فتیلہ روشن کریں۔ اور پاس بیٹھ کر مطلوب کے طالب کے عشق میں گرفتار ہو کر حاضر ہونے کے قوی تصور کے ساتھ اس عزیمت کو روزانہ **13** مرتبہ پڑھنا ہے (13 مرتبہ اس لئے کہ طالب، مقصد اور مطلوب کے کُل اعداد **463** سے اس طرح حاصل ہوئے تھے۔ کہ **13=3+6+4=463**)۔ عزیمتِ عمل ہٰذا یہ ہے۔

توکلوا یا خُدام هذه الاسماءِ (بیتائیل) **و حرکوا روحانية المحبة والمودة والاُلفة والقُرب احرقت قلب فلانة** (مطلوب مع والدہ) **علی المحبة والمودة فلان** (طالب مع والدہ) **بحق هذه الحروف التكسير** (اج۔دب۔ح۔ر۔اج۔مس۔حر۔تخ۔اج) **وحرقت بالنار** (**عُنصر** ۔ یا جو بھی عُنصر ہو) **كما تحرق هذه الاسماءِ. علیکم و طاعتها لدیکم** ☆ انشاءاللہ ہفتہ عشرہ میں ہی مطلوب دیوانہ وار طالب کے حضور آن حاضر ہوگا۔ انشاءاللہ عمل مکمل ہوا۔

کوئی محوِ رقص ہے، تو کوئی گم ہے خیالِ یار میں   یہ عشق کے رنگ ہیں، نہیں کچھ کسی کے اختیار میں

یہ بات ضرور بالضرور ذہن نشین رہنی چاہیئے۔ کہ اگر حقیقی تصویر نہ مِل سکے۔ تو دو تصاویر طالب ومطلوب کی فرضی بنالیں۔ اور دونوں کی جنس کا بھی خیال رکھیں۔ طالب کی تصویر پر مؤکل کا نام اور مطلوب کی تصویر پر اعدادِ مؤکل لکھیں۔ اور مؤکل واعداد دونوں کے گرد اسمائے طلسمات لازمی لکھیں۔ اور دونوں تصاویر کے پیٹ پر مُربع نقش عنصر کے مطابق لکھیں۔ اور ان تصاویر کو اس طرح سے بنائیں۔ کہ مقصد بھی نظر آئے۔ جیسے کہ طالب تکبرانہ انداز میں کھڑا ہے۔ اور مطلوب اس کے پاؤں میں ایسے بیٹھی ہے۔ جیسے کوئی شخص بھیک مانگ رہا ہو۔ یا پھر طالب کھڑا ہے۔ اور مطلوب دونوں ہاتھ (گلے لگانے کے لئے) پھیلائے ہوئے اس کی طرف دوڑ کر آرہی ہو۔

نوٹ : بُغض وعداوت، طرد وہلاکت، حسد وسقم کے اعمال میں اسم الٰہی **قاھر** ۔ **قھار**، **جبار** لئے جائیں گے۔ اور سطر میں نحس حروف لئے جائیں گے۔ اور مؤکل معکوسی بنے گا۔ (پچھلے عمل کا نطق ب۔ی۔ت تا تو مؤکل **بیتائیل** بنا تھا۔ مگر یہاں پر مؤکل **تیبائیل** بنے گا) اس طرح کے منفی عملیات کو سیسہ کی لوح پر آہنی قلم سے اسی قلم کی نوک یا کالی سیاہی کے ساتھ تیار کرنا ہوگا۔

لطافت بیدار کرنے اور روح کی بالیدگی کا مجرب المجرب جفری عمل :

حضرت غلام الرسول میمن عائلی نقشبندیؒ کتاب مکاشفاتِ اسرار میں رقم طراز ہیں۔ کہ! کسی بھی (شرعی) عمل سے بیشتر اس عمل کے واسطے اپنی لطافت کو بیدار کرنے اور اپنی روح کی بالیدگی دینے کا یہ عمل ہے۔ یہ طریقہء کار مختلف موضوعات میں بھی جامع عدد کے تغیر و تبدل کے ساتھ کام آئے گا۔

کلیہ : نامِ مکتوبی شمارِ حرفی (جمع ایک)، نامِ ابجد قمری عددی (بعینہٖ)، نامِ ملفوظی شمارِ حرفی (طرح ایک)، نامِ عربی شمارِ حرفی (جمع تین)، مضروبِ عربی شمارِ حرفی (طرح تین)۔ اَب جو اعداد حاصل ہوں۔ ان جملہ اعداد کا ایک اسمِ الٰہی یا دو، تین اسمائے باری تعالیٰ اُخذ کئے جائیں گے۔ اس سے زائد نہیں۔ پس جملِ کبیر کے موافق اِن اسمائے الٰہیہ کو وِرد کرنا ہے۔ کہ اس جمل الکبیر کو سات پر تقسیم کرنے سے جو عدد بچتا ہے۔ اس کی رات سے عمل شروع کرنا ہے۔ (عمل تو صِرف) صِرف پانچ روز تک کافی ہے۔ لیکن ہم اسے چھ روز تک پڑھیں گے۔ (اس عمل کو سمجھنے کے لئے یہاں پر ایک جدول کے ساتھ مثال پیش کی جا رہی ہے)

نام	قیمت				نوعیت	حاصلِ عدد	قانون	خالص عدد	اسمائے الٰہیہ
عبدالرؤف	ع	ب	د	ا	ابجدِ مکتوبی حرفی	08	+1	09	اللہ
=	ل	ر	و	ف	=	=	=	=	=
عبدالرؤف	70	02	04	01	ابجدِ قمری عددی	393	بعینہٖ	393	ملیک . صابر
=	30	200	6	80	=	=	=	=	=
عبدالرؤف	عین	با	دال	الف	ابجدِ ملفوظی	21	-1	20	طیب
=	لام	را	واؤ	فا	=	=	=	=	=
عبدالرؤف	سبعین	اثنین	اربعہ	احد	ابجدِ عربی عددی	38	+3	41	ودود . طیب
=	ثلاثین	مأ تین	ستہ	ثمانین	=	=	=	=	=
عبدالرؤف	حاصل ہیں۔38 x 8				مضروبِ عربی والمکتوبی	304	-3	301	سلٰم . سامع
جمل الکبیر	xxxxxxxxxxxxxxxxxx					764	x	764	764

مثلاً **عبدالرؤف** (کسی بھی) عمل سے قبل روحانی بالیدگی کا عمل کرنا چاہتا ہے۔ جہاں پر = نشان ہے۔ اس کا مطلب ہے۔ یہ خانہ اور اوپر والا خانہ ایک ہی ہیں۔ (Means same as cited above =) یاد رہے۔ کہ! ہمیں 8 عدد کا کوئی اسمِ الٰہی نہیں مِلا۔ اسی لئے ہم یہاں پر اسمِ ذات ''اللہ'' کو پڑھیں گے۔ کیونکہ! یہ اسمِ اعظم ہے۔ اور تمام اسمائے الٰہیہ کے اثرات اسی اسم میں پائے جاتے ہیں۔

چونکہ! کل اعداد 764 کو 7 پر تقسیم کرنے کے بعد 1 عدد باقی بچے۔ لہٰذا! عمل کا آغاز اتوار کی رات سے شروع کرنا ہوگا۔ ہر رات کا وِرد و وظیفہ ایک ہی نشست میں ختم کرنا ہوگا۔ چونکہ ان اسمائے الٰہیہ کو رات کے وقت پڑھنا ہے۔ تو قانوناً انہیں حرفِ ندا ''یا'' کے ساتھ پڑھنا ہوگا۔ خیر و برکت کے لئے اول و آخر طاق مرتبہ درود پڑھ لیں۔ پڑھنے کی ترتیب یہ بنے گی۔

شبِ اتوار۔ یا اللہ۔ 764 مرتبہ
شبِ سوموار۔ یا ملیک یا صابر۔ 764 مرتبہ
شبِ منگل۔ یا طیب۔ 764 مرتبہ
شبِ بدھ۔ یا ودود یا طیب۔ 764 مرتبہ
شبِ جمعرات۔ یا سلٰم یا سامع۔ 764 مرتبہ
شبِ جمعہ۔ یا اللہ ۔ یا ملیک یا صابر۔ یا ودود ۔ یا طیب۔ یا سلٰم۔ یا سامع۔ 764 مرتبہ۔

پیری میں ولولے وہ کہاں ہیں شباب کے
اِک دھوپ تھی کہ ساتھ گئی آفتاب کے

عمل تسخیر روحِ خود۔ از کتاب ارتکاز توجہ۔

بقول حضرت شاہ گیلانی ! تسخیرِ روحِ خود یعنی اپنی روح کو مسخر کرنا۔ یہ ایک چوٹی کا آسان ترین عمل ہے۔ تسخیر روح خود میں انسان کشف کا بادشاہ بن جاتا ہے۔ دنیا ایک کھلی ہوئی کتاب کی طرح سامنے ہوتی ہے۔ ہر آنے والے واقعہ کو وہ الہامی طور پر قبل از وقت سمجھ سکتا ہے۔ ہر شخص کی قلبی کیفیات کا اندازہ بالکل اسی طرح سے کر سکتا ہے۔ جیسے کہ یہ حالات اس کے اپنے اوپر وارد ہوں۔ ہر شخص کے ذہن میں چھپی ہوئی بات سمجھ سکتا ہے۔ مرموز رازوں کا انکشاف کر سکتا ہے۔۔۔ یعنی صاحب کتاب (صوفی حکیم سید علی رومی) نے اس عمل کی تعریف میں زمین و آسمان کے قلابے ملا دیئے ہیں۔ وہ لکھتا ہے۔ کہ! اس عمل کا عامل ہر چیز کے حقائق کا واقف ہو جاتا ہے۔ کشف قلب، کشف قبور اور کشف حقائق۔ (بہر حال! طریقہ کار اس عظیم عمل کا مثال کے ساتھ یہ ہے)

ع۔ ب۔ د۔ ا۔ ل۔ ر۔ و۔ ف۔ یعنی کہ **393**

عین۔ با۔ دال۔ الف۔ لام۔ را۔ واؤ۔ فا۔ **645**

645 کے اس طرح سے ٹکڑے کریں۔ کہ! 600 کا عدد **ش**۔ 40 کا عدد **م**۔ 5 کا عدد **ہ**۔ یعنی کہ ش۔ م۔ ھ (حرفِ اول **ش**)

نمبر شمار	اعداد بطن	حروفِ اول	باقی اعداد	حروفِ ملفوظی	اعدادِ حروفِ ملفوظی
01	**645**	حرفِ اول ''ش'' کے اعداد 600 منہا کئے	**45**	**ھا . میم** **95=90+5**	**95**
02	**95**	حرفِ اول ''ہ'' کے اعداد 5 منہا کئے	**90**	**صاد**	**96**
03	**96**	حرفِ اول ''ص'' کے اعداد 90 منہا کئے	**06**	**واؤ**	**13**
04	**13**	حرفِ اول ''و'' کے اعداد 6 منہا کئے	**07**	**زا**	**08**
05	**08**	حرفِ اول ''ز'' کے اعداد 7 منہا کئے	**01**	**الف**	**111**
06	**111**	حرفِ اول ''ا'' کے اعداد 1 منہا کئے	**110**	**قاف . یا**	**192**
07	**192**	حرفِ اول ''ق'' کے اعداد 100 منہا کئے	**92**	**صاد . با**	**99**
08	**99**	حرفِ اول ''ص'' کے اعداد 90 منہا کئے	**105**	**قاف . ھا**	**186**
09	**186**	حرفِ اول ''ق'' کے اعداد 100 منہا کئے	**90**	**صاد**	**96**
ٹوٹل					**896**

ان اعداد **896** سے ایک نقشِ مثلث بنانا ہے۔ اور اب نام میں جس عنصر کے حروف زیادہ ہوں۔ ان حروف کی مثلث مذکورہ مثلث کی دوسری طرف بنانی ہے۔ (یعنی دونوں مثلثیں آگے پیچھے بنیں گی) اور دونوں مثلثوں کے اردگرد آنے والی عزیمت بھی تحریر کرنی ہے۔ اب ایک سونے یا چاندی کا باریک سا پترہ بنوا کر نوچندی جمعرات، جمعہ یا اتوار کی پہلی ساعت میں اِن دونوں نقوش کو کندہ کرلیں۔ (اگر سونا یا چاندی پر ممکن نہ ہو تو کسی سنہرے کاغذ پر ہی نقوش کو آگے پیچھے لکھ لیں) اب ہم نے دوسری قسم کے اعداد اس طرح سے حاصل کرنے ہیں۔ کہ! (روح عبدالرؤف) را۔ واؤ۔ حا۔ عین۔ با۔ دال۔ الف۔ لام۔ را۔ واؤ۔ فا۔

را	واؤ	حا	عین	با	دال	الف	لام	را	واؤ	فا
201	13	09	130	03	35	111	71	201	13	81

کل میزان **868** ہوئی۔ اب ان اعداد کے مساوی اللہ تعالیٰ کے اسماء الحسنٰی ڈھونڈ لیں۔ پھر ایسی ایک عزیمت تیار کرلیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم. اللھم سخرلی روحی باسمک بحق (حاصل شدہ اسماء) **اُجب یا رب حذا مرادی یا ایھا الروح روح** (نام طالب) **بالنصب الروح الروح** (نام طالب) **بالنصب المعنی بحق اسماء اللہ العظام یا اللہ یا اللہ یا اللہ. آمین ۔**

نقش ۔ اب کسی فارغ وقت میں روزانہ کم از کم 15 سے 20 منٹ تک نقش کو سامنے رکھ کر آنکھیں بند کر کے مذکورہ بالا عزیمت کی تلاوت کریں۔ اور دل ہی دل میں یہ تصور کریں۔ کہ! میری روح سامنے حاضر ہے۔ پھر حاصل شدہ اسماء الحسنٰی کا بطریق سہ ضربی (دائیں ران، بائیں ران اور قلب پر) ورد کریں۔ اس ورد کو بھی 15 سے 20 منٹ تک جاری رکھیں۔ ڈیڑھ سے دو ماہ میں اپنی روح مسخر ہو کر قابو میں آ جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ (واللہ اعلم)

اس عمل میں ادائیگی فرائض (نماز پنجگانہ و دیگر) اور طہارت جسمی و قلبی کے علاوہ کسی چیز کی ضرورت نہیں۔ بخور اور خوشبو بہتر ہے۔

اعمال و عملیات برائے حصول غناء ، ادائیگی قرض، دستِ غیب

مجرب عمل بنائے کیمیائے مشائخ برائے حصول غناء :

ایک حدیث میں آیا ہے ۔کہ جمعۃ المبارک کے روز جب امام سلام پھیرے ۔تو اس وقت جو شخص حالت تشہد میں ہی قبل اپنے پاؤں موڑنے کے **سورہ فاتحہ** ، **سورۃ اخلاص** ، **سورۃ فلق** ، **سورۃ والناس** سات سات بار پڑھے ۔تو اللہ تعالیٰ اس کے اگلے پچھلے گناہ بخش دیتا ہے ۔اللہ تعالیٰ روز قیامت پر جتنے لوگ ایمان لائے ۔تو سب کے برابر اس کا اجر عطا فرمائے گا ۔انشاء اللہ تعالیٰ ۔

کسی کو تاج سلطانی ، کسی کو بھیک دَر دَر کی ‏ ‏ ‏ ‏ میرے اللہ تیری مرضی ، جدھر چاہے اُدھر کردے

ایک اور روایت میں ہے ۔کہ اللہ تعالیٰ اُس کے دین و دنیا اور بال بچوں کو محفوظ رکھتا ہے ۔اور حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا ہے ۔کہ جو شخص ان کے یعنی سورۃ فاتحہ اخلاص و معوذتین سات سات بار پڑھنے کے بعد یہ دعا پڑھے ۔ **اَللّٰھُمَّ یَاغَنِیُّ . یَا حَمِیْدُ . یَامُبْدِیُٔ . یاَ مُعِیْدُ . یَارَحِیْمُ . یَا وَدُوْدُ . اَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ وَ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ o** تو اللہ تعالیٰ اس کو غنی بنادے ۔اور ایسی جگہ سے اسے روزی پہنچائے ۔جہاں سے اسکا گمان نہ ہو ۔☆ حضرت انسؓ نے فرمایا ۔کہ جو شخص جمعہ کے روز صرف یہ دعا سو بار پڑھا کرے ۔تو اس پر دو جمعہ بھی نہ گزرنے پائیں گے ۔کہ اللہ تعالیٰ اسے غنی بنادے گا ۔انشاء اللہ تعالیٰ ۔ **نزھۃ المجالس** کی عبارت یہاں ختم ہوئی ۔

ای کریمی کہ از خزانہء غیب ‏ ‏ ‏ ‏ گبر و ترسا وظیفہ خور داری

دوستاں را کجا کنی محروم ‏ ‏ ‏ ‏ تُو کہ با دشمناں نظر داری

جبکہ امام غزالیؒ اور شیخ ابو طالب مکیؒ اپنی تصانیف میں یہ فرمایا ہے ۔جب کوئی شخص نماز جمعہ امام کے ساتھ پڑھے ۔اور سلام پھیر کر حالت تشہد ہی میں کسی سے بات کرنے سے قبل سات مرتبہ **سورۃ فاتحہ** ،سات بار **سورۃ اخلاص** سات بار **سورۃ فلق** ،سات بار **سورۃ والناس** میں اورسات بار یہ **دعائے مشائخ** پڑھے۔ **اَللّٰھُمَّ یَاغَنِیُّ . یَا حَمِیْدُ . یَامُبْدِیُٔ . یاَ مُعِیْدُ . یَارَحِیْمُ . یَا وَدُوْدُ .اَللھم اکْفِنِی بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ واَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ** ۔

چنانچہ بزرگان دین سے مروی ہے ۔کہ جو شخص ایسا کرے گا ۔ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک محفوظ ہو جائیگا ۔اور یہ وظیفہ اسکے لئے شیطان سے آڑ ہوگا ۔منقول ہے ۔کہ جو شخص ہمیشہ اسی طرح سے یہ سورتیں پڑھ کر دعا کیا کرے ۔تو اللہ تعالیٰ اسے مخلوق سے بے پرواہ و بے نیاز کر دیتا ہے ۔اور اسے بے شمار رزق عطا فرماتا ہے ۔ اسی ضمن میں بعض علمائے عاملین اپنے تجربات اور کئی لوگوں کی اسناد کی بنا پر فرماتے ہیں کہ!

اگر کوئی شخص بروز جمعہ بعد نمازِ جمعہ دو رکعت فرض کے سلام و دعا کرنے کے بعد بنا کسی سے بات چیت کیے حالت تشہد ہی میں سات سات بار **درود و سلام** ، **سورہ فاتحہ** ،**سورۃ اخلاص** ، **سورہ فلق** ، **سورۃ والناس**،اور **سورۃ طلاق** کی آیت **بِسْمِ اللّٰہِ الرحمن الرَّحِیْمِ o وَمَنْ یَّتَقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَہ' مَخْرَجاً وَّ یَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ وَمَنْ یَّتَوَکَّلُ عَلَی اللّٰہُ فَھُوَ حَسْبُہ' اِنَّ اللّٰہُ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًاo** (سورۃ طلاق آیت نمبر 3-2) اور یہ دعائے مشائخ پڑھے ۔

اَللّٰھُمَّ یَاغَنِیُّ یَاحَمِیْدُ یَامُبْدِیُٔ یَامُعِیْدُ یَارَحِیْمُ یَاوَدُوْدُ اَکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَبِطَاعَتِکَ عَنْ مَّعْصِیَتِکَ وَ اَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ ۔ اور ہررات کو **درودو سلام** ، **سورہ فاتحہ** ،**سورۃ اخلاص** ، **سورہ فلق** ، **سورۃ والناس** کو **70-70** باراورسورۃ طلاق کی آیات (**بِسْمِ اللّٰہِ الرحمن الرَّحِیْمِ o وَمَنْ یَّتَقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَہ' مَخْرَجاً وَّ یَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ وَمَنْ یَّتَوَکَّلُ عَلَی اللّٰہُ فَھُوَ حَسْبُہ' اِنَّ اللّٰہُ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًاo** ۔ (سورۃ طلاق آیت نمبر 3-2) اور دعائے مشائخ کو **300-300** بار پڑھتا رہے ۔

تو ایسا خوش نصیب شخص ہفتوں عشروں میں یقینی طور پر نہ صرف مالا مال ہو جائیگا ۔ بلکہ دوسروں میں بھی تقسیم کرنے کے قابل ہو جائے گا ۔ انشاء اللہ العظیم ۔مگر یاد رہے ۔کہ کبھی دولت پر غرور وتکبر نہ کرے ۔کیونکہ جو ذات عطا کرسکتی ہے ۔وہ آزمائش میں بھی ڈال سکتی ہے ۔

جب میں کہتا ہوں کہ یا اللہ میرا حال تو دیکھ ‏ ‏ ‏ ‏ حکم ہوتا ہے کہ پہلے اپنا نامۂ اعمال تو دیکھ

دست غیب و روزینہ کا حصول :

میرے پیرومرشد جناب سیدمحبوب علی شاہؒ اپنی تصنیف جلیلہ **معدن عملیات و سادات** میں باب خواص اہم وھاب کے تحت فرماتے ہیں ۔کہ اسم ’’ **وھاب** ‘‘ کے مندرجہ ذیل دونوں اعمال صدری اور نہایت مجرب ہیں ۔اور فقیر (سیدمحبوب علی شاہ) کے خاندان کے آباؤ اجداد سے سینہ بسینہ چلے آرہے ہیں ۔اور اس فقیر (محبوب علی شاہؒ) کو ان کے بزرگوں اور والد ماجد سید عثمان علی شاہ بخاریؒ سے بمہر پدری عنایت ہوئے ہیں ۔ان

نگینوں کی قدر و قیمت سے ہر کس و ناکس واقف نہیں ہے۔ اسی لئے ان اعمال کو کوئی بلند ہمت اور مستقل مزاج شخص ہی کر سکے گا۔ میرے مرشد و مربیؒ فرماتے ہیں کہ ہماری طرف سے ہر اہل ایمان کو ان اعمال کی اجازت ہے۔ چاہیے کہ کوئی دانا اور صاحب ہمت شخص ہی یہ عمل کرے۔ کیونکہ ! نادان اور پست ہمت ہمارے اس عمل میں قدم نہ دھرے۔ ورنہ خطاء کھائے گا۔ ان اعمال کا عامل کبھی بھوکا نہیں رہتا۔ اور نہ ہی محتاج۔ بلکہ ہمیشہ غنی رہتا ہے۔ ہر دو اعمال کی ترکیب وطریقہ یہاں پر مفصل و جامع انداز میں پیشِ خدمت ہے۔

عمل نمبر 1۔ **اسم اعظم یا وھاب** (عملِ اوّل):

جو بھی شخص یہ عمل کرنا چاہے۔ تو اس کو چاہیے۔ کہ کسی بھی ماہ سعید کے اندر مگر عروج ماہ میں خلوت نشینی، ترک حیوانات، صوم وصلوٰۃ کی پابندی کے ساتھ نو چندی منگل کو اس عمل کا آغاز اس طرح کرے۔ کہ سوموار سے بُدھ تک تین روز تک روزانہ ایک ہی نشست میں اسم اعظم **یــا وھــاب** کو **35000** پینتیس ہزار بار پڑھا کرے۔ اور جمعرات کے روز بعد نماز عشاء اندھیرے میں بیٹھ کر یہ نیت کرو۔ کہ اب میں یہی اسم اعظم ایک ہی نشست میں سوا لاکھ بار پڑھ کر ہی اٹھوں گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ (شاید ہر **25** ہزار کی تکمیل پر **3** سے **5** منٹ تک کے کچھ عجائبات نظر آئیں گے)

☆ جب عامل پچیس ہزار **25000** مرتبہ کی تعداد کو پہنچے گا۔ عامل کو ایک بہت بڑا جنگل نظر آئے گا۔ ☆ جب عامل پچاس ہزار **50000** مرتبہ کی تعداد کو پہنچے گا۔ تو عامل کو بہت بڑا احد نگاہ تک ایک دریا نظر آئیگا۔ ☆ جب عامل پچھتر ہزار **75000** مرتبہ کی تعداد کو پہنچے گا۔ تو عامل کو ایک بہت بڑا اژدھا نظر آئیگا۔ جو کہ عامل کو خوفزدہ کرنے کی بھی کوشش کرے گا۔ لیکن عامل کو کچھ خوف وغم نہیں کرنا چاہیے۔

☆ جب عامل ایک لاکھ (**100000**) مرتبہ کی تعداد کو پہنچے گا۔ تو ایک حسین وجمیل عورت آئیگی۔ اور آتے ہی عامل کو لپٹ جائیگی۔ تاکہ عامل کی نفسانی و شہوانی ونسوانی خواہشات بھڑک اٹھیں۔ مگر عامل کو چاہیے۔ کہ اس حسینہ کو ہاتھ تک نہ لگائے۔ ورنہ ہاتھ لگانے کی صورت میں نہ صرف عمل ضائع ہوگا۔ بلکہ عامل کی جان بھی جاسکتی ہے۔ جان جائے یا نہ جائے۔ البتہ عامل دائمی اذیت اور رجعت کا لازمی شکار ہو جائے گا۔

☆ اور جب عامل سوا لاکھ **125000** مرتبہ کی تعداد کو پہنچے گا۔ تو ایک بزرگ صفت مردضعیف سفید پوش آئے گا۔ اور ایک طشت جواہرات سے بھرا ہوا عامل کے سامنے پیش کرے گا۔ تو عامل کو چاہیے۔ کہ لالچ کو دل میں قطعی طور پر قرار پکڑنے نہ دے۔ خاطر جمع رکھے۔ اور طشت نہ لے۔ وہ مردضعیف اصرار اکرے گا۔ تو عامل کو چاہیے۔ کہ اس مردضعیف سے گزارش کرے۔

حضرت ! مجھے یہ طشت نہیں چاہیے۔ البتہ آپ مجھے اتنا روپیہ (**Amount**) روزانہ دے دیا کریں۔ تو وہ مردضعیف مان جائے گا۔ انشاءاللہ۔ اور مقررہ روپیہ روزانہ ملتا رہے گا۔ انشاءاللہ۔ یاد رہے۔ کہ اس عمل کے بعد عامل کو چاہیے۔ کہ روزانہ کسی بھی وقت یہی اسم اعظم '' **یــا وھــاب** '' **1400** چودہ سو یا **14000** چودہ ہزار مرتبہ پڑھتا رہے۔ انشاءاللہ روزینہ کبھی بھی بند نہ ہوگا۔ ذہن نشیں رہے۔ کہ ! جب تک کہ عامل شرک، زنا، رشوت، سود، غیبت، جھوٹ، بغض وعناد وعداوت اور تارک نمازی ہونے سے بچا رہے گا۔ اُس کا روزینہ تاحیات ملتا رہے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ (لیکن یاد رہے۔ کہ !) اللہ تعالیٰ سورہ رعد میں فرماتا ہے۔ کہ ! **بل للہ الا مر جمیعا** ۔ حقیقت تو یہ ہے۔ کہ ! تمام تر اختیار (صِرف) اللہ تعالیٰ ہی کا ہے۔

عمل نمبر 2۔ **اسم اعظم یا وھاب** (عملِ ثانی): سگ سیاہ کی حاضری والا عمل مبارک:

قبلہ پیر ومرشد فرماتے ہیں۔ جو شخص کم ہمت ہو۔ یا زیادہ دیر تک ایک ہی نشست میں نہ بیٹھ سکتا ہو۔ یا پھر کمزوری ءقلب کی وجہ سے عمل نمبر **1** والے عجائبات سے خوفزدہ ہو۔ تو وہ یہ والا عمل کرے۔ اس عمل کو **بیــاض بھــڑونچ** میں قبلہ پیر ومرشد کے علاوہ حضرت کاش البرنیؒ نے بھی اپنی تصنیف مبارک **عامل کامل** (حصہ اول) میں نہایت شرح وبسط سے پیش کیا ہے۔ اس عمل کا مفصل و جامع طریقہ کار یہ ہے۔ کہ !

اس اسم اعظم **یــا وھــاب** کو **11** گیارہ روز میں سوا لاکھ کی تعداد میں اس طرح پورا کیا جائے۔ کہ دس ایام تک روزانہ کی پڑھائی **11363** گیارہ ہزار تین سو تریسٹھ بار ہوگی۔ اور گیارہویں روز **11370** گیارہ ہزار تین سو ستر بار ہوگی۔ تو مجموعہ عدد گیارہ روز میں سوا لاکھ ہو جائیگا۔ اس عمل کے شرائط میں ہے۔ کہ صوم وصلوٰۃ اور خلوت نشینی ، ترک حیوانات نیز احرام باندھ کر اور دوران پڑھائی خوشبودار اگربتی لازم ہو۔ یاد رہے۔ کہ وظیفہ کی تعداد، وقت اور جگہ قطعًا تبدیل نہ کریں۔ وقتِ پڑھائی بعد نمازِ فجر سے عشاء کے وتر سے قبل تعداد کی تکمیل لازمی کریں۔ مگر ایک ہی نشست میں تعداد مکمل کرنا ہوگی۔ پڑھائی کا طریقہ ہے۔ پہلے **11** بار درود وسلام پھر **313** مرتبہ یہ دُعا '' **یَــا عَـزِیزُ رَبُّ الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ** '' پھر تعداد مقررہ میں اسم اعظم **یــا وھاب** پھر آخر میں **11** بار درود وسلام پڑھیں۔ دوران پڑھائی نماز ادا کرنے یا وضو کے لئے اٹھ سکتے ہیں۔ مگر بہتر یہ ہے۔ کہ ایک ہی نشست میں تمام پڑھائی مکمل کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ آپ اس عمل کے جب عامل ہو جائیں گے۔

بارھویں دن علی الصبح عامل جنگل کی جانب چلا جائے۔ (جائے عمل سے جا کر واپس جائے عمل پر **پہنچنے تک نہ** کسی سے کوئی **بات** چیت کرنی ہے۔ نہ کسی کی طرف توجہ کرنا ہے۔ یہاں **تک** کہ اگر کوئی سلام بھی کرے۔ تو دل ہی دل میں اُس کے سلام کا جواب دیں) تو عامل کو جنگل میں ایک سگ سیاہ (کالا کتا) ملے گا۔ عامل کو چاہیے۔ کہ سگ سیاہ کو نہایت ادب واحترام سے گزارش کرے۔ کہ آج شام کو بعد نماز مغرب ہمارے یہاں آپکی دعوت ہے۔ آپ ضرور تشریف لائیں۔ اور یہ کہہ کر عامل واپس ہو جائے۔ اور پیچھے مڑ کر قطعًا نہ دیکھے۔ سیدھا گھر چلا جائے۔ پھر کھانا درج ذیل میں دیئے گئے

اجزائے دعوت اور اِن کی مقدار کے مطابق کسی متقی شخص کے ہاتھوں سے پکوائے۔ کھانا مغرب سے قبل تیار ہونا چاہیئے۔

1۔ آٹا گندم۔ ساڑھے چار کلو 2۔ بکری کا گوشت۔ ڈیڑھ کلو 3۔ دہی۔ تین پاؤ (1/3 سیر)

4۔ پیاز۔ ڈیڑھ پاؤ (1/2 سیر) 5۔ روغن زرد۔ تین پاؤ (1/3 سیر)

وزن قطعاً طور پر کم یا زیادہ نہ کیا جائے۔ یہ یاد رہے۔ کہ نماز مغرب سے پہلے چار نمازی اور متقی افراد کو بھی دعوت طعام دے دیں۔ اب نماز مغرب سے پہلے دو چادریں خوش نما اس طرح بچھائے کہ ایک چادر پر چار مدعو اشخاص اور دوسری چادر پر وہ سگ سیاہ بیٹھ سکے۔ جبکہ عامل تیسری چادر پر یا بغیر چادر کے بیٹھ جائے۔ بعد از ادائیگی نماز مغرب عامل معہ ان چار نمازی متقی افراد کے سگ سیاہ کا انتظار کریں۔ وہ ضرور آئیگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ جب وہ چار افراد کھانا کھالیں۔ تو ان کو جانے کی گزارش کریں۔ ان کے چلے جانے کے بعد عامل اس سگ سیاہ کو اپنی حاجت نہایت ادب و عاجزی سے بیان کرے۔ چاہے عامل کی حاجت مال و زر کی ہو، روزینہ و دست غیب کی ہو۔ ملک و متاع یا حصول عزت و دولت یا شہرت کی ہو۔ برکت و نفع کام و کاروبار کی ہو، ملازمت کی ہو، ترقی کی ہو۔ بانڈ یا سکیموں سے انعام کی ضرورت ہو۔ غرض کوئی بھی حاجت دنیاوی ہو۔ عامل کا مقصد ضرور بالضرور پورا ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ لیکن یاد رہے۔ کہ ایک وقت میں ایک ہی حاجت سگ سیاہ سے بیان کرنی چاہیئے۔ دوسری حاجت کے لئے پھر سے اِسی مکمل ترتیب کو ملحوظِ خاطر رکھ کر **11** روزہ پڑھائی اور بارہویں دِن سگ سیاہ کو دعوت دینا ہوگی۔ بعد از زکوٰۃ ، روزانہ کسی بھی وقت دُعائے مذکورہ **100** مرتبہ اور اسمِ اعظم ''**یا وھاب**'' **1400** مرتبہ تا حیات پڑھنا ہے۔ تا کہ خیر و برکت رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

یہ سگ سیاہ دراصل ایک نیک روحانی ہے۔ اس سے قطعاً نفرین اور نظر حقارت نہیں کرنی چاہیے۔ بلکہ خود بھی احترام کرے۔ اور نمازیوں کو بھی تاکید کرے۔ کہ وہ بھی اس سگ سیاہ کو نفرت اور حقارت کی نگاہ سے نہ دیکھیں۔ کیونکہ یہ سگ سیاہ ظاہر میں کچھ تو باطن میں کچھ ہے۔ اسی لئے تو اس کی دعا میں فوری اثر ہے۔ یہ عمل میرے مرشد و مربیؒ اور اُن کے متعدد مریدین و متوسلین کا مجرب و آزمودہ ہے۔ اس عمل کے کافی فوائد جو مجھے اور دیگر احباب کو حاصل ہوئے۔

دست غیب کا عمل : یہ عمل مبارک میرے علاوہ میرے چند خصوصی احباب کا بارہا کا مجرب اور آزمودہ عمل ہے۔ اِس عمل میں پرہیز عمومی کی معمولی سی شرط ہے۔ عمل کا طریقہ کار یہ ہے۔ کہ ان کلماتِ عظیمہ کو پہلے **21** دنوں تک روزانہ صبح و رات کو سونے سے پہلے **1400** مرتبہ پڑھنا ہے۔ پھر اِن کلماتِ عظیمہ کو چار ماہ تک مسلسل روزانہ رات کو **14000** مرتبہ پڑھنا ہے۔ اس کے بعد تا حیات **1400** مرتبہ دِن میں کسی بھی وقت پڑھتے رہنا لازمی ہے۔ تا کہ مداومت جاری رکھنے سے اِس عمل کے مؤکلات سے ہم آہنگی و شناسائی برقرار رہے۔ یاد رہے کہ اول و آخر طاق مرتبہ درود و سلام لازمی ہے۔ اور جو فتوحات حاصل ہوں۔ اُن کا کسی سے بھی ذِکر نہیں کرنا چاہیئے۔ ورنہ ساری محنت رائیگاں جائے گی۔ کلماتِ عظیمہ یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ یَا وَھَّابُ ھَبْ لِیْ مُلْکًا وَّ الْغِنٰی ۔ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ ۔ یَا وَ ھَّا بُ ۔ یَا وَ ھَّا بُ ۔ یَا وَ ھَّا بُ ۔

فوائدِ عمل : ۱۔ تھوڑے سے پیسوں سے تمام اُمور حل ہو جایا کریں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ ۲۔ مال و زر اور رقم میں بفضلِ رحمان از خود اضافہ ہوتا رہے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ ۳۔ کوئی نہ کوئی شخص غیب سے مال و زر دیتا رہے گا۔ مگر ہر مرتبہ چہرہ تبدیل ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ ۴۔ گھر کی تمام اشیاء خوردنی اور استعمال کی چیزوں میں خیر و برکت ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ ۵۔ بے روزگار شخص بھی آسودہ حال اور خوشحال ہوتا چلا جائے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ کچھ مشاہدات ایسے بھی ہیں۔ جن کا چھپانا لازمی ہے۔ جو کوئی اِس عمل کو کرے گا۔ اُس پر سب کچھ عیاں ہو جائے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

دراہم کے اندر خیر و برکت کے لئے :

صاحب **شموس الانوار** حضرت جناب ابن الحاج تلسمانی المغربی فرماتے ہیں۔ کہ! چاندی کے دو دراہم لے کر (نوچندی جمعرات، جمعہ یا سوموار کی پہلی ساعت میں) ایک پر اسمِ الٰہی ''**کافی**'' اور دوسرے پر اسمِ الٰہی ''**جواد**'' لکھو۔ پھر اُن پر یہ آیت بحسابِ ابجد قمری روزانہ کسی بھی وقت پڑھ کر پھونکا کرو۔ آیت کریمہ یہ ہے۔ **ولھم رزقھم فیھا بکرۃ و عشیا** ۔ (سورہ مریم۔ آیت نمبر **62**) یاد رہے۔ کہ لکھنے سے پہلے اور پڑھنے کے دوران لوبان سلگاؤ۔ دراہم پر لکھائی پہلے ہی دن ہوگی۔ البتہ پڑھائی روزانہ کرنا ہوگی۔ اور روزانہ بعد پڑھائی کے اِن دراہم کو ریشم کے سفید کپڑے کی بنی ہوئی تھیلی یا بٹوے کے اندر چار مثقال کے ساتھ رکھ دیا کرو۔ تھیلی یا بٹوے کا دھاگہ بھی ریشمی ہی ہو۔ پڑھائی اکیس ایام تک جاری رکھنی ہے۔ جب تک یہ دونوں دراہم تھیلی یا بٹوے میں موجود رہیں گے۔ درہم و دینار کا خاتمہ نہیں ہوگا۔ انشاءاللہ۔

یاد رہے۔ کہ! مال و دولت اور کھانے پینے کی اشیاء جیسے کہ! دودھ، گھی، اناج و غلہ وغیرہ کے علاوہ چوپاؤں، کھیتی وغیرہ میں خیر و برکت پیدا کرنے کے مجرب ترین اور مستند اعمال و عملیات جناب حضرت جناب ابن الحاج تلسمانی المغربیؒ نے تحریر فرمائے ہیں۔ جو کہ کتاب **شموس الانوار** میں ملاحظہ کئے جا سکتے ہیں۔ اور اُن کو عمل میں بھی بآسانی لایا جا سکتا ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

ایک آیتِ کریمہ (فبای الاء ربکما تکذبٰن) کے عجیب و غریب فوائد و منافع :

اگر اِس آیت کو روزانہ بعد ہر نماز کے سو مرتبہ جبکہ رات کو سونے سے قبل ایک ہزار مرتبہ وِرد کیا جائے۔ تو اِس آیت مبارکہ سے یہ فوائد و منافع حاصل ہوں گے۔ (ان شاءاللہ)۔ دستِ غیب۔ تسخیر الخلائق ۔ حل المشکلات ۔ جملہ امور کا از خود سرانجام پا جانا۔ وغیرہم ۔۔۔

اسم اعظم باسط:

یہ عمل میرے مرشد و مربی سید محبوب علی شاہ بخاریؒ کی کتاب سلوک و معرفت میں مرقوم ہے۔ حضرت جیؒ فرماتے ہیں۔ اکثر راہ سلوک پر چلنے والے اہل اللہ کو لنگر کے خرچ کی تنگی درپیش ہوتی ہے۔ (یا مدارس کو چلانے اور وہاں زیرِتعلیم طلبہ کے نان نفقہ کے لئے بھی اخراجات کی کمی کا مسئلہ درپیش رہتا ہے) لہٰذا ذیل کا عمل اسی سلسلے کے مسائل کا دائمی تدارک ہے۔ اس عمل سے روزانہ کا لنگر، اخراجات اور اسباب از پردہ غیب حاصل ہوتے ہیں۔ کیونکہ یہی طریقہ اکثر و بیشتر بزرگان دین اور علمائے عظام سے چلا آیا ہے۔ درج ذیل دس اسماء جو کہ دراصل حضرت موسیٰؑ کے عصا پر لکھے تھے۔ بزرگان دین ان دس اسماء کو خرچ بے خرچاں بھی کہتے ہیں۔ سیاحان، متوکل درویشوں کے لئے جنگلوں، سنسانوں، ویرانوں اور منزلوں میں اسی سبیل کے اعمال و عملیات مفید و منتفع ہیں۔ اس سلسلے کی تعلیمات کو سلسلہ غوثیہ قادریہ محبوبیہ بانوا میں بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ خصوصاً بالخصوص میرے مرشد و مربی سید محبوب علی شاہ بخاریؒ کے سلسلہ میں اس طرح کے متعدد اعمال وعملیات جاری وساری ہیں۔ اس عمل کی ترکیب اس طرح ہے۔

نوچندی جمعرات کو بوقت سحر جب خواب سے بیدار ہوں۔ تو لیٹے لیٹے بناء کسی سے بات چیت کئے **یا باسط** کو فقط دس بار پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے منہ پر مل لیں۔ پھر سفید پاک مصفی و معطر کپڑے پہن کر عود صندل، لوبان سلگا کر یا پھر کوئی خوشبودار اگربتی کی دھونی لگا کر لوگوں سے ذرا تنہائی اختیار کر کے صلوٰۃ الیل (نماز تہجد) اور صبح کی سنت کے بعد (41) اکتالیس بار یہ عزیمت پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم . یَا اِسۡرَا فِیۡلُ یَا طَا طَا ئِیۡلُ یَا دَرۡدَآ ئِیۡلُ بِحَقِّ اِلٰہُ الۡا لِھَۃِ الرَّ فِیۡعُ جَلَاۤ لُہٗ یَا اِلٰہُ ۔

پھر فرض نماز پڑھ کر بناء کسی سے بات چیت کئے 100 سو بار **یا عزیز** اور 25 پچیس بار **سورہ اذا جاء نصر اللہ** ۔۔۔ مکمل) پڑھیں۔ پھر ان دس اسماء کو بہتر (72) بار پڑھ کر یا رزاق (308) تین سو آٹھ بار پڑہیں۔ پھر درج ذیل آٹھ نقش لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر کسی بہتے پانی، دریا، سمندر، جھیل یا مچھلیوں والے تالاب میں ڈال دیا کریں۔ پھر مشرقی جانب منہ کر کے درج ذیل مربع والے دو عدد نقش لکھو۔ پھر ان دونوں نقوش کو دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی اور وسطی انگلی کے درمیان پکڑ کر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود وسلام اور درمیان میں 200 دوسو بار اسم مبارک **یا منعم** پڑھ کر دونوں نقوش پر دم کر دیں۔ پھر ایک نقش کو پانی میں گھول کر پینا ہے۔ جبکہ دوسرا نقش ٹوپی میں رکھ لیں۔ اب روزانہ ٹوپی والا نقش اور ایک تازہ نقش پانی میں گھول کر پیتے رہنا ہے۔ دس اسماء موسویؑ (جن کو **خرچ بے خرچاں** بھی کہتے ہیں) یہ ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ . اِلٰھِیۡ بِحُرۡمَتِ سَزَایُوۡ . لِذَرۡعِیۡ . جُوۡسًا . مَنُوۡعًا . عَالِمًا . طَیُوۡسُوۡنًا . سَلِیۡخًا، مَلِیۡخًا . مَلۡقُوۡمًا . یَاقَیُّوۡمًا . بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ . وَبِحَقِّ اِھۡیًااَشۡرَاھِیًّا . فَسَیَکۡفِیۡکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ .

(کچھ لوگ **شَزَایُو** کے بجائے **سَزَایُو** اور **طَیُوۡسُوۡنًا** کے بجائے **طَیُوۡثُوۡنًا** پڑھتے ہیں) یہی معمول روزانہ رکھیں۔ خداوند کریم ایسی جگہ سے رزق عطائے فرمائے گا۔ کہ! جہاں سے کبھی گمان بھی نہ ہوگا۔ یہ طریقہ اہل فقراء کے مجربات ومعمولات میں سے ایک ہے۔ اس عمل میں استعمال ہونے والا نقش یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

1043	1047	1050	1036
١٠٤٩	١٠٣٧	١٠٤٢	١٠٤٨
١٠٣٨	١٠٥٢	١٠٤٥	١٠٤١
١٠٤٦	١٠٤٠	١٠٣٩	١٠٥١

یغنیھم اللّٰہ من فضلہ

یاد رہے۔ کہ! نقش کے نیچے یہ آیت مبارکہ تحریر کرنی ہے۔ **یغنیھم اللّٰہ من فضلہ** اور نقش کے پس پشت یہ بھی لکھنا لازمی ہے۔

اجب یا جبرا ئیل بحق یا باسط۔ (یاد رہے۔ کہ) یہ عمل اولیاء اللہؒ کے صدری مجربات میں سے ایک ہے۔ اس عمل کے حصول کے لئے صاحب عمل کا متشرع اور متقی ہونا بہت ضروری ہے۔ کیونکہ دست غیب خرقِ عادت و کرامت سے کم نہیں۔

رزق میں حیرت انگیز اضافہ :

41 دِنوں تک روزانہ پرہیز عمومی کے ساتھ مندرجہ ذیل **اســمــاء** کو ان کے اعداد (بحساب ابجد قمری) ایک جگہ اور وقت مقرر ومعین کر کے پڑھتے رہو۔ جب 41 دِن پورے ہو جائیں۔ تو انہیں اسماء کو فقط 40 مرتبہ کھانے پر (جب بوقتِ ضرورت) پڑھو گے۔ تو اُس کھانے میں اس قدر خیر و برکت ہوگی۔ کہ ایک شخص کا کھانا دس اشخاص بھی کھائیں گے۔ تب بھی کھانا بچ جائے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ وہ **اسمائے الٰھیہ** یہ ہیں۔

الکافی. الوھاب. الرزاق. المتفضل. ذوالجلال والاکرام.

مَیں فقیروں سے بھی کرتا ہوں تجارت اکثر جو ایک پیسے میں لاکھوں کی دُعا دیتے ہیں

ازالہ غم اور ادائیگی قرض کی مجرب دعا :

1۔ حضرت شیخ عبدالقادر الجیلانی البغدادیؒ اپنی کتاب **غنیۃ الطالبین** میں فرماتے ہیں ۔کہ! حضرت حسن بصریؒ کا فرمانِ عالیشان ہے کہ! ایک دن اِن کے پاس انہی کے ایک عزیز دوست تشریف لائے ۔اور گزارش کی کہ! ابوسعیدؒ! مجھ پر (بہت زیادہ) قرض ہے ۔میں چاہتا ہوں کہ آپؒ مجھے اسم اعظم سکھائیں ۔تو اُنھوں نے فرمایا کہ اگر تم یہ بات چاہتے ہو تو اُٹھو اور (تجدید) وضو کرو ۔وہ اُٹھا اور (تجدید) وضو کیا ۔تو آپؒ نے فرمایا ۔کہ یوں دُعا مانگو ۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اللھم یا اللہ یا اللہ انت اللہ بلٰی واللہ انت اللہ لا الہ الا انت اللہ . اللہ اللہ . واللہ انہ لا الہ الا اللہ . اقض عنی الدین وارزقنی بعد الدین۔**

(وہ بزرگ رات کو چند مرتبہ اِس دعائے مبارکہ کو پڑھتے پڑھتے سو گیا) صبح جب وہ شخص اُٹھا ۔تو اُس نے اپنی مسجد میں ایک تھیلی میں مختلف اقسام کے ایک لاکھ درا ہم رکھے ہوئے پائے ۔اور اُس تھیلی کے دھانے پر لکھا ہوا تھا ۔کہ اگر تم اِس سے زیادہ بھی مانگتے تو تمھیں دیتے ۔تو نے جنت کا سوال کیوں نہیں کیا ۔پھر وہ بزرگ حضرت سیدنا حسن بصریؒ کے پاس تشریف لائے ۔اور تمام واقعہ سے انہیں مطلع کیا ۔تو حضرت حسن بصریؒ اپنے دوست کے ساتھ اِن کے گھر کو چلے گئے ۔۔۔۔

2۔ حضرت سیدی عبدالوہاب الشعرانیؒ اپنی کتاب **لطائف المنن** میں فرماتے ہیں ۔کہ! ایک شخص پر تین ہزار دینار قرض تھا ۔تو اُس نے یہ پڑھا ۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیمoاللھم انی اسئلک یا اللہ یا اللہ یا اللہ. بلٰی واللہ . انت اللہ لا الہ الا انت اللہ. اللہ اللہ واللہ انت اللہ. لا الہ الا انت یا حی یا قیوم ۔** پھر وہ شخص سو گیا ۔اور جب اُٹھا تو اپنے سر کے قریب تین ہزار دینار پائے ۔پھر اِس شخص کو خواب میں بتایا گیا ۔کہ ا تو نے اسم اعظم کے ساتھ سوال کیا ۔ جسے اگر پانی پر پڑھا جائے ۔تو وہ بھی جم جائے ۔۔۔۔۔

مال و دولت میں خیر و برکت کا مجرب المجرب اور مستند صدری عمل :

رقبہ تیری جاگیر کا میلوں ہوا تو کیا ۔۔۔ رقبہ تو تیرے دل کا دو انچ بھی نہیں

یہ عمل ایک قلمی بیاض سے حاصل ہوا ۔اور تین اشخاص کو کرایا گیا ۔تو اُن میں سے دو اشخاص نے تو یہ کہا ۔کہ ہماری گھریلو پریشانیاں دور ہو گئی ہیں ۔پہلے اُن کی تنخواہ گھر میں پوری نہیں ہوتی تھی ۔اب اِسی عمل کی خیر و برکت سے وہ لوگ بچت کر رہے ہیں ۔اور تیسرے شخص کا بیان ہے ۔کہ کبھی دوست احباب یا انجان لوگ اُسے پیسے دے جاتے ہیں ۔اور کبھی اُس کو راہ چلتے میں پیسے مِل جاتے ہیں ۔بہر حال تینوں اشخاص میرے قریبی دوست ہیں ۔جن سے جھوٹ کا گمان نہیں کیا جا سکتا ۔اِس عمل مبارک کو نو چندی شب جمعہ سے شروع کرنا ہے ۔رات کو سونے سے پہلے کسی تنہا جگہ پر بحالتِ وضو، رو بہ قبلہ جائے نماز پر بیٹھ کر ایک ہی نشست میں عمل کی روزانہ تکمیل کرنی ہے ۔یاد رہے ۔کہ اِس عمل کے تین مراحل ہیں ۔طریقِ عمل و مراحل یہ ہیں ۔

پہلا مرحلہ : پہلے تین مرتبہ درودِ پاک، پھر **313** مرتبہ دُعائے ''اسمِ اعظم'' اور آخر میں تین مرتبہ درودِ پاک پڑھنا ہے ۔اِس ترتیب کو (**07**) ایام یعنی کہ ایک ہفتے تک جاری رکھنا ہے ۔**دوسرا مرحلہ** : پہلے گیارہ مرتبہ درودِ پاک، پھر **500** مرتبہ دُعائے ''اسمِ اعظم'' اور آخر میں گیارہ مرتبہ درودِ پاک پڑھنا ہے ۔اِس ترتیب کو ایک عشرے (یعنی دس ایام) تک جاری رکھنا ہے ۔ **تیسرا مرحلہ** : پہلے سو مرتبہ درودِ پاک، پھر **1100** مرتبہ دُعائے ''اسمِ اعظم'' اور آخر میں سو مرتبہ درودِ پاک پڑھنا ہے ۔اور اِس ترتیب کو تا حیات جاری رکھنا ہے ۔تاکہ زندگی بھر بفضلِ خُدا مال و دولت میں کثیر خیر و برکت جاری و ساری رہے ۔انشاءاللہ تعالیٰ ۔ دُعائے ''اسمِ اعظم'' یہ ہے ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o اللھم انی اسئلک یا اللہ یا اللہ یا اللہ ۔ بلٰی واللہ ۔ انت اللہ لا الہ الا انت اللہ ۔اللہ اللہ اللہ ۔ واللہ لا الہ الا انت یا حی یا قیوم یا ذوالجلال والاکرام.یا وھاب ھب لی ملکا وَالغِنٰی ۔انک انت الوھاب ۔ بر حمتک یارحم الراحمین۔

یاد رہے ۔کہ اِس عمل کے دوران خواب میں بہت حسین و جمیل مناظر بھی نظر آتے ہیں ۔علاوہ ازیں غیب سے مال و دولت آنا شروع ہو جاتی ہے ۔لوگوں کی انسیت و محبت میں بھی بے پناہ اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے ۔عامل کو چاہیئے کہ اپنے کسی خواب یا مالی خیر و برکت کا کسی سے تذکرہ نہ کرے ۔کیونکہ اِس عمل میں خیر و برکت کے ضمن میں رازداری بھی ایک کڑی شرط ہے ۔البتہ دوسرے لوگوں کے مالی مسائل و مشکلات کے پیشِ نظر یہ بتا سکتا ہے ۔کہ اِس عمل کی بدولت مالی خیر و برکت ممکن ہے ۔انشاءاللہ تعالیٰ ۔

اِس ضمن میں اِس ناچیز حقیر پُرتقصیر (عبدالرؤف القادری) کی یہ بات لازمی ذہن نشیں رہے ۔کہ! جب کسی کو اللہ تعالیٰ کی جانب سے دستِ غیب یا اِس قِسم کی خیر و برکت والی کوئی سعادت نصیب ہو جائے ۔تو ایسے شخص کو وہ اِس سعادت و خوش بختی کا کسی سے ذِکر نہ کرنا چاہیئے ۔ بلکہ غریبوں، یتموں، مسکینوں اور لاوارثوں کی حد درجہ معاونت کرنی چاہیئے ۔اگر اُس نے کسی کے سامنے اِس سعادت و خوش بختی کا ذِکر کر دیا ۔تو وہ اِس عظیم و گراں قدر نعمتِ مترقبہ سے دائمًا ہاتھ دھو بیٹھے گا ۔

چوپائیوں (بکری ، بھیڑ ، گائے ، بھینس وغیرہ) کے اندر خیر و برکت کے لئے :

1۔ سات چھوٹے چھوٹے چنے کے برابر پتھر لے کر ہر پتھر پر **محمد رسول الله** ۔۔۔۔(آخر تک آیت) ایک سو مرتبہ اِن اسمائے الٰہیہ کے ساتھ لکھو۔ **الوهاب . الجليل . القادر . المقتدر** ۔ پھر اِس آیت کو مع اسمائے الٰہیہ روزانہ کسی بھی وقت اِسی لکھے ہوئے پر ایک ہزار (1000) مرتبہ پڑھ کر پھونکا کرو۔ گیارہویں دن اُن پتھروں کو سپید کتان میں رکھ کر بکری کے صوف کے دھاگے سے باندھ دو۔اور اِس کتان کو چوپاؤں کی جگہ پر لٹکا دیں۔اُن چوپائیوں میں بفضلِ خدا خیر و برکت کا نزول ہوگا۔کہ جس قدر چاہو ذبح کرو۔اور جس قدر چاہو فروخت کرو۔تعداد میں کثرت ہوتی رہے گی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

2۔ بکریوں ، گائیوں یا بھیڑوں وغیرہ میں زیادتی اور خیر و برکت پیدا ہونے کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔کہ! کچھ نمک لے اُس پر یہ آیات لکھو ۔ **ان هذا لرزقنا ماله من نفاد** o (سورۃ صٓ۔آیت نمبر 54) اور **تتجا في جنوبهم .... مما رزقنهم ينفقون** ۔(سورہ سجدہ۔آیت نمبر 16) اور سورہ قدر مکمل لکھ کر یہ اسمائے الٰہیہ بھی لکھو۔ **الرحمٰن . الرحيم . الو هاب . الكريم** ۔(یعنی دو آیات ، ایک سورہ اور چار اسمائے الٰہیہ)۔اور اِس نمک پر یہی دس دنوں تک روزانہ تین ۔تین سو مرتبہ پڑھ کر پھو پھونکتے رہیں۔گیارہویں دن اِس نمک کو چوپائیوں کے مقام پر کسی اونچی جگہ پر ڈال دیں۔جہاں اُن چوپائیوں کے قدم نہ پڑیں۔اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور حکم سے چاپائیوں میں زیادتی اور کثیر خیر و برکت نازل ہوگی۔اور اِن چوپائیوں سے اولاد بکثرت ہوگی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔اگر کسی پر یہ راز فاش کر دیا۔تو خیر و برکت سے محروم ہو جاؤ گے۔

دکان وتجارت میں ترقی وفائدہ اور خیر و برکت کے حصول کا عمل :

اگر کوئی شخص اپنی دکان وتجارت یا کسی کاروبار (بشرطیکہ وہ جائز ہو) میں ترقی ، خیر و برکت اور گاہکوں کی کثرت کا متمنی ہو تو چاہیئے ۔کہ! ایک کاغذ پر سورہ شعراء اور دوسرے کاغذ پر سورہ قصص لکھ کر لٹکا دے۔تو انشاءاللہ اُس شخص کی دکان وتجارت اور کاروبار میں خاطرخواہ خیر و برکت اور روزافزوں ترقی ہوتی جائے گی۔اور ایسا شخص کسی بھی بڑے نقصان سے بھی محفوظ رہے گا۔انشاءاللہ۔

گھی اور دودھ میں حیرت انگیز اضافہ :

یہ آیت **انزل من السماء ماء** سے لے کر **فيمكث في الارض** تک۔(سورہ رعد۔17) **20** مرتبہ زعفران اور عرق گلاب سے لکھو۔پھر اس حرز کو بانس کی نلکی میں رکھ کر گھی یا دودھ کے برتن میں ڈال دو۔تو وہ دودھ یا گھی زیادہ ہونے لگے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

مکتبِ عشق کا دستور نرالا دیکھا   اس کو چھٹی نہ ملی ، جس کو سبق یاد رہے

گھی میں حیرت انگیز اضافہ : (آیت۔ولهم رزقهم فيها بكرة وعشيا۔(مریم۔62)

گھی میں برکت کے لئے ایک صحیفہ (سفید کاغذ بغیر لائن وڈیزائن) کے اندر یہ مربع لکھو۔اور اسکے اردگرد مذکورہ آیت لکھو۔پھر اس صحیفہ کو گھی کے ایسے برتن میں ڈال دو۔جو گھی سے لبالب بھرا ہوا ہو۔گھی زیادہ ہوتا رہے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔مربع یہ ہے۔

15	90	70	40
90	70	40	15
70	40	15	90
40	15	90	70

گیہوں یا جو میں کیڑا نہ لگنے کا عمل :

یہ عمل نتہائی مجرب اور مستند عمل ہے۔(یہ عمل اُن آئمہ کو دراصل صدری طور پر میسر ہوا تھا) اس کا طریقہ یہ ہے۔کہ کسی چوب غار پر ایسی جگہ جہاں سورج کی روشنی پورے دن میں کسی بھی وقتِ نہ آتی ہو۔وہاں پر بعداز غروبِ آفتاب ایک تختی لے کر یہ عبارت لکھ کر اس لکھی ہوئی تختی کو گیہوں یا جو میں دبا دیا جائے۔تو ان میں کافی برسوں تک گھن یا کیڑا نہیں لگے گا۔وہ عبارت عمل یہ ہے۔(یہ عمل بارہا کا مجرب عمل ہے)

بسم الله الر حمٰن الر حیم oالم ترا الی الذین خرجوا من دیارهم وهم الوف حذ ر الموت . فقال لهم الله موتوا. ثم احیا هم. (بقره. 243) فماتوا کذلک یموتو الفراش و السوس و یرحل باذن الله تعالٰی عاجلا و الا خرجت من خلافة و الو لا یة امیر المؤمنین علی بن ابی طالب کرم الله وجهه الکریم و یشهد الیک انک شرقت لجام بغلة نبی الله سلیمٰن بن داؤ د علیهما الصلوٰ ة و السلام.

جی ڈھونڈتا ہے پھر وہی فرصت کے رات دن   بیٹھے رہیں تصور جاناں کئے ہوئے

با برکت تھیلی کا سہل حصول : (از کتاب سرا لجلیل خواص حسبنا اللہ ونعم الوکیل مؤلف حضرت شاہ ابوالحسن الشاذلیؒ)

یارب چہ چشمہ ایست محبت کہ من ازو   یک قطرہ آب خردم و دریا گریستم

جو شخص شب سوموار سے ہررات کو سوتے وقت روزانہ 11-ایام تک یہ نماز اس طرح سے پڑھے کہ ! پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد دس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد بیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد چالیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ بعد از سلام حالتِ تشہد ہی میں 100 مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔ پھر 100 مرتبہ استغفار اور 100 مرتبہ درودِ پاک، پھر 100 مرتبہ یہ ذِکر پڑھے۔ **لا حول ولا قوۃ الا باللہ**۔ پھر 100 مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ☆ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَالِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ تَوَالَدَ وَارْحَمْهُمَا کَمَا رَبَّیَانِیْ صَغِیْرًا وَّ اغْفِرِ اللّٰهُمَّ لِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَآءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّکَ مُجِیْبُ الدَّعْوَاتِ بِرَحْمَتِکَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ o

پھر **حسبنا اللہ و نعم الوکیل 4500** مرتبہ پڑھے۔ پھر **100** مرتبہ انحضور نبی کریم ﷺ کی ذاتِ اقدس پر ہدیہ درود و سلام بھیجیں۔ (پھر) روزانہ اس نماز اور وِرد کے وقت سے پہلے تیار شُدہ ایک روئی کی سفید رنگ کے کپڑے کی تھیلی (**pocket size**) کی تیار کی ہوئی ہو۔ اور درج ذیل دونوں نقوش کو علیحدہ علیحدہ اپنے مُصلے تلے رکھ کر مندرجہ بالا وظائف کو انہاک کے ساتھ روزانہ پڑھتے رہیں۔ یاد رہے۔ کہ عمل کے آغاز سے پہلے اِن دونوں نقوشِ صمدیہ کو آگے پیچھے لکھ کر انکے اردگرد سورہ اخلاص معہ تسمیہ لکھیں۔ پھر ان دونوں نقوش کو تھیلی میں رکھیں۔ دونوں نقوشِ صمدیہ مندرجہ ذیل ہیں۔

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد
احد	الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم
الله	الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن
الصمد	لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له
لم	يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوا
يلد	ولم	يولد	ولم	يكن	له	كفوا	احد

دوسرا نقش

قل هو الله احد	الله الصمد	لم يلد	ولم يولد	ولم يكن له	كفوا احد
231	114	126	191	120	220
114	126	191	120	220	231
126	191	120	220	231	114
191	120	220	231	114	126
120	220	231	114	126	191

یہ نقشِ صمدیہ بزرگ مطلق ہے۔ جس کا ہر ضلع **1002** اعداد کا ہے۔ جو کہ سورہ اخلاص کے اعداد بحساب ابجد قمری بنتے ہیں۔ 11۔ ایام کے بعد اس تھیلی میں صاحب عمل اپنا روزینہ پائے گا۔ انشاءاللہ۔ مگر یاد رہے کہ اکیس دِنوں سے پہلے تھیلی میں نہ دیکھے۔ اس کے بعد اپنی رقم و پیسے تھیلی میں ہمیشہ رکھتا رہے۔ اور ہاں ! تھیلی میں کچھ رکھتے یا اُٹھاتے وقت باوضو ہونا ضروری ہے۔ اور 11 مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر رقم نکالنی چاہیئے۔ کبھی بھی تھیلی سے تمام رقم کو نہ نکالے۔ اور نہ ہی پیسوں کو گِنے۔ اور دن میں کوئی وقت مقرر کر کے 1002 مرتبہ سورا اخلاص کو ہمیشگی کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔ اور یہ کوشش کریں۔ کہ جب بھی سورہ اخلاص پڑھیں۔ تو تھیلی کے اندر پھونک مار دیا کریں۔ تا کہ اس میں خیر و برکت دائمًا برقرار رہے۔ انشاءاللہ۔

نہ تاج و تخت میں ، نہ لشکر و سپاہ میں ہے   جو بات اِک مردِ قلندر کی بارگاہ میں ہے


گیہو ں میں حیر ت انگیز ا ضا فہ :

پہلے سپید ریشم کے کتر میں یہ آیت زعفران اورعرق گلاب کے پانی سے 100 مرتبہ پڑھو۔ **تتجا فی جیوبھم عن المضاجع** سے **ینفقون** تک (سورہ سجدہ۔آیت نمبر 16)۔ پھر اِسے ریشم کے دھاگے سے باندھ لو۔ پھر گیہوں کے 100 دانے لےکر ہر دانہ پر یہ آیت **ان ھذا لر زقنا ما لہ من نفاد** o (سورۃ صٓ۔آیت نمبر 54) 100 مرتبہ لکھ کر سپید ریشم کے کتر میں رکھ لو۔ اِس کے بعد اِ سے ان 20 سیر گیہوں میں رکھ کر اندھیری کوٹھڑی میں رکھ دو۔ اور کسی کو مت بتاؤ۔اور اس عمل کے دوران اور بعد از عمل روزانہ اسی جگہ پر لوبان کی دھونی دیتے رہو۔اور سات ایام تک ان کو یہیں پر ایسے ہی رہنے دو۔ جب تم سات ایام گز رنے کے بعدان کو وزن کرو گے۔تو ان میں ساڑھے تین سیر مزید اضافہ پاؤ گے۔ انشاء اللہ۔اس کے بعد اگرتم ہر روزطلوع آفتاب سے پہلے ان کا وزن کیا کرو گے۔تو روزانہ ساڑھے تین سیرا ضافہ پاتے رہو گے۔(مگر چاہیئے کہ! ایک مرتبہ وزن کر لیا تو دوبارہ اعادہ نہ کرے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کی ذات پر مکمل یقین رکھے) بوقت ضرورت باوضو حالت میں اس سے بقدر حاجت گیہوں کو نکال کر استعمال کرتے رہو۔راز فاش کرنے پر تم اس برکت سے محروم ہو جاؤ گے۔

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن خاک ہو جائیں گے ہم ، تم کو خبر ہونے تک

ما ل واسبا ب میں خیر و برکت اور ا ستحکا م کا عمل :

میرے باطنی اُستادِ محترم جناب غلام الرسول مین ناشادؒ فرماتے ہیں۔کہ! ایک زمانہ ایسا بھی تھا۔ جب فرد واحد کماتا تھا۔اور دس آدمی بیٹھ کر اس ایک آدمی کی کمائی کھاتے تھے۔اور آج کا تو ایسا عجب زمانہ ہے۔کہ دس کماتے ہیں۔تو بھی ایک کو نہیں کھلا سکتے۔اس پر مستزاد یہ کہ! کوڑی کوڑی کو محتاج کرنے کے لئے کسی اپنے کی مہربانیاں شامل بھی ہو جائیں۔تو اس انپوری کی آگ کو اور ہوا لگ جاتی ہے۔غرضیکہ مال واسباب میں عدم استحکام اور خیر و برکت ، گھروں میں نااتفاقی (ناچاقی) اور لڑائی جھگڑے اپنا ڈیرہ جما لیتے ہیں۔ان تمام مسائل کے تصفیہ کے لئے یہ عمل بہت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔ جہاں پر ایسی صورتحال کا سامنا ہو۔ اِن لوگوں کے لئے درج ذیل آیات کو طشتری (بغیر لائن وڈیزائن) پر لکھ کر عرق گلاب سے دھو کر گھر کے تمام متاثرین کوعشرہ تک روزانہ باقاعدگی کی بنیاد پر پلاتے رہیں۔اور اِسی طرح کا ایک اور نقش بنا کر اُس کو گھر کے تمام کمروں اور کچن میں چسپاں کر دیں۔(ماسوائے غسل خانہ واستنجاء خانہ کے) ہفتے عشرے میں ہی خیر و برکات لوٹ آئیں گیں۔انشاء اللہ تعالیٰ۔یاد رہے۔کہ! اِس عمل میں مستعمل پانچوں آیات یہ ہیں۔ **و ذ النو ن اذ ا ذھب مغا ضبا ...کنت من الظا لمین** ۔(سورۃ الانبیاء آیت نمبر87) **اللہ الذی خلق ۔۔ من کل ما سا لتمو ہ**۔(سورۃ ابراہیم۔32 تا34) بطلان جادو کی آیات یہ ہیں۔



”**قا ل موسیٰ ما جئتم بہ السحر ان اللہ سیبطلہ ان اللہ لا یصلح عمل المفسدین.و یحق اللہ الحق بکلماتہ ولو کر ہ المجرمین** o(یونس 81 تا82) اور **و من یتق اللہ یجعل لہ ... لکل شیء قدرًا** ۔(سورۃ طلاق آیت نمبر۲۔۳) **ان ھذا لر زقنا ما لہ من نفاد** o(سورۃ صٓ۔آیت نمبر 54) کا نقش لکھ کر جائے وقوعہ پرآویزاں کر دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔گھریلو معاملات اور گھر والوں کے مال واسباب میں خیر و برکت کے لئے یہ عمل ہمہ قسم شکایات کا ازالہ کرے گا۔ چاہیے کہ **فقیر غلام الرسول میمن ناشادؒ** کے درجات کی بلندی کی ضرور دعا کریں۔کیونکہ اُنہی کی بدولت و برکت سے ہمیں یہ عمل نصیب ہوا۔

اور ان کی روح کے لئے ایک مرتبہ سورہ فاتحہ ، تین مرتبہ سورہ اخلاص اور ایک مرتبہ سورہ یسین و سورہ مُلک پڑھ کر لازمی ایصال ثواب کریں۔ **جزاک اللہ خیرا واحسن الجزاء.**

دنیا دی ہر مشکل تائیں دولت کرے آسانی ڈاہڈے قفل اتارے ایہہ وی کنجی رحمانی

حدیث نبوی ﷺ علم کی فضیلت عبادت کی فضیلت سے بہتر ہے۔اور تمھارے دِین کی سب سے اچھی چیز تقوٰی اور پرہیز گاری ہے۔ (**المعجم الا و سط للطبرانی** ۔حدیثِ صحیح)

ددھ وجود تیرے وِچ شیریں روغن د ارسانی مرشد لاوے جاگ پریم دِی تاں جے ددھ پانی

کثرتِ رزق اور گھر میں خیر و برکت کے حصول کے نہایت مجرب اعمال :

☆ اگر کوئی شخص اپنے رزق و روزی میں کثرت و وسعت کا خواہاں ہو۔ اور گھر میں ہر طرح کی خیر و برکت کا متمنی ہو۔ تو اُسے چاہیئے۔ کہ! یہ آیتِ کریمہ ہر نماز کے بعد **110** مرتبہ جبکہ رات کو سونے سے پہلے تین سو مرتبہ پڑھ کر روزانہ سویا کرے۔ چاہیئے۔ کہ! پہلے اس آیت کو زبانی یاد کر کے اس کے ترجمے کو بھی ذہن میں رکھتے ہوئے مکمل یقین کے ساتھ اس آیت کے عین مطابق زندگی گزارے۔ اور یہ عمل کرے۔ ایک دو عشروں میں اثرات مرتب ہونا شروع ہو جائیں گے۔ ان شاء اللہ۔ آیتِ کریمہ یہ ہے۔

ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ۔۔۔۔ قد جعل اللہ لکل شیء قدرا۔ (سورہ طلاق۔)


☆ اگر کوئی شخص بروزِ سوموار سے بروزِ جمعۃ المبارک تک روزانہ بعد نمازِ فجر اول و آخر درود و مستغاث شریف اور وسط میں سورہ طلاق کی آیت (**ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ۔۔۔۔ قد جعل اللہ لکل شیء قدرا**) ایک ہی نشست میں پڑھ لے۔ تو وہ عجیب خیر و برکت ملاحظہ کرے گا۔ اور اگر چہ اُس کے دل میں کوئی دنیاوی (شرعی و جائز) خواہش ہوگی۔ تو وہ بھی (باذن اللہ) پوری ہوگی۔ ان شاء اللہ العظیم۔

تنگی معاش کے دفیعہ یعنی وسعتِ رزق کا مجرب وظیفہ : وسعت رزق کے حصول اور تنگی معاش سے نجات کے لئے سورہ واقعہ بہت مجرب سورہ ہے۔ احادیثِ صحیحہ میں اس سورہ کو پڑھنے کی خصوصی تاکید کی گئی ہے۔ جبکہ سلسلہء عالیہ چشتیہ میں مشہور ہے۔ کہ! اگر کسی کو تنگی معاش کی شکایت ہو۔ یا رزق میں کمی پاتا ہو۔ تو ایسے شخص کو چاہیئے۔ کہ! روزانہ رات کو سونے سے قبل سورہ واقعہ اور سورہ جمعہ پڑھ کر سویا کرے۔ تنگی معاش و رزق کے دفیعے اور وسعتِ رزق کے لئے یہ دونوں قرآنی سورتیں بہت مجرب قرار دی گئی ہیں۔

ایک نہایت عجیب و غریب عمل

اُڑنے والا گھوڑا : (طلسمِ عجیب ، کرامتِ طیران فی الھواء)

حضرت فقیر غلام الرسول میمن ناشادؒ فرماتے ہیں کہ! آبنوس کی لکڑی سے ایک گھوڑا بنائیں۔ اِس بناوٹی گھوڑے کی آنکھ کی جگہ پر بلور کو ڈالیں۔ اور نیچے قلعی کا بچھاوا دیں۔ اب اِس گھوڑے کے چہرے پر نوشتہء ادریسؑ کے اِسمِ دوئم اور طلسم کو کندہ کریں۔ اور پھر بیدِ مجنوں کی لکڑی اِسے چاروں طرف سے دے دیں۔ اب یہ گھوڑا تیار ہے۔ اسم اور طلسم اس عمل کے یہ ہیں۔



بروز منگل طلوعِ جوزا، 51 درجہ پر لوبان ذکر کا بخور روشن کریں۔ اب گھوڑے کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے 66 (چھیاسٹھ) مرتبہ یہی اسم پڑھیں۔ (اللہ تعالٰی کے خصوصی فضل و کرم سے یہ مصنوعی) گھوڑا ہوا میں پرواز کرنا شروع کر دے گا۔ اور 66 میل تک ہی اُڑے گا۔ جب نیچے اُتارنا مقصود ہو تو 66 مرتبہ یہی اسم دوبارہ پڑھ کر اِس بناوٹی گھوڑے کو نیچے اُتار دیں۔ اور جس جگہ کا نام لیں گے۔ گھوڑا وہاں کو جا پہنچے گا۔ (یہ عمل محتاجِ تجربہ ہے)

حضرت ناشاد صاحبؒ اِس ضمن میں رقم طراز ہیں کہ! یہ عظیم المرتبت عمل، جو دراصل نوشتہء ادریس علیہ السلام سے مجھے مِلا تھا۔ اِس عمل کے مختصر شرائط یہ ہیں۔ تخلیہ ہو، کام احسن طریقے سے ہو، جب عمل سے کام لو تو معدہ بالکل خالی ہو، اور عقیدہ کامل ہو، اور اِس عمل کی اِجازت کسی ایسے شخص سے لیں۔ جو واقعتاً صاحب نفس و دعوات ہو۔ اور اِس کے بارے میں عقیدہ ہو۔ کہ وہ استحقاق رکھتا ہے۔ اور جانتا ہو۔ کہ وہ جھوٹ نہیں بولتا۔

حضرت ناشاد صاحبؒ فرماتے ہیں کہ میں نے یہ عمل بلا رمز یہ بیان کر دیا ہے۔ اور متنِ عمل کی اشکال بھی احسن طریقے سے بنائی ہے۔

اِسی ضمن میں صاحبِ **گلشنِ اسرار لاھوت و ناسوت** کی کتاب جو کہ دراصل متعدد کتابچوں پر مشتمل ہے۔ کتابوں کے اس مجموعہ عجیبہ وغریبہ میں ایک رسالہ بنام **رسالہ ازثما طیقی** (مصنف۔ حضرت سیدنا ادریس نبیؑ) ہے۔ جس میں یہ عمل درج ہے۔ کہ!

آبنوس کی لکڑی سے ایک مصنوعی گھوڑا بنائیں۔ اِس کی آنکھوں میں بلور لگا کر اندر قدرے پارہ بھر دیں۔ اور اِس عمل کے لیے اسمِ دوئم (**موسوش**) اور حرف (صورتِ) پنجم اِس پر نقش کر دیں۔ اور ارنڈ کی چار لکڑیوں کو گھوڑے کے پاؤں بنائیں۔ لُبان ذکر اور کبوتر کی دھونی روشن کریں۔ اور چاہیئے کہ۔ یہ تمام عمل بروزِ منگل جبکہ طالع وقت جوزا یا سنبلہ اور ساعت عطارد کی ہو۔ پھر گھوڑے کے منہ کو مکانِ مطلوب (یا جائے مقصود) کی طرف کریں۔ اب اِس مصنوعی و بناوٹی گھوڑے پر سوار ہو کر آنکھیں بند کر لیں۔ اللہ تعالٰی کے خصوصی فضل و کرم سے ایک ہی لحظہ کے اندر صاحبِ عمل اُسی متعین جگہ پر پہنچ جائے گا۔ انشاء اللہ تعالٰی۔ (یہ عمل محتاجِ تجربہ ہے)

سارق و مالِ مسروقہ کی نشاندھی کے اعمال و عملیات

عمل نمبر 1: صاحب **الفتح الکبیر** المعروف بہ **مجربات دیربی** ؒفرماتے ہیں کہ! حضرت ابن عمرؓ فرماتے ہیں کہ! جو شخص (تازہ) وضو کر کے دو رکعت پڑھے اور پر یہ دعا پڑھے۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo اللھم رب الضالۃ و ھادی الضالۃ رد علیّ ضالتی بقدرتک و سلطانک فانھا من فضلک و عطائک.** تو رب متعال اُس کی گم شدہ چیز کو واپس پھیر لاوے گا۔ انشاءاللہ۔

عمل نمبر 2: جس شخص کی کوئی چیز ضائع (گم) ہو جائے۔ تو چاہیئے کہ! صاحب عمل ہذا بحالت وضو رو بہ قبلہ مندرجہ ذیل اسم الٰہی اور آیہ کریمہ کو 119 مرتبہ اِس طرح پڑھے۔ کہ پہلے تین مرتبہ درودِ پاک، پھر اسم الٰہی 119 مرتبہ، پھر تین مرتبہ درود شریف پھر 119 مرتبہ آیتِ کریمہ پھر آخر میں تین مرتبہ درودِ پاک پڑھیں۔ تو حق تعالیٰ شانہ اُس شخص کی گم شدہ چیز کو پھیر لائے گا۔ انشاءاللہ۔ اور اُس کی خاطر اُس کی گمشدہ چیز کی ہمیشہ حفاظت کرے گا۔ ☆ اسمِ الٰہی یہ ہے۔ **یا حفیظ۔** ☆ اور آیتِ کریمہ یہ ہے۔ **انھا ان تک مثقال حبۃ من خردل فتکن فی صخرۃ او فی السموات او فی الارض یات بھا اللہ لا ان اللہ لطیف خبیرo** (سورہ لقمان۔ آیت 16) یہ عمل بالکل صحیح وکئی مرتبہ کا مجرب عمل ہے۔

عمل نمبر 3: صاحب **الفتح الکبیر** المعروف بہ **مجربات دیربی** ؒفرماتے ہیں کہ! جس شخص سے کوئی چیز ضبط ہو جائے۔ یا زبردستی لے لی جائے۔ یا کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے۔ تو اُسے چاہیئے کہ! نماز عصر اس کے دروازے پر یا اس گھر کے دروازے پر جہاں سے وہ چیز لی گئی ہو۔ یا گم ہوئی ہو وہاں پر (نماز عصر) پڑھ کر **سورہ والسماء والطارق** ---40 مرتبہ پڑھ لے۔ انشاءاللہ۔ اللہ کے فضل وکرم اور اس عمل کی برکت سے وہ سارق (چور) یا چیز لے جانے والا مع اُس چیز کے جو لے گیا تھا۔ اُسی جگہ (یعنی اُس گھر کے دروازے پر) چیز لے کر واپس ضرور آئے گا۔ اس عمل کو مسلسل تین روز تک کریں۔ اس دوران یا تو چیز واپس آجاوے گی۔ یا پھر صاحب عمل ہذا چور کو بحالت رویا دیکھ لے گا۔ انشاءاللہ۔ اگر نہ دیکھے تو اپنے عمل میں غور کرے۔

عمل نمبر 4: صاحب **الفتح الکبیر** المعروف بہ مجربات دیربیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! **حیرت و سرکشتگی** غلام گریختہ و دواب از دست رفتہ یا کسی بھی گم شدہ چیز کی بحالت رویا یا عالمِ بیداری اطلاع ہونے کا یہ بالکل صحیح و مجرب عمل ہے۔ اِن کلمات کو دن میں تین اوقات مقرر کر کے ایک۔ ایک تسبیح پڑھنی ہے۔ (تین اوقات یعنی صبح، دوپہر اور رات) وہ کلمات یہ ہیں۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo لا الہ الا اللہ بھا قامت السموات والارض . لا الہ الا اللہ بھا تکشف البلیات . لا الہ الا اللہ بھا یرد ما فات ۔ فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین . اللھم یا جامع الناس لیوم لا ریب فیہ اُردد علیّ ضآلتی انک علیٰ کل شیء قدیر . یا بنی انھا ان تک مثقال حبۃ من خردل فتکن فی صخرۃ او فی السموات او فی الارض یات بھا اللہ لا ان اللہ لطیف خبیرo ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیمo**

عمل نمبر 5: بعض فوائد میں سے واسطے بیان وانکشافِ سارق کے یہ ہے۔ کہ! ایک قدح (کٹورہ) لے کر اُس کے اندر یں پیندے میں سورہ اخلاص بمعہ تسمیہ متفرق حروف (جیسے کہ ب س م ا ل ل ہ ال ر۔۔۔) میں لکھیں۔ پھر جو لوگ متہم یا مشتبہ ہوں۔ اِن میں سے کسی کا نام مع والدہ متفرق کر کے لکھیں۔ اور پھر اُسی شخص (جس پر شک ہے اور جس کا نام لکھا گیا ہے) کے ہاتھ میں یہ کٹورا تھما دیں۔ بعد ازاں یہ عزیمت 11 مرتبہ پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اَیَّتُھَا الْاَرْوَاحُ الرُّوحَانِیَّۃُ الْعُلْوِیَّۃِ وَالسِّفْلِیَّۃِ وَخُدَّامُ ھٰذَاالْعَھْدِ الْکَبِیْرِ اَنْ تُجِیْبُوْا دَعْوَتِیْ وَتَقْضُوْا حَاجَتِیْ وَ تَتَوَکَّلُوْا (حاجت کا نام) بِعِزَّۃِ بَرْھَتِیَہ 2 کَرِیْر 2 تَتْلِیَۃ 2 طُوْرَان 2 مَزْجَلٍ 2 بَزْجَلٍ 2 تَرْقَبْ 2 بَرھَشْ 2 غَلْمَشْ 2 خُوْطِیْر 2 قَلْنَھُوْدٍ 2 بَرْشَان 2 کَظْھِیْر 2 نَمُوْشَلَخ 2 بَرْھَیُوْلاً 2 بشکیلخ 2 قزمز 2 اَنْغَلَلِیْطِ 2 قَبْرَاتِ 2 غَیَاھاً 2 کِیْدَھُوْلاً 2 شَمْخَاھِرِ 2 شَمْخَاھِیْر 2 شَمْھَاھِیْر 2 بَکَھْطَھُوْنِیَہ 2 بَشَارِش 2 طُوْنَشٍ 2 شَمْخَا بَارُوْخ 2 بِحَقِّ ھٰذَا الْعَھْدِ الْمَاخُوْذِ عَلَیْکُمْ یَا خُدَّام ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ اِلَّا مَا اَسْرَعْتُمُ الْاِنْقِیَادُ وَ الْاِنْفَاذُفِیْمَا تُوْمَرُوْنَ بِہٖ فِیْ وَقْتِیْ ھٰذَا بِہٖ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْمُعْتَزِّ فِیْ عِزِّ عِزِّہٖ وَاَوْفُوْ بِعَھْدِاللّٰہِ اِذَا عٰھَدْتُّمْ وَلَاتَنْقُضُوْا الْاَیْمَانَ بَعْدَ تَوْکِیْدِھَا وَقَدْجَعَلْتُمُ اللّٰہُ عَلَیْکُمْ کَفِیْلاً o (سورہ نحل نمبر 91)۔ پھر یہ آیہ وکلمات ایک سو مرتبہ پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o اَینما تکونوا یات بکم اللہ جمیعا. ان اللہ علیٰ کل شیء قدیر oالا ما حضرتم و دورتم ھذا القدح علیٰ اسم الاخذ بحق جبرآئیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل و بحق میطظرون الوحا الوحا الوحا . العجل العجل العجل . الساعۃ الساعۃ الساعۃ.

چنانچہ اگر کٹورا تھامنے والا چور ہوگا۔ تو کٹورا اُس کے کف دست پر پھرنے لگے گا۔ اگر کٹورا نہ پھرا۔ تو وہ نام مٹا کر دوسرے شخص کا نام لکھ کر بالکل یہی طریقہ اختیار کریں۔ اور پھر یہی طریقہ اُن تمام افراد پر کریں۔ جن پر شبہ ہو۔ چور پکڑا جائے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ بشرطِ کہ چور اُنھیں میں سے ہو۔

عمل نمبر 6: مجربات دیربی ؒ میں ہے۔ کہ! ایک جماعت سلف صالحین سے مروی ہے۔ کہ! بروقت تلف (ضائع یا گم) ہونے کسی بھی چیز

کے (اُس چیز کے واپس حصول کے لئے) سورہ والضّحٰی لاتعداد مرتبہ پڑھا کرتے تھے۔ تو جو چیز اُن سے تلف ہوچکی ہوتی تھی۔ تو وہ واپس مل جایا کرتی تھی۔

عمل نمبر 7: جس شخص کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو۔ یا پھراس کا غلام، کنیز یا گھر کا کوئی فرد بھاگ گیا ہو۔ تو چاہیئے کہ بروزِ جمعۃ المبارک بوقت ضحٰی (ساڑھے بارہ بجے سے ڈیڑھ بجے کے دوران) دو رکعت اس طرح سے پڑھے۔ کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی تین مرتبہ، اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورہ بقرہ کی آخری آیات (**آمن الرسول بما انزل ۔۔۔** آخر تک) پڑھے۔ جب نماز سے فارغ ہو تو یہ دعا سو مرتبہ پڑھیں۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ اللھم یا جامع العجائب یا رآد کل غائب یا جامع الشتات یا من مقالید الامور بیدہ . اجمع علیٰ ضائعی** (اگر کوئی چیز گم ہوئی ہو تو **ضائعی** اگر کوئی شخص بھاگا ہو تو فلاں بن فلانۃ) **فلاں بن فلانۃ . لا جامع لی لہ الا انت فانک علیٰ کل شیءٍ قدیر ○** ۔ حاجت ضرور پوری ہوجائے گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

عمل نمبر 8: صاحب **الفتح الکبیر** المعروف بہ **مجربات دیربی** فرماتے ہیں۔ کہ! جس شخص کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو۔ یا پھراس کا غلام، کنیز یا گھر کا کوئی فرد بھاگ گیا ہو۔ تو چاہیئے۔ کہ اِس آیت کریمہ کو بعد نماز عشاء ایک ہزار مرتبہ اِس طرح پڑھے۔ کہ اول و آخر 11-11 مرتبہ درودِ پاک پڑھے۔ آیتِ کریمہ یہ ہے۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ الم تعلم ان اللہ یعلم ما فی السماء والارض ط ان ذٰلک فی کتٰب ط ان ذٰلک علی اللہ یسیر ○** (سورہ حج آیت نمبر 70)

عمل نمبر 9: ایک یہ قسم عمل بابریق ہے۔ جس کو عمل چھاگل بھی کہا جاتا ہے۔ کہ برائے امتحانِ سارق عمل ہذا مقرر ہے۔ طریقہ اِس عمل کا یہ ہے۔ کہ وہ اشخاص جن پر شبہ ہو۔ کہ اِن میں سے کوئی ایک چور ہے۔ اِن کے درمیان چھاگل (**بدھنی**) رکھ دیں۔ اور اُن دونوں اشخاص کو کہہ دیں۔ کہ اِس بدھنی کو اپنی اپنی انگشتِ سبابہ سے زمیں سے قدرے اوپر اُٹھالیں۔ پھر اس چھاگل پر ایک مشتبہ شخص کا نام لکھیں۔ اور **سورہ یٰسین** کو (شروع سے لےکر **وجعلنا من المکرمین ○** تک) 11 مرتبہ پڑھیں۔ اگر چھاگل نے گردش کی۔ تو وہی چور ہے۔ بصورت دیگر پھر دوسرے شخص کا نام لکھیں۔ اور دوبارہ 11 مرتبہ **سورہ یٰسین شریف** کو (شروع سے لےکر **وجعلنا من المکرمین ○** تک) پڑھیں۔ اگر چھاگل نے گردش کی۔ تو وہی چور ہے۔ اگر اب کی بار بھی چھاگل میں کسی قسم کی حرکت نہ ہوئی۔ تو مزید دو اشخاص کے ساتھ یہی معاملہ کریں۔ اگر چور وہاں پر ہوگا۔ تو لازمی چھاگل اُس کی باری پر گردش کرے گا۔ انشاءاللہ۔ یاد رہے۔ کہ یہ عمل بارہا کا مجرب عمل ہے۔ یہ عمل سو فیصدی درست و مجرب عمل ہے۔

اِن کا جو فرض ہے، وہ اہلِ سیاست جانیں   میرا پیغام محبت ہے، جہاں تک پہنچے

عمل نمبر 10: بعض فوائد سے برائے اظہار و نشاندہی سارق یہ عمل مجربات میں سے ہے۔ کہ! جب آپ کا ارادہ اِس عمل کے کرنے کا ہو۔ تو ایک سفید کاغذ پر **سورہ یٰسین شریف** کو **یبصرون ○** تک لکھیں۔ **سورہ النساء** کو **مقیتا ○** تک لکھیں اور **سورہ جن** آخر تک لکھیں۔ (تینوں سورتوں کو تسلی کے ساتھ بلا اعراب لکھیں) پھر اِس کاغذ کو ایک قربہ (مشکیزہ) کے اندر رکھیں۔ پھر اُن چور اشخاص (**مشتبہ متھمین افراد**) کے نام مع والدہ ایک ایک علیحدہ کاغذ پر لکھ کر ڈالتے جائیں۔ پھر اِس مشکیزے میں ستر مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر یوں کہیں۔ **اللھم انی اسئلک بما ارسلت ھذا ان تنفخ بطن ھذا السارق والسارقۃ کما نفخت ھذہ القربۃ** ۔ یاد رہے۔ کہ ہر مرتبہ آیت الکرسی کے بعد یہ کلمات لازمی کہیں۔ اور پھر مشکیزے کے اندر پھونک مارتے رہیں۔ آپ محوِ حیرت رہ جائیں گے۔ کہ جن اسماء کو مشکیزے میں ڈالا گیا ہے۔ اگر چور اُنھیں میں سے ہوا۔ تو اُس کا بدن بھی پھول جائے گا۔ باذن اللہ تعالیٰ۔

عمل نمبر 11: بعض فوائد میں سے واسطے بازیافت مسروقہ مال واپس لانے یا واپس آنے اور یا پھر واپسی گریختہ و گم شدہ کے واپس آنے کا یہ درست طریقہ ہے کہ! سورہ **والسماء والطارق .. علیٰ رجعہ لقادر ○** تک۔ سات مرتبہ پڑھیں۔ بعدازاں یہ کلمات بھی سات مرتبہ پڑھیں۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ اللھم یا حافظ لا تنسیٰ ویا من نعمہ لا تحصیٰ انک قلت و قولک الحق المبین . انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون . احفظ علیٰ نفسی و ضالتی** ۔ بعدازاں یہ آیہ کریمہ بھی سات مرتبہ پڑھیں۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ○ فاللہ خیر حافظا و ھو ارحم الراحمین ○** بعدازاں یہ آیہ کریمہ بھی سات مرتبہ پڑھیں۔ **سورہ والضحی (ولسوف یعطیک ربک فترضٰی ○** تک)۔ انشاءاللہ تعالیٰ مالِ مسروقہ یا گریختہ یا گم شدہ کو رب متعال واپس پھیر لاوے گا۔

عمل نمبر 12: جس کسی کی کوئی چیز چوری ہوگئی ہو اور اِس کو معلوم نہ ہو کہ کس نے چرائی ہے؟ تو اِن حروف و اعداد کو لکھ کر اپنے بالیں پر زیرِ گوش رکھ کر سو جائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ سارق کو اپنے خواب میں ضرور دیکھیں گے۔ یہ عمل بارہا تجربے میں سو فیصدی درست ثابت ہوا ہے۔ وہ حروف و اعداد یہ ہیں۔ **ھ ۔ ح ۔ ھ ۔ ٦ ۔ ھ ۔ عد ۔ ٤ ۔**

اپنی ہی مٹی پہ چلنے کا سلیقہ سیکھو   سنگِ مرمر پہ چلو گے، تو پھسل جاؤ گے

عمل نمبر 13: بعض فوائد میں سے ہے۔ کہ اِن آیات کو روٹی پر لکھ کر اُن لوگوں کو کھلایا جاوے۔ جو متہم و مشتبہ بسرقہ ہوں۔ باذن اللہ تعالیٰ سارق کو روٹی تناول کرنے پر قطعًا قدرت حاصل نہ ہوسکے گی۔ باقی لوگ بآسانی روٹی کھالیں گے۔ لیکن چور وہ روٹی کھانے سے عاجز رہے گا۔ یعنی کہ لقمہ چور کے حلق سے نیچے نہیں جائے گا باذن اللہ۔ وہ آیات یہ ہیں۔ ☆ **واذا قتلتم نفسا فادرءتم فیھا ۔ واللہ مخرج ما کنتم تکتمون ○** (سورہ بقرہ۔ آیت نمبر 72)

☆یتجرعہ ولا یکاد یسیغہ ویاتیہ الموت من کل مکان وما ھو بمیت . ومن ورآئہ عذاب غلیظ o (سورہ ابراہیم ۔آیت نمبر 17)**الا یسجدوا للہ یخرج الخبء فی السموات والارض ویعلم ما تخفون وما تعلنون** o (سورہ نمل ۔نمبر 25)**و با لحق انزلنہ و بالحق نزل** ۔ o (سورہ بنی اسرائیل ۔نمبر 105)اور یہ درودِ پاک بھی لکھیں ۔**و صلی اللہ تعالٰی علٰی سیدنا و مولانا محمد و علٰی الہ و صحبہ وبارک وسلم تسلیما کثیرا کثیرا** ۔

عمل نمبر 14: صاحب **مجربات دیربیؒ** فرماتے ہیں کہ! واسطے بیان ونشاندہی سارق ومال مسروقہ کے حصول کے لئے یہ عمل بھی نہایت درست ثابت ہوا ہے ۔ایک موٹی چار گوشوں والی ایسی آہنی میخ بنوائیں ۔جس کا سر چار گوشے کا (چورس) ہو ۔☆ ایک گوشے پر یہ لکھیں ۔**یٰـــس ۔ والقرآن الحکیم** o ☆ دوسرے گوشے پر یہ لکھیں ۔**صٓ والقرآن ذی الذکر** o ☆ تیسرے گوشے پر یہ لکھیں ۔**قٓ والقرآن المجید** o ☆ چوتھے گوشے پر یہ لکھیں ۔ **حٰمٓ عٓسٓقٓ .ھذا یوم لا ینطقون o ولا یؤذن لھم فیعتذرون** o (سورہ مرسلات ۔آیت نمبر **36-35**) اس عمل کے بعد مشتبہ و متہم بسرقہ افراد کو حکم دیں ۔کہ اس آہنی میخ کے ارد گرد دائرہ بنا کر مؤدب بیٹھ جائیں ۔اب صاحب عمل کو چاہیئے کہ! ایک مرتبہ سورہ ملک پڑھے ۔پھر میخ پر ایک ضرب لگائے ۔پھر ایک مرتبہ سورہ ملک پڑھے ۔پھر میخ پر ایک ضرب لگائے ۔اسی طرح آٹھ مرتبہ سورہ پڑھنی ہے ۔اور آٹھ ضربات لگانے کے بعد اُن مشتبہ و متہم بسرقہ افراد کو کھڑا ہونے کا حکم دیں ۔جو سارق (چور) ہوگا ۔وہ قطعًا کھڑا نہیں ہو سکے گا ۔باذن اللہ تعالٰی ۔یاد رہے ۔کہ پہلے سورہ پڑھنی ہے پھر ضرب لگانی ہے ۔جب چور کا پتا چل جائے ۔تو میخ کو زمین سے با احتیاط اُکھاڑ لیں ۔کیونکہ جب تک میخ زمین میں پیوست رہے گی ۔چور اُٹھ نہیں سکے گا ۔

عمل نمبر 14: جس کسی کی کوئی چیز چوری ہوگئی ہو اور اِس کو معلوم نہ ہو کہ کس نے چرائی ہے؟ تو اِن حروف واعداد کو لکھ کر اپنے بالیں پر زیرِ گوش رکھ کر سو جائیں ۔انشاءاللہ سارق کو اپنے خواب میں ضرور دیکھیں گے ۔یہ عمل بارہا تجربے میں سوفیصدی درست ثابت ہوا ہے ۔وہ حروف واعداد یہ ہیں ۔

ء ۔ا ۔ح ۔ح ۔ا ۔ا ۔ح ۔ھ ۔ھ ۔ا ۔۲ ۔۲ ۔ا ۔۲ ۔ا ۔ا ۔۷ ۔۸ ۔ا ۔ا ۔ط ۔ح ۔ا ۔ھ ۔

اپنی ملت پہ قیاس اقوامِ مغرب سے نہ کر ۔۔۔ خاص ہے ترکیب میں قومِ رسولِ ہاشمیؐ

عمل نمبر 16: مرغی کے انڈے پر سورہ ملک کی یہ آیات لکھیں ۔**بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o تَبٰرَكَ الَّذِىْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ز وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرُ o الَّذِىْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ط وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ o الَّذِىْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ط مَا تَرٰى فِىْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ط فَارْجِعِ الْبَصَرَ لا هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ o ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ** o پھر اس انڈے پر روغن لگا کر کسی نابالغ لڑکے کو دے کر اُسے کہیں ۔کہ انڈے میں بغور دیکھے ۔صاحب عمل سورہ یٰسین پڑھتا رہے ۔وہ بچہ چور کا تمام حال بیان کر دے گا ۔باذن اللہ تعالٰی ۔انشاءاللہ تعالٰی ۔

دانا مزاج ہو تو فقط ایک اشارہ بس ۔۔۔ نادان کو لہو و لعب ہے اور قصہ خوانی ہے

عمل نمبر 17: اگر کسی کی کوئی چیز گم یا چوری ہوگئی ہو ۔تو ایسے شخص کو یا اِس کے جملہ گھر والوں کو چاہیئے ۔کہ دن میں پانچ مرتبہ **سورہ یٰسین** کو تعوذ (اعوذ باللہ ۔۔۔) کے ساتھ پڑھیں ۔مگر یاد رہے کہ سورہ سے پہلے تسمیہ (بسم اللہ ۔۔۔) نہیں پڑھنی ۔بلکہ تعوذ کے بعد سورہ یٰسین مکمل پڑھ کر دوبارہ تعوذ و سورہ یٰسین پڑھنا شروع کر دیں ۔اور گھر کے تمام افراد ایک دائرہ بنا کر انفرادی طور پر پانچ مرتبہ سورہ یٰسین مع تعوذ پڑھ کر یہ دُعا سو مرتبہ پڑھیں ۔ **یا جامع الناس لیوم لا ریب فیہ ۔ یا جامع یا جامع یا جامع** ۔ اُسی دن ورنہ تین یوم میں مالِ مسروقہ کی اطلاع بہر صورت مل جائے گی ۔انشاءاللہ ۔اگر تین ایام میں اطلاع نہ ملی تو سمجھیں ۔کہ پڑھائی صحیح طریقے سے نہیں کی گئی ۔اگر گھر کے افراد قرآنِ پاک پڑھے ہوئے نہ ہوں ۔تو ایک دائرہ بنا کر فقط اسم الٰہی (**یَا جَامِعُ**) کو مسلسل و بلا تکرار پڑھتے رہیں ۔کیونکہ اس اسم کے پڑھنے سے بھی اُسی دن ورنہ تین یوم میں مالِ مسروقہ کی اطلاع بہر صورت مل جائے گی ۔انشاءاللہ ۔یہ عمل بارہا کا مجرب المجرب اور مستند عمل ہے ۔ویسے مسروقہ مال کی بازیابی کے بعد سارق کو تہہ دل سے معاف کر دینا انسان کے اخلاق وشخصیت، عظمت ورفعت کو کافی بلند کرتا ہے ۔

حافظا گر وصل خواہی ، صلح کُن با خاص و عام ۔۔۔ با مسلمان اللہ اللہ ، با برہمن رام رام

حصولِ مال و زر کی نماز: (از حضرت جناب مخدوم زمن شاہ محمد حسن صابری چشتی قدوسی رامپوریؒ درکتاب تواریخ آئینہ تصوف)

اگر کوئی شخص نقدی یا خزانہ چاہے ۔تو اُسے چاہیئے ۔کہ! بدھ ، جمعرات اور جمعہ کو بعد نمازِ عشاء خلوت میں چار رکعت دو سلاموں کے ساتھ اسی نیت (حصولِ زر یا خزانہ) سے اس طریق سے پڑھیں ۔کہ! ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور صد مرتبہ آیت کریمہ '' **وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ط وَيَعْلَمُ مَا فِى الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ط وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِىْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِىْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ** o (سورہ انعام ۔آیت نمبر **165**) پڑھیں ۔دوسری اور چوتھی رکعت میں سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں ہزار ۔ہزار مرتبہ آیت کریمہ '' **لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ** ۔(سورہ اعراف ۔آیت نمبر **206**) پڑھیں ۔خواب میں اپنے مقصود کو پائے گا ۔اس عمل کی تکرار تین مرتبہ ضرور کریں ۔(اس میں بھی ایک رمز پنہاں ہے)

چند متفرق اعمال و عملیات

عجیب و نادر عمل حب : اگر ممکن ہو تو مطلوب کا کپڑا لیں ۔ بصورت دیگر ایک سفید کاغذ لے کر اس پر مطلوب کی تصویر اس طرح بنائیں ۔ کہ!


اس کے راس یعنی سر پر	**مطلوب کا نام معہ والدہ**		
اسکے چہرے پر	**فا ذا نقر فی الناقور**	دائیں ہاتھ پر	**غلت ایدیھم**
بائیں ہاتھ پر	**قدر انوش**	شکل کی دائیں طرف	**میطظرون**
شکل کی بائیں طرف	**کشطورش**	شکل کی سینے پر	**الذی یوسوس فی صدور الناس**

(کچھ کتب میں **قدر الوش** اور کچھ کتب میں **شطوارش** لکھا ہوا ہے) پھر یہ مرقوم شکل بننے کے بعد اس کو مشرقی دیوار پر کیل سے ٹھونک دیں بخور رلوبان اور خردل کا جلا کر سورۃ جن 27 بار پڑھیں اور ہر بار سورۃ جن کے اختتام پر یہ 3 کہیں ۔ **تَوَکَّلُوْا یَا مَعْشَرَالاَرْوَاحِ الْمُوَکِّلِیْنَ وَخُذًّا مُ ھٰذِہِ السُّوْرَۃِ عقدت نو م فلاں** (مطلوب معہ والدہ) **اِلَی الْمُحَبَّۃِ وَالْمُوَدَّۃِ فلاں** (طالب معہ والدہ) **اَلْوَحَا اَلْعَجَلُ اَلسَّاعَۃَ**. پھر اس کے بعد فقط آٹھ بار **دعائے برھتیہ** کو پڑ ہیں تو آپ حیرت انگیز طور پر مشاہدہ کریں گے کہ دوران پڑھائی اس کپڑے یا کاغذ کو آگ لگ جائیگی اور شاید کیل بھی غائب ہو جائے بہر حال آگ کا خود بخود لگنا اس عمل کی اجابت کی نشانی ہے ۔ یہ عمل چونکہ علمائے عاملین کا پسندیدہ عمل ہے اور یہ عمل میرا تجربہ شدہ نہیں ہے ۔ لیکن امید واثق ہے کہ جو بھی شائق اس عمل کو کرے گا فائدہ ضرور اٹھائے گا انشاءاللہ تعالیٰ ۔

حصول نکاح کا مجرب عمل (برائے مستورات) :

کر و شوق سے محبت مگر اک بات سن لو   کسی اور کام کے پھر نہ رہو گے دل لگا کر

یہ حضرت علامہ ابن الحاج تلسمانی مغربیؒ کا مجرب المجرب عمل ہے ۔ جو کہ انہوں نے اپنی مشہور زمانہ کتاب **شموس الانوار** میں بیان فرمایا ہے ۔ اور اسی عمل کو پاکستان کے عظیم نامور عامل اور ولی کامل ، استاذ العاملین **جناب فقیر غلام الرسول میمن ناشاد**ؒ نے ماہنامہ فلکیات میں نہایت شرح وبسط سے بیان فرمایا ہے ۔ کچھ لڑکیاں باوجود سلیقہ مندی ، حسن وخوبصورتی اور اعلیٰ تعلیم کے بھی گھروں میں بیٹھی بیٹھی اپنی قیمتی عمر گنوا بیٹھتی ہیں ۔ اور کوئی ان کو خاطر میں نہیں لاتا ۔ اور نہ کوئی رشتہ لیتا ہے ۔ ایسی غرض مند (غرض مند) لڑکیوں کے لئے یہ عمل نہ صرف بہت بڑی خوشخبری ہے ۔ بلکہ اس عمل کو کرنا بہت زیادہ ضروری بھی ہے ۔ یہ عمل کوئی بھی نیک آدمی بشرطِ کہ وہ نیت میں صادق ہو اور صوم وصلوٰۃ کا بھی پابند ہو ۔ یہ عمل عروج ماہ میں عرق گلاب اور زعفران سے لکھنا ہے ۔ تا کہ ایک فیصد بھی ناکامی کا شائبہ نہ رہے ۔



عامل بروز جمعہ ، جمعرات ، پیر یا اتوار کو **سورہ حشر** مکمل لکھے ۔ اور مذکورہ نقش بھی بنا کر دے ۔ اب جمعہ کے دن جب امام مسجد منبر پر تشریف فرما ہو ۔ تو وہ لڑکی غسل کر کے یہی سورہ (سورہ حشر) دھو کر پی جائے ۔ اور یہ نقش گلے میں لٹکائے ۔

تو (بحکمِ خُدا) اس عمل کی بدولت بحکم خداوندی یہ لڑکی عزیز وا قارب اور لوگوں کی نظروں میں دلہن کی طرح پیاری ہو جائیگی ۔ اور چند دنوں میں یا ہفتوں میں (اُس غرض مند لڑکی کے لئے) نکاح کے پیغامات آنا شروع ہو جائیں گے ۔ انشاءاللہ ۔

ہم نے مانا کہ تغافل نہ کرو گے لیکن   خاک ہو جائیں گے ہم ، تُم کو خبر ہونے تک

مجرب عمل برائے کشادہ کردن نکاح بندی :

ہمارے روحانی استاذ فقیر غلام الرسول میمن ناشادؒ صاحب شموس الانوار علامہ ابن الحاج التلسمانی المغربیؒ سے نقل فرماتے ہیں ۔ کہ بعض مخالفین و حاسدین جب کسی لڑکی کا رشتہ لینے سے محروم رہ جاتے ہیں ۔ تو وہ بدلہ لینے کی ٹھان لیتے ہیں ۔ اور اس لڑکی کا کسی بھی دوسری جگہ پر رشتہ نہ ہونے کے لیے سحری اعمال کرواتے ہیں ۔ تا کہ '' ہم نے نہ چکھا تو پیالہ توڑ دیں گے '' کے مصداق کوئی دوسرا بھی اس لڑکی کے ساتھ رشتہ طے نہ کر سکے ۔ اور نتیجہ کے طور پر جو بھی رشتہ لے کر آئے ۔ وہ (بھی) بدگمان ہو کر جائے ۔ ایسی غیر محسوس رکاوٹیں پیدا ہوتی رہتی ہیں ۔ اور نتیجہ اختلاف رائے کی صورت میں نکلتا ہے ۔ اور لڑکی بے چاری بس سپنے ہی دیکھتی رہ جاتی ہے ۔ (چاہے وہ کیسی ہی خوبصورت ، پڑھی لکھی ، سلیقہ مند اور ہزار ہا خوبیوں کی ہی حامل کیوں نہ ہو) بہر حال اس سلسلے میں ذیل کا عمل نہایت ہی مفید و مجرب پایا گیا ہے ۔ نو چندے دنوں میں اس لڑکی کے سر پر (کوئی بھی متقی اور قابل

عثماؓ شخص) سورہ انعام کی آیت نمبر۲۲ **اومن کان میتا۔۔ فی الناس** o اور ساتھ میں **سورہ کوثر** مع تسمیہ ستر مرتبہ دم کرے۔ پھر نوچندی جمعہ یا سوموار کو ساعت عطارد میں سورہ رحمٰن اور سورہ الم نشرح (دونوں سورتیں مع تسمیہ لکھ کر ہر سورت کے بعد) اس لڑکی کا نام مع والدہ لکھیں۔ اور ساتھ میں یہ عبارت بھی شامل کرلیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o یا جماعۃ الرجال سلبت عقولکم فلانۃ (لڑکی کا نام مع والدہ) **کسلب الثمرۃ من شجرتھا و الحبۃ من اکمامھا و الزھرۃ من ھیا کلہ و القیت محبۃ و عطفا وحنانا و تخیلا و عشقا و تخیلا لا طاقۃ لکم بالجلوس ولا بالعقود حتی یتزوجھا احد منکم و ابطلت تعطیلھا و ان تزوجھا یا اھل عانیۃ حرکوا الارواح الروحانیۃ الساکنۃ فی قلوب الاجنبین o فینظروا الی فلانۃ** (لڑکی کا نام مع والدہ) **فیبصرونھا فی اعینھم کا الشمس المنیرۃ او کنظر زلیخا لیوسف علیہ الصلوۃ والسلام** o پھر اس کے بعد یہ آیت بھی ساتھ لکھ لیں۔ **قال موسی ما جئتم ... ولو کرہ المجرمون** o (سورہ یونس آیت نمبر 82-81) پھر اتوار کے دن وہ لڑکی غسل کر کے سورہ رحمٰن والا تعویذ گلے میں ڈال لے۔ ایک دو ہفتوں میں یقینی طور پر نکاح ہو جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ اس عمل کے متعلق تو ابن الحاج الکبیرؒ اور ناشادؒ فرماتے ہیں کہ سات دن بھی پورے نہ ہونے پائیں گے۔ کہ حیرت انگیز طور پر اس لڑکی کا نکاح ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

حب و تالیف قلب کا مجرب عمل: (بمطابق حضرت غلام الرسول میمن ناشادؒ)

اس عمل کو کو بارہا مرتبہ مجرب المجرب ہونے کی سند حاصل ہے۔ اس عمل کو واپسی گریختہ، روٹھے ہوئے میاں یا بیوی یا رشتہ دار، کسی حاکم کی تسخیر یا حصول نکاح کیلئے استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ اس عمل کا طریقہ یوں ہے۔ کہ اس عمل کو تثلیث یا تسدیس زھرہ ومشتری کی ساعات میں یا پھر عروج ماہ میں زھرہ یا مشتری کی ساعات میں جمعرات یا جمعہ کے دن جبکہ قمر درعقرب نہ ہو۔ کیونکہ !

عقرب آوے ہر ماہے ڈھائی دن بھرا اس توں بچناں لازم آکھن کل عامل علماء

مثلاً غلام مصطفےٰ صاحب اپنی بیوی رضوانہ کو اس عمل کے ذریعے اپنے گھر واپس لانا چاہتے ہیں۔ اور میڈم رضوانہ صاحبہ ایک عرصہ سے روٹھ کر میکے جا بیٹھی ہے۔ (1) نام مطلوب رض وان ہ (2) حروف ناریہ ا ہ ط م ف ش ذ

(3) امتزاج ا ر ہ ض ط و م ا ف ن ش ہ ذ

اس عمل میں نام والدہ بھی لینا ضروری ہے۔ اور اگر مطلوب مع والدہ کے حروف 7 سے زیادہ ہوں۔ تو چھ حروف کیساتھ امتزاج دینے کے بعد مطلوب مع والدہ کے باقی حروف کو لکھیں۔ اور آخر میں آخری آتشی حرف ''ذ'' لکھیں۔ تاکہ امتزاج آتشی حروف سے شروع ہو کر آتشی حرف پر ہی منتہی ہو۔ مذکورہ تیسری سطر کو مدنظر رکھیں۔ کیونکہ یہ سطر مقصد کے حصول وتکمیل کے لئے معاون و مددگار رہے۔ یہی تیسری سطر وقت مقررہ پر اکیس مختلف سفید کاغذوں پر عرق گلاب اور زعفران کی روشنائی سے تحریر کردیں۔ اس کے بعد ہر لکھے ہوئے کاغذ میں چند دانے تفاح الجان (سیب دانہ) کے رکھ کر ان کاغذات کے اکیس عدد فتیلے بنالیں۔ اب کسی خوشبودار لکڑی کے کوئلوں کو دہکا کر ایک فتیلہ ڈالیں ا۔ ور لوبان کی چٹکی بھی اوپر ڈالیں۔ اور درج ذیل عزیمت بھی اکیس بار تصور مطلوب کے ساتھ پڑھیں۔ **تَوَکَّلُوْا یَاخُدَّامَ الْحُرُوْفِ النَّارِیَۃِ بِقَضَآءِ حَاجَتِیْ مِنْ** (نام مطلوب والدہ) **وَاَلْقَآءِ مُحَبَّتِیْ وَمَوَدَّتِیْ اَوْ مُحَبَّۃِ** (نام مطلوب مع والدہ) **فِیْ قَلْبِہٖ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ....و لا الضالین o** آمین . یہاں پر یہ بات لازمی یاد رہے کہ **تسمیہ** کی آخری میم **الحمد** کیساتھ اس طرح سے جا لگے۔ **مِلْحَمْدُ لِلّٰہِ**۔۔۔۔۔۔ مزکورہ بالا عزیمت ان کے لیے ہے۔ جو خود مطلوب چاہتے ہوں۔ لیکن اگر کوئی دوسرا شخص طالب کے لئے یہ عمل پڑھنا چاہے۔ تو عزیمت میں معمولی سی یہ تبدیلی ہوگی۔ **اجیبوا یا خدام الحروف النار یۃ سخروا** (نام مطلوب معہ والدہ) **و القوا محبتی و مودتی فی قلبھا** (نام مطلوب معہ والدہ) **بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب ..... ولا الضالین.** آمین. یہاں پر بھی یہ بات یاد رہے۔ کہ **تسمیہ** کی آخری میم **الحمد** کیساتھ اس طرح سے جا لگے **مِلْحَمْدُ لِلّٰہِ**۔۔۔۔ **آمین** . آخر تک۔

علامہ دیربیؒ فرماتے ہیں۔ یہ عمل بارہا آزمایا جا چکا ہے۔ عمل واقعی صحیح ومتحقق ہے۔ بشرط کہ حسن اعتقاد ویقینِ کامل کیساتھ ہو۔ تو مدعا ضرور حاصل ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ جس وقت عمل پہلے دن شروع کیا تھا۔ روزانہ اسی وقت اسی جگہ عمل کریں۔ کامیابی ضرور ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اس عمل کی قدر کریں۔ کیونکہ یہ خاص الخاص مجرب عمل ہے۔ اباجی حضور (میرے مرشد ومربی) نے بھی یہ عمل معدن شفاء سادات میں تحریر فرمایا ہے۔ بقول میاں محمد بخشؒ !

محبت کا مجرب چُٹکلہ :

اگر کوئی شخص کسی پر مرتا ہو اور مطلوب متوجہ نہ ہوتا ہو تو وہ شخص اپنے دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں کے ناخن کاٹ کر اپنے بال اس میں شامل کر کے ان تمام کو جلا کر راکھ پیس کر مطلوب کو کھانے میں دیا کرے۔ اور طالب مکمل وضو کر کے وہ وضو والا پانی بھی مطلوب کو پلاتا رہے۔ تو مطلوب یقینی طور پر طالب کی محبت میں شیفتہ وفریفتہ ہو جائے گا اور اس قدر طالب کے پیار میں مبتلا گرفتار ہو جائے گا کہ جدائی وفراق کا تصور بھی گوارا نہیں کر سکے گا۔ انشاء اللہ۔

مجرب عمل حب : (بمطابق مکتوب از حضرت غلام الرسول میمن نا شادؒ)

اس (عمل) کی پیدا کردہ الفت مرتے دم تک نہیں جاتی۔ یہ صرف 7 دن کا (مجرب) عمل ہے۔ بہرحال محبت میں دیوانہ کرنے کا ایسا عمل جو دائمی بھی ہو میں نے اور نہیں دیکھا۔ جس وقت باقی راستے بند ہوں یا پھر عزت و آن کا مسئلہ ہو یا خود ذاتی طور پر استعمال کی ضرورت ہو یہ ایسا ہی عمل ہے۔ (مسکن مطلوب کا) فاصلہ گرچہ سات سمندر پار کا (ہی کیوں نہ) ہوگا تو بھی مطلوب بدحواس ہو کر آن پہنچے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

بہرحال عملیاتی دنیا میں یہ عمل واقعتاً مجرب المجرب، لاجواب اور لاثانی عمل حب ہے۔ اس عمل کا طریقہ یہ ہے۔ اس عمل کی ابتداء نوچندی شب اتوار (یعنی ہفتہ کا دن گزار کر) کو آٹھویں ساعت (ساعت شمس) سے ہوگی۔ اس کے بعد شب سوموار سے ہر رات آٹھویں ساعت میں یہ عمل تنہائی میں کرنا ہوگا۔ اس عمل میں ہمیں تین اسماء کی ضرورت ہوگی۔ 1۔ اسم قمر۔ 2۔ مؤکل علوی۔ 3۔ مؤکل سفلی۔

مثال کے طور پر پہلی رات کاغذ پر (عرقِ گلاب و زعفران کی روشنائی سے) یہ (تینوں اسماء) لکھیں۔

لیا خیم روقیائیل المذھب

پھر اسی کاغذ کے اوپر سات دانے تخم سیب (تفاح الجان) کے رکھ کر ستر (70) مرتبہ یہ آیت پڑھیں۔ **زین للناس حب الشھوت حسن مآب** O تک۔ (سورہ آل عمران آیت نمبر 14) پھر اس فتیلہ کو جلائیں اور جلاتے وقت پکار کر کہیں **سلبت عقل فلان بن فلانة** (مطلوب کا نام مع والدہ) **لعشق و المحبة فلان بن فلانة** (طالب کا نام مع والدہ)۔ پھر دوسری رات (شب سوموار) کو آٹھویں ساعت (یعنی ساعت قمر) کا اسم اور مؤکلات کے اسماء لے لیں۔ اور اسی طریقہ سے سات راتوں تک یہی عمل کریں۔ اس عمل کو بآسانی سرانجام دینے کے لیے ذیل میں ایک مفید جدول دیا جا رہا ہے۔

مؤکلات سفلی	مؤکلات علوی	اسمائے قمریہ	ساعات	شب	نمبر شمار
المذھب	روقیائیل	لیا خیم	شمس	اتوار	1
مرۃ الابیض	جبرائیل	لیا لغو	قمر	سوموار	2
الاحمر	سمسمائیل	لیا فور	مریخ	منگل	3
البرقان	میکائیل	لیا روث	عطارد	بدھ	4
الشمھورش	صرفیائیل	لیا روغ	مشتری	جمعرات	5
زوبعۃ الابیض	عینیائیل	لیا روش	زھراء	جمعہ	6
میمون السیاف	کسفیائیل	لیا شلش	زحل	سنیچر	7

اس عمل کی بدولت مطلوب کی عقل اس قدر دور ہو جائے گی۔ کہ وہ دیوانہ وار بدحواس ہو کر طالب کے پاس آن پہنچے گا۔ گرچہ کتنا ہی دور کیوں نہ ہو۔ اور دائمی طور پر سائے کی طرح ساتھ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ یاد رہے۔ کہ یہ مشہور و معروف عمل شموس الانوار اور دیگر کئی عربی کتب میں بھی موجود ہے۔

درد منداں دے سخن محمد دین گواہی حالوں جس پلے پھل بدّھے ہون آوے باس رومالوں

حب والفت کا مجرب کراماتی کا جل: (بمطابق علامہ محمد رفیق زاہد درکتاب قانونِ طلسمات)

عروج ماہ میں بروز جمعرات، جمعہ یا اتوار جبکہ زہرہ استقامت و سعادت کے درجات میں طالع ہو تو اس وقت تین یا سات عدد جونک چلتے ہوئے پانی سے پکڑ کر اپنے جسم کے مختلف مقامات پر لگائیں پھر جب یہ کیڑے خوب خون پی کر مکمل سیراب ہو جائیں اور خود بخود علیحدہ ہو کر گر پڑیں۔ تو ان میں سے ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ جدا کر کے ریشمی دھاگے سے باندھ کر کسی چھت یا بلند جگہ پر سائے میں لٹکا دیں اور ان کے خشک ہونے کا انتظار کریں یہاں تک کہ جب یہ جونکیں مر کر خشک ہو جائیں تو کپاس کی نئی روئی میں لپیٹ کر انکی بتیاں بنا لیں۔ س کے بعد ترکیب عمل کے مطابق تانبے کے نئے چراغ میں روغن زنبق و زیت ڈال کر جلائیں اور حسب دستور کاجل اتار کر اس کو محفوظ کر لیں پھر اس کاجل کو استعمال کر کے آپ جس کسی کے بھی سامنے جائیں گے وہ آپ کی ایک ہی نظر سے تسخیر ہوگا کہ ہزار جان سے فدا ہو جائے گا۔

ہم راہ گزر عشق میں بھٹکے نہ اس لئے نظروں میں صرف یار کا نقش قدم رہا

حب والفت کا یہ کراماتی کاجل محمد رفیق زاہد صاحب کا ذاتی تیار کردہ ایک ایسا مجرب و بے خطا کاجل ہے جو ان کے روزانہ کے معمولات میں مستعمل تھا۔ اس کراماتی کاجل کے متعلق **ماہر طلسمات محمد رفیق زاھد صاحب** رقمطراز ہیں کہ راقم الحروف کی طرف سے اس عمل کی قوت تاثیر کو غلط ثابت کرنے والا اور اس عمل کے مقابلے کا کوئی دوسرا عمل پیش کرنے والے کو مبلغ ایک لاکھ روپیہ نقد انعام کے طور پر دیا جائے گا۔

کروں گا کیا جو ہو گیا محبت میں ناکام مجھے تو اور کوئی کام بھی نہیں آتا

طلسم مجربہ برائے دائمی محبت :۔

اگرخواہش ہو۔کہ دواشخاص کے درمیان دوستی ،محبت اورعشق پیدا کرنا مطلوب ومقصود ہو۔تو یہ طلسم وہاں پرسیف ضارب کی طرح سریع الاثر ہوگا ۔بشرطیکہ وہ دواشخاص ایک دوسرے کو جانتے ہوں ۔پہنچانتے ہوں ۔چاہے وہ دوست ہوں ۔یا دشمن ہوں ۔دورونز دیک کے عزیز ورشتہ دار ہوں ۔بہر حال وہ ایک دوسرے کو جانتے ہوں ۔اورایک دوسرے کی شکل وصورت اورنام سے واقف ہوں ۔اس طلسم کا طریقہ یہ ہے ۔کہ اس طلسم کے لئے کوئی ایک چھوٹا یا بڑا اکمرہ درکار ہے ۔جوکہ بالکل خالی ہو۔اسے مٹی اورخاک سے صاف کردو۔اورمعطر کردو پس ہرماہ کی چودھویں تاریخ کو استقبال شمس وقمر ہوتا ہے ۔پس چاہیے ۔کہ اگرعلم ونجوم اورجنتری وتقویم کی سمجھ آتی ہے ۔تو بہتر ورنہ کسی ماہرنجوم سے استقبال شمس وقمراوردرج ذیل درجات حاصل کرلو۔

درجہ ۱۴۔۱۵۔۲۱ ثور **درجہ** ۲۰۔۲۱۔۲۷ جوزا **درجہ** ۲۰۔۲۱۔۲۷ سرطان

درجہ ۱۴۔۱۹۔ اسد **درجہ** ۷۔۹۔۱۰۔۱۴۔۱۵۔سنبلہ **درجہ** ۱۴۔ میزان **درجہ** ۱۶۔ عقرب

درجہ ۸۔ قوس **درجہ** ۴۔ جدی **درجہ** ۱۹۔ دلو **درجہ** ۳۔ حوت

یا پھرانہی درجات کے قریب قریب ہوں ۔بہرحال ہرماہ کی **14** چودہ تاریخ کو استقبال شمس وقمر بآسانی مل جائیں گے ۔بس کچھ تدبر وتفکر کی ضرورت ہوگی ۔عمل سے پہلے موم سفید سے دو پتلے بنالو۔ بعینہ انہی دونوں اشخاص کے ۔کہ جن کے لئے عمل کرنا مطلوب ہو۔اب ہردو پرمرتبہ اول کے اعداد مطلوب یا طالب مع والدہ اورمرتبہ دوئم کے اعداد لکھیں ۔پس ایک پتلے کو اسی کمرے کے ایک گوشے میں اوردوسرے پتلے کو کمرے کے دوسرے گوشے میں آمنے سامنے رکھیں ۔پس روز بروز جس قدر قمر،شمس کے قریب قریب ہوتا جائے گا ۔اسی قدر پتلوں کو قریب قریب رکھتے جائیں ۔دونوں پتلے قریب قریب ہوتے چلے جائیں گیں ۔اٹھائیسویں دِن تک دونوں آپس میں مل جائیں گے ۔پس یادرکھیں ۔جس وقت شمس وقمرایک درجہ اورایک دقیقہ پرآجائیں ۔اورمرکز بہ مرکز اتصال کریں ۔اس مخصوص وقت دونوں پتلوں کو سینہ بسینہ ملاکرایک زاویہ میں رکھو۔مگراس کا لحاظ رکھنا چاہیے ۔کہ وقت اتصال نیرین مرکز بمرکز اور بوقت اتصال دونوں پتلے سینہ بسینہ متحد ہوں ۔ان میں فرق نہ ہو۔پس ان پتلوں کو اندھیرے میں ملا ہوا رکھ کردفن کردو۔ پس یہ طلسم تمام ہوا۔اس بات کو ملحوظ خاطررکھیں ۔کہ جیسے جیسے یہ پتلے قریب تر ہوتے چلے جائیں گے ۔تو یقینی اورغیرمتوقع طورپروہ دواشخاص بھی نزدیک ہوتے چلے جائیں گے ۔انشاءاللہ تعالیٰ ۔جب اورجیسے ہی وہ دو پتلے آپس میں مل جائیں گے ۔تو وہ دواشخاص جن کے لیے عمل کیا گیا ہوگا۔وہ بھی دائمی طورپرمل جائیں گے ۔یادرہے کہ ! یہ عمل انتہائی مجرب المجرب اورمستندعمل ہے ۔

اب تو اِس شخص نے تنہائی مقدر کردی   وہ جو آیا تھا میری دنیا بسانے کے لئے

عمل جلب (یعنی بلانا وحاضرکرنا) :۔

اگرکسی کواپنے پاس بلانا منظور ہو۔تودرج ذیل نقش دائیں گھٹنے کے نیچے رکھ دیں ۔(علمائے عاملین تو کہتے ہیں کہ دائیں پاؤں کے نیچے رکھ دیں ۔مگرناموں کی بےحرمتی کے ڈرسے گھٹنا قدرے ٹھیک ہے)نقش پرمسلسل زوریعنی وزن ڈالیں ۔

د م . ت		ب ک . ر
	اسم مطلوب مع والدہ	
ح ف . ض		و س . خ

اورآہستگی کے ساتھ یہ پڑھیں ۔ اَجِبْ یَا بَدُوْ حَائِیْلُ یاکَمْسَفَائِیْلُ یَارَتْخَضَائِیْلُ اَجْلِبْ (مطلوب شخص مع والدہ یا اگروالدہ کا نام معلوم نہ تو حوا کہیں تصور مطلوب کا پختہ کریں صرف مطلوب کا نام ہی کافی ہے) اِلٰی ھٰذَا الْمَجْلِسُ (اورگھرمیں بلانا ہوتو اِلٰی ھٰذَاالْبَیْت) فِی اَسرعِ وَقْت بِحَقِّ اِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ لِیَوْ مٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ ۔ چندہی لمحات میں مطلوب وہاں آن پہنچے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ ۔

حسن جس چیز میں ہو دیکھ کے مَت ہو خوش   بند کر لو مگر آنکھیں ، اگر انسان ہو تم

اعمال تسخیر و حب کے مکمل عامل بنیئے :

جوشخص یہ چاہے ۔کہ وہ تسخیر وحب کے اعمال کا ایسا عامل ہوجائے کہ جوبھی نقش عمل وغیرہ لکھے یا کرے ۔تو اس میں فی الفوراثر پیدا ہو۔اوراس کے تمام اعمال میں عجیب وسریع تاثیر ظاہر ہوجائے ۔تو اس کو لازم ہے ۔کہ پرہیز جلالی کے ساتھ اسم اعظم ''**یَا وَدُوْدُ**'' کو چالیس روز میں بیس لاکھ مرتبہ مکمل کریں ۔پھرروزانہ **(2000)** دوہزارمرتبہ اپنے ورد میں رکھے ۔ بہرحال یہ خاص اسرار ہیں ۔کہ ہرعامل کو یاودود کا لازماً عمل کرنا چاہیے ۔یاودود کے عامل کی حالت یہ ہوجاتی ہے ۔کہ صرف ارادہ کرنے سے ہی حب کے اعمال میں اثر ظاہرہونا شروع ہوجاتا ہے ۔اورطالب ومطلوب کو وہ عامل چشم زدن میں یک جان کرسکتا ہے ۔اس اسم اعظم کے اس عمل کوکرنے سے قبل فقیر مولف سے بلاواسطہ اجازت لینا بہت ضروری ہے ۔اسم اعظم یاودود کے مزید عملیات کے لئے **شمس المعارف ، جواھر خمسہ ، رموز الجفر، الجواھر الماعہ** وغیرہ کتب کا مطالعہ کریں ۔

عمل حاضری مطلوب : (مجرب المجرب عمل)

حاضری مطلوب کا یہ عمل ایک ایسا سیف ضارب عمل ہے۔ جو کبھی اور کسی بھی حال میں فیل نہیں ہوتا۔ طریقہ یوں ہے۔ کہ چنے کے بیسن کا سات مہرہ (سات کونوں والا) چراغ تیار کریں۔ اسکے بعد منسوب سیارگان کے رنگ کے نمونوں کے ٹکڑے بنا لیں۔ اور ہر ٹکڑے کا اندازاً عرض دو انگلی اور طول سات انگلی ہونا چاہیے۔ اس کے بعد سات کپڑوں پر علیحدہ علیحدہ یہ عزیمتیں (روزانہ وقتِ مقررہ پر) بنائی جائیں گیں۔ ساتوں عزائم یہ ہیں۔ جیسے کہ! شمسی رنگ زرد رنگ یعنی اورنج رنگ کپڑے پر یہ لکھیں۔

اُجِبْ یَا مُذْھِبُ وَاجْلِبْ (فلاں بن فلانة) بِحَقِّ رُوْقِیَآ ئِیْلُ اَلْغَالِبُ عَلَیْکَ وَ بِحَقِّ یَا ہٍ یَا ہٍ.

قمری رنگ یعنی سفید رنگ کے کپڑے پر یہ لکھیں۔

اُجِبْ یَا مَرَّةِ الْاَبْیَضِ بْنِ الْحَارِثُ وَاجْلِبْ (فلاں بن فلانة) بِحَقِّ شَدْحَآئِیْلُ اَلْغَالِبُ عَلَیْکَ وَبِحَقِّ سَامٍ سَامٍ.

مریخی رنگ سیاہ مائل سرخ رنگ (DARK RED) کے کپڑے پر یہ لکھیں۔

اُجِبْ یَا اَحْمَرُ وَاجْلِبْ (فلاں بن فلانة) بِحَقِّ سَمْسَمَآئِیْلُ اَلْغَالِبُ عَلَیْکَ وَ بِحَقِّ دَمْلِیْخٍ دَمْلِیْخٍ.

عطاردی رنگ (فیروزی یا ہلکے نیلے رنگ کے کپڑے) پر یہ لکھیں۔

اُجِبْ یَا بُرْقَانُ وَاجْلِبْ (فلاں بن فلانة) بِحَقِّ مِیْکَآئِیْلُ اَلْغَالِبُ عَلَیْکَ وَ بِحَقِّ اَھْیَاشٍ اَھْیَاشٍ.

مشتری رنگ (سبز رنگ) کے کپڑے پر یہ لکھیں۔

اُجِبْ یَا شَمْھُوْرَشٍ وَاجْلِبْ (فلاں بن فلانة) بِحَقِّ صَرْفِیَآئِیْلُ اَلْغَالِبُ عَلَیْکَ وَ بِحَقِّ دَرْمِیْشٍ دَرْمِیْشٍ.

زھرہ جیسے رنگ (سرخ مائل رنگ) کے کپڑے پر یہ لکھیں۔

اُجِبْ یَا زُوْبِعَةِ الْاَبْیَضِ وَاجْلِبْ (فلاں بن فلانة) بِحَقِّ عَیْنِیَآئِیْلُ اَلْغَالِبُ عَلَیْکَ وَ بِحَقِّ سُبُّوْحٌ سُبُّوْحٌ.

زحل رنگ (سیاہ رنگ کے کپڑے) پر یہ لکھیں۔

اَجِبْ یَا مَیْمُوْنَ سَیَافِ السَّحَابِیْ وَاجْلِبْ (فلاں بن فلانة) بِحَقِّ کَسْفِیَآئِیْلُ اَلْغَالِبُ عَلَیْکَ وَ بِحَقِّ اَوْزًا اَوْزًا.

(کچھ کتب میں عطاردی رنگ میں **میکائیل** کے بجائے **نَوَآئِیْلُ** لکھا ہوا ہے بہر حال دونوں درست ہیں)

یہ ساتوں بتیاں احتیاط سے سنبھال کر رکھ دیں۔ اب نوچندی اتوار کی رات جب نصف شب یعنی کہ عین ساڑھے بجے کا وقت ہو شمسی رنگ کے کپڑے والی عزیمت سے لکھی ہوئی بتی تر کر کے جلانی ہے۔ اور مطلوب کی حاضری کا مکمل تصور رکھ کر سات مرتبہ **سورۃ طہٰ** پڑھیں۔ یاد رہے۔ کہ چراغ میں تیل اتنا ہونا چاہیے۔ کہ **سورۃ طہٰ** کو سات بار پڑھنے سے پہلے بتی یعنی کہ فتیلہ ختم نہ ہو۔ اسی طرح ہر روز اسی وقت ایک کتان سات دنوں تک جلائیں۔ ایک انتہائی ضروری امر یاد رکھیں۔ کہ چراغ کے ساتوں مہروں پر کوئی نشانی ضرور لگائیں۔ تاکہ ہر رات کا مہرہ یعنی کنارہ علیحدہ ہو۔ اللہ تعالیٰ سے کامل امید ہے۔ کہ مطلوب اگرچہ **100** زنجیروں میں بندھا سلاخوں میں قید ہی کیوں نہ ہو۔ تو ایسا شخص بھی عمل کی جگہ پر ضرور آن پہنچے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ایک سو دس فیصد مجرب المجرب عمل ہے۔

ہم راہ گزرِ عشق میں بھٹکے نہ اس لئے نظروں میں صرف یار کا نقش قدم رہا

حب والفت کا مجرب کراماتی عمل:

عروج ماہ میں آدھی رات کے وقت مطلوب کی تصویر لے اُس کو پلاسٹک کوٹنگ کر کے پانی والی بالٹی میں ڈال دیں۔ (اگر تصویر نہ ملے تو ایک کاغذ پر مطلوب معہ والدہ کے اسماء لکھ کر پلاسٹک کوٹنگ کر کے پانی کی تہہ میں ڈال دیں) اور طالب چاند کے سامنے بیٹھ کر مطلوب کی تصویر یا اسماء کو دیکھتے ہوئے مطلوب کا تصور کرتے ہوئے آیت'' **فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ** '' کو **360** مرتبہ پڑھ لیں۔ پانی والی بالٹی ستاروں کے سائے میں پڑی رہے۔ طالب جا کر سو جائے۔ پھر طلوع آفتاب کے بعد پانی پودوں یا درخت کی جڑوں میں انڈیل دیں۔ سات راتوں میں بہرصورت کام ہو ہی جائے گا۔ ان شاءاللہ۔

گریختہ کی واپسی کے مجرب المجرب اعمال و عملیات:

1۔ مُنجملہ فضائل سورہ یسین کے ایک یہ بھی ہے۔ کہ ایک عدد مُربع کاغذ پر **یسین** سے **فھم لا یبصرون** (تک) الگ الگ حروف کر کے لکھے۔ اور کاغذ کے وسط میں گریختہ کا نام مع والدہ لکھے۔ اور گریختہ کے نام پر سوئی گاڑھ کر ایسے مکان میں جہاں اس کی بود و باش رہتی ہو۔ وہاں لٹکا دے۔ تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ واپس آ جائے گا۔ انشاءاللہ۔ (امام قرطبی فرماتے ہیں۔ کہ یہ عمل نہایت نافع اور مجرب عمل ہے)

2۔ عمل ہٰذا بھاگ جانے والے شخص کی واپسی کے لئے نہایت مفید ومتنفع ہے۔ اگر چہ وہ زنجیروں میں ہی قید کیوں نہ ہو۔ اس عمل کا طریقہ یہ ہے۔ کہ! تم ایک گبریلا (خنفساء، ایک کیڑا ہے) کہیں سے حاصل کرو۔ لیکن یہ یاد رہے۔ کہ اگر مطلوب کوئی مرد ہے۔ تو نر گبریلا لو۔ اور اگر کوئی مطلوب عورت ہے۔ تو مادہ گبریلا لے لو۔ (نر اور مادہ گبریلے کا فرق اس طرح سے پتا چلے گا۔ کہ تم اس گبریلا کو اُلٹا کرو۔ اگر وہ گبریلا خود بخود سیدھا ہو جائے۔ تو وہ نر ہے۔ اور اگر وہ کوشش کے باوجود سیدھا نہ ہو سکا۔ تو سمجھو کہ! وہ مادہ گبریلا ہو گا) گبریلے کے حصول کے بعد تم یہ نقش بناؤ۔



اب اس نقش (دائرہ) کے عین وسط میں ایک سوئی یا کیل گاڑ کر اس گبریلے کو تاگے سے باندھ لو۔ جس وقت وہ گبریلا سوئی کے اطراف پھرے گا۔ تو تم مطلوب کی واپسی کا تصور کرتے ہوئے لا تعداد مرتبہ یہ آیت پڑھنا شروع کر دو۔ **انہ علٰی رجعہ لقادر** o (سورہ طارق۔ آیت نمبر 8) اس جگہ پر گبریلا سرگرداں ہو کر پھرے گا۔ اور مطلوب جہاں بھی ہو گا۔ وہ وہاں پر سرگرداں پھرتے ہوئے بالآخر عمل کی جگہ پر نہ چاہتے ہوئے بھی پہنچ جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنے خصوصی فضل و کرم اور اس عمل کی بدولت مطلوب کی واپسی، قیدی کے چھٹکارے یا واپسی گریختہ کے لئے کوئی نہ کوئی سبب ضرور پیدا کر دے گا۔ انشاءاللہ۔

جب تک بکے نہ تھے، کوئی پوچھتا نہ تھا — تو نے خرید کر مجھے انمول کر دیا

3۔ یہ عمل میرا (**محمد عبدالرؤف القادری**) اور دیگر کچھ احباب کا مجرب و آزمودہ عمل ہے۔



کہ اگر کسی کا کوئی بھاگ گیا۔ تو اس عمل اور نقش کی برکت سے بھاگا ہوا شخص واپس لوٹ آئے گا۔ بلکہ پھر کبھی نہیں بھاگے گا۔ انشاء اللہ۔ طریقہ اِس عمل کا یہ ہے۔ سامنے دیئے گئے نقش کی طرح کے 2 نقوش لکھیں۔ ایک کو گریختہ کے گھر میں موجود کسی درخت یا ایسی اونچی جگہ پر باندھیں۔ جہاں نقش ہوا سے ہر وقت ہلتا رہے۔ اور دوسرے نقش کو لکھ کر بھاگے ہوئے شخص کے گھر میں کسی بھاری وزن یا پتھر کے نیچے رکھ دیں۔ اور گھر کے تمام اشخاص یہ دعا مسلسل و بلا تعداد پڑھتے رہیں۔ **اللھم انی اسئلک بحق بسم اللہ الرحمن الرحیم o و بحق الرحمن ان تمنع ھذا العبد من الاباق یا رب العالمین۔** اس عمل اور نقش کی برکت سے نہ صرف وہ شخص واپس لوٹ آئے گا۔ بلکہ پھر کبھی بھی نہیں بھاگے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

میاں بیوی میں محبت و مودت (یا) حصول نکاح کا مجرب المجرب عمل:

پوچھا کسی نے، چاند نکلتا ہے کس طرح — زُلفوں کو رُخ پہ ڈال کے، جھٹکا دیا، کہ یوں

یہ مجرب المجرب عمل ابن الحاج تلسمانیؒ نے اپنی کتاب شموس الانوار نے تحریر فرمایا ہے۔ جب میاں یا بیوی میں کوئی بھی ایک دوسرے کو اپنی طرف مائل کرنے کا خواہاں ہو یا پھر کوئی شخص کسی مخصوص عورت سے نکاح کا متمنی ہو تو چاہیئے کہ مطلوب کا مستعمل کپڑا کسی بھی طور سے حاصل کرے پھر اس کپڑے پر نوچندی ایام میں ساعت زہرہ کے اندر جب کہ طالع قوس ہو (یہ سب کسی اچھی تقویم یا جنتری میں مل جائے گا) میں یہ خاتم تحریر کرے۔

786


ف	و	ط	ع
ع	ف	و	ط
ط	ع	ف	و
و	ط	ع	ف

(نام مطلوب مع والدہ **الی المحبۃ و المودۃ** نام طالب مع والدہ)

یاد رہے کہ جب یہ مربع نقش (خاتم) لکھا جائے تو اس وقت جاوی ولوبان یا پھر کوئی خوشبودار دار اگربتی کی دھونی بھی لازمی ہونی چاہیئے پھر اس لکھے ہوئے کپڑے کو سامنے رکھ کر عزیمت دہروشہ کو ایک ہزار مرتبہ اس طرح پڑھیں کہ ہر سینکڑہ پر ستر مرتبہ اس طرح کہو۔ **یا روحانیۃ التمیل اعطفوا و میلوا فلانۃ بنت فلانۃ (مطلوب) الی المحبۃ و المودۃ فلاں بن فلاں (طالب) بحق ھذا الخاتم۔** پڑھائی کے بعد اس حرز کو (مربع نقش لکھا کپڑا) کسی جدید غیر مستعمل سبز کپڑے میں موم جامہ کر کے طالب کے گریبان میں باندھ دو۔ اس عمل کی بدولت ہفتہ عشرہ کے اندر ہی مطلوب نہ چاہتے ہوئے بھی طالب کی جانب لازمی طور پر مائل ہو گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ یہ عمل بارہا کا مجرب اور عاملین کا پسندیدہ عمل ہے۔


علوم دنیاوی کے بحر میں غوطے لگانے سے — زبان گو صاف ہو جاتی ہے دل طاہر نہیں ہوتا

محبت کے دوعجیب و غریب چُٹکلے :



1۔ جناب السید عبدالفتاح الطّوخی المصری اپنی کتاب تسخیرالشیاطین فی وصال العاشقین میں رقم طراز ہیں۔کہ! اگر کوئی شخص کسی پر دائیں ہتھیلی پر بائیں ہاتھ سے طلسم لکھ کر جس کسی کی پیٹھ پر ہاتھ پھیرا جائے۔اور اگر ہو سکے تو پھر وہی لکھا ہوا ہاتھ بھی اُس کے ساتھ ملایا جائے۔تو وہ اُسی وقت مسخر ہو جاتا ہے۔ اور پیٹھ پیچھے ہو لیتا ہے۔انسان تو انسان،حیوان بھی اس عمل سے اپنے حواس کھو بیٹھتا ہے۔ (یہ عمل بھی محتاجِ تجربہ ہے۔لیکن سننے میں آیا ہے۔کہ مجرب ہے)

ہر حال میں ہنسنے کا ہنر پاس تھا جن کے وہ رونے لگے ہیں گر، کوئی بات تو ہو گی



2۔ جناب ابوالعباس احمد بن علی بونیؒ اپنی کتاب ''شمس المعارف'' میں رقم طراز ہیں۔کہ! یہ عجیب و نادر عمل ہے۔ترکیب اس عمل کی یہ ہے۔کہ! سامنے دیئے گئے تعویذ طلسم کو بدھ کے روز کی پہلی ساعت (عطار دمیں) مشک و زعفران اور عرقِ گلاب کی روشنائی سے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر لکھ کر خوشبو کی دھونی دے کر ہاتھ کو بند کر لے۔اور لکھنے کے بعد یہ قسمِ کبیر تین مرتبہ پڑھ لے۔(**بسم اللہ القدوس الطاھر** ۔۔۔آخر تک) پھر جس بھی شخص کو مسخر کرنا مطلوب ہو۔اُس کے سامنے جا کر اپنا ہاتھ کھول کر اُسے اپنا ہاتھ دکھا دے۔(کسی اور کے سامنے یا خود سے اُس وقت تک ہاتھ قطعاً نہ کھولے) مطلوب کو ہاتھ دکھا کر واپس چلا آئے یا جہاں جی چاہے چلا جائے۔اور نہ ہی مُڑ کر اس کی طرف دیکھے۔وہ لازمی طور پر پیچھے پیچھے آئے گا۔اور حاجت روئی کرے گا۔ان شاءاللہ۔

دھجیاں جن کی اڑی تھیں عقل تھی جن سے خفا اے جنون شوق دیکھ وہ چاک گریباں آ گئے

حاضریء محبوب کا مجرب عمل: (بمطابق حضرت امام بونیؒ در کتاب شمس المعارف)

مثلاً مطلوب ومحبوب ایک شخص ہے۔جس کا اسمِ گرامی **محمد** ہے۔محمد کے اعداد بحساب ابجد قمری 92 ہیں۔اور اسمائے موافق اِس اسم (**محمد**) کے **باسط** اور **ودود** ہیں۔اِن اعداد کا مؤکل **کعبائیل** بنے گا۔اب اگر محمد سے کوئی حاجت ہو۔یا اُس کا تسخیر کرنا مطلوب ہو۔تو اِن دونوں **اسمائے الٰہیہ** کے ساتھ مؤکل کو متوجہ کرو۔مطلب حاصل ہوگا۔آگے چل کر امام بونیؒ فرماتے ہیں۔کہ میں نے ایک پوشیدہ راز و اسرار کو بیان کیا ہے۔اِس کی قدر کو پہچانو۔

ارسطو سے نہ پوچھ اے ہم نشیں خاصیت الفت مجھے معلوم ہے، سن لے، اثر مہلک، مزہ اچھا

اعمالِ طرد : (کسی بھی شخص کو محفل سے خارج کرنے کا عجیب عمل)

1۔ یہی عمل کچھ کتب میں اِس طرح سے بھی مرقوم ہے۔کہ اگر کوئی اِس بات کا خواہاں ہو۔کہ محفل سے کسی ایک بندے کو نکالا جائے۔تو اُسے چاہیئے کہ! کلمات عبارت کو لکھ کر اپنے زانوئے چپ کے نیچے دبائے رکھے۔یا اپنے دست چپ میں عطاردی رنگ (فیروزی یا ہلکے نیلے رنگ کے کپڑے) پر یہ لکھیں۔ **اجب یا برقان واجلب** (فلاں بن فلانۃ) **بحق میکائیل الغالب علیک و بحق اھیاشٍ اھیاش۔** مشتری رنگ (سبز رنگ) کے کپڑے پر یہ لکھیں۔انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے دبائیں۔اور اِس کلمات عبارت کو دل ہی دل میں اُس شخص کے اخراج کے تصور کے ساتھ پڑھنا شروع کر دیں۔وہ شخص اُس محفل ومجلس سے نہ چاہتے ہوئے چلا جائے گا۔انشاءاللہ۔کلماتِ عبارت یہ ہے۔

یا شیخ محمد شاماکی! اُخرِج ھذا الملعون فی الوقتی ھذا۔

2۔ فوائدمجربہ(سنسیؒ) میں سے ہے۔کہ جب تمھارے پاس کوئی ایسا شخص آن بیٹھے۔کہ جس کا بیٹھنا تمھیں ناگوار ہو۔تب تم چپکے سے اُس شخص کے اخراج کی نیت و تصور سے اِن آیات کو پڑھنا شروع کر دو۔وہ شخص چند ہی لمحات میں اُس محفل مجلس سے نہ چاہتے ہوئے نکل جائے گا۔انشاءاللہ۔آیات یہ ہیں۔ **تذروح الریاح . وکان اللہ علٰی کل شیء مقتدرا**۔(سورہ کہف،نمبر۔45) **ربنا اکشف عنا العذاب انا مؤمنون**۔(سورہ دخان،آیت نمبر12) **یومئذ یصدرالناس اشتاتا** (سورہ زلزلۃ،نمبر8) **انفروا خفافا و ثقالا**۔(سورہ توبہ نمبر۔41)

سکون اور عشق ، وہ بھی دونوں ایک ساتھ رہنے دو غالب ، کوئی عقل کی بات کرو

3۔ اگر کوئی شخص پاس بیٹھا ہے۔اور کسی وجہ سے اسکا بیٹھنا مناسب نہیں لگ رہا۔تو درج ذیل نقش لکھ کر بائیں گھٹنے کے نیچے زور لگا کر اپنا وزن دے کر رکھ دیں۔اور آہستگی سے یہ پڑھیں۔ اَجِبْ یَا اَجْھَزْ طَائِیْلُ یَایَلْنَا ئِیْلُ یَاعَصُقَشْتَا ئِیْلُ یَاذَضْطَغَائِیْلُ اُخْرُجْ فلاں (مطلوب شخص مع والدہ یا اگر والدہ کا نام معلوم نہ تو حوا کہیں تصور مطلوب کا پختہ کریں۔صرف مطلوب کا نام ہی کافی ہے) مِنْ ھٰذَا الْمَجْلِسْ (اور گھر سے نکالنا ہو تو اِلٰی ھٰذَاالْبَیْتِ کہیں یا اگر گھر، دفتر یا ہوٹل سے نکالنا ہو تو اس جگہ کا نام ہی آئیگا) فِیْ اَسْرِعِ وَقْتٍ بِحَقِّ سَیُھْزَمُ الْجَمْعُ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ۔

فلاں بن فلانۃ	ا ی ق غ	فلاں بن فلانۃ
ج ل ش	ہ ن ث	ز ع ذ
فلاں بن فلانۃ	ط ص ظ	فلاں بن فلانۃ

اس شخص کو پتہ بھی نہیں چلے گا۔کہ وہ نہ چاہنے کے باوجود کیوں اس محفل سے چلا گیا ہے۔صاحب مکاشافات اسرار نے یہ عمل بڑی شرح وبسط کے ساتھ پیش کیا ہے۔اللہ تعالیٰ فقیر غلام الرسول میمن ناشادؒ کے درجات بلند فرمائے۔آمین۔

بغض و عداوت یا تفریق و جدائی کا مجرب عمل :

اگر کوئی مرد زناکاری میں مبتلا ہو۔یا کسی ناجائز تعلق کی وجہ سے اپنی بیوی کے حقوق پورے نہ کرتا ہو۔اور اپنی بیوی پر ظلم وستم ڈھاتا ہو۔یا کوئی ایسی عورت جو اپنے شوہر سے جدائی چاہتی ہو۔اور جدائی کے علاوہ اور کوئی راستہ نہ ہو۔تو ان امور کی بجا آوری کے لئے یہ عمل نہایت مفید اور بارہا کا مجرب المجرب عمل ہے۔نزول ماہ قمری (یعنی اسلامی ماہ کے آخری چودہ ایام) کے آخری سنیچر کے دن پہلی ساعت میں ایک پرانی ٹھیکری پر سات بار یہ اسمائے قمر یہ معکوسی مع عبارت عمل لکھیں۔

شلشائیل ، شورائیل ، غورائیل ، ثورائیل، روفائیل ، وغلائیل، میخائیل (فلاں بن فلانۃ و فلانۃ بنت فلانۃ) كُلَّمَا اَوْقَدُوْا نَاراً لِّلحَرْبِ اَطْفَاَھَا اللّٰہُ . (سورہ مائدہ۔آیت نمبر 64) اَشْعَلھا الشیطن فرق بین (فلاں بن فلانۃ و فلانۃ بنت فلانۃ) كما فرقت بين السماء والارض تو كلوا (حاجت کا نام یعنی جدائی بغض وعداوت یا دشمنی وغیرہ) ایـن دردیـائیل ودهموش اِنْفِرُوْا خِفَافاً وَّ ثِقَالاً يَوْمَئِذٍ يصدر الناس اشتاتا.(سورہ زلزال۔آیت نمبر 6). اللهم فرق بين (فلاں بن فلانۃ و فلانۃ بنت فلانۃ) اين در ديائيل و دهموش افعلوا ما امرتكم بحق قال للسموت والارض ائتيا طوعا و كرهاقالتا اتينا طائعين(سورہ حم السجدہ آیت نمبر 11)

پھر اس ٹھیکری کو ساعت زحل ہی میں گھسو۔اور جس شخص پر عمل کرنا ہے۔تو اس شخص کے گھر کی چھت پر ڈال دو۔تو اسی دن جدائی ہو جائیگی۔ صاحب شموس الانوار جناب ابن الحاج تلسمانی المغربیؒ اس عمل کی بہت زیادہ تعریف وتوصیف بیان کی ہے۔پس اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہیں۔اور اپنے آپ کو ظلم سے بچائیں۔ورنہ دنیا تمھارے لئے میں تباہی ہوگئی۔اور آخرت میں پُرسی ہوگی۔اور آپؒ (جناب تلسمانی) نے چیلنج دیا ہے۔کہ یہ عمل ایسا پرتاثیر ہے۔کہ کبھی بھی ناکامی نہیں ہوگی۔لیکن آپؒ نے ساتھ میں یہ بھی تنبیہ فرمائی ہے۔کہ ایسے اعمال کی اجابت اور سریع التاثیری کے لئے اطاعت الٰہی اور خوف باری تعالیٰ کا ہونا بہت ضروری ہے۔تاکہ اس عمل کو صرف اور صرف جائز امور ہی میں مستعمل رکھا جائے۔عمل کرنے والا اپنے فعل کا خود ذمہ دار ہوگا۔(اِس ضمن میں راقم الحروف (محمد عبدالرؤف القادری) دنیا وآخرت میں بری ءالذمہ ہوگا)

تیری نگاہ کا ایک جام چاہتا ہوں جواب گردشِ ایام چاہتا ہوں
خیالِ دوست بہت تھک چکا ہے ذہن میرا مجھے نہ چھیڑ، اَب آرام چاہتا ہوں

بغض و عداوت یا تفریق و جدائی کا مجرب عمل: (بمطابق حضرت ابن الحاج التلسمانیؒ در شموس الانوار)

اس تفریق وجدائی کے عمل کا نام روحانی علم والوں کے نزدیک ہیم صاہی ہے۔اور عبداللہ بن رباحہ (جنکے زمانہ میں اس عمل کا بارہا تجربہ کیا جاچکا ہے) اس عمل کو اہل ضلال استعمال کیا کرتے تھے۔اور آپؒ (جناب تلسمانی المغربیؒ) نے چیلنج دیا ہے۔کہ یہ عمل ایسا سریع التاثیر اور معروف ومقبول عمل ہے۔جو کہ کبھی بھی فیل نہیں ہوتا۔بشرطیکہ ترکیب عمل کو پوری طرح سے ملحوظ خاطر رکھا جائے۔بہرحال ترکیب عمل یہ ہے۔کہ درج ذیل سورۃ مبارکہ معہ عبارت عمل کو 9 نو سیاہ کاغذوں پر نزول ماہ قمری (یعنی اسلامی ماہ کے آخری چودہ ایام) کے آخیر سنیچر کی پہلی ساعت میں لکھا جائے۔اور پھر اسمائے قمر معکوسی (شَلْشَائِیْلُ . شُوْرَائِیْلُ . غُوْرَائِیْلُ . ثُوْرَائِیْلُ . رُوْفَائِیْلُ وَغَلَائِیْلُ . مِیْخَائِیْلُ) کو صرف صرف 42 بار تلاوت کر کے انھی کاغذوں پر دم کیا جائے۔اس کے بعد اسی ساعت (ساعت زحل) یا اسی دن کی آٹھویں ساعت (ساعت زحل) میں مسلمانوں کے قبرستان میں ایک ایسی پرانی قبر کی پائنتی میں دفن کیا جائے۔ جو کہ قدیم ہونے کے ساتھ ساتھ نامعلوم وغیر معروف بھی ہو۔یعنی صاحب قبر کا پتہ نہ ہو۔کہ وہ کون تھا؟ ہفتہ عشرہ کے اندر اندر یقینی جدائی وتفریق ہو جائے گی۔سورۃ معہ عبارت عمل ی اور اسمائے قمر معکوسیہ یہ ہے۔اس کو احتیاط سے بلا اعراب لکھنا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا . وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا . وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَالَهَا . يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا . بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا . يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُم فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَه' وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَه' شَلْشَائِيلُ شُوْرَائِيلُ غُوْرَائِيلُ ثُوْرَائِيلُ رُوْفَائِيلُ وَغَلَائِيلُ مِيْخَائِيلُ تَوَكَّلُوا يَاخُدَّامُ هذه السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ فَرِّقْ بين (فلان بن فلاں وَ فلانۃ بنت فلانۃ) كَمَا فَرَّقْتَ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ .

اُسے پانا اُسے کھونا ، اُسی کے ہجر میں رونا　　یہی عشق ہے محسن ، تو ہم تنہا ہی اچھے ہیں

ظالم کو مخصوص جگہ ، گھر یا مکان سے بھگانا:

یہ ایک ایسا کراماتی مجرب ومستند عمل ہے۔ جوکہ ایک نعمت غیر مترقبہ اور سریع التاثیر الحسیہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ صاحب شموس الانوار ابن الحاج تلسمانی سے جناب عامل کامل فقیر غلام الرسول میمن ناشادؒ یہ عمل پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتے ہیں۔ کہ اگر کوئی شخص دوسروں پر لایعنی ظلم کرتا ہو۔ یا مکان پر ناجائز قبضہ کیا ہوا ہو۔ اور حقدار کو حق نہ ملتا ہو۔ تو وہاں پر یہ عمل سیف ضارب کیطرح کام کرے گا۔ اور اس گھر یا دوکان کو ہمیشہ کے لئے چھوڑ کر ایسے بھاگ کھڑا ہو گا۔ کہ جیسے وہاں کسی بھی طرح اس کا رہنا محال تھا۔ چاہے اس جگہ پر قابض شخص کے باپ دادا ہی کیوں نہ پیدا ہوئے ہوں۔ طریقہ یہ ہے۔

زوال ماہ میں سیاہ کاغذ پر قطران (گندھک کی روشنائی) سے منگل کے دن ساعت مریخ میں مذکورہ مخمس نقش اور اسکے اردگرد اس طرح سورۃ عصر لکھیں۔ **والعصر ان الانسان لفی خسر الابنو** (جس شخص کا مکان/دوکان خالی کرانا ہوتو نام مع والدہ) **وجیر انھم الا الذین آمنو** --- **بالصبر بھذا الاھل التعدیۃ** .۔

786

1ا	3ج	5ہ	7ز	9ط
9ط	1ا	3ج	5ہ	7ز
7ز	9ط	1ا	3ج	5ہ
5ہ	7ز	9ط	1ا	3ج
3ج	5ہ	7ز	9ط	1ا

یادرہے۔ کہ زوال ماہ میں یہ نقش لکھیں۔ پھر اس مکان یا دکان یا دفتر کی دیواروں کی جڑوں میں زمین کھود کر دفن کر دیں۔ چند ہفتوں میں وہ جگہ ہرصورت خالی ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

محبت کی گرمی بھی کیا چیز ہے　　کہ طبیعت میری کیا سے کیا ہو گئی

نکاح ثانی سے روکنے کا عمل:

کچھ لڑکیاں وخواتین فقط دولت وشہرت یا کسی کی ضد کی وجہ سے جوان یا اڈھیر عمر کے لوگوں سے نکاح کی متمنی ہوتی ہیں۔ جس سے مرد حضرات نکاح ثانی (دوسری شادی) کر لیتے ہیں اور نتیجتاً پہلی بیوی اور بچے اس شخص کی محبت وشفقت اور عدم توجہی کا شکار ہو جاتے ہیں ایسی صورت حال میں یہ عمل نہایت مفید ومجرب ثابت ہوا ہے۔ بیوی کو چاہیے کہ پہلے تو اس عورت کا نام مع والدہ معلوم کرے پھر اپنے شوہر کے کپڑوں پر یعنی قمیص میں اندر کی طرف ایسی جگہ جوکہ جسم پر مس ہوتی رہتی ہو۔ پر یہ آیت لکھے **وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَه' عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقٰعِدِيْنَ** ۔ (سورۃ توبہ۔ آیت نمبر۴۶) اس کے بعد اسمائے قمر معکوسی اس طرح سے لکھے (**شلشائیل ، شورائیل ، غورائیل ، ثورائیل ، روفائیل ، وغلائیل ، میخائیل**) پھر یہ آیت لکھیں۔ **فَلَمَّا اَلْقَوْ قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ط اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُه' ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ** ۔ (سورۃ یونس۔ آیت نمبر ۸۱)


اور پھر یہی دونوں آیات اور معکوسی اسمائے قمر علیٰحدہ علیٰحدہ سات بار پانی پر پڑھ کر پھونک دو اور شوہر کو یہ پانی پلا دو اور ایک تعویز میں اسمائے قمر **70** ستر بار اور اسمائے رؤس اربعہ بھی 70 بار لکھو اور مرد مع مادر (یعنی شوہر) اور عورت مع مادر کا نام (جس سے شوہر نکاح ثانی کا متمنی ہو) بھی ایک ایک بار لکھ کر کسی قبر کی پائنتی زمین میں دفن کر دو۔ تو وہ شوہر قطعی طور پر نکاح ثانی نہ کر سکے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

شرافت کے دُشمن ، ذلالت کے حامی　　بڑے بے ایمانوں سے پالا پڑا ہے

کسی گھر یا علاقے پر نازل شدہ کسی بھی قسم کی وبا یا مصیبت کا خاتمہ : (بمطابق حضرت ناشادؒ)

اعمال کی قوت آفرینی مسلمہ ہے۔ اعمال کے ذریعے کسی گھر پر وباء ومصیبت کا نازل کرنا تو معمولی سی بات ہے۔ پوری بستی یا پورے شہر کو بھی زیر عذاب و عتاب اور مقہور کیا جا سکتا ہے۔ درج ذیل عمل اس قسم کے مصائب وہمہ اقسام وباؤں کا مکمل انسداد ہے۔ خدانخواستہ اگر کہیں بھی ایسی صورتحال کا سامنا ہو۔ تو اس جگہ پر درج ذیل عمل کو بے خوف وخطر استعمال کریں اور اعجاز کلام ربانی کے سریع التاثیر فوائد کو کھلی آنکھوں سے ملاحظہ فرمائیں۔ بطلان جادو کی آیات **قال**

موسیٰ ما جئتم بہ السحر ان اللہ سیبطلہ ان اللہ لا یصلح عمل المفسدین ۔ و یحق اللہ الحق بکلماتہ ولو کرہ المجرمین (یونس۸۱تا ۸۲) ۔ سورہ توبہ کی آخری آیات لقد جاء کم رسول من ... وھو رب العرش العظیم (سورہ توبہ نمبر۱۲۸۔۱۲۹)۔ **آیت الکرسی** اور **معوذتین** کا حصار (زوال کے اوقات کے علاوہ کسی بھی وقت) متاثرہ گھر، علاقہ، بستی یا شہر کا کریں۔ مناسب تو یہی ہے۔ کہ پڑھتے جائیں۔ اور متاثرہ گھر و علاقہ یا بستی کے گرد کھینچتے جائیں۔ بفرضِ محال اس علاقہ، بستی یا شہر کا رقبہ وسیع ہے۔ تو اور لکیر کھینچنے میں کسی قسم کی پریشانی یا پس وپیش کا احساس ہونے لگے۔ تو آپ اپنی حس کے تمام عوالم کو یکسر مجتمع کر کے مذکورہ آیات اور سورتوں کو پڑھ کر 3 یا 7 مرتبہ دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت کو ہوا میں گھمائیں۔ یہ مصمم تصور انتہائی ضروری ہے کہ! **میں اس متاثرہ جگہ کے گرد موجودہ مصائب اور وباؤں سے بچنے اور تمام لوگوں کو بچانے کے لئے ایک مضبوط آہنی دیوار کھڑی کئے دیتا ہوں۔** پھر اس گھر، علاقہ، بستی یا شہر کے اِردگرد چاروں اطراف (شمالاً، جنوباً، شرقاً اور غرباً) میں درج ذیل چار اعداد نقوش لکھ کر ہوا میں لٹکائیں۔ اور ایک نقش متاثرہ جگہ کے عین وسط میں لٹکائیں۔ ہر نقش کے نیچے یا نقش کے گرد دائرہ میں بلا اعراب پوری سورہ ملک مع تسمیہ تحریر کرنا لازمی ہے۔ بفضلِ الٰہی اس عمل کی برکت سے وہاں پر موجود مصائب و وبائیں دائمی طور پر ختم اور ناپید ہو جائیں گیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔



یاد آئیں گی غفلتیں تم کو تمہیں دکھ نہ ہونے کا بڑا دکھ ہو گا

پُر حِکمت طبی نظم

جہاں تک کام چلتا ہو غذا سے — وہاں تک چاہیئے بچنا دوا سے
اگر تجھ کو لگے جاڑے میں سردی — تو کر استعمال انڈے کی زردی
جو ہو محسوس معدے میں گرانی — تو پی لے سونف یا ادرک کا پانی
اگر خوں کم بنے اور بلغم زیادہ — تو کھا گاجر، چنے، شلغم بھی زیادہ
جگر کے بل پہ ہے انسان جیتا — اور ضُعفِ جگر بھی ہے تو کھا پپیتا
جگر میں ہو، اگر گرمی، دہی کھا — اگر آنتوں میں خشکی ہو تو گھی کھا
تھکن سے ہوں اگر عُضلات ڈھیلے — تو فوراً، دودھ گرما گرم پی لے
جو طاقت میں کمی ہوتی ہو محسوس — تو مِصری کی ڈلی مُلتان کی چُوس
زیادہ گر، دِماغی ہے تیرا کام — تو کھا لے شہد کے ہمراہ بادام
اگر ہو قلب کی گرمی کا احساس — مُربہ آملہ کا کھا اور ساتھ انناس
جو دُکھتا ہو گلہ نزلے کے مارے — تو کر نمکین پانی کے غرارے
اگر ہے درد سے دانتوں کے بیکل — تو اُنگلی سے مسوڑھوں پر نمک مَل

جو بدہضمی میں چاہے افاقہ
تو وہ اِک وقت کا کر لے فاقہ

علم النفس (علمِ سر و دھا)

نوٹ : یاد رہے۔ کہ ! علم النفس مسلمانوں، اہلِ ہنود، یہود و نصاریٰ میں یکساں رائج ہے۔ اور جملہ مذاہب کے لوگوں نے اس عجیب وغریب علم سے اپنی صوابدید کے مطابق خاطر خواہ منافع اور فوائد بھی حاصل کئے ہیں۔

ویسے تو اس علم پر تمام مذاہب وملت کے لوگوں نے کام کیا ہے۔ اس علم کو جس طریقے سے پاک و ہند کے بزرگ اور کامل ولی اللہ جناب حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ اور نامور عالم اور استاد العالمین جناب علامہ شفق رامپوری صاحب نے بیان فرمایا ہے۔ اتنی باریک بینی سے اس علم کی تحقیق باقی لوگ نہ کر سکے۔ اور علامہ شفق رامپوری صاحب ہی کی تحقیق کو موجودہ دور کے علماء اور عالمین سند قرار دیتے ہیں۔

میں کسی بات کا خوگر نہیں ہوں لیکن صرف عادت ہے مجھے سانس لینے کی

عربی میں اس علم کو علم النفس اور ہندی میں علم سرودھا کہتے ہیں۔ اس علم میں ناک کے ذریعے سانس یعنی نفس کے بارے میں بحث کی جاتی ہے۔ سانس ناک کے دونوں نتھنوں سے کم وبیش ہر وقت جاری رہتا ہے۔ علم النفس میں سانس کو نتھنوں کے ذریعے لینے کے عمل کو **سُر** کہتے ہیں۔

اقسام نفس : اقسام علم النفس میں سر کی تین اقسام پائی جاتی ہیں۔ شمسی (**پنگلا**) قمری (**ایڑا**) متساویہ (**سکھمنا**)

شمسی سر (یعنی پنگلا) : جب دائیں نتھنے سے سر جاری ہو۔ تو اس سر کو شمسی سر یا پنگلا کہیں گے۔

قمری سر (یعنی ایڑا) : جب بائیں نتھنے سے سر جاری ہو۔ تو اس سر کو قمری یا ایڑا کہیں گے۔

متساویہ۔ سُر (یعنی سکھمنا) : جب دونوں نتھنوں سے سانس جاری ہو۔ تو اس مجموعی سر کو متساویہ یا سکھمنا کہتے ہیں۔

جس نتھنے سے سانس زیادہ آرہی ہے۔ اسے نفس جاری یا چلتا ہوا سر کہتے ہیں۔ اور جس نتھنے سے سانس کم آرہی ہو اس کو بند سر کہیں گے۔

علم نفس کا سیکھنے والا شخص اگر نتائج پر توجہ رکھے۔ تو وہ قدرت کے بہت سارے سربستہ رازوں سے آگاہ ہوسکتا ہے۔ مختلف امور کے نتائج اور آئندہ وقوع پذیر ہونے والے واقعات سے قبل از وقوع بآسانی آگاہ ہوا جاسکتا ہے۔ یہ علم ایک بدیہی علم ہے۔ اس علم میں بقیہ علوم کی طرح وہم گمان یا شکوک وشبہات کا شائبہ تک نہیں۔ بلکہ اس علم کے واضح قوانین ونتائج **اظھر من الشمس** عیاں ہیں۔ معائنہ کر کے مشاہدے کے ساتھ دیکھے جا سکتے ہیں۔

ان کو ملتی ہی نہیں منزلِ مقصود کبھی جن کو آغاز کے انجام سے ڈر لگتا ہے

اب سوال یہ ہے۔ کہ کیا واقعی ہماری زندگی کا دارومدار سانس پر ہی موقوف ومنتہی ہے۔ کہ ہم اپنے دنیاوی امور ومعمولات کی اچھائی یا برائی کی جانچ پڑتال کرنے کے محتاج ہوں۔ اور کیا علم النفس کو قدرت الٰہیہ نے اس قدر مایہ حیات بنایا ہے۔ کہ مختلف امور کی سعادت ونحوست کو سانس پر ہی موقوف رکھا جائے۔ کہ اگر ہمارا کام بنا یا بگڑا۔ تو اس میں سانس ہی کی کارستانی ہے۔ یعنی کہ سانس کو دنیاوی امور پر منضبط کرنا ایک علم یا زینت کلام کے سوا اور کچھ بھی نہیں۔ یعنی کہ ایک بے بنیاد حقیقت پر ریت کی عمارت کھڑی کر دی گئی۔ اس ضمن میں علامہ شفق رامپوری صاحب رقمطراز ہیں۔ کہ میں ان تمام امور، سوالات وخدشات کے تناظر میں صرف تین انتہائی مضبوط ومستحکم دلائل پیش کرتا ہوں۔ جس کے بعد یہ بات روز روشن کی طرح واضح ودرخشاں ہو جائے گی۔ کہ سانس علاوہ مایہ حیات ہونے کے سرقدرت کا ایک معمور وواضح خزانہ بھی ہے۔ اور اپنے اندر ایسی ایسی حقیقت کے راز سموئے ہوئے پنہاں ہے۔ کہ جن کو دیکھ کر، محسوس کر کے یا مشاہدہ کر کے صنعت الٰہیہ پر قربان ہونے کو جی چاہتا ہے۔

1۔ اول دلیل تو یہ ہے۔ کہ کائنات کا ذرہ ذرہ وابستہ گردش سیارگان ہے۔ جیسے کہ یہ بات واضح ہے۔ کہ سیارگان کی نقل و حرکت، گردش و رفتار زمین پر منعکس ہونے سے رات و دن کا تغیر وتبدل، گرمی و جاڑا یعنی موسمی تبدیلیاں، پھلوں و پھولوں کا رنگ وروپ، زمین پر مختلف انواع واقسام کے فصلات کا اگنا و پکنا اور خشکی وغیرہم یہ سب انقلابات وحرکات اللہ تعالیٰ کے پیدا کردہ لاتعداد سیارگان کی حرکت وگردش ہی سے منسوب ہیں۔ اس پر زیادہ دلیل کی ضرورت نہیں۔ کہ اجرام فلکی مخفی واعلانیہ طریق پر کرۂ ارضی کے ذرہ ذرہ کو بذریعہ کشش مادی اپنے عمل واثر کی آماجگاہ بنا چکے ہیں۔ جس طرح کائنات ارضی کے تمام اجزاء اثرات سیارگان سے اثر پذیر ہیں۔ اسی طرح نفس بھی اجرام فلکی کے اثرات سے قطعاً خالی نہیں۔

2۔ دوسری دلیل یہ ہے۔ کہ ناک کے سوراخوں کی دو ہونے کی تقسیم بھی قدرت الٰہیہ کے رازوں میں سے ایک راز ہے۔ ورنہ سانس تو ایک نتھنے سے بھی لیا جا سکتا ہے۔ اور ناک کے ماسواء منہ سے بھی سانس لیا جا سکتا ہے۔ یعنی کہ نتھنوں کا دو۔ دو ہونا، سانسوں کا باری باری ایک یا دونوں نتھنوں سے لیا جانا بھی علم النفس یعنی سانس ہی کی وجہ سے ہے۔ **کیونکہ !** اگر سانس ہے۔ تو زندگی کا چانس ہے۔

3۔ تیسری دلیل جو کہ بہت قوی ومستحکم ہے۔ وہ یہ کہ اگر کوئی مشاہدہ کرے۔ کہ سانس بھی ایک نتھنے سے کبھی دوسرے نتھنے سے آتی اور جاتی ہے۔ یعنی اسی طرح شمس وقمر کی رفتار وگردش کی طرح نتھنوں سے سانس کا عمل بھی تبدیل ہوتا رہتا ہے۔

جاکی پونجی سانس ہے جھٹ آئے جھٹ جائے واہ کو ایسا چاہیے کہ رہے نام لو لگائے

علمُ النفس کے ذریعے اسلامی تاریخ کا معلوم ہونا : (رویتِ ہلال یا اسلامی تاریخ معلوم کرنے کا مجرب طریقہ)

علم النفس کے ذریعے اسلامی تاریخ کو بھی معلوم کیا جا سکتا ہے ۔ کیونکہ سانس کی رفتار کا منضبط قانونِ قدرت یہ ہے ۔ کہ قمری ماہ کی پہلی تاریخ کو آفتاب نکلتے وقت بایاں سر چلتا ہوگا ۔ اور یہ تین دن تک برابر طلوع آفتاب کے وقت رہے گا ۔ لہذا اگر کوئی بھی شخص رویت ہلال کے سلسلے میں شائبہ کا شکار ہو ۔ تو اسے چاہیے ۔ کہ وہ صبح سورج نکلتے وقت بغور مشاہدہ کرے ۔ کہ کونسا سر جاری ہے ۔ اگر تو دایاں سر جاری ہے ۔ تو اس کا مطلب ہے ۔ کہ چاند ہوگیا ۔ اگر داہنا سر جاری نہ ہو ۔ تو یقیناً چاند نہ ہوا ۔ بہر حال علم النفس کے قاعدے کے مطابق ہر تین دن کے بعد طلوع آفتاب کے وقت شمسی سر ، قمری سر میں تبدیل ہوتا رہتا ہے ۔ اس حساب سے قمری و شمسی تاریخیں حسب ذیل ہوں گی ۔

قمری سر کی تاریخیں	1	2	3	7	8	9	13	14	15	19	20	21	25	26	27
شمسی سر کی تاریخیں	4	5	6	10	11	12	16	17	18	22	23	24	28	29	30

اوقات نفس : علم النفس کی بنیاد قمری تاریخوں (اسلامی تاریخوں) میں دو اقسام پر منقسم ہے ۔ عروج ماہ اور زوال ماہ ۔ عروج ماہ یعنی چاندنی راتیں ، کہ جن کو ہندی میں شکل پکش کہتے ہیں ۔ اور زوال ماہ یعنی جن راتوں میں چاند گھٹتا ہے ۔ کو ہندی میں کرشن پکش کہتے ہیں ۔ یکم سے شب چودہ تک عروج ماہ اور پندرہ سے اٹھائیس تک زوال ماہ کا زمانہ ہوتا ہے ۔ اور سانس ہر گھنٹے میں کم و بیش دو ۔ دو گھنٹے تک ہر ایک نتھنے میں رہتا ہے ۔ لہذا ! اب چاند کی تاریخوں کا حساب رکھیں ۔ اور روزانہ طلوع آفتاب کے وقت دیکھ لیا کریں ۔ کہ موافق یا مخالف سر چل رہا ہے ۔ یعنی اگر معینہ و مذکورہ سر کے مطابق سر چل رہا ہے ۔ تو سمجھ لیں ۔ کہ آج کا دن بے غل وغش گزرے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔ اور کوئی بھی ایسا واقعہ یا حادثہ وقوع پذیر نہ ہوگا ۔ جس سے طبیعت میں اضمحلال و بے چینی ہو ۔

گرفت بر علم النفس : اگر کوئی شخص علم النفس میں ماہر ہونا چاہتا ہو ۔ تو اسے زیادہ سے زیادہ پینتیس سے چالیس ایام تک روزانہ (ہر) دو ۔ دو گھنٹے بعد وقتاً فوقتاً محنت کرنا پڑے گی ۔ پہلے تو تواریخ ازبر کرلی جائیں ۔ تو بعد ازاں طلوع آفتاب کا وقت روزانہ تحقیق کرلیا جائے ۔ پھر آپ کو کسی کتاب یا امتحان کی ضرورت نہیں پڑے گی ۔ اور آپ ماہر (علم النفس) ہو چکے ہوں گے ۔ انشاءاللہ ۔

اپنی منشاء سے سروں کی تبدیلی : کچھ طریقے ایسے بھی ہیں ۔ کہ ہم چلتے ہوئے سر کو قاعدے اور نظام کے تحت اپنی مرضی سے ڈھال سکیں ۔ قاعدے بالکل آسان ہیں ۔ کوئی بھی شخص جب چاہے اپنا سر تبدیل کرسکتا ہے ۔

1 ۔ جس سمت کا سر چلانا مقصود و منظور ہو ۔ اس کے مخالف سمت لیٹ جائے ۔ مثلاً اگر داہنا سر چل رہا ہے ۔ اور چاہت و خواہش بائیں سر چلانے کی ہو ۔ تو داہنے پہلو پر لیٹ کر دائیں کان کو انگلی سے بند کر دو ۔ اور داہنی بغل کو سکیڑ لو اور داہنے نتھنے کو بھی روئی سے بند کر دو ۔ اور بائیں نتھنے سے خوب زور سے ہوا خارج کر کے چار یا پانچ منٹ تک یہ مشق کرنے کے بعد کھلا نتھنا یعنی داہنا والا بند ہو جائے گا ۔ اور بند نتھنا یعنی بایاں نتھنا جاری ہو جائے گا ۔ انشاء اللہ ۔

2 ۔ دوسرا قاعدہ یہ ہے ۔ کہ بیت الخلاء (Toilet) میں جا کر بیٹھ جائیں ۔ اب آپ جس نتھنے کو بند کرنا چاہیں ۔ اس طرف کے پاؤں پر زور دے کر بیٹھیں ۔ اور جس طرف کا سر تبدیل کرنا مقصود ہو ۔ اس طرف کا پاؤں کھڑا کرلیں ۔ یعنی کہ صرف پاؤں کی انگلیاں ہی قدمچہ پر ٹکی رہیں ۔ پاؤں کا باقی حصہ زمین سے اٹھا کر اجابت کریں ۔ تو فوراً وہ نتھنا بند ہو جائیگا ۔ جس پر زور دیا گیا تھا ۔ اور جس طرف کے پاؤں کو کھڑا کیا گیا تھا ۔ اس طرف کا نتھنا فوراً کھل جائیگا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ اپنی کتاب '' بحرالحیات '' کے دوسرے باب میں (علم النفس کے مضمون) میں فرماتے ہیں ۔ کہ !

اگر کسی پر حرارت غالب ہو ۔ تو وہ شمسی سُر (راست نتھنے کا سانس) روئی سے ایک شبانہ وروز تک بند کر دے ۔ کہ اس نتھنے سے بالکل سانس خارج نہ ہو ۔ تو حرارت اُس کی زائل ہو جائے گی ۔ بلکہ شاید اُسے گرمی کے موسم میں بھی سردی کا احساس ہونے لگے ۔ اور ایسے ہی اگر کسی پر رطوبت (نمی وتری) زیادہ ہو ۔ تو وہ بائیں نتھنے کو اسی طور سے بدستور بند کئے رکھے ۔ تو رطوبت جاتی رہے گی ۔ بلکہ سردی کے موسم میں اُس شخص کو گرمی کا احساس ہوگا ۔ اسی طرح سے اگر کوئی شخص دائیں کروٹ سوئے گا ۔ تو اُس کے بائیں نتھنے سے سانس جاری ہوگا ۔ اور اگر کوئی بائیں کروٹ سوئے گا ۔ تو اُس کے دائیں نتھنے سے سانس جاری ہوگا ۔ اگر کوئی شخص اپنی عادت بنالے ۔ کہ ! دن کو اپنا بایاں نتھنے چلائے رکھے ۔ اور رات کو دایاں نتھنا چلائے رکھے ۔ تو وہ شخص کبھی بیمار نہ ہو ۔ بلکہ سستی ، درد ، استخوان ، درد سر ، درد دندان ، حرارت و رطوبت ، برودت و یبوست ، سحر و زہر مار ، کژدم وغیرہا سے بھی محفوظ و مامون رہے گا ۔ اگر وہ اسی عمل کو جوانی میں کرے گا ۔ تو کبھی بوڑھا نہ ہو ۔ اور نہ ہی اُس کے بال سفید نہ ہوں گے ۔ اور اگر بوقتِ پیری اس عمل کو کرے گا ۔ تو عجب نہیں کہ اُس کے بال دوبارہ سے سیاہ ہو جائیں ۔ اگر کوئی شخص کسی بادشاہ ، حکمران (یعنی کسی آفیسر) یا بزرگ کے حضور کسی قصد وطلب کے لئے جائے ۔ تو اس کو چاہیئے ۔ کہ ! اسمائے مذکورین کے نام کے حروف شمار کرے ۔ اگر حروف طاق ہوں ۔ تو دم راست چاہیئے ۔ تین قدم اس میں آگے کو رکھے ۔ اور اگر جفت ہو تو دم چپ چاہیئے ۔ کہ اس طرح وہاں تک جا پہنچے ۔ پس جب منزلِ مقصود پر پہنچے ۔ تو خیال کرے ۔ اگر دم راست جاری ہے ۔ تو خود کلام میں سبقت کرے ۔ اور اگر دم

چپ جاری ہو۔تو مذکورین کو بات کرنے کا موقع دے۔ ہر صبح سوتے اُٹھ کر اپنے سانس (دَم) کو ملاحظہ کرنا چاہیئے۔جس طرف کا سانس چلتا ہو۔اُسی طرف زمین پر پہلا قدم رکھنا چاہیئے۔بحکمِ خدا شب وروز بفراغت گزارو گے۔اور اگر دونوں سانس (متساویہ سر) جاری ہوں۔تو دونوں قدموں کو ایک ساتھ زمین پر رکھو۔لیکن اس دن کوئی کام نہ کرو۔ بلکہ پورا دن ذکراذکار وعبادتِ الٰہی میں گزارو۔تاکہ پورا دن اچھا گزرے۔

علم نفس سے علاجات : (تجربات ومشاہدات کی روشنی میں)

☆ قمری سر قمر سے اور شمسی سر سورج سے مشتق ومنسوب ہے۔جب سر شمس سے قمر کی طرف منتقل ہورہا ہوتا ہے۔تو انسانی جسم ٹھنڈا اور سرد ہورہا ہوتا ہے۔چونکہ قمری سر سرد ہوتا ہے۔اس لئے اس کے اثر سے **جسم میں بھی ٹھنڈک پیدا ہو جاتی ہے۔** ☆ جب سر قمری سے شمسی سر کی جانب منتقل ہورہا ہوتا ہے۔**تو جسم میں گرمی ہونا شروع ہو جاتی ہے۔**چونکہ شمس گرم ہے۔اور حرارت اس کی طبیعت اور فطرت کا لازمی جزو ہے۔ اس طرح آپ آزمائیں۔کہ بخار کی شدت میں شمسی سر چلتا ہے۔جبکہ مالیخولیا، دیوانہ پن، ہذیان، اور جنون یہ تمام حالتیں جب بھی زوروں پر ہوں گی۔تو اُس وقت قمری سر چل رہا ہوگا۔

☆ **یہ بھی قانون ہے۔**کہ سانس دو گھنٹے سے زیادہ ایک سر میں نہیں چلتی۔البتہ! **اگر کوئی حادثہ ہونے والا ہوگا۔تو سانس 3، 4 گھنٹے تک تبدیل نہ ہوگی**۔لہٰذا یہ بات بھی یاد رہے۔کہ اگر مسلسل کئی گھنٹوں تک سانس ایک ہی سر میں چلتی رہے۔تو یہ ایک واضح علامت و دلیل ہے۔کہ! یقیناً کچھ نہ کچھ ہونے ہی والا ہے۔بلکہ بہت بڑا حادثہ یا نقصان ہونے والا ہے۔ ☆ معدے میں گرانی، بدہضمی یا متلی کی شکایت کے وقت شمسی سر چلا دینے سے پانچ تا دس منٹ میں آفاقہ ہو جائے گا۔ان شاء اللہ۔ ☆ گرمی کے زکام میں قمری سر چلانے سے اور سردی کے زکام میں شمسی سر چلانے سے کچھ ہی لمحات میں آفاقہ ہو جائے گا۔ان شاء اللہ۔ ☆ پیاس کی شدت یا روزہ کی تلخی کے وقت قمری سر چلا دینے سے تسکین آ جاتی ہے۔ان شاء اللہ۔ ☆ جب کوئی آپے سے باہر ہو۔اُس پر شدید غصہ طاری ہو۔تو اس وقت یقیناً متساویہ یا شمسی سر ہوتا ہے۔چاہیئے۔کہ! فوراً قمری سر چلا دے۔تاکہ غصہ فرو ہو۔اور سکون حاصل ہو جائے۔ان شاء اللہ۔ ☆ اسہال یا شدید اسہال کی صورت میں حبسِ دَم کرنے سے اسہال بند ہو جاتے ہیں۔ان شاء اللہ۔ ☆ بحالتِ بخار قمری سر چلانے سے سردرد، متلی، پیاس کی شدت، بے چینی کا خاتمہ اور جسمانی حرارت رفع ہو جاتے ہیں۔ان شاء اللہ۔ ☆ نیند نہ آنے پر قمری سر چلا کر چاند کا تصور کرنے سے پانچ سے دس منٹ میں نیند آ جائے گی۔ان شاء اللہ۔ ☆ سردی سے بچنے اور جسمانی کپکپاہٹ دور کرنے کے لئے شمسی سر چلانا چاہیئے۔اور اسی دوران حبسِ دَم کی مشق بھی کرنی چاہیئے۔پندرہ سے بیس منٹ بعد بوجہ جسمانی گرمائش، شاید ماتھے پر پسینہ آنا شروع ہو جائے۔ان شاء اللہ۔

سروں کی اچانک تبدیلی اوراِس کے اثرات :

بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے۔کہ سانس تبدیل ہو کر سابقہ سر کی طرف عود کر جاتی ہے۔ جہاں سے اسے پلٹا یا گیا تھا۔ اسی لئے احتیاط کرنی چاہئے۔کہ سانس پلٹ نہ جائے۔اس کے واسطے 10 سے 15 منٹ تک کا وقفہ کافی ہے۔اب ایک سوال یہ بھی پیدا ہوتا ہے۔کہ کیا سر کی تبدیلی سے حادثہ رونما ہی نہیں ہوگا۔تو اسکا جواب یہ ہے۔کہ صبح اٹھ کر ہمیں معلوم ہوا۔کہ آج طلوع آفتاب کے وقت جس سر کو قاعدہ کے مطابق چلنا چاہیئے تھا۔وہ نہیں چل رہا۔تو یہ علامت کسی مصیبت یا حادثے کی خبر ہوسکتی ہے۔اب ہم نے قاعدہ کے مطابق سانس کو تبدیل کر لیا۔یعنی کہ موافق سر چلا دیا۔تو اس سے آنے والے واقعہ مصیبت یا حادثے اگر رونما ہو بھی گیا۔تو اس کی شدت میں 90% تک کمی آ جائے گی۔اور اس حادثہ کی اہمیت انتہائی کم ہو جائیگی۔بہر حال علم النفس پر کچھ دن کی محنت شاقہ کے بعد نت نئی باتوں کا بھی انکشاف ہونے لگتا ہے۔کہ کیا بہتر ہے اور کیا غلط؟ کب کب، کیا کیا جائے؟ کسی سے ملیں یا نہ ملیں؟ وغیرہ۔۔۔سر کے اوقات میں کیا کیا کام کرنے چاہیے۔اِس کی تفصیل یہ ہے۔

شمسی سُر کے اوقات کے مفید اُمور :

جب شمسی سر چل رہا ہو۔تو یہ کام کرنا مفید ہوں گے۔حجامت بنوانا۔مکان کا توڑنا۔درختوں کا کاٹنا یا درخت کی شاخوں کا توڑنا۔عمل عداوت کرنا۔باہمی تفرقہ ڈلوانا۔سفلی عمل کرنا یا پڑھنا۔کسی کو دھوکا یا فریب دینا۔کسی کو مرتبہ سے گرانا۔جواء کھیلنا۔شکار کھیلنا۔شراب پینا۔کشتی لڑنا۔کسی کام کو روکنے کی کوشش کرنا۔کسی کو برے کام کی رغبت دلانا۔بیوی کو طلاق دینا۔کسی کو نقصان دینے کی خاطر مقدمہ کرنا۔یہ تمام امور زوال ماہ کی اندھیری راتوں میں کرنے چاہیئں۔کیونکہ زوال ماہ میں ہفتہ، اتوار یا منگل کو ان کے اثرات میں اور بھی زیادہ تیزی آتی ہے۔(دنیائے عملیات میں بھی منفی اُمور زوال ماہ میں کیئے جاتے ہیں)

تجربات سے یہ ثابت ہوا ہے۔کہ زوال کا تیسرا وقت یعنی غروب آفتاب سے 15 سے 20 منٹ پہلے سے غروب آفتاب تک مسمریزم، ہپناٹزم، تصور ویکسوئی کی مشقیں بہت جلد پختہ ہوتی ہیں۔اور اگر اس وقت مطلوب کی تسخیر کا تصور کیا جائے۔تو چند یوم میں یقینی کامیابی نصیب ہوتی ہے۔یہ بات بھی یاد رکھنے کے قابل ہے۔کہ جب خوشی، دولت، فارغ البالی اور نفع کی بات ہوگی۔تو اس وقت قمری سر چل رہا ہوگا۔

اور جب رنج، ملال، دکھ، بیماری وغیرہ کی بات ہوگی۔تو شمسی یا متساویہ سر چل رہا ہوگا۔علم النفس کے ماہرین نے یہ وطیرہ بنایا ہوا ہے۔کہ جب وہ صبح جاگتے ہیں۔تو وہ لیٹے لیٹے نتھنوں پر ہاتھ رکھ کر معلوم کر لیتے ہیں۔کہ جس طرف کا سر چل رہا ہو۔اس طرف کی ہتھیلی چوم کر چہرے پر خوب پھیرتے ہیں۔اور پھر اسی ہتھیلی کو چوم کر اٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔اور جب گھر سے وہ والا قدم نکالو۔جس طرف کا نتھنا بند ہو۔اِس لئے وہ دن ان کا نہایت خوشی اور سعادت میں گزرتا ہے۔یہ بھی مجربات میں سے ہے۔

قمری سُر کے اوقات کے مفید اُمور: کنواں کھدوانے ۔ باغ لگانے ۔ دوکان کا افتتاح کرنے ۔ بچے کوسکول مدرسہ وغیرہ داخل کروانے ۔کوئی نیا ہنر یا کام سیکھنے یا سیکھانے ۔ملازمت کرنے ۔ بچوں کا نام رکھنے ۔ روپیہ بینک میں جمع کرانے ۔ یا حفاظت کے لئے صندوق یا بڑا میں رکھنا ۔ جائیدادخریدنا ۔ جانورخریدنے ۔کھیت میں بیج ڈالنا ۔ اوراگر یہ تمام اموعروج ماہ کی چاندنی راتوں میں اور پیر جمعرات و جمعہ کے ایام میں سرانجام دیئے جائیں ۔تواثر بہت زیادہ ہوگا ۔(دنیائے عملیات میں بھی مثبت اُمورعروج ماہ میں کئے جاتے ہیں)

متساویہ سُر کے اوقات کے مفید اُمور : افسروں اورحاکموں سے ملاقات کرنا۔کوئی مکان سکول ہنر یا عبادت گاہ بنانا۔شادی بیاہ کرنا ۔ نئے کپڑے پہننا۔متبرک ومقدس مقامات کی سیر کرنا وغیرہ ۔دن منگل کا بہتر ہوتا تھا۔ یہ بھی یاد رہے ۔کہ بوقت ضحوائے کبرٰے یعنی زوال کے تین اوقات میں جب سجدہ جائزہ نہیں ۔ان اوقات میں کسی بھی نیک وبد کام کا آغاز نہ کیا جائے ۔ورنہ بجائے فائدے کے عظیم نقصان ہونے کا احتمال ہے ۔

مردہ بدم زندہ بدم ، گریہ بدم خندہ شدم   دولتِ عشق آمد و من دولتِ پائندہ شدم

زوجہ کو قابو میں لانا: اکثر اوقات یہ بھی ہوتا ہے ۔کہ کچھ لوگ رونا روتے ہیں ۔کہ انکو اپنی بیوی پر قدرت حاصل نہیں ۔ بیوی قابو میں نہیں ۔ بات نہیں سنتی مانتی ۔اوراس پر فتح وقدرت حاصل نہیں ۔تو اس پر فتح حاصل کرنا علم النفس کا یہ عمل بہت زبردست اور بارہا کا مجرب و تیر بہدف عمل ہے ۔ترکیب عمل اس کی یہ ہے ۔ جب بیوی ایام ماہواری سے فارغ ہو ۔ اوروہ غسل کرے ۔تو مرد اس بات کا بغور مشاہدہ کرے ۔ جب رات میں مرد کا شمسی اورعورت کا قمری سرچل رہا ہو ۔ اگراس وقت مباشرت کی جائے ۔تو مرد یقینی طور پر نہ صرف عورت پر فتح اور غلبہ پائے گا ۔ بلکہ بیوی ہمیشہ شوہر کی تابع فرمان ہوگی ۔ یہ یاد رہے ۔کہ لازمی نہیں ۔کہ جس دن عورت ایام ماہوری سے پاک ہو ۔اسی رات ہی قربت کی جائے ۔ مطلوبہ نتائج حاصل ہوں گے ۔ بلکہ ایام ماہواری کے ختم ہونے سے لے کر پانچ ایام تک مطلوبہ فوائد حاصل کئے جا سکتے ہیں ۔

زوجہ کی توجہ حاصل کرنا: اگرکوئی مرد اپنی بیوی پر توجہ نہ دے ۔ یا کسی دوسری جگہ ناجائز تعلقات استوار کئے ہوئے ہوں ۔ یا مرد نافرمان ہو ۔ یا بیوی سے وابستگی اور موافقت نہ رکھتا ہو ۔تو وہ عورت اپنے مرد سے اس وقت بات کرے ۔ جب عورت کا شمسی اور مرد کا قمری سرچل رہا ہو ۔اب یہ بھی ایک مشکل امر ہے ۔کہ اپنا سرتو ہرکسی کومعلوم ہے ۔مگر دوسرے کا تو نہیں ۔ بہرحال جب دوسرے کا سر معلوم کرنا مقصود ہو ۔تو پیچھے دی گئی تواریخ سے حساب کر سکتے ہیں ۔ یا پھرآپ کسی بھی طرح سے ہاتھ لے جاکرمعلوم کرسکیں ۔تو یہ بدرجہا اولیٰ بہتر اور سو فیصد ٹھیک ہوگا ۔ انشاءاللہ تعالیٰ ۔

مذہبی کتابوں میں تفسیر وتحقیق سے یہ ثابت ہے ۔کہ حضرت حوّا اصل میں حضرت آدمؑ کی بائیں پسلی سے پیدا ہوئی تھیں ۔ چونکہ جسم کے بائیں حصے کا تعلق بھی قمر سے ہے ۔ اسی لیے تو مرد کوشمسی اورعورت کوقمری سروں سے منسوب کیا جاتا ہے ۔لہذا جب ایسا وقت ہوکہ مرد کا شمسی اورعورت کا قمری سرچل رہا ہو ۔تو شوہر بیوی میں محبت کے جذبات جنم لیتے ہیں ۔ بلکہ اس وقت کی قربت کے اندر محبت و یگانگت کے ساتھ ساتھ اولادِ نرینہ بھی پیدا ہوتی ہے ۔ بشرطیکہ حمل ٹھہر جائے ۔ یہ انتہائی مجرب عمل ہے ۔ جوکہ ناممکن الخطاء ہے ۔انشاءاللہ تعالیٰ ۔

کسی سے کوئی کام نکلوانا : اگرکسی حاکم یا کسی بندے سے کوئی حاجت یا غرض ہو ۔تو چاہیئے ۔کہ وہ اس شخص کو اپنے بند نتھنے والی طرف رکھے ۔اور دو تین منٹ کے توقف کے بعد اس سے ہم کلام ہو ۔تو وہ شخص یقینی طور پر آپ کا نہ صرف ہم خیال اورطرف دار ہوگا ۔ بلکہ آپ اس سے جو بھی بات کریں گے ۔ وہ لازمی طور پہ مان لے گا ۔اور آپکی حاجت وغرض کو بھی حسب منشاء پورا کرے گا ۔ انشاءاللہ ۔

اوراگرصورت حال ایسی ہو ۔کہ آپ اس شخص کواپنے بند نتھنے کی طرف نہ بٹھا سکتے ہوں ۔یعنی کہ صورت حال کچھ اس قسم کی بن گئی ہے ۔کہ عامل کا سر دایاں چل رہا ہے ۔اور وہ شخص بھی داہنی طرف بیٹھا ہوا ہے ۔اور عامل اس شخص کو بندسر کی طرف منتقل بھی نہیں کرسکتا ۔تو ایسی صورت میں تم اپنا داہنا سرکسی بھی طرح بند کردو ۔ظاہر ہے ۔کہ سانس روکنے کی کچھ تکلیف تو ضرور ہوگی ۔اورسانس منہ سے لینا پڑے گا ۔تو اس وقت عامل اپنی بات اس شخص سے منوالے گا ۔ انشاءاللہ تعالیٰ ۔

پلکوں کی حد کو توڑ کے دامن پہ آ گرا   اِک آنسو میرے صبر کی توہین کر گیا

علم النفس کے ذریعے سوالوں کے صحیح صحیح جوابات کا حصول:

ہراک کو یہ دعوی ہے کہ ہم بھی ہیں کچھ چیز   اور ہم کو ہے یہ ناز کہ ہم کچھ بھی نہیں ہیں

ایسے اصحاب جو بذریعہ علم رمل ۔علم نجوم ۔مستحصلہ جفر ۔علم الاعداد ۔قیافہ شناسی ۔ یا دست شناسی سے سوالات کے جوابات دیتے ہیں ۔ اوراکثر غلط قیاس آرائی سے شرمندگی اٹھانی پڑتی ہے ۔ بلکہ عزت ، وقار ، اورشہرت میں بھی خاطرخواہ کمی کا سبب بنتی ہے ۔لیکن اگرعلم النفس کے ذریعے جوابات دیئے جائیں ۔تو 98% کامیابی ہوگی ۔ انشاءاللہ تعالیٰ ۔مگر یاد رہے ۔کہ علم النفس میں جواب کا اثر دوگھنٹے سے 20 ایام تک کا ہوتا ہے ۔

لہذا علم النفس کے عامل پر لازم ہے ۔کہ عامل ایسی جگہ نشست رکھے ۔کہ جہاں لوگ چاروں اطراف سے آ یا جاسکیں ۔ اگرکمرہ نشست چھوٹا ہو ۔ یا جگہ کم ہو ۔توکم ازکم اس قدر ضرور ہو ۔کہ عامل اپنے داہنے اور بائیں طرف عوام کے بیٹھنے کی جگہ بنائے ۔اور عامل خود درمیان میں ہی رہے ۔ یہ قاعدہ بالکل آسان ہے ۔ بار بار کی مشق (practice) کرنے سے عامل مسائل کے جوابات دینے میں ماہر ہوجاتا ہے ۔اگر عامل علم النفس کا داہنا سرچل رہا ہے ۔اورسائل بھی داہنی طرف سے آکر بیٹھ گیا ۔تو یہ اشارہ ہے ۔کہ سائل جومقصد لے کر حاضر ہوا ہے ۔اس میں کامیاب ہوگا ۔ عامل کو

چاہیئے ۔ کہ بے تکلف ہو کر کامیابی کی بشارت دے دے ۔لیکن اگر سائل کے سر کا پتہ ہو۔تو عامل کو چاہیئے ۔ کہ دیکھے ۔ اگر عامل اور سائل دونوں کے سر موافق ہیں ۔تو کامیابی میں کوئی شک وشبہ نہیں ۔ ورنہ بصورت دیگر ناکامی ہوگی ۔ اس طریقہ سے کامیابی اور ناکامی کا پتہ چلایا جا سکتا ہے ۔

ایک بہت موثر ہے ۔ کہ جب کوئی سائل آیا۔اس کو بٹھا کر خود کو وقتی طور پر بظاہر کسی کام یا لکھت پڑھت میں مصروف کرلیں ۔ یا خود کو ایسا محسوس کرائیں ۔ کہ آپ کسی گہری سوچ وُدھن میں مستغرق ہیں ۔مگر باطن میں سائل پر بھرپور توجہ دیں ۔اور مندرجہ ذیل کیفیات کا بغور جائزہ (**Observation**) لیتے رہیں ۔

1۔ اگر تو سائل اس دوران میں سر نیچے کئے بیٹھا رہا۔تو اس کا مطلب ہے ۔ کہ سائل کے مقصد یا کامیابی میں دیر ہے ۔مگر ہو جائے گا ۔ **2**۔ اگر تو سائل نے اس دوران میں اردگرد یا داہنے باہنے دیکھتا ہے ۔تو مقصد پورا نہ ہوگا ۔اور ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا ۔ **3**۔ اور اگر سائل نے اوپر کی طرف یا چھت کی طرف دیکھا۔تو اس کا مطلب ہے ۔ کہ اس کا مقصد ضرور اور جلد پورا ہوگا ۔ **4**۔ مگر یاد رہے ۔ کہ کچھ لوگ سر بالکل نیچے ہی کی طرف بیٹھے رہتے ہیں ۔تو ایسے لوگوں کو کچھ زیادہ وقت دیں ۔ کہ شاید وہ داہنے بائیں دیکھے ۔ یا اوپر کی طرف دیکھے ۔ **5**۔ اگر کوئی دولہا دولہن کے علاوہ شادی کے بارے میں سوال کرے ۔تو یہ شادی موافق ومبارک ہے یا نہیں؟ تو سوال کے وقت اگر شمسی سر چل رہا ہو۔تو شادی مبارک ہے ۔یعنی سائل کا شمسی سر ہونا چاہیے ۔ **6**۔ اگر کوئی سوال کرے ۔ کہ حمل میں لڑکا ہے یا لڑکی؟ تو سائل کے نفس یعنی سر کی تحقیق کرو۔ اگر سائل کا شمسی سر ہے ۔تو لڑکا ہوگا ۔اور اگر قمری سر چل رہا ہے ۔تو لڑکی ہوگی ۔

7۔ اگر کوئی شخص سوال کرے ۔ کہ میں فلاں کاروبار یا تجارت کرنا چاہتا ہوں ۔ کہ نفع ہوگا یا نقصان؟ تو اگر سائل کا قمری سر چل رہا ہو۔تو اس کا مطلب ہے ۔ کہ سائل کو کاروبار یا تجارت یا دوکان میں نفع ہوگا ۔ انشاء اللہ ۔لیکن اگر خدانخواستہ شمسی سر چل رہا ہوگا ۔تو نقصان ہوگا ۔اور اگر متساویہ سر ہوگا ۔تو اس کا مطلب ہے ۔ کہ کاروبار تجارت یا دوکان میں نفع نقصان برابر ہوگا ۔ **8**۔ اگر کوئی شخص کہے ۔ کہ میں فلاں سے ملاقات کرنا چاہتا ہوں ۔آیا اُس سے ملاقات ہوگی یا نہیں؟ اور بعد ملاقات حاجت روائی بھی ہوگی یا نہیں؟ اگر سائل وعامل دونوں کے شمسی سر چل رہے ہوں ۔تو نہ صرف ملاقات ہوگی ۔ بلکہ حسب منشاء ہوگی ۔ انشاء اللہ ۔ **9**۔ اگر سائل کا قمری اور عامل کا شمسی سر چلتا ہے ۔تو گمان غالب ہے ۔ کہ ملاقات ہوگی ۔اور اگر بفرض محال ملاقات ہو بھی گئی ۔تو صحیح طریقے سے بات نہ ہو پائے گی ۔اور مدعا مبہم رہ جائے گا ۔جبکہ متساویہ سر چلنے کے وقت بھی اول تو ملاقات ہی نہیں ہوگی ۔ اگر ہو بھی گئی ۔تو کام نہیں ہوگا ۔ بلکہ الٹا نقصان ہوگا ۔

10۔ اگر کوئی سائل سوال کرے ۔ کہ کہ میں نے فلاں جگہ شادی کا پیام بھیجا ہے ۔ وہاں مجھے کامیابی ہوگی یا نہیں؟ اس سوال یا اس قسم کے سوالات کے صحیح جوابات کے استخراج کرنے کا طریق یہ ہے ۔ کہ اگر سوال کے وقت سائل کا شمسی سُر چل رہا ہے ۔تو **Proposal** مطلب منظور ہوگا ۔لیکن اگر بوقت سوال، سائل کا قمری سر چل رہا ہو۔تو منظور ہونے کی کوئی امید نہیں ۔ **11**۔اگر قاصد کو اس وقت پیغام دیں ۔یا خط وغیرہ ، جب قاصد کا شمسی سُر چل رہا ہو۔اور قاصد بھی دانا ہے ۔اور اس وقت سوال پیش کرے ۔ جب شمسی سر چل رہا ہو۔تو تمام تر امید ہے ۔ اگر قمری سر چلتا ہوگا ۔تو دیر میں کامیابی ہوگی ۔اور کئی ایک رُکاوٹیں بھی پیدا ہوں گی ۔علاوہ تاخیر کے ، بہت سی تدبیر بھی کرنا پڑیں گی ۔تب جا کر شادی ہوگی ۔ ہاں البتہ شادی ہو جائے گی ضرور ۔ **12**۔ اگر سوال اپنی یا کسی کی بیماری کے متعلق ہو ۔ کہ صحت ہوگی؟ اور اگر تو سائل خود بیمار ہو۔اس کی طرف سے کوئی اور سوال پیش کرے ۔تو تحقیق کرو ۔ کہ سائل کا کونسا سر چل رہا ہے ۔ اگر شمسی سر چل رہا ہو۔تو صحت ہوگی ۔اور اگر سائل کے ساتھ ساتھ عامل کا بھی شمسی سر چل رہا ہو۔تو بہت جلد صحت ہوگی ۔ بیماری میں کوئی پیچیدگی نہیں ہے ۔اور اگر سائل کا شمسی اور عامل کا قمری سر چلتا ہو۔تو شفاء اور صحت تو ہوگی ۔مگر کچھ دیر ضرور لگے گی ۔لیکن اگر سائل اور عامل دونوں کا قمری سر چل رہا ہو۔تو بہت عرصے کے بعد شاید شفاء و صحت ہو۔اور اگر سائل کا نفس متساویہ چل رہا ہو۔تو بیماری خطرناک ہے ۔اور شفاء کی امید بھی کم ہے ۔اور اگر کسی شخص کا قمری سر چلنا شروع ہو جائے ۔اور شمسی سر قطعی بند ہو جائے ۔تو قدرت کی طرف سے یہ ایک بڑی مصیبت اور خطرناک انقلاب کی نشانی ہے ۔جس سے لطف حیات کے اختتام کا قوی امکان ہے ۔ بلکہ 12 سے 15 دن تک اگر یہی کیفیت رہی ۔تو موت کا صاف اور یقینی اعلان ہے ۔ **13**۔ اگر کوئی شخص سوال کرے ۔ کہ میں فلاں علم سیکھنا چاہتا ہوں ۔ یا فلاں کورس کرنا چاہتا ہوں ۔جیسے میڈیکل، انجینئرنگ وغیرہ تو کیا مجھے کامیابی ہوگی؟ یا یہ کہ میرے لئے یہ علم یا کورس مفید ہوگا؟ اگر تو سائل کا قمری سر چل رہا ہو۔تو جواب اثبات میں دیں ۔اور اگر سائل کا شمسی سر چل رہا ہو۔تو جواب نفی میں دیں ۔لیکن اگر ایسے وقت میں عامل کا قمری اور سائل کا شمسی سر چل رہا ہو۔تو سائل اس علم و ہنر وغیرہم میں دستگاہ کامل اور استعداد مالا یطاق حاصل نہیں کر پائے گا ۔ اگر سائل اور عامل دونوں کے قمری سر چل رہے ہو۔تو حسب ضرورت وقوف وادراک حاصل ہوگا ۔اور اگر دونوں کے متساویہ سر چل رہے ہوں ۔تو سائل کو اس علم و ہنر یا کورس سے منع کریں ۔ کیونکہ یہ ہنر، علم و کورس یا تو وہ درمیان میں چھوڑ دے گا ۔ یا پھر فائدے کے بجائے الٹا نقصان اٹھائے گا ۔(امگر یاد رہے حفظ قرآن یا دینی تعلیمات کے لئے یہ سوال قطعی طور پر نہ کیا جائے) اسی طرح اگر کسی مقصد کے لئے کوئی درخواست کے لکھنے کے لئے یا کسی حاکم ،افسر یا رئیس سے ملنا ہو۔تو شمسی سر کی پابندی اختیار کریں ۔ کامیابی وکامرانی قدم چومے گی ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

زہے معشوق چوں بند قبا بست ہزاراں بند بر دل اَز جفا بست

میں یہ بات دوبارہ دہرا رہا ہوں ۔ کہ علم النفس میں کسی بھی سوال کا جواب کم از کم 2 گھنٹے اور زیادہ سے زیادہ 20 یوم تک رہتا ہے ۔ لہذا پریشان و پشیمان بالکل نہ ہوں ۔ اور نہ ہی کسی بھی جواب کو مدت پر منطبق کر کے دائمی پریشان رہیں ۔ بلکہ مدت ختم ہونے پر دوبارہ جواب حاصل کریں ۔ اور سائل کو بھی ضرورت کے لئے سر تبدیل کر کے حسب ذیل منشاء نتائج بھی حاصل کئے جا سکتے ہیں ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

آرزو ہے مجھے اک شخص سے ملنے کی بہت نام کیا لوں کوئی اللہ کا بندہ ہوگا

عملیات حب بذریعہ علم النفس

تفصیلِ سُر : عمل سے پہلے سُروں کی ترکیب وترتیب ملاحظہ خدمت ہے۔ہم جو ناک سے سانس لیتے ہیں۔اسکی تین قسمیں ہیں۔شمسی ، قمری اور متساویہ۔ جب دائیں نتھنے سے سانس جاری ہو۔تو اسے شمسی سُر کہیں گے۔جب بائیں نتھنے سے سانس جاری ہو۔تو اُسے قمری سُر کہیں گے۔جب دونوں نتھنوں سے سانس جاری ہو۔تو اُسے متساویہ کہیں گے۔یعنی کہ جب سانس دائیں نتھنے سے بائیں نتھنے کی طرف یا پھر بائیں نتھنے سے دائیں نتھنے کی طرف منتقل ہو رہا ہو۔تو اس انتقالِ نفس کے وقت (جو تقریباً 10 سے 12 منٹ کم و بیش تک) رہتا ہے۔یہ نفس متساویہ یا مساوی سُر کہلائے گا۔اور جب سانس دائیں نتھنے سے بائیں نتھنے کی طرف منتقل ہو رہا ہو۔تو نفس متساویہ چلنے سے کچھ منٹ پہلے جو صورت ہوتی ہے۔اس کا تعلق زہرہ ستارہ سے ہے۔اور یہی ساعت زہرہ ہمیں اپنے اِس عمل کے لیءدرکار ہوگی۔علم النفس کے علم میں اور ساعت زہرہ محبت کے عملیات کے لئے مجرب المجرب اور تیر بہدف ہے۔اب اسی طرح اعداد کی بھی تین قسمیں ہیں۔ شمسی ، قمری اور متساویہ۔

(1) ایسے اعداد کہ جن کا نصف آسانی سے ہوتا چلا جائے۔مثلاً 16 نصف 8 نصف 4 نصف 2 نصف۔یعنی کہ وہ اعداد جن کا نصف تین یا اس سے زیادہ بار ہو سکے۔یہ **اعــداد قــمری** کہلائیں گے۔(2) ایسے اعداد جن کا نصف ایک بار ہو سکے۔جیسے 50 کا نصف 25 اور یا پھر 22 کا نصف 11 وغیرہ۔تو ایسے **اعـداد شـمسی** کہلائیں گے۔(3) ایسے اعداد جنکا نصف ہی نہ ہو سکے۔مثلاً 3 ، 7 ، 11 ، وغیرہ ایسے **اعداد متساویه** کہلائیں گے۔عملِ نفس کے سلسلے میں تین اعمال پیش خدمت ہیں۔

ہر قدم کہتا ہے تو آیا ہے جانے کے لئے — منزلِ ہستی نہیں ہے دل لگانے کے لئے
سانس کی ترکیب پر مٹی کو پیار آ ہی گیا — خود ہوئی قید اس کو سینے سے لگانے کے لئے

حب وتسخیر کا سو فیصدی مجرب و نادرۂ روزگار عمل :

لاکھوں عملیات و ریاضات میں سے منتخب اس عمل جیسا مجرب المجرب ،مستند اور بہترین عمل برائے حب وتسخیر شاید ہی روئے زمین پر کوئی اور ہو۔یہ عمل ہندوستان کے مشہور عامل وجفار و ماہر علوم فلکیات جناب علامہ شفق رامپوریؒ کا مجرب ترین عمل ہے۔اور اس عمل کو علامہ شاد گیلانی شورکوٹی نے بھی اپنی کتاب ارتکاز توجہ کی زینت بنایا۔شاد گیلانی صاحب کہتے ہیں۔کہ اُنہوں نے اپنے دوستوں کو یہ عمل پوری طرح سمجھا کر دس بارہ (12-10) جگہوں پر تجربہ کر کے بھی آزما لیا۔اب تو میں صرف یہی کہوں گا۔کہ اگر اکسیر ہے۔تو یہ ہے۔عمل ہے۔تو یہ ہے۔اور اگر کسی عمل میں اثر ہے۔تو اسی عمل میں ہی اثر ہے۔

طریقه نمبر 1: اس عمل کے لئے عروج ماہ غروب آفتاب سے آدھا گھنٹہ پہلے مشرق جانب رُخ و منہ کر کے آلتی پالتی مار کر اطمینان سے بیٹھیں۔اب آپ کا جس شخص کو مسخر کرنا مطلوب ہو۔تو طالب و مطلوب معہ مادران کے اسماء کے ابجد قمری اس وقت جمع (حاصل) کریں۔جب عامل کا یا اگر طالب خود عمل کرنا چاہتا ہے۔تو طالب کا قمری سر (نفس قمری) جاری ہو۔اب کل مجموعہ کا استنطاق کریں۔

استنطاق اس طرح ہوگا۔مثلاً **6754** کا استنطاق **4+5+7+4=22 2+2=4** یا پھر **(8888)**

8+8+8+8 (32) 3+2 = 5 اب عدد **5** متساویہ ہے۔کیونکہ 5 کا نصف نہیں ہوسکتا۔ابجد قمری کا ٹیبل یہ ہے۔

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	20	30	40	50
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
60	70	80	90	100	200	300	400	500	600	700	800	900	1000

اب دیکھنا یہ ہوگا۔کہ اگر طالب و مطلوب معہ مادران کے اعداد بحساب ابجد بیان کردہ قاعدہ کے مطابق قمری آتے ہیں۔تو مطلوب لازماً اس عمل کی مقناطیسی کشش سے کھینچ آئے گا۔اور قوت عمل مطلوب کو ایک ہفتہ یا اس سے بھی کم وقت میں کھینچ لے گی۔اور اگر شمسی اعداد آئے۔تو وقت 3 ماہ تک کا لگ سکتا ہے۔کیونکہ اس صورت میں مطلوب کا آنا مشکل امر ہے۔اور اگر متساویہ اعداد آئے۔تو وقت تین سے پانچ ہفتے کا ہے۔بہرحال ہر طالب کی قسمت۔

اسی عمل کا دوسرا مرحلہ اس طور پر ہے۔کہ طالب و مطلوب مع مادران کے ابجد قمری کے مطابق سورۃ یوسف کی کوئی ایک آیت یا کئی ایسی آیات تلاش کریں۔کہ جسکے اعداد ان اعداد کے مساوی ہوں۔اگر آیت نہ ملے۔تو کسی آیت کا کچھ حصہ یا فقرہ ایسا تلاش کریں۔جو کہ مکمل جملہ بن سکے۔اور آیت مل جائے۔تو اب عروج ماہ میں غروب آفتاب سے آدھ گھنٹے قبل سانس روک کر مطلوب کو تصور میں اندر کھینچیں۔اور تصور کریں۔کہ مطلوب قلب میں آ گیا۔اسی دوران آیت پڑھیں۔اس طرح بار بار کریں۔یاد رکھیں۔کہ اگر طالب و مطلوب معہ مادران کا کل مجموعہ اعداد بحساب ابجد قمری اگر متساویہ یا قمری تھے۔تو مصلے پر مغرب کی طرف منہ کر کے آلتی پالتی مار کر بیٹھیں۔اگر مجموعہ اعداد بحساب ابجد قمری ،شمسی تھا۔تو جانب مشرق منہ کر کے دوزانو بیٹھیں۔حبس دم کریں۔اور حبس دم ہی کی حالت میں آیت مذکورہ کو مجموعہ اعداد بحساب ابجد قمری ، کے مطابق پڑھیں۔جتنی دیر تک سانس روک کر آیت پڑھیں گے۔اُتنا ہی اچھا ہے۔ **واللہ ایں عمل مجرب است** ۔

طریقہ نمبر2: علم النفس کے علمی قاعدے وقانون کے مطابق ! جب سانس الٹے نتھنے سے سیدھے نتھنے کی طرف منتقل ہو رہا ہو۔ کیونکہ یہ علم النفس کے مطابق زھرہ کا وقت ہے ۔ جیسے کہ پہلے بیان کیا گیا ہے ۔ کہ عروج ماہ میں غروب آفتاب سے آدھ گھنٹے قبل بوقت ساعت مشتری یہ عمل کریں ۔ عمل کا طریق اسطرح ہے ۔ کہ آلتی پالتی مار کر بیٹھیں ۔ اگر مطلوب کی تصویر ہو۔ تو بہت ہی اچھا ہے ۔ ورنہ اس کا نام لکھ لیں ۔ اگر نام بھی معلوم نہ ہو۔ تو مطلوب کی صورت کا ہی تصور کرلیں ۔ منہ مشرق کی طرف کریں ۔ اور لمبی سانس اندر کو کھینچیں ۔ اور یہ تصور کریں ۔ کہ مطلوب سانس کے ساتھ اندر کھنچا چلا آ رہا ہے ۔ اور قلب میں چلا گیا ۔ اب سانس کو کچھ دیر روکے رکھیں ۔ پھر آہستہ آہستہ سانس کو باہر نکالیں ۔ دو ایک چھوٹی سانسیں لے کر پھر لمبا سانس لیتے ہوئے وہی تصور کریں ۔ اسی طرح سے غروب آفتاب تک بار بار کرتے رہیں ۔ چند ہی یوم میں مطلوب لازمی طور پر طالب کی آتش عشق میں دیوانہ ہو جائے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔ یہی عمل کسی حاکم ، رئیس یا افسر سے کام نکلوانے کے لئے بھی کیا جا سکتا ہے ۔ چند ہی ایام میں بہرصورت میں کامیابی ملے گی ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

طریقہ نمبر3: حُب بذریعہ علم النفس کا یہ دوسرا طریقہ دراصل پہلے والے طریقہ سے بھی زیادہ مجرب و تیر بہدف ہے ۔ طریقہ نشست ، وقت اور سمت پہلے طریقہ والے ہیں ۔ طریقہ عمل اس طرح ہے ۔ کہ طالب اپنے دونوں ہاتھ اپنے آگے سامنے کی طرف ایسے پھیلائے ۔ جیسے کہ کسی کو آغوش میں لینے کے لیے ہاتھ پھیلاتے ہیں ۔ اور ایک بہت ہی گہرا سانس اندر کی طرف لیں ۔ اور یہ تصور کریں ۔ کہ آپ کے دو دل ہیں ۔ جب تک کہ سانس اندر لے جا کر روکنے پر قدرت حاصل ہو ۔ یہ تصور قائم کئے رکھیں ۔ جب دم گھٹنے لگ جائے ۔ تو سانس باہر کو نکال دیں ۔ اسی طرح بار بار مشق کو جاری رکھیں ۔ تاکہ چار آٹھ دنوں کی مشق سے مطلوب کا مکمل نقشِ تصور جم جائے ۔ جب مطلوب و محبوب کا نقشِ تصور و تخیل مکمل طور پر جم جانے کا مطلب ہے ۔ کہ مقصود حاصل ہونے کے بالکل قریب ہے ۔ مزید کچھ ہی دنوں میں زیادہ سے زیادہ ہفتہ عشرہ میں نہ چاہتے ہوئے بھی مطلوب بہرصورت طالب کا معشوق ، مسخر اور محبّ بن کر سخت بے چینی و بے قراری میں آن حاضر ہوگا ۔ انشاء اللہ ۔ یہ دوسرا دل جو آپ اپنے تصور دل میں پیدا کریں گے ۔ حقیقتاً محبوب کا دل ہوگا ۔ یہ قاعدہ بہت ہی زیادہ مجرب المجرب اور مستند ہے ۔

ضروری وضاحت : علم النفس کے علمی قاعدے و قانون کے مطابق ! اگر کوئی شخص چالیس منٹ یا اس سے بھی زیادہ سانس روکنے پر قادر ہو جائے ۔ تو ایسا شخص سب کچھ حاصل کرسکتا ہے ۔ جو کہ ایک کامل حکیم ، کامل شخص یا ایک کامل ولی اللہ کو حاصل ہوتا ہے ۔ ایسے شخص پر قدرت کے نہ صرف راز منکشف ہوتے ہیں ۔ بلکہ وہ دانائے حقیقت و معرفت اور نابغہ روزگار شخص اپنی عمر کو سو سے دو سو برس تک بھی پہنچا سکتا ہے ۔ اِسی لئے جوگی ، یوگی ، پنڈت ، سماسی ، سنیاسی قسم کے لوگ برسہا برس تک حبسِ نفس کی مشقوں کو سرانجام دیتے رہتے ہیں ۔

خواص دس اسماء (حضرت موسیٰ علیہ السلام)

ہمارے شیخ پیر سید محبوب الٰہی شاہ بخاری قادری دہلویؒ اپنی گراں مایہ تصنیف جلیلہ معروف بہ **جواھر اولیاء** میں رقمطراز ہیں ۔ کہ ان دس اسماء کی عظمت و برکت سے حضرت موسیٰؑ کا عصاء مبارکہ فوری طور پر اژدھا بن جایا کرتا تھا ۔ اور اسی عصاء کی برکت سے حضرت موسیٰؑ اپنے تمام معجزات لوگوں کو دکھاتے تھے ۔ ان اسماء کے ہزاروں لاکھوں نہیں ۔ بلکہ بے شمار و بے حساب اور ان گنت خواص و فوائد ، خصائل اور فضائل ہیں ۔ اگر وہ تمام لکھے جائیں ۔ تو دفتر کے دفتر بھر جائیں گے ۔ لیکن ان اسماء کے فوائد ، خصائل اور فضائل تب بھی ختم نہ ہوں گے ۔ فقیر سید محبوب علی شاہ بخاریؒ ان اسمائے مبارکہ کے چند خواص خاصان خاص طالب حق کے لئے یہاں درج فرماتے ہیں ۔ جو اصحاب فیض حاصل کریں ۔ تو وہ ہمارے شیخ پیر سید محبوب الٰہی شاہ بخاری قادری دہلویؒ کو بھی دعائے خیر سے ضرور یاد فرمائیں ۔

ہزاروں دام سے نکلا ہوں اک جنبش سے جسے غرور ہو آئے کرے شکار مجھے

1۔ اگر کوئی شخص چاہے ۔ کہ میرے گھر میں خیر و برکت ہو ۔ اور کبھی مفلسی و فقر نہ ہو ۔ تو وہ شخص ان دس اسماء کو روزانہ بعد نماز صبح 72 بہتر بار اول آخر ۳،۳ بار درود پڑھتا رہے ۔ پس ہمیشہ خوشحال رہے گا ۔ اور گھر میں ہر طرح ہر چیز میں بکثرت خیر و برکت ہوگی ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔ یہ بارہا کا تجربہ شدہ عمل ہے ۔ مگر یاد رکھو ۔

2۔ اگر ہر کوئی شخص یہ چاہے ۔ کہ اسے دنیا میں تمام نعمتیں میسر ہو جائیں ۔ تو اسے چاہیے ۔ کہ یہ دس اسماء چالیس روز تک روزانہ ہزار مرتبہ پڑھتا رہے ۔ تمام مقاصد حاصل ہوں گے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔ 3۔ اگر کوئی شخص چالیس روز تک پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ ہر نماز کے بعد 1000 (ایک ہزار بار) اور رات کو پانچ ہزار بار یہ اسماء پڑھے ۔ مگر اول و آخر 100 سے 100 بار درود پاک بمع پرہیز روحانی ، وضو اور صوم صلوٰۃ کے ساتھ ہمیشہ پڑھتا رہے ۔ اور مکمل خلوت نشین رہے ۔ تو اس شخص کو اس قدر دنیاوی نعمتیں حاصل ہوں گی ۔ جو کہ اس کے وہم گمان میں بھی نہ ہوں گی ۔ اور وہ شخص زمین کے اندر مدفون خزائن کو بھی بآسانی دیکھ سکے گا ۔ اور اس شخص کو حد درجہ تسخیر خلائق حاصل ہوگا ۔ یہ ریاضت و عمل بارہا کا مجرب المجرب ہے ۔ فقیر سید محبوب علی شاہؒ فرماتے ہیں ۔ جس کا دل چاہے ۔ کہ اسے آزمالے کبھی بھی ناکامی کا منہ نہیں دیکھے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

4۔ اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو ۔ کہ جملہ طیور و درندگان دشتی و حوشی و جن و ماہی و مور کثر دم ، مار و کل حشرات الارض تابع اور فرمان رہیں ۔ تو ایسا شخص مکمل خلوت نشین ہو کر آبادی سے دور رہ کر پرہیز جلالی و جمالی صوم و صلوۃ کی پابندی کے ساتھ اس ریاضت کا آغاز کرے ۔ ترتیب یہ رکھے ۔ یہ دس اسماء روزانہ دس ہزار (10,000) بار اسطرح سے پڑھے ۔ کہ ہر نماز کے بعد 1000 (ایک ہزار بار) اور رات کو پانچ ہزار بار یہ اسماء پڑھے ۔ ہر بار میں اول و آخر کوئی درود پاک سو سو بار پڑھے ۔ اور اسی طرح سے تین چلوں تک مسلسل پڑھتا رہے ۔ جونہی تیسرا چلہ مکمل ہوگا ۔ تو تمام درندگان چرند و پرند فرمانبردار

رہیں گے۔اور اسے شیر کی سواری کے لئے سانپ کا کوڑہ بھی حاصل ہوگا۔اور جو شخص بھی عامل کو دیکھے گا۔دل و جان سے مطیع وفرمانبردار رہوگا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔ لیکن یادرہے۔کہ دوران ریاضت جو بھی اسرار نظر آئیں۔ان کو ایک علیحدہ کاپی پر لکھ لیا جائے۔اور کسی بھی ان اسرار کو قطعی طور پر ذکر نہ کیا جائے۔ورنہ نہ صرف یہ تمام انعامات ونعمتیں وکرامات سلب ہو جائیگی۔بلکہ عین ممکن ہے۔کہ عامل سخت ترین رجعت کا شکار ہو جائے۔بلکہ اپنی جان سے بھی ہاتھ دھو بیٹھے۔ 5۔ اگر کوئی شخص یہ چاہے۔کہ دیو وپری میرے مسخر ہوں۔تو ایک سال کی خلوت اختیار کرتے۔اور روزانہ پانچ ہزار بار ان دس اسماء کو پڑھتا رہے۔پرہیز جلالی و جمالی صوم وصلوٰۃ کی پابندی کے ساتھ ساتھ اس بات کا بھی پابند رہے۔کہ کسی سے بھی ملاقات نہ ہو۔بالخصوص مستورات سے۔تو تمام دیو،پری،مسخر ومطیع ہوکر دائمی فرمانبرداری اختیار کریں گے۔انشاءاللہ العظیم۔ 6۔ اور اسی ریاضت کے طریقہ سے اگر عامل کشف القلوب حاصل کرنا چاہتا ہے۔یا اپنی باطنی آنکھ کھولنا چاہتا ہو۔یا پھر وہ مشرق سے مغرب اور شمال سے جنوب،عرش سے فرش وتحت الثریٰ تک دیکھنا چاہتا ہو۔یا پھر ہزار ہا نعمتیں حاصل کرنا چاہتا ہو۔تو یہ تمام انعامات وکرامات اسی ریاضت کی بدولت حاصل ہو جائیں گی۔انشاءاللہ العظیم۔ 7۔ اسی ریاضت کے طریقہ سے یعنی 5000 ہزار بار چار چلہ تک ریاضت کرنے سے کشف القبور وکشف القلوب اور کشف الارواح حاصل ہوگا۔اور بعد اس ریاضت کے جس ولی اللہ ،شہید یا فوت شدگان میں جسے چاہے۔حاضر کر کے ملاقات کر سکے گا۔انشاءاللہ العظیم۔

8۔ اگر بارش نہ ہوتی ہو۔اور شہر میں قحط سالی ہو۔تو ایسی صورت میں چار روز تک روزانہ پچیس ہزار بار یہی دس اسماء پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے یہ پڑھے۔ **اللھم ربنا انزل علینا مائدۃ من السماء تکون لنا عیدا لاولنا و آخرنا و آیۃ منک وارزقنا وانت خیر الرازقین** (سورہ مائدہ۔۱۱۴) پس فوراً بارش شروع ہو جائے گی۔انشاءاللہ جب تک عامل یہ نہ کہے۔کہ بند ہو جا۔تب تک بارش بند نہ ہوگی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

9۔ اگر کوئی یہ چاہتا ہو۔کہ زمین سے پانی کا ایک چشمہ جاری ہو۔جس سے سارا عالم فیض یاب ہو۔اور کبھی کم نہ ہو تو چاہیے۔تو چاہیئے۔کہ! کوئی ذی روح اور بودار چیز نہ کھائے۔تو روزانہ یہی دس نام شریف روزانہ دس ہزار بار پڑھے۔پس چلہ پورا ہونے پر عامل جو کچھ کہے گا۔فوراً اجابت ہوگی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔ 10۔ جو شخص یہ چاہے۔کہ حق تعالیٰ رزق اپنے غیب سے عطا کرے۔جس میں کوئی آدم زاد درمیان میں وسیلہ نہ ہو۔جس طرح عیسیٰ روح اللہ کو آسمان سے ہر نعمت آتی تھی۔اسی طرح سے آوے۔تو چاہیے۔کہ ایک سال تک متواتر روزانہ روزے بھی رکھے۔اور ان دس اسماء کو روزانہ فقط ایک ہزار بار دن میں اور ایک ہزار مرتبہ رات میں پڑھنے کا مسلسل ومتواتر معمول بنالے۔انشاءاللہ تعالیٰ ابھی سال بھی پورا نہ ہوا ہوگا۔کہ غیب سے رزق آنا شروع ہو جائے گا۔ان دس ناموں کا ورد بزرگان دین اپنے خاص الخاص اور سچے عاشق وصادق مرید طالب کو ہی تعلیم کرتے ہیں۔نااہل کو خبر تک نہیں دیتے۔تاکہ دنیا میں فتنہ وفساد نہ پھیلے۔ 11۔ اگر کوئی یہ چاہتا ہو۔کہ ملائک معظم کو ظاہری آنکھ سے دیکھوں۔اور ملائکہ سے گفتگو بھی کروں۔تو اِن 10 اسماء شریف کو ہفت چلہ میں دس لاکھ بہتر ہزار (۱۰،۷۲،۰۰۰) بار بار صوم وصلوۃ کے پڑھے۔اور کسی فاسق وفاجر مرد وعورت کو نہ دیکھے۔تو انشاءاللہ تعالیٰ پہلے ہی چلہ میں ملاقات سے ملائکہ ہو جائے گی۔بعض کو تیسرے چلہ میں ہوتی ہے۔بعض کو پانچویں چلہ میں۔تاآنکہ ساتویں چلہ تک تو ضرور ملائکہ اس کے سامنے حاضر ہوں گے۔جن کو ظاہری آنکھوں سے نہ صرف دیکھ سکے گا۔بلکہ ملائکہ اِس سے گفتگو بھی کریں گے۔حتیٰ کہ اور کل حالات،موت وزندگی،خیروشر سے آگاہ کریں گے۔لیکن عامل کو چاہیے۔کہ ڈیڑھ تولہ سے زیادہ غذا نہ کھائے۔تاکہ دل صاف رہے۔بسیار مجرب ہے۔اکثر بزرگان دین کا تجربہ ہے۔

12۔ اگر کوئی چاہے۔کہ میں جملہ جانوراں کی گفتگو بخوبی سمجھ لوں۔تو عامل کو چاہئے۔کہ ایک سال تک خلوت اختیار کرے۔افطار دو تولہ سبزی کے علاوہ اور کچھ نہ کھائے۔اور ان دس اسماء کو روزانہ فقط ایک ہزار بار دن میں اور ایک ہزار مرتبہ رات میں پڑھنے کا مسلسل ومتواتر معمول بنالے۔اس کے علاوہ بکثرت درود شریف پڑھا کرے۔اور ہر روز ایک ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ بھی پڑھے۔پس اسی حال سے ایک سال بمشکل گزرے گا۔کہ عامل ہر جانور کی بولی بخوبی سمجھنے لگ جائیگا۔انشاءاللہ۔بسیار مجرب ہے۔13۔اگر کوئی یہ چاہتا ہے۔کہ دریا اور آب وہوا پر اور ہر جگہ زمین مشرق تا مغرب تک پہنچنے کی طاقت حاصل ہو۔اور پانی پر چلنے یا آگ میں نہ جلنے کی قدرت حاصل ہو۔تو اس کو چاہیے۔کہ دو تولہ سے زیادہ کھانا نہ کھائے۔اور وہ دس اسمائے شریف روزانہ پانچ ہزار بار بمع بکثرت درود شریف پڑھے۔اور رات کو پانچ ہزار مرتبہ اول وآخر سو۔سو مرتبہ درود وسلام پڑھا کرے۔اور اِسی ترتیب کو 55 پچپن دنوں تک رکھے۔تو پانی پر چلنے کی قوت اور ہوا پر اڑنے کی قابلیت اور آگ پر چلنے کی توفیق حاصل ہوگی۔اور اگر اسی حال سے پانچ چلہ کرے گا۔تو آگ،پانی،آب وہوا اور زمین مسخر ہوگی۔جو عامل حکم کرے گا۔ویسا ہی ظہور ہوگا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔ 14۔اگر کوئی شخص روزانہ صرف ایک ہزار بار یہی دس اسماء پڑھ کر پھر درود وسلام بکثرت پڑھا کرے۔تو جمال ذوالجلال کا مشاہدہ کرے گا۔لیکن اس عمل کے لئے خلوت نہایت ضروری ہے ا۔ور دنیا کی کوئی چیز اللہ عزوجل سے طلب نہ کرے۔انشاءاللہ تعالیٰ جمال الٰہی سے مشرف ہوگا۔اور ایسے شخص کو اللہ تعالیٰ کا خصوصی قرب حاصل ہوگا۔ 15۔ اگر کوئی شخص روزانہ صرف دو ہزار بار یہی دس اسماء باصوم وصلوۃ پڑھے۔اور ہمیشہ روزے سے رہے۔تو اللہ تعالیٰ اِس کو درجات عالی پر فائز کرے گا۔اور ہمیشہ دل میں عشق الٰہیٰ کے سوائے کوئی چیز گزر نہ کر سکے گی۔اور سرورکائنات ﷺ کی حضوری اور ان کی خصوصی محفل میں باریابی حاصل ہوگی۔انشاءاللہ العظیم۔اور اس ریاضت کا حامل شخص اللہ تعالیٰ کے خصوصی بندوں میں شمار ہوگا۔اور دین ودنیا وآخرت تینوں جہانوں میں اسکا ہمسر کوئی نہ ہوگا۔جو بھی بات منہ سے نکالے گا۔فوراً پوری ہوگی۔کیونکہ اس کو **کن** کی زبان مل جائیگی۔انشاءاللہ۔ایسا شخص زمانہ حال کے رجال الغیب کا سردار ہوگا۔ان دس اسماء کی دعوت اول حضرت

موسیٰ کلیم اللہؑ نے دی تھی۔ان کے بعد ہزار ہا بزرگان دین نے ان دس اسماء کی دعوت دے کر مدارج عالی حاصل کیے ہیں ۔ 16۔ اگر کوئی شخص کسی مرض میں مبتلا ہے۔اور کوئی علاج کارگر نہیں ہوتا ہو۔تو وہ ان دس اسماء کو روزانہ ستائیس بار پڑھ کر مریض پر دم کریں۔اور چند بار پانی پر دم کر کے پلائے۔انشاءاللہ تعالیٰ جسم کے اندر جو بھی مرض ہوگا۔دفع ہو جائے گا۔حتیٰ کہ مریض تندرست و توانا ہو جائے گا۔انشاءاللہ۔بسیار مجرب ہے۔ 17۔اگر کوئی شخص کسی ظالم و جابر حکمران ، رئیس ، بادشاہ کے قبضہ میں گرفتار ہو۔یا پھر ان جیسوں سے جانی مالی خطرہ سے دوچار ہو۔تو وہ ان دس اسماء شریف کو لکھ کر اپنے داہنے بازو پر باندھے ۔کوئی کتنا ہی ظالم کیوں نہ ہو۔وہ نہ صرف مہربان و شفیق ہوگا۔بلکہ ہمہ قسم کی امداد بھی کرے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ ۔ 18۔ جسم میں خواہ کوئی بھی مرض کیوں نہ ہو۔مثلاً دردسر ، دردشقیقہ ، دردچشم ، دردگوش ، دردِدندان ، دردگلو خناق وگلھڑ ، وخنازیر ، دردسینہ و پہلو ، نمونیہ ، دردناف ، دردپیٹ ، دردجگر ، دردگردہ ، عرقُ النساء ، وجع المفاصل ، نقرس ، بندش پیشابِ انساں ہو یا جانوراں ۔ چاہے تپ محرقہ ولرزہ ، سل ودق ، فالج ، لقوہ ، رعشہ ، مالیخولیہ ، جنون مراق ذیابیطس ہرقسم کے زہر خوردہ و مارگزیدہ مرد یا عورت بستہ ہو۔یا بخت بستہ ہو۔یا کوئی جادوٹونہ ہو۔جن دیو پری یا کوئی آسیب کیوں نہ ہو۔مرض اٹھراہ ، مسان یا کند ذہن ونسیان ہو۔اگرچہ جسم میں کوئی بیماری یا علت وتکلیف ہو سب کا علاج بزرگان دین ان دس اسماء سے کیا کرتے ہیں۔جس کا طریقہ یہ ہے۔کہ ان ہی دس اسماء کو لکھ کر گلے میں باندھ دیں۔اور پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پلائے بھی اور مریض پر چھڑکے بھی۔اور پڑھ کر مریض پر دم بھی کریں۔یا جائے ماؤف پر ہاتھ رکھ کر ایک سے لیکر ۱۳ دفعہ تک پڑھے۔ ہرطاق مرتبہ پر دم کریں۔اس طرح چند بار ایک دو روز ، اور مہلک امراض میں ہفتہ عشرہ تک عمل کریں۔انشاءاللہ تعالیٰ درد یں وغیرہ تو اُسی وقت بند ہوں گی۔ بخار بھی جاتا رہے گا۔یاد رکھیں۔اس سے بھی کئی گنا زیادہ فوائد ان دس اسماء شریفہ میں ہیں۔جو بھی عامل جس نیت سے پڑھے گا۔ضرور بالضرور کامیاب وکامران ہوگا۔ یہ خاص الخاص فقراء کا خصوصی ورد دراصل گوہر نایاب ، اسرارالمخفی ، خزانہ لاجواب اور لاثانی و بے مثال ورد و وظیفہ ہے۔ان دس اسمائے شریفہ کی اجازت سید قاضی حمیدالدین ناگوری چشتیؒ سے واسطہ بہ واسطہ حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ اور واسطہ بہ واسطہ سلسلہ قادریہ غوثیہ محبوبیہ میں ہمارے مرشد ومربی شیخ سید محبوب الٰہی شاہ بخاری قادری دہلویؒ تک پہنچا ہے۔اور ان سے تمام مریدین سلسلہ ہٰذا اور طالبان صادق کو اجازت ہے۔لیکن جو شخص بھی ان دس اسماء مبارکہ کے فوائد سے مستفید ہونا چاہے۔ وہ لازمی طور پر ہمارے مرشد ومربی شیخ سید محبوب الٰہی شاہ بخاری قادری دہلویؒ کو اپنی خصوصی دعاؤں میں یاد رکھے۔وہ دس اسماء مبارکہ یہ ہیں۔جن کے اِس قدر فوائد ، فضائل اور خصائل ابھی گذرے ہیں۔ (اس دُعا سے پہلے تسمیہ پڑھنا لازمی ہے)

اِلٰهِی بِحُرْمَتِ سَزَایُو .لِذَرْعِیْ . جُوْسًا. مَنُوْعًا .عَالِمًا .طَیُوْسُوْنًا. سَلِیْخًا .مَلِیْخًا .مَلْقُوْمًا .یَاقَیُّوْمًا .بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَبِحَقِ اِھْیًا اِشْرَاھِیًّا .فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰهُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمِ ○

دس اسماء مبارکہ کے ضمن میں ویسے تو اُمتِ محمدیہ ﷺ کے لاتعداد و بے شمار مصنفین ومؤلفین نے اپنی اپنی قیمتی تصانیف وتالیفات کو معمور و مزین فرمایا ہے۔جیسے کہ ایک فارسی کتاب'' **لمعاتِ رحمانی** '' میں باقاعدہ اِن اسمائے مبارکہ کا ایک باب قائم کیا ہے۔صاحب کتابؒ فرماتے ہیں۔کہ! یہ دس اسمائے معظّمہ دراصل حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام کے عصا مبارک پر لکھے ہوئے تھے۔اِن اسماء کی عظمت سے یہ عصا اژدہا بن جاتا تھا۔اور اِس عصا سے حضرت موسیٰؑ نے بہت سارے معجزات عوام الناس کو دکھائے۔ اِن اسماء کی تین سو سے زائد خاصیات ہیں۔جن میں سے چند ایک یہاں پر مسلمانوں کے احتیاج کو مدنظر رکھتے ہوئے قارئین وشائقین کتاب ہٰذا کی خدمتِ اقدس میں بطورِ نمشتہ پیش کئے جارہے ہیں۔

مندرجہ ذیل میں اِن اسمائے مبارکہ کے چند فوائد دیئے گئے ہیں۔ اِن فوائد سے منتفع ومستفید ہونے کے لئے چاہیئے۔کہ بحالتِ خلوت کوئی شخص فقط پچیس ایام کے لئے خود کو مخلوقِ خدا سے تنہا کرلے۔ اِن اسمائے مبارکہ کو ہر نماز کے بعد ایک۔ایک ہزار مرتبہ ، اور روزانہ رات کو پانچ ہزار مرتبہ پڑھتا رہے۔پچیس ایام کے بعد وہ شخص اِن اسمائے مبارکہ کا عامل ہوجائے گا۔انشاءاللہ۔اِس ریاضت کے بعد روزانہ کسی بھی وقت اِنہیں اسمائے مبارکہ کو ہزار مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔تاکہ ایسے شخص سے کلی اثرات وکرمات کا بارہا ظہور ہوتا رہے۔انشاءاللہ۔بشرطیکہ اپنے نفس ، قلب اور آنکھوں کی حفاظت کرے۔

۱۔ جو مسلمان اِن اسمائے مبارکہ کو سو مرتبہ ہر نماز کے بعد اور رات کو سونے سے قبل تین سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔اور اِنہیں اسماء کو بحالتِ وضو خوشخط لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ایسا شخص جملہ بلاؤں وآفات سے محفوظ رہے گا۔اور ایسے شخص کی تمام حاجات پوری ہوں گی۔انشاءاللہ تعالیٰ ۔ ۲۔ جو مسلمان اِن اسمائے مبارکہ کو بحالتِ سفر پڑھتا رہے۔اور قبل ابتدائے سفر اِن اسماء کو لکھ کر دائیں بازو میں باندھ لے۔تو ایسا شخص سفر کے جملہ مصائب ومشکلات سے مامون رہے گا۔اور اُسے تھکاوٹ بھی محسوس نہ ہوگی۔انشاءاللہ۔ ۳۔ جو مسلمان اِن اسمائے مبارکہ کو لکھ کر کسی دیو وپری گرفتہ پر ایک تسبیح (صد مرتبہ) پڑھے۔اور بار بار پھونکتا رہے۔تو ایسا مریض نجات پا جائے گا۔اور اُسے اپنا جسم بالکل ہلکا محسوس ہوگا۔انشاءاللہ۔**خیرالناس من ینفع الناس**۔(حدیثِ نبوی ﷺ) ۴۔ جو مسلمان ان اسمائے مبارکہ کو کسی آسیب گرفتہ (مثل خبیث وغیر مسلم جن نے قبضہ کیا ہوا ہو) کے لئے لکھ کر اُس کے ماتھے پر لٹکائے۔اور اِنہیں اسمائے مبارکہ کو 120 مرتبہ پڑھ کر آسیبی مریض کے چہرے پر بار بار پھونکے۔خبیث جن وجود پر حاضر ہوگا۔اور اس سے عہد وپیماں لے کر اُسے جانے کو کہے۔اُس کے جاتے ہی آسیبی مریض خبیث جن سے نجات پائے گا۔انشاءاللہ۔ ۵۔ جو مسلمان اِن اسمائے مبارکہ کو مشک و زعفران سے سفید کاغذ پر کو لکھ کر کسی طرح اپنی معشوقہ کو کسی مشروب میں ڈال کر پلادے۔اور مطلوب کا عاشق کی محبت میں معشوق بنانے کا تصور کرتے ہوئے اِنہیں اسماء کو مسلسل پڑھتا رہے۔چند ہی ایام میں معشوق خود عاشق ہوجائے گا۔انشاءاللہ۔ ۶۔ جو مسلمان اِن اسمائے مبارکہ کو ہر نماز کے بعد

سات مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔تو ایسا شخص کبھی فسق وفجور میں مبتلا نہ ہوگا۔ ۷۔ جو مسلمان شخص حالات وزمانے کی وجہ سے درماندہ ہوگیا ہو۔ ایسا شخص اِن اسمائے مبارکہ کو بعد نمازِ فجر اور بعد نمازِ عشاء ایک۔ایک ہزار پڑھنے کا معمول بنالے۔تو اُس کے حالات درست ہوجائیں گے۔اور اُس کے جملہ مقاصد پورے ہوں گے۔ ۸۔ اگر کسی کی روزی تنگ ہو۔اور کسی بھی طریقہ سے فراخ نہ ہوتی ہو۔تو ایسے شخص کو چاہیئے۔کہ اِن اسمائے عشرہ موسویٰ کو بعد نمازِ جمعۃ المبارک بحالت تشہد تیس مرتبہ پڑھے۔اور روزانہ رات کو تین سو مرتبہ پڑھتا رہے۔اِسی عمل کو پانچ جمعوں تک کرتا رہے۔یاد رہے۔کہ ہر جمعہ کو تیس اور روزانہ رات کی تعداد تین سو مرتبہ رہنی چاہیئے۔حق تعالیٰ تین ہی جمعوں میں رزق فراخ فرمادے گا۔انشاءاللہ۔

۹۔ اگر کوئی شخص کند ذہن ہو۔تو چاہیئے۔کہ اِن اسمائے مبارکہ کو بعد ہر نماز 11 مرتبہ پڑھے۔اور روزانہ رات کو سونے سے قبل بحالت وضو قبلہ رخ بیٹھ کر 150 مرتبہ پڑھ کر پانی پر پھونک کر پیتا رہے۔چند ہی ہفتوں عشروں میں نہ صرف حافظہ قوی ہوجائے گا۔بلکہ ذہن بھی کھل جائے گا۔انشاءاللہ۔

۱۰۔ اگر کسی کو سانپ نے کاٹ لیا ہو۔تو چاہیئے۔کہ اِن اسمائے مبارکہ کو مکمل یقین کے ساتھ فقط تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر پھونکے۔تو مریض کو آرام و شفاء حاصل ہوگی۔انشاءاللہ۔ ۱۱۔ اگر کسی کی کھیت یا باغ میں چوہے کثر تعداد میں ہوں۔تو چاہیئے۔کہ اِن اسمائے مبارکہ کو اُس کھیت یا باغ کے چاروں اطراف اور درمیان میں لکھ کر جھنڈا بنا دیں۔اور کوئی شخص روزانہ کسی بھی وقت اُس کھیت یا باغ میں جاکر اِن اسماء کو لاتعداد مرتبہ پڑھتا رہے۔چند ہی ایام میں تمام چوہے وہاں سے کوچ کر جائیں گے۔انشاءاللہ۔

۱۲۔ اگر کوئی شخص لوگوں کی نظروں میں حقیر ہو۔تو چاہیئے۔کہ یہ اسمائے مبارکہ لکھ کر بازو پر باندھے۔اور انہیں اسماء کو روزانہ رات کو سونے سے پہلے تین سو تیرہ مرتبہ پڑھتا رہے۔تو جو اسے دیکھے گا۔عظیم المرتبت جانے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

۱۳۔ اگر کسی پر سحر کردیا گیا ہو۔تو چاہیئے۔کہ اِن اسمائے مبارکہ کو چینی کے برتن میں تین مرتبہ لکھ کر پھر پانی سے دھو کر مسحور کو اکیس ایام تک پلاتا رہے۔وہ سحر سے یقینی نجات پائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

۱۴۔ اگر کسی کو سر میں درد ہو۔تو ایسے شخص کو یہی اسمائے مبارکہ لکھ کر کسی کپڑے میں لپیٹ کر سر میں باندھ لے۔اور پھر اِنہیں اسمائے مبارکہ پندرہ مرتبہ پڑھ کر پھونکتا رہے۔دردِسر فوراً دفع ہوگا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

۱۵۔ اگر کسی کو آنکھوں میں درد ہو۔تو ایسے شخص کو یہی اسمائے مبارکہ لکھ کر کسی کپڑے میں لپیٹ کر سر میں باندھ لے۔اور پھر اِنہیں اسمائے مبارکہ پچیس مرتبہ پڑھ کر اپنی آنکھوں پر پھونکتا رہے۔یا کسی اور کو کہے۔کہ وہ پڑھ کر پھونکے۔دردِ چشم فوراً دفع ہوگا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

۱۶۔ اگر کسی تپ محرقہ یا تپ لرزہ ہو۔تو یہ اسمائے مبارکہ لکھ کر گلے میں باندھے۔اور اِن اسماء کو مسلسل مگر وقفے وقفے سے پڑھتا رہے۔چند ہی گھنٹوں میں دونوں تپ ختم ہوجائیں گے۔انشاءاللہ۔

۱۷۔ اگر کسی کو کوئی جسمانی تکلیف ہو۔جس کی وجہ سے وہ کمزور و ناتواں ہوگیا ہو۔تو چاہیئے۔کہ دن میں پانچ مرتبہ کسی چینی کی طشتری پر اِن اسمائے مبارکہ کو عرقِ گلاب وزعفران سے لکھ کر پلاتے رہیں۔تو تین سے پانچ ایام میں طبیعت پہلے جیسے سنبھل جائے گی۔بلکہ پہلے سے بھی زیادہ بہتری ہوجائے گی۔انشاءاللہ۔

۱۸۔ اگر کوئی مظلوم کسی ظالم کے ہاتھوں گرفتار ہو۔تو چاہیئے۔کہ یہ اسمائے مبارکہ لکھ کر دائیں بازو پر باندھ لے۔اور اِن اسمائے مبارکہ مسلسل پڑھتا رہے۔تو وہ ظالم شخص چند ہی روز میں اِس مظلوم شخص پر مہربان ہوجائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

چھوڑا نہ رشک نے کہ! تیرے گھر کا نام لوں   ہر اِک سے پوچھتا ہوں،کہ! جاؤں کِدھر کو میں ؟

☆ حضرت خواجہ غلام فرید کوٹ مٹھن کے ملفوظات بنام ''**مقابیس المجالس**'' میں مرقوم ہے۔کہ! ایک شخص بنام گل خان ولد امام بخش خان **بزدار** مجذوب ومجنون ہوگیا تھا۔لوگ اُسے شفاء کی خاطر حضرتِ اقدسؒ کی خدمت میں لائے تھے۔تاکہ قبلہ محترم اپنے کسی درویش کو حکم دیں۔ کہ گل محمد پر توجہ کرکے سلبِ مرض کریں۔چنانچہ آپؒ نے ایک خادم کو حکم فرمایا۔کہ! جس جگہ پر گل محمد خان اقامت پذیر ہے۔کہتے ہیں۔وہ جگہ منحوس ہے۔اور جنوں وپریوں کا مسکن ہے۔تم وہاں پر جاؤ۔اور وہاں پر چادر بچھا کر رُو بہ قبلہ بیٹھ جاؤ۔اور یہ دُعا اس ترکیب سے پڑھو۔دس مرتبہ پڑھ کر سامنے مغرب کی جانب دَم کرو۔پھر دس مرتبہ پڑھ کر پشت یعنی مشرق کی جانب دَم کرو۔پھر دس مرتبہ شمال کی طرف اور دس مرتبہ جنوب کی طرف دَم کریں۔(پھر دس مرتبہ بجانب سماء اور پھر دس مرتبہ اپنے سامنے زمین کی طرف دَم کرے۔یعنی دَم شش جہت کرنا لازمی ہے) دُعا یہ ہے۔

ثَزَايُو لِزَرْعَا زُوْشَا مَنُوْعَا عَالِمًا طَيُوْ ثُوْنَا شَلِيْخَا مَلِيْخَا مَلْخُوْ مًا وَ يَا قَيُّوْمُ بِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ـ

حدیث نبوی ﷺ : اللہ تعالیٰ نے خوشی اور آرام (درحقیقت) رضا اور یقین میں بنایا ہے۔

صدا میری عادت یہی رہے گی تجھے یاد   نہ کوئی شکوہ، نہ گلہ، جب بھی ملا تو مسکرا کے ملا

فضائل و خواص اسمائے اصحاب کہفؓ

حی و قیوم ذات ہے اللہ کی فقط زندہ ہمیشہ بات ہے اللہ کی فقط

ہمارے مرشد و مربی شیخ سید محبوب الٰہی شاہ بخاری قادری دہلویؒ نے ان اسمائے مبارکہ کے چند فوائد، خصائل و خواص جو کہ عام و خاص کے کام آنے والے ہیں۔ اپنے معمولات، مجربات، ملفوظات اور کتب میں درج فرمائے ہیں۔ تاکہ ضرورت مند حضرات فائدہ اٹھا کر ہمارے مرشد و مربی شیخ سید محبوب الٰہی شاہ بخاری قادری دہلویؒ کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔ اسمائے اصحاب کہفؓ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ο اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ يَمْلِيْخَا . مَكْسَلْمِيْنَا . كَشْفُوْطَطْ . تَبْيُوْنَس . كَشَافَطْيُوْنَس . اَذْرَفَطْيُوْنَس . يُوَانِس . بُوْنَس . بُوْس . وَاِسْمُ رَاعِیْ مَرْطُوْنَس وَاِسْمُ كَلْبِهِمْ قِطْمِيْرٌ οوَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَائِرٌ. وَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ اَجْمَعِيْنَο بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَο

تفاسیر کے مطابق اصحاب کہفؓ دراصل سات آدمی اور ایک ان کا سگ (کتا) تھا۔ یہ اصحاب دقیانوس بادشاہ جو کہ دعویٰ خدائی کیا کرتا تھا۔ کے زمانہ میں اپنا ایمان بچا کر ایک غار میں داخل ہو گئے۔ اور ابھی تک اسی غار ہی میں ہیں۔ جب آخر زمانہ میں جناب آخرالزمان حضرت مہدیؓ اور حضرت عیسیٰؑ تشریف لائیں گے۔ تو اس وقت اصحاب کہفؓ بھی اپنے غار سے باہر تشریف لائیں گے۔ اور لوگ جوق در جوق جناب آخرالزمان حضرت مہدیؓ کے دست حق پر بیعت ہو کر امت محمدیہ ﷺ میں داخل ہوں گے۔ انشاء اللہ۔ یہ اصحابِ ذی مقام و مرتبت بہت جلیل القدر، معزز اور انتہائے قابل احترام ہیں۔ اللہ تعالیٰ نہ صرف ان کے اسماء کے صدقے لوگوں کی دعائیں قبول فرماتا ہے۔ بلکہ ہمہ اقسام کے مصائب، مشکلات اور رنج و غم سے بھی نجات عطا فرماتا ہے۔ ان اسمائے مبارکہ کے ہزارہا، بےشمار و لاتعداد فوائد، خصائل و خواص میں سے چند یہ ہیں۔

۱۔ حضرت علیؓ بروایت حضرت سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں۔ کہ کہ جو شخص نام اصحاب کہفؓ لکھ کر اپنے پاس سفر و حضر میں رکھے گا۔ یا اپنے سامان میں رکھے گا۔ تو وہ ہر طرح کے خطرہ چور ڈاکو یا پانی میں ڈوبنا یا آگ میں جلنے سے حق تعالیٰ کی حفاظت میں رہے گا۔ کسی قسم کا اس کو نقصان نہ ہوگا۔ سلامت سفر سے گھر آئے گا۔

۲۔ اگر اصحاب کہفؓ کے نام لکھ کر اپنے مکان یا چھپر یا سامان میں رکھے گا۔ تو ایسا شخص ہر طرح کی حفاظت میں رہے گا۔ اور کبھی اس جگہ کو آگ نہ لگے گی۔ انشاء اللہ۔ بسیار مجرب ہے۔

۳۔ اگر کسی جگہ آگ لگی ہوئی ہو۔ اسمائے اصحاب کہفؓ سفید کپڑے پر لکھ کر اس کپڑے میں چند سنگریزے باندھ کر آگ میں ڈال دیں۔ فوراً آگ بجھ جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۴۔ اسمائے اصحاب کہفؓ لکھ کر لکڑی میں باندھ کر زمین کے چاروں طرف چکر دے کر پھر درمیان کھیت کے گاڑ دیں۔ تو اس کھیت میں کوئی جانور یا چوپا قطعاً نہ آئے گا۔ اور نہ ہی کسی دوسرے طریقہ سے کسی قسم کا کوئی نقصان ہوگا۔ اور تمام فصل اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں ہی رہے گی۔ انشاء اللہ العظیم۔

۵۔ اگر ان تمام اسمائے مبارکہ کو لکھ کر کسی کتاب یا غلہ میں رکھ دیں۔ تو ہمہ قسم کرم (کیڑوں) وغیرہ اور چوروں سے محفوظ و مامون رہے گا۔ اگرچہ وہاں پانی بھی آ جائے۔ تب بھی کوئی نقصان نہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۶۔ اگر ان تمام اسمائے مبارکہ کو لکھ کر کسی دردزہ والی عورت کی بائیں ران پر باندھے۔ تو بفضل الٰہی بچہ فوراً پیدا ہوگا۔ یا مٹی کے پیالہ پر لکھ کر دردزہ والی عورت دونوں ہاتھ اس پیالہ کو زمین پر توڑے۔ تو بھی فوراً بچہ پیدا ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۷۔ اگر ان تمام اسمائے مبارکہ کو مٹی کے پیالہ پر لکھ کر جہاں دریا زمین میں ڈھا لگا تا ہو۔ وہاں زمین کے اندر دفن کر دیں۔ تو دریا اس جگہ سے ہٹ جائے گا۔ اور پھر اس جگہ کبھی نہ آئے گا۔ انشاء اللہ۔

۸۔ اگر ان تمام اسمائے مبارکہ کو لکھ کر تیر یا بندوق پر باندھ دیں۔ کبھی نشانہ خالی نہ جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۹۔ اگر ان تمام اسمائے مبارکہ کو لکھ کر کسی مکان کے ہر کمرہ کے چاروں کونوں میں ایک ایک چسپاں کر دیں۔ اور چند بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مکان کے اندر باہر، اوپر نیچے ہر جگہ چھڑک دیں۔ تو ہر قسم کے جن بھوت پری بد ارواح اگر اس مکان میں ہوں۔ یا باہر سے اس مکان مین پتھر وغیرہ آتے ہوں۔ تو کل دفع ہو کر یہ جگہ ہر طرح سے اللہ تعالیٰ کی حفظ و امان میں رہے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۰۔ اگر ان تمام اسمائے مبارکہ کو لکھ کر کسی جنگجو یا مہم جو کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ اور وہ شخص کسی جنگ، مہم یا معرکہ میں جائے۔ تو ایسا شخص ہر طرح کے صدمے سے بچا رہے گا۔ اور منصور و مظفر واپس لوٹے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۱۔ اگر ان تمام اسمائے مبارکہ کو لکھ کر ہر قسم بخار، دردسر، درد سینہ کمر درد یا پیٹ درد والے مریض باندھیں۔ تو اللہ تعالی ان اسمائے مبارکہ کی برکت سے آرام اور شفاء عطا فرمائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۲۔ اگر ان تمام اسمائے مبارکہ کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ تو ایسا شخص نظر حکام و امراء و احباب وعزیز و اقارب میں محترم و معزز ہوگا۔ اور وہ ہر رنج وغم اور چور سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

۱۳۔ اگر کوئی حاجت مند دوگانہ قضائے حاجت پڑھ کر اسمائے اصحاب کہفؓ فقط سوبار پڑھے۔ اول وآخر چند بار (طاق تعداد میں) درود وسلام پڑھ کر ہاتھ اٹھا کر ان عزت والے اسماء کے وسیلے سے اللہ تعالی سے صدق قلب و نیت سے عاجزی و انکساری کے ساتھ دعا کرے۔ تو بفضل تعالی حاجت برآئے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

نــوٹ : ہمارے مرشد و مربی شیخ سید محبوب الٰہی شاہ بخاری قادری دہلویؒ فرماتے ہیں۔ کہ خواص ان اسمائے اصحاب کہفؓ کے ہزاروں ہیں۔ جس کام کے لئے کروگے۔ وہی ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اگر (اصحاب کہفؓ کے ناموں کو) کسی مال ومتاع پر لکھا جائے۔ تو وہ (مال) چوری سے محفوظ رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اگر کسی کشتی پر (اصحاب کہفؓ کے ناموں کو) لکھا جائے۔ تو وہ غرق نہیں ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اگر کوئی بچہ رات کو بہت روتا ہو۔ یا کسی بچے کو رات کو نیند نہ آتی ہو۔ تو ماں یا باپ کو چاہیئے۔ کہ اسمائے اصحابِ کہفؓ والی دُعا کو لکھ کر بچے کے گلے میں تعویذ بنا کر ڈال دیا جائے۔ تو وہ بچہ رات کو آرام وسکون سے سوئے گا۔ انشاء اللہ۔

ام الصبیان کو مریض یا مریضہ کو چاہیئے۔ کہ روزانہ رات کو سونے سے پہلے ان اسماء ے اصحابِ کہفؓ والی دعا کو 100-100 مرتبہ چند ایام تک پڑھے۔ تو اس مصیبت سے خلاصی پائے گا۔ انشاء اللہ۔

جناب مولانا حقی نازلیؒ اپنی تصنیف جلیلہ **خزینۃ الاسرار** میں فرماتے ہیں۔ اور آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہے۔ کہ اصحاب کہفؓ کے ناموں کو تم اپنی اولادوں کو سکھاؤ۔ کیونکہ ان ناموں کو اگر کسی گھر کے دروازے پر لکھا جائے۔ تو آگ اسے نہیں جلائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔


چلے کیتے پر رب نہ ملیا لینا کی چلیاں وچ وڑھ کے
بلھے شاہؒ جھاگ بنا دودھ نہی جمدا پانویں لال ہوے کڑھ کڑھ کے

زکاتِ اسمائے اصحابِ کہفؓ

: اگر کوئی شخص ایک سو بیس روز تک پرہیز روحانی (پرہیز جلالی و جمالی) کے ساتھ ہر نماز کے بعد 1000 بار (ایک ہزار بار) اور رات کو پانچ ہزار بار یہ اسماء اصحاب کہفؓ پڑھے۔ مگر اول وآخر 100 سے 100 بار درود پاک بمع پرہیز روحانی مع وضو اور صوم وصلوٰۃ کے ہمیشہ پڑھتا رہے۔ اور مکمل خلوت نشین رہے۔ تو اس شخص کو اس قدر دنیاوی اور اخروی نعمتیں اور رحمتیں حاصل ہوں گی۔ جو کہ اس کے وہم گمان میں بھی نہ ہوں گی۔ اور وہ شخص ان محترم ومقدس اسماء ے اصحاب کہفؓ سے مکمل طور پر مستفید ہو سکے گا۔ اور گمان غالب ہے۔ کہ ان مقتدر و پاکیزہ ہستیوں یعنی اصحاب کہفؓ کی زیارت سے بھی باریاب ہو۔ انشاء اللہ العظیم۔

اس زکات کی تکمیل کے بعد صاحب زکات کو چاہیئے۔ کہ ان اسماء کو روزانہ بعد نمازِ فجر وعشاء **100-100** مرتبہ تاحیات پڑھتا رہے۔ تا کہ ان اسماء کے کلی فوائد سے مستفید ہوتا رہے۔

نــوٹ: جناب مولانا حقی نازلیؒ اپنی تصنیف جلیلہ **خزینۃ الاسرار** میں فرماتے ہیں۔ کہ ابوسعید محمد مفتی خادم نے فرمایا ہے۔ کہ میں نے بحالت رویاء اصحاب کہفؓ کو دیکھا۔ اور میں نے ان سے پوچھا۔ کہ آپؓ کے اسمائے مبارکہ کو ہم بعض امور کے لئے تبرکاً لکھتے ہیں۔ لیکن کبھی کبھی ہم ان میں تاثیر نہیں پاتے۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ تو انہوں نے فرمایا۔ کہ تم ہمارے ان اسمائے مبارکہ کو دائرے کی شکل میں لکھو۔ اور وسط میں **قطمیر** لکھا کرو۔ جیسا کہ سامنے نقش میں دیا گیا ہے۔




محمد ﷺ گل اَست و علیؓ روئے گل شدہ فاطمہؓ درمیان بوئے گل
چوں عطرش برآمد حسینؓ و حسنؓ معطر ازاں شد زمین و زمن

حاضراتِ نفسی (سورہ فاتحہ کا مجرب المجرب عمل) :
اس حاضرات کی ابتداء سے قبل آنحضور نبی مکرم ﷺ ،خلفائے راشدینؓ وجمیع صحابہ کرامؓ کوسورہ فاتحہ ایصالِ ثواب کریں ۔(ایصالِ ثواب کا طریقہ یہ ہے ۔کہ! ایک مرتبہ سورہ فاتحہ معہ تسمیہ اورتین مرتبہ سورہ اخلاص ۔ یہ ایک مرتبہ ہوا۔اس طریق سے پانچ مرتبہ پڑھیں ۔تاکہ سورہ فاتحہ پانچ مرتبہ اورسورہ اخلاص پندرہ مرتبہ ہوجائے)ایصالِ ثواب کے بعد یہ کہو۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم . یَا اَصۡحَابُ النُّبُوَّةِ اَخَذۡتُ الۡاِذۡنِ مِنۡکُمۡ وَ بِاَجَازَتِکُمۡ وَ بِاِذۡنِکُمۡ اَقُوۡلُ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم . الحمد للہ رب العالمین . الرحمن الرحیم . مالک یوم الدین ۔۔۔ ولا الضالین. آمین ۔

یہ حاضراتِ نفسی کوئی بھی انسان خود پر کرکے معلومات حاصل کرسکتا ہے۔اس کا طریقہء کار یہ ہے ۔کہ! بازار سے ایک نیا آئینہ خرید کرلائیں ۔ آئینہ کی پشت پر سامنے والا نقش مرقوم کریں ۔آئینے کو بلند یا کسی کرسی پر رکھیں ۔اور آئینے کو دیکھتے ہوئے سورہ فاتحہ معہ تسمیہ تین سوتیرہ (**313**) مرتبہ پڑھیں ۔اور ہر سینکڑہ پر دس مرتبہ عزیمت پڑھیں ۔لیکن نقش بناتے وقت اورسورہ فاتحہ پڑھتے وقت لبان ذکر اور دھنیا کی دھونی بھی مسلسل دیتے رہیں ۔



عزیمت یہ ہے۔ **اُحۡضُرُوۡا یَا خَادِمِ هٰذِهِ السُّوۡرَةِ الشَّرِیۡفَةِ وَاکۡشِفِ الۡحِجَابَ بَیۡنِیۡ وَبَیۡنَکَ حَتّٰی اَرَاکَ بِعَیۡنِیۡ وَاُخَاطِبُکَ بِلِسَانِیۡ ۔**

جب گنتی پوری ہو جائے گی ۔تو آئینہ میں ایک شخص نمودار ہو گا ۔آپ اُسے سلام کریں ۔(السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ) پھر اُس سے اپنی حاجت بیان کریں ۔یعنی جس اَمر کے متعلق معلومات چاہتے ہیں ۔وہ درست معلومات فراہم کرے گا ۔ان شاء اللہ ۔

تھوڑی سی تحسین بھی اہل نظر کی ہے بہت
بے بصیرت نے اگر استاد بھی مانا تو کیا فائدہ

حاضراتِ نفسی (قدیم و مجرب طلسماتی عملِ حاضرات و روئیتِ موتٰی) :
یہ حاضرات علامہ رفیق زاہد کی کتاب ''بوستانِ طلسمات'' سے منقول ہے۔اس طلسماتی حاضراتِ نفسی کا طریق یہ ہے ۔کہ! صاف وکورے کاغذ پر دائرہ بناکر اس کے چاروں اطراف میں حروفِ ابجد تحریر کرکے دائرے میں ایک شیشے کا گلاس ٹکا دیں ۔اور مندرجہ ذیل طلسماتی کلمات کومسلسل تلاوت کرکے گلاس پر پھونکتے رہیں ۔چندہی لمحات بعد گلاس میں حرکت ہوگی ۔اس وقت عامل آمدہ روح کو پکار کر پوچھے۔''اے حاضر روح! بتاتُو کون ہے ؟عامل کے دریافت کرنے پر گلاس حرکت کرتے ہوئے مختلف حروف پر چلے گا ۔عامل کو چاہیئے ۔کہ! حروف کوعلیحدہ نوٹ کرتا چلا جائے ۔جب گلاس دوبارہ اپنی جگہ پر واپس آجائے ۔تو ان حروف کوملاحظہ کریں گے ۔تو وہ ایک بامعنٰی فقرہ بن جائے گا ۔جس سے کہ حاضر روح کے بارے میں معلومات ہوں گی ۔اَب عامل پر منحصر ہے ۔کہ! اسی روح سے یا پھراس روح کی مدد سے دوسری روح کو حاضر کرکے سوالات کرنا شروع کریں ۔مقصد ومطلب ضرور حاصل ہوگا۔طلسمات کلمات یہ ہیں ۔

حَنۡطًا . مَنۡطًا . مَلۡجًا . عَلَیُوۡنٍ . هَانِیۡطٍ . سَمۡعًا . سُعۡبَتِ یَا مَنۡ لَّهُ الۡاَ سۡمَآءُ الۡحُسۡنٰی وَالصِّفَاتِ الۡعُلۡیَا وَالضِّیَآءِ وَالۡبُهۡجَةِ اِلَیۡهَا رَبِّ اَعِنِّیۡ بِمَلَآ ئِکَتِکَ وَالۡجِیۡبُوۡنِیۡ طَآ ئِعِیۡنَ یَفۡعَلُوۡنِیۡ جَنَّ (کذا و کذا) اَجِیۡبُوۡا اَیُّهَا الرُّوۡحُ الۡعَالِیَّةِ مَنۡ قَالَ لِلسَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ائۡتِیَا طَوۡعًا اَوۡ کَرۡهًا قَالَتَا اَتَیۡنَا طَآ ئِعِیۡنَ . آمِیۡن . یَا رَبُّ الۡعَالَمِیۡنَ ۔

تنہائی میں بھی فکر جماعت کی جی میں ہے
دنیا میں مَیں نہیں ہوں یہ دنیا مجھی میں ہے

تسخیر جنات وروحانیات کا طریقہ مجربہ اَز حضرت امام غزالیؒ :
جوشخص جنات سے ملاقات کرنا چاہے ۔یا ان سے کلام کرنا اوران کا کلام سننا چاہے ۔تو وہ ایک خالی مکان میں نوچندی سے یک شنبہ سے چہارشنبہ کے دن تک بیٹھ کرلوبان کی دھونی روشن کرے ۔اور عمل کے اختتام تک برابرلوبان سلگتا رہے ۔(یعنی پورے عمل کے دوران اس کی دھونی ہو) اور ایک کنڈل کھینچ کر اس کے اندر بیٹھ جائے ۔اور چالیس مرتبہ سورہ ء جن پڑھے ۔(کچھ علمائے روحانیین نے پچاس مرتبہ بھی لکھا ہے) تو جنات کا بہت بڑا لشکر حاضر ہوگا ۔اس لشکر میں سے عامل جس کو چاہے ۔اپنی خدمت واطاعت کے واسطے مخصوص کرلے ۔ اوران سے کچھ خوف نہ کرے ۔چاہیئے ۔کہ! اس جن سے تسخیر کرنے ،طلسم بنانے یا خزانہ نکالنے یا حب وبغض کا کام لیتا رہے ۔

بہت جی خوش ہوا ، حالی سے مل کر
ابھی کچھ لوگ اچھے ہیں جہاں میں

حاضرات بر طفل (مجرب المجرب عمل) :

کسی بھی میڈیم (یعنی نابالغ لڑکا یا لڑکی) کو نہلا کر صاف ستھرے کپڑے پہنا کر اپنے سامنے بٹھائیں ۔ کوئی خوشبو دار دھنہ یا اگربتی بھی سلگا لیں ۔ تا کہ وہ جگہ خوشبودار ہو جائے ۔ اب اس میڈیم کے ہر دو ہاتھوں پر سیاہ روشنائی لگائیں ۔ اور درج ذیل عزیمت کلمات کو ماش کے دانوں پر دم کر کر کے ماش کے دانے میڈیم کو مارتے رہیں ۔ زیادہ سے زیادہ اکیس (21) مرتبہ پڑھنے سے ہتھیلی پر ایک عجیب سی صورت اس میڈیم کو نظر آئے گی ۔ اس سے اپنے حل طلب مسئلے کا حل پوچھیں ۔ یا کسی گمشدہ انسان یا چیز کا پوچھیں ۔ صحیح جواب مل جائے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔ عزیمت یہ ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ فَتْحُوْنَ -3 مرتبہ ۔ جِنْتُک -3 مرتبہ ۔ عَا فِيْثًا -3 مرتبہ ۔ شَفِيْعًا -3 مرتبہ ۔ عَطِيْشًا -3 مرتبہ ۔ سُرُوْرًا -3 مرتبہ ۔ قُدُوْرًا -3 مرتبہ ۔ سَهْلًا -3 مرتبہ ۔ نَهْلًا -3 مرتبہ ۔ اُحْضُرُوْا يَا قَوْم حَاضِرَاتٍ مِنْ جَانِبِ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ وَالْجُنُوْبِ وَالشِّمَالِ بِحَقِّ سُلَيْمَانِ بْنِ دَاءُوْدَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَلْوَحَا -3 مرتبہ ۔ اَلْعَجَلُ -3 مرتبہ ۔ اَلسَّاعَةُ -3 مرتبہ ۔ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَعَلَيْكُمْ ۔

جنات و روحانیات کی تسخیر میں کامیاب ہونے کی کلید: (بمطابق ابن الحاج تلسمانی المغربیؒ درشموس الانوار)

آبادی سے دور کہیں خلوت نشین ہو ۔ ہر حیوانی چیز سے پرہیز کرے ۔ اور صوم وصلوٰۃ کی پابندی کے ساتھ عروج ماہ میں ہفتہ کے روز سے اس ریاضت کو شروع کیا جائے ۔ ہفتہ کے دن عامل کو چاہیے ۔ کہ تسبیحات ، تحمیدات ، تہلیلات اور درود وسلام سے اس ریاضت کا باقاعدہ آغاز کیا جائے ۔ پھر اتوار کے دن ہر نماز کے بعد یہ آیت پاک 900 (نوسو) بار مگر اول وآخر 11،11 بار درود وسلام پڑھیں ۔ آیت مبارکہ یہ ہے ۔

وَكَذٰلِكَ نُرِيْ اِبْرَاهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ (سورۃ انعام ۔ آیت نمبر 75)

عامل نویں یا دسویں دن اپنی دائیں ہتھیلی پر ایک دینار کے برابر مہندی کے رنگ کا نشان پائے گا ۔ بہر حال یہ ریاضت (۱۱) گیارہ دنوں تک کی ہے ۔ یہ دراصل ملوکِ اجنہ کی طرف سے ایک واضح نشانی اور عہد نامہ ہوگا ۔ کہ گویا انہوں نے عامل سے یہ عہد کر لیا ۔ کہ وہ عامل کی ہر امداد و تسخیر میں دائمی طور پر معاون رہیں گے ۔ اور عامل کو تسخیرات اجنہ کے بارے میں ہر مراد کے لکھنے کا حکم دے دیا ۔ اور یہ نشان بھی ہتھیلی سے دور ہونا دشوار ہے ۔ البتہ عامل چاہئے ۔ کہ وہ اس بات کو ہر کسی سے پوشیدہ رکھے ۔ بلکہ کوشش کرے ۔ کہ عامل کا ہاتھ بھی کوئی نہ دیکھ سکے ۔ امام غزالی نے اپنی کتاب **سر القاطع** میں اور ابن الحاج تلسمانی المغربیؒ نے **شموس الانوار** میں اس عمل کی بہت تعریف وتوصیف بیان کی ہے ۔ عامل خود بھی اپنے روحانی تصرف سے اس نشان کو لوگوں کی نظروں سے مخفی رکھ سکتا ہے ۔ تا کہ عامل کے سوا کوئی دوسرا نہ دیکھ سکے ۔

سید عبد الکریم مؤکل سورہ کوثر کی یقینی تسخیر : (مختصر اور مجرب عملِ تسخیر)

اس عمل میں **سورہ کوثر** کا مؤکل تین سے سات روز میں حاضر ہو کر دائمی اطاعت وفرمانبرداری کا دم بھرتا ہے ۔ اس عمل کی شرائط میں پرہیز روحانی ، خوشبوئیات کا سلگانا ، خلوت نشینی ہیں ۔ جن کا بجالانا ضروری قرار دیا گیا ہے ۔ عمل کا طریقہ کار یہ ہے ۔ نوچندی جمعرات سے ہر نماز کے بعد ہزار (**1000**) بار سورہ کوثر اس طرح پڑھیں ۔ کہ ہر سو مرتبہ سورہ کوثر پڑھنے کے بعد یہ عزیمت دس بار پڑھیں ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِمُوْجِبَاتِ مَعْرِفَتِكَ وَخَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ وَبَلَطَآئِفِ مَغْفِرَتِكَ وَعَزَآئِمِ قُدْرَتِكَ اَنْ تُسَخِّرَ لِيْ خَادِمِ هٰذِهِ السُّوْرَةِ الشَّرِيْفَةِ عَبْدَكَ عَبْدَ الْكَرِيْمِ اِلَّا مَا اَجَبْتُ وَسَمِعْتُ وَاَطَعْتُ بِحَقِّ شَرْدِيْخٍ شَرْدِيْخٍ مَرْدِيْخٍ مَرْدِيْخٍ بِحَقِّ مَنْ كَلَّمَ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا عَلٰى جَبَلِ طُوْرِ سِيْنَآءَ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلسَّاعَةِ اَلسَّاعَةِ ۔ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكَ وَعَلَيْكَ ۔

مؤکل آن حاضر ہوگا ۔ اس کی آمد پر ہی عامل کو چاہیے ۔ کہ ! طریقہ حاضری پوچھ کر اس کو دائمی طور پر اطاعت وفرمانبرداری کا حکم دے ۔ اور اِس مؤکل سے دوبارہ حاضر ہونے کی نشانی لے ۔ اور بلانے کا طریقہ پوچھ لے ۔ تا کہ دوبارہ یہی ریاضت نہ کرنی پڑے ۔ بعد قول وقرار اس کو جانے کو کہا جائے ۔ اگر تیسرے دن نہ آئے ۔ تو پانچویں ، ساتویں یا حد گیارہویں روز تک لازمی آ ہی جائے گا ۔ ان شاء اللہ ۔ اگر پھر بھی نہ آئے ۔ تو عامل سے کوئی غلطی وکوتاہی ہوئی ہوگی ۔

ایک عظیم مؤکل کی آسان تسخیر (**ہیلوش**) :

یہ عظیم مؤکل وہ تمام امور سرانجام دیتا ہے ۔ جن کی طالب صادق خواہش کرتا ہے ۔ بشرطیکہ ! وہ امور شریعت کے عین مطابق ہوں ۔ بہر حال اس مؤکل کی تسخیر فقط تین سے گیارہ ایام میں بہرصورت تکمیل پذیر ہوتی ہے ۔ اس عمل میں پرہیز روحانی اور خلوت نشینی کو از حد ضروری قرار دیا گیا ہے ۔ عروج ماہ قمری میں نوچندی منگل کے دن صبح سے اس عمل کا آغاز کریں ۔ دوران پڑھائی کوئی خوشبو دار بخور یا کسی اگربتی کی دھونی دینا لازمی ہے ۔ روزانہ پڑھائی سے پہلے تین بار آیت الکرسی پڑھ کر حصار بدنی کر لیں ۔ بعد از حصار کے اس اسم کو بلا کمی و بیشی تعداد 1500 پندرہ سو بار ہر نماز کے بعد پڑھا جائے گا وہ اسم مبارک یہ ہے ۔ هَيْلُوْشٍ ۔ (Hai-Loo-Shin)

سورہ فاتحۃ الکتاب سے تسخیرِ مؤکل : (از حضرت مولوی حقی نازلیؒ درکتاب خزینۃ الاسرار)

جو بھی شخص روحانیین میں سے آشنائی کرنا چاہے۔تو وہ کسی بھی قمری ماہ کی نوچندی جمعرات کو بعد نماز عشاء آغاز کرے۔پرہیز روحانی مع صوم وصلوٰۃ، بخورات سلگا کر اور خلوت نشیں رہ کر) غسل کر کے پاک ومصفّٰی ہو کر خلوت گاہ میں بیٹھے۔دورانِ ریاضت کسی سے بھی کلام نہ کرے۔اِس عمل کی ریاضت 29 یا 30 دنوں پر مشتمل ہے۔پہلی رات میں 99 مرتبہ **سورہ فاتحہ** اور **اسماءُ الحسنٰی** 1 مرتبہ پڑھنے ہیں۔دوسری رات میں **سورہ فاتحہ** 98 مرتبہ اور **اسماءُ الحسنٰی** 2 مرتبہ پڑھنے ہیں۔اِسی سلسلے کو پندرھویں رات تک جاری رکھنا ہے۔جبکہ سولھویں (16) رات سے **سورہ فاتحہ** کو زیادہ اور **اسماءُ الحسنٰی** کو کم کرکے پڑھنا ہے۔اور آخر ماہ تک اِسی طرح سے پڑہائی کرنا ہوگی۔اُسی ریاضت کے ماہ قمری کی آخری رات کو **روحانیین** میں سے کوئی شخص نہایت عمدہ صورت میں صاحب دعوت کے پاس آکر ساتھی بن جائے گا۔پھر صاحب دعوت خادم کی حاضری کا طریقہ پوچھ لے۔

آیت الکرسی کے عظیم مؤکلات سے کام لینے کا مجرب طریقہ :

یہ چار مؤکلات سبز رنگ کے پرندوں کی صورت ملے ہوئے پروں کے ساتھ آن حاضر ہو کر عامل کی خواہش کو پورا کرنے کے بعد واپس چلے جاتے ہیں۔بہرحال ان مؤکلات کی حاضری ایک دن سے ایک ہفتہ میں ہو جاتی ہے۔اس عمل میں پرہیز روحانی از حد ضروری قرار دیا گیا ہے۔اس عمل کے دوران ہر قسم کے پھل فروٹ کھائے جا سکتے ہیں۔عروج ماہ قمری میں نوچندی جمعرات کے دن سے اس عمل کا آغاز کریں۔دوران پڑھائی کوئی خوشبودار بخور یا کسی اگربتی کی دھونی دینا لازمی ہے۔روزانہ پڑھائی سے پہلے تین بار آیت الکرسی پڑھ کر حصار بدنی کرلیں۔ بعد از نماز عشاء حصار کرکے آیت الکرسی کو فقط تین سو تیرہ بار اس طرح پڑھیں۔کہ ہر بار آیت الکرسی کے بعد یہ عبارت پڑھی جائے گی۔**بِسُرْ يَاخٍ** ۲. **كَشِيُ هَنْلَخٍ** ۲. **شَلْخَمَةٍ** ۲. **طَلَخٍ** ۲. **اُحضُرُوْا بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَ عَلَيْكُمْ وَ افْعَلُوْا بِكَذَا وَ كَذَا** (یعنی حاجت کا نام لینا ہے) **اَلْوَحَا** ۲ **اَلْعَجَلُ** ۲۔ **اَلسَّاعَةُ** ۲۔ یہ چاروں مؤکلات جب حاضر آن حاضر ہوں۔تو ان چاروں سے اپنی حاجت بیان کریں۔تو وہ آپ کی حاجت کو پورا کرنے کے پابند ہوں گے۔بعد حاجت روائی کے ان کے روبرو یہ انصراف پڑھو۔ **اِنْصَرَفُوْا اِلٰى مَا اَمَرْتُكُمْ بِهٖ اِنْصَرِفُوْا مَاجُوْرِيْنَ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَ عَلَيْكُمْ وَ جَزَاكُمْ عَنَّا خَيْرًا** ۔ اس انصراف کے پڑھتے ہی وہ چاروں واپس چلے جائیں گے۔

اس کو نا قدری ء عالم کا صِلہ کہتے ہیں   مر گئے ہم تو زمانے نے بہت یاد کیا

آیت الکرسی کے عظیم مؤکل کی تسخیر کا مجرب طریقہء عمل:

آیت الکرسی کے اس عظیم وطاقتور مؤکل (ملک کندیاس) کی تسخیر کے سلسلے میں میرے مرشد ومربی سید محبوب علی شاہ بخاری دہلویؒ نے بہت توصیف وتعریف فرمائی ہے۔اس عمل کا مکمل اور مجرب طریقہ یہ ہے۔کہ! پرہیز روحانی، خلوت اور خوشبویات کی دھونیوں سے نوچندی دوشنبہ (سوموار) سے اس عمل کا باقاعدہ آغاز اس طرح کریں۔کہ سوموار کو پورا دن درودوسلام، استغفار اور تسبیح وتہلیل میں گزاریں۔

پھر بروز سہ شنبہ (منگل) سے پانچوں نمازوں میں ہر نماز کے بعد (71) اکہتر بار آیت لکرسی مع تسمیہ پڑھ کر (7) سات بار عزیمت آیت الکرسی پڑھیں۔لیکن یاد رہے۔کہ پڑھائی کی تعداد میں کسی قسم کی کوئی کمی وبیشی نہ ہو۔اور دوران پڑھائی کوئی خوشبودار دھنہ یا کسی اگربتی کی دھونی لازمی ہونی چاہیئے۔اور ذیل میں دیا گیا خاتم آیت الکرسی بھی سر پر یا اپنی ٹوپی میں رکھنا لازمی ہے۔اور بوقت سحر وافطار اس نقش کو کسی طشتری (بغیر لائن وڈیزائن) پر لکھ کر پینا بھی ضروری ہے۔تاکہ عامل عمل ھذا اس عمل کی رجعت سے محفوظ ومامون رہے۔جن محترم ومکرم عاملین نے اس عمل کو باحسن سرانجام دیتے ہوئے کامیابی حاصل کی۔انہوں نے اس عمل کی استجابت کے سلسلے میں چند علامات اور نشانیوں کی بھی نشاندہی فرمائی ہے۔جیسے کہ! کتاب جواہر الاولیاء اور حضرت امام غزالیؒ کی کتب وغیرہ کو ملاحظہ فرمایا جا سکتا ہے۔

۱۔ پہلی نشانی یہ ہوگی۔کہ صاحب عمل کے خلوت خانے کے کسی ایک گوشے سے گدھے کی صاف اور واضح آواز سنائی دے گی۔۲۔ دوسری نشانی یہ ہوگی۔کہ خلوت خانے کے اوپر (چھت پر یا چھت سے بھی اوپر) گھوڑوں کے دوڑنے یا ریل گاڑی کے چلنے کی سی آواز سنائی دے گی۔

۳۔ تیسری نشانی یہ ہوگی۔کہ لوہے کی تین قطاریں (سرخ، سفید اور سیاہ لوہے کی قطاریں) خلوت خانے کے دروازے سے داخل ہو کر خلوت خانے میں سے ہوتی ہوئیں خلوت خانے سے باہر نکل جائیں گی بہرحال یہ تینوں علامات اور نشانیاں تین یا پانچ منٹ سے زیادہ کی نہ ہوں گی۔لہذا عامل کو قطعاً خوف زدہ نہیں ہونا چاہیے۔ ۴۔ چوتھی نشانی اس عمل کی یہ ہوگی کہ خلوت خانے کی کوئی ایک دیوار پھٹ جائے گی اور نور کا ایک عظیم خادم (مؤکل) عامل کے پاس آحاضر ہوگا۔اور **السلام و علیکم** ورحمۃ وبرکاتہ **یا ولی اللہ**۔اس وقت عامل کو چاہیے کہ نہایت ادب واحترام، عاجزی وانکساری اور اطمینان وطمانیت سے سینہ پر ہاتھ رکھ کر عامل جواب میں عرض گزار ہو **وعلیك السلام** ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ پھر وہ نورانی خادم پوچھے گا کہ! **اے ولی اللہ**! آپ ہم سے کیا چاہتے ہیں تو عامل کو چاہیے کہ نہایت ادب واحترام، عاجزی وانکساری اور اطمینان وطمانیت سے سینہ پر ہاتھ رکھ کر عامل جواب میں عرض گزار ہو کہ میں آپ سے ایک ایسے خادم کی درخواست کرتا ہوں جو کہ میرے جمیع امور میں ہمیشہ معاون ومددگار رہے۔ جب میں گزارش کروں تو وہ مجھے لاکھوں میل تک دور لے جائے یا واپس لائے میرے روز کے نان نفقہ کا، ماکولات ومشروبات رزق و

روزی کی فراہمی میں میری ہمیشہ مدد کرتا رہے۔ مال و اسباب کی فوری فراہمی بھی کرتا رہے تا کہ میرے تمام معمولات زندگی با حسن طریق رواں دواں رہیں۔ تو وہ خادم اثبات میں سر ہلائے گا اور پھر وہ کہے گا کہ! **اے ولی اللہ** ! یہ سونے کی انگشتری لے لو اس انگشتری کے اندر اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم منقوش ہے یہ تیرے اور میرے درمیان ایک میثاق (یعنی عہد) ہے جب اور جہاں پر میری ضرورت یا حاجت ہو تو اس **انگشتری** کو دائیں ہاتھ میں رکھ کر تین بار آیت الکرسی کی عزیمت پڑھ کر کہیں کہ **یا ملک کندیاس احسنی بحضورک** ۔ پھر اپنی حاجت بیان کرنا تو میں اسی وقت آپ کی حاجت کو پورا کرنے کا پابند ہوں گا۔ (صاحب عمل کو چاہیے ہے شرعی حدود کے اندر رہتے ہوئے اپنی حاجات کو بیان کرے ورنہ صاحب عمل کو جانی نقصان اور عظیم رجعت بھی ہوسکتی ہے۔ **عزیمت** آیت الکرسی یہ ہے۔ جو کہ درحقیقت اس عمل کی روح و جاں ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی اَشْرَفِ الْمُرْسَلِیْنَ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ وَاَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ ۔ یَارَحْمٰنُ یَارَحْمٰنُ یَارَحْمٰنُ ۔ یَارَحِیْمُ یَارَحِیْمُ یَارَحِیْمُ ۔ یَاہ یَاہ یَاہ ۔ یَا رَبَّاہُ یَا رَبَّاہُ یَا رَبَّاہُ ۔ یَا سَیِّدَاہُ یَا سَیِّدَاہُ یَا سَیِّدَاہُ ۔ یَا ھُوَ یَا ھُوَ یَا ھُوَ یَاغَیَاثِیْ عِنْدَشِدَّتِیْ یَاغَیَاثِیْ عِنْدَشِدَّتِیْ یَاغَیَاثِیْ عِنْدَ شِدَّتِیْ ۔ یَا اَنِیْسِیْ عِنْدَ وَحْدَتِیْ یَا اَنِیْسِیْ عِنْدَ وَحْدَتِیْ یَا اَنِیْسِیْ عِنْدَ وَحْدَتِیْ ۔ یَا مُجِیْبِیْ عِنْدَدَعْوَتِیْ یَا مُجِیْبِیْ عِنْدَ دَعْوَتِیْ یَا مُجِیْبِیْ عِنْدَ دَعْوَتِیْ ۔ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ ۔ اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۔ یَااَللّٰہُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَامَنْ تَقُوْمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بِاَمْرِہٖ یَا جَامِعُ الْمَخْلُوْقَاتِ تَحْتَ لُطْفِہٖ وَقَھْرِہٖ اَسْئَلُکَ اَللّٰھُمَّ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ رُوْحَانِیَّۃِ ھٰذِہٖ الْاٰیَۃِ الشَّرِیْفَۃِ یُعِیْنُوْنِیْ وَ یَقْضُوْ احَاجَتِیْ وَ ھِیَ (یہاں پر حاجت کا نام لینا ہے) یَامَنْ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ۔ اِھْدِنَا اِلَی الْحَقِّ وَ اِلٰی طَرِیْقٍ مُّسْتَقِیْمٍ حَتّٰی اَسْتَرِیْحُ مِنَ النَّوْمِ ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ یَا مَنْ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَالَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗ اِلَّا بِاِذْنِہٖ اَللّٰھُمَّ اشْفَعْ لِیْ وَاَرْشِدْ نِیْ فِیْمَا اُرِیْدُ مِنْ قَضَآءِ حَوَآئِجِیْ وَاَثْبَاتَ قَوْلِیْ وَفِعْلِیْ وَعَمَلِیْ وَبَارِکْ فِیْ اَھْلِیْ یَامَنْ یَّعْلَمُ ما بین ایدیھم و ما خلفھم و لا یحیطون بشیء من علمہ ۔ یَا مَنْ یَّعْلَمُ ضَمِیْرَ عِبَادِہٖ سِرًّا اَوْجَھْرًا اَسْئَلُکَ اَللّٰھُمَّ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلٰئِکَۃَ الْکِرَامِ وَخُدَّامُ ھٰذِہِ الْاٰیَۃِ الْعَظِیْمَۃِ وَالدَّعْوَۃِ الْکَرِیْمَۃِ الْمُنِیْفَۃِ یَکُوْنَ لِیْ عَوْنًا عَلٰی قَضَآءِ حَوَآئِجِیْ حَوْلًا حَوْلًا حَوْلًا ھِیْلًا ھِیْلًا ھِیْلًا جُوْلًا جُوْلًا جُوْلًا مَلَکًا مَلَکًا یَامَنْ لَّا یَتَصَرَّفُ فِیْ مُلْکِہٖ اِلَّا بِمَاشَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ سَخِّرْلِیْ عَبْدِکَ کُنْدِیَاسِ حَتّٰی یُکَلِّمُنِیْ فِیْ حَالِ یَقْظَتِیْ وَیُعِیْنُوْنِیْ فِیْ جَمِیْعِ حَوَآئِجِیْ یَا مَنْ وَّلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ یَا حَمِیْدُ یَا مَجِیْد یا باعث یا شھید یا حق یا وکیل یا قوی یا متین کُنْ لِّیْ عَوْنًا وَ مُعِیْنًا وَ حَافِظًا وَنَاصِرًا وَ اَمِیْنًا ۔ وَ سَخِّرْ لِیْ خَلْقِکَ الرُّوْحَانِیِّیْنَ حَتّٰی یَاْتُوْنِیْ خَاضِعِیْنَ طَآئِعِیْنَ ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ وَ سَلَّمْتُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ ۔ اَللّٰھُمَّ لَا مَلْجَا وَ لَا مَنْجَا اِلَّا اِلَیْکَ اَشْکُوْ اِلَیْکَ مَا لَا یَخْفٰی اِلَیْکَ ۔ اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنِیْ لِخَیْرِکَ وَ اُرْزُقْنِیْ بِفَضْلِکَ وَ رَحْمَتِکَ بِاَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اَیُّھَا السَّیِّدِ کُنْدَیَاس اَجِبْنِیْ اَنْتَ وَ خُدَّامَکَ وَ اَعْوَانِکَ و اَعِیْنُوْنِیْ فِیْ جَمِیْعِ اُمُوْرِی الدِّیْنِیْ وَدُنْیَاوِیْ بِحَقٍّ وَمَا تَعْتَقِدُوْنَہٗ مِنَ الْعَظْمَۃِ وَالْکِبْرِیَآءِ وَ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاٰیَۃِ الْعَظِیْمَۃِ و بِسَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ اَجِبْ اَیُّھَا السَّیِّدِ کُنْدَیَاس اَسْرَعُ مِنَ الْبَرْقِ وَمَا اَمْرُنَا اِلَّا وَاحِدَۃٌ م کَلَمْحِ الْبَصَرِ ۔ اَوْ ھُوَ اَقْرَبُ ۔ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ہ اس عمل کا خاتم یہ ہے۔ اس خاتم کے اردگرد پوری آیت الکرسی مع تسمیہ بھی تحریر کرنی ہے۔

۳۵۰۰	۳۵۰۳	۳۵۰۶	۳۴۹۳
۳۵۰۵	۳۴۹۴	۳۴۹۹	۳۵۰۴
۳۴۹۵	۳۵۰۸	۳۵۰۱	۳۴۹۸
۳۵۰۲	۳۴۹۷	۳۴۹۶	۳۵۰۷

دعوت و عزیمت آیت قلب سورہ یٰسین :

شیخ سید محمد یوسف ھندیؒ(**الشجرۃ النعمانیہ** میں) فرماتے ہیں ۔کہ! جب اس نے اس عظیم آیت کی خدمت (یعنی عمل ریاضت) کی بابت سنا۔تو کہا ۔کہ میں نے حکمرانی کو خیر باد کہا۔اور اس آیت کی خدمت کا طریقہ سیکھنے کے لئے سفر پر روانہ ہو گیا۔دوران سفر کئی مہینوں تک میں نے علم روحانیات (ماہرین جفار، نجوم و مال وغیرہ) سے سورۃ یٰسین شریف کی اس ریاضت کے بارے میں دریافت کیا۔تو کچھ علمائے عاملین نے مجھے بتایا ک۔ہ بیت اللہ الحرام کے نزدیک ایک شخص رہتا ہے ۔وہ اس کا علم رکھتا ہے ۔میں مکہ آ گیا۔اور اس شخص سے نہایت مودبانہ و عاجزانہ طریقے سے ملا۔مگر میں نے اپنا مدعا بیان نہیں کیا۔اور اس شخص کی خدمت شروع کر دی۔کم و بیش ایک برس تک میں اس کی خدمت میں مشغول رہا۔لیکن میں نے اس آیت مبارکہ کی خدمت (**ریاضت**) کے بارے میں کوئی سوال نہیں کیا۔ ایک دن میں حرم شریف میں بیٹھا ہوا تھا۔اور اب بھی میں نے اس سے کچھ دریافت نہیں کیا تھا۔کہ اس شخص نے مجھے خود مخاطب کرتے ہوئے خود ہی کہا۔کہ تمھارے جیسے (بے لوث خادم) کو کچھ دینا چاہتا ہوں ۔ پھر اس نے مجھے ایک ورق عنایت فرمایا۔اور خصوصی ہدایت فرمائی۔کہ تم اسے اچھی طرح سے ذہن نشین کر لو۔اس کے بعد خلوت نشیں ہو کر اس وظیفے پر عمل کرنا ہے ۔ جب میں نے اسے اچھی طرح سے یاد کر لیا۔تب میں خلوت نشین ہو گیا۔تا کہ صوم و صیام اور پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ ریاضت کا آغاز کر سکوں۔خلوت نشینی سے پہلے اس بزرگ نے اس عظیم المرتبت وظیفہ (یعنی ریاضت عمل) کا طریقہ اس طرح سے سکھایا تھا۔

طریق ریاضت : ہر فرض نماز کے 818 بار **سَلَامٌ قف قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ** o پڑھنا ہے پھر 1232 بار یہ آیت **سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الۡمَلٰٓئِکَةِ وَالرُّوحِ** پڑھنا ہے پھر اس کے بعد یہ عزیمت 7 سات بار پڑھنی ہے۔عزیمت یہ ہے۔ **اَب، اَبِی تُوۡقِ. جَلِیۡلِ ، یَادَارِحِیۡلِ ، غَابِ، اَغۡلِیُوۡبِ . عِیۡلِ ، اَغِیۡلِ ، قِیۡلِ ،وَاقِلِ ،تَامِ ، تَامُوۡمِ، نَجۡنِیۡمِ ، نَحۡشِ ، بَرۡ قِیَاشِ، سَمۡسَکِ ، هَمۡهَمِ ، طَمۡطَهُوۡرِ ، طَهُوۡرِهِ ، یَاشِمَالِ ، یَایَمِیۡنِ ، یَااَللّٰهُ ، یَابَاسِطُ . سَلَامٌ قف قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ** o اور رات کے وقت آیت (سلام ۔۔رحیم) کو (1781) سترہ سو اکیاسی بار پڑھنی ہے۔اور دعا **سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الۡمَلٰٓئِکَةِ وَالرُّوحِ (1232)** بارہ سو بتیس بار پڑھنی ہے۔اور عزیمت مذکورہ (41) اکتالیس بار پڑھنی ہے ۔مگر یہ یاد رہے ۔کہ خلوت میں دوران ریاضت کوئی بھی دوسرا شخص نہ آئے ۔اور ہر فرض نماز کے بعد اور رات کو جب یہ پڑھائی ہو۔تو عامل نے اپنے سر پر یہ وفق (نقش) اٹھا رکھا ہو۔اور یہی وفق (نقش) عامل سحر و افطار میں چینی کے برتن پر عرق وگلاب و زعفران کی روشنائی سے لکھ کر پانی ڈال کر لازمی پیا کرے ۔تا کہ ہمہ قسم رجعت سے محفوظ رہے ۔اور ہر مرتبہ دوران پڑھائی دھونی یا خوشبو لازمی ہو۔تیسرا دن گزار کر رات پڑھائی کے وقت دھونی کی مانند ایک پاکیزہ اور مسحور اور خوش کن خوشبو آتی ہوئی محسوس ہوگی ۔ جو کہ در اصل اس عمل کی قبولیت کی واضح علامت اور نشانی ہے ۔لیکن اس دوران کوئی روحانی مخلوق وغیرہ عامل کے سامنے نہیں آئے گی۔اس عمل کا خاتم (نقش) یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رحیم	من رب	قولا	سلم
136	131	257	273
132	139	270	256
271	255	133	138

سَلَامٌ قف قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ☆

جب عامل اپنے حجرے (خلوت کی جگہ پر) یہ پاکیزہ خوشبو محسوس کرے ۔تو چاہیے ۔کہ عمل مکمل کر کے آیت (سلام ۔۔۔رحیم) کو صرف دس بار پڑھ کر عزیمت کو ایک بار پڑھے ۔تو عامل کو ایک آواز سنائی دے گی ۔مگر کوئی نظر نہیں آئے گا۔اور آواز سنائی دے گی ۔ **ما ذا ترید یافلاں** (یعنی کہ اے فلاں آپ کیا چاہتے ہیں) اس وقت عامل کو چاہئے ۔کہ اس روحانی سے عہد لے ۔کہ وہ ہمیشہ عامل کا معاون و مددگار رہے گا۔

بوقت ضرورت جب عامل کو کچھ چاہیے ہو۔تو آیت قلب (**سَلَامٌ قف قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ**) کو صرف دس بار پڑھ کر عزیمت کو تین بار پڑھے ۔تو عامل کو ایک آواز سنائی دے گی ۔ اس وقت عامل نہایت ادب و احترام و اطمینان سے اپنی خواہش بیان کرے ۔ بہر حال عامل جو بھی خواہش کرے گا۔تو وہ (غائب روحانی) اسی وقت عامل کی خواہش کو پورا کرے گا۔خواہ عامل کی خواہش مال و منال کی ہو۔یا ماکولات و مشروبات کی ہو۔یا کسی اور دنیاوی چیز کی ۔ یاد رہے ۔کہ آیت قلب کے خدام (روحانیین) انتہائی وفادار اور فرمانبردار ہوتے ہیں ۔

یہ عشق نہیں آساں ، اتنا ہی سمجھ لیجئے — اِک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے

حضرت علی شیر خدا کا قولِ مبارک : حضرت علی المرتضٰیؓ نے فرمایا۔کہ! ریا کار (لوگوں کو دکھا کر کوئی عبادت یا نیکی کرنے والا) کی تین علامات ہیں ۔ایک یہ کہ! خلوت میں تو کاہل رہتا ہے ۔ اور لوگوں کے سامنے چست و چالاک رہتا ہے ۔ دوسرا یہ کہ! جب اس کی تعریف کی جاتی ہے ۔تو بڑھ چڑھ کر عبادت کرتا ہے ۔تیسرا یہ کہ! ملامت اور سرزنش سے اپنے عمل کو کم کر دیتا ہے ۔

اسمِ اعظم اللہ کے مؤکل کی آسان تسخیر کے دوعملیات :

طریقہ نمبر 1۔ برکات اسمِ ذات ﴿ اللہ ﴾ برائے قضائے حاجات وتسخیر مؤکلات رات کو اچھی خوشبو جلا کر تنہائی میں اسمِ ذات اللہ 4356 بار (جو 66 ضرب 66 کے اعداد کا مجموعہ ہے) پڑھے۔ اول 6 مرتبہ اسمِ ذات ''اللہ'' پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔ **سَاَلُتُکَ یَا اَللّٰہُ نَجّحِ مَقَاصِدِیُ بِتَسُخِیرِ اَمُلاکَ کِرَامٍ تَکَرَّمُتَ** ۔ پھر ہر 10 مرتبہ کے بعد ایک بار یہی دُعا پڑھے۔ اب اسمِ ذات 56 بار رہو گیا۔ اب باقی 4300 رہا۔ ہر سو کے بعد ایک بار یہ دعا مذکورہ پڑھے۔ اسی طرح (4356) بار مکمل کرے۔ اس کے بعد درج ذیل دعا 66 مرتبہ پڑھے۔ پھر ایک یا تین مرتبہ اپنا شجرہ طریقت پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اپنے عام وخاص جملہ مقاصد کو پالے گا۔ اور عجیب وغریب اسرار ملاحظہ کرے گا۔ جس سے اس کی تمام اغراض پوری ہو جائیں گی۔ اگر خاص مؤکل کی تسخیر کے حصول کی نیت سے 66 چھیاسٹھ ایام تک ہر نماز کے بعد اسی ترتیب سے کرے۔ تو عجیب کشف اسرار کا ظہور ہو گا۔ اور مؤکل عامل کو خواب و بیداری میں امورات مخفیہ کے بارے میں واضح ہدایات دے گا۔ اور کسی کو خبر نہ ہونے دے قضائے حاجت کے لئے ایک روزہ عمل کی عام اجازت اس کتاب کے ہر قاری کو فقیر سید محبوب الٰہی شاہ قادری علیہ الرحمہ کے فیضان سے ہے۔ لیکن روحانیت سے ملاقات وتسخیر کے لئے 66 چھیاسٹھ روز عمل کی اجازت پیرومرشد فقیر سید محبوب الٰہی شاہ قادریؒ کے سلسلہ کی کسی مجاز بزرگ وخلیفہ یا صاحبزدگان سے حاصل کرے۔ تا کہ کلی فوائد حاصل ہوسکیں۔ دعا یہ ہے۔ جو 66 بار پڑھی جاتی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم ۔ مُوۡجِدُ الۡاَشۡیَاءِ وَ مُبۡدِیۡھَا اَقۡسَمۡتُ عَلَیۡکَ اَیُّھَاالۡخَدِیۡم قَیۡطَرُوۡشُ بِاسۡمِ اللّٰہِ الۡعَظِیۡمِ الۡاَعۡظَمِ بِعِزِّ عِزِّ اللّٰہِ وَبِنُوۡرِ وَجۡہِ اللّٰہِ وَبِمَا جَرَاہُ بِہِ الۡقَلَمُ مِنۡ عِنۡدِاللّٰہِ اِلٰی خَیۡرِخَلۡقِ اللّٰہِ سَیِّدُنَا مُحَمَّدِ بۡنِ عَبۡدُاللّٰہِ وَرَسُوۡلِہٖ اَنۡ تَقۡضِیَ لِیۡ حَاجَتِیۡ (فلاں بن فلاں) **بِحَقِّ اِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ الۡعَظِیۡمِ ۔اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَالۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ** (پوری آیت الکرسی) **اَ لَّذِیۡ عَنَتَ لَہُ الۡوُجُوۡہُ بِذِلَّۃِ الۡاِسۡتِکَانَۃِ اِلٰی جَلَالَۃِ لَااِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقُیُّوۡمُ اِھۡیَا اِشۡرَاھِیَا اَذُوۡنَا یٔیۡ اَصۡبَاوُتُ آلِ شَدا یَ اللّٰہُ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ اَلۡوَحَا اَلۡوَحَا اَلۡعَجَلُ اَلۡعَجَلُ اَلسَّاعَۃُ اَلسَّاعَۃُ** ۔

طریقہ نمبر 2۔ جو شخص اسمِ ذات ''**اللہ**'' کی دعوت دینا چاہے۔ اس کو پہلے اخلاص قلب حاصل کرنا چاہیئے۔ (پرہیز روحانی مع صوم وصلوٰۃ، بخورات سلگا کر اور خلوت نشیں رہ کر) غسل کر کے پاک ومصفٰی ہو کر خلوت گاہ میں بیٹھے۔ دورانِ ریاضت کسی سے بھی کلام نہ کرے۔ اِس عمل کی ریاضت 14 دنوں پر مشتمل ہے۔ اِس ریاضت کا آغاز نوچندی جمعۃ المبارک سے کرنا ہے۔ مگر چاہیئے۔ کہ بروزِ جمعرات سے صوم وصیام وپرہیز کے لئے خود کو مستعد کر لیا جائے۔ اسم ذات کی ریاضتِ عظیمہ کا طریقہ یہ ہے۔ کہ ہر نماز کے بعد اسمِ اعظم ''**اللہ**'' کو ایک ہزار مرتبہ اور سورہ نور کی آیت نمبر 35 مع تسمیہ (**اللہ نور السموت ۔۔۔والله بکل شیء علیم**) کو پچاس مرتبہ پڑھنا ہے۔ اور رات کو اسمِ اعظم ''**اللہ**'' کو دس ہزار مرتبہ ایسے پڑھنا ہے۔ کہ ہر ہزار کے بعد مذکورہ آیتِ نور کو پچاس مرتبہ پڑھنا ہے۔ آخری روز ایسا محسوس ہو گا۔ کہ! تمام مکان نور سے معمور ومزین ہو گیا ہے۔ اور صاحب دعوت کو اپنے تئیں ایسا لگے گا۔ کہ وہ خود نور کے دریا میں گہرائی کے ساتھ محواستغراق اور ڈوب رہا ہے۔ پس چاہیئے۔ کہ دل کو مضبوط کر لے۔ کیونکہ یہ احساس چندمنٹ کا ہی ہو گا۔ اِس کے بعد ایک نورانی مؤکل آئے گا۔ اِس سے ہرگز نہیں ڈرنا چاہیئے۔ کیونکہ یہ کافی زیادہ مبارک نورانی مؤکل ہے۔ وہ صاحب دعوت سے کہے گا۔ **السلام علیکم** ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! صاحب دعوت نہایت ادب واحترام سے سلام کا جواب دے کر مؤدب بیٹھ جائے۔ اور اُس مؤکل سے ایک خادم کے لئے گزارش کرے۔ پھر صاحب دعوت خادم کی حاضری کا طریقہ پوچھ لے۔ اور پہلے والے نورانی مؤکل کو ادب کے ساتھ شکریہ کہہ کر رخصت کر دے۔ یاد رہے۔ کہ یہ خادم صرف شرعی امور میں معاون رہے گا۔ ورنہ اَز خود آزاد ہو جائے گا۔

عجیب وغریب عمل برائے دیدنِ ارواحِ علویہ و سفلیہ : (بمطابق حضرت شیخ بونیؒ درشمس المعارف)

اگر کوئی بھی شخص 28 عدد انڈے لے کر ہر ایک پر حروفِ معجمہ مع اضمار لکھ لے۔ اور پھر ایک شیشے اور سیسے کے پیالوں پر بھی حروفِ معجمہ مع اضمارات لکھ لے۔ پھر اِن انڈوں پر ایک مرغی کو بٹھا دے۔ اور روزانہ مرغی کو گیہوں کا دانہ کھلائے۔ اور اُن دونوں پیالوں میں پانی ڈالتا رہے۔ تا کہ مرغی اِنہی پیالوں میں سے ہی پانی پیا کرے۔ یہاں تک کہ اِن تمام انڈوں سے چوزے بھی نکل آئیں۔ جب یہ بچے دوتین ایام کے ہو جائیں گے۔ تو ایک عجیب سا امر دیکھنے کو ملے گا۔ کہ اِن میں سے ایک مرغ مسلسل اوپر کی جانب ہر وقت دیکھتا رہتا ہے۔ اور اِس مرغ کا سر بھی اوپر کی طرف پھرا ہوا ہو گا۔ یہ بہت قیمتی مرغ ہے۔ اس کی دل وجاں سے حفاظت کریں۔ ب یہ مرغ جوان ہو جائے۔ تو ایک بڑا سا پاک صاف تھال لے لیں۔ اور اِس مرغ کو اس طرح سے بشریعتِ مطابق ذبح کریں۔ کہ اِس مرغ کا تمام خون اِسی تھال ہی میں گرے۔ پھر اِس تھال کو ڈھانپ لیں۔ اور سایہ میں اِس خون کو خشک کریں۔ جب یہ خون خشک ہو جائے۔ تو اِس خون کو احتیاط سے کھرچ لیں۔ اور اس خشک خون کو پیس کر اس کا سُرمہ بنا لیں۔ جو بھی شخص اِس سرمہ کو آنکھوں میں لگائے گا۔ وہ بفضل خدا اپنی آنکھوں سے ارواحِ علویہ وسفلیہ کا معائنہ کرے گا۔ مدفون خزانوں کو دیکھنے پر قادر ہو گا۔

تیری زندگی اسی سے ، تیری آبرو اسی سے جو رہی خودی تو شاہی ، نہ رہی تو رو سیاہی

حاضری مؤکل (لمخلش) : (اَزامام بونیؒ دَرکتاب منبع اصول الحکمۃ)

جب کوئی شخص روحانیت **لمخلش** سے خدمات لینا چاہے اور وہ یہ چاہے کہ لوگوں کی نظروں سے پوشیدہ ہو، ہوا میں اڑے یا پانی پر چل سکے۔ یہ عمل ایسے ہی اسرار میں سے ایک ہے اس عمل پر ہر کوئی واقف نہیں ہوسکتا۔ سوائے ان کے جو اس عمل حکمت لاثانی سے واقف ہوں۔



اس طلسم کو ورق پر مشک وزعفران اور عرق گلاب سے لکھے اور ایک چوکی پر لٹکائے جو چار لکڑیوں کی ہو زیتون کی یا انار کی ہو یا چاروں کو ملا کر بنائی گئی ہو پاک بدن اور پاک لباس پاک مکان میں روزہ و ریاضت کے ساتھ ہے ہر نماز کے بعد عزیمت چالیس مرتبہ پڑھے اور رات میں سو مرتبہ پڑھے سات دن تک۔ عزیمت یہ ہے۔ **هَـلْهَيُوْب . مَهَلْطَشٍ . مَهَلْشَطٍ . شَكْهَلِيْلٍ. كَشْمَخٍ .طَخَلْشَفٍ. هَيْمَاهٍ** ۔ ساتویں روز ایک نور رات کو ظاہر ہوگا۔ اس وقت عامل کو چاہیئے کہ بلا خوف وخطر یہ کہے کہ مجھ پر ظاہر ہو جاؤ میری استطاعت کے مطابق۔ پس چار ملائکہ ظاہر ہوں گے۔ اور اشارہ سے پوچھیں گے تو کیا چاہتا ہے۔ پس کہے کہ میں آپ سے علوم اور حکمت سیکھنا چاہتا ہوں۔ پھر انہیں کے ساتھ اور چار لوگ ظاہر ہوں گے اور یہ کل آٹھ ہو جائیں گے۔ اس وقت ان آخری چار فرشتوں کے ہاتھ میں ایک ایک کتاب ظاہر ہوں گے پس ان سے کہے مجھے کچھ حصہ عطا کر دیں وہ اشارہ سے پوچھیں گے کہ تم کیا چاہتے ہوں پس ان سے کہے کہ میری ساتھ کلام کرو جیسے میں آپ سے کلام کر رہا ہوں پھر وہ کلام کریں گے پس ان سے طلب کرلو جو تم چاہتے ہو۔ وہ تم کو اسماء اور حکمت سکھائیں گے اور جو کچھ تم چاہو گے تم کو سکھائیں گے۔ اور ہوا میں اڑو گے پانی پر چلو گے لوگوں سے پوشیدہ ہوسکو گے اور جو کچھ تم چاہو گے تم کو سکھائیں گے اور تمہیں چھوڑ کر نہیں جائیں گے جب تک تم اپنے مطلوب تک نہ پہنچ جاؤ۔ (یہ عمل محتاج تجربہ ہے)

تسخیر مؤکلِ یقینی :

یہ عمل بار ہا کا مجرب المجرب اور مستند عمل ہے۔ اس کی اسناد اولیاء اللہ اور عمومی لوگوں سے تسلسل کے ساتھ آئی ہے۔ اس عمل کے لئے طہارت ظاہری و باطنی اور صوم وصیام وخلوت نشینی اور روحانی پرہیز لازمی قرار دی گئی ہے۔ روحانی پرہیز یہ ہے۔ گوشت ہر قسم، حیواناتی گھی وتیل، انڈا، دودھ، دہی، کچا لہسن، پیاز، مولی، ہینگ، سرکہ، شہد۔ بوس وکنار و جماع وغیرہ۔ اس عمل میں بہتر تو یہ ہے۔ کہ سحر وافطار میں پانی اور کھجور پر ہی اکتفا کیا جائے۔ خلوت نشینی، اکل حلال اور صدق مقال بھی بہت اہم ہے۔ اس عمل کا آغاز نوچندی جمعرات سے ہوگا۔ شب جمعہ کو بعد نماز عشاء روزانہ ایک تازہ چنبیلی یا گلاب کا پھول سامنے رکھ کر آیت مبارکہ مع تسمیہ **121** ایک سو اکیس بار صرف اکیس دنوں تک پڑھیں۔ عمل سے پہلے خوشبو دار بخورات یا اگربتی کی لازمی دھونی دیں۔ آیت مبارکہ کا موکل حاضر کر اطاعت کا دم بھرے گا۔ اور عاملین کی دینی ودنیاوی حاجات کے لئے یہ موکل تا حیات کفالت کرتا رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ موکل کے حاضر ہونے پر عہد و پیمان لے کر طریق حاضری پوچھ کر اس دن کا پھول موکل کو نہایت ادب واحترام سے تحفۃً پیش کر دیں آیت مبارکہ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم o وَمَنۡ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجۡعَلۡ لَّه مَخۡرَجاً ، وَّ يَرۡزُقۡهُ مِنۡ حَيۡثُ لَا يَحۡتَسِبُ وَمَنۡ يَّتَوَكَّلۡ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسۡبُه ۔ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمۡرِهٖ . قَدۡ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَىۡءٍ قَدۡرًا ۔ (سورۃ الطلاق۔ آیت نمبر 3-2)

سلسلے توڑ گیا وہ سبھی جاتے جاتے ورنہ اتنے تو مراسم تھے، کہ آتے جاتے

تسخیر و دیدنِ جنات : (بمطابق حضرت مولانا محمد رفیق زاہد صاحب ماہر طلسمات ۔ در کتاب ۔ قانونِ طلسمات)

اگر کسی شخص کو تسخیر و حاضری ء جنات کے دیکھنے کی غرض ونیت دامن گیر ہو۔ تو وہ شخص آبادی سے دور کسی سنسان و ویران اور دور افتادہ مقام پر طلوعِ آفتاب سے قبل چلا جائے۔ (اس عمل کا وقت کچھ کتب میں ظہر وعصر کے مابین بھی بتایا گیا ہے) پہلے وہ آیت الکرسی سات مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے ہاتھوں کو پورے جسم پر پھر دے۔ اور اِن اسمائے طلسمات (یہ **اسماء** دراصل رسالہء **ارثماطیقی منسوب بہ حضرت ادریس نبیؑ** سے ہیں۔ **جو کہ زمین میں مدفون تھا۔ اور جس کو حکیم بلیناس نے زمین سے نکالا تھا**) کو چند ایک مرتبہ پڑھ کر ایک مٹھی بھر مٹی اُٹھائے۔ اور اس مٹی کو اپنے چاروں اطراف میں پھینک دے۔ جونہی عامل ایسا کرے گا۔ تو وہ مُلاحظہ کرے گا۔ کہ عامل کے ارد گرد گرد وغبار کے طوفانی بگولے پیدا شروع ہو جائیں گے۔ عامل کو چاہیئے۔ کہ وہ بلا کسی خوف وخطرے کے کسی ایک طوفانی بگولے کی طرف سرعت کے ساتھ چلا جائے۔ اور اُس کھڑا ہو جائے۔ تو اس طوفانی بگولے میں موجود جنات کا ایک صف آراء لشکر نظر آئے گا۔

یا پھر وہاں حیرت انگیز طور پر سُرخ وسیاہ آندھی کے طوفان پیدا ہونا شروع ہو جائیں گے۔ اور چشم زدن میں وہاں کا پورا ماحول گرد وغبار سے سیاہ رات کی طرح تاریک ہوتا چلا جائے گا۔ اس وقت عامل کے لئے ضروری ہے۔ کہ وہ بلا خوف وخطر اِن اسماء کو پڑھتا رہے۔ کچھ ہی دیر میں اِسی گرد وغبار کے منظر کے اندر جنات حاضر ہوں گے۔ اور عامل سے نہایت ادب واحترام کے ساتھ سلام کر کے عامل کا مطلب دریافت کریں گے۔ عامل کو چاہیئے۔ کہ اپنا مقصد دلی تفصیلاً بیان کرے۔ جنات فوراً عامل کا حکم بجالانے کے پابند ہوں گے۔ بہر حال اسمائے طلسمات یہ ہیں۔

اَنْکَآ ئِیْلُ ۔ مَرْمُوْشِ ۔هَیْطَلَا ۔ کَرْ فَاشِ ۔اَرْمُوْنِ ۔ هَمِیْرِ ۔ مِرْمُوَایَا ۔ اَمْطَاشِ ۔ بَیْطَلَاشِ ۔ بَرّ" ۔ بَرْقُوْشِ ۔ عُجْلَا سِ ۔ سَیَسْطُفَاشِ ۔ مَرْمَرُوْشِ ۔ اَصْقَا هَنْغَمَا کَشَحِ ۔ بَارُوْقِ ۔ سَرْطَا مَنَمُوْشِ ۔ سَعْصَا نَمُوْدِ ۔بَرْمَا بَا لَیُوْسِ ۔اَ هَفْقَهَاکِیْثَارِثِ ۔ جَمْعَا بَا یَا رِیْنُوْس ۔ کَفَا لِحَیْنَ ۔ اَغْیَارُابَا لَعْذُ مِ ۔ لُبَا نَا وَبَا لُعْطَرِیْنِ ۔ اَرْحَمَا کَا نَیْکُ تَهْبًا ۔ تَیْحَبَان ۔ لَغْهُمَا ۔ بِدْحَا لِحِ ۔ عَمْلًا ۔ سَکَا بَالَاوْنِ ۔ سَجَدَ بَالَا قُرْبُوْنَ ۔ اَرَیْنَا نِیُوْشِ ۔ هَبْغَرْنَارُ دَ یْنِ ۔ مَفْرُمَارُوْس ۔سَلْسَلَادَ یْنِ ۔ اَرْفَاسِ لَغْمِیْعُوْنِ ۔

یہ بات یاد رہے۔ کہ! جنات کو دیکھنے یا تسخیر کا ارادہ اُس وقت تک کوئی شخص نہ کرے۔ جب تک کہ اُس کا کوئی کامل اُستاد یا مرشد نہ ہو۔ ورنہ نہ صرف ایسا شخص بہت بڑی اور بُری رجعت کا شکار ہوگا۔ بلکہ اُس کی جان بھی جانے کا اندیشہ ہے۔

مختصر ریاضت برائے تسخیر الحمیٰ :

جو کوئی بھی **تسخیرُ الحمی** کا شائق ہو۔ اسے چاہیے۔ کہ نو چندی جمعرات سے صوم وصیام وخلوت اور پرہیز جلالی و جمالی سے اس ریاضت کا آغاز کرو۔ اور بروز بدھ ہر نماز کے اسمائے قمریہ کے ساتھ رؤوس اربعہ کو 1000 مرتبہ پڑھیں۔ اور ہر سینکڑہ پر کلمات عبارت کو تین مرتبہ پڑھو۔ اسمائے قمریہ یہ ہیں۔ (**لِیَاخِیْمِ ۔ لِیَالغُوْ ۔ لِیَافُوْرِ ۔ لِیَارُوْثِ ۔لِیَارُوغِ ۔ لِیَارُوْشِ ۔ لِیَاشَلَشِ**) اور اسمائے رؤوس اربعہ یہ ہیں۔ (**مَارِزُ ۔کَمْطَمِ ۔ قَسْوَرَةِ ۔ طِیْکَلُ**) کلمات عبارت یہ ہیں۔ **اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ اَیَّتُهَا الْحُمٰی اَلْجَنْبُ بِهٰذِهِ الْاَ سْمَآ ءِ اِلَّا مَا کُنْتَ طَوْعَ یَدِ یْ اُسَلِّطُکَ عَلٰی مَنْ اُرِیْدُ** ۔ اور گیارہویں روز عالم تنہائی میں **3000** ہزار مرتبہ اسمائے قمریہ کے ساتھ اسمائے رؤوس اربعہ پڑھیں۔ یہاں تک کہ عامل عمل ہذا کو بخار آن پکڑے گا۔ اور ایک بڑھیا کھچڑی بالوں والی عامل کے سامنے حاضر ہوگی۔ اور وہ عامل کو تین اسماء دے گی۔ پھر جب عامل کسی بھی شخص پر **تسلیط الحمی** کا ارادہ کرے۔ تو عامل ایک ورق پر یہی تینوں اسماء لکھ کر زبان تلے رکھے۔ اور مطلوب کے روبرو جا کر انہی اسماء کو چند بار پڑھ کر وہاں سے اٹھ آئے۔ مطلوب کے اٹھنے سے پہلے یہ شخص شدید حمی کا شکار ہو جائے گا۔

مختصر ریاضت برائے تسخیر اجنہ :۔ (دس روزہ ریاضت اَز ابن الحاج تلسمانیؒ در کتاب شموس الانوار)

جو کوئی بھی تسخیر جن کا شائق ہو۔ چاہیے۔ کہ نوچندی جمعرات سے صوم وصیام وخلوت اور پرہیز جلالی وجمالی سے اس ریاضت کا آغاز کرے۔ اور بروز جمعۃ المبارک ہر نماز کے یہ عزیمت 140 بار بوقت تہجد یا رات کو سونے سے پہلے **1000** بار پڑھے۔ اور دسویں روز بوقت تہجد یا رات کو سونے سے پہلے 1000 کی بجائے **3000** ہزار بار یہی عزیمت پڑھے۔ عزیمت یہ ہے۔ **سَرْ بُوْدِ** (3۔ مرتبہ) **بَنُوْحِ** (3۔ مرتبہ) **عَا جُوْلِ** (3۔ مرتبہ) **وَطَمُیُوْلِ** (3۔ مرتبہ) **اَقْبِلْ یَا اَبَاالْکَلْبُ وَافْعَلْ وَاَمْرُتُکَ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ السُّرْیَانِیَّةِ وَ اِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ** o دسویں رات اس ریاضت کا خادم (جن) بصورت کلب (سگ) حاضر ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اب عامل کو چاہیے۔ کہ نہایت سکون واطمینان اور بلا خوف خطر اس سگ سے عہد و پیمان لے کر خادم (جن) کو دائمی طور پر اپنا غلام بنائے۔ حاضری کا طریقہ بھی پوچھ لیں۔ یہ جن آپ کے تمام امور میں معاون ومددگار رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ جیسے کہ! **جلب القبول ، محبة بین الرجال والنساء ، فراق بین الرجال والنساء والتمریض ، جلب السحر ، اخراج الکنوز والدفائن من الا رض** ۔ اگر بالفرض دسویں رات خادم حاضر نہ ہو۔ تو اگلے روز سے ہر نماز کے بعد عزیمت کو (۱۴۰) ایک سو چالیس بار اور رات کو باوقت تہجد 3000 تین ہزار بار پڑھیں۔ اور یہ ترتیب 7 دنوں تک جاری رکھیں۔ اسی دوران لازمی سگ حاضر ہو کر اطاعت کا دم بھرے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

تسخیرِ ہمزاد کا مشہور و معروف عمل :(کسی مُردہ کا ہمزاد مسخر کرنا)

جو شخص اتوار یا منگل کو مر جائے۔ تو اگر عامل مسلمان ہے۔ تو قبرستان جاتے وقت ''**یَا بُعُوْثُ**'' پڑھتا ہوا میت کے ساتھ قبرستان جائے۔ اور اگر عامل کوئی غیر مسلم ہے۔ تو وہ شمشان گھاٹ جاتے وقت ''**ھرانگ سوانگ**'' کہتا ہوا جائے۔ مسلم میت غسل کے بعد جو روئی مُردے کے کانوں میں لگائی جاتی ہے۔ وہ روئی بوقت دفن کرنے کے کسی طرح سے حاصل کر کے اِس روئی کو ایک بکس میں بند کر کے اپنے پاس محفوظ کر لیں۔ روئی نکالتے وقت عامل اُس مُردے کے کانوں میں آہستہ سے کہے۔ **رات کو میں 12 بجے آپ کے پاس آپ کا توشہ لے کے حاضرِ خدمت ہوں گا**۔ اور واپسی پر تمام لوگوں سے الگ تھلگ گھر آئے۔ اور گھر آنے تک کسی سے بات چیت نہ کرے۔ اور نہ ہی پیچھے مُڑ کر دیکھے۔ پھر ایک سیر آٹا لے کر اِس کی دو موٹی موٹی روٹیاں گھر پر پکوائے۔ اور روٹیوں پر گھی بھی لگائے۔ اور اوپر تھوڑا سا گُڑ رکھ کے روٹیوں کو لپیٹ کر کسی کپڑے میں رکھ لے۔ اِسی آٹے سے ایک چراغ بھی بنائے۔ جس میں گھی ڈالے۔ اور بتی اِسی روئی (جو مُردے کے کانوں سے حاصل کی تھی) کی ڈال کر قبرستان میں جا کر روشن کرے۔ رات کو 12 بجے سے کچھ دیر پہلے قبر پر پہنچ جائیں۔ اور عین 12 بجے رات کو چراغ قبر کے اوپر عین درمیان میں بتی کی لَو مغربی جانب رکھ دے۔ اور عامل خود اپنا رُخ چراغ کی جانب کر کے'' **یا بُعُوث** ''یا پھر'' **ھرانگ سوانگ** ''بآوازِ بلند وِرد کرنا شروع کر دے۔ اگر عامل ہندو ہے۔ تو شمشان گھاٹ میں مُردے کو جلائے جانے کی جگہ پر چراغ رکھے۔ (باقی طریقہ دونوں کا ایک ہی ہے) بہر حال بعد ڈیڑھ دو گھنٹوں کے قبر شق ہو جائے گی۔ (اگر ہندو ہے۔ تو مُردے کی روح وہاں آن موجود ہوگی) بہر حال مردہ قبر میں لیٹا ہوا نظر آئے گا۔ اُس مُردے کو دونوں روٹیاں دکھاؤ۔ وہ مُردہ عاجز اور بھکاری بن کر روٹیوں کے لئے صاحب عمل سے منت سماجت کرے گا۔ اُس وقت عامل اِس ہمزاد سے ہم کلام ہو کر کہے۔ کہ روٹیاں تمھیں اُس وقت دوں گا۔ جب تم میری باتیں مانو گے۔ اور میرے کام آؤ گے۔ اگر وہ حامی نہ بھرے۔ یا بات نہ مانے۔ اور انکاری ہو۔ تو عامل بھی کہے۔ کہ میں تمھیں روٹیاں نہیں دوں گا۔ جب وہ کہے۔ کہ ٹھیک ہے۔ میں آپ کی باتیں مانوں گا۔ تو اُس سے کاموں کی تفاصیل طے کر لو۔ کہ وہ کون کون سے امور میں عامل کا معاون ہو سکتا ہے؟ بہر حال عامل اپنی تمام باتیں منوا کر اب نہایت وقار و متانت اور تدبر و عقل مندی سے اِس ہمزاد سے آسان شرائط طے کر لے۔ یاد رہے۔ کہ! ایسی کوئی شرط نہ مانے جس کا بجالانا مشکل یا ناممکن ہو۔ البتہ عامل اسے اپنی شرائط کا مکمل پابند کرنے میں کسی قسم کی کوتاہی کا مظاہرہ نہ کرے۔ جیسا کہ وہ کہے گا۔ کہ اِتنا طعام مجھے روزانہ دو گے؟ عامل کو چاہیئے۔ کہ وہ ہمزاد کو کہے کہ 24 گھنٹے میں صرف ایک روٹی تم کو دے سکوں گا۔ ہمزاد کہے گا۔ کہ تم مجھے کتنے وقت کے لئے مسخر رکھو گے؟ تو عامل کو چاہیئے۔ کہ ہمزاد کو دس سال سے زیادہ کا عرصہ نہ بتائے۔ کم از کم تین ماہ ہو سکتے ہیں۔ بہر حال یہ ہمزاد مندرجہ ذیل امور میں استعانت کر سکے گا۔ ☆ خبریں دینا اور واقعات کی اطلاع فراہم کرنا۔ ☆ ایک شخص جس قدر وزن اُٹھا سکتا ہے۔ اُتنا وزن اُٹھا کر لانا۔ ☆ کوئی بھی چیز یا پھل اور سبزیاں (نزدیک و دور سے موسم و بے موسم) خرید کر لا دینا (بلا قیمت چیزیں نہیں لائے گا) ☆ عورتوں اور بچوں کے قلوب میں حب و بغض پیدا کرنا۔ یا انہیں ورغلانا وغیرہ۔ ☆ پتھر یا غلاظت کسی کے گھر یا دفتر یا جائے کاروبار پر پھینکوانا۔ یاد رہے۔ کہ! جو اصحاب کمزور دل ہوں۔ وہ ہرگز ہرگز یہ عمل نہ کریں۔ کیونکہ اِس عمل سے **Heart Attack** بھی ہو سکتا ہے۔

تسخیرِ ہمزاد :(طلسماتی عمل از مولانا محمد رفیق زاہد صاحب۔ از کتاب بوستانَ طلسمات)

یہ عمل بھی بعینہ متذکرہ بالا عمل کی طرح ہے۔ یعنی اتوار یا منگل کے روز جب کوئی شخص وصال کر جائے۔ تو غسل دئے جانے کے بعد میت کے کان میں جو روئی رکھی جاتی ہے۔ وہ کسی طرح سے حاصل کر لے۔ اور موقع پا کر مُردے کے کان میں چپکے سے فقط اتنا کہہ دے۔ کہ! مَیں آج رات 12 بجے آپ کے پاس آؤں گا۔ اس کے بعد تاوقتِ شب بارہ بجے کسی سے کوئی بات چیت نہ کرے۔ بعدہٗ کفن و دفن واپس آ کر عامل ایک سیر (کلو) جتنا آٹا گوندھ لے۔ اور اسی آٹے سے ایک چراغ بنا کر اُس میں قدرے دیسی گھی ڈال کر تیار رکھے۔ اور باقی آٹے کی دو روٹیاں بنا کر روٹی پر دیسی گھی لگائے۔ اور کچھ حلوہ بھی تیار کر لے۔ پھر قبرستان جا کر روٹیاں اور حلوہ اپنے پاس رکھے۔ جبکہ اُسی قبر کے پاس چراغ رکھ کر چراغ میں وہی روئی ڈال لے۔ جو میت کے کان سے حاصل کی تھی۔ اور وہیں پر بیٹھے بیٹھے کلماتِ عبارت قدرے زور سے وِرد کرنا شروع کر دے۔ کلماتِ عبارت یہ ہے۔ **تَوْغِیًّا تَوْغِیًّا تَوْغِیًّا اَلُوْمَا اَلُوْمَا اَلُوْمَا ۔**

دورانِ پڑھائی، آدھے پونے گھنٹے بعد وہی قبر پھٹ کر مردہ بحالتِ برہنہ عامل کے حضور آ کھڑا ہوگا۔ مردہ سے قطعاً خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں۔ اور وہ قبر سے نکلتے ہی اپنا توشہ (وہی دو روٹیاں اور حلوہ) طلب کرے گا۔ اس وقت عامل کو چاہیئے۔ کہ! وہ روٹیاں اور حلوہ فقط اُس مردے کو دکھا کر اپنے پاس ہی رکھے۔ اور اپنا ورد جاری رکھے۔ پھر وہ مردہ غصے میں آ کر کہے گا۔ اے صاحبِ دعوت تُو مجھ سے کیا چاہتا ہے؟ جلدی اپنا مقصد بیان کر اور میرا توشہ مجھے دے دے۔ عامل اس مردہ سے دائمی تابعداری، وفاداری اور ہر قسم کے حکم کے بجالانے کا عہد لے لے۔ اور اُس سے حاضری کا طریقہ پوچھ لے۔ اگر مردہ نہ مانے۔ تو انکار کی صورت میں عامل پھر سے عبارت عمل پڑھنا شروع کر دے۔ یہاں تک کہ وہ مردہ تابع داری، وفاداری اور حکم بجالانے کا اقرار کر لے۔ اگر اُس مردہ نے تابعداری و وفاداری کے قیام کے لئے اپنی طرف سے کچھ شرائط بیان کیں۔ تو عامل کو چاہیئے۔ کہ! نہایت سمجھ داری سے فقط وہی شرائط مانے۔ جن کو وہ پورا بھی کر سکے۔ کیونکہ! اگر مردہ نے کہا کہ مجھے پیٹ بھر کر تین وقت کھانا کھلایا کرو۔ تو عامل اُسے کہے کہ تمہیں فلاں فلاں دن (یعنی ہفتہ میں ایک یا دو دن) فقط دو روٹیاں ہی ملیں گیں۔ بہر حال! عہد و پیمان لے کر روٹیاں اور حلوہ اس کے روبرو رکھ کر عامل واپس گھر آ جائے۔ بوقتِ ضرورت عامل اس ہمزاد کو طلب کر کے اپنے مطلقہ مقاصد حاصل کرتا رہے۔

(صاحب عمل تسخیر ہمزاد کا کسی سے قطعاً ذکر نہ کرے۔ اس راز کو افشاء کر کے عامل سخت ترین رجعت کا شکار ہو سکتا ہے۔ بلکہ اپنی جان بھی گنوا سکتا ہے)

دعوت ہمزاد : (بمطابق حضرت مولانا محمد رفیق زاہد صاحب ماہرِ طلسمات ۔ دَرکتاب ۔ بوستانِ طلسمات)

اس عمل کے لئے عامل بلند عزم، مستقل مزاج اور مضبوط قوتِ ارادی کا مالک نہ ہو۔تو ہر گز ہر گز یہ عمل نہ کرے ۔کیونکہ اگر عمل کے دوران عامل خوفزدہ ہو کر عمل کو ترک کر دے گا۔تو وہ اپنی جان گنوا بیٹھے گا۔بہرحال اس کا طریقہ یہ ہے ۔کہ! عروجِ ماہ میں پرہیزِ روحانی مع صوم وصیام، آبادی سے دور شب پیر سے اس عمل کا اس طرح سے آغاز کرے ۔کہ روزانہ دعوت ہمزاد برائے تسخیر کی نیت سے مقررہ جگہ پر بیٹھ کر اپنا حصار کر کے حصار کے اندر کھڑے ہو کر اپنے پیچھے چراغ روشن کر کے روزانہ اس عمل کو 19 ۔ایام تک بلا ناغہ اس عمل عبارت کو پڑھے ۔(پرہیز جلالی و جمالی کی وجہ سے کھڑے کھڑے بندہ تھک جاتا ہے ۔کیونکہ اس عمل کا دورانیہ ساڑھے تین سے چار گھنٹہ روزانہ ہوگا۔لہذا چھت کے ساتھ کوئی رسی باندھ کر (گرنے کی صورت میں) خود کو پکڑ لیا کرے ۔بہرحال!) اور اپنے سامنے کی جانب سائے پر نظر رکھے ہوئے اس عبارت عمل کو **786** ۔مرتبہ پڑھے ۔

عَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ یَا اَصْحَابُ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَیَا اَصْحَابَ الْجُوْدِ وَالسَّبَاحِ اَھُوْ مَا سًا . مَا ھُوْ مًا . اَبَرْ ھُوْ مًا . اِھْیًا اَشْرَاھِیًّا اُحْضُرُوْا یَا قَوْمِ ھَمْزَادِ وَالرُّوْحِ بِحَقِّ سُبُّوْحٌ" قُدُّوْس" رَبُّنَا وَ رَبُّ الْمَلَآئِکَۃِ وَالرُّوْحِ . بِرَحْمَتِکَ یَارَحْمَ الرَّاحِمِیْنَ o

روزانہ عجیب وغریب وڈراؤنے مناظر ہوں گے ۔آخری روز تمام مناظر ختم ہوتے ہی ایک خوبصورت اور مضبوط وتوانا جسم وجان کا آدمی سامنے آکر عرض گزار ہوگا۔کہ! حضور ! میں آپ کا ہمزاد ہوں ۔فرمائیے ۔کیا حکم ہے؟ اب عامل نہایت وقار ومتانت اور تدبر وعقل مندی سے اپنے ہمزاد سے آسان شرائط طے کر لے ۔یاد رہے ۔کہ ایسی کوئی شرط نہ مانے ۔کہ! جس کا بجالانا مشکل یا ناممکن ہو۔اور حاضری کا مکمل طریقہ پوچھ کر ہمزاد کو رخصت دے دے ۔اس کے بعد جب کبھی ضرورت پڑے (ہمزاد کو ہر وقت نہ بلائے کہ تماشہ ہی بن جائے) تو ہمزاد ہی کے بتائے ہوئے طریقے سے اُسے بلایا کرے ۔یاد رہے ۔کہ جس دن عہد شکنی ہوئی یا ہمزاد کی تسخیر کے متعلق کسی اور کو خبر دی ۔اُسی دن ہی نہ صرف ہمزاد آزاد ہو جائے گا۔ بلکہ عامل بھی سخت رجعت کا شکار ہو جائے گا۔

عجیب وغریب عمل برائے تسخیرِ مخفی ہمزاد : (عمل از کتاب ارتکازِ توجہ۔ علامہ شاد گیلانی صاحب)

ایک مقامِ خلوت یا ایسا مکان یا مکان میں مخصوص کمرہ تجویز کریں ۔کہ جس میں سوائے عامل کے کوئی دوسرا نہ جائے ۔تسخیر ہمزاد غیبی کی نیت کے ساتھ پرہیز روحانی مع صوم وصیام سے عمل کا آغاز شب جمعہ سے کر دیں ۔سب سے پہلے **فاتحہ**، **چہار قل شریف** ، **آیت الکرسی** ، ہر ایک کو تین تین مرتبہ پڑھ کر زمین پر بطورِ حصار ایک دائرہ (Anti clock-wise) بنالیں ۔دائرہ میں صندل ، لوبان اور عود کے بخورات کو روشن کریں ۔یا پھر کوئی خوشبو دار اگر بتی لگالیں ۔پہلے گیارہ مرتبہ **درود سلام** پڑھ کر پھر ایک مرتبہ **سورہ یٰسین شریف**، ایک مرتبہ **سورہ واقعہ**، ایک مرتبہ **سورہ توبہ** پڑھ کر پانچ سو (500) مرتبہ یہ آیت پڑھیں ۔ **اِن اللہ علیٰ کل شیءٍ قدیر o**۔اس کے بعد **سورہ والناس** سے **سورہ الھٰکم التکاثر** ایک ایک مرتبہ پڑھیں ۔پھر آخر میں دوبارہ گیارہ مرتبہ **درود و سلام** پڑھیں ۔پس وظیفہ ختم ہوا۔یہی وظیفہ پانچ ایام تک جاری رکھنا ہے ۔اِس کے بعد دائرہ میں ہی سو جائیں ۔دورانِ عمل یا عالم رویا میں شاید کچھ ڈراؤنی شکلیں بھی نظر آئیں ۔یا کچھ خوفناک آوازیں سنائی دیں ۔بہرحال عامل کو کسی بھی طرح خوفزدہ نہیں ہونا چاہیئے ۔کیونکہ دورانِ اعمال وعملیات اِس طرح کے عجائبات کچھ سیکنڈ یا دو چار منٹ کے لئے ہوتے ہیں ۔پانچویں دن ایک شخص آئے گا۔اور ایک شربت کا پیالہ پیش کرے گا۔اس شخص کا ظاہر ہونا عمل کے استجابت کی واضح نشانی ہے ۔اب آپ عامل ہو گئے ۔کوئی بھی کام ہو چند مرتبہ **اِن اللہ علیٰ کل شیءٍ قدیر o** پڑھیں ۔کوئی نظر تو نہیں آئے گا۔ہاں! البتہ آواز ضرور آئے گی ۔کہ! کیا چاہتے ہیں ۔جناب ؟ عامل کو چاہیئے ۔کہ اپنا (جائز اور شرعی) مقصد مختصراً بیان کرے ۔کچھ ہی دیر میں مقصد پورا ہو جائے گا۔

مشکل کشائی بذریعہ مؤکلات : (مولانا محمد رفیق زاہد۔ دَرکتاب ۔ قانونِ طلسمات)

جس شخص پر کوئی ناقابل بیان وبرداشت خوفناک مصیبت نازل ہوئی ہو یا وہ غم والم میں مبتلا ہو یا کسی ظالم وجابر حاکم سے خوفزدہ ہو یا کسی اچانک مہم کے درپیش ہونے کا خطرہ محسوس کرتا ہو یا غربت وافلاس کا ستایا ہوا ہو۔تو ایسا مجبور ومظلوم اور غریب ومسکین شخص متذکرہ جملہ امور کے حل اور جملہ حالات و مشکلات سے چھٹکارہ پانے کے لئے مؤکلات کی مخفی مخلوق سے رہنمائی واستمداد حاصل کر سکتا ہے ۔ایسا شخص طلوعِ فجر سے قبل اُٹھ کر غسل کر کے آبادی سے دور کسی ویران مقام پر جا کر پہلے اپنا حسار باندھ لے ۔پھر بجانب مغرب ہو کر یہ عبارت عمل ایک سو ایک (101) مرتبہ پڑھ لے ۔

یَا شَوْقَاطُوْسًا یَا شَوْقَاعُوْسًا یَاشَوْقَا قُوْسًایَا شَوْقَا لُوْسَاعَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ یَا اَیُّھَا الْمُؤَکِّلُوْنَ الظَّاھِرُوْنَ اُجِیْبُوْا وَتَوَکَّلُوا فِیْمَاامَرُکُمْ بِحَقِّ الْاَسْمَآءِ عَلَیْکُمْ وَطَاعَتُھَا لَدَیْکُمْ مَافِیْھَامِنَ الْاَسْرَارِ وَمَنْ تَخَلَّفَ مِنْکُمْ اُحَرِّقُ بِالنَّارِھَیًّاا لْعَجَلُ الْسَّاعَۃِ یَاعَصْحَلْعَیَآ ئِیْلُ وَیَا ھَمْقَحْیَآ ئِیْلُ وَیَا ھَطْمَقْیَآ ئِیْلُ وَیَا کَفْحَمْقْیَآ ئِیْلُ صَحْوَا کَاسًا مَحْوَا کَاسًافَحْوَاکَاسًا قَحْوَا کَاسًا یَا خُدَّامُ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ الْمُبَارِکَۃِ مَاتَلَوْتُہٗ عَلَیْکُمْ وَاَ قْسَمْتُ عَلَیْکُمْ بِصَاحِبِکُمْ صَاحِبُ الْعِزِّ وَالْکَرَامَۃِ ھَیًّاا لْعَجَلُ یَا اَیُّھَا الْعَامِلُوْنَ لِقَضَآءِ حَوَآئِجنَا الْوَحَا الْسَّاعَۃِ.

تکمیل تعداد معینہ سے قبل ہی جہاتِ اربعہ (یعنی چاروں سمتوں) سے ایک ایک گھڑ سوار نمودار ہوگا۔یہ چاروں گھڑ سوار اس عمل کے مخفی مؤکلات ہیں ۔عامل کو چاہیئے ۔کہ! ان کے حضور اپنا مدعا مختصر مگر جامع انداز میں بیان کرے ۔اُن مؤکلات میں کوئی ایک اس بندہ خدا کی دستگیری کر دے گا۔ (عموماً لوگ مال وزر طلب کرتے ہیں) اس کے بعد یہ چاروں گھڑ سوار واپس چلے جائیں گے ۔عامل بھی واپس چلا آئے ۔ان شاء اللہ مشکل کشائی ہو چکی ہوگی ۔(بالفرضِ محال! اگر پہلی ہی رات مؤکلات حاضر نہ ہوں ۔تو اس عمل کو کم از کم سات راتوں تک جاری رکھیں ۔ان شاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی ۔کیونکہ یہ عمل نہایت مؤثر اور مجرب ہے)

ارسالِ ھواتف کے مجرب اعمال

1۔ اس مجرب عمل میں پرہیزِ روحانی کی ضرورت ہے۔ یہ عمل روزانہ کسی ایسی جگہ پر کیا جائے۔ جہاں کوئی اور مخل نہ ہو سکے۔عمل کے دوران لبان ذکر کی دھونی دینا لازمی امر ہے۔اس کا جامع طریقہ یہ ہے۔کہ! یہ عبارت ہزار مرتبہ پڑھی جائے۔ **اَللّٰھُمَّ یَا سَطِیْعُ النُّوْرِ الَّذِیْ وَضَعَ الْمُذِلَّۃَ عَلٰی رَقَابِ الْجَبَابِرَۃِ فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ رَفْعَ رُءُوْسِھِمْ مِنْ خَشْیَۃِ سَطْوَتِہٖ** ۔ اور ہر سینکڑہ پر تین مرتبہ یہ کہا جائے۔ **اُجِبْ یَا ھٰرُوْنَ السَّحَابِیْ وَاذْھَبْ اِلٰی (کذا و کذا) وَافْعَلْ بِہٖ (کذا و کذا) الوحا الوحا العجل العجل الساعۃ الساعۃ** ۔اس عمل کے اجابت کی نشانی کالے دھوئیں کا ظاہر ہونا ہے۔ اس عمل کا انصراف یہ ہے۔ **بخ بخ انصراف بسلام فاذا قضیت الصلاۃ فانتشروا فی الارض وابتغوا من فضل اللہ** (سورہ جمعہ) **انفروا خفافا و ثقالا** (سورہ جمع توبہ) **امن قبل ان نطمس وجوھا** (سورہ نساء) **انصرفوا بارک اللہ فیکم و علیکم** ۔

2۔ (عملِ ناشاد صاحب) یہ عمل بدھ کی شب لوگوں کے سو جانے کے بعد تنہا و مصفا کمرے میں لوبان اور جاوی یا کسی اگربتی کی دھونی سلگا کر کمرے کے اندر مغربی جانب رکھیں۔اور لوبان دان کے ساتھ کوئی چراغ یا موم بتی بھی ایسی جگہ رکھیں۔کہ عامل کا سایہ مشرقی جانب کی دیوار پر پورا پورا صاف اور واضح نظر آئے۔پھر یکدم آنکھیں بند کر کے عامل مشرق کی جانب منہ کر لے۔تاکہ مشرقی جانب اپنے ہی سایہ کو عامل بخوبی دیکھ سکے۔اس کے بعد عامل عمل ہذا انتہائی وقار و متانت، نرمی و سکون اور گریہ وسوز کے ساتھ اس سایہ کو دیکھتے ہوئے اس عزیمت عمل کو فقط (**100**) سو بار کی تعداد کے مطابق اس طرح سے پڑھے۔جیسے وہ سایہ نہیں۔بلکہ ایک جیتا جاگتے انسان کو سامنے بٹھا کر مخاطب ہے۔سات سے زیادہ گیارہ راتوں میں تو بہر صورت کام ہو ہی جائے گا۔انشاء اللہ تعالیٰ۔جس شخص سے کام لینے کیلئے یہ عمل کیا جا رہا ہے۔اس شخص کی نیند میں وہی چیز آ کر اسے آپ کا کام کرنے کے لئے ڈرائے گی۔جس کا عامل عزیمت میں نام لے گا۔اور اس عمل کی بدولت انتہائی وحشت، دہشت اور ڈرو خوف کا شکار ہوگا۔یا پھر عامل اپنی صوابدید کے مطابق اس جگہ پر کسی بزرگ شخصیت مع والدہ کا نام بھی لے کر بھی اپنا کام کرایا جا سکتا ہے۔کہ عامل عمل ہذا کے کام کئے بناء اس کے پاس کو دوسری راہ نہ ہوگی۔بہر صورت اسے عامل کی خواہش کو لازمی لازمی طور پر بجا لانا ہی ہوگا۔عزیمت عمل ہذا یہ ہے ۔

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ ھُوَ وَاَنَا ھُوَ ۔اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ وَلَدَ حِیْنَ وَلَدتُ وَبَرَزَ اِتِیَ الْوُجُوْدِ حِیْنَ بَرَزْتُ وَ قَامَ حِیْنَ قُمْتُ وَ رَقَدَ حِیْنَ رَقَدْتُّ وَحَلَّ حِیْنَ حَلَّلْتُ وَ غَابَ حِیْنَ غِبْتُ وَ نَاغٰی حِیْنَ نَاغَیْتُ وَ بُکٰی حِیْنَ بُکَیْتُ وَ ضَحِکَ حِیْنَ ضَحِکْتُ وَجَآءَ حِیْنَ جِئْتُ وَ مَشٰی حِیْنَ مَشَیْتُ وَ اَکَلَ حِیْنَ اَکَلْتُ وَ شَرِبَ حِیْنَ شَرِبْتُ وَتَکَلَّمَ حِیْنَ تَکَلَّمْتُ وَ فَھِمَ حِیْنَ فَھِمْتُ اَمَّا تَرٰی مَا نُزِّلَ لِیْ مِنْ فَلَانْ بن فلان (جس سے کام ہو) **یَمُطُّ قَدْرِیْ وَ تَسَلَّطَ عَلٰی وَاَذَانِیْ وَاَنَا اَسْتَنْصِرُ بِکَ عَلَیْہِ وَ عَطِیَّۃِ وَسَلَطِتُکَ عَلَیْہِ فَلَا تَدَعْنِیْ وَاِیَّاہُ وَ اَشْغِلْہُ عَنِّیْ وَحَطِّ قُوَّاہُ وَ کُنْ عَلَیْہِ مُسَلَّطًا بکذا و کذ** (خوفناک جانور یا کسی روحانی شخصیت کا نام مع والدہ لیں) **وَ اَکْفِنِیْ اِیْذَآئِہٖ وَشَرِّہٖ بِالَّذِیْ قَالَ لِلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَئْتِیَا طَوْعًا اَوْ کَرْھًا قَالَتَا اَتَیْنَا طَآئِعِیْنَ . آمِیْن .**

3۔ **سورہ کافرون** کو الگ الگ حروف (بسطِ حرفی) سے (ق ۔ل ۔ی ۔ا ۔ی ۔ھ ۔ا ۔ل ۔ک ۔ف ۔ر ۔و ۔ن ۔ ۔ ۔تا آخر) سیسے کے پترے پر نہایت احتیاط کے ساتھ لکھو۔ پھر اس تختی کو سامنے رکھ کر عزیمت دھروشیہ کو ہزار بار اس طرح سے پڑھیں۔کہ ہر سینکڑہ کے اخیر میں کلمات عبارت کو دس بار پڑھنا ہے۔ عزیمت **دھروشیہ** یہ ہے۔ (اس عزیمتِ دھروشیہ کو ہر مرتبہ معہ تسمیہ پڑھنا ہے)

بِسْمِ اللّٰہِ اَھْیًا شَرَاھِیًّا دَھْمُوْتَا عَالِیْ مُتَعَالِیْ فِیْ عُلُوِّہٖ اَیْنَ الْاَجْنَادِ الْقَوِیَّۃِ اَیْنَ الشَّمْھَازِیَّۃِ اَیْنَ کُرْدَنْ اَیْنَ دَرْدَمْ اَیْنَ عُصَابْ اَیْنَ صَاحِبَ جَبَلِ الدُّخَانْ اَیْنَ الرَّاکِبُ عَلَی الْفِیْلِ الْمُتَعَمِّمِ بِالثُّعْبَانِ اَجِیْبُوْا بِحَقِّ الْاَسْمَآءِ الْعِبْرَانِیَّۃِ بَرْھَمُوْتَا وَ شَیْمُوْثَا اَجِیْبُوْا لِلّٰہِ طَآئِعِیْنَ ۔ اٰمِیْن ۔ اور کلمات عبارت یہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم . یَا مَلَآئِکَۃِ الصَّعِقِ وَالْعَذَابِ اِبْعَثُوْا اِلٰی رُوْحَانِیَّۃِ النَّکَالِ یُھْلِکُوْنَ لِفُلَانْ بن فلانۃ (دشمن کا نام مع والدہ ۔یا اس شخص کا نام جس سے کام لینا مقصود ہو) **فِیْ صِفَتِیْ وَ حِیْلَتِیْ بِاِسْمِھِمْ مِنْ سَمُوْمٍ وَحَرَابٍ مِنْ نَّارٍ وَ اَطْعَنُہٗ بِالْحَرَابِ وَاَضْرِبُہٗ بِالدَّبَابِیْسِ وَیَسْتَتْنُوْنَۃِ وَیُخْرِبُوْنَ دَارَہٗ وَیُمَرِّضُوْنَ جِسْمَہٗ وَیُبْطِلُوْنَ عُضْوًّا مِنْ اَعْضَآئِہٖ حَتّٰی اِذَا اَصْبَحَ یَاْتِیْ اِلٰی خَاضِعًا ذَلِیْلًا وَّیَقْضِیْ حَاجَتِیْ اَجِبْ وَافْعَلْ مَا اَمَرْتُکَ بِہٖ** (حاجت کا نام) **الوحا الوحا العجل العجل الساعۃ الساعۃ بِحَقِّ الشَّدِیْدِ الْمُھْلِکِ الْمُمِیْتِ الْقَادِرِ الْمُقْتَدِرِ الْقَھَّارِ الْمُنْتَقِمِ الْقَوِیِّ** o

پھر اس تختی کو آگ کے پاس دفن کر دیں۔ اگلی رات اس سیسے کے پترے کو نکال کر یہ مکمل عمل کر کے پھر اس تختی کو آگ کے پاس دفن کر دیں۔ عمل سے فارغ ہو کر پھر تین سو بار درود و سلام پڑھ کر عامل روزانہ اسی جگہ پر اکیلا سو جایا کرے۔ پس مطلوب شخص پر وہی شئے نازل ہوگی۔جس کا عامل ارادہ کر کے عبارت کلمات میں پڑھتا رہا ہوگا۔ اس پورے عمل کے دوران کوئی خوشبودار دخنہ یا کوئی اگربتی کی دھونی لازمی ہونی چاہیئے۔اس عمل کو شب جمعہ سے شروع کرنا چاہیئے۔عامل ضرور بالضرور اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔انشاء اللہ۔عمل میں کامیابی نہ ہو تو مایوس نہیں ہونا چاہیئے۔یہ عمل ضرور مستجاب ہوگا۔انشاء اللہ العظیم۔اللہ تعالی سے ڈرتے رہو۔کیونکہ بروز قیامت ہر صغیر و کبیر عمل کا محاسبہ و محاکمہ ضرور ہوگا۔صرف جائز اعمال میں ایسے عملیات کو کریں۔عملیات ارسال ہواتف میں یہ عمل بہت مجرب اور سریع التاثیر عمل ہے۔

تسمیہ کے ذریعے ارسالِ ھواتف : (مجرب عمل اَز امام بونیؒ درکتاب منبع اصول الحکمۃ)

اگر کسی کا مقصد حب وتسخیر یا حاضری مطلوب کے لئے عمل کرنا مقصود ہو تو کسی نو چندی جمعرات ، جمعہ یا سوموار کے دن اس عمل کو بجالائے اگر بغض، عداوت یا جدائی ونا چاقی کرانے کا مقصد ہو تو زوال ماہ میں سنیچر یا منگل کے دن عمل کرے۔ بہر حال شریعت کے دائرہ میں رہتے ہوئے عمل کیا جائے ورنہ بجائے فائدے کے الٹا نقصان کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آبادی سے دور جہاں مکمل سکون ہو یا کسی خالی مکان میں یا پھر اپنے ہی گھر کے کسی خالی کمرہ میں یہ عمل مکمل خلوت اور پرہیز روحانی کے ساتھ بجالائیں۔ ارسال ہواتف کا عظیم طریقہ یہ ہے کہ! مشک وزعفران اور ماء الورد سے تیار کردہ سیاہی سے اس عمل کا خصوصی نقش اور اس نقش کے نیچے عزیمت ایک سفید کاغذ (بغیر لائن) پر نہایت احتیاط سے تحریر کریں پھر اس کاغذ میں ایک ریشم کا دھاگا اندر سے اس طرح رکھیں کہ یہ دھاگہ باہر تک نکلا ہوا ہو۔ پھر اس کاغذ کو احتیاط سے لپیٹ کر اس جنگلی قلم کے کانے (سرکنڈے) میں رکھ دیں اور اس نکلے ہوئے دھاگے سے اس کانے کو کسی کھٹے انار یا کسی درخت کے درمیان میں معلق کر کے لٹکا دیں۔ (مگر یاد رہے۔ کہ!) کانے کی ایک طرف بند ہو۔ اور دوسری طرف کاغذ کو گول لپیٹ کر کانے میں ڈال کر شمع اسکندرانی سے احتیاط کے ساتھ بند کر دیں۔ لکھنے سے پہلے ہی خوشبودار بخور یا کوئی اگربتی کی دھونی لازمی لگا دیں۔ پھر اس سرکنڈے کو عامل اپنے سامنے رکھ کر فقط 786 بار تسمیہ **(بسم اللہ الرحمن الرحیم)** پڑھ کر تین بار عزیمت پھر ایک بار سورہ اذا زلزلت الارض اور ایک بار سورہ جمعہ کا آخری رکوع پڑھنا ہے۔ صاحبِ عمل ہذا یہ دیکھ کر ششدر رہ جائے گا، کہ! کہ سرکنڈا گھومنے لگا ہے۔ پس جب سرکنڈا گھومنے لگے۔ عمل مکمل کر کے بند کر دیں۔ سرکنڈے کا گھومنا ہی اس عمل کے استجابت کی واضح علامت اور کھلی نشانی ہے۔ اگر خدانخواستہ پہلی بار میں سرکنڈا نہ گھومے۔ تو دوبارہ سے وہی پڑھائی کریں۔ تیسری، پانچویں یا زیادہ سے زیادہ گیارہویں بار تک سرکنڈا لازمی گھومے گا۔ عزیمت (اور توکیل) اس عمل کی یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ . تَوَکَّلُوۡا یَا خُدَّا مُ هٰذِهِ الْاِ سْمِ الْمُبَارِکِ بِحَقِّهٖ عَلَیْکُمْ وَ طَا عَتِهٖ لَدَیْکُمْ وَ اِذْهَبُوْ ا اِلٰی فلاں (جس شخص سے کام لینا مقصود ہو۔ اس کا نام مع والدہ یا عہدہ) **فِیْ هَیْئَتِیْ وَ مِثَا لِیْ وَ خَوِّ فُوْ هُ وَ ا رْ عِبُوْ هُ وَ اْ مُرُ وْ هُ بِقَضَا ءِ حَا جَتِیْ وَ هِیَ کذا و کذا** (جو کام لینا مقصود ہو) **اَلْوَحَا اَلْعَجَلُ اَلسَّا عَۃَ۔** اس عمل ارسال ہواتف کا نقش عظیم یہ ہے۔

ب	س	م	ا	ل	ل	ہ	ا	ل	ر	ح	م	ن	ا	ل	ر	ح	ی	م
س	م	ا	ل	ل	ہ	ا	ل	ر	ح	م	ن	ا	ل	ر	ح	ی	م	ب
م	ا	ل	ل	ہ	ا	ل	ر	ح	م	ن	ا	ل	ر	ح	ی	م	ب	س
ا	ل	ل	ہ	ا	ل	ر	ح	م	ن	ا	ل	ر	ح	ی	م	ب	س	م
ل	ل	ہ	ا	ل	ر	ح	م	ن	ا	ل	ر	ح	ی	م	ب	س	م	ا
ل	ہ	ا	ل	ر	ح	م	ن	ا	ل	ر	ح	ی	م	ب	س	م	ا	ل
ہ	ا	ل	ر	ح	م	ن	ا	ل	ر	ح	ی	م	ب	س	م	ا	ل	ل
ا	ل	ر	ح	م	ن	ا	ل	ر	ح	ی	م	ب	س	م	ا	ل	ل	ہ
ل	ر	ح	م	ن	ا	ل	ر	ح	ی	م	ب	س	م	ا	ل	ل	ہ	ا
ر	ح	م	ن	ا	ل	ر	ح	ی	م	ب	س	م	ا	ل	ل	ہ	ا	ل
ح	م	ن	ا	ل	ر	ح	ی	م	ب	س	م	ا	ل	ل	ہ	ا	ل	ر
م	ن	ا	ل	ر	ح	ی	م	ب	س	م	ا	ل	ل	ہ	ا	ل	ر	ح
ن	ا	ل	ر	ح	ی	م	ب	س	م	ا	ل	ل	ہ	ا	ل	ر	ح	م
ا	ل	ر	ح	ی	م	ب	س	م	ا	ل	ل	ہ	ا	ل	ر	ح	م	ن
ل	ر	ح	ی	م	ب	س	م	ا	ل	ل	ہ	ا	ل	ر	ح	م	ن	ا
ر	ح	ی	م	ب	س	م	ا	ل	ل	ہ	ا	ل	ر	ح	م	ن	ا	ل
ح	ی	م	ب	س	م	ا	ل	ل	ہ	ا	ل	ر	ح	م	ن	ا	ل	ر
ی	م	ب	س	م	ا	ل	ل	ہ	ا	ل	ر	ح	م	ن	ا	ل	ر	ح
م	ب	س	م	ا	ل	ل	ہ	ا	ل	ر	ح	م	ن	ا	ل	ر	ح	ی

منتظر چشم بھی ، قلب بھی ، جان بھی ہے آپ کے آنے کی حسرت بھی ہے ، ارمان بھی ہے

سورہ قدر کی عظیم دُعائے مبارکہ : (عزیمتِ حضرۃ شمس الا صفہانیؒ)

اَجب یَامُذْھِبُ بِحَقِّ اِنَّا اَنْزَلْنَا ہُ فِی لَیْلَۃُ الْقَدْ رِ لِیَاخِیمٍ فَرْدٌ وَبِحَقِّ رُوْقِیَائِیْلَ اَجب یَا مُرۃُ ا بِحَقِّ وَمَا اَدْرٰکَ مَا لَیْلَۃُ الْقَدْرِ لِیَا لَغُوْ جَبَّارٌ وَبِحَقِّ جَبْرَئِیْلُ اَجب یَااَحْمَرُ بِحَقِّ لَیْلَۃُ الْقَدْرِ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَھْرٍ لِیَافُوْرٍ شَکُوْرٌ وَبِحَقِّ سَمْسَائِیْلُ اَجب یَا بُرْقَانَ بِحَقِّ تَنَزَّلَ الْمَلاَئِکَۃُ وَالرُّوْحُ فِیھَا لِیَارُوْثِ ثَابِتٌ وَبِحَقِّ مِیْکَائِیْلَ اَجب یَاشَمْھُوْرَشْ بِحَقِّ بِاِذْنِ رَبِّھِمْ مِنْ کُلِّ اَمْرٍ لِیَارُوْغٍ ظَھِیْرٌ وَبِحَقِّ صَرْ فِیَا ئِیْلِ اَجب یَا ذُوبَعَۃُ بِحَقِّ سَلاَمٌ ھِیَ لِیَارُوْشٍ خَبِیْرٌ وَبِحَقِّ عِینیَائِیْلُ اَجب یَامَیْمُوْنَ بِحَقِّ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجر لیا شلش زکی و بحق کسفیَائِیْلُ اَجِیْبُوْ ا اَیُّھَا الْمُلُوکَ السَّبْعَۃِ وَتَوَکَّلُوْا فلاں بن فلاں (مطلوب کا نام معہ والدہ) بِحَقِّ مَا اَقْسَمْتُ بِہٖ عَلَیْکُمْ وَبِحَقِّ فَجَشْ ثَظَخزٍ رَبُّ الْاَرْبَابِ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلْعَجَلُ اَلْعَجَلُ اَلسَّاعَۃُ بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکُمْ وَعَلَیْکُمْ .

عزیمتِ مذکورہ جملہ امورِ خیر وشر میں کافی ہے۔ اعمال خیر کا بخور رجاوی اور اعمال شر میں لوبان الذکر ہے۔ جملہ امورِ خیر وشر میں خاتم یہ ہے۔

ف	ج	ش	ث	ظ	خ	ز
ج	ش	ث	ظ	خ	ز	ف
ش	ث	ظ	خ	ز	ف	ج
ث	ظ	خ	ز	ف	ج	ش
ظ	خ	ز	ف	ج	ش	ث
خ	ز	ف	ج	ش	ث	ظ
ز	ف	ج	ش	ث	ظ	خ

خاتم کے چند فوائد : **1** ۔ اگر تم ان اسماء کے خدام کو دیکھنا چاہو تو ایک روغنی پلیٹ میں یہ خاتم لکھوا وراس پر بارش کا پانی ڈال کر سات مرتبہ دعوت مذکورہ بالا شمس اصفہانی والی پڑھو پس وہ تم کو نظر آئیں گے اور تم سے بات کریں گے۔ **2** ۔ اگر تم کسی کو محبت میں حاضر کرنا چاہو تو یہ خاتم مشک وزعفران وگلاب سے کاغذ پر لکھ کر ایسے درخت پر لٹکاؤ جس میں کوئی پتہ نہ ہو۔ اور عزیمت سات بار کہ یہ دعا سات مرتبہ پڑھو۔

اَللّٰھُمَّ کَمَا طَیَّرْتَ وَطَیَّشْتَ اَوْ رَاقَ ھٰذِہٖ الشَّجَرَۃَ طَیِّشْ عَقَلَ فلاں بِمُحَبَّۃِ فلاں اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

آسیب اور نظر بد وغیرہ کا علاج : کاغذ پر مندرجہ ذیل خاتم لکھ کر ارد گرد **آیت الکرسی** لکھے۔ اور یہ آیت لکھے۔ **وَاِنْ یَکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْ لِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ** ۔ پھراس کو بخور رجاوی لوبان ذکر اور دھنیا دیکر اس پر دعوۃ سات مرتبہ پڑھے۔ اور گلے میں ڈلوائے۔ انشاءاللہ تمام تکالیف فی الفور اور دائمی طور پر دور ہو جائیں گے۔ اسماء سبعہ قمریہ کا نقش ہفت در ہفت یہ ہے۔ جو کثیر فوائد میں مشتمل ہے۔

لیا خیم	لیا لغو	لیا فور	لیا روث	لیا روغ	لیا روش	لیا شلش
لیا لغو	لیا فور	لیاروث	لیاروغ	لیاروش	لیاشلش	لیا خیم
لیا فور	لیاروث	لیا روغ	لیاروش	لیا شلش	لیا خیم	لیا لغو
لیا روث	لیاروغ	لیا روش	لیا شلش	لیا خیم	لیا لغو	لیا لفور
لیا روغ	لیا روش	لیا شلش	لیا خیم	لیا لغو	لیا لفور	لیا روث
لیا روش	لیا شلش	لیا خیم	لیا لغو	لیا لفو ر	لیا روث	لیا روغ
لیا شلش	لیا خیم	لیا لغو	لیا لفور	لیا روث	لیا روغ	لیا روش

خاتمہ بندش : اگر کسی پر کسی قسم کی بندش ہو یا اس پر جادو ہو تو خاتم کو برتن میں لکھے اور میٹھے پانی سے دھو کر سات مرتبہ عزیمت پڑھ کر پلائے۔ نہلائے اور چھینٹے مارے تو فوراً اثر دور ہو جائے گا اور مریض کو نہایت سکون محسوس ہو گا۔


عمل برائے تفرقہ : اگر کسی کے دوران تفرقہ چاہتا ہو۔ تو کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر جمع ہوئے ہوں۔ اور فسق وفجور پر جمع ہوں۔ تو کوری ٹھیکری پر ۷ X ۷ خانے کا نقش ان اسماء کا لکھ کر اس پر دعوت اکیس پڑھے۔ اور شر کا بخور کرے۔ اور پھراس کو پیس کر ان کے مکان میں بکھیرے۔ وہ سب متفرق ہو جائیں گے۔ (اور) اگر اپنے ناخن اور ٹھوری کے بال جلا کر اس میں نوشادر کھ دیں۔ اس پر اسماء لکھے۔ اور ٹھیکری پر دعوت سات بار پڑھ کہ پیس کر ان لوگوں کے مکان میں چھڑکے۔ تو ان کے درمیان اسی وقت تفرقہ پیدا ہو جائے گا۔

☆ **مقامِ توبہ** : حضرت سید نا علی ہجویری داتا صاحبؒ فرماتے ہیں۔ کہ!

درحقیقت عبادت توبہ کے بغیر درست نہیں ہوتی۔ کیونکہ! توبہ مقامِ ابتدا ہے۔ اور بندگی مقامِ انتہا۔

ورق ورق میری نظروں میں کائنات کا ہے کہ دستِ غیب سے لکھی ہوئی کتاب ہوں میں

دعوت استاذ الخوارزمی رح : (از کتاب ۔منبع اصول الحکمۃ ۔۔حضرت شیخ ابو العباس احمد بن علی بونی رح)



اسمائے سواقط حروفِ سورہ فاتحہ سامنے دیئے گئے ہیں ۔
استاذ الخوارزمی سے یہ دعوت ان اسماء کی بہت عظیم الشان جلیل القدر ترتیب سے دی گئی ہے جو نہایت سریع الاثر ہے ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ الدَّائِمِ الْقَاهِرِ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَشْيَاءِ كُلَّهَا كَيْفَ شَآءَ بِقُدْرَتِهٖ وَ خَلَقَ آدم بِعَظْمَةٍ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ فَسَجَدَتْ لَهُ الْمَلَائِكَةِ السَّمٰوٰتِ وَالاَرْضِ وَاَمَرَهَا بِاَرَادَتِهٖ فَاسْتَمْسَكَتْ بِجَلَالِهٖ فَسُبْحَانَهٗ لَااِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْمَعْبُوْدُ فَنَخْرُجُ الْاَشْيَاءُ مِنَ الْعَدَمِ اِلَى الْوُجُوْدِ اَعْزَمُ عَلَيْكُمْ اَيُّهَاالْاَرْوَاحُ الرُّوْحَانِيَّةُ الْاَبْرَارِ السَّاكِنُوْنَ تَحْتَ عَرْشِ الْمُلْكِ الْجَبَّارِ بِالذِّلَّةِ وَالْوَقَارِ لَآ اِلٰهَ اِلَّاهُوَ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ اَلْجَائِلُوْنَ فِىْ فَلَكِ الْقَمَرِ السَّيَّارِ السَّائِرُوْنَ بِسَيْرَانِهٖ الْمُتَصَرِّفُوْنَ فِىْ اَفْعَالِهٖ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ بِاللّٰهِ وَعَظْمَتِهٖ وَالْعَرْشِ وَرِفْعَتِهٖ وَالْكُرْسِىِّ وَوُسْعَتِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَوَجْهَتِهٖ وَمِيْكَائِيْلَ وَ اَمَانَتِهٖ وَاِسْرَافِيْلَ وَ نَفَخَتِهٖ وَعِزْرَائِيْلَ وَقَبْضَتِهٖ وَبِالْاِسْمِهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ الدَّائِمِ الْقَائِمِ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَالشَّاهِدِ عَلَيْهَا بِمَا عَمِلَتْ فَبِحَقِّهٖ عَلَيْكُمْ اَدْعُوْكُمْ مَعَاشَرَ الْاَرْوَاحِ الرُّوْحَانِيَةِ الظَّاهِرِيْنَ اَجِيْبُوْا دَعْوَتِىْ وَاقْضُوْا حَاجَتِىْ وَاحْضَرُوْا مَقَامِىْ وَ شَمُّوْ دُخْنٰى بِحَقِّ مَااَقْسَمْتُ بِهٖ عَلَيْكُمْ اَلْوَحَا اَلْوَحَا الْعَجَلِ الْعَجَلِ اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ بِحَقِّ لِيَا لَغُوْ لِيَافُوْرُ لِيَارُوْثِ لِيَارُوْغِ لِيَا رُوْشِ لِيَاشَلَشَ اَجِبْ يَا رُوْفِيَائِيْلِ وَاَنْتَ يَامَذْهَبَ بِحَقِّ لِيَاخِيْمِ اَجِبْ يَاجِبْرَئِيْلِ وَاَنْتَ يَا مُرَّةِ بِحَقِّ لِيَالَغُوْا اَجِبْ يَاسَمْسَائِيْلُ وَاَنْتَ يَااَحْمَرُ بِحَقِّ لِيَا فُوْرِ اَجِبْ يَامِيْكَائِيْلِ وَاَنْتَ يَا بَرْقَانَ بِحَقِّ لِيَارُوْغِ . اَجِبْ يَاعِيْنَائِيْلُ وَاَنْتُ يَا ذُوْبَعَةَ بِحَقِّ لِيَارُوْشِ اَجِبْ يَا كَسَفِيَائِيْلُ وَ اَنْتَ يَا مَيْمُوْنَ بِحَقِّ لِيَاشَلَشَ بِحَقِّ نُوْرُالاَنْوَارِ وَ سِرِّ الاَسْرَارِ وَ مَالِكِ الْمُلْكِ ذِىْ الْجَلَالِ وَالاِكْرَامِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ اَجِيْبُوْا بِحَقِّ الْوَاحِدِ الاَحَدِ بِمَهْمَهُوْبِ مَهْمَهُوْبِ ذِىْ اللُّطْفِ الْخَفِىِّ بِصَعْصَعِ ذِى النُّوْرِ وَالْبَهَاءِ وَالْكَمَالِ وَالْجَمَالِ يَااَللّٰهُ بِسَهْسَهُوْبِ سَهْسَهُوْبِ ذِىْ الْعِزِّ الشَّامِخِ الَّذِىْ لَهُ الْعَظَمَةُ وَالْكِبْرِيَاءُ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ بِمَهْلَهُوْبِ هَلْهَبُوْبِ هِيْبَرُوْشِ هِيْبَدُوْشِ الاَرْكِيَاطُ الَّذِىْ لَهُ نُوْرٌفَوْقَ نُوْرٍ اَجِيْبُوْا بِحَقِّ مَعْمَلَخَشِ فُوْدَمِ قُدُّوْسِ الَّذِىْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰى بْنُ عِمْرٰنَ ذِى النُّوْرِ عَالِمِ الاَسْرَارِ وَمَا فِى ظُلُمَاتِ الْبِحَارِ تَوَكَّلُوْا بِحَقِّ مَااَقْسَمْتُ بِهٖ عَلَيْكُمْ بِقَضَآءِ حَاجَتِىْ (فلاں کام) تَوَكَّلْ يَابُرْهَانَ وَالْقَدْ بُرُوحاً نِيَّتِكَ فِىْ (فلاں بن فلاں)تَوَكَّلُوْ يَا مَعَاشَرَ الاَمْلَاكِ الْعَلْوِيَّةِ وَالسِّفْلِيَّةِ فِيْمَا اَمَرْتُكُمْ بِهٖ مِنْ قَضَآءِ حَاجَتِىْ (فلاں کام)بِحَقِّ مَا اَقْسَمْتُ بِهٖ عَلَيْكُمْ بِاللّٰهِ الْعَلِىِّ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمُ الَّذِىْ حُكْمَةِ نَافِذْفِيْكُمْ وَبِعَصِيْهِ مِنْكُمْ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَعَلَيْكُمْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ ۔

اس کا بخور یہ ہے کہ عمل خیر کے لیئے عود جاوی تاصری مصطگی ، کندر میعہ سائلہ اور اعمال شر کے بخور یہ ہیں حیثیت تکار مرصبر اور لادن اسود ہے ۔ اور اس کا نقوش ہفت در ہفت (7x7 خانوں) کا ہے ۔

ف	ج	ش	ث	ظ	خ	ز
ج	ش	ث	ظ	خ	ز	ف
ش	ث	ظ	خ	ز	ف	ج
ث	ظ	خ	ز	ف	ج	ش
ظ	خ	ز	ف	ج	ش	ث
خ	ز	ف	ج	ش	ث	ظ
ز	ف	ج	ش	ث	ظ	خ

اوراس کا زجر یہ ہے ان اسماء کو تین مرتبہ پڑھنے سے زیادہ سرعت سے یہ عمل ہوتا ہے وہ اسماء یہ ہیں ۔عَيْدُوْش ۲ مِهْرَاشِ ۲ بَطْشِى ۲ طَرْشِ ۲ هَطَشِ ۲ اَرْشِ ۲ وَبِحَقِّ الرَّبِّ الْمَعْبُوْدِ الَّذِىْ قَالَ لِلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًااَوْ كَرْهًاوَّ قَالَتَ تَيْنَا طَائِعِيْنَ o

دعوت ھذا کے فوائد : ان **اسماء سبعہ** کے ساتھ ہرا مرجیسے کہ جلب خیراور رفع شرہو سکتے ہیں ۔ جب کسی کو بلانے کی نیت کرے تو اسماء سبعہ سات کھجوروں پر لکھے یا کسی بھی پھل پر لکھے اورا سپر دعوۃ اکیس (۲۱) بار پڑھے اور مطلوب کو کھلا دے پس اس کی حاضری اوراطاعت میں سرعت اور آسانی ہوگی اسی طرح اگراسمائے سبعہ برتن میں لکھ کر میٹھے پانی میں دھوکراس پر اکیس (۲۱) بار پڑھ کر دم مطلوب کو پلا دے تو بہت زیادہ محبت کرنے لگ جائے گا اس طرح اگر یہ اسماء لکھے مطلوب کے کپڑے پر اوراس کی بتی بنا کر چنبیلی یا زیتون کے تیل میں جلائے اور دعوت کے دوران نہایت سات مرتبہ پڑھے اوراس دوران نیک بخور کرتا رہے ۔مطلوب بہت جلد حاضر ہوگا ۔اگرایک بادام ایسا لے جس میں دوگریاں ہوں اوران گریوں کو پانی میں ڈالے جوگری اوپر آئے اس پر لیا لکھا اور جو بعد آئے یا نیچے ہواس پر خیم (اسی پر اسماء سبعہ سات سوا کہتر (۱۷۷) مرتبہ پڑھے اس دوران اچھا بخور جلا تا رہے پھر پہلا بادام مطلوب کوکھلا دے اور دوسرا طالب کوکھلا دے ان دونوں کے درمیان جذب ومحبت شدید پیدا ہوجائے گی ۔اگراپنے دائیں کان کی میل لے کر انجیر میں ملا کراس پرسات مرتبہ دعوت پڑھے اورکسی کوکھلا دے وہ مطیع ہوکرتمہاری سچی محبت میں مبتلا ہو جائے گی ۔اگراپنی داڑھی (ٹھوڑی) کے بال اوراپنے ناخن لے کر جلا کر عرق گلاب وزعفران میں ملاکران سے اسماء سبعہ سات مرتبہ اپنی ہتھیلی میں لکھ کرکسی انسان کومس کرلے تو وہ دائمی طور پر مطیع وفرمانبردار ہوجائے گا۔

حاضری مطلوب : اگرکسی آدمی یا عورت کو حاضر کرنا ہوتو ایک سکے کا پترا لے کراس پر نوچندی اتوار کے دن پہلی ساعت میں اثر المطلوب یا کسی کاغذ پر ایک شکل بنا کراس کے جسم کے مختلف حصوں پراس طرح سے لکھے ۔

سر پر **لیاخیم روقیائیل مذھب اجیبوا واجلبوا** (مطلوب مع والدہ) **الی ا لمحبة** (طالب مع والدہ) ۔

سینے پر **لیا لغو جبرائیل مرة اجیبوا واجلبوا** (مطلوب مع والدہ) **الی ا لمحبة** (طالب مع والدہ) ۔

دائیں بازو پر **لیافور سمسائیل الاحمراجیبوا واجلبوا** (مطلوب مع والدہ) **الی ا لمحبة** (طالب مع والدہ) ۔

بائیں بازو پر **لیا روث میکائیل بر قا ن اجیبوا واجلبوا** (مطلوب مع والدہ) **الی ا لمحبة** (طالب مع والدہ) ۔

ظھرہ پر **لیا روغ صر فیائیل شمھورش اجیبوا واجلبوا** (مطلوب مع والدہ) **الی ا لمحبة** (طالب مع والدہ)

دائیں ٹانگ پر **لیاروش عنیائیل ذوبعة اجیبوا واجلبوا** (مطلوب مع والدہ) **الی ا لمحبة** (طالب مع والدہ) ۔

بائیں ٹانگ پر **لیاشلش کسفائیل میمون اجیبوا واجلبوا** (مطلوب مع والدہ) **الی ا لمحبة** (طالب مع والدہ) ۔

پھراس کوانار کے درخت میں لٹکا دے پھرسات ٹکڑے کپڑے پر اسماء **یــاو کیل** لکھے اور ہرٹکڑے کوا لگ الگ نئے چراغ میں پاک تیل ڈال کر اپنے اردگرجلائے ۔ایک کا منہ قبلہ کی طرف دوسرا اپنے پیچھے ۔تیسرا دائیں طرف چوتھا بائیں طرف پانچواں مشرق کی طرف چھٹا مغرب کی طرف ساتوں مطلوب کے گھر کی طرف اگرمعلوم ہو۔تو اگرمعلوم نہ ہوتو شمال اورغروب کے درمیان رکھے اور بخورجلائے اور چراغ جلائے اور عزیمت مذکورہ استاذ الخوارزمی والی اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھے ۔پس مطلوب بے شک حاضر ہوگا ۔چاہے وہ زنجیروں سے باندھا ہوا ہی کیوں نہ ہو۔

آسیب زدہ کا علاج: جب تمہارے پاس کوئی آسیب زدہ آئے تو اس کی آنکھوں کے درمیان لیا خیم لکھواوراس کی شہادت کی انگلی پر لیا لغوراورانگوٹھے پرلیا فوراوراس پردعوت مذکورہ پڑھواگر حاضر ہو جائے تواس سے بات کرو۔اگروہ بات نہ کرے تواس کے ہاتھ پر 7x7 کانقش لکھو۔اورایک پاک لکڑی لیکراس پرلیا لغولکھواوراس کی درمیانی اورساتھ والی انگلی کے درمیان زوردے کر پکڑ واوردعوت الخوارزمی کو بار بار پڑھتے رہو۔ پس وہ بولے گا اوراپنے نام اور مقصداور قبیلے کے بارے میں بتائے گا اس کوخارج ہونے کا حکم دواوراس سے حلف لو۔جب آسیب چلا جائے تو **اسمائے سبعہ قمریہ** ، **آیت الکرسی** ،آخری **سورۃ حشر** لکھ کراس کے گلے میں ڈالے یا سر پر رکھا جائے ۔پس وہ کبھی بھی واپس نہ لوٹے گا ۔اور مریض ہمیشہ کے لئے ٹھیک ہو جائے گا ۔اگرآسیب اکڑے اور نہ بولے یا نہ نکلے تو اس کے ماتھے کے درمیان یہ طلسم لکھے اوراس پر اکیس مرتبہ دعوت پڑھے پس وہ اطاعت کریگا اور بولے گا اور جوکچھ کہوگے کرے گا ۔اوراگرنہایت گستاخ آسیب ہواوراسکوجلانا مقصود ہوتو یہ **اسمائے سبعہ قمریہ** نیلے کپڑے پرلکھواوراس کے ساتھ یہ طلسم لکھو **حم حیما اللہ بینم لہ بابا کن احرق یا سمسما ئیل من عصا لسھا ء اللہ من الجن والشیاطین بحق ھذا الاسماء** اس کا دھواں مریض کو پہنچائے ۔ اور جلانے کے لئے یہ بھی ہے کہ یہ اسمائے لکھے۔ **املج ۳ قبلج توکل یا احمر وانت یا عبدالقادر بحبرق ھذا العون کف ی** اگرآسیب کوجس کا اندر ہی قید کرنا ہوتو !

مریض کے ماتھے پر لکھے **لیاخیم ۔ وقفوھم انھم مسئولون۔** اس کے دائیں کلائی پر **لیا لغو ۔ رو قیائیل ۔ مذھب ۔**

بائیں کلائی پر **لیا فور ۔ جبرائیل ۔ مرة۔** دائیں ہنڈی پر **لیا روث ۔ سمسائیل ۔ احمر۔**

بائیں ہنڈی پر **لیاروغ ۔ صر فیائیل ۔شمھورش ۔** پیٹ پر **لیا ر و ش ۔ صر فیائیل ۔شمھورش۔**

کمر پر **لیاشلش ۔کسفیائیل ۔ میمون ۔**

اس کے بعد دعوت خوارزمیؒ کو اکیس بار پورے یقین کامل کے ساتھ پڑھ کر دم کر دے تو آسیب یقینی طور پر قید ہو جا ئیگا ۔

آسیب کو قید کرنا : اگر آسیب کو بوتل میں قید کرنا چاہے تو بوتل پر ایک کاغذ لگائے اور اس کاغذ کے درمیان میں دائرہ میں اسماء لکھے ۔ اور دعوت پڑھ کر خدام کو آسیب اس کے اندر داخل کرنے کا حکم دے اور سات مرتبہ بوتل کو مریض پر گھمائے اور پھر اسے رکھ دے ۔ اور پڑھتا رہے ۔ جب بوتل خود بخود ہلنے لگے تو اس کا منہ بند کر کے موم لاکھ وغیرہ لگائے ۔ اور اس پر لیا لغور لکھ دے اور اس کو زمین میں گہرا دفن کر دے جہاں پر پاؤں نہ آئے جب تک دفن رہے گا وہ آسیب قید ہی رہے گا ۔ یا جب تک وہ بوتل ٹوٹ نہ جائے ۔

عمل ارسال ھواتف ازبونی :

درج ذیل خاتم مبارک ایک عدد کسی کاغذ پر لکھیں ۔ اور ایک عدد رات کو دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر لکھیں ۔ اب رات کو پرہیز عمومی کے ساتھ ایک ہزار مرتبہ (1000) **اللھم یا کھیعص یا حم عسق** اس طرح سے آپ پڑھیں ۔ کہ ہر سینکڑہ پر دس مرتبہ یہ عبارت عمل پڑھیں ۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم o تو کلوا یا خدام ہذہ الآیات و اذھبوا الی** (اس شخص کا نام مع والدہ جس سے کام لینا مقصود ہو) **فی صورتی و سموا لہ اسمی و خوفوہ و ازعجوہ و اقلقوہ الموت حتی اذا اصبح یأتی الی خاضعا ذلیلا و یقضی حاجتی بحق ہذہ الأسماء علیکم و طاعتھا لدیکم الوحا الوحا العجل العجل الساعۃ الساعۃ بارک اللہ فیکم و علیکم ۔**

ک ح	ح م	ی ع	ع س	ص ق
ح م	ی ع	ع س	ص ق	ک ح
ی ع	ع س	ص ق	ک ح	ح م
ع س	ص ق	ک ح	ح م	ی ع
ص ق	ک ح	ح م	ی ع	ع س

یہ عمل پانچ سے سات دن کا ہے ۔ اس دوران پرہیز عمومی اور صوم و صیام نہایت ضروری ہے ۔

ارسال کا مجرب عمل : حضرت امام غزالیؒ سے منقول ہے ۔ کہ ! کہ آیت الکرسی کو فقط دو سو بار اس طرح سے پڑھیں ۔ کہ ہر صدی پر **یا اللہ ۔یا حی یا قیوم ۔ یا علی یا عظیم** ۔ کو ایک ہزار تین سو ستر (1370) بار پڑھ کر اس دعا و عزیمت کو تین بار پڑھیں ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ **اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ بِنُوۡرِ وَجۡھِکَ الَّذِیۡ وَمِلَاءَ اَرۡکَانَ عَرۡشِکَ بِرُوۡحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّسُوۡلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَبَارِکۡ وَسَلِّمۡ اَنۡ تُرۡسِلُ خَادِمِ ھٰذِہِ الۡاٰیَۃِ الشَّرِیۡفَۃِ لِفُلَانِ بۡنُ فُلَان** (دشمن کا نام ۔ یا اس شخص کا نام جس سے کام لینا مقصود ہو) **فِیۡ صِفَتِیۡ وَحُلِیَّتِیۡ بِاِسۡمِھِمۡ مِنۡ سُمُوۡمٍ وَحَرَّابٍ مِنۡ نَّارٍ وَاَطۡعَنَہ' بِالۡحَرَابِ وَاَضۡرِبُہ بِالدَّبَابِیۡشِ حَتّٰی اِذَا اَصۡبَحَ یَاۡتِیۡ اِلٰی خَاضِعًا ذَلِیۡلًا وَّ یَقۡضِیۡ حَاجَتِیۡ اَجِبۡ وَافۡعَلۡ بِمَا اَمَرۡتُکَ بِہٖ اَلۡوَحَا 2 ۔ اَلۡعَجَلُ 2 ۔ اَلسَّاعَۃُ 2 ۔**

اس پڑھائی کے عامل کو چاہیئے کہ بطرف اس شخص کے (یعنی کہ دشمن ۔ یا وہ شخص جس سے کام لینا مقصود ہو) کسی حربے کے ساتھ یا کسی چیز سے اشارہ کرے ۔ پھر تین سو بار درود وسلام پڑھ کر عامل اسی جگہ پر اکیلا سو جائے ۔ یاد رہے کہ اس پورے عمل کے دوران کوئی خوشبو دار دخنہ یا کوئی اگربتی کی دھونی لازمی ہونی چاہیئے اس عمل کو شب جمعہ سے شروع کرنا چاہیئے یہ عمل سات سے گیارہ ایام تک کرنا چاہیے عامل ضرور بالضرور اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا ۔ انشاءاللہ ۔ صاحب مجربات دیربی میں اس ضمن میں فرماتے ہیں کہ اگر ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک عمل میں کامیابی نہ ہو تو مایوس نہ ہونا چاہیئے تا آنکہ سات جمعوں تک یہ عمل ضرور مستجاب ہوگا ۔ انشاءاللہ العظیم ۔ اس عمل کو میرے پیرومرشدؒ نے معدن کرامت میں بھی تحریر فرمایا ہے ۔


علمِ کیمیاء سکھانے والے مؤکل کی تسخیر : (از حضرت امام ابوالعباس احمد بن علی البونیؒ در کتاب شمس المعارف)

جو بھی شخص جذبہ ذوق وشوق سے علمِ کیمیاء (سونا و چاندی بنانے کا علم) صحیح و مکمل طور پر جاننے کا متمنی ہو ۔ تو اس عمل کو سرانجام دینے کے بعد بحالت رویاء ، یا پھر عالم بیداری میں کوئی اللہ تعالیٰ کا بندہ خصوصی اِس شخص کو علم کیمیاء سکھلا جائے گا ۔ انشاءاللہ تعالیٰ ۔ تو ایسے شخص کو لازم ہے ۔ کہ 40 ۔ ایام تک پرہیز روحانی مع صوم و صیام رہتے ہوئے آبادی سے دور کہیں خلوت اختیار کرے ۔ حلال روزی سے سحر و افطار کا اہتمام کرے ۔ ہر نماز کے بعد **سورہ والشمس ، سورہ واللیل ، سورہ والضحی** اور **سورہ الم نشرح** ہر ایک کو سات سات مرتبہ پڑھ کر یہ آیتِ کریمہ **(قل اللھم مالک الملک ۔ ۔ بغیر حساب o تک)** 40 ۔ مرتبہ پڑھ کر اس دُعا کو 11 مرتبہ پڑھے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo اللھم انی اسئلک بقدرتک علٰی کل شیء و تسخیرک لکل شیء یا احد یا صمد یا وتر یا حی یا قیوم . ان تصلی و تسلم علٰی سیدنا محمد ان تسخر لی العلم الذی سترتہ علٰ کثیر من خلقک و اکرمت بہ کثیرا من عبادک یا کافی یا غنی یا مغنی یا فتاح یا ھادی واغننی بہ عمن سواک انک مالک الملک و بیدک مقالید السموات والارض وانت علٰی کل شیء قدیر o

تسخیر اجنہ (بلا پرہیز آسان) : عمل مجربہ اَز حضرت غلام الرسول میمن نا شادؔ

بازار سے ایک نیا جیبی آئینہ لے لیں۔جس طرح سے اس عمل میں شکل دی گئی ہے۔ ہو بہو یہی شکل آئینہ پر وضع کریں۔پس آئینہ تیار ہو گیا۔اب جس دن اس عمل کو کرنے کا ارادہ ہو۔اس دن کو گزار کر رات کو(بعد نماز عشاء) اپنے سامنے رکھ کر **400** سو مرتبہ **20** دنوں تک مسلسل یہ عزیمت پڑھیں ۔ تیسرے دن سے عجائبات کا مشاہدہ شروع ہو جائیگا۔انشاء اللہ تعالیٰ۔ عزیمت اور نقش اس مجرب عمل کے نیچے دیئے گئے ہیں۔



اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَامَعْشَرَالْجِنِّ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ بُدُّوحٍ کَمْسَفْ رَتْخَضْ وَبِحَقِّ هَشْطَشْلَهْکُوْشٍ کَشْکَشْلِیْعُوْشٍ بِخَلْهَلْشَطُوْشٍ شَلْطُطَشْکُوْشٍ وَ بِبَآءِ الْبِهَاءِ وَبِدَالِ الدُّخَانِ وَبِوَاوِالْوَلَایَةِ وَبِحَآءِ الْحَیَاتِ اُحْضُرُوْا بِحَقِّ اِنَّهٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ . اَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ مُسْرِعِیْنَ طَائِعِیْنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ o

عمل کے بعد آئینہ کو کسی سیاہ کاغذ میں لپیٹ کر رکھ دیں۔تاکہ آپ کے علاوہ دوسرا کوئی اس آئینہ تک نہ پہنچ سکے۔اس عمل میں شرائط وغیرہ کچھ نہیں۔ روزانہ کے نتائج ، مشاہدات اور مکاشفات اپنی ڈائری میں لکھتے رہیں۔اس عمل کے جنات بلا شبہ کام کرتے ہیں۔

تسخیر خادم سورہ فاتحہ شریفہ :

سورہ فاتحہ شریف کے خادم کی تسخیر کا یہ عمل متعدد علمائے عاملین سے منقول ومنسوب ہے۔اور اس عمل کو مجرب المجرب ہونے کی سند بھی حاصل ہے۔ (الحمدللہ) اس عمل کا طریقہ نہایت سادہ اور آسان ہے۔ پرہیز جلالی و جمالی کر کے روزانہ رات کو خلوت میں بیٹھ کر عمل کا آغاز نوچندی جمعرات سے اس طرح کرنا ہے۔کہ! کوئی خوشبودار دھنہ سلگا کر یا اگربتی لگا لیں۔ پھر گیارہ مرتبہ آیت الکرسی انگشتِ شہادت پر پڑھ کر ایک دائرہ بطورِ حصار بنا لیں۔بعدازاں اس دائرہ میں قبل رُو ہو کر بیٹھ جائیں۔سورہ فاتحہ شریف (مع تسمیہ) ایک ہزار (1000) مرتبہ اس طرح سے پڑھیں۔کہ! ہر سو مرتبہ سورہ فاتحہ شریف کے عبارتِ عمل کو تین مرتبہ پڑھیں۔ سات ایام تک یہ تمام عمل ایک ہی نشست میں بحالتِ وضو پڑھنا ہے۔عبارتِ عمل یہ ہے۔

تَرِیْشٍ (2مرتبہ) ۔بَطْهِیْشٍ (2مرتبہ) ۔مَشَاشٍ (2مرتبہ) ۔کَشَارِشٍ (2مرتبہ) ۔اُطَامِشٍ (2مرتبہ) ۔ قَطْمُوْشٍ (2مرتبہ) ۔اُنْهَتٍ (2مرتبہ) ۔ عَلُوْشٍ (2مرتبہ) ۔ مَخْلُوْشٍ (2مرتبہ) ۔اُجِبْ یَا رَیْحَانُ وَافْعَلْ لِیْ مَطَا بِعَةً بِحَقِّ الْفَاتِحَةِ الشَّرِیْفَةِ اُمِّ الْقُرْاٰنِ وَ بِحَقِّ الْمَلِکِ الَّا خُذْ بِنَاصِیَتِکَ اُجِبْ بَارَکَ اللّٰهُ فِیْکَ وَ عَلَیْکَ بِحَقِّ الْفَرْدِ الْجَبَّارِ الشَّکُوْرِ الثَّابِتِ الظَّهِیْرِ الْخَبِیْرُ الزَّکِیُّ اَلْوَحَا (2مرتبہ) اَلْعَجَلُ (2مرتبہ) اَلسَّاعَةِ (2مرتبہ) ۔

بالفرضِ محال! اگر سات ایام میں خادم حاضر نہ ہوا۔تو پھر بھی عمل جاری رکھیں۔لیکن اگر اکیس یوم میں بھی خادم حاضر نہ ہوا۔تو آپ سمجھیں۔کہ! دورانِ عمل آپ سے کسی قسم کا کوئی نقص واقع ہوا ہے۔

تسخیرِ جنی عورت :

جن عورت کی تسخیر کا ی عمل نہایت مشہور ومعروف عمل ہے۔اس عمل میں ایک بہت بڑی خوبی اور اسی طرح سے ایک نہایت عظیم مشقت بھی ہے۔ خوبیءعمل تو یہ ہے۔کہ! عامل چوبیس گھنٹوں بعد ایک نہایت عظیم تصرف وقوت کا حاکم بن جاتا ہے۔مگر عظیم مقت یہ ہے۔کہ! چوبیس گھنٹوں میں یہ اسم سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر ہی اُٹھنا ہے۔ یعنی جبکہ تعداد پوری نہیں ہوگی۔عامل دائرہءحصار میں رہتے ہوئے اپنی نشست سے نہیں اُٹھ سکتا۔

طریقہءعمل یہ ہے۔کہ! عمل سے تین یوم قبل صوم وصیام اور خلوت کی پابندی کے ساتھ پرہیز جلالی و جمالی کر کے دائرہءحصار میں بیٹھ جائیں۔اور اسم ''**یَا شَمْعَلُوْنِیْ**'' کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر ہی اُٹھیں۔دورانِ پڑھائی خوفناک مناظر،خوبصورت برہنہ عورتوں کا دائرہ کے پاس آنا اور خوفناک مناظر پیش آنے جیسے واقعات بھی وقوع پذیر ہوں گے۔لہذا عامل نہ تو ڈرے۔اور نہ جذبات کو بے قابو ہونے دے۔ورنہ سخت رجعت ہوگی۔

یا حی یا قیوم	فال نامہ قرآنی مُشتمل بر اعجاز رحمانی	فال نامہ

استخارہ یہ کہتا ہے اس سے کنارہ کرلوں   دل کہتا ہے مگر استخارہ دوبارہ کرلوں

طریقہ نمبر 1 : یہ طریقہ جناب سید سرفراز احمد شاہ نے کتاب ''حرفِ فقیر'' میں بتایا ہے۔ کہ! وضوکر کے دو (رکعت) نفل پڑھیں۔ (سلام پھیرنے کے بعد) دل میں تین مرتبہ درودِ پاک پڑھتے ہوئے **At random** قرآنِ پاک کھولیں۔ **Left side** کے صفحہ کونمبر ایک تسلیم کرتے ہوئے **Seventh Page** پر جائیے۔ اوراُس (صفحہ) کی ساتویں سطر کے ساتویں لفظ کا ترجمہ دیکھ لیجیے۔

سو بار تیرا دامن ہاتھوں میں میرے آیا   جب آنکھ کھلی دیکھا اپنا ہی گریباں ہے

طریقہ نمبر 2: اسی طرح کا ایک اور مجرب المجرب اور مستند ترین استخارہ کہ جس کو میرے مربی ومرشد جناب سید محبوب علی شاہ ؒ کی تصانیف، **شمس المعارف و لطائف العوارف، صاحب مجربات دیربی، صاحب اغاثۃ المظلوم، مجربات سنوسی** ؒ کے علاوہ دیگر متعدد عاملین نے اپنی اپنی کتب کو معمور و مزین فرمایا ہے۔ متذکرہ تمام مصنفین اس ضمن میں فرماتے ہیں۔ کہ! اگر کسی شخص کو کسی انجام کار کا خوف ہو۔ یا یہ اندیشہ ہو۔ کہ فلاں مشکل ومصیبت سے کیسے خلاصی حاصل کی جائے۔ تو ایسے شخص کو چاہیے۔ کہ عشاء کے فرض وسنن کے بعد مگر قبل صلاۃ الوتر استخارہ کی نیت سے گھر یا مسجد میں (کسی گوشے یا ایسی جگہ کہ جہاں پر کوئی دوران پڑھائی مخل نہ ہو) دو رکعت اس طرح سے پڑھے۔ کہ **سورہ فاتحہ** کے بعد 11 مرتبہ **آیت الکرسی** پڑھے۔ بعد سلام حالت تشہد ہی میں **21** بار آیت الکرسی۔ **11** مرتبہ سورہ قدر۔ **11** مرتبہ **سورہ الم نشرح**۔ **11** مرتبہ سورہ والشمس۔ **11** مرتبہ **سورہ واللیل**۔ **11** مرتبہ سورہ والتین۔ **11** مرتبہ سورہ تکاثر۔ **11** مرتبہ **سورہ اخلاص** اور **11** مرتبہ **معوذتین** (سورہ فلق وسورہ والناس) پڑھ کر یہ دعائیہ کلمات عظیمہ بھی **11** مرتبہ پڑھے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ o اَللّٰھُمَّ اِنِّی تَفَاءَ لْتُ بِحَقِّ مَا تَلَوْتُہٗ مِنْ کَلَامِکَ الْقَدِیْمِ☆ اَلَّذِیْ اَنْزَلْتَہٗ عَلٰی نَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ الْکَرِیْمِ ﷺ ☆ **فَاَرِنِیْ مَا ھُوَ الْمَکْنُوْنَ وَالْمُخْبَآءُ. اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ فِیْ لَیْلَتِیْ ھٰذِہٖ مِمَّا سَئَالْتُ وَمَا لَمْ اَسْئَلْ وَ بَیِّنْ لِیَ الْخُرُوْجَ مِنْ ھٰذَا الْاَمْرِ** (اس لفظ یعنی الامر پر صاحب استخارہ اپنے مطلب ومقصد کا تصور کرے) **بِقُدْرَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ☆ وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ اَمْرِیْ ھٰذَا فَرَجًا وَمَخْرَجًا یَا عَلِیْمُ یَا حَکِیْمُ☆ وَ بَیِّنْ لِیْ فِیْ نَوْمِیْ ھٰذَا مَا یَدُلُّنِیْ عَلٰی اِجَابَۃِ دَعْوَتِیْ. اَلَّذِیْ اَخَافُہٗ وَاَحْذُرُوْہُ. اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ خَیْرًا فَاَرِنِیْ بَیَاضًا اَوْ خُضْرَۃً وَ اِنْ کَانَ شَرًّا. فَاَرِنِیْ سَوَادًا اَوْ حُمْرَۃً وَ اَرْسِلْ لِّیْ خَادِمًا مِنْ خُدَّامِ ھٰذِہِ الْاٰیَۃِ الشَّرِیْفَۃِ وَ سُوْرَۃِ الْمُبَارَکَۃِ☆ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ'' ☆ بِفَضْلِکَ وَ بِرَحْمَتِکَ وَکَرَمِکَ یَا کَرِیْمُ☆**

اس دعا کے بعد نماز وتر اور بقایا نماز مکمل کر کے بنا کسی سے بات چیت کئے اسی عمل کی جگہ پر دائیں کروٹ سو جائیں۔ انشاء اللہ بحکم ایزدی پہلی، تیسری یا حد ساتویں رات تک ذیل میں سے کوئی نہ کوئی ایک بات ضرور بالضرور وقوع پذیر ہوگی۔ انشاء اللہ۔

ارض و سماء کہاں تیری وسعت کو پا سکے   میرا ہی دل ہے وہ کہ جہاں تُو سما سکے

ا۔ خواب میں سفید یا سبز رنگ ظاہر ہوگا۔ اور دل کو اطمینان حاصل ہوگا۔ ۲۔ خواب میں سیاہ یا سرخ رنگ ظاہر ہوگا۔ اور دل کو خوف اور وحشت ہوگی۔ ۳۔ خواب میں کوئی انس، جن یا مؤکل حاضر ہوکر صاحب استخارہ کے مطلب ومقصد سے طالب کو آگاہی فراہم کرے گا۔ سفید وسبز رنگ اگر ظاہر ہو۔ تو اس کا مطلب ہے۔ کہ یہ کام کریں۔ سیاہ وسرخ رنگ اگر ظاہر ہو۔ تو اس کا مطلب ہے۔ کہ یہ کام ملتوی کریں۔ کیونکہ اس کام میں خیر نہیں ہے۔

بہت قریب سے دیکھا ہے دنیا کو   تب ہی تو دور جا کے بیٹھا ہوں

طریقہ نمبر 3: یہ مجرب المجرب اور مستند ترین طریقہ ہے کہ! بحالتِ وضو تنہا جگہ پر مصلے پر بیٹھ کر رو بقبلہ مُصحفِ پاک کو نہایت ادب واحترام سے دونوں ہاتھوں میں پکڑ کر بہ چشمِ بند اپنے مقصد وغایت کو قلب میں رکھے ہوئے دل ہی دل میں مندرجہ ذیل پڑھیں۔

☆ **درود و سلام**۔ 7 مرتبہ۔ ☆ **سورہ فاتحہ شریف**۔ 7 مرتبہ۔

☆ **سورہ اخلاص**۔ 7 مرتبہ ☆ **آیتُ الکرسی شریف**۔ 7 مرتبہ۔

اِن کے پڑھنے کے بعد اپنے مقصد کو دل میں رکھتے ہوئے یہ دُعا مکمل اعتقاد و یقین کے ساتھ سات ہی مرتبہ پڑھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ٥ اَللّٰھُمَّ اِنِّی تَفَاءَ لۡتُ بِحَقِّ مَا تَلَوۡتُہ، مِنۡ کَلَامِکَ الۡقَدِیۡمِ ☆ اَلَّذِیۡ اَنۡزَلۡتَہ، عَلٰی نَبِیِّکَ وَرَسُوۡلِکَ الۡکَرِیۡمِ ﷺ ☆ فَاَرِنِیۡ مَا ھُوَ الۡمَکۡنُوۡنَ وَالۡمُخۡبَآءُ .اَللّٰھُمَّ اَرِنِیۡ فِیۡ مَنَامِیۡ فِیۡ لَیۡلَتِیۡ ھٰذِہٖ مِمَّا سَئَاَلۡتُ وَمَا لَمۡ اَسۡئَلۡ وَ بَیِّنۡ لِیۡ الۡخُرُوۡجَ مِنۡ ھٰذَا الۡاَمۡرِ (اس لفظ یعنی الامر پر صاحب استخارہ اپنے مطلب ومقصد کا تصور کرے) **بِقُدۡرَتِکَ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیۡمُ ☆ وَاجۡعَلۡ لِّیۡ مِنۡ اَمۡرِیۡ ھٰذَا فَرَجًا وَمَخۡرَجًا یَا عَلِیۡمُ یَا حَکِیۡمُ ☆ وَ بَیِّنۡ لِیۡ فِیۡ نَوۡمِیۡ ھٰذَا مَا یَدُلَّنِیۡ عَلٰی اِجَابَةِ دَعۡوَتِیۡ .اَلَّذِیۡ اُخَافُہ، وَاَحۡذُرُوۡہُ . اَللّٰھُمَّ اِنۡ کَانَ خَیۡرًا فَاَرِنِیۡ بَیَاضًا اَوۡ خُضۡرَةً وَ اِنۡ کَانَ شَرًّا .فَاَرِنِیۡ سَوَادًا اَوۡ حُمۡرَةً وَ اَرۡسِلۡ لِّیۡ خَادِمًا مِنۡ خُدَّامِ ھٰذِہِ الۡاٰیَةِ الشَّرِیۡفَةِ وَ سُوۡرَةِ الۡمُبَارِکَةِ ☆ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡر" ☆ بِفَضۡلِکَ وَ بِرَحۡمَتِکَ وَکَرَمِکَ یَا کَرِیۡمُ ☆**

اِس دُعا کے پڑھنے کے بعد اپنے قُرآنِ مجید پر دم کر کے مُصحفِ مقدس کو کھولیں۔ اب جو بھی صفحات سامنے آئیں۔ اِن دونوں اطراف کے صفحات پر بغور دیکھ کر اسم ذات ''**اللہ**'' کو گن کر اِس تعداد میں تین اعداد کا اِضافہ کر کے اِتنے ہی صفحات آگے کی طرف پلٹ کر اُتنی ہی سطور گن لیں۔ آخری سطر پر مقصد و مطلب کی واضح ترین آیت مستخرج ہوگی۔ ترجمہ دیکھ لیں۔ آپ یقیناً حیران وششدر رہ جائیں گے۔ کہ! آپ کے مطلب ومقصد کی آیت نکل آئے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ یہ ہے۔قرآنِ پاک کا عظیم ترین زندہ معجزہ۔

رسمِ الفت ہی اجازت نہیں دیتی ورنہ ہم بھی تمھیں ایسا بھولیں کہ سدا یاد کرو

فال نامہ قرآنی از شیخ اکبر محی الدین ابنِ عربی ؒ

طریقہ نمبر 4: اما بعد! یہ جدول نہایت عظیم النفع دراصل حضرت شیخِ اکبر محی الدین ابنِ عربی اندلسی ؒ کا کراماتی قرعہ ہے۔ اور اس سے فال استخراج کرنے کا یہ طریقہ ہے۔ کہ جس مقصد و غایت کے لئے فال نکالنا مقصود ہو۔ تو سب سے پہلے اپنے مقصد کا دل میں خوب خیال جمائے۔ پھر ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب آنحضرت نبی مکرم ﷺ کی روحِ مبارک کو ایصال کرے۔ اس کے بعد پھر ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور تین مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر اس کا ثواب اس فالنامہ کے مُصنف جناب حضرت شیخِ اکبر محی الدین ابنِ عربی اندلسی ؒ کی روحِ مبارک کو ایصال کرے۔ اس کے بعد اپنے مقصد کا صفحہ کھول کر آنکھیں بند کر کے جدول پر اپنی شہادت کی اُنگلی پھیر کر کسی ایک جگہ روک کر آنکھیں کھول دے۔ اب دھیان سے دیکھے۔ کہ کِس حرف پر انگشت شہادت ہے۔ اس لفظ کو ذہن میں رکھتے ہوئے ہر پانچواں حرف لیتا جائے۔ (بہتر تو یہ ہے۔ کہ حروف کو لکھتا جائے) یہاں تک کہ اسی حرف پر مُنتہی ہو۔ جہاں سے آغاز کیا تھا۔ پھر ان تمام حروف کو جمع کرے۔ تو صاحب فال محوِ حیرت ہوگا۔ کہ کہ ان حرفوں سے آیت ظاہر ہو جائے گی۔ جو کہ جدول کے نیچے دی گئی ہوں گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ آیت کے ساتھ ہی نتیجہ لکھا ہوا ہوگا۔

یہ قرعہ دراصل اس فالنامہ کے مُصنف جناب حضرت **شیخِ اکبر محی الدین ابنِ عربی اندلسی** ؒ کی لاتعداد کرامات میں سے ایک ادنیٰ سی کرامت ہے۔ اس قرعہ کے اندر عجیب وغریب اسرار ہونے کے ساتھ ساتھ اس فالنامہ کا نتیجہ بھی بالکل واضح اور درست ہوگا۔ فالنامہ میں ہاں اور نہیں دونوں کے جوابات موجود ہیں۔

رب العالمین سے دُعا ہے۔ کہ ہمیں صراطِ مُستقیم پر رہنے کی توفیق و طاقت مرحمت فرمائے۔ اور ہمیں اپنے نیک و شرعی مقاصد میں کامیابی عطا فرمائے۔ اور ہمیں اس قرعہ سے مُستفید و مُتفع فرمائے۔ آمین۔

یاد رہے۔ کہ اِس عظیم امرتبت عطیہء خداوندی کو مذاق نہیں بنانا چاہیئے۔ صرف بوقتِ ضرورت اِس سے کام لینا چاہیئے۔ اور اِس فال نامہ کو بحالتِ وضو کرنا انتہائی ضروری ہے۔

حقیقت چھپ نہیں سکتی بناوٹ کے اصولوں سے کہ خوشبو آ نہیں سکتی، کبھی کاغذ کے پھولوں سے

یہ کا م کر نا ا چھا ہے یا نہیں ؟

ی	و	و	و	ہ	ب	ا	ا	ا	م
ش	ن	ن	ص	د	ر	ت	ت	ب	ر
ہ	ص	د	ر	ج	م	ب	ع	ع	ا
ر	ر	ہ	ل	ت	ب	و	م	ی	ع
ہ	ا	ا	م	ن	م	و	ل	ا	د
ب	ت	ی	ی	ا	ر	ت	ا	ق	ل
ح	ق	ل	و	ل	م	و	ہ	ل	ہ
ت	ا	د	و	و	م	ف	ی	ن	ا
ن	ا	ف	و	ل	ہ	ن	ل	ا	ل
و	ذ	ن	ہ	ہ	ر	ل	ی	ج	ب
ض	ک	ہ	ر	ص	و	م	ت	ہ	ی
ا	ن	د	م	ر	ن	ع	و	ہ	ب
و	ز	ا	ج	م	ج	م	ا	ر	ا
ن	ا	ذ	ا	ت	ت	ل	ا	ج	ع
ت	ا	ا	م	م	ل	م	ب	ی	ل
ہ	و	د	ل	و	م	ر	ا	ہ	ن

تفصیل نامہ برائے فال :

آیت	یبشرھم ربھم برحمۃ منہ و رضوان و جنات لھم (سورہ توبہ، آیت نمبر 21)	طیب
ترجمہ	انہیں ان کا رب خوشخبری دیتا ہے ۔ اپنی رحمت کی ۔ اور رضا مندی کی ۔ اور جنتوں کی ۔	ہاں
آیت	و ان تصبروا و تتقوا فان ذلک من عزم الامور ☆ (سورہ آلِ عمران، آیت نمبر 186)	طیب
ترجمہ	اگر تم صبر کو لو ۔ اور پرہیز گاری اختیار کر لو ۔ تو یقیناً یہ بہت بڑی ہمت کا کام ہے ۔	ہاں
آیت	وان تدعھم الی الھدیٰ فلن یھتدوا اذا ابدا ☆ (سورہ کہف، آیت نمبر 57)	لا طیب
ترجمہ	گو کہ آپ انہیں ہدایت کی طرف بلاتے رہیں ۔ لیکن یہ کبھی بھی ہدایت نہیں پانے کے ۔	نہیں
آیت	واصبر علٰی ما یقولون واھجر ھم ھجرا جمیلہ ☆ (سورہ مزمل، آیت نمبر 10)	لا طیب
ترجمہ	اور جو باتیں لوگ بنا رہے ہیں ۔ ان پر صبر کرو ۔ اور شرافت کے ساتھ ان سے الگ ہو جاؤ ۔	نہیں
آیت	ھم درجات عنداللہ ط واللہ بصیرم بما تعملون ط ☆ (سورہ آلِ عمران، آیت نمبر 163)	طیب
ترجمہ	اللہ تعالیٰ کے پاس ان کے الگ الگ درجات ہیں ۔ اور ان کے تمام اعمال کو اللہ تعالیٰ بخوبی دیکھ رہا ہے ۔	ہاں

اِس کام کا انجام بخیر ہوگا یا نہیں ؟

ک	ل	و	و	ق	ل	ہ	ہ	ر	ا
م	م	د	ز	ل	ا	ا	و	ق	و
ا	ل	ا	ن	ا	ر	ب	ا	ا	ب
ا	ش	ل	ہ	ش	د	ر	ی	م	ر
و	ی	ا	م	ن	ا	ف	ل	ن	ا
ا	ی	ط	ا	ک	ن	ا	ی	ل	ب
ی	ل	ب	ط	ا	خ	ح	م	ی	ل
ر	ی	ن	ب	ح	ج	و	ا	ا	ق
و	ت	ل	ت	ف	ا	ا	ق	و	ل
م	ل	و	ف	ا	ن	د	ل	ض	ت
ہ	ن	و	ل	ک	ا	ی	ہ	ن	ن
م	ا	د	ا	م	ن	و	و	ہ	ن
غ	ف	ا	م	ا	م	ی	ا	ع	ل
ا	ا	ل	ل	ق	ع	ل	ی	ی	ا
ی	ا	ص	ک	ن	د	خ	ر	ث	ط
و	ر	ا	ی	ی	ا	ت	ط	ر	ن

تفصیل نامہ برائے فال :

آیت	کلما ارادوا ان یخرجوا منھا من غم اعیدوا فیھا☆ (سورہ حج، آیت نمبر 22)	لا خیر فیہ
ترجمہ	یہ جب بھی وہاں کے غم سے نکل بھاگنے کا ارادہ کریں گے ۔ وہیں لوٹا دیئے جائیں گے ۔	نہیں
آیت	لھم البشریٰ فی الحیوۃ الدنیاو فی الآ خرۃ ☆ (سورہ یونس، آیت نمبر 64)	خیر فیہ
ترجمہ	ان کے لئے دنیاوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی خوشخبری ہے ۔	ہاں
آیت	وھدا الی الطیب من القول و ھدوا الیٰ صراط الحمید ☆ (سورہ حج، آیت نمبر 24)	خیر فیہ
ترجمہ	ان کی پاکیزہ بات کی رہنمائی کردی گئی ۔ اور قابلِ صدتعریف راہ کی ہدایت کردی گئی ۔	ہاں
آیت	ورزقنا ھم من الطیبات و فضلناٰ ھم علیٰ کثیر ممن خلقنا تفضیلا☆ (سورہ بنی اسرآئیل، نمبر 70)	خیر فیہ
ترجمہ	اورانہیں پاکیزہ چیزوں کی روزیاں دیں ۔ اوراپنی بہت سی مخلوقات پرانہیں فضیلت عطا فرمائی ۔	ہاں
آیت	و قالوا بشرناک بالحق فلا تکن من القانطین☆ (سورہ حجر، آیت نمبر 15)	خیر فیہ
ترجمہ	انہوں نے جواب دیا ۔ ہم تمھیں برحق بشارت دے رہے ہیں ۔ تم مایوس نہ ہو ۔	ہاں

منصبِ عالی کی طلب **یا پھر** کل مُرادوں کے واسطے، کہ! پوری ہوں گی یا نہیں ؟

ا	ا	ی	ل	ہ	ی	ی	و	ق	ل
ر	ا	ت	ل	ل	م	د	س	ا	ا
ا	د	ل	ہ	ل	ب	و	خ	ل	م
ع	ن	ر	م	و	ل	ا	ف	م	ک
ل	ج	ی	ل	ل	د	ا	ب	ا	ا
ا	ل	و	ا	ی	و	ع	ق	ک	ذ
ا	ا	ا	م	ت	ل	ن	م	ل	ن
س	خ	ی	ک	ع	ح	ک	غ	ل	د
ن	ی	ک	و	ن	ا	ل	ر	ت	و
ا	ت	و	ت	ن	و	ف	م	ء	م
ت	ی	ا	ا	و	ی	ف	ل	ی	د
ء	ل	ض	م	ہ	ا	ا	ت	ل	ن
ی	ر	و	ک	ا	ذ	ا	ر	ل	م
ل	ف	ہ	ن	م	ا	ض	ن	م	ی
ر	ح	ی	ش	ک	ق	ا	ش	ت	ل
ی	م	ء	ء	ن	ب	ک	ا	ا	و

تفصیل نامہ برائے فال :

لا یحصل المراد	لہ الملک والذین تدعون من دونہ ما یملکونo (سورہ فاطر، آیت نمبر13)	آیت
نہیں	اس کی سلطنت ہے۔ جنہیں تم اس کے سوا پکار رہے ہو۔	ترجمہ
یحصل المراد	قل اللھم مالک الملک تؤتی الملک من تشاء o (سورہ الِ عمران، آیت نمبر26)	آیت
ہاں	آپ کہہ دیجیئے۔اے اللہ تعالیٰ! اے تمام جہان کے مالک! تُو جسے چاہے بادشاہی عطا کرے۔	ترجمہ
لا یحصل المراد	ویستخلف ربی قوما غیر کم ولا تضرونہ شیئاo (سورہ ھود، آیت نمبر57)	آیت
نہیں	اور میرا رب تمھارے قائم مقام لوگوں کو کردے گا۔ اور تم اس کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکو گے۔	ترجمہ
یحصل المراد	یا داؤد انا جعلناک خلیفۃ فی الارض فا حکمo (سورہ ص، آیت نمبر26)	آیت
ہاں	اے داؤدؑ! ہم نے تمھیں زمین میں خلیفہ بنا دیا۔	ترجمہ
یحصل المراد	یأ مر بالعدل والاحسان و ایتآء ذی القربیٰo (سورہ نحل، آیت نمبر90)	آیت
ہاں	عدل کا، بھلائی کا اور قرابت داروں کے ساتھ سلوک کرنے کا حکم دیتا ہے۔	ترجمہ

یہ خبر درست ہے یا غلط ؟

ا	ا	ذ	ب	ق	ن	ن	ل	ل	ا
ہ	ا	ک	ک	ل	ذ	ل	ا	ذ	و
ا	ذ	ل	ب	ا	ل	ی	ی	و	ک
ہ	ن	و	ا	ذ	و	ک	م	ب	ل
ا	ذ	ا	ا	ک	ل	ب	ل	ل	ق
ق	و	ح	ح	ا	ص	ا	ق	ق	ل
ص	ب	ف	ل	ر	ا	ا	م	م	ب
ل	ی	ن	ا	ک	ح	ا	ش	ج	ا
ق	ت	ا	ا	ن	و	ن	ء	ء	ہ
م	ا	ا	ہ	ہ	ا	و	ت	م	و
م	ا	خ	ف	ا	ن	س	ذ	ہ	ل
ا	ت	ا	م	ح	ل	ک	ل	ف	ک
ہ	ب	ی	ی	ی	ا	ر	ر	ا	م
ل	و	ب	م	ا	ا	ا	ہ	ر	ل
ا	ع	م	م	ع	ل	ن	ا	ر	ک
ل	ہ	ب	ی	ی	ہ	ا	ا	ج	م

تفصیل نامہ برائے فال :

آیت	ان ھذا لھو القصص الحق ج وما من الہ الا اللہ☆ (سورہ اٰلِ عمران، آیت نمبر 62)	صحیح
ترجمہ	یقیناً صرف یہی سچا ایمان ہے ۔ اور کوئی معبودِ برحق نہیں ۔ بجز اللہ تعالیٰ کے ۔	درست
آیت	ان الذین کذبوا باٰیاتنا واستکبروا عنھا ☆ (سورہ اعراف، آیت نمبر 40)	کذب
ترجمہ	جن لوگوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا ۔ اور ان سے تکبر کیا ۔	جھوٹ
آیت	ذلک الیوم الحق ط فمن شآء اتخذ الٰی ربہ ماٰبا ☆ (سورہ نبا، آیت نمبر 39)	صحیح
ترجمہ	یہ دن ہے ۔ اب جو چاہے اپنے اپنے رب کے پاس (نیک اعمال کر کے) ٹھکانہ بنالے ۔	درست
آیت	بل کذبوا با لحق لما جآء ھم فھم فی امر مریج☆ (سورہ ق، آیت نمبر 5)	کذب
ترجمہ	بلکہ انہوں نے سچی بات کو جھوٹ کہا۔ جبکہ وہ ان کے پاس پہنچ چکی ۔ پس وہ الجھاؤ میں میں پڑ گئے ہیں ۔	جھوٹ
آیت	قالوا کذٰلک قال ربک انہ ھو الحکیم العلیم☆ (سورہ زاریات، آیت نمبر 30)	صحیح
ترجمہ	انہوں نے کہا۔ ہاں ! تیرے پروردگار نے اسی طرح فرمایا ہے ۔ بے شک وہ حکیم وعلیم ہے ۔	درست

عُقدِ نکاح بہتر ہے یا نہیں ؟

ل	ل	ی	س	ا	و	و	ز	ی	ف
ت	ج	ل	ف	ت	ا	ا	ن	ت	ع
ز	ا	ن	و	ل	ع	ن	ل	ت	ز
و	ع	س	ک	ا	م	ح	ا	ن	و
ع	ی	ب	ی	ل	ا	ل	ح	ف	ا
د	م	ل	ل	س	ق	ک	ا	ا	ن
ا	ن	ہ	س	ء	ت	ا	ش	ن	ا
ن	ن	ا	ء	ی	ل	ت	و	ا	ف
ا	ح	م	ل	ل	ک	ک	ت	ق	ا
ح	ا	ا	ل	ح	ح	و	ن	ا	م
ی	ذ	ن	ہ	ض	ت	ا	ل	ل	ی
ب	ء	ا	ف	ل	ی	ا	س	ی	و
غ	ت	و	ی	ت	ل	ا	ء	ت	ا
ل	ت	ل	م	ر	ا	ی	ا	ک	ق
ت	و	ن	ی	و	ک	م	ب	ف	ب
ب	ن	ن	ن	ن	ا	ہ	ی	ہ	ہ

تفصیل نامہ برائے فال :

آیت	فا عتزلوا النساء فی المحیض ولا تقر بو ھن☆ (سورہ بقرہ، آیت نمبر 222)	لا طیب
ترجمہ	حالتِ حیض میں عورتوں سے الگ رہو ۔	نہیں
آیت	و یستفتو نک فی النساء قل اللہ یفتیکم فیھن ☆ (سورہ نساء، آیت نمبر 127)	طیب
ترجمہ	آپ عورتوں کے بارے میں حکم دریافت کرتے ہیں۔آپ کہہ دیجئے۔اللہ تعالیٰ خودان کے بارے میں حکم دے رہا ہے۔	ہا ں
آیت	زین للناس حب الشھوات من النساء والبنین ☆ (سورہ الِ عمران، آیت نمبر 14)	طیب
ترجمہ	مرغوب چیزوں کی محبت لوگوں کے لئے مزین کر دی گئی ہے ۔ جیسے عورتیں اور بیٹے ۔	ہاں
آیت	ولا جناح علیکم ان تنکحوا اذا ء اتیتمو ھن☆ (سورہ ممتحنہ، آیت نمبر 10)	طیب
ترجمہ	اور کوئی گناہ نہیں تم پر ۔ کہ تم ان عورتوں سے نکاح کرو ۔ جب تم انہیں دے دو ۔	ہاں
آیت	ولا تعزموا عقدۃ النکاح حتیٰ یبلغ الکتاب☆ (سورہ بقرہ، آیت نمبر 235)	لا طیب
ترجمہ	اور عقدِ نکاح جب تک عدت ختم نہ ہوجائے۔ پختہ نہ کرو۔ جان رکھو۔ کہ اللہ تعالیٰ تمھارے دلوں کی باتوں کا بھی علم رکھتا ہے۔	نہیں

خرید و فروخت کرنی چاہیئے یا نہیں ؟

ذ	ن	ل	ک	د	ف	ا	ا	ف	ق
ق	ا	ہ	و	س	ا	م	ل	ل	خ
و	ط	ب	م	و	ت	ن	ی	ا	ر
ا	م	ط	ا	ا	ب	ع	س	م	ا
ا	م	ل	ن	ف	ل	ک	ا	غ	ن
ر	و	ز	ت	ہ	م	ل	ر	م	س
ا	ہ	ل	ح	و	ہ	ج	ق	م	م
ک	ل	ن	ا	ل	و	ا	م	ل	ض
ن	ہ	ش	ا	ن	ا	ل	ی	ل	ع
ا	ا	ء	ی	م	ع	ل	ا	ط	ہ
ب	ر	ن	ا	ا	ق	ن	م	ب	م
ا	د	ب	ا	ا	ت	ی	ع	و	ک
ر	ن	د	ق	و	م	م	ا	ت	ن
ا	م	و	ا	ی	ہ	ک	ہ	و	ا
س	ز	ق	ل	ت	خ	ج	ی	ا	ف
ا	ء	ر	ہ	و	ر	ا	د	ل	ر

تفصیل نامہ برائے فال :

آیت	قد خسروا انفسھم و ضل عنھم ما کا نوا یفترون ☆ سورہ اعراف، آیت نمبر 53)	غیر نا فع
ترجمہ	بے شک! ان لوگوں نے اپنے آپ کو خسارے میں ڈال دیا۔ اور یہ جو باتیں تراشتے تھے۔ سب گم ہوگئیں۔	نہیں
آیت	فکلوا مما غنمتم حلالا طیبا و اتقوا اللہ ☆ (سورہ انفال، آیت نمبر 69)	نا فع
ترجمہ	پس جو کچھ حلال اور پاکیزہ غنیمت تم نے حاصل کی ہے۔ خوب کھاؤ پیو۔ اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو۔	ہا ں
آیت	اللہ یبسط الرزق لمن یشاء من عبادہ و یقدر ☆(سورہ قصص، آیت نمبر 82)	نا فع
ترجمہ	اللہ تعالیٰ فراغ دیتا ہے رزق جس کے لئے چاہے۔ اپنے بندوں میں سے۔ اور تنگ بھی کرتا ہے (جس کے لئے چاہے)	ہا ں
آیت	انما نطعمکم لوجہ اللہ لا نرید منکم جزاء ☆(سورہ انسان، آیت نمبر 9)	نا فع
ترجمہ	ہم تمھیں صرف اللہ تعالیٰ کی خاطر کھلا رہے ہیں۔ ہم تم سے کوئی بدلہ نہیں چاہتے۔	ہا ں
آیت	فذاقت وبال امرھا و کان عاقبۃ امرھا خسرا ☆ (سورہ طلاق، آیت نمبر 9)	غیر نا فع
ترجمہ	انہوں نے اپنے کئے کا مزہ چکھ لیا۔ اور ان کا انجام کار کھاٹا ہی گھاٹا ہے۔	نہیں

حمل میں لڑکا ہے یا لڑکی ؟

ا	ا	ر	و	ب	ن	ن	ب	ا	ش
ا	ی	ہ	ل	ر	ل	س	ب	ل	ن
ل	م	ل	ہ	ا	ہ	ی	ی	ا	ہ
ی	ت	م	ع	ب	ب	ہ	ن	ل	ا
ش	ا	ا	م	س	ر	م	ل	ب	ح
ک	ر	ص	م	ا	ب	ی	ا	ا	ق
ی	م	ل	و	ن	ح	و	ح	ض	ب
ی	ا	ی	ع	ی	ی	ن	ن	ت	ا
م	ی	ف	و	م	ص	ا	ب	ل	ن
د	ع	ش	ی	ا	ق	ی	ر	س	ل
ا	ذ	ن	ا	ص	ب	ہ	ا	ل	ا
ک	ا	ہ	ذ	ل	ل	ب	ب	ک	ح
م	ک	غ	ر	ی	ت	و	ل	ک	ن
م	ذ	ا	ا	و	ن	ر	م	ل	ب
ا	ی	ح	ا	ا	ل	ت	ل	ن	ر
ل	ہ	ی	ث	ک	ہ	ا	م	ی	ن

تفصیل نامہ برائے فال :

آیت	ان اللہ یبشرک بیحیی مصدقا م بکلمة من اللہ ☆ (سورہ الِ عمران، آیت نمبر 39)	ذکر
ترجمہ	کہ اللہ تعالیٰ تجھے حضرت یحییٰؑ کی خوشخبری دیتا ہے۔ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک فرمان کی تصدیق کرنے والا بن کر آئے گا۔	لڑکا
آیت	وانی سمیتھا مریم وانی اعیذ ھا بک و ذریتھا ☆ (سورہ الِ عمران، آیت نمبر 36)	اُنثیٰ
ترجمہ	میں نے اس کا نام مریم رکھ دیا۔ اور میں اس کو اور اس کی نسل کو پناہ دیتی ہوں تیری (شیطان مردود کے فتنے سے)	لڑکی
آیت	رب ھب لی من الصا لحین ط فبشر ناہ بغلام حلیم ☆ (سورہ الصآفات، آیت نمبر 100-101)	ذکر
ترجمہ	اے میرے رب ! مجھے ایک بیٹا عطا فرما۔ جو کہ صالحین میں سے ہو۔ (دعا کے جواب میں) ہم نے اس کو ایک بردبار لڑکے کی بشارت دی۔	لڑکا
آیت	واللہ اعلم بما وضعت و لیس الذکر کا لا نثیٰ ☆ (سورہ الِ عمران، آیت نمبر 36)	اُنثیٰ
ترجمہ	اور اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے۔ جو اس نے جنا۔ اور بیٹا بیٹی کی مانند نہیں ہوتا۔	لڑکی
آیت	و بشر ناہ با سحاق نبیا من الصا لحین و با رکنا ☆ (سورہ الصآفات، آیت نمبر 112)	ذکر
ترجمہ	اور ہم نے اسے اسحاقؑ کی بشارت دی ایک نبیؑ صالحین میں سے۔	لڑکا

قرض وصول ہو گا یا نہیں ؟

ا	ا	ا	و	ل	ل	ن	ن	م	ا
ذ	ت	ا	ن	ت	ی	ا	ل	ا	ء
ی	م	ل	ہ	ا	ق	ن	ہ	ل	ک
ر	ہ	م	ا	ل	ض	ب	ع	ل	و
ا	د	ا	ک	ا	ل	ی	ل	ت	ا
ل	ن	ذ	ا	ل	ہ	ا	ی	ب	ر
ق	ر	ن	م	ب	ر	ل	ا	ن	و
ض	ا	ت	ا	ا	ا	ی	ق	ن	ض
ح	ء	و	ت	ع	س	و	ا	ا	ا
ن	د	و	م	ف	ا	ہ	ا	ن	ا
ف	ا	ل	ہ	م	ی	ل	ذ	ب	ض
ض	ی	ی	ق	ا	ا	ک	ن	ن	ع
ع	ا	ہ	ط	ف	ف	ل	م	ا	ت
ہ	ا	م	ر	و	ل	م	ح	ی	ا
ہ	ا	س	ء	ت	ا	د	ن	و	ق
ض	م	و	د	و	ع	ت	ن	ہ	ا

تفصیل نامہ برائے فال :

آیت	الذی یقرض اللہ قرضا حسنا فیضا عفہ لہ اضعافا☆ (سورہ بقرہ، آیت نمبر 245)	وصول
ترجمہ	تم میں کون ہے؟ جو اللہ تعالیٰ کو قرضِ حسنہ دے۔ تاکہ اللہ تعالیٰ اسے کئی گنا بڑھا چڑھا کر واپس کرے۔	ہاں
آیت	ان تا منہ بدینار لا یؤدہ الیک الا ما دمت ☆ (سورہ الِ عمران، آیت نمبر 75)	لا وصول
ترجمہ	اگر تم ایک دینار کے معاملے میں بھی اس پر بھروسہ کرو۔ تو وہ ادا نہ کرے گا۔	نہیں
آیت	ان اللہ مع الذین اتقوا والذین ھم محسنون ☆ (سورہ نحل، آیت نمبر 128)	وصول
ترجمہ	اللہ تعالیٰ اُن کے ساتھ ہے۔ جو تقوٰی سے کام لیتے ہیں۔ اور احسان پر عمل کرتے ہیں۔	ہاں
آیت	ومن اھل الکتاب من ان تا منہ بقنطار یؤدہ☆ (سورہ الِ عمران، آیت نمبر 75)	وصول
ترجمہ	اہلِ کتاب میں کوئی تو ایسا ہے۔ کہ اگر تم اس کے اعتماد پر مال و دولت کا ڈھیر بھی دے دو۔	ہاں
آیت	لا تا کلوا الربو اضعافا مضا عفۃ ط واتقوا اللہ ۔ ☆ (سورہ الِ عمران، آیت نمبر 130)	لا وصول
ترجمہ	یہ بڑھتا اور چڑھتا سود نہ کھاؤ۔ اور اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔	نہیں

خو ا ب کی تعبیر بہتر ہے یا نہیں ؟

ب	ذ	ی	م	ا	ر	ہ	و	و	ی
د	ت	م	ج	ن	ق	ا	ت	ا	ب
ت	و	ع	ل	ل	ا	ا	ن	ع	ی
ت	ل	ت	ا	ت	ی	ی	م	ن	ا
ی	ء	ع	ل	ص	ن	ر	ہ	ا	ق
ن	ی	ی	ء	ر	م	و	ل	ر	ص
ل	ی	و	ی	و	ا	ا	ک	و	ء
ل	ن	ل	ا	ا	م	م	ع	ا	ی
و	ب	ا	ت	ع	ک	ق	ی	ل	ک
ل	ق	ی	ا	ی	ع	ل	ل	ی	ل
ت	ج	ق	ی	خ	م	د	ع	ر	ا
ی	ل	ب	ا	ت	ن	ع	و	ن	و
ن	ا	م	ا	ف	م	ہ	ک	ک	ک
ء	ب	ا	ا	ک	ت	ر	ا	ل	ی
و	ح	م	ت	د	ا	ی	ت	ف	ی
ل	ا	ا	ت	ا	ی	ق	ہ	ن	و

تفصیل نامہ برائے فال :

لا خیر فیہ	یا بنی لا تقصص رؤ یاک علیٰ اخوتک فیکیدوا لک کیدا ☆ (سورہ یوسف، آیت نمبر 5)	آیت
نہیں	اس نے کہا۔اے بیٹے ! اپنا یہ خواب اپنے بھائیوں کو نہ سنانا۔ورنہ وہ تیرے لئے کوئی چال (سازش) چلیں گے۔	ترجمہ
لا خیر فیہ	و ما جعلنا الرؤیا التی ارینا ک الا فتنۃ ☆ (سورہ بنی اسرائیل، آیت نمبر 60)	آیت
نہیں	او ر ہم نے نہیں کی نمائش ۔ و ہ جو کہ ہم نے د کھا ئی مگر آ ز مائش (یعنی فتنہ)	ترجمہ
خیر فیہ	ویتم نعمتۃ علیک و علیٰ اٰل یعقوب کما ا تمھا ☆ (سورہ یوسف، آیت نمبر 6)	آیت
بہتر ہے	اور تیرے اوپر اور آلِ یعقوبؑ پر اپنی نعمت اسی طرح پوری کرے گا۔جس طرح اس سے پہلے اس نے پورا کیا۔	ترجمہ
خیر فیہ	ھذا تا ویل الرءیا ی من قبل قد جعلھا ر بی حقا ☆ (سورہ یوسف، آیت نمبر 100)	آیت
بہتر ہے	یہ تعبیر ہے میر ے اس خو ا ب کی ۔ جو مَیں نے پہلے د یکھا تھا ۔ ا سے حقیقت بنا د یا ۔	ترجمہ
خیر فیہ	رب قد ا تیتنی من الملک و علمتنی من تأ ویل الاحا دیث ☆ (سورہ یوسف، آیت نمبر 101)	آیت
بہتر ہے	اے میر ے ر ب ! تُو نے مجھے حکومت بخشی ۔ ا و ر مجھ کو با تو ں کی تہہ تک پہنچنا سکھا یا ۔	ترجمہ

اس عورت کی شادی ہوگی یا نہیں ؟

و	و	و	و	ل	ا	ا	ل	ق	ه
ت	ز	ل	ر	م	ق	و	ن	ن	ف
ی	ا	س	ف	ی	ن	ج	ا	ی	ه
ا	م	ء	ب	ا	ل	ط	ن	ی	ا
ل	ه	ص	و	ز	ه	ر	ی	ت	و
ا	ت	ب	ک	ا	ن	و	م	ن	ج
ا	ر	م	و	م	ل	ض	ا	ل	ط
ل	و	ا	ا	ه	ه	ا	ک	ت	ر
ک	ن	ت	ب	ت	ا	م	س	ر	و
ن	ن	ب	ج	ن	ع	ا	ن	ن	د
ل	ل	و	ت	خ	ی	ل	ا	ب	ل
ک	ه	س	ر	ه	ل	و	ء	ج	م
ش	ا	ی	ا	ظ	ی	ل	ل	ل	ل
ء	ل	و	ج	ا	ش	ه	ا	ا	ظ
ه	ب	ا	ه	ل	ی	ص	ل	ل	ی
د	ی	ل	ی	ل	ا	ر	ه	ت	ا

تفصیل نامہ برائے فال :

آیت	واتقین اللہ ط ان اللہ کان علیٰ کل شیء شھیدا ☆(سورہ احزاب، آیت نمبر 55)	طیب
ترجمہ	اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتی رہو۔ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر نگاہ رکھتا ہے۔	ہاں
آیت	وازواج مطھرۃ و رضوان من اللہ واللہ بصیرم با لعباد ☆(سورہ اٰلِ عمران، آیت نمبر 15)	طیب
ترجمہ	پاکیزہ بیویاں ان کی رفیق ہوں۔ اور وہ اللہ تعالیٰ کی رضا سے سرفراز ہوں گے۔	ہاں
آیت	وللنساء نصیب مما اکتسبن واسئلوا اللہ من فضلہ ☆(سورہ نساء، آیت نمبر 32)	لا طیب
ترجمہ	اور جو کچھ عورتوں نے کمایا ہے۔ اس کے مطابق ان کا حصہ اللہ تعالیٰ سے۔ اس کے فضل کی دعا مانگتے رہو۔	نہیں
آیت	و قرن فی بیو تکن ولا تبر جن تبر ج الجا ھلیۃ الاولیٰ ☆(سورہ احزاب، آیت نمبر 33)	لا طیب
ترجمہ	اور اپنے گھروں میں ٹِک کر رہو۔ اور سابق دورِ جاہلیت کی سی سج دھج نہ دکھاتی پھرو۔	نہیں
آیت	لھم فیھا ازواج مطھرۃ و ند خلھم ظلا ظلیلا ☆ (سورہ نساء، آیت نمبر 57)	طیب
ترجمہ	اور اُن کو پاکیزہ بیویاں ملیں گے۔ اور انہیں ہم گھنی چھاؤں میں رکھیں گے۔	ہاں

اِ ن د و ا شخا ص میں لڑ ا ئی ہو گی ؟ یا صُلح ہو گی ؟

ن	ل	ا	ا	ا	ا	ق	ی	و	و
ر	ص	ی	ل	ی	ف	ا	ا	ص	ن
ا	ا	ا	و	ن	و	ل	ہ	ح	ک
ف	ل	ل	ذ	ن	خ	ح	ا	ا	م
ف	م	ب	ت	م	ا	ہ	ن	ا	ک
و	ی	ح	ی	ل	ا	خ	ی	ب	ا
ق	و	ض	ک	ی	ث	ر	ر	ن	ف
ل	ن	ل	و	ل	ا	ا	ا	م	غ
و	خ	ء	ط	و	ا	ت	م	ا	ب
ا	ل	م	ع	ا	ج	ا	و	ی	ا
د	و	ی	ا	ف	ہ	ط	ن	و	ل
ا	م	ع	ل	ن	و	ہ	ن	ا	ی
ا	ا	ی	ہ	ا	ب	ف	ل	ل	ب
و	و	ل	ر	ن	م	خ	ا	و	ذ
ل	ن	ت	و	ل	ا	ا	ق	س	ا
م	م	ل	ہ	ہ	ک	ک	ا	ل	ل

تفصیل نامہ برائے فال :

حرب	وان یکن منکم الف یغلبوا الفین باذن اللہ ☆ (سورہ انفال،آیت نمبر 66)	آیت
لڑ ا ئی	اور ہزار آدمی ایسے ہوں ۔ تو دو ہزار پر اللہ تعالیٰ کے حکم سے غالب آئیں گے ۔	ترجمہ
صُلح	واصلحوا ذات بینکم و اطیعو اللہ ورسولہ ☆ (سورہ انفال،آیت نمبر 1)	آیت
صلح	اور اپنے آپس کے تعلقات درست کرو۔ اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو۔	ترجمہ
حرب	یا یھا النبی حرض المؤمنین علی القتال ☆ (سورہ انفال،آیت نمبر 65)	آیت
لڑ ا ئی	اے نبیؐ ! مومنوں کو جنگ پر اُبھارو ۔	ترجمہ
صُلح	قل اصلاح لھم خیر ؕ وان تخالطو ھم فاخوانکم ☆ (سورہ بقرہ ،آیت نمبر 220)	آیت
صلح	جس طرزِ عمل میں ان کے لئے بھلائی ہو ۔ وہی اختیار کرنا بہتر ہے ۔	ترجمہ
حرب	انفرو خفافا و ثقالا و جاھدوا با موالکم ☆ (سورہ توبہ،آیت نمبر 41)	آیت
لڑ ا ئی	نکلو ۔ خواہ ہلکے ہو یا بوجھل ۔ اور جہاد کرو اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنے مالوں کے ساتھ ۔	ترجمہ

خُشکی (یعنی مثل کسی گاڑی ، بس ، ریل ، کار ، وین ۔۔۔ وغیرہ) کا سفر کرنا بہتر ہے یا نہیں ؟

و	و	و	و	ق	ت	ف	ل	ه	ل
ح	ض	ا	د	س	م	ل	ت	و	ی
ل	ا	ص	ا	ر	ا	ل	ع	ا	و
ث	ل	ر	ل	ا	ق	ه	خ	ی	ف
ا	ا	د	ا	ی	ل	ل	ک	ل	ا
ک	م	ل	ط	ل	م	ج	ل	ی	ا
ا	ا	ن	ب	ر	ل	ه	ا	م	ض
ی	د	س	ن	ف	ب	ی	و	ا	ا
ل	ن	ل	ل	ن	د	ع	ا	ق	ظ
ل	ل	ت	و	ر	م	ی	م	ل	و
ت	ا	ش	و	ا	ک	ل	ف	ه	ک
و	ق	ی	د	ی	ن	ا	ا	و	ف
و	ع	ل	ا	ب	ا	د	ا	ا	د
ب	ی	ر	ل	ا	ا	ن	ض	ی	ا
ل	ا	م	ص	ل	غ	ج	ر	ر	خ
ی	ر	ح	ا	ل	ه	ا	ا	ط	ق

تفصیل نامہ برائے فال :

آیت	و تحمل اثقالکم الی بلد لم تکونوا بالغیه ☆ (سورہ نحل، آیت نمبر 7)	**نافع**
ترجمہ	اور وہ تمھارے لئے بوجھ ڈھو کر ایسے ایسے مقامات پر لے جاتے ہیں ۔	بہتر ہے
آیت	وفضل اللہ المجاھدین علی القاعدین اجرا عظیما ☆ (سورہ نساء، آیت نمبر 95)	**نافع**
ترجمہ	اور اللہ تعالیٰ نے مجاہدین کو بیٹھے رہنے والوں پر فضیلت دی ۔ اور اجرِ عظیم ۔	بہتر ہے
آیت	ولا تصعر خدک للناس ولا تمش فی الارض مرحا ☆ (سورہ لقمان، آیت نمبر 18)	**غیر نافع**
ترجمہ	اور لوگوں کے سامنے (غرور سے) گال مَت پُھلاؤ ۔ اور (اللہ تعالیٰ کی) زمین پر اتراتے ہوئے مت چلو ۔	نہیں بہتر
آیت	و ھدوا الی الطیب من القول و ھدوا الیٰ صراط الحمید ☆ (سورہ حج، آیت نمبر 24)	**نافع**
ترجمہ	اور ان کو پاکیزہ بات قبول کرنے کی ہدایت بخشی گئی ۔ اور انہیں خدائے حمید کی راہ بتائی گئی ۔	بہتر ہے
آیت	قل سیروا فی الارض فانظروا کیف بدا الخلق ☆ (سورہ عنکبوت، آیت نمبر 20)	**نافع**
ترجمہ	کہہ دو ۔ کہ ملک میں چلو پھرو ۔ اور دیکھو ۔ کہ اس نے کس طرح خلقت کو پہلی مرتبہ پیدا کیا ۔	بہتر ہے

کھیتی یا زراعت سے نفع ہو گا یا نہیں ؟

ک	ف	ل	ک	و	م	ا	ا	ل	ا
ت	خ	ت	و	ر	ر	ر	ق	ا	ز
ک	ج	ر	م	ق	و	ن	ب	ن	ا
ا	ا	ا	ث	ہ	م	ب	ہ	م	ل
ن	ہ	ذ	ر	ہ	ج	ن	ہ	ہ	م
ن	ب	ا	ا	ن	ا	ا	ل	ذ	ا
ت	ت	ش	ا	ل	و	ک	ج	ا	ث
ع	ل	ر	ث	م	ی	ش	ت	م	ر
و	ی	ف	ر	ا	ن	ء	ت	و	ت
و	ف	ک	ا	م	ز	ا	و	ت	ن
ر	خ	ن	و	ا	و	ر	ا	ا	م
ع	ج	م	ح	ن	و	ن	ن	ق	م
م	ا	ا	ہ	ن	ق	م	ل	ی	ہ
ا	ن	ظ	و	م	م	ہ	ا	م	ب
ک	خ	ل	ح	ا	ر	ض	م	ص	ل
ی	ر	ی	ا	ل	م	ا	ن	د	ہ

تفصیل نامہ برائے فال :

آیت	کم ترکوا من جنات و عیون ٥وزروع و مقام کریم☆(سورہ دخان،آیت نمبر25-26)	غیر نافع
ترجمہ	کتنے باغات اور چشمے تھے ۔ جو یہ لوگ چھوڑ گئے ۔ اور کتنے کھیت اور شاندار مکانات ۔	غیر نافع
آیت	فاخرجنا بہ نبات کل شیء فاخرجنا منہ خضرا ☆(سورہ انعام،آیت نمبر99)	نافع
ترجمہ	پھر ہم نے اس سے اُگنے والی ہر چیز نکالی ۔ پھر ہم نے اس سے سبزی نکالی ۔	نافع
آیت	لا تقربا ھذہ الشجرۃ فتکونا من الظلمین ☆ سورہ بقرہ ،آیت نمبر35)	غیر نافع
ترجمہ	نہیں جانا اس درخت کے پاس ۔ ورنہ تم ظالموں میں سے شمار ہو گے ۔	غیر نافع
آیت	کلوا من ثمرہ اذا اثمرو أتوا حقہ یوم حصادہ ☆(سورہ انعام،آیت نمبر141)	نافع
ترجمہ	جب یہ درخت پھل دیں ۔ تو ان کے پھلوں کو کھانے میں استعمال کرو ۔ اور جب ان کی کٹائی کا دن آئے ۔ تو اللہ تعالیٰ کا حق ادا کرو ۔	نافع
آیت	وا رزق اھلہ من الثمرات من امن منھم باللہ والیوم الآ خر ☆(سورہ بقرہ ،آیت نمبر126)	نافع
ترجمہ	جو اللہ تعالیٰ اور روزِ آخرت پر ایمان لائیں ۔ انہیں قسم قسم کے پھلوں سے رزق عطا فرمائے ۔	نافع

باب نمبر16	بابُ الطب والحکمۃ (جسمانی وروحانی)	یا حی یا قیوم

تلبینہ (ایک منفرد طریقہ علاجِ نبوی ﷺ) : تلبینہ کی اسناد کے متعلق احادیث کی مشہور کتب جیسے صحیح مسلم 2216 ، مسند احمد ، السنن الکبریٰ للنسائی 7531 ، سنن ابن ماجہ 3445 , 3446, 3444 میں موجود ہے ۔

تلبینہ دراصل تین چیزوں کا مرکب ہے۔ ۱۔ **جَو** (جو ثابت ہو اُس کا آٹا یا دلیہ) ۲۔ **دودھ** ۳۔ **شھد**

طریقہ : جو کا آٹا دو بڑے چمچ بھرے ہوئے ایک ایک کپ تازہ پانی میں گھولیں ۔ ایک اور برتن میں دو کپ پانی تیز گرم کریں ۔ اس گرم پانی میں جو کے آٹے کا گھولا ہوا کپ ڈال کر صرف پانچ منٹ ہلکی آنچ پر پکائیں ۔ اور لکڑی کے کسی چمچ یا ڈوئی سے مسلسل ہلاتے رہیں ۔ پھر اُتار کر اس کو ٹھنڈا کرلیں ۔ اس میں حسبِ ذائقہ شہد مِلا لیں ۔ اور پھر اس میں دو کپ نیم گرم دودھ مِلا کر خوب مِکس کریں ۔ پس تلبینہ تیار ہے ۔

دیہاتی (یعنی دیسی) طریقہ یہ ہے ۔ کہ! جَو کو خوب کوٹ کر اِس میں دودھ ملا کر پکائیں ۔ پھر مٹھاس کے لئے تھوڑی سی شہد مِلا لیں ۔ بس تلبینہ تیار ہے ۔ مگر بحالتِ بیماری اِسی طریقہ سے تلبینہ (دلیہ) بنا کر مریض کو گرم گرم دینا چاہیئے ۔ تا کہ وہ تندرست و توانا ہو جائے ۔

تلبینہ کے لاتعداد فوائد : حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں ۔ رسول اکرم ﷺ کے اہل خانہ میں جب کسی کو بُخار یا کوئی اور تکلیف ہو ۔ تو آپ ﷺ حکم فرماتے ۔ کہ اس کے لئے تلبینہ تیار کیا جائے ۔ پھر فرماتے ۔ کہ تلبینہ بیمار کے قلب سے غم کو اُتار دیتا ہے ۔ اور اس کی کمزوری کو یوں اُتار دیتا ہے ۔ جیسے تم میں سے کوئی اپنے چہرے کو پانی سے دھو کر غلاظت اتار دیتا ہے ۔ (یاد رہے ۔ کہ) حضرت عائشہ صدیقہؓ ۔ رسول اکرم ﷺ کا یہ قول نقل کرتی ہیں ۔ کہ تم لوگ طبیعت کے ناپسند کرنے کے باوجود نفع مند چیز یعنی تلبینہ کو اپنے اوپر لازم کرلو ۔

بعض حُکماء اور اطباء تلبینہ کے بارے میں فرماتے ہیں ۔ کہ خاص کر جسم کی ہر قسم کی کمزوری ، تھکاوٹ ، اُکتاہٹ وغیرہ کے لئے تلبینہ بہت بہتر ہے ۔ جو لوگ چلہ کشی کرتے ہیں ۔ یا مسلسل مجاہدے و عبادات کرتے ہیں ۔ تلبینہ اُن کو تقویت فراہم کرتا ہے ۔

نورِ حکمت کا آسان حصول بطریقِ نبوی ﷺ :

رسولِ مکرم نبی آخرالزماں ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے ۔ کہ! جو شخص صبح کے وقت ہر روز ایک مثقال حرمل استعمال کرے ۔ (تو) اِس کے دل سے حکمت کا نور روشن ہوتا ہے ۔ اور بہتر (72) امراض سے امن میں رہتا ہے ۔

سِم ساعت کا علاج بذریعہ دُعا نبوی ﷺ:

سِم ساعت یعنی کہ ایک ایسا زہر جو اس (زہر) کے کھانے والے کو ایک ہی ساعت میں (یعنی کہ اُسی لمحہ) ہلاک کر دیتا ہے ۔ حضرت خالد بن ولیدؓ سپہ سالار اسلامی فوج نے عیسائیوں کے بہت بڑے سردار عبدالمسیح ابن عمرو بن قیس بن حیان العسانی سے سِم ساعت لے کر یہ دُعا پڑھ کر پوری شیشی پی لی ۔ (تاریخ گواہ ہے ۔ کہ! اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل و کرم سے سپہ سالار کو معمولی سا گزند بھی نہیں پہنچا)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o بسم اللہ و باللہ . بسم اللہ رب الارض والسماء . بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم o مؤرخین لکھتے ہیں ۔ کہ! اس زہر کو پینے کے بعد آپؓ نے تھوڑا سا پانی لے کر اپنی ٹھوڑی اور سینہ پر مارا ۔ اس سے آپؓ کو بہت پسینہ آیا ۔ اور زہر کا اثر باطل ہوگیا ۔

حدیثِ نبوی ﷺ اور طب : صاحب مقدمہ ابنِ خلدون اور صاحب کتاب **الطب و الحکمہ** (جناب علامہ سیوطیؒ) نے کہا ہے ۔ کہ! رحمت اللعالمین ﷺ نے ایک حدیثِ مبارکہ میں ، جو کہ! طب کی جامع ہے ، میں فرمایا ہے ۔ کہ ''معدہ بیماریوں کا گھر ہے ۔ پرہیز دوا کا سر ہے ۔ اور ہر بیماری کی جڑ برودت (یعنی بھرے پیٹ پر کھانا) ہے'' ۔ لہٰذا ہر جسم کا علاج اُس چیز سے کرو ۔ جس کا وہ عادی و خواہش مند ہو ۔

معدے کی صحت کی تدبیر : دو ہفتوں میں ایک مرتبہ گرم و نمکین پانی سے قے کی جائے ۔ یا صرف پانی سے ہی یہ سفوف استعمال کی جائے ۔ مصطگی ، لونگ فلفل ، زنجبیل ، سماق ہر ایک مساوی الوزن لے کر پیس لیں ۔ پھر ان سب کے مساوی شکر تری ملا کر سفوف بنا کر رکھ چھوڑیں ۔ اب ہر مرتبہ کھانا کھانے سے آدھ گھنٹہ پہلے اور کھانے کے آدھ گھنٹے بعد ایک درہم جتنی مقدار کا یہ سفوف کھا لیا کریں ۔ کیونکہ! یہ سفوف صحتِ معدہ کے لئے بہت مجرب ہے ۔

2۔ معدے کی صحت کی ایک تدبیر یہ بھی ہے ۔ کہ ہر شخص کو چاہیئے ۔ کہ صبح جب آنکھ کھلے ۔ تو بیت الخلاء (Toilet) جا کر بول و براز کے لئے جا بیٹھنا چاہیئے ۔ چاہے بول و براز خارج ہو یا نہ ہو ۔ پھر بھی پانچ سے دس منٹ یا اِس سے بھی زیادہ بحالتِ بول و براز بیٹھنے سے صحت درست اور عمر میں اضافہ ہوتا ہے ۔ یاد رہے ۔ کہ بول و براز اور ریح (Gas) کو ہرگز ہرگز روکنا نہیں چاہیئے ۔ اگر چہ سواری ہی کی حالت میں کیوں نہ ہو ۔ کیونکہ اِن کے روکنے سے اعضائے بدن کو ناکافی تلافی نقصان پہنچتا ہے ۔ یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے ۔ کہ! کچھ لوگ دن میں تین سے چار مرتبہ یا اِس سے بھی زیادہ بیت الخلاء کی طرف جاتے ہیں ۔ اور بیٹھے رہتے ہیں ۔ اِسی وجہ سے اُن کی یادداشت کافی حد تک کمزور ہوتی ہے ۔ کیونکہ حکماء و اطباء کا قول صرف صبح بعد از نیند تک محدود ہے ۔

عقل، فہم اورحافظہ کی کمزوریوں کے مجرب روحانی علاجات : (بمطابق امام السیوطیؒ بحوالہء حدیثِ نبوی ﷺ)

1۔ جس شخص کا حافظہ کمزور ہو۔اسے چاہیے۔کہ شب جمعہ کسی برتن میں بارش کا پانی ڈال کراس پر اگلے صفحہ پرآنے والی سورتیں وغیرہ پڑھیں۔اور پڑھتے وقت قبلہ رخ بیٹھے ہوئے باوضو جائے نماز پرآب باراں سامنے کسی نئے برتن میں ہواورانگشت شہادت پانی میں ڈبوئے ہوئے یہ پڑھیں۔

درود و سلام		مع تسمیہ 70بار
سورۃ فاتحہ		مع تسمیہ 70بار
آیت الکرسی		مع تسمیہ 70بار
سورۃ حشر	(لوانزلناہٰذا القرآن۔۔۔تاآخر)	مع تسمیہ 70بار
سورۃ اخلاص		مع تسمیہ 70بار
سورۃ فلق		مع تسمیہ 70بار
سورۃ والناس		مع تسمیہ 70بار
کلمہ توحید		مع تسمیہ 70بار
درود سلام		مع تسمیہ 70بار

ہرایک کوستر بار پڑھ کر پانی پر پھونکتے رہیں۔لیکن انگشت شہادت پانی سے آخر تک نہیں نکالنی۔جب تک کہ عمل تمام نہ ہو جائے۔

طریقہ استعمال:

بارش کے اس دم شدہ پانی میں سے روزانہ صبح دو چار گھونٹ نہار منہ پئیں۔اور یہ پانی ہفتہ عشرہ تک استعمال کریں۔مجرب المجرب، تیر بہدف اور سریع الاثر عمل ہے۔جوکہ میرے علاوہ کئی دوستوں کے مجربات ومعمولات میں ہمیشہ رہتا ہے۔

2۔ یہ طریقہ بھی بہت پرتاثیر ہے۔ہشام بن قاضی بن حارث بن عباس کی زبانی روایت کرتا ہے۔کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابنِ عباسؓ سے فرمایا۔کیامَیں تجھ کووہ بات بتلاؤں؟ جوحضرت جبرائیل امینؑ نے مجھے بطورِ ہدیہ دی ہے۔جس سے حافظہ بڑھتا ہے۔اورنسیان دور ہوتا ہے۔حضرت ابنِ عباسؓ نے کہا۔یارسول اللہ ﷺ! ضرور بتلایئے۔آپؐ نے فرمایا۔کسی تھال یا کٹورے میں زعفران وعرقِ گلاب سے سورہ فاتحہ،سورہ حشراورسورہ واقعہ لکھو۔پھرآبِ زم زم یا آبِ باراں یاکسی صاف پانی سے(اِس لکھے ہوئے کو) دھوکر تین مثقال لوبان اور دس مثقال شہداوردس مثقال شکر ملاکر پی جاؤ۔اِس کے بعد دورکعت پڑھو۔ہررکعت میں 50 مرتبہ سورہ اخلاص اور 50 مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھو۔حضرت ابنِ عباسؓ کہتے ہیں۔کہ! اسلام (لانے) کے بعد جیسا کہ مَیں اِس روز خوش ہوا۔(زندگی میں ایسا) کبھی نہیں ہوا تھا۔کیونکہ اِس کا نفع چالیس روز کے بعد ہی شروع ہوا۔ حضرت شہاب الزہری اِس کولکھ کراپنی اولادکو پلایا کرتا تھا۔عاصم کا قول ہے۔کہ مَیں نے **55** سال کی عمرمیں اِس کا استعمال شروع کیا۔پس ہرایک مہینہ میں میرا حافظہ بڑھتا(قوی ہوتا) گیا۔ **8**۔ جب نیندآرہی ہو۔جمائیاں (اُباسیاں) بھی آنا شروع ہوجائیں۔اورسونے کا دل چاہ رہا ہو۔طبیعت سست ہوچکی ہو۔آنکھوں میں نیند کا خمارآچکا ہو۔تو یہی قیمتی وقت ہے۔جب طالب اس وقت سے فائدہ اُٹھاکراپنا مقصد کوحاصل کرسکتا ہے۔اس وقت کتاب سرہانے موجود ہو۔جوسبق مہینہ بھرکی مشقت سے یاد نہ ہوسکا۔اسے چندایک بار (پانچ سے نو بارکم اَزکم) پڑھ لینے کے بعد طالب کوحق ہے۔کہ وہ گہری نیندسو جائے۔مگرکتاب سرہانے کے پاس ہی رہے۔اور پھرجب صبح کے وقت آنکھ کھلے۔فوراًہی یہ کام کریں۔کہ کتاب اُٹھاکراُسی سبق کو چندایک بار پڑھ لیں۔اگردیکھا جائے۔تو دیکھنے میں یہ ایک چھوٹی سی تکنیکی مشق (Technical Practice) ہے۔جس سے غبی سے غبی طالب علم کوسبق یوں حفظ ہوجاتا ہے۔کہ وہ کبھی بھول ہی نہیں سکتا۔جوطالب علم بھی اس تکنیک کی مسلسل مشق کرتا رہے گا۔وہ ضرور بالضرور اعلیٰ نمبروں سے کامیاب ہوگا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔صاحب ارتکازتوجہ نے اپنے وسیع تجربات کی بناپراس مجرب مشق کی بہت تعریف وتوصیف بیان کی ہے۔

3۔ حدیث نبوی ﷺ کی کتب میں آیا ہے۔کہ! حضرت علی المرتضیٰؓ سے مروی ہے۔کہ! انہوں نے حضرت رسول اللہ ﷺ سے قلتِ حفظ کی شکایت کی۔تو آنحضور نبی آخرالزمان ﷺ نے فرمایا۔حضرت جبرائیلِ امینؑ میرے پاس یہ کلمات لائے تھے۔اورکہا۔یا محمد ﷺ جس شخص پر حفظ (کرنا) دشوار ہو۔تو وہ اِس دعا کوایک ظرفِ نَو میں آبِ زعفران سے لکھ کر تمام شب تاروں کے سائے میں رکھے۔جب صبح ہوتو اِس کو آبِ باراں سے نہار منہ پی لے۔تو جو کچھ وہ سنے گا۔سب اِس کو یادرہے گا۔(انشاءاللہ تعالیٰ) چنانچہ وہ (حضرت علی المرتضیٰؓ) کہتے تھے۔کہ! جب مَیں نے اِس کوتین روز پیا۔تو (فرماتے ہیں۔کہ!) قسم ہے۔اس اللہ تعالیٰ کی۔جس نے محمد رسول اللہ ﷺ کوبشیرونذیرمبعوث فرمایا۔مَیں نے اِس کے بعد جوبھی بات سنی۔وہ مجھے یادرہی۔وہ (عظیم الشان) دعا یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○ اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَعْلَمُ سِرِّیْ وَعَلَا نِیَّتِیْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِیْ وَتَعْلَمُ حَاجَتِیْ فَاَعْطِنِیْ سُوْءَ الِیْ وَتَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ یَا مَنْ یَّعْلَمُ خَآئِنَۃَ الْاَعْیُنِ وَمَا تُخْفِی الصُّدُوْرُ. وَاللّٰہُ یَقْضِیْ بِالْحَقِّ ط وَالَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِہٖ لَا یَقْضُوْنَ بِشَیْءٍ ط اِنَّ اللّٰہَ ھُوَالسَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ○(سورہ غافر۔آیت نمبر20-19)

4۔ (بقولِ حضرت علی المرتضیٰؓ)! جوشخص آیات ذیل کو (کسی ظرف جدید بغیر لائن مثل طشتری پر) لکھ کر تین روز تک شہد و پانی سے دھو کر پیتا رہے۔تو اُس کا حافظہ وفہم تیز ہو جائے۔اورنسیان دور ہو جائے۔(انشاءاللہ تعالیٰ) آیات وسورہ یہ ہیں۔ **افمن شرح اللہ صدرہ للاسلام... ضلل المبین** o(سورہ الزمر۔22) **اللہ نور السمٰوٰتِ والارض ...بکل شیء علیم** o تک۔(سورہ نور۔35) **رب اشرح صدری ... بصیرا** o تک(سورہ طٰہٰ۔آیت نمبر25-35) **قل الحمد للہ الذی** ۔۔۔(سورہ بنی اسرائیل۔111) **واللہ من ورا ئھم محیط** ۔ سورہ والشّمس معہ تسمیہ۔سورہ فاتحہ معہ تسمیہ۔آمن الرسول ۔۔۔آخر تک (سورہ بقرہ)۔معوذ تین معہ تسمیہ۔

5۔ (بمابق احادیثِ نبویہ ﷺ)! حضرت ابنِ مسعودؓ سے مروی ہے۔کہ! سیدنا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا۔کہ! جس شخص کوقرآنِ مجید کے نسیان کا خوف یا شبہ ہو۔تو چاہیئے۔کہ یہ دعا پڑھے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیمo اللھم نور بالکتاب بصری واشرح بہ صدری واستعمل بہ جسدی و بدنی واطلق بہ لسانی وقوی بہ جنانی واسرع بہ فھمی وقوی بہ عزمیبحولک و قوتک فانہ لا حول ولا قوۃ الا بک یارحم الراحمین۔

6۔ یہ طریقہ بھی مجربات میں سے ہے۔بعض صالحین سے منقول و مرفوع ہے۔کہ! سورہ یٰسین شریف میں ایک اسم (یعنی آیت) ایسی ہے۔کہ! جوشخص اِس کو جان لے۔تو وہ پانچ روز تک روزانہ اِس اسم کو بحالتِ وضودن رات پڑھتا رہے۔اورلکھ لکھ کر پیتا بھی رہے۔تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص پر حکمت و دانائی کے دروازے کھول دیتا ہے۔اور وہ عوالم کے رموز واسرار پر وقوف وادراک حاصل کر لیتا ہے۔وہ اسم سورہ یٰسین کے وسط میں پوشیدہ ہے۔اِس اسم کے پانچ کلمے ہیں۔سولہ حروف ہیں۔چار حروف سقوط ہیں۔اس اسم کا ایک حرف بے نقط ہے۔دو حروف کے اوپر نقطے ہیں۔جبکہ دوحروف کے نیچے نقطے ہیں۔دریافت کرلیں۔**(سلم قف قولا من رب رحیم)**

7۔ امام غزالیؒ خواص القرآن میں رقم طراز ہیں۔کہ جوشخص تمام علوم کے حفظ کا خواہش مند ہو۔تو اسے چاہیئے۔کہ ایک نہایت پاکیزہ برتن (مثل طشتری مگر بغیر لائن وڈیزائن) پر درج ذیل آیات لکھ کر صبح سویرے نہار منہ آبِ زم زم سے دھو کر پیا کرے۔تو ایسا شخص جو بھی چیز سنے گا یا پڑھے گا۔تو ان آیات کی برکات سے یاد کر لے گا۔ (یاد رہے کہ یہ آیات روزانہ لکھ کر خشک ہونے کے بعد آبِ زم زم یا عرق گلاب سے دھو کر پیتا رہے) یہ عمل نہایت مجرب المجرب اورمستند ہے۔آیات شریفہ یہ ہیں۔ **الرحمن ۔ علم القرآن ۔۔ والشجر یسجدان** ۔(سورہ رحمٰن) **لا تحرک بہ لسانک** ۔۔۔ **ان علینا بیانہ** (سورہ القیمۃ۔19-16) **بل ھو قرآن مجید ۔ فی لوح محفوظ** ۔(سورہ بروج ۔22-21) **سنقرئک فلا تنسی** ۔(سورہ اعلیٰ آیت نمبر۶) **اقراء وربک ۔۔ ما لم یعلم** ۔(سورہ علق۔5-3)

8۔ یہ جوعوام الناس میں مشہور ہے۔کہ اگر حافظہ کمزور ہے یا بھولنے کی عادت ہے۔تو بادام کھائیں۔یاد رہے۔کہ! بادام تو واقعی کھانے سے حافظہ قوی ہوتا ہے۔مگر بادام کھانے کا طریقہ ہرکسی کومعلوم نہیں۔کہ جس سے واقعتاً حافظہ قوی ہو جائے۔اِس کا سہل طریقہ یہ ہے۔رات کوتین بادامِ مغز چھیل کراُنہیں دودھ میں ڈال کر رکھ لیں۔صبح نہار منہ یہ بادام کھا کراوپر دودھ پی لیں۔اگلی رات پانچ بادامِ مغزچھیل کراُنہیں دودھ میں ڈال کررکھ لیں۔صبح نہار منہ یہ بادام کھا کراوپر دودھ پی لیں۔پھر اگلی رات سات بادامِ مغزچھیل کراُنہیں دودھ میں ڈال کر رکھ لیں۔صبح نہار منہ یہ بادام کھا کر اوپر دودھ پی لیں۔اِس طرح جب بادام کی تعداد 19 تک پہنچ جائے۔تو روزانہ دو۔دو بادام گھٹاتے جائیں۔یاد رہے کہ دودھ کی مقدار آدھے گلاس سے قدرے زیادہ ہو۔مگر گلاس لبالب بھرا ہوانہ ہو۔پہلے ہی عشرے میں فرق بالکل واضح طور پرمعلوم ہو جائے گا۔ (انشاءاللہ تعالیٰ)

اگر ملنا نہیں ممکن تو لہروں پر قدم رکھ کر ابھی دریائے الفت کے کنارے بانٹ لیتے ہیں

پُر حکمت اقوالِ زریں : (کھانے کے واسطے علمائے طب نے اوقات مقرر فرمائے ہوئے ہیں)

☆ بعضوں نے کہا ہے۔کہ دو رات و دن میں تین سے زائد مرتبہ کھانا نہیں کھانا چاہیئے۔ ☆ بعضوں نے کہا ہے۔کہ! ایک رات و دن میں فقط ایک ہی مرتبہ کھانا کھانا چاہیئے۔ ☆ بعضوں نے کہا ہے۔کہ! ایک رات و دن میں دو ہی مرتبہ کھانا کھانا چاہیئے۔اور یہی سنتِ نبوی ﷺ بھی ہے۔ ☆ بعضوں نے کہا ہے۔کہ! مندرجہ بالا اوقاتِ مقررہ کے علاوہ صبح وشام اور چاشت کے وقت کچھ کھا پی لیا جائے۔تو اِس میں بھی کوئی حرج نہیں۔لیکن یاد رہے۔کہ رات کو کھانے کے بعد کچھ چلنا بھی چاہیئے۔تاکہ خوراک ہضم ہو سکے۔اور گہری نیند بھی میسر ہو سکے۔کیونکہ رات کی نیند جتنی اچھی اور گہری ہوگی۔اُتنا ہی جسم کی تھکاوٹ دور ہوگی۔جسم بھی پرسکون رہے گا۔

بدن کو توانا رکھنے والی تین چیزیں :

تین چیزیں انسان کو تندرست وتوانا اورصحت مند جسم کو بیمار اور جلد ہلاک کرنے والی ہیں۔

ہمیشہ شراب پینا۔ پرہیز از کثرت جماع یعنی ہمیشہ مباشرت کرنا۔ طعام پر طعام داخل کرنا۔

تنگ دستی اگرچہ ہو غالب ! تندرستی ہزار نعمت ہے

امام شافعیؒ کے چار کامیاب ترین آزمودہ نُسخہ جات :

علامہ دمیریؒ اپنی کتاب خواص الحیوانات میں حضرت امام شافعیؒ سے نقل کرتے ہیں ۔ کہ ! امام شافعیؒ نے فرمایا ہے ۔

عقل بڑھانے والی چار چیزیں : 1 ۔ اولیاء کی محفل میں بیٹھنا ۔ 2 ۔ مسواک کا استعمال ۔ 3 ۔ صُلحاء کی مجلس ۔ 4 ۔ اپنے علم پر عمل کرنا ۔ 5 ۔ لایعنی باتوں سے پرہیز **قوتِ جماع میں اضافہ کرنے والی چھ چیزیں :** ۱ ۔ چڑیوں کا گوشت ۲ ۔ اطریفل ۳ ۔ بادام ۴ ۔ پستہ ۵ ۔ دیسی انڈے کی زردی ۔ ۶ ۔ کھجور **اعـــمال بدن کو مضبوط بنانے والی چار چیزیں :** ۱ ۔ گوشت کھانا ۲ ۔ خوشبو کا سونگھنا ۳ ۔ کثرت سے نہانا (چاہے روزانہ تین بار) ۴ ۔ کتان کا لباس پہننا

پانچ اعمال **بدن کو کمزور و لاغر** کرتے ہیں ۔ اور **بڑھاپا بہت جلدی آتا** ہے ۔

۱ ۔ کثرتِ جماع ۲ ۔ نہار منہ کثرت سے پانی پینا ۳ ۔ تُرش اور تیکھی چیزوں کا کثرت سے استعمال کرنا ۴ ۔ وہم وفکر
۵ ۔ مبتلائے عشق درمحبوب ۔ (یا درہے ۔ کہ پہلی اور پانچویں بات بہت خطرناک حد تک نقصان دہ ہے)

اُن کے دیکھے سے جو آجاتی ہے چہرے پہ رونق وہ سمجھتے ہیں ، بیمار کا حال اچھا ہے

عجیب و غریب ڈبیہ برائے حکماء و اطباء :

اِس عمل میں علم مسمریزم کے اثرات پوشیدہ ہیں ۔ یہ خواص الحیوانی کا بہترین سفلی عمل ہے ۔ اِس عمل کی انجام دہی سے قبل ایک چاندی کی ڈبیہ بنوا کر رکھیں ۔ بعد ازاں موسم کنوار میں جب سرکنڈوں کے اوپر شگوفے نکل آتے ہیں ۔ تو اِن شگوفوں پر بے شمار کیڑے نمودار ہو جاتے ہیں ۔ عمل کا آسان طریقہ یہ ہے ۔ کہ ! اتوار کے دن قبل طلوعِ آفتاب سرکنڈوں کی جگہ پر پہنچ جائیں ۔ اور لباس اُتار کر بالکل برہنہ ہو جائیں ۔ اور اسی برہنہ حالت میں مقامِ مذکور جہاں سرکنڈے ہوں ۔ وہاں جا کر ایک صاف ستھرا سفید رنگ کا رومال لے کر اِس سے سرکنڈوں کے شگوفوں کے اوپر موجود کیڑے احتیاط سے رومال کے ساتھ پکڑتے جائیں ۔ اور اسی چاندی کی ڈبیہ میں ڈالتے جائیں ۔ کیڑوں کو رومال ہی سے پکڑنا ہے ۔ ہاتھ وغیرہ مَس (Touch) نہیں ہونا چاہئے ۔ 10 سے 15 کیڑے کافی ہیں ۔ بس عمل تمام ہوا ۔ اَب اپنے کپڑے پہن کر واپس گھر چلے آئیں ۔ مگر گھر آتے یا جاتے وقت کسی سے قطعًا کوئی بات چیت نہیں کرنی ۔ حتیٰ کہ سلام کا جواب بھی دل میں ہی دینا ہے ۔ اَب آپ کے پاس ایک نایاب ، قیمتی کرامت ہاتھ لگ چکی ہے ۔ اِس ڈبیہ کے فوائد وثمرات یہ ہیں ۔ کہ !

کسی بھی مریض و مریضہ کی نبض دیکھنے سے قبل چاندی کی کیڑوں والی ڈبیہ کو داہنے پاؤں کے نیچے دبالیں ۔ آپ پر مریض و مریضہ کے طبعی حالات وکیفیات اَز پردہ غیب آشکار ہونے لگ جائیں گے ۔ جس قدر خطرات ، وسوسے ، اور خیالات مریض و مریضہ کے دل میں آتے جائیں گے ۔ عامل کو پتا چلتے جائیں گے ۔ اَب وہ عامل (حاملِ ڈبی ہذا) مریض و مریضہ کو بتا کر ورطہء حیرت میں مسلسل ڈالتا چلا جائے گا ۔ یہاں تک کہ ! عامل اُس مریض و مریضہ کو وہ باتیں بھی بتادے گا ۔ جنہیں اُس مریض و مریضہ نے کسی کے سامنے بیان تک نہ کیا ہوگا ۔

خُشک کھانسی کا مُجرب علاج : (یہ طریقہ انتہائی مجرب ہے ۔ انشاء اللہ العظیم)

روزانہ رات کو سونے سے قبل (کھانا کھانے کے کم از کم ڈھائی گھنٹے بعد) ایک چمچ شہد لے کر اس پر ایک چٹکی کالی مرچ کی ڈال کر چاٹنے سے دو سے تین دن میں خشک کھانسی سے دائمی جان چھوٹ جائے گی ۔ اور خُشک کھانسی سے آرام آنا تو پہلے ہی دن سے شروع ہو جائے گا ۔

پردہ دامان اکابر ہیں نگا ہیں دل علم کا گنجینہ انوار ہے گویا
آزادی کامل کے لئے رزم عمل میں اخلاص کی چلتی ہوئی تلوار ہے گویا

تمام امراض کا علاج :

1 ۔ کلمات ذیل کو سات مرتبہ پڑھنے اور ایک مرتبہ لکھ کر پاس رکھنے سے انسان بفضلِ خدا تمام آفاتِ ارضی وسماوی اور امراضِ جسمانی سے محفوظ ہو جاتا ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیمo و صلی اللہ علیٰ سیدنا و مولانا محمد و علیٰ الٰہ و صحبہ وسلم. اقسمت علیکم یا جمیع العلل والامراض والاریاح والاوجاع بعز عز اللہ و بعظمت عظمۃ اللہ وبجلال جلال اللہ وبنور نوراللہ وبسلطٰن سلطٰن اللہ ولا الہ الا اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم. و صلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا محمد وعلیٰ اٰ لہ و صحبہ وبارک وسلم تسلیما کثیرا ابدا ابدا. عمدہ ترین روغن زیتون کو مٹی کے کسی صاف برتن میں میں ڈالیں ۔ کلمات (سورہ وآیات) ذیل کو سات ۔ سات مرتبہ پڑھتے جائیں ۔ اور لکڑی سے زیتون کو ہلاتے جائیں ۔ پھر اِس روغن سے مریض کے بدن پر مالش کریں ۔ کلمات یہ ہیں ۔ سورہ فاتحہ ، سورہ اخلاص ، معوذتین ، آخری آیات سورہ توبہ (**لقد جآء کم** ۔ ۔ ۔ تا آخر) ، آیت کریمہ (**و ننزل من القرآن ... للمؤ منین** ۔ تک) اور آخری آیات سورہ حشر (**لو انز لنا ھذا القرآن** ۔ ۔ ۔ آخر تک) ۔

2 ۔ صاحب کتاب **الطب و الحکمہ** (علامہ سیوطی) ، صاحب مجربات دیربیؒ اور صاحب خزینۃ الاسرار فرماتے ہیں ۔ کہ حدیث مبارکہ میں تمام امراض سے بچاؤ کے لیے ایک انتہائی تیر بہدف اور سریع الاثر عمل مبارک آیا ہے ۔ جس کی برکت سے نہ صرف تمام تکالیف ، امراض اور دردوں سے کامل شفاء ہو جائے گی ۔ بلکہ اس دم شدہ پانی کو پینے والے شخص سے جتنے آزار اس کے بدن میں ہوں گے ۔ اللہ تعالیٰ ان تمام آزار و بیماریوں کو دور کر کے دائمی تندرستی وشفاء عطا فرمائے گا ۔

انشاءاللہ تعالیٰ۔حتیٰ کہ تمام بیماریوں کو اس دم شدہ پانی پینے والے کی رگوں، گوشت اور استخوان بلکہ تمام اعضاء سے نکال دے گا۔ انشاءاللہ العظیم۔

طریقہ عمل یہ ہے۔کہ شب جمعہ میں بعد نماز عشاء یا بروز جمعہ (مگر مغرب سے پہلے تک) بارش کا پانی لے کر اس پر درج ذیل سورتیں وغیرہ پڑھنی ہیں

سورة فاتحه	مع تسمیہ	70بار
آیت الکرسی	مع تسمیہ	70بار
سورة حشر (لوانزلناہٰذا القرآن۔۔۔تا آخر)	مع تسمیہ	70بار
سورة اعلٰی	مع تسمیہ	70بار
سورة الم نشرح	مع تسمیہ	70بار
سورة قدر	مع تسمیہ	70بار
سورة کافرون	مع تسمیہ	70بار
سورة اخلاص	مع تسمیہ	70بار
سوره فلق	مع تسمیہ	70بار
سورة والناس	مع تسمیہ	70بار
کلمه توحید (جو تسبیح فاطمۃ الزہرہؓ کے بعد پڑھا جاتا ہے)	شروع میں ایک بار تسمیہ	70بار
کلمه تمجید (تیسرا کلمہ)	شروع میں ایک بار تسمیہ	70بار
استغفراللہ العظیم	شروع میں ایک بار تسمیہ	70بار
کوئی بھی **درود و سلام**	شروع میں ایک بار تسمیہ	70بار

ہر ایک سورۃ کو ستر۔ستر بار پڑھ کر پانی پر دم کریں (یعنی پانی پر پھونکیں) پھر دوسری سورۃ وغیرہ ستر بار پڑھ کر پانی پر دم کریں (علی ھذا القیاس۔۔) یہ تمام عمل باوضو مصلّٰے پر قبلہ رخ بیٹھ کر ایک ہی نشست میں کریں۔ یہ بارہا کا مجرب المجرب اور مستند عمل ہے۔

طریقہ اِستعمال : بارش کے اس دم شدہ پانی میں سے روزانہ صبح دو چار گھونٹ نہار منہ نوش فرمائیں۔اور کم از کم یہ پانی عشرہ تک استعمال کریں۔اور فائدہ اٹھائیں۔ یہ عمل مبارک ہمارے پیر و مرشد نے معدن کرامت میں بھی ذکر فرمایا ہے۔(اس ضمن میں ناچیز **عبدالرؤف البلوشی** عرض گزار ہے۔کہ! اگر اسی عمل کے ساتھ ساتھ یہ نقش بھی باندھنے کے لئے دے دیا جائے۔تو دائمی فائدہ رہے گا۔انشاءاللہ العظیم)

نقش قمقمة الکبریٰ برائے شفاء از جمیع امراض: (از امام بونیؒ صاحبِ کتاب شمس المعارف ولطائف العوارف)



یہ نقش ہمارے مربی و مرشد جناب پیر سید محبوب علی شاہ بخاریؒ کے روزانہ کے معمولات میں رہا ہے۔(بقولِ مرشد کریم) یہ عظیم دائرہ (کہ جس کے اردگرد سورہ فاتحہ بھی لکھی ہوئی ہو) ہر مرض و ہر درد کے لئے تیر بہدف اور اکسیر ہے۔علمائے عاملین ،حکماء و اطباء اور بزرگان دین اس دائرہ یعنی **نقشِ قُمقُمَةُ الکبرٰی** کو لکھ لکھ کر پیتے اور پلاتے رہے ہیں۔اور اس سے غسل کرتے اور کراتے رہے ہیں۔ جب بھی ضرورت ہوتی ہے۔تو یہی دائرہ لکھ کر کسی تیل میں رکھ کر جسم کے درد کے مقام پر مالش کرنے سے کافی و شافی آرام مل جاتا ہے۔جیسے درد سر، شقیقہ، شقیقۃ العین، درد سینہ، درد پہلو، درد پیٹ، وجع المفاصل، صداع قدیم، عرق النساء، اور جسم کے تمام اقسام کے دردوں کو دور کرنے میں یہ دائرہ لاثانی اور بے مثال ہونے کے ساتھ ساتھ مجرب المجرب ہے۔کیونکہ اس دائرہ میں اسم اعظم ہے۔

تمام بیماریوں سے حفاظت : 1. ایک سوڈانی حکیم کا قول ہے۔کہ اگر کوئی یہ چاہے۔کہ وہ کبھی بیمار نہ ہو۔اور نہ کبھی معدہ کے کسی چھوٹے یا بڑے مرض میں مبتلا ہو۔تو اُسے چاہیئے۔کہ! جب تک بھوک نہ لگے۔کچھ نہ کھایا جائے۔کھانا کھاتے ہوئے یاد رکھے۔کہ ابھی کچھ بھوک باقی ہو۔تو ہاتھ کھینچ لئے جائیں۔اس طرح کرنے سے موت کے سوا کوئی بیماری نہیں آسکتی۔

ایک قسم کے دو طعاموں کو یکجا نہ کریں۔اور نہ ہی دو گرم چیزوں کو ایک ساتھ جمع کریں۔مثلاً انڈا اور گوشت۔اور نہ ہی دو سرد چیزوں کو ایک ساتھ جمع کریں۔جیسے مچھلی اور دودھ کو۔اور نہ ہی دو خشک چیزوں کو ایک ساتھ جمع کریں۔مثلاً کنگنی اور مسور۔اور سخت ولیس دار چیزوں کو بھی نہ کھایا جائے۔کیو

نکہ اِن کا ہضم کرنا معدے کے واسطے انتہائی دشوار ومشکل ہے۔تمام علمائے حکمت اوراطباء کا اِس بات پر بھی قوی اتفاق واتحاد ہے۔کہ! جسم کے اندر تمام امراض چھ چیزوں سے پیدا ہوتے ہیں۔اول اورخطرناک ترین یہ کہ! کثرت جماع۔دوئم رات کے وقت زیادہ کھانا پینا۔سوئم رات کے وقت کم سونا۔چہارم دن کے وقت زیادہ سونا۔پنجم یہ کہ بھرے ہوئے معدے پر کھانا کھانا۔ششم یہ کہ بول و براز اور ریح (Gas) کا روکنا۔

2۔ شیخ فقیہ سلیمانؒ کہتے ہیں۔کہ حضرت سعید بن مسیّبؒ سے ایک صالح مومن جن مِلا۔اور کہا۔کہ! اے سعیدؒ! کیا آپؒ چاہتے ہیں۔کہ آپؒ کو ایک ایسا لباس پہنادوں۔کہ وہ لباس جس بھی انسان کے پاس رکھا جائے۔اِس کو کوئی بیماری و برائی ہاتھ نہ لگائے۔اگر چارپائی پر لٹکایا جائے۔تو اُس کو کوئی بیماری نہ ستائے۔اور اگر کوئی اِس کو پاس رکھ کر کسی بادشاہ یا حکمران کے پاس چلا جائے۔تو اُس بادشاہ یا حکمران پر اِس کی ہیبت طاری ہو جائے۔اور اگر اِس کو کوئی مسافر اپنے پاس رکھے۔تو اُس کو سفری تکالیف ومشکلات سے امان حاصل ہو۔اگر کوئی اِس کو اپنے پاس رکھ کر کشتی یا جہاز میں بیٹھے تو ڈوبنے سے مامون رہے۔حضرت سعید بن مسیّبؒ نے فرمایا۔ایسی چیز مجھے کون سکھائے گا؟ اِس جن نے کہا۔کاغذ روشنائی لائیں۔اور لکھیں۔(اور یہ دُعا لکھوائی)

بسم اللہ الر حمٰن الر حیم ○ کل ذی ملک مملوک للہ و کل ذی عزۃ فغلبۃ اللہ و کل ذی قوۃ فضعیف عنداللہ و کل جبار فصغیر عنداللہ و کل ظالم لا محیص له من اللہ یا أعداء حا مل کتابی ھذا أو یا حاسد من الجن والانس والشیاطین والعفاریت والعمالقۃ المتمردین خا تم سلیمٰن بن داؤ د علیهما السلام علیٰ افواھهم وعصا موسیٰ علیه السلام علیٰ أکافهم وخیر کم بین أ عینکم وشر کم تحت أقدا کم ولا غا لب الا اللہ یا حا مل کتابی ھذا فی عز اللہ الما نع الذی لا یذل من اعتز به ولا یکشف من استتر به سبحٰن من أ لجم البحر بکلما ته سبحٰن من أ طفانارا ابراھیم بحکمته سبحٰن من تواضع کل شیء لعظمته اقبل ولا تخف نجوت من القوم الظا لمین. لا تخاف در کا ولا تخشیٰ لا تخف انک أنت الاعلیٰ لا تخا فا اننی معکما أ سمع و أری. اللھم ارحم حا مل کتابی ھذا واستره بسترک البا قی الحصین فی لیلة ونهاره و ظعنه وقراره الذی سترت به أولیائک المتقین من أعدائک الکا فرین. اللھم من عاداه فعاده امن کاده فکده ومن نصب له فخا فخذ ہ واطف عنه نار من أ راد به عداوۃ وشرا و فرج عنه کل ھم و ضیق ولا تحمله ما لا یطیق أنت اللہ لا اله الا أنت الحق الحقیق. وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا ومولانا محمد واٰ له وصحبه وبارک وسلم تسلیما کثیرا ابدا ابدا۔

بُری عادات و خصائل کے لوگوں کے لئے اصلاحی عمل:

1۔ اگر کوئی شخص شراب نوشی، جوئے، سودخوری، زنا کاری اور جھوٹ وچغلی وغیرہ جیسے معاصی میں مبتلا ہو۔تو بروز جمعۃ المبارک بعد نماز جمعہ کسی پیالے یا طشتری (جو کہ سفید رنگ کی ہوا۔اور اس پر کوئی ڈیزائن، لائینیں، یا پھول نہ ہو) پر ان آیتوں کو لکھے۔پھر جب یہ آیتیں خشک ہو جائیں۔تو پیالے یا طشتری میں آب باراں (بارش کا پانی) ڈال کر پھر اس پانی پر ستر مرتبہ ان آیتوں کو پڑھ کر پانی پر پھونک ماریں۔پھر بحالت وضو ہی میں اس پانی کے ساتھ گیہوں کا آٹا گوندھ کر روٹی پکائیں۔پھر جس شخص کی اصلاح کا ارادہ ہو۔اُسے ہفتے کے دن صبح نہار منہ (خالی پیٹ) روٹی کھلائیں۔اور اسی طرح سے اتوار اور پیر کی صبح بھی۔متواتر تین، پانچ یا زیادہ سے زیادہ نو دن تک روٹی کھانے کے بعد اللہ تعالیٰ ضرور بالضرور اس معاصی شخص سے برائیوں کو ختم فرمادے گا۔انشاء اللہ تعالیٰ اور اس طرح گناہوں میں پھنسے ہوئے آدمی کی حالت تبدیل ہو کر کچھ یوں ہو جائے گی۔ اور اگر ہر جمعۃ المبارک کو یہ عمل کیا جائے۔اور ہفتہ سے جمعہ تک یہ روٹی اس معاصی کو کھلائیں۔پھر دوسرے جمعہ اور تیسرے جمعہ تک بھی یہ عمل کیا جائے۔تو اللہ تعالیٰ سے قوی امید ہے۔کہ وہ شخص تا حیات ہمہ قسم برائیوں سے دور رہے گا۔انشاء اللہ تعالیٰ۔جو بھی شخص یہ عمل کسی معاصی کے لئے کرے۔وہ نمازی متقی اور دیندار ہو۔تا کہ عمل میں سرعت وتاثیر یقینی ہو۔آیات ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّمَا الۡخَمۡرُ وَالۡمَیۡسِرُ وَالۡاَنۡصَابُ وَالۡاَزۡلَامُ رِجۡسٌ مِّنۡ عَمَلِ الشَّیۡطٰنِ فَاجۡتَنِبُوۡهُ لَعَلَّکُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ۔ اِنَّمَا یُرِیۡدُ الشَّیۡطٰنُ اَنۡ یُّوۡقِعَ بَیۡنَکُمُ الۡعَدَاوَۃَ وَ الۡبَغۡضَآءَ فِی الۡخَمۡرِ وَالۡمَیۡسِرِ وَیَصُدَّکُمۡ عَنۡ ذِکۡرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوۃِ ۚ فَهَلۡ اَنۡتُمۡ مُّنۡتَهُوۡنَ ۔ وَاَطِیۡعُوا اللّٰهَ وَاَطِیۡعُوا الرَّسُوۡلَ وَاحۡذَرُوۡا ۚ فَاِنۡ تَوَلَّیۡتُمۡ فَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّمَا عَلٰی رَسُوۡلِنَا الۡبَلٰغُ الۡمُبِیۡنُ ○ (سورہ مائدہ۔90۔91) صاحب **خزینۃ الاسرار** (حقی نازلیؒ) نے اس عمل کو (کافی تعریف وتوصیف کے ساتھ) اپنے مجربات میں لکھا ہے۔

2۔ جو شخص سورہ اخلاص ایک ہزار مرتبہ، آیت الکرسی تین سو تیرہ مرتبہ، صلوٰۃ منجیہ (درودِ تنجینا) ایک ہزار مرتبہ ہر ایک انفرادی طور پر پڑھ پڑھ کر اُس شخص (شراب نوشی، جوئے، سودخوری، زنا کاری اور جھوٹ وچغلی وغیرہ جیسے معاصی میں مبتلا ہو) کی قمیص (یا بنیان) پر پھونکتے رہیں۔تو جو شخص شراب نوشی، جوئے، سودخوری، زنا کاری اور جھوٹ وچغلی وغیرہ جیسے معاصی میں مبتلا ہو۔جب وہ شخص اُس قمیص (بنیان) کو پہنے گا۔تو اللہ تعالیٰ اپنے خصوصی فضل وکرم سے اُس شخص کی اصلاح فرمادے گا۔انشاء اللہ تعالیٰ۔علامہ حقی نازلیؒ فرماتے ہیں۔کہ! ہم نے بارہا اِس عمل کو آزمایا۔تیر بہدف اور مجرب پایا۔

سُخن کسے دے ہیرے موتی کوئی جواہر لعلاں اک دیوے اک شمع محمد اک چمکن وانگ مثالاں

طلسمات و اعمال برائے دفع عارضہ ءتپ :(**بخار دور کرنے کے مُجرب علاجات**)


1. اگر کسی کو سردی کا بُخار ہو ۔تو ایسے مریض کے لئے کاغذوں کے تین ٹکڑوں پر حروفِ ناریہ کے ساتھ مُفردات لکھ کر ان کاغذوں کی مریض کو دھونی دی جائے ۔تو اس عمل سے بُخار کی شدت میں کمی ہو جائے گی ۔اور چند لمحات بعد وہ ٹھیک ہو جائے گا ۔انشاء اللہ ۔اور اگر کسی کو گرمی کا بُخار ہو ۔تو حروفِ مائیہ کے ساتھ مُفردات لکھ کر اسی طرح سے عمل بجا لاؤ ۔بے شک گرمی کا بُخار بھی ختم ہو جائے گا ۔انشاء اللہ ۔

مفردات یہ ھیں۔(ا۔ج۔ھ۔ز۔ط)حروف ناریہ۔(ا۔ھ۔ط۔م۔ف۔ش۔ذ)حروف مائیہ۔(ج۔ز۔ک۔س۔ق۔ث۔ظ)

2۔ حضرت مولوی حقی نازلیؒ ''خزینۃ الاسرار'' میں اور علامہ دیربیؒ "الفتح المجید المعروف بہ مجرباتِ دیربیؒ'' میں فرماتے ہیں ۔ کہ! کتان کے دھاگے کو لے کر اِس پر ایک مرتبہ سورہ الم نشرح معہ تسمیہ اِس طرح پڑھو ۔کہ اِس سورہ کے ہر ''**ک**'' پر ایک ایک گرہ لگاتے جاؤ ۔یاد رہے ۔کہ! اِس سورہ مبارکہ میں 9 کاف ہیں ۔لہٰذا ایک دھاگے پر 9 گرہیں لگیں گیں ۔اور یہی عمل تین مرتبہ تین مختلف دھاگوں پر کرو ۔پھر اِن دھاگوں کو بخار گرفتہ شخص کے دائیں ہاتھ پر باندھ دو ۔اگر اُسی دن چند گھنٹوں میں اگر بخار زائل ہو گیا ۔تو ٹھیک ۔بصورتِ دیگر! دوسرے دِن دوبارہ یہی عمل کرو ۔اگر دوسرے دن بھی بخار نہ ٹوٹا ۔تو ٹھیک ۔ورنہ تیسرے دن بھی یہی عمل کرو ۔اب چاہے ،کتنا ہی سخت بخار کیوں نہ ہو ۔اِس مرتبہ تو لازمی آرام آ ہی جائے گا ۔انشاء اللہ تعالیٰ ۔

3. اگر کسی بخار والے مریض یا مریضہ کی پشت پر یقین کامل کے ساتھ دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت رکھ کر اذان اور اقامت تحریر کی جائے ۔تو اسی لحہ شفاء ہو گی ۔انشاء اللہ تعالیٰ ۔یہ طریقہ اولیائے کاملین سے منسوب ومنقول ہے ۔

4. علامہ کمال الدین الدمیریؒ نے اپنی کتاب خواص الحیوانات میں فرمایا ہے ۔کہ! مجھے بعض مشائخین سے معلوم ہوا ہے ۔کہ اگر کوئی شخص چھوٹے چھوٹے تین کاغذوں پر یہ عبارت لکھے ۔ **قلنا یا نار کونی بردا و سلام سلاما سلاما** ۔پھر دن میں تین مرتبہ (صبح ۔دوپہر،رات) پانی میں یہ لکھے ہوئے کاغذ حل کر کے بُخار و تپ کے مریض کو پلاتے رہیں ۔تو پہلے یا تیسرے دن تک ہر صورت میں مریض صحت و شفاء پا جائے گا ۔انشاء اللہ ۔یہ عمل بہت عجیب وغریب مگر انتہائی مجرب المجرب اور آزمودہ ہے ۔



5 ۔ اگر کسی کو بخار ہو جائے ۔چاہے وہ بڑا ہو یا چھوٹا ہو ۔اس کے لئے اگر یہ نقشِ عظیم لکھ کر دیا جائے ۔تو اُس شخص کو اُسی لمحے بخار سے نجات حاصل ہو جائے گی ۔انشاء اللہ تعالیٰ ۔یہ نقش انتہائی مجرب المجرب اور مستند ہے ۔کیونکہ بارہا کا آزمودہ ہے ۔

6. آسان سا طریقہ ہے ۔کہ! کوئی شخص یا مریض خود دفیعہ بخار کی نیت سے ایک سیاہ قدرے موٹا دھاگہ لے لے ۔پھر بحالتِ وضو جائے نماز پر قبلہ رخ بیٹھ کر یقینِ کامل سے سورہ یٰسین شریف ایسے پڑھے ۔کہ! سورہ یٰسین کی ہر مبین پر تین مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھ کر دھاگے کو ایک ایک گرہ باندھتا جائے ۔اِس طرح دھاگے کی سات گرہیں ہو جائیں گیں ۔اِس عمل کو صبح اور رات (دن میں دو مرتبہ) سرانجام دیں ۔دو اوقات میں دھاگے جدید لیتے جائیں ۔اور دائیں ہاتھ پر باندھتے جائیں ۔یہ عمل تین دن سے کبھی بھی زیادہ نہیں کرنا پڑتا ۔بشرطیکہ بخار ہو ۔دیگر کوئی بیماری نہ ہو ۔لازمًا آرام آ ہی جائے گا ۔اِس عمل کو بارہا مجرب ہونے کی لاتعداد اسناد حاصل ہیں ۔

دمہ کا مجرب علاج :

1 ۔ سداب کا پانی شہد خالص میں ملا کر استعمال کرنے سے دمہ کی تکلیف ختم ہوتی ہے ۔

2 ۔ اور اگر کسی کو دمہ اور کھانسی دونوں کی تکلیف ہو۔تو چاہیئے ۔کہ! تخم السی ،اصل السوس دونوں کو باریک پیس کر گائے کے گھی یا شہدِ خالص میں ملا کر بقدر 6 ماشہ صبح ،دوپہر اور رات کو استعمال کریں ۔امید ہے۔تین سے پانچ ایام میں ہی کلی آرام وشفاء حاصل ہوگی ۔انشاءاللہ۔یہ طریقہ بارہا کا مجرب طریقہ ہے۔

3 ۔ اگر کوئی شخص (بالخصوص ضعیف العمر) کو دمہ کی تکلیف ہو ۔تو اسے چاہیئے ۔کہ! روزانہ رات کو سونے سے قبل نیم گرم دودھ میں ایک چٹکی خالص زعفران کی ڈال کر اسے حل کر کے پیا کرے ۔پہلی ہی رات سے آفاقہ ہونا شروع ہو جائے گا ۔(انشاءاللہ)

کلونجی کے فوائد : کلونجی کو لازم پکڑو ۔کیونکہ وہ موت کے سوا ہر بیماری کی دواء ہے ۔(کلونجیہ کے مزید فوائد یہ ہیں) ☆ نیز نفخ کو تحلیل کرتی ہے ۔☆ کیڑوں کو قتل کرتی ہے ۔☆ اگر (کلونجی کو) کسی کپڑے میں باندھ کر سونگھا جائے تو زکام کو فائدہ دیتی ہے ۔☆ مسوں کو قطع کرتی ہے ۔☆ پیشانی پر لیپ کرنے سے سردرد کو دور کرتی ہے ۔☆ گر دردِ دندان کا مریض (کلونجی کو) سرکہ میں پیس کر غرارے کرے ۔تو دردِ دندان سے آرام ہوگا ۔☆ پیشاب کو جاری کرتی ہے ۔☆ بلغم کو دور کرتی ہے ۔

یوں تو ہر شخص بڑے احترام سے مِلا مگر جو بھی مِلا ، اپنے ہی کام سے مِلا

ہر درد کے دفیعہ کے مجرب المجرب اعمال و عملیات :

1۔ آپ ﷺ نے فرمایا۔ اپنے ہاتھ کو اپنے جسم میں اس جگہ رکھو۔ جہاں آپ کو درد محسوس ہوتا ہے۔ اور پھر تین مرتبہ بسم اللہ۔۔۔ کہو۔ اور سات مرتبہ (یہ کلمات) پڑھو۔ **اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَ قُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ** ۔ (ان شاء اللہ درد سے سکون مل جائے گا) صحیح مسلم و سنن ابی داؤد۔

2۔ یہ عمل مبارک نہ صرف درد سر اور تمام اقسام کے درد دفع کرنے، بلکہ بھڑ و بچھو یا کسی زہریلے کیڑے (حشرات الارض) کے زہر اتارنے میں بھی بے نظیر و بے مثل، سریع الاثر اور عجیب تر ہے۔ ترکیب خاص اس عمل کی یہ ہے۔ کہ سانس روک کر مقام ماؤف پر انگشت شہادت سے تین مرتبہ **لِیُعَذِّبَهُم** لکھ کر دم کریں۔ پھر دریافت کریں۔ کہ درد کا اثر باقی ہے یا نہیں؟ اگر درد ہوا۔ تو دوبارہ یہی عمل کرو۔ بعض اوقات درد مقام ماؤف سے کسی اور جگہ منتقل ہو جاتا ہے۔ اور بھاگا بھاگا پھرتا ہے۔ بہر حال جہاں درد ہو۔ وہاں وہاں پر یہی عمل کرتے چلے جائیں۔ چند بار لکھنے کے بعد درد سے دائمی نجات حاصل ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ یہ عمل بارہا کا مجرب المجرب عمل ہے۔

3۔ اگر کسی شخص کو جسم کے کسی بھی حصے پر درد ہو تو وہ خود یا کسی دوسرے شخص سے بحالتِ وضو سورہ فاتحہ کو اِس دعا کے ساتھ سات مرتبہ پڑھ کر درد والی جگہ پر پھونکے۔ تو اللہ تعالیٰ اُسے درد سے شفاء عطا فرمائے گا۔ انشاء اللہ۔ اِس کا تجربہ کیا گیا۔ سورہ فاتحہ کے ساتھ پڑھی جانے والی دُعا یہ ہے۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اللھم اذھب عنی سوء ما أجد وفحشہ بدعوۃ نبیک محمد الطیب المبارک المکین الامین عندک بسم اللہ** ۔

4۔ کوئی درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر سورہ فاتحہ تلاوت کر کے سات مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ **بسم اللہ اللھم اذھب عنی سوء ما اجد و فحشہ بدعوۃ نبیک المبارک الامین المکین عندک** ۔ تو درد مکمل طور پر ختم ہو جائے گا۔ مریض کو سکون و آرام ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

دانت محفوظ و مضبوط رکھنے کے مجرب اعمال و عملیات :

نعمتِ دنیا زن و دندان بود   بے زن و دندان دنیا زندان بود

1۔ عشاء کے وتر میں پہلی رکعت میں **سورہ فاتحہ** کے بعد **سورہ اذا جاء نصر اللہ**، دوسری رکعت میں **سورہ فاتحہ** کے **سورہ تبت یدا ابی لھب** اور تیسری رکعت میں **سورہ فاتحہ** کے بعد **سورہ اخلاص** روزانہ پڑھنے سے دانت دائمی طور پر مضبوط اور ہر تکلیف سے محفوظ رہتے ہیں۔ یہ عمل مجربات میں سے ہے۔ ایک شخص جس کی عمر سو سال سے زیادہ تھی وہ دانتوں سے گنے چھیل کر کھایا کرتا تھا۔ یہ اسی عمل کی برکت ہے۔

2۔ جس وقت کسی کے داڑھ میں درد ہو۔ تو ان حروف کو دیوار پر لکھ لو۔ ح۔ ب۔ ر۔ ص۔ لا۔ و۔ ع۔ م۔ لا۔ پھر جس کسی کو داڑھ کے درد کی شکایت ہو۔ اُسے یہ کہا جائے۔ کہ وہ اپنے دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت مقام درد پر رکھ لے۔ پھر ایک کیل لے کر پہلے حرف پر رکھ کر دبایا جائے۔ یا ٹھونکا جائے۔ کیل دباتے وقت یہ دعا بھی تین مرتبہ پڑھی جائے۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o الم تر الی ربک کیف مد الظل ولو شاء لجعلہ ساکنا** ۔ (سورہ فرقان۔ آیت نمبر۔ 45) **وَلَہٗ ماسکن فی اللیل واللنھار وھو السمیع العلیم o** (سورہ انعام۔ آیت نمبر۔ 13) پھر درد زدہ سے پوچھے۔ کہ درد ختم ہوا یا نہیں؟ اگر ٹھیک نہ ہوا۔ تو اگلے حرف پر کیل دبا کر اسی عمل کو دہرائے (**علیٰ ھذا القیاس**) کسی نہ کسی حرف پر لازمی طور پر درد ختم ہو ہی جائے گا۔ یہ یاد رہے۔ کہ ہر حرف پر نیا کیل ٹھونکنا یا لگانا ہے۔ اور حا۔ عین اور میم وغیرہ میں کیل کو حرف کے درمیان میں رکھیں گے۔ بقیہ تمام حروف میں کیل کو حرف کے نیچے رکھ کر دبایا جائے گا۔ یہ طریقہ انتہائی سہل ہونے کے ساتھ ساتھ بارہا کا مجرب و آزمودہ طبی چٹکلہ ہے۔ (ایسا ایک عمل پیچھے گذر چکا ہے)

3۔ اگر کوئی شخص ہمیشہ اپنے دانتوں کی مضبوطی کو برقرار رکھنا چاہے۔ تو اس کو چاہیئے۔ کہ صبح سویرے جس وقت آنکھ کھلے۔ تو وہ شخص اپنے اوپر کے دانتوں سے نیچے کے دانتوں کو خوب دبائے۔ لیکن اس دوران اپنا منہ بھی بند رکھے۔ تاکہ منہ سے جھاگ، بھاپ اور سانس نہ نکلے۔ دو یا تین منٹ کے بعد جب منہ لعاب (تھوک) سے بھر جائے۔ تو اس تھوک کو نکال دے۔ پھر مسواک خوب کیا کرے۔ مسواک کے بعد وضو کر لے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے چند ہی ایام یا ہفتوں میں یہ حکمت اس قدر مؤثر اور فائدہ مند و منتفع ثابت ہوگی۔ کہ نہ صرف دانت مضبوط ہو جائیں گے۔ بلکہ منہ سے نہ خون آئے گا۔ اور بدبو کا آنا تو قطعاً ختم ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ (نیز یاد رہے۔ کہ) یہ عمل اور اِس طرح کے دیگر کئی اعمال و عملیات سنیاسی، سادھو، یوگی اور جوگی حضرات کے پاس ہوتے ہیں۔ اُن کی کتب سے دیکھے جا سکتے ہیں۔ اگر ان میں کمال حاصل ہو جائے۔ تو دواء یا طبیب و حکماء سے علاج کرانے یا اُن کے پاس جانے کی چنداں ضرورت نہیں ہوتی۔

سر کے درد کے مجرب علاجات :

1۔ حضرت عمرؓ فاروقؓ کے زمانہ میں جب نوشیرواں مارا گیا۔ تو اُس کی ٹوپی حضرت امیر المؤمنینؓ کی خدمت اقدس میں پیش کی گئی۔ اور کہا گیا۔ کہ! اے امیر المؤمنینؓ! یہ نوشیرواں کی (وہ عظیم الشان اور شفاء بخش) ٹوپی ہے۔ کہ جب وہ بیمار ہوا کرتا تھا۔ تو اِس ٹوپی کو سر پر رکھ لیتا تھا۔ جس کو پہن کر وہ اچھا ہو جایا کرتا تھا۔ جنابِ امیر المؤمنین حضرت عمرؓ فاروقؓ نے فرمایا۔ (کہ) نوشیرواں کی ٹوپی کو سر پر رکھنے سے شفاء ہو جائے۔ یہ عجب ہے۔ اِس کو پھاڑ دو۔ جب (یہ ٹوپی) پھاڑی گئی۔ تو اِس (ٹوپی) میں یہ عبارت لکھی ہوئی تھی۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o شھد اللہ انہ لا الہ الا ھو** (سورہ آل عمران۔ آیت نمبر 18) **نور و قدرۃ و برھان و حکمۃ و سلطٰن یا ھادی من اھتدیٰ یا من لا ینام ابدًا. لا الہ الا اللہ عیسیٰ روح اللہ و کلمۃ. لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ و حبیبہ . اُسکن ایھا الصداع با لذی سکن لہ ما فی اللیل و النھار وھو السمیع العلیمo**

2۔ اگر کسی کے سر میں درد ہو۔تو دم کرنے والا شخص اپنا دایاں ہاتھ مریض کے سر پر رکھ کر یہ دُعا سات ،نو یا گیارہ مرتبہ پڑھے۔

بسم اللہ الر حمٰن الر حیمo بسم اللہ خیر الاسمآء بسم اللہ رب الارض والسمآء بسم اللہ اسمہ بر کتہ و شفآء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیٴ فی الارض ولا فی السمآء و ھو السمیع العلیمo

3۔ علامہ کمال الدین الدمیری ؒ اپنی شہرہ آفاق کتاب حیات الحیوان میں رقم طراز ہیں۔کہ ! مذکورہ حروف کو ایک سفید کاغذ پر لکھ کر درد کی جگہ پر چپکا لیا جائے۔تو درد سر جاتا رہے گا۔انشاءاللہ۔مذکورہ حروف یہ ہیں۔ **د-م-ہ-م-ل-ہ-**


4۔ جس وقت کسی کے سر میں یا جسم کے کسی بھی مقام پر درد ہو۔تو آنے والے ان حروف کو کسی لکڑی کی تختی یا کسی پاک صاف جگہ پر لکھ لے۔ **ا-ح-ا-ك-ك-ح-ع-ح-ا-م-ح**۔پھر جس کسی کو سر کے درد کی شکایت ہو۔اسے یہ کہا جائے۔کہ وہ اپنے دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت مقامِ درد پر رکھ لے۔پھر ایک کیل لے کر (جو کہ کسی روشنائی میں رکھے ہوئے ہوں) پہلے حرف پر رکھ کر دبایا جائے۔یا ٹھونکا جائے۔کیل دباتے وقت یہ دعا بھی تین مرتبہ پڑھی جائے۔

بسم اللہ الر حمٰن الر حیمo الـم ترالی ربک کیف مد الظل ولوشاء لجعلہ ساکنا. (سورہ فرقان۔آیت نمبر۔45) **ولہ ماسکن فی اللیل والنھار وھو السمیع العلیمo** (سورہ انعام۔آیت 13) پھر درد زدہ سے پوچھے۔کہ درد ختم ہوا یا نہیں؟ اگر ٹھیک نہ ہوا۔تو اگلے حرف پر کیل دبا کر اسی عمل کو دہرائے (**علٰی ھذا القیاس**) کسی نہ کسی حرف پر لازمی طور پر درد ختم ہو ہی جائے گا۔یہ یاد رہے۔کہ ہر حرف پر نیا کیل ٹھونکنا یا لگانا ہے۔اور حا۔عین اور میم میں کیل کو حرف کے درمیان میں رکھیں گے۔بقیہ تمام حروف میں کیل کو حرف کے نیچے رکھ کر دبایا جائے گا۔یہ طریقہ انتہائی سہل اور بارہا کا مجرب وآزمودہ طبی چٹکلہ ہے۔

5۔ **دعائے عظیم البرکت** : (بقول امام شافعیؒ) بنواُمیہ کے بعض خاندانوں میں چاندی کا ایک مقفل ڈبہ (یا صندوق) پایا گیا۔جسے سونے کا تالا لگا ہوا تھا۔اور جس کے اوپر یہ لکھا ہوا تھا۔**شفاء من کل داء** (یعنی ہر مرض سے شفاء کے لئے)۔لیکن اس کے اندرون یہ لکھا پایا گیا۔کہ اگر کسی کے سر میں شدید درد ہو رہا ہو۔تو اسے کسی طبیب کے پاس جانے کی قطعاً ضرورت نہیں۔بلکہ یہ کلمات پڑھ کر دم کرلے۔تو انشاءاللہ اس کے سر کا درد جاتا رہے گا۔وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ وَ بِاللّٰہِ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ ۔ اُسۡکُنۡ اَیُّھَا الۡوَجۡعُ سُکِّنۡتُکَ بِالَّذِیۡ یُمۡسِکُ السَّمَآءَ اَنۡ تَقَعَ عَلَی الۡاَرۡضِ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ اِنَّ اللّٰہَ بِالنَّاسِ لَرَءُوۡفٌ رَّحِیۡمٌ ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ وَ بِاللّٰہِ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ ۔ اُسۡکُنۡ اَیُّھَا الۡوَجۡعُ سُکِّنۡتُکَ بِالَّذِیۡ یُمۡسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا وَ لَئِنۡ زَالَتَا اِنۡ اَمۡسَکَھُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیۡمًا غَفُوۡرًا رَّحِیۡمًا ۔

دردِ زہ میں کمی کا مجرب عمل:



عورت کے لئے مرحلہ ولحہء زچگی قیامت سے کم نہیں۔کہ عورت اس وقت آدھی قبر میں ہوتی ہے اور آدھی باہر۔بہر حال اس نقش کو ایک ورق پر لکھ کر عورت کے گلے میں ڈال دیں۔اور عورت کے پاس کوئی دوسری عورت یا کوئی شخص بیٹھ کر یہ کلمات مسلسل پڑھتے رہیں۔تو اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم اور اس نقش وکلمات کی برکت سے نہ صرف درد میں خاطر خواہ کمی ہوگا۔بلکہ وضع حمل جلدی اور بآسانی ہوگا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔وہ کلمات یہ ہیں۔

بسم اللہ الر حمن الر حیم O جَنَّۃٌ وَلَدَتۡ یَحۡیٰ ۔ وَمَرۡیَمُ وَلَدَتۡ عِیۡسٰی o اُخۡرُجۡ اَیُّھَاالۡمَوۡلُوۡدُ بِقُدۡرَۃِ الۡمَلِکِ الۡمَعۡبُوۡدِ o بسم اللہ الرحمن الرحیمO اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ عِدَّتِیۡ فِیۡ کُرۡبَتِیۡ وَ اَنۡتَ صَاحِبِیۡ فِیۡ غُرۡبَتِیۡ وَ اَنۡتَ حَفِیۡظِیۡ عِنۡدَ شِدَّتِیۡ وَ اَنۡتَ وَلِیُّ نِعۡمَتِیۡ.

لاغر جسم کو فربہ (موٹا) کرنے کے مجرب المجرب طریقے :

1۔ صاحبِ **کتاب الرحمۃ فی الطب والحکمۃ** جناب علامہ عبدالرحمٰن جلال الدین السیوطی الشافعیؒ فرماتے ہیں۔کہ! بدن کو فربہ کرنے کا یہ نسخہ بہت مفید ومتنفع ہے۔اِس نسخہ سے رنگ جسمانی بھی صاف ہوتا ہے۔قوت باہ بھی بڑھ جاتی ہے۔جسم میں غذا جدید پیدا ہوتی ہے۔نسخہ یہ ہے۔(کہ) حلبہ یعنی میتھی بقدر ضرورت لے کر پانی ڈال کر پکائیں۔اسی طرح چار پانچ مرتبہ کریں۔لیکن ہر ایک مرتبہ میں تازہ پانی ڈالا کریں۔تو یہ ایک گاڑھا قوام بن جائے گا۔پھر اس قوام کو خشک کر کے باریک پیس کر اس کے مساوی آرد گندم اور گائے کا تازہ دودھ ڈال کر پھر سے پکائیں۔یہاں تک کہ دوبارہ حلوے کا قوام تیار ہو جائے۔اَب اسے ہلکی آنچ پر رکھ کر اِس پر شہد، شکر اور روغن زرد ڈال کر ہلاتے رہیں۔اب یہ قوام بالکل تیار ہے۔اِس کے تیار ہونے کے بعد دن میں چار مرتبہ بقدر طبع برداشت تناول فرماتے رہیں۔لیکن یاد رہے۔کہ اس قوام کو کھانے کے بعد یا پہلے کم از کم ایک گھنٹے تک کچھ نہ کھائیں پیئیں۔تاکہ اِس قوام کا اثر ہو سکے۔ہفتے عشرے میں جسم پر فربہی کے آثار نمودار ہونا شروع ہو جائیں گے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

2۔ صاحبِ **کتاب الطب والرحمۃ** جناب علامہ سیوطی الشافعیؒ فرماتے ہیں۔کہ! اگر کوئی لاغر عورت یا لڑکی فربہی کی خواہشمند ہو۔تو اُسے چاہیئے۔کہ! ہالیوں کو کوفتہ کر کے اس میں سے بقدر ضرورت نہار منہ گائے کے تازہ دودھ اور گائے ہی کے گھی کے ساتھ استعمال کرے۔اور اِسی طرح سے کئی روز تک یہی خوراک کھاتی رہیں۔بہت فائدہ ہوگا۔اور ہفتے عشرے میں جسم پر فربہی کے آثار نمودار ہونا شروع ہو جائیں گے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

3۔ **کتاب الرحمۃ** (میں) جناب علامہ جلال الدین السیوطی الشافعیؒ فرماتے ہیں۔اگرکوئی فربہی کا خواہاں ہو۔تو چاہیئے۔کہ دانہ حرمل کوگندم کے ساتھ خوب پکائیں۔اورکسی دیسی چھوٹے چوزے کوکھلاتے رہیں۔تاکہ وہ مرغی موٹی تازی ہوجائے۔پھراس کوذبح کرکے بھون کرکھاجائیں۔اگرکوئی شخص اسی طرح سے تین سے پانچ مرغیاں کھالےگا۔تو اللہ تعالیٰ کےفضل وکرم سےاُس شخص کا جسم فربہ ہوجائےگا۔اور ساتھ ہی اُس شخص کےصحت وکمال میں بھی خاطرخواں ترقی ہونا شروع ہوجائےگی۔یہ طریقہ نہایت مجرب اورمستند ہے۔ہفتےعشرے میں جسم پرفربہی کےآثارنمودارہوناشروع ہوجائیں گے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

4۔ **جناب سیدابوسعیدگلشن شاہ صاحب** نے ایک محفل کے دوران اِس رازِعظیمہ سے پردہ اُٹھایا۔کہ! اگرکسی شخص کوموٹاہونے کی خواہش ہو۔تو اُسے چاہیئے۔کہ دن میں تین مرتبہ یہ طریقہ کرے۔کہ! ایک درجن کیلے کےساتھ مشروب کی ڈیڑھ لیٹروالی بوتل(**Coca Cola** یا **Pepsi**) پیئے۔ہفتے عشرے ہی میں جسم فربہ ہوناشروع ہوجائےگا۔ہوسکتاہے۔کہ شروع ایام میں اتناہضم نہ ہوسکے۔تو اُسے چاہیئے۔کہ! شروع میں چارچھ کیلےکھاکردوتین گلاس پیئے۔آہستہ آہستہ اپنی اِس خوراک کوبڑھاتےجائیں۔بہرحال! یہ خوراک ایک ہفتےیاعشرےہی میں جسم کوموٹاکردےگی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

سلب شدہ عقل کے مریض کی شفایابی کا مجرب عمل :

اگرہم اپنےگردونواح میں موجودلوگوں کاجائزہ لیں۔تو معلوم ہوگا۔کہ کچھ لوگ بظاہرتوٹھیک ٹھاک نظرآتےہیں۔مگروہ ہمیشہ بہکی بہکی اور بےڈھنگی باتیں کرتےہیں۔ان کوپتہ ہی نہیں چلتا۔کہ وہ کیاکچھ کہہ رہےہیں۔کہنا کچھ ہوتاہے۔کہتے کچھ ہیں۔یہ وہ اچھےبھلے لوگ ہوتےہیں۔جن کی عقل سلب ہوچکی ہوتی ہے۔ایسےمریضوں یاان کےعزیزواقارب کےلئےیہ عمل انتہائی مستندومجرب ہے۔طریقہ عمل یہ ہے۔کہ ایسےمریض پرسورۃ **اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَ۔۔۔۔اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَفَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ** (سورہ ابراہیم۔آیت نمبر 24) اوراسمائےقمریہ(**لِيَاخِيْم، لِيَالِغُوْ، لِيَافُوْر، لِيَارُوْث، لِيَارُوْغٍ، لِيَارُوْشٍ، لِيَاشَلَشٍ**)اوراسمائےرؤوس اربعہ(یعنی **مَارِزُ، كَمُطَم، قَسْوَرَةٍ، طِيْكَل**)ایسےمریض پربلاتعدادمعینہ پڑھتےجائیں۔تاکہ وہ ہوش میں آجائے۔اس کےبعدمذکورہ آیت،اسمائےقمریہ،اسمائےرؤوس اربعہ اور **سورۃ عادیات** لکھ کرمریض کےگلے میں تعویزبناکرڈالاجائے۔بعدہ سورۃ الرحمٰن چینی کے برتن میں لکھ کرپانی سےدھوکراس پانی میں عرق لہسن وروغن کنجدملاکرمریض کےسرمیں مالش کرائی جائے۔یہ مالش اس وقت تک کرتےرہناضروری ہے۔جب تک عقل مکمل طورپرواپس نہیں آجاتی۔اوریہ وقت زیادہ سےزیادہ تیس سےپینتیس دنوں تک کاہے۔(اگر **41** روزکرے۔توبہترہے)

ملھوف(جس کی عقل زائل ہوچکی ہو)کامجرب علاج :



صاحبِ **کتاب الرحمۃ** جناب علامہ سیوطی الشافعیؒ فرماتےہیں۔کہ! ملھوف کے واسطےمندرجہ ذیل نقش(نصف دائرہ) بارہاکامجرب ومستندماناگیاہے۔اِس کولکھ کرمریض کےسرپریادائیں بازوپرباندھاجائے۔اورمریض پرآیت تین سومرتبہ پانچ ایام تک روزانہ وقتِ مقررہ پرپڑھتارہے۔حرف''قاف''کادائرہ درج ذیل ہے۔حرف''ق''کےعلاوہ دیگرآٹھ دائرےہونگے۔ آیت یہ ہے۔**بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o ونفخ فی الصور فصعق من فی السمٰوٰت ومن فی الارض الا من شآء اللہ** ۔(سورہ زمر۔آیت نمبر68) یہی ملھوف کابہترین ومجرب علاج ہے۔



اسی طرح سےشیخ طریقت حضرت ابوبکرشبلیؒ کےسامنےایک ایسےشخص کولایاگیا۔کہ جس کی عقل گم ہوگئی تھی۔اورحواس بھی جاتےرہےتھے۔حضرت جنابؒ نے حرف قاف اس کےاردگردآٹھ دائرےایک طشتری پرلکھ کردیئے۔اوراُس پرشہد ڈال کرچٹایاگیا۔بیمارتندرست ہوگیا۔اگرمریض کوپہلےہی دن افاقہ نہ ہو۔تو چاہیئے۔کہ! ایک کاغذپرحرف قاف اس کےاردگردآٹھ دائرےلکھ کرمریض کوبار باراُسےدیکھنےکوکہاجائے۔اوردن میں تین مرتبہ لکھ کراُسےچٹایابھی جائے۔تین دن میں وہ شفایاب ہوجائےگا۔ان شاءاللہ۔ مجرب ہے۔

حدیثِ نبوی ﷺ : ابوبکرؓ تم پرروزہ اورنمازکی کثرت سےافضل نہیں ہوئے۔بلکہ ایک رازاورعلم کی وجہ سے، جواس کےسینہ میں ڈالاگیا۔

احتلام روکنے کامجرب طریقہ :

جس مسلمان کواحتلام کی شکایت رہتی ہو۔توایساشخص سونےسےقبل اپنی ناف پر **عمر** اس طرح سےلکھے۔کہ اس اسمِ مقدس ومبارک کے''م''کادائرہ ناف کومحیط کرلے۔پھراپنےماتھےپربھی یہی اسم مبارک لکھے۔اورآخر میں اپنی دائیں ران پربیرونی طرف **آدم** اوربائیں ران پربیرونی طرف **حوا** لکھ لیں۔انشاءاللہ احتلام سےجان چھوٹ جائےگی۔یہ عمل اُن مسلمانوں کےلئےہے۔جن کوروزانہ احتلام ہوجایاکرتاہو۔اورایسےاشخاص رات کےکھانےمیں کمی کرلیں۔

شیطانِ لعین اور قومِ اجنہ سے محفوظ رہنے کا عظیم وظیفہ :

1. جو بھی شخص اِس وظیفہ عظیمہ کو تین ۔ تین مرتبہ بلا ناغہ پڑھتا ہے گا ۔ تو ابلیسِ لعین اس پر قابو نہیں پا سکے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔ اور اگر کسی کو جنات ستاتے ہوں ۔ تو بھی ایسے مریض کو چاہیئے ۔ کہ اس وظیفہ مُختصر کو صبح و شام روزانہ 100-100 مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لے ۔ قومِ اجنہ سے دائمی نجات حاصل ہوگی ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔ اِس وظیفے کے دیگر بھی کئی فوائد ہیں ۔ جو کہ دائمی پڑھنے والے پر خود بخود ظاہر ہوں گے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o اٰمَنتُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَحْدَہٗ وَاعْتَصَمْتُ بِہٖ وَ کَفَرْتُ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ ۔ فَقَدِ اسْتَمْسَکَ بِالْعُرْوَۃِ الْوُثْقٰی ق لَا انْفِصَامَ لَھَا ط وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ o (سورہ بقرہ ۔ آیت نمبر 256)

2. صاحب لقط المرجان فی احکام الجان جناب امامِ سیوطیؒ دو کتب (کتاب الاشرف از ابن ابی دنیا اور کتاب العجائب از ابو عبد الرحمٰن ہروی) سے نقل فرماتے ہوئے واقعات بیان فرماتے ہیں ۔ مُختصراً یہ کہ ! جو کوئی شخص دِن اور رات میں یہ دُعائے مبارکہ مسلسل پڑھتا رہے ۔ تو ایسے شخص کے گھر میں اس کے بچوں بالخصوص بچیوں اور ازواج کے پاس شیاطین جنات نہیں آ سکتے ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o لا حول ولا قوۃ الا باللہ ماشاء اللہ کان وما لم یشأ لم یکن o

آنکھوں کی بصارت کو تیز کرنے اور اِن کی جملہ بیماریوں کے مجرب علاجات :

1۔ ایک پیتل کے برتن میں یہ درودِ پاک اور آیتِ کریمہ لکھ کر اِس میں شہد ڈال کر پھر اِس شہد کو رات کو سوتے وقت آنکھوں میں ڈالتے رہیں ۔ لیکن یاد رہے ۔ کہ شہد بالکل اصلی ، دیسی اور چھوٹی مکھی کا ہو ۔ جس میں کسی اور چیز کی قطعًا آمیزش نہ ہو ۔ کیونکہ آنکھ بہت نازک ہوتی ہے ۔ یہ طریقہ بھی بہت ہی زیادہ مجرب ہے ۔

2۔ یہ میرا ذاتی اور چند احباب کا تجربہ ہے ۔ کہ اگر کسی کی بینائی کمزور ہو ۔ یا آنکھوں کے سامنے کسی سفید چیز کو دیکھنے سے کالے سیاہ دھبے نظر آتے ہوں ۔ یا آنکھوں کے اندرونی طرف درد رہتا ہو ۔ اِن تمام مسائل کا ایک ہی انتہائی مجرب حل یہ ہے ۔ کہ روزانہ رات کو اول و آخر سات ۔ سات مرتبہ درودِ نور اور آیتِ کریمہ کو ایک سو ایک مرتبہ آبِ زم زم پر پڑھ کر دم کر کے روزانہ آنکھوں میں ڈالا جائے ۔ آنکھوں کے تمام عوارضات دور ہوں گے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

درودِ نور یہ ہے ۔ **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرٍ مِّنْ نُوْرِ اللّٰہِ ۔**

آیتِ کریمہ یہ ہے ۔ **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ط مَثَلُ نُوْرِہٖ کَمِشْکٰوۃٍ فِیْھَا مِصْبَاحٌ ط اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَۃٍ ط اَلزُّجَاجَۃُ کَاَنَّھَا کَوْکَبٌ دُرِّیٌّ یُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَۃٍ مُّبٰرَکَۃٍ زَیْتُوْنَۃٍ لَّا شَرْقِیَّۃٍ وَّلَا غَرْبِیَّۃٍ لا یَّکَادُ زَیْتُھَا یُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْہُ نَارٌ ط نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ ط یَھْدِی اللّٰہُ لِنُوْرِہٖ مَنْ یَّشَآءُ ط وَیَضْرِبُ اللّٰہُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ط وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ o** (سورہ نور ۔ آیت نمبر 35)

3۔ جو شخص اپنے دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں کے ناخنوں پر سات مرتبہ یہ آیت (**فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآئَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ**) ۔ سورہ ق ۔ آیت نمبر 22) پڑھے ۔ اور ہر مرتبہ (اسی آیت کے ساتھ) درودِ پاک بھی پڑھے ۔ پھر انہیں انگوٹھوں کو چومتے ہوئے اپنی دونوں آنکھوں پر رکھے ۔ تو اُس کی آنکھوں کے نور میں اضافہ ہوگا ۔ (ان شاء اللہ)

4۔ بعضے صالحین نے بتایا ۔ کہ ! ہم نے حضرت خضرؑ سے شرفِ ملاقات حاصل کیا ۔ اُنہوںؑ نے فرمایا ۔ کہ ! جو شخص اذان و اقامت سنتے ہوئے (کلمہ مبارکہ) **اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدً رَّسُوْلَ اللّٰہ** ۔ (پر) **مَرْحَبَا بِکَ یَا حَبِیْبِیْ وَ قُرَّۃُ عَیْنِیْ بِکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ** ۔ کہہ کر اپنے دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں کے ناخنوں کو چوم کر (حبِّ رسول ﷺ کے سچے جذبے کے ساتھ) اپنی دونوں آنکھوں پر رکھے گا ۔ تو اُس کی آنکھیں کبھی نہیں دُکھیں گی ۔ اسی طرح بعض صالحین نے اسی عمل کو کرنے کے بعد اپنے تجربے کی بنیاد پر کہا ۔ کہ ! اُن کی نظروں کی بینائی بھی اس عمل سے تیز ہوگئی ہے ۔

5 ۔ جو شخص اِن دو بیتوں کو زبانی یاد کر کے روزانہ سو (100) مرتبہ یا اِس سے کچھ زیادہ مرتبہ آنکھوں کی بینائی تیز رہنے کی نیت سے پڑھا کرے ۔ شروع میں ایک مرتبہ تسمیہ ضرور پڑھیں ۔ تو ایسے شخص کی آنکھیں کبھی نہیں دکھیں گیں ۔ اور نہ ہی بینائی کم ہوگی ۔ انشاء اللہ ۔ دونوں بیت یہ ہیں ۔ (بیت پڑھنے سے پہلے ایک مرتبہ تسمیہ پڑھ لیں)

یا ناظری بیعقوبؑ أعیذ کما مما استعاذ بہ اذ مسہ الکمد

قمیص یوسفؑ اذ جآء البشیر بہ بحق یعقوب اذھب أیھا الرمد

ایک اسرائیلی واقعہ: حضرات بنی اسرائیل کی کتب میں مرقوم ہے ۔ کہ ! حضرت ابراہیم خلیل اللہؑ نے اللہ تعالیٰ سے پوچھا ۔ اے اللہ ! بیماری کس نے پیدا کی ؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ۔ مَیں نے ۔ پھر (حضرت ابراہیمؑ نے) پوچھا ۔ علاج کس نے بنایا ؟ (اللہ تعالیٰ نے پھر) فرمایا ۔ مَیں نے ۔ پھر (حضرت ابراہیمؑ نے) دریافت کیا ۔ (تو پھر) طبیب کا کیا کام ہے ؟ (اللہ تعالیٰ نے) فرمایا ۔ مَیں مرض کا علاج اس (طبیب) کی معرفت بھیجتا ہوں ۔

حدیثِ نبوی ﷺ : ہمیشہ پاک و صاف رہا کرو ۔ رزق میں برکت ہوگی ۔

شب کوری ، روز کوری ، و دیگر عوارضِ چشم کے لئے :

شیشے یا چینی کی پلیٹ پر خوشخط و واضح کر کے یہ آیت کریمہ **اللہ نور السموت والارض ... بکل شیء علیم o** (سورہ نور آیت نمبر 35) لکھ کر یا کُندہ کرا کے رکھیں ۔ پھر اس لکھے ہوئے پر عرقِ گلاب لگا کر دھوئیں ۔ اور کسی شیشی میں محفوظ کر لیں ۔ اب ایک سلائی بادام یا چلغوزہ کی لکڑی کی بنائیں ۔ اس لکڑی کی ایک طرف باریک خطاطی میں '' **ب ۔ ج ۔ ز ۔ ی ۔ ن ۔ ف ۔ ق ۔** '' لکھیں ا ۔ ور سلائی کے درمیان میں '' **ش** '' لکھیں ۔ ا ۔ ور لکڑی کی دوسری طرف '' **ت ث خ ذ ض ظ غ** '' لکھیں ۔ یاد رہے ۔ کہ یہ تمام حروف سلائی کے اُتنے ہی حصہ پر لکھے جائیں گے ۔ کہ جب سلائی آنکھ میں پھیری جائے ۔ تو وہ تمام حروف آنکھ کے اندرونی حصہ کو مس ہوسکیں ۔ اب روزانہ سونے سے پیشتر اور صبح ہاتھ منہ دھونے کے بعد دواء کی دو ۔ دو سلائیں لگانے کا معمول بنالیں ۔ ہفتہ عشرہ میں ہی افاقہ شروع ہو جائے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔

☆ اگر کسی کی بصارت کم ہوگئی ہو ۔ تو وہ اپنی آنکھوں کو '' شش جہت '' (چھ سمتوں میں) پھیر کر تصور پرہ ءبینی پر کیا کرے ۔ تو روشنی آنکھوں کی اس عمل سے زیادہ ہو ۔ ☆ اگر کسی کو ڈھلکے کا عارضہ ہو ۔ تو وہ بقوتِ تمام ان کو کشادہ رکھے ۔ اور شکم بارک یعنی معدہ اندر سے خالی کر کے سر، گردن اور کمر کو برابر کر کے دوزانو بیٹھے ۔ اور اکیس مرتبہ پرہ ءبینی پر تصور کرے ۔ ان شاء اللہ کلی فائدہ ہوگا ۔ اور عارضہ دور ہوگا ۔ ☆ اگر چاہے ۔ کہ ! آنکھ دُکھنی نہ آوے ۔ ایک سبز تختی پر سیاہ نقطہ لگا کر ایسے مکان میں بیٹھ کر جس میں روشنی برابر ہو ۔ اور اندھیرا نہ ہو ۔ اُس نقطہ پر نگاہ جمائے رکھے ۔ پلک نہ جھپکائے ۔ آنکھ کا رُخ ہوا کی جانب ہو ۔ پہلے تو آنکھوں سے سرد پانی نکلے گا ۔ اُس کے بعد گرم پانی آئے گا ۔ اور آخر مین آنکھوں سے گدلا پانی خارج ہوگا ۔ اُس وقت سمجھ لیں ۔ کہ ! اَ آنکھوں کو آرام آ گیا ۔ چاہیئے ۔ کہ ! اس عمل کو ہر تین ماہ بعد لازمًا کیا کرے ۔ ☆ اگر کوئی بحالتِ مباشرت اپنے پرہ ءبینی پر نظر کیئے رکھے ۔ تو انزال دیر سے ہوگا ۔ مگر اول وآخر تصور کو فراموش نہ کرے ۔ تا کہ تاثیر باقی رہے ۔ اور عمل باطل نہ ہو ۔

غم و رنج کا علاجِ نبوی ﷺ : (قولِ حضرت عبدالسلامؒ)

اگر ابیاتِ ذیل کو چاندی کی انگشتری میں چاندنی راتوں (قمری ماہ کی 3 سے 14 تک) کے زمانہ میں نقش کریں ۔ تو امراضِ سر سے لے کر امراضِ ناخن تک دور ہوتے ہیں ۔ اور اگر ابیاتِ ذیل کو لوہے کی انگشتری میں چاندنی راتوں کے زمانہ میں نقش کریں ۔ تو ناف سے لے کر قدموں تک کے تمام امراض دفع و دور ہوتے ہیں ۔ لیکن یاد رہے ۔ کہ ! چاندی والی انگشتری کو سر پر باندھنا چاہیئے ۔ اور لوہے والی انگشتری کو ناف پر باندھنا چاہیئے ۔ اشعار حسبِ ذیل ہیں ۔

حا شاہ أن یحرم الراجی مکا رمه — او یر جع الجار منه غیر محترمٍ
و منذألز مت أفکاری مدا ئحه — و جد ته لخلا صی خیر ملتزم
و لن یفوت الغنٰی منه یدًا تر بت — ان الحیاء ینبت الازها ر فی الا کم
ولم أرد ز هرة الد نیا التی و اقتطفت — یدا ز هیر بما أثنی علٰی هرم

نزلہ و زکام کے علاجات : نزلہ وزکام کی دراصل حقیقت یہ ہے ۔ کہ ! ناک اور خیاشیم کے منہ میں وغدغہ پیدا ہوتا ہے ۔ جس کی وجہ سے دماغ اور چہرے پر خشکی کے سے آثار ظہور پذیر ہونا شروع ہو جاتے ہیں ۔ سبب اس کا ایک قسم کا خشک مادہ ہوتا ہے ۔ جو دماغ سے اُترتا ہے ۔ اور حلق سے نیچے جاتا ہوا محسوس بھی ہوتا ہے ۔ اور اِسی مادہ سے سر کی رطوبتوں کے مجاری میں ایک قسم کا سدہ واقع ہو جاتا ہے ۔ پھر جب گرمی یا دھوپ کی حرارت وغیرہ دماغ میں اثر کرتی ہے ۔ تو وہ رطوبت تحلیل کرتی ہے ۔ نتیجے کے طور پر ایک رقیق و نمکین پانی حلق سے اُترتا ہوا محسوس ہوتا ہے ۔ اور ناک میں پانی آتا جاتا ہے ۔ ناک سے بہنا شروع ہو جاتا ہے ۔ نزلہ و زکام کے لئے مندرجہ ذیل علاجات تجویز کئے جاتے ہیں ۔ (اگر نزلہ و زکام کو 10 گھنٹوں سے زیادہ وقت گذر جائے ۔ تو نزلہ وزکام کو بہنے دیں ۔ ورنہ وہ نزلہ وزکام جم کر سر میں شدید درد اور بھاری پن کر دیتا ہے)

1۔ کانوں کے سوراخ میں روئی کا پھویہ رکھیں ۔ اور کپڑے سے سر ڈھانپ کر میعہ کا دھواں ناک میں لیں ۔ آرام ہو جائیگا ۔ **2۔** ایک بڑا پیاز قطع کر کے روغن میں ملا کر گندم کی روٹی کے ساتھ کھائے ۔ تا کہ زکام پختہ ہو جائے ۔ جب پختہ ہو جائے تب گندم کی روٹی یک سالہ دنبہ کے گوشت کے ساتھ کھائے ۔ چند ایام میں ہی آرام ہو جائے گا ۔ انشاءاللہ ۔ **3۔** کلونجی کو بریاں کروا کر کسی کپڑے میں باندھ کر سونگھنے سے زکام کو آرام ہوگا ۔ انشاءاللہ ۔ **4۔** حرمل کے دانے آگ پر ڈالیں ۔ اور اِس کا دھواں ناک میں پہنچائیں ۔ زکام کو آرام ہوگا ۔ انشاءاللہ ۔ **5۔** تھوم کے چھلکے آگ پر ڈالیں ۔ اور اِس کا دھواں ناک میں پہنچائیں ۔ زکام کو آرام ہوگا ۔ انشاءاللہ ۔ **6۔** جب نزلہ وزکام شروع ہو ۔ تو عین اُسی وقت دو عدد دیسی انڈے لے کر اُن کو اُبال لیں ۔ پھر اُن کا چھلکا اُتار کر صاف کر کے ہر انڈے کے چار حصے کر دیں ۔ اَب اُن پر شہد، نمکِ خوردنی اور چیاہ پسی ہوئی مرچیں ڈال کر یہ انڈے کھالیں ۔ نزلہ وزکام کو فورًا آرام ہوگا ۔ انشاءاللہ تعالیٰ ۔ **7۔** گرمی کے زکام میں قمری سر اور سردی کے زکام میں شمسی سر چلانے سے زکام درست ہو جائے گا ۔ ان شاءاللہ ۔

خوبصورتی کا حصول : اگر کوئی شخص چھوارے کی گٹھلی سرکہ میں پیس کر منہ پر لیپ کر کے روزانہ سویا کرے ۔ تو چند ہی دنوں میں وہ واضح طور پر محسوس کرے گے ۔ کہ چہرے کی کیل ، چھائیاں ، داغ ، دھبے اور مُہاسے سب ختم ہو گئے ۔ اور اگر اسی نُسخہ کو چند ہفتوں تک روزانہ رات کو سونے سے قبل کرتے رہیں ۔ تو اُمید ہے ۔ کہ سانولا سا انسان گورا چٹا ہو جائے گا ۔ انشاءاللہ تعالیٰ ۔ کیونکہ یہ حکماء کا مجرب المجرب نُسخہ ہے ۔

مستقل مزاجی اور طبیعت میں ٹھہراؤ پن اور سکون کا حصول:

اگر کوئی شخص بے چینی و بے سکونی کی وجہ سے ادھر ادھر مارا مارا پھرتا ہو۔ یا پھر سدا نقل مکانی کرتا رہتا ہو۔ یا پھر حالات سے بے حد دل برداشتہ ہو کر مستقل مزاجی اور طبیعت میں ٹھہراؤ اور سکون کا خواہاں ہو تو یہ عمل ایسے لوگوں کے لئے ایک لاثانی تحفہ ہے۔ کہ جن کے ساتھ خدانخواستہ ایسے حالات ہوں۔ کہ کسی بھی کام میں دل نہ لگے۔ یا کسی بھی عمل کے لئے مستقل مزاجی اور طبیعت میں ٹھہراؤ، سکون اور استقامت نہ ہو۔ عمل کا طریقہ یہ ہے۔

عروج ماہ میں جمعرات، جمعہ یا سوموار کے دن کسی طشتری (جو کہ بغیر لائن و ڈیزائن کی ہو) پر عرق گلاب و زعفران کی روشنائی سے سورہ فاتحہ، سورہ قریش، سورہ اخلاص، معوذتین اور یہ آیت لکھ کر ان کو سُکھا لیں۔ پھر اس طشتری کو عرق گلاب سے دھو کر مریض کو پلا دیں۔ ساتھ میں انہی سورتوں کے ذوالکتابہ نقوش درج ذیل نقش کے ساتھ بنا کر مریض موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں پہنا دیں۔ آیت یہ ہے۔ **مثلاً کلمة طيبة كشجرة طيبة اصلهاثابت وفرعها في السماء** (سورہ ابراہیم آیت نمبر ۲۴) اور ذوالکتابہ نقوش کے ساتھ کا نقش یہ ہے۔ پہلے نقوش کی چال ہے۔ پھر نقوش ہیں۔

1	14	11	8
12	7	2	13
6	9	16	3
15	4	5	10

پہلا نقش

۷۸۶

203	2842	2233	6124
3436	1421	406	2639
1218	1827	3248	609
3045	816	1015	2030

دوسرا نقش

۷۸۶

319	4466	3509	2552
3828	2233	638	4147
1914	2871	5104	957
4785	1276	1595	3190

تیسرا نقش

۷۸۶

108	1512	1188	864
1296	756	216	1404
648	972	1228	324
1620	432	540	1080

حفاظت حمل اور بچے زندہ رہنے کا مجرب عمل: ایسی خواتین جنکے حمل ساقط ہو جاتے ہیں۔ یا ان کی اولاد زندہ نہیں رہتی۔ اس عمل کی برکت سے بفضلِ خدائے ذوالجلال نہ صرف اولاد سالہا سال زندہ رہے گی۔ بلکہ حمل بھی ساقط نہ ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ طریقہ عمل اس طرح ہے۔ کہ یہ چھ آیات شفاء لکھیں۔ **ويشف صدور قوم مومنين** ۔ (سورہ توبہ نمبر 14) **واذا مرضت فهو يشفين** ۔ (سورہ شعراء نمبر 8) **يا ايهاالناس قد جاء تكم موعظة من ربكم وشفاء لما في الصدور و هدى و رحمة للمومنين** (سورہ یونس 57) **ثم كلي من كل الثمرات فاسلكي سبل ربك ذالا يخرج من بطونها شراب فيه شفا للناس ان في ذلك لاية لقوم يتفكرون** (النحل :29) **وننزل من القرآن ماهو شفاء و رحمة للمومنين ولا يزيد الظالمين الا خسارا** (الاسراء :86) **قل هو للذين امنوا هدى و شفاء** (فصلت :44) 99 **اسماء الحسنٰی** (جو کہ **ترمذی شریف** اور احادیث کی دیگر کتب میں درج شدہ ہیں) یہ آیات **قال موسیٰ ما جئتم به السحر ان الله سيبطله ان الله لا يصلح عمل المفسدين O و يحق الله الحق بكلماته ولو كره المجرمين** O (سورہ یونس۔ آیت نمبر 83-86)

اِس کتاب میں موجود تمام آیات کو مع اعراب قرآن کریم سے ملاحظہ کر لیں۔ تاکہ غلطی کا امکان نہ رہے۔

ان تمام کو سفید کاغذ پر لکھ کر عورت کے گلے میں تعویز کی طرح بنا کر ڈال لیں۔ اور بطلان جادو کی آیت درمیان میں لکھ کر ارد گرد دائرہ میں 99 اسمائے الحسنٰی سات عدد چینی کی پلیٹوں یا طشتریوں میں لکھ کر دیں۔ تاکہ مریضہ روزانہ طلوع آفتاب سے قبل پلیٹ یا طشتری میں پانی ڈال کر پیتی رہے۔ اور بھی آیت بطلان والی دونوں آیات **قال موسیٰ ما جئتم به السحر ان الله سيبطله ان الله لا يصلح عمل المفسدين O و يحق الله الحق بكلماته ولو كره المجرمين** O (سورہ یونس۔ آیت نمبر 83-86) کسی بھی وقت صرف 70 مرتبہ دم کرتے رہیں۔

اچھی چیز کو نظرِ بد سے بچانا :

جو کسی اچھی چیز کو دیکھ کر کہے۔ **ماشاء الله لا حول ولاقوة الا بالله** ۔ تو اسے نظرِ بد نہیں لگے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

ایضاً: قُرآنِ کریم میں نظرِ بد سے بچاؤ کی آٹھ آیتیں ہیں۔ سات **سورہ فاتحہ** کی اور ایک **آیت الکرسی** کی۔ (علامہ دیلمیؒ)

تمام حروف تہجی کی جامع آیات : (علامہ کمال الدین الدمیریؒ اپنی شہرہ آفاق کتاب حیات الحیوان)

۱۔ اگر کسی شخص کو خوف یا رنج وغم کی بیماری ہو۔تو ذیل کی آیات کو لکھ کر پہن لے۔تو خوف، رنج وغم اُس شخص کا جاتا رہے گا۔ ۲۔ دُشمن پر غلبہ اور کاموں میں خیر و برکت، نیز امراض ظاہر یہ و باطنیہ سے حفاظت بلکہ تمام جسمانی و روحانی تکالیف سے ازالے کے لئے مفید ہے۔انشاءاللہ۔ ۳۔ کسی پاک وصاف برتن میں یہ آیات لکھ کر عرقِ گلاب، زیتون یا تِل کے تیل سے دھو کر کسی بھی جسمانی تکلیف مثل پھوڑا، پھنسی، مسہ، اُبھارا، طلوع، برص کے نشانات اور جسم کے تمام داغ دھبوں والے اشخاص کو دے دیں۔اُن کے لئے یہ بہت مفید و نافع ہے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔یاد رہے۔کہ! اِن دونوں آیات میں حروفِ تہجی کے تمام حروف مجتمع ہیں۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ م بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ لا وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ط يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ ط قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ط يُخْفُوْنَ فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ط يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ط قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِیْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ج وَلِيَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ م بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ○ (سورہ آلِ عمران)

☆ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ز سِيْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ط ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ ج وَمَثَلُهُمْ فِی الْاِنْجِيْلِ ج كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْاَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ط وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ○ (سورہ فتح)

زبان کی ھکلاھٹ دور کرنے کا عمل : (مجرب عمل از فقیر غلام الرسول میمن ناشادؒ)

آپؒ فرماتے ہیں۔کہ اگر کسی بچے کی زبان میں ہکلاہٹ ہو۔تو وہ نہار منہ کلّی وغیرہ کر کے یہ حروف زعفران وشہد سے اس بچہ کی زبان پر پندرہ روز تک مسلسل لکھیں۔انشاءاللہ تعالیٰ فرق ظاہر ہوگا۔میرا تجربہ بحکم ایزادی اس میں یہ تھا۔کہ جو کہ بعد مشاہدہ معمول میں رہا ہے۔کہ ملفوظی طور پر یہی حروف پندرہ مرتبہ لکنت زدہ پڑھے۔اس کے باوجود کہ پڑھنے کی کوئی تعداد معین نہیں۔جتنا پڑھ سکے۔حروفِ ناطقہ یہ ہیں۔

ب ج ز ی ن ف ق ش ت ث خ ذ ض ظ غ ۔ ان حروف کی تعداد 15 پندرہ ہے اور اعداد 5452 ہے۔

گھر کے افراد میں نااتفاقی ، نا چاقی اور لڑائی جھگڑوں کو ختم کرنا :

کس نے کہا ہے تجھ کو کہ یزداں تلاش کر   میرا یہ مشورہ ہے کہ انساں تلاش کر

کہاں گئی ملنساری ؟ کہاں گئے خون کے رشتے ؟ اللہ تعالیٰ معاف فرمائے۔ایک گھر کے اہلِ خانہ کا ایک دوسرے سے خداواسطے کا بیر رکھنا۔بچوں کا نافرمان، بڑوں کی شفقت میں کمی، غرضیکہ گھر نہیں۔بلکہ میدان جنگ۔بہرحال اللہ تعالیٰ آپس میں اتفاق واتحاد نصیب فرمائے۔یہ عمل آپس میں صلح واتفاق کروانے کے لئے بےنظیر ولاجواب عمل ہے۔ سورہ نساء مکمل لکھ کر پھر آیت کریمہ۔**قال موسیٰ ما جئتم به السحر ان الله سيبطله ان الله لا يصلح عمل المفسدين ○ و يحق الله الحق بكلماته ولو كره المجرمين ○** (سورہ یونس۔آیت نمبر 83-86) لکھ کر سائل یا سائلہ کو دیں۔اور تاکید کر دیں۔کہ اس کاغذ کو پانی میں ڈال کر گھر کے تمام افراد چھوٹے بڑوں کو یہ پانی پلا دیں۔عمل کے پانی کا ایک ایک قطرہ بھی جس جس کے پیٹ میں جائے گا۔تو ان لکھے ہوئے کاغذوں کی برکت سے تمام اہل خانہ باہم شیر وشکر ہو جائیں گے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

یاد رہے۔کہ یہی عمل کم از کم پانچ سے نو بار تک کریں۔(علاوہ ازیں) **سورۃ نساء** مکمل اور **سورۃ یونس** کی دونوں آیات گھر کی چوکھٹ اور تمام کمروں کی چوکھٹوں پر لگا دیں۔تو یہ اتفاق واتحاد دائمی رہے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

غم و رنج کا علاجِ نبوی ﷺ :

حضرت علی شیر خداؓ کا قول مبارک ہے۔کہ! مخلوقات میں سے انسان سب سے قوی ہے۔اور انسان سے قوی مستی ہے۔جو عقل کو زائل کر دیتی ہے۔اور سب سے قوی نیند ہے۔اور نیند سے قوی غم ہے۔اور رنج وغم کے بارے میں حضرت رسالت مآب نبی آخر الزمان ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔کہ! جو شخص فکر یا غم میں مبتلا ہو گیا ہو۔اگر یہ دعا پڑھے۔تو اللہ تعالیٰ اُس کو رنج وغم سے نجات عطا فرما کر خوشی وخرمی نصیب کرتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اللهم انی عبدک وابن عبدک وابن امتک ناصیتی بیدک ماض فی حکمک عدل فی قضآءک اسئلک بکل اسم هو لک سمیت به نفسک او انزلته فی کتابک او عمته احدا من خلقک او استاثرت به فی علم الغیب عندک ان تجعل القرآن العظیم ربیع قلبی و نور بصری و شفآء صدری و جلآء حزنی و ذهاب همی و غمی۔

خطرہ کوئی نہیں مجھے کسی زوال کا   میں دیوانہ ہوں محمد ﷺ کی آلؓ کا

نظر بد کے مجرب المجرب طریقہ جات علاج:

1۔ اگر کسی شخص یا بچے / بچی کو نظر بد لگی ہو۔ تو چاہیئے۔ کہ بحالتِ وضو اول و آخر تین، تین مرتبہ درود وسلام پھر 7 مرتبہ سورہ فاتحہ، پھر 7 مرتبہ آیت الکرسی، پھر 7 مرتبہ سورہ اخلاص، پھر 7۔ 7 مرتبہ معوذتین پڑھیں۔ پھر مندرجہ ذیل دعا کو 7 مرتبہ پڑھ کر نظر گرفتہ پر دم کر دے۔ فوراً نظرِ بد ختم ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔ (نیچے دُعا میں فلاں بن فلاں کی جگہ نظر گرفتہ کا نام معہ والدہ لکھنا ہے)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِo بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ یُؤْذِیْکَ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَیْنِ حَاسِدٍ اَللّٰہُ یَشْفِیْکَ بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْکَ۔ بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ۔بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ اسْمِہٖ بَرَکَۃٌ وَ شِفَآءٌ۔بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ بِسْمِ اللّٰہِ عَظِیْمِ الشَّانِ شَدِیْدِ الْبُرْھَانِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ حَبَسَ حَابِسٌ مِّنْ حِجْرٍ یَابِسٍ وَ شِھَابٍ قَابِسٍ۔بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ حَرَّھَا وَ بَرْدَھَا وَوَصَبَھَا۔ قُمْ بِاِذْنِ اللّٰہِ تَعَالٰی۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ رَدَدْتُّ عَیْنَ الْعَآئِنِ عَلَیْہِ وَ فِیْ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَیْہِ وَ فِیْ کَبِدِہٖ وَکُلْیَتِہٖ لَھُمْ رَقِیْقٌ فِیْمَا لَہٗ یَلِیْقُ۔ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ھَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ۔ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّھُوَ حَسِیْرٌ۔ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِہِ السِّحْرُ ط اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ ط اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ۔اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَآمَّۃٍ وَّمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَّآمَّۃٍ۔ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ۔اَللّٰھُمَّ ذَا السُّلْطَانِ الْعَظِیْمِ وَ الْمَنِّ الْقَدِیْمِ ذَا الْوَجْہِ الْکَرِیْمِ وَلِیَّ الْکَلِمَاتِ التَّآمَّاتِ وَ الدَّعْوَاتِ الْمُسْتَجَابَاتِ عَافِ (فلاں بن فلاں) مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَ اَعْیُنِ الْاِنْسِ۔ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ قَوْلُہُ الْحَقُّ وَلَہُ الْمُلْکُ۔ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَ نِعْمَ الْوَکِیْلُ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ کَثِیْرًا دَآئِمًا اَبَدًا اَبَدًا۔

اس دعا کے پڑھنے کے چند ہی ساعت بعد حاملِ نظرِ بد بالکل معجزاتی طور پر بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔ انشاء اللہ۔ یہ میرا مجرب المجرب اور روزانہ کے معمولات کا عظیم الشان اور وافی وشافی عمل ہے۔ مجرب واللہ مجرب۔

2۔ نظرِ بد کا اثر معلوم کرنے کا ایک سو فیصدی کامیاب طریقہ درج کیا جاتا ہے۔ جسے کر کے عجائبات خداوندی کا از خود نظارہ کیا جا سکتا ہے۔طریقہ یہ ہے۔ کہ ایک عدد بیضہ مرغ لے کر اُس پر یہ عبارت تحریر کریں۔ (اعراب لگانے کی ضرورت نہیں) **لمشلخ ۔ مھعلش ۔ معلشلخ ۔ بجمیلمش ۔ معلشلخ ۔ بجمتملش ۔ مجصلمش ۔ ملکثخ ۔ مصطشبلخ ۔ مصطھلیصخ ۔ معلعصلص ۔ معلصط ۔ سطتوا ۔ ایتھوا ۔ ھیال ۔ العجل ۔ یکع لھو نیثا ۔ الخیر ۔ ھبال ۔ العجل ۔ الوحا ۔ الساعۃ ۔ اللعنۃ الشیطان الرجیم ۔ بما یکدا النظر والعین العامل** ۔ پھر بیضہ مرغ کو خشک دھنیا کی دھونی دیں۔ اور سات مرتبہ بحالت وضو سورہ اخلاص مع تسمیہ پڑھ کر انڈے پر پھونک کر انڈے کو توڑ ڈالیں۔ انڈے میں زردی وسفیدی کے بجائے تازہ خون دیکھنے میں آئے گا۔ اِسی خون سے مریض کی پیشانی پر نشان لگاتے ہی نظر بد اُسی لمحہ ختم ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔

3۔ اگر کوئی نظر گرفتہ شخص مرد یا عورت تمھارے سامنے آئے۔ تو اُس شخص سے مرغی کے ایک انڈہ لانے کا تقاضا کریں۔ جب وہ مریض انڈہ لے آئے۔ تو صاحب عمل وہ بیضہ مرغ لے کر مریض کے سر پر رکھے۔ پھر صاحب عمل یہ دُعائے عظیمہ سات مرتبہ پڑھے۔ اسی دوران یہ بیضہ مریض کے سر، دونوں کندھوں پر پھیرتے جاؤ۔ دُعائے عظیمہ یہ ہے۔ **بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِo بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ۔بِسْمِ اللّٰہِ رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ اسْمِہٖ بَرَکَۃٌ وَ شِفَآءٌ۔بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔**

پھر اس انڈے کو نظر گرفتہ کے دائیں طرف (کے کف دست) پر رکھ کر اُس نظر گرفتہ سے کہیں۔ کہ وہ اِس پر پھونک مارے۔ مریض کے پھونک مارنے کے دوران صاحب عمل سات مرتبہ اللہ تعالیٰ کے اِن اسماء کو پڑھ لے۔ **یا اللہ یا رب یا حفیظ یا مانع** ۔ بعد ازاں اس انڈے کو مریض کے بالوں میں تھوڑا سا پانی ڈال کر توڑ ڈالیں۔ آپ یہ دیکھیں گے۔ کہ انڈے کے اندر ایک سیاہ یا گاڑھے سُرخ رنگ کا نقطہ سا نظر آئے گا۔ جان لو۔ کہ یہی نظر بد ہے۔ بعدہ بیضہ کو زمین میں دفن کر دیں۔

4۔ کسی نظر گرفتہ کو س پر لگی نظر کو دفع کرنے کی غایت سے ایک عدد بیضہء مرغ لے کر اس پر ایک بار یہ درود پاک لکھیں۔ **بسم اللہ الرحمن الرحیم . و صلی اللہ علی سیدنا محمد و علی الہ و صحبہ و سلم تسلیما کثیرا.ثم ینظرون من افشاء العین صلت بھا العین الشرور والحسود**۔ اس کے بعد سات بار یہ دو الفاظ بھی انڈے پر لکھیں۔ **ھلکع فوع** ۔ پھر اس بیضہ اور مریض کو خشک دھنیا کی دھونی دیں۔ پھر اس انڈے کو نظر گرفتہ کے دائیں طرف کے کف دست پر رکھ کر **سورہ اخلاص مع تسمیہ** سات سے اکیس بار پڑھیں۔ تو انڈا ہتھیلی پر از خود کھڑا ہو جائے گا۔ بعد ازاں اس انڈے کو توڑ ڈالیں۔ آپ یہ دیکھیں گے۔ کہ انڈے کے اندر سرخ خون کا ایک نقطہ (نقطہ یعنی دھبہ سا) نظر آئے گا۔ جان لو۔ کہ یہی نظر بد ہے۔ اس سرخ دھبے کو مصاب (نظر گرفتہ) کے ماتھے پر مالش کریں۔ نظر گرفتہ اسی وقت یقینی طور پر ٹھیک ٹھاک ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

5۔ جس شخص، بچے یا چوپائے کے بارے میں یہ معلوم کرنا ہو کہ اسے نظر لگی ہوئی ہے یا نہیں؟ ذیل کی عزیمت کو پانی پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مریض کے منہ میں اسی دم شدہ پانی سے کلی کروائیں۔ پھر مریض اس پانی میں بغور دیکھے۔ اگر مریض پر کسی نظر بد کا اثر ہوگا۔ تو اسے پانی میں کوئی خوفناک شکل وصورت نظر آئے گی۔ اگر مریض کو کچھ نظر نہ آئے۔ تو عامل مریض کو تسلی دے۔ کہ کوئی نظر وغیرہ کا اثر نہیں ہے۔ بلکہ ایک طبی مسئلہ ہے۔ لہذا ایسا شخص اپنا علاج کروائے۔ عزیمت یہ ہے۔

عَزَّمْتُ عَلَيْكَ اَنْ اَرَدْتُّ يَا عَيْنُ الْعَنَائِيَةِ بِحَقِّ نُوْحَتُفِكَ جِنُتُكَ وَ اُخْرِ جَتْ مِنْ حَجَرِ يَابِسٍ اَوْ شَهَا بِ ثَا قِبٍ حَبَسَ حَا بِسٍ فِيمَا لَكَ مَلِيْق" بِهَا فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ○ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْر" ○

قدیم و لاعلاج امراض کا علم الحروف کے ذریعے شافی علاج :


صاحب **مکاشفات اسرار** اور صاحب **فیضان القرآن** نے اس عمل کی بہت تعریف کی ہے۔ اس طریقہ علاج میں سات حروف "**ف ۔ج ۔ ش ۔ث ۔ ظ ۔ خ ۔ ذ**" جن کو سواقط سورہ فاتحہ بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ سات حروف پوری سورۃ فاتحہ میں نہیں ہیں۔ **جناب فقیر غلام الرسول میمن ناشادؒ** فرماتے ہیں۔ کہ ایک عورت میرے پاس آئی جو دردِ سرِ کہنہ کی مریضہ تھی۔ اس کے لئے (یہی) عمل تیار کیا گیا۔ اس عورت نے نو یں دن آ کر اپنی صحت یابی کی اطلاع دی۔ آگے چل کر حضرت ناشاد صاحبؒ مزید فرماتے ہیں۔ کہ شفاء امراض کے لئے یہ ایک بیش بہا قیمتی نعمت ہے ۔ جو میرے سینے میں مستور تھی۔ اس سلسلے میں ایک مثال پیش خدمت ہے۔ تا کہ ہر خاص و عام اس مجرب عمل سے کما حقہ مستفید ہو سکے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ مثلاً احمد بن نسابہ عرق النساء کے عارضے میں کافی عرصہ سے مبتلا ہے۔ تو احمد کے لئے اس طرح سے عمل تیار ہوگا۔

احمد	بن	نسابه	عرق النساء قديمي	طرد
53		118	667	213

نام مع والدہ، بیماری اور مقصد کل مجموعہ **1051** ۔ **ف ج ش ث ظ خ ز** (ان حروف کا کل مجموعہ **2390**)۔ 1051 + 2390 = **3441** ۔ کل مجموعہ 3441 مفرد (1+4+4+3=12) 1+2=**3** ۔ مفرد 3 ہوا۔ اسکا مطلب ہے۔ 3 سطور کا تعویز (نقش) بنے گا۔ اور 3 نقوش ہی بنیں گے۔ اب کل مجموعہ یعنی 3441 کو 7 پر تقسیم کریں گے۔ باقی 4 بچا۔ اب اس نقشہ کو غور سے دیکھیں۔

اعداد	1	2	3	4	5	6	7
ستارہ	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
ایام	اتوار	سوموار	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
اسمائے سریانی	یاہ یاہ	سام سام	دملیخ دملیخ	اہیاش اہیاش	درمیش درمیش	سبوح سبوح	اوزا اوزا

کل مجموعہ 3441 کو چار پر تقسیم کریں۔ باقی 1 بچا۔ اب اس 1 کا مطلب ہے۔ کہ ان طلاسم یعنی نقوش کا بخور مریض کو دیا جائے۔ 2۔ بچنے کا مطلب ہے۔ کہ روزانہ تعویز (نقش) باندھ کر ۲۴ گھنٹوں کے بعد اتار کر دوسرا نقش پہنا جائے۔ اور پہلا اتار کر کسی درخت پر باندھ دیا جائے۔ 3۔ بچنے کا مطلب ہے۔ کہ روزانہ ایک تعویز (نقش) عرق یا پانی میں گھول کر پی لیا جائے۔ اگر 0 (صفر) باقی رہے۔ یعنی کچھ بھی نہ بچے۔ یعنی کہ 4 پورا پورا تقسیم ہو جائے۔ تو روزانہ ایک تعویز (نقش) مریض کے ننگے سر پر جبکہ مریض ننگے پاؤں زمین پر کھڑا ہو نقش سر پر کچھ منٹ (تقریباً 5 سے 10 منٹ) تک رکھ کر زمین میں دفن کر دیں۔



یاد رہے۔ کہ جو بھی صورت بنے۔ وہ اعداد مفردہ (جیسے کہ اس عمل میں ۳ بار ہے) اتنے ہی دنوں تک عمل لازمی کریں۔

تم سلامت رہو ہزار برس ہر برس کے ہوں دن پچاس ہزار

رد سحر کے لئے عظیم عمل :

علامہ سنوسی نے اپنے مجربات میں اس عمل کو لکھا ہے ۔ آپ ؒ فرماتے ہیں ۔ کہ اگر کسی شخص کو یہ شک ہو ۔ کہ اس پر کسی نے سحر کیا ہوا ہے ۔ جس کی وجہ سے اس کی طبیعت میں ہمہ وقت اضمحلالی کیفیت رہتی ہے ۔ تو اسے چاہیئے ۔ کہ سورہ فاتحہ، سورہ اخلاص، سورہ معوذتین اور مندرجہ ذیل عمل کو شب جمعہ یا بروز جمعہ لکھ کر مریض پہن لے ۔ اور دن میں دو مرتبہ صبح و رات (سونے سے قبل) سورہ فاتحہ، سورہ اخلاص، معوذتین اور مندرجہ ذیل عمل کو تین ۔ تین پڑھ کر اپنے اوپر دَم کرلیا کرے ۔ انشاءاللہ چند ہی دنوں میں سحر سے دائمی جان چھوٹ جائے گی ۔ عمل یہ ہے ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o و یحق اللہ الحق بکلمتہ ولو کرہ المجرمون من المفسدین والمفسدات والساحرین والساحرات ☆ رب احکم بالحق وربناالرحمٰن المستعان علٰی ما تصفون ☆ اذا الشمس کورت☆ و اذا الاسحار بطلت ☆ واذا النجوم انکدرت☆ و اذا الاسحار بطلت ☆ واذا الجبال سیرت☆ و اذا الاسحار بطلت ☆واذا العشار عطلت☆ و اذا الاسحار بطلت ☆ واذا الوحوش حشرت ☆ و اذا الاسحار بطلت ☆ واذا البحار سجرت☆ و اذا الاسحار بطلت ☆ واذا النفوس زوجت☆ و اذا الاسحار بطلت ☆ واذا الموئدۃ سئلت☆ و اذا الاسحار بطلت ☆ فَلَمَّا اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِہِ السِّحْرُ ط اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ ط اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ☆ فاللہ خیرحافظا وھو ارحم الراحمین☆ فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم☆قولہ الحق ولہ الملک☆ حسبنا اللہ و نعم الوکیل. ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم☆و صلی اللہ تعالٰی علٰی سیدنا محمد و الہ وصحبہ وبارک وسلم☆

اُن کے دیکھے سے جو آ جاتی ہے منہ پر رونق　　　وہ سمجھتے ہیں کہ بیمار کا حال اچھا ہے

خللِ دماغ یا آسیب و جنات کا علاجِ نبوی ﷺ :

علامہ جلال الدین عبدالرحمٰن السیوطی الشافعیؒ اپنی یگانہ روزگار تصنیف مبارکہ ’’ الاتقان فی علوم القرآن ‘‘ میں فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن احمد نے زوائد المسند میں اُبی بن کعبؓ سے سندِ حسن کے ساتھ روایت کی ہے ۔ کہ اس نے کہا ۔ کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس تھا ۔ کہ ایک اعرابی آیا ۔ اور اُس نے عرض کی ! میرا ایک بھائی ہے ۔ اور اس کو ایک دُکھ ہے ۔ آپ ﷺ نے (استفسار) فرمایا ۔ اس کا دکھ کیا ہے؟ اعرابی نے کہا ۔ اس کے دماغ میں خلل ہے ۔ (یا اُسے آسیب ہے) آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ، اچھا ! اُس کو میرے پاس لے آؤ ۔ چنانچہ وہ اعرابی اپنے بھائی کو (بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں) لے آیا ۔ اور اُسے (اپنے بیمار و آسیبی بھائی) کو رسول اللہ ﷺ کے روبرو بٹھا دیا ۔ رسول اللہ ﷺ نے فاتحۃ الکتاب، سورہ بقرہ کی پہلی چار آیات، ایک آیت سورہ آلِ عمران کی (**شھد اللہ انہ لا الہ الا ھو**) اور یہ دونوں آیات (**والھکم الہ واحد ، آیت الکرسی**) ایک آیت سورہ اعراف کی (**ان ربکم اللہ**) سورہ مومنون کا آخر (**افحسبتم انما خلقنکم ۔۔۔۔ آخر تک**) ایک آیت سورہ جن کی (**وانہ تعالٰی جد ربنا**) پہلی دس آیات سورہ الصافات کی، سورہ اخلاص اور معوذتین (**سورہ فلق ، سورہ والناس**) پڑھ کر اُس (بیمار و آسیبی شخص) پر دَم کیا ۔ اور وہ شخص صحیح سالم ہو کر اُٹھ کھڑا ہو ۔ اکہ گویا اسے کبھی کوئی شکایت ہی نہیں ہوئی تھی ۔

آپ اپنی مدد کو جو اُٹھے ہے وہ ہاتھ خوب　　　چھوڑ وغم اے رفیق ! خدا ہی کا ہے ساتھ خوب

مُستند و مُجرب اعمال برائے دفیعہ رجعت و آسیب و جنون و مرگی وغیرھم :

1۔ علامہ دیریؒ فرماتے ہیں ۔ کہ بعض خواص آیت الکرسی سے حرق عارض ہے ۔ یعنی جلانا اس شئے کا (جیسے آسیب جن و پری یا ان جیسی کوئی مخلوق) جو کسی پر واقع ہو ۔ چنانچہ جب کوئی اس جیسی مصیبت کو جلانے کا ارادہ کرے ۔ یا کسی انسانی جان کی اس ذلیل ورزیل مخلوق سے جان چھڑانا چاہے ۔ تو اس کو چاہیے ۔ کہ پہلے تو مریض یا مریضہ کے داہنے کان میں سات مرتبہ اذان دے ۔ تاکہ مریض یا مریضہ اِس آذان کو سنیں ۔ اذان کے بعد **سورۃ فاتحہ ، معوذتین ، آیت الکرسی ، سورۃ صافات** مکمل، آخر سورۃ حشر (**لو انزلنا ھذا القرآن ۔۔۔**) تا آخر اور **سورۃ طارق** مکمل پڑھ پڑھ کر اُس متاثرہ مریض و مریضہ پر دَم کرتا رہے ۔ تو بے شک وشبہ (وہ آسیب جن و پری یا ان جیسی کوئی مخلوق) جل جاوے گا ۔ جب وہ آگ میں جلایا جائے گا ۔ تو وہ مریض بے ہوش ہو جائے گا ۔ چند منٹ بعد مریض یا مریضہ کو ہوش آئے گا ۔ تو وہ بالکل ٹھیک ہوگا ۔ انشاءاللہ تعالٰی ۔ یہ عمل مجرب اور صحیح ہے ۔ اور بارہا عمل میں آیا ہے ۔ اور حق تعالٰی ہر شئے پر حاضر و ناظر ہے ۔ یہ عمل نہایت عجیب اور سریع الاثر ہے ۔ اسکو ہمیشہ یاد رکھیں ۔ اور ہمیشہ اپنا معمول بنالیں ۔

2۔ اگر دوران چلہ کشی ، یا دعوت اسم الٰہیہ یا سورہ یا تسخیر جن و پری و ہمزاد یا روحانیہ کوئی شخص کسی بھی قسم کی رجعت کا شکار ہو جائے ۔ یا پھر کوئی شخص کسی بھی قسم کے جنون و مرگی یا جادو ٹونہ سحر و آسیب و مسان کے تکلیف دہ اور مہلک عارضے میں گرفتار ہو ۔ تو ایسے اشخاص کو چاہئے ۔

کہ درج ذیل دعائے مبارکہ (معہ تسمیہ) کو روزانہ ہر نماز کے بعد 21-21 بار یا پھر دن میں فقط 25-25 بار روزانہ صبح و شام پڑھتا رہے ۔ ہفتے عشرے میں بالکل ٹھیک ہو جائے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔ دعا رُجعت یہ ہے ۔

عَلِیقًا ۔ مَلِیقًا ۔ طَلِیقًا ۔ خَالِقًا ۔ مَخْلُوقًا ۔ کَافِیًا ۔ شَافِیًا ۔ اِرتَضٰی ۔ مُرتَضٰی ۔ بِحَقِّ یَا بُدُّ وُ حُ ۔ وَ نُنَزِّلُ مِنَ القُرآنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحمَةٌ اللمؤ منین ۔ ولا یزید الظالمین الا خسارًا ۔ بِحَقِّ آسًا ۔ تَاسًا ۔ لاسًا ۔ وَلُوسًا.اِرْجِعُوا بِحَقِّ کٓهٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ ۔ ولا حول ولا قوة الا با للہ العلی العظیم ۔ اَللّٰهُمَّ ادْفَعْ عَنَّا السِّحْرَ وَالدَّعْوَةَ وَالْعَینَ فَارْجِعْ اِلٰی عَا مِلِهَا ۔

3۔ اگر کوئی شخص کسی بھی قسم کے جنون و مرگی یا آسیب و مسان ، جن و بھوت و پری و غیرہم کی گرفتگی کی تکلیف دہ اور مہلک عارضے میں گرفتار ہو ۔ تو ایسے شخص کو چاہیئے ۔ کہ درج ذیل انتہائی مجرب و مستند عمل کو روزانہ صبح و شام پڑھتا رہے ۔ ہفتے عشرے میں بالکل ٹھیک ٹھاک ہو جائے گا ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۔طریقہ عمل یہ ہے کہ ! ایک ایسے کمرے کا انتخاب کریں ۔جس میں کوئی سامان نہ ہو ۔ یا بہت ہی کم سامان پڑا ہوا ہو ۔مریض یا مریضہ کو کمرے کے عین وسط میں بٹھا دیں ۔ یا لٹا دیں ۔ اور مریض یا مریضہ کے ایک بندہ آگے ، ایک بندہ پیچھے ، ایک بندہ دائیں اور ایک بندہ بائیں کھڑا کر دیں ۔ (مگر دائیں اور بائیں والے دونوں بندوں کو قدرے پیچھے کی جانب کھڑا کریں) اور اُن چاروں بندوں کو ایک ہی ساتھ یک آواز میں سات مرتبہ اذان دینے کی تاکید کریں ۔ تاکہ یہ چاروں اور مریض یا مریضہ ایک دوسرے کی اذانوں کی آواز کو بخوبی سُن سکیں ۔ اِس دوران اگر مریض بے ہوش ہونے لگے ۔ یا اُسے دورہ وغیرہ چڑھنے لگے ۔تو مریض یا مریضہ کو اُس کی حالت پر چھوڑ دیں ۔مگر خیال رہے ۔ کہ مریض یا مریضہ خود کو کہیں نقصان نہ پہنچائے ۔ سات مرتبہ اذان دینے کے بعد مربع شکل میں کھڑے معاونین کو چاہیئے ۔ کہ **آیت الکرسی** ،سورہ مومنون کی آخری آیات (**افحسبتم انما خلقنکم** ---- آخر تک) ،**معوذ تین** اور درجِ ذیل عزیمتِ اصحابِ کہفؓ کو سات سات مرتبہ زور زور سے پڑھ کر مریض یا مریضہ پر پڑھ پڑھ کر پھونکتے رہیں ۔ اس عمل کے بعد مریض کو اُس کے حال پر چھوڑ دیں ۔ اس عمل کو دن میں دو سے تین مرتبہ دہرائیں ۔ اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل و کرم اور اس عمل کی برکت و بدولت سے وہ مریض یا مریضہ پہلے ، تیسرے یا حد سے حد ساتویں روز تک لازمی طور پر مکمل شفاء یاب و صحت مند ہو جائے گا ۔ انشاء اللہ ۔ اِس عمل میں استعمال ہونے والی عزیمتِ اصحابِ کہفؓ یہ ہے ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم o اَللّٰهُمَّ اَبطَلَت وادفع عن (فلاں بن فلانة ۔ مریض یا مریضہ کا نام معہ والدہ لیں) جمیع الاعمال والاسحار والدعوة والعزائم والعقد والعین. ان کانت فی ورقة او عروق او خیوط او طیوراو نار او تراب او مآء او هواء او شجر او حجر با طل با طل ما عملوا وما کا نو یعملون. بِحُرُ مَةِ یَمْلِیْخَا ۔ مَکْسَلْمِیْنَا ۔ کَشْفُوْطَطْ ۔ تَبیُونَس ۔ کَشَافَطیُونَس ۔ اَذَرْفَطیُونَس ۔ یُوَانَس ۔ بُونَس ۔ بُوس. وَاِسْمُ رَاعِیُ مَرْطُونَس وَاِسْمُ کَلْبِهِمْ قِطْمِیْرٌo وَعَلَی اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْهَا جَائِرٌ.وَلَوْ شَاءَ لَهَدَالکُمْ اَجْمَعِیْنَo بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْ حَمَ الرَّا حِمِیْنَo

غم و رنج کی کیفیات اوروجوھات مع تدا بیر :

صاحبِ **کتاب الرحمة فی الطب والحکمة** جناب علامہ عبدالرحمٰن جلال الدین السیوطی الشافعیؒ فرماتے ہیں ۔کہ ! عوارض نفسانیہ میں سے یہ بھی ہے ۔ کہ غم و ہم دل کی بہت بڑی اور سخت آفات ہیں ۔ جبکہ خوشی و خرمی دل کی راحتیں ہیں ۔ یاد رہے کہ '' ہم '' کے یہ معنٰی ہیں ۔ کہ امور مہتم بالشان کے اہتمام کے وقت ظاہر بدن میں حرارتِ عزیزی کا ظہور ہوتا ہے ۔ اِس وقت اگر غرضِ مطلوب و مقصود حاصل نہ ہو ۔تو اس سے ایک کیفیت پیدا ہوتی ہے ۔جس کو '' ہم '' کہا جاتا ہے ۔ اِس وقت حرارتِ عزیزی طبیعت کے اندر داخل ہو جاتی ہے ۔ جس کی وجہ سے طبیعت پر سوداء غالب ہو جاتا ہے ۔ اور بعض اوقات تو یہاں تک غلبہ کرتا ہے ۔ کہ ناگہانی طور پر موت تک واقع ہو جاتی ہے ۔ اور اِسی طرح سے جب انسانی جسم ہم و غم کا شکار رہتا ہے ۔ تو جسم لاغر و ناتواں ہوتا جاتا ہے ۔ پس انسان کو چاہیئے ۔ کہ ایسی چیز کے لئے کوشش کرے ۔ جس کا حصول ممکن ہو ۔ اور کثرت خواہشات سے پرہیز کرے ۔ تاکہ ہم و غم میں مبتلا نہ ہو ۔ اور جب بفضل خدا کوئی تمنا یا غرض حاصل ہو جائے ۔ تو حد سے زیادہ خوش نہ ہو ۔ یاد رہے ۔ کہ ! حد سے زیادہ ہم و غم یا رنج اور حد سے زیادہ خوشی و خُرمی بھی باعث ہلاکت ہیں ۔ لہٰذا انسان کو ہمیشہ معتدل المزاج و میانہ رو ہونا چاہیئے ۔

غیض و غضب بھی عوارض نفسانیہ سے ہیں ۔ اور یہ دونوں شیطان کی طرف سے ہیں ۔ شیطان آگ سے تخلیق کیا گیا ہے ۔ یاد رہے ۔ کہ غصہ آگ ہے ۔ پس اس آگ یعنی غصے کو پانی سے بجھانا چاہیئے ۔ جیسا کہ حدیثِ نبوی ﷺ میں وارد ہے ۔ کہ ! غصے کی حالت میں یا تو پانی سے نہا لیا جائے ۔ یا پھر کامل وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھ لی جائے ۔ اور بعد سلام یہ دُعا پڑھے ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِo اَللّٰهم اغفر لی ذ نبی واذهب عنی غیظ قلبی واعذ نی من الشیطٰن الر جیم ۔

شیاطین جنات و آسیب کو حاضر کر کے جلانے کا مجرب عمل (**عزیمت احراق الجن**)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ مُسْرِعِيْنَ طَآئِعِيْنَ لِلّٰهِ رَبِّ
الْعَالَمِيْنَ o عَزِيْمَةٌ مِّنَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَرَسُوْلِهٖ اِلٰى كُلِّ جَآنٍّ وَجِنِّيَّةٍ وَشَيْطٰنٍ وَ شَيْطَانَةٍ وَمَارِدٍ وَمَارِدَةٍ وَغِيْلٍ
وَغِيْلَانَةٍ مِنَ الدَّنَا هِشَةِ وَالْاَبَالِسَةِ وَالْغَطَاطِشَةِ وَالزَّوَابِعَةِ وَالْعَفَارِيْتِ و الْعِمَالِقَةِ وَالْخَوَاطِفِ
وَالْمُسْتَرِقِيْنَ السَّمْعَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ وَالْغَوَّاصِيْنَ تَحْتَ الثَّرٰى وَجُنُوْدِ اِبْلِيْسَ صَغِيْرُكُمْ
وَكَبِيْرُكُمْ وَحُرُّكُمْ وَ عَبْدُكُمْ وَذُكُوْرُكُمْ وَاُنَاثُكُمْ صَحِيْحُكُمْ وَسَقِيْمُكُمْ وَاَعْمَامُكُمْ وَبَصِيْرُكُمْ وَسُكَّانِ
الْبَرَارِيْ وَالْقِفَارِ وَالْكُهُوْفِ وَالتُّلُوْلِ وَرُؤُوْسِ الْجِبَالِ وَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ اَعْجَمِيًّا اَوْعَرَبِيًّا اِلَّا مَا اُجِبْتُمْ اَوْ
اَسْرَعْتُمْ اِلٰى مَجْلِسِيْ هٰذَا اَلسَّاعَةُ اَلسَّاعَةُ اَلْوَحَا اَلْوَحَا وَجَلَّبْتُمْ هٰذَا الظَّالِمِ الْمُتَمَرِّدُ عَلَى اللّٰهِ وَعَلٰى هٰذَ
الْاٰدَمِيِّ وَ اَخْبَرْتُمُوْنِيْ بِاِسْمِهٖ وَشَانِهٖ وَرَهْطِهٖ وَمَذْهَبِهٖ وَ مِنْ اَيِّ الْاَجْنَاسِ هُوَ وَمَنِ الْحَاكِمُ عَلَيْهِ مِنْكُمْ فَاِنَّ
لَنَا وَلَكُمْ مِنَ الْحَقِّ سَعَةٌ o اَقْسَمْتُ وَعَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَا هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ سَمَّيْتُ مِنْهُمْ وَمَنْ لَّمْ اِسْمِهٖ فِيْ
عَزِيْمَتِيْ هٰذِهٖ بِحَقِّ الْاِسْمِ الَّذِيْ يَنْطِقُ بِهٖ رَبُّنَا فِيْ سَمَآءِ الْغُيُوْبِ عَلٰى بُرُوْجِ السَّمَآءِ فِيْ مُبْدَآءِ عَالَمِ
الْغَيْبِ وَخَلْقِ الْاَرْضِ فِيْ لُجَجِ الْبِحَارِ وَاَذْعَنَتْ لَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ فَخَرُّوْا لِلّٰهِ سَاجِدِيْنَ وَ بِاَوَّلِ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ
بِهَا الرَّبُّنَا جَلَّ جَلَالُهٗ وَقَهَرَ بِهَا خَلْقَهٗ حِيْنَ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ وَحَمِدَ نَفْسَهٗ بِنَفْسِهٖ قَبْلَ خَلْقِ الْخَلْقِ
وَقَالَ لِكُلِّ شَيْءٍ كُنْ فَيَكُوْنُ o (وَ) اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ” لا وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا
o) (سورہ طلاق، آیت نمبر۔ **12**) وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ج اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا o (سورہ بنی اسرائیل، آیت
نمبر۔ **81**) اَعْزَمُ عَلَيْكُمْ بِالْاِسْمِ الَّذِيْ تَزَلْزَلَتْ بِهِ الْاَقْدَامُ وَتَدَكْدَكَتْ بِهِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَارْتَعَدَّتْ بِهٖ
وَمِنْهُ الْاَجْسَادُ وَخَرَّصَتْ مِنْهُ الْاَلْسُنُ وَاقْشَعَرَّتْ مِنْهُ الْجُلُوْدُ وَ عَنَتِ الْوُجُوْهُ ۔ وَ وُجُوْهُ الْخَلَآئِقِ
لِعَظْمَتِهٖ وَخَضَعَتِ الرِّقَابُ الْجَبَابِرَةِ وَخَرَّتِ الْجِبَالُ الصِّلَابُ لِهَيْبَتِهٖ وَاَقَرَّتْ جَمِيْعُ الْخَلَآئِقِ بِرَبُوْبِيَّتِهٖ
تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا o اَقْسَمْتُ وَعَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ يَامَعَاشَرَ
الْجِنِّ وَالشَّيَاطِيْنِ وَالْاَعْوَانِ اَوَّلُكُمْ وَاٰخِرُكُمْ تُحْضَرُوْنَ o اَلسَّاعَةَ اَلسَّاعَةَ اَلْوَحَا اَلْوَحَا وَتَتَوَكَّلُوْا
بِهٰذَا الْعَاصِيْ اَلْمُتَمَرِّدُ اَيْنَ مَيْمُوْنُ السَّحَابِيْ اَيْنَ مَيْمُوْنُ الْغَمَامِيْ اَيْنَ اَبُوالْوَلِيْدِ صَاحِبِ الْعَذَابِ
اَيْنَ بَخِيْلِيْتُ السَّيْفِ اَيْنَ مَيْمُوْنَ الْاَسْوَدِ ۔ اَلَّذِيْ هُوَ مِنْ خُدَّامِ الْاَحْمَرِاَيْنَ مَرْوَانَ الْاَسْوَدِ سَيْفِ اَيْنَ
قِيْحُوْنُ السَّيْفِ اَيْنَ مُحَلِّقَ النَّصْرَانِيْ اَلسَّحَابُ السَّيْفِ اَيْنَ فِرْقُوْنَ اِكْتِفُوْهُ وَ اَوْ ثِقُوْهُ وَاَعْجِلُوْهُ
وَاَعْلِمُوْهُ بِحَقِّ الْاَسْمَآءِ الْعَظِيْمَةِ خُذُوْهُ بِحَقِّ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ عِبَادِهِ الصَّالِحِيْنَ اَجْمَعِيْنَ o آمین o يَارَبَّ
الْعَالَمِيْنَ o تَقَدَّمُ يَا مُذْهِبُ اِلٰى بِسَاطِيْ هٰذَا وَاَنْتَ يَا مُرَّةَ وَاَنْتَ يَا مَيْمُوْنَ وَاَنْتَ يَا دَنْهَش وَاَنْتَ يَامَهْيَا
كِيْلَ اَنْتُمْ وَخُدَّامُكُمْ وَاَعْوَانُكُمْ فَاِنْ اَبَيْتُمْ وَعَصَيْتُمْ رَجَمْتُكُمْ بِشِهَابٍ ثَاقِبٍ وَشِهَابٍ مُّبِيْنٍ وَ شِهَابٍ
رَّاصِدٍ اَلْوَحَا اَلْوَحَا قَبْلَ نُزُوْلِ الْمَلٰٓئِكَةِ بِالْمُحَارِقِ وَالْمُحَرِّقَاتِ اَلْوَحَا اَلْوَحَا قَبْلَ اَنْ يَّغْضَبَ
الرَّبَّ عَلَيْكُمُ السَّمَآءِ بِكُمْ تَخْسِفُ وَالْاَرْضُ بِكُمْ تَرْجُفُ وَالْعَذَابُ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ وَاَسْمَآءُ
اللّٰهِ تَعَالٰى مُحِيْطَةٌ م بِكُمْ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ وَاُجِيْبُوْا بَارَكَ اللّٰهُ
فِيْكُمْ وَعَلَيْكُمْ وَاَعِيْنُوْنِيْ عَلٰى هٰذَا الْمُتَمَرِّدُ عَلَى اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اَيْنَ مَا تَكُوْنَ يَأْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا o اِنَّ
اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ o وَقِفُوْا هُمْ اِنَّهُمْ مَسْئُوْلُوْنَ o


عزیمت احراق الجن سے جنات و آسیب کی معلومات اور علاج کے مجرب طریقے :

اس عزیمت سے نامور علمائے عاملین نے اپنی اپنی تصانیف و تالیفات کو مزین فرمایا ہے۔ جیسے کہ محدث و مفسر جناب علامہ جلال الدین سیوطی الشافعیؒ نے **کتاب الرحمة فی الطب والحکمة المعروف مجربات امام سیوطی**ؒ میں ، فقیر غلام رسول ناشاد اور غلام الرسول عائلی نقشبندیؒ نے **مکاشفات اسرار** میں ، علامہ رفیق زاہد نے **قانون طلسمات** میں ، الشیخ محمود ابی المواہب الخلوتی الحنفیؒ نے **مفاتیح الکنوز فی حل الطلاسم والرموز** میں ، عامل ابراہیم محمد عبیدؒ نے **مجموعہ عملیات و مجربات الغزالی الکبیر** میں ، شیخ طریقت السید محمد بن محمد الحریری البیومی المصریؒ نے **کتاب الروح** وغیرہم کے علاوہ امام غزالیؒ کے **قلمی مخطوطات** اور دیگر کئی کتب میں یہ عمل مع عزیمت و خاتم (چوکور نقش) نہایت شرح و بسط سے بیان کیا گیا ہے۔

1۔ صاحب **مکاشفات الاسرار** جناب غلام الرسول میمن عائلی نقشبندی صاحب اس عزیمت کے بارے میں رقمطراز ہیں۔ کہ انہوں نے اس عزیمت کو اپنے معمولات میں رکھا ہوا ہے۔ اور اس عزیمت کے حقائق کے بارے میں فرماتے ہیں۔ کہ!

جہاں تک حقائق بیان کرنے کا تعلق ہے۔ تو عزیمت احراق الجن کا بیان ادھورا سا محسوس ہوتا ہے۔ جب تک کہ! اس عزیمت (احراق الجن) سے متعلقہ خاتم (چوکور نقش) کا ذکر نہ کیا جائے۔ کیوں کہ عزیمت کا خاتم (چوکور نقش) ہی دراصل اس عمل کے مکمل ہونے کی واضح دلیل ہے۔ کہ یہ عزیمة لکھ کر آسیب زدہ کے سر پر رکھی جائے گی۔ اور مذکورہ خاتم (چوکور نقش) اس (آسیب زدہ یا جن گرفتہ شخص) کے دائیں ہاتھ میں (تھما) دیا جائے گا۔ بعدہ' اسی دعوت (یعنی عزیمت احراق الجن) کو 7 مرتبہ پڑھا جائے گا۔ تو جنات کی اس (آسیب زدہ یا جن گرفتہ) کے وجود پر حاضری ہو گی۔ دوران عمل بخور اس عمل کا لوبان وزعفران ہے۔ اگر کوئی اس دعوت کی حقیقت کو پا گیا۔ تو (یہ دعوت) تاحیات اسے دوسرے اعمال سے بے نیاز کر دے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ کیونکہ جنات و آسیب کو حاضر کر کے جلانے کا اِس سے بہتر عمل اور کوئی ہو ہی نہیں سکتا۔

حقیقت اس عزیمة اور خاتم (چوکور نقش) یہ ہے۔



لیکن میرا (**محمد عبدالرؤف القادری**) کا ضمناً یہ خیال ہے۔ کہ سب سے اعلیٰ و ارفع عمل آیت الکرسی شریف کا ہے۔ بشرطیکہ آیت الکرسی کی زکات ادا کی گئی ہو۔ (جس کا طریقہ زکات والے باب میں مفصل بیان کیا گیا ہے۔ یعنی پچاس دنوں میں آیت الکرسی کو ایک لاکھ مرتبہ پڑھا جائے)

2۔ علامہ سیوطیؒ اپنی مشہور و معروف کتاب **کتاب الطب والحکمة** اس عزیمت کے متعلق رقمطراز ہیں۔ کہ! جن و آسیب گرفتہ شخص کو سامنے بیٹھا کر یہ عزیمت **11** بار پڑھ کر کسی شخص کو کہو۔ کہ وہ کسی صاف چیز مثل آئینہ یا پانی یا تیل میں دیکھنا شروع کرے۔ وہ جو کچھ اس میں دیکھے۔ وہ بعینہ عامل کے آگے بیان کرتا جائے گا۔ دیکھنے والے کو جب کوئی شخص اس پانی وغیرہ میں نظر آئے گا۔ تو تم اس کو کہو۔ کہ وہ اس شخص کو کہے۔ کہ تیرے (عامل کے) آگے بیمار کو حاضر کرے۔ کہ وہ اس مریض کو فی الفور تیرے آگے حاضر کرے گا۔ پھر اس مریض و بیمار سے عامل اسی شخص کے توسط سے حال مرض پوچھے۔ پھر ظالم جن و آسیب سے بدلہ لے۔ اگر عامل ارادتاً ایسا چاہے۔ کہ جن کو قید کرے۔ تو عامل اس مریض کو اپنے سامنے کسی رومال پر کھڑا کرلے۔ اور ایک سرمہ دانی لے کر ایک سفید کاغذ پر یہ آیت لکھ کر مریض پر ڈال دیں۔ آیت یہ ہے۔ **يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ**☆ (سورۃ رحمٰن نمبر ۴۱)

4۔ میرا دوسرا طریقہ یہ بھی ہے۔ کہ! کسی صاف کاغذ پر عزیمت کی خاتم (پیچھے دیا گیا چوکور نقش) لکھ کر مریض یا مریضہ کے دائیں ہاتھ پر رکھی جاتی ہے۔ اور خاتمِ سلیمانیؑ مریض کے ماتھے پر لکھ دی جاتی ہے۔ (یا پھر پہلے سے کاغذ پر لکھی ہوئی کو ماتھے پر چپکا دیا جاتا ہے)۔ اور عزیمتِ احراق الجن کو مریض و مریضہ کے سر پر رکھا جاتا ہے۔ اور مریض کی آنکھوں پر کالی پٹی باندھ دی جاتی ہے۔ اس کے بعد یہی عزیمة احراق الجن **11** بار پڑھی جاتی ہے۔ اور ہر تین (3)

مرتبہ پڑھ کر مریض سے پوچھا جاتا ہے۔کہ! کچھ نظر آیا۔یا کندھے بھاری ہوئے۔یا سر میں درد ہوا۔یا پورا جسم سُن ہو رہا ہے۔بہرحال اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم اور اِس عمل کی برکت وبدولت سے مریض یا مریضہ دائمی طور پر اس جن یا آسیب سے نجات حاصل کر لیتا ہے۔مصنف ومؤلف وجامع کتاب ہٰذا (**محمد عبدالرؤف القادری**) کے نزدیک یہ عمل مستند ہونے کے ساتھ ساتھ بارہا کا مجرب المجرب طریقہ عمل ہے۔جو کہ نہایت ہی اہمیت کا حامل ہے۔

میرے پاس سے گزر کر میرا حال تک نہ پوچھا میں کیسے مان جاؤں وہ دور جا کے روئے

3۔ صاحب ''**الروح و ماهتیها و ماهیت الجن و الملک**'' جناب السید محمد الحریری البیومی المصریؒ اس عظیم عزیمت احراق الجن کے متعلق بعنوان قرینہ جنات کے عوارض کے تحت فرماتے ہیں۔کہ یہ جنات آدمیوں،عورتوں اور بچوں پر مسلط ہو جاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے نتیجتاً (**آسیب زدہ یا جن گرفتہ شخص**) مریض اپنے پاؤں زمین پر زور سے مارتا ہے۔یا پھر سر کو زمین یا دیوار پر پٹختا رہتا ہے۔



یا پھر منہ کو ٹیڑھا کر لیتا ہے۔یا پھر کبھی کبھار تو ایسے مریض ومریضہ کا دل چاہتا ہے۔کہ خود کو کسی بلند مقام سے یا نہر،کنوئیں یا دریا میں گرا کر ہلاک کر ڈالے۔بہرحال رفتہ رفتہ ایسا مریض ومریضہ مخبوط الحواس ہوتا جاتا ہے۔آگے چل کر مصنف فرماتے ہیں۔

کہ آغاز علاج میں کتے،بلی یا گوہ کا سر معالج اپنے پاس رکھتا ہے۔اور قرینہ جن اس عزیمت اخراج الجن (یعنی عزیمتِ احراق الجن) کے پڑھنے سے ہی بھاگ کھڑا ہوتا ہے۔جس سے مریض خود کو پرسکون اور ہلکا محسوس کرتا ہے۔بعد اس سر کو افتادہ،ویران و سنسان یا پھر آبادی سے دور کسی جگہ دفن کر دیا جاتا ہے۔مریض کا علاج کرنے سے قبل خاتم سلیمانی بھی مریض یا مریضہ کے ماتھے پر لکھی (بنائی) جاتی ہے۔بہرحال اس عمل کی خاتم سلیمانیؑ یہ ہے۔

5۔ میرا (**محمد عبدالرؤف القادری**) اپنا ذاتی طریقہ یہ ہے۔کہ! جس وقت مریض پر آسیب آ جائے۔تو عامل اُسی وقت فوراً مریض کے سر کے بال اس کی چوٹی سے پکڑ کر تھوڑے سے کاٹ ڈالے۔تاکہ آسیب مریض کو چھوڑ کر چلا جائے۔عامل ان بالوں کو اپنے پاس محفوظ کر لے۔پھر بھی اگر جن وآسیب مریض کا پیچھا نہ چھوڑے۔یا عامل اُسی آسیب کو حاضر کرنا چاہے۔تو عامل مریض پر''دعوت احراق الجن'' سات مرتبہ پڑھ کر مریض کا حصار کر لے۔اور اس جن وآسیب کے دَورہ کی حالت میں کاٹے ہوئے بالوں کو تھوڑا تھوڑا کر کے کوئلہ پر جلانا شروع کر دے۔تو مریض پر ہزارہا کوششوں کے باوجود حاضر نہ ہونے والا آسیب وجن چشم زدن میں اپنے زیر اثر مریض پر آن حاضر ہوتا ہے۔

اے مسلماں! ہر گھڑی رہے پیشِ نظر آیہ **هل من مزید** رکھ

6۔ صاحب **کلید رموز مخفی** جناب عامل وحکیم غلام سرور شباب آف حویلی لکھا اس عزیمت احراق الجن کے متعلق فرماتے ہیں کہ جب سحر وجادو یا تعویزات کو حاضر کرنا مطلوب ہو تو ایک سفید تانبے کی چھوٹی سی دیگ لے کر اس کے باہر اوپر کی طرف اٹھائیس اضمار الحروف احتیاط سے کندہ کرالیں یا لکھ کر اور دیگ کے اندرونی طرف (یعنی دیگ کی گردن سے منہ تک) یہ آیت کاغذ پر لکھ کر اُس کاغذ کو چسپاں کر لیں۔یا پھر کسی سے اندرونی طرف یہی آیت کندا کرالیں۔**وَلَوْ تَرٰٓی اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ** ۝ (سورۃ سباء آیت نمبر۔51) پھر نیا سفید کپڑا لے کر اس دیگ کے منہ پر یعنی اس کی گردن تک کپڑا باندھ دیں اور لوبان کا بخور سلگائیں پھر مذکورہ دعوت (یعنی عزیمت احراق الجن) کی تلاوت شروع کر دیں یہاں تک عامل کو دیگ سے باریک سی آواز سنائی دے گی پس جب آواز سنائی دے تو عامل کو چاہیے کہ سفید کپڑے کو کھول دے پس سحر وجادو وتعویزات سب کو دیگ کے اندر حاضر پائے گا سحر جادو وتعویزات کی حاضری کا یہ عمل نایاب ترین اعمال میں سے ایک ہے مصنف فرماتے ہیں کہ ہمیں (یہ عمل) بڑی کوشش ومحنت سے حاصل ہوا ہے۔اس دعوت (یعنی عزیمت احراق الجن) کو دنیا کے نامور ومشہور عاملین وکاملین **دعوۃ الاحراق** اور **جامعۃ القبائیل الجنات** کے نام سے جانتے ہیں۔بہرحال اٹھائیس اضمار الحروف اگلے صفحہ پر ہیں۔

نمبرشمار	حروف	اضمار الحروف
1	ا	هِيُهٍ هِيُهٍ يَهُوْنٍ يَهُوْنٍ شَكُمَهِيْلٍ شَكُمَهِيْلٍ
2	ب	بَلِيُسٍ لِيُسٍ حَلِيُجٍ
3	ج	هَدُ مَحٍ لَيُطَفٍ لَهُظَفُجٍ اَحُوُجٍ
4	د	هَيُطَطَبٍ هَطَطُفٍ تَهَالِيُجٍ
5	ه	دَلُحٍ هَلِيُلَكٍ سَلُمُوُحٍ يَاهٍ
6	و	يَهُيُوُهٍ هَدُوُهٍ يَمُوُهٍ
7	ز	سَعُدُوْسٍ هَطَاطِمٍ
8	ح	دَهُلَجٍ وَدَهُلَجٍ يَغُشَلاً
9	ط	شَمُهَطٍ شَمُهَطٍ شَمُهُوُطٍ شَلُحٍ
10	ی	يَاهٍ يَاهٍ يُوُهٍ يَدَهٍ يَدَهٍ وَمُضَعٍ دَمُضَعٍ هَلُفٍ هَلُفٍ
11	ک	لَهُمِيُطٍ لَهُمِيُطٍ حِيُثٍ بَيَعُورٍ هِيُهٍ هَشٍ سَعُدُوُسٍ
12	ل	عَفِيُطٍ عَفِيُطٍ طَمُسٍ خَلُذَمٍ مَلُخَسٍ
13	م	جَمِيُشاً اَلُفٍ حُجَجٍ يَا مُوُهٍ اِهُياً حَجُمَشَطٍ لَعُيَاهٍ
14	ن	مُسُلَسُلَةٍ شَلُشَعٍ شَهُقَعٍ سَرُوِيُحٍ مَرُدَمَخٍ مَهُلِيشٍ فَعَحُجٍ يَاهٍ عَلُصَلَحِيُمٍ سُوُحٍ طَمُسٍ
15	س	سَلُطِيُعٍ عَلُطَحٍ يَاهٍ يَاهٍ عَلُصَلَحِيُمٍ سُوُحٍ طَمُسٍ يَرُدَتَجٍ صَدَ يَاهٍ يَمُوُ هٍ
16	ع	يَحُطَمٍ عَدُنَقٍ اَرُدِيُفٍ سَبُعٍ يَاهٍ يَمُوُهٍ
17	ف	سَطَفٍ سَطِيطَالٍ كِيُطَمٍ بَطُمَلَشٍ لَطُشٍ لَطُشٍ
18	ص	حَطِيُعٍ سَعٍ سَتُعٍ لِيُحٍ يَمُوُهٍ يَاهٍ
19	ق	عَلُطَكٍ عَطُلَقٍ مَهُفِيُطٍ عَلُجٍ يَاهٍ يَمُوُهٍ قَهُرٍ يُوُه
20	ر	سَطِيُقٍ لَهُلِيخٍ يَمُوُهٍ يَمُوُهٍ قَهُرٍ يُوُهٍ يَاهٍ
21	ش	عَدُحَصٍ عَدُحَصٍ طَلُحَيَاسٍ طَلُحَيَاسٍ
22	ت	سُوُهِيُلٍ صَقِيُلٍ طُوُسَمٍ طَاهٍ يَمُوُهٍ
23	ث	لِيَاكِيُدٍ لِيلَدُوُسٍ طَمُعَتٍ
24	خ	عَيُوُطٍ اَلاَ وُكَسٍ وَ كُسٍ وَكُسٍ خَخَجٍ خَخَجٍ يَاهٍ يَمُوُهٍ
25	ذ	عَامَصٍ مَهُدَ عٍ سَهُلَطٍ
26	ض	عَلَلَمٍ صَصٍ صَهُدَ عٍ شَهُلَطٍ
27	ظ	هِيُمَطُوُشٍ سَعُدَايُلٍ سَطُوُ لٍ نَمُوُهٍ يَاهٍ يَمُوُهٍ
28	غ	صَطَطٍ سَهُقِيُعٍ كَلَكٍ هَبُوُطٍ

آسیبی و جناتی اثرات سے نجات کا مجرب عمل:

یہ مجرب المجر ب عمل ایسا سریع التا ثیر اور مستند عمل ہے۔ جسے صاحب **شموس لانوار** ، صاحب **کتاب الروح وماھتیھا** (الحریری البیومی) صاحب **غایۃ الحکیم** کے مرتب (استاذ محمود نصار) اور صاحب **آسیبی قوتوں سے نجات** جناب غلام سرور شباب سرور حویلی لکھا نے اپنی اپنی تصانیف میں انتہائی تفصیل و توضیح اور شرح و بسط سے پیش کیا ہے۔ یہ تمام اصحاب علم و فن اس ضمن میں اپنے اپنے تجر بات بیان فر ماتے ہیں۔ کہ!

اگر کوئی بھی مرد و عورت یا بچہ بچی بوجہ آسیبی و جناتی گرفتگی سے بے ہوش ہو جا تا ہو۔ یا بے ہوش ہو کر گر پڑ تا ہے۔ یا خود کو نقصان پہنچا تا ہو۔ یا پھر خود پر قابو نہ رکھتے ہوئے دوسروں کو نقصان پہنچا تا ہو۔ یا اس مریض و مریضہ پر ایسی یا اس سے ملتی کوئی کیفیت ہو۔ تو ایسی صورت میں پہلے تو مریض کے ماتھے پر یہ آیت تحریر کریں۔ **اَفَمَنۡ كَانَ مُؤۡمِناً كَمَنۡ كَانَ فَاسِقاً لَّا يَسۡتَوٗنَ اَمَّا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمۡ جَنّٰتُ الۡمَاۡوٰى نُزُلاً نُزُلاً نُزُلاً** (سجدہ نمبر 18) اس آیت کو پیشانی پر تحریر کرنے کے بعد اس مریض کے دائیں ہاتھ میں خاتم سلیمانیؑ تھما دیں۔ یاد رہے۔ کہ یہ خاتم سلیمانیؑ سے پہلے سے ہی نے لکھی ہوئی ہو پھر نیلے رنگ کے فتیلے پر یہ آیت مبارکہ لکھیں۔ **اِنَّـآ اَعۡتَدۡنَـا لِـلظّٰلِمِيۡنَ نَارًا اَحَاطَ بِهِمۡ سُرَادِقُهَا وَاِنۡ يَّسۡتَغِيۡثُوۡا يُغَاثُوۡا بِمَآءٍ كَالۡمُهۡلِ يَشۡوِى الۡوُجُوۡهَ يَشۡوِى الۡوُجُوۡهَ يَشۡوِى الۡوُجُوۡهَ** (سورہ کہف 29) پھر اس فتیلہ کو قطران (نباتاتی تیل) میں ڈبو دیں۔ اور قطران سے نکال کر اس مریض یا مریضہ کے ناک کے قریب جب یہ فتیلہ عامل لے جائے گا۔ تو مریض خود بخود نہ چاہتے ہوئے بے ہوش ہو کر گر جائے گا۔ جب مریض گر جائے۔ تو عامل کو چاہیے۔ کہ مریض کے کان کے قریب جا کر **سورۃ جن** پڑھنا شروع کر دے۔



بس کچھ ہی دیر بعد وہ مریض یا مریضہ جو کہ آسیب یا جن گرفتہ ہے پر آسیب یا جن حاضر ہو کر اپنا حال بیان کر دے گا۔ اگر مریض یا مریضہ پر موجود جن و آسیب مسلمان ہوگا۔ تو مریض یا مریضہ درود پاک پڑھنا شروع کر دے گا۔ اور اگر خدانخواستہ مریض یا مریضہ پر موجود جن و آسیب غیر مسلم ہوگا۔ تو وہ اول فول بکنا شروع کر دے گا۔ شاید گالی گلوچ بھی کرے۔ بہر حال اس آسیب کو اس عمل کی وجہ سے اتنی شدید تکلیف پہنچے گی۔ کہ وہ آسیب و جن مریض یا مریضہ کے جسم سے دائمی طور پر بھاگ جائے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

بِسۡمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَبِاِسۡمِ جِبۡرَآئِيۡلِ وَمِيۡكَآئِيۡلِ كَازِمِ كَازِمِ دُبۡزًا رَامِىَ مُزۡنِ وَشَتِى سَتَامَرَا هُوۡدًا هُوۡدًا هِىَ وَالۡمَطَا اَنَا الرَّاقِىُ وَاللّٰهُ الشَّافِىُ وَاللّٰهُ الكَافِى۔

خاتم سلیمانی کا نقش عظیم یہ ہے۔

مُستند و مُجرب نقش برائے دفیعہ سحر و رجعت و آسیب و جنون جادو ٹو نہ وغیرھم:

اگر اس نقش کو بھی لکھ لیا جائے۔ اور روزانہ کسی بھی وقت میں اسی نقش کو سامنے رکھ کر مندرجہ بالا سورتیں، آیتیں وغیرہ پڑھ پڑھ کر پھونکیں جائیں۔ اور یہی عمل گیارہ دنوں تک کیا جائے۔ بعدہ اسی نقش کو موم جامہ کر کے تعویذ بنا کر گلے میں ڈالا جائے۔ تو ہر قسم کے امراض سے یقینی حفاظت رہے گی۔ ان شاء اللہ۔



رزق کی کشادگی ، نوکری کے حصول اور تسخیرالخلائق بنے کا مجرب نسخہء نبوی ﷺ:

حضرت عبداللہ بن عمرؓ روایت کرتے ہیں۔کہ! ایک شخص آنحضور ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔اور اپنی تنگ دستی کا شکوہ کرنے لگا۔تو رسولِ مکرم ﷺ نے اس شخص سے فرمایا۔کیا وہ تسبیح تمھیں یادنہیں۔جو تسبیح ملائکہ کی ہے۔(بلکہ) تمام مخلوقات کی تسبیح ہے۔اسی کے ذریعے سب کو رزق دیا جاتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے عرض کیا۔یارسول اللہ ﷺ ا وہ کون سی تسبیح ہے۔آپ ﷺ پہلے ٹیک لگا کرتشیف فرماتھے۔تو آپ ﷺ سیدھے ہوکر بیٹھ گئے۔اور آپ ﷺ نے فرمایا۔اے ابنِ عمرؓ! صبح صادق کے طلوع ہونے کے بعد سے نمازِ فجر تک کے درمیان یہ کلمات ''**سبحٰن اللہ وبحمدہٖ سبحٰن اللہ العظیم وبحمدہٖ استغفر اللہ** ''سومرتبہ پڑھ لیا کرو۔تو دنیا تمھارے پاس ناک رگڑتی ہوئی آئے گی۔اور اللہ تعالٰی ہر اس کلمہ کے بدلے، جو تم کہوگے۔ایک فرشتہ (مؤکل) پیدا فرمائیں گے۔جو قیامت تک تسبیح بیان کرتا رہے گا۔اور اس کا ثواب تمھیں ملے گا۔

گنجے پن کا **مجرب المجرب** عمل:۔

گنجے پن کی مختلف وجوہات ہیں۔جیسے کہ سب سے بڑی وجہ تو یہ ہے۔کہ موروثی طور پر کم عمری میں لوگ گنجے پن کا شکار ہو جاتے ہیں کچھ پریشانی کی وجہ سے تو کچھ دماغی کمزوری کی وجہ سے جبکہ کچھ لوگ آب و ہوا یا پھر پانی کی ناموافقت کی وجہ سے اور کچھ لوگ سحر و جادو کی وجہ سے بھی گنجے پن میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔بہرحال سب کے لئے یہ علاج نہایت مفید و نافع ہے۔بہرحال گنجے پن کے علاج کا مجرب المجرب اور آسان طریقہ یہ ہے۔کہ!

کسی برتن میں **سورہ بروج** مکمل، **فَلَمَّا اَلْقَوْ قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ** ط **اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُه‘** ط **اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ** ۔ (**سورۃ یونس نمبر 81**) اور ہفت اسمائے قمر(**لیاخیم** ، **لیالغو** ، **لیافور** ، **لیاروث** ، **لیاروغ** ، **لیاروش** ، **لیاشلش**)اور اسمائے رؤس اربعہ(**مارز۔کمطم۔قسورۃ۔طیکل**) لکھ کر پھر اس برتن میں تھوڑا سا پانی اور روغن زیتون ڈال کر اس برتن میں مہندی بنا کر سات روز تک مسلسل روزانہ لگاتے رہیں۔اور روزانہ نئی مہندی بنائیں۔مہندی بن جانے کے بعد یہی سورۃ و آیت اور اسمائے قمر اور رؤسائے اربعہ بھی پڑھیں۔پھر یہ مہندی لگائیں۔یہ عمل بروز ہفتہ شروع کریں۔اور جمعہ کو ختم کریں۔

عملِ حجاب النار : محمد رفیق زاہد مرحوم اپنی کتاب قانونِ طلسمات میں رقم طرز ہیں۔کہ! عمل حجاب النار پڑھ کر اگر کوئی منہ میں آگ رکھ لے۔تو منہ نہ جلے۔کپڑوں پر آگ ڈال دے۔تو وہ نہ جلیں۔ہاتھوں کو آگ میں ڈال دے۔تو کوئی اثر نہ ہو۔آگ پر چلے۔تو پَیر نہ جلیں۔ہرعمل سے قبل سات مرتبہ یہ حجاب النار کے کلمات پڑھ لے۔لیکن اس عمل کو تماشہ بنا کر لوگوں سے پیسے لوٹنا مناسب نہیں۔

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا اَيُّهَا النَّارُ الْمُوْقِدَةُ بِالْحَرَارَةِ وَالْاِحْتَرَاقِ بَرَدٍ لِصَاحِبِ الدَّعْوَةِ بِالسَّائِرِ الْاَحْوَالِ وَالْاَسْرَارِ بِحَقِّ مَلٰئِكَةُ النَّارِ بِالْاَسْمَآءِ الْاَخْيَارِ قَرْقُوْ قَمَآئِيْلُ قَرْقَيُوْ شَمَآئِيْلُ قَرْقُوْ هَمَا كِيْلُ قَرْقُوْ مَكَآئِيْلُ قَرْقَعْنَاشٍ قَرْقَيُوْشٍ قَرْقُوْ قِيُوَاشٍ اَجِبْ دَعْوَتِيْ يَا عَبْدِ النَّارِ بِحَقِّ حَقِّكَ الْقِيُوْاشٍ يَا قَرْقَاطُوْشٍ فَقَدَقُوْشٍ بَرْقَدُوْشٍ بَرْدًا وَّسَلَامًا مَاقِيًا اَهِيًّا اَقَيًّا قَرْقِيًّا .

سدر کا علاج : صاحبِ **کتاب الرحمۃ** جناب علامہ سیوطی الشافعیؒ فرماتے ہیں۔کہ! اگرکسی انسان کی حالت اُٹھتے وقت ایسی ہوجائے۔کہ آنکھوں کے سامنے اندھیرا سا چھا جائے۔اور سر چکرا کر گرنے کی سی کیفیت ہوجائے۔بلکہ بعض اوقات تو گر پڑے۔تو ایسی بیماری کو''**سدر**'' کہتے ہیں۔اور اِس کا سبب خلط صفراوی ہے۔جو کہ دراصل معدہ میں بند ہوتی ہے۔علاج اِس مرض کا یہ ہے۔کہ! سدر کے مریض کو صبح کے وقت نہار منہ لیموں کا تازہ رَس نکال کر اُس میں حسبِ ضرورت میٹھا ملا کر پلائیں۔اور روزانہ قے کرائیں۔تا کہ خلط صفراوی باہر نکل آئے۔یادرہے۔کہ اِس مرض کے دوران گرم و تیز (**Spicy**) چیزوں سے پرہیز کریں۔خوراک میں گندم کی روٹی کے ساتھ تازہ گائے کا دودھ پلایا کریں۔چند ہی ایام میں بہتری ہوجائے گی۔انشاءاللہ تعالٰی۔

مجرب عمل برائے حفاظت جان : ابو محمد عبداللہ بن یحیٰی ابن ابی الہیثم المصعبیؒ۔جو کہ امام شافعیؒ کے اصحاب میں سے بہت بڑے عالم و صالح بزرگ تھے۔اُن کا بیان ہے۔کہ! ایک مرتبہ کچھ لوگوں نے (قتل کی نیت سے) مجھ پر زوردار حملہ کیا۔اور تلواروں سے بہت سارے وار کئے۔مگر مجھ پر تلواروں کا ذرہ بھر بھی کوئی اثر نہیں ہوا۔جب اُس بزرگ سے وجہ دریافت کی گئی۔تو اُنہوں نے فرمایا۔کہ اُن کے حملے کے وقت میں یہ آیتیں پڑھ رہا تھا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o ولا یئودہ حفظھما وھو العلی العظیم o (سورہ بقرہ۔آیت نمبر 255) **و یرسل علیکم حفظۃ۔** (سورہ انعام۔آیت نمبر 61) **ان ربی علی کل شیء حفیظ۔** (سورہ ھود۔آیت نمبر 57) **فا للہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین۔** (سورہ یوسف۔آیت نمبر 64) **لہ معقبٰت من بین یدیہ ومن خلفہ یحفظونہ من امر اللہ۔** (سورہ رعد۔آیت نمبر 11) **انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون۔** (سورہ حجر۔آیت نمبر 9) **و حفظنا ھا من کل شیطٰن الرجیم۔** (سورہ حجر۔آیت نمبر 17) **وجعلنا السماء سقفا محفوظا۔** (سورہ انبیاء۔آیت نمبر 32) **وربك علی کل شیء حفیظ۔** (سورہ سباء۔آیت نمبر 21) **و حفظا من کل شیطٰن مارد۔** (سورہ الصافات۔آیت نمبر 17) **و حفظا ذالك تقدیر العزیز العلیم۔** (سورہ فصلت۔آیت نمبر 12) **اللہ حفیظ علیھم وما انت علیھم بوکیل۔** (سورہ شوریٰ۔آیت نمبر 6) **وان علیکم لحافظین کراما کاتبین یعلمون ما تفعلون۔** (سورہ انفطار۔آیت نمبر 10 تا 12) **ان بطش ربك لشدید۔ انہ**

ھو یبدیء و یعید وھو الغفور الودود ذوالعرش المجید ۔ فعال لما یرید ۔ ھل اتاک حدیث الجنود فرعون وثمود بل الذین کفروا فی تکذیب ۔ واللہ من ورآئھم محیط م بل ھو قرآن مجید فی لوح محفوظ ۔ (سورہ بروج۔آیت نمبر 12 تا22) **ان کل نفس لما علیھا حافظ ۔** (سورہ طارق۔آیت نمبر4)

ایک روز ابو محمد عبداللہ بن یحییٰ ابن ابی الہیثم المصعبی ؒ ایک جماعت کے ہمراہ نکلے ۔ وہ بیان فرماتے ہیں ۔ کہ ہم نے ایک بھیڑیئے کو ایک دُبلی پتلی بکری کے ساتھ کھلنڈریاں کرتے ہوئے دیکھا ۔ جو اُس بکری کو کچھ بھی ضرر نہیں پہنچا رہا ۔ جب ہم قریب پہنچے تو بھیڑیا بھاگ گیا ۔ بکری کے پاس جا کر دیکھا ۔ تو اس کی گردن میں ایک تعویذ بندھا ہوا تھا ۔ جب اس تعویذ کو کھول کر دیکھا ۔ تو اس میں بھی یہی آیات لکھی ہوئی تھیں ۔

حفاظتِ جان کا عظیم الشان عمل : حافظ ابو زراعہ رازیؒ فرماتے ہیں ۔ کہ ! شہر جرجان میں ایک مرتبہ شدید آگ لگ گئی ۔ اس حادثہ میں نو ہزار گھر جل کر خاکستر ہو گئے ۔ اور ان گھروں میں موجود قرآنِ کریم کے بھی نو ہزار نسخے آگ کی نذر ہو گئے ۔ مگر حیرت کی بات یہ ہے ۔ کہ قرآنِ پاک کے تمام نسخوں میں موجود مندرجہ ذیل آیات نہیں جلیں ۔ بلکہ بالکل محفوظ رہیں ۔ وہ آیات یہ ہیں ۔ (شروع میں ایک مرتبہ تسمیہ ضرور لکھیں)

ذالک تقدیر العزیز العلیم ۔ (سورہ انعام ۔ آیت نمبر 96) **ولا تحسبن اللہ غافلا عما یعمل الظالمون ۔** (سورہ ابراھیم ۔ آیت نمبر 42) **وان تعدا نعمت اللہ لا تحصوھا ۔** (سورہ نحل ۔ آیت نمبر 18) **و قضٰی ربك ولا تعبدو الا ایاہ ۔** (سورہ اسراء ۔ آیت نمبر 23) **تنزیلا ممن خلق الارض والسمٰوات العُلٰی ۔ الرحمٰن علی العرش استوٰی ۔ لہ ما فی السمٰوات وما فی الارض وما بینھما وما تحت الثرٰی ۔** (سورہ طٰہٰ ۔ آیت نمبر 4 تا6) **یوم لا ینفع مال و لا بنون ۔ الا من اتی اللہ بقلب سلیم ۔** (سورہ شعراء۔ آیت نمبر 88 تا89) **اٗ ئتیا طوعا او کرھا قالتا اتینا طائعین ۔** (سورہ فصلت ۔ آیت نمبر11) **الا الی اللہ تصیر الامور ۔** (سورہ شورٰی ۔ آیت نمبر53) **وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون ۔ ما ارید منھم من رزق وما ارید ان یطعمون ۔ ان اللہ ھوالرزاق ذوالقوۃ المتین ۔** (سورہ زاریات ۔ آیت نمبر 56 تا58) **وفی السماء رزقکم وما توعدون۔ فو رب السماء والارض۔ انہ لحق مثل ما انکم تنطقون۔** (سورہ زاریات ۔ آیت نمبر 22 تا23) **و علی اللہ فلیتوکل المؤمنون ۔** (سورہ مجادلہ۔ آیت نمبر 10)

اگر یہ آیتیں کسی سامان ، دوکان ، مکان وغیرہ میں حفاظت کی غایت ونیت سے رکھی جائیں ۔ تو اللہ تعالیٰ اپنے خصوصی فضل وکرم اور اِن آیات کی برکات سے حفاظت فرماتا ہے ۔ اور یہ آیات مفید و منتفع ہونے کے ساتھ ساتھ بارہا کی آزمودہ ہیں ۔

مصائب سے خلاصی اور قید سے رھائی کی مجرب دُعا :

1 ۔ جب حضرت امام موسٰی کاظم ؒ مقید تھے ۔ تو ایک دن کوتوال اُن کی رہائی کا پروانہ لے کر حاضر ہوا ۔ تو حضرت امام موسٰی کاظم ؒ نے کہا ۔ کہ دیکھو! میں تمھیں ایک راز بتاتا ہوں ۔ ایک رات میں سو رہا تھا ۔ کہ حضرت نبی مکرم رحمۃ اللعالمین ﷺ (میرے خواب میں) تشریف لائے ۔ آپ ﷺ نے فرمایا ! اے موسٰی ! تمھیں ظلمًا قید کر دیا گیا ہے ۔ (اگر) تم یہ دعا پڑھا کرو ۔ تو تم یہ رات بھی قید خانے میں نہیں گزار سکو گے ۔ کہ رِہا کر دیئے جاؤ گے ۔ (انشاءاللہ) ۔ اور وہ دعا یہ ہے ۔

یا سامع کل صوت یا سابق کل فوت ویا کاسی العظام لحما و منشرھا بعد الموت .اسئالک باسمآئک العظام و با سمک الا عظم الاکبر المخزون المکنون الذی لم یطلع علیہ احد من المخلوقین .یا حلیما اذا ناۃ لا یقدر علٰی اناتہ . یا ذالمعروف الذی لا ینقطع معروفہ ابدا ولا یحصی لہ عددا فرج عنی .

پھر اس کے بعد وہی ہوا ۔ جس حالت میں کہ تم مجھے دیکھ رہے ہو ۔ یعنی تم میری رہائی کا پروانہ لے کر آئے ۔

2 ۔ اپنے پیرومرشد حضرت بابا فرید گنج شکر ؒ سے حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی ؒ نقل کرتے ہیں ۔ کہ انہوں نے ارشاد فرمایا ۔ کہ جو شخص کسی ظالم کے ہاتھ میں گرفتار ہو گیا ہو ۔ وہ یہ آیت پڑھے ۔ **ربنا لا تجعلنا فتنۃ للقوم الظالمین o ونجنا برحمتک من القوم الکٰفرین o**

3 ۔ ایک شخص کو قید ہو گئی ۔ اور وہ بیس سال تک قید میں رہا ۔ کہ ایک رات وہ اپنے اہل وعیال کو یاد کر کے بیٹھا ہوا رو رہا تھا ۔ کہ دفعتًا ایک پرندہ قید خانہ کی دیوار پر آ کر بیٹھ گیا اور ایک دعا پڑھنے لگا ۔ وہ قیدی اُس دعا کو غور سے سُنتا رہا ۔ اور اسے یاد کر لیا ۔ اِس کے بعد وہ شخص تین ایام تک اُسی دعا کو پڑھتا رہا ۔ وہ قیدی کہتا ہے ۔ کہ جب تیسرے دن ورات کو وہ دعا پڑھتے پڑھتے سو گیا ۔ جب صبح وہ اُٹھا ۔ تو اُس نے خود کو سینکڑوں میل دور اپنے گھر کی چھت پر پایا ۔ نیچے اُترا تو اُس کی بیوی اپنے شوہر کی بدلی ہوئی ہیئت اور بدحالی کو دیکھ کر گھبرا گئی ۔ لیکن جب اس نے غور سے دیکھا ۔ تو اپنے گم شُدہ شوہر کو پہچان لیا ۔

وہ شخص کچھ عرصہ تک گھر میں رہا ۔ پھر ادائیگی حج کے لئے حجاز چلا گیا ۔ جب وہ شخص دورانِ طواف اس دعا کو پڑھ رہا تھا ۔ تو اچانک ایک ضعیف العمر بزرگ نے اس کے ہاتھ پر ہاتھ مارا ۔ اور دریافت کیا ۔ کہ تم کو یہ دعا کہاں سے مِلی ؟ کیونکہ یہ دعا تو بلادِ روم میں ایک پرندہ آڑتے ہوئے پڑھا کرتا ہے ۔ اس شخص نے اُن بزرگ ہستی کو اپنے قید و بند کی تمام صورتِ حال اور اِس دعا کو پرندے کے ذریعے سیکھنے کا پورا واقعہ تفصیل سے بتایا ۔ یہ سُن کر اِس بزرگ نے فرمایا ۔ کہ اس دعا کی یہی تاثیر ہے ۔ پھر میں نے اس بزرگ سے نام دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا کہ میں خضرؑ (بنی اسرائیل کا نبیؑ) ہوں ۔ وہ پرتاثیر وسریع الاثر دعا یہ ہے ۔

بسم الله الرحمٰن الرحيم Oاللهم انی اسئلک یا من لا تراہ العیون ولا تخالطه الظنون ولا یصفه الواصلون ولا تغیره الحوادث ولا یخشی الدوائر یعلم مثا قیل الجبال ومکاییل البحار وعدد قطر الامطار وعدد ورق الاشجار وعدد ما اظلم علیه اللیل واشرق علیه النهار ولا تواری منه سماء ولا ارض ارضا ولا بحر الا یعلم مافی قعره و لا جبل ولا سهله ولا بحر الا یعلم ما فی قعره وساحله . اللهم انی اسئلک ان تجعل خیر عملی آخره وخیر عمری آخره وخیر عملی خواتمه و خیر ایامی یوما القاک فیه انک علی کل شئی قدیرOاللهم من عادانی فعاده ومن کادنی فکده وو من بغی علی بهلکة فاهلکه ومن ارادنی بسوء فخذه واطفی عنی نار من اشب لی نارهوا کفنی هم من ادخل علی همه وادخلنی فی درعک الحصینة واسترنی بسترک الوافی یا من کفانی کل شئی اکفنی ما اهمنی من امر الدنیا والآخرة و فعلی بالتحقیق یا شفیق یا رفیق فرج عنی کل ضیق ولا تحملنی مالا اطیق انت الٰهی الحق الحقیق یا مشرق البرهان یا قوی الارکان یامن رحمته فی کل مکان وفی هذا المکان یا من لا یخلو امنه مکان احرسنی بعینک التی لا تنام واکنفنی فی کنفک الذی لا یرام انه قد تیقن قلبی ان لا اله الا انت وانی لا اهلک وانت محی یا رجائی فبقدرتک علی یا عظیما یرجٰی لکل عظیم یا علیم یا حلیم انت بحاجتی علیم وعلٰی خلاصی قدیر وهو علیک یسیر فامنن علی بقضآئها یا اکرم الاکرمین Oویا اجود الاجودین ویا اسرع الحاسبین ویا رب العالمین. ویارحم الراحمین. یا ارحم الراحمین. یا ارحم الراحمین . ارحمنی وارحم علٰی جمیع المذنبین من کل امة سیدنا محمد رسول الله صلی الله علیه واله واصحابه وسلم.انک علی کل شئی قدیرOاللهم استجب لنا کما کما استجبت لهم برحمتک عجل علینا بفرج من عندک بجودک وکرمک وارتفاعک فی علو سمآئک یا ارحم الراحمین. یا ارحم الراحمین .یا ارحم الراحمین. انک علی ما تشآء قدیرO وصلی الله تعالٰی علی خیر خلقه سیدنا محمد خاتم النبیین وعلی اله و صحبه اجمعینO

4۔ حضرت مولوی حقی نازلیؒ ’’خزینۃ الاسرار‘‘ میں فرماتے ہیں کہ ! جو شخص الحمد شریف کو 121 ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے ۔ اگر وہ قید میں ہے ۔ (تو وہ سورہ فاتحہ کی برکت سے آزاد ہو جائے گا ۔ انشاءاللہ) اور اگر اُس کے پاؤں میں بیڑیاں لگی ہوئی ہوں ۔ اور وہ شخص دس 10 مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر بیڑیوں پر تھوکے ۔ تو بیڑیاں کھل جائیں گیں ۔ انشاءاللہ ۔ اور اِس کا تجربہ کیا گیا ۔ تو اِس عمل کو صحیح پایا ۔

تشخیصِ سحر کا مجرب طلسماتی عمل :

1۔ اسمائے ذیل کو صاف شفاف پانی پر پھونک کر سحر زدہ مریض کو پلائیں ۔ پانی پینے کے فوراً ہی بعد مسحور کو ایک جدید آئینہ دے دیں ۔ جس میں صرف وہ خود دیکھے ۔ اور اُسے تاکید کریں ۔ کہ بغور وخوض آئینہ میں اپنا چہرہ ملاحظہ کرے ۔ اگر تو اِس مریض پر سحر و جادو ہوا ہوگا ۔ تو اِس شخص کو اپنا ہی چہرہ نہایت مُہیب نظر آئے گا ۔ بلکہ ظاہری شکل وصورت کے بجائے ایک خوفناک حبشی انسان کی طرح کا مسخ ومکروہ اور سیاہ رنگ کا چہرہ نظر آئے گا ۔ جس سے کہ مریض خوفزدہ ہو جائے گا ۔ اور ممکن ہے ۔ کہ ایک دفعہ آئینے میں اِس شکل وصورت کو دیکھ کر دوبارہ دیکھنے کی ہمت ہی نہ کر سکے ۔ بارہا اِس عمل کا میں (ماہر طلسمات رفیق زاہد صاحب) نے تجربہ کیا ہے ۔ اسماء یہ ہیں ۔

کَمَا صَو صَیًا عَو طَلٍ طَلَا عَطًا عَفطًا صَا طًا طَاغطًا عَثُو ثًا حُرِّ متًا مُکِبًّا صَیرًا هَیَا مَرُوالٰی رَبِّهَا نَا ظِرَةً وَ وَجُو ہٌ یَو مَئِذٍ غَا بِرَةٌ وَار قِدُو ا تَا مَةٌ حَصَا صَیحَنًا رَیَا شِیفًا عَقبًا خَر جًا اَملِیخَثًا تَملِیخَثًا ا مَا لَهٗ بِحَقِّ هٰذِہ الاَسمَآءِ مِنَ السِحرِ اَتوَ کَّلُ یَا عَبدَالنَّا رِ حَرِّق وُجُو هِکَ وَالنَوَاصِیکَ وَالاَقدَا مِ مُحَا رِقًا صَطَا صُو صِیًّا صُو صَرِیًّا بِمَا عِمًا خَوَا طِفقًا شَا لِهًا .

2۔ جس شخص یا مریض کو اِس بات کا شبہ ہو ۔ کہ اُس پر سحر و جادو کا اثر ہے ۔ تو تشخیص کے لئے عامل ایسے شخص کو اپنے رُوبرو بٹھائے ۔ اور ذیل کے اسمائے طلسمات کو سات مرتبہ پڑھ کر پہلے اُس سحر زدہ کے چہرے پر دم کرے ۔ پھر دونوں کانوں پر سات سات مرتبہ ، پھر ناک کے دونوں نتھنوں پر ، پھر دونوں آنکھوں پر ، پھر دونوں بازؤں پر اور پھر دونوں ٹانگوں پر ، پھر سات مرتبہ سر پر اور آخر میں سحر زدہ کے سینہ پر دل کے مقام پر سات مرتبہ تلاوت کر کے پھونکتا جائے ۔ اور اِس کے بعد 7 ہی مرتبہ صاف شفاف پانی پر 7 مرتبہ تلاوت کر کے سحر زدہ کو یہ پانی پلائیں ۔ اگر تو اِس مریض پر سحر و جادو کا اثر ہوا ۔ تو اس پانی کے حلق سے اُترتے ہی وہ مریض غش کھا کر زمین پر گر کر لوٹ پوٹ ہونا شروع کر دے گا ۔ عامل کو چاہیئے ۔ کہ مریض کی اِس حالت پر فکر واندیشہ یا کسی قسم کی تشویش کو قلب میں جگہ نہ دے ۔ بلکہ مریض کے سامنے انہیں اسمائے طلسمات کو بلند آواز سے پڑھتے پڑھتے اُس کے جسم پر بھی پھونکتا جائے ۔ کچھ ہی لمحات کے بعد مریض پر سے یہ کیفیت ختم ہو کر اُس کی طبیعت متلانے لگے گی ۔ اور نتیجے میں مریض کو قے آنا شروع ہو جائے گی ۔ یاد رہے ۔ کہ قے آنے سے پہلے عامل ایک صاف سُتھرا اور بڑا سا تھال وہاں رکھ لے ۔ جس میں مریض کی قے کو جمع کیا جا سکے ۔ اب عامل جب دیکھے کہ قے آنا بند ہوگئی ہے ۔ تو عامل قے کے پانی میں بغور دیکھتے ہی ورطہ حیرت میں گم ہو جائے گا ۔ کہ قے کے پانی کے اندر خون کے منجمد ٹکڑے ، جلی ہوئی راکھ کے ذرات ، پرانے کا غذات کی صورت میں تعویذات اور غلیظ و

مکروہ قسم کا عجیب وغریب مواد نظر آئے گا۔اور قے کا پانی گرم اور جھاگ دار ہوگا۔جس میں آگ اور دھوئیں کا دبیز سا غبار نمایاں طور پر دیکھنے میں آئے گا۔ اور مسحور اُس وقت تک مسلسل قے کرتا رہے گا۔جب تک کہ سحر و جادو کا تمام اثر مکمل طور پر باطل ہوکر مسحور کے جسم و جاں سے خارج نہ ہو جائے۔اِس عمل کے بعد واقعتاً مسحور کو ایک نئی زندگی مِل جاتی ہے۔کیونکہ وہ مکمل طور پر ہر قسم کے سحر و جادو سے آزاد ہو چکا ہوتا ہے۔اسمائے طلسمات حسبِ ذیل ہیں۔

اَیَا تَعَا لُوا کَلِمَۃً ھَیًّا نُوا مَجَا نُوا عَظِیمَۃً وَ یَنُوا بِھَا السِّحرُ الکُلِیَّۃِ وَالجُز ئِیَّۃِ وَ اَمَدَّ فِی مِنَ العَینِ وَالبَلَآءِ تَرُوسًا تکرًّا بِمَا یَلوَو قُ اَعُو ذُ مِسمِینًا مُھَیمِنًا فِی الاَرضِ وَالسَّمَآ ءِ بِحَقّ انہ من سلیمٰن ا نہ بسم اللہ الر حمٰن الر حیمo العجل.الوحا.الساعۃ۔

3۔ یہ مجرب عمل انتہائی سریع التاثیر اور مستند عمل ہے۔جسے میرے مرشد و مربی کے صاحبزادے (محترم ومکرم جناب صاحبزادہ سید ابو سعید المعروف گلشن شاہ صاحب) نے مع اِذن تحفتاً اور ہدیتاً مجھے عطا فرمایا ہے۔اِس کا طریقہ یہ ہے۔ یادرہے۔اگر مریضہ ہے۔تو مریضہ کے لئے ایک معاون عورت کو مقرر (Depute / Nominate) کریں۔لیکن اگر مریض ہے۔تو کسی معاون بندے کو مقرر کردیں۔بہر حال یہ مریض و مریضہ پر منحصر ہے۔اِس عمل کا طریقہ یہ ہے۔کہ! پہلے تو سات عدد کبوتروں کا بندوبست کیا جائے۔مریض یا مریضہ کو آرام سے لِٹالیں۔صاحبِ عمل سب سے پہلے ایک کبوتر پر ایک مرتبہ سورہ جن پڑھ کر پھونک دے۔پھر کبوتر کے مقعد کو مریض یا مریضہ کی ناف پر اُن کا معاون رکھے۔اور صاحب عمل تین مرتبہ سورہ مزمل پڑھ کر مریض و مریضہ اور کبوتر پر پھونک دے۔اور اِس کبوتر کو انفرادی طور پر قفس میں بند کردے۔اِسی طرح ساتوں کبوتروں پر پڑھائی کرتے جائیں۔ہوسکتا ہے۔کچھ کبوتر مر جائیں۔بہر حال جو کبوتر بچ جائیں۔اُن کو کسی نزدیکی قبرستان میں جاکر اُڑادیں۔مردہ کبوتروں کو قبرستان میں ویسے ہی پھینک دیں۔بہر حال اللہ تعالیٰ کے خصوصی فضل وکرم اور اِس عمل کی بدولت مریض و مریضہ کو کلی شفاء حاصل ہوگی۔انشاءاللہ۔یہ عمل بارہا کا مجرب ترین عمل ہے۔

صحیح سالم شخص کو بھید معلوم کرنے کے لئے بے ہوش کرنا

عمل نمبر 1 : کتاب الرحمۃ فی الطب والحکمۃ میں جناب امام سیوطیؒ فرماتے ہیں۔کہ! بروزِ ہفتہ ایک شخص پاک وصاف جسم و کپڑوں میں ملبوس ہوکر سیدھا کھڑے ہونے کو کہیں۔اور اس کے پس پشت مدد اور سہارے کے لئے دوسرے ایک اور شخص کو کھڑا کردیں۔جب پہلا شخص بے ہوش کر گرنے لگے۔تو یہ اس کو سہارا دے سکے۔پہلا شخص آنکھیں بند کرکے منہ نیچے کرکے آنے والے طلسماتی عبارتِ حاضری کو بغور سنتا رہے۔یادرہے۔کہ! اس عمل کے دوران کوئی غیر سنجیدہ شخص وہاں پر نہ ہو۔جو ہنسے، ہنسائے یا تمسخر اُڑائے۔اَب عامل نہایت وقار اور متانت سے کلماتِ عمل پڑھنا شروع کردے۔معمول کچھ ہی دیر میں بے ہوش ہو جائے گا۔ اور وہ بولنے کے لئے ہونٹ تو ہلائے گا۔مگر مہمل طور پر پھراسے بلانے (یعنی معمول کے شعور کو جگانے) کے لئے عامل آنے والی طلسماتی عبارتِ حاضری کلامی کو کم ازکم دس مرتبہ پڑھے۔

طلسماتی عبارتِ حاضراتی:

اُجِیبُوا اَیُّھَاالمَلَکَانَ المُوَکّلُونَ بِیَمِینِ ھٰذَا الشَّخصِ وَشِمَا لِہٖ اَنتُمَا اَعلَمُ بِحَا لِہٖ اِنْ کَانَ طَاھِرٌ اَوْ نَظِیفًا اِرمُوْہُ مِنْ غَیرِ اَذِیَّۃٍ وَلاَ اِنزِعَا جٍ بِحَقِّ اَللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالاَرضَ القَدِیمِ اِلیٰ اِبرَاھِیمَ الخَلِیلِ وَمُوسٰی الکَلِیمِ وَسَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتِمِ النَّبِیّنَ صلی اللہ علیہ وسلم بَیَّنُوا طَھَا رَتِہٖ وَاِرمُوہُ بِحَقِّ الرَّبَّ جَلَّ جَلاَ لَہٗ اُجِبْ اَیُّھَاالخَادِمُ وَاِرمِہٖ مِنْ غَیرِ اَذِیَّۃٍ وَلاَ اِنزِعَاجٍ شِیھُوبَ شِیھُوبَ طَا طُوبَ طَا طُوبَ اَلاَ عُظَمُ سُلطَانُ اللّٰہِ . اَحرِقْ مَنْ عَصَی اَسمَاءُ اللّٰہِ بِالنَّارِ المُوقَدۃِ . وَتَجبُرُ عَلٰی اَسَاءَ ۃِ مَنْ لَّا یُجِبْ دَاعِیَ اللّٰہِ فَلَیسَ بِمُعجِزٍ فِی الاَرضِ وَلَیسَ لَہٗ مِنْ دُونِہٖ اَولِیَآءُ ط اُولٰئِکَ فِی ضَلٰلٍ مُّبِینٍ.عَجِّلْ بَارَکَ اللّٰہُ فِیکَ اِرمِہٖ اِلٰی خَلفِہٖ بَاشٍ . بَرشٍ . تَرشٍ شَمْلِیخ اَبلَخِ اَمْلِیخِ ھَیًّا ھَیًّا عَجِّلْ عَجِّلْ اَسرِعْ اَسرِعْ وَاِرمِہٖ اِلٰی خَلفِہٖ مِنْ غَیرِ اَذِیَّۃٍ وَلاَ اِنزِعَاجٍ اَلوَحَا اَلوَحَا بِشَقِیقٍ شَقِیقٍ بَلْ قَبِیلٍ یُعنِی الاَنفُسِ اِنَّہٗ مِنْ سُلَیمٰنَ وَاِنَّہٗ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ اَلَّا تَعلُوا عَلَیَّ وَاُتُونِی مُسلِمِینَ مُسرِعِینَ طَآئِعِینَ لِلّٰہِ رَبِّ العَالَمِینَ . اِرْ مِہٖ مِنْ غَیرِ اَذِیَّۃٍ وَلاَ اِنزِ عَاجٍ اَلسَّاعَۃَ.

طلسماتی عبارتِ کلامی:

اَنطِقْ وَتُکَلِّمْ بِالَّذِیْ اَنطَقَ النَّملَۃَ لِسُلَیمٰنِ ابنِ دَاوٗدَ عَلَیھِمَا الصَّلٰوۃُ وَالسَّلاَمُ فَقَا لَتْ یَا اَیُّھَا النَّملُ ادخُلُوا مَسٰکِنَکُمْ ج لاَ یَحطِمَنَّکُمْ سُلَیمٰنُ وَجُنُودُہٗ لا وَھُمْ لاَ یَشعُرُونَ. اَنطِقْ وَتُکَلِّمْ بِالَّذِیْ اَنطَقَ عِیسَی ابنُ مَریَمَ عَلَیہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلاَمُ فِی المَھدِ صَبِیًّا .اَنطِقْ وَتُکَلِّمْ بِاَشمُخٍ شَمَاخٍ العَالِی عَلٰی کُلِّ بَرَاخٍ ھَیًّا تُکَلِّمْ یَاھَیَاشٍ ھَیشٍ ھِیطُوا شَلَشٍ اَرنُوشٍ شَلَمشٍ شَمَلَھَا طَھْشَاہُ .

مذکورہ بالا دونوں عبارات سے انتقالِ آسیب کا مجرب عمل :

عمل نمبر 2 : انتقال آسیب کے عمل سے مراد یہ ہے۔کہ! جس میں آسیب زدہ مریض کے آسیب وجن کو کسی دوسرے تندرست شخص کی طرف منتقل کر کے مریض کا شافی علاج کیا جاتا ہے۔ترکیب اس عمل کی یہ ہے کہ! مریض کا کوئی ایک ایسا قریبی عزیز، رشتہ دار یا قابل بھروسہ اور بااعتماد دوست، جو کہ عارضی طور پر مریض کے آسیبی وجناتی اثرات کو اپنے جسم پر برداشت کر لینے کی ہمت وقوت رکھتا ہو۔اور اس سلسلے میں اس آسیبی وجناتی اثرات کے حامل

مریض کی مصیبت ومشکل کواورتکلیف کوبخوشی مقابلہ کرنے کا عزم رکھتے ہوئے اپنے جسم کوآسیب وجنات کولانے پر رضامند ہوجائے۔تو عامل بنام الٰہی آغازعمل اس طرح کرے۔کہ مریض کے جس بااعتمادی شخص پر اس عمل کو بجالانا چاہے۔اس کا جسم اور کپڑے پاک صاف ومعطر ہوں۔عامل اس بااعتماد شخص کوحکم دے۔کہ وہ مریض کے مرض کو اپنی طرف منتقل کرنیکا مصمم ارادہ کرتے ہوئے مریض کے چاروں اطراف مسلسل 7 چکرلگائے۔اس کے بعد مریض اپنی چارپائی سے اٹھ کرکھڑا ہو۔اوراس کا مددگار شخص مریض کی جگہ پر یعنی اس کی چارپائی پر لیٹ جائے۔اور مریض بھی اس ارادہ سے کہ میں اپنا مرض اس مددگار شخص کے سپرد کرتا ہوں۔اس چارپائی کے چاروں طرف 7 چکرلگائے۔اس عمل کے بعد مریض کا مددگار شخص اپنے مضبوط ارادہ کو برقرار رکھتے ہوئے مریض کے بستر پر آنکھیں بند کئے لیٹا رہے۔اور مریض اپنے ارادہ پر قائم اس کے سرہانے آنکھیں بند کئے کھڑا رہے۔اس وقت عامل کو چاہیے۔کہ وہ طلسماتی عبارت حاضری کا مسلسل وردشروع کردے۔اور ہر بار اختتام عبارت پر مریض اوراس کے مددگار شخص پر پھونکتا رہے۔عمل کی قوت سے مریض کا اعتمادی شخص اس بستر پر لیٹے ہوئے اچانک خوفزدہ ہوکرزورزور سے خوفناک چیخ وپکار کرتے ہوئے چارپائی سے نیچے کودنے کی کوشش کریگا۔مگر اس عمل کے زوراوراس شخص کی جسمانی قوتیں معطل ہونے کی وجہ سے وہ ایسا کرنے سے قاصر رہے گا۔کچھ دیر چیختے چلانے کے بعد بے ہوش ہوجائے گا۔یہ چیخ وپکار اس بات کی علامتی دلیل اور واضح نشانی ہے۔کہ مریض کا آسیب وجن اس مریض کا جسم چھوڑکر بااعتمادی وقابل بھروسہ شخص پر مسلط ہوچکا ہے۔اوراسی دوران مریض (جوکہ سرہانے اپنی آنکھیں بند کے لئے کھڑا تھا) اپنی آنکھیں کھول دے گا۔اورخود کو بالکل توانا وتندرست خیال کرے گا۔جیسے اس پر کبھی کسی جن وآسیب کا سایہ ہی نہ پڑا تھا۔عامل کو چاہیے۔کہ وہ مریض کے اس بااعتمادی شخص کے گرد حصار باندھ کرطلسماتی عبارت کلامی پڑھنا شروع کردے۔اس طلسماتی عبارت کلامی کی وجہ سے وہ آسیب و جن عامل سے بات کرنے پر مجبور ہوجائیگا۔اس وقت عامل کو چاہیے۔کہ انتہائی باوقاراور بارعب انداز سے اس جن وآسیب کواس بااعتمادی شخص کے جسم کوآزاد کرنے کا حکم صادر کرے۔اگروہ چلا جائے۔تو ٹھیک ہے۔ورنہ بصورت دیگر عامل اس طلسماتی عبارت حاضری کو کاغذ پرتحریرکرکے اس کی بتی بنائے۔

اوراس آسیب زدہ بااعتماد شخص کے ناک میں اس طلسماتی عبارت حاضری کو لکھے۔اب اِس جدید مریض کوکاغذ کی دھونی بھی پہنچائے۔بفضلہٖ تعالیٰ ناک میں دھونی کا دھواں پہنچتے ہی وہ آسیب وجن جلنا شروع ہوجائیگا۔اور پکارکرکہے گا۔میں جل گیا۔بھسم ہوگیا۔چنانچہ عامل اس آسیب وجن کواللہ تعالیٰ اورحضرت سلیمانؑ کی قسم دے کرقول وقرار وعہد وپیمان لینے کے بعد آزاد کردے۔اوراپنا عمل ترک کردے۔اوراس آسیب وجن سے اس کے چلے جانے کی کوئی واضح نشانی طلب کرے۔چنانچہ اس وقت عامل جوبھی نشانی طلب کرے گا۔آسیب وجن اس نشانی کے ظاہر کرنے کا بہرصورت پابند ہوگا۔نشانی کا مطلب ہے۔اسے کہا جائے۔کہ فلاں چیز کواٹھاؤ۔یارکھو۔یا پھراس بااعتمادی شخص کے جسم کے کسی حصے جیسے کسی ہاتھ کی یاپاؤں کی کوئی انگلی ہلاکر دکھادے۔تو وہ ایسے ہی کرے گا۔اس کے بعد اسے جانے کا کہو۔جونہی وہ آسیب وجن اس بااعتماد شخص جس پر فرضی طور پرآسیب وجن کومسلط کیا گیا تھا۔اس شخص کوچھوڑ دے گا اس کے چھوڑتے ہی وہ شخص آنکھیں کھول دے گا۔اس وقت اس بااعتمادی شخص کو کچھ بھی معلوم نہ ہوگا۔کہ اس کے ساتھ کیا ہوا تھا۔ اوروہ شخص اسی وقت ہی چارپائی سے ایسا اٹھ کھڑا ہوگا۔جوکہ کچھ دیر پہلے لاغر،مصیبت زدہ کمزوربےبس ولاچاراورخوفناک قسم کی صورت حال سے دوچارتھا۔اب وہ بالکل ہشاش بشاش ہوگا۔آگے چل کر موصوف (ماہرطلسمات جناب رفیق زاہدصاحب) رقم طراز ہیں۔کہ عمل ہذا میرا (جناب رفیق زاہدصاحب) ذاتی طورر آزمودہ مجرب عمل ہے۔

بستر پر پیشاب کرنے کا خاتمہ:

کچھ تو بڑےلڑکے/لڑکیاں لیکن بالخصوص معصوم بچوں کوبستر پر پیشاب کرنے کی علت ہوتی ہے۔اس شکایت کے دفیعے کے لئے چاہیئے۔کہ! اس طلسم کو دومختلف کاغذوں پرلکھیں۔ایک اُس پیشاب کرنے والے کے گلے میں لٹکائیں۔جبکہ دوسرااس کی چارپائی کے پائے یابستر کےکسی کونے میں باندھ دیں۔یہ عادت چندہی دنوں میں چھوٹ جائے گی۔ان شاءاللہ۔طلسم یہ ہے۔ **معھو ام امی لا لا ہ ہ لا لا لا ھیا ھیا ھیا ھیا ھیا ھیا او او او۔**

عمل حفاظت از بد شگونی و ناقص وھم :

۱۔ آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ! جس کو بدشگونی اس کوکسی کام سے روک دے۔تو اس شخص نے شرک اختیار کیا۔صحابہ کرامؓ نے عرض کیا کہ! یارسول اللہ ﷺ !بدشگونی کے تدارک کی کیا تدبیر ہے؟ توحضوراکرم ﷺ نے فرمایا۔کہ اس کی تدبیر ہے۔کہ یہ کلمات کہہ لے۔

اللھم لا طیر الا طیرک ولا خیر الا خیرک ولا الہ غیرک ۔اس کے بعد اپنے روزمرہ کے کاموں میں مصروف ہوجائے۔

۲۔ علامہ کمال الدین الدمیریؒ اپنی شہرہ آفاق کتاب حیات الحیوان میں رقم طراز ہیں کہ ! مفتاح السعادۃ میں مذکور ہے کہ! طیرہ یعنی بدشگونی اُسی کو نُقصان پہنچاتی ہے۔جو اِس سے ڈرتا ہے اور خائف رہتا ہو۔اور جو اِس کی پرواہ نہیں کرتا۔اِس کا کچھ نہیں بگڑتا۔بالخصوص جب اِس کو دیکھ کر یہ دعا پڑھ لی جائے۔تو نقصان کا کچھ بھی اندیشہ نہیں رہتا۔ **اللھم لا طیر الا طیرک ولا خیر الا خیرک ولا الہ غیرک. اللھم لا یأتي بالحسنات الا انت ولا یذھب بالسیئآت الا انت ولا حول ولا قوۃ الا باللہ۔** جوشخص طیرہ کا اہتمام وخیال کرتا ہے۔تو یہ اس شخص کی جانب تیزی کے ساتھ بڑھتا ہے۔جس تیزی سے سیلاب کا پانی کسی ڈھلان کی جانب بڑھتا ہے۔اوراایسے شخص کے قلب میں وساوس کا دروازہ کھل جاتا ہے۔اورشیطان اُس کے ذہن میں ایسی قریب وبعید مناسبتیں اوراوہام لاکھڑی کرتا ہے۔جس سے انسان کا عقیدہ دینی بگڑجاتا ہےاورزندگی خراب ہوجاتی ہے۔

انسان کے طبی فوائد (علامہ کمال الدین الدمیریؒ ۔شہرہ آفاق کتاب حیات الحیوان)

یہ حکمتِ ملکوتی ، یہ علمِ لاہوتی   حرم کے درد کا درماں نہیں ، تو کچھ بھی نہیں

۱۔ انسانی بالوں کو جلا کرعرق گلاب میں ملا کرعورت اپنے سرمیں رکھ لے۔تو اُس عورت کو دردزہ کے وقت ولادت میں آسانی ہوگی۔انشاءاللہ۔
۲۔ انساں کا تھوک(صبح نہار منہ) سانپ کے منہ میں تھوکنے سے سانپ اُسی وقت مرجائے گا۔انشاءاللہ۔ ۳۔ اگرکوئی عورت پہلے سال کے بچے کے دانت کو باندھ کراپنے جسم کے ساتھ لٹکالے۔تو وہ عورت حاملہ نہ ہوگی۔انشاءاللہ۔ ۴۔اگرکسی کی آنکھ میں پھولا ہوجائے۔تو انسانی پیٹ سے اخراج شدہ کیڑوں کو سکھا کر باریک پیس کربطور سرمہ استعمال کرلے۔تو یہ شکایت رفع ہوجائے گی۔انشاءاللہ۔ ۵۔اگرکسی کو کتے نے کاٹ لیا ہو۔تو وہ بالوں کو سرکہ میں ترکر کے جائے سگ گزیدہ پر لگالے۔تو سگ گزیدہ شفاء یاب ہوجائے گا۔انشاءاللہ۔ ۶۔انسانی خون میتھی کے آٹے اورعرقِ سنداب میں گوندھ کرخون پیپ،ساقین بلکہ جملہ اقسام کے زخموں کے لئے نہایت مفید ومتنفع ہے۔ ۷۔اگرکوئی شخص کسی پرمرتا ہو۔اورمطلوب متوجہ نہ ہوتا ہو۔تو وہ شخص اپنے دونوں ہاتھوں اوردونوں پاؤں کے ناخن کاٹ کراپنے بال اس میں شامل کرکے ان تمام کو جلا کرراکھ پیس کرمطلوب کو کھانے میں دیاجائے۔اورطالب مکمل وضو کرکے وہ پانی بھی مطلوب کو پلاتا رہے۔تو مطلوب یقینی طور پرطالب کی محبت میں شیفتہ وفریفتہ ہوجائے گا۔اوراس قدرطالب کے پیار میں مبتلا گرفتار ہوجائے گا۔کہ جدائی وفراق کا تصور بھی گوارا نہیں کرسکے گا۔انشاءاللہ۔ **یہ عمل بارہا کا مجرب ومستند عمل ہے۔جوکبھی بھی فیل نہیں ہوتا۔** ۸۔ اگرکوئی عورت یہ چاہے۔کہ اُس کے پستانوں کی اُٹھان برقرار رہے۔اوروہ بہت بڑے ہوکر بھدے نظر نہ آئیں۔تو وہ کسی نوبالغہ لڑکی کا سب سے پہلا حیض لے کروہ اپنے پستانوں کی گھنڈی میں لگادے۔تو وہ برابرکھڑے رہیں گے۔انشاءاللہ۔یہ طریقہ مجرب اورآزمودہ ہے۔ ۹۔ اگرکوئی بھی شخص یہ چاہے۔کہ اس کی کمر میں تاحیات کبھی بھی درد پیدا نہ ہو۔تو اسے چاہیئے۔کہ جب بھی پیشاب کرے۔وہ اپنے ہی پیشاب کی دھار پرہمیشہ تھوکنے کا التزام رکھے۔ایسا شخص سوسال یا اس سے بھی بڑھ کرعمر کے حصے تک کبھی بھی کمر کے درد کے عارضے سے دائمی محفوظ رہے گا۔انشاءاللہ۔یہ طریقہ انتہائی سہل ہونے کے ساتھ ساتھ بارہا کا مجرب وآزمودہ طبی چٹکلہ ہے۔ ۱۰۔اگرکوئی بھی عورت اپنے دودھ کا سلسلہ ختم کرنا چاہتی ہو۔تو وہ تھوڑی سی پیتھی کو پیس کرصاف پانی سے گوندھ لے۔اورپھراس کو اپنے پستانوں پرلگالے۔تو پستانوں سے دودھ منقطع ہوجائے گا۔انشاءاللہ۔یہ طریقہ انتہائی سہل ہونے کے ساتھ ساتھ بارہا کا مجرب وآزمودہ طبی چٹکلہ ہے۔ ۱۱۔ اگرکوئی بھی عورت اپنے بچے کو دودھ پلانے کا سلسلہ ختم کرنا چاہتی ہو۔تو وہ تھوڑی سا مُصبر پیس کرصاف پانی سے گوندھ لے۔اورپھرکو اپنے پستانوں پرلگالے۔تو جب بچہ پستانوں کو منہ لگائے گا۔تو وہ ماں کے پستانوں کا دودھ پینے سے نفرین کرے گا۔اوردودھ پینا قطع کرلے گا۔انشاءاللہ۔یہ طریقہ انتہائی سہل ہونے کے ساتھ ساتھ بارہا کا مجرب وآزمودہ طبی چٹکلہ ہے۔ ۱۲۔ اگرکوئی عورت اپنے دودھ میں کمی پائے۔اوردودھ کی زیادتی کی خواہشمند ہو۔تو اسے چاہیئے کہ حنظل کو پیس کراسے زیتون کے تیل میں ملادے۔پھرکسی اون کے نیلے رنگ کے کپڑے کو ایک لکڑی میں لپیٹ کرپھرزیتون میں ڈبوکراورحنظل لگا کرعورت اپنے پستانوں میں لگالے۔تو انشاءاللہ دودھ ہی دودھ ہوجائے گا۔یہ طریقہ انتہائی سہل ہونے کے ساتھ ساتھ بارہا کا مجرب وآزمودہ طبی چٹکلہ ہے۔ ۱۳۔ اگرکوئی عورت اپنے دودھ میں کمی پائے۔اور دودھ کی زیادتی کی خواہشمند ہو۔تو اسے چاہیئے۔کہ پھیپھڑے اوراُوجھڑی کو اُبال کروہ عورت کھاتی رہے۔تو دودھ زیادہ ہوجائے گا۔انشاءاللہ۔ ۱۴۔اگرکوئی شخص یہ چاہے۔کہ اس کے ہاں ایک خوبصورت بچہ یا بچی پیدا ہو۔تو عورت کو چاہیئے۔کہ ایک خوبصورت بچے یا بچی کی تصویر اپنے سونے والے کمرے میں ایسی جگہ پرآویزاں کرے۔کہ بوقت شب فراشی(جماع)،سونے اوراٹھنے کے وقت اُس عورت کی نظر تصویر پرپڑتی رہے۔اوروہ عورت اس بات کا یقین رکھتے ہوئے ہمیشہ یہی تصورر کھے۔کہ اسی طرح کی بچی یا بچہ پیدا ہوگا۔تو یقیناً اس عورت کے ہاں ایک خوبصورت بچہ یا بچی پیدا ہوگی۔جوشکل وشباہت اوراعضاء میں اس تصویر سے بہت مشابہت رکھتا ہوگا۔انشاءاللہ۔ ۱۵۔صبح نہار منہ اگرکوئی انسان اپنا تھوک کیڑے،مکوڑے کے کاٹنے یا ڈسنے یا پھرداغ اورمسوں کی جگہ پرلگالے۔تو یہ تھوک بہت مفید ومتنفع ثابت ہوگا۔انشاءاللہ۔ ۱۶۔ عورت کا دودھ شہد میں ملا کرمسلسل پینے سے مثانے کی پتھری ٹوٹ جائے گی۔بشرطیکہ وہ عورت اپنی بیوی یا رشتہ دارنہ ہو۔ ۱۷۔اگرکوئی سگ گزیدہ کسی تندرست آدمی(ایسا آدمی جوکہ کسی قسم کا شراب،چرس،ہیروئن وغیرہ کا نشئی نہ ہو)کا خون نوش کرلے۔تو سگ گزیدہ اسی لمحہ شفایاب ہوجائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔ ۱۸۔ اگرکسی کے ناخن میں شدید قسم کا درد(نقرس) ہورہا ہو۔تو اس ناخن پراپنا پیشاب لگانے سے درد کو فوراً آرام آجائے گا۔انشاءاللہ۔ ۱۹۔ انسانی جسم کے تمام زخموں پرپیشاب لگایا جائے۔تو یہ اس زخمی کے لئے تریاق اکسیر ہوگا۔انشاءاللہ۔ ۲۰۔اگرکسی کا خون رس رہا ہو۔تو وہ زخمی شخص اپنا پیشاب لگالے۔خون فوراً بند ہوجائے گا۔انشاءاللہ۔ ۲۱۔انسانی منی گرم ہوتی ہے۔اگراسے برص کے داغ پرلگایا جائے۔تو داغ کی شکایت رفع ہوگی۔انشاءاللہ۔ ۲۲۔اگرکسی کو آشوبِ چشم(یعنی آنکھ میں سرخی) یا آنکھ میں ورم کی شکایت ہو۔تو اسے چاہیئے۔کہ کسی نابالغ لڑکے کے پیشاب کو ایک برتن میں رکھ کرخوب گرم کرلیں۔پھراسے تھوڑا ٹھنڈا کر کے روئی کے پھایہ میں ترکر کے آنکھ پررکھ لیں۔تو آنکھ ٹھیک ہوجائیگی۔انشاءاللہ۔ ۲۳۔اگرکسی کی آنکھ میں سفیدی چھا گئی ہو۔تو اسے چاہیئے۔کہ تانبے کی دیگچی میں پیشاب ڈال کراسے اِس قدر پکایا جائے۔کہ وہ گاڑھا ہوجائے۔پھراسے خشک کرکے اس میں خوردنی نمک ڈال کرباریک کرکے عرقِ زعفران میں گوندھ کربوداقہ رکھ کرآگ جلادی جائے۔جس سے کہ وہ برتن میں چاندی کی طرح گھومنے لگے۔پھراس کا ڈلا بنا کرقدرے آب ومشک ڈال کرپتھر پررگڑا جائے۔آخر میں اس کا سُرمہ بنا کرآنکھ میں لگایا جائے۔تو آنکھ کی سفیدی ختم ہوجائے گی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔قدیم حکمائے واطباء اسی نسخہ عظیمہ کو **جوہرِ نفیس** کہتے تھے۔یہ طریقہ انتہائی سہل ہونے کے ساتھ ساتھ بارہا کا مجرب وآزمودہ طبی چٹکلہ ہے۔ ۲۴۔اگرکسی

کی آنکھ میں کوئی سیاہ نقطہ پیدا ہوگیا ہو۔ یا پھر درد یا پیپ جیسا زخم پیدا ہوگیا ہو۔ تو وہ شخص کسی سیاہ رنگت والی عورت کا دودھ لے کر اس میں عرق زعفران اور سفرجل مِلا کر تین۔ تین قطرے صبح اور شام ٹپکاتا رہے۔ تو تین سے پانچ دنوں میں جملہ شکایات کا یقینی ازالہ ہو جائے گا۔ اور آنکھ کو مکمل آرام آ جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ یہ طریقہ انتہائی سہل ہونے کے ساتھ ساتھ بار ہا کا مجرب و آزمودہ طبی چُٹکلہ ہے۔ ۲۵۔ اگر کسی شخص کے کان میں کوئی کیڑا داخل ہوگیا ہو۔ تو کسی روزہ دار کا لعابِ دہن قطرہ قطرہ کان میں ٹپکانے سے وہ کیڑا آسانی باہر آ جائے گا۔ انشاء اللہ۔ ۲۶۔ اگر کسی کو قولنج کی شکایت ہو۔ تو ایسا شخص کسی بچے (جس کی عمر سال سے زیادہ مگر پانچ سال سے کم ہو) کی تھوڑی سی ناف کاٹ کر انگوٹھی کے نگ کے نیچے رکھ کر پہننے لگ جائے۔ تو چند ہی ایام میں قولنج کی شکایت رفع ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ یہ طریقہ انتہائی سہل ہونے کے ساتھ ساتھ بار ہا کا مجرب و آزمودہ طبی چُٹکلہ ہے۔ ۲۷۔ اگر کوئی عورت انسانی بالوں کی دھونی لیتی رہا کرے۔ تو ایسی عورت رحم کی جملہ بیماریوں سے محفوظ رہے گی۔ انشاء اللہ۔ ۲۸۔ عورت کا پسینہ یقینی طور پر خارش اور کھجلی کے لئے بہت مفید و منتفع ہے۔ یہ طریقہ انتہائی سہل ہونے کے ساتھ ساتھ بار ہا کا مجرب و آزمودہ طبی چُٹکلہ ہے۔ ۲۹۔ اگر کسی کو برص یا کوئی ظاہری داغوں کی شکایت ہو۔ یا پھر کسی باؤلے کتے نے کاٹ لیا ہو۔ تو ایسا شخص جائے مخصوصہ پر نسوانی حیض لگا لے۔ تو یقینی طور پر اِن تینوں شکایات کا ازالہ ہو جائے گا۔ انشاء اللہ۔ یہ طریقہ انتہائی سہل ہونے کے ساتھ ساتھ بار ہا کا مجرب و آزمودہ طبی چُٹکلہ ہے۔ ۳۰۔ اگر کسی کی نکسیر پھوٹ گئی ہو۔ تو اس شخص کا خون لے کر اس کے ماتھے پر دونوں آنکھوں کے مابین اسی شخص کا نام لکھ لے۔ تو نکسیر بند ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔ یا ایک کپڑے کے ٹکڑے میں اس کا خون لگا کر اس کے سامنے رکھ دیا جائے۔ تو بھی نکسیر کا خون بند ہو جائے گا۔ انشاء اللہ۔ یہ طریقہ انتہائی سہل ہونے کے ساتھ ساتھ بار ہا کا مجرب و آزمودہ طبی چُٹکلہ ہے۔

عجب طرح سے گذر رہی ہے زندگی   سوچا کچھ ، کیا کچھ ، ہوا کچھ ، مِلا کچھ

۳۱۔ قدیم حکماء و اطباء اپنے تجربات کی بنیاد پر کہتے ہیں۔ کہ عورت کے بانجھ پن معلوم کرنے کا یہ طریقہ ہے۔ کہ لہسن کو ایک روئی کے ٹکڑے میں رکھ کر عورت اپنی احلیل (شرم گاہ) میں سات گھنٹے تک رکھ لے۔ اتنے میں اگر عورت کے منہ سے لہسن کی بو آنے لگے۔ تو اس عورت کو دواؤں سے علاج کرا کے علاج کیا سکتا ہے۔ علاج کے بعد وہ عورت حمل کے قابل ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔ اگر بو نہ آئے۔ تو اس عورت کو لا علاج سمجھا جائے۔ یہ طریقہ انتہائی سہل ہونے کے ساتھ ساتھ بار ہا کا مجرب و آزمودہ طبی چُٹکلہ ہے۔ ۳۲۔ اگر خدانخواستہ کوئی عورت زنا کاری جیسے عذاب و گناہ میں مبتلا ہو۔ تو اس کے شوہر کو چاہیئے۔ کہ وہ اپنے اور اس عورت کے وہ بال جو کنگھی میں آ جاتے ہیں۔ ان کو حاصل کر کے جلا کر راکھ کر لے۔ پھر قبل شب فراشی (صحبتِ جماع) اس راکھ کو اپنی بیوی کی احلیل میں لگا کر مرد صحبت کرے۔ اور اسی عمل کو کئی ایام تک کرتا رہے۔ اس عمل کے کرنے سے عورت اس قدر اپنے ہی شوہر سے لذت و فرحت محسوس کرے گی۔ کہ پھر کبھی کسی کے ساتھ منہ کالا کرنے کا سوچ بھی نہیں سکے گی۔ یہ طریقہ انتہائی سہل ہونے کے ساتھ ساتھ بار ہا کا مجرب و آزمودہ طبی چُٹکلہ ہے۔ ۳۳۔ اگر کوئی عورت خرگوش کی مینگنی یا گوبر کو خشک کر کے اپنے تئیں باندھ کر لٹکا لے۔ تو وہ حاملہ نہیں ہوگی۔ ۳۴۔ اگر کوئی عورت خرگوش کا خون نوش کر لے۔ تو وہ کبھی بھی حاملہ نہ ہوگی۔ ۳۵۔ اگر کوئی بستر پر پیشاب کرتا ہو۔ تو اُسے مسلسل خرگوش کا گوشت کھلانے سے یہ شکایت ختم ہو جائے گی۔ ۳۶۔ اگر کوئی شخص جسم کے کسی حصے کے بالوں کو ہمیشہ کیلئے ختم کرنے کا ارادہ رکھتا ہو۔ تو اُسے چاہیئے۔ کہ پہلے جائے مخصوصہ کو بلیڈ یا بال صفا پاؤڈر سے خوب صاف کر کے بالوں کو ختم کر لے۔ یا مکمل کُھرچ ڈالے۔ پھر مینڈک یا سانپ کو ذبح کر کے اس کی چربی کو اس جگہ لگا لے۔ تو وہاں کبھی بھی دوبارہ بال نہیں اُگے گیں۔ یہ عمل کافی دفعہ کا تجربہ شدہ عمل ہے۔ ۳۷۔ اگر کوئی شخص اپنی دکان یا کاروبار میں ترقی اور کشائش گاہک کا خواہش مند ہو۔ تو اُسے چاہیئے۔ کہ اپنی دکان یا کاروبار کی جگہ پر سورہ، قصص اور سورہ شعراء لکھ کر لٹکا لے۔ اور وہیں پر سورہ قریش اور سورہ کافرون کا مسلسل ورد رکھے۔ ۳۹۔ اگر کسی شخص کے دائیں کان میں پسو گھس جائے۔ تو وہ اپنے دائیں ہاتھ سے اپنے بائیں خصیہ کو دبائے۔ اور اگر بائیں کان میں پسو گھس جائے۔ تو وہ اپنے بائیں ہاتھ سے دائیں خصیے کو دبائے۔ تو کان سے لازمی پسو نکل آئے گا۔ انشاء اللہ۔ ۴۰۔ اگر اُونٹ کے بال کسی سلسل البول کے مریض کی ران پر باندھ دیئے جائیں۔ تو یہ اُس کے لئے بہت مفید و منتفع ہوگا۔ ۴۱۔ اگر کوئی گنجا آدمی خچر کے کُھروں کی راکھ کو باریک کر کے اس کو تیل میں ملا کر لگاتا رہے۔ یا اس کو کسی ایسی جگہ پر لگاتا رہے۔ جہاں بال نہ آئے ہوں۔ تو دونوں صورتوں میں بال اُگ آئیں گے۔ انشاء اللہ۔ ۴۲۔ اگر کوئی شخص کسی پر عاشق ہو۔ اور مطلوب کو حاصل بھی نہ کر سکتا ہو۔ اور یہ چاہتا ہو۔ کہ اس شخص سے اس کی محبت و عشق ختم ہو جائے۔ تو اسے چاہیئے۔ کہ وہ خچر کے لوٹنے کی جگہ پر لوٹا کرے۔ یہ عمل 5 سے 9 مرتبہ کرنے سے اس کا عشق جاتا رہے گا۔ لیکن یہ یاد رہے۔ کہ اگر مطلوب عورت ہے۔ تو خچری کی جگہ اور اگر مطلوب مرد ہے۔ تو خچر کی جگہ لوٹا کرے۔ ۴۳۔ اگر سوتے میں کسی کو پیشاب نکل جانے کا عارضہ لاحق ہو۔ تو اس کو چند ایام تک روزانہ بیل کا مثانہ خشک کر کے پیس کر سِرکے کے ساتھ ملا کر پلانے سے انشاء اللہ بہت جلد یہ بیماری ختم ہو جائے گی۔ اور اس شخص کا بستر پر پیشاب نکلنا بند ہو جائے گا۔ ۴۴۔ اسی طرح اگر کوئی رات کو سونے سے پہلے روزانہ ٹھنڈا یخ پانی پیا کرے۔ تو وہ بھی بستر پر پیشاب نہیں کرے گا۔ ۴۵۔ جس وقت گدھا جفتی کرتا ہے۔ اس وقت اگر کوئی شخص اس کی دُم کا بال اُکھاڑ کر اپنی ران میں باندھ لے۔ تو اس شخص کی قوت باہ تیز تر ہو جائے گی۔ ۴۶۔ اگر کوئی شخص گدھے کے کُھر کی انگوٹھی بنا کر مصروع کو پہنا دی جائے۔ تو اس کو مِرگی کا مرض ختم ہو جائے گا۔ ۴۷۔ علامہ دمیریؒ، صاحب **فلاحة النبطيه** سے نقل کرتے ہیں۔ کہ! بچھو کے ڈسے ہوئے شخص کو گدھے پر سوار کرا کے دُم کی جانب اس کا چہرہ کیا جائے۔ تو اس شخص کی تکلیف گدھے میں منتقل ہو جائے گی۔ اور سوار ٹھیک ہو جائے

گا۔ مجرب عمل ہے۔ ۴۸۔ بچھو کے ڈسے ہوئے شخص کو چاہیئے۔ کہ گدھے کے پاس آ کر اس کے کان کو پکڑ کر کان میں کہہ دے۔ کہ! مجھے بچھو نے فلاں جگہ پر ڈس لیا ہے۔ تو عقرب گزیدہ کا درد گدھے کی جانب منتقل ہو جائے گا۔ ۴۹۔ گدھے کی ہڈی کا گودا تیل میں مِلا کر سر پر مَلنے سے بال لمبے اور کالے ہو جاتے ہیں۔ اگر کوئی شخص گدھی کے دودھ کو آلہ تناسل پر لیپ کیا کرے۔ تو اس کی قوت باہ میں اضافہ ہوگا۔ ۵۰۔ اگر کسی شخص کے اعضاء شل ہو گئے ہوں۔ یا کسی پر فالج ولقوہ کا حملہ ہوا ہو۔ تو ایسے شخص کو چاہیئے۔ کہ ایسی جگہ پر جا کر رہے۔ جہاں بہت سے کبوتر رہتے ہوں۔ اور ایسے شخص کو زیادہ سے زیادہ کبوتر کے تازہ خون سے بار بار مسلسل لیپ کرنا چاہیئے۔ اور کبوتر کا گوشت تناول کرانا چاہیئے۔ تو ایسا مریض چند ہی ایام میں بھلا چنگا ہو جائے گا۔ انشاء اللہ۔ یہ عمل بارہا کا مستند و مجرب عمل ہے۔ ۵۱۔ اگر کوئی شخص کبوتر کے خون کو خشک کر کے باریک کر کے سُرمے کے طور پر استعمال کرے۔ تو اس سرمہ سے آنکھوں میں پائے جانے والے زخم، سُرخی اور دُھندلکے کو دور کرتا ہے۔ ۵۲۔ آنحضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا۔ کہ! کھجور کو نہار منہ کھایا کرو۔ اس لئے کہ یہ پیٹ کے کیڑوں کو مارتی ہے۔ ۵۳۔ بعض قول ہے۔ کہ! خشیرق پینے سے پیٹ کے کیڑے خارج ہو جاتے ہیں۔ ۵۴۔ خوخ (شفتالو) کے پتوں کا ناف پر لیپ کرنے سے پیٹ کے کیڑے مر جاتے ہیں۔ ۵۵۔ اگر مکھیوں کو جلا کر اس کی راکھ کو شہد میں ملا کر سر گنجا کر کے سر پر مَلا جائے۔ تو تو گنج دور ہو کر عمدہ بال نکل آئیں گے۔ انشاء اللہ۔ ۵۶۔ انسانی صحت کے لئے مُرغا اور مُرغی دونوں یکساں طور پر مفید و متنفع ہونے کے ساتھ ساتھ عُمدہ غذائیت پیدا کرتے ہیں۔ بشرط کہ مرغ کا گوشت مرغ کی اذان دینے کی عمر سے پہلے کھایا جائے۔ اور مرغی کا گوشت مرغی کے انڈے دینے کی عمر سے پہلے کھایا جائے۔ ۵۷۔ جس شخص نے بہت زیادہ کھانا کھا لیا ہو۔ اور اُس کو ہیضہ ہونے کا خوف لاحق ہو۔ تو ایسے شخص کو چاہیئے۔ کہ! اپنے پیٹ پر ہاتھ پھیرتے ہوئے یہ کلمات 7 مرتبہ پڑھے۔ **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o اَللَّیْلَۃُ لَیْلَۃُ عِیْدِیْ یَا کُرْشِیُ وَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْ سَیِّدِیْ اَبِیْ عَبْدِاللّٰہِ الْقُرَشِیُ**۔ ان کلمات کے پڑھنے کے دوران ہی افاقہ ہو جائے گا۔ انشاء اللہ۔ ۵۸۔ بواسیر کے مریض اگر کسی سمندری کیکڑے کو پکڑ کر پھر اس کو جلا کر اس راکھ کو بواسیر کے مسوں یا دانوں پر لیپ کیا کریں۔ تو اِس سہل عمل سے بواسیر کے خونی و بادی مریض کو آرام آ ہی جائے گا۔ اور اگر اس عمل کو مسلسل چند مرتبہ کیا جائے۔ تو تمام مسے، دانے جھڑ جائیں گے۔ انشاء اللہ۔ ۵۹۔ اگر کسی کو سانپ یا بچھو ڈس لے۔ تو مریض کو چاہیئے۔ کہ کسی سمندری کیکڑے کو پکڑ کر پھر اس کو جلا کر اس راکھ کو ڈنگ والی جگہ پر لیپ کر لے۔ اِس سے بہت فائدہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔ ۶۰۔ اگر کسی بچے کو، کہ جس کی عمر چار برس سے کم ہو۔ اور اسے کسی وجہ سے ایک دم سے اسہال **Motion** اور قے **Womit** آئیں۔ تو ایسے بچے کے لئے قدرتی سرخ یا کسی رنگ کے گلاب (آج کل مصنوعی گلاب میں دستیاب ہیں۔ جن سے خوشبو نہیں آتی۔ مصنوعی گلاب کا کوئی فائدہ نہیں) کو حاصل کریں۔ اس کی پتیاں لے کر ان کو آدھے گلاس پانی میں ہلکی آنچ پر اُبال لیں۔ جب پانی کی مقدار 1/3 رہ جائے۔ تو اس بچے کو اِس پانی سے چار سے پانچ چمچ دے دیں۔ اور ایک گھنٹے کے بعد دوبارہ دے دیں۔ انشاء اللہ تیسری مرتبہ دینے تک بچے کے جسم کا پانی اور خوراک کی کافی حد تک کمی پوری ہو جائے گی۔ ۶۱۔ اگر کسی کو جس کی عمر چار برس سے زیادہ ہو۔ اور اسے کسی وجہ سے ایک دم سے اسہال **Motion** اور قے **Womit** آئیں۔ تو ایسے چاہیئے۔ کہ ایک سفید پیاز لے کر اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے اُس کا عرق نکال کر تین چمچ لے لے۔ اور دہی لے کر اُس میں ایک کھانے کا چمچ ڈال کر کھائیں۔ تو اس شخص کو بہت زیادہ آفاقہ ہوگا۔ انشاء اللہ۔ ۶۲۔ اگر کوئی حاملہ عورت انڈے کے چھلکے کو باریک پیس کر پانی میں مِکس کر کے پی لے۔ تو بچے کی ولادت میں آسانی ہوگی۔ انشاء اللہ۔ یہ عمل متعدد بار کا آزمودہ ہے۔ ۶۳۔ اگر کوئی گوہ کسی مرد کی دونوں ٹانگوں کے درمیان میں سے گزر جائے۔ تو وہ شخص جماع کے قابل نہیں رہے گا۔ ۶۴۔ اگر گرمی کے موسم میں گرم ہوا یا لو کان میں جائے۔ تو کان میں شدید درد شروع ہو جاتا ہے۔ اس درد کو دور کرنے کا سب سے بہترین طریقہ یہ ہے۔ کہ کسی عورت کا دودھ لے کر تین یا پانچ قطرے کان میں ڈالے جائیں۔ تو چند لمحوں بعد آرام اور سکون آ جائے گا۔ انشاء اللہ۔ یہ طریقہ بارہا کا مجرب المجرب اور آزمودہ طریقہ ہے۔ ۶۵۔ اگر کسی کی بصارت کم ہو گئی ہو۔ تو ایسا شخص بچشم بند اپنی آنکھوں کو ہشت یا شش جہت آہستگی سے پھیر کر تصور پردہ بینی پر کرے۔ اور اس مشق کو روزانہ بوقت صبح کیا کرے۔ چند ایام میں ہی آنکھوں کی روشنی زیادہ ہو جائے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ ۶۶۔ اگر کسی کی آنکھیں دُکھتی ہوں۔ تو ایسے شخص کو چاہیئے۔ کہ ایک سبز تختی پر سکے کے برابر سیاہ نُقطہ لگا کر ایسے مکان میں بیٹھ کر عمل کرے۔ جس میں روشنی برابر ہو۔ اور اندھیرا نہ ہو۔ اور پھر وہ شخص اُس نقطہ پر اپنی نگاہ مرکوز کرے۔ اس دوران اپنی پلک نہ جھپکائے۔ یاد رہے۔ کہ آنکھ کا رُخ ہوا کی جانب ہو۔ پہلے بہت سا سرد پانی آنکھوں سے برآمد ہوگا۔ پھر گرم پانی، پھر آخر میں گرم و گدلا پانی آنکھوں سے نکلے گا۔ پس اُس وقت وہ شخص یہ سمجھ لے۔ کہ اب آرام ہو گیا ہے۔ لیکن ایسے شخص کو چاہیئے۔ کہ اس عمل کو سال میں دو یا تین مرتبہ کیا کرے۔ تا کہ آنکھ نہ دُکھے۔ سال میں دو مرتبہ اس مشق کی تجدید لازمی ہے۔ (اس ضمن میں پیچھے ''دائرہ بینی'' کی مشق کا طریقہ دیا گیا ہے)

۶۷۔ سر کو آبِ سلق (چقندر کے عرق) سے دھونے سے جوئیں ختم ہو جائیں گی۔ اور کافی ہفتوں تک دوبارہ پیدا نہ ہوں گی۔ ۶۹۔ اگر کوئی شخص اپنے بدن کو سمندر کے پانی میں تھوڑا سا سرکہ ملا کر دھوئے۔ تو سر کی جوئیں اور بدن کی بد بو ختم ہو جائے گی۔ اس عمل کے تین گھنٹے بعد نہا لیا جائے۔ تا کہ جسم کی اکڑاہٹ بھی ختم ہو جائے۔ ۶۸۔ اگر کسی شخص (مرد یا عورت) کو تبخیر یا زیادہ کھانے کی وجہ سے قے اور دست لگ جائیں۔ تو چاہیئے۔ کہ! ایک پاؤ دہی لے کر اُس میں ایک چمچ (**Table spoon**) ڈال کر خوب ہلا لیں۔ تو یہ ایک گاڑھا قوام بن جائے گا۔ اسے تناول کر کے تین گھنٹے تک کچھ نہ کھائیں۔ ان شاء اللہ آرام ہو جائے گا۔ اس دوران پودینہ والا گرم پانی (چائے) پی سکتے ہیں۔

حکیمانہ نصائح : ☆ جو شخص صبح کا ناشتہ پیٹ بھر کر کرے۔ اور دن و رات کو بناء کھائے سو جائے۔ وہ بیمار نہ ہوگا۔ ☆ جو شخص مہینہ میں ایک مرتبہ جماع کرے۔ ہر کھانے پر کچھ بھوک ہونے پر ہاتھ روک لے۔ چکنائی اور مرغن (**Oily**) غذاؤں سے باز رہے۔ وہ کبھی بیمار نہ ہوگا۔ ☆ جو شخص سردیوں میں دودھ کے ساتھ شہد استعمال کرے۔ اور گرمیوں میں دودھ کے ساتھ کھجور اور قدرے ہلدی استعمال کرے۔ وہ اکثر بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔ ☆ اگر معدہ پر غذائی گرانی نہ ڈالی جائے۔ تو بندہ اندرونی بیماریوں کا کبھی شکار نہ ہو سکے گا۔ جیسے کہ بخار، پیٹ درد، ہیضہ، غذائی زہر (**Food Poison**) وغیرہ۔

☆ اگر کسی کے سَر میں جوئیں اور لیکھیں ہوں۔ تو ان سے چھٹکارے اور ان کا خاتمہ کرنے کے لئے لیموں اور ادرک کا ہم وزن عرق لے کر اور اس کا دوگنا تارا میرا کا تیل ملا کر رات کو سونے سے بیشتر سر میں مالش کر لیں۔ پھر سَر کو کپڑے سے ڈھانپ کر باندھ لیں۔ تاکہ جوئیں باہر نہ نکل سکیں۔ صبح سر کو کسی اچھے صابن یا شیمپو سے دھولیں۔ ہمیشہ کے لئے جوؤں اور لیکھوں سے نجات پائیں۔ ان شاء اللہ۔ ☆ معالج علاج ضرور کرتے ہیں۔ کیونکہ! علاج لازمی ہے۔ مگر شفاء و تندرستی اللہ تعالیٰ کے اِذن سے صِرف قدرت ہی بخشتی ہے۔ ☆ رات کے آخر میں نیم گرم دودھ، ہر کھانے کے بعد چھاچھ اور کھانے سے پہلے پانی پیا جائے۔ تاکہ کبھی معالج کے پاس نہ جانا پڑے۔ ☆ ضبطِ نفس (غصہ پر قابو)، زیادتی شُکر اور معدہ پر بوجھ نہ ڈالنے سے انسان مستغنی از معالج ہو جاتا ہے۔ ☆ تیکھے اور چکناہٹ والے کھانے سے معدہ بالکل خراب ہو جاتا ہے۔ چاہیئے۔ کہ! ان سے قطعاً پرہیز کیا جائے۔ ☆ گرمیوں میں دن میں چھ سے نو گلاس پانی اور سردیوں میں تین سے پانچ گلاس پانی سے زیادہ نہیں پینا چاہیئے۔ ☆ تقوٰی، راضی برضا اور توکل علی اللہ کی عادت ڈالنے سے روحانی خوشی نصیب ہوتی ہے۔ اور بیماری پاس تک نہیں بھٹکتی۔ ☆ خوش رہنے سے عمر میں زیادتی اور زندگی میں خوشحالی یقینی ہوتی ہے۔

☆ **بدن کے اعضاء** کے ضمن میں ہے۔ کہ! بدن ہمیشہ ایک ہی حالت پر قائم نہیں رہتا۔ بلکہ اِس کو کچھ موسمیاتی و دیگر ایسی حالتیں پیش آتی رہتی ہیں۔ جن کی وجہ سے بدن کو درست رکھنے کا اہتمام کرنا پڑتا ہے۔ اِن میں اول یہ کہ روزانہ غسل کیا جائے۔ تاکہ بدن سے سستی اور میل کچیل دور کی جا سکے۔ مگر یاد رہے۔ کہ جب کوئی مرض لاحق ہو۔ تو روزانہ غسل نہ کیا جائے۔ ایسی صورت میں ہفتے میں دو۔ تین مرتبہ غسل کیا جائے۔ نہانے سے پہلے زیادہ اور نہانے کے بعد تھوڑا سا تیل سر و ریش پر لگانا لازمی ہے۔ مگر یاد رہے۔ کہ غسل کے بعد زیادہ گرم یا زیادہ ٹھنڈی جگہ پر جانے سے احتراز کرنا ضروری ہے۔ یاد رہے۔ کہ اگر غسل کے پانی میں بیری کے پتے شامل کر کے صابن سے نہایا جائے۔ تو یہ بہت ہی بہتر ہوگا۔ نہا کر سر میں کنگھی کرنا اور مانگ نکالنا سنتِ نبوی ﷺ ہے۔ کیونکہ اِس سے غم و رنج دور ہو جاتا ہے۔ سردی کے موسم میں گرم پانی سے اور گرمی کے موسم میں معتدل پانی (نہ زیادہ ٹھنڈا نہ زیادہ گرم پانی) سے نہانا چاہیئے۔ اگر کوئی شخص جسمانی مشقت، کثرت کاروبار، مزاولت اشغال سے تھکن و سستی کا شکار ہو۔ تو اُسے چاہیئے کہ! غسل کرے۔ تاکہ اُس کے جملہ بدن سے تھکان و سستی دفع ہو جائے۔

☆ **آنکھ** کی تیزی بصارت، سفیدی و خرابی یا آنکھوں میں میل کچیل یا کیچڑ سے بچاؤ کے لئے رات کو سونے سے قبل تین یا پانچ یا سات سلائیاں دونوں آنکھوں میں اثمد سرمہ کی سلائیاں لازمی ڈالنا چاہئیں۔ سلائی ڈالنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ پہلے دائیں آنکھ میں پھر بائیں آنکھ میں، دوبارہ سے دائیں آنکھ میں اور پھر بائیں آنکھ میں۔ (**علیٰ ھذا القیاس**) اِسی طرح سے سرمہ اثمد ڈالنا چاہیئے۔ یاد رہے۔ کہ سب سے عمدہ سرمہ اثمد (سرمہ اصفہانی) ہی ہے۔ آنحضرت نبی مکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔ کہ اثمد کو آنکھ میں ڈالا کرو۔ کہ وہ آنکھ کو روشن کرتا ہے۔ اور بالوں کو اگاتا ہے۔

☆ **دانتوں** کی صفائی کی تدبیر میں ہے۔ کہ صبح بیدار ہونے کے وقت اور ہر نماز کے وقت (یعنی قبل از وضو) اور منہ میں بدبو پیدا ہونے سے بچاؤ کے لئے مسواک لازمی کیا جائے۔ مسواک کرنے کے مندرجہ ذیل دس فوائد ہیں۔ ۱۔ منہ پاک و صاف ہو جاتا ہے۔ ۲۔ ربِ ذوالجلال راضی ہوتا ہے۔ ۳۔ منہ سے خوشبو آتی ہے۔ ۴۔ دانت صاف و مضبوط ہوتے ہیں۔ ۵۔ فصاحت مسوڑھوں کو مضبوط کرتی ہے۔ ۶۔ معدے کو تقویت ملتی ہے۔ ۷۔ بلغم قطع ہو جاتا ہے۔ ۸۔ چہرے پر رونق نمودار ہوتی ہے۔ ۹۔ فرشتے خوش ہوتے ہیں۔ ۱۰۔ تسخیرِ خلق ہوتا ہے۔ (بعض علمائے کرام کا فرمان ہے۔ کہ مسواک سے خاتمہ بالخیر ہوتا ہے۔ بینائی تیز ہوتی ہے) یاد رہے کہ مسواک درخت اراک (دن) یا پھر کسی ایسی لکڑی کا ہونا چاہیئے۔ کہ جس کا ذائقہ زبان کو قبض کرنے والا ہو۔ مسواکِ جدید کے سِرے کو پہلے پانی سے تر کر کے اپنے ہی دانتوں سے نرم کر لیں۔ پھر **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** ٥ پڑھ کر مسواک کی ابتداء کریں۔ اور مسواک سے فراغت کے بعد مسواک کے سِرے کو صاف پانی سے دھو کر رکھ لیں۔ پھر وضو کر کے داڑھی میں کنگھی کر لیں۔ کیونکہ داڑھی کو کنگھی کرنا بھی سنتِ نبوی ﷺ ہے۔ ہر روز صبح کی نماز کے بعد ایک مرتبہ داڑھی کو صاف کریں۔ صاف کرتے وقت ایک مرتبہ سورہ فاتحہ اور ایک مرتبہ سورہ اخلاص پڑھیں۔ اِس عمل سے غم و رنج دور ہوتا ہے۔ اور دل خوش ہوتا ہے۔ اِسی طرح ناخن کو ہر ہفتے کٹوائیں۔ اور بغل و زہاد کے بالوں کو دو ہفتوں میں ایک مرتبہ کاٹیں۔

☆ داڑھی، ہاتھ، پاؤں اور سر میں مہندی لگانا سنت نبوی ﷺ ہے۔ مہندی لگانے سے قوت باہ کو کافی تقویت ملتی ہے۔ آنکھوں کی بینائی تیز رہتی ہے۔ لیکن یاد رہے۔ کہ اگر سر پر مہندی لگائی جائے۔ تو پاؤں پر اُس وقت نہ لگائی جائے۔ اور اگر پاؤں پر مہندی لگائی جائے۔ تو سر پر نہ لگائی جائے۔ کیونکہ سر پر لگانے سے پاؤں کے راستے اندرونی گرمائش کا اخراج ہوتا ہے۔ اور پاؤں پر مہندی لگانے سے سر کی جانب سے اندرونی گرمائش کا اخراج ہوتا ہے۔

☆ سخت سردی و سخت گرمی کے وقت سر کو سر کو کسی سفید باریک سوتی کپڑے سے ڈھانپنا چاہیئے۔ اور بناء کپڑا ڈھانپے باہر قطعاً نہیں جانا چاہیئے۔ جبکہ معتدل موسم میں (جبکہ سردی و گرمی نہ ہو۔ اور چلنے پھرنے کے باوجود دھوپ کی جلن چہرے پر محسوس نہ ہوتی ہو) سر کو تیل لگا کر کھول کر رکھنا بہتر ہے۔ تاکہ ذہن کھلے۔ اور حافظہ بھی قوی ہو۔

☆ سر کی جوؤں کوختم کرنے کے لئے دو چائے کے چمچ لیموں کا رس اور دو چائے کے چمچ ادرک کا رس (ہموزن) ملا کر رات کو سر پر تیل کی طرح مالش کریں۔اور صبح اُٹھ کر بالوں کو صابن یا کسی اچھے سے شیمپو سے دھولیں۔دو سے تین ایام میں جوؤں اور لیکھوں سے مکمل نجات پائیں۔

☆ دماغی خشکی کے معنٰی یہ ہیں۔کہ! انسان کو اپنے دماغ، چہرے اور آنکھوں میں ایک بوجھ سا معلوم ہوتا ہے۔اور بعض اوقات تو ہذیان اور بیہودہ گوئی تک نوبت پہنچ جاتی ہے۔اور اِس کو معلوم بھی نہیں ہوتا۔اگر یہی حالت مستحکم رہے۔تو عقل اور قوتِ بصارت زائل ہونا شروع ہو جاتی ہے۔جس کے سبب سے دماغ کی خشکی پیدا ہونا شروع ہو جاتی ہے۔اِس کا علاج یہ ہے۔کہ! صاف چھنا ہوا شہد کہ جس سے جھاگ دور کی گئی ہو۔میں روغن زرد، خالص عرقِ گلاب ہر ایک مساوی الوزن لے کر نرم آگ پر پکا کر حلوے کا قوام بنالیں۔اور ہر رات کو سونے سے قبل مگر کھانا کھانے کے دو۔تین گھنٹے بعد تناول کر کے سویا جائے۔یہ دواء دماغ کو نرم کرتا ہے۔اور اُس کے جوہر کو بڑھاتا ہے۔اور قوتِ بصارت کو تیز کرتا ہے۔قوتِ باہ کو تقویت بخشتا ہے۔اور اعضاء کو مظبوط کرتا ہے۔اور یہ نسخہ انتہائی صحیح و مجرب ہے۔اِسی طرح دیسی انڈے کی زردی، روغن زرد اور شکر تری، تینوں مساوی الوزن لے کر حلوے کا قوام بنا کر استعمال کیا جائے۔تو یہ بھی وہی فائدہ دے گا۔جس طرح پہلے والی دواء۔

☆ **امراضِ** سر کے بیان میں ہے۔کہ! پہلے تو یہ جاننا چاہیئے۔کہ سر کے درد کو ''**صداع**'' کہا جاتا ہے۔اب اگر انسان کے سر میں دائیں طرف درد ہو۔تو یہ **صفراء** ہوگا۔سر درد ِصفراوی کا علاج یہ ہے۔کہ شربتِ انار پی کر سر اور داڑھی میں فوراً کنگھی کریں۔آرام ہو جائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔جبکہ اگر سر کا درد بائیں جانب ہو۔تو یہ **سوداء** سے تعبیر کیا جائے گا۔اور اگر آدھا سر درد کرے۔تو اِس درد کو درد ِشقیقہ کہیں گے۔اور اگر سارے سر میں درد ہو۔تو یہ خون کے باعث ہوگا۔اِس حالت میں دونوں کنپٹیوں یا ایک کنپٹی پر ضرب کی سی ٹھوکر لگنا محسوس ہوتی ہے۔سارے درد کا علاج یہ ہے۔کہ لیموں، افیون اور زعفران کو سرکہ و عرقِ گلاب میں گھس کر دونوں صدغین (کنپٹیوں) پر طلاء کریں۔اور کچھ منٹ تک ملتے رہیں۔اِس طریقہ سے فی الفور آرام و آفاقہ ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔یہ طریقہ علاج بارہا کا مجرب اور مستند طریقہ ہے۔اِس ضمن میں حکمائے عظام ؒ فرماتے ہیں۔کہ اگر سردی کی وجہ سے سر میں درد ہو۔تو گرم روغنوں سے سر پر مالش کریں۔اور اگر گرمی کی وجہ سے سر میں درد ہو۔تو سرد روغنوں کی سر پر مالش کریں۔ اگر سفر میں حرارتِ آفتاب کی وجہ سے سر میں شدید درد پیدا ہو گیا ہو۔تو چاہیئے۔کہ انڈے کی سفیدی کو روغن گل میں ملا کر سر پر پتلا سا لیپ کریں۔فی الفور سر درد سے مکمل آرام حاصل ہوگا۔انشاءاللہ۔

سانپ و بچھو کے زھر کا اثر زائل کرنے کا کراماتی ھاتھ : یہ طریقہ عُلمائے عاملین اور قدیم حُکماء و اطباء کا صدری، مُستند و مجرب المجرب طریقہ ہے۔آم کے درخت کا پھول (جس کے آم بنتے ہیں) جب کہ کچا ہو۔مگر پکا ہونے لگ گیا ہو۔اور اس میں خوشبو بھی پیدا ہو گئی ہو۔چار چھ مُختلف درختوں سے تھوڑا تھوڑا توڑ کر کسی صاف رومال میں ڈال لیں۔اور اپنے کام کاج سے فارغ ہو کر دو یا تین گھنٹوں تک ان پھولوں کو ہاتھوں میں رکھ کر مسلسل آہستہ آہستہ مَلتے رہیں۔تا کہ ان کا عرق ہاتھوں میں جذب ہوتا رہے۔آم کے اِن پھولوں کے سی خوشبو ہاتھوں سے بھی آتی رہے۔جب بُو رجیسی خوشبو ہاتھوں سے آنے لگ جائے۔تو بُو رکا مَیل ہاتھوں پر جم جائے گا۔اس کے بعد کم از کم پانچ یا چھ گھنٹوں تک ہاتھوں سے کچھ نہ کریں۔(یہ تمام عمل سونے سے بیشتر کیا جائے۔تو بہتر ہوگا) بعد سات آٹھ گھنٹوں کے ہاتھوں کو سادہ پانی سے بناء صابن کے دھولیں۔بعد ازاں جو چاہے کریں۔اب آپ کے یہ ہاتھ ایک سال تک کراماتی بن چکے ہیں۔جس کسی کو جہاں پر کوئی بچھو، بھڑ، ڈیموں (بھڑ) یا سانپ وغیرہ کاٹے۔یا ڈس لے۔تو جائے مخصوصہ پر محض یہی کراماتی ہاتھ چار یا چھ منٹ تک رکھنے سے زہر کا اثر یقینی طور پر زائل ہو جائے گا۔اور مریض کو آرام وسکون آجائے گا۔انشاءاللہ۔لیکن یہ بات ضرور یاد رہے۔کہ ہاتھوں میں یہ اثر فقط ایک سال تک ہی قائم رہے گا۔اگلے سال دوبارہ تجدید کرنا ہوگی۔حکماء و اطباء اِس عمل کو ہر سال سرانجام دیتے ہیں۔

ستر حکماء سے سوال : حضرت موسیٰؑ سے ستر حکیموں نے آکر سوال کیا۔ کہ! اللہ تعالیٰ کی بخشش کیا ہے ؟

تو آپؑ نے فرمایا۔مَیں تو صرف وہی بات جانتا ہوں۔جو میرے پروردگار نے مجھے تعلیم فرمائی ہے۔پھر حضرت جبرائیلؑ آپؑ کے پاس تشریف لائے۔تو آپؑ نے ان سے دریافت کیا۔جبرائیلؑ آسمان پر گئے۔اور اللہ تعالیٰ سے عرض کیا۔کہ اے پروردگار! حضرت موسیٰؑ نے پوچھا ہے۔کہ! بخشش الٰہی کیا چیز ہے ؟ فرمایا۔اے جبرائیلؑ! اللہ تعالیٰ کی بخش یہ ہے۔کہ! بندہ گناہ کرے۔پھر توبہ کرے۔پھر گناہ کرے۔پھر توبہ کرے۔تو میرا حکم اس بندے کے لئے یہی ہے۔کہ مَیں اس کو بخش دیتا ہوں۔اور اس کے ہر گناہ کے عوض اس کو نیکی عطا کرتا ہوں۔

خراٹے بند : کسی کو خراٹوں کی عادت ہو۔وہ اپنے تکیہ کے نیچے پھٹکڑی رکھ کر سویا کرے۔چند ہی راتوں میں خراٹوں کی آواز مدہم ہو جائے گی۔انشاءاللہ۔(اسی طرح سے) اگر خراٹے لینے والے کے سرہانے کی جانب یا اُس کے دائیں یا بائیں طرف اُسی کے اپنے جوتے اُلٹے رکھ دیئے جائیں۔ تو رات کو اُس شخص کے خراٹوں کی شدت میں کافی حد تک خراٹے کم ہو جائیں گے۔ان شاءاللہ۔ اور اگر کسی کو وحشت ناک یا ڈراؤنے خواب آتے ہوں۔تو پھٹکڑی کو تکیہ کے نیچے رکھنے سے شکایت کا ازالہ ہو جائے گا۔اور اس قسم کے خواب آنا بند ہو جائیں گے۔انشاءاللہ۔

مشکل حالات کا بھترین حل : حضرت امیرالمؤمنین حضرت عمر بن خطاب نے فرمایا۔کہ! جب مجھے کوئی مصیبت پیش آتی ہے۔تو میں اِس میں تین نعمتیں خیال کرتا ہوں۔ ☆ اول تو یہ کہ! اللہ تعالیٰ نے مجھ پر آسان مصیبت بھیجی ہے۔نہ کہ مشکل۔حالانکہ وہ اِس پر قادر تھا۔

☆ دوئم یہ کہ! وہ مصیبت دنیاوی ہے نہ دینی۔حالانکہ وہ اِس پر قادر تھا۔ ☆ سوئم یہ کہ قیامت کے دن مجھے اجر ملے گا۔(انشاءاللہ تعالیٰ)

عجائبات و غرائبات دَر علمِ روحانیة


مصیبت اور بَلا کو ٹالنے کا عجیب و غریب و مجرب المجرب طریقہ (کبش والا مجرب عمل) :

حضرت امام بونیؒ اپنی کتاب **اللمعة النورانیة** میں ایک عجیب وغریب راز سے پردہ اُٹھاتے ہوئے فرماتے ہیں۔ کہ! اگر کسی کو قتل ہو جانے، عذاب دیئے جانے کا اندیشہ ہو۔ یا گھر میں کوئی ایسی مصیبت ہو۔ کہ جس کا تدارک نہ ہو پا رہا ہو۔ تو ایسے شخص کو چاہیئے۔ کہ ایک فربہ مینڈھا جو کہ قربانی کے جانور کی طرح جملہ عیوب ونقائص سے پاک ومبراء ہو۔ اپنی حلال کی کمائی سے خرید کر آبادی سے دور کسی ویران وسنسان جگہ پر لے کر جائے۔ پہلے وہاں پر ایک کھڈا کھود لے۔ تاکہ مینڈھے کا تمام خون بناء ایک قطرہ ضائع کئے اُسی کھڈے میں ڈالا جا سکے۔ اب خود قبلہ رُخ منہ کر کے مینڈھے کو زمین پر لٹا کر یہ دعا پڑھتے ہوئے ذبح کرے۔ **بسم اللہ.اللہ اکبر،اللہ اکبر،اللہ اکبر،اللھم ھذا لک و منک .اللھم انہ فدائی فتقبلہ منی .ان اللہ علیٰ کل شئی قدیر** o پھر اس خون والے گڑھے کو مٹی سے اچھی طرح بھر دیا جائے۔ اس کے بعد اِس گوشت کے تمام اعضاء کے اِسی ترتیب سے ساٹھ **60** (تقریباً برابر) حصے کرنے ہیں۔ کہ! **سری** ایک حصہ، چاروں **پائے** دوسرا حصہ، مکمل **کھال** تیسرا حصہ، اور باقی **57** حصوں میں کلیجی، پھیپھڑے، اور گوشت وغیرہ کے کرنا ضروری ہیں۔ مگر یاد رہے۔ کہ اس گوشت میں سے نہ خود اپنے لئے کچھ رکھے۔ اور نہ ہی اپنے کسی رشتہ دار کو کھلائے۔ اس تمام گوشت کو ساٹھ مساکین وغُرباء میں تقسیم کر دے۔ اس عمل کے کرنے سے اللہ تعالیٰ بندے کو اُس مصیبت، بلا وغیرہ سے نجات عطا فرمائے گا۔ انشاء اللہ۔ گوشت تقسیم کرتے وقت مسلسل یہ دعا بھی پڑھتا رہے۔ **اللھم انی استکفی الامر الذی اخافہ بھم ھئولآء واسئلک بانفسھم وارواحھم وعزائمھم ان تخلصنی بما اخاف واحذر** ۔ یہ تمام عمل مصیبت زدہ اور حالات کا مارا ہوا شخص خود اپنے ہاتھوں سے کرے۔ تو بہت ہی بہتر ہے۔ بصورتِ دیگر اپنے کسی بھائی یا والدین یا عزیز وا قارب سے کرالے۔ یہ عمل بارہا کا انتہائی **مجرب المجرب** اور **متفق علیہ من العاملین** عمل ہے۔ بڑے بڑوں کی دائمی نحوست اِس عمل سے ختم ہو جاتی ہے۔


مجرب عمل برائے حصول اولاد:

ویسے تو اولاد نہ ہونے کی کافی وجوہات ہیں۔ لیکن اگر مرد یا عوت ہر دو میں نقص کی ظاہری طور پر نشاندہی نہ ہو سکے۔ تو پھر ایسے ضرورت مندوں کو چاہیے۔ کہ اس یقینی عمل سے کام لیں۔ کیونکہ اس عمل کی کی ایک بڑی خاصیت وافادیت یہ بھی ہے۔ کہ جس بھی عورت کو عقم کا مرض ہو۔ تو اس عمل کی برکت سے بفضلِ تعالیٰ اس کا عقم دفع ہو ہی جاتا ہے۔ عروج ماہ میں اتوار یا جمعرات کے دن پہلی ساعت میں دو کاغذ لیں۔ ایک کاغذ پر **1** لکھیں اور اطراف میں دائرے کے طور پر کے طور پر سورۃ **فجر** لکھیں۔ اس عمل میں ناطقہ حروف کام کرتے ہیں۔ یعنی ابجد میں جن حروف پر نقطے ہوں۔ حروف ناطقہ یہ ہیں۔ ب . ج . ز . ی . ن . ف . ق . ش . ت . ث . خ . ذ . ض . ظ . غ . ان کی تعداد **15** اور اعداد **5452** بنتے ہیں۔ سورۃ **فجر** لکھنے کے بعد ان حروف ناطقہ کو اس انداز میں کشادہ کر کے لکھیں۔ کہ سورۃ **فجر** کے بنے ہوئے دائرے کو احاطے میں لے لیں۔ اب اس کے بعد ایک گول لکیر ان کے گرد کھینچیں۔ اس کے بعد دوسرے نقش پر ''**2**'' لکھ طریقہ مذکورہ کے مطابق لکھیں۔ ہر دو نقوش کے دائرے وار ترتیب ایسی ہو۔ کہ یہ اوپر نیچے دونوں کاغذ ملنے پر ٹھیک ٹھیک فٹ اور فکس ہو سکیں۔

نقشِ اول



نقشِ دوئم



اب ان دونوں نقوش کر واوپر تلے والی پوزیشن میں ہی سورۃ **آل عمران** میں کسی جگہ رکھیں۔ بوقت قربت ومجامعت نقش ''اول'' عورت کو مرد کمر میں اور نقش ''دوئم'' کو اپنی کمر میں باندھے اسی طرح سے بوقت قربت اپنے اپنے تعویزات (نقوش) پہنیں بعد فراغت یہ نقوش اتار کر کسی محفوظ جگہ پر رکھ دیا کریں چند ہی عشروں میں حمل ضرور بالضرور قرار پائے گا انشاء اللہ تعالیٰ جب حمل قرار پا جائے تب بھی یہ نقوش محفوظ رکھیں بعد وضع حمل ان نقوش کو پانی میں دھوکر بہا دیں۔ چونکہ حمل کا قرار پانا دنیا و مافیہا کے خزانہ ملنے سے کم نہیں۔

شناختِ حمل کے بعد نر و مادہ کا معلوم کرنا:

شناختِ حمل کے بعد اگر یہ بھی دریافت کرنا مقصود ہو۔ کہ حمل نر ہے یا مادہ؟ تو اسی عبارتِ عمل کو پہلے دائیں کان میں بارہ مرتبہ اور پھر بائیں کان میں بارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں۔ اِس عمل کے نتیجے میں اگر حاملہ کے دونوں ٹخنوں میں درد پیدا ہو۔ تو سمجھ لیں۔ کہ حمل نر ہے۔ اور اگر سر میں درد پیدا ہو۔ تو حمل مادہ ہوگا۔ یہ عمل بارہا کا مجرب عمل ہے۔ عبارتِ عمل یہ ہے۔ **اَکَا دِیًا مَسَا حًا حَطَا ن نَو خًا خَیُو مًا سَیَا مًا شَرَا ھًا یُرَا ھِیًّا ۔**

☆ **طریقہء دوئم** : یہ طریقِ عمل صاحب قانونِ طلسمات کا مجرب عمل ہے۔ جسے اُنھوں نے صاحب الخواص سے لیا ہے۔ طریقہ اِس عمل کا یہ ہے۔ کہ! اگر یہ معلوم کرنا مقصود ہو۔ کہ فلاں عورت حاملہ ہے کہ نہیں؟ تو عامل کو چاہیئے۔ کہ اُس عورت کو اپنے سامنے کھڑا کر کے اس کے سر پر اپنا دایاں ہاتھ رکھے اور ذیل کی عبارتِ عمل کو پچیس مرتبہ پڑھ کر سر سے پاؤں تک پھونکے۔ اگر یہ عورت حاملہ ہوگی۔ تو اِس کو فوراً پیشاب آ جائے گا۔ بصورتِ دیگر اُسے کچھ محسوس نہیں ہوگا۔ (یعنی اُسے پیشاب نہیں آئے گا)۔ عبارتِ عمل یہ ہے۔ **اَکَا دِیًا مَسَا حًا حَطَا ن نَو خًا خَیُو مًا سَیَا مًا شَرَا ھًا یُرَا ھِیًّا ۔**

لقوہ کا شافی علاج : لقوے کے مریض کو حکم دیں۔ کہ وہ اپنے پاؤں کے بَل بیٹھ جائے۔ تو دیکھیں۔ کہ لقوے کے اثرات چہرے کے دائیں طرف ہیں یا بائیں طرف؟ اگر تو مریض کا دایاں جبڑا متاثر ہوا ہے۔ تو ذیل کے اسمائے طلسمات کو بائیں گال کی طرف گیارہ مرتبہ پھونکیں۔ اور اگر بایاں جبڑا ہو۔ تو اسمائے طلسمات کو مریض کے دائیں طرف کے جبڑے پر گیارہ مرتبہ پھونکیں۔ بفضلِ خُدا اِس عمل کی برکت سے فوراً ہی متاثرہ طرف کے مخالف جبڑے کو دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر نہایت ہی احتیاط سے مریض کے تالو یعنی اوپری جانب منہ کے اندر یں دبائیں۔ ایسا کرنے کی وجہ سے اپنے مقام سے ٹل جانے والے جبڑے کی ہڈی تالو کے ساتھ اپنے مقام پر جا بیٹھتی ہے۔ اسمائے طلسمات یہ ہیں۔ **شا اردالغ شارذ ھالغ فلنعا فس جلنعا فس غا ففف شھا نف مم از قا لغ و ظھلقا قس ملعلفا قس یا سقفلعا لم سقفلھا ظوا غلقا زا مم ففا ھش ففا غش فا عنلا جس فا عنلا فغ لھا ذرا شغ لا درا شا ۔**

☆ **عجیب کلمات برائے حفاظت** : ایک حکایت ہے۔ کہ! سلطان سکندر ذوالقرنین نے، جو کہ سارے جہاں پر حاکم تھا۔ اس نے تمام دنیا سے عالم فاضل اکٹھے کئے۔ اور فرمایا۔ کہ! میرے واسطے کوئی ایسی چیز پیدا کر و یا بتاؤ۔ کہ مجھے احتیاجِ قلعہ یا کثیر مسلّح فوج کی ضرورت پیش نہ آئے۔ اُن علماء نے اس بات پر مکمل اتفاق کیا۔ کہ! جو اِن اسمائے عجیبہ کو سات یا اکیس مرتبہ روزانہ پڑھا کرے۔ اس کو مضبوط قلعہ یا کثیر التعداد مسلّح فوج کی احتیاج نہیں رہے گی۔ وہ اسماء یہ ہیں۔ **صبر صا۔ ابر صا ۔ صعر صا ۔**

کتابوں کو کیڑوں سے محفوظ رکھنے کا عمل : کسی بھی کتاب یا کاپی کو کیڑوں یا دیمک سے محفوظ رکھنے کے لئے یہ اسم شریف کتاب کے پہلے، آخری اور اندر کے چند صفحات پر لکھ لیں۔ تو کتاب کیڑوں اور دیمک سے دائمًا محفوظ و مامون رہے گی۔ ان شاء اللہ۔ اسم یہ ہے۔ **کبیکج** ۔ (یعنی کہ کبی۔ کج) فارسی کتاب ''بحرالجواہر'' کے مطابق **کبیکج** دراصل سریانی زبان میں ایک فرشتے کا نام ہے۔ جس کے ماتحت کل کیڑے ہیں۔ زمانہء قدیم میں مصنفین و مؤلفین اس نام کو قلمی کتابوں پر لکھ دیتے تھے۔ تاکہ اس نام کی برکت سے کتاب کو کیڑے نہ کھائیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

☆ **برائے غلبہ بر دشمنان** : جو شخص ہر صبح ان چار لفظی کلمات (حالانکہ! یہ سبھی تو چار لفظی کلمات نہیں ہیں۔ بہر حال) پر بغیر پڑھے نظر ڈالے۔ تو وہ اپنے جملہ دشمنوں پر مظفر و غالب رہے گا۔ اور جو شخص ہر صبح چالیس روز تک اسی طرح کرتا رہے۔ تو وہ عجیب و غریب باتوں کا مشاہدہ کرے گا۔ کیونکہ! اِن کلمات کے بہت سے رموز و اسرار ہیں۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ **اھطمفوش ینتروا ما ینفوس قر مطو طیش شرورا عماسط ۔** (لطائفِ اشرفی)

☆ **برائے حفاظت از نظر و جادو** : یہ اسم جس کے پاس ہوگا۔ اس کو نظر و جادو سے کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ **مَھَشَیۡتَلۡجَلَج** ۔ (للغزالیؒ)

☆ **برائے حفاظت اَزشدتِ گرمی و سردی** : امام غزالیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! اگر یہ اسم شدید سردی یا شدید گرمی میں مسلسل پکارا جائے۔ تو جسم پر سردی یا گرمی کی شدت کا اثر نہیں ہوتا۔ (اسم یہ ہے) **یَا شَفِیۡخُوۡ ثَا ۔**

☆ **خواب آور اسماء** : امام غزالیؒ فرماتے ہیں۔ کہ! اگر کسی شخص کو نیند نہ آئے۔ تو وہ اِن اسماء کو کسی کاغذ پر لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھ کر سونے کی کوشش کرے۔ انشاء اللہ جلد ہی نیند آ جائے گی۔ (اسماء یہ ہیں) **سلخا ملخا أرخا أروخا ألفوا النوم علی فلاں بن فلانۃ ۔**

(اور ایک جگہ یہ اسماء بھی ہیں) **سعکعک یا طاش سعکفریا طاش ۔**

☆ اسی طرح سے اگر کسی بچے یا بڑے کو سُلانا مقصود ہو۔ اور اسے نیند نہ آرہی ہو۔ تو یہ حروف لکھ کر اس کے سرہانے رکھ دو۔ اس شخص کو چند ہی لمحات میں نیند آ جائے گی۔ اور جب تک اِن حروف کو نہیں ہٹاؤ گے وہ شخص بیدار نہیں ہوگا۔ حروف یہ ہیں۔ **ع ۔ حح ۔**

☆ یہ الفاظ لکھ کر سرہانے تلے رکھ دے۔ تو اُسے فوراً نیند آ جائے گی۔ **بطا ماش ۔ شاش ۔ کلیوش ۔ مراش ۔ ۵۱ ۔**

عجیب عمل برائے حفاظت از درندگان۔ استاذ حضرت غلام الرسول میمن ناشادؒ نے اپنے مجربات میں یہ کلمات بیان فرمائے ہیں۔ **مو ما ل مھمال عا لا رال مکر** ۔ ان کلمات کو اگر جنگل میں اس وقت پڑھا جائے۔ جب سامنے اچانک سے کوئی درندہ آ جائے۔ تو ان کلمات کے ورد سے وہ درندہ بغیر کوئی نقصان پہنچائے واپس پلٹ جائے گا۔ ان شاء اللہ تعالی۔

اسی طرح درندے سے حفاظت یا اگر کوئی شخص راستہ بھول جائے۔ تو یہ پڑھنے سے مقصد حاصل ہو جائے گا۔ **یا عباد اللہ اعینونی ۔**

چھلا سے بواسیر کا مکمل و شافی مجرب علاج :

یہ طریقِ عمل صاحب قانونِ طلسمات کا مجرب عمل ہے۔طریقہ اِس عمل کا یہ ہے۔کہ! اگرکوئی شخص بروزِعیدالاضحیٰ طلوعِ آفتاب سے لے کرعصر تک کے درمیان مندرجہ ذیل کلمات طلسمات کوایک ہی نشست میں کسی تنہا کمرہ یا جگہ پرفقط 700 (ہفت صد) مرتبہ پڑھ لے۔تو اگلی آنے والی عیدالاضحیٰ تک ایسا شخص عامل رہے گا۔کلماتِ طلسمات یہ ہیں۔ مَا وَا دَو . هَد و مَدو . كَد مَد وَا حَا . هَر هَدًا . هَر وَا قِدًا . وَر مَوسِ . دَر م.و سِ ۔

صاحب قانونِ طلسمات فرماتے ہیں۔کہ ادائیگی زکات کے بعد جب بھی کوئی خونی و بادی ، نئی و پرانی بواسیر ومسوں والا مریض سامنے آئے۔تو مریض کے بائیں ہاتھ میں اُس کے صحیح ناپ والی ایک سادہ سی چاندی کی انگشتری پر یہی کلماتِ طلسمات فقط 101 مرتبہ پڑھ کرانگوٹھی پر پھونک کر مریض کو پہننے کے لئے دے دیں۔اور اُسے سختی سے تاکید کریں۔کہ اِس انگوٹھی کوکبھی بھی خود سے جُدا نہ کرے۔بفضلہٖ تعالیٰ اُسی لمحے سے اثرات شروع ہو جائیں گے۔اور ہفتے عشرے میں بواسیر کا مرض بالکل ختم ہو جائے گا۔بہرحال اِس انگوٹھی کوکم از کم نو ماہ تک پہنے رکھیں۔بواسیر جیسے پریشان کن مرض سے نجات حاصل کرنے کے لئے متذکرۃ الصدر چھلا اپنی مثال آپ ہے۔

عُسر بول کا مجرب علاج : علامہ دمیریؒ عسرِ بول کے مرض کے علاج کے ضمن میں اس طریقہ کو بہت ہی زیادہ مجرب اور آزمودہ گردانتے ہیں۔اورفرماتے ہیں۔کہ کسی پاک وصاف بغیر لائن وڈیزائن کی طشتری پر مندجہ ذیل آیات لکھ کراور پانی سے دھوکرعسر بول کے مریض کو پلائیں۔اوراس عمل کی تین سے پانچ روز تک مسلسل تکرار کریں۔توعسر بول کا مریض دائمی صحت وشفاء پائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ط o وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ م بِيَمِيْنِهٖ ط سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ o رمص نفح و شفوا بفضل اللہ عز و جل.

قوت وطاقت کا حصول : وہ لوگ جو چلتے چلتے بہت جلدی تھک جائیں یا سانس پھولنے لگے یا ٹانگوں میں چلنے کی وجہ سے دردشروع ہو جائے توان تمام شکایات کے ازالے کے لئے چاہیئے۔کہ! یہ لفظ لکھ کراپنی داہنی ران پر باندھیں۔لفظ یہ ہے۔ **کینیکج** ۔ (یعنی) کے نے کج۔

مارگزیدہ کا شافی علاج : صاحب قانونِ طلسمات جناب محمد رفیق زاہد صاحب اِس ضمن میں فرماتے ہیں۔کہ! اپنے اور مخلوقاتِ خُدا کی خدمت کے لئے مندرجہ ذیل کلمات کومحرم الحرام کا چاند دیکھ کرفقط ایک ہزار (1000) مرتبہ کسی تنہا جگہ پر بحالت وضو پڑھ کر زکات ادا کریں۔تو یہ عمل ایک برس تک قابو میں آ جائے گا۔اِسی طرح ہرسال محرم الحرام کی پہلی شب کو اسی عمل کی تجدید کرنا پڑے گی۔اور تجدیدعمل سے اِس عمل کی تاثیر میں بھی مسلسل اِضافہ ہوتا رہے گا۔لیکن اِس عمل کی تاثیر کو دائمًا برقرار رکھنے کے لئے عامل کوتاحیات ترکِ حیوانات کا پابند رہنا ہوگا۔جس دن پابندی ٹوٹی۔اُسی لمحہ اثرختم ہو جائے گا۔کلمات یہ ہیں۔ سَمُو ع . هَمُو ع . سَمُو ع . سَو سَم . سَو ثُو ن.

اگرکسی کو سانپ یا بچھو نے کاٹ لیا ہو۔اور زہر کی وجہ سے زندہ بچنے کی کوئی اُمید بھی نظر نہ آتی ہو۔یا زہر لگنے کی وجہ سے شدید درد ہو۔تو اس عالم میں دم توڑتے مریض پر ذیل کے کلمات کو بحالتِ وضو روبقبلہ سات مرتبہ پانی پر پڑھ کر یہی دَم شدہ پانی مریض یا پھر مریضہ کو پلایا جائے۔تو مارگزیدہ کو یقینی طور پر شفاء حاصل ہو جائے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

سانپ سے حفاظت کا عجیب عمل : 1۔ اس عمل کو ہمارے پیرومرشدؒ اور صاحب تذکرہ غوثیہ کے علاوہ دیگرکئی عاملین نے بڑی شرح وبسط سے پیش کیا ہے۔اگرکوئی چاہے۔کہ اسے زندگی بھرکوئی سانپ نہ کاٹے۔تو وہ شخص پچاس دنوں تک روزانہ رات کوسونے سے پہلے ہزار مرتبہ اورصبح اٹھنے کے بعد ہزار مرتبہ ان کلمات مجہولہ کو پرہیزعمومی کے ساتھ پڑھتا رہے۔پچاس ایام کے بعد وہ تاحیات سانپ کے ضرر سے محفوظ و مامون رہے گا۔کیونکہ ایسے شخص کواگر ہزارہا سانپ بھی ڈس لیں۔تو اُن کے ڈسنے کا کوئی اثر نہ ہوگا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔دوران پڑھائی کسی سے قطعًا بات چیت نہ کرے۔کلمات یہ ہیں۔ **اَرْبَعَ حَبًّا مُعْطَلًا هِنْدِیْ قَطَعَ صُنْعًا** ۔ (کچھ کتب میں **صَنِعًا** ۔ **ضَعًا** اور **ضُعًا** بھی آیا ہے)

2۔ بقول علامہ کمال الدین الدمیریؒ ، اگرکوئی اس افسوں سے فائدہ کا متمنی ہوتو چاہیے۔کہ یہ رقیہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں۔تو بچھواس کو ڈنک نہیں مار سکے گا۔اوراگر وہ ڈنگ مارے گا بھی۔تو کچھ اثر نہ ہوگا۔بے شک بچھو کو ہاتھ پر رکھ لیں۔بہرحال رقیہ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم o بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَبِاسْمِ جِبْرَآئِیْلَ وَمِیْکَآئِیْلَ کَازِمٍ کَازِمٍ دُبْزًا رم فتاد رَامِیَ مُزْنٍ وَشَتِیْ سَتَامَرًا دودا هُوْدَاهِیَ وَالْمَطَا اَنَا الرَّاقِیْ وَاللّٰهُ الشَّافِیْ اللہ کافی و المطافی۔

3۔ استاذالکبیر شیخ علی ابوحی اللہ المرزوقیؒ اپنی کتاب **جواھر العملیات** اورحضرت جرخلاوی اپنی کتاب **قاھر الارواح** میں فرماتے ہیں۔کہ جب تم میں سے کوئی شخص بچھوکو دیکھے۔تو وہ طاق مرتبہ (5۔7۔9) یہ دوالفاظ کہہ کربچھوکی جانب پھونکے۔وہ دوالفاظ یہ ہیں۔

اَکْرِ یکْمَۃْ.اُ کَلِکْمَۃْ. بچھواپنی جگہ سے نہیں ہٹے گا۔یہاں تک کہ تم اسے ماردو۔یا ہمت کرکے اپنی ہتھیلی پر رکھ لو۔اگر ہاتھ پر رکھوگے۔تو وہ ڈنگ نہیں مارسکے گا۔اگرڈنگ مارا بھی۔تو بچھوکے ڈنگ کا مطلق کوئی اثر نہیں ہوگا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

محتاجی سے نجات کا مجرب عمل:

ایک شخص نے حضورِ اقدس ﷺ کی خدمتِ بابرکت میں حاضر ہو کر اپنی محتاجی کی شکایت کی۔ (تو) آپ ﷺ نے فرمایا۔ (کہ) جب تم گھر میں داخل ہو تو گھر والوں کو سلام کرو۔ اور اگر کوئی نہ ہو تو مجھ پر سلام (صلوٰۃ و سلام) بھیجو۔ اور ایک مرتبہ سورہ اخلاص (**قل ھو اللہ احد ۔۔۔**) پڑھو۔ اس شخص نے ایسا ہی کیا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اس پر رزق کی بارش کر دی۔ حتیٰ کہ اس کے پڑوسیوں اور رشتہ داروں کو بھی فیض یاب کیا۔

سانپ، بچھو کے ڈسے یا باؤلے کُتے کے کاٹے ہوئے مریض کا مجرب المجرب علاج :

علامہ دمیریؒ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے بعض علمائے محققین کے قلم سے لکھا ہوا یہ عجیب وغریب اور انتہائی مجرب المجرب منتر دیکھا ہے۔ کہ ! اگر سانپ و بچھو کے کاٹے ہوئے، یا ان کا زہر چوس لینے والے یا پھر باؤلے کتے کے کاٹے ہوئے اور یا پھر اُس شخص کو، جو جھاڑ پھونک والے کو بُلانے آئے۔ اُس کو سیدھا کھڑا کیا جائے۔ اور اِس کے دونوں قدموں کے گرد ایک دائرہ اس طرح سے کھینچا جائے۔ کہ داہنے پاؤں کے انگوٹھے سے خط (یعنی دائرہ) شروع ہو کر پھر اُسی جگہ لوٹ آئے۔ پھر فولاد کے ایک جدید چاقو (چُھری) سے دونوں قدموں کے درمیان ایک دوسرا خط کھینچا جائے۔ اِس کے بعد داہنے پاؤں کے تلوے اور بائیں پاؤں کے ٹخنے کے نیچے سے مٹی اُٹھا کر ایک پاک برتن میں ڈال دی جائے۔ اور پھر اس مٹی پر پانی چھڑک دیا جائے۔ پھر چاقو لے کر اس کو ایک دوسرے برتن میں کھڑا کیا جائے۔ اسی طریقہ پر کہ ! چاقو کی نوک اوپر کی جانب ہو۔ اس کے بعد وہ پانی جو پہلے برتن میں ہے (جس میں قدموں کی مٹی بھی ہے) اس چاقو پر جو کہ دوسرے برتن پر کھڑا ہے۔ بہایا جائے۔ اور بہاتے وقت یہ رُقیہ (منتر) پڑھا جائے۔ **سارا سارا فی سارا عاتی نور نور نور انا وار میاہ یاطوا کاطوا برملس اوزانا وصنا نیما کاما یوقا بنیا ساتیا کا طوط اصبا وتا ابریلس توتی تنا اوس ۔**

اور پھر اس طرح پانی بہایا جائے۔ کہ اِدھر آپ کا منتر ختم ہو۔ اور اُدھر آپ کا پانی بھی ختم ہو جائے۔ (یعنی کہ ! منتر کے ساتھ ساتھ آپ کا پانی بھی ختم ہو جائے) پھر چاقو کو اُٹھا کر پہلے برتن میں جو خالی ہوا تھا۔ اس طرح کھڑا کیا جائے۔ کہ پھر سے وہی عمل دوہرایا جائے۔ اس عمل کو تین مرتبہ ایک ہی طریقہ سے سرانجام دینا ہے۔ اس کے بعد اس پانی کو سانپ، بچھو یا باؤلے کتے کے کاٹے ہوئے یا زہر پینے والے کو پلا دیا جائے۔ انشاء اللہ اس عمل سے چند ہی لمحات میں مکمل شفاء اور صحت حاصل ہو گی۔ علامہ دمیریؒ فرماتے ہیں۔ کہ یہ طریقہ انتہائی مجرب المجرب ہے۔ اور بار بار آزمایا جاچُکا ہے۔ اِس میں کوئی شبہ نہیں۔

عملِ برائے کشش گاھک : محمد رفیق زاہد مرحوم اپنی کتاب قانونِ طلسمات میں رقم طراز ہیں۔ کہ ! صاحبانِ علم وفن اس عمل کو اپنی تسلی کے لئے آزما کر دیکھیں۔ دنوں میں امیر کبیر ہو جائیں گے۔ ترکیبِ عمل کے مطابق (روزانہ) نمازِ فجر ادا کرنے کے بعد ذیل کے کلماتِ عمل کو (307) تین سو سات مرتبہ تلاوت کر کے پانی پر پھونکیں۔ اور اس پانی کو اپنی دکان یا کاروباری جگہ پر خریداری کے لئے آنے والے لوگوں کو اس پانی کے چند قطرے مشروبات میں شامل کر کے پلائیں۔ (یا اسی دَم کئے ہوئے پانی کو پلایا کریں۔ روزانہ دم والے پانی میں ہر نئے دن کا دم شدہ پانی بھی شامل کر لیا کریں) جس بھی خریدار یا گاہک کے حلق سے اس پانی کا ایک قطرہ بھی اُتر جائے گا۔ وہ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے ایسا تسخیر ہو جائے گا۔ کہ وہ ہمیشہ یہیں سے ہی خریداری کیا کرے گا۔ کلماتِ عمل یہ ہیں۔ **صَمَدُ صَحا مَدُاَ جَوُ ھَا ھُوَا صَوُ اَھِیًّا صَمَوُ اَھَادًا صَا مِدًا اَشُرَ اَھِیًّا ۔**

منہ کی بد بو کو ختم کرنا : منہ سے جو بد بو نکلتی ہے۔ یہ بد بو عموماً کلام کرنے اور سانس باہر نکالتے وقت منہ سے نکلتی ہے۔ تو سامنے والے شخص کو بھی محسوس ہوتی ہے۔ اِس بد بو کا سبب دراصل ایک رطوبتِ فاسدہ متعفنہ ہوتی ہے۔ جو پیٹ کے اندر فم معدہ میں پوشیدہ رہتی ہے۔ اِس کا علاج یہ ہے۔

1۔ قرنفل اور ثوم دونوں کو ملا کر پیس کر خالی معدے اور سونے کے وقت روزانہ کھانے سے منہ کی بد بو چند ایام میں ختم ہو گی۔

2۔ برگ گندنا اور حُب رند ہر ہر دو کو بارک پیس کر روزانہ دانت، زبان اور تالو پر مَلا کریں۔ چند ایام میں بد بو ختم ہو گی۔

عشق مٹانے یا محبوب کو بھلانے کا عمل و علاج:

کسی شیشے کی تشتری (بغیر لائن و ڈیزائن وغیرہ) میں **آیت الکرسی** (شروع میں تسمیہ اور آخر میں معشوق کا نام) مشک، زعفران اور عرقِ گلاب سے لکھ کر کھلے آسمان کے نیچے ستاروں کی روشنی میں رکھنا ہے۔ اور صبح کے وقت عرقِ گلاب سے اس تحریر کو دھو کر عاشق کو پلانا ہے۔ اسی عمل کی کم از کم پانچ سے سات یا نو ایام تک تکرار کرنی ہے۔ عاشق چاہے۔ کتنا ہی اپنے عشق میں مستغرق ہو۔ وہ اپنے معشوقِ مجازی کو لازمی بھلا ہی بیٹھے گا۔ (ان شاء اللہ) جس کے بعد اسے نہ صرف تسلی ہو جائے گی۔ بلکہ اُس کے قلب کو قرار و سکون میسر ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

موھکے یعنی مسے ختم کرنا :

حضرت کاش البرنی روحانی دنیا میں چہرے، پشت یا جسم کے کسی بھی حصے وغیرہ کے تحت اپنا مجرب المجرب طریقہ بیان فرماتے ہیں۔ علاج کے طور پر بعض لوگ گھوڑے کا بال باندھ کر یا صراحی سے مسوں یا موہوں کو کاٹتے ہیں۔ جس سے نہ صرف سخت تکلیف ہوتی ہے۔ بلکہ خون بھی نکلتا ہے۔ اور خطرہ ضعف وغیرہ ہوتا ہے۔ ہمارے اس عمل سے بلا تکلیف ہمہ اقسام موکے یا مسے جھڑ جاتے ہیں۔ اعمال کے منکر اس عمل آزما کر دیکھ لیں۔ ترکیب عمل یہ ہے۔ کہ ! نئے مونجھ کی غیر مستعمل نئی رسی لے کر صاف کر لیں۔ مونجھ یعنی وہ رسی جس سے چارپائی بُنی جاتی ہے۔ بان فروش سے یہ رسی بآسانی مل جائیگی۔ اس رسی پر اس طرح عمل کریں۔ کہ جتنی تعداد میں مسے ہوں۔ جن کو دور کرنا مطلوب ہو۔ اس رسی پر اتنی ہی گانٹھیں (گرہیں) دینی ہیں۔

گانٹھ یا گرہ دیتے وقت مریض مسے پر انگشت شہادت رکھے۔اور عامل یہ آیت پڑھے۔ **فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا** ۔(سورۃ انعام آیت نمبر ۴۵) صرف اتنا کلمہ (یعنی آیت) اور اوپر دم کرنے کی بھی ضرورت نہیں۔ پھر دوسرے مسے پر انگشت شہادت رکھے۔اور عامل مذکورہ آیت کا یہی حصہ دوبارہ پڑھے۔اسی طرح جتنے مسے یا موکے ختم کرنے کی ضرورت ہوعمل کرتے جائیں۔ بعدہ' عمل کر کے اس رسی کو لپیٹ لیں۔اور کسی اروڑی یعنی گندے سے ملبے کے ذخیرے کے اندر دبا دیں۔ جہاں کم از کم یہ (مونجھ) دو ہفتے تک دبی رہے۔اس سے پہلے ہرگز رسی نہ نکالیں۔تین چار روز کے بعد مسے از خود گرنے شروع ہو جائیں گے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔اور جلد بھی صاف ہو جائی گی۔انشاءاللہ تعالیٰ۔ یہ عمل بروزِ اتوار کرنا ہے۔

(بقول حکماءاوراطباء) موھکوں اور مسوں پر دن میں تین مرتبہ روزانہ آک کے پتے سے اخراج شدہ دودھ نکال کر لگانے سے یہ گر جاتے ہیں۔

کیل و مسّوں کو ختم کرنا : صاحبِ **کتاب الرحمۃ** جناب علامہ عبدالرحمٰن جلال الدین السیوطی الشافعیؒ فرماتے ہیں۔کہ ! یہ ایک قسم کی روئیدگی ہے۔جو انسان کے جسم پر میخ (کیل) کی طرح اُگ پڑتی ہے۔اس کا سبب خلط سوداوی اور بلغمی کیفیت کی کثرت ہے۔علاج اِس کا یہ ہے۔کہ پہلے مسہل سوداء لیا جائے۔اور یہ سفوف بنایا جائے۔ جو ہڑتال، چونہ اور نوشادر سب مساوی الوزن لے کر پیس کر باریک سفوف بنالیں۔ پھر اِس مسے یا اگر زیادہ ہوں۔تو اِن مسوں میں سے سب سے بڑے مسے (کیل) کو کسی ریشمی کپڑے کے دھاگے سے باندھ دیں۔اور کسی صاف (Steralized) اُسترے یا بلیڈ سے اِس کا سِرا کاٹ دیں۔ پھر اِس پر سفوف چھڑک دیں۔تاکہ یہ سفوف دانے کے اندر گھس جائے۔اور اِس کی جڑ کا کھا جائے۔اگر درد ہو تو گھی گرم کر کے اِس پر بالکل تھوڑا سا ٹپکائیں۔اور اِسی گرم گھی سے ٹکور بھی کریں۔تاکہ درد ٹھہر جائے۔ بہر حال کچھ ہی دیر میں وہ مسہ یا سب سے بڑا مسہ مر جائے گا۔تو باقی مسے خودبخود مر جائیں گے۔انشاءاللہ۔ یہ عمل نہایت مجرب اور صحیح ہے۔

اِسی مقصد کے حصول کے لئے اگر کوئی شخص زرگروں سے وہ پانی حاصل کریں۔جس میں زرگر حضرات سونا اور چاندی بجھایا کرتے ہیں۔اگر اِس پانی کو دن میں تین مرتبہ مسوں پر لگایا جائے۔تو کافی شافی آرام ہوگا۔اور مسے بھی چند ایام ہی میں گر جائیں گے۔انشاءاللہ۔

دمل اور پھوڑوں سے حفاظت:

1۔ شیخ الشیوخ حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ نے اپنی کتاب **عوارف المعارف** میں فرمایا۔کہ جو شخص نماز عصر کے بعد **سورۃ بروج** کو ہمیشہ پڑھتا رہے۔تو وہ دمل اور پھوڑوں کی بیماری سے دائمی محفوظ رہے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

2۔ اگر کسی کے دُنبل، ورم، خارش یا سوزش ہو۔تو ایسے شخص کو چاہیئے۔کہ **علی الصُبح** نہار منہ اپنے منہ کا لعاب متاثرہ جگہ پر لگائے۔اس چھوٹے عمل سے وہ شخص دُنبل، ورم، خارش یا سوزش سے آرام وسکون حاصل کرے گا۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

بنا درد دانت نکالنا : **گھگر** بیل نامی بوٹی کے پھل کا تازہ رس نکال کر اس رس کو انگلی سے دانت یا داڑھ کے دونوں اطراف میں لگا دیں۔ چند سیکنڈوں کے بعد اس دانت یا داڑھ کو انگلیوں سے پکڑ کر کھینچ کر نکال دیں۔دانت یا داڑھ بغیر کسی تکلیف کے نکل آئے گا۔ان شاءاللہ۔مجرب نسخہ ہے۔

حیرت انگیز مالا برائے دفیعہ یرقان: اِٹ سِٹ کی جڑ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنا کر ہر ایک ٹکڑے کو ایک خام رشتہ کی ڈور میں جو کم از کم آٹھ یا نو دھاگوں کو جوڑ کر بنایا گیا ہو۔گرہ دیتے جائیں۔ یہاں تک کہ کم از کم اکیس عدد ٹکڑے بندھ جائیں۔بس یرقان کے دائمی دفیعہ کی حیرت انگیز مالا تیار ہے۔اب اس مالا کو مریض کے گلے میں پہنا دیں۔ مالا روز بروز بڑھتی جائے گی۔اور بیماری (یرقان) گھٹتا جائے گا۔

سرش آسن : جب کسی عمل کے لئے چلے وغیرہ میں کافی مدت تک بیٹھا جاتا ہے۔تو جنسی جذبات وشہوانی خیالات ضرور اپنی یاددہانی کراتے ہیں۔ہم زیادہ سے زیادہ یہی کر سکتے ہیں۔کہ ان جذبات کو کچل دیں۔لیکن ہم احتلام کو تو نہیں روک سکتے۔کیونکہ یہ تو ایک فطری عمل ہے۔ان تمام مسائل کا حل سرش آشن ہے۔**فقیر غلام الرسول ناشادؒ** اس ضمن میں فرماتے ہیں۔کہ اپنے چلوں کے دوران سرش آسن کو اپنے معمولات میں رکھا۔کتنی ہی عجب سی بات ہے۔کہ مہینوں کے مہینے گذر جاتے تھے۔نہ ہی کبھی احتلام ہوا۔اور نہ ہی کسی جنسی یا شہوانی جذبے نے سر اٹھایا۔دراصل فقیر غلام الرسول ناشادؒ کو یہ بات سندربن کے جنگلات کی شمالی ترائی میں ایک سادھو سے ملاقات کے دوران پتا چلی تھی۔

آواز کو بھتر بنانا:

اگر کسی لڑکی یا بچی کی آواز موٹی یا مردانہ ہو۔یا پھر کسی لڑکے یا بچے کی آواز نسوانی ہو۔یا پھر کوئی واعظ،قوال اور مقرر یا پھر اس قسم کے لوگ جن کا شغل آواز کے بھدے پن کی وجہ سے متاثر ہو رہا ہو۔تو وہ حضرات یہ نسخہ استعمال کریں۔انشاءاللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کی آواز خوبصورت، دلکش اور اچھی ہو جائیگی۔اِس کا طریقہ بہت سہل الحصول ہے۔صبح نہار منہ ایک دانہ کشمش اور ایک مرچ سیاہ چبا چبا کر نگل جائیں۔دوسرے دن دو دانہ کشمش اور دو دانہ مرچ سیاہ چبا چبا کر نگل جائیں۔ اسی طرح روزانہ دونوں میں ایک ایک دانے کا اضافہ کرتے چلے جائیں۔اور یہ سلسلہ پچیس دنوں تک جاری رکھیں۔یاد رہے۔جب تعداد زیادہ ہو جائے۔جیسے پچیسویں دن 25-25 دانے منہ میں نہ آئیں۔تو 13-13 دانے پہلے چبالیں۔اور بقیہ بعد میں چبالیں۔پھر چھبیسویں دن سے روزانہ ایک ایک دانہ گھٹاتے جائیں۔تاکہ تعداد 1-1 پر آ جائے۔ 50 دنوں کے اندر ایسا بندہ ورطۂ حیرت میں رہ جائے گا۔کہ آواز بہت خوبصورت، پختہ، سریلی اور اچھی ہوگئی ہے۔یاد رہے۔کہ یہ دانے چبانے سے اول وآخر کم از کم دو دو گھنٹے تک نہ کچھ کھائیں۔اور نہ ہی کچھ پیئیں۔مجرب چٹکلہ ہے۔بارہا آزمایا جا چکا ہے۔

کمر اور جوڑوں کے درد کو ختم کرنا : 1۔ اِسی طرح سے اگر حرمل کو باریک پیس کر روغن زیتون میں مِلا کر آگ پر مثل حلوا بنا دیں۔اور اِس میں سے تھوڑا تھوڑا ہر روز بوقتِ نہار استعمال کریں۔ ہفتے عشرے ہی میں کمر اور جوڑوں کے درد سے کلی شفاء حاصل ہوگی انشاء اللہ۔

2۔ کمر و جوڑوں کے درد کے دفیعے کے لئے ہینگ ایک حصہ اور کلونجی ایک حصہ دونوں کو باریک کر کے شہد خرد و خالص میں معجون بنا کر صبح ، دو پہر اور رات کو بقدر 4-4 رتی کام میں لائیں ۔مگر کھانے سے کم از کم دو گھنٹے قبل یا بعد۔ انشاء اللہ آرام ہو جائے گا ۔ مجرب ہے ۔

کان کے بھرے پن اور درد کا علاج : عموماً کان میں سردی پہنچنے سے کان کے اندرون ایک قسم کا سدہ پڑ جاتا ہے۔جس سے کان کے درد یا بہرے پن کا عارضہ واقع ہو جاتا ہے۔ اِس کا علاج یہ ہے۔کہ! روغن زیتون لے کر اِس میں تھوم، فلفل، مصطگی اور قرنفل تھوڑا تھوڑا مگر مساوی الوزن ڈال کر نرم آگ پر پکائیں۔ یہاں تک کہ سفیدسی جھاگ آنے لگے۔ پھر آگ پر سے اُتارلیں۔اب دن میں وقفے وقفے سے چار مرتبہ اِس کے پانچ قطرے کان میں ٹپکائیں۔اور رات کے وقت اِسی دواء کے تین قطرے متاثرہ کان میں ٹپکائیں۔اور ساتھ ہی روئی کے ایک پھوہے پر یہی دواء لگا کر سو جائیں۔ یاد رہے۔ کہ اگر متاثرہ کان دایاں ہے۔تو بائیں کان کو نیچے رکھ کر سوئیں۔ یا بصورتِ دیگر۔۔۔اور صبح کے وقت پھوہے نکال دیا کریں۔ اُمید ہے۔ کہ تین ایام ہی میں آرام و سکون ہو جائے گا۔ ورنہ ہفتے عشرے تک تو لازمی بہرہ پن اور کان کا درد بہرصورت دفع ہو ہی جائے گا۔ انشاء اللہ۔ یہ طریقہ بارہا کا مجرب طریقہ ہے۔

نکسیر کا علاج: ☆ وہ شخص خود یا کوئی دوسرا بندہ ءخدا نکسیر کے مریض کے خون سے اس کے ہاتھ پر اس کا نام لکھ کر آنکھوں پر رکھے۔تو نکسیر فوراً رُک جائے گی۔☆ اور اگر وہی مریض اسی لکھے ہاتھ کی مٹھی بنا کر بند کر دے۔ پھر دونوں ہاتھوں کی چھنگلی اور ساتھ والی انگلی کھول دے۔تو بھی نکسیر بند ہو جائے گی ا۔نشاء اللہ تعالیٰ۔☆ وہ شخص خود یا کوئی دوسرا بندہ ءخدا نکسیر کے مریض کے خون سے اس کے ماتھے پر اس کا نام لکھ لے۔تو نکسیر فوراً رُک جائے گی۔

صبح اُٹھ کر پہلا عمل : وہ لوگ جو ہمیشہ قبض کا رونا روتے ہیں۔ یا خون کی کمی کی شکایت کرتے ہیں۔ یا درازیءعمر کے خواہاں ہوں۔ایسے حضرات کے لئے یہ سہل ترین عمل کبریت احمر کی مثل ہے۔ چاہیئے۔کہ! روزانہ صبح اُٹھتے ہی بیت الخلاء جایا جائے۔ چاہے ضرورت ہو یا نہ ہو۔اخراج بول و براز کے وقت بائیں پاؤں پر زور دیا کریں۔ بعد فراغت کے بیت الخلاء سے نکلنے کے فوراً بعد تین گھونٹ پانی کے لازمی پیئیں۔اور اسی بات کو اپنی عادت وفطرت بنا ڈالیں۔ قبض کی شکایت دائمی دور ہو جائے گی۔جسم میں خون پیدا ہونا شروع ہو جائے گا۔اور عمر بھی صحت مندی کے ساتھ دراز ہوگی۔ان شاء اللہ۔

بھوک لگانے کا عمل : (Appetizer) : وہ لوگ جو لوگ یہ شکایت کرتے ہیں۔کہ! مجھے بھوک نہیں لگتی۔ یا تھوڑا سا کھانا کھانے کے بعد پیٹ بھرا ہوا محسوس ہوتا ہے۔ایسے لوگوں کے لئے یہ نسخہ کافی وافی ثابت ہوگا۔ان شاء اللہ۔ دانہ انار ترش، سونٹھ، زیرہ سفید، زیرہ سیاہ، تربد سفید، پوست، ہلیلہ زرد ، ہر دوا دو دو، تولہ نمک۔ تین تین تولہ سب ادویات کو کوٹ چھان کر حفاظت سے ایک شیشی میں رکھیں۔ دونوں یا تینوں اوقات میں کھانے کے دس سے پندرہ منٹ کے بعد ایک ماشہ کھا لیا کریں۔ مذکورہ شکایت اور پیٹ کی دیگر جملہ شکایات دور ہو جائیں گیں۔اور چند ہی یوم میں خوراک دوگنا ہو جائے گی۔ بلکہ بھوک بھی لگے گی۔

رات کو بچوں کا رونا : جو بچے رات کو بے دچین و بے آرام رہتے ہیں۔اور پوری پوری رات روتے رہتے ہیں۔اذانوں کے بعد سوتے ہیں۔ایسے بچے دراصل ایک انجانے خوف کی وجہ سے نہیں سو پاتے۔ان کے لئے ایک بہت ہی آسان علاج حاضر خدمت ہے۔ طاق اعداد میں (5 یا 7 یا 9) بکری کے بچوں کی مینگنیاں لے لیں۔ پھر اِن کو دھوپ میں خشک کر کے ایسے بچوں کے سرہانے رکھ دیں۔ بچہ رات کو پرسکون سو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ نہ کچھ پڑھنا پڑھانا، نہ کوئی خاص دن وقت اور پرہیز۔بس مینگنیاں رکھ دیں۔ ماں اور بچے آرام کی نیند پائیں۔ انشاء اللہ۔

بصارتِ چشم کو بحال کرنا : اگر کسی شخص کی بصارت کم ہو گئی ہو۔تو وہ آنکھوں کو شش جہت پھیر کر تصور پرہ ءبینی پر کرے۔اور اس مشق کو دن میں تین، پانچ یا سات مرتبہ کیا کرے۔اس مشق کی بدولت آنکھوں کی روشنی تیز ہو جائے گی۔ان شاء اللہ۔

ڈھلکے کی بیماری سے نجات : اگر کسی کو ڈھلکے کی بیماری ہو۔تو بقوتِ تمام کشادہ رکھے۔اور شکم باریک کر لے (یعنی کہ) معدہ اندر سے خالی کر کے سر، گردن اور کمر کو برابر رکھ کر دوزانو بیٹھے۔اور اکیس مرتبہ پرہ ءبینی پر تصور کرے۔ ڈھلکے کی بیماری زائل ہوگی۔ان شاء اللہ۔

آنکھوں کے درد سے نجات : اگر کوئی چاہے۔کہ! آنکھ دُکھنی نہ آئے۔تو چاہیئے۔کہ! ایک کم روشنی والے کمرہ میں دیوار پر ایک سبز تختی، کہ جس پر سیاہ نقطہ لگا ہوا ہو، کو ٹکٹکی باندکر دیکھتا رہے۔آنکھوں کا رخ ہوا کی جانب ہو۔ دیکھنے کے دوران حتی الامکان کوشش کرے کہ آنکھ نہ جھپکے۔تو کچھ سیکنڈ بعد آنکھوں سے سرد پانی نکلے گا۔ پھر گرم پانی نکلے گا۔اور پھر گدلا پانی نکلے گا۔تو سمجھ لینا چاہیئے۔کہ! اَب آرام ہو گیا ہے۔ ہر انسان کو چاہیئے۔کہ! اسی مشق کو ہر چار یا چھ ماہ میں ایک مرتبہ ضرور کر لیا کرے۔ (**ایضاً**) اگر کوئی شخص نہار منہ اپنے کان کا میل اپنی تھوک میں ملا کر آنکھوں میں لگالے۔اور اسی طریقہ علاج کو چند دن جاری رکھے۔تو اس عمل کی بدولت وہ شخص آنکھوں کے جملہ امراض سے نجات پائے گا۔ان شاء اللہ

دنبل ، ورم اور سوزش کا علاج : اگر کسی کے دنبل، وَرم یا سوزش ہو۔تو اُس کو چاہیئے۔کہ! علی الصباح نہار منہ اپنے منہ کا لعاب متاثرہ جگہ (دنبل، ورم اور سوزش کا مقام) پر لگائے۔اور اسی طریقہ علاج کو چند دن جاری رکھے۔ آرام وسکون پائے گا۔ان شاء اللہ۔

منہ کے مسّوں کا علاج : اگر کسی کے منہ کے اندر مسے ہوں۔تو اُس کو چاہیئے۔کہ! علی الصباح نہار منہ اپنے منہ کا لعاب متاثرہ جگہ پر لگائے۔اور اسی طریقہ علاج کو چند دن جاری رکھے۔ آرام وسکون پائے گا۔ان شاء اللہ۔

میری پسندیدہ نعت (اَز حضرت امیر حسن علا سنجری ؒ)

اے طالبِ فردوس برو سوئے محمدؐ — چوں خلد بریں آمدہ در کوئے محمد ﷺ
اے کعبہ طلب چند کنی قطع بیاباں — ثوں کعبہء عشق بود روئے محمد ﷺ
والشمس چہ باشد صفت وجہ شریفش — واللیل چہ باشد صفت بوئے محمد ﷺ
طٰہٰ صفتش آمدہ از حضرتِ باری — یٰسین بہ خدا گشت کنہ سوئے محمد ﷺ
نون والقلم از فضلِ خداوندِ تعالیٰ — معلوم نمودہ بہ ہمہ خوئے محمد ﷺ
طٰسٓ و حٰمٓ معمہء قرآنی — رمزیست عیاں بر دل حق جوئے محمد ﷺ
پند حسن ایں است اگر گوش بہ داری — اے طالبِ فردوس برو سوئے محمد ﷺ

میرے پسندیدہ ابیات (اَز حضرت شَیخ احمد جام ؒ)

منزلِ عشق از مکانے دیگر است — مرد معنٰی را نشانی دیگر است
و منزلِ عشق از جہانے دیگر است — مرد ایں راہ را نشانے دیگر است
عقل کہ داند کہ ایں رمز از کجا است — کایں جماعت را نشانے دیگر است
آں فقیرانے کہ ایں جامے روند — ہر یکے صاحب قرانے دیگر است
دل چہ می بندی دریں فانی جہاں — کایں جہاں را ہم جہانے دیگر است
در دلِ مسکین ہر بیچارہ — شاہ را گنجے نہانے دیگر است
بر سر بازار صرافانِ عشق — زیر بر دارے جوانے دیگر است
کشتگانِ خنجرِ تسلیم را — ہر زماں از غیب جانے دیگر است
دل خورد زخمے زِ دیدہء خوں چکد — ایں چنیں زخم از کمانے دیگر است
عشق را در مدرسہ تعلیم نیست — ایں چناں علمت بیانے دیگر است
عاشقانِ خواجگانِ چشت را — از قدم تا سر نشانے دیگر است
احمدؒ تا گم نکردی ہوش را — کایں جرس از کاروانے دیگر است

پسندیدہ ابیات (اَز حضرت بو علی شاہ قلندر ؒ)

مَنم محوِ خیالِ تُو ، نمی دانم کجا رَفتم — شُدم غرقِ وِصالِ اُو ، نمی دانم کجا رفتم
غلامِ روئے اُو بودم ، اسیرِ بوئے اُو بودم — غبارِ کوئے اُو بودم ، نمی دانم کجا رفتم
بہ آں مہ آشنا گشتم ، زِ جان و دل فِدا گشتم — فنا گشتم ، فنا گشتم ، نمی دانم کجا رفتم
شدم چوں مبتلائے اُو ، نمادم سر بہ پائے اُو — شدم محوِ لقائے اُو ، نمی دانم کجا رفتم
قلندر بُو علی ہستم ، بنامِ دوست سر مستم — دل اندر عشقِ اُو بستم ، نمی دانم کجا رفتم

پسندیدہ ابیات (اَز حضرت امیر خسرو ؒ)

کافر عشقم ، مسلمانی مرا درکار نیست — ہر رگ من تار گشتہ حاجت زنار نیست
شاد باش اے دل کہ فردا بر سرِ بازارِ عشق — وعدہء قتل است گرچہ وعدہء دیدار نیست
ما غریباں را تماشائے چمن درکار نیست — داغ ہائے سینہء ما کم تر از گلزار نیست
ناخدا در کشتی ما گر نباشد گو مباش — ما خدا داریم ما را ناخدا درکار نیست
خلق می گوید کہ خسرو بت پرستی می کند — آرے آرے می کنیم ، با خلق و عالم کار نیست

مُقدمه خاتمة الکتاب

یہ فیضانِ نظر تھا یا مکتب کی کرامت — سکھائے کس نے اسماعیلؑ کو آدابِ فرزندی

الحمدللہ یہ کتاب بنام **اَسرارِ محبوب (کامل)** آپ کے سامنے ہے۔ اس میں جو بھی اچھا ہے۔ وہ **اللہ** رحیم وکریم کا خصوصی فضل و کرم اور نبی کریم ﷺ کا بے حدو بے شمار فیضان و برکت ہے۔ مرشد پاک کی اعلیٰ توجہ وتربیت کا اثر اور والدین کی اَن گنت دُعاؤں کا عظیم ثمر ہے۔

گفتہء او گفتہ اللہ بود — گرچہ از حلقوم عبداللہ بود

اگر کتاب میں کسی قسم کی حرفی، لفظی یا اعرابی غلطی ہے۔ تو فقیرِ حقیر یہ ہیچمدان اپنی کم علمی، کم عملی کا تہہ قلب سے معترف ہے۔ اور اس کتاب میں غلطیوں کا ہونا بھی اقتضائے بشریت سے ہے۔ بمصداق! **الانسان مرکب من الخطآء والنسیان**۔ چونکہ انبیاءؑ و رسلؑ کے ماسوا کوئی بھی بشر غلطی سے مبراء و مستثنیٰ نہیں ہے۔ لہذا اس ناچیز بندہ ءحقیر (البلوشی) سے بھی فروگذاشت اور لغزشیں سرزد ہوئی ہوں گیں۔ تو اربابِ کرم والاہمم کی ذات ستو وہ صفات سے امید ہے۔ کہ! آپ لوگ اپنی اعلیٰ ظرفی سے ازراہِ عنایت میری غلطیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کھلے دل سے معاف کرتے ہوئے اس عاجز و معاصی کومطلع فرماکر احسانِ عظیم فرمائیں گے۔ تاکہ اگلے ایڈیشن میں اُن غلطیوں کو نہ دُہرایا جائے۔ اور آنے والے ایڈیشن میں تصحیح کر کے اشاعت کی جائے۔ مجھے دُعائے خیر سے یاد کریں گے۔

کہہ رہی ہے یہ نرگس شہلا — کس کو دعوی ہے پارسائی کا

کیا دَم کرنے یاتعویذ لکھنے کا معاوضہ لینا جائز ہے ؟

حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں۔ کہ رسولِ معظم ﷺ کے بعض اصحابِ کرامؓ سفر کر رہے تھے۔ اس (سفر) کے دوران اِن کا گزر ایک عرب قبیلے کے پاس سے ہوا۔ انہوں نے اس قبیلے کا مہمان بننا چاہا۔ لیکن قبیلے والوں نے انہیں مہمان نہیں بنایا۔ قبیلے والوں نے اِن حضرات سے دریافت کیا۔ کیا آپؓ میں سے کوئی شخص دَم کرنا جانتا ہے؟ کیونکہ قبیلے کے سردار کو بچھو نے ڈس لیا ہے۔ (یا پھر شاید یہ کہا کہ!) وہ تکلیف میں مبتلا ہے۔ اِن اصحابِ کرامؓ میں سے ایک صاحب (صحابیؓ رسولؐ) بولے۔ ہاں! پھر وہ صحابیؓ اُس سردار کے پاس آئے۔ اور سورہ فاتحہ شریف پڑھ کر اس (سردار) پر دَم کر دیا۔ وہ شخص ٹھیک ٹھاک ہوگیا۔ اس صحابیؓ کو (سورہ فاتحہ کے دَم کے عوض اُس قبیلے کی طرف سے) بکریوں کا ایک ریوڑ (نذرانے اور معاوضے کے طور پر) دیا گیا۔ اِس نے اسے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ اور بولا! (کہ) میں اسے اس وقت تک قبول نہیں کروں گا۔ جب تک اس بات کا ذکر نبی اکرم ﷺ سے نہ کروں۔ پھر وہ صحابیؓ نبی اکرم ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے۔ اور اس بات کا تذکرہ آپ ﷺ سے کیا۔ اور عرض کی!

یارسول اللہ ﷺ! اللہ تعالیٰ کی قَسم! میں نے صرف سورہ فاتحہ پڑھ کر دَم کیا تھا۔ حضرت نبی اکرم ﷺ مسکرائے۔ اور آپ ﷺ نے دریافت فرمایا۔ (کہ) تمھیں اِس دَم کا کیسا پتا چلا؟ پھر آپ ﷺ نے فرمایا۔ وہ بکریاں حاصل کرلو۔ اور اِن میں سے میرا حصہ بھی نکال دینا۔

یہ حدیثِ مبارکہ **صحیح بخاری، صحیح مسلم، صحیح ابن حبان، مستدرک حاکم، سنن ابی داؤد، جامع ترمذی، بہیقی، دارِ قطنی، مسند احمد** میں موجود ہے۔ لہذا اگر کوئی شخص دَم وتعویز یا جھاڑ پھونک کا (مناسب) معاوضہ لینا چاہے۔ یا طلب کرے۔ تو یہ جائز ہوگا۔ مگر یادر ہے۔ کہ دَم وتعویز یا جھاڑ پھونک میں کوئی شرکیہ الفاظ نہ ہوں۔ اور کسی کی مجبوری سے ناجائز فائدہ نہ اُٹھایا جائے۔

الحمد لله و المنة ۔ کہ! کتابِ مستطاب مسمی بہ '' اَسرارِ محبوبؒ کامل '' بفضلِ تعالیٰ پایہ ءتکمیل کو آن پہنچی۔ یہ سب اُسی ذات کا فضل و کرم اور توفیق سے ہی ممکن العمل ہوسکا۔ ورنہ! **لا تتحرک ذرة الا باذن الله** ۔ اللہ تعالیٰ شاہد ہے۔ کہ! اس کتاب کی تصنیف و تالیف اور ترتیب میں نہایت عرق ریزی اور جانفشانی کی گئی ہے۔ گر قبول افتد زہے عزو شرف۔

ہزاروں ڈگریاں لے کر علم پر دسترس پا کر — چھلکتے لفظ آنکھوں سے نہ پڑھ پاؤ تو جاہل ہو

اور شائقین تصوف وروحانیات وعملیات اور قارئین کتاب ہذا **(محبوب اسرار کامل)** سے خصوصی طور پر دست بستہ گزارش ہے۔ کہ میری اور تمامی امت کی اصلاح اور صراطِ مستقیم پر دائما چلنے کی اللہ تعالیٰ سے خصوصی دُعا فرمائیں۔ (سیدھا راستہ صرف اور صرف قرآنِ حکیم کی تعلیمات اور سنتِ نبوی ﷺ میں ہے) اور اللہ تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ کے صدقے ہم سب پر خصوصی فضل وکرم فرمائے۔ آمین۔ ثم آمین۔ کیونکہ!

بر کریمان کار ہا دشوار نیست۔

مآخذ و مراجع

قرآنِ حکیم ۔ الاتقان فی علوم القرآن للسیوطیؒ ۔ الدر المنثور ۔ تفسیرِ ابنِ کثیر ۔ تفسیر روح البیان ۔ صحاحِ ستہ ۔ (بالخصوص صحیحین) ۔ دیگر کئی کتبِ حدیث ۔ تصانیفِ حضرت قطب المشائخ پیر سید محبوب علی شاہ بخاری دہلوی قادری ۔ جواہر الاولیاء ۔ راہِ طریقت ۔ سلوک و معرفت ۔ فتوحاتِ مکیہ ۔ رسائلِ شیخ اکبر ابنِ عربیؒ ۔ فصوص الحکم ۔ **کشف المحجوب** ۔ کتاب اللمع ۔ نزھۃ المجالس ۔ الرسالۃ القشیریہ ۔ الابریز ۔ قوت القلوب ۔ تعرف ۔ غنیۃ الطالبی طریق الحق ۔ الفتح الربانی ۔ سر الاسرار فیما یحتاج الیہ الابرار ۔ بہجۃ الاسرار ۔ القول البدیع فی الصلوٰۃ علی الحبیب الشفیع ۔ حجۃ اللہ العالمین ۔ عرفان (جلد اول ۔ دوئم) ۔ حق نمائے اردو ترجمہ نور الہدیٰ ۔ کنز الانوار ترجمہ عقلِ بیدار ۔ تذکرہ قادریہ ۔ تعلیمِ غوثیہ (مراۃُ الوحدت) ۔ تذکرہ غوثیہ ۔ کلیاتِ امدادیہ ۔ امداد السلوک ۔ کشکولِ کلیمی ۔ ہشت بہشت ۔ اقتباس الانوار ۔ مراۃ الاسرار ۔ سیر الاولیاء ۔ نزھۃ المجالس ۔ منہاج العابدین ۔ مکاشفۃ القلوب ۔ احیاء العلوم الدین ۔ کیمیائے سعادت ۔ رسائلِ شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ ۔ حجۃ اللہ البالغہ ۔ الفوز الکبیر ۔ القول الجلی ذکر فی آثار الولی ۔ انفاس العارفین ۔ القول الجمیل ۔ مکتوباتِ امامِ ربانی ۔ البینات شرح مکتوبات ۔ رسائل حضرت مجدد الف ثانیؒ ۔ سعادۃ الدارین فی الصلوٰۃ علی سید الکونین ﷺ ۔ شواہد الحق فی الاستغاثۃ بسید الخلق ۔ مراقبہ ۔ الفتح المجید معروف مجرباتِ دیربیؒ ۔ کتاب الرحمۃ فی الطب والحکمۃ للسیوطیؒ ۔ خزینۃ الاسرار للحقی نازلیؒ ۔ الدر النظیم ۔ الیواقیت والجواہر ۔ طبقات امام شعرانی ۔ لطائف المنن ۔ انوار القدسیہ فی معرفۃ قواعد الصوفیہ ۔ ذکرِ خیر المعروف بہ صحیفۂ محبوب ۔ ذکر کثیر معروف بہ محبوب السلوک ۔ آپ کے مسائل اور اُن کا حل ۔ اختلافِ اُمت اور صراطِ مستقیم ۔ بہارِ شریعت ۔ فتاوٰی حدیثیہ ۔ مثنوی مولوی معنوی ۔ فیہ ما فیہ ۔ کلیاتِ اقبال ۔ دیوانِ غالب ۔ کلامِ بابا بلھے شاہ قادریؒ ۔ شمس المعارف و لطائف العوارف ۔ منبع اصول الحکمۃ ۔ شموس الانوار ۔ حیاۃ الحیوان (الدمیریؒ) جواہر خمسہ ۔ اورادِ غوثیہ ۔ بحر الحیات ۔ قانونِ طلسمات ۔ بوستانِ طلسمات ۔ شمع شبستانِ رضا ۔ نافع الخلائق ۔ خطباتِ کمال ۔ حالِ سفر ۔ التکشف ۔ تربیت السالک ۔ شریعت و طریقت ۔ بوادر النوادر ۔ سکونِ قلب ۔ راحت القلوب ۔ ملفوظات حکیم الامت ۔ فقیر رنگ ۔ لوحِ فقیر ۔ فقیر نگری ۔ ارژنگِ فقیر ۔ کہے فقیر ۔ نوائے فقیر ۔ عرضِ فقیر ۔ جہانِ فقیر ۔ حالِ سفر ۔ خطباتِ کمال ۔ رضائے الٰہی (اور) جنت کا راستہ ۔ مکاشفات اسرار ۔ مکاشفاتِ نور ۔ آئینہ تواریخ تصوف ۔ خزانہ جلالی ۔ السر المکتوم ۔

آخری اِلتجاء و التماس برائے دُعا اَز قارئینِ کتاب ھذا :

ایک خصوصی عرض: جب کوئی اِس کتاب سے فائدہ حاصل کرے ۔ تو اسے یہ دعا کرنی چاہیئے ۔ کہ ! اے اللہ کریم ! اس کتاب کو میرے پیر و مرشد، والدین، اہلِ خانہ، پیر و مرشد کے اولاد و خلفاء اور اُن حضرات کے لئے، کہ ! جنھوں نے اِس کتاب کے سلسلے میں اپنی قیمتی آراء سے نوازا ۔ اور اُن مخیّر حضرات کے لئے بھی، کہ جنھوں نے کتاب کی اشاعت کے سلسلے میں علمی و جانی و مالی تعاون کیا ۔ اِن سب کے لئے آخرت کا ذخیرہ اور عوام الناس کے لئے فائدے کی ایک مضبوط دلیل و سبیل بنائے ۔ اور صدقہ جاریہ بنائے ۔ آمین ! بحرمت سید المرسلین ﷺ (بقولِ شاعر)

عمر گر خوش گذرد، زندگیءِ خضرؑ کم اَست   و بتلخی گذرد، نیم نفس بسیار اَست

(عمر اگر اچھی گزرے ۔ تو حضرت خضرؑ کی سی زندگی بھی قلیل ہے ۔ اور اگر تلخی سے گذرے ۔ تو آدھی سانس بھی بہت زیادہ ہے)

اگر اللہ تعالیٰ کی منشاء شامل حال رہی ۔ تو شاید میری آنے والی کتاب **محبوبی اوراد و وظائف** ہوگی ۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ۔

مُحَمَّدُ عَبْدُ الرَّؤُفُ قَادِرِیُ   **.+92 333 7844556**

E.mail ID: raufzaibbaloch@gmail.com

ختم شد ایں صحیفۂ صدق و صفا   کہ از و جانِ حسن راست طرب

مَیں جانتا ہوں ۔ کہ ! میرے پیش کردہ علوم و فنون مختلف کتب میں پہلے سے ہی موجود ہیں ۔ یہ اُن کی تلخیص ثابت ہوگی ۔ یہ کام فقط امرِ الٰہی اور توفیق لامتناہی کے سبب اتمام کو پہنچا ۔ اور زبانِ اسرار نے پیر و مرشد اور عالم انوار سے اس بندہءِ ضعیف تک ان علوم کو پہنچایا ۔ باوجود اس کے کہ ! مَیں اپنی کم علمی اور عدم واقفیت کا معترف ہوں ۔ اور اپنے قصور کا خود مقر ہوں ۔ بہرحال ! پھر بھی مَیں اپنے قلبِ جریح اور فکر قریح کے ساتھ بارگاہ خداوندی میں نہایت ذلت و مسکنت کے ساتھ دست بدعا ہوں ۔ کہ ! یا اللہ، یا رحیم، یا کریم، اپنے حبیبِ رحیم و کریم و شفیع ﷺ کے تصدق و توسل سے میری اس سعی (**اسرارِ محبوب کامل**) کو اپنی بارگاہ میں شرف اعزاز و قبولیت عطا فرما ۔ آمین ۔ اور میری کوتاہیوں، عیبوں کی فضیحت کے ساتھ مجھ کو غیبی فتوحات اور اپنے فضل و کرم اور رحمت سے محروم نہ کرے ۔ یقیناً تو ہی دُعا قبول فرمانے والا ہے ۔

رب یسر ولا تعسر و تمم بالخیر وبک نستعین ۔ السعی منی والاتمام من اللہ تعالیٰ ۔ تمت با لخیر ۔

نہ یہ چاہتا ہوں ، نہ وہ چاہتا ہوں
خدا کے لئے ، مَیں خدا چاہتا ہوں





مکتبہ دا نیال۔اُردو بازار لاہور۔موبائل نمبر +92 336 7660736